جلد دوم

مولفہ و مرتبہ

خواجہ عبدالمجید

اردو سائنس بورڈ

299 - اپر مال، لاہور

جلد دوم

مؤلفہ و مرتبہ

خواجہ عبدالمجید بی۔اے

اردو سائنس بورڈ

299 - اپر مال ، لاہور

ڈ

ڈ (ہ۔ مذکر) تلفظ ڈال ۱ اردو زبان کا بارھواں حرف ۲ دیوناگری کا تیرھواں وینجن اور تیسرا ٹورگ حرف ہے ۳ یہ عربی اور فارسی میں نہیں ہے اور معرب یا مفرس بناتے ہوئے دت یا دیگر حروف سے بدل جاتا ہے ۴ اس کو دال ہندی بھی کہتے ہیں ۵ ابجد میں دال شمار ہوتا ہے اور اس کے چار عدد فرض کئے جاتے ہیں ۶ آخر کلمات ہندی میں مصدریت کے معنی دیتا ہے۔ جیسے ٹھنڈ

ڈکار ۔ (ھ۔ مذکر) حرف یا آواز ڈ۔

ڈاب (ہ۔ مؤنث) ۱ کُسا گھاس جو ہندو کھینٹ کے موقع پر استعمال کرتے ہیں۔ ۲ ایک قسم کی گھاس جس کا بان بٹا جاتا ہے ۳ کچا ناریل ۴ پرتلا جس میں تلوار لٹکاتے ہیں (س ڈبر۔ چھوٹا)

ڈابر (ہ۔ مؤنث) ۱ نشیب جہاں پانی اکٹھا ہو جاتا ہے ۲ چھوٹا تالاب۔ گڑھا ۳ دلدل ۴ چلچی ۵ پانی کا برتن (س ڈپ۔ جمع ہونا) **ڈابرنینی** (صفت) وہ جس کی آنکھوں میں آنسو بھرے رہیں۔

مثل۔ ڈابر ڈوبے جگ ترے جگ ڈوبے ڈابر ترے۔ جب بہت بارش ہو تو ہر جگہ اچھی فصلیں ہوتی ہیں لیکن نشیب زمین میں کچھ نہیں ہوتا۔ لیکن خشک سالی میں نشیب زمینوں میں اچھی فصل ہوتی ہے۔

ڈابک (ہ۔ مذکر) ۱ تازہ پانی کنوئیں کا ۲ (ھ) ڈر۔ خوف۔

ڈابھ (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو ڈاب ۲ تا ۳ ۴ جنگل۔ اس معنی میں۔ س داؤ کا بگڑا ہوا۔

ڈابی (ہ۔ مؤنث) فصل کا دسواں حصہ جو فصل کاٹنے والوں کو دیا جاتا ہے۔

ڈاٹ (ہ۔ مؤنث) ۱ کاگ۔ کارک ۲ وہ چیز از قسم کا غذ یا کپڑا جو بندوق کے منہ میں ٹھوس دیتے ہیں تاکہ بارود نہ گرے ۳ محراب کے بیچ کا پتھر ۴ محراب ۵ ڈانٹ۔ گھُرکی ۶ روک۔ ممانعت ۷ (امر) ڈاٹنا کا۔ **ڈاٹ ٹھُسنا** (متعدی) کاگ لگانا۔ **ڈاٹ لگانا** (متعدی) ۱ کاگ لگانا ۲ روکنا۔ بند کرنا ۳ محراب بنانا **ڈاٹنا**

(متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ ڈٹنا ۳ ٹھونسا ۴ زیب بدن کرنا ۵ گھُرکنا ۶ بھرنا ۷ درست کرنا۔ سزا دینا ۸ گھوڑے کو روکنا۔ گھوڑے کی لگام کھینچنا۔

ڈاڈا (ہ۔ مذکر) دیکھو ڈانڈا۔

ڈاڈھا (ھ۔ صفت) ۱ جلا ہوا ۲ (مذکر) آگ (س۔ دمبھ۔ جلنا)

ڈار (ہ مؤنث) قطار۔ جانوروں کا جھنڈ۔ پرندوں کا پرا۔ **ڈار کی ڈار** (مؤنث) کل قطار۔ کل جھنڈ یا گلہ۔

ڈارلنگ (انگ۔ صفت) پیارا۔ پیاری۔

ڈارم (ھ۔ مذکر) انار کا درخت یا پھل۔

ڈارنا (ھ۔ متعدی) ڈالنا۔

ڈاری (ھ مؤنث) ڈالی۔

ڈاڑم (ھ مذکر) دیکھو ڈارم۔

ڈاڑھ (ہ۔ مؤنث) ۱ پچھلا دانت کھانے کا دانت (س دنشٹرا) **ڈاڑھا** (مذکر) ۱ لمبی اور بھاری ڈاڑھی ۲ اینٹوں کے لب جو آئندہ بننے والی دیوار کے وصل ہونے کے لئے کشادہ رکھے گئے ہوں ۳ (ھ) بڑا دانت۔ باہر نکلا ہوا دانت ۴ کثرت۔ افراط۔ بہت سی تعداد۔ **داڑھ جھڑ گر یا نکل جانا** (لازم) ڈاڑھ کا جڑ سے اُکھڑ جانا۔ **داڑھ گرم کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱ کچھ کھانا ۲ رشوت ملنا **ڈاڑھ نہ لگنا** (لازم) بغیر چبائے نگلا جانا۔ **ڈاڑھی** (مؤنث) رخسار اور ٹھوڑی کے بال ۲ بھٹے کے ریشے ۳ برگد کے ریشے ۴ بکرے کی ٹھوڑی کے بال **ڈاڑھی بڑھانا** (متعدی) داڑھی کو لمبا کرنا یا بڑھنے دینا **ڈاڑھی بنانا** (متعدی) داڑھی مونڈنا **ڈاڑھی بنوانا** (مم) شیو بنوانا۔ داڑھی منڈوانا **ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرنا** (متعدی) ۱ معمولی معنوں میں لمبی داڑھی والے کو عادت ہو جاتی ہے ۲ تیار ہو جانا۔ مستعد ہو جانا ۳ فخر سے کوئی بات کہتے وقت ایسا کرتے ہیں۔ **ڈاڑھی جھٹکارنا** (متعدی) داڑھی کو ہاتھوں سے جھٹکنا **ڈاڑھی پیٹ میں ہونا** (لازم) دیکھو پیٹ میں داڑھی ہونا۔ **ڈاڑھی پیشاب سے منڈوانا** (متعدی) کنایہ ہے ذلیل اور قائل کرنے سے۔ **ڈاڑھی چڑھانا** (متعدی) داڑھی کے دونوں طرف کے بالوں کو کنگھی سے اونچا کرنا۔ **ڈاڑھی چھوڑنا** (متعدی) داڑھی بڑھانا **ڈاڑھی خصّی کرانا** (مم) داڑھی منڈوانا **داڑھی دھوپ میں سفید کرنا** (متعدی) ناتجربہ کار یا کم عقل ہونا۔ **ڈاڑھی رکھنا** (متعدی) ڈاڑھی نہ منڈوانا **داڑھی رنگنا** (متعدی) ڈاڑھی سیاہ یا سُرخ کرنا مہندی یا خضاب سے۔ **ڈاڑھی سفید ہونا** (لازم) بڑھاپا آنا۔ سیاہ بال داڑھی کے سفید ہو جانا۔ **ڈاڑھی کا ایک ایک بال کرنا** (متعدی)، ہونا (لازم) داڑھی نچنا ۱ بے عزت ہونا۔ **داڑھی کا بال ایک ایک ہو گیا**۔ کھل گیا۔ خوش ہو گیا۔ **ڈاڑھی کتروانا** (مم) **کترنا** (لازم) ڈاڑھی کے بالوں کو قینچی سے کاٹ کر چھوٹا کرنا **ڈاڑھی کھولنا** (ھ) ڈاڑھی منڈوانا چھوڑ دینا **داڑھی منڈا** (صفت) وہ جس کی ڈاڑھی منڈی ہوئی ہو۔ **ڈاڑھی منڈنا** (لازم) **منڈانا۔ منڈوانا** (مم) **مونڈنا** (متعدی) ڈاڑھی کو استرے سے صاف کرنا۔ **ڈاڑھیں** (مؤنث) ڈاڑھ کی جمع۔ **ڈاڑھیں** (مار کر رونا) مارنا (متعدی) بلندی آواز سے رونا۔

مقولہ۔ ڈاڑھی خدا کا نور ہے۔ ڈاڑھی کی تعریف میں کہتے ہیں۔

ڈاسن (ھ۔ مذکر) بچھونا۔ بستر۔ **ڈاسنا** (متعدی) بستر بچھانا (س دھون۔ ڈھانپنا)

ڈاک (ہ۔ مؤنث) ۱ چٹھیوں کا تھیلا ۲ چٹھی کا بکس ۳ پوسٹ آفس ۴ خط وغیرہ جو ڈاک خانے کے ذریعے تقسیم ہوں ۵ گاڑی جس میں چٹھیاں جائیں ۶ چوکی۔ گھوڑوں پالکی برداروں وغیرہ کا انتظام ۷ وہ لوگ یا گھوڑے وغیرہ جو سڑک پر سواریوں وغیرہ کو لے جانے کے لئے رکھے جائیں ۸ لگاتار آمدورفت کا سلسلہ ۹ آدمیوں کی علی اتصال آمدورفت جو کسی کی خبر لانے یا لے جانے کے واسطے ہو (س ددا۔ ادھر ادھر دوڑنا) ۱۰ قے۔ جو پیہم آتی ہو ۱۱ (ھ) آواز دینا ۱۲ نیلام کی بولی دینا (س۔ دَم۔ قے کرنا۔ نکالنا) ۱۳ (ھ) چاندی یا سونے کے ورق کا ٹکڑا جو نگینے یا ہیرے کے نیچے جڑنے سے پہلے رکھ دیں تاکہ چمک زیادہ ہو ۱۴ رنگدار چیز جو شیشے کے ٹکڑے کے نیچے رکھ دیں تاکہ قیمتی پتھر معلوم ہو (س۔ دَہ۔ جلنا) ۱۵ (ھ) جادوگر۔ ساحر ۱۶

ڈاکنی کا خاوند۔ **ڈاک آجانا یا آنا** (لازم) ۱؎ چٹھیاں آنا ۲؎ کسی چیز کا مسلسل آنا۔ **ڈاک بٹھانا** (متعدی) ۱؎ قاصد پر قاصد روانہ کرنا ۲؎ چوکی بٹھانا ۳؎ تقاضے پر تقاضا بھیجنا۔ **ڈاک بند کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱؎ ڈاک کا تھیلا بند ہونا ۲؎ خطوط یا خبریں پہنچنے کا سلسلہ درہم برہم ہو جانا ۳؎ چوکی اٹھ جانا۔ **ڈاک بنگلا** (مذکر) انگریزی نمونے کا مسافر خانہ جس میں کرایہ لیا جائے اور کھانا مہیا کرنے کے لئے خانساماں ہو۔ **ڈاک بہنگی** (ھ) پارسلوں کی ڈاک۔ **ڈاک بولنا** (متعدی) نیلام کی بولی دینا۔ **ڈاک بھیجنا** (متعدی) ڈاک دوسری جگہ روانہ کرنا۔ **ڈاک بیٹھنا** (لازم) گھوڑے یا آدمیوں کی چوکی کسی کو بعجلت لے جانے کے لئے مقرر ہونا۔ **ڈاک پیادہ** (مذکر) ڈاکیہ۔ پوسٹمین **ڈاک (چلا) جانا** (لازم) ڈاک کا روانہ ہونا۔ **ڈاک چوکی** ۱؎ (مؤنث) وہ جگہ جہاں گھوڑا یا ہرکارہ بدلے **ڈاکخانہ** (مذکر) پوسٹ آفس۔ وہ مکان جہاں چٹھیوں کی آمد و رفت کا انتظام کیا جائے۔ **ڈاک کا تھیلا** (مذکر) وہ تھیلا جس میں چٹھیاں بند کر کے بھیجی جائیں۔ **ڈاک کا خرچ** (مذکر) وہ خرچ جو ڈاک میں خط یا کوئی چیز بھیجنے کی وجہ سے برداشت کرنا پڑے۔ **ڈاک کا گھوڑا** (مذکر) ۱؎ وہ گھوڑا جو ڈاک لے جانے کے لئے استعمال ہو ۲؎ وہ گھوڑا جو بہت دوڑنے کی وجہ سے بیکار ہو گیا ہو ۳؎ تیز چلنے والا آدمی۔ **ڈاک گاڑی** (مؤنث) ۱؎ وہ گھوڑا گاڑی جس میں ڈاک لے جائیں ۲؎ وہ گھوڑا گاڑی جس میں گھوڑوں کی ڈاک لگا کر سفر کریں ۳؎ وہ ریل گاڑی جس میں چٹھیاں جائیں اور جو بہت تیز جاتی ہے۔ میل ٹرین۔ **ڈاک گھر** (مذکر) ڈاک خانہ۔ **ڈاک لگانا** (متعدی) ڈاک بٹھانا۔ **ڈاک لگنا** (لازم) ۱؎ دیکھو ڈاک بیٹھنا ۲؎ متواتر قے ہونا ۳؎ بار بار پیاس معلوم ہونا۔ **ڈاک لوٹنا** (متعدی) چوروں کا ڈاک چھین لینا۔ **ڈاک میں چٹھی پڑنا** (لازم) **ڈالنا یا ڈالنا** (متعدی) **لگانا** (مت) ۱؎ چٹھی کو ڈاک کے بکس میں ڈالنا ۲؎ ڈاک میں سفر کرنا یا سوار ہونا (متعدی) میل ٹرین میں سوار ہو کر کہیں جانا۔ **ڈاکنا** (متعدی) ۱؎ قے کرنا ۲؎ (ھ) آواز دینا۔

ڈکارنا۔ **ڈاک والا** (مذکر) ڈاکیہ۔ ہرکارہ۔ **ڈاک و ڈاک** (ھ) ڈاک کی طرح۔ بہت جلدی۔ بغیر ٹھیرنے کے۔ **ڈاکی** (ھ) بہت کھانے والا۔ پیٹو۔ **ڈاکیا** (مذکر) ۱؎ وہ شخص جو ڈاک تقسیم کرے۔ چٹھی رساں۔ پوسٹ مین ۲؎ (ھ) ڈاکو۔ **ڈاکارہ**۔ مذکر ۱؎ ڈاکوؤں کا حملہ۔ ڈکیتی ۲؎ وہ لوگ جو ایسا حملہ کریں۔ **ڈاکا پڑنا** (لازم) **ڈالنا یا مارنا** (متعدی) لوٹنا۔ غارتگری۔ **ڈاکازنی** (مؤنث) لوٹ۔ غارت گری۔ **ڈاکٹر** (انگ۔ مذکر) ۱؎ انگریزی علم طب کا ماہر ۲؎ حکیم۔ طبیب۔ وید ۳؎ عالم۔ فاضل۔ وہ شخص جو کسی علم میں سب سے بڑی ڈگری حاصل کرے۔ **ڈاکٹر آف پبلک ہیلتھ** (مذکر) علم حفظان صحت کی سب سے بڑی ڈگری۔ ڈی۔ پی۔ ایچ۔ **ڈاکٹر آف ڈوینٹی** (مذکر) علم الٰہیات کی سب سے بڑی ڈگری اس کا مخفف ڈی ڈی ہے۔ **ڈاکٹر آف سائینس** (مذکر) علم طبعیات کی سب سے بڑی ڈگری۔ اس کا مخفف ڈی ایس سی ہے۔ **ڈاکٹر آف سول لا** (مذکر) قانون دیوانی کی سب سے بڑی ڈگری اس کا مخفف ڈی سی ایل ہے۔ **ڈاکٹر آف فلاسفی** (مذکر) فلسفے کی سب سے بڑی ڈگری اس کا مخفف پی ایچ ڈی ہے۔ **ڈاکٹر آف لا** (مذکر) قانون کی ایک بڑی ڈگری۔ اس کا مخفف ڈی ایل ہے۔ **ڈاکٹر آف لاز** (مؤنث) قانون کی سب سے بڑی ڈگری۔ اس کا مخفف ایل ایل ڈی ہے۔ **ڈاکٹر آف لٹریچر** (مذکر) علم ادب کی سب سے بڑی ڈگری۔ اس کا مخفف ڈی ایل یا ڈی لٹ ہے۔ **ڈاکٹر آف میڈیسن** (مذکر) طب کی سب سے بڑی ڈگری۔ اس کا مخفف ایم ڈی یا ڈی ایم ہے۔ **ڈاکٹر آف میوزک** (مذکر) علم موسیقی کی سب سے بڑی ڈگری کا مخفف ڈی میوز۔ ان کے علاوہ اور بھی ڈگریاں ہیں ۲؎ **ڈاکٹر بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) ڈاکٹری کا علم پڑھنا۔ **ڈاکٹر بلانا** (متعدی) علاج کے لئے ڈاکٹر کو گھر پر لانا۔ **ڈاکٹر کا علاج** (مذکر) انگریزی علم طب کے ماہر کا علاج۔ **ڈاکٹر کی فیس** (مؤنث) وہ روپیہ جو ڈاکٹر کو علاج کے واسطے دیا جائے۔ **ڈاکٹری** (مؤنث) انگریزی علم طب کا پیشہ۔ **ڈاکٹری کرنا**

(متعدی) ڈاکٹر کا کام یا پیشہ کرنا۔ **ڈاکر یا ڈاکرا** (ھ۔ مؤنث) **ڈاکرا** (مذکر) زرخیز۔ چکنی مٹی کی زمین جو کاشت کے لئے بہت اچھی سمجھی جاتی ہے۔ مگر اس کے لئے بہت پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ **ڈاکن** (اردو صفت) بہت کھانے والی عورت۔ **ڈاکن** (ھ۔ مؤنث) ۱؎ ڈاکو عورت ۲؎ ڈاکو کی بیوی ۳؎ ڈاکیے کی بیوی ۴؎ ڈاکنی۔ **ڈاکنی** (مؤنث) ۱؎ ایک مخلوق جو کالی کی پرستار ہیں ۲؎ دیونی۔ عفریتہ۔ بھتنی ۳؎ جادوگرنی جس کی نظر بچوں کو لگ جاتی ہے اور وہ مرجاتے ہیں۔ اور جاہل لوگوں کا خیال ہے کہ وہ ان کے جگر کو نکال کر کھا جاتی ہے ۴؎ بدزبان عورت۔ لڑاکا عورت۔ **ڈاکو** (ہ۔ مذکر) لٹیرا۔ قزاق۔ بٹ مار راہزن۔ ڈکیت۔ **ڈاگن** (عبر۔ عص) فلسطینیوں کا ایک دیوتا جو نصف انسان نصف مچھلی تھا۔ **ڈاگوبہ** (سنگھالی۔ مذکر) بدھ مذہب والوں کا گنبد نما مندر جس میں مقدس اشیا رکھی جاتی ہیں۔ **ڈال** (ہ۔ مؤنث) ۱؎ شاخ۔ ٹہنی ۲؎ ٹوکری یا ڈول جس سے آبپاشی کے لئے پانی پھینکتے ہیں ۳؎ اس طرح کی آبپاشی ۴؎ تلوار کا پھل ۵؎ ٹکڑا یا حصہ جس میں جوڑ نہ ہو (س۔ داری) **ڈالا** (مذکر) درخت کی موٹی اور بڑی شاخ۔ **ڈال کا پکا** (مذکر) پھل جو درخت پر پک جائے۔ **ڈال کا ٹوٹا** (مذکر) ۱؎ پھل جو درخت پر پک کر شاخ سے ٹوٹا ہو۔ تازہ پھل۔ عمدہ پھل ۲؎ (صفت) انوکھا ۳؎ بیوقوف۔ احمق۔ **ڈال والا** (مذکر) بندہ۔ **ڈالی** (مؤنث) ۱؎ درخت کی چھوٹی شاخ۔ ٹہنی ۲؎ ٹوکری جس میں میوہ رکھ کر حکام کے پیش کرتے ہیں ۳؎ وہ پھل جو چھت کا خریدار مالک کو علاوہ قیمت کے دیتا ہے ۵؎ وہ ترکاری وغیرہ جو باغ سے مالک کے لئے آئے۔ ۶؎ وہ ترکاری جو سرکاری باغوں سے ملازمان و افسران کو بھیجی جائے۔ **ڈالیا** (مذکر) وہ شخص جو ڈال سے پانی ڈالے۔ **ڈالی بھیجنا** (متعدی) افسر یا مالک کے

پاس میوہ یا ترکاری بھیجنا **ڈالی پیش کرنا یا دینا** (متعدی) افسر کو میوہ یا ترکاری دینا ۲ رشوت دینا۔

امثال و اقوال۔ ڈال ڈال پات پات۔ دیکھو تو ڈال ڈال **ڈال کا چوکا بندر اور بات کا چوکا آدمی نہیں سنبھلتا ڈال کا چوکا بندر اور بالنس کا چوکا نٹ۔** موقعہ پر چوکنے والا نقصان اٹھاتا ہے۔

ڈال (ہ۔امر) ڈالنا کا اس دیکھو ٹوٹنا **ڈال جانا** (لازم) پھینک جانا۔گرا جانا۔چھوڑ جانا **ڈال دینا** (متعدی) ۱ رکھ دینا ۲ پھینکنا گرا دینا۔ **ڈال رکھنا** (متعدی) رکھ چھوڑنا۔روک رکھنا **ڈال لینا** (متعدی) دیکھو ڈالنا اور ڈالدینا۔ **ڈالنا** (متعدی) پڑنا کا ۱ کسی چیز کے اندر کوئی چیز رکھنا ۲ پھینکنا۔گرانا۔ ۳ ترک کرنا ۴ اندر کرنا۔داخل کرنا ۵ پہننا ۶ جمع کرنا ۔ شامل کرنا ۷ انڈیلنا۔ ۸ ڈھانا ۹ لگانا ۱۰ حیوان کا حمل گرانا۔ ۱۱ رکھنا ۱۲ (چادر) شادی کرنا۔ہندوؤں میں عموماً بیوہ کی شادی کے متعلق استعمال ہوتا ہے ۱۳ (گھر میں) مدخولہ بنانا۔شادی کرنا۔اس عورت کے متعلق کہتے ہیں جس سے باقاعدہ شادی نہ ہو ۱۴ (حساب میں) کسی کے نام کوئی رقم لکھنا ۱۵ (ہاتھ) کام شروع کرنا۔عورت کی عفت دری کرنا ۱۶ (کام) کسی کے متعلق کوئی کام کر دینا۔ ۱۷ (دل) حوصلہ یا جرأت پیدا کر دینا ۱۸ (دل میں) خیال پیدا کر دینا ۱۹ (ڈول وغیرہ) لٹکانا۔اندر کرنا ۲۰ پیش کرنا۔ نذر کرنا ۲۱ ایک طرف رکھ دینا ۲۲ (بیج) چھڑکنا۔بونا ۲۳ پیدا کرنا ۲۴ (تفرقہ) جدائی کرا دینا ۲۵ (مصیبت) تکلیف میں پھنسانا ۲۶ گھسیٹنا ۲۷ (بنیاد) نیو رکھنا۔ شروع کرنا۔آغاز کرنا ۲۸ دوسرے افعال کے ساتھ تکمیل فعل کے لئے لگاتے ہیں جیسے دے ڈالنا۔کھا ڈالنا۔

مثل۔ ڈالتے دیر نہیں سر پر کوتوال۔ کوئی برا کام کرتے ہی پکڑے جانے کے موقع پر کہتے ہیں۔

ڈالر (انگ۔مذکر) ایک امریکن چاندی کا سکہ جس کی قیمت ڈھائی روپے کے قریب ہوتی ہے۔

ڈالم (ھ۔مذکر) انار۔

ڈالیہ (انگ۔مذکر) ۱ ایک قسم کا بہت خوبصورت پھول ۲ اس پھول کا پودا۔

ڈامانڈول (ھ۔صفت) ڈانوانڈول۔

ڈامچا (ہ۔مذکر) وہ مچان جو کھیتوں کی رکھوالی کے لئے بناتے ہیں۔

ڈامر (ھ۔مذکر) ۱ سال کا گوند ۲ رال۔قیر ۳ فلیتہ۔مشعل ۴ کوئی چیز جو حیرت پیدا کرے۔

ڈانٹ (ہ۔مؤنث) ۱ دیکھو ڈاٹ مع محاورات ۲ دھمکی۔جھڑکی۔گھرکی ۳ سخت آواز جس سے کسی کو روکا جائے ۴ (امر) ڈانٹنا کا **ڈانٹ بتانا** (متعدی) ۱ دھمکی دینا۔گھرکنا ۲ سخت آواز سے روکنا ۳ بلند آواز سے کہنا **ڈانٹ دینا** (متعدی) گھرک دینا **ڈانٹ ڈپٹ** (مؤنث) گھرکی۔دھمکی۔ڈراوا۔ **ڈانٹنا** (متعدی) ۱ دھمکانا۔ ڈرانا ۲ گھرکی دینا۔جھڑکنا ۳ بلند آواز سے کہنا۔ نعرہ مارنا ۴ سخت آواز سے روکنا ۵ چشم نمائی کرنا۔

ڈانٹھ (مونث) **ڈانٹھل** (مذکر) **ڈانٹھی** (ھ۔مؤنث) ۱ ڈالی۔ڈنڈ ۲ نالی۔پوال ۳ جو کچھ پیڑ پر غلہ اٹھانے کے بعد رہجائے ۴ اناج کی ڈنڈی کی گانٹھ۔

ڈانڈ (ہ۔مذکر) ۱ تاوان۔ڈنڈ ۲ کشتی کھینے کا بانس ۳ (مونث) ایک پیمانہ طولانی ۴ بغیر چمڑے کا گدکا ۵ کھیت کی حد ۶ ریڑھ کی ہڈی ۷ اونچا کھیت جس میں پانی نہ جا سکے ۸ خشک زمین۔بنجر زمین ۹ لکیر ۱۰ (ھ) بدلہ۔انتقام (س ڈنڈ) **ڈانڈا** (مذکر) ۱ حد۔سرحد ملک کی ۲ (ھ) اونچی زمین ۳ (ھ) مینڈ ۴ (ھ) رستہ۔سڑک۔ **ڈانڈا بینڈی پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) ڈانڈ پر ڈانڈ پڑنا۔ **ڈانڈا دبانا** (متعدی) سرحد پر قبضہ کرنا **ڈانڈ ملانا** (متعدی) **ملنا** (لازم) سرحد کا پاس پاس ہونا **ڈانڈا مینڈا** (مذکر) ۱ سرحد۔سڑک جو دو سرحدوں کے درمیان ہو ۲ بندرگاہ کی روک ۳ دوستی۔اتحاد۔رابطہ۔ **ڈانڈا مینڈا ملا ہوا ہے** ۱ سرحد ملی ہوئی ہے زمین سے زمین ملی ہوئی ہے ۲ آپس میں بہت ربط ضبط ہے **ڈانڈا مینڈی** (مؤنث) دشمنی اور عداوت جو دو سرحدوں میں ہوتی ہے **ڈانڈ بھرنا یا دینا** (متعدی) تاوان ادا کرنا۔جرمانہ بھرنا **ڈانڈ لگانا یا مارنا** (متعدی) بانس سے کشتی چلانا **ڈانڈ لینا** (متعدی) جرمانہ یا تاوان وصول کرنا **ڈانڈے مینڈے کی تکرار** (مؤنث) سرحدی جھگڑا۔ **ڈانڈنا** (متعدی) ۱ سزا دینا۔جرمانہ کرنا ۲ بدلہ لینا۔انتقام لینا **ڈانڈی** (مؤنث) ۱ ترازو کی ڈنڈی ۲ ایک پہاڑی سواری جس میں دونوں طرف ڈنڈے اور بیچ میں دری لگی ہوتی ہے ۳ (مذکر) ملاح۔کھینے والا **ڈانڈی مارنا** (متعدی) کم تولنا بنئے اس طرح ترازو کی ڈنڈی کو جھٹکا دیتے ہیں کہ جس پلڑے میں چیز ہوتی ہے وہ جھک جاتا ہے

ڈانس (ہ۔مذکر) ۱ کسی جانور کا ڈنک ۲ ایک قسم کا بڑا مچھر (س دنش) **ڈانسنا** (متعدی) ڈنک مارنا۔

ڈانس (انگ۔مذکر) رقص۔ناچ۔

ڈانک (ہ۔مؤنث) ۱ سونے یا چاندی کے ورق کا ٹکڑا جو نگینے کے نیچے رکھ دیتے ہیں ۲ (ھ) ڈنک ۳ دیکھو ڈاک۔ **ڈانک جڑنا** (متعدی) سونے چاندی کے ورق کو نگینے کے نیچے رکھنا **ڈانکا۔ ڈانکنا۔ ڈانکو۔ ڈانکی** (ھ) دیکھو ڈاکا۔ڈاکنا۔ڈاکو اور ڈاکی۔

ڈانگ (ہ۔مؤنث) ۱ پہاڑ کی چوٹی ۲ پہاڑی علاقہ ۳ اونچی زمین۔سطح مرتفع ۴ (ھ) لاٹھی۔ڈنڈا۔(س۔ڈنڈک۔ڈنڈا)

ڈانگر (ہ۔صفت) **ڈانگرا** (ھ) ۱ لاغر۔دبلا۔پتلا ۲ بھوک کا مارا ہوا ۳ (مذکر) چوپایہ ۴ (ھ) مولی وغیرہ کی پھول کی ٹہنی ۵ (ھ) ایک پودا جس میں سیاہی مائل سبز رنگ کے کدو لگتے ہیں۔

ڈانوال (ھ۔صفت) بایاں (ہاتھ یا پہلو) (بایاں کا بگڑا ہوا)

ڈانوانڈول (ہ۔صفت) ۱ آوارہ پھرنے والا جس کا کوئی گھر گھاٹ نہ ہو ۲ خراب خستہ۔پریشان حال ۳ ڈگمگاتا ہوا ۴ تباہ۔برباد ۵ (ھ۔مذکر) ادھر ادھر دوڑتا پھرنا ۶ (ھ) جھٹکا جیسے زلزلے کا (پھرنا ہونا کے ساتھ) (س دھاون۔ ادھر ادھر دوڑنا) **ڈانوانڈولی** (مؤنث) ۱ آوارگی سرگشتگی۔پریشانی ۲ غربت یا افلاس کی حالت۔

ڈانورو (ہ۔مذکر) شیر کا بچہ۔

ڈاوا۔ ڈاواں (ہ۔صفت) بایاں ہاتھ یا پہلو۔بایاں کا بگڑا ہوا (مخف)

ڈاہ (ہ۔مؤنث) ۱ جلن ۲ رشک

حسد ۲ دشمنی۔ خصومت۔ **ڈاہ کھانا** (ہ۔ متعدی) رشک وغیرہ کرنا۔ **ڈاہنا** (ص۔ لازم) ۱ جلنا۔ گرم ہونا ۲ غصے یا رشک سے جلنا ۳ بے کینہ ہونا ۴ دھات کا گرم ہونا یا پگھلنا۔ **ڈاہی** (ہ) ۱ حاسد۔ رشک کرنے والا۔ جلنے والا ۲ کینہ توز ۳ (مذکر) وہ شخص جو رشک حسد یا کینہ رکھے (س۔ دَہ۔ جلنا)

ڈابِک (س۔ مذکر) ایک آبی پرند۔

ڈائجسٹ (انگ۔ مذکر) خلاصہ قانونی نظیروں کے خلاصے کا مجموعہ۔

ڈائرکٹر (انگ۔ مذکر) ۱ حاکم ۲ منتظم۔ سربراہ کار۔ **ڈائرکٹر آف اگریکلچر** (مذکر) محکمہ زراعت کا حاکم۔ **ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن** (مذکر) محکمہ تعلیم کا حاکم۔ **ڈائرکٹر جنرل** (مذکر) اعلیٰ حاکم۔ **ڈائرکٹر آف پرزنز** (مذکر) قید خانوں کا حاکم اعلیٰ۔ **ڈائرکٹر جنرل آف پبلک ہیلتھ** (مذکر) حفظانِ صحت کے محکمے کا حاکم اعلیٰ۔ **ڈائرکٹر جنرل آف کرمنل انٹیلیجنس یا انوسٹیگیشن** (مذکر) محکمہ تفتیش جرائم یا خفیہ خبر رسانی کا حاکم اعلیٰ۔ **ڈائرکٹری** (مونث) ۱ ایک کتاب جس میں لوگوں کے یا کمپنیوں کے پتے ہوتے ہیں ۲ وہ پانچ آدمی جو فرانس میں ۱۷۹۵ء سے ۱۷۹۹ء تک برسرِ حکومت تھے۔

ڈائری (انگ۔ مونث) روزنامچہ۔ یادداشت۔

ڈائل (انگ۔ مذکر) گھڑی کا سامنا حصہ جس پر سوئیاں وغیرہ لگی ہوتی ہیں۔

ڈائمنڈ (انگ۔ مذکر) ہیرا۔ جواہر۔ **ڈائمنڈ جوبلی** (مونث) ساٹھ سالہ جشن۔

ڈائن (ہ۔ مونث) ۱ دیونی۔ عفریتہ ۲ جادوگرنی جو خیال ہے کہ بچوں کا جگر کھاتی ہے ۳ بدشکل عورت ۴ بلا جو اپنے بچوں کو آپ کھا جائے (س۔ ڈاکِن) **ڈائن کو بچہ سونپنا** (متعدی) بچہ دشمن کے حوالے کرنا۔

امثال و اقوال۔ ڈائن بھی دس گھر چھوڑ کر کھاتی ہے۔ ظالم کو بھی پڑوسیوں کا لحاظ ہوتا ہے۔ ڈائن کو بھی داماد پیارا۔ بُری سے بُری عورت بھی اپنے داماد کی خاطر تواضع کرتی ہے۔ **ڈائن کھائے تو منہ لال نہ کھائے تو منہ لال۔** ظالم کچھ کرے یا نہ کرے بدنام ضرور ہوتا ہے۔

ڈائنامیٹ (انگ۔ مذکر) ایک قسم کی بارود۔

ڈائین (انگ۔ متعدی) رات کا کھانا۔ **ڈائین کرنا** (متعدی) رات کا کھانا کھانا۔ **ڈائننگ ٹیبل** (مذکر) کھانے کی میز۔ **ڈائننگ ہال** (مذکر) کھانا کھانے کا کمرہ۔

ڈاین (ھ۔ مونث) دیکھو ڈائن

ڈب (ہ۔ مذکر) ۱ طاقت۔ قوت۔ زور۔ حکومت ۲ قابو۔ قبضہ (س۔ دم۔ فتح کرنا) ۳ چمڑا جس کے بٹوے۔ کیسے وغیرہ بنتے ہیں ۴ جیب۔ تہبند کا اوپر کا سرا جو کمر میں گھرس لیتے ہیں ۵ گردن کا پچھلا حصہ (س۔ ڈور۔ دھاگا) **ڈبا** (مذکر) ۱ کپا ۲ چمڑے کا صندوق ۳ سپاہی کی خلیتی کارتوس کا بکس ۴ چھاتی ۵ پسلی کا عارضہ جو بچوں کو ہوتا ہے۔ **ڈبا ڈوالی** (مونث) پیٹی اور کارتوس کا تھیلا۔ **ڈب کرنا** (ھ) جیب میں رکھنا۔ سنبھال لینا۔ **ڈبگر** (مذکر) ۱ وہ جو چمڑے کے ترازو وغیرہ بنائے ۲ ایک قوم جو یہ کام کرتی ہے **ڈبگری** (مونث) ۱ ڈبگر کا کام ۲ ڈبگر کا پیشہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **ڈبے کا مرض** (مذکر) دیکھو ڈبا ۵۔

ڈِبّا (ہ۔ مذکر) ۱ بڑی ڈبیا۔ گول لکڑی وغیرہ کا بکس جس میں عورتیں زیورات رکھتی ہیں (ڈبا سے)

ڈبّا (ھ۔ مذکر) بایاں ہاتھ۔

ڈبا (ھ۔ امر) ڈبانا کا **ڈبا دینا** ڈبانا (متعدی) ڈوبنا کا ۱ ڈبونا۔ غرق کرنا ۲ کھونا ۳ ضائع کرنا ۴ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔

ڈباؤ (ہ۔ مذکر) آدمی کے قد سے زیادہ گہرا پانی۔

ڈباؤ (ہ۔ صفت) ڈبو دینے کے قابل **ڈباؤ پانی** (مذکر) پانی جس میں آدمی ڈوب جائے۔

ڈبڈبانا (ہ۔ لازم) آنکھوں میں آنسو بھر آنا (ڈوب سے)

ڈبرا (ہ۔ مذکر) ۱ پانی جمع ہونے کی جگہ ۲ چھوٹا گڑھا جس میں پانی بھر جائے ۳ خون جمع ہونے کی جگہ ۴ خون کا تھکا (ڈابر سے) **ڈبرا** **ڈُہرا** (مذکر) دیکھو ڈبرا ۱ و ۲۔

ڈبری (ہ۔ مونث) ۱ مٹی کا پانی کا برتن۔ پیالہ ۲ منافع کی تقسیم بموجب حصہ جو گاؤں کے مالکوں کے درمیان کی جائے۔

ڈبریا (ھ۔ صفت) ۱ کھبا ۲ (مذکر) بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا آدمی۔

ڈبس (ہ۔ مذکر) بحری سفر کا توشہ۔ کھانے پانی کا سامان ذخیرہ۔

ڈبسی (ہ۔ مونث) نیچی زمین جس میں پانی جمع ہو جائے۔

ڈبکا (ہ۔ مذکر) ۱ تازہ پانی جو کنویں سے نکالا جائے ۲ خوف۔ اندیشہ۔ خطرہ۔ ڈر ۳ (ھ) موٹا۔ فربہ۔ لحیم (ڈبنا سے) **ڈبکے کا پانی** (مذکر) تازہ پانی۔

ڈبکنا (ہ۔ لازم) چمکنا۔ دمکنا۔

ڈبکی (ہ۔ مونث) غوطہ۔ بڑکی (دینا کھانا لگانا۔ لگنا۔ مارنا کے ساتھ) (ڈوبنا سے)

ڈبل (انگ۔ صفت) ۱ دگنا۔ دوچند۔ دہرا ۲ موٹا۔ فربہ ۳ (مذکر) پیسا یا روپیہ جو انگریزوں نے ہندوستان میں رائج کیا۔ **ڈبل آدمی** (مذکر) موٹا شخص **ڈبل پیسہ** [illegible] پیسا۔ **ڈبل دھیلا** (مذکر) انگریزی [illegible] پیسے کا نصف۔ **ڈبل روٹی** (مونث) نان پاؤ **ڈبل کوچ** (مذکر) دگنا سفر۔ دگنی منزل (کرنا ہونا کے ساتھ) **ڈبل مارچ** (مذکر) دوڑنا۔

ڈبو (ہ۔ امر) ڈبونا کا۔ ڈبو دیا۔ برباد کر دیا۔ بگاڑ دیا۔ **ڈبو دینا** ۔ **ڈبونا** (متعدی) دیکھو ڈبانا۔

ڈبّو (ہ۔ مذکر) **ڈبوا** (ھ) لوہے کا بڑا چمچہ۔ کفگیر۔

ڈبوانا (ہ۔ م) ڈوبنا کا۔

ڈبھا (ہ۔ مذکر) چھوٹا گھڑا۔

ڈبھڈبھا (ہ۔ صفت) ۱ گڑھوں سے بھرا ہوا۔ ناہموار ۲ (مذکر) وہ زمین جس میں بہت سے گڑھے ہوں۔ ناہموار زمین۔

ڈبھسری (ہ۔ مونث) ایک

قسم کا لیپ جو مہوا کے درخت سے تیار کیا جاتا ہے۔

ڈِبّی (ہ۔ مؤنث) ڈبّی۔ چھوٹی ڈبیا ۲ چھوٹی کپی جس میں تیل ڈالتے اور چراغ کی طرح روشن کرتے ہیں ۳ (ھ) بیج۔ تخم۔

ڈُبّی (ھ۔ مونث) ڈبکی غوطہ (مارنا کے ساتھ) **ڈُبی مارنے والا** (صفت) غوطہ خور۔

ڈُبیا (ہ۔ مؤنث) ڈبّہ کی تصغیر ۱ چھوٹا گول ڈبہ ۲ فصل کا تھوڑا سا حصہ جو گاؤں کے کمینوں کو دیا جاتا ہے۔

ڈِپارٹمنٹ (انگ۔ مذکر) محکمہ۔ سررشتہ **ڈپارٹمنٹل** (صفت) محکمانہ۔ **ڈپارٹمنٹل پنشمنٹ یا سزا** (مؤنث) وہ سزا جو افسران محکمہ خود دیں۔ **ڈپارٹمنٹل کارروائی** (مونث) محکمانہ کارروائی برخلاف عدالتی کارروائی کے۔

ڈِپازِٹ (انگ۔ مؤنث) امانت جمع (کرنا ہونا کے ساتھ)

ڈِپَٹ (ہ۔ امر) ۱ ڈپٹنا کا ۲ دھمکی۔ ڈانٹ ۳ حملہ ۴ جست وخیز ۵ گھوڑے کی تیز رفتاری (دینا۔ دوڑنا)۔ **ڈپٹانا** (مم) سرپٹ کرنا۔ گھوڑے کو تیز دوڑانا۔ سوار کا حملہ کرنا۔ **ڈپٹ کے ساتھ** (تف) تیزی کے ساتھ۔ **ڈپٹنا** (متعدی) ۱ دھمکانا۔ ڈرانا ۲ حملہ کرنا ۳ دوڑنا۔ تیز جانا ۴ نعرہ لگانا۔

ڈُپٹّا (ہ۔ مذکر) دوپٹا۔

ڈِپٹی (انگ۔ مذکر) ۱ نائب ۲ عموماً ای اے سی کو کہتے ہیں (بنانا۔ بننا۔ کر دینا۔ کرنا ہو جانا ہونا کے ساتھ) **ڈپٹی انسپکٹر** (مذکر) پہلے تھانے داروں کو کہا کرتے تھے۔ **ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس** (مذکر) پولیس کے محکمے میں ایک عہدے دار جو انسپکٹر جنرل کے ماتحت ایک حلقے کا افسر ہوتا ہے۔ **ڈپٹی پوسٹ ماسٹر جنرل** (مذکر) ڈاک خانے کے محکمہ کا افسر جو پوسٹ ماسٹر جنرل کے ماتحت ہوتا ہے۔ **ڈپٹی ڈائرکٹر جنرل** (مذکر) کسی ڈائرکٹر جنرل کا نائب۔ **ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ** (مذکر) پولیس جیل اور ویٹرنری ڈیپارٹمنٹ کا ایک عہدہ دار۔ **ڈپٹی کلکٹر** (مذکر) ۱ افسر مال ۲ نہر کا ایک گیزیٹڈ افسر **ڈپٹی کمشنر** (مذکر) حاکم ضلع۔ انگریزی حکومت میں سب سے اہم عہدہ ہے۔ **ڈپٹی مجسٹریٹ** (مذکر) ایک قسم کا مجسٹریٹ۔

ڈِپلوما (انگ۔ مذکر) سرٹیفکیٹ۔ لیاقت کی سند۔

ڈِپلومیٹک (انگ۔ صفت) پالیسی باز۔ جوڑ توڑ کرنے والا۔

ڈِپلومیسی (انگ۔ مؤنث) جوڑ توڑ۔ پالیسی۔

ڈپلیکیٹ (انگ۔ مذکر) مثنّٰی۔ نسخۂ ثانی۔ ہو بہو نقل۔

ڈُپوڑہ (صفت) ۱ بہت بڑا۔ بہت موٹا ۲ (مذکر) بہت بڑی چیز۔ بہت موٹا آدمی۔

ڈِپو (انگ۔ مذکر) ذخیرہ۔ کارخانہ۔ تجارت گاہ۔ کوٹھی۔

ڈپوٹیشن (انگ۔ مؤنث) ۱ وفد۔ وہ جماعت جو کسی خاص کام کے لئے جائے (بھیجنا۔ جانا کے ساتھ) ۲ کسی عہدے دار کا عارضیتاً دیا جانا (پر بھیجا جانا۔ جانا کے ساتھ)

ڈَپول (ھ۔ صفت) بڑا۔ عظیم۔ جسیم۔ قوی ہیکل۔ **ڈپول سنکھ** (مذکر) ۱ بڑا سنکھ ۲ وہ آدمی جو باتیں بہت کرے اور کام کچھ نہ کرے ۳ (صفت) وہ جو وعدے بہت کرے مگر پورے نہ کرے یا شور بہت مچائے اور کرے کچھ نہ۔

ڈَپھ (ھ۔ مذکر) دف جس کا یہ مخرب ہے۔ **ڈپھارنا** (لازم) ۱ بہت شور مچانا ۲ بہت رونا۔ چیخنا یا چلانا۔ **ڈپھالی** (مذکر) ۱ دفالی۔ دف بجانے والا ۲ (کنایتاً) بہت باتیں کرنے والا **ڈپھلا** (مذکر) ایک قسم کا دف۔

ڈَٹ (ہ۔ امر) ڈٹنا کا دس دلش۔ کاٹنا **ڈٹانا** (متعدی) روکنا۔ ٹھیرانا وغیرہ دیکھو ڈٹنا۔ **ڈٹ جانا** (لازم) ۱ جم کر بیٹھ جانا ۲ حریف کے مقابلے میں جم کر کھڑا ہو جانا **ڈٹ کر کھانا** (متعدی) خوب سیر ہو کر کھانا **ڈٹنا** (لازم) ۱ رکنا۔ روکا جانا ۲ کھڑا ہونا۔ دیر تک کھڑا رہنا۔ جرأت سے کسی جگہ کھڑا رہنا ۳ مدت تک قائم رہنا۔ دیر پا ہونا ۴ گڑ جانا۔ مستحکم ہونا ۵ رہنا۔ ٹھیرنا ۶ فیصلہ ہونا۔ اتفاق رائے ہونا ۷ ارادہ ہونا ۸ ڈاٹ لگنا۔ بند ہونا۔ **ڈٹے رہنا** (لازم) جگہ سے نہ ہٹنا۔ جم کر بیٹھ رہنا۔

ڈَٹّا (ھ۔ مذکر) ۱ ڈاٹ ۲ باڑ۔

ڈَٹانا (ہ۔ متعدی) ڈانٹنا۔ دبکانا۔

ڈِٹکٹ (انگ۔ متعدی) سراغرسانی کرنا۔ سراغ لگانا۔ **ڈٹکشن** (مؤنث) سراغرسانی۔ پتہ جوئی۔ **ڈٹکٹو** (مذکر) سراغرسان۔ خفیہ پولیس کا افسر **ڈٹکٹو پولیس یا فورس** (مؤنث) پولیس کا وہ محکمہ جس کا کام خفیہ سراغرسانی ہے۔

ڈُٹھا (ھ۔ مذکر) ڈنٹھل۔

ڈِٹھبند (ہ۔ مذکر) جادوگر۔ نظر بندی کرنے والا۔

ڈِٹھنا (ھ۔ لازم) ۱ دکھنا۔ دکھائی دینا ۲ معلوم ہونا۔ ظاہر ہونا ۳ (متعدی) دیکھنا۔

ڈِٹھونا (ہ۔ مذکر) خال جو چہرے پر بنایا جائے۔

ڈِٹھیارا (ہ۔ صفت) جس کی نظر قائم ہو۔ جو اندھا نہ ہو۔ دیکھنے والا۔ بینا۔ **ڈٹھیاری** (صفت) بینا عورت ۲ ایک قسم کی آسان پہیلی۔ جو شے بجھانا ہو وہ کہنے میں آجاتی ہے جیسے چٹ آئی پٹ پڑ گئی جی کو اور لیں۔ ایسی پتلی کامنی کہ نسیں دکھائی دیں۔ اس میں لفظ چٹائی نکلتا ہے۔

ڈُٹھون (ھ۔ مذکر) دیوالی کے بعد بارہواں دن۔

ڈُڈّکا (ھ۔ مذکر) دھان کے پودوں کی ایک بیماری۔

ڈِڈھیا۔ ڈڈِیا (ھ مؤنث) ۱ اشتیاق کی نظر۔ حرص کی نظر ۲ حرص۔ لالچ۔ **ڈڈیا لگانا یا لگائے رہنا** (متعدی) ۱ شوق یا حرص کی نظر ڈالنا ۲ حرص کرنا۔ لالچ کرنا۔

ڈَر (ہ۔ امر) ڈرنا کا ۲ (مذکر) خوف۔ خطرہ۔ اندیشہ۔ ہول۔ بیم۔ باک۔ دہشت۔

ہراس ۔ کھٹکا ۔ بھائے ۔ رُعب ۔ دھاک (س ڈر)
ڈرا (ماضی) ۱ ڈرنا کا ۲ (امر) ڈرانا کا۔ **ڈرا دینا** (متعدی)
خوف پیدا کر دینا **ڈرانا** (متعدی) ۱ خوف دلانا ۲
دھمکانا ۳ (ھ) ڈراونا **ڈرانی** (صفت مؤنث)
ڈراونی **ڈراؤ ۔ ڈراوا** (مذکر) ۱ دیکھو ڈر ۲ دھمکی **ڈراوا**
دکھانا (متعدی) دھمکانا ۔ دھمکی دینا **ڈراونا** (صفت ۔ مذکر)
ڈراونی (صفت مؤنث) خوفناک ۔ بھیانک **ڈراونی آواز**
(مؤنث) وہ آواز جس کو سُن کر ڈر معلوم ہو۔ **ڈراونی**
شکل یا صورت (مؤنث) وہ شکل جسے دیکھ
کر ڈر آئے **ڈرا ہوا** (صفت) خوفزدہ ۔ ہراساں۔
ڈرپوک ۔ ڈرپوکنا (صفت) بُزدل **ڈرتا** (صفت)
خوف کھاتا ۔ ہراساں **ڈرتے ڈرتے** (تف)
خائف ہو کر۔ **ڈر کر ڈرتے رہنا** (لازم) ہمیشہ
خوف کھانا۔ **ڈر لوٹ جانا** (لازم) ۱ جھجک
جاتی رہنا ۲ خوف مٹ جانا۔ **ڈر جانا** (لازم) دیکھو
ڈرنا **ڈر کھو دینا** (لازم) دل سے خوف نکال دینا۔
ڈر کر یا کے (تف) خوف کھا کر ۔ گھبرا کر۔ **ڈر**
کے مارے (تف) خوف وخطر کے
مارے ۔ **ڈر لگنا** (لازم) خوف معلوم ہونا **ڈر مار**
گیا ۔ چپ ہو گیا جیسے سوتا ہے ۔ **ڈرنا** (لازم)
خوف کھانا ۔ خوف زدہ ہونا **ڈر نکل جانا** (لازم)
خوف نہ رہنا **ڈرونا** (صفت) ۱ ڈراونا ۲ (ھ
مذکر) بزدل ۔ ڈرنے والا آدمی **ڈرونیا ۔ ڈرہایا**
(ھ) بُڑا ڈرپوک ۲ خوفزدہ ۔ خائف ۔ **ڈری** (مؤنث)
اندیشہ ۔ خوف وخطر۔

امثال واقوال ۔ ڈرے
آپ کے دیدے سے ۔ آپ کی شوخی
یا گستاخی سے خوف کھانا چاہیئے ۔ **ڈرا سو مرا** ۔
ڈرنے والا آدمی نقصان اٹھاتا ہے ۔ **ڈر نہ دہشت**
اتار کھیری خشتک (عو) بے حیا ہو گئی ۔
کسی کی پروا نہیں رہی کھلے بندوں پھرنے لگی ۔
ڈرے رنڈی تیرے دیدے سے
(عو) کسی عورت کی بے حیائی کے متعلق کہتے
ہیں کہ بہت دیدہ دلیر عورت ہے ۔ **ڈریں**
لومڑی سے نام دلیر وشیر ، خاں سخت
بزدل ہیں ۔ کسی شخص کی بزدلی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

ڈرافس مین (انگ ۔ مذکر)
نقشہ نویس ۔

ڈراک ۔ ڈرالو (ھ صفت)
۱ خوفزدہ ۔ دہشت زدہ ۔ ڈرنے والا ۲ (مذکر)
بزدل آدمی ۔ ڈرپوک شخص ۔

ڈرائنگ (انگ ۔ مذکر)
نقشہ کشی **ڈرائنگ روم یا ہال** (مذکر) ملاقات
کا کمرہ ۔ دیوان خانہ (یہ لفظ ڈرائنگ ود ڈرائنگ
کا مخفف ہے ۔ جس کے معنی علیحدہ ہو جانا ہے)

ڈرائیور (انگ ۔ مذکر) گاڑی
چلانے والا ۔

ڈربا (ہ ۔ مذکر) دیکھو دڑبا ۔

ڈرپ (ہ ۔ صفت) خوفزدہ ۔
ڈرا ہوا ۔ دہشت زدہ **ڈرپنا** (متعدی) ڈرنا ۔
خوف کھانا ۔

ڈرکا (ہ ۔ مذکر) ڈر ۔ خوف ۔
دہشت ۔

ڈرل (انگ ۔ مؤنث) ۱ ورزش
مشق ۲ قواعد جو سپاہیوں کو کرائی جاتی ہے ۳
ڈبل زین ۔ ایک قسم کا کپڑا جس کی وردیاں بنتی
ہیں ۔ **ڈرل انسٹرکٹر** (مذکر) سپاہیوں کو ڈرل
سکھلانے والا استاد **ڈرل پریڈ** (مؤنث)
دیکھو ڈرل ۲ ۔

ڈرپالینا ۔ ڈرپانا (ھ متعدی)
گھوڑے کو رسی یا لگام پکڑ کر لے جانا ۔

ڈریرا (ہ ۔ مذکر) زور کا مینہ ۔

ڈریس (انگ ۔ لازم) ۱ سیدھا
ایک قطار میں کھڑا ہونا ۲ پوشاک ۳ (متعدی)
مذبوحہ جانور کو پکانے کے لئے تیار کرنا ۴
پوشاک پہننا پہنانا ۵ زخم کی مرہم پٹی کرنا (کرنا ہونے
کے ساتھ) ۶ (مذکر) پوشاک ۔ لباس ۔ **ڈریس**
پریڈ (مؤنث) سپاہیوں کی قواعد پوری وردی
میں **ڈریسنگ** (مذکر) ۱ سیدھا ایک قطار
میں کھڑا ہونا ۲ کپڑا پہننا ۳ مرہم پٹی ۔ **ڈریس**
سوٹ (مذکر) انگریزی کپڑے جو عموماً سیاہ
رنگ کے ہوتے ہیں اور شام کو پہنے جاتے
ہیں **ڈریسنگ روم** (مذکر) کپڑے پہننے کا
کمرہ ۔ **ڈریسنگ گون** (مؤنث) ایک قسم کا اوور
کوٹ جو شب خوابی کے کپڑوں کے اوپر پہنتے
ہیں **ڈریسی** (مؤنث) وردی کی بجاآوری جو افسران
ملاحظہ کرتے ہیں (بجھانا بجھنا دیکھنا ملاحظہ کرنا
کے ساتھ) **ڈریس یونیفارم** (مؤنث) وہ وردی
جو دربار وغیرہ کے موقع پر پہنی جائے ۔

ڈڑھ (ہ ۔ صفت) ۱ ڈیڑھ کا
مخفف ۲ داڑھی کا مخفف **ڈڑھ پوا** (مذکر) ڈیڑھ
پاؤ کا باٹ **ڈڑھ منڈا** (صفت) وہ جس کی ڈاڑھی
منڈی ہوئی ہو **ڈڑھیالا ۔ ڈڑھیل** (صفت)
بڑی ڈاڑھی والا ۔

ڈِڑھ (ہ ۔ صفت) ڈیڑھ کا مخفف ۔

ڈڑھ پئی (مؤنث) ڈیڑھ پاؤ کا باٹ ۔

ڈز (اردو ۔ مؤنث) بندوق چلنے
کی آواز **ڈز کرنا** (متعدی) ۱ گولی مار دینا ۔ بندوق
کا نشانہ بنانا ۲ بندوق چلانا ۔

ڈزائن (انگ ۔ مذکر) نقشہ ۔ خاکہ ۔

ڈس (ہ ۔ مؤنث) ۱ ترازو کے پلڑے ۲
وہ دھاگے جو تھان کے اخیر پر لٹکتے رہیں ۳ تھان کا سرا (س دشا)

ڈس (ہ ۔ امر) ڈسنا کا (س دنش
کاٹنا) **ڈسا ہوا پانی نہیں مانگتا** ۔ بڑا ظالم ہے
جس کو نقصان پہنچاتے تباہ کر دیتا ہے ۔ **ڈس**
جانا یا لینا ۔ ڈسنا (متعدی) سانپ کا کاٹنا ۔

ڈسانا (ھ ۔ متعدی) بستر بچھانا ۔

ڈسپاٹک (انگ ۔ صفت)
خود مختار ۔ شخصی ۔

ڈسپنسر (انگ ۔ مذکر) وہ آدمی
جو نسخے کو دیکھ کر دوائی بنا کر دیتا ہے **ڈسپنسری**
(مؤنث) شفاخانہ ۔

ڈسپیچ (انگ ۔ متعدی) ۱ بھیجنا ۔
(کرنا ہونے کے ساتھ) رپورٹ ۲ جو ایلچی یا جرنیل وغیرہ
خاص آدمیوں کے ہاتھ بھیجیں (بھیجنا کے ساتھ) ۔
ڈسپیچر (مذکر) دفتروں میں ایک کلرک جو چٹھیاں
بھیجتا ہے ۔

ڈسٹرکٹ (انگ ۔ مؤنث) ضلع ۔
ڈسٹرکٹ انسپکٹر (مذکر) وہ انسپکٹر جو ضلع کے
اندر کام کرے ۔ یہ پولیس کا بھی ہوتا ہے اور
اسکولوں کا بھی **ڈسٹرکٹ جیل** (مذکر) جیلخانہ
جس میں ضلع کے قیدی رہیں ۔ **ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ**
(مذکر) ڈپٹی کمشنر کو بحیثیت مجسٹریٹ کے کہتے
ہیں ۔ **ڈسٹرکٹ میپ** (مذکر) ضلع کا نقشہ ۔

ڈسٹلری (انگ ۔ مؤنث) وہ
کارخانہ جہاں شراب کی کشید ہوتی ہو ۔

ڈسکاؤنٹ (انگ ۔ مذکر)

کمینہ۔ کھوٹی۔ بٹہ۔ دستوری۔

ڈسمس (انگ۔ صفت) موقوف۔ برطرف۔ خارج (کرنا ہونا کے ساتھ) **ڈسمسل** (مؤنث) موقوفی۔ برطرفی۔

ڈف (د۔ مذکر) دف (بجانا بجنا کے ساتھ) **ڈفالچی۔ ڈفالی** (مذکر) دف بجانے والا **ڈفلی** (مؤنث) چھوٹا دف۔

ڈفنس (انگ۔ مذکر) ۱ حفاظت۔ بچاؤ ۲ دعوے کا جواب زبانی یا تحریری شہادت بچاؤ کی (پیش کرنا دینا ہونا کے ساتھ)۔

ڈک (ہ۔ مذکر) مکا۔ گھونسا۔

ڈکاڈک۔ ڈکم ڈکا (ھ۔ مذکر) مکے بازی۔ گھوسم گھوسا۔ **ڈکیانا** (متعدی) مکے مارنا۔

ڈکار (ہ۔ مذکر) معدے کی ہوا جو آواز کے ساتھ منہ سے نکلتی ہے (آنا کے ساتھ) (س اُد۔ اوپر۔ گری۔ منہ سے نکالنا) **ڈکار بیٹھنا** (مت، جانا (متعدی) کسی کا مال ہضم کر جانا خیانت کرنا **ڈکار لینا** (متعدی) ۱ معدے کی ہوا منہ سے نکالنا ۲ مال ہضم کر جانا۔ مال مار لینا **ڈکارنا** (لازم) ۱ معدے کی ہوا منہ سے نکالنا ۲ شیر کا بولنا ۳ (متعدی) کوئی چیز آواز سے نکلنا۔ نگلنا ۴ مال ہضم کر جانا۔ خیانت کرنا **ڈکار نہ لینا** (متعدی) ۱ چپکے سے مال ہضم کر جانا ۲ پتہ نہ لگنے دینا۔ خبر نہ ہونا۔

ڈکٹیٹر (انگ۔ مذکر) مطلق العنان حاکم۔ آمر۔

ڈکڈکا (ھ۔ امر) ڈکڈکانا کا **دکڈکا کر یا کے بے گھونٹ بھر کے ڈکڈکا کے پینا** (متعدی) ۱ دیکھو ڈکارنا ۳ ۲ لمبے گھونٹ پینا۔

ڈکڈکانا (ھ۔ متعدی) ۱ ڈگڈگانا ۲ دیکھو آخری۔

ڈکر (ھ۔ مذکر) سور۔ خنزیر۔ خوک۔ بارہ۔

ڈکرا (ہ۔ مذکر) زہر۔ بس۔ سم۔ ہلاہل۔

ڈکرا (ہ۔ مذکر) بوڑھا آدمی۔ ڈدکرا۔

ڈکرانا (ھ۔ متعدی) ۱ دیکھو دکارنا ۲ زار زار رونا۔

ڈکری (انگ۔ مؤنث) دیکھو ڈگری عسا۔

ڈکریا دہ۔ مؤنث) ڈوکرا کی۔ بوڑھی عورت ضعیف عورت۔ **ڈکریا پران** (ھ) بوڑھی عورتوں کی باتیں۔

ڈکشنری (انگ۔ مؤنث) لغت۔ کوش۔ فرہنگ۔ ابھیدان۔

ڈکوت۔ ڈکوتیا (ہ۔ مذکر) ۱ ہندوؤں کی ایک ذات۔ یہ برہمن مرد اور گوالن عورت کی اولاد ہیں۔ سنیچر کے دن کا دان لیتے ہیں اور نجومی کا کام کرتے ہیں ۲ اس قوم کا ایک فرد۔

ڈکوری (ھ۔ مؤنث) بھڑ۔ زنبور۔

ڈکوسنا (ہ۔ متعدی) پینا۔ نگلنا۔

ڈکی (ھ۔ مؤنث) حملہ۔ دھاوا۔ تاخت۔ یورش۔ ہلہ۔

ڈکیت (ہ۔ مذکر) ڈاکو۔ قزاق۔ لٹیرا۔ (ڈاکو سے) **ڈکیتی** (مؤنث) ۱ جب پانچ یا پانچ سے زیادہ شخص سرقہ بالجبر کریں تو یہ ڈکیتی کہلاتی ہے ۲ راہزنی۔ قزاقی (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

ڈگ (ہ۔ مذکر) قدم۔ دو قدم کے درمیان کا فاصلہ **ڈگ بھرنا یا دھرنا** (متعدی) قدم اٹھانا۔

ڈگ (ہ۔ مذکر) ڈک۔ مکا۔ گھونسا۔ **ڈگ رسید کرنا** (متعدی) مکا مارنا۔

ڈگا (ہ۔ مذکر) وہ گھوڑا جو لمبے لمبے قدم بھرے۔ دبلا اور لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔

ڈگارنا (ہ۔ متعدی) ڈگرنا کا۔ بھیجنا۔ نکالنا۔

ڈگانا (ہ۔ متعدی) ڈگنا کا۔ ہٹانا۔ سرکانا۔

ڈگڈگ (ھ۔ صفت) ہلتا ہوا۔ لغزش کھاتا ہوا۔ ڈگمگ **ڈگڈگانا** (لازم) لغزش کرنا۔ ڈگمگانا۔

ڈگڈگا۔ ڈگڈگا کر یا کے۔ ڈگڈگا کے پینا۔ ڈگڈگانا (ہ) دیکھو ڈکڈکا وغیرہ۔

ڈگڈگانا (ھ۔ لازم) ہلنا۔ ڈگنا۔ دھکدھکانا۔

ڈگڈگانا (ھ۔ لازم) بجنا۔ آواز دینا۔

مثل۔ **ڈگ ڈگ باجے بہت نیکی لاگے۔ نوا نیگ مانگے اٹھا بیٹھی لاگے** ۔ گانا تو اچھا معلوم ہوتا۔ مگر جب کچھ دینا پڑے تو گھبراہٹ ہوتی ہے۔

ڈگڈگی (ہ۔ مؤنث) ۱ ایک قسم کا چمڑے سے مڑھا ہوا باجا جو عموماً بندر یا ریچھ والے یا مداری بجاتے ہیں (بجانا بجنے کے ساتھ) ۲ ڈھنڈورا (پٹنا پیٹنا کے ساتھ) (ڈگڈگانا سے)۔

ڈگر (ہ۔ امر) ۱ ڈگرنا کا ۲ رستہ۔ سڑک۔ شارع عام۔ شاہی سڑک۔ راہ ۳ کھیتوں کے درمیان چوڑا رستہ مویشی کے چلنے کے لئے۔ (ڈگ سے) **ڈگرا** (ماضی) ۱ ڈگرنا کا ۲ امر ڈگرانا کا ۳ (مذکر) دیکھو ڈگر۔ **ڈگرانا** (متعدی) ڈگرنا کا۔ چلانا۔ لڑھکانا **ڈگر بتانا** (متعدی) رستہ دکھانا۔ راہ بتانا **ڈگر جانا** (متعدی) ڈگرنا **ڈگر چلنا** (لازم) ۱ رستہ چلنا ۲ (اور) دھوکا دینا۔ دغا دینا۔ غلط راہ بتانا۔ **ڈگر ڈگر کرنا** (متعدی) ۱ لڑکھڑاتے ہوئے چلنا ۲ کمزوری سے کانپنے لگنا۔ **ڈگرنا** (متعدی) ۱ سفر کرنا۔ سڑک پر چلنا ۲ روانہ ہونا۔ چلا جانا ۳ لڑھکنا ۴ لڑکھڑا کر چلنا۔

ڈگرا (ہ۔ مذکر) بانس کی ٹوکری۔ چنگیر۔ چھاج۔

ڈگرنا (ھ۔ مذکر) وہ لاٹھی جس پر بوجھ لٹکاتے ہیں۔

ڈگری (ہ۔ مؤنث) ڈگرا کی تصغیر۔

ڈگری (انگ۔ مؤنث) ۱ حکم۔ فیصلہ۔ فرمان عدالت کا ۲ حکم حاصل کرنا جائداد یا کسی حق کا ۳ کامیابی۔ کامیابی کی سند پانا۔ حاصل کرنا۔ دینا۔ لینا۔ ملنا۔ ہونا کے ساتھ) ۴ درجہ۔ منزل۔ مرحلہ **ڈگریات** (جمع) ڈگری کی۔ **ڈگری دار** (مذکر) وہ شخص جس کے حق میں ڈگری ہوئی ہو **ڈگری داریہ** (غف۔ مؤنث) وہ عورت جس کے حق میں ڈگری ہوئی ہو۔

ڈگمگ (ہ۔ صفت) **ڈگمگا** (ھ) ہلتا ہوا۔ لرزاں۔ کانپتا ہوا۔ لڑکھڑاتا ہوا۔ متزلزل **ڈگمگانا** (لازم) ۱ ہلنا جنبش کرنا ۲ کانپنا۔ لرزنا ۳ لڑکھڑانا۔ ڈولنا ۴ کمزوری سے کھڑے ہونے کی طاقت نہ رہنا۔ **ڈگمگاہٹ** (مؤنث) ڈگمگانے کا فعل۔

ڈِگمگ۔ ڈگمگا۔ ڈگمگانا۔
ڈگمگاہٹ (ھ) دیکھو آخری۔
ڈُگن (ہ۔ مذکر) چار چھوٹے
کلمات کا مرکب۔
ڈِگنا (ہ۔ لازم) ۱ ہلنا جنبش
کرنا ۲ سرکنا۔ ہٹنا ۳ لرزنا۔ کانپنا ۴ لغزش کھانا۔
۵ کنیانا۔ کھسکنا۔ کترانا۔ (س تونگ۔ لڑکھڑانا)۔
ڈُگی (ہ۔ مونث) دیکھو ڈگڈگی۔
(پٹینا کے ساتھ)۔
ڈَل (ہ۔ مذکر) ۱ گروہ۔ دستا ۲
دولت۔ روپیہ ۳ (ہند) کشمیر میں ایک جھیل جس
میں سے دریائے جہلم گزرتا ہے۔
ڈَلا (ہ۔ مذکر) ڈَلّا (ھ) ۱ ڈھیلا
کلوخ ۲ بڑا ٹکڑا ۳ منجمد شے کا بڑا ٹکڑا ۴ بڑی
ٹوکری ۵ (ھ) مٹھائی جو دُلھا کے گھر سے دلہن
کو جائے (س۔ دَل)، ڈلا سا کھیگ گیا۔
ایک دفعہ ہی فنا ہو گیا۔
ڈُلا (ہ۔ امر) ڈلانا کا ڈُلانا (متعدی)
دیکھو ڈلوانا (مت)، ڈلاؤ (مذکر) ۱ کوڑا کرکٹ۔
بیا ۲ میلا ڈالنے کی جگہ۔ روڑی۔ کوڑی۔ گھورا۔
ڈلاؤ کی گاڑی (مونث) وہ گاڑی جس میں کوڑا
کرکٹ ڈال کر باہر پھینکتے ہیں۔
ڈُلانا (ہ۔ امر) ڈلانا کا ڈُلاڈلانا
(متعدی) ڈلانا کی تاکید ڈُلانا (متعدی)، ڈولنا کا۔
حرکت یا جنبش دینا۔ ہلانا۔
ڈُلٹا (انگ۔ مذکر) تکون زمین جو
دریا کے دہانے پر سمندر کے قریب بنجاتی ہے۔
ڈَلک (ہ۔ مونث) چمک۔ دمک
خصوصاً سونے کی ۲ ناہمواری سی جو صاف شفاف
چیز میں معلوم ہو ڈُلکنا (لازم) چمکنا، دمکنا۔
ڈَلک (ھ۔ مذکر) ۱ ٹوکری۔
چھینکا ۲ بہنگی ۳ ڈالی۔ میوہ جو بطور تحفہ بھیجا جائے۔
ڈُلکا (ھ۔ مونث) ایک پرندہ
ممولا۔
ڈَلملانا (ھ۔ لازم) ڈگمگانا۔
ڈُلنا (ہ۔ لازم) عو۔ پڑنا۔
ڈُلنا (ھ۔ لازم) ہلنا۔ حرکت کرنا۔
دیکھو ڈولنا۔

ڈَلّو (ھ۔ مذکر) دیکھو دَلّو۔
ڈَلوا (ھ۔ مذکر) بڑا ٹوکرا بغیر
ڈھکنے کے۔
ڈَلوانا (ہ) ڈالنا کا۔
ڈَلوری (انگ۔ مونث) ۱ تقسیم
تفویض کسی چیز کی ۲ ڈاک کی تقسیم ۳ وضع حمل (ہو
جانا ہونا کے ساتھ)۔
ڈَلی (ہ۔ مونث) ۱ کسی چیز کا چھوٹا
ٹکڑا خصوصاً مصری مٹھائی یا برف کا ۲ سپاری۔
چھالیا (ان معنوں میں کترنا کے ساتھ)۔
ڈُلی (ھ۔ مونث) چھوٹا کچھوا۔
مادہ کچھوا۔
ڈَلیا (ہ۔ مونث) ڈال کی تصغیر
۱ چھوٹی ٹوکری ۲ (ھ) ڈالی۔ شاخ ڈلیا جھاڑ
(مذکر) کنایتاً۔ کاشت کے موسم کا اختتام۔
کاشت کے بعد فراغت کا زمانہ۔
ڈِم (س۔ مذکر) ناٹک کا کھیل۔
لڑائی یا محاصرے کا سین یا نظارہ جو تماشا گاہ
میں دکھایا جائے۔
ڈَمار (ھ۔ مذکر) ڈوم۔
ڈِمب (س۔ مذکر) ۱ لڑائی۔
بلوہ ۲ لڑائی جو راجہ کے مارے جانے کے بعد
جاری رکھی جائے ۳ انڈا ۴ تیتری اور پروانے
کی پر نکالنے سے پہلی حالت ۵ جنین۔ بچے کی
شروع کی شکل بچہ دان میں ۶ بچہ دان ۷ نوزائیدہ
بچہ ۸ کسی جانور کا بچہ ۹ پھکنا ۱۰ تلی ۱۱ پھیپھڑا۔
۱۲ بدن ۱۳ جسم کا پاگل۔ سڑی ۱۴ گیند ۱۵ آواز دینے
والا لٹو ڈِمبکا (مونث) ۱ پرشہوت عورت۔ زانیہ
۲ بُلبلا ۳ ایک بیل۔
ڈِمبھ (ھ۔ مذکر) غرور۔ فخر۔
تکبر۔
ڈِمبھ (س۔ مذکر) ۱ نوزائیدہ
بچہ ۲ بچہ ۳ جانور کا بچہ ۴ سڑی۔ دیوانہ ۵ انڈا ۶
شگوفہ۔ ڈمبھا (مونث) بچہ۔ ڈمبھ چکّر (مذکر)
ایک قسم کا نقش۔
ڈِمڈِمی (ھ۔ مونث) ڈمرو۔
ڈَمَرن (س)، ڈَمرُو (ہ۔ مذکر)
۱ ایک قسم کی ڈگڈگی ۲ کوئی چیز جو اس شکل کی ہو ۳

گھٹن۔
ڈَھرُوا (ھ۔ مذکر) گھٹنوں کا درد۔
ڈَمری (س۔ مونث) ڈمرو۔
ڈَمرُو (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی
ڈگڈگی۔
ڈَنٹھا (ھ) ڈَنٹھل (ہ۔ مذکر)
ڈَنٹھلا ڈَنٹھی (ھ) ۱ ٹہنی۔ شاخ ۲ مولی گاجر
وغیرہ کی وہ شاخ جس پر بیج آئے۔
ڈَنڈ (ہ۔ مذکر) ۱ بازو ۲ ایک
قسم کی ورزش۔ ڈنڑ ۳ جرمانہ۔ تاوان (ان معنوں
میں بھرنا دینا لینا کے ساتھ) ۴ (ھ) انتقام ۵
لاٹھی۔ سونٹا ۶ ٹیکس۔ محصول (س۔ دَنڈ) ڈنڈا
(مذکر) سونٹا۔ لاٹھی ۲ زینے یا سیڑھی کی لکڑی ۳
جھنڈے کی لکڑی ۴ گدکا ۵ خیمے کی چوب ۶ مسہری
کی چوب ۷ لکڑی جس پر فقیر دوسری لکڑی مار کر
بجاتے ہیں ۸ وہ لکڑی جو حد مقرر کرنے کے لئے گاڑتے
ہیں ۹ ترازو کی لکڑی ۱۰ پولیس کے سپاہیوں کے پاس
جو چھوٹا لکڑی کا سونٹا ہوتا ہے ۱۱ (ھ) بازو ۱۲ (ھ)
وہ شخص جو محصول اکٹھا کرے ۱۳ (ھ) دیوار جو گھر کے
گرد کھینچی جائے۔ ڈنڈا ڈولی کرنا (متعدی) کسی
شخص کو ٹانگوں اور بازوؤں سے پکڑ کر اٹھانا۔
ڈنڈا زنی (مونث) تشدد کا ایک طریقہ جس میں بازو
پچھلی طرف باندھ دیئے جاتے ہیں اور اس میں ڈنڈا
دیکر اس کو گھماتے ہیں۔ ڈنڈا کھینچنا (متعدی) حد
مقرر کرنا۔ دیوار بنانا ڈنڈا لگانا (متعدی) لگنا (لازم)
مارنا (متعدی) لاٹھی سے مارنا ڈنڈ پر خاک
چڑھانا (متعدی) پہلوان کا بازو پر خاک ملنا ڈنڈ
پیل (صفت) ڈنڑ پیلنے والا ڈنڈ پیلنا۔ کرنا یا نکالنا
(متعدی) نکلنا (لازم) ڈنڈ کی ورزش ہونا ڈنڈ ڈالنا
(متعدی) تاوان ڈالنا یا عاید کرنا ڈنڈ کھلا (مذکر)
نیلا کبوتر جس کی دم پر سفید پر ہوں ڈنڈ منڈ کے
بل سے (تف) سر اور بازوؤں کی طاقت سے۔
پوری قوت سے۔ ڈنڈنا (متعدی) ۱ ڈنڈ لگانا ۲
(لازم) تاوان برداشت کرنا۔ جرمانہ دینا۔ سزا برداشت
کرنا۔ ڈنڈی (مونث) ۱ ترازو کی لکڑی ۲ دستہ۔
قبضہ ۳ ہارسنگھار کے پھول کا سرخی مائل زرد حصہ
۴ ڈنٹھل ۵ گز ۶ آلہ تناسل ۷ (ھ) ایک قسم کی بالی
۸ ٹال تک ۹ ہندو فقیروں کی ایک قسم جو صرف برہمن
سے دان لیتے ہیں ۱۰ چھوٹا راستہ۔ راہ ۱۱ (ھ) گاڑی

کی لمبی لکڑی ۲ لکیر۔ دھاری۔ **ڈنڈے** (مذکر) ڈنڈا کی جمع **ڈنڈیا** (مذکر) محصول وصول کرنے والا **ڈنڈے بجاتے پھرنا** (مذکر) بیکار پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ مارے مارے پھرنا **ڈنڈے بجانا** (متعدی) **بجنا** (لازم) ۱ ڈنڈے بجانے والے فقیروں کا پیشہ ہونا ۲ بیکار رہنا **ڈنڈی وار** (مذکر) تولنے والا۔ تولا۔ **ڈنڈی لگانا** (متعدی) دستہ لگانا **ڈنڈی مار** (مذکر) کم تولنے والا شخص **ڈنڈی مارنا** (متعدی) کم تولنا۔ ترازو کی ڈنڈی جھکا دینا کہ کم تلے **ڈنڈے منڈے کے بل سے** دیکھو ڈنڈ منڈ الخ۔

امثال و اقوال۔ ڈنڈا سی پونچھ بڈھا نہ کا رستہ۔ کمال بے سامانی پر سفر کرنا۔ **ڈنڈنا اچھا ہنڈنا برا**۔ نقصان ایک جگہ رہ کر اٹھانا مضائقہ نہیں۔ جگہ جگہ سکونت اختیار کرنی بری ہے۔

ڈنڈر (ہ۔ مذکر) درخت کا تنہ بغیر شاخوں کے ٹنڈ۔

ڈنڈبھ (ھ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا گرگٹ ۲ ایک قسم [illegible]اپ۔

ڈنڈر (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی مچھلی کی ہڈی۔

ڈنڈم (س۔ مذکر) **ڈنڈمی** (ھ) ۱ ایک قسم کا ڈمرو ۲ ایک پودہ۔ کرونڈا۔

ڈنڈوارا (ھ۔ مذکر) جنوبی ہوا۔

ڈنڈوت (ھ) **ڈندوت**۔ (ہ۔ مؤنث) ہندوؤں میں سلام کا ایک طریقہ۔ سجدہ۔ آداب۔ تسلیم (کرنا ہونا کے ساتھ)

ڈنڈیرہ (ھ۔ مؤنث) لکیر۔ دھاری۔ نشان۔ **ڈنڈیروان** (صفت) لکیردار۔ دھاری دار۔

ڈنر (انگ۔ مذکر) ۱ رات کا کھانا۔ انگریزوں کا دن میں سب سے بڑا کھانا ۲ دعوت (دینا۔ کرنا۔ کھانا۔ کھلانا۔ لینا۔ ہونا کے ساتھ)۔

ڈنٹر (ہ۔ مذکر) دیکھو ڈنڈ ۲ و ۳ **ڈنٹر بجھا** (صفت) کمزور۔ ناتواں **ڈنٹر بجھے گواہی دیتے ہیں**۔ طنز سے کہتے ہیں۔ تم ایسا کام نہیں کر سکتے بہت کمزور ہو۔ **ڈنٹر پیل پیلنا** وغیرہ دیکھو ڈنڈ کے تحت میں **ڈنٹر ملنا** (متعدی) تعریف کے طور پر پہلوانوں کے ڈنڈ ملتے ہیں۔

ڈنسنا (ھ۔ متعدی) ڈسنا۔

ڈنک (ہ۔ مذکر) ۱ بچھو یا بھڑ وغیرہ کا زہریلا کانٹا۔ نیش (چبھونا لگانا لگنا کے ساتھ) ۲ انگریزی قلم کا نب ۳ نشان جو جونک کے کاٹنے سے پڑ جاتا ہے۔ **ڈنک لگانا یا مارنا** (متعدی) ۱ بچھو یا بھڑ وغیرہ کا کاٹنا ۲ آزار پہنچانا۔ نقصان پہنچانا **ڈنکی** (ھ) دیکھو ڈنکیلا **ڈنکیانا** (ھ۔ متعدی) ڈنک مارنا **ڈنکیلا** (ھ۔ صفت) ۱ ڈنک مارنے والا ۲ (مذکر) ڈنک مارنے والا جانور۔

ڈنکا (ہ۔ مذکر) ۱ بڑا نقارہ ۲ (ھ) نقارہ بجانے کی لکڑی جو موٹی آواز پیدا کرتی ہے ۳ (کنایتاً) شہرت۔ شہرہ۔ چرچا۔ آوازہ ۴ عروج۔ ترقی (آخری دو معنوں میں بجنا بجانا کے ساتھ) **ڈنکا بجانا** (متعدی) ۱ نقارہ بجانا ۲ شہرت دینا۔ مشہور کرنا ۳ حکومت یا سلطنت کرنا ۴ اختیارات برتنا۔ رعب جمانا ۵ خوشی کرنا۔ مزے اڑانا ۶ بدنام کرنا۔ قلعی کھولنا **ڈنکا بجنا** (لازم) شہرت پانا **ڈنکا دینا** (متعدی) ۱ نقارہ بجانا ۲ کسی بات کا اعلان کرنا **ڈنکا ڈالنا** (مرغبازی) ۱ مرغ سے مرغ لڑانا۔ ۲ مرغ کا چونچ مارنا ۳ مرغ کی بازی بدنا **ڈنکا ہونا** (لازم) سواری کے آگے ڈنکے کا بجنا **ڈنکے بجے ہیں**۔ **ڈنکائی** (ھ۔ مؤنث) ڈنکا بجانے کی اجرت **ڈنکے پر چوب پڑنا** (لازم) نقارہ بجنا **ڈنکے کی چوٹ** (تف) کھلم کھلا۔ علی الاعلان (کہنا کے ساتھ)۔

ڈنکارنا (ہ۔ متعدی) ۱ دیکھو ڈکارنا ۲ ہنکارنا۔ چیخنا ۳ خفا ہونا۔

ڈنکنی (ہ۔ مونث) دیکھو ڈاکنی۔

ڈنگر (ھ۔ مذکر) مویشی۔ حیوان۔ **ڈنگر ہے**۔ احمق ہے۔ بیہودہ ہے۔

ڈنگر (س۔ مذکر) ۱ غلام۔ ملازم۔ نوکر ۲ بدمعاش۔ دغاباز ۳ کمینہ یا رذیل بدچلن آدمی ۴ موٹا آدمی۔

ڈنگل (ھ۔ صفت) ۱ نیچا۔ گہرا ۲ بے قاعدہ ۳ غلط۔

ڈنگو (انگ۔ مذکر) اصل لفظ ڈنگے ہے۔ ایک قسم کا بخار جس سے بدن میں سخت درد ہوتا ہے۔

ڈنگوارا (ھ۔ مذکر) کاشتکاری میں ایک دوسرے کی امداد۔ کاروبار کا شریک۔ **ڈنگواری** (مؤنث) مویشی کی مشترکہ ملکیت۔ کاروبار کی شرکت۔

ڈنگی (ھ۔ مؤنث) ڈینگی چھوٹی کشتی۔

ڈنگیا (ہ۔ مؤنث) چھوٹی کشتی۔ ناؤ یا ڈونگا۔

ڈوا (ہ۔ مذکر) بڑی ڈوئی لکڑی کا بڑا چمچا۔

ڈوب (ہ۔ امر) ۱ ڈوبنا کا ۲ (مذکر) غوطہ۔ ڈبکی (س ورڈ۔ ڈوبنا) **ڈوبا** (ماضی) ۱ ڈوبنا کا ۲ (ھ۔ امر) ڈوبانا کا ۳ غرق۔ پانی کے نیچے ۴ تباہ۔ برباد۔ کھویا ہوا ۵ (مذکر) ڈوبا ہوا آدمی۔ ۶ نشیب کی زمین جو پانی میں ڈوبی رہے۔ **ڈوباچر** جزیرہ جو دریا میں پیدا ہو جائے ۷ ڈوبا ۸ **ڈوبا خرچ** (مذکر) خرچ جس کی برآمدگی کی امید نہ ہو۔ وہ خرچ کیا ہو روپیہ جس کی واپسی نہ ہو **ڈوبا دینا** **ڈوبانا** (ھ۔ متعدی) ڈبانا۔ **ڈوبا نام اچھالنا** (متعدی) گئی ہوئی آبرو کو دوبارہ حاصل کرنا **ڈوبا ہوا** (صفت) ڈوبا ۳ و ۴ **ڈوبا ہوا کھاتا** (مذکر) ان اخراجات کا رجسٹر یا کھاتا جن کی برآمدگی ناممکن ہو گئی ہو۔ **ڈوبا ہونا** (لازم) ۱ نشے میں بے خود ہونا ۲ خیالات میں محو ہونا۔ متفکر ہونا ۳ تباہ ہونا۔ برباد ہونا **ڈوبائی** (ھ) ۱ ڈوبنا ۲ رشوت جو بلا شرط دی جائے۔ چاہے کام ہونا ہو۔ جو کام نہ ہونے پر واپس ہو اسے ترانی یا ترامی کہتے ہیں۔

ڈوبتا (صفت) ۱ ڈوبنے والا۔ غرق ہونے والا۔ ۲ (مذکر) وہ آدمی جو ڈوب رہا ہو۔ **ڈوبتے اچھلتے** (تف) بمشکل **ڈوبتی ہوئی ناؤ کو ترا لینا** (متعدی) بگڑی ہوئی حالت کو بنا لینا **ڈوب جانا** (لازم) دیکھو ڈوبنا **ڈوب دینا** (ھ) ڈبکی لگانا۔ غوطہ مارنا۔ **ڈوب گیا** ۱ برباد ہو گیا۔ غرق ہو گیا ۲ کم ہمتی کی۔ عاجز ہو گیا۔ **ڈوب مرنا** (متعدی) شرم یا حیا سے پانی میں غرق ہو کر مر جانا۔ **ڈوبن** (صفت) ڈوبنے والا **ڈوبنا** (لازم) ۱ غرق ہونا۔ پانی کے نیچے جانا۔ دریا برد ہونا ۲ ضائع ہونا ۳ نقصان ہونا ۴ نیست و نابود ہونا۔ مرنا ۵ تباہ ہونا۔ برباد ہونا ۶ کسی چیز میں پوری طرح گھس جانا ۷

لستے ہیں چور ہونا ۴ خیال میں محو ہونا ۵ کھو جانا ۶ بھیڑ میں چھپ جانا ۷ (سورج وغیرہ) غروب ہو جانا، چھپ جانا ۸ (پسینے میں) بھیگنا ۔ پسینہ پسینہ ہونا ڈوبن بیڑا (ھ) ۱ ڈوبتی ہوئی کشتی ۲ کوئی کام جس میں نقصان ہو ۳ سخت پاپ یا گناہ ۔ ڈوبن بیڑا آجانا یا پڑنا (ھ) ۱ نقصان دہ ثابت ہونا ۲ سخت پاپ کرنا ۳ بیڑا ڈوبنے لگنا ۔ ڈوبنت (ھ) ۱ ڈوبا ہوا ۲ تباہ ۔ برباد ۳ ناقابل وصولی ڈوبنت ٹپ (ھ) ہنڈی جس کی میعاد گزر گئی ہو ڈوبنت کھانا (ھ) ناقابل وصول بقایا ۔ ڈوبونا دھا ڈبونا ۔ ڈوبی (ہوئی) آسامی (مؤنث) مقروض جب قرضہ ادا کرنے کے قابل نہ رہے ڈوبی ڈھیری ہے ۔ مثل کہا ہے ۔ کم ہمت ۔ آرام طلب یا بے مقدور ہے ۔ ڈوبی ہوئی رقم (مؤنث) وہ رقم جس کے ملنے کی امید نہ ہو ڈوبی ہوئی رقم ہری ہونا (لازم) ایسی رقم مل جانا جس کے ملنے کی امید نہ تھی ۔

امثال واقوال ۔ ڈوبا بنس کبیر کا جو اپجا پوت کمال ۔ اولاد خراب ہونے کے موقع پر کہتے ہیں ۔ کبیر نے اپنے بیٹے کو تعلیم دی تھی کہ دنیا میں عورتوں کو مائیں بہنیں یا بیٹیاں سمجھنا چاہیئے ۔ جب کمال بڑا ہوا تو کبیر نے اس کی شادی کرنی چاہی ۔ کمال نے انکار کر دیا کہ وہ ماں، بہن، بیٹی سے کس طرح شادی کرے ۔ ڈوبا بنس کبیر کا جو جائے پوت کمال رام رام دھن نہ بیچ کے لائے چار ہنوال ۔ ایک راجہ کا بیٹا کمال کی دعا سے اچھا ہو گیا ۔ اس نے چار خچر اشرفیوں کے لدوا کر بھیجے جو کمال نے رکھ لیے ۔ کبیر کو جب معلوم ہوا تو اس نے ناراض ہو کر یہ کہا ۔ ناخلف اولاد کی نسبت کہتے ہیں ۔ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا ۔ مصیبت زدہ کو تھوڑی سی مدد بہت ہے ۔ ڈوبے کٹورا پٹے گھڑیال خطا کسی کی سزا کسی کو ۔ ڈوبی کنٹھ بھروسے تیرے (ع) تجھ پر اعتبار کر کے برباد ہوئی ۔ ڈوبے گا بھاڑو کا بھاڑو ۔ رات سمے نے دے سٹی جھاڑو ۔ ہندوؤں کا خیال ہے کہ رات کو جھاڑو دینا سخت منحوس ہوتا ہے اور بربادی کا باعث ہوتا ہے ۔ ڈوب (ا ۔ امر) ڈوبنا کا ۱ غوطہ کسی چیز کو کسی چیز میں بھگونا ۲ قلم کو ایک بار سیاہی میں تر کرنا ۳ کپڑے کو ایک دفعہ رنگ یا پانی میں ڈبونا ۵ بدن پر بار بار پسینہ آنا ڈوبا (مذکر) ۱ قلم کو ایک بار سیاہی میں ڈبونا (بھرنا) لینے کے ساتھ ۲ (ھ) صفت بیہوشی ۳ (ھ) تالاب ۔ پانی کا ذخیرہ ڈوبان (ھ ۔ مذکر) دیکھو ڈوبا ۳ ۔ ڈوب دینا ۔ ڈوبنا (متعدی) ڈوبنا کا ۱ قلم کو سیاہی میں ڈالنا ۲ کپڑے کو رنگ یا پانی میں ڈبونا ۳ دور دور بخیہ کرنا ۔

ڈوپٹہ ۔ (ھ ۔ مذکر) دیکھو دوپٹہ ۔

ڈوڈا (ھ ۔ مذکر) ۱ وہ گول چیز جس کے اندر پھل کے بیج ہوتے ہیں خصوصیت سے پوست ۔ کپاس اور آک کی نسبت استعمال ہوتا ہے ۲ (مذاقاً) آلہ تناسل کا اگلا سرا ۔

ڈور (ھ ۔ مؤنث) ۱ دھاگا ۔ تاگا بٹا ہوا ۲ سوت کی باریک رسی یعنی ستلی ۳ تاگا جس سے پتنگ اڑاتے ہیں ۴ تاگا جس سے مچھلی کا شکار کھیلتے ہیں ۵ فائق ۔ غالب ۔ زبر ۶ نئی بات ۔ انوکھی بات ۷ لو ۔ دھن ۸ عاشق ۔ مائل ۔ لٹو (س ۔ مثلاً) ڈورا (مذکر) ۱ دھاگا ۔ بٹا ہوا دھاگا ۲ آنکھ کی رگیں یا سرخی ۳ خط ۔ لکیر ۴ گھی وغیرہ کی دھار ۵ تلوار کی باڑھ ۶ کٹورا ڈنڈی دار جس سے باورچی گھی ڈالتے ہیں ۷ وہ خط جو سرمہ آلود سلائی سے آنکھوں میں کھینچ دیتے ہیں ۸ ناچنے کا تاگا ۹ گردن کی جنبش ناچنے والے کی یا شوق کی ۱۰ تاگا جس سے کہاروں کو باندھتے ہیں ۱۱ ڈوڈا پوست کا ۱۲ جال ۔ دام ۔ فریب ۱۳ گانے میں لمبی اور اونچی آواز ۔ ڈورا بھانا (متعدی) ڈورا مروڑنا ڈورا ڈالنا (متعدی) تاگا پرونا ڈور پر لگانا (متعدی) لگنا (لازم) ہلنا ۔ سدھایا جانا ۔ ڈھب پر لگنا ڈور پر رکو، مانجھا دینا (متعدی) پسا ہوا شیشہ اور چاولوں کی پیچ اور رنگ ملا کر ڈور پر لگانا ۔ اس طرح تیار کیا ہوا تاگا پتنگ اڑانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ڈور سلجھانا (متعدی) الجھی ہوئی ڈور کے پھندے نکالنا ڈورک (س) ۱ دھاگا جو بازو یا کمر میں باندھا جاتا ہے ۲ دھاگا جو پارسل پر باندھا جاتا ہے ڈور لگنا (لازم) لو لگنا ۔ خیال میں غرق ہونا ڈور ہونا (مذکر) ۱ عاشق ہونا ۔ مائل ہونا ۲ غالب ہونا ڈوری (مؤنث) ۱ پتلا بٹا ہوا دھاگا ۔ پتلی رسی ۲ وہ بٹا ہوا ڈورا یا فیتہ جو عورتیں سینہ بند وغیرہ کے سرے پر ٹانکتی ہیں ۳ وہ ریشمی یا سوتی دھاگا جس سے پلنگ کے چاروں طرف چادر کو باندھ دیتے ہیں ۴ پانی بھرنے کی رسی ۵ خیمہ کی رسی ۶ زمین ناپنے کی رسی ۔ ۷ وہ دھاگا جس سے کاغذات اور پارسل باندھتے ہیں ۸ ڈورک ۔ ڈورے (مذکر) ڈورا کی جمع ۔ ڈورے چھوٹنا (لازم) آنکھوں کی رگوں کا گلابی ہونا خمار یا بیداری سے ڈورے چھوڑنا (متعدی) ۱ تاگے ڈالنا ۲ سرمے کی لکیر آنکھ کے کوئے سے باہر کھینچنا ڈورے ڈالنا (متعدی) ۱ روئی دار کپڑے میں تاگے ڈالنا ۲ لحاف رضائی وغیرہ نگندنا ۳ سرگوندھنا ۴ مائل کرنا اشاروں یا محبت کی باتوں سے ۵ جال بچھانا ۔ پھندا لگانا ۔ ۶ فریب کا جال پھیلانا ۷ اونچی اور لمبی آواز نکالنا ۸ چڑیا یا مینا کا لگاتار چہچہانا ڈوری ڈھیلی چھوڑنا (متعدی) نگرانی نہ کرنا ۔ حفاظت سے غافل ہو جانا ۔ ڈورے کاٹنا یا کترنا (متعدی) چھالیا کے سروتے سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ۔ ڈوری کھینچنا (ھ) بلانا ۔ طلب کرنا ۔

ڈورا (ھ ۔ مذکر) ڈوڈا ۲ (مذکر) ڈوئی ڈوئی ۔ بڑا چمچا جس سے پانی برتن میں سے نکالتے ہیں عموماً ناریل کے کھوپرے میں ڈنڈی لگا کر بنا لیتے ہیں ۲ گڑھا پانی سے بھرا ہوا گڑھا جو دریا کے خشک رستے میں پانی کے لئے نکالتے ہیں ۔ چھوٹا ڈوری (مؤنث) ڈوئی ۔

ڈورو (ھ ۔ مذکر) ڈمرو ۔ ڈگڈگی ۔

ڈوریا (ھ ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا دھاری دار یا دھاری دار کپڑا ۲ کتوں کا پالنے یا سدھانے والا

ڈوڑ (ھ ۔ مذکر) راجپوتوں کی ایک ذات ۔

ڈوڑھا (ھ ۔ صفت) ۱ ڈیوڑھا ۲ (مذکر) ایک سُر جو ڈیوڑھی اونچی ہو ۔

ڈوک (ھ ۔ مؤنث) ۱ قے کرنا ۔ ۲ ایک بیماری جو جانوروں کے پھیپھڑوں میں ہو جاتی ہے ۳ بڑا گھونٹ (س ۔ ادَ ۔ اوپر ۔ دم ۔ منہ سے نکالنا) ڈوکنا (لازم) ۱ قے کرنا ۲ لمبے لمبے گھونٹ بھرنا ۔ بہت پینا ڈوکی (مؤنث) قے کرنے کا عمل

ڈوکرہ ۔ ڈوکرا (ھ ۔ مذکر) بہت بوڑھا ڈوکری (مؤنث) بڑھیا ۔

ڈوگ (انگ ۔ مذکر) کتا ۔ سگ

ڈوگرہ (ھ ۔ مذکر) ۱ ایک ذات مسلمانوں اور ہندوؤں میں ۲ دیکھو ڈونگر ۔

ڈوگرا (ہ۔ مذکر) ڈگر کا باشندہ۔ یہ لوگ راجپوت ہیں۔ اور پنجاب کے شمال کی پہاڑیوں میں رہتے ہیں۔ انگریزی فوج میں ان کی خاص رجمنٹیں ہیں۔ زیادہ تر علاقہ جموں میں ہیں۔

ڈول (ہ۔ مذکر) ۱ شکل۔ صورت۔ ۲ ڈھنگ۔ وضع ۳ طور۔ طریقہ ۴ خصلت۔ انداز۔ ۵ چال ڈھال ۶ بدن کی تستی شکل۔ بناوٹ۔ ڈھانچہ ۷ بولنے کا طریقہ۔ طرز گفتگو ۸ نمونہ۔ نقشہ۔ ۹ موقعہ۔ محل ۱۰ تجویز۔ تدبیر ۱۱ (ھ) مالگذاری یا جائداد کا تخمینہ ۱۲ (ھ) کھیت کی مینڈ ۱۳ (ھ) حد۔ ڈولا ۱۴ (ھ) جماع۔ مباشرت۔ مجامعت۔ بھوگ۔ **ڈولا** (ھ) دیکھو ڈول **ڈولا بنانا** (متعدی) ۱ کھیت میں لے جاکر جماع کرنا۔ (زمینداری محاورہ) ۲ کھیت کی مینڈ بنانا۔ کام کرنا۔ **ڈول پتر** (ھ) نمونے کی فارم یا نقشہ **ڈول پٹہ** (مذکر) کھیت کی مالگذاری **ڈول پر لانا** (لازم) ۱ ڈول بنانا۔ اپنے ڈھنگ کا بنالینا۔ ڈھب پر لانا ۲ درست کرنا۔ ترتیب دینا **ڈول ڈالنا** (متعدی) ۱ بنیاد رکھنا ۲ مثال قائم کرنا ۳ انتظام کرنا ۴ طریقہ اختیار کرنا ۵ تعلق پیدا کرنا **ڈول سے** (ف) طریقے سے۔ قاعدے سے۔ ترتیب سے **ڈول ہونا** (لازم) طریقہ معلوم ہونا۔

ڈول (ہ۔ امر) ۱ ڈولنا کا ۲ (مذکر) ہلنا۔ چلنا وغیرہ دیکھو ڈولنا **ڈولانا** (ھ) دیکھو ڈلانا **ڈول پھیر** (ھ) ۱ جنبش۔ حرکت ایک طرف سے دوسری طرف ۲ بیقراری۔ بےچینی ۳ بےنظمی کی حالت **ڈول ڈول** (ھ) آوارہ گردی۔ ادھر اُدھر پھرنا **ڈولنا** (لازم) ۱ ہلنا۔ حرکت کرنا۔ جنبش کرنا ۲ مارا مارا پھرنا ۳ کانپنا۔ تھرتھرانا ۴ جھولنا۔ جھومنا۔ لہرانا ۵ متزلزل ہونا۔ راہ راست سے پھرنا ۶ آوارہ پھرنا۔ آوارہ گردی کرنا۔

ڈول (ہ۔ مذکر) ۱ چمڑے یا لوہے کا برتن جس سے کوئیں سے پانی نکالتے ہیں ۲ چمڑے کا برتن جس سے آبپاشی کے لئے پانی پھینکتے ہیں۔ ۳ (ھ) بادبان ۴ (ھ) ایک قسم کی سیاہ زرخیز مٹی (س دُل۔ ہلنا) **ڈول پر کا دانہ** ہے۔ صفت ملا ہوا ہے۔ بے منت و محنت ملا ہوا **ڈول کھالسنا یا ڈالنا** (متعدی) کوئیں میں ڈول پانی نکالنے کے لئے لٹکانا **ڈولچا** (مذکر) **ڈولچی** (مؤنث) چھوٹا ڈول **ڈول کھینچنا** (متعدی) ڈول ۱ کنوئیں سے پانی بھر کر نکالنا۔ **ڈول گرانا** (متعدی) **گرنا** (لازم) رسی ٹوٹ کر ڈول کا کوئیں میں جاگرنا۔ **ڈول نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱ کوئیں میں گرا ہوا ڈول باہر نکالا جانا ۲ پانی کا بھرا ہوا ڈول کنوئیں سے باہر لانا۔

ڈولا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک زنانی سواری جس میں دلہن کو رخصت کرتے ہیں ۲ عورت جو بادشاہوں یا بڑے آدمیوں کو لبطور نذر دی جاتی تھی۔ اس سے نکاح ہوتا تھا مگر باقاعدہ شادی نہیں ہوتی تھی۔ یہ بیاہتا سے کم درجے کی اور کنیزوں سے برتر سمجھی جاتی تھی ۳ (ھ) جھولا ۴ (ھ) گہوارا (س دُل۔ ہلنا) **ڈولا اچھلنا** (لازم) ۱ (تحقیراً) ڈولی پر چڑھ کر جانا ۲ ایک عورت کا دوسری عورت کے خاوند سے شادی یا آشنائی کرلینا **ڈولا جانا** (لازم) **دینا** (متعدی) ۱ دیکھو ڈولا ۲ امیر آدمی کو اخذ زر کے لئے (بغیر نکاح کے) بیٹی دینا **ڈولا لینا** (متعدی) ۱ عورت کو نذر کے طور پر لینا ۲ ڈولے کی رسم سے عورت کو زوجہ بنانا۔ **ڈولا نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) دولہا کے گھر دلھن کا جانا **ڈولی** (مؤنث) ۱ ایک قسم کی زنانی سواری جسے دو کہار اُٹھاتے ہیں ۲ بیماروں کو اٹھا کر لے جانے والی سواری جو چارپائی کی قسم کی ہوتی ہے **ڈولی آنا** (لازم) ۱ دلہن کا شادی کے بعد دولھا کے گھر آنا ۲ جب لڑکی والے لڑکی کو شوہر کے گھر لاکر شادی کرتے ہیں۔ تو اسے دیہات میں ڈولی آنا کہتے ہیں۔ **ڈولی اُترنا** (لازم) ڈولی کی سواری اترنا **ڈولی الٹی پھیرنا** (متعدی) ڈولی کو معہ سواری کے واپس پھیرنا **ڈولی چڑھنا** (لازم) ڈولی میں سوار ہونا۔ **ڈولی لگی (کھڑی) ہے** سواری کے لئے ڈولی ڈیوڑھی پر تیار ہے۔

امثال واقوال

ڈولی آئی۔ ڈولی آئی میرے من میں چاؤ۔ ڈولی میں سے نکل پڑا بھونگڑا بلاؤ۔ بدشکل بیوی بیاہ کر لانے پر مذاقاً کہتے ہیں۔ **ڈولی میں بیٹھ کر اپلے چلنے (لینے) گئے ہیں۔** ۱ کوئی کام خلاف وضع ہونے کے موقع پر کہتے ہیں ۲ جب کوئی کسی کو پوچھے تو مذاقاً کہتے ہیں۔ **ڈولی نہ کہار بی بیٹھی ہیں تیار۔** سامان کچھ نہیں ارادے بڑے۔

ڈوم (ہ۔ مذکر) **ڈومب** (ھ) ۱ ہندوؤں کی ایک قوم جو ٹوکریاں چٹائیاں وغیرہ بناتی ہے۔ اور مرگھٹوں پر کام کرتی ہے ۲ مسلمانوں میں ایک قوم جو گانے بجانے کا پیشہ کرتی ہے ۳ اس قوم کا ایک فرد (س۔ ڈوم) **ڈوم پن یا پنا** (مذکر) ۱ ڈوم کا پیشہ ۲ بے جا خوشامد **ڈومڑا** (ھ۔ مذکر) ڈوم **ڈومن پنا** (ھ۔ مذکر) ڈوم پنا **ڈومنی** (مؤنث) ۱ ڈوم قوم کی عورت ۲ ڈوم کی بیوی۔ **ڈومنی کی لونڈی** (مؤنث) بہت کمینی عورت۔

امثال واقوال

ڈوم اور چنا منہ لگا بُرا۔ دونوں کا شوق پڑ جائے تو چھوٹتا نہیں۔ **ڈوم بجائے چینی اور ذات بتائے اپنی۔** آدمی کی اصلیت اس کے قول وفعل سے ظاہر ہو جاتی ہے۔ **ڈوم بنیا پوستی تینوں بے ایمان۔** ان تینوں کا اعتبار نہیں **ڈوم ڈولی پا ٹھک پیادہ۔** الٹا زمانہ ہے۔ ڈوم ڈولی میں چڑھتے ہیں۔ اور استاد پیدل چلتے ہیں **ڈوم کا تیر خدا جھوٹ (خیرا) کرے۔** کسی بین واقعے اور تکلیف اور آفت کو چھپانے کے موقع پر کہتے ہیں۔ ایک ڈوم کے تیر لگا تو وہ یہی کہتا تھا کہ خدا جھوٹ کرے۔ **ڈوم کا گلا عطار کا شیشہ۔** دونوں یکساں ہیں ایک کے گلے سے قسم قسم کے نغمے اور دوسرے کے گلے سے قسم قسم کی خوشبوئیں نکلتی ہیں۔ **ڈوم کا گھر شیخی میں گیا۔** اپنی طاقت سے زیادہ نمود میں نقصان ہوتا ہے۔ **ڈوم کے گھر بیاہ من آوے سو گا۔** ڈوم کو دوسری جگہ تو جو فرمائشیں ہوں وہ گانا پڑتا ہے۔ اپنے گھر میں جو چاہے گائے۔ مطلب یہ ہے کہ اپنے گھر میں جو چاہو کرو۔ **ڈومنی کا پوت چینی بجائے۔ اپنی ذات آپ ہی بتلائے۔** دیکھو ڈوم بجائے الخ۔

ڈومر (ھ۔ مذکر) گولر **ڈومر کا پھول ہونا** (لازم) بہت ہی نایاب ہونا۔

ڈون (ہسپانی۔ مذکر) ایک خطاب جو مردوں کے نام کے ساتھ انگریزی مسٹر کے مقابلے

کا ہے۔ **ڈونا** (مؤنث) مسز۔ بیگم۔ **ڈون کوگزاٹ** (مذکر) ہسپانوی زبان کی ایک مشہور کتاب مصنفہ "سروینٹیز"۔ اس کا ترجمہ اردو میں سرشار نے بنام "خدائی فوجدار" کیا ہے۔

ڈونج۔ ڈونجا۔ (ھ۔ مذکر) مچان۔ پاڑ جس پر بیٹھ کر فصل میں سے پرندوں کو اڑاتے ہیں۔

ڈونڈ (ہ۔ مذکر) ۱ ایک سینگ کا بیل ۲ وہ بیل جس کے سینگ مڑے ہوئے ہوں۔ **ڈونڈا** (صفت) (وہ بیل) جس کا ایک سینگ ٹوٹا ہوا یا مڑا ہوا ہو۔ **ڈونڈی** (مؤنث) گائے جس کا سینگ ٹوٹا یا مڑا ہوا ہو۔

ڈونڈی (ہ۔ مؤنث) ۱ ڈھنڈورا۔ ۲ منادی (پٹنا۔ پیٹنا۔ پھرنا پھیرنا کے ساتھ) (س دُندُمی)۔

ڈونر۔ ڈونرا (ھ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا گرگٹ ۲ ایک قسم کا دو سرکا سانپ۔

ڈونڑی (ھ۔ مؤنث) ڈونڈی۔

ڈونکنا (ھ۔ متعدی) ۱ ڈوکنا۔ ۲ (مذکر) ایک قسم کی فاختہ۔

ڈونگا (ھ۔ مذکر) ۱ پانی نکالنے کا ڈنڈی دار برتن ۲ دسترخوان پر کھانا رکھنے کا چینی یا دھات کا برتن جس کے دونوں طرف پکڑنے کے لئے کنڈے لگے ہوتے ہیں ۳ کونڈا ۴ ایک قسم کی چھوٹی کشتی ۵ (ھ) ڈوئی۔ لکڑی کا بڑا چمچا (س دروِن۔ لکڑی کا برتن) **ڈونگی** (مؤنث) ۱ چھوٹی کشتی ۲ ایک قسم کی کشتی جو جہاز کے ساتھ بندھی رہتی ہے ۳ (ھ) چمچی **ڈونگیا** (مؤنث) چھوٹی ڈونگی۔

ڈونگا۔ ڈونگا (ھ۔ صفت) ۱ گہرا۔ عمیق **ڈونگان** (مذکر) **ڈونگائی** (مؤنث) ۱ گہرائی۔ عمق ۲ غار۔ گہری جگہ۔ اتھاہ۔

ڈونگر۔ ڈونگرہ (ہ۔ مذکر) ۱ پہاڑ۔ کوہ۔ پربت ۲ پہاڑی علاقہ ۳ اونچی زمین۔ سطح مرتفع **ڈونگر پھل** (مذکر) ایک قسم کی گھاس جو گھوڑوں کو دی جاتی ہے۔ **ڈونگری** (مؤنث) پہاڑ۔ ٹیلا۔

ڈونگرا (ہ۔ مذکر) پھوہار یا بارش **ڈونگرا خون کا برسنا** (لازم) سخت خونریزی ہونا۔

ڈونگھی (ھ۔ مؤنث) شاخ۔ ٹہنی۔

ڈونی (ھ۔ مؤنث) ۱ چھوٹی کشتی ۲ چھوٹا کونڈا ۳ پتوں کا لبوترا دونا جو گھی کے لئے بناتے ہیں۔

ڈوہ (ھ۔ مذکر) ۱ گہرا پانی ۲ گہرا گڑھا دریا میں ۳ غار۔ گڑھا۔

ڈوہرا (ھ۔ مذکر) لکڑی کا بڑا چمچہ جو گڑ بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

ڈوہی (ھ۔ مؤنث) ۱ ٹیلہ ۲ مٹی کی برجی۔ حد کی برجی ۳ مٹی جو دریا چھوڑ جائے۔

ڈوئی (ھ۔ مؤنث) ۱ لکڑی کا بڑا چمچہ جو کھانا پکانے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۲ چمچہ۔ ۳ سر (درد کا) **ڈوئی پھوڑ** (مذکر) ۱ کوئی تھکا دینے والا کام ۲ کوئی مشکل یا بے فائدہ محنت یا کوشش **ڈوئی پھوڑیا** (مذکر) ۱ ایک قسم فقیروں کی جنہیں اگر کچھ نہ دیا جائے تو اپنا سر پھوڑ لیتے ہیں ۲ اس قسم کا فقیر ۳ پیچھے لگ جانے والا سائل۔

ڈویژن (انگ۔ مؤنث) ۱ تقسیم ۲ قسمت۔ علاقہ ۳ حصہ ۴ فوج کا حصہ جو رجمنٹ سے بڑا ہوتا ہے۔ **ڈویژنل افسر** (مذکر) علاقے کا افسر۔

ڈوینا (روس) دو دریا۔

ڈھ (ہ۔ مذکر) ۱ دیوناگری کا ستائیسواں ویجن ۲ اردو میں الف ب میں شمار نہیں ہوتا مگر ڈ کے بعد بعض تختیوں میں آتا ہے ۳ ابجد میں د اور ہ شمار ہوتا ہے۔ **ڈھکار** (ھ) حرف یا آواز ڈھ۔

ڈھا (ہ۔ امر) ڈھانا کا **ڈھا بیٹھنا** (متعدی) گرانا۔ مسمار کر دینا **ڈھا دینا** (متعدی) گرا دینا۔ منہدم کر دینا **ڈھانا** (متعدی) ۱ گرانا۔ منہدم کرنا ۲ برباد کرنا۔ مٹانا ۳ (آفت وغیرہ) برپا کرنا۔

ڈھابا (ہ۔ مذکر) ۱ جال ۲ چھپّا ۳ ایک قسم کا بڑا کھرا ۴ پڑچھتی ۵ اولتی ۶ مرغوں کے بند کرنے کا ٹاپا۔

ڈھاپنا (ہ۔ متعدی) دیکھو ڈھانپنا۔

ڈھاٹا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ کپڑا جو منہ پر باندھ لیتے ہیں کہ پہچانے نہ جائیں ۲ کپڑے کی پٹی جسے منہ پر باندھ کر ڈاڑھی چڑھاتے ہیں ۳ وہ کپڑا جس سے مردے کا منہ باندھتے ہیں (باندھنا بندھنا کے ساتھ) (س دھر۔ سنبھالنا) **ڈھاٹی** (مؤنث) ۱ وہ کپڑا جو گھوڑے کے منہ میں لگام کی جگہ دیتے ہیں (چڑھانا چڑھنا کے ساتھ) ۲ نکیل ۳ زور سے باندھنا ۴ شکنجے میں کھینچنا ۵ تشدد۔ صعوبت۔ ایذا۔

ڈھار (ہ۔ مؤنث) ۱ ڈھال ۲ ایک قسم کی بالی ۳ (مذکر) ڈھیر اناج کا۔

ڈھارس (ہ۔ مؤنث) ۱ تقویت دل۔ حوصلہ۔ جرات۔ دلیری۔ ہمت ۲ آسرا۔ سہارا ۳ استقلال۔ صبر (س دار ڈھیہ۔ مضبوطی) **ڈھارس باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) **بندھوانا** (م) حوصلہ دلانا۔ امید دلانا **ڈھارس دلانا** (م) **دینا** (متعدی) حوصلہ دینا۔ امید دلانا۔

ڈھارن (ہ۔ مؤنث) ۱ ڈھاڑی قوم کی عورت ۲ ڈھاڑی کی بیوی۔

ڈھاڑھی (ھ) **ڈھاڑی** (ہ۔ مذکر) ۱ مسلمانوں کی ایک قوم گویوں کی جو بادشاہوں اور امیروں کی سواری کے آگے گاتی ہوئی جایا کرتی تھی ۲ اس قوم کا ایک فرد ۳ ڈوم۔ مراثی۔ گویا (س دھیر۔ بجانا)۔

ڈھاک (ہ۔ مذکر) ایک درخت کا نام۔ پلاس۔ چھیچھڑا۔ اس کے پھول سرخ ہوتے ہیں کلیاں سیاہ اور پتے گول اور بڑے پھول رنگنے کے کام آتے ہیں۔ پتے دونے بنانے کے اور اس کی گوند دوائیوں میں استعمال ہوتی ہے بیج جلاب کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ پھولوں سے گلال تیار ہوتا ہے۔ (س ذہ۔ جلنا) **ڈھاک پچھی یا پچھے** (مذکر) وہ جو ڈھاک کی گوند تیار کرے ۲ ڈھاک کی موٹی لکڑی۔

امثال ڈھاک کے تین پات

۱ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو اپنی بات پر اڑا رہے۔ اور قائل نہ ہو ۲ مفلس نادار کی نسبت بھی کہتے ہیں۔ **ڈھاک تلے کی پھوہڑ مہوے تلے کی سگھڑ**۔ امیر کے سب کام اچھے معلوم ہوتے ہیں۔

ڈھاکہ (ہند) ۱ بنگال میں ایک ضلع رقبہ ۲۷۲۳ (۳۱۲۶) ۲ صدر مقام (۱۲۰) **ڈھاکہ پائن** (مونث) ایک قسم کا ڈھاکے کا بنا ہوا کپڑا۔ **ڈھاکے کی ململ** (مونث) ایک قسم کی ململ جو اس قدر باریک ہوتی تھی کہ مٹھی میں اس کا تھان آجاتا تھا۔

مثل۔ **ڈھاکے کے بنگال کوزے**

کے کنگال۔ ڈھاکے میں کوزے بنتے تھے ڈھاکے
والوں کے پاس کوزے نہ ہونا۔
ڈھال (ہ مونث) ۱ ایک گول چمڑے
یا لوہے سے مڑھی ہوئی چیز جسے لڑائی میں ضرب سے
بچنے کے لئے آگے کرتے ہیں۔ سپر (س۔ ڈھال)
۲ (امر) ڈھالنا کا ۳ (مذکر) طرز۔ وضع۔ ڈول۔
نبش ۴ طریقہ۔ طور ۵ رسم۔ رواج ۶ عادت ۷
قدرتی حالت ۸ نشیب۔ پستی ۹ (صفت) ڈھالوان
۱۰ (تف) اس طریقے پر۔ اس طور پر (س دھر۔ رکھنا)۔
ڈھال پھول (ھ) مکمل فروخت ڈھال تلوار
(مونث) سپر و شمشیر ڈھال دینا (متعدی) آواز دُ
کنا۔ ڈھال ڈھال جانا (لازم) آہستہ آہستہ
چلنا یا حرکت کرنا ڈھال سا (تف) ڈھال کی
شکل یا طرح کا۔
ڈھالنا ۱ دھات کو پگھلا کر سانچے میں
ڈال کر کوئی چیز بنانا۔ سانچے میں بنانا ۲ عاید کرنا۔
۳ طنز کرنا ۴ فروخت کرنا ۵ گرانا۔ بکھیرنا ۶ پھیکنا
۷ (سکہ) بنانا ۸ نقرہ گھڑنا ۹ شرارت کرنا ۱۰ ضرر
پہنچانا۔ تکلیف دینا۔ ڈھال کا پھول (مذکر)
دیکھو پھول ۲۳ ڈھال کا پھول سونگھنا (لازم)
مرجانا۔ ڈالو (صفت) ۱ ڈھالوان ۲ بنانے والا
۳ شرارت کرنے والا۔ خراب کرنیوالا ۴ (مذکر) نشیب
ڈھلوان ۵ شرارتی آدمی ۶ سانچے میں ڈھالنے
والا شخص ڈھالوان (صفت) ۱ ایک طرف کو
نشیب یا پستی رکھنے والا ۲ سانچے میں ڈھلا ہوا۔
ڈھالو بھار کرنا (ھ) مال و اسباب کو تھوڑے
پانی میں سے گذارنا۔ ڈھالی (ھ) ۱ ڈھال سے مسلح
۲ (مذکر) وہ شخص جو ڈھال سے مسلح ہو ڈھالیہ (مذکر) ڈھالنے والا۔

امثال و اقوال ڈھال

باندھوں تلوار باندھوں کس کے باندھوں
پھیٹا۔ بیچ بازار میں ڈاکا ماروں تو باپ
کا بیٹا۔ جو بات کروں کھلے طور پر اور دیانت داری سے
کرونگا۔ ڈھال تلوار سرہانے اور چور نظربندی
خانے میں بزدل کی نسبت کہتے ہیں۔ ڈھال تلوار
سرہانے اور چور بند نہ جانے باوجود سامان
کے کچھ نہیں ہو سکتا۔
ڈھالہ (ہ۔ مذکر) دیکھو ڈال و ڈالا
و ڈھال۔ ڈھالا بگاڑنا (متعدی) نقصان کرنا۔
ڈھام۔ ڈھاما (ہ۔ صفت) ۱ ڈھائی

گنا ۲ (مذکر) ڈھائی کا پہاڑہ۔
ڈھان (ھ۔ مذکر) جھاڑی۔ باڑ۔
ڈھانپ (ہ۔ امر) ڈھانپنا کا (س اُپ
اوپر۔ دھا۔ رکھنا) ڈھانپ دینا۔ ڈھانپنا۔
(متعدی) ۱ کوئی چیز اوپر رکھ کر چھپا دینا ۲ چھپانا
غم کو۔
ڈھانچ۔ ڈھانچا (ہ۔ مذکر) ۱ بے
بنی چیز ۲ پنجر ۳ کسی چیز کا اندر کا حصہ جس کے اوپر
کوئی چیز مڑھی یا بنی جائے۔ ٹھاٹر ۴ خاکہ۔ نقشہ ۵
قالب۔ سانچہ۔
ڈھانڈا (ھ۔ مذکر) بوڑھا بیل (عف)
ڈھانڈا چلنا (لازم) دست لگنا۔
مثل۔ ڈھانڈا بالا جاڑ مالا کسی نہ کسی طرح
دفع الوقتی کرنا۔
ڈھانس (ھ۔ مونث) ۱ کھانسی۔
دھانس ۲ مچھر۔ ڈانس۔
ڈھانس (ھ۔ امر) ڈھانسنا کا
ڈھانسا (مذکر) الزام۔ قصور۔ حرف۔ دوش۔
چھدا تہمت۔ شکایت۔ علت۔ ڈھانسا دینا
ڈھانسنا (متعدی) الزام لگانا وغیرہ۔
ڈھانک (ہ۔ امر) ۱ ڈھانکنا کا
۲ (ھ) مذکر ڈھاک (س سخنگ۔ غائب کر دینا)
ڈھانک دینا (متعدی) ڈھانکنا ڈھانک لینا
(متعدی) بند کر لینا چھپا لینا۔ ڈھانکنا (متعدی) ۱
چھپانا چھپانے کیلئے کوئی چیز دوسری چیز پر ڈالنا۔ ڈھانپنا
۲ بند کرنا۔ پوشش ڈالنا ۳ اوڑھنا۔
ڈھانکر (ہ۔ مذکر) باڑ۔ ڈھان۔
ڈھانگ (ھ۔ مونث) ڈھلوان
پہاڑی۔ چوٹی۔ ٹیلہ۔
ڈھاھا (ھ۔ مذکر) ڈھلوان زمین یا
دریا کا کنارہ۔
ڈھاھنا (متعدی) ڈھانا۔ اردو میں
بعض شعرا نے استعمال کیا ہے مگر اب متروک ہے۔
ڈھائی (ہ۔ صفت) ۱ اڑھائی ۲ (مونث)
آنکھ مچولی کے کھیل میں وہ جگہ جہاں ایک بچہ آنکھ بند کر
کے کھڑا ہو جاتا ہے۔ (س دو) آدھا۔ دو۔ دوم
ڈھائی چلو لہو پی جاؤں (عو) جان سے مار ڈالوں
ایک قسم کا کوسنا۔ اگلے زمانے میں دشمن کو قتل کر کے
ڈھائی چلو لہو پیتے تھے۔ ڈھائی چھو لینا (متعدی)
۱ جو بچہ اس جگہ کو چھوئے پھر پکڑنے والا بچہ اسے نہیں

پکڑتا ۲ (کنایتاً) جلدی سے کوئی کام کرنا ۳ جلدی سے
کسی نتیجے پر پہنچ جانا۔ ڈھائی چھونا (متعدی) آتے
ہی چلے جانا۔ ڈھائی دن کی بادشاہت کرنا
(متعدی) ۱ نوشاہ بننا ۲ چند روزہ حکومت کرنا۔ ڈھائی
گھڑی کی (موت) آجانا یا آنا (لازم) جھٹ
پٹ مرجانا۔ ڈھائی گھڑی کی موت آئے
(بد دعا) جلدی مرجائے۔

امثال و اقوال۔ ڈھائی پیر لکائن
کے میاں باغ میں۔ ادنٰے حالت میں اعلٰے
حالت کی خواہش کرنا۔ ڈھائی چلو لہو پی جاؤں۔
عورتیں غصے کی حالت میں کہتی ہیں۔
ڈھائیں۔ (ہ۔ مونث) لکڑیوں کا ٹھاٹھر
جس پر بیل چڑھاتے ہیں۔
ڈھب (ہ۔ مذکر) ۱ ڈھنگ۔ طریقہ۔
طور۔ روش۔ چلن ۲ عادت ۳ طرز۔ وضع۔ ڈول۔
جنبش ۴ پسند ۵ (ھ) محاورہ ۶ دسترس۔ مہارت
۷ ذریعہ۔ وسیلہ ۸ حیثیت۔ درجہ ۹ موقعہ ۱۰
علم۔ واقفیت ۱۱ اچھا انتظام ۱۲ (ھ) چھوٹا ہتھوڑا
(س دھرم) ڈھب بننا (لازم) موقع ہاتھ
آنا ڈھب پر چڑھانا یا لگانا (متعدی)
چڑھ جانا۔ چڑھانا (لازم) ۱ قابو میں آنا
۲ دوسرے کے مطلب کے مطابق کام کرنا۔
ڈھب ڈالنا (متعدی) عادت ڈالنا ۲
موقع نکالنا۔ ڈھب دار (صفت) ۱ خوش
شکل۔ وجیہ ۲ سجیلا۔ خوش وضع ۳ نفیس۔ عمدہ۔
ڈھب ڈھب شوربا یا قلیہ (مذکر) پتلا بیزہ
سالن۔ ڈھب (ڈھب) کا (صفت)۔ ۱
مناسب۔ درست۔ ٹھیک طریقے کا ۲ درمیانی۔
متوسط ۳ معقول۔ واجب ۴ ماہر۔ مشاق ۵
پسندیدہ۔ ڈھب سے (تف) مناسب طریقے
سے ڈھب گڈھب (تف) جابجا (مت)
ڈھب کی چیز (مونث) پسندیدہ چیز ڈھب
لگ جانا یا لگنا (لازم) ۱ موقعہ ہاتھ آنا یا
مل جانا ۲ قابو پانا ۳ فائدہ رہنا ڈھب ہونا
(لازم) سلیقہ ہونا۔
ڈھبڈھب (ھ۔ صفت) ۱
آبی۔ دلدلی ۲ بے مزہ۔ پھیکا ڈھبڈھبانا
(ہ متعدی) تیرنے میں ہاتھ پاؤں مارنا۔
ڈھبر۔ ڈھبرا (ہ صفت) ۱ آبی

جس میں پانی ہو۔ ۲ دلدلی۔ میلا۔ گاڑھا۔ ڈھبر
ڈھبر (صفت) دیکھو ڈھب ڈھب۔
ڈِھبری (ہ مونث) پیچ کے اوپر کا لوہا جس کو پھیر کر پیچ کو کس دیتے ہیں۔
ڈِھبس (ہ۔ صفت) بدقطع (جانور)۔
ڈِھبکا (ھ مذکر) ۱ ڈھیلا۔ ڈلا ۲ ابھار۔ پھولن۔
ڈھبکی (ھ۔ مونث) وہ لکڑی جو کولھو میں رہتی اور اس لٹھ کو ملاتی ہے جس میں جوا لگایا جاتا ہے۔
ڈھبلی (ہ مونث) لوہے کا سوراخ دار ٹکڑا جو جڑ کے نیچے رکھ دیتے ہیں کہ جڑ نہ بڑھے۔
ڈھبو۔ ڈھبوا (ھ مذکر) ۱ تانبے کا بلا مہر ٹکڑا جو بطور سکہ استعمال ہوتا ہے۔ جس کی قیمت ایک پیسے کے برابر ہوتی ہے ۲ روپیہ۔ دولت۔
ڈھبوس (ھ۔ صفت) ۱ موٹا۔ فربہ ۲ بھدا۔ بے ڈھنگا۔ بدوضع۔
ڈھبیلا (ھ صفت) ۱ خوش شکل وجیہ۔ سڈول۔ سجیلا۔
ڈھپ (ہ۔ مونث) ۱ دف ۲ (مت) ڈھب ڈھپالی۔ ڈھپالیہ (ھ مذکر) ڈفالی۔ ڈھپڑ پانا (ہ۔ متعدی) ڈھول بجانا ۲ میز وغیرہ پر طبلہ بجانا۔
ڈھپنا۔ (ہ متعدی) ۱ ڈھکنا۔ ڈھپنا چھپنا ۲ ڈوبنا۔ غرق ہونا ۳ (مذکر) ڈھکنا۔ ڈھکن۔
ڈھپو (ھ۔ صفت) ۱ موٹا فربہ۔ لحیم ۲ (مذکر) موٹا آدمی۔
ڈھپونا (ھ۔ مذکر) ڈھپنا۔
ڈھٹ (ہ۔ صفت) ۱ کڑا۔ مضبوط۔ پکا ۲ مضبوط کپڑا۔
ڈھٹائی (ہ۔ مونث) ۱ ڈھیٹ پن۔ ضد ۲ بے شرمی۔ بے حیائی ۳ گستاخی۔ شوخی (کرنا کے ساتھ) ڈھٹائی سے (تف) ڈھیٹ ہو کر۔ بے شرمی سے۔ بیحیائی سے۔ ڈھیٹ سے۔ ڈھٹائی دیکھنا (متعدی) بیحیائی وغیرہ ملاحظہ کرنا۔

ڈھٹ بندی (ہ۔ مونث) نظر بندی۔
ڈِھٹنگڑا (ہ۔ صفت) موٹا تازہ۔ مسٹنڈا۔
ڈھٹھیا۔ ڈھٹی۔ ڈھٹیا۔ (ھ۔ مونث) باگ ڈور۔ نکیل۔
ڈھٹینگر۔ ڈھٹینگڑا (ہ۔ صفت) ۱ مضبوط۔ موٹا تازہ۔ مسٹنڈا۔ جسیم شحیم۔
ڈھچرا (ہ۔ صفت) ۱ کمزور۔ نازک ۲ ڈھیلا۔ انجر پنجر ہلے ہوئے ۳ (مذکر) ڈھانچ۔ کسی چیز کی درستی کا ضروری سامان ڈھانچ ۳ ڈھچر باندھنا یا کھڑا کرنا (متعدی) ۱ تجویز کرنا۔ تدبیر کرنا ۲ دکھاوا کرنا۔ نمائش کرنا۔
ڈھچر پھیلانا یا ڈالنا (متعدی) ۱ تیاری کرنا۔ انتظام کرنا ۲ ضروری سامان مہیا کرنا۔
ڈھچری۔ (مونث) ۱ تجویز۔ تدبیر ۲ چھل۔ حیلہ۔ فریب چالاکی۔
ڈھڈا (ھ۔ مذکر) نیچی زمین یا نشیب جہاں پانی جمع ہو جائے۔ ڈابر۔ ڈبرا۔
ڈھڈی (مونث) ڈھڈا کا۔
ڈھڈو (ہ۔ مونث) ۱ بڑھیا عورت ۲ بے شرم عورت ۳ ایک قسم کا پرندہ جو عموماً سات یا زیادہ کی تعداد میں اکٹھے رہتے ہیں۔
ڈھڈھ (ہ۔ مذکر) جانوروں کے دم کے پر نکلنے کی جگہ۔
ڈَہڈَہا (ہ۔ صفت) ۱ سرسبز۔ شاداب۔ تروتازہ ۲ خوشگوار۔ نفیس ۳ شوخ رنگ ۴ چمکیلا۔ روشن ۵ بڑا۔ زیادہ۔ حد سے بڑا۔ (س ذہ۔ جلنا) ڈہڈہانا (متعدی) ۱ چمکنا۔ دمکنا ۲ سرسبز ہونا۔ ہرا ہونا ۳ بہار آنا۔ جوبن پر ہونا۔ سبزے کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔
ڈھنڈورنا (ہ۔ متعدی) ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔ جستجو کرنا۔ دریافت کرنا۔ تفتیش کرنا۔
ڈھڈھی (ھ) ڈھڈی (ہ۔ مونث) پیٹھ کے نیچے کی ہڈی۔ پنجر کا نچلا سرا ۲ دم۔ دم کی آخری ہڈی۔
ڈھر (ہ۔ مذکر) ۱ نشیبی زمین ۲ برساتی پانی کا تالاب ۳ جہاز یا کشتی کا پیندا ۴ ایک قسم کا زرد

رنگ جو شہاب سے پہلے نکلتا ہے ۵ (ہ) دیکھو ڈھر (س ذک۔ پانی) ڈھڑ۔ ڈھرا (مذکر) ۱ گڑھا جو پانی کے لئے کھودا جائے ۲ نشیبی زمین جہاں پانی ٹھہرا ہو ۳ پانی کا تالاب جو جہاز میں بنا ہو ۴ پیپا جس میں جہاز میں پانی رکھتے ہیں ۵ جہاز یا کشتی کی وہ جگہ جہاں پانی جمع ہوتا ہے۔
ڈھرا (ہ۔ مذکر) ۱ شارع عام ۲ روش قدیم۔ ڈھنگ۔ ڈھرا لگا ہونا (لازم) عام رستہ بنا ہونا۔ ڈھرے پر چلا جانا (لازم) ایک خاص طریقے یا روش پر عمل کرنا۔ ڈھرے پر لگا لینا یا لگانا (متعدی) راہ پر لانا۔ ٹھیک رستے پر لگا لینا۔
ڈھرکانا (ھ۔ متعدی) ڈھرکنا (لازم) دیکھو۔ ڈھلکنا۔
ڈھرکھا ڈھرلا (ہ۔ مذکر) وہ پتلا جو پرندوں کو ڈرانے کے لئے بناتے ہیں۔ دھوکا۔
ڈھرنا (ھ۔ لازم) ۱ آنا ۲ قریب آنا۔ پہنچنا ۳ نیچے کی طرف بہنا۔ گرنا۔
ڈھری (ھ۔ صفت۔ دلدلی)۔
ڈھڑ (ہ۔ مذکر) کولا۔ پٹھا ڈھڑ پر ہاتھا کر دے مارنا۔ ڈھڑ پر لادنا (متعدی) کوے پر لاد کر گرا دینا ڈھڑ پر چڑھانا (متعدی) کوے پر لادنا۔
ڈھڑ کوا (ھ۔ مذکر) پہاڑی کوا۔
ڈھڑوا (ھ۔ مذکر) مینا کی قسم کا ایک پرند۔
ڈھڑ ڈھوڑ (ھ۔ مذکر) بنارس کے اہیروں کی ایک گھٹیا ذات۔
ڈِہڑی (ھ۔ مونث) ڈیوڑھی۔
ڈہڑیا (مذکر) دربان۔
ڈھسلنا (ھ۔ لازم) ۱ گرنا۔ بیٹھ جانا ۲ اطاعت کرنا۔ قبول کرنا۔
ڈھسنی (اردو۔ صفت) ۱ مہمل۔ بیہودہ۔ فضول ۲ سفلہ۔ کمینہ
ڈھک (ھ۔ مذکر) غار۔ کھوہ ۲ گڑھا
ڈھک (ھ۔ مذکر) وزن۔
ڈھک (ہ۔ امر) ڈھکنا کا (س ستھگ چھپانا) ڈھکا (امر) ۱ ڈھکانا کا ۲ (ماضی) ڈھکنا کا
ڈھکا رہنا (لازم) ۱ چھپا رہنا ۲ کسی چیز پر کپڑا یا

ظرف پر سر پوش پڑا ہونا ڈھکانا (ہ۔ متعدی) ڈھکوانا
ڈھکا ہونا (لازم) ۱ چھپا ہونا ۲ دیکھو آخری ۱۲ **ڈھک جانا** (لازم) دیکھو ڈھکنا ۱۲ **ڈھک لینا** (متعدی)
دیکھو ڈھکنا۔ **ڈھکنا** (متعدی) ۱ چھپانا ۲ کپڑا یا
کوئی چیز اوپر ڈالنا ۳ ٹھیک آنا۔ درست آنا۔
۴ (لازم) چھپ جانا ۵ کپڑا یا پردہ پڑنا ۶ سرپوش۔
ڈھکنی (مونث) چھوٹا سرپوش۔ **ڈھکوانا** (م)
۱ چھپوانا ۲ سرپوش کسی چیز پر رکھوانا۔ کپڑا ڈلوانا۔

ڈھکار (س۔ مذکر) بڑا نقارہ۔ ڈھول۔

ڈہکا (ہ۔ امر) ڈہکانا کا ۔ ڈہکانا (متعدی)
۱ ترسانا۔ دکھا کر نہ دینا۔ آگے کرکے ہٹا لینا ۲ دھوکا
دینا۔ بہکانا ۳ بے فائدہ پھینک دینا ۴ خراب کرنا۔
ڈہکا یا (ماضی) ڈہکانا کی **ڈہکا یا کرنا** (متعدی)
دھوکا دینا ۲ کھانے پینے کی چیز کسی کے منہ کے پاس
لے جانا اور جب وہ کھانے لگے تو ہٹا لینا۔

ڈھکلی (ہ۔ مونث) ایک کل جس
سے پانی اونچی زمین پر پہنچاتے ہیں۔ ڈھینکلی۔

ڈھکن (ہ۔ مذکر) ڈھکنا۔ سرپوش۔

ڈھکنا (ہ۔ لازم) ۱ نزدیک آنا۔ پاس
آنا۔ قریب جانا ۲ جھکنا کسی چیز کی طرف۔ رجوع کرنا ۳
دکھائی نہ دینا نشانہ لگانا۔ پا لینا ۴ دیکھنا۔ جھانکنا۔ تاکنا ۵
واپس آنا۔ پھرنا ۶ ہمدردی کرنا۔ پاس کرنا ۷ داخل ہونا۔
گھسنا۔

ڈھکوس (ہ۔ امر) ڈھکوسنا کا ۲
(مونث) تشنگی۔ **ڈھکوسلا** (مذکر) دھوکا دینے کی چیز
جھوٹی کہانی۔ مہمل بات۔ لغو کام۔ چرچلا ۲ (ہ)
بھرتی۔ زیادتی۔ افراط ۳ (ہ) بے ضرورت چیز۔
ڈھکوس جانا (لازم) **لینا** (متعدی) کھا پانا۔
ڈھکوسنا (متعدی) بہت کھانا یا پینا۔

ڈھکی (ہ۔ مونث) ۱ شکار وغیرہ کے
لئے دبک کر بیٹھنا ۲ (ہ) تاکنا۔ جھانکنا۔ نشانہ لگانا۔
ڈھکی لگانا (متعدی) ۱ جھانکنا۔ چھپ کر دیکھنا
۲ نشانہ لگانا۔ **ڈھکی مارنا** اس طرح چھپ کر بیٹھنا
کہ کوئی نہ دیکھے۔ تاک لگانا ۲ جھکائی دینا۔

ڈھکیل (ہ۔ امر) ڈھکیلنا کا ۲
(مذکر) دیکھو دھکیل **ڈھکیل دینا**۔ **ڈھکیلنا**
(متعدی) پیچھے سے آگے ریلنا ۲ دھکیلنا۔ دھکا دینا
۳ کسی چیز کو اس کی جگہ سے اٹھانا۔ **ڈھکیلو** (ہ۔
مذکر) دیکھو دھکیلو۔

ڈھنگ (ہ۔ مذکر) ۱ پہلو۔ طرف
۲ (نعت) نزدیک۔ قریب۔

ڈھگا (ہ۔ مذکر) ۱ ڈگا ۲ (پ)
چھوٹا بیل۔ دھوبی کا بیل۔

ڈھگار (ہ۔ مذکر) ڈھیر۔ انبار۔
تودہ۔

ڈھل (ہ۔ امر) ڈھلنا کا **ڈھلا**
(امر) ۱ ڈھلانا کا ۲ (ماضی) ڈھلنا کی **ڈھلان**۔
(مونث) ڈھال۔ اتار۔ جھکاؤ۔ **ڈھلانا** (ہ۔ متعدی)
ڈھلنا کا ۱ بہانا۔ ڈالنا ۲ دھات کو پگھلا کر سانچے
میں ڈالنا ۳ ڈھلوانا **ڈھلا ہوا** (صفت) ۱
اس مضمون یا شعر کی نسبت کہتے ہیں جس میں
آمد ہو آورد نہ ہو ۲ پلپلا ۳ سانچے میں بنا ہوا۔
ڈھلاؤ (مذکر) ڈھال اتار۔ **ڈھلاؤ** (صفت)
۱ ڈھلوان ۲ (مذکر) ڈھال۔ اتار۔ **ڈھلاؤ**
کھنچاؤ (مذکر) اتار چڑھاؤ کمان یا ستار کا۔
ڈھلاؤ کونا (مذکر) ڈھلوان کا زاویہ **ڈھلائی**
ڈھلوائی (مونث) ۱ ڈھلوانے کی اجرت ۲
ڈھالنے کا فعل **ڈھلت** (مونث) اس چیز کی
ساخت جس کو سانچے میں ڈھالا ہو **ڈھلتا**۔
(صفت) کم ہوتا ہوا۔ گذرتا ہوا **ڈھلتی پھرتی**
چھاؤں ہے۔ زمانے کا تغیر تبدل ہے **ڈھلتی**
چھاؤں (مونث) ضائع ہونے والی چیز **ڈھل جانا**
(لازم) ڈھلنا **ڈھلک** (مونث) دیکھو علیحدہ **ڈھلنا**
(لازم) ۱ گذر جانا ۲ سانچے میں بننا یا پڑنا ۳ پلپلا ہونا
۴ زوال ہونا گھٹنا ۵ بہنا ۶ وال ہونا ۷ تنا ہوا نہ رہنا۔
لٹک پڑنا ۸ مضمون یا شعر کا بے ساختگی سے لکھا
جانا۔ آمد ہونا ۹ نیچے کی طرف سرک جانا کھسک جانا
۱۰ شراب گلاس میں پڑنا ۱۱ نشے کی چیز پی جانا ۱۲
بوڑھا ہو جانا عمر میں زیادہ ہو جانا ۱۳ جھکنا ڈھلوان
ہونا **ڈھلوان** (صفت) ۱ ترچھا۔ سلامی ۲ پھسلنے
والا **ڈھلوانا** (م) ڈھلنا کا۔ سانچے میں بنوانا۔
متولہ۔ ڈھلتی پھرتی چھاؤں
ہے (کبھی ادھر کبھی ادھر) ایسی حالت کے متعلق
کہتے ہیں جو ہمیشہ قائم نہ رہے۔

ڈھل (ہ۔ امر) ڈھلنا کا **ڈھلا**۔
(امر) ڈھلانا کا ۲ (ماضی) ڈھلنا کی **ڈھلانا** (متعدی)
ڈھلنا کا **ڈھلائی ڈھلوائی** (مونث) ڈھلانے کی
مزدوری **ڈھل گیا**۔ ادھر کو پھر گیا **ڈھلنا** (لازم)
۱ جھکا ہونا۔ مائل ہونا ۲ کسی کا کسی کی طرف متوجہ ہونا
۳ لڑھکنا۔ حرکت کرنا ۴ پھسلنا ۵ ڈھالا جانا بھرا جانا
۶ گرنا پانی کا ۷ ڈھویا جانا۔ لیجایا جانا سامان وغیرہ
کا **ڈھلنا پالنا** (مذکر) لڑھکنے والا پنگھوڑا۔ مجازاً ایک
بات پر قائم نہ رہنے والا **ڈھلوانا** (م) اسباب
اٹھوانا یا ایک جگہ سے دوسری جگہ اٹھوا کر لیجانا۔

ڈھلڑ (ہ)، **ڈھلڑ** (ہ۔ صفت) ۱
ڈھیلا ڈھالا ۔ سست ۲ (مذکر) ڈھیلا ڈھالا آدمی۔

ڈھلک (ہ۔ امر) ڈھلکنا کا ۲
(مونث) جھکاؤ ۳ لڑھک چھلک **ڈھلکا** (مذکر)
دیکھو ڈھلکا ۲ چندھا ۳ بہانا۔ چھلکانا **ڈھلکا**
دینا (متعدی) لنڈھا دینا **ڈھلکانا** (متعدی)
ڈھلکا ہونا۔ ڈھلک جانا۔ **ڈھلکنا** (لازم)
۱ بہنا۔ ٹپکنا۔ نیچے سرک آنا گر پڑنا۔

ڈھلک (ہ۔ امر) ۱ ڈھلکنا کا۔
ڈھلکا (امر) ڈھلکانا کا ۲ (ماضی) ڈھلکنا کی ۳ (مذکر)
آنکھوں سے پانی بہنے کی بیماری ۴ موت کے قریب
آنکھوں سے پانی جاری ہونا **ڈھلکا لگنا** (متعدی)
آنکھ سے پانی جاری رہنا **ڈھلکانا** (متعدی)
ڈھلک جانا **ڈھلکنا** (لازم) لڑھکنا۔ غلطاں ہونا
۲ جھک جانا۔ مائل ہونا۔

ڈھل کمرا (ہ۔ صفت) نامرد مخنث۔

ڈھلکی (ہ۔ مونث) ڈھولکی۔

ڈھلمل (ہ)، **ڈھلمل** (ہ۔ صفت)
ہلتا ہوا جنبش کرتا ہوا۔ لڑکھڑاتا ہوا ۲ مذبذب۔
ڈگمگاتا ہوا **ڈھلملانا** (لازم) ۱ جنبش کرنا۔ لڑکھڑانا
۲ مذبذب ہونا۔

ڈھلنگی (ہ۔ مونث) سستی۔ کاہلی
تاخیر۔ ڈھیل۔ ڈھیلا پن۔

ڈھلوا (ہ۔ صفت) ۱ ڈھلوان
۲ ڈھلا ہوا۔

ڈھلوانسی (ہ۔ مونث) فلاخن۔

ڈھلہانس (ہ۔ مذکر) ڈھیلہانس۔

ڈھلیا (ہ۔ مذکر) وہ جو دھات کو
ڈھالے۔

ڈھلیت (ہ۔ مذکر) ۱ ڈھلیا ۲
ڈھال باندھنے والا ۳ فوجی جو ڈھال شمشیر سے مسلح
ہو ۴ چوکیدار۔ پولیس کا سپاہی **ڈھلیتی** (صفت)
۱ ڈھلیت کا یا اس کی ملکیت ۲ ڈھلیت کا عہدہ

یا نوکری۔
ڈِھمڈِھمی (ہ۔ مونث) خنجری۔
ڈفلی۔
ڈِھمک (ہ۔ تابع مہمل) ٹھمک کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ڈھمکا (ہ۔ تابع مہمل) ٹھمکا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔
ڈھملانا (ہ۔ متعدی) لڑکھانا۔ ڈگمگانا۔ ڈھلملانا۔ ڈگرنا۔
ڈھنا (ہ) ڈھیجانا۔ ڈہنا (ہ۔ لازم) گرنا۔ گر پڑنا۔ منہدم ہونا۔ مسمار ہونا ۲ غرور جاتا رہنا۔ دعوے باطل ہونا (س۔ دھم گرانا)۔
ڈھپنا (ہ۔ لازم) ڈھپنا۔
ڈھنڈنا (ہ۔ متعدی) تلاش ہونا۔ جستجو ہونا ڈھنڈوانا (متعدی) ڈھونڈنا کا۔
ڈھنڈورا (ہ۔ مذکر) منادی کا دہل ۲ منادی۔ تشہیر۔ اعلان (س ڈھنڈ۔ تلاش کرنا) ڈھنڈورا پٹ جانا۔ پٹنا (لازم) پیٹنا (متعدی) ۱ منادی کا ڈھول بجانا ۲ کوئی بات جا بجا کہتے پھرنا۔ تشہیر کرنا۔ بدنام کرنا ڈھنڈورا پھرنا (متعدی) منادی ہونا ڈھنڈورچی۔ ڈھنڈوریا (مذکر) منادی کرنے والا۔ ڈھنڈورا پیٹنے والا۔
مثل۔ ڈھنڈورا شہر میں لڑکا بغل میں۔ جب کوئی چیز قریب پڑی ہو اور اس کی تلاش کریں تو کہتے ہیں۔
ڈھنڈھوئی۔ ڈھنڈدی (ہ۔ مونث) ابلتے ہوئے گنے کے رس کا میل جو اوپر آ جاتا ہے۔
ڈھنڈھیل۔ ڈھنڈیل (ہ۔ مذکر) ۱ تیل یا گھی کا میل ۲ تیل جس میں کوئی چیز بھونی گئی ہو۔
ڈھنڈیا (ہ مونث) تلاش جستجو۔ (پڑنا مچنا کے ساتھ) (ڈھونڈنا سے)۔
ڈھنکنا۔ ڈھنکنی (ہ) دیکھو ڈھکنا۔ ڈھکنی۔
ڈھنگ (ہ۔ مذکر) ۱ طرز۔ وضع قطع۔ انداز ۲ نشان۔ علامت۔ لکشن ۳ خصوصیت اختصاص ۴ طریقہ۔ روش۔ فیشن ۵ چلن۔ رویہ۔ چال ۶ بناوٹ۔ ساخت۔ ترکیب۔ ساز ۷ صورت۔ شکل۔ ڈول ۸ رواج۔ معمول ۹ عادت۔ سیرت ۱۰ ہنر۔ سلیقہ ۱۱ خوش اسلوبی۔ طرحداری۔ زیبائی۔ (س۔ دھرم) ڈھنگا (صفت) اردو میں اکیلا نہیں استعمال ہوتا بے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ دیکھو بے ڈھنگا۔ ڈھنگ اڑانا (متعدی) انداز کی نقل کرنا۔ طرز سیکھنا ڈھنگ برتنا (متعدی) ۱ کسی خاص۔ روش یا طریقے پر چلنا ۲ پیش آنا ڈھنگ بگڑنا (لازم) حال خراب ہونا۔ معاملہ خراب ہونا۔ ڈھنگ ڈالنا (متعدی) کسی کام کی ابتدا کرنا ۲ بنیاد ڈالنا ڈھنگ سیکھنا (متعدی) طریقہ نکالنا۔ طرز نکالنا ڈھنگی (صفت) ۱ دیکھو ڈھنگا ۲ (ہ) چالاک۔ چاتر ڈھنگیا (ہ۔ مونث) ڈھنگ۔
ڈھنگیلا (ہ۔ صفت) ۱ خوش شکل۔ خوشنما ۲ حسین۔ خوبصورت ۳ مہذب۔ باسلیقہ۔
ڈِھنگڑا (ہ صفت) جوان۔ قوی۔ طاقتور۔
ڈھنمنانا (ہ۔ متعدی) لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔
ڈھنوریا (ہ۔ مذکر) ڈھنڈوریا کا مخرب۔
ڈھنلیک (ہ۔ مذکر) دھنیش کا مخرب۔
ڈُھو۔ ڈھو (ہ۔ مذکر) گہرا پانی۔ دیکھو ڈہ۔ ڈُھو (ہ۔ صفت۔ مذکر) دیکھو ڈھوئے۔
ڈھو (ہ۔ امر) ڈھونا کا ڈھو (مذکر) پھول ترکاری جو اہل حرفہ کسی تقریب پر پیش کرتے ہیں۔ ڈھونا (متعدی) سر پر یا پٹے گاڑی وغیرہ پر کوئی چیز ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ بوجھ اٹھانا ۲ چوری سے لیجانا۔ اٹھا لیجانا ڈھویا (ماضی) ۱ ڈھونا کی ۲ (صفت) ڈھو کر جمع کیا ۳ (مذکر) جو کھلونوں کا تحفہ جو کمہار بیاہ شادی کے موقعوں پر دیتے ہیں ۴ دیکھو ڈھوا۔
مثل۔ ڈھوے کی ٹوکری گاوے کے گیت۔ غربت میں بھی خوش ہے۔
ڈُھوا (ہ۔ مذکر) ۱ کیچڑ یا مٹی کا ڈھیر تودہ۔ ٹیلہ ۲ حد کا نشان۔ ڈھولا۔
ڈھوآ (ہ۔ مذکر) ۱ رنڈی کے پیچھے ساز بجانے والا ۲ بھڑوا۔ دلال۔
ڈھوانا (ہ۔ مم) ڈھونا کا۔ گردانا۔
ڈھوائی (ہ۔ مونث) ڈھونے کی مزدوری۔
ڈھوبرا (ہ۔ مذکر) ۱ پرانا مٹی کا برتن۔ ٹھیکرا ۲ پرانا گھر یا دیوار ۳ سوراخ جو کسی برتن وغیرہ میں ہو۔
ڈھوٹا (ہ۔ مذکر) بچہ۔ بیٹا۔ خصوصیت سے مضبوط اور موٹا تازہ بچہ۔
ڈھوڈا (ہ۔ مذکر) ڈھوڈھا (ہ) ۱ قالب۔ ڈھانچ ۲ دکھاوا۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ دیکھو ڈھوٹا۔ ڈھوڈا بنا رہے، رکھنا (متعدی) پرانی عزت قائم رکھنا۔ دولت وغیرہ گنوا کر امارت کی حالت بنائے رکھنا ڈھوڈا پھیلانا یا ڈالنا یا کھڑا کرنا (متعدی) ۱ کارخانہ پھیلانا ۲ مکر کرنا۔ جال پھیلانا۔
ڈھور (ہ۔ مذکر) مویشی۔ ڈنگر۔
مثل۔ ڈھور مرے نہ کوا کھائے فضول امید کے موقع پر کہتے ہیں۔ ڈھوروں کے گھر کوے مہمان۔ نیکوں میں بدوں کا شامل ہونا۔
ڈھورا (ہ۔ مذکر) ۱ ڈھورا ۲ ایک کیڑا جو چنے کو لگتا ہے ۳ مٹی کا بند جو کسی نالی کے کنارے پر بناتے ہیں۔
ڈھوروا (ہ۔ مذکر) مٹر۔
ڈھوری (ہ۔ مونث) جوش۔ اشتیاق شوق۔
ڈھوڑا (ہ۔ مذکر) ۱ تعزیہ ۲ مکان ۳ دوکان ۴ دکھاوا۔ ظاہری صورت ۵ ٹیپ ٹاپ۔ ڈھوڑا بنا رہے، رکھنا (متعدی) دیکھو ڈھوڑا بنائے رکھنا۔
ڈھوڑنا (ہ۔ متعدی) ڈھونڈنا۔
ڈھوس (ہ۔ مذکر) بھونک۔ ہول۔ زخم۔ گھاؤ۔
ڈھوسر (ہ۔ مذکر) ۱ ہندوؤں کی ایک ذات جو ویش ہیں اور اپنے آپ کو برہمن کہتے ہیں۔
ڈھوک (ہ۔ امر) ۱ ڈھوکنا کا ۲ (مونث) تذبذب ۳ ٹال مٹول ۴ ڈھوکا (مذکر) ۱ گھات۔ ڈبکی ۲ جھانکنا ۳ چھونا ۴ دھکا ۵ مونڈھا یا ہاتھ یا کہنی یا انگلی مارنا ۶ چھپنے کی جگہ۔ بھٹ۔ غار۔ ڈھوکا دینا۔ ڈھوک ڈھاک بتانا (متعدی) ٹالنا۔ آج کل کرنا۔ ڈھوکنا (لازم) ۱ پہنچنا۔ نزدیک ہونا ۲ چپکے سے آپکڑنا ۳ گھات

لگانا - دبکی مارنا ۴ جھانکنا ۵ چھپ رہنا ۶ داخل ہونا ۷ بند کرنا -

ڈھوک (ت - مونث) دیکھو ڈوک -

ڈھوک (ھ - امر) ڈھوکنا کا ۲ (مذکر) گھونٹ ۳ (ھ) **ڈھوکنا** (متعدی) ۱ گھونٹ بھرنا ۲ پینا - چڑھا جانا - مر جانا -

ڈھوک - ڈھوکا (ھ - مذکر) ۱ پتھر کا بڑا ٹکڑا ۲ ایک قسم کے چھوٹے چھوٹے پتھر (چنار کی پہاڑی میں سے نکلتے ہیں -

ڈھوکا (ہ - مذکر) گنڈوں یا اپلوں کی گنتی پانچ گنڈے -

ڈھول (ہ - مذکر) ۱ دہل طبل بکری ۱ ایک گول باجہ جو دونوں سروں پر چمڑے سے منڈھا ہوا ہوتا ہے - اسپر لکڑی سے مار کر آواز نکالتے ہیں ۲ (ھ) چرخی جو ایک جگہ لگی ہوئی ہو (س ڈھول) -

ڈھول بجانا (متعدی) **بجنا** (لازم) ۱ ڈھول پر لکڑی لگ کر آواز نکلنا ۲ شہرت ہونا - مشہور ہونا ۳ بدنامی ہونا **ڈھول پیٹنا** (متعدی) ڈھول بجانا -

ڈھول ڈھمکا (مذکر) ۱ دھوم دھڑکا - باجا گاجا ۲ بہت اسباب یا سامان ۳ پانی جو چرسے کے ذریعے نکلے - چونکہ جب چرسا اوپر آتا ہے تو ڈھول بجا دیتے ہیں - **ڈھولک - ڈھولکی** (مونث) چھوٹا ڈھول **ڈھولکی** (ھ) **ڈھولکیا** (مذکر) **ڈھولی** (ھ) **ڈھولیا** (ھ) ڈھول بجانے والا -

امثال واقوال ڈھول باجے دماے باجے - پہلے جو بات بڑے لوگوں کو معلوم تھی وہ اب بہت کو ہو گئی - **ڈھول کی آواز دور سے سہانی معلوم دیتی ہے** دیکھو دور کے ڈھول سہانے **ڈھول کے اندر پیتر پول** - ظاہری نمائش بہت اصل میں کچھ نہیں - **ڈھول نہ دف ہر ہر گیت** حیثیت کچھ نہیں - کام بڑا کرنا چاہتے ہیں -

ڈھولا (ہ - مذکر) ۱ وہ نشان جو کھیتوں یا زمین کی سرحد بتانے کیلئے بناتے ہیں ۲ مٹی یا اینٹوں کا ڈھیر ۳ قالب طاق یا گنبد کا ۴ (ھ) دریا کا کنارہ ۵ (ھ) دھوکا - ڈھوا ۶ (ھ) لکڑی جو شریر گائے بیل کے گلے میں باندھ دیتے ہیں ۷ (صفت) بیوقوف - احمق **ڈھولا باندھنا** (متعدی) درکی ٹھانٹ میں لکڑی ڈال کر بھراؤ بھرنا -

ڈھولا بندی (مونث) حد بندی -

ڈھولا (ھ - مذکر) - ایک مشہور پنجابی عاشق کا نام ۲ ایک پنجابی گیت کا نام ۳ عاشق - دھوکا دینے والا عاشق ۴ منہ لگا شخص - پیارا - دلارا - عزیز ۵ بچہ - لڑکا - بیٹا - **ڈھولے گاتا** (متعدی) بیکار بیٹھنا - کچھ کام نہ کرنا -

ڈھولن (ھ - مذکر) ۱ عاشق - چاہنے والا ۲ دوست -

ڈھولنا (ہ - مذکر) ۱ ایک چھوٹا زیور ڈھول کی شکل کا ۲ چھوٹی تقطیع کا قرآن (ڈھول سے) **ڈھولنا ہاتھوں پر رہنا** (لازم) قرآن شریف کی قسم کھانا -

ڈھولی (ہ - مونث) دو سو پانوں کا منٹھا -

ڈھونچا (ہ - مذکر) ۱ ساڑھے چار کا پہاڑا ۲ (صفت) ساڑھے چار - ساڑھے چار گن -

ڈھونڈ (ہ - امر) ڈھونڈنا کا ۲ (مونث) تلاش جستجو (ڈھنڈھ - تلاش کرنا) **ڈھونڈ پھرنا** (لازم) تلاش کرکے ناکام واپس آنا **ڈھونڈتا پھرنا** (لازم) تلاش میں مارے مارے پھرنا **ڈھونڈ ڈھانڈ** (مونث) ۱ تلاش جستجو ۲ کھوج - سراغ - **ڈھونڈ ڈھانڈ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) تلاش ہونا **ڈھونڈ ڈھانڈ کے** (ت) جستجو کرکے سراغ لگا کے **ڈھونڈ لانا** (لازم) تلاش کرکے لانا - **ڈھونڈ لڑائی مول لینا** (متعدی) خواہ مخواہ لڑتے پھرنا **ڈھونڈ مارنا** (متعدی) بہت تلاش کرنا **ڈھونڈنا** (متعدی) ۱ تلاش کرنا - جستجو کرنا ۲ سراغ چلانا - کھوج لگانا **ڈھونڈنا ڈھانڈنا** (متعدی) ۱ تلاش کرنا ۲ تفتیش کرنا - چھان بین کرنا **ڈھونڈ نکالنا** (متعدی) سراغ نکال لینا - **ڈھونڈے نہ پانا** (متعدی) باوجود تلاش کے نہ پانا -

مقولہ - ڈھونڈ لاؤ بتا دینگے ٹالنے کے موقعہ پر کہتے ہیں -

ڈھونڈ (ھ) **ڈھونڈ** (ہ - صفت) ۱ خراب خستہ - ذلیل ۲ بوڑھا - ضعیف ۳ (مذکر) پرانا مکان - کھنڈر -

ڈھونڈ - ڈھونڈا (ھ - مذکر) پوست روئی چنے وغیرہ کا ڈوڈا ۲ ایک قسم کی گھاس جو اکثر دھان کے کھیت میں اگتی ہے - اور فصل کو خراب کر دیتی ہے ۳ ایک قسم کا سرکنڈا **ڈھونڈی** (مونث) ڈھونڈ کی تصغیر دیکھو ڈھونڈ -

ڈھونڈی (ھ - مونث) ڈوڈا خصوصاً چنے کا -

ڈھونڈیا (ھ - مذکر) ہیپن سادھو -

ڈھونگ (ہ - مذکر) ۱ دھوکا - دغا - فریب - چھل - بتا - مکر - دم - جھانسا - چرتر ۲ حیلہ سازی - بہانہ - پاکھنڈ ۳ ریاکاری - ظاہر داری - بناوٹ ۴ متکبرانہ یا دغابازی کی فرضی یا مصنوعی باتیں یا دکھاوا (س دمبھک) -

ڈھونگ باندھ دکھانا یا باندھنا (متعدی) ۱ ظاہری ٹیپ ٹاپ بنانا - دکھانے کے لئے عزت بنائے رکھنا ۲ دھوکے بازی کرنا - دغا کرنا ۳ ظاہر داری رکھنا **ڈھونگی ڈھونگیا** (ھ) دغاباز وغیرہ دیکھو ڈھونگ -

ڈھونگا - (ھ - مذکر) ۱ چوتڑ - سرین ۲ پٹھا - پٹا ۳ پہلو - طرف ۴ قمیص وغیرہ کا چاک -

ڈھوہ - ڈھوہ (ھ - مذکر) ۱ ٹیلہ - تودہ ۲ ندی نالوں کے درمیان اونچی زمین -

ڈھوئی (ہ - مونث) ۱ اینٹوں کا بوجھ جو ایک بار لیجا سکیں ۲ اینٹیں جو ایک دفعہ گدھے لیجائیں - **ڈھوئی والا** (مذکر) وہ شخص جو گدھے پر اینٹیں لاد کر لیجائے -

ڈھویا (ہ - مذکر) پھول ترکاری یا میوہ جو اہل حرفہ پیش کرتے ہیں - ڈالی -

ڈھئی (ہ - مونث) ۱ ایک جگہ جم جانا - کہیں بیٹھ کر نہ اٹھنا ۲ بہت دیر تک رہنا خصوصاً مہمان یا ملاقاتی کا ۳ (ھ) زور کا جھٹکا یا کھینچاؤ - ۴ بیحد کوشش - از حد جد و جہد (س - دلاہ گرہا) **ڈھئی دینا** (متعدی) ۱ جم کر بیٹھنا ۲ اتنی دیر ٹھہرنا کہ کھانے کا وقت ہو جائے اور میزبان کو کھانے کیلئے کہنا پڑے ۳ (ھ) بیحد کوشش کرنا -

ڈھی - (ھ - مونث) ۱ ڈھیر - تودہ - انبار ۲ دریا کا اونچا کنارہ ۳ گرے ہوئے مکان کی جگہ - کھنڈر -

ڈھٹے (ھ۔ مذکر) جاٹوں کی ایک گوت۔

ڈھے (ھ۔ امر) ڈھینا کا (اس دراہ۔ گرنا) **ڈھے پڑنا** (لازم) ۱ گر پڑنا ۲ زبردستی رہنا یا اتر پڑنا **ڈھے پڑو** (صفت) ۱ بے شرم۔ بجیا ۲ خواہ مخواہ یا بے شرمی سے رہ پڑنے والا۔ **ڈھے جانا** (لازم) گر پڑنا عمارت کا **ڈھینا** (لازم) دیکھو ڈھہنا۔

ڈھیا۔ ڈہیا (ھ۔ صفت) ۱ گرا ہوا۔ تباہ شدہ۔ برباد۔ کھنڈ۔ ۲ زمین جو گاؤں کے نزدیک ہو کھیت ۳ جاٹوں کی ایک قوم **ڈھیا میکر** (صفت) تباہ۔ برباد۔ کھنڈر۔

ڈھیا (ھ۔ مذکر) ۱ ڈھائی سیر کا باٹ ۲ لڑکوں کا ایک کھیل (ڈھائی سے)۔

ڈھیپ۔ ڈھیپ۔ ڈھیپا۔ ڈھیپا (ھ۔ مذکر)۔ ڈلا۔ ڈھیم کھل یا ابلے ہوئے چاولوں کا ۲ مٹی کا ڈھیلا ۳ قابل کاشت زمین **ڈھیپا** (صفت) بڑا۔ موٹا۔ فربہ۔ بھاری بھرکم۔

ڈھیٹ۔ ڈھیٹھ (ہ۔ صفت) ۱ بے شرم۔ بے حیا ۲ بیباک۔ نڈر ۳ گستاخ شوخ دیدہ۔ خیرہ چشم ۴ سرکش جو کسی کا کہا نہ مانے (بن دینا بنانا۔ بن جانا بننا۔ کر دینا کرنا ہو جانا ہونا کے ساتھ) **ڈھیٹا** (ھ) ڈھیٹ **ڈھیٹھائی** (ھ) ڈھٹائی۔

ڈھیٹھ۔ ڈھیٹھا (ھ۔ صفت) دیکھا ہوا معلوم کیا ہوا۔ محسوس کیا ہوا۔

ڈھیٹھا (ھ۔ مذکر) پیٹھ۔

ڈھیر (ھ۔ مذکر) ۱ انبار۔ تودہ ملا ۲ بہت سی چیزوں کا مجموعہ ۳ افراط۔ بہتات۔ بڑی تعداد ۴ آنکھ کا میل ۵ قبر۔ فقیر کا مزار ۶ (صفت) بہت زیادہ۔ بے انتہا۔ بکثرت۔ بافراط (س دھیر) **ڈھیر رہنا** (لازم) ۱ انبار کی طرح پڑا رہنا ۲ مر جانا۔ قتل ہو جانا **ڈھیر سا** (صفت) بہت سا۔ بافراط (نعت) **ڈھیر کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ انبار کرنا۔ جمع کرنا ۲ خاک کا تودہ بنا ۳ مار ڈالنا۔ **ڈھیر لگا دینا** (متعدی) **لگنا** (لازم) انبار ہونا۔ جمع ہونا **ڈھیری** (مونث) ۱ چھوٹا سا انبار کسی چیز کا خصوصاً روپے غلے مٹھائی وغیرہ کا ۲ گاؤں یا جائداد میں حصہ پٹی کا ایک حصہ ۳ (ھ۔ مذکر) گاؤں یا جائداد کا حصے دار۔ **ڈھیر ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ انبار لگ جانا ۲ مر جانا۔ قتل ہو جانا ۳ تھک جانا ۴ مکان کا گر پڑنا۔ **ڈھیروں** (مذکر) ڈھیر کی جمع۔ **ڈھیروں مال اڑانا** (متعدی) بے شمار مال چرا لینا یا غبن کر لینا ۲ بے شمار دولت خرچ کرنا۔

ڈھیرا (ھ۔ مذکر) ۱ دو لکڑیاں بیچ میں سے جڑی ہوئی جن پر رسی یا دھاگا بٹتے ہوئے پیٹتے جاتے ہیں ۲ جمع کا نشان الجبرے میں ۳ + کا نشان جو ان پڑھ آدمی بجائے دستخط کے بناتے ہیں ۴ موٹی جوں۔ موٹا کھٹمل ۵ (صفت) بھینگا۔ احول جس کی آنکھ کج ہو **ڈھیرا دیدہ** (مذکر) ڈھیری آنکھ۔ بھینگی آنکھ **ڈھیری** (مونث) ڈھیرا کی **ڈھیری آنکھ** (مونث) بھینگی آنکھ۔

ڈھیبڑ۔ ڈھیبڑ (ھ۔ مذکر و مونث) ۱ ڈھیر تودہ۔ انبار ۲ آنکھ کا میل۔

ڈھیڑ۔ ڈھیبڑھ (ہ۔ مذکر) ۱ کوا ۲ ہندوؤں کی ایک ادنٰے ذات جو کھال کا کام کرتے ہیں ۳ اس قوم کا ایک فرد **ڈھیبڑی کوا** (مذکر) دیکھو آخری نمبر ۱۔

ڈھیڑھ (ھ۔ مذکر) ۱ بڑا پیٹ۔ توند ۲ حمل۔

ڈھیڑھی (ھ۔ مونث) ۱ دیکھو ڈوڈا ۲ ایک زیور ڈوڈے کی شکل کا جو کان میں پہنا جاتا ہے۔

ڈھیک (ھ۔ مذکر) بگلا۔

ڈھیکلی۔ ڈھیکولی (ھ۔ مونث) دیکھو ڈھینکلی ۲ وہ لوہا جس پر غلہ کوٹتے ہیں ۳ وہ پیچ جس سے سویاں بناتے ہیں **ڈھیکلی کھانا** (متعدی) قلابازی کھانا۔

ڈھینگ (ھ۔ مذکر) بڑا ڈھیر یا انبار۔

ڈھیل (ہ۔ مونث) ۱ دیر۔ تاخیر۔ وقفہ ۲ فرصت۔ مہلت ۳ سستی۔ کاہلی ۴ جھول ۵ پتنگ کی ڈور چھوڑنا بڑھانے کے لئے ۶ آزادی ۷ (ھ) احتیاط۔ پیش بندی۔ ڈھیلا۔ (س گتھل) **ڈھیلا** (صفت) ۱ کھلا۔ کشادہ۔ جو چست نہ ہو ۲ پھسپھسا۔ پھولا ہوا ۳ سست۔ کاہل۔ غافل ۴ بھدا۔ بے احتیاط ۵ جھول پڑا ہوا ۶ کمزور ضعیف ۷ نامرد۔ **ڈھیلا بنانا** (متعدی) کھلا بنانا۔ کشادہ بنانا ۲ سیدھا بنانا ۳ کڑا پن دور کرنا **ڈھیلا بننا** (لازم) کھلا بننا۔ **ڈھیلا پاجامہ** (مذکر) غرارے دار پائجامہ۔ **ڈھیلا پائنچا** (مذکر) بڑے عرض کا پائنچا۔ **ڈھیلا پڑ جانا** (لازم) ۱ کھلا ہو جانا۔ کشادہ ہو جانا ۲ چست نہ رہنا۔ تنگ نہ رہنا ۳ سست ہو جانا۔ کاہل ہو جانا ۴ نامرد ہو جانا۔ کمزور ہو جانا ۵ نرم پڑ جانا۔ غصہ جاتا رہنا۔ تندی یا کڑا پن جاتا رہنا ۶ پھسپھسا ہو جانا ۷ جھول پڑ جانا **ڈھیلا پن**۔ (مذکر) ۱ فراخی۔ کشادگی ۲ سستی۔ کاہلی ۳ نامردی۔ **ڈھیلا پیچ** (مذکر) ۱ سر کے بال ابرو کے اوپر گندھے ہوئے ۲ پگڑی کا پیچ جو بھوں پر پڑا ہو۔ **ڈھیلا ڈھلا** (صفت) بہت ڈھیلا۔ **ڈھیلا ڈھالا** (صفت) ۱ کشادہ۔ کھلا ۲ لٹکتا ہوا پھسپھسا ۳ سست۔ کاہل ۴ بھدا۔ **ڈھیلا کرنا** (متعدی) ۱ کشادہ کرنا۔ کھلا کرنا ۲ سست کرنا۔ مضمحل کرنا ۳ (روپے کے لئے) ادا کرنا۔ خرچ کرنا **ڈھیلا ہو جانا یا ہونا** (لازم) دیکھو ڈھیلا پڑ جانا۔

ڈھیل دینا (متعدی) ۱ بے پروائی کرنا ۲ پتنگ کی ڈور چھوڑنا ۳ آزادی دینا ۴ زیادہ وقت دینا **ڈھیل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ وقت گذرنا۔ دیر ہونا ۲ پہلو تہی کرنا ۳ سستی ہونا ۴ بے احتیاطی ہونا **ڈھیلی** (صفت۔ مونث) ڈھیلا کی **ڈھیلی چھوڑنا۔ دینا یا ڈالنا** **ڈھیلی ڈوری چھوڑنا۔ ڈالنا** (متعدی) ۱ آزادی دینا ۲ توجہ نہ کرنا ۳ کسی شخص کو اس کی مرضی پر چھوڑ دینا۔

ڈھیلا (ہ۔ مذکر) ۱ مٹی کا بڑا ٹکڑا۔ ڈھیم (لگانا لگنا۔ مارنا کے ساتھ) ۲ سونے چاندی گوند وغیرہ کا ڈلا ۳ آنکھ کا اندرونی گول حصہ آنکھ۔ (س ستمبھ) **ڈھیلا پھینکنا** (متعدی) ۱ چور کا یہ دیکھنے کے لئے کہ کوئی جاگتا نہیں مٹی کا ڈلا مارنا ۲ عاشق مزاج آدمی کا توجہ دلانے کیلئے ڈلا مارنا ۳ خفیہ طور پر آنے کا اشارہ کرنا **ڈھیلا چلانا چلنا۔ لینا** دیکھو ڈھیلے چلانا۔ چلنا۔ لینا **ڈھیلوں سے مقدر پھوڑنا** (متعدی) بدقسمت ہونا۔

ڈھیلے (مذکر) جمع ڈھیلا کی ڈھیلے پتھرانا (لازم) ۱ آنکھوں کی روشنی جاتی رہنا۔ ۲ بدن کا بےحس و حرکت ہو جانا۔ ڈھیلے چلانا (متعدی) چلنا (لازم) ڈھیلے پڑنا یا لگنا۔ ڈھیلے لینا (متعدی) استنجے کے لئے ڈھیلے اٹھانا۔

ڈِھیلائی (ھ۔ مونث) ڈھیل۔ ڈھلائی۔

ڈھیلوا۔ ڈھیلوانس (ھ۔ مذکر) گوپھن۔ فلاحن ڈھیلوانسی (مذکر) گوپھن پھینکنے والا۔

ڈھیم (ہ۔ مذکر) ڈِھیم (ھ) ڈھیما (ھ) ڈِھیما (ھ) مٹی کا بڑا ڈھیلا۔ ڈھیم باندھنا (متعدی) مٹی کا بڑا ڈھیلا بنانا۔

ڈھینڈا (ہ۔ مذکر) ۱ توند۔ بڑا پیٹ ۲ حمل۔ ڈھینڈا پھلانا (متعدی) پھولنا (لازم) حمل ہونا یا رہنا۔ دونوں صورتوں میں لازم کے معنی ہیں۔

ڈھینڈرا (ھ۔ مذکر) ڈوڈا۔

ڈھینڈس (ہ۔ مذکر) ۱ ہنڈی ۲ ایک قسم کا گول کدو ۳ خصیہ۔ فوطہ۔ خایہ۔

ڈھینکا (ھ۔ مذکر) ۱ لمبی ٹانگوں والا آدمی یا جانور ۲ سارس ۳ کوٹنے کا ایک آلہ ۴ خمدار لکڑی جو کولھو کے پٹے کے اوپر سے گذرتی ہے اور اسے نیچے دبائے رکھتی ہے ۵ وہ لکڑی جو گنے بیلنے کی مشین میں محرک شہتیر اور عمودی لٹھ کو جوڑتی ہے۔ ڈھینکا ڈھینکی (تعـ) دیکھا دیکھی یا کسی کی ضد سے (کوئی کام کرنا) ڈھینکی (مونث) دیکھو ڈھینکا ۳۔

ڈھینکلی (ہ۔ مونث) ۱ ایک آلہ جس سے پانی نکالتے ہیں۔ ایک شہتیر کو ایک عمودی لکڑی پر لگا دیتے ہیں۔ لمبی طرف نوک کے پاس رسی سے ڈول باندھ دیتے ہیں اور چھوٹے حصے پر بھاری وزن رکھ دیتے ہیں۔ ڈول کو ہاتھ سے نیچا کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ پانی میں ڈوب کر بھر جاتا ہے۔ پھر اسے چھوڑ دیتے ہیں جو بھاری وزن کے دباؤ سے

خود بخود اوپر آ جاتا ہے ۲ قلابازی ۳ کپڑے کے عرض جوڑنے یا کپڑے کو قطع کرنے کا ایک طریقہ (س ستمبھ)۔

ڈھینکوا (ھ۔ مذکر) ڈھینکلی ۱۔

ڈھینگھر (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا سہاگا یا ہینگا۔

ڈِھینگ (ھ۔ مذکر) قدم ہڈگ

ڈھینگر (ہ۔ صفت) لاغر۔ دبلا۔ ضعیف (پ۔ سوکھی ہوئی پتلی لکڑی) ڈھینگر ہوگیا۔ نہایت لاغر یا ضعیف ہوگیا۔

ڈِھیو۔ ڈِھیو (ھ۔ مذکر) ۱ لہر ۲ ترنگ۔

ڈھیہا (ھ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا فقیر ۲ جاٹوں کی ایک قوم۔

ڈی (انگ۔ مونث) انگریزی کا چوتھا حرف ڈی او (مذکر) ڈیمی آفیشل کا مخفف۔ نیم سرکاری چٹھی ڈی آئی جی (مذکر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل کا مخفف ڈی ایس ایم (مذکر) ایک انگریزی تمغہ ڈسٹنگوش سروس میڈل کا مخفف ڈی ایس او (مذکر) ایک انگریزی خطاب ڈسٹنگوش سروس آرڈر کا مخفف ڈی۔ ایس۔ پی (مذکر) ڈپٹی یا ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس کا مخفف ڈی۔ ایس۔ سی (مذکر) ڈاکٹر آف سائنس کا مخفف ڈی۔ ایل او (مذکر) ڈیڈ لیٹر آفس کا مخفف ڈی۔ ایم (مذکر) ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا مخفف ڈی او (مذکر) ڈیمی آفیشل کا مخفف ڈی۔ پی۔ اتیچ (مذکر) ڈائرکٹر آف پبلک ہلتھ کا مخفف ڈی۔ ٹی۔ ایس (مذکر) ڈسٹرکٹ ٹریفک سپرنٹنڈنٹ کا مخفف ڈی ڈی (مذکر) ڈاکٹر آف ڈوینٹی کا مخفف ڈی سی (مذکر) ڈپٹی کمشنر کا مخفف ڈی۔ سی۔ ایل (مذکر) ڈاکٹر آف سول لا کا مخفف۔

ڈے (ت۔ مذکر) ۱ الجیریا کے گورنر کا خطاب ترکوں کے زمانے میں ۲ جانثاروں کے سردار کا خطاب ۳ بعض وقت طرابلس کے حاکم کو بھی کہتے تھے۔

ڈِیپارٹمنٹ (انگ۔ مذکر) محکمہ۔

ڈِیٹھ (ہ۔ مونث) نظر۔ نگاہ۔ چتون۔ آنکھ۔ درشٹ ڈیٹھ بند (صفت) ۱ نظربندی کرنے والا ۲ جادوگر۔ ساحر۔ ڈیٹھ بند ڈیٹھ بندی (مونث) ڈٹھ بندی۔ سحر۔ جادو ۲ نظربندی کرنا ہونا کیساتھ)۔

ڈیڈ (انگ۔ صفت) مرا ہوا۔ مردہ ڈیڈ لیٹر آفس (مذکر) محکمہ ڈاک کا وہ دفتر جس میں لاوارث چٹھیاں تلف کر دی جاتی ہیں۔ یا لکھنے والے کا پتہ کھلنے پر لگ جائے تو اُس کو واپس کر دی جاتی ہیں۔

ڈِیڈ (انگ۔ مذکر) دستاویز۔ وثیقہ۔

ڈیڈیکیٹ (انگ۔ متعدی) معنون کرنا۔ کتاب کو کسی کے نام پر نامزد کرنا ڈیڈیکیشن (مونث) نام نہادی۔ کتاب کو کسی کے نام پر معنون کرنا۔

ڈِیَر (انگ۔ صفت) پیارا محبوب۔ معشوق ڈیر سر (مذکر)۔ میڈم (مونث) القاب برابر والے اور چھوٹے کو لکھتے ہیں۔

ڈیرا (ہ۔ مذکر) ۱ خیمہ۔ تنبو ۲ گھر۔ مکان ۳ عارضی مکان یا قیام گاہ ۴ چھوٹا مکان جو بڑی حویلیوں کے ساتھ علیحدہ بنا لیتے ہیں ۵ رہائش۔ قیام ڈیرا پڑنا۔ (لازم) ڈالنا (متعدی) قیام کرنا۔ ٹھہر جانا۔ ڈیرا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) اترنا ٹھہرنا۔ ڈیرا کھڑا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) خیمہ لگنا ڈیرے (مذکر) جمع ڈیرا کی ڈیرے پڑنا (لازم) ۱ خیمے لگنا ۲ ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔

ڈیرے دار یا وال (صفت) ۱ خوشحال۔ (کسبی) ۲ وہ جس کی رہائش مستقل ہو (کسبی)۔ ڈیرے ڈالنا (متعدی) قیام کرنا۔ ٹھہرنا۔

ڈیرہ (ہ۔ مذکر) دیکھو ڈیرا

ڈیری (انگ۔ مونث) ۱ وہ مکان یا کمرہ جہاں دودھ اور مکھن رکھا جائے یا بنایا جائے ڈیری فارم (مذکر) وہ زمین جس پر ڈیری کے مویشی پرورش کئے جائیں۔

ڈیر (ھ۔ مونث) ڈاڑھ ڈیر مارنا

ڈیریں مارنا (متعدی) ڈھاریں مارنا۔

ڈیڑھ (ہ) ڈیڑھ (ھ۔ صفت) ایک

اور آدھا ۔ (س ۔ ادھ ۔ ادھا ۔ دوی ۔ تی ۔

ڈیڑھ انچھر (مذکر) جادو کے بول (پڑھانا ۔ پڑھنا کے ساتھ) **ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانا** یا چاننا (متعدی) سب سے الگ رائے قائم کرنا یا کام کرنا ۔ تنفق الرائے نہ ہونا **ڈیڑھ پایا پاؤ** (مذکر) چھ چھٹانک **ڈیڑھ پوا** (مذکر) ڈیڑھ پاؤ کا وزن **ڈیڑھ پہر کی توپ** (مونث) شاہی زمانے میں ڈیڑھ پہر گذرنے پر شب کو توپ چلا کرتی تھی (چلنا کے ساتھ) **ڈیڑھ چاول** (صفت) تھوڑا سا (مانعات کے واسطے) **ڈیڑھ چلو پانی** (مذکر) کنایۃً تھوڑی سی شراب **ڈیڑھ چلو لہو پینا** (متعدی) عورتیں غصے کی حالت میں یہ الفاظ کہتی ہیں ۔ پرانے زمانے میں دستور تھا کہ دشمن کو قتل کرکے ۔ چلو لہو پیتے تھے ۔ **ڈیڑھ حاشیہ** (مذکر) ایک قسم کی زردوزی یا کشیدہ جو ۔ کناروں پر ہوتا ہے اور دو پر کم ۔ **ڈیڑھ شیہ کی جوتی** (مونث) وہ جوتی جس کے پٹ کا ۔ ۔ ۔ کا مدار ہوتا ہے ۔ **ڈیڑھ سو** (صفت) ایک سو پچاس ۔ ۱۵۰ ۔ ماسہ ۔ **ڈیڑھ سیر** (مذکر) ایک سیر اور آٹھ چھٹانک ۔ **ڈیڑھ گت** (مونث) ایک قسم کا ناچ **ڈیڑھ گرہ** (مونث) ۱ ۔ ۳ ۱/۲ انچ ۲ وہ گرہ جو آسانی سے کھل جائے جیسے عموماً بوٹ کے فیتوں کو دیتے ہیں جب ایک طرف فیتے کی چھوٹی ۔ ۔ **ڈیڑھ گز** ۔ ۔ ایک گز اور ۸ گرہ **ڈیڑھ گز کی بان** (صفت) بانداز لڑکیوں کے لئے عموماً استعمال ہوتا ہے ۔

امثال و اقوال ۔ ڈیڑھ لکا ٹن

میاں باغ بیں ۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو امارت کا دکھاوا کرتا ہے اور حقیقت میں معمولی حیثیت کا ہوتا ہے ۔ **ڈیڑھ پاؤ آٹا پل پر رسوئی** ۔ **ڈیڑھ پاؤ چون چوبارے رسوئی** ۔ **ڈیڑھ پاؤ چون نو بیگاری** ۔ راہ میں ڈر بھی ہے ۔ معمولی کام کیلئے بڑا انتظام ۔ **ڈیڑھ چاول اپنے جدا ہی پکاتے ہیں** ۔ سب سے علیحدہ رائے قائم کرتے یا کام کرتے ہیں ۔

ڈیزی (انگ ۔ مونث) ۱ ایک پھولدار پودا ۲ سفید یا گلابی پھول جو اس پودے میں لگتا ہے ۳ عورتوں کا ایک نام ۔

ڈیس (انگ ۔ مذکر) ۱ چبوترہ پلیٹ فارم ۲ وہ جگہ جہاں تمار باز کھیلوں کے ذریعے جوا کھیلتے ہیں ۔

ڈیسک (انگ ۔ مونث) ایک قسم کی چھوٹی خانہ دار ڈھلوان میز جس پر کاغذ رکھ کر لکھتے ہیں ۔

ڈیک (ہ ۔ مذکر) آگ کا بڑا اونچا شعلہ ۔

ڈیگ (ہ ۔ مذکر) ۱ قدم ۔ ڈگ ۲ (ہند) دیکھو ڈیک ۔

ڈیل (ہ ۔ مذکر) ۱ جسم ۔ جثہ ۔ قد ۔ کاٹھی ۔ قامت ۲ شکل ۔ صورت مثلاً بہت ۳ جسامت ۴ پاؤں کا گٹا ۔ گوکھرو ۔ **ڈیل ڈول** (مذکر) قد و قامت ۔ جسامت ۔ قد و قامت کا انداز ۔

مثل ۔ **ڈیل ڈول گنبد آواز درپھش** ۔ دیکھنے میں بہت لمبا چوڑا ۔ آواز بہت باریک ۔

ڈیلا (ہ ۔ مذکر) پاؤں کا گٹا ۔ گوکھرو ۔

ڈیلا (ہ ۔ مذکر) ۱ ڈھیلا ۲ ایک قسم کا گھاس ۔

ڈیلا (ہ ۔ مذکر) ۱ آنکھ کا ڈھیلا ۲ کریل کا پھل ۔

ڈیلیگیٹ (انگ ۔ مذکر) سفیر ۔ ایلچی ۔ قاصد ۔

ڈیلیوری (انگ ۔ مونث) ۱ تقسیم خطوط ۲ وضع حمل ۔

ڈیم (انگ ۔ مذکر) بند پشتہ ۔

ڈیم (انگ ۔ متعدی) ۱ لعنت بھیجنا ۲ (مونث) ماں جانوروں میں ۳ بند اعلٰی کے آخر میں این آتا ہے جو بولتا نہیں) **ڈیم فول** (مذکر) سخت احمق یا بیوقوف ۔ ایک گالی جو انگریز عموماً نکالتے ہیں ۔

ڈیمرج (انگ ۔ مذکر) ریل یا جہاز سے وقت مقررہ کے بعد مال لیجانے کا جرمانہ ۔

ڈیمرا (ہ ۔ مذکر) اندرونی پھوڑا ۔

ڈیمی (انگ ۔ صفت) نصف آدھا ۔

ڈیمی آفیشل (صفت) ۱ نیم سرکاری ۲ (مونث) ایسی چٹھی جو ایک افسر دوسرے افسر کو کسی سرکاری معاملے کے متعلق نجی کے طور پر لکھتا ہے ۔

ڈین (ہ ۔ مذکر) پرندے کا پر ۔

ڈینا (مذکر) ۱ پر ۔ پرندے کا بازو ۲ شاخ ۔ ٹہنی ۔

ڈین (س ۔ مذکر) ۱ پرواز ۔ اڑنا ۲ ڈولی ۔ پالکی ۔

ڈینا (ہ ۔ مذکر) لکڑی جو شریر گائے بیل کے گلے میں باندھ دیتے ہیں ۔

ڈینٹھ (ہ ۔ مذکر) دیکھو ڈنٹھ یا ڈنٹھا ۔

ڈینگ (ہ ۔ مونث) شیخی ۔ لن ترانی ۔ لاف و گزاف ۔ تعلی ۔ دون ۔ ہانک ۔ بڑائی ۲ غرور ۔ **ڈینگ کی اڑانا ۔ لینا ۔ مارنا یا ہانکنا** (متعدی) اترانا ۔ غرور کرنا ۲ شیخی مارنا ۔ دون کی لینا ۔ **ڈینگ مار** (ہ) **ڈینگیا** (صفت) شیخی مارنے والا ۔

ڈینگی ۔ ڈینگی (ہ ۔ مونث) ۱ ڈونگا ۔ چھوٹی کشتی ۲ چھوٹا جہاز جو تجارت کے لئے ساحل پر استعمال ہوتا ہے ۔ **ڈینگی والا** (صفت) کشتی چلانے والا ۲ (مذکر) ملاح ۔

ڈینی (ہ ۔ صفت) بدقسمت ۔ بدشگون ۔ منحوس ۔ **ڈینی انگلی** (مونث) درمیانی انگلی ۔

ڈیوٹ (ہ ۔ مذکر) پرانے فیشن کا چوبی چراغدان ۲ (صفت) بیوقوف (رخت) ۔

ڈیوٹی (انگ ۔ مونث) ۱ فرض منصبی ۔ نوکری ۔ کام ۲ خدمت ۳ محصول چنگی ۔

ڈیوڑھ (ہ ۔ صفت) ۱ ڈیڑھ یا ڈیوڑھا کا مخفف ۲ (مونث) مستزاد ۔

ڈیوڑھا (ہ ۔ صفت) ۱ ایک اور آدھا ۲ نصف حصہ زیادہ ۳ (مذکر) پچاس فیصدی سود اجناس میں ۔ اگر بیج کیلئے ایک من دیا جائے تو ۱ ۱/۲ من لیا جاتا ہے ۴ ریل کا درمیانہ درجہ (س ۔ ادھ ۔ آدھا ۔ دوی تیک) **ڈیوڑھا درجہ** (مذکر) ریل کا وہ درجہ

جس میں تیسرے درجے کی نسبت ڈیوڑھا کرایہ لیا جاتا ہے۔ **ڈیوڑھا کرنا** (متعدی) حساب بند کرنا۔ اگلے زمانے میں دستور تھا کہ جب سود ڈیوڑھا ہوجاتا تو مزید سود نہیں دلایا جاتا تھا **ڈیوڑھانا** (ھ) ڈیوڑھا لینا۔ **ڈیوڑھی** (مونث) ڈیوڑھا کی۔

ڈیوڑھی (ھ۔ مونث) ۱۔ دہلیز آستانہ۔ درگاہ ۲۔ وہ حصہ مکان کا جس میں بیرونی دروازہ کھلتا ہو ۳۔ باریابی۔ آمدرفت۔ امیروں کے گھر (س دہلی) **ڈیوڑھی بند ہونا** (لازم) امیروں کے گھر آمدورفت بند ہونا۔

ڈیوڑھی دار (مذکر) دربان **ڈیوڑھی دارنی** (مونث) دربان عورت **ڈیوڑھی داری** (مونث) دربانی **ڈیوڑھی وان** (ھ۔ مذکر) ڈیوڑھی دار۔

ڈیوڑی (ھ۔ مونث) ڈیوڑھی۔

ڈیوک (انگ۔ مذکر) انگلستان میں سب سے بڑے درجے کے امیر کا خطاب۔ روس جرمنی اور آسٹریا میں آرچ ڈیوک ہوتا تھا۔ جب سے شہنشاہیت ختم ہوئی۔ یہ خطاب بھی جاتے رہے۔

ڈیولا (ھ۔ مذکر) ۱۔ ٹیلہ۔ تودہ ۲۔ اونچی زمین۔ سطح مرتفع۔

ڈیوئل (انگ۔ مذکر) دو عاشقوں رقیبوں یا مخالفوں کے درمیان جنگ۔ اب قانوناً بند ہے۔

ڈیہہ (ہ۔ مذکر) بلند جگہ جو گاؤں کے اجڑ جانے کے بعد مکانات کے گر جانے سے ہو جاتی ہے۔ تصغیر **ڈیہا** (ھ) مٹی کا تودہ۔ انبار۔ بند۔

ڈیہری (ھ۔ مونث) دلدلی زمین۔

ڈیہڑ (ھ۔ مونث) بندوقوں کی باڑھ۔

ذ

ذ (ع۔ مذکر) تلفظ ذال ۱ اردو زبان کا تیرھواں اور عربی کا نواں اور فارسی کا گیارہواں حرف ہے ۲ ہندی اور سنسکرت میں نہیں ہے ۳ فارسی میں چند الفاظ کے شروع میں آتا ہے ۴ مگر درمیان یا آخر میں حرف علت کے بعد دال فارسی کی بجائے آتا ہے ۵ اصل عربی الفاظ میں ہے نہیں ہے ۶ اسے ذال معجمہ یا منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ ۷ عربی میں ذوالحج کے مہینے کو ظاہر کرتا ہے ۸ حساب ابجد میں اس کے سات سو عدد فرض کئے گئے ہیں۔

ذا (ع۔ ضمیر) ۱ وہ۔ یہ ۲ (لف) کا مالک۔ والا۔ **ذا اربع اضلاع** (مذکر) چاروں ضلعوں والا۔ مربع۔

ذابح (ع۔ صفت) ذبح کرنے والا۔ قربانی کرنے والا۔

ذابر (ع۔ صفت) عالم۔ فاضل

ذات (ع۔ مونث) ذو کا ۱ حقیقت۔ اصلیت۔ ماہیت۔ مادہ۔ روح ۲ بدن۔ شخصیت ۳ وجہ۔ دم ۴ قسم۔ نوع ۵ عزت آبرو ۶ حیثیت۔ وقعت ۷ قوم معنی نمبر ۴ و ۵ میں غالباً سنسکرت لفظ جاتی سے تعلق رکھتا ہے ۸ اسم کی ایک قسم دیکھو اسم ذات ۹ مالک۔ قابض۔ **ذات البین** (مذکر) دوستی۔ اتفاق **ذات الجنب** (مذکر) ایک بیماری جس سے پھیپھڑوں میں پانی پڑ جاتا ہے۔ پسلی کا درد **ذات الرقاع** (مذکر) رقاع جمع رقعہ کی ایک قسم کا استخارہ۔ کاغذ کے پرزوں پر افعل و لاتفعل لکھ کر جانماز کے نیچے رکھ دیتے ہیں۔ اور بعد نماز کے ایک پرزہ اٹھاتے ہیں۔ اگر افعل نکل آئے تو اجازت سمجھتے ہیں۔ **ذات الریت** (مذکر) پھیپھڑوں کا سوج جانا **ذات الصدر** (مذکر) سینے کا درد۔ سینے کا ورم۔ **ذات اوکتنا** (متعدی) اصل نسل بیان کرنا۔ **ذات باہر** (صفت) ذات سے نکالا ہوا۔ **ذات بزرگ** (مونث) دیکھو ذات شریف۔ **ذات پات** (مذکر) پات تابع مہمل ہے۔ قوم۔ قبیلہ۔ ذات۔ **ذات پر جانا** (لازم) کمینے کے متعلق کہتے ہیں۔ کمینہ ہونے کی وجہ سے سرزد ہونا۔ **ذات پوچھنا** (متعدی) ذات دریافت کرنا۔ **ذات جانا** (ھ) ذات کا خراب ہو جانا۔ ذات سے نکالا جانا۔ **ذات جماعت یا ذمات** (مونث) ذات پات (دہلی) **ذات دینا** (ھ) ۱ کسی کے ساتھ کھا پی کر ذات کو خراب کرنا ۲ کسی کو ذات میں شامل کرنا۔ **ذات رات** (مونث) حسب و نسب۔ **ذات سے** (ق) وجہ سے۔ دم سے۔ **ذات سے گرا ہُوا** (صفت) ذات سے خارج۔ برادری سے نکالا ہُوا۔ **ذات سے نکالدینا یا نکالنا** (متعدی) برادری سے خارج کر دینا۔ حقہ پانی بند کر دینا۔ **ذات شریف** (صفت) چالاک۔ مفسد۔ شرارتی۔ استاد۔ **ذات لینا یا مارنا** (ھ) ذات خراب کر دینا۔ کھانے کی چیز کو چھو کر۔ **ذات فائض البرکات** (مونث) برکتیں پہنچانے والی ہستی۔ **ذات میں بٹا (دھبا) لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) نسل میں عیب پیدا ہو جانا۔ **ذات میں ملانا** (متعدی) **ملنا** (لازم) برادری میں شامل ہونا۔ **ذات نام** (ھ) اسم نکرہ۔ **ذاتو نیا** (صفت۔ عو) عجیب **ذات ہمایوں** (مذکر) بادشاہ سلامت۔ بادشاہ کا بدن۔ **ذاتی** (صفت) ۱ اصلی۔ حقیقی ۲ شخصی۔ اپنا۔ نج کا۔ **ذاتی تعلق** (مذکر) نج کا تعلق۔ **ذاتی جوہر** (مذکر) وہ خوبی جو کسی شخص میں قدرتی طور پر ہو۔ **ذاتی طور پر** (ق) اپنے علم سے۔ اپنے طور پر۔ **ذاتیلا** (ھ) ذاتی۔

امثال واقوال۔

ذات پات (رہانت یا ذمات) نہ پوچھے کوے جینو پہن کے باہمن ہوئے۔ آج کل ایسا زمانہ ہے کہ ظاہری حالت کی قدر ہوتی ہے ذات وغیرہ کو کوئی نہیں پوچھتا جنیو پہن لیا اور برہمن بن گئے۔ **ذات پات (رہانت) نہ پوچھے کوئے کرتی پہنی تلنگیا ہوئے۔** دیکھو آخری۔ **ذات پات (رہانت ذمات) نہ پوچھے کوئے ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے۔** جو شخص کوشش اور محنت کرتا ہے وہی مقبول ہوتا ہے۔ ذات کو کوئی نہیں پوچھتا۔ **ذات پڑی کھُود (گوہ) میں روٹی پڑی مُنہ میں** اس کے متعلق کہتے ہیں جو روپے کے لئے ذلیل کام کرے۔ **ذات خدا کی بے عیب ہے** ۔ خدا میں کوئی نقص نہیں۔ انسان بے عیب کبھی نہیں ہو سکتا۔ **ذات کا بیری ذات کا کاٹھ کا بیری کاٹھ۔** اپنے رشتے انسان کے زیادہ دشمن ہوتے ہیں جسطرح اگر کسی لوہے کے اوزار کے ساتھ لکڑی کا دستہ وغیرہ نہ لگایا جائے تو وہ کاٹتا نہیں۔ **ذات کے بلائے برابر بیٹھے کم ذات بلائے نیچے بیٹھے۔ ذات کے بلیا برابر بٹھیا۔ کم ذات کے بلیا نیچے بٹھیا** (پوربی) اپنے برابر کے آدمیوں کی عزت کرنی چاہئے۔ کم ذاتوں کو نیچے بیٹھنا چاہئے۔ **ذات کی بیٹی ذات (میں) ہی جاتی ہے۔** شریف کی شادی شریف کے ساتھ ہوتی ہے۔ شریفوں میں آپس میں تعلقات اچھے ہوتے ہیں۔ **ذات گنوائی پیٹ نہ بھرا۔** بعض لوگ لالچ کی وجہ سے مذہب تبدیل کرتے ہیں۔ ان کے متعلق کہا جاتا ہے۔ **ذات مدھپے معلوم ہوئے۔** نشے میں انسان کی اصلیت کھلتی ہے۔ **ذات میں ترک باجے میں مرُدنگ** مسلمان اور باجہ بہت شور مچاتے ہیں۔

ذاکر (ع۔ صفت) ۱ ذکر کرنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص شیعوں میں جو منبر پر بیٹھ کر اہل بیت کے مصائب بیان کرتا ہے (ذکر۔ ذکر کرنا)۔

ذال (ع۔ مذکر) حرف ذ کا نام۔

ذالنون (ع۔ مذکر) مچھلی کا مالک۔ حضرت یونس کا لقب۔

ذاہب (ع۔ صفت) جانیوالا (ذہب۔ جانا)۔

ذائق (ع۔ صفت) چکھنے والا۔

ذائقہ (مذکر) ۱ چکھنے کی قوت۔ ایک حس جو زبان میں ہے ۲ مزہ۔ لذت ۳ لطف۔ چسکا۔ **ذائقہ پڑنا** (لازم) چسکا پڑنا۔ **ذائقہ تلخیٔ مرگ چکھانا** (متعدی)

چکھنا (لازمی) مزہ جانا۔ **ذائقہ چکھانا** (متعدی) **چکھنا** (متعدی) ۱ مزہ چکھنا ۲ سزا ملنا **ذائقہ دار** (صفت) مزیدار۔ لذیذ۔ **ذائقہ شناس** (صفت) وہ جو اچھے مزے کے شناخت کرنے میں ماہر ہو۔ **ذائقہ لینا** (متعدی) مزا لینا۔ لطف اٹھانا۔

ذُباب (ع۔ مذکر) مکھی۔

ذِبح (ع۔ مذکر) ۱ شرعی طور پر حلال کرنا ۲ گلا کاٹنا۔ **ذبح کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ شرعی طور پر حلال ہونا ۲ قتل ہونا ۳ سخت نقصان پہنچنا۔

ذُبیان (ع۔ مذکر) ۱ ایک عرب قبیلہ جو مدینہ کے جنوب میں آباد تھا۔

ذَبیح (ع۔ صفت) ۱ ذبح کیا ہوا۔ قتل کیا ہوا ۲ (مذکر) وہ جانور جو قربانی کے لئے منتخب کیا جائے ۳ حضرت اسمٰعیل کا لقب (ذبح۔ گلا کاٹنا)۔ **ذبیحُ اللّٰہ** (مذکر) دیکھو ذبیح ۳۔ **ذبیحہ** (مذکر) قربانی کا جانور۔ شرعی طور پر ذبح کیا ہوا جانور۔ **ذبیحین** (مذکر تثنیہ) دو ذبیح حضرت اسمٰعیل اور عبداللہ والد پیغمبر صلعم سے مراد ہوتی ہے۔

ذَخّار (ع۔ صفت) دیکھو زخار۔

ذخائر (ع۔ مذکر) ذخیرہ کی جمع۔

ذخیرہ (ع۔ مذکر) ۱ خزانہ ۲ گودام ۳ پونجی۔ جمع شدہ (کوئی چیز جمع کرنا) **ذخیرہ خانہ** (مذکر) اناج کا گودام۔ **ذخیرہ کر رکھنا** (متعدی) جمع کرنا سنبھال کر رکھنا۔ **ذخیرہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ جمع ہونا ۲ گودام میں رکھا جانا ۳ پونجی ہونا۔

ذَرا (ع۔ مذکر) ۱ تھوڑا وقت ۲ چھوٹا سا معاملہ ۳ (صفت) تھوڑا۔ بہت کم ۴ (تف) بالکل ۵ تھوڑی دیر کے لئے ۶ مہربانی کر کے (ذَرّ۔ چھڑکنا) **ذرا اس کے کلیجے کو تو دیکھو**۔ اس کی ڈھٹائی یا دلیری کا ملاحظہ کرو کس قدر ڈھیٹ ہے۔ **ذرا اونچ نیچ نہیں** کمی بیشی بالکل نہیں ٹھیک ہے۔ **ذرا بات کی بات ٹھیرو**۔ تھوڑی دیر صبر کرو۔ **ذرا جیتا ہے**۔ کچھ بچتی ہے۔ **ذرا چھاتی کے کواڑ کھول کر دیکھو**۔ ذرا غور کرو۔ سوچو۔ **ذرا خشکا کھاؤ**۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔ **ذرا خیالات کو اونچے کرو** حوصلہ بڑھاؤ۔ خوب سوچو۔ **ذرا دم باقی ہے**۔ تھوڑا کام باقی ہے **ذرا ذرا** (تف) ۱ تھوڑا تھوڑا ۲ کل۔ تمام۔ **ذرا ذرا کر کے** (تف) ۱ تھوڑا تھوڑا کر کے۔ آہستہ آہستہ ۲ کل۔ تمام **ذرا سا** (صفت) چھوٹا۔ تھوڑا سا۔ **ذرا سا منہ نکل آیا**۔ بیماری گھبراہٹ یا خوف سے چہرہ اتر گیا۔ **ذرا سی آبرو ہے**۔ تم ان کے مقابلے کے نہیں ہو۔ **ذرا سی بات ہے**۔ معمولی کام ہے۔ آسان کام ہے۔ **ذرا سی جان** (صفت) چھوٹا سا۔ **ذرا سینک کر بجائیے گا** ۱ سوچ سمجھ کر کام کیجئے گا ۲ مذاقاً کوئی پادے تو کہتے ہیں۔ **ذرا ظہور** (صفت) تھوڑا۔ کچھ۔ کسی قدر۔ **ذرا عقل کے ناخن لو**۔ سمجھ کے بات کرو۔ بیوقوفی نہ کرو۔ **ذرا کی ذرا** (تف) تھوڑی دیر کے لئے۔ **ذرا کی ذرا میں** (تف) تھوڑی دیر میں۔ **ذرا منہ دھو رکھو**۔ ایسی بات کی امید نہ رکھو۔ **ذرا منہ (سنبھال کے) سنبھالو**۔ جب کوئی شخص بدزبانی کرتا ہو تو اسے بطور دھمکی کے کہتے ہیں۔ **ذرا میں** (تف) تھوڑی سی دیر میں۔ **ذرا ہوش میں آؤ**۔ سوچ سمجھ کے باتیں کرو۔ عقل کے ناخن لو۔ **ذری** (مونث) بعض جگہ ذرا کی بجائے استعمال ہوتا تھا۔ جیسے ذری ظہور۔ ذری کی ذری (مت) **ذرے ذرے میں** (تف) ہر چیز میں۔ ہر حصے میں (ہونا کے ساتھ)۔

امثال و اقوال۔ ذرا جیا تو کیا جیا۔ دیکھو تنک جیا الخ۔ **ذرا چھری تلے دم لے**۔ کچھ ٹھہر جلدی مت کر۔ **ذرا دانت تلے زبان دے**۔ ٹھہر تامل کر۔ **ذرا ذرا سا کر لیا اور اپنا پلہ بھر لیا**۔ تھوڑا تھوڑا کر کے بہت سا لے لینا چاہئے۔ **ذرا سا کھاوے بہت بتاوے وہ ہے بہو سگھڑیلی۔ بہت کھاوے کم بتلاوے وہ بہو ڈہگویلی**۔ جو بہو تھوڑا کھا کر زیادہ ظاہر کرے بہت اچھی ہے اور جو بہت کھا کر تھوڑا ظاہر کرے بہت خراب ہے **ذرا سا منہ بڑا پیٹ**۔ لالچی حریص یا بہت کھانے والے بچے کی نسبت کہتے ہیں۔ **ذرا سا منہ بڑی باتیں**۔ چھوٹی عمر والا بڑے معاملات پر گفتگو کرے تو کہتے ہیں۔ **ذرا نہ ظہور بات میری بات بھر پور**۔ پاس کچھ نہیں ہے شیخی آتی۔

ذَرّات (ع۔ مذکر) جمع ذرہ کی۔

ذَرارہ (ع۔ مذکر) کسی پستی یا کٹتی ہوئی چیز کے ذرے جو اڑیں۔

ذَراری (ع۔ مونث) ذریت کی جمع اولاد۔ نسل تخم۔

ذِراع (ع۔ مذکر) ۱ بازو درمیانی انگلی کے سرے سے کہنی تک ۲ ایک ہاتھ۔ ایک گز ۳ گھوڑے کی اگلی ٹانگ ٹخنے سے اوپر ۴ نشان جو اونٹ کی ٹانگ پر لگائیں ۵ نیزے کا حصہ سرے سے لیکر درمیان تک ۶ ساتواں نچھتر ۷ دوستارے ج جوزہ کے سر پر (ذرع۔ ہاتھ پھیلانا)۔

ذَرّہ (ع۔ مذکر) ۱ مادے کا نہایت چھوٹا ٹکڑا۔ ریزہ ۲ وہ مادے کے اجزا جو سورج کی کرن میں نظر آتے ہیں ۳ وہ جز جو قابل تقسیم نہ ہو۔ ایٹم ۴ ریت کا جز جو چمکتا ہے ۵ (صفت) تھوڑا۔ قلیل (ذرّ۔ چھڑکنا)، **ذرہ بھر** (صفت) تھوڑا سا۔ ذرا سا **ذرۂ بے مقدار** (صفت) بیو تعت **ذرہ پرور** (صفت) ناچیز کی قدر کرنے والا۔ **ذرہ ذرّہ** (تف) تفصیل کے ساتھ **ذرہ صفت یا وَر** (صفت) ۱ ذرے کی طرح۔ چھوٹا سا ۲ بیو تعت۔ ناچیز **ذری** (مونث) ذرہ کی تصغیر **ذرے** (مذکر) ذرہ کی جمع۔ **ذرے بھر کی چیز** (مونث) چھوٹی سی چیز۔ **ذرے کو آفتاب بنانا** (متعدی) ناچیز کو اعلےٰ مرتبے پر پہنچانا۔

مثل۔ ذرہ را با خورشید چہ نسبت۔ ذرے کا سورج سے کیا مقابلہ۔ دو شخصوں یا چیزوں کے درمیان بہت فرق ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

ذُرّیت (ع۔ مونث) اولاد۔ نسل۔ تخم (ذرّ۔ چھڑکنا)۔

ذَریح (ع۔ مذکر) ۱ جمع ذراح ۲ ایک مشہور اونٹ سانڈ کا نام ۳ ایک قوم کے جد اعلیٰ کا نام۔

ذَریعہ (ع۔ مذکر) ۱ وسیلہ۔ وساطت ۲ طفیل۔ معرفت ۳ موقع۔ پہنچنے کا طریقہ۔ (ذرع۔ بازو پھیلانا) **ذریعہ بنانا** (متعدی)

بننا (لازم) وسیلہ ہونا **ذریعہ پیدا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) طریقہ نکل آنا۔ موقعہ ہونا۔ **ذریعہ رکھنا** (لازم) دلچسپی لینا **ذریعہ نکالنا** (متعدی) وسیلہ پیدا کرنا **ذریعہ ہونا** (لازم) وسیلہ ہونا **ذریعے** (سے) (اتف) معرفت۔ وسیلے سے۔ وساطت سے۔ وجہ سے۔

ذعاف (ع۔ مذکر) ۱۔ زہر قاتل ۲۔ مرنا (زعف۔ زہر دینا)۔

ذقن (ع۔ مذکر) ٹھوڑی۔

ذکاوت (ع۔ مونث) ذہن کی تیزی۔ ذہانت۔ تیزی طبع۔ تیز فہمی (ذکو۔ تیز ہونا)

ذکا (ع۔ مونث) دیکھو ذکاوت۔

ذکا (ع۔ مذکر) سورج۔ شمس۔ آفتاب (ذکو۔ دیکھنا)۔

ذکر (ع۔ مذکر) ۱۔ نر۔ مرد۔ پرش۔ مذکر۔ پند دیکھو ۲۔ آلۂ تناسل ۳۔ فولاد ۴۔ تلوار فولاد کی بنی ہوئی (ذکر۔ بیان کرنا)۔

ذکر (ع۔ مذکر) ۱۔ تذکرہ۔ چرچا ۲۔ یاد کرنا۔ بیان کرنا۔ زبان پر لانا ۳۔ خدا کی یاد زبان و دل سے سبحان اللہ۔ الحمد للہ لا الہ الا اللہ۔ اللہ اکبر۔ اللہ جل شانہٗ یا دوسرے الفاظ کہہ کر ۴۔ یاد۔ حافظہ ۵۔ یادگاری عرس ۶۔ قرآن شریف کی تلاوت ۷۔ قرآن شریف ۸۔ تعریف۔ شہرت۔ حمد ۹۔ خدا کا شکر بجا لانا ۱۰۔ دعا۔ نماز۔ (ذکر۔ بیان کرنا)۔

ذکر اَرّہ (مذکر) ایک قسم کا صوفیوں کا ذکر جس میں حق حق کی آواز حلق سے نکالی جاتی ہے۔

ذکر آنا (لازم) گفتگو ہونا۔ تذکرہ ہونا **ذکر بالخیر ذکر جمیل یا خیر** (مذکر) کسی کے متعلق اچھی بات کہنا۔ کسی کا تذکرہ جو نیک بات سے کیا جائے۔ **ذکر چلنا** (لازم) تذکرہ ہونا **ذکر چھیڑنا** (متعدی) **چھڑنا** (لازم) بات چیت ہونا۔ کسی بات کی ابتدا ہونا۔ **ذکر حبیب** (مذکر) معشوق کی باتیں۔ معشوق کا تذکرہ **ذکر حق** (خدا (مذکر) دیکھو ذکر ۳۔ **ذکر خواں** (مذکر) خدا کا ذکر کرنے والا **ذکر خیر** (مذکر) دیکھو ذکر بالخیر **ذکر کرنا** (متعدی) ۱۔ تذکرہ کرنا ۲۔ یاد الٰہی کرنا **ذکر نکلنا یا ہونا** (لازم) تذکرہ ہونا۔

مثل۔ ذکر العیش نصف العیش۔ عیش و عشرت کے تذکرے سے بھی بہت سا لطف حاصل ہوتا ہے۔

ذکور (ع۔ مذکر) ذکر کی جمع۔

ذکی (ع۔ صفت) تیز فہم۔ ذہین ہوشیار۔ زیرک۔ زود فہم (ذکی۔ ہوشیار ہونا)

ذل (ع۔ مذکر) ۱۔ آسانی سہولت ۲۔ اطاعت۔ فرمانبرداری۔

ذل (ع۔ مونث) کمینہ پن۔ رذالت۔

ذلال (ع۔ مذکر) جمع ذلیل کی۔

ذلالت (ع۔ مونث) ۱۔ ذلت۔ رسوائی۔ خواری ۲۔ ہتک۔ توہین ۳۔ کمینہ پن۔ رذالت ۴۔ حقارت ۵۔ ذلیل کرنا۔ خوار کرنا۔

ذلام (ع۔ مذکر) پیٹ کا درد۔ درد شکم۔

ذلت (ع۔ مونث) دیکھو ذلالت ۱ تا ۵ (ذل کمینہ ہونا)۔ **ذلت اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) خواری ہونا۔ شرمندگی ہونا۔ ذلت کی برداشت ہونا **ذلت چھانا** (لازم) نحوست یا نکبت برسنا **ذلت دینا** (متعدی) شرمندہ کرنا خفیف کرنا **ذلت ہونا** (لازم) ۱۔ رسوائی ہونا ۲۔ ہتک ہونا ۳۔ حقارت ہونا ۴۔ شرمندگی ہونا **ذلت و رسوائی** (مونث) بے عزتی اور بدنامی (اٹھانا اٹھنا کے ساتھ)۔

ذلق (ع۔ مذکر) ۱۔ تیز زبان۔ فصیح زبان ۲۔ تیز زبانی۔ لسانیت (ذلق۔ فصیح ہونا۔ تیز ہونا)۔

ذلل (ع۔ مذکر) دیکھو ذلت۔

ذلول (ع۔ صفت) ۱۔ حلیم سلیم الطبع ۲۔ تابعدار۔ فرمانبردار (ذل۔ آسان ہونا)۔

ذلیل (ع۔ صفت) ۱۔ خوار خستہ ۲۔ رسوا۔ بدنام ۳۔ کمینہ۔ رذیل۔ پاجی۔ سفلہ (ذل۔ کمینہ ہونا) **ذلیل النفس** (صفت) ۱۔ کمینی طبیعت کا۔ رذیل۔ کمینہ ۲۔ حکم بردار۔ مطیع۔ تابع۔ **ذلیل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱۔ رسوا ہونا۔ خفیف ہونا۔ ذلیل ہونا۔ ۲۔ شرمندہ ہونا۔

ذم (ع۔ مونث) مذمت۔ ہجو۔ برائی (ذم۔ الزام دینا) **ذم کا پہلو نکلنا۔** (لازم) برائی یا مذمت کی صورت ہونا **ذم کرنا** (متعدی) ہجو کرنا۔ حقارت کرنا۔

ذمار (عرب) جنوب میں ایک علاقہ ایک قصبہ۔

ذمائم (ع۔ مذکر) ذمیمہ کی جمع۔

ذمہ (ع۔ مذکر) ۱۔ ضمانت۔ کفالت۔ ضامنی ۲۔ عہد۔ پیمان ۳۔ سپردگی تحویل امانت ۴۔ جوابدہی۔ مواخذہ۔ بار ۵۔ فرض۔ نوکری ۶۔ وفاداری ۷۔ تعلق۔ متعلق۔ ذات پر ۸۔ قبضے میں (ذم۔ الزام دینا) **ذمہ دار** (صفت) ۱۔ ضامن۔ کفیل ۲۔ جوابدہ **ذمہ داری** (مونث) ۱۔ ضمانت۔ کفالت ۲۔ جوابدہی **ذمہ کرنا** (متعدی) ۱۔ سپرد کرنا۔ تحویل میں دینا ۲۔ ذمہ لینا **ذمہ لینا** (متعدی) ۱۔ اپنے اوپر لینا ۲۔ تحویل میں لینا ۳۔ ضامن ہونا **ذمہ وار** (صفت) ذمہ دار **ذمہ واری** (مونث) دیکھو ذمہ دار (لینا کے ساتھ) **ذمہ ہونا** (لازم) متعلق ہونا۔

ذمی (ع۔ مذکر) غیر مسلم جو اسلامی سلطنت میں رہے اور جزیہ ادا کرے۔

ذمیمہ (ع۔ صفت) برا۔ خراب۔

ذنب (ع۔ مذکر) گناہ۔ پاپ۔ قصور۔ جرم۔ برا کام (ذنب۔ سراغ کے پیچھے جانا)۔

ذنب (ع۔ مذکر) ۱۔ دم۔ پونچھ ۲۔ سرا ۳۔ آنکھ کا باہر کا سرا **ذنب الثعلب** (مذکر) ایک پودے کا نام **ذنب الخیل** (مذکر) ایک پودے کا نام **ذنب الفرس** (مذکر) ایک ستارے کا نام۔

ذنوب (ع۔ مذکر) جمع ذنب کی۔ گناہ۔

ذو (ع۔ مذکر) ۱۔ مالک۔ آقا۔ خداوند۔ صاحب ۲۔ (صفت) قبضے میں رکھنے والا۔ قابض۔ **ذو اربعۃ الاضلاع** (مذکر) چار پہلو کی شکل **ذو اضعاف** (مذکر) وہ رقم جو کئی عددوں پر تقسیم ہو جائے **ذو اضعاف اقل** (مذکر) وہ چھوٹے سے چھوٹا عدد جو کئی عددوں

پر تقسیم ہو جائے۔ **ذوالاحترام** (صفت) مرتبے والا **ذوالجلال** (صفت) صاحب جلال۔ مرتبے والا۔ دبدبے والا **ذوالجلال والاکرام** (صفت) بزرگی اور عزت والا۔ خدا کا صفاتی نام سورۂ الرحمٰن کے آخیر میں آتا ہے **ذوالجناح** (مذکر) پروں والا حضرت امام حسین کے گھوڑے کا نام **ذوالحال** (مو) بدمزاج۔ سخت دل **ذوالحج** (مذکر) مسلمانوں کا بارھواں مہینہ **ذوالخلصہ** (مذکر) عرب کا ایک بت **ذوالفقار** (مونث) فقار بمعنی پیٹھ کی ہڈیاں یہ ایک تلوار تھی جو العاص بن منبہ کی ملکیت تھی یہ جنگ بدر میں قتل ہوا۔ اور تلوار پیغمبر صلعم کے قبضے میں آئی۔ جنہوں نے حضرت علیؓ کو عطا کی چونکہ اس کی پشت پیٹھ کی ہڈیوں کی طرح سیدھی تھی۔ اس لئے یہ نام تھا۔ **ذوالقربا** (مذکر) رشتے دار **ذوالقرنین** (مذکر) دو قرنوں والا ایک بادشاہ جس کا ذکر قرآن شریف میں آتا ہے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہ سکندر تھا۔ مگر یہ غلط ہے۔ یہ ایک دیوار کا جو یاجوج ماجوج کے روکنے کے لئے بنائی گئی تھی بانی سمجھا جاتا ہے سب سے بڑی دیوار چین کی دیوار ہے۔ جو ایک چینی بادشاہ نے بنائی تھی۔ **ذوالقعد** (مذکر) مسلمانوں کا گیارہواں مہینہ **ذوالکفل** (مذکر) ۱ ایک پیغمبر کا نام ۲ ایک پیغمبر کے ایک صاحب کا نام **ذواللونین** (صفت) دو رنگا۔ **ذوالمنن۔ ذوالمنن** (صفت) بخشش اور احسان کرنے والا۔ خدا کی صفت ہے۔ **ذوالنون** (مذکر) صاحب مچھلی کا حضرت یونس کا لقب جو بقول مسلمانوں کے تین دن تک مچھلی کے پیٹ میں رہے ۲ ہسپانیہ کا ایک خاندان جو بربر سے آکر نویں صدی میں آباد ہوا تھا۔ **ذو الوجہتین** (صفت) دو معنوں والا۔ **ذوجسدین** (مذکر) دو بدنوں والا۔ ستارہ عطارد۔ **ذوذنب** (صفت) دم دار ۲ (مذکر) دمدار تارا۔ **ذوفنون** (صفت) ۱ وہ جو کئی فن جانتا ہو۔ عالم۔ فاضل ۲ (طنزاً) پرفن۔ چالاک۔ عیار۔ **ذو مثلثۃ الاضلاع** (صفت) ۱ تین پہلوؤں والا ۲ (مذکر) تکون مثلث **ذومعنی** (صفت) بامعنی۔ عموماً ذومعنین کی بجائے استعمال ہوتا ہے۔ **ذومعنی کہنا** (متعدی) ایسی بات کہنا جس میں کئی معنی نکلتے ہوں۔ **ذومعنین** (مذکر) ایسی بات جس کے کئی معنی ہوں۔ پہلودار بات۔

ذواق (ع۔ صفت) بہت چکھنے والا۔

ذوائب (ع۔ مذکر) ذنب کی جمع۔ دمیں۔

ذوسنطاریا (ع۔ مذکر) انگریزی لفظ ڈائی سنٹری کا مخفف پیچش۔

ذوق (ع۔ مذکر) ۱ مزا۔ لطف۔ حظ۔ ۲ شوق۔ خوشی۔ نشاط (ذوق۔ ذاق۔ چکھنا) **ذوق افزا یا فزا** (صفت) مزا بڑھانے والا۔ **ذوق بخش** (صفت) خوشی دینے والا۔ **ذوق پیما** (صفت) خوشی لوٹنے یا ماپنے والا۔ خوشی دینے والا۔ **ذوق چش** (صفت) مزا چکھنے والا حظ حاصل کرنے والا۔ **ذوق سرشت** (صفت) خوشی سے ملا ہوا۔ **ذوق سے** (تف) مزے سے۔ خوشی سے۔ شوق سے۔ **ذوق کہنا** (متعدی) شوق رکھنا۔ **ذوق (و) شوق** (مذکر) عیش و عشرت۔ خوشی۔ **ذوق و شوق سے** (تف) بڑی خوشی سے شوق سے۔ **ذوق ہونا** (لازم) شوق ہونا کسی بات میں خوشی ہونا۔

امثال و اقوال۔ ذوق چمن زخاطر بلبل نمی رود جس چیز کا کسی کو شوق ہو وہ دل سے نہیں جاتا۔ **ذوق چمن زخاطر صیاد میرود۔** ہر روز کی دید شوق کو مٹا دیتی ہے۔ **ذوق گل چیدن اگر داری بہ گلزارے برو۔** بغیر دوڑ دھوپ کے مقصد پورا نہیں ہوتا۔ **ذوق میں شوق نفع میں لڑکا دستوری میں بچہ۔** منت یا شوق کے کام میں کوئی فائدہ ہو جائے تو کھٹتے ہیں

ذولق (ع۔ مذکر) ۱ زبان کا سرا ۲ نیزے کی نوک۔ **ذولقیہ** (صفت) وہ حروف جو زبان کے سرے سے نکلیں۔ ل۔ ر۔ ن۔

ذوی (ع۔ مذکر) ذو کی جمع۔ سالکان۔ صاحبان۔ **ذوی الاحترام** (صفت) وہ جو بہت قابل عزت ہوں۔ **ذوی الارحام** (مذکر) وہ رشتے دار جو ماں بہن۔ بیوی یا لڑکیوں کی طرف سے منسوب ہوں اور ذوی الفرائض اور عصبہ نہ ہوں۔ **ذوی الاعتبار** (صفت) وہ جن پر بہت اعتبار ہو۔ معتبر۔ **ذوی الاقتدار** (صفت) طاقت والے۔ قوت والے۔ اختیار والے۔ **ذوی الاکرام** (صفت) وہ جن کی عزت کی جائے۔ معزز۔ **ذوی الفرائض** (مذکر) وہ وارثان شرعی جن کے حصے قرآن شریف میں مقرر ہیں۔ **ذوی القربیٰ** (مذکر) ۱ جدی رشتے دار ۲ ایک خاندان کے ہم جدی لوگ۔

ذہاب (ع۔ مذکر) ۱ جانا۔ روانگی۔ ۲ ہو سکنے والا ۳ ناکامیابی ۴ دل کی حرکت بند ہو جانا ۵ جاتے رہنا عقل کا۔

ذہانت (ع۔ مونث) ذہن کی تیزی۔ ہوشیاری۔ ذکاوت۔

ذہب (ع۔ مذکر) ۱ سونا ۲ انڈے کی زردی ۳ یمن کا ایک خشک چیزوں کا پیمانہ۔

ذہل (ع۔ مذکر) ۱ ایک درخت کا نام جسے بشام بھی کہتے ہیں ۲ ایک قبیلے کا نام۔

ذہن (ع۔ مذکر) ۱ حافظہ۔ یاد ۲ ادراک یا سمجھ کی قوت ۳ زیرکی۔ دانائی۔ سمجھ ۴ قابلیت ۵ ذکا (ذہن۔ ہشیار ہونا) **ذہن دقیق** (مذکر) نہایت اچھا ذہن۔ باریک باتوں کو پا جانے والا ذہن۔ **ذہن سے اتر جانا یا نکل جانا** (لازم) بھول جانا۔ **ذہن کند ہونا۔ ذہن کندی ہونا** (لازم) ۱ غبی ہونا ۲ جب کوئی موقع کی بات یاد آئے تو استعمال کرتے ہیں۔ **ذہن کھلنا** (لازم) عقل کا تیز ہونا۔ **ذہن لڑانا** (متعدی) سوچنا۔ غور کرنا۔ **ذہن لڑنا** (لازم) خیال کی رسائی ہونا۔ **ذہن منتقل ہونا** (لازم) کسی بات کی طرف خیال جانا۔ **ذہن میں بیٹھنا** (لازم) کسی بات کا سمجھ میں آ جانا۔ **ذہن نشین** (صفت) سمجھا ہوا۔ یاد رکھا ہوا۔ سمجھ میں آیا ہوا۔ **ذہن نشین کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ سمجھانا ۲ تشفی کر دینا۔ **ذہن نشین ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ سمجھ میں آنا ۲ یاد ہو جانا ۳ تشفی ہو جانا۔ **ذہنی** (صفت) ۱ ذہن کے متعلق۔ ذہن کا ۲ دماغی۔ عقلی۔

ذُہن (ع۔ مذکر) ایک قبیلے کا نام۔

ذہول (ع۔ مذکر) ۱ بھول جانا ۲ غفلت۔ بھول (ذہل۔ بھول جانا) **ذہولت** (مونث) غفلت۔ لاپرواہی۔ بھول۔

ذہین (ع۔ صفت) وہ شخص جس کا ذہن تیز ہو۔ ذکی۔ ہوشیار۔ تیز فہم (ذہن۔ کسی چیز کو سمجھنا)

مقولہ۔ ذہین کی دور بلا۔ عقلمند کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔

ذئب (ع۔ مذکر) بھیڑیا۔

ذی (ع۔ مذکر) دیکھو ذو۔ **ذی آبرو** (صفت) آبرودار۔ عزت دار۔ **ذی اختیار** (صفت) اختیار

والا حکومت والا۔ حاکم۔ **ذی استعداد** (صفت) ۱ قابل لائق ۲ امیر دولتمند۔ **ذی اقتدار** (صفت) حکومت والا۔ اقتدار والا۔ حاکم۔ **ذی الحجّ** (مذکر) مسلمانوں کا بارھواں مہینہ جس میں حج ہوتا ہے۔ **ذی القعد** (مذکر) مسلمانوں کا گیارھواں مہینہ۔ **ذی پنبہ** (مذکر) ایک مسخرے جو مسخرے گاتے ہیں۔ **ذی جاہ** (صفت) مرتبے والا۔ افسر۔ **ذی حرمت** (صفت) عزت دار باعزت۔ **ذی حق** (صفت) حقدار مستحق۔ **ذی حس** (صفت) لجانندار۔ **ذی حشم** (صفت) صاحب حشمت۔ **ذی حیات** (صفت) ۱ جاندار ۲ زندہ ۲ (تف) زندگی میں دوران زندگی۔ **ذی خاندان** (صفت) خاندانی۔ **ذی خرد** (صفت) عقلمند دانا۔

ذی رتبہ (صفت) عہدہ دار۔ صاحب منصب۔ افسر حاکم۔ **ذی روح** (صفت) جاندار۔ **ذیشان** (صفت) شان و شوکت والا۔ **ذی شعور** (صفت) عقلمند دانا۔ ہوشیار سمجھدار۔ **ذی عزت** (صفت) عزت دار۔ **ذی قعد** (مذکر) گیارھواں مہینہ۔ **ذی قیمت** (صفت) قیمتی بیش بہا۔ **ذی کمال** (صفت) صاحب کمال۔ **ذی لیاقت** (صفت) قابل۔ لائق۔ **ذی وجاہت** (صفت) وجاہت والا۔ **ذی وقار** (صفت) معزز۔ صاحب وقار۔ صاحب ثروت۔ **ذی ہوش** (صفت) سمجھدار۔ ہوشیار

ذیابیطس (ع۔ مذکر) بار بار پیشاب آنے کی بیماری۔ سلسل بول۔

ذیل (ع۔ مذکر) ۱ دامن۔ نیچے کا حصہ ۲ وہ جو نیچے درج ہو ۳ علاقہ۔ حلقہ ۴ گروہ۔ زمرہ ۵ واسطہ آڑ (ذَیل۔ ذال۔ کپڑے کو گھسیٹ)۔ **ذیلدار** (مذکر) ایک سرکاری عہدہ دار جس کے حلقے میں کئی گاؤں ہوتے ہیں۔ **ذیل گھر** (مذکر) ایک مکان جس میں معزز آدمی نمبردار۔ ذیلدار وغیرہ ٹھیرتے ہیں۔ **ذیل میں** (تف) تحت میں۔ نیچے۔ **ذیل وار** (صفت) ذیل کے حساب سے۔

ر

ر (ہ - مونث) تلفظ رے ۱ اردو کا چودھواں - فارسی کا بارھواں اور عربی کا دسواں حرف ہے ۲ دیوناگری کا ستائیسواں ونجن اور دوسرا آدھا سور ہے ۳ اسے رائے مہملہ غیر منقوطہ یا قرشت بھی کہتے ہیں - ابجد میں اس کے ۲۰۰ عدد فرض کئے گئے ہیں - علم نجوم میں چاند کو اور عربی میں ربیع الاول کے مہینے کو ظاہر کرتا ہے - عموماً ل سے بدل جاتا ہے - فارسی میں د ز ڑ ل ن سے بدل جاتا ہے - بالکسر دیوناگری کا ساتواں سور ہے - رکار (ہ) لفظ یا آواز رے۔

را (ف - حرف) ۱ کا - کو ۲ سے - لئے - ان معنوں میں اردو میں قضا را اور خدا را میں استعمال ہوتا ہے ۳ بجائے رانے فارسی مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے نیکسرا - روشنرا۔

راب (ہ - مونث) پتلا گڑ (س در - پانی کی طرح ہونا - بہنا)۔

مثل - راب نہ رابڑی لے اٹھے کھابڑی - کوئی بھی یا بری بات نہیں کہی اور یونہی تلوار نکال لی - خوامخواہ ناراض ہو گئے۔

رابڑی (ہ - مونث) دیکھو ربڑی۔

رابطہ (ع - مذکر) ۱ تعلق - میل - ملاپ ۲ کوئی چیز جو ملائے - باندھے یا درست کرے - ۳ جوڑ - میل - بندش ۴ رشتہ - قرابت ۵ قران ۶ باندھنے کی رسی - زنجیر ۷ پٹی - بند ۸ وہ حرف جو صفحے کے نیچے اور اگلے صفحے کے اوپر لکھا جاتا ہے ۹ وہ حرف جو فاعل اور فعل کا تعلق ظاہر کرے (رَبْط - باندھنا)۔ رابطہ پیدا کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) تعلق ہونا - اتحاد ہونا - رابطہ ہونا (لازم) تعلق ہونا - رشتہ ہونا۔

رابع (ع - صفت) چوتھا - رابعاً (تف) چوتھی دفعہ - رابعہ (مونث) چوتھی۔

رالُو (ف - مذکر) موسم بہار کا ایک پھول۔

راپٹا (اردو - مذکر) طمانچہ (خفیف)۔

راپڑ (ہ - صفت) بنجر۔

راپی (ہ - مونث) چمڑا کاٹنے اور چھیلنے کا اوزار (س ...)۔

رات (ہ - مونث) ۱ سورج کے غروب ہونے سے طلوع ہونے کا وقت - شب - لیل ۲ (تف) بجائے رات کو - کو عموماً محذوف ہوتا ہے (س راتری)۔ **رات اخیر ہونا** (لازم) رات کٹنا - رات ختم ہونا - **رات آنکھوں میں کاٹنا یا گزارنا** (متعدی)، **کٹنا یا گزرنا** (لازم) انتظار میں ساری رات جاگتے رہنا - **رات آنا** (لازم) رات گزرنا - **راتا رات** (تف) رات بھر - ساری رات۔ **رات بڑی آنا** (متعدی) بہت رات گزرنا - **رات بس کر** (تف) شب کو قیام کرکے - **رات لیسے کا رستہ** (مذکر) وہ رستہ جس کو طے کرنے میں رات کو بیچ میں رہنا پڑے - دو پڑاؤ کا رستہ - **رات بولنا** (لازم) رات کو سناٹا ہونا - **رات بھاری ہونا** (لازم) تکلیف وغیرہ کی وجہ سے رات نہ کٹنا یا رات جاگ کر بسر ہونا - **رات بہت آنا** (لازم) رات کو دیر ہو جانا - بہت رات گزرنا - **رات بھر** (تف) ساری رات - **رات بھیگنا** (لازم) رات کو خنکی ہو جانا - رات کا سرد ہو جانا - **رات پڑی ہے** - بہت رات باقی ہے - **رات پکڑنا** (متعدی) رات گزرنا - رات پالینا - **رات پہاڑ ہونا** (لازم) تکلیف وغیرہ کی وجہ سے رات لمبی معلوم ہونا یا کاٹے نہ کٹنا - **رات تمام ہونا** (لازم) رات ختم ہونا - **رات تو اپنی ہے** - فلاں وقت یا کام تو اپنا ہے یہ وقت تو قابو کا ہے - **رات تھوڑی ہونا** (لازم) رات کا کم باقی رہنا - صبح ہونے کے قریب ہونا - **رات تیر کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) رات گزرنا یا بسر ہونا - **رات جانا** (لازم) رات گزرنا - **رات چر** (ہ) "رات کو چلنے والا" ۱ کبوت ۲ چور - **رات چلنا** (لازم) ۱ رات گزرنا ۲ رات کو رخصت ہونا - **رات ختم ہونا** (لازم) رات اخیر ہونا یا کٹنا - **رات دن** (تف) ہر وقت - شب و روز - آٹھوں پہر - **رات دن برابر چکر** (ہ) خط معتدل النہار - **رات دن اس کی تسبیح ہے** - ہر وقت اس کو یاد کرتا ہے - **رات دن برابر ہونا** (لازم) ۱ ۲۰ - اپریل اور ۲۲ ستمبر کو دن اور رات کی لمبائی پورے ۱۲ گھنٹے ہوتی ہے ۲ دن اور رات میں کوئی فرق نہ سمجھنا - جو کام دن کو ہونا چاہئے وہی رات کو بھی کرنا - **رات دن تیر کا سامنا ہے** - ہر روز نئی مصیبت ہے - **رات دن صحبت گرم رہتی ہے** - اکٹھے مل کر بیٹھتے ہیں - **رات ڈھلنا** (لازم) رات کا زوال پر آنا - نصف سے زیادہ رات گزر جانا - **رات رہنا** (لازم) ۱ رات باقی ہونا ۲ رات کو قیام کرنا ۳ عورت کا مرد کے پاس رات کو سونا - **رات رہے** (سے) ایسے وقت جب تھوڑی رات باقی ہو - **رات زیادہ آنا** (لازم) رات کا بڑا حصہ گزر جانا - **رات کا بڑھ جانا** (لازم) ۱ رات کا موسم سرما میں لمبا ہونا ۲ تکلیف یا انتظار کی وجہ سے رات کا لمبا معلوم ہونا - **رات کاٹنا** (متعدی) **کٹنا** (لازم) رات گزرنا تکلیف وغیرہ میں - **رات کا کاٹے کھانا** (لازم) رات کو تنہائی میں فرقت کی تکلیف ہونا - **رات کو** (تف) رات کے وقت - سورج کے غروب اور طلوع ہونے کے درمیان - **رات کا کھایا یاد نہیں رہتا** - بہت بھول جانے والا آدمی ہے - **رات کی رات** (تف) صرف ایک رات - **رات کے وقت** (تف) رات کو - **رات گزار دینا - گزارنا** (متعدی) گزر جانا - **گزرنا** (لازم) رات کٹنا - رات بسر ہونا - **رات گئے** (تف) ایسے وقت جب رات کا بڑا حصہ گزر چکا ہو - **رات مشکل میں کٹنا** (لازم) رات کسی وجہ سے تکلیف میں گزرنا - **رات میں** (تف) رات کو - **رات نہ پکڑنا** (لازم) رات ہونے سے پہلے مر جانا - رات تک زندہ نہ رہنا - **رات والا** (مذکر) ۱ الو ۲ ہیضہ ۳ چاند - **راتوں رات** (تف) رات بھر میں - رات کے وقت - بہت جلد - **راتوں کو نیند نہ آنا** (لازم) غم و رنج کی وجہ سے کئی کئی رات تک جاگتے رہنا - **رات ہو جانا یا ہونا** (لازم) سورج غروب ہو کر رات کا وقت آ جانا - **راتی** (ہ) ۱ رات ۲ (صفت) رات کا - **راتی راتا** (تف) مارا مارا - دن رات چل کر۔

امثال و اقوال - رات بھر گائی بجائی - بچے کے نونی نہیں - **رات بھر گایا بجایا سویرے بھیا کے لو لو نہیں** - ساری محنت اکارت گئی - **رات بھر ممیائی اور ایک بچہ بیائی** - وہاں بولتے ہیں جہاں محنت بہت اور فائدہ کم ہو - **رات پڑے اپاسی دن کو کھائے (کھوجے) باسی** - بہت غریب ہے - رات کو بھوکا سوتا ہے - دن کو باسی کھاتا ہے - **رات پڑی بوند - نام رکھا**

محمود - کام مشکل سے شروع ہوا ہے - خوشی ابھی
سے شروع کردی ہے - **رات تھوڑی (سوانگ
بہت) کہانی بڑی** - وقت تھوڑا ہے اور کام
بہت **رات دن پیسا اور چپنی بھر اٹھایا**
بڑی مشقت کے بعد تھوڑا فائدہ - **رات رات کا
پڑ رہنا - بھور بھئے چل دینا** زندگی عارضی ہے
زندگی کا وقت بہت تھوڑا ہے - **رات کو جائی
آئے دن کو منہ پھیلائے** - کام میں عجلت
کرنے والا - **رات کو جھاڑو دینا منحوس ہے**
عورتوں کا خیال ہے کہ رات کو جھاڑو نہیں دینا چاہئے۔
رات کو سانپ کا نام نہیں لیتے ہیں - یہ بھی
عورتوں کا خیال ہے کہ اگر سانپ کا نام رات کو لیا جائے
تو وہ نکل آتا ہے - **رات کو مچھر کی ٹانگ پکڑیں
دن کو اونٹ نہ سجھائی دے** - ان کے متعلق
کہتے ہیں جنہیں رات کو زیادہ نظر آتا ہے - **رات
کی مالزادی - دن کی خوزادی** - رات کو
بدکاری کرتی ہے - دن کو شریف زادی بن جاتی ہے
ایسی عورت کے متعلق کہتے ہیں جو ظاہرا تو پارسا بنی
رہے اور حقیقت میں بدچلن ہو - **رات کی نیت
حرام** - عورتوں کا خیال ہے کہ رات کو کوئی تجویز کرنا
منحوس ہوتا ہے - **رات گئی بات گئی** - موقع
نکل جانے کے بعد کچھ نہیں ہوسکتا - **رات ماں کا
پیٹ ہے** ۱ رات کو سب آرام پاتے ہیں ۲ رات کو
عیب چھپے رہتے ہیں - **رات نربدا اتری -
صبح (اٹھ کوئیں سے ڈری) کواں دیکھ
ڈری** ۱ خواہ مخواہ نخرے بگھارتی ہے - دکھانے کو
ڈرتی ہے خطرناک کام کر جائے اور تھوڑے خطرے
سے ڈر جائے - **راتوں روئی ایک ہی مرا
یا موا** - بہت محنت کی فائدہ تھوڑا ہوا - **راتوں
کاتا کاتنا - سر پر نہیں ناتنا** - بہت محنت
کرتی ہے پھر بھی گزارا نہیں ہوتا - **رات ہٹائی
ترلے کے آئی - بھوک بید نا بری رے
بھائی** - بھوک بری بلا ہے - ہر وقت لگی رہتی
ہے -

راتا (ھ - صفت) ۱ سرخ - لال
قرمزی ۲ سرخ رنگا ہوا -

راتب (ع - مذکر) ۱ کتے - بلی
ہاتھی کی روزانہ خوراک ۲ گھوڑے کو جو چیز معمولی
دانے گھاس کے علاوہ دی جائے ۳ (ع) تنخواہ - روزینہ
پنشن - وظیفہ - راشن (دینا - لانا - لینا - ملنا کے
ساتھ) (رتب - مقرر ہونا) **راتب باندھنا**
(متعدی) معمول مقرر کرلینا - **راتب خور**
(صفت) وظیفہ خوار - **راتب لگانا** (متعدی)
لگنا (لازم) کتے بلی کا راتب مقرر ہونا -

راتر (س - مذکر) رات - مرکبات
میں استعمال ہوتا ہے - **راتری** (مونث) ۱ رات -
۲ رات کا اندھیرا ۳ برہما جی کے چار بدنوں میں سے
ایک بدن - **راتری بھاردواج** (مونث)
ایک عورت جس پر ویدوں کا ایک منترا اترا تھا -

راتنا (ھ - متعدی) ۱ رنگنا - سرخ
رنگنا ۲ (لازم) سخت جوش آنا ۳ نہایت شائق ہونا -
عاشق ہونا - سخت محبت ہونا -

راٹھور (ہ - مذکر) ۱ راجپوتوں
کی ایک ذات ۲ راجپوتوں کا ایک خاندان - جو
مسلمانوں کے ہندوستان میں آنے کے وقت قنوج پر
حکومت کرتا تھا -

راٹھور (ھ - صفت) ۱ مضبوط -
پکا ۲ سخت ۳ کھردرا - رکھڑا -

راج (ہ - مذکر) ۱ بادشاہت -
سلطنت ۲ ریاست ۳ حکومت - دور دورہ (س
راج بمعنی راجہ) (س راجن) **راجا** (مذکر) دیکھو
علیحدہ - **راج آ رہا ہے** - خوب بےفکری میں
گزرتی ہے - **راج بنس** (مذکر) راجوں کا خاندان -
راج بنسی (صفت) شاہی خاندان کا ۲ (مذکر)
راجپوتوں کا ایک شاہی خاندان ۳ سانپ - **راج
بہا** (مذکر) نہر جو بڑی نہر سے پانی دینے کے لئے
نکالی جائے - **راج بھنگ ہو جانا** (لازم)
سلطنت پر زوال آنا - **راج پاٹ** (مذکر)
۱ حکومت - سلطنت - تخت و تاج ۲ عورت کا
سہاگ - **راج پاٹ چھوڑ دینا** (متعدی) تخت و
تاج سے دست بردار ہو جانا - **راجپوت** (مذکر)
ہندوؤں کی ایک قوم - چھتری اس کی تقریباً ۶۰ گوتیں
ہیں ۲ اس قوم کا ایک فرد - **راجپوتانہ** (صفت)
راجپوت کی طرح - راجپوت کی ملکیت **راجپوتنی**
۱ راجپوت قوم کی عورت ۲ راجپوت کی بیوی -
راجپوتی (مونث) راجپوت قوم کا شعار - بہادری
یا آن - **راج پھوڑا** (مذکر) ایک پھوڑا جو پیٹھ پر
ہو جاتا ہے - شب چراغ - **راج تلک** (مونث)
تخت نشینی کی رسم - **راج تلک دینا** (متعدی)
گدی نشین - **راج دلار** (مذکر) راجہ کا پیارا -
راجہ کا بیٹا - **راج دلاری** (مونث) راجہ کی بیٹی -
راج دھر (مذکر) وزیر اعظم - **راج رجانا** (متعدی)
سکھ دینا - **راج رجنا** (لازم) ۱ سلطنت یا حکومت
کرنا ۲ عیش سے زندگی بسر کرنا - **راج روگ**
(مذکر) ۱ مہلک بیماری ۲ کوڑھ ۳ تپ دق ۴ کوئی
بڑا شوق ۵ طول طویل مقدمہ - **راج سہاگ**
(مذکر) وہ زمانہ جس میں عورت کا خاوند زندہ رہے -
راج سہاگ قائم رہے - سہاگن عورت کو
دعا دی جاتی ہے - **راج کرنا** (متعدی) ۱ سلطنت
کرنا ۲ عیش میں زندگی بسر کرنا - خوش ہونا - **راج
کرے** - تباہ ہو - برباد ہو - بھاڑ میں جائے -
راج گدی دینا (متعدی) تخت نشین کرنا - **راج
لٹ جانا** (صفت) خاوند کا مر جانا - **راج ہنس**
(مذکر) ایک دریائی پرند - قاز -

**امثال و اقوال - راجپوت
اور جاٹ موسل کے دھونہی ٹوٹ جات
تیویں نہیں کبھی** - دونوں اکھڑ ہوتے ہیں - نقصان
ہو جائے مگر اکڑ نہیں جاتی - **راج کا راج میں
بیاج کا بیاج میں - ناج کا ناج میں -
سماج کا سماج میں** ۱ جس قسم کی آمدنی ہو ویسا ہی
خرچ ہوتا ہے - راجہ کا سلطنت کے کاموں میں - ساہو کا کا
قرضہ دینے میں اور غلہ فروش کا اناج خریدنے میں ۲ اپنے
محل پر ہر ایک بات ہونی چاہئے - **راج ہٹ
بالک ہٹ - تریا ہٹ - جوگی ہٹ**
راجہ - بچہ - عورت اور فقیر جو دل میں آئے کرتے ہیں
کسی کی نہیں مانتے -

راج (ع - مذکر) راز کا سند ۲ معمار -
راج گیری (مونث) معمار کا کام - **راج مزدور**
(مذکر) معمار اور قلی - **راج مزدور لگانا** (متعدی)
لگنا (لازم) تعمیر کا کام ہونا -

راج (س - مذکر) ۱ راجہ - بادشاہ
۲ مالک - حاکم ۳ کوئی بڑی چیز ۴ کسی قسم کی سب سے
بڑی چیز - **راجا دتیہ** (مذکر) ایک مصنف - **راجا
دھیراج** (مذکر) شہنشاہ - قیصر - راجوں کا راجہ -
راجا رام (مذکر) کئی مصنفوں کا نام - **راجاسن** (مذکر) تخت شاہی - **راجا
ولی** (مونث) ۱ راجوں کا سلسلہ - شاہی خاندان - راجوں کا
شجرہ نسب ۲ ایک کتاب جو راج ترنگنی کے سلسلے میں

لکھی گئی تھی۔ اور پر اجیہ بھٹ کی تصنیف ہے۔ راج
پال (مذکر) ایک شاہی خاندان کا نام۔ راج پتر
(مذکر) ۱ راجپوت ۲ راجہ کا بیٹا ۳ ولیش کا بیٹا ابشٹھا
سے یا چھتری کا بیٹا کرنی سے ۴ مدھ کا نام جو چندر ماں کا بیٹا
سمجھا جاتا ہے ۵ کام شاستر کا ایک مصنف ۶ ایک قسم کا
آم۔ راج پترا (مونث) راجہ کی ماں۔ راج
پتری (مونث) ۱ راجہ کی بیٹی ۲ راجپوت عورت۔
۳ کئی پودوں کا نام ۴ ایک خوشبو ۵ ایک دھات ۶
چھچھوندر۔ راج پتنی (مونث) رانی۔ راج
پربھند (مذکر) ۱ شاہی پلیس ۲ شاہی انتظام۔ ملک کا
انتظام۔ راج پرتاب (مذکر) شاہانہ شان و شوکت
راج پرتی ندھ (مذکر) لاٹ صاحب۔ صوبے دار
گورنر۔ وائسرائے۔ راج پوری یا پوری (مذکر)
دارالسلطنت راج تیرتھ (مذکر) ایک تیرتھ کا نام
راج چکر (مذکر) ۱ کرشن جی کا چکر ۲ راجہ کا ڈر یا خوف
راج دربار (مذکر) راجہ کا دربار۔ راجہ کی ملاقات۔
راج درشن (مذکر) راجہ کا دیدار۔ راجہ کی ملاقات۔
راج دوار (مذکر) راجہ کا دروازہ یا ڈیوڑھی یا راج
دُوت (مذکر) راجہ کا ایلچی۔ راج دھرم
(مذکر) ۱ راجہ کا فرض ۲ راجہ کی ذمہ داری یا کام ۳
چھتری کے فرائض راج رتھ (مذکر) راجہ کی
گاڑی۔ راج رشی (مذکر) ۱ شاہی خاندان کا
رشی۔ وہ رشی جو شاہی خاندان سے ہو ۲ کلیان کا بیٹا
۳ کئی مصنفوں کا نام۔ راج سبھا (مونث) ۱ راجہ کا
دربار ۲ راجوں کا دربار ۳ وہ دربار جس میں راجہ موجود
ہو ۴ پریوی کونسل۔ پارلیمنٹ۔ راجستھان (مذکر)
راج دھانی۔ راج سیوا (مونث) راجہ کی خدمت۔
شاہی ملازمت۔ راج سیوک (مذکر) راجہ کا
نوکر۔ درباری۔ راج شاہی (مونث) بادشاہت
راج شیکھر (مذکر) ۱ کئی مصنفوں اور شاعروں کا
نام ۲ (۱۰) ایک شاعر جو درُوک اور شیلا وتی کا بیٹا
اور کنیا کبج کے راجہ مہیندر پال کا بیٹا تھا۔ اس نے
چار ناٹک لکھے ہیں جن میں بال بھارت اور بال رامائن
مشہور ہیں۔ راج شیل (مذکر) ایک پہاڑ۔ راج کل (مذکر)
۱ راجہ کا خاندان۔ شاہی خاندان ۲ شاہی دربار۔
عدالت شاہی ۳ راجہ کا بیٹا۔ راج کمار (مذکر)
راجہ کا بیٹا۔ شاہزادہ۔ راج کماری (مونث)
راجہ کی بیٹی۔ شہزادی۔ راج کندرپ

(مذکر) علم موسیقی کی ایک کتاب کا مصنف۔ راج
کوی (مذکر) ملک الشعرا۔ راج گدی (مونث)
تخت شاہی۔ راج لکشن (مذکر) بدن
پر کوئی نشان جس سے ظاہر ہو کہ یہ شخص راجہ ہوگا۔
۲ شاہی نشان۔ راج لکشمن (مذکر) یدھشٹر کا لقب۔
راج محل (مذکر) شاہی محل۔ راج مدرا
(مذکر) شاہی مہر۔ راج مکٹ (مذکر) ۱ تاج شاہی۔
۲ ایک مصنف۔ راج منتری (مذکر) وزیر شاہی۔
شاہی امیر۔ راج مندر (مذکر) ۱ قصر شاہی ۲ کلنگ
کی راجدھانی۔ راج منڈل (مذکر) قصر شاہی
۔ راج نیت (مونث) ۱ شاہی پالیسی۔ بادشاہ
کے فرائض ۲ انتظام سلطنت۔ نظام سلطنت ۳ دھرم
شاستر۔ راج نیل (مذکر) زمرد۔ راج واڑا
(مذکر) راجوں کا ملک راج وت (صفت)۔ راجہ
کے مانند۔ راج ونش (مذکر) راجوں کا خاندان۔
راج ونشی یا ونشیہ (صفت) ۱ شاہی خاندان کا۔
۲ (مذکر) راجوں کی اولاد ۳ راجپوتوں کی ایک گوت۔
راج ہنس (مذکر) ۱ ایک قسم کا بڑا ہنس جس کی ٹانگیں
اور چونچ سرخ ہوتی ہے۔ راجیندر (مذکر) راجوں کا
سردار۔ راجہ ادھیراج شہنشاہ۔

راجا (ہ۔ مذکر) ۱ بادشاہ۔ سلطان۔
شاہ ۲ سب سے بڑا ہندوستانی خطاب جو ہندوؤں کو دیا
جاتا ہے ۳ راجپوت اور آوان پنجاب میں اپنے
ناموں کے آگے لکھتے ہیں ۴ مالک۔ حاکم ۵ امیر۔
دولتمند ۶ (صفت) سخی یا فیاض ۷ بھولا بھالا۔ لاپروا۔
فضول خرچ ۸ (مذاقاً) حجام کو کہتے ہیں۔ راجا اندر
کا اکھاڑا (مذکر) کی محفل (مونث) حسین
عورتوں کا مجمع۔ راجاپن (مذکر) بادشاہی۔
تاجداری۔ رتبۂ پادشاہی۔ راجہ سے پرجا تک
(لف) ہر کوئی۔

امثال واقوال

راجا آگے
راج پیچھے نہ چھلنی نہ چھاج۔ بیوہ عورت
کہتی ہے کہ خاوند کی زندگی میں مزے تھے اس کی وفات
کے بعد کچھ بھی نہیں۔ راجا بلاوے کھاٹ ے
آوے۔ راجہ بلائے تو جلدی آتا ہے۔ حاکم کی
بہت تابعداری کرتا ہے ۲ راجا بھئے تو کیا ہوا
انت جاٹ کے جاٹ۔ باوجود تو دولتی کے
قدیم عادت نہ بدلی۔ راجا بھیم کی قضا۔ رام

کی رضا۔ جب موت آتی ہے۔ تو بڑے بڑے بھی
نہیں بچ سکتے۔ راجا جوگی اگنی جل انکی الٹی
ریت۔ ڈرتے رہئے پرس رام یہ تھوڑی
پائیں پریت۔ راجہ جوگی آگ اور پانی کا اعتبار
نہیں کرنا چاہئے۔ انکی محبت تھوڑی ہوتی ہے۔
راجا جوگی کس کے میت۔ بادشاہ اور جوگی
کے دوست نہیں ہوتے۔ راجا چھوڑے نگری
جو بھاوے سو لے ۱ راجہ سلطنت چھوڑ دے
تو جو چاہے کرے ۲ راجہ اگر شہر چھوڑ دے جس کا دل
چاہے قبضہ کرلے۔ جس کی لاٹھی اس کی بھینس۔ راجا
چھوئے اور رانی ہوئے۔ جس پر راجہ مہربانی
کرے وہی حکومت کرتا ہے۔ راجا راج پرجا
(چین) سکھی۔ حاکم اچھا ہو تو رعیت آرام میں
رہتی ہے۔ راجا رکھے رانی کھاوے۔ کماتا
کوئی ہے کھاتا کوئی ہے۔ راجا روٹھے گا اپنا
سہاگ لے گا کیا کسی کا بھاگ لے گا
راجہ ناراض ہو تو جو اس نے دیا ہو لے لے گا۔ قسمت پر
تو اس کا کچھ اختیار نہیں۔ راجا روٹھے گا اپنی
نگری لے گا۔ راجا ناراض ہوگا تو شہر بدر کردیگا۔
وہاں کہتے ہیں جہاں کسی کی ناراضگی کی پروا نہیں ہوتی
راجا روٹھے گا تو اپنی ریاست سے نکال
دے گا اس کے سوا اور کیا کرے گا۔
دیکھو آخری۔ راجا کا پرچانا اور سانپ کا
کھلانا برابر ہے۔ بادشاہوں کی صحبت میں
ہر وقت خطرہ ہوتا ہے۔ راجا کا دان پرجا کا
اشنان۔ خیرات اپنی حیثیت کے موافق ہونی
چاہئے۔ غریب نہالے تو وہی اس کی خیرات ہے
راجا کا دوجا بکری کا تیجا دونوں خراب
وہ سلطنت کے لئے جھگڑا کرتا ہے۔ اور وہ بھوکا رہتا
ہے کیونکہ بکری کے دو ہی تھن ہوتے ہیں۔ راجا کرے
سو نیاؤ پانسہ پڑے سو داؤ۔ حاکم جو فیصلہ کرے
انصاف کہلاتا ہے۔ اگر بازی جیتے تو داؤ کہلاتا ہے۔
راجا کس کے پاہنے (یار) جوگی کس کے
میت۔ دونوں کی محبت کا اعتبار نہیں۔ راجا کو
موتی کا دکھ۔ جہاں افراط ہونی چاہئے وہاں
کوئی چیز نہ ملے تو کہتے ہیں۔ راجا کیا جانے بھوکے
کی سار۔ بھوک کی قدر امیر آدمی نہیں جان سکتا
راجا کی بیٹی قسمت (کرم) کی ہیٹی۔ امیر کی
لڑکی غریب کے گھر بیاہی جائے تو کہتے ہیں۔ راجا

کی سبھا نرک کو جائے - راجا کے ہمراہی خوشامد کرنے اور جھوٹ بولنے کے عادی ہوجاتے ہیں - حق و باطل سے کچھ سروکار نہیں رہتا - ہاں سے ہاں ملانے سے کام رہتا ہے - **راجا کے گھر کاج ہمارے گھر ٹھک ٹھک** - بادشاہوں کے اخراجات کا بوجھ رعیت پر پڑتا ہے - بادشاہ مزے اڑائیں - غریب بھوکے مرتے ہیں - **راجا کے گھر (آئی) گئی نرت رانی کہلائی** - جب غریب کی بیٹی امیر کے گھر بیاہی جائے تو کہتے ہیں - **راجا کے گھر موتیوں کا کال** - افراط کی جگہ کسی چیز کے میسر نہ آنے پر کہتے ہیں - **راجا گھائل کا سوانگ بھرا** زخمی ہوگیا - **راجا مارے پودنی سو بیر ساہن جائے** - راجا کا تھوڑا سا ظلم بھی عداوت کا باعث ہوجاتا ہے - **راجا نل پر بپتا پڑی بھونی مچھلی جل میں پڑی** - برے دن آئیں تو ہر کام میں نقصان ہوتا ہے - کہتے ہیں کہ جب راجہ نل بن باس میں تھے تو انکی رانی نے ایک دن مچھلی بھونی - چونکہ اسکو راکھ لگ گئی تھی - دریا پر جا کر دھونے لگی تو مچھلی زندہ ہوکر تیر کر چلی گئی - **راجا نیاؤ نہ کرے گا تو گھر تو جانے دے گا** - کوشش کرنی چاہئے فائدہ نہ ہوگا تو نقصان بھی نہ ہوگا - **راجا ہوئے تو کیا وہی ہاٹ کے جاٹ** - کمینہ آدمی ترقی کر جائے تو بھی اسکی پرانی عادتیں نہیں جاتیں - **راجا ہو کر چوری کرے نیاؤ کون کرے** - حاکم ہی ظلم کرے تو انصاف کہاں -

راجح (ع - صفت) ۱ غالب - فائق ۲ قابل ترجیح - پسندیدہ (رَجَحَ - وزن میں بڑھ جانا) -

راجز (ع - صفت) رجز کہنے والا (رَجَزَ - شعر پڑھنا) -

راجس (س - صفت) ۱ رجس کا - رجس کے متعلق ۲ جوش یا ولولے کے ساتھ ۳ جوش سے بھرا ہوا جوشیلا -

راجس (انگ - مذکر) راجرز کا بگڑا ہوا - یہ ایک لوہے کے انگریزی کارخانے کے مالک کا نام ہے - اس کے چاقو بہت مشہور رہیں -

راجع (ع - صفت) ۱ رجوع کرنے والا - پھرنے والا ۲ (مونث) وہ عورت جو خاوند کے مرنے کے بعد اپنے والدین کے گھر واپس آجائے ۳ اونٹنی جو حاملہ معلوم ہو مگر ہو نہیں (رَجَعَ - پھرنا) -

راجف (ع - مذکر) جاڑے کا بخار - تپ لرزہ (رَجَفَ - کانپنا) **راجفت** (مونث) قیامت کے دن صور اسرافیل کی پہلی آواز -

راجک (مذکر) **راجکا** (س - مونث) دھار - لکیر ۲ سطر - قطار ۳ کھیت ۴ سیاہ رائی -

راجگی (ف - مونث) دیکھو راجائی -

راجگیر (ہند) دیکھو راجاگوہا -

راجمان (س - صفت) چمکتا ہوا -

راجن (س - مذکر) ۱ راجا ۲ عموماً دیوتاؤں کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے ورن - اندر - آدتیہ ۳ سوما اور چندرماں کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ۴ گورنمنٹ - سلطنت - سرکار ۵ رہنمائی - ہدایت -

راجن (ع - صفت) ۱ ہلا ہوا - پالتو - سدھا ہوا ۲ کسی چیز یا جگہ کے ساتھ مانوس (رَجَنَ - مانوس ہونا) -

راجن (س - مذکر) چندرماں کے ایک گھوڑے کا نام -

راجنا (ہ - لازم) ۱ مزین ہونا - سجا ہونا ۲ چمکنا - دمکنا -

راجنی (س - مونث) ۱ رانی - ملکہ ۲ مغربی سمت کا نام اس جگہ کا نام جہاں روح عالم رہتی ہے -

راجنیہ (س - صفت) ۱ شاہی - سلطانی - قیصری ۲ (مذکر) بادشاہ - راجہ ۳ چھتری قوم کا آدمی ۴ اگنی کا نام ۵ ایک خاص چھتری خاندان کا نام ۶ ایک قسم کا کھجور کا درخت - **راجنیہ کمار** (مذکر) راجکمار -

راجہ (ہ - مذکر) دیکھو راجا - عموماً راجوں کے ناموں کے پہلے لکھا جاتا ہے -

راجی (ع - مونث) امیدوار - سائل -

راجی (س - مونث) ۱ دھاری - لکیر ۲ قطار - صف - پرا ۳ سیدھی لکیر ۴ مانگ ۵ حلق کا کوا -

راجیو (س - مذکر) ۱ ایک قسم کی مچھلی ۲ ایک قسم کا ہرن ۳ بگلا ۴ ہاتھی ۵ نیلا کنول ۶ دھاری دار ۷ راجہ کے وظیفے پر گزارہ کرنے والا -

راجیہ (س - مذکر) ۱ بادشاہت حکومت ۲ فرمانروائی - راجائی - بادشاہی ۳ گورنمنٹ سلطنت ۴ راج - اختیار - عملداری ۵ انتظام سلطنت اہتمام ۶ (صفت) شاہی - سلطانی - شاہانہ - **راجیہ پاٹ** (مذکر) تخت شاہی - راج پاٹ - **راجیہ شری** (مونث) - اقبال شاہی - **راجیہ لکشمی** (مونث) اقبال شاہی -

راچنا (ہ - لازم) ۱ عاشق ہونا - محبت میں گرفتار ہونا ۲ بہت الفت ہونا -

راچھ (ہ - مذکر) ۱ جلاہوں کی دندانے دار کنگھی ۲ آلہ - اوزار ۳ بڑھئی اور دیگر پیشہ وروں کے اوزار ۴ لوہے کا ٹکڑا جس کے گرد چکی پھرتی ہے ۵ درخت یا لکڑی کے اندر کا سخت حصہ (س راکشم) **راچھ** **راچھندے** (مذکر جمع) ۱ اوزار - آلات ۲ برتن - بھانڈے -

راچھس (مذکر) **راچھسنی** (مونث)

راچھسی (ہ - مونث) دیکھو راکشس اور راکشسی -

راح (ع - مذکر و مونث) ۱ مزے اڑانا - مطلب حاصل کرنے کے قریب ہونا ۲ شراب (رَوَحَ - خوش ہونا) ۳ راحت کی جمع - ہتھیلیاں ۴ (ف) ایک سُر کا نام - **راحِ بقا** (مذکر) ایک سُر کا نام ۔ **راحِ روح** (مذکر) ایک راگ - جو باربد نے ایجاد کیا تھا -

راحت (ع - مونث) ۱ آرام آسائش - آسودگی - قرار - سُکھ - استراحت ۲ محنت تکلیف یا بے آرامی کا ختم ہوجانا ۳ محنت یا تکلیف سے آزادی ۴ امن - چین - سکون - کل ۵ خوشی ۶ مسرت (رَوَحَ - خوش ہونا) **راحت آزار** (صفت) دوسروں کا آرام کھونے والا - **راحت افزا** (صفت) سکھ پہنچانے والا - آرام بڑھانے والا - **راحت پرست** (صفت) خوشی اور آرام چاہنے والا - **راحتِ جان** (صفت) ۱ دل خوش کرنے والا - بیوی معشوق یا اولاد کے لئے استعمال ہوتا ہے ۲ (بلا اضافت) ایک کھانا جو سبز مرچیں کاٹ کر اور ان پر نمک اور لیمو کا رس نچوڑ کر تیار کرتے ہیں ۳ دہلی میں رنگتروں کو چھیل کر شکر ملا کر بناتے ہیں - **راحت دل** (صفت) دیکھو راحت جان ۱ - **راحت دینا** (متعدی) آرام دینا - سکھ دینا - **راحت رساں** (صفت) آرام یا خوشی پہنچانے والا - **راحت طلب** (صفت) آرام طلب - **راحت فروش**

(صفت) آرام طلب۔ **راحت فشاں** (صفت) آرام و آسائش پھیلانے یا پہنچانے والا۔ **راحت گاہ** (مونث) آرام کی جگہ۔ **راحت ملنا یا نصیب ہونا** (لازم) خوشی ہونا۔ آرام و چین ہونا۔ **راحت نشیں** (صفت) آرام سے بیٹھنے والا۔ آرام طلب۔ **راحت ہونا** (لازم) آرام ہونا۔ خوشی ہونا وغیرہ۔ **راحتی** (مونث) ۱ وضو کا طشت ۲ چلمچی ۳ جھاڑ۔ چراغ ۴ راستی کا مخفف ۵ کیف۔

مثل۔ راحت طلباں درد دل زار نداند۔ جن کی زندگی راحت میں گزرتی ہے وہ درد بھرے دل کا دکھ نہیں سمجھتے۔

راحِل (ع۔ صفت) چلنے یا کوچ کرنے والا۔ مسافر۔ پیدل (رَحَلَ۔ کوچ کرنا) **راحِلہ** (مذکر) سواری کا جانور یا اونٹ ۲ کارواں۔ قافلہ۔

راحِم (ع۔ صفت) رحم کرنے والا۔ (رَحَمَ۔ مہربانی کرنا)۔

راد۔ رادھ (ہ۔ مونث) پیپ۔ مادہ۔

رادِف (ع۔ صفت) جو بعد میں آئے (رَدَفَ۔ پیچھے آنا)۔

رادِفَت (ع۔ مونث) صور اسرافیل کی دوسری آواز۔

رادھ (س۔ مذکر)۔ بیساکھ کے مہینے کا نام۔

رادھا (س۔ مونث) ۱ کامیابی۔ مقصدوری ۲ اقبال مندی۔ طالع مندی ۳ اکیسویں نچھترے کا نام۔

راڑ (ہ۔ مونث) ۱ لڑائی۔ جھگڑا۔ فساد۔ ہنگامہ ۲ بچوں کا ضد کرنا یا مچلنا (س رٹ۔ شور مچانا) **راڑ بڑھانا** (متعدی) ۱ جھگڑا اٹھانا ۲ قصہ بڑھانا۔ **راڑ کرنا** (متعدی) لڑنا جھگڑنا۔ **راڑ لانا** (متعدی) جھگڑا مچانا۔ **راڑ مچانا** (متعدی) جھگڑا پیدا کرنا۔ لڑائی کرانا۔ **راڑ ہی کیا ہے**۔ جھگڑا ہی کیا ہے۔ کچھ بڑی بات نہیں۔ **راڑی** (صفت) ۱ لڑاکا۔ جھگڑالو ۲ (مذکر) تیر یا قلم کی تیز نوک۔ **راڑیا** (مذکر) ۱ لڑاکا یا جھگڑالو شخص ۲ ضدی بچہ یا فقیر۔

راز (ف۔ مذکر) ۱ بھید۔ خفیہ یا پوشیدہ بات ۲ ایک گاؤں کا نام ۳ ایک بادشاہ جس نے اپنے بھائی کے ساتھ مل کر رے کا شہر بسایا تھا ۴ رے کا دوسرا نام (زندر زس زہ۔ چھوڑنا) **رازِ آب** (مذکر) وہ شکل جو پانی میں نظر آئے۔ عکس۔ **راز افشا کر دینا یا کر دینا** (متعدی) **ہونا یا ہو جانا** (لازم) بھید کھل جانا۔ خفیہ بات ظاہر ہو جانا۔ **راز افشائی** (مونث) راز کا کھلنا۔ بھید ظاہر ہونا (کرنا ہونا کے ساتھ) **راز بستہ یا پنہانی** (مذکر) سخت خفیہ بھید۔ **راز پوش** (صفت) ۱ وہ جو راز کو چھپائے۔ محرم راز ۲ قابل اعتبار۔ باوفا۔ وفادار ۳ جرم چھپانے والا (ہونا کے ساتھ) **راز پوشی** (مونث) ۱ راز کا چھپانا۔ بھید ظاہر نہ کرنا ۲ جرم چھپانا (کرنا ہونا کے ساتھ) **راز پوشیدہ رکھنا** (لازم) راز چھپانا۔ راز ظاہر نہ کرنا۔ **راز جوئی** (مونث) ۱ بھید معلوم کرنا ۲ تفتیش۔ دریافت کسی معاملے کی (کرنا ہونا کے ساتھ) **راز چھپانا** (متعدی) **چھپنا** (لازم) راز پوشیدہ رکھنا۔ بھید ظاہر نہ کرنا۔ **راز دار یا داں** (صفت) دیکھو راز پوش۔ **راز داری** (مونث) دیکھو راز پوشی۔ **راز دل** (مذکر) دل کی بات (کہنا کے ساتھ) **راز روشن کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو راز فاش ہونا۔ **راز سر بستہ** (مذکر) ایسا راز جو ابھی ظاہر نہ ہوا ہو۔ **راز سے آگاہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بھید سے واقف ہونا۔ راز جاننا۔ **راز فاش کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بھید کھل جانا۔ خفیہ بات ظاہر ہو جانا۔ بھانڈا پھوٹ جانا۔ **راز کو چھپانا** (متعدی) بھید کو خفیہ رکھنا۔ بات ظاہر نہ ہونے دینا۔ **راز کھلنا** (لازم) **کھولنا** (متعدی) بھید ظاہر کرنا۔ راز فاش کرنا۔ **راز نہاں** (مذکر) خفیہ بھید۔ **راز (و) نیاز** (مذکر) ۱ محبت کی باتیں۔ پیار کی گاتیں (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ نماز و دعا۔

امثال۔ رازِ خود با یارِ خود چنداں مگو کہ بتوانی مگو۔ جہاں تک ہو سکے اپنا راز اپنے دوست سے بھی مت کہو۔ **راز درون پردہ ز رنداں مست پرس۔** پردے کے اندر کا راز مست رندوں سے پوچھو۔ مطلب یہ ہے کہ جن رازوں سے ہم واقف ہوں تم کو ان کی کیا خبر۔ **راز دل جز بیار نتواں گفت۔** دل کا بھید دوست کے سوا کسی سے نہیں کہا جاتا۔

رازِق (ع۔ صفت) روزی دینے والا۔ رزق رساں۔ پروردگار (رَزَقَ۔ خدا کا روزی دینا) **رازِقہ** (مذکر) رزق۔ روزی۔ **رازقہ بند کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رزق یا روزی بند ہو جانا۔

راس (ع۔ مذکر) ۱ سر ۲ سردار۔ حاکم۔ سرگروہ ۳ فرد۔ نفر۔ کس ۴ چوٹی۔ سرا ۵ زاویہ کی نوک ۶ خشکی کا وہ قطعہ جو دور تک پانی میں چلا جائے ۷ (قصابوں کی اصطلاح) ذبیحہ بکریوں یا بھیڑوں کی تعداد ظاہر کرنے کو استعمال کرتے ہیں (رَاَسَ سردار ہونا) **راس الجدی** (مذکر) آسمان پر وہ نقطہ جہاں سورج پہنچنے پر موسم سرما شروع ہوتا ہے۔ **راس السرطان** (مذکر) وہ نقطہ جہاں سورج کے پہنچنے پر موسم گرما شروع ہوتا ہے۔ **راس المال** (مذکر) پونجی۔ اصل زر۔ سرمایہ تجارت۔

راس (ف۔ صفت) راست کا مخفف ۱ درست۔ ٹھیک ۲ مبارک۔ سازگار ۳ دایاں جیسے چپ و راس میں۔ **راس آنا** (لازم) ۱ موافق پڑنا۔ ٹھیک ہونا۔ **راس آنا شرط ہے** تدبیر کا درست اور موقع پر ہونا چاہئے۔ **راس نہ ہونا** (لازم) موافق نہ ہونا۔ سزاوار نہ ہونا۔ **راس نہیں**۔ نامبارک ہے۔ ناموافق ہے۔

راس (ہ۔ مونث) ۱ ڈھیر۔ تودہ۔ انبار ۲ اناج کا ڈھیر ۳ لگام۔ باگ ۴ (علم) برج۔ گھر ۵ طالع ۶ (ہ) سود۔ بیاج ۷ گود لینا بچے کا۔ (س راشِ) **راس اٹھانا** (متعدی) فصل کے بعد اناج گھر لے جانا۔ **راس بٹھانا** (متعدی) گود لینا۔ متبنیٰ کرنا۔ **راس چکر** (مذکر) منطقۃ البروج آسمان پر ایک خیالی چوڑا دائرہ جو زمین کی گردش کے خط سے ۸ درجے تک دونوں طرف پھیلا ہوا ہے۔ تمام سیارے اس کے اندر ہیں۔ اس کو بارہ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جنہیں برج کہتے ہیں۔ **راس چکر کا جھکاؤ** (مذکر) میل۔ منطقۃ البروج۔ وہ زاویہ جو راس چکر زمین کے خط استوا کی سطح کے ساتھ بناتا ہے۔ **راس لینا** (متعدی) گود لینا۔ **راس ملنا** (لازم) ۱ دو شخصوں کے طالع کا ایک ہونا ۲ متفق ہونا۔ موافقت ہونا۔ **راس نشین** (مذکر) گود لیا ہوا لڑکا۔

راس (س۔ مذکر) ۱ آواز۔ صدا ۲ شور۔ غل ۳ گفتگو۔ بات چیت ۴ ہندوؤں کا ایک تیوہار جو کاتک کے مہینے میں کرشن جی اور گوپیوں کے اعزاز میں ہوتا ہے جس میں ناچ رنگ ہوتے ہیں

۵ ایک ناچ جو کرشن جی اور انکی گوپیوں کی یادگار میں چکر باندھ کر ناچتے ہیں ۲ (ہ) کھیل ۔ ناچ تماشا ۔ ۶ راز و نیاز ۔ چہل بازی ۸ زنجیر ۔ **راس پڑنا** (لازم) راس ڈالنا کا ۔ **راس دھاری** (مذکر) وہ ناچنے والا جو کرشن جی اور انکی گوپیوں کی نقل کرتا ہے ۔ **راس ڈالنا** (متعدی) کرشن جی اور ان کے گوپیوں کی نقل کرنا ۔ **راس لیلا** (مونث) منڈل یا دلاس (مذکر) کرشن جی اور انکی گوپیوں کا کھیل **راس یاترا** (مذکر) دیکھو راس ۲ ۔

راسائیل (عبر ۔ مذکر) زبور میں ایک فرشتہ جس نے حضرت آدم کو سکھلایا تھا ۔

راسب (ع ۔ صفت) ۱ مضبوط ۔ پکا ۲ بے حرکت (رَسُب ۔ تہ میں بیٹھنا) ۔

راسبھ (س ۔ مذکر) گدھا ۔ خر ۔

راست (ف ۔ صفت) ۱ ٹھیک ۔ درست ۲ سیدھا ۳ دایاں ۴ دیانت دار ۔ سچا ۔ نیک ۔ کھرا ۵ ایک سُر ۶ (تف) درست ٹھیک ۔ یقیناً (ژند راس راج ۔ چمکنا) **راست آنا** (لازم) راس آنا ۔ ٹھیک بننا ۔ درست ہونا ۔ **راستباز** (صفت) سچا ۔ دیانتدار ۔ نیک ۔ **راستبازی** (مونث) راستی ۔ سچائی ۔ دیانتداری ۔ ایمانداری ۔ **راست بیں** (صفت) منصف ۔ عادل ۔ سب کو ایک نظر دیکھنے والا ۔ **راست پوش** (صفت) راستی کو چھپانے والا ۔ کافر ۔ **راست رو** (صفت) سیدھا چلنے والا ۔ ایماندار ۔ **راست روشن** (مذکر) بہرام گور کا وزیر ۔ **راست کردار** (صفت) سچ بولنے والا ۔ دیانت داری سے کام کرنے والا ۔ **راست گفتار یا گو** (صفت) سچا ۔ سچ بولنے والا ۔ صاف گو ۔ **راست گفتاری یا گوئی** (مونث) سچ ۔ صداقت ۔ حق گوئی ۔ **راست لانا** (لازم) مبارک کرنا ۔ حسب منشا کرنا ۔ **راست مزاج** (صفت) نیک مزاج ۔ نیک طبیعت یا طینت ۔ **راست معاملہ** (صفت) وہ جو لین دین میں صاف یا ایماندار ہو ۔ **راست نما** (صفت) جو ظاہراً طور پر درست ہو ۔ **راستہ** (مذکر) دیکھو علیحدہ ۔ **راست ہونا** (لازم) درست ہونا ۔ ٹھیک ہونا ۔ **راستی** (مونث) ۱ سچائی ۔ صدق ۲ ایمانداری ۔ دیانتداری ۳ سیدھا ہونا ۴ درست ہونے کی حالت ۔ **راستی پر آنا** (صفت) ۱ سچ بولنا ۲ سیدھے راستے پر آنا ۔ **راستی پر ہونا** (لازم) ۱ موافق ہونا ۔ درست ہونا ۲ سچا ہونا ۔ سچائی پر ہونا ۔ **راستی پسند** (صفت) وہ جو سچائی کو پسند کرے ۔ سچا ۔ **راستی سے** (تف) ۱ نرمی سے ۲ ایمانداری سے ۔ دیانتداری سے ۳ انصاف سے ۔ سچائی سے ۔ **راستی کا چلن** (مذکر) نیک چلنی ۔

امثال واقوال

راست (و) دروغ (بر) بہ گردن راوی ۔ کسی بات سے اپنی ذمہ داری برطرف کرنے پر کہتے ہیں ۔ **راست گو مفلس مجلس میں جھوٹا** ۔ غریب آدمی اگر سچ بھی بولے تو اسے لوگ جھوٹا سمجھتے ہیں ۔ **راستی را زوال کے باشد** ۔ سچائی کو زوال نہیں ۔ **راستی موجب رضائے خداست (کس ندیدم کہ گم شد از رہِ راست)** سچائی سے خدا خوش ہوتا ہے (میں نے کسی کو نہیں دیکھا کہ راہ راست پر سے گم ہو گیا ہو) ۔

راستا (ھ ۔ مذکر) راستہ ۔

راستہ (ف ۔ مذکر) ۱ سڑک ۔ رستہ ۔ راہ ۲ رسم ۔ رواج ۔ دستور ۔ قاعدہ ۳ ڈھنگ ۔ طریقہ ۴ (صفت) چالاک ۔ چابکدست ۵ وہ جو داہنے ہاتھ سے کام کرے (راست سے) **راستہ بتانا** (متعدی) ۱ رستہ دکھانا ۔ رستے پر ڈالنا ۲ ہدایت کرنا ۳ ٹال دینا ۔ چلتے حوالے کرنا ۔ **راستہ بچانا** (متعدی) راستہ کترانا ۔ ایک طرف ہو کے نکل جانا ۔ **راستہ بند کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رستہ رک جانا ۔ راہ بند ہونا **راستہ بندی** (مونث) سڑک بنانا ۔ **راستہ بھٹکنا** (متعدی) بے راہ ہو جانا ۔ دوسرے راستہ پر جا پڑنا ۔ راہ راست پر نہ رہنا ۔ **راستہ بھول جانا بھولنا** (لازم) راستہ یاد نہ رہنا ۔ **راستہ پکڑنا** (لازم) جانا ۔ روانہ ہونا ۔ **راستہ پکڑو** ۔ جاؤ ۔ دور ہو ۔ **راستہ تاک لینا** (متعدی) کسی خاص راستے کی طرف نظر رکھنا ۔ **راستہ چلتا** (مذکر) راہرو ۔ مسافر ۔ **راستہ چلتے اپنے سائے کو دیکھتا جاتا ہے** ۔ بناؤ سنگار کا بہت خیال ہے ۔ **راستہ چلنا** (لازم) ۱ جانا ۔ روانہ ہونا ۲ کسی طریقے پر کام کرنا ۔ **راستہ دکھانا** (متعدی) ۱ انتظار کرانا ۲ رستہ بتانا ۔ **راستہ دیکھا ہونا** (لازم) سڑک معلوم ہونا ۔ **راستہ دیکھنا** (لازم) انتظار کرنا ۔ **راستہ سیدھا ہونا** (لازم) سڑک میں پھیر نہ ہونا **راستہ روکنا** (متعدی) گزرنے نہ دینا ۔ راستہ بند کر دینا ۔ **راستہ فراموش کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رستہ بھول جانا ۔ راہ گم کرنا ۔ **راستہ لو** ۔ جاؤ ۔ چلتے بنو ۔ **راستہ لینا** (متعدی) کسی طرف روانہ ہونا ۔ **راستہ ملنا** (لازم) ۱ بھولے ہوئے کا اصلی راستے پر آ جانا ۲ راہ پانا ۔ **راستہ ناپنا** (متعدی) تھوڑی دیر کے لئے آنا ۔ تھوڑا ٹھیرنا ۔ **راستہ ناپو** ۔ چلے جاؤ ۔ جاؤ ۔ **راستہ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱ تدبیر نکلنا ۔ طریقہ سوچا جانا ۲ تلاش ہونا ۔ **راستے** (مذکر) ۱ راستہ کی جمع ۲ بجائے راستہ حروف مغیرہ سے پہلے ۔ **راستے پر آنا** (لازم) ۱ درست ہو جانا ۔ نیک ہو جانا ۲ قابو میں آنا ۔ **راستے میں پھیر پڑنا** (لازم) راستہ سیدھا نہ ہونا ۔

راسخ (ع ۔ صفت) ۱ پکا ۔ مضبوط ۔ پائدار ۲ مقررہ ۔ معین ۳ صادق ۔ خالص ۔ کھرا ۴ عالم ۔ فاضل (رَسَخ ۔ پکا ہونا) **راسخ الاعتقاد** (صفت) جس کا ایمان پکا ہو ۔ جس کا عقیدہ مضبوط ہو ۔

راسم (ع ۔ صفت) وہ جو مہر لگائے ۔ لکھے ۔ نشان کرے یا خاکہ اتارے (رَسْم ۔ تصویر کھینچنا) ۔

راسنا (س مونث) ۱ لاجونتی ۲ ایک قسم کی خوشبو ۔

راسو (ف ۔ مذکر) نیولا ۔

راسی (ع ۔ صفت) ۱ مضبوط ۔ پکا ۲ نہ حرکت کرنے والا ۔ مستحکم ۔ استوار (رُسُو ۔ پکا ہونا) ۔

راسی (ھ ۔ صفت) ڈھیر یا انبار کا ۲ درمیانی درجے کا ۔ درمیانی قسم کا ۳ معمولی ۔

راش (ھ ۔ مذکر) صاف شدہ اناج کا ڈھیر ۔

راش (ع ۔ مذکر) پر ۔ بال و پر ۔

راشٹر (س ۔ مذکر) ۱ بادشاہت ۔ حکومت ۔ سلطنت ۲ ملک ۔ علاقہ ۳ کوئی عام مصیبت جیسے وبا ۔ قحط ۔ خشک سالی ۴ سلطنت کے پانچ پر کرتوں میں سے ایک جو وزیر ۔ فوج ۔ خزانہ ۔ قلعہ اور ملک ہیں ۵ قوم ۔ رعایا ۶ ایک راجہ ۔ **راشٹر بھرت** (مذکر) ۱ باجگزار راجہ ۲ پاسبان **راشٹر**

پال (مذکر) - راجہ ادھیراج - مہاراجہ - شہنشاہ -
راشٹر وردھن (صفت) ۱ سلطنت کو بڑھانے
والا ۲

راشٹرکا (س - مونث) ایک
قسم کی مکو۔

راشد (ع - صفت) ۱ راہ راست پر
چلنے والا - ہدایت پانے والا - عقیدے کا پکا ۲ نیک
پارسا (رُشد - سیدھا رستہ پکڑنا)-

راشن (انگ - مذکر) رسد -
خوراک جو سپاہیوں کو دی جائے -

راشی (ع - صفت) رشوت لینے
والا (رشو - رشوت دینا)-

راشی (س - مذکر) ۱ ڈھیر - انبار -
تودہ ۲ تعداد - مقدار ۳ رقم جو کسی عمل کے لئے لکھی
جائے ۴ میزان - کل ۵ راس - برج ۶ مضروب -
مقسوم ۷ ایک اکاہا کا نام -

راصد (ع - صفت) نگاہداشت
رکھنے والا ستاروں کو - ستاروں کی (رَصَد - کسی چیز کو
دیکھنا)-

راضی (ع - صفت) ۱ خوش -
مسرور - شاد ۲ قانع - صابر - شاکر - متوکل ۳
متفق - مطمئن ۴ رضامند ۵ تندرست - باصحت
۶ آمادہ - خواہشمند ۷ پسند کرنے والا - منظور کرنے والا
(رِضو - خوش ہونا) **راضی برضا یا بالقضا** (صفت)
خدا کے حکم پر رضامند - قانع - صابر - متوکل - **راضی
بنانا** (متعدی) ٹھیک بنایا - خوب مارنا - **راضی
خوشی** (صفت) قانع اور خوش - تندرست اور
شاد - **راضی راضی** (تف) خوشی سے - رضامندی
سے - خوش خوش - **راضی کرنا** (متعدی) ۱ خوش
کرنا ۲ رضامند کرنا ۳ منانا ۴ راغب کرنا - مائل کرنا
راضی نامہ (مذکر) باہمی فیصلے کی تحریر - وہ نوشتہ جس میں
مستغیث تحریر کرتا ہے کہ مدعا علیہ نے اسکی تسلی کردی
ہے اور اب اسے کوئی دعوٰی نہیں - **راضی ہونا**
(لازم) دیکھو راضی تمام معنوں کے ساتھ -

راعنا (ع - مذکر) دیکھو ہماری
طرف - ایک طرح کا سلام جسکی ممانعت پیغمبر صلعم
نے کی تھی - کیونکہ یہودی اسکو بدل دیتے تھے اور اسکے
معنی خراب آدمی کے ہوجاتے تھے - سورہ بقر آیت
۹-

راعی (ع - مذکر) ۱ چرواہا - گلہ بان
پالی ۲ کنایۃً بادشاہ ۳ رائیں قوم نے اب اپنا یہ لقب
اختیار کیا ہے اور اپنے آپ کو عرب ظاہر کرتے ہیں

راعیل (عبر - مونث) زلیخا کا
نام تھا -

راغ (ف - مذکر) پہاڑ کے دامن کا
میدان - سبزہ زار - **راغی** (صفت) دامن کوہ کا
(باشندہ)-

راغب (ع - صفت) ۱ رغبت
کرنے والا - مائل ۲ خواہشمند - شائق (کرنا ہونا کے
ساتھ) (رَغَب - خواہش کرنا)-

رافائیل (ع - مذکر) ایک فرشتہ

رافت (ع - مونث) مہربانی -
شفقت - ترحم (رَاف - رحم کرنا)-

رافد (ف - مذکر) دریائے فرات

رافض (ع - صفت) ۱ برچھی یا
پتھر پھینکنے والا ۲ منکر - ساتھ چھوڑ دینے والا (رفض
ساتھ چھوڑ دینا) **رافضہ** (مذکر) فوجی سپاہیوں کا
گروہ جو اپنے سردار کا ساتھ چھوڑ کر پھر آملا ہو ۲ شیعوں
کا ایک فرقہ جنے پہلے زید بن علی بن حسین کے ہاتھ پر
بیعت کی اور پھر انکو چھوڑ دیا - کیونکہ انہوں نے انہیں
تبرا کہنے سے روکا تھا - **رافضی** (مذکر) ۱ فرقہ رافضہ
۲ فرقہ رافضہ کا ایک فرد -

رافع (ع - صفت) ۱ بلند کرنے
والا - درجہ بڑھانے والا ۲ حرف کو پیش دینے والا -
(رَفع - بلند کرنا)-

رافہ (ف - صفت) ۱ فرمانبردار -
تابع ۲ مہینے کے بارھویں دن کا نام -

راقب (ع - صفت) ۱ رقیب
۲ دیکھنے والا - نگاہ رکھنے والا - (رَقب - غور سے
دیکھنا)

راقم (ع - صفت) لکھنے والا - محرر -
(رَقم - لکھنا) **راقم الحروف** (صفت) تحریر مضمون
یا خط کا لکھنے والا -

راک (ف - مذکر) ۱ لڑنے والا
مینڈھا ۲ پیالہ - ساغر ۳ دھاگا -

راکا (س - مونث) ۱ پورنماشی کا دن
۲ بدرہ ۳ خارش ۴ وہ لڑکی جسے خون حیض آنا شروع
ہوجائے -

راکارہ (ف - مونث) بدکار عورت -
فاحشہ -

راکب (ع - مذکر) سوار جانور
یا جہاز کا (رُکوب - سوار ہونا)-

راکٹی (ھ - مونث) راکھڑی -

راکڑ (ھ - مونث) پتھریلی اور ریتلی
زمین -

راکس (ھ - مذکر) راکھشس -

راکشس (س - صفت) ۱ عفریت
کا یا اس کے متعلق - شیطانی - پُرکینہ - بدہیئت سا ۲
عفریت سے بھرا ہوا ۳ (مذکر) خبیث روح -
عفریت - دیو - بھوت - شیطان - جن - آسیب -
پریت - راکشسوں کی تین قسمیں بیان ہوتی ہیں -
ایک تو آسمانی جو نیک ہیں اور یکشوں کے برابر سمجھے
جاتے ہیں - دوسرے بھوت پریت کی قسم کے ہوتات کو
نکلتے ہیں - مرگھٹوں میں رہتے اور بھینٹوں کو خراب
کرتے اور انسانوں کا گوشت کھاتے ہیں سوم وہ جو
دیوتاؤں کے دشمن ہیں - جیسے راون وغیرہ - یہ تمام
برہماجی کے پاؤں سے پیدا ہوئے ہیں - بعض پلستیہ کی
اولاد ہیں ۴ شادیوں کی ایک قسم جس میں لڑکی
کے رشتے داروں کو شکست دے کر اس کے ساتھ
زبردستی شادی کی جاتی ہے ۵ راکشسوں کا ایک
راجہ ۶ تیسواں مہورت ۷ ایک یوگ ۸ نندا کا ایک
وزیر ۹ ایک شاعر - **راکھشسالیہ** (مذکر) راکھشسوں
کا ملک - **راکشس بیاہ** (مذکر) دیکھو راکشس
۴ - **راکھشس بیلا یا ویلا** (ھ - مذکر) وہ
وقت جب راکھشس نکلتے ہیں - **راکشس گرہ**
(مذکر) ایک قسم کا دیوانہ پن - **راکشسی** (مونث)
راکشس عورت ۲ بڑا دانت ۳ ایک قسم کی خوشبو -

راکھ (ہ - مونث) ۱ کسی جلی ہوئی
چیز کی خاکستر - بھبوت ۲ مٹی - خاک (س رکشا) **راکھ
سر پر ڈالنا** (متعدی) سخت غم کی حالت میں یا خاوند
کے مرنے پر عورتیں ایسا کرتی ہیں - **راکھ جھاڑنا**
(متعدی) چلم پر رکھنے سے پہلے کوئلوں یا اپلوں سے
راکھ علیحدہ کرنا - **راکھ واکھ** (مونث) راکھ وغیرہ -
راکھ ہوجانا (لازم) جل کر خاکستر ہوجانا -

راکھا (ھ - مذکر) دیکھو راکھی -

راکھات (ھ - مذکر) وہ زمینیں جو چراگاہ کے لئے چھوڑی جائیں -

راکھڑی (ھ - مونث) ایک قسم کا زیور جو عورتیں سر پر پہنتی ہیں -

راکھس (ھ - مذکر) دیکھو راکشس

راکھس پٹہ (مذکر) ایلوا - مصبر - **راکھس گڈا** (مذکر) ایک قسم کا پودا - **راکھسی** (مونث) راکشسی

راکھنا (ھ - متعدی) رکھنا -

مثل - راکھن ہار بھنے ججھ چار تو کیا بھنے ججھ دوکے بگاڑے - جب میرا مددگار چار بازوؤں والا یعنی شوجی ہے - تو انسان میرا کیا بگاڑ سکتا ہے -

راکھی (ھ - مونث) ۱ راکھ ۲ دھاگا جو سلونو کے موقع پر کلائی پر باندھتے ہیں ۳ تیوہار جس پر یہ دھاگا باندھتے ہیں - سلونو ۴ روپیہ جو حفاظت کے لئے دیا جائے ۵ وہ زمین جو چوکیدار کے گزارے کے لئے مقرر کی جائے ۶ ڈنڈ جو سکھ جمنا کے کنارے کے باشندوں سے وصول کیا کرتے تھے ۷ چوکیدار - محافظ ۸ وہ شخص جو فصلوں کی حفاظت کرے -

راکیس - راکیش (س - مذکر) پورا چاند - بدر

راگ (س - مذکر) ۱ رنگ - برن - لون ۲ جوش - ولولہ ۳ محبت - الفت - شفقت ۴ خواہش ۵ خوشی ۶ رنج ۷ غصہ ۸ (ہ) گانے کا طریقہ - نغمہ - گیت ۹ ہندوستان میں ۶ راگ ہیں - بھیروں - مالویا مالکونس - سارنگ - ہنڈول - وسنت - دیپک جسے میگھ راگ بھی کہتے ہیں - **راگا** (مونث) ایک قسم کا اناج جو دکن میں کاشت کیا جاتا ہے ۲ انگیرس کی دوسری بیٹی - **راگ بھول جانا** (ہ) بقدر یا جوانی جاتی رہنا - **راگ پورنا** (ہ) ۱ لمبا قصہ چھیڑنا ۲ ضدی بچے کا رونا - **راگ چھانا** (ھ) ہم صلاح ہونا - **راگ دینا** (ہ) آسیب زدہ کو راگ سنانا - **راگ رنگ** (ہ) کھیل تماشے - عیش و عشرت - **راگ رنگ بھول جانا** (ہ) کسی وجہ سے عیش و عشرت کی طرف توجہ رہنا - **راگ رلیاں** (ھ) راگ رنگ - **راگ ساگر** (مذکر) ایک گانا جس میں کئی راگ ہوں - **راگ سب بھول گئے** - اوسان خطا ہو گئے - چوکڑی بھول گئے - **راگ گانا** (ہ) ۱ گیت گانا ۲ لمبا قصہ چھیڑنا ۳ بچے کا روں روں کرنا یا رونا - **راگ لانا** (ہ) ۱ فیل مچانا - جھگڑا کرنا - لڑنے کو تیار ہونا ۲ روٹھ جانا - بے محل آزردہ ہو جانا - **راگ مالا** (مذکر) ۱ راگوں کی کتاب ۲ لمبا قصہ - طول طویل داستان

راگن (صفت) ۱ رنگا ہوا ۲ سرخ - سرخ رنگ کا ۳ مشفق - شفیق ۴ خوش کرنے والا ۵ (مذکر) مصور نقاش ۶ عاشق ۷ اناج - **راگنی** (ہ) ۱ راگوں کی چھتیس راگنیوں میں تقسیم کیا گیا ہے ۲ بدکار عورت - **راگنی آگے کھڑی ہونا** (ہ) اچھے گانے کی تعریف میں کہتے ہیں - **راگ و رنگ** (ہ) دیکھو راگ رنگ

راگی - دیکھو راگن -

مقولہ - راگ بھی اپنے وقت کا اچھا ہوتا ہے - ہر چیز اپنے موقع پر اچھی ہوتی ہے -

راگھو (س - مذکر) ۱ رگھو کی نسل کا کوئی شخص ۲ اجا - دسرتھ اور رامچندر جی کا لقب ۳ سمندر ۴ ایک قسم کی بڑی مچھلی - **راگھو چرتر** (مذکر) رامائن کا - **راگھوستھا** (مذکر) رامچندر جی.

رال (ہ - مونث) ۱ چیڑ کا گوند - (س رال) ۲ لعاب دہن - تھوک - پانی جو بچے کے منہ سے نکلے - (س لالا) **رال اڑانا** (متعدی) رال کو آگ لگا کر جلا دینا - **رال بہنا** (لازم) پانی کا منہ سے جاری ہونا - **رال ٹپکتی ہے** - حرص کرتا ہے - **رال ٹپکنا** (متعدی) ۱ منہ سے رطوبت کا نکلنا ۲ منہ میں پانی بھر آنا - حرص کرنا - جی چاہنا ۳ کسی چیز پر فریفتہ ہونا یا راغب ہونا - **رال ٹپک یا ٹپکی پڑنا** (متعدی) دیکھو آخری معنی - **رال گرنا** (لازم) رال ٹپکنا -

رال (ھ - امر) رالنا کا - **رالا** (صفت) ۱ ملا ہوا - کٹا ہوا - ہلایا ہوا ۲ (مذکر) مختلف قسم کے اناج کا مجموعہ ۳ ایک قسم کا اناج - **رالا گڑ** (مذکر) ایک قسم کا گڑ - **رالنا** (متعدی) ۱ کوٹنا ۲ ملانا - **رالی** (مونث) کٹا ہوا اناج -

رام (س - صفت) ۱ خوشگوار - خوش کن ۲ خوبصورت - حسین ۳ سیاہ ۴ (مذکر) خوشی مسرت ۵ ویدوں میں تین راموں کا ذکر آتا ہے ۶ تین رام بعد کے زمانے میں مشہور ہوئے - رامچندر جی - پرسرام اور بلرام دیکھو علیحدہ - ۷ عاشق ۸ گھوڑا ۹ ہرن کی ایک قسم ۱۰ ایک قوم - **راما** (مونث) ۱ خوبصورت عورت - نوجوان اور حسین عورت ۲ عورت - بیوی ۳ نیچ ذات کی عورت ۴ ایک نہر ۵ ایک وزن یا بحر ۶ - **رامائن** (صفت) ۱ رام کے متعلق ۲ (مونث) رام کی اولاد ما دینہ ۳ والمیک کی وہ شہرۂ آفاق رزمیہ نظم جس میں راجہ رامچندر جی اور سیتا کا قصہ ہے لمبا قصہ - طول طویل کہانی - **رام بٹائی** (ھ) مالک اور کاشتکار کے درمیان برابر کی تقسیم فصل - **رام بول** - جب گڑ کی چاشنی پک کر تیار ہوتی ہے تو آنچ کم کرنے کے لئے پکانے والا کہتا ہے - **رام بھجن** (ھ) رامچندر جی کی تعریف کے بھجن - انکی پوجا - **رام بھگت** (مذکر) رامچندر جی کا پجاری - **رام بھگنی** (مونث) ۱ رام کی بہن ۲ پاربتی کا نام - **رام پتر** (مذکر) رودرک کا لقب

رام پتی (مذکر) وشنو پتی کا باپ - **رام پد** (مذکر) ۱ رام کے پاؤں ۲ رام کا مذہب ۳ رام کی حیثیت ۴ مکتی جو رام کی وجہ سے ہو - **رام پرتاپ** (مذکر) رام کی تجلی یا شان و شوکت - **رام پرشاد** (مذکر) کئی مصنفوں کا نام - **رام پوجا** (مونث) رام کی پرستش - **رام پھل** (ہ) شریفے کی ایک قسم جو اوپر سے صاف ہوتی ہے - **رام تارک** (مذکر) ایک منتر جس کے پڑھنے سے مکتی حاصل ہوتی ہے - **رام ترئی** (ہ) بھنڈی - دھینڈرس - **رام تلسی** (ہ) تلسی کی ایک بڑی قسم - **رام تنیاں** (ھ) مٹی کا پیالہ - کلھیا - **رام توشن** (مذکر) ایک مصنف - **رام تیرتھ** (مذکر) ۱ ایک تیرتھ ۲ بہت سے مصنفوں اور دیگر آدمیوں کا نام - **رام ٹیک** (مذکر) ایک پہاڑ ناگپور کے نزدیک - **رام جانے** ۱ خدا جانے ۲ خدا کی قسم - **رام جیت** (مذکر) ایک مصنف - **رام جس** (مذکر) ۱ رامچندر جی کی شہرت ۲ ہندوؤں میں ایک نام - **رام جنمن** (مذکر) رام کی پیدائش یا سالگرہ - **رام جننی** (مونث) رام کی ماں - **رام جنی** (ہ) کسبی - رنڈی - طوائف - **رام جیون** (مذکر) ۱ ایک راجہ کا نام جو ردر رائے کا بیٹا تھا ۲ ایک مصنف - **رام چر** (مذکر) بلرام - **رام چرچا** (مونث) ۱ مذہبی گفتگو ۲ اپدیش - وعظ ۳ کسی بات کی زور کی تردید یا انکار کے موقع پر کہتے ہیں - **رام چرن** (مذکر) ۱ رام کے پاؤں ۲ کئی مصنفوں کا نام **رامچندر** (مذکر) دیکھو علیحدہ - **رام چیرہ** (مذکر) **چیری** (مونث)

رام کا غلام یا لونڈی۔ ہندوؤں کا ایک نام۔ رام
داس (مذکر) ۱؎ اکبر کا ایک وزیر ۲؎ دھرم گپت کا
باپ ۳؎ رتنا کر کے بیٹے اور رہی دھر کا باپ اسے رام بھگت
بھی کہتے ہیں۔ رام داشرتھی (مذکر) رامچندر جی۔
رام دانہ (مذکر) ایک بیج کا نام جس کی مالا بناتے ہیں۔
رام دت (مذکر) ۱؎ نر سنہا راجہ متھلا کا وزیر ۲؎
کئی مصنفوں کا نام۔ رام درگا (مذکر) ایک ستوتر کا
نام جو وسوامتر کی تصنیف بیان ہوتا ہے۔ رام دوادشی
(مونث) جیٹھ کے مہینے کی بارھویں تاریخ شدی یا بدی۔
رام دوارا (مذکر) رام کا دروازہ ۔ دھرم سالہ۔
رام دُوت (مذکر) "رام کا ایلچی" ۱؎ ہنومت کا نام۔
۲؎ بندر۔ رام دُوتی (مونث) ایک قسم کی تلسی۔
رام دھام دا (مذکر) دریائے سرجو کا لقب۔ جو
لوگ اس میں نہاتے ہیں مکتی حاصل کرتے ہیں۔ رام
دُہائی (مونث) دھائی (ھ) ۱؎ رام کی پناہ ۲؎ رام
کی قسم۔ رام دھنش (مذکر) رام کی کمان۔
رام دیال یا دیالو (مذکر) کئی آدمیوں اور مصنفوں کا
نام۔ رام دیو (مذکر) ۱؎ راجہ رامچندر جی ۲؎ کئی مصنفوں
اور آدمیوں کا نام۔ رام راجہ (مذکر) ایک مصنف
رام رام (مذکر) ۱؎ ایک گرو کا نام ۲؎ (مونث)
ہندوؤں کا سلام ۳؎ جان پہچان - واقفیت ۴؎ (حرف
ندا) توبہ توبہ - رام رام بھجنا (ھ) ۱؎ رام کو یاد
کرنا۔ رام کی حمد کرنا ۲؎ رام سے مدد مانگنا ۳؎ رام رام
کہنا۔ رام رام جپنا (ھ) رام کو یاد کرنا۔ رام کی
حمد کرنا - رام رام شام شام (مذکر) ۱؎ ہندوؤں کا
سلام ۲؎ جان پہچان۔ واقفیت - رام رام کرنا یا
کہنا (ھ۔ متعدی) ہونا (لازم) ۱؎ سلام کرنا ۲؎ رام کو
یاد کرنا ۳؎ توبہ توبہ کرنا۔ رام رام بھجو یا کرو (ھ)
۱؎ توبہ کرو ۲؎ خدا نہ کرے ۳؎ خدا کے لئے ایسا نہ کہو۔
رام رچھا (ھ) رکشا (مونث) "رام کی حفاظت"
منتر۔ رام رس (مذکر) ۱؎ نمک ۲؎ ایشر کی محبت
پرمیشور کی بھگتی۔ رام رشی (مذکر) ایک مصنف۔
رام رنگی (ہ) جہانگیر نے شراب کا یہ نام رکھا تھا۔ رام
رولا (ہ) ۱؎ شور و غل ۲؎ رام کے بھجن (کرنا ہونا کے
ساتھ) رام ساہی (مذکر) ایک راجہ - رام سرس
(مذکر) ایک جھیل۔ رام سکھ (مذکر) "رام کا دوست"
سگریو کا لقب۔ رام سینگھا (ھ) ایک بڑا سینگ
جس میں سے بہت اونچی آواز نکلتی ہے۔ رام سنہا
(مذکر) ایک راجہ جو جیا سنہا کا بیٹا تھا۔ رام سنہہ

دیو (مذکر) راجہ متھلا جو رتنیشور کا مربی تھا۔ رام
سنہہ ورمن (مذکر) جے پور کا ایک راجہ جو دھاتو رتن
منجری کا مصنف ہے۔ رام سوامی (مذکر) ۱؎ رام کا
ایک بت ۲؎ کئی مصنفوں کا نام۔ رام سیتو (مذکر)
دیکھو رامیشور۔ رام سین (مذکر) رس سارامرت کا
مصنف۔ رام سیوک (مذکر) ۱؎ دیوی دت کا بیٹا
۲؎ کئی مصنفوں کا نام ۔ رام شاستری (مذکر) نرہر
تیرتھ کا دنیاوی نام جو ۱۲۱۲ء میں فوت ہوا۔ رام
شیشہ شنکر یا شیشنہ (مذکر) مصنفوں کے نام
رام کاجی (مذکر) سادہ لوح۔ بھولا بھالا۔ رام
کانت (مذکر) ۱؎ ایک قسم کا گنا ۲؎ کئی مصنفوں کا
نام - رام کانڈ (مذکر) ایک قسم کا گنا۔ رام کاویہ
(مذکر) ایک نظم۔ رام کتھا (مونث) رامچندر جی کی
مہمات کا تذکرہ یا بیان۔ رام کرت (مذکر) ایک
راگ۔ رام کرشن (مذکر) ۱؎ بہت سے مصنفوں
اور دیگر آدمیوں کے نام۔ رام کری یا کلی (مونث)
ایک راگنی۔ رام کشور (مذکر) ایک مصنف۔
رام اشیشتر (مذکر) ایک ضلع۔ رام کمکر (مذکر)
کئی مصنفوں کا نام۔ رام کہانی (ہ۔ مونث) ۱؎ رام کا
قصہ ۲؎ لمبا قصہ۔ مصیبت کی کہانی۔ طول طویل کہانی۔
رام کیری یا کیلی (مذکر) ایک راگنی رام کی مایا
(مونث) خدا کی قدرت۔ ایشور کی لیلا۔ فطرت۔ رام
گرام (مذکر) ایک سلطنت - رام گرو (مذکر)
رامچندر جی کا گرو۔ وسشٹھ۔ رام لیلا (ہ) دسہرے
کا میلا - رامچندر جی کی مہمات کی نقل جو ہندو
دسہرے کے موقع پر کرتے ہیں رام منتر (مذکر) ایک
منتر جو راجہ رامچندر جی کے اعزاز میں پڑھا جاتا ہے
رام نام (مذکر) ۱؎ خدا کا نام ۲؎ رامچندر جی کا نام۔ رام
نامی (صفت) وہ جس پر رام کا نام ہو (کپڑا یا انگوٹھی)۔
رام نَوْمی (مونث) چیتر کی نویں سدی جو رامچندر جی
کی سالگرہ کی تاریخ ہے۔ رام ولبھ (مذکر)۔ دار
چینی ۔ رام ویاکرن (مذکر) ایک صرف و نحو کی
کتاب مصنفہ وو پدیو۔ رام ورین (مونث)۔
ایک قسم کی بانسری رام لیس (مذکر) رامچندر کی
شہرت۔ رام نبتر (مذکر) ایک خاص قسم کا نقش۔

امثال و اقوال۔ رام بڑھائے
سو بڑھے بل کر بڑھا نہ کوئے ۔ بل کر کے
راون بڑھا چھن میں ڈارے کھوئے
خدا جس کو ترقی دے وہ ہی بڑھتا ہے۔ اپنی طاقت
سے راون بڑھا تھا۔ ایک پل میں سب کچھ کھو بیٹھا
رام بنا دکھ کون ہرے - برکھا بن ساگر کون
بھرے لچھمی بن آدر کون کرے - ماتا بن
بھوجن کون دھرے - خدا دکھ دور کرتا ہے۔
بارش سمندر کو بھرتی ہے۔ دولت عزت کراتی ہے۔
اور ماں کھانے کو دیتی ہے - رام بھروسا بھاری
ہے - خدا پر بھروسا کرنا بہت اچھی بات ہے۔ رام
بھروسے جو رہیں پربت پر لہرائیں۔ تلسی
بروا باغ کے سینچت ہی کملائیں۔ جو لوگ
خدا پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ وہ ویرانوں میں بھی اچھی
حالت میں رہتے ہیں۔ باغ کے پودے باوجود سینچنے
کے سوکھ جاتے ہیں۔ رام جھروکے بیٹھ کے سب کا
مجرا لیت جیسی جا کی چاکری ویسا اس کو
دیت - خدا ہر ایک کو اس کی کوشش کے مطابق
دیتا ہے۔ رام جی نے بیٹا دیا وہ بھی مسلمان کا
پوری کچوری کھاتا نہیں مانگے ٹکڑا نان کا
بڑی آرزوؤں سے ایک چیز ملی وہ بھی ناکارہ۔ رام
چھوڑی اجودھیا من بھاوے سو لے
جو چیز چھوڑ دی اسے کوئی لے لے۔ رام رام تو کہو
من میرے۔ پاپ کٹیں گے چھن میں تیرے
اے میرے دل خدا کا نام لے ترے گناہ پل میں معاف
ہوں گے۔ رام رام ٹھاکراں سلام میاں جی
پاؤں لاگے مصر جی ڈنڈوت گرو جی - ہر
ایک سے اس کے درجے کے مطابق برتنا۔ رام رام
جپنا پرایا مال اپنا۔ ریاکار کی نسبت کہتے ہیں
جو ظاہر میں تو پارسا ہو مگر لوگوں کا مال اڑاتا ہو۔
رام رام دُونیاں گلے مل چوَنیاں - دوکاندار
واقف آدمیوں سے زیادہ قیمت لیتے ہیں۔ رام
رام سب کوئی کہے جسرتھ کہے نہ کوئے
ایک بار جسرتھ کہے - کوٹ یگ پھل
ہوئے - جسرتھ رام کا باپ تھا۔ لیکن اس کا نام
کوئی نہیں لیتا۔ سب رام ہی کا نام لیتے ہیں۔ حالانکہ
اس کا باپ اس سے بڑا ہے۔ جو اس کا نام لے اسے
بے انتہا یگوں کا پھل حاصل ہوتا ہے ۲؎ لوگ فرع کی
طرف رجوع کرتے ہیں۔ اصل کی طرف اگر یں تو جلد مقصد
حاصل ہو ۳؎ یوں۔ فقیروں کی آس چھوڑ کر اگر خدا
کی طرف رجوع کریں تو جلد مقصد حاصل ہو۔ رام
رام ست ہے - خدا سچا ہے - ہندو جنازے کے

ہمراہ یہ الفاظ کہتے ہیں۔ رام رام کہتے رہو جب لگ گھٹ میں پران۔ کبھو تو دین دیال کے بھنک پڑے گی کان۔ جب تک جان میں جان ہے۔ رام رام کہتے رہو کبھی تو ایشور سنے ہی گا۔ رام رام کے کارنے سب دھن ڈار وکھوئے۔ مورکھ جانے گر پڑا دن دن دونا ہوئے۔ ایشور کے نام پر خرچ کرنا چاہیئے۔ بیوقوف خیال کرتے ہیں کہ کھویا گیا لیکن وہ دن بدن دونا ہوتا ہے۔ خیرات کی تعریف ہے۔ رام رام کی لوٹ ہے۔ لوٹی جائے سو لوٹ انت کال پچھتائے گا جب پران جائینگے چھوٹ۔ رام کے نام کی لوٹ ہے۔ جتنا لوٹ سکے لوٹ لے ورنہ مرنے کے بعد پچھتائے گا۔ رام رام لکھ دے سلا تر جائیگی سمجھ لے سیتا رام مکت ہو جائے گی۔ اگر پتھر پر رام کا نام لکھ دو تو پتھر تر جاتا ہے۔ اگر سیتا اور رام کا نام لو تو مکتی ہو جاتی ہے۔ رام سہائے کرے تو کوئی کیا کر سکے۔ اگر رام بچائے تو کوئی کچھ نہیں کر سکتا۔ رام کا آسرا ہے۔ خدا کا بھروسا ہے رام کے بھگت کاٹھ کی گڑیا۔ دن بھر ٹھک ٹھک رات کے گھسکریا۔ ویشنو پجاریوں پر طنز ہے کہ یہ لکڑی کی پتلی کی طرح ہیں۔ دن بھر کھٹ کھٹ ہوتی رہتی ہے رات کو سو جاتے ہیں۔ رام کی مایا کہیں دھوپ کہیں چھایا خدا کی قدرت ہے کہیں روشنی ہے کہیں دھوپ ہے رام ملائی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی دونوں ایک جیسے بدمعاش ہیں۔ رام نا مارے آپنی مرائی (بیوقوفی)، دے کومتی چڑھائے خدا نہیں مارتا اپنی بیوقوفی تباہ کراتی ہے۔ رام نام سمرن کرو یہی نام ہے تنت تین لوک چودہ بھون چھائے رہے بھگونت۔ خدا کا نام لیتے رہو یہ نام بڑی طاقت والا ہے۔ تین دنیا اور چودہ سمتوں میں خدا کی طاقت رہتی ہے۔ رام نام شمشیر پکڑلی کرشن کٹا را باندھ لیا دیا دھرم کی ڈھال بنا لے جم کا دوارا جیت لیا۔ جس نے رام اور کرشن کو اپنا اسلحہ بنایا۔ اور دھرم اور رحم کی ڈھال اختیار کر لی اس کی مکتی ہو گئی۔ رام نام کو آ سکتی کھوجن کو نیار نالایق اور سست رشتے دار کے متعلق کہتے ہیں۔

رام نام لڈوا گوپال نام گھی۔ ہر کا نام مصری تو گھول گھول پی۔ یہ ایک پرارتھنا ہے جو اکثر مندروں میں کی جاتی ہے۔ رام گوپال ہر سب ایشور کے نام ہیں۔ رام نام لے سو دھکا پاوے چوتڑ ہلا وے سو ٹکا پاوے۔ خدا کا نام لینے والے بری حالت میں رہتے ہیں۔ اور بدکار مزے اڑاتے ہیں۔ رام ہی رام ست ہے۔ دیکھو رام رام ست ہے۔

رام (ف۔ صفت) ۱ مطیع۔ فرمانبردار ۲ سدھا ہوا۔ ہلا ہوا (کرنا ہونا کے ساتھ) ۳ مہینے کا اکیسواں دن ۴ اس فرشتے کا نام جو اس دن کا موکل ہے۔

راماں (با۔ عص) ہوا۔ آندھی اور انتقامی انصاف کا دیوتا۔

رام برزین (ف۔ مذکر) ۱ ایک آتش کدہ کا نام ۲ ایک پہلوان۔

رامبھی (ھ۔ مونث) رام دوہائی۔ شکایت۔ استغاثہ۔

رامح (ع۔ صفت) ۱ نیزے سے چھیدنے والا یا مسلح ۲ سینگ دار (بیل) (رَمح۔ نیزہ مارنا)۔

رامز (ع۔ صفت) اشارہ کرنیوالا۔ (رَمز۔ اشارہ کرنا)۔

رامش (ف۔ مونث) ۱ آرام۔ آسائش۔ استراحت ۲ خوشی۔ مسرت۔ انبساط۔ خرمی ۳ خوشی میں گانا ۴ نصیحت۔ صلاح۔ مشورہ ۵ سروں کا میل۔ ہمسازی۔ سریلاپن۔ **رامشت** (مونث) ۱ آرام۔ استراحت ۲ پانچ میں سے چار دن جو ایرانی سال میں شامل کئے جاتے ہیں۔ **رامش جان** (مونث) ۱ ایک سر کا نام ۲ تیس میں سے آٹھویں نغمے کا نام جو بار بد نے ایجاد کئے تھے۔ **رامشخوار** (مذکر) ایک سر کا نام۔ **رامشک** (مونث) آرام۔ استراحت۔ **رامشیگاہ** (مونث) آرام کی جگہ۔ **رامشگر** (مذکر) ۱ گویا۔ مطرب۔ گانے والا ۲ عیاش۔ **رامشگری** (مونث) ۱ گانا بجانا ۲ گفتگو۔ **رامشی**۔ **رامشیں** (مذکر) گویا۔

رامک (ع۔ مذکر) ہچیش کی ایک دوا۔

رامناد (ف۔ صفت) ۱ تابعدار۔ فرمانبردار ۲ (مذکر) مہینے کے اٹھائیسویں دن کا نام۔

رامندی (ف۔ مونث) ایک قدیم ایرانی بولی۔

راموں (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی بکری۔

رامی (ف۔ مذکر) ۱ بانسری کے موجد کا نام ۲ رام ہرمز کا باشندہ۔

رامی (ع۔ صفت) تیرانداز۔ خشت انداز (رَمیٔ۔ پھینکنا)

رامیاد (ف۔ صفت) ۱ فرمانبردار۔ تابعدار ۲ مہینے کے اٹھائیسویں دن کا نام۔

ران (ف۔ مونث) ۱ جانگھ۔ زانو۔ ٹانگ کا اوپر کا اندرونی حصہ جو گھٹنوں سے اوپر ہوتا ہے (ژندوس ار۔ حرکت کرنا) ۲ (صفت) راندن سے۔ چلانے والا۔ دھکیلنے والا ۳ انتظام کرنے والا۔ منتظم۔ آخری ہر دو معنوں میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے حکمران۔ جہازران۔ کامران۔ **ران اکھڑنا** (متعدی) سوار کی ران کا گھوڑے کی پیٹھ سے ہٹ جانا۔ **ران تلے آنا** (لازم) دبانا (متعدی) ۱ قابو میں لانا۔ مطیع کرنا ۲ سوار ہونا۔ **ران جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) پٹڑی جمنا۔ ران کا گھوڑے کو مضبوط پکڑنا۔ **ران چھوڑنا** (متعدی) نکال دینا (غف) **ران سے پھر جانا** (لازم) گھوڑے کا ران کے اشارے سے مڑجانا۔ **ران سے ران باندھنا** (متعدی) ۱ قریب ہونا۔ دور نہ ہونے دینا ۲ حفاظت کرنا۔ **ران سے ران ملانا** (متعدی) **ملنا** (لازم) جماع کے وقت یہ حالت ہوتی ہے۔ **رانوں سے رانیں ملا کر بیٹھنا** (لازم) بالکل قریب بیٹھنا۔ عورت مرد کا اختلاط کی حالت میں بیٹھنا۔

رانا (ہ۔ مذکر) ۱ ہندو راجا۔ راجا دھیراج ۲ اودے پور کے اور دیگر راجوں کا لقب۔ ۳ راجپوتوں کی ایک قوم ۴ (صفت) خودرو۔ جنگلی۔

رانبھنا (ھ۔ لازم) ۱ چیخنا۔ چلانا۔ شور مچانا ۲ ڈکرانا۔ گائے کا آواز نکالنا۔

رانپی (ہ۔ مونث) ایک اوزار جس سے چمڑے کو چھیلتے ہیں۔

رانجھا (پ۔ مذکر) ۱ عاشق۔ پیارا۔ محبوب ۲ ہیر کا عاشق۔ تخت ہزارا ضلع شاہ پور پنجاب کا رہنے والا تھا۔ ہیر پر جو جھنگ کے خاندان سیالان میں سے تھی عاشق ہو گیا۔ انکے عشق کا

قصہ وارث شاہ کی ہیر میں بڑی خوش اسلوبی سے نظم کیا گیا ہے۔ جو بڑے پلنے کی کتاب ہے۔ اس کا اصل نام ڈیڈو تھا۔

رانجھن (ھ۔ مذکر) مٹی کا بڑا گھڑا۔

رانجھن۔ رانجھنا (ھ۔ مذکر) ۱ عاشق۔ پیارا۔ معشوق۔ ۲ قابل عزت شخص۔

راند (ف۔ ماضی) راندن کی نکالنا دور کرنا۔ **رانداجانا** (لازم) مردود ہونا۔ ملعون ہونا۔ **راندگان** (مذکر) جمع راندہ۔ **راندگی** (مونث) نکالا جانا۔ **راندگان** (راندۂ) **درگاہ** (مذکر) بادشاہی دربار یا خدا کی درگاہ سے نکالے ہوئے۔ شیطان۔ گنہگار۔ **راندنا** (متعدی) ۱ نکالنا۔ خارج کرنا۔ دور کرنا ۲ (چرخہ) چلانا۔

راندہ (صفت (مذکر) نکالا ہوا شخص۔ مردود۔ ملعون۔ محروم۔ خارج۔

راندنی (ھ۔ مونث) اجمو۔ خراسانی اجوائن۔

راندھ (ھ۔ مونث) جھگڑا۔ تکرار۔ راڑ۔ **راندھ کاٹنا** (متعدی) جھگڑا ختم کرنا۔ جھگڑا چکانا۔ **راندھ لو**۔ پکا لو۔ **راندھنا** (متعدی) ۱ پکانا۔ کھانا تیار کرنا ۲ چرخہ چلانا۔ **راندھنیا** (مذکر) باورچی۔ رسوئیا۔

مثل۔ راندھو نہ سمجھاؤ۔ سب بیٹھے کھلاؤ۔ خود غرض ہیٹو کی نسبت کہتے ہیں۔ تم کچھ ہی کرو میرا پیٹ بھر دو۔

رانڈ (ہ۔ مونث) ۱ بیوہ ۲ تحقیراً عورت ۳ گالی کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔ (س) رنڈل **رانڈا** (مذکر) ۱ وہ مرد جس کی عورت مر گئی ہو۔ رنڈوا ۲ بنجر زمین ۳ درخت جو پھل نہ دے۔

رانڈاپا (ھ) رنڈاپا۔ بیوگی۔ **رانڈاپوتی** (ھ۔ مونث) ۱ بیوہ اور بغیر بچے کے ہونے کی حالت ۲ (عو) گالی کے طور پر استعمال کرتی ہیں۔ **رانڈ چھندی** (ھ) رنڈی باز۔ بدکار یا لچا آدمی۔ **رانڈ کا سانڈ** (صفت) ۱ لاپرواہ۔ آزاد طبع ۲ (مذکر) بدکار آدمی۔ شوقین مزاج آدمی۔ بانکا ۳ ذلیل آدمی۔ کمینہ شخص ۴ لاڈلا بچہ۔ **رانڈ کے سانڈ** - بدکار آدمی۔ ذلیل آدمی۔ کمینے شخص (گالی جب دوسرے کو خطاب کر کے کہیں)۔ **رانڈ کرڑھی** (مونث) وہ کڑھی جس میں پھلکیاں نہیں ہوتیں۔ **رانڈ پوتی کرنا** (متعدی) ایک دوسری کو رانڈ اور بن اولاد والی کہنا۔ کوسنا۔ بددعا یا گالیاں دینا ۲ لڑنا۔ جھگڑنا۔

امثال واقوال۔ رانڈا گیا سگائی کو۔ آپکو لائے یا بھائی کو۔ جہاں کوئی کام کرنے والا پہلے اپنے لئے کرے اور پھر دوسرے کے لئے وہاں کہتے ہیں۔ ایسے آدمی کو کام نہیں کہنا چاہئے۔ **رانڈا اور کھانڈ کا جوبن رات کو**۔ عورت اور کھانڈ رات کے وقت اچھی معلوم ہوتی ہیں۔ **رانڈ بھانڈ۔ سانڈ بگڑے برے**۔ تینوں غصے میں ہوں تو نقصان پہنچاتے ہیں۔ **رانڈ بیٹی مر گئی جنم سدھر گیا**۔ ہندوؤں میں رانڈ کی شادی نہیں کرتے۔ اس کی بہت حفاظت کرنی پڑتی ہے۔ مر جائے تو خوش ہوتے ہیں۔ **رانڈ روے کواری روے ساتھ لگی ست خصمی روے** رانڈ روتی ہے اس کا خاوند مر گیا۔ کنواری روتی ہے اس کا باپ مر گیا۔ ست خصمی کیوں روتی ہے۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی دکھانے کے لئے ہمدردی ظاہر کرے۔ **رانڈ رہے جو رنڈوے رہنے دیں**۔ دیکھو رانڈیں الخ۔ **رانڈ سانڈ بھانڈ بگڑے ہوئے برے**۔ ان سب کا موافق رکھنا مصلحت ہے۔ رانڈ بھاگ جاتی ہے۔ سانڈ لڑتا ہے۔ بھانڈ بدنام کرتا ہے۔ **رانڈ سانڈ سیڑھی سنیاسی ان سے بچے تو سیوے کاشی** دنیا میں یہ چیزیں انسان کو نقصان پہنچاتی ہیں۔ اگر ان سے بچے تو خدا کی پرستش کرے۔ **رانڈ سے بڑھ کر کوسنا نہیں۔ رانڈ سے پرے کوسنا ہی کیا**۔ عورت کو رانڈ کہنے سے بڑھ کر کوئی گالی نہیں۔ رانڈ عورت کیلئے سب سے بڑی بد دعا ہے۔ **رانڈ کا سانڈ چھنال کا چھوکرا**۔ رانڈ اور رنڈی کا بیٹا دونوں بدچلن ہوتے ہیں۔ **رانڈ کا رونا بازار کا سودا کس نے سنا**۔ ان دونوں کی داد رسی نہیں۔ **رانڈ کا سانڈ سوداگر کا گھوڑا کھائے بہت چلے تھوڑا**۔ دونوں سے کوئی کام نہیں کیا جاتا۔ **رانڈ کو بیٹے کا بل رنڈوے کو روپے کا بل**۔ رانڈ کو دلاکا فخر ہوتا ہے۔ رنڈوے کو روپے کا۔ **رانڈ کے آگے گالی کیا**۔ دیکھو رانڈ سے الخ۔ **رانڈ کے چرخے کی طرح چلا ہی جاتا ہے**۔ بڑا بکی ہے کسی وقت چپ ہی نہیں ہوتا۔ رانڈیں عموماً چرخہ کات کر گذارہ کرتی ہیں۔ چونکہ اس میں مزدوری تھوڑی ملتی ہے۔ اس لئے انہیں سارا سارا دن کام کرنا پڑتا ہے۔ **رانڈ کی گانٹھ میں مال کا لوُٹک**۔ رانڈ کے پاس روپے پیسے کی بہت کمی ہوتی ہے۔ **رانڈ گیا سگائی کو آپ لاوے کہ بھائی کو**۔ چیز تھوڑی خریدار بہت۔ **رانڈ موئی گھر سنپت ناسی مونڈ منڈائے بھئے سنیاسی**۔ مجبوری کی وجہ سے سنیاسی ہوا۔ بیوی مر گئی گھر تباہ ہوا۔ سادھوؤں سنیاسیوں پر طنز ہے۔ **رانڈیں تو بہت رہیں جو رنڈوے رہنے دیں** بیوہ عورتیں بیوگی کی حالت میں تو بہت رہیں۔ مگر مرد نہیں رہنے دیتے۔ بیوہ عورتیں بدچلن نہ ہوں اگر مردان کا پیچھا چھوڑ دیں۔

رانڈی (ھ۔ مونث) رنڈی۔ طوائف۔

مثل۔ رانڈی کے گھر مانڈی عاشقوں کے گھر کڑاکا۔ رنڈیاں مزے اڑاتی ہیں اور جوان کو روپیہ پیسہ دیتے ہیں وہ بھوکے مرتے ہیں۔

رانڑ (ھ۔ مونث) رانڈ۔

مثل۔ رانڑ بھیلا کے سکھ کون۔ جو نچنت سوتل نا (پوربی) رانڈ ہونے کا کیا فائدہ جو آرام سے نہ سوئی۔

رانڑکا (ھ۔ صفت) بیوقوف۔ احمق۔

رانگ (ہ۔ مونث) ۱ پودوں کا عرق جو رنگنے کے کام آتا ہے۔ رنگ ۲ قلعی۔ (س رنگ) **رانگا** (مذکر) قلعی۔ **رانگ بھریا** (مذکر) وہ شخص جو رنگدار کھلونے اور زیور بنا کر بیچتا ہے۔ **رانگ ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ پگھل جانا۔ نرم ہو جانا ۲ کم قیمت ہو جانا۔ چیز خراب ہو جانا ۳ غصہ دور ہو جانا۔ راضی ہو جانا ۴ بالکل گھل جانا۔

مقولہ۔ رانگ ہیرے کو کاٹتا ہے۔ کبھی ناتواں زبردست پر غالب آجاتا ہے۔

رانگڑ (ھ) **رانگڑا** (ھ)
رانگھڑ (ہ۔ مذکر) ۱ مسلمان راجپوت ۲ گجرات اور میوات کے درمیان ایک علاقہ ۳ اس علاقے کا باشندہ۔ **رانگڑی** (ھ) **رانگھڑی** (مونث) رانگھڑوں کی زبان۔
مثل۔ رانگھڑ گوجر دو۔ کتا بلی دو یہ چاروں نہ ہوں تو کھلے کواڑ سو۔ یہ چاروں چوری کے عادی ہیں۔
رانوا (ھ۔ مذکر) ۱ جنگل یا افتادہ زمین جو شہر کے قریب ہو ۲ ایک محصول جو مویشی چرانے کے لئے لیا جاتا ہے۔
رانی (ھ۔ مونث) ۱ راجہ کی بیوی۔ ملکہ ۲ ہندوؤں میں معزز عورت (رانا کی مونث)
رانی کھن (مذکر) جھگڑا جو مدت تک گھر میں رہے (ڈالنا۔ مچانا۔ مچنا کے ساتھ)۔
امثال واقوال۔ رانی دیوانی ہوئی۔ اوروں کو پتھرا اپنوں کو لڈو مارے۔ دیوانہ بکار خود ہوشیار۔ ان کی دیوانگی میں بھی اپنا ہی فائدہ ہے۔ **رانی روٹھے گی اپنا سہاگ لے گی کیا کسی کا بھاگ لے گی۔** اس جگہ عورت کے متعلق بولتے ہیں جہاں وہ روٹھ جائے۔ روٹھ جائے گی تو ہمارا کیا کرے گی۔ ہمیں پرواہ نہیں۔ **رانی کو باندھی کہا ہنس دی باندھی سے باندھی کہا رو دی۔** کمینے کو کمینہ کہو تو وہ ناراض ہو جاتا ہے اگر شریف کو کہو تو وہ پرواہ نہیں کرتا۔ **رانی کو رانا پیارا کانی کو کانا پیارا۔** ہر ایک کو اپنا ہم جنس اچھا معلوم ہوتا ہے۔ **رانی کو کون کہے آگا ڈھک۔** بڑے آدمیوں کو غلطی کرتے ہوئے دیکھ کر کون روک سکتا ہے۔ **رانی گئیں ہاٹ لائیں ریچھ کرچکی کے پاٹ۔** بڑے آدمی بعض وقت فضول چیزیں خرید لیتے ہیں جو ان کے کسی مصرف کی نہیں ہوتیں۔
راوت (ھ۔ مذکر) ۱ راجہ ۲ سردار۔ راؤ ۳ شجاع۔ بہادر۔ سورہیر ۴ چوہڑوں کی ایک اونچی ذات جو جھوٹا نہیں کھاتے ۵ اس ذات کا ایک فرد ۶ (ر۔ تلواریوں کی اصطلاح) سیف بازی کا استاد جس کے بہت شاگرد ہوں۔
راوٹی (ہ۔ مونث) دیکھو راؤٹی
راول (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو راوت ۲ راجہ کا دربار۔
راولیا (ھ۔ صفت) شاہانہ۔ شاہی۔ راجوں جیسا ۲ سپاہیوں کی طرح۔ سرداروں کی طرح۔
راون (س۔ مذکر) ۱ چیخنے والا ۲ لنکا کا راجہ جو وشروس اور کیشنی کا لڑکا اور کوبیر کا سوتیلا بھائی تھا۔ یہ ذات کا برہمن تھا۔ اور بڑا دیا دان تھا۔ اسنے تپسیا کے بل سے یہ طاقت حاصل کی کہ کوئی دیوتا یا انسان اسے قتل نہ کر سکے۔ اس لئے اس کی سرکوبی کے لئے وشنو جی نے دسواں اوتار راجہ رام چندر جی کی صورت میں لیا۔ اس کے دس سر اور بیس بازو تھے ایک سر گدھے کا تھا۔ وبھیشن اور کمبھ کرن اس کے بھائی تھے۔ اس کی بہن راجہ رام چندر جی پر عاشق ہوگئی۔ مگر انہوں نے توجہ نہ کی اور لچھمن جی نے اس کی ناک کاٹ ڈالی۔ وہ راون کے پاس جاکر فریادی ہوئی۔ راون گیا اور سیتا جی کو اٹھا لیا جس پر وہ بڑی جنگ ہوئی جس کا ذکر رامائن میں ہے۔ آخر یہ رام چندر جی کے ہاتھ سے مارا گیا۔ کیونکہ وہ نہ دیوتا تھے نہ انسان ۳ کشمیر کا ایک راجہ ۴ کئی مصنفوں کا نام۔ **راون گنگا** (لنکا) ایک دریا۔ **راون کا سالا** وہ شخص جو کسی بڑے آدمی کی حمایت میں لوگوں پر ظلم کرے۔ **راون کی سینا یا سنیا** (مونث) راجہ راون کی سیاہ پوش فوج۔ کالے کلوٹے لڑکوں کی جماعت۔
راوند (ف۔ مونث) ۱ رسی جس پر کپڑے یا انگور کے خوشے لٹکاتے ہیں ۲ ریوند ایک پودے کی جڑ ۳ اصفہان کے قریب ایک شہر۔ **راوند چینی** (مونث) چین کا راوند۔ ایک دوا۔ **راوند خراسانی** (مذکر) خراسان کا راوند۔
راوی (ع۔ مذکر) روایت یا بیان کرنے والا شخص۔ مورخ۔ افسانہ نگار ۲ قصے یا کہانی کا مصنف۔ **راویان** (جمع) راوی کی۔
راہ (ف۔ مونث) ۱ رستہ۔ گذر۔ سڑک۔ باٹ۔ طریق۔ شارع۔ ڈگر ۲ ڈھب بیل غرض ۳ سفر۔ مسافرت ۴ میل جول۔ دوستی۔ آشنائی رابطہ۔ رسائی ۵ طریقہ۔ طرز۔ ڈھنگ۔ رسم۔ رواج ۶ آگاہی۔ واقفیت۔ خبر ۷ تدبیر۔ موقع۔ محل ۸ ... ۹ سیدھا رستہ ۱۰ سلسلہ۔ بہانہ ۱۱ (تف) طریقے پر۔ رستے میں۔ (پہلوی راس یا راش ژند رتھیہ ل دتھیا)۔ **راہ آب** (مونث) نالی۔ نہر۔ **راہ آفتاب** (مونث) سورج کا راستہ۔ طریق الشمس۔ راس چکر۔ **راہ آہن** (مونث) ریل کی سڑک۔ **راہ الٹی ہونا** (لازم) کسی طرف کو سیدھا راستہ جاتے جاتے پھر پیچھے کی طرف کو پھر جانا۔ **راہ باریک ہونا** (لازم) رستہ تنگ ہونا۔ **راہ باندھنا** (متعدی) ۱ رستہ روکنا۔ بڑھنے نہ دینا ۲ روکنا۔ داخل نہ ہونے دینا۔ **راہ بائیں ہونا** (لازم) رستہ جدا یا علیحدہ ہونا۔ **راہ بتانا** (متعدی) ۱ طریقہ بتانا۔ تدبیر بتانا ۲ رستہ دکھانا۔ راہنمائی کرنا۔ راستے کا پتہ دینا ۳ نصیحت کرنا۔ ہدایت کرنا ۴ نکال دینا۔ موقوف کرنا۔ ۵ ڈھنگ سکھانا ۶ دھوکا دینا۔ فریب دینا ۷ ٹالنا رخصت کرنا۔ **راہبر** (مذکر) ۱ راہنما۔ رستہ دکھانے والا ۲ سردار۔ سرغنہ ۳ پیر۔ ہادی پیغمبر۔ **راہبری** (مونث) راہنمائی۔ ہدایت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔ **راہ بند کرنا** (متعدی)۔ **ہونا** (لازم) ۱ راستہ کھلا نہ ہونا یا رکا ہونا ۲ کوئی طریقہ نہ ہونا۔ **راہ بھٹکنا** (لازم) ۱ ایک راستے کی بجائے دوسرے راستے چلا جانا۔ **راہ بھلانا** (متعدی) گمراہ کرنا۔ **راہ بھولنا** (لازم) ۱ گمراہ ہونا ۲ راہ گم کرنا ۳ مدت کے بعد آنا۔ **راہ پانا** (متعدی) موقع پانا۔ گنجائش پانا۔ **راہ پر آنا** (لازم) ۱ ٹھیک رستے پر آنا ۲ ہدایت پانا۔ نیک بننا ۳ گمراہ کا راہ راست پر آنا ۴ اصلاح قبول کرنا۔ **راہ پر خطر** (مذکر) وہ راستہ جس میں بہت خطرہ ہو۔ **راہ پر لانا** (متعدی) ۱ نیک بنانا۔ رہبری کرنا ۲ اپنے ڈھب کا بنانا ۳ قابو میں لانا ۴ دوست بنانا۔ یار بنانا۔ **راہ پر لگا لانا** (متعدی) اپنے ڈھب پر لگا لینا۔ **راہ پر لگانا** (متعدی) ڈھب پر لانا۔ موافق بنانا۔ **راہ پر لے آنا** (لازم) دیکھو راہ پر لانا۔ **راہ پر ہونا** (لازم) ۱ طرز پر ہونا طریقے

پر ہونا ۲ روش اختیار کرنا۔ راہ پڑنا (لازم) ۱ درست رستے پر جانا ۲ ایک دوسرے پر اعتبار کرنا۔ راہ پوچھنا (متعدی) رستہ دریافت کرنا۔ راہ پھٹنا (لازم) ایک رستے کا دوسرے سے علیحدہ ہونا۔ راہ پھرنا (لازم) راستے کا مڑنا۔ راہ پیدا کرنا (متعدی) ۱ رستہ نکالنا۔ طریقہ نکالنا ۲ دوستی پیدا کرنا۔ ملاقات بہم پہنچانا ۳ کسی کام میں مہارت پیدا کرنا۔ راہ پیدا ہونا (لازم) طریقہ نکلنا۔ رستہ نکلنا۔ راہ پیما (صفت) راہرو۔ مسافر۔ راہ تجویز کرنا (متعدی) کسی خاص راہ کو منتخب کرنا۔ کہ وہاں سے کوئی خاص شخص گزرے گا۔ راہ تکنا (متعدی) انتظار کرنا۔ راہ جاری ہونا (لازم) رستے پر آمد و رفت ہونا۔ راہ جانا (لازم) راستہ جانا۔ راہ چبینی (ھ۔ مونث) مٹھائی وغیرہ جو برہمنوں کو دی جاتی ہے۔ تاکہ روح کو مرنے کے بعد رستہ چلنے میں آسانی ہو۔ راہ چلتا (مذکر) مسافر۔ راہ رو۔ راہ چلتوں (سے لڑنا) کا پلہ پکڑنا (متعدی) خواہ مخواہ جھگڑا پیدا کرنا۔ بے سبب لڑنا۔ راہ چلتے (تف) رستے میں۔ رستہ چلتے ہوئے۔ راہ چلنا (لازم) ۱ راستے پر جانا۔ طریقہ یا ڈھنگ اختیار کرنا۔ راہ چھوڑ کر کراہ چلنا (لازم) ۱ راہ راست سے بھٹکنا۔ گمراہ ہونا ۲ برے ڈھنگ یا طریقے پر چلنا۔ راہ چھوڑنا (متعدی) ۱ غلط رستے پر پڑنا۔ گمراہ ہونا ۲ راستے سے ہٹ جانا۔ ایک طرف ہو جانا ۳ سڑک سے اتر جانا۔ راہِ حقیقت (مذکر) سچائی کا رستہ۔ درست رستہ۔ راہ خدا (تف) ۱ خدا کے لئے۔ للہ ۲ (مذکر) خدا کے پانے کا ذریعہ۔ راہِ خدا دینا (متعدی) خیرات کرنا۔ فی سبیل اللہ دینا۔ راہ خدا میں جان دینا (لازم) شہید ہونا۔ راہ خرچ (مذکر) سفر خرچ۔ رستے کے اخراجات۔ راہ دار (مذکر) ۱ راہ کا نگہبان ۲ رستے کا محصول لینے والا ۳ ایک قسم کا کپڑا جس پر دھاریاں اور نشان بنے ہوتے ہیں۔ راہداری (مونث) رستے کا محصول ۲ رستے پر چلنے کا اجازت نامہ۔ پاسپورٹ۔ راہداری کا پروانہ (مذکر) دیکھو آخری معنے۔ راہ درپیش ہونا (لازم) سفر آگے ہونا۔ راہ دکھانا (متعدی) ۱ رستہ بتانا ۲ انتظار کرانا۔ راہ دیکھنا (لازم) انتظار کرنا۔ راہ دینا (متعدی) رستے سے ہٹ جانا۔ رستہ چھوڑ دینا ۲ آنے یا جانے دینا۔

۳ اجازت دینا۔ کسی کام کی خصوصاً فال یا استخارے کا۔ راہ ڈالنا (متعدی) رسم قائم کرنا۔ عادت اختیار کرنا۔ راہ راست (مذکر) سیدھا یا درست رستہ۔ راہِ راست پر آنا (لازم) ۱ سیدھا رستہ اختیار کرنا ۲ گناہوں سے توبہ کرنا ۳ مسلمان ہونا۔ راہ راست پر چلنا (لازم) ایماندار ہونا۔ بے ایمانی نہ کرنا۔ راہِ راست پر لانا یا لگانا (متعدی) ۱ مسلمان کرنا ۲ گناہ سے توبہ کرانا ۳ ٹھیک رستے پر لگانا۔ راہ راست دکھانا (متعدی) مسلمان بنانا۔ مسلمان ہونے کی توفیق دینا۔ راہ راست سے بھٹکانا (متعدی) بھٹکنا (لازم) بدراہ ہونا۔ کافر ہونا۔ راہ راہ (سے) (تف) راستے راستے ۲ بموجب رواج کے۔ ٹھیک طور پر ۳ معقول طور سے۔ انصاف سے ۴ ٹھیک ٹھیک۔ واجبی طور سے۔ راہ راہ چلنا (لازم) ۱ سیدھے رستے پر چلنا ۲ معمولی عادت یا طریقے کے بموجب کام کرنا ۳ کسی شخص کے طریق کی پیروی کرنا ۴ متوسط طریق اختیار کرنا ۵ ٹھیک طور پر یا رسم و رواج کے مطابق کام کرنا۔ راہ راہ کا (صفت) ۱ ٹھیک ٹھیک۔ درست۔ سیدھا سیدھا ۲ معقول۔ رسمی۔ راہ راہ کی باتیں (مونث) درست باتیں۔ مناسب باتیں۔ راہ راہ کی کہنا (متعدی) ٹھیک بات کہنا۔ سیدھی سیدھی بات کہنا۔ راہ رسم کرنا (متعدی) ملاقات پیدا کرنا۔ شناسائی۔ صاحب سلامت رکھنا۔ راہ رکھنا (متعدی) ۱ رسم رکھنا۔ ربط رکھنا ۲ باہم تعلق رکھنا۔ دوستی رکھنا۔ معاملت رکھنا۔ راہرو (مذکر) ۱ مسافر۔ راہ چلتا۔ راہ روانِ ملک عدم (مذکر) مردے۔ متوفی لوگ۔ راہ روش (مونث) ۱ چالچلن۔ رویہ ۲ رسم و رواج۔ عادتیں۔ طریقے۔ راہ روکنا (متعدی) ۱ رستہ بند کرنا ۲ مزاحمت کرنا۔ راہ رُوندن (ف) ۱ راہ روکنا ۲ رستے کو صاف رکھنا۔ راہروی (مونث) سفر۔ راہ چلنا۔ راہروی کرکے چلا جانا (لازم) بغیر ٹھیرنے کے چلا جانا۔ رستے رستے چلا جانا۔ راہ ریت (مونث) ۱ رسم و رواج۔ رسوم ۲ انداز۔ طریقہ۔ راہ زن (مذکر) قزاق۔ لٹیرا۔ ڈاکو۔ قطاع الطریق۔ راہ زنی (مونث) لوٹ مار۔ ڈاکہ۔ سرقہ بالجبر۔ راہ سوجھنا (لازم) تدبیر سوجھنا یا سمجھ میں آنا۔ راہ سے (تف) ۱ رستے سے ۲ سیدھی طرح۔ قاعدے سے۔ طریقے سے ۳ رسم و رواج کے مطابق۔ راہ سے بے راہ ہونا (لازم) ۱ سیدھا رستہ چھوڑ کر غلط راستے پر آنا۔ رستہ بھول جانا

۲ گمراہ ہونا۔ کافر ہونا ۳ بدچلن ہونا۔ بد وضع ہو جانا ۴ حد سے بڑھ جانا۔ راہ سے جا لگنا (لازم) ٹھکانے جا لگنا۔ راہ سے چلنا (لازم) ٹھیک یا درست طریقے پر کام کرنا۔ معقولیت سے کام کرنا۔ وضعداری کی زندگی بسر کرنا۔ راہ سیدھی لگنا (لازم) سیدھے رستہ جانا۔ راہ سیدھی ہونا (لازم) رستہ سیدھا یا بغیر پھیر یا چکر کے ہونا۔ راہ سر (تف) دیکھو راہ راہ (سے)۔ راہ سر چلنا (لازم) راہ راہ چلنا۔ (سے) راہ سے گزرنا (لازم) راہ میں چلنا۔ رستے پر سفر کرنا۔ راہ سے منہ (نہ) موڑنا (متعدی) کسی کام کے کرنے سے (نہ) رکنا۔ راہِ ضلالت (مذکر) گمراہی۔ راہ طے کرنا (متعدی) ہونا (لازم) سفر ہونا۔ مسافت طے کرنا۔ راہ غلط کرنا (لازم) غلط رستے پر چلنا۔ راہِ فرار اختیار کرنا یا لینا (متعدی) بھاگ جانا۔ راہ قطع کرنا (متعدی) ہونا (لازم) راہ طے ہونا۔ راہ کا پھیر یا پیچ (مذکر) رستے کا چکر۔ راہ کی کجی۔ راہ کاٹنا (متعدی) ۱ رستہ چلنے والے کے آگے سے نکل جانا ۲ راہ چلنے میں مانع ہونا۔ رستہ روکنا ۳ ایک رستہ چھوڑ کر دوسرا رستہ اختیار کرنا ۴ مسافت طے کرنا ۵ چھوٹا راستہ اختیار کرنا۔ راہ کترا کر نکل جانا (متعدی) ۱ ایک راستہ چھوڑ کر دوسرے راستے سے نکل جانا ۲ کسی کو دیکھ کر دوسرے راستے کی طرف چلے جانا۔ راہ کٹنا (لازم) رستہ طے ہونا۔ راہ کرنا (متعدی) دیکھو راہ پیدا کرنا ۲ رسائی پیدا کرنا ۳ ادائے قرض کی صورت نکالنا۔ راہ کڑی ہونا (لازم) رستہ مشکل یا دشوار ہونا۔ راہ کھلنا (لازم) ۱ رستہ جاری ہونا ۲ پابندی موقوف ہونا۔ بندش ہٹ جانا۔ راہ کھوٹی کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ چلنے میں دیر ہونا ۲ راستہ رکنا ۳ سفر سے رک جانا ۴ چلتے ہوئے کام میں خلل پڑنا۔ کام رکنا۔ راہ کی بات (مونث) واجبی بات۔ معقول بات۔ شائستہ بات (ہونا کے ساتھ) راہ کی روٹی (مونث) وہ کھانا جو مسافر ساتھ لے لیتا ہے۔ راہ گیر یا گرا (مذکر) مسافر۔ راہرو۔ راہگزار۔ راہگزر (مونث و مذکر) رستہ۔ سڑک۔ راہِ گریز اختیار کرنا (متعدی) بھاگ جانا۔ فرار ہو جانا۔ راہ گلی میں (تف) راستے میں۔ راہگیر (مذکر) مسافر۔ راہرو۔ راہگیر عالم بقا ہونا (لازم) مر جانا۔ راہ لگ۔ اپنا رستہ لے۔ راہ لگانا (متعدی)

لگنا (لازم) ۱ طریقے پر لگنا۔ ڈھنگ پہ لگنا ۲ راہنمائی
ہونا ۳ جانا۔ رستے پر روانہ ہونا۔ **راہ لینا** (متعدی)
۱ روانہ ہونا۔ جانا ۲ (اپنا) اپنا کام کرنا۔ **راہ مار**
رہزن۔ قزاق۔ **راہ مارنا** (متعدی) ۱ رہزنی کرنا
لوٹنا ۲ رکاوٹ پیدا کرنا ۳ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔
راہ ماری (مونث) لوٹ مار۔ غارتگری۔ **راہ
مرنا** (لازم) راستہ ناپید ہو جانا۔ **راہِ ملکِ
عدم لینا** (متعدی) مرجانا۔ **راہ ملنا** (لازم) ۱
رستہ پانا ۲ کوئی تدبیر نکل آنا۔ منزل مقصود نظر
آنا۔ **راہ میں آنکھیں بچھانا** (لازم) بہت
خاطر تواضع کرنا۔ **راہ میں بچھ جانا** (لازم)
بہت عاجزی یا انکسار کرنا۔ **راہ میں پھیر ہونا**
(لازم) ۱ راستہ ٹیڑھا ہونا۔ رستے میں چکر ہونا ۲
کسی معاملے میں دھوکا ہونا۔ **راہ میں ٹکنا**
(لازم) رستے میں کہیں ٹھہر جانا۔ **راہ میں جاکر
خبر لینا** (متعدی) رستے میں جاکر امداد کرنا۔ **راہ
میں چلنا** (لازم) رستے پر سفر کرنا۔ **راہ میں
حائل ہونا** (لازم) رستے میں آجانا۔ رستہ روکنا۔
راہ میں رہجانا (لازم) ۱ ساتھ چھوڑ دینا ۲
تھک کر رہجانا۔ **راہ میں قدم مارنا** (متعدی) چلنا۔
روانہ ہونا۔ **راہ میں کانٹے بچھانا** (متعدی) **بچھنا**
(لازم) ۱ رستہ دشوار گزار ہونا ۲ دشمنی یا تکلیف کی بات
ہونا۔ **راہ میں لینا** (متعدی) ۱ کسی کو پہنچنے سے پہلے
جا ملنا۔ رستے پر مل جانا ۲ ملاقات کرنا ۳ پیشوائی کرنا۔
راہ میں ہونا (لازم) رستے پر چلتے ہونا۔ اثنائے راہ
میں ہونا۔ **راہ ناپنا** (متعدی) ۱ اکر جلد چلے جانا۔
کھڑے کھڑے آنا ۲ مارا مارا پھرنا ۳ بیفائدہ کام کرنا۔
راہ نامہ (مذکر) سڑکوں کا نقشہ یا کتاب۔ **راہِ
نجات** (مونث) ۱ بخشش یا نجات کا ذریعہ ۲ مسلمانوں
کی ایک مذہبی کتاب۔ **راہ نکالنا** (متعدی) **نکلنا**
(لازم اُردو) ۱ راستہ بنانا۔ سڑک نکالنا ۲ تدبیر یا تجویز
نکالنا ۳ وسیلہ پیدا کرنا ۴ رسائی حاصل کرنا۔ **راہنما**
(مذکر) رہبر۔ ہادی۔ پیشوا۔ **راہنمائی** (مونث) رہبری
ہدایت۔ **راہ نورد** (صفت) ۱ تیز چلنے والا۔ راستہ
چلنے والا ۲ مسافر۔ راہرو۔ **راہ نوردی** (مونث)
سفر۔ مسافت۔ **راہ نہیں**۔ طریقہ نہیں۔ چارہ
نہیں۔ تدبیر نہیں۔ **راہوار** (مذکر) ۱ گھوڑا۔ تیز چلنے
والا گھوڑا۔ اچھا گھوڑا ۲ (صفت) تیز۔ صبا رفتار۔ بادپا۔
راہوار اٹھانا (متعدی) گھوڑے کو تیز چلانا۔

راہواری (مونث) قدم بازی گھوڑے کا تیز قدم چلنا
راہ وا ہونا (لازم) رستہ کھلنا۔ **راہ و ربط یا رسم**
(مونث) میل جول۔ ربط ضبط۔ صاحب سلامت۔
راہ ریت۔ **راہ ہول خیز** (مذکر) خوفناک رستہ۔ ایسا
رستہ جس پر ڈر آئے۔ **راہ ہونا** (لازم) ۱ میل جول ہونا
معاملت ہونا ۲ محبت ہونا ۳ صلح ہونا۔ **راہی** (مذکر)
مسافر۔ راہرو۔ **راہیں بتانا** (متعدی) تدبیریں
بتانا۔ مشورے دینا۔ تدبیروں سے آگاہ کرنا۔ **راہیِ
ملکِ بقا ہونا** (لازم) مرجانا۔

امثال و اقوال

راہ پڑے جانئے یا باہ پڑے جانئے۔ آدمی کی اصلیت
ہم سفر ہونے یا واسطہ پڑنے سے معلوم ہوتی ہے۔
راہ چلے یا پاس بسے جب جانئے۔
باہم سفر یا ہمسائگی سے آدمی پہچانا جاتا ہے۔ **راہ
چھوڑ کراہ پڑے**۔ جو سیدھے رستے کو چھوڑ کر گمراہ
ہوئے۔ **راہ چھوڑ کراہ جائے (چلے) ترت
دھوکہ کھائے**۔ جو سیدھے رستے کو چھوڑ دیتا
ہے۔ فوراً گمراہ ہوتا ہے۔ **راہ ہی راہ سو راہ
ہی را۔ رام ہے راہ سو ہی ہے اپنا**۔
جو سب کا ہو ہے وہی خوب ہے یا منظور ہے۔

راہب (ع۔ مذکر) ۱ عیسائی زاہد
یا عابد ۲ تارک الدنیا۔ جوگی (رَہَب۔ ڈرنا)۔

راہتیہ (س۔ مذکر) ۱ ہر چیز سے
آزادی ۲ افلاس۔ غربت۔

راہن (ع۔ مذکر) رہن کرنے والا۔
گروی رکھنے والا شخص۔

راہنا (ہ۔ مذکر) چکی پر لوہے کے
اوزار سے نشان کھودنا۔

راہو (س۔ مذکر) پکڑنے والا۔
ایک دیت جو دیپرچتی اور سنہکا کا لڑکا تھا۔ یہ چاند
اور سورج کو پکڑ لیتا ہے جس کی وجہ سے گرہن ہو جاتا
ہے ۲ کسی سیارے کا نقطہ راس۔ **راہو یا کیتو** (مذکر)
نقطہ راس و ذنب۔ **راہو گراس یا گرہ**۔ سورج یا
چاند گرہن۔

رائتا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی خوراک
جو بینگن کدو وغیرہ کو گرم راکھ میں جھلس کر یا ابال
کر دہی میں ڈالکر بناتے ہیں (س راجی۔ رائی) **رائتا
بنانا۔ کرنا** (متعدی) **بننا یا ہونا** (لازم) ۱ بھرتا
بننا ۲ مار سے پتلا حال ہونا۔

رائج (ع۔ صفت) ۱ جاری۔ رواج
عام ۲ رسمی۔ دستور کے موافق (رَوَج۔ فوراً ایک جانا)
رائج الوقت (مذکر) ۱ زمانے کا دستور یا فیشن ۲
سکہ جو اس وقت جاری ہو۔ **رائج کرنا** (متعدی)
ہونا (لازم) جاری ہونا۔ رواج پانا۔

رائحہ (ع۔ مذکر) خوشبو۔ مہک۔
نکہت۔ روائح جمع۔

رائگاں (ف۔ صفت) ۱ رستے پر
پڑا ہوا ۲ فضول۔ بے وقعت ۳ (تف) ضائع۔ لاحاصل
اکارت (جانا۔ کرنا ہونا کے ساتھ)۔

رائفل (انگ۔ مونث) ایک نالی
بندوق جس میں گولی چلتی ہے۔ اس کے اندرونی حصے
پر جھریاں بنی ہوئی ہوتی ہیں۔ جن سے گولی چکر کھاتی
ہوئی نکلتی ہے۔ **رائفلز** (جمع) کئی انگریزی رجمنٹوں کا
نام جیسے سکاٹش رائفلز۔

رائل (انگ۔ صفت) ۱ شاہی۔
شاہانہ۔ سلطانی۔ خسروی ۲ نہایت عمدہ ۳ نامی مشہور۔
رائل اکیڈمی (مونث) ایک جماعت انگلستان میں
جو علوم نغمیہ کی ترقی کے لئے ۱۷۶۸ء میں سر جوشو
رینالڈز اور اس کے دوستوں نے قائم کی تھی۔ **رائل
روڈ** (مونث) ۱ شاہی سڑک ۲ مذاقاً کسی امتحان میں
آسان مضمون لے کر اس کو پاس کرنے کے موقع پر کہتے
ہیں۔ خصوصاً بی اے میں فارسی اور تاریخ۔ **رائل
سکاٹز** (مذکر) ایک انگریزی رجمنٹ کا نام۔ **رائل فیملی**
(مونث) شاہی خاندان۔

رائلٹی (انگ۔ مونث) کسی
کتاب کے حق تصنیف یا تالیف دینے کا معاوضہ۔

راؤ (ہ۔ مذکر) ۱ راجہ۔ راجہ کا بیٹا ۲
سردار ۳ ہندوؤں کا ایک اعزازی لقب (س راجگ)
راؤ بہادر۔ راؤ صاحب (مذکر) سرکاری خطاب
جو ہندوؤں کو عطا کئے جاتے ہیں۔ **راؤ کرشک** (مذکر)
گاؤں کا نمبردار۔

راوُت (ہ۔ مذکر) ۱ شاہی ایلچی ۲
وہ شخص جو مالگزاری جمع کرنے کے لئے مقرر کیا جائے۔
۳ نمبردار ۴ رکشک۔ بیعت۔ ناظر۔

راؤٹی (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم
کا چھوٹا خیمہ۔ چھولداری ۲ چھوٹا کمرہ جو مکان کے اوپر
بناتے ہیں۔ چوبارہ۔ **راوٹی کھڑی کرنا** (متعدی)

ہونا (لازم) چھوٹا خیمہ لگانا۔

راؤٹر۔ رواں (ہ۔ مذکر) دیکھو راول۔

رائی (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کا پودا جسکے بیج بہت چھوٹے ہوتے ہیں ۲ اس پودے کا بیج خردل ۳ ذرہ۔ بہت چھوٹی سی چیز (س راجی)۔ **رائی برابر** (تف) بہت تھوڑا سا۔ **رائی بھر** (تف) تھوڑا سا۔ **رائی سے پربت ہو جانا** (لازم) چھوٹے معاملے سے بہت بڑا ہو جانا۔ **رائی کا پربت بن جانا** (لازم) ذراسی بات کا بڑا فساد پھیل جانا۔ کام بڑھ جانا **رائی کا پہاڑ (پربت) بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) چھوٹی سی بات کو بہت بڑا کر کے دکھانا۔ بہت مبالغہ کرنا۔ **رائی کائی** (صفت) چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کیا ہوا۔ ذرہ ذرہ کیا ہوا۔ **رائی کائی کر دینا یا کرنا** (متعدی) **ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ ذرہ ذرہ ہونا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا ۲ برباد ہونا۔ نیست و نابود ہونا **رائی نون چولھے میں ڈالنا** (متعدی) نظر بد کے دفعیہ کے لئے عورتیں رائی اور نمک چولھے میں ڈالتی ہیں۔ **رائی کرنا** (متعدی) دیکھو آخری۔

امثال و اقوال۔ رائی بھر سگائی میٹھا بھر پریت۔ ذرا سا رشتہ بہت سی محبت سے بہتر ہے۔ **رائی بھر ناتہ اور گاڑی بھر آشنائی** تھوڑا سا رشتہ بھی بہت سی ملاقات پر فوقیت رکھتا ہے۔ **رائی کو پربت کرے اور پربت کو رائی مان کرے رائی۔** خدا کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **رائی نون تیری آنکھوں (تیرے دیدوں) میں۔** جب کوئی کسی کی تعریف کرے تو اسے نظر بد سے بچانے کیلئے کہتے ہیں۔

رائے (ہ۔ مذکر) ۱ راجہ۔ سردار ۲ ہندوؤں میں ایک خطاب ۳ قنوج کے بادشاہوں کا لقب ۴ (صفت) مرکبات میں۔ بڑا۔ اعلےٰ۔ بعض (س راجا) **رائے بانس** (مذکر) ایک قسم کا نیزہ۔ **رائے بہادر** (مذکر) ایک خطاب جو ہندوؤں کو گورنمنٹ انگریزی کی طرف سے ملتا ہے۔ **رائے بیل** (مونث) ۱ ایک قسم کی دوہری چنبیلی ۲ اس کا پھول۔ **رائے جامن** (مذکر) ایک قسم کا بڑا جامن۔ **رائے چمپا** (مذکر) چمپا کی ایک بڑی قسم۔ **رائے رایاں** (مذکر) ۱ راجا دھیراج۔ شہنشاہ ۲ ہندوؤں میں ایک خطاب ۳ ایک افسر جسکے ماتحت اراضی ہوتی تھی ۴ اعلےٰ خزانچی۔ **رائے زادہ** (مذکر) راجہ کا بیٹا ۲ ایک خطاب ہندوؤں میں۔ **رائے صاحب** (مذکر) ایک خطاب جو ہندوؤں کو گورنمنٹ کی طرف سے ملتا ہے۔ یہ رائے بہادر سے چھوٹا ہوتا ہے۔ **رائے منی یا منیا** (مذکر) ایک قسم کا چاول۔ **رائے منی** (مذکر) ایک نر پرند۔ لال۔ **رائے مینا کی چوڑیاں** (مونث) ایک قسم کی چوڑیاں جو بہت خوبصورت ہوتی ہیں۔

مثل۔ رائے رایاں رائے گھن چکر آدھی روٹی ڈیڑھ پاؤ شکر ۱ باوجود مرتبے والے ہونے کے عقل ندارد ۲ بے میل کام۔

رائے (ع۔ مونث) ۱ سمجھ۔ خیال۔ دانست ۲ مشورہ۔ تجویز۔ تدبیر ۳ عقل۔ فہم۔ گیان۔ دانش۔ دانست۔ دانائی ۴ ووٹ (رائی)۔ دیکھنا۔ قیاس کرنا۔ **رائے بیں** (صفت) ہوشیار۔ عقلمند۔ **رائے پوچھنا** (متعدی) مشورہ کرنا۔ صلاح لینا۔ **رائے تسلیم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رائے مانی جانا۔ **رائے حاصل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ رائے لی جانا ۲ انتخاب کے لئے کسی شخص کے حق میں کسی شخص کا ووٹ دینے کے لئے ماننا۔ **رائے دہندہ** (صفت) ووٹ یا رائے دینے والا۔ **رائے دینا** (متعدی) ۱ صلاح دینا۔ مشورہ دینا۔ **رائے زن** (صفت) وہ شخص جو مشورے دے۔ **رائے زنی** (مونث) کسی کی نسبت اپنا خیال ظاہر کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **رائے سالم یا صائب** (مونث) درست رائے۔ **رائے کے خلاف کرنا** (متعدی) مشورہ نہ ماننا۔ **رائے کے خلاف ہونا** (لازم) تجویز کے مطابق نہ ہونا۔ مشورے کے برعکس ہونا۔ **رائے لگانا** (متعدی) فیصلہ دینا۔ خیال ظاہر کرنا۔ **رائے لینا** (متعدی) مشورہ لینا۔ **رائے ماننا** (متعدی) صلاح ماننا۔ تجویز منظور کرنا۔ **رائے ہونا** (لازم) ۱ مشورہ ہونا۔ تجویز ہونا ۲ خیال ہونا۔

رائیا (ہ۔ مونث) ۱ رائی کی ایک قسم ۲ چوکھر چھبکا۔

رائیٹ (انگ۔ صفت) ۱ درست۔ ٹھیک ۲ دائیاں۔ **رائیٹ بیک** (مذکر) ہاکی یا فٹ بال کے کھیل میں تیسری صف کا دایاں آدمی۔ **رائیٹ ٹرن** (قواعد) دائیں طرف مڑو۔ **رائیٹ لفٹ** (قواعد) چلنے میں ایک حکم جسکے بموجب لفظ رائیٹ پر دائیاں پاؤں اٹھتا ہے اور لفٹ پر بایاں۔ **رائیٹ ہاف بیک** (مذکر) فٹ بال یا ہاکی کے کھیل میں دوسری صف کا دایاں آدمی۔ **رائیٹ وہیل** (مذکر) قواعد کا ایک حکم ساری صف دائیں طرف مڑو۔

رایا (ہ۔ مذکر) ۱ راجہ ۲ دیکھو رائیا۔

رایات (ع۔ مذکر) جمع رایت کی۔ جھنڈے۔

رایت (ع۔ مذکر) جھنڈا۔ علم۔ درفش نشان۔ پرچم (رائی۔ دیکھنا)۔

رائیو (ہ۔ مذکر) دریا۔ نالہ۔ ندی۔

رَبّ (ع۔ مذکر) ۱ مالک۔ آقا۔ سردار ۲ پروردگار۔ پالنے والا ۳ خدا کا ایک نام (ربّ۔ حکومت کرنا۔ پالنا) **ربِّ اکرم** (مذکر) بخشش کرنیوالا پروردگار۔ **ربُّ الارباب** (مذکر) تمام پرورش کرنے والوں کا پروردگار۔ **ربّ السّمٰوٰت و الارض** (مذکر) آسمانوں اور زمینوں کا مالک۔ **ربُّ العالمین** (مذکر) تمام عالموں کا مالک۔ **ربُّ العباد** (مذکر) بندوں کا خدا۔ **ربُّ العزّت** (مذکر) وہ پروردگار جو عزت دیتا ہے۔ **ربّ المشرقین والمغربین** (مذکر) دو مشرقوں اور دو مغربوں کا بادشاہ اس کی مختلف تاویلیں کی گئی ہیں۔ ۱ دو مشرقوں سے موسم سرما و گرما کے سورج کے چڑھنے اور دو مغربوں سے ان موسموں کے غروب ہونیکے مقام مراد ہیں ۲ چونکہ زمین گول ہے مغرب کو جا کر انسان پھر مشرق کو آجاتا ہے۔ اس لئے دو مشرق اور اسی طرح دو مغرب ہوئے۔ **ربُّ النّوع** (مذکر) وہ ہر ایک فرشتہ جو مخلوقات کی پرورش اور حفاظت کے واسطے ہے۔ **ربِّ انس و جاں** (مذکر) انسانوں اور جنوں کا مالک یا پالنے والا۔ **ربِّ دو جہاں** (مذکر) دنیا اور عاقبت کا مالک۔ **ربّانی** (صفت) ۱ رب کا۔ رب کی طرف منسوب ۲ علم الٰہی جاننے والا۔ **ربِّ کارساز** (مذکر) خدا جو کام بناتا ہے۔ **ربّنا** (ندا) اے ہمارے رب۔ **ربّی** (ندا) اے میرے رب۔ **ربِّ یسّر و تمّم بالخیر۔** اے رب آسان کر اور انجام پر اچھی طرح پہنچا۔ یہ دعا بچوں کو کتاب شروع کرانے پر پڑھاتے ہیں۔

رُبّ (ع۔ مذکر) ۱ میوؤں کا رس پکا کر گاڑھا کیا ہوا ۲ شربت (ربّت۔ جمع کرنا)۔

رَبا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا جھگڑا۔

رِبا (ع۔ مذکر) سود۔ زر سود۔ بڑھنا۔ **ربا خوار** مذکر سود خوار۔

رُبا (ف۔ صفت) ۱ اڑا لینے والا۔ چرا لینے والا ۲ کشش کرنے والا۔ مرکبات میں وصفی معنی پیدا کرتا ہے جیسے دلربا۔ **ربائی** (مونث) اڑا لینے یا چرانے کا فعل۔ مرکبات کے آخیر میں آکر اسمائے مونث بناتا ہے۔ جیسے دلربائی۔

رَباب (ع۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی سارنگی ۲ ایک خوبصورت عورت کا نام ۳ ایک مقام مکہ کے نزدیک ۴ ایک پہاڑ مدینے کے قریب۔ فارسی میں بالضم ہے۔ (رَبّ۔ قابو پانا کسی چیز پر) **ربابی** (مذکر) **ربابیا** (ھ) رباب بجانے والا۔

رِباط (ع۔ مذکر) ۱ رسی۔ بند ۲ نس ۳ سرائے۔ مسافرخانہ ۴ سرحد پر قلعہ (رَبط۔ باندھنا) **رباطی** (مذکر) سرائے کا مالک یا منتظم۔

رُباعی (ع۔ مونث) ایک قسم کی نظم جو بحر ہزج میں چار مصرعوں کی ہوتی ہے۔ اور پہلا دوسرا اور تیسرا مصرع ہم قافیہ ہوتے ہیں (رُبع۔ چار ہونا) **رباعیات** (ع۔ مونث) جمع رباعی کی۔ **رباعی ترانہ** (مونث) وہ رباعی جس کے چاروں مصرع ہم قافیہ ہوں

رَبانا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا دف جسے ربابی بجاتے ہیں۔

رَبِبار (ھ۔ مذکر) آیتوار۔

رَبدہ (ہ۔ مذکر) وہ کیچڑ جو پانی کے بہاؤ کی وجہ سے ہو۔

رَبَڑ (ھ۔ مونث) ۱ ادھر ادھر دوڑتے پھرنا۔ دوڑ دھوپ ۲ محنت۔ مشقت۔ مزدوری ۳ کوشش تندہی۔ سرگرمی ۴ تھکاوٹ۔ تھکن۔ ماندگی ۵ (ہ) بیفائدہ محنت ۶ بیفائدہ دوڑ دھوپ۔ بیفائدہ سفر۔ **ربڑا** (صفت) تھکا ہوا۔ تھکا ماندہ۔ کسلمند۔ **ربڑانا** (متعدی) **ربڑنا** (لازم) ۱ بیفائدہ دوڑنا۔ ہلکان ہونا ۲ بیفائدہ محنت کرنا ۳ تھکنا۔ **ربڑ پڑنا** (لازم) ۱ بیفائدہ تھکنا ۲ بیفائدہ محنت کرنا۔ **ربڑ مارنا** (متعدی) بے حصول مطلب کسی جگہ جا کر پھر آنا

رَبڑ (انگ۔ مذکر) ایک درخت کا رس جسکو پکا کر جما لیتے ہیں۔ اس سے مختلف قسم کی اشیا بنتی ہیں (اصل رَبَر کھا نیوالا) **ربڑ کا درخت** (مذکر) یہ درخت برگد کی قسم سے ہے مگر پتے لمبوترے زیادہ اور بہت سبز اور چمکیلے ہوتے ہیں عموماً دلدلی زمینوں میں ہوتے ہیں۔

ربڑی (ھ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی مٹھائی جو دودھ کو گرم کرکے بناتے ہیں۔ رابڑی ۲ ایک قسم کا دلیا جو مکی سے بناتے ہیں۔

ربڑ (ہ۔ مذکر) قصاب۔ بوچڑ۔

رَبط (ع۔ مذکر) ۱ بندش۔ جوڑنا ۲ تعلق۔ رشتہ۔ علاقہ۔ لگاؤ ۳ دوستی۔ یارانہ ۴ میل جول میل ملاپ ۵ تناسب۔ نسبت ۶ مہارت۔ مشق۔ ہوا ۷ یکسانیت ۸ (صرف و نحو) بناوٹ۔ ترکیب ۹ (صرف) وہ لفظ جو دو فقروں یا لفظوں کو ملائے۔ جیسے اور یا۔ ۱ (بے ربط) بلا جوڑ۔ بغیر ترکیب۔ **ربط بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) تعلق زیادہ ہونا۔ بے تکلف ہونا۔ واقفیت بڑھانا ۲ مشق زیادہ ہونا۔ مہارت حاصل ہونا۔ **ربط چھٹنا یا چھوٹنا** (لازم) بندش درست نہ رہنا۔ لگاؤ نہ رہنا۔ **ربط دینا** (متعدی) ۱ جوڑنا۔ ملانا ۲ مضبوط کرنا ۳ یکسانیت پیدا کرنا۔ **ربط ڈالنا** (متعدی) مشق کرنا۔ مہارت حاصل کرنا۔ **ربط وضبط** (مذکر) ۱ میل ملاپ۔ آمد و رفت۔ راہ و رسم ۲ اپنے آپکو قابو میں رکھنا یا روکنا۔ ضبط کرنا ۳ انتظام (کرنا ہونا کے ساتھ) **ربط وضبط کو کام فرمانا** (متعدی) اپنے آپ کو قابو رکھنا۔ **ربط ہونا** (لازم) ۱ مشق ہونا ۲ جوڑ ہونا ۳ تعلق ہونا۔ لگاؤ ہونا۔ **ربطی** (مونث) جوڑ تعلق وغیرہ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے بے ربطی۔

رُبع (ع۔ صفت) ۱ چوتھائی۔ ۲ (مذکر) چوتھا حصہ۔ چار حصوں میں سے ایک ۳ کاغذ کا چوتھا حصہ۔ (رَبع۔ چوتھا ہونا) **ربع مسکون** (مذکر) زمین کا چوتھا حصہ جو آباد ہے۔ زمین پر ایک حصہ خشکی اور دو حصے تری ہے۔ مگر خشکی کا سارا حصہ آباد نہیں ہے۔ قطبین کے گرد کی زمین بالکل غیر آباد ہے۔ صحرائے اعظم اور صحرائے گوبی کا اکثر حصہ غیر آباد پڑا ہے۔

رُبُوب (ع۔ مذکر) جمع رب کی۔

رَبوبی (ع۔ صفت) ۱ خدائی۔ الٰہی ۲ مذہبی۔

رُبودگی (ف۔ مونث) غنودگی یا غفلت جو بیمار کو ہوتی ہے۔ لوٹ۔ لوٹ کھسوٹ

رَبیب (ع۔ مذکر) سوتیلا بیٹا۔ بیوی کا بیٹا پچھلے خاوند سے (رَبّ۔ پالنا) **ربیبہ** (مونث) ۱ سوتیلی بیٹی۔ بیوی کی بیٹی ۲ دودھ پلائی۔

رَبیع (ع۔ مذکر) ۱ موسم بہار جو چیت بیساکھ یا مارچ اپریل میں ہوتا ہے ۲ وہ فصل جو موسم بہار میں کاٹی جاتی ہے۔ جیسے گیہوں۔ چنے۔ جو۔ سرسوں۔ تل۔ مٹر وغیرہ ۳ دو مہینوں کا نام ۴ ایک آدمی کا نام ۵ ندی۔ نالہ ۶ موسم بہار کی بارش ۷ (صفت) چوتھا (رُبع۔ چوتھا ہونا) **ربیع الآخر یا ثانی** (مذکر) مسلمانوں کا چوتھا مہینہ۔ **ربیع الاول** (مذکر) مسلمانوں کا تیسرا مہینہ۔ **ربیعی** (صفت) موسم بہار کا۔ ربیع کا۔

رَپ (رَپ رپ) (اردو۔ مونث) ۱ چلنے میں پاؤں کی آواز ۲ قینچی کے کترنے کی آواز ۳ گھوڑے کے سرپٹ جانے کی آواز۔ **رپ رپانا** (متعدی) تیز چلنا۔ سرپٹ جانا۔ **رپ رپ کرتے آنا** (صفت) جلدی آنا۔ تیزی سے آنا۔

رِپ (ھ۔ مذکر) ۱ دشمن ۲ وہ شخص جو کسی کام کے لئے پیچھے پڑا رہے۔ **رپو** (مذکر) دشمن۔ عدو۔ مخالف۔ **رپو سُودھن** (صفت) ۱ دشمنوں کو تباہ کرنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جو دشمنوں کو تباہ کرے۔ **رپ ہو جانا** (لازم) دشمن کی طرح سر ہو جانا۔ پیچھے پڑ جانا۔

رَپَٹ (ہ۔ مونث) ۱ پھسلن ۲ (ھ) دیکھو ربڑ۔ دوڑ دھوپ وغیرہ ۳ (ھ) دیکھو رپٹ شکار وغیرہ۔ **رپٹا کر** (تعن) دوڑ کر۔ جلدی سے۔ تیزی سے۔ **رپٹا دینا۔ رپٹانا** (متعدی) ۱ تیز دوڑانا۔ سرپٹ دوڑانا ۲ جلدی کرانا ۳ پھسلانا۔ **رپٹانا** (متعدی) دیکھو آخری ۱ **رپٹ پڑنا یا جانا** (لازم) رپٹنا۔ **رپٹن** (مونث) پھسلن۔ **رپٹنا** (لازم) ۱ تیز جانا ۲ پھسلنا۔

مثل۔ رپٹ پڑے کی ہر گنگا مجبوراً کوئی کام کرنا پڑے یا اتفاقاً حصول مدعا ہو جائے تو کہتے ہیں۔ ہندو اشنان کرتے ہوئے ہر گنگا کہتے ہیں پھسل پڑے تو گنگا کہنا شروع کردیا کہ اشنان ہی سہی)۔

رَپَٹ (انگ۔ مونث) ۱ اطلاع خبر ۲ وہ تحریر جس میں کوئی اطلاع ہو (پڑھنا۔ بھیجنا۔ تحریر کرانا۔ چلا جانا۔ جانا۔ دینا۔ کرنا۔ لکھانا۔ لکھنا۔ ہونا۔ وغیرہ کے ساتھ) (اصل رپورٹ) **رپٹ دہندہ** (مذکر) اطلاع دینے والا۔ **رپٹی** (مذکر) رپٹ دہندہ۔ چوکیدار۔

رُپلی (اردو۔ مذکر) حقارتاً روپے کو کہتے ہیں۔

رَپورٹ۔ رپوٹ (انگ۔ مونث) دیکھو رپٹ۔ **رپورٹر۔ رپوٹر** (مذکر) اطلاع

دہندہ ۲ نامہ نگار۔

رُپہرا۔ رُپہلا (ھ۔ صفت) دیکھو روپہلا۔

رُپیئے (ھ۔ مذکر) روپے۔

رُپیا (ھ۔ مذکر) روپیا۔ **روپیا والا** (صفت) امیر۔ دولتمند۔

رُپیٹ (ھ۔ مذکر) ۱ دوڑ ۲ تعاقب ۳ للکار۔ **رپیٹنا** (متعدی) ۱ دوڑنا ۲ تعاقب کرنا ۳ شکار کرنا۔

رَت (ھ۔ مذکر) دیکھو رتی۔

رَتا (ہ۔ مونث) رات کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **رتجگا** (مذکر) ۱ شب بیداری ۲ ایک قسم کی نیاز جب عورتیں رات بھر جاگتی ہیں۔ اور گلگلے تلتی ہیں۔ ڈومنیوں کا ناچ ہوتا ہے (کرنا۔ ماننا ہونا کے ساتھ)۔

رَت (س۔ صفت) ۱ خوش۔ مسرور ۲ مطمئن۔ راضی ۳ مشتاق۔ شفتوں ۴ رجوع کرنے والا ۵ مشغول۔ متوجہ ۶ (مذکر) خوشی۔ مسرت۔ فرحت ۷ محبت کے مزے۔ وصل۔ جماع ۸ آلات مخصوصہ ۹ معشوق۔ عاشق۔ **رتارتھی** (صفت) ۱ وصل کا خواہاں ۲ شہوت پرست۔ مستانہ۔ **رتارتھنی** (مونث) بدکار عورت۔ **رتانتا** (مذکر) وصل کے مزے کا اختتام۔ **رتاینی** (مونث) طوائف۔ رنڈی فاحشہ عورت۔ **رت بندھ** (مذکر) وصل۔ جماع بھوگ۔ **رت تالن** (مذکر) عیاش۔ لچا۔ **رت تالی** (مونث) دلالہ۔ فاحشہ۔ **رت کیل** (مذکر) وصل جماع۔ بھوگ۔

رَت (ھ۔ مونث) ۱ لگاؤ۔ تعلق عادت وغیرہ دیکھو رتی۔ **رت گھٹ** (مونث) محنت مشقت۔ محنت اور تکلیف۔

رِت (ھ۔ مونث) ریت کا مخفف

رِت (ھ) **رُت** (ہ۔ مونث) ۱ موسم۔ سما۔ زمانہ۔ فصل ۲ عورت کے ماہواری ایام ۳ جانوروں کی جفتی کا موسم۔ **رت آنا** (لازم) موسم ہونا۔ زمانہ آنا۔ **رت بدل** (مونث) تغیر موسم۔ **رت بدلنا یا پھرنا** (لازم) موسم کا تبدیل ہونا۔ **رت کا** (صفت) موسم کا۔ موسمی۔ **رت کڑی ہونا** (لازم) موسم خراب ہونا۔

رَتنا (ہ۔ مذکر) کیڑا جو گیہوں اور جو کے پودوں میں لگ جاتا ہے۔

رَتانو (ہ۔ مذکر) اردی کی قسم کی جڑ جو سرخ رنگ کی ہوتی ہے۔

رَتانا (ھ لازم) ۱ مست ہونا ۲ زانی ہونا۔ زناکار ہونا۔

رِتانا (ہ متعدی) ۱ خالی کرنا ۲ (م) خالی کرانا۔

رَتاوا (ھ۔ مذکر) ۱ شبخون ۲ تاخت یورش۔

رِتائی (ھ۔ مونث) ریتنے کی اجرت۔ ریتنا۔

رُتبا (ع۔ مذکر) دیکھو رتبہ۔ اشعار میں استعمال ہوتا ہے۔

رُتبہ (ع۔ مذکر) ۱ عہدہ۔ درجہ۔ مرتبہ ۲ عزت۔ حرمت ۳ قدر۔ منزلت۔ پایہ (بڑھانا بڑھنا۔ پانا۔ دینا۔ گھٹنا۔ ہونا کے ساتھ) ۴ (ع) سیڑھی۔ زینہ۔ **رتبہ بلند ہونا** (لازم) عزت و افتخار بڑھنا۔ پایہ بلند ہونا۔ **رتبہ شناس** (صفت) رتبے کو پہچاننے والا۔ قدردان۔ **رتبہ شناسی** (مونث) رتبہ پہچاننا۔ **رتبہ دار** (مذکر) اونچے درجے کا۔ شریف۔ معزز۔ **رتبۂ علیا** (مذکر) سب سے اونچا درجہ۔ **رتبہ کم کرنا** (متعدی) عزت گھٹا دینا۔

رَتن (س۔ مذکر) **رَتن** (ھ) ۱ جواہر۔ یہ نو رتن شمار ہوتے ہیں لعل۔ ہیرا۔ یاقوت۔ زمرد۔ نیلم۔ پکھراج۔ لاجورد۔ موتی۔ مونگا ۲ اس لئے ۹ کے عدد کو بھی کہتے ہیں ۳ خزانہ ۴ آنکھ کی پتلی ۵ (مرکبات میں) بہترین چیز۔ قیمتی چیز۔ **رتناسن** (مذکر) جواہرات سے جڑا ہوا تخت۔ **رتناکر** (مذکر) ۱ جواہرات کی کان ۲ سمندر۔ بحر۔ **رتن پنچک** (مذکر) پانچ جواہر۔ سونا۔ چاندی۔ موتی۔ ایک قسم کا ہیرا۔ مونگا۔ **رتن جوت** (مذکر) ایک پودہ جس کے پتے یا لکڑی تیل میں ڈالنے سے تیل سرخ ہو جاتا ہے **رتن درپن** (مذکر) آئینہ جس میں ہیرے جڑے ہوں **رتن دیپ** (مذکر) چراغ جس میں جواہرات جڑے ہوں اور روشنی دیتے ہوں۔ **رتن راج** (مذکر) یاقوت۔ **رتن راجی** (مونث) موتیوں کا ہار۔ **رتن راسی** (مذکر) ۱ جواہرات کا ڈھیر ۲ موتیوں کا ڈھیر ۳ سمندر۔ **رتن کھانی** (مونث) جواہرات کی کان۔ **رتن گربھ** (صفت) ۱ جواہرات سے بھرا ہوا۔ جڑا ہوا یا پُر ۲ (مذکر) سمندر۔ **رتن مالا** (مونث)۔ جواہرات یا موتیوں کا ہار۔ **رتن مکھیہ** (مذکر) ہیرا۔ **رتن ور** (مذکر) سونا۔

رَتنا (ھ۔ متعدی) ۱ سرخ رنگا جانا ۲ غصّے میں آنا۔

رِتنا (ہ۔ لازم) ۱ ریتی سے رگڑا جانا ۲ خالی ہونا ۳ سارنگی بجنا (ریتی سے)۔

رتنار۔ رتنارے (ھ۔ صفت) ۱ سرخ ۲ روشن ۳ خوشگوار ۴ (مذکر) سرخ رنگ۔

رَتنیاں (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا چاول۔

رُتُّو (س۔ مونث) ۱ سرگ کا دریا۔ آگاسی گنگا ۲ سچی بات ۳ سچی گفتگو۔

رِتو (س۔ مذکر) ۱ دیکھو رُت ۲ مہینہ ۳ مقررہ یا مناسب وقت ۴ جماع کے لئے مناسب موسم ۵ ہندوؤں نے موسم کو چھ حصّوں میں تقسیم کیا ہے۔ وسنت یا بہار۔ گرشم یا گرمی۔ سرد یا خزاں۔ ہمنت یا سردی۔ سسر یا شبنم کا موسم ۶ ایک رشی ۷ بارھواں منو۔ **رتو اشنان** (مذکر) وہ اشنان جو عورتیں حیض کے بعد کرتی ہیں۔ مہینے کا نہان۔ **رتوراج** (مذکر) موسم بہار۔ **رتوستھلا** (مونث) ایک اپسرا۔ **رتو سمدھی** (مذکر) دو موسموں کا میل۔ شدی اور بدی کا میل۔ **رتو کال** (مذکر) مناسب موسم۔ عورتوں کے حیض کا موسم۔ **رتومتی** (مونث) لڑکی جو بالغ ہو جائے۔ **رتوناتھ** (مذکر) بہار۔ **رتوہارک** (مونث) ۱ حیض کو روکنے والی ۲ ایک دیونی کا نام۔

رَتوا (ھ۔ مذکر) ۱ ایک سرخ پتھر جو بچوں کو بخار وغیرہ سے بچانے کے لئے گلے میں لٹکاتے ہیں ۲ سرخ کیڑا جو گیہوں کی فصل کو تباہ کرتا ہے۔

رِتوانا (ہ۔ م) ریتی سے رگڑوانا۔

رَتواہی (ھ۔ مونث) ۱ شبخون ۲ وہ آشنا جو رات کو آئے ۳ ایک گانا جو میواتی گاتے ہیں۔

رَتوندا (ھ) **رتوندھا** (ہ۔ مذکر) ایک بیماری جس کی وجہ سے رات کو دکھائی نہیں

دیتا۔ **رتوندھی** (مونث) رتوندھا۔ **رتوندھی آنا** (لازم) رات کو نظر نہ آنے کی بیماری ہونا۔ **رتوندھیا** (مذکر) وہ شخص جسے رات کو نظر نہ آئے۔ **رتوندھی** (مونث) رتوندا۔

رَتھ (س۔ مذکر) **رَتھ** (ہ) ۱ جانے والا ۲ چار پہیے کی گاڑی جس کے اوپر گنبد نما چھت ہوتی ہے ۳ دو پہیہ ہلکی لڑائی کی گاڑی ۴ کسی قسم کی گاڑی۔ دیوتاؤں کی گاڑی ۶ بیل گاڑی۔ گڈا ۵ بہادر۔ شجاع۔ سپاہی ۷ بدن ۸ عضو۔ بدن کا حصہ ۹ شطرنج میں پیں۔ **رتھانکا** (مونث) ایک دریا۔ **رتھانگ** (مذکر) ۱ رتھ کا کوئی حصہ۔ پہیہ ۲ کرشن جی کا چکر ۳ کمہار کا چاک ۴ ایک درخت کا نام ۵ ایک کوی کا نام۔ **رتھاوا** (مونث) ایک دریا۔ **رتھ بان** (مذکر) رتھ ہانکنے والا۔ **رتھ بانی** (مونث) رتھ چلانے کا کام۔ **رتھ بندھ** (مذکر) ۱ کوئی چیز جو رتھ کے حصوں کو جوڑے ۲ بہادروں کا اتحاد۔ **رتھ پرا** (صفت) ۱ رتھ کو دولت سے بھرنے والا (والیو) ۲ (مونث) ایک دریا۔ **رتھ پشا** (مونث) ایک دریا۔ **رتھ چترا** (مونث) ایک دریا۔ **رتھ راجہ** (مذکر) گوتم بدھ کا ایک بزرگ۔ **رتھ سارتھی** (مذکر) رتھ بان۔ **رتھ ستھا** (مونث) ایک دریا۔ **رتھ شالا** (مذکر) رتھوں کے رکھنے کا مکان۔ **رتھ کار** (مذکر) رتھ بنانے والا۔ بڑھئی۔ **رتھم تری** (مونث) تنو کی ایک بیٹی۔ **رتھوان** (مذکر) رتھ بان۔ **رتھی** (مذکر) ۱ رتھ کا مالک ۲ رتھ کا سوار ۳ رتھ بان ۴ بہادر۔ جو رتھ میں بیٹھ کر لڑے۔ **رتھیا** (مونث) ۱ رتھوں کی سڑک۔ بگی لوٹ ۲ وہ جگہ جہاں کئی سڑکیں ملیں ۳ بہت سی رتھیں۔ **رتھ یاترا** (مونث) ۱ بت کا جلوس رتھ پر ۲ ایک تیوہار جس میں جگن ناتھ کے بت کو رتھ پر نکالتے ہیں۔

رَتھ (س۔ مذکر) خوشی۔ مسرت۔ آنند۔

رَتھی۔ رَتھی (ہ۔ مونث) جنازہ۔ ارتھی۔

رَتی (ہ۔ مونث) ۱ ۸ چاول کا وزن۔ ماشہ کا آٹھواں حصہ ۲ ایک پودے کا بیج جسے اس وزن کے طور پر استعمال کرتے ہیں گھونگچی ۳ قلیل مقدار ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ **رتی بھر** (تف) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔

امثال و اقوال۔ رتی بھر دھن ساتھ نہ جاوے۔ جب تو مر کر جیو گنواوے (ہ) مرنے کے وقت ذرا سی دولت بھی ساتھ نہیں جاتی۔ **رتی بھر کی تین چپاتی کھلنے والے سات سنگھاتی۔** انتظام تھوڑا اور مہمان بہت ہے۔ **رتی بھر سگائی (ناتہ) (ننہ) گاڑی بھر آشنائی۔** تھوڑا رشتہ بہت سی دوستی سے اچھا ہوتا ہے۔ **رتی دان نہ دھی کو دیا۔ دیکھو ری سمدھن کا ہیا** (عو) جب جہیز تھوڑا ہو تو کہتی ہیں۔ **رتی ویکر ملنگے تولہ واکو کون بتاوے بھولا۔** جو تھوڑا دیکر بہت لے اسے کون بیوقوف کہہ سکتا ہے۔ **رتیوں جوڑے تولوں کھووے واکو لابھ کہاں سے ہووے۔** فضول خرچ آدمی کو کبھی فائدہ نہیں ہوتا۔

رَتی (س۔ مونث) **رَتی** (ہ) ۱ خوشی۔ مسرت۔ شادمانی۔ آنند ۲ خواہش۔ آرزو ۳ محبت۔ الفت۔ عشق۔ شفقت ۴ مہربانی۔ عنایت۔ لحاظ ۵ عادت ۶ مشغولیت ۷ محبت کا لطف۔ شہوت ۸ جماع۔ وصل۔ مباشرت۔ بھوگ ۹ قسمت۔ نصیبا۔ خوش قسمتی ۱۰ ایک بحر یا وزن ۱۱ عشق کی دیوی اور کام دیو کی بیوی ۱۲ فرج۔ عورت کی جائے مخصوص ۱۳ ایک اپسرا کا نام ۱۴ چاند کی پانچویں کلا۔ **رتی بندھو** مذکر خاوند۔ عاشق **رتی بھوگ** (مذکر) جماع۔ مباشرت۔ **رتی بھون** (مذکر) ۱ کوٹھی چھلا۔ چکلا ۲ فرج۔ **رتی پھل** (صفت) مباشرت کا لطف پیدا کرنے والا۔ ممسک۔ **رتی پریتی** (مونث) کامدیو کی دونوں بیویاں۔ **رتی جاگنا یا چمکنا** (لازم) قسمت کھل جانا۔ نصیبا جاگنا۔ **رتی زور (ؤں) پر ہونا** (لازم) قسمت یا نصیب اچھا ہونا۔ **رتی سمیوگ** (مذکر) مباشرت۔ مجامعت۔ **رتی شکتی** (مونث) قوت جماع۔ شہوت۔ **رتی کر** (صفت) خوشی پیدا کرنے والا۔ **رتی مت** (صفت) ۱ خوش۔ مسرور۔ آنند۔ شاد ۲ مفتون۔ شیدا ۳ رتی کے ہمراہ۔ **رتی منتر** (مذکر) ۱ ایک آسن ۲ ایک کوی۔ **رتی مندر** (مذکر) ۱ خوشی کا گھر ۲ فرج۔

رَتیکا (س۔ مونث) ایک قسم کی ترتی۔

رِتیلا (ہ۔ صفت) ریت ملا ہوا۔ ریتلا۔

رَٹ (ہ۔ امر) ۱ رٹنا سے ۲ (مونث) کسی بات کا بار بار کہے جانا۔ **رٹا** (امر) ۱ رٹنا کا ۲ (ماضی) رٹنا کی۔ **رٹا دینا۔ رٹانا** (متعدی) زبانی یاد کرانا۔ **رٹ رہنا** (لازم) جیتے رہنا۔ بار بار کہتے رہنا۔ **رٹ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) بار بار کہے جانا۔ جپنا۔ **رٹنا** (متعدی) ۱ بار بار کہنا دہرانا ۲ کسی بات کا بار بار کرنا ۳ کسی کا نام بار بار لینا ۴ بار بار مانگنا ۵ (مذکر) تکرار۔ دہراؤ۔ مسلسل طلب **رٹنا لگا رہنا یا لگنا** (لازم) بار بار کہنا یا مانگنا

رَٹ گھٹ (ہ۔ مونث) دیکھو رت گھت۔

رُٹھانا (ہ۔ متعدی) روٹھنا کا ۱ ناراض کرنا۔ ناخوش کرنا ۲ کھجانا۔ ستانا۔

رُٹھ کھاوا (ہ۔ صفت) کم ہمت۔ صرف روٹی پر گزارا کرنے والا۔

رُٹھنا (ہ۔ لازم) روٹھنا۔

رَج (س۔ مذکر) **رَج** (ہ۔ مونث) ۱ میل۔ مٹی۔ خاک ۲ ریت۔ بالو ۳ پھولوں کا زیرہ ۴ حیض۔ ایام ۵ شہوت ۶ دلدل ۷ زندہ چیزوں کے تین گنوں میں سے ایک۔ یہ ہوا میں ہوتا ہے۔ اور اس کا بڑا اثر ہوتا ہے۔ یہ شہوت۔ طمع۔ غرور۔ جھوٹ۔ بدمعاشی اور تکلیف کا باعث ہوتا ہے ۸ ایک راجہ۔ **رج دیریہ** (مذکر) ۱ حیض ۲ منی۔

رَج (ہ۔ امر) رجنا کا رس رچ۔ سیر ہونا) **رجا** (امر) ۱ رجانا ۲ (ماضی) رجنا کا ۳ (صفت) سیر۔ شکم سیر۔ پر۔ بھرا ہوا۔ **رجا پچا** (صفت) ۱ دیکھو رجا ۲ ۳ امیر دولتمند۔ **رجانا** (متعدی) سیر کرنا۔ **رجا ہوا** (صفت) رجا پچا۔ **رج جانا۔ رجنا** (لازم) سیر ہو جانا۔ **رجکر** (تف) سیر ہوکر۔

مثل رجا کیا جانے بھوکے کی سار مصیبت زدہ کا حال وہی جانتا ہے جو پہلے مصیبت جھیل چکا ہو۔

رَج (ہ۔ امر) رجنا کا رس راج۔ حکومت کرنا) **رجا** (امر) ۱ رجانا کا ۲ (ماضی)

رجناکا۔ رجانا (متعدی) حکومت کرانا۔ سلطنت کرانا۔ راج رجانا میں استعمال ہوتا ہے۔ **رجائی** (مونث) ۱ حکومت کا مزا ۲ حکومت۔ سلطنت۔ ۳ حکم۔ فرمان۔ **رجائی سُور** (مذکر) شاہی فرمان۔ **رجنا** (لازم) حکومت یا سلطنت کرنا۔

رَجا (ع۔ مونث) ۱ امید۔ آس ۲ خوف۔ ڈر ۳ دعا۔ منت (رَجَو۔ امید کرنا)۔

رَجا (ھ۔ مونث) رضا کا مخرب۔

رِجال (ع۔ مذکر) ۱ جمع رجل کی لوگ۔ مردان ۲ راجل کی جمع۔ پیدل۔ **رجالُ الغَیب** (مذکر) ایک خیالی ہستی جو نظر نہیں آتی مگر زمین کے گرد پھرتی رہتی ہے۔ یوگنی۔ دساسول۔ قمری۔ مہینے کی ۱-۹-۱۶ اور ۲۴ تاریخ کو یہ مشرق میں ہوتی ہے۔ ۲-۱۰-۱۷-۲۵ کو شمال میں۔ ۳-۱۱-۱۸-۲۶ کو شمال مشرق میں۔ ۴-۱۲-۱۹-۲۷ کو جنوب مغرب میں۔ ۵-۱۳-۲۰-۲۸ کو جنوب میں۔ ۶-۱۴-۲۱-۲۹ کو مغرب میں۔ ۷-۱۵-۲۲ کو شمال مغرب میں۔ ۸-۲۳-۳۰ کو شمال مشرق میں۔ اس کا زیادہ اثر دن کے اختتام پر ۹ گھڑی یا ۳ گھنٹے ۳۶ پل کے لئے ہوتا ہے۔ اور اس وقت اس سمت میں جہاں وہ ہو یا اسے داہنی طرف رکھ کر سفر کرنا منحوس سمجھا جاتا ہے۔

رَجَب (ع۔ مذکر) عربی اور مسلمانوں کے سال کا ساتواں قمری مہینہ۔ زمانہ جاہلیت میں یہ متبرک مہینہ سمجھا جاتا تھا۔ اور اس میں جنگ حرام تھی (رَجَب۔ عزت) **رجب المُرجّب** (مذکر) قابلِ عزت رجب۔ رجب کا مہینہ۔

رَجَت (س۔ صفت) ۱ سفید۔ چاندی کے رنگ کا ۲ (مذکر) سفید رنگ ۳ چاندی ۴ سونا ۵ موتیوں کا ہار ۶ ہاتھی دانت ۷ خون ۸ نکشتر ۹ ستاروں کا مجمع ۱۰ کوہ کیلاس ۱۱ ایک جھیل۔

رُجحان (ع۔ مذکر) میلان۔ توجہ (رَجَح۔ جھکنا)۔

رَجَز (ع۔ مونث) ۱ وہ شعر جو عرب لڑائی میں بہادری وغیرہ پر فخر کرنے کے لئے پڑھتے ہیں ۲ ایک بحر یا وزن کا نام (رَجَز۔ شعر پڑھنا) **رجز خواں** (مذکر) رجز پڑھنے والا۔ **رجز خوانی** (مونث) رجز پڑھنا۔

رَجَس (س۔ مذکر) ۱ دیکھو رج (۱ تا ۱۰) ۲ آسمان ۳ کرہ ہوا۔ بادلوں یا کہر کی جگہ ۴ بادل ۵ کہر۔ دھند ۶ تاریکی۔ اندھیرا ۷ کھیت۔ قابل کاشت زمین ۸ جوش۔ محبت۔ شہوت ۹ فلسفے میں تین گنوں میں دوسرا۔ دیکھو ست۔ باقی دو ستو اور تمس ہیں ۱۰ خزاں ۱۱ مٹی ۱۲ زعفران۔

رَجِسٹر (انگ۔ مذکر) ۱ وہ بڑی سادے اوراق کی کتاب جس پر کچھ لکھا جائے۔ دفتر۔ یادداشت یا حاضری کی کتاب۔ **رجسٹرار** (مذکر) ۱ وہ شخص جو درج رجسٹر کرے ۲ وہ شخص جو رجسٹری کرے ۳ ایک عہدہ ملازمان سرکار کا۔ **رجسٹرار کواپریٹو بینکز** (مذکر) زمینداری بینکوں کا افسر اعلیٰ۔ **رجسٹرار یونیورسٹی** (مذکر) یونیورسٹی کا افسر اعلیٰ۔ **رجسٹر پر چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) رجسٹر میں لکھا جانا۔ **رجسٹرڈ** (صفت) رجسٹری شدہ۔ **رجسٹر رکھنا** (متعدی) رجسٹر کو باقاعدہ طور پر لکھنا۔ **رجسٹر مرتب کرنا** (مذکر) **ہونا** (لازم) کسی بات کیلئے رجسٹر لکھنا۔ **رجسٹر میں اندراج (درج) کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رجسٹر میں لکھا جانا۔ **رجسٹر ہونا** (لازم) رجسٹر موجود ہونا۔ **رجسٹری** (مونث) ۱ محکمہ ڈاک میں محصول دیکر چٹھی وغیرہ درج رجسٹر کراکر بھیجنا ۲ ایسی چٹھی وغیرہ جو بھیجی جائے ۳ رجسٹرار کے رجسٹر میں کسی بات کا اندراج ۴ داخلہ ۵ تکمیل (کرانا کرنا ہونا کے ساتھ) **رجسٹری شدہ** (صفت) ۱ جس کی رجسٹری کرائی گئی ہو ۲ رجسٹر میں درج کیا ہوا ۳ مستحکم۔ پکا۔ مضبوط۔ **رجسٹریشن** (مذکر) درج رجسٹر کرنا (کرانا کرنا ہونا کے ساتھ)۔

رَجعت (ع۔ مونث) ۱ لوٹنا واپسی ۲ کسی سیارے کا اپنی معمولی گردش سے پھرنا سوائے چاند کے ۳ کسی عمل کے شرائط میں غلطی ہو جانے سے پاگل ہو جانا ۴ جنون۔ سودا ۵ بکواس۔ فضول یا بیہودہ باتیں ۶ بعد موت کے زمین پر واپس آنا ۷ طلاق کے بعد عورت سے پھر نکاح کرنا ۸ چٹھی کا جواب (رَجَع۔ لوٹنا) **رجعت پسند** (صفت) وہ جو پرانے دقیانوسی طریقوں کو پسند کرے۔ **رجعت ضرب** (مونث) دھمک۔ صدمہ۔ **رجعت قہقری** (مونث) الٹے پاؤں واپس ہونا۔ **رجعت ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ بار بار واقع ہونا۔ بار بار کہنا یا دوہرانا ۲ پاگل ہو جانا۔ سودائی ہو جانا۔

رَجَک (س۔ مذکر) دھوبی۔

رجکنی (ھ) **رجکی** (مونث) ۱ دھوبن ۲ وہ عورت جسکے حیض شروع ہوئے تین دن ہوئے ہوں۔

رَجُل (ع۔ مذکر) آدمی۔ مرد (رَجِل پیدل چلنا)۔

رِجل (ع۔ مذکر) پاؤں (رَجِل پیدل چلنا)۔

رِجلے خِجلے (اردو۔ صفت جمع) کمینے۔ رذیل۔

رَجم (ع۔ مذکر) ۱ پتھر جو مارا جائے ۲ شہاب ثاقب (رَجَم۔ پتھر مارنا) **رجماً بالغیب** (تف) بغیر سوچے سمجھے۔ انکل سے۔ **رجم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) سنگسار ہونا۔ پتھروں سے مارا جانا۔

رَجمنٹ (انگ۔ مونث) ۱ پیدل سپاہیوں کا دستہ۔ پلٹن۔ رجمنٹ میں عموماً ۸ سو یا ہزار سپاہی ہوتے ہیں۔

رَجَنی (س۔ مونث) **رَجنی** (ھ) ۱ سیاہ رنگ کی چیز ۲ رات ۳ املی ۴ نیل کا پودہ ۵ لاکھ۔

رَجّو (س۔ مذکر (مونث) **رَجو** (ھ) **رَجُّو** (ھ) ۱ رسی۔ دھاگا۔ ڈور ۲ گانٹھ ۳ مینڈھی۔ کاکل۔

رِجُو (س۔ صفت) ۱ سیدھا۔ راست ۲ دیانت دار۔ ایمان دار ۳ سنجیدہ۔

رجواڑا (ھ۔ مذکر) راجا کا ملک۔ راجا کی عملداری۔

رُجُوع (ع۔ مونث) ۱ واپس ہونا مڑنا۔ لوٹنا ۲ مائل ہونا۔ راغب ہونا ۳ رغبت۔ میل۔ میلان ۴ ظاہر ہونا۔ حاضر ہونا ۵ التجا۔ گذارش یا اپیل عدالت میں ۶ توجہ (رَجَع۔ لوٹنا) **رجوع قلب** (مونث) دلی توجہ۔ **رجوع کرنا** (متعدی) ۱ مڑنا۔ پٹ جانا ۲ معالجہ کرنے کے لئے حکیم کے پاس جانا ۳ مخاطب ہونا۔ پلٹ جانا کسی طرف۔ متوجہ ہونا ۴ اختیار کرنا۔ ایما کرنا ۵ عدالت میں دائر کرنا یا دعوےٰ کرنا۔ **رجوع لانا** (متعدی) ۱ دیکھو رجوع کرنا ۲ حمایت کرنا ۳ اطاعت کرنا۔ مطیع ہونا۔ **رجوع ہونا** (لازم) رجوع کرنا۔

رجوگُن (س۔ مذکر) رجس کی قوت۔ **رجوگنی** (صفت) رجوگن کے متعلق۔

رجُولت۔ رَجولیّت (ع۔ مونث) مردمی۔ قوت باہ۔ قوت تولید (رجل بمعنی مرد سے)۔

رُجُوم (ع۔ مذکر) رجم کی جمع۔ شہاب ثاقب۔ وہ ستارے جن سے شیطان بھگائے جاتے ہیں۔

رَجھانا (ہ۔ متعدی) پکانا۔ ابالنا۔

رِجھانا (ہ۔ متعدی) ریجھنا کا! مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ لبھانا ۲ خوش کرنا۔ مسرور کرنا ۳ (ہ) چھیڑنا۔ ستانا۔

رَجھاؤ (ہ۔ مذکر) پکانا۔ ابالنا۔

رُجھ جانا (ہ۔ لازم) دیکھو رجھنا۔

رَجھنا (ہ۔ لازم) پکنا۔ ابلنا۔

رِجھنا (ہ۔ لازم) رجھانا کا۔ مائل ہونا۔ خوش ہونا۔ ریجھنا۔

رُجھنا (ہ۔ لازم) ۱ رکنا۔ ٹھیرنا۔ بند ہونا ۲ مشغول ہونا ۳ تنگ ہونا۔ گھبرانا۔ ستایا یا چھیڑا جانا۔

رجھوار۔ رِجھواڑ۔ رِجھوَیّا (ہ۔ صفت) ۱ رجھا ہوا۔ خوش۔ مسرور ۲ مائل۔ مفتون۔

رَجیم (ع) مردُود۔ ہنکایا ہوا۔

رَچ (ہ۔ امر) رچنا کا (س رَچ۔ بنانا۔ **رچا** (امر) ۱ رچانا کا ۲ (ماضی) رچنا کی **رچانا** (متعدی) ۱ کرنا۔ مقرر کرنا۔ شروع کرنا۔ پھیلانا ۲ منانا۔ خوشی منانا ۳ مہندی سے ہاتھ رنگنا **رچاوٹ** (مونث) حنا سے ہاتھ رنگنا۔ **رچ کر کھانا** (متعدی) رغبت سے کھانا۔ **رچنا** (لازم) ۱ سرایت کرنا۔ اثر ہونا ۲ مہندی کا رنگ لانا ۳ شروع ہونا۔ پھیلنا۔ سامان مہیا کرنا شادی کا ۴ جزو بدن ہونا ۵ کبوتر کا خانے میں جانا ۶ کھانا ہضم ہونا۔ **رچنی مہندی** (مونث) وہ مہندی جو اچھا رنگ دے۔

رَچ (ہ۔ امر) ۱ رچنا کا ۲ (مذکر) صورت۔ شکل ۳ کاریگری۔ صنعت ۴ بناوٹ۔ ترکیب۔ ساخت۔ **رچا** (امر) رچانا کا ۲ (ماضی) رچنا کی۔ **رچانا** (متعدی) ۱ بنانا۔ کرنا ۲ ہونا۔ کرانا ۳ کام میں مشغول ہونا۔ کام شروع کرنا ۴ خوش ہونا۔ خوشی منانا۔ **رچنا** (لازم) ۱ بننا۔ خلق ہونا ۲ مرتب ہونا ۳ ایجاد ہونا ۴ کام پر لگنا۔ کام میں مشغول ہونا ۵ مستعمل ہونا۔ استعمال ہونا ۶ متعلق ہونا ۷ واقف ہونا۔ بے تکلف ہونا ۸ ہلنا۔ مانوس ہونا ۹ گانے میں سم جانا ۱۰ مقسوم ہونا۔ قسمت میں ہونا ۱۱ عاشق ہونا۔ محبت کرنا۔ پسند کرنا ۱۲ (متعدی) تیاری کرنا ۱۳ تجویز کرنا۔ انتظام کرنا ۱۴ لکھنا۔ تحریر کرنا ۱۵ ہار گوندھنا ۱۶ تراشنا۔ صورت بنانا ۱۷ سجانا۔ مزین کرنا۔

مثل۔ رچیگا پان ہراچیگا مہندی اگر محبت ہے تو پان لاکر دیگا۔ اگر نہیں تو مہندی۔

رِچ۔ رِچا (س۔ مونث) ۱ کسی دیوتا کو سراہنا۔ حمد۔ ثنا۔ شعروں میں تعریف یا ستائش مہما ۲ مقدس تحریر۔

رُچ (س۔ مونث) ۱ روشنی۔ چمک ۲ شان۔ تجمل ۳ خوبصورتی۔ روپ ۴ رنگ۔ رنگت ۵ شکل۔ صورت ۶ خوشی۔ مسرت ۷ اپسراؤں کی ایک قسم ۸ (ہ) خواہش۔ رغبت۔ پسند۔ **رچک** (صفت) ۱ بہت بڑا ۲ خوشگوار۔ مزیدار ۳ مقوی ۴ تیز ۵ (مذکر) دانت ۶ سونے کا ایک زیور۔ **رُچیر** (صفت) روشن۔ چمکدار۔ **رچی** (مونث) ۱ دیکھو رُچ ۲ مزا۔ لذت۔ **رچی بھوجن** (مذکر) مزیدار کھانا۔ **رچی کرنا** (متعدی) ۱ کسی چیز کی خواہش کرنا ۲ پسند کرنا ۳ کسی چیز کی طرف رغبت ہونا۔

رچن (س۔ مذکر) بنانے وغیرہ کا فعل۔ **رچنا** (مونث) ۱ ترتیب۔ تنظیم۔ انتظام ۲ تکمیل۔ تعمیل۔ بجا آوری ۳ تیاری ۴ پیداوار ۵ ایجاد ۶ تصنیف۔ تالیف ۷ فوجوں کی ترتیب ۸ کپڑوں کا پہننا ۹ تخیل ۱۰ تیر پر لگانا ۱۱ بال بنانا ۱۲ ہار گوندھنا ۱۳ تو شتری کی استری۔

رِچھ۔ رِچھا۔ رچھک۔ رُچھن۔ رَچھنا۔ رچھیس (ہ) دیکھو رکش وغیرہ۔

رح (ع) رحمۃ اللہ علیہ کا مخفف۔

رَحل (ع۔ مذکر) ۱ روانگی ۲ سفر ۳ رہنے کی جگہ۔ جائے سکونت۔ مکان۔ آرام کی جگہ ۴ وہ لکڑی کی چیز جس پر قرآن رکھ کر پڑھتے ہیں (رَحَل۔ چلنا)۔

رِحلت (ع۔ مونث) ۱ روانگی ۲ کوچ ۳ انتقال۔ موت (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

رَحم (ع۔ مذکر) ۱ ترس ۲ مہربانی۔ شفقت (آجانا آنا کرنا ہونا کے ساتھ) (رَحِمَ۔ ترس کھانا) **رحم آشنا** (صفت) رحم کرنے والا۔ **رحمانی** (صفت) الٰہی۔ خدائی۔ **رحمت** (مونث) ۱ مہربانی۔ کرم۔ فضل ۲ معافی۔ عفو ۳ خدا کی مہربانی۔ برکت ۴ بارش (کرنا ہونا کے ساتھ) ۵ عورتوں کا ایک نام۔ **رحمت برسنا** (لازم) خدا کی بیحد مہربانی ہونا۔ **رحمت اللہ یا الٰہی** (مونث) ۱ خدا کی مہربانی ۲ مردوں کے نام۔ **رحمت خدا** (مونث) خدا کی مہربانی۔ **رحمت خدا کی** (مونث) شاباش۔ آفرین۔ **رحمۃ اللہ علیہ** اس پر خدا کی رحمت ہو۔ **رحمۃٌ للعالمین** (مونث) پیغمبر صلعم۔ **رحمدل** (صفت) ۱ رقیق القلب ۲ مہربان۔ شفیق۔ **رحمدلی** (مونث) ۱ دیکھو رحم ۲ دلسوزی۔ ہمدردی۔ **رحم کرنا** (متعدی) ۱ ترس کھانا ۲ کلگلے پکا کر مسجد کا طاق بھرنا۔ **رحم کھانا** (متعدی) ترس کھانا۔ **رحمٰن** (صفت) ۱ رحم کرنے والا ۲ بڑا مہربان ۳ خدا کا ایک نام اور صرف اسی کی ذات کے لئے مخصوص ہے۔ **رحمی** (مونث) رحم کے مرکبات میں جیسے بے رحمی۔

امثال واقوال۔ رحمدلی بڑائی کی نشانی ہے۔ بڑے لوگوں میں رحم ہوتا ہے۔ **رحمت حق بہانہ می خواہد۔** خدا کی رحمت بہانہ چاہتی ہے۔ **رحمت حق بہا نمی خواہد۔** خدا کی رحمت معاوضہ نہیں چاہتی۔ **رحمٰن جوڑے پلی پلی۔ شیطان (لقمان) لنڈھائے کُپّا۔** کفایت شعار تھوڑا تھوڑا کر کے جمع کرتا ہے اور فضول خرچ سب اڑا دیتا ہے۔

رِحم۔ رَحِم (ع۔ مذکر) بچہ دانی۔

رَحیب (ع۔ صفت) چوڑا۔ کھلا۔ (رَحُبَ۔ کھلا ہونا) **رحیب الصدر** (صفت) چوڑی چھاتی والا۔

رحیق (ع۔ مونث) ۱ شراب خاص ۱ عمدہ شراب ۲ ایک قسم کی خوشبو۔

رَحیل (ع۔ مذکر) ۱ سفر۔ مسافت۔ ۲ روانگی۔ کوچ ۳ اونٹ جو سفر کے قابل ہو ۴ (صفت) زین لگا ہوا (اونٹ) (رَحَل۔ چلنا)۔

رَحِیم (ع. صفت) ۱ بہت مہربان۔ ۲
رحم کرنے والا۔ خدا کا ایک نام صرف اسی کے لئے مخصوص
ہے (رَحَم۔ ترس کھانا)۔

رُخ (ف۔ مذکر) ۱ چہرہ۔ منہ ۲
گال ۳ صورت۔ شکل ۴ طرف۔ جانب ۵ سامنا ۶
میلان۔ توجہ۔ رجحان ۷ شطرنج کا مہرہ جو شروع
میں کونے کے خلنے میں رکھا جاتا ہے ۸ ایک فرضی
جانور جو بہت بڑا ہوتا ہے اور جس کا ذکر الف لیلہ
میں آتا ہے سیمرغ ۹ ایک تاج جو شاہان ایران پہنا
کرتے تھے (زرخش س رُخ) **رخ اتارنا** (متعدی)
اتر جانا۔ اترنا (لازم) ۱ چہرہ زرد ہو جانا۔ بے رونق
ہو جانا ۲ ڈر جانا۔ گھبرا جانا۔ **رخ بدلنا** (متعدی)
۱ منہ پھیرنا۔ سمت بدلنا ۲ بے توجہی کرنا۔ بے التفاتی
کرنا ۳ رکھائی کرنا۔ بے مروت ہونا ۴ انداز تقریر بدلنا
۵ ناراض ہونا۔ کشیدہ ہونا۔ **رخ پانا** (متعدی)
متوجہ پانا۔ **رخ پھرنا** (لازم) **پھیر لینا۔ پھیرنا**
(متعدی) ۱ چہرہ دوسری طرف کرنا ۲ بے اعتنائی
کرنا۔ کشیدہ ہونا ۳ ناراض ہونا۔ **رخ چھوٹنا**
(لازم) ہمت پست ہو جانا۔ **رخ دے کر
بات نہ کرنا** (متعدی) توجہ سے بات نہ کرنا۔
رخ دیکھنا (متعدی) ۱ توجہ دیکھنا **رخ دینا**
(متعدی) ۱ دیکھو رخ کرنا ۲ شطرنج میں رخ بٹوا لینا۔
رخ زرد ہونا (لازم) ڈر جانا۔ خوف کھانا۔ **رخ
زیبا** (مذکر) خوبصورت چہرہ۔ **رخسار۔ رخسارہ**
(مذکر) گال۔ عام طور پر رخ سارے چہرے کے
لئے اور رخسار گال کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ **رخ
فروز** (مذکر) مہینے کا ساتواں دن۔ **رخ کر جانا**
(متعدی) خم کر جانا۔ **رخ کرنا** (متعدی) ۱ توجہ کرنا
۲ منہ کرنا ۳ کہیں جانا ۴ ارادہ کرنا ۵ التفات کرنا ۶ جرات
دلانا۔ حوصلہ بندھانا۔ **رخ نہ پانا** (متعدی) متوجہ پانا۔
رخ نہ دیا (کیا) بے اعتنائی بتوجہ نہ پانا۔ **رخ ہونا**
(لازم) دیکھو رخ کرنا۔

رُخام (ع۔ مذکر) سنگ مرمر۔ **رخام
سفید** (مذکر) سفید سنگ مرمر۔

رَخت (ف۔ مذکر) ۱ کپڑا ۲ اسباب
اثاثہ۔ **رختِ خانہ** (مذکر) گھر کا مال و اسباب۔
اثاثہ۔ **رختِ سفر** (مذکر) سفر کا سامان۔ **رختِ
سلامی** (مذکر) درباری لباس۔ **رخت عروس**
(مذکر) جہیز۔ **رخت عریانی** (مذکر) ننگے پن کا لباس
بدن کا چمڑا۔ **رخت عریانی پھاڑنا** (متعدی)
بدن کو زخمی کرنا۔ **رخت ہستی** (مذکر) عقل سمجھ۔

رُخج (ف۔ مذکر) پشت میں ایک
مقام۔

رَخش (ف۔ مذکر) ۱ سفید و سرخ ملا
ہوا رنگ ۲ گھوڑا ۳ رستم کا گھوڑا (اصل رُخش ہے۔
س رُخ)۔

رَخشاں (ف۔ صفت) چمکنے والا
چمکدار۔ منور (رخشیدن۔ چمکنا)۔

رَخشندگی (ف۔ مونث) چمک۔
دمک (رخشیدن۔ چمکنا)۔

رُخصت (ع۔ مونث) ۱ چھٹی۔
تعطیل ۲ اجازت ۳ مہلت ۴ روانگی ۵ وداع ۶
برطرفی ۷ جاؤ ۸ خدا کی طرف سے بندے کو کسی کام
میں تخفیف کی اجازت ہونا (رُخص۔ نرم ہونا) **رخصت
اتفاقی** (مونث) وہ رخصت جو کسی اتفاقی کام کے
لئے ملتی ہے۔ عام طور پر دس دن سے زیادہ نہیں
ہوتی **رخصتانہ** (مذکر) وہ انعام جو رخصت
کے وقت دیا جائے۔ **رخصت دینا** (متعدی)
۱ اجازت دینا ۲ چھٹی دینا۔ **رخصت رعایتی**
(مونث) پوری تنخواہ پر چھٹی جو گیارہ ماہ کے بعد ایک
مہینے کی ملتی ہے۔ **رخصت طلب** (صفت)
جانے کی اجازت چاہنے والا۔ **رخصت فرما**
(صفت) جانے کی اجازت دینے والا۔ **رخصت
کرنا** (متعدی) ۱ جانے کی اجازت دینا ۲ مسافر
کو روانہ کرنا ۳ برطرف کرنا ۴ لڑکی کو شوہر کے گھر
بھیجنا۔ **رخصت لینا** (متعدی) ۱ اجازت لینا ۲
چھٹی لینا۔ **رخصت مانگنا** (متعدی) ۱ اجازت
چاہنا ۲ چھٹی کی درخواست کرنا۔ **رخصت ملنا**
(لازم) ۱ جانے کی اجازت ملنا ۲ چھٹی ملنا ۳ موقوف
ہونا۔ **رخصت (نا) منظور ہونا** (لازم)
چھٹی (نہ) ملنا۔ **رخصت ہونا** (لازم) ۱ روانہ
ہونا ۲ مر جانا ۳ چھٹی ملنا۔ **رخصتی** (صفت) ۱ وہ جو
رخصت پر ہو ۲ (مونث) دلھن کی روانگی ۳ وہ روپیہ جو
وداع ہوتے وقت دیا جائے۔ سلامی۔

رَخَم (ع۔ مذکر) ۱ مکہ کے قریب ایک
پہاڑی ۲ ایک مقام۔

رَخنہ (ف۔ مذکر) ۱ سوراخ۔ چھید ۲
دیوار میں نقب ۳ ہڈی کا ٹوٹنا ۴ تلوار کا نشان ۵ نقص
عیب ۶ خلل۔ مزاحمت ۷ فتنہ۔ فساد ۸ روزن کھڑکی
رخنہ انداز (صفت) خلل ڈالنے والا۔ **رخنہ اندازی**
(مونث) خلل ڈالنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **رخنہ بندی**
(مونث) سوراخ بند کرنا۔ **رخنہ بندیاں کرنا**
(متعدی) عیب چھپانا۔ عیب پوشی کرنا۔ **رخنہ پڑنا**
(لازم) خلل پڑنا۔ **رخنہ دار** (صفت) سوراخدار ۲ نشان
والی (تلوار) **رخنہ ڈالنا** (متعدی) خلل انداز ہونا۔
رخنہ کرنا (متعدی) ۱ سوراخ کرنا۔ فساد کرنا ۲ شرارت
کرنا۔ **رخنہ کھلنا** (لازم) سوراخ کھلنا۔ **رخنہ
(رخنے) نکالنا** (متعدی) ۱ نقص نکالنا۔ عیب
نکالنا ۲ نکتہ چینی کرنا ۳ حیلہ حوالہ کرنا۔ عذر کرنا۔
رخنہ (رخنے) نکلنا (لازم) نقص ظاہر ہونا۔
عیب معلوم ہونا۔

رَدّ (ع۔ مذکر) ۱ تردید۔ بطلان ۲
جھٹلانا۔ جھٹلاؤ۔ غلط ثابت کرنا ۳ نہ ماننا ۴ پھیر دینا
واپس کرنا ۵ روکنا۔ دفع کرنا ۶ باطل توڑنا ۔ سے
(کرنا ہونا کے ساتھ) (رَدّ۔ واپس کرنا) **ردِّ بلا**
(مذکر) مصیبت کا دور ہونا۔ **ردِّ ثبوت** (مذکر)
تردید۔ ثبوت کو توڑنا۔ **ردِّ جواب** (مذکر) جواب
جواب دعوے کی تردید۔ **ردِّ خلق** (صفت) مردود۔
برادری سے خارج۔ **ردِّ دعوت** (مذکر) دعوت
کی نامنظوری۔ **ردِّ سحر** (مذکر) جادو کا توڑ (پڑھنا
کرنا ہونا کے ساتھ) **ردِ سلام** (مذکر) سلام کا جواب
وعلیکم السلام۔ **ردِّ قدح** (مذکر) دیکھو رد و قدح۔
ردِّ قدح کرنا (متعدی) شراب کا پیالہ لینے سے
انکار کر دینا۔ **رد قرض** (مذکر) قرضہ ادا کر دینا۔
رد کر دینا (متعدی) ۱ ہرا دینا۔ مات کر دینا ۲ تردید
کر دینا۔ **ردِّ کلام** (مذکر) تردید کسی بات کی رد گیا
اپنے کلام سے پھر گیا۔ **رد و بدل** (مذکر و مونث)
۱ تکرار۔ حجت ۲ الٹ پھیر۔ الٹ پلٹ ۳ پھیرنا۔ واپس
کرنا ۴ بدلنا ۵ دفع کرنا ۶ تبدیلی ۷ جنگ میں حملہ اور
اس کا توڑ (کرنا ہونا کے ساتھ) **رد و قدح** (مونث)
۱ بحث۔ تکرار حجت (کرنا ہونا کے ساتھ) **رد و کد**
حجت۔ بحث۔ مباحثہ (کرنا۔ نا کے ساتھ) **رد نہ
ہو سکنا** (لازم) رفع نہ ہو سکنا **رد ہونا** (لازم)
۱ غلط ثابت ہونا ۲ دفع ہونا۔ باطل ہونا۔ رکنا۔
۳ تردید ہونا ۴ منسوخ ہونا۔ ٹوٹنا ۵ مقابلے میں پست
ہونا۔

مثل۔ رد بندہ خریدار خدا

اکیلے کا خدا ساتھی۔

رَدَ (س۔صفت) ۱ کاٹنے والا۔ توڑنے والا۔ کھرچنے والا ۲ (مذکر) کاٹنے وغیرہ کا فعل ۳ دانت ۴ عدد بتیس ۵ ہاتھی دانت۔

رَدّ (س۔ مذکر) گیارھویں یوگ کا نام۔

رِدا (ع۔ مونث) ۱ چادر ۲ چغہ۔ (رِدَی۔ بڑھنا گلے کا)۔

رَدّا (ف۔ مذکر) ۱ تہ پرتہ۔ اینٹ کی تہ پر مٹی کی تہ۔ مٹی کی تہ پر اینٹ کی تہ ۲ قطار، صف ۳ دن بھر کا کام۔ **ردا جمانا** (متعدی) الزام رکھنا۔ **ردا رکھنا** (متعدی) ۱ ایک تہ پر دوسری تہ رکھنا ۲ الزام رکھنا ۳ کھلنے پر کھانا۔

رَداءَت (ع۔ مونث) خراب یا فاسد ہونا (رَدِی۔ مارنا)۔

رُودَر (س۔ صفت) ۱ چیخنے والا۔ غل مچانے والا۔ گرجنے والا ۲ ہیبتناک۔ خوفناک۔ وحشتناک (اسوین۔ اگنی۔ اندر۔ متر۔ درن اور سپاشہ کے متعلق استعمال ہوتا ہے) ۳ (مذکر) گرج اور طوفان کا دیوتا جو مرتوں اور رودروں کا باپ اور حاکم ہے۔ برہما جی کی پیشانی میں سے پیدا ہوا تھا ۴ شوجی ۵

رودرج (مذکر) پارا جو شوجی کی منی سمجھا جاتا ہے۔

رودرجَپ (مذکر) ایک دعا جو رودر سے کی جاتی ہے۔

رودرکالی (مونث) درگا کی ایک شکل۔ **رودری** (مونث) ایک قسم کی بانسری یا ستار۔

ردلاکھنڈلا (اردو۔ صفت) حقیر۔ خراب۔ نکما۔

رَدّواکھدوا (ھ) **ردوے خدوے** (ہ۔صفت جمع) خراب۔ نکمے ۲ سفلے۔ کمینے۔ رذیل۔

رَدی (ع۔صفت) دیکھو ردی ۲ لاوہ۔

رَدّی (ع۔صفت) ۱ ناقص۔ خراب۔ نکما۔ ناکارہ ۲ بگڑا ہوا۔ پھینکا ہوا ۳ (مونث) ناقص یا ناکارہ کاغذ (کر دینا۔ کرنا۔ ہو جانا ہونا کے ساتھ) (رَدّ۔ واپس کرنا)۔

رَدیف (ع۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو گھوڑے یا اونٹ پر پیچھے سوار ہو ۲ پیچھے کی فوج ۳ وہ لفظ یا الفاظ جو اشعار غزل یا قصیدے کے آخر میں قافیہ کے پیچھے بار بار آئیں۔ داغ۔ نہیں ہوتی بندے سے طاعت زیادہ۔ بس اب۔ خانہ آباد دولت زیادہ زیادہ "ردیف ہے۔ داغ۔ بتانِ ماہوش اجڑی ہوئی منزل میں رہتے ہیں۔ کہ جنکی جان جاتی ہے اسی کے دل میں رہتے ہیں" میں رہتے ہیں" ردیف ہے ۴ کوئی حرف علت جب فوراً روی کے پہلے آئے۔ روی وہ حرف یا حروف ہیں جو سب سے آخر میں شعر میں آتے ہیں۔ جیسے بازار۔ درکار۔ ہوش۔ جوش۔ نسیم۔ شمیم میں الف و اور ی ردیف ہیں ۵ حروف تہجی کی ترتیب سے جب اشعار کہے جائیں تو ان کے لئے بھی لفظ ردیف استعمال ہوتا ہے ۶ ایک ستارہ جو صورت کوکبہ عقاب کے قریب ہے ۷ ایک ستارہ جو اس وقت چڑھے جب اس کا متابل غروب ہو جائے۔ **ردیف باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) ردیف کا موقع سے استعمال ہونا۔ **ردیف چمکنا** (لازم) ردیف کا لطف دینا۔ **ردیف سرطان** (مذکر) برج سرطان۔ **ردیف وار** (صفت) حروف تہجی کی ترتیب سے۔ ہر غزل کے آخری حرف کے مطابق۔

رِذال (ع۔صفت) رذالا۔ اردو میں اکیلا استعمال نہیں ہوتا۔ **رِذالا** (صفت) ۱ کمینہ۔ رذیل۔ پاجی۔ کم ذات۔ ناقص ۲ سخت رذیل۔ سخت پاجی ۳ بے حیا۔ بے شرم۔ **رذالپن** (مذکر) **رذالت** (مونث) کمینگی۔ کمینہ پن۔ پاجی پن۔ **رذالے کا لٹھ** (صفت) ۱ کمینہ۔ رذیل ۲ بے حیا۔ بے شرم ۳ منہ پھٹ۔ گستاخ۔ بیباک۔

امثال واقوال۔ رذالا مست ہوا خدا کو بھول گیا۔ رذیل آدمی امیر ہو جائے تو بہت مغرور ہو جاتا ہے۔ **رذالوں کی دوستی پانی کی لکیر۔ شریفوں کی دوستی پتھر کی لکیر۔** کمینوں کی دوستی کا کوئی اعتبار نہیں۔ **رذالے کی جورو کو سدا طلاق۔** کمینہ اپنے وعدے کا پابند نہیں ہوتا۔ اسکی دوستی کا کبھی اعتبار نہیں کرنا چاہئیے۔ **رذالے کے ناخن ہوئے۔** کمینہ صاحب اختیار ہو گیا۔

رَذیل (ع۔ صفت) کمینہ۔ رذالا۔

امثال۔ رذیل کی دو نہ اشراف کی سو۔ کمینے کی دو گالیاں۔ اشراف کی سو گالیوں کے برابر ہوتی ہیں۔ **رذیلوں کی دوستی الخ۔** دیکھو رذالوں کی دوستی الخ۔

رِریانا (ہ۔ لازم) ۱ رونا۔ چیخنا ۲ گڑگڑانا۔ عجز کرنا ۳ مانگنا۔

رَڑَک (ھ۔ مونث) ۱ چبھن۔ خلش۔ کھٹک۔ **رڑکا** (مذکر) ۱ جھاڑو ۲ ذرہ۔ ریزہ۔ **رڑکانا** (متعدی) ۱ نکالنا۔ الگ کرنا ۲ دھکیلنا۔ چلانا۔ **رڑکنا** (لازم) چبھنا۔ خلش ہونا۔ درد ہونا۔

رِڑکنا (ھ۔لازم) ۱ دیکھو ریانا ۲ دوہنا۔

رَز (ف۔ مذکر) ۱ انگور ۲ (صفت) رنگنے والا جیسے رنگرز۔ اردو میں دختِ رز و دخترِ رز میں استعمال ہوتا ہے۔

رَزّاق (ع۔ صفت) ۱ رزق دینے والا۔ خوراک پہنچانے والا ۲ (مذکر) خدا کا نام۔ **رزاقِ** (عالم) **مطلق** (مذکر) خدائے تعالے۔ **رزّاقی** (مونث) ۱ رزق دینے کا فعل ۲ رزق پہنچانا۔ رزق رسانی۔

رزال۔ رزالا۔ رزالپن۔ رزالپنا۔ رزالہ (ع) ز سے املا غلط ہے۔ مگر بعض لوگ لکھ دیتے ہیں۔

رِزَرو واٹر (انگ۔ مونث) پانی کا ذخیرہ۔ تالاب۔

رِزَرْوڈ (انگ۔ صفت) مخصوص۔ کسی خاص شخص کے لئے رکھا ہوا جسے دوسرا نہ استعمال کر سکے۔ **رزروڈ کلاس** (مونث) درجہ خاص۔ وہ درجہ جو درجہ اول سے اوپر ہوتا ہے۔

رِزَرْویشن (انگ۔ مونث) ۱ شرط ۲ استثنا۔

رِزق (ع۔ مذکر) ۱ خوراک۔ روزی۔ کھانا ۲ ذریعہ معاش ۳ تنخواہ۔ کبستہ۔ روزینہ۔ وظیفہ (رَزَق۔ خوراک پہنچانا کسی کو خدا کا) **رزق اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) خدا کی طرف سے سامانِ رزق ہونا۔ **رزق پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا** (لازم) خدا کی طرف سے خوراک ملنا۔ **رزق دینا** (متعدی) خوراک پہنچانا۔ کھانے کو دینا۔ **رزق ملنا** (لازم) خدا کی طرف سے خوراک پہنچنا۔

امثال واقوال۔ رزق را روزی رساں پرمے دہد۔ روزی پہنچانے

والا رزق کو پردے دیتا ہے۔ خدا ہر ایک کو روزی اپنے آپ پہنچا دیتا ہے۔ **رزق نہ پلّے باندھتے پنچھی اور درویش۔ جن کا تکیہ رب ہے ان کا رزق ہمیش۔** جانور اور فقیر رزق پلے باندھ کر نہیں پھرتے۔ جو خدا پر بھروسا کرتے ہیں انہیں مل ہی جاتا ہے۔ **رزق ہے نہ موت** بڑا بد قسمت ہے۔

رِزَلٹ (انگ۔ مذکر) نتیجہ۔ خصوصاً امتحان کا۔ **رِزَلٹ آؤٹ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) امتحان کا نتیجہ نکلنا۔ **رزلٹ اچھا ہونا** (لازم) بہت طالب علموں کا کامیاب ہونا۔ **رزلٹ بُرا (خراب) ہونا** (لازم) بہت طالب علموں کا امتحان میں ناکامیاب ہونا نتیجہ خراب ہونا۔

رَزم (ع۔ مونث) لڑائی۔ جنگ۔ معرکہ۔ کارزار۔ زن۔ بَد (رزم۔ دشمن کو گرا کر امپر جھکنا) **رزمگاہ** (مونث) لڑائی کی جگہ۔ میدان جنگ۔ **رزم گیر** (مذکر) مہینے کی پندرھویں تاریخ۔ **رزم و بزم** (مذکر) میدان جنگ اور محفل۔ لڑائی اور عیش و عشرت کی جگہ۔ **رزمی** (صفت) لڑائی کا۔ **رزمیّہ** (صفت) جنگی۔ لڑائی سے نسبت رکھنے والا۔ **رزمیّہ اشعار** (مذکر) وہ شعر جو میدان جنگ میں پڑھے جائیں۔ **رزمیّہ نظم** (مونث) وہ نظم جس میں لڑائیوں کا ذکر ہو۔ جیسے شاہنامہ۔ مہابھارت۔ رامائن۔ الیڈ۔ اوڈسی۔ اینیڈ وغیرہ۔

رزولیشن (انگ۔ مذکر) تجویز جو کسی مجلس میں پیش کی جائے۔ **رزولیشن پاس کرنا** (متعدی) تجویز منظور کرنا۔ **رزولیشن پیش کرنا** (متعدی) تجویز پیش کرنا۔ **رزولیشن (نا) منظور کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) تجویز منظور (نہ) ہونا۔

رَس (ہ۔ مذکر) ۱ پودوں کا عرق یا دودھ ۲ پھلوں کا پانی ۳ گنے کا شیرہ ۴ کوئی مائع ۵ ست۔ جوہر ۶ آواز کی نرمی یا شیرینی ۷ لچک۔ لوچ ۸ دھات۔ پارہ ۹ بدن کا پانی۔ کیلوس ۱۰ (ہ) شوربہ ۱۱ (ہ) منی۔ نطفہ ۱۲ (ہ) پارہ (س رَس) رسا (ہ۔ مونث) رس۔ **رس اترنا** (لازم) گھوڑے کے سم سے مواد نکلنا۔ **رس بھری** (صفت) ۱ نشیلی۔ خمار آلودہ (آنکھ) ۲ رسیلی۔ **رس پڑنا** (لازم) ۱ اناج میں دودھ پیدا ہونا ۲ منی پیدا ہونا ۔ سن بلوغ کو پہنچنا ۳ (ہ) لطف اٹھانا۔ مزا اڑانا۔ **رس ٹپکنا** (لازم) ۱ رس کا قطرہ قطرہ گرنا ۲ پکنا ۳ (ہ) بالغ ہونا۔ پوری طاقت میں ہونا ۴ (ہ) پر شہوت ہونا۔ **رس چوس لینا** (لازم) جوہر نکال لینا۔ چوس لینا۔ **رس چونا** (متعدی) رس ٹپکنا۔ **رس رس** (ہ۔ نف) آہستہ آہستہ۔ نرمی سے۔ **رس کا بیندھا** (صفت) محبت یا عشق کا مارا۔ **رس کی باتیں یا بتیاں** (مونث) میٹھی میٹھی باتیں۔ پیار یا لگاوٹ کی باتیں۔ **رس لینا** (متعدی) ۱ چوسنا ۲ مزا لینا ۳ (ہ) شوربہ لینا۔ **رسمسا** (صفت) ۱ تر۔ گیلا ۲ (ہ) وہ (سالن) جس میں شوربا تھوڑا سا ہو۔ **رسمسانا** (متعدی) تر ہونا۔ **رسمیلا** (صفت) رسمسا۔

امثال و اقوال۔ رس

رس دئے مرے تو بس کیوں دیجئے۔ جو کام نرمی سے ہو سکتا ہے۔ اس میں سختی نہیں کرنی چاہئے۔ **رس کھائے رساین بنتی ہے**۔ تکلیف اٹھانے سے فائدہ ہوتا ہے۔ **رس مارے رسائن ہو**۔ پارے کو جلاؤ تو چاندی ہو جاتا ہے۔ تکلیف اٹھا کر انسان ترقی کرتا ہے۔ **رس میں بس**۔ نیکی میں برائی۔ **رس میں بس ملا دیا**۔ خوشی میں رنج پیدا کر دیا۔

رَس۲ (ہ۔ مونث) رسی کا مخفف۔ **رس بٹّا** (مذکر) رسی بٹنے والا۔ رسن ساز۔

رَسْ (س۔ مذکر) ۱ دیکھو رس۔ (ہ) ۲ شراب۔ شربت ۳ رقیق دوائی ۴ دودھ ۵ کسی چیز کا بہترین حصہ ۶ زہر ۷ امرت ۸ مہندی ۹ سونا ۱۰ سبز پیاز ۱۱ گوند ۱۲ مزا۔ لطف۔ بو ذائقات کی چھ رس ہیں۔ میٹھا۔ کڑوا۔ نمکین۔ کھٹا۔ چرپرا کسیلا۔ بعض ۶۳ شمار کرتے ہیں۔ ۱۵ دو کے۔ ۲۰ تین کے۔ ۱۵ چار کے ۶ پانچ کے اور ایک چھ کا مرکب ۱۳ محبت۔ خواہش ۱۴ مزا۔ مسالا۔ چٹنی ۱۵ زبان ۱۶ خوشی فرحت ۱۷ خوبی۔ نفاست ۱۸ کسی تصنیف کی خوبی یا جذبہ یہ دس شمار کئے جاتے ہیں۔ عشق۔ بہادری۔ نفرت۔ غصہ۔ مذاق۔ ڈر۔ رحم۔ حیرت۔ قناعت۔ الفت پدری ۱۹ دل کی حالت۔ مذہبی خیال ۲۰ ایک وزن یا بحر ۲۱ عدد چھ ۲۲ لفظ اوم ۲۳ ایک نشاد اور ایک شنکی کا بیٹا۔ **رساد** (مذکر) رس کو پینے والا شخص۔ **رسائن** (مونث) ۱ کیمیا ۲ ایک دوائی جو کیڑوں کو مارتی ہے ۳ گرُو ۴ امرت۔ آب حیات ۵ چھاچھ ۶ زہر ۷ وہ دوا جو کوئی دھات کشتہ کر کے بنائی جاتی ہے ۸ ملیح مرچ۔ **رسائن بنانا** (متعدی) کم قیمت دھات کو سونا یا چاندی بنا دینا۔ **رساین ودیا** (مونث) علم کیمیا۔ **رساینی** ۱ (مذکر) ۱ کیمیاگر۔ کیمیادان ۲ (مونث) بدن کے رسوں کی نالی ۳ کئی پودوں کا نام۔ **رس شاستر** (مذکر) علم کیمیا۔ **رس کپور یا کرپور** (مذکر) پارے کا جوہر جو پارے گندھک اور نمک سے بنایا جاتا ہے۔

رَس (ف۔ صفت) ۱ پہنچنے والا ۲ واقع ہونے والا ۳ چھونے والا ۴ (مذکر) وہ شخص جس کے پاس کوئی چیز پہنچے ۵ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے دادرس۔ دسترس (رسیدن۔ پہنچنا)۔ **رسا** (صفت) ۱ پہنچنے والا۔ دور جانے والا ۲ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے آہ رسا۔ **رسال** (صفت) ۱ پہنچنے والا۔ دور جانے والا ۲ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے خبررساں۔ چٹھی رساں۔ **رسائی** (مونث) ۱ پہنچ۔ باریابی ۲ دخل ۳ مہارت ۴ رسوخ۔ **رسائی پانا** (متعدی) باریاب ہونا۔ **رسائی پیدا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رسوخ حاصل ہونا۔ **رسائی دشوار یا محال ہونا** (لازم) رسوخ یا باریابی بہت مشکل ہونا۔ **رسائی ہونا** (لازم) پہنچ ہونا۔ باریابی ہونا۔ **رسی** (مونث) ۱ پہنچنا ۲ حاصل ہونا ۳ مکمل ہونا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے دادرسی۔

رِس (ہ۔ امر) رسنا کا۔ **رستا برتن** (مذکر) وہ برتن جس میں سے پانی وغیرہ باہر نکل جائے۔ رستا ہے۔ تھوڑا تھوڑا کر کے بہتا یا نکلتا ہے۔ برتن یا پھوڑے کی نسبت کہتے ہیں۔ **رسنا** (لازم) چونا۔ ٹپکنا۔ **رسنا بسنا** (لازم) آباد رہنا۔ خوش رہنا۔ سرسبز رہنا۔

رِس (ہ۔ مونث) غصہ۔ ناراضگی۔ رنج۔ **رسانا** (لازم) ۱ غصہ ہونا ۲ (صفت) ناراض۔ خفا۔ **رسانی** (مونث) غصہ۔ **رسنا** (لازم) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ **رسہا** (صفت) ناراض۔ خفا۔

رَسا (س۔ مونث) ۱ زمین ۲ مٹی ۳ انگور۔ انگور کی بیل ۴ سب سے نچلی زمین پاتال ۵ نمی ۶ ایک دریا جو زمین کے گرد بہتا ہے ۷ کئی پودوں کا نام۔

رَسا (ه) ایزد بخش۔ اردو زبان کا ایک شاعر۔ صاحبِ دیوان۔

رَسّا (ہ۔ مذکر) موٹی رسی (س۔ رُشک) **رسّوں** (مذکر) رسا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔

مثل۔ رسوں جکڑے اب نہیں ٹھیرے۔ پہلے کچھ ہی کرو اب وہ نہیں ٹھیرنے کے۔

رَسال (ھ۔ صفت) رسدار۔ رس سے بھرا ہوا ۱ آم ۲ گنا۔

رَسالا (س۔ مونث) چھاچھ جس میں قند اور گرم مسالہ پڑا ہو ۲ (ہ) رسالہ ۳ دیکھو رسالے

رِسالَت (ع۔ مونث) ۱ پیغمبری۔ سفارت (رَسَلَ۔ بھیجنا) **رسالت پناہ۔ رسالتمآب** (صفت) پیغمبر صلعم سے مراد ہے۔

رسالدار (ع۔ مذکر) رسالہ دار کا مخفف۔ رسالے کا افسر۔ **رسالداری** (مونث) رسالداری کا مخفف۔ رسالدار کا عہدہ یا کام۔

رَسالسا (س۔ مذکر) بدن کی کوئی نس۔ رگ۔

رِسالہ (ع۔ مذکر) ۱ چھوٹی کتاب ۲ سو سواروں کا دستہ (رَسَلَ۔ بھیجنا) **رسالہ دار** (مذکر) **داری** (مونث) دیکھو رسالدار و رسالداری۔

رَسّام (ع۔ مذکر) کھودنے والا شخص۔ حکاک (رَسَمَ۔ کھودنا)۔

رَسانا (ھ۔ متعدی) ۱ ٹانکا لگانا۔ جوڑنا برتن کو۔

رَسانا (ھ۔ متعدی) غصہ ہونا خفا ہونا۔

رَسائیا (ھ۔ مذکر) کیمیاگر۔

رساوَل (ھ۔ مذکر) گنّے کے رس کی کھیر۔

رسائل (ع۔ مذکر) رسالہ ۱ کی جمع۔ رسالے۔ چھوٹی کتابیں۔

رَسبَٹّا (ھ۔ مذکر) رسی بٹنے والا شخص۔

رَسبھری (انگ۔ مونث) بیر کی قسم کا ایک پھل (اصل راسپبری)۔

رسپانڈنٹ (انگ۔ مذکر) جوابدہ۔ اپیلانٹ کا مخالف فریق۔

رَست (ف۔ ماضی) رستن کی (رستن۔ بچانا) **رستخیز** (مذکر) قیامت۔ **رستگار** (صفت) ۱ رہائی پانے والا۔ نجات پانے والا ۲ آزاد۔ محفوظ ۳ فیاض۔ سخی)۔ **رستہ** (صفت) ۱ آزاد۔ رہا شدہ ۲ بچا ہوا ۳ مفرور۔

رُست (ف۔ مونث) ۱ نمو۔ اگنا ۲ مضبوط۔ طاقتور ۳ دلیر۔ بہادر (رستن۔ اگنا) **رستخیز** (صفت) نئی اگی ہوئی۔ **رستنی** (صفت) ۱ جو چیز آگے ۲ ترکاری ۳ وقت جب۔ وہ جگہ جہاں کوئی چیز آگے

رست وخیز (مونث) نمو۔ اگنا (صفت) اگا ہوا

رُستَم (ف۔ مذکر) ۱ ایک ایرانی پہلوان جو زال کا بیٹا تھا۔ اس کا ذکر شاہنامہ میں آتا ہے۔ یہ زابلستان کا حاکم تھا ۲ (صفت) بہادر۔ شجاع۔ دلیر ۳ (چھپا) پوشیدہ کامل فن۔ چھپا بدمعاش۔ **رستم خاں** (صفت) ۱ طنزاً شیخی باز۔ اترانے والا ۲ طنزاً بہادر۔ دلیر۔ **رستم خصال رکاب باعنان** (صفت) بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ **رستمِ دستاں۔ زال (زر) یا سگزی** (مذکر) رستم کے القاب۔ **رستم کا سالا** (صفت) دیکھو رستم خاں۔ **رستم کی دھاک** (مونث) بہادری کی شہرت۔ رستم کا رعب۔ **رستم کی گور پر لات مارنا** (متعدی) بہادری کی ڈینگ کرنا۔ **رستم ہونا** (لازم) دلیر ہونا۔ بہادر ہونا۔ **رستمی** (مونث) بہادری۔ دلیری۔ شجاعت۔ **رستمی دکھانا** (متعدی) بہادری دکھانا۔ **رستمِ وقت** (مذکر) اپنے زمانے کا بہادر یا کسی کام میں مشہور آدمی۔

رَستوراں (فر۔ مذکر) دیکھو رسٹورنٹ۔

رَستہ (ف۔ مذکر) راستہ کا مخفف۔ **رستہ آنا** (لازم) راستہ معلوم ہونا۔ رستے کا پتہ ہونا۔ **رستہ بتانا** (متعدی) دیکھو راہ بتانا۔ **رستہ بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) سڑک تعمیر ہونا۔ **رستہ بند کردینا یا کرنا** (متعدی) بند ہوجانا **یا ہونا** (لازم) راہ بند ہونا۔ روک ہونا۔ **رستہ بھٹکانا یا بھلانا** (متعدی) **بھولنا** (لازم) ۱ گمراہ ہوجانا ۲ رستے سے بھٹک جانا۔ **رستہ بھول کے نکل آنا** (لازم) جو شخص دیر کے بعد ملنے آئے اس کو کہتے ہیں۔ **رستہ پانا** (لازم) ۱ تدبیر سوجھنا یا ہاتھ آنا ۲ جانے کے لئے راہ ملنا۔ **رستہ پر لگا دینا** (متعدی) صحیح راہ بتانا۔ ٹھیک رستے پر کردینا۔ **رستہ پکڑنا** (متعدی) کسی طرف جانا۔ **رستہ پکڑو**۔ جاؤ۔ راہ لو۔ **رستہ پہاڑ ہوجانا** (لازم) رستہ نہ کٹنا۔ رستہ دوبھر ہوجانا۔ **رستہ پھٹنا** (لازم) ایک راستے سے دوسرا راستہ علیحدہ ہونا۔ **رستہ پھرنا** (لازم) راہ مڑنا۔ رستہ بدلنا۔ **رستہ چلتا** (مذکر) مسافر۔ راہگیر۔ **رستہ چلتے** (تف) راہ چلتے۔ **رستہ چھوڑ دینا یا چھوڑنا** (متعدی) ۱ راہ ترک کردینا ۲ رستے سے ایک طرف ہوجانا۔ **رستہ دکھانا** (متعدی) ۱ راہ پر ڈالنا۔ راہ دکھانا ۲ تدبیر سجھانا ۳ انتظار کرانا۔ **رستہ دیکھنا** (لازم) انتظار کرنا۔ **رستہ روکنا** (لازم) سدراہ ہونا۔ **رستہ سمجھ میں آنا** (لازم) ۱ رستہ یاد آنا۔ رستہ ذہن پر چڑھنا ۲ تدبیر سوجھنا۔ ڈھنگ سمجھ میں آنا۔ **رستہ سوجھنا** (لازم) تدبیر سوجھنا۔ **رستہ سے نکال دینا** (متعدی) (ناک منہ وغیرہ کے ساتھ) شیخی کرکری کردینا۔ ٹھیک بنانا۔ **رستہ کاٹ کے جانا یا چلنا** (لازم) کترا کے جانا۔ **رستہ کترانا** (متعدی) کسی کو دیکھ کر رستہ چھوڑ کر دوسرے رستے چلا جانا۔ **رستہ کٹا ہونا** (لازم) رستہ پھرا ہونا۔ **رستہ کٹنا** (لازم) ۱ راہ طے ہونا ۲ ایک راہ سے دوسری راہ نکلنا۔ **رستہ کھلنا** (لازم) ۱ بند رستے کا جاری ہونا ۲ تدبیر نکل آنا۔ **رستہ گھیر کر کھڑا ہونا** (لازم) **گھیرنا** (متعدی) سدراہ ہونا۔ رستہ روکنا۔ **رستہ لو**۔ جاؤ۔ بھاگو۔ **رستہ لینا** (لازم) کسی طرف جانا۔ رستہ اختیار کرنا۔ **رستہ ناپنا** (متعدی) جلدی جلدی رستہ طے کرنا۔ جلد آکر چلا جانا۔ **رستہ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) تدبیر سوجھنا یا نکلنا۔ راہ نکلنا۔ **رستہ نہ ملنا** (لازم) ۱ جگہ نہ ملنا ۲ رستے کا پتہ نہ چلنا ۳ موقع نہ ملنا۔ **رستے** (مذکر) ۱ جمع رستہ کی ۲ بجائے رستہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **رستے پر آنا** (لازم) ۱ ٹھیک ہونا۔ درست ہونا۔ نیک بننا ۲ قابو میں آنا ۳ سیدھی راہ پر آنا۔ **رستے پر چلنا** (لازم) پیروی کرنا۔ **رستے پر ڈالنا** (متعدی) دیکھو رستے لگانا۔ **رستے سے کٹ جانا** (لازم) کچھ راہ چل کر الگ ہوجانا۔ **رستے لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ ٹھیک راہ پر جانا۔ چلا جانا ۲ ٹھیک طریقے پر چلنا۔ **رستے میں** (تف) بیچ میں۔ راہ میں۔ **رستے میں پڑا پانا** (متعدی) مفت ملنا۔ بے زحمت پانا۔ **رستے میں ملنا** (لازم) اثنائے راہ میں ملاقات ہونا۔

رسٹورنٹ (انگ - مذکر) ایک قسم کا ہوٹل جہاں چائے وغیرہ ملتی ہے - ستوراں -
رسد (ف - مونث) ۱؎ وہ چیز جو پہنچے یا آئے - آمدنی - درآمد ۲؎ ذخیرہ - فوج وغیرہ کے لئے - اناج - کھانے کا سامان ۳؎ خوراک کا الاؤنس - راشن ۴؎ حصہ - بخرہ - عموماً حصہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (رسد - پہنچنا) **رسد پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا** - سامان خوراک پہنچنا - **رسد رساں** (صفت) رسد پہنچانے والا - **رسد رسانی** (مونث) رسد پہنچانا - **رسدی** (صفت) حصے کے مطابق -

رسرا (ھ - مذکر) رسی - **رسری** (مونث) رسی -

رسک (س - صفت) ۱؎ مزیدار - چٹپٹا ۲؎ پر مذاق (تصنیف) ۳؎ پرجوش - حساس - پر درد ۴؎ با مذاق - ظریف - حاضر جواب ۵؎ طرح دار - خوش اسلوب - وضعدار ۶؎ خوش ہونے والا ۷؎ وہمی - وسوسی ۸؎ پر شہوت - شہوتی - عیاش ۹ (مذکر) عیاش آدمی ۱۰؎ پرجوش یا حساس شخص ۱۱؎ گھوڑا ۱۲؎ ہاتھی - **رسکا** (مونث) ۱؎ گنے کا رس ۲؎ لسی قند و گرم مسالحہ ملی ہوئی ۳؎ کیلوس ۴؎ زبان ۵؎ عورت کی بیٹی ۶؎ جوشیلی بیوی -

رسک (انگ - مذکر) ایک قسم کا بسکٹ -

رسکوک (ہ - مذکر) جواہریوں کی اصطلاح - چھوٹا موتی -

رسل (ع - مذکر) جمع رسول کی -

رسم (ع - فر) ۱؎ کوئی چیز مقرر کرنا ۲؎ نشان مٹا دینا بارش کا ۳؎ نشان چھوڑنا ۴؎ لکھنا - نقش کرنا - نشان کرنا ۵؎ مقرر کرنا دعوت کا ۶؎ دینا تنخواہ کا ۷؎ اونٹ کا تیز چلنا ۸؎ پادری کو مقرر کرنا -

رسم (ع - مونث) بیگمات مذکر بولتی ہیں ۱؎ دستور - رواج - ریت ۲؎ طور - طریقہ - ڈھنگ - چلن - روش - رویہ ۳؎ ایک کھیل بچوں کا جس میں ایک بچہ سوال کرتا ہے اور دوسرا ایسا جواب دیتا ہے جس میں حروف ر س م نہ آئیں - اگر ان میں سے کوئی حرف آجائے تو سوال کنندہ جواب دینے والے کو کسی جانور کی آواز نکالنے کے لئے کہتا ہے - (رَسَمَ - نشان کرنا) **رسم آور** (صفت) رسم کو زینت دینے والا - کوئی کام کرنے والا - **رسم اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) رسم چھوٹ جانا - رواج بند ہو جانا - **رسم الخط** (مذکر) املا - **رسم المہر** (مذکر) شاہی زمانے میں وہ محصول جو مہر کرنے کے لئے لیا جاتا تھا - **رسم و رواج** (مذکر) قاعدہ - دستور - **رسم و راہ** (مونث) ۱؎ میل جول - برتاؤ - ربط ضبط ۲؎ دستور - ڈھنگ - **رسم راہ اٹھ جانا** (لازم) میل جول بند ہو جانا - **رسم و راہ پڑ جانا یا ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱؎ میل جول ہونا ۲؎ رواج یا دستور ہونا - **رسم و راہ سے آگاہ یا واقف ہونا** (لازم) طریقے جاننا - دستور معلوم ہونا - **رسم ہو جانا یا ہونا** (لازم) دستور ہونا - رواج ہونا - **رسمی** (صفت) ۱؎ رواجی - جس کا رواج ہو ۲؎ معمولی عام - متوسط درجے کا - **رسمیات** (مونث جمع) رسمیں - رواج -

رسن (ع - مذکر) رسی (رَسَنَ - رسی سے باندھنا) **رسن باز** (مذکر) بازی گر یا نٹ جو رسیوں پر کھیل کرتا ہے - **رسن بازی** (مونث) رسی کا کھیل - بازی گری - **رسن بستہ** (صفت) رسی سے بندھا ہوا - **رسن پیچ** (مذکر) کوئیں کی چرخی - **رسنِ لنگر** (مذکر) جہاز کے لنگر کی زنجیر یا رسی -

رسنا (س - مونث) ۱؎ زبان ۲؎ (ھ) عورت کا کمر بند - **رسناولی** (مونث) ۱؎ زبان ۲؎ گفتگو -

رسنا (ہ - متعدی) بنا کے پہلے استعمال ہوتا ہے - **رسنا بسنا** (متعدی) رہنا سہنا - پھولنا پھلنا - فارغ البالی سے گزر ہونا -

رسوا (ف - صفت) ۱؎ ذلیل - خوار ۲؎ بدنام - بے عزت - روسیاہ - **رسوا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱؎ ذلیل ہونا ۲؎ بدنام ہونا ۳؎ عیب فاش ہونا - **رسوائی** (مونث) ۱؎ فضیحت ذلت - خواری ۲؎ بدنامی - بے عزتی - **رسوائے عالم** (مذکر) دنیا میں بدنام - سخت بدنام -

رسوائی (ھ - مونث) ۱؎ گنے کے پہلے رس کی تقسیم کی رسم ۲؎ گنے سے رس نکالنے کا موسم -

رسوت - رسوت (مونث)
رسوتھ (ھ) ایک درخت کا رس جس کا لیپ آنکھوں پر یا بچوں کا دودھ چھڑانے کے لئے چوچیوں پر کرتے ہیں -

رسوخ (ع - مذکر) ۱؎ رسائی - پہنچ - ربط ضبط ۲؎ اعتبار - اعتماد (کرنا ہونا کے ساتھ) ۳؎ (ع) پکا پن - مضبوطی (رَسَخَ - پکا ہونا) **رسوخیت** (مونث) رسوخ (جتانا کے ساتھ) -

رسول (ع - مذکر) ۱؎ وہ شخص جو خدا کی طرف سے پیغام لائے - وہ شخص جسے خدا کسی مذہب کی تلقین کے لئے بھیجے اور جس پر کوئی کتاب اترے - نبی پر کتاب نہیں اترتی صرف الہام ہوتا ہے - مگر رسول کے لئے کبھی نبی کا لفظ استعمال ہوتا ہے - پیغمبر ۲؎ قاصد - ایلچی - نامہ بر (رَسَلَ - بھیجنا) **رسول اللہ رسولِ خدا** (مذکر) خدا کا بھیجا ہوا پیغمبر - عموماً پیغمبر صلعم کے متعلق استعمال ہوتا ہے - **رسول دار** (مذکر) ایک شاہی افسر جو میزبانی کا کام انجام دیا کرتا تھا - **رسول زادی** (مونث) پیغمبر کی لڑکی - **رسول شاہی** (مذکر) آزاد فقیروں کا ایک فرقہ جو داڑھی ٹھوڑی کے نیچے رکھتے ہیں - **رسول کریم** (مذکر) پیغمبر صلعم - **رسولی** (صفت) ۱؎ رسول کی ۲؎ رسول کے متعلق ۳؎ رسول کی طرح کی ۴؎ (مونث) رسالت - نبوت - **رسولی داڑھی** (مونث) وہ داڑھی جو رسول شاہی فقیر رکھتے ہیں - اس میں صرف ٹھوڑی کے نیچے بال ہوتے ہیں - اس لئے ہر ایسی داڑھی کو بھی رسولی داڑھی کہتے ہیں -

رسولی (ہ - مونث) ایک قسم کا غدود جو بہت سخت ہو جاتا ہے (رس سے) -

رسوم (ع - مذکر) ۱؎ جمع رسم کی ۲؎ (مونث) اسٹامپ کی فیس ۳؎ سرکاری خرچہ ۴؎ کورٹ فیس ۵؎ محصول یا چندہ جو کسی حصہ زمینداری سے قابل وصول ہو ۶؎ فروخت شدہ مال پر کمیشن یا دستوری - **رسومات** (مونث) جمع الجمع رسوم کی - **رسوم دار** (مذکر) وہ جسے خاص فیس یا محصول ملے - **رسوم سرکار** (مونث) سرکاری حقوق یا محصول - اسٹامپ کی فیس - **رسوم عرفیہ** - محصول یا خراج جو مالک لے -

رسوئی (ھ - مونث) ۱؎ کھانا دینا بننا - پکانا - پکنا - تیار کرنا یا ہونا کے ساتھ) ۲؎ کھانا

پکانا ۲ باورچی خانہ ۔ کھانا پکانے اور کھانے کی جگہ ۔ رسوئیا (مذکر) باورچی ۔ کھانا پکانے والا ۔

مثل ۔ رسوئی اور رسائن برابر کھانا پکانا اور کیمیا دونوں بہت مشکل ہیں ۔

رَسّی (ہ ۔ مونث) ۱ موٹے دھاگوں سے بٹی ہوئی ڈوری ۲ لگام ۳ سانپ ۔ عورتیں سکا نام نہیں لیتیں کہ کہیں نکل نہ آئے ۴ ایک پیمانہ جو ۱۲۰ فٹ لمبا ہوتا ہے ۔ **رسیاں تڑانا** (متعدی) ۱ آزاد ہونا ۔ قابو سے نکل جانا ۔ آزادی کی کوشش یا خواہش کرنا ۲ بیزار ہونا ۔ **رسی بٹنا** (متعدی) ۱ موٹے دھاگوں کو اکٹھا بل دینا ۲ حیلہ بنانا ۔ **رسی تڑانا** (متعدی) بہت تیزی سے دوڑنا ۔ کسی چیز سے نہ رکنا ۔ بے تحاشا بھاگنا ۔ **رسی دراز کرنا** (متعدی) ۱ مہلت دینا ۲ عمر زیادہ کرنا ۳ اغماض کرنا ۔ **رسی دراز ہونا** (لازم) ۱ رسی کا طویل ہونا ۲ عمر زیادہ ہونا ۔ زندگی لمبی ہونا ۳ مہلت ملنا ۔ ڈھیل ہونا ۴ انتہا نہ ہونا ۔ **رسی ڈھیلی چھوڑنا** (متعدی) ۱ آزادی دینا ۔ نگرانی کم کرنا ۲ لگام ڈھیلی چھوڑنا ۔ **رسی کا سانپ بنانا** (متعدی) مبالغہ کرنا ۔ معمولی بات کو بہت بڑا کر کے دکھانا ۔ **رسی کوتاہ ہونا** (لازم) عمر کم ہونا ۔

امثال ۔ رسی جلتی ہے لیکن بل نہیں جلتا ۔ رسی جل گئی (اینٹھ باقی ہے) اینٹھن نہیں گئی (بل نہیں کھلا یا (پر) بل نہیں گیا) تباہ ہو گئے ۔ مگر غرور نہیں گیا ۔ **رسی کا سانپ بن (ہو) گیا** ۔ بے اصل بات کی وھوم یا نمائش ۔

رَسی (س ۔ صفت) ۱ مزیدار ۔ لذیذ ۲ جوشیلا ۔ تیز مزاج ۳ مسخرا ۔ باذاق ۔

رَسے (ہ ۔ تف) آہستہ سے نرمی سے ۔ رسے رسے (تف) رسے ۔

رَسیا (ہ ۔ مذکر) ۱ بانکا ۔ طرح دار ۔ رنگیلا ۲ خوش خور ۳ وہ شخص جو زندگی مزے میں گزارے ۔ عیاش ۴ زن فاحشہ کا آشنا (س ۔ رسک) ۔

رَسیانا (ہ ۔ صفت) ۱ رسدار ہونا ۔ گیلا ہونا ۲ رس ٹپکنا ۳ پکنا ۔ پکنا شروع ہونا ۴ چونا ۔ رسنا ۔

رُسیانا (ہ ۔ متعدی) غصے ہونا ۔ ناراض ہونا ۔

رَسیاوَل (ہ ۔ مونث) دیکھو رَسوائی ۔

رَسید (ف ۔ مونث) ۱ پہنچنا آدمی خط یا کسی چیز کا ۲ تحریر جس میں کسی چیز کی وصولی کا اقرار ہو ۳ گنجفے کی بازی میں کسی کو سر پہنچنا (آنا ۔ دینا لینا ۔ ملنا وغیرہ کے ساتھ) (رسیدن پہنچنا) **رسید تک نہ دینا** (متعدی) اقرار نہ کرنا ۔ اقراری نہ ہونا ۔ **رسید کرنا** (متعدی) ۱ ملنے کی تحریر لکھ دینا ۲ (تھپڑ وغیرہ) مارنا ۔ لگانا (عف) **رسیدگی** (مونث) ۱ دیکھو رسید (۱،۲) ۲ پختگی ۔ تکمیل ۔ **رسیدہ** (صفت) ۱ پہنچا ہوا ۲ کمال پر پہنچا ہوا ۳ پختگی پر پہنچا ہوا میوہ یا پھل ۴ کامل ۵ مبتلا ۔ مرکبات کے اخیر میں جیسے ابل رسیدہ ۔

امثال واقوال ۔ رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت ۔ مصیبت آئی تھی مگر خیر گزری ۔ جب کسی مصیبت سے بچ نکلیں تو کہتے ہیں ۔ **رسید مژدہ کہ ایام غم نخواہد ماند چناں نماند وچنیں نیز ہم نخواہد ماند** خوشخبری پہنچی کہ غم کے دن باقی نہ رہیں گے ۔ نہ وہ حالت باقی رہی نہ یہ باقی رہے گی ۔ یعنی نہ وہ عیش کے دن باقی رہے نہ یہ غم کا زمانہ باقی رہے گا ۔

رُسیل (ہ ۔ صفت) غصیلا ۔ جلد ناراض ہو جانے والا ۔

رَسیلا (ہ ۔ صفت) ۱ بانکا ۔ طرحدار ۔ رسیا ۲ رسدار ۔ عرق دار ۳ شاداب ۴ نیم پختہ ۔ رگوشت ۵ عیاش ۔ شوقین ۔ پرشہوت ۔ **رسیلا پن** (مذکر) رسیلا ہونا ۔ **رسیلی** (صفت مونث) رسیلا کی ۔ **رسیلی آنکھ** (مونث) پیار کی آنکھ ۔ مست آنکھ ۔ رس بھری آنکھ ۔ **رسیلی آواز یا بولی** (مونث) وہ آواز جس کے سننے سے لطف آئے ۔ میٹھی زبان ۔ سریلی آواز ۔

رُسیلا (ہ ۔ صفت) جس کے سر میں خشکی ہو ۔ پپڑیلا ۔ کبھو سیدار ۔

رِسیور (انگ ۔ مذکر) ۱ وہ شخص جس کے سپرد عدالت کے حکم سے مال وغیرہ وصول کر کے اور بیچ کر روپیہ داخل کرنا ہو ۲ ٹیلیفون کا وہ آلہ جو کان سے لگاتے ہیں ۔

رَسیہ (س ۔ صفت) ۱ رسدار ۔ رس بھرا ۲ مزیدار ۔ لذیذ ۳ (مذکر) خون ۔

رَشاؤ (ہ ۔ مذکر) ۱ بنجر زمین کو کاشت کرنا ۲ زمین کو ہل چلا کر اور سہاگا پھیر کر کچھ عرصے کے لئے پڑا رہنے دینا ۔

رِشبَھ (س ۔ مذکر) ۱ بیل ۲ سردار ۔ **رشبھی** (مونث) ۱ عورت جس میں مردوں کی سی خصوصیتیں ہوں ۲ بیوہ ۔

رِشتہ (ف ۔ مذکر) ۱ دھاگا ۔ تاگا ۔ رسی ۲ قرابت ۔ رشتہ داری ۔ ناتہ ۳ سلسلہ ۴ تعلق ۔ لگاؤ ۔ واسطہ ۵ ایک مرض جس میں ڈورے کی طرح کا ایک مادہ جسم انسان سے نکلتا ہے ۶ لڑی قطار (رشتن ۔ مروڑنا) **رشتۂ آواز** (مذکر) مسلسل آواز ۔ **رشتۂ الفت** (مذکر) محبت کا تعلق ۔ دوستی ۔ **رشتہ بر پا** (صفت) پاؤں میں ڈورا بندھا ہوا ۔ مقید ۔ **رشتۂ تاک** (مذکر) انگور کی بیل کا ریشہ ۔ **رشتۂ جاں** (مذکر) سانس لینے کا سلسلہ ۔ **رشتہ جوڑنا** (متعدی) ۱ نسب کا سلسلہ چلانا ۲ شادی کرنا ۔ بیاہ کرنا ۔ **رشتۂ حیات** (مذکر) زندگی کا سلسلہ ۔ **رشتۂ حیات منقطع کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مرجانا ۔ **رشتۂ خاک** (مذکر) انسان اور دوسرے جانور ۔ **رشتہ دار** (مذکر) قرابتی ۔ ناتہ دار ۔ بھائی بند ۔ **رشتہ داری** (مونث) رشتہ ۲ ۔ **رشتۂ دنداں** (مذکر) دانتوں کی قطار ۔ **رشتۂ شمع** (مذکر) بتی ۔ **رشتۂ صبح** (مذکر) صبح کاذب ۔ **رشتۂ عمر** (مذکر) ایک دھاگا جس میں سال گزرنے پر ایک گرہ دیتے ہیں ۔ **رشتۂ فرنگی** (مذکر) ایک قسم کی سویاں ۔ **رشتہ قطع ہونا** (لازم) تعلق ٹوٹنا ۔ دوستی جاتی رہنا ۔ **رشتہ کرنا** (متعدی) ۱ نسبت کرنا ۲ شادی کرنا ۳ تعلق پیدا کرنا ۔ **رشتۂ محبت** (مذکر) دوستی ۔ یارانہ تعلق ۔ **رشتۂ محبت توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) یارانہ نہ رہنا ۔ دوستی ٹوٹ جانا ۔ **رشتۂ محبت قطع کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو آخری ۔ **رشتۂ مریم** (مذکر) ایک نہایت باریک دھاگا جو کہتے ہیں کہ حضرت مریم نے کاتا تھا ۔ **رشتہ ناتہ** (مذکر) ۱ قرابت ۔ رشتہ داری ۲ میل جول ۔ **رشتۂ نگندہ** (مذکر) لحاف یا رضائیوں کو سینے کا دھاگا ۔ **رشتہ ہونا** (لازم) دیکھو رشتہ کرنا ۔

مثل ۔ رشتہ چو گسست میتواں

بست - لیکن بمیاں گرہ بماند - لڑائی کے بعد صلح تو ہو ہی جاتی ہے - مگر دل صاف مشکل سے ہوتا ہے - **رشتہ در گردنم افگندہ دوست می برد ہر جا کہ خاطر خواہ اوست** - میں کوئی کام اپنی خوشی سے نہیں کرتا - مجھے اپنے دوست کی مرضی کے مطابق چلنا پڑتا ہے -

رَشتی (ہ - مونث) وہ روپیہ جو کاشتکار بنجر زمین کو کاشت کرنے پر مالک کو دیتے ہیں -

رِشٹ (س - مذکر) ۱ خوشی - شادمانی ۲ خوش قسمتی - سعادت - اقبال مندی - سہاگ ۳ بدقسمتی ۴ شامت - تباہی - زوال ۵ ایک پودہ ۶ (ھ) خوش - شاد - آنند - **رشٹ پشٹ** (ھ) خوش اور فربہ - موٹا تازہ - مضبوط بدن -

رِشٹ (س - مذکر) نیزہ - تلوار -

رُشٹ (س - صفت) ناراض - غصے -

رِشٹک (س - مذکر) ریٹھا -

رَشحہ (ع - مذکر) ۱ ٹپکنا پانی کا ۲ قطرہ ۳ پسینہ ۴ رس (رَشح - پانی رسنا) **رشحات** (جمع) دیکھو رشحہ -

رُشد (ع - مذکر) ۱ راہ راست پر ہونا - ہدایت پانا ۲ راستی - سچائی ۳ تمیز - ہوش -

رَشف (ع - مذکر) ۱ گھونٹ پینا ۲ گھونٹ - قطرہ (پانی کا) -

رَشک (ف - مذکر) ۱ حسد - جلن - ڈاہ - حسد اور رشک میں یہ فرق ہے کہ رشک میں آدمی دوسرے کا برا نہیں چاہتا - بلکہ اس کی خواہش ہوتی ہے کہ دوسرے کے برابر ہو جائے - حسد میں دوسرے کا نقصان مقصود ہوتا ہے ۲ غیرت (اصل ارشک - پہلوی ارسک - ژند ارشک - س ارش) **رشک آنا** (لازم) کسی کی ترقی وغیرہ دیکھ کر خواہش ہونا کہ ویسا ہو جائے - **رشکِ پری** (صفت) ایسا خوبصورت جس پر پری کو رشک آئے - **رشکِ جنت** (صفت) جس پر جنت کو رشک آئے - **رشکِ حور** (صفت) ایسا خوبصورت جس پر حور کو رشک آئے - **رشک دہ** (صفت) ایسا خوبصورت جس پر رشک آئے - **رشک دیدۂ غزال** (صفت) وہ جس پر ہرن کی آنکھیں بھی رشک کریں - بڑی اور خوبصورت آنکھوں والا - **رشکِ زہرہ** (صفت) ایسا خوبصورت جس پر زہرہ کو بھی رشک آئے - **رشک سے جلنا** (لازم) کسی کی ترقی وغیرہ دیکھ کر رنج کرنا - **رشکِ قمر** (مذکر) ایسا خوبصورت جس پر چاند کو بھی رشک آئے - **رشک کرنا - کھانا یا لے جانا** (متعدی) دوسرے کی ترقی وغیرہ دیکھ کر رنج کرنا - **رشکِ گلشن** (صفت) وہ جس پر باغ کو رشک آئے - **رشکِ ماہ (مہر یا نجوم)** (صفت) ایسا خوب صورت جس پر چاند (سورج یا ستاروں کو رشک آئے) **رشک ہونا** (لازم) رشک کرنا کا - **رشکی** (صفت) رشک کرنے والا - **رشکِ یوسف** (صفت) ایسا خوبصورت جو یوسف کو بھی مات کرے

رشمی (س - مذکر) ۱ باگ ۲ کرن ۳ پلک ۴ ہار ۵ چابک -

رَشنا (س - مونث) ۱ رسی - رسن ۲ باگ - لگام ۳ عورت کا کمربند - پیٹی ۴ کرن ۵ زبان -

رشنی (س - مونث) رشی کی بیوی

رِشوت (ع - مونث) وہ نقدی یا چیز جو لے کر کسی کا کام کیا جائے - ناجائز نذرانہ - ڈالی (چلنا - دینا - کھانا - لینا - ہونا کے ساتھ) (رَشُو رَشا - رشوت دینا) **رشوت خوار یا خور** (مذکر) رشوت کھانے والا شخص - **رشوت دہی** (مونث) رشوت دینا - **رشوت ستانی** (مونث) رشوت لینے کا فعل - رشوت - **رشوت ستانی کا بازار گرم ہونا** (لازم) لوگوں کا عام طور پر رشوت لینا - **رشوت و بدکرداری** (مونث) ناجائز نذرانے لینا اور برے کام کرنا - **رشوتی** (مذکر) رشوت لینے والا - راشی -

مقولہ - رشوت خور جہنمی ہے رشوت کھانے والا دوزخ میں جائے گا - رشوت کی مذمت ہے -

رِشی (س - مذکر) ۱ پوتر منتروں کو گانے یا بنانے والا ۲ شاعر یا عالم جسے الہام ہوتا ہو ۳ عابد - زاہد - خدا پرست - سنت - منی ۴ وید یا مقدس کتاب ۵ زمانہ قدیم میں رشی ایک خاص مخلوق تھی - اور منتر گانے یا بنانے والے تھے ۶ روشنی کی کرن ۷

رَشید (ع - صفت) ۱ ہدایت یافتہ - تربیت یافتہ - تعلیم یافتہ ۲ نیک بخت پرہیز گار ۳ فرمانبردار - تابعدار ۴ خدا کا ایک صفاتی نام **رشیدیہ** (مذکر) ایک فرقہ -

رِشیہ (س - مذکر) سفید پاؤں کا بارہ سنگا -

رَصاص (ع - مذکر) رانگ - سیسہ -

رَصّاص (ع - مذکر) سیسہ بیچنے والا - سیسے کے برتن وغیرہ بنانے والا -

رَصد (ع - مذکر) ۱ ملاحظہ کرنا ۲ مشاہدہ کرنا ستاروں کا ۳ وہ جگہ جہاں ستاروں کا مشاہدہ کیا جائے ۴ وہ آلات جن سے مشاہدہ کیا جائے (رَصَد ۔ نگاہداشت رکھنا) **رصد خانہ یا گاہ** (مونث) ستاروں کے مشاہدہ کرنے کا مینار - **رصد نشین** (مذکر) نجومی -

رضؓ (ع) رضی اللہ عنہ کا مخفف -

رَضا (ع - مونث) ۱ مرضی - رضامندی ۲ اجازت ۳ خوشی یا قناعت کی حالت ۴ خوشنودی ۵ رخصت - چھٹی (رَضو - خوش ہونا) **رضا پانا** (متعدی) اجازت پانا - **رضا چٹھی** (مونث) سالانہ تعطیلوں کی فہرست - **رضاجو - رضاجوئی** (مونث) دوسرے کی خوشنودی - دوسرے کو خوش کرنے کی کوشش - **رضاکار** (صفت) والنٹیر - **رضامند** (صفت) راضی - خوشنود - **رضامندی** (مونث) خوشنودی - منظوری - **رضا و رغبت** (مونث) مرضی اور خوشنودی - آزادانہ رضا - **رضا و رغبت سے** (تف) خواہش سے - آپ سے - **رضائے خدا** (مونث) خدا کی مرضی یا خوشنودی کے لئے - خدا کے لئے - **رضائے خدا پر راضی رہنا** (لازم) صبر کرنا -

امثال - رضا بہ قضا جو خدا کی مرضی ہے اسپر راضی ہیں - **رضائے مولا از ہمہ اولے** - خدا کی مرضی سب سے بہتر ہے -

رَضاع (ع - مذکر) **رضاعت** (مونث) بچوں کو دودھ پلانا (رضع - ماں کا دودھ پینا) **رضاعی** (صفت) اکٹھا دودھ پیا ہوا - **رضاعی بھائی** (مذکر) **بہن** (مونث) وہ جس کی ماں کا دودھ پیا ہو -

رَضائی (ف ۔ مونث) روئی دار دولائی رنگدار کپڑے کی ۔ چھوٹا لحاف (ف رزیدن رنگنا (س رَج) ۔

رِضوان (ع ۔ مذکر) ۱؎ بہشت ۲؎ داروغہ بہشت کا نام ۳؎ برکت ۴؎ رضا ۔ رضامندی ۔ خوشنودی (رَضُو ۔ خوش ہونا) **رضوان اللہ علیہ** ۔ رضی اللہ عنہ ۔ **رضوانی** (صفت) بہشت کا یا اس کے متعلق ۔

رَضوی ۔ رَضویہ (ع ۔ صفت) امام علی موسےٰ رضا سے منسوب ۔

رَضی (ع ۔ صفت) خوشنود ۔ راضی ۔ **رضی اللہ عنہٗ** (عنہا عورت کے لئے) خدا اس سے راضی ہو پیغمبر صلعم کے اہل بیت ۔ اماموں اور اصحاب کے ناموں کے بعد تعظیماً کہتے ہیں ۔

رَضیع (ع ۔ صفت) ۱؎ رضاعی ۲؎ شیرخوار (طفل) (رَضَع ۔ بلند کرنا) ۔

رَضینا (ع ۔ ماضی جمع متکلم) ہم راضی ہوئے ۔ **رضینا بقضا** ۔ ہم حکم خدا پر راضی ہوئے ۔

رَضیہ (ع ۔ صفت) ۱؎ قابل تعریف ۲؎ (مذکر) قابل تعریف کام (رَضو خوش ہونا) ۔

رَطب (ع ۔ مذکر) ۱؎ تر خرما ۲؎ (صفت) تر ۔ تازہ ۔ نرم (رَطب ۔ گیلا ہونا) **رطب اللسان** (صفت) تر زبان ۔ مداح ۔ **رطب و یابس** (صفت) ۱؎ تر و خشک ۲؎ نیک و بد ۔ برا بھلا اونچ نیچ ۔

رُطب (ع ۔ مذکر) سبزی ۔ سبزہ جنیت سبزہ زار (رُطب ۔ تازہ ہونا) ۔

رُطَب (ع ۔ مذکر) ارطب کی جمع تازہ پکی ہوئی کھجوریں ۔

رَطل (ع ۔ مذکر) ۱؎ ایک وزن جو عرب میں ۲۸ تولے ۴ ماشے کا ہوتا ہے ۔ شام میں ۲ سیر کا ۔ مصر میں تقریباً ایک سیر کا ۔ اور بعض جگہ نصف من کا ہوتا ہے (رَطل ۔ تولنا) ۔

رِطل (ع ۔ مذکر) شراب کا پیالہ ۔

رُطوبات (ع ۔ مونث) رطوبت کی جمع ۔

رُطوبت (ع ۔ مونث) ۱؎ تری ۔ نمی ۔ سیل ۲؎ تھوک ۳؎ تازگی ۔ نرمی (رَطب ۔ گیلا ہونا) **رطوبت اصلیہ** (مونث) خلقی نمی جو عضو بدن میں ہوتی ہے ۔ **رطوبت معدہ** (مونث) صفرا ۔ پت ۔

رُعاب (ع ۔ مذکر) بازاریوں نے رعب کی مٹی پلید کی ہے (عف) ۔

رَعایا (ع ۔ مونث) رعیت کی جمع اردو میں مفرد ۔

رِعایت (ع ۔ مونث) ۱؎ حفاظت بچاؤ ۔ نگہداشت ۲؎ مناسبت ۳؎ لحاظ ۔ خیال ۔ وجہ ۴؎ طرفداری ۵؎ مہربانی ۔ توجہ ۶؎ کمی ۔ تخفیف ۷؎ رحم ۔ نرمی ۸؎ ایک قسم کی تحریر جس میں الفاظ تشبیہات اور استعارے پہلے لفظ کی نسبت سے آتے ہیں (رَعیٰ ۔ چرانا ۔ حفاظت کرنا) **رعایت کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱؎ طرفداری ہونا ۲؎ مہربانی ہونا ۳؎ کمی ہونا کسی بات کا خیال یا لحاظ ہونا ۔ **رعایت منظور ہونا** (لازم) طرفداری ہونا ۔ مہربانی ہونا ۔ **رعایتی** (مونث) وہ جس کی رعایت کی جائے ۔ **رعایتی رخصت** (مونث) ایک قسم کی رخصت جو گیارہ مہینے کی نوکری کے بعد ایک مہینہ ملتی ہے ۔ اس میں پوری تنخواہ ملتی ہے ۔

رُعب (ع ۔ مذکر) ۱؎ ڈر ۔ خوف ۔ دہشت ۔ ہیبت ۲؎ ڈر سے کانپنا ۳؎ دبدبہ ۔ شان و شوکت ۔ دھاک (رَعَب ۔ ڈرانا) **رعب باندھنا** **بٹھانا** (متعدی) **بیٹھنا** (لازم) **جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) **چھاجانا یا چھانا** (لازم) دھاک بٹھانا ۔ **رعب حسن** (مذکر) رعب کا دبدبہ ۔ (و) **داب** (مذکر) دبدبہ ۔ دھاک ۔ **رعب دار** (صفت) ۱؎ دبدبہ والا ۲؎ ڈراونا ۔ خوفناک ۔ **رعب ماننا** (متعدی) **یا میں آجانا** (لازم) ڈر جانا ۔ خوف میں آجانا ۔ **رعب ہونا** (لازم) دبدبہ ہونا ۔ ڈر ہونا ۔ (رَعب ڈالنا ۔ کھانا) ۔

رَعد (ع ۔ مذکر) ۱؎ آواز جو ابر سے پیدا ہوتی ہے ۔ یہ دو بجلیوں کے ملنے سے پیدا ہوتی ہے ۔ بادلوں کا فرشتہ ۔ مسلمانوں کا خیال ہے کہ یہ اس کی آواز ہے ۔ ایک آدمی کا نام جو برقا کا عاشق تھا (رَعد ۔ گرجنا) **رعد کی آواز** (مونث) بجلی کی کڑک ۔ **رعد گڑگڑانا** (متعدی) بادل گرجنا ۔ **رعد و برق** (مونث) بجلی اور کڑک ۔

رَعشہ (ع ۔ مذکر) ۱؎ کپکپی ۔ تھرتھراہٹ ۲؎ ایک بیماری کا نام جس میں بدن کانپتا ہے (رَعش کانپنا) **رعشہ آنا** (لازم) بدن کانپنا ۔ **رعشہ براندام** (صفت) وہ جس کے بدن پر رعشہ پڑا ہو ۔ **رعشہ پڑنا** (لازم) رعشہ کی بیماری ہونا ۔ **رعشہ دار** (صفت) کانپنے والا ۔ **رعشہ دار آواز** (مونث) وہ آواز جو تھرتھرا کر منہ سے نکلے ۔ **رعشہ ہونا** (لازم) رعشہ کی بیماری ہونا ۔

رَعنا (ع ۔ صفت) ۱؎ انداز سے چلنے والا ۔ خوش خرام ۲؎ خوشنما ۔ زیبا ۳؎ خوبصورت ۔ حسین ۴؎ نازک ۔ نرم ۵؎ ایک پھول ۔ **رعنا زیبا** (مذکر) لکھنؤ کا ایک قسم کا کپڑا ۔ **رعنائی** (مونث) ۱؎ خوش خرامی ۲؎ خوب صورتی حسن ۳؎ زیبائی ۔ خود آرائی (دکھانا ۔ دیکھنا کے ساتھ) **رعنائی سے خالی نہ ہونا** (لازم) خوبصورتی سے مبرا نہ ہونا ۔ خوبصورتی ہونا ۔ زیبائی ہونا ۔ **رعنائی و زیبائی** (مونث) خوبصورتی ۔ حسن ۔ خوش خرامی اور حسن (دکھا ۔ دیکھنا ۔ مٹانا ۔ مٹنا کے ساتھ) ۔

رُعونت (ع ۔ مونث) تکبر ۔ غرور ۔ فخر ۔ کبر ۔ گربھ ۔ نخوت ۔ گھمنڈ ۔ خودبینی ۔ اینٹھن (رَعَن ۔ نرم ہونا) ۔

رَعیّت (ع ۔ مونث) وہ لوگ جو بادشاہ یا راجہ کی سلطنت میں آباد ہوں ۔ پرجا ۔ رعایا ۲؎ مالگذار ۔ کاشتکار ۔ اسامی ۳؎ نوکر ۔ ملازم ۔ متعلقین ۴؎ وہ شخص جو بغیر کرائے کے کسی مکان میں رہے (رَعیٰ ۔ حفاظت کرنا) **رعیت آزار** (صفت) رعیت کو تکلیف دینے والا ۔ ظالم ۔ **رعیت آزاری** (مونث) رعیت پر ظلم کرنا ۔ **رعیت پرور** (صفت) رعیت کی حفاظت یا مدد کرنیوالا ۔ فیاض (حاکم یا مالک) **رعیت پروری** (مونث) رعیت کی حفاظت ۔ رعیت کے ساتھ نیک سلوک **رعیت دار** (مذکر) حاکم ۔ گورنر ۔ **رعیت داری** (مونث) حکومت ۔ سلطنت ۔ **رعیت نواز** (صفت) دیکھو رعیت پرور ۔ **رعیت نوازی** (مونث) دیکھو رعیت پروری ۔ **رعیت واری** (صفت) ۱؎ فرداً فرداً ۔ ایک ایک کاشتکار کے ساتھ ۲؎ (مونث) ایک طریقہ مالگذاری کا جس میں ہر ایک کاشتکار براہ راست مالگذاری سرکار کو دیتا ہے ۔ **رعیت واری فیصلہ** (مذکر) بند و بست رعیت واری طریق پر ۔ **رعیتی** (مونث) ۱؎ رعیت کا ۔ رعیت کی ملکیت ۲؎ جو کاشتکار یا آسامی کو دی جائے ۳؎ (مونث) دخل کاری ۔ قبضہ کرنیداری ۴؎ اطاعت ۔ تابعداری ۵؎ زمین جس کی مالگذاری

نقدی میں دی جائے برخلاف خمار کے جس کی جنس میں ادا کی جاتی ہے ۲ زمین جو براہ راست کاشتکار کو کاشت کے لئے دی جائے ۳ زمین جس پر کاشتکار رہے اور کاشت کرے۔

رَغبت (ع - مونث) ۱ خواہش آرزو ۲ رجحان - میلان (کرنا ہونا کے ساتھ) (رَغَب خواہش کرنا) **رغبت آنا** (لازم) میلان یا رجحان ہونا - **رغبت دلانا** (متعدی) خواہش پیدا کرنا - اکسانا - **رغبت رکھنا** (متعدی) میلان ہونا - خواہش ہونا - **رغبت کی آنکھ سے دیکھنا** (متعدی) پسند کرنا - خواہش کرنا -

رَغم (ع - مذکر) ۱ حقارت سے دیکھنا ۲ ذلت - شرم ۳ نفرت - حقارت - تحقیر - (رَغم - ناپسند کرنا) **رغم سے** (تف) ۱ نفرت سے - حقارت سے - بغض سے - کینے سے -

رِفادت (ع - مونث) ۱ زخم پر باندھنے کی پٹی ۲ بھری ہوئی زین - بھرا ہوا سرہانہ ۳ وہ اشیا جو قریش حاجیوں کے لئے کعبہ میں لاتے ہیں - (رَفد - مدد کرنا) -

رِفارمر (انگ - مذکر) مصلح - اصلاح کرنے والا -

رِفاعت (ع - مونث) پیغمبر صلعم کے ۲۳ - اصحاب کا نام -

رِفاقت (ع - مونث) ۱ ہمراہی ساتھ - سنگت ۲ میل جول - صحبت - اتحاد ۳ وفا داری - خیرخواہی (ہونا کے ساتھ) (رَفق - مہربان ہونا) **رفاقت چھوڑ دینا یا چھوڑنا** (متعدی) ساتھ چھوڑ دینا - صحبت ترک کر دینا - میل جول نہ رکھنا - **رفاقت سے منہ موڑنا** (متعدی) ساتھ چھوڑنا بیشتر نفی کے ساتھ - **رفاقت کرنا** (متعدی) ۱ ساتھ دینا - ہمراہ رہنا ۲ وفاداری کرنا - خیرخواہی کرنا - **رفاقت نہ چھوڑنا** (متعدی) ساتھ نہ چھوڑنا - وفاداری کرنا -

رِفاہ (ع - مونث) ۱ آرام کی زندگی زندگی کا لطف ۲ آرام - چین - سکھ ۳ تن آسانی ۴ نیکی - بھلائی - بہبودی (رَفہ - آرام سے زندگی بسر کرنا) **رفاہ عام یا خلائق** (مونث) عوام یا خلقت کی بہبودی - **رفاہیت** (مونث) دیکھو رفاہ -

رَفت (ف - ماضی) ۱ رفتن کی ۲ (مونث) روانگی - چلنا - اردو میں آمد و رفت میں استعمال ہوتا ہے ۳ رفتہ کا مخفف کیا ہوا - **رفتار** (مونث) ۱ چال ۲ چلن - روش - **رفتار اڑانا** (متعدی) چال یا وضع کی نقل کرنا - **رفتار زمانہ** (مونث) زمانے کی روش - **رفتار مستانہ** (مونث) نخروں کی چال - جھوم جھوم کر چلنا مست آدمی کی چال - **رفتار و گفتار** (مونث) چال چلن - طور طریقہ - **رفتگاں** (مذکر) جمع رفتہ کی - گئے ہوئے یا مرے ہوئے لوگ - **رفتگی** (مونث) ۱ بیخودی ۲ نقصان - جاتے رہنا - **رفتگی بصارت** (مونث) اندھا ہو جانا - بینائی جاتی رہنا - **رفتگی خون** - (مونث) خون کا نکل جانا - **رفتگی شنوائی** (مونث) بہرا ہو جانا - **رفت (و) آمد** (مونث) آمد و رفت - **رفت و گذشت** (مونث) گیا گزرا (ہونا کے ساتھ) **رفتن** (متعدی) ۱ جانا - چلنا ۲ مرنا ۳ بیہوش ہو جانا - **رفتنی** (مونث) ۱ جانے کے قابل - جانے پر مجبور ۲ جانے والا ۳ عارضی - **رفتہ** (صفت) ۱ بیخود - عاشق ۲ گیا ہوا ۳ مرا ہوا ۴ کھویا ہوا - **رفتہ رفتہ** (تف) آہستہ آہستہ - بتدریج -

مثل - رفتن و نشستن بہ کہ دویدن و گسستن - آہستہ روی اور بیٹھ جانا - چھٹنے اور دوڑنے سے بہتر ہے - آرام سے کام کرنا جلدی کام کرنے سے بہتر ہے -

رُفت (ف - ماضی) رُفتن کی - (مونث) جھاڑو دینا - **رفت (و) روب** (مونث) جھاڑو دینا - صاف کرنا -

رَفرَف (ع - مذکر) ۱ لہروں کی تیز حرکت ۲ پھڑ پھڑاہٹ پروں کی ۳ ایک چوڑا طاقچہ جس پر گھر میں قیمتی اشیا رکھتے ہیں ۴ سبز کپڑا جس کے فرش وغیرہ بنتے ہیں ۵ تکیہ - سرہانہ - فرش ۶ کوئی فالتو چیز جو لٹکتی رہے ۷ خیمے کے نیچے کا کپڑا ۸ زرہ کے پہلو جو نیچے لٹکے رہیں - ۹ کوئی چیز جو خود کے پچھلی طرف لگائی جائے اور لٹکتی رہے ۱۰ حضرت اسرافیل کے رہنے کا مقام ۱۱ ایک درخت جو جنت میں ہوتا ہے ۱۲ ایک قسم کی مچھلی ۱۳ وہ جانور جس پر پیغمبر صلعم معراج میں سوار ہوئے تھے -

رَفری (انگ - مذکر) وہ شخص جو کسی معاملے یا کھیل میں فیصلہ کرے -

رِفض (ع - مذکر) ۱ رافضی کا عقیدہ یا مذہب ۲ بدعت - اختلاف ۳ رافضی ہونا - چھوڑ دینا (رَفض - چھوڑ دینا) -

رَفضی (ف - مذکر) رافضی -

رَفع (ع - مذکر) ۱ اٹھانا - بلند کرنا ۲ نکالنا - دور کرنا ۳ پورا کرنا - مکمل کرنا ۴ فیصلہ کرنا - طے کرنا ۵ ترقی - عروج ۶ فیصلہ - طے شدہ بات (کرنا ہونا کے ساتھ) (رَفع - اٹھانا) - **رفع احتیاج یا حاجت** (مذکر) پیشاب پاخانہ کرنا (کی ضرورت ہونا کے ساتھ) **رفع دفع** (مذکر) ۱ ختم کرنا - فیصلہ کرنا - پیچھا چھڑانا ۲ فیصلہ - طے شدہ بات - **رفع دفع کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ دور ہونا - ہٹنا ۲ ختم ہونا - معاف ہونا - پیچھا چھٹنا ۳ جھگڑا مٹنا - **رفع شر یا فساد** (مذکر) شر یا فساد دور کرنا - **رفع نامہ** (مذکر) فیصلے کی تحریر - **رفع یدین** (مذکر) نماز میں تکبیر کہتے ہوئے دونوں ہاتھ اٹھانا -

رِفعت (ع - مونث) بالفتح غلط العام ہے ۱ بلندی - اونچائی ۲ مرتبے کی بلندی - ترقی - عروج ۳ عظمت - شان - منزلت - عزت - (رَفع - اٹھانا) -

رِفق (ع - مونث) مہربانی - نرمی حلم (رَفق - حلیم ہونا) -

رُفقا (ع - مذکر) جمع رفیق کی -

رَفل (انگ - مونث و مذکر) بندوق کا مخرب ۱ ایک نالی بندوق جس میں گولی چلے ۲ ایک قسم کا باریک کپڑا - **رفل پڑنا** (لازم) اچانک صدمہ پہنچنا - **رفل چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) رفل کا سر ہونا -

رَفو (ع - مذکر) ۱ پھٹے ہوئے کپڑے کی تاگوں سے مرمت کرنا - پھٹی ہوئی جگہ کو بھرنا ۲ ایک قسم کی سلائی جس سے عام طور پر شال دوشالوں کی مرمت کی جاتی ہے (کرنا ہونا کے ساتھ) (رَفو - مرمت کرنا) **رفو چکر** (مذکر) فرار ہونا - کھسک جانا - چپکے سے چلا جانا - (ہو جانا ہونا کے ساتھ) **رفو چکر میں آجانا یا آنا** (لازم) ۱ مصیبت میں پھنس جانا ۲ گھبرا جانا - حیران ہونا (ست) **رفو چکر ہو** - چلتا بن - ابھی چلا جا - **رفو کاری** (مونث) دیکھو رفو - **رفو کرنا** (متعدی) ۱ دیکھو رفو ۲ دل دکھانے والی بات کہنے کے بعد پھر سخن سازی و چاپلوسی کرنا - **رفو کھلنا** (لازم) رفو کے

تلگے ٹوٹ جانا۔ رفوگر (مذکر) وہ شخص جو رفو کرے
رفوگری (مونث) ۱ رفو کا کام ۲ رفو کرنے کا پیشہ۔
رَفہ (ف۔ مذکر) عقد ثریا پروین
سپت رشی۔

رَفیدہ (ع۔ مذکر) ۱ پرانے کپڑے
جو گٹھے سئے ہوئے ہوں ۲ گدا جس پر رکھ کر روٹی تنور
میں لگاتے ہیں ۳ گدا جو گھوڑے کی زین کے نیچے رکھتے
ہیں ۴ (طنزاً) پگڑی۔ گول اور بدوضع پگڑی (رَفد۔
جانور پرندہ رکھنا۔

رَفیع (ع۔ صفت) بلند۔ اونچا۔
(رفع۔ بلند ہونا) **رفیع الدرجات** (صفت)
بڑے درجے یا مرتبے والا۔ **رفیع الشان** (صفت)
بڑی شان یا مرتبے والا۔ **رفیع المرتبہ** (صفت) اونچے
مرتبے والا۔ **رفیع ہونا** (لازم) اونچا یا بلند ہونا۔

رَفیق (ع۔ مذکر) ۱ ساتھی۔ ہمراہی
ہم سفر ۲ مددگار۔ معاون ۳ خیر خواہ ۴ مصاحب۔ ہم
نشین ۵ دوست۔ یار ۶ کسی کام میں شریک ۷ مرید،
پیرو (رفق۔ ہمراہ چلنا)۔

مثل۔ رفیق کنج تنہائی کتاب است
کتاب گوشہ تنہائی کی رفیق ہے۔ تنہائی کی حالت میں
کتاب ایک رفیق کا کام دیتی ہے۔

رِقاب (ع۔ مذکر) جمع رقبہ کی۔
رَقابت (ع۔ مونث) ۱ مخالفت
چشمک۔ ہم چشمی۔ ہمسری ۲ ایک معشوق کے کئی عاشق
ہونا ۳ محبت میں شرکت (رقب۔ نگہداشت رکھنا)
رقابت کی آگ (مونث) وہ جلن جو رقابت
کی وجہ سے ہو۔

رَقّاص (ع۔ مذکر) ۱ ناچنے والا
شخص ۲ کلاک کا لنگر ۳ گھڑی کا سپرنگ (رقص۔ ناچنا)
رقاص فلک (مذکر) زہرہ ستارہ۔ **رقاصہ**
(مونث) ناچنے والی عورت۔ طوائف۔ **رقاصی**
(مونث) ۱ ناچنا ۲ ناچنے کا پیشہ۔

رِقاع (ع۔ مذکر) ۱ جمع رقعہ کی
۲ ایک قسم کا خط۔

رَقاق (ع۔ مذکر) ۱ نرم سطح زمین
۲ (صفت) گرم (دن) (رق۔ باریک ہونا)۔
رِقاق (ع۔ مذکر) ۱ جمع رقیق کی
غلام ۲ جمع رقت کی۔ ایسی زمین جس میں پانی بھر جائے۔

رُقاق (ع۔ مذکر) جمع رقاقت
کی۔ **رقاقت** (مونث) پتلی روٹی۔ چپاتی (رق
پتلا ہونا)۔

رَقائق (ع۔ مذکر) جمع رقیقہ۔
رَقائم (ع۔ مذکر) جمع رقیمہ۔
رَقبہ (ع۔ مذکر) ۱ گردن ۲ غلام
۳ (ف۔ گھری ہوئی زمین۔ احاطہ ۴ زمین متعلقہ دیہ
۵ وہ عدد جو عرض اور طول کو ضرب دینے سے حاصل ہو۔
یہ مستطیل شکل کے لئے ہے۔ مختلف اشکال کے رقبہ
نکالنے کے مختلف طریقے ہیں (رَقب۔ گردن سے
باندھنا) **رقبۂ ارضی** (مذکر) زمین کا رقبہ۔ **رقبہ
نکالنا** (متعدی) نکلنا (لازم) حساب کے طریقے سے
کسی زمین یا شکل کا رقبہ دریافت کرنا۔

رِقّت (ع۔ مونث) ۱ پتلا پن ۲
رونا۔ گریہ ۳ منی کا پتلا ہونا ۴ رحم۔ مہر۔ شفقت۔ مہربانی
(رق۔ پتلا ہونا) **رقت آنا** (لازم) ۱ گریہ کرنا ۲
رحم آنا۔ **رقت الدم** (مونث) خارش۔
رقت العیش (مونث) زندگی کا آرام۔ **رقت
انگیز** (صفت) جس پر رونا یا رحم آئے۔ **رقت
قلب** (مونث) دل کی نرمی یا مہربانی۔ **رقت
منی** (مونث) ایک بیماری جس میں منی پتلی پڑ جاتی
ہے۔ **رقت نہ رکنا** (لازم) رونا بند نہ ہونا۔
لگاتار روتے جانا۔ **رقت ہونا** (لازم) ۱ رونا
آنا ۲ رقت منی کی بیماری ہونا۔

رَقص (ع۔ مذکر) ناچ۔ مجرا۔ نرت۔
(رقص۔ ناچنا) **رقصاں** (تف) ناچنے والا ۲ (مذکر)
ناچنا۔ کودنا ۳ اونٹ کا کودنا۔ **رقص بسمل** (مذکر)
۱ ذبح کئے ہوئے جانور کا پھڑکنا۔ تڑپنا۔ ہاتھ پاؤں
مارنا۔ **رقص چارپارہ** (مذکر) ایک قسم کا ناچ۔
رقص درختاں (مذکر) آندھی سے درختوں کی
ٹہنیوں اور پتوں کا زور سے ہلنا۔ **رقص روانی**
(مذکر) ایک قسم کا ناچ۔ **رقص صنوبر** (مذکر) صنوبر
کی ٹہنیوں اور پتوں کا ہلنا۔ **رقص طاؤس** (مذکر)
۱ مور کا ناچنا ۲ ایک قسم کا ناچ۔ **رقص فانوس**
(مذکر) ۱ روشن مینار کا چمکنا ۲ فانوس کا گردش کرنا۔
رقص فرنگچی یا کچول (مذکر) ایک قسم کا ناچ۔
رقص کرنا (متعدی) ۱ ناچنا۔ خوشی منانا یا ظاہر کرنا
۲ دوڑتے پھرنا۔ **رقص کناں** (تف) ناچتے ہوئے
رقص وسرود یا غنا (مذکر) ناچنا گانا۔

**مثل۔ رقص کردن خود نہ
داند صحن را گوید کج است۔** ناچ نہ جانے
آنگن ٹیڑھا۔

رَقطاء (ع۔ مونث) ایک صنعت
تحریر کی جس میں ایک حرف منقوط اور ایک غیر منقوط
ہوتا ہے۔

رُقعات۔ رُقعجات (ف۔
مذکر) رقعہ کی جمع۔ **رقعات عالمگیری** (مذکر)
ایک کتاب کا نام جس میں اورنگزیب کے خطوط درج
ہیں۔

رُقعہ (ع۔ مذکر) ۱ ٹکڑا۔ پرزہ ۲
چھوٹا خط۔ خط ۳ وہ کاغذ جو پیام نسبت کے واسطے
حسب نسب لکھ کر لڑکی کے گھر بھیجتے ہیں ۴ وہ چھپا یا
لکھا ہوا رنگین خط جو بیاہ شادی یا دیگر کسی خوشی کے
موقعہ پر لوگوں کو بلانے کے لئے بھیجتے ہیں ۵ پیوند۔
تھگلی (رقع۔ پیوند لگانا) **رقعہ آنا** (لازم) ۱ نسبت کا
پیغام آنا ۲ کسی تقریب کے موقعہ پر بلاوے کی چٹھی آنا۔ **رقعہ بھیجنا** (متعدی) ۱
کسی تقریب پر بلانے کے لئے چٹھی بھیجنا۔ **رقعہ جانا** (متعدی) نسبت
کیلئے چٹھی بھیجنا۔ **رقعہ لکھوانا** (متعدی)، **لکھنا** (لازم) چٹھی لکھنا
رقعہ وار (مذکر) چٹھی لکھنے کا کاغذ۔

رَقم (ع۔ مونث) ۱ تحریر۔ لکھنا
۲ عدد۔ ہندسہ ۳ عربی کے عدد جو الفاظ کے اختصار
سے بنائے گئے ہیں۔ مم عدد۔ ع عددان۔ سے ثلاثہ۔
للعہ اربعہ۔ صہ خمسہ۔ سہ ستہ۔ حہ سبعہ۔ سہ ثمانیہ۔
لہ تسعہ۔ عہ عشرہ ۴ کل تعداد۔ میزان ۵ مال۔
دولت ۶ قیمتی چیز ۷ جواہر مرصع ۸ قسم۔ نوع۔ جنس
۹ ڈھنگ۔ طور۔ طریقہ ۱۰ اندراج۔ مد ۱۱ مشترکہ جائداد کا
ایک حصہ ۱۲ مالگزاری کی شرح ۱۳ چٹھی جو شاہزادہ
لکھے ۱۴ کشیدہ کاری یا دھاری دار کپڑا ۱۵ نشان۔ قیمت کا
نشان ۱۶ ناٹک کا ایک ایکٹ ۱۷ حساب (رقم۔ لکھنا)
رقم اول (مونث) خدا کا تخت۔ کرسی۔ **رقم
پذیر یا زدہ** (صفت) لکھا ہوا۔ تحریر شدہ۔ **رقم
زن۔ سنج یا طراز** (صفت) لکھنے والا۔ کاتب۔
محرر۔ **رقم سائر یا سوائے** (مونث) وہ آمدنی
جو علاوہ لگان کے زمیندار کو وصول ہوتی ہے۔ **رقم
کاٹنا** (متعدی)، **کٹ جانا یا کٹنا** (لازم) روپیہ کم
ہو جانا۔ **رقم کٹ گئی**۔ بہت روپیہ صرف ہو گیا یا
چوری ہو گیا۔ **رقم کرنا** (متعدی) لکھنا۔ تحریر کرنا۔
رقم ماری جانا (لازم) روپے کا نقصان ہو جانا۔

رقم وار (صفت) تفصیل وار۔ **رقم ہندی** (مونث) اردو کے ہندسے۔ **رقم ہونا** (لازم) لکھا جانا۔ **رقمی** (صفت) ۱ نشان کیا ہوا ۲ لکھا ہوا۔ **رقمیں** (مونث) رقم کی جمع۔ **رقمیں چیرنا** (متعدی) روپیہ کمانا۔ مال حاصل کرنا۔

رقوم (ع۔ مونث) رقم کی جمع۔

رَقیب (ع۔ مذکر) ۱ ہم چشم۔ حریف ۲ ایک معشوق کے عاشقوں میں سے کوئی ایک ۳ محافظ۔ نگہبان ۴ خدا کا ایک نام (رَقَب نگاہداشت رکھنا) **رقیباں** (جمع) رقیب کی۔ **رقیبان دست یا ہفت بام** (مذکر) سات ستارے۔ **رقیبان راز** (مذکر) مذہبی لیڈر۔

رَقیق (ع۔ صفت) ۱ پتلا ۲ لطیف ۳ نرم۔ ملائم ۴ (مذکر) غلام (رِقّ پتلا ہونا۔ **رقیق القلب** (صفت) نرم دل۔ **رقیقہ** (مونث) لونڈی۔ کنیز۔

رَقیم (ع۔ مذکر) ۱ تحریر۔ کتاب ۲ خصوصاً وہ جس میں اصحاب کہف کا قصہ درج ہے ۳ انکا کتا ۴ انکا گاؤں یا پہاڑ ۵ غار جس میں وہ سوئے تھے۔ **رقیمہ** (مذکر) خط۔ چٹھی۔ رقعہ۔ نوشتہ۔ **رقیمۂ اول** (مذکر) ۱ خدا کا تخت۔ کرسی ۲ الف۔ **رقیمۂ نیاز یا وداد** (مذکر) نیازمند کی بجائے خط کے آخر میں نام سے پہلے لکھتے ہیں۔

رَک (ف۔ مذکر) ۱ ناراضگی۔ غصہ یا بے صبری کی وجہ سے بڑبڑانا ۲ قطار۔ صف۔

رِک (س۔ مونث) ۱ رگ وید ۲ رگ وید کا منتر۔ مرکبات میں رگ ہو جاتا ہے۔

رُک (ہ۔ امر) ۱ رکنا کا ۲ (ہ۔ مذکر) روک ۳ (تف) رک کر (س رکھ۔ حرکت کرنا) **رُکا** (ماضی) رکنا کی۔ **رکانا** (ہ) رکوانا۔ **رکاوٹ** (مونث) روک۔ رکاؤ۔ **رکاؤ** (مذکر) ۱ روک ۲ توقف ۳ ہچکچاہٹ۔ جھجک۔ تامل ۴ اٹک۔ ٹھیراؤ۔ اٹکاؤ۔ **رکاؤ زور** (ہ) مزاحمت۔ روک۔ **رک جانا یا رہنا یا رکنا** (لازم) ۱ ٹھیرنا۔ کھڑا ہو جانا ۲ دم لینا۔ ستانا ۳ گفتگو میں اٹکنا ۴ ناتمام رہنا۔ ادھورا رہنا ۵ بند ہونا۔ مسدود ہونا ۶ پس وپیش کرنا ۷ آہستہ آہستہ کسی چیز میں سے نکلنا ۸ کھنچنا۔ کشیدہ ہونا ۹ کسی کام کو نہ کرنا۔ **رک** (رُک) **کر** (تف) ۱ ٹھیر ٹھیر کر ۲ لڑکھڑا کر۔ ہکلا کر۔ گفتگو میں ٹھیر کر ۳ سُنا سُنا کر۔ دم لے لے کر۔ **رکنے والا** (صفت) وہ جو رک جائے یا ٹھیر جائے۔ **رُکوانا** (ہ) روکنا کا۔

رِکاب (ع۔ مونث) ۱ لوہے کا حلقہ جو زین میں دونوں طرف لٹکتا ہے۔ جس میں پاؤں رکھ کر گھوڑے پر چڑھتے ہیں ۲ بادشاہوں یا امیروں کی سواری کا گھوڑا ۳ جلو۔ تزک۔ حشم وخدم ۴ وہ لفظ جو ایک صفحہ کے اخیر میں نیچے لکھتے ہیں؛ ورجس سے اگلا صفحہ شروع ہوتا ہے ۵ ہشت پہلو پیالہ ۶ بڑی رکابی۔ (رَکِب۔ سوار ہونا) **رکاب پر پاؤں رکھے ہونا** (لازم) رخصت یا سفر پر آمادہ ہونا۔ چلنے کے لئے تیار ہونا۔ **رکاب تھامنا** (متعدی) گھوڑے پر چڑھتے ہوئے سائیس یا کسی دوسرے شخص کا رکاب پکڑنا۔ **رکاب ٹوٹنا** (لازم) رکاب کے چمڑے کا سواری پر ٹوٹ جانا۔ **رکابدار** (مذکر) ۱ گھوڑے پر چڑھانے والا نوکر ۲ وہ نوکر جو امیر آدمیوں کے گھوڑے کے ساتھ دوڑتا ہے ۳ اعلےٰ باورچی ۴ وہ شخص جو اچار چٹنیاں مربے وغیرہ بنا کر بیچے۔ **رکاب دوال** (مذکر) وہ چمڑا جس میں رکاب لٹکتی ہے۔ **رکابِ سعادت** (مذکر) بادشاہ کے گھوڑے کے ساتھ دوڑنے والا۔ ملازم۔ **رکاب میں** (تف) ہمرکاب۔ ہمراہ۔ **رکاب میں پاؤں رکھنا** (متعدی) گھوڑے پر سوار ہونا۔ **رکاب میں پاؤں رہنا** (لازم) ہر وقت چلنے کے لئے تیار رہنا۔ **رکابی** (مونث) ۱ تشتری عموماً چینی کی تھالی۔ چھوٹا طباق ۲ ساقی۔ پیالہ بردار ۳ گھوڑا جسے پریڈ پر پکڑ کر لے جائیں ۴ تلوار جو گھوڑے کے پہلو میں لٹکتی ہے۔ رکابدار ۵ ایک قسم کا روپیہ جو لکھنؤ میں رائج تھا ۶ ایک قسم کا تیل جو دمشق سے دنبوں پر آتا تھا۔ **رکابی چہرہ** (مذکر) چوڑا منہ۔ گول منہ۔ **رکابی سا منہ** (مذکر) بدشکل۔ گول منہ۔ چوڑا چکلا منہ۔ **رکابی مذہب** (مذکر) وہ شخص جو طمع کی وجہ سے کبھی ادھر ہو کبھی ادھر۔ طفیلیہ۔ خوشامدی۔

مثل۔ رکابی ہیں جب تک بھات میرا تیرا ساتھ۔ فائدے کا لالچ ساتھ رکھتا ہے۔ مطلب کا یار ہے۔

رَکاکت (ع۔ مونث) ۱ سستی۔ کمزوری۔ ضعف ۲ بے عزتی ۳ سفلہ پن۔ کمینگی۔ رذالت (رَکّ۔ کمزور ہونا)۔

رَکان (ہ۔ مونث) ۱ طریقہ۔ ڈھنگ ۲ لگام۔

رَکت (س۔ مذکر) ۱ سرخ رنگ ۲ خون ۳ (صفت) رنگدار۔ رنگین ۴ سرخ۔ قرمزی ۵ بیحد مشتاق۔ فریفتہ۔ **رکتا کش** (صفت) ۱ جسکی آنکھیں سرخ ہوں ۲ خوفناک۔ ہیبتناک ۳ (مذکر) سانڈ۔ بیل ۴ ایک قسم کا کبوتر ۵ ایک قسم کا بگلا۔ **رکتالو**۔ رتالو۔ **رکت ہنس** (مذکر) ایک راگ۔

مثل۔ رکت لے گیلن سوتن کے پیہر (خون لینے سوتن کی ماں کے گھر سے لو۔ سخت نفرت ظاہر کرنے کے لئے کہتی ہیں۔

رِکت (س۔ صفت) ۱ خالی ۲ غریب۔ مفلس ۳ (مذکر) خلا ۴ جنگل۔

رِکتھ (س۔ مذکر) ۱ ترکہ۔ جائداد جو میت چھوڑے ۲ دولت ۳ سونا۔

رَکس (ہ۔ مذکر) ۱ جواب ۲ شمال ۳ راکشس۔ بہت کھانے والا آدمی (ان معنوں میں راکشس کا مخرب) **رکساپن** (مذکر) ۱ شیطنت۔ کینہ وری ۲ طمع۔ لالچ۔

رَکش (س۔ صفت) ۱ حفاظت کرنے والا ۲ بچانے والا ۳ (مذکر) محافظ۔ **رکشا** (مونث) ۱ حفاظت ۲ حمایت۔ پناہ ۳ بچاؤ۔ امان ۴ سنتری۔ چوکیدار ۵ کوئی چیز جو بچائے خصوصاً تعویذ جو حفاظت کے لئے استعمال کیا جائے ۶ راکھ ۷ محافظ دیوتا ۸ راکھی۔ **رکشابندھن** (مونث) ۱ ایک تہوار جس پر ہندو راکھی باندھتے ہیں ۲ راکھی باندھنے کی رسم۔ **رکشاپتی یا دھپتی یا دھکاری** (مذکر) پولیس کا کپتان۔ کوتوال۔ **رکشا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) حفاظت ہونا۔ بچنا۔ **رکشی** (مونث) ۱ راکھی ۲ حفاظت کرنا۔ بچانا ۳ بچانے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

رَکشس (س۔ مذکر) راکشس کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

رِکشا (انگ۔ مونث) تین پہیوں والی گاڑی۔

رَکشک (س۔ صفت) ۱ حفاظت کرنے والا۔ نگرانی کرنے والا ۲ (مذکر) کوئی چیز جس سے بچایا جائے یا [illegible] کی [illegible] ۳ نقصان۔ ضرر [illegible] حفاظت۔ [illegible] راکشس [illegible] بہادر قوم کا نام۔

۱ **رکعت** (ع - مونث) نماز کا ایک
حصہ - کھڑے ہونے سے لے کر بیٹھنے تک جس میں ایک
رکوع آجائے - نماز میں دو تین یا چار رکعتیں ہوتی
ہیں (رکع - جھکنا) **رکعت چلنا یا دوڑنا**
(لازم - مت) مشہور ہونا -

رُکم (س - مذکر) ۱ چمکدار چیز ۲ سونا
۳ سونے کا زیور ۴ لوہا ۵ ایک قسم کا انجن ۶ ایک
درخت - **رکم رتھ** (مذکر) ۱ سونے کا رتھ - **رکمی**
(مذکر) - وہ شخص جو سونے کا زیور پہنے

رُکن (ع - مذکر) ۱ باہر کا حصہ -
کونہ - زاویہ ۲ ستون - سہارا ۳ مدد - امداد ۴ کسی
چیز کا ضروری جز ۵ سربراہ - کارندہ ۶ امیر سردار
۷ (عروض) جزو - وہ لفظ جو دو یا تین اجزا سے
اوتاد سے بنے - ارکان عربی میں دس ہیں - فاعلن -
فعولن - فاعلاتن - مفاعیلن - مستفعلن - متفاعلن
مفاعلتن - مفعولات - انکو اصول افاعیل کہتے ہیں
(رکن - جھکنا) **رکن اسلام** - مذہب اسلام کا
فرض یا ضروری چیز - **رکن اعظم** (مذکر) ۱ بڑا سردار
یا امیر ۲ وزیر - **رکن الدولت** (مذکر) امیر وزیر
رکن الدین - **رکن دین** (مذکر) بڑا مولوی - عالم
دین - **رکن رکین** (مذکر) بڑا رکن - مضبوط رکن -
رکن سلطنت (مذکر) امیر - وزیر - سردار - **رکن
گرنا** (متعدی) کسی امیر یا وزیر کا مر جانا - **رکن
معاملت** (مذکر) معاملے کی بنیاد یا بنا - **رکن یمانی**
(مذکر) کعبہ شریف کے رکنوں میں سے ایک رکن -

رُکن (ھ - مونث) روک - اٹکاؤ -

رُکنی (ف - مذکر) ۱ خالص سونا ۲
رکنا باد -

رَکُوب (ع - مذکر) ۱ سوار ۲
سواری کا اونٹ (رکب - سوار ہونا) **رکوبت**
(مونث) سواری کا اونٹ یا گھوڑا - بمقابلہ حمولت -
لدو اونٹ یا گھوڑا -

رُکوب (ع - مذکر) سواری -

رُکوع (ع - مذکر) ۱ گھٹنوں پر
ہاتھ رکھ کر نماز میں جھکنا -

رکویا (ھ - مذکر) جو شخص روکے
یا ٹھیرائے -

رکھ (ہ - امر) ۱ رکھنا کا ۲ (مذکر)

جنگل - وہ جنگل جس میں سے عوام کو گھاس یا لکڑی کاٹنے
کی ممانعت ہو (س - رکش - رکھنا) **رکھا رکھایا**
(صفت) ۱ رکھا ہوا ۲ باسی - بچا کھچا - **رکھا رہنا**
(لازم) ۱ پڑا رہنا - کسی کا نہ اٹھانا ۲ بے اثر ہونا -
بیکار رہنا - کام نہ آنا - **رکھانا** (متعدی) رکھوانا -
رکھائی (مونث) ۱ رکھنا - حفاظت سے رکھنا ۲
رکھنے کی مزدوری - رکھوائی - **رکھ آنا** (لازم)
چھوڑ آنا - **رکھ چھوڑنا** (متعدی) ۱ جمع رکھنا ۲
نہ دینا - دبا لینا - **رکھ دینا** (متعدی) ۱ کسی جگہ کوئی
چیز ڈال دینا ۲ ہار مان کر ہتھیار ڈال دینا - **رکھ رکھاؤ**
(مذکر) بچوں کی پرورش اور حفاظت - بچوں کی خبر
داری - **رکھ کر (کے) کہنا** (متعدی) ۱ کسی پر
ڈھال کے کوئی بات کہنا ۲ اشارتاً کہنا ۳ کچھ بات
جی میں رکھ کر بیان کرنا - آدھی بات بیان کرنا - **رکھ
لینا** (متعدی) ۱ لے لینا ۲ بچا لینا ۳ (پر) زد پر رکھنا -
متواتر وار کرنا - **رکھنا** (متعدی) ۱ دھرنا ۲ حفاظت
کرنا - بچانا ۳ جمع کرنا - اکٹھا کرنا ۴ پاس رکھنا - قبضے
میں رکھنا ۵ لگانا - چسپاں کرنا ۶ پیش کرنا - لانا ۷ ڈالنا
۸ لٹکانا ۹ ٹھیرانا - روکنا ۱۰ سپرد کرنا ۱۱ دفن کرنا - قبر
میں اتارنا ۱۲ قیمت مقرر کرنا ۱۳ شرط پر لگانا ۱۴ قبول
کرنا ۱۵ دبا لینا - چرانا - خیانت کرنا ۱۶ ترک کرنا ۱۷ ملتوی
کرنا - ٹالنا ۱۸ بچے نکلنے کے لئے انڈوں کو قاعدے
سے دھرنا ۱۹ مدخولہ بنانا - صحبت کرنا ۲۰ طوائف کو
نوکر رکھنا ۲۱ چھوڑنا ۲۲ سمجھنا - سوچنا ۲۳ (رہن) گروی
رکھنا ۲۴ (آگے) بھینٹ چڑھانا - نذر کرنا ۲۵ (تعزیہ)
زمین پر دھرنا یا کھڑا کرنا ۲۶ (پر) چھوڑنا - موقوف رکھنا
۲۷ (آرزو وغیرہ) کرنا ۲۸ (جانور وغیرہ) پالنا - پرورش
کرنا ۲۹ (ملازم نوکر وغیرہ) بھرتی کرنا - ملازمت میں
لینا ۳۰ (الزام) تہمت لگانا ۳۱ (دل) دلداری کرنا -
تسلی کرنا - حوصلہ رکھنا ۳۲ (محبت وغیرہ) محبت ہونا
۳۳ (خبر) واقفیت ہونا - معلومات ہونا ۳۴ (نام)
نام مقرر کرنا - **رکھنی** (ھ - مونث) آشنا عورت
رکھوال (ھ) **رکھوالا** (مذکر) محافظ - نگہبان -
کھیت کی نگہبانی کرنے والا - **رکھوالی** (مونث) ۱
حفاظت کرنے والی عورت ۲ حفاظت - نگہبانی ۳
مویشی کی نگہداشت (کرنا ہونا کے ساتھ) ۴ نگہداشت
کرنے کی مزدوری ۵ فیس جو کسی سردار وغیرہ کو حفاظت
کرنے کے لئے دی جائے - **رکھوا لینا** - **رکھوانا** (م)
رکھنا کا ۱ دھروانا ۲ لے لینا ۳ واپس لینا - **رکھوائی**
(مونث) دیکھو رکھائی - **رکھویا** (مذکر) ۱ رکھنے والا
۲ رکھ والا - **رکھی** (ھ) ۱ محافظ - نگہبان - رکشک
۲ (مونث) رکھوالی ۳ وہ گھاس جو سکھا کر مویشی
کے لئے رکھی جائے - **رکھی ہے** - طنزاً نہیں ہے -

امثال واقوال - **رکھا تو چشموں
سے - اڑا دیا تو پشموں سے** - اگر مہربانی کی (ذکر
رکھا) تو انکی عنایت ہے - نہیں تو کچھ پروا نہیں -
رکھ پت رکھا پت - دوسروں کی عزت کرو
تو تمہاری بھی عزت ہو گی - جو اوروں کی عزت کرتا
ہے - اس کی بھی ہوتی ہے - **رکھ پچھتا وا کچھ نہیں
بیچ پچھتا وا اچھا** - مگر اگر مال رکھ چھوڑے اور قیمت گر جائے
تو بہت بری بات ہوتی ہے لیکن وہ بیچ دے اور قیمت چڑھ جائے تو وہ اتنی
بری بات نہیں - بیچ کر پچھتانا بہتر ہے رکھ کر پچھتانے سے - **رکھوں ہی قول
پہ دار ومدار - کہ نو نقد اچھے نہ تیرہ ادھار** -
جو چیز فوراً مل جائے وہ اس اچھی چیز سے جس کا وعدہ
کیا جائے بہتر ہے - **رکھے تو پیت نہیں تو پلیت** -
اگر محبت کو قائم رکھے تو بہت اچھی بات ہے - ورنہ بہت
بری -

رِکھ (ھ - مذکر) رشی کا مخرب -

رُکھ (ھ - مذکر) روکھ کا مخفف -
درخت - **رکھ چڑھا** (مذکر) بندر - عورتیں صبح کو
بندر کا لفظ نہیں کہتیں -

رُکھا - رُکھیا (ھ - مذکر) روکھا کا
مخفف - **رکھانا** (متعدی) ۱ خشک - سوکھا ۲ کھردرا -
سخت ۳ بے لطف - بے مزا ۴ بے پروا - سہل انگار
۵ بد تہذیب - بد اخلاق - **رُکھاوٹ** (مونث)
رکھائی (ہ) بے مروتی - بے التفاتی - بے پروائی -
رکھائی بتانا (ہ - متعدی) بے التفاتی کرنا - بے
رخی کرنا - **رکھائی دینا** (مت) **یا کرنا** (ہ - متعدی)
بے مروتی کرنا - بد مزاجی ظاہر کرنا - **رکھائی کی لینا**
(ہ - متعدی) بد مزاجی کرنا - بے پروائی کرنا - **رکھائی
ہونا** (لازم) بے مروتی ہونا -

رُکھانی (ہ - مونث) بڑھئی کا
ایک اوزار - برما -

رِکھب (ھ - مذکر) ایک سُر کا
نام -

رِکھونچا (ہ - مذکر) وہ ٹکڑے جو
مونگ یا ماش کی دال کو پیس کر بناتے ہیں - بڑیاں -

رَکیب (ع - مذکر) ۱ سوار ۲ رکھے

ساتھ جو دوسرا سوار بیٹھے ۲ مرکب (رکب - سوار ہونا)

رکیبی (ہ - مذکر) عو - رکابی کا مخرب (غفت) -

رکیک (ع - صفت) ۱ پتلا - نازک - ناچیز - ناقص ۲ گھٹیل ۳ کم گہرا (پانی) ۴ نفیس باریک (رکت - پتلا ہونا) -

رکیلا (اردو - مذکر) عو - بد ذات مرد - **رکیلی** (مونث) بدذات عورت -

رکین (ع - صفت) ۱ سنجیدہ - متین مطمئن ۲ استوار - محکم (رکن - جھکنا) -

رگ (ف - مونث) ۱ جسم کی بڑی نالی جس میں خون بہتا ہے ۲ پھول پتے کا ریشہ ۳ آنکھ کے ڈورے کے تار - تاگا ۴ پٹھا ۵ اصل - ذات - نسل ۶ دودھ پلانے والی کا اثر ۷ بری عادت ۸ ضد - ڈھیٹ پن (س رکتک) **رگ ابر** (مونث) بادل کی سیاہ دھاری - **رگ اترنا** (لازم) ۱ آنت کا فوطے میں اترآنا ۲ ضد دور ہونا - غصہ رفع ہونا - **رگ پانا** (متعدی) اصل بات معلوم کرنا - **رگ پٹھا** (مذکر) ۱ اصل - نسل وغیرہ کا پتہ ہونا - **رگ پھڑکنا** (لازم) ۱ رگ کا حرکت کرنا ۲ ہونے والی بات سے آگاہ ہو جانا - **رگ پھولنا** (لازم) جوش خون سے رگ کا موٹا ہو جانا - **رگ جالی** (صفت) جس میں رگوں کا جال پھیلا ہو - **رگ جاں** (مونث) وہ بڑی رگ جس سے تمام رگوں میں خون پہنچتا ہے - **رگ جان سے نزدیک ہونا** (لازم) خدا کی تعریف ہے - بہت قریب ہونا - **رگ چڑھ جانا رہنا یا چڑھنا** (لازم) ۱ کسی رگ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا ۲ ضدی ہونا - ضد کرنا ۳ کوئی بری عادت ہونا - **رگ چڑھ گئی** - غصے میں بھرے ہوئے ہیں - مانتے نہیں - **رگ چڑھی ہونا** (لازم) غصے ہونا - برہم ہونا - **رگ حمیت** (مونث) غیرت یا حمیت کا جوش - **رگ دار** (صفت) ۱ ریشے دار ۲ بری عادت والا ۳ (کپڑا) جس میں سخت ریشے ابھرے ہوئے ہوں - **رگ دبنا** (لازم) ۱ ڈرنا ۲ قابو میں ہونا - **رگ رگ میں** (تف) ہر رگ میں - رگوں میں - جگہ بدن میں - **رگ رگ سے واقف ہونا** (لازم) پوری طرح جاننا - **رگ رگ میں کوٹ کر بھرا ہونا** (لازم) کسی صفت کا کسی میں کامل طور پر ہونا - **رگ زن** (صفت) فصد کھولنے والا - **رگ طنبور** (مونث) طنبور کے تار - **رگ کا منہ کھل جانا** (لازم) بعد کھلوانے پر جو حد سے زیادہ خون آئے تو کہتے ہیں - **رگ کھڑی ہونا** (لازم) رگ پر ورم آ جانا - **رگ کھلنا** (لازم) رگ سے بہت خون نکلنا - **رگ گردن** (مونث) رگ جان - **رگ غیرت** (مونث) غیرت یا حمیت کا جوش - **رگ ملنا** (لازم) فصد کھولنے کے لئے رگ کو ٹٹول کر معلوم کرنا - **رگ وپے** (مذکر) رگ پٹھا - **رگ وپے سے واقف ہونا** (لازم) اصلیت سے واقف ہونا - **رگ وپے میں دوڑ جانا** (لازم) اثر کرنا - سرایت کرنا - **رگ وریشہ** (مذکر) ۱ اصل - نسل ۲ خو بو - **رگ و ریشے سے واقف یا ماہر ہونا** (لازم) پوری طرح جاننا - **رگ و ریشہ میں پڑا ہونا** (لازم) کسی بری خصلت کا کسی آدمی میں بہت زیادہ ہونا - گوشت و پوست میں شامل ہونا - اصل میں ہونا - گھٹی میں پڑنا - **رگ وریشے میں شرارت بھری ہونا** (لازم) بے حد شریر ہونا - **رگ وریشے میں کرامت بھری ہونا** (لازم) ولی ہونا - بےحد خدائی طاقت ہونا - **رگوں میں خون دوڑنا** (لازم) خون کا نسوں میں تیزی سے حرکت کرنا - **رگی - رگیلا** (صفت) ۱ ضدی - ہٹیلا ۲ شریر - بدذات ۳ سرکش - مفسد ۴ (مذکر) موٹی رگوں کا پان ۵ گوشت جس میں تار ہوں - **رگیلی** (مونث) دیکھو رگی ۱ تا ۳ - **رگیں مرنا** (لازم) ۱ رگوں کی قوت جاتی رہنا ۲ نامرد ہو جانا - کمزور ہو جانا - **رگیں نکل آنا** (لازم) بہت دبلا ہونا -

رگڑ (ہ - مونث) ۱ نشان جو دو چیزوں کے ٹکرانے یا آپس میں لگنے سے ہو جاتا ہے - گھساؤ ۲ خفیف زخم جس میں گوشت نہ کٹے ۳ رگڑے جانے کی حالت ۴ (کہاروں کی اصطلاح) پہلو میں رگڑ لگنے والی کوئی چیز ۵ (ھ) ڈھول کا جلد جلد بجانا (س دھرش - حملہ کرنا) **رگڑا** (مذکر) ۱ دیکھو رگڑ ۲ پیسنا ۳ مانجنا - چمکانا ۴ جھگڑا - لڑائی - نزع ۵ نشان جو دو پتنگوں کے لڑنے سے ڈور پر ہو جاتا ہے ۶ بھنگ گھوٹنا ۷ ایک قسم کا سرمہ یا لیپ آنکھوں کے لئے - **رگڑا جھگڑا** (مذکر) فساد - نزاع - بحث - لڑائی - جھگڑا - تکرار - بحث - مباحثہ (رہنا - کرنا ہونا کے ساتھ) - **رگڑا دینا** (متعدی) ۱ کسی چیز کو دوسری چیز پر رگڑنا ۲ بھنگ گھوٹنا - **رگڑ دینا** (متعدی) گھس دینا - **رگڑ رگڑ کر** (تف) مل مل کے - **رگڑ کھانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) گھسا لگنا - ٹکر لگنا - **رگڑنا** (متعدی) ۱ گھسنا ۲ پیسنا ۳ گھوٹنا ۴ مانجنا - صاف کرنا ۵ چھیلنا ... ۷ (عف) زنا کرنا ۸ حیران کرنا - ستانا - **رگڑی** (ھ - صفت) جھگڑالو - لڑاکا - فسادی -

رگنا (ھ - لازم) ۱ لگنا - تعلق رکھنا ۲ عاشق ہونا -

رگنتا (س - مونث) ۱ شکستگی ۲ خم - کجی - ٹیڑھا پن ۳ بیماری - روگ - مرض - ماندگی -

رگنہ (س - صفت) ۱ ٹوٹا ہوا - شکستہ ۲ ٹیڑھا - خمیدہ ۳ بیمار - مریض - روگی - ماندہ -

رگھو (س - صفت) ۱ جلد جانیوالا - تیز چلنے والا - تیز پھرتیلا - تیز رفتار ۲ ہلکا - خفیف - چھچھورا - بیوفا ۳ (مذکر) تیز گھوڑا - گھوڑ دوڑ کا گھوڑا - اسپ بادپا - **رگھوکل** (مذکر) رگھو کی نسل - **رگھوناتھ** - دسرتھ یا راجہ رامچندر جی کا لقب - **رگھوونش** (مذکر) ایک مشہور نظم مصنفہ کالیداس - **رگھوونشی** (بنسی) (صفت) ۱ رگھو کی نسل کا یا اس کے متعلق ۲ (مذکر) رگھو کی اولاد -

رگید (ہ - امر) ۱ رگیدنا کا ۲ (ھ - مونث) پیچھا - تعقب (س کھید - مارنا) **رگید پر ہونا** (لازم) تعقب کرنا - پیچھا کرنا (مرغوں کبوتروں وغیرہ کے لئے کہتے ہیں جب وہ مادہ کے پیچھے ہوں) - **رگید رگاد کر** (تف) تعقب کر کے - گھیر گھار کر - مار پیٹ کر - **رگید رگاد کرنا** (متعدی) ۱ تعقب کرنا - پیچھا کرنا ۲ تنگ کرنا - پیچھے پڑنا ۳ مارنا - پیٹنا - **رگیدنا** (متعدی) پیچھا کرنا - تعقب کرنا -

رگیل (ہ - مذکر) ۱ وہ پالتو کبوتر جو صحرا کو دانہ کھانے جاتے ہیں ۲ ہرجائی آدمی ۳ فضول چیز -

رل (ھ - امر) ۱ رلنا کا - رلا (ماضی) ملنا کی ۲ (امر) رلانا کا ۳ (مذکر) مرکب ۴ ملانا - آمیزش

کرنا ۵ تعلق - میل - ملاپ ۶ خلط ملط - ابتری - برہمی ۷ غلطی - فرق ۸ اختلاف - تفاوت - **رلا پڑنا** (لازم) حساب میں مغالطہ یا بھول پڑنا - **رَلا مِلا** (ہ - مذکر) ملا جلا - خلط ملط - **رلانا** (متعدی) **رلنا** - **رلجانا**

رلنا (لازم) ۱ کٹنا - پٹنا - سفوف ہونا ۲ ملنا - مخلوط ہونا - گڈمڈ ہونا ۳ کسی کے ساتھ شامل ہونا - اتحاد ہونا - **رل مل جانا** (ہ - لازم) ۱ مخلوط ہو جانا ۲ اتحاد ہونا - **رلنا ملنا** (متعدی) رلنا -

مثل - رلے ملے پنچوں سے جان جائے پر سچ نہ کہئے - پنچایت کے ساتھ اتفاق رکھنا چاہئے - چاہے جھوٹ ہی بولنا پڑے -

رُل (ہ - امر) رُلنا کا - **رُلانا** (ہ - متعدی) ۱ لڑھکانا - لڑھکنا - ڈھلکانا ۲ بیلن پھروانا ۳ رندہ پھروانا ۴ مسطح کروانا - ہموار کرانا - **رلجانا**

رُلنا (لازم) رولنا کا ۱ تباہ ہونا - خاک میں ملنا ۲ مسطح ہونا - ہموار ہونا ۳ رندہ پھرنا ۴ کٹنا - خلط ملط ہونا ۵ بکھرنا - پریشان ہونا ۶ آوارہ ہو جانا - کھو جانا - **رلنا گھلنا** (لازم) ۱ رُلنا ۲ قریب مرگ ہونا - **رُلوانا** (مم) ۱ رُلنا کا ۲ تلوار درست کرانا -

رُلی - رُلاّ (ہ - مذکر) زمین جو سال دو سال کاشت نہ کی جائے - تاکہ اس میں طاقت آ جائے -

رُلا (ہ - امر) رلانا کا - **رلانا** (متعدی) ۱ رونا کا ۲ تنگ کرنا - صدمہ پہنچانا - دق کرنا - **رلوانا** (مم) رلانا -

رَم (ہ - امر) رمنا کا (س رَم - ٹھہرنا) - **رمانا** (متعدی) ۱ دوڑانا - پھرانا - گھمانا ۲ قبضہ کرنا ۳ دل بہلانا - بات چیت میں لگانا ۴ سما دینا ۵ (جوگ) اختیار کرنا ۶ (دھونی) آگ جلانا جوگی کا - **رمتا** (صفت) گھومنے والا - چلتا پھرتا - **رمتا جوگی یا فقیر** (مذکر) وہ ہندو فقیر جو ایک جگہ نہیں ٹھیرتا - **رمنا** (لازم) ۱ پھرنا ۲ آوارہ پھرنا - سیر کرنا - گھومنا ۳ بسنا - سمانا ۴ بھٹک جانا - چلا جانا ۵ (مذکر) دیکھو رمنہ - **رَمنہ** (مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں روزمرہ آمد و رفت رہے - باغ - کھیت - رکھ ۲ (متعدی) دیکھو رم کے تحت میں -

رَم (ف - مذکر) ۱ ڈر - خوف - دہشت ۲ وحشت - نفرت ۳ گریز - بھاگنا ۴ چھپنا (رمیدن بھاگنا) **رم بھول جانا** (متعدی) چوکڑی بھول جانا - گھبرا جانا - ششش و پنج میں پڑ جانا - **رم خوردہ - دیدہ زدہ یا کردہ** (متعدی) بھاگا ہوا - وحشت زدہ - **رم رہنا** (لازم) ۱ چھپ رہنا ۲ بھاگ جانا - اغوا ہو جانا - **رم کرنا** (متعدی) بھاگ جانا - دوڑ جانا - **رمیدگی** (مونث) ڈر - وحشت - تنفر - **رمیدہ** (صفت) ڈرا ہوا - بھاگا ہوا - وحشی -

رُم (انگ - مونث) گڑ کی شراب -

رَمَ (س - صفت) ۱ خوش کرنے والا - مسرت دینے والا - شاد کرنے والا ۲ پیارا - معشوق - عزیز ۳ (مذکر) خوشی ۴ عاشق - خاوند ۵ کامدیو ۶ درخت اشوک - **رما** (مونث) ۱ بیوی ۲ معشوقہ ۳ آشنا ۴ لچھمی جی کا ایک نام ۵ خوش قسمتی - نصیبا - اقبال ۶ دولتمندی - امارت - شان و شوکت ۷ کاتک بدی کی گیارھویں تاریخ ۸ شتی دھوج کی ایک بیٹی اور کلکی کی بیوی کا نام - **رماپتی** (مذکر) رما کا خاوند - کرشن جی یا وشن جی - **رمت** (صفت) ۱ خوش کرنے والا ۲ راز و نیاز کرنے والا ۳ (مذکر) خوشی یا لطف کے لئے آوارہ پھرنا ۴ خوشی - لطف - مزا - **رمتا** (مذکر) ۱ وہ جو خوش فعلیاں کرے ۲ پھرنے والا - آوارہ ۳ مسافر - راہرو - **رمتی** (مذکر) ۱ عاشق ۲ سرگ - بہشت ۳ کوا ۴ وقت ۵ کامدیو ۶ (مونث) کوئی جگہ جہاں جا کر لطف اڑایا جائے ۷ (صفت) ایک جگہ رہنے والی اور آوارہ نہ ہونے والی (گائے) - **رمر** (مذکر) دیکھو رمن ۲ - **رَمَک** (صفت) ۱ خوش فعلیاں کرنے والا - راز و نیاز کرنے والا ۲ عاشق - **رم کے کھم گاڑنا** (ہ - متعدی) خوش رہنا - **رمن** (صفت) ۱ خوشگوار - خوش کرنے والا - خوبصورت ۲ (مذکر) عاشق - خاوند ۳ کامدیو ۴ ارن کا نام جو سریا کا رتھبان ہے ۵ خوشی - شادمانی - مسرت ۶ منوہرا کے ایک بیٹے کا نام ۷ (جمع) ایک قوم کا نام - **رمنا** (مونث) ۱ حسین عورت - بیوی - معشوقہ ۲ ایک وزن یا بحر کا نام ۳ - **رمن کرنا** (متعدی) ۱ لطف اٹھانا - مزے اڑانا ۲ چھیڑ چھاڑ کرنا - راز و نیاز کرنا - **رمنی** (صفت) ۱ خوش کرنے یا مسرت دینے والی ۲ (مونث) ۱ خوبصورت عورت ۲ بیوی - معشوقہ ۳ ایک قسم کی بحر یا وزن ۴ ایک ناگ لڑکی کا نام ۵ خوشی - مسرت ۶ وصل - جماع ۷ راز و نیاز - چھیڑ چھاڑ ۸ فرج ۹ ایک جنگل کا نام ۱۰ ایک شہر - **رمنیہ** (صفت) ۱ خوشگوار - مسرت انگیز - پرلطف خوبصورت - حسین - **رمنیہ** (مذکر) ۱ خوشی - مسرت ۲ کھیل - تماشے - راز و نیاز - چھیڑ چھاڑ - **رمیا** (مونث) ۱ رات ۲ گردمعل - **رمیہ** (صفت) ۱ دیکھو رمنیہ ۲ (مذکر) ۳ چمپا ۴

رِم (انگ - مذکر) کاغذوں کے بیس دستوں کا بنڈل -

رِما (ع - مونث) ۱ زیادتی - افزونی ۲ سود -

رَمّاز (ع - مذکر) ۱ وہ شخص جو اشاروں سے یا خفیہ طور پر گفتگو کرے ۲ پہیلیاں کہنے والا شخص (رَمز - اشارہ کرنا) -

رَمّال (ع - مذکر) علم رمل کا ماہر - جوتشی - نجومی (رَمَل - کھجور کے پتوں کی چٹائی بننا) - **رمالی** (مونث) رمل - جوتش - نجوم -

رُمّان (ف - مذکر) انار - **رُمّانی** (صفت) ۱ انار کے رنگ کا ۲ انار سے منسوب -

رَمبا (ہ - مذکر) کھرپا -

رَمبھا (س - مونث) ۱ کیلے کی ایک قسم ۲ اپسرا ۳ رام جنی - رنڈی - طوائف ۴ خوشی مسرت - آنند ۵ گوری کا ایک نام ۶ (ہ) کھرپا -

رَمبھا (ہ - امر) ۱ رمبھانا کا ۲ (ہ - مونث) ۱ آواز دینا - بجنا ۲ دھڑدھڑکنا - دھاڑنا وغیرہ - **رمبھانا** (متعدی) دھڑدھڑکنا - دھاڑنا - گائے بھینس کا بولنا -

رمپا (ہ - مذکر) چمڑا چھیلنے کا آلہ - (اس چمار) **رمپی** (مونث) چمڑا تراشنے کا آلہ -

رِم جھم (ہ - مونث) ۱ بارش کی خفیف آواز ۲ پاؤں کی آواز - **رم جھم مینہ برسنا** (لازم) زور سے مینہ کا برسنا -

رم جھول یا جھولا (ہ - مذکر) بجلا کا مخرب - پازیب -

رَمچیرا (ہ - مذکر) ۱ غلام - نوکر ۲ ایک نام جو ہندو غلاموں کا رکھتے تھے - **رمچیری** (مونث) لونڈی -

رَمَد (ع - مذکر) آنکھ کی بیماری جس سے آنکھیں سرخ رہتی ہیں -

رَمڈو پھٹو (ہ - مذکر) ایرے غیرے نتو خیرے - عام لوگ - خلقت -

رَمز (ع - مونث) ۱ اشارہ آنکھ، منہ ابرو وغیرہ سے ۲ ایما - کنایہ ۳ نکتہ - باریکی ۴ راز ۵ نوک جھونک ۶ پیچیدہ بات ۷ مخفی یا پوشیدہ

بات ۵ پہلو۔ار بات ۹ مراد۔منشا ۱۰ معاملہ۔بات ۱۱ طعن۔طنز ۱۲ نشان۔علامت ۱۳ پہیلی۔بجھارت ۱۴ خفیہ تحریر ۱۵ شارٹ ہینڈ۔مختصر نویسی (رَمَزَ۔اشارہ کرنا) رمز آمیز (صفت) اشارے کنائے کے طنزیہ (کلام باتیں وغیرہ کے ساتھ) رمز پہچان جانا۔پہچاننا (متعدی) اصلی منشا سمجھنا۔بات تاڑ جانا۔رمز پھینکنا (متعدی) دیکھو رمز مارنا۔رمز چلنا (لازم) ۱ اشارہ کنایہ ہونا ۲ آوازے کسے جانا۔رمز شناس (صفت) اشارہ پہچاننے والا۔رمز کی باتیں یا گھاتیں (مونث) ۱ باریک باتیں ۲ راز کی باتیں ۳ طعن و تشنیع۔رمز کی چلنا (لازم) دیکھو رمز چلنا۔رمز مارنا (متعدی) ۱ طعنے دینا ۲ آوازے کسنا۔

رَمَضان (ع۔مذکر) مسلمانوں کا نواں قمری مہینہ (رَمَض۔سخت گرم ہونا) رمضان کے روزے (مذکر) وہ روزے جو رمضان کے مہینے میں رکھے جائیں۔رمضانی (صفت) ۱ رمضان کا ۲ رمضان کے متعلق ۳ روزوں کا یا ان کے متعلق ۴ جو رمضان میں پیدا ہوا ہو ۵ (مذکر) مسلمانوں میں ایک نام۔

مثل۔رمضان کے نمازی محرم کے سپاہی (ہولی کے بھڑوے) وہ اشخاص جو نمائش کے لئے چند روز کے واسطے کوئی اچھا کام کریں۔رمضان میں نمازی بہت ہو جاتے ہیں محرم میں ہر ایک سپاہگری ظاہر کرتا ہے اور ہولیوں میں ایک دوسرے کو بھڑوا کہتا ہے۔

رَمَق (ع۔مونث) ۱ کوئی تھوڑی سی چیز ۲ سسکتی جان۔آخری سانس۔رمقے (تف) تھوڑا سا۔ذرا سا۔رمقے جان ہونا (لازم) تھوڑی سی زندگی ہونا۔آخری سانس ہونا۔

رَمل (ع۔مذکر) ایک علم جس سے لکیروں اور ہندسوں کے ذریعے غیب کی بات بتلاتے ہیں۔نجوم۔جوتش۔

رَمَل (ع۔مونث) علم عروض کی ایک بحر جس کا وزن آٹھ دفعہ فاعلان ہے۔

رَ یلا (ہ۔صفت) میلا کچیلا۔گندہ۔

رُمُوز (ع۔مذکر) جمع رمز کی۔رموز پھینکنا (متعدی) طنز کرنا۔طعنے دینا۔آوازے کسنا۔رموز نموز (مذکر) آوازے۔رموزین چھانٹنا (متعدی) نوک جھوک کی باتیں کرنا۔

امثال۔رموز عاشقاں عاشق بداند۔ہم مذہب اور ہم پیشہ ہی بات کو خوب سمجھتے ہیں۔**رموز مصلحت ملک خسرواں داند**۔ملک کی بہتری کے راز بادشاہ ہی سمجھتے ہیں۔

رَمَہ (ف۔مذکر) ۱ گلہ۔جھنڈ۔۲ گروہ ۳ جماعت۔فوج۔بھیڑ۔رمۂ گوسپنداں (مذکر) بھیڑوں کا گلہ۔

رَمی (ع۔مذکر) کوئی چیز پھینکنا۔(رَمَیَ۔پھینکنا) رمی بالغیب (متعدی) اٹکل پچو کوئی بات کہنا۔رمی جمار (مونث) حاجیوں کا منا میں چھوٹی کنکریاں پھینکنا۔

رَمیم (ع۔صفت) گلی ہوئی یا بوسیدہ (ہڈی) (رَمَّ۔بوڑھا ہونا)۔

رَن (ہ۔مذکر) ۱ لڑائی۔جنگ۔رزم۔کارزار۔معرکہ۔یدھ۔کھیت ۲ میدان جنگ۔رزمگاہ۔میدان کارزار۔مقتل ۳ جنگل۔بیابان۔ویرانہ (س رَن) رَن بَن (مذکر) جنگل۔بیابان۔رن بولنا (لازم) میدان جنگ سے آوازیں آنا۔رن پر چڑھنا (لازم) ۱ جنگ کے لئے جانا ۲ جنگ کرنا۔لڑنا۔رن پڑنا (لازم) ۱ جنگ ہونا۔لڑائی ہونا ۲ بہت سے آدمیوں کا مارا جانا۔رنجیت (مذکر) فاتح۔رن فتح ہوگیا جیت ہوگئی۔رن کا کھیت (مذکر) میدان جنگ۔رن گڑھ (مذکر) لڑائی کا قلعہ۔وہ جگہ جس کے گرد مورچے بنائے جائیں۔رن گھن (مذکر) قتل عام۔رن ہلا دینا (متعدی)، ہلنا (لازم) میدان جنگ میں لرزہ پڑنا یا بہت بہادری ظاہر ہونا۔

مثل۔رن کی فکر نہ دھن کی چوٹ۔یہ دھم دھوسر کا ہے موٹ بے فکر موٹا آدمی۔

رَن (انگ۔مونث) ۱ دوڑ ۔ جھپٹ ۲ کرکٹ کے کھیل میں ایک وکٹ سے دوسری وکٹ تک کی دوڑ۔رنز (مونث) جمع ہے مگر اردو میں عام طور پر واحد اور رنزیں جمع بولتے ہیں (بنانا کرانا۔کرنا۔ہونا کے ساتھ) بعض لوگ مذکر بھی بولتے ہیں۔

رَن (س۔مذکر) ۱ دیکھو رَن (ہ) ۲ خوشی ۳ فکر ۴ فخر ۵ (پ) عورت بمعنی خوشی یا لڑائی کی چیز۔رناشو (مذکر) ایک راجہ۔رنباس، پرا یا واس (مذکر) راجوں کا زنانخانہ۔حرم۔رنبھومی (مذکر) میدان جنگ۔رن پنڈت (مذکر) سپاہی شجاع۔رنجھود۔رنچھوڑ (مذکر) کرشن جی کا ایک لقب۔رن درگا (مونث) درگا جی۔رندھیر یا دھیرا (صفت) ۱ ثابت قدم۔مستقل مزاج۔با حوصلہ ۲ ثابت قدم شخص۔رن شکشا (مونث) علم جنگ۔رن کشیتر (مذکر) میدان جنگ۔رن گرہا (مذکر) خندقوں کی قطار۔رن لکشمی (مونث) ۱ جنگ کی دیوی ۲ جنگ کا نتیجہ۔

رِن (س۔صفت) ۱ جانے والا۔بھاگنے والا ۲ ملزم۔مجرم ۳ (مذکر) کوئی چیز جس کی ضرورت ہو اور نہ ملے ۴ فرض ۵ قرض ۶ پانی ۷ قلعہ ۸ منفی مقدار (ریاضی) ۹ برہمنوں کے پانچ فرائض ۱ برہمچاریہ یا ویدوں کا پڑھنا (رشیوں کے متعلق) ۲ بھینٹ اور پوجا (دیوتاؤں کے متعلق) ۳ اولاد پیدا کرنا (پتریوں کے متعلق) ۴ مہربانی۔لوگوں کے متعلق ۵ مہمان نوازی (مہمان کے متعلق)، رنی رنیا (مذکر) مقروض۔

مثل۔رِن بڑی ہتیا ہے قرض لینا بہت بری بات ہے۔

رَنتھی (ہ۔مونث) ارتھی۔

رَنٹ (ہ۔صفت) جھگڑالو۔لڑاکا۔

رَنج (ف۔مذکر) ۱ تکلیف۔دکھ۔درد ۲ افسوس۔ملال۔پچھتاوہ۔آزردگی ۳ غم سوگ ۴ نارضگی۔غصہ ۵ نفرت رنج آنا (لازم) ملال ہونا۔رنج اٹھانا (متعدی) صدمہ برداشت کرنا۔رنجاں مرنج (صفت) رنج و غم میں شامل ہونے والا۔رنج بھلا دینا (متعدی) رنج بھول جانے کا موجب ہونا۔رنج بھولنا (لازم) رنج دل سے جاتا رہنا۔رنج پالنا (متعدی) خواہ مخواہ تکلیف اٹھانا۔رنج پہنچانا (متعدی) پہنچنا (لازم) تکلیف ہونا۔اذیت ہونا۔ملال ہونا۔رنج دیکھنا (متعدی) تکلیف برداشت کرنا۔مصیبت اٹھانا۔رنج دینا (متعدی) تکلیف دینا۔ستانا۔تنگ کرنا۔رنج راہ سے آسودہ ہونا (لازم) رستے کی تکلیف کے بعد آرام کرنا۔رنج رہنا (لازم) رنج باقی ہونا۔

رنج سہنا (متعدی) تکلیف اٹھانا یا برداشت کرنا۔ رنج سے چھوٹنا (لازم) غم و افسوس سے نجات پانا۔ رنجش (مونث) رنجیدگی۔ ان بن۔ بگاڑ (بڑھنا ہونا کے ساتھ) رنج کا اظہار کرنا (متعدی) افسوس ظاہر کرنا۔ رنج کش (صفت) تکلیف برداشت کرنیوالا رنج کشی (مونث) تکلیف برداشت کرنا۔ رنج کھانا (متعدی) رنج برداشت کرنا۔ رنج کھینا۔ کھینچنا یا لینا (متعدی) رنج برداشت کرنا۔ رنج مٹنا (لازم) تکلیف یا غم دور ہونا۔ رنج مول لینا (متعدی) خواہ مخواہ تکلیف اٹھانا۔ رنج میں مبتلا ہونا (لازم) رنجیدہ ہونا۔ رنج میں دن گزارنا (متعدی) گزرنا (لازم) ہر وقت مغموم یا رنجیدہ ہونا۔ مصیبت میں ہونا۔ رنج والم کو ٹالنا (متعدی) تکلیف و مصیبت سے بچنا۔ رنجور (صفت) ۱ مغموم۔ افسردہ ۲ بیمار۔ رنجوری (مونث) ۱ مصیبت۔ تکلیف ۲ رنج ۳ بیماری۔ رنج ومحن مصیبت یا ملال (مذکر) دکھ۔ تکلیف۔ مصیبت۔ رنجہ (صفت) ۱ رنجیدہ۔ مغموم ۲ (مذکر) رنج ۳ نزاکت کی چال یا طرز جیسے قدم رنجہ فرمانا۔ رنجہ خاطر (صفت) رنجیدہ۔ رنجیدگی (مونث) رنجش۔ رنجیدہ (صفت) ۱ خفا۔ ناراض۔ بیزار ۲ اداس۔ افسردہ (کرنا ہونا کے ساتھ) رنجیدہ خاطر (صفت) رنجیدہ۔

رَنج (ھ۔ مذکر) جنگل۔ بن۔

رَنجت (س۔ صفت) ۱ رنگدار ۲ موثر۔ جس پر اثر ہوا ہو ۳ بہت خوش۔

رَنجَک (ف۔ مونث) ۱ بندوق یا توپ کا بارود کا پیالہ ۲ بارود جو اس پیالے میں رکھی جائے یا کان کو اڑانے کے لئے رکھی جائے۔ رنجک اڑانا (متعدی) ۱ رنجک کی بارود میں آگ لگانا ۲ (مجازاً) گوزنا۔ پادنا۔ رنجک اڑنا (لازم) بارود میں آگ لگنا۔ رنجک پلانا۔ ڈالنا یا رکھنا (متعدی) بارود توپ یا بندوق کے پیالے میں رکھنا۔ رنجک چاٹ جانا (متعدی) باوجود بارود کو آگ لگنے کے بندوق یا توپ نہ چلنا۔ فیر خطا ہونا۔ رنجکدان (مذکر) رنجک رکھنے کا پیالہ۔ رنجک کی بجلی (مونث) وہ چمک جو بارود کو آگ لگانے سے ہوتی ہے۔

رَنجَنی (س۔ مونث) ۱ سلام۔ دعا۔ نمستے ۲ نیل کا پودا ۳ املی ۴ زعفران ۵ سرخ سنکھیا ۶ سرخ صندل ۷ دارچینی ۸ ایک خاص شرتی ۹ کوئی عورت جو جوش دلائے یا وصل سے خوش کرے۔

رَنجھنا (ھ۔ لازم) ۱ افراط سے اگنا یا ہونا۔ پھولنا۔ پھلنا ۲ پرانا یا کہنہ ہونا بیماری کا۔

رَنچ (ھ۔ مذکر) ۱ ذرہ۔ ریزہ۔ کن ۲ تھوڑی سی چیز چھوٹی سی چیز۔

رَند۔ رندا (ہ۔ مذکر) وہ سوراخ جو قلعہ کی دیواروں میں بندوق وغیرہ چلانے کے لئے رکھتے ہیں۔

رِند (ف۔ مذکر) ۱ آزاد۔ بے قید شخص ۲ جس شخص کا ظاہر خراب باطن اچھا ہو ۳ شرابی ۴ صوفی ۵ عیاش ۶ آوارہ ۷ ہوشیار۔ چالاک۔ رندان خاک بیز (مذکر جمع) ہشیار۔ چالاک یا سمجھدار آدمی۔ رندانہ (صفت) رند کے طریقے یا طرز کا۔ رند سیاہ مست (مذکر) بدکار آدمی۔ شرابی۔ رندگی (مونث) رندی۔ رند مذہب یا مشرب (مذکر) آزاد وضع۔ بد وضع۔ رندی (مونث) ۱ شہدہ پن۔ بدکاری ۲ لامذہبی ۳ رندوں کا کام ۴ دھوکا بازی فریب۔

امثال واقوال۔ رند عالم سوز را با مصلحت چہ کار۔ از خود رفتہ شخص کو انجام کی کیا فکر۔ رندی وہوسناکی در عہد شباب اولٰے۔ ایسی باتیں جوانی میں ہی اچھی ہوتی ہیں۔

رَندا (ف۔ مذکر) دیکھو رندہ۔

رَندنا (ہ۔ متعدی) رندے سے چھیلنا۔ صاف کرنا۔

رُندنا (ہ۔ لازم) ۱ پامال ہونا۔ روندا جانا۔ کچلا جانا ۲ (متعدی) دیکھو رندھنا ۳ دیکھو روندھنا۔

رَندوانا (ہ۔ مم) رندے سے چھلوانا یا صاف کرانا۔

رُندوانا (ہ۔ مم) پامال کرانا۔ کچلوانا۔

رَندَہ (ف۔ مذکر) بڑھئی کا اوزار لکڑی صاف وہموار کرنے کا (پھرنا پھیرنا کرنا ہونا کے ساتھ)۔

رُندھ جانا (ہ۔ لازم) دیکھو رندھنا۔

رَندھر (س۔ مذکر) ۱ سوراخ۔ چھید۔ رخنہ۔ روزن ۲ گڑھا۔ غار ۳ نقص عیب۔ کسر۔ خامی ۴ (شعروں میں) عدد نو۔

رَندھنا (ہ۔ متعدی) ۱ پکنا کھانا تیار ہونا ۲ کھانا ابلنا۔

رُندھنا (ہ۔ لازم) ۱ پامال ہونا۔ رندنا ۲ قید ہونا ۳ رکا جانا ۴ غمگین ہونا ۵ گھر آنا۔ چھاجانا ۶ (متعدی) روندھنا۔ گھیرنا۔ قید کرنا۔

رَنڈ (ہ۔ مونث) رانڈ کا مخفف۔

رنڈا ۱ (پ۔ مذکر) وہ مرد جس کی بیوی مرجائے ۲ (س) رانڈ۔ رنڈاپا (مذکر) بیوگی۔ بیوہ ہونے کا زمانہ۔ رنڈاپا کاٹنا (متعدی) کٹنا (لازم) بیوگی کا زمانہ بسر ہونا۔ رنڈسال یا سالا (مذکر) بیوہ کی پوشاک (پہنانا پہننا کے ساتھ) رنڈوا (مذکر) ۱ وہ مرد جس کی بیوی مرگئی ہو ۲ (صفت) کام چور۔ سست۔ کاہل۔ پست ہمت۔ رنڈی (مونث) (ع) ۱ عورت ۲ طوائف۔ کسبی۔ زن بازاری ۳ رقاصہ۔ ناچنے کا پیشہ کرنے والی عورت۔ رنڈیا (مونث) ۱ بیوہ عورت ۲ عورت ۳ بدکار عورت ۴ کمینی ذات کی عورت۔ رنڈیاں بلوانا (مم) قرمساقی کرنا۔ عورتیں زنا کے لئے لاکر دینا۔ دلالی کرنا۔ رنڈی باز (صفت) رنڈیوں سے زنا کرنے والا۔ تماش بین۔ عیاش۔ بدکار۔ رنڈی بازی (مونث) ۱ تماش بینی ۲ زناکاری۔ عیاشی (کرنا ہونا کے ساتھ) رنڈی بازی میں پڑنا (لازم) زناکاری کا عادی ہونا۔ رنڈی رکھنا (متعدی) ۱ زنا کے لئے کسبی کو نوکر رکھنا۔ رنڈی کرنا (متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ رنڈی سے شادی کرنا۔ رنڈی گھر میں ڈال لینا یا ڈالنا (متعدی) رنڈی رکھنا۔

امثال واقوال۔ رنڈوا بیل جی کا جلاپا۔ پست ہمت اور کام چور کو کرنے کی طبیعت کو سوختگی ہوتی ہے۔ رنڈی پیسے کی آشنا ہے رنڈی پیسے ہی کی یار ہے۔ کسبیاں امیر آدمی کے ساتھ تعلق پیدا کرتی ہیں۔ غریب ہو جائے تو دھتا بتاتی ہیں۔ رنڈی تیرا یار مرگیا کہا کونسی گلی کا۔ رنڈیوں کے بہت سے یار ہوتے ہیں ایک کی پابند نہیں رہتیں۔ رنڈی کا جوبن رکابی میں جو خرچ کرے لطف اٹھائے۔ رنڈی کا یار سدا

خوار - رنڈی کا آشنا ہمیشہ مفلس رہتا ہے - **رنڈی کس کی جورو اور بھڑوا کس کا سالا** - رنڈیوں اور بھڑووں کا کوئی اعتبار نہیں - **رنڈی کے سیکڑوں یار** - رنڈی سے بہت آدمیوں کا تعلق ناجائز ہوتا ہے - کوئی گنتی نہیں ہو سکتی - **رنڈی کی کمائی یا کھائے ڈھاڑی یا کھائے گاڑی** رنڈی کی کمائی سازندے یا گاڑیبان کھاتے ہیں - **رنڈی کی گالی اور بھوت کے پتھر کی چوٹ نہیں لگتی** - ان سے کوئی نقصان نہیں ہوتا - **رنڈی کے گھر مانڈے اور عاشقوں کے گھر کڑاکے** - چونکہ وہ اپنا روپیہ رنڈیوں کو دے آتے ہیں - وہ مزے اڑاتی ہیں اور ان کے گھر فاقہ ہوتا ہے - **رنڈی کے ناک نہ ہوتی تو گوہ کھاتی پھرتی** - عورت بہت بیوقوف ہوتی ہے - **رنڈی مانگے روپیہ لے لے میری میا - پھکڑ مانگے پیسہ چل بے سالے کیسا** عیاشی پر خرچ کرنا نیک کام پر خرچ کرنے سے گھبراتا ہے - **رنڈی موم کی ناک ہوتی ہے** - عورت کو جس کام پہ چاہو لگا لو - **رنڈیوں کی خرچی اور وکیلوں کا خرچہ پیشگی دیا جاتا ہے** - اگر وہ پہلے نہ لے لیں تو نہیں کوئی بعد میں نہیں دیتا -

رَنڈ (ھ - مذکر) ارنڈ کا درخت -

رَنڈ (س - صفت) 1 بیوفا - غدار 2 اجاڑ - ویران 3 (مذکر) وہ جو اپنے مذہبی رسوم کو ادا نہ کرے 4 وہ جس کے اولاد مر جائے 5 درخت جس پر پھل نہ لگے - **رنڈا** (مونث) رانڈ بطور گالی - بدکار عورت - **رنڈک** (مذکر) رنڈ نمبر 3 -

رُنڈ (ہ - صفت) 1 جسم بے سر 2 درخت کا تنہ بغیر شاخوں کے (س رُنڈ) - **رنڈ منڈ** (مذکر) 1 وہ درخت جس کی شاخیں نہ ہوں 2 (صفت) چاسا بروکا صفایا کئے ہوئے -

رُنز (ع - مذکر) چاول - برنج -

رَنس (ھ - مونث) کرن -

رَنک (س - صفت) 1 حریص 2 لالچی 3 کنجوس - بخیل 4 کمینہ - رذیل 5 غریب - مفلس 6 کمبخت - بدنصیب 7 بھوکا - فاقہ کش 8 (مذکر) فقیر - بھوکا آدمی وغیرہ - **رَنکا - رَنکھا - رَنکھی - رَنکی** (ہ - صفت) 1 رونے پر آمادہ 2 رنجیدہ - ناراض

رَنکو (س - مذکر) ایک قسم کا ہرن -

رَنگ (ف - مذکر) 1 برن - لون - نام 2 چیزوں کی وہ خاصیت جس کی وجہ سے وہ سورج کی بعض کرنوں کو جذب کر لیتی ہیں اور بعض کو منعکس کر کے آنکھ پر ڈالتی ہیں جن کا خاص اثر آنکھ پر ہوتا ہے - سفید کرن سات رنگ سے مرکب ہوتی ہے اودا - نیلا - آسمانی - سبز - زرد - نارنجی اور سرخ - اصل رنگ صرف تین ہیں - نیلا - زرد اور سرخ - دوسرے سب رنگ ان کے مرکبات ہیں 3 رنگت روپ 4 انداز - طرز - روش 5 وہ سفوف یا سیال چیز جس سے رنگتے ہیں 6 روغن - وارنش 7 قسم - نوع 8 بہار - خوبصورتی - رونق 9 مانند - نظیر 10 دستور قاعدہ - رسم - طریقہ 11 مزہ - لطف - شغل 12 خمار - نشہ 13 طاقت - قوت 14 سلوک - برتاؤ 15 ہمسر - جوڑ 16 مکر - حیلہ - فریب 17 ہنسی - مذاق - چہل 18 کھیل - کود 19 ناچ - راگ - گانا 20 کیفیت - حال - حالت 21 خوشی - مسرت - خوشحالی 22 تماشا - سیر 23 سما - موسم 24 گنجفے کی آٹھوں بازیوں کا نام 25 چوسر کی آٹھوں نردوں کا نام 26 اس رنگ کی نردیں جو پہلے کھیلا جائے 27 تاش کی چاروں بازیوں کا نام 28 ترپ - ٹرمپ (س - رنج - رنگا جانا) **رنگا** (امر) رنگانا کا 1 (ماضی) رنگنا کی 2 (صفت) رنگا ہوا - رنگین منقوش 3 (ھ) مخمور شراب سے 4 (ھ) جوش میں آیا ہوا - **رنگ آبدار ہونا** (لازم) رنگ چمکیلا ہونا - **رنگ آشنا** (صفت) صورت دیکھ کر حال معلوم کرنے والا (ہونا کے ساتھ) - **رنگ آمیز** (صفت) 1 رنگ ملانے والا - نقاش - مصور 2 رنگدار منقش 3 وہ جو کئی مضامین سے واقف ہو 4 بے وفا - **رنگ آمیزی** (مونث) 1 نقاشی - مصوری 2 عبارت آرائی 3 مبالغہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **رنگ آنا** (لازم) 1 رنگ چڑھنا 2 رونق آنا - پھیکا پن جاتا رہنا **رنگ آور** (صفت) 1 رنگدار 2 دغاباز - فریبی 3 بے شرم - **رنگ اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) 1 رنگ جاتا رہنا - سفید ہو جانا 2 روغن جاتا رہنا 3 چہرہ فق ہو جانا - **رنگ اٹھانا** (متعدی) رنگ قبول کرنا - **رنگ اٹھنا** (لازم) چوسر کی گوٹ کا سارے خانے طے کر جانا - **رنگا جانا** (لازم) رنگ چڑھنا - **رنگا جنگا** (ھ - صفت) 1 جوش دلانے والا 2 خوش کرنے والا 3 خوش - مسرور - **رنگ اچھالنا** (متعدی) **اچھلنا** (لازم) 1 رنگ پڑنا ہولیوں میں 2 عجیب عجیب باتیں ہونا - تماشا ہونا - **رنگ اداس ہونا** (لازم) رنگ پھیکا ہونا - رنگ ٹھیک نہ چڑھنا - **رنگارا** (ہ - مذکر) رنگریز - رنگساز - **رنگارنگ** (صفت) قسم قسم کا - رنگ برنگ طرح طرح کا - **رنگارنگ ہونا** (لازم) رنگین ہونا - **رنگ اڑا دینا - اڑانا** (متعدی) 1 رنگ زائل کرانا 2 اپنی قابلیت وغیرہ سے دوسرے کا رنگ پھیکا کرنا - **رنگ اڑ جانا یا اڑنا** (لازم) 1 رنگ جاتا رہنا یا پھیکا پڑنا 2 رنگ فق ہو جانا - **رنگا سیار** (مذکر) جو شخص بظاہر نیک کردار ہو اور باطن میں بدکردار ہو - **رنگ افشانی** (مونث) رنگ چھڑکنا (کرنا ہونا کے ساتھ) - **رنگ اکھڑنا** (لازم) 1 بے رونقی ہونا 2 اثر جاتا رہنا 3 حال خراب ہونا 4 محفل میں رنگ پھیکا پڑ جانا - **رنگا کے آنا** (لازم) عو - کوئی خصوصیت رکھنا (عف) **رنگانا** (ھ) 1 رنگوانا 2 رنگنا 3 چھپوانا - **رنگاوٹ** (ھ) 1 رنگ کرنا 2 رنگ 3 رنگسازی کا پیشہ - **رنگا ہوا** (صفت) 1 رنگ کیا ہوا 2 عارف کامل - **رنگا ہوا سیار** (مذکر) وہ شخص جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو - **رنگائی** (مونث) رنگنے کی اجرت - **رنگ اور ہونا** (لازم) 1 دوسرا انداز ہونا 2 بہتر ہو جانا - **رنگ باختہ** (صفت) رنگ اڑا ہوا - زرد - **رنگ بالا** (صفت) چمکدار - چمکیلا (گلاب) - **رنگ باندھنا** (متعدی) سماں باندھنا - **رنگ بدل جانا - بدلنا** (لازم) 1 متغیر ہونا کسی چیز کے رنگ کا - ایک رنگ سے دوسرا رنگ ہو جانا 2 وضع بدل جانا - طرز اور ہو جانا 3 انقلاب ہونا - **رنگ بدلنا** (متعدی) ایک رنگ سے دوسرا رنگ تبدیل کر دینا 2 طرز یا وضع تبدیل کرنا - حالت اور ہونا - **رنگ برنگ** (مذکر) مختلف رنگ - مختلف اقسام - **رنگ برنگ کا** (صفت) مختلف رنگوں کا - طرح طرح کا - **رنگ بگاڑنا** (متعدی) **بگڑنا** (لازم) 1 رنگ خراب ہونا 2 بے رونقی ہونا 3 حالت متغیر ہونا - حال پتلا ہونا - **رنگ بنانا** (متعدی) حالت بنانا - صورت بنانا - وضع بنانا - **رنگ بندھنا** (لازم) 1 سماں بندھنا 2 رونق

بگڑنا ۔ زیبا ہونا ۔ رنگ بھرا (مذکر) وہ شخص جو رنگ کا زیور بناتا ہے ۔ رنگ بھرنا (متعدی) ۱ نقاشی کرنا ۔ موقع موقع پر رنگ آمیزی کرنا ۲ کسی ظرف میں رنگ ڈالنا ۔ رنگ بھریا (مذکر) رنگ بھرا مصور ۔ نقاش ۔ رنگ بھنگ (مذکر) ۱ ہنسی ۔ مذاق ۔ چہل ۲ مستی ۔ شہوت ۔ رنگ بھنگ کر دینا یا کرنا (متعدی) ہو جانا یا ہونا (لازم) لطف بگڑنا ۔ رنگ بےرنگ ہونا ۔ (لازم) حالت خراب ہو جانا ۔ رنگ پاشی (مونث) رنگ چھڑکنا ۔ ہولیوں کی ایک رسم (کرنا ہونا کے ساتھ) رنگ پتلا ہونا (لازم) حال بے حال ہونا ۔ رنگ پختہ ہونا (لازم) رنگ ایسا پکا ہونا کہ دھونے سے نہ چھوٹے ۔ رنگ پر آنا (لازم) ۱ رونق پر آنا ۔ بہار پر آنا ۲ زور دوں پر ہونا ۔ تیز ہونا ۔ رنگ پرواز کرنا (متعدی) رنگ اڑ جانا ۔ رنگ پر ہونا (لازم) رونق یا بہار پر ہونا ۔ رنگ پریدہ (صفت) رنگ اڑا ہوا زرد ۔ پیلا ۔ رنگا پکا ہونا (لازم) رنگ پختہ ہونا ۔ رنگ پکڑنا (متعدی) ۱ رنگ چڑھنا ۲ بارونق ہونا ۔ رونق پکڑنا ۔ رنگ پھر جانا یا پھرنا (لازم) پھیرنا (متعدی) رنگ کرنا یا لگانا ۔ وارنش کرنا ۔ رنگ پھوٹنا (لازم) رنگ کا دوسری طرف نکل جانا ۔ رنگ پھیکا پڑنا یا ہونا (لازم) ۱ رنگ مدھم ہونا ۲ رونق کم ہونا ۳ بے لطف ہونا ۔ رنگ پیدا کرنا (متعدی) نئی طرز یا وضع اختیار کرنا ۔ کوئی ڈھنگ اختیار کرنا ۔ رنگ پیلا پڑ جانا یا پڑنا (لازم) رنگ اڑ جانا یا زرد ہو جانا ۔ رنگت (مونث) ۱ رنگ ۔ لون ۔ فام ۔ برن ۲ چہرے کا رنگ ۳ کپڑے کے اوپر کا رنگ ۴ شکل ۔ صورت ۔ روپ ۵ حالت ۔ کیفیت ۶ (ھ) تجویز ۔ تدبیر ۷ کپڑا رنگنے کے لئے ۸ رنگ کا اثر ۔ رنگت آنا (لازم) رنگ چڑھنا ۔ رنگت اتارنا (متعدی) شکل صورت کی نقل کرنا ۔ رنگت اڑ جانا (لازم) رنگ اڑ جانا ۔ رنگت بدلنا (متعدی) رنگ بدلنا ۔ رنگت بیٹھنا (لازم) رنگ کا سرایت یا اثر کرنا ۔ رنگت پھوٹ نکلنا (لازم) رنگ پھوٹ نکلنا ۔ رنگت چہرے کی متغیر ہونا (لازم) ڈر سے رنگ سفید یا زرد ہو جانا ۔ رنگت چھوٹنا (لازم) رنگ اڑنا ۔ رنگترا (مذکر) نارنگی ۔ سنگترا ۔ یہ نام اس کا محمد شاہ رنگیلے نے رکھا تھا ۔ رنگت سفید ہونا (لازم) ۱ رنگ سفید ہونا ۲ پریشانی یا اضطراب سے چہرے کا رنگ سفید ہونا ۔ رنگت شوخ ہونا (لازم) رنگ شوخ ہونا ۔ رنگت غیر ہونا (لازم) چہرے کا رنگ بدل جانا غم یا ندامت سے ۔ رنگت کھلنا (لازم) چہرے پر سرخی یا رونق آنا ۔ رنگت لانا (متعدی) رنگ ظاہر کرنا ۔ رنگت نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) چہرہ سرخ ہونا ۔ چہرے کا رنگ نمایاں ہونا ۔ رنگ ٹپکنا (لازم) ۱ کوئی خاص حالت ظاہر ہونا ۲ چمکدار ہونا ۔ رونق دار ہونا ۔ رنگ ٹھہرنا (لازم) رنگ نہ اڑنا ۔ رنگ پکا ہونا ۔ رنگ جل جانا (لازم) غم غصے یا خون کی خرابی سے چہرہ سیاہ ہو جانا ۔ رنگ جمانا (متعدی) جمنا (لازم) ۱ اثر پڑنا ۔ بنیاد پڑنا ۲ رسائی ہونا ۔ رسوخ ہونا ۔ اعتبار جمنا ۳ رونق ہونا ۔ اچھا معلوم ہونا ۔ رنگ جوانی چمکنا (لازم) جوانی کا زوروں پر ہونا ۔ رنگ چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) ۱ رنگا جانا ۔ رنگدار ہونا ۲ وارنش یا روغن ہونا ۳ چکنا یا بارونق ہونا ۴ خوش یا شادمان ہونا ۵ کسی کی طرح ہو جانا ۶ نشے میں ہونا ۷ ۔ ہاں بندھنا ۸ کسم کو بھگو کر کپڑے میں باندھ کر لٹکا کر رنگ نکالا جانا ۹ خداشناسی کا مزا پڑنا ۔ رنگ چمکانا (متعدی) ۱ اجلا کرنا ۔ صیقل کرنا ۲ رنگ کی آب و تاب بڑھانا ۔ رنگ چمکنا (لازم) ۱ عزت بڑھنا ۔ قدر ہونا ۲ رنگ نکھرنا ۔ رنگ چوکھا آنا (لازم) گہرا رنگ ہونا ۔ رنگ چونا (لازم) رنگ ٹپکنا ۔ رنگ چھا جانا (لازم) رنگ کا کسی مقام پر محیط ہو جانا ۔ رنگ چہچہا ہونا (لازم) رنگ شوخ ہونا ۔ رنگ چھڑکنا (لازم) رنگ کے چھینٹے دینا ۔ رنگ دار (صفت) رنگین ۔ شوخ ۔ چمکدار ۔ خوشنما ۔ بھڑکیلا ۔ رنگ دکھانا یا دکھلانا (متعدی) ۱ لطف دکھانا ۲ کیفیت دکھانا ۳ اثر دکھانا ۴ طرز دکھانا ۔ مختلف حالتوں کا اظہار کرنا ۔ رنگ دگرگوں کرنا (متعدی) ہونا (لازم) رنگ بدلنا ۔ خراب حالت ہونا ۔ رنگ دگرگوں معلوم ہونا (لازم) حال خراب نظر آنا ۔ رنگ دمکنا (لازم) رنگ چمکنا یا نکھرنا ۔ سرخی کا گالوں میں چمکنا ۔ رنگ دیکھنا (لازم) ۱ کیفیت دیکھنا ۔ حالت دیکھنا ۲ اثر دیکھنا ۳ لطف دیکھنا ۔ سیر دیکھنا ۴ نتیجے پر نظر ڈالنا ۵ رخ دیکھنا ۔ ہوا دیکھنا ۶ غیر جانب دار رہنا ۔ رنگ دیا ۔ مالا مال کر دیا ۔ رنگ دینا (متعدی) ۱ رنگنا ۲ کسی چیز کا رنگ نکالنا ۳ رنگینی ظاہر کرنا ۴ لطف یا مزہ دینا ۵ جلا دینا ۶ مالا مال کر دینا ۷ مبالغہ کرنا ۔ رنگ ڈالنا (متعدی) رنگ چھڑکنا ۔ رنگ ڈھنگ (مذکر) ۱ طور طریقہ ۔ چال چلن ۔ برتاؤ ۲ عادت ۳ حالت ۔ کیفیت ۴ انداز ۔ وضع ۔ (دیکھنا ۔ ملنا ۔ ہونا کے ساتھ) رنگ رتنا (ھ) عاشق ہونا ۔ محبت سے بھر جانا ۔ رنگ رچانا (متعدی) ۱ رنگین بنانا ۲ بیاہ شادی رچانا ۳ کسی خوشی کی تقریب کے لئے سامان مہیا کرنا ۔ رنگ رچنا (لازم) رنگ کا سرایت کر جانا ۔ رنگت بیٹھنا ۔ رنگ کا اثر کر جانا ۔ رنگ رس (ھ) ۱ خوشی ۔ مسرت ۲ لطف ۔ مزا ۳ چہل ۔ مذاق ۴ خوش الحانی ۔ رنگ رسیا (صفت) ۱ رنگیلا ۔ شوقین مزاج ۲ عیاش ۔ زانی ۳ وہ جو مزے اڑائے ۔ رنگ رلیاں (مونث) ۱ چہل ۔ ہنسی ۔ ٹھٹھا ۔ مذاق ۲ لطف ۔ مزہ ۳ عیش و نشاط (دیکھنا ۔ مچانا ۔ منانا کے ساتھ) رنگ رنگ کا (صفت) ۱ قسم قسم کا ۔ طرح طرح کا ۲ مختلف طرز ۔ رنگ یا وضع کا ۔ رنگ رنگنا (متعدی) کوئی رنگ چڑھانا ۔ کسی رنگ میں کپڑا رنگین کرنا ۔ رنگ رنگیلا (صفت) ۱ رنگین ۲ نابکار ۔ رنگ روپ یا روغن (مذکر) ۱ حسن ۔ خوبصورتی ۲ چمک دمک ۳ چہرا مہرا ۔ رنگ روپ پاتا (لازم) خوبصورت ہونا ۔ رنگ روپ نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) رنگ روغن نکلنا (لازم) خوبصورت ہو جانا ۔ بہار پر آنا ۔ رنگ رو اڑنا (پرواز ہونا) (لازم) ڈر سے گھبرانا ۔ رنگ اڑ جانا ۔ رنگ رو زرد ہونا (لازم) چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا ۔ رنگ رو متغیر ہونا (لازم) ۱ متفکر ہونا ۔ متحیر ہونا ۔ حیران ہونا ۲ رنگ زرد ہونا ۔ رنگریز (مذکر) رنگنے والا شخص ۔ نیلاری ۔ رنگریزی (مونث) رنگنے کا پیشہ ۔ رنگ زرد پڑ جانا یا پڑنا یا ہو جانا یا ہونا (لازم) پیلا پڑ جانا شرم خوف یا بیماری سے ۔ رنگساز (مذکر) رنگ یا وارنش کرنے والا ۔ رنگسازی (مونث) رنگساز کا پیشہ ۔ رنگ سرخ و سفید ہونا (لازم) چہرے کا رنگ سفید سرخی ملا ہوا ہونا ۔ رنگ سرخ ہونا (لازم) گلابی رنگ ہونا ۔ رنگ سر ہونا (ھ ۔ لازم) اپنی پوری طاقت جوانی یا جوبن پر ہونا ۔ رنگ سفید پڑنا (لازم) ڈر وغیرہ

سے چہرے کی رنگت جاتی رہنا۔ **رنگ سفید کرنا** (متعدی) رنگ کاٹ دینا۔ **رنگ سفید ہونا** (لازم) گورے آدمی کے چہرے کی سرخی جاتی رہنا۔ **رنگ شکستہ** (صفت) اڑا ہوا رنگ۔ ہوائیاں اڑا ہوا۔ **رنگ شوخ ہونا** (لازم) رنگ گہرا اور چمکدار ہونا۔ **رنگ صاف ہونا** (لازم) رنگ ہر جگہ ایک جیسا ہوتا ہے۔ رنگ میں کوئی داغ یا دھبہ نہ ہونا۔ **رنگ عام ہونا** (لازم) ۱ سارا رنگ ہر جگہ پایا جانا۔ رنگ آسانی سے مل جانا۔ **رنگ فق سے ہونا** (مت) **فق ہونا** (لازم) رنگ اڑ جانا۔ ہوائیاں اڑنا۔ **رنگ کاٹنا** (متعدی) کف رو غیرہ سے رنگ اڑانا۔ **رنگ کٹنا** (لازم) ۱ رنگ اڑنا یا زائل ہونا ۲ رنگ اڑنا شرم یا خجالت سے ۳ چوسر کی گوٹ کا مارا جانا۔ **رنگ کچا ہونا** (لازم) رنگ کا پکا نہ ہونا یا ناپائیدار ہونا۔ **رنگ کرنا** (متعدی) ۱ رنگنا ۲ خوشی منانا۔ رنگ رلیاں منانا۔ **رنگ کندن ہو جانا** (لازم) رنگ سونے کی طرح ہو جانا۔ **رنگ کھلنا** (لازم) ۱ رنگ کا جوانی یا طاقت کی دوائی کی وجہ سے نکھرنا ۲ چہرے یا کسی چیز پر رنگ کا زیب دینا۔ **رنگ کھیلنا** (متعدی) رنگ ڈالنا ایک دوسرے پر ہولی میں گلال اڑانا۔ **رنگ لانا** (متعدی) ۱ رنگ پکڑنا۔ اچھا دکھائی دینا ۲ جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا ۳ شورش برپا کرنا۔ فساد کرنا فتنہ برپا کرنا ۴ مکر پھیلانا۔ فریب کرنا ۵ خبث باطن ظاہر کرنا ۶ اثر دکھانا۔ تماشا دکھانا ۷ بدی کرنا۔ برائی کرنا ۸ کوئی اعلےٰ کام کرنا ۹ تغیر حالات کرنا ۱۰ کوئی طریقہ نکالنا ۱۱ چہرے کا رنگ سرخ ہو جانا ۱۲ سزا دینا۔ مزا چکھانا۔ **رنگ لگانا** (متعدی) ۱ رنگ بھرنا ۲ جھگڑا پیدا کرنا۔ لڑانا۔ **رنگ لینا** (متعدی) ۱ رنگنا ۲ اپنی طرح بنا لینا۔ **رنگ مارنا** (لازم) ۱ رنگ ۲ کی نرد مارنا ۳ جیتنا۔ بازی لیجانا۔ **رنگ ماند پڑنا یا ہونا** (لازم) رنگ پھیکا ہونا۔ **رنگ مبدل ہونا** (لازم) دیکھو رنگ پیلا پڑنا۔ **رنگ مٹانا** (متعدی) **مٹنا** (لازم) ۱ رعب یا حسن جاتا رہنا ۲ اثر یا وقعت جاتی رہنا۔ **رنگ متغیر ہونا** (لازم) متحیر ہونا۔ حیران ہونا۔ گھبرانا۔ **رنگ مٹی ہونا** (لازم) بے رونقی ہونا۔ آب و تاب نہ رہنا۔ **رنگ محل** (مذکر) وہ مکان جہاں بادشاہ اور امیر عیش مناتے ہیں۔ عیش منزل۔ **رنگ ملنا** (لازم) ۱ رنگت ایک جیسی ہونا ۲ طرز یا وضع ملنا۔ **رنگ میں** (تف) صورت میں۔ حالت میں۔ **رنگ میں بھنگ**۔ خوشی میں رنج ۔ مزے میں بے لطفی (پڑنا۔ ڈلنا ہونا کے ساتھ) **رنگ میں ڈوبنا** (لازم) ۱ کسی طرز پر ہونا ۲ شرابور ہونا ۳ عیش و نشاط میں مشغول ہونا۔ **رنگ میں رنگنا** (متعدی) اپنی طرز پر لے آنا۔ اپنی طرح بنا لینا۔ **رنگنا** (متعدی) ۱ رنگ کرنا۔ رنگین بنانا ۲ بنانا۔ مبالغہ کرنا۔ **رنگ نکالنا** (متعدی) ۱ خوشنما ہو جانا۔ خوبصورت ہو جانا ۲ طرز نکالنا ۳ کسی چیز سے رنگ حاصل کرنا ۴ صورت اختیار کرنا۔ **رنگ نکلنا** (لازم) ۱ نکھرنا۔ خوبصورت ہونا ۲ کسی چیز میں رنگ جھلکنا۔ **رنگ نکھرنا** (لازم) ۱ رنگ کا صاف ہونا ۲ چہرہ سرخ و سفید ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ **رنگ نہ جمنے دینا** (متعدی) رسائی یا رسوخ نہ ہونے دینا۔ **رنگنے والا** (صفت) رنگساز۔ رنگریز۔ **رنگوانا** (مم) رنگنا کا۔ **رنگوائی** (مونث) رنگنے کی مزدوری۔ رنگائی۔ **رنگ و بو** (مونث) رونق۔ شان و شوکت۔ **رنگ و روغن** (مذکر) ۱ چمک دمک۔ خوبصورتی۔ حسن ۲ رنگینی یا رنگت کسی چیز کی۔ **رنگوتیا** (ہ) رنگریز۔ رنگساز۔ **رنگ ہونا** (لازم) ۱ رنگ چڑھنا کسی چیز پر ۲ طرز ہونا۔ وضع ہونا۔ انداز ہونا ۳ اثر ہونا۔ ویسی ہی حالت ہونا۔ **رنگ ہے**۔ تعریف کے لئے بولتے ہیں۔ واہ واہ کیا کہنا۔ **رنگی** (مونث) ۱ چھینٹ سچے رنگ کی چھینٹ ۲ ایک قسم کا کپڑا جو خیرآباد میں بنتا ہے ۳ رنگریز۔ رنگساز۔ **رنگیلا** (صفت) ۱ بانکا چھیلا ۲ رنگدار ۳ خوش مزاج۔ خوش طبع ۴ عیاش ۵ رنڈیوں کی اصطلاح معشوق ۶ پان کا بیڑا۔ گلوری۔ **رنگین** (صفت) ۱ رنگدار ۲ رنگیلا ۳ زندہ دل۔ خوش طبع ۴ دل پسند۔ خوش کن ۵ گوناگوں۔ رنگ برنگ ۶ سرخ ۷ آراستہ۔ **رنگین ادا** (صفت) طرحدار حسین۔ **رنگین زبان یا سخن** (صفت) خوش بیان۔ خوش ادا۔ شوخ زبان۔ **رنگین سخنی** (مونث) خوش بیانی۔ **رنگین کمان** (مونث) قوس و قزح۔ **رنگین مزاج** (صفت) ۱ خوش طبع۔ زندہ دل۔ ہنس مکھ ۲ عیاش۔ **رنگینی** (مونث) ۱ رنگین ہونا ۲ کلام میں شوخی ہونا۔ **رنگینیٔ سخن** (مونث) کلام کی خوبصورتی۔ خوش بیانی۔ **رنگینیت** (مونث) رنگینی (غلط العام)۔

امثال و اقوال۔ رنگ

روپ دیکھ کر نہ بھولئے۔ ظاہری صورت پر نہ جائیے۔ **رنگ (توا) کو اسا مہتاب نام** برعکس نہند نام زنگی کافور۔ **رنگ کی خوشی من کا سودا**۔ دل کو جو پسند آئے وہی رنگ اچھا ہوتا ہے۔ **رنگریز بریش خود درماندہ**۔ جو خود ہی لاچار ہو دوسرے کی کیا مدد کرے گا۔ **رنگریز ہوتے تو اپنی داڑھی رنگتے**۔ اگر کسی بات کے قابل ہوتے تو ترقی کرتے۔ **رنگ لائی گلہری**۔ انہوں نے بھی پر پرزے نکالے۔ **رنگم بہ بیں حالم مپرس**۔ حالت چہرے کی رنگت سے ہی ظاہر ہے۔ پوچھنے کی ضرورت نہیں۔ **رنگ ہے اسی کو جو کہے نہ کسی کو** وہ مزے میں رہتا ہے جو کسی کی بات میں دخل نہ دے۔

رَنگ (س۔ مذکر) ۱ لون۔ برن۔ فام ۲ روغن۔ وارنش ۳ اکھاڑا۔ تھیٹر یا کوئی جگہ جہاں لوگ تماشے کے لئے جمع ہوں ۴ کسی حرف علت کو نون غنہ سے تبدیل کرنا ۵ کسی مجلس کے آدمی یا ناچ گھر ۶ میدان جنگ ۷ ایک نرد ۸ سہاگا ۹ خوشی۔ رنگ رلیاں ۱۰ محبت۔ عشق۔ **رنگ چر** (مذکر) ایکٹر۔ **رنگ دیوتا** (مونث) ایک دیوی جو کھیل تماشوں کی منتظم ہے۔ **رنگی** (صفت) ۱ رنگنے والا ۲ جوشیلا ۳ باوفا ۴ عاری ۵ سٹیج پر ایکٹ کرنے والا ۶ (مذکر) ایکٹر ۷ مصور۔ نقاش ۸ رنگیلا شخص۔

رِنگ (انگ۔ مذکر) ۱ چھلا۔ انگوٹھی ۲ اکھاڑہ۔ میدان ۳ عمر بیانا۔

رِنگرِنگانا (ہ۔ لازم) بچے کا سہہ وقت رونا یا ٹھسکنا۔ ٹھنکنا۔

رَنگرُٹ (ہ۔ مذکر) دیکھو رنگروٹ۔

رِنگَن (ہ۔ مذکر) سبز پتے کا موتی۔

رَنگیت (ہ۔ مذکر)۔ ایک قسم کا گدھ جس کا بدن سفید اور گردن زرد ہوتی ہے۔

رُنی (ہ۔ مونث) امرود۔

رَو (ہ۔ مونث) ۱ دھارا۔ پانی کا بہاؤ ۲ قطار۔ سلسلہ۔ تار۔ تانتا ۳ انبوہ۔ بھیڑ ۴ دھن۔ خیال ۵ جوش۔ ولولہ۔

امثال و اقوال۔ رو میں

آئے تو آنے دے۔ جو رو میں آیا سو حلال۔ رو میں سب روا ہے۔ جو چیز

خود بخود اور مفت مل جائے لے لینی چاہئے۔

رَو (ف - امر) ۱ رفتن کا ۲ (صفت) ۱ چلنے والا۔ مرکبات میں جیسے راہرو۔ تیز رو۔ روا (صفت) ۱ جاری کرنے والا۔ پورا کرنے والا۔ مرکبات میں جیسے حاجت روا۔ فرماں روا ۲ جائز۔ مباح ۳ ٹھیک۔ درست (جاننا۔ رکھنا۔ سمجھنا۔ کرنا ہونا کے ساتھ) روادار (صفت) جائز رکھنے والا۔ مباح رکھنے والا۔ رواداری (مونث) رعایت سے جائز رکھنا۔ جواز۔ روا رو ہورہی ہے۔ بہت جلدی ہو رہی ہے۔ روا روی (مونث) ۱ جانا۔ چلنا۔ سفر کرنا ۲ تیز جانا ۳ جلدی۔ تیزی۔ سرعت ۴ سرسری۔ رواں (صفت) ۱ جاری۔ چلنے والا۔ بہنے والا (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ تیز۔ بُرّاں ۳ دوڑنے والا ۴ مشق پر چڑھا ۵ بغیر ہجے یا معنی کئے پڑھنا ۶ موجودہ۔ فی الحال۔ حال کا ۷ (مذکر) متن۔ کتاب کی اصل ۸ وہ عبارت جو پڑھی جائے ۹ (تف) جلدی سے۔ تیزی سے۔ روانی سے۔ بغیر اٹکے۔ زفزد رفتن۔ جانا) ۱۰ روح۔ جان (پہلوی روبان) رواں پڑھنا (متعدی) بغیر ہجے یا معنی کے پڑھنا۔ رواں دواں (تف) ۱ دوڑ کر (آنا کے ساتھ) ۲ (صفت) آوارہ خراب۔ خستہ۔ رواں دواں پھرنا (لازم) آوارہ پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔ رواں رہنا (لازم) نکلتا رہنا۔ جاری رہنا۔ رواں کرنا (متعدی) ۱ جاری کرنا ۲ صاف کرنا۔ مشق کرنا ۳ چلانا۔ پھیرنا ۴ تیز کرنا۔ باڑھ کرنا ۵ بہانا ۶ مہیا کرنا۔ بہم پہنچانا ۷ رواں کرنا۔ بھیجنا ۸ چالاک وچست بنانا۔ روانگی (مونث) ۱ جانا۔ چلنا ۲ سفر کو روانہ ہونا ۳ بھیجنا۔ ارسال۔ چالان۔ روانگی چٹھی (مونث) پروانۂ روانگی۔ پاسپورٹ۔ روانہ (صفت) ۱ جانے والا۔ چلنے والا۔ رواں ۲ گیا ہوا ۳ بھیجا ہوا ۴ (مذکر) پروانہ روانگی۔ پاسپورٹ۔ پروانہ راہداری۔ روانہ کردینا یا کرنا (متعدی) بھیجنا۔ رخصت کرنا۔ رواں ہونا (لازم) جاری ہونا۔ روانہ ہو چکنا (لازم) ۱ چلا جانا ۲ مرجانا۔ انتقال۔ روانہ ہونا (لازم) ۱ جانا۔ چلا جانا ۲ مرجانا ۳ رواں ہونا۔ بہنا ۴ حرکت میں ہونا۔ بڑھنا ۵ سفر پر چلنا ۶ بھیجا جانا۔ روانی (مونث) بہاؤ۔ سیلان ۲ تیزی۔ پھرتی۔ چستی ۳ بہاؤ کی تیزی (رہنا ہونا کے ساتھ) روانی دکھانا (متعدی) تیزی ظاہر کرنا۔ خوبی دکھانا۔ روانی سے چلنا (لازم) ۱ تیزی سے کاٹنا ۲ پھرتی سے چلنا۔ روانیِ آب (مونث) پانی کا چلنا یا بہاؤ۔ روائی (مونث) جاری کرنا۔ پورا کرنا۔ مرکبات میں جیسے حاجت روائی۔ فرماں روائی۔

مثل۔ روبندے خریدار خدا۔ بوڑھے آدمی کہتے ہیں۔ اکیلے کا خدا ساتھی۔

رَوْ (س - مذکر) ۱ غل۔ غوغا ۲ آواز ۳ شور ۴ انسان کی آواز ۵ بھنبھناہٹ ۶ شہرت۔ آوازہ۔

رو (ہ - امر) رونا کا۔ روبیٹھنا (لازم) ۱ ناامید ہونا ۲ ضائع کردینا۔ کھو دینا ۳ صبر کرنا۔ ہاتھ دھونا۔ رو پڑنا (لازم) رونے لگنا۔ روبیٹ کر بیٹھ رہنا (لازم) صبر کرلینا۔ روتا پھر۔ سب جگہ شکوے شکایات کیا کر۔ روتا پھرتا ہے۔ شکایت کرتا پھرتا ہے۔ افسوس کرتا پھرتا ہے۔ روتے پھرنا (لازم) ۱ کہتے پھرنا ۲ افسوس یا شکایت کرنا۔ فریاد کرنا۔ روتی پیشانی یا صورت (مونث) وہ شخص جو ہر وقت رونی صورت بنائے رکھتا ہو۔ (بنانا بننا۔ ہونا کے ساتھ) روتے پیٹتے (تف) آہ وفغاں کرتے۔ روتے روتے (تف) رونے کی وجہ سے۔ روتے روتے آنکھیں لال کرنا (متعدی) ہونا (لازم) رونے کی وجہ سے آنکھیں سرخ ہوجانا۔ روتی ہوئی صورت (صفت) دائمی مغموم۔ روتے ہی جنم گزرا۔ تمام عمر روتے گزری۔ رو دیا۔ عاجز ہوگیا۔ رو دینا (لازم) ۱ بے اختیار رونا۔ رونا شروع کرنا ۲ اپنی دفعہ بگڑنا۔ ناراض ہونا۔ غصے ہونا ۳ عاجز ہونا۔ ہمت ہارنا ۴ دب جانا۔ ہار ماننا ۵ مذاق وغیرہ برداشت نہ کرنا۔ رو ڈالنا (لازم) زار زار رونا۔ اشکباری کرنا (مت) رو رو (کر) کے (تف) نہایت دقت سے۔ بشکل۔ رو رو کے کاٹنا (متعدی) مصیبت کے ساتھ گزارنا۔ بمشکل بسر اوقات کرنا۔ رو رو کے گھر بھر دینا (متعدی) شور مچانا۔ خوب زور سے یا پھوٹ پھوٹ کر رونا۔ رو کے اٹھنا (لازم) رنج وغم سے رو دینا پھر اٹھ کر چلا جانا۔ رو کے دل خالی کرنا (متعدی) رو کر دل کی بھڑاس نکالنا۔ رو گیا۔ مکر گیا۔ اپنے قول سے پھر گیا۔ رونا (لازم) ۱ آنسو بہانا۔ گریہ کرنا۔ اشکبار ہونا ۲ شکایت کرنا۔ گلہ کرنا۔ جھینکنا ۳ غم کرنا۔ سوگ کرنا ۴ رنج کرنا۔ افسوس کرنا۔ کڑھنا ۵ واویلا کرنا۔ فریاد وفغاں کرنا ۶ دکھ بیان کرنا ۷ پچھتانا ۸ تکلیف اٹھانا ۹ رونے کی شکل بنانا ۱۰ افواہ پھیلنا۔ ذکر ہونا ۱۱ (صفت) رونے والا ۱۲ (مذکر) گریہ وزاری۔ اشکباری ۱۳ نوحہ۔ ماتم۔ کہرام ۱۴ رنج۔ افسوس غم ۱۵ شکوہ۔ شکایت ۱۶ صدمہ۔ تکلیف ۱۷ فریاد۔ واویلا۔ رونا آنا (لازم) ۱ دل بھر آنا ۲ افسوس ہونا۔ رونا بند کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) گریہ موقوف ہونا۔ ماتم ختم ہونا۔ رونا پڑنا (لازم) ماتم ہونا۔ کہرام مچنا۔ رونا پیٹنا (لازم) ۱ ماتم کرنا ۲ گریہ زاری کرنا ۳ (مذکر) ماتم۔ نوحہ وشیون گریہ زاری۔ رونا تو اسی بات کا ہے۔ رونا تو یہی ہے۔ سوچ یا فکر یا اندیشہ یا افسوس تو اسی بات کا ہے۔ رونا تو عمر بھر (کا) ہے۔ ساری عمر رونا ہے۔ ساری عمر کی مصیبت ہے۔ رونا چلا آنا (لازم) رونا آنا۔ رونا دھونا (لازم) بہت رونا۔ رونا رلانا (متعدی) خود بھی رونا دوسروں کو بھی رلانا۔ رونا رونا (متعدی) ۱ مصیبت کا ذکر کرنا۔ دکھڑا بیان کرنا ۲ شکوہ کرنا۔ شکایت کرنا۔ رونا ہے۔ افسوس ہے۔ رونے پر آنا (لازم) رونے کے لئے تیار ہونا۔ رونے سے آنکھیں لال ہونا (لازم) گریہ کی وجہ سے آنکھیں سرخ ہوجانا۔ رونی صورت (مونث) ایسی شکل جس سے رونے کی حالت ظاہر ہوتی ہو۔ غمگین صورت (بنانا ہونا کے ساتھ) رونے کا تار باندھنا (متعدی)، بندھنا (لازم) برابر روئے جانا۔ رونے کا تار ٹوٹنا (لازم) گریہ موقوف کرنا۔ رونے کی جگہ (مونث) وہ موقعہ جہاں رونا چاہیے۔ افسوس کا مقام۔ روئے دینا (لازم) رو کر اظہار غم یا خوشی کرنا۔ رویا کر۔ خیال کر کر کے پچھتایا کر۔

امثال واقوال۔ روتا جائے موئے کی خبر لائے۔ دیکھو روتے گئے الخ
چتریں منہ بائے۔ کسی نقصان ہوجانے کی حالت میں بولتے ہیں۔ روتے رزق ہے۔ رزق محنت اور مشقت سے ملتا ہے۔ روتے کیوں ہو کہا شکل (صورت) ہی ایسی ہے۔ اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو ہر وقت رونی صورت

بنائے رہے۔ روتے گئے موئے کی خبر لائے۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو بے دلی سے کام کرے۔ روؤ سے بنیا گڑ دے گا۔ عورتیں بچوں کو کہتی ہیں کوئی چیز حاصل کرنے کے لئے کوئی بہانا چاہئے۔ روز رو کے دان مانگتے ہو۔ منت کر کے کام کرانا چاہتے ہو۔ رو کے پوچھے ہنس کے اڑا دے۔ غدار دوست کے متعلق کہتے ہیں جو دوست کا راز معلوم کرنے کے لئے تو منت خوشامد کرے۔ مگر معلوم ہونے پر پروا نہ کرے۔ رونے سے روزی نہیں بڑھتی خالی بیٹھے رہنے اور گلے شکوے کرنے سے رزق میں ترقی نہیں ہوتی۔ جو قسمت میں ہے ملے گا۔ رونیکو تھی ہی اتنے میں آگئے بھیا۔ رونے ہی کو تھے اتنے میں آگیا بھائی۔ رونے کے لئے بہانہ مل گیا۔ روے چور پرائے دھن کو کسی کی سخاوت دیکھ کر ناراض ہونا۔ روئے بغیر ماں بھی دودھ نہیں دیتی۔ بغیر مشقت کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ روئے سے دان نہیں ملتا۔ بغیر محنت کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ رویا سو منہ دھویا۔ بہت گندا ہے۔ اگر روئے تو منہ دھویا جاتا ہے۔

رو (ف۔ صفت) روئیدن سے اگنے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے خود رو۔

رُو (ف۔ مذکر) ۱ منہ۔ چہرہ ۲ شکل صورت ۳ سطح۔ تختہ۔ بساط ۴ آگا۔ سامنے کا حصہ۔ ابرو ۵ سبب۔ وجہ ۶ باعث ۷ میلان۔ توجہ ۸ بہانہ۔ حیلہ ۹ رخسار۔ ان معنوں میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے خوبرو۔ ماہ رو۔ **روبراہ** (صفت) ۱ اصلاح کیا ہوا۔ درست ۲ تیار سفر کے لئے۔ چلنے کو تیار ۳ کام کے قابل۔ تیار (ہونا کے ساتھ) **روبرو** (تف) سامنے۔ مقابل۔ آگے (آنا کرنا لانا ہونا کے ساتھ) **روبصحت** (صفت) اچھا ہونے کی طرف مائل۔ **روبہ فرار لانا۔ ہو جانا۔ ہونا** (لازم) بھاگ جانا۔ فرار ہو جانا۔ **روبقفا** (صفت) سر جھکائے ہوئے۔ **روبکار** (مذکر) ۱ تحریری حکم۔ پروانہ۔ ۲ وہ خط جو برابر والے افسر کو بھیجا جائے (بھیجنا لکھنا لگنا کے ساتھ) ۳ (صفت) کام کے لئے تیار ۴ پیش ہونیوالا آنے والا۔ **روبکاری** (مونث) مقدمے کی پیشی یا سماعت (ہونا کے ساتھ) **رو بہ ہوا** (صفت) ہوا کی طرف یا سمت۔ **روپاک** (مذکر) رومال **روپر** (تف) منہ پر۔ سامنے۔ **روپوش** (صفت) ۱ منہ چھپائے ہوئے ۲ مخفی۔ پوشیدہ ۳ (مذکر) وہ ملزم جو کسی مقدمے کی تفتیش پر غیر حاضر ہو جائے یا بھاگ جائے (کرنا ہونا کے ساتھ) **روپوشی** (مونث) ۱ منہ چھپانا ۲ غائب رہنا۔ بھاگ جانا (کرنا ہونا کے ساتھ) **روداد** (مونث) ۱ سرگذشت۔ احوال کیفیت۔ قصہ ۲ عدالت کی کارروائی ۳ حالت ۴ واقعہ۔ ماجرا ۵ حادثہ۔ **رودار** (صفت) ۱ وجیہہ شکیل ۲ (مذکر) صاحب رتبہ آدمی۔ **روداری** (مونث) ۱ لحاظ۔ پاس ۲ درجہ۔ رتبہ ۳ خوشامد ۴ اطمینان۔ دلجمعی۔ **رودررو** (تف) سامنے۔ منہ پر علانیہ۔ **رودینا** (متعدی۔ مست) ۱ توجہ کرنا ۲ پیش ہونا ۳ واقعہ ہونا۔ **رورعایت** (مونث) پاس۔ لحاظ۔ طرفداری (کرنا ہونا کے ساتھ) **روسفید** (صفت) ۱ گورے چہرے کا۔ خوبصورت ۲ باعزت عزت دار ۳ پاکدامن۔ بے عیب ۴ دیانت دار ۵ جیدہ (ہونا کے ساتھ) **روسفیدی** (مونث) ۱ گوراپن چہرے کا۔ خوبصورتی ۲ شریف چلن ۳ اچھی شہرت ۴ عزت۔ **روسے** (تف) سبب سے وجہ سے۔ **روسیاہ یا سیہ** (صفت) ۱ کالے منہ کا ۲ گنہگار ۳ بدچلن۔ بدکار ۴ ذلیل۔ کمبخت۔ بدقسمت ۵ بے عزت ۶ مجرم ۷ آسمان۔ آفتاب۔ رقیب وغیرہ کے لئے مستعمل ہوتا ہے۔ **روسیاہ کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) کالا منہ ہونا۔ **روسیاہی** (مونث) ۱ بدنامی۔ ذلت۔ رسوائی ۲ بدچلنی ۳ منہ کا کالا ہونا۔ **روشناس** (صفت) واقف۔ جان پہچان۔ **روشناسی** (مونث) واقف کاری۔ صاحب سلامت۔ **روکار** (مونث) سامنے کا حصہ۔ آگا۔ **روکش** (صفت) مقابل۔ حریف ۲ وہ جس کا ظاہر اور رہو اور باطن اور ۳ (مذکر) کوئی چیز جو اندر باہر یکساں نہ ہو ۴ آئینے کا غلاف۔ **روکشی** (مونث) اندر کچھ باہر کچھ ہونے کی حالت۔ **روگرداں** (صفت) ۱ منہ پھیرنے والا۔ فرار ہو جانے والا ۲ ناراض۔ ناخوش غصے ۳ منحرف ۴ وہ جس کا رو اور پشت یکساں ہو (کپڑا) ۵ بے دماغ ۶ الٹا۔ اندر کا حصہ باہر کیا ہوا (کپڑا) **روگرداں کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ الٹنا۔ پلٹنا ۲ نیچے کا حصہ اوپر ہونا۔ اندر کا حصہ باہر ہونا ۳ فرار ہونا۔ چھٹ جانا۔ **روگردانی** (مونث) ۱ منہ پھیرنا ۲ انحراف۔ بغاوت۔ نافرمانی (کرنا ہونا کے ساتھ) **رومال** (مذکر) کپڑے کا مربع ٹکڑا جو منہ ناک وغیرہ صاف کرنے کے لئے پاس رکھتے ہیں ۲ وہ اونی یا ریشمی کپڑا جو تکونا اوڑھا جاتا ہے۔ مفلر ۳ وہ کپڑا جو تلوار کے قبضے میں باندھتے ہیں۔ **رومال اوڑھنا** (مونث) اونی رومال کندھے پر ڈالنا۔ **رومال (پر رومال) بھگونا یا تر کرنا** (متعدی)، **تر ہونا** (لازم) بہت رونا۔ **رومال جھلنا** (متعدی) مکھیاں اڑانے کے لئے رومال ہلانا۔ **رومال رکھنا** (متعدی) ایام حیض میں گدی کا استعمال کرنا۔ **رومال سے رومال بدل جانا** (لازم) عورتیں اوڑھنی یا رومال بدل کر بہنیں بن جاتی ہیں۔ کنایہ گہری دوستی ہو جانے سے ہے۔ **رومال ہونا** (لازم) خلعت میں رومال ملنا۔ **رومالی** (مونث) ۱ لڑکیوں کے اوڑھنے کا رومال ۲ گلوبند۔ مفلر ۳ وہ رومال جو عورتیں سر سے باندھ لیتی ہیں ۴ وہ تین گوشوں کا کپڑا جو پہلوان ورزش یا کشتی کے وقت باندھتے ہیں ۵ ایک قسم کی ورزش مگدر ہلانے کی ۶ ایک قسم کا کبوتر۔ **رومالی سویاں** (مونث) بہت باریک سویاں۔ **رونما** (صفت) ۱ وہ جو منہ دکھلائے ۲ وہ جو ظاہر ہو۔ **رونما ہونا** (لازم) منہ دکھانا۔ ظاہر ہونا۔ **رونمائی** (مونث) ۱ منہ دکھانا ۲ وہ نقدی جو خاوند یا اس کے رشتہ دار دلہن کو منہ دکھلانے کی دیتے ہیں۔ منہ دکھائی (رکھوانا۔ رکھنا دینا لینا کے ساتھ) **رونمائی میں دینا** (متعدی) منہ دکھائی کا روپیہ یا کوئی چیز دینا۔ **روئے** (مذکر) دیکھو رو۔ **روئے آفتاب** (مذکر) آفتاب کا چہرہ۔ آفتاب (چھپ جانا۔ مخفی ہونا کے ساتھ) **روئے بند** (مذکر) نقاب۔ **روئے تاباں** (مذکر) چمکتا ہوا چہرہ۔ **روئیداد** (مونث) دیکھو روداد۔ **روئے زرد** (مذکر) ۱ پیلا چہرہ ۲ (صفت) شرمندہ۔ **روئے زمین** (مذکر) زمین کی سطح۔ **روئے زیبا** (مذکر) خوبصورت چہرہ۔ **روئے سخن** (مذکر) اشارہ۔ خطاب۔ **روئے سفید** (مذکر) دیکھو روسفید۔ **روئے سیاہ** (مذکر) کالا منہ (دکھانا۔ دیکھنا کے ساتھ) **روئے کتابی** (مذکر) کسی قدر لمبا چہرہ۔ **روئے کمان**

(مذکر) کمان کا لکڑی کا حصہ۔ وہ حصہ جو چلانے کے وقت بدن سے دور ہوتا ہے۔ **روئے گلگوں** (مذکر) سرخ چہرہ (دکھانا دیکھنا کے ساتھ) روئے نکو (مذکر) نیک چہرہ۔ رویداد (مذکر) روداد۔ **روئے رنگ متغیر ہونا** (لازم) دیکھو رنگ رو اُڑ۔

امثال۔ رومال آدھا خدمتگار ہے۔ بہت کام دیتا ہے۔ **روئے مفلسی سیاہ** مفلسی کا منہ کالا۔ **رویش ببیں وحالش مپرس** منہ دیکھ اور حال نہ پوچھ۔ صورت سے ہی حال ظاہر ہے۔

رَوا (ف۔ صفت) ۱ پورا کرنیوالا۔ مرکبات میں جیسے حاجت روا ۲ نافذ یا جاری کرنے والا۔ مرکبات میں فرماں روا ۳ جائز۔ مباح ۴ رائج۔ جاری ۵ معقول۔ مناسب۔ واجب ۶ قابل توجہ یا منظوری ۷ درست (جاننا۔ رکھنا۔ سمجھنا۔ ہونا کے ساتھ) **روادار** (صفت) کسی فعل کا جائز رکھنے والا۔ **روادار ہونا** (لازم) ۱ درست سمجھنا ٹھیک سمجھنا ۲ جائز سمجھنا ۳ اجازت دینا اپنے آپ کو کچھ کرنے کی یا دوسرے کو۔ **رواداری** (مونث) کسی بات کو جائز رکھنا رعایت سے۔ رعایت۔ **رواکرنا** (متعدی) ۱ چلانا ۲ بہانا ۳ بہم پہنچانا۔ مہیا کرنا۔ **روا ہے**۔ جائز مباح ہے۔ **روائی** (مونث) ۱ پورا کرنا ۲ نافذ کرنا مرکبات میں جیسے حاجت روائی۔ فرماں روائی۔

روا (ہ۔ مذکر) ۱ سوجی ۲ ریت کا ذرہ ۳ چاندی سونے کا ذرہ ۴ گھی یا مصری کا دانہ ۵ بارود کا دانہ ۶ دانہ جو پازیب میں آواز کے واسطے ڈالتے ہیں ۷ کنکر جو طعام میں سے نکلے ۸ چھوٹا سا ٹکڑا ذرہ۔ **روے دار** (صفت) دانہ دار۔ خستہ۔

رَوَا (ع۔ فر) سوچا جواب کو۔

روابط (ع۔ مذکر) جمع رابطہ کی۔

رواتب (ع۔ مذکر) جمع راتب ضروریات زندگی وغیرہ۔

رواٹا (ہ۔ مذکر) روٹی کودوں یا ساواں کی بنی ہوئی۔

رواج (ف۔ مذکر) رسم۔ دستور۔ معمول (پانا۔ پڑنا۔ پکڑنا۔ دینا کے ساتھ) **رواج شدآمد** (مذکر) قدیمی دستور۔ **رواجی** (صفت) ۱ رسمی۔ معمولی ۲ رائج۔

رواحل (ع۔ مذکر) جمع راحلہ کی ۱ لدو اونٹ ۲ قافلے۔

رَوَار (ہ۔ مذکر) چادر یا کپڑا جو بستر پر ڈالا جائے۔

روارا ٹ (ہ۔ مونث) رونا ہونا۔ نوحہ وشیون چیخ وپکار۔

روازن (ف۔ مذکر) جمع روزن کی کھڑکیاں۔

رُواس (ہ۔ مونث) رونے پر آمادگی۔ **رواسا** (صفت) ۱ رونے پر آمادہ ۲ ناراض رنجیدہ۔ **رواسا ہوجانا** (لازم) ۱ رو پڑنا ۲ ناراض ہوجانا۔

رَوَاسن (ہ۔ مونث) ایک قسم کی پھلی۔ روانس۔

روافض (ع۔ مذکر) جمع رافض۔

رُواق (ع۔ مذکر) ۱ خیمہ یا شامیانہ جو ایک ستون پر کھڑا ہو ۲ پردہ جو خیمہ یا مکان کے آگے سائبان کی طرح لگا ہو ۳ ایوان۔ جلو خانہ۔ ڈیوڑھی جو مکان کے آگے بنی ہو ۴ محل۔ قصر جو ستونوں پر کھڑا ہو۔ **رواق بے ستون یا نیلی** (مذکر) آسمان۔ چرخ۔ **رواق منظر چشم** (مذکر) آنکھ کی پتلی۔

مقولہ۔ رواق ومنظر چشم من آشیانہ تست۔ کرم نما وفرود آکہ خانہ خانۂ تست۔ میری آنکھ کی ہتابی اور جھروکہ تیرا گھر ہے کرم کر چلا اور چلا آ کہ میرا گھر تیرا ہی گھر ہے۔ کسی دوست کو اپنے یہاں بلاتے وقت یہ شعر لکھتے ہیں۔

رَوَال (ہ۔ صفت) ۱ روے دار۔ دانے دار ۲ (مذکر) دیکھو روا۔ دانہ وغیرہ

رُوآں (ہ۔ مذکر) ۱ چھوٹے چھوٹے بال جو انسان کے بدن پر ہوتے ہیں ۲ پرندوں کے بچوں کے بال جو پیدا ہونے پر ہوتے ہیں ۳ ترکاری پھل یا پھولوں پر کے چھوٹے بال ۴ چھوٹے چھوٹے ریشے جو پشمینے پر ہوتے ہیں ۵ کائی۔ **روآں بدلنا** (متعدی) پرندے کا بال جھاڑ کر پر نکالنا۔ **رواں روآں** (مذکر) ہر ایک رونگٹا۔ **روآں روآں دعا دیتا ہے** (عو) کوئی نیکی کرے تو کہتی ہیں۔ **روآں روآں کا پنا** (لازم) جسم کا ڈر سے سخت کانپنا۔ **روآں کھڑا ہونا**۔ (لازم) رونگٹا کھڑا ہونا۔ **رواں میلا ہونا** (لازم) رنج وملال پہنچنا۔ صدمہ ہونا۔

مثل۔ روآں نہ دھواں بیوی مارے جولواں۔ سارا دن کوئی کام نہیں۔ نہ کھانا نہ پکانا۔

رُوانسا (ہ۔ صفت) بال دار۔ روئیں دار۔

رَوائح (ع۔ مونث)۔ ائحہ کی جمع خوشبوئیں۔

رُوائی (ہ۔ مونث) رونا۔ گریہ۔

رَوَایا۔ روایات (ف۔ مذکر و مونث) روایت کی جمع۔

رِوایَت (ع۔ مونث) ۱ دوسرے کے الفاظ بیان کرنا۔ دوسرے کی بات کی نقل ۲ سرگذشت۔ حدیث ۳ بیان۔ ذکر ۴ قصہ۔ کہانی۔ تاریخ ۵ تحریری فتوے کسی عالم کا (کرنا ہونا کے ساتھ) (رَدی۔ پڑھنا) **روایت صحیح** (مونث) حدیث صحیح۔ **روایت مشہور** (مونث) مشہور حدیث۔

روب (ف۔ امر وصفت) جھاڑو دینے والا۔ رُفتن سے۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے فاکروب۔

روباہ (ف۔ مونث) ۱ لومڑی ۲ بزدل شخص۔ **روباہ بازی** (مونث) مکاری فریب۔ دغابازی (کرنا ہونا کے ساتھ) **روباہ جاننا** (متعدی) وقعت نہ سمجھنا۔ **روباہی** (مونث) روباہ بازی۔

رُوبَل (روس۔ مذکر) ایک سکہ

رُوبہ (ع۔ مذکر) ۱ عقل۔ سمجھ ۲ منی ۳ ایک شاعر۔

روبہ (ف۔ مونث) دیکھو روبا۔

رُوپ (س۔ مذکر) ۱ ظاہری صورت شکل بھیس ۲ طرز۔ ڈھنگ۔ وضع ۳ حسن۔ خوبصورتی ۴ رونق۔ آب وتاب ۵ جلوہ۔ تجلی ۶ تصویر۔ عکس ۷ سوانگ۔ نقل ۸ چہرہ نقش ونگار ۹ رنگ ۱۰ خوبصورت شکل یا چہرہ ۱۱ اصلی حالت ۱۲ قدرتی طبیعت۔ پن ۱۳ ڈرامہ۔ ناٹک کا وہ شخص جو مرغوب اور پسندیدہ ہو ۱۵ چاندی۔ روپا کا مخفف ۱۶ (ہ) شعروں میں۔ ایک کو تشبیہ دیتے ہیں دوسرے

عددایک۔ عدد صحیح ؒ (الجبرا) رقم معلومہ ؔ مرکبات
میں بمعنی شکل کا۔ مانند۔ ملتاجلتا وغیرہ ؔ روپیہ کا
مخفف ؔ ایک قوم ؔ ایک جگہ ؔ حیوان۔ مویشی۔
روپا (مونث) ؔ چاندی ؔ چھچھوندر ؔ ایک دریا کا
نام۔ **روپ پتی** (مذکر) زشتری۔ **روپ پور**
(مذکر) ایک شہر۔ **روپ جیونا** (مونث) ؔ طوائف۔
رنڈی۔ **روپ چندر** (مذکر) ایک مصنف۔
روپ دھر (مذکر) ایک راجہ۔ **روپ دیو**
(مذکر) دو مصنفوں کا نام۔ **روپ ساگر** (مذکر)
خوبصورتی کا سمندر۔ خوبصورت آدمی۔ **روپ
سین** (مذکر) ایک راجہ ؔ ایک ودیادھر۔ **روپ
شکھ** (مونث) راکھشش اگنی شکھ کی ایک بیٹی۔
روپکار (مذکر) بت تراش۔ مصور۔ **روپ
گوسوامی** (مذکر) ایک مصنف کا نام۔ **روپ
لتا** (مونث) ایک راجکماری۔ **روپ مالی**
(مونث) ایک بحر یا وزن۔ **روپ متی** (مونث)
ایک راجکماری۔ **روپ نارائن** (مذکر)
دو مصنفوں کا نام۔ **روپ نین** (مذکر) ایک
شارح۔ **روپ واسک یا واہک** (مذکر)
ایک قوم۔ **روپ وتی** (مونث) ؔ خوبصورت
عورت ؔ کئی عورتوں کا نام ؔ ایک دریا۔ **روپ
وجرا** (مونث) ایک بدھ دیوی۔ **روپی** (صفت)
ؔ شکل کا۔ صورت کا ؔ جسم والا ؔ خوبصورت حسین ؔ
خاصیت کا۔ طبیعت کا ؔ مرکب یا بنا ہوا کسی چیز کا
مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے پرکاش روپی۔

رُوپ (ہ۔ مذکر) دیکھو ؔ حرف
ملتا مثلاً۔ روپا (مذکر) ؔ چاندی ؔ چھچھوندر۔
روپ بدلنا (لازم) بھیس بدلنا۔ صورت بدلنا۔
روپ بگاڑنا (متعدی) **بگڑنا** (لازم) بدصورت
ہونا۔ بے رونق ہونا۔ **روپ بنانا یا بھرنا**
(متعدی) ؔ صورت یا وضع کا بدلنا۔ دوسری شکل
میں ظاہر ہونا ؔ بھیس بدلنا۔ **روپ پانا** (متعدی)
صورت نظر آنا۔ مشاہدہ میں آنا صورت کا۔ **روپ
پرہونا** (لازم) رونق پر ہونا۔ **روپ جست**
(مذکر) مرکب دھات۔ کانسی۔ **روپ چھانا**
(لازم) آب وتاب پر ہونا۔ **روپ درشن**
(مذکر) روپیہ۔ **روپ دکھانا** (متعدی) صورت
دکھانا۔ **روپ دھارن** (ھ) بھیس بدلنا۔ دوسری
شکل بنانا۔ **روپ دھاری** (ھ) ؔ بھیس بدلنے
والا ؔ شکل بدلنے والا ؔ وہ شخص جس نے بھیس بدلا ہو۔
روپ دھرنا (متعدی) دیکھو روپ بنانا۔ **روپ
رس** (ھ) چاندی کا کشتہ۔ **روپ رکھنا** (لازم)
آب وتاب والا ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ **روپ
ریکھ یا ریکھا** (مونث) شکل صورت۔ نقش و
نگار۔ **روپ لانا** (متعدی) مختلف وضع میں ظاہر
ہونا۔ **روپ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) نکھرنا۔
چمکنا۔ آب وتاب ظاہر ہونا۔

امثال واقوال۔ روپ

(کی) روئے بھاگ (کی) کھائے
خوبصورت بعض وقت بدقسمت ہوتا ہے۔ اور قسمت
والا گو بدصورت ہو مزے اڑاتا ہے۔ **روپ نروپ
جائے نہیں بولی۔ ہلکا گرو جائے نہیں
تولی** (ھ) خدا کی تعریف ہے کہ خوبصورت ہے یا بد
صورت ہے کہا نہیں جاتا۔ ہلکا یا بھاری ہے تولا نہیں
جاتا۔ **روپ نہ سنگار کھترانی کی سادھ**
نہ خوبصورتی ہے نہ بناؤ سنگار ہے اور کھترانی کا بھیس
بناتی ہے۔ کھتری عورتیں عموماً خوبصورت اور امیر
ہوتی ہیں۔ جو باوجود بدشکل ہونے کے حسین بننے کی
کوشش کرے اس کے متعلق کہتے ہیں

روپنا (ھ متعدی) ؔ بونا۔ اگانا ؔ ایک جگہ سے کھاڑ
کو دوسری جگہ لگانا ؔ رکھنا ؔ کوئی کام اپنے ذمے لینا ؔ
روکنا ؔ بند کرنا ؔ بچانا۔ حفاظت کرنا ؔ (مونث) برات
ؔ دولہن کو لیجانا۔ منگنی۔

رُوپلی (ہ۔ مونث ھو) تحقیر روپیہ
رُوپوں (ہ۔ مذکر) جمع روپیہ
کی۔

رُوپہرا (ھ) **رُوپہلا** (ہ صفت)
چاندی کے رنگ کا۔

روپے (ہ۔ مذکر) جمع روپیہ کی۔ (س
رُوپ۔ چاندی) روپیا (مذکر) دیکھو روپیہ۔
روپے کو روپیہ نہ سمجھنا (لازم) روپے کی قدر
نہ جاننا یا کرنا۔ **روپے کے چار آنے** سخت
گھاٹا پڑنا۔ رقم چہارم حصہ رہ جانا۔ **روپے کی
تین اٹھنی بنانا یا مارنا** (متعدی) گلچھرے اڑانا
مزے کرنا۔ **روپے گاڑنا** (متعدی) روپے زمین
میں دفن کرنا۔ روپیہ جمع کرنا۔ **روپے گز** (صفت)
ایک روپے کا ایک گز۔ **روپے والا** (صفت) امیر
دولتمند۔ مالدار۔ **روپیوں کا منہ میٹھا چلنا** (لازم)
بیاہ شادی کے موقع پر دولہا دولہن پر سے روپے نچھاور
کرنا کہ لوگ لوٹیں۔ **روپیہ** (مذکر) ؔ ہندوستان کا
چاندی کا سکہ جو وزن میں ایک تولہ اور قیمت میں
سولہ آنے کا ہوتا ہے ؔ دولت (دینا لینا کے ساتھ)
روپیہ آنا (لازم) آمدنی ہونا۔ تنخواہ ہونا۔ **روپیہ
اتار دینا** (متعدی) روپیہ کسی کے ذمہ کر دینا۔ **روپیہ
اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) روپیہ یا دولت
خرچ ہونا۔ **روپیہ اڑانا** (متعدی) **اڑنا** (لازم)
دولت یا روپیہ ضائع ہونا۔ **روپیہ بھنانا** (متعدی)
بھننا (لازم) روپے کی ریزگاری ملنا۔ **روپیہ پڑنا**
(متعدی) روپیہ دیا جانا۔ **روپیہ پیسا** (مذکر) دولت
دھن۔ **روپیہ تڑانا یا تڑوانا** (متعدی) روپیہ کی
ریزگاری لینا۔ **روپیہ ٹھیکری (کنکری) کر دینا**
(متعدی) روپیہ ضائع کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔ **روپیہ
جوڑنا** (متعدی) دولت جمع کرنا۔ **روپیہ چھوڑنا**
(متعدی) روپیہ نہ لینا یا معاف کرنا۔ **روپیہ خردہ
کرنا** (متعدی) روپیہ تڑوانا۔ **روپیہ دبا لینا**
(متعدی) کسی کا روپیہ لے کر نہ دینا۔ **روپیہ ڈوبنا**
(لازم) روپے کا نقصان ہونا۔ گھاٹا پڑنا۔ **روپیہ کو
روپیہ نہ سمجھنا** (متعدی) روپے کی پرواہ نہ کرنا۔
روپیہ ضائع کرنا۔ **روپیہ مار لینا** (متعدی) روپیہ
لے کر نہ دینا۔ **روپیہ نکالنا** (متعدی) **نکلنا**
(لازم) بڑی مشکل سے دیا ہوا روپیہ وصول کرنا۔
روپیہ نیک لگنا (لازم) روپیہ اچھے کام پر خرچ
ہونا۔

امثال واقوال۔ روپے کا

کام روپے سے چلتا ہے۔ کاروبار روپے
سے ہوتا ہے۔ **روپے کا نشہ ہوتا ہے۔** دولت
غافل اور متکبر بنا دیتی ہے۔ **روپے کو روپیہ کماتا
ہے۔** روپیہ خرچ کرو تو اور کمائی ہوتی ہے۔
روپے کی کھیر ہے۔ روپیہ ہو تو زندگی لطف
سے گزرتی ہے۔ **روپے والے کی ہمیشہ پوچھ
ہے۔** امیر آدمی کی ہمیشہ قدر ہوتی ہے۔ **روپیہ
آئی جانی شے ہے۔** دولت ہمیشہ نہیں رہتی
**روپیہ پرکھیں بار بار۔ آدمی پرکھیں ایک
بار۔** روپیہ ہر بار پرکھا جاتا ہے۔ آدمی کا امتحان ایک
ہی دفعہ کافی ہے۔ **روپیہ (پیسا) ہاتھ کا میل
ہے۔** روپیہ قابل قدر چیز نہیں۔ **روپیہ تو سیخ
نہیں تو چیلا ہی۔** روپے سے آدمی کی عزت ہوتی

ہے۔ روپیہ لوٹا اور ہتھیلی پھوٹی پھر نہیں رہتی۔ وہ جلد خرچ ہو جاتا ہے اور وہ جلد کھائی جاتی ہے۔ **روپیہ دیکھا تو ہنس دیا لہو دیکھا تو رو دیا**۔ لالچی آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔ **روپیہ والے کو روپے کی آس۔ مو کو رام کی آس** (ھ) غریب آدمی اپنی تسلی کے لئے کہتا ہے۔

رُوت (ھ۔ مذکر) ۱ شور، چیخ ۲ بھنبھناہٹ ۳ گانا پرندے کا۔

رُوت (ہ۔ مونث) ۱ ایک عورت جس کا ذکر توریت میں آتا ہے ۲ توریت کی ایک کتاب کا نام۔

رَوتائی (ھ۔ مونث) سرداری، نمبرداری۔

روٹ (ہ۔ مذکر) **روٹا** (ھ) ۱ موٹی روٹی۔ بڑی روٹی ۲ وہ روٹی جو ہاتھی کے لئے پکاتے ہیں ۳ میٹھی روٹی جو کسی دیوتا کو بھینٹ دی جاتی ہے ۴ مٹھائی جو ہنومان جی کی بھینٹ ہوتی ہے۔ **روٹی** (مونث) ۱ کسی اناج کے آٹے کی گول بنی ہوئی گول چپاتی۔ نان ۲ غذا۔ رزق۔ کھانا ۳ مردے کے چہلم کا کھانا ۴ وہ پھپھوندی جو روٹی کی طرح منجمد ہو کر سرکے کی ٹکی میں جم جاتی ہے ۵ وہ دعوت جو کسی امر ناجائز کی پاداش میں بطور جرمانے کے ادنے قوموں میں برادری میں کھلانی پڑتی ہے ۶ ڈبل، انگریزی طریقے کی بنی ہوئی موٹی خمیری روٹی ۷ (خمیری) روٹی جو اس آٹے سے پکائی جائے جس میں خمیر ڈال کر اسے کھٹا کیا ہو ۸ دال، عموماً کھانا۔ غریبوں کا کھانا ۹ گزارا ۱۰ (ھ) تنخواہ۔ **روٹیا** مذکر، وہ نوکر جو صرف کھانے پر ملازم ہو اور تنخواہ نہ لے۔ **روٹی اُڑ جانا** (لازم) رزق ناپید ہو جانا۔ **روٹیاں توڑنا** (متعدی) دوسرے کی کمائی کھانا۔ مفت خوری کرنا۔ **روٹیاں لگنا** (لازم) ۱ تنور میں روٹیاں پکنا ۲ مفت کی روٹیاں کھا کر موٹا ہونا ۳ مغرور ہونا بھول جانا ۴ شامت آنا۔ ادبار آنا۔ **روٹی بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) کھانا پکنا۔ رسوئی تیار ہونا (صفت) **روٹی گھٹنو پر رکھ کر کھانا** (متعدی) بے تکلف ہونا۔ **روٹی پر روٹی رکھ کر کھانا** (متعدی) مزے یا فارغ البالی سے عمر بسر کرنا۔ **روٹی پر کا ٹینٹ** (مذکر) دیکھو تھالی کا بینگن۔ **روٹی پولو** (ھ) روٹی پکالو۔ **روٹی توڑنا** (متعدی) مفت کی روٹی کھانا۔ **روٹی چپڑنا** (متعدی) روٹی پر گھی لگانا۔ **روٹی دال** (مونث) ۱ معمولی غذا ۲ نان نفقہ۔ **روٹی دال سے خوش** (صفت) آسودہ۔ خوشحال۔ **روٹی دال میں خوش رہنا**۔ آسودہ حال رہنا۔ **روٹی دینا** (متعدی) ۱ کھانا کھلانا ۲ برادری کو کسی تقریب پر دعوت کھلانا ۳ پرورش کرنا۔ **روٹی ڈالنا** (متعدی) ۱ کتے وغیرہ کے آگے روٹی پھینکنا ۲ (عو) روٹی پکانا۔ **روٹی سے لگنا** (لازم) کہیں سے کسی کا رزق روز مرہ کا ہو جانا۔ **روٹی سینکنا** (متعدی) توے پر پکنے کے بعد روٹی کو بھوبلوں پر رکھ کر پھلا دینا۔ **روٹی کا مارا** (صفت) ۱ فاقہ زدہ۔ بھوکا ۲ غریب۔ کنگال۔ **روٹی کپڑا** (مذکر) نان نفقہ۔ گزارا۔ **روٹی کپڑا دینا** (متعدی) نان نفقہ دینا۔ خوراک اور پوشاک دینا۔ **روٹی کپڑا لکھ دینا** (متعدی) روٹی کپڑا دینے کی شرط تحریر کر دینا۔ **روٹی کپڑا لینا** (متعدی) عورت کا خاوند سے علیحدہ ہونے پر نان و نفقہ لینا۔ **روٹی کپڑے کی خبر لینا** (متعدی) دیکھو روٹی کپڑا دینا۔ **روٹی کپڑے کو ترسنا** (لازم) بہت غریب ہونا۔ **روٹی کرنا** (متعدی) روٹی سینکنا (مت)۔ **روٹی کما کھانا یا کمانا** (متعدی) رزق حاصل کرنا۔ محنت مزدوری کرنا۔ **روٹی کو رونا** (لازم) ۱ فاقے مرنا ۲ رزق کی تلاش میں پھرنا ۳ رزق نہ ملنے کا افسوس ہونا۔ **روٹی کی جگہ اپلا کھانا** (متعدی) فضول بات کرنا۔ **روٹی کی خاک جھاڑنا** (متعدی) ۱ خوشامد کرنا ۲ ذلت کرنا ۳ مزے سے زندگی بسر کرنا۔ **روٹی والا** (صفت) ۱ روٹی پکانے یا بیچنے والا ۲ دولتمند۔ **روٹیوں پر پڑنا** (لازم) دوسرے کی کمائی کھانا۔ دوسرے کی روٹیوں پر گزارا کرنا۔ **روٹیوں کا مارا** (صفت) دیکھو روٹی کا مارا۔

امثال و اقوال۔ **روٹیا جا کر گھسیا گھوڑا۔ کھائے بہت چلے تھوڑا**۔ وہ نوکر جو صرف کھانے پر ملازم رکھا جائے اور وہ گھوڑا جسے صرف گھاس ملے کھاتے بہت ہیں اور کام تھوڑا کرتے ہیں۔ **روٹی بن بھونڈے لگیں سگر کٹم کے لوگ۔ روٹی ہی کو جان لو گھٹیہ ملن کے جوگ** (ھ) روٹی کے نہ ہونے کی وجہ سے آپس میں ایک کنبے والوں میں لڑائی رہتی ہے۔ **روٹی پر کا کھی گر پڑا تو کہا، مجھے روکھی ہی بھاتی ہے**۔ نقصان ہو جائے تو پروا نہ کرنا۔ **روٹی پڑی جو پیٹ میں تو ہو گیا مست سر پر۔ سوجھن لاگے جیو کو لاکھ جتن تدبیر** (ھ) جب خوشحالی ہو تو بہت تدبیریں سوجھتی ہیں۔ غربت میں سب کچھ بھول جاتا ہے۔ **روٹی ٹکڑا ہو جائے گا گھوڑا ٹٹو ہو جائے گا۔ کپڑا لتا بن جائیگا** یوں ہی برباد ہو جائے گا۔ ایسے موقع پر بولا جاتا ہے جہاں مدت تک امیدواری کرنی پڑے۔ اور مطلب براری نہ ہو۔ **روٹی قسمت کی حقہ پاؤں دوڑی کا**۔ روٹی تو قسمت سے ملتی ہے۔ مگر حقہ اسے ملتا ہے جو دوڑ دھوپ کرے۔ **روٹی کا ٹکڑا ہو جائے گا گھوڑا ٹٹو ہو جائے گا**۔ آخر میں حالت خراب ہو جائے گی۔ مواجب مسکر بہت تھوڑا باقی رہ جائے گا۔ **روٹی کارن جال میں پھنسے پکھیرو آئے۔ روٹی کارن آدمی لاکھن پاپ کمائے** (ھ) روٹی کے لئے پرندہ جال میں پھنستا ہے اور انسان لاکھوں گناہ کرتا ہے۔ **روٹی کارن چھوڑ کر کٹم دیس گھر بار۔ لاکھ کوس جا کر بسیں روٹی ڈھونڈن ہار** (ھ) لوگ روٹی کی خاطر گھر بار چھوڑ کر لاکھوں کوس دور جا بستے ہیں۔ **روٹی کارن سیکھتے بدیا ہیں سب لوگ۔ جس گھر ماں روٹی نہیں اس گھر پورا سوگ** (ھ) روٹی کے لئے لوگ علم پڑھتے ہیں۔ اور جس گھر میں کھانے کو نہیں وہاں ہر وقت ماتم ہوتا ہے۔ **روٹی کارن لشکری رن میں سیس کٹائے۔ روٹی کارن رین دن گیت گویسر گائے** (ھ) سپاہی روٹی کی خاطر سر کٹاتا ہے اور گویا رات دن گاتا پھرتا ہے۔ **روٹی کر وستو کر وبھات برابر ناہیں ماسی کر وکبھی کر و مائے برابر ناہیں**۔ روٹی یا ستو چاولوں کی برابری نہیں کر سکتے۔ اسی طرح خالہ اور پھوپھی ماں کی طرح نہیں ہو سکتیں۔ **روٹی کو ٹوٹی۔ پانی کو بلا۔ خصم کو داد**۔ بہت بھولی یا بیوقوف۔ طنز، کہتے ہیں۔ **روٹی کو روتے ہیں کھڑے ہو کر۔ بروے کو روتے ہیں بیٹھ کر**۔ محتاجی کی مصیبت سب سے بڑھ کر ہے اور بیکاری اور بے روزگاری سب سے بڑھ کر ہے۔

روٹی کو روے چوٹ لے پیچھے سو وے نہایت غریب ہے۔ روٹی کو رووے کھپڑی کو ٹوہوے۔ بہت غریب ہے۔ روٹی کو شکر دنیا کو مکر۔ روٹی کھائے شکر سے دنیا کھائے مکر سے۔ اگر تم خوشحالی سے زندگی بسر کرنا چاہتے ہو تو لوگوں کو دھوکا فریب دیتے رہو یا خوشامد کرتے رہو۔ روٹی گئی منہ میں ذات گئی گوہ میں۔ نیچ ذات سے شادی کرنے یا عیسائی یا مسلمان ہو جانے کے موقع پر کہتے ہیں۔ روٹی نہ کپڑا سینت سینت کا بھترا۔ مفت میں قبضہ یا اختیار جتاتا ہے۔ روٹی وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو بہت جلد واپس آؤ۔ روٹی ہی کا بیاہ ہے روٹی ہی کا کاج۔ سانچ بڑوں نے ہے کہا سب سے بھلا اناج (ھ) روٹی سے بیاہ اور دیگر کام ہوتے ہیں۔ بڑوں نے سچ کہا ہے کہ اناج سب سے بہتر ہے۔ روٹی ہی کے کارنے در در مانگیں بھیک۔ روٹی ہی کے واسطے کریں کار سب ٹھیک (ھ) روٹی کی خاطر بھیک مانگتے پھرتے ہیں دور روٹی ہی کے لئے نوکری کرتے ہیں۔

رُوٹھ (ہ۔امر) روٹھنا کا۔ **روٹھا** (صفت) غصے۔ ناراض۔ خفا۔ **روٹھا راٹھی** (مونث) شکر رنجی۔ خفگی۔ رنجیدگی۔ ناراضگی۔ **روٹھ جانا۔ روٹھنا** (لازم) ۱ ناراض ہونا بگڑنا غصے ہونا۔ آزردہ ہونا ۲ کسی دوست سے کسی بات پر آزردہ ہونا۔ **روٹھے پیچھے** (تف) روٹھنے پر روٹھنے کے بعد۔

امثال واقوال۔ روٹھا

رہے گا تو ایک روٹی اکلی (زیادہ) کھائیگا روٹھے گا تو کسی کا کیا نقصان ہے۔ روٹھے بابا ڈاڑھی ہاتھ۔ بوڑھا آدمی ناراض ہو تو اپنی داڑھی پر ہاتھ پھیرتا ہے۔ روٹھے کو منائے پھٹے کو سلائے۔ صلح و آشتی خوب ہے۔ روٹھے کو منائے نہیں۔ پھٹے کو سلائے نہیں تو کام کیسے چلے۔ روٹھے کو منانا اور پھٹے کو سلانا چاہئے۔ ورنہ دنیا میں گزارا نہیں۔

رُوج (ہ۔مذکر) ۱ نیل گائے ۲ ایک قسم کا کیڑا جو پرندوں کو تنگ کرتا ہے۔ **روجی**

روجیاں (مونث) روج ۲

روج۔ روجڑا (ہ۔مذکر) رونا۔ چلانا ۲ چیخنا۔ آہ و بکا۔ نوحہ و شیون۔ ماتم۔

روجھ (ہ۔مذکر) نیل گائے۔

رُوجھ (ہ۔امر) روجھنا کا۔ **روجھا** (ماضی) روجھنا کی۔ تنگ کیا ہوا خصوصاً روج ۲ کا ۲ (مذکر) پرندہ جسے تنگ کیا ہو۔ **روجھنا** (متعدی) تنگ کرنا۔ ستانا۔ چھیڑنا۔

روچ (س۔صفت) ۱ چمکدار۔ درخشاں ۲ وہ جو روشن کرے ۳ (مذکر) ایک راجہ۔

رُوح (ع۔مونث) ۱ جان ۲ آتما ۳ ست۔ جوہر ۴ وحی۔ الہام ۵ قرآن شریف ۶ حضرت جبرئیل ۷ دل۔ جی ۸ اندرونی خواہش۔ نیت (روح داخل ہونا) **روح آسودہ** (صفت) مردہ جسکی روح آرام میں ہوتی ہے۔ **روح آنا** (لازم) جان پڑجانا۔ **روح اٹکنا** (لازم) دم اٹکنا۔ **روح اعظم** (مونث) خدا تعالے۔ **روح افزا** (صفت) تازگی بخشنے والا۔ فرحت بخشنے والا۔ **روح الامین** (مذکر) حضرت جبرائیل۔ **روح القدس** (مذکر) ۱ حضرت جبرائیل ۲ وہ روح جو حضرت مریم پر ظاہر ہوئی اور وہ حاملہ ہوئیں۔ **روح اللہ** (مذکر) ۱ حضرت عیسے کا لقب ۲ حضرت جبرائیل ۳ عیسائیوں کے نزدیک روح القدس۔ **روحانی** (صفت) ۱ روح کے متعلق ۲ وہ جو روح رکھے ۳ فرشتوں یا جنوں کے متعلق ۴ غیر جسمانی ۵ پاک۔ صاف۔ مقدس۔ **روح بافتوح** (مونث) مبارک روح۔ فتحمند روح۔ **روح بھاگنا** (لازم) متنفر ہونا۔ **روح بھٹکنا** (لازم) ۱ کسی کے دیکھنے کو بہت دل چاہنا ۲ روح کا جسم سے نکلنے کے بعد منزل مقصود پر نہ پہنچنا۔ **روح پرواز کرنا** (متعدی) جان نکلنا۔ **روح پرور** (صفت) دیکھو روح افزا۔ **روح پڑنا** (لازم) جسم میں جان پڑنا۔ **روح پھڑکانا** (متعدی) **پھڑکنا** (لازم) ۱ بہت تفریح ہونا ۲ روح کا بیتاب ہونا۔ **روح پگھل جانا** (لازم) قوت زائل ہوجانا۔ **روح پھونکنا** (متعدی) جان ڈالنا۔ **روح تازہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) خوش ہونا۔ **روح تحلیل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) قوت زائل ہونا۔ **روح تڑپنا** (لازم) دل بیقرار ہونا۔ **روح توتیا** (مونث) پارہ۔

روح تھرانا (لازم) خوف یا رعب سے جان نکلی جانا۔ **روح جسم (خاکی) سے نکل جانا** (لازم) ۱ مرجانا۔ جان نکل جانا ۲ ڈر جانا۔ گھبرا جانا۔ **روحِ حیات یا حیاتی** (مونث) زندگی کی روح وہ روح جس سے جاندار زندہ رہتا ہے۔ **روحِ خبیث** (مونث) شیطان۔ بھوت۔ پریت۔ **روح خوش ہونا** (لازم) ۱ دل کو فرحت ہونا ۲ میت کی روح کا زندوں کی نذر نیاز سے مسرور ہونا۔ **روح دار** (صفت) روح والا۔ ذی روح۔ **روح دوڑنا** (لازم) خواہشمند ہونا طلبگار ہونا۔ **روح ڈالنا** (متعدی) جان ڈالنا زندہ کرنا۔ **روح رخصت ہونا** (لازم) مرجانا۔ **روح رواں** (مذکر) زندہ روح۔ وہ چیز یا شخص جس پر کسی کام کا دارومدار ہو۔ اصل چیز۔ **روح رواں ہونا** (لازم) روح کا چلا جانا۔ مرجانا۔ **روح شاد ہونا** (لازم) بہت خوش ہونا۔ **روحِ طبیعی** (مونث) حیوانی روح۔ طبیعت کا جوش۔ **روح فرسا** (صفت) روح کو تباہ کرنے والا۔ خطرناک۔ **روح قالب میں بیچین ہونا** (لازم) دل کو سخت گھبراہٹ ہونا۔ روح گھبرانا۔ **روح قبض کرنا** (متعدی) حضرت عزرائیل کا جان نکال لینا۔ **روح قبض ہونا** (لازم) بیحد خوف ہونا۔ ڈر کے مارے جان نکلنا۔ **روحِ قدسی** (مونث) حضرت جبرائیل۔ **روح کا قالب خاکی سے نکل جانا** (لازم) **قفس عنصری سے پرواز کرنا** (متعدی) دم نکل جانا۔ مرجانا۔ **روح کانپنا** (لازم) سخت ڈرنا۔ **روح کسی کی پیاسی تھی** (عو) گھڑا ٹوٹ جائے تو کہتی ہیں۔ **روح کو راحت ہونا** (لازم) دل خوش ہونا۔ **روح کو شاد کرنا** (متعدی) ۱ کوئی ایسا کام کرنا جس سے مردے کو فائدہ ہو ۲ کسی کو بہت خوش کرنا۔ **روح کو گھر سے نکالنا** (متعدی) خیال ہے کہ جب تک خاص رسوم نہ ادا کی جائیں۔ روح گھر سے نہیں نکلتی **روح کھنچنا** (لازم) **کھینچنا** (متعدی) عطر کھینچنا۔ ست نکالنا۔ **روح گھبرانا** (لازم) سخت بیچینی یا پریشانی ہونا۔ **روح لگی رہنا یا ہونا** (لازم) ۱ انتظار ہونا ۲ مشتاق ہونا۔ **روح للچانا** (لازم) سخت خواہشمند ہونا۔ **روحِ**

مبارک (مونث) برکت والی روح۔ نیک
آدمی۔ روح معادن (مونث) معدنیات
کی روح۔ خیال ہے کہ ہر چیز میں روح ہوتی ہے۔
روح مکرم (مونث) حضرت جبرائیل۔ روح
ملنا (لازم) بہت دوستی ہونا۔ دلی محبت ہونا۔
روح نباتی (مونث) پودوں کی روح۔ روح
نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) ۱ مر جانا ۲ ست
نکلنا۔ عطر کھنچنا ۳ سخت ڈرنا ۴ مردے کا چالیسواں
ہونا۔ روح ہوا ہونا (لازم) سخت ڈرنا۔
روح ہونا (لازم) کسی چیز میں جان ہونا۔ روحی
(مونث) میری روح۔ روحی فداک۔ میری
روح تجھ پر قربان ہو۔

مثل۔ روح را صحبت
ناجنس عذابیست الیم۔ ایسے لوگوں کی
صحبت جن کے طور طریق خیالات اور عادات
مختلف ہوں روح کے لئے ایک تکلیف دہ
عذاب ہے۔

رُود۔ رود (ف۔ مذکر) ۱ ندی
نالا۔ دریا ۲ (ف) رود کا مخفف۔ ساز کا تار ۳ دریا جیسے
جیحوں ۴ گانا ۵ خوشی۔ مسرت ۶ بیٹا یا بیٹی ۷ سانولی
عورت ۸ خوبصورت نوجوان ۹ پرندہ جس کے پر
نچ گئے ہوں ۱۰ بھیڑ جس کی پشم کتری گئی ہو۔ رود
آور (مذکر) ۱ دریا کا رستہ ۲ ایک دریا۔ رود
آورد (ایران) ۱ ایک دریا ۲ (مذکر) لمبیاں چیزیں
جو دریا میں آئیں۔ رود آہو (ایران) ایک دریا۔
رودبار (مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں بہت سے ندی نالے
بہتے ہوں ۲ بڑا دریا۔ دریا جو کسی وادی میں سے گزرے
۳ وہ رستہ جو کوئی ندی نالہ بنالے ۴ چھوٹی آبنائے
۵ دریا کا کنارہ دریائے جیحوں۔ رودخانہ (مذکر)
۱ دریا کا رستہ ۲ دریا۔ رودخیز (مذکر) اٹھتی ہوئی
لہر۔ رودخیزاں (مذکر) نالہ۔ ندی۔ رودزن چنگ
(مذکر) چنگ بجانے والا۔ رودزن فلک
(مذکر) زہرہ۔ ناہید۔ رودساز (مذکر) گویا۔
رودک (مذکر) چھوٹا دریا۔ رودکشف (مذکر)
ایک نہر۔ رودگان (مذکر جمع) معدہ کی منتوبا۔
رودلاخ (مذکر) وہ سرزمین جہاں بہت سے
دریا ہوں۔ رودہ (مذکر) آنت انتڑی۔

رَوُر (س۔ صفت) ۱ تند۔
تیز۔ خونخوار ۲ خوفناک۔ ہیبتناک۔ دہشتناک
۳ رُدر کے متعلق یا اس کا۔ رُدر کی طرف سے ۴ بد
قسمتی ظاہر کرنے والا۔ منحوس ۵ (مذکر) گرمی۔ دھوپ
۶ جوش ۷ غصہ ۸ موسم ۹ ایک قوم کا نام۔

رَوَدَن (ہ۔ مذکر) ۱ رونا چیخنا چلانا۔
جزع فزع۔ نوحہ شیون ۲ آنسو۔ آنسوؤں کا تار۔

رَودہ (ف۔ مذکر) ۱ آنت۔ انتڑی
۲ تانت ساز کی ۳ کسی درخت یا بیل کی شاخ۔

رودھ (س۔ مذکر) ۱ روک۔
ممانعت ۲ بند ۳ کنارہ۔ ساحل۔

رودھنا (ہ۔ متعدی) روندنا۔
روڈ (انگ۔ مونث) سڑک۔

رَور۔ رور (ہ۔ مونث) ۱ شور
غل ۲ شہرت ۳ افواہ۔

رُور (ہ۔ صفت) ۱ دیکھو روڑھ
۲ دیکھو رودا۔

رُورا (ہ۔ صفت) ۱ خوبصورت ۲
نیک۔

رَوراٹ (ہ۔ مونث) ۱ ٹیس
جلن۔ تپک ۲ پچھتاوا۔ پشیمانی۔ تاسف۔

روری (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی
مٹی جس کا تلک لگاتے ہیں ۲ رولی۔

روڑ (ہ۔ مذکر) ہندوؤں کی ایک
قوم۔

روڑا (ہ۔ مذکر) ۱ اینٹ کا
چھوٹا ٹکڑا ۲ باشندہ ۳ مویشی کا ایک مرض جو برسات
میں ہوتا ہے ۴ اروڑا کا مخفف۔ روڑا اٹکانا
(متعدی) روک پیدا کرنا۔ سدراہ ہونا۔ رخنہ
ڈالنا۔ روڑی (مونث) پتھروں یا اینٹوں یا
کنکروں کے چھوٹے ٹکڑے جو سڑکوں وغیرہ میں کوٹے
جاتے ہیں (ڈالنا۔ کوٹنا۔ کٹنا کے ساتھ)۔

رُوڑھ (ہ۔ صفت) ۱ چڑھا ہوا
سوار ۲ اگا ہوا۔ نکلا ہوا۔ بڑھا ہوا ۳ کھلا ہوا ۴
پیدا شدہ۔ تولد شدہ ۵ پھیلا ہوا۔ مشہور ۶ بدنام
۷ یقینی ۸ خاص معنی کا لفظ جس کے معنی کا انحصار روح پر
نہ ہو ۹ مستعمل۔ جاری۔ عام ۱۰ مبہم۔ مغلق۔ روڑھی
(مونث) ۱ چڑھائی۔ چڑھنا ۲ نمو۔ ترقی۔ نشوونما ۳
اصل۔ پیدائش ۴ شہرت ۵ بدنامی ۶ استعمال ۷ مشہور
عام معنی کسی لفظ کے ۸ اسم جامد۔

رُوڑھ (ہ) روڑھا (ہ۔ صفت)
اکھڑ ورا۔ کرخت ۲ غصے۔ ناراض ۳ سخت۔ تندخو
بدتمیز۔ گستاخ ۴ (مذکر) وہ بچہ جس کے چہرہ پر بھولا
پن نہ پایا جائے۔ روڑھاپن (مذکر) اکھڑ پن
وغیرہ دیکھو آخری۔ روڑھی باتیں (مونث)
خشک باتیں۔

روز (ف۔ مذکر) ۱ دن۔ نہار
۲ وقت۔ زمانہ ۳ روزینہ ۴ (تف) روزانہ۔ فی
دن ۵ ہمیشہ۔ ہر روز۔ آئے دن۔ روز آخر ہونا
(لازم) دن ختم ہونا۔ روز استفتاح (مذکر)
۱ خوشی کا دن ۲ رجب کی ۱۵ تاریخ۔ روزافزائے
(مذکر) "دن کو بڑھانے والا" پارسیوں کے سال کا چھٹا
مہینہ۔ روزافزوں (صفت) جو (چیز) روز
بڑھے۔ روز الست (مذکر) وہ دن جب کہ
خدا اور انسان کے درمیان معاہدہ ہوا تھا۔ روزِ
امید و بیم (مذکر) قیامت۔ روز محشر۔ روزانہ
(تف) ۱ ہر روز۔ ہمیشہ ۲ (مذکر) روزینہ۔ روز
ایک تازہ بلا نازل ہونا (لازم) ہر روز
ایک نئی مصیبت پڑنا۔ روزِ بار (مذکر) ملنے کا
دن۔ روزِ بازار (مذکر) گرم بازاری۔ رونق۔
روز بٹنا (لازم) روزینہ یا مزدوری تقسیم ہونا۔
روزِ بد (مذکر) مصیبت کا دن۔ ادبار کا زمانہ۔
روز بد دکھانا (لازم) دیکھنا (متعدی) مصیبت
میں پڑنا۔ روز بروز (تف) ۱ ہر روز ۲ پے
در پے۔ مسلسل۔ روزِ پسیں (مذکر) ۱ عمر کا آخری
دن ۲ قیامت کا دن۔ روزِ جزا (مذکر) اعمال کے
بدلے کا دن۔ قیامت کا دن۔ روز جنگ (مذکر)
لڑائی کا دن۔ روز حساب حشر یا داد (مذکر)
قیامت کا دن۔ روز روز (تف) ہر روز۔
روز روشن (مذکر) صبح۔ دن۔ روز روشن
عیاں ہونا (لازم) دن چڑھنا۔ روز سیاہ
سیہ (مذکر) دیکھو روز بد (دکھانا۔ دیکھنا کے ساتھ)
روز سیاہ لانا (متعدی) مصیبت ڈالنا۔ روز
شمار (مذکر) قیامت کا دن۔ روزِ فراق (مذکر)
جدائی کا دن یا زمانہ (دکھانا۔ دیکھنا۔ ہونا کے ساتھ)
روزِ قیام یا قیامت (مذکر) قیامت کا دن۔
روز کا (صفت) ہر وقت کا۔ ہر دن کا۔ روز کا
قصہ (مذکر) ہر گھڑی کا جھگڑا۔ روز کلاں (مذکر)
بڑا دن۔ کرسمس ڈے۔ روز کے جھگڑے (مذکر)

۲ جھگڑے جو ہمیشہ ہوتے ہوں۔ **روز کے صدمے** (مذکر) لگاتار مصیبتیں۔ **روز کے نامہ وپیام** (مذکر) بہت میل ملاپ۔ **روزگار** (مذکر) ۱ زمانہ۔ وقت ۲ نوکری۔ پیشہ ۳ کمائی۔ گزارا ۴ موقع۔ محل ۵ قسمت **روزگار پیشہ** (صفت) نوکرپیشہ۔ **روزگار جاتا رہنا** (لازم) نوکری سے برطرف ہونا۔ **روزگار چمکنا** (لازم) قسمت کا یاور ہونا۔ **روزگار چھوٹنا** (لازم) نوکری کا جاتا رہنا۔ **روزگار سے ہونا** (لازم) ملازم ہونا۔ **روزگار کرنا** (متعدی) ۱ نوکری کرنا ۲ پیشہ یا تجارت کرنا ۳ کمائی کرنا۔ کمائی کے لئے محنت کرنا۔ محنت مزدوری کرنا۔ **روزگار لگنا** (لازم) نوکر ہونا۔ ملازم ہونا۔ **روزِ محشر** قیامت کا دن۔ **روزمرّہ** (مذکر) ۱ الفاظ یا محاورات جو اہل زبان بولیں ۲ (تف) ہر روز۔ بلاناغہ۔ **روزِ مہر** (مذکر) اتوار۔ **روزِ میدان** (مذکر) لڑائی کا دن۔ **روزنامچہ** (مذکر) ۱ وہ کتاب جس میں ہر روز کا حال لکھا جائے ۲ وہ بہی جس میں روزانہ حساب درج ہو ۳ وہ کتاب جس میں پٹواری اپنا ہر روز کا کام لکھتا ہے ۴ سیاہا ۵ پولیس کے تھانے کا رجسٹر نمبر ۱ جس میں پولیس کی روزانہ کارروائی لکھی جاتی ہے۔ **روزنامچہ نویس** (مذکر) ۱ وہ شخص جو روزنامچہ لکھے ۲ دفتروں میں ایک کلرک جو ہر روز کا کام درج کرتا ہے۔ **روزِ ناموس و نام۔ ننگ و نام۔ ننگ و نبرد** (مذکر) ۱ لڑائی کا دن ۲ خوشی اور لطف کا دن۔ **روزنامہ** (مذکر) ۱ دیکھو روزنامچہ ۲ روزانہ اخبار۔ **روزنامہ نویس** (مذکر) ۱ اخبارات میں مضمون لکھنے والا۔ رپورٹر ۲ سیاہا نویس۔ حساب کتاب رکھنے والا۔ منیم۔ **روزنامہ نویسی** (مونث) اخبار نویسی۔ اخباروں میں مضمون لکھنے کا پیشہ۔ **روزِ نجات** (مذکر) ۱ دشمن سے رہائی پانے کا دن ۲ قیامت کا دن۔ **روزِ نخست** (مذکر) مخلوقات کی پیدائش کا پہلا دن۔ **روز نئی آفتیں آنا پڑنا یا ہونا** (لازم) ہر روز نئی مصیبت آنا۔ **روز و شب** (تف) رات دن۔ ہمیشہ۔ ہر وقت۔ **روزہ** (مذکر) ۱ ایک مذہبی فرض جس میں وقت مقررہ میں یا تو بالکل کچھ نہیں کھاتے یا بہت کم اور خاص خاص چیزیں کھاتے ہیں ۲ مسلمانوں میں صبح صادق سے لے کر شام تک کھانے پینے اور جماع سے پرہیز کرتے ہیں ۳ فاقہ ۴ روزے کا دن ۵ روزوں کا مہینہ۔ رمضان۔ **روزہ اچھلنا** (لازم) روزے میں جھنجھلا کر باتیں کرنا۔ **روزہ افطار کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) روزہ کھلنا۔ روزہ کھلنے کے وقت کوئی چیز کھانا یا پینا۔ **روزہ بہلانا** (متعدی)، **بہلنا** (لازم) روزے کا وقت کسی مشغلے میں کٹنا۔ **روزہ تڑوانا** (م)، **توڑنا** (متعدی)، **ٹوٹنا** (لازم) کوئی ایسا فعل ہونا جس سے روزہ نہ رہے۔ **روزہ چڑھنا** (لکھنؤ)، **چمکنا** (لازم) روزہ اچھلنا۔ **روزہ خوار یا خور** (مذکر) روزہ نہ رکھنے والا شخص۔ **روزہ دار** (مذکر) روزہ رکھنے والا۔ **روزہ رکھنا** (متعدی) ۱ مذہبی فرض کے بموجب مقررہ وقت پر کھانے پینے وغیرہ سے پرہیز کرنا ۲ فاقہ کرنا۔ **روزہ سے ہونا** (لازم) آخری ۱ کا لازم۔ **روزہ کشائی** (مذکر) ۱ روزہ کھولنا۔ افطاری ۲ روزہ کھلوانے کی تقریب۔ **روزہ کھانا** (متعدی) مقررہ روزوں میں سے کوئی نہ رکھنا۔ **روزہ کھل جانا یا کھلنا** (لازم) روزہ افطار ہونا۔ **روزہ کھولنا** (متعدی) ۱ روزہ افطار کرنا ۲ عہد توڑنا۔ **روزہ کھلوانا** (م) روزہ کھولنا کا۔ **روزۂ مریم** (مذکر) وہ روزہ جو حضرت مریم نے حضرت عیسےٰ کی پیدائش کے دن رکھا تھا۔ یعنی چپ کتیں۔ خاموشی۔ **روزِ ہیجا** (مذکر) لڑائی کا دن۔ **روزی** (مونث) ۱ رزق۔ خوراک ۲ نصیب۔ مقدر ۳ روزگار۔ ملازمت ۴ تنخواہ۔ مزدوری۔ **روزی بٹدار** (صفت) لگے روزگار کو چھوڑنے والا آدمی۔ **روزی پر گردش آنا** (لازم) ملازمت چھوٹ جانا۔ **روزی جاری رکھنا** (متعدی) رزق کا سلسلہ قائم رکھنا۔ کمانے کو دینا۔ **روزے خور** (صفت) رمضان میں روزے نہ رکھنے والا۔ **روزی دہ** (صفت) ۱ روزی دینے والا ۲ مجازاً خدا۔ **روزی دینا** (متعدی) رزق بہم پہنچانا۔ **روزی رساں** (صفت) ۱ روزی پہنچانے والا ۲ (مذکر) پروردگار۔ **روزی کا ٹھیکرا** (مذکر) روزی کا ذریعہ۔ **روزی کرنا** (متعدی) رزق دینا۔ نصیب کرنا۔ **روزی کھلنا** (لازم)، **کھلوانا** (متعدی) رزق کا کوئی ذریعہ بنانا۔ **روزی کی مار** (مونث) روزی کی تکلیف

روزینہ (مذکر) ۱ روزانہ تنخواہ۔ مزدوری جو روزانہ ملے۔ یومیہ ۲ خوراک جو روزانہ دی جائے ۳ پنشن۔ وظیفہ۔ **روزینہ دار** (صفت) ۱ پنشن خوار ۲ تنخواہ دار۔ وہ جسے روز کی تنخواہ یا خرچ ملے۔

امثال و اقوال

روزِ جنگ جنگ روزِ آشتی آشتی۔ لڑائی کے دن لڑائی صلح کے دن صلح۔ جیسا موقعہ ہو ویسا کام کرنا چاہیئے۔ **روز روز کی دوا بھی غذا ہو جاتی ہے** اگر عام طور پر دوائی استعمال کی جائے تو اس کا اثر نہیں ہوتا۔ **روز کنواں کھودنا اور نیا پانی پینا**۔ جو کمانا وہ روز خرچ کر ڈالنا۔ **روزگار اور دشمن بار بار نہیں ملتے**۔ موقع کو غنیمت جاننا چاہیئے۔ **روزگار حمام کی لنگی ہے**۔ نوکری ایک کی نہیں ہوتی۔ کبھی کوئی اس جگہ پر ہوتا ہے کبھی کوئی۔ **روزِ نو روزی نو**۔ نیا دن نئی روزی۔ کل کے لئے آج سے فکر کرنے کی ضرورت نہیں۔ **روزہ رکھے نہ نماز پڑھے سحری بھی نہ کھائے تو کافر ہو جائے**۔ نفس پروروں کا مقولہ۔ **روزی بقدرِ ہمت ہر کس مقرر است**۔ ہر شخص کی روزی اس کی ہمت کے موافق مقرر ہے۔ **روزے چھڑانے گئے تھے نماز گلے پڑی**۔ ایک آفت سے بچنے کی کوشش کی دوسری میں پھنسے۔ **روزے خور خدا کا چور**۔ جو شخص روزے نہیں رکھتا وہ خدا کا گنہگار ہے۔ **روزی کا مارا در در روئے پوت کا مارا بیٹھ کے روئے** جس کو روزی نہ ملے وہ در در پھرتا ہے۔ جسے بیٹے کے ہاتھ سے تکلیف پہنچے یا جس کا بیٹا مر جائے۔ وہ گھر میں بیٹھ کر روتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ روزی کی مار اولاد کی تکلیف سے بھی بری ہے۔ **روزی کو روتے ہیں کھڑے ہو کر مردے کو بیٹھ کر**۔ بیکاری کا غم کسی کے مر جانے سے زیادہ ہوتا ہے۔

روزن (ف۔ مذکر) ۱ سوراخ۔ چھید ۲ کھڑکی ۳ روشندان ۴ چھت کا سوراخ جو دھواں نکلنے کے لئے رکھتے ہیں۔

رُوس۔ روس (ہ۔ مذکر) ۱ غصہ ناراضگی۔ تندی۔ جوش (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲

ایک قسم کی جھاڑی۔ روس مارنا (متعدی) غصہ ضبط کرنا۔ روسنا (لازم) ۱: ناراض ہونا۔ غصہ ہونا ۲: روٹھ جانا ۳: برا ماننا۔

رُوسپی (ف۔ مونث) رنڈی۔ طوائف۔ روسپی زادہ (مذکر) رنڈی کا بیٹا۔

رُوستا۔ روستا (ف۔ مذکر) ۱: شہر گاؤں ۲: ترکوں کی جھونپڑیوں کی چھاؤنی ۳: کوئی جگہ جہاں منڈی لگتی ہو ۴: آباد جگہ۔ کاشت کیا ہوا علاقہ جس میں شہر اور قصبے ہوں ۵: ایسی جگہ کا باشندہ۔ دہقان گنوار ۶: لوگوں کا مجمع ۷: اناج کا کھیت۔ روستائی (مذکر) دہقان۔ گاؤں کا باشندہ۔

رَوستی۔ رَوسَل۔ روسل (ھ، **رَوسلی** (ھ۔ مونث) روسلی (ھ) زمین جو اچھی فصل نہ دے۔

رُوسَل (ھ۔ صفت) ناراض ہوجانے والا۔ روٹھنے والا۔

مثل۔ رُوسل بہو یا اوگارل آگ۔ دونوں گھیرے برے سے ہیں بھاگ روٹھی ہوئی بیوی بھڑکتی ہوئی آگ۔ اگر رک جائیں تو بڑی خوش قسمتی ہے۔

رَوِش (ف۔ مونث) ۱: چال۔ رفتار۔ خرام ۲: ڈھنگ۔ وضع۔ طور۔ طریق۔ تراش خراش ۳: باغ کی پٹری ۴: رسم۔ رواج ۵: قانون۔ قاعدہ ۶: چلن۔ رویہ۔ **روش باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) باغ کی پٹری درست ہونا یا بننا۔ **روش بگڑنا** (لازم) انداز خراب ہونا۔ وضع بگڑنا۔ **روش پٹری سے درست** (تف) پٹریاں باقاعدہ بنی ہوئی۔ **روش نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱: طریقہ نکلنا ۲: باغ کی پٹری بننا۔

روش (س۔ مذکر) غصہ۔ خشم۔ کرودھ۔

روش۔ روشی (صفت) غصے۔ ناراض۔ خشمگیں۔

رَوشَن (ف۔ صفت) ۱: چمکدار۔ تاباں۔ منور۔ درخشاں ۲: جلتا ہوا ۳: صاف۔ عیاں۔ واضح۔ ظاہر ۴: وہ جس میں روشنی زیادہ ہو (مکان)۔ **روشنا** (مونث) ۱: روشنی۔ چمک ۲: روشانہ۔ چقماق۔ **روشنانِ فلک** (مذکر) ستارے۔ **روشنائی** (مونث) لکھنے کی سیاہی۔ **روشنائی اٹھانا** (متعدی) سیاہی جذب کرنا۔ **روشن بصر یا بیں** (صفت) جس کی نظر بہت تیز ہو۔ تیز نظر۔ مبصر۔ **روشن تاب** (صفت) ۱: بہت چمکنے والا ۲: درخشاں ۳: (مذکر) سورج۔ **روشن جبیں** (صفت) حسین۔ خوبصورت۔ **روشن جمال** (صفت) خوبصورت۔ حسین۔ **روشن چراغ** (مذکر) ایک سُر۔ **روشن چوکی** (مونث) ایک قسم کے باجے والوں کی چوکی (بجانے کے ساتھ)۔ **روشندان** (مذکر) وہ روزن جس میں سے روشنی آئے یا دھواں نکلے۔ **روشن دل** (صفت) عقلمند۔ زود فہم۔ **روشن دماغ** (صفت) ۱: عقلمند۔ عالی دماغ ۲: نسوار۔ ہلاس۔ **روشن رائے** (صفت) جس میں سمجھ زیادہ ہو۔ **روشن سوار** (صفت) خوش نویس۔ **روشن ضمیر** (صفت) ۱: عقلمند۔ زود فہم ۲: وہ جو دوسروں کے دل کی بات سمجھ جائے۔ **روشن ضمیری** (مونث) ۱: عقلمندی۔ فراست ۲: دوسرے کے دل کی بات سمجھ جانا۔ **روشن قیاس** (صفت) ہوشیار۔ عقلمند۔ **روشنک** (مونث) ۱: سکندر کی بیوی ۲: ایک دوا ۳: شعلی۔ **روشن کرنا** (متعدی) ۱: جلانا ۲: چمکانا۔ منور کرنا ۳: عیاں کرنا۔ ظاہر کرنا ۴: مشہور کرنا۔ **روشنگر** (صفت) ۱: چمکانے والا ۲: صیقل گر۔ **روشن گہر** (صفت) نیک طینت۔ **روشن نظر** (مذکر) دیکھو روشن بصر۔ **روشن نگاہ** (مونث) یہ کلمہ نقیب کہتے تھے۔ جب کوئی بادشاہوں کے سامنے حاضر ہوتا تھا۔ **روشن نہاد** (صفت) نیک طینت۔ اچھی طبیعت کا۔ **روشن ہوجانا یا ہونا** (لازم) ۱: روشن کرنا کا ۲: نتیجہ نکل آنا۔ **روشنی** (مونث) ۱: نور۔ جوت۔ اُجالا ۲: چمک۔ دمک ۳: رونق ۴: دیا۔ چراغ ۵: آبادی ۶: نورِ چشم ۷: چراغاں۔ **روشنی اداس ہونا** (لازم) روشنی کم ہونا یا دھیمی پڑجانا۔ **روشنی پڑنا** (لازم) ۱: چمک پڑنا ۲: کسی چھپی ہوئی بات کا ظاہر ہونا۔ **روشنی پھیلنا** (لازم) اجالا ہوجانا۔ **روشنی جاتی رہنا** (لازم) ۱: اندھیرا ہوجانا ۲: اندھا ہوجانا۔ **روشنی دکھانا** (متعدی) ۱: شمع دکھانا ۲: قابلیت دکھانا۔ **روشنی دیکھنا** (متعدی) چراغاں کرکے تماشا دیکھنا۔ **روشنی ڈالنا** (متعدی) روشنی پڑنا کا۔ **روشنی طبع** (مونث) ذہانت۔ طباعی۔ **روشنی ظاہر ہونا** (لازم) اجالا ہونا۔ دن چڑھنا۔ **روشنی گل ہونا** (لازم) ۱: چراغ بجھ جانا ۲: اندھا ہوجانا۔ **روشنی ماند پڑنا** (لازم) ۱: روشنی کم ہوجانا ۲: وقعت کم ہوجانا۔ **روشنی ہونا** (لازم) اجالا ہونا۔

رَوضَہ (ع۔ مذکر) ۱: باغ۔ گلستان۔ گلشن ۲: مقبرہ۔ گنبد دار ۳: لکڑی کا صندوق جو عورتیں لئے پھرتی ہیں۔ اور حضرت بی بی کا روضہ کہتی ہیں (رَوض۔ سدھانا)۔ **روضہ خواں** (مذکر) وہ شخص جو منبر پر بیٹھ کر مصائب اہل بیت کا حال پڑھے۔ **روضہ خوانی** (مونث) مصائب اہل بیت کے حالات پڑھنا۔ **روضہ رضواں** (مذکر) بہشت۔ **روضہ رنگ** (صفت) سبز رنگ کا۔ **روضۂ طیّبہ** (مذکر) پیغمبر صلعم کا مقبرہ۔ **روضۂ فیروزہ رنگ** (مذکر) آسمان۔ **روضے** (مذکر) ۱: روضہ کی جمع ۲: بجائے روضہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **روضے کی جالی** (مونث) وہ جالی جو روضوں میں بجائے دروازے کے دو یا تین جانب لگا دیتے ہیں۔

رَوغَن (ف۔ مذکر) ۱: کوئی چکنی سیال چیز۔ تیل۔ گھی ۲: وارنش۔ پالش ۳: لگ ۴: آب و تاب۔ چمک دمک۔ **رغن اڑ جانا** (لازم) پالش جاتا رہنا۔ چمک جاتی رہنا۔ **روغن بلساں** (مذکر) ۱: گل مہندی کا تیل ۲: طلا۔ **روغن پانی میں ڈالنا** (متعدی) مینہ بند کرنے کا ایک ٹوٹکا ہے۔ **روغن پھرنا** (لازم) **پھیرنا** (متعدی) پالش کرنا۔ **روغن تلخ** (مذکر) کڑوا تیل۔ **روغن چڑھانا** (متعدی) جلا دینا۔ اجلا کرنا۔ چمکدار کرنا۔ **روغن جوش** (مذکر) ایک قسم کا سالن۔ **روغن دار** (صفت) روغن چڑھا ہوا۔ **روغن داغ** (مذکر) کرچھا جس میں گھی داغتے ہیں۔ **روغنِ زرد** (مذکر) گھی۔ **روغنِ سیاہ** (مذکر) السی کا تیل کڑوا تیل۔ **روغن فروش** (مذکر) تیلی۔ **روغنِ قاز ملنا** (متعدی) چکنی چپڑی باتوں سے دھوکا دینا۔ **روغن کنجد** (مذکر) تلوں کا تیل۔ **روغن کھنچنا** (لازم) **کھینچنا** (متعدی) **کھنچوانا** (مم) **نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) **نکلوانا** (مم) کسی چیز کو دبا کر اس کا تیل علیحدہ کرانا۔ **روغن گر** (مذکر) تیلی۔ **روغنِ گل** (مذکر) گلاب کے پھول کا تیل۔ **روغنی** (صفت) ۱: تیل یا گھی لگا

ہوا۔ چپڑا ہوا ۲ وارنش کیا ہوا ۳ وہ جس کے خمیر میں روغن ملایا ہو۔ **روغنی روٹی** (مونث) **نان** (مذکر) وہ روٹی جس کے خمیر میں روغن پڑا ہو یا جس کے اوپر روغن چپڑ کر پکایا ہو۔

امثال واقوال۔ روغن قازمی مالد۔ خوشامد کرتا ہے۔ **روغن گندہ بیروزہ اگرچہ با نان خوردن گندہ است لیکن ایجاد بندہ است** اس وقت کہتے ہیں۔ جب کوئی کسی اپنی بیہودہ بات پر ناز کرے۔

روک (ہ۔ امر) ۱ روکنا کا ۲ (مونث) ۱ ممانعت۔ مناہی ۲ مزاحمت۔ اٹکاؤ ۳ آڑ۔ بند ۴ احاطہ بندی ۵ آسرا۔ ٹیک۔ ا رڈر بھتونی۔ (س۔ رُدھ۔ روکنا) **روکا** (ماضی) روکنا کی۔ **روک تھام** (مونث) ۱ روک ۲ انسداد (کرنا ہونا کے ساتھ) **روک تھام** (مونث) ۱ روک ۲ سپاہی کا ہالٹ ہو کمز دیرا (کون آتا ہے) کہنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **روک دینا** (متعدی) ۱ منع کر دینا ۲ جانے نہ دینا۔ رستہ بند کر دینا۔ **روک رکھنا** (متعدی) ۱ باز رکھنا۔ پکڑ رکھنا ۲ ٹھیرا لینا ۳ کسی چیز کو نہ دینا یا بیچنا۔ **روک روک کے** (تف) ٹھیر ٹھیر کر۔ احتیاط سے۔ **روک لینا۔ روکنا** (متعدی) رُکنا کا ۱ ٹھیرنا۔ اٹکانا ۲ منع کرنا۔ باز رکھنا ۳ مزاحمت کرنا ۴ رستہ بند کرنا ۵ کسی خیال سے باز رکھنا ۶ بات کاٹنا ۷ پردہ کرنا۔ احاطہ بنانا ۸ دیر میں دینا ۹ نہ دینا ۱۰ سنبھالنا ۱۱ بچاؤ کرنا ۱۲ پھنسانا۔ الجھانا ۱۳ بچانا۔ حفاظت کرنا ۱۴ چھیڑنا۔ مذاق کرنا ۱۵ حرکت نہ کرنے دینا۔ ساکن کرنا ۱۶ مشغول رکھنا ۱۷ پیچ ڈالنا۔ چھپانا ۱۸ (معاملہ) قابو سے نہ جانے دینا ۱۹ (جگہ) گھیر لینا ۲۰ (بات) نسبت ٹھیرانا۔ مقرر کرنا ۲۱ (وار) حریف کی ضرب کو کسی چیز پر لینا ۲۲ (گھوڑا) دوڑتے ہوئے گھوڑے کو کھڑا کرنا ۲۳ (ہاتھ) کوئی کام نہ کرنا۔ وار نہ کرنا ۲۴ (زبان) چپ رہنا۔ کہتے کہتے رک جانا۔ بولنے سے منع کرنا ۲۵ (روپیہ وغیرہ) نہ دینا۔ **روکن** (ھ) روک۔ **روکو** (ھ) روکنے والا۔ مزاحمت کرنے والا۔

روک (ھ) **روکڑ** (ہ۔ مونث) **روکڑا** (ھ۔ مذکر) ۱ روپیہ پیسہ۔ دولت۔ دھن مال ۲ سونا۔ چاندی۔ زیورات ۳ خزانہ ۴ کوئی چیز جو نقد روپے کی طرح استعمال ہو سکے ۵ ادائگی نقد روپے سے (س روک۔ نقد خریدنا) **روکڑ بکری** (مونث) فروخت نقد روپے کے ساتھ۔ **روکڑ بہی** (مونث) وہ کتاب جس میں نقدی کا حساب کتاب ہو۔ **روکڑی** (ھ) **روکڑیا** (مذکر) ۱ خزانچی ۲ تحویلدار۔

روکش (ہ۔ مذکر) تلے پر کا چمڑا جس پر جوتا پہننے والے کا تلوا رہتا ہے۔ پتاوا۔

رُوکن (ہ۔ مونث) کسی چیز کی تھوڑی سی مقدار جو اس کے خریدنے کے بعد لیں۔ گھاتا (س رُکشن) **روکن میں ملنا** (لازم) مفت ہاتھ آ جانا۔

رُوکھ (ہ۔ مذکر) درخت (س ورکش) **روکھ چڑھا** (مذکر) بندر۔ **روکھڑا** (ھ) **روکھڑی** (مونث) چھوٹا درخت۔ **روکھی** (ھ۔ مونث) گلہری۔

مقولہ۔ روکھ بنا نا نگری سو ہے بن برگن نا کڑیاں۔ پوت بنا نہ ماتا سو ہے لکھ سونے میں جڑیاں۔ شہر بغیر درختوں اور کڑیاں بغیر شہتیروں کے اچھی نہیں معلوم ہوتی اور نہ ماں بغیر بیٹے کے چاہے زیورات سے بھری ہو۔

روکھا (ہ۔ صفت) ۱ خشک۔ سوکھا ۲ پھیکا ۳ بغیر سالن کے یا کسی چیز کے جو چپاتی کے ساتھ کھائی جائے ۴ بے لطف۔ بے مزہ ۵ سادہ ۶ بےگھی کا ۷ بدخلق ۸ ترشرو۔ اکھڑ ۹ ناخوش۔ ناراض ۱۰ پروا نہ کرنے والا (س رُوکش۔ سکھانا) **روکھا پن** (ھ) دیکھو رکھائی۔ **روکھا پھیکا** (صفت) ۱ زردہ۔ بدمزہ ۲ دیکھو روکھا۔ **روکھا پھیکا ملا**۔ بے التفاتی سے پیش آیا۔ **روکھا جواب** (مذکر) صاف جواب۔ خشک جواب (دینا۔ ملنا کے ساتھ)۔ **روکھا سوکھا** (صفت) بے سالن کا۔ خراب۔ **روکھا سوکھا کھا کر سو رہنا یا گزارہ کرنا** (متعدی) تنگدستی کی حالت میں بسر کرنا۔ **روکھا کھانا** (متعدی) روٹی بغیر سالن کے کھانا۔ **روکھا ہو کر بولا**۔ بے مروتی کے ساتھ بولا۔ **روکھا ہونا** (لازم) ۱ خفا ہونا۔ ناراض ہونا ۲ بدمزاج ہونا۔ کج خلق ہونا۔ **روکھی روٹی** (مونث) روٹی بغیر سالن کے۔ **روکھی روکھی باتیں** (مونث) وہ باتیں جن سے رنجش ظاہر ہو۔ **روکھی سوکھی** (مونث) بری اور خراب غذا۔ **روکھے سوکھے ٹکڑے** (مذکر) بہت معمولی غذا۔ مفلسی کے ٹکڑے۔ **روکھی سوکھی شکل بنانا۔ روکھی صورت بنانا** (متعدی) صورت سے غصہ یا لاپرواہی ظاہر کرنا بے رخی کرنا۔

امثال واقوال۔ روکھا سو بھوکا۔ جو لوگوں کے ساتھ اچھی طرح پیش نہ آئے وہ بھوکا رہتا ہے یا روکھی روٹی کھانے سے آدمی بھوکا رہتا ہے۔ **روکھا کھانا دھرتی سونا۔ نانھ سہیلا پھکڑ ہونا**۔ فقیروں کا قول۔ فقیر ہونا آسان نہیں۔ روکھا کھانا اور زمین پر سونا پڑتا ہے۔

رَوکھڑ (ھ۔ مذکر) جوگی۔ اتیت سادھو۔

روگ (ہ۔ مذکر) ۱ دکھ۔ بیماری۔ مرض۔ عارضہ۔ آزار۔ رنجوری۔ درد۔ پیڑ۔ کھید ۲ کمزوری۔ ضعف ۳ جھگڑا۔ فساد۔ فتنہ ۴ وبال۔ جنجال ۵ نقص۔ قصور ۶ مشکل۔ دقت۔ تکلیف ۷ خلاف طبع چیز۔ عذاب جان۔ سوہانِ روح (س رُگ۔ رُدگت) **روگ آنا** (لازم) جانوروں میں بیماری پھیلنا۔ **روگ الگ کرنا** (متعدی) دیکھو روگ کاٹنا۔ **روگ بسانا۔ بسا ہنا** (مت) یا **پالنا** (متعدی) ۱ اپنے پیچھے جھگڑا لگا لینا ۲ اپنے آپ کوئی بیماری لگا لینا ۳ بری عادت ڈالنا ۴ دشمن بنا لینا **روگ پیدا ہونا** (لازم) بیماری ہو جانا۔ **روگ دھوگ** (مذکر) ۱ بیماری ۲ جھگڑا ۳ مصیبت۔ **روگ راج** (مذکر) تپ دق۔ **روگ کاٹنا** (متعدی) **کٹنا** (لازم) ۱ بیماری رفع ہونا ۲ جھگڑا ختم ہونا۔ قصہ چکنا ۳ تکلیف دہ چیز کو دفع کرنا۔ **روگ کا گھر** (مذکر)، **کی جڑ** (مونث) بیماری کی وجہ یا سبب۔ **روگ لانا** (متعدی) جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔ **روگ لگا لینا یا لگانا** (متعدی) **لگنا یا لینا** (لازم) ۱ کوئی بیماری ہونا ۲ کوئی جھگڑا پیچھے پڑنا ۳ لت پڑنا۔ عادت ہونا۔ **روگ مول لینا** (متعدی) دیکھو روگ پالنا۔ **روگ ملنا** (لازم) کوئی بیماری ہونا۔ کوئی مصیبت پڑنا۔ **روگ ہے**۔ جھگڑا ہے۔ مصیبت ہے۔ **روگی۔ روگیا** (ھ)، **روگیل** (ھ)، **روگیلا** (مذکر) ۱ بیمار۔ مریض ۲ جھگڑالو آدمی ۳ کوڑھی۔ روگی

سوگی (د۔ بمعنی بیمار اور مغموم بمصیبت زدہ -

امثال - روگ کا گھر (کی جڑ) کھانسی اور لڑائی کا گھر ہانسی - کھانسی سب بیماریوں کی جڑ ہے اور ہنسی مذاق لڑائی کا باعث -

روگیا بھاوے سو بید بتاوے (ھ) ہیر مریض جو چیز پسند کرتے ہیں حکیم وہی کھانے کو بتاتے ہیں - روگی سے روگی ملے کہے نیم کھا نیم -

روگی کو روگی ملا کہا نیم پی جب بیمار آدمی اکٹھے ہوتے ہیں تو ایک دوسرے کو دوائیاں بتلاتے ہیں -

رَول (ھ - مونث) دیکھو رولا -

رول پڑنا (لازم) ۱ شور ہونا - گڑبڑ ہونا ۲ جوش میں آنا -

رُول (انگ - مذکر) ۱ لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا ۲ رولنگ کا مخفف سطروں کا نشان (کرنا ہونا کے ساتھ) ۳ قاعدہ - ضابطہ - دستور -

رول آف لا (مذکر) قانون کا قاعدہ - رول کشی (مونث) لکیریں کھینچنا -

رَول (ہ - امر) ۱ رولنا کا ۲ (مذکر) مشق - چال - رفتار ۳ پھیر - چکر ۴ (مونث) کتری ہوئی چھالیا جو ناقص ہو (س رَل - حرکت دینا) -

رول کو لے جانا (متعدی) گھوڑے کو پھیرنے کے لئے لے جانا - رولن (مونث) ۱ وہ چیز جو رول یا چن لی جائے ۲ وہ چیز جو چننے یا رولنے کے بعد رہ جائے - چھٹن - پھٹکن - رول لینا یا رولنا (متعدی) ۱ چن لینا - ہاتھ سے موٹا موٹا جدا کر لینا ۲ پھٹکنا ۳ جدا کرنا - چھانٹنا ۴ جمع کرنا - اکٹھا کرنا ۵ فائدہ حاصل کرنا - کمانا ۶ رندہ کرنا - ہموار کرنا ۷ ملنا ۸ ملائی اتارنا -

رول (انگ - مذکر) ۱ وہ فہرست جس میں ترتیب وار نام لکھے ہوتے ہیں ۲ رجسٹر ۳ سرکاری مالگزاری کی فہرست - رولدار (مذکر) وہ جس کا نام رجسٹر پر درج ہو -

رَولا (ہ - مذکر) ۱ شور - غل - غوغا - غل غپاڑہ ۲ جھگڑا - فساد - بلوہ - بغاوت - شورش ۳ خطرے کی خبر - ٹوکا - الارم ۴ آدمیوں کا مجمع جو بلوے کے لئے جمع ہو (ڈالنا - کرنا - مچانا - ہونا کے ساتھ) رولا مت مچا - چپ کر خاموش رہ - غل نہ مچا - رولا مچا دیا - غل مچا دیا ظاہر کر دیا -

رولا (ھ - مذکر) ایک وزن یا بحر -

رولاب (ھ - مذکر) پتھولا جنگل -

رولی (ہ - مونث) چاول - املی - پھٹکری وغیرہ کا ایک مرکب جس سے تلک لگاتے ہیں -

رَوم (س - مذکر) ایک قسم کا نمک جو سانبھر جھیل سے نکلتا ہے -

روم (س - مذکر) رومن کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - روم ہرشن (صفت) ۱ رونگٹے کھڑے کرنیوالا اور باخوشی سے - بہت خوشی پیدا کرنے والا ۲ تھرتھری یا سنسناہٹ پیدا کرنے والا ۳ خوفناک - دہشتناک -

رُومان (ف - مذکر) قصے یا ادب کی وہ صنف جس میں روزمرہ زندگی سے ہٹے ہوئے واقعات بیان کیے جائیں -

روماں (ہ - مذکر) بدن کا رونگٹا

رومن (انگ - صفت) ۱ روم کا رہنے والا ۲ (مونث) انگریزی حروف میں اردو یا ہندی کی تحریر - رومن کیریکٹر (مذکر) دیکھو رومن ۲ - رومن کیتھلک (مذکر) عیسائیوں کا ایک فرقہ جو پاپائے روم کو اپنا مذہبی پیشوا سمجھتا ہے -

رَون (ھ - مونث) روند -

رَون - رَوَن (ھ - مذکر) ۱ خاوند - پتی ۲ عاشق - طالب - چاہنے والا ۳ معشوق محبوب -

رَونا (ہ - مذکر) ۱ گھونگرو وغیرہ کے دانے جو آواز دیتے ہیں ۲ گونے کے بعد یا بیاہ کے بعد تیسری دفعہ جورو کو گھر لانا ۳ (ھ) آواز نکالنا ۴ شور مچانا ۵ کوئی چیز جو آواز دے -

رَوَنا (ہ - مذکر) ۱ پروانہ راہداری ۲ وہ کاغذ جس پر مال کی تعداد نام محصول وغیرہ اور لانے والے کا نام درج ہو ۳ وہ ملازم جو عورتوں کا کام کاج کرنے کو دروازے پر رہتا ہو (ف - روندکا مہند) -

رونتھ (ھ - مذکر) جگالی رونتھنا (لازم) جگالی کرنا -

رَونٹ - رونٹ (ھ - ہٹ) ۱ مخالفت کرنا - جھگڑنا - انکار کرنا ۲ جھگڑا - مخالفت ضد ۳ دغا - دھوکا - فریب - مکر - بہانہ (کرنا ہونا کے ساتھ) رونٹگی (مونث) ۱ دیکھو آخری - رونٹنا (متعدی) ۱ مخالفت کرنا وغیرہ ۲ دغا دینا وغیرہ -

رونٹی ۱ (مونث) دیکھو رونٹ (آنا کے ساتھ) ۲ (صفت) دغا باز وغیرہ ۳ (مذکر) جھگڑالو آدمی ۴ مکار آدمی وغیرہ - رونٹی ہے - بدمعاملہ ہے - کہہ کر مکر جاتا ہے - قابل اعتبار نہیں - رونٹیا (صفت مذکر) دیکھو رونٹی ۲ تا ۴ -

روند (ہ - امر) روندنا کا - روندا جانا (لازم) روندنا کا - روند ڈالنا (متعدی) ۱ لتاڑنا - تلووں کے نیچے مل ڈالنا ۲ پامال کر دینا -

روندن (مونث) پامالی - پاؤں تلے کچلا جانا - روندن میں آنا (لازم) پامال ہونا - برباد ہونا -

روندنا (متعدی) ۱ لتاڑنا - پاؤں کے نیچے ملنا ۲ سوار ہو کر کسی چیز پر سے گزرنا ۳ پامال کرنا - برباد کرنا ۴ کوٹنا - کچلنا ۵ اناج کو گاہنا - روندی ہوئی زمین (مونث) پامال زمین -

رَونْد (انگ - مونث) ۱ رونڈ کا بگڑا ہوا ۲ گشت رات کی - طلایہ (جانا کے ساتھ) ۳ گارد جو گشت کے لئے جائے (پھرنا کے ساتھ) -

رَوِند (ف - صفت) چلنے والا - سفر کرنے والا - آیند کے ساتھ استعمال ہوتا ہے -

رَوِندہ (صفت) ۱ چلنے والا - سفر کرنیوالا ۲ سفر کرنا -

رُوندھ (مونث) روندھا (ھ - مذکر) ۱ احاطہ - گھری ہوئی جگہ ۲ گھاس کی رکھ ۳ باڑھ - چار دیواری -

رُوندھنا - روندھنا (ھ - متعدی) ۱ گھیرنا - احاطہ کرنا - محاصرہ کر لینا ۲ باڑ لگانا ۳ نگاہبانی کرنا - حفاظت کرنا ۴ روکنا -

رونڈی (ھ - مونث) رونٹی -

رُوں رُوں (ہ - مونث) ۱ بچے کے رونے کی آواز ۲ سارنگی کی آواز - روں روں ریں ریں (مونث) دیکھو آخری -

رَونق (ع ۔ مونث) ۱ چمک ۔ تاب ۔ درخشانی ۲ زیبائش ۔ خوبی ۳ تازگی ۔ طراوت ۴ لطف ۔ کیفیت ۵ چہل پہل ۔ آبادی ۶ بہار ۔ اچھی حالت ۷ رنگ ۔ روپ ۸ خوبصورتی ۔ حسن ۹ تلوار کی آب (رَونَق ۔ صاف رکھنا)، **رونق آجانا** (لازم) ۱ آب وتاب آجانا ۔ چمک آجانا ۲ (چہرے پر) تروتازگی آجانا ۳ شگفتگی آجانا ۔ **رونق افروز** (صفت) رونق بخشنے یا بڑھانے والا ۔ **رونق افروز ہونا** (لازم) آنا ۔ تشریف لانا ۔ **رونق افروزی** (مونث) آمد ۔ تشریف آوری ۔ **رونق افزا یا افزا** (صفت) رونق بڑھانے والا ۔ **رونق افزا ہونا** (لازم) آنا ۔ تشریف لانا ۔ **رونقِ انجمن** (مونث) دیکھو رونق محفل ۔ **رونق بازار** (صفت) مشہور عام ۔ **رونق بخش** (صفت) رونق دینے والا ۔ **رونق بخشنا** (متعدی) رونق دینا ۔ **رونق بڑھانا** (متعدی)، **بڑھنا** (لازم) رونق یا لطف زیادہ ہونا ۔ **رونق پر ہونا** (لازم) ۱ اچھی حالت میں ہونا ۲ بہار پر ہونا ۔ **رونق دار** (صفت) پر بہار ۔ پر لطف ۲ آباد ۔ آراستہ ۔ **رونق دینا** (متعدی) بہار دینا ۔ لطف دینا ۔ **رونقِ سیف** (مونث) تلوار کی آب ۔ **رونقِ محفل** (مذکر) ۱ محفل کی بہار وہ شخص جو محفل کو پر لطف بنائے (ہونا کے ساتھ) ۲ (دہلی) حقہ ۔ **رونق ہونا** (لازم) چمک دمک ہونا وغیرہ دیکھو رونق ۔

رَونک (س ۔ مذکر) پانی چھاننے کا برتن جو بانس یا بید کا بنا ہو ۔

رُونگ ۔ رُونگٹا (ہ) **رونگٹا** (ہ ۔ مذکر) ۱ انسان کے بدن کے باریک بال ۲ داڑھی مونچھ کے بال جو آغاز میں بہت باریک نکلتے ہیں ۳ چھوٹے چھوٹے ریشے جو سینے میں ہوتے ہیں ۔ (س رومک)، **رونگٹا رونگٹا دعا دیتا ہے** شکریہ ادا کرنے کے موقع پر کہتے ہیں ۔ **رونگٹا میلا ہونا** (لازم) صدمہ پہنچنا ۔ **رونگ رونگ میں بسنا** (ہ) تمام بدن میں ہونا ۔ مسامات میں اثر کرنا ۔ **رونگ رونگ میں جان آجانا** (لازم) بہت خوشی حاصل ہونا ۔ **رونگٹے کھڑے ہونا** (لازم) ۱ ڈرنا ۔ خوف کھانا ۲ ڈر سے بدن کے روئیں کھڑے ہونا ۔ ڈر سے کانپنا ۔ **رونگٹے نکلنا** (لازم) روئیں نمودار ہونا ۔

رُونگھٹ (ہ ۔ مونث) مٹی ۔ میل ۔

رَوَنّہ (ہ ۔ مذکر) دیکھو روتا ۔ فارسی رونده کا مخرب ہے ۔

رُوہا (ہ ۔ صفت) ۱ مستعمل ۲ میلا ۳ پرانا ۔

رُوہانسا (ہ ۔ صفت) آنسو بھر لانے والا ۔

رُوہَت (اردو ۔ مونث) ۱ چہرے کی رونق یا تروتازگی ۔ نرمی ۲ خوبصورتی ۔ حسن ۳ پاس ۔ لحاظ دوسرے کی خواہش کا (ع رویت سے)، **روہت پھر جانا** (لازم) چہرے پر رونق آجانا ۔ **روہت ماری جانا** (لازم) چہرے کی رونق جاتی رہنا ۔

روہَت (س ۔ صفت) ۱ سرخ ۔ سرخی مائل ۲ سرخ رنگ ۳ ایک قسم کا ہرن ۴ روہو مچھلی ۵ سرنگ گھوڑا ۶ ایک درخت ۷ ایک زیور جو جواہرات سے جڑا ہوتا ہے ۸ ایک خاص قسم کی قوس قزح ۹ ایک بحر یا وزن ۱۰ خون ۱۱ زعفران ۔

روہَٹ (ہ ۔ مذکر) رونا ۔ گریہ ۔ زاری ۔

رُوہَٹّا (ہ ۔ مذکر) روئی کا بازار ۔

رُوہڑ (ہ ۔ صفت) ۱ بدصورت ۔ بھدا ۲ (مذکر) موٹا دھاگا ۔

روہس (ہ) **روہش** (س ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی مچھلی ۲ بیل ۳ خوشبو دار گھاس ۴ یا ہرن ۔

روہَن (س ۔ مذکر) ۱ چڑھنا ۔ سوار ہونا ۲ بڑھنا ۳ چڑھنے وغیرہ کا ذریعہ ۴ چڑھنے وغیرہ کا فعل ۵ منی ۶ ایک درخت ۔

روہِن (س ۔ صفت) ۱ وہ جو روہنی نکشترہ کے نیچے پیدا ہوا ہو ۲ (مذکر) وشن جی ۳ کئی پودوں کا نام ۴ بڑا درخت ۵ نویں مہورت کا نام ۔ جس میں دوپہر سے پہلے شرادھ کرائے جاتے ہیں ۔

روہنی (مونث) ۱ سرخ گائے ۲ گائے ۳ کشیپ سربھی کی لڑکی اور مویشی اور کام دھینو کی ماں ۴ (دال نکشترہ ۔ اس صورت میں یہ دکش کی بیٹی اور چندرماں کی بیوی ہے ۵ بجلی ۶ جوان لڑکی ۷ کئی پودوں کا نام ۸ گلے کی خراش ۹ ایک شرتی کا نام ۱۰ ایک خاص مورچنا ۱۱ ایک قسم کا فولاد ۔ **روہنیہ** (مذکر) ۱ البرام ۲ عطارد ۳ زمرد

روہو (ہ ۔ مذکر) ایک قسم کی مچھلی (س روہتا)

رُوئی (ہ ۔ مونث) ایک پودے کے بیج کے بال ۔ مع بیج کے کپاس کہلاتی ہے ۔ جب بیج نکال لیا جائے تو روئی ۔ پنبہ ۔ قطن (س رومکا)، **روئی تومنا** (متعدی) انگلیوں سے روئی کو تار تار کرنا ۔ **روئی دار** (صفت) وہ کپڑا جس میں روئی پڑی ہو ۔ **روئی دوئی** (مونث) سردی میں دو آدمیوں کا لپٹ کر اور لحاف لے کر سونا ۔ **روئی دھننا یا دھنکنا** (متعدی) روئی کو تانت سے صاف کرنا ۔ **روئی سا** (صفت) نرم ملائم ۔ **روئی کا پہل** (مذکر) تھوڑی سی دھنی ہوئی روئی جسے ہاتھ سے جوڑا گیا ہو ۔ **روئی کا کبوتر** (مذکر) روئی جو لڑکے کھیل میں اڑاتے ہیں ۔ **روئی کا گالا** (مذکر) ۱ دھنکی ہوئی روئی کی مقدار جو ہوا میں اڑے ۲ نہایت سفید اور نرم چیز ۳ نہایت ہلکی چیز ۔ **روئی کانوں میں دے رکھی ہے** ۔ کچھ سنتا ہی نہیں ۔ کچھ سماعت نہیں کرتا ۔ **روئی کی طرح توم ڈالنا** (متعدی) ۱ دھجیاں اڑانا ۲ ایک ایک عیب ظاہر کرنا ۔ **روئی کی طرح دھننا** (متعدی) بہت مارنا ۔ پیٹنا ۔ پرزے اڑانا ۔ **روئی وستر** (ہ) روئی کا بنا ہوا کپڑا ۔ **روئیہا** (ہ) روئی بیچنے والا ۔

امثال واقوال ۔ **روئی اور آگ کا کیا ساتھ** ۔ زبردست اور کمزور کا کیا مقابلہ ۔ **روئی کے بھلاویں کپاس مت نگلو ۔ روئی کے دھوکے کہیں کپاس نہ نگل جانا** (لازم) آسان کے دھوکے میں کہیں مشکل میں نہ پڑ جاؤ ۔

روئیا (ہ ۔ مذکر) روئی بیچنے والا ۔

روئیدگی (ف ۔ مونث) پودوں کی نمو یا بڑھنا ۔ پودوں کا اگنا یا جمنا ۲ نباتات (روئیدن اگنا) ۔

روئیدہ (ف ۔ صفت) ۱ بڑھا ہوا ۔ نمو یافتہ ۲ پیدا شدہ ۔

رُوئیں (ہ ۔ مذکر) روآں کی جمع ۔ **روئیں دار** (صفت) وہ جس میں روئیں ہوں ۔

روئیں کھڑے ہونا (لازم) رونگٹے کھڑے ہونا۔

رُوئیں (ف۔ مذکر) ۱ پیتل فلعی اور تانبے کا مرکب۔ **روئیں تن** (صفت) ۱ وہ جس کے بدن پر ہتھیار کا اثر نہ ہو۔

رَوی (س۔ مذکر) ۱ سورج کی ایک خاص شکل جن میں وہ بارہ آدیتوں میں سے ایک شمار ہوتا ہے ۲ عدد بارہ ۳ سورج ۴ سرپا دیوتا ۵ آک ۶ ایک پہاڑ۔

رَوی (ع۔ مذکر) وہ حرف جو قافئے میں سب سے پیچھے آئے۔

رُویا (ع۔ مذکر) خواب۔ سپنا۔ وہ چیز جو خواب میں دیکھی جائے (رَوَی۔ دیکھنا)۔ **رویائے صادقہ** (مذکر) سچا خواب۔

رُوَیال (ہ۔ مذکر) رواں۔ رویاں **میلا ہونا** (لازم) ۱ تکلیف پہنچنا ۲ رنج ہونا۔ صدمہ ہونا۔

رُویَت (ع۔ مونث) ۱ نظر آنا کسی چیز کا ۲ دیدار۔ نظارہ ۳ شکل۔ صورت۔ چہرہ ۴ جوگ۔ لگن ۵ لحاظ۔ پاس۔ **رویت ہلال** (مونث) مہینے کی پہلی رات کے چاند کا نظر آنا۔

رِڈیو (انگ۔ مذکر) دیکھو ریڈیو۔

رَوِیَّہ (ف۔ مذکر) ۱ رسم۔ رواج ۲ طریقہ۔ دستور ۳ چال چلن۔ وضع (رَوَشے۔ جا)۔ **رویہ اچھا نہ ہونا۔ برا یا خراب نہ ہونا** (لازم) طریقہ خراب ہونا۔

رَہ (ہ۔ امر) رہنا کا (س رہ۔ رکش رکھنا)، **رہا** (ماضی) ۱ رہنا کی ۲ (صفت) چھوٹا ہوا۔ بچا ہوا۔ نجات پائے ہوئے۔ **رہا جانا** (لازم) برداشت ہونا۔ بیشتر نفی کے ساتھ ۲ چھوٹا جانا۔ **رہا رہنا** (لازم) آزاد رہنا۔ گرفتار نہ ہونا۔ **رہا سہا** (صفت) ۱ بچا کھچا ۲ (ھ) بچت۔ **رہا کرانا** (مم)، **کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) عام طور پر بالکسر بولا جاتا ہے (لازم) ۱ قید سے چھوٹنا۔ **رہائی پانا** ۲ آزاد ہونا۔ **رہاؤ** (صفت) ۱ قائم۔ مدت تک رہنے والا ۲ پائدار۔ پکا۔ مضبوط۔ **رہاؤ** (مذکر) ۱ ٹھہراؤ۔ قیام ۲ وقفہ۔ **رہائی** (مونث) ۱ قید سے چھوٹنا ۲ نجات۔ خلاصی۔ معافی (پانا۔ دینا۔ ہونا کے ساتھ)، **رہائی یافتہ** (صفت) جس کو رہائی ملی ہو۔ **رہائی دشوار ہونا** (لازم) خلاصی مشکل ہونا۔ **رہ پڑنا** (لازم) قیام پذیر ہونا۔ **رہ تو سہی** ٹھیر تو جا۔ کھڑا رہ۔ تھم جا۔ دھمکی کے طور پر کہتے ہیں۔ **رہتے** (تف) ۱ موجودگی میں۔ سامنے ۲ زندگی میں ۳ جب کہ وہ یہاں موجود یا زندہ تھے۔ ۴ باوجودیکہ۔ باوجود اس امر کے۔ **رہتی دنیا تک** (تف) قیامت تک۔ تاقیام دنیا۔ **رہ جانا** (لازم) ۱ باقی رہنا۔ بچ رہنا ۲ ٹھیر جانا۔ رہ پڑنا ۳ تامل کرنا۔ رک جانا ۴ ناکامیاب رہنا ۵ ناتمام رہنا ۶ باز رہنا ۷ پڑا رہنا۔ نہ اٹھایا جانا ۸ ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ جاسکنا ۹ ہار جانا ۱۰ خطا کرنا۔ چوکنا ۱۱ عاجز ہونا ۱۲ کسی عضو کی طاقت کا جاتا رہنا۔ بےحس ہو جانا ۱۳ حیران ہو جانا۔ بےخود ہو جانا ۱۴ (بات) دیکھو بات کے تحت میں ۱۵ (پیٹ) حمل ٹھیرنا۔ رحم میں ٹھیرنا ۱۶ (کام) نہ ہونا۔ **رَہرو** (مذکر) دیکھو راہرو۔ **رہ رہ کر یا کے** (تف) ٹھیر ٹھیر کر۔ بار بار گھڑی گھڑی۔ **رہ رہ کے دل دھڑکنا** (لازم) بار بار دل میں خوف پیدا ہونا۔ **رہ گھڑے میں** کلمہ تضحیک کسی کی شان میں (عف) **رہ گئے نا** امتحان میں پورے نہ اترے۔ **رہ گیا۔ تھک گیا**۔ کامیاب نہ ہوا۔ ساتھ نہ دے سکا۔ برابری نہ کرسکا۔ امتحان میں پورا نہ اترا۔ ٹھہر گیا۔ **رہنا** (لازم) ۱ چھوٹنا۔ باقی رہنا ۲ ٹھیرنا۔ قیام کرنا ۳ بسر ہونا۔ گزر ہونا ۴ بنا۔ رہائش رکھنا ۵ نصیب نہ ہونا۔ نہ ملنا ۶ پائدار ہونا۔ پکا ہونا ۷ یکساں زندگی بسر ہونا۔ برقرار ہونا ۸ کھڑا رہنا۔ نہ گرنا ۹ حیثیت ہونا۔ حساب میں آنا۔ گنا جانا ۱۰ باقی رہنا۔ ادا نہ ہونا ۱۱ طے پانا ۱۲ تھمنا۔ صبر کرنا ۱۳ کوئی کام ضرور کرنا ۱۴ عورت کا مرد کے ساتھ سونا۔ زنا کرانا ۱۵ ملتوی ہونا ۱۶ رک رہنا۔ ٹھیر جانا ۱۷ قید سے بھاگنا۔ فرار ہونا ۱۸ زندہ ہونا ۱۹ تھک جانا۔ کمزور ہونا۔ عاجز ہونا ۲۰ ہار جانا ۲۱ (سے) باز رہنا ۲۲ (میں) مبتلا ہونا ۲۳ (کوئی عضو) بےحس ہونا۔ طاقت جاتی رہنا ۲۴ امر کے ساتھ مل کر فعل مرکب بناتا ہے جن میں تکرار زور یا قیام پایا جاتا ہے۔ جیسے کھاتا رہنا۔ کرتا رہنا۔ **رہنا سہنا** (لازم) بسر کرنا۔ گزر کرنا۔ **رہن ہار** (ھ) ۱ رہنے والا۔ ٹھہرنے والا ۲ رہائش رکھنے والا ۳ قائم رہنے والا ۴ (مذکر) باشندہ۔ ساکن۔ متوطن۔ قابض۔ **رہنے بھی دو**۔ جھوٹ نہ بولو باتیں نہ بناؤ۔ جب کسی کی بات کا یقین نہ آئے تو کہتے ہیں۔ **رہنے دینا** (متعدی) ۱ رکھ چھوڑنا ۲ ہاتھ نہ لگانا ۳ پیچھا چھوڑنا ۴ جانے دینا۔ **رہنے والا** (ھ)، **یا ہارا** (ھ) دیکھو رہن ہار۔ **رہی یہ بات**۔ یہ بات باقی رہی۔

امثال اقوال۔ رہا کریما تو گھر گیا۔ گیا کریما تو گھر گیا۔ نالائق شخص کے متعلق کہتے ہیں چاہے وہ رہے چاہے جائے۔ **رہب بھکلے۔ جلب تہکلے** (ھ) بھوکا رہوں مگر بےعزتی کی بات نہیں کرنے کا۔ **رہتا پانی رہ جائے گا۔ بہتا پانی بہ جائے گا** اصل باتیں رہ جائیں گی۔ نقلی جاتی رہیں گی۔ اگر کسی کا میاں دوسری بیوی کرے تو پہلی کی تسلی کے لئے کہتی ہیں۔ **رہتوں کا گھر نہیں ہوتا** اصل آبادی مالک سے ہوتی ہے۔ **رہ رہ بینگنا ہونے دے یہاں۔ تجھ پر ساجیں گے تیر کمان** (ھ) ارے مینڈک ٹھیر جا صبح ہونے دے۔ تجھ پر تیر کمان چلیں گے۔ سست آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ **رہنا بھلا بدلیس کا۔ جہاں اپنا نہیں کوئی**۔ سادھوؤں کا مقولہ۔ **رہنے کو جھونپڑے نہیں خواب دیکھیں محلوں کا** دیکھو رہیں جھونپڑوں الخ۔ **رہو ری کتیا مری آس میں آؤں کا تک ماس** (ھو) اس شخص کے متعلق کہتی ہیں۔ جو ہمیشہ سفر میں رہے۔ **رہئے تو ٹیک سے نہیں تو جائے جڑ بیخ سے**۔ دیکھو تو الخ۔ **رہے انت موچی کے موچی**۔ کچھ بھی ترقی نہ کی۔ **رہی بات تھوڑی زین لگام گھوڑی**۔ کچھ نہیں رہا جلنے کا سامان رہ گیا۔ **رہے تو آپ سے اور نہ رہے تو سگے باپ سے**۔ اگر عورت کی نیت بھاگ جانے کی ہو تو اسے باپ بھی نہیں روک سکتا۔ **رہے تو ٹیک (نیک) سے جائے تو جڑ بیخ سے**۔ یا تو عزت سے رہنا چاہئے یا تباہ ہو جانا چاہئے۔ **رہے نگے بھائل ناؤں لیوں کے دھرو سیر** (ھ) رہتے ہیں جھونپڑے میں اور کہلاتے ہیں ساہوکار۔ **رہے محمود کے انڈے دے مسعود کے** مہربانی کسی دوسرے پر کرے خرچ کسی کا ہو۔

رہے نام اللہ کا۔ خدا کے سوا سب فانی ہیں۔ کسی کے مرنے یا زوال پر کہتے ہیں۔ رہیں جھونپڑوں میں خواب دیکھیں محلوں کا مفلسی میں تونگری کی امنگ۔

رَہ (ف۔ مونث) راہ کا مخفف۔ دیکھو راہ۔ رَہبان (مذکر) رستے کا محافظ۔ رہبر (مذکر) دیکھو راہبر۔ رہبری (مونث) راہبری۔ رہبری کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) کسی کا رستہ دکھانے والا ہونا ؛ کسی چیز یا بات کا راہنما ہونا۔ رہروی (مونث) رستے پر جانا۔ سفر کرنا کے ساتھ۔ رہروی اختیار کرنا (متعدی) سفر پر جانا۔ سفر کرنا۔ رہروی میں (تف) سفر میں۔ رہگزرا (مذکر) دیکھو راہزا۔ راہگزائی (مونث) سفر۔ رہگزر (مونث) رستہ۔ سڑک۔ رہگزری (مذکر) راہ پر گزرنے والا مسافر۔ رہزن۔ رہ مار (مذکر) ڈاکو۔ لٹیرا۔ رہنمول (صفت) راہ دکھانے والا۔ ہادی۔ رہنمونی (مونث) راہنمائی۔ ہدایت۔ رہ نورد (مذکر) دیکھو راہ نورد۔ رہوار (مذکر) دیکھو راہوار۔

رَہا (ہ۔ امر) رہانا کا۔ رہا لینا (متعدی)، رہانا (متعدی) چکی یا سل کے دانت تیز کرانا۔

رِہان (ع۔ مذکر) ۱ گھوڑ دوڑ پر شرط لگانا ۲ رہن کی جمع۔ وہ چیزیں جو رہن رکھی جائیں ۳ شرطیں (رَہن۔ رہنا)

رِہائش (ہ۔ مونث، رہنا سے۔ فارسی طریقے پر حاصل مصدر بنا لیا گیا ہے) ۱ قیام۔ سکونت۔ بود و باش ۲ ضبط۔ برداشت ۳ گنجائش۔ رہائش اختیار کرنا یا رکھنا (متعدی) رہنا۔ قیام کرنا۔ رہائش ہونا (لازم) رہنا۔

رہباری (ہ۔ مونث) رہواری۔ مخرب۔

رُہبان (ع۔ مذکر) راہب کی جمع۔ عیسائیوں کے زاہد۔

رَہبانیّت (ع۔ مونث) ترک دنیا۔ رہبانوں کے طریقے پر پرہیزگاری۔

رَہت (ہ۔ مذکر) ۱ ٹھیرنا۔

رِہت (س۔ اسم فاعل) ۱ چھوڑا ہوا۔ ترک کیا ہوا ۲ جدا کیا ہوا ۳ آزاد۔ الگ۔ بغیر تمونا مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے دکھ رہت دکھ سے آزاد۔ رہت کرنا (متعدی) ۱ لے لینا۔ محروم کرنا ۲ چھڑانا۔ آزاد کرنا۔

رَہتوا (ہ۔ مذکر) مفلس آدمی۔ غریب آدمی۔

رَہَٹ (ہ۔ مذکر) ۱ وہ چرخی جس سے بیلوں کو جوت کر کوئیں سے پانی نکالتے ہیں۔ ۲ ہنڈولا ۳ سلسلہ۔ تسلسل۔ رَہٹا (ہ) ۱ چرخہ ۲ رہٹ ۳۔ رہٹ لگانا (ہ۔ متعدی) لگنا (لازم) بار بار آنا۔ رہٹی (مونث) ۱ معمول۔ طریقہ ۲ چھوٹا رہٹ۔ رہٹی باندھنا (متعدی) بندھنا (لازم) معمول مقرر ہونا۔ رہٹی چلانا (متعدی)، چلنا (لازم) ۱ چرخی چلنا ۲ قرضہ سود در سود پر ملنا ۳ رقم قسط پر ادا ہونا۔

رَہچولا (ہ۔ مذکر) ۱ خوشامد ۲ دم جھانسا۔ للو پتو ۳ خوشامدانہ گفتگو۔ نرم الفاظ۔

رَہڑو (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا چھکڑا ۲ بچوں کو چلنا سکھانے کی گاڑی۔

رِہڑی (ہ۔ مونث) ۱ ریتلی یا بنجر زمین ۲ شور زمین۔

رَہَس (ہ۔ مذکر) روندنا۔

رَہَس (س۔ مذکر) ۱ تنہائی۔ گوشہ نشینی۔ خلوت گزینی۔ عزلت ۲ تنہائی کی جگہ۔ خلوت ۳ چھپنے کی جگہ ۴ راز۔ بھید ۵ مذہبی یا صوفیانہ امر مصدقہ یا اصول ۶ جماع ۷ ہنسی۔ مذاق ٹھٹھا ۸ اندام نہانی ۹ کرشن جی اور گوپیوں کا ناچ۔ اس ناچ کی نقل ۱۰ اس قسم کا ایک ناچ جو واجد علی شاہ۔ شاہ لکھنؤ نے ایجاد کیا تھا ۱۱ (تف) تنہائی میں۔ خلوت میں ۱۲ خفیہ طور پر۔ چھپ کر۔ رہس رہس (تف) ۱ مذاقاً۔ ہنسی میں ۲ خوشی سے۔ رہس کام (مذکر) تنہائی پسند آدمی۔ رہس کر (صفت) خفیہ کام کرنے والا۔ رہسیہ (صفت) ۱ خفیہ۔ نہاں ۲ (مذکر) بھید۔ راز ۳ کھیل۔ تماشہ ۴ مذاق ۵۔

رَہَسنا (ہ۔ لازم) ۱ خوش ہونا ۲ مزے اڑانا۔ لطف اٹھانا۔

رَہکل۔ رَہکلا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا چھکڑا ۲ چھوٹی توپ۔ زنبورک۔

رَہکلا (ہ۔ صفت، دلالوں کی اصطلاح) تیرہ۔ رہکلا آنہ (مذکر) تیرہ آنے۔ رہکلا آنے اکلا (مذکر) ایک روپیہ تیرہ آنے۔ رہکلا پونے (مذکر) پونے چودہ آنے۔

رَہلا (ہ۔ مذکر) چنے۔

رَہلو (ہ۔ مذکر) دیکھو رہڑو۔

رَہن (ع۔ مذکر) ۱ گروی ۲ گروی رکھنا مال یا زمین کا۔ کوئی چیز کسی کو دے کر اس سے قرضہ لینا ۳ کوئی چیز جو گروی رکھی جائے ۴ روپیہ کوئی چیز گروی رکھ کے اس کے عوض دیا جائے ۵ (رَہن، رہنا)۔ رہن دار (مذکر) مرتہن۔ رہن داری (مونث) ۱ رہن رکھنا ۲ مرتہن کا حق۔ رہن در رہن (مذکر) مرتہن کا مال مرہونہ کو کسی اور کے پاس گروی رکھ دینا۔ رہن رکھنا (متعدی) گروی رکھنا۔ رہن سے چھڑانا (متعدی) روپیہ ادا کر کے چیز یا زمین واپس لینا۔ رہن نامہ (مذکر) رہن کی دستاویز۔ رہن ہونا (لازم) ۱ گروی ہونا ۲ کسی کا ہو رہنا۔

رَہَن (ہ۔ مونث) طریقہ۔ دستور۔

رَہوا (ہ۔ مذکر) ۱ مفلس شخص جو کسی کے گھر میں رہے ۲ غلام۔

رہوا مہوا کھیت ترائی
ان کے مدھوا ودھار نہ کھائی۔ غلام مہوا ترائی کا کھیت بھروسے کے قابل نہیں۔

رَہواری (ہ۔ مذکر) ہندؤں کا ایک فرقہ جو اونٹ بیچتا ہے۔

رَہواس (ہ۔ مذکر) ۱ مکان جائے رہائش ۲ رہنے والا شخص۔ باشندہ۔ ساکن۔ مکین۔

رَہوائی (ہ۔ مونث) مزدوری جو فصل کی رکھوالی کے لئے دی جائے۔

رَہویا (ہ۔ مذکر) رہنے والا۔ باشندہ۔ ساکن۔ مکین۔

رَہِین (ع۔ مذکر) ۱ وہ چیز جو رہن رکھی جائے۔ مرہون ۲ وابستہ۔ تابع۔ ماتحت ۳ وابستگی۔ طابعت ۴ تعلق۔ رہین منت (صفت) احسان کے تابع۔ ممنون احسان (ہونا کے ساتھ)۔

رؤف (ع۔ صفت) ۱ بہت

شفقت کرنے والا ۲۔ (مذکر) خدا تعالے کا نام۔

رئی (ہ۔ مونث) ۱۔ دودھ متھنے کا اوزار (پھرنا۔ پھیرنا۔ چلانا۔ چلنا کے ساتھ) ۲۔ گرد و غبار جو آسمان پر ہو ۳۔ بھوسی۔ چوکر۔

رئیس (ع۔ مذکر) ۱۔ سردار۔ سالار۔ فرمانروا۔ سپہ سالار ۲۔ مالک۔ حاکم ۳۔ شاہزادہ۔ راجہ۔ نواب ۴۔ وہ شخص جس کا عہدہ بدرجہ یا حالت اعلےٰ ہو ۵۔ امیر۔ شریف۔ عزت دار آدمی۔ **رئیس البدن** (مذکر) جسم کا سردار۔ سر۔ **رئیس با اختیار** (مذکر) وہ رئیس جس کو حکومت کے پورے اختیار ہوں۔ **رئیس بنانا یا کرنا** (متعدی) ۱۔ سردار کرنا ۲۔ جاگیر دینا۔ **رئیس خود مختار** (مذکر) وہ رئیس جو کسی کے ماتحت نہ ہو۔ **رئیس زادہ** (مذکر) رئیس کا بیٹا۔ **رئیس زادی** (مونث) رئیس کی بیٹی۔ **رئیسہ** (صفت) بڑا سردار وغیرہ ۲۔ (مونث) رئیس زادی۔ شاہزادی۔ رانی۔

ری (ہ۔ حرف ندا) عورت کو بلانے کے لئے کسی دوسرے حرف کے ساتھ۔

رے (ہ۔ حرف ندا) مرد کو بلانے کے لئے تنہا استعمال نہیں ہوتا۔ واہ رے۔ اف رے۔

رے (ہ۔ مذکر) حرف ر کا تلفظ۔

رے واؤ زبر رَو ہونا (لازم) دفع ہونا۔ جانا۔

ریا (ع۔ مونث) ۱۔ ظاہرداری۔ دنیاسازی۔ دورنگی ۲۔ دکھاوا۔ نمود۔ بناوٹ ۳۔ مکاری۔ منافقت (رأی۔ دیکھنا) **ریاکار** (صفت) منافق۔ مکار۔ دنیاساز۔ **ریاکاری** (مونث) مکر۔ فریب۔ منافقت (کرنا ہونا کے ساتھ) **ریا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ظاہرداری وغیرہ ہونا۔ **ریائی** (صفت) ریاکار۔

ریا (انگ۔ مذکر) ۱۔ شتر مرغ کی قسم کا ایک پرندہ جو جنوبی امریکہ میں پایا جاتا ہے ۲۔ (دیو۔ عص) کرونس کی بہن اور بیوی اور رئیس کی ماں۔

ریات (ع۔ مذکر جمع) ریا کی۔ چراغ۔

ریاح (ع۔ مونث جمع) ریح کی ۲۔ ہوائیں ۳۔ اپھار۔ نفخ۔

ریاحین (ع۔ مذکر جمع) ریحان کا خوشبودار پھول۔

ریاست (ع۔ مونث) ۱۔ عملداری۔ راج۔ حکومت ۲۔ وہ علاقہ جو رئیس کی حکومت میں ہو ۳۔ کوئی آزاد علاقہ جو کسی جمہوری سلطنت کا حصہ ہو ۴۔ دیسی راجوں یا نوابوں کی مملکت ۵۔ سرداری۔ افسری ۶۔ شرافت۔ نجابت (رأس۔ درجے میں بلند ہونا) **ریاستہائے متحدہ** (مذکر) وہ ریاستیں جن سے مل کر کوئی جمہوری سلطنت بنی ہو۔ **ریاستہائے متحدہ امریکہ** (شا) کینیڈا کے جنوب میں ایک بڑی جمہوری سلطنت جو ساحل بحر اوقیانوس سے لے کر ساحل بحر الکاہل تک پھیلی ہوئی ہے۔ رقبہ ۳۰۲۶۷۸۹ (۱۲۲۷۷۵) اس میں ۴۸ ریاستیں ضلع کولمبیا۔ ممالک ایلاسکا اور ہوائی جزائر فلپائن۔ سموا اور ورجن پورٹو ریکو اور گوام شامل ہیں۔ دارالسلطنت واشنگٹن ہے۔

مقولہ۔ ریاست بے سیاست نہیں ہوسکتی۔ حکومت کے لئے انتظام کی لیاقت ہونی ضروری ہے۔

ریاض (ع۔ مذکر) ۱۔ روضہ کی جمع۔ باغ ۲۔ دیکھو ریاضت۔ **ریاضات** (مونث) جمع ریاضت کی۔

ریاضت (ع۔ مونث) ۱۔ محنت۔ مشقت ۲۔ زہد۔ نفس کشی ۳۔ مشق۔ مہارت ۴۔ ورزش ۵۔ مزدوری۔ پیشہ وری ۶۔ دیدہ ریزی (کرنا ہونا کے ساتھ) (روض۔ سکھانا) **ریاضتی** (صفت) ۱۔ ریاضت کرنے والا ۲۔ (مذکر) زاہد۔ راہب۔ **ریاض رائگاں ہونا یا ضائع جانا** (لازم) محنت برباد ہونا۔ کچھ پھل نہ ملنا۔ **رضوان** (مذکر) بہشت۔ **ریاضی** (مونث) ۱۔ ایک علم جس میں مقدار یا حجم یا ان کے ماپ کے متعلق بحث علامات کے ذریعے ہوتی ہے۔ جو ان اعدادی سلسلہ وار اور وسعتی تعلقات کی تحقیق کرتا ہے۔ جو اشیائے کے درمیان ہوتے ہیں ۲۔ (صفت) دریافت کرنے والا۔ **ریاضی داں** (مذکر) ماہر علم ریاضی۔

ریافت (ع۔ مونث) کوئیں یا چشمے معلوم کرنے کا ہنر۔

ریان (ع۔ صفت) ۱۔ جس میں بہت پانی دیا جائے ۲۔ تازہ۔ سرسبز۔ رسدار ۳۔ (مذکر) سبز تازہ شاخ (روی۔ بہت سینچنا)۔

ریب (ع۔ مذکر) شک۔ شبہ۔ گمان۔ بھرم۔ وسواس۔ اشتباہ۔ احتمال۔ چنتا۔ ابہام۔ شنکا (ریب۔ شبہ پیدا کرنا)۔

ریباس (ف۔ مذکر) ایک پودا جس کی جڑ ریوند ہے۔

ریپھ (س۔ مذکر) ۱۔ حرف ر کا نام ۲۔ نشان (٢) جو کسی دوسرے حرف صحیح پر لکھا جائے تو حرف رے کو ظاہر کرتا ہے۔

ریت (ہ۔ مونث) ۱۔ رسم۔ رواج۔ دستور ۲۔ عام طریقہ ۳۔ وضع۔ تراش۔ چلن۔ طور۔ طریقہ ۴۔ قاعدہ۔ قانون ۵۔ تجویز۔ ترکیب۔ تدبیر (س ریت۔ ری۔ پگھلنا سے) **ریت رسم یا رسوم** (مذکر) وہ خاص رسوم جو نکاح کے موقع پر ادا کئے جاتے ہیں۔ **ریت سے** (تف) ۱۔ قاعدے سے۔ طریقے سے ۲۔ رسم کے مطابق۔

امثال واقوال۔ ریت کی کوڑی نہ اوت بلاؤ کی ڈھیری ایک عقلمند آدمی بہت سے بیوقوفوں سے بہتر ہے۔ **ریت نہ ستوا نسا میرا لاڈلا نوانسا** (عو) محبت تو بہت ظاہر کرتی ہے مگر خرچ کچھ نہیں کرتی۔

ریت (ہ۔ مونث) ۱۔ دانہ دار مٹی جو پتھروں کے گھسنے سے پیدا ہوتی ہے۔ دریاؤں سمندروں۔ ریگستانوں اور زمین کی مٹی کی تہ کے نیچے پائی جاتی ہے۔ بالو۔ ریگ ۲۔ وہ مٹی جو پیشاب کے ساتھ نکلتی ہے ۳۔ (کماروں کی اصطلاح) پھسلن (س ری۔ علیحدہ ہونا) **ریتا** (مذکر) ۱۔ ریت ملی ۲۔ ریتلی زمین ۳۔ وہ ریت جو دور سے پانی کی طرح نظر آئے۔ سراب۔ **ریت آنا** (لازم) پیشاب میں ریت نکلنا۔ **ریت بلونا۔ ریت کی دیوار کھڑی کرنا** (متعدی) ناممکن بات کرنے کی کوشش کرنا۔ **ریت کے ذرے گننا** (متعدی) فضول کام کرنا۔ **ریت کی موجیں** (مونث) لہروں کے نشانات جو تیز ہوا سے ریت پر ہو جاتے ہیں۔

ریتل (صفت) ۱۔ جس میں ریت ہو۔ ریتلا ۲۔

(مونث) ریتلی زمین۔ ریت۔ ریتلا (صفت) وہ جس میں ریت ہو۔ کرکرا۔ ریتلی (صفت مونث) ۱ دیکھو ریتلا ۲ وہ ریتلی زمین جو دریا کے کنارے پر ہو۔ ریتی (مونث) ریت۔ ریتا۔ ریتی کا میدان (مذکر) ریگستان۔ وہ میدان جہاں ریت ہی ریت ہو۔ ریتیلا (ھ) ریتلا۔

ریت (ہ۔ امر) ۱ ریتنا کا ۲ (مونث) برادہ۔ چورہ جو ریتنے سے حاصل ہو (س ری۔ علیحدہ کرنا) ریتا (ماضی) ۱ ریتنا کا ۲ برادہ۔ چورہ۔ ریتائی (ھ) ریتنے کی مزدوری۔ ریتنا (متعدی) ۱ ریتی سے گھسنا۔ برادہ کرنا ریتی سے ۲ رندہ کرنا ۳ ریگ مال کرنا۔ ریتی سے صاف کرنا ۴ رگڑنا۔ گھسے لگانا ۵ (سارنگی) بجانا۔ ریتنی (ھ) ریتی۔ ریتوا (ھ) ۱ ریتنے والا ۲ صاف کرنے والا۔ ریتی (مونث) اوزار فولاد کا بنا ہوا جو عموماً تکون ہوتا ہے اور اس پر چکی کی طرح دانت بنے ہوتے ہیں اور جو چیزوں کو رگڑنے کے کام آتا ہے۔ سوہن۔ ریتیانا (متعدی) ۱ ریتی سے رگڑنا ۲ صاف کرنا۔

ریت۔ ریتس۔ ریتن۔ ریتہ (س۔ مذکر) ۱ منی ۲ بچہ۔ اولاد۔ بیج ۳ پارہ جسے شوجی کی منی سمجھا جاتا ہے۔

ریتا (ھ۔ صفت) خالی۔ تہی۔ سون۔ ریتنا (لازم) ۱ خالی ہونا ۲ بیتنا۔ گزرنا۔

امثال و اقوال۔ ریتا ہاتھ منہ تک نہیں پہنچتا۔ غریب کی عزت نہیں ہوتی۔ ریتے بھرے بھرے ڈھلکاوے مہر کرے تو پھر بھر جاوے۔ خدا غریب کو امیر کر دیتا ہے اور امیر کو غریب اور اگر مہربانی کی نظر ہو تو پھر اسے امیر کر دیتا ہے۔

ریتی (س۔ مونث) ۱ جانا ۲ حرکت ۳ رستہ ۴ ندی۔ نالہ ۵ لکیر ۶ قطار ۷ حد ۸ رسم۔ رواج۔ ریت ۹ قدرتی خاصیت یا طبیعت ۱۰ لکھنے یا بولنے کا طریقہ ۱۱ پیس ۱۲ اسے کا زنگ ۱۳ دھات کا میل۔ کیٹ ۱۴ پیتل کا کشتہ ۱۵ رسنا۔ چونا۔ ٹپکنا۔ مقطر ہونا۔

ریٹ (انگ۔ صفت) رانٹ کا مخرب ہے۔ ریٹ ہونا (لازم) ۱ ٹھیک ہونا ۲ درست ہونا ۳ چلا جانا۔ مغرور ہونا۔

ریٹ (انگ۔ مذکر) نرخ۔

ریٹھا (مذکر) ۱ ایک درخت ۲ اس کا پھل جو گول بیر کے برابر ہوتا ہے۔ اس کا چھلکا بھگو کر صابن کے طور پر استعمال کرتے ہیں (س رشٹ) ریٹھی۔ ریٹھیا (مونث) چھوٹا ریٹھا۔

ریجھ (ہ۔ مونث) ۱ پسندیدگی۔ فرحت۔ لذت۔ خوشی وغیرہ طبیعت کی ۲ خواہش۔ آرزو ۳ محبت۔ عشق ۴ تسلی۔ اطمینان (س رج۔ خوش ہونا) ریجھ بوجھ (مونث) دیکھو ریجھ۔ ریجھ بچانا (ھ) تسلی وغیرہ کو چھپانا۔ ریجھلنا (ھ) ریجھنا (لازم) ۱ بہت خوش ہونا ۲ مائل ہونا۔ عاشق ہونا۔ لٹو ہونا ۳ نہایت پسند کرنا۔ ریجھواڑ (صفت) جو آسانی سے خوش ہو جائے۔ ریجھے ہوئے ہیں۔ فریفتہ ہیں۔ محبت میں چور ہیں۔

مثل۔ ریجھیں گے دو پتھر ماریں گے۔ خوش بھی ہوں گے تو تکلیف دینگے کھرا کی نسبت کہتے ہیں۔

ریچ (ھ) ریچھ (ہ۔ مذکر) ۱ ایک بڑا درندہ جس کے بدن پر لمبے لمبے سیاہ بھورے یا سفید بال ہوتے ہیں۔ یہ پھل گوشت انڈے شہد وغیرہ کھاتا ہے۔ اکیلے آدمی پر بھی حملہ کرتا ہے اور بھینچ کر مار ڈالتا ہے۔ آگ سے بہت ڈرتا ہے۔ خرس۔ بھالو۔ ریچھ پتی (مذکر) ریچھوں کا راجہ جمبونت کا لقب۔

مقولہ۔ ریچھ کا ایک بال بھی بہت (غنیمت ہے) فارسی مثل از خرس موئے بس است کا ترجمہ ۱ برے آدمی سے جو کچھ ملے غنیمت ہے ۲ ریچھ کا بال دفع نظر کے لئے بچوں کے گلے میں باندھتے ہیں۔

ریح (ع۔ مونث) ۱ ہوا۔ باد ۲ پاد ۳ بائے گٹھیا۔ وجع المفاصل۔ ریحی (صفت) ریح سے منسوب۔

ریحان (ع۔ مذکر) ۱ نازبو۔ ایک قسم کا پودہ جس کے پتوں اور چھوٹے چھوٹے پھولوں میں سے خوشبو آتی ہے ۲ اس کا بیج ۳ ہر ایک خوشبودار پودہ ۴ سرخ پھول کے سوا ہر ایک پھول ۵ ایک قسم کا عربی خط ۶ بخشش عطا (خدا کی) ۷ اولاد ۸ گذارا۔ زندگی کا سہارا ۹ رحم۔ عنایت۔ لطف۔ کرم ۱۰ اناج کا پتہ ۱۱ (مونث) شراب ۱۲ رَوح۔ ہوادار ہونا) ریحان تاتاری (صفت) خوبصورت حسین۔ ریحان زرد (مذکر) سورج کی کرنیں۔ ریحان سبز (مذکر) نازبو۔ ریحان کوہی (مذکر) تلسی۔ ریحانی (صفت) ۱ ریحان کا۔ یا اس کے متعلق ۲ ریحان کی طرح خوشبودار۔ خوشبودار ۳ (مونث) ایک قسم کا عربی خط۔

رَیخ (ع۔ صفت) ۱ ڈھیلا۔ کھلا ۲ سست کاہل ۳ تھکا ہوا ۴ جس کی ٹانگیں کھلی ہوں۔

ریخ (ہ۔ مونث) ۱ لکیر۔ ریکھا ۲ مسی منجن یا پانوں کے رنگ کا نشان جو دانتوں کے بیچ میں یا جبڑوں میں پڑ جاتا ہے۔ ریخیں (مونث) ریخ کی جمع۔ ریخیں بھیگنا (لازم) دیکھو مسیں بھیگنا۔ ریخیں ڈھیلی ہو جانا (لازم) ۱ خوف سے بدحواس ہو جانا۔ ڈر سے بے طاقت ہو جانا۔

رِیخ (ف۔ مونث) ۱ دست۔ پاخانہ ۲ پیچش کا پتلا پاخانہ۔ مروڑ ۳ چول۔ جڑ بنیاد ۴ طاقت۔ توانائی۔ ریخ نکالنا (متعدی) گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

ریختہ (ف۔ صفت) ۱ پڑا ہوا۔ بکھرا ہوا۔ ملا ہوا۔ پریشان ۲ (مذکر) ملی ہوئی زبان۔ اردو جو مختلف زبانوں سے مل کر بنی ہے۔ ۳ زبان اردو کے اشعار ۴ مکان بنانے کا سالا۔ چونہ کنکر اینٹ پتھر وغیرہ ۵ پختہ عمارت (ریختن بکھیرنا) ریختی (مونث) عورتوں کی زبان میں نظم۔ اس میں انشا اور جان صاحب نے دیوان ترتیب کئے ہیں۔

رَیڈ (انگ۔ صفت) سرخ۔ ریڈ کراس سوسائٹی (مونث) ایک عیسائی جماعت جو لڑائی کے دوران میں زخمیوں کی امداد امن میں بیماروں کی خدمت کرتی ہے۔

رِیڈ (انگ۔ متعدی) پڑھنا۔ ریڈر (مذکر) محرر پیشی جو کاغذ پڑھ کر سناتا ہے۔

رَیڈیکل (انگ۔ مذکر) انگلستان کا بے حد آزاد خیال پولیٹیکل فرقہ۔

ریڈیم (انگ۔ مونث) ایک

عنصر دھات جو ۱۸۹۸ء میں پیرا ور مادام کیوری نے دریافت کی تھی۔ اس سے سرطان کا علاج کرتے ہیں۔

ریڈیو (انگ۔ مذکر) وہ آلہ جس کے ذریعے دور دراز کی آواز سن سکتے ہیں۔

ریڈیئیٹر (انگ۔ مذکر) موٹر گاڑیوں کا ایک حصہ جس میں پانی مشین کو ٹھنڈا کرنے کے لئے رہتا ہے۔

ریر (ہ۔ مونث) شور۔ غل۔ ہلڑ۔

ریڑھ (ہ۔ مونث) ۱۔ پیٹھ کی درمیانی ہڈی جو سر کے نیچے سے شروع ہو کر چوتڑوں کے اوپر ختم ہوتی ہے۔ قلب (س۔ ریڈک) ۲۔ ریس۔ برابری۔ ہمسری ۳۔ دھجی (ان میں غالباً ہندی لیر کا مخرب ہے) **ریڑ پیٹ رہنا یا پٹنا** (لازم) لکیر پیٹنا۔ پرانی وضع کا پابند ہونا۔ **ریڑھ کی نس** (مونث) نس جو ریڑھ کی ہڈی کے اندر ہوتی ہے۔ **ریڑھ کی ہڈی** (مونث) دیکھو ریڑھ ۱۔ **ریڑھ مارنا** (متعدی) کسی کے فائدے کے کام میں حارج ہونا۔ درپے آزار ہونا (عف) **ریڑھ نال** (مونث) وہ نالی جو ریڑھ کی ہڈی میں ہوتی ہے۔ **ریڑھی** (ہ) آم کی کیری۔ **ریڑھیں** (مونث) ریڑھ کی جمع۔ **ریڑھیں نکلنا** (لازم) غریب کے جسم پر لباس کا دھجیاں ہو کر نکلنا۔

ریز (ف۔ امر) ۱۔ ریختن بمعنی بہانا کا ۲۔ (صفت) بہانے والا۔ تر کرنے والا۔ گرانے والا۔ بکھیرنے والا۔ ڈالنے والا۔ مرکبات میں جیسے اشک ریز۔ زرریز ۳۔ (مونث) پرند کا چہکنا ۴۔ ذرہ۔ چھوٹی سی چیز۔ ٹکڑا۔ کوئی لمبی یا مسلی ہوئی چیز ۵۔ قطرہ۔ گھونٹ ۶۔ مہربانی۔ شفقت۔ لطف ۷۔ افراط۔ بہتات۔ دولت ۸۔ پیالہ۔ بادہ ۹۔ مرضی۔ خواہش۔ آرزو۔ **ریزاں** (اسم فاعل) بہاتا ہوا۔ گراتا ہوا۔ بکھیرتا ہوا۔ ڈالتا ہوا۔ **ریزش** (مونث) ۱۔ بہانا۔ ڈالنا ۲۔ ناک سے پانی بہنا۔ زکام۔ نزلہ (کر دینا کرنا ہو جانا ہونا کے ساتھ) ۳۔ گرنا۔ جھڑنا۔ **ریزش پر** (مونث) پرندوں کے پر جھڑنا۔ **ریز کرنا** (متعدی) ۱۔ پرندوں کا چہچہانا ۲۔ طوطے یا مینا کے بچوں کا پڑھنے سے پہلے میں چیں کرنا ۳۔ طاقت لسانی پیدا کرنا۔ (عف) **ریزگی** (مونث) ۱۔ خوردہ ۲۔ چھیچھن۔ کھرچن۔ کترن ۳۔ سونے یا چاندی کے تار کا چھوٹا سا ٹکڑا ۴۔ بجری جو عمارت کے کام پر لگائیں۔ **ریزگی لڑکے** (مذکر) چھوٹے لڑکے۔ **ریزہ** (مذکر) ۱۔ بہت چھوٹی چیز ۲۔ ذرہ۔ ٹکڑا ۳۔ پرزہ۔ پارچہ ۴۔ ریشمی کپڑے کا تھان ۵۔ لونچی۔ نوعمر لڑکی ۶۔ خوبصورت صندوق ۷۔ ریزگی کا ۸۔ کسی جانور کا بچہ ۹۔ ایک قسم کا مرغ ۱۰۔ ڈھالنے کا صندوق۔ **ریزہ چیں** (صفت) ۱۔ ٹکڑے چننے والا ۲۔ (مذکر) ٹکڑ گدا۔ **ریزہ چینی** (مونث) ٹکڑے اکٹھے کرنا۔ **ریزہ خط** (صفت) باریک دھاریوں والا۔ **ریزہ خوار** (صفت و مذکر) ریزہ چیں۔ **ریزہ خوانی یا سرائی** (مونث) ۱۔ نفیس تقریر ۲۔ نہایت اچھا گانا۔ **ریزہ ریزہ** (مذکر) ۱۔ چھوٹے ٹکڑے۔ ذرے ۲۔ (صفت) چھوٹا ۳۔ (تف) ٹکڑے ٹکڑے (کر دینا کرنا ہونا کے ساتھ) **ریزۂ سیمیں** (مذکر) ستارہ۔ **ریزۂ قلم** (مذکر) وہ ٹکڑے جو قلم بناتے ہوئے گریں۔ **ریزۂ مقراض** (مذکر) کترن۔ **ریزۂ نان** (مذکر) روٹی کے ٹکڑے۔ **ریزی** (مونث) ڈالنا۔ بکھیرنا۔ ملانا۔ گرانا وغیرہ۔ مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے۔

ریزرو (انگ۔ مصدر) ۱۔ خاص کرنا ۲۔ (مذکر) فوج یا دستہ جسے خاص کام کے لئے رکھا جائے۔ **ریزروڈ** (صفت) خاص کیا ہو۔ مخصوص۔ **ریزروڈ سیٹ** (مونث) وہ جگہ جو کچھ نقدی دے کر اپنے لئے رکوالی جائے تاکہ اس پر کوئی نہ بیٹھے۔ **ریزروڈ کلاس** (مونث) وہ درجہ جو تماشا گاہ وغیرہ میں سب سے آگے ہو۔ **ریزروڈ گاڑی** (مونث) ریل کی وہ گاڑی جو خاص افسروں یا لوگوں کے لئے مخصوص ہو۔ **ریزروسٹ** (مذکر) ریزرو فوج کا ایک سپاہی۔

ریزروائر (انگ۔ مذکر) پانی کا تالاب جہاں پینے کا پانی جمع کر کے نلوں کے ذریعے تقسیم کرتے ہیں۔

ریزیڈنٹ (انگ۔ مذکر) ایک افسر جو گورنمنٹ برطانیہ کی طرف سے ریاستوں میں رہتا ہے۔

ریس (ہ۔ مونث) ۱۔ برابری ہمسری ۲۔ مقابلہ ۳۔ رشک۔ ہوس (کرنا ہونا کے ساتھ) **ریس آنا** (لازم) رشک کرنا۔

امثال و اقوال۔ ریس بھلی ہونس بری۔ ہمسری اچھی ہوتی ہے۔ رشک برا ہوتا ہے۔ **ریس نہ کرو ضمونت کی نردھن ہو کر یار۔ ریس کرتے سیکڑوں دیکھے ہوتے خوار۔** غریب ہو کر امیروں کی ریس نہیں کرنی چاہئے۔ ایسا کرنے میں ہزاروں کو خوار دیکھا

ریس۔ ریس (ف۔ مونث) ۱۔ کاتنا۔ پھیلانا مرکبات میں ہوتا ہے ۲۔ وہ جو محنت کرے ۳۔ نمونہ کشیدہ کاری کے لئے ۴۔ گاڑھا شوربہ ۵۔ ایک گنبد جو خسرو پرویز نے بنایا تھا۔

ریسماں۔ ریسمان (ف۔ مونث) رسی۔ ڈوری۔ **ریسمان کشتی** (مونث) وہ رسی جس سے کشتی باندھتے ہیں۔

ریش (ف۔ مونث) داڑھی۔

ریشائیل (صفت) بڑی اور لمبی داڑھی والا۔ **ریش بابا** (مذکر) انگور کی ایک قسم۔ **ریش بچہ** (مذکر) ٹھوڑی کے بال۔ **ریش بنانا** (متعدی) داڑھی کترنا یا مونڈنا۔ **ریشخند۔ ریشخندہ** (مذکر) مذاق۔ ہنسی براہ تمسخر۔ **ریشخندی** (مونث) ہنسی۔ مذاق۔ تمسخر۔ **ریش سفید** (مذکر) ۱۔ بوڑھا آدمی ۲۔ سردار۔ **ریش سیاہ** (مذکر) ۱۔ جوان آدمی ۲۔ سیاہ داڑھی۔ **ریش قاضی** (مونث) شراب کی صافی۔ **ریش گاؤ** (صفت) ۱۔ بیوقوف۔ احمق ۲۔ لالچی۔ **ریش مرسل** (مونث) لٹکنے والی داڑھی۔

مقولہ۔ ریش باید دو سہ موئے و زنخداں پوشے۔ نہ کہ ریشے کہ دو بچہ در او خرگوشے۔ بھاری داڑھی پر طنز ہے۔

ریش (ف۔ مذکر) ۱۔ زخم ۲۔ زخم کرنے والا۔ اسار دو میں صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے دل ریش۔

ریشٹا (اردو۔ مذکر) جھگڑا۔ (عف)۔

ریشم (ف۔ مذکر) ۱۔ تار جو ریشم کا کیڑا کوئے کی شکل میں بناتا ہے ۲۔ اس تار کا کپڑا ۳۔ نخ۔ **ریشم کی گانٹھ** (مونث) ریشم کے تار

کی گرہ جو بڑی مشکل سے کھلتی ہے۔ **ریشم کی گانٹھ پڑنا** (لازم) کسی کام کا بہت مشکل ہونا۔ **ریشم کے لچھے** (مذکر) ۱ ریشم کے دھاگوں کا گچھا ۲ ایک قسم کی مٹھائی جو ریشم کے دھاگوں کی طرح ہوتی ہے ۳ (صفت) ریشم سا ملائم اور چکنا۔ بہت ہی نرم۔ **ریشمی** (صفت) ریشم کا۔ ریشم کا بنا ہوا۔

ریشہ (ف۔ مذکر) ۱ سوت کا تار۔ کھوسڑا ۲ رگیں درخت کی ۳ پھلوں کے تار۔ آم کے تار ۴ نس ۵ پتوں کی رگ۔ **ریشہ دار** (صفت) وہ چیز جس میں ریشے ہوں **ریشہ دوانی** (مونث) شرارتیں۔ فساد ڈالنے کی ترکیبیں۔ **ریشہ خطمی** (مذکر) ۱ دوائی ۲ (کنایتاً) بہت ہنسنے والا۔ خوش۔

ریضان (ع۔ مذکر) روضہ کی جمع۔ باغات۔ کھیت۔

ریط (ع۔ مذکر) ۱ باریک نقاب۔

ریعان (ف۔ مذکر) کسی چیز کا بہترین حصہ۔ **ریعان الشباب** (مذکر) عین جوانی۔ جوانی کے زور کا زمانہ۔

ریغل (ف۔ صفت) ۱ دبلا۔ پتلا ۲ خشک ۳ (مذکر) دبلا مویشی۔

ریف (ع۔ مونث) ۔ زرخیز کاشت شدہ زمین ۲ خوشحالی۔ اچھی زندگی ۳ مصر زیریں ۴ مراکو میں ایک علاقہ۔

ریفارمر (انگ۔ مذکر) اصلاح کرنے والا۔ مصلح۔

ریفارمیشن (انگ۔ مونث) مذہب عیسوی کی وہ اصلاح جسکا نتیجہ پراٹسٹنٹ مذہب ہے۔

ریفرشمنٹ (انگ۔ مونث) تھوڑی چیز جو تفریح طبع کے لئے کھائی یا پی جائے۔ **ریفرشمنٹ روم** (مذکر) وہ کمرہ جہاں ایسی چیزیں کھانے یا پینے کے لئے ملیں۔

ریفریجریٹر (انگ۔ مذکر) ایک قسم کی بند الماری جس سے بجلی کے ذریعے چیزوں کو ٹھنڈک پہنچائی جاتی ہے۔ اس میں رکھی ہوئی چیزیں عرصے تک خراب نہیں ہوتیں۔

ریق (ع۔ مونث) ۱ تھوک ۲ طاقت۔ **ریق دہن** (مونث) منہ کا تھوک۔

ریک (انگ۔ مونث) ۱ خانے دار الماری ۲ کپڑے رکھنے کی کھونٹی۔

ریکارڈ (انگ۔ مذکر) ۱ اصل مقدمہ ۲ اندراج ۳ دفتر کے کل کاغذات۔ دفتر ۴ گراموفون کی پلیٹ۔ **ریکارڈ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) لکھا جانا۔ تحریر ہونا۔

ریکٹ (انگ۔ مذکر) ٹینس کھیلنے کا بلا۔

ریکھ (س۔ مذکر) **ریکھ** (ھ۔ مونث) ۱ لکیر۔ خط ۲ مسی کی سیاہ لکیر دانتوں پر **ریکھا** (مونث) ۱ لکیر۔ خط۔ دھاری ۲ سلسلہ۔ قطار ۳ نشان ۴ تحریر ۵ ہل کا نشان ۶ ہتھیلی کی لکیریں ۷ قسمت کا لکھا۔ تقدیر۔ نصیب ۸ (ملا) پہلا خط نصف النہار جو لنکا سے کوہ میرو تک خیال کیا جاتا تھا۔ یعنی خط استوا سے قطب شمالی تک ۹ تسلی۔ تشفی ۱۰ دھوکا۔ دغا ۱۱ ناچنے میں اعضا کا سیدھا یا درست رہنا۔ **ریکھا گنت** (مونث) علم ہندسہ۔ تحریر اقلیدس۔ **ریکھ بھیگنا** (لازم) مسیں بھیگنا۔ داڑھی مونچھوں کا نمودار ہونا۔ **ریکھیں** (مونث) ریکھ کی جمع **ریکھیں بھیگنا** (لازم) دیکھو ریکھ بھیگنا۔

ریکھان (ھ۔ مونث) وہ زمین جو دریا کے پانی کی زد سے باہر ہو۔

ریگ (ف۔ مونث) ۱ ریت بالو ۲ وہ ریت جو گردے میں پیدا ہو جاتا ہے ۳ وہ مٹی جو تحریر کو خشک کرنے کے لئے ڈالا کرتے تھے۔ **ریگ پشتہ یا تودہ** (مذکر) ریت کی پہاڑی **ریگدان** (مذکر) ریگ رکھنے کا ظرف۔ **ریگ رواں** (مذکر) ۱ وہ ریت جو ہوا کے چلنے سے جگہ بدلتا ہے ۲ دلدل۔ **ریگزار۔ ریگستان** (مذکر) ریتلا میدان۔ صحرا۔ **ریگ کے ذرے گننا** (لازم) فضول کام کرنا۔ **ریگ گردہ** (مونث) ریت جو پیشاب میں آتا ہو۔ **ریگ مال** (مذکر) وہ کاغذ جس سے لکڑی یا لوہے کو صاف کرتے ہیں۔ **ریگ ماہی** (مونث) سقنقور۔ گرگٹ کی قسم کا ایک جانور جو ریگستانوں میں پایا جاتا ہے۔

ریگاری (ھ۔ مونث) ریگھاری کا نشان۔

ریگر۔ ریگھر (ھ۔ مونث) ۱ سیاہ مٹی ۲ ہل کا نشان۔

ریگولیٹر (انگ۔ مذکر) ۱ گھڑی جو بہت درست وقت دے ۲ پیچ وغیرہ جس سے کسی چیز کو درست کرتے ہیں۔

ریل (انگ۔ مونث) پھرکی جسپر سوت یا تاگے لپٹے ہوئے ہوں۔ پیچک۔

ریل (ہ۔ امر) ۱ ریلنا کا ۲ (مونث) بہتات۔ افراط ۳ ہجوم۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ اژدہام **ریلا** (مذکر) ۱ دھکا ۲ رو۔ سیلاب ۳ دھار ۴ بھیڑ۔ ہجوم ۵ جانوروں کی قطار۔ **ریلا دینا** (متعدی) دھکا دینا۔ ریلنا۔ **ریل پیل** (مونث) ۱ دھکم دھکا ۲ بہتات۔ افراط۔ کثرت۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **ریل چیل** (ھ۔ مونث) ریل پیل۔ **ریلم ریلا** (مذکر) ۱ دھکم دھکا ۲ کسی چیز کا افراط سے آنا۔ **ریلنا** (متعدی) پیچھے سے ہٹانا۔

ریل (انگ۔ مونث) ۱ لوہے کی کڑی جو بیچ میں سے پتلی۔ اوپر سے موٹی اور چوڑی اور نیچے سے چپٹی ہوتی ہے ۲ ریل گاڑی ۳ (مذکر) لوہے کی پٹڑی جسپر ریل گاڑی چلتی ہے۔ **ریل کا بابو** (مذکر) وہ کلرک جو ریل کے محکمے میں ملازم ہو۔ **ریل گاڑی** (مونث) گاڑی جو ریلوں پر چلے۔ **ریلوے** (مونث) ۱ ریل کی سڑک ۲ ریل کا محکمہ ۳ وہ تمام ریل کی سڑکیں جو ایک منتظم کے ماتحت ہوں جیسے نارتھ ویسٹرن ریلوے۔ **ریلوے اسٹیشن** (مذکر) دیکھو ریلوے سٹیشن۔ **ریلوے انجن** (مذکر) وہ انجن جو ریل گاڑی کو کھینچتا ہے۔ **ریلوے ٹائم ٹیبل** (مذکر) وہ کتاب یا بڑا ورق جس پر ریل گاڑیوں کے اوقات دئیے ہوں۔ **ریلوے ریگولیٹر واچ** (مونث) وقت صحیح دینے والی گھڑی۔ **ریلوے سٹیشن** (مذکر) وہ مکان جس کے آگے ریل گاڑی کھڑی ہو۔ **ریلوے گائیڈ** (مذکر) وہ کتاب جس میں ریل کے حالات اوقات کرایہ وغیرہ ہوں۔ **ریلوے میگزین** (مذکر) وہ رسالہ جو ریلوے کا محکمہ چھاپے۔ **ریل موٹر** (مذکر) وہ موٹر کار جو ریل کی سڑک پر چلے۔

ریم (ف ۔ مونث) ۱ پیپ ۔ مادہ ۔ جو زخموں وغیرہ سے نکلے ۲ تلچھٹ ۔ **ریمی** (صفت) پیپ دالے ۔ جسمیں سے پیپ بہے ۔ **ریمی بواسیر** (مونث) بواسیر جس میں خون کی بجائے پیپ یا مادہ بہے ۔

ریمارک (انگ ۔ مذکر) رائے اظہار رائے (کرنا لکھنا ہونا کے ساتھ) **ریمارک دینا** (متعدی) کسی ملازم کے متعلق اس کے اعمال نامہ میں اچھی یا بری رائے لکھنا) **ریمارک ملنا** (لازم) ریمارک دینا کا ۔ **ریمارکیبل** (صفت) عجیب ۔ نادر ۔

ریمانڈ (انگ ۔ مذکر) ملزم کی واپسی حراست پولیس یا جیل میں ۔ پولیس ۲۴ گھنٹے گرفتاری کے بعد ملزم کو عدالت میں پیش کرتی ہے اور ۲۴ دن تک ملزم کو تفتیش کے لئے لے سکتی ہے ۔ مجسٹریٹ چاہے تو اس اثنا میں اسے جیل میں بھیجدے (حاصل کرنا دینا لینا مانگنا کے ساتھ) ۔

ریمائینڈر (انگ ۔ مذکر) یاد دہانی یادداشت ۔

ریمشن (انگ ۔ مونث) معافی سزا کی یا مالگذاری وغیرہ کی ۔

ریمیا (ف ۔ مونث) ایک علم جسکے عمل سے انسان جہاں چاہے جا سکتا ہے ۔

رین (ہ ۔ مونث) رات شب ۔ **رین بسیرا** (مذکر) ۱ رات کی رہائش ۔ رات رہنا ۲ پرندوں کا رات کا درختوں وغیرہ پر رہنا ۔ **رین چین** (مذکر) ۱ رات کے مزے یا عیش ۲ امن چین کی زندگی ۔ **رین دن** (تف) دن رات لگاتار ۔ **رینی** (ہ ۔ صفت) وہ سدھا ہوا پرند جو رات کو بولے ۔ **رینی بلبل** (مونث) بلبل جو رات کو بولے

رینٹ (ہ ۔ مذکر) **رینٹ** (ہ) **رینٹا** (ہ) ۱ گاڑھا لعاب جو ناک سے نکلتا ہے ۔ سینک ۔ ناک کی غلاظت ۔

رینڈھا پھیلانا (اردو ۔ متعدی) خوب جھگڑا برپا کرنا

رینڈھنا (ہ ۔ متعدی) پکانا ۔ کھانا تیار کرنا ۔ ابالنا ۔ بھونا ۔

رینڈی (ہ ۔ مونث) ۱ خربوزے کے بیجوں کا گچھا ۲ چھوٹا خربوزہ ۔

رینڈیر (انگ ۔ مذکر) ایک قسم کا ہرن جسکو قطبی ممالک میں گاڑیوں کے آگے جوتتے ہیں ۔

ریں ریں (ہ ۔ مونث) بچوں کے رونے کی آواز ۲ سارنگی کی آواز ۳ مسلسل باریک آواز

رینگ (ہ ۔ مونث) ۱ گدھے کی آواز ۔ (س ریش ۔ کوئی آواز نکالنا) **رینگنا** ۱ گدھے کا بولنا ۲ گدھے کی طرح آواز نکالنا ۳ بیل وغیرہ کا ڈکارنا ۔

رینگ (ہ ۔ امر) رینگنا کا (س رنگ حرکت کرنا) **رینگانا** (متعدی) **رینگنا** (لازم) ۱ پیٹ کے بل چلنا ۔ سرکنا ۔ گھٹنوں کے بل چلنا ۔

رینگنا (ہ ۔ لازم) آہستہ آہستہ چلنا ۔ جوں کی چال چلنا ۔ **رینگ رینگ کر** (تف) بڑی مشکل سے بہت دیر کے بعد ۔ **رینگنی** (مونث) ۱ عرق النسا ۔ کولا رہجانے کی بیماری ۲ بھٹ کٹیا ۔ **رینگنے والے جانور** (مذکر) وہ جانور جو پیٹ کے بل چلتے ہیں ۔ جیسے سانپ ۔ بچھو وغیرہ ۔

رینی (ہ ۔ مونث) ۱ رنگ ۲ رنگ دینا ۳ پھولوں یا پھلوں سے رنگ نکالنا جیسے کسم سے ۴ چھوٹی دیوار جو قلعہ کے گرد بناتے ہیں اور اس میں چھوٹے چھوٹے سوراخ رکھتے ہیں ۔ **رینی ٹپکانا** (متعدی) **ٹپکنا** (لازم) کسم سے رنگ نکلنا ۔ **رینی چڑھانا** (متعدی) ۱ کسم کا رنگ نکالنے کے لئے کپڑے میں باندھ کر لٹکانا ۔ **رینی چڑھنا** (لازم) ۱ رینی چڑھانا کا ۲ (عف) حیض سے ہونا ۔

ریو (ف ۔ مونث) دھوکا ۔ دغا ۔ فریب ۔ چھل ۔

ریواس (ف ۔ مذکر) دیکھو ریباس ۔

ریوالور (انگ ۔ مذکر) تمنچہ ۔ جیبی بندوق ۔ پستول جس میں کارتوس چلکر دوسرا کارتوس پھر کر گھوڑے کے سامنے آتا ہے ۔

ریورنڈ (انگ ۔ مذکر) معزز ۔ پادریوں کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔

ریوڑ (ہ ۔ مذکر) بھیڑوں کا گلہ ۔ **ریوڑ چرانا** (مذکر) گلے کو باہر جنگل میں لے جا کر گھاس کھلانا ۔

ریوڑی (ہ ۔ مونث) ایک مٹھائی جو گنڈوں پر تل جما کر بناتے ہیں ۔ **ریوڑی کے پھیر میں آنا** (لازم) ۱ کسی لالچ یا طمع میں آکر مصیبت میں پھنسنا ۔ کہتے ہیں ایک شخص نے ایک دوست سے کہا کہ پہلی دفعہ ایک دوسری دفعہ دو تیسری دفعہ چار غرضیکہ دوگنا کرتے ہوئے کے بار ریوڑیاں کھا جاؤ گے اسنے کہا دس دفعہ یہ کہکر پھنس گیا کیونکہ اسے ۱۰۲۴ ریوڑیاں کھانی پڑیں اس لئے یہ محاورہ ہوا ۲ حیرت میں آجانا ۳ ناحق خرچ ذمہ آپڑنا ۔ **ریوڑیاں سی بٹ جانا** (لازم) ساری آمدنی فوراً خرچ ہو جانا ۔

مثل ۔ ریوڑی کا کیا الٹا کیا سیدھا ہر طرف سے یکساں ۔ ایک ہی حالت ۔

ریوند (ف ۔ مذکر) ایک پودہ ۔ **ریوند چینی** (مذکر) چین کا ریوند ۔

ریویو (انگ ۔ مذکر) ۱ رائے زنی تقریظ نظر ثانی ۔ تجویز ثانی (کرنا لکھنا ہونا کے ساتھ) ۲ ایک قسم کا رسالہ ۳ ایک قسم کا ناٹک ۔

ریہ (ہ ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی کھاری مٹی ۲ کھاری سجی ۔ **ریہی** (مونث) دیکھو آخری ۔

ریہ (ف ۔ مذکر) ۱ پھیپھڑے ۔

ڑ

ڑ (ہ ۔ مونث) تلفظ ڑے ۱ اسے رائے ہندی بھی کہتے ہیں ۲ یہ اردو زبان کا پندرھواں حرف ہے جو کسی زبان میں نہیں پایا جاتا ۳ زبان کی نوک کو اوپر کی طرف اٹھا کر رکھنے سے یہ حرف نکلتا ہے ۴ ہندی میں رے کے نیچے نقطہ دیکر یہ حرف ظاہر کرتے ہیں ۵ ابجد میں شمار ہوتا ہے اور اسکے دو سو عدد مقرر ہیں ۶ یہ کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتا

ز

ز (ع - مونث) تلفظ زے ۱؎ اسے
زائے ہوز منقوطہ یا معجمہ بھی کہتے ہیں ۲؎ اردو زبان کا سولھواں
عربی کا گیارھواں اور فارسی کا تیرھواں حرف ہے ۳؎
ہندی اور سنسکرت میں نہیں پایا جاتا - ان زبانوں
میں ج کے نیچے نقطہ دینے سے ظاہر کیا جاتا ہے -
(اور ہندو اسے بولنے میں عموماً جیم سے بدل دیتے ہیں
۴؎ ابجد میں اس کے ۷ عدد مقرر ہیں ۵؎ جنتری میں
ہفتے یا سنیچر اور برج عقرب کو ظاہر کرتا ہے -

ز (ف - حرف جر) از کا مخفف شعروں میں استعمال ہوتا ہے **زبس** (تف) بہت کافی - **زبسکہ** (تف) کیونکہ - جب کہ - درحالیکہ **ز جائے** (تف) جگہ سے - دور **ز خود رفتگی** (مونث) آپے سے باہر ہونا **ز خود رفتہ** - **ز خود فراموش** (صفت) ۱؎ آپے سے باہر - جو اپنے ہوش میں نہ ہو ۲؎ کنایتاً عاشق -

امثال و اقوال - **ز جاہل گریزندہ چوں تیر باش - نیامیختہ چوں شکر شیر باش** - جاہل سے تیر کی طرح دور بھاگ - اور اس سے شیر شکر کی طرح مل نہ جا - **ز خورداں خطا و ز بزرگاں عطا** - چھوٹے بے ادبی کرتے ہیں - بزرگ معاف کرتے ہیں - **ز دریا میکشد صیاد دام آہستہ آہستہ** - مستقل مزاج آدمی رفتہ رفتہ اپنا مطلب حاصل کر لیتا ہے - **ز صد تیر آید یکے بر نشاں** - سو تیروں میں سے ایک کہیں نشانے پر بیٹھتا ہے - سو طرح کی تدبیریں کی جاتی ہیں تو کہیں ایک کارگر ہوتی ہے **ز گرگاں بگر گی توانیم رست** - جیسے کو تیسا چاہئے - تب معاملہ ٹھیک ہوتا ہے -

زا (ف - امر) زائیدن کا بمعنی جننا مرکبات کے آخیر میں فاعل کے معنی دیتا ہے - جیسے نقنہ زا ۱؎ اسی طرح مفعول کے معنی دیتا ہے - ۲؎ جیسے میرزا - ولایت زا -

زاب (ف - مذکر) ۱؎ خاصیت ۲؎ چشمہ - آنکھ ۳؎ ایران کے پیشدادی خاندان کا دسواں بادشاہ -

زاج (ف - مذکر) ۱؎ توتیا - ہیرا - کسیس - زنگار ۲؎ بوٹ کی سیاہی ۳؎ سجی **زاج سفید** (مذکر) پھٹکری -

زاجر (ع - مذکر) وہ جو روکے یا جھڑکے (زجر - روکنا) **زاجرات** (جمع - مونث) زاجر کی ۱؎ جھڑکیاں ۲؎ پیش گوئیاں ۳؎ فرشتے جو ہوا اور بادلوں کے موکل ہیں -

زاد (ع - مذکر) توشہ راہ کا (زَوْدٌ سفر کیلئے توشہ جمع کرنا) **زادِ آخرت** (مذکر) دیکھو زادِ عقبےٰ (بنانا بلنا ہونا کے ساتھ) **زادِ راہ** (مذکر) رستے کا توشہ یا خرچ **زادِ سفر** (مذکر) سفر کا توشہ یا سامان **زادِ عقبےٰ** (مذکر) عمل نیک جو آخرت میں کام آئیں -

زاد (ف - صفت) ۱؎ جنا ہوا ۲؎ (مذکر) بیٹا - اولاد - آخری دو معنوں میں مرکبات کے آخیر میں استعمال ہوتا ہے جیسے آدمزاد پریزاد ۳؎ پیدائش - جنم (زادن - جننا) **زاد بود یا بوم** (مذکر) جنم بھومی - جائے پیدائش **زادِ خاطر** (مونث) نظم - شعر **زادگی** (مونث) پیدائش - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے شہزادگی - حرامزادگی **زادہ** (صفت) جنا ہوا - مرکبات کے آخیر میں آتا ہے - جیسے نواب زادہ - شاہزادہ **زادی** (صفت مونث) جنی ہوئی - مرکبات کے آخیر میں آتا ہے جیسے شاہزادی حرامزادی -

زادشم (ف - مذکر) ہوشنگ کا باپ اور افراسیاب کا دادا -

زار (ف - صفت) ۱؎ رونے والا ۲؎ مصیبت زدہ ۳؎ دبلا - پتلا - ضعیف مرکبات میں جیسے تن زار ۴؎ کامل مرکبات میں جیسے عاشق زار ۵؎ (مذکر) جگہ جہاں کوئی چیز افراط سے ہو جیسے گلزار لالہ زار ۶؎ رونا - گریہ - زاری ۷؎ خواہش - آرزو ۸؎ مجمع - بھیڑ **زار زار - زار و قطار** (تف) بہت زور سے بیحد - پھوٹ کر - دلی سے (رونا کے ساتھ) **زار نالی** (مونث) رونا پیٹنا - چیخ پکار - فریاد - **زار و زبون** (صفت) خراب و خستہ - غمگین - **زار و نزار** (صفت) ۱؎ دبلا - پتلا ۲؎ کمزور - ناتواں ۳؎ غمگین - **زاری** (مونث) ۱؎ رونا - گریہ ۲؎ الحاح - منت - اظہار عاجزی و بیکسی -

زار (انگ - مذکر) شاہ روس کا لقب **زارینہ** (مونث) روس کی ملکہ کا لقب -

زاغ (ف - مذکر) کوا - **زاغ آب** (مذکر) جالا **زاغ چشم** (صفت) نیلی آنکھ والا **زاغ سر پر** (مذکر) تیر - **زاغ کمان** (مذکر) کمان کے گوشہ کی نوک - **زاغ کوہی** (مذکر) پہاڑی کوا -

زاغنول (ف - مذکر) پھاوڑا - گنڈاسہ - تبر -

زال (ف - صفت) ۱؎ بوڑھا - ضعیف - عمر رسیدہ ۲؎ (مذکر) بوڑھا مرد ۳؎ (مونث) بوڑھی عورت ۴؎ (مذکر) رستم کے باپ کا نام کیونکہ جب وہ پیدا ہوا تو اس کے بال سفید اور چہرہ سرخ تھا - یہ سام کا بیٹا اور نریمان کا پوتا تھا - **زالِ بدافعال - رعنا - سفید ابرو - سفید رو یا عقیم** (مونث) دنیا - **زالِ پیر** (مذکر) بہت بوڑھا آدمی - **زالِ دستاں یا زر** (مذکر) رستم کا باپ - **زالِ دنیا** (مونث) دنیا کو زال سے استعارہ کرتے ہیں - کیونکہ اس کی عمر کسی کو معلوم نہیں **زالِ زماں** (مونث) ۱؎ دنیا ۲؎ (مذکر) وقت - **زالِ سر سفید - سیاہ دل** (مونث) دنیا - **زالِ کوزہ پشت** (مذکر) آسمان - **زالِ کوفہ** (مونث) وہ بڑھیا جس کے تندور سے طوفان نوح کا پانی نکلنا شروع ہوا تھا - مگر یہ بچ گئی تھی - **زالِ مدائن** (مونث) ایک بوڑھی عورت جس نے اپنا مکان نوشیرواں کے ہاتھ بیچنے سے انکار کر دیا تھا -

زانو (ف - مذکر) گھٹنا - ران - پہلو - گود - جانگھ - **زانو بدلنا** (متعدی) ۱؎ بیٹھے ہوئے گھٹنے زانو کو نیچا کرنا اور نچلے زانو کو اونچا کرنا ۲؎ گھبرا جانا - تلملانا - **زانو بند** (مذکر) کار چوبی جراب کو لگا کر زانو کے نیچے باندھ دیتے ہیں - **زانو بہ زانو** (تف) زانو سے زانو ملا کر - **زانو پوش** (مذکر) کپڑا جو زانو پر رکھ کر کھانا کھاتے ہیں - **زانو پر سر جھکانا** (متعدی) **جھکنا** (لازم) سوچ میں پڑنا - غور و فکر میں مبتلا ہونا - **زانو پر سر رکھنا** (متعدی) ۱؎ کسی کے زانو پر اپنے سر کو رکھنا ۲؎ کسی کے سر کو اپنے زانو پر رکھنا ۳؎ متفکر ہونا ۴؎ شرمندہ ہونا - **زانو پر سر ہونا** (لازم) ۱؎ متفکر ہونا ۲؎ شرمندہ ہونا **زانو پر ہاتھ مارنا** (متعدی) تعجب یا افسوس میں ایسا ہوتا ہے - **زانو پیٹنا** (متعدی) افسوس یا رنج و الم ظاہر کرنا - **زانو تہ کرنا** (متعدی) مودب بیٹھنا

دو زانو بیٹھنا۔ **زانو جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) گھوڑے پر پیٹری جانا یا جھک کر بیٹھنا۔ **زانو توڑنا** (متعدی) مودب بیٹھنا۔ **زانو تولنا** (متعدی) زانو بدلنا۔ **زانو ٹیک کر نذر دینا** (متعدی) بادشاہوں کے دربار میں زانو جھکا کر نذر پیش کرتے ہیں۔ کیونکہ اس طرح نذر بادشاہوں سے نیچی ہوتی ہے اور وہ اچھی طرح سے دیکھ سکتا ہے کہ کیا ہے۔ **زانو دبا کے** (تف) پاس بھڑکے۔ بہت قریب۔ **زانو سے سر اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) فکر سے فراغت ہونا۔ غور و فکر ختم ہونا۔ **زانو کے تلے دابنا یا دبانا** (متعدی) کسی کی چھاتی پر زانو رکھ کر اٹھنے نہ دینا۔ **زانو مسلنا** (متعدی) سواری میں گھوڑے کو دونوں طرف سے زانوؤں سے رگڑنا تاکہ تیز چلے۔ **زانوؤں پر بٹھانا** (متعدی) **بیٹھنا** (لازم) بچے یا معشوق ایسا کرتے ہیں۔ **زانوؤں میں دبانا** (متعدی) دونوں زانوؤں سے پکڑ کر بھینچنا۔ **زانوئے ادب تہ کرنا** (متعدی) مودب بیٹھنا۔

زانی (ع۔ صفت) زنا کرنے والا۔ رنڈی باز۔ بدکار۔ **زانیہ** (صفت۔ مونث) زنا کرنے والی۔ فاحشہ۔ بدکار۔

زاویل (ع۔ مذکر) زاویہ کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔

زاویہ (ع۔ مذکر) ۱ وہ جو دو خطوط مستقیم کے ملنے سے پیدا ہو۔ کون ۲ کونا۔ گوشہ ۳ خلوت کی جگہ یا مقام (زدنی) کسی چیز کو پاس لانا ۴ زاویے کئی قسم کے ہیں۔

زاوے (ع۔ مذکر) زاویہ کی جمع۔

زاویۂ اتصال یا انطباق (مذکر) وہ زاویہ جو کسی چیز (مثلاً کرن) کے کسی سطح پر پڑنے کی جانب اور اس عمود کے درمیان بنے جو اس سطح پر اس نقطے پر کھینچا جائے جہاں کرن پڑے (شکل ۸)۔ زاویہ ا ر س۔ **زاویۂ اندرونی** (مذکر) اگر دو خطوط متوازی کو ایک خط مستقیم کاٹے جیسے شکل ۲ میں۔ ا ب ج د میں سے ہر ایک زاویہ اندرونی کہلاتا ہے۔ بھیتری کون۔ **زاویۂ انعکاس** (مذکر) دیکھو زاویۂ مراجعت۔ **زاویۂ بیرونی** (مذکر) ۱ شکل ۲ میں۔ س ر ص ط میں سے ہر ایک زاویہ بیرونی کہلاتا ہے ۲ وہ زاویہ جو کسی شکل کے ایک پہلو کو بڑھانے پر باہر کی طرف بنے۔ جیسے شکل ۳ میں زاویہ ب ا ص۔ باہری کون۔ **زاویۂ تحتانی** (مذکر) وہ زاویہ جو قاعدے کی نچلی طرف ہو شکل ۲ میں زاویہ ج د ر یا ب د ر۔ نچلا کون۔ **زاویۂ حادہ** (مذکر) وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ سے چھوٹا ہو۔ سکڑا کون۔ شکل ۱ میں زاویہ د ب ر۔ **زاویۂ خارجہ** (مذکر) زاویہ بیرونی۔ **زاویۂ داخلہ** (مذکر) زاویہ اندرونی۔ **زاویۂ راس** (مذکر) اوپر کا زاویہ شکل ۴ میں ا ب ج۔ **زاویۂ قائمہ** (مذکر) اگر ایک خط مستقیم پر دوسرا خط مستقیم اس طرح کھینچا جائے کہ زاویۂ متصلہ برابر ہوں۔ تو ہر ایک زاویہ متصلہ زاویہ قائمہ ہوگا۔ شکل ۱ میں ا ب ج اور ا ب د۔ پورا کون۔ **زاویۂ کرویہ** (مذکر) دیکھو زاویہ مستدیر۔ **زاویہ کش** (مذکر) ایک آلہ جس سے زاویہ بنایا جاتا ہے۔ **زاویہ مائلہ** (مذکر) وہ زاویہ جو کوئی جھکی ہوئی چیز کسی سطح کے ساتھ بنائے۔ **زاویہ مائیل** (مذکر) وہ زاویہ جو قطب نما کی سوئی افق کے ساتھ بناتی ہے۔ **زاویۂ متبادلہ** (مذکر) ان دو زاویوں میں سے کوئی ایک جن کے سرے ایک خط مستقیم پر مگر مختلف پہلوؤں پر ہوں جیسے شکل ۲ میں ا اور ج ب اور د۔ **زاویۂ متصلہ** (مذکر) ان ہر دو زاویوں میں سے کوئی ایک جن کا ایک پہلو مشترک ہو۔ اور ایک نقطے پر ختم ہوتے ہوں۔ جیسے شکل ۲ میں س اور ر۔ **زاویۂ مجسمہ** (مذکر) وہ زاویہ جو کسی ٹھوس چیز کے کونے میں بنے۔ جیسے شکل ۴ میں ر۔ ٹھوس کون۔ **زاویہ محیطی** (مذکر) وہ زاویہ جو دائرے کے محیط پر بنے جیسے ا ب ج شکل ۵ میں۔ چکر کون۔ **زاویۂ مراجعت** (مذکر) وہ زاویہ جو کسی چیز (جیسے کرن) کے عکس اور اس عمود کے درمیان بنے جو اس سطح پر اس نقطے سے کھینچا جائے جیسے شکل ۸ میں ا ر د۔ **زاویہ مستدیر یا مستوی** (مذکر) وہ زاویہ جو دو دائرے اس نقطے پر بنائیں جہاں کہ وہ ایک دوسرے کو کاٹیں۔ یہ زاویہ دونوں دائروں کے خطوط مماس کے درمیان ہوتا ہے۔ جو اس نقطے پر کھینچے جائیں جیسے ا ر د شکل ۸ میں عکسی یا پلٹ کون۔ **زاویۂ مستقیم الخطین یا مسطح** (مذکر) وہ زاویہ جو ایک ہی سطح پر ہو۔ چورس کون۔ **زاویۂ مسطح مستقیم الخطین** (مذکر) سیدھی لکیروں کا چورس کونا۔ **زاویۂ متقابلہ** (مذکر) وہ زاویہ جو دو خطوں کے ایک دوسرے کو کاٹنے پر ایک دوسرے کے مقابل بنے جیسے ر اور ب یا س اور د (شکل ۲) **زاویہ منحنی** (مذکر) وہ زاویہ جو ایک خط مستقیم اور قطع دائرہ کے درمیان بنے۔ **زاویۂ منفرجہ** (مذکر) وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ سے بڑا ہو۔ پھیلا کون۔ **زاویۂ نظری** (مذکر) وہ زاویہ جو خط نظر اور فائر کے خط کے درمیان بنے۔ درشٹ کون۔ **زاویۂ نگاہ** (مذکر) وہ زاویہ جو نگاہ اس عمود کے ساتھ بنائے جو آنکھ سے زمین تک کھینچا جائے۔

زاہد (ع۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو دنیا سے الگ رہے اور عبادت و ریاضت میں وقت گزارے ۲ عابد۔ خدا پرست۔ راہب۔ متقی۔ تپسی۔ جوگی۔ اتیت (زہد۔ رکنا) **زاہدانہ** (صفت) زاہدوں کے طریقے پر۔ زاہدوں کی طرح۔ **زاہد خشک یا خنک** (مذکر) ۱ ایسا زاہد جو ظاہری باتوں کا پابند ہو۔ مگر اس میں روحانیت نہ ہو ۲ ریاکار۔ منافق۔ **زاہد کوہ** (مذکر) سورج۔ **زاہدی** (مونث) زہد۔

مثل - زاہد کا کیا خدا ہے ہمارا خدا نہیں۔ خدا سب پر ایک جیسا مہربان ہے۔

زاہر (ع۔ صفت) چمکدار (زَہر۔ چمکنا)

زاہری (مونث) ۱ صفائی ۲ خوشبو۔

زاہق (ع۔ صفت) ۱ بھاگ نکلنے والا۔ فراری۔ مفرور ۲ مرنے والا ۳ بہت موٹا ۴ بہت دبلا ۵ تیز۔ مضبوط ۶ خشک (زَہق۔ بھاگنا)۔

زائچہ (ف۔ مذکر) ۱ جنم پتری ۲ وہ رمل کی شکلیں جو رمال قرعہ ڈال کر بناتے ہیں (زنانا بنا۔ کھینچنا کے ساتھ) (زادن۔ جننا)۔

زائد (ع۔ صفت) ۱ زیادہ۔ فضول ۲ بچا ہوا۔ بڑھا ہوا ۳ فالتو (زَیَد۔ بڑھنا) **زائد الوصف** (صفت) تعریف سے بڑھکر۔ نہایت اعلےٰ **زائد خرچ** (مذکر) وہ خرچ جو آمدنی سے زیادہ ہو۔

زائر (ع۔ صفت) زیارت کرنے والا زیارت کو جانے والا۔ جاتری (زَوَر۔ ملنے جانا)۔

زائش (ف۔ مونث) زیادتی۔ بیشی۔ افزائش۔

زائل (ع۔ صفت) دور ہونیوالا۔ (کرنا ہونا کیساتھ) (زَوَل۔ گزرنا)

زائیدگی (ف۔ مونث) جننا۔

زائیدہ (ف۔ صفت) جنا ہوا۔ پیدا کیا ہوا۔

زاے (ف۔ صفت) جننے والا۔ مرکبات کے آخیر میں استعمال ہوتا ہے۔ **زایندہ** (صفت) ۱ جننے والی ۲ (مونث) ماں۔

زَباد (ع۔ مذکر) ایک قسم کی خوشبو جو مشک بلاؤ سے حاصل ہوتی ہے۔

زُبان (ف۔ مونث) ۱ گوشت کا سُرخ ٹکڑا جو منہ میں ہوتا ہے۔ اس میں قوت ذائقہ ہوتی ہے۔ اور انسان اس کے ذریعہ بولتا ہے۔ جیبھ۔ لسان ۲ بولی جس سے انسان اپنے خیالات ظاہر کرتا ہے ۳ بول چال۔ روزمرہ ۴ بدزبانی ۵ اقرار۔ وعدہ ۶ شعلہ ۷ بیان کرنے کا انداز ۸ تیغ و خنجر سے استعارہ کرتے ہیں۔ **زبان آب کوثر سے دھوئی ہونا** (لازم) زبان کا نہایت اعلےٰ ہونا۔ **زبان آشنا ہونا** (لازم) زبان کا خوگر ہونا۔ کسی مزے سے واقف ہونا۔ **زبان آلودہ ہونا** (لازم) بات کرنا۔ زبان پر کسی بات کا آنا۔ **زبان آنا** (لازم) ۱ بولی سے واقف ہونا ۲ انداز بیان آنا۔ **زبان آور** (صفت) فصیح۔ خوش بیاں۔ **زبان آوری** (مونث) فصاحت۔ خوش بیانی۔ **زبان افگن** (صفت) شعلہ زن۔ **زبان اُلٹنا** (متعدی) ۱ زبان بدلنا ۲ (لازم) بولنے پر قادر ہونا۔ بولنا۔ زبان کا مطلب کے موافق بات کہنا۔ **زبان اُلجھنا** (لازم) زبان کا مطلب نہ بیان کرسکنا۔ زبان لڑکھڑانا۔ **زبان اَوْلا ہونا** (لازم) زبان سخت ہوجانا۔ **زبان اینٹھنا** (لازم) زبان اکڑ جانا۔ **زبان بدلنا** (متعدی) کوئی بات کہہ کر مکر جانا۔ عہد توڑنا۔ اقرار سے پھرنا۔ **زبان بریدہ یا بستہ** (صفت) چُپ۔ خاموش۔ **زبان بڑھنا** (لازم) بدزبانی زیادہ ہونا۔ **زبان بستگی** (مونث) زبان بندی ۲-۳ **زبان بستہ** (صفت) جس کی زبان بند کی جائے۔ **زبان بگاڑنا** (متعدی) **بگڑنا** (لازم) گالیوں کی عادت ہونا۔ زبان خراب ہونا۔ **زبان بند** (مذکر) تعویذ جو دشمنوں کی زبان بند کردے۔ سحر سازی۔ **زبان بند رہنا** (لازم) کچھ نہ بول سکنا۔ **زبان بند کرنا** (متعدی) ۱ چپ ہونا ۲ جادو وغیرہ کی وجہ سے اپنے برخلاف کسی کی زبان نہ چلنے دینا ۳ خاموش کردینا۔ بات نہ کرنے دینا۔ **زبان بند کرو۔** چپ رہو۔ مت بکو۔ **زبان بند ہونا** (لازم) ۱ چپ ہونا ۲ بات نہ کرسکنا ۳ زبان اینٹھ جانا۔ گویائی کا سلب ہونا ۴ جادو وغیرہ کی وجہ سے کسی کے برخلاف نہ کہہ سکنا۔ **زبان بندی** (مونث) ۱ گواہوں کے بیان کی قلمبندی ۲ خاموشی۔ سکوت ۳ لکچر دینے کی ممانعت (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **زبان پارسی** (مونث) فارسی کی زبان جو آجکل ایران میں بولی جاتی ہے۔ **زبان پر** (لف) اقرار پر۔ وعدے پر۔ **زبان پر آسکنا** (لازم) بیاں ہوسکنا۔ بیشتر نفی کے ساتھ۔ **زبان پر آنا** (لازم) بے سمجھے بوجھے کہہ جانا ۲ بات کہی جانا۔ **زبان پر آئی ہوئی بات کاٹ دینا** (متعدی) ۱ بات ناتمام چھوڑ دینا ۲ خیال میں آئی ہوئی بات نہ کہنا۔ **زبان پر انگارا رکھ دینا** (متعدی) بدزبانی کی سزا دینا۔ **زبان پر جاری ہونا** (لازم) ۱ بولا جانا ۲ منہ سے بار بار کوئی لفظ یا فقرہ نکلنا۔ **زبان پر چڑھ جانا یا چڑھنا** (لازم) ۱ وردِ زبان ہونا۔ تکیہ کلام ہونا ۲ حفظ ہونا ۳ بولنے کی مشق ہونا۔ **زبان پر چھالے پڑنا** (لازم) گرمی کی وجہ سے زبان پر آبلے ہوجانا۔ **زبان پر چھٹی کا دودھ آنا** (لازم)۔ پچھتانا۔ **زبان پر حرف لانا** (متعدی) شکایت کرنا۔ بیشتر نفی کے ساتھ۔ **زبان پر دھرا ہونا** (لازم) ازبر یاد ہونا۔ حفظ ہونا۔ **زبان دھرنا یا رکھنا** (لازم) مزا چکھنا۔ **زبان پر زبان بدلنا** (متعدی) کسی بات پر قائم نہ رہنا۔ **زبان پر سر دینا** (متعدی) عہد کو ہر طرح پورا کرنا چاہیے مرنا پڑے۔ **زبان پر فیصلہ ہونا** (لازم) کسی کے کہنے پر جھگڑا ختم ہونا۔ **زبان پر کانٹے پڑنا** (لازم) زبان خشک ہوجانا۔ **زبان پر لانا** (متعدی) کہنا۔ بولنا۔ بیان کرنا۔ **زبان پر مُہر ہونا** (لازم) بول نہ سکنا۔ زباں بند ہونا۔ **زبان پر نام آنا** (لازم) کسی کا خیال آتے ہی زبان سے نام نکل جانا۔ کسی کا نام لینا۔ **زبان پر ہونا** (لازم) ازبر ہونا۔ خوب یاد ہونا۔ **زبان پکڑنا** (متعدی) ۱ بات کہنے سے روکنا ۲ بیچ میں بول پڑنا ۳ نکتہ چینی کرنا۔ **زبان پلٹنا** (متعدی) زباں بدلنا۔ **زبان پھوٹنا** (لازم) باتیں کرنے لگنا۔ **زبان پھرنا** (لازم) بولنے کی طاقت ہونا۔ زبان حرکت کرنا۔ **زبان پہلوی** (مونث) وہ قدیم ایرانی زبان جس میں ژند اوستا لکھی ہوئی ہیں۔ **زبان پھول جانا** (لازم) کسی بیماری کی وجہ سے زبان کا متورم ہوجانا۔ **زبان پھیرنا** (متعدی) زباں بدلنا۔ **زبان پیدا کرنا** (متعدی) بولنے کی طاقت حاصل کرنا۔ بولنا۔ **زبانِ تاک** (مونث) انگور کی بیل کی نئی شاخ۔ **زبان تالو سے لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) چپ ہونا۔ **زبان تتلانا** (متعدی) توتلی زبان میں باتیں کرنا۔ الفاظ ٹھیک طور پر زبان سے نہ نکلنا توتلی زبان والے ٹ ڈ ڑ نہیں کہہ سکتے اس کی بجائے ت د ر کہتے ہیں بعض ر ل کو ٹھیک طور پر نہیں کہہ سکتے۔ **زبان ترازو** (مذکر) ترازو کی سوئی۔ **زبان تراشنا** (متعدی) زبان فصیح بنانا۔ زبان آراستہ کرنا۔ **زبان تر ہونا** (لازم) زبان بولنے کے قابل ہونا۔ **زبان تڑاق پڑاق** (تڑ تڑ) چلانا (متعدی) **چلنا** (لازم) جلد جلد بولنا۔ چالاکی اور بیباکی سے بولتے جانا۔ **زبان**

تک لانا (متعدی) کچھ کہنا۔ **زبان تلے (رکے) زبان ہونا** (لازم) کسی بات پر قائم نہ رہنا۔ **زبان تھامنا** (متعدی) **تھمنا** (لازم) چپ رہنا۔ **زبان تھکنا** (لازم) باتیں کرتے کرتے رہ جانا۔ **زبان تیز** (صفت) دیکھو تیز زبان۔ **زبان تیز ہونا** (لازم) بہت باتیں کرنا۔ **زبان تیغ سے جواب دینا** (متعدی) جنگ کرنا۔ تلوار سے لڑنا۔ **زبان توتلانا** (متعدی) ۱ صاف طور پر بولنا۔ صحیح طور پر بولنے کی عادت ہونا ۲ بچے کا صاف بولنا۔ **زبان جلا دینا یا جلانا** (متعدی) **جل جانا یا جلنا** (لازم) زبان کا کسی گرم یا چرپری چیز سے تکلیف اٹھانا ۲ جب زبان پر کوئی بات یا کلمہ سخت آئے تو استعمال کرتے ہیں۔ **زبان جلجائے** (بددعا) کہنے والے کی زبان کو تکلیف پہنچے۔ **زبان جھڑ پڑے۔** (بددعا) زبان نہ رہے۔ بول نہ سکے۔ **زبان چاٹنا** (متعدی) مزیدار چیز کھا کر دیر تک مزے لیتے رہنا۔ **زبان چار ہاتھ کی ہونا** (لازم) بہت باتیں کرنے والا ہونا۔ **زبان چرب ہونا** (لازم) زبان تیز ہونا۔ **زبان چلانا** (متعدی) ۱ جلد جلد باتیں کرنا۔ زبان کو جلد جلد حرکت دینا ۲ بدزبانی یا بدتمیزی کی باتیں کرنا۔ **زبان چلائے کی روٹی کھانا** (متعدی) چاپلوسی کرکے پیٹ پالنا۔ خوشامد، درآمد سے روٹی پیدا کرنا۔ **زبان چلنا** (لازم) جلد جلد باتیں کرنا ۲ بدزبانی کرنا ۳ کھانا۔ **زبان حال سے کہنا** (متعدی) حالت سے ظاہر ہونا۔ بے کہے حالت موجودہ سے ظاہر کرنا۔ **زبانِ خامہ** (مونث) قلم کا وہ حصہ جس میں شگاف دیتے ہیں۔ **زبان خراب کرنا** (متعدی) ۱ گالیاں دینا ۲ دوسرے کی زبان سے بیہودہ الفاظ نکلوانا۔ **زبان خراب ہونا** (لازم) بدزبان ہونا۔ **زبان خشک ہونا** (لازم) بہت پیاس ہونا۔ ۲ بہت باتیں کرنا ۳ بہت دوڑنے سے بھی یہ حالت ہوتی ہے ۴ ملامت کرنے کے موقع پر بھی استعمال کرتے ہیں۔ **زبان داب (کر) کے باتیں کرنا** (متعدی) چبا چبا کر باتیں کرنا۔ **زبان داب (کر) کے کہنا** (متعدی) آہستہ سے کہنا۔ **زبان دابنا** (متعدی) ۱ کہتے کہتے رک جانا ۲ بات کرنے سے روکنا۔ **زبان دبا (کر) کے کہنا** (متعدی) آہستہ سے کہنا۔ **زبان خنجر کی طرح چلنا** (لازم)

بہت تیز گفتگو کرنا۔ **زباندان** (صفت) زبان کا ماہر۔ **زباندانی** (مونث) زبان کی پورے طور پر واقفیت۔ **زبان دانتوں تلے (میں) دابنا** (متعدی) ۱ کچھ کہہ کر پچھتانا ۲ حیرت کرنا۔ افسوس کرنا۔ **زبان دانتوں سے کاٹنا** (متعدی) سخت دیوانہ ہونا۔ **زبان دبا جانا** (لازم) کہتے کہتے رک جانا۔ **زبان دراز** (صفت) ۱ گالیاں دینے والا۔ بدزبان ۲ گستاخ۔ منہ پھٹ۔ **زبان دراز کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ بہت باتیں ہونا۔ بہت بولنا ۲ گالیاں دینا۔ بدزبان ہونا۔ **زبان درازی** (مونث) ۱ بدزبانی ۲ گستاخی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **زبان درست ہونا** (لازم) صحیح زبان بولنا۔ تہذیب سے گفتگو ہونا۔ **زبان داری** (مونث) وہ ایرانی زبان جو دربار میں بولی جاتی تھی۔ **زبان دکھانا** (متعدی) ۱ حکیم کو زبان نکال کر ملاحظہ کرانا۔ **زبان دیکر پلٹنا** (لازم) کہہ کر کر جانا۔ **زبان دیکھنا** (متعدی) زبان کا خیال کرنا۔ **زبان دینا** (متعدی) وعدہ کرنا۔ **زبان ڈالنا** (متعدی) ۱ کسی بات میں دخل دینا ۲ مانگنا ۔ درخواست کرنا ۳ پوچھنا۔ **زبان رکنا** (لازم) ۱ کہہ نہ سکنا ۲ ہکلانا۔ بولنے میں رکنا۔ **زبان رکھنا** (متعدی) ۱ بولنے یا جواب دینے کی طاقت رکھنا ۲ گالیاں دینا۔ **زبان رنگیں ہونا** (لازم) شوخ زبان ہونا۔ **زبان رکنا** (لازم) **روکنا** (متعدی) ۱ کہتے کہتے رک جانا ۲ برا بھلا کہنے سے باز رہنا ۳ دوسرے کو بری بات کہنے سے منع کرنا۔ **زبان زد** (صفت) مشہور معروف (ہونا کے ساتھ) **زبان زد خاص وعام** (صفت) ہر ایک کی زبان پر (ہونا کے ساتھ) **زبان سادی ہونا** (لازم) ایسی زبان جس میں مشکل الفاظ و محاورات نہ ہوں۔ بغیر بناوٹ کے زبان۔ **زبان سمجھنا** (متعدی) بولی جاننا۔ **زبان سنبھال کے بولنا** (متعدی) احتیاط سے گفتگو کرنا۔ **زبان سنبھالو۔** بیہودہ نہ بکو۔ بدزبانی نہ کرو۔ **زبان سنبھالنا** (متعدی) بیہودہ گفتگو سے باز رہنا۔ **زبان سنبھلئے۔** بدزبانی نہ کیجئے۔ گالی نہ دیجئے۔ **زبان سنسی سے کھینچ لینا** (متعدی) پرانے زمانے کی ایک سزا۔ **زبان سوکھنا** (متعدی) ۱ دیکھو زبان خشک ہونا ۲ تعریف کرتے کرتے یا نام لیتے لیتے زبان کا عاجز ہو جانا۔ **زبان سے اف نہ کرنا**

(متعدی) شکایت نہ کرنا۔ تکلیف کا اظہار نہ کرنا۔ **زبان سے اقرار دینا** (متعدی) قول دینا۔ عہد کرنا۔ **زبان سے پھول جھڑنا** (لازم) ۱ نہایت اچھی زبان میں گفتگو کرنا ۲ طنزاً غیر مناسب یا فضول باتیں کرنے کے موقعہ پر کہتے ہیں۔ **زبان سے زبان لڑنا** (متعدی) آشنائے مباشرت میں ایسا کرتے ہیں۔ **زبان سے بات نہ نکلنا** (لازم) رعب سے کچھ کہہ نہ سکنا۔ **زبان سے چاٹنا** (متعدی) کتے کی طرح زبان سے کسی چیز کو صاف کرنا اور جو کچھ اس میں لگا ہو کھا جانا۔ **زبان سے کہنا** (متعدی) خود کہنا۔ **زبان سے نام نہ لینا** (متعدی) ذکر نہ کرنا۔ کسی معاملے کے متعلق چپ رہنا۔ **زبان سے نکالنا** (متعدی) ۱ کہنا۔ بیان کرنا ۲ تلفظ کرنا۔ **زبان سے نکلنا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ بلا ارادہ کوئی بات نکل جانا۔ **زبان سیکھنا** (متعدی) بولی سیکھنا۔ **زبان سینا** (متعدی) خاموش رہنا۔ بات نہ کہنا۔ **زبان شمع** (متعدی) شمع کا گل۔ **زبانِ شیریں** (مونث) میٹھی بولی۔ **زبانِ شیشہ** (مونث) دھار جو شیشے سے نکلے۔ **زبانِ طعن کھولنا** (متعدی) لعن طعن کرنا۔ **زبان عاجز ہونا** (لازم) کچھ کہہ نہ سکنا۔ کہنے کی طاقت نہ ہونا۔ **زبان فرفر چلنا** (لازم) بہت بولنا۔ **زبان قاصر ہونا** (لازم) زبان عاجز ہونا۔ **زبان قلم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) زبان کٹنا۔ **زبان قینچی سی (کیطرح) چلنا** (متعدی) بہت تیزی سے گفتگو کرنا۔ لگاتار بولے جانا۔ **زبان کا پلٹے کھانا** (لازم) مکرنا۔ **زبان کا پھوہڑ** (صفت) بدزبان۔ زباندراز۔ گنوار۔ **زبان کا ٹانکا ٹوٹنا** (لازم) بدزبان ہو جانا۔ **زبان کا ٹکے پھینک دینا** (متعدی) کوئی فضول بات یا بدعہدی کرنے کے موقعہ پر استعمال کرتے ہیں۔ **زبان کاٹنا** (متعدی) ۱ معمولی معنوں میں۔ ایک سزا ۲ بات کاٹنا۔ بات میں بول پڑنا ۳ زبان سے شخ کی آواز نکالنا۔ جس سے غلطی پر افسوس ظاہر ہو ۴ کسے پر پچھتانا ۵ افسوس کرنا۔ رنج کرنا ۶ بیوقوفی کی بات کرنا۔ بے سوچے سمجھے بات کرنا۔ **زبان کا ٹو یا کاٹئے۔** بولنے کی سزا دیجئے۔ **زبان کا چٹکا چسکا یا مزہ** (مذکر) مزیدار چیزیں کھانے کی لت چٹورپن۔ **زبان کا چٹورا** (صفت) وہ جسے لذیذ کھانے کھانے کی عادت ہو۔ **زبان کا کام ہاتھ سے لینا** (متعدی)

اشارے کرنا۔ **زبان کا گل افشانی کرنا** (متعدی) زبان سے پھول جھڑنا۔ **زبان کا میٹھا** (صفت) ۱ شیریں زبان ۲ منافق۔ کھوٹا۔ **زبان کتر لینا** (متعدی) قینچی سے زبان کاٹ لینا۔ ایک سزا۔ **زبان کٹ جائے**۔ ایک قسم۔ **زبان کٹ گرے**۔ ایک بد دعا۔ **زبان کٹنا** (لازم) ایک سزا۔ **زبان کرنا** (متعدی) بد زبانی کرنا۔ **زبان کند ہوئی جاتی ہے**۔ اس وقت کہتے ہیں جب کچھ کہنے کا موقع نہ ملے۔ **زبان کو بس میں رکھنا** (متعدی) سوچ سمجھ کر گفتگو کرنا۔ **زبان کو کو لیگئی**۔ جب کوئی جواب نہ دے سکے تو کہتے ہیں۔ گونگا ہو گیا۔ **زبان کو لگام دو**۔ چپ رہو۔ سمجھ کر بولو۔ **زبان کو منہ میں دینا یا لینا** (متعدی) سانس کا ایک طریقہ۔ **زبان کو منہ میں رکھنا** (متعدی) ۱ زبان کو روکے رکھنا یا بس میں رکھنا ۲ چپ رہنا۔ **زبان کھلنا** (لازم) ۱ بچے کا بولنے لگنا۔ گویائی آنا ۲ بد زبانی کرنا ۳ منہ سے بات نکلنا ۴ باتیں کرنے کی طاقت پیدا ہونا۔ **زبان کھلوانا** (م) ۱ بد زبانی میں دلیر کرنا ۲ چھپی ہوئی بات ظاہر کرانا۔ **زبان کھلی کی کھلی رہ گئی**۔ اسی حالت میں دم نکل گیا۔ **زبان کھولنا** (متعدی) ۱ کچھ کہنا۔ بولنا ۲ بد زبانی کرنا ۳ گویائی کی قوت حاصل ہونا ۴ عیب نکالنا ۵ گلہ کرنا۔ شکوہ کرنا ۶ گویائی کی قوت دینا۔ **زبان کھینچنا** (متعدی) ایک سزا۔ **زبان کے آگے لگام ضرور چاہیئے**۔ سوچ سمجھ کر گفتگو کرنی چاہیئے۔ اناپ شناپ نہیں بکنا چاہیئے۔ **زبان کے آگے لگام نہیں**۔ بالکل بے لگام ہے۔ بکتا رہتا ہے۔ **زبان کی بات** (مونث) کہی ہوئی بات۔ **زبان کے تلے زبان ہے**۔ متلون مزاج ہے۔ اس کی بات کا کوئی اعتبار نہیں۔ **زبان کے چٹخارے (مزے) لینا** (متعدی) نفیس اور مزیدار چیزوں کا لطف اٹھانا۔ **زبان کی لوچ یا لچک** (مونث) لب و لہجہ کی خوبی۔ **زبان کے نیچے زبان ہونا** (لازم) دیکھو زبان تلے الخ۔ **زبان کیلنا** (متعدی) جادو کے ذریعے کسی کی زبان بند کرنا۔ **زبان گدی سے کھینچنا** (متعدی) زبان جڑ سے نکال دینا۔ ایک سزا۔ **زبان گوہر بار** (مونث) موتی برسانے والی زبان۔ فصیح زبان۔ تعریف یا خوشامد کے موقع پر استعمال کرتے ہیں۔ **زبان گھس جانا، گھسنا** (لازم) کہتے کہتے زبان تھک جانا۔ **زباں گیر** (مذکر) ۱ جاسوس ۲ معترض۔ **زباں گیری** (مونث) ۱ جاسوسی کا کام ۲ اعتراض کرنا۔ گرفت کرنا۔ **زباں لال ہونا** (لازم) زیادہ نہ بول سکنا۔ **زبان لڑانا** (متعدی) ۱ جواب دینا۔ زبان کرنا ۲ ایک قسم کا ساس۔ **زبان لڑنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **زبان لڑکھڑانا یا لغزش کرنا** (متعدی) زبان کا لکنت کرنا۔ **زبان مڑوڑنا** (متعدی) ۱ زبان ملنا ۲ گھوڑے یا مویشی کو دوائی پلانے کے لئے زبان پکڑ کر مروڑ دیتے ہیں۔ **زبانِ معجز بیان** (مونث) ایسی زبان جس سے نہایت عجیب و غریب باتیں نکلیں۔ **زبان مقال** (مونث) زبان کی گفتگو۔ **زبان ملانا** (متعدی) گستاخی سے بات چیت کرنا۔ **زبان ملنا** (لازم) ۱ بولی کا مشابہ ہونا ۲ طرز گفتگو کا ایک جیسا ہونا۔ **زبان منہ سے باہر نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) بہت دوڑنے کے بعد جانور شدت تشنگی کی وجہ سے ایسا کرتے ہیں۔ **زباں منہ میں نہ رکھنا یا ہونا** (لازم) کچھ نہ کہنا۔ جواب نہ دینا۔ **زباں موٹی پڑجانا یا ہوجانا** (لازم) زبان پھول جانا۔ ایک بیماری جس کی وجہ سے بات منہ سے صاف نہیں نکلتی۔ **زبان میں بھدرک نہ ہونا** (لازم) ایک بات پر قائم نہ رہنا۔ **زبان میں روانی ہونا** (لازم) تیز گفتگو کرنا۔ بغیر رکنے کے گفتگو کرنا۔ **زبان میں سانپ کاٹے** (بد دعا) مرے۔ **زبان میں فرق ہونا** (لازم) قول کا پابند نہ ہونا۔ **زبان میں قفل لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) خاموش رہنا۔ نہ بولنا۔ **زبان میں کانٹے پڑنا** (متعدی) سخت پیاس لگنا۔ زبان کا پیاس سے کھردرا ہوجانا۔ **زبان میں کھجلی ہونا** (لازم) لڑنے کو دل چاہنا۔ **زبان میں کیڑے پڑجائیں یا پڑیں** (بد دعا)۔ **زبان میں لکنت آنا** (لازم) ہکلانا۔ **زبان میں لگام نہیں**۔ بہت منہ پھٹ یا گستاخ ہے۔ **زبان میں لکنت ہونا** (لازم) زبان لڑکھڑانا۔ بات نہ کرسکنا۔ **زبان میں لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) کسی دوائی یا چیز کا زبان پر ملا جانا۔ **زبان میں لوچ ہونا** (لازم) بات میں چھوٹے بڑے کا لحاظ ہونا۔ **زبانِ ناطقہ** (مونث) بولنے والی زبان۔ **زبان نکالنا** (متعدی) ۱ زبان منہ سے باہر کرنا ۲ بدزبانی کرنا ۳ ایک سزا ۴ دوسرے کو چڑانے کے لئے بھی زبان نکالتے ہیں۔ **زبان نکل پڑنا یا نکلنا** (لازم) زبان کا پیاس کی شدت سے باہر نکلنا۔ **زبان نکلوانا** (م) ایک سزا۔ **زبان نہ رکنا** (لازم) چپ نہ رہنا۔ بولے جانا۔ **زبان نہ کھلنا** (لازم) منہ سے بات نہ نکلنا۔ **زبان نہ ہلا سکنا** (لازم) بول نہ سکنا۔ چپ رہ جانا۔ **زبانہ** (مونث) ۱ شعلہ۔ لو ۲ ترازو کی سوئی ۳ وہ چھوٹا سا زبان کی شکل کا حصہ جو گلے کے بیچ میں ہوتا ہے ۴ (صفت) زبان والا مرکبات میں جیسے دو زبانہ۔ **زبانہ کش** (صفت) شعلہ نکالنے یا پیدا کرنے والا۔ **زبان ہارنا** (متعدی) قول دینا۔ وعدہ کرنا۔ **زبان ہکلانا** (لازم) لکنت کرنا۔ **زبان ہلانا** (متعدی) ۱ کہنا۔ بولنا ۲ اشارہ کرنا۔ حکم کرنا ۳ مانگنا۔ **زبان ہلانا مشکل ہے**۔ کوئی بول نہیں سکتا کوئی اعتراض نہیں کرسکتا۔ **زبان ہلا نہ سکنا** (لازم) بول نہ سکنا۔ بات نہ کرسکنا۔ **زباں ہلنا** (لازم) ۱ زبان کا حرکت کرنا ۲ دیکھو آخری۔ **زبانی** (صفت) ۱ منہ سے کہا ہوا۔ نہ لکھا ہوا ۲ سنی سنائی ۳ بناوٹ کا۔ منہ دیکھے کا۔ ظاہری ۴ (تف) حفظ۔ ازبر۔ **زبانی امتحان** (مذکر) وہ امتحان جو پوچھ کر لیا جائے۔ تحریری نہ ہو۔ **زبانیاں** (مونث) ۱ بچھو کے دو پنجے ۲ سولھواں نکشترہ ۳ دو ستارے برج میزان میں۔ **زبانی باتیں** (مونث) وہ باتیں جو زبان سے کہی جائیں مگر ان پر عمل نہ کیا جائے۔ **زبانی پڑھنا** (متعدی) حفظ پڑھنا۔ **زبانی تکے** (مذکر) اوپری باتیں۔ گپ بازی۔ **زبانی جمع خرچ** (مذکر) ۱ باتیں کرنا وعدہ کرکے نہ دکھانا ۲ خیالی پلاؤ پکانا ہونا کے ساتھ۔ **زبانی جمع خرچ بتانا** (متعدی) فضول باتیں کرنا اور کام کچھ نہ کرنا۔ **زبانی جمع خرچ ہے**۔ لینا نہ دینا محض فضول گوئی۔ **زبانی سنانا** (متعدی) **سننا** (لازم) ۱ حفظ سننا۔ بغیر کتاب کے سننا۔ **زبانی کہنا** (متعدی) ذکر کرنا۔ بذریعہ گفتگو کچھ سنانا۔ **زبانی لکھنا** (متعدی) کسی کی زبان سے سن کر لکھنا۔ **زبانی وعدہ** (متعدی)

۔۔ وعدہ جو زبان سے کیا جائے۔

امثال واقوال۔ زبان

آج کھلی ہے کل بند۔ زندگی کا کوئی اعتبار نہیں۔ زباں بدلنے سے (کوچہ) گھر بدلنا بہتر ہے۔ وعدہ وفا نہ کرنے سے نقصان اٹھانا بہتر ہے۔ زبان ٹیڑی ملک بانکا۔ تند خو کو ہمیشہ تکلیف ہوتی ہے۔ زبان جنے ایک بار مال جنے بار بار۔ زبان سے جو ایک دفعہ کہدیا اس سے نہیں پھرنا چاہئے۔ زبان چلے ستر بلا ٹلے۔ کھانے سے بہت سی تکلیفیں رفع ہوتی ہیں۔ زبانِ خلق (کو) نقارۂ خدا (سمجھئے) یہ بات خلقت کی زباں پہ ہوتی ہے۔ ہونا سچ ہوتی ہے۔ زبان سے بیٹا بیٹی پرائے ہوجاتے ہیں۔ باتوں سے آدمی دوسرے کو بھی اپنا مخالف بنا لیتا ہے۔ اس سے خیال رکھنا چاہئے کہ زبان سے کیا بات نکلتی ہے۔ زبان سے خندق پار۔ شیخی ہی شیخی ہے کر کچھ نہیں سکتا۔ زبان سے نکلی انبر چڑھی۔ بات منہ سے نکلتے ہی مشہور ہوجاتی ہے۔ زباں شیریں ملک گیری زباں ٹیڑی ملک بانکا شیریں زبانی سے لوگ تسخیر ہوتے ہیں۔ بدزبانی سے مخالف ہوجاتے ہیں۔ زبان کے آگے خندق۔ زبان چلی سو چلی۔ زبان کے آگے خندق نہیں۔ کوئی کسی کی زبان نہیں بند کر سکتا۔ زبان کے آگے کھائی خندق برابر ہے۔ جو منہ میں آئے زبان بک دیتی ہے۔ زبان کے تلے زبان ہے۔ اس کی بات کا کچھ اعتبار نہیں۔ زبان کی سی کہوں یا تلوار کی سی۔ صاف صاف کہوں یا منہ دیکھی کہوں۔ زبان گوشتین است تیغ آہنی۔ زبان گو گوشت کا ٹکڑا ہے۔ مگر تلوار کا کام کرتی ہے۔ زبان کیا چلی دو ہل چل گئے۔ اسے کہتے ہیں جو بہت باتیں بغیر سوچے سمجھے کرے۔ زبان کے نیچے زبان ہے۔ متلون مزاج ہیں۔ کچھ ان کا اعتبار نہیں کہ کہ کر کر جاتے ہیں۔ زبان ہلانے سے کام نکلتا ہے۔ تھوڑی سی کوشش سے کام ہوتا ہے سفارش سے مقصد حاصل ہوتا ہے۔ زبان ہی حلال ہے۔ زبان ہی مردار ہے۔ زبان جو چاہے کہدے۔ حلال کو حرام اور حرام کو حلال کر دے۔ زبان ہی ہاتھی چڑھا دے زبان ہی سر کٹوا دے۔ زبان سے ہی آدمی کی عزت ہوتی ہے۔ اور وہی اس کی بے عزتی کراتی ہے۔ زبانِ یارِ من ترکی و من ترکی نمی دانم۔ میرے دوست کی زبان ترکی ہے اور میں ترکی نہیں جانتا۔ جب کسی بات کی سمجھ میں نہ آئے تو کہتے ہیں۔

زُبد۔ زُبدہ (ع۔ مذکر) ۱ تازہ مکھن ۲ ملائی ۳ کسی چیز کا بہترین حصہ ۴ (صفت) چیدہ۔ منتخب۔ برگزیدہ (۔۔۔ تازہ مکھن کھلانا) **زبدۃ الحکماء** (مذکر) ایک خطاب جو طبیبوں کو دیا جاتا ہے۔ **زبدۃ السالکین** (مذکر) سالکوں میں سے برگزیدہ۔ پیروں صوفیوں اور بزرگوں کا لقب۔ **زبدۂ اخلاق حمیدہ** (مذکر) اچھے خلقوں کا لب لباب۔ **زبدۂ ارکان یا کائنات** (مذکر) کائنات کا بہترین حصہ پیغمبر صلعم۔ **زبدۂ وُلاتُ الانام** (مذکر) انسانی حاکموں کا عطر۔ پیغمبر صلعم۔

زَبر (ف۔ صفت) از بر کا مخفف ۱ اوپر۔ اونچا۔ بالا ۲ بہتر ۳ زیادہ بڑا ۴ بوجھل گراں ۵ طاقتور۔ زور آور ۶ فتح۔ **زبردَست** (صفت) ۱ طاقتور۔ قوی۔ زور آور ۲ جابر۔ ظالم ۳ بہتر۔ فاتح۔ **زبردستی** (مونث) جبر۔ ظلم۔ سختی۔ زیادتی دکھانا۔ (کرنا۔ لینا۔ ہونا کے ساتھ) **زبر ہونا** (لازم) طاقت یا وزن میں زیادہ ہونا۔ غالب ہونا۔ **زبری** (مونث) ظلم۔ جبر۔

امثال واقوال۔ زبردست

زبردست سب کا جنوائی۔ زبردست کا سب حکم مانتے ہیں۔ زبردست کا ٹھینگا سر پر۔ زبردست سے زور نہیں چلتا اس کا کہنا ماننا پڑتا ہے۔ زبردست کا بیگھہ سو بسوے کا۔ زبردست آدمی کا حصہ بھی بڑا ہوتا ہے۔ زبردست کے بیسوں بسوے۔ زبردست سب کچھ لے لیتا ہے۔ زبردست کی جورو سب کی دادی غریب کی جورو سب کی بھابھی۔ زبردست کی سب عزت کرتے ہیں۔ غریب کی کوئی پروا نہیں کرتا۔ زبردست کی لاٹھی سر پر۔ زبردست کا سب کہا مانتے ہیں۔ زبردست مارے اور رونے نہ دے ۱ زیادتی بھی کرے اور شکایت نہ کرنے دے ۲ خراب حکومت کے ماتحت کسی کی جرات نہیں ہوتی کہ ظلم وستم کی شکایت کرے۔

زَبرجَد (ع۔ مذکر) ایک قسم کا زمرد۔ **زبرجد ہندی** (مذکر) پکھراج۔

زِبرِقان (ع۔ مذکر) ۱ چاند ۲ وہ شخص جس کی ڈاڑھی چھوٹی ہو۔

زَبُور (ع۔ مونث) ۱ مسلمانوں کے اعتقاد میں ایک کتاب جو حضرت داؤد پر اتری تھی۔ عیسائیوں اور یہودیوں کے نزدیک مناجاتیں جو حضرت داؤد کی تصنیف خیال کی جاتی ہیں۔

زَبُون (ف۔ صفت) ۱ خراب۔ تباہ ۲ نجس۔ منحوس ۳ کمزور۔ لاغر۔ ضعیف ۴ صحت کے لئے خراب ۵ (مونث) (لکھنو) مادہ کبوتر جو بد رنگ اور لاغر ہو ۶ وہ عورت جو ضعیف اور بدشکل ہو۔ **زبونی** (مونث) خرابی۔ تباہی۔ کمزوری۔ بے عزتی۔

زَبیر (ع۔ مذکر) کوہ نور۔

زَٹل (ہ۔ مونث) ۱ بکواس۔ بڑ۔ جھک۔ بے معنی۔ بات۔ بیہودہ اور لغو بات ۲ فضول قصہ یا کہانی (مارنا۔ ہانکنا کے ساتھ) **زٹل باز** (صفت) گپی۔ بکواسی۔ فضول کہانیاں کہنے والا **زٹل قافیے** (مذکر) فضول بے تکی باتیں بے اصل باتیں (اڑانا کے ساتھ) **زٹلی** (صفت) ۱ دیکھو زٹل باز ۲ جعفر کا لقب دیکھو جعفر زٹلی۔ **زٹلیا** (صفت) فضول باتیں کرنے والا۔

زُجاج۔ زُجاجہ (ع۔ مذکر) ۱ شیشہ۔ کانچ۔ آبگینہ ۲ شیشے کا ٹکڑا ۳ شیشے کا پیالہ یا گلاس ۴ شیشے کی بوتل (زج۔ چھینا) **زجاجۂ مئے ناب** (مذکر) خالص شراب کا گلاس۔ **زجاجی** (صفت) شیشے کا بنا ہوا۔

زَجر (ع۔ مونث) جھڑکی سرزنش (زجر۔ جھڑکنا) **زجر و توبیخ** (مونث) جھڑکی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔

زَچ (ہ۔ صفت) ہندی میں نیچ ہے ۱ شکست خوردہ۔ مفتوح ۲ دق۔ تنگ۔ عاجز ۳ کمزور۔ ضعیف ۴ (مونث) شطرنج میں

بادشاہ کی وہ حالت کہ چلنے کے لئے گھر نہ ہو۔ (کر دینا کرنا۔ ہو جانا ہونا کے ساتھ) (س ج۔ شکست دینا)۔

زَچا (ھ) **زَچَہ** (ف۔ مونث) وہ عورت جسے بچہ جنا ہو۔ چالیس دن تک زچہ کہلاتی ہے۔ **زچہ خانہ** (مذکر) وہ کمرہ جہاں بچہ پیدا ہو۔ **زچگی** (مونث) بچہ جننا۔ **زچہ گیریاں** (مونث) زچہ خانے کے گیت۔

زِحاف (ع۔ مذکر) اصطلاح عروض۔ تغیر جو کمی یا زیادتی سے اصل میں ہو جائے۔

زُحل (ع۔ مذکر) سنیچر۔ کیوان۔ ایک سیارہ جو سورج کے گرد پھرتا ہے۔ اس کا فاصلہ سورج سے اٹھاسی کروڑ ساٹھ لاکھ میل ہے۔ اس کا قطر خط استوا پر ۷۵ ہزار اقطبین کے درمیان ۶۸ ہزار میل ہے۔ اس کا سال ۲۹½ برس کا ہوتا ہے۔ اور اس کا دن دس گھنٹے چالیس منٹ کا ہوتا ہے۔ اس کے ۹ چاند ہیں۔ اس کے گرد تین حلقے روشنی کے ہیں۔ یہ نظام شمسی کا چھٹا ستارہ ہے۔ اس کو پاسبان طارم ہفتم یا فلک بھی کہتے ہیں۔ **زحل کا عمل گزر چکا**۔ نحوست کے دن گذر گئے۔ یہ سیارہ بہت منحوس سمجھا جاتا ہے۔

زَحمَت (ع۔ مونث) مصیبت تکلیف۔ محنت (اٹھانا اٹھنا کے ساتھ) **زحمت سے موت نہیں**۔ حق گو دیر میں وصول ہو جائیگا مارا نہیں جائیگا۔ **زحمتی** (صفت۔ عف) جسے تکلیف ہو۔ بیمار۔

زَخّار (ع۔ صفت) موجیں مارتا ہُوا (عموماً دریا اور بحر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ذال کے ساتھ بھی لکھا جاتا ہے۔ (زَخَر۔ اٹھانا)۔

زَخارِف (ع۔ مذکر) زخرف کی جمع ۱ جہاز ۲ کیڑے جو پانی پر اڑتے ہیں ۳ پانی کے رستے۔ **زخارف الارض** (مذکر) رنگ برنگ کے زرد پودے۔ **زخارف الدنیا** (مذکر) دنیا کی نمود و نمائش **زخارف الماء** (مذکر) پانی کے رستے یا نالیاں۔

زُخرُف (ع۔ مذکر) ۱ خوبصورت

سجاوٹ۔ زینت ۲ ایسی گفتگو جس میں تشبیہیں اور استعارات استعمال کئے جائیں ۳ جھوٹ۔ مبالغہ۔

زَخم (ف۔ مذکر) گھاؤ۔ پھٹی چیز ۲ نقصان۔ گھاٹا۔ خسارہ ۳ صدمہ ۴ ضرر۔ زیان ۵ محل۔ مکان۔ تھر۔ **زخم آلا ہونا** (لازم) دیکھو زخم تازہ ہونا۔ **زخم اٹھالینا یا اٹھانا** (متعدی) زخم کھانا۔ زخم کی تکلیف اٹھانا۔ **زخم اچھا ہونا** (لازم) گوشت کا یکساں ہو جانا اور تکلیف نہ رہنا۔ **زخم اندمال پانا** (لازم) زخم اچھا ہونا۔ **زخم انگیز** (صفت) ایا ذکرنے یا چھالا ڈالنے والی (دوا) **زخم اوچھا لگنا** (لازم) ہلکا زخم لگنا۔ **زخم اوچھا ہونا** (لازم) زخم ہلکا ہونا۔ **زخم باندھنا** (متعدی) زخم پر پٹی باندھنا۔ **زخم بریاں** (مذکر) ایک قسم کا پلاؤ۔ **زخم بولنا** (لازم) زخم پھٹنا۔ زخم کے ٹانکے ٹوٹنا۔ **زخم بھر آنا یا جانا** (لازم) زخم میں انگور آنا۔ زخم اچھا ہونا۔ **زخم بھر چلنا** (لازم) زخم میں انگور آنا۔ **زخم بھر لانا** (لازم) اچھا ہونا انگور آنا۔ **زخم بھرنا** (لازم) گھاؤ کا برابر ہو جانا۔ **زخم پر (مشک) نمک چھڑکنا** (متعدی) ایذا دینا۔ ستائے ہوئے کو ستانا۔ تکلیف پر تکلیف دینا۔ **زخم پر نمک نہ چھڑکو**۔ طعن و تشنیع نہ کرو۔ **زخم پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) زخم ہو جانا۔ **زخم پکنا** (لازم) زخم میں پیپ پڑ جانا۔ **زخم تازہ** (مذکر) وہ زخم جو ابھی لگا ہو۔ **زخم تازہ کرنا** (متعدی) **یا ہونا** (لازم) ۱ نیا زخم لگنا ۲ پرانا رنج یاد آنا ۳ نیا صدمہ ہونا۔ **زخم توپ** (مذکر) توپ کا چلنا۔ **زخم تیز** (مذکر) کاری زخم۔ موثر چوٹ۔ **زخم جگر** (مذکر) غم۔ رنج۔ **زخم جھیلنا** (متعدی) زخم کھانا (مت) **زخم چرّانا** (لازم) زخم میں درد ہونا۔ **زخم چشم** (مذکر) نظر بد۔ **زخم چھپانا** (متعدی) **چھپنا** (لازم) زخم ظاہر نہ ہونا۔ زخم کی بابت کسی کو پتہ نہ لگنا۔ **زخم خشک کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) زخم سے پیپ نکلنا بند ہونا۔ انگور آنا۔ کھرنڈ بندھنا۔ **زخم خفیف** (مذکر) ہلکا زخم۔ **زخم خنجر بادشنہ** (مذکر) خنجر کا زخم۔ **زخم خنداں** (مذکر) کھلا ہوا زخم جو سیا نہ گیا ہو۔ **زخم خوردہ یا دار** (صفت) زخمی۔ مجروح۔ **زخم دامندار** (مذکر) بڑا زخم۔ **زخم**

دل (مذکر) غم۔ رنج۔ **زخم دوزی** (مونث) مرہم پٹی (کرنا ہونا کے ساتھ) **زخم دینا** (متعدی) ۱ زخمی کرنا۔ گھائل کرنا ۲ ضرر یا آزار پہنچانا ۳ صدمہ یا رنج پہنچانا۔ **زخم رسا** (مذکر) گہرا زخم۔ **زخم زباں** (مذکر) بد زبانی کا رنج۔ **زخم زدہ** (صفت) مجروح۔ **زخم سر چو پارہ ہونا** (لازم) سر کا زخم کھل جانا۔ **زخم سلوانا** (لازم) **سینا** (متعدی) زخم کو ٹانکے لگانا۔ **زخم سینہ** (مذکر) ۱ وہ زخم جو سینے میں لگے ۲ غم۔ رنج۔ **زخم شق ہونا** (لازم) زخم پھٹ جانا۔ **زخم صحت پا جانا یا پانا** (لازم) زخم اچھا ہو جانا۔ **زخم کا اظہار نہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) زخمی ہونے کا پتہ نہ ہونا۔ زخم کا لگنا معلوم نہ ہونا۔ **زخم کا انگور** (مذکر) گوشت جو زخم میں بھر جائے۔ **زخم کا پانی** (مذکر) وہ رطوبت جو زخم سے .. **زخم کا چور** (مذکر) وہ زخم جو اندر رہے اور باہر سے اچھا ہو جائے۔ **زخم کا رونا** (لا) زخم سے پانی نکلنا۔ **زخم کاری** (مذکر) مہلک ز ... کھانا۔ لگانا۔ لگنا کے ساتھ) **زخم کا صحت پانا** (لازم) زخم اچھا ہونا۔ **زخم کا مسکرانا یا ہنسنا** (لازم) ٹانکے ٹوٹ جانے کی وجہ سے زخم کھل جانا۔ **زخم کا ہوا دینا** (متعدی) خیال ہے کہ جب زخم بڑھ جاتا ہے تو اس سے ہوا نکلتی ہے۔ **زخم کو ٹانکے لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) سوئی سے زخم کا سیا جانا۔ **زخم کھانا** (متعدی) ۱ مجروح ہونا ۲ صدمہ اٹھانا۔ **زخم کھلنا** (لازم) زخم پھٹ جانا۔ **زخم کہن** (مذکر) پرانا زخم۔ **زخم کے ٹانکے** (مذکر) وہ سلائی جو زخم کے دونوں کناروں کو ملا کر کی جاتی ہے۔ اس سے زخم کا منہ مل جاتا ہے۔ اگر سیا نہ جائے تو داغ رہ جاتا ہے (ٹوٹنا۔ کھلنا وغیرہ کے ساتھ) **زخم کے ٹانکے کاٹنا** (متعدی) **کٹنا** (لازم) زخم اچھا ہو جائے تو ٹانکوں کو کاٹ کر دھاگا نکال دیا جاتا ہے۔ **زخم لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) مجروح ہونا۔ **زخم میں بتی دینا یا صوف بھرنا** (متعدی) گہرے زخم کے اندمال کے لئے کپڑے کو دوائی میں تر کرکے زخم میں رکھ دیتے ہیں۔ **زخم نو** (مذکر) تازہ زخم۔ **زخموں** (مذکر) زخم کی جمع حروف وغیرہ سے پہلے۔ **زخموں پر پٹیاں چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) زخم دوزی ہونا۔ زخموں کو صاف

کر کے پٹیاں باندھنا۔ **زخموں پر زخم جھیلنا یا کھانا** (متعدی) بیحد زخمی ہونا۔ بہت زخم کھانا۔ **زخموں پر نمک (پاشی کرنا) چھڑکنا** (متعدی) سخت تکلیف دینا۔ **زخموں سے خون بہنا یا ٹپکنا** (لازم) زخموں سے خون نکلنا۔ **زخموں کا خون پاک کرنا** (متعدی) زخموں کا خون کپڑے یا روئی سے صاف کرنا یا پونچھنا۔ **زخموں کا صحت پا جانا یا پانا** (لازم) زخم اچھے ہو جانا۔ **زخموں کو باندھنا** (متعدی) زخموں پہ پٹیاں باندھنا۔ زخم دوزی کرنا۔ **زخموں کو دھلانا** (لازم) **دھونا** (متعدی) زخموں کا خون پانی سے صاف کرنا۔ **زخم کی بدھی** (مونث) زخموں کے نشان۔ **زخموں کے ہار** (مذکر) بہت سے زخم۔ **زخموں کے ہار پہننا** (لازم) بہت زخم کھانا۔ **زخموں میں چور ہونا** (لازم) بہت زخمی ہونا۔ **زخمہا** (ے) (مذکر) زخم کی فارسی جمع۔ **زخمہائے جسم** (مذکر) وہ زخم جو بدن پر ہوں۔ **زخمہائے دل** (مذکر) رنج۔ غم۔ رشک۔ **زخمی** (صفت) ۱ مجروح۔ جس کو زخم لگا ہو۔ چوٹ کھایا ہوا۔ گھائل (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ کنایتاً عاشق۔ ان معنوں میں عموماً ضمیر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **زخمی جگر** (صفت) دل جلا۔ مصیبت زدہ۔ خستہ جگر۔

مثل۔ زخمی دشمنوں میں دم لے تو مرے نہ دم لے تو مرے۔ ہر طرح مشکل ہے۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے میں دونوں طرح نقصان ہو۔

زَخمَہ (ف۔ مذکر) وہ آلہ جس سے ساز بجائیں۔ مضراب۔ نقارے کی چوب۔

زَد (ف۔ مونث) ۱ ضرب۔ چوٹ ۲ نشانہ ۳ جو چیز ماری جائے ۴ صدمہ۔ نقصان ۵ نشانے کا سامنا ۶ مارنا۔ ضرب لگانا۔ **زد پر آ جانا آنا چڑھنا یا ہونا** (لازم) ایسی جگہ ہونا جہاں نشانہ ٹھیک لگ سکے۔ **زد پڑنا** (لازم) نقصان ہونا۔ گھاٹا پڑنا۔ **زدگان** (صفت جمع) زدہ کی مرکبات میں جیسے مصیبت زدگان۔ **زدگی** (مونث) چوٹ۔ ضرب۔ مرکبات میں جیسے ہوا زدگی۔ **زدن** (متعدی) ۱ مارنا۔ ضرب لگانا ۲ جھپکنا جیسے چشم زدن۔ **زدنی** (صفت) ۱ مارنے کے قابل۔ قتل کے لائق ۲ مرکبات میں جیسے گردن زدنی۔ **زد و کوب** (مونث) مارپیٹ۔ **زدہ** (صفت) ۱ مارا ہوا۔ ضرب رسیدہ ۲ مصیبت کا مارا ہوا ۳ مظلوم ۴ قطار میں کھڑا کیا ہوا۔ صف بند جیسے صف زدہ ۵ مرکبات میں جیسے آفت زدہ مصیبت زدہ ۶ پرانا۔ پھٹا ہوا (کپڑا) ۷ ساکن (حرف)۔

مثل۔ زدہ را نتواں زد۔ مرتے کو نہیں مارنا چاہئے۔

زدوار (ف۔ مذکر) جدوار۔ نرسبی۔ زہر دور کرنے والی جڑ۔

زر (ف۔ مذکر) ۱ سونا۔ طلا ۲ روپیہ۔ دولت ۳ پھول کا زیرہ (پانا۔ دینا۔ کمانا۔ ملنا وغیرہ کے ساتھ) ہوس ہو زر دار۔ **زر آمدنی** (مذکر) آمدنی۔ مالگزاری ۲ فائدہ۔ نفع۔ **زر احمر** (مذکر) سونا۔ سرخ سونا۔ **زر اصل** (مذکر) ۱ راس المال جمع سرمایہ ۲ یا رقم جو کسی کام پر لگائی جائے ۳ خالص سونا۔ **زر افشاں** (صفت) ۱ چمکدار ۲ (مذکر) سنہری چھپا ہوا کاغذ یا رقعہ جو تقریبات کے موقع پر بھیجا جاتا ہے ۳ روپیہ دینا۔ **زر افشانی** (مونث) ۱ عطا کرنا۔ **زر امانت** (مذکر) وہ روپیہ جو کسی کے پاس امانت رکھا جائے۔ **زر اندود** (صفت) سونے کا ملمع کیا ہوا۔ **زر باف** (مذکر) ۱ زربفت بنانے والا ۲ زربفت۔ **زر بافت یا بافتہ** (مذکر) زربفت۔ **زر بافی** (صفت) سونے کے تاروں سے بنا ہوا۔ **زر باقی** (مذکر) بقایا۔ روپیہ جو بچ جائے۔ **زر بالائی** (مذکر) ۱ وہ رقم جو علاوہ تنخواہ کے ملے ۲ رشوت۔ **زر برسانا** (متعدی) بیحد روپیہ لٹانا۔ **زر بفت** (مذکر) کمخواب۔ ایک کپڑا جو سونے اور ریشم کے تاروں سے بنتے ہیں۔ **زر بفتی** (صفت) زربفت کا بنا ہوا۔ **زر بیعانہ** (مذکر) وہ روپیہ جو بطور بیعانہ دیا جائے۔ **زر پاک عیار** (مذکر) خالص سونا۔ **زر پرست** (صفت) لالچی۔ بخیل۔ **زر تار** (صفت) سونے کے تاروں سے بنی ہوئی چیز۔ **زر تاری** (مونث) سونے کے تار لگا ہوا کپڑا۔ **زر توقیر** (مذکر) بہت روپیہ۔ وافر یا فاضل روپیہ۔ **زر توفیقی** (مذکر) وہ روپیہ جو خفیہ طور پر نیک کاموں میں خرچ کیا جائے۔ **زر ثمن** (مذکر) وہ روپیہ جو قیمت میں ملے۔ **زر جعفری** (مذکر) خالص سونا۔ جعفر برمکی کے نام پر جس نے خالص سونا استعمال کیا تھا۔ **زر چھنکنا** (لازم) ۱ روپے کا چھن چھن بولنا ۲ بہت روپیہ ہونا۔ **زر خالص یا خشک** (مذکر) وہ سونا جس میں ذرا بھی ملاوٹ نہ ہو۔ **زر خرید** (صفت) روپیہ دیکر خریدا ہوا۔ (غلام یا لونڈی) **زر خرید** (مذکر) خریدنے کی قیمت۔ **زر خیز** (صفت) سرسبز۔ شاداب۔ وہ جو فائدہ دے (زمین)۔ **زر خیز کرنا** (متعدی) ۱ کھاد ڈالکر پیداوار کے قابل بنانا ۲ امیر بنانا۔ **زر خیزی** (مونث) سرسبزی۔ شادابی۔ **زردار** (صفت) دولتمند۔ مالدار۔ امیر۔ **زر دوز** (صفت) ۱ وہ جس پر زری کا کام کیا ہوا ہو ۲ (مذکر) وہ شخص جو زری کا کام کرے۔ **زر دوزی** (مونث) ۱ زری کا کام۔ طلائی کام۔ سلمے ستارے اور کلابتون کا کام ۲ (صفت) وہ جس پر زری کا کام کیا ہوا ہو۔ **زر دوست** (صفت) لالچی۔ بخیل۔ **زر ڈگری** (مذکر) وہ روپیہ جو ڈگری کو عدالت دلائے۔ **زر رہن** (مذکر) وہ روپیہ جس کے لئے کوئی چیز رہن رکھی جائے۔ **زر ریز** (صفت) زرخیز۔ **زر سرخ** (مذکر) ۱ سونا۔ طلا ۲ اشرفی ۳ گنجفہ کے تاش کا ایک رنگ۔ تاج۔ **زر سفید** (مذکر) ۱ چاندی ۲ روپیہ ۳ امریکہ کا سونا یہ بہت ہلکے رنگ کا ہوتا ہے۔ **زر سے تول کر لینا** (متعدی) کسی چیز کے ہموزن سونا یا چاندی دیکر اسے خریدنا۔ **زر شناس** (مذکر) ساہوکار۔ سنار۔ روپے کا خوردہ دینے والا۔ **زر ضامنی** (مذکر) ضمانت کا روپیہ۔ **زر طلا یا عیار** (مذکر) خالص سونا۔ **زر فاضل** (مذکر) ۱ بقایا ۲ فالتو روپیہ۔ **زر فشاں** (مذکر و صفت) ۱ دیکھو زر افشاں ۲ (مذکر) شمسی مہینے کا نواں مہینہ۔ **زر قرض** (مذکر) قرضے کا روپیہ۔ **زر قلب** (مذکر) سکہ قلب۔ کھوٹا روپیہ۔ **زر کا جوتا** (مذکر) رشوت۔ **زر کار** (صفت) جس پر ملمع یا سنہری کام ہوا ہو ۲ (مذکر) سنار۔ **زر کامل عیار** (مذکر) خالص سونا۔ **زر کٹنا** (لازم) زر برسنا۔ **زر کش** (مذکر) ۱ وہ شخص جو کلابتون بناتا ہو ۲ وہ کپڑا جو چاندی کے تاروں سے بنا ہو۔ **زر کوب** (مذکر) ۱ سونے چاندی کے ورق بنانے والا ۲ وہ چیز جس پر سونے چاندی کے پتر چڑھائے گئے ہوں۔ **زر کوبی** (مونث) سونے چاندی کے ورق بنانا۔ **زرگر** (مذکر) سنار۔ **زرگری** (مونث) ۱ سنار کا پیشہ ۲ وہ خود ساختہ زبان جس میں حروف کے درمیان زلا کر بولتے ہیں۔ **زر گل** (مذکر) پھول کا زیرہ۔ **زر لٹانا** (متعدی) **لٹنا** (لازم) دولت بیدردی

سے خرچ ہونا۔ **زر مالگذاری** (مذکر) سرکاری لگان۔ زمین کا محصول سرکار۔ **زر مطالبہ** (مذکر) مطالبہ کا روپیہ۔ **زر معاوضہ** (مذکر) ہرجانہ۔ وہ روپیہ جو کسی نقصان کی وجہ سے دیا جائے۔ **زرِ منافع** (مذکر) نفع کا روپیہ۔ **زرِ ناب** (مذکر) ۱ خالص سونا ۲ آفتاب۔ **زر نشاں** (مذکر) سونے کی تصویریں یا پھول جو لوہے پر بنائے جائیں۔ **زر نشاں گر** (مذکر) زر نشاں بنانے والا۔ **زر نقد** (مذکر) نقد روپیہ۔ ردکڑ۔ **زر نگار** (صفت) ۱ سنہری کام کا۔ طلائی ۲ (مذکر) وہ چیز جس پر سونے کا کام کیا ہو۔ **زر نگاری** (صفت) سنہری رنگ کا۔ **زر نگاری** (مونث) ملمع۔ سونے کا کام۔ **زر نیلامی** (مذکر) وہ روپیہ جو کسی چیز کو نیلام کرنے سے حاصل ہو۔ **زرِ واصلات** (مذکر) محاصل شے مرہونہ۔ **زرِ ہرجہ** (مذکر) ہرجانہ۔ **زری** (صفت) ۱ سونے کا بنا ہوا ۲ (مذکر) سونے کے تار۔ چاندی کے تار جن پر سونے کا ملمع ہو۔ گوٹا کناری، سلمہ ستارہ۔ کلابتوں وغیرہ۔ **زرِ باقی** (مذکر) روپیہ جو لینا ہو۔ بقایا جو وصول کرنا ہو۔ قرضہ۔ **زری باف** (مذکر) سونے کے تار بنانے والا شخص۔ گوٹا کناری بنانے والا شخص۔ **زری بافی** (مونث) زری باف کا کام۔ **زری پوش** (صفت) وہ جس نے زری کے کام کا لباس پہنا ہو۔ **زری کونا یا کہنہ** (مونث) پرانی زری۔ **زریں** (صفت) ۱ سونے کا بنا ہوا ۲ سنہرا جس پر زری کا کام کیا ہوا ہو ۳ بیش قیمت۔ **زریں بال** (صفت) ۱ سنہری پروں والا ۲ (مرغ) سورج۔ **زریں پوش** (صفت) زردوزی لباس پہننے والا۔ **زریں شاخ** (مذکر) کنایتاً قلم۔ **زریں علم** (صفت) جس پر سونے کا کام کیا ہوا ہو (کپڑا وغیرہ) **زریں قدح** (مذکر) نرگس کی ایک قسم۔ **زریں کاسہ** (مذکر) سورج۔ **زریں کلاہ** (صفت) ۱ وہ جس کے سر پر سنہری ٹوپی ہو۔ بادشاہوں کی تعریف میں کہتے ہیں ۲ (مذکر) سورج۔ **زریں مرغ** (مذکر) ۱ ایک پرند کا نام۔ ۲ آفتاب۔ **زرینہ** (صفت) ۱ دیکھو زریں ۲ (مونث) عورتوں کا ایک نام۔

امثال و اقوال۔ **زر بر سر (پولاد) فولاد نہی نرم شود۔** روپے کو دیکھ کر سخت دل آدمی بھی نرم ہو جاتا ہے۔ **زر بل نہ زور بل** نہ روپیہ ہے نہ بدن میں طاقت۔ **زر پھیلایا اور کار برآیا۔** روپیہ خرچ کرنے سے کام ہو جاتا ہے۔ **زر دادن و درد سر خریدن۔** مال کا مال کھونا اور مفت کی زحمت لینا۔ **زردار کا سودا ہے بے زر کا خدا حافظ (پر دار پڑے اڑتے ہیں بے پر کا خدا حافظ)** امیر آدمی جو چاہے لے سکتا ہے۔ غریب کچھ نہیں کر سکتے۔ **زردار مرد ناہر گھر میں رہے کہ باہر** زر سے مرد کی حکومت اور رعب ہے۔ گھر میں بھی اور باہر بھی۔ **زر را زر می کشد۔** روپیہ روپے کو کھینچتا ہے۔ جن کے پاس دولت ہو انہیں اور دولت ملتی ہے۔ **زر زر کشد در جہاں گنج گنج۔** دنیا میں روپیہ روپے کو کھینچتا ہے۔ اور خزانہ خزانے کو۔ **زر زمین زن جھگڑے کی جڑ ہیں۔** ان تینوں کی وجہ سے فساد ہوتے ہیں۔ **زر زور خدا داد ہے۔** یہ چیزیں آدمی خود نہیں حاصل کر سکتا۔ **زر کا توزہ بھی آفتاب ہے۔ بے زر کی مٹی خراب ہے۔** روپیہ بڑی چیز ہے۔ غریب کی مٹی خراب ہوتی ہے۔ **زر کا زائل کرنا۔ جیتے جی ہے مرنا۔** روپیہ ضائع کرنا بہت بری بات ہے۔ **زر کار کند مرد لاف زند۔** روپیہ کام کرتا ہے اور آدمی ڈینگ مارتا ہے۔ **زر کا زور اپورا ہے۔ اور سب ادھورا ہے۔** روپے میں بہت طاقت ہے۔ **زر کو زر ہی کھینچتا ہے۔** جس کے پاس روپیہ ہو اس کے پاس اور آتا ہے۔ **زر کے آگے زور نہیں چلتا۔** روپے والے کے سامنے طاقتور آدمی کچھ نہیں کر سکتا۔ **زر گر بر سر فولاد نہی نرم شود۔** روپے کے آگے سخت آدمی بھی نرم پڑ جاتا ہے۔ **زر گیا زردی چھائی زر آیا سرخی آئی۔** نقصان ہونے سے چہرہ زرد پڑ جاتا ہے۔ روپیہ آئے تو منہ سرخ ہو جاتا ہے۔ **زر نیست عشق ٹیں ٹیں۔** مفلسی میں کچھ نہیں ہو سکتا۔ **زر ہے تو گھر ہے نہیں تو کھنڈر ہے۔** روپیہ ہو تو گھر اچھی حالت میں ہوتا ہے۔ نہیں تو کھنڈر بن جاتا ہے۔ **زر ہے تو نر ہے نہیں تو (پزا دے) کمہار کا خر ہے۔** مفلس آدمی کسی کام کا نہیں۔ **زر ہزار زیب لگاتا ہے۔ بے زر بگڑا نظر آتا ہے۔** روپیہ سے سب کچھ ہو جاتا ہے مفلس کسی کام کا نہیں۔

زِرّ (ع۔ مذکر) ۱ بٹن ۲ پیغمبر صلعم کے ایک اصحابی کا نام۔

زُراب (ف۔ مذکر) سونے کا پانی۔

زَراعت (ع۔ مونث) کاشتکاری ۱ کھیتی ۲ کھیتی کرنا ۳ فصل جو کھڑی ہو ۴ مزروعہ کھیت (کرنا، ہونا کے ساتھ) **زراعت پیشہ** (صفت) وہ جس کا پیشہ کاشتکاری ہو۔ زمیندار۔

زَرافہ (ع۔ مذکر) ایک جانور جس کی گردن اونٹ کی طرح اور بدن پر لکیریں ہوتی ہیں۔ افریقہ کے جنگلوں میں ملتا ہے۔ اس کی اگلی ٹانگیں بہت لمبی ہوتی ہیں۔

زَرادِشان (ف۔ مذکر) ایک قسم کا بنفشہ۔

زَراوَند (ع۔ مذکر) ایک قسم کا پودا

زَربان (ف۔ صفت) ۱ بوڑھا پھپھس ۲ حضرت ابراہیم۔

زَرتُشت (ف۔ مذکر) ۱ عقل کل ۲ نور الٰہی ۳ روح ناطق ۴ قوم ایران کا مشہور مصلح۔ یہ پارسی مذہب کا بانی سمجھا جاتا ہے۔ ژند و اوستا اسکی تصنیف ہیں۔

زرجامی (ف۔ مذکر) ایک قسم کا انگور۔

زرد (ع۔ صفت) ۱ پیلا۔ سنہری۔ ہلکا بسنتی ۲ آفتاب کے لئے مستعمل ہے۔ **زرد آندھی** (مونث) ایک قسم کی آندھی جس کا گرد و غبار زرد نظر آئے (آنا کے ساتھ) **زرد آب** (مذکر) ۱ پت۔ صفرا ۲ پیپ۔ پانی جو زخموں میں سے نکلتا ہے۔ **زردالو** (مذکر) خوبانی۔ **زرد پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) خوف یا بیماری کی وجہ سے رنگ پیلا ہو جانا۔ **زرد پلک** (مذکر) ایک پرند جو آم کی فصل کے آخر پر آتا ہے۔ **زرد چوب** (مونث) ہلدی۔ **زرد رنگ** (مذکر) پیلا رنگ۔ **زرد رُو** (صفت) ۱ شرمندہ ۲ ہراساں۔ ترساں۔ **زرد روئی** (مونث) شرمندگی۔ خجالت۔ **زرد سر** (مذکر) آتش پرست۔ **زردک** (صفت) ۱ زردیہ ۲ (مونث) گاجر۔ **زرد گوش** (صفت) ۱ ریاکار۔ منافق ۲ بد باطن۔ **زردہ** (مذکر) ۱ میٹھے چاولوں کی ایک قسم جس میں زعفران سے

رنگ دیتے ہیں ۲ زرد رنگ کا گھوڑا ۳ زرد آنکھ کا کبوتر ۴ کھانے کا تمباکو ۵ زرد کوڑی۔ **زردہ پھنکنا** (متعدی) دمبدم تمباکو کھانا۔ **زردہ لگانا** (متعدی) پان میں تمباکو ڈال کر دینا۔ **زرد ہوجانا یا ہونا** (لازم) ۱ پیلا پڑ جانا ۲ خوفزدہ ہونا۔ ڈر جانا۔ **زردی** (مونث) ۱ پیلاپن (چھانا کے ساتھ) ۲ پیلا رنگ ۳ انڈے کے اندر کا زرد حصہ ۴ پھول کا زیرہ ۵ اشرفی۔

زردشت (ف۔ مذکر) دیکھو زرتشت۔

زرِشک (ف۔ مذکر) ۱ ایک پودہ جو دوائیوں میں کام آتا ہے ۲ ایک خوشبودار پھول۔

زرِغل (اردو۔ صفت) ۱ لاغر ۲ حقیر ۳ ناکارہ چیز۔

زرق (ع۔ مذکر) ۱ آنکھ کا اس طرح پھرنا کہ سفیدی نظر آئے ۲ دھوکا۔ دغا ۳ ریاکاری منافقت ۴ بدگوئی۔ نندا (زَرَق۔ ترچھی نظر سے دیکھنا) **زرق برق** (مونث) ۱ شان و شوکت طمطراق۔ چمک دمک ۲ (صفت) چمکیلا۔ بھڑکدار۔

زرقطونا (ف۔ مذکر) ۱ اسبغول ۲ ایک پودے کے بیج۔

زُرقم (ع۔ صفت) نہایت نیلا۔ فاختائی رنگ کا۔

زرکونیم (انگ۔ مذکر) ایک دھاتی عنصر۔

زرگوں (ف۔ صفت)۔ سونے کے رنگ کا۔

زرمان (ف۔ مذکر) ۱ بہت بوڑھا آدمی ۲ حضرت ابراہیم۔

زرنب (ع۔ مذکر) ۱ زعفران ۲ ایک خوشبودار پودہ۔

زرنباد (ف۔ مذکر) جدوار۔

زرنگ (ف۔ مذکر) ۱ رسالہ گھوڑے کا ۲ زرد لکڑی ۳ کسم کا پھول ۴ دوزخ۔

زرنیخ۔ زرنیق (ف۔ مذکر) ہڑتال سنکھیا۔ **زرنیخ احمر** (مذکر) سرخ ہڑتال **زرنیخ اصفر یا زرد** (مذکر) زرد ہڑتال **زرنیخ** قرمز (مذکر) ہینڈھل۔

زروان (ف۔ صفت) دیکھو زربان

زروان بزرگ (مذکر) حضرت ابراہیم۔

زِرِہ (ف۔ مونث)۔ فولاد کی کڑیوں کا بنا ہوا کرتا جو لڑائی میں پہنتے ہیں۔ **زرہ باف** (صفت) زرہ بنانے والا۔ **زرہ بردار** (مذکر) وہ ملازم جو زرہ اٹھا کر ہمراہ رہے۔ **زرہ پوش** (صفت) وہ جو زرہ پہنے ہوئے ہو۔ **زرہ ساز** (صفت) زرہ بنانے والا۔ **زرہ کی کڑیاں** (مونث) وہ چھوٹے چھوٹے فولاد کے حلقے جن کی زرہ بنتی ہے۔

زَریر (ف۔ صفت) ۱ زرد لکڑی ۲ صفرا ۳ یرقان۔

زٹل (ہ۔ مونث) ۱ ارٹ ۲ دیوانوں کی سی باتیں۔ بیہودہ باتیں (مارنا ہانکنا کے ساتھ) **زٹلی** (صفت) بیہودہ گو۔ بکواسی۔

زِشت (ف۔ صفت) ۱ بدشکل بدنما۔ برا ۲ بھدا۔ گنوار ۳ گندہ۔ فحش۔ **زشت خُو** (صفت) بدخو۔ بدخصلت۔ بدمزاج۔ **زشت خُوئی** (مونث) بدمزاجی۔ بدخصلتی۔ **زشت رُو** (صفت) بدشکل۔ بدصورت۔ **زشت روئی** (مونث) صورت خراب ہونا۔ **زشت سیرت** (صفت) ۱ بدتمیز ۲ بدچلن۔ **زشت سیرتی** (مونث) بدتمیزی۔ **زشت مشیر** (صفت) بری صلاح دینے والا۔

زعاف (ع۔ مذکر) ناگہانی موت۔

زعفران (ع۔ مونث) ۱ ایک قسم کا پودہ جس میں نارنجی رنگ کا نہایت خوشبودار پھول لگتا ہے ۲ اس پودے کا پھول ۳ سفوف جو اس پودے کے گنھوں سے جو جڑ میں پیدا ہوتے ہیں بناتے ہیں۔ یہ زردے تنجن وغیرہ میں رنگ اور خوشبو دینے کے لئے ڈالا جاتا ہے کیسر۔ **زعفران زار** (مذکر) وہ مقام جہاں زعفران یا زعفرانی رنگ کثرت سے ہو۔ **زعفران کا کھیت** (مذکر) وہ کھیت جس میں زعفران اگا ہو۔ شاعروں کا خیال ہے کہ اس کھیت کو پھولا ہوا دیکھ کر انسان بے اختیار ہنسنے لگ جاتا ہے ۲ ایسا مقام جہاں خود بخود ہنسی آئے۔ **زعفران کا کھیت دیکھ آنا یا دیکھنا** (لازم) بہت ہنسنا۔ بہت خوش ہونا۔ **زعفرانی** (صفت) ۱ زعفران کے رنگ کا۔ کیسری ۲ زعفران کا ۳ (مذکر) کیسری رنگ۔ نارنجی رنگ۔

زُغال (ف۔ مذکر) دہکتا ہوا کوئلہ۔

زَعم (ع۔ مذکر) ۱ گمان۔ ظن ۲ غرور۔ تکبر۔ فخر (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

زَغن (ف۔ مونث) ۱ چیل ۲ زغند کا مخفف۔

زَغند (ف۔ مونث) چھلانگ۔ چوکڑی۔ جست۔ کود۔ پھاند (بھرنا مارنا کے ساتھ)۔

زَفاف (ع۔ مذکر) ۱ دلھن کو دولھا کے پاس لے جانا ۲ دلھن کا دولھا سے ہم بستری کرنا۔

زفیر۔ زفیری (ع۔ مونث) زفیل سیٹی۔

زفیف (ع۔ مونث) ۱ تیز دوڑنا ۲ تیز قدم ۳ (صفت) تیز۔

زفیل (ع۔ مونث) ۱ سیٹی ۲ وہ آواز جو کبوتر باز منہ میں انگلی رکھ کر نکالتے ہیں (دینا مارنا کے ساتھ) **زفیلنا** (متعدی) سیٹی مارنا۔

زَقَند (ف۔ مونث) زغند کا مخرب

زَقوم (ع۔ مذکر) ۱ تھوہڑ ۲ ایک درخت جس کا پھل دوزخیوں کو کھلنے کو ملے گا۔

زَک (ع۔ مونث) ۱ شکست۔ ہار ۲ شرمندگی۔ سبکی۔ خفت ۳ نقصان۔ خسارہ گھاٹا ۴ ذلت۔ بےعزتی۔ ہتک (اٹھانا۔ اٹھنا۔ پانا۔ دینا۔ کھانا کے ساتھ) (زکٹ۔ لڑکھڑانا) **زک خوب ہی دی**۔ خوب ہی پریشان کیا۔

زَکا (ع۔ مونث) ۱ بڑھنا۔ افزوں ہونا ۲ (صفت) امیر۔ دولتمند ۳ فوراً ادا کرنے والا۔

زَکات (ع۔ مونث) دیکھو زکوٰت۔

زُکام (ع۔ مذکر) ایک بیماری جو ناک اور گلے کے اندرونی سطح پر خراش پیدا کرتی

ہے۔ اور ناک سے پانی بہنے لگتا ہے۔ نزلہ زکام۔
نزلہ ہونا۔ **زکام بگڑنا** (لازم) نزلہ بند ہو جانا۔
زکام پکنا (لازم) زکام کے پانی کا غلیظ ہو جانا۔
زکام ہونا (لازم) نزلہ ہونا۔

زکاوت (ع۔ مونث) دیکھو ذکاوت۔

زکوٰۃ (ع۔ مونث) ۱۔ خیرات۔ صدقہ ۲۔ مسلمانوں میں سال بھر کے بعد مال فاضلہ کا چالیسواں حصہ جو راہ خدا میں دیا جائے ۳۔ (اصطلاح عاملاں) کسی دعا یا اسم کو تعداد معینہ میں مقررہ قیود کے ساتھ پڑھنا (دینا لینا کے ساتھ) زکوٰۃ خدا سے افزونی اور برکت ملنا۔ **زکوٰۃ حسن** (مونث) خوبصورتی کا صدقہ۔ عاشق عموماً بوسہ مانگنے کے لئے یہ الفاظ استعمال کرتے ہیں (دینا مانگنا کے ساتھ) **زکوٰۃ میں لینا** (متعدی) صدقہ لینا۔

زکی (ع۔ صفت) ۱۔ نیک۔ پاک ۲۔ وہ جو زکوٰۃ دے۔

زلازل (ع۔ مذکر) جمع زلزلہ کی مصیبتیں۔ تکلیفیں۔ بیماریاں۔

زلال (ع۔ مذکر) ۱۔ خالص پانی۔ ۲۔ نتھرا ہوا پانی ۳۔ سرد اور شیریں پانی۔ **زلال خضر** (مذکر) آب حیات۔ **زلال نوش** (صفت) صاف پانی پینے والا۔

زلزلہ (ع۔ مذکر) ۱۔ حرکت۔ کانپنا ۲۔ بھونچال۔ زمین کے اندر سے ایک چیز پگھلی ہوئی حالت میں ہے۔ اور اس سے بخارات پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ جس وقت زیادہ ہو جائیں تو کسی جگہ سے زور سے نکلتے ہیں۔ اس سے زمین کی سطح حرکت کرتی ہے۔ یہ زلزلہ یا بھونچال ہے ۳۔ ہلچل۔ **زلزلہ آنا** (لازم) بھونچال آنا۔ **زلزلہ برپا ہونا یا پڑجانا** (لازم) ہلچل ہونا۔ کھلبلی پڑ جانا۔ **زلزلہ چڑھ جانا یا چڑھنا** (لازم) زلزلہ آنا۔

زلف (ف۔ مونث) ۱۔ بالوں کا گچھا جو کان کے پاس کنپٹی پر لٹکتا ہے ۲۔ کاکل۔ گیسو۔ مینڈھی۔ گندھے ہوئے بال (بنانا۔ بننا۔ سنوارنا۔ سنوارنا وغیرہ کے ساتھ) **زلف پریشان** (مونث) بکھرے ہوئے بال۔ **زلف تابدار** (مونث) گھونگریالے بال۔ **زلف چلیپا** (مونث) صلیب کی شکل کی زلف۔ **زلف دراز** (مونث) لمبے بال **زلف رسا** (صفت) وہ زلف جس میں بہت سے بال ہوں۔ **زلف زمین** (مونث) ۱۔ رات ۲۔ وہ مٹی جس سے حضرت آدم کا پتلا بنا تھا۔ **زلف سنبل** (مذکر) سنبل کے بال یا گھاس نما پتیاں۔ سنبل کا بالوں کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں۔ **زلف شہیداں** (مذکر) نیازبو۔ مروا۔ **زلف شب** (مونث) تاریکی۔ **زلف عروس** (مونث) رسا۔ کلغا۔ **زلف عنبریں** (مونث) خوشبودار بال **زلف کا سودا رہنا** (لازم) ہر وقت عشق و محبت کا خیال رہنا۔ **زلف کا سودا ہونا** (لازم) عاشق ہونا۔ **زلف گرہ گیر** (مونث) الجھنے والی زلف یا بال۔ **زلف لہرانا** (لازم) بالوں کا ہوا میں اڑنا۔ **زلف و خال** (مذکر) سونے کے زیورات اور جواہرات جن سے دلھن کو سجاتے ہیں۔ **زلفوں** (مونث) زلف کی جمع۔ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **زلفوں کو آراستہ کرنا یا سنوارنا** (متعدی) زلفوں کو خوبصورت یا باقاعدہ بنانا۔ **زلفین** (مونث) زلف کا تثنیہ جو عربی طرز پر بنا لیا گیا ہے۔ **زلفیں** (مونث) زلف کی جمع۔ **زلفیں بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) زلفوں کا لمبا ہونا۔ **زلفیں چھوڑنا** (متعدی) اس طرح زلفیں بڑھانا کہ لٹکتی رہیں۔ **زلفیں رکھنا** (متعدی) زلفیں نہ کٹانا تاکہ لمبی ہو جائیں۔ **زلفیں سنوارنا** (متعدی) بالوں کو بنانا۔ زلفوں کو خوبصورت بنانا۔ **زلفیں لٹکانا** (متعدی) **لٹکنا** (لازم) زلفوں کا لمبا ہو کر پاؤں کی طرف جانا۔

زلفغان (ف۔ مذکر) ۱۔ تلوار خنجر یا چاقو کا دستہ ۲۔ ایران کا ایک قدیم بادشاہ۔

زلفی (ف۔ مونث) ۱۔ تلوار کا بیڑا۔ تیغ بند ۲۔ دروازے کی زنجیر ۳۔ بلی۔ کھٹکا دروازے کا۔

زلل (ع۔ مذکر) ۱۔ پھسلنا۔ گرنا۔ ٹھوکر کھانا ۲۔ غلطی کرنا۔ سہو ہونا ۳۔ کمی۔ گھاٹا۔ نقصان ۴۔ لغزش۔ پھسلن۔

زلہ (ع۔ مذکر) بچی ہوئی خوراک جو بیاہ شادی کے موقع پر پھینکے جاتے ہیں (زلہ پھیلنا) **زلہ ربا** (صفت) خوشہ چین۔ فائدہ یا فیض اٹھانے والا۔ **زلہ ربائی** (مونث) خوشہ چینی۔

زلیخا (ع۔ مونث) عزیز مصر کی بیوی جو حضرت یوسف پر عاشق ہوگئی تھی۔ ان کے نہ ماننے پر اس نے انہیں قید کرا دیا۔ حضرت یوسف کے وزیر ہو جانے پر اس کی شادی حضرت یوسف سے ہوگئی نظامی اور جامی نے اس کے قصے کو نظم کیا ہے۔

امثال۔ زلیخا پڑھی پر یہ نہ جانا عورت ہے یا مرد۔ ان کے متعلق کہتے ہیں جو بے سمجھے بوجھے پڑھتے ہیں یا بات کی تہ کو نہیں پہنچتے۔ **زلیخا تو (ساری) پڑھ گئے پر یہ نہ جانا کہ وہ عورت تھی یا مرد۔** زلیخا کے آخر میں خا بولنے میں خاں معلوم ہوتا ہے اس پر جگت ہے۔

زمام (ع۔ مونث) لگام۔ باگ نکیل۔ **زمام حکومت ہاتھ میں لینا۔** (متعدی) حکومت کی باگ اپنے ہاتھ میں لینا۔ خود حکومت کرنا۔

زمال (ع۔ مذکر) دیکھو زمانہ۔

(ز۔ من۔ دیر تک رہنا) **زمان پاستانی یا پیشیں** (مذکر) پرانا یا قدیم زمانہ۔ **زمانہ** (مذکر) ۱۔ وقت۔ روزگار ۲۔ عرصہ۔ مدت۔ میعاد ۳۔ موسم۔ رت۔ فصل ۴۔ حکومت۔ عہد۔ راج۔ سلطنت ۵۔ قرن۔ جگ ۶۔ دور دورا ۷۔ دنیا۔ عالم مخلوق۔ لوگ۔ خلقت ۸۔ گردش۔ دور ۹۔ قسمت۔ نصیبا ۱۰۔ (صرف و نحو) حال مستقبل میں سے کوئی ایک۔ **زمانہ آنا** (لازم) وقت آنا۔ **زمانہ آنکھوں سے (دیکھا ہے)** گزر چکا ہے۔ بہت تجربہ ہو چکا ہے۔ **زمانہ الٹ پلٹ ہونا یا الٹ جانا** (لازم) انقلاب عظیم ہو جانا۔ **زمانہ امنڈنا** (لازم) خلقت کا بڑی تعداد میں کسی جگہ پہنچنا۔ **زمانہ ایک رنگ پر نہیں رہتا۔** کسی کی حالت یکساں نہیں رہتی۔ **زمانہ بدلنا** (لازم) قسمت پھرنا۔ انقلاب ہونا۔ **زمانہ برتنا** (متعدی) تجربہ ہونا **زمانہ برسر جنگ ہونا** (لازم) ہر بات مخالف پڑنا۔ نصیبا خراب ہونا۔ **زمانہ بسر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) وقت گزرنا۔ گزارا ہونا۔ **زمانہ بھر** (مذکر) تمام لوگ۔ کل آدمی۔ تمام دنیا۔ **زمانہ بھر دشمن ہونا** (لازم) کل دنیا کا دشمنی کرنا۔ **زمانہ بھر کا** (صفت) ۱۔ سب کا ۲۔ ساری دنیا کا ۳۔ پرلے درجے کا۔ **زمانہ بھر کا چھٹا ہوا** (صفت) بہت

بہ معاش۔ اول درجے کا لچا۔ زمانہ بھر کا دشمن (مذکر) سب دنیا کا دشمن ؛ سب سے بڑا دشمن۔ زمانہ بھر کی (مونث) سب کی سارے بَلا کی۔ پرلے درجے کی۔ زمانہ پلٹنا (لازم) انقلاب ہونا۔ زمانہ پھر جانا (لازم) لوگوں کا مخالف ہوجانا۔ زمانہ تہ و بالا ہونا (لازم) انقلاب عظیم ہونا۔ زمانۂ جاہلیت (مذکر) عرب میں اسلام سے پہلے کا زمانہ۔ زمانہ چرے ہونا (لازم) تجربہ کار ہونا۔ زمانہ چھاننا (متعدی) بہت تلاش کرنا۔ زمانۂ حال (صرف) وہ زمانہ جو گزر رہا ہے۔ زمانہ دیکھ ڈالا ہے۔ بڑا تجربہ کار ہے۔ زمانہ دیکھنا (متعدی) تجربہ کار ہونا۔ زمانہ دیکھے بیٹھے ہیں۔ ہم نے ان آنکھوں سے نہ معلوم کیا کیا دیکھ ڈالا ہے۔ بہت تجربہ کار ہیں۔ زمانہ زیر و زبر ہونا (لازم) انقلاب عظیم ہونا۔ زمانہ ساز (صفت) ظاہردار۔ خود غرض۔ زمانہ سازی (صفت) ظاہرداری؛ بناوٹ؛ مکاری؛ خوشامد۔ زمانہ سازی کی باتیں (مونث) ظاہرداری کی باتیں۔ زمانہ سے اٹھنا (لازم) ناپید ہوجانا۔ زمانہ سے برکت اٹھ جانا (لازم) اچھی حالت نہ رہنا۔ نکبت آنا۔ زمانہ کی گردش (مونث) انقلاب۔ زمانہ گر پڑنا (لازم) کسی کام کی طرف خلقت کا متوجہ ہونا۔ زمانہ گرگٹ کی طرح رنگ بدلتا ہے۔ کبھی کچھ ہوتا ہے کبھی کچھ۔ زمانہ گزرنا (لازم) ؛ عرصہ ہونا ؛ ایک بہت عرصہ ہونا۔ زمانۂ ماضی (صرف) وہ زمانہ جو گذر چکا ہے۔ زمانہ مبتلا ہونا (لازم) بہت لوگوں کا ایک شخص پر عاشق ہونا یا کسی بات میں پھنسنا۔ زمانۂ مستقبل (صرف) وہ زمانہ جو آئیگا۔ زمانہ موافق ہونا (لازم) نصیبا اچھا ہونا۔ طالع یاور ہونا۔ زمانہ نازک ہونا (لازم) ایسا زمانہ ہونا جس میں عزت سنبھالنا دشوار ہو۔ زمانہ نازک ہے۔ زمانے کی حالت خراب ہے احتیاط رکھنی چاہئے۔ زمانہ نظر میں اندھیر ہونا (لازم) سخت گھبراہٹ ہونا۔ پریشانی میں کچھ نہ سوجھنا۔ سخت غم و اندوہ ہونا۔ زمانہ ہوا؛ عرصہ ہوا۔ مدت ہوئی۔ زمانیاں (مذکر) زمانے کے لوگ۔ زمانے سے کھونا (لازم) کہیں کا نہ رکھنا۔ بیکار کر دینا۔

زمانے کا انقلاب ہونا (لازم) زمانہ بدلنا۔ سخت ہل چل مچنا۔ زمانے کا پلٹا کھانا۔ رنگ بدلنا یا کروٹ بدلنا (لازم) حالت بدلنا۔ دگرگوں ہونا حالت کا۔ زمانے کا چلن (مذکر) رسم و رواج۔ زمانے کا حال (رنگ) دیکھنا (متعدی) دنیا کی حالت دیکھنا۔ موجودہ رسم و رواج کا خیال رکھنا۔ زمانے کا دستور (مذکر) رسم و رواج کا خیال۔ زمانے کا رخ دیکھنا (متعدی) لوگوں کے خیالات اور طریقے کا خیال رکھنا۔ زمانے کا رونا (لازم) لوگوں کا ماتم یا غم کرنا۔ زمانے کا زمانہ (مذکر) تمام لوگ۔ خلقت۔ زمانے کا فرصت دینا (متعدی) دنیاداری کے کاموں سے فراغت پانا۔ زمانے کا کروٹ لینا (متعدی) انقلاب ہونا۔ زمانے کا لہو سفید ہونا (لازم) آپس میں محبت نہ رہنا۔ زمانے کا ناموافق ہونا (لازم) قسمت خراب ہونا۔ زمانے کا ورق الٹ جانا (لازم) زمانہ بدل جانا۔ زمانے کی آب و ہوا بدل جانا (لازم) لوگوں کے خیالات اور ہوجانا۔ انقلاب ہو جانا۔ زمانے کی راہ (مونث) لوگوں کا دستور یا چلن۔ رسم و رواج۔ زمانے کے موافق (صفت) موجودہ رسم و رواج کے مطابق۔ زمانے کی ہوا برخلاف ہونا (لازم) قسمت خراب ہونا۔ ہر بات کا مخالف ہونا۔ زمانے کی ہوا بگڑنا (لازم) لوگوں کی حالت بدلنا۔ دوستوں کا دشمن ہو جانا۔ لوگوں کے خیالات خراب ہو جانا۔ زمانے کی ہوا پھر جانا (لازم) ہر بات کا برخلاف ہونا۔ قسمت خراب ہونا۔ زمانے کی ہوا دیکھنا (متعدی) لوگوں کا رجحان دیکھنا۔ زمانے کی ہوا کھانا (متعدی) زندہ رہنا۔

امثال و اقوال۔ زمانہ

با تو نسازد تو با زمانہ بساز۔ اس وقت کہتے ہیں جب کسی آدمی کو اپنے سے کم رتبہ یا ادنے شخص کی اپنے مطلب کے لئے خوشامد کرنی پڑے۔ زمانہ برسر جنگ است یا علی مددے۔ بطور دعا ہے۔

زمرد (ف۔ مذکر) سبز رنگ کا ہیرا۔ زمرد پوش (صفت) سبز پوش۔ زمرد نگار (صفت) زمردوں سے جڑا ہوا۔ زمردیں (صفت) سبز رنگ کا۔ زمردیں بال (صفت) سبز بالوں یا پروں والا۔

زمرہ (ع۔ مذکر) آدمیوں کا گروہ یا جماعت (زمر: بین بجانا)۔ زمرے (مذکر) بجائے زمرہ حروف مغیرہ سے پہلے؛ زمرہ کی جمع۔ زمرے میں شامل ہونا (لازم) کسی خاص گروہ میں ہونا۔

زمزم (ع۔ مذکر) ایک کنواں جو کعبہ میں ہے۔ حضرت اسماعیلؑ کی ایڑیاں رگڑنے کی جگہ پیدا ہوگیا تھا؛ اس کا پانی؛ بہتات۔ افراط۔ (زمزم۔ گرجنا)۔ زمزمہ (صفت) آواز دینے والا۔ گرجنے والا؛ دیکھو زمزم۔ زمزمی (مونث) آب زمزم رکھنے کا برتن؛ حاجیوں کو آب زمزم دینے والا شخص۔

زمزم (ف۔ مذکر) گنگناہٹ جو پارسی ہاتھ دھوتے وقت کرتے ہیں؛ ژند کا چودھواں باب۔ زمزمہ (مذکر) نغمہ۔ سرود۔ گانا۔ زمزمہ پرداز۔ پیرا۔ خواں۔ سنج (صفت) راگ گانے والا (ہونا کے ساتھ)۔ زمزمہ پردازی۔ پیرائی۔ خوانی۔ سرائی یا سنجی (مونث) راگ گانا۔ نغمہ سرائی۔ زمزمہ گویاں (مذکر) گویّے۔ زمزمے کا لچھا (مذکر) پیچدار آواز جو گویّے گانے میں نکالتے ہیں۔ زمزمہ گویاں (مذکر) گویّے۔

زمستان (ف۔ مذکر) موسم سرما۔ زمستانی (صفت) موسم زمستاں کا یا اس کے متعلق۔

زَمَن (ع۔ مذکر) زمانہ۔ وقت۔ روزگار (جمع ازمان)۔

زمہریر (ف۔ مذکر) سخت سردی؛ طبقۂ ہوا کا وہ حصہ جو نہایت سرد ہے۔ زمہریری (صفت) نہایت سرد۔

زمی (ف۔ مونث) زمین کا مخفف۔ دھرتی۔

زمین (ف۔ مونث) ایک سیارہ سورج کے گرد گردش کرتا ہے۔ اس کا قطرہ ہزار میل اور محیط ۲۵ ہزار میل کے قریب رقبہ ۱۹ کروڑ ۶۹ لاکھ ۴ ہزار میل ہے۔ قطبین کی طرف سے پچکی ہوئی ہے اور ادھر سے قطر کی لمبائی ۲۶۰۰ میل کم ہے۔ یہ سورج کے گرد ۳۶۵¼ دن میں اور اپنے محور پر ۲۳ گھنٹے ۵۶ منٹ اور ۴ سیکنڈ میں گردش کرتا ہے۔ اس کا محور اس کی گردش کی سطح کے ساتھ ۲۳ء۵ انچ کا زاویہ بناتا ہے اس پر موسموں کے

تغیر و تبدل اور دنوں کے بڑے چھوٹے ہونے کا انحصار ہے۔ ¼ حصہ خشکی ہے اور ¾ حصہ تری خشکی ۶ بڑے بر اعظموں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ایشیا۔ یورپ۔ افریقہ۔ شمالی امریکہ۔ جنوبی امریکہ اور آسٹریلیشیا۔ اس میں قطبین کی زمین شامل نہیں۔ تری کوہ بحروں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اوقیانوس۔ ظلمات۔ ہند منجمد شمالی۔ منجمد جنوبی۔ بلحاظ موسموں کے پانچ منطقوں میں تقسیم کیا گیا ہے حارہ۔ معتدلہ شمالی۔ معتدلہ جنوبی۔ بارده شمالی۔ بارده جنوبی۔ اس کے گرد چاند گردش کرتا ہے۔ اس کی وجہ سے سمندروں میں مدوجزر ہوتے ہیں آبادی ۱۹ ارب ۲ دھرتی۔ ارض ۳ سطح زمین ۴ مٹی۔ خاک۔ دھول ۵ ہر عطر کا مادہ ۶ کاغذ یا کپڑے کی اصل سطح ۷ غزل کی ردیف قافیہ اور وزن ۸ زمین کا ٹکڑا ۹ ملک۔ علاقہ ۱۰ تالاب یا حوض کا فرش

زمین آسمان ایک کر دینا یا کرنا (متعدی) بہت تلاش کرنا۔ کمال کوشش کرنا۔ **زمین آسمان پر ٹھکانا نہ ہونا** (لازم) بے تکی بات کہنا۔ **زمین آسمان جھکانا** (متعدی) ۱ در بدر پھرانا ۲ دیوانہ بنانا۔ **زمین آسمان چھاننا** (متعدی) بہت تلاش کرنا۔ **زمین آسمان کا فرق** (مذکر) بڑا فرق۔ **زمین آسمان (کے قلابے) ملانا** (متعدی) بہت مبالغہ کرنا۔ لاف زنی کرنا۔ **زمین آسمان میں پتا نہ ملنا یا ہونا** (لازم) کہیں نہ ہونا۔ **زمین اُٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) کاشت کے لئے زمین کا دیا جانا۔ لگان پر زمین کا دیا جانا۔ **زمین اٹھ کھڑی ہوئی ہے**۔ افتادہ بے تردد تھی اب اس میں تردد ہونے لگا۔ **زمین اڑا دینا** (متعدی) ہل چل مچا دینا۔ **زمین افتادہ** (مونث) زمین جو کاشت نہ کی گئی ہو۔ **زمین الٹ دینا یا الٹنا** (متعدی) ۱ غضب کرنا ۲ ملک فتح کر لینا۔ **زمین بلند ہونا** (لازم) غزل کی بحر کا دشوار ہونا۔ **زمین بوس** (صفت) ۱ وہ جو زمین چومے ۲ وہ جو حاضر ہو کر آداب بجا لائے۔ **زمین بوسی** (مونث) زمین چومنا۔ بادشاہوں کے سامنے ایسا کیا کرتے تھے (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **زمین بیٹھنا** (لازم) مٹی کا دھس جانا۔ **زمین پامال ہونا** (لازم) ایک خاص زمین میں بہت سی غزلیں لکھی جانا۔ **زمین پاؤں تلے سے نکل جانا** (لازم) خوف اور دہشت سے قیام کرنا مشکل ہونا۔ نہایت بیقراری ہونا۔ **زمین پر آرہنا** (لازم) گر پڑنا۔ **زمین پر اترنا** (لازم) ہوا میں اڑتے ہوئے زمین پر آجانا۔ **زمین پاؤں سے لگی رہی ہونا** (لازم) بسبب بہت سی آمد و رفت کے رستہ تریب معلوم ہونا۔ **زمین پاؤں کے نیچے (سے نکلی جاتی ہے) نہیں تھمتی یا ٹھیرتی**۔ برا زمانہ ہے کوئی کسی کا نہیں سخت گھبراہٹ ہے۔ **زمین پر انقلاب ہونا**۔ دنیا میں ہل چل مچنا۔ دنیا کا تہ و بالا ہونا۔ **زمین پر پاؤں رکھکر نہ چلنا** (لازم) بہت غرور کرنا۔ **زمین پر پاؤں رکھنا** (متعدی) ۱ زمین پر کھڑا ہونا ۲ پیادہ پا چلنے کا قصد کرنا ۳ کسی اونچی چیز سے زمین پر اترنا۔ **زمین پر پاؤں نہ (دھرنا) رکھنا** (متعدی) غرور کرنا۔ **زمین پر چڑھنا** (لازم) گھوڑے کا مسافت طے کرنے میں مشاق ہونا۔ گھوڑ کو لمبے سفر کی عادت ہر روز تھوڑا تھوڑا سفر بڑھانے سے ڈالنا۔ **زمین پر پٹکنا** (متعدی) گرانا۔ **زمین پر دے مارنا** (متعدی) اٹھا کر زمین پر زور سے پھینکنا۔ پٹخنی دینا۔ **زمین پر ڈھیر ہو جانا** (لازم) گر پڑنا۔ **زمین پر رکھ دینا یا رکھنا** (متعدی) کوئی چیز ہاتھ سے یا ایک جگہ سے دوسری جگہ دھر دینا۔ **زمین پر قدم نہ رکھنا** (متعدی) غرور کرنا۔ **زمین پر سے کچھ پڑا پانا** (لازم) ۱ کوئی چیز بغیر محنت مشقت کے حاصل ہونا۔ کوئی چیز اتفاقاً مل جانا ۲ کوئی مطلب کی چیز اچانک مل جانا۔ **زمین پر گر پڑنا یا گرنا** (لازم) نیچے آ پڑنا۔ گر جانا۔ **زمین پر نہ ٹھہنے دینا** (متعدی) اپنے علاقے یا اپنی زمین پر نہ ٹھیرنے دینا۔ **زمین پر ہاتھ نہیں ٹکے** عاجز نہیں ہوا ابھی طاقت ہے۔ **زمین پست ہونا** (لازم) بحر ردیف قافیہ کا اچھا نہ ہونا۔ **زمین پکڑنا** (متعدی) ۱ جم کر بیٹھنا ۲ کسی جگہ مستقل سکونت اختیار کرنا ۳ چت نہ ہونا۔ **زمین پھٹنا** (لازم) زمین کا شق ہونا۔ زلزلے سے عموماً ایسا ہوتا ہے۔ **زمین تپنا** (لازم) دھوپ سے زمین گرم ہو جانا۔ **زمین تلے اوپر کر دینا۔ کرنا** (متعدی) **ہو جانا ہونا** (لازم) انقلاب ہونا۔ ہلچل مچنا۔ **زمین تھرا جانا یا تھرانا** (لازم) ہل چل مچنا۔ **زمین ٹل جائے اور یہ نہ ٹلے**۔ نہ رکنے والی مصیبت۔ ضدی شخص یا ضرور تعمیل ہونے والے حکم کی نسبت کہتے ہیں۔ **زمین ٹھنڈی ہونا** (لازم) ردیف قافیہ کا چست نہ ہونا۔ **زمین جھکانا** (متعدی) آوارہ پھرنا۔ **زمین چڑھا ہوا گھوڑا** (مذکر) وہ گھوڑا جسے لمبے سفر کی عادت ڈالی گئی ہو۔ **زمین چڑھنا** (لازم) دیکھو زمین پر چڑھنا۔ **زمین حسن خیز** (مونث) وہ خطہ جہاں بہت سے خوبصورت مرد اور عورتیں پیدا ہوں۔ **زمین خون سے لال کر دینا یا کرنا** (متعدی) **ہو جانا یا ہونا** (لازم) سخت خونریزی ہونا۔ بہت لوگوں کا لڑائی میں مارا جانا۔ **زمیندار** (مذکر) ۱ زمین کا مالک ۲ زمین کو کاشت کرنے والا شخص۔ کاشتکار۔ **زمیندارا** (مذکر) ۱ حق زمینداری ۲ دیہات۔ **زمیندارنی** (مونث) زمیندار کی بیوی۔ **زمینداری** (مونث) ۱ زمیندار کا پیشہ یا کام ۲ پٹی داری۔ جاگیرداری ۳ اراضی۔ پٹی۔ ریاست ۴ زمین جو زمیندار کے قبضے میں ہو ۵ زمیندار کا عہدہ (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **زمینداری پٹا** (مذکر) ایک تحریر جس میں سرکار زمیندار کے حقوق عطا کرتی ہے **زمینداری جمع** (مذکر) مالگزاری جو زمیندار کو دینی پڑتی ہے **زمین دکھانا** (متعدی) ۱ گرا دینا۔ پٹکنا ۲ نیچا دکھانا ۳ پچھاڑنا **زمین دوز** (صفت) زمین میں بنا ہوا یا دھنسا ہوا۔ **زمین دوز قلعہ** (مذکر) ایسا قلعہ جس کی چھت زمین کے برابر ہو اور باہر سے پتہ نہ چلے کہ قلعہ ہے۔ **زمین دوز کواں** (مذکر) کنواں جو زمین سے ابھرا ہوا نہ ہو۔ **زمین دوز مکان** (مذکر) تہ خانہ۔ **زمین دیکھنا** (متعدی) ۱ نیچا دیکھنا۔ شرمندہ ہونا ۲ گر پڑنا۔ پچھڑنا ۳ زمین میں دفن ہونا ۴ قے کرنا۔ **زمین رزم** (مونث) میدان جنگ۔ **زمین سپید** (مونث) وہ زمین جس پر مکان نہ ہوں۔ **زمین سر پر اٹھا لینا** (متعدی) بہت شور و غل کرنا۔ **زمین سست ہونا** (لازم) بحر وغیرہ کا اچھا نہ ہونا۔ **زمین سہل ہونا** (لازم) بحر وغیرہ کا آسان ہونا۔ **زمین سے پیٹھ لگانا** (متعدی) پہلوان کا دوسرے پہلوان کو چت گرا دینا یہ جیتنے کی نشانی ہے۔ **زمین سے پیٹھ لگنا** (متعدی) قرار پکڑنا۔ آرام کرنا۔ بے چینی رفع ہونا۔ **زمین شعر** (مونث) دیکھو زمین ۷ **زمین شعر سنگلاخ ہے**۔ شعر کا بحر اور وزن مشکل ہے۔ **زمین شق ہونا** (لازم) زمین پھٹ جانا۔ **زمین شگفتہ**

ہونا (لازم) زمین شعر کا موزوں و مناسب ہونا۔ **زمین طرح کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بحر وغیرہ کا معین ہونا۔ **زمین غیر مزروعہ** (مونث) وہ زمین جس میں کاشت نہ کی جائے۔ افتادہ زمین۔ **زمین قند** (مونث) ایک قسم کی ترکاری۔ **زمین کا پاؤں پکڑنا** (متعدی) کسی مقام پر قیام ہونا۔ کہیں سے جا نہ سکنا۔ **زمین کا پاؤں تلے (کے نیچے) سے سرک (نکل) جانا** (لازم) ۱ کسی صدمے کا حال سنکر گھبرا جانا ۲ کسی کا ساتھ نہ دینا۔ **زمین کا پاؤں کے نیچے نہ ٹھہرنا** (لازم) کسی کا ساتھ نہ دینا۔ **زمین کا پیوند کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ دفن ہونا۔ مرجانا ۲ فنا ہونا۔ نیست و نابود ہونا۔ **زمین کا پیوند ہو** (بد دعا) مرے۔ فنا ہو۔ **زمین کا تختہ (طبق۔ طبقہ) الٹ جانا** (لازم) انقلاب عظیم ہونا۔ **زمین کا کھا جانا** (لازم) ۱ نیست و نابود کر دینا ۲ زمین کا بوسیدہ کر دینا دفن شدہ چیز کو۔ **زمین کا کھا لینا** (متعدی) دیکھو آخری سے۔ **زمین کا گز** (مذکر) بہت سفر کرنے والا۔ آوارہ پھرنے والا (بننا ہو جانا ہونا کے ساتھ)۔ **زمین کا مالک** (مذکر) زمیندار۔ **زمین کانپنا** (لازم) ہل چل مچ جانا۔ تہ و بالا ہونا۔ **زمین کو آسمان کر دینا** (متعدی) پست زمین شعر کو اعلیٰ بنا دینا۔ **زمین کو بوسہ دینا** (متعدی) زمین چومنا۔ زمین بوسی کرنا۔ **زمین کو ہلا دینا** (متعدی) دیکھو زمین ہلا دینا۔ **زمین کے برابر ہو جانا** (لازم) ۱ خاک ہو جانا۔ ۲ خاکساری کرنا۔ **زمین کی پوچھنا آسمان کی کہنا** (لازم) سوال کچھ جواب کچھ۔ **زمین کی طنابیں کھینچ جانا** (لازم) **کھینچ دینا** (متعدی) مسافت کم کر دینا۔ فاصلہ تھوڑا کر دینا۔ **زمین کے طبقے آسمان پر اڑا دینا۔ زمین کے طبقے الٹ دینا** (متعدی) تہ و بالا کر دینا۔ غدر ڈال دینا۔ قیامت برپا کر دینا۔ **زمین کی کہنا آسمان کی کہنا** (متعدی) بے تکی بات کہنا۔ **زمین کی گردن** (مذکر) خاکنائے۔ **زمین گرم ہونا** (لازم) زمین شعر کا چست ہونا۔ **زمین گلنار ہونا** (لازم) ۱ سرخ پھولوں سے زمین بھری ہونا ۲ خون سے زمین بھری ہونا۔ **زمین گھس جاتا** (لازم) طنزاً کہتے ہیں۔ جب کوئی کسی جگہ سے ہٹا نے۔ **زمین گیر** (صفت) ۱ وہ جو اپنی جگہ سے جنبش نہ کر سکے ۲ زمین پر گرا ہوا ۳ جھکا ہوا خمیدہ ۴ زیدہ

عمر کی وجہ سے کرزندہ دیر) بہت بوڑھا آدمی۔ **زمین متحرک یا متزلزل ہونا** (لازم) ۱ زمین کا کانپنا۔ زلزلہ آنا ۲ ہل چل مچنا۔ **زمین مزروعہ** (مونث) کاشت کی ہوئی زمین۔ **زمین میں ٹھکانا نہ آسمان میں** بے خانماں ہے کہیں ٹھکانا نہیں ہے۔ **زمین میں سمانا** (لازم) ۱ سخت شرمندہ ہونا ۲ زمیں میں گڑنا۔ زمین میں جذب ہونا۔ **زمین میں گاڑ دونگا** (دھمکی) مزہ چکھا دونگا۔ **زمین میں گاڑنا** (متعدی) دفن کرنا۔ **زمین میں گڑنا** (لازم) ۱ دفن ہونا ۲ نہایت شرمندہ ہونا۔ **زمین ناپنا** (متعدی) ۱ سفر کرنا ۲ آوارہ پھرنا۔ **زمین نکالنا** (متعدی) ۱ زمین شعر تلاش کرنا ۲ دریا کا ہٹ جانا اور زمین قابل کاشت چھوڑ جانا۔ **زمین و آسمان تھرانا** (لازم) سخت ہل چل مچنا۔ تہ و بالا ہونا۔ **زمین و آسمان کا فرق ہونا** (لازم) بہت فرق ہونا۔ **زمین و زماں** (مذکر) تمام زمانہ۔ **زمین ہلا دینا** (متعدی) **ہلنے لگنا یا ہلنا** (لازم) ہل چل مچ جانا۔ تہ و بالا ہونا۔ قیامت مچنا۔ **زمینی** (صفت) ۱ زمین کی۔ زمین کے متعلق۔ ۲ خاکی۔ دنیاوی۔ سفلی۔

امثال و اقوال۔ زمین

زمین پھٹے اور میں سما جاؤں۔ نہایت شرمندگی کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ **زمین ترکید و پیدا شد سرخر**۔ کوئی دفعتاً آجائے تو مذاقاً کہتے ہیں۔ زمین پھٹی اور گدھے کا سر پیدا ہو گیا۔ **زمیندار کو کسان نیچے کو مسان**۔ ان چیزوں سے ضرر پہنچتا ہے۔ **زمیندار کی جڑ ہری**۔ زمیندار ہمیشہ خوشحال رہتا ہے۔ **زمیندار دوب کی جڑ ہے۔ زمینداری کھیڑے کی دوب ہے**۔ زمینداری میں ہمیشہ فائدہ ہوتا ہے۔ زمینداری پائیدار ہے۔ **زمیں سخت ہے آسمان دور ہے**۔ سخت مصیبت اور بے بسی کے موقع پر کہتے ہیں۔ **زمین شور سنبل بر نیارد**۔ شور والی زمین میں سنبل نہیں اگتی۔ برے آدمی سے کبھی نیکی کی امید نہیں ہوتی۔ **زمین کا نہ آسمان کا**۔ کہیں کا نہیں رہا۔ نہ دین کا نہ دنیا۔ **زمین کو مارے زمیندار چونکے**۔ کسی کمزور کو مار کر زبردست پر رعب ڈالنا۔ **زمین کھا گئی کہ آسمان**۔ جب کوئی چیز نہ ملے تو کہتے ہیں۔ **زمین کے نیچے بھی اسقدر ہے جتنا زمین کے اوپر ہے**۔ چھوٹے قد کے آدمی کی نسبت جو بہت چالاک اور عیار ہو کہتے ہیں۔

زن (ف۔ مونث) ۱ عورت۔ ناری تریا ۲ بیوی۔ استری۔ زوجہ۔ لگائی۔ مہارو۔ **زناشوئی** (مونث) زن و شوہر کے تعلقات۔ مباشرت۔ **زنان** (مونث) زن کی جمع۔ **زنانِ پھڈی** (مذکر) زنانِ متری (مخف) **زنان خانہ** (مذکر) عورتوں کا مکان۔ حرم۔ **زنان متری** (مذکر) وہ مرد جو عورتوں کے طریقے اور طرز گفتگو اختیار کرے۔ **زنانہ** (مذکر) ۱ وہ مرد جو عورتوں کی طرح حرکات کرے ۲ ہیجڑا۔ زنخا ۳ عورتوں کے رہنے کا مکان ۴ پردہ دار عورتیں ۵ پردہ ۶ (صفت) نامرد۔ ڈھیلا۔ **زنانہ اسکول یا سکول** (مذکر) زنانہ مدرسہ۔ **زنانہ کرانا** (لازم) **کرنا** (متعدی) ۱ پردہ کرنا۔ مردوں کو ہٹا دینا ۲ عضو تناسل کٹا کر ہیجڑا بنا دینا۔ **زنانہ مدرسہ** (مذکر) عورتوں کا سکول۔ **زنانہ مکان** (مذکر) عورتوں کے رہنے کا مکان۔ **زنانہ ہسپتال** (مذکر) وہ شفا خانہ جہاں عورتوں کا علاج عورت ڈاکٹر کریں۔ **زنانی** (صفت) ۱ زن سے منسوب ۲ عورت **زنانی بولی** (مونث) عورتوں کی زبان۔ ریختی۔ **زنانی پوشاک** (مونث) عورتوں کے کپڑے۔ **زنانی ڈیوڑھی** (مونث) وہ ڈیوڑھی جس سے عورتوں کی آمد و رفت ہو۔ **زنانی سواری** (مونث) عورت جو ڈولی میں بیٹھ کر آئے۔ **زنانی گاڑی** (مونث) وہ گاڑی جس میں صرف عورتیں بیٹھیں۔ **زن باردار** (مونث) حاملہ عورت۔ **زن جمیلہ یا حسینہ** (مونث) خوبصورت عورت۔ **زن مدخولہ** (مونث) گھر میں ڈالی ہوئی عورت۔ **زن مرید** (مذکر) جورو کا مطیع۔ **زن منکوحہ** (مونث) وہ عورت جس کے ساتھ نکاح ہوا ہو۔ **زن و شو** (مذکر) بیوی اور شوہر۔ **زن و فرزند** (مذکر) بیوی بچے۔ **زن و مرد** (مذکر) عورت اور مرد۔

امثال و اقوال۔ زنان

پردہ نشیں مصلحت چناں دانند۔ پردے میں بیٹھنے والی عورتیں مصلحت کس طرح سمجھ سکتی ہیں۔ **زن بد در سرائے مرد نکو۔ اندریں عالم است دوزخ او**۔ بری عورت نیک آدمی کے گھر میں اس کے لئے دنیا میں دوزخ ہے۔ **زن راضی گوز بریش قاضی**۔ دیکھو میاں بیوی راضی الخ۔ **زن زر زمین۔ زن زمین زر تینوں لڑائی کے گھر**۔ ان تینوں سے دنیا میں جھگڑے پیدا

ہوجاتے ہیں۔

زَن (ف۔ امر) ازدن کا۔ عموماً ب کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ مار ۲ مارنے والا۔ مرکبات میں جیسے راہزن ۳ وہ جس پر ضرب پہنچائی جائے جیسے قطرزن۔ **زناں** (صفت) مارتا ہوا۔ **زنند** (مضارع جمع غائب) انہوں نے مارا۔ **زنی** (مونث) مارنا۔ کوٹنا۔ مرکبات میں جیسے لاف زنی دہل زنی۔

مثل۔ زنند جامۂ ناپاک گازراں برسنگ۔ جس میں کچھ عیب ہوتا ہے اس پر نکتہ چینی ہوتی ہے۔

زنا (ع۔ مذکر) ا زوجہ کے علاوہ دوسری عورت کے ساتھ مجامعت کرنا۔ حرام کاری فعل شنیعہ۔ بدکاری۔ عورت کا غیر مرد سے مجامعت کرانا (کرنا ہونا کے ساتھ) (زنی۔ بدکاری کرنا)۔ **زنا بالجبر** (مذکر) ا کسی عورت کے ساتھ زبردستی (زنا کرنا ۲ (قانون) جو مرد اس عورت کے سوا جسے نیچے مستثنے کی گئی ہے ایسے حالات میں جو ذیل میں گئے ہوئے ہیں۔ پانچوں قسموں میں سے کسی قسم میں داخل ہو کر کسی عورت سے جماع کرے تو کہا جائیگا کہ اس مرد نے زنا بالجبر کیا۔ اول۔ عورت کی مرضی کے خلاف دوسری۔ عورت کی بلا رضامندی۔ تیسری۔ عورت کی رضامندی کے ساتھ جبکہ اس کی رضامندی ہلاکت یا ضرر کی تخویف سے حاصل کی گئی ہو چوتھی۔ عورت کی رضامندی کے ساتھ جبکہ مرد یہ جانتا ہو کہ وہ اس عورت کا شوہر نہیں ہے اور یہ کہ عورت کی جانب سے وہ رضامندی اس نظر سے ظاہر کی گئی ہے کہ وہ باور کرتی ہے کہ یہ مرد وہی مرد ہے جس کے ساتھ اس کا ازدواج جوازاً ہوا ہے یا جس کے ساتھ وہ اپنا جوازاً ازدواج ہونا باور کرتی ہے۔ پانچویں۔ عورت کی رضامندی کے ساتھ یا اس کی بلا رضامندی جبکہ اس کی عمر بارہ برس سے کم ہو۔ تشریح۔ اس جماع کے متحقق ہونے کے لئے جو جرم زنا بالجبر قائم کرنے کے واسطے ضرور ہے ادخال کافی ہے۔ مستثنیٰ۔ مرد کا جماع اپنی زوجہ سے جبکہ اس کی عمر بارہ برس سے کم نہ ہو۔ زنا بالجبر نہیں (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **زناکار** (صفت) بدکار۔ زانی۔ **زناکاری** (مونث) بدکاری۔ زنا (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

زَنابیر (ف۔ مذکر) زنبور کی جمع۔

زَنابیل (ف۔ مونث) زنبیل کی جمع۔

زُنات (ع۔ مذکر) زانی کی جمع۔

زَناتہ (ع۔ مذکر) ایک مغربی قبیلے کا نام۔ **زناتی** (صفت) ا اس قبیلے کا ۲ ایک مشہور نجومی۔

زَنّاٹا (ہ۔ مذکر) کسی ٹھوس چیز کے ہوا میں سے زور سے گزرنے کی آواز۔ سائیں سائیں سنسناہٹ (سناٹا سے) **زناٹے سے** (ق) تیزی سے سائیں سئیں کی آواز دیتا ہوا (سناٹا کا مخرب)

زَناخ (ع۔ مونث) مرغ یا کبوتر کے سینے کی ہڈی جو دو شاخ ہوتی ہے بیگمات قلعہ دہلی جب کسی کو سہیلی بنانا چاہتی تھیں تو ایک شاخ خود پکڑتیں دوسری اس کو اور زور سے کھینچ کر توڑتی ہے یہ سہیلی بن جانے کی نشانی تھی (درخ چٹنا) **زناخ توڑنا** (متعدی) ا سینے کی ہڈی کو دو عورتوں کا کھینچکر توڑنا ۲ سہیلی بنانا۔ **زناخی** (مونث) اس طرح بنی ہوئی سہیلی ۲ (صفت) نگوڑی۔

زَنادِقہ۔ زَنادِیق (ع۔ مذکر) جمع زندیق۔

زُنّار (ع۔ مذکر و مونث) ا وہ دھاگا جو عیسائی۔ یہودی اور مجوسی کمر میں باندھتے ہیں ۲ وہ دھاگا جو ہندو گلے میں اور بغل کے نیچے پہنتے ہیں جنیو (پہنانا۔ پہننا گلے میں ڈالنا کے ساتھ) **زنار بند یا دار** (مذکر) ا وہ شخص جو زنار پہنے ۲ برہمن۔ **زنار پوشی** (مونث) زنار پہننا۔ **زنار ساغر یا قدح** (مذکر) ا شراب کے گلاس میں جو بلبلے اٹھتے ہیں ۲ وہ گول نشان جو شراب کے گلاس میں پڑ جاتا ہے۔ **زنار سلیمانی** (مذکر) باریک نشان جو حضرت سلیمان کی مہر میں تھا۔

زَنانیر (ع۔ مذکر) ا کنکرا ۲ چھوٹی مکھیاں ۳ مچھر ۴ ایک ملک کا نام ۵ زُنّار کی جمع۔

زُنبان (ف۔ مذکر) سونف۔ انیسون۔

زَنبق (ع۔ مذکر) ا چنبیلی کی ایک قسم ۲ چنبیلی کا تیل ۳ شراب۔

زُنبور (ع۔ مذکر) ا بھڑ ۲ شہد کی مکھی ۳ تتیا ۴ ایک آلہ جس سے پکڑ کر سیخوں وغیرہ کو کھینچکر نکالتے ہیں۔ اس کا منہ گول ہوتا ہے ۵ چھوٹی توپ جو بادشاہوں کے ساتھ اونٹ پر رہتی ہے۔ **زنبورچی** (مذکر) توپ چلانے والا۔ **زنبور خانہ** (مذکر) بھڑوں کا چھتا۔ **زنبور خرزرد** (مذکر) بھڑ۔ **زنبور سرخ** (مذکر) تتیا۔ **زنبور عسل** (مذکر) شہد کی مکھی۔ **زنبورک** (مونث) زنبور ۵۔ **زنبور کا چھتا** (مذکر) بھڑ کا چھتا۔ **زنبور کافر** (مذکر) ایک قسم کی بھڑ۔ **زنبورہ** (مذکر) دیکھو زنبور علاوہ معنے کے ۲ ایک قسم کا ستار جس کے دو طرف کدو لگے ہوتے ہیں۔ بین۔ **زنبوری** (صفت) جالیدار۔ مشبک۔

زَنبیل (ف۔ مونث) ا ٹوکری جو کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ہو ۲ فقیروں کا کاسہ جو کدو کا بنا ہو ۳ جوا۔ جھولی۔ تھیلی۔ جھولا۔ **زنبیل باف یا ساز** (مذکر) زنبیل بنانے والا۔ **زنبیل عمر عیار** (مونث) ایک تھیلی جو عمر عیار کے پاس تھی۔ اس میں ایک دنیا آباد تھی اور وہ جو چاہتا تھا اس میں رکھ لیتا تھا۔

زَن تنبور (ف۔ مذکر) ہندوستان میں ایک قلعہ۔

زَنجبیل (ع۔ مونث) ا سونٹھ ۲ بہشت کی ایک نہر کا نام۔ **زنجبیل العجم** (مونث) ہینگ کے پودے کی جڑ۔ **زنجبیل الکلاب** (مونث) کچلا۔

زَنجیر (ف۔ مونث) ا کنڈی دروازے کی ۲ بیڑی پاؤں کی ۳ لڑی۔ سلسلہ ۴ دھات کے چھوٹے چھوٹے حلقوں کی لڑی جیسے گھڑی کی، دگلے کی جھنال کی۔ بٹنوں کی ۵ فیل کے ساتھ تعداد ظاہر کرنے کے لئے۔ **زنجیر بندی** (مونث) ا سلسلہ ۲ قطار۔ **زنجیر تڑانا** (متعدی) ا آزادی کی خواہش میں بیتاب ہو کر زنجیر توڑنے کی کوشش کرنا ۲ بہت جوش یا غصے میں بھرا ہونا۔ **زنجیر توڑنا** (متعدی) زنجیر ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ عموماً دیوانگی میں انسان ایسا کرتا ہے۔ حیوان عموماً توڑ دیتے ہیں۔ **زنجیر ٹوٹنا** (لازم) زنجیر کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ **زنجیر داد** (مونث) زنجیر جو نوشیرواں نے اپنے محل کے آگے گھنٹہ باندھکر لٹکائی تھی۔ انصاف کے خواہشمند اسے آکر کھڑکھڑاتے تھے۔ بعد کو شاہجہاں جہانگیر نے بھی ایسا کیا تھا۔ **زنجیر دار** (صفت) ا حلقے دار جس پر زنجیر بنی ہوئی ہو۔ **زنجیر در** (مونث) دروازے کی کنڈی (کھٹکھٹانا۔ کھڑکھڑانا کھڑکانا کے ساتھ) **زنجیر دینا** (متعدی) کنڈی لگانا۔ **زنجیر ڈالدینا یا ڈالنا** (متعدی) ہاتھ پاؤں میں زنجیر ڈالنا دیوانے یا قیدی کے۔ **زنجیر سے باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) زنجیر سے جکڑا

جانا جب رسی توڑ دیں دیوانے یا جانور کو توڑ زنجیر سے باندھتے ہیں۔ **زنجیر جنوں** (مونث) وہ زنجیر جو دیوانے آدمی کو ڈالتے ہیں۔ **زنجیر عدل** (مونث) دیکھو زنجیر داد۔ **زنجیر عرش کھڑکانا** (متعدی) دعا کی قبولیت کا شرف حاصل ہونا ۲ دعا مانگنا۔ **زنجیر کرنا** (متعدی) ۱ پاؤں میں زنجیر ڈالنا ۲ گرفتار یا اسیر کرنا ۳ زنجیر لگانا یا چڑھانا (مت) **زنجیر کمر** (مونث) دیکھو کمر کی زنجیر۔ **زنجیر کھٹکانا۔ کھڑکھڑانا یا کھڑکانا** (متعدی) زنجیر کو ہلانا اور دروازے پر زور سے مارنا کہ آواز نکلے۔ کسی کو گھر کے اندر سے یا اندر بلانے کے لئے ایسا کیا جاتا ہے۔ **زنجیر کھولنا** (متعدی) **کھلنا** (لازم) ۱ لگی ہوئی زنجیر اترنا ۲ آزاد ہونا۔ بندش موقوف ہونا۔ **زنجیر کی جھنکار** (مونث) زنجیر کے ہلنے سے جو آواز پیدا ہو۔ **زنجیر کی کڑی** (مونث) حلقہ جس سے زنجیر بنی ہوئی ہوتی ہے۔ **زنجیر لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ کنڈی چڑھی ہونا۔ زنجیر بند ہونا ۲ زنجیر نصب ہونا۔ **زنجیروں** (مونث) زنجیر کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے **زنجیروں سے جکڑ دینا** (متعدی) زنجیروں سے اس طرح باندھنا کہ ہل نہ سکے۔ **زنجیرہ** (مذکر) ۱ کوئی چیز جو زنجیر کی شکل کی ہو ۲ بنا ہوا ڈورا جو زنجیر کی شکل کا بنایا جاتا ہے ۳ کپڑا وغیرہ پر جو حلقہ دار سلسلہ کاڑھا جائے۔ لہریا۔ کنٹھا۔ زنجیردار سلائی ۴ تصویر کے گرد کنارہ ۵ حلقے جو سطح آب پر پائے جاتے ہیں ۶ زنجیر گردن۔ بار۔ ناخنوں پر سفید نشان۔ **زنجیر بند** (صفت) زنجیروں سے باندھا (کرنا ہونا کے ساتھ) **زنجیرہ بندی** (مونث) ایک چیز کا دوسری چیز کے واسطے لازمی ہونا۔ **زنجیری** (صفت) زنجیر میں بندھا ہوا ۱ پاگل۔ دیوانہ ۲ (مذکر) قیدی کا دیوانہ شخص۔ **زنجیریں** (مونث) زنجیر کی جمع۔ **زنجیریں پہنانا** (متعدی) **پہننا** (لازم) قید ہونا۔

زنخا (ف۔ مذکر) اصل لفظ زنکہ ہے ۱ وہ مرد جو عورتوں کی طرح بات چیت یا حرکات کرے ۲ زنانہ ۳ بزدل۔ نامرد۔

زنخدان (ف۔ مونث) ٹھوڑی۔

زند (ف۔ مونث) دیکھو ژند۔

زند (ف۔ مونث) روح ژند و پاژند میں ان معنوں میں استعمال ہوا ہے) **زندگاں** (مذکر) زندہ کی جمع۔ جیتے لوگ۔ **زندگانی** (مونث) زندگی۔ **زندگانی پر خاک**۔ ایسی زندگی پر لعنت۔ **زندگانی**

دہ (صفت) زندگی بخشنے والا۔ **زندگی** (مونث) حیات۔ زندگی۔ جینا۔ عمر۔ اوستھ۔ **زندگی آخر ہونا** (لازم) موت کا وقت قریب آنا۔ **زندگی بخش** (صفت) وہ جو زندگی عطا کرے۔ **زندگی بخشنا** (متعدی) پیدا کرنا۔ زندہ کرنا۔ جلانا۔ **زندگی بسر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) عمر گزرنا۔ **زندگی بھاری ہونا** (لازم) کسی صدمہ یا بیماری کی وجہ سے مرنے کو دل چاہنا۔ جینا دوبھر ہونا۔ **زندگی بھر** (صفت) تمام عمر۔ **زندگی پر حرف آنا** (لازم) مرنا۔ موت آنا۔ **زندگی پہ خاک**۔ ایسی زندگی پہ لعنت۔ **زندگی تلخ (حرام) کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) اس قدر تکلیف ہونا کہ جینے کا مزہ نہ رہے۔ **زندگی حباب ہے**۔ حیات ناپائیدار یا فانی ہے۔ **زندگی دشوار ہو جانا یا ہونا** (لازم) عمر مصیبت میں گزرنا۔ جینا مشکل ہو جانا۔ **زندگی دوبھر ہونا** (لازم) زندگی بھاری ہونا۔ **زندگی سے تنگ (بیزار) ہونا۔ تنگ آنا یا ہونا۔ خفا ہونا یا (دل) سیر ہونا** (لازم) جینے سے بیزار ہونا۔ مرنے کو دل چاہنا۔ **زندگی سے ہاتھ اٹھانا** (متعدی) مرنے کے لئے تیار ہونا۔ جینے سے مایوس ہونا۔ **زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھنا یا دھونا** (متعدی) مرنے پر آمادہ ہونا۔ **زندگی سے یاس ہونا** (لازم) جینے کی امید نہ رہنا۔ **زندگی شرط ہے**۔ اگر جیتے رہے۔ **زندگی ضائع کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) عمر بیفائدہ جانا۔ عمر خراب ہونا۔ **زندگی عطا کرنا** (متعدی) زندگی بخشنا۔ **زندگی کاٹنا** (متعدی) عمر بسر ہونا۔ **زندگی کا جواب دینا** (متعدی) موت آنا۔ **زندگی کافور ہونا** (لازم) مرجانا۔ **زندگی کا مزہ** (مذکر) جینے کا لطف۔ **زندگی کے دن بھاری ہونا** (لازم) دیکھو زندگی بھاری ہونا۔ **زندگی کے دن بھرنا یا پورے کرنا** (متعدی) عمر رنج و تکلیف میں گزارنا۔ **زندگی مستعار** (مونث) چند دن کی زندگی۔ **زندگی موت کسی کے ہاتھ ہونا** (لازم) کسی کا پورا اختیار ہونا۔ **زندگی میں** (تف) جیتے جی۔ **زندگی میں موت کا مزہ چکھنا** (لازم) جیتے جی بہت تکلیف ہونا۔ سخت مصیبت پڑنا۔ **زندگی وبال ہونا** (لازم) دیکھو زندگی بھاری ہونا۔ **زندگی ہونا** (لازم) عمر ہونا۔ دیر تک زندہ رہنا۔

زندہ (صفت) ۱ جیتا ۲ جاندار۔ ذی روح۔ ذی حیات۔ ذی حس ۳ تروتازہ۔ سرسبز ۴ مشتعل سلگتی ہوئی (آگ) ۵ (مذکر) جیتا آدمی ۶ ایک دریا جو اصفہان میں ہے ۷ توران کا ایک مشہور پہلوان۔ **زندہ آنا** (لازم) جیتے جی واپس آنا۔ **زندہ اٹھا لینا یا اٹھانا** (متعدی) خدا کا کسی شخص کو آسمان پر جیتے جی لے جانا۔ جس طرح مسلمانوں کے اعتقاد کے بموجب حضرت عیسٰے کو اٹھالیا۔ **زندہ باد** (دعا) جیتا رہے۔ **زندہ باش** (دعا) جیتے رہو۔ سلامت رہو۔ زندہ باش کی جگہ بھی کہتے ہیں۔ **زندہ بچنا** (لازم) جیتے رہنا۔ **زندہ پانا** (لازم) جیتا دیکھنا۔ **زندہ پلٹ کر آنا** (لازم) جیتا واپس آنا۔ بیشتر نفی کے ساتھ۔ **زندہ پیر** (مذکر) وہ شخص جو زندگی میں پیر تعظیم کے لائق ہو۔ **زندہ جانا** (لازم) کسی جگہ سے صحیح وسلامت روانہ ہونا۔ **زندہ جاوید** (صفت) ہمیشہ کے لئے زندہ۔ نہ مرنے والا۔ **زندہ دار** (صفت) زندہ رہنے والا ۲ جاگنے والا۔ **زندہ داران شب** (مذکر) وہ جو راتوں کو جاگتے رہیں۔ تہجد گزار۔ **زندہ در گور** (صفت) سخت مصیبت میں مبتلا (کرنا ہونا کے ساتھ) **زندہ دل** (صفت) خوش طبع۔ خوش مزاج۔ ظریف۔ **زندہ دلی** (مونث) خوش طبعی۔ ظرافت۔ **زندہ رہنا** (لازم) جیتے رہنا۔ **زندہ کرنا** (متعدی) ۱ جلانا ۲ زندگی بخشنا ۳ فرحت دینا۔ **زندہ کن** (صفت) زندہ کرنے والا۔ **زندہ گرفتار ہونا** (لازم) جیتے جی پکڑا جانا۔ **زندہ گڑوا دینا** (متعدی) زندہ دفن کرا دینا۔ ایک قسم کی سزا۔ **زندہ نکلنا** (لازم) کسی جگہ سے جیتے جی باہر آنا۔ **زندہ نہ پانا** (لازم) مرا ہوا پانا۔ **زندہ نہ چھوڑنا** (متعدی) مار ڈالنا۔ **زندہ نہ چھوڑونگا**۔ مار ڈالونگا۔ ایک قسم کی دھمکی۔ **زندہ نہ دیکھنا** (متعدی) مرجانے کی وجہ سے کسی شخص کو زندہ نہ دیکھنا۔ **زندہ ہونا** (لازم) ۱ جی پڑنا۔ جینا ۲ کسی دھات کے کشتے کا اپنی اصلی حالت پر آنا۔ **زندے** (مذکر) زندہ کی جمع۔ زندہ لوگ۔

مقولہ۔ زندگی زندہ دلی کا ہے نام۔ مردہ دل خاک جیا کرتے ہیں۔ دنیا میں انسان کو زندہ دل رہنا چاہئے مردہ دل کی زندگی بیکار ہے۔

زنداں (ف۔ مذکر) قید خانہ۔ جیل۔ **زندان بان** (مذکر) جیلر۔ داروغہ جیل۔ **زندان بانی** (مونث) جیلر کا عہدہ۔ پاسبانی۔ **زندانِ برجیس یا مشتری** (مذکر) برج سنبلہ۔ **زندانِ خاموشاں** (مذکر) قبرستان۔ **زندان خانہ** (مذکر) قید خانہ۔ جیل۔ **زندان سکندر** (مذکر) ۱ یزد کا ایک شہر ۲ سیاہی۔ **زندانِ مَش** (مذکر) دنیا۔ **زندانِ نَیّرَین** (مذکر) اس بلا کا سر اور دم جو چاند اور سورج گرہن کی موجب ہوتی ہے۔ **زندانی** (مذکر) قیدی۔

زِندِقہ (ع۔ مذکر) ۱ نور اور تاریکی کے اصول پر ایمان ۲ مجوسیوں اور پارسیوں کا عقیدہ۔ کفر۔ دہریہ پن۔

زندہ (ف۔ صفت) ۱ بڑا۔ عظیم۔ عظیم الجثہ ۲ خوفناک ۳ (مذکر) چقماق۔ **زندہ پیل** (مذکر) ۱ بڑا ہاتھی۔ نر ہاتھی ۲ شیخ احمد جامی کا لقب۔ **زندہ رزم** (مذکر) ایک پہلوان جسے رستم نے قتل کیا تھا۔ **زندہ رُود** (مذکر) بڑا دریا۔ دیکھو زندرود۔

زندی (ع۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو نور اور تاریکی کے اصول کا معتقد ہو ۲ آتش پرست ۳ جو خدا کو نہ مانے۔ دہریہ ۴ کافر۔ بے دین۔

زَنکَہ (ف۔ مونث) چھوٹی عورت۔

زنگ (ف۔ مذکر) ۱ چھوٹا گھنٹا۔ گھنٹی ۲ دھات کا میل۔ مورچہ۔ دھاتیں نمی کی وجہ سے آکسیجن سے مل کر ایک نیا مرکب بناتی ہیں۔ یہ زنگ ہے۔ سونے چاندی کو زنگ نہیں لگتا ۳ خصوصاً لوہے کا میل ۴ (افریقہ) زنگبار۔ زنجبار۔ حبشیوں کا ملک ۵ لفظی معنی سیاہی یا تاریکی ہیں۔ **زنگ آلود یا آلودہ** (صفت) زنگ لگا ہوا۔ مورچہ خوردہ۔ **زنگ آنا** (لازم) زنگ لگنا۔ **زنگار** (مذکر) ۱ زنگ ۲ تانبے کا زنگ یا کساؤ ۳ نیلا تھوتھا۔ یہ تانبے آکسیجن اور گندھک سے مل کر بنتا ہے۔ **زنگار خوردہ** (صفت) مورچہ لگا ہوا۔ **زنگار کا پھاہا** (مذکر) اس کے پھاہے سے آلائش نکل جاتی ہے۔ **زنگاری** (صفت) ۱ زنگار کے رنگ کا۔ سبز۔ ہرا ۲ آسمان کی تعریف۔ جیسے چرخ زنگاری۔ **زنگبار** (افریقہ) ۱ زنجبار ۲ (مذکر) رات۔ **زنگبار کی آمد ہونا** (لازم) رات ہونا۔ **زنگ بیٹھنا** (لازم) زنگ لگنا۔ **زنگ دور کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دھات کا ملنے سے صاف ہونا۔ **زنگ کا کھا جانا** (لازم) مورچے سے بوسیدہ ہو جانا۔ **زنگِ کفر آئینۂ دل سے دور ہونا** (لازم) ایمان لانا۔ مسلمان ہونا۔ **زنگ لگنا** (لازم) ۱ مورچہ لگنا ۲ بیکار ہو جانا۔ **زنگ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) مورچہ دور ہونا۔ **زنگولہ** (مذکر) ۱ جرس۔ گھنٹا ۲ ایک شہر ۳ توران کا ایک پہلوان۔ **زنگی** (مذکر) ۱ زنگبار کا باشندہ۔ حبشی ۲ ایک خاندان کے بانی کا لقب۔ **زنگی ہڑ** (مونث) کالی اور چھوٹی ہڑ۔

مثل۔ **زنگی کی سیاہی کسی رنگ نہیں جاتی**۔ پیدائشی عیب کسی طرح نہیں مٹتا۔

زِنہار (ف۔ نفی) ۱ ہرگز۔ کبھی نہیں۔ عموماً نفی کے پہلے آتا ہے ۲ (حرف ندا) خبردار۔

زِنّیا (انگ۔ مذکر) ۱ موسم برسات کا ایک پودا جس کا پھول کئی رنگ کا ہوتا ہے ۲ اس کا پھول۔

زَواجِر (ع۔ مونث) جمع زاجرت کی ۱ ممنوعات۔ مانعتیں ۲ نصیحتیں۔ پند۔ **زواجرِ شرعی** (مونث) ممنوعات شرعی۔

زَواد (ع۔ مذکر) زاد کی جمع۔

زُوّار (ع۔ مذکر) زائر کی جمع۔ زائرین زیارت کرنے والے۔

زَوال (ع۔ مذکر) ۱ تنزل۔ رجعت انحطاط ۲ کمی۔ گھاٹا۔ اتار ۳ ترقی اور عروج کا جاتا رہنا ۴ ناکامیابی ۵ نقصان۔ حرز ۶ سورج کا نصف النہار۔ نیچے جانا ۷ کمبختی۔ مصیبت (زَوَل۔ گزرنا) **زوال آنا** (لازم) تنزل ہونا۔ **زوال پذیر** (صفت) فنا ہونے والا۔ تغیر ہونے والا۔ **زوال پر ہونا** (لازم) ۱ تنزل ہونا ۲ سورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔ **زوالِ دولت ہونا** (لازم) سلطنت کا تنزل پر ہونا۔ **زوال سے بچنا** (لازم) نقصان نہ ہونا۔ **زوال کا وقت** (مذکر) وہ وقت جب آفتاب خط نصف النہار سے ہٹے دوپہر کے بعد کا وقت۔ **زوالِ مہ** (مذکر) چاند کا گھٹنا۔ **زوال ہونا** (لازم) تنزل ہونا۔

زَواہِر (ع۔ مذکر) جمع زہرت کی ۱ خوبصورت پھول ۲ جواہرات۔

زَوائِد (ع۔ مذکر) جمع زائدت کی فضول باتیں۔ خارج از بحث باتیں۔

زوائل (ع۔ مذکر) جمع زائل کی۔ فنا ہو جانے والی چیزیں۔

زوایا (ع۔ مذکر) جمع زاویے کی۔

زُوباغ (ف۔ مذکر) ایک آدمی جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس نے لونڈے بازی کا طریقہ نکالا تھا۔

زَولَعَت (ع۔ مذکر) ۱ ایک دیو جو سخت آندھی لاتا ہے ۲ سخت آندھی۔

زُوبِین (ف۔ مذکر) ۱ چھوٹا دو شاخہ نیزہ ۲ (صفت) موسیقانہ۔ شاعرانہ۔

زَوج (ع۔ مذکر) ۱ جفت۔ جوڑا ۲ بیوی خاوند میں سے کوئی ایک ۳ خاوند۔ شوہر ۴ وہ عدد جس کی پوری تنصیف ہو سکے۔ صفت عدد (زَوج۔ ہمبستری کرنا) **زوجات** (مونث) بیویاں۔ **زوجاتِ عالی درجات عصمت صفات** (مونث) عالی خاندان پاکدامن بیویاں۔ **زوجاتِ مُطہّرات** (مونث) پاک بیویاں۔ پیغمبر صلعم کی بیویاں۔ **زوجِ بتول یا زہرہ** (مذکر) دوشیزہ کا خاوند۔ حضرت علیؑ کا لقب۔ **زوجہ** (مونث) بیوی۔ جورو۔ استری۔ مہرارو۔ لگائی۔ زن۔ اہلیہ۔ قبیلہ۔ مہری۔ جوئے بھاریا۔ گھر والی۔ بہو۔ **زوجۂ مُطلّقہ** (مونث) طلاق دی ہوئی۔ عورت۔ **زوجہ منکوحہ** (مونث) نکاح کی ہوئی عورت۔ بیاہی ہوئی عورت۔ **زوجیّت** (مصدر) جورو بننا۔ شوہر بننا۔ **زوجیت میں لانا** (متعدی) عقد یا نکاح کرنا۔ **زوجین** (مذکر تثنیہ) بیوی خاوند۔ زن و شوہر۔

زُود (ف۔ صفت) ۱ جلد۔ شتاب ۲ تیز۔ چست۔ چالاک ۳ (ظرف) تیزی سے۔ فوراً۔ **زود آشنا** (صفت) ۱ بہت جلد دوست بن جانے والا ۲ نذر جو پارسی آتشکدوں پر چڑھاتے ہیں۔ **زود پشیمان** (صفت) بہت جلد پچھتانے والا۔ **زود رس** (صفت) تیز فہم۔ **زود رنج** (صفت) جلد خفتے ہو جانے والا۔ **زود رنجی** (مونث) ذرا ذرا سی بات پر ناخوش ہو جانا۔ **زود فہم** (صفت) تیز فہم ہشیار۔ **زود فہمی** (مونث) تیز فہمی۔ ہشیاری۔ **زود نویسی** (مونث) ۱ جلد ۲ مختصر نویسی۔

مثل۔ **زود فربہ زود لاغر** وہ جو ایک رائے پر قائم نہ رہے۔ جو رائے جلد جلد بدلے۔

زُور (ع۔ مذکر) ۱ دغا۔ فریب۔ مکر ۲ ایک دریا جو دجلہ میں گرتا ہے ۳ ضحاک کا ایک بیٹا ۴

ایک شہر جو اس نے آباد کیا تھا (زَوَر۔ جھکنا)۔

زور (ف۔ مذکر) ۱ طاقت۔ قوت۔ توانائی۔ بل۔ شکتی ۲ اختیار۔ بس۔ قابو ۳ زبردستی۔ ظلم ۴ کوشش۔ سعی۔ جدوجہد ۵ محنت۔ مشقت۔ ۶ سہارا۔ مدد۔ حمایت ۷ وزن۔ بوجھ ۸ (مذکر) سہارا جو شطرنج کے ایک مہرے کو دوسرے سے ہوتا ہے۔ ۹ (تف) اچھا۔ عمدہ۔ خوب (مت) ۱۰ بہت (مت) ۱۱ عجیب۔ انوکھا۔ بیڈھب (مت) ۱۲ طاقت سے قوت سے ۱۳ زبردستی۔ **زور آزمانا** (متعدی) ۱ طاقت کا امتحان کرنا ۲ قوت دکھانا۔ **زور آزمائی** (مونث) طاقت آزمانا۔ قوت دکھانا۔ **زور آنا** (لازم) طاقت آنا۔ قوی ہونا۔ توانا ہونا۔ **زور آور** (صفت) طاقتور۔ قوی ۲ زبردست۔ **زور آوری** (مونث) ۱ طاقت قوت ۲ زبردستی (دکھانا دیکھنا کے ساتھ) **زورا زوری** (مونث و تف) زبردستی۔ **زر دالٹ** (ھ۔ مذکر) مقابلے کی قوت۔ **زورِ بازو** (مذکر) ذاتی قوت۔ اپنی طاقت جسمانی ہمت۔ **زورِ بازو سے** (تف) اپنی ہمت سے۔ **زور باندھنا** (متعدی) قوت پکڑنا۔ **زور بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) طاقت زیادہ ہونا۔ قوت بڑھنا۔ **زور بل** (مذکر) قوت۔ **زور پھرنا** (متعدی) قوت حاصل کرنا۔ پوری قوت پر پہنچنا۔ **زور پر** (تف) ۱ ترقی پر کمال پر ۲ حوصلے پر **زور پڑنا** (لازم) ۱ بوجھ پڑنا۔ دباؤ پڑنا ۲ مجبور کیا جانا۔ طاقت صرف ہونا۔ **زور پکڑنا** (متعدی) قوت حاصل کرنا۔ **زور پہنچنا** (لازم) مدد پہنچنا۔ **زور پیدا کرنا** (متعدی) طاقت بڑھانا یا حاصل کرنا۔ **زور توڑنا** (متعدی) ۱ قوت کم کرنا یا زائل کرنا ۲ دباؤ کم کرنا ۳ گھمنڈ توڑنا۔ تکبر نکالنا۔ **زور ٹکڑا** (ھ) ان قوتوں میں سے کوئی ایک جن سے مل کر ایک بڑی قوت پیدا ہوتی ہو۔ **زور ٹوٹنا** (لازم) زور توڑنا کا۔ **زور جتانا** (متعدی) ۱ رعب ڈالنا۔ حکومت دکھانا۔ دباؤ ڈالنا ۲ طاقت ظاہر کرنا۔ **زور چلانا** (متعدی) رعب سے یا زبردستی کوئی کام لینا۔ **زور چلنا** (لازم) بس چلنا۔ قابو چلنا۔ بیشتر نفی کے ساتھ۔ **زوردار** (صفت) ۱ پرجوش ۲ قوی۔ طاقتور ۳ پتنگ کی تعریف وہ جس کی ڈور خوب بیٹی رہے۔ اور اس کو پکڑنے میں بہت سا زور خرچنا پڑے۔ **زور دکھانا** (متعدی) زور جتانا۔ **زور دینا** (متعدی) ۱ قوت دینا۔ زور بڑھانا ۲ شطرنج کے مہرے کو دوسرے مہرے کا سہارا دینا۔ **زور ڈالنا** (متعدی) ۱ مجبور کرنا۔ دباؤ ڈالنا ۲ کسی طرف زیادہ طاقت دکھانا ۳ دبانا۔ تنگ کرنا ۴ بوجھ ڈالنا۔ **زور ڈھ جانا** (لازم) غرور نکل جانا۔ **زور (زور) سے** (تف) ۱ قوت سے۔ طاقت سے ۲ تیزی سے ۳ سختی سے۔ **زور (و) شور** (مذکر) ۱ تیزی و تندی جوش و خروش ۲ چڑھاؤ ۳ شدت۔ زیادتی ۴ شوق محنت (دکھانا۔ دیکھنا ہونا کے ساتھ) **زور شور سے** (تف) ۱ جوش و خروش سے ۲ شوق سے محنت سے ۳ شان و شوکت سے۔ **زور ضابطہ** (مذکر) جبر۔ سختی۔ **زور طبع یا طبیعت** (مذکر) نئے مضامین نئے خیالات پیدا کرنے کی طاقت۔ **زورِ ظلم** (مذکر) سختی۔ جبر۔ زیادتی۔ **زورِ قلم** (مذکر) لکھنے کی طاقت تحریر کا زور۔ **زورکا** (صفت) ۱ پرجوش ۲ شدت سے ۳ بلند۔ **زور کرنا** (متعدی) ۱ طاقت آزمانا ۲ دو پہلوانوں کا باہم کشتی لڑنا ۳ بڑھنا۔ زیادہ ہونا ۴ کوشش کرنا ۵ پتنگ کا کھینچنا۔ **زور کوٹ کوٹ کر بھرا ہونا** (لازم) بہت طاقتور ہونا۔ **زور گھٹانا** (متعدی) **گھٹنا** (لازم) طاقت کم ہونا۔ **زور لگانا** (متعدی)، **لگنا** (لازم) ۱ طاقت صرف ہونا ۲ کوشش ہونا۔ سعی ہونا ۳ ہمت ہونا ۴ دھکیلا جانا۔ **زور مارنا** (متعدی) بیحد کوشش کرنا۔ سارا زور لگا دینا۔ **زورمند** (صفت) طاقتور۔ مضبوط۔ **زورمندی** (لازم) ۱ قوت۔ طاقت ۲ حوصلہ۔ جرأت۔ **زور میں آنا یا بھرنا** (لازم) پوری قوت پر ہونا۔ **زورناک** (صفت) طاقتور۔ قوی۔ **زور نکال دینا** (متعدی) **نکل جانا** (لازم) ۱ قوت کم ہو جانا۔ کمزور ہو جانا ۲ غرور جاتا رہنا۔ شیخی نکل جانا۔ **زور نہ چلنا** (لازم) قابو نہ چلنا۔ **زور و ظلم کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) سختی ہونا۔ جبر ہونا۔ **زوروں پر چڑھا ہونا یا چڑھنا** (لازم) ۱ طاقت میں بھرنا۔ بہت تیار ہونا ۲ طغیانی پر آنا دریا کا ۳ ہونا تازہ ہونا۔ جوانی میں بھرنا ۴ کمال کو پہنچنا۔ **زوروں پر رہنا** (لازم) لگاتار ترقی ہونا۔ بہت چل پہل ہونا کسی کام کا بہت تند رہنا۔ **زوروں پر رہنا** (لازم) ۱ ترقی پر ہونا۔ کمال کو پہنچنا ۲ جوش میں ہونا۔

امثال واقوال۔ زور بادشاہ داؤں وزیر۔ پہلوانوں کی مثل ہے۔ طاقت کی تعریف ہے۔ **زور تھوڑا غصہ بہت مار کھانے کی نشانی۔** کمزور غصہ ور آدمی عموماً مار کھاتا ہے۔ **زور کے آگے ضرب نہیں چلتی۔** طاقتور آدمی پر معمولی ضربات کا اثر نہیں ہوتا۔ **زور نہ ظلم (زور نہیں ظلم نہیں) عقل کی کوتاہی** ۱ بے عقل آدمی عموماً ظالم ہوتے ہیں ۲ کسی کے جبر یا سختی سے نقصان نہیں پہنچا اپنی بیوقوفی کی وجہ سے پہنچا ہے۔

زُوَرْدِین (ف۔ مذکر) شمسی سال کا پہلا مہینہ۔

زَوَرَق (ف۔ مونث) ۱ کشتی۔ جہاز۔ چھوٹا ڈونگا ۲ ایک قسم کی ٹوپی جو درویش پہنتے ہیں۔ **زورق حیات طوفانی ہونا** (لازم) مرنا۔ مارا جانا۔ قتل ہونا۔ **زورقی** (مونث) زورق ۲۔

زُوف (اردو۔ حرف) تُف۔ لعنت۔ **زوف زاف کرنا** (متعدی) لعنت ملامت کرنا۔

زُوفا (ع۔ مذکر) ایک پودا جس کے پتے تیز اور خوشبودار ہوتے ہیں۔

زُولُو (افریقہ) ایک بہادر قوم جو زولولینڈ میں آباد ہے۔

زِہ (ف۔ مذکر) ۱ جننا ۲ بچہ۔ اولاد ۳ (حرف ندا) شاباش۔ مرحبا۔ بہت خوب۔ (ز ند۔ زن۔ س جن۔ جننا) ۴ (مونث) کمان کا چلّہ ۵ کوئی چیز جو بل دیکر سوراخ میں سے نکالی جائے ۶ لیس۔ فیتہ۔ جھالر ۷ انعام (ژ ند۔ س۔ جیا)۔ **زہگیر** (مذکر) سینگ یا ہڈی کا چھلا جس کو انگوٹھے میں پہنتے اور کمان کی زہ کو کھینچتے ہیں۔

زُہّاد (ع۔ مذکر) زاہد کی جمع **زہّادِ صد سالہ** (مذکر) پرانے زاہد۔ بوڑھے زاہد۔

زُہد (ع۔ مذکر) پرہیزگاری۔ تقوے۔ (زَہَدَ۔ پرہیز کرنا)۔

زَہر (ف۔ مذکر) ۱ وہ چیز جس کے کھانے سے انسان مر جائے۔ سم۔ بِس۔ ہلاہل۔ ۲ کوئی چیز جو نہایت کڑوی ہو ۳ غصّہ۔ غضب۔ خشم ۴ (صفت) کڑوا۔ تلخ ۵ ناگوار۔ برا ۶ مہلک۔ قاتل ۷ مضر۔ آزار رساں۔ **زہر آشام** (صفت) جس نے زہر پیا ہو۔ جو زہر میں بجھا ہو۔ **زہر آگین** (صفت) جسے زہر دیا گیا ہو۔ **زہر آلود یا آلودہ** (صفت) ۱ زہر سے بھرا ہوا۔ زہریلا ۲ زہر میں بجھا

ہوا۔ **زہر آمیز** (صفت) زہر ملا ہوا۔ **زَہراب** (مذکر) ۱ پانی جس میں زہر ملا ہوا ہو ۲ غم و غصہ۔ **زہراب اجل** (مذکر) موت کا پیالہ۔ **زہر آتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) زہر کا اثر رفع ہونا۔ **زہر اگلنا** (متعدی) ۱ کسی کی نسبت بری باتیں کہنا ۲ لگائی بجھائی کرنا ۳ دشمنی نکالنا۔ بدلہ لینا ۴ فتنہ اٹھانا۔ فتنہ انگیز باتیں کہنا ۵ اظہار قہر و غضب کرنا ۶ زہر منہ سے نکالنا سانپ کا ۷ جلی کٹی کرنا۔ طعن و تشنیع کرنا۔ **زہر باتیں** (مونث) بیجا باتیں۔ جلی کٹی باتیں۔ **زہر باد** (مذکر) ۱ ایک بیماری جس میں پھوڑے پھنسی کا زہر سارے بدن میں پھیل جاتا ہے ۲ ایک بیماری ہاتھیوں اور گھوڑوں کی جس میں آلۂ تناسل اور خصئے سوج جاتے ہیں۔ **زہر بونا** (متعدی) برائی کرنا۔ برائی یا فساد کی بنیاد ڈالنا۔ **زہر بھرا ہونا** (لازم) کسی کو نقصان پہنچانے کا ارادہ ہونا۔ کسی کی طرف سے بغض یا بدی ہونا۔ **زہر بھری آنکھ** (مونث) ۱ غصے کی نظر ۲ شوخ نظر۔ **زہر بھری باتیں** (مونث) فتنہ و فساد کی باتیں۔ **زہر پھیلنا یا چھٹکنا** (متعدی) زہر کا اثر جسم میں سرایت کر جانا۔ **زہر تیلیا** (مذکر) سم قاتل۔ **زہر چڑھنا** (لازم) زہر کا اثر ہونا۔ **زہر خند** (مذکر) وہ ہنسی جو غصے یا شرمندگی سے ہو۔ **زہر دار** (صفت) زہریلا **زہر دینا** (متعدی) زہر کھلانا۔ زہر دیکر مارنا۔ **زہر قاتل** (مذکر) وہ زہر جس کے کھانے سے انسان مر جائے۔ مُہلک زہر۔ **زہر کا پتلا** (مذکر) شریر۔ مفسد۔ **زہر کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ سخت کڑوا یا تلخ کر دینا ۲ ناگوار کر دینا۔ بدمزہ کر دینا ۳ زہر کھا لینا ۴ (حق میں) برا کرنا۔ **زہر کھلانا** (متعدی) زہر دینا۔ **زہر کھا لینا یا کھانا** (متعدی) ۱ بس کھانا ۲ مر جانا ۳ دشمنی کرنا۔ بغض نکالنا ۴ رشک کرنا۔ حسد کرنا ۵ (پر) دانت رکھنا۔ لینے کا خیال رکھنا **زہر کی پڑیا چھری گانٹھ** (صفت) فتنہ انگیز۔ مفسد۔ شریر۔ **زہر کے گھونٹ** (مذکر) بہت ناگوار۔ **زہر کے (سے) گھونٹ پینا یا نگلنا** (لازم) مجبور ہو کر غصہ ضبط کرنا۔ پیچ و تاب کھانا۔ صبر کرنا۔ **زہر گھولنا** (متعدی) فتنہ و فساد کی باتیں کرنا۔ **زہر گیا** (مونث) ایک قسم کی زہریلی گھاس۔ **زہر لگنا** (لازم) برا لگنا۔ ناگوار گزرنا (و رت) **زہر مار** (مذکر) وہ چیز جو زہر کو مارے۔ **زہر مار کرنا** (متعدی) مجبوراً کوئی چیز کھانا۔ حقارت یا طنز سے کہتے ہیں۔ **زہر معلوم ہونا** (لازم) برا لگنا۔ **زہر ملا دینا** (متعدی) فتنہ و فساد کی باتوں سے اچھی باتوں کو بھی ناگوار کر دینا۔ **زہر ملجانا** (لازم) برا ہو جانا۔ **زہر مہرہ** (مذکر) ایک قسم کا پتھر جو زہر جذب کر لیتا ہے۔ **زہر مہرہ خطائی** (مذکر) شہر خطا کا زہر مہرہ۔ **زہر میں بجھانا** (متعدی) **بجھنا** (لازم) تلوار یا خنجر کی دھار کو آگ میں سرخ کر کے زہر آلود پانی میں بجھاتے ہیں۔ ان سے جو زخم ہوتے ہیں ان میں زہر اثر کر جاتا ہے۔ **زہر میں بجھا ہوا** (صفت) زہر کی آب دیا ہوا۔ **زہر نوش** (صفت) بلا نوش۔ **زہر ہلاہل** (مذکر) زہر قاتل۔ مہلک زہر۔ **زہری** (ھ) **زہریلا** (صفت مذکر) **زہریلی** (صفت مونث) ۱ زہردار۔ زہر ملا ہوا ۲ فتنہ انگیز۔ مفسد۔ شرارتی۔ **زہریلا پن** (مذکر) زہر کا اثر۔ **زہریلی آب و ہوا** (مونث) خراب آب و ہوا۔ **زہریلی نظر** (مونث) ایسی نظر جس میں زہر کا اثر ہو۔

مثل۔ زہر کے ہاتھ میں لینے سے بے کھائے نہیں مرتا۔ زہر ہتھیلی پر رکھا ہو بے کھائے نہیں مرتا۔ بغیر کسی برائی کے سزا کا خطرہ نہیں ہوتا۔

زَہرا (ع۔ صفت) ۱ چمکدار۔ درخشاں۔ تاباں۔ منور ۲ (مونث) حضرت فاطمہؓ کا لقب (زَہَرَ۔ چمکنا)

زُہرَہ (ف۔ مذکر) ۱ پتّا۔ ایک اندرونی عضو۔ جس میں صفرا عارضی طور پر جمع رہتا ہے ۲ دلیری۔ شجاعت۔ **زہرہ آب (پانی) ہونا** (لازم) سخت ڈرنا۔ ڈر سے گھبرا جانا۔ **زہرہ پھٹنا** (لازم) ۱ حسد سے جلنا ۲ جی دھڑکنا۔

زُہرہ (ع۔ مونث) ایک سیارہ جو سورج کے گرد پھرتا ہے۔ یہ فاصلے میں دوسرا ہے۔ اور سب سیاروں سے روشن ہے۔ اس کا قطر ۷۷۰۰ میل ہے۔ اور اس کا فاصلہ سورج سے ۶ کروڑ میل ہے۔ یہ سیارہ زمین کے قریب تر آ جاتا ہے۔ ناہید۔ شکر۔ لولوء فلک۔ **زہرہ جبیں** (صفت) معشوق کی صفت۔ خوبصورت۔ حسین۔ **زہرہ لقا** (صفت) معشوق کی صفت۔ زہرہ کی صورت کا۔ حسین۔ خوبصورت۔

زہے (ف۔ حرف تحسین) شاباش۔ مرحبا۔ **زہے فخر**۔ نہایت فخر کی بات ہے۔ **زہے قسمت یا نصیب**۔ خوش خوش اقبالی۔ خوش قسمتی۔

مثل۔ زہے مراتب خوابے کہ بہ زبیداریست۔ اس خواب کا کیا کہنا کہ جو بیداری سے بہتر ہو۔

زَہیر (ع۔ صفت) ۱ بیماری سے دبلا پتلا ۲ غمگین۔ اداس۔ پریشان۔

زِیاد (ع۔ مذکر) زیادہ کا مخفف فارسی میں استعمال ہوتا ہے (زَیَدَ۔ بڑھنا) **زیادَت** (مونث) کلمے میں ایک یا زیادہ حرفوں کا زیادہ کرنا ۲ زیادتی۔ **زیادتی** (مونث) ۱ بڑھانا۔ اضافہ کرنا ۲ کثرت۔ افراط ۳ ظلم۔ جبر۔ زبردستی (کرنا ہونا کے ساتھ) **زیادَہ** (صفت) فارسی میں استعمال ہوتا ہے ۱ افزوں۔ فاضل ۲ اور۔ بیشتر۔ **زیادہ تر** (صفت) بیشتر۔ بہت زیادہ۔ **زیادہ ستانی** (مونث) اپنے حق سے زیادہ لینا۔ **زیادہ سر** (صفت) ۱ وہ جو اپنے آپ کو بہت کچھ سمجھے ۲ مغرور۔ متکبر ۳ وہ جو ایسا کام شروع کرے جسے ختم نہ کر سکے۔ **زیادہ سری** (مونث) ۱ اپنے آپ کو بہت کچھ سمجھنا ۲ غرور۔ تکبر۔ فخر۔ **زیادہ سے زیادہ** (تفنن) حد درجہ کا۔ **زیادہ طلب** (صفت) زیادہ مانگنے والا۔ لالچی۔ حریص۔ **زیادہ طلبی** (مونث) معمول سے زیادہ۔ کسی چیز کو چاہنا۔ **زیادہ کرنا** (متعدی) ۱ بڑھانا ۲ دستر خوان اٹھانا۔ **زیادہ گو** (صفت) بہت باتیں کرنے والا یا دگو۔ بات کو بڑھانے والا۔ **زیادہ گوئی** (مونث) فضول باتیں۔ یادہ گوئی۔ مبالغہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **زیادہ ہونا** (لازم) ۱ بڑھایا جانا۔ بڑھنا ۲ فاضل ہونا۔ باقی بچنا ۳ اٹھایا جانا ختم

ہونا۔ زیادہ سے ہے۔ برکت ہے۔ نہیں ہے بعضیروں کو کہتے ہیں۔

امثال و اقوال۔ **زیادہ برین نیست** - اس سے زیادہ کیا ہوگا۔ **زیادہ جی کر کیا عاقبت کے بورئیے سمیٹو گے** - اس شخص کو کہتے ہیں جسے باوجود بوڑھا ہونے کے زیادہ دیر تک زندہ رہنے کی خواہش ہو۔ **زیادہ حدِ ادب** - خط یا عرضی کے آخیر میں لکھتے ہیں مطلب یہ ہے کہ زیادہ لکھنے سے ادب مانع ہے۔ **زیادہ مٹھائی میں کیڑے پڑتے ہیں** - زیادہ محبت میں رنج ہوتا ہے۔

زِیارت (ع۔ مونث) ۱ متبرک مقام چیز یا مقام کو دیکھنا۔ مقدس مقام کو جانا۔ جاترہ (زوَر۔ دیکھنے جانا) (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ مقبرہ پیر یا پیغمبر کا ۳ سلام (پڑھنا کے ساتھ) **زیارت سے مشرف ہونا** (لازم) کسی بزرگ سے ملنا۔ **زیارت گاہ** (مونث) ۱ وہ جگہ یا شخص جس کو دیکھا جائے ۲ آستانہ۔ مقدس مقام۔ درگاہ۔ **زیارت گاہِ خاص و عام ہونا** (لازم) ایسی جگہ یا شخص ہونی جس کی ہر کوئی جاکر زیارت کرے۔ **زیارت نامہ** (مذکر) ۱ زیارت کے لئے جانے کا پاسپورٹ ۲ سلام جو زیارت کے دوران میں پڑھا جائے۔ **زیارت نصیب ہونا** (لازم) کسی بزرگ کو دیکھنا۔ **زیارتی** (مذکر) زیارت کرنیوالا۔ زائر۔

مثل۔ **زیارت بزرگان کفارۂ گناہ** - بزرگوں کی زیارت سے گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔

زِیافت (ع۔ مونث) کسی چیز کی بکری یا مانگ نہ ہونا۔

زیاں (ف۔ مذکر) ضرر۔ نقصان۔ خسارہ (اٹھانا۔ پہنچانا۔ پہنچنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **زیاں آور** (صفت) نقصان دہ۔ مضر۔ **زیاں آوری** (مونث) نقصان ضرر۔ **زیاں دیدہ یا رسیدہ** (صفت) جس کو نقصان یا ضرر پہنچا ہوا۔ **زیاں کار** (صفت) ۱ نقصان دہ۔ مضر ۲ نقصان پہنچانے والا۔ **زیاں کاری** (مونث) ۱ نقصان۔ ضرر ۲ گناہ۔

زیب (ف۔ مونث) ۱ آرائش۔ زینت۔ سجاوٹ ۲ خوشنمائی۔ خوبصورتی۔ رونق۔ ۳ (صفت) سجانے والا۔ آرائش دینے والا۔ موزوں۔ مناسب۔ خوشنما۔ مرکبات کے آخیر میں جیسے تن زیب۔ جامہ زیب۔ **زیبا** (صفت) زیب دینے والا۔ موزوں۔ خوشنما۔ **زیبِ آغوش ہونا** (لازم) معشوق کا بغل میں ہونا۔ **زیبا طلعت** (صفت) خوبصورت شکل کا۔ حسین۔ **زیبا ہونا** (لازم) خوشنما ہونا۔ زیب دینا۔ **زیبائش** (مونث) زیب و زینت۔ آرائش۔ سجاوٹ۔ خوشنمائی (دکھانا۔ دیکھنا۔ دینا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **زبائشی** (صفت) سجانے والا۔ زینت دینے والا۔ **زیبائی** (مونث) خوبصورتی۔ خوشنمائی۔ خوبی۔ **زیب بخش ہونا** (لازم) زینت دینا۔ **زیب بدن (تن یا جسم) کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) پہنا ہونا۔ **زیب چمن ہونا** (لازم) باغ کو زینت دینا۔ **زیب دینا** (متعدی) ۱ رونق کا باعث ہونا ۲ خوشنما ہونا۔ موزوں ہونا۔ **زیب سر کرنا** (متعدی) سر پر پہننا۔ **زیبِ قد کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) پہنے ہوئے ہونا۔ بدن پر آراستہ ہونا۔ **زیب کمر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کمر میں کوئی چیز لگی یا بندھی ہونا۔ **زیبِ گوش کرنا** (متعدی) سنانا۔ سننا۔ **زیبندہ** (صفت) ۱ زیب دینے والا۔ سجانے والا ۲ سجا ہوا۔ خوبصورت۔ خوشنما۔ **زیب و (زین) زینت** (مونث) آراستگی بناؤ۔

زیبرا (انگ۔ مذکر) گدھے کی قسم کا ایک جانور جس کے بدن پر دھاریاں ہوتی ہیں۔

زِیبَق (ع۔ مذکر) پارہ۔ سیماب۔

زَیت (ع۔ مذکر) ۱ زیتون کا تیل یا عطر۔ **زیتِ حارّ** (مذکر) السی کا تیل۔ **زیتِ حُلو** (مذکر) زیتون کا تیل۔ **زیت الخروع** (مذکر) ارنڈ کا تیل۔

زِیٹ (اردو۔ مونث) یاوہ گوئی (اڑانا کے ساتھ) **زیٹک** (صفت) ۱ بے حیثیت ۲ کوتاہ قد۔

زِنج۔ زِیچ (ف۔ مونث) ۱ معمار کا دھاگا ۲ جنتری۔

زَید (ع۔ صفت) ۱ بڑھنے والا۔ زیادہ ہونے والا۔ جمع ہونے والا ۲ (مذکر) ایک فرضی نام جو عمر بکر کی طرح فلاں کی جگہ استعمال ہوتا ہے (زَیْد۔ بڑھنا)

زِیر (ف۔ مونث) ۱ مدھم آواز ۲ نیچا سُر ۳ سارنگی کا چھوٹا تار۔ **زیر و بم** (مذکر) ۱ نیچا اور اونچا سُر ۲ دو چھوٹے نقاروں کی جوڑی۔

زیر (ف۔ تف) ۱ نیچے۔ تلے۔ تحت ۲ (صفت) کمزور۔ کم طاقت ۳ کمتر۔ گھٹیا۔ ۴ (مونث) کسرہ۔ ایک نشان جو حروف کے نیچے دیا جاتا ہے۔ جیسے اِ۔ بِ اس سے چھوٹی ے کی آواز نکلتی ہے۔ **زیر افگن یا افگند** (مذکر) ۱ چھوٹا قالین۔ غالیچہ ۲ بستره ۳ ایک سُر جسے کا چک بھی کہتے ہیں۔ **زیر انداز** (مذکر) وہ کپڑا یا چمڑا جو حقے کے نیچے بچھاتے ہیں۔ **زیر بار** (صفت) ۱ بوجھ کے نیچے۔ بوجھ سے دبا ہوا۔ ۲ احسان سے دبا ہوا ۳ مقروض۔ مدیون (کرنا ہونا کے ساتھ) **زیر باری** (مونث) ۱ قرضے میں مبتلا ہونا ۲ پریشانی اخراجات کی وجہ سے۔ **زیر بریاں** (مذکر) ایک قسم کا کھانا۔ **زیر بند** (مذکر) وہ تسمہ جو گھوڑے کی زین کے اوپر سے گزار کر پیٹ کے نیچے باندھا جاتا ہے۔ گھوڑے کا تنگ۔ **زیر پا یا پائی** (مونث) ایک قسم کا جوتا۔ **زیر پیچ** (مذکر) چھوٹی پگڑی جو بڑی کے نیچے باندھتے ہیں۔ **زیر تجویز** (صفت) کسی معاملے کا تجویز کے دوران یا غور میں ہونا۔ **زیر تیغ بٹھانا** (متعدی) **بیٹھنا** (لازم) قتل کے لئے جلاد کے آگے بٹھا ہونا۔ **زیر تیغ رکھنا یا ہونا** (لازم) تلوار کے نیچے ہونا۔ قتل ہونے کے قریب ہونا۔ **زیر جامہ** (مذکر) وہ کپڑا جو گھوڑے کی پیٹھ پر ڈالتے ہیں۔ اور اس پر زین لگاتے ہیں۔ **زیر حراست** (صفت) گرفتار۔ جو حوالات میں ہو۔ **زیر حکومت** (صفت) ماتحت۔ **زیر خاک** (تف) قبر میں۔ **زیر دست** (صفت) ۱ کمزور۔ ۲ عاجز ۳ مظلوم ۴ ماتحت ۵ تاش میں وہ شخص جو پتا پہلے کھیلے۔ **زیر ران** (صفت) قابو میں جانور یا عورت۔ **زیر زمین** (تف) زمین کے نیچے قبر میں۔ **زیر سایہ** (صفت) ۱ قریب۔ نزدیک ۲ حمایت میں۔ پناہ میں۔ ہمسایہ میں۔ **زیر سایہ بسر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم)

کسی کے حمایت میں عمر گزرنا۔ **زیرِ شمشیر رکھنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو زیرِ تیغ رکھنا۔
زیر سواری (صفت) وہ (جانور) جس سے سواری لیجائے (رہنا ہونا کے ساتھ) **زیر قدم سر ہونا** (لازم) تابع ہونا۔ مطیع ہونا۔
زیر کرنا (متعدی) ۱مغلوب کرنا۔ فتح کرنا ۲پچھاڑنا
زیر لب (صفت) آہستہ۔ پوشیدہ (کہنا۔ سخن تبسم کے ساتھ) **زیر مشق** (صفت) ۱ہاتھ پر چڑھا ہوا ۲ (مذکر) وہ چیز جس کی مشق کی جائے۔ ۳وہ چمڑا جو لکھنے کی مشق کرتے وقت نیچے رکھ لیا جاتا ہے۔ **زیر میانہ** (صفت) درمیانی درجے کا۔ متوسط۔
زیر نظر (تف) ۱حراست میں ۲نگاہ میں (رکھنا رہنا کے ساتھ) **زیر نگیں** (صفت) ماتحت۔ حکومت میں۔ تصرف میں۔ **زیر و بالا** (تف) نیچے اوپر۔ **زیر و زبر** (مذکر) ۱کسرہ اور فتحہ ۲ (صفت) تہ و بالا۔ درہم برہم۔ الٹ پلٹ۔ تباہ (کردینا کرنا ہو جانا ہونا کے ساتھ)

مثل۔ زیروں سے شیر ہوتے ہیں۔ ادنٰے سے اعلےٰ ہوتے ہیں بچوں سے بڑے ہوتے ہیں۔
زیرا کہ (ف۔ تف) اس وجہ سے کیونکہ چونکہ
زیر قان (ف۔ مذکر) یزدجرد کے سال کا ایک مہینہ۔
زیرک (ف۔ صفت) دانا۔ عقلمند۔ دانشمند۔ **زیرکی** (مونث) عقلمندی۔ دانائی۔
زیرہ (ف۔ مذکر) ۱ایک خوشبودار بیج جو کھانوں میں پیس کر ڈالا جاتا ہے ۲پھولوں کی زردی۔ زرگل۔ **زیرہ زیرہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کٹ کر باریک ہونا۔ **زیرۂ سفید** (مذکر) سفید رنگ کا زیرہ۔ **زیرۂ سیاہ** (مذکر) سیاہ رنگ کا زیرہ۔ **زیرے کا پانی** (مذکر) ایک قسم کا پانی جو سونٹھ۔ کتا بھنا زیرہ۔ پودینہ۔ ہینگ۔ کچے آم نمک اور مرچ ملا کر اور نتھار کر تیار کیا جاتا ہے۔ ہاضمے کے لئے بہت مفید ہوتا ہے۔

زیز (ع مذکر) چھوٹا پیاز۔
زیست (ف۔ مونث) زندگی۔ حیات۔ عمر۔ **زیست بھاری ہونا** (لازم) زندگی تلخ ہونا۔ **زیست بھر** (تف) عمر بھر۔ **زیست حرام ہونا** (لازم) زندگی ناگوار ہونا۔
زیست سے بیزار یا خفا (صفت) وہ جس کو زندگی دوبھر ہو۔ وہ جو زندہ نہ رہنا چاہے۔
زیست کے دن بھرنا (متعدی) زندگی کے بقیہ دن گزارنا۔ موت کے قریب ہونا۔

زیل (ف۔ مونث) چیخ کی آواز۔ بچوں کی آواز۔ باریک آواز۔

زین (ع۔ مذکر) ۱سجانا۔ مزین کرنا ۲زیب و زینت۔ خوبصورتی۔ (زَیَّنَ۔ سجانا) **زین الملوک** (مذکر) ایک بادشاہ جسکا ذکر گلزار نسیم میں آتا ہے۔
زین خال (مذکر) عورتوں کا ایک فرضی چن۔

زین (ف۔ مذکر) ۱وہ چمڑے وغیرہ کی چیز جو سواری کے لئے گھوڑے کی پیٹھ پر ڈالتے ہیں۔ چار جامہ (رکھنا۔ کسنا۔ لگانا۔ لگنا کے ساتھ)
زین پوش (مذکر) کپڑا جو زین کے اوپر ڈالتے ہیں۔
زین ساز (مذکر) زین بنانے والا۔ **زین سازی** (مونث) زین بنانے کا کام یا پیشہ۔ **زین سواری** (مونث) گھوڑے پر سوار ہونا۔ **زین کھینچنا** (متعدی) گھوڑے کی پیٹھ پر رکھ کر باندھنا۔ **زین ہونا** (لازم) گھوڑے پر زین کسا جانا۔

مثل۔ زین لگام گھوڑی بلت رہی تھوڑی۔ کسی چیز کی بہرسی پر کل کا اطلاق کرلینا۔
زینت (ع۔ مونث) دیکھو زینت (زَیَّنَ۔ سجانا) **زینت بخشنا یا دینا** (متعدی) سجانا۔ مزین کرنا۔ **زینتِ پہلو** (مونث) ۱بیوی۔ معشوق ۲ہمنشین۔ **زینت ہونا** (لازم) سجنا۔ سجاوٹ کا موجب ہونا۔

زیں زپٹ (اردو۔ مونث) یادہ گوئی
زینہ (ف۔ مذکر) سیڑھی۔ **زینہ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) سیڑھی رکھنا یا لگنا۔
زینے (مذکر) ۱زینہ کی جمع ۲بجائے زینہ حروف مغیرہ کے۔ **زینے پر چڑھے جانا یا چڑھنا** (لازم) سیڑھی کے رستے نیچے آنا۔ **زینے کے ڈنڈے** (مذکر) سیڑھی کے وہ ڈنڈے جن پر پاؤں رکھ کر اوپر چڑھتے ہیں۔

زینہار (ف۔ تف) دیکھو زنہار۔
مثل۔ زینہار از قرین بد زنہار پناہ برے ساتھی سے پناہ۔ بری صحبت سے خدا بچائے
زیور (ف۔ مذکر) ۱زیب ور کا مخفف زیب دینے والا ۲گہنا۔ پاتا۔ ابھرن ۳زیب و زینت ۴پھولوں کا ہار گجرے وغیرہ۔ **زیورات** (مذکر) زیور کی جمع۔ **زیور بڑھانا** (متعدی) زیور اتار ڈالنا۔ **زیور پہنانا** (متعدی) **پہننا** (لازم) زیور بدن پہ سجانا۔ **زیور توڑنا** (متعدی) خاوند کی وفات پر زیور ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ **زیور سے گوندنی کی طرح لدا رہنا۔ زیور میں لدا رہنا** (لازم) بہت سا زیور پہنے رہنا۔

ژ

ژ (ف۔ مونث) ملفظ ژے فارسی زبان کا چودھواں حرف ہے۔ اُردو کا سترھواں اور کسی زبان میں پایا نہیں جاتا۔ اسے زائے فارسی یا عجمی بھی کہتے ہیں۔ حساب ابجد میں ز شمار ہوتا ہے اور اس کے ۷ عدد ہیں۔

ژاژ (ف۔ مذکر) ۱ فضول اور بیہودہ گفتگو ۲ کوڑا کرکٹ ۳ گوبر۔ **ژاژخا** ـ فضول گو۔ بیہودہ گو **ژاژخائی** (مونث) بیہودہ گوئی۔

ژالہ (ف۔ مذکر) ۱ اولا ۲ پالا۔ کُہر **ژالہ باری** (مونث) اولے پڑنا **ژالہ زدگی** (مونث) ژالہ باری۔

ژَرف (ف۔ صفت) گہرا۔ عمیق۔

ژَند (ف۔ مونث) ۱ وہ زبان جو زرتشت کے زمانے میں بولی جاتی تھی اور جس میں کتاب ژند و استا لکھی ہوئی ہے ۲ پارسیوں کی مقدس کتاب ۳ توران کا ایک پہلوان ۴ بخارا کے علاقے میں ایک مقام۔ **ژند (و) استا** (مونث) پارسیوں کی مقدس کتاب **ژند باف** (مذکر) پارسیوں کا پادری۔

ژِندہ (ف۔ مذکر) پرانا پیوند لگا ہوا کپڑا۔

ژنگ (ف۔ مذکر) ۱ زنگ ۲ ایک کتاب جو مانی نے تصنیف کی تھی۔

ژولیدہ (ف۔ صفت) ۱ پریشان، درہم برہم ۲ اُلجھے ہوئے **ژولیدہ مُو** (مذکر) ۱ بکھرے ہوئے بال ۲ اُلجھے ہوئے بال ۳ (صفت) وہ جس کے بال بکھرے یا اُلجھے ہوئے ہوں۔

ژیان (ف۔ مذکر) زبردست۔ خوفناک۔ ڈراونا۔ خونخوار۔

س

س (ہ - مذکر) تلفظ سین ۱ اردو کا اٹھارواں فارسی کا پندرواں عربی کا بارھواں حرف ہے اور دیوناگری رسم الخط کا تیسواں دینجن ہے ۲ اس کو سین مہملہ یا غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں ۳ حساب ابجد میں اس کے ساٹھ عدد فرض کئے گئے ہیں ۴ جنتری میں سورج کو اور دو سیاروں کے ساٹھ درجے کے فاصلے کو ظاہر کرتا ہے ۵ سلام کا مخفف ہے ۶ ہندی تلفظ سَ ہے ۷ ہندی الفاظ کے آخر میں معنی مصدری دیتا ہے - جیسے مٹھاس - کھٹاس سکار (ھ) صرف سَ یا اس کی آواز -

سَ (س - حرف) ۱ ساتھ - معہ - ملکر ۲ رکھتا ہوا - قبضہ کرتا ہوا - ہمراہ - اسماء کے پہلے آکر صفت اور تابع فعل بناتا ہے - جیسے ساؤر عزت کرنے والا - عزت سے -

سَ (ع - حرف) مضارع کے پہلے آکر مستقبل بناتا ہے -

س (ہ - حرف) خوب - نیک - ہندی الفاظ کے اول میں آتا ہے - جیسے سُڈول - سکند -

سا (ہ - نف) ۱ بہت بعید - صفات اور ضمائر کے ساتھ ملکر اسماء صفت بناتا ہے - جیسے کالا سا - بہت سا - کونسا - (س - شس) ۲ (مذکر) پہلے سر کی آواز - سات سر یہ ہیں - سا - رے - گا - ما - پا دھا - نی -

سا (ف - حرف تشبیہ) سال اور آسا کا مخفف ۱ مثل - مانند - اسماء اور ضمائر کے ساتھ مل کر اسماء صفت بناتا ہے - جیسے عنبر سا - کالا سا - تم سا - مجھ سا ۲ اسما کے ساتھ مل کر افراط اور کثرت ظاہر کرتا ہے - ساندھیر ساندھیر ۳ گویا ۴ (امر) سائیدن کا - صفت کے معنوں میں ملنے والا - لگانے والا - چمکانے والا - کھینچنے والا - جیسے جبیں سا - سرمہ سا -

ساباط (ع - مونث) چھت دار رستہ جو دو مکانوں کو ملائے (سَبَطَ - بہت بارش ہونا) -

سابح (ع - صفت) ۱ تیرنے والا ۲ تیز رفتار گھوڑا (سَبَحَ - تیرنا) **سابحات** (جمع - مونث) ۱ روم میں مسلمانوں کی ۲ جہاز ۳ ستارے - سیارے -

سابدھان (ھ - صفت) چوکس - مستعد - ہوشیار - چور - دُور اندیش -

سابر (ہ - مذکر) ۱ بارہ سنگا ۲ بارہ سنگے کا سفید یا زرد چمڑا ۳ نقب زنی کا آلہ - (س - شمبر) -

سابر (ھ - صفت) وحشیوں یا جنگلیوں کا یا ان کی ملکیت - **سابر منتر** (مذکر) وہ منتر جو پراکرت زبانوں میں ہو -

سابری (ع - مونث) ۱ نہایت اعلیٰ قسم کا کپڑا ۲ کھجوروں کی سب سے اچھی قسم -

سالبس (ھ - منا) شاباش کا مخرب -

مقولہ - سالبس تیرے سعور کو سُروا پکا لیا - سکر کو گھول گھال کے سربت بنا لیا - منا فاسکو کہتے ہیں - جسکا شین قاف درست نہ ہو -

سابع (ع - عدد) سات ہفت -

سابعاً (صفت) ساتواں - ہفتم (سَبَعَ - سات ہونا) -

سابق (ع - صفت) پچھلا گذشتہ (سَبَقَ - پہلے آنا) **سابقاً** (تف) پہلے - گذشتہ زمانے میں - اول دفعہ - قبل ازیں - **سابق الذکر** (صفت) مذکورہ بالا - متذکرہ بالا - جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو - **سابق الانعام** (مذکر) ۱ گذشتہ انعام یا عنائتیں ۲ پرانا مہربان **سابق دستور** (تف) قدیم دستور کے مطابق - **سابق میں** (تف) زمانۂ گذشتہ میں **سابقہ** (صفت) ۱ مذکورہ بالا ۲ گذشتہ قدیمی ۳ (مذکر) واسطہ - معاملہ ۴ جان پہچان (ع ۵ گذشتہ زمانہ ۶ قدیم رسومات ۷ سبقت **سابقہ پڑنا** (لازم) **ڈالنا** (متعدی) معاملہ یا واسطہ ڈالنا - واقفیت کرانا - کام پڑنا **سابقہ سالار** (مذکر) ۱ سردار ۲ پیغمبر صلعم **سابقہ لطف و عنایت** (مونث) پرانی مہربانیاں **سابقہ معرفت یا واقفیت** (مونث) پرانی جان پہچان - **سابقین** (مذکر جمع) ۱ قدیم لوگ - اگلے زمانے کے لوگ - پرانے لوگ ۲ خصوصاً ان لوگوں کو کہتے ہیں جو صحابہ کے بعد ہوئے -

سابل (ہ - مذکر) نقب زنی کا آلہ -

سابن (ھ - مذکر) صابون -

امثال واقوال - سابن تھوڑا پانی گدلا کیا مل مل کے دھوتا ہے - اندر داگ لگا قدرت کا جب دیکھو جب روتا ہے - جس کا اندر ہی خراب ہو اس کو باہر کی تھوڑی سی صفائی کرنے سے کوئی فائدہ نہیں - **سابن دئے میل کٹے گنگا نہائے پاپ** - جس طرح صابون میل کو دور کرتا ہے اسی طرح گنگا کا اشنان پاپ کو دور کرتا ہے - **سابن کاٹے میل کو جس تن کاٹے تیگ** صابون میل کو اس طرح کاٹتا ہے - جیسے تلوار بدن کو -

سابودانہ (ف - مذکر) ساگودانہ -

ساپرادھ (س - صفت) ۱ قصوروار - ملزم ۲ ناقص -

ساپن (ھ - مذکر) ایک بیماری جس میں بال گر جاتے ہیں -

ساپنا (ھ - متعدی) سراپ دینا - بددعا دینا -

ساپھلیا (س - مذکر) ۱ پیدائش کی قوت - زرخیزی - سبھر حاصل ۲ نفع - منافع - فائدہ ۳ کامیابی ۴ تاثیر - اثر - گن -

ساپیکش (س - صفت) ۱ متعلقہ - وابستہ ۲ بابت - نسبت ۳ مناسب - واجب -

سات (ہ - عدد) ۱ چھ اور ایک - ۷ - معہ ۲ جواریوں کی اصطلاح - سولہی کے کھیل میں ۳ یا ۷ یا ۱۱ یا ۱۵ کوڑیاں چت آنا - اور چوسر کے کھیل میں پانسوں کا اس طرح پڑنا کہ ایک پر پانچ دائرے اور دو پر ایک ایک دائرہ شمار ہو (س - سپت) **سات آسمان** (مذکر) مسلمانوں اور قدما کے اعتقاد میں آسمان سات ہیں -

ساتا روہن (مذکر) ۱ سات بھیڑیے جو اکھٹے رہیں ۲ کتا جو مچھ بھیڑیوں کے ساتھ رہے ۳

چند آدمیوں کا گروہ ۴ بڑا کنبہ ۵ چند شریر آدمی جو کسی کو تنگ کرنے کیلئے جمع ہو جائیں۔ **سات اقلیم** (مذکر) دیکھو ہفت اقلیم **سات اناج** (مذکر) گیہوں - دھان - جو - باجرا - مکی - جوار - چنے۔ عورتیں ان کو پکا کر کسی منت پورے ہونے کے موقع پر بانٹتی ہیں۔ **سات بھائی** (مذکر) ایک قسم کی چھوٹی چڑیاں جو عموماً اکٹھی رہتی ہیں۔ **سات پارچے کا خلعت** (مذکر) ایک خلعت جو بادشاہوں یا راجوں کی طرف سے دیا جاتا ہے۔ **سات پانچ** (مونث) کنایتاً ۱ چالاکی چالبازی ۲ فریب - مکر - دغا - حیلہ - بہانہ ۳ حجت - تکرار - جھگڑا (کرنا ہونا کے ساتھ) **سات پانچ لانا** (متعدی) الجھنا - حجت کرنا **سات پانچ نہ جاننا** (لازم) سیدھا سادھا ہونا۔ **سات پردوں میں چھپا کر رکھنا** (متعدی) بہت احتیاط سے رکھنا - نہایت حفاظت کرنا۔ **سات پردوں میں چھپ کر بیٹھنا** (لازم) ایسی جگہ چھپ کر رہنا کہ پتہ نہ لگے **سات پردوں میں رکھنا** (متعدی) چھپا کر رکھنا۔ بہت حفاظت یا احتیاط سے رکھنا۔ **سات پردے** (مذکر) ۱ آنکھ کے سات پردے ہوتے ہیں ۲ سات آسمان ۳ ساز کے سات پردے جو سات سُر بتاتے ہیں۔ **سات پردے لگنا** - (لازم) پردے میں رہنا۔ اس عورت کے متعلق کہتے ہیں جو یکایک امیر ہو جانے کی وجہ سے پردہ کرنے لگے۔ **سات پشت** (مونث) ۱ عام طور پر سات پیڑھیوں تک نام یاد رکھنے تھے ۲ تمام خاندان - تمام نسل **سات پشت کی ناک کٹنا** (لازم) سارے خاندان کا بدنام ہونا **سات پھیرے** (مذکر) شادی۔ بیاہ - ہندوؤں میں دولہا کی پگڑی دولہن کے دوپٹے سے باندھ کر دونوں کو آگ کے گرد سات دفعہ پھراتے ہیں۔ ان چکروں کے ختم ہونے پر بیاہ مکمل ہو جاتا ہے۔ **سات پیڑھی** (مونث) سات پشت **سات تالوں میں چھپا کر رکھنا** (متعدی) بہت حفاظت سے رکھنا **سات توول (کی سیاہی) سے منہ کالا کرنا** (متعدی) عو۔ کہ ں زلیل کرنا - بہت نفرت ظاہر کرنے کے لئے بولتی ہیں۔ **سات توول کی کالک منہ کو لگ جانا** (لازم) کمال رسوائی ہونا۔

سات جہنم (مذکر) مسلمان سات دوزخ مانتے ہیں۔ **سات خط** (مذکر) خوشنویس کے سات طریقے لکھنے کے ۱ ثلث ۲ محقق ۳ توقیع ۴ ریحان ۵ رقاع ۶ نسخ ۷ تعلیق **سات دریا** (مذکر) دیکھو سات سمندر **سات دریا درمیان** (نعت) عو - خدا نہ کرے۔ نوج **سات دفعہ صدقے اتارنا** (متعدی) صدقے کی چیز کو سات دفعہ سر کے گرد پھراتے ہیں۔ قربان کرنا۔ **سات دوزخ** (مذکر) مسلمانوں کے عقیدے کے بموجب سات دوزخ ہیں جن میں مختلف قسم کے گنہگاروں کو سزا ملے گی۔ **سات دھار ہو کر نکلنا** (لازم) غذا کا بغیر ہضم ہوئے دست ہو کر نکل جانا **سات دھار ہو کر نکلے** بددعا دیکھو آخری **سات روپیہ اور پیر نمود** - تھوڑی تنخواہ اور شیخی اس قدر **سات سکھی** - (مونث) سات بھائی۔ **سات سکھی کا پی** - (مذکر) ایک چھوٹا زہر پرند جس کے ساتھ سات دائیں رہتی ہیں۔ **سات سمندر** (مذکر) ۱ بحیرہ قلزم۔ بحیرہ عمان - بحیرہ عرب - بحیرہ روم - بحیرہ اخضر - بحیرہ اسود - بحر ظلمات۔ دنیا کے کل بحر اعظم ۲ ایک قسم کا لڑکوں کا کھیل۔ **سات سمندر پار** (نعت) بہت دور۔ **سات سنگار** (مذکر) ۱ ہندی مسلمانوں کے مہندی ۲ سرمہ ۳ پان ۴ مسی ۵ افشاں ۶ سر گوندھنا ۷ زیور ہندوؤں میں سولہ سنگار گنے جاتے ہیں۔ دیکھو بنٹس ابھرن سولہ سنگار۔ **سات سہاگنوں (کا ہاتھ لگوانا) کو کھلانا** (متعدی) شگون نیک کے لئے بیاہ کا جوڑا سات سہاگنوں سے سلایا جاتا ہے یا صفت کا کھانا کھلایا جاتا ہے۔ **سات سہیلیاں** (مونث) دیکھو سات بھائی۔ **سات سہیلیوں کا جھمکا** (مذکر) سات ستارے جو قطب کے ستارے کے گرد پھرتے معلوم دیتے ہیں - عقد ثریا - پروین۔ سپت رشی **سات قران درمیان** (عو) ایک قسم کی قسم **سات گاؤں** (مذکر) ضلع ہوگلی میں پرانے کھنڈرات۔ **سات گھر بھیک مانگنا** (متعدی) دربدر مانگنا۔ **سات ماموؤں کا بھانجا** (مذکر) کنایتاً کنبے کا لاڈلا **ساتواں** (صفت) سات سے نسبت رکھنے والا **ساتوں** (صفت) پورے سات **ساتوں کانڈ** (ھ) سات حصے جس میں رامائن منقسم ہے **ساتوں دوبیپ** (مذکر) ہفت اقلیم۔ دیکھو سپت دیپ۔ **ساتویں** (مونث) سات تاریخ **ساتویں** (صفت) ساتواں **ساتویں آسمان پر مزاج ہونا** (لازم) بہت مغرور ہونا - بہت اترانا - بہت گھمنڈ کرنا -

امثال واقوال - سات

پانچ پکوا نہ ایک گولر (ھ) پکوا ایک بیزہ جنگلی پھل ہوتا ہے - ایک گولر سات پانچ پکوؤں سے بہتر ہے - ایک اچھی چیز بہت سی خراب چیزوں سے بہتر ہے۔ **سات پانچ کی لاٹھی ایک جنے کا بوجھ** - کئی آدمیوں کی مدد ہو تو کام جلد ختم ہو جاتا ہے۔ **سات پانچ مل کیجے کاج - ہارے جیتے نہ آوے لاج** - صلاح و مشورے سے کام کیا جائے تو مصیبت نہیں اٹھانی پڑتی **سات سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی** - کثرت سے گناہ کرکے پھر پارسا بن جانا **سات ماموؤں کا بھانجا بھوک بھوک (بھوکا ہی بھوکا) پکارے (چلائے)** ۱ اس کے متعلق کہتے ہیں جو باوجود بہت سے رشتہ دار اور مددگار ہونے کے بیکس رہے ۲ سوالیہ طور پر اس کے متعلق کہتے ہیں - جو باوجود رشتے داروں کی مدد کے ناشکر گزار ہو۔ **سات ماموؤں کا بھانجا نوتہ ہی نوتہ پھرے** - جس کے بہت رشتے دار ہوں اسے بہت دعوت کے بلاوے آتے ہیں۔ **سات ہاتھ ہاتھی سے رہئے پانچ ہاتھ سنگھاڑے سے بیس ہاتھ ناری سے رہئے اور تیس ہاتھ متوارے سے** - سنگھاڑا سینگ دار بیل کو کہتے ہیں۔ سینگدار بیل اور ہاتھی سے دور دور ہی رہنا چاہئے۔ مگر عورت سے ان سے بھی دور ، اور شرابی سے بہت دور۔ اصل میں یہ شراب کی مذمت ہے -

ساتر (ع۔ صفت) چھپانے والا (ستر - چھپانا)

ساتگن (مذکر) **ساتگنی** (مونث) **ساتگی** (مونث) **ساتگین** (مذکر) **ساتگینی** (ف - مونث) شراب کا بڑا پیالہ - ایسا پیالہ جو کسی کے جام صحت کے طور پر پیا جائے

سانٹور (ھ - مذکر) ۱ بڑا چاقو ۲ قصاب کی چھری اور قیمہ کرنے کا آلہ -

ساتوک (س - صفت) سچائی یا نیکی ۱ اس خاصیت کے متعلق ۲ اصل صحیح ۳ راست سچا - دیانتدار نیک - پاکدامن - صالح - اچھا - اعلےٰ - سنجیدہ - ہردل عزیز - من بھاؤ - کھرا - چوکھا - بے میل - نرمل ۴ (مذکر) اچھا - اعلیٰ عمدہ آدمی ۵ برہمن

ساتھ (ہ - مذکر) ۱ رفاقت - ہمراہی ۲ میل ملاپ - شراکت ۳ کوئی چیز جو کسی اور چیز کے ساتھ کھائی یا رکھی جائے ۴ (ھ) گروہ - جتھا - ریوڑ - مویشی کا غول ۵ (تعلق) ہمراہ - سنگ - متعلق - اکٹھے - سئے - کی جانب (س - ساتھ)

ساتھ اس کے (تعلق) مزید براں **ساتھ چھوٹنا** (لازم) **چھوڑ دینا - چھوڑنا** (متعدی) ہمراہیوں کا جدا یا الگ ہو جانا - ہمراہ نہ رہنا منہ موڑنا - بیشتر نفی کے ساتھ - **ساتھ دینا** (متعدی) نباہنا - رفاقت کرنا - حمایت کرنا - شریک رہنا ۲ ہمراہ رہنا **ساتھ رکھنا** (متعدی) **رہنا** (لازم) رفاقت میں رہنا - **ساتھ - ساتھ** (تعلق) ہمراہ (چلنا رہنا کے ساتھ) **ساتھ سلانا** (متعدی) **سونا** (لازم) ۱ کسی کا اسی چارپائی پر دوسرے کے ہمراہ سونا ۲ ہمبستر ہونا - جماع کرانا **ساتھ کا کھیلا** (مذکر) لنگوٹیا یار - بچپن کا دوست - **ساتھ کو** (صفت) وہ جس سے روٹی لگا کر کھائیں **ساتھ گھسیٹنا** (متعدی) جبراً ساتھ لینا زبردستی شریک کرنا - **ساتھ لگ لینا** (متعدی) ہمراہ ہو لینا - شریک ہو جانا - **ساتھ لگا پھرنا** (متعدی) ہمراہ رہنا پیچھا نہ چھوڑنا **ساتھ لیکر ڈوبنا** (لازم) اپنے ساتھ دوسرے کا بھی نقصان کرنا **ساتھ لینا** (متعدی) ہمراہ لینا - **ساتھ نباہنا** (متعدی) **نبھنا** (لازم) نباہ ہونا - **ساتھ والا** (صفت) ۱ ہمراہی ۲ سازندہ **ساتھ ہو لینا** (متعدی) ساتھ لگ لینا **ساتھ ہونا** (لازم) ۱ ہمراہ ہونا - شریک ہونا ۲ رفاقت ہونا - ہمراہی ہونا - **ساتھ ہی** (تعلق) معہ - ہمراہی **ساتھی** (مذکر) ۱ ہمراہی - رفیق ۲ مددگار ۳ (تعلق) ایک ساتھ - ہمراہ - اکٹھے **ساتھی سنگتی** (ھ) ہمراہی - رفیق **ساتھی کرنا** (ھ) ساتھ دینا -

امثال واقوال - ساتھ تو ہاتھ کا دیا ہی چلتا ہے - عاقبت میں خیرات ہی کام آئیگی - فقیروں کا مقولہ - **ساتھ جورو خصم کا** اصل رفاقت بیوی اور خاوند کی ہی ہوتی ہے **ساتھ سو پیٹ کا دکھ** - عورت مرد اگر اکٹھے سوئیں تو عورت حاملہ ہو ہی جاتی ہے **ساتھ سونا اور منہ چھپانا** - بڑا کام کر لینا اور معمولی کام سے پرہیز کرنا **ساتھ سوئی بات کھوئی** - اگر عورت مرد کے ساتھ سو جائے تو پھر اس کی قدر وہ نہیں رہتی جو پہلے ہوتی ہے - **ساتھ کون کسی کے جاتا ہے** - مرنے کے وقت کوئی رفاقت نہیں کرتا - **ساتھ کوئی آیا نہ کوئی جائیگا** - نہ پیدائش کے وقت کوئی ساتھی ہوتا ہے نہ موت کے وقت - **ساتھ کے لئے بھات چاہئے** - بے خرچ کئے رفیق نہیں ملتا - **ساتھ کے لئے بھات چھوڑا جاتا ہے** - رفاقت کی خاطر آدمی نقصان برداشت کرتا ہے - **ساتھی ایسا چاہئے جو سارا ساتھ نبھائے ساتھ نہ اسکا لیجئے جو دکھ بیچ کام نہ آئے** - (دھ) وفادار آدمی کو ہمراہ لینا چاہئے - ایسا رفیق نہیں بنانا چاہئے جو مصیبت میں ساتھ چھوڑ دے - **ساتھی تو وہی بھلا جو دھر دے تیج ہال پہنچا - واکو ساتھی مت کہو جو چھوڑا دھم مال جا** (دھ) اچھا رفیق وہی ہے جو تیرا آخر تک ساتھ دے - جو راستے میں ہی تجھے چھوڑ دے اسے ساتھی نہیں کہتے -

ساتھا (ھ - مذکر) ساتھ - نظم میں استعمال ہوتا ہے -

ساتھری (ھ - مونث) چھوٹا قالین یا چٹائی جس پر بیٹھ کر پوجا کرتے ہیں -

ساتھن - ساتھنی (ھ - مونث) عورت ساتھی - عورت رفیق -

ساتی (س - مونث) راجیت فائدہ حصول ۲ دہنیہ - نذر ۳ ایک گروہ [illegible] دینا ۴ اختتام - انجام - [illegible] (موسیقی) [illegible] ایک بحر یا وزن (رسالت) [illegible]

ساتیلک - ساتین (س - مذکر) ایک قسم کی دال -

ساٹا (ھ - مذکر) ۱ دیکھو سانٹھ ۲ ایک قسم کی لٹی یا سیمنٹ ۳ پیوند پودے کا ۴ (ہ) بدلہ - تبادلہ - معاوضہ ۵ (ہ) ہنڈی کا باہمی لین دین -

مثل ساٹے کی سگائی اور بیاج روپے کا احسان کیا مقابلے کی شادی اور سود پر قرضہ دینے کا کوئی احسان نہیں -

ساٹن (ھ - مذکر) ایک قسم کی لٹی یا سیمنٹ -

ساٹن (انگ - مذکر) اطلس -

ساٹھ (ہ - عدد) انسٹھ اور ایک ۶۰ - ۶۰ (س شَشٹ) **ساٹھا** (مذکر) ساٹھ برس کا آدمی - **ساٹھا پاٹھا** (مذکر) وہ ساٹھ برس کا آدمی جس کے قوٹے درست ہوں - **ساٹھی** (مونث) ایک قسم کا موٹا چاول جو برسات میں بویا جاتا ہے - اور ساٹھ دن میں تیار ہو جاتا ہے -

امثال واقوال - ساٹھا سو پاٹھا - بیسی سو کھیسی - ساٹھا نا ٹھا مرد ساٹھ برس کا جوان ہوتا ہے اور عورت بیس برس کی عمر میں ڈھل جاتی ہے **ساٹھ ساس نند ہوں سو - ماں کی ہو رنہ نسوں ہو** چاہے ساٹھ ساس اور سو نند ہوں - ماں کے برابر نہیں ہو سکتیں - **ساٹھ گاؤں بکری چر گئی** - ایک بادشاہ شکار میں تھک کر ایک چرواہے کی جھونپڑی میں گیا جسنے اس کی حتی الوسع خاطر کی - بادشاہ نے روانگی پر اسے ۶۰ گاؤں جاگیر ایک پتے پر لکھ دئیے ۔ات کو پتا اس کی بکری چر گئی - چرواہے نے جاکر بادشاہ کے محل کے نیچے یہ صدا دینی شروع کی کہ ساٹھ گاؤں بکری چر گئی - بادشاہ نے سن کر اسے ساٹھ گاؤں کا پٹہ لکھ دیا - مطلب یہ ہے کہ سخت نقصان ہؤا - بہت خسارا ہؤا -

ساج (ھ - مذکر) ۱ ساز گھوڑے کا ۲ تیاری

ساج (ع - مذکر) سال کا معرب ۱ ایک درخت جس کی لکڑی میزیں - کرسیاں کشتیاں - ریل گاڑیاں بنانے کے کام آتی ہے ۲ ایک پتھر جس سے تلواریں صیقل کرتے ہیں -

ساجد (ع - صفت) سجدہ

کرنے والا - سر جھکانے والا۔

ساجر (ع - مذکر) ۱ وہ جگہ جو پانی کے چڑھاؤ سے بھر جائے ۲ بما میں ایک دریا۔

ساجن (ھ - مذکر) تیار کرنا۔ سجانا - مزین کرنا - ساجنا (متعدی) ۱ سجانا تیار کرنا ۲ ٹھیک کرنا - درست کرنا ۳ (لازم) ۱ سجنا - تیار ہونا ۲ مزین ہونا - لائق ہونا ۳ ساز لگنا۔

ساجن (ھ - مذکر) ۱ عاشق - پیارا ۲ یار - آشنا ۳ خاوند - شوہر۔

امثال و اقوال - ساجن

آوت ہوں سنوں کچھ نیڑے کچھ دور - پلکن ہی سے جھاڑ لوں ان پاؤں کی دھور - مجھے اپنے معشوق کے آنے کی آواز دور اور نزدیک سے آ رہی ہے - میں چاہتی ہوں کہ پلکوں سے اس کے پاؤں کی دھول جھاڑ دوں۔ ساجن بن عید کیسی - بغیر خاوند کے کوئی خوشی نہیں ساجن پیت لگائے کے دور دیس جن جاؤ - بسو ہماری نگری ہم مانگیں تم کھاؤ - میرے پیارے محبت کرکے اب پردیس کو مت جاؤ - میرے شہر میں رہو میں مانگوں گی اور تم مزے اڑانا - ساجن چلے پردیس کو دھر گھوڑے پر زین - جو میں ایسا جانتی چابک لیتی چھین - میرا خاوند سوار ہو کر پردیس کو چلا گیا ہے۔ اگر مجھے معلوم ہوتا تو چابک چھین لیتی - ساجن دکھیا کر گئے اور سکھ کو لے گئے ساتھ - اب دکھ دے نیارے بھئے میری تو رہ نہ پوچھی بات - میرا پیارا میرے دل میں محبت پیدا کرکے - فرقت کی تکلیف چھوڑ گیا - اور سکھ لے گیا - دکھ دے کر چلا گیا اور پھر خبر بھی نہیں پوچھی - ساجن ساجن مل گئے جھوٹے پڑے بسیٹھو - دوستوں میں صلح ہو گئی اور جھگڑا کرنے والوں نے منہ کی کھائی - ساجن وہ دن کون تھے جو سکھ سے لائے پریت - اب دکھ دے نیارے بھئے کون گاؤں کی ریت - پیارے وہ دن کہاں گئے جب خوشی سے میرے ساتھ محبت کی تھی۔ اب مجھے مصیبت میں ڈال کر الگ ہو گئے - یہ کہاں کی محبت ہے - ساجن ہم تم ایک ہیں - دیکھت کے ہیں دو من سے من کو تول لے دو من کدی نہ ہو - پیارے ہم تم اصل میں ایک ہیں - گو دو دکھائی دیتے ہیں جس طرح من کو من سے تولیں تو دو من کبھی نہیں ہوتے - من کے معنی دل اور وزن دونوں ہیں - ساجن یوں مت جانیو تو ئے بچھڑت موئے چین - آ لے بن کی لاکڑی سلگت ہوں دن رین - پیارے یہ مت خیال کر کہ مجھے تیرے بغیر چین ہے - گیلی لکڑی کی طرح دن رات سلگتی ہوں -

ساجور (ع - مذکر) - کتے کا پٹا۔

ساجھا (ھ - مذکر) ۱ کسی کام میں شرکت - شرکت - حصہ داری ۲ تعلق - رشتہ داری - بھائی چارا ۳ حصہ کسی کمپنی یا دوکان میں ۴ (صفت) مشترکہ (س سج - جٹنا) ساجھا ٹوٹ جانا یا چھوٹنا (لازم) شرکت نہ رہنا - ساجھا کرنا (متعدی) شرکت کرنا ساجھا لڑنا (متعدی) کوئی ڈھب ہاتھ آ جانا - ساجھا لگانا (متعدی) ۱ شرکت کرنا ۲ حصہ لگانا - ساجھا ہونا (لازم) شرکت ہونا - حصہ ہونا - ساجھی (مذکر) ۱ شریک - حصہ دار ۲ مددگار - امدادی (بنانا - بننا - ہونا کے ساتھ) ساجھے (ظرف) حصے داری میں - مشترک طور پر - ساجھے سے (ظرف) حصے دار کے طور پر حصے داری کی نظر سے - حصے داری میں شرکت میں - ساجھے میں (ظرف) دیکھو ساجھے۔

امثال و اقوال - ساجھا

بھلا نہ باپ کا - اور تاؤ بھلا نہ تاپ کا شرکت کسی کی بھی اچھی نہیں اور گرمی بخار کی اچھی نہیں - ساجھے کی مذمت ہے - ساجھا جورو خصم ہی کا بھلا - خاوند بیوی کی شراکت بہترین ہے - ساجھا سدھے نہ باپ کا (ھ) باپ کے ساتھ بھی شراکت قائم نہیں رہتی - ساجھا سدھے نہ باپ کا سٹے راسے کی کھان - گھر نیارے کر بالماں بات میری تو مان (ھ) بیوی خاوند کو نصیحت کرتی ہے - کہ شراکت باپ کے ساتھ بھی سدا نہیں رہتی اور جھگڑے کا باعث ہوتی ہے - کہا مان اور گھر الگ بنا۔ ساجھی ساجھی مل گئے جھوٹے پڑے بسیٹھو - طرفین آپس میں ایک ہو گئے - بیچ میں پڑنے والوں کو خفت اٹھانی پڑی ساجھے کا کام برا - شرکت کے کام میں جھگڑا ہوتا ہے - ساجھے کا کام اتارے چام - شراکت کے کام میں سخت تکلیف ہوتی ہے - ساجھے کے چنے (آنکھ دکھنے میں کھانے پڑیں، دکھتی آنکھ چابنے پڑیں - شراکت کا کام ہر حالت میں کرنا پڑتا ہے - شراکت کا نقصان اٹھانا ہی پڑتا ہے - ساجھے کی سوئی سانگ میں چلے ۱ شراکت کی چیز بری طرح استعمال ہوتی ہے ۲ حصہ داروں میں اتفاق نہیں ہوتا - ساجھے کی کھیتی گدھا نہ کھاوے - ساجھے کے کام میں ایک روز جھگڑا ضرور ہوتا ہے - ساجھے کی ماں گنگا نہ پاوے - ہندوؤں میں بیٹے کا فرض ہے کہ والدین کا کریا کرم کریں - لیکن جہاں بہت بیٹے ہوں وہ ایک دوسرے کی طرف دیکھتے رہتے ہیں اور ماں کریا کرم سے رہ جاتی ہے مطلب یہ ہے کہ شرکت میں نقصان ہوتا ہے ساجھے کی ناؤ گنگا نہ پاوے - ساجھے کی ہنڈیا چوراہے میں پھوٹے (پھوٹتی ہے) شرکت کے کام میں ہمیشہ جھگڑا ہوتا ہے - ساجھے کی ہولی سب سے بھلی - بہت سے آدمی مل جائیں تو ہولی اچھے طور پر گزرتی ہے -

ساچ (ھ - صفت و مذکر) دیکھو سانچ و سچ - ساچی (مونث) سچی -

مثل - ساچی بات جو کہے بہت کے دل سے اتر آوے - سچے آدمی سے کوئی خوش نہیں ہوتا -

ساچق (ت - مونث) شادی کی ایک رسم جس میں دولہا کے گھر سے دولہن کے گھر کو کپڑے زیور مہندی وغیرہ بھیجاتے ہیں - بری - رسم حنابندی۔

ساچی (ھ۔ مونث) دیکھو
ساکشی۔
ساحت (ع۔ مذکر) 1 عمارت
کا اندرونی حصہ۔ صحن 2 ساحل۔ کنارہ 3 ملک
کا ایک حصہ (سَوَحَ۔ آوارہ پھرنا) **ساحتِ**
طُوبےٰ (مذکر) بہشت۔
ساحر (ع۔ مذکر) جادوگر۔ افسوں
گر۔ اوجھا (سَحَرَ۔ رستے سے مڑنا) **ساحرِ کلام**
(مذکر) بہت اچھا بولنے یا گفتگو کرنے والا۔ **ساحرہ**
(مونث) جادوگرنی۔ **ساحری** (مونث) جادوگری۔
ساحل (ع۔ مذکر) سمندر یا دریا
کا کنارہ (سَحَلَ۔ رگڑنا) **ساحلِ نجات** (مذکر)
1 وہ کنارہ جہاں انسان بچ کر جا لگے 2 نجات۔
ساخت (ف۔ مونث) 1
بناوٹ۔ ترکیب۔ بنت 2 بناٹی ہوئی بات۔
فریب۔ دغا 3 صورت۔ شکل۔ ڈول 4 بہانہ۔
عذر 5 ریاکاری۔ ظاہر داری (ساختن۔ بنانا)۔
ساختگی (مونث) دیکھو ساخت۔ عموماً بے کے
ساتھ اردو میں استعمال ہوتا ہے۔ **ساختہ**
(صفت) 1 بنا ہؤا۔ بنایا ہؤا 2 نقلی۔ جھوٹا۔ مصنوعی
3 مرکبات میں جیسے خود ساختہ۔ بے ساختہ۔
ساختہ پرداختہ (صفت) 1 بنایا ہؤا۔ سنوارا
ہؤا۔ **ساختہ روزگار** (مذکر) تجربہ کار۔ ہوشیار۔
ساخی (اردو۔ مونث) دمڑی۔ دلالوں کی
اصطلاح۔
ساد (ھ۔ مونث) 1 خواہش۔
آرزو 2 میلان 3 شور۔ غل۔ آواز 4 آواز دینا
۔ بلانا 5 جواب میں آواز دینا 6 گونج 7 سادھ
کا بگڑا ہؤا۔
سادات (ع۔ مذکر) جمع الجمع
سادات کی جو سائد کی جمع ہے۔ مگر یہ لفظ عربی
میں مستعمل نہیں ہے۔ ایران کی اختراع ہے۔
بعض اسے سید کی جمع سمجھتے ہیں۔ مگر عربی میں
اسیاد یا سوائد ہے 1 قوم سید جو حضرت علیؓ کی
اولاد بطن فاطمہؓ سے ہے 2 سردار۔ مالک۔
سادِج (ف۔ مذکر) بالچھڑ۔
سنبل الطیب۔
سادَر (س۔ صفت) 1 فرمانبردار۔
تابعدار۔ مودب۔ باادب 2 قدردان۔ متوجہ۔
ملتفت۔ **سادری** (ھ) دیکھو سادر۔
سادرا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا
گیت۔
سادرِشیہ (س۔ مذکر) مثا بہت
مطابقت۔
سادِس (ع۔ صفت) چھٹا۔
ششم (سَدَسَ۔ چھ ہونا) **سادساً** (تمت)
چھٹے۔ ششم۔ چھٹی جگہ پر۔
سادگی (ف۔ مونث) 1 صفائی
2 صاف دلی۔ راست بازی 3 بے آرائشی۔ وہ
حالت جو بغیر تکلیف یا نمائش کے ہو 4 سادہ
لوحی۔ بھولا پن 5 بے تکلفی۔ کشادہ دلی 6 بے
ریائی۔ خلوص۔ اخلاص 7 بے ہنری (سادہ سے)
سادہ (ف۔ صفت) 1 صاف۔
2 خالص۔ بے مِش 3 بغیر لکھا ہؤا (کاغذ) 4 بے
ریش 5 بغیر ترکاری کا (گوشت) 6 بغیر نقش و نگار
وہ جس میں گوٹے کناری کا کام نہ ہو 7 خالی 8 بیوقوف
سادہ لوح۔ بھولا بھالا 9 صاف دل۔ راست باز 10
بے تکلف۔ کشادہ دل 11 بے ریا 12 بے ہنر 13 سفید 14
جس پر ٹکٹ یا اشٹامپ نہ ہو 15 وہ جس میں مشکل
الفاظ تشبیہات وغیرہ نہ ہوں (تقریر) 16 کھلا
میدان 17 ایرانیوں کا ایک تیوہار۔ **سادہ پٹی** (مونث)
18 ۱ انچ چوڑی پٹی جو عورتیں کمر میں باندھتی ہیں
سادہ پرکار (صفت) شوخ و عیار (معشوق
سادہ پن یا پنا (مذکر) دیکھو سادگی۔ **سادہ**
دل (صفت) 1 صاف دل 2 بھولا۔ **سادہ دلی**
(مونث) 1 صاف دلی 2 بھولا پن 3 بیوقوفی۔ **سادہ**
رخ۔ رو یا عذار (صفت) بے ریش۔ بیشتر
جوان کے لئے مستعمل ہے۔ **سادہ سالن**
(مذکر) وہ گوشت جس میں ترکاری یا مصالحے نہ
پڑے ہوں صرف گھی میں بھون کر پکا لیا گیا ہو۔
سادہ طور (صفت) 1 بے لطف 2 بے ریا۔
سادہ کار (مذکر) وہ سنار جو سونے چاندی پر
نفیس کام بنائے۔ **سادہ کاری** (مونث)
سادہ کار کا کام۔ **سادہ کاغذ** (صفت) وہ کاغذ
جس پر کچھ لکھا نہ ہو۔ سفید کاغذ۔ بغیر اشٹامپ
کے کاغذ۔ **سادہ کردہ** (صفت) آختہ۔ ہیجڑا۔
سادہ لوح (صفت) بھولا بھالا۔ بیوقوف
سادہ لوحی (مونث) بیوقوف۔ بھولا بھالا۔
سادہ مزاج (صفت) وہ جس میں تکلف اور
بناوٹ نہ ہو۔ **سادہ مزاجی** (مونث) صاف دلی
۔ سادگی۔ **سادہ وضع** (صفت) 1 وہ جس کی
وضع میں تکلف نہ ہو 2 بے تکلف۔ **سادہ**
وضعی (مونث) سادگی۔ **سادی** (صفت مونث)
1 دیکھو سادہ 1 تا 11 2 (مونث) وہ پتنگ
کی ڈور جس پر مانجھا نہ ہو۔ **سادے** (صفت)
1 سادہ کی جمع 2 بجائے سادہ حروف مغیرہ سے
پہلے۔ **سادی تقریر** (مونث) وہ تقریر جس میں
مشکل الفاظ تشبیہات وغیرہ نہ ہوں۔ **سادی جگہ**
(مونث) کاغذ پر وہ جگہ جس پر کچھ لکھا نہ ہو۔ **سادی**
خو (مونث) معمولی عادت۔ **سادے دن**
(مذکر) وہ زمانہ جس میں کوئی تیہوار نہ ہو۔ وہ زمانہ
جس میں برسات نہ ہو۔ **سادی زبان** (مونث)
زبان جس میں بناوٹ اور تصنع نہ ہو۔ **سادے**
کپڑے (مذکر) معمولی کپڑے۔ کپڑے جن میں
گوٹا کناری وغیرہ نہ لگا ہؤا یا شوخ رنگ نہ
ہوں۔ **سادی وضع** (مونث) ایسی وضع
جس میں فیشن یا تکلف کو جگہ نہ ہو۔
سادھ (س۔ صفت) 1 کرنے
والا۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے سچن سادھ
2 (مذکر) تکمیل۔ کمال 3 بجا آوری۔ نبیڑو۔ انجام
دہی۔ **سادھن** (مذکر) 1 کرنے یا تکمیل
کرنے کا فعل 2 جڑنا۔ لگانا 3
مقرر کرنا۔ باقاعدہ کرنا 4 تکمیل۔ کمال 5
مشق۔ کثرت 6 کامیابی۔ حصول کسی چیز کا 7
تکمیل کرنے۔ حاصل کرنے یا کرنے کا ذریعہ۔ کامیابی
کا ذریعہ 8 ذریعہ معاش 9 سبب۔ وجہ 10 موجب
وسیلہ 11 مادہ۔ مسالہ۔ سامان 12 ثبوت 13 جادو
جادو سے کوئی کام کرنا 14 پوجا۔ عبادت 15
نیک کام۔ تپسیہ۔ بیراگ۔ جوگ 16 رسمی یا اخلاقی
فرائض 17 نتیجہ 18 چارہ۔ اپائے 19 دولت 20
فائدہ۔ نفع 21 آلہ تناسل **سادھنا** (مذکر) 1
تکمیل۔ کمال 2 نبیڑو۔ نبٹاؤ 3 دستور۔ رسم 4
ذریعہ۔ وسیلہ 5 قاعدہ۔ قانون 6 مشق سے
عادت کرنا 7 منت 8 پوجا۔ پرستش **سادھیہ**
(صفت) 1 ہوسکنے کے قابل۔ ممکن 2 جس کو کرنا
ہو 3 جس کو بنانا ہو 4 جس کو ثابت کرنا ہو 5
تکمیل۔ کمال 6 (مذکر) کوئی چیز جس کی تکمیل ہونی
ہو یا جو ثابت کرنی ہو 7 دعوےٰ (اقلیدس کا)۔

سادھ (صفت) ۱ نیک - پارسا پرہیزگار - صالح ۲ سادھو - سنت - فقیر ۳ ایک قوم جو پھر کر سوداگری کا سامان بیچتی ہے - (س سادھ - سیدھا جانا) **سادھنی** (مونث) سادھو عورت **سادھو** (مذکر) ہندو فقیر - جوگی - بیراگی **سادھو بچہ** (صفت) مکار - فریبی -

امثال اقوال - **سادھ بھگت دیں جہاں اسیس سکھی ہیں دے لبسوے بیس** - جس کو نیک آدمی دعا دیں وہ ہمیشہ سکھی رہتے ہیں - **سادھ بھگت کی کرے جو سیوا - پار نرت ہو دا کا کھیوا** جو فقیروں کی خدمت کریں انکا بیڑا پار ہوتا ہے - **سادھ بھگت ہوں جس پر چھو مول بھلا نہ اسکا ہو** - جس پر فقیر ناراض ہوں اسکا ستیاناس ہوتا ہے - **سادھ بھئے تو کیا ہوا - گت مت جانیں ناہیں تلسی پیٹ کے کارنے سادھ بھئے جگ ماہیں** - بغیر مذہب کے سادھو بننے سے کیا ہوتا ہے - بہت تو پیٹ کی خاطر سادھو ہو جاتے ہیں **سادھ چلے بیکنٹھ کو بیٹھ پالکی مانہہ - رستے میں سے آئے پھر بھانگ تماکو نانہہ** (ھ) یہ سادھوؤں پر طنز ہے جو بھنگ تماکو بہت پیتے ہیں - کہ بہشت کو جاتے ہوئے بھی واپس آگئے کیونکہ بھنگ تو بھی ساتھ نہیں تھا - **سادھ بھلائی نا کریں نامور کھ سے پیت - چاتر تو بیری بھلا مورکھ بھلا نا میت** - سنت نہ تو برا کام کرتے ہیں اور نہ بیوقوف سے دوستی کرتے ہیں - عقلمند دشمن بہتر ہے بیوقوف دوست سے - **سادھ سنت کی ٹہل کر لیجے کچھو دھرم - اور تلسی پھیر نہ ملیگا بار بار یہ کرم** - سادھو سنتوں کی ٹہل کرکے کچھ دھرم حاصل کرنا چاہئے - یہ جنم بار بار نہیں ملیگا - **سادھ سنت کی ٹہل کو اٹھو نہ بیٹھو جائے - تلسی لالچ لین کو دوڑا دوڑا جائے** - انسان طمع کی وجہ سے مارا مارا پھرتا ہے - مگر سنتوں کی خدمت کے وقت اس سے ہلا بھی نہیں جاتا - **سادھن بیچ سنتن پی - پی کنور گنہائی - جو بیچیاں نندن کریں اسے کھلائے کا لکا مائی** بھنگ کی تعریف میں بھنگڑ کہتے ہیں - **سادھو بچے - بہتے جھوٹے کھوٹے سچے** - سادھو قوم کے آدمی زیادہ تر جھوٹے ہوتے ہیں - **سادھو تو وہی بھلا جو بھر سادھو کا بھیس - پوجا کرتا رب کی ہانڈے دیس بدیس** - سنت وہی ہے جو سادھو کے لباس میں رب کی پوجا کرے اور جگہ جگہ پھرتا رہے **سادھو جن رمتے بھلے داگ نہ لاگے کو** - سادھو کو ہمیشہ پھرتے رہنا چاہئے تاکہ اس پر کسی قسم کا الزام نہ آئے - **سادھو دکھیا سب سنسار - جو سکھیا سو رام آدھار** - تمام دنیا مصیبت میں گرفتار ہے - جو خدا پر بھروسا کرتے ہیں وہ سکھی ہیں - **سادھو سنت کر بیٹھ جا وہی سادھ ہے ٹھیک واکو سادھو مت کہو جو گھر گھر مانگے بھیک** - اصل سنت وہ ہے جو قناعت کرکے بیٹھ رہے - جو در در مانگے اسے سنت مت کہو - **سادھو کا دین نہ مادھو کا لین** - سب سے معاملہ سلجھا ہوا ہے - **سادھو کو کیا سواد سے اپنا سے نہیں گڑ ہی سہی، گڑ نہیں بتاسے ہی سہی** - اس کے لئے ہر چیز یکساں ہے - معمولی چیز نہیں تو اس سے بہتر ہی سہی - **سادھو کہئے سوپ کو پایا پھینکے بلور - اوچھی کہئے چھالنی بھوسی رکھے بٹور** - چھاج کو سادھو کہنا چاہئے جو چھلکن کو پھینک دیتا ہے - چھلنی اوچھی ہے کہ وہ بھوسی کو رکھ لیتی ہے - **سادھو کی جن سنگت کینی - انہاں کمائی پوری کینی** - جنہوں نے سادھوؤں کی صحبت رکھی انہوں نے اچھی کمائی کی یعنی نیک کی صحبت غنیمت ہے - **سادھو ملن اور ہری بھجن دیا دھرم اپکار - تلسی یا سنسار میں پانچ رتن ہیں** سادھو فقیروں سے ملنا - خدا کی یاد - خیرات - ایمان اور رحم یا مہربانی اس دنیا کے پانچ جواہرات ہیں - **سادھوؤں کو کیا سوادوں سے گڑ نہیں بتاشا ہی سہی** - یہ ان لوگوں پر طنز ہے جن کو اگر ایک چیز نہ ملے تو اس سے بہتر ... ہیں - دیدو چاہے کچھ ہی ہو **سادھو ل نے کام سدھا پن سے - کتن نے کام کتا پن سے** (ھ) ہر شخص اپنی کرتوں سے پہچانا جاتا ہے - سادھو سادھ پن سے - کتا کتے کے کاموں سے - **سادھو وہی جو سادھن کرے - کرودھ - لوبھ اور موہ کو مارے** سادھو وہ جو تپسیہ کرے اور غصے - لالچ - اور شہوت کو قابو میں رکھے - **سادھو وہی سراہئے جاکے ہر دے گانٹھ لڈو لے بھیتر دھرے چرنا مت دے بانٹ** - کیا ایسے سادھو کی تعریف کرنی چاہئے جس میں حرص اور لالچ ہو - جو لڈو تو اپنے لئے رکھ لے اور پوتر پانی لوگوں کو دے - مندروں کے پجاریوں پر طنز ہے - **سادھو وہی سراہئے جو دکھیں دکھاویں نا - پھل پھول چھیڑیں ناہیں رہیں بگیچے ماں** ان سادھوؤں کی تعریف کرنی چاہئے جو کسی کو دکھ نہ دیں - بلکہ خود دکھ اٹھائیں - باغ میں رہیں مگر پھل پھول نہ توڑیں - **سادھو ہو کر دیوے بتا اس کو جانوں پیٹ کا کتا** - جو سادھو ہو کر دھوکا دے اسے پیٹ کا کتا سمجھو - **سادھو ہو کر کپٹ جو راکھے - وہ تو مزا نرک کا چاکھے** - وہ جو سادھو ہو کر دغا اور فریب سے کام لے - دوزخ میں جائیگا - **سادھو ہو کر کرے جو جاری - اس کی ہو دو جگ میں خواری** - سادھو ہو کر جو عورتوں سے تعلق رکھے وہ دونوں جہان میں خوار رہے گا - **سادھو ہو کر کرے جو چوری - اس کا گھر ہے نرک کی موری** - جو سادھو ہو کر چوری کرے - وہ نرک میں جائیگا -

سادھ (ھ - مونث) ۱ خواہش آزاد ۲ میلان ۳ کوشش ۴ دعا - پیار تمنا ۵ حاملہ عورت کی خواہش -

سادھ - (ہ - امر) ۱ سادھنا کا ۲ تکمیل - نبیڑہ - بجاآوری ۳ خواہش - آرزو - میلان ۴ کوشش ۵ دعا - پیار تمنا ۶ حاملہ عورت کی خواہش ۷ (مذکر) کپڑے وغیرہ جو والدین حاملہ لڑکی کو حمل کے ساتویں مہینے بھیجتے ہیں **سادھ جانا** (متعدی) سانس روکنا **سادھ لینا** - (متعدی) پرکھنا - آزمانا - **سادھنا** (متعدی) ۱ کرنا - بجالانا ۲ تکمیل کرنا - مکمل کرنا ۳ بنانا - تیار کرنا ۴ عادی ہونا ۵ سکھانا ۶ سدھانا ۷ سیکھنا -

حاصل کرنا [6] ثابت کرنا۔ کہہ کے دکھانا [7] مقرر کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ تجویز کرنا [8] درست کرنا۔ ٹھیک کرنا [9] سدھارنا۔ اصلاح کرنا [10] بوجھ برابر کرنا۔ ہموزن کرنا [11] الاپنا۔ آواز کا گھٹانا یا بڑھانا [12] راضی کرنا۔ منانا [13] نشانہ یا شست باندھنا [14] پوجا کرنا۔ پرستش کرنا [15] (ہ) سنبھالنا۔ روک تھامنا [16] اختیار کرنا [17] مشق کرنا [18] ہلانا۔ مانوس کرنا [19] ایسا روکنا کہ ادھر ادھر ہلے نہیں۔ **سادھنی** (ہ۔ مونث) [1] معماروں یا نجاروں کا ایک آلہ۔ گنیا [2] کوئی چیز جو اصلاح کرے [3] انگوٹھی کا وہ حصہ جس میں نگینہ جڑا جاتا ہے۔

سادھ۔ سادھو (س۔ صفت) [1] سیدھا۔ درست [2] نشانے پر لگنے والا۔ عین موقع پر جانے والا [3] سلجھا ہوا [4] مہربان۔ شفیق [5] تابعدار۔ فرمانبردار [6] موثر۔ کامیاب [7] تیار [8] پرامن۔ محفوظ [9] طاقتور۔ قوی [10] اچھا۔ نفیس [11] موزوں [12] نیک۔ پارسا۔ پرہیزگار [13] خاندانی۔ شریف۔ نجیب [14] خالص۔ بے میل۔ (جیسے زبان) [15] اچھا دیانتدار یا نیک آدمی [16] سنت۔ رشی۔ منی۔ جوگی۔ درویش [17] جینیوں کا منی [18] جوہری [19] سوداگر۔ مہاجن۔ ساہوکار [20] (حرف ندا) شاباش۔ مرحبا۔ **سادھ بھاؤ** (مذکر) [1] نیک طبیعت [2] نیکی مہربانی۔ **سادھ منتر** (مذکر) موثر دعا یا منتر۔ **سادھواد** (مذکر) [1] شاباش کہنا [2] درست فقرہ۔ **سادھو ورکش** (مذکر) [1] اچھا درخت [2] درخت کدمب۔ **سادھو ویش** (صفت) خوش پوشاک۔

سار (ہ۔ مونث) [1] قدر۔ گن [2] قیمت۔ وزن [3] لوہا [4] دولت۔ **سار جاننا** (متعدی) قدر پہچاننا۔ گن جاننا (دیکھو سار)۔

امثال و اقوال

سار پرائی پیڑ کی کیا جانے (انجان) بے پیڑ دوسرے کی تکلیف کا اندازہ نہیں ہوسکتا۔ **سار سراوت نہ کریں بیاہ کاج کے بیچ۔ اس میں دھن کو یوں سمجھ جیسے کنکر بیچ**۔ برہمنوں کا مقولہ کہ شادی میں کفایت شعاری نہیں کرنی چاہئے۔ **سار کو سار کاٹتی ہے**۔ لوہے کو لوہا کاٹتا ہے۔ ایک ہم جنس دوسرے پر غالب آتا ہے۔

سار (ف۔ مذکر) شتر۔ اونٹ۔ **ساربان** (مذکر) شتربان۔

سار (ف۔ صفت) مرکبات کے آخر میں [1] مانند۔ مثل۔ ملتا جلتا۔ جیسے شاہسار۔ خاکسار [2] بھرا ہوا۔ وہ جہاں کسی چیز کی کثرت ہو۔ جیسے شاخسار۔ کوہسار [3] جگہ جیسے نمکسار [4] (مذکر) مالک۔ صاحب۔ جیسے شرمسار [5] سر۔ چوٹی جیسے نگوں سار۔ چشم سار۔ **ساری** (مونث) مرکبات میں [1] ملنا جلنا۔ مانند ہونا جیسے خاکساری [2] مالک ہونا جیسے شرمساری۔

سار (ف۔ مونث) مینا۔ شارک۔

سار (ہ۔ مونث) گایوں کے باندھنے کی جگہ۔ گواڑ۔

سار (س۔ مذکر) [1] روح۔ عطر۔ جوہر۔ ست۔ تت [2] طاقت۔ قوت۔ بل۔ شکتی [3] گودا [4] دل [5] ملائی [6] پودوں کا رس [7] اصل مطلب۔ حاصل سوال [8] قیمت۔ قدر۔ گن۔ خوبی [9] دولت۔ ثروت۔ مال و متاع [10] امرت [11] تازہ مکھن [12] چھاچھ [13] کھاد [14] پیپ [15] بیماری۔ آزار۔ مرض [16] پیچش [17] ہوا۔ آندھی [18] پانی [19] لوہا [20] شطرنج کا مہرہ [21] چوپٹ کی گوٹ یا نرد [22] موزونیت۔ معقولیت [23] عروج۔ جملہ جس میں تشبیہ بتدریج مدارج اعلیٰ کو پہنچے [24] معاون۔ مددگار۔

سارا (ہ۔ صفت) [1] کل۔ تمام۔ سب [2] مکمل [3] عام (س تیکل۔ جو حصوں سے بنا ہو) **سارا پیرا** (صفت) کل۔ تمام۔ **سارا جسم زبان ہونا** (لازم) بہت بولنا۔ **سارا جہان** (مذکر) تمام دنیا۔ کل عالم۔ تمام مخلوقات۔ **سارا جہان سر پر اٹھا لینا یا اٹھانا** (متعدی) [1] بہت شور وغل مچانا [2] بہت ناراض ہونا۔ **سارا حال** (مذکر) کل قصہ یا واقعہ۔ مقدمے کے کل واقعات۔ **سارا دن** (مذکر) [1] تمام دن [2] (تعت) دن بھر۔ **سارا زمانہ** (مذکر) تمام لوگ۔ **سارا فتور اسی کی ذات کا ہے**۔ ساری شرارت اسی کی ہے۔ **سارا کنبہ یا گھر** (مذکر) کل خاندان۔ گھر کے تمام لوگ۔ **سارا گھر سر پر اٹھا لینا یا اٹھانا** (متعدی) بہت شور وغل مچانا۔ **سارے** (جمع) سارا کی۔ کل۔ تمام۔ **سارے جہان کا ٹھوکنا** (متعدی) ہر ایک یا سب کا برا بھلا کہنا۔ **سارے جہان کا چھٹا ہوا ہونا** (لازم) بہت چالاک یا عیار ہونا۔ **ساری خدائی** (مونث) کل مخلوقات۔ **ساری خدائی کا جھوٹا** (صفت) بہت جھوٹ بولنے والا۔ **ساری خدائی کا دماغ ٹھس رہنا** (لازم) بہت مغرور ہونا۔ **ساری خدائی کا کام** (مذکر) بیحد کام۔ کام کی کثرت۔ **ساری خدائی کی باتیں آنا** (لازم) تمام باتوں کا سلیقہ ہونا۔ **ساری رات** (مونث) [1] تمام رات [2] رات بھر۔ **سارے زمانے کی بلا سر لینا** (متعدی) سارے جھگڑے اپنے ذمے لینا۔ **سارے گھر کو سر پر اٹھانا** (متعدی) بہت شور وغل مچانا۔ **ساری عمر** (مونث) کل زندگی۔ تمام عمر۔ عمر بھر۔

امثال و اقوال سارا

(دھن) جاتا دیکھئے تو آدھا لیجئے بانٹ۔ سارا مال جاتا جانئے تو آدھا دیجے بانٹ۔ اگر تمام مال کا نقصان ہوتا نظر آئے اور آدھا دینے سے آدھا بچ سکے تو بچا لینا چاہئے۔ **سارا دن پیسا چٹکی بھر اٹھایا**۔ محنت اور مشقت بہت کی کم حاصل ہوا۔ **سارا دھڑ دیکھے ناچے مورا۔ پاؤں دیکھ لجائے** (ہ) مور اپنے سارے بدن کو دیکھ کر خوشی سے ناچتا ہے۔ مگر جب پاؤں پر نظر پڑتی ہے تو روتا ہے۔ **سارا دیس پھری نربدا دیکھ ڈری** اس عورت کے متعلق کہتے ہیں۔ جو دکھانے کے لئے ڈرے۔ **سارا گاؤں جل گیا بی بی فاطمہ کو خبر ہی نہیں** اس کے متعلق کہتے ہیں جو سخت بے پروا اور خودغرض ہو۔ **سارا کھیل تقدیر کا ہے**۔ جو کچھ قسمت میں ہے وہی ہوتا ہے۔ **سارا گاؤں جل گیا کالے میگھا پانی دے**۔ سارا اندوختہ کھو کر بھی اقبال کی تمنا ہے۔ **سارا گاؤں جل گیا لڑکے نے آگ ہی نہ پائی**۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی کام کرنے میں سستی کرے یا کام نہ کرے۔ **سارا گھر جل گیا جب چوڑیاں پوچھیں**۔ ادھچے کی نسبت کہتے

ہیں - ایک عورت نے نئی چوڑیاں پہنی - مگر کسی نے ان کے متعلق کچھ نہ پوچھا آخر اس نے اپنے گھر کو آگ لگا ہاتھ ملنے شروع کر دئے - لوگ جمع ہو گئے - ایک اور عورت کی نگاہ اس کی چوڑیوں پر پڑی اور اس نے پوچھا کہ تم نے نئی چوڑیاں کب پہنیں - اس پر پہلی عورت نے یہ فقرہ کہا۔ **سارا نوروا پھرتی کوال دیکھ ڈرتی ہے** - (مو) بیجا نخرے کرنے والی عورت کے متعلق کہتی ہیں - **سارے بدن میں زبان ہی حلال ہے** - دیکھو سارے ڈیل الخ **ساری چوٹ نہائی کے سر** - جو برداشت کرے اس پر سب بوجھ ڈالتے ہیں - **ساری خدائی اک طرف جورو کا بھائی اک طرف** زن مرید کی نسبت کہتے ہیں - **ساری خدائی اک طرف فضل الٰہی اک طرف** خدا کا فضل ہو تو ساری دنیا کچھ نہیں کر سکتی - **سارا دن اونی اونی رات کو چرخا پونی** (عو) اس کے متعلق کہتی ہیں - جو وقت پر کام نہ کرے - **سارے دن پیسا پیسا چپنی بھر بھی نہ اٹھایا** - بہت محنت کی اور کام تھوڑا ہوا - **سارے دھڑ کی سوئی نکالے تو کوئی نہیں - آنکھ کی سوئی نکالے تو سب کوئی** - کہتے ہیں ایک شہزادے پر کسی نے جادو کر دیا اور اس کے بال بال میں جادو سے سوئیاں گاڑ دیں - وہ مر گیا - اس کی بیگم کئی برس تک سوئیاں نکالتی رہی ایک دن جب صرف آنکھ کی سوئیاں نکالنی رہ گئی تھیں وہ نماز کے لئے گئی تو لونڈی نے باقی سوئیاں نکال دیں - شہزادہ اٹھ کھڑا ہوا اور اس نے لونڈی کو اپنا محسن سمجھ کر اس سے شادی کر لی - بہت مدت کے بعد یہ حال کھلا تو اسنے لونڈی کو قتل کر دیا - اس موقع پر کہتے ہیں جب محنت کسی نے کی ہو اور تھوڑا سا کام کر کے فائدہ کوئی اور اٹھائے - **سارے دیس پھرے نربدا دیکھ ڈرے** - بیجا نخرے کرنے والی عورت کے متعلق کہتی ہیں - **ساری دیگ میں ایک ہی چاول ٹٹولتے ہیں** - ... کو دیکھ کے کل کا حال معلوم کر لیتے ہیں - **سارے ڈیل میں زبان ہی حلال** ہے - انسان کو قول کی پاسداری کرنی چاہئے - **ساری رات پیسا اور چپنی بھر اٹھایا** دیکھو سارا دن الخ - **ساری رات روئی اور ایک ہی مرا** معمولی بات کیلئے بہت شور و غل مچایا - **ساری رات سوئے اب صبح کو بھی نہ جاگیں** اس کے متعلق طنزاً کہتے ہیں جو بہت سوئے - **ساری رات کہانی سنی صبح کو پوچھے زلیخا عورت تھی یا مرد** - اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو دھیان سے بات نہ سنے اور پھر اسکا مطلب غلط سمجھے - **ساری رات ممیانی (ممیائی) اور ایک بچہ بیانی (بیائی)** بہت محنت کی اور فائدہ بہت تھوڑا ہوا - **ساری رامائن (پڑھ گئے) سن کے پوچھا سیتا کس کی جورو تھی ساری زلیخا پڑھی اور یہ نہ معلوم ہوا کہ زلیخا عورت تھی یا مرد** دیکھو ساری رات کہانی الخ **سارے شہر (جہان) میں اونٹ بدنام** ہر بات بدنام آدمی کے سر تھوپی جاتی ہے - جو شخص بدنام ہو سب اس کو ملزم ٹھہراتے ہیں - **ساری صابجی اور کچ کا سونا** شیخی اسقدر اور پاس کچھ نہیں - زمین پر سوتے ہیں - اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جس کی حیثیت کچھ نہ ہو اور ظاہرداری بہت - **ساری عمر بھاڑ ہی جھو کا** ساری عمر فضول کاموں میں ضائع کی **ساری عمر کاٹھ میں رہے چلتے وقت پاؤں سے گئے** - ایک مصیبت سے چھوٹے تو اس سے بڑی میں پھنسے - **ساری فوج میں ایک ہی (کوئی) سورما ہوتا ہے** سب ایک جیسے نہیں ہوتے - بہت لوگوں میں کوئی ایک بہت اچھا ہوتا ہے - **ساری کڑیاں مر گئیں جو نائی سے راہ چلے** جوان عورت کوئی نہیں رہی جو بوڑھیوں کے پیچھے دوڑتا ہے - **سارے نگر میں دو ہی ڈھنگر یا ٹھنگر** سارے شہر میں کمینے لوگ بستے ہیں -

سارا (ف - صفت) ۱ خالص ۲ بہترین نہایت اعلیٰ ۳ بے میل ۴ خوشبودار - عنبر اور مشک کی تعریف میں عموماً استعمال ہوتا ہے ۵ (مذکر) ایک مقام عمان کے ساحل پر -

سارا (ھ - مذکر) ۱ چیتا ۲ سالا کا مخرب ۳ (مونث) رسم - رواج ۴ بھروسا - آسرا - غالباً سہارا کا مخفف ۵ کشتہ گھاس ۶ سارنا کا ماضی -

سارالی (ھ - مونث) ۱ دیکھو سریکھا ۲ دیکھو سرال -

ساربھاٹا (ھ - مذکر) جزر - اتار پانی کا -

سارتھ (س - صفت) ۱ مطلب والا - کام والا - کاروبار والا ۲ وہ جسکا مطلب حاصل ہو گیا ہو - کامیاب ۳ مالدار - امیر - دولتمند ۴ بامعنی - پر مطلب معنی خیز ۵ ضروری - نمایاں ۶ ایک ہی معنوں کے ۷ کسی مطلب کا - مفید - فائدہ مند ۸ (مذکر) کارواں - قافلہ ۹ فوج - آدمیوں کا گروہ ۱۰ گلہ - ریوڑ - ایک جنس کے جانوروں کا گروہ ۱۱ کوئی گروہ ۱۲ مجمع - بھیڑ ۱۳ کسی مجمع کا ایک فرد ۱۴ امیر آدمی - **سارتھی** (مذکر) ۱ قافلہ سالار ۲ کوچبان -

سارٹیفکیٹ (انگ - مذکر) اصل لفظ سرٹیفکیٹ ہے - خوشنودی کی چٹھی یا سند - کسی بات کا پروانہ جیسے بیماری کا ڈاکٹری - پیدائش کا -

سارجنٹ (انگ - مذکر) ۱ جمعدار انگریزی فوج کا ۲ پولیس کا انگریز تھانیدار -

سارڈین (انگ - مونث) ایک قسم کی مچھلی - اسے تل کر تیل میں ڈال کر اور ڈبوں میں بند کر کے بیچتے ہیں -

سارس (ہ - مذکر) قاز - ایک جانور سفید رنگ کا - اس کی لمبی ٹانگیں ہوتی ہیں اور گلے میں تھیلی سی لٹکی ہوتی ہے - کہتے ہیں کہ اگر جوڑے میں سے ایک مر جائے تو دوسرا بھی مر جاتا ہے - مگر مشاہدے سے یہ بات غلط ثابت ہوئی ہے -

امثال و اقوال سارس

سارس کی سی جوڑی بہت پکے دوست **سارس کی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی** دونوں نکمے -

سارسا پریلا (انگ - مذکر) ایک دوائی جو خون کو صاف کرنے کے لئے مفید ہے -

ساڑھری (ہ۔مونث) ایک زیور۔
سارِق (ع۔مذکر) چور ۔ سَرَق چوری کرنا۔
ساڑک (س۔صفت) ۱۔دست آور ۲۔بکھرا ہوا۔
سارک (ف۔مونث) مینا۔
سارکا (ھ۔مونث) ۱۔مینا ۲۔ثنا۔
سارکا (س۔مونث) ۱۔ہمراز۔
سارن (ھ۔مذکر) بنانا۔ مرمت کرنا۔ **سارنا** (متعدی) ۱۔سرکنا۔ ہٹانا ۲۔ختم کرنا۔ خرچ کرنا ۳۔کرنا۔ تکمیل کرنا۔ مکمل کرنا ۴۔نباہنا۔ سادھنا ۵۔ترتیب دینا۔ صف بندی کرنا ۶۔ہلانا۔ سدھانا ۷۔مرمت کرنا ۸۔درست کرنا۔ سنوارنا۔ ترقی کرنا ۹۔خیال رکھنا۔ مشاہدہ کرنا۔ ۱۰۔کھاد ڈالنا ۱۱۔سرمہ لگانا۔
سارَنگ (س۔صفت) ۱۔دست آور ۲۔بال آیا ہوا۔ ٹوٹا ہوا ۳۔جس کے سر پر پانچ چوٹیاں ہوں ۴۔(مذکر) ہچکیں ۵۔موسم خزاں کی ہوا ۶۔کئی درختوں کا نام۔
سارندہ (ھ۔مذکر) سارنگی۔
سارنگ (س۔صفت) ۱۔کئی رنگ کا۔ بوقلموں۔ گلدار۔ چتکبرا ۲۔کئی پرندوں کا نام ۳۔ایک قسم کا گلدار ہرن ۴۔مور ۵۔کوئل ۶۔چاتک ۷۔ایک قسم کا بگلا ۸۔مور کی ہوک ۹۔شہد کی بڑی مکھی ۱۰۔مور ۱۱۔بادل ۱۲۔پانی ۱۳۔ایک بحر یا وزن ۱۴۔تیسرا راگ جو دو پہر کو گایا جاتا ہے ۱۵۔ہاتھی ۱۶۔شیر ۱۷۔درخت ۱۸۔چھتری ۱۹۔کپڑے ۲۰۔بال ۲۱۔پھول ۲۲۔کنول ۲۳۔جواہر ۲۴۔سونا ۲۵۔کمان ۲۶۔کھڑاؤں ۲۷۔مشک کافور ۲۸۔مٹی ۲۹۔روشنی ۳۰۔رات۔ **سارنگ کا چھتا چھیڑنا۔** (متعدی) کسی کو چھیڑ کر اپنے پیچھے ڈال لینا **سارنگی** (مونث) ۱۔ایک قسم کا گلدار ہرن ۲۔ایک خاص پرند کی مادہ ۳۔ایک بحر یا وزن کا نام ۴۔ایک خاص راگنی کا نام ۵۔(ہ) ایک باجا تاروں کا جسے عموماً لونڈیوں کے پیچھے بجاتے ہیں **سارنگیا** (ہ۔مذکر) سارنگی بجانے والا شخص **سارنگی کا لہرا** (مذکر) سارنگی کی ایک گت۔ **سارنگی کے بول** (ہ۔مذکر) دیکھو بول۔

مقولہ۔ سارنگ سے سارنگ گہو سارنگ بولو آئے۔ جو سارنگ سارنگ کہے سارنگ منہ تے جائے۔ لفظ سارنگ کے کئی معنی ہیں۔ مور نے سانپ پکڑا۔ بادل گرجنے لگا مور بولنے لگا اور سانپ منہ سے گر گیا۔ کہتے ہیں جب بادل گرجتا ہے۔ مور بہت خوش ہوتا ہے۔ اور بولتا ہے۔
سارنی (ھ۔مذکر) ۱۔دیکھو سارن ۲۔ہار ۳۔سانڈنی۔
سارو (ھ۔مذکر) ۱۔ہم زلف ۲۔کرنے والا۔ مرکبات میں ۳۔(مونث) مینا۔
سارَوان (ف۔مذکر) ساربان
سارَوَہ (س۔صفت) ۱۔سب کے متعلق ۲۔سب کے مناسب۔ سب کے لئے اچھا ۳۔عام۔ عالمگیر ۴۔(مذکر) بدھ۔ جینہ۔
ساری (س۔مونث) ۱۔شطرنج کا مہرہ ۲۔مینا ۳۔(صفت) (متعدی) ۴۔گننے والی۔ جیسے امراض ساریہ ۵۔چلنے والا۔ روانہ ہونے والا۔ جو ہر یا ماہیت رکھنے والا۔ آخری دو معنوں میں مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے۔
ساری (ف۔مونث) ۱۔دیکھو سار کے تحت میں ۲۔(صفت) مونث ساری دیکھو سار کے تحت میں ۳۔سرایت کرنے والا۔ اثر کرنے والا ۴۔گذرنے والا ۵۔بہنے والا ۶۔بھرنے والا ۷۔پھیلنے والا۔ **ساری رکھنا** (متعدی) اثر کرنے والا ہونا۔ **ساری ہونا** (لازم) موثر ہونا۔
ساڑو (ھ۔مذکر) ہم زلف۔
ساڑھ (ہ۔صفت) ساڑھے کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے **ساڑھ ستی** (مونث) ۱۔ساڑھے سات سال کا عرصہ جس میں زحل یا شنیچر اپنا دور پورا کرتا ہے ۲۔مجازاً زحل کا برا اثر ۳۔سخت مصیبت۔ بدقسمتی **ساڑھ ستی آنا** (لازم) برے دن آنا۔ نحوست آنا **ساڑھے** (مذکر) نصف۔ آدھا۔ تین سے لیکر سو تک ان معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ تین سو سے اوپر پورے سینکڑوں کے ساتھ پچاس کے معنوں میں تین ہزار سے اوپر پورے ہزاروں کے ساتھ پانسو کے معنوں میں ۳ لاکھ سے اوپر پورے لاکھوں کے پچاس ہزار کے قس علیٰ ہذا۔ ایک کے ساتھ ڈیڑھ اور دو کے ساتھ اڑھائی استعمال ہوتا ہے۔
ساڑھو (ہ۔مذکر) ہم زلف۔ سالی کا خاوند۔
ساڑھی (ہ۔مونث) ۱۔ساڑھی کا مخفف فصل ربیع جس میں چنا۔ گیہوں وغیرہ پیدا ہوتے ہیں ۲۔ساڑی۔
مثل۔ ساڑھی کی ساکھ پیپل کی لاکھ۔ فصل ربیع اور پیپل کی لاکھ بہتر ہیں۔
ساڑی (ہ۔مونث) ایک قسم کی لمبی دھوتی جو ہندو عورتیں کچھ تو کمر میں باندھتی ہیں۔ کچھ بدن پر لپیٹتی ہیں اور کچھ سر پر اوڑھتی ہیں۔
ساز (ف۔مذکر) ۱۔سرود کے آلات جیسے سارنگی۔ طبلہ۔ ہارمونیم۔ ستار وغیرہ ۲۔سامان۔ اسباب ۳۔جنگ کے ہتھیار۔ سامان جنگ ۴۔گھوڑے کا سامان جو گاڑی کے ساتھ استعمال کیا جائے ۵۔سروں کا میل۔ ترانہ۔ ہمسازی ۶۔میل جول۔ ربط ۷۔سازش ۸۔سرانجام۔ درستی۔ تیاری ہمیاری سفر یا کسی ضروری کام کی ۹۔مثل۔ مانند ۱۰۔موافق۔ سازگار۔ موافقت۔ میل ملاپ ۱۱۔ناچنے کا سامان ۱۲۔صدری کے اوپر کا فیتہ۔ گھنڈیاں وغیرہ ۱۳۔بندوق وغیرہ کا سامان ۱۴۔زیور جس سے کوتل گھوڑے کو آراستہ کریں ۱۵۔گھوڑے کی لگام زین وغیرہ ۱۶۔فائدہ۔ نفع ۱۷۔دعوت۔ جلسہ ۱۸۔دھوکا۔ دغا ۱۹۔(صفت) امر کا صیغہ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ بنانے والا۔ تیار کرنے والا ۲۰۔بنایا ہوا۔ تیار کیا ہوا جیسے خداساز۔ **ساز باز** (مذکر) ۱۔میل ملاپ ۲۔سازش (کرنا ہونا کے ساتھ) **ساز بجانا** (متعدی) **بجنا** (لازم) ساز سے آواز نکلنا **ساز چھڑنا** (لازم) **چھیڑنا** (متعدی) ساز بجانا شروع کرنا **ساز رکھنا** (متعدی) سامان قبضے میں ہونا۔ **ساز سفر** (مذکر) سفر کا سامان **سازش** (مونث) ۱۔میل جول۔ ربط ۲۔کسی کے برخلاف کوئی بات کسی اور سے مل کر کرنا کرنا ہونا کے ساتھ **سازشی** (صفت) ۱۔سازش کرنے والا میل جول رکھنے والا ۲۔فریبی۔ دغا باز۔ **ساز کا پردہ** (مذکر) ساز کی ترکیب مجموعی کا کوئی جز جو معین آواز دیتا ہے۔ **ساز کرنا**

(متعدی) ۱۔ میل کرنا ۲۔ سازش کرنا **سازگار** (صفت)
۱۔ لائق۔ موافق ۲۔ مبارک **سازگاری** (مونث)
موافقت۔ نباہ۔ **ساز لگانا** (متعدی) لگنا (لازم)
گھوڑے پر ساز کسا جانا **ساز ملانا** (متعدی) ملنا
(لازم) ساز کا راگ کے مطابق ہونا۔ ساز چھڑنا۔
سازندہ (مذکر) ساز بجانے والا شخص۔ سارنگیا۔
ساز نوروز (مذکر) ۱۔ نوروز کی دعوت ۲۔ ایک سر
کا نام **سازوار** (صفت) **سازواری** (مونث)
دیکھو سازگار و سازگاری **ساز و برگ** (مذکر)
اسباب و سامان۔ **ساز و سامان** (مذکر) ۱۔
اسباب۔ گھر کا سامان ۲۔ لوازم۔ ضروریات ۳۔
ترتیب۔ درستی ۴۔ تیاری۔ مستعدی۔ **ساز ہونا**
(لازم) ۱۔ میل ہونا ۲۔ سازش ہونا **ساز و یراق**
(مذکر) ۱۔ سامان جنگ ۲۔ مال و اسباب زین و
سامان **ساز و یراق سے آراستہ**۔ زین
اور ساز و سامان لگا ہوا (گھوڑا) **سازی** (مونث)
بنانا کرنا۔ مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا
ہے۔ جیسے کارسازی۔

ساس (ہ۔ مونث) بیوی یا
خاوند کی ماں (س شوشرو)۔

امثال و اقوال ساس

ادھلیا۔ **بہو چھنلیا سسرا بھاڑ جھکاوے
بھر بھی دولھا ساس بہو کو ستیا ستی
بتا دے** اپنے گھر کی عورتوں کو کوئی بدچلن
نہیں کہتا۔ چاہے وہ کیسی ہی بدچلن ہوں۔
ساس بڑی بانس نند لغل گند۔ بہو
کی نند سے نہیں بنتی۔ اس لئے نہیں بر [illegible] ہے
**ساس بن کیسی سسرال۔ لا بھ بن کیسا
مال** بغیر ساس کے مرد کیلئے سسرال کچھ نہیں۔
بغیر نفع کے مال کچھ نہیں۔ **ساس بہو کی ہوئی
لڑائی۔ سسر کو چھوڑ مری ہمسائی** دوسروں
کے جھگڑوں میں دخل دینے سے اپنا نقصان ہوتا
ہے۔ **ساس بہو کی ہوئی لڑائی۔ کرے
پڑوسن ہاتھا پائی**۔ جھگڑا کسی کا ہو لڑے کوئی
یا دخل در معقولات کوئی اور دے۔ **ساس تیوہ
میں فلاں غائب** (تلعہ) اپنوں ہی میں کوئی
چیز گم ہو جانا۔ **ساس چھوٹی بہو بڑی**۔
بہو ساس پر حکومت کرے **ساس جھانکے توئیں
توئیں۔ بہو چلی بیکنٹھ**۔ الٹی بات۔ ساس

گھر میں رہے بہو تیرتھ جاترا جائے۔ حالانکہ
بوڑھی عورت کو جانا چاہیئے۔ **ساس ری
ساس تجھے پیٹ کا دکھ۔ پہلے چولھا
ہی یاد آیا**۔ بڑی بوڑھی عورتیں جب کسی نئے
مکان میں جائیں تو پہلے چولھے کی جگہ دیکھتی ہیں۔
**ساس ری ساس مجھے پیٹ کا (دکھ)
دھندا**۔ جو شخص تمام دن کھانے میں مشغول رہے۔
اس کے متعلق کہتے ہیں۔ **ساس سے بیر
پڑوسن سے ناتا**۔ بیوقوف عورت ہے **ساس
سے توڑ بہو سے ناتا**۔ ایسی عورت بھی
بیوقوف ہے۔ ساس کی موجودگی میں بہو کا کیا دخل
ساس کا اوڑھنا بہو کا بچھونا۔ بہو کے سامنے
ساس کی بیدردی۔ **ساس کوٹھے بہو
چبوترے**۔ ساس کی غیر موجودگی میں بہو جو
چاہے کرتی ہے۔ **ساس کوٹھے پر کی
گھاس**۔ بہو ساس کو اچھا نہیں سمجھتی۔ **ساس
کو نہیں پلینچے۔ بہو چاہے تنبو اور
سرا پچے**۔ جہاں بہو بہت شیخی خوری ہو وہاں
کہتی ہیں۔ **ساس کے آگے بہو کی بڑائی**
ساس کی موجودگی میں بہو کی کوئی وقعت نہیں۔
ساس کے آگے بہو کی بڑائی بیفائدہ
ہے۔ **ساس کے اوڑا اوڑھنا پتوہ کے
پچھوڑ** (ہ) دیکھو ساس کا اوڑھنا الخ **ساس
کی چیری سب کی جٹھیری**۔ جو ساس کی
خدمت کرے وہ سب پر حکومت کرتی ہے۔
ساس کی خدمتگار سے سب ڈرتے ہیں۔ **ساس
کی ریسی پتوہ کے ماتھے** (ہ) [illegible]
ساس کی نقل کرتی ہے۔ **ساس گئی گاؤں
بہو کہے میں کیا کیا کھاؤں**۔ ساس
کی غیر موجودگی میں بہو مزے اڑاتی ہے **ساس
رکا رکا۔ بہو بکا بکا** ساس جو بات چھپ
کر کرتی ہے بہو کھلم کھلا کرتی ہے۔ **ساس مر
گئی اپنی ارواح توبے میں چھوڑ گئی**۔
اس موقع پر کہتے ہیں جب ساس کا رعب بہو
پر اس کے مرنے کے بعد بھی قائم رہے۔ کہتے
ہیں ایک عورت جو بہو کو ہمیشہ نصیحتیں کرتی رہتی
تھی۔ مرنے لگی تو بہو سے کہنے لگی کہ میری روح
توبے میں رہیگی۔ جب کوئی کام کرنا ہو۔ اس سے
مشورہ کر لینا۔ وہ مدت تک ایسا کرتی رہی ایک

ہمسائی نے اسے دیکھ لیا تو اس نے توبے کو زمین
پر دے مارا۔ وہ ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا اس دن
سے بہو آزادی سے کام کرنے لگی **ساس مری
بہو بیٹا جایا۔ اسکا لوٹا اس میں
آیا** ایک میں نقصان ایک میں فائدہ ہو کر
حساب مساوی ہو جانا۔ **ساس موری مرے
سسر مورا جئے۔ نئی بہوریا کے راج
بھٹے** (ہ) ساس مر جائے تو بہو کے مزے ہو جاتے ہیں۔
موئی بہو بیٹا جایا۔ واکا پلٹا وا میں آیا (ہ)
حساب برابر ہوا **ساس نہ نندی آپ ہی
آنندی** نہ ساس نہ نند۔ مزے میں ہے۔

ساس (ف۔ مذکر) ۱۔ کھٹمل۔
پسو۔ جوں ۲۔ (صفت) غریب ۳۔ صاف۔ ستھرا
۴۔ نفیس۔ خوشگوار۔ پسندیدہ۔ رضعدار ۵۔ ایران
کا ایک پرانا خاندان۔ ساسان۔

ساس (انگ۔ مونث) ایک
قسم کی چٹنی۔ **ساس پان** (مذکر) ایک برتن جس
میں ساس ڈالتے ہیں۔

ساست۔ ساستی۔ ساسن
(ہ) دیکھو شاشت وغیرہ۔

ساسر (ہ۔ مونث) ساس

ساسرا (ہ۔ مذکر) سسرال

امثال و اقوال ساسرا

سکھ ہا سرا۔ دولھن کو کہتی ہیں کہ سسرال
میں آرام ملیگا۔ **ساس رے تیرے ساگ
ماتھے تیرے بھاگ۔ باپ کے تیرے
راج۔ تو بیٹھی بیٹھی جھانک** ساس اس
بہو کو کہتی ہے جو باپ کی امارت کی شیخیاں مارے
کہ وہاں سے تو تجھے کچھ ملنا نہیں سسرال میں ہی
تجھے آرام ہے۔ ہندوؤں میں لڑکی کو ورثہ نہیں
پہنچتا

ساسرلیٹ (انگ۔ مذکر)
ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

ساسٹر (ہ۔ مونث) ساس

امثال و اقوال۔ ساسٹر

کارن بید بلایا۔ سوت کہے تیر دھگڑا آیا
سوتن سوتن کو الزام لگاتی رہتی ہے۔ اسے ذرا سا
بہانہ چاہیئے۔ **ساسٹر سانسامت کرے
دیکھ کھریڑا کام۔ کھوڑے کو بہتا**

کرے دین لگے جب رام - ساس گھبرا
نہیں کہ کام مندا ہے - جب خدا دینے کو آتا ہے
تو تھوڑا بہت ہو جاتا ہے -
ساسک (ملا - مذکر) ملایا کے
جزیرہ لومبوک کا مسلمان -
ساسنا (س - مونث) بیل کے
گلے کا گوشت - ہینگا -
ساسنا (ہ - متعدی) جرمانہ کرنا
دھمکی دینا -
ساسن لیٹ (انگ - مذکر)
دیکھو ساسرلیٹ -
ساسو (ہ - مونث) ساس -
مثل - ساسو چھوٹی بہو بڑی
سسر اگر دوسری شادی کرے تو اس کی بیوی اکثر
بہو سے چھوٹی ہوتی ہے یا بہو ساس پر حکومت
کرتی ہے -
ساشٹ (س - صفت) آٹھ کے
ساتھ - آٹھ بڑھا کر - **ساشٹانگ** (مذکر) ایک قسم
کا سجدہ جس میں آٹھ حصے بدن کے زمین پر لگتے
ہیں - پیشانی - چھاتی - دونوں ہاتھ - دونوں گھٹنے اور
دونوں پاؤں -
ساشکیہ (س - مذکر) ایک قوم
اور ملک -
ساطع (ع - صفت) ۱ بلند ۲
صاف - روشن (سَطَع - چمکنا) -
ساطور (ع - مذکر) بڑی چھری -
خنجر -
ساعات (ع - مذکر) ساعت
کی جمع -
ساعت (ع - مونث) ۱ وقت
۲ گھنٹہ - ڈھائی گھڑی ۳ لحظہ - لمحہ - پل ۴ گھڑی
جو وقت بتاتی ہے ۵ وقت مقررہ - معین وقت -
(سَوْع - کھو جانا) **ساعت ٹلنا** (لازم) موت
کا وقت یا مقررہ وقت ٹلنا - **ساعت ٹھیرانا**
(متعدی) **ٹھیرنا** (لازم) وقت مقرر ہونا کسی امر
یا سفر کا - **ساعت دیکھنا** (متعدی) سعد و نحس
دیکھنا - اچھا یا برا وقت دیکھنا کوئی کام شروع
کرنے کے لئے - **ساعت ساز** (مذکر) گھڑی ساز -
ساعت سازی (مونث) گھڑی سازی -

ساعت سعید (مونث) نیک گھڑی - **ساعت
نیک پوچھنا** (متعدی) کسی کام کے شروع کرنے
کیلئے اچھا وقت دریافت کرنا -
ساعد (ع - مذکر و مونث)
کلائی - ہاتھ سے کہنی تک کا حصہ - (سَعَدَ - مدد کرنا)
ساعد سیمین (مونث) خوبصورت کلائی - سفید
کلائی -
ساعی (ع - صفت) ۱ کوشش
کرنے والا - دوڑ دھوپ کرنے والا ۲ محنتی مطالعے
کا شوقین ۳ مالگذاری جمع کرنے والا ۴ عیسائیوں
اور یہودیوں میں ایک بڑا آدمی (سَعْی - کوشش کرنا)
ساغر (ف - مذکر) ۱ پیالہ - گلاس
۲ دکن میں ایک شہر - **ساغر تلخ** (مذکر) کڑوا گھونٹ
مصیبت - **ساغر جم** (مذکر) جام جم - **ساغر
چڑھانا** (مذکر) شراب پینا - **ساغر چلنا** (لازم)
شراب کا دور چلنا - شراب پی جانا - **ساغر چھلکنا**
(لازم) ساغر کا لب لب بھر جانا - **ساغر صہبا** -
(مذکر) سرخ شراب کا پیالہ - **ساغر عمر چھلکنا یا
لبریز ہو جانا یا ہونا** (لازم) زندگی کا قریب
الاختتام ہونا - **ساغر کش** (صفت) شرابی -
شراب خوار - **ساغر مے** (مذکر) شراب کا پیالہ -
ساغر ہفت رنگ (مذکر) شراب کا پیالہ -
ساغری (صفت) ۱ ساغر کا ۲ (مونث) گھوڑے
یا گدھے کی پیٹھ کا چمڑا ۳ گھوڑے کی دم اور مقعد
کے درمیان کی جگہ ۴ انسان کی مقعد ۵ ایک شاعر
کا تخلص -
سافر (ع - صفت) ۱ سفر کرنے
والا ۲ بے نقاب (عورت) ۳ (مذکر) دبلا گھوڑا ۴
محرر ۵ وہ فرشتہ جو اعمال لکھتا ہے (سَفَر -
روانہ ہونا) -
سافل (ع - صفت) ۱ نچلا -
کمینہ ۲ (مذکر) نچلا حصہ (سُفْل - کمینہ ہونا) **سافلین**
(جمع) سافل کی -
ساق (ف - مونث) ۱ پنڈلی
۲ درخت کا تنہ - پودے کی ڈنڈی - ڈنٹھل **ساق
بلوریں** (مونث) بلور کی طرح پنڈلی - سفید اور
خوبصورت پنڈلی - **ساق عرش** (مذکر) عرش
کا پایہ - **ساق عروس** (مونث) ایک قسم کی میٹھی
روٹی -

ساقط (ع - صفت) ۱ گرانے
والا - گرا ہوا ۲ کھویا ہوا - گم ۳ متروک ۴ بےعزت -
قابل نفرین (سَقَط - گرنا) **ساقط کرنا** (متعدی)
۱ گرانا - نکالنا ۲ بحر یا وزن سے گرانا ۳ نامنظور
کرنا - **ساقط ہونا** (لازم) ۱ اسقاط ہونا ۲ نازل
ہو جانا ۳ گم ہو جانا ۴ بحر یا وزن سے گر جانا -
ساقن (ف - مونث) ساقی کی
عورت جو شراب حقہ وغیرہ پلاتی ہے -
ساقہ (ع - مذکر) فوج کا عقب
(سَوْق - ہانکنا) -
ساقی (ف - مذکر) پلانے والا
پانی - شراب - یا حقہ - **ساقیا** (حرف ندا) اے
ساقی (سَقْی - پلانا) **ساقی ازل** (مذکر) خدا تعالےٰ -
ساقیان (جمع) ساقی کی - **ساقیان لہجہ** -
(مذکر) گویے - **ساقی روحانیان** (مذکر) ۱
آدم ۲ جبرئیل ۳ شیطان - **ساقی شب** (مذکر)
۱ چاند ۲ صبح ۳ بوڑھا استاد - ماہر - **ساقی
کوثر** (مذکر) ۱ پیغمبر صلعم ۲ حضرت علی - **ساقی
گر** (مذکر) ساقی - **ساقی گری** (مونث) ساقی
کا عہدہ یا پیشہ (کرنا ہونا کے ساتھ) -
ساک - ساکا (ہ - مذکر)
۱ سنہ - سمت - خصوصاً سالباہن کا ۲ ساگ -
ساکا کرنا (متعدی) ۱ سمت قائم کرنا ۲ بہادری
کا کام کرنا
ساکار (س - صفت) جس کی
شکل یا صورت ہو - خاص صورت کا -
ساکت (ع - صفت) ۱ چپ
خاموش ۲ بےحس و حرکت (سَکْت - چپ رہنا)
ساکش (س - صفت) ۱ آنکھوں
والا - بینا ۲ جس میں بیچ ہوں ۳ جس کے پاس
مالا ہو - **ساکشیہ** (مذکر) گواہی شہادت -
ساکش (ہ - مذکر) ساکشیہ کا
مخفف - **ساکشی** (مونث) گواہی - شہادت -
ساکشی دینا یا کرنا (متعدی) گواہی دینا
۲ گواہ پیش کرنا ۳ گواہ بنانا ۴ گواہی میں بلانا -
ساکشیہ (س - مذکر) گواہی شہادت -
ساکشر (س - صفت) ۱ وہ
جس میں حروف یا حصہ الفاظ ہوں ۲ (مذکر)
علم حروف - **ساکشیری** (صفت) علم حروف کے

متعلق ۔
ساکلیہ (س ۔ مذکر) کُلیّت ۔ جمگی ۔ پورنتا ۲ کل چیز ۔ تمام ۔
ساکن (ع ۔ صفت) ۱ بے حرکت ۔ غیر متحرک ۲ (مذکر) وہ حرف جس پر جزم ہو ۳ باشندہ (ع ۔ جمع سکان ۔ باشندے) ۔ (سکن ۔ ٹھہرنا) ۔ ساکنان (جمع فارسی) باشندے رہنے والے ۔ ساکنان خاک (مذکر) زمین کے باشندے ۔ ساکنان سدرہ (مذکر) فرشتے ۔ ساکنان گردوں (مذکر) ۱ ستارے ۲ فرشتے ۔
ساکو (ھ ۔ مذکر) ساگون ۔
ساکوت (ع ۔ صفت) ہمیشہ یا لگاتار چپ رہنے والا ۲ چپ آدمی ۔
ساکھ (ہ ۔ مذکر) وہ داستانیں جو ہندو اپنے بہادروں کے متعلق گاتے ہیں ۔ گیت از قسم آلا وغیرہ ۔
ساکھ (ہ ۔ مونث) ۱ اعتبار بھرم ۲ عزت ۔ آبرو ۔ نیکنامی ۳ آن بان ۔ وضع (س شاکھا) ساکھا (ھ ۔ صفت) ۱ قابل اعتبار ۲ معزز ۔ آبرودار ۔ نیک نام ۳ قابل تعریف ۴ (مذکر) ساکھ ۔ ساکھ بڑھنا (لازم) اعتبار زیادہ ہونا ۔ ساکھ جانا (لازم) عزت جانا ۔ اعتبار جانا ۔ ساکھ سے (تلف) آن بان سے ساکھ سے لڑنا (متعدی) آن بان سے جنگ کرنا ۔
مثل ۔ ساکھ گئے (گئی) پھر ہاتھ نہ آوے (آئے) (اعتبار ایک دفعہ جاتا رہے پھر نہیں آتا) ساکھ لاکھ سے اچھی ۔ اعتبار دولت سے بہتر ہے ۔ غریب جس کی ساکھ ہو ہے اغنیا امیر سے اچھا ہے ۔ ساکھ سونا پریت پیتل ۔ الفت سے رشتہ داری اچھی ہوتی ہے ۔
ساکھ ۔ ساکھا (ھ ۔ مونث) ۱ شاخ ۲ شجرہ نسب ۳ موسم ۔ وقت ۴ فصل ۔ ساکھامرگ (مذکر) ۱ بندر ۲ گلہری ساکھو چار (صفت) شجرہ نسب بیان کرنے والا ۔
ساکھا (ہ ۔ مذکر) ۱ یکدلی ۔ اتفاق ۲ لڑائی جنگ (س ۔ کشاک) ساکھا خور (صفت) لڑاکا ۔ جھگڑالو ۔ ساکھا ڈالنا کرنا یا مارنا (متعدی) لڑنا ۔ جھگڑنا ۔ فساد کرنا ساکھا ہونا (متعدی) لڑائی ہونا ۔ ساکھے کی لڑائی (مونث) زوردار لڑائی آن بان کی لڑائی ۔
ساکھو (ہ ۔ مذکر) دیکھو ساگون ۔
ساکھی (ھ ۔ مذکر) ۱ ساکشی ۲ (مونث) دیکھو ساکشی ۳ سکھی ۴ (مذکر و مونث) ایک درخت ۔
ساکھی (س ۔ مذکر) ایک قوم ۔
ساکھیئہ (س ۔ صفت) ۱ دوست کے متعلق ۲ یارانہ ۔ دوستانہ ۳ (مذکر) میل جول ۔ اتفاق ۔
ساکی (ھ ۔ مذکر) ۱ ساکشی ۲ شاکھی ۔
ساکیت (س ۔ مذکر) ۱ اجودھیا ۲ (جمع) ساکیت کے باشندے
ساکیہ منی (ہ ۔ مذکر) ۱ بودھ کے خاندان کا نام ۲ بودھ ۔
ساگ (ہ ۔ مذکر) ۱ وہ بوٹیاں جو کھائی جائیں جیسے پالک ۔ میتھی ۔ مرسا خرفہ وغیرہ ۲ سبزی ۔ ترکاری ۳ (ھ) ساگون کا درخت ۔ (س شاک) ساگ پات ۔ (مذکر) ۱ بقولات ۔ ترکاریاں ۲ وہ حقوق جو افسران دیہ کو دئے جائیں ۔ جیسے پجوزہ چوکیدار وغیرہ ساگ پات ہوجانا یا ہونا (لازم) نرم ہوجانا ساگ مٹی (ھ ۔ مونث) زیر کاشت زمین کا ٹکڑا ۲ دھان کا کھیت ۳ زمین جس پر فصل اگی ہو ۔ ساگ والا (مذکر) سبزی فروش ۔
امثال و اقوال ۔ ساگ کھائے اوجھ بڑھے ۔ جانس کھائے مانس ۔ ترکاریاں کھانے سے پیٹ پھولتا ہے گوشت کھانے سے بدن قوی ہوتا ہے ساگ میں شوربا انڈے میں پانی ۔ کیوں بی بی پتھانی ۔ ساگ اور انڈے خشک ہونے چاہئیں ۔ بدسلیقہ عورت پر طنز ہے ۔
ساگر (س ۔ مذکر) ۱ سمندر ۔ بحر ۲ بہتات ظاہر کرنے کے لئے ۳ (س پدم ۴ (صفت) سمندر کا ۔
ساگو (انگ ۔ مذکر) کھجور کی قسم کا ایک درخت جو ملایا میں پایا جاتا ہے ساگودانہ (مذکر) ایک قسم کا دانہ جو ساگو کے درخت سے نکلتا ہے ۔
ساگوان (ہ ۔ مذکر) دیکھو ساگون ۔
ساگوتی ۔ ساگوتی (ھ ۔ مونث) گوشت ۔ لحم ۔
ساگون (ہ ۔ مذکر) ساگون ۔ ہو ۱ ایک درخت جس کی لکڑی میز کرسیاں وغیرہ بنانے کے کام آتی ہے ۲ اس درخت کی لکڑی (س ۔ شاک) ۔
سال (ہ ۔ مذکر) ۔ ایک درخت جس کی لکڑی عمارت میں کام آتی ہے ساکھو ۲ اس کی لکڑی ۳ دیوار ۔ احاطہ کی دیوار ۴ احاطہ صحن ۵ ایک قسم کی مچھلی (س شال) ۶ مکان ۔ جگہ ۔ بڑا کمرہ ۷ سکول کا کمرہ (س شالا) ۸ کانٹا ۔ ۹ کانیتا ۱۰ تکلیف ۔ مصیبت ۔ درد ۱۱ سوراخ چھید ۱۲ سوراخ جو کسی چیز کے گاڑھنے سے زمین میں ہوجائے (س ۔ شلتی) ۱۳ گیدڑ ۔ سیار (س شگال) سالا (مذکر) مکان ۔ جگہ ۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے ۔ جیسے دھرم سالہ ۔ پاٹسالہ ۔
سال (ف ۔ مذکر) برس ۔ وہ عرصہ جو زمین سورج کے گرد گردش کرنے میں لیتی ہے ۔ یا وہ بارہ مہینے جن میں چاند بارہ دفعہ زمین کے گرد گردش کرتا ہے ۔ بارہ مہینے ۔ سال آلٰہی (مذکر) وہ سال جو اکبر نے اپنی تاریخ جلوس ۱۵ فروری ۱۵۵۶ یا ۳ ربیع الاول ۹۶۳ ہجری سے شروع کیا تھا ۔ سال آئندہ ۔ (مذکر) آئندہ سال ۔ اگلا برس سال امسالین (مذکر) موجودہ سال ۔ امسال ۔ سال حال سالانہ (تلف) ۱ ہر برس ۔ برس کے بعد ۲ ایک برسی ۳ (مذکر) زمین جو سال بھر کے لئے کاشت پر لی جائے ۴ وظیفہ ۔ جاگیر ۔ مشاہرہ پنشن وغیرہ جو سال کے آخر پر ملے سالانہ دار (مذکر) وہ شخص جسے سال بھر کے بعد وظیفہ وغیرہ ملے ۔
سالانہ رپورٹ (مونث) برس دن کی کارگذاری کی رپورٹ ۔ سال بسال (تلف) ہر سال ۔ سالانہ سال بکرمی (مذکر) راجہ بکرماجیت

کا سال جو ۵۷ سنہ قم سے شروع ہوتا ہے۔ اس
کے مہینے حسب ذیل ہیں۔ بساکھ۔ جیٹھ۔ اساڑھ۔
ساون۔ بھادوں۔ کنوار۔ کاتک۔ اگھن۔ پوس۔
ماگھ۔ پھاگن۔ چیت۔ **سال بھاری ہونا**
(لازم) سال منحوس ہونا۔ برس بھر تکلیف میں
گزرنا۔ **سال بھر** (تف) تمام سال۔ **سال پلٹنا**
(لازم) سال گزرنا۔ پورا ہونا۔ دوسرا سال شروع
ہونا۔ **سال پیوستہ** (مذکر) پچھلے سے پچھلا سال
تیورس یا پرار سال **سال تمام** (مذکر) کل
سال۔ اخیر سال۔ **سال تمامی** (مونث) سالانہ
رپورٹ۔ **سال جدید** (مذکر) نیا سال۔ **سال
جھڑتی جمع خرچ** (ھ۔ مذکر) تمام سال کی
آمدنی اور خرچ کا حساب **سال جلالی** (مذکر)
سنہ جو جلال الدین سلجوقی نے مقرر کیا تھا۔ یہ
سال ۳۶۵ ¼ دن کا ہوتا ہے۔ اسفندار کے
آخر میں پانچ دن بڑھا دیتے ہیں اور چوتھے برس
چھ دن ہر مہینہ تیس دن کا ہوتا ہے۔ **سال
حاصل** (مذکر) سالانہ آمدنی یا پیداوار **سال
حال** (مذکر) موجودہ سال۔ **سال حسابی** (مذکر)
حساب کا سال یہ پہلی اپریل کو شروع ہوتا
ہے۔ **سال خوردہ** (صفت) ۱ تجربہ کار ۲
پرانا۔ کہنہ **سال ویدہ** (صفت) بوڑھا۔
پیرانہ سال۔ **سال دیگر** (مذکر) دوسرا سال۔
اگلا سال **سال رومی** اہل روما کا سال جو
سنہ عیسوی سے پہلے سلطنت روما میں
استعمال ہوتا تھا۔ موجودہ انگریزی مہینے اسی
سال کے ہیں۔ **سال زراعت** (مذکر)
سال فصلی **سال ساکا** (مذکر) راجہ سالباہن
کا سال جو ۷۸ء سے شروع ہوتا ہے۔ **سال
شمسی** (مذکر) وہ سال جس کا حساب زمین کی
گردش پر جو وہ سورج کے گرد کرتی ہے ہوتا
ہے۔ سال عیسوی۔ سال بکرمی۔ سال جلالی سب
شمسی سال ہیں۔ **سال عیسوی** (مذکر) وہ
سال جو حضرت عیسےٰ کی پیدائش سے شمار کیا
جاتا ہے۔ اسوقت تقریباً تمام دنیا میں یہی
رائج ہے۔ یہ سال تقریباً ۳۶۵ ¼ دن کا ہوتا
ہے۔ ویسے ۳۶۵ دن شمار کئے جاتے ہیں۔
حساب برابر کرنے کیلئے چوتھے سال ایک دن
ماہ فروری میں بڑھا دیتے ہیں مگر سو سال کے

بعد ایک دن بڑھ جاتا ہے۔ اس لئے جو صدی
چار پر تقسیم نہ ہو اس میں ایک دن فروری کا
نہیں بڑھاتے مثلاً ۱۷۰۰ - ۱۸۰۰ - ۱۹۰۰ میں
فروری ۲۸ دن کا تھا۔ اس کے مہینے حسب ذیل
ہیں۔ جنوری۔ فروری۔ مارچ۔ اپریل۔ مئی
جون۔ جولائی۔ اگست۔ ستمبر۔ اکتوبر۔ نومبر۔ دسمبر
جنوری۔ مارچ۔ مئی۔ جولائی۔ اگست۔ اکتوبر۔
دسمبر ۳۱ دن کے ہوتے ہیں۔ فروری ۲۸ دن
کا باقی ۳۰ دن کے۔ **سال فصلی** (مذکر) وہ
سال جو فصلوں کے حساب سے شمار کیا جاتا ہے
اس کے مہینے وہی ہیں جو بکرمی سال کے ہیں۔
مگر ہر مہینہ چاند کے حساب سے بدی یا سدی
میں تقسیم کیا جاتا ہے اور ہر تین سال کے بعد
ایک مہینہ بڑھا دیا جاتا ہے۔ تاکہ قمری اور
شمسی حساب برابر ہو جائے۔ **سال قمری**
(مذکر) یہ سال چاند کی گردش پر زمین کے گرد شمار کیا
جاتا ہے چاند یہ گردش ۲۹٫۵۳ دن میں ختم کرتا
ہے اور بارہ مہینوں کا سال شمار کیا جاتا ہے۔
کل سال ۳۵۴ دن ۸ گھنٹے ۴۸ منٹ کا ہوتا ہے۔
سنہ ہجری۔ سنہ فصلی اور یہودیوں کا سال قمری
سال ہیں **سال کبیسہ** (مذکر) وہ تیرہ مہینے کا
سال فصلی جو تین سال کے بعد آتا ہے تاکہ شمسی اور
فصلی مہینوں کا حساب برابر ہو جائے۔ **سالگرہ**
(مونث) آدمی کے پیدائش کی تاریخ جو ہر سال
آئے۔ اسدن جشن کیا جاتا ہے۔ اور خوشی منائی
جاتی ہے ہندوستان میں عمر کے ہر سال کے لئے
ایک کلاوے میں گرہ دیجاتی تھی۔ اس لئے سالگرہ
نام ہوا۔ برس گانٹھ **سال گذشتہ** (مذکر) گذرا ہوا
سال۔ پچھلا سال **سالگشت** (تف) عمر میں
زیادہ **سال مالی** (مذکر) مالگزاری کا سال۔ وہ
عرصہ جس میں مالگزاری ادا ہونی چاہئے۔ **سال
مہاجنی** (مذکر) وہ سال جس کے مطابق ساہوکار
اپنا حساب رکھتے ہیں۔ اسکے مہینے تو وہی ہیں جو سال
بکرمی کے مگر دو مہینے بعد شروع ہوتا ہے۔
سالنامہ (مذکر) ۱ جنتری ۲ کسی اخبار یا رسالے
کا وہ سالانہ پرچہ جو اس کی سالگرہ کے موقع پر
خاص اہتمام سے شائع کیا جائے۔ **سال نو** (مذکر)
نیا سال **سالوار** (تف) سالانہ **سال و ماہ**
(مذکر) ۱ مہینہ اور سنہ ۲ (تف) ہمیشہ۔ لگاتار۔

سالہ (صفت) سال سے نسبت رکھنے والا۔
مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے
دوسالہ۔ پنجسالہ۔ **سالہا** (مذکر) سال کی جمع۔
سالہا سال (تف) کئی سال تک **سالہائے
دراز** (مذکر) کئی سال کا عرصہ یا لمبائی۔ **سال
ہجری** (مذکر) مسلمانوں کا سال جو پیغمبر صلعم کی تاریخ
ہجرت سے شروع ہوتا ہے جو ۶۲۲ء میں واقع
ہوئی یہ سال ۳۵۵ دن کا ہوتا ہے مہینے حسب ذیل
ہیں۔ محرم۔ صفر۔ ربیع الاول۔ ربیع الآخر یا
ثانی۔ جمادی الاول۔ جمادی الآخر یا ثانی۔ رجب
شعبان۔ رمضان۔ شوال۔ ذی قعد۔ ذی الحج
سالی (مونث) ۱ سالانہ۔ سال کے متعلق ۲
(مونث) زمین جو سال بھر کے لئے کاشت پر لیجائے۔
سالیانہ (مذکر) سالانہ پنشن یا وظیفہ۔

امثال و اقوال۔ سال

**اول جلد بود م سال دیگر میرزا۔ غلہ
گراز ال شود امسال سید میشوم** دولت
حاصل ہونے پر کمینہ بھی شریف بن بیٹھتا ہے۔
**سال بھر میں سخی سوم برابر ہو جاتے
ہیں۔** سخی جلد سوم دیر سے خرچ کرتا ہے آخر
میں دونوں کا خرچ برابر ہی نکلتا ہے۔ **سال
گذشت حال گذشت۔** سال گزر گیا حال
گزر گیا۔ نہ وہ زمانہ رہا نہ وہ حالت رہی **سالے
کہ نکوست از بہارش پیداست۔**
ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات جس کی ابتدا اچھی
ہو اسکا انجام بھی اچھا ہوتا ہے۔

سالا (ہ۔ مذکر) ۱ بیوی کا بھائی
۲ بطور گالی استعمال ہوتا ہے (س شیالک) **سالی**
(مونث) ۱ بیوی کی بہن ۲ سالے کی بیوی۔

امثال و اقوال۔ سالی

آدھی نہالی اور سلیج پوری جوئے۔
جورو کی بہن اور سالے کی بیوی سے بے تکلفی ہو
جاتی ہے **سالے کے سسرے اور سرے
کے لبر دھوں دھوں۔** اس کے متعلق کہتے
ہیں۔ جو خواہ مخواہ رشتے داری جتلائے۔ **سالی
نہالی۔ چاہے اوڑھی چاہے بچھالی**
رضائی کو چاہے اوڑھو چاہے بچھاؤ۔

سالار (ف۔ مذکر) ۱ سردار۔
افسر۔ حاکم۔ کپتان۔ جرنیل ۲ مرکبات کے آخر میں

جیسے سپہ سالار۔ قافلہ سالار۔ سالار بیت الحرام (مذکر) پیغمبر صلعم سے مراد ہے۔ سالار جنگ (مذکر) ۱ جرنیل۔ فوج کا سردار ۲ ایک خطاب۔ جو بادشاہ دیسی افسروں کو دیتے تھے۔ سالار قافلہ (مذکر) امیر کارواں سالار قوم (مذکر) قوم کا سردار یا لیڈر۔

سالبہ (ع۔ مذکر) منطق میں منفی مسئلہ۔

سالٹ (انگ۔ مذکر) ۱ نمک ۲ جُلاب۔

سالجھاں (ہ۔ مؤنث) اول درجے کی چرس جو کمیاب ہوتی ہے۔

سالرا (ھ۔ مذکر) سبز چارہ جو مویشی کے کام آتا ہے۔

سالسا (ھ۔ مذکر) عشبہ۔

سالک (ھ۔ صفت) تکلیف دہ۔ مضر۔

سالِک (ع۔ صفت) ۱ راہ چلنے والا۔ سفر کرنے والا ۲ (مذکر) مسافر ۳ مسلمانوں میں وہ شخص جو زاہد بھی ہو اور دنیا دار بھی۔ (سَلَک۔ سفر کرنا) سالکانِ عرش (مذکر) فرشتے۔ سالکِ راہِ خدا (مذکر) زاہد۔ عابد۔ صوفی۔

سالہ (س۔ مذکر) ۱ سال کا درخت ۲ دیوار۔ احاطہ۔

سالگرام (ہ۔ مذکر) کالے رنگ کا پتھر جو دریائے گنڈک میں پایا جاتا ہے۔ اس پر نشان سے ہوتے ہیں۔ ہندو اسے وشن جی کا نشان سمجھتے ہیں۔ اور اس کی پوجا کرتے ہیں ۲ ایک مورتی جو ہندو پوجتے ہیں ۳ ہندوؤں میں ایک نام۔

سالِم (ع۔ صفت) ۱ محفوظ ۲ سلامت۔ تندرست ۳ مکمل۔ درست۔ پورا۔ ثابت۔ کامل ۴ (صرف و نحو) لفظ صحیح جس میں کوئی حرف علت نہ ہو یا دوسرا اور تیسرا حرف ایک جیسا نہ ہو ۵ (عروض) رکن اور بحر کا نام ۶ عموماً صحیح کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (سَلَم محفوظ ہونا) سالماً دغانماً (عف)

صحیح و سلامت اور مال غنیمت لئے ہوئے۔ عرب مسافر کے گھر میں داخل ہونے کے وقت کہتے ہیں۔ ایک قسم کی دعا ہے۔ سالمیّہ (مذکر) ایک مالکی فرقہ۔

سالَن (ہ۔ مذکر) سالنا (ھ) پکا ہوا گوشت یا مچھلی ۲ پکی ہوئی نمکین ترکاری بھجیا یا دال جو روٹی کے ساتھ کھائی جائے۔ (بنانا۔ بننا۔ پکانا۔ پکنا تیار کرنا ہونا وغیرہ کے ساتھ)۔

سالنا (ہ۔ متعدی) ۱ سوراخ کرنا۔ چھید کرنا ۲ کاٹنا۔ چول کھودنا ۳ (لازم) درد ہونا۔ جلن ہونا۔ سوزش ہونا۔ چبھنا۔

سالُو (ہ۔ مذکر) سُرخ رنگ کا ایک کپڑا۔

سالواہَن (پہلی صدی) ایک راجہ جو گوداوری کے کنارے پرتش تھانہ میں حکمران تھا۔ اس نے ایک سنہ رائج کیا تھا جو ۷۸ء سے شروع ہوتا ہے۔ یہ بکرماجیت کا سخت مخالف تھا۔

سالوتَر (ھ) سالوتَری۔ (ہ۔ مذکر) مویشی کا ڈاکٹر (س شالِ دہوتری)۔

سالُوس (ف۔ صفت) ۱ دغا باز۔ دھوکے باز۔ مکار۔ فریبی۔ جو اپنی ظاہری وضع سے لوگوں کو دھوکا دے۔ ریاکار ۲ دھوکا۔ دغا۔ مکر۔ فریب۔ ریاکاری سالوس فروش (صفت) ۱ دغا۔ مکر۔ فریب۔ ریاکاری۔ سالوس فروشی۔ سالوسی (مؤنث) دیکھو سالوس ۲۔

سالومن (انگ۔ مذکر) ۱ حضرت سلیمانؑ ۲ (مذکر) بحرالکاہل کے جنوب میں ایک مجمع الجزائر رقبہ ۱۱۰۰۰ (۱۵۰)۔

سالویشن (انگ۔ مؤنث) نجات۔ مکتی سالویشن آرمی (مؤنث) مکتی فوج۔ ایک عیسائی مذہبی جماعت جو غریبوں کو تلقین کرتی ہے۔ اور گناہوں سے توبہ معافی اور نجات کے اصولوں کی تعلیم دیتی ہے۔

سالِویَہ (انگ۔ مذکر) ایک پودا جس کے پھول نہایت سُرخ ہوتے ہیں۔

سالی (ہ۔ مؤنث) ۱ دیکھو سالا کے تحت میں ۲ دیکھو شالی۔

سام (ف۔ مذکر) ۱ حضرت نوح کا بڑا بیٹا جس کی اولاد سے عرب یہودی مصری۔ سامی اور اہل ابی سینیا خیال کئے جاتے ہیں ۲ رستم کا دادا زال کا باپ اور نریمان کا بیٹا ۳ ورم جو بدن پر ہو جاتا ہے۔ صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے سرسام۔

سامّ (ع۔ صفت) ۱ زہریلا۔ سمّی۔ متعدی (سَمَّ۔ زہر دینا) سامِ اَبرص (مذکر) ایک بڑا گرگٹ جس کے کاٹنے سے انسان مر جاتا ہے۔

سام (ھ۔ مذکر) قمچی۔ بید۔ چھڑی جو طالب علموں کے ہاتھوں پر ماری جائے۔ (س۔ شامہ) ۲ دیکھو سیام ۳ دیکھو شام سامی (مؤنث) ۱ سام ۱ ۲ زرخیز زمین۔

سامَ (س۔ مذکر) ۱ منتر جو جپا یا گایا جائے ۲ گانا ۳ مکھیوں کی بھنبھناہٹ ۴ بولنے کی قوت۔ یہ لفظ بجائے سامن کے مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ سام وید (مذکر) چار ویدوں میں سے دوسرا۔ اس میں سوائے ایک کے باقی وہی منتر ہیں جو رگ وید میں ہیں۔ اس کے دو حصے ہیں آرچک اور اترارچک پہلے میں ۵۸۵ اور دوسرے میں ۱۲۲۵ منتر ہیں۔ جن کی ترتیب رگ وید کے اشعار سے مختلف طریق پر ہے۔ اس کے ۸ برہمنہ ہیں۔ سام ویدی (مذکر) برہمن جو سام وید کا جاپ کرے۔

ساما (ہ۔ مؤنث) ۱ سامان مختلف چیزیں دیکھو سامگری ۲ شیاما کا مخرب ۳ (مذکر) دیکھو سامک۔ سانواق۔

سامِاجِک (ھ۔ صفت) ۱ سماج یا انجمن کے متعلق یا مقبوضہ ۲ فرقے کا۔ خلائق کا۔ عام ۳ (مذکر) کسی جلسے کا مددگار یا رکن۔

سامان (ف۔ مذکر) ۱ مال واسباب۔ چیز بست۔ ساز و سامان۔ سامگری

۲ آلات - اوزار ۳ ضروری تیاری - کسی خاص موقع کے لئے چیزوں کا انتظام بندوبست ۴ ہتھیار جنگ کا مسالا ۵ درستی - صلاح ۶ آثار علامت **سامان اٹھانا** (متعدی) مال و اسباب لیجانا **سامان باندھنا** (متعدی) چلنے کی تیاری کرنا **سامان بندھنا** (لازم) ۱ بندوبست ہونا - تیاری ہونا ۲ کسی چیز کے مہیا ہونے یا کسی بات کے ہونے کے آثار ظاہر ہونا - **سامان بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) **کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ بندوبست ہونا - تیاری ہونا ۲ کسی چیز کی درستی کے لئے اسباب اکٹھا ہونا **سامان بر پا ہونا** (لازم) آثار ظاہر ہونا - علامات معلوم ہونا **سامان تفریح** (مذکر) دل بہلانے کا سامان - کھیل کود کا سامان **سامان جنگ یا حرب وضرب** (مذکر) لڑائی ہتھیار اور مسالا - **سامان درست کرنا یا ہونا** (لازم) تیاری ہونا - **سامان سفر** (مذکر) زاد راہ - سفر کیلئے مال واسباب (کرنا ہونا کے ساتھ) **سامان مہیا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کسی کام کے لئے مال واسباب اکٹھا ہونا -

سامان (ھ - مذکر وصفت) دیکھو سامانیہ **سامان میں آنا** (لازم) ۱ ہوش یا آپے میں آنا ۲ ٹھنڈا ہونا - غصہ فرو ہونا ۳ قبضہ میں آنا -

سامانہ (س - صفت) دیکھو سمانہ - مرکبات میں بجائے سمان کے استعمال ہوتا ہے - **سامانیا** (مونث) طوائف - رنڈی - عورت جو سب کے لئے عام ہو - **سامانیہ** (صفت) ۱ برابر کا - یکساں - ویسا ہی ۲ مشترکہ ۳ عام - عالمگیر ۴ تمام - کل ۵ معمولی - گھٹیا - کمتر ۶ رذیل - کمینہ ۷ (مذکر) برابری - مناسبت - مماثلت ۸ کلیت - عمومیت ۹ عام خاصیت ۱۰ قسم - نوع ۱۱ یکسانیت - مطابقت -

سامبھر (ہند) دیکھو سانبھر ایک جھیل -

سامپرت (ھ - نف) ۱ اب اسی وقت ۲ مناسب طور پر - ٹھیک طور پر -

سامجھی (ھ - مونث) سمجھ عقل (عف)

سامدر (س - صفت) ۱ سمندر کا - بحری - سمندر کی پیدائش ۲ (مذکر) ملاح جہاز ران ۳ سمندری نمک ۴ مچھلی کی ہڈی (س سمندر سے)

سامدرک (س - مذکر) بتیّن (?) کا نشان یا لکیر - خال - **سامدرک** (مذکر) ۱ وہ علم جس کے ذریعے سے ہاتھ پاؤں کی لکیریں دیکھ کر انسان کے حالات بتلائے جاتے ہیں ۲ وہ نجومی جو ہاتھ پاؤں دیکھ کر حالات بتلائے -

سامر (ع - صفت) ۱ وہ جو رات کو یا چاندنی میں بات کرے ۲ (مذکر) وہ جگہ جہاں ایسی گفتگو ہو ۳ لوگ جو وہاں جمع ہوں

سامرتھیہ (س - مذکر و مونث) ۱ مطلب - مراد معنی یا مفہوم کا یکساں ہونا ۲ ان باتوں میں متفق ہونا ۳ موزونیت - مطابقت - موافقت ۴ لیاقت - قابلیت - کفایت ۵ ہمت - برداشت ۶ قوت - طاقت - بل ۷ دولت - حشمت - امارت - ثروت ۸ (صرف و نحو) الفاظ کے معنی یا مفہوم ۹ الفاظ کے باہمی تعلقات -

سامری (ع - مذکر) ۱ شہر سامرہ کا باشندہ ۲ ایک جادوگر جسنے حضرت موسےٰ کے زمانے میں بچھڑا بناکر ان کی غیر حاضری میں یہودیوں سے پجوایا تھا ۳ داستان امیر حمزہ میں سامروں کا خدا ۴ (مونث) سامریہ کی زبان - **سامری پرست** (مذکر) سامری کو پوجنے والا **سامری فن** (صفت) سامر - جادوگر -

سامع (ع - صفت) ۱ سننے والا ۲ (مذکر) سننے والا شخص (سمیع - سننے والا) **سامعہ** (مونث) سننے کی قوت - **سامعین** (مذکر) سننے والے اشخاص -

سامک (ھ - مذکر) ایک قسم کا اناج - ساواں -

سامگری (س - مونث) ۱ اوزاروں - مسالا وغیرہ کا ذخیرہ ۲ مال و اسباب - ساز و سامان - لوازمات خانہ داری ۳ چیزیں - اشیا - مسالہ - اوزار ۴ برتن ظروف - یات ۵ جلو - تزک - حشم وخدم ۶ شان و شوکت - نمود - شان نظارہ ۷ تکمیل - پورنتا - کلیت - تمامی -

سامن (س - مذکر) ۱ دیکھو سام (س سا - گناہ کو دور کرنا) ۱ نرم یا مہربانی کے الفاظ ۲ ٹھنڈا کرنا ۳ نرمی حلم ۴ صلح صفائی ۵ حصول - قبضہ ۶ دولت - جائداد (س سا دینا عطا کرنا) مرکبات کے لئے دیکھو سام -

سامن (انگ - مونث) ایک قسم کی بحری مچھلی - اسے پکا کر ڈبوں میں بند کرکے بیچتے ہیں -

سامنا (ہ - مذکر) **سامھنا** (ھ) ۱ ملنا - ملاقات - میل ۲ مقابلہ - لڑائی جنگ ۳ مخالفت جھگڑا ۴ آگا - موہرا - اگاڑی ۵ رو برو ۶ گستاخی - برابری ۷ (آمنا) (نف) سامنے - مقابلہ میں ۸ (مذکر) دیکھو سامنا عطا تا ۵ (س سنمکھ) **سامنا بندھنا** (لازم) خیال جمنا - خیال میں سامنا ہونا **سامنا پڑھنا** (لازم) مقابلہ ہونا **سامنا روکنا** (متعدی) ۱ سامنے آکر یا بیچ میں کھڑے ہونا ۲ سامنے کی طرف جانے سے روکنا **سامنا کرانا** (مذکر) کسی امر کی تصدیق کے لئے ایک کا دوسرے کے سامنے کرنا **سامنا کرانا** (مر) **کرنا** (متعدی) ۱ مقابلہ کرنا ۲ کسی کے روبرو ہونا ۳ جھگڑا کرنا تکرار کرنا **سامنا ہونا** (متعدی) ۱ مقابلہ ہونا لڑائی ہونا ۲ ملاقات ہونا ۳ آنکھیں چار ہونا ۴ بے پردگی ہونا **سامنے** (نف) ۱ مقابل ۲ روبرو ۳ موجودگی میں - بالمواجہ ۴ سیدھ میں ۵ مقابلے میں **سامنے آنا** (لازم) ۱ رو برو ہونا - منہ دکھانا ۲ پیش آنا ۳ مقابل ہونا ۴ دکھائی دینا ۵ عوض ملنا **سامنے پڑنا** (لازم) ۱ مزاحم ہونا - روک کر کھڑا ہونا ۲ اتفاقیہ مل جانا **سامنے ٹھیرنا** (لازم) مقابلہ کرنا - مقابل ہونا - **سامنے جانا** (لازم) ۱ رو برو ہونا ۲ پردہ اٹھانا **سامنے دھرنا** (متعدی) آگے رکھ دینا **سامنے سے اٹھ جانا** (لازم) ۱ رو برو نہ رہنا ۲ مرجانا - **سامنے سے پیدا ہونا** (لازم) سامنے سے آتا ہوا نظر آنا - **سامنے سے ٹل جانا ٹلنا ہٹ جانا یا ہٹنا** (لازم) رو برو نہ رہنا کھسک جانا **سامنے سے سرکانا** (متعدی) **سرکنا** (لازم) آگے سے ہٹ جانا **سامنے کا** (صفت) ۱ آگے کا - موجودگی کا ۲ مقابلے کا - **سامنے کرنا** (متعدی) ۱ مقابل کرنا - مقابلہ

میں لانا ۲ رو برو کرنا۔ پیش کرنا۔ **سامنے کی آنکھیں پھوٹیں** (غو) اپنے آپ کو سچا ظاہر کرنے کے لئے کہتی ہیں۔ **سامنے کی بات** (مونث) موجودگی کا ذکر یا حال ۲ جیتے جی کی بات **سامنے کی چوٹ** (مونث) ۱ آگے کی ضرب۔ کھلی ہوئی چوٹ ۲ وہ طعن و طنز جو کھلم کھلا ہو **سامنے کی ماپ** (ھ۔ مونث) خط قاطع **سامنے مات ہونا** (لازم) مقابلے میں رہ جانا۔ **سامنے نکلنا** (لازم) مقابلے میں آنا **سامنے وار** (نف) آمنے سامنے۔ مقابل میں رو برو **سامنے ہونا** (لازم) ۱ رو برو ہونا ۲ پردہ نہ کرنا ۳ مقابلہ کرنا۔ لڑنے کو تیار ہونا ۴ گستاخی سے پیش آنا۔

مقولہ۔ سامنے پانی بھرا کلسا آجائے تو اچھا شگون ہوتا ہے کسی کام کو جاتے ہوئے کوئی پانی لانا ملے تو اچھا شگون سمجھا جاتا ہے۔

سامی (ھ۔ مونث) ۱ چھڑی یا بہت جس سے بچوں کو مارتے ہیں ۲ زرخیز زمین ۳ (مذکر) سوامی کا مخرب۔

سامی (ف۔ صفت) بلند۔ عالی۔

سامی (س۔ نف) ۱ بہت جلدی۔ جلدی سے ۲ ناتمام۔ ادھورے پن سے۔ تھوڑا۔ ادھا۔

سامیریم (انگ۔ مذکر) ایک عنصر دھات جو بہت کمیاب ہے۔

سامیہ (س۔ مذکر) ۱ برابری۔ یکسانیت ۲ مشابہت۔ مطابقت ۳ اتفاق۔ اتحاد میل ۴ بے طرفداری۔ لا پرواہی۔

سان (ف۔ صفت) مانند مثل مرکبات کے آخر میں۔ جیسے یکساں۔ سایہ سان۔

سان (ھ۔ صفت) سا۔

سان (ہ۔ مونث) ۱ نشان۔ علامت ۲ سراغ۔ پتہ ۳ اشارہ۔ کنایہ۔ ایما۔

سان گمان (مذکر) ۱ سراغ۔ پتہ۔ نشان ۲ اشارہ۔ کنایہ ۳ خیال (ہونا نہ ہونا کے ساتھ) **سان نہ گمان** (نف) یکا یک ابلکل ناگاہ۔ دفعتہً۔

سان (ف۔ مونث) ۱ تیز کرنے کا پتھر ۲ بارھ۔ دھار ۳ ٹکڑہ۔ حصہ ۴ فوج کا ملاحظہ ۵ وہ گوشت جس کے کباب بناتے ہیں ۶ جنگلی بط کی ایک قسم ۷ سانٹا۔ **سان پر چڑھانا** دھرنا۔ رکھنا۔ لگانا (متعدی) **چڑھنا یا لگنا** (لازم) دھار تیز ہونا **سان پر سان چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) تیز ہونا۔ **سان پر چڑھنا سان کرنا** (متعدی) فوج کا ملاحظہ کرنا۔ **سانا** (ھ) سان پر تیز کرنا۔

سانبھر (ہند) ۱ راجپوتانہ کے وسط میں کھاری پانی کی ایک جھیل ۲ ایک شہر جو اس جھیل کے کنارے پر آباد ہے ۳ (مذکر) نمک جو اس جھیل کے پانی سے تیار کیا جاتا ہے۔

امثال و اقوال۔ سانبھر جائے الونا کھائے ۱ ایسی جگہ رہے جہاں کوئی چیز عام ہو اور راستے نہ ملے ۲ فائدے کی جگہ نقصان اٹھائے ۳ بد قسمت شخص **سانبھر میں پڑا (بس گلا) سو سانبھر ہوا۔** ہر چیز کہ در کان نمک رفت نمک شد۔ جیسی صحبت ہو ویسا ہی انسان ہو جاتا ہے۔ **سانبھر میں (نمک) نون کا ٹوٹا** جہاں کوئی چیز عام ہو۔ وہاں نہ ملے۔ اچنبے کی بات۔

سانپ (ہ۔ مذکر) ایک رینگنے والا جانور جو چپٹا اور لمبا ہوتا ہے۔ ٹانگیں نہیں ہوتیں۔ پیٹ کی ہڈیوں کے ذریعے چلتا ہے۔ اور بہت تیز جاتا ہے۔ اس کی بعض اقسام کے منہ میں زہر کی چھوٹی چھوٹی تھیلیاں سی ہوتی ہیں جب کسی کو کاٹ کر پلٹے تو زہر اس کے بدن میں داخل ہو جاتا ہے۔ اور اکثر مار گزیدہ مر جاتا ہے۔ ناگ۔ مار ۲ صفت ظالم۔ موذی (س سرپ) **سانپ اتارنا** (متعدی) سانپ کا زہر دور کرنا **سانپ بچھو سمجھنا** (متعدی) موذی خیال کرنا۔ باعث ایذا سمجھنا **سانپ چھاتی پر پھرنا یا لوٹنا** (متعدی) سخت صدمہ ہونا۔ کسی بات کے یاد آنے سے رنج ہونا۔ **سانپ ڈسنا** (لازم) سانپ کا کاٹنا۔ **سانپ ڈسے** (بد دعا) سانپ کاٹ کھائے۔ مرے۔ **سانپ سا لوٹنا** (لازم) سخت بیتاب ہونا **سانپ لہرانا** (لازم) ۱ سانپ کی طرح حرکت کرنا ۲ صدمہ ہونا۔ اضطراب ہونا ۳ رشک ہونا۔ **سانپ سونگھ جانا یا سونگھنا** (متعدی) سانپ کا کاٹنا **سانپ سونگھی چیز** (مونث) وہ چیز جس میں کسی کا تصرف کچھ دخل نہیں دے سکتا **سانپ سے کھیلنا** (لازم) خطرناک شخص سے میل ملاپ رکھنا **سانپ کا بچہ** (صفت) موذی۔ ظالم **سانپ کا پاؤں دیکھنا** (متعدی) ناممکن بات کرنا **سانپ کا پٹارا** (مذکر) وہ پٹارا جس میں سپیرے سانپ رکھتے ہیں۔ **سانپ کا پھپھولا** (مذکر) سانپ کے منہ کی تھیلی جس میں زہر ہوتا ہے **سانپ کا پھن** (مذکر) ایک خاص قسم کے سانپوں کا منہ جس کو وہ چوڑا کر لیتے ہیں **سانپ کا پھوڑا** (مذکر) ایک قسم کا دنبل کہتے ہیں یہ ضحاک کو نکلا **سانپ کا ٹنا** (متعدی) سانپ کا کسی کو دانتوں سے کاٹ کر زہر پہنچانا ۲ بے صبر ہونا **سانپ کا جوڑا** (مذکر) ایک ناگ ایک ناگن **سانپ کا دانت توڑنا** (متعدی) سانپ کا دانت اکھاڑ ڈالنا۔ سپیرے عموماً ایسا کرتے ہیں تاکہ کاٹ نہ سکے **سانپ کا ڈس جانا یا ڈسنا** (لازم) سانپ کاٹنا **سانپ کا زمین پکڑنا** (متعدی) سانپ کا باوجود دم پکڑے جانے کے بل سے نہ نکلنا **سانپ کا زہر** (مذکر) وہ زہر جو سانپ کے پھپھولے میں ہوتا ہے **سانپ کا سر توڑنا یا کچلنا** (متعدی) سانپ کو مار کر اس کے سر کو ایڑی یا کسی سخت چیز سے دبانا تاکہ اس میں جان بالکل نہ رہے سانپ بہت سخت جان ہوتا ہے **سانپ کا سونگھ جانا** (لازم) سانپ کاٹنا۔ **سانپ کا کاٹا** (صفت) وہ جسے سانپ نے ڈسا ہو۔ **سانپ کا کاٹنا** (متعدی) دیکھو سانپ کاٹنا۔ **سانپ کا کھلانا** (متعدی) **کھیلنا** (لازم) سانپ کے کالے ہوئے کا منتروں کے ذریعے باتیں کرنا **سانپ کا کینچلی جھاڑنا** (متعدی) سانپ کا پرانی جلد کو اتار دینا جب سانپ کی جلد پرانی ہو جاتی ہے تو نیچے سے نئی نکل آتی ہے۔ سانپ تب کسی تنگ جگہ میں سے نکلتا ہے تو کینچلی علیحدہ ہو جاتی ہے **سانپ کا لہرانا** (متعدی) سانپ کا چکر لگاتے ہوئے

چلنا۔ **سانپ کا من** (مذکر) پتھر جو بعض لوگوں کا خیال ہے کہ سانپ کے سر میں ہوتا ہے یہ زہر دفع کرتا ہے۔ **سانپ کا منتر** (مذکر) وہ منتر جس سے سانپ کا کاٹا اچھا ہو جاتا ہے۔ **سانپ کو کچلنا** (متعدی) دیکھو سانپ کا سر کچلنا۔ **سانپ کھلانا** (متعدی) ۱۔ دیکھو سانپ کا کھلانا ۲۔ خطرناک کام کرنا **سانپ کی چھتری** (مونث) ایک پودا۔ ککرمتا **سانپ کی سی کیچلی (جھاڑنا) نکالنا** (متعدی) ۱۔ صاف ستھرا ہونا۔ نکھرنا ۲۔ بیماری سے صحت پانا **سانپ کی طرح پھن جھاڑ (مار) کر رہ جانا** (لازم) قابو نہ چلنا یا کام رہنا۔ کوشش کر کے ناامید رہنا۔ **سانپ کی طرح زمین پکڑنا** (متعدی) ہرگز نہ ہلنا۔ **سانپ کے کاٹے کی لہر** (مونث) سانپ کے کاٹے ہوئے کا بدن کانپتا ہے۔ اسے لہر کہتے ہیں **سانپ کی لکیر** (مونث) سانپ کے چلنے کا نشان۔ **سانپ کیلنا** (متعدی) منتر کے زور سے سانپ کو کاٹنے سے روکنا۔ **سانپ کے منہ کا پھپھولا یا چھالا** (مذکر) وہ چھوٹی سی زہر کی تھیلی جو سانپ کے منہ میں ہوتی ہے۔ **سانپ کے منہ میں** (صفت) سخت خطرے میں۔ **سانپ کے نیچے کا بچھو** (مذکر) ظالم۔ موذی **سانپ مارنا** (متعدی)، **مرنا** (لازم) سانپ کا ہلاک ہونا۔ **سانپن** (مونث) ۱۔ سانپ کی مادہ۔ ناگن ۲۔ ایک بھونری یا بالوں کی لکیر جو بعض آدمیوں کی پیٹھ یا گھوڑے کے ایال کے نیچے ہوتی ہے۔ اور سخت منحوس سمجھی جاتی ہے۔ **سانپ نکالنا** (مذکر) سپیرے کا بین بجا کر سانپ کو بل یا مکان سے باہر لانا۔ **سانپ نکلنا** (متعدی) سانپ کا بل سے باہر آنا۔ کسی کے گھر میں سانپ کا ظاہر ہونا۔ **سانپ نے نہیں کاٹا** نشہ نہیں ہے۔ بہکا ہوا نہیں ہے **سانپ والا** (مذکر) سپیرا۔

امثال واقوال سانپ

اور چور دبے پر چوٹ کرتا ہے (کرتے ہیں) جب بچاؤ کی صورت نہ دیکھیں تو حملہ کرتے ہیں۔ ورنہ پہلے کوشش ان کی بھاگ جانے کی ہوتی ہے۔ **سانپ اور چور کی دھاک بری ہوتی ہے** لوگ ان کے نام سے ڈرتے ہیں **سانپ بھی مرے اور لاٹھی نہ ٹوٹے** کام بھی ہو جائے اور الزام نہ آئے یا نقصان نہ ہو۔ **سانپ تو نکل گیا (پر رستہ پڑ گیا) لیکن راستہ برا پڑا** اس مرتبہ تو گذر گئی آئندہ خبر چاہیے۔ آفت سے تو بچے مگر شگون برا ہوا۔ **سانپ سب جگہ ٹیڑھا چلتا ہے۔ اپنی بانبی میں سیدھا جاتا ہے** ۱۔ دوسروں کے ساتھ بری طرح پیش آتا ہے ۔ اپنوں سے اچھا سلوک کرتا ہے ۲۔ جو اپنے سے اچھا سلوک نہ کرے اس کے متعلق بھی کہتے ہیں۔ **سانپ ستاوا دوکھیا۔ دونوں جیو نکا س جب لگ پار بسائے بیٹھ نہ ان کے پاس** (ھ) سانپ دشمن اور دغا باز آدمی کے پاس جہاں تک ہو سکے نہیں بیٹھنا چاہیے۔ ان سے نقصان ہی نقصان ہے۔ **سانپ سنگھ جس دیہ پکھالیں۔ ڈھور منکھ ہالن جوہالیں** (ھ) موذیوں سے انسان حیوان پناہ مانگتے ہیں **سانپ کا بچہ سنپولیا**۔ ظالم کا بیٹا ظالم۔ کم عمر کو کم خطرناک نہیں سمجھنا چاہیے **سانپ کا سر ہی کچلا کرتے ہیں**۔ موذی کو ضرور سزا دینی چاہیے۔ **سانپ کا کاٹا پانی نہیں مانگتا**۔ بہت جلد مر جاتا ہے **سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے**۔ جسے بہت تکلیف پہنچی ہو وہ معمولی تکلیف سے بھی گھبراتا ہے دودھ کا جلا چھاچھ کو پھونک پھونک کر پیتا ہے۔ **سانپ کا کاٹا سووے بچھو کا کاٹا روے** سانپ کے کاٹے ہوئے پر بیہوشی طاری ہوتی ہے۔ بچھو کے کاٹے کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ **سانپ کا سر بھی کبھی کام آتا ہے**۔ کوئی چیز ضائع نہیں کرنی چاہیے۔ **سانپ کا سر ہی کچلتے ہیں (کچلا کرتے ہیں)**۔ دشمن کو ہمیشہ تباہ کرنا چاہیے۔ **سانپ کی تو بھاپ بھی بری**۔ دشمن گو بہت کمزور ہو پھر بھی برا ہے۔ **سانپ کے پاؤں ہنا**۔ بروں کی بری صحبت **سانپ کے منہ (میں) چھچھوندر۔ نگلے تو اندھا اگلے تو کوڑھی**۔ ایسا کام جسے نہ کر سکے نہ چھوڑ سکے کچھ نہ سوجھنا کہ کیا کیا جائے **سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے**۔ دفع شر بھی ہو جائے اور نقصان بھی نہ ہو۔ **سانپ نکل گیا (اس) کی لکیر پیٹا کرو**۔ موقع ہاتھ سے جاتا رہا اب سوائے افسوس کے کچھ چارہ نہیں۔ **سانپن کی سبھا میں جیبھوں کی لپالپ۔ سانپوں کی سبھا میں جیبھوں کی لپ لپ** جس قماش کے لوگ ہوتے ہیں ویسی ہی باتیں ہوتی ہیں۔ موذی جہاں بیٹھتے ہیں ایذا رسانی ہی ان کو سوجھتی ہے

سانپارہ۔ مذکر، ماتم۔ سوگ۔ رونا پیٹنا (کرنا ہونا کے ساتھ) (س شپ بدھا دینا) **سانپے جانا** (متعدی) کسی کے گھر ماتم پرستی کے لئے جانا **سانپے کی تیال** (ھ) ماتمی لباس۔

سانت (ہ۔ مذکر) چمڑہ کوٹنے کا آلہ۔ موچیوں کی اصطلاح۔

سانت (ھ۔ صفت) ۱۔ دیکھو شانت ۲۔ بہار کا موسم ۳۔ ایک مہینے کا نام۔

سانتون (س۔ مذکر) ۱۔ اصلاح۔ صفائی ۲۔ نرمی ۳۔ منت۔ خوشامد ۴۔ نرمی اور صلاحیت سے گفتگو کرنا ۵۔ سلام دعا۔

سانتھل (ھ۔ مونث) ران۔

سانٹ (ہ۔ امر) ۱۔ سانٹنا کا ۲۔ (مونث) ملانا۔ جوڑنا ۳۔ میل۔ ملاپ۔ اتحاد۔ جوڑ ۴۔ تعلق۔ یارانہ ۵۔ سازش ۶۔ گانٹھ۔ گرہ ۷۔ بال سے اناج نکالنے کا آلہ۔ خرمن کوب۔ سلارا۔ پٹھور۔ **سانٹا** (مذکر) ۱۔ چھڑی یا چابک۔ جس سے بیل گھوڑے وغیرہ کو ہانکتے ہیں ۲۔ انکس ۳۔ کانٹا۔ مہمیز ۴۔ گنا۔ **سانٹ گانٹھ** (مذکر) سازش۔ آنٹ سانٹ **سانٹ لینا** (متعدی) کسی شخص کو فریق مخالف سے توڑ لینا۔ اپنی طرف کر لینا۔ **سانٹ مار** (مذکر) ہاتھی لڑانے والا۔ **سانٹ ملانا** (متعدی) سازش کرنا **سانٹنا** (متعدی) ۱۔ جوڑنا۔ چپکانا۔ گوند لگانا ۲۔ ملانا ۳۔ اتفاق

کرانا۔ گڈمڈ کرنا۔ غلط ملط کرنا۔ ۷ دھاگے جوڑنا۔
جوڑ لگانا۔ ۸ رسی بٹنا۔ ۹ بننا۔ ۱۰ کسی کو اپنی طرف
کرلینا۔ موافق کرلینا۔ مخالف سے کسی کو توڑ لینا۔
سانٹی (مونث) ۱ سانٹ نمبر ۹ ۔ ۲ سانٹا نمبر ۱ ۔
سانٹے کی سگائی (مونث) وہ رشتہ جہاں
لڑکی کے عوض لڑکی دی جائے۔
مثل۔ سانٹے کی سگائی
سیدھے۔ تیل کی مٹھائی سیدھے (ھ)
سانٹے کی سگائی۔ تیل کی مٹھائی دونوں برابر ہیں۔
سانٹھ (ہ۔ مونث) دیکھو سانٹ۔
سانج (س ن مذکر) ایک کوش
کا مصنف۔
سانجھ (ھ۔ مونث) شام۔ سورج
ڈوبنے کے وقت سے اندھیرا ہونے تک۔ سانجھ
سمے (مذکر) شام سانجھ سویرے (تف)
صبح شام سانجھ کال (ھ۔ مذکر) شام۔
مثل۔ سانجھ جائے اور
بھور آئے۔ وہ کیسے نہ چھنال کہائے
جو عورت شام کو جائے اور صبح کو آئے۔ وہ بد
چلن سمجھی جاتی ہے۔
سانجھا (ھ۔ مذکر) ۱ گوبر کے
بت جو ہندو بچے اگھن بدی میں بناتے ہیں۔
۲ گانے جو سانجھی کی تعریف میں ہندو عورتیں
گاتی ہیں۔
سانجھی (ھ۔ مونث) ۱ دیکھو
سانجا ۲ سورج چھپنے کے بعد جو روشنی ہوتی ہے۔
شفق۔
مقولہ۔ سانجھی چلی سانجھ
سے ساتھ بسنتا پوت۔ مادھو بھی تو
جات ہے باندھ کمر کو سوت بے وسیلہ
آدمی بھی کسی نہ کسی طرح گذارا کر ہی لیتا ہے۔
سانچ (ھ۔ مذکر) سچ۔ صدق۔
راستی۔ سانچا (صفت) سچا۔ صادق۔ راست گو۔
امثال واقوال۔ سانچا
سب کے من سے اترتا ہے۔ سچا آدمی
سب کو برا لگتا ہے۔ سانچ برابر تپ
نہیں اور جھوٹ برابر پاپ۔ جاکے
من میں پاپ ہے تاکے من میں
آپ۔ سچ سے بڑھ کر کوئی ریاضت نہیں
اور جھوٹ سے بڑھ کر کوئی گناہ نہیں۔ جس کے
دل میں سچ ہو اس کے دل میں خدا ہے۔ سانچ
کو آنچ (کیا) نہیں۔ سچ بولنے والے کو
نقصان نہیں پہنچتا۔ سانچ کہے سو مارا
جائے۔ جھوٹا کھڑوا لڈو کھائے۔
سچ کہنے والے کو لوگ برا سمجھتے ہیں۔ جھوٹا مزے
میں رہتا ہے۔ سانچوں کوئی نہ مانے
جھوٹوں جگ پتیائے۔ سچوں کی بات
کوئی نہیں مانتا۔ جھوٹے کو سب سراہتے ہیں۔
سانچ وہی جو آنچ سہے۔ سچ بولے
تو کسی کا خوف نہ کرے۔ سانچی بات جو کہے
سب کے دل سے اترا رہے۔ سانچی
بات سعد اللہ کہے سب کے من
سے اترا رہے۔ جو شخص سچ بولے اس
سے سب گھبراتے ہیں۔ سانچی بات گو
پالا بھاوے۔ خدا سچ کو پسند کرتا ہے۔
سچے گورو کا بالکا (چیرا) مرے نہ
مارا جائے۔ خدا پر ایمان رکھنے والے
کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔
سانچا (ہ۔ مذکر) ۱ قالب۔
وہ چیز جس میں کوئی چیز ڈھالکر بناتے ہیں ۲
ڈھانچا۔ شکل۔ بت ۳ مخروطا (س سنچی) سانچے
کی سچی (مونث) وہ عورت جو ہر وضع قطع قبول
کرلے۔ سانچے میں ڈھالنا (متعدی)
ڈھلا ہونا یا ڈھلنا (لازم) ۱ کسی چیز کا
تو ام بنکر یا پگھل کر سانچے میں پڑ کر کسی خاص
شکل میں بن جانا ۲ سڈول اور خوبصورت ہونا
سانچے میں ڈھل جانا (لازم) ہر وضع
کے مطابق ہو جانا۔
سانچر نون (ھ۔ مذکر) ایک
خاص قسم کا نمک جو قلم بنا ہوتا ہے۔
سانچکی (ھ۔ مذکر) دیکھو ساکشی
سانحات (ع۔ مذکر) جمع
سانحہ کی۔
سانحہ (ع۔ مذکر) حادثہ۔ واقعہ
برے معنوں میں استعمال ہوتا ہے (سنح۔
واقعہ ہونا) سانحہ جانگزا (مذکر) جان گھلانے
والا واقعہ۔ سخت رنج دہ واقعہ۔ سانحہ
عظیم (مذکر) اہم واقعہ۔ خوفناک حادثہ۔ سخت
مصیبت۔ سانحہ گزرنا (لازم) حادثہ ہونا۔
مصیبت پڑنا۔ تکلیف ہونا۔
ساندارہ۔ مذکر) رسی۔ جو
گائے بھینس کے باندھتے ہیں کہ دودھ دہتے
وقت دولتی نہ مارے۔
سانّدھیہ (س۔ مذکر) ۱
نزدیکی۔ قربت ۲ موجودگی۔ حاضری۔
ساندھیہ (س۔ صفت) ۱
شام کے متعلق ۲ صبح کے متعلق۔
سانڈ (ہ۔ مذکر) ۱ وہ بیل یا
گھوڑا جو نسل کشی کے لئے رکھا جائے ۲ وہ بیل
جو کسی دیوتا کے نام پر چھوڑا جائے ۳ عیاش
آدمی ۴ (صفت) موٹا تازہ۔ فربہ ۵ خصیہ دار۔
(س شنڈ)۔
سانڈا (ہ۔ مذکر) گوہ کی قسم
کا ایک جانور (س سرنڈک) سانڈے کا
تیل (مذکر) تیل جو سانڈے کی چربی کو پگھلا
کر بناتے ہیں یہ گنٹھیا کے درد کے لئے اور طلا
کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ سانڈے کا
تیل بیچتے ہیں۔ ایسے آدمی کی نسبت کہتے
ہیں جو شہوت انگیز باتیں کرے۔ سانڈے
کی اولاد (مذکر) وہ شخص جو کم کھائے۔
سانڈنی (ہ۔ مونث) سواری
کی اونٹنی (س شنڈنی) سانڈنی سوار (مذکر)
وہ شخص جو اونٹنی پر سوار ہو۔ ناقہ سوار۔
سانڈیا (ہ۔ مذکر) ۱ نوجوان
اونٹ ۲ گوٹا بننے کی مشین (سانڈ سے)۔
سانس (ہ۔ مونث و مذکر)
۱ وہ ہوا جو جاندار کے پھیپھڑوں میں جاتی اور
ناک کے رستے واپس نکلتی ہے۔ نفس۔ دم۔
۲ آہ ۳ پھونک ۴ بھاپ ۵ سوراخ یا شگاف
جس میں سے ہوا نکلے ۶ تھوڑا سا وقت (س
شواش) سانس ابھی چلتی ہے۔ کچھ امید
باقی ہے۔ سانس اڑنا (لازم) ۱ دم رکنا۔
سانس رک رک کر آنا ۲ نزع کی حالت ہونا۔
سانس اکھڑنا (لازم) ۱ سانس کا باقاعدہ
طور پر نہ آنا۔ ۲ ہانپنا ۳ نزع کی حالت ہونا۔ سانس
الٹی چلنا (لازم) مرنے کے وقت سانس کا

بے قاعدہ طور پر آنا۔ **سانس الٹی لینا۔** (متعدی) الٹے سانس لینا۔ سخت تکلیف میں ہونا۔ **سانس اندر کا اندر باہر کا باہر** نہایت دہشت کی حالت میں۔ **سانس اوپر کو چڑھنا** (لازم) نزع کا عالم ہونا۔ **سانس بھر جانا** (لازم) ہانپنا۔ **سانس بھرنا** (لازم) ۱ اوپر کا دم لینا ۲ ہانپنا ۳ آہ کرنا۔ **سانس پانا** (متعدی) آسرا یا موقع پانا۔ **سانس پورے کرتا ہے** امید زیست کی نہیں۔ **سانس پھولنا** (متعدی) دم چڑھ جانا۔ ہانپنا **سانس ٹوٹنا۔** (لازم) سانس کا باقاعدہ نہ چلنا۔ **سانس ٹھہرانا** (متعدی) سانس روکنا۔ صبر کرنا۔ **سانس چڑھنا** (متعدی) سانس پھولنا۔ ہانپنا۔ **سانس چلنا** (لازم) سانس کا آنا جانا۔ **سانس چرانا** (متعدی) دم بند کر لینا۔ مردہ بن جانا۔ **سانس چلنا** (لازم) سانس کا اندر جانا اور باہر آنا۔ زندہ ہونا۔ **سانس دیکھنا** (متعدی) بیمار کی حالت خراب ہونے پر سانس کی طرف خیال کرنا کہ آتی ہے یا مسلسل جاری ہے۔ **سانس ڈکار نہ لینا** (متعدی) مال ہضم کر جانا اور پتہ نہ لگنے دینا۔ **سانس رکنا** (لازم) دم بند ہونا۔ سانس لینے میں تکلیف ہونا۔ **سانس روکنا** (متعدی) دم بند کر لینا ۲ گلا دبانا **سانس سینے میں اڑنا** (لازم) عالم نزع ہونا۔ سانس اڑنا۔ **سانس کا روگ** (مذکر) دمہ۔ ضیق النفس۔ **سانس کا شمار ہونا** (لازم) نزع کا وہ وقت ہونا جب سانس گنے جاتے ہیں۔ **سانس کھینچنا** (متعدی) ۱ زور سے سانس لینا ۲ عذر کرنا۔ شکوہ کرنا مردہ بن جانا۔ **سانس گننا** (متعدی) سانس کا شمار کرنا **سانس لینا** (متعدی) ۱ سانس کو پھیپھڑوں میں لیجانا اور باہر نکالنا۔ آہ بھرنا۔ **سانس لے لو۔** ذرا دم لے لو۔ رک جاؤ۔ **سانس لینے کی فرصت** (مونث) تھوڑی سی فرصت **سانس نہ لینا** (متعدی) ۱ فوراً مر جانا ۲ خاموش رہنا۔ اف نہ کرنا ۳ دم نہ لینا۔ نہ ٹھہرنا۔ **سانس نہ نکالنا** (متعدی) خاموش رہنا۔ اف نہ کرنا۔

سانسا (ہ۔ مذکر) ۱ فکر۔ اندیشہ ۲ شبہ۔ گھبراہٹ ۳ ڈر۔ خوف ۴ سوچ۔ بچار۔ غور ۵ خیال تصور (س سَنشَی) **سانسا چڑھنا** (لازم) فکر ہونا **سانسا رہنا** (لازم) فکر یا اندیشہ رہنا

امثال و اقوال۔ سانسا

بھلا نہ سانس کا۔ اور بان بھلا نہ کانس کا۔ فکر تھوڑی دیر کی بھی بری ہوتی ہے اور بان کانس کا اچھا نہیں ہوتا۔ **سانسا سائیں میٹ دے اور نہ میٹے کو۔ جب ہو کام سندیہ کا تو نام اسی کا لو۔** خدا کے سوا کوئی فکر کو دور نہیں کر سکتا۔ جب کوئی فکر کی بات ہو تو اسی کو یاد کرو۔ **سانسا سدھ بدھ سبھی گھٹاوے۔ سانسا سکھ کا کھوج مٹاوے۔** فکر عقل مار دیتی ہے۔ اور چین اور آرام کھو دیتی ہے۔ **سانسا مت کر مورکھا سر پر ہے کرتار وہی ہے سب جگت کا سانسا میٹن ہار۔** فکر مت کر خدا تیرے ساتھ ہے وہ ساری دنیا کے فکروں کو دور کرتا ہے۔ **سانس سانس میں جیتب گھٹے بادھا مول نہ ہو اس جیتب پر بھول کر مت بھولو ہر کو۔** ہر سانس پر زندگی کم ہوتی ہے۔ زیادہ نہیں ہوتی اس پر مغرور ہو کر خدا کو نہ بھولو۔ **سانس کے ساتھ آس ہے۔** زندگی میں امید رہتی ہے۔ زندگی میں نا امید نہیں ہونا چاہئے۔ زندگی سے امید قائم ہے۔ زندگی کے ساتھ امید وابستہ ہے۔

سانسارک (س۔ صفت) دنیا کا۔ دنیا دار۔ گرہستی۔

سانست (ہ۔ مذکر) ۱ سزا ۲ درد۔ تکلیف۔

سانسن۔ سانسی (ہ۔ مونث) سانسی عورت۔ سانسی کی بیوی۔

سانسنا (ہ۔ متعدی) ۱ ناراض ہونا جھڑکنا تنبیہ کرنا ۲ سزا دینا ۳ تکلیف دینا۔ رنج پہنچانا۔

سانسی (ہ۔ مذکر) **سانسیا۔** (ہ) ۱ ہندوستان کی ایک قوم جو قدیم باشندوں کی یادگار ہے۔ آجکل اسے جرائم پیشہ قرار دیا گیا ہے ۲ اس قوم کا ایک فرد۔

سانگ (ہ۔ مذکر) ۱ برچھی بھالا۔ نیزہ ۲ آنکس۔

سانک (ہ۔ مونث) ۱ ڈر۔ خوف۔ خطرہ (س۔ شنک) ۲ دمہ (س شواس) ۳ شاخ ٹہنی ۴ مٹھائی کا ڈھیر خصوصاً جلیبیوں کا (س۔ شاکھا)۔

سانکا (ہ۔ مذکر) ۱ رسیوں کا گچھا جو چارپائی کے پاؤں کی طرف باندھ کر بننا شروع کرتے ہیں۔ س۔ شاکھا) ۲ پل (س شلنک)

سانکر (ہ۔ مونث) ۱ زنجیر۔ کنڈی دروازے کی ۲ قفل کی کنڈی ۳ ہتھکڑی۔ بیڑی ۴ پاؤں کا ایک زیور زنجیروں کا بنا ہوا۔

سانکری (مونث) دیکھو آخری۔

سانکر (ہ۔ صفت) ۱ سکڑا ہوا۔ تنگ۔ بند ۲ کسا ہوا ۳ مضبوط چست ۴ (مونث) تنگ گلی یا رستہ ۵ ابنائے ۶ گھاٹی۔ ناکہ ۷ تکلیف مصیبت ۸ حیران کرنے یا گھبرا دینے والا واقعہ۔

سانکل (ہ۔ مونث) زنجیر دیکھو۔ سانکر۔

سانکو (ہ۔ مذکر) پل۔

سانکھا (ہ۔ مذکر) پل۔

سانکھنا (ہ۔ مذکر) شہد کی مکھیوں کا چھتا۔

سانکھو۔ سانکھو (ہ۔ مذکر) پل۔

سانکھو (ہ۔ مذکر) سال کا درخت اور اس کی لکڑی۔

سانکھیہ (س۔ صفت) ۱ عددوں یا گنتی کے متعلق۔ عددی۔ شماری۔ گنتی کا ۲ گننے والا ۳ سوچنے والا ۴ بحث کرنے والا ۵ عقلی۔ معقول ۶ ہندو فلسفے کا ایک طریقہ جو کپل کی تصنیف ہے ۷ سانکھیہ شاستر کا پیرو۔ ۸ (منطق) بحث۔ دلیل۔ **سانکھیہ سوتر** (مذکر) سانکھیہ فلسفے کی چھ کتابیں جو کپل کی تصنیف بیان ہوتی ہیں۔

سانگ (ہ۔ مذکر) ۱ تمسخر۔ مذاق۔ مضحکہ ۲ کرتب۔ شعبدہ ۳ دیکھو سوانگ

سانگ بنانا (متعدی)، **بننا** (لازم) ۱ روپ بھرنا۔ نقل کرنا ۲ تماشا بننا۔ ایسی شکل بنانا کہ لوگ ہنسیں ۳ بھیس بدل کر کوئی تماشا دکھانا۔ **سانگ بھرنا** (متعدی) ۱ روپ بھرنا۔ نقل بنانا ۲ دھوکا دینا۔ **سانگ دکھانا** (متعدی) ۱ تماشا دکھانا ۲ روپ بھرنا ۳ بہانہ کرنا۔ مکر پھیلانا۔ **سانگ کرنا** (متعدی) ۱ روپ بھرنا۔ نقل کرنا ۲ تماشا کرنا۔ کھیل کرنا ۳ مسخراپن کرنا ۴ جھگڑا کرنا ۵ دھوکا دینا۔ **سانگ لانا** (متعدی) ۱ فیل لانا۔ جھگڑا کرنا ۲ روپ بھرنا۔ نقل کرنا۔ **سانگ مچانا** (متعدی) ۱ کھیل تماشا کرنا ۲ مسخراپن پھیلانا۔ **سانگ نکالنا** (متعدی)، **نکلنا** (لازم) دیکھو سانگ بنانا اور بننا۔ **سانگی** (مذکر) روپ بھرنے والا۔ ایکٹر۔

سانگ (ہ۔ مونث) ۱ نیزہ بھالا۔ نیزہ ۲ آنکس ۳ کواں کھودنے کا آلہ۔ **سانگ چھونا** (متعدی) آنکس لگانا۔

سانگ (س۔ صفت) ۱ تمام۔ حصوں سمیت۔ مکمل۔ کل ۲ مع تمام ضمیموں کے ۳ ختم شدہ ۴ مع تمام انگوں کے۔

سانگر (ف۔ مذکر) سان۔ تیز کرنے کا پتھر۔

سانگر (ہ۔ مذکر) سامی یا جنٹ کے درخت کی پھلی۔

سانگس۔ سانگوس (مذکر) ایک قسم کی مچھلی۔

سانگھر (ہ۔ مذکر) بیوی کا لڑکا پہلے خاوند سے۔ گیلر لڑکا۔

سانگی (ہ۔ مونث) ۱ بیل گاڑی کا ڈنڈا جس پر جوئے کو سہارا دیتے ہیں ۲ بہل گاڑی کے آگے کا وہ حصہ جس کے دونوں طرف لکڑیاں باندھ کر جالی سی بن دیتے ہیں کہ اسباب نہ گرے ۳ گاڑیبان کے بیٹھنے کی جگہ ۴ گاڑی کا جوا ۵ بہلی کی چھت جس پر پردہ ہوتا ہے۔

سان لینا۔ سانا (ہ۔ متعدی) ۱ بھرنا۔ آلودہ کرنا ۲ ملانا ۳ ملنا۔

گوندھنا ۴ پھانسنا۔ شامل کرنا۔ شریک جرم (س۔ سنج۔ حرکت کرنا)۔

سانُنا سِک (س۔ صفت) ناک میں بولا ہوا۔ نون غنّہ کی آواز سے بولا ہوا ۲ جس پر نون غنّہ کی پابندی ہو (حرف) ۳ ناگری زبان کے پانچوں نون۔

سانو (ہ۔ مذکر) ۱ سان۔ تیز کرنے کا پتھر ۲ شانتی کا مخرج۔ **سانوچیت** (صفت) بےفکر۔ پرامن۔

سانو (س۔ مذکر) ۱ سطح زمین پہاڑ کے اوپر ۲ چوٹی۔ قلہ کوہ ۳ جنگل کا سرا۔ نوک۔ آخر ۴ بہت ڈھلوان چٹان ۵ شاخ۔ شگوفہ ۶ سڑک ۷ منی۔ رشی ۸ ہوا کا جھونکا۔ **سانومتی** (مونث) ایک اپسرا۔

سانوا۔ سانواں (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا اناج۔

سانوٹا۔ سانوٹھا (ہ۔ صفت) ۱ اکٹھا کیا ہوا۔ جمع کیا ہوا ۲ تیار ۳ تندرست۔ باصحت۔ **سانوٹھا کرنا** (متعدی) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ **سانوٹھا ہوجانا** (لازم) ۱ اکٹھا یا جمع ہوجانا۔ سمٹ جانا ۲ مستعد یا تیار ہوجانا ۳ رو برو یا مقابل ہوجانا۔ مقابلے پر آجانا۔

سانورا (ہ۔ صفت) سانولا۔

سانوک (ہ۔ مذکر) سانوں۔

سانوگی۔ سانوگی (ہ۔ مونث) پردہ دار چھپکڑا۔

سانول (ہ) **سانولا۔ سانولا** (ہ۔ صفت) ۱ گندمی رنگ کا۔ سبزہ رنگ کا۔ نمکین رنگ کا ۲ خوبصورت۔ حسین ۳ کرشن جی سے مراد ہوتی ہے۔ (س شیامک) **سانولا سلونا** (صفت) ۱ سبزہ رنگ۔ نمکین ۲ خوشگوار۔ پسندیدہ **سانولیا** (ہ۔ مذکر) کرشن جی سے مراد ہے۔ **سانولی صورت** (مونث) ۱ نمکین شکل۔ خوبصورت ۲ کرشن جی سے مراد ہوتی ہے۔

سانیں (ہ۔ صفت) صحیح کا مہند۔ **سائیں سُونا** (صفت) صحیح سلامت۔ بالکل تندرست۔ جیتا جاگتا۔ **سائیں کے سائیں** (تف) جوں کے توں۔ اصل کے اصل۔ بغیر بیاج کے۔

سانی (ہ۔ مونث) ۱ کھلی ملا ہوا بھوسا ۲ ایک ذات کے سنکاروں کی ۳ کھیتی باڑی

کرنے والا۔ کاشتکار۔

ساوِتَر (س۔ صفت) ۱ سورج کا یا اس کے متعلق ۲ سورج کی نسل سے۔ سورج نبی خاندان کا ۳ ساوتری یا کرن کے متعلق ۴ ساوتری منتر کے ساتھ یا اس سے موثر ۵ (مذکر) اگنی کی ایک خاص شکل ۶ ایک خاص بھینٹ ۷ گرہست برہمن جس کے خرمن میں اناج ہو ۸ سورج ۹ مفعہ ۱۰ ن ۱۱ سوتری کا بیٹا یا اس کی نسل سے کوئی شخص ۔ کرن۔ چندر کیتو۔ شوجی۔ ایک واسو۔ ایک مارت اور ایک رور ۱۲ پر عائد کیا جاتا ہے ۱۳ دسواں کلپ ۱۴ کوہ میرو کی ایک چوٹی ۱۵ ایک مہورت ۱۶ کشتروہت کی کئی سامنوں کا نام ۱۷ ایک جنگل **ساوتری** (مونث) ۱ ایک منتری جو سورج کو خطاب کیا جاتا ہے اسے گایتری بھی کہتے ہیں ۲ گایتری وزن یا بحر کی ایک قسم ۳ ساوتری پڑھ کر جنیو پہننا ۴ سر یا سوتری کی بیٹی کا نام ۵ برہما جی کی بیوی ۶ شوجی کی ایک بیوی ۷ دریائے جمنا ۸ دریائے سرسوتی ۹ سورج کی کرن ۱۰ انگوٹھی پہننے کی انگلی **ساوتری پُتر** (مذکر۔ جمع) ایک جنگجو قوم **ساوتری پتریہ** (مذکر) ساوتری پتر قوم کا راجہ۔

ساوَج (ہ۔ صفت) ۱ جنگلی۔ وحشی ۲ (مذکر) جنگلی جانور۔ شکار کے جانور ہرن۔ شیر وغیرہ۔

ساودھان (س۔ صفت) ۱ محتاط۔ خبردار۔ چوکس ۲ متوجہ۔ ملتفت سچیت ۳ عاقل۔ دانا۔ زیرک ۴ محنتی۔ جفاکش (رہنا کرنا ہونا کے ساتھ)۔

ساوَرن (انگ۔ مذکر) ۱ پاونڈ۔ اشرفی ۲ بادشاہ۔

ساوَڑ (ہ۔ مونث) ۱ زچہ خانہ ۲ ناپاکی بوجہ زچہ ہونے کے۔

ساوَڑی (ہ۔ مونث) غلے کی مٹھی جو کھلیان میں سے برہمنوں اور سادھوؤں کے لئے علیحدہ کی جاتی ہے۔

ساوَک (ہ۔ مذکر) ۱ بچہ ۲ جانور کا بچہ ۳ مرغی کا بچہ ۴ پرند کا بچہ جو ابھی اڑنے کے قابل نہ ہو۔

ساوَکاس (ہ) **ساوَکاش** (س۔ مذکر) ۱ فرصت۔ موقع ۲ وہ جس کو فرصت ہو ۳ (تف) مزے سے۔ آہستہ آہستہ۔ دھیمے۔

ساوَن (ہ۔ مذکر) ہندوؤں کا چوتھا مہینہ (اس شراون۔ تیسواں نکشترہ بدراس مہینے میں، اس نکشترے میں ہوتا ہے)۔ **ساون بھادوں** (مذکر) ۱ ایک قسم کی آتش بازی ۲ ایک قسم کا مکان جس کے چاروں طرف جالی کا کام ہوتا ہے اور ہر طرف سے پانی چھوٹتا ہے تو برسات کا موسم معلوم ہوتا ہے ۳ ایک قسم کا جالی کا کام ۴ دھوپ چھاؤں۔ **ساون (سے) بھادوں ملنا** (لازم) بہت بارش ہونا۔ **ساون کی جھڑن** شدت کی بارش جو ساون میں ہوتی ہے یا ساون کی جھڑی (مونث) ساون میں بارش کا لگاتار ہونا یا ساون کے جھالے (مذکر) بارش جو زور سے ہو مگر جلد ختم ہو جائے۔

ساونی (مونث) ۱ ساون کی پور نمانشی ۲ فصل خریف ۳ ساون کے مہینے کی خوشیاں جب کہ سارا خاندان جمع ہو جاتا ہے ۴ ساون کے گیت ۵ مٹھائی وغیرہ اور جوڑا جو دولھا دلھن کو دیتا ہے یا دولھن کے والدین دولھن کو بھیجتے ہیں ۶ ایک قسم کا پھول جو ساون کے مہینے میں کھلتا ہے۔

امثال و اقوال۔ ساون برسے نہ بھادوں سوکھے ہمیشہ ایک حالت میں گذاری۔ **ساون ساگ نا بھادوں دہی۔ کوار مین ناکاتک مہی** (ہ) ساون میں سبزی بھادوں میں دہی کوار میں مچھلی نہیں کھانی چاہئے اور کاتک میں چھاچھ نہیں پینی چاہئے۔ **ساون سُکلا سپتمی چھپکے اگے بھان۔ کہے گھاگ من گھاگھنی برکھا دیوا کٹھان** (ہ) اگر ساون کی ساتویں شدی کو سورج بادلوں میں سے نکل آئے تو بارشیں ختم ہو جاتی ہیں۔ **ساون رسوا اُپاس** (ہ) اگست کے مہینے میں شوجی کے پیرو برت رکھتے ہیں۔ **ساون سود سے سانتھرے اور ماہ کھریری کھاٹ۔ آپ ہی مر جائیں گے جو جیٹھ چلیں گے باٹ** (ہ) جو ساون میں پرالی پر سوئے اور ماگھ میں خالی چار پائی پر اور جیٹھ میں سفر کرے خواہ مخواہ مریگا۔ **ساون کھیر جو کھا سے سکارے۔ مرگ ڈھال کر چھالیں مارے** (ہ) جو ساون میں صبح کو کھیر کھائے تو ہرن کی طرح قلانچیں بھرے۔ **ساون کے اندھے کو ہرا ہی ہرا سوجھے** ہر شخص اپنے حال کے مطابق سب کی حالت خیال کرتا ہے۔ **ساون کے رپٹے اور حاکم کے ڈپٹے کا کچھ ڈر نہیں۔** ساون میں پھسلنے اور حاکم کے ڈانٹنے کی کچھ پروا نہیں کرنی چاہئے اوروں کے ساتھ بھی یہی ہوتا ہے۔ **ساون کیسا سانٹھرا۔ پوہ ماہ کیسا پانکھڑا** (ہ) ساون میں پرالی اور پوس میں پنکھا فضول ہیں۔ جو بات ہونی چاہئے باموقع ہونی چاہئے۔ **ساون گھوڑی بھادوں گائے۔ ماگھ ماس جو بھینس بیائے۔ جی سے جائے کہ کھسمے کھائے** (ہ) گھوڑی جو ساون گائے جو بھادوں بھینس جو ماگھ میں بچہ دے یا خود مرے یا اس کا مالک مرے۔ **ساون کی ناسیت بھلی۔ بالک کی نہ پیت بھلی** (ہ) ساون میں چھاچھ پینا اچھا نہیں اور بچے کی محبت کا کوئی اعتبار نہیں۔ **ساون ماس چلے پروایا۔ بیچو بردا کینو گیا** (ہ) ساون کے مہینے میں اگر پروا ہوا چلے تو بیل بیچو اور گائے خریدو کیونکہ ہل چلانے کی ضرورت نہیں پڑیگی۔ فصلیں خود بخود ہی بہت ہونگی۔ **ساون ماس چلے پروَیا۔ کھیلے پوت بلالے میا** (ہ) ساون کے مہینے میں پروا ہوا چلے تو کھیلتے بیٹے کو ماں بلالیتی ہے مطلب یہ ہے کہ بارش بہت ہوگی۔ **ساون ماس کریلا پھولا۔ نانی دیکھ نواسا بھولا۔** حمایتی کے بھروسے پر دلیر ہونا۔ **ساون میں ہوئے سیار۔ بھادوں میں آئی باڑ۔ ایسی باڑ کبھی نہیں دیکھی تھی** (ہ) ساون میں گیدڑ پیدا ہوا۔ بھادوں میں سیلاب آیا تو کہنے لگا ایسا سیلاب کبھی نہیں دیکھا تھا۔ اس کے متعلق کہتے ہیں۔ جو کوئی نئی بات دیکھ کر ہر وقت اسی کا ذکر کرتا ہے۔ **ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے۔** اس کے متعلق کہتے ہیں جس کا حال ہمیشہ یکساں رہتا ہو۔

ساوَن (س۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو بھینٹ دے یا بھینٹ کے لئے برہمنوں کو بلائے ۲ بھینٹ کا اختتام یا وہ رسوم جن سے بھینٹ ختم ہو ۳ دن کا ایک نام ۴ تیس شمسی دنوں کا مہینہ ۵ قدرتی دن سورج چڑھنے سے سورج غروب ہونے تک ۶ مکمل دن سورج چڑھنے سے دوسرے سورج چڑھنے تک۔

ساوَنت (ہ۔ صفت) ۱ بہادر۔ شجاع۔ دلیر۔ سور۔ بیر ۲ (مذکر) سردار جرنیل ۳ بہادر وغیرہ آدمی۔

ساونتی (مونث) بہادری۔ شجاعت۔ دلیری۔

ساہ (ہ۔ مونث) ۱ ساکھ کا مخرب ۲ (مذکر) سوداگر۔ دوکاندار۔ ساہوکار۔ سیٹھ ۳ عزت کا خطاب جو سوداگروں وغیرہ کو دیتے ہیں۔ عوام شاہ جی کہتے ہیں ۴ بھولا بھالا نیک شریر آدمی ۵ دیانت دار آدمی۔ **ساہَن** (مذکر) دیکھو ساہو پن۔ ساہو کا مخفف۔ **ساہ جوگ ہنڈی** (مونث) وہ ہنڈی جس کا روپیہ فوراً مل جائے۔

مثل۔ ساہ کے سوائے کمبخت کے دونے۔ ساہوکار تو صرف سوائے بناتا ہے۔ بدبخت دگنے بنانے کی کوشش کرتا ہے نقصان اٹھاتا ہے۔

ساہا (ہ۔ مذکر) ۱ ساکھ یا ساکھا ۲ شادی کا دن۔ **ساہا چمکنا** (لازم) بہت سی شادیاں ہونا۔

ساہا (ہ۔ مذکر) بکری کا نر بچہ قصابوں کی اصطلاح۔

ساہایَ (س۔ مذکر) ۱ دوستی یارانہ۔ میل جول ۲ مدد۔ امداد ۳ باہمی امداد ۴ خطرے میں مدد کرنا۔ **ساہایک** (مذکر) ۱ مدد۔ امداد ۲ بہت سے ساتھی یا ہمراہی ۳ امدادی فوج۔

ساہ جانا (ہ۔ لازم) گائے بھینس کا گابھن ہو جانا۔

ساہچریہ (س۔ مذکر) دوستی میل ملاپ۔ صحبت۔ سنگت۔

ساہَس (س۔ مذکر) ۱ جبر تعدی۔ ظلم۔ سینہ زوری۔ سرزوری ۲ حملہ جرم زنا بالجبر۔ خودکشی ۳ سزا ۴ نفرت۔ حقارت ۵ بہادری۔ شجاعت۔ دلیری۔ ہمت۔ جرات۔ حوصلہ ۶ دلاسا۔ تسلی۔ ڈھارس ۷ اجڈ پن۔ سختی۔ کرختگی۔ بدمزاجی۔ جلد بازی۔ نڈر پن۔ بیوقوفی

کی بہادری۔ **ساہسی ہونا** (لازم) ۱ ظالم یا بہادر وغیرہ ہونا ۲ حوصلہ کرنا ۳ گستاخی کرنا۔ زعم کرنا۔

ساہسر (صفت) ۱ ہزار کے متعلق۔ ہزار سے خریدا ہوا۔ ہزار گنا ۲ بے انتہا بے شمار ۳ (مذکر) فوج جس میں ہزار سپاہی ہوں ۲ (جمع) چار ایکا ہوں کا نام جن میں ہزار گائیں دان کیجاتی ہیں۔ **ساہسرک** (صفت) ہزار تک یا ہزار سے مشتمل ۲ (مذکر) ہزار کا مجموعہ ۳ ایک تیرتھ۔

ساہل (ہ۔ مذکر) سیبہ۔

سائبل (ہ۔ مذکر) دیکھو ساہول۔

ساہن (ھ۔ مونث) ۱ ساہی کی بیوی ۲ عورت ساہ۔

ساہو (ہ۔ صفت) ۱ دیانت دار۔ ایماندار ۲ معزز۔ نیک نام ۳ سوداگر۔ دوکاندار ۴ سیٹھ۔ مہاجن (س۔ سادھو)۔ **ساہوپن** (ھ۔ مذکر) ۱ ساہوکار کی حالت یا پیشہ ۲ ساکھ۔

ساہوکار (صفت و مذکر) ۱ دیکھو ساہو ۲ امیر آدمی۔ رئیس۔ **ساہوکارا** (مذکر) صرافہ۔ لین دین کی جگہ۔ **ساہوکاروں کی سبھا**۔ (مونث) صرافہ۔ ساہوکارا **ساہوکاری** (مونث) لین دین کا کام۔ بینک کا کام ۲ تجارت سوداگری ۳ نقدی بدلنے کا کام ۴ دلالی ۵ دیانتداری۔ کھراپن۔ صرافی۔ **ساہوکتا** (مذکر) وہ کتا جس کی پیٹھ پر بال نہیں ہوتے۔

امثال واقوال۔ ساہو بنئے وہ بھی ساہ جو اصل قیمت پر بھی بیچے وہ بھی سوداگر ہے۔ مال رکھ چھوڑنے سے اصل قیمت پر بیچنا بہتر ہے۔ **ساہو بہے نہ جائیں گون سے جائیں**۔ ساہوکار جو کچھ کرتا ہے کسی خاص مطلب کے لئے کرتا ہے۔ ایک ساہوکار کو دریا کی رو بہا لیگئی دیکھنے والوں نے کہا کہ یہ بھی کسی مطلب کیلئے بہا جارہا ہے۔ **ساہوکار کو کسان بالک کو مسان** جس طرح بچے کو مسان آہستہ آہستہ دبلا کرتا ہے اور آخیر میں مار دیتا ہے اسی طرح ساہوکار کسان کو نقصان پہنچاتا ہے۔ اس سے وصولی بہت مشکل ہوتی ہے مسان مردے کی راکھ ہے جس کے متعلق خیال ہے کہ اگر بچے کو کھلا دیا جائے

تو وہ گھل گھل کر مرجاتا ہے۔

ساہی (ہ۔ مونث) سیبہ (س شلکی) **ساہی کا کانٹا** (مذکر) ساہی کے بدن پر بجائے بالوں کے کانٹے ہوتے ہیں۔ جس وقت دشمن حملہ کرتا ہے۔ تو یہ کانٹے کھڑے کر لیتی ہے۔ اس کانٹے کے متعلق خیال ہے کہ اگر کسی کے گھر میں ڈال دیا جائے تو میاں بیوی میں نااتفاقی ہوجاتی ہے اور اگر کوئی اس پر سے گزر جائے تو وہ لوگوں سے لڑنے لگ جاتا ہے۔

ساہی (ھ۔ مذکر) ۱ شاہ کا بگڑا ہوا ۲ سادھو ۳ مسلمان فقیر۔ شاہ جی۔

سائبان (ف۔ مذکر) سایہ بان کا مخفف ۱ وہ کپڑا یا چھپر جو دھوپ یا بارش سے بچنے کے لئے مکان یا خیمے وغیرہ کے آگے لگا دیتے ہیں ۲ مکان کے آگے جو نمگیرا کھڑا کرتے ہیں اسے بھی کہتے ہیں۔ **سائبان کھچنا** (لازم) **کھینچنا** (متعدی) سائبان کا مکان وغیرہ کے آگے لگانا۔

سائر (ع۔ صفت) ۱ پھرنے والا۔ سیر کرنے والا ۲ غیر مقررہ۔ عارضی ۳ جاری۔ چلنا ۴ کل۔ تمام ۵ (مذکر) محصول۔ چنگی (سائر رہنا)۔ **سائرجات** (مذکر) محصولات۔ (غف) **سائر خرچ** (مذکر) متفرق خرچ۔ غیر مقرر خرچ۔ دفتر کا متفرق خرچ۔ **سائر دائر** (صفت) ۱ پھرنیوالا۔ گردش کرنے والا ۲ جاری۔ مشہور۔

سائکا (ھ۔ مذکر) ۱ بادل کی گرج ۲ بجلی۔ تیر (س سایک)۔

سائکل (انگ۔ مونث) انگریزی بائیسکل کا مخفف۔ دو پہیہ گاڑی جسے پاؤں سے چلاتے ہیں۔

سائل (ع۔ صفت) ۱ مانگنے والا۔ پوچھنے والا۔ سوال کرنے والا ۲ چاہنے والا۔ ۳ امیدوار۔ آسرا کرنے والا ۴ عرضی دینے والا۔ درخواست دہندہ ۵ (مذکر) فقیر۔ بھکاری (سائل مانگنا) ۶ (صفت) بہنے والا جاری ہونے والا (سَیَل بہنا)۔ **سائل کھڑا ہونا** (لازم) مانگنا۔ فقیر کی حیثیت میں موجود ہونا۔

سائمہ (ع۔ مذکر) چرنے کیلئے بھیجا ہوا (جانور) ۲ خود بخود چرنے والا (سَوم جانا)

سائن (انگ۔ مذکر) ۱ نشان ۲ دستخط **سائن بورڈ** (مذکر) ۱ وہ تختہ جس پر نام لکھتے ہیں ۲ وہ تختہ جسپر اشتہار لگاتے ہیں۔ **سائن پوسٹ** (مذکر) وہ تختہ جس پر رستہ دکھانے کا نشان بنا ہوتا ہے۔ **سائن کرنا** (متعدی) دستخط کرنا۔

سائنس (انگ۔ مونث) ۱ علم۔ فن ۲ علم طبیعات۔

ساؤ (ھ۔ صفت) ۱ تربیت پذیر۔ حکم بردار ۲ غریب۔ حلیم ۳ بھولا بھالا۔ بیگناہ۔ معصوم۔

ساؤتھ (انگ۔ مذکر) جنوب۔

ساؤنڈ (انگ۔ مونث) آواز۔ **ساؤنڈ بکس** (مذکر) گریمافون کا ایک پرزہ جس کی وجہ سے پلیٹ سے آواز پیدا ہوتی ہے۔

سائی (ہ۔ مونث) بیعانہ۔ وہ روپیہ جو معاملہ طے ہونے کے بعد اور چیز خریدنے سے پہلے یا کسی چیز کے بنوانے سے پیشتر یا ناچنے گانے والوں کو بطور پیشگی دیا جائے۔ (دینا لینا کے ساتھ) **سائی بجانا** (متعدی) معاملہ جس کے لئے سائی دی گئی ہو۔ پورا کرنا۔

سائی (ف۔ مونث) گھسنا۔ مرکبات کے آخر میں جیسے جبین سائی (سائیدن گھسنا)۔

سائے (ف۔ مذکر) ۱ سایہ کی جمع ۲ بجائے سایہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **سائے سے بچنا** (لازم) نزدیک نہ آنا۔ بہت احتیاط کرنا۔ **سائے تلے آنا**۔ (لازم) کسی کی حمایت یا حفاظت میں آنا **سائے سے بچ کے چلنا یا بچنا** (لازم) ۱ اثر سے بچے رہنا ۲ احتراز کرنا۔ نہ ملنا **سائے سے بھاگنا یا بھڑکنا** (لازم) ۱ کسی چیز سے دہشت ہونا ۲ گھوڑوں کا کسی چیز کی چھاؤں یا اپنے سائے سے ڈرنا **سائے سے تلوار کے نکل جانا** (لازم) تلوار کی زد سے بچ جانا۔ **سائے سے جلنا** (لازم) نفرت ہونا **سائے سے دور دور رہنا** (لازم) صحبت سے متنفر ہونا۔ **سائے سے رم کرنا** (متعدی) ۱ اپنے سائے سے ڈرنا یا بھاگنا ۲ نہایت احتیاط کرنا۔

نزدیک نہ آنا۔ **سائے سے وحشت ہونا** (لازم) دیکھو سائے سے بھڑکنا۔ **سائے سے ہٹنا** (لازم) پرے ہٹنا۔ دور رہنا۔ **سائے کی طرح ساتھ (ساتھ) پھرنا یا ہونا** (لازم) ہر وقت ہمراہ رہنا۔ کسی وقت جدا نہ ہونا۔ **سائے میں آجانا** (لازم) آسیب کا عمل ہونا۔ **سائے میں بیٹھنا** (لازم) ۱۔ چھاؤں میں بیٹھنا ۲۔ حمایت میں آجانا۔

سائے میں پلنا (لازم) ۱۔ کسی کی حمایت میں پرورش پانا ۲۔ کسی خاص حالت میں پرورش پانا۔ **سائے میں تلوار کے لے لینا** (متعدی) تلوار کی زد میں لانا۔

سائیٹ (انگ۔ مونث) ۱۔ نظر ۲۔ نشانہ۔ سیدھ ۳۔ بندوق کی مکھی۔

سائیس (ع۔ مذکر) ملازم جو گھوڑے کی خدمت کے لئے رکھا جائے (سُوَس) جانور کی خدمت کرنا) **سائیسی** (مونث) سائیس کا کام

امثال و اقوال۔ سائیسوں کا کال منشیوں کی بہتات (ایسا الٹا زمانہ ہے کہ کام کرنے والے ملازم نہیں ملتے۔ پڑھے لکھے عام ہیں **سائیسی علم دریاؤ**۔ ہر پیشے کے خاص خاص راز ہیں۔

سائیفن (انگ۔ مونث) ۱۔ ٹیڑھی نالی جس کے ذریعے پانی کسی اونچے برتن سے نکال رسے کے اوپر گذار کر نیچے کے برتن میں لاتے ہیں۔

سائیں (ہ۔ مذکر) ۱۔ مالک۔ سردار ۲۔ خاوند ۳۔ خدا۔ ایشور ۴۔ فقیر۔ درویش ۵۔ ایک خاص قسم کے فقیر ۶۔ فقیروں کو خطاب کرتے ہیں ۷۔ (صفت) بھولا بھالا ۸۔ لاپرواہ ۹۔ خداشناس (اس سوا ایک) **سائیں صاحب** (مذکر) ۱۔ عزت کا خطاب درویش کے لئے ۲۔ سلے وغیرہ مالک کو کہتے ہیں ۳۔ عورت خاوند کو کہتی ہے۔ **سائیں کاٹ** (صفت) خراب خستہ (زنانوں کی اصطلاح)۔

امثال و اقوال۔ سائیں اپنے چت کی بھول نہ کہئے کوئے۔ تب لگ من میں راکھئے جب لگ کارج ہوئے (ہ) اپنے دل کا راز بھول کر بھی کسی کو بتانا نہیں چاہئے۔ جب تک کام نہ ہو جائے اسے دل میں رکھنا چاہئے۔ **سائیں اس سنسار میں بھانت بھانت کے لوگ۔ سب سے مل کر بیٹھئے ندی ناؤ سنجوگ** (ہ) دنیا میں قسم قسم کے لوگ ہیں۔ مل کر گذارہ کرنا چاہئے۔ **سائیں اکھیاں پھیریاں بیری ملک جہان ٹک اک جھانکی مہر دی تکھاں کریں سلام** (ہ) خدا ناراض ہو تو سارا جہان ناراض ہو جاتا ہے۔ اور اگر مہربانی کی ایک نظر کرے۔ تو لاکھوں سلام کرتے ہیں۔ **سائیں تجھ بن کون ہے جو کرے نیا پار۔ توہی آدت ہے نظر چہوں اور کرتار**۔ اے خدا تیرے سوا دان ہے جو بیڑا پار کرے۔ جدھر دیکھتا ہوں تو نظر آتا ہے۔ **سائیں تیرا آسرا چھوڑے جو انجان۔ در در ہانڈے مانگتا کوڑی ملے نادان** (ہ) جو خدا کا آسرا چھوڑ دے وہ در در مانگتا پھرے تو بھی اسے کچھ نہیں ملتا۔ **سائیں تیرے آسرے آن پڑے جو لوگ اُن کے پورے بھاگ ہیں ان کے پورے جوگ** (ہ) جو خدا کے آسرے پر پڑے ہیں بڑے خوش قسمت ہیں۔ **سائیں تیری سوہلی اور آدر کرے نہ کوئے۔ دُر دُر کریں سہیلیاں میں مُڑ مُڑ دیکھوں توئے** (ہ) عورت اپنے خاوند سے جس نے اس سے منہ موڑ لیا ہے کہتی ہے کہ جب سے تو نے مجھ سے منہ موڑ لیا ہے کوئی منہ نہیں لگاتا۔ **سائیں تیرے کارنے چھوڑا بلخ بخارا۔ نولکھ گھوڑے پالکی اور نولکھا اسوار** (ہ) خدا کے لئے سب کچھ تیاگ دیا۔ **سائیں تیرے کارنے جن تج دیا جہان۔ ٹھیٹھ کیا بیکنٹھ میں اسنے جہاں مکان** (ہ) جس نے خدا کے لئے سب کچھ چھوڑ دیا۔ اس کی نجات ہو گئی اور جنت ملی۔ **سائیں تیری نیہ کا جس تن لاگا تیر۔ وہی پورا سادھ ہے وہی پیر فقیر** (ہ) جسے خدا سے محبت ہے وہ پورا فقیر ہے۔ **سائیں تیری یاد میں جس تن کینا خاک۔ سونا اس کے رو برو ہے چوہلے کی خاک** (ہ) جو فنا فی اللہ ہوا اس کی نظر میں دولت دنیا خاک ہے۔ **سائیں جس کو راکھ لے مارن مارا کون۔ بھوت دیو کیا آگ ہو کیا پانی کیا پون** (ہ) جس کو خدا رکھے اسے کون چکھے۔ **سائیں جس کے ساتھ ہوا اس کو سانسا کیا چھن میں اس کے کارسب دے بھگوان بنا** (ہ) جس کا خدا مددگار ہو اس کے کام پل میں بن جاتے ہیں۔ **سائیں راج بلند راج۔ پوت راج دُوت راج** خاوند کا زمانہ بہت اچھا زمانہ ہے۔ بیٹے کا زمانہ کچھ نہیں۔ **سائیں سانسا میٹ دے اور نہ میٹے کوئے۔ واکو سانسا کیا رہا جاسر سائیں ہو** (ہ) خدا کے سوا کوئی شبہ دور نہیں کرسکتا مگر جسے خدا نیکی کی ہدایت دے۔ **سائیں سائیں جیبھ پر اور گبر کپٹ من منجھ وہ نہ ڈالے جائیں گے پکڑ نرک میں کھینچ** جن کی زبان پر خدا کا نام ہے اور ان کے دل میں غرور اور دھوکا ہے۔ نرک میں ڈالے جائیں گے۔ **سائیں سے جو پھر گیا اس کو لابھ نہ ہوئے۔ وہ تو یونہی جائیگا جنم اکارت کھوئے** جو خدا سے پھر گیا اسے کبھی فائدہ نہیں ہوتا اس کا پیدا ہونا ہی رائیگان جاتا ہے۔ **سائیں سے سانچی رہوں باج باج رے ڈھول تہ تجن میں میری پت رہے سکھیاں میں رہے بول**۔ عورت کی دعا ہے کہ خاوند مجھے چاہے اور لوگ مجھے اچھا کہیں اور سہیلیوں میں عزت ہو۔ **سائیں سے سچا رہ اور بندے سے ست بھاؤ چاہے لمبے کیس بڑھا چاہے منڈ منڈاؤ** جس طرح چاہو رہو سچ بولو اور خدا کے سامنے سچے رہو۔ **سائیں کا رکھ آسرا اور واہی گاے نام دو جگ میں بھرپور ہوں جو تیرے سگرے کام** (ہ) خدا پر آسرا رکھ اور اسی کا نام لے تو دونوں جہاں میں تیرے کام پورے ہوں گے۔ **سائیں کا سمرن کرو جو ہوئیں سنپورن کار۔ سائیں بھی سنمکھ ملے اور رکھگت کرے سنسار** (ہ) خدا سے مدد مانگ تاکہ تیری امیدیں پوری ہوں

خدا تجھے ملے اور دنیا تیری عزت کرے۔
سائیں کا گھر دور ہے جیسی لمبی کھجور۔ چڑھے تو چاکھے پریم رس گرے تو چکنا چور (ہ) خدا کو پانا بہت مشکل ہے۔ اگر پالے تو اس سے بڑھ کر کچھ نہیں اگر نہ پائے تو تباہ ہو جائے۔ **سائیں کو سانچ پیارا جھوٹے کا مالک نیارا** (ہ) خدا سچے آدمی کو پسند کرتا ہے۔ جھوٹے کا مالک کوئی اور ہے۔ **سائیں کے دربار میں بڑے بڑے ہیں ڈھیر۔ اپنا دانا بین لے جس میں ہیر نہ پھیر** (ہ) اپنی قسمت پہ شاکر رہنا چاہیئے اور جو ملے اس پر قناعت کرنی چاہیئے۔ **سائیں کے سو کھیل ہیں** خدا جو چاہے کرے اس کے کرنے کے سو طریقے ہیں۔ **سائیں گھوڑے مر گئے گدھن آیو راج۔ کاگا ہاتھ پہ لیت ہیں دور سے گئے ہیں باج** (ہ) خدایا زمانہ ہی الٹا ہے۔ عقلمند مر گئے۔ بیوقوف مزے کر رہے ہیں۔ بازوں کی بجائے کوے ہاتھ پر ہیں۔ بیوقوفوں کی عزت ہے شریفوں کی ذلت۔

سائیں (ہ۔ مونث) ۱ ہوا کی نقل۔ جیسے ہوا کی سائیں سائیں (مونث) ہوا کے چلنے کی آواز۔ **سائیں سائیں کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ ہوا کی حرکت سے پتوں میں سے آواز نکلنا ۲ ویرانی یا وحشت برسنا ۳ جسم میں سنسناہٹ ہونا۔ ضعف سے جسم گرا پڑنا۔

سایا (پرتگالی۔ مذکر) یورپین عورتوں کا گون۔

سایُجیَہ (س۔ مذکر) ۱ اتحاد۔ یکساں ہونا۔ مل جانا۔ جذب ہو جانا ۲ آتما کا پرآتما میں مل جانا۔ مکتی ہو جانا ۳ یکسانیت۔ مطابقت۔ میل۔

سایک (س۔ مذکر) ۱ تیر ۲ تلوار ۳ ہتھیار۔

سایل (ع۔ صفت) دیکھو سائل۔

سایَن (س۔ مذکر) کسی سیارے کا طول بلد۔

سایَن اچاریہ یا مادھو۔ (مذکر) ساین کو کہتے ہیں۔

سایَنکال (س۔ مذکر) شام۔ شام کا وقت۔

سایہ (س۔ مذکر) ۱ انجام۔ اخیر۔ اختتام ۲ دن کا اختتام۔ شام ۳ تیر۔

سایہ (ف۔ مذکر) ۱ چھاؤں۔ پرتو۔ پرچھاؤں۔ ظِلّ ۲ صحبت کا اثر۔ ظلِّ عاطفت ۳ وہ تیرگی جو مصور تصویروں میں دکھاتے ہیں ۴ مہوسوں کی اصطلاح میں وہ سیاہی جو سفید کئے ہوئے تانبے میں کسی نقص کی وجہ سے آ جائے ۵ حفاظت۔ حمایت ۶ بھوت پریت۔ آسیب۔ جن (س چھایا) ۷ سایا **سایہ آنا** (لازم) ۱ کسی چیز کی چھاؤں کا کسی خاص جگہ پہنچنا ۲ آسیب آنا۔ **سایہ اُتارنا** (متعدی) جن کا اثر زائل کرنا۔ **سایہ اترنا** (لازم) ۱ جن کا اثر زائل ہونا ۲ دیوار کے سائے کا اثر زمین پر آنا۔ **سایہ اٹھنا** (متعدی) سرپرست کا مر جانا۔ **سایہ افگن** (صفت) سایہ ڈالنے والا۔ **سایۂ بالِ ہما** (مذکر) کہتے ہیں کہ ہما کے سایہ پڑنے سے انسان بادشاہ ہو جاتا ہے۔ **سایہ بنکر ساتھ رہنا** (لازم) ہر وقت ہمراہ رہنا۔ کسی وقت جدا نہ ہونا **سایہ پرور** (صفت) ۱ گھر پر تعلیم دیا ہوا ۲ معصوم۔ لاڈلا۔ جس کو دنیا کی واقفیت نہ ہو۔ **سایہ پروردہ۔ پروردہ** (صفت) ۱ لاڈلا ۲ خانہ زاد۔ **سایہ پڑ جانا۔ پڑنا** (۱) پرچھاؤں پڑنا۔ کسی چیز پر ۲ اثر ہونا صحبت کا۔ کسی کے زیر اثر ہونا ۳ آسیب ہونا۔ **سایہ پسا جاتا ہے۔** بہت مجمع یا بھیڑ ہے **سایہ پھٹکا رہنا** (لازم) دور دور رہنا سائے کا۔ **سایہ پوش** (مذکر) ۱ چھتری ۲ باغ۔ **سایۂ تیغ** (مذکر) تلوار کا سایہ۔ جنگ وجدل کا موقعہ۔ خطرے کا مقام۔ **سایۂ تیغ میں نیند آنا** (لازم) خطرے میں سو رہنا۔ **سایہ چڑھنا** (لازم) سایہ کا بلند چیزوں پر پہنچ جانا **سایۂ حمایت** (مذکر) امداد۔ حمایت۔ سایہ خدا (مذکر) ۱ خدا کی مدد ۲ بادشاہ **سایہ خفت** (صفت) جو چھاؤں میں سوئے۔ **سایۂ خفتِ نخلِ حیات** (مذکر) حضرت ذکریا کا لقب **سایہ دار** (صفت) سائے والا جسکا سایہ ہو (درخت وغیرہ) **سایۂ دولت** (مذکر) خدمت بادشاہ یا امیر۔ ظلِّ عاطفت **سایۂ دولت سے دور رہنا** (لازم) خدمت میں حاضر نہ ہونا۔ پاس نہ رہنا۔ **سایہ ڈالنا** (متعدی) اثر ڈالنا۔ صحبت سے مستفید کرنا۔ **سایہ ڈھلنا** (متعدی) ۱ سایہ اتر جانا۔ عصر کا وقت ہونا ۲ جھٹ پٹے کا وقت ہونا۔ **سایہ رہنا** (لازم) ۱ چھاؤں رہنا ۲ کسی بزرگ کا زندہ ہونا۔ **سایہ زدہ** (صفت) آسیب زدہ **سایہ سان** (صفت) سایہ کی طرح **سایہ سر پر قائم رہنا یا ہونا** (لازم) کسی بزرگ کا مر جانا۔ **سایۂ عاطفت** (مذکر) مہربانی کا سایہ۔ زندگی۔ حمایت۔ **سایہ عاطفت میں پرورش پانا یا پلنا** (لازم) کسی بزرگ کی زندگی میں پلنا۔ **سایہ فگن** (صفت) سایہ ڈالنے والا۔ **سایہ کرنا** (متعدی) چھتری وغیرہ کی چھاؤں کرنا۔ **سایہ گستر** (صفت) ۱ مہربان۔ متوجہ۔ ملتفت ۲ حامی۔ مددگار ۳ سایہ دار۔ **سایہ نہ پانا** (لازم) نشان تک نہ ملنا **سایہ نہ ہونا** (لازم) نشان تک نہ ہونا **سایہ ہونا** (لازم) ۱ چھاؤں ہونا ۲ آسیب ہونا ۳ صحبت کا اثر ہونا ۴ حمایت یا مدد ہونا ۵ بزرگ کا زندہ ہونا۔ **سایۂ یزداں** (مذکر) ۱ خدا کا سایہ ۲ بادشاہ۔ شہنشاہ۔

سَب (ہ۔ صفت) ۱ کل۔ تمام ۲ پورا۔ مکمل۔ کامل ۳ ہر ایک۔ ہر قسم یا طرح کا ۴ عام۔ مشترک ۵ بالکل۔ سراسر ۶ (مذکر) تمام لوگ۔ ہر شخص۔ عام لوگ ۷ تمام چیزیں۔ کل شے (س سَرو) **سب کھٹ کانے** (تعت) ہر جگہ **سب جگہ** (تعت) ہر جگہ **سب جناں** (ہ) ہر بات جاننے والا۔ علیم۔ خبیر۔ **سب جھونک دیا** سارا مال لگا دیا **سب جھوٹ** (ہے) بالکل غلط ہے۔ **سب چیز کی لہر بہر ہے** کسی چیز کی کمی نہیں سب کچھ موجود ہے **سب حال** (مذکر) کل واقعہ۔ کل کیفیت **سب خاک سیاہ ہو جانا** (لازم) ہر چیز جل جانا۔ بالکل تباہ ہو جانا۔ **سب در جھانکنا** (متعدی) ہر جگہ تلاش کرنا۔ **سب دہا دیں۔** سب مانتے ہیں۔ سب مطیع ہیں۔ **سب سمیت** (تعف) سب کے ساتھ۔ کل ملا کر۔ **سب سے بری ہونا** (لازم) کسی سے سروکار نہ ہونا۔ **سب سے ٹوٹ کر اس کے ہو رہنا** (لازم) سب سے قطع تعلق کرکے خدا سے لو لگانا۔ **سب طرح تیار۔** لڑنے مرنے پر تیار۔ **سب طرح سے حاضر ہونا** (لازم) ہر کام کے لئے تیار ہونا۔ **سب کا**

(صفت) لوگوں کا۔ ہر ایک کا۔ **سب کا بھلا ہو** (کرسے) دعا۔ خدا سب کے فائدے کی بات کرے۔ **سب کا سب** (صفت) کل۔ تمام۔ **سب کان لگا کر سنو**۔ غور سے سنو **سب کچھ** (تنف) ہر ایک چیز۔ سب چیز۔ **سب کچھ ہو ہوا کر** سارا معاملہ طے ہو کر۔ کارروائی ختم ہونے کے بعد۔ **سب کو ایک آنکھ یا نظر سے دیکھنا** (متعدی) سب سے یکساں طور پر پیش آنا۔ کانے کے متعلق مذاقاً کہتے ہیں۔ **سب کو ایک لاٹھی سے ہانکنا**۔ ہر ایک سے ایک طرح پیش آنا۔ کسی کے درجے وغیرہ کا خیال نہ کرنا **سب کوئی** (تنف) ہر ایک۔ ہر شخص (مت) **سب کہنے کی باتیں ہیں**۔ بناوٹ کی باتیں ہیں اصلیت کچھ نہیں **سب کہیں** (تنف) ہر جگہ۔ **سب کے سب** (صفت) تمام۔ کل۔ **سب کی سن لینا** (متعدی) ہر ایک کی بات سن لینا ہر ایک کی رائے یا مشورہ لے لینا۔ **سب گنوں پورا** (صفت) لائق۔ ہوشیار۔ **سب ہاتھ لئے بیٹھے ہیں**۔ سب تمہارا انتظار کر رہے ہیں۔ کسی نے کھانا نہیں کھایا۔ **سبھول** (صفت) سب (مت) **سبھی** (تنف) سب۔ سب ہی کا مخفف۔ **سبھی کچھ** (تنف) سب کچھ **سبھی کو** (تنف) سب کو۔

امثال واقوال۔ **سب اپنے بہو بیگانی**۔ اس لئے کہ بہو دوسرے گھر کی ہوتی ہے **سب استرے باندھو کوئی تلوار نہ باندھو** کردو یہ منادی **کوئی دستار نہ باندھو**۔ ظالم کے ظلم کے متعلق کہتے ہیں۔ **سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں**۔ سب ایک جیسے ہیں سب شرارتی ہیں۔ **سب ایک ہی ماتھے** ہر چیز ایک ہی شخص کو ملتی ہے امیر کے پاس اور دولت آتی ہے۔ **سب ایک ہی ناؤ میں سوار ہیں** سب کی حالت ایک جیسی ہے **سب بات کھوٹی پہلے دال روٹی**۔ اول طعام بعدہٗ کلام پیٹ کی فکر سب سے پہلے۔ **جتنے سخن ہیں ان میں یہی ہے سخن درست۔ اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست۔** سب سے اچھی دعا یہی ہے کہ خدا آبرو سے اور تندرست رکھے **سب پیر چھوٹے پکڑی گئیں بی نور**۔ بدمعاش تو بچ گئے ایک بے گناہ پھنس گیا **سب پیڑوں میں بڑا جو بڑا اکاس واکی چوٹی پاتال واکی جڑ ہرے ہرے پتے لال لال پھل اکبر بادشاہ گبدی نخر**۔ کہتے ہیں کہ چار گنواروں نے یہ سن کر کہ اکبر بادشاہ شاعروں کو بہت انعام دیتا ہے۔ مشورہ کیا کہ ہم بھی کچھ اس کی تعریف میں کہیں تین نے تو پہلے تین مصرعے کہے چوتھا سوچ رہا تھا کہ ملا دو پیازہ پاس سے گذرا اس نے سب باتیں سنکر چوتھا مصرع بتا دیا۔ گنوار بڑے خوش ہوئے بادشاہ کو جا کر سنایا پہلے تو بادشاہ بہت ناراض ہوا۔ مگر یہ معلوم ہونے پر کہ یہ ملا دو پیازہ کی شرارت تھی۔ گنواروں کو انعام دیکر رخصت کیا۔ **سب توڑیں میرا ایک رب نہ توڑے**۔ **سب جگ روٹھا روٹھن دے ایک وہ نہ روٹھا چاہئے**۔ **سب جگ روٹھا رہے (سری رام) یا میرا رام میرا مالک نہ روٹھا چاہئے**۔ چاہے ساری دنیا ناراض ہو ایک خدا نہ ناراض ہو۔ **سب جیتے جی کا بکھیڑا ہے**۔ **سب جیتے جی کے جھگڑے ہیں یہ تیرا ہے یہ میرا ہے۔ جب چل بسے اس دنیا سے نا تیرا ہے نا میرا ہے**۔ موت کے وقت کوئی چیز ساتھ نہیں جاتی۔ یہ سب زندگی کے ہی جھگڑے ہیں۔ **سب چیز کی لہر بہر ہے**۔ کسی چیز کی کمی نہیں۔ سب چیزیں موجود ہیں **سب دن چنگے (چنگی) تہوار کے دن ننگے (ننگی)** **سب دن سرنگی عید کے دن ننگی**۔ فضول خرچ آدمی کے متعلق کہتے ہیں کہ وقت پر اس کے پاس کچھ نہیں ہوتا۔ **سب دھان (بارہ پسیری کے) بائیس پسیری**۔ ہر ایک سے یکساں برتاؤ ہوتا ہے۔ بھلے برے کی کوئی تمیز نہیں۔ **سب سانس مرٹ جائیگا جب ہوگا رام سہائے۔ رانی اس بھگوان سے لیجئے دھیان لگائے** (ھ) جب خدا کی مہربانی ہوگی سب تکلیف رفع ہو جائیگی۔ خدا سے دھیان لگاؤ۔ راجہ نل یا راجہ ہریشچندر اپنی رانی سے کہتے ہیں۔ تکلیف اور مصیبت کے وقت کہا جاتا ہے **سب سنسار کال (موت) کا کھاجا جیسے گدا ویسے راجا**۔ اونے موت سب کے لئے ہے۔ **سب سے بڑی اعلیٰ بھوک جو پاوے سو چکھ**۔ بھوک بڑی زبردست چیز ہے۔ جو کچھ سامنے آئے انسان چٹ کر جاتا ہے۔ **سب سے بہتر ہے۔ میاں صاحب سلامت دور کی**۔ دور دور رہنا ہی بہتر ہے بے تکلفی اچھی نہیں۔ **سب سے بھلا کسان کھیتی کرے اور گھر رہے**۔ دوسرے پیشوں والے مارے مارے پھرتے ہیں۔ **سب سے بھلا گھسوٹا نہ نفع جانے نہ ٹوٹا**۔ قزاق کو نہ کسی کے نفع کی پرواہ نہ کسی کے نقصان سے غرض **سب سے بھلا گوپی چند۔ نہ کرے کھیتی نہ بھرے ڈنڈ**۔ آزاد آدمی اچھا نہ کوئی کام کرے نہ نقصان اٹھائے۔ **سب سے بھلے بھیک کے روٹ** نقیروں کا قول جو چیز مانگے ہوئے مفت مل جائے سب سے اچھی۔ **سب سے بھلی چپ**۔ خاموشی سب سے بہتر ہے۔ **سب سے بھلے موسل چند کریں نہ کھیتی بھریں نہ ڈنڈ**۔ چور اور قزاق سب سے اچھے نہ کوئی کام کرتے ہیں اور نہ محصول دیتے ہیں۔ بیکار بدچلن آدمی کے متعلق طنزاً کہتے ہیں۔ **سب سے بھلے ہم نہ رہے کی شادی نہ گئے کا غم**۔ بیفکرے آزاد شخص کو نہ کسی کی خوشی نہ غم **سب سے رلمل چلائے جب لگ پار بسائے مشٹ بچن مکھ بولئے جو نیکی ہی رہجائے** (ھ) ہر ایک سے مل جلکر گزارا کرنا چاہئے۔ اور میٹھا بولنا چاہئے تاکہ نیک نام رہیں۔ **سب سے میٹھی بھوک** بھوک میں کھانے کا مزا ہوتا ہے۔ **سب سے ہلئے سب سے ملئے سب سے کیجئے چاؤ۔ ہانجی ہانجی سب سے کہئے بسئے اپنے گاؤں**۔ اگر تم آرام سے زندگی گزارنا چاہتے ہو تو ہر ایک سے میل جول اور محبت رکھو اور ہر ایک کی ہاں میں ہاں ملاؤ۔ **سب شکل ہے لنگور کی اک دم کی**

کسر ہے۔ کسی کی بدصورتی پر طنز ہے **سب صدقے میں الگ**۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو بہت دوستی اور محبت کا اظہار کرے۔ مگر وقت پڑے پر الگ ہو جائے **سب کام تھکا۔ تو. برا کام تکا**۔ جب سب کاموں میں ناکامیابی ہوئی تو حیثیت سے کم کام اختیار کیا۔ **سب کاموں میں (رہوں) بوری کون ہے لنڈوری**۔ جب کوئی عورت شیخی مارے تو اسے کہتی ہیں۔ **سب کتے کانشی گئے تو ہنڈیا کس نے چاٹی**۔ اگر سب نیک ہیں تو یہ شرارت کس نے کی **سب کچھ گیا (تیری چلبل نہ گئی) میاں کی ٹخ ٹخ نہ گئی**۔ کنگال ہو گئے مگر شیخی نہ گئی۔ **سب کو کھیل میں ایکل۔ سب کود یا دھکیل بندھا بندی آپ ہی رہا (رہی) ایکل**۔ اب کوئی سوائے اپنے زندہ نہیں۔ **سب کو کہو میری ٹھورن کو کچھ نہ کہو** (عو) کوئی عورت نصیحت پر ناراض ہو جائے تو کہتی ہیں **سب کوئی جھومر پھرے لنگڑی کہے ہم ہوں**۔ ہر ایک کو دیکھ کر وہ بھی جسے کسی چیز کی ضرورت نہ ہو ریس کرتا ہے۔ **سب کوئی ملے لنگوٹیا نہ ملے سب کوئی ملیو پر لنگوٹیا یار نہ ملیو**۔ یہ بے تکلف اور گستاخ ہوتا ہے۔ لنگوٹیا بہت بے تکلفی کرتا ہے۔ **سب کھیل کھیل چکے ہرونگا باقی ہے**۔ ایک آخری تدبیر اور کرنی ہے۔ **سب کے داتا رام**۔ خدا سب کا رازق ہے **سب کے داؤں انڈے بچے ہمارے داؤں کرٹک**۔ سب خوش قسمت ہیں، ہم ہی بد قسمت ہیں۔ **سب کوئی بولے تو ٹیک لاگلا کپور۔ بہو بولے تہوک بریلا** (پوربی) بہو کا بولنا اچھا نہیں لگتا۔ کانٹے کی طرح چبھتا ہے۔ اور بولیں تو اچھا معلوم ہوتا ہے ساس نہیں چاہتی کہ اس کی موجودگی میں بہو بولے **سب کی رہاں (میا شام (ہے)** شام کو سب گھر آ کر آرام پاتے ہیں۔ **سب گڑ لاٹ ہو گیا سب گڑ مٹی ہوا**۔ ساری محنت اکارت گئی۔ **سب گن بھری بیلوا سونٹھو**۔ سونٹھ بڑی مفید چیز ہے۔ **سب گن بھری مری لاڈو سب گن پوری کون کہے لنٹھوری** شیخی خور عورت کو کہتی ہیں۔ **سب گن کی آگر پھوٹی گاگر** (پوربی) طنزاً کہتی ہیں۔ سب خوبیاں ہیں مگر گھر میں پھوٹی گاگر بھی نہیں تناش ہے **سب گن کی آگر۔ دھیا ناک بنا بے حال** (عو) بہت شیخی خور کو کہتی ہیں۔ **سب گھٹا دیتے ہیں مفلس کے غرض مال کا مول**۔ غریب آدمی کچھ بیچنے جائے تو اس کے مال کی قیمت تھوڑی پڑتی ہے۔ **سب گھر مٹیالے چولھے**۔ سب کی حالت ایک جیسی ہے **سب گہنوں میں چندن ہار** چندن ہار سب گہنوں سے بہتر ہے۔ **سب گیا پر میاں کی ٹخ ٹخ نہ گئی**۔ سب جانے پر بھی غرور یا غصہ نہ گیا۔ **سب مد ملے ہیں بد یا مداد ماد سب نشے** مدہوش کرتے ہیں لیکن علم کا نشہ زیادہ بدمست کرتا ہے تھوڑا علم آدمی کو مغرور بنا دیتا ہے۔ **سب ہی بات کھوٹی سری دال روٹی** کھانے کی باتوں کے سوا سب باتیں فضول ہیں۔ **سبہی بھوم گوپال کی تا میں اٹک کہا۔ جانے من میں اٹک ہے سو ہی اٹک رہا** (ہ) ساری زمین خدا کی ہے اس میں اٹک کہاں۔ جس کے دل میں اٹک ہو وہی اٹک رہتا ہے۔ ہندو اٹک دریا کے پار جانا برا خیال کرتے تھے جب راجہ مان سنگھ کی ہندو فوجوں نے دریائے اٹک سے پار جانے سے انکار کیا تو اس نے یہ کہا تھا۔ اس پر فوج چلی گئی۔ **سبھی پدارتھ پان ہے ایک ہی اوگن آہ۔ جا کے کر پا دھرت ہیں بدا کرت ہیں تعاہ** (ہ) پان میں سب خوبیاں ہیں اور ایک نقص ہے وہ یہ کہ جسے دو اس کے پاس چلا جاتا ہے۔ **سبھی جات چمار کی بنا چام نہیں کوئے۔ بنا چام وہ آپ ہے جس کو لکھے نہ کوئے** (ہ) سب لوگ چمار ہیں کیونکہ سب کا چمڑا ہے۔ بغیر چمڑے کے صرف خدا ہے جسے کوئی دیکھ نہیں سکتا۔ **سبھی سہایک سبل کے۔ کیو نہ نبل سہائے۔ پون جگاوت آگ کو دیپک دیت بجھائے** (ہ) زبردست کے سب مددگار ہوتے ہیں کمزور کا کوئی نہیں۔ ہوا جو آگ کو بھڑکاتی ہے۔ چراغ کو بجھا دیتی ہے۔ **سبھی کو کر جو کاشی جائیں تو پاتر چاٹن کون آئیں**۔ اگر سب بڑے ہو جائیں تو معمولی کام کون کرے۔ **سبھی مصری کی ہیں ڈلیاں**۔ سب حسین یا نیک ہیں۔

سَب (مصر (ص) زمین اور زرخیزی کا ایک دیوتا۔

سَبّ (ع۔ مذکر) گالی (سَبّ گالی دینا) سب و شتم (مذکر) گالی دینا یعن طعن کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔

سَب (انگ۔ صفت) سب آرڈینیٹ کا مخفف۔ ماتحت۔ نائب پیشکار **سب آفس** (مذکر) مفصلات کا ڈاک خانہ۔ **سب آرڈینیٹ جج یا سب جج** (مذکر) وہ حاکم دیوانی جو جج کے ماتحت ہوتا ہے۔ **سب انجنیر** (مذکر) میر عمارت کا نائب۔ **سب اسسٹنٹ سرجن** (مذکر) ڈاکٹر جو اسسٹنٹ سرجن کے ماتحت ہو۔ **سب انسپکٹر** (مذکر) نائب انسپکٹر **سب انسپکٹر آبکاری** (مذکر) ایک عہدے دار جو انسپکٹر آبکاری کے ماتحت ہوتا ہے۔ **سب انسپکٹر پولیس** (مذکر) تھانیدار **سب اوورسیر** (مذکر) اوورسیر کا نایب۔ **سب پوسٹ آفس** (مذکر) مفصلات کا ڈاکخانہ۔ **سب پوسٹ ماسٹر** (مذکر) وہ عہدہ دار جس کے ماتحت سب پوسٹ آفس ہو۔ **سب ڈویژن** (مذکر) ۱ ضلع کا ایک حصہ ۲ نہر کے محکمے کا ایک حصہ ۳ دیگر محکموں کا ایک حصہ۔ **سب ڈویژنل افسر** (مذکر) وہ افسر جو سب ڈویژن کا انچارج ہو (انہار وغیرہ کے ساتھ)۔ **سب رجسٹرار** (مذکر) ایک عہدے دار جو رجسٹریوں کی تصدیق کرتا ہے۔

رِسب (ہ۔ مذکر) شوخی۔

سَبا (ع۔ مذکر) ۱ ملکہ بلقیس زوجۂ حضرت سلیمان کا ملک۔ جو بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یمن میں تھا ۲ یمن کے قبیلوں کے مورث اعلیٰ کا نام۔

سِباب (ع۔ مذکر) گالی۔ بدزبانی (سَبّ۔ گالی دینا)۔

سبابَہ (ع۔ مذکر) کلمے کی انگلی۔

سُباس (ہ۔ صفت) ۱ خوشبودار۔

معطر۔ سوندھا ۲ (مونث) خوشبو۔ مہک۔
نگہت۔ سگندھ۔
سَباط (ع۔ مذکر) رومی سال
کا چوتھا مہینہ۔
سباع (ع۔ مذکر) جمع سَبُع کی
شیر ببر۔ درندے۔
سباعی (ع۔ صفت) ۱ مکمل۔ تمام۔ جسکا
بدن سارا درست ہو ۲ سات حرفی (سَبْع۔ سات) ہو۔
سباق (ع۔ مذکر) ۱ سبقت لیجانے کی
کوشش۔ سبقت دوڑ ۲ علم کی واقفیت عموماً سیاق کیساتھ استعمال
ہوتا ہے جیسے سیاق و سباق (سَبْق۔ آگے جانا)۔
سبائیہ (ع۔ مذکر) ایک شیعہ فرقہ۔
سَبَب (ع۔ مذکر) کوئی چیز جو دو چیزوں
کو ملائے ۱ وجہ۔ باعث۔ موجب ۲ حجت۔ دلیل بحث ۳ واسطہ
وسیلہ۔ ذریعہ ۴ علم عروض (کلمہ دو حرفی ۵ فلسفہ۔ وہ چیز جس سے
دوسری چیز کا وجود ظاہر ہو۔ وسیلہ کرتعت) وجہ سے ذریعے
(سَبَب۔ وجہ مقرر کرنا) **سبب ثقیل** (مذکر) کلمہ دو حرفی ہیں
جب دوسرا حرف متحرک ہو۔ **سبب خفیف** (مذکر) کلمہ
دو حرفی میں جب دوسرا حرف ساکن ہو۔ **سبب سے**
(نف) ۱ وجہ سے ۲ وسیلے سے۔
سَبَت (ع۔ مذکر) ۱ آرام ۲ آسائش۔
اسود گی ۳ چھٹی کا دن یہودیوں کیلئے سنیچر عیسائیوں کیلئے اتوار اور
مسلمانوں کیلئے جمعہ ہے۔ (سَبْت آرام کرنا)۔
سَبِّت (ع۔ مونث) اقعد سَبّ گالی دینا
سُبّت (ع۔ مونث) وہ چیز جو گالی دلانے
کی موجب ہو۔ بدنامی۔ بے عزتی ۲ شرم کی بات ۳ ضرر۔ بدمعاشی
خسارت ۵ تہمت۔
سَبِّح (ع۔ مذکر) سورہ الاعلٰے کا دوسرا
نام ہو (سَبَّحَ خدا کی تعریف کرنا)۔
سبحان (ع۔ مصدر) ۱ خدا کو پاکی سے
یاد کرنا ۲ خداوند پاک (سَبَّحَ خدا کی تعریف کرنا) **سبحان اللہ**
۱ پاک ہے اللہ ۲ پاکی سے یاد کرتا ہوں میں اللہ کو ۳ تعجب کا
کلمہ ۴ تحسین و آفرین کا کلمہ ۵ داد دینے کا کلمہ ۶ طنز سے بھی
کہتے ہیں **سبحان تیری قدرت** ۱ تعجب کا کلمہ ۲ طنز
سے بھی کہتے ہیں ۳ تیر کی آواز کی نقل **سبحان لم یزل** (مذکر)
خداوند پاک جو نہ مرنے والا ہے **سبحانہ** پاک ہے وہ۔
سبحانی (صفت) سبحان سے منسوب خدا کا خدائی۔

تسبحل (ع۔ مذکر) سبحان اللہ کہنا۔
سَبجہ (ع۔ مذکر) ۱ پیڑے کے کپڑے ۲

پیغمبر صلعم کا ایک گھوڑا ۳ جعفر طیار کا ایک گھوڑا۔
سُبحہ (ع۔ مونث) تسبیح۔ تسبیح کے دانے
(سَبَّحَ خدا کی تعریف کرنا) **سبحہ سنج یا گردان** (صفت)
تسبیح پڑھنے والا۔ **سبحہ گردانی** (مونث) تسبیح پڑھنا۔
سَبَد (ف۔ مذکر) ٹوکری۔
سَبَدرَہ (ف۔ مذکر) جہاز کا ترچھا مستول۔
سَبُک‌ہوَر (مونث) عقل سلیم۔ سُبُکی
(صفت) عقلمند۔ دانا۔ ہوشیار۔ چالاک۔
سَبزَن (ف۔ صفت) ۱ سبز رنگ کا۔
سبز (ف۔ مذکر) ۱ ہرا۔ ایک رنگ جو
نیلے اور زرد رنگ سے مرکب ہے ۲ تازہ۔ شاداب ۳ کچا ۴
گھوڑوں کا ایک رنگ جو سفید سیاہی ملا ہوا ہوتا ہے ۵ سیاہی مائل۔
سیاہ ۶ نیلی (آنکھ) **سبز آب** (مذکر) کائی جو پانی پر جم جاتی ہے۔
سبز آشیانہ۔ ایوان یا بادبان (مذکر) آسمان **سبز اِن چمن**
(مذکر) باغ کے درخت **سبز اندر سبز** (مذکر) بارید کی نوبس شرکا
نام **سبز باغ** (مذکر) بدن **سبز باغ دکھانا** فریب دینا۔
دھوکا دینا **سبز بال** (مذکر) ایک قسم کا انگور **سبز بخت** (صفت)
خوش قسمت۔ خوش نصیب **سبز بختی** (مونث) خوش قسمتی خوش اقبالی۔
سبز بہار (مونث) ایک سُر **سبز پا** (صفت) سیاہ بخت۔ بدبخت **سبز
پری** (مونث) اندر سبھا امانت میں ایک پری جو گلفام پر عاشق ہو کر
اسکو اٹھوا منگواتی ہے ۲ موسم بہار ۳ موج شراب ۴ ہر خوبصورت سبز چیز
سبز پل (مذکر) آسمان **سبز پوش** (صفت) ۱ سبز کپڑے پہنے ہوئے۔
سبز لباس والا ۲ زاہد ۳ ماتمی **سبز چھوڑا** (مذکر) ایک قسم کا کبوتر جس کے
سبز پروں کے بیچ میں سفید پر ہوتے ہیں **سبز پیشانی** (صفت)
جو ظاہر اچھا معلوم ہو **سبز خنگ** (مذکر) ۱ کمیت گھوڑا ۲ آسمان
سبز خنگ منحوس (مذکر) ۱ دنیا ۲ قسمت **سبز روشن** (مذکر)
ایک قسم کا کبوتر **سبز شیرازی** (مذکر) ایک
قسم کا شیرازی کبوتر۔ **سبز طاق۔ طاؤس
یا طشت** (مذکر) آسمان **سبز خام** (صفت)
سبز رنگ کا **سبز فرش** (مذکر) آسمان **سبز قبا**
(مذکر) ۱ ایک قسم کا پرندہ ۲ ایک منشی چیز جو
بھنگ اور افیون کو گھوٹ کر بناتے ہیں۔ **سبز
قدم** (مونث) منحوس **سبز قدمی** (مونث)
نحوست۔ آنے کی نحوست **سبز قدم ہے۔
سبز بخت ہے۔** طنزاً منحوس ہے۔ **سبزک**
(مذکر) ۱ ایک پرندہ ۲ قدح شراب ۳ سبزہ
تازہ ۴ سبزہ **سبز گلشن** (مذکر) آسمان۔ **سبز
گندم گوں** (مذکر) معشوق نمکین **سبز گھوڑا**
(مذکر) بھنگ **سبز مال یا مالی** ایک قسم کا

انگور۔ **سبز مکھی** (مونث) سبز رنگ کی ایک مکھی
سبز مکھی (مذکر) سبز رنگ کا ایک کبوتر۔
سبز ملیح (مذکر) نمکین معشوق **سبز منظرہ یا مکان**
(مذکر) آسمان **سبز وار** (مذکر) ۱ مرغی کی ایک
قسم جس کے سر پر چوٹی ہوتی ہے ۲ دیکھو علی۔ ہ۔
سبزہ (مذکر) ۱ نباتات۔ روئیدگی ۲ زمرد۔ پنا
۳ نیل کنٹھ ۴ ایک قسم کا آم ۵ ایک قسم کا خربزہ
۶ سفید سیاہی مائل گھوڑا ۷ وہ سبزی جو نئی
داڑھی نکلنے پر چہرے پر نمودار ہو ۸ کان کا
ایک زیور جس میں سبز رنگ کا پتھر جڑا ہو ۹
پلکوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۱۰ بھنگ (ہ)
سبزہ آب (مذکر) سبز رنگ کا غلیظ پانی۔
سبزہ آغاز (صفت) ۱ وہ جس کی داڑھی اگنی
شروع ہوئی ہو ۲ نوجوان۔ نوخیز **سبزہ آنا**۔
(لازم) داڑھی نکلنی شروع ہونا **سبزہ اُگنا**
(لازم) گھاس اگنا۔ پودے اگنا۔ **سبزۂ بہار**
(مذکر) ایک سُر۔ **سبزۂ بیگانہ** (مذکر) جنگلی
بوٹیاں۔ خود رو۔ پودے **سبزہ چمکانا** (متعدی)
سبزہ گھوڑے کو تیز دوڑانا۔ **سبزۂ خط** (صفت)
وہ جس کی داڑھی مونچھیں اگنی شروع ہوئی ہوں۔
سبزۂ خط (مذکر) نئی داڑھی مونچھیں نکلنے کی
سبزی **سبزۂ خط کا آغاز ہونا یا نکلنا** (لازم)
داڑھی مونچھوں کا نمودار ہونا **سبزۂ خوابیدہ**
(مذکر) وہ سبزہ جو روندا جائے یا بالکل کر لیٹ ہا
ہو جائے۔ **سبزہ روندنا** (متعدی) سبز گھاس
یا بوٹیوں پر پھرنا **سبزہ زار** (مذکر) وہ جگہ
جہاں سبزہ کثرت سے ہو۔ **سبزۂ شمشیر** (مذکر)
وہ سبزی جو جوہر دار تلوار میں ہو۔ **سبزۂ
گوش** (مذکر) دیکھو سبزہ ۸ **سبزہ لگنا** (لازم)
سبزہ اگنا۔ **سبزہ لہکنا یا لہلہانا** (لازم) پودوں
کا سرسبز ہونا۔ **سبزۂ نو خاستہ یا نوخیز** (مذکر)
وہ سبزہ جو نیا اگا ہو **سبز ہونا** (لازم) ۱ ہرا ہونا
۲ پھلنا پھولنا۔ سرسبز ہونا ۳ بہتری ہونا۔ بہبودی
ہونا۔ **سبزی** (مونث) ۱ سبز رنگت ۲ ترکاریاں۔
ساگ پات ۳ بھنگ (پلانا۔ پینا۔ گھنٹوانا۔ گھوٹنا
وغیرہ کے ساتھ) ۴ وہ رنگت جو جوہر دار تلوار
میں آتی ہے۔ **سبزی چھاننا** (متعدی) **چھننا**
(لازم) ۱ بھنگ پینا ۲ بھنگ کا گھوٹ کر کپڑے
میں سے نکالا جانا **سبزی فروش** (مذکر) ترکاری

پہنچنے والا **سبزے کا آغاز** (مذکر) داڑھی مونچھ نکلنا شروع ہونا۔ خط کا آغاز **سبزے کو پامال کرنا** (متعدی) پودوں اور گھاس کو لتاڑنا۔ **سبزی منڈی** (مونث) وہ جگہ جہاں سبز ترکاریاں اور تازے میوے بکتے ہیں۔

امثال واقوال سبز

سبز کیا ہے عاشقوں کو روا ہے۔ بھنگڑ بھنگ پیتے ہوئے کہتے ہیں۔ **سبزہ بر سنگ نہ روید چہ گناہ باراں را**۔ جب کسی میں تعلیم قبول کرنے کا مادہ نہ ہو تو علم کا کیا قصور۔ **سبزہ مت دو گنوارن کو۔ ہنڈیا بھر بھات لگا ڑن کو** (ھ) بھنگ گنواروں کو نہیں پلانی چاہئے وہ ہنڈیا کا سارا بھات ختم کر دیں گے۔ بھنگ بھوک بہت لگاتی ہے **سبزی میں سُرخی خبر لائے دُھرکی** — بھنگی بھنگ کی تعریف میں کہتے ہیں۔

سَبسَانا (ھ۔ متعدی) رینگنا۔ سرکنا۔

سِبط (ع۔ مذکر) ۱ پوتا۔ نبیرہ ۲ یہودی قوم (جمع اَسباط) **سبطین** (مذکر تثنیہ) امام حسنؓ و حسینؓ۔ **سبطِ اکبر** (مذکر) امام حسنؓ **سبط اصغر** (مذکر) امام حسینؓ۔

سَبع (ع۔ عدد) سات (سَبَعَ سات ہونا) **سبع المثانی** (مذکر) دیکھو سبع مثانی **سبع سماوات** (مذکر) سات آسمان۔ **سبع سیارہ**۔ سات سیارے جو یہ ہیں۔ مریخ۔ مشتری زحل۔ زہرہ۔ عطارد۔ شمس۔ قمر۔ مگر آجکل شمس ستارہ شمار ہوتا ہے اور قمر زمین کے گرد پھرنے والا۔ کئی اور ستارے دریافت ہو چکے ہیں۔ مثلاً نپچون۔ یورینس **سبع مثانی** (مونث) ۱ سورہ فاتحہ۔ کیونکہ اسمیں سات آیتیں ہیں۔ مثانی اس لئے کہتے ہیں کہ ہر دوگانے میں دو بار پڑھی جاتی ہے یا اس لئے کہ دو دفعہ نازل ہوئی۔ ایک بار مکے میں ایک بار مدینے میں ۲ سات لمبی سورتیں سورہ بقرہ سے سورہ توبہ تک۔

سَبِع (ع۔ صفت) ساتواں۔

سَبَق (ع۔ مذکر) ۱ وہ جو استاد سے ہر روز پڑھا جائے ۲ نصیحت۔ پند ۳ سزا (سَبَقَ۔ آگے جانا) **سبق برزبان** ہونا (لازم) سبق اچھی طرح سے یاد ہونا۔ **سبق بھول جانا** (لازم) ۱ سبق یاد نہ رہنا ۲ نصیحت بھول جانا **سبق پڑھانا** (متعدی) ۱ تعلیم دینا ۲ بہکانا۔ پٹی پڑھانا۔ **سبق پڑھنا** (لازم) تعلیم لینا۔ کسی سے کچھ سیکھنا۔ **سبق پڑھے نہیں**۔ نہیں جانتے **سبق خواں** (مذکر) طالب علم **سبق دیکھنا** (متعدی) مطالعہ کرنا۔ **سبق دینا** (متعدی) ۱ نصیحت کرنا ۲ سزا دینا۔ **سبق رواں ہونا** سبق اچھی طرح یاد ہونا **سبق سکھانا** (متعدی) سیکھنا (لازم) ۱ عبرت حاصل ہونا۔ ۲ کوئی بات سیکھنا۔ **سبق لینا** (متعدی) ۱ سبق پڑھنا ۲ کچھ سیکھنا ۳ عبرت حاصل ہونا۔ **سبق ملنا** (لازم) ۱ عبرت حاصل ہونا ۲ سزا ملنا۔ **سبق ہونا** (لازم) ۱ پڑھایا جانا۔ عبرت ہونا۔ **سبق یاد کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) سبق بغیر اٹکنے کے پڑھنا۔

مثل۔ **سبق اور طبق دونوں موجود ہیں**۔ ملانوں کی حرص کی طرف اشارہ ہے جو شاگردوں سے کھانے کی چیزیں منگواتے رہتے ہیں۔

سَبقت (ع۔ مونث) ۱ کسی سے آگے بڑھنا ۲ پیش قدمی ۳ بڑائی۔ ترجیح ۴ برتری۔ فوقیت۔ بزرگی۔ ابتدا۔ پہل **سبقت کرنا** (متعدی) ۱ آگے بڑھ جانا ۲ پہل کرنا۔ ابتدا کرنا **سبقت لیجانا** (متعدی) ۱ آگے بڑھ جانا ۲ فوقیت لیجانا **سبقت ہونا** (لازم) فوقیت ہونا۔ ترجیح ہونا۔

سُبُک (ف۔ صفت) ۱ ہلکا۔ خفیف ۲ تیز۔ چالاک۔ چست ۳ نازک۔ پتلا ۴ بے عزت۔ **سبک بار/بال** (صفت) ۱ ہلکا ۲ فارغ البال ۳ مجرد۔ اکیلا۔ **سبک پا** (صفت) ۱ تیز۔ چالاک ۲ پیو فا ۳ (مذکر) ہرکارا۔ ڈاک کا گھوڑا۔ **سبک پائی** (مونث) تیز چلنا **سبک پر یا پرواز** (صفت) تیز اڑنے والا۔ **سبک جاں** (مذکر) سبک بار **سبک خیز** (صفت) چست و چالاک۔ تیز رفتار **سبک خیزی** (مونث) تیز رفتار۔ چستی و چالاکی۔ **سبک دست** (صفت) تیز دست ۲ ہاتھ کا کام جلد اور نفیس کرنے والا۔ **سبک دستی** (مونث) ہاتھ کی پھرتی **سبک دوش** (صفت) ۱ جس کے پاس کچھ بوجھ نہ ہو ۲ فارغ البال ۳ مجرد۔ اکیلا (کرنا ہونا کے ساتھ) **سبک رفتار یا رو** (صفت) تیز چلنے والا۔ **سبک روح** (صفت) خوش۔ مسرور **سبک روحی** (مونث) مسرت۔ خوشی۔ **سبک روی** (مونث) تیز رفتاری **سبکسار** (صفت) ۱ بے عزت ۲ بے وقار ۳ کم قیمت ۴ کمینہ۔ رذیل (کرنا ہونا کے ساتھ) **سبکساری** (مونث) ۱ بے عزتی۔ بے وقری ۲ ہلکا پن چھچھورا پن ۳ ذلت خفت (ہونا کے ساتھ) **سبک سیر** (صفت) تیز رفتار **سبک عناں** (صفت) تیز جانے والا گھوڑا۔ **سبک کرنا** (متعدی) شرمندہ کرنا۔ بے عزت کرنا **سبک گام** (صفت) تیز رفتار **سبک گذرنا** (متعدی) عمر کا آرام کے ساتھ گذرنا **سبک مزاج** (صفت) متلون مزاج **سبک مشرب** (صفت) اوچھا۔ کمینہ **سبک مغز** (صفت) ۱ بیوقوف۔ احمق ۲ بے وفا۔ غیر مستقل **سبک وضع** (صفت) بد وضع۔ اوچھا **سبک ہمت** (صفت) ۱ متلون مزاج ۲ بے ہمت۔ **سبک ہونا** (لازم) ۱ ہلکا ہونا ۲ بے وقعت ہونا۔ ذلیل ہونا ۳ خفیف ہونا۔ حقیر ہونا۔ ۴ بری الذمہ ہونا۔ فارغ البال ہونا۔ **سُبکی** (مونث) ۱ ہلکا پن ۲ ذلت۔ رسوائی۔ خفت۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **سبکی سے** (تلفظ) آہستگی سے۔ ہلکے ہاتھ سے۔

سُبَکنا (ہ۔ لازم) سسکی بھرنا۔ سسکنا۔

سُبکی (ہ۔ مونث) ۱ ہچکی ۲ روتے ہوئے اوپر کی سانس جھٹکے سے لینا۔ **سبکیاں بھرنا یا لینا** (متعدی) رونے کے بعد ہچکیاں لینا۔

سَبَل (ع۔ مذکر) ۱ آنکھ کی ایک بیماری۔ موتیا بند ۲ اناج کی بال ۳ بارش زمین پر پڑنے سے پہلے۔

سَبَل (س۔ صفت) ۱ مضبوط۔ قوی۔ طاقتور ۲ چست و چالاک۔

سَبَّل (ھ۔ مذکر) آلۂ نقب زنی۔

سُبُل (ع۔ مونث) سبیل کی جمع ۱ طریقے۔ ذریعے ۲ طرز زندگی۔ رہائش کا طریقہ

۳ قاعدہ - قانون - رسوم ۴ روشن راہیں -

سَبلائی (ھ - مونث) طاقت -
قوت - زور - بل -

سِبَندی (ف - مذکر) فوج کا
سپاہی جسے مالگزاری یا پولیس کے کام پر لگایا
جائے ۲ چپڑاسیوں کا عملہ ۳ (مونث) مالگزاری
میں سے ۱/۲۰ کا خرچ ۴ تین سہ ماہی اقساط -
سبندی اگاہنا (مونث) ۴ کا وصول کرنا -

سُبُو (ف - مذکر) ۱ گھڑا مٹکا ۲
پیالہ گلاس - **سبو بدوش** (صفت) گھڑا
کندھے پر اٹھائے ہوئے - **سبوچہ** (مذکر) چھوٹا
گھڑا یا مٹکا - **سبودان** (مذکر) وہ ظرف جس پر
صراحی یا شراب کا برتن رکھتے ہیں -

سَبُورا (ع - مذکر) وہ چرمی
آلہ جس سے عورتیں چپٹی کھیلتی ہیں (سُبرَ - زخم
میں سلائی ڈالنا) -

سَبُوس (ف - مذکر) ۱ چوکھر -
بھوسی ۲ سر کی خشکی -

سُبھ (ھ - صفت) مسعود -
مبارک - **سبھ گھڑی** (مونث) مبارک
وقت **سبھ لگن** (مذکر) دو نیک ستاروں
کا ایک برج میں ہونا -

سَبھا (س - مونث) ۱ جماعت -
انجمن - جلسہ - جتھا - بزم - پنچایت - اکھاڑہ
۲ کونسل - انجمن مشاورت ۳ بادشاہ کا دربار
یا بڑی کونسل ۴ عدالت ۵ ملاقات کا کمرہ ۶
صبح کا درشنی دربار ۷ نمازخانہ ۸ وہ جگہ جہاں
لوگ عام طور پر جائیں ۹ جگہ - مقام - سرائے -
سبھا بگاڑ (صفت) محفل کے برخلاف رائے
دینے والا - **سبھا پرون** (مذکر) مہابھارت
کے دوسرے باب کا نام جس میں اس جلسے کا
ذکر ہے جس میں پانڈوں نے سلطنت اور
بیوی تک ہار دی تھی - **سبھا کرنا** (متعدی)
مجلس منعقد کرنا - جلسہ کرنا -
- **سبھا والا** - (ھ - مذکر)
مجلس کا ممبر -

امثال و اقوال - سبھا
بگاڑیں تین جنیں - چگل، چونیا، چور
چغلخور - بیوقوف اور چور پنچایت کی بدنامی کا
باعث ہوتے ہیں - **سبھا کی چوکی ڈومنی**
اور ڈال کا چوکا بندر برابر - ڈومنی جو مجلس
میں بھول جائے اور بندر جو ٹہنی نہ پکڑ سکے نہیں
سنبھل سکتے - یہ کوئی ایسا درست مقولہ معلوم
نہیں ہوتا - ہم نے بندروں کو ہوا میں سے
واپس اچھل کر جاتے ہوئے خود دیکھا ہے -

سُبھاگ (س - صفت) ۱
خوش قسمت - خوش نصیب ۲ امیر - دولتمند -

سُبھانا (ھ - متعدی) ۱
خوشنما بنانا - خوبصورت بنانا ۲ حسن دینا ۳
خوش کرنا -

سُبھاؤ (ھ) **سُبھاؤ** (ہ -
مذکر) **سبھاؤ** (ھ) ۱ عادت - خو ۲ ڈھنگ -
طریقہ -

سُبھیتا (ھ) **سُبیتا** (ہ - مذکر)
۱ مبارک وقت - وقت مسعود ۲ اچھا موقعہ
وقت یا موسم - موقعہ - وقت ۳ فرصت - چھٹی
۴ اطمینان ۵ امن اور خوشحالی کا زمانہ ۶ امن -
چین - آرام - آسانی - خوشحالی -

سَبِیعہ (ع - مذکر) کئی شیعہ
فرقوں کا نام -

سَبِیل (ع - مونث) ۱ رستہ - راہ ۲
طریقہ - تدبیر ۳ ذریعہ - وسیلہ - سبب ۴ پانی دودھ
شربت برف جو محرم کے موقع پر لوگوں کو دئے
جائیں ۵ وہ جگہ جہاں پانی وغیرہ پلایا جائے ۶ سبیل
کوئی چیز کسی نیک کام کے لئے وقف کر دینا) -
سبیل اللہ (مذکر) اللہ کا رستہ - خدا کو پانے
کا ذریعہ - **سبیل پکارنا** (متعدی) لوگوں کو آواز
دے کر بتانا کہ سبیل لگی ہوئی ہے - **سبیل پلانا** (متعدی)
پانی یا شربت کے گھڑے بھر کر شارع عام پر رکھنا
اور راہگیروں کو پانی پلانا - **سبیل پینا** (لازم) پانی یا شربت
پینا - **سبیل رکھنا** (متعدی) کسی جگہ پیاسوں
کو پانی پلانے کے لئے آبخورے پانی وغیرہ رکھنا -
سبیل کرنا (متعدی) طریقہ وغیرہ نکالنا - **سبیل**
لگانا (متعدی) **لگنا** (لازم) پانی وغیرہ پیاسوں کے
لئے رکھا جانا - **سبیل نکالنا** (متعدی) ۱ طریقہ
نکالنا ۲ وسیلہ بنانا -

سِپّا (ہ - مذکر) ۱ سیپ کا نصف ٹکڑا ۲
ڈھنگ - ڈھب - ٹپس ۳ نشانہ ۴ مطلب ۵
(ھ) فاصلہ ۶ (ھ) کھڑا ہونے کی جگہ - **سپا لڑانا**
(متعدی) ۱ ڈھنگ ڈالنا - ٹپس جمانا - **سپا لڑنا**
(لازم) موقع ملنا - رسائی ہونا - **سپا لگانا یا مارنا**
(متعدی) ۱ نشانہ لگانا ۲ پھندا لگانا - جال لگانا -

سَپاٹ (ہ - صفت) ۱ ہموار -
برابر - مسطح ۲ صاف - سادہ ۳ جس کے کنارے
اونچے نہ ہوں - کپڑا وغیرہ -

سَپاٹا (ہ - مذکر) ۱ جھپٹ - کود -
پھلانگ ۲ لمبی دوڑ ۳ تیز کوچ ۴ دسہرا سیر
تماشا - **سپاٹا بھرنا** (متعدی) ۱ چھلانگ
مارنا ۲ اڑ جانا - **سپاٹا لگانا یا مارنا** (متعدی)
۱ دور تک دوڑنا ۲ پرندے کا اڑ جانا ۳ لمبا
کوچ کرنا -

سَپاد (س - صفت) چوتھا حصہ زیادہ -
سوایا -

سِپاد - (ف - صفت) دینے والا -
سپرد کرنے والا - (سپُردن - حوالہ کرنا) **سپاری**
(مونث) سپرد کر دینا مرکبات میں -

سُپارا (ہ - مذکر) ۱ سپرد کرو (لکھنو) -

سپارک (انگ - مذکر) چنگاری -
سِپارُو (ھ - مذکر) سپرد کرو (پنجاب) -
سپارہ (ف - مذکر) سیپارہ کا
مخفف :

سُپاری (ہ - مونث) ۱ چھالیا -
ڈالی ایک درخت کا پھل ہے جو بیر کے برابر مگر
نہایت سخت ہوتا ہے - اسے کتر کر پان کے ساتھ
کھاتے ہیں ۲ سپرد کر - لکھنؤ میں سپارا پنجاب
میں سپارو کہتے ہیں (س سُ - اچھا + پیا پیاس)

سِپاس (ف - مذکر) ۱ شکرگزاری
شکریہ ۲ تعریف - ثنا ۳ مہربانی - عنایت -
سپاس دار (صفت) مشکور - **سپاس گزاری**
یا **گزاری** (مونث) شکر گزاری - شکریہ - **سپاسنامہ**
(مذکر) تحریری شکریہ - اڈریس -

سپاسی (ف - مذکر) فقیر - گدا -
بھک منگا - **سپاسیان** (جمع - مذکر)
فقرا -

سِپاہ (ف - مونث) فوج - لشکر -

عسکر۔ **سپاہان** (مذکر) سپاہ کی جمع ۱ سپاہیان ۲ اصفہان کا شہر۔ **سپاہ تازہ** (مذکر) رنگروٹ۔ **سپاہ دار۔ سالار یا کش** (مذکر) فوج کا افسر اعلےٰ۔ جرنیل۔

سپاہ کا اترنا یا پڑنا (لازم) فوج کا کسی جگہ رہنا۔ **سپاہگری۔ سپاہ سالاری** (مونث) سپاہی کا کام یا پیشہ **سپاہی** (مذکر) ۱ فوجی آدمی ۲ ملازم پولیس ۳ چپڑاسی۔ پیادہ۔ **سپاہیان** (مذکر) سپاہی کی جمع۔ **سپاہیانہ** (صفت) سپاہی کی طرح۔

امثال و اقوال سپاہگری

کے میں فن ہیں۔ سپاہگری بہت مشکل ہے۔ **سپاہی کو ڈھال دھرنے کی جگہ چاہیئے۔** سپاہی کو ذرا سا موقع ملے تو وہ کام بنا لیتا ہے۔ **سپاہی کا ٹالی جھانٹ کا ہال۔** سپاہی کے پاس کچھ بھی نہیں ہوتا۔ **سپاہی کی جورو ہمیشہ رانڈ۔** سپاہی اپنی بیوی کے پاس بہت کم رہتا ہے۔ **سپاہی کی روٹی سر بیچے کی۔** سپاہی کی کمائی جان کو خطرے میں ڈالنے سے ہوتی ہے۔

سپایہ (ت۔ مذکر) ۱ تپائی۔ تین پایوں کی میز ۲ رسالہ **سپایہ ہوائی** (مذکر) صورت عقاب۔

سپت (س۔ عدد) ۱ سات۔ ہفت۔ **سپت پاتال** (مذکر) سات طبقے جو زمین کے نیچے ہیں۔ اَتال وِتال۔ سُتال۔ رَساتال۔ تلاتال۔ مہاتال۔ پاتال۔ **سپت پدی** (مونث) سات پھیرے جو پوترا گنی کے گرد شادی کے موقع پر لئے جاتے ہیں **سپت پرکرتِ** (مونث جمع) سلطنت کے سات رکن۔ راجہ۔ وزیر۔ معادن۔ ملک۔ قلعہ۔ فوج خزانہ۔ **سپتتی** (ع عدد) ستر۔ **سپت دش** (عدد) سترہ۔ **سپت دویپ** (مذکر) زمین کے سات ملک۔ کل زمین۔ ہفت اقلیم۔ **سپت رشی** (مذکر) ۱ سات سہیلیوں کا گچھا۔ ایک صورت کوکبہ۔ دب اکبر ۲ ہندوؤں کے سات بڑے رشی۔ دیکھو رشی۔ **سپت شتہ** (عدد) سات سو۔ **سپت کون** (صفت) ہفت زاویہ **سپت گرہی** (مونث) سات سیارو ں کا ایک راس میں اکٹھا ہونا۔ **سپتمی** (مونث) قمری نصف مہینے کی ساتویں تاریخ۔

سپچانا (ھ۔ متعدی) آگ روشن یا تیز کرنا۔

سپسد (ف۔ مذکر) ۱ ایک فرشتے کا نام ۲ زمین ۳ بارھویں شمسی مہینے کا نام ۴ ہر مہینے کی پانچویں تاریخ ۵ اسپند۔ کالا دانہ۔

سپر (ف۔ مونث) ۱ ڈھال۔ پھری ۲ آڑ۔ روک ۳ پناہ۔ حفاظت ۴ محافظ۔ مددگار۔ **سپر انداختہ** (صفت) ۱ سپر پھینکنے والا ۲ ہارماننے والا۔ عاجز **سپر انداز** (صفت) ۱ دیکھو آخری ۲ وہ شخص جو سپر پھینکدے یا ہار مان لے **سپر اندازی** (مونث) ہار ماننا۔ ہتھیار ڈالدینا۔ **سپر پھینکنا۔ ڈالنا یا ڈالدینا** (متعدی) ۱ ہتھیار ڈالدینا۔ ۲ ہار ماننا۔ مغلوب ہونا۔ عاجز ہونا **سپر داری** (مونث) حفاظت کرنا۔ بچانا **سپر زر و جواہر سے بھر دینا** (متعدی) بہت انعام و اکرام دینا۔ **سپر سنبھالنا** (متعدی) ڈھال کو تلوار کی زد پر لانا **سپر کی او جھڑ لگانا** (متعدی) سپر سے چوٹ لگانا۔ سپر سے دھکیل دینا۔ **سپر منہ پر لینا** (متعدی) ڈھال حفاظت کے لئے اٹھانا۔

سپر (س۔ مذکر) ۱ پسینہ ۲ گرمی۔ چاند۔

سپرا (س۔ مونث) ۱ عورت کی چھٹی ۲ بھینس ۳ چاند۔

سپرٹ (انگ۔ مونث) ۱ روح ۲ ایک مائع جسے لمپوں میں جلاتے ہیں۔ روغن بنانے میں استعمال کرتے ہیں۔

سپرد (ف۔ صفت) ۱ کسی کے قبضے میں دیا ہوا۔ کسی کے حوالے کیا ہوا ۲ (مونث) حوالہ۔ تحویل۔ رکھوالی۔ سپردگی (سپردن۔ حوالہ کرنا۔ **سپرد کرنا** (متعدی) ۱ حوالے کرنا۔ تحویل یا قبضے میں دینا ۲ سونپنا ۳ (کے) حراست میں دینا ۴ (سشن) عدالت سشن میں مقدمہ ہونے کے لئے بھیج دینا **سپرد کنندہ** (صفت) سپرد کرنے والا ۲ مقدمے کے لئے بھیجنے والا **سپردگی** (مونث) ۱ تحویل۔ تفویض ۲ حراست۔ حوالات۔ **سپردگی میں لانا** (متعدی) قبضے میں لینا تحویل میں لینا۔ **سپردگی میں بدنا** (متعدی) حراست میں لینا۔ قبضے میں لینا۔ **سپرد نامہ** (مذکر) سپردگی کی تحریر **سپردنی** (مونث) جو چیز قابل سپرد ہو۔ **سپرد داری** (مونث) چیز جو سپرد کی جائے امانت۔ **سپردہ** (صفت) سپرد کیا ہوا۔ حوالے کیا ہوا۔ امانت میں رکھا ہوا۔ **سپردی** (مونث) دیکھو سپرد داری۔ **سپرد ہونا۔** (لازم) سپرد کرنا کا۔

مقولہ۔ سپردم بتو مایۂ خویش را تو دانی حساب کم و بیش را۔ ایسے موقع پر کہتے ہیں۔ جہاں کوئی کام دوسرے کے سپرد کیا جائے شادی کے موقع پر لڑکی کا باپ لڑکے یا سمدھی سے کہتا ہے۔

سپردا۔ سپردائی (ہ۔ مونث) وہ لوگ جو ناچنے والیوں کے ساتھ ساز بجائیں۔

سپردھا (س۔ مونث) ۱ رقابت۔ مقابلہ ۲ رشک۔ حسد۔

سپرز (ف۔ مذکر) تلّی۔

سپرش (س۔ مذکر) ۱ چھوت۔ حس ۲ جماع ۳ بیمار کرنے والی گرمی ۴ دیوناگری کے حرف صحیح جو "ک" سے شروع ہوکر "م" تک ختم ہوتے ہیں یہ پچیس ہیں۔ ک۔ کھ۔ گ۔ گھ۔ ن۔ چ۔ چھ۔ ج۔ جھ۔ ن۔ ٹ۔ ٹھ۔ ڈ۔ ڈھ۔ ن۔ ت۔ تھ۔ د۔ دھ۔ ن۔ پ۔ پھ۔ ب۔ بھ۔ م۔ **سپرش کرنا** (متعدی) ۱ چھونا ۲ جماع کرنا۔

سپرنٹنڈنٹ (انگ۔ مذکر) ۱ مہتمم۔ سربراہ کار۔ ناظم۔ بعض محکموں میں افسر اعلےٰ۔ **سپرنٹنڈنٹ آف پوسٹ آفسز یا ڈاک خانجات** (مذکر) محکمہ ڈاک کا ایک افسر جو ایک خاص علاقے کا حاکم اعلےٰ ہوتا ہے۔ **سپرنٹنڈنٹ (آف) پولیس** (مذکر) پولیس کا حاکم ضلع۔ **سپرنٹنڈنٹ آف ورنیکلر آفس** (مذکر) ڈپٹی کمشنر کے دفتر میں ایک عہدہ جس کی حفاظت میں اردو مثلیں ہوتی ہیں۔

سپرنٹنٹ (انگ۔ مذکر) سپرنٹنڈنٹ کا مخرب۔

سپرنگ (انگ۔ مذکر) ۱ کمانی ۲ لچک۔

سپروائیزر (انگ۔ مذکر) ۱ نگراں۔ داروغہ۔ مہتمم ۲ بعض محکموں میں ایک افسر۔

سپرہا (س۔ مونث) ۱ خواہش۔ آرزو۔ تمنا ۲ رشک ۳ لالچ۔ طمع۔

سپرہی (ہ۔ صفت) ۱ خواہشمند ۲ آرزومند۔ لالچی۔

سپری (ف۔ مونث) ۱ دیکھو سپاری ۲ کوئی چیز جو اختتام پر پہنچ جائے۔

سپریم (انگ۔ صفت) اعلے۔ سب سے بڑا۔ بہترین۔ افضل **سپریم کورٹ** (مذکر) صدر عدالت۔ شاہی عدالت۔ ہندوستان میں اب ہائیکورٹ کہتے ہیں۔

سپڑ (ہ۔ امر) سپڑنا کا سپڑا (ماضی) ۱ سپڑنا کی ۲ (امر) سپڑنا کا۔ **سپڑانا** (متعدی) ۱ پکڑنا۔ گرفتار کرنا ۲ پھنسانا ۳ ختم کرنا۔ خرچ کرنا۔ استعمال کرنا۔ **سپڑ جانا۔ سپڑنا** (لازم) سپڑانا کا۔

سپڑ سپڑ (ہ۔ مونث) ۱ کتے کے کھانے کی آواز ۲ کتا بتا بے تمیزی سے کھانے کی آواز **سپڑ سپڑ کر کے کھانا** (متعدی) بے تمیزی سے کھانا۔

سپستان (ف۔ مذکر) لسوڑا۔

سپشٹ (س۔ صفت) ۱ صاف۔ عیاں ۲ آسان۔ سہل ۳ (تف) آسانی سے۔ صاف طور پر۔

سپکش (س۔ صفت) ۱ پردار ۲ پہلودار۔ جانب دار ۳ ایک ہی دھڑے کا ۴ (مذکر) پردار جانور ۵ مددگار۔ حمایتی ۶ اسی قسم کی مثال۔

سپل (انگ۔ متعدی) ہجے کرنا۔

سپلنگ بک (مونث) ہجوں کا قاعدہ ہجوں کی کتاب۔

سپلی ۔ (ہ۔ مونث) چھوٹا چھاج۔

سپن (ہ) سپنا (ہ۔ مذکر) خواب۔ عالم رویا۔

امثال و اقوال۔ سپنے کی سی مایا جس کو اپنی بتلادے۔ دولت خواب کی طرح ہے۔ جیسے انسان اپنی کہتا ہے: **سپنے میں راجہ ہے دن کو وہی حال** غربت میں بھی اعلے خیالات ہیں۔ ہیں جھونپڑوں میں خواب دیکھیں محلوں کا **سپنے میں سوامی ملے کر نہ سکی وو بات۔ سووت اٹھی روتی ملتی رہ گئی بات۔** عورت جس کا خاوند پردیس گیا ہو اکثر ایسے خواب دیکھتی ہے۔

سپند (ف۔ مذکر) ۱ اسپند۔ کالا دانہ ۲ ایک پہاڑ۔

سپندی (مونث) دکھتی آنکھوں کو اسپند جلا کر دھونی دینا۔

سپندار (ف۔ مذکر) ۱ موم بتی ۲ سورج کا برج حوت میں آنا۔

سپندارمد (ف۔ مذکر) ایرانی بارھواں مہینہ۔

سپندن ۔ (س۔ مذکر) ۱ حرکت۔ کانپنا۔ لرزش ۲ رحم میں بچہ میں جان پڑنا۔

سپنڈ (س۔ صفت) ۱ ایک پنڈ والے۔ ہندوؤں میں سات پشت تک کے رشتے دار ۲ (مذکر) وہ مرا ہوا بزرگ جو پنڈ کا حقدار ہو۔ **سپنڈا** (ہ) دیکھو سپنڈ۔ **سپنڈی** (ہ) ۱ دیکھو سپنڈ ۲ (مونث) مرنے کے بارھویں دن پنڈ کرنا۔

سپنڈ (ہ۔ صفت) ۱ خوبصورت بدن والا۔ حسین۔ خوبصورت ۲ مضبوط۔ قوی۔ توانا۔

سپنیت (ہ۔ صفت) صاف ستھرا۔

سپوت (ہ۔ مذکر) فرمانبردار بیٹا۔ تابعدار فرزند۔ **سپوتائی** (مونث) فرمانبردار بیٹا ہونا۔ فرمانبرداری۔ **سپوتی** (مونث) اولاد والی عورت۔

امثال۔ سپوتوں کے کپوت کپوتوں کے سپوت ہوتے آئے ہیں نیکوں کی بد اور بدوں کی نیک اولاد ہوتی ہے۔ **سپوتی روئے لوگوں کو نپوتی روئے پوتوں کو۔** اولاد والی روٹیوں کے ٹکڑوں کے لئے روتی ہے بے اولاد اولاد کے لئے روتی ہے۔ دنیا میں سکھی کوئی نہیں۔

سپورن (ہ۔ صفت) ۱ دیکھو سمپورن ۲ (مذکر) بدر۔ پورا چاند۔

سپولا سپولیا (ہ۔ مذکر) سانپ کا بچہ جو ابھی انڈے سے نکلا ہو۔ چھوٹا سا سانپ۔

سپہ (ف۔ مذکر) دیکھو سپاہ۔

سپہبد (ف۔ مذکر) ۱ شہنشاہ۔ جرنیل۔ سردار ۲ تابرستان کے بادشاہ کا لقب۔

سپھٹی (س۔ مونث) پھٹکری۔

سپہر (ف۔ مذکر) تیسرا پہر۔

سپہر (ف۔ مذکر) آسمان۔ فلک۔ سما۔ **سپہر آفرین** (مذکر) خدا **سپہر برین** (مذکر) نواں آسمان جو سب آسمانوں سے اوپر ہے۔ **سپہر بوقلموں** (مذکر) رنگ برنگی آسمان۔ **سپہر دولابی باز نگاری** (مذکر) آسمان۔ **سپہر ہشتم** (مذکر) آٹھواں آسمان یا کرسی چکر۔

سپھل (س۔ صفت) ۱ پھلدار۔ پھلا ہوا ۲ نفع دینے والا۔ فائدہ مند۔ مفید ۳ کامیاب۔ ماہر ۴ مبارک ۵ پورا ہوا ہوا۔

سپیاری (ہ۔ مونث) دیکھو سپاری۔

سپید (ف۔ صفت) ۱ دیکھو سفید ۲ (مذکر) ایک قلعہ۔ ایک دیو اور ایک دریا کا نام **سپیدہ** (مذکر) ۱ صبح صادق کی روشنی ۲ سفید سفوف جو منہ پر لگاتے ہیں یا بچوں کی آنکھ پر آشوب میں لگاتے ہیں ۳ سفید رنگ جو تصویر دنیں کام آتے ہیں **سپیدۂ صبح** ۔ (مذکر) سفیدی جو طلوع آفتاب سے پہلے ہوتی ہے۔ **سپیدی** (مونث) ۱ دیکھو سفیدی ۲ بڑھی (کمہاروں کی اصطلاح)۔

سپیڈ (انگ۔ مونث) رفتار۔ چال۔ تیزی۔ **سپیڈ و میٹر** (مذکر) وہ گھڑی جو گاڑی وغیرہ کی رفتار بتائے۔ **سپیڈ** (انگ۔ مذکر) ۱ بیلچہ۔ پھاوڑا ۲ تاش میں ایک رنگ۔

سپیرا (ہ۔ مذکر) ۔ سانپ پلنے یا کھلانے والا۔ (سانپ سے)

مثل۔ سپیرا سانپ ہی خریدتا ہے ۔ ہر شخص مطلب کی شے لیتا ہے۔

سپیریر (انگ۔ صفت) ۱ بہتر۔ اعلے ۲ افسر۔ حاکم۔

سپیکر (انگ۔ صفت) ۱ تقریر کرنے والا۔ بولنے والا ۲ بعض ممالک میں مجلس واضعان قوانین کے صدر کا لقب۔

سپلیٹر (انگ - مذکر) وہ اوزار
جس سے بچوں کو کستے ہیں -

سَت (س - صفت) ا ہونے
والا - زندہ - واقع ہونے والا - موجود ۲ رہنے
والا ۳ ملکیت ہونے والا - مقبوضہ ۴ حد تک
رہنے والا ۵ اصلی - حقیقی ۶ ٹھیک - درست -
اچھا ۷ خوبصورت - حسین ۸ عقلمند - دانا ۹ معزز ۱۰
دیانتدار ۱۱ (مذکر) شخص - مخلوق ۱۲ ستی - رشی -
دانا آدمی ۱۳ نیک آدمی - معزز آدمی - دیانتدار
آدمی ۱۴ (مذکر) وہ چیز جو حقیقت میں ہے -
ہستی ۱۵ جوہر ۱۶ ایسی ہستی جو حقیقت میں زندہ -
برہما جی کا لقب ۱۷ وہ ہستی جو نیک - سچی یا اصلی ہو
۱۸ نام ۱۹ اصلیت - سچائی ۲۰ حرف (نحو) اسم حالیہ
کی نشانی ۲۱ (نف) درست - ٹھیک - مناسب
۲۲ مرکبات میں ج سے پہلے سچ - ج کے پہلے سچ
اور آگ ھ وغیرہ کے پہلے سد سے بدل جاتا ہے
سَت پتی (مذکر) ا بڑا حاکم یا راجہ - سردار - شجاع
۲ نیک سردار یا حاکم ۳ نیکوں کا سردار - اصل
آدمیوں یا بہادروں کا سردار ۴ اچھا خاوند ۵
اندر کا نام - سَتکار (مذکر) ا نیکی کرنا ۲ نیک
کام ۳ اچھا سلوک - مہمان نوازی - اچھی طرح ملنا ۴
عزت - حرمت ۵ احتیاط - توجہ ۶ مذہبی رسم ۷
کوئی نیکی کا کام ۸ تیوہار ۹ کھانا کسی وقت کا نکریا
کرم - تجہیز و تکفین ۱۰ پوجا پاٹ (کرنا ہونا کے ساتھ)
سَتکاری (مذکر) ا وہ شخص جو نیکی - فیاضی یا پارسائی
کا کام کرے ۲ نیک یا مہربان آدمی ۳ مہمان نواز آدمی ۴ وہ
شخص جو کریا کرم کرے ۵ (مونث) نیکی یا پارسائی - دیانتداری -
وفاداری ۶ عفت عصمت -

سَتّ (ھ - مذکر و صفت)
ا سچ ۲ ایمان - دھرم ۳ (ھ) دیکھو سنسکرت سَت
سَت بچن (مذکر) ا سچا مقولہ - سچی بات ۲ (نف)
ٹھیک - درست - سچ - بالکل درست ۳ (حرف
ندا) ٹھیک - درست - سَت بچن کا نوکر
(مذکر) خوشامدی - ہاں میں ہاں ملانے والا - سَت
بچنیہ (مذکر) ا جو ہر بات پر ست بچن کہے ۲
جو ہر بات سے اتفاق کرے - جس کی اپنی رائے
کوئی نہ ہو - سَت پر چڑھنا (لازم) ا اپنا
وفا قائم رکھنا ۲ اپنے دھرم یا سچائی پر قائم رہنا
۳ ستی ہونا - سَت پر رہنا (لازم) ا اپنے
قول پر قائم رہنا - دیانتداری نیکی یا عصمت پر
قائم رہنا - سَت جگ (مذکر) دیکھو سنسکرت
جگ - سَت چڑھنا (لازم) ستی ہونا - مرنے
پر مستعد ہونا ۲ ولولہ پیدا ہونا - سَت ڈگنا یا
ڈولنا (لازم) ایمان یا دھرم میں فرق آنا - سَت
کرنا - (متعدی) ا پورا کرنا - ایفا کرنا ۲ سچا کرنا ۳
تصدیق کرنا ۴ اپنے آپ کو سچا ثابت کرنا -
اقوال - سَت مت چھاڑے
ہے پیا - سَت چھاڑے پت جائے - سَت
کی باندھی لچھمی پھیر ملیگی آئے (ھ) اے خاوند
سچائی کو نہ چھوڑ - سچائی چھوڑنے سے عزت جاتی رہتی
ہے - لچھمی اگر سچائی سے محفوظ کی جائے تو پھر آتی ہے -
نقصان ہونے پر عورت خاوند کو نصیحت کرتی ہے -
سَت مان کے بکرا لائے کان پکڑ سر کاٹا
پوجا تھی سو مالن لے گئی مورت کو دھر
چاٹا - یہ بت پرستی پر طنز ہے - جو بھینٹ جانور
کی بت پر چڑھاتے ہیں وہ کھینے لوگ کھا جاتے
ہیں -

سَت (ھ - مذکر) ا جوہر - روح
۲ طاقت - قوت - بل ۳ رس - گودا - ملائی - نچوڑ -
وغیرہ ۴ بہادری - جرات ۵ سچائی کا اصول ۶
لب لباب (س ستتو) سَت چھوڑ دینا یا
چھوڑنا (متعدی) ہمت ہار دینا - سَت نکالنا
(متعدی) نکلنا (لازم) اصلی جوہر نکلنا - سَت
نکل جانا (لازم) ا طاقت جاتی رہنا ۲ اصل جوہر
نکل جانا ۳ کنگال ہو جانا - سَت ہارنا (متعدی)
ہمت ہارنا - سَت ہی سَت پر جان ہونا
(لازم) بہت کمزور ہونا -
مثل - سَت ہارا اور گیا مارا
جس نے ہمت ہار دی وہ مارا گیا -

سَت (ھ - صفت) سات کا
مخفف - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - ستّا
(مذکر) ا دیکھو علیحدہ ۲ سات کا مجموعہ ۳ تاش کا پتا
جس پر سات نشان ہوں ۴ پاسے کا ایک داؤ
۵ پچیسی کی سات کوڑیاں جو چت گریں - سَت
بیجھڑا (صفت) ا دوغلا - مخلوط النسل ۲ ملا جلا ۳
(مذکر) وہ سالن جس میں مختلف ترکاریاں پڑی
ہوں - سَت بھیجڑی زبان (مونث) وہ زبان
جس میں کئی زبانوں کے الفاظ بیقاعدگی سے ملے
ہوں - سَت پُتی (مونث) سات بیٹوں کی ماں
کثیر الاولاد عورت - سَت خصمی (مونث) ا وہ
عورت جو بہت سے شوہر کر چکی ہو ۲ وہ جائداد
جس پر ہر ایک شخص کو اختیار ہو ۳ وہ عہدہ جو
کئی شخصوں کے ماتحت ہو - سَت سئی یا ستسیہ
(مذکر) ایک تصنیف بہاری لال کی جس میں سات
سو دوہے ہیں - سَت کونہ (مذکر) وہ شکل جس
کے سات کونے ہوں - ہفت زاویہ - سَت کھن
یا کھنا یا کھنڈا (صفت) ا سات منزل کا مکان
۲ سات کمروں والا (مکان) ۳ سات حصوں والا -
سَت لڑا (صفت) ا سات لڑیوں والا ۲
ایک قسم کا ہار جس میں سات لڑ ہوتے ہیں ۳
ایک قسم کا رسا - سَت لڑی (مونث) دیکھو
ست لڑا - سَت ماسا - مانسا یا وانسا (مذکر)
ا وہ بچہ جو ساتویں مہینے پیدا ہو ۲ ایک رسم
جو حمل کے ساتویں مہینے ادا کی جاتی ہے -
سَت منزلا (صفت) وہ مکان جس کی سات
منزلیں ہوں - ستمی (مونث) چاند کے نصف مہینے
کی ساتویں تاریخ - سَت نجا (مذکر) ا سات قسم
کا ملا ہوا غلہ گیہوں - چنے - باجرا - مکی - چاول -
جوار - جو ۲ ایک کھانا جو سات اناج ملا کر پکایا
جائے ۳ (صفت) ملا جلا - گڈ مڈ ۴ دوغلا -
مخلوط النسل -

سَت (ھ - عدد) ایک سو -
سَت بھشا یا بھکشا (مذکر) ا ایک نکشترہ
جس میں سو ستارے ہیں - سَت کوٹی (عدد)
سو کروڑ - ایک ارب - سَتن جیو (دعا) سو سال
جیتے رہو -

سِت (س - صفت) ا سفید
۲ سفید رنگ ۳ سیارہ زہرہ ۴ شکر ۵ تیر
۶ چاندی ۷ صندل ۸ کھانڈ ۹ کچنار کا درخت
۱۰ سکند کے ایک پرشار کا نام - ستا (مونث)
ا سفید کھانڈ ۲ چاندنی ۳ خوبصورت عورت
۴ شراب ۵ کئی پودوں کا نام ۶ گنگا کا نام ۷
۸ دیویوں میں سے ایک ۹ چاندی ۱۰ صندل
۱۱ مولی - ستامبر (صفت) ا سفید پوش ۲
(مذکر) جینیوں کے دو فرقوں میں سے ایک -

سِت - ستہ (ع - عدد) چھ -

سُت (س - صفت) ا جنا ہوا -

پیدا کیا ہوا۔ ۱۲ اُبھرہ ۷ دبایا ہوا۔ نچوڑا ہوا۔ عرق نکالا ہوا ۱۳ اکسایا ہوا ۱۴ اجازت دیا ہوا۔ اختیار دیا ہوا ۱۵ بیٹا۔ بچہ ۱۶ راجہ ۷ پانچواں نکشترہ ۱۸ دسویں منو کا ایک بیٹا ۱۹ سوم رس۔

ستا (مونث) بیٹی۔

ستاپتی (مذکر) داماد۔ **ستادان** (مذکر) بیٹی شادی میں دینا۔

ستارہ - امر ستانا کا (س تہت تکلیف محسوس کرنا) **ستانا** (متعدی) ۱ ایذا دینا۔ تکلیف دینا ۲ رنج دینا ۳ تنگ کرنا ۴ پیچھے پڑنا۔ حیران کرنا۔ **ستانے والا** (صفت) ایذا دینے والا۔ **ستاؤ** (ھ) ستانے والا۔ **ستایا** (ماضی) ستانا کی۔ **ستایا ہوا** (مفعول) جس کو ستایا جائے۔

سَتّا (ھ۔ مذکر) ۱ طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل ۲ (ہ) دیکھو ست کے تحت میں۔

سُتنا (ف۔ مونث) ژند کی تفسیر۔

سُتبا (ھ۔ مذکر) دل۔ من۔

مثل۔ ستا جو راکھے چوری پر۔ لوبگڑی پت پرموری پر۔ جو چوری کرنے کی نیت رکھتا ہے وہ اپنی عزت گنوا دیتا ہے۔

ستاد (ف۔ مونث) لینا۔ پانا (ستادن۔ کھڑا ہونا) **ستادہ** (صفت) ۱ لیا ہوا۔ پایا ہوا ۲ کھڑا ہوا (استادہ کا مخفف)

ستّار (ع۔ صفت) ۱ ڈھانپنے والا چھپانے والا۔ پردہ پوش۔ عیب ڈھانپنے والا ۲ خدا کا ایک نام (سَتَرَ۔ چھپانا) **ستار العیوب** (مذکر) عیبوں کو ڈھانپنے والا۔ خدا تعالےٰ۔

ستار (ہ۔ مذکر) تاروں کا ایک ساز۔ سہ تار کا مخفف۔ **ستار اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) ستار کی تاروں کا کھنچاؤ کم ہونا **ستار باز** (صفت) ستار بجانے والا۔ **ستار بازی** (مونث) ستار بجانا **ستار بجانا** (متعدی) **بجنا** (لازم) **چھیڑنا** (متعدی) ستار کی تاروں سے سریلی آوازیں پیدا کرنا۔ **ستارہ** (مذکر) ستار **ستاری** (مونث) چھوٹا ستار۔ **ستاری بولنا** (مونث) ستاری کا بجنا۔ **ستاری کے بول** (مذکر) وہ سریں جو ستاری سے نکلتی ہیں **ستاریا** (صفت) ستار بجانے والا)

سُتار (ہ۔ مذکر) ۱ بڑھئی۔ ترکھان نجار ۲ مبٹ۔ داروغہ ۳ جولاہا (س سوتر کار) ۴ وقت۔ موقع۔ گھات (س۔ ستال)

ستاروں (ہ۔ مذکر) جمع ستارہ **کی ستاروں کی گردش** (مونث) ستاروں کا پھرنا ۲ بدقسمتی۔

ستاروہن (ھ۔ مذکر) ستی کا چتا پر چڑھنا۔

ستارہ (ف۔ مذکر) ۱ وہ آسمانی کرہ جو ساکن ہو۔ تارہ۔ نجم۔ سورج کے گرد جو کرے گردش کرتے ہیں انہیں سیارے کہتے ہیں۔ چاند اور سیاروں کے سوا تمام کرے جو رات کو نظر آتے ہیں ستارے ہیں۔ سورج بذات خود ایک ستارہ ہے مگر زمین کے قریب ہونے کی وجہ سے بڑا نظر آتا ہے۔ ستارے زمین سے اس قدر دور ہیں کہ بڑی سے بڑی دوربین سے بھی کسی ستارے کا دَور نظر نہیں آتا ۲ طالع۔ قسمت۔ تقدیر۔ اقبال ۳ وہ گول چاندی وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو جوتوں وغیرہ پر لگاتے ہیں ۴ انشاں کا گول ٹکڑا ۵ گلے کی زنجیر کا گول ٹکڑا ۶ گھوڑے کے ماتھے پر سفید نشان جو انگوٹھے کے نیچے آجائے یہ منحوس سمجھا جاتا ہے ۷ بندوق کی ٹوپی کا وہ حصہ جو گول اور سفید ہوتا ہے ۸ ایک قسم کی آتشبازی ۹ پنج یا شش پہلو نشان جو ہلال کی تصویر میں بناتے ہیں۔ **ستارۂ آتش** (مذکر) شرارہ۔ **ستارہ اُبھرنا** (لازم) ستارے کا نمودار ہونا۔ ستارے کا افق سے اوپر آنا۔ **ستارہ اچھا ہونا** (لازم) قسمت یاور ہونا۔ **ستارہ اوج پر ہونا** (لازم) اقبال مند ہونا۔ بلند طالع ہونا۔ **ستارہ اور ہونا** (لازم) عروج ہونا **ستارہ برگشتہ ہونا** (لازم) بداقبالی کا زمانہ ہونا **ستارہ بلند ہونا** (لازم) طالع یاور ہونا **ستارہ بھاری ہونا** (لازم) نحوست کا زمانہ ہونا **ستارہ پیشانی** (صفت) وہ گھوڑا جس کی پیشانی پر ستارہ ۶ ہو **ستارہ ٹوٹنا** (لازم) ۱ چمکدار ستارے کا کرۂ ہوا میں تیز جاتے ہوئے دکھائی دینا۔ خلا میں مادے کے ٹکڑے ہوتے ہیں جس وقت وہ زمین کے قریب آتے ہیں تو زمین اپنی کشش سے انکو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ جس وقت یہ کرہ ہوا میں پہنچتے ہیں تو ہوا کی رگڑ سے انہیں آگ لگ جاتی ہے۔ مسلمان کہتے ہیں کہ شیطان کو آتشیں گرز پڑتے ہیں کیونکہ اس نے آسمان کے پاس جاکر فرشتوں کی گفتگو سننے کی کوشش کی تھی ۲ بندوق کی ٹوپی کا گھوڑے کی زد سے روشنی دینا اور بندوق کا چل جانا **ستارہ چمکنا** (لازم) جوتے وغیرہ سے ستارے کا گرنا۔ **ستارہ جھلملانا** (لازم) رات کے آخر وقت میں ستاروں کا خفیف جنبش کرنا۔ یہ جنبش ان کی روشنی کے کم ہونے کی وجہ سے معلوم ہوتی اور جوں جوں سورج کی روشنی نمودار ہوتی ہے یہ زیادہ ہوتی جاتی ہے۔ **ستارہ چڑھنا** (لازم) ستارہ کا افق سے اوپر آنا۔ **ستارہ چشم** (مذکر) ستارے جیسی آنکھوں والا **ستارہ چمکنا** (لازم) ۱ ستارے کا روشنی دینا ۲ اقبال یاور ہونا۔ **ستارہ چھپنا** (لازم) ۱ ستارے کا افق سے نیچے چلا جانا ۲ ستارے کا ابر کی وجہ سے غائب ہو جانا۔ **ستارہ دال** (صفت) نجومی۔ **ستارہ دمدار یا دنبالہ دار** (مذکر) وہ ستارہ جس کے دم ہوتی ہے یہ اصل میں ستارہ نہیں سیارہ ہے اور سورج کے گرد چکر لگاتا ہے مگر اس کی گردش دوسرے سیاروں کی طرح باقاعدہ نہیں کبھی یہ سورج کے بہت قریب آجاتا ہے کبھی بہت دور چلا جاتا ہے۔ اس کی دم چمکدار ذروں سے مرکب ہوتی ہے۔ ۱۹۱۰ء میں زمین ایک ایسے ستارے کی دم میں سے گذری تھی۔ مگر نہ تو زمین کو کچھ نقصان پہنچا نہ کچھ نظر آیا۔ اس قسم کے بہت سے ستارے ہیں۔ **ستارہ دندان** (صفت) ستاروں جیسے دانت والا معشوق کی صفت **ستارہ ڈوبنا** (لازم) ۱ ستارہ چھپنا ۲ زمین اپنی محور کے گرد ۲۴ گھنٹوں میں گردش کرتی ہے۔ اس گردش کی وجہ سے ستارے اس کے گرد گھومتے معلوم ہوتے ہیں اور وہ ۱۲ گھنٹوں سے کم و بیش میں پھر نمودار ہو جاتے ہیں اگر وہ زمین کے سامنے رات کو آئیں تو نظر آتے ہیں مگر بعض سیارے موسم گرما میں زمین کے سامنے کچھ عرصے تک دن کو آتے ہیں۔ اور چونکہ دن ۱۲ گھنٹے سے زیادہ کا ہوتا ہے دن ہی کو غروب ہو جاتے ہیں اس لئے وہ کچھ عرصے تک آسمان پر نظر نہیں آتے ۳ کوبھی ستارے کا ڈوبنا

کہتے ہیں بعض ستاروں کے ڈوبنے کے ایام
میں ہندو شادی نہیں کرتے۔ ستارہ سازگار
ہونا (لازم) طالع یاور ہونا۔ ستارۂ سحری
(مذکر) صبح کا ستارہ۔ ستارہ سحری چمکنا (لازم)
دن نکلنے کے قریب ہونا۔ ستارہ سُنبلہ میں
ہونا (لازم) بداقبالی کا زمانہ ہونا۔ ستارہ
شمار یا شناس (صفت) نجومی۔ ستارہ شماری
(مونث) ستارے گننا۔ رات کو جاگتے رہنا۔
ستارہ شناسی (مونث) علم نجوم۔ ستارۂ
صبح (مذکر) زہرہ۔ ستارہ غالب آنا (لازم)
ایک کا دوسرے پر غالب ہونا۔ فتح پانا۔
ستارہ غروب ہونا (لازم) دیکھو ستارہ
ڈوبنا۔ ستارہ کی گردش (مونث) بدقسمتی
کا زمانہ۔ ستارہ کی نظر سیدھی ہونا (لازم)
طالع یاور ہونا۔ ستارہ گردش میں آنا (متعدی)
برے دن آنا۔ ستارہ گردش میں ہونا (لازم)
بداقبالی کا زمانہ ہونا۔ برے دن ہونا۔ ستارہ
ملنا (لازم) مزاج یا طبیعت ملنا۔ راس ملنا۔
ستارہ نکلنا (لازم) ۱- ستارے کا آسمان پر
ظاہر ہونا ۲- دیکھو ستارہ ڈوبنا۔ ستارہ
نیک ہونا (لازم) طالع اچھا ہونا۔ ستارے
(مذکر) ۱- ستارہ کی جمع ۲- بجائے ستارہ حروف
مغیرہ سے پہلے۔

سُتاری۔ سُتالی (ہ۔ مونث)
چماروں کے ایک اوزار کا نام جس سے چمڑے
میں چھید کرتے ہیں۔

سَتّاسی (ہ۔ عدد) سات اور
اسی ۸۷ (س سپتاشیتی)۔

سِتال (ف۔ صفت) لینے
والا۔ لیجانے والا۔ پکڑنے والا۔ چھیننے والا۔
مرکبات کے آخر میں جیسے جانستان۔ داستان۔
ستانی (مونث) لینا۔ پکڑنا وغیرہ۔ مرکبات
کے آخر میں جیسے جانستانی۔

سُتال (ہ۔ مذکر) اچھا وقت

سَتانوے (ہ۔ عدد) سات
اور نوے ۹۷ (س سپت نوتی)

سُتاور (ہ۔ مذکر) ایک پودہ یا
دوا جو موٹا کرتی ہے۔

سُتاوک (س۔ صفت) ۱- تعریف
یا ثنا کرنے والا۔ خوشامدی۔

سَتاوَن (ہ۔ عدد) سات اور
پچاس ۵۷ (س سپت پنچاشت)

سَتاونا (ہ۔ متعدی) ستانا۔

سِتایش (ف۔ مونث) دیکھو
ستائش۔

سَتائیس (ہ۔ صفت) سات
اور بیس ۲۷ (س سپت ونشت)۔

سِتائش (ف۔ مونث) ۱- تعریف
ثنا۔ حمد ۲- سراہنا۔ تعریف کرنا (ستودن۔ تعریف کرنا)۔
ستائشگاہ (مونث) مقطع جس میں شاعر اپنا تخلص
لاتا ہے اور اکثر اپنی تعریف بھی کرتا ہے۔ ستائشگر (صفت)
تعریف کرنے والا۔ ستائشگری (مونث) تعریف۔
حمد۔ ثنا۔

سَتبدھ (س۔ صفت) ۱- مضبوط۔
جکڑا ہوا ۲- سخت ۳- بے حرکت۔ سُن۔ شل۔ مفلوج
۴- بے وقوف۔ بے عقل ۵- کھڑا ہوا۔ رکا ہوا۔ بند۔

سِتبر (ف۔ صفت) ۱- موٹا۔ کھردرا
۲- سخت۔

سَتت (س۔ صفت) ۱- پائیدار۔
دیرپا ۲- برابر۔ لگاتار۔ متواتر ۳- دائمی۔ دوامی۔
استمراری ۴- (تف) لگاتار۔ پے درپے۔

سَتت (ہ۔ مونث) ستتی کا مخفف۔
ستنکار (مذکر) ۱- بھجن گانا ۲- بھجنوں کا علم۔ ستنکاری
(مذکر) ۱- ثناخواں۔ مداح ۲- بھجن گانے والا۔ ستنگاین
(مذکر) حمد گانا۔ بھجن گانا۔

سَتُت (س۔ صفت) تعریف
کرنے والا۔ مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے
جیسے دیوستت۔ ستتی (مونث) ۱- تعریف۔ حمد۔
ثنا۔ ستائش ۲- خوشامد ۳- بھجن۔ حمد ۴- درگاجی کا نام ۵-
وشن جی کا نام ۶- پرتی ہرتری کی بیوی۔ ستتی پھاٹک
(مذکر) ۱- بھاٹ۔ شاعر۔ ثناخواں۔ مداح ۲- نقیب۔
ستتی کرنا (متعدی) تعریف کرنا۔ ستتی گانا (متعدی)
حمد گانا۔ بھجن گانا۔

سَتتر (ہ۔ عدد) سات اور ستر
۷۷ (س سپت سپتت)۔

سَتتی (ہ۔ عدد) ستر۔

سُست جانا (اردو۔ لازم) غوطہ
دبلا ہو جانا۔

سِتد (ف۔ مونث) لینا۔ اردو میں
صرف داد وستد میں استعمال ہوتا ہے (ستاندن لینا)۔

سَتر (ع۔ مذکر) ۱- چھپانا ۲- مرد یا
عورت کا وہ مقام جسے ننگا کرنے سے شرم آتی ہے
یا جسکا پردہ واجب ہے (ستر چھپانا)۔ ستر پوش
(مذکر) وہ چیز جس سے ستر ڈھانکیں۔ ستر پوشی (مونث)
ستر چھپانا۔ ستر چھپانا یا ڈھانکنا (متعدی) ستر
کپڑا اڑھانا۔ ستر دکھانا (متعدی) دیکھنا (لازم)
شرمگاہ دیکھنا۔ ستر عورت (مونث) عورت
کی شرمگاہ۔ ستری (مونث) ستر پوش۔ مرکبات
میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے بے ستری۔

سَتر (س۔ مذکر) ۱- بھینٹ۔
قربانی ۲- پن۔ خیرات ۳- دولت ۴- مکان۔ محل
۵- پناہ گاہ ۶- ڈھانپنا۔ چھپانا۔ کپڑا پہننا ۷- دغا۔
فریب ۸- جنگل ۹- تالاب۔

سَتّر (ہ۔ عدد) دس اور ساٹھ۔
انسٹھ اور ایک ۔۔ ۷۰ (س سپتت) ستّرا
بہترا (صفت) بہتر برس کی عمر کا۔ بہت بوڑھا
آدمی جس کے حواس ٹھکانے نہ رہیں۔ ستر و بہتر
کثرت ظاہر کرنے کے لئے بہتر کا حرف اس طرح بناتے
ہیں۔ ستر سنانا (متعدی) بہت برا بھلا کہنا۔
بہت گالیاں دینا۔ ستر لکھی (مونث) دریائے
گنگا کا ایک دہانہ۔ ستروال (صفت) منہ جوں
میں سے ایک۔ ستر ہزار (صفت) کثرت ظاہر
کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ستری بہتری
باتیں (مونث) بدحواسی کی باتیں جیسی بہت
بوڑھے آدمی کرتے ہیں۔

امثال واقوال۔ ستر چوہے
کھاکے بلی حج کو چلی۔ اس شخص کے متعلق کہتے
ہیں جو ساری عمر گناہ کرکے اخیر میں تائب ہو۔ ستر
کان بہتر جھول۔ خراب سلے ہوئے کپڑے
کی مذمت میں کہتے ہیں۔ ستر کینے سات کے
اور سولہ کے کئے سو۔ بیاج برا ارے
بالکے یا سوں راکھو بھو۔ بھو معنی ڈر۔ سود
کی مذمت ہے کہ سات کے ستر اور سولہ کے سو بنتے
ہیں۔ سود سے ڈرتے رہنا چاہئے۔ ستر گز کی
پگڑی اور سر ننگا۔ امیری میں فقیری۔

سَتَر (ہ۔ مذکر) دشمن۔ عدو۔

سِتر (ع۔ مذکر) پردہ۔ نقاب۔

سُتَّر (ھ - مذکر) اتفاق - میل ملاپ۔ سَتر سے رہنا (لازم) میل ملاپ یا اتفاق سے رہنا۔

سَترانا (ھ - لازم) ۱ غصے ہونا ۲ ناراض ہونا ۳ اکھڑا اکھڑا بولنا - غصے میں صاف طور پر نہ بولنا۔

سَتَرک (س - صفت) خبردار - محتاط - ہوشیار - متوجہ۔

سَتُرگ (ف - صفت) بزرگ عظیم - اہم۔

سَترنگ (ف - مذکر) ۱ شطرنج ۲ ایک قسم کا پودہ۔

سَترو (ھ - مذکر) دشمن - عدو۔

سَتَرہ (ہ - عدد) ۱ سات اور دس ۱۷ - ۲ چوسر کے کھیل میں پانسوں کا اسطرح پڑنا کہ ایک پر پانچ اور دو پر چھ چھ دائرے گن لئے جائیں (س سپتدس) ستر ھواں یا ستر ہواں (صفت) سترہ میں سے ایک - سترہ سے نسبت رکھنے والا - ستر ھویں (صفت) ۱ وہ جس کا نمبر سترھواں ہو ۲ (مونث) ۱ تاریخ ۲ ہندوؤں میں میت کی وہ رسم جو سترہ روز کے بعد کی جاتی ہے ۳ نظام الدین اولیا کے عرس کی تاریخ ۱۷ شوال ۴ امیر خسرو کے عرس کی تاریخ ۱۷ ربیع الآخر ہے۔

سُترہ (ع - مذکر) لکڑی یا کوئی چیز جو نماز پڑھتے وقت آگے رکھ لیں تا کہ لوگ گزریں تو نماز خراب نہ ہو یہ انگلی سے زیادہ موٹی اور گز یا اس سے زیادہ لمبی ہونی چاہئے - مسجد میں یا ایسی جگہ جہاں لوگوں کا گزر نہ ہو اسکی ضرورت نہیں (سَتر - چھپانا)۔

سَتری (ہ - مونث) اصطلاح صرافاں میں دو روپے۔

ستری (س - مونث) ۱ عورت زن ۲ بیوی - زوجہ - استری ۳ مادہ کسی جانور کی ۴ دیمک ۵ پردہ - پرینگو ۶ (صرف و نحو) مونث ۷ ایک بحر یا وزن - ستری پروں (مذکر)۔ مہابھارت کی بارھویں کتاب کا نام جس میں گاندھاری اور دوسری عورتیں مقتول بہادروں کا ماتم کرتی ہیں - ستری دھن (مذکر) عورت کی جائداد - ستری کرنا (متعدی) ۱ شادی کرنا ۲ عورت رکھنا

سُتلی (ہ - مونث) ۱ سن کی باریک رسی ۲ اصطلاح صرافاں بیس روپے (س سُتر دھاگا)۔

سُتَّم (س - تف) ۱ بہت اچھا - بہتر ۲ نہایت پارسا ۳ بہترین - نہایت اعلےٰ ۴ نہایت معزز۔

سِتَم (ف - مذکر) ۱ ظلم - تعدی - جور - جفا - جبر - زور - انیاؤ - اینتی ۲ بے انصافی ناحق ۳ غضب - قباحت ۴ بیجا بات - اندھیر ستم آباد (مذکر) ستم کی جگہ - دنیا - ستم اٹھانا (متعدی) اٹھنا (لازم) ظلم برداشت ہونا - ستم ایجاد (صفت) ۱ ظلم کی بنیاد ڈالنے والا - بڑا ظالم ۲ کنایتاً معشوق - ستم برپا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) آفت آنا - فساد مچنا - ستم پرور (صفت) ۱ ظالم - جفاکار ۲ بے انصاف - ستم توڑنا (متعدی) ٹوٹنا (لازم) ظلم ہونا - آفت آنا - مصیبت پڑنا - ستم ٹوٹے (بددعا) آفت آئے مصیبت پڑے - ستم جوتنا (متعدی) آفت مچانا - فساد کرنا - ستم کرنا - ستم جھیلنا (متعدی) ظلم سہنا - ستم دیدہ - رسیدہ - زدہ یا کش (صفت) مظلوم - ستم ڈھانا (متعدی) ۱ ظلم کرنا ۲ غضب ڈھانا - کوئی عجیب کام کرنا - ستم شعار (صفت) ظالم - جسے ظلم کرنے کی عادت ہو - ستم ظریف (صفت) ۱ وہ جو ظرافت کے پردے میں ستم کرے - یا جسکی ظرافت میں شوخی و شرارت ہو - ستم ظریفی (مونث) ظرافت کے پردے میں ظلم - ستم کرنا (متعدی) ۱ ظلم کرنا ۲ برا کام کرنا - قابل افسوس کام کرنا ۳ کوئی عجیب کام کرنا - ستم کش - کشیدہ (صفت) مظلوم - ستم کشتہ (صفت) جو ظلم سے مرجائے - ستم کیش - گار یا گر یا گستر (صفت) ۱ ظالم - جفاکار ۲ آسمان کے لئے استعمال ہوتا ہے - ستم گاری - گری یا وری (مونث) ظلم - ستم - ستم ہونا (لازم) ۱ ظلم ہونا ۲ غضب ہونا ۳ آفت نازل ہونا ۴ افسوس ہونا ۵ شوخ ہونا چالاک ہونا ۶ یکتا ہونا۔

سِتَمبر (انگ - مذکر) عیسوی سنہ کا نواں مہینہ جو تیس دن کا ہوتا ہے - ۲۳ تاریخ کو دن رات برابر ہوتے ہیں۔

سَتَمبھ (س - مذکر) ۱ استون کھمب پیل پایا تھم ۲ تنہ - منڈھا ۳ روک - آڑ - اٹکاؤ ۴ بیہوشی - مدہوشی - پینک ۵ بیوقوفی - حماقت ۶ سردی - بے حسی - بے حرکتی - فالج ۷ غرور - فخر ناز - گھمنڈ ۸ سخت ہونا ۹ بھرنا - ستمبھن (مذکر) ۱ سخت کرنا - اکڑانا ۲ مفلوج کرنا ۳ سہارا دینا - کھڑا کرنا ۴ روکنا - اٹکانا ۵ سن کرنا - شل کرنا ۶ بیہوش کرنا ۷ مدہوش کرنا ۸ بیہوشی - مدہوشی ۹ قابض چیز و جادو کے زور سے کسی قوت کو زائل کر دینا۔

سَتمی (ھ - مونث) ساتویں تاریخ قمری نصف مہینے کی۔

سَتَن (س - مذکر) ۱ عورت کے پستان ۲ چوچی ۳ بھٹنا - سرپستان -

سُتَن (ھ - جمع بیٹے - بچے۔ اولاد۔

سُتَّن یستنا (ھ - مذکر) مرد کا پاجامہ - ستھنی (مونث) پاجامہ عورت کا۔

سُتنا (ہ - لازم) ۱ دبلا ہونا - پتلا ہونا ۲ گڑھے پڑجانا ۳ نوچا جانا ۴ کھنچنا - سٹنا ۵ (ھ) لیٹنا - سونا - آرام کرنا (س سوپ - سونا)۔

سِتنگ (ھ - مذکر) ۱ سردی سے شل یا سن ہوجانا ۲ فالج - ادھرنگ۔

سَتنی (س - مونث) ماں۔

سَتّو (س - مذکر) ۱ زندگی - ہستی - وجود - حیات ۲ قدرتی خاصیت - طبیعت طینت ۳ چیز - مادہ ۴ دولت ۵ زندہ چیز - جانور ۶ یقین - اصلیت ۷ روح ۸ ضمیر ۹ ہوش - سدھ ۱۰ چلن کی مضبوطی ۱۱ عقل - دانائی ۱۲ قوت - طاقت ۱۳ بہادری ۱۴ اپنے اوپر قابو یا اختیار ۱۵ انیکی یا پاک ہونے کی قوت - سانکھیہ فلسفے میں تین گنوں میں سے ایک - یہ انسان کو سچا - دیانت دار وغیرہ بنادیتی ہے ۱۶ (صرف و نحو) اسم ۱۷ جنین ۱۸ بھوت - پریت

ستُو (س - مذکر) ۱ تعریف - حمد - ثنا ۲ تعریف کرنا وغیرہ ۳ خوشامد ۴ ایک خاص مادہ -

سَتّو (ہ - مذکر) ۱ بھنے ہوئے جَو کا آٹا ۲ کسی بھنے ہوئے اناج کا آٹا (س سکت) ستو

باندھ کے پیچھے پڑنا (لازم) سر ہو جانا۔ کسی کام میں توجہ سے محنت کرنا۔ ستو خورا (صفت) لونڈے باز۔ ستو گھولنا (متعدی) ۱ ستو میں پانی اور میٹھا ملانا ۲ فضول اور بیہودہ باتیں کرنا۔

اقوال۔ ستو کھا کے شکر کیا تھوڑی سی چیز سے راضی ہو گئے۔ **ستو من بھنتو جب گلبا۔ جب کھبا۔ جب جیبا دھان بچارے بھلے کوٹا کھائے چلے** (پو) **ستو من متو کب گھولوں کب چٹو۔ کھچڑی من مچڑی۔ پکائی کھائی چل میرے بھائی** (ھ) غلط بات کو سچ کر دکھانا۔ کہتے ہیں دو آدمی ہم سفر تھے۔ ایک کے پاس ستو تھے ایک کے پاس چاول یا کھچڑی۔ چاول والے نے یہ فقرہ کہہ کر ستو والے سے ستو لے لئے۔

سَتوا (ف۔ مذکر) بامیان میں ایک عورت کا بت۔

سَتوا (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو ستو ۲ بے ریشہ۔ سونٹھ کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔ **ستوا بیترا** (مذکر) بے ریشہ سونٹھ۔ **ستوا سنکرانت** (مونث) سورج کا داخلہ برج حمل میں۔ اسدن برہمنوں کو ستو کھلائے جاتے ہیں۔

سُتواں (ہ۔ صفت) پتلی۔ نازک **ستواں ناک** (مونث) پتلی اور نازک ناک۔

سُتوانا (ھ۔ مم) ستونا کا۔

سُتوانسا (ھ۔ مذکر) ۱ وہ بچہ جو حمل کے سات مہینے بعد پیدا ہوا ہو ۲ ایک دعوت جو حمل کے ساتویں مہینے زچہ کو اس کے والدین دیتے ہیں (س سپت ماسک ساتواں مہینہ)۔

ستوتر (س۔ مذکر) ۱ تعریف۔ حمد۔ ثنا ۲ مدحیہ نظم۔

سِتُودَہ (ف۔ صفت) ۱ جسکی تعریف کی جائے جسکی حمد و ثنا کی جائے۔ تعریف حمد یا ثنا کیا گیا ۲ قابل تعریف۔ مستحسن (ستودن۔ تعریف کرنا)۔ **ستودہ اخلاق** (مذکر) قابل تعریف خلقوں والا۔ **ستودہ شیم یا صفات** (صفت) وہ جس میں قابل تعریف خوبیاں ہوں۔ **ستودہ کار** (صفت) نیک خصلت۔ نیک۔

سُتُور (ف۔ مذکر) چوپایہ۔ لدو جانور۔ گھوڑا۔ گدھا۔ خچر۔ اونٹ۔

مثل۔ ستور لکد زن گراں بار بہ۔ شریر جانور پر زیادہ بوجھ رکھنا اچھا ہے تاکہ شرارت سے باز رہے۔

سُتُور (ع۔ مذکر) جمع ستر۔

سَتوَر (س۔ صفت) ۱ تیز۔ تیز رفتار یا رو۔ سریع السیر ۲ (تف) جلد۔ جلدی۔ تیزی سے۔

سَتوڑا (ھ۔ صفت) ۱ تباہ کیا ہوا تلف کیا ہوا۔ برباد۔ تباہ ۲ (مذکر) تباہی بربادی ستیاناس

ستون (ف۔ مذکر) اردو میں حرف بالضم ۱ کھمبہ۔ پیل پایا۔ منارہ۔ تھم ۲ رکن۔ **ستون سفینہ** (مذکر) مستول۔ کشتی کا بلا جسپر بادبان چڑھاتے ہیں۔ **ستون فقار** (مذکر) ریڑھ کی ہڈی۔

سَتونتا۔ سَتونتی (ھ۔ صفت) ۱ سچا۔ صادق ۲ دیانت دار ۳ نیک۔ پارسا ۴ مشہور۔

مثل۔ ستونتی کی لاج بڑ چھناری کی بات بڑ۔ پارسا عورت میں شرم بہت ہوتی ہے اور چھنال باتیں بہت بناتی ہے۔

سَتونجا (ہ۔ عدد) ابینوں کی اصطلاح میں ساڑھے سات۔

سَتوہ۔ سِتُوہ (ف۔ مونث) ۱ تکلیف۔ مصیبت ۲ ڈر۔ خوف ۳ حیرانی۔ پریشانی ۴ گھبراہٹ ۵ (صفت) غمگین۔ مغموم ۶ غریب۔ بے یار و مددگار۔

سَتھ۔ ستھا (س۔ صفت) ۱ کھڑا ہونے والا ۲ ٹھیرنے والا۔ رہنے والا ۳ واقعہ ہونیوالا ۴ موجود ہونے والا ۵ مشغول۔ منہمک۔ مشق کرنے والا ۶ **ستھا** (صفت) ۱ کھڑا ہوا۔ ساکن ۲ مرکبات میں بمعنی کھڑا ہوا۔ زندہ۔ **ستھاپت** (صفت) ۱ رکھا ہوا۔ قائم یا مقرر کیا ہوا ۲ کھڑا کیا ہوا۔ بنایا ہوا ۳ بنا رکھا ہوا۔ وہ جسکی بنیاد رکھی جائے ۴ علیحدہ کیا ہوا۔ وقف کیا ہوا ۵ حکم دیا ہوا۔ قانون بنایا ہوا ۶ طے کیا ہوا ۷ معلوم کیا ہوا۔ **ستھاپن** (مذکر) ۱ بت کو نصب کرنا۔ کھڑا کرنا ۲ بنا رکھنا ۳ مقرر کرنا۔ قائم کرنا۔ **ستھان** (مذکر) ۱ کھڑا ہونے اور ٹھیرنے کا فعل۔ ٹھیرنا۔ رہنا ۲ مکان۔ جگہ۔ مقام ۳ موقع ۴ مطلب ۵ بدن کی طرز۔ آسن ۶ رہنا یا ٹھیرنا کسی جگہ ۷ ذخیرہ۔ گودام ۸ حالت۔ کیفیت ۹ درجہ۔ عہدہ ۱۰ نوکری۔ آسامی۔ منصب۔ جگہ ۱۱ مقابلے میں حوصلے سے کھڑا ہونا ۱۲ ٹھیرنے یا رہنے کی جگہ ۱۳ جگہ یا مقام جہاں دیوتا یا نیک آدمی رہیں۔ زمین یا خلا یا آسمان ۱۴ ۱۵ سلطنت کے رکن جو چار ہیں۔ فوج۔ خزانہ۔ دارالخلافہ اور مملکت ۱۶ آواز نکلنے کے مخرج جو آٹھ ہیں گلا۔ تالو۔ تالو کا اوپر کا حصہ۔ دانت۔ ہونٹ گلا اور تالو۔ گلا اور ہونٹ۔ دانت اور ہونٹ بعض ناک اور چھاتی کو بھی شامل کرتے ہیں ۱۷ کسی قوت کا عضو ۱۸ آواز کی سریں جو سات ہیں ۱۹ شکل صورت جیسے چاند کی ۲۰ برج۔ راس ۲۱ شہر کا چوک ۲۲ مقدس مقام ۲۳ قربانگاہ ۲۴ ایک گاندھرو راجہ کا نام۔

سِتَّہ (ع۔ عدد) چھ۔ **ستہ متناسبہ** (مذکر) حساب کا ایک قاعدہ۔ برابر نسبت۔

ستھر (س۔ صفت) ۱ پکا۔ مضبوط ۲ بے حرکت۔ ساکن ۳ استوار۔ پائدار ۴ دائم۔ ہمیشہ رہنے والا ۵ سخت دل۔ سنگدل ۶ مستقل مزاج۔ ثابت قدم ۷ خفیہ رکھا ہوا ۸ وفادار۔ قابل اعتبار ۹ مستقل ارادہ کیا ہوا ۱۰ یقینی ۱۱ فیصل شدہ ۱۲ مطمئن۔ دلجمع ۱۳ چپ۔ ساکت (ہونا کے ساتھ) ۱۴ بعض راسوں کا نام کیونکہ ان کے ماتحت کام کیا ہوا پائیدار ہوتا ہے۔ جیسے کمبھ۔ سنگھ۔ برچھک اور برکھ۔ کار تکیہ کا نام ۱۵ دیوتا۔ دائم رہنے والی ہستی ۱۶ پہاڑ ۱۷ درخت۔ بیل ۱۸ اسنیچر۔ زحل ۱۹ مکتی۔

ستھرا (ھ۔ مذکر) چٹائی۔ بستر۔

ستھرا (ہ۔ صفت) ۱ پاک۔ صاف ۲ نفیس۔ خوبصورت ۳ اچھا۔ اعلے ۴ (مذکر) ایک قسم کا فقیر۔ **ستھراپن** (مذکر) ستھرائی ملا (س تندرُ)۔ **ستھرا شاہ** (مذکر) ایک فقیر جس نے فقیروں کے ایک فرقے کی بنا رکھی تھی۔ **ستھرا شاہی** (صفت) فقیروں کا فرقہ جس کی بنا ستھرا شاہ نے رکھی تھی۔ اس فرقے کا ایک فرد۔ ستھرا شاہ کا مرید۔ **ستھرائی** (مونث) ۱ صفائی۔ نفاست ۲ طبیعت کی صفائی۔ خوش سلیقگی ۳ (عو) جھاڑو۔ **ستھرائی پھرنا** (لازم) **پھیرنا** (متعدی) ۱ جھاڑو دینا ۲ لوٹ لے جانا۔ برباد کرنا۔ **ستھری آواز** (مونث) صاف آواز۔ **ستھری زبان** (مونث)

۱ صاف زبان۔ ٹھیٹھ زبان ۲ پاک زبان۔
ستھرانا (ھ۔ متعدی) ۱ پھیلانا
بکھیرنا ۲ تتر بتر کرنا۔ منتشر کرنا۔ پراگندہ کرنا۔
ستھراؤ (ہ۔ مذکر) ۱ پھیلانا۔
بکھیرنا ۲ پھیلاؤ۔ چھتراؤ۔ انتشار ۳ قتل عام۔
مقتولوں کا ڈھیر ۴ بہت سی عمارتوں کا گر پڑنا۔
ستھراؤ پڑنا (متعدی) مُردوں کا ڈھیر ہونا۔
کھیت پڑنا۔ **ستھراؤ کر دینا۔ کرنا** (متعدی)
ہو جانا ہونا (لازم) ۱ مُردوں کا ڈھیر لگ جانا
۲ مکانوں کا گرنا۔
ستھل (س۔ مذکر) ۱ خشک
زمین۔ سخت زمین ۲ جگہ۔ مقام۔ علاقہ ۳ سادھو
کے کھڑے ہونے کی جگہ ۴ گھر۔ مکان۔ جائے سکونت
۵ ٹیلہ۔ ٹبہ ۶ چبوترا۔ کرسی ۷ خیمہ۔ تنبو ۸ باب۔
فصل (کتاب کی) ۹ معاملہ زیر بحث۔ مضمون
عنوان ۱۰ موقعہ۔ حال۔

ستھن۔ ستھنا (ھ۔ مذکر) **ستھنی**
(مونث) پائجامہ دیکھو سُتنا وغیرہ۔ **ستھنا** (مذکر)
۱ گوشت کے ساتھ شکر قند پکی ہوئی۔

ستھول (س۔ صفت) ۱ بڑا۔
لمبا ۲ موٹا۔ فربہ۔ تنومند ۳ بھاری۔ بوجھل ۴
موٹا۔ کھردرا ۵ بھدا ۶ بیوقوف۔ احمق ۷ مادی۔
مجسم ۸ (مذکر) ڈھیر ۹ خیمہ ۱۰ بڑھل کا درخت
ستھولا (مونث) ۱ بڑی الائچی ۲ (مذکر) مادی جسم۔
ستھونا (س۔ مونث) ۱ پلپایہ
ستون ۲ لوہے کا بت۔ بُت ۳ اہرن ۴ ایک
بیماری۔
ستھی (ھ۔ مونث) سیپی۔
ستھیا (ھ۔ مذکر) حکیم۔ وید۔
آنکھوں کا حکیم۔ کحال۔
ستھیا (ھ۔ مذکر) ایک نشان
جو ہندو برکت کے لئے چیزوں یا آدمیوں پر
لگاتے ہیں۔ عموماً سرخی سے بہیوں کے شروع میں
اور فرش زمین پر شادی کے دوران میں بناتے
ہیں۔
ستی (س۔ مونث) ۱ خیر۔
انجام۔ تباہی ۲ دنیا۔ تحفہ ۳ سیت کا مونث۔ نیک
بیوی۔ وہ بیوی جو اپنے آپ کو خاوند کی لاش کے
ساتھ جلا دے ۴ بیوہ کے جل جانے کا فعل ۵
ستی کی قبر یا مقبرہ ۶ خوشبودار مٹی ۷ دو بحروں یا
وزنوں کا نام ۸ اعلےٰ خاندان عورتوں کا لقب
۹ (صفت) نیک۔ پارسا۔ باعصمت۔ پاک
دامن ۱۰ وفادار۔ باوفا۔ **ستی کرنا** (متعدی)
جل جانا خاوند کے ساتھ۔ **ستی مٹھ یا دوار**
(مذکر) ستی کے جلنے کی جگہ۔ قبر یا مقبرہ۔ **ستی
ہونا** (لازم) بیوہ کا خاوند کے ساتھ جل جانا۔
ستی (ھ۔ حرف) ساتھ۔ سے۔
سُتی (س۔ صفت) ۱ بچہ والا۔
صاحب اولاد ۲ (مذکر) باپ۔
ستی ستینہ (ھ۔ مونث)
نیک عورت۔ اچھی بیوی۔
ستیا (ھ۔ مذکر) دیکھو ستھیا۔
ستیا۔ ستبا (ھ) **ستیا** (ہ۔ مذکر)
طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل وغیرہ دیکھو ست
ستو۔ اردو میں علیحدہ استعمال نہیں ہوتا۔ **ستیا
ناس** (مذکر) تباہی۔ بربادی۔ ناس۔ **ستیا
ناس جانا** (لازم) خراب ہو جانا۔ ضائع ہو جانا۔
ٹوٹ پھوٹ جانا۔ **ستیاناس جائے** (بددعا)
برباد ہو جائے۔ تباہ ہو جائے۔ **ستیاناس کرنا
یا کھونا** (متعدی) برباد یا تباہ کرنا۔ خراب کرنا۔
ستیاناس ہونا (لازم) دیکھو ستیاناس جانا۔
ستیاناسی (صفت) ۱ تباہ۔ برباد ۲ برا۔ خراب۔
بیکار ۳ اجاڑ کرنے والا۔ برباد کرنے والا ۴
(مونث) ایک خاردار پودہ۔ کٹیلا۔ ہندی
میں مذکر۔
ستیا (س۔ مونث) ۱ سچ بولنا۔
سچائی۔ صدق ۲ خلوص۔ اخلاص۔ بے ریائی ۳
ایک خاص شکتی ۴ درگا ۵ سیتا جی۔ **ستیاپن**
(مذکر) **ستیاپنا** (ھ) ۱ سچ بولنا ۲ تصدیق۔
سودے کی منظوری **ستیاتما** (مذکر) ۱ نیک اور
پارسا آدمی ۲ (صفت) سچا۔ جس کی روح صاف
اور سچی ہو۔ جس کی طبیعت نیکی کی طرف مائل ہو۔
ستیانند (مذکر) سچی خوشی یا فرحت۔
ستیرتھ (س۔ صفت) ۱ ودیھا
بہت سے تیرتھ ہوں ۲ ایک ہی جگہ نہانے والے
۳ (مذکر) ایک ہی گرو کے بالکے۔ ہم مکتب مذہبی
تعلیم میں۔
ستیز (ف۔ مذکر) لڑائی۔ فساد۔
جھگڑا۔ **ستیزگر** (صفت) ۱ جھگڑالو ۲ ضدی۔
ستیزندگی (مونث) دیکھو ستیز۔ **ستیزندہ**
(صفت) جھگڑالو۔ مقدمے باز۔ **ستیزہ** (مذکر)
دیکھو ستیز۔ **ستیزہ جو یا خو** (صفت) جھگڑالو۔
ستیزہ رو (صفت) ۱ بدشکل ۲ جھگڑالو۔
ستیزہ کار یا گار (صفت) ۱ لڑنے والا۔
جھگڑالو ۲ جنگی آدمی۔ **ستیزہ کاری یا گری**
(مونث) دیکھو ستیز۔
ستیک (س۔ صفت) ۱ اصلی۔
حقیقی ۲ سچا۔ دیکھو ستیہ ۳ (مذکر) سودا مکمل کرنا۔
ایفائے وعدہ۔
ستیل (س۔ مذکر) ۱ بانس ۲
ہوا۔ آندھی ۳ دال۔ **ستیلا** (مونث) ایک
خاص قسم کی دال۔
ستیل ستیلا (ھ۔ صفت)
۱ طاقتور۔ قوی۔ بلی۔ زور آور ۲ چست۔ چالاک
پھرتیلا۔
ستیلاک (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی
دال۔
ستیم (س۔ تف) ٹھیک۔ درست
درحقیقت۔ حقیقت۔ جیسا آپ فرماتے ہیں۔ سچ
ستین (س۔ مذکر) ۱ ڈاکو۔ راہزن
۲ قزاقی۔ راہزنی۔
ستیہ (س۔ صفت) ۱ سچا۔ راست
صادق ۲ اصلی۔ حقیقی ۳ مخلص۔ بے ریا ۴ دیانت دار
۵ وفادار۔ باوفا ۶ ٹھیک۔ درست ۷ نیک۔ پاک
پارسا ۸ پورا کیا ہوا۔ تصدیق کیا ہوا ۹ (مذکر) سچائی
راستی ۱۰ اصلیت۔ حقیقت ۱۱ نیکی۔ پارسائی ۱۲ سات
لوکوں میں سے سب سے اوپر کا لوک ۱۳ چار یگوں
میں سے پہلا یگ ۱۴ نواں کلپ ۱۵ اشوتھ درخت
۱۶ وشن جی ۱۷ رامچند جی ۱۸ ایک دیوتا ۱۹ ایک وید
۲۰ ایک آسمانی مخلوق ۲۱ دیاس جی ۲۲ ہوردھان کا
ایک بیٹا ۲۳ ونتیہ کا ایک بیٹا ۲۴ ایک نجومی جو ہورا
شاستر کا مصنف ہے ۲۵ ایک خاص قسم کے دیوتا ۲۶
قسم۔ سوں۔ سوگند۔ **ستیہ لودھ** (مذکر) ایک شاعر
ستیہ کھارت (مذکر) ویاس جی۔ **ستیہ کھاما**

(مذکر) ستر جیت کی ایک بیٹی۔ اور کرشن جی کی بیوی۔ **ستیہ تپس** (مذکر) ایک منی کا نام۔ یہ ایک شکاری تھا۔ مگر تپسیہ کے زور سے اسنے منی کا درجہ حاصل کیا۔ **ستیہ جیت** (مذکر) ۱ کرشن جی کا ایک بیٹا ۲ کئی اور آدمیوں کا نام ۳ ایک دانو ۴ ایک بکش ۵ اندر۔ **ستیہ دھام** (صفت) ۱ بہت سچا ۲ ایشور۔ **ستیہ دھر** (مذکر) ایک راجہ۔ **ستیہ دھرم** (مذکر) سچائی کا قانون۔ دائمی قانون **ستیہ لوک** (مذکر) سب سے اوپر کا لوک جسے برہم لوک بھی کہتے ہیں۔ جو روحیں وہاں چلی جائیں انکی مکتی ہوجاتی ہے۔ **ستیہ مت** (مذکر) اخلاق یا مذہب کا سچا رستہ۔ **ستیہ وان یا وت** (صفت) سچا۔ صادق۔ **ستیہ ورتا** (صفت) ۱ وعدے کا پکا۔ ۲ سچا ۳ دیانت دار ۴ مخلص۔

سَٹ (ہ۔ امر) ۱ سٹنا کا ۲ اتحاد۔ لگاؤ۔ تعلق ۳ سازش ۴ تدبیر ڈھب ۵ (ھ) تعلق ناجائز (س سم۔ ساتھ ستھا۔ جگہ۔ **سٹا** (امر) ۱ سٹانا کا ۲ (صفت) چپٹا ہوا۔ لگا ہوا۔ جڑا ہوا وغیرہ۔ **سٹا سٹ** (مونث) ۱ چمٹنا۔ جڑنا ۲ مارنا ایک دوسرے پر ۳ لگاتار کوڑے پڑنا۔ مار ۴ کوڑے پڑنے کی آواز ۵ (تقف) لگاتار۔ زور سے۔ تیزی سے۔ **سٹاک** (مونث) **سٹاکا** (مذکر) آواز جو لچکدار چھڑی کو زور سے ہلانے یا مارنے سے نکلتی ہے۔ **سٹا دینا۔ سٹانا** (متعدی) ۱ چسپاں کرنا۔ جوڑنا ۲ ملانا۔ چمٹانا۔ بھڑانا ۳ پیوند لگانا۔ جوڑ لگانا۔ **سٹا ہوا** (صفت) ۱ جڑا ہوا۔ چمٹا ہوا۔ چپکا ہوا ۲ ملا ہوا۔ متحد۔ سازشی ۳ جڑا ہوا۔ **سٹاؤ** (مذکر) ۱ چسپیدگی ۲ تعلق۔ لگاؤ۔ اتحاد۔ **سَٹ سَٹ** (تقف) سٹاسٹ۔ جلد جلد۔ **سٹ لڑانا** (متعدی) ۱ ربط پیدا کرنا۔ یارانہ گانٹھنا ۲ تدبیر لڑانا۔ **سٹنا** (متعدی) ۱ ملنا۔ چمٹنا۔ جڑنا۔ چپکنا ۲ سازش کرنا۔ اتحاد کرنا ۳ یارانہ گانٹھنا۔ تعلق پیدا کرنا۔

سَٹ (س۔ مذکر) سادھوؤں کی جٹا۔ **سٹا** (مونث) ۱ جٹا ۲ بال جن کو اکٹھا کرکے ماتھے کی طرف لپیٹ لیں ۳ مینڈھی ۴ شیر کے ایال ۵ سور کے بال ۶ کلغی۔

سِٹ (انگ۔ مذکر) ۱ کسی چیز کا مقررہ مجموعہ ۲ مصنوعی دانتوں کی بتیسی ۳ بٹنوں کا مجموعہ ۴ چینی کا چائے یا کھانے کا سامان ۵ ایک صوفہ دو کرسیاں گدے دار۔

سُٹ (ہ۔ تقف) فوراً۔ جلدی سے۔ **سٹ سے** (تقف) دیکھو آخری۔

سَٹّا (ھ۔ مذکر) ۱ سودا بیوپار کا معاہدہ ۲ تحریری قرارنامہ زراعت کے متعلق ۳ ضمانت نامہ ۴ منڈی ۵ جوا پیداوار پر ۶ دستی۔ مجبت (س سنگت۔ چمٹا ہوا) **سٹا بٹا** ۱ خرید و فروخت لین دین ۲ سودا ۳ سازش۔ اتحاد۔ لگاؤ ۴ تعلق ناجائز۔ **سٹا بٹا لڑانا** (متعدی) ۱ سازش کرنا۔ کارروائی کرنا ۲ تعلق ناجائز پیدا کرنا۔ **سٹا بہی** (مونث) ۱ لین دین کا اقرارنامہ ۲ وہ بہی جس میں سٹے لکھے جاتے ہیں۔ **سٹے باز** (مذکر) پیداوار پر شرط لگانے والا۔ **سٹہ بازی** (مونث) ۱ پیداوار پر شرط لگانا ۲ بعض جگہ سٹے بازی کا یہ طریقہ نکالا گیا ہے کہ ایک سے سو تک کے جس عدد پر لوگ چاہیں شرط لگائیں۔ ان عددوں کو کاغذ کے پرزوں پر لکھ کر گھڑے میں ڈال کر اسے خوب ہلاتے ہیں۔ پھر ایک بچے سے کہتے ہیں کہ ان میں سے پرزہ نکالے۔ جو عدد نکل آئے اس پر جس شخص نے شرط بدی ہو وہ سوگنا لیتا ہے۔

سِٹّا (ہ۔ مذکر) جوار کا خوشہ۔ بھٹا۔

سٹار (انگ۔ مذکر) ۱ ستارہ ۲ نہایت اعلےٰ ایکٹر یا ایکٹرس۔ **سٹار آف انڈیا** (مذکر) ستارۂ ہند۔ ایک خطاب جو سلطنت برطانیہ کیطرف سے خدمات کے صلے میں دیا جاتا ہے۔

سٹاف (انگ۔ مذکر) ۱ ڈنڈا۔ لاٹھی۔ عصا ۲ وہ فوجی افسر جو کمانڈران چیف کو مشورہ دینے کے لئے مقرر کئے جائیں۔

سٹاک (انگ۔ مذکر) ۱ ذخیرہ ۲ مال تجارت کا ذخیرہ ۳ ایک قسم کا انگریزی پھول ۴ (حساب) ایک قاعدہ جس کسی کمپنی وغیرہ کے حصص کی خرید و فروخت کا حساب ہوتا ہے۔

سٹال (انگ۔ مذکر) ۱ بازار منڈی یا میلے میں ایک چھوٹی سی دوکان جہاں اشیا فروخت کی جائیں ۲ گھوڑے کا کمرہ ۳ تھیٹر میں وہ جگہ جو الگ بنائی جائے۔ ہندوستان میں اوپر کے کنارے کی طرف بنائی جاتی ہے۔

سٹائی (ہ۔ مونث) مٹھائی۔ شیرینی۔

سٹائیل (انگ۔ مذکر) ۱ طریقہ ۲ طرز ۳ فیشن۔

سٹپٹا (ہ۔ امر) سٹپٹانا کا۔ **سٹپٹا جانا۔ سٹپٹانا** (لازم) ۱ گھبرا جانا۔ حیران ہونا۔ چونکے چھوٹنا۔ اوسان خطا ہونا۔ پریشان ہونا ۲ بیچین ہونا۔ بیقرار ہونا ۳ جواب نہ بن پڑنا۔ **سٹپٹاتے پھرنا** (لازم) آوارہ یا مارا مارا پھرنا۔ پریشان و سرگرداں پھرنا۔

سٹرابری (انگ۔ مونث) ایک پھل جو بیدانہ توت کی طرح ہوتا ہے۔

سٹرانشیم (انگ۔ مذکر) ایک عنصر دھات۔

سٹرپٹر (ہ۔ مونث) ۱ متفرق کام۔ چھوٹا موٹا کام ۲ معمولی باتیں۔ ذرا ذرا سی باتیں ۳ ادھر ادھر پھرنا۔ **سٹرپٹر کرنا** (متعدی) ۱ چھوٹا موٹا کام کرنا ۲ بیکار پھرنا۔

سَٹک (ہ۔ امر) سٹکنا کا (سر ستر پھیلانا) ۱ پتلی لچکدار چھڑی۔ بیت ۲ چھوٹا سانپ ۳ چھوٹا بیچوان۔ **سٹکا** (مونث) ۱ لوکدار ۲ قابل انتظام ۳ (مذکر) چھڑی ۴ چھوٹی بندوق جو گلے میں لٹکاتے ہیں۔ **سٹکاری** (ھ) لوکدار۔ گاؤدم۔ **سٹکالا** (ھ) بالوں کی لٹ۔ **سٹکانا** (متعدی) ۱ غائب کردینا ۲ مارنا ۳ گاؤدم بنانا ۴ ناامید کرنا۔ **سٹکائی** (ھ) ۱ لوکدار یا گاؤدم چیز کا اختتام ۲ غائب ہوجانا ۳ اترنا چڑھنا۔ گھٹنا بڑھنا۔ ترقی تنزل۔ **سٹک جانا۔ سٹکنا** (لازم) ۱ غائب ہوجانا ۲ بھاگ جانا۔

سِٹک (انگ۔ مونث) چھڑی۔ بیت۔

سُٹکن۔ سُٹکنی (ھ۔ مونث) گاؤدم چھڑی۔ بیت۔

سُٹکنا (ھ۔ متعدی) سڑکنا۔ آواز سے پینا یا نگلنا۔

سٹل (ہ۔ مونث) زٹل۔ بیہودہ بک بک۔ **سٹلا** (صفت مذکر) بیہودہ۔ بکی۔ کم حیثیت۔ **سٹلو** (مونث) بیہودہ یا بے سلیقہ عورت۔ **سٹلی** (صفت مونث) بیہودہ (عورت)۔

سٹون (انگ - مذکر) پتھر سٹون ہنج (مذکر) انگلستان میں بڑے بڑے پتھروں کا ایک مدور سلسلہ جو بہت پرانے زمانے میں پرستش کے لئے بنایا گیا تھا۔

سٹھ (ہ - عدد) ۱ ساٹھ کا مخفف ۲ (صفت) جاہل - بیوقوف ۳ بدمعاش - بدکار۔

سٹھ جانا - سٹھیا جانا - سٹھیانا (لازم) ۱ ساٹھ برس سے اوپر ہو جانا ۲ عقل جاتی رہنا - زیادہ عمر کی وجہ سے حواس بجا نہ رہنا۔

سٹھام (ہ - مذکر مونث) ۱ اچھی جگہ - نفیس مقام ۲ بہشت - سرگ۔

سٹھانی (ہ - مونث) سیٹھ کی بیوی۔

سٹھائی (ہ - مونث) ۱ بے مزگی پھیکا پن ۲ کمزوری۔

سٹھتا (ہ - مونث) دھوکا دغا مکر - فریب۔

سٹھٹی (ہ - مونث) عو - آدمیوں کا مجمع - بازار۔

سٹھنی (ہ - مونث) ۱ وہ گالیاں جو بیاہ میں سمدھنوں کو دی جاتی ہیں ۲ (ہ) اٹھانی۔

سٹھورا (ہ - مذکر) پنجیری جو زچہ کو دیتے ہیں - اس میں سونٹھ ہوتی ہے - اس لئے یہ نام ہوا۔

سٹھی (ہ - مونث) ایک قسم کے چاول - ساٹھا۔

سٹھی (ہ - مونث) ۱ مٹھی ۲ میل - چلٹ ۳ قدرت - خاصیت ۴ عقل - اوسان۔ **سٹھی بھولجانا - بھولنا - گم ہو جانا یا ہونا** (لازم) اوسان خطا ہونا - گھبرا جانا - شپٹا جانا۔

سٹھی (ہ - تف) بہت زیادہ - بے حد - از حد۔

سٹی (س - مونث) جیدوار۔

سٹی (ہ - مونث) ۱ منڈی - پینٹھ ۲ گھوڑوں کی منڈی۔

سٹی (انگ - مذکر) شہر۔

سٹی (ہ - مونث) ۱ دیکھو سٹھی ۲ (ہ) سٹی کا مخفف - **سٹی (بٹی) بھولجانا** - بھولنا - گم ہو جانا یا ہونا (لازم) دیکھو سٹھی بھولجانا۔

سٹیا (ہ - مونث) پتلی لچکدار چھڑی۔

سٹیا (ہ - مونث) بیٹی۔

سٹیتھو سکوپ (انگ - مذکر) ایک آلہ جس سے دل کی حرکت کی آواز سنی جاتی ہے۔

سٹیج (انگ - مذکر) تھیٹر کا چبوترا مع پردوں سینری وغیرہ کے۔

سٹیچو (انگ - مذکر) بت - مجسمہ۔

سٹیچوٹ (انگ - مذکر) وہ قانون جو پارلیمنٹ نے پاس کیا ہو - **سٹیچوٹری کمشن** (مونث) وہ کمشن جو پارلیمنٹ کے حکم سے مقرر ہو۔

سٹیڈیم (لا - مذکر) اکھاڑہ یا ایسی جگہ جس کے گرد بیٹھنے کے لئے سیڑھیاں بنی ہوں۔

سٹیشن (انگ - مذکر) دیکھو اسٹیشن۔

سٹیشنری (انگ - مونث) ۱ لکھنے کا سامان ۲ (صفت) ساکن - کھڑا ہوا - انگریزی کے ہردو لفظوں میں ہجے مختلف ہیں۔

سٹیک (انگ - مونث) بھنے ہوئے گوشت کا ٹکڑا۔

سٹیک (انگ - مذکر) ۱ شرط ۲ زمین میں گڑی ہوئی لکڑی۔

سٹیم (انگ - مونث) بھاپ - بخارات - **سٹیم انجن** (مذکر) وہ انجن جو بھاپ کی طاقت سے چلے - **سٹیم بوٹ** (مونث) وہ کشتی جو بھاپ کی طاقت سے چلے - **سٹیمر** (مذکر) وہ جہاز جو بھاپ کی طاقت سے چلے۔

سج (ہ - امر) ۱ سجنا کا ۲ (مونث) تیاری ۳ آرائش - نمائش - سجاوٹ ۴ انداز ۵ شکل صورت (س سج - ڈھانپنا) **سجا** (امر) ۱ سجانا کا ۲ (ماضی) سجنا کی **سجا سجایا** (صفت) آراستہ پیراستہ **سجانا** (متعدی) ۱ آراستہ کرنا ۲ ترتیب سے لگانا - **سجاوٹ** (مونث) آراستگی - زیبائش **سجاؤ** (ہ) **سجائی** (ہ) ۱ تیاری ۲ آراستگی ۳ مزدوری جو ساز و سامان کی پیٹیوں اور نیاموں کے لئے دی جائے - **سجدار** (صفت) سجا ہوا - سجیلا - خوبصورت - **سج دھج** (مونث) زیبائش - آرائش - دکھاوا - دیکھنا کے ساتھ) **سجنا** (لازم) ۱ آراستہ یا موزوں ہونا ۲ مرتب ہونا ۳ (متعدی) زیب تن کرنا - آراستہ کرنا - پہننا - **سجوانا** (مم) سجانا کا - **سجی سجائی** (صفت) آراستہ پیراستہ - **سجیلا** (صفت) ۱ آراستہ - سجا ہوا ۲ بانکا - بناٹھنا ۳ خوبصورت - حسین۔

سج (س - صفت) ۱ ڈھنپا ہوا ۲ ملبوس ۳ سجا ہوا ۴ تیار ۵ مسلح - **سجا** (مونث) ۱ پوشاک ۲ آراستگی - زینت ۳ اسلاح - زرہ ۴ ساز - زین ۵ مسلح عورت۔

سجا (ہ - مذکر) جو ٹوٹا ہوا نہ ہو - مسلم۔

سجا (ہ - صفت) دایاں۔

سجات - سجاتی (ہ - صفت) ۱ اچھی قسم کا ۲ اچھی ذات یا نسل کا ۳ اچھے خاندان کا - خاندانی۔

سجاد (ع - صفت) سجدہ کرنیوالا - پرستش کرنے والا (سجد - اپنے آپ کو زمین پر منہ کے بل گرانا) **سجادہ** (مذکر) ۱ جائے نماز - مصلےٰ ۲ بزرگان دین کی مسند - **سجادہ نشین** (مذکر) کسی بزرگ کی گدی پر بیٹھنے والا یا خلیفہ - **سجادہ نشینی** (مونث) کسی بزرگ کی جگہ پر بیٹھنا - بزرگ کی خلافت۔

سجان (ہ - صفت) ۱ واقفکار ۲ عقلمند - دانا۔

سجانا (ہ - متعدی) سوجھانا - ماس کرنا - پھلانا۔

سجایا (ع - مذکر) سجیت کی جمع - طبیعت - خاصیت - خصوصیت - خوبی۔

سجدات (ع - مذکر) جمع سجدہ کی۔

سجدہ (ع - مذکر) ۱ زمین پر سر رکھنا ۲ مسلمانوں کی عبادت کا ایک حصہ - اس میں ماتھا - ناک - ہاتھ - کہنیاں گھٹنے اور پاؤں کی انگلیاں زمین پر لگتی ہیں ۳ خدا کے آگے سر جھکانا - (کرنا ہونا کے ساتھ) **سجدۂ سہو** (مذکر) وہ دو سجدے جو نماز میں کوئی بات بھول جانے کی وجہ سے کئے جائیں - ان سے نماز مکمل ہو جاتی ہے - **سجدۂ شکر یا شکرانہ** (مذکر) وہ سجدہ جو کسی مہربانی کے لئے خدا تعالےٰ کا شکر ادا کرنے کے لئے کیا جائے (ادا کرنا بجالانا - کرنا کے ساتھ) **سجدہ گاہ** (مونث) سجدہ کرنے کی جگہ - سجادہ

کرنے والا (صفت) ۲ جرم کرنے والا۔

سجزی (ف۔صفت) سجستان کا۔ رہنے والا یا باشندہ۔

سجس (ھ۔صفت و مذکر) دیکھو سیس۔ **سجسی** (صفت) تپنسی۔

سجع (ع۔مذکر) ۱ وہ عبارت جس کے فقروں کے آخری الفاظ قافیہ رکھتے ہوں ۲ فقرہ جس میں انسان کا نام کوئی معنی ظاہر کرے۔ **سجع گو** (صفت) مقفیٰ نثر بولنے والا۔

سجگ (ھ۔صفت) ہوشیار۔ خبردار۔ محتاط۔

سجل (س۔صفت) پانی سے بھرا ہوا۔ پانی والا۔ نمدار۔ گیلا۔

سجل (ھ۔صفت) ۱ اچھی طرح ترتیب دیا ہوا ۲ صاف۔ ستھرا ۳ ٹھیک۔ درست ۴ خالص۔ عمدہ ۵ چمکدار۔ پالش کیا ہوا۔ **سجل بنانا** (متعدی) ۱ صفائی سے ترتیب دینا ۲ آراستہ کرنا۔ سجانا ۳ پالش کرنا۔ چمکانا۔

سجل (ع۔مذکر) ۱ مہر کیا ہوا کاغذ یا سند۔ دستاویز ۲ رجسٹر ۳ قاضی کا تحریری فیصلہ ۴ جج کی مہر ۵ لکھنے والے فرشتے۔ کراماً کاتبین ۶ کاتب۔ محرر۔ (سجّل۔ کسی چیز کو درج رجسٹر کرنا)

سجن (ھ۔صفت) **سجّن** (س) ۱ شریف۔ نجیب۔ خاندانی ۲ معزز۔ عزت دار ۳ سلیقہ شعار۔ مہذب ۴ نیک۔ صالح ۵ (مذکر) نیک آدمی ۶ معزز آدمی ۷ خاندانی آدمی ۸ پیارا۔ معشوق ۹ خاوند (ست جن کا مخفف۔ ٹھیک پیدا ہوا)۔

اقوال۔ سجن تم جھوٹ مت بولو خدا کو سانچ پیارا ہے۔ کہاوت ہے بڑوں کی یوں کدھی سانچا نہ ہارا ہے۔ پیارے جھوٹ مت بولو خدا کو سچ پیارا ہے بڑوں نے کہا ہے کہ سچا کبھی نہیں ہارتا۔ **سجن چیت کبھو نہ دھریں دُرجن جن کے بول۔ پاہن مارے آم کو تو جھل دیت امول** نیک بڑے آدمیوں کی باتوں کی پروا نہیں کرتے جس طرح آم کو پتھر مارو تو وہ میٹھا پھل دیتا ہے۔ **سجن سکارے جائیں گے اور نین مریں گے رو۔ بدھنا ایسی رین کر کہ بھور کبھو نہ ہو۔** صبح خاوند کو چلا جانا ہے خدایا رات ایسی لمبی کر کہ صبح کبھی نہ ہو۔

سجن (س۔مذکر) ۱ پہننا یا باندھنا کپڑے ہتھیار باندھنا یا لگانا ۲ تیار ہونا ۳ محافظ۔ سنتری۔ پہریدار ۴ گھاٹ۔ **سجنا** (مونث) ۱ کپڑے پہننے کا فعل ۲ آراستگی۔ زینت ۳ ہاتھی کو سجانا۔

سجن (ع۔مذکر) قیدخانہ۔ جیل خانہ (سَجَن۔ قید کرنا)۔

سجنا (ھ۔لازم) سوجنا۔

سجنات (س۔صفت) مشہور۔ معروف۔ معلوم۔ جو محسوس ہو۔

سجنان (س۔مذکر) ۱ عقلمند یا دانا آدمی ۲ (صفت) عالم۔ ودیاوان ۳ ہوشیار۔ دانا۔ عقلمند۔

سجنجل (ع۔مذکر) ۱ آئینہ ۲ پگھلا ہوا سونا چاندی ۳ زعفران ۴ عینک ۵ (صفت) خالص۔ صاف (یونانی لفظ کا معرب ہے)۔

سجوٹی (ھ۔مونث) سجاوٹ۔

سجود (ع۔مذکر) سجدہ۔ سجدہ کرنا (سَجَد۔ اپنے آپ کو منہ کے بل زمین پر گرانا)۔

سجوون (ھ۔مذکر) ۱ وہ شخص جو جوانی کے زوروں پر ہو ۲ (صفت) جوان جس پر جوانی آئی ہو۔

سجھا (ھ۔امر) سجھانا کا۔ **سجھانا** (لازم) ۱ ابلنا ۲ پگھلنا۔ گھلنا ۳ رنگت بادامی ہونا۔

سجھا (ہ۔امر) سجھانا کا۔ **سجھانا** (متعدی) سوجھنا کا ۱ جتانا۔ آگاہ کرنا ۲ دکھانا۔ ظاہر کرنا۔ **سجھائی** (مونث) دکھائی۔ دکھانے کا فعل۔ **سجھائی دینا** (لازم) ۱ دکھائی دینا۔ نظر آنا ۲ سوجھ پڑنا۔ ثابت ہونا۔ خیال میں آنا۔

سجھنا (ھ۔لازم) سوجھنا۔

سجی (ہ۔مونث) سوڈے کاربن اور کسیجن کا ایک مرکب جو کپڑے دھونے کے کام آتا ہے۔ کھار (س سرجکا)۔ **سجی مٹی** (مونث) نون (مذکر) سجی۔

سجیا (ھ۔مونث) ۱ دیکھو سیج ۲ (مذکر) دیکھو سہجنا ۳ (مذکر) سجیہ کا تہند۔

سجیل (ع۔مذکر) سخت پتھر اینٹیں جو دوزخ میں پکائی گئی تھیں اور ابرہا کی فوج پر جب اس نے کعبے پر حملہ کیا تھا ماری گئی تھیں (غالباً سنگ و گل کا معرب)۔

سجین (ع۔مذکر) ۱ ساتویں دوزخ ۲ دوزخ میں ایک وادی یا قیدخانہ ۳ (صفت) جاری ۴ تند۔ خونخوار (سَجَن۔ قید کرنا)۔

سجیو (س۔صفت) ۱ جاندار۔ زندہ ۲ زندہ مخلوق۔

سجیہ (ف۔مذکر) ۱ طبیعت۔ خاصیت۔ مزاج (سجایا جمع)۔

سچ (ہ۔مذکر) ۱ راستی۔ صدق۔ سچائی ۲ (صفت) درست۔ راست۔ حق ۳ (تف) واقعی۔ حقیقت میں۔ البتہ۔ درست ۴ (کلمہ تحقیق) ہاں۔ بلے (س۔ ستیہ)۔ **سچا** (صفت) ۱ راست گو۔ صادق ۲ بے میل۔ کھرا ۳ وفادار۔ باوفا ۴ اصلی (جوہر کے واسطے) ۵ کھرا۔ خالص ۶ مخلص۔ بے ریا ۷ بہت مضبوط ۸ ایماندار۔ دیانتدار ۹ یقینی ۱۰ منصف۔ انصاف کرنے والا ۱۱ درست صحیح۔ **سچا آدمی** (مذکر) ۱ راستگو شخص ۲ نیک آدمی ۳ دیانتدار شخص۔ **سچا بیوہار** (مذکر) ٹھیک ٹھیک کاروبار یا معاملہ۔ کھرا کھرا حساب۔ **سچاپن** (مذکر) ۱ راست گوئی۔ سچائی ۲ دیانتداری۔ ایمانداری ۳ وفاداری۔ **سچا جوڑا** (مذکر) ۱ چاندی کے کام کا جوتا۔ کامدار جوتا ۲ چوڑیوں کا جوڑا جس میں سچے تار مقیش وغیرہ ہوں۔ **سچا جوڑ چلنا** (لازم) اچھی چال چلنا۔ **سچا گانا** (مذکر) اصول موسیقی کے مطابق گانا۔ **سچا موتی** (مذکر) اصلی موتی جو سیپ سے نکلے۔ **سچا ہاتھ** (مذکر) دیانتداری۔ ایمانداری۔ ساکھ۔ **سچائی** (مونث) ۱ راستی۔ صداقت ۲ دیانتداری۔ ایمانداری ۳ اصلی ہونا۔ **سچ بولنا** (لازم) ٹھیک بات کہنا۔ جھوٹ نہ بولنا۔ **سچ پوچھنا** (متعدی) اصل بات دریافت کرنا۔ **سچ پوچھو یا پوچھئے** واقعی بات یہ ہے۔ **سچ ٹھیرانا** (متعدی) کسی بات کا درست ماننا۔ **سچ سچ** (تف) درست۔ ٹھیک۔ **سچ سچ بولنا**۔ ٹھیک ٹھیک کہنا۔ جھوٹ نہ بولنا۔ **سچ سچ بولو** (امر)

ٹھیک بات کہو۔ جھوٹ نہ بولو۔ **سچ کا زمانہ نہیں**۔ سچی بات کی قدر نہیں۔ **سچ کہنا** (لازم) سچ بولنا۔ **سچ کہئے**۔ ٹھیک ٹھیک کہئے۔ **سچ ماننا** (لازم) صحیح باور کرنا۔ **سچ مچ** (تف) حقیقت میں۔ واقعی۔ فی الحقیقت۔ **سچ ہے**۔ بجا ہے۔ درست ہے۔ بیشک۔ **سچی** (مونث) سچائی۔ **سچی بات** (مونث) درست بات۔ راست بات۔ **سچی تول** (مونث) پوری تول۔ **سچی چوڑیاں** (مونث) اچھا جوڑا۔ **سچی چینی** (مونث) چین کی اصلی مٹی جس کی رکابیاں بنتی ہیں۔ **سچی قاب** (مونث) سچی چینی کی رکابی۔ خیال ہے کہ اگر اس میں زہر ملا کھانا ڈالا جائے تو یہ ٹوٹ جاتی ہے۔ **سچی کہنا** (متعدی) سچی بات کہدینا۔ **سچی ہانک بولنا** (لازم) برجستہ سچی بات بے موقعہ کہنا۔

امثال و اقوال۔ سچا جائے روتا آئے۔ جھوٹا جائے ہنستا آئے آج کل کی عدالتوں پر طنز ہے۔ **سچ اور جھوٹ میں چار انگل کا فرق ہے**۔ سچی بات دیکھی جاتی ہے۔ جھوٹی سنی جاتی ہے۔ آنکھ کے ذریعے دیکھا جاتا ہے۔ کان کے ذریعے سنا جاتا ہے۔ آنکھ اور کان میں چار انگل کا فاصلہ ہے۔ **سچا جھوٹے کے آگے روتا ہے**۔ جھوٹا سچے کو دق کرتا ہے۔ **سچائی میں خدا کی صورت ہے** سچ بولنا بہت اچھی بات ہے۔ **سچ بات آدھی لڑائی ہوتی ہے**۔ سچ بولنے پر عموماً لڑائی ہو جاتی ہے۔ **سچ بات کڑوی لگتی ہے** اگر کسی کا ٹھیک نقص بیان کرو تو وہ ناراض ہو جاتا ہے۔ **سچ بول پورا تول**۔ سچ بولنا چاہئے اور پورا تولنا چاہئے۔ **سچ بولنا آدھی لڑائی (مول لینا ہے) ہوتی ہے**۔ **سچ بولنا اور لڑائی مول لینا برابر ہے**۔ سچ بولنے پر عموماً لڑائی ہو جاتی ہے۔ **سچ بولنا سکھی رہنا**۔ جو سچ بولتا ہے اسے کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوتی۔ **سچ سب کو کڑوا لگتا ہے**۔ دیکھو سچ بات کڑوی الخ۔ **سچ کہنا آدھی لڑائی مول لینا ہے**۔ دیکھو سچ بات آدھی الخ۔ **سچ کہے سو مارا جائے** جو سچی بات بتا دے اسے عموماً نقصان پہنچتا ہے۔ **سچ کی سنسی بری ہوتی ہے**۔ سچی بات بہت بری لگتی ہے۔ **سچ ہے حرامزادے کی رسی دراز ہے**۔ برا آدمی مدت تک مزے اڑاتا ہے یا زندہ رہتا ہے۔ **سچے رام کو چھوڑ کے پوجیں دیبی بھوت۔ آپ بچارے مرگئے ان سے مانگیں پوت** (ھ) خدا کے سوا جو دوسروں سے دعائیں مانگیں ان پر طنز ہے۔ **سچے کے آگے جھوٹا رو مرے**۔ سچے کے سامنے جھوٹے کی کوئی قدر نہیں۔ **سچے کی باوڑے جھوٹے کی نا باوڑے**۔ سچا آدمی کامیاب ہوتا ہے۔ جھوٹا ناکامیاب۔ **سچے لوگ قسم نہیں کھاتے**۔ قسمیں عموماً جھوٹے آدمی کھاتے ہیں۔ **سچے مرگئے جھوٹوں کو تپ بھی نہیں آتی** جب کوئی جھوٹ بولتا ہے تو کہتے ہیں۔

سچ (ھ۔ صفت) ۱ صاف۔ روشن۔ سفید ۲ خالص۔ پوتر ۳ نیک۔ پارسا۔ دیانت دار۔ **سچا** (صفت) ۱ دیکھو سچ (مونث) دیکھو سچائی۔ **سچائی** (مونث) ۱ صفائی ۲ سفیدی ۳ خلوص ۴ سادگی۔ **سچکار** (مذکر) پوتر پن صفائی پاکی۔ **سچ کاری** (صفت) پاک یا پوتر کرنے والا۔

سچا (ھ۔ صفت) مصنوعی۔ بناوٹی **سچا سچائی** (مونث) مصنوعی آبپاشی جیسے نہوں کوؤں وغیرہ سے۔

سچال (ھ۔ مذکر) ۱ خوبصورت چال ۲ اچھا سلوک ۳ درست چلن ۴ (صفت) خوبصورت چال چلنے والا۔ وہ جسکا چلن اچھا ہو۔

سچان (ھ۔ مذکر) لفظی معنی پیچھے لگنے والا۔ باز۔ عقاب۔

سچانا (ہ۔ متعدی) سینچنا کا۔

سچاوٹ۔ سچاہٹ (ھ۔ مونث) سچائی۔

سچائی (ہ۔ مونث) ۱ کھیت میں پانی دینا۔ سینچنا۔ آبپاشی ۲ سینچنے کی مزدوری۔

سچتائی (ھ۔ مونث) ۱ تکالیف سے آزادی۔ آرام۔ عافیت ۲ خیال۔ توجہ۔

سچدانند (ھ) **ست چت انند** (س۔ مذکر) اصلی معنی زندگی۔ خیال اور خوشی برہما جی یا ایشور کا نام۔

سچرنا (ہ۔ لازم) ملنا۔ پتہ لگ جانا۔

سچک (ھ۔ صفت) ۱ متفکر ۲ پراندیش ۳ متوجہ۔

سچکنا (ھ۔ لازم) ۱ حیران ہونا ۲ گھبرانا ۳ بیقرار ہونا۔ بے چین ہونا ۴ متفکر ہونا۔ سوچنا ۵ جھجکنا۔ ہچکچانا۔

سچل (س۔ صفت) ۱ وہ جس میں حرکت کرنے کی طاقت ہو ۲ وہ جس کے پاس حرکت کرنے والی چیزیں ہوں۔

سچل (ھ۔ صفت) ۱ دیکھو سچا ۲ (مذکر) روپے کی شرط ۳ (تف) سچ مچ۔

سچنا (ہ۔ لازم) ۱ سینچنا کا ۲ (متعدی) سینچنا۔

سچو (س۔ مذکر) ۱ دوست۔ یار ۲ ہم نشین ۳ وزیر سلطنت۔ مشیر۔

سچو (ھ۔ مذکر) خوشی۔ مسرت فرحت۔

سچوٹی (ھ۔ مونث) ۱ سچائی ۲ خلوص ۳ دیانت داری۔ ایمانداری ۴ وفاداری ۵ شوق۔ کوشش ۶ بے طرفداری۔

سچھا (ھ۔ مونث) دیکھو سکشا۔

سچھاب (ھ۔ مذکر) دیکھو سکشک۔

سچی (س۔ مونث) ۱ دوست یار ۲ دوستی۔ رشتہ۔ تعلق (س۔ سچ) ۳ ایک دیوی جو اندر کی بیوی ہے۔

سچیت۔ سچیتا (ھ) **سچیتس۔ سچیتن** (س۔ صفت) ۱ واقف۔ ماہر ۲ ذی حس۔ مدرک بالحواس ۳ جاندار ۴ حساس ۵ قدردان ۶ دوسروں کی تکالیف کو محسوس کرنے والا یا ان کا خیال رکھنے والا ۷ ذی عقل ۸ سوچنے والا۔ عقلمند ۹ دانا ۱۰ آگاہ۔ خبردار ۱۱ ہوش میں آنے والا ۱۲ متوجہ۔ ملتفت ۱۳ محتاط ۱۴ مستعد۔ تیار ۱۵ (مذکر) سوچنے والی مخلوق۔ انسان۔ **سچیت رہنا** (لازم) خبردار رہنا۔ محتاط رہنا۔ **سچیت کرنا** (متعدی) جگانا۔ ہوشیار کرنا۔ ہوش میں لانا۔ **سچیت ہونا** (لازم) ۱ جاگنا۔

ہوش میں آنا ۲ محتاط ہونا۔ متوجہ ہونا وغیرہ دیکھو سچیت۔

سُچیت (ھ۔ صفت) ۱ متوجہ۔ ملتفت۔ دھیانی ۲ واقف۔ ماہر ۳ خبردار۔ محتاط ۴ دل برقرار۔ پرامن ۵ قانع۔ واقف۔ **سُچیتی** (مونث) ۱ توجہ۔ دھیان۔ خیال ۲ احتیاط ۳ ہوشیاری عقلمندی دانائی۔ **سوچیتے جانا** پیخانے جانا۔ رفع حاجت کو جانا۔

سَحاب (ع۔ مذکر) بادل۔ ابر (سَحَب۔ کھینچنا)۔

سُحاف (ع۔ مذکر) تپ دق۔ پھیپھڑوں کا سوجنا (سَخف۔ اتارنا)۔

سَحَر (ع۔ مونث) ۱ سورج نکلنے سے پہلے کا وقت ۲ فجر۔ صبح۔ تڑکا۔ بھور۔ بامداد۔ پگاہ۔ بگودم ۳ سحرگہی (سَحَر۔ پھرنا) **سحر آنا** (لازم) صبح ہونا۔ **سحر پکڑنا** (متعدی) ۱ صبح تک زندہ رہنا ۲ صبح کرنا۔ **سحر خند** (صفت) صبح کیطرح ہنستا ہوا۔ خوش۔ **سحر خیز** (صفت) صبح سویرے سو کر اٹھنے والا۔ **سحر خیزیا** (مذکر) اچکا۔ چور جو صبح کو پڑی ہوئی چیزیں اٹھا کر لے جائے۔ **سحر دم** (تف) علی الصبح۔ **سحر کس کا منہ دیکھا** صبح کو اگر نیک بخت کا منہ دیکھا جائے تو لوگوں کا خیال ہے کہ دن اچھا گزرتا ہے۔ اور اگر منحوس کا منہ دیکھا جائے تو سب کام بگڑ جاتے ہیں۔ **سحرگاہ** (تف) علی الصبح۔ **سحرگہی** (مونث) وہ کھانا جو رمضان میں علی الصبح روزہ رکھنے کے لئے کھاتے ہیں۔ **سحر ہو جانا** (لازم۔ مت) ۱ صبح ہو جانا ۲ خاتمہ ہو جانا۔ صبح ہو جانا (لکھنؤ) تڑکا ہو جانا (دہلی) **سحری** (مونث) ۱ سحرگہی ۲ (صفت) سحر کا۔ صبح کے متعلق۔ مرکبات میں جیسے نسیم سحری۔

اقوال۔ سحری بھی نہ کھاؤں تو کافر نہ ہو جاؤں۔ ایک ماما سحری کھا لیتی روزہ نہ رکھتی۔ ایک دن مالک نے پوچھا تو یہ جواب دیا۔ **سحری کھائے سو روزہ رکھے** ایک شخص کی سحری کتا کھا گیا۔ اسنے اسے سارا دن بھوکا باندھ رکھا۔ کہ اسنے سحری کھائی ہے وہی روزہ رکھے۔

سِحر (ع۔ مذکر) ۱ جادو۔ ٹونا۔ افسوں۔ طلسم ۲ دھوکا ۳ کوئی بات یا کھیل جو لطف دے۔ (سَحَر۔ جادو کرنا) **سحر آزمائی** (مونث) جادو کی آزمائش (کرنا ہونا کے ساتھ) **سحر آفریں** (مذکر) جادوگر۔ **سحر آگیں** (صفت) جادو سے بھرا ہوا۔ **سحر آمیز** (صفت) مرغوب۔ **سحر آمیزی** (مونث) وہ بات یا کام جو فریفتہ کرے **سحر باز** (مذکر) جادوگر۔ **سحر بازی** (مونث) جادو۔ **سحر بنان** (مذکر) انگلیوں کا جادو۔ خوبصورت کتابت یا تحریر۔ **سحر بیان** (صفت) فصیح۔ بلیغ۔ خوش تحریر۔ **سحر بیانی** (مونث) خوش بیانی۔ **سحر جگانا** (متعدی) جادو کی مشق کرنا۔ جادو کو کر کے دیکھنا کہ درست ہے یا نہیں ۲ جادو کو تازہ کرنا۔ **سحر چل جانا یا چلنا** (لازم) جادو چلنا۔ جادو کیا جانا۔ **سحر حلال** (مذکر) ۱ کلام فصیح ۲ شعرگوئی ۳ نظم ۴ اہلی شیرازی کی نظم۔ **سحر زدہ** (صفت) جس پر جادو ہوا ہو۔ **سحر ساز** (مذکر) جادوگر۔ **سحر سازی** (مونث) جادوگری۔ **سحر سامری** (مذکر) وہ جادو جس کے ذریعے سامری نے گوسالے کو گویا کیا تھا۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ اسے حضرت جبریل کے قدم کی مٹی مل گئی تھی جو اسنے گوسالے پر ڈالی تو اسنے آواز نکالی۔ **سحر سنج** (صفت) جسے جادو کا تجربہ ہو۔ **سحر سنجی** (مونث) جادوگری۔ **سحر طراز** (صفت) جادوگر۔ **سحر طرازی** (مونث) جادوگری۔ **سحر کر دینا** (متعدی) فریفتہ کر لینا۔ موہ لینا۔ مطیع کر لینا۔ **سحر کرنا** (متعدی) جادو کرنا۔ **ہونا** (لازم) ۱ جادو ہونا ۲ غضب کی بات یا کام ہونا۔

سَحُور (ع۔ مونث) سحرگہی۔

سخا۔ سخاوت (ع۔ مونث) فیاضی۔ بخشش۔ دریادلی۔ ہمت۔ توفیق۔ (دینا کرنا ہونا کے ساتھ) (سَخی۔ فیاض ہونا)۔

مثل۔ سخاوت مس عیب را کیمیا (مت) سخاوت عیب کے تانبے کے لئے کیمیا ہے۔ سخاوت آدمی کے عیبوں کو چھپا لیتی ہے۔

سَخت (ف۔ صفت) ۱ ٹھوس۔ کڑا۔ نا ملائم جو نرم نہ ہو ۲ مضبوط۔ پکا ۳ مشکل۔ دشوار۔ کٹھن۔ دوبھر ۴ بہت بڑا۔ بے حد۔ بے انتہا ۵ بے رحم۔ جس پر اثر نہ ہو۔ سنگدل ۶ منحوس۔ مصیبت کا ۷ کنجوس۔ بخیل۔ تنگدل ۸ بہت۔ بسیار۔ سخت ۹ تیز۔ کڑی۔ (دھوپ) ۱۰ تکلیف دہ ۱۱ تند۔ شدید ۱۲ جسے قبض ہو ۱۳ مضبوط بندھا ہوا۔ کسا ہوا ۱۴ تنگ ۱۵ گہرا۔ تیز (رنگ) ۱۶ (تف) بہت۔ حد سے زیادہ۔ بکثرت۔ بشدت۔ نہایت۔ **سخت انداز** (مذکر) تیر انداز۔ **سخت بات** (مونث) ناگوار بات۔ کڑی بات۔ **سخت بازو** (صفت) طاقتور۔ مضبوط۔ **سخت بے انصاف** (صفت) ظالم۔ نامنصف۔ **سخت بے انصافی** (مونث) اندھیر۔ ظلم۔ **سخت بے ایمان** (صفت) بہت دغاباز۔ بڑا فریبی۔ **سخت بے ایمانی** (مونث) بڑا فریب۔ بڑی دغا۔ **سخت بے چین (بے چینی) ہونا** (لازم) بہت بیقراری ہونا۔ **سخت بنیاد** (صفت) پکا۔ مضبوط (مکان)۔ **سخت پنجہ** (صفت) لالچی۔ حریص۔ **سخت پیشانی** (مونث) نڈر۔ بہادر۔ **سخت جان** (صفت) ۱ (ف) سنگدل۔ بے رحم ۲ جس کی جان مشکل سے نکلے ۳ (طنزاً) بے حیائی سے زندہ رہنے والا ۴ جفاکش۔ محنتی۔ **سخت جانی** (مونث) جفاکشی۔ **سخت جواب** (مذکر) کڑا یا ناگوار جواب۔ **سخت دل** (صفت) سنگدل۔ بے رحم۔ **سخت دلی** (مونث) بے رحمی۔ سنگدلی۔ **سخت دن** (مذکر) مصیبت کے دن (آنا ہونا کے ساتھ) **سخت زبان** (صفت) بدزبان۔ **سخت زبانی** (مونث) بدزبانی۔ **سخت زمین** (مونث) ۱ پکی یا مضبوط زمین ۲ مشکل ردیف اور قافیہ والی طرح۔ **سخت سزا** (مونث) قصور سے بڑھ کر سزا۔ **سخت سست کہنا** (متعدی) برا بھلا کہنا۔ ناراض ہونا۔ لعن طعن کرنا۔ **سخت کلامی** (مونث) بدزبانی۔ گستاخی۔ **سخت گوئی** (مونث) بدزبانی۔ **سخت گناہ** (مذکر) گناہ کبیرہ۔ **سخت گھڑی** (مونث) تکلیف یا مشکل کا وقت۔ منحوس وقت۔ **سخت گیر** (صفت) ۱ جو معمولی نقص پر بھی سخت سزا دے ۲ ظالم۔ **سخت گیری** (مونث) سختی کرنا۔ **سخت لگام** (صفت) منہ زور۔ سرکش (گھوڑا)۔ **سخت مزاج**

(صفت) تند۔ غصیلا۔ **سخت مشکل** (مونث) ۱ بڑی تکلیف۔ بہت مصیبت (پڑنا ہونا کے ساتھ) ۲ (صفت) نہایت دشوار (ہونا کے ساتھ)۔ **سخت مصیبت** (مونث) ۱ بے حد تکلیف۔ **سخت مصیبت کے دن ہونا** (لازم) بڑی تکلیف کا زمانہ ہونا۔ **سخت ناگوار گزرنا یا ہونا** (لازم) بہت برا معلوم ہونا۔ **سختی** (مونث) ۱ ٹھوس پن۔ کڑا پن وغیرہ دیکھو سخت ۱ تا ۱۳ ۲ مصیبت۔ تکلیف ۳ عسرت۔ تنگی۔ افلاس ۴ تنبیہ۔ ڈانٹ ۵ بدمزاجی۔ اکھڑپن۔ **سختی آنا** (لازم) سخت مصیبت ہونا۔ **سختی یا سختیاں اٹھانا۔ جھیلنا یا کھینچنا** (متعدی) تکلیف برداشت کرنا۔ بہت تکلیف اٹھانا۔ **سختیٔ ایام** (مونث) دنوں کی گردش۔ مصیبت۔ **سختی سے** (تف) ۱ بمشکل۔ دشواری سے ۲ تنگی یا عسرت ۳ تکلیف سے ۴ درشتی سے۔ بے رحمی سے ۵ بدمزاجی سے۔ تندی سے۔ **سختی سے پیش آنا** (لازم) درشتی یا بے رحمی کا برتاؤ کرنا۔ بدمزاجی سے پیش آنا۔ **سختی سے تنگ آنا** (لازم) بدمزاجی سے گھبرانا۔ **سختی سے دن گزرنا** (لازم) عمر تکلیف میں بسر ہونا۔ **سختی کرنا** (متعدی) تکلیف دینا۔ تنگ کرنا۔ **سختی کشیدہ** (صفت) مصیبت زدہ۔ **سختی کی گرہ آنا** (لازم) مصیبت کا زمانہ آنا۔ **سختی میں وقت کاٹنا** (متعدی) تکلیف میں وقت گزارنا۔ **سخت و صعب** (صفت) بہت دشوار گزار۔ سخت مشکل۔

سَختیاں (ف۔ مذکر) مکرے کا چمڑہ یشمہ۔ مراکو کا چمڑہ۔

سُخرہ (ع۔ مذکر) ۱ تضحیک۔ ذلت ۲ وہ شخص جس کی تضحیک کریں ۳ وہ شخص جسے بیگار میں پکڑیں (سخر۔ تضحیک کرنا)۔

سُخریہ (ع۔ مذکر) تضحیک۔ ذلت (سخر۔ تضحیک کرنا)۔

سُخُن۔ سَخُن (ف۔ مذکر) ۱ کلام بات چیت۔ گفتگو ۲ زبان۔ بولی ۳ معاملہ۔ بات ۴ نصیحت ۵ قول۔ عہد ۶ لفظ۔ فقرہ ۷ شعر۔ نظم ۸ مقولہ ۹ اعتراض۔ **سخن آرا** (صفت) فصیح۔ خوش گفتار۔ شیریں زبان۔ سخنوری۔ **سخن آفریں** (صفت) ۱ فصیح۔ شیریں زبان ۲ جھوٹا ۳ (مذکر) کنایتاً شاعر کامل۔ **سخن پرداز** (صفت) ۱ لسان۔ مقرر۔ لکچرار ۲ (کنایتاً) شاعر۔ **سخن پرور** (صفت) ۱ اپنی بات کی پچ کرنے والا ۲ (مذکر) شاعر۔ مصنف۔ **سخن پروری** (مونث) بات کی پچ کرنا۔ **سخن پیرا** (صفت) سخن آرا۔ **سخن پیما** (صفت) تقریر کرنے والا۔ **سخن تکیہ** (مذکر) تکیہ کلام۔ **سخن تلخ** (مذکر) ناگوار کلام۔ نازیبا اور نا ملائم الفاظ۔ گستاخانہ کلام۔ **سخن چیں** (صفت) ۱ عیب جو ۲ ادھر کی ادھر لگانے والا ۳ مخبر ۴ لترا۔ **سخن چینی** (مونث) عیب جوئی۔ چغلخوری۔ **سخن داں** (صفت) ۱ فصیح۔ بلیغ ۲ شاعر ۳ مقرر ۴ عالم۔ **سخن دانی** (مونث) زباندانی۔ خوش بیانی۔ شاعری۔ **سخن درمیان میں لانا** (متعدی) گفتگو کے بیچ میں کچھ اور رکھنا۔ **سخن درین است**۔ اس میں کچھ شبہ یا کلام ہے۔ **سخن دینا** (متعدی) وعدہ کرنا۔ اقرار کرنا۔ **سخن ڈال دینا** (متعدی۔ مست) انکار کر دینا۔ **سخن ڈالنا** (متعدی۔ مست) ۱ پوچھنا۔ سوال کرنا ۲ مانگنا۔ **سخن راں** (صفت) مقرر۔ لسان۔ **سخن رانی** (مونث) فصاحت۔ بلاغت۔ خوش بیانی۔ **سخن رس** (صفت) بات کی تہ کو پہنچنے والا۔ جلد سمجھنے والا ۲ ہوشیار۔ ذکی ۳ (مذکر) شاعر۔ **سخن رواں** (صفت) فصیح۔ بلیغ۔ **سخن زن** (مذکر) ۱ شاعر ۲ (صفت) جھوٹا ۳ ہوشیار۔ ذہین۔ **سخن ساز** (صفت) ۱ جو الفاظ کا استعمال اپنا مطلب نکالنے کے لئے کرے ۲ دغاباز۔ دھوکے باز۔ فریبی۔ مکار ۳ چرب زبان۔ **سخن سازی** (مونث) ۱ چرب زبانی۔ باتوں کی چالاکی۔ **سخن سرا** (صفت) دیکھو سخنداں و سخندانی۔ **سخن سرسبز ہونا** (لازم) گفتگو یا شاعری یا مضمون نویسی میں غلبہ پانا۔ **سخن سنج** (صفت)۔ **سخن سنجی** (مونث) سخنداں و سخندانی۔ **سخن شناس** (صفت) ۱ بات کی تہ کو پہنچنے والا ۲ قدر دان سخن ۳ فصیح۔ بلیغ۔ **سخن شنو** (صفت) نصیحت ماننے والا۔ **سخن طراز** (صفت) ۱ دیکھو سخن آرا ۲ شاعر۔ **سخن طرازی** (مونث) ۱ فصاحت بلاغت ۲ شاعری۔ **سخن فروش** (صفت) ۱ خوشامدی ۲ شاعر۔ **سخن فہم** (صفت) ۱ عاقل دانا ۲ سخن کو سمجھنے والا۔ قدردان سخن ۳ شاعر۔ **سخن فہمی** (مونث) شعر کو سمجھنا۔ بات کو سمجھنا۔

سخن کا پورا (صفت) وعدے کا پکا۔ قول کا سچا۔ **سخن کرنا** (متعدی) ۱ بات کرنا ۲ نصیحت کرنا۔ **سخن کوتاہ** (تف) القصہ۔ قصہ کوتاہ۔ **سخن گداز** (صفت) فصیح البیان مقرر۔ موثر تقریر کرنے والا۔ **سخن گرم** (مذکر) لطیف بات۔ رنگین گفتگو۔ **سخن گستر** (صفت) ۱ فصیح۔ بلیغ ۲ شاعر۔ **سخن گستری** (مونث) شاعری۔ **سخنگو** (صفت) ۱ فصیح۔ خوش بیان ۲ شاعر۔ **سخنگوئی** (مونث) ۱ شاعری ۲ فصاحت۔ بلاغت۔ **سخن لب پر لانا** (متعدی) کچھ کہنا۔ **سخن ناشنو** (صفت) وہ جو نصیحت نہ سنے یا مانے۔ **سخن ناشنوی** (مونث) نصیحت نہ ماننا۔ **سخنور** (صفت) **سخنوری** (مونث) دیکھو سخنداں۔

امثال واقوال

سخن از سخن مے خیزد۔ بات سے بات نکلتی ہے۔ سلسلۂ گفتگو میں کوئی نئی بات ظاہر ہوتی ہے۔ **سخن انہیں پر ڈالئے جو ہنس ہنس راکھیں مال**۔ ان سے مانگنا چاہئے جو ہنس کر دیں۔ **سخن تا نہ پرسند لب بستہ دار**۔ جب تک تجھ سے نہ پوچھیں تو اپنی زبان بند رکھ۔ **سخن شناس نہ ای دلبرا خطا اینجاست**۔ اے دلبر غلطی تو یہ ہے کہ تو سخن شناس نہیں۔ جب کوئی شخص کسی کے کلام پر اپنی غلط فہمی کی وجہ سے اعتراض کرتا ہے تو کہتے ہیں۔ **سخن شنیدن بیخ دولت**۔ بات سننا دولت کی جڑ ہے۔ نصیحت سننے والا فائدے میں رہتا ہے۔ **سخن فہمی عالم بالا معلوم شد**۔ عالم بالا کی سخن فہمی معلوم ہوگئی۔ جب کوئی شخص بڑا قابل بنتا ہو اور کسی بات کا غلط مطلب سمجھے تو کہتے ہیں۔ فیضی نے سنا کہ جب شیخ سعدی نے یہ شعر کہا کہ ؎ برگِ درختانِ سبز در نظرِ ہوشیار۔ ہر ورقے دفتریست معرفت کردگار۔ تو ان پر نور الٰہی اترا تھا۔ اس نے یہ شعر کہہ کر کہ ؎ ہر گیاہے کہ از زمیں روید۔ وحدہٗ لاشریک لہٗ گوید۔ آسمان کی طرف دیکھا۔ تو اس کے منہ پر ایک چیل نے بیٹ کر دی۔ اس نے تب یہ فقرہ کہا۔ **سخن گوئی مشکل نہیں سخن فہمی مشکل ہے**۔ شعر کہنا آسان ہے شعر سمجھنا مشکل ہے۔ **سخن مرداں جانے دارد**۔ مردوں کا قول پکا ہوتا ہے۔

سُخنہ (شام) ایک شہر جہاں عرب آباد ہیں۔ قریب ہی ایک گرم چشمہ ہے۔

سخی (ع۔صفت) فیاض۔ مخیر۔ فیض بخش۔ کریم۔ داتا۔ دھرماتا۔ **سخی بن جانا** (لازم) فیاض ہونا۔ **سخی داتا** (صفت) بہت فیاض۔

امثال واقوال۔ سخی دیوے اور شرماوے۔ بادل برسے اور گرجاوے سخی سخاوت کرکے ظاہر نہیں کرتا جسطرح بادل چپکے سے بارش برساتا ہے۔ **سخی سخاوت سے پھلتا ہے۔ عدو عداوت سے جلتا ہے۔** سخی ہمیشہ خوشحال رہتا ہے اور دشمن ہمیشہ جلتا رہتا ہے **سخی سوم سال بھر میں برابر ہو جاتے ہیں** سال میں سخی سوم کا خرچ برابر ہی نکلتا ہے۔ **سخی سے (بھیٹا) راہ نہیں (ولدر) سوم سے کیوں توڑئے۔** اگر اچھے سے ملاقات نہیں تو برے سے مخالفت نہیں کچھ تو فائدہ ہو ہی رہے گا۔ **سخی سے سوم بھلا (ٹھیٹک) جو ترت دے جواب۔** انتظار میں رکھنے سے انکار بہتر ہے۔ **سخی کا بیڑا پار اور سوم کی مٹی خراب** سخی کامیاب رہتا ہے۔ سوم لوگوں کی نظروں میں گرا رہتا ہے۔ **سخی کا بیڑا پار ہے۔** سخی ہمیشہ کامیاب رہتا ہے۔ **سخی کا خزانہ کبھی خالی نہیں ہوتا** سخی کے پاس ہمیشہ روپیہ رہتا ہے۔ **سخی کا سر بلند (موذی کی گور تنگ)** سخی کی ہمیشہ عزت ہوتی ہے۔ موذی ہمیشہ تکلیف میں ہوتا ہے۔ **سخی کا سر بلند ہے۔** سخی کی بہت عزت ہوتی ہے۔ **سخی کریم پڑے ایڑیاں رگڑتے ہیں بخیل موسلوں سے موتیوں کو چھڑتے ہیں** الٹا زمانہ ہے کہ برے آدمی مزے سے زندگی گزارتے ہیں اور اچھے تکلیف میں رہتے ہیں۔ **سخی کی کمائی میں سب کا ساجھا۔** سخی سب کو دیتا ہے۔ **سخی کے مال پر پڑے۔** سخی کی بلا مال پر پڑتی ہے۔ بخیل کی جان پر۔ **سخی کی ناؤ پہاڑ چڑھے** سخی ہمیشہ کامیاب رہتا ہے۔ **سخی ولی اللہ۔** سخی آدمی خدا کا دوست ہوتا ہے۔

سَخیت (مصر۔عص) ایک دیوی جس کا سر شیر کا تھا۔ یہ مصریوں کی تثلیث میں تھی اور بسیط میں اس کی پوجا ہوتی تھی۔

سَخیف (ع۔صفت) ۱ کم عقل ۲ جلد باز ۳ فضول۔ بیہودہ (سَخَف۔ کمزور دل ہونا)۔

سَخِین (ع۔صفت) ۱ تکلیف دہ ۲ گرم (سَخَن۔ گرم ہونا)۔

سَد (ھ۔مذکر) ۱ کوئی بنا تی کھانے والی چیز۔ جیسے ترکاریاں۔ پھل (س شد) ۲ (صفت) تازہ۔ تروتازہ ۳ (پ) گڈریوں کا ایک گیت ۴ نظم۔ غزل۔

سَدّ (ع۔مذکر) ۱ روکنا۔ ممانعت ۲ (مونث) روک۔ دیوار (سَدّ۔ بند کرنا) **سدِ باب** (مذکر) کسی بات کی قطعی ممانعت (کردینا کرنا ہوجانا۔ ہونا کے ساتھ) **سدِ خطائی** (مونث) دیوار چین۔ **سدِ راہ یا رہ** (صفت) ۱ مزاحم ۲ (مونث) روک۔ مزاحمت ۳ راستے کی روک (بن جانا ہونا کے ساتھ) **سدِ رمق** (مونث) ۱ مرنے سے روک ۲ جان کا بچانا۔ جان کو قائم رکھنا ۳ اتنی خوراک جو جان بچانے کے لئے کافی ہو ۴ زندگی کا آخری وقت ۵ نزع ۶ (صفت) تھوڑی۔ تھوڑی سی۔ **سدِ روئیں۔ سکندر یا یاجوج** (مذکر) کاسی کی ایک دیوار جو کہا جاتا ہے سکندر یا ذوالقرنین نے وحشیوں کے روکنے کے لئے بنائی تھی۔ لیکن تاریخ سکندر کا کسی دیوار کا بنانا ظاہر نہیں کرتی۔ دنیا کی سب سے مشہور دیوار۔ دیوار چین ہے یہ ایک چینی شہنشاہ نے بنوائی تھی۔ چھوٹی چھوٹی اور کئی دیواریں ہیں مگر کاسی کی کوئی دیوار دنیا میں اس وقت نہیں۔

سَدا (س ہ۔تف) ۱ ہمیشہ نت دائم۔ مدام۔ آئے دن ۲ برابر۔ لگاتار۔ **سدا برت** (مذکر) **ورت** (ھ) لنگر۔ دائمی خیرات **سدا بہار** (صفت) ہمیشہ سرسبز رہنے والا ۲ (مونث) ایک قسم کی گھاس ۳ ایک قسم کا پھول۔ **سدا پھل** (مذکر) وہ درخت جس میں ہر سال پھل آئے۔ **سدا چندر** (مذکر) ایک راجہ۔ **سدا رام۔ شنکر۔ شویانند** (مذکر) مصنفوں کے نام۔ **سدا سہاگ** (مذکر) ۱ ایک قسم کا پھول ۲ ایک قسم کے فقیر جو سہاگنوں کی طرح رنگدار کپڑے اور چوڑیاں پہنتے ہیں۔ **سدا سہاگن** (مونث) ۱ ایک قسم کا پرند ۲ کسبی قحبہ ۳ سدا سہاگ ۲ **سدا کاروگی** (مذکر) دائمی بیمار۔ وہ جو ہمیشہ بیمار رہے۔ **سدا گلاب** (مذکر) ایک قسم کا گلاب جو سال بھر پھول دیتا ہے۔

امثال واقوال۔ سدا ایک رخ ناؤ نہیں چلتی۔ ہمیشہ یکساں حال نہیں رہتا۔ **سدا بھوانی داہنے۔ سن مکھ رہے گنیش۔ پانچ دیو رکشا کریں برہما وشن مہیش۔** (ھ) ہندوؤں میں ایک دعا جو مذہبی گیتوں یا پرارتھنا سے پہلے کہی جاتی ہے۔ **سدا پھولی پھلی جنی ہے۔** ہمیشہ سے خوش قسمت ہے۔ **سدا جوبن نہیں رہتا** حسن ہمیشہ نہیں رہتا۔ **سدا دکھی اور بختاور نام** ناموزوں نام۔ **سدا دن ایک سے نہیں رہتے۔** زمانہ ہمیشہ بدلتا رہتا ہے۔ کبھی آرام ہے کبھی تکلیف۔ **سدا دور دورا یہ رہتا نہیں۔ گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں۔** موقع ملنے پر فائدہ اٹھانا چاہئے۔ **سدا دیوالی (سادھ) سنت کے جو گھر گیہوں ہوئے۔** نیک آدمی ہمیشہ لوگوں کو کھلاتا پلاتا ہے اگر ہر وقت خرچ کے لئے اس کے پاس کچھ ہو۔ **سدا رہے نام اللہ کا۔** دنیا کی سب چیزیں فانی ہیں۔ خدا کی ذات دائم ہے۔ **سدا عید نہیں جو حلوا کھائے۔** ہر روز عید نیست کہ حلوا خورد کسے کا ترجمہ۔ **سدا کسی کی نہیں رہتی (رہی)** ہمیشہ زمانہ موافق نہیں رہتا۔ **سدا کے اجڑے نام بستی رام۔** ناموزوں نام۔ **سدا کی بدنی اُردو ول درش۔** نقص اپنے میں اور الزام دوسروں پر۔ **سدا کے دکھیا نام چنگے خاں۔** ناموزوں نام۔ **سدا کے دانی موسل کے نوٹکے۔** بخیل کے متعلق طنزاً کہتے ہیں۔ کہ معمولی چیز پر بہت خرچ کرتا ہے۔ **سدا میاں گھوڑے ہی تو (خریدا کرتے ہیں) رکھتے تھے۔** طنزاً اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو غربت میں بھی امیروں کی طرح باتیں کرے۔ **سدا نام سائیں کا۔** دیکھو سدا رہے الخ۔ **سدا ناؤ کاغذ کی بہتی (چلتی) نہیں۔** دھوکا یا فریب ہمیشہ نہیں چلتا۔ **سدا نہ پھولی (توری) کیتکی سدا نہ ساون ہو (سدا نہ جوبن**

ٹھہر رہے سدا نہ جیوے کو۔ کوئی چیز ہمیشہ نہیں رہتی۔ ہر شے فانی ہے۔ سدا نہ کا ہو کی۔ رہی گل پیتم کے بانہہ۔ ڈھلتے ڈھلتے ڈھل گئی ترور کی سی چھانہہ۔ کسی کی بانہیں خاوند کے گلے میں ہمیشہ نہیں رہتیں۔ درخت کی چھاؤں کی طرح۔ ہٹتی جاتی ہیں محبت ہمیشہ ایک طرح نہیں رہتی۔ شروع میں زیادہ ہوتی ہے پھر کم ہوتی جاتی ہے۔

سَداب (ع۔ مذکر)۔ اسپند۔ کالا دانہ۔

سُداب (ف۔ مذکر) طاقت قوت۔ اسپند۔

سدائِل (ع۔ مذکر) سدیل کی جمع پردے۔

سُدبُد (ہ۔ مونث) دیکھو سدھ بدھ۔

سِدر (ع۔ مذکر) سِدرَت یا سِدرَہ (مونث) ایک قسم کا درخت۔ بعض بیری کے درخت کو کہتے ہیں۔ **سدرۃ المنتہیٰ یا طوبےٰ** (مونث) وہ درخت سدرہ جو آسمانوں پر ہے اور حضرت جبرائیل کی جائے رہائش۔ جس سے آگے وہ نہیں جا سکتے۔ کہتے ہیں کہ شب معراج پیغمبر صلعم اس سے آگے گئے تھے۔ **سدرہ نشینان** (مذکر) فرشتے۔

سُدَرِڑھ (ہ۔ صفت) بہت سخت۔ بہت کنجوس (تف) بہت مضبوطی سے۔

سَدرِش (س۔ صفت) مانند۔ مثل۔ لائق۔ مناسب۔ درستا۔ موزوں۔ مطابق (تف) مطابق۔ اسی طرح کا۔

سَدَس (س۔ مذکر) رہنے کی جگہ۔ مقام۔ مکان۔ جلسہ۔ مجلس۔ سبھا۔

سُدُس (ع۔ مذکر) چھٹا حصہ۔ (سَدَس۔ چھٹا ہونا)۔

سَدَن (س۔ مذکر) بیٹھنے کی جگہ۔ مکان۔ محل۔ قصر۔ تباہ ہونا۔ سڑ جانا۔ تھکاوٹ۔

سَدنا (ہ۔ لازم) چونا۔ برسنا۔ (کشتی کا) غرق ہونا۔ ڈوبنا۔ (پ) بلانا۔ آواز دینا۔

سَدَو۔ سَدَا (ع۔ ف) ہاتھ پھیلانا۔ اخروٹوں سے کھیلنا بچوں کا۔ کسی کام پر اپنے آپ کو لگانا۔

سَدَوس (ہ۔ مذکر) صبح۔ سویرا۔

سَدُوس (ع۔ مذکر) ایک قبیلے کے جد اعلیٰ کا نام۔ قبیلہ طے کا ایک آدمی۔

سَدوش (س) **سدوشی** (ہ۔ صفت) ناقص۔ غلط۔ نامناسب۔ قابل اعتراض۔ گناہگار۔ ملزم۔

سَدُوم (عبر۔ مذکر) حضرت لوط کا شہر جو اغلام کی وجہ سے تباہ ہوا تھا۔ وہاں کا ایک قاضی جس نے اغلام کو جائز قرار دیا تھا۔ نامنصف قاضی۔

سَدَہ (ف۔ مذکر) دہکتی ہوئی آگ۔ پارسیوں کے ایک تیوہار کی رات جس پر بہت جگہ آگ جلائی جاتی ہے۔ ہوشنگ کے زمانے میں ایک اژدہا پیدا ہو گیا۔ ہوشنگ جنگل میں اسے مارنے گیا۔ اور اس پر پتھر پھینکنے شروع کئے۔ ایک پتھر کے دوسرے پر پڑنے سے چنگاری پیدا ہوئی۔ جس سے جنگل میں آگ لگ گئی اور اژدہا جل کر مر گیا۔ اس کی یادگار ہے۔

سدھ (ہ۔ امر) سدھنا کا۔

سدھا (ہ۔ امر) سدھانا کا۔ (ماضی) سدھنا کا۔ مانوس۔ ہلا ہوا۔ سدھا سدھایا (صفت) سدھا۔ **سدھانا** (متعدی) سکھانا۔ تعلیم دینا (جانور کو)۔ مانوس کرنا۔ ہلانا۔ گھوڑے کے قدم باز کرنا۔ بنانا۔ کرنا۔ ادا کرنا۔ **سدھنا** (لازم) سادھنا یا سدھانا کا۔ مانوس ہونا۔ ہلنا۔ شائستہ ہونا۔

سدھوانا (م) سادھنا یا سدھانا کا۔ جانور کو درست کروانا یا نکلوانا۔ درست کرانا۔

سدھاؤ (ہ۔ صفت) سکھنے والا۔ جسے سکھایا جائے (جانور)۔ مانوس۔ ہلا ہوا۔ بنانے والا۔ آراستہ کرنے والا۔ سدھانیوالا (مذکر) منتظم۔ **سدھاؤ** (مذکر) سکھانا۔ سدھانا۔ درستی۔ انتظام۔

سُدّہ (ف۔ مذکر) وہ مواد جو غلیظ ہو کر آنتوں میں اٹک جاتا ہے۔ کوئی مادہ جو ناک میں اٹک جائے۔ (ف) ڈیوڑھی۔ دہلیز۔

سِدھ (س۔ صفت) تکمیل کیا ہوا۔ مکمل کیا ہوا۔ ختم کیا ہوا۔ کیا ہوا۔ مانا ہوا۔ حاصل کیا ہوا۔ کامیاب۔ ثابت کیا ہوا۔ درست تسلیم کیا ہوا۔ مضبوط۔ پکا۔ درست۔ صحیح۔ فیصلہ کیا ہوا۔ ادا کیا ہوا۔ بیباق کیا ہوا۔ نقد۔ تیار کیا ہوا۔ بنایا ہوا۔ پاس کیا ہوا (جیسے قانون)۔ بنایا یا تیار کیا ہوا جیسے دوائی۔ پکایا ہوا۔ بھونا ہوا۔ پکا ہوا (جیسے میوہ)۔ تابع کیا ہوا۔ مطیع۔ جادو کے زور سے۔ کامل۔ ماہر۔ جس میں فوق العادت طاقت ہو۔ مکمل یا پورا کیا ہوا جیسے وغیرہ سے۔ مکت ہوا ہوا۔ نجات یافتہ۔ پاک۔ پوتر۔ مقدس۔ دائمی۔ نہ مرنے والا۔ مشہور۔ معروف۔ چمکدار۔ نورانی۔ منور۔ درخشاں۔ اعجازی۔ کرامتی۔ موثر۔ طاقتور۔ عجیب۔ خاص۔ نہ بدلنے والا۔ غیر مبدل۔ وہ شخص جس نے مکتی حاصل کر لی ہو۔ رشی۔ منی۔ سادھو۔ سنت۔ اثر۔ جادوگر۔ عدد چوبیس۔ مقدمہ۔ ایک قسم کا تمعوہہ (جمع) ایک قوم۔ سدھا (مونث) سیدھ عورت کی بوٹی یا جڑ جو دوائی کے کام آتی ہے۔ **سدھارتھ** (صفت) کامیاب۔ دولتمند۔ جس کا مدعا پورا ہو گیا ہو۔ موثر۔ وہ جس کا مطلب معلوم ہو۔ (مذکر) گوتم۔ **سدھانت** (مذکر) ثابت شدہ نتیجہ۔ بدیہی۔ مانی ہوئی درست بات۔ نتیجہ۔ حاصل۔ تکمیل۔ تفتیش یا بحث کا نتیجہ۔ انجام۔ اختتام۔ فیصلہ۔ قابل اعتماد اصول۔ کوئی علم۔

سِدھ (ہ۔ مونث) دیکھو سدھی۔

سدھاوٹ۔ سدھائی (مونث) سیدھ۔ سیدھا پن۔ سادگی۔ راستی۔ نیکی۔ خوبی۔ **سدھ کرنا** (متعدی) پورا کرنا۔ جادو کے زور سے اپنے قبضے میں لانا۔ رواں ہونا۔ شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔

مثل۔ سدھ کو سادھک پوچھتا ہے۔ لائق کی لائق قدر کرتا ہے۔

سُدھ (ہ۔ مونث) ہوش۔ آگاہی۔ خبر۔ حس۔ محسوسیت۔ خیال۔ دھیان یا یادداشت۔ یاد۔ توجہ۔ التفات۔ علم۔ واقفیت۔ فکر۔ تدبیر۔ لحاظ۔ پروا۔ ہوشیاری۔ چوکسی (س اور دیہ) (صفت) صحیح۔ درستا۔ ٹھیک۔ سیدھا۔ راست۔ خالص۔ پاک۔ پوتر (س شدھ۔ پاک)۔ **سُدھانا** (ہ۔ متعدی) یاد کرانا۔ سمجھانا۔ جتانا۔ **سدھ انگ** (ہ) خوبصورت۔ حسین۔ شائستہ۔ مہذب۔ **سدھ بُدھ** عقل۔ ہوش وغیرہ دیکھو سدھ۔ درست علم یا سمجھ۔ تمیز۔ شعور۔ دماغ کی صحت۔ صحیح الحواسی

۲ خبر گیری۔ خبر۔ **سدھ بدھ کھولنا** (لازم) بدحواس ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ **سدھ بدھ رکھنا** (متعدی) ۱ خیال رکھنا۔ نگرانی رکھنا ۲ یاد رکھنا۔ **سدھ بدھ کچھ نہیں**۔ سوچ سمجھ ذرا نہیں۔ بڑا بیوقوف بالا ہے۔ **سدھ بدھ لینا** (متعدی) خبر گیری کرنا۔ **سدھ بدھ نہ رہنا** (لازم) کچھ خبر نہ رہنا۔ ہوش نہ رہنا۔ پاگل ہو جانا۔ **سدھ بسارنا** (ھ) **یا بھولنا** (لازم) بیہوش ہو جانا۔ ہوش نہ رہنا۔ **سدھ رکھنا** (ھ) ۱ ہوش قائم رکھنا ۲ توجہ کرنا ۳ خیال رکھنا۔ یاد رکھنا ۴ خبر گیری رکھنا۔ **سدھ کر لینا** (متعدی) درست کرنا۔ ٹھیک کرنا۔ **سدھ کرنا** (ھ) ۱ یاد رکھنا ۲ درست کرنا۔ سیدھا کرنا۔ **سدھ لینا** (متعدی) خبر لینا۔ خبر گیری کرنا۔ **سُدھنا** (لازم) صاف ہونا۔ خالص ہونا دھات کا۔ **سدھ نہ ہونا** (لازم) خیال نہ ہونا۔ دھیان نہ ہونا۔ **سدھوانا** (ھ) ۱ یاد کروانا ۲ سمجھانا ۳ صاف کروانا۔ خالص بنوانا۔

اقوال۔ سُدھ اور چھو کا
بیر ہے چھو آوے سدھ جا۔ آہی نر بھرپور رہے جو سدھ نہ دیت گنوا (ھ) عقل اور غصے کی دشمنی ہے۔ غصہ آنے پر عقل جاتی رہتی ہے۔ وہ کامل آدمی ہے جو عقل کو نہ گنوائے۔ **سدھ بدھ اپنی ٹھیک رکھ جب تجھے آوے چھو۔ چھو ہے بھوت بگاڑ دا اس کا مبیت نہ ہو** (ھ) جب تجھے غصہ آئے تو عقل کو درست رکھ۔ غصہ شیطان ہے۔ اس سے محبت نہ رکھ۔ **سدھ بدھ ناکھو اپنی بات لے میری مان۔ اس دنیا رہنا نہیں مست ناہو انجان** (ھ) عقل نہیں کھونی چاہئے۔ یاد رکھنا چاہئے کہ اس دنیا میں رہنا نہیں ہے۔ **سدھ سوں سدھریں کار سب سدھ بن ہوت بگاڑ۔ ایسا سدھ بن ہے منکھ جیسے پاتھر جھاڑ** (ھ) عقل سے سب کام درست ہوتے ہیں اور بغیر اس کے جھگڑے ہوتے ہیں۔ انسان بغیر عقل کے پتھر یا درختوں کی طرح ہوتا ہے۔

سِدھار (ہ۔ امر) سدھارنا کا (س سدھ ہٹانا) **سدھارنا** (لازم) ۱ روانہ ہونا۔ جانا۔ رخصت ہونا (پیار یا تعظیم کے موقع پر کہتے ہیں) ۲ مر جانا۔ **سدھارو** (امر) جاؤ۔ چلو۔ رخصت ہو۔

سُدھار (ہ۔ امر) سدھارنا کا (س سُدھر۔ اچھی طرح رکھنا) **سدھارنا** (متعدی) درست کرنا۔ ٹھیک کرنا ۲ سزا دینا۔ ٹھیک بنانا ۳ بنانا۔ آراستہ کرنا ۴ (ھ) انتظام کرنا۔ مہیا کرنا ۵ صاف کرنا۔ پالش کرنا۔ **سدھارن** (ھ) **سدھارنے ہارا** (ھ) **سدھارو** (ھ) **سدھاری** (ھ) بنانے والا۔ آراستہ کرنے والا وغیرہ دیکھو سدھارنا۔

سُدھان (ھ۔ تف) ۱ ساتھ۔ معہ ۲ صرف۔

سِدّھانا (ھ۔ متعدی) سادھی کرنا سدھی کی مشق کرنا۔

سُدھر (ہ۔ امر) سدھرنا کا (س سدھر۔ اچھی طرح رکھنا) **سدھراؤ** (ھ) **سدھرائی** (ھ) ۱ بنانا۔ آراستہ کرنا ۲ انتظام۔ درستی ۳ ترقی۔ **سدھرنا** (لازم) ۱ درست ہونا۔ ٹھیک ہونا ۲ مرتب ہونا۔ تیار ہونا ۳ راستی پر آنا ۴ ترقی کرنا۔

سَدھرم (س۔ صفت) ۱ جائز۔ حلال ۲ ایک ہی فرائض والا۔ ایک ہی ذات یا قوم کا۔ **سدھرما** (ھ) ۱ سدھرم ۲ مانند۔ مثل۔ **سدھرمی** (صفت) ۱ دیکھو سدھرم ۲ (مذکر) ہم ذات۔ ذات بھائی۔

سَدھرمنی (س۔ صفت) بیوی جو باقاعدہ طور پر بیاہی گئی ہو۔ بیاہتا بیوی۔ باعصمت بیوی۔

سُدھڑ (ھ۔ صفت) ۱ ٹھیک درست۔ صحیح ۲ شائستہ۔ مہذب۔ **سدھڑنا** (لازم) سدھرنا۔

سُدھکانا (ھ۔ متعدی) جلانا۔ سلگانا۔

سُدھکنا (ھ۔ لازم) جلنا۔ سلگنا۔

سَدھن۔ سَدھنی (س۔ صفت) دولتمند۔ امیر۔

سَدھوا (س۔ مونث) سہاگن۔ بیوی جس کا خاوند زندہ ہو۔

سَدھور (ھ) **سَدھوری** (ہ۔ مونث) ۱ وہ سات طرح کا پکوان جو ستواسے میں دلھن کے میکے سے آتا ہے۔ اور ساتھ ہی پھل اور ترکاریاں بھی ہوتی ہیں۔ دلھن کی گود ترکاریوں سے بھری جاتی ہے ۲ حمل کے ساتویں مہینے دلھن کا میکے سے سسرال آنا۔

سِدھوڑ (ھ۔ مونث) حاملہ عورت کی خواہش۔

سُدھی (ھ۔ مونث) یادداشت۔ دیکھو سُدھ۔

سُدھیر۔ سُدھیلا (ھ۔ صفت) ۱ عقلمند۔ دانا۔ ہوشیار ۲ ودیادان۔ عالم۔

سَدَیٰ (س۔ صفت) ۱ رحم دل۔ رحیم ۲ سخی۔ فیاض۔ **سدیا** (ھ) رحمدلی سے۔ مہربانی سے۔

سَدّے (اردو۔ مذکر) تعزیے کا علم۔

سُدی (ہ۔ مونث) ہندی مہینے کا تاریک حصہ۔ اترتے چاند کا وقت۔

سَدِیا (ھ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کے سادھو ۲ (مونث) لال کی مادہ ۳ مینا ۴ چیتی۔

سَدِیر (ع۔ مذکر) ایک محل جو نعمان بن منذر نے بہرام گور کے لئے بنایا تھا ۲ یمن میں ایک علاقہ جہاں دھاریدار قبائیں بنتی ہیں۔

سَدیش (س۔ صفت) **سدیشی** (ھ) ۱ ایک ہی ملک یا جگہ کا ۲ نزدیک یا قریب کا ۳ آگے۔ سامنے۔

سُدیش (س۔ مذکر) ۱ خوبصورت اور نفیس ملک ۲ عضو۔

سَدَیو (س۔ تف) سدا ہی۔ ہمیشہ۔

سَدیہ (س۔ تف) ۱ آج ۲ اب۔ ابھی ۳ اسی وقت۔ اسی گھڑی۔ فوراً۔

سُڈَول (ہ۔ صفت) خوش وضع۔ اچھا بنا ہوا۔ زیبا۔ خوبصورت۔ **سڈول دیہی** (مونث) بدن کی خوبصورتی۔

سَڈیشن (انگ۔ مونث) بغاوت۔

سَر (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی گھاس جس کے تنکے سخت ہوتے ہیں۔ اس کے سرکنڈے کے تیر بناتے ہیں ۲ تیر۔ **سراسن** (مذکر) کمان۔ **سرچاپ دھار یا دھاری** (مذکر) تیر

انداز (س شر)۔

سَر (ھ۔ مذکر) جھیل۔ تالاب

سَر (ف۔ مذکر) ۱ انسان اور دیگر جانوروں کا گردن سے اوپر کا تمام حصہ ۲ کھوپڑی ۳ کسی چیز کا اوپر کا حصہ۔ چوٹی ۴ آغاز۔ ابتدا۔ شروع ۵ کنارا۔ جانب ۶ عنوان۔ پیشانی ۷ حاکم۔ سردار ۸ ارادہ مطلب ۹ خیال۔ دھن ۱۰ عشق محبت ۱۱ خواہش۔ آرزو ۱۲ دماغ ۱۳ مرکبات کے اخر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے خودسر۔ خیرہ سر ۱۴ فتح ۱۵ تکمیل۔ اختتام ۱۶ سوزخوانوں کی اصطلاح؛ صاحب بستہ ۱۷ ستون کا اوپر کا حصہ ۱۸ ڈھکنا ۱۹ کسی چیز کا بہترین حصہ ۲۰ فوج کا جرنیل ۲۱ فی کس ۲۲ (صفت) مکمل۔ تمام ۲۳ بڑا ۲۴ (حرف) سے۔ سامنے موجودگی میں ۲۵ وجہ سے۔ اس لئے۔ **سرِ آب** (مذکر) ۱ چشمہ ۲ وہ جگہ دریا میں جہاں سے نہر نکالی جائے ۳ کسی چیز کا بہترین حصہ ۴ غرور۔ گھمنڈ۔ ۵ نینی ۶ آذربائیجان میں ایک مقام۔ **سرِ آخر یا آخور** (مذکر) ۱ گھوڑا۔ جو سب گھوڑوں کے آگے اصطبل میں بندھا ہو ۲ اصطبل کا منتظم۔ **سرِ آدمی** (تف) فی کس۔ **سرِ آغاز** (مذکر) عنوان۔ پیشانی۔ **سرِ آشنائی** (مونث) بہت دوستی۔ **سر آمد** (مذکر) ۱ سردار۔ حاکم ۲ (صفت) برگزیدہ۔ کامل۔ **سر آمدِ ملل** (مذکر) قوموں کا حاکم۔ **سر آہنگ** (مذکر) ۱ ہراول ۲ رات کا پہرہ۔ پٹرول ۳ گانا ۴ ایک سر ۵ ساز کا سب سے موٹا تار۔ **سراپا** (تف) ۱ سر سے پاؤں تک۔ کل۔ تمام ۲ (مذکر) وہ نظم جس میں سر سے پاؤں تک ہر عضو کی تعریف ہوتی ہے ۳ تمام بدن ۴ پورا خلعت۔ **سراپا حور** (مونث) نہایت حسین عورت۔ **سراپا شرارت** (مونث) بہت شریر شخص۔ **سراپا غرقِ دریائے جواہر ہونا** (لازم) جواہرات سے لدا ہونا۔ بہت جواہرات پہنے ہونا۔ **سراپا ناز** (صفت) ناز و نخرے سے پُر۔ **سرِ اجلاس** (تف) بھری کچہری میں۔ حاکم کے روبرو۔ **سراسر** (صفت) اس سرے سے اس سرے تک تمام۔ بالکل۔ سراسر حماقت ہے۔ بالکل بیوقوفی کی بات ہے۔ سراسر عقل کے خلاف ہے۔ بالکل بیوقوفی کی بات ہے۔ **سراسری** (صفت) ۱ روا روی۔ سرسری ۲ (مونث) کوئی کام بے توجہی سے یا روا روی میں کرنا ۳ پیشانی کا ایک زیور ۴ خلاصہ ۵ تخمینہ ۶ اوسط ۷ (تف) جلدی سے ۸ چلتے چلتے ۹ مختصراً۔ مجملاً۔ **سراسری بنانا یا کرنا** (متعدی) کوئی کام جلدی میں کرنا (مت) **سراسری دیکھنا** (متعدی) جلدی سے ایک نظر ڈالنا (مت) **سراسیم** (تف) ۱ اسم وار۔ **سراسیمگی** (مونث) پریشانی۔ اضطراب۔ **سراسیمہ** (صفت) حیران۔ پریشان۔ گھبرایا ہوا۔ مضطرب۔ **سرافراز** (صفت) ۱ متکبر۔ مغرور ۲ سربلند ۳ عالی مرتبہ۔ عالی رتبہ (فرمانا۔ کرنا ہونا کے ساتھ) ۴ (مذکر) فوج کا افسرِ اعلیٰ یا جرنیل ۵ ہر مہینے کا تیسرا دن ۶ سربند۔ نکتہ ۷ گلے کی رسی۔ **سرافرازی** (مونث) ۱ سربلندی۔ اعلےٰ رتبہ۔ بزرگی ۲ غرور۔ تکبر۔ **سرافسار** (مذکر) باگوں کا وہ حصہ جو ہاتھ میں ہو۔ **سرافشاں** (صفت) ۱ سروں کو پھیلانے یا جدا کرنے والا ۲ سر کو ہلانے والا غرور یا ناز سے۔ **سرافگن** (صفت) سر پھیلانے یا کاٹنے والی (تلوار وغیرہ کی تعریف) **سرافگندگی** (مونث) سر جھکانا۔ **سرافگندنی** (مونث) نقاب۔ **سرافگندہ** (صفت) ۱ سر جھکائے ہوئے۔ خجل۔ شرمندہ ۲ سراسیمہ۔ پریشان۔ **سرانجام** (مذکر) ۱ نتیجہ۔ اختتام ۲ تکمیل ۳ انتظام۔ بندوبست ۴ (دینا کرنا ہونا کے ساتھ) **سرانداز** (صفت) ۱ سر کو ہلانے والا۔ ناز نخرے غرور۔ بیماری یا شراب کی وجہ سے ۲ جنگجو۔ لڑاکا۔ خونخوار ۳ بے شرم۔ بے حیا ۴ چالاک۔ چست ۵ (مذکر) ڈاکو۔ راہزن ۶ ایک قسم کی نقاب ۷ ایک سر ۸ (مونث) اوڑھنی گھونگٹ۔ **سراندازی** (مونث) ناز اور غرور سے چلنا۔ **سرِ انصاف** (تف) عموماً بر کے ساتھ۔ انصاف پر (آنا ہونا کے ساتھ) **سرِ انگشت** (مذکر) انگلی کا سرا۔ **سرِ انگشتی** (مونث) ۱ ایک کھانا جس میں گوشت۔ دال اور مصالحہ وغیرہ ڈال کر پکاتے ہیں ۲ ایک رنگ جس سے انگلیوں کے سروں کو رنگتے ہیں۔ **سرانہ** (مذکر) ایک محصول فی کس۔ **سربار** (مذکر) گٹھڑی جو بوجھ کے اوپر رکھی جائے۔ **سرباری** (مذکر) ۱ چھوٹا بوجھ جو بڑے پر رکھا جائے ۲ چوکیداروں کا افسر ۳ بادشاہ کے محافظوں کا افسر۔ **سرباز** (صفت) ۱ جان پر کھیلنے والا۔ بہادر ۲ سر سے ننگا ۳ اوپر سے کھلا۔ (احاطہ۔ گاڑی وغیرہ) ۴ سپاہی۔ **سرباز خانہ** (مذکر) بارکیں سپاہیوں کی۔ **سربازی** (مونث) بہادری۔ جرأت۔ **سرِ بازار** (تف) ۱ کھلے طور پر۔ علی الاعلان ۲ بازار میں۔ **سرِ بازار بیچ لینا** (متعدی) دوسرے کے مختار کامل ہونے پر کنایا ہے۔ جو چاہے کر لینا۔ **سرباش۔ سرباشی** (مذکر) ۱ سردار۔ افسر ۲ تبر ۳ عدالت کا چپڑاسی۔ **سرباک** (مذکر) پولیس افسر۔ **سربالا** (مذکر) ۱ پہاڑی۔ پہاڑ ۲ چڑھائی۔ **سربالیں** (مذکر) ۱ سرہانہ ۲ (تف) سرہانے۔ **سربام** (مذکر) کوٹھا۔ لب بام۔ **سربجیب** (صفت) سر جھکائے ہوئے۔ سوچتے ہوئے۔ **سربر** (صفت) ۱ غالب۔ فوقیت رکھنے والا (ہونا کے ساتھ)۔ **سربراہ (کار)** (صفت) منتظم۔ مہتمم (بنانا بننا کرنا ہونا کے ساتھ) **سربراہکاری یا براہی** (مونث) ۱ انتظام۔ اہتمام ۲ سربراہ کا عہدہ یا کام (کرنا ہونا کے ساتھ) **سربرندہ** (صفت) سر کاٹنے والا۔ **سربرہنہ** (صفت) ننگے سر۔ **سربریدہ** (صفت) سر کٹا ہوا۔ **سربزانو** (تف) زانو پر سر رکھ کے ۱ متفکر۔ سوچ میں ۲ نادم۔ **سربزرگ** (صفت) بڑا۔ عالی مرتبہ۔ **سربزرگی** (مونث) اعلےٰ رتبہ۔ بڑائی۔ **سربزمیں** (تف) سر جھکائے ہوئے۔ **سربست** (صفت) ۱ خشک کیٹھن ۲ آزاد۔ **سربستہ** (صفت) ۱ مخفی۔ خفیہ۔ پوشیدہ ۲ دشوار۔ مشکل (مضمون وغیرہ) ۳ بند۔ نہ کھلا ہوا (شیشہ وغیرہ) ۴ ملفوف پیچیدہ (خط) ۵ نقاب ڈالے ہوئے ۶ پگڑی باندھے ہوئے۔ **سربستی** (مونث) بچاؤ۔ آزادی۔ **سربسر** (تف) ۱ یکساں۔ برابر ۲ تمام۔ کل۔ **سربصحرا** (تف) دیوانہ۔ آوارہ۔ **سربفلک کشیدہ** (صفت) بہت اونچا۔ **سربکف** (صفت) جان دینے پر تیار (رہنا ہونا کے ساتھ) **سربگریباں** (صفت) ۱ متفکر۔ سوچ میں ۲ نادم۔ شرمندہ۔ **سربلند** (صفت) ۱ معزز۔ عالی مرتبہ۔ ممتاز ۲ سر کا ڈورا۔ **سربلندی** (مونث) ۱ عزت۔ حرمت۔ درجہ ۲ فخر۔ **سربمہر** (صفت) مہر کیا ہوا۔ بند۔ **سربند** (مذکر) ۱ کوچہ بندی ۲ سر کی پٹی جو عورتیں باندھتی ہیں ۳ راز کی واقفیت ۴ پگڑی ۵ (صفت) سربمہر۔ **سربند شیشہ** (مذکر) کاگ۔ **سربندی** (مونث) ۱ ملفوف خط ۲ باغ۔ **سربہا** (مذکر) خونبہا۔ **سربینی** (مذکر) ناک کی نوک۔ **سرپرست** (صفت) مددگار۔ مربی (جاننا۔ سمجھنا۔ ملنا۔ ہونا کے ساتھ) **سرپرستی** (مونث) امداد۔ ولایت۔ نگرانی۔ **سر پر ہانڈی رکھ لینا** (متعدی) رسوائی پسند کرنا۔ سر

پل (صفت) ٹھوکریں کھاتا ہوا۔ سرپل (صفت) بیوفا۔ جو وعدہ ایفا نہ کرے۔ سرپنچ (مذکر) پنچوں کا سردار۔ سرپوش (مذکر) ۱ ڈھکنا ۲ وہ کپڑا جو خوان پر ڈالتے ہیں ۳ ایک قسم کی نقاب ۴ کوئی خفیہ کام ۵ باتیں معنوں میں ۶ (صفت) چھپا ہوا۔ ڈھنپا ہوا۔ سرپوش کھل جانا۔ راز پوشیدہ ظاہر ہو جانا۔ سرپوشنہ یا پوشہ (مذکر) ۱ ایک قسم کی نقاب ۲ ڈھکنا۔ سرپوش۔ سرپوشیدہ (مذکر) باکرہ عورت۔ سرپیادگان (مذکر) پینی چریوں کے چھ بڑے سردار۔ سرپیچ یا پیش (مذکر) ۱ پگڑی۔ پگڑی کے اوپر کا چھوٹا کپڑا ۲ ایک قسم کا زیور جو پگڑی پر باندھتے ہیں ۳ تاج ۴ ہلکی نیند۔ سرپیچدار (مذکر) ایک خاص قسم کا فقیر۔ سرتاب (صفت) سرکش۔ نافرمان۔ سرتا بسر (تف) ۱ ایک سرے سے دوسرے سرے تک ۲ بلکل۔ مکمل طور پر۔ پورے طور پر۔ سرتابقدم (تف) ۱ سر سے پیر تک ۲ بالکل۔ تمام۔ سرتابی (مونث) نافرمانی۔ سرکشی۔ سرتا پا (تف) دیکھو سرتابقدم۔ سرتاج (مذکر) ۱ سردار ۲ آقا۔ مالک ۳ سر کا ایک زیور عورت کا ۴ ایک قسم کی نقاب ۵ خاوند۔ شوہر۔ سرتاج بنانا (متعدی) سردار بنانا۔ فخر خاندان یا باعث عزت تصور کرنا۔ سرتاج من سلامت۔ القاب جو عورتیں خاوندوں کو لکھتی ہیں۔ سرتاخت (صفت) سرپٹ۔ سرتا دم (تف) سر سے لیکر دم تک۔ سرتاسر (تف) ایک سرے سے دوسرے سرے تک۔ سرتافتہ (صفت) مفتوح شکست خوردہ۔ سرتاق (مذکر) ایک قسم کی واسکٹ جو کرتے کے نیچے پہنتے ہیں۔ سرتاقدم (تف) سر سے پاؤں تک۔ سرتاقدم لطافت (صفت) معشوق کی تعریف ہے۔ سر سے پاؤں تک خوبصورت نہایت لطیف۔ سرتختہ (مذکر) ایک لوہے کا تختہ جس میں سوراخ ہوتے ہیں۔ جن میں سے تاروں کو کھینچ کر پتلا کرتے ہیں۔ سرتراش (مذکر) حجام۔ سرتراشنا (متعدی) سر کاٹنا۔ سرتراشی (مونث) ۱ حجامت۔ سرمنڈانا ۲ پتے اور ٹہنیاں کاٹ کر درختوں اور پودوں کو برابر کرنا یا کسی خاص شکل کا بنانا۔ سرتسلیم (مذکر) فرمانبرداری۔ تابعداری۔ سرتسلیم جھکانا یا خم کرنا (متعدی) تابعداری فرمانبرداری یا اطاعت

کرنا۔ راضی برضا ہونا۔ سرتیز (صفت) ۱ تیز۔ نوکدار ۲ (مذکر) نیزہ۔ سرتیغ (مذکر) تلوار کی نوک۔ سرجنگ (مذکر) ۱ سردار۔ جرنیل ۲ سارجنٹ۔ سرجوش (مذکر) ۱ وہ جو ہانڈی میں سے چکھنے کے لئے نکالیں ۲ بہترین حصہ کسی چیز کا ۳ اہال ۴ ضروریات زندگی۔ سرچاہ (مذکر) کوئیں کا منہ۔ سرچشمہ (مذکر) پانی نکلنے کی جگہ۔ چشمہ۔ سرچشمۂ جان یا حیوان (مذکر) آب حیات۔ امرت۔ سرچشمہ دار (صفت) دھوکے باز۔ دغاباز۔ سرچشمۂ ہدایت (مذکر) پیر۔ پیغمبر۔ نبی۔ سرچنگ (مذکر) ۱ ہاتھ کی ضرب۔ تمانچہ ۲ ٹھوکر جو پیچھے سے ماری جائے (جڑنا مارنا کھانا کے ساتھ) ۳ محنت۔ مشقت۔ سرچنگ اجل کھانا (متعدی) موت کا صدمہ اٹھانا۔ سرحد (مونث) ۱ حد فاصل ۲ وہ جگہ جہاں کوئی ملک ختم ہوتا ہو ۳ کنارہ۔ انتہا ۴ قلعہ جو سرحد پر ہو۔ سرحد حاصل (مذکر) سرحد کا محصول۔ سرحددار (مذکر) سرحد کا حاکم یا افسر۔ سرحد نشین (مذکر) وہ جو سرحد پر رہے یا وہاں تعینات ہو۔ سرحدی (صفت) سرحد کا۔ سرحد کے متعلق۔ سرحدی اقوام (مونث) وہ قومیں جو سرحد کے قریب آباد ہوں۔ سرحدی علاقہ (مذکر) وہ علاقہ جو سرحد کے ساتھ ہو۔ سرحساب (صفت) ۱ واقف۔ ماہر۔ جاننے والا ۲ (مذکر) احتیاطی تدبیر۔ سرحساب رہنا (لازم) اپنی آمدنی میں گزارہ کرنا۔ سرحشر (تف) مین مشہیں۔ سرحلقہ (مذکر) رئیس اور جماعت کا سردار۔ سرخط (مذکر) ۱ قبالہ۔ کرایہ نامہ ۲ ملکیت کی سند ۳ وہ کاغذ جس پر نوکری کی تاریخ کی یادداشت لکھتے ہیں ۴ اقرار نامہ نوکری کا ۵ خط پر پتہ ۶ رسید۔ سرخوش (مذکر) ۱ شراب سے مست ۲ خوشحال۔ سرور۔ سرخوشی (مونث) ۱ شراب کا نشہ ۲ سرور۔ سرخیل (مذکر) سردار۔ جرنیل۔ سرگروہ۔ سرغنہ۔ سرخیل شیاطین (مذکر) ابلیس۔ شیطان۔ سردار (مذکر) ۱ فوج کا افسر۔ اعلے جرنیل۔ امیرالجیش ۲ کسی محکمے کا افسر اعلے ۳ فوجی افسر ۴ کسی قوم کا سرغنہ ۵ امیر آدمی۔ رئیس ۶ سکھ قوم اور بلوچوں کا لقب غالباً سروں پر بال رکھنے کی وجہ سے ۷ انگریزوں کا بیرا ۸ فوج کا کمانڈر انچیف۔ سرداران گرامی (مذکر) بڑے بڑے سردار۔

افسران اعلے۔ سردارن۔ سردارنی (مونث) سردار کی بیوی۔ سرداری (مونث) افسری۔ حکومت۔ سرداستان (مذکر) کہانی کی سرخی۔ سردربار (تف) دربار میں۔ کھلم کھلا۔ سردرختی (مونث) ۱ درختوں کی پیداوار۔ پھل ۲ ایک محصول جو درختوں پر لگایا جاتا ہے۔ سردرد (مونث) ۱ درد جو سر میں ہو۔ یہ قبض بخار یا زکام کی وجہ سے ہوتا ہے ۲ تکلیف۔ سردردی (مونث) ۱ تکلیف ۲ بیزاری۔ آزردگی۔ (اٹھانا کرنا مول لینا ہونا کے ساتھ) سردرکنار (صفت) چپ خاموش۔ سردرگریبان (صفت) ۱ متفکر ۲ شرمندہ۔ سردرہوا (صفت) مغرور۔ متکبر۔ سردست (تف) ۱ ابھی۔ اس وقت ۲ فوراً۔ سردفتر (مذکر) ۱ افسر۔ حاکم ۲ ہیڈ کلارک۔ سپرنٹنڈنٹ دفتر۔ میرمنشی۔ سردفتر آفرینش (مذکر) پیغمبر صلعم۔ سردل (مذکر) اصل میں سردر تھا۔ چوکھٹ کے اوپر کی لکڑی جس میں کواڑ کی چول رہتی ہے۔ سردوال (مونث) وہ چمڑا جو گھوڑے کے سر پر چڑھاتے ہیں کہ لگام اٹکی رہے۔ سردیوار (مذکر) دیوار کا اوپر کا حصہ۔ سرذات (تف) فی کس۔ سرراہ (مذکر) راہ کے سرے پر۔ راستے میں۔ سررشتہ (مذکر) ۱ رسی۔ رسی کا سرا ۲ دفتر۔ محکمہ۔ کچہری ۳ نوکری۔ ملازمت ۴ دستور۔ رواج۔ معمول ۵ تدبیر۔ چارہ ۶ تعلق۔ لگاؤ۔ میل ۷ قابلیت۔ لیاقت۔ سررشتہ دار (مذکر) سردفتر۔ سررشتہ داری (مونث) سردفتری کا عہدہ یا کام۔ سررو (مذکر) ایک رگ کا نام جس کی فصد لینے سے سر اور چہرے کا خون آتا ہے سرزدنی (صفت) جان سے مار ڈالنے کے قابل۔ سرزد ہونا (لازم) ہونا۔ واقعہ ہونا۔ کوئی کام ہونا۔ سرزمین (مذکر) ملک۔ اقلیم۔ ولایت ۲ حدود۔ سرزمین (تف) موقع پر۔ سرزن (صفت) باغی۔ سرکش۔ سرزندگانی (مونث) زندگی کی ہوس۔ سرزنش (مونث) ملامت۔ برا بھلا کہنا۔ تنبیہ۔ (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ سرزنی (مونث) کوشش۔ سعی۔ سرزور (صفت) نافرمان۔ باغی۔ سرکش۔ سرزوری (مونث) سرکشی۔ نافرمانی۔ سرسال (مذکر) سال کا شروع۔ سرسام (مذکر) ایک بیماری جس میں سر

میں زنم ہو جاتا ہے۔ سرسامی (صفت) وہ جسے یہ مرض ہو۔ سرسبز (صفت) ۱؎ سبز۔ ہرا بھرا ۲؎ تر و تازہ ۳؎ کامیاب ۴؎ خوش و خرم۔ آباد ۵؎ غالب ۶؎ امیر۔ دولتمند ۷؎ اولاد والا (کرنا ہونا کے ساتھ) سرسبزی (مونث) ۱؎ تازگی۔ طراوت ۲؎ کامیابی ۳؎ فارغ البالی۔ سرسری (صفت) ۱؎ آسان۔ معمولی ۲؎ لاپرواہ۔ جس کی توجہ نہ ہو ۳؎ جلدبازی کا۔ جلدی کا ۴؎ (تف) مجمل طور پر۔ بے پروائی سے۔ بے سوچے سمجھے ۵؎ چلتے چلتے۔ جلدی سے ۶؎ (مونث) ماتھے کا ایک زیور ۷؎ عدالت خفیفہ ۸؎ (اردو) عورتیں خفیہ طور پر بات کرنے کے لئے ہر لفظ کے پہلے سین لگا دیتی ہیں اسے سرسری کہتے ہیں۔ سرسری اختیارات (مذکر) بغیر تحقیقات حکم نافذ کرنے کے اختیارات۔ سرسری بات (مونث) ۱؎ معمولی بات ۲؎ آسان کام۔ سرسری تحقیقات (مذکر) وہ تحقیقات جس میں مکمل طور پر شہادت قلمبند نہ کی جائے۔ سرسری ساکام (مذکر) آسان کام۔ معمولی کام۔ سرسری طور پر (تف) آسان طریقہ پر۔ رواروی میں۔ سرسری نالش (مونث) وہ نالش جو عدالت خفیفہ میں ہو۔ سرسری نظر (متعدی) معمولی طور پر کسی چیز کو دیکھنا (ڈالنا کرنا ہونا کے ساتھ) سرشاخ (مذکر) گھر کا بڑا شہتیر۔ سرشاخہ (مذکر) گلاب کا پھول جو شاخ پر ہو۔ سرشار (صفت) ۱؎ بھرا ہوا۔ لبریز۔ چھلکتا ہوا (دریا وغیرہ کے لئے) ۲؎ بہت جیسے خدا کے سرشار۔ ۔۔ت سرشار ۳؎ بیخود۔ مست (کرنا ہونا کے ساتھ) سرشاری (مونث) مستی۔ بیخودی۔ نشہ۔ سرشام (تف) شام کو۔ شام کے شروع میں سرشام پگڑی غائب۔ بہت چوری ہوتی ہے۔ سرشتہ (مذکر) دیکھو سررشتہ۔ سرشستنی (مونث) سر دھونے کے لئے ایک مرکب۔ سرشعلہ (مذکر) پہلا شعلہ۔ سرشکستگی (مونث) سر ٹوٹنا۔ سرشکستہ (صفت) وہ جس کا سر ٹوٹا ہوا ہو۔ سرشکن (صفت) ۱؎ سر توڑنے والا ۲؎ مالگزاری کی معافی جس کی کمی دوسری زمینوں پر مالگزاری زیادہ کرنے سے پوری کی جاتی ہے۔ سرشکنی (مونث) ۱؎ روک۔ تعرض ۲؎ موت۔ سرشماری (مونث) مردم شماری۔ سرشو (مذکر) ۱؎ نائی۔ حجام ۲؎ ایک قسم کی سفید مٹی جس سے عورتیں اپنے بال صاف کرتی ہیں۔ سرشیر (مذکر) ملائی۔

سرطاق (مذکر) اوپر کا کمرہ جو سامنے سے کھلا ہو۔ چوبارا۔ سرطویلہ (مذکر) نہایت اعلےٰ گھوڑا۔ سرعسکر (مذکر) فیلڈ مارشل۔ کمانڈر انچیف۔ امیرالجیش۔ سرعلم (مذکر) جھنڈے کے اوپر کی کلغی۔ سرغزل (مذکر) ۱؎ دیوان کی بہترین غزل ۲؎ غزل کا مطلع۔ سرغنہ (مذکر) ۱؎ سرگروہ۔ سردار۔ لیڈر ۲؎ (ف۔ صفت) بڑا۔ لاثانی ۳؎ مذکورہ بالا۔ سرفتنہ (مذکر) باغیوں کا سرگروہ۔ جھگڑوں کا بانی۔ سرفراز (صفت) ۱؎ سر اٹھائے ہوئے ۲؎ ممتاز۔ معزز۔ سربلند ۳؎ (ف) مغرور۔ متکبر ۴؎ سرکش۔ نافرمان ۵؎ مہینے کے تیسرے دن کا نام۔ سرفراز فرمانا۔ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱؎ درجہ بڑھنا۔ عزت پانا۔ ترقی دینا ۲؎ کسی معزز کا کسی کے مکان پر آنا ۳؎ ازالہ بکر ہونا۔ سرفرازنا (متعدی) ۱؎ عزت دینا۔ مرتبہ بڑھانا ۲؎ رونق دینا ۳؎ تشریف لانا۔ سرفرازی (مونث) ۱؎ بلندی مرتبے کی ۲؎ ازالہ بکر۔ سرفروش (صفت) ۱؎ وہ جو اپنی جان دینے کے لئے تیار ہو ۲؎ (ف) وہ جو سریاں پکاکر بیچے۔ سرفروشی (مونث) ۱؎ بہادری۔ شجاعت دلیری ۲؎ جانبازی۔ جان دینا ۳؎ (ف) سریاں پکاکر بیچنا (کرنا ہونا کے ساتھ) سرفوج (مذکر) فوج کا افسر۔ سرقافلہ (مذکر) قافلہ سالار۔ سرقصیدہ (مذکر) بہترین قصیدہ۔ سرقطار (مذکر) اونٹوں یا خچروں کی قطار میں سب سے پہلا۔ سرقفلی (مونث) وہ رقم جو کرایہ کے علاوہ مکان کا قفل کھلنے کی وجہ سے دی جائے۔ سرقلیان (مذکر) ۱؎ چلم ۲؎ گول ٹھیکری جو چلم میں تمباکو کے اوپر اور آگ کے نیچے رکھتے ہیں۔ سرکابتی (مونث) سکریٹری۔ سکتر۔ میر منشی۔ سرکار (مذکر) دیکھو علیحدہ۔ سرکج (مذکر) اوپر سے ٹیڑھا (بیت یا لاٹھی) سرکردگان (مذکر) سرکردہ کی جمع۔ افسران۔ حاکمان۔ سرکردگان لشکر (مذکر) افسران فوج۔ سٹاف۔ سرکردگی (مونث) ۱؎ سرداری۔ افسری ۲؎ اختیار۔ حکم ۳؎ فوج کی افسری۔ سرکردہ (صفت) ۱؎ حاکم۔ سردار ۲؎ معزز۔ ممتاز ۳؎ وہ جو مشہور ہو ۴؎ (ف۔ مذکر) شروع۔ آغاز۔ سرکرانا (مم) کرنا (متعدی) ۱؎ شروع کرنا ۲؎ فتح کرنا ۳؎ چلانا۔ داغنا۔ فیر کرنا ۴؎ مکمل کرنا۔ تکمیل کرنا۔ سرکش (صفت) ۱؎ باغی ۲؎ نافرمان ۳؎ جو کسی سے نہ دبے۔ سرکشان دہر (مذکر) بہت مغرور یا زبردست لوگ۔ سرکشی (مونث) بغاوت۔ نافرمانی (چلنا دیکھنا رہنا کرنا نکال دینا نکل جانا ہونا کے ساتھ) سرکشی دکھانا (متعدی) بغاوت کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ نافرمانی کرنا۔ سرکوب (صفت) ۱؎ سزا دینے یا گوشمالی کرنے والا۔ سر توڑنیوالا ۲؎ (ف) توپخانہ ۳؎ ایک شین جو دیوار سے اونچی لگائی جائے ۴؎ کوئی اونچی جگہ جو قلعہ سے اوپر ہو ۵؎ قلعہ ۶؎ متکلم ۷؎ بہادر۔ شجاع۔ سرکوبہ (مذکر) ۱؎ بھاری گرز ۲؎ سخت سرزنش۔ سرکوبی (مونث) تادیب۔ گوشمالی۔ سخت سرزنش۔ سزا (کرنا ہونا کے ساتھ) سرکوہ (مذکر) پہاڑ کی چوٹی۔ قلہ کوہ۔ سرگذشت (مونث) ۱؎ واقعہ۔ ماجرا۔ حادثہ۔ گزرا ہوا حال۔ سرگذشتہ (صفت) ۱؎ بیہوش۔ پاگل۔ جس کے اوسان خطا ہو گئے ہیں ۲؎ زندگی سے تنگ۔ سرگراں (صفت) ۱؎ مخمور۔ مست ۲؎ متکبر ۳؎ خفا۔ غصہ در۔ سرگرانی (مونث) ۱؎ سر کا درد۔ سر کا بھاری ہونا ۲؎ خمار۔ نشہ ۳؎ کشیدگی۔ خفگی ۴؎ افسوس۔ افسردگی۔ سرگرداں (صفت) ۱؎ حیران۔ پریشان ۲؎ صدقے۔ قربان ۳؎ آوارہ پھرنے والے (رکھنا کرنا ہونا کے ساتھ) سرگردانی (مونث) ۱؎ حیرانی۔ پریشانی ۲؎ تشویش۔ فکر۔ سرگرفتہ (صفت) ۱؎ جیسے دردِ سر ہو رہا ہو ۲؎ غصے ناراض ۳؎ زرد۔ سرگرم (صفت) ۱؎ مستعد۔ چالاک ۲؎ جس پر عشق کا غلبہ ہو (رہنا ہونا کے ساتھ) ۳؎ (مذکر) ایک قسم کا مسلمان فقیر۔ سرگرم انتظام ہونا (لازم) انتظام میں مشغول ہونا۔ سرگرم محبت (مونث) عاشق۔ سرگرمی (مونث) ۱؎ توجہ۔ مستعدی۔ چالاکی ۲؎ گرمجوشی۔ تیزی ۳؎ کوشش بلیغ ۴؎ عشق۔ عاشق ہونا (کرنا یا ہونا کے ساتھ) سرگرمیٔ محبت (مونث) عشق۔ محبت۔ عشق کی تیزی۔ سرگرہ (مونث) وہ گانٹھ جو تسبیح کے سرے پر ہوتی ہے۔ سرگروہ (مذکر) سرغنہ۔ سردار۔ رئیس۔ لیڈر۔ سرگزبت یا گزید (مذکر) ۱؎ خراج ۲؎ جزیہ۔ سرگزشت (مونث) دیکھو سرگذشت۔ سرگشتگان بادیہ (صفت) جنگلوں میں آوارہ پھرنے والے۔ سرگشتگی (مونث) ۱؎ حیرانی۔ پریشانی ۲؎ آوارگی ۳؎ آفت و مصیبت۔ سرگشتہ (صفت) ۱؎ حیران۔ پریشان ۲؎ آوارہ ۳؎ بھٹکا ہوا۔ سرگوش (مذکر) کان۔ سرگوشی (مونث) ۱؎ کانا پھوسی ۲؎ غیبت۔ چغلی۔ بدی (کرنا ہونا کے ساتھ) سرلشکر (مذکر) امیرالجیش۔ جرنیل۔ سرلوح (مذکر) نقش و نگار جو کتاب کے پہلے صفحے پر بسم اللہ کی جگہ ہوتے ہیں۔ سرماہی (مذکر) ۱؎ مچھلی کا سر ۲؎ مچھلی کھانے والی قومیں ۳؎ ماہوار تنخواہ۔ سرمایہ

(مذکر) پونجی۔ مال تجارت۔ روپیہ جو تجارت میں
لگایا جائے۔ (لگانا لگنا کے ساتھ) **سرمایہ دار**
(صفت) مالدار۔ امیر۔ **سرمخار** (ف) سرمت
کھیلا۔ مجازاً جلدی کر۔ **سرمست** (صفت) مخمور۔
مدہوش۔ متوالا۔ **سرمستی** (مونث) مدہوشی۔
بیہوشی۔ نشہ۔ **سرمشق** (مذکر) تحریر استاد کی جسکو
دیکھ کر مشق کی جائے۔ **سرمعرکہ** (تف) عین لڑائی
میں۔ **سرمنزل** (مذکر) سرائے ٹھیرنے کا مقام
سرمو (تف) بال کی نوک کے برابر۔ ذرا بھی۔
رتی بھر۔ **سرمو فرق نہ ہونا** (لازم) ذرا بھی
مختلف نہ ہونا۔ **سرمو نہ ہٹنا** (لازم) ذرا نہ سرکنا
یا اور طرف ہونا۔ **سرمیدان** (تف) ۱ لڑائی
میں۔ مقابلے میں ۲ کھلم کھلا۔ **سرنامہ** (مذکر) ۱ خط کا
پتہ ۲ القاب جو خط پر لکھتے ہیں۔ **سرنائے** (مونث)
نفیری۔ بگل۔ **سرنجام** (مذکر) سرانجام کا مخفف۔
سرنگوں (صفت) ۱ سر نیچا کئے ہوئے۔ اوندھے
منہ۔ سر کے بل ۲ شرمندہ۔ خجل۔ **سرنو** (تف)
از سر نو کا مخفف۔ نئے سرے سے۔ شروع سے۔ سر
نوبہ (مذکر) دفعدار جوکیداروں کا۔ **سرنوشت**
(مونث) ۱ خط پیشانی۔ تقدیر قسمت ۲ کتاب کا
نام۔ **سرنے** (مذکر) ہونٹ۔ **سرو پا** (تف)
سر سے پاؤں تک۔ **سرو پا کی خبر نہ ہونا** (لازم)
بیہوش ہونا۔ بدحواس ہونا۔ **سرو تن** (تف)
۱ سراور بدن ۲ (مذکر) ایک ایرانی تیوہار جو صفر
کے مہینے میں ہوتا ہے۔ **سرو تن کی خبر ہونا** (لازم)
خبردار ہونا۔ **سرو چشم پر** (تف) بسر و چشم کا ترجمہ
کمال فرمانبرداری ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **سرورق**
(مذکر) کتاب کا پہلا ورق۔ **سرو سامان** (مذکر)
اسباب۔ سامان۔ **سرو سرکردہ** (مذکر) سردار۔
حاکم۔ لیڈر۔ **سرو کار** (مذکر) تعلق۔ لگاؤ۔ واسطہ۔
مطلب۔ **سرو کار رکھنا** (متعدی) واسطہ رکھنا۔
سرہنگ (مذکر) ۱ فوج کا سردار۔ کپتان ۲ لڑنیوالا
سپاہی۔ پہلوان ۳ جہاز کا افسر ۴ جمعدار۔ دفعدار
اور سپر۔ **سرہنگی** (مونث) سرہنگ کا عہدہ۔ افسری
سر ہونا (لازم) ۱ فتح ہونا ۲ چلنا۔ دغنا۔ فیر ہونا
۳ شروع ہونا ۴ مکمل کرنا۔ تکمیل کرنا۔ **سری** (صفت)
۱ نیک ۲ (مونث) سرداری۔ افسری۔

امثال واقوال۔ سر بریدہ
بانگ نمی دہد۔ کٹے ہوئے سر سے آواز نہیں نکلتی

مار ڈالنا ہی بہتر ہے۔ **سرداری کا ڈنڈا اٹکا ہے**
اس کے متعلق کہتے ہیں جو پہلے کسی بڑے عہدے پر
رہ کر پھر چھوٹے کو قبول نہ کرے۔ **سرمار کوفتہ بہ**
سانپ کا سر کچل دینا اچھا ہے۔ موذی کو نیست ونابود
کر دینا چاہئے۔

سَر (انگ۔ مذکر) ۱ جناب حضور
۲ ایک خطاب جو بیرونٹ اور نائٹ کے نام کے شروع
میں استعمال کیا جاتا ہے۔

سَر (ہ۔ مذکر) ۱ تاش یا گنجفے کا پتا
جو کھیلا جائے ۲ وہ پتے تین یا چار جو جیتنے والا لیجائے
۳ مرتبے میں بڑا پتا جیسے اکا۔ بادشاہ۔ بیگم۔ غلام۔ سر
بنانا (متعدی) **بننا** (لازم) پتے جیت کر لیجانا۔ سر
جانا (لازم) مخالف فریق کا سر لیجانا۔ **سر دینا**
(متعدی) چھوٹا پتا کھیلنا۔ تاکہ سر دوسروں کا بن جائے
سر کرنا (متعدی) ۱ بڑا پتا ڈال کر پتے اٹھالینا ۲ زبردست
یا زبردست کو گنجفے کا پتہ پہنچانا کہ بازی کا سلسلہ قائم
رہے۔ **سر ہونا** (لازم) سر کرنا کا۔

سَر (س۔ صفت) ۱ چلنے والا۔
حرکت کرنے والا۔ بڑھنے والا۔ مرکبات کے آخر میں
آتا ہے ۲ (مذکر) جانا۔ حرکت کرنا ۳ پانی ۴ آبشار ۵
نمک ۶ نمکینی ۷ دہی۔ بالائی۔

سِر (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو سَر (ف) ۱تا۱۲
۱ ذمہ ۲ (لکڑی پھینکنے والوں کی اصطلاح) لکڑی سر پہ
مارنا ۳ گالی کے طور پر تمہارا وغیرہ کے ساتھ ۴ دماغ
(س شر) **سرا** (مذکر) ۱ کسی چیز کی نوک ۲ کنارہ ۳
ابتدا۔ آغاز۔ اول ۴ انتہا۔ **سرآ بننا** (لازم) ۱ الزام
لگنا ۲ مصیبت آنا۔ **سرآنا** (لازم) ۱ سر پر وار کرنا
۲ آسیب کا اثر آنا ۳ سر کٹ کے آنا ۴ کسی کے پیچھے پڑنا
کسی سے جھگڑنا۔ **سر آنکھوں پر** (تف) بسر و چشم کا
ترجمہ۔ منظور ہے۔ شوق سے۔ **سر آنکھوں پر
بٹھانا** (متعدی) بہت عزت کرنا۔ **سر آنکھوں پر
بٹھاؤں۔ بیٹھو یا بیٹھیں۔** کمال محبت سے کسی
کے متعلق کہتے ہیں یعنی میری عین خوشی ہے۔ **سر
آنکھوں پر رکھنا** (متعدی) کمال تعظیم کرنا۔ **سر
آنکھوں سے** (تف) بسر و چشم کا ترجمہ۔ بڑی خوشی
سے۔ برضا و رغبت۔ کسی کی کام کی بجا آوری منظور
ہونے پر کہا جاتا ہے۔ **سر اتارنا** (متعدی) **اترنا**
(لازم) **اتروانا** (جم) سر کٹوانا۔ **سر اٹھاتے ہی
پامال ہوجانا یا ہونا** (لازم) کسی کام کو شروع کرتے

ہی تباہ ہوجانا۔ **سر اٹھا کر (کے) چلنا** (لازم)
غرور کرنا۔ اترانا۔ **سر اٹھا کر دیکھنا** (متعدی) سر
اونچا کر کے نگاہ ڈالنا۔ **سر اٹھانا** (متعدی) ۱ سر اونچا
کرنا۔ جھکی ہوئی گردن اٹھانا ۲ شور و غل کرنا ۳ سر کو
ہٹانا یا سرکانا ۴ فتنہ برپا کرنا۔ بغاوت کرنا ۵ مقابل
ہونا۔ سامنے آنا ۶ اترانا۔ غرور کرنا۔ **سر اٹھانے
کی فرصت پانا** (لازم) آرام کرنے کے لئے نہایت
کم وقت ملنا۔ **سر اٹھانے کی فرصت نہیں**
ذرا بھی فرصت نہیں۔ سخت مشغولیت ہے۔ **سر
اٹھانے نہ دینا** (متعدی) ذرا بھی فرصت نہ دینا۔
سر اٹھنا (لازم) سر کا اونچا ہونا یا جنبش کرنا۔ **سر
اڑانا** (متعدی) **اڑجانا۔ اڑنا** (لازم) سر کٹ جانا۔
سر اکسانا (متعدی) ۱ سر اٹھانا ۲ ہوئے۔ **سر الانا**
(متعدی) سر اونچا کرنا۔ **سر الگ کر دینا۔ کرنا**
(متعدی) **ہوجانا۔ ہونا** (لازم) سر کٹ جانا۔
مرجانا۔ قتل ہوجانا۔ **سر اونچا کرنا** (متعدی) **ہونا**
(لازم) عزت ہونا۔ سرخ رو ہونا۔ **سر اوندھانا**
(متعدی) سر نیچا کرنا۔ **سر باندھنا** (متعدی) ۱ سر پر
پٹی یا رومال باندھنا ۲ سر گوندھنا ۳ (پٹہ بازی) سر کا
نشانہ باندھنا ۴ باگ اس طرح ہاتھ میں لینا کہ گھوڑے کا
سر سیدھا رہے۔ **سر برآوردان۔ سر
برآوردگان** (مذکر) سر برآوردہ کی جمع۔ **سر
برآوردان قوم** (مذکر) قوم کے لیڈر۔ سردار یا
رہنما۔ **سر بر ہونا** (لازم) پیش پانا۔ **سر بک بک
کے کھا جانا** (متعدی) اتنی باتیں کرنا کہ دوسرے
کے سر میں درد ہوجائے یا دوسرا تنگ آجائے۔ **سر
بگریباں ہونا** (لازم) شرمندہ ہونا۔ **سر بند ہونا**
(لازم) کچھ بن نہ آنا۔ بہت ڈرنا۔ لاچار ہونا۔ **سر
بوجھی** (ہ۔ مذکر) مزدور جو بوجھ سر پر اٹھائے۔ **سر
بھاری ہونا** (لازم) نزلے یا قبض کی وجہ سے
سر میں ہلکا ہلکا درد ہونا۔ **سر بیچ کر مول لینا**
(متعدی) جان کو خطرے میں ڈال کر حاصل کرنا۔ **سر
بیچنا** (متعدی) ۱ جان خطرے میں ڈالنا ۲ فوج کی
نوکری کرنا۔ **سر بیگار رہنا** (لازم) کسی کے ذمے
کوئی ایسا کام ہونا جو اسکو ناگوار ہو۔ **سر پانی سے
نکالنا** (لازم) غوطہ لگانے کے بعد سر پانی کے باہر
کرنا۔ **سر پاؤں** (مذکر) ۱ ابتدا۔ انتہا۔ آغاز ۲
کٹور۔ ٹھکانا۔ **سر پاؤں پر دھرنا یا رکھنا**
(متعدی) ۱ پاؤں پر گرنا ۲ عاجزی کرنا۔ منت

کرنا۔ سر پاؤں نہ ہونا (لازم) ۱ مہمل ہونا۔
بے معنی ہونا ۲ ٹھور ٹھکانا نہ ہونا۔ ابتر ہونا۔
سر پٹکتے پھرنا (لازم) بے سود آوارہ گردی
کرنا۔ بے فائدہ پھرنا۔ سر پٹکتے رہ جانا (لازم)
بے نتیجہ کوشش کرکے بیٹھ رہنا۔ سر پٹک کے
مر جانا (لازم) بے حد کوشش کرنا مگر کامیابی نہ
ہونا۔ بہت تلاش کرنا۔ سر پٹخنا یا پٹکنا (متعدی)
۱ سر دے دے مارنا ۲ تلملانا۔ جھنجلانا۔ گھبرانا ۳ واپس
کرنا۔ الٹا پھیرنا ۴ غصہ ہونا۔ خفا ہونا ۵ منت سماجت
کرنا ۶ کسی کام میں بہت محنت یا کوشش کرنا ۷ بہت
سوچنا۔ سر پر (تف) ۱ بہت قریب ۲ دم ۳ سر کے
اوپر۔ سر پر آ بننا (لازم) مصیبت نازل ہونا۔
سر پر آ پڑنا (لازم) ۱ نازل ہونا ۲ ذمے پڑنا۔ سر پر
آ پہنچنا (لازم) نزدیک یا قریب آنا۔ سر پر آ
چڑھنا (لازم) پیچھے پڑ جانا۔ سر پر آرے چلنا
(لازم) سخت مصیبت یا تکلیف ہونا۔ سر پر
آسیب۔۔۔ آنا چڑھنا۔ سوار ہونا یا کھیلنا
(لازم) آسیب ہونا۔ جن بھوت کا کسی میں حلول
کرنا۔ سر پر آفت آنا۔ پڑنا یا ہونا (لازم)
سخت مصیبت ہونا۔ سر پر آنا (لازم) قریب یا
نزدیک آنا۔ سر پر آنکھیں نہ ہونا (لازم) بے
عقل ہونا۔ سر پر اٹھا لیجانا (لازم) ۱ سر پر
رکھ کر لیجانا ۲ مر کر ساتھ لیجانا (ان معنوں میں
عموماً نفی کے ساتھ) سر پر اٹھا لینا یا اٹھانا
(لازم) ۱ سخت شور و غل مچانا ۲ کوئی چیز سر پر
رکھ لینا ۳ تعظیم کرنا۔ سر پر اجل کا کھڑا ہونا
(لازم) موت کا قریب ہونا۔ سر پر اجل کا
ہنسنا (لازم) موت کے آثار نمایاں ہونا۔ سر پر
اجل کھیلنا (لازم) ۱ قضا قریب ہونا ۲ شامت
آنا۔ کمبختی آنا۔ سر پر احسان دھر جانا یا دھرنا
یا رکھنا (لازم) احسان کرنا کسی پر۔ سر پر احسان
رہ جانا یا رہنا (لازم) احسان کا بدلا نہ ہونا۔
سر پر احسان کرنا (متعدی) ہونا (لازم) زیر
احسان ہونا۔ سر پر اللہ کا کلام لینا (متعدی)
قرآن کی قسم کھانا۔ سر پر بار لینا (متعدی) ذمہ
داری لینا۔ سر پر بار ہونا (لازم) ۱ بوجھ سر پر
ہونا ۲ ذمہ داری ہونا۔ سر پر بال ہونا (لازم)
۱ بولنے کی طاقت ہونا۔ مجال ہونا ۲ معمولی معنوں
میں۔ سر پر باندھنا (متعدی) پگڑی رومال

وغیرہ سر پر لپیٹنا۔ سر پر بٹھانا (متعدی) بہت
عزت کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔ سر پر بج رہی ہے
کام سر پر ٹھٹھا ہوا ہے۔ سر پر بلا آنا (لازم) مصیبت
آنا۔ سر پر بلا لانا (متعدی) مصیبت ڈالنا۔
سر پر بلا نازل ہونا (لازم) مصیبت آنا یا
پڑنا۔ سر پر بننا (لازم) مصیبت میں پھنسنا۔ سر
پر بوجھ پڑنا (لازم) ۱ کسی کا ممنون احسان ہونا ۲
ذمہ داری پڑنا۔ بار پڑنا ۳ فکر مند ہونا۔ سر پر
بوجھ لینا (لازم) ذمہ داری لینا۔ بار لینا۔ سر پر
بولنا (لازم) ۱ سانپ کے کاٹنے سے مرے ہوئے
نجومی کا منتر کے زور سے بولنا ۲ بھوت پریت کا
انسان کے جسم میں حلول کرکے باتیں کرنا۔ سر پر
بھوت سوار ہونا (لازم) ۱ آسیب ہونا ۲
پاگل ہونا۔ بدحواس ہونا ۳ بہت غصے ہونا۔
سخت ناراض ہونا۔ سر پر بیٹھنا (لازم) عزت و
تعظیم کا برتاؤ ہونا۔ سر پر پاؤں رکھ کر اڑ جانا
اڑنا۔ بھاگ جانا یا بھاگنا۔ سر پر پاؤں
رکھنا (لازم) بہت جلد بھاگ جانا۔ سر پر پاؤں کا
جوتا ٹوٹنا (لازم) خوب پیٹا جانا۔ اتنا جوتوں سے
پٹنا کہ جوتے ٹوٹ جائیں۔ سر پر پتھر ڈھونا
(لازم) سخت محنت کرنا۔ تکلیف اور تنگی میں زندگی
گزرنا۔ سر پر پریاں کھیلنا (متعدی) پریوں کا
سایہ ہونا۔ سر پر پڑنا (لازم) ۱ ذمہ ہونا ۲ مصیبت
نازل ہونا ۳ گزرنا۔ بیتنا۔ سر پر پہاڑ گرانا
(متعدی) گرنا (لازم) دفعتاً مصیبت آ پڑنا۔
سر پر پیچ پڑنا (لازم) سر پر مصیبت آنا۔ سر پر
تھالی پھرنا (لازم) بہت بھیڑ یا مجمع ہونا۔ سر پر
تیل ملنا (متعدی) ۱ سر کو تیل لگانا ۲ بیماری میں
ایسا کرتے ہیں۔ سر پر ٹوٹنا (لازم) سر پر مار کر
توڑا جانا۔ سر پر ٹیکا ہونا (لازم) ۱ عزت پانا ۲
شہرت یا ناموری پانا ۳ کسی کام کا کسی شخص پر انحصار
ہونا۔ سر پر جن چڑھنا یا سوار ہونا (لازم) دیکھو
سر پر بھوت الخ۔ سر پر جن کھیلنا (لازم) آسیب کا
سر پر کھیلنا۔ سر پر جنون چڑھنا یا سوار ہونا
(لازم) ۱ مجنون ہونا۔ دیوانہ ہونا ۲ کمال غصے ہونا۔
سر پر جوتا (جوتے) لگانا (متعدی) لگنا (لازم)
مارنا (متعدی) ۱ جوتوں سے مارنا ۲ بے عزت
کرنا۔ سر پر جہان بھر کا بیڑا اٹھا لینا (متعدی)
سخت ذمہ داری لینا۔ بڑا جھگڑا مول لینا۔ سر

پر چتر شاہی قربان ہونا (لازم) بادشاہ بننا۔
سر پر چڑھا رہنا (لازم) ۱ پیچھے لگا رہنا ۲ غالب
رہنا۔ مسلط رہنا۔ سر پر چڑھانا (متعدی) ۱ عزت
کرنا۔ توقیر کرنا ۲ منہ لگانا۔ یار بنانا ۳ بے تکلف یا بے
ادب بنانا۔ گستاخ کرنا (خصوصاً بچوں کو) ۴ اپنے
سے کمتر درجے کے آدمی کا بہتر بنانا۔ سر پر چڑھنا
(لازم) ۱ گستاخ ہونا ۲ منہ لگنا ۳ اترانا۔ غرور کرنا
۴ غالب ہونا۔ مسلط ہونا ۵ آسیب کا کسی میں
حلول کرنا۔ سر پر چکیاں چلنا (لازم) قریب
ہی سخت شور ہونا۔ سر پر چلانا (لازم) قریب
آکر شور مچانا۔ سر پر چھپر رکھنا (متعدی) ۱ کوئی
بڑا کام کسی کے ذمے ڈالنا۔ کسی قسم کا بوجھ ڈالنا ۲
احسان عظیم کرنا ۳ الزام لگانا۔ سر پر چھت
اٹھا لینا (متعدی) بہت شور مچانا۔ سر پر خاک
اڑانا یا ڈالنا کرنا (مت) (متعدی) ماتم کرنا۔
نوحہ کرنا۔ سر پر خون چڑھنا یا (سوار) ہونا
(لازم) قاتل کے چہرے یا افعال سے اس کا قاتل
ہونا ظاہر ہونا۔ سر پر خون لینا (متعدی) قتل کا
ذمہ دار ہونا۔ سر پر خون ہونا (لازم) قتل کا ذمہ
دار ہونا۔ سر پر دست شفقت رکھنا۔
(متعدی) پناہ میں لینا۔ سر پر دست شفقت
ہونا (لازم) مہربانی ہونا۔ پناہ میں ہونا۔ سر پر
دھرنا (لازم) ۱ ذمہ ہونا ۲ سر پر پہنانا یا پہننا۔
سر پر دھمال ہونا (لازم) ۱ قریب ہی شور و
غل یا ہنگامہ ہونا ۲ بہت سا بوجھ سر پر پڑنا ۳
سخت دقتیں ہونا ۴ بہت سے فقیروں کا جمع ہو کر
گردنا اور غل شور مچا کر بھیک مانگنا۔ سر پر ڈھول
بجانا (متعدی) بجنا (لازم) قریب ہی بہت
شور ہونا۔ سر پر ڈھول بجاؤ کچھ خبر نہیں
بڑا ہی غافل اور سست ہے۔ سر پر رکھ لینا
(متعدی) ۱ کوئی چیز سر پر اٹھانا ۲ بہت شور و
غل کرنا۔ سر پر رکھنا (متعدی) ۱ تعظیم کرنا۔
تعظیماً کوئی چیز سر پر دھرنا ۲ ذمہ ڈالنا ۳ سر پر
پہنانا یا پہننا۔ سر پر روز سیاہ لانا (متعدی)
شامت لانا۔ مصیبت لانا۔ سر پر رہنا (لازم)
۱ ہر وقت پاس رہنا ۲ نگراں رہنا۔ سر پر زخم
آنا (لازم) سر زخمی ہونا۔ سر پر زمین اٹھا لینا
(متعدی) بہت شور و غل کرنا۔ سر پر سایہ
رکھنا (متعدی) [illegible] یا ہونا (لازم) ولی یا

سرپرست کا زندہ رہنا۔ سر پر سفیدی آجانا
(لازم) بڑھاپے سے بالوں کا سفید ہوجانا۔ سر پر
سنیچر سوار ہونا (لازم) نحوست پڑنا۔ شامت
آنا۔ سر پر سوار رہنا (لازم) ۱ ہر وقت ساتھ
رہنا ۲ مسلط یا غالب رہنا۔ سر پر سوار کرنا
(متعدی) ۱ مسلط کرنا ۲ گستاخ کرنا۔ سر پر
سوار ہونا (لازم) ۱ مسلط ہونا ۲ آسیب کا
سایہ ہونا ۳ جنون کا غلبہ ہونا ۴ دھن ہونا کسی بات
کی۔ سر پر سودا چڑھنا (لازم) ضبط ہونا۔
دھن ہونا۔ سر پر سہنا (لازم) برداشت کرنا۔
سر پر سے صدقے اتارنا کرنا یا وارنا
(متعدی) سر کے گرد کوئی چیز پھرا کر خیرات کردینا
قربان کرنا۔ سر پر سے نکلنا (لازم) ۱ قریب
سے جانا۔ سرہانے کی طرف سے جانا۔ سر پر شیطان
چڑھنا یا سوار ہونا (لازم) ۱ سخت غصے
ہونا ۲ برے کام کی طرف رغبت ہونا ۳ زنا کے
لئے تیار ہونا۔ شرارت پر آمادہ ہونا ۴ کہا نہ ماننا
سر پر عذاب لینا (متعدی) گناہ کا کام کرنا۔
سر پر غل مچانا (لازم) قریب ہی بہت شور
کرنا۔ سر پر قدم (تف) بہت تعظیم کے موقع پر
کہتے ہیں (لینا کے ساتھ) سر پر قرآن اٹھانا
(لازم) رکھنا (متعدی) قرآن کی قسم دینا۔ سر پر
قیامت آنا یا ٹوٹنا (لازم) سخت مصیبت
پڑنا۔ آفت آنا۔ سر پر قیامت برپا کرنا
(متعدی) (برپا) ہونا (لازم) ۱ سخت مصیبت
آنا ۲ سخت ظلم ہونا ۳ بہت شور و غل ہونا۔
سر پر کالی ہانڈی رکھنا (متعدی) ۱ بے عزت
یا رسوا کرنا ۲ شرمندہ کرنا۔ سر پر کفن باندھنا
(متعدی) مرنے کے لئے تیار ہونا۔ سر پر کودو دل
دلنا (متعدی) ۱ دوسرے کو جلانے کے لئے کوئی کام
کرنا ۲ دوسری شادی کرلینا۔ سر پر کوئی نہ ہونا۔
(لازم) کوئی مربی یا سرپرست نہ ہونا۔ سر پر
کھڑا ہونا (لازم) ۱ بہت قریب ہونا ۲ سامنے
موجود ہونا۔ سر پر کھیلنا (لازم) ۱ آسیب کا سر پر
آکر باتیں کرنا ۲ قریب ہونا۔ سر پر آنا۔ سر پر
گٹھڑی رکھنا (متعدی) ۱ سر پر بوجھ رکھنا ۲
ذمہ داری ڈالنا۔ سر پر گناہ (گناہوں) کا بار (بوجھ) لیجانا
(لازم) مرنے کے وقت سر پر بہت سے گناہ ہونا۔
سر پر لاد کر لیجانا (لازم) مرتے وقت گناہوں کا
بوجھ سر پر لیجانا۔ سر پر لادنا (متعدی) کسی کے
ذمہ ڈالنا۔ سر پر لگانا۔ کوئی چیز سر پر مارنا۔
سر پر لئے پھرنا (متعدی) سر پر رکھ کر ادھر
ادھر لیجانا۔ سر پر لیجا کر کھڑا کردینا یا کرنا
(متعدی) روبرو لیجانا۔ سامنے لیجا کر دکھا دینا۔
سر پر لیجانا (متعدی) کوئی بار اپنے سر پر رکھکر
لے جانا۔ سر پر لینا (متعدی) اپنے ذمہ لینا۔
سر پر موت کا کھڑا ہونا۔ کھیلنا یا ہنسنا
دیکھو سر پر اجل الخ۔ سر پر محشر بپا رہنا (لازم)
۱ سخت تکلیف یا مصیبت میں رہنا ۲ سخت شور
مچا رہنا۔ سر پر مکان اٹھانا (متعدی) بہت
شور و غل کرنا۔ سر پر نقارہ بجنا (لازم) شور و
غل ہونا۔ نقارہ بجنا۔ سر پر نہ رہنا (لازم) مربی
یا وارث یا مددگار کا مرجانا۔ سر پر وارنا (متعدی)
صدقہ کرنا۔ تصدق کرنا۔ نچھاور کرنا۔ سر پر وبال
لینا (لازم) اپنے ذمے گناہ کا عذاب لینا۔ سر پر
ہاتھ پھیر دینا (متعدی) فریب سے یا بزور سب
لے لینا۔ سر پر ہاتھ پھیرنا (متعدی) دلاسا دینا۔
تشفی کرنا۔ سر پر ہاتھ دھر (رکھ) کے رونا
(لازم) سخت پچھتانا۔ بہت پریشان ہونا۔ سر پر
ہاتھ دھرنا یا رکھنا (لازم) ۱ مددگار یا سرپرست
بننا۔ حمایت میں لینا ۲ کسی کے سر کی قسم کھانا ۳ کسی
کی دلجوئی کرنا ۴ سلام کرنا۔ سر پر ہونا (لازم) ۱ مربی
تنعم ہونا ۲ حامی یا مددگار ہونا ۳ سہونا۔ فنے ہونا ۴ قریب
ہونا ۵ کسی چیز کا سر کے اوپر ہونا۔ سر پڑنا (لازم)
۱ ذمہ ہونا ۲ پیچھے پڑنا ۳ حصے میں آنا۔ سر پڑا
ہوا ہے۔ ذمہ ہو رہا ہے۔ سر پڑے کا سودا
(مذکر) ذمے پڑے کا معاملہ۔ مجبوری کا کام۔ سر
پکڑ کر بیٹھنا (لازم) مغموم ہونا۔ سر پکڑ کے
رونا (لازم) ۱ سر پر ہاتھ دھر کے رونا ۲ عورتیں
سخت سر درد کی حالت میں ایسا کرتی ہیں۔ سر
پکڑ کے رہ جانا (لازم) حیران رہ جانا۔ سر پکڑنا
(لازم) ۱ سر کو بوجھل بنانا ۲ تسلی دینا۔ مدد دینا۔
سر پلید ہونا (لازم) حیض سے ہونا۔ سر پھٹا پڑنا
یا جانا (لازم) سخت درد سر ہونا۔ سر پھٹ جانا
(لازم) سر پر زخم آنا۔ سر پھٹنا (متعدی) ۱ سر
ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا۔ مرجانا ۲ سر پر زخم آنا۔ سر
پھٹول۔ پھٹول (مونث) پھٹور (مذکر) ۱ لڑائی
جھگڑا ۲ سر پھوڑنا ۳ صاحب سلامت۔ سر پھرانا
(متعدی) بکواس کرکے اپنے یا سامع کے درد سر پیدا
کردینا۔ سر پھرا ہے۔ خبطی ہے۔ جنون ہوا ہے۔
سر چکرا جانا یا پھرنا (لازم) ۱ دماغ پریشان ہونا
۲ پاگل ہوجانا ۳ دوران سر شروع ہونا۔ سر پھر گیا۔
کہتے کہتے یا سنتے سنتے تھک گیا۔ سر پھوٹنا
(لازم) سر پر زخم آنا۔ سر زخمی ہونا۔ سر پھوڑے
ہے۔ سر میں درد ہے۔ سر پھوڑ کر لینا (متعدی)
دیکھو سر توڑ الخ۔ سر پھوڑنا (لازم) ۱ سر زخمی
کرنا ۲ سر دے مارنا ۳ غم وغیرہ سے اپنے آپکو
ہلاک کرنا ۴ فریاد کرنا ۵ لڑنا۔ جھگڑنا ۶ بیفائدہ کوشش
یا محنت کرنا۔ سر پھوڑی (مذکر) سخت درد سر۔
سر پھوڑے ڈالنا (لازم) سر پھوڑنے میں جلدی
کرنا۔ سر پھول گیا ۱ اوسان نہ رہے۔ بدحواس
ہوگیا ۲ (پ) سر میں پھنسیاں ہوگئیں۔ سر پھیرنا
(متعدی) سرکشی کرنا۔ سر پیٹا کر پچھتایا کر۔ افسوس
کیا کر۔ سر پیٹ کے رونا (لازم) سخت اضطراب
میں روتے ہوئے سر پیٹنا۔ سر پیٹ لینا (متعدی)
کسی نقصان کی وجہ سے یا غصے میں سر پہ ہاتھ مارنا۔
سخت رنجیدہ ہونا۔ سر پیٹنا (متعدی) ۱ ماتم کرنا
۲ غم و غصے میں اپنے سر میں ضرب مارنا۔ سر پیٹو
(امر) پچھتاؤ۔ افسوس کرو۔ سر پیر نہ ہونا (لازم)
بات کا مہمل ہونا۔ سر پیر ہونا (لازم) ابتدا و انتہا
ہونا۔ سر تن سے اتارنا (متعدی) سر کاٹنا۔ سر
توڑ کر (تف) جبراً۔ زبردستی (لینا کے ساتھ) سر
توڑ کوشش کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) بیحد
کوشش کرنا۔ سر توڑ کے لینا (متعدی) زبردستی
یا بہ زور کوئی چیز لینا۔ سر توڑنا (متعدی) سر کو زخمی
کرنا۔ سر تھام کے بیٹھ جانا (لازم) دیکھو سر
پکڑ الخ۔ سر تھام لینا (متعدی) کوئی بری خبر سنکر
یا سخت اضطرار کی حالت میں سر پکڑ لینا۔ سر
تھپ جانا (لازم) ذمہ لگ جانا۔ الزام آنا۔
سر تھکانا (متعدی) ۱ بہت سمجھانا ۲ کسی کام میں
بہت دماغی محنت کرنا۔ سر تھکنا (لازم) بہت دماغی محنت کرنا۔ سر
تھوپ لینا (متعدی) اپنے ذمہ لینا۔ سر تھوپنا (متعدی)
کسی کے ذمہ کرنا۔ الزام لگانا۔ سر ٹکرا کے مرجانا (لازم) حسرت
میں مرجانا۔ سر ٹکراتے پھرنا (لازم) سرگردان
پھرنا۔ سر ٹکرانا (متعدی) ۱ سر میں ٹکریں لگانا ۲
سخت جستجو کرنا۔ بہت کوشش کرنا۔ سر ٹوٹنا (لازم)
سر زخمی ہونا۔ سر ٹیکا ہونا (لازم) کام کا کسی پر

منحصر ہونا۔ سرکھٹھور۔ کھٹھول (ھ) وہ سلام
جو خلاف مرضی کی جائے۔ سرجانا (لازم) ۱ سر
کٹنا ۲ کسی کے ذمہ پڑنا۔ سرجڑا (صفت۔ علم نباتات)
جڑواں ہمزاد۔ سرجوڑکے بیٹھنا (لازم) مشورے
کے لئے اکٹھا ہونا۔ سرجوڑکے گزارا کرنا (متعدی)
اتفاق سے بسر کرنا۔ سرجوڑنا (لازم) ۱ سر کے ساتھ
سر لگانا ۲ مشورہ کرنا۔ سازش کرنا ۳ جمع ہونا۔
اکٹھا ہونا ۴ اتفاق ہونا۔ ایکا ہونا۔ سرجھاڑنا
(متعدی) کنگھی کرنا۔ سرجھکانا (متعدی) ۱ سر نیچا
کرنا ۲ سجدہ کرنا ۳ انکسار کرنا ۴ اطاعت کرنا ۵ ماننا
تسلیم کرنا ۶ پشیمان ہونا۔ سرجھکائے بیٹھا رہنا
(لازم) سخت متفکر ہونا۔ بہت فکرمند ہونا۔ سر
جھکنا (لازم) ۱ شرمسار ہونا ۲ سر نیچا ہونا ۳ عجز
کرنا ۴ ممنون احسان ہونا ۵ سجدے میں ہونا۔ سر
جیب خجالت سے نکالنا (متعدی) نکلنا
(لازم) شرمندگی دور ہونا۔ سرچپکنا (متعدی)
ذمہ کرنا۔ سرچڑھا (صفت) ۱ منہ لگا ۲ گستاخ
۳ مغرور۔ سرچڑھا رکھا ہے۔ بے خوف یا
گستاخ کر دیا ہے۔ سرچڑھا کر پٹکنا (متعدی)
عزت دے کر ذلیل کرنا۔ سرچڑھانا (متعدی)
۱ دیکھو سر پر چڑھانا ۲ سر نذر کرنا یا قربان کرنا۔
سرچڑھ کر (کے) (تف) ۱ نڈر ہوکر۔
بیباک ہوکر ۲ سر ہوکر۔ سر پر آکر ۳ خود چھیڑکر
۴ بغیر کسی اشتعال کے۔ سرچڑھ کے بولنا
(لازم) ۱ خود بخود ظاہر ہو جانا۔ چھپائے نہ چھپنا
۲ آسیب کا حلول کر کے باتیں کرنا۔ سرچڑھ
کے مرنا (لازم) اپنے مرنے کی ذمہ داری
دوسرے پر ڈالنا۔ سرچڑھ گیا۔ نڈر ہو گیا۔
بیباک ہو گیا۔ سرچڑھنا (لازم) ۱ دیکھو سر پر
چڑھنا ۲ مقابلہ کرنا۔ بحث کرنا ۳ ذمہ ہونا ۴ قرضے کا
زیادہ ہونا ۵ سوار ہونا۔ اوپر چڑھنا ۶ سر میں
اثر کرنا کسی تیز چیز کا۔ سرچپٹانا (متعدی) سر
کے بالوں میں تیل لگا کر ان کو جما دینا۔ سرچپکٹ
جانا یا چپکٹنا (لازم) تیل کی وجہ سے بالوں کا جم
جانا۔ سرچکرانا (متعدی) سر کا گھومنا۔ سرچلا
جاتا ہے۔ درد کے مارے سر گرا پڑتا ہے۔ سر
قابو میں نہیں ہے۔ سرچوٹ (مونث) عو ۱ چوٹ
لگ ۲ نہایت بار خاطر ۳ چڑ ۴ (تف) ابھی۔

فوراً۔ اسی وقت۔ سرچیرنا (لازم) ۱ سر زخمی
کرنا ۲ لڑنا۔ جھگڑنا ۳ اڑنا۔ ضد کرنا ۴ زبردستی
کرنا۔ سر ہونا۔ سر حاضر ہے۔ جان دینے
میں عذر نہیں۔ سرخالی کرنا (متعدی) بک بک
کے دماغ تھکا دینا۔ شور و غل کر کے دماغ خالی
کرنا۔ سردِکھانا (متعدی) جوئیں نکلوانا۔ سر
دُکھانا (متعدی) دکھنا (لازم) دردِ سر ہونا۔
سردھرا (صفت) ۱ مربی۔ استادی ۲ سرگروہ
۳ بڑا بوڑھا۔ سردھرنا (متعدی) ۱ کسی چیز پر
سر رکھ دینا ۲ ذمہ لگانا۔ سردُھن لینا (متعدی)
نہایت آزردہ ہونا۔ بیزار ہونا۔ سردُھننا
(متعدی) ۱ افسوس کرنا۔ پچھتانا ۲ غصہ یا حسرت
سے سر ہلانا ۳ بہت فکر کرنا ۴ ماتم کرنا۔ سردھونا
(متعدی) عورت کا نہانا۔ سر کو صابن وغیرہ سے
اچھی طرح صاف کرنا۔ سردے (دے) مارنا
(متعدی) سر پٹکنا۔ سردینا (لازم) ۱ قربان
ہو جانا۔ جان دینا ۲ سر اندر رکھنا۔ سر دیوار
سے ٹکرانا (متعدی) گھبراہٹ میں سر دیوار پر
مارنا۔ سخت گھبرانا۔ سرڈالنا (متعدی) ذمے
کرنا۔ سرڈلانا (ھ) دیکھو سر دھننا۔ سرڈوب
(صفت) ۱ سر سے اونچا (پانی) ۲ از سر تا پا غرق
۳ بھیگا ہوا۔ شرابور ۴ وہ جو کسی کیفیت میں محو
ہو ۵ وہ جو کسی رنگ میں ڈوبی ہو (چیز)۔ سر
ڈھانکنا (متعدی) ۱ سر پر کپڑا ڈالنا یا لینا ۲ ازالہ
بکر کرنا (طوائفوں کی اصطلاح) سرڈھنکنا (لازم)
دیکھو آخری۔ سرڈھکی (مونث) ۱ شب زفاف
۲ نکاح۔ سررنگنا (متعدی) ۱ سر سرخ کرنا مہندی
سے ۲ سر کو زخمی کرنا۔ سر رہنا (لازم) ۱ زندہ رہنا
سلامت رہنا ۲ ذمہ رہنا ۳ بڑی کوشش کرنا۔ پیچھے
جانا۔ سرزانو پر جھکانا (متعدی) سخت افسوس
میں ہونا۔ سرزانو پر جھکنا (لازم) فکر اور غور کا
عالم ہونا۔ سرزانو پر دھرا ہونا (لازم) غم و
اندوہ کا عالم ہونا۔ سرزانوئے تفکر پر جھکانا
(متعدی) بہت سوچنا۔ سرزنجیر (مذکر) ہتھکڑی
کی زنجیر کا وہ حصہ جسے پکڑتے ہیں۔ (پکڑنا تھام لینا
تھامنا وغیرہ کے ساتھ) سرزیرِ قدم ہونا (لازم)
کسی کے ماتحت ہونا۔ مغلوب ہونا۔ سر سامنے
کرنا (متعدی) پیار یا انعام کی کوئی چیز گلے میں
ڈلوانے کے لئے سر آگے کرنا۔ سر سپر کر دینا

(متعدی) سر آگے کر دینا۔ سرسفید کرنا (متعدی)
ہونا (لازم) ۱ بال سفید ہونا ۲ بوڑھا ہونا۔ سر
سکھانا (متعدی) بالوں کی نمی دور کرنا۔ سر
سلامت رہنا (لازم) زندہ رہنا۔ سر سلامت
رہے (دعا) صحیح و سلامت یا زندہ رہے۔ سر
سلامت ہونا (لازم) زندہ ہونا۔ سر سلامت
ہے تو بہت مل جائیں گے یا مل رہیں گے
زندہ رہے تو بہت کچھ حاصل ہوگا۔ سرسہرا رہنا
(لازم) ۱ کامیاب ہونا۔ کامیابی حاصل ہونا ۲
عزت ہونا۔ سرداری حاصل ہونا۔ سرسہرا
ہونا (لازم) کسی پر کام کا مدار یا کامیابی کا انحصار
ہونا۔ سرسہلانا (متعدی) ۱ سر پر ہاتھ پھیرنا ۲
خوشامد کرنا۔ سر سے (تف) ۱ سر کے ساتھ
۲ تعظیم سے۔ سر سے آسیب اتارنا (متعدی)
اترنا (لازم) ۱ بھوت پریت کا کلام کے زور سے
نکلنا ۲ غصہ دور ہونا۔ خوف دور ہونا۔ سر سے
اتارنا (متعدی) ۱ وارنا۔ صدقے کرنا ۲ آسیب کو
دور کرنا۔ سر سے اترنا (لازم) اتروانا (م م)
آسیب کو ملا وغیرہ کے ذریعے سے نکلوانا۔ سر سے
بلا ٹالنا (متعدی) ٹلنا (لازم) مصیبت دور
ہونا۔ آفت کا آکر چلا جانا۔ سر سے بوجھ اتارنا
یا ٹالنا (متعدی) اترنا (لازم) ۱ بوجھ کا نیچے
رکھا جانا ۲ ذمہ داری سے بچنا ۳ رفع الوقتی کرنا۔
سر سے بوجھ باندھنا (متعدی) کوئی خواہ مخواہ کا
خرچ اپنے ذمہ لینا۔ سر سے بیگار ٹالنا (متعدی)
ٹلنا (لازم) ناپسندیدہ کام کرنے سے بچ جانا۔
سر سے پانی اونچا ہونا یا گزرنا (لازم) کسی
امر کا انتہا کو پہنچ جانا۔ سر سے پاؤں تک (تف)
۱ شروع سے اخیر تک۔ نیچے سے اوپر تک۔ ابتدا
سے انتہا تک ۲ بالکل۔ تمام۔ سر سے پاؤں تک
(آگ) لگنا (لازم) سخت غصے ہونا۔ غصے سے
بھر جانا۔ سر سے پاؤں تک بلائیں لینا
(متعدی) سارے جسم کی بلائیں۔ سر سے
پاؤں تک مسلح ہونا (لازم) مکمل طور پر ہتھیار
بند ہونا۔ سر سے پٹک جانا (متعدی) ۱ واپس
کر دینا ۲ زبردستی کسی کے ذمہ ڈالنا۔ سر سے
پہاڑ ٹالنا (متعدی) ٹلنا (لازم) مصیبت کا
رفع ہو جانا۔ سر سے پیدا ہونا (لازم) بچہ کا
پیدائش کے وقت سر کی طرف سے باہر آنا۔ سر

سے تنکا اتارنا (متعدی) خفیف احسان
کرنا۔ سر سے تنکا اتارنے کا احسان ماننا
(متعدی) تھوڑے سے احسان کا مشکور ہونا۔
سر سے توڑنا (متعدی) ۱ سر پر مار کے توڑنا
۲ اپنا سر مار کے کسی چیز کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ سر
سے ٹالنا (متعدی) ٹلنا (لازم) پیچھا چھوڑنا۔
دفع ہونا۔ سر سے جانا (لازم) کمال تعظیم سے
جانا۔ سر کے بل جانا۔ سر سے جن اتارنا (متعدی)
اترنا (لازم) دیکھو سر سے آسیب الخ۔ سر سے
چلنا (لازم) تعظیم یا اشتیاق سے جانا۔ سر سے
حاضر ہونا (لازم) خوشی سے یا مودب حاضر
ہونا۔ سر سے خون جاری ہونا (لازم) سر
پھٹ جانے یا زخمی ہو جانے کی وجہ سے خون کا
نکل کر بہنا۔ سر سے سایہ آتارنا (متعدی) اترنا
(لازم) آسیب دور ہونا۔ سر سے سایہ اٹھانا
(متعدی) اٹھنا (لازم) کسی بزرگ کا مر جانا۔
متعدی صرف خدا کے لئے استعمال ہوتا ہے سر
سے سر جوڑنا یا ملانا (متعدی) دوسرے کے
سر کے قریب اپنا سر لانا۔ سر سے صدقے اتارنا
(متعدی) سر پر وارنا۔ سر سے قدم تک (تف)
دیکھو سر سے پاؤں تک۔ سر سے قدم تک
بلائیں لینا (متعدی) کل بدن کی بلائیں لینا۔
سر سے کفن باندھنا (لازم) مرنے کے لئے
تیار ہو جانا۔ مسلمانوں کا دستور ہے کہ لڑائی میں جہاں
فتح کی امید کم ہو۔ سر پر کفن لپیٹ لیتے ہیں تا کہ
مر جائیں تو اس میں ان کی لاش دفن ہو۔ سر
سے کنارہ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مرنا۔
جان دینا۔ سر سے کواں کھودنا (متعدی) بہت
مشقت سے کام کرنا۔ ناممکن کام کرنا۔ سر سے
کھیل جانا (لازم) ۱ مرنے کے لئے تیار ہو جانا
۲ سخت دلیری کا کام کرنا۔ سر سے کھیلنا (لازم)
آسیب زدہ کا سر کو ہلانا اور بیہوشی کی حالت میں
باتیں کرنا۔ سر سے گزر جانا (لازم) ۱ پانی کا سر
سے اوپر یا ڈباؤ ہونا ۲ ہلاک ہونا۔ مر جانا۔ زندگی
سے دست بردار ہونا۔ سر سے لگا کر پاؤں
تک (مت) سر سے پاؤں تک۔ سر سے
لگانا (متعدی) ۱ محبت سے پیار کرنا ۲ تعظیم
کرنا۔ سر سے لگنا یا لگی ہونا (لازم) غصے ہونا

ناراض ہونا۔ بیحد ناگوار گزرنا۔ سر سے مارنا
(متعدی) ۱ ناراض ہو کر کوئی چیز واپس کرنا ۲ بے
دلی سے کوئی چیز دینا ۳ بیفائدہ ذمہ ڈالنا ۴ سر پر
مارنا۔ پھینک دینا ۵ سر سے ٹکرانا۔ سر سے میلا ہونا
(لازم) حیض کی حالت میں ہونا۔ سر سینگ
(ھ) جھگڑالو۔ فسادی۔ باغی۔ سر سینگ ہونا
(لازم) خاص نشانی ہونا۔ سر سینے سے لگانا
(متعدی) پیار کرنا۔ سر سے وارنا (متعدی)
نثار کرنا۔ صدقے کرنا۔ سر سے وبال اترنا
(لازم) کسی جھگڑے قضیے یا مصیبت سے رہائی ہونا۔
سر سے ہوش جانا (لازم) عقل نہ رہنا۔ گھبرا
جانا۔ سر صدقے (عو) بلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔
کوئی چیز کھو گئی ہو یا کچھ نقصان ہو گیا ہو تو کہتی ہیں۔
سر عذاب لینا (متعدی) ۱ کسی مشکل کام کو اپنے
ذمے لینا ۲ کوئی گناہ کا کام کرنا۔ سر فدا کرنا
(متعدی) کسی کی حمایت میں جان دینا۔ کسی کے واسطے
مرنا۔ سر قدم پر رکھنا (متعدی) ۱ پاؤں پر سر رکھنا
۲ منت کرنا ۳ بہت عزت کرنا۔ سر قلم کرنا (متعدی)
ہونا (لازم) سر کٹنا۔ سر کا بوجھ اتارنا (متعدی)
۱ ذمہ واری سے سبکدوش ہونا۔ بری الذمہ ہونا ۲
کوئی کام لاپروائی سے کرنا۔ سر کا بوجھ اترنا (لازم)
دیکھو آخری ۱ سر کا بوجھ پاؤں پر آتا ہے۔ بزرگان
رفتہ کا قرض پسماندہ خوردوں کو بھگتنا پڑتا ہے۔ سر کا
بوجھ ٹالنا یا ڈالنا (متعدی) بے دلی سے کوئی کام
کرنا۔ سر کا پسینا (ایڑی کو، پاؤں پر آنا تک
بہنا یا کو آنا) (لازم) سخت محنت کرنا۔ محنت
شاقہ برداشت کرنا۔ سر کاٹ کر بھیجنا (متعدی)
سر کو بدن سے علیحدہ کر کے بھیجنا۔ اگلے زمانے میں
بادشاہوں کے دشمنوں کا سر علیحدہ کر کے ان کے پاس
بھیجا کرتے تھے۔ سر کاٹ لینا یا کاٹنا (متعدی)
سر قلم کرنا۔ قتل کرنا۔ سر کا چھدا اتارنا (متعدی)
۱ احسان اتارنا ۲ شکوہ یا گلہ رفع کرنا۔ سر کا ڈھنا
(ھ) سر کا لا۔ مشہور ہونا۔ سر کا طالب ہونا
(لازم) قتل کے درپے ہونا۔ سر کا گوہ کھاتے
پھرنا (لازم) سر کٹ جانا اور زمین پر پڑا رہنا۔
سر کا نہ پاؤں کا (صفت) بے سروپا۔ لغو۔ سر کا
وبال ہونا (لازم) دوبھر ہونا۔ سر کٹا (صفت)
بے سر جس کا سر کٹا ہو۔ سر کٹانا (متعدی) ۱ سر علیحدہ
کرانا ۲ جان دینا۔ مرنا۔ سر کٹ جانا۔ کٹنا (لازم)

۱ سر الگ ہونا ۲ مرنا۔ ہلاک ہونا ۳ سر کا زخمی ہونا۔
سر کٹوانا (متعدی) سر کٹانا یہ زیادہ فصیح ہے۔ سر
کچلنا (لازم) ۱ سر کو کسی چیز سے زور سے ملنا کہ سر
پھوٹ جائے ۲ سزا دینا ۳ اصلی قوت ضائع کر دینا۔
سر کرنا (متعدی) ۱ ذمے کرنا۔ ذمہ وار بنانا ۲ لڑانا
بھڑانا ۳ سر اندر کھسیڑ دینا ۴ چوٹی گوندھنا ۵ تاش
یا گنجفے کی بازی دوسرے سے جیتنا ۶ زبردستی دینا۔
گلے مڑھنا۔ سر کو آنا (لازم) پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔
سر کو بتا کر کہیں اور مارنا (متعدی) سر کی طرف
اشارہ کر کے کسی دوسری جگہ لگانا۔ پٹے بازوں کی اصطلاح
ہے کہیں ۔ سر کی بجائے بدن کے کسی حصے کا نام۔ جیسے
سینے پر۔ سر کو بتانا (لازم) پٹے بازی کی اصطلاح
سر کی طرف اشارہ کرنا۔ سر کو رے استرے
سے منڈوانا (مر) مونڈنا (متعدی) دیکھو کورے
استرے الخ۔ سر کو زمین پر پٹکنا (متعدی) بہت
کوشش کرنا۔ سر کو قدم کرنا (متعدی) بہت جلد
گرتے پڑتے کے ساتھ آنا۔ سر کھا لے۔ خوب پریشان
کر لے۔ سر کھانا (متعدی) غل یا شور مچانا۔ سر کہاں
پھوڑوں۔ کہاں تلاش کروں۔ کس سے فریاد کروں۔
سر کھاؤ۔ پیچھا چھوڑو۔ دفع ہو (اپنا کے ساتھ) سر
کھپ (صفت) ۱ وہ جو ہر کام کو سخت مشقت سے
سے کرے ۲ وہ جو زندگی کی پروا نہ کرے ۳ بہادر۔
دلیر۔ ہمت ۔ سر کھپانا (متعدی) کسی کام میں بہت
کوشش کرنا۔ سر کھپی (مونث) سر توڑ کوشش۔
(کرنا کے ساتھ) سر کھجانا (لازم) ۱ سر کو انگلیوں کے
سروں یا ناخنوں سے ملنا ۲ شامت آنا۔ مار کھانے کو
دل چاہنا۔ سر کھجانے کی فرصت (مہلت)
نہ ہونا (لازم) بہت مصروف ہونا۔ سخت مشغول
ہونا۔ سر کھلا (صفت) ۱ برہنہ سر ۲ (مذکر) جس روز
دلہن بیاہ کر آتی ہے۔ اس سے ن گلے دن دلہن کو نہا کر
پوشاک بدلواتے ہیں۔ برادری کی مستورات جمع ہوتی
ہیں۔ گانا بجانا ہوتا ہے اس محفل کو سر کھلا کہتے ہیں۔
سر کھل گیا۔ سر پھٹ گیا یا زخمی ہو گیا۔ سر کھلنا
(لازم) کھولنا (متعدی) ۱ سر ننگا کرنا ۲ بال پھیلانا۔
چوٹی کھولنا ۳ (پ) سر توڑنا کوئی سخت چیز مار کر۔
سر کھینچنا (متعدی) ۱ سرکشی کرنا (مت) ۲ طول
کھینچنا ۳ سر ایک طرف کر لینا۔ سر کی آفت
ٹلنا (لازم) مصیبت دور ہونا۔ سر کے بل (بھل)
(تف) ۱ سر کے سہارے ۲ سر کی طرف سے ۳ ادب

کے ساتھ۔ تعظیم کرنا۔ (جانا چلنا گرنا وغیرہ کے ساتھ) سر کی بلی جان پر آئی ۱۔ ایک طرف مصیبت ٹلی دوسری طرف سے آئی ۲۔ بجائے کسی کے سر کی بلی میری جان پر آئی۔ سر کے زور (تف) پوری کوشش سے۔ سر کے ساتھ ہے۔ زندگی کے ساتھ وابستہ ہے۔ سر کی سدھ نہ پاؤں کی بدھ۔ کچھ ہوش نہیں۔ لاپرواہ آدمی ہے۔ خراب حالت ہے۔ سر کی سوں (مت) یا قسم (مونث) ۱۔ ایک قسم کی قسم ۲۔ کھانا کے ساتھ اور (دینا۔ کھانا۔ کھانا لینا کے ساتھ) سر کی کھانا (متعدی) سر پر چوٹ لگنا۔ سر گرانا (متعدی) گرنا (لازم) ۱۔ سر کٹنا ۲۔ سر زمین کی طرف جھکنا۔ سر گاڑی پیر پہیا کرنا (متعدی) نہایت محنت مشقت کرنا۔ نہایت سخت کام کرنا۔ سر گری (ھ۔ مونث) مرغ کی کلغی۔ پرند کی کلغی۔ سر گریباں میں ڈالنا (متعدی) ۱۔ شرمندہ ہونا ۲۔ متفکر ہونا۔ سر گریبان میں ہونا (لازم)۔ متفکر ہونا۔ سر گنجا کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) ۱۔ بہت پٹنا ۲۔ مفلس ہونا۔ سر گوڈوں میں دینا (متعدی) دیکھو سر گھٹنوں میں دبنا۔ سر گندھنا (لازم) گوندھنا (متعدی) چوٹی کرنا۔ سر کے بالوں کی مینڈھیاں بنا کر باندھنا۔ سر گوندھی (ھ۔ مونث) ہندوؤں میں ایک رسم جب پہلے پہل سر گوندتے ہیں۔ سر گھٹنوں میں دینا (متعدی) ۱۔ بے دل یا شکستہ دل ہونا ۲۔ متفکر ہونا ۳۔ رنجیدہ ہونا ۴۔ شرمندہ ہونا ہندی میں گھٹنوں کی بجائے گوڈوں بھی کہتے ہیں۔ سر گھومنا (لازم) ۱۔ دوران سر ہونا ۲۔ پاگل ہو جانا۔ سر پھرنا۔ سر لال کرنا (متعدی) دیکھو سر رنگنا۔ سر لانا (متعدی) کسی کا سر کاٹ کر پیش کرنا۔ سر لڑانا (متعدی) لڑنا (لازم) سر سے سر کا ٹکرا جانا۔ سر لگا دیا ۱۔ بھڑا دیا ۲۔ تہمت لگا دی۔ سر لگانا (متعدی) لگنا (لازم) ۱۔ ذمہ لگنا۔ الزام لگنا ۲۔ سر قریب ہونا۔ سر چھونا۔ سر کی شرط لگنا جو ہارے مر جائے۔ سر لے کر آنا (لازم) کسی کا سر کاٹ کر پیش کرنا۔ سر لینا (متعدی) ذمہ لینا سر ماتھا (ھ) مرضی۔ مان کر سر ہلانا۔ سر ماتھے پر (تف) بسر و چشم۔ سر مارتے پھرنا (لازم) سرگرداں پھرنا۔ سر مارنا (متعدی) ۱۔ بہت کوشش کرنا ۲۔ سمجھانا ۳۔ حیران ہونا۔ دق ہونا ۴۔ چیخنا۔ چلانا ۵۔ ناراضگی سے واپس کرنا ۶۔ ذمہ ڈالنا ۲۔ جان لڑانا ۳۔ سر کو کسی چیز سے ٹکرانا ۴۔ بہت تلاش کرنا۔ سر مٹکانا (متعدی) طنز سے سر ہلانا۔ سر مڑھنا (متعدی) کسی کے ذمہ لگانا۔ سر مغزن (مونث) بکواس۔ بک بک (رہنا ہونا کے ساتھ) سر مغزن کرنا (متعدی) ۱۔ کسی کام میں تردد کرنا ۲۔ بکواس کرنا۔ سر ملنا (متعدی) سر دھونا (مت)۔ سر منڈانا (متعدی) ۱۔ سر کے بال استرے سے اتروانا ۲۔ جوگی یا فقیر بننا ۳۔ دھوکے میں آکر لٹ جانا۔ سر منڈوا دینا یا منڈوانا (م) ۱۔ دیکھو آخری ۲۔ ایک قسم کی سزا ۳۔ ہندوؤں میں بعض جگہ بیوہ عورت کا سر منڈا دیتے ہیں۔ سر منی (ھ) ایک ہیرا یا زیور جو کلغی میں لگاتے ہیں۔ سر منی (ھ) وہ عورت جس کا سر منڈا ہوا۔ سر مونڈا (صفت) وہ جس کے سر کے بال منڈے ہوں ۲۔ نگوڑی۔ سر مونڈا جانا (لازم) مونڈ دینا۔ مونڈنا (متعدی) ۱۔ سر کے بال اتارنا ۲۔ لوٹنا۔ ٹھگنا ۳۔ ایک قسم کی سزا۔ سر مونڈی (مونث) سر مونڈا کی۔ سر میلا ہونا (لازم) حیض سے ہونا۔ سر میں بال ہونا (لازم) طاقت ہونا۔ برداشت کرنے کی طاقت ہونا۔ سر میں کچھوڑا نہیں ہے۔ ناحق کی تکلیف کیوں اٹھاؤں۔ سر میں تکبر (بھرا) ہونا (لازم) مغرور ہونا۔ سر میں تیل پڑنا (لازم) ڈالنا یا لگانا (متعدی) بالوں کو تیل لگانا۔ سر میں خاک ڈالنا (متعدی) ماتم کرنا۔ رونا۔ پیٹنا۔ سر میں خناس سمانا (لازم) غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔ سر میں درد اٹھنا (لازم) درد سر ہونا یکایک سر میں درد شروع ہونا۔ سر میں درد ہونا (لازم) درد سر ہونا۔ سر میں دھمک ہونا (لازم) کسی زور کی آواز کا دماغ پر اثر پڑنا سر میں ڈالنا (متعدی) سر کو لگانا۔ سر میں ڈالے گا۔ کس کام آئے گا۔ کیا کرے گا۔ سر میں سفیدی آنا (لازم) بال سفید ہونا۔ بوڑھا ہونا۔ سر میں سودا ہونا (لازم) خبط ہونا۔ کسی بات کی دھن ہونا۔ سر میں سینگ نکلنا یا ہونا (لازم) کوئی خاص بات ہونا۔ بے وجہ یا بے سبب کسی کو تکلیف یا ایذا دینا یا جھگڑنا۔ سر میں غرور (بھرا) ہونا (لازم) متکبر ہونا۔ مغرور ہونا۔ سر میں کھانا (متعدی) جوتی کو سر پر لینا۔ سر میں ہوا بھرنا (لازم) دھن سمانا۔ سر نانا (ھ) سر جھکانا۔ سر نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) کسی چیز میں سے سر باہر آنا جیسے لحاف پانی وغیرہ سے ۲۔ بڑھنا۔ ترقی ہونا۔ سر نکالو ہے۔ سب سے بڑھا ہوا ہے۔ سر ننگا (صفت) سر برہنہ (کرنا ہونا کے ساتھ) سر ننگے (تف) برہنہ سر۔ سر نوانا (متعدی) سر جھکانا۔ عاجزی کرنا۔ سر نہ اٹھانا (لازم) ۱۔ سرکشی نہ کرنا ۲۔ چپکے بیٹھا رہنا ۳۔ مقابلے میں نہ آنا۔ سر نہ اٹھانے دینا (متعدی) ۱۔ سرکشی نہ کرنے دینا ۲۔ دم بھر کی مہلت نہ دینا۔ کام میں لگائے رکھنا۔ سر نہ پیر (پاؤں) ۱۔ بے تکا۔ بے ترتیب ۲۔ آغاز نہ انجام۔ سر نہ کھاؤ۔ پیچھے نہ پڑو۔ جاؤ اپنا رستہ لو۔ سر نہوڑانا (متعدی) شرمندگی سے سر نیچا کرنا۔ سر نہیں اٹھ سکتا ۱۔ بار احسان سے سبکدوشی نہیں ہوتی ۲۔ آنکھیں چار نہیں ہو سکتیں ۳۔ سخت درد سر ہے۔ سر نہیں پھر رہا۔ باؤلا نہیں ہوں کہ ایسا کام کروں۔ سر نیچا کرنا (متعدی) ۱۔ سر کو جھکانا ۲۔ شرمندہ کرنا ۳۔ اداس ہونا۔ سر نیچا ہونا (لازم) ۱۔ شرمندہ ہونا ۲۔ مغلوب ہونا۔ زک اٹھانا۔ سر و بال دوش ہونا (لازم) جان سے تنگ آنا۔ مرنے پر آمادہ ہونا۔ سروں (مذکر) سر کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ سروں پر تھالی پھرنا (لازم) سخت بھیڑ ہونا۔ سر ہاتھ پر لئے پھرتا ہے۔ لڑنے مرنے سے نہیں ڈرتا۔ سر ہاتھ پر رکھنا۔ سر ہتھیلی پر دھرنا یا رکھنا (متعدی) قتل ہونے پر آمادہ ہونا۔ جان دینے کیلئے تیار ہونا۔ سر ہاتھ پر لئے ہونا (لازم) سر کف ہونا۔ مرنے کے لئے تیار رہنا۔ سر ہتھیلی پر رہنا (لازم) مرنے پر تیار رہنا۔ سر ہتھیلی پر لئے بیٹھنا یا پھرنا۔ لینا یا ہونا (لازم) مرنے پر تیار یا آمادہ ہونا۔ سر ہلانا (متعدی) ۱۔ سر کو جنبش دینا ۲۔ ہاں یا نہ اشارے سے کرنا ۳۔ اشارے سے تعریف کرنا۔ سر ہلنا (متعدی) سر کا جنبش کرنا۔ بڑھاپے بیماری یا تعریف یا ہاں یا نہ کرنے کے لئے۔ سر ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱۔ ذمہ ہونا۔ چھپنا ۲۔ پیچھے پڑنا ۳۔ گلے کا ہار ہونا۔ چمٹنا ۴۔ کسی کام میں بہت مصروف ہونا ۵۔ تہمت لگنا۔ الزام لگنا ۶۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔ سری (مونث) بھیڑ بکری وغیرہ کا سر

جو پکاتے ہیں۔ سرے (مذکر) ۱۔ سرا کی جمع ۲۔ بجائے
سرا حروف مغیرہ سے پہلے ۳۔ (تف) فی کس۔ فی
آدمی۔ سری پائے (مذکر) بھیڑ بکری وغیرہ کے
سر اور چاروں پاؤں جو پکائے جاتے ہیں۔ سرے پر
(تف) کنارے پر۔ سری ٹیک (مذکر) سر کو
زمین پر عجز و انکسار یا عزت و پرستش کے خیال سے
رکھنا ۲۔ کشتی کا ایک پیچ جس میں سر زمین پر رکھ کر
حریف کو الٹ دیتے ہیں۔ سرے سے (تف)
شروع سے۔ کنارے سے۔ نوک سے۔ سرے
سے دہرانا (متعدی) شروع سے سارا حال
کہنا۔ سرے کا۔ سرے والا (صفت) شروع کا
کنارے کا۔

امثال و اقوال۔ سر اٹھا کر
چلا اور ٹھوکر کھا کر گرا۔ تکبر سے ذلت اور
رسوائی ہوتی ہے۔ سر بڑا سردار کا پیر بڑا
گنوار کا۔ بڑے آدمیوں کے سر بڑے ہوتے ہیں
اور گنواروں کے پاؤں۔ سر پر آرے چل
گئے تو بھی مدار ہی مدار۔ سخت تکلیف اٹھائی
مگر اپنی ہٹ سے باز نہ آئے۔ سر پر پگڑی نہیں
گلال ڈالنے آیا۔ جو اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام
کرے اس کے متعلق کہتے ہیں۔ سر پر جوتی ہاتھ
میں روٹی۔ بے عزتی ہو کھانے کو مل جائے۔ سر تو
نہیں پھرا ہے۔ کیوں بک بک کر رہا ہے۔
سر تو نہیں کھجایا ہے۔ مار کھانے کو دل چاہتا ہے
سر جائے بات میں فرق نہ آئے۔ قول پورا
کرنا چاہئے۔ چاہے جان پر بن جائے۔ سر جھاڑ
منہ پہاڑ۔ سر کھلا ہوا منہ سوجا ہوا۔ دیوانہ وار
وحشیانہ۔ سر دیا اوکھلی میں تو دھمکوں کا کیا
ڈر، موسلوں سے کیا ڈرنا۔ دیکھو اوکھلی میں
سر۔ سر سجدے میں گانڑ دغابازی میں
(عف) سر سجدے میں من بدیوں میں۔
ریاکار آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ ہر سر عقل گر گر
بذیا۔ ہر ایک کی عقل اور علم جدا جدا ہے۔ سر سلامت
تو پگڑی پچاس۔ جیتے رہیں تو بہت کچھ مل
رہے گا۔ نقصان ہونے کے موقع پر کہتے ہیں۔ سر
دھلائے (سہلائے) سہلاوے بھیجا
(کھائے) کھاویں ۱۔ دوستی کے پردے میں دشمنی
کرتا ہے ۲۔ چکنی چپڑی باتیں کرکے مال اڑاتا ہے۔ سر
سے اترے بال گوئیں جاؤ یا موت میں۔

جس بات کو چھوڑ دیا پھر اس سے کیا تعلق۔ سر سے
خایہ بھاری۔ اصل سے فرع زیادہ۔ سر سے
سر واہا ہے۔ سر کے ساتھ پگڑی ہے۔ سردار کے
ساتھ حکومت ہے۔ سر سے کفن باندھے پھرتے
ہیں۔ لڑنے مرنے پر تیار ہیں۔ سر کا بال گھر کی
کھیتی ہے۔ جب چاہا بڑھا لیا جب چاہا کاٹ
دیا۔ سر کا پاؤں اور پاؤں کا سر۔ الٹی بات
سر کالا منہ بالا۔ جوانی میں رعب اور ہیبت
ہوتی ہے۔ سر کا نہایا پاک۔ مکمل نہانے سے
انسان پاک ہو جاتا ہے ۲۔ جو فیصلہ حاکم اعلیٰ کرے
وہ درست۔ سر کے بدلے سر گیا داڑھی
گئی انسٹ۔ ایک نقصان اٹھا چکے تھے اب
ایک نقصان اور ہوا۔ سر گاڑی پیر پہیہ کرے
تو روٹی ملتی ہے۔ محنت کرنے سے روٹی حاصل
ہوتی ہے۔ سر گاڑی پیر پہئے۔ ہمیشہ آوارہ پھرنے
والے کے متعلق کہتے ہیں۔ سر کالا منہ بالا۔ سر
سفید ہو گیا مگر جوانوں کی طرح حرص کی باتیں کرتا
ہے۔ سر کالا منہ کالا۔ بوڑھا ہو کر بھی بدکاری
سے باز نہیں آتا۔ سر منڈاتے ہی اولے
پڑے۔ کام شروع ہوتے ہی خرابی ہوئی۔ سر منڈا کے
کیا گھٹنا منڈاؤ گے۔ کیا سب کچھ کھو بیٹھنے کا
ارادہ ہے۔ فضول خرچ سے کہتے ہیں۔ سر مونڈ کر
کیا گھٹنا مونڈے گا۔ اور اب اس سے زیادہ
کیا کرے گا۔ سر میں آگ لگی تلووں میں بجھی
کمال طیش آیا۔ سخت غصہ آیا۔ سر میں بال نہیں
بھال سے لڑائی۔ کمزور ہو کر زبردست سے
مقابلہ کرتا ہے۔ سر نقد لونگی ادھار۔ پہلے کام
کر دو پھر اجرت ملے گی۔ سر نہیں یا سر وہی نہیں
۱۔ ہرگز اپنا حق نہیں ضائع ہونے دیں گے ۲۔ موت یا
عزت۔ سرے ہی کی بھیڑ کانی۔ شروع سے
ہی کام خراب۔

سِرّ (ع۔ مذکر) اردو میں بہ سکون
را۔ راز۔ بھید۔ سِرّ السّت۔ دیکھو السّت
سِرّاً وجہراً یا علانیاً (تف) خفیہ اور ظاہر۔ سِرّ
خفی (مذکر) پوشیدہ راز۔ سِرّ کی بات کہنا (متعدی)
بھید ظاہر کرنا۔ راز کی بات بتانا۔ سِرّاً و علن (صفت)
پوشیدہ اور کھلا کھلا۔ سِرّ ہونا (لازم) راز ہونا۔ بھید
ہونا۔

سُر (ہ۔ مونث) ۱۔ آواز۔ تال ۲۔
ماہران علم موسیقی نے آواز کے سات درجے مقرر کئے
ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کو سر کہتے ہیں۔ وہ یہ ہیں۔
سا۔ رے۔ گا۔ ما۔ پا۔ دھا۔ نی ۳۔ نغمہ۔ گانا۔ گیت
۴۔ شہنائی کے ساتھ جو موٹی آواز کی چیز بجائی جائے
۵۔ وہ ہوا جو نتھنوں سے نکلے ۶۔ وہ آواز جو ناک سے
سانس نکلنے میں ہوتی ہے۔ خراٹا ۷۔ نون غنہ کی آواز
۸۔ حرف علت۔ سوا ۹۔ شہد کی بڑی مکھی (س سو بہ
بولنا) سر بدیا (ھ) علم صوت۔ سر جمانا (متعدی)
ساز کا سر کے موافق کرنا۔ آواز ملانا۔ سر ملانا۔ سُر
سندھی (ھ) ۱۔ حروف علت کا میل ۲۔ حروف
علت کو ملانے کے قواعد۔ سر شوتر (ھ) قواعد
صوت۔ سُر سے (تف) آواز ملا کر۔ سُر ملانا
(متعدی) سر جمانا۔ سُر ملنا (لازم) ۱۔ آواز ملنا۔
تال ملنا ۲۔ تال میل ہونا۔ سُر ودیا (مونث) علم
صوت۔ سریلا (صفت) خوش آواز یا گلے والا۔
سریلا پن (مذکر) خوش آوازی۔ لے۔ سُر لی
(مونث) سریلائی۔ سُر لی آواز (مونث) میٹھی
آواز۔ وہ آواز جس میں سارے سُر ٹھیک ٹھیک
ہوں۔

مثل۔ سر میں اللہ بسے (ھ)
گانے میں خدا بستا ہے۔ گانا بہت عجیب چیز ہے۔

سُر (ف۔ مونث) ایک قسم کی
مچھلی جس کی ایک ہڈی تلوار کی طرح بڑھی ہوئی ہوتی
ہے۔

سُر (س۔ مذکر) ۱۔ دیوتا ۲۔ فرشتہ ۳۔
سورج ۴۔ شمالی کرے کے ستارے ۵۔ عدد تینتیس۔
سُراری (مذکر) ۱۔ دیوتاؤں کا دشمن ۲۔ اسر۔ راکھشس
جھینگر کی آواز۔

سَرا (ف۔ مونث) ۱۔ مکان۔ گھر۔
خانہ۔ مرکبات میں جیسے دولت سرا۔ مہمان سرا ۲۔
مسافر خانہ (س وشرند۔ تھرا) سرابستان (مذکر)
باغ جو مکان کے ساتھ ہو۔ پائیں باغ۔ سراپردہ
(مذکر) ۱۔ پردہ جو شاہی محل یا بارگاہ کے آگے پڑا ہوتا
ہے ۲۔ قنات جو خیموں کے گرد لگائی جاتی ہے ۳۔ خیمہ
شاہی خیمہ۔ سراچہ (مذکر) اندرونی کمرہ۔ کوٹھڑی
۲۔ چھوٹا مکان یا خیمہ ۳۔ قنات ۴۔ صندوقچی جو دوسری
صندوقچی میں ہو ۵۔ مرغیوں کا کھانچا ۶۔ محل۔ قصر۔
سراچۂ آدرنگ (مذکر) مصیبتوں کا گھر۔ دنیا۔
سراچۂ آفتاب (مذکر) بعض جگہ کرۂ ہوائی کے

اثر سے دو سورج نظر آتے ہیں۔ ایک اصلی اور دوسرا عکس ہوتا ہے۔ اسے سراچہ آفتاب کہتے ہیں۔ **سراچہ چاک کرنا** (متعدی) قنات پھاڑ ڈالنا۔ **سراچۂ خاک** (مذکر) دنیا۔ **سراچۂ ضرب** (مذکر) ٹکسال۔ **سراچۂ ماہ** (مذکر) چاند کا ہالہ۔ **سرادار** (مذکر) ۱ سرائے کا مالک ۲ مالک مکان ۳ ہسپتال کا خدمتگار۔ **سراروی** (مونث) ایک رگ کا نام۔ **سراکا کتا** (مذکر) حریص۔ لالچی۔ سرائے (مونث) دیکھو علیحدہ۔

سَرا (ف۔ صفت) سرائیدن سے۔ گانے والا۔ مرکبات میں جیسے نغمہ سرا۔ **سرائی** (صفت) گانا۔ مرکبات میں جیسے نغمہ سرائی۔ **سرایاں** (صفت) ۱ گانے والا ۲ (مذکر) گویا ۳ ایک مقام کا نام ۴ مرکبات میں جمع سرا کی۔ نغمہ سرایاں۔

سَرا (ھ۔ مذکر) ۱ لمبا اور سیدھا بانس۔ ڈنڈا (س شر) ۲ مٹی کا ڈھکنا (س شراون) سراچہ (مذکر) سراوا۔

سَرا (ع۔ مذکر) ایک درخت جس کی لکڑی کی کمانیں بنتی ہیں۔

سَرا (س۔ مونث) ۱ آبشار ۲ ندی ۳ (صفت) بھرنے والا۔

سِرا (س۔ مونث) ۱ ندی۔ نالہ ۲ پانی ۳ بدن کی رگ یا نس ۴ لکیریں جو رگوں کی طرح ایک دوسرے کو کاٹیں ۵ ڈول۔ بالٹی ۶ (ہ) دیکھو سِر کے تحت میں۔

سُرا (س۔ مونث ۱ نشی شے۔ شراب ۲ پینے کا برتن۔ گلاس۔ پیالہ ۳ سانپ۔ ناگ۔ **سرایان** (مذکر) ۱ شراب پینا ۲ نشی پینے کی چیز۔ شراب۔ تاڑی۔ **سراپی** (مذکر) شراب۔

سُترا (ھ۔ مذکر) ۱ سُرمچھلی ۲ بٹوا جس میں اشرفیاں اور روپے ہوں۔

سَراب (ع۔ مذکر) ۱ ریتلی زمین کی چمک۔ جس پر سورج کی کرنوں کے پڑنے سے پانی کا دھوکا ہوتا ہے ۲ دھوکا ۳ بسوس کے اونٹ کا نام جس کی کچیں کاٹنے کی وجہ سے عربوں میں ایک بڑی جنگ ہوئی تھی (سَرَب۔ نکلنا) **سرابستان** (مذکر) دھوکوں کا ملک۔ دنیا۔

سَراب (ھ۔ مونث) شراب (عف)

سَرابیل (ع۔ مونث) جمع سربال کی ۱ قمیصیں ۲ کپڑے ۳ واسکٹیں۔ **سرابیلی** (صفت) ۱ زنانہ۔ زنخہ ۲ (مذکر) گانڈو۔

سَراپ (ہ۔ مذکر) بددعا۔ لعنت (دنیا کے ساتھ) **سراپت** (صفت) ملعون۔ **سراپنا** (متعدی) سراپ دینا (س شاپ)

سَرات (ھ۔ مذکر) شرادھ۔

سِرات (ھ۔ صفت) سرد۔ خنک۔ سرد ہونے والا۔

سُراتن (ھ۔ مذکر) بہادری۔ دلیری۔ شجاعت۔

سَرّاٹا (ہ۔ مذکر) ۱ تیز ہوا کی آواز۔ شراٹا (س۔ شری۔ چیخنا) ۲ دھار۔ آبشار۔ (۲) سری۔ بہنا) **سراٹے خون کے اڑنا یا بہنا** (لازم) لہو کی دھاریں نکلنا۔

سَرّاج (ع۔ مذکر) زین ساز۔ **سراج خانہ** (مذکر) زین ساز کی دوکان۔

سِراج (ع۔ مذکر) ۱ چراغ ۲ سورج (سَرَج۔ چمکنا) **سراج الدّولہ** (مذکر) ۱ سلطنت کا چراغ ۲ ایک خطاب۔ **سراج القطرب** (مذکر) ایک پودہ جو رات کو چمکتا ہے **سراج المسلمین** (مذکر) چاند۔

سِراجنا (ھ۔ متعدی) پیدا کرنا۔ خلق کرنا۔

سِراجہ (ف۔ مذکر) ۱ گھوڑوں کی ایک بیماری ۲ ایک جگہ جہاں کے سردے مشہور ہیں۔

سرادگی (ھ۔ مذکر) ہندؤں کی ایک قوم۔

سَرادھ (ھ۔ مذکر) دیکھو شرادھ۔

سرازیر (ف۔ صفت) ڈھلوان۔

سُراشٹر (ہند) کاٹھیاواڑ کا قدیم نام۔

سُراغ (ف۔ مذکر) ۱ کھوج۔ نشان ۲ ٹھکانا ۳ نقش پا ۴ تفتیش ۵ تلاش۔ جستجو۔ مخبری (پانا۔ چلانا۔ چلنا۔ لگانا۔ لگنا۔ لینا۔ ملنا کے ساتھ) **سراغ براری** (متعدی) تفتیش۔ تحقیق۔ کھوج چلنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **سراغرساں** (مذکر) کھوجی۔ پتہ لگانے والا۔ تلاش کرنے والا۔ **سراغرسانی** (مونث) تلاش۔ جستجو۔ **سراغی** (مذکر) ۱ کھوجی ۲ جاسوس۔ مخبر۔

سَرافیل (عبر۔ مذکر) اسرافیل۔

سَرافین (عبر۔ مذکر) فرشتوں کی ایک قسم جو خدا کی حمد کرتے رہتے ہیں۔

سراگاؤ یا گائے (ف۔ مذکر) یاک۔ ایک قسم کا تاتاری یا تبت کا بیل۔

سرالی (ھ۔ مونث) شرالی۔ شراتی۔

سِرانا (ھ۔ متعدی) ۱ ٹھنڈا کرنا ۲ (لازم) ٹھنڈا ہونا ۳ (مذکر) سرہانا کا مخرب۔

سِرانا (ہ۔ متعدی) ۱ دریا میں بہانا ۲ دفن کرنا۔ دونوں معنوں میں متبرک چیز کے واسطے استعمال ہوتا ہے ۳ بھیجنا۔

سَراو (ہ۔ مذکر) شانے کا گوشت قصائیوں کی اصطلاح۔

سَراوا (ھ۔ مذکر) مٹی کا ڈھکنا۔ رکابی۔

سراوک (ھ) **سراوگی** (ہ۔ مذکر) ۱ ایک ہندو قوم ۲ جین یا بدھ مت کا پیرو۔

سَراون (ہ۔ مذکر) ۱ ایک آلہ جس سے زمین ہموار کرتے ہیں۔ سہاگہ ۲ دیکھو سراون وساون۔

سَراہ (ھ۔ امر) سراہنا کا ۲ (مونث) ۱ تعریف۔ ثنا۔ حمد ۲ خوشامد۔ **سراہن** (مذکر) ۱ سراہنے کا فعل ۲ سراہ نمبر ۲۔ **سراہنا** (متعدی) تعریف کرنا۔ حمد کرنا۔ ثنا کرنا۔ اردو میں متروک ہے۔ **سراہی** (مونث) دیکھو سراہ نمبر ۲۔

سراچہ (ف۔ مذکر) دیکھو سراچہ۔ **سراچہ پھاند جانا** (لازم) سراچے کے اوپر سے کود کر نکل جانا۔ **سراچے اٹھا دینا یا اٹھانا** (متعدی) خیمے کے پردے باندھ دینا۔

سرائر (ع۔ مذکر) سریرۃ کی جمع راز۔

سَراؤ (ھ۔ مذکر) مٹی کا ڈھکنا۔ رکابی۔

سَراۓ (ف۔ مونث) ۱ دیکھو سَرا ۲ ایک جگہ جہاں کے باشندے خوبصورتی کے لئے مشہور ہیں۔ سرائے **بقا** (مونث) اگلا جہان۔ سرائے **تاج** (مونث) وہ جگہ جہاں تاج رکھا جاتا ہے۔ سرائے **تزویر** (مونث) دھوکے کی جگہ۔ دنیا۔ سرائے **جاوید** (مونث) ہمیشہ کی جگہ۔ اگلا جہان۔ سرائے **جزا** (مونث) بدلے کی جگہ۔ اگلا جہان۔ سرائے **خاک** (مونث) دنیا۔ سرائے **عتیق** (مونث) حرم قسطنطنیہ۔ سرائے **فانی** (مونث) دنیا۔ سرائے **محمود** (مونث) بہشت۔ **سرائیں** (جمع) سرائے کی۔ سرائے **ہفت پردہ** (مونث) آسمان۔ سرائے **ہمایوں** (مونث) شاہی محل قصر شاہی۔

مثل۔ سرائے کا کتا سب (ہر مسافر) کا یار۔ مطلبی لوگ ہر ایک کے دوست بنجاتے ہیں۔

سِرائی (ھ۔ مونث) مٹی کا ڈھکنا۔

سُرائی (ھ۔ مونث) بہادری دلیری۔ شجاعت۔

سِرایت (ع۔ مونث) ۱ گھسنا۔ رچنا ۲ تاثیر کرنا ۳ نفوذ (کرنا ہونا کے ساتھ) (سَرَی۔ رات کو سفر کرنا)

سَرایچہ (ف۔ مذکر) دیکھو سراچہ۔

سَرایَندہ (ف۔ صفت) گانے والا۔ مغنی (سرائیدن۔ گانا)

سَرب (انگ۔ مذکر) سرویا کا باشندہ۔ **سربیا** (یورپ) دیکھو سرویا۔

سَرَب (ھ۔ صفت) تمام۔ کل۔ سب۔ سرب **گہن** (مذکر) مکمل گرہن

سُرب (ف۔ مذکر) سیسہ۔

سَرباسُودھی (ھ۔ مونث) ۱ قتل عام ۲ تباہی۔ بربادی۔

سِربال (ع۔ مذکر) ۱ قمیض ۲ کرتا ۳ پاجامہ ۴ کوئی کپڑا۔

سَربس (ھ۔ مذکر) کل جائداد۔ ہر چیز۔

سَربستی (ھ۔ مونث) ہر جگہ موجودگی۔

سَربھنگ۔ سَربھنگی (ہ۔ مذکر) ہندو فقیروں کا ایک فرقہ جو ذات پات کی پروا نہیں کرتا۔

سَرَپ (س۔ صفت) سَرپ (ھ) ۱ رینگنے والا ۲ (مذکر) سانپ۔ ناگ ۳ چکردار حرکت ۴ ایک خاص صورت کوکب۔ سرپ **پھن** (مذکر) سانپ کا پھن۔ سرپ **چھتر** (مذکر) کھمبی۔ ککرمتا۔ سرپ **راجہ** (مذکر) ۱ سانپوں کا راجہ ۲ سرپ **منی** (مذکر) سانپ کا من۔

سَرپَت (ہ۔ مونث) سرپتا (ھ) ایک قسم کی گھاس۔ پتاور۔ **سرپتی** (مونث) سرپت۔

سرپَٹ (ہ۔ مونث) ۱ گھوڑے کی سب سے تیز دوڑ ۲ تیز بولنا یا پڑھنا ۳ (صفت) سپاٹ۔ ہموار (پھینکنا۔ چلانا۔ دوڑانا۔ دوڑنا ڈالنا کے ساتھ)۔

سرپردہ (ف۔ مذکر) سراپردہ کا مخفف۔ سرائیدن سے ۱ ایک راگ ۲ ایک گانا مصنفہ امیر خسرو۔

سَرپِس (س۔ مذکر) گھی۔

سُرپَن (ھ۔ مذکر) ایک درخت سلطان چمپا۔

سَرَت (ھ۔ مذکر) چھ موسموں میں سے چوتھا موسم اسوج اور کاتک کے مہینے۔

سَرِت (س۔ مونث) ۱ دریا۔ ندی۔ نالہ ۲ دھاگا۔ رشتہ ۳ نشان۔ سراغ۔

سُرت (ھ۔ مونث) ۱ یاد۔ مدد۔ حافظہ۔ چیتا ۲ خیال۔ سوچ ۳ عقل۔ شعور ۴ توجہ ۵ احتیاط ۶ درستی۔ صحت ۷ ارادہ۔ نیت۔ عزم۔ **سُرتا** (صفت) ۱ عقلمند۔ دانا ۲ ہوشیار۔ ذہین ۳ چالاک۔ چوکنا ۴ محتاط۔ خبردار ۵ درست۔ صحیح۔ **سرتاپن** (مذکر) **سرتائی** (مونث) دیکھو سرتی۔ سرت **آنا** (لازم) خیال میں آنا۔ یاد آنا۔ سرت **اٹھانا** (متعدی) دیکھو سرت لگانا۔ سرت **بسارنا یا بھلا دینا** (متعدی) ۱ بھول جانا۔ یاد نہ رہنا ۲ سوچنے کی طاقت جاتی رہنا۔ سرت **دھرنا** (متعدی) سرت **لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) توجہ ہونا۔ دل لگنا۔ سرت **میں آنا** (لازم) ۱ یاد آنا۔ خیال میں آنا ۲ ہوش میں آنا۔ ہوش بجا ہونا۔ سرت **نہ رہنا** (لازم) ۱ یاد نہ رہنا۔ بھول جانا ۲ ہوش نہ رہنا۔ بیہوش ہوجانا ۳ خیال یا توجہ نہ کرنا۔ **سُرتی** (مونث) ۱ لحاظ۔ پاس۔ خیال ۲ احتیاط۔ خبرداری ۳ عقل۔ دانائی ۴ دید۔ **سرتیا۔ سرتیلا** (صفت) دیکھو سرتا۔

مثل۔ سرتیلا سو پھرتیلا۔ عقلمند آدمی چست و چالاک ہوتا ہے۔

سَرتا (ہ۔ ماضی ناتمام) سرنا کی۔ سرتا برتا (مذکر) ۱ تقسیم ۲ استعمال۔ خرچ ۳ سرانجام کسی کام کا (کرنا ہونا کے ساتھ)

سُرتی (ہ۔ مونث) سورت کا کھانے کا تماکو۔

سَرَٹ (ھ۔ مذکر) ۱ ہوا۔ آندھی ۲ بادل ۳ گرگٹ ۴ چھپکلی۔ **سرٹا** (ھ۔ مذکر) گرگٹ چھپکلی۔ **سرٹی** (مونث) ہوا۔ بادل۔

سَرج (ع۔ مذکر) کاٹھی۔ زین (سَرَج۔ گھوڑے پر زین کسنا)۔

سَرَج (س۔ صفت) ۱ تکلیف یا بیماری اٹھانے والا ۲ بیمار۔ مریض۔

سَرَج (س۔ مذکر) تازہ مکھن۔

سَرَج (س۔ مونث) پھولوں کا ہار۔ سہرا۔

سِرجانا (ھ۔ متعدی) بنوانا۔ پیدا کرنا۔

سَرجری (انگ۔ مونث) جراحی۔

سَرجَک۔ سِرجَک (س۔ مذکر) بنانے والا۔ پیدا کرنے والا۔ خالق۔

سَرجکا (س۔ مونث) سوڈا۔ کھار۔ سجی۔

سَرجَن (انگ۔ مذکر) جراح۔ وہ ڈاکٹر جو عمل جراحی کرے۔

سَرجَن۔ سِرجن (س۔ صفت)

سرجن (ہ خالق۔ بنانے والا شخص۔ سرجن ہار یا ہارا (مذکر)
بنانے والا یا پیدا کرنے والا شخص۔ خالق۔ خدا۔ سرجنیشور
(مذکر) ایشور۔ پیدا کرنے والا۔ خالق۔
سَرجَن (ہ۔ مذکر) ہجن۔
سِرجنا۔ سرجنا (ہ متعدی) بنانا۔
پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا۔ (لازم) پیدا ہونا۔
سَرجیوَن (ہ۔ صفت) ہمیشہ
زندہ رہنے والا۔ ابدی۔ دائمی۔ ابپاشی۔ ہمیشہ
سرسبز رہنے والا۔ تر۔ گیلا۔ زرخیز۔ زندگی
دینے والا۔ زندگی کو بڑھانے والا۔
سَرچی (ہ۔ مونث) اچھا مزا۔
اچھی بھوک۔
سُرخ (ف۔ صفت) لال۔
اس رنگ کا جو قوس و قزح میں آخری یا ساتواں
ہوتا ہے۔ تیز۔ گراں۔ (مونث) رتی۔ گھونگچی
گنجفے کی ایک بازی۔ سرخا (مذکر) ایک قسم کا
آم۔ ایک قسم کا کبوتر۔ ایک قسم کا گھوڑے کا
رنگ۔ شراب۔ سرخاب (مذکر) دیکھو علیحدہ۔
سرخ بادیا بادہ (مذکر) ایک
بیماری کا نام۔ سرخ بال (مذکر)
ایک پرند۔ سرخ بُت (مذکر) ایک بہت
بڑے بت کا نام جو بامیان میں ہے۔ سرخ بتی
باندھنا (متعدی) سرخ رنگ کی چھوٹے عرض کی
دستار باندھنا۔ سرخ بید (مذکر) ایک بوٹی کا
نام۔ ایک قسم کا سرو۔ سرخ پا (مذکر) ایک قسم کا
جنگلی ساگ۔ سرخ پشت (مذکر) ایک پرندہ
سرخ پوش (صفت) وہ جنسے سرخ لباس پہنا
ہوا ہو۔ سرخ تیرہ (مذکر) کمیت یا سرنگ گھوڑا
سرخ چشم (صفت) جس کی آنکھ لال ہو۔ ظالم
(مذکر) جلاد۔ سرخ دانہ (مذکر) ایک بوٹی۔
سرخرو (صفت) سرخ چہرے والا۔ کامیاب۔
خوش۔ عزت آبرو حاصل کرنے والا۔ (تف) یا
آبرو (رکھنا رہنا۔ کرنا ہونا کے ساتھ) سرخرو
ہوگیا۔ کام یا بات اس کی پسند آگئی۔ سرخروئی
(مونث) عزت۔ آبرو۔ حرمت۔ کامیابی۔
سرخ زردہ (مذکر) سرنگ گھوڑا۔ سرخ
زنبور (مذکر) تتیا۔ کابلی بھڑ۔ سرخ زنبوران
(مذکر) سرخ زنبور کی جمع۔ کنایتاً انگلیوں کے
خالی سرے۔ سرخ سار یا سر (مذکر) ایک
قسم کی چڑیا جس کا سر سرخ ہوتا ہے۔ کنایتاً ایرانیوں کو
کہتے ہیں۔ سرخ سبز (مذکر) ایک قسم کی چڑیا۔
سرخ سفید (صفت) دیکھو سرخ و سفید۔
سرخ عیار (مذکر) پرکھ۔ امتحان۔ سرخ
گوں (صفت) سرخی مائل۔ سرخ مو (صفت)
سرخ بالوں والا۔ سرخ و سفید (صفت) وہ
جس میں سفیدی کے ساتھ سرخی ملی ہوئی ہو۔ (چہرے
کی رنگت) خوبصورت۔ حسین۔ (مذکر) سونا۔
چاندی۔ سرخ و سفید مٹی کی مورت (مونث)
گوری رنگت پر سرخی ہونا۔ جوان اور خوبصورت
ہونا۔ سرخہ (مذکر) سرخ رنگ۔ سرخ
کبوتر۔ نرخرہ۔ پھنسی جو آنکھ پر ہو۔ خون۔
افراسیاب کا ایک بیٹا۔ ایک پہاڑ۔ سرخ
ہوگیا۔ غصے میں بھر گیا۔ سرخ ہونا (لازم)
لال ہونا۔ غصے سے منہ لال ہونا۔ میوے کا
پک جانا۔ کسی چیز کا گھی میں بھن کر لال ہونا (پیاز
یا گوشت کا) سرخی (مونث) لال رنگت
سرخ روشنائی۔ کٹی ہوئی اینٹیں۔ نیم پختہ
اینٹ کی راکھ۔ ان معنوں میں (کٹانا کٹنا کوٹنا
کے ساتھ) وہ عبارت جو جلی قلم سے باب یا
فصل کے اوپر لکھی جائے۔ عنوان (لکھنا کے ساتھ)
سرخی قائم کرنا (متعدی) ہونا (لازم) عنوان
مقرر ہونا۔ سرخی مائل (صفت) جس میں کچھ
سرخ رنگت ہو۔
سُرخاب (ف۔ مذکر) سرخ
پانی۔ ایک قسم کا آبی پرند جس کے متعلق خیال ہے
کہ جوڑے میں سے کوئی مر جائے تو دوسرا زندہ
نہیں رہتا۔ سرخ شراب۔ خون۔ شراب کا
پیالہ۔ سرخ رنگ کا گھوڑا۔ کمیت گھوڑا۔
افغانستان میں ایک دریا۔ رستم کا ایک گھوڑا۔ رستم کا
ایک بیٹا۔ تبریز کے قریب ایک پہاڑ۔ ایک بادشاہ
جو بہرام گور کی نسل سے تھا۔ سرخاب کا پر (مذکر)
اس جانور کا پر کلغیوں میں لگایا جاتا۔ اس لئے مجازاً
فوقیت۔ ترجیح۔ انوکھی بات۔ نئی چیز (لگا ہونا
لگنا ہونا کے ساتھ) سرخاب کا پر لگا ہے
کیا خوبی ہے۔ کونسی نئی بات ہے۔ سرخابی (مونث)
سرخ بطخ۔ کمیت گھوڑا۔
سَرخیوس (ف۔ مذکر) شاہ ترا
سَرد (ف۔ صفت) ٹھنڈا۔ خنک۔
بارد۔ ناخوش۔ بے مزہ۔ بے رونق۔ پھیکا (کلام)
گیلا۔ نم۔ سردا (مذکر) ایک قسم کا خربوزہ۔
سرداب (مذکر) وہ جگہ جہاں ٹھنڈا پانی یا
برف رکھی جائے۔ سردخانہ۔ سردابہ (مذکر)
دیکھو سرداب۔ دوست۔ قزوین میں ایک
آبشار۔ جزیرہ۔ قبر جو اپنی زندگی میں تیار کرائی
جائے۔ سردانا (لازم) ٹھنڈا ہونا۔ سرد ہونا۔
سرداوا (مذکر) سردابہ۔ سرد بازاری
(مونث) کسی چیز کی مانگ یا پرسش نہ رہنا۔ سرد
بیان (صفت) جس کی گفتگو پھیکی ہو۔ منہ پھٹ
صاف گو۔ بیوقوف۔ سرد رو (صفت) بدمزہ
پھیکا۔ سرد رود (مذکر) ہمدان کے قریب ایک
گاؤں۔ سردسیر (مذکر) ٹھنڈی جگہ۔ گرمیوں
میں رہائش کا مکان پہاڑوں میں۔ سرد گرم (مذکر)
اونچ نیچ۔ نشیب و فراز۔ انقلاب زمانہ۔ سرد
گرم جھیلنا (لازم) انقلاب زمانہ کا تجربہ کرنا۔ سرد
گرم دیکھے ہوئے ہونا (لازم) یا دیکھنا (متعدی)
زمانہ دیکھے ہوئے ہونا۔ تجربہ کار ہونا۔ سرد گرم
زمانہ چشیدہ (صفت) تجربہ کار آدمی۔ سرد مہر
(صفت) بے مروت۔ بے رحم۔ سرد مہری (مونث)
بے مروتی۔ بے رحمی (دکھانا کرنا ہونا کے ساتھ) سردہ
(مذکر) ایک قسم کا خربوزہ۔ شراب کا پیالہ۔ شرابخوار
صدر۔ کوئی پھل جو جلد پکے۔ سرد ہو جانا یا ہونا
(لازم) ٹھنڈا ہونا۔ مرجانا۔ سردئی (صفت)
سردے سے۔ سردے کے رنگ کا۔ سبزی مائل زرد۔
سردی (مونث) خنکی۔ ٹھنڈ۔ لرزہ۔ کپکپی۔ زکام
تپ جو لرزے کے ساتھ ہو۔ جاڑے کا موسم جو نومبر سے
جنوری کے اختتام تک ہوتا ہے۔ سرد مہری۔ سردی پانا
(متعدی) سردی کھا جانا۔ سست پڑنا۔ مضمحل
ہو جانا۔ سردی پڑنا (لازم) جاڑا پڑنا۔ ٹھنڈا
ہونا۔ سردی پہنچنا (لازم) سردی کا اثر ہونا۔
سردی چڑھنا (لازم) لرزے سے بخار ہونا۔
سردی دینا (متعدی) ٹھنڈک پہنچانا۔ سردی کا
موسم (مذکر) جاڑا۔ سردی کھانا (متعدی) سردی کا
اثر ہونا۔ سردی کی تکلیف برداشت کرنا۔ سردی
گرمی سے بچانا (متعدی) بچنا (لازم) موسم کے
اثر سے محفوظ رہنا۔ سردی ہونا (لازم) موسم
سرد ہونا۔ جاڑا ہونا۔ زکام ہونا۔
مثل۔ سردی کا مارا پنپتا ہے

ان کا مارا نہیں پنپتا - سردی کا مارا بچ جاتا ہے فاقوں کا مارا نہیں بچتا -

سِردَہ (ہ - مذکر) سجدہ کا مخرب (عف)

سَردھا (ھ - مونث) ۱ پوجا پرستش ۲ یقین - ایمان ۳ اعتبار - اعتماد ۴ پریم محبت الفت ۵ خواہش - شوق ۶ مناسب طریقہ -

امثال - سردھا ڈھال جو۔ پہنے کھاوے - وا کے ٹوٹا کبھی نہ آوے - جو مناسب طریقے پر خرچ کرے اسے کبھی گھاٹا نہیں پڑتا - سردھا لاگل کیلن بھٹار - اوہو نکسل جات کے چمار (پوربی) بہنے بڑے شوق سے خاوند کیا اور وہ ذات کا چمار نکلا - جو کام جلدی میں کیا جائے اس میں نقصان ہوتا ہے -

سَرَر (ع - مذکر) جمع سریر کی -

سَرَس (س - مذکر) ۱ پانی - جل - آب ۲ پانی کا تالاب - جھیل ۳ پانی جس میں کنول اُگے ہوں ۴ گفتگو - بات چیت - سَرسوت (صفت) ۱ تالابوں کے متعلق ۲ نمدار - بہنے والا ۳ رسدار ۴ پاکیزہ - خوش اسلوب ۵ نرم دل - جس کے دل پر جلدی اثر ہو ۶ (مذکر) سمندر ۷ دریا ۸ ایک دریا کا نام ۹ ایک دیوتا - سرسوتی (مونث) ۱ وہ ملک جس میں تالاب اور جھیلیں ہوں ۲ ایک دیوی جو علم اور گفتگو کی دیوی تصور کی جاتی ہے - سنسکرت اور دیوناگری رسم الخط کی موجد ہے ۳ بولنے کی طاقت - نطق ۴ علم ۵ عقل ۶ آسمانی آواز ۷ گائے ۸ نہایت اچھی عورت ۹ سادھوؤں کا ایک فرقہ جو اپنے نام کے آگے لفظ سرسوتی لگاتے ہیں - سرسوتی پوجا (مونث) یا پوجن (مذکر) ایک تہوار جو پانچ ماگھ کو ہوتا ہے اسے بسنت پنچمی بھی کہتے ہیں -

سَرَس (س - صفت) ۱ رسدار جس میں رس ہو ۲ گودے دار ۳ طاقتور - قوی ۴ گیلا - نمدار ۵ تازہ - نیا ۶ مزیدار - بامزہ ۷ نفیس - خوبصورت ۸ دلپسند - دلربا ۹ جوشیلا ۱۰ عاشق - محبت یا خواہش سے بھرا ہوا -

سَرَس (ھ - صفت) ۱ بہتر زیادہ اچھا یا نفیس ۲ بہترین - سب سے اچھا ۳ بڑھیا اعلیٰ ۴ زیادہ - بڑھا ہوا ۵ زیادہ بڑا ۶ بافراط - بہتات سے - سرسا (صفت) دیکھو سرس -

سَرِس (ھ - صفت) ۱ مانند - ملتا جلتا - طرح کا ۲ (تف) مثل - نمونے کا - مانند کسی چیز کے - اس طریقہ پر - قریب قریب - ملتا جلتا -

سِرِس (ھ - مذکر) سِر -

سِرِس - سِرسا (ہ - مذکر) ایک درخت کا نام جو ہندوستان میں عام ہوتا ہے اس کے زرد خوشبودار پھول اور چوڑی اور لمبی پھلیاں ہوتی ہیں - سرس سفید (مذکر) سرس کی ایک قسم جس کا تنہ سفید اور درخت بہت بڑا ہوتا ہے -

سَرسا (ھ - مذکر) تیز کیل یا پیچ -

سَرساہی (ہ - مونث) زمین کا ایک ماپ -

سَرسائی (ھ - مونث) ۱ نمی - تری ۲ نفاست - برتری ۳ زیادتی - افراط - بہتات ۴ کثرت - آدمیوں کی زیادتی ۵ چالاکی چستی - کاریگری -

سَرستی (ھ - مونث) دیکھو سرسوتی سرس کے نیچے -

سَرسٹھ (ہ - عدد) ساٹھ اور سات - ۶۷ - ۶۷ (س سپت شششٹ)

سَرسَر (ہ - مونث) ۱ کسی رینگتے ہوئے جانور کی آواز ۲ سائیں سائیں کی آواز ۳ تیز چلتی ہوئی چیز کی آواز - سرسراسٹ (مونث) سرسراہٹ - سرسراٹ ہو رہی ہے تدبیر میں لگ رہے ہیں - بات چیت ہو رہی ہے - کام ہونے کو ہے - سرسرانا (لازم) ۱ رینگنا - چلنا سانپ کا ۲ جوں یا چیونٹی وغیرہ کا بدن پر چلنا ۳ ہوا کا سائیں سائیں کرنا ۴ لہرانا جیسے اناج کے کھیت کا - لہلہانا ۵ اُگنا - پودوں میں جان پڑنا - رونق آنا ۶ رقیق چیز کا ابلنے پر آواز دینا ۷ سردی سے کانپنا ۸ جلتی ہوئی چیز کا آواز دینا جیسے بارود کا ۹ ہلکی ہلکی ہوا چلنا یا سانس آنا ۱۰ ہوا سے پتوں کا آواز دینا ۱۱ سنسنانا بدن کا - سرسراہٹ (مونث) ۱ سانپ کے چلنے کی آواز ۲ کیڑوں کے رینگنے کی آواز ۳ پتوں کے ہلنے کی آواز ۴ سنسناہٹ بدن کی ۵ رسی کے گھسٹنے کی آواز ۶ وہ رطوبت جو کھانے میں مقدار سے زیادہ رہ جائے ۷ جنبش - خیزش -

سُرسُر (ھ - مونث) ۱ دیکھو سر سر - سُرسرانا (متعدی) ۱ دیکھو سرسرانا ۲ (ہ) سردی سے کانپنا - سرسراہٹ (مونث) دیکھو سرسراسٹ - سُرسُری (ہ - مونث) ۱ خیزش - جنبش ۲ آتشبازی کی چھچھوندر ۳ ایک سرخ کیڑا جو اناج کو لگ جاتا ہے ۴ ایک کیڑا جس کے کاٹنے سے جلن پیدا ہوتی ہے ۵ بدن کی سنسناہٹ -

سُرسنگار (ہ - مذکر) ایک باجے کا نام -

سَرسوں (ہ - مونث) ۱ ایک پودہ ۲ اس کا بیج جس کا تیل نکالتے ہیں جو جلانے کے کام آتا ہے - اسے کڑوا تیل کہتے ہیں - سرسوں پھولنا (لازم) ۱ سرسوں کے پودے پر زرد پھول آنا - زردی کا عالم نظر آنا - سرسوں آنکھوں میں پھولنا (لازم) ۱ کسی کیفیت کا نظر میں سمانا ۲ کوئی کیفیت نظر آنا ۳ خوشی ظاہر ہونا - سرسوں جمانا (متعدی) ۱ سرسوں اگانا ۲ (ہتھیلی پر) کسی کام کو بہت جلد کرنا - سرسوں جمنا (متعدی) سرسوں کا اگنا -

مقولہ - سرسوں پھولے پھاگ میں اور ساجھی پھولے سانجھ کو ہی نہ پھولے نا پھلے جو تریا ہو بانجھ - سرسوں پھاگ میں پھولتی ہے - شام کو شفق ظاہر ہوتی ہے - مگر بانجھ عورت کبھی نہیں پھولتی -

سِرسی (ھ - مونث) ۱ سرسوں کا مخفف (عف) ۲ شیشم (عف) -

سِرسی (ھ - مذکر) سرس کا درخت (عف) -

سَرَش (س - صفت) ناراض - غصے -

سرشپ (س - مذکر) سرسوں -

سرشت (ف - مونث) ۱ طبیعت خو سبھاؤ - سیرت - جبلت - خصلت - عادت - مزاج ۲ قدرتی شکل یا صورت ۳ عقل سمجھ - ضمیر - مزاج - ترکیب - آمیزش ۴ خواص - خاصہ - گن - خاصیت - مقتضئے خلقت - پیدائش - طینت ۵ مخلوط - ملا ہوا - آغشتہ - مرکبات میں جیسے بدسرشت - نیک سرشت -

سرشتہ (ف - صفت) ۱ ملا ہوا -

ملاجلا ۲ بنا ہوا - مخلوق (سرشتن - ملنا)-

سرشت (س - صفت) ۱ پھینکا ہوا - چھوٹا ہوا - واگذاشتہ ۲ پیدا کیا ہوا - مخلوق ۳ جڑا ہوا ملا ہوا ۴ سیا ہوا معزز ۵ بہت زیادہ - بافراط - سرشٹی (مونث) ۱ بنانا - خلق کرنا ۲ مخلوق - پیدا کی ہوئی چیز ۳ ایجاد ۴ دنیا - مخلوقات ۵ قدرت ۶ قدرتی طبیعت - خو - مزاج ۷ قدرتی حالت ۸ قدرتی جائداد ۹ نذرانہ - پیشکش،

سرشف (ف - مذکر) سرویں سرشپ -

سرشک (ف - مذکر) ۱ قطرہ ۲ اشک - آنسو - سرشک آتش (مذکر) وہ تری جو گیلی لکڑی کو آگ پر رکھنے سے نکلتی ہے سرشک باراں (مذکر) مینہ کے قطرے - سرشک شور (مذکر) غم کے آنسو - سرشک قدح (مذکر) شراب کے قطرے - سرشک ہوا (مذکر) شبنم -

سرشکان - سرشکوان (ف مذکر) نقاب جو دلھن کے چہرے پر ہوتی ہے -

سرطان (ف - مذکر) ۱ کیکڑا - ایک آبی کیڑا ۲ آسمان کا چوتھا برج ۳ ایک سخت پھوڑا جسکا کلی علاج ابتک معلوم نہیں ہوا - آج کل ریڈیم کے ذریعہ علاج ہو رہا ہے - ۴ ایک بیماری جو مویشی کے پاوں میں ہوتی ہے -

سرعت (ع - مونث) جلدی - تیزی - پھرتی (سرع - تیز ہونا) سرعت انزال (مذکر) ایک بیماری مردوں کی جس میں انزال جلد ہو جاتا ہے -

سرف (ع - مذکر) فضول یا بیہودہ خرچ - زائد خرچ (کرنا ہونا کے ساتھ) سرف - بڑھ جانا) -

سرفہ (ف - مذکر) کھانسی -

سرقہ (ع - مذکر) ۱ چوری ۲ دوسرے کے شعر یا مضمون کو اپنے کلام میں شامل کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) (سرق - چوری کرنا) سرقہ بالجبر (مذکر) ۱ لوٹ مار - ڈاکہ -

سرک (ہ - امر) سرکنا کا (س - سر حرکت کرنا) سرکا (امر) ۱ سرکانا کا ۲ (ماضی) سرکنا کی - سرکا دینا - سرکانا (متعدی) ۱ ہٹانا - ایک طرف کرنا ۲ کام ملتوی کرنا - کام کی تاریخ بدلنا ۳ غائب کر دینا - چھپا دینا ۴ اڑا دینا - کسی کا مال چپکے سے کسی کو دیدینا ۵ رشوت دینا - سرک جانا - سرکنا (لازم) ۱ ہٹ جانا - کھسک جانا ۲ ایک طرف ہو جانا ۳ مال اڑ جانا - سرکوانا (مم) دیکھو سرکانا -

سرک (ہ - مونث) ۱ حرکت کرنا - سرکنا ۲ سرکتی گرہ - سرک پھانسی (مونث) سرکتی گرہ - پھانسا -

سرکار (ف - مونث) ۱ حکومت - سلطنت - گورنمنٹ ۲ دربار شاہی ۳ عدالت ۴ سردار - حاکم - مالک - آقا ۵ کسی رئیس کی ریاست ۶ صوبہ کا ایک حصہ ۷ منتظم - سربراہ کار ۸ وہ محکمہ جہاں چند آدمی برسرکار ہوں ۹ سلطنت - برطانیہ ۱۰ گھر کا مالک - گھر ۱۱ عزت کا خطاب - حضور - جناب والا - سرکار انگریزی - انگلشیہ یا برطانیہ (مونث) انگریزوں کی سلطنت - سرکار چمکنا (لازم) دربار کا رونق پر ہونا - سرکار دربار (مذکر) بادشاہ کی کچہری - سرکار دربار چڑھنا یا کرنا (متعدی) کچہری میں نالش کرنا - سرکار دکھانا (مم) نالش کرنا - عدالت دکھانا - سرکار دیکھنا (متعدی) ۱ نالش ہونا ۲ سرکار سے واسطے پڑنا - سرکار دولت مدار (مونث) سلطنت جس کی دولت ہمیشہ رہے - عزت کا خطاب گورنمنٹ کے لئے - سرکار سرکار کرنا (متعدی) ہونا (لازم) سخت خوشامد ہونا - سرکار کمپنی (مونث) ایسٹ انڈیا کمپنی - سرکاری (صفت) ۱ سرکار سے منصوب ۲ سرکار کا منصبی ۳ شاہی - حاکمانہ ۴ آقا کا ۵ حضور کا - جناب ۶ (مونث) انتظام - بندوبست - سرکاری آسامی (مونث) گورنمنٹ کے ماتحت کوئی جگہ یا آسامی - سرکاری آمدنی (مونث) خراج - مالگزاری - سرکاری اصطبل (مذکر) وہ اصطبل جہاں سرکار کی طرف سے سانڈ رکھے جاتے ہیں - سرکاری اہلکار (مذکر) ملازم سرکار - سرکاری باغ (مذکر) باغ جو عوام کے لئے ہو - کمپنی باغ - سرکاری سانڈ (مذکر) ۱ نر گھوڑا بیل وغیرہ جو سرکار کی طرف سے اچھی نسل کے لئے سرکاری اصطبلوں میں رکھا جاتا ہے ۲ بدچلن آدمی - سرکاری عملداری (مونث) گورنمنٹ برطانیہ کی حکومت - سرکاری کاغذ (مذکر) ۱ اسٹامپ کا کاغذ ۲ کاغذ جس پر گورنمنٹ کی مہر یا نشان ہو ۳ پرامسری نوٹ - سرکاری کام (مذکر) دفتر کا کام - کار سرکار - سرکار کے متعلق کام سرکاری مال (مذکر) وہ مال جو گورنمنٹ کی ملکیت ہو - سرکاری ملازم (مذکر) گورنمنٹ کا ملازم سرکاری وظیفہ (مذکر) وہ وظیفہ جو سلطنت کی طرف سے دیا جاتا ہے -

مثل - سرکار سے ملے تیل پلے ہی میں میل - سرکار سے جو ملے لے لینا چاہئے۔

سرکٹ (انگ - مذکر) اصل لفظ سرکیٹ ہے ۱ چکر - دورہ ۲ ججوں کا کسی جگہ مقدمات سننے کے لئے جانا ۳ تبدیلی کی رضامندی - سرکٹ ملانا (متعدی) ملنا (لازم) مہر ملنا - جب کوئی ملازم کسی دوسرے مقام کے ملازم سے تبادلہ کرنا چاہتا ہے تو اس کی رضامندی حاصل کرتا ہے - سرکٹ ہاؤس (مذکر) وہ مکان جہاں جج صاحبان جاکر ٹھیرتے ہیں -

سرکڑا (ہ - مذکر) سرکنڈا -

سرکس (انگ - مذکر) وہ تماشہ جس میں زور آزمائی کے طریقے اور جنگلی جانوروں کے کھیل دکھائے جاتے ہیں -

سرکل (انگ - مذکر) ۱ دائرہ - کنڈل ۲ حلقہ - احاطہ ۳ صوبہ ۴ علاقہ جو کسی افسر کے ماتحت ہو - سرکل انسپکٹر (مذکر) پولیس کا انسپکٹر جو چند تھانوں کا انچارج ہوتا ہے -

سرکلر (انگ - مذکر) گشتی چٹھی یا حکم - وہ حکم جس میں ہدایتیں لکھ کر جابجا بھیجی جائیں -

سرکنڈا (ہ - مذکر) ۱ ایک گھاس نما پودا ۲ اسکا پھولوں کا ڈنٹھل - سینٹھا - نرکل - کانا - (س - شرکانڈ)

سرکنگبین (ف - مونث) سرکے اور شہد کا شربت (سرکہ و انگبین کا مخفف) -

سرکہ (ف - مذکر) گنے یا انگور کا شیرہ جسے سڑا کر خمیرا کھٹا لیتے ہیں (اٹھانا اٹھنا کے ساتھ) سرکہ پیشانی یا جبیں (مذکر) ترش رو - تیوری چڑھائے ہوئے -

امثال - سرکہ مفت (از عسل شیریں تراست) بہ از عسل - مفت کی چیز معمولی بھی ہو تو بہتر چیز سے اچھی ہے -

سرکھا (ہ - مذکر) لمبا نوکدار درخت - لمبا درخت جس پر پتے تھوڑے ہوں -

سرکی (ہ - مونث) ۱ ایک گھاس کا ڈنٹھل جس کی چک پال یا سوپ بناتے ہیں ۲ اسکی چک - **سرکی والا** (مذکر) وہ جو سرکیاں بنائے یا بیچے -

سُرکی (ہ - مونث) سُرخی -

سرگ (ہ - مونث) ۱ دیکھو سرج یا سرک ۲ سورگ کا مخفف -

سُرگ (ہ - مذکر) ۱ اندر کا باغ - بہشت - جنت ۲ آسمان - فلک - آکاش **سُرگباش** (صفت) جنت نصیب - **سرگباش ہونا** (لازم) مرجانا - **سرگباشی** (صفت) مرحوم - مغفور - بیر پر آنجہانی - جنت نشانی - فردوس مکان - بیکنٹھ باشی (ہونا کے ساتھ) **سُرگ گامی** (صفت) جنت نصیب - فردوس مکانی - **سرگ لوک** (مذکر) سرگ -

مثل - سرگ سے اتر بول ہیں اُنکا - دیکھو آسمان سے اترا لغ -

سرگال (ہ - مذکر) گیدڑ - سیار -

سرگم (ہ - مذکر) **سَرگم** (س) ۱ راگ کا سُر - ساتوں سروں کا مجموعہ ۲ لکھے ہوئے یا چھپے ہوئے راگ کے سروں کی علامات خطوط ہیں -

سَرگُن (ہ - مذکر) ۱ تمام خاصیتیں ذات باری کی صفات - اوصاف الٰہی ۲ (صفت) تمام خاصیتوں والا - ایشور کی تعریف -

سرگھا (س - مونث) شہد کی مکھی -

سرگہی (ف - مونث) سحرگہی کا مخفف -

سرگین (ف - مذکر) گوبر خصوصاً گھوڑے کا -

سَرَل (س صفت) ۱ سیدھا راست ۲ سچا - صادق - ایماندار - دیندار - دھرماتما ۳ سادہ - بھولا بھالا ۴ درست - ٹھیک ۵ اصلی حقیقی ۶ سہل - آسان ۷ لمبا - کھڑا ۸ عمودی ۹ (مذکر) ایک قسم کا چیڑ کا درخت ۱۰ ایک پرندہ ۱۱ آگ - اگنی ۱۲ ایک بدھ - **سرلا** (مونث صفت) ۱ دیکھو سرل ۱ تا ۵ ۲ (مونث) سرل ۹ ۳ ایک دریا ۴ عشق پیچاں کی قسم کی ایک بیل ۵ (ہ) دیکھو سرل -

سَرَم (ہ - مونث) شرم -

سَرَم (ہ - مذکر) شہتیر جو مکان کے درمیان میں ہوتا ہے -

سَرَم (ہ - مذکر) محنت - کوشش - مشقت (کرنا کے ساتھ)

سَرما (ف - مذکر) سردی کا موسم - زمستان - جاڑا - **سرمائی** (صفت) ۱ جاڑے کا یا اس کے متعلق ۲ (مونث) موسم سرما کے کپڑے - جڑاول -

سُرما (ہ - مذکر) دیکھو سرمہ - **سرمائی** (صفت) سرمے کی - سرمے کے رنگ کی -

سرمایہ (ف - مذکر) پونجی - مایہ - راس المال - زر اصل - مول - جمع - دھن - **سرمایہ دار** (مذکر) امیر آدمی - ساہوکار - **سرمایۂ ناز** (مذکر) ناز کی پونجی - وہ چیز جس پر ناز کیا جا سکے -

سَرمَد (ع - صفت) ۱ ہمیشہ رہنے والا - دائم - باقی - قائم ۲ مجذوب - مست ۳ (مذکر) دوام - ہمیشگی ۴ لمبی رات **سرمداً** (تف) ہمیشہ کے لئے - **سرمدی** (صفت) ۱ دائمی - ہمیشہ کا ۲ خدائی الٰہی ۳ (مونث) دوام - بقا -

سُرمُق (ع - مذکر) ایک بوٹی جو دوائیوں میں کام آتی ہے -

سَرمُکھ (ہ - تف) سنمکھ کا مخرب روبرو - سامنے - مقابل - **سرمکھ سنانا** (متعدی) سامنے برا بھلا کہنا - **سرمکھ ہونا** (لازم) مقابل ہونا - سامنے ہونا -

سُرمگیں (ف - صفت) سرمگیں کا مخفف - سرمہ لگا ہوا -

سَرمنڈل (ہ - مذکر) ایک قسم کا ساز بجانے والا -

سُرمہ (ف - مذکر) ۱ ایک سیاہ رنگ عنصر جسے پیسکر آنکھوں میں لگاتے ہیں یہ پانی سے ۷، ۶ گنا بھاری ہے - کھانے سے آواز بیٹھ جاتی ہے - انجن ۲ (صفت) بہت باریک ۳ ایران میں ایک گاؤں ۴ ایک قسم کی شراب جو ترکستان میں استعمال کی جاتی ہے - **سرمہ آگیں یا آلود** (صفت) سرمہ لگی ہوئی (آنکھ) **سرمۂ آواز** (صفت) آواز بند کر دینے والا - **سرمۂ اصفہانی** (مذکر) سرمہ ۲ **سرمہ بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) ۱ سرمہ پیس کر تیار ہونا ۲ بہت باریک ہونا - **سرمہ بھری** (صفت) سرمہ آلود - **سرمہ بھری آنکھیں** (مونث) وہ آنکھیں جن میں سرمہ خوب لگا ہو - **سرمۂ بینائی** (مذکر) ایسا سرمہ جس سے نظر کو فائدہ ہو - **سرمہ پھیل جانا یا پھیلنا** (لازم) لگے ہوئے سرمہ کا رطوبت کی وجہ سے اپنی جگہ سے بڑھ جانا **سرمۂ چشم** (صفت) کنایۃً عزیز - پیارا - **سرمۂ خفا** (مذکر) وہ سرمہ جس کے لگانے سے انسان کسی کو نظر نہ آئے - **سرمۂ خاکبیں** (مذکر) ایک سرمہ جو خسرو پرویز نے بنوایا تھا - کہتے ہیں اس کے لگانے سے انسان تین فٹ زمین کے اندر دیکھ سکتا تھا - **سرمہ دان** (مذکر) **دانی** (مونث) وہ ظرف جس میں سرمہ رکھتے ہیں - **سرمہ در گلو** (صفت) خاموش - چپ - سرمہ کھانے سے آواز بیٹھ جاتی ہے - **سرمہ دلوانا** (م) سرمہ دینا کا - **سرمۂ دنبالہ دار** (مذکر) سرمہ کی لکیر جو آنکھ کے کونے سے بڑھی ہوئی ہو - **سرمہ دینا** (متعدی) ۱ آنکھ میں سرمہ لگانا ۲ سرمہ کسی کے حوالے کرنا - **سرمہ ڈالنا** (متعدی) سرمہ لگانا - **سرمہ ڈھلکنا** (لازم) سرمہ پھیلنا - **سرمہ سا** (صفت) ۱ وہ جس میں سرمہ لگا ہوا ہو (آنکھ) ۲ سرمہ کے مانند باریک - **سرمۂ سلیمان یا سلیمانی** (مذکر) وہ سرمہ جسے آنکھوں میں ڈالنے سے جن بھوت اور خزانے نظر آتے ہیں - **سرمہ کرنا** (متعدی) نہایت باریک کرنا - **سرمہ کش** (مذکر) ۱ وہ جو آنکھ میں سرمہ لگائے ۲ سلائی جس سے سرمہ لگائیں - **سرمہ کشیدہ** (صفت) دیکھو سرمگیں - **سرمہ کھانا** (متعدی) **کھلانا** (م) خاموش کر دینا - سرمے سے گلا بیٹھ جاتا ہے - **سرمہ کھینچنا** (متعدی) سرمہ لگانا - **سرمہ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) سرمہ کش سے آنکھوں میں سرمہ کا خط کھینچا جانا - **سرمہ ہونا** (لازم) بہت

باریک ہونا۔ سُرمے (مذکر) سُرمہ کی جمع ۲ بجائے سرمہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ سرمے کا ڈورا (مذکر) سرمے کی لکیر جو آنکھوں کے اندر کھینچتے ہیں۔ سرمہ کا قلم (مذکر) پنسل۔ سرمے کی تحریر یا لکیر (مونث) دیکھو سرمے کا ڈورا۔ مثل۔ سرمہ سب لگاتے ہیں پر چتون بھانت بھانت۔ سرمہ سب لگاتے ہیں مگر زیب کسی کسی کو دیتا ہے۔

سُرمئی (ف۔ صفت) سرمے کے رنگ کا۔

سَرَن (س۔ مونث) ۱ پناہ ۔ سایہ ۲ پناہ گاہ۔ حفاظت کی جگہ ۳ ملجا۔ ماوٰے۔ سرن آنا (لازم) پناہ میں آنا۔ سرناگت (صفت) جو پناہ میں آئے۔ سرن گہنا (متعدی) ۱ پناہ مانگنا۔ کسی کی حفاظت میں آنا ۲ پاؤں پڑنا سرن میں (تمت) حفاظت میں۔

سَرَن (ھ۔ مونث) ۱ ہوا کا جھونکا ۲ (مذکر جمع) دیوتے۔

سَرنا (ھ۔ مونث) ۱ دیکھو سُرن ۲ سپ ۳ مشک جسے پھلا کر پانی پر تیرتے ہیں۔

سَرنا (س۔ مونث) ایک پودہ۔

سَرنا (ھ۔ لازم) ۱ بڑھنا۔ آگے حرکت کرنا ۲ بڑی صفائی سے چلنا۔ مناسب طریقے پر چلنا ۳ زندہ رہنا۔ بسر ہونا۔ عمر کٹنا ۴ ہونا۔ تکمیل ہونا۔ کیا جانا۔ ہوسکنا ۵ ختم ہونا ۶ نکلنا۔ خارج ہونا ۷ (متعدی) پادنا۔

سِرنا (ھ۔ مذکر) مچھلی کا چھلکا۔

سُرنا (ف۔ مذکر) نفیری جو روشن چوکی کے ساتھ بجتی ہے۔ سُرناچی۔ سُرنائی (صفت) سُرنا بجانے والا۔ سُرنائے (مونث) سُرنا۔

سَرنام (ہ۔ صفت) ۱ مشہور۔ شہرہ آفاق۔ نامی۔ نامور ۲ ممتاز۔ معزز (س سر نام) سرنام کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ مشہور ہونا۔ شہرہ ہونا ۲ ڈھنڈورا پٹنا۔

سَرَنڈ (ھ۔ مذکر) ۱ ایک پرندہ ۲ سانڈا ۳ ایک قسم کا اوزار ۴ (صفت) دغاباز۔ دھوکے باز۔ مکار۔

سُرنگ (ہ۔ صفت) ۱ اچھے رنگ کا۔ خوش رنگ۔ سرخ رنگ کا ۲ خوبصورت۔ چکیلا ۳ (مذکر) اچھا رنگ۔ خوش رنگ۔ سرخ رنگ ۴ ہلکے سرخ رنگ کا گھوڑا۔ فارسی میں کرنگ تھا۔ ہندی میں کُ برائی کے اور سُ اچھا ہونے کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ اکبر نے کرنگ کی بجائے سرنگ کر دیا۔ سرنگ اڑانا (متعدی) سرنگ گھوڑا دوڑانا۔ سرنگ لال گھوڑی (مونث) بچوں کا ایک کھیل جس میں نصف بچے گھوڑی بنتے ہیں اور باقی ان کی کمر پر سوار ہوتے ہیں۔ اور باری باری سے ہر ایک لڑکا ایک سانس میں یہ فقرہ کہتا ہوا اپنی گھوڑی کے پاس جاتا ہے۔ سرنگ لال گھوڑی تو ہم سے کیوں نہ بولی۔ سرنگ لال چٹکے تم ہم سے کیوں نہ چٹکے۔ اگر اثنائے راہ میں دم ٹوٹ گیا تو سوار گھوڑیاں بن جاتے ہیں۔

سُرنگ (ہ۔ مونث) ۱ نقب جو چور لگاتے ہیں ۲ وہ نالی جس میں بارود بھر کر اڑاتے ہیں ۳ زمین دوز راستہ ۴ ٹنل جس میں سے ریل کی سڑک۔ نہر وغیرہ گزرے۔ سرنگ اڑانا (متعدی) اڑنا (لازم) زمین دوز نالی کا بارود سے اڑایا جانا۔ سرنگ لگانا (متعدی) لگنا (لازم) ۱ نقب لگنا۔ سوراخ ہونا۔ خبر لگنا اندر ہی اندر کھوج لگنا ۲ بیخ کنی ہونا۔ بنیاد کھوکھلی ہونا ۳ کان کھدنا۔ کھائی کھدنا۔ سرنگی۔ سرنگیا (صفت) سرنگ لگانے والا۔ سرنگ ساز (س۔ سُرنگا)

سرنگار (ہ۔ مذکر) انتر نگار ۔ سنگار

سَرنگی (ہ۔ مونث) سارنگی کا مخفف تاروں کا باجہ جو طوائفوں کے پیچھے بجتا ہے۔ سرنگی چلنے لگی۔ رونا شروع کر دیا۔

سَرنی (س۔ مونث) ۱ رستہ۔ راہ ۲ سڑک ۳ خط مستقیم ۴ ایک قسم کی بیل ۵ گلے کی ایک بیماری۔

سَرنیو (س۔ مذکر) ۱ ہوا۔ باد۔ آندھی ۲ بادل ۳ پانی۔

سَرو (ف۔ مذکر) ۱ ایک مشہور درخت جو بہت سڈول اور گاؤ دم ہوتا ہے۔ جہاں سے پتے شروع ہوتے ہیں وہاں سے چوڑا اور چوٹی نوک سی نکلی ہوتی ہے۔ پتے سوئیوں کی طرح ہوتے ہیں۔ شاعر قد سے تشبیہہ دیتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ اس میں پھل نہیں لگتا۔ یہ غلط ہے ۲ یمن کے ایک بادشاہ کا نام۔ سروِ آزاد (مذکر) ایک قسم کا سرو جو بالکل سیدھا ہوتا ہے۔ اور اس میں کجی نہیں ہوتی۔ بعض کا خیال ہے کہ اس میں پھل بھی نہیں لگتا مگر یہ غلط ہے۔ سرو اندام (صفت) وہ جس کا بدن سرو کی طرح سڈول ہو۔ سروِ باغ خوبی (صفت) معشوق کی صفت ہے۔ خوبصورت حسین معشوق۔ سرو بالا یا بلند (صفت) سبا سرو۔ معشوق۔ سرو چراغاں (مذکر) لکڑی کے ٹکڑوں کا سرو جس پر چراغ رکھ کر جلاتے ہیں سرو چمن۔ خرام۔ خراماں۔ رعنا۔ رواں یا روانہ (صفت) کنایتاً معشوق۔ محبوب سروِ سہی (مذکر) ۱ سیدھا سرو جس کی شاخیں سیدھی اوپر کو ملی ہوئی ہوں۔ کنایتاً معشوق ۲ ایک بحر۔ سرو قامت (صفت) سرو کے قد کا۔ کنایتاً معشوق۔ سرو قد (صفت) ۱ دیکھو اوپر ۲ جب کوئی شخص سیدھا کھڑا ہو تو اس کی نسبت کہتے ہیں۔ سرو قد اٹھنا (لازم) تعظیم کے لئے کھڑا ہو جانا۔ سرو قد تعظیم دینا (متعدی) سیدھا کھڑا ہو کر تعظیم دینا۔ سرو کا شعر (مذکر) معشوق کی شکل۔ سرو کلاں (مذکر) ۱ بڑا سرو ۲ کنایتاً شاہنامہ۔ سرو گلشن (صفت) کنایتاً معشوق سرو ناز (مذکر) ۱ سرو جس کی شاخیں چاروں طرف پھیلی ہوں ۲ خوبصورت عورت۔ معشوق ۳ ایک بحر۔

سَرو (س۔ صفت) ۱ تمام۔ کل۔ مکمل ۲ ہر ایک ۳ ہر قسم کا۔ مختلف ۴ عام۔ عالمگیر۔ سرو آتما (مذکر)۔ روح کل۔ کل مخلوقات۔ سروجیت (صفت) ہر ایک کو فتح کرنے والا۔ سروگیانی (صفت) بہت عقلمند۔ سرو دمن (صفت)۔ سب کو زیر یا مغلوب کرنے والا سرو دھاری (صفت) سب کو پالنے والا رب۔ سرو سمرتھ (صفت) قوی۔ قادر مطلق۔ سرو شکتیمان (صفت) قادر مطلق سرو کاری (صفت) خالق۔ سروگ (صفت) ہر جگہ موجود۔ حاضر و ناظر۔ سرو گرہن (مذکر) مکمل گرہن

سروگن (مذکر) ۱۔ اعلیٰ خوبی ۲۔ (صفت) وہ جس میں اعلیٰ خوبیاں ہوں۔ خدا تعالیٰ۔ سرومے (صفت) ۱۔ جامع۔ مکمل ۲۔ تمام ۳۔ خدا تعالیٰ۔ سرو نام (مذکر) اسم ضمیر۔ سرو و دیا ویدی (صفت) دانا۔ ہر بات کو جاننے والا۔ خدا تعالیٰ۔ سرویا پک (صفت) ہر جگہ موجود۔ خدا تعالیٰ۔

سرویش (مذکر) ۱۔ ایشور ۲۔ مہاراجہ۔

سروا (ہ۔ مذکر) ۱۔ پیالہ ۲۔ سالہ ۳۔ طرفداری (ان معنوں میں کرنا کے ساتھ) ۴۔ (صفت) بڑھنے والا۔ بہتر۔

سروا (ہ۔ مذکر) چارپائی کے سرہانے اور پائنتی کی پٹیاں۔

سُروا (س۔ مذکر) ۱۔ ایک قسم کا ہاتھ کی شکل کا چمچا جس سے ہوں میں گھی آگ پر ڈالتے ہیں ۲۔ کئی پودوں کا نام ۳۔ (ہ) شوربا۔

سُروال (ع۔ مذکر) شلوار کا معرب۔

سروالہ (ف۔ مذکر) ایک گھاس جس کے کانٹے کپڑوں کو چمٹ جاتے ہیں۔

سروالی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا چھوٹا سیاہ بیج۔

سُروپ (س۔ صفت) ۱۔ شکل یا صورت والا۔ جس کی شکل یا صورت ہو ۲۔ بنا ہوا ۳۔ ایک ہی شکل کا۔ مانند۔ مثل۔ سروپ بنانا۔ کرنا یا لانا (متعدی) کسی کی شکل اختیار کرنا۔ سروپتا (مونث) مشابہت۔ مطابقت

سُروپ (ہ۔ مذکر) ۱۔ قدرتی شکل۔ اپنی شکل ۲۔ شکل۔ صورت۔ شباہت ۳۔ یکسانیت۔ مطابقت ۴۔ تماشا۔ نظارہ ۵۔ اصلی حالت ۶۔ ضروری خاصیت ۷۔ قدرت ۸۔ چلن ۹۔ قسم۔ نوع۔ سروپی (صفت) ۱۔ اپنی شکل و شباہت یا خاصیت رکھنے والا ۲۔ اپنی شکل میں ۳۔ مطابق۔

سُروپ (س۔ مذکر) سُروپ (ہ) ۱۔ خوبصورتی۔ حسن۔ روپ۔ شکل و شباہت ۲۔ (صفت) خوش شکل۔ خوبصورت۔ حسین۔

سُروپی (صفت) دیکھو سُروپ۔

سروتا (ہ۔ مذکر) چھالیا کترنے یا گنڈیریاں کاٹنے کا اوزار۔ سروتی (مونث) چھوٹا سروتا۔

سَروتا۔ سروتا (ہ۔ مذکر) وہ شخص جو سنے۔ سمیع۔

سروتیات (س۔ مذکر) ۱۔ نسوں کی بیماری ۲۔ آنکھوں کا سرخ ہو نا یا دکھنے آنا۔

سروتری (ہ۔ مذکر) وہ برہمن جو وید جانتا ہو۔

سروتس (س۔ تف) ۱۔ ہر طرف سے۔ ہر پہلو سے ۲۔ ہر طرف۔ ہر جگہ۔ ہر پہلو پر ۳۔ ہر کہیں ۴۔ پورے طور پر۔ مکمل طور پر۔

سَروتس۔ سَروتہ (س۔ مذکر) ۱۔ پانی کا بہاؤ۔ دھارا ۲۔ تیز ندی ۳۔ نالہ۔ دریا ۴۔ لہر ۵۔ چشمہ۔ سوتا۔

سَروتھا (س۔ تف) ۱۔ ہر طریقے پر ہر طرح ۲۔ ہر بات میں ۳۔ ہر ذریعے سے ۴۔ ہر وقت۔ تمام وقت ۵۔ مکمل طور پر۔ پورے طور پر ۶۔ زیادہ تر ۷۔ حد سے بڑھ کر ۸۔ یقینی طور پر۔ سروتھا سَمَرتھ (صفت) قادر مطلق۔ خدا تعالیٰ۔

سَروج (س۔ مذکر) ۱۔ "جھیل کی پیدائش" کنول۔ نیلوفر ۲۔ (ہ) بالچھڑ کپور وغیرہ جو دولھا سے پسوا کر دلھن کی مانگ میں بھرتے ہیں۔

سَرود (ف۔ مذکر) ایک قسم کا باجہ۔

سَرُود (ف۔ مذکر) گانا۔ غزل۔ قصیدہ۔

سُرود (ف۔ مذکر) ۱۔ گانا۔ گیت نغمہ۔ راگ ۲۔ رقص و سماع۔ ناچ گانا۔ سرود سرا یا گوئے (سرودی) یا نواز (مذکر) گویا۔ مغنی امثال۔ سرود بمستاں یاد دادن (دہانیدن) کسی شخص کو کوئی امر یاد دلانا جس کے کرنے کا وہ شوقین ہو۔ سرود خانۂ ہمسایہ حسن رہ گزر رہے۔ پڑوسی کے گھر کے گانے اور راہگیر کے حسن سے لطف اٹھانا چاہئے۔

سَرودا (س۔ تف) ہر وقت۔ ہمیشہ۔ لگاتار۔

سرودھا (ہ۔ مذکر) ایک علم جس میں ناک کے سروں کو دیکھ کر نیک و بد شگون لیتے ہیں۔ اس کا موجد ایک شخص چرنداس بیراگی تھا۔

سَرْوَر (ف۔ مذکر) ۱۔ سردار۔ حاکم۔ افسر ۲۔ مالک۔ آقا ۳۔ ایک پیر کا نام ۴۔ برابر کا شخص۔ رقیب (مت) سرور انبیا۔ عالم یا کائنات (مذکر) پیغمبر صلعم۔ سَرور مجلس (مذکر) جلسے کا صدر۔ سروری (مونث) ۱۔ سرداری۔ افسری ۲۔ برابری (مت)۔

سُرُور (ع۔ مذکر) ۱۔ خوشی۔ مسرت۔ فرحت۔ انبساط۔ آنند ۲۔ خفیف سا نشہ۔ خمار۔ کیف (سُرُور۔ خوش کرنا) سرور انگیز (صفت) نشہ پیدا کرنے والا۔ سرور بے اندازہ (مذکر) بے حد خوشی۔

سرور جمنا۔ گٹھنا یا ہونا (لازم) نشہ ہونا۔ نشے سے آنکھوں میں سرخی ہونا۔

سَرْوَری (ہ۔ مونث) ۱۔ شام۔ رات ۲۔ عورت ۳۔ املی۔

سَروِس (انگ۔ مونث) ملازمت نوکری۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) سروس بُک (مونث) وہ کتاب جس میں افسروں اور ملازموں کے حالات تاریخ نوکری۔ رخصت وغیرہ لکھے جاتے ہیں۔

سَروش (ف۔ مذکر) ۱۔ آوازِ غیب۔ الہام ۲۔ پیغامبر فرشتہ۔ جبرئیل ۳۔ ہر مہینے کا سولھواں دن۔ سروش سخن (مذکر) ایک کتاب جو فسانۂ عجائب کے مقابلہ پر لکھی گئی ہے۔ سروش غیب (مذکر) ہاتف غیب۔ آسمانی آواز۔

سَروش (س۔ صفت) غصے سے بھرا ہوا۔ ناراض۔

سَروک (س۔ صفت) بیمار مریض۔

سَرولا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی شیرینی۔

سروِمَن (ہ۔ مذکر) ۱۔ ہیرا جسے کلغی میں لگائیں ۲۔ بہترین چیز۔

سَرَون (ہ۔ مذکر) ۱۔ سننے کا فعل ۲۔ سننے کا عضو۔ کان ۳۔ ستائیسواں نکشترہ۔ سرون چھید (مذکر) کان کا سوراخ۔

سَرونج (ہ۔ مونث) ایک قسم کا

بیج -
سروہی (مونث) دو دھاری
تلوار - ایک قسم کا خنجر -
سرویا (ھ - مذکر) مرمت کرنیوالا
سرویہیا (ھ - مذکر) نمبردار -
مستری -
سرہانا (ہ - مذکر) ۱ سر رکھنے کی
جگہ ۲ سر کی طرف - بالین ۳ (ھ) تکیہ - سرہانے
(تف) سر کی طرف -
سرہج (ھ - مونث) سالے کی
بیوی -
سرہری (ھ - مونث) سرکنڈا -
سر -
سرہ گائے (ھ - مذکر) تبت کا
بیل - یاک -
سرہنا (ھ - مذکر) مچھلی کا چھلکا -
سرہی (ہند) ایک قسم کی گھاس
جو اجاڑ جگہوں میں ہوتی ہے -
سری (س - مونث) ۱ آبشار -
جھرنا - چادر پانی کی ۲ پانی کی نالی یا نہر ۳ دریا ۴
طرف - جانب (شمال جنوب مشرق مغرب
وغیرہ میں سے کوئی) سری تیر (مذکر) دریا کا کنارہ -
سری صاف (ہ - مونث) ایک قسم کی باریک
ململ یا تنزیب -
سری (ھ - مونث) ۱ ایک
لکڑی جس کے تیر بنتے ہیں ۲ تیر کی چھڑ ۳ سونے
چاندی کا تار -
سری (ہ - مونث) پیسہ - تمباکو
کی اصطلاح -
سری (ھ - مونث) ۱ کامیابی -
خوشی - خوشحالی ۲ ترقی - اصلاح ۳ خوبصورتی -
حسن ۴ لچھمی بحیثیت خوشحالی کی دیوی کے ۵ عزت کا
خطاب جو بزرگوں اور دیوی دیوتاؤں کے نام کے
ساتھ لگاتے ہیں ۶ کتابوں وغیرہ کے شروع میں
برکت کے واسطے لکھتے ہیں ۷ (ہ) مزاج طبیعت -
قطع وضع - سری پھل (مذکر) ناریل - نارجیل -
سری حضور (مذکر) جناب عالی - جہاں پناہ - خداوند
نعمت - سری راگ (مذکر) راگ کی ایک
قسم - سری کرشن یا کشن (مذکر) کرشن جی کا ذکر
کرتے ہوئے اسطرح کہتے ہیں - سری کرنا (متعدی)
۱ سری کے نام سے شروع کرنا ۲ گواہی دینا - سری
گنیش نمہ (مذکر) گنیش جی کی استتی جو ہندو بجائے
بسم اللہ کے کتاب کے شروع میں لکھتے ہیں - سری
مہاراج (مذکر) دیکھو سری حضور - سری
نیم (عدد) تیس کا آدھا - پندرہ (دلالوں کی
اصطلاح)
سری (س - مونث) نشئی چیز
شراب -
سریا (ہ - مونث و مذکر) ۱ سر
کنڈہ جو گوٹا بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۲ سرکنڈے کا
ٹکڑہ ۳ بانس کا پتلا ٹکڑا ۴ سونے کا تار ۵ چاندی
سونے کی تار کی بٹی ہوئی زنجیر ۶ سونے کا ڈلہ ۷
پتلی لوہے کی سلاخ ۸ دلالوں کی اصطلاح - ایک
پیسہ ۹ ساڑی کی تصغیر -
سریارہ (ہ - مذکر) قصابوں کا ایک
فرقہ - جو برہمن کے بھیس میں مویشی خریدتا ہے -
سریت (ہ - مونث) سریتن
(ھ) وہ لونڈی جسے اپنے تصرف میں لائیں سرکھنی -
سریت (ھ - مونث) ۱ اچھا
طریقہ یا برتاؤ ۲ اچھی رسم یا ریت -
سریتنا (ھ - متعدی) دانہ چننا
سریجو (ھ - مذکر) پناہ حفاظت
سریر (ھ - مذکر) ۱ بدن دیکھو
شریر ۲ (مونث) قلم کی خراش - دروازے کی
آواز - سریر دھارن کرنا (متعدی) ۱ قالب
اختیار کرنا - قالب میں آنا ۲ انگور بندھنا - زخم بھرنا -
سریر ڈنڈ (مذکر) سزائے جسمانی - سریر کی چوٹ
(مونث) چوٹ جو بدن پر لگے - سریری (صفت)
جسمی جسمانی - بدنی
سریر (ع - مذکر) ۱ پلنگ - تخت -
مسند - گدی ۲ (تف) خوش ہونا - سریر آرا (صفت)
تخت پر بیٹھنے والا - تخت آراستہ کرنے والا -
تخت نشین - سریر فلک (مذکر) دب اکبر -
سریری (ھ - مونث) ۱ اثر سری -
۲ سفیدی - سفیدی کرنا - پلستر کرنا - سریری پوتنا
(متعدی) ۱ لیپنا - ڈھکنا - چھپانا ۲ مٹانا - دبانا -
ملیامیٹ کرنا - سریری پھیرنا (متعدی) ۱ سفیدی
کرنا ۲ مٹانا ۳ بھول جانا - قرض ادا کرنا -
سریش (ف - مذکر) ایک
چکنے والا مادہ جو مچھلیوں کے پروں سے حاصل کیا
جاتا ہے - لکڑی کی چیزوں کے جوڑنے کے کام
آتا ہے -
سریش (ھ - مذکر) سرس -
سریشٹھ (ھ - صفت) بہترین
نہایت اعلےٰ -
سریع (ع - صفت) ۱ تیز -
جلدی کرنے والا ۲ چست - چالاک ۳ تیار ۴ (مونث)
ایک بحر - مستفعلن مستفعلن فاعلن - سریع الاجابت
(صفت) جلد جواب دینے والا - جو جواب دینے پر
ہر وقت تیار رہے - سریع الالتہاب (صفت)
جلد آگ پکڑنے والا - سریع التاثیر (صفت) جلد
اثر کرنے والا - زود اثر - سریع الزوال (صفت)
جلد ضائع ہونے والا - سریع السیر (صفت) تیز
چلنے والا - سریع الفہم (صفت) جلد سمجھنے والا -
زود فہم - سریع الہضم (صفت) جلد ہضم ہونیوالا -
سریکا - سریکا - سریکھا (ھ -
مذکر) ۱ تشبیہ - تمثیل ۲ نمونہ ۳ (صفت) مانند -
مشابہ - جیسا نمونے کا -
سریکھا (ھ - مونث) نوانکشترہ -
سریکھا (س - صفت) دغاباز -
دھوکے باز - مکار -
سرین (ھ - تف) ایک تیر کے
ساتھ -
سرین (ف - مذکر) چوتڑ - پٹھا -
سرینٹس (انگ - مذکر) سورت
دب اکبر کا روشن ترین ستارہ یہ سورج سے ۱۲ گنا
بڑا ہے اور زمین سے ۵ نیلم دس کھرب میل دور ہے
یا روشنی کے ۸۰ سال کے فاصلے پر ہے -
سرٹ (ہ - امر) سڑنا کا دس شد -
تلف کرنا) سڑا (ہ - امر) سڑنا کا ۲ ماضی) سڑنا
کی - سڑا سانپ (مذکر) نہایت ضعیف اور

بڑھا مرد - سڑا گلا (صفت) بوسیدہ - گلا ہوا - جس میں بو پیدا ہو گئی ہو - سڑانا (متعدی) گلانا - بوسیدہ کرنا ۲ خمیر اٹھانا ۳ رکھ چھوڑنا - ڈال رکھنا - سڑانڈ سڑاہند (مونث) بو - تعفن آنا - اٹھنا مارنا کے ساتھ) سڑاندا - سڑاہندا (صفت) ۱ سڑا ہوا بدبودار ۲ خراب - نکما - سراہٹ (ھ - مونث) سڑاند - سڑا ہوا (صفت) ۱ خراب - نکما ۲ گلا ہوا بدبودار ۳ ادنے - بے حقیقت - سڑ جانا - سڑنا (لازم) ۱ بدبودار ہونا - گل جانا ۲ خمیر اٹھنا ۳ خراب ہونا - کام کا نہ رہنا ۴ مدت تک پڑا رہنا ۵ (چوسر) کسی کا بازی نہ جیتنا ۶ (پ) جلنا ۷ رشک کرنا - سڑی بساندھی باتیں (مونث) نکمی باتیں - ناگوار باتیں - سڑی سڑی باتیں (مونث) طنزیہ باتیں - بیہودہ باتیں - فحش گالیاں - سڑی کیچڑ (مونث) بدبودار کیچڑ جو سڑ کر سیاہ ہو جائے -

سِڑ (ہ - مونث) جنون - دیوانگی - باؤلاپن - سودا - خبط - پگلاپن - خفقان - مالیخولیا (س - شری - توڑنا) سڑا (صفت) ۱ پاگل - دیوانہ جنونی وغیرہ ۲ اپنی دھن کا پکا - سڑا باؤلا (صفت) دیکھو سڑا - سڑان (صفت) دیوانہ - مجنون - سڑبلا یا بلّا (صفت) ۱ دیکھو سڑا ۲ احمق - بیوقوف اول جلول - سڑبن یا پنا (مذکر) دیوانگی - خبط - سودا - سڑ چھوٹنا یا لگنا (لازم) خبط ہونا - سودا ہونا - سڑن (مونث) دیوانی عورت - سڑی سڑی سلطان یا سودائی (صفت) دیوانہ مجنوں - سڑی ہے - غلطی پر ہے - سمجھتا نہیں - مخاطب کو کسی بات سے ممانعت کرتے ہیں -

مقولہ - سڑی ہے تو کیا بات ٹھکانے کی کہتا ہے - ہے تو بیوقوف مگر بات ٹھیک کہتا ہے -

سُٹر (ہ - مونث) جلدی - سرعت - سُٹر سے (تف) جلدی سے -

سَٹر اسَٹر (ہ - مونث) ۱ چابک یا قمچی سے مارنے کی آواز ۲ (تف) لگاتار - متواتر - برابر ۳ آواز کے ساتھ ۴ تیزی سے -

سَڑاک (ہ - مونث و تف) دیکھو سڑاسڑ - سڑاکا (مذکر) دوڑنے میں تیزی کرنا - سڑاک دیسی یا دینی (تف) جلدی سے - تیزی سے - فوراً (مت) سڑاک سے (تف) ۱ آواز کے ساتھ ۲ جلدی سے -

سَڑَپ (ہ - مونث) **سُڑُپ** کسی رقیق چیز کے پینے یا چوسنے کی آواز - سڑپا (مذکر) ایک ہی دفعہ پی جانے کی آواز (لگانا یا مارنا کے ساتھ) سڑپ گیا - سب کھا گیا - کچھ نہ چھوڑا - سڑپنا (متعدی) چوسنا - پینا - کش کھینچنا -

سُٹڑ - سَٹڑ - سُٹرسُٹر (ہ - مونث) حقہ کی آواز - گڑگڑ - سڑسڑی (مونث) چھوٹا سا مٹی کا حقہ -

سَڑَک (ہ - مونث) شارع عام - چوڑا رستہ - شاہراہ (س سُرک - سری - گزرنا - سفر کرنا - ع - شرک - رستہ) سڑک آہنی (مونث) ریلوے - لوہے کی سڑک - سڑک بنانا (متعدی) بننا (لازم) رستہ کا نشان لگ کر مٹی وغیرہ پڑنا - سڑک باندھنا (متعدی) بندھنا (لازم) کسی چیز سے سڑک بننا - سڑک پھانسی (مونث) سرکنی گرہ - پھانسا - سڑک چھڑکنا (متعدی) سڑک پر گرد بٹھانے کے لئے پانی ڈالنا - سڑک کاٹنا (متعدی) کٹنا (لازم) ۱ نئی سڑک بننا - نیا رستہ جاری ہونا ۲ قید بامشقت ہونا - جیلخانے کی سزا ہونا - سڑک مرمت کرنا (متعدی) ہونا (لازم) کچی سڑک پر مٹی پڑنا - پکی سڑک جہاں سے نیچی ہو گئی ہو وہاں کنکر ڈال کر کوٹنا - سڑک نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) دیکھو سڑک کٹنا ۱

سُڑَک (ہ - امر) سڑکنا کا - سڑک جانا - سڑکنا (متعدی) ۱ نگل جانا ۲ پی جانا ۳ ناک غلاظت اوپر کی طرف کھینچکر نگل جانا ۴ ناس لینا ۵ ناک میں دوائی چڑھانا ۶ تلوار میان سے سونتنا -

سَڑکا (ھ - مذکر) تھوڑی سی زور کی بارش - سڑکا لگانا (متعدی) حلق کرنا (غف) -

سَرَکنا (ھ - متعدی) ۱ سٹکنا ۲ سرکنا -

سُڑکی - سُڑکی (ھ - مونث) ۱ دھاگے کو چھوڑنے کا فعل ۲ کنکوے کی ڈور کو دفعۃً ڈھیل دینا -

سَرَم (ھ - مذکر) موٹا سن -

سَڑَن (ھ - مونث) ۱ بوسیدگی سڑاند - بساند ۲ (علم جراحی) گوشت کا سڑ جانا -

سُٹرنا (ھ - لازم) سردی سے کانپنا -

سَڑیَل - سَڑیلا - سَڑیل (ھ - صفت) ۱ دیکھو سڑا ۲ غصیلا - ہر وقت ناک بھوں چڑھائے رکھنے والا -

سَزا (ف - مونث) ۱ جزا - بدلا - عوض ۲ تاوان - جرمانہ - قید - جرم کرنے کی وجہ سے کسی قسم کا بدلا - سزا بھگتنا (لازم) کئے کا نتیجہ پانا - سزا پانا (لازم) ۱ بدی کا عوض پانا - دکھ پانا ۲ قید جرمانہ وغیرہ بھگتنا - سزا دلوانا (مم) سزا دینا (متعدی) ۱ مارنا پیٹنا - گوشمالی کرنا ۲ قید یا جرمانہ وغیرہ کرنا - سزا کا مزا چکھنا (لازم) کئے کی سزا پانا - سزا کو پہنچنا - سزا ملنا (لازم) پاداش ملنا - سزاوار (صفت) قابل - لائق - مناسب - زیبا ۲ مستحق ۳ مبارک - مسعود - (ہونا کے ساتھ) سزاواری (مونث) مناسبت - زیبائش - قابلیت - خوبی سزاوار (صفت) سزاوار - سزا ہونا (لازم) قید یا جرمانہ وغیرہ ہونا - سزائے جرمانہ (مونث) جرم کے بدلے میں جرمانہ ہونا - سزائے قید (مونث) جرم کے بدلے جیل خانے میں بند کیا جانا - سزائے موت (مونث) قتل یا بغاوت کی وجہ سے پھانسی - سزایاب (صفت) ۱ سزا پانے والا - جسے سزا ملے ۲ سزا کے قابل - سزا یافتہ (صفت) وہ شخص جو سزا پا چکا ہو -

سزاوَل (ت - مذکر) ۱ مالگزاری یا سرکاری روپیہ وصول کرنے والا ۲ داروغہ - منتظم - سزاولی (مونث) سزاول کا عہدہ یا کام -

سَس (ھ - مذکر) ۱ خرگوش - سسا ۲ چاندپر داغ - سسی ۳ شش -

سِس (ھ - مذکر) ۱ شاگرد - چیلا (س شِشو) ۲ بچہ - طفل - لڑکا ۳ جانور کا بچہ (س شِشو) ۴ دیکھو سیس -

سَسا - سُسا (ھ - مذکر) خرگوش - سسی (مونث) مادہ خرگوش -

امثال و اقوال - سِیاگادڑ

لومڑی ڈرپوک تو انکو جان - مانس کو کر

دیکھ کر تکنے لگیں پران - خرگوش گیدڑ اور
لومڑی بزدل ہوتے ہیں - انسان اور کتے کو دیکھ کر
انکی جان نکلتی ہے - سسوں جاؤں کے گوسوں
جاؤں - گوسوں گو برا ایک عورت گوبر چننے جایا کرتی
اتفاق سے ایک دن خرگوش پکڑ لائی - اب اسے
خیال ہو گیا کہ اسے روز خرگوش مل جائے گا - کمینہ
آدمی معمولی سی بات پر شیخی میں آجاتا ہے - سسی
کی تین ٹانگ - ضدی آدمی کی نسبت کہتے ہیں -

سسار (ھ - مذکر) ۱ باورچی -
رسوئیا ۲ کھانے کی چیزیں تیار کرنے اور بیچنے والا -

سسار (س - مذکر) ۱ جائداد - مال ۲
متاع - سامان ۳ ایک قسم کا ہیرا -

سساکھی (ھ - مذکر) اچھا گواہ -
گواہ جو حق میں گزرے -

سساند (ہ - مونث) مچھلی کی سی بو -

سساہسی (س - صفت) بہادر -
شجاع - دلیر - بیر - بلی -

سسپا (ھ - مونث) ۱ شیشم کا درخت
۲ نشر پھلے کا درخت -

سست (ف - صفت) ۱ کاہل -
مجھول - نکما ۲ ناتوان - کمزور ۳ دھیما ۴ مضمحل - نڈھال
۵ کند ذہن - غبی ۶ اداس - آزردہ ۷ کم شہوت - نرم
۸ ماند - مندا (بازار یا منڈی) **سست اعتقاد**
(صفت) ضعیف الاعتقاد - **سست پیماں** (صفت)
عہد شکن - وعدے کا کچا - **سست رائے** (صفت)
بے عقل - بیوقوف - نادان - **سست زمین**
(مونث) ردیف قافیہ اور وزن کی ناموزونیت -
سست قدم (صفت) دھیما چلنے والا - **سست
کرنا** (متعدی) ۱ طاقت کم کرنا - زور گھٹانا ۲ کاہل
بنانا - **سست ہونا** (لازم) ۱ کم شہوت ہونا
۲ کم رفتار ہونا ۳ کاہل ہونا ۴ اداس ہونا ۵ دھیما ہونا
۶ مضمحل ہونا ۷ کند ذہن ہونا ۸ ماند ہونا - مندا ہونا -
سستی (مونث) ۱ کاہلی - آلکسی - کسل ۲ نامردی
۳ کمزوری ۴ کم شہوتی ۵ ماند ہونا - مندا پن (بازار
یا منڈی کا) ۶ غافل - **سستی اتارنا یا توڑنا** (متعدی)
۱ انگڑائی لینا ۲ ہوشیار ہونا - **سستی کرنا یا لانا**
(متعدی) ۱ کاہل ہونا ۲ مجہول ہونا ۳ دیر کرنا -
سستی کا تیل (مذکر) طلا - وہ تیل جو آلہ تناسل پر
سستی کو رفع کرنے کے لئے ملتے ہیں -

امثال و اقوال - سست
**مونکھ کا کوئی نہ لاگو - کچھ تیلے کے سب
لے بھاگو** (ھ) سست آدمی کو کوئی پسند نہیں
کرتا - چست و چالاک کو سب چاہتے ہیں - **سستی
بری بری رے بالکے یا کوجی سے تاڑ - رتی
بوجھا سست کو لاگے بوجھ پہاڑ** (ھ) سستی کو
چھوڑ و - سست آدمی کو ذرا سا بوجھ بھی پہاڑ معلوم
ہوتا ہے - **سستی مفلسی کی ماں ہے** - سستی کی وجہ
سے انسان مفلس ہو جاتا ہے -

سستا (ہ - صفت) ۱ کم قیمت -
ارزاں ۲ گھٹیا - کم قدر - (س سرنس گرتا) **سستا
بیچنا** (متعدی) کم قیمت پر فروخت کرنا - **سستا
چک جانا یا چکنا** (لازم) کم قیمت پر طے ہونا -
سستا چھوٹنا (متعدی) ۱ تھوڑے خرچ سے کام
چل جانا ۲ آسانی سے بلا دفع ہونا ۳ تھوڑے مواخذے
کے بعد بچ جانا - تھوڑی سزا ملنا ۴ کم قیمت پر بکنا -
سستا سما یا سماں (مذکر) ارزانی کا زمانہ
سستا لگا دینا یا لگانا (متعدی) سستا بیچنا -
سستا مال (مذکر) ارزاں چیز - **سستائی** (ھ - مونث)
ارزانی - **سستے مولا** (مذکر) ۱ گھٹیا - کم قدر ۲
سستا - کم قیمت ۳ کم قیمت پر بیچنے والا - **سستے
چھوٹنا** (لازم) دیکھو سستا چھوٹنا - **سستے چھوٹے**
تھوڑے خرچ سے کام چل گیا - بچ گئے بعد تھوڑی
تکلیف کے - **سستی دوکان** (مونث) وہ دوکان
جس پر چیز ارزاں ملے - **سستے ہیں** (تف) ارزانی
کے موقعہ پر یا موسم ہیں -

**امثال و اقوال - سستا رونے
مہنگا پیٹا** - وہاں کہتے ہیں جب چیز کی قیمت زیادہ
مانگیں - **سستا روئے (روئے) بار بار مہنگا
روئے (روئے) ایک بار** - مہنگی چیز پر
خریدنے کے وقت انسان کو افسوس ہوتا ہے اور
سستی چیز پر ہر وقت کیونکہ وہ ٹھیک کام نہیں دیتی
سستا گیہوں گھر گھر پوجا - سستے میں لوگ بہت خوش ہوتے ہیں **سستا
ہنساوے مہنگا رلاوے** - سستے میں لوگ خوش ہوتے ہیں - مہنگے
میں رنجیدہ ہوتے ہیں - **سستی بھیڑ کی ٹانگ اٹھا اٹھا کے دیکھتے
ہیں** - سستی چیز خریدتے وقت بہت احتیاط کرتے ہیں - **سستے کو دیکھ
بھال کے لینا چاہئے** - سستے مال میں ضرور کوئی نقص
ہوتا ہے - اس لئے اسے احتیاط سے خریدنا چاہئے -

سستا لینا - سستانا (ہ - لازم)
۱ آرام کرنا - دم لینا ۲ تکان اتارنا ۳ تکیہ کرنا - سہارا
لینا ۴ ٹھیرنا ۵ تازہ دم ہونا - قوت پانا -

سستر (ھ - مذکر) وہ تار جس سے
پتلیوں کو نچاتے ہیں -

سسر (ھ - صفت) ۱ ٹھنڈا - سرد
۲ (مذکر) سردی - ٹھنڈ ۳ شبنم ۴ پالا ۵ سرد موسم -
سردی - موسم سرما - **سسر کال** (مذکر) سردی کا
موسم - سرما -

سسر - سسرا (ہ - مذکر) ۱ بیوی
یا خاوند کا باپ ۲ گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے
(س شوشر) **سسرال** (مونث) ۱ سسرے کا
گھر - بیوی کے لئے خاوند کا اور خاوند کے لئے
بیوی کا کنبہ ۲ کنایتاً قید خانہ - جیل - **سسرال کا
رشتہ** (متعدی) وہ رشتہ جو شادی کی وجہ سے
ہو - **سسرال کا کتا** (مذکر) وہ داماد جو خسر کی
روٹیوں پر پڑا رہے - **سسرال کو جانا** (لازم)
۱ مفرور ہو جانا - بھاگ جانا - غائب ہو جانا ۲
جیل میں جانا - قید ہو جانا - **سسرالیا** (صفت)
سسرال کا - **سسری** (مونث) ۱ ساس ۲ گالی -

سسر - سسرا - سسرا (ھ)
دیکھو سسر اور سسرال -

**مثل - سسرا سکھ کی سار
جو رہے دنا دو چار** - سسرال میں بہت آرام اور
مزا ہوتا ہے اگر دو چار دن رہیں - ایک شخص جا کر
سسرال رہا - وہاں اس کی بڑی خاطرداری ہوئی اپنے
ایک خط میں پہلا فقرہ لکھا - اس کے سالے نے دیکھ
لیا - اسے خیال ہوا کہیں اس کا بہنوئی وہاں رہ
ہی نہ پڑے - اسنے آگے دوسرا فقرہ لکھ دیا -

سسرنا (ھ - متعدی) حرکت
کرنا -

سسرنا (ھ - لازم) ۱ بسرنا ۲ سکنا

سسک (ھ - مذکر) خرگوش -

سسک (ہ - مونث) ۱ سکی - ہچکی -
ہچکی - **سسکاری** (مونث) ۱ سکی - ہچکی ۲ کتے کو
جھپٹانے کی آواز - **سسکاری بھرنا** (متعدی) ۱
سکی لینا ۲ ہوا اندر کو کھینچنا آواز سے ۳ کنجوسی کرنا -
سسکا کرنا (متعدی) کنجوسی کرنا - **سسکانا** (متعدی)
تھوڑی تھوڑی چیز دینا - **سسکلے مارنا** (متعدی)

ستانا - دق کرنا - **سسکتا رہ جانا یا رہنا** (لازم) ۱ دم توڑنا - آہستہ آہستہ سانس لینا ۲ کسی بات کی آرزو میں رہ جانا - **سسکتی** (صفت) روتی - بسورتی - **سسکتی پھنکتی** (صفت) ۱ تھوڑی سی - ذرا سی ۲ کنجوس (عورت) - **سسک سسک کے دم نکلنا** (لازم) تکلیف سے مرنا - بہت دیر میں اور ایذا کے ساتھ جان نکلنا - **سسکنا** (لازم) ۱ ذرا ذرا سانس لینا ۲ مرنے کے قریب ہونا - **سسکی** (مونث) ۱ درد یا تکلیف کی وجہ سے سانس اوپر کو کھینچنا ۲ پیہم رونا سانس لے لے کر ۳ آہ سرد - سبکی - ہچکی ۴ عورت کا جماع کراتے وقت زیر لب آہ آہ کرنا ۵ جاڑے کے مارے سو سو کرنا - **سسکیاں بھرنا - سسکی بھرنا یا لینا** (متعدی) ۱ پیہم سانس لے لے کر رونا بچے یا عورت کا ۲ تکلیف یا درد کے باعث سسکاری بھرنا ۳ دیکھو آخری -

امثال - سسکتی گئی بلکتی آئی - بدنصیب کو ہر جگہ مصیبت ہے - **سسکتے گئے بلکتے آئے** - جو دل سے کام نہ کرے اس کے متعلق کہتے ہیں -

سُسکارنا (ہ - متعدی) ۱ بچے کو منہ کی آواز سے پیشاب کرانا ۲ کتے کو کسی پر دوڑانا ۳ سانپ کی طرح پھنکارنا -

سُسکاری (ہ - مونث) دیکھو سسکارنا وغیرہ

سُسُم (ہ - صفت) نیم گرم - شیر گرم -

سُسماچار (ہ - مذکر) اچھی خبر - انجیل کا لقب -

سُسمجھ (ہ - مونث) اچھی سمجھ یا عقل -

سُسمے (س - مذکر) اچھا وقت اچھا موسم - بہتات یا افراط کا زمانہ - اچھا سماں -

سِشن (ہ - مذکر) آلہ تناسل -

سَنگی (ہ - مذکر) مناسب یا موزوں ساتھی یا دوست -

سِسو (ہ - مذکر) ۱ بچہ - دیکھو سس ۲ شیشم -

سُسو بھاونا (ہ - صفت) وہ جس کی طبیعت یا طینت اچھی ہو -

سَسُئی (ہ - مونث) شیشم -

سَسی (ہ - مذکر) وہ جس پر خرگوش کا نشان ہو ۱ چاند ۲ آسمان ۳ دیکھو ریوتی -

سَسّی (ہ - مونث) پنوں کی معشوقہ کا نام - مشہور پنجابی قصہ سسی پنوں کی ہیروائین -

سُسَیٹی (انگ - مونث) سوسائٹی کا مخرب -

سُشیَر (ہ - مذکر) چاند -

سَسیہ (ہ - مذکر) ۱ میوہ - پھل - درخت کی پیداوار ۲ اناج - دانہ - فصل -

سَشالا (س - مذکر) ہم جماعت ہم مکتب -

سُشنکنا (ہ - لازم) ڈرنا - گھبرانا - خوف کھانا -

سِشن (انگ - مذکر) ۱ بڑی عدالت - عدالت فوجداری جسے سزائے موت تک دینے کا اختیار ہے ۲ نشست - اجلاس ۳ عدالت فوجداری کے اجلاس کا زمانہ - **سشن جج** (مذکر) وہ جج جسے سزائے موت دینے کا اختیار ہے -

سَطح (ع - مونث) ۱ ہر چیز کا بالائی حصہ ۲ (علم ہندسہ) وہ چیز جس میں عرض و طول ہو مگر عمق نہ ہو ۳ فرش - میدان ۴ چھت ۵ روئے آب - سرآب (سَطَحَ - پھیلانا) **سطح آب** (مونث) ۱ پانی کا بالائی حصہ - سرآب ۲ پانی کی چادر - **سطح زمین** (مونث) روئے زمین - سرزمین - تختہ زمین - **سطح مائل** (مونث) ڈھلواں جگہ یا فرش - **سطح متوازیۃ الاضلاع** (مونث) بیچ برابر کھیت - وہ سطح جس کے مقابل کے کنارے متوازی ہوں - **سطح مرتفع** (مونث) اونچا میدان - جیسے پامیر یا تبت - **سطح مستدیر** (مونث) گول سطح - **سطح مستوی** (مونث) ہموار سطح - ڈھلواں سطح **سطح محدب بیرونی** (مونث) باہر کی مدور سطح - **سطح مقعر** (مونث) اندر کو گھسی ہوئی مدور سطح - **سطحہ** (مذکر) طبقہ - سطح - **سطح ہموار** (مونث) میدان - ہموار جگہ - **سطحی** (صفت) سطح کے متعلق - بالائی - ہموار -

سَطر (ع - مونث) ۱ لکیر ۲ حرفوں کی قطار - **سطر بندی** (مونث) ۱ سطریں لکھنا ۲ اس طرح لکھنا کہ اگر سیدھی لکیر کھینچی جائے تو دائرے نہ کٹیں - **سطر یا سطریں کھینچنا** (متعدی) ہموار لکیر یا لکیریں ڈالنا -

مثل - سطرہا کے راست آید چوں کجی در مسطر است - جب اصول ہی غلط ہوں تو صحیح نتیجہ پر کیسے پہنچ سکتے ہیں -

سَطوَت (ع - مونث) ۱ دبدبہ رعب ۲ قہر - **سطوت وصولت** (مونث) رعب و دبدبہ -

سُطُور (ع - مونث) سطر کی جمع سطریں -

سَطیح (ع - صفت) ۱ پھیلا ہوا ۲ مرا ہوا ۳ (مذکر) ایک نجومی کا نام جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے بدن میں سوائے سر کے اور ہڈیاں نہیں تھیں -

سَعادت (ع - مونث) ۱ برکت ۲ خوش قسمتی - اقبال مندی ۳ نیکی - بھلائی (سَعَدَ خوشحال ہونا) **سعادت اصلی** (مونث) جبلی نیکی یا خوشی - **سعادت انتساب** (صفت) سعادت سے لگی یا ملی ہوئی - **سعادت جاوید** (مونث) دائمی برکت یا بھلائی - **سعادت دارین یا دنیا و آخرت** (مونث) دونوں دنیا کی بھلائی یا برکت اس دنیا اور دوسری دنیا کی خوشی - **سعادت سنج** (صفت) سعادت مند - **سعادت مدار یا مقرون** (صفت) بہت برکت والا یا مسعود - **سعادتمند یا ور** (صفت) ۱ فرمانبردار - مطیع ۲ نیک - بھلا - نیک بخت ۳ خوش قسمت - **سعادتمندی** (مونث) ۱ فرمانبرداری ۲ نیک بختی ۳ خوش قسمتی -

سَعایَت (ع - مونث) ۱ کسی کے برخلاف مخبری کرنا ۲ الزام - اتہام ۳ محصول جمع کرنا ۴ محصول جمع کرنے پر تعینات ہونا ۵ وہ کام جو غلام اپنی رہائی کے لئے کرے - (سَعَیٰ - کوشش کرنا)

سَعد (ع - صفت) ۱ نیک - مبارک ۲ مسعود ۳ (مذکر) خوشی - خوش قسمتی ۴ ستاروں کا اچھا لگن یا جوگ ۵ چاند کی بائیسویں منزل (سَعَدَ - نیک ہونا) **سعد اصغر** (مذکر) زہرہ - شکر - ناہید - **سعد اکبر** (مذکر) مشتری - برہسپت - **سعدیت** (مونث) خوش قسمتی - برکت -

سَعدین (ع - مذکر) سیارہ -

زہرہ یا مشتری۔ ان کا قران بہترین سمجھا جاتا ہے۔

سُعُود (ع۔ مذکر) سعد کی جمع۔

سعودت (مونث) ستاروں کا نیک اثر۔

سُعُوط (ع۔ مذکر) نسوار جو بطور دوائی استعمال کی جائے (سَعَط۔ ناک میں ڈالنا)۔

سَعی (ع۔ مونث) ۱ کوشش۔ جدوجہد۔ دوڑ دھوپ۔ تگ ودو۔ دوا دوش۔ ہیر دوڑی ۲ تندہی۔ دلسوزی۔ جانفشانی۔ سرگرمی۔ پیروی ۳ محنت۔ جتن۔ اپلٹے ۴ صفا مروہ کے درمیان دوڑنا ۵ سفارش (سَعَیٰ۔ کوشش کرنا) **سعی اٹھانا** (متعدی) اٹھوانا (م) **سعی سفارش** (مونث) کہنا سننا۔ سفارش۔ کوشش۔ **سعی سہارا** (مذکر) کوشش۔ جدوجہد **سعی فرمانا یا کرنا** (متعدی) ۱ کوشش کرنا ۲ سفارش کرنا۔ **سعی لاحاصل یا نامشکور** (مونث) بے فائدہ کوشش **سعی مشکور** (مونث) فائدہ مند کوشش۔ **سعی ہونا** (لازم) ۱ کوشش ہونا ۲ سفارش ہونا۔

سَعِید (ع۔ صفت) ۱ مبارک۔ نیک۔ نیک بخت۔ خجستہ ۲ بہرہ مند۔ کامیاب۔ مقصدور ۳ بختاور۔ خوش نصیب۔ بھاگوان۔ سبھ۔

سَعِیر (ع۔ مذکر) ۱ آگ ۲ ایک دوزخ جس میں بت پرست جائیں گے۔

سَفّاح (ع۔ صفت) ۱ خون بہانے والا ۲ آزادی دینے والا ۳ فیاض۔ سخی ۴ فصیح۔ خوش تقریر ۵ خلیفہ عباس کا لقب (سَفَحَ خون بہانا)۔

سِفارَت (ع۔ مونث) ۱ ایلچی گری۔ پیغامبری ۲ رسالت۔ وکالت ۳ وہ گروہ جو صلح یا دوستانہ تعلق کے لئے ایک سلطنت کی طرف سے دوسری کے پاس جائے (سَفَرَ۔ صلح کرانا)۔ **سفارت خانہ** (مذکر) وہ مکان جہاں سفارت ۳ رہے۔

سِفارِش (ف۔ مونث) ۱ بھلائی کا کلمہ کہنا۔ کسی شخص کو کسی کے سپرد کرنا ۲ شفاعت۔ سہاتا ۳ مدد۔ سہارا ۴ تقریب وسیلہ۔ **سفارش اٹھانا** (متعدی) ۱ بھلائی کا کلمہ سننا۔ سفارش ماننا۔ **سفارش کرانا** (م) **کرنا** (متعدی) ۱ شفاعت کرنا ۲ وسیلہ کر دینا۔ رسائی کرنا ۳ اپنی ترقی کے لئے لکھوانا ۴ کوشش کرنا۔ سعی کرنا۔ **سفارش لانا** (متعدی) کسی سے سفارش کرانا۔ **سفارش ماننا** (متعدی) کسی کے کہنے کے بموجب کرنا۔ شفاعت قبول کرنا۔ **سفارش نامہ** (مذکر) خط جس میں سفارش کی گئی ہو۔ **سفارش ہونا** (لازم) ۱ کسی کی ترقی کے لئے لکھا جانا ۲ شفاعت ہونا۔ **سفارشی** (صفت) ۱ سفارش والا۔ سفارش کے متعلق ۲ (مذکر) وہ شخص جس کی سفارش کی جائے۔ **سفارشی ٹٹو** (مذکر) وہ شخص جس میں قابلیت تو نہ ہو مگر سفارش کی وجہ سے نوکر ہو گیا ہو۔ **سفارشی چٹھی** (مونث) **خط** (مذکر) وہ خط جس میں کسی کی سفارش ہو۔

امثال واقوال۔ سفارش

بغیر روزگار نہیں ملتا۔ بغیر سفارش کے نوکری نہیں ملتی۔ **سفارشی ٹٹو عراقی کے لات مارے**۔ سفارشی شخص بڑا زور آور ہوتا ہے۔ سفارش کرنے والا اور جس کے پاس سفارش کی گئی ہو ان دونوں کے حوصلے پر ہر ایک سے اکڑتا ہے۔

سَفّاک (ع۔ صفت) ۱ ظالم۔ بے رحم۔ خونریز۔ قاتل۔ **سفاکی** (مونث) بے رحمی۔ خونریزی۔ ظلم۔ قتل (کرنا ہونا کے ساتھ)

سَفال (ع۔ صفت) ۱ کمینگی۔ رذالت ۲ تنزل۔ کمی۔

سِفال (ف۔ مذکر) ۱ مٹی کا برتن ۲ ٹھیکری ۳ بادام۔ اخروٹ وغیرہ کا چھلکا (اردو میں بالکسر مستعمل ہے) **سفالہ** (مذکر) ۱ مٹی کا برتن ۲ ٹھیکری۔ **سفالی۔ سفالین** (صفت) گلی۔ مٹی کا۔

سَفّان (ع۔ مذکر) ۱ جہاز کا کپتان ۲ جہاز بنانے والا ۳ ایک مقام۔

سفانت (مونث) ۱ بڑا موتی ۲ حاتم طائی کی ایک بیٹی۔

سِفانت (ع۔ مونث) جہاز بنانے کا کام یا پیشہ۔

سَفاہت (ف۔ مونث) ۱ بیوقوفی۔ حماقت ۲ کمینہ پن۔ رذالت۔

سَفائن (ع۔ مذکر) جمع سفینہ کی۔ جہاز۔

سِفت (ع۔ مذکر) رال۔ قیر۔

سِفت (ف۔ صفت) ۱ موٹا۔ گاڑھا۔ غلیظ۔ دبیز (جیسے کپڑا) ۲ مضبوط۔ محکم۔

مثل۔ سفت کبھی ہو مفت کبھی ہو برے پنے کا بھی ہو۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کسی کو کوئی چیز مفت ملے اور وہ اچھی بھی مانگے۔

سَفَر (ع۔ مذکر) ۱ شہر سے باہر جانا ۲ مسافرت ۳ کوچ۔ روانگی ۴ دھاوا۔ لڑائی۔ جنگ (سَفَرَ کوچ کرنا) **سفر آخرت** (مذکر) موت۔ مرجانا۔ **سفر اندر وطن** (مذکر) تصوف کی اصطلاح ہے۔ اس حالت کو کہتے ہیں جب کوئی شخص صفات خدا میں محو ہو کر صفات بشری سے علیحدہ ہو جاتا ہے۔ **سفر خرچ** (مذکر) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کا خرچ۔ **سفر خشک** (مذکر) خشکی کا سفر۔ **سفر درپیش ہونا** (لازم) سفر کی تیاری ہونا۔ **سفر دور و دراز** (مذکر) لمبا سفر۔ **سفر دریا** (مذکر) وہ سفر جو پانی پر کشتی یا جہاز پر کیا جائے۔ **سفر شہر خموشاں** (مذکر) موت۔ **سفر ظفر اثر** (مذکر) وہ لڑائی جس میں فتح حاصل ہو۔ **سفر کردہ** (صفت) ۱ سیاح۔ مسافر ۲ تجربہ کار۔ **سفر کرنا** (متعدی) ۱ سیاحت کے لئے جانا۔ وطن سے باہر جانا ۲ کوچ کرنا۔ روانہ ہونا ۳ مرجانا۔ رحلت کرنا۔ **سفر نامہ** (مذکر) سفر کے حالات اور سرگذشت۔ **سفر ہونا** (لازم) سفر کرنا کا۔ **سفری** (صفت) ۱ سفر کے متعلق ۲ (مذکر) مسافر ۳ امرود ۴ (مونث) زاد راہ۔ توشہ۔ **سفری آم** (مذکر) امرود۔ **سفری کپڑے یا لباس** (مذکر) وہ کپڑے جو سفر میں استعمال کئے جائیں۔

امثال واقوال۔ سفر اور سقر برابر۔ سفر اور سقر میں ایک نقطے کا فرق ہے۔ سفر میں سخت تکلیف ہوتی ہے۔ **سفر کردہ**

بسیار گوید دروغ - سیاح بہت جھوٹ بولتے ہیں۔ سفر وسیلۂ ظفر - سفر میں بہت فائدے ہوتے ہیں۔

سَفَراء (ع - مذکر) سفیر کی جمع - ایلچی - **سفرائے خارجہ** (مذکر) دوسری سلطنتوں کے سفیر - **سفرائے دول** (مذکر) سلطنتوں کے سفیر۔

سَفَرجَل (ع - مذکر) بہی - **سفرجل رنگ** (مذکر) بہی کا رنگ -

سَفَردائی (ہ - مذکر) دیکھو سپردائی۔

سَفَرمینا (انگ - مذکر) وہ پلٹن جو کھودنے اور سرنگ لگانے کا کام کرے (سیپرا اینڈ مائینرکا منٹ)

سُفرہ (ف - مذکر) ۱ دسترخوان ۲ فقرا کا تھیلا ۳ لنگر - چیزیں جو امیر لوگ غریبوں یا مسافروں کے لئے پکا کر بانٹتے ہیں ۴ زمین - آسمان ۵ چوتڑ مقعد (ان معنوں کی وجہ سے اردو میں دیگر معنوں میں بالفتح استعمال ہوتا ہے) **سفرۂ آرد** (مذکر) وہ کپڑا جس پر آٹا چکی میں سے نکل کر گرتا ہے - **سفرۂ آسمان** (مذکر) آسمان - فلک - **سفرہ بندی** (مونث) وہ نقل یا میوے کی تھیلیاں جو امیر آدمی کے چالیسویں میں بکری بکرے کے ساتھ جمعہ یا دوشنبہ کو بھیجی جاتی ہیں - **سفرہ پرواز** (صفت) لالچی - حریص - **سفرہ چیں** (صفت) دسترخوان لگانے یا بچھانے والا - **سفرہ خانہ** (مذکر) کھانے کا کمرہ - **سفرۂ دَوری** (مذکر) ۱ گول دسترخوان ۲ ۔۔ دعوت جو سب دوست باری باری دیں - **سفرۂ شطرنج** (مذکر) شطرنج کی بساط - **سفرۂ شمعدان** (مذکر) شمعدان کی رکابی - **سفرۂ فصاحت** (مذکر) ۱ زبانِ شیریں ۲ تصنیفات - **سفرہ نشین** (مذکر) مہمان -

سَفل (ع - مذکر) ۱ کمینہ نسل کا ۲ کمینگی ۳ پھوک - فضلہ ۴ نشیب - پستی (سَفل - کمینہ ہونا) **سفلدان** (مذکر) ایک برتن جو دسترخوان پر اس غرض سے رکھا جاتا ہے کہ اس پر ہڈیاں وغیرہ رکھیں۔

سِفلگان (ف - مذکر) جمع سفلہ کی - **سفلگانہ** (تمیز) کمینہ طور پر -

سِفلگی (ف - مونث) سفلہ پن - کمینہ پن - رذالت - چھچھورا پن - اوچھا پن - کم ظرفی -

سِفلہ (ع - صفت) ۱ کمینہ - رذیل - چھچھورا - اوچھا - کم ظرف - پاجی ۲ لالچی - حریص کنجوس ۳ حاسد ۴ غریب (سَفل - کمینہ ہونا) **سفلہ پرور** (صفت) ۱ کمینوں کی پرورش کرنے والا ۲ آسمان کی صفت میں استعمال ہوتا ہے - **سفلہ پروری** (مونث) سفلوں پر مہربانی کرنا - **سفلہ پن** (مذکر) کمینہ پن وغیرہ - **سفلہ خو** (صفت) کمینی طبیعت کا رذیل - چھچھورا - اوچھا - **سفلہ طبع - مزاج یا نہاد** (صفت) کمینی طبیعت مزاج یا طینت کا - کمینہ - **سفلہ نواز** (صفت) سفلہ پرور - **سفلہ نوازی** (مونث) سفلوں پر مہربانی کرنا -

مثل - سفلے کی موت ماگھ - غریب کو سردیوں میں بہت تکلیف ہوتی ہے -

سِفلی (ع - صفت) ۱ پستی سے منسوب - نیچے کا ۲ (مذکر) وہ منتر یا جادو جس میں شیطان یا روحانیات سے اعانت حاصل کی جائے - **سفلی جادو یا عمل** (مذکر) دیکھو سفلی ۲ -

سِفنا (ع - مذکر) وہ نشان جو جھائیں یا گرمچھ کے چہرے پر ہوتے ہیں -

سِفندارمز (ف - مذکر) ۱ زمین ۲ بارھواں ایرانی مہینہ ۳ ہر مہینے کا پانچواں دن ۴ برج حوت - ۵ زین -

سَفوف (ع - مذکر) پسی ہوئی چیز پھنکی - چورن - برادہ - پوڈر (سَف - پسی ہوئی دوائی کھانا) **سفوفات** (مذکر) سفوف کی پڑیاں -

سَفید - سُفَید (ف - صفت) ۱ اچٹا - دھولا - اُجل - بگا - گورا - ابیض - سپید - صبیح ۲ گنجفے کی آٹھ بازیوں میں سے ایک کا نام ۳ صاف بغیر لکھے ہوئے - سادہ - **سفیدا** (مذکر) سفید سفوف جو منہ پر ملتے ہیں - یا سفید رنگ کرنے کے لئے السی کے تیل میں ملا کر روغن تیار کرتے ہیں - **سفید آہو** (مذکر) کنایتاً معشوق - **سفید پڑجانا - پڑنا** (لازم) ۱ ڈر جانا ۲ رنگ فق ہو جانا ۳ چہرے کا رنگ اڑ جانا ڈر غم یا بیماری کے باعث - **سفید پلکا** (صفت) وہ کبوتر جس کا رنگ سفید پوٹا اور دم اور بازوؤں کے کچھ بال سیاہ ہوں - **سفید پوش** (صفت) ۱ سفید کپڑا پہننے والا ۲ بھلا مانس - جو امیر نہ ہو مگر پوشاک اچھی پہنے ۳ ایک عہدہ دار جو ذیلدار سے چھوٹا اور نمبردار سے بڑا ہوتا ہے - **سفید تلسی** (مونث) تلسی جسے ہندو مقدس سمجھتے ہیں - **سفید داغ** (مذکر) وہ سفید دھبہ جو بدن انسان پر خون کی خرابی سے پڑ جاتا ہے - **سفید دیو** (مذکر) ۱ ایک دیو جسے رستم نے قتل کیا تھا ۲ ایک دیو جس کا ذکر داستان امیر حمزہ میں آتا ہے - **سفید ڈاڑھی میں سیاہی لگوانا** (متعدی) بڑھاپے میں بدنامی لینا - **سفید رُود** (مذکر) ایک دریا - **سفید ریش** (صفت) سفید داڑھی والا - بوڑھا - **سفید کاغذ** (مذکر) وہ کاغذ جس پر کچھ لکھا نہ ہو - **سفید کرنا** (متعدی) ۱ اجلا کرنا ۲ صاف کرنا ۳ کھوٹی چاندی بنانا - تانبے کو سنکھیا کی لاگ سے چاندی کی رنگت دینا - **سفید مٹی** (مونث) کھریا مٹی - **سفید مہرہ** (مذکر) ایک قسم کی سیپ - **سفید و سیاہ** (مذکر) کل انتظامات کا اختیار - **سفید و سیاہِ دہر** (مذکر) زمانے کا نشیب و فراز - **سفید و سیاہ عالم** (مذکر) برائی بھلائی - **سفید و سیاہ کا اختیار ہونا** (لازم) ہر کام کا مختار ہونا - **سفید و سیاہ کرنا** (متعدی) جو دل چاہے کرنا - **سفیدہ** (مذکر) ۱ ایک قسم کا درخت جس کا تنہ سفید ہوتا ہے ۲ ایک قسم کا آم ۳ ایک قسم کا خربوزہ ۴ سفیدا ۵ صبح کی روشنی - **سفیدۂ چشم** (مذکر) آنکھ کا سفید حصہ - **سفیدہ دم** (مذکر) صبح - **سفیدۂ صبح** (مذکر) صبح کی روشنی - **سفیدۂ صبح نمودار ہونا** (لازم) صبح صادق ہونا - **سفید ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ اچٹا ہونا - دھولا ہونا ۲ بوڑھا ہونا ۳ ڈر یا بیماری سے چہرے کا رنگ اڑ جانا - **سفیدی** (مونث) ۱ اچٹا دھولا پن - چٹا پن ۲ منہ پر ملنے کا پوڈر ۳ آنکھ کا سفید حصہ ۴ قلعی جو دیواروں پر کرتے ہیں ۵ روشنی - نور ۶ صبح کی روشنی - **سفیدی آنا** (لازم) بڑھاپا آنا - بال سفید ہونا - **سفیدی پھرنا** (لازم) **پھروانا** (مم) **پھیرنا یا کرنا** (متعدی) قلعی یا چونا دیواروں یا مکان پر پھیرنا -

امثال و اقوال - سفید بال جوانی کا زوال - بال سفید ہوئے اور جوانی گئی - **سفید بال موت کا پیغام** - بالوں کا سفید ہونا موت قریب ہونے پر دلالت کرتا ہے -

سَفِیر (ع - مذکر) ایلچی - قاصد (سَفر - صلح کرانا) **سفیر بھیجنا** (متعدی) ایلچی دوسرے ملک میں بھیجنا - **سفیر مقرر ہونا**

(لازم) قاصد ہونا۔ ایلچی کے عہدے پر تعینات ہونا۔ سفیر واپس آنا (لازم) بلانا (متعدی) اعلان جنگ کرنا۔ سفیر ہو کر جانا (لازم) کسی بادشاہ کی طرف سے قاصد بن کر دوسرے بادشاہ کے پاس جانا۔ سفیر ہونا (لازم) ایلچی کے عہدے پر تعینات ہونا۔

سفیل (اردو۔ مونث) فصیل کا مخرب (مست)

سفین (ع۔ مذکر) ۱۔ سفینت کی جمع۔ جہاز ۲۔ ایک مقام۔ سفینت (مونث) سفینہ (مذکر) ۱۔ کشتی۔ جہاز ۲۔ نوٹ بک۔ بیاض۔ کتاب۔ سفینۂ دریا (مذکر) سمندر میں جانیوالا جہاز۔ سفینۂ نوح (مذکر) حضرت نوح کی کشتی۔

سفینہ (انگ۔ مذکر) سب پینا کا بگڑا ہوا۔ اطلاعنامہ۔ سرکاری اطلاع کا کاغذ جو مدعا علیہ یا گواہوں کے پاس جاتا ہے۔

سفیہ (ع۔ صفت) بیوقوف۔ کم عقل (سفہ۔ غافل ہونا)

سقا (ف۔ مذکر) ۱۔ پانی پلانیوالا۔ بہشتی۔ ماشکی۔ پن بھرا۔ کہار۔ پنہارا۔ آبکش ۲۔ پودوں کو پانی دینے والا ۳۔ ایک قسم کا پرند جسے مرغ سقا بھی کہتے ہیں ۴۔ ساقی۔ سقائی کرنا (متعدی) پانی پلانا۔ سقے کا پیشہ کرنا۔ سقۂ نیل (مذکر) بادل۔ ابر۔ سقے کی بادشاہی (مونث) تھوڑے دن کی حکومت۔ نظام سقے نے ہمایوں کی جان ڈوبنے سے بچائی۔ اور انعام میں تین دن کی حکومت پائی جس کے دوران میں اس نے چمڑے کا سکہ چلایا تھا۔

سقابہ۔ سقاوہ (ع۔ مذکر) پانی کا خزانہ۔ چھوٹا حوض۔ نہانے کا حوض جو اکثر کنوؤں کے ساتھ یا مسجدوں میں ہوتا ہے (سقی۔ پانی پلانا)

سقات (ع۔ مذکر) ساقی کی جمع۔

سقالبہ (ع۔ مذکر) ایک قوم۔

سقام (ع۔ مذکر) سقامت (مونث) بیماری۔

سقام (ع۔ مذکر) سقیم کی جمع۔

بیمار آدمی۔

سقایت (ع۔ مونث) سقایہ (مذکر) ۱۔ پانی پلانا ۲۔ پانی کا پیالہ (سقی۔ پانی پلانا) سقایہ حاج (مذکر) پانی جو حاجیوں کو دیا جاتا ہے۔ سقایہ خانہ (مذکر) واٹر ورکس۔ وہ عمارت جس میں پانی کا ذخیرہ رکھا جاتا ہے اور وہاں سے تقسیم کیا جاتا ہے۔

سقر (ع۔ مذکر) ۱۔ دوزخ ۲۔ ایک پہاڑ مکہ کے قریب (سقر۔ جلنا)

سقط (ع۔ مذکر) چوپایہ کی موت (ہونا کے ساتھ) (سقط۔ گرنا) سقطی نامہ (مذکر) وہ فہرست جس میں رسالے کے مرے ہوئے گھوڑے درج ہوتے ہیں۔

سقف (ع۔ مونث) ۱۔ چھت کوٹھا۔ بام ۲۔ سائبان۔ شامیانہ ۳۔ چبوترہ ۴۔ آسمان (سقف۔ چھت بنانا) سقف ایوان یا جہان (مذکر) دنیا۔ جہان۔ سقف خانہ (مونث) مکان کی چھت۔ سقف کج مدار۔ لاجورد محنت زائے یا مینا (مونث) آسمان سقف نیم خانہ (مونث) ۱۔ گنبد دار چھت ۲۔ آسمان۔ سقفی (مونث) شہتیر۔

سقلات۔ سقلاط (ف۔ مونث) سرخ کپڑا۔

سقلاطون۔ سقلاطین (ف۔ مذکر) روم میں ایک شہر جہاں سرخ کپڑا بنتا ہے ۲۔ سرخ کپڑا یا اس کپڑے کی پوشاک ۳۔ رنگ۔

سقم (ع۔ مذکر) ۱۔ عیب۔ نقص۔ خرابی ۲۔ بیماری۔ دکھ (سقم۔ بیمار ہونا) سقم رہ جانا (لازم) نقص رہ جانا۔ سقم نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) عیب معلوم ہونا۔ نقص نکلنا۔ سقم ہونا (لازم) عیب یا نقص ہونا۔

سقمونیا (یو۔ مونث) ایک قسم کا گوند۔

سقن۔ سقنی (ف۔ مونث) سقا کی بیوی۔ پانی پلانے والی عورت۔

سقنقور (یو۔ مذکر) ریگ ماہی۔ ایک قسم کا رینگنے والا جانور جو ریگستان میں ہوتا ہے۔

سقوط (ع۔ مذکر) ۱۔ گر پڑنا ۲۔ خطا کرنا ۳۔ کسی لفظ کا وزن یا بحر کے خلاف ہونا ۴۔ بھول جاتی رہنا۔ سقوط اشتہا (مذکر) بھوک جاتی رہنا۔ سقوط شعر (مذکر) گنج۔ سر کے بال گرنا۔ سقوط مژگاں (مذکر) پلکوں کا گرنا۔

سقوطر (ع۔ مذکر) وہ پودہ جس سے مصبر پیدا ہوتا ہے۔

سقوف (ع۔ مونث) جمع سقف کی۔

سقی (ع۔ فر) ۱۔ پانی دینا جانور یا زمین کو ۲۔ پانی پلانا ۳۔ نقص نکالنا ۴۔ غیبت کرنا ۵۔ بچے جلا دینا ۶۔ بارش بھیجنا خدا کا ۷۔ استسقا کی بیماری ہونا ۸۔ زہر دینا کسی کو۔

سقیفہ (ع۔ مذکر) ۱۔ چوڑا تختہ ۲۔ تخت جس پر دروازوں کے آگے یا ڈیوڑھی میں بیٹھتے ہیں۔ سقیفہ بندی (مونث) بہتان۔ بیہودہ بات۔

سقیم (ع۔ صفت) ۱۔ بیمار۔ مریض ۲۔ خراب۔ برا (سقم۔ بیمار ہونا) سقیم الحال (صفت) ۱۔ ناتوان۔ کمزور ۲۔ بیمار۔ مریض۔

سک (ہ۔ مذکر) ۱۔ دیکھو شک ۲۔ شک کا مخرب ۳۔ (مونث) قابلیت۔ لیاقت۔ قوت۔ طاقت (ان معنوں میں سکتا ہے)

سک (انگ۔ صفت) بیمار۔ مریض۔ سکمان (مذکر) بیمار آدمی سیکمین کا مخرب۔

سک (ہ۔ مذکر) ۱۔ طوطا ۲۔ زہرہ ۳۔ سکہ کا مخفف ۴۔ سکھ دیو کا مخفف ۵۔ دیکھو شوک یا شوا ۶۔ شُدّی ۷۔ (صفت) روشن۔ چمکدار۔ سفید۔ سکوار (مذکر) جمعہ۔

سکا (ہ۔ مذکر) قوت۔ طاقت۔ بل۔

سکا (۔ مذکر) کشتی کے نیچے کی چوب۔

سکا (ہ۔ مذکر) سوکھا۔

سکات (ع۔ مونث) چپ۔ سکوت (سکت۔ چپ رہنا)۔

سکاٹ (انگ۔ مذکر) ۱۔ ایک قوم جو تیسری صدی میں آئرلینڈ سے آ کر سکاٹ لینڈ میں آباد ہوئی تھی ۲۔ سکاٹ لینڈ کا باشندہ۔

سکاچ (انگ۔ مونث) ۱ سکاٹلینڈ کے باشندوں کی زبان ۲ (صفت) سکاٹلینڈ کا۔

سَکار (ہ۔ مذکر) بل کی وصولی۔ ہنڈی وصول کرنا (س سو یکار) سکارا (مذکر) سکارائی (ہ) فیس جو ہنڈی سکارنے پر لیتے ہیں۔ **سکارنے سجھے یجنا یا بیچی کرنا** (متعدی) روپیہ ادا کرنے کے بعد ہنڈی کو منتقل کرنا۔ سکارنے والا (صفت) وہ جو ہنڈی کا روپیہ ادا کرے۔

سکارف (انگ۔ مذکر) ایک کپڑا جسے پیٹھ یا سر پر ڈال لیتے ہیں یا گلے میں لپیٹ لیتے ہیں

سَکّاف (ع۔ مذکر) موچی۔

سَکّاک (ع۔ مذکر) چاقو چھریاں بنانیوالا (سَکّ۔ پکا بنانا) سکّاکی (مونث) ۱ چاقو چھریاں بنانے کا پیشہ ۲ (مذکر) ابو یعقوب مصنف مفتاح العلوم کا لقب جسے لوگ بڑا اجاد وگر سمجھتے تھے۔

سَکاکین (ع۔ مذکر) جمع سکین۔ چاقو۔ سکاکینی (مذکر) چاقو بیچنے والا۔

سَکال (س۔ مذکر) سُکال (ہ) صبح صادق۔ علی الصبح ۲ (صفت) باموقع ۳ (تف) علی الصبح۔ صبح کے وقت ۲ موقع پر ۳ کل۔ سکالی (ہ۔ مونث) ۱ صبح صادق۔ علی الصبح ۲ (تف) صبح کے وقت۔ سکالے (تف) صبح کے وقت۔ علی الصبح۔

سَکالَر (انگ۔ مذکر) ۱ عالم۔ فاضل۔ ودیا دان ۲ طالب علم۔ شائق علم۔ سکالر شپ (مذکر) وظیفہ۔

سَکالنا (ہ۔ متعدی) سکارنا۔

سکام (س۔ صفت) ۱ صابر۔ قانع۔ خوش ۲ محبت سے بھرا ہوا ۳ عاشق ۴ شہوتی۔ نفس پرست ۵ عاقبت کے فائدے کی خواہش سے کیا ہوا (کام) ۶ (مذکر) وہ شخص جس کی خواہش پوری ہوگئی ہو۔ صابر۔ آدمی وغیرہ۔

سَکام (ہ۔ صفت) مشغول بصرف۔

سُکّان (ع۔ مذکر) ۱ پتوار۔ دنبالہ کشتی ۲ جمع ساکن کی۔ باشندے۔ رہنے والے سکان سماوات (مذکر) فرشتے سکان فرشی (مذکر) تمام مخلوقات ارضی سکان گیر سکانی (مذکر) پتوار چلانیوالا۔

سَکنا نا (ہ۔ لازم) ۱ غمگین ہونا ۲ غم کرنا۔ سوگ کرنا ۳ تھک جانا۔ سست ہوجانا۔

سَکاوُٹ (انگ۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو دشمن کی فوج کے متعلق دیکھ بھال کرے اور خبر لائے ۲ برائے سکاؤٹ کو عام طور پر سکاوٹ کہتے ہیں۔

سَکب (ع۔ مذکر) پیغمبر صلعم کا پہلا گھوڑا۔

سَکَب (ع۔ مذکر) ایک خوشبودار پودہ۔ گل ہوا۔

سَکَت (ہ۔ مونث) قوت۔ طاقت۔ بل شکتی۔ **سکت دار یا مان** (ہ۔ صفت) طاقت والا۔

سِکتا (س۔ مونث) ۱ ریت کنکری۔ ۲ پتھری مثانہ کی۔

سِکتّر۔ سِکتری (انگ۔ مذکر) سکریٹری کا مہند۔ میر منشی۔

سَکنک (س۔ مذکر) ایک قسم کا زہر۔

سَکتہ (ع۔ مذکر) ۱ ایک بیماری کا نام جسمیں مریض کی حس و حرکت زائل ہوجاتی ہے۔ اور وہ بیہوش رہتا ہے ۲ وہ ہائے ہوز جو کسی لفظ کے آخیر میں ہو اور ساکن ہو جیسے انہی لفظ میں ۳ وزن کا شعر میں پورا نہ ہونا (سکت۔ ٹھہرنا) **سکتۂ بلغمی** (مذکر) سکتہ جو بلغم کی زیادتی سے ہو **سکتہ پڑنا** (لازم) شعر کے وزن میں فرق آنا **سکتۂ دموی** (مذکر) سکتہ جو خون کی زیادتی سے ہو **سکتہ ڈالنا** (متعدی) شعر کو اس طرح پڑھنا کہ وزن میں فرق معلوم ہو۔ **سکتۂ ریاح** (مذکر) پھیپھڑے کے نقص کی وجہ سے جو سکتہ ہو **سکتۂ سمی** (مذکر) سکتہ بلغمی۔ **سکتہ ور** (صفت) جسے سکتہ ہو **سکتہ ہوجانا یا ہونا** (لازم) سکتہ کی بیماری ہونا۔ بیہوشی ہونا ۲ حیرت ہونا ۳ شعر کا کسی لفظ کی کمی بیشی سے ناموزوں ہونا **سکتے کا عالم** (مذکر) حیرت۔ تعجب ۲ خاموشی **سکتے میں رہ گیا** خاموش دم بخود رہ گیا۔

سِکتھ (س۔ مذکر) ۱ خشکہ ۲ ابلے ہوئے چاول۔ ابلے ہوئے چاولوں کا ڈلا۔

سکتھی (س۔ مذکر) ۱ ران ۲ ہڈی ۳ گاڑی کا سبب ۴ گاڑی کا ڈھانچا۔

سَکتی (س۔ مونث) جوڑ۔ ملاپ۔ تعلق ۲ کسی چیز کی عادت ۳ توجہ۔ سرگرمی۔ شوق۔

سَنکَٹ (ہ۔ مذکر) ۱ جھگڑا ۲ مشکل وقت۔ مصیبت ۳ ایک ہندو تیوہار جو گنیش جی کے جنم کے دن منایا جاتا ہے ۴ ایک درخت ۵ (صفت) برا۔ خراب۔ بد۔

سِکٹا (ہ۔ مذکر) ٹھیکری۔ ٹھیکرا۔

سُکٹا (ہ۔ صفت) ۱ خشک۔ سڑیل۔ دبلا۔ لاغر۔

سُکٹی (ہ۔ مونث) ۱ خشک مچھلی ۲ بوڑھی لاغر عورت۔

سَکُچ (ہ۔ مونث) ۱ سکڑنا۔ تنگ ہونا۔ بھنچنا ۲ شرم۔ لاج۔ حجاب ۳ خوف۔ ڈر۔ دہشت **سکچا** (صفت) ۱ سکڑا ہوا۔ تنگ ۲ خشک ۳ بند۔ بندھا ہوا ۴ شرمندہ ۵ ڈرا ہوا۔ خوفزدہ **سکچانا** (متعدی) ۱ سکڑنا۔ تنگ ہونا ۲ دبانا۔ بھینچنا ۳ شرمندہ کرنا ۴ ڈرانا ۵ (لازم) دیکھو سکچنا۔ **سکچائی۔ سکچاہٹ** (مونث) دیکھو سکچ **سکچایا** (صفت) دیکھو سکچا **سکچنا** (لازم) سکچانا کا۔

سَکَر (ہ۔ صفت) دور کا۔ سکر دادا (مذکر)، **دادی** (مونث)، نانا (مذکر)، **نانی** (مونث) دور کا دادا۔ دادی۔ نانا یا نانی۔ دادے کا دادا۔ نانا کا دادا۔

سَکّر (ہ۔ مذکر) شکر۔ کھانڈ **سکر سروا بولنا** (متعدی) شین قاف درست نہ ہونا۔ غلط تلفظ کرنا شکر شروا کی بجائے سکر سروا کہنا۔

سُکر (ع۔ مذکر) شراب کا نشہ۔ مستی۔ مدہوشی۔ (سکر۔ بیہوش ہونا)

سَکرا (ہ۔ صفت) ۱ پلید۔ نجس۔ خراب ۲ سکڑا ہوا۔ تنگ۔ چھوٹا ۳ (مذکر) نجس خوراک ۴ کچی خوراک **سکرانا** (متعدی) سکیڑنا ۲ تنگ کرنا۔ جگہ لے لینا **سکرائی** (مونث) سکڑنا۔ تنگی۔ چھوٹاپن۔ جگہ کی تنگی۔

سَکرات (ع۔ مونث) جانکنی کی تکلیف۔ سکرت کی جمع مگر اردو میں بطور مفرد استعمال ہوتا ہے۔

سَکرانا (ہ۔ متعدی) سکرنا کا۔ ہنڈی کا روپیہ ادا کروانا۔

سَکرائی (ہ۔ مونث) فیس جو ہنڈی ادا کرنے کے لئے لی جائے۔ کٹوتی۔

سَکرِت (س۔ تف) ۱ ایک دفعہ۔ کبھی ۲ فوراً ۳ اکٹھا۔ ساتھ ۴ ہمیشہ۔

سُکرِت (س۔ صفت) ۱ اچھی طرح کیا ہوا ۲ آسانی سے کیا ہوا ۳ امداد کیا ہوا ۴ نیک ۵ خوش قسمت ۶ (مذکر) اچھا کام مہربانی کا ۷ نیکی۔ پاکدامنی ۸ قسمت۔ خوش قسمتی **سکرت کرنا** (متعدی) نیک کام

کرنا۔ مہربانی کرنا۔

سکرنک (س۔ صفت) متعدی جس کا مفعول ہو۔

سکرُن (س۔ صفت) رحم دل۔ رحیم۔ حلیم۔

سکرُو (انگ۔ مذکر) پیچ

سکرودہ (ہ۔ صفت) غصے ناراض۔

سُکرہ (ف۔ مذکر) مٹی کا پیالہ۔

سکریٹری (انگ۔ مذکر) میرمنشی۔ دبیر۔ ناظر **سکریٹری آف سٹیٹ فار انڈیا** (مذکر) وزیر ہند۔ سلطنت برطانیہ کا ایک عہدہ دار جو ہندوستان کے معاملات کا وزیر ہوتا ہے۔ **سکریٹری آف فارین افیرز** (مذکر) وزیر معاملات خارجیہ۔ **سکریٹری آف سٹیٹ فار کالونیز** (مذکر) وزیر نوآبادیات۔

سکرین (انگ۔ مذکر) پردہ جو زمین پر کھڑا کیا جائے عموماً لکڑی اور کپڑے کا بنا ہوا ہوتا ہے ۲ سینما کا پردہ۔

سُکڑ (ہ۔ امر) سکڑنا کا سکڑنا سکڑ کرنا (متعدی) خرچ کرنے میں بخل ہونا سکڑنا (متعدی) ۱ سمٹنا۔ بھینچنا ۲ ٹھٹھرنا۔ اینٹھنا ۳ شکن پڑنا۔ ۴ اکٹھا ہونا ۵ گھٹنا۔ کم ہونا۔ **سکڑی پڑنا** (متعدی) تنگی پڑنا۔ دقت پیش آنا۔

سکسینہ (ہ۔ مذکر) کائستھوں کی ایک گوت۔

سِکشن (انگ۔ مذکر) ۱ حصہ۔ کتاب کا حصہ ۲ ملک یا سوسائٹی کا حصہ ۳ کمپنی کا چوتھا حصہ۔

سکَل (س۔ صفت) تمام کُل۔ ہر ایک۔ اور کُل۔

سکُل (س۔ صفت) ۱ خاندانی۔ شریف خاندان کا ۲ اچھی نسل کا ۳ ایک ہی خاندان کے ۴ بال بچے دار ۵ (مذکر) وہ شخص جس کا قبیلہ ہو ۶ رشتہ دار ۷ ایک قسم کی مچھلی۔

سِکَل (ہ۔ مذکر) **سکّل** (مخفف) زنجیر

سِکَل (ع۔ مذکر) صیقل کا مخرب۔

سِکل گر (مذکر) دیکھو صیقل گر **سِکلی** (مونث) صیقل۔ **سکلی گر** (مذکر) صیقل گر۔

سَکلانا (ہ۔ متعدی) سکلنا کا ۱ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا ۲ دھکیلنا۔

سُکلائی (ہ۔ مونث) ۱ روشنی۔ ضیا ۲ سفیدی ۳ خوبصورتی

سَکلنا۔ سِکلنا (ہ۔ لازم) ۱ اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا ۲ سکڑنا۔ سرکنا۔

سِکلی (ہ۔ مونث) قفل کا کنڈہ یا قلابہ۔

سُکلی کرم (ہ۔ صفت) ۱ سفید کرنے والا ۲ صابن۔

سکلیہ (س۔ صفت) ایک ہی قبیلے یا گوت کا ۲ دور کا رشتہ دار۔

سکَن (ع۔ مذکر) ساکن کی جمع۔ رہنے والے۔ باشندے۔ خاندان۔

سکَن (ع۔ مذکر) جائے رہائش مسکن۔

سَکُن (ہ۔ مذکر) شگون۔

سکنا (ہ۔ لازم و ناقص) قابل ہونا۔ لائق ہونا۔ ممکن ہونا۔ اکیلا استعمال نہیں ہوتا۔ دوسرے افعال کے امر کے ساتھ ملکر مرکب فعل بناتا ہے جنہیں قابل یا ممکن ہونے کی خاصیت پائی جاتی ہے جیسے جاسکنا۔ کھاسکنا۔ کرسکنا۔

سکنات (ع۔ مذکر) جمع سکنت کی ٹھہرنا۔ سکون۔ اردو میں حرکات و سکنات کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔

سکنٹک (س۔ صفت) ۱ کانٹے دار۔ خاردار ۲ تکلیف دہ۔ آزاردہ ۳ (مذکر) ایک آبی پودہ۔

سِکنجبین (ف۔ مذکر) سرکے اور شہد یا شربت کا مرکب۔ لیموں کے رس اور شربت کا مرکب۔

سِکند (انگ۔ مذکر) سکنڈ کا مخفف۔

سِکندری (ف۔ مذکر) سکندری (مونث) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا (کھانا کے ساتھ)۔

سکندھ (س۔ مذکر) ۱ کندھا۔ بدن ۲ درخت کا تنہ ۳ بڑا۔ نہنہا ۵ علم کی کوئی شاخ ۶ باب۔ فصل۔ کتاب کا حصہ ۷ فوج کا ایک حصہ ۸ آدمیوں کا گروہ ۹ پانچ حسوں کے عضو ۱۰ رشی منی گرو۔ ودیا دان ۱۱ رستہ۔ سڑک ۱۲ عہدنامہ ۱۳ اقرار نامہ۔

سِکنڈ (انگ۔ مذکر) لمحہ۔ لحظہ۔ پل۔ سکنڈ کا مخرب۔

سکنہ (ع۔ مذکر) جمع ساکن۔ رہنے والے۔ باشندے۔

سکنی (ع۔ صفت) قابل رہائش (سکن۔ ٹھہرنا)۔

سکنی (ہ۔ مذکر) وہ شخص جو شگونوں کو سمجھے ۲ ایک پرندہ۔

سِنکنی (ہ۔ مونث) رینٹھ۔ ناک کی غلاظت۔

سُکنیٰ (ع۔ مذکر) رہنے کی جگہ۔ مکان (سکن۔ ٹھہرنا)۔

سِکّو (اردو۔ مذکر) قصاب ایک دوسرے کو کہتے ہیں جیسے بند بھائی۔

سکواڈرن (انگ۔ مذکر) اصلی معنی مربع کے ہیں ۱ رسالے کا ایک حصہ ۲ دو یا دو سے زیادہ جہاز جو کسی خاص کام کے لئے ایک افسر کے ماتحت تعینات کئے جائیں ۳ ہوائی جہازوں کی اکائی جس میں کم سے کم ۱۲ جہاز ہوتے ہیں۔

سُکوار (ہ۔ صفت) ۱ نرم۔ ملائم۔ کول ۲ نازک۔ نفیس۔ لطیف ۳ کمزور۔ ضعیف ۴ (مذکر) جسم۔

سِکوانا (ہ۔ مم) سنکنا کا۔ سنکوانا۔

سکوپ (س۔ صفت) غصے سے بھرا ہوا۔ ناراض۔

سکوپ (انگ۔ مذکر) گنجائش۔ وسعت۔

سَکوت (ع۔ صفت) چپ۔ خاموش۔

سُکوت (ع۔ مذکر) ۱ خاموشی۔ چپ ۲ امن ۳ موت (سکت۔ چپ رہنا) **سکوت کا عالم** (مذکر) چپ رہنے کی حالت خاموشی **سکوت کرنا** (متعدی) (میں) **ہونا** (لازم) خاموش ہونا۔ ٹھہرنا۔

سکور۔ سکورنا (ھ) دیکھو سکوڑنا۔ سکوڑنا۔

سکورا۔ سکورہ (ف۔ مذکر) مٹی کا پیالہ **سکوری** (مونث) مٹی کی پیالی

سکوڑ (ہ۔ امر) ۱ سکوڑنا کا ۲ (مونث) علیحدگی ۳ سکڑنا۔ تنگ ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ **سکوڑنا** (متعدی) ۱ ہاتھ پاؤں اکٹھے کرلینا ۲ سکیڑنا۔ تنگ کرنا۔ اکٹھا کرنا ۳ (لازم) دیکھو سکڑنا۔

سکول (انگ۔ مذکر) مدرسہ **سکول ماسٹر** (مذکر) مدرسے کا استاد **سکول میٹ** (مذکر) ہم مکتب۔

سکون (ع۔ مذکر) ۱ چپ۔ ۲ آرام۔ امن ۳ قیام۔ ٹھہراؤ ۴ جزم۔ حرف ساکن کی علامت ۵ مکان۔ جائے رہائش (سکن۔ ٹھہرنا)۔ **سکونت** (مونث) رہائش۔ بود و باش **سکونت پذیر ہونا** (لازم) رہ پڑنا۔ بود و باش رکھنا **سکونت ٹھہرانا** (متعدی) سکونت اختیار کرنا۔ جائے رہائش مقرر کرنا۔ رہنا **سکونت ہونا** (لازم) بود و باش ہونا۔ رہائش ہونا۔

سکوہ (ھ۔ صفت) غصے۔ ناراض

سکّہ (ع۔ مذکر) ۱ مہر۔ چھاپ ۲ ٹھپا۔ وہ منقش لوہا جس سے روپے اشرفی وغیرہ پر نشان کرتے ہیں ۳ زر جو ملک میں چلے ۴ ٹائپ۔ چھاپنے کے حروف ۵ حکم۔ حکومت ۶ ایک وزن (سکّ۔ پتر جڑنا) **سکہ اصلی** (مذکر) رائج سکہ **سکہ بٹھانا** (متعدی) **بیٹھنا** (لازم) رعب داب قائم ہونا۔ حکومت قایم ہونا **سکہ بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) ۱ سکہ ڈھلنا ۲ چوری سے کوئی سکہ تیار ہونا۔ **سکہ پڑنا** (لازم) ۱ سکہ پر حروف کھودے جانا ۲ رعب قایم ہونا۔ **سکہ پڑنے کا گھر** (مذکر) ٹکسال **سکہ جاری کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کسی بادشاہ کا نام سکہ پر چھپ کر سکہ کا رواج پانا **سکہ چلانا** (متعدی) **سکہ چلنا** (لازم) سکہ جاری ہونا سکہ کا رواج پانا **سکہ جعلی** (مذکر) نقلی سکہ **سکہ حالی** (مذکر) ۱ ریاست نظام کا سکہ ۲ رائج الوقت سکہ۔ **سکہ رائج الوقت** (مذکر) وہ سکہ جو کسی خاص زمانہ میں چلتا ہو **سکہ رائج کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) سکہ جاری ہونا **سکہ رواں ہونا** (لازم) سکہ چلنا **سکہ زن** (صفت) سکہ ڈھالنے والا۔

سکہ زنی (مونث) سکہ ڈھالنا ذکرنا ہونا کے ساتھ **سکہ قلب** (مذکر) بناوٹی سکہ۔ مصنوعی سکہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **سکہ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) دیکھو سکہ جاری ہونا **سکہ نام پر پڑنا** (لازم) نام مشہور ہونا۔ شہرت ہونا **سکے بٹھانا** (متعدی) **بیٹھنا** — **پڑے ہونا** (لازم) رعب و داب ہونا۔ حکومت ہونا۔

سکھ (ھ۔ مذکر) ۱ دوست۔ یار ۲ ایک درخت۔ **سکھا** (مذکر) دوست۔ آشنا۔ **سکھا لوگ** (مذکر۔ جمع۔ دوست۔ یار ساتھی۔

سکھ (ہ۔ مذکر) ۱ چیلا۔ شاگرد ۲ گورونانک صاحب کا پیرو۔ (س شسشی۔ چیلا۔ بچہ شو۔ بڑھنا) **سکھا شاہی** (مونث) بے انصافی کا زمانہ۔ لوٹ مار **سکھنی** (مونث) سکھ کی بیوی **سکھی** (مونث) ۱ سکھ کی خاصیت ۲ سکھ مذہب کا اصول۔ ۳ (صفت) سکھ کا۔

سُکھ (ہ۔ مذکر) ۱ خوشی مرضی۔ شادمانی۔ راحت ۲ آرام۔ چین ۳ صحت۔ تندرستی ۴ آرام کا زمانہ۔ خوشحالی (س۔ سکھ) **سکھپال** (مذکر) ایک قسم کی پالکی **سکھ پانا** (متعدی) **پہنچنا** (لازم) آرام ہونا **سکھ تلا** (مذکر) چمڑے کا وہ ٹکڑا جو جوتے کے اندر رکھتے ہیں **سکھ درشن** (مذکر) ایک بوٹی **سکھ دکھ** (مذکر) آرام تکلیف **سکھ دیکھنا** (متعدی) آرام پانا **سکھ فرمانا یا کرنا** (متعدی) آرام کرنا **سکھ کی نیند** (مونث) آرام کی نیند۔ وہ نیند جس میں خلل نہ پڑے (پانا سونا کے ساتھ) **سکھی** (صفت) **سکھیا** خوش۔ آسودہ **سکھی ہو** (دعا) برہمن پالگن کا جواب دیا کرتے ہیں۔

امثال و اقوال

سکھ بڑھے مٹاپا چڑھے جب انسان آسودہ حال ہو تو موٹا ہو جاتا ہے۔ **سکھ دکھ میں جو رہے سہائی۔ سجن واکو بولیں بھائی** (ھ) دوست وہی ہے جو دکھ درد میں کام آئے **سکھ سمپت وا او دسا سب کا ہو کو ہو۔ گیانی کاٹے گیان سے مورکھ کاٹے رو** (ھ) آرام۔ افراط۔ تکلیف ہر کسی کو ہوتی ہے عقلمند ان کو عقل سے برداشت کرتا ہے۔ بے وقوف رو پیٹ کر **سکھ سمپت کا سب کوئی ہے** (ھ) امیر آدمی کے سب دوست ہوتے ہیں۔

سکھ سووے شیخ جس کا ٹوٹنہ میخ غریب آدمی سکھ کی نیند سوتا ہے **سکھ سووے کمہار جا کی چور نہ لیوے** (جو چور نہ لے واکی) **مٹیا** (ھ) کمہار سکھ کی نیند سوتا ہے کیونکہ چور اسکے برتن نہیں چراتا **سکھ سووے شیخ اور چور ن بھانڈے لے** (ھ) آدمی غفلت کرے تو نقصان اٹھاتا ہے ۲ سوالیہ صورت میں۔ اگر شیخ سکھ کی نیند سوئے تو چور اس کے برتن نہیں چراتا۔ شیخ ڈھول بجانے والوں کی ایک قوم ہے جو بہت غریب ہوتے ہیں اور ان کا مال اس قابل نہیں ہوتا کہ اسکی کوئی چوری کرے **سکھ سووے ہورو جس کے گائے نہ گورو** (ھ) وہ مزے میں سوتا ہے جس کے پاس کچھ نہیں **سکھ سے دکھ بھلا جو تھوڑے دن کا ہو** تکلیف اگر تھوڑے دن کی ہو تو بہتر ہے کیونکہ اس سے انسان کو آرام کی قدر ہوتی ہے **سکھ کا سب کوئی ساتھی** خوشحالی میں سب کوئی دوست ہو جاتے ہیں۔ **سکھ کے بڑے جو دھار کھوالی ہیں** (ھ) آرام بڑی مشکل سے حاصل ہوتا ہے **سکھ کے سب ساتھی ہیں** مصیبت میں کوئی ساتھ نہیں دیتا۔ خوشحالی میں سب دوست ہوتے ہیں۔ **سکھ مانو تو سکھ ہے دکھ مانو تو دکھ۔ سچا سکھیا وہ ہے جو سکھ مانے نہ دکھ۔** (ھ) اگر خوشی سمجھو تو خوشی ہوتی ہے۔ اگر تکلیف سمجھو تو تکلیف۔ اصل میں وہ خوش ہے جو آرام اور تکلیف کی پروا نہ کرے۔ **سکھ میں آئے کرم چند لگے منڈلانے گنج** اس امیر آدمی کے متعلق کہتے ہیں جو اپنی بے وقوفی سے کوئی تکلیف پائے **سکھ میں رب کو یاد کرے تو دکھ کاہے کو ہو** اگر آرام کے زمانہ میں خدا کو یاد کریں تو تکلیف کبھی نہ ہو۔ **سکھ میں سائیں کو بھج۔ جو دکھ مول نہ ہو سادھ کہیں رہے پاس لگے سکھ مان جب لو** (ھ) خوشحالی میں خدا کو یاد کرو تاکہ تکلیف نہ ہو۔ ایسا کرو گے تو باعزت رہو گے **سکھ میں ہر کو بھجے تو دکھ کاہے کو ہو** (ھ) دیکھو سکھ میں رب۔ **سکھی رہیگا وہ سدا جن چھوڑ دینا مار جگ میں بھلا کہات ہے چھو کا مارن ہار۔** جس نے غصے کو ضبط کیا وہ ہمیشہ آرام میں رہتا ہے۔ غصے کو ضبط کرنے والے کی ہر جگہ تعریف ہوتی ہے۔

سِکھا (ہ - امر) سکھانا کا (س شکش - سیکھنا) **سکھا دینا۔ سکھانا** (متعدی) سیکھنا کا ۱ تعلیم دینا۔ پڑھانا ۲ تربیت کرنا ۳ تلقین کرنا۔ ہدایت کرنا ۴ لکھنے کی تعلیم دینا ۵ کوئی کام یا پیشہ بتانا ۶ سدھانا۔ ہلانا (جانور کو) ۷ ڈھب پر لگانا ۸ ورغلانا - بہکانا ۹ تنبیہ کرنا ۱۰ تادیب کرنا۔ **سکھانا پڑھانا** (متعدی) سکھانا ۱ تا ۵۔ **سکھانے والا** (صفت) استاد۔ معلم۔ **سکھائے میں آنا** (لازم) کسی کے کہنے میں آنا **سکھایا پڑھایا** (صفت) ۱ تعلیم و تربیت پایا ہوا ۲ بہکایا ہوا۔

امثال۔ سکھائے پوت دربار نہیں۔ جن کو کوئی کام کرنے کے لئے وقت پر سکھایا جائے۔ وہ درست کام نہیں کرتے۔ ایک وزیر بیمار ہو گیا۔ اس نے اپنے بیٹے کو اپنی جگہ بھیجا جس نے دربار میں جا کر گو اپنے باپ کی ہدایات پر عمل کیا مگر بڑی بے وقوفی سے۔ اس پر وزیر نے یہ فقرہ کہا جو ضرب المثل ہو گیا **سکھائے پوت دکھن نہیں جاتے** خود ہمت نہ ہو تو کسی کی ترغیب دینے سے کیا ہو سکتا ہے۔

سُکھا (ہ - امر) سکھانا کا **سکھا دینا سکھانا** (متعدی) ۱ خشک کرنا - نرمی دور کرنا ۲ رطوبت جذب کرنا ۳ مرجھا دینا۔ کملا دینا ۴ دبلا کر دینا۔ لاغر کر دینا ۵ کسی کو دیر تک بٹھائے رکھنا ۶ مار ڈالنا۔

سکھار (ہ۔ مذکر) قحط خشک سالی۔ سوکھا۔ **مثل۔ سکھار دکھار آسمانی فرنی ہیں** (پوربی) قحط اور طغیانی خدا کے حکم سے ہوتے ہیں۔

سُکھارنا (ہ۔ متعدی) خوش کرنا۔ خوشی میں زیادتی کرنا۔

سکھاری (ہ۔ مونث) سکھی۔ آسودہ **مثل۔ سکھاری کو دیکھ سکھاری جلتی ہے**۔ ایک چیز کے دو امیدوار باہم کینہ رکھتے ہیں۔

سُکھالا (ہ۔ صفت) ۱ آسان۔ ۲ (مذکر) خوشی یا آرام کا مقام۔ اچھی جگہ۔ خوشگوار جگہ۔

سکھر (ہ)، **سکہر** (ہ۔ مذکر) وہ جالی یا چھینکا جو کھانا وغیرہ رکھنے کے لئے چھت میں لٹکا دیتے ہیں ۲ بھنگی کی رسیاں ۳ بٹا ہوا دھاگا۔

سِکھرن (ہ۔ مذکر) کھانڈ میں ملا ہوا دہی۔

سکھڑئی (ہ۔ مونث) ایک راگنی۔

سِکھلا (ہ - امر) سکھلانا **سکھلانا** (متعدی) دیکھو سکھانا **سکھلائی** (مونث) تعلیم۔ تربیت۔ (عف)۔

امثال و اقوال۔ سکھلائے پوت دربار نہیں جاتے۔ دیکھو سکھائے پوت الخ **سکھلائے پوت دکن نہیں جاتے** جھوٹے گواہ عدالت میں ٹھیک گواہی نہیں دیتے۔

سُکھلانا (ہ۔ متعدی) دیکھو سکھانا۔

سکھلن (س۔ مذکر) ۱ ٹھوکر کھانا۔ پھسلنا ۲ گرنا ۳ راہ راست سے بھٹکنا ۴ غلطی کرنا۔

سُکھوانا (ہ۔) سکھانا کا۔

سکھی (ہ۔ مونث) ۱ سہیلی۔ ہمجولی۔ آلی ۲ دیکھو سہاگن ۳ زنانہ۔ زنخہ۔ ہیجڑا ۴ دو سخنہ - ذو معنی بات۔ مکری۔ یہ ایک قسم کی پہیلیاں ہیں۔ جو امیر خسرو کی ایجاد ہیں۔ ظاہر مطلب کچھ اور ہوتا ہے۔ مگر خبر نقد دیکھو اور ظاہر کرتا ہے۔ جیسے ۱ سگری رین چھتین پر راکھا رنگ رس سب وا کا چاکھا۔ بھور بھئی جب دیا اتار۔ اے سکھی ساجن نا سکھی ہار ۲ سرب سلونا سب گن نیکا۔ وا بن سب جگ لاگے پھیکا۔ وا کے سر پر ہووے کون سکھی کوئی ساجن نا سکھی لون (س۔ سچ میل جول رکھنا) **سکھیا** (مونث) دیکھو سکھی - **سکھی جن** (مذکر) سہیلی۔ ہمراز عورت

سکھی لگانا (متعدی) پہلوانوں کی اصطلاح۔ لنگوٹ پر آگے ہاتھ ڈالکر دو ٹانگوں کے وسط میں اپنی ٹانگ ڈالکر اٹھا لینا

امثال و اقوال۔ سکھی سہیلی بھلی اکیلی۔ میری نہ کوئی سہیلی ہے نہ ہمجولی۔ میں اکیلی ہی بھلی ہوں۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جس کی کسی کے ساتھ نہ بنے **سکھی ہو ہم ہوں راجکمار** جب کوئی شیخی مارے تو اسے بطور تنبیہ کہتی ہیں۔

سُکیت (ہ۔ صفت) ۱ تنگ - سکڑا ۲ چھوٹا۔ چست ۳ (مذکر) مشکلات۔ تکلیفات **سکیت کرنا۔ سکیتنا** (متعدی) ۱ تنگ کرنا سکیڑنا ۲ کسنا۔ **سکیتی** (مونث) سکیت۔

سکیٹ (انگ۔ مذکر) ایک آلہ جسے جوتوں کے نیچے باندھ کر برف پر چلتے ہیں **سکیٹنگ** (مذکر) سکیٹ۔ پاؤں پر باندھ کر برف پر چلنا۔

سکیرنا (ہ۔ متعدی) دیکھو سکیڑنا۔

سُکیڑ (ہ۔ امر) ۱ سکیڑنا کا ۲ (مونث) تنگی۔ کھینچ۔ انقباض۔ وہ حالت جو کسی چیز کے سکڑ جانے سے ہوتی ہے ۳ کنجوسی۔ بخل **سکیڑ کرنا** (متعدی) ۱ چست کرنا۔ بھینچنا ۲ تنگ کرنا ۳ سمیٹنا۔ اکٹھے کرنا جیسے پاؤں۔

سکیلا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا فولاد ۲ تلوار ۳ لوہے کا اسلحہ ۴ (کہاروں کی اصطلاح) خس و خاشاک۔ کوڑا کرکٹ۔

سکیلنا (ہ۔ متعدی) سکیڑنا۔

سکین (ع۔ مونث) چھری۔

سکینت (ع۔ مونث) ۱ گدھی ۲ اس چھر کا نام جو نمرود کے دماغ میں گھسا تھا۔

سکینہ (ع۔ مونث) ۱ دل کا آرام یا سکون ۲ عورتوں کا ایک نام۔

سگ (ف۔ مذکر) کتا۔ کلب۔ کوکر۔ **سگان آز** (مذکر) حریص یا لالچی لوگ۔ **سگ اصحاب کہف** (مذکر) وہ کتا جو اصحاب کہف کے ساتھ تھا۔ **سگ بازاری** (مذکر) وہ کتا جس کا کوئی مالک نہ ہو۔ لینڈی کتا۔ **سگ بان** (مذکر) کتے کا رکھوالا۔ **سگ بانی** (مونث) کتے کی رکھوالی۔ **سگ بچہ** (مذکر) پلا۔ **سگ تازی** (مذکر) شکاری کتا۔ **سگ حضوری** (مذکر) ہر وقت خدمت میں حاضر رہنے والا شخص۔ **سگ دیوانہ** (مذکر) ۱ پاگل کتا ۲ بدمزاج آدمی **سگ دنیا** (مذکر) ۱ دنیا کا طالب آدمی دنیادار ۲ (صفت) لالچی۔ حریص **سگ زادہ** (مذکر) کتے کا بچہ۔ گالی۔ **سگ زرد** (مذکر) پیلے رنگ کا کتا۔ بازاری کتا۔ **سگسار** (صفت) کتے کے طرح کا ۲ (مذکر) ایک ملک جہاں کے باشندوں کے سر آدمیوں کے اور بدن کتوں کے ہیں ۳ اس ملک کا باشندہ ۴ بخیل یا کنجوس آدمی ۵ دنیادار آدمی **سگ شکاری یا صیدی** (مذکر) شکار کا کتا۔

امثال و اقوال۔ سگ اصحاب کہف روزے چند۔ پے نیکاں گرفت و مردم شد۔ اصحاب کہف کا کتا چند دن نیکوں کے پیچھے چلا اور آدمی ہو گیا۔ نیکوں کی صحبت میں برا آدمی بھی نیک ہو جاتا ہے۔ **سگ باش برادر خورد مباش**۔ چھوٹے کو بڑے کی فرمانبرداری کرنی پڑتی ہے۔ **سگ بدریا نے ہفتگانہ بشوئے۔ چونکہ ترشد پلید تر باشد** کتے کو سات سمندروں میں دھو ڈالو جب وہ بھیگے گا

تو اور زیادہ نجس ہوگا۔ برے آدمی پر کسی اچھی بات کا اثر نہیں ہوتا۔ **سگ حضور بہ از برادر دور۔** جو شخص ہر وقت پاس رہتا ہے وہ فائدہ اٹھاتا رہتا ہے **سگِ حق شناس بہ از مردم ناسپاس** حق پہچاننے والا کتا ناشکرے آدمی سے بہتر ہے۔ **سگ را در مسجد چہ کار** کتے کا مسجد میں کیا کام۔ برا آدمی نیکوں کی صحبت کے قابل نہیں ہوتا۔ **سگ زرد برادر شغال** زرد کتا گیدڑ کا بھائی ہے۔ برے آدمی ایک جیسے ہوتے ہیں **سگ نشیند بجائے گیپائے۔** پاؤں بیٹھنے والے کی بجائے کتا بیٹھتا ہے۔ کمینہ ترقی کر جائے تو کہتے ہیں۔

سَاگ (ہ۔ مذکر) ساگ کا مخفف۔

سَاگ بھتّا یا کھتّا (مذکر) ساگ کے ساتھ پکی ہوئی دال۔ ساگ چاول۔

سَگَت (س صفت) ١ خوبصورت چال والا ٢ خوبصورت۔ حسین۔ وضعدار ٣ جو صاف آئے ۴ جس سے ملنا آسان ہو۔ جس سے بچنا اچھا ہو

سَگا (ہ۔ صفت)، **سُگّا** (ھ) ١ حقیقی۔ ایک ماں باپ کا ٢ اپنا۔ یگانہ ٣ قریبی۔ رشتہ دار ۴ قرابتی ۵ (پہاڑی) اپنے گاؤں کا ۶ (پ) دادا **سگا بھائی** (مذکر) وہ بھائی جو ایک ماں باپ سے ہو۔ **سگی بہن** (مونث) وہ بہن جو ایک ماں باپ سے ہو۔ **سگاوٹ** (ھ) **سگائی** (مونث) ١ رشتہ داری۔ قرابت ٢ منگنی ٣ رذیل قوم کی عورت کی شادی (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

مثل۔ سگوں بن سگائی کیسی۔ بھلوں بن بھلائی کیسی۔ بغیر قریبی رشتے داروں کے منگنی کا کوئی لطف نہیں۔ اور بھلے لوگوں کے بغیر کوئی بھلائی نہیں کر سکتا۔

سُگّا (ھ۔ مذکر) طوطا۔

سِگار (انگ۔ مذکر) چرٹ۔ تمباکو کی لمبی اور موٹی انگریزی وضع کی بیڑی۔

سَگارے (ھ تف) صبح کو علی الصباح۔

سِگال (ف۔ مذکر) ١ خیال فکر اندیشہ ٢ دشمنی۔ نفرت ٣ بہتان ۴ لفظ۔ کہاوت۔ گفتگو (سگالیدن۔ اندیشہ کرنا)۔

سُدگانا (ھ۔ متعدی) ١ لینا۔ قبضہ میں کرنا۔ نظر رکھنا۔

سِدگانہ (ف۔ صفت) ۔ تین گنا۔

سَگَر (س۔ صفت) ١ زہر والا۔ زہریلا۔

سَگَر (ھ۔ صفت) ١ کل۔ تمام ٢ ہر ایک۔

امثال و اقوال۔ سگرے گھر میں رینگ کے بٹسری سر ٹیک کے مرجا۔ شرم دلانے کے لئے کہتے ہیں۔ **سگری رین بن بن پھری۔ بھور بھئے کوئیں سے ڈری۔** اس عورت کے متعلق کہتے ہیں جو دکھاوے کے لئے ڈر کا اظہار کرے۔ **سگری عمر میں پاپ کمائے جنم نہ کینا پن۔ لیون ہارا آگیا تو تن من ہو گیا سن۔** بھگتوں کی کہاوت۔ کہ تمام عمر گناہ کئے اور کوئی نیک کام نہ کیا۔ جب موت آئی تو گھبرا گئے۔

سَگَرو (صفت) ١ مغرور۔ متکبر ٢ خوش۔ شاد۔

سَگَرئی (ھ۔ مونث) ایک اگنی۔

سَگَری (ھ۔ مونث) چھوٹی گاڑی۔

سُگَریو (س۔ صفت) ١ وہ جس کی گردن خوبصورت ہو۔

سَگَڑ (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا چھکڑا۔

سَگَڑی (ھ۔ مونث) چھوٹا چھکڑا۔

سدگلانی (س۔ تف) ١ کمزوری سے ٢ بے ادبی سے ٣ نکتہ چینی سے۔ عیب جوئی سے۔

سَگَن (س۔ مذکر) ایک وزن یا بحر جس میں دو چھوٹے اور ایک بڑا ماترا ہو۔

سَگُن (س۔ صفت) خاصیتوں والا جس میں اچھی خاصیتیں ہوں۔ نیک۔ پارسا۔

سِگنیچر (انگ۔ مذکر) پورے دستخط (کرانا کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔

سُگَنْد (ہ۔ صفت) خوشبودار۔ معطر۔ سوندھا۔ مہکیلا۔ **سگندھ** (مونث) خوشبو۔ عطر۔ **مقولہ۔ سگندھ لگاؤں تو اکھ مروں۔ اکھ مروں پہنے تن ساڑھی۔ ہار چنبیلی کا بھاری لگت۔ تم جانت ہو تن کی سکھواری۔** اس عورت پر طنز ہے جو اپنے آپ کو بہت نازک ظاہر کرے۔ خوشبو مجھے تکلیف دیتی ہے۔ ساڑی تن پر بھاری معلوم ہوتی ہے چنبیلی کا ہار بھاری لگتا ہے کیونکہ میں نازک ہوں

سِگنل (انگ۔ مذکر) ١ اشارہ (دینا کے ساتھ) ٢ وہ نشان جس سے ریل گاڑی کو سٹیشن پر آنے کی اجازت ملتی ہے۔ سگنل دو ہوتے ہیں۔ ایک سٹیشن کے قریب اسے ہوم سگنل کہتے ہیں۔ دوسرا کوئی آدھ میل کے فاصلے پر اسے ڈسٹنٹ سگنل کہتے ہیں۔ جب تک یہ دونوں نہ گریں۔ گاڑی سٹیشن پر نہیں آتی **سگنل ڈاؤن ہونا** (متعدی) ١ ریل کا نشان نیچا ہونا ٢ (مذاقاً) نامرد ہو جانا۔ شہوت یا انتشار نہ ہونا **سگنل مین** (مذکر) وہ آدمی جو سگنل اٹھاتا یا گراتا ہے (اٹھانا۔ دینا۔ گرانا۔ گرنا۔ ہونا کے ساتھ) **سگنیلر** (مذکر) تار بابو۔ وہ جو تار بھیجتا ہے۔

سَگنَوتی (ھ۔ مونث) اچھا شگون نیک فال۔

سَگّو (ھ۔ مذکر) ایک ذات۔

سُگوا (ھ۔ مذکر) طوطا۔

سَگوتر (س)، **سگوترا** (ہ۔ صفت) ١ سگا۔ رشتہ دار۔ یک جدی۔ ایک ہی خاندان کا ٢ (مذکر) رشتہ دار۔ قریبی ٣ دور کا رشتہ دار **سگوتری** (ھ صفت) سگا۔ قریبی۔

سَگوتی۔ سَگوتی (ھ۔ مونث) گوشت۔

سُگَھَر (ھ)، **سُگھڑ** (ھ صفت) ١ خوش سلیقہ۔ سلیقہ شعار۔ ہنرمند ٢ (ھ) خوش وضع۔ سڈول ٣ (ھ) خوبصورت حسین ۴ (ھ) نیک۔ پارسا ۵ (ھ) خوش بیان۔ فصیح ۶ (ھ) قابل تعریف **سگھڑاپا** (مذکر) **سگھڑائی** (مونث) سلیقہ۔ تمیز **سگھڑ بھلائی** (مونث) ١ خیر خواہی۔ دلسوزی ٢ خوشامد۔ چاپلوسی۔ **سگھڑپن** (مذکر) ہنرمندی۔ ہشیاری۔

امثال و اقوال۔ سگھڑ بلیاں سسرا لے بیل مانگ بہو کو دے (ھ) اگر بہو چالاک ہو تو سسر سے بیل ادھار لے کر بھی دیا دیتا ہے۔ چالاک عورتیں اپنے سسر کو قابو کرتی ہیں۔ **سگھڑ سگھڑ ہنس گئیں پھوہڑن کو آیا ہانسا** (ھ) جو عقلمند ہیں وہ تو بات فوراً سمجھ کر مسکرا دیتی ہیں مگر بے وقوف عورت دیر میں سمجھتی ہے تو پھر وہ ہنستی ہے۔

سَگھن (س صفت) ١ موٹا۔ کثیف۔ ٹھوس ٢ پرحجم۔ بھرا ہوا۔ ناقابل گذر۔

سُگیا (ھ۔ مونث) طوطی۔

سَل (ھ۔ مذکر) ۱ بڑا آنکھ پھوڑ
ٹڈا (س شلبھ) ۲ چوب۔ میخ۔ کیل ۳ کانٹا۔ خار ۴
مشکل۔ تکلیف (س۔ شلیہ) ۵ سود (س خت) ۶
پانی۔ بگڑا ہوا سرکہ ۷ اطمینان **سل سے بیٹھنا**۔
(لازم) ۱ اطمینان حاصل کرنا۔ مطمئن ہوجانا ۲ سلطنت
سے بیٹھنا۔

سِلّ (ع۔ مونث) تپ دق۔
دق ایک بیماری ہے جس سے پھیپھڑوں میں زخم ہوجاتے
ہیں اور منہ سے خون آتا ہے۔ بخار اور کھانسی بھی
ہوتی ہے۔ یہ ابھی تک لاعلاج مرضوں میں شمار ہوتا ہے۔
سل و دق (مونث) سل۔

سِل (ہ۔ مونث) ۱ پتھر کا مستطیل مسطح
ٹکڑا ۲ مصالحہ پیسنے کا پتھر ۳ دلہیز **سل بٹا** (مذکر) وہ بٹا جس سے
سل پر مسالہ پیستے ہیں **بسل لوڑھا** (مذکر) سل بٹا۔

سلا (ہ۔ امر) سلانا کا **سلانا**
(مم) سینا کا ۱ دوخت کرانا۔ سلوانا ۲ (سیل سے)
ٹھنڈا کرانا ۳ گیلا کرانا ۴ دفن کرنا ۵ بو تر پانی کو گھر کے
کونوں میں ڈالنا (ہندو) تعزیہ دفن کرنا ۶ (لازم) گیلا ہو
۷ پسینہ پسینہ ہونا ۸ پگھلنا **سلائی** (مونث) سینے کا کام
۲ سلوانے کی مزدوری ۳ ٹانکا۔ سیون۔

سِلا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ اناج کی بالیاں
جو از خود گر پڑتی ہیں۔ یا کھیت کٹ جانے کے بعد پڑی
رہ گئی ہیں۔ خوشہ بالی۔ سنبلہ (سنا یا چگنا کے ساتھ)
سلا ہار (صفت) سلا والا۔ خوشہ چین۔

سُلا (ہ۔ امر) سلانا کا **سلا دینا**
(متعدی) سلانا **سلا رکھنا** (متعدی) مار ڈالنا۔
سلانا (متعدی) ۱ نیند میں ڈالنا ۲ مار ڈالنا ۳ دفن
کرنا ۴ بچے کو تھپک تھپک کر سلانا۔

سَلاتھ (انگ۔ مذکر) ایک چوپایہ
جو بہت سست ہے اور درختوں پر رہتا ہے۔ اُلٹا
لٹکتا ہے۔ پتے کھا کر گذارا کرتا ہے۔

سَلاجیت (ھ۔ مذکر) ایک
سیاہ بودار مادہ جو پتھروں میں سے نکلتا ہے اور
دوائیوں کے کام آتا ہے۔ بدن کے جوڑوں کے
لئے بہت مفید گنا جاتا ہے (س۔ شلاجتو)۔

سلاح (ع۔ مذکر) ۱ آلات
جنگ۔ ہتھیار ۲ اوزار۔ کام کرنے کے ہتھیار ۳
زرہ (سلیح۔ مسلح کرنا) **سلاح بند یا پوش** (صفت)

ہتھیار بند **سلاح بردار** (مذکر) ۱ ہتھیار اٹھانے والا
وہ جو ہتھیار لیکر ساتھ چلے ۲ سلاح خانے کا داروغہ۔
سلاح پوشی (مونث) ہتھیار بندی **سلاح خانہ**
(مذکر) وہ مکان جہاں ہتھیار رہیں **سلاح جنگ**
(مذکر) لڑائی کے ہتھیار **سلاح جنگ سے آراستہ
کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مسلح ہونا **سلاح دار**
(صفت) ۱ تلوار باندھنے والا جس کے پاس ہتھیار ہوں
۲ مملوکوں کی سلطنت میں ایک عہدہ دار جس کے سپرد
بادشاہ کے اسلحے ہوتے تھے ترک اسے سلحدار کہتے تھے۔
سلاح ساز (صفت) ہتھیار بنانے والا **سلاحشور**
۱ سلاح سے لڑنے والا۔ بہادر سپاہی ۲ سلح خانہ کا داروغہ
۳ ہتھیار بند **سلاحشوری** (مونث) ہتھیاروں کے
کھیل۔ پٹہ بازی۔ شمشیر زنی۔ ہتھیاروں کا استعمال (دکھانا
دیکھنا کے ساتھ)

سَلاخ (ہ۔ مونث) کسی دھات
کا پتلا اور گول ٹکڑا۔ سلائی۔ کیل۔ میخ ۲ لکیر۔ خط۔ دھار
جو شراب وغیرہ سے پڑے (بندھنا۔ پڑنا۔ ڈالنا کے
ساتھ ان معنوں میں) (س۔ شلاکا)

سَلّاخ (ع۔ مذکر) چمڑا اتارنے
والا۔ چمار۔

سَلاد (انگ۔ مونث) ایک کھانا
جو کچی یا ابلی ہوئی ترکاریوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے
ان پر سرکہ نمک۔ تیل وغیرہ ڈالکر بناتے ہیں۔

سَلاسَت (ع۔ مونث) ۱
نرمی۔ ملامت ۲ روانی۔ ہمواری۔ کلام کا ثقیل لفظوں سے
پاک ہونا۔ کلام کی نفاست ۳ سادگی۔ صفائی (سلس۔
آسان ہونا) **سلاست زبان** (مونث) فصاحت۔
شیریں زبانی۔ نرم کلامی۔ شیریں گفتاری۔

سَلاسِل (مونث) سلسلہ کی جمع
زنجیریں

سَلاطِین (ع۔ مذکر) ۱ سلطان
کی جمع ۲ شہزادے۔ سلطان وقت کی اولاد ۳ پہلے بادشاہوں
کی اولاد (یہ معنی صرف اردو میں ہیں) **سلاطین باتمکین**
(مذکر) زبردست بادشاہ۔ رعب داب یا دبدبے والے بادشاہ۔
سلاطین پسند (صفت) وہ جو بادشاہوں کو پسند ہو۔
سُلاف (ع۔ مذکر) جمع سلف کی۔
سلاک (ف۔ مونث) سلاخ۔
سلاکا (ھ۔ مونث) دیکھو سلاخ۔
سلاکنا (ھ۔ متعدی) لکیریں کھینچنا۔

سطریں کھینچنا۔

سَلام (ع۔ مذکر) ۱ تسلیم۔ بندگی۔
آداب۔ کورنش۔ نمستے۔ رام رام۔ پیری پونا۔ ڈنڈوت۔
پرنام۔ مجرا۔ یا اللہ۔ عشق اللہ۔ جے گوپال۔ گڈ مارننگ
گڈ آفٹرنون۔ گڈ ایوننگ۔ خدا حافظ۔ رخصت۔ سدھارئیے
تشریف لے جائیے۔ گڈ بائی۔ ٹاٹا ۲ سلامتی۔ امن۔ امان ۳
نماز کے اخیر پر ختم کرنے کے لئے مسلمان سر کو پہلے دائیں
پھر بائیں طرف پھیرتے ہیں۔ اور السلام علیکم ورحمۃ اللہ
کہتے ہیں۔ یہ بھی سلام ہے ۴ نظم بطور غزل جس میں معرکۂ
کربلا کا ذکر ہوتا ہے۔ اور پہلے شعر میں مجرا۔ سلام مجرائی
یا سلامی کا لفظ لایا جاتا ہے ۵ خدا کا نام ان معنوں میں ٹالنے کی
از عیوب ہے ۶ معاف رکھئے۔ باز آیا۔ ناامیدی اور
مایوسی کے موقع پر کہتے ہیں۔ ۷ الزام دینے کے موقع پر (ظلم)۔
محفوظ ہونا **سلام پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا** (لازم) سلام
کا پیغام پہنچنا **سلام پھیرنا** (متعدی) دیکھو سلام ۳ نماز ختم کرنا
سلام پیام یا پیغام (مذکر) ۱ گفت و شنید۔ بات چیت
۲ منگنی کی نسبت پیغام۔ نسبت کا ذکر اذکار **سلامت۔
سلامتی**۔ دیکھو علیحدہ **سلام جھک کر کرنا** (متعدی)
۱ ادب سے سلام کرنا ۲ طنزاً سلام کرنا ۳ شرارت میں استاد
ماننا **سلام دینا** (متعدی) ۱ رخصت کرنا۔ الگ کرنا ۲
سلام پہنچانا ۳ انگریزی طریقے پر ملاقات کے لئے بلانا ۴
شکریہ ادا کرنا **سلام شوق** (مذکر) ایسا سلام جس سے
شوق ظاہر ہو **سلام طلب** (صفت) سلام کا خواہاں۔
سلام علیک (مونث) ۱ تو سلامت رہے۔ تجھ پر سلام
ہو ۲ سلام ۳ واقفیت۔ شناسائی۔ صاحب سلامت
سلام علیکم (مونث) ۱ تم پر سلامتی ہو۔ تم سلامت رہو۔
مسلمانوں کا سلام جب کسی کو ملتے ہیں تو یہ کہتے ہیں وہ جواب
میں وعلیکم السلام کہتا ہے۔ یعنی تم پر بھی سلامتی ہو **سلام
قبول ہونا** (لازم) ۱ سلام منظور ہونا ۲ حاضری کی اجازت
ہونا **سلام کرائی** (مونث) وہ نقدی یا زیور جو دولہن کے
رشتہ دار دولہا کو دیتے ہیں۔ سلامی **سلام کرانا** (متعدی)
۱ لوگوں کو سلام کرنے پر مجبور کرنا ۲ ختنوں کے بعد اچھا ہونے
پر بچے کو کسی مزار وغیرہ پر لے جانا **سلام کرکے چلنا**
(لازم) ناراض ہوکر جانا **سلام کرنا** (متعدی) ۱ مجرا کرنا۔
آداب بجالانا۔ دیکھو سلام ۲ ماتھے پر ہاتھ رکھنا سلام ۳
کے واسطے ۳ رخصت ہونا۔ جانا ۴ چالاکی وغیرہ کا قائل ہونا ۵
طنز سے الزام دینے کے لئے ۶ مرحبا کہنا۔ شاباش دینا ۷ ہم
ہار ماننا۔ ہارنا ۸ تسلیم کرنا۔ قبول کرنا ۹ چھوڑ دینا۔ رک جانا **سلام
کرنے والا** (صفت) امیدوار **سلام کہہ بھیجنا یا کہنا**

بندگی عرض کرنا دوسرے کی وساطت سے **سلام لینا** (متعدی) ۱ سلام کا جواب دینا۔ اشارے یا زبان سے ۲ ملاقات ترک کرنا۔ رخصت ہونا **سلام ہونا** (لازم) مجرا ہونا۔ ملاقات ہونا **سلام ہے**۔ باز آئے۔ معاف کیجئے۔ چھوڑا۔

سلامی (مونث) ۱ ہتھیاروں کو اٹھا کر سلام کرنا ۲ بادشاہوں راجاؤں۔ نوابوں کے لئے توپوں کا چھوٹنا۔ اتارنا۔ اترنا۔ دینا۔ لینا ہونا کے ساتھ) ۳ روپیہ جو دولھا یا دولھن کو بیاہ کے موقع پر دیتے ہیں (دینا۔ لینا ہونا کے ساتھ) ۴ ڈالی۔ نذر جو کسی بڑے آدمی کو ملاقات کے موقع پر دی جائے ۵ جو مالک کو پٹہ لکھانے کے بعد دیا جاتے ۶ وہ عطیہ جو سلام کرنے والے کو دیا جائے ۷ مجرائی سلام کہنے والا شخص ۸ (صفت) جھکنے والا۔

امثال واقوال۔ سلام لہ بآ

میاں جی کیوں رسائے۔ سلام نہ کرنے کی وجہ سے کسی بڑے آدمی کو ناراض نہیں کرنا چاہیئے **سلام روستائی (بے طمع) بے غرض نیست**۔ (روستائی۔ دیہاتی) اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو بار بار آئے اور خوشامد کرے۔

سلامت (ع۔ مونث) ۱ بچاؤ۔ سلامتی ۲ آرام۔ امن ۳ تندرستی۔ خیریت ۴ مبارک۔ اسی لفظ کے ساتھ ان معنوں میں استعمال ہوتا ہے ۵ (صفت) محفوظ۔ صحیح ۱ زندہ ۲ تندرست۔ باصحت ۳ پورا۔ سالم ۴ (تف) بخیر و عافیت۔ تمیزداری کے ساتھ ۵ ٹھیک۔ درست (سلم۔ محفوظ ہونا) **سلامت انجام** (صفت) ۱ امن پیدا کرنے والا مجبت کرنیوالا **سلامت رو** (صفت) کفایت شعار ۲ اعتدال کے ساتھ انتظام کرنے والا **سلامت روی** (مونث) ۱ میانہ روی ۲ کفایت سے گزارہ کرنا **سلامت روی اختیار کرنا** (لازم) ۱ زندہ رہنا صحیح سالم رہنا ۲ خیریت۔ عافیت ۳ صحت۔ تندرستی ۴ آرام۔ امن ۵ زندگی۔ حیات ۶ قیام برقراری ۷ ایک قسم کا موٹا کپڑا **سلامتی پڑھنا** (متعدی) وہ دعا پڑھنا جس میں خدا کے ازل سے ابد تک ہونے کا اقرار ہے **سلامتی چاہنا** (متعدی) صحیح و سالم یا زندہ رہنے کی خواہش کرنا۔ خواہ اپنی یا کسی کی **ہو سلامتی سے** (تف) ۱ خدا کے فضل سے ۲ طنزاً کیا کہنے۔ ماشاء اللہ ۳ عورتیں شگون نیک کے طور پر فقرے کے شروع میں لاتی ہیں **سلامتی کا جام پینا** (متعدی) ۱ جام صحت پینا۔ شراب پینے والے جب شراب پینا شروع کرتے ہیں تو ایک دوسرے کو دعا دیتے ہیں۔ پھر پیتے ہیں ۲ زندگی بادشاہ یا عورتوں کا نام لے کر پینا شروع کرتے ہیں۔ **سلامتی میں** (تف) ۱ زندگی میں ۲ موجودگی میں ۳ صدقے میں طفیل میں

مقولہ۔ سلامت رہے بہو جس کا بڑا بھروسا۔ ہندو عورتیں کوئی لڑکا مر جائے تو کہتی ہیں۔ ہندوؤں میں بیٹے کا ہونا بہت ضروری سمجھا جاتا ہے۔ جو کریا کرم کرے اسلئے ساس بہو کی سلامتی چاہتی ہے

سلائی (ہ۔ مونث) پتلی سلاخ کسی دھات کی ۱ سرمہ لگانے کی سلاخ ۲ جراحی کا آلہ۔ ایک سلاخ جس سے پیشاب نکالتے یا دوائی لگاتے ہیں ۳ گوٹا بننے کا کانٹا ۴ اون بننے کی سلاخ لکڑی یا دھات کی ۵ لکڑی کے اندر رکھنے کی پتلی سینک ۶ دیا سلائی ۷ بالوں کو گھونگر والے بنانے کی سلاخ ۸ وہ لوہے کی سوئی یا تار جو گرم کرکے آنکھ میں پھیر دیتے تھے بعض اسوا لدھ لکیر دھاری (س شلاکا) **سلائیاں پھرنا**۔ **سلائی پھرنا** (لازم) **پھیرنا** (متعدی) لوہے کی سوئی یا تار گرم کرکے آنکھوں میں گھسیڑنا تاکہ نظر جاتی رہے۔ پرانے زمانے کی سزا ۱ اندھا کرنا۔ نابینا کرنا ۲ سرمہ لگانا ۳ زخم میں سلائی گھمانا۔

سلائی (ہ۔ مونث) ۱ ایک کیڑا جو مکی اور کماد کو خراب کرتا ہے ۲ بجائے سلائی کے دیا سلائی کے معنوں میں ۳ دیکھو سلا کے تحت میں

سلب (ع۔ مذکر) ۱ دور کرنا۔ لے لینا۔ جذب کرنا ۲ چھین لینا ۳ نفی کرنا۔ انکار کر لینا کرنا کیسا تھ ۱ لوٹ (سلب سے لینا) **سلب اختیارات** (مذکر) اختیارات کا لے لینا **سلب جزی** (مذکر) خاص نفی یا انکار **سلب کلی** (مذکر) تمام سے انکار۔ عام انکار **سلب ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ جاتے رہنا۔ چھن جانا ۲ گم ہو جانا ۳ خالی ہونا ۔ نہ ہونا۔

سلپ (انگ۔ مونث) کاغذ کپڑے یا کسی پتلی چیز کا لمبا ٹکڑا ۲ غلطی۔ سہو **سلپ کاپی** (مونث) لمبی کاپی جس میں بچوں کے لکھنے کے لئے حروف اور فقرے خوشخط درج ہوتے ہیں۔

سلپٹ (ہ صفت) ۱ صاف۔ ہموار ۲ بے نور۔ اندھا ۳ جس کے نقوش مٹ گئے ہوں (سکہ)

سلیپٹ (انگ۔ مونث) سلیپر کا محرب ۲ سلیپر کا مخفف سے بے ایڑی کا جوتا۔

سلپچی (ہ۔ مونث) چلپچی۔

سلتا (ہ۔ مونث) دریا۔ ندی سوتا

سلٹ (ہ۔ امر۔ سلٹنا کا) سلٹا ہوا (ہ۔ صفت) ۱ سلجھا ہوا۔ بھگتا ہوا۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ جہاندیدہ **سلٹ دینا**۔ **سلٹنا** (ہ۔ متعدی) ۱ پھر موڑنا۔ سیدھا کرنا۔ اصلی جگہ پر لانا ۲ طے کرنا فیصلہ کرنا ۳ (لازم) درست ہونا۔ اصل حالت پر آنا۔

سلج (س۔ صفت) شرم کرنیوالا۔ شرمیلا۔ حیا والا۔

سلجوق (ت) ایک ترک سردار جس نے خاندان سلجوقیہ کی بنا رکھی۔ یہ ترکمان امیر کپچاک کا سردار تھا۔ مگر وہاں سے نکالا گیا۔ اور اس نے اسلام اختیار کیا۔ آخر میں کافروں سے لڑتا ہوا شہید ہوا۔ ۱۰۷ سال کی عمر ہوئی اس کا بیٹا میکائیل اسکی عین حیات میں فوت ہوا اس کے پوتے طغرل اور جعفر تھے۔ طغرل شاہ ایران ہوا **سلجوقی** (ت۔ صفت) سلجوقیہ خاندان کا **سلجوقیہ** (مذکر) ایران کے بادشاہوں کا ایک خاندان جس کی بنا ایک سلجوق نے رکھی تھی

سلجھ (ہ۔ امر) سلجھنا کا (س بُن) ۱ چھٹ جھٹ الجھنا **سلجھا** (امر) ۱ سلجھانا کا ۲ ماضی سلجھنا کی۔ سلجھا **سلجھایا** (صفت) ۱ سلجھا ہوا ۲ نیار ۳ تجربہ کار ۴ آزمودہ کار **سلجھانا** (متعدی) سلجھنا کا **سلجھاؤ۔ سلجھاو** (مذکر) ۱ فیصلہ۔ حل۔ عقدہ کشائی ۲ وضاحت۔ توضیح۔ **سلجھنا** (لازم) ۱ الجھے ہوئے دھاگوں یا بالوں کا کھل جانا ۲ جھگڑے کا فیصلہ ہونا۔ معاملہ طے ہونا ۳ حل ہونا تصریح ہونا **سلجھی ہوئی تقریر** (مونث) صاف تقریر۔

سلجھن (ہ۔ مذکر) دیکھو سلکشن۔

سلح (ع۔ مذکر) دیکھو سلاح۔

سلح (ع۔ مذکر) ایک دریا۔

سلحفات (ع۔ مونث) ۱ کچھوا۔ ۲ ایک برج کا نام۔

سلخ (ع۔ مذکر) ۱ وہ دن جس کی شام کو ہلال نظر آئے قمری مہینے کا آخری دن ۲ بکری کا چمڑا ۳ سانپ کی کینچلی سلخ کھینچنے کا اخیر ہونا **سلخ خانہ** (مذکر) قصاب خانہ۔

سلر (ت۔ مذکر) ایک ترک قبیلہ۔

سلریا (اردو۔ صفت) کم حقیقت۔ شہدوں کی اصطلاح۔

سلس (ع۔ مذکر) دھاگا جس

میں موتی پروئے جائیں۔

سَلَس (ع۔ مذکر) نرمی۔ آسانی۔ ۲ سَلَس۔ ڈھیلا ہونا **سلس البول** (مذکر) مثانہ کی ایک بیماری جس میں پیشاب قطرہ قطرہ ہو کر نکلتا ہے۔

سَلِس (ع۔ صفت) ۱ آسان۔ ۲ نرم۔ حلیم۔ ۳ وہ جسے سلس البول کی بیماری ہو۔

سَلسَبِیل (ع۔ مونث) بہشت کی ایک نہر۔

سَلسَلا (ہ۔ صفت) ۱ رطوبت والا جیسے پکا ہوا گوشت یا پلاؤ ۲ پسینا آیا ہوا (بدن) ۳ سُس۔ کانپنا۔ ہلنا **سلسلاٹ** (ہ۔ مونث) دیکھو سلسلاہٹ **سلسلانا** (لازم) ۱ رینگنا کیڑوں کا۔ سرسرانا ۲ کھجلی ہونا ۳ بدن پر کوئی چیز چلتی ہوئی معلوم ہونا ۴ چبھنا۔ گھسنا ۵ شک ہونا ۶ پریشان ہونا ۷ خفیف پسینا آنا ۸ پکتی ہوئی چیز میں رطوبت نمایاں ہونا ۹ کھٹکنا ۱۰ کھٹر کھٹراہٹ ہونا سانپ کے چلنے سے ۱۱ (متعدی) گرم کرنا۔ ابالنا۔

سلسلاہٹ (مونث) ۱ خارش۔ کھجلی ۲ پکے ہوئے کھانے میں رطوبت ۳ تھوڑا سا پسینا ۴ زخم کی رطوبت ۵ (ہ) سرسراہٹ ۶ رینگنا ۷ کھٹک۔ ۸ شک و شبہ

سلسلاہٹ (ہ۔ مونث) سلسلہ بندی بندھن۔ لڑی۔

سِلسِلہ (ع۔ مذکر) ۱ زنجیر۔ بیڑی ۲ لڑی۔ قطار۔ زنجیر ۳ خاندان۔ نسل کا شجرہ۔ کرسی نامہ ۴ تعلق۔ واسطہ ۵ ملازمت کا تعلق ۶ ترتیب۔ درستی ۷ فہرست ۸ طریقہ۔ ذریعہ ۹ (ریاضی) مقداروں کی وہ خاص قطار جو کسی خاص قاعدے کے موافق ایک دوسرے پر موقوف ہو ۱۰ حدیث صحیح جو رستے میں نہ ٹوٹے ۱۱ بجلی جو زنجیر کی طرح پیکدار ہو ج سَلاسِل۔ سلسل۔ زنجیریں اور سلاسل۔

سلسلہ بند (صفت) سلسلہ وار **سلسلہ بندی** (صفت) ترتیب ۲ صف یا قطار بندی **سلسلہ بندی کی تقریر** (مونث) مسلسل تقریر **سلسلہ پیوند** (مذکر) ملانے والی چیز **سلسلہ توڑ دینا یا توڑنا** (متعدی) قطع تعلق کر لینا۔ **سلسلہ تعلیم** (مذکر) تعلیم کا سلسلہ۔ قاعدہ تعلیم جاری رکھنا۔ رہنا کے۔ **سلسلہ ٹوٹنا** (لازم) جو کام مسلسل ہو رہا ہو اس میں فرق پڑنا **سلسلہ جاری کرنا** (متعدی) کوئی کام شروع کرنا **سلسلہ جاری ہونا** (لازم) کسی کام کا لگاتار ہونا **سلسلہ جبال** (مذکر) سلسلہ کوہ **سلسلہ جنبان** (لازم) تحریک کرنے والا **سلسلہ جنبانی** (مونث) تحریک **سلسلہ چلنا** (لازم) ۱ کسی بات کا مسلسل ہوتے رہنا ۲ بات کا کسی جگہ سے شروع ہونا ۳ نسل چلنا **سلسلہ وار** (صفت) جو شخص کسی سے ملازمت وغیرہ کا تعلق رکھتا ہو۔ **سلسلۂ دوستی** (مونث) دوستی کا تعلق **سلسلۂ زلف** (صفت) جس کے بال گھونگریالے ہوں **سلسلۂ سخن** (مذکر) بات یا بیان کا تعلق یا ترتیب۔ **سلسلۂ کوہ** (مذکر) پہاڑوں کی قطار۔ وہ پہاڑ جو ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہوں **سلسلہ عذار** (صفت) جس کی گالوں پر سبزہ آغاز ہو **سلسلہ ملنا** (لازم) ۱ واسطہ یا تعلق پیدا ہونا ۲ خاندانی تعلق ہونا ۳ بیعت کا شجرہ ملنا **سلسلہ منقطع ہونا** (لازم) سلسلہ ٹوٹنا **سلسلہ مو** (صفت) جس کے بال گھونگر والے اور زنجیر کی طرح ہوں۔ **سلسلہ نکالنا** (متعدی) ۱ تعلق پیدا کرنا ۲ طریقہ نکالنا۔ ذریعہ بنانا **سلسلہ نکلنا** (لازم) ۱ آغاز ہونا ۲ راہ نکلنا **سلسلہ وار** (صفت) ترتیب وار۔ درجے یا مرتبے کے مطابق **سلسلہ ہونا** (لازم) تعلق ہونا

سُلسُلی (ہ۔ مونث) دیکھو سُرسُری

سُلطان (ع۔ مذکر) ۱ شاہ۔ بادشاہ۔ فرمانروا ۲ ملک۔ ملک سبحانی۔ راجہ۔ رانا۔ بھوپال۔ بھی پت ۳ شاہزادہ۔ کنور۔ ملک زادہ (تسلط)۔ قابو پانا **سلطان اختران** (مذکر) سورج۔ **سلطان جی** (مذکر) نظام الدین اولیا **سلطان درویشان** (مذکر) پیغمبر صلعم **سلطان روم** (مذکر) ترکوں کے بادشاہ کا لقب **سلطان حبر بر** (مذکر) مالک تخت۔ بادشاہ **سلطان عالی (ذی) شان** (مذکر) بڑی شان والا بادشاہ **سلطان عہد** (مذکر) بادشاہ موجودہ **سلطان فلک** (مذکر) سورج **سلطانہ** (مونث) ۱ ملکہ۔ شہزادی ۲ سلطان کی ماں۔ بیگم۔ بہن یا بیوی **سلطانی** (صفت) ۱ شاہ کا۔ شاہی ۲ (مونث) سلطنت۔ حکومت ۳ ایک قسم کی بانات **سلطانی بانات** (مونث) ایک قسم کی نفیس اور دبیز بانات **سلطانی بلبل** (مونث) ایک قسم کی بلبل جس کا سر سیاہ اور پر سرخی مائل ہوتے ہیں۔

سُلطان (ع۔ مذکر) ۔ بدوم غزنی اور دیگر بادشاہوں کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

سلطنت (ع۔ مونث) ۱ حکومت فرمانروائی عملداری ۲ بادشاہی۔ راج۔ بادشاہت ۳ ملک ۴ قلمرو ۵ اطمینان۔ طمانیت۔ ٹھور ٹھکانا (تسلط)۔ قابو پانا **سلطنت بیٹھنا** (لازم) عملداری ہونا **سلطنت جمہوری** (مونث) وہ سلطنت جہاں رعایا کی حکومت ہو۔ جو ایک خاص عرصے کے لئے انتظام کے واسطے صدر منتخب کر لیں **سلطنت رال** (مذکر) بادشاہ شہنشاہ **سلطنت رہنا** (لازم) عملداری ہونا **سلطنت شخصی** (مونث) وہ سلطنت جس میں بادشاہ برسر حکومت ہو **سلطنت کا نام نہ لینا** (متعدی) حکومت یا بادشاہت کی خواہش نہ کرنا **سلطنت کرنا** (متعدی) حکومت کرنا **سلطنت متحدہ** (مونث) ریاست ہائے متحدہ امریکہ **سلطنت مٹا دینا** (متعدی) **مٹ جانا** (لازم) سلطنت نہ رہنا۔ حکومت تباہ ہو جانا **سلطنت ہونا** (لازم) ۱ حکومت ہونا۔ عملداری ہونا ۲ مملکت ہونا۔ راج ہونا۔

سَلَف (ع۔ صفت) ۱ گذشتہ۔ گزرا ہوا۔ قدیم۔ اگلا۔ پہلے کا ۲ اگلے زمانہ کے لوگ۔ آباؤ اجداد بزرگ ۳ گذشتہ زمانہ ۴ وہ روپیہ جو سوداگری کا مال خریدنے کے لئے دیا جائے ۵ بڑا تھیلی (سلف۔ واقعہ گزرنا) **سلف سے ہوتی آئی ہے** پرانی رسم ہے۔

سِلف (ع۔ مذکر) سالی کا خاوند ہمزلف۔

سُلف (ع۔ مذکر) سودا۔ اسباب۔ اردو میں صرف سودا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

سُلفا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ تمباکو جو چلم میں ڈالتے ہیں ۲ چرس (ڈالنا۔ بھرنا وغیرہ کے ساتھ)۔ **سلفا اڑانا** (متعدی) ۱ حقہ پینا دم لگانا کش لگانا ۲ چرس پینا۔ خاک سیاہ کر دینا۔ برباد کرنا **سلفا پینا** (متعدی) دیکھو آخری ۱ و ۲ **سلفا کر ڈالنا یا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) جل کر راکھ ہونا۔ تمباکو یا چرس کا برباد ہونا ۲ مارے غصے کے جل کر راکھ ہو جانا **سلفے کا کوڑا** (مذکر) حقہ دست

سِلفچی (ہ۔ مونث) دیکھو چلمچی۔

سِلک (ع۔ مونث) ۱ دھاگا۔ رشتہ ۲ لڑی۔ ہار ۳ سلسلہ۔ قطار ۴ نظم ۵ ایک چیز کو دوسری کے ساتھ پرونا (سُلک)۔ داخل کرنا **سلک بندی** (مونث) مالگذاری کی روزانہ آمدنی کا حساب جس کو مہینے کے آخیر میں جمع کر کے میزان لگاتے ہیں۔ **سلک تقریر** (مونث) گفتگو کا سلسلہ **سلک جواہر۔ گوہر۔ لآلی۔ مروارید** (مونث) ۱ موتیوں کی لڑی یا ہار ۲ دانتوں کی لڑی۔

سِلک (انگ۔ مذکر) ریشم۔

سَلکی (ہ۔ مونث) کنول کی جڑ ہیں۔

سَلگ (ہ۔ صفت) ۱ اکٹھا۔ لگاتار برابر۔ الگ کا متزاد ۲ پورا۔ کامل۔ سالم۔

سُلگ (ہ۔ امر) سلگنا کا۔ (س ہم ساتھ۔ لگ۔ لگنا) **سلگا** (امر) ۱ سلگانا کا ۲ (ماضی) سلگن کی۔ **سلگانا** (متعدی) سلگنا کا ۱ آگ جلانا یا روشن کرنا۔ آگ بھڑکانا یا لگانا۔ آگ پھونکنا۔ (دیا سلائی وغیرہ سے جلانا ۲ فساد کرانا۔ جھگڑا کرانا۔ اکسانا ۳ رنج دینا ۴ (حقہ) اس قابل کرنا کہ پیا جا سکے **سلگنا** (لازم) ۱ آگ لگنا یا روشن ہونا جلنا۔ آہستہ آہستہ۔ دھواں نکلنا ۲ شعلہ وغیرہ سے جلنا ...

سَلِیل (س۔ مذکر) ۱ پانی ۲ مائع۔

سَلیم (ف۔ مذکر) تختی جس پر بچے لکھنا سیکھتے ہیں۔

سَلَم (ع۔ مونث) ۱ کسی چیز کی قیمت پیشگی دینا۔ اردو میں صرف بیع کے ساتھ بیع و سلم میں مستعمل ہے ۲ اطاعت کرنا۔ اطاعت ۳ ایک درخت کا نام جس کی چھال سے چمڑا رنگتے ہیں (سَلَم محفوظ ہونا)

سَلَّم (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا موٹا کپڑا۔

سِلم (ع۔ مذکر) ۱ اسلام کرنا ۲ مذہب اسلام ۳ اسلام پھیلانا۔

سُلَّم (ع۔ مذکر) سیڑھی۔

سَلما (ف۔ مذکر) چاندی کے تار جن پر سونا چڑھا ہوا ہو جن کو لباس جوتوں۔ ٹوپیوں وغیرہ پر لگاتے ہیں **سلما ستارہ** (مذکر) ستارے چاندی کے گول چپٹے چھوٹے ٹکڑے ہوتے ہیں جن پر سونا چڑھا ہوا ہوتا ہے۔ اور بیچ میں سوراخ ہوتا ہے سلمے کے ساتھ ان کو بھی کپڑوں وغیرہ پر لگایا جاتا ہے۔ سارے کام کو سلما ستارہ کہتے ہیں۔ **سلمے** (مذکر) اسلما کی جمع ۲ بجائے سلما حروف مغیرہ سے پہلے **سلمے ستارہ کا کام** (مذکر) ایک قسم کا کام کپڑوں ٹوپیوں جوتوں وغیرہ پر جس میں سلمے ستارے وغیرہ لگائے جاتے ہیں۔ **سلمے ستارے والا** (صفت) وہ شخص جو سلمے ستارے فروخت کرے۔

سَلمَک (ف۔ مذکر) چھ سروں میں سے ایک۔

سَلمہ (ع۔ مونث) ایک بوٹی جسے چمڑا رنگنے میں استعمال کرتے ہیں۔

سَلمیٰ (ع۔ مونث) ۱ جنوبی ہوا ۲ ایک عورت جو اپنی خوبصورتی کے لئے مشہور تھی ۳ کنایتاً معشوقہ محبوبہ ۴ ایک پہاڑ ۵ ایک قبیلہ۔

سَلنا (ہ۔ مذکر) ۱ دیا ۲ (متعدی) سالنا ۳ چھیدنا۔ سوراخ ہونا ۴ داخل ہونا۔ گھسنا۔

سلنمار (ہ۔ صفت) اچھٹنے والا۔

سَلُّو (ہ۔ مذکر) کٹا ہوا چمڑہ جس سے جوتے وغیرہ سیتے ہیں **سلو کی سلائی گٹھائی** (مونث) چمڑے کی سلائی۔

سَلّو (ہ۔ صفت) پھوہڑ۔ بدسلیقہ عورت

سلو (انگ۔ صفت) سست۔ ہلکی رفتار سے کم چلنے والا۔ **سلو ٹرین** (مونث) وہ ریلوے گاڑی جو آہستہ چلے اور ہر اسٹیشن پر ٹھیرتی جائے **سلو کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کسی چلنے والی چیز کا معمولی رفتار سے آہستہ چلنا جیسے گھڑی۔ موٹر کار۔ ریل گاڑی وغیرہ کا۔

سَلوارسن (جر۔ مذکر) ایک مرکب جو اہرلخ نے ایجاد کیا ہے۔ یہ آتشک کے لئے بہت مفید ہے۔

سَلوانا (ہ۔ مم) سَلانا کا۔ چھدوانا۔

سِلوانا (ہ۔ مم) سینا کا۔ دیکھو سلانا۔

سُلوانا (ہ۔ مم) سلانا کا۔

سَلوائی (ہ۔ مونث) سوراخ کرانے کی اجرت۔

سِلوائی (ہ۔ مونث) سلائی کی اجرت۔

سَلوپ (ہ۔ مذکر) بہت تھوڑی چیز۔

سلوپ (انگ۔ مونث) ڈھال۔ اتار **جھکاؤ سلوپ آرم** (مذکر) فوجی قواعد کا ایک حکم جس پر بندوقیں کندھے پر رکھ لیتے ہیں (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔ **سلوپ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) سلوپ آرم کرنا۔

سَلوت (ع۔ مونث) ۱ صبر۔ قناعت ۲ دل داشت ۳ آرام۔ خوشی۔ امن۔ چین **سلوت کرنا** قناعت کرنا **سلوت و سرور** (مذکر) صبر اور خوشی۔

سلوتری (ہ۔ مذکر) جانوروں کا ڈاکٹر۔ سالوتری۔

سِلوَٹ (ہ۔ مونث) ۱ شکن چین۔ بل۔ جھری ۲ کپڑے کی شکن جب پڑنا۔ ڈالنا کے ساتھ) غالباً سلانا سے۔

سِلوَٹ (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹی چکی ۲ مصالحہ پیسنے کی چکی۔

سِلوَر (انگ۔ مونث) چاندی۔

سُلوک (ع۔ مذکر) ۱ برتاؤ۔ رویہ۔ عمل۔ ربط ۲ راہ۔ راستہ۔ نیک روی۔ طریقہ راستہ چلنا ۳ ملاپ۔ پیار۔ دوستی۔ محبت ۴ صلح۔ آشتی ۵ بھلائی۔ نیکی۔ خیر خواہی۔ بہتری ۶ روپے پیسے کے ساتھ خبر گیری ۷ بخشش عطا کرنا ہونا کے ساتھ ۸ (تصوف) قرب حق تعالےٰ کی طلب۔ راہ خدا جوئی۔ تلاش حق ۹ سلک کی جمع۔ دھاگے۔ **سلوک سے پیش آنا** (لازم) ۱ محبت یا اخلاص سے بسر کرنا۔ محبت یا اخلاص کا برتاؤ کرنا ۲ پرساں حال ہونا **سلوک رہنا** (لازم) ۱ ملکر رہنا۔ ملاپ رکھنا۔ اتفاق سے رہنا ۲ محبت و اخلاص سے بسر کرنا **سلوک کرانا** (مم) **کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ملاپ ہونا ۲ خبر گیری ہونا۔ ملنا۔

سَلول (س۔ صفت) کھلنڈرا۔ کھلاڑی۔ چنچل۔ شوخ۔

سَلون۔ سَلوْن (ہ۔ صفت) ۱ نمکین۔ کھاری ۲ ایک علاقہ۔

سَلونا (ہ۔ صفت) ۱ نمکین۔ کھاری ۲ سانولا۔ گندمی ۳ خوبصورت۔ حسین ۴ مرغوب۔ دلچسپ بن بھاؤتا۔ سہاونا ۵ (ہ) ایسا (چہرہ) جس سے ہر خیال ظاہر ہو (س۔ ی۔ مانند لون۔ نمک)۔

سَلویٰ (ع۔ مذکر) ۱ بٹیر ۲ شہد من وسلویٰ کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔

سِلوٹیں (رو۔ مص) جگلون گلوں گھراو مٹھ و دکا دیتا۔

سَلہج (ہ۔ مونث) دیکھو سرہج۔

سِلی (ہ۔ مونث) سل کی تصغیر ۱ پتھر کا ٹکڑا جس پر استرے وغیرہ تیز کرتے ہیں ۲ جھری ۳ موٹا تختہ۔ پٹڑا ۴ پرندہ آبی۔ مرغابی ۵ چھوٹا بھٹا یا پڑاوہ (س۔ شلا۔ پتھر)

سِلی (ہ۔ مونث) بجس ملا ہوا۔

انا۔ ۲ (س۔ شل۔ چنزا بننا)

سِلی (انگ۔ صفت) بے وقوف
احمق۔

سلیپ (انگ۔ مونث) نیند۔
خواب سلیپنگ سکنس (مونث) ایک بیماری۔
۔۔۔ میں ۔۔۔ ہو جاتا ہے۔ اور نیند بہت آتی ہے۔

سلیپر (انگ۔ مذکر) بے ایڑی
کا جوتا۔ ۲ آرام پائی ۳ (اصل سلیپر) لکڑی کا موٹا تختہ جو ریل کی
پٹری پر ۔۔۔ جڑنے کے لئے بچھاتے ہیں ۳ چپے کا ال

سَلیتا (ہ۔ مذکر) دیکھو شلیتا۔

سلیٹ (انگ۔ مذکر) فاختائی
رنگ کے پتھر کی تختی جس پر طالب علم سلیٹ کی پنسل
سے سوال نکالتے ہیں ۲ یا جس کو ڈھلوان چھتوں پر
ڈالتے ہیں سلیٹ پنسل (مونث) ایک قسم کی پنسل
جس سے سلیٹ پر لکھتے ہیں۔

سَلَہج۔ سلہج (ہ۔ مونث۔ سالے
کی بیوی۔

سَلیح (ع۔ مذکر) ایک عرب قبیلہ
جس نے اسلام سے پہلے شام میں ایک سلطنت قایم کی تھی

سَلِیس (ع۔ صفت) ۱ آسان
سہل۔ رواں ۲ ہموار۔ یکساں ۳ نرم۔ صاف (زبان)
یا عبارت جس میں ثقیل الفاظ نہ ہوں ۲ سلیس آسان ہونا سلیس اردو
(مونث) وہ اردو جس میں عام فہم الفاظ ہوں سلیس
زبان (مونث) ساری زبان۔ عام فہم اردو۔ نقائص
سے پاک زبان سلیس عبارت (مونث) آسان
اور عام فہم عبارت سلیس گو (صفت) وہ جو سلیس
زبان استعمال کرے سلیس گوئی (مونث) ایسے
کلمات بولنا یا شعر کہنا جن میں ثقیل الفاظ نہوں سلیس
نویس (صفت) سادہ خط لکھنے والا

سَلیقہ (ع۔ مذکر) ۱ طبیعت۔
سرشت ۲ تمیز۔ وقوف۔ شعور ۳ ہنر۔ جوہر۔ دستکاری
۴ لیاقت۔ قابلیت ۵ تہذیب۔ سنجیدگی۔ علم مجلس ۶
طریقہ۔ وضع ۷ سگھڑاپا۔ سگھڑپن۔ رسلق۔ اختیار کرنا
سلیقہ بتانا (متعدی) تمیز سکھانا سلیقہ دار
(صفت) تمیز دار۔ باتمیز۔ باشعور۔ سگھڑ سلیقہ سکھانا
(م) سیکھنا (متعدی) تمیز سیکھنا سلیقہ شعار
(صفت) سلیقہ دار سلیقہ کی گفتگو (مونث)
۱ اخلاق یا تمیز کی باتیں ۲ محبت کی گفتگو سلیقہ

گفتگو (مذکر) بات کرنے کا طریقہ سلیقہ مجلس
(مذکر) نشست و برخاست کا طریقہ آداب مجلس۔
لوگوں کے ساتھ برتاؤ کا اچھا طریقہ سلیقہ مند
(صفت) سلیقہ دار۔

سَلِیک (ف۔ مونث) بارہ راگوں
میں سے ایک راگ

سِلیکون (انگ۔ مذکر) ایک غیر
دھاتی عنصر۔ پانی سے ۲،۴ گنا بھاری ہے۔ آکسیجن سے
دوسرے درجے پر پایا جاتا ہے۔ اور ہر قسم کی چٹانوں
میں موجود ہوتا ہے۔

سَلِیم (ع۔ صفت) ٹھیک۔ درست
۲ کامل۔ پورا ۳ سادہ ۴ سادہ دل۔ صاف دل ۵ حلیم۔
بردبار ۶ تندرست۔ صحیح سالم۔ مسلّم۔ محفوظ ہونا سلیم الطبع
(صفت) ۱ حلیم مزاج۔ نرم دل ۲ دور اندیش دانشمند
۳ صائب الرائے سلیم القلب (صفت) نیک دل
مخلص سلیم شاہی جوتی (مونث) ایک قسم کی دلی کی
نازک اور خوبصورت جوتی۔

سُلَیم (ع۔ مذکر) ایک قبیلہ جو مکہ
اور مدینہ کے درمیان آباد تھا۔

سُلیمود (ع۔ مونث) ۱ سلیمہ
کا مخرب ۲ ایسی عورت جو بھڑکدار کپڑے پہن کر
پھرے۔
مثل۔ سلیمو بن عید کیسی۔
تیرا ہار بغیر خوش پوشاک عورتوں کے اچھا معلوم نہیں ہوتا

سلینے (یو۔ مص) چاندی دیوی

سِلینیم (انگ۔ مذکر) ایک غیر دھاتی
عنصر جو پانی سے ۴،۵ گنا بھاری ہے۔

سلیوٹ (انگ۔ مذکر) ۱ فوجی
سلام جو دائیں ہاتھ کو سیدھا کھول کر اور ماتھے کی طرف لیجا کر
کرتے ہیں ۲ کسی خاص شخص کی عزت جو فوجی سلام کر کے یا
توپیں سر کر کے کرتے ہیں۔ سلامی۔

سُم (س۔ حرف) ۱ ساتھ۔ معہ۔ اکٹھے۔
ملکر۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۲ بہت۔ بڑا۔ کل۔

سَم (س۔ صفت) ۱ برابر۔ ہموار۔ مسطح ۲
مانند۔ جیسا۔ مثل ۳ تمام۔ کل۔ پورا۔ مکمل ۴ (مذکر) ہموار میدان
۵ (ہندسہ) درمیانی ہم قدر قطع دائرہ ۲ (موسیقی) تال جو آخری
ضرب کے وزن کے ساتھ برابر ہو۔ سماچار (صفت) ۱
برابر یا یکساں عمل یا نیک چلنی ہیں ۲ (مذکر) برابر اور یکساں
چلن۔ نیک چلنی۔ درست چلن۔

سَم (ہ۔ مذکر) ۱ علم موسیقی میں تال جو آخری
ضرب کے ساتھ وزن میں برابر ہو ۲ سُر (دنیا کے ساتھ)
سم ہو کے رہجانا (لازم) کچھ بولنا چپ رہ جانا۔

سُم (ع۔ مونث) ۱ زہر۔ بس۔ ہلاہل
۲ چھید۔ سوراخ۔ اردو میں اکیلا یا بجزم استعمال ہوتا ہے۔
سم الخیاط (مذکر) سوئی کا سوراخ سم الفار (مونث) فار
یعنی چوہا۔ سنکھیا سفید سم قاتل (مونث) زہر جس سے
جانبری نہ ہو سمیات (مونث) سم کی جمع۔ زہریلی چیزیں۔
سمیت (مونث) زہریلاپن۔ زہر کا اثر۔

سُم (ف۔ مذکر) ۱ گھوڑے یا گدھے کا
پاؤں جو سخت ہوتا ہے۔ اور بیچ میں سے پھٹا ہوا نہیں ہوتا
جو پھٹا ہوا ہو اسے کھر کہتے ہیں۔ جیسے گائے بھینس کا۔
سم مرکب کا کڑاکا (مذکر) گھوڑے کے سموں کی زور
کی آواز۔ سم مرکب کے کڑاکے کی آواز۔
(صدل) آنا (بلند ہونا) (لازم) گھوڑے کے
سموں کی آواز زور سے آنا سموں (مذکر) سم کی جمع۔
حروف مغیرہ سے پہلے سموں سے پامال کرنا۔
(متعدی) گھوڑوں کا کسی چیز کو پاؤں مار کر تلف کر دینا۔
آدمی کو مار دینا۔

سُم (اطر۔ مذکر) پھول۔ گل۔

سَما (ہ۔ امر) سمانا کا (سم۔ بلنا)
سما جانا (لازم) بھر جانا۔ بس جانا۔ بیٹھ جانا سمانا
(لازم) ۱ پورا آنا۔ ٹھیک آنا۔ بھر جانا ۲ گھر کرنا ۳ مدنظر
ہونا۔ خیال ہونا ۴ رچنا۔ بسنا ۵ گنجائش ہونا۔ وسعت
ہونا۔ سمائی (مونث) ۱ گنجائش۔ وسعت ۲ طاقت۔
برداشت۔ حوصلہ ۳ رسائی۔ پہنچ ۴ کھپت ۵ شرکت۔

سَما (ہ۔ مذکر) دیکھو سماں۔
مقولہ۔ سما کرے نر کیا کرے
سمیں سمیں کی بات کبھی سمے کے دن
بڑے کبھی سمے کی رات۔ ہر موسم اپنا مناسب کام کرتا
ہے۔ انسان کچھ نہیں کر سکتا۔ کبھی دن بڑا ہوتا ہے کبھی
رات۔

سما (ع۔ مذکر) ۱ آسمان۔ فلک۔ چرخ
۲ بلندی۔ اونچائی (سموات جمع) سما سے تا سمک
سمک معنی وہ مچھلی جس کے سر پر زمین قایم خیال کیجاتی
تھی۔ آسمان سے پاتال تک۔ اوپر کے طبقے سے نیچے
کے طبقے تک سماوی (صفت) آسمان کے متعلق۔
آسمان سے منسوب ۲ بالائی۔ علوی اوپر کی۔ غیبی۔

سَماپت (س۔ صفت) ۱ مکمل۔ پورا۔ کامل۔ ختم شدہ۔ ۲ ماہر۔ کامل (کرنا ہونا کے ساتھ)

سَمائِت (ھ) **سمایتی** (س۔ مونث) ۱ تکمیل۔ پورنتا۔ کمال ۲ انجام۔ اختتام۔ ختم ۳ جھگڑا چکانا۔ فیصلہ کرنا۔

سَماپَن (س۔ مذکر) ۱ تکمیل۔ کمال ۲ اختتام۔ انجام ۳ نفع۔ فائدہ ۴ مار ڈالنا۔ برباد کردینا ۵ فصل۔ باب۔ حصہ ۶ گہرا استغراق۔ مراقبہ۔

سِمارہ (ع۔ مونث) دست کی مہر۔ جلنے کے داغ۔ نشانات (دُسَم داغ دینا)

سُمات (ع۔ مونث) نشان۔ علامت

سَماج (س۔ مذکر) ۱ جلسہ۔ مجمع۔ پنچایت۔ اجتماع۔ انجمن ۲ سوسائٹی۔ منڈلی۔ ایسوسیشن ۳ بزم۔ محفل۔ جلسۂ عشرت ۴ معزز لوگوں کے رہنے کی جگہ ۵ تعداد۔ مجموعہ ۶ سامان ۷ ہاتھی۔ **سماجک** (صفت) ۱ سماج کے متعلق۔ سماج کا ۲ وہ جو شرکت ہو ۳ (مذکر) سماج کا ممبر ۴ تماش بین۔ تماشائی۔ ناظر۔ دیکھنے والا۔

سَماجَت (ع۔ مونث) خوشامد۔ اردو میں نوشامد کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (نسج۔ گندہ ہونا)

سَماجی (ھ، مذکر) ڈھاڑی۔ ناچنے والوں کے ساتھ کے سازندے۔

سَماچار (س، صفت و مذکر) ۱ دیکھو سم کے تحت ۲ (مذکر) ۱ ناواقف ہونا ۳ چلن۔ دستور ۴ رسم۔ ریت ۵ برتاؤ۔ معاملہ ۶ حالات۔ واقعات ۷ خبر۔ اطلاع ۸ ہنڈی کی اطلاع ۹ پیغام۔ سندیسا ۱۰ صحت۔ تندرستی ۱۱ حالت کیفیت مزاج ۱۲ وقوع ۱۳ قصہ۔ روایت۔ **سماچار پتر** (مذکر) اخبار **سماچار دایک** (مذکر) ۱ نامہ نگار۔ خبریں دینے والا ۲ نقیب۔ منادی۔ **سماچار کہنا** (متعدی) خبر دینا۔ اطلاع دینا **سماچار لکھک** (مذکر) خبریں لکھنے والا۔ اخبار نویس۔

سَماحَت (ع۔ مونث) فیاضی۔ سخاوت۔ جود۔ دان پن (سمح۔ فیاض ہونا)

سمادر (س۔ مذکر) بہت عزت۔ تعظیم۔ بہ۔ مان۔

سَمادھ (ھ۔ مونث) ۱ گہرا استغراق ۲ مراقبہ ۳ تمام حواس کو قابو میں کرکے دل کو چیزوں کی اصلی حقیقت کی طرف لگانا ۴ بے حد غور یا سوچ ۵ چپ۔ خاموشی ۶ ... یا استغراق کی حالت ۷ مذہبی عہد۔ بندش یا قید جو خود اپنے آپ پر عائد کریں ۸ سنیاسیوں کا مذہبی جوش میں اپنے آپ کو دریائے گنگا میں غرق کردینا یا زندہ دفن ہونا ۹ جوگیوں کی تپسیہ جس سے ان میں یہ طاقت ہوجاتی ہے کہ جب چاہیں روح کو بدن سے جدا کرلیں ۱۰ سنیاسی کی قبر جب کہ وہ زندہ دفن ہوجائے ۱۱ مقبرہ۔ وہ جگہ جہاں کسی مردے کی ہڈیاں دفن کی جائیں (س۔ سمادھی)

سمادھان (س۔ مذکر) ۱ دیکھو سمادھ ۱ تا ۷ ۲ شوق۔ اشتیاق۔ توجہ ۳ وعدہ کرنا ۴ اظہار۔ اقرار ۵ عہد ۶ فیصلہ ۷ تسلی دینے یا سنانے کا فعل ۸ تسلی تشفی۔ دلاسا۔ دلجمعی ۹ دھارس ۱۰ مذہبی تعصب ۱۱ کسی سوال کا جواب **سمادھ لگانا یا لینا** (متعدی) حبس دم کرنا۔ بہت لمبے عرصہ کے لئے دم روک لینا ۲ اپنے آپ کو زندہ دفن کرالینا **سمادھی** (س۔ مذکر) دیکھو سمادھ ۲ اکٹھا کرنا ۳ تصور جانا ۴ اختلافات کو رفع کرنا ۵ اناج کا ذخیرہ جمع کرنا ۶ وعدہ۔ عہد۔ اقرار۔ قول ۷ جزا۔ بدلہ۔ عوض ۸ گردن کی ہڈی ۹ ناممکن بات کو کرنے کی کوشش یا ثبوت پیش کرنا۔

سَمار (ھ۔ مذکر) فصل کے لئے ہل چلانا۔ قلبہ رانی۔

سمارر (ت۔ مذکر) ایک بوٹی۔

سَمارُوغ (ف۔ مذکر) ایک قسم کی کھمبی۔

سَماس (س۔ مذکر) ۱ مجموعہ ۲ اجتماع ۳ جوڑ الفاظ کا۔ ملاپ ۴ مرکب لفظ ۵ اختصار۔ خلاصہ۔

سِماط (ع۔ مذکر) ۱ قطار۔ صف۔ سلسلہ ۲ دسترخوان۔ کھانے کا میز ۳ چمڑے کا ٹکڑا جس پر گنہگاروں کو قتل کرتے تھے (سَمَطَ بال یا اون دور کرنا)

سَماع (ع۔ مذکر) ۱ راگ سننا ۲ راگ گانا۔ غنا ۳ حال جو راگ سن کر آجائے (سَمَعَ سننا)۔

سماعت (مونث) ۱ سننا ۲ سننے کی قوت ۳ شنوائی۔ سنوائی **سماعت کرنا** (متعدی) ۱ سننا ۲ توجہ کرنا۔ التفات کرنا ۳ حاکم کا کسی مقدمہ میں کارروائی کرنا **سماعت کے قابل** (صفت) ایسا مقدمہ جس میں حاکم کو کارروائی کرنے کا اختیار ہو۔ **سماعت میں فرق آنا یا ہونا** (لازم) کم سنائی دینا **سماعت یکطرفہ** (مذکر) ایک فریق کی حاضری پر مقدمہ کی کارروائی۔ یکطرفہ فیصلہ۔ **سماعی** ۱ (صفت) سنا ہوا ۲ ایسا لفظ جو اہل زبان سے سنا گیا ہو مگر کسی قاعدے سے نہ بنا ہو **سماعی شہادت** (مونث) ایسی گواہی جو چشم دید نہ ہو۔ بلکہ دوسرے کی زبانی معلوم ہوئی ہو۔ جیسے مجھے الف نے بتایا کہ ب نے ج کو قتل کر دیا۔

سَمافور (انگ۔ مذکر) ایک آلہ جس کے ذریعہ سگنل کرتے ہیں۔

سَماق (غ۔ مذکر) نہایت سخت قسم کا سنگ مرمر۔ بعض نے نرم قسم کا بھی لکھا ہے (سَمَقَ۔ اونچا ہونا)

سُماق (ع۔ صفت) خالص۔ انملا (سَمَقَ۔ اونچا ہونا) **سماق پالان** (مذکر) ایک دہرا برتن جس میں چاول ابالتے ہیں۔ اندر کے برتن میں سوراخ ہوتے ہیں۔ جب چاول ابل جائیں تو اسے اٹھا لیتے ہیں پیچ نیچے کے برتن میں رہ جاتی ہے

سُمّاق (ع۔ مذکر) ۱ ایک پودہ ۲ اس کا بیج جو مسور کے دانے کے برابر ہوتا ہے اور دوائیوں میں کام آتا ہے۔

سَماگَت (ھ) **سماگت** (س۔ مونث) ۱ ملنا۔ اکٹھا ہونا ۲ اجتماع۔ پنچایت۔ انجمن ۳ میل۔ جوڑ ۴ آنا۔ آمد۔ ملاقات ۵ جڑا ہوا۔ ملا ہوا۔ **سماگتی** (مونث) دیکھو سماگت۔

سَمالی (س۔ مونث) گلدستہ۔

سَماں (ہ۔ مذکر) ۱ رت۔ موسم ۲ برس۔ سال ۳ زمانہ۔ وقت۔ دور ۴ موقع۔ محل ۵ کیفیت۔ عالم۔ بہار ۶ رونق ۷ آرائش۔ زیبائش ۸ سیر۔ تماشا۔ نظارہ ۹ راگ رنگ کا مزہ ۱۰ اچھی فصل۔ ارزانی ۱۱ سستاپن ۱۲ اتفاق۔ موافقت۔ میل ۱۳ کثرت۔ بہتات۔ افراط ۱۴ تیزی۔ تندی۔ زور ۱۵ سمت۔ طرف۔ دشا ۱۶ عمر۔ زیست (س۔ سَمَ) **سماں باندھنا** (متعدی) ۱ رنگ جمانا۔ لطف پیدا کرنا ۲ نہایت اچھا گانا **سماں بدل جانا** (لازم) کیفیت اور ہوجانا۔ **سماں بندھنا** (لازم) ۱ راگ یا ناچ کی کیفیت سے اہل محفل کا محو ہونا ۲ رنگ جمنا۔ لطف پیدا ہونا ۳ نقشہ کھنچ جانا **سماں چھانا** (لازم) کیفیت طاری ہونا۔ **سماں دکھانا** (متعدی) دیکھنا (لازم) — عالم دیکھنا۔ کیفیت دیکھنا **سماں ہونا** (لازم) ۱ ارزانی ہونا ۲ فصل بہار ہونا ۳ کیفیت ہونا

سَماں (س۔ صفت) ۱ مانند۔ برابر۔ مثل۔ ایک جیسا ۲ ہموار۔ چپٹا ۳ عام ۴ نیک۔ پارسا ۵ باعزت۔ معزز ۶ متدین ۷ ٹھیک۔ درست۔ باقاعدہ ۸ متواتر۔ نہ بدلنے والا ۹ الگ۔ بے غرض۔ بے سروکار ۱۰ آسان ۱۱ عام کا (لا زنف) اسی طرح۔ مساوی۔ اسی طور سے ۱۲ مرکبات میں بمعنی سا۔ مانند ۱۳ (مذکر) برابری۔ درجہ ۱۴ ایک ضروری

ہوا جو ناپنے کے لئے ضروری ہے ۱۵ اکن ۱۶ وہ نقطہ جہاں افق اور خط سمت الراس ملیں ۱۷ نام خاص منطقات البروج کے نشانات کا ۱۸ چندر کا لنے کی لکیر ۱۹ ایک قسم کی تال ۲۰ دھرم کا ایک بیٹا ۲۱ وحضرت دہشٹر کا ایک بیٹا ۲۲ سندی رگیں کا ایک راجہ کا **سماں روپ سے** (تف) ۱ برابر طور پر۔ ایک ہی طرح ۲ سیدھے **سماں کا** (صفت) ایک ہی درجہ کا۔ برابر کا۔ ہمسر **سماں کرنا** (متعدی) ۱ برابر کرنا۔ ایک جیسا کرنا ۲ سڈول بنانا۔

سَمّان (س۔ مذکر) عزت۔ حرمت۔ ادب تعظیم۔ توقیر۔ آدرمان۔

سَمانی (س۔ مونث) ۱ ایک قسم کا ذات یا بحر ۲ فعل لازمی۔

سَمانیہ (س۔ صفت) معزز۔ باعزت۔ جس کی عزت کی جائے۔

سَماوار۔ سماوَرد (ف۔ مذکر) ایک برتن تانبے یا پیتل کا جس کے اندر آگ ڈالی جاتی ہے۔ اور باہر کے حصے میں چائے کیتی یا پانی گرم ہوتا ہے۔

سَماوُنا (ھ۔ لازم) سمانا۔

سُمبا (ھ۔ مذکر) ۱ ایک بھاری اوزار جس سے پتھر توڑتے ہیں ۲ توپ کا گز ۳ سیخ۔ میخ کھونٹا۔ **سمبا ٹھوکنا** (متعدی) توپ میں میخیں ٹھوک دینا۔

سُمبات (ھ۔ مونث) گھوڑے کا سم۔

سَمباد (ھ۔ مذکر) ۱ گفتگو۔ بات چیت ۲ تاریخ۔ قصہ۔ کہانی ۳ اطلاع۔ خبر۔ خبروں کی اطلاع۔

سَمبَت (ھ۔ مذکر) دیکھو سَمّت۔

سَمبَدھ (س۔ صفت) ۱ اکٹھا بندھا ہوا ۲ جڑا ہوا۔ ملا ہوا۔

سَمبَدھی (س۔ مونث) ۱ بلانا۔ بلاوا ۲ (صرف و نحو) ندائیہ صیغہ۔

سَمبَر (ھ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا ہرن ۲ ایک قسم کی مچھلی ۳ ایک خاص پہاڑ ۴ لڑائی۔ جنگ ۵ پانی ۶ بدھ مذہب والوں کی ایک مذہبی رسم۔

سَمبَل (س۔ مذکر) ۱ زادراہ۔ توشہ ۲ پانی۔

سِمبَل (ھ۔ مذکر) ایک بہت بڑا بھاری درخت اس کے پھول بڑے بڑے اور سرخ ہوتے ہیں۔ اور پھل میں سے ایک قسم کی روئی نکلتی ہے (س شالملی)

سَمبَندھ (س۔ مذکر) ۱ ملانا۔ جوڑ ۲ رشتہ۔ تعلق۔ قرابت۔ نسبت۔ ناتہ۔ سلاتہ۔ رابطہ ۳ قبیلہ کنبہ۔ کٹم ۴ میل و ملاپ۔ راہ رسم۔ ربط ضبط ۵ برادری۔ گوت ۶ نک۔ تانیہ ۷ مضاف علیہ **سمبندھ توڑنا یا لگنا** (متعدی) جوڑ کر چھوڑ دینا **سمبندھ رکھنا** (متعدی) ۱ تعلق پیدا کرنا۔ میل۔ جول رکھنا ۲ رشتہ یا ناتہ کرنا۔ سگائی کرنا۔ **سمبندھ کرنا** (متعدی) رشتہ کرنا۔ تعلق کرنا۔ ناتہ کرنا۔ سگائی کرنا۔ **سمبندھی** (مذکر) رشتہ دار۔ قریبی۔ ناتہ دار۔ قرابتی۔ نسبتی۔ متعلق۔ **سمبندھی پتر** (مذکر) نسب نامہ۔ کرسی نامہ۔ شجرۂ نسب۔

سَمبھ (ھ۔ مذکر) ماں۔ باپ۔ ماتا پتا۔ والدین۔

سُمبھ (ھ۔ مذکر) جسے چوپاے چرا کریں۔

سَمبھاشَن (س۔ مذکر) ۱ گفتگو۔ بات چیت ۲ جماع۔ بھوگ ۳ نعرہ ۴ خاص لفظ جس سے پہرے والے دشمن کو تمیز کرتے ہیں ۔ پاول ۔ ۵ جورڈ۔

سَمبھاگی (س مذکر) حصہ دار۔ بھائی وال۔

سَمبھالُو (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا درخت میوری۔

سَمبھاؤ (س۔ صفت) ۱ ایک ہی قسم یا خاصیت کا ۲ (مذکر) برابری۔ مطابقت۔ یکسانی ہمسایت ۳ ہموزنی ۴ نیکی۔ خوبی۔ بھلائی۔

سَمبھرتی (س۔ مونث) ۱ مجموعہ۔ جمعیت۔ ذخیرہ ۲ تیاری ۳ آراستگی۔ انتظام۔ بند و بست ۴ پرورش۔ غور و پرداخت۔ خبرگیری ۵ بہتات۔ افراط۔

سَمبھرم (س۔ مذکر) ۱ حرکت کرنا۔ گھومنا۔ چکر کھانا ۲ گردش۔ گھماؤ۔ چکر۔ حرکت۔ جنبش ۳ ڈر۔ خوف خطرہ ۴ غلطی۔ سہو۔ بھول چوک ۵ ناواقفیت غفلت ۶ جلدی۔ تیزی۔ سرعت۔ پھرتی ۷ عزت۔ حرمت۔ اعزاز ۸ رعب و داب ۹ چہل پہل۔

سَمبھلا (ھ۔ مذکر) وہ نسل جو گرانی کے بعد پھر اچھی حالت میں ہو جائے۔

سَمبھو (س۔ مذکر) ۱ اکٹھا ہونا۔ ملاپ۔ جوڑ ۲ جماع۔ بھوگ ۳ پیدائش۔ پیداوار ۴ منبع۔ سرچشمہ ۵ وجہ۔ باعث۔ سبب۔ کارن ۶ مطابقت۔ یکسانیت ۷ لیاقت۔ قابلیت۔ استعداد ۸ امکان۔ احتمال ۹ سمائی۔ جگہ ۱۰ مشابہت۔ مناسبت ۱۱ نقصان۔ تباہی۔ بربادی ۱۲ (صفت) لائق۔ قابل۔ مناسب ۱۳ ممکن۔ اغلب ۱۴ وقوع۔ ظہور ۱۵ واقفیت۔ میل ملاپ۔

سَمبھُو (س۔ مذکر) والدین۔ ماں باپ۔

سَمبھوجَن (س۔ مذکر) کھانے یا لطف اٹھانے کا فعل ۲ اکٹھا کھانا۔ دعوت ۳ (صفت) بھوتی۔

سَمبھوگ (س۔ مذکر) ۱ لطف۔ کیفیت۔ فرصت۔ عیش و عشرت۔ نشاط ۲ جماع۔ لطف بوس و کنار ۳ استعمال ۴ عیاشی۔ تماش بینی ۵ گانڈ **سمبھوگی** (صفت) ۱ قابض لطف۔ لطف اٹھانے والا ۲ عیاش۔ تماش بین ۳ جماع کرنے والا ۴ (مذکر) عیاش آدمی۔

سَمیارنا (ھ۔ متعدی) ختم کرنا شروع کئے ہوئے کام کو۔

سَمپَت (س۔ مونث) دیکھو سمپد

امثال

سمپت سے بھینٹ نہیں۔ دلدر سے لوٹن بہت بیوقوف ہے **سمپت کی جورو بپت کا یار** کامیابی میں جورو اور مصیبت میں دوست ساتھ دیتا ہے۔

سَمپُٹ (ھ۔ مذکر) وہ ظرف جس میں دوائیں رکھ کر اور منہ بند کر کے پھوس آگ پر رکھتے ہیں **سمپٹی** (مونث) چاندی کی کٹوری جس میں ہندو پوجا کے لئے چندن رکھتے ہیں۔

سَمپَد (س۔ مونث) ۱ کامیابی ۲ تکمیل۔ کمال ۳ کامیابی کی شرط یا چیز جو اس کے لئے ضروری ہو ۴ صلح۔ اتفاق۔ معاہدہ ۵ سودا ۶ ایک جیسی چیز ہونا یا برابر ہونا ۷ حصول۔ قبضہ ۸ فائدہ۔ نفع۔ برکت ۹ ہونا۔ بڑھنا۔ بن جانا ۱۰ ہستی۔ زندگی ۱۱ درست حالت یا طریقہ۔ درستی ۱۲ خوبی۔ عمدگی۔ حسن۔ شان ۱۳ بہتات۔ افراط۔ زیادتی ۱۴ اعلیٰ حالت۔ خوش قسمتی۔ نصیبا ۱۵ دولت۔ ثروت۔ امارت۔

سَمپاردھی (ھ۔ مونث) جو دولت اور کامیابی میں شریک ہو۔

سمپراپت (س ۔ اسم فاعل) ۱: جس کا ملنا اچھا ہو ۲: ملا ہوا ۔ پایا ہوا ۳: دیا ہوا **سمپراپتی** حصول ۔ پانا ۔ لینا ۔ حاصل کرنا ۲: نفع ۔ فائدہ ۔

سمپرتی (س ۔ تف) ابھی ۔ اسی وقت ۔

سمپرد (س ۔ صفت) دینے والا ۔ فیاض ۔ سخی ۔

سمپرک (س ۔ مذکر) ۱: ملنا ۲: مرکب ۳: قران ۔ لگن ۔ سنجوگ ۴: اجتماع ۔ میل ۔ جوڑ ۵: صحبت کرنا ۔ جماع ۶: تعلق ۔ رشتہ ۷: جمع ۔

سمپن (س ۔ اسم فاعل) ۱: جو اچھا نکلا ہو ۔ کامیاب ۔ خوش قسمت ۔ امیر ۔ وہ جو اچھی حالت میں ہو ۲: خوشی ۔ شاداں ۳: پورا ۔ مکمل ۔ ختم ۴: حاصل شدہ ۵: وہ جس کو کچھ ملا ہو یا جس کے قبضے میں کچھ ہو ۶: شوجی کا نام ۔

سمپورن (س ۔ صفت) **سمپوّن** (ھ) ۱: پوری طرح بھرا ہوا ۔ بھرپور ۲: پورا ۔ مکمل جیسے چاند ۳: کل ۔ تمام ۴: مکمل تعداد میں ۵: بہت ۔ افراط سے ۶: جس کے پاس افراط سے ہو ۷: پورا کیا ہوا ۔ ایفا کیا ہوا ۸: (مذکر) سرگم جس میں ساری سریں آجائیں ۹: (تف) پورے طور پر ۔ کلی ۔ بالکل ۔ حسب دستور **سمپورنا** (مونث) ایک خاص ایکادشی ۱۰: (اسم) ایتھر ۔ خلا ۔ **سمپورن روپ سے** (تف) پورے طور پر ۔ بالکل ۔ **سمپورن کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) پورا ہونا ۔ کامیاب ہونا ۔

سمت (ع ۔ مونث) ۱: رستہ ۔ سڑک ۲: جانب ۔ طرف ۔ شہر یا مکان کی رخ ۔ رستہ اختیار کرنا ۔ **سمت الراس** (مونث) عروج ۔ سر کے اوپر کی جگہ آسمان پر ۔ **سمت الرجل** ۔ **سمت القدم** (مونث) پاؤں کے نیچے کی جگہ تحت الثریٰ میں ۔ تحت ۔ نظیر السمت ۔

سمت (ہ ۔ مونث) ۱: سال ۲: بکرمی سال ۔ سمتسر ۔ جو قائم ہوا تھا اور ... کے مہینے سے شروع ہوتا ہے ۳: سالباہن کا سال جو شکہ میں قائم ہوا تھا ۔ یہ بھی بیساکھ سے شروع ہوتا ہے ۔

سمت باندھنا (متعدی) ۱: سنہ مقرر کرنا ۲: دن کا نام کے ... شہرت قائم کرنا ۔

سمتت (ہ ۔ اسم) دیکھو سمتی ۔

سمت ستے (تف) یک زبان ہوکر ۔ ایکا کرکے ۔ متفق ہو کر

سمہت (س ۔ صفت) ۱: یک زبان ۔ متفق ۔ یکرائے ۔ مانا ہوا ۔ پسند کیا ہوا ۔ مقبول ۔ پسندیدہ ۲: مثل ۔ مانند ۔ موافق ۔ ملتا جلتا ۳: مشہور ۔ معروف ۔ معزز ۵: جس کو اجازت یا اختیار ہو ۔ بااختیار ۔

سمتی (مونث) ۱: رائے یا مطلب کا یکساں ہونا ۔ اتفاق ۲: رائے ۔ صلاح ۔ مشورہ ۳: صلح ۔ مصالحت ۔ ملاپ ۴: رضامندی ۔ منظوری ۔ مرضی ۔ رضا ۵: خواہش ۔ آرزو ۶: فرمانبردار ۔ اطاعت ۔ تسلیم ۔ عزت ۷: محبت ۔ الفت ۔ پیار ۸: اپنے آپ کو جاننا ۹: حکم ۔ فرمان ۔ ارشاد ۱۰: ایک دریا ۱۱: (صفت) متفق ہونے والا ۔

سمت (س ۔ صفت) لڑائی ۔ جنگ ۔ معرکہ ۔

سمت (ف ۔ مونث) ۱: داغ دینا ۲: داغ ۔ نشان ۔

سمت (س ۔ صفت) مہربان ۔ مشفق ۔ دوست ۔ **سمت چند** (مذکر) وہ شخص جو ہر ایک کا دوست ہو ۔

سمتیات (س ۔ مذکر) بدفالی ۔ بدشگونی ۔

سمتیتی (س ۔ مذکر) ۱: اکٹھا چڑھنا ۲: پیدائش ۔ جنم ۳: بناوٹ ۔ آغاز ۔ اصلیت ۴: ہستی ۔ زندگی ۵: واقعہ ۔ ماجرا ۔

سمٹ (ہ ۔ امر) ۱: سمٹنا کا ۲: (مونث) شکن ۳: اکٹھا کرنے یا جمع کرنے کا فعل ۴: سکڑنا ۵: جھری پڑنا ۔ مرجھانا ۔ **سمٹ آنا** (لازم) اکٹھا ہو جانا ۔ یکجا ہو جانا ۔ سکڑ جانا ۔ **سمٹا** (امر) سمٹانا کا ۔ **سمٹانا** (متعدی) سمٹنا کا ۔ سمیٹنا ۔ یہ زیادہ فصیح ہے ۔ **سمٹ جانا** یا **سمٹنا** (لازم) ۱: اکٹھا ہو جانا ۲: ٹھیک ہو جانا ۔ مکمل ہو جانا ۳: سکڑنا ۴: سرک جانا ۔ سکڑ کر ۵: یکجا ہونا ۶: شکن پڑ جانا ۔ سلوٹ پڑ جانا ۔ **سمٹ کر ایک جگہ** (مقام) **پر آجانا** (لازم) ایک جگہ اکٹھے ہو جانا ۔

سمٹن (ہ ۔ مونث) شکن ۔ سلوٹ ۔

سمٹی (ہ ۔ مونث) ایک قسم کا کپڑا ۔ جسکی بناوٹ ٹول کی طرح ہوتی ہے ۔

سمجھ (ہ ۔ امر) ۱: سمجھنا کا ۲: (مونث) عقل ۔ دانش ۔ فہم ۔ ادراک ۔ دانائی ۔ فہمید ۔ ذکاوت ۔ گیان ۔ بوجھ ۔ بدھ ۳: رائے ۔ خیال ۔ وہم ۔ گمان ۴: واقفیت ۔ دانست ۔ علم (س سم اکٹھا ۔ بدھ عقل) **سمجھا** (امر) سمجھانا کا ۲: (ماضی) سمجھنا کا ۔ **سمجھ آنا** (لازم) ۱: بچہ بڑا ہونا ۔ ہوش سنبھالنا ۲: ہوشیار ہونا ۔ سیانا ہونا ۳: عقل آنا ۔ گیان آنا ۴: آنکھیں کھلنا ۔ بوجھ پڑنا ۔ **سمجھا بجھا کر** (تف) فہمائش کرکے ۔ اچھی طرح متنبہ کرکے ۔ سکھلا کر ۔ **سمجھ بڑھ جانا** (لازم) عقل جاتی رہنا ۔ سٹری ہو جانا ۔ **سمجھ الٹی (اوندھی) ہونا** (لازم) عقل ماری جانا ۔ بات سمجھ میں نہ آنا ۔ **سمجھانا** (متعدی) سمجھنا کا ۱: بتلانا ۔ جتانا ۔ آگاہ کرنا ۔ مطلع کرنا ۲: ذہن نشین کرنا ۳: فہمائش کرنا ۔ نصیحت کرنا ۴: حل کرنا ۔ شرح کرنا ۵: مارنا پیٹنا ۶: حساب کتاب دکھانا یا دینا ۷: منوانا ۔ تسلیم کرانا ۸: تنبیہ کرنا ۔ کان کھولنا ۹: وجہ بیان کرنا ۔ تصریح کرنا ۔ **سمجھانے والا** (صفت) وہ جو سمجھائے ۔ نصیحت کرنے والا ۔ **سمجھاوا** (ھ) سمجھانے کا فعل ۔ سمجھوتی ۔ **سمجھاؤنا** (ھ) سمجھانا ۔ **سمجھ بوجھ** (مونث) عقل ۔ دانش ۔ فہم ۔ فراست ۔ **سمجھ بوجھ کر** (تف) ۱: دیدہ و دانستہ ۔ جان بوجھ کر ۲: سوچ سمجھ کر ۔ **سمجھ بوجھ لینا** (لازم) حساب کتاب کر لینا ۔ کمی بیشی پوری کر لینا ۔ **سمجھ پر پتھر پڑنا** (لازم) ۱: سخت غلطی ہونا ۲: سخت بے وقوفی کرنا ۳: مطلب نہ سمجھنا ۴: عقل جاتی رہنا ۔ **سمجھ پر پتھر پڑیں** ۔ ایسی عقل پر تف یا حیف ہے ۔ جب کوئی بے وقوفی کی بات کرے یا کہے یا مطلب نہ سمجھے تو کہتے ہیں ۔ **سمجھ جانا** (لازم) سمجھنا ۔ **سمجھدار** (صفت) ۱: سیانا ۔ ہوشیار ۔ برے بھلے کو جاننے والا ۲: عقلمند ۔ دانا ۔ فہمیدہ ۔ عاقل ۔ زیرک ۔ دانشمند ۔ صاحب فراست ۔ بدھوان ۔ گیانی ۳: تجربہ کار ۔ **سمجھ کا پھیر** (مذکر) بے وقوفی ۔ ناسمجھی ۔ **سمجھ کر یا کے** (تف) ۱: سوچ کر ۲: ہوشیاری سے ۔ دیکھ بھال کر ۳: جان بوجھ کر (کرنا کے ساتھ) **سمجھ لونگا** عوض لے کے چھوڑوں گا ۔ **سمجھ لینا** (لازم و متعدی) ۱: دیکھو سمجھنا ۲: اگر تمہارا زور چلے تو عوض لے لینا ۔ **سمجھ میں آنا** (لازم) خیال میں آنا ۔ بوجھ پڑنا ۔ سمجھنا ۔ **سمجھنا** (لازم) ۱: واقف ہونا ۔ آگاہ ہونا ۲: ماہر ہونا ۳: ذہن نشین ہونا ۴: ہوشیار ہونا ۔ مستعد ہونا ۵: عقل میں لانا ۶: (متعدی) جاننا ۔ بوجھنا ۷: سوچنا ۔ فکر کرنا ۸: معنی جاننا ۔ مطلب جاننا ۹: دل میں ٹھاننا ۔ قرار دینا ۔ ٹھہرانا ۱۰: سیکھنا ۔ حاصل کرنا ۱۱: حساب میں لگانا یا لینا ۱۲: بدلہ لینا ۱۳: عوض لینا ۱۴: ماننا ۔ قبول کرنا ۱۵: مارنا پیٹنا ۔ **سمجھنا بوجھنا** (لازم) سمجھنا ۔ **سمجھنے والا** (صفت) دانشمند ۔ عقلمند ۔ سمجھدار ۔ **سمجھوتا** (مذکر) تصفیہ ۔ آپس میں باتیں کرکے فیصلہ کر لینا ۔ **سمجھوتی** (مونث) سمجھانا ۔ سمجھانے کا فعل ۔ **سمجھوتی پتر** (ھ) تصفیے کی تحریر ۔ **سمجھو لنگا** عوض لے کے چھوڑونگا ۔ **سمجھے** خیال میں آیا ۔ دیکھا ۔

امثال و اقوال سمجھا

اور پتھر ہوا۔ نندی کی نسبت کہتے ہیں۔ سمجھائے سمجھے نہیں من نہیں دھرتا دھیر پر لاد پہلے بنی پیچھے بنا سر پر یہ نہیں سمجھتے کہ قسمت پہلے بنی اور بعد کو انسان بنا۔ سمجھ کا گھر دور ہے۔ سمجھنا بڑی مشکل بات ہے جب کوئی بے تو فی کی بات کرتا ہے تو کہتے ہیں۔ سمجھنے والے کی موت ہے۔ عقلمند کو بڑی دقتوں کا سامنا پڑتا ہے۔ دانشمند کے لئے ساری آفتیں ہیں۔ سمجھو نہ بوجھو کھونٹا لے کے جھوجھو۔ تمہیں عقل تو ہے نہیں یونہی لڑتے ہو۔ سمجھے تو پتھر کا ہو جائے۔ نہایت نا سمجھ کے متعلق کہتے ہیں۔ سمجھے سوگ رہا۔ اناڑی کی جانے بلا۔ عقلمند کے لئے مصیبت ہے بیوقوف کو پروا نہیں۔

سَمُچِت (س۔ صفت) مناسب لائق۔ قابل۔ سزاوار۔

سَمرانا (ھ۔ متعدی) عزت کرنا۔ پوجا کرنا۔ پرستش کرنا۔

سَمُدّر (س۔ مذکر) ۱ سمندر۔ بحر۔ دریا ۲ (منظوم) ہندوؤں کے اعتقاد میں سات سمندر زمین کے گرد ہیں ۱ لون۔ کھاری پانی ۲ اکشو۔ شربت ۳ سرا۔ شراب ۴ گھرت۔ گھی۔ ۵ ددھی۔ دہی ۶ دگدھ۔ دودھ ۷ جل تازہ پانی ۳ عدد چار کا نام ۴ ایک بہت بڑا عدد جس میں چودہ صفر آتے ہیں ۵ ایک خاص قران جب سات سیارے جفت برجوں میں جمع ہوتے ہیں۔ **سمدر لون** بحری نمک **سمدر یاترا** (مونث) بحری سفر۔

سُم دُم (ف۔ صفت) بہت موٹا۔

سَمَدھن (ہ۔ مونث) دولھا اور دولھن کی ماؤں کا رشتہ آپس میں۔

سَمدھی (ہ۔ مذکر) دولھا اور دولہن کے باپوں کا رشتہ آپس میں (سمبندھی) **سمدھیانہ** (مذکر) بیٹے یا بیٹی کی سسرال۔

سَمَر (ع۔ [illegible]) رات کی گفتگو ۲ وہ جگہ جہاں لوگ اکٹھے ہو کر رات کو باتیں کریں ۳ ڈیوڑھی ۴ اندھیرا۔ تاریکی ۵ رات ۶ واقعہ جو کسی شخص پر گذرے۔

سَمَر (س۔ مذکر) ۱ مقابلہ۔ مجادلہ۔ لڑائی۔ جنگ۔ مبارزہ۔ جھگڑا ۲ ملنا۔ اتصال۔

سَمَر (س۔ مذکر) ہوا۔ آندھی۔

سُمَر (ھ۔ صفت) آسانی سے مرنا۔

سُمِر (ھ۔ مذکر) یاد۔ یادگاری۔ سرت۔

سُمُر (ھ۔ مذکر) ۱ بیان ۲ روایت ۳ برنان ۴ چھوٹی جھیل۔

سَمرات (ھ۔ مذکر) راجہ ادھیراج شہنشاہ۔

سَمَرتھ (س۔ صفت سَمَرتھ) ۱ مناسب۔ لائق۔ قابل۔ سزاوار۔ درست۔ ٹھیک ۲ ماہر۔ قابل ۳ صاحب اختیار۔ مختار۔ قادر مجاز ۴ مضبوط۔ طاقتور۔ قوی ۵ امیر۔ دولتمند ۶ ذومعنی ذومطلب ۷ ایک ہی بناوٹ کے ۸ بامعنی۔ قابل فہم ۹ و بذکر الفاظ کی بناوٹ۔

سمرِتی (س۔ مونث) ۱ یاد۔ دھیان ۲ خیال ۳ حافظہ۔ یاد ۴ حافظہ جو دکش کی بیٹی اور انگیرس کی بیوی یا دھرم کی بیٹی شمار ہوتا ہے ۵ وہ تمام مقدس کتابیں جو الہامی نہیں ہیں۔ ان میں چھ وید انگ منو تیر منو کا دھرم شاستر۔ اتہاس۔ پران اور نتی شاستر ہیں ۶ تمام دھرم شاستر جو منو یجناولکیہ اور دیگر سو رسیوں نے لکھے ہیں۔ ان تمام کے متعلق خیال ہے کہ یہ کتابیں الہام سے لکھی گئی ہیں ۷ عدد اٹھارہ ۸ ایک وزن یا بحر ۹ حرف گ کا نام ۱۰ خواہش آرزو۔

سَمرِدھ (س۔ صفت) ۱ بہت امیر۔ دولتمند ۲ خوش قسمت۔ خوش **سمردھی** (مونث) امارت۔ دولتمندی ۲ خوش قسمتی۔ نصیبا ۳ فائدہ۔ نفع ۴ خوشی۔ شادمانی ۵ فرحت ۶ افراط۔ بہتات ۷ قوت طاقت۔

سَمَرن (س۔ مذکر) ۱ اکٹھا ہونا۔ ۲ جنگ ۳ لڑائی۔ جنگ۔ فساد۔

سُمرن (س۔ [illegible]) ۱ یاد۔ حافظہ ۲ وظیفہ۔ ورد۔ جاپ ۳ مالا۔ تسبیح جو ہندو استعمال کرتے ہیں۔ ایک قسم کا بازو کا زیور سونے چاندی یا پھولوں کا ۵ (س۔ صفت) سوچنے والا۔ یاد کرنیوالا۔ **سمرن جپنا** (متعدی) ۱ مالا پھیرنا ۲ وظیفہ کرنا ۳ کسی کا نام بار بار رٹنا **سمرن دینا یا دلانا** (متعدی) یاد دلانا **سمرن یا سمرن کرنا** (متعدی) یاد کرنا۔ **سمرنی** (مونث) چھوٹی مالا جو بعض لوگ ہاتھوں میں پہنتے ہیں۔

مقولہ۔ سمرن کرنیں سرت نہ ہر میں کہو کبیک یہ کیسا ہے۔ اوپر سے تو سدھ بن بیٹھا بھیتر سے پیسہ پیسہ ہے۔ (ھ) ہاتھ میں تو سمرن ہے۔ دل میں خدا کا دھیان نہیں یہ کیسا فرقہ ہے۔ ظاہر میں تو سادھو بنا ہے اور دل میں روپیہ کا خیال ہے۔ لالچی سادھوؤں پر طنز ہے۔

سَمَریاد (س۔ صفت) گھرا ہوا۔ محدود ۲ نزدیک۔ قریب ۳ درست رستے پر یا حد میں رہنے والا جس کا چلن درست ہو۔

سمڑا (ھ۔ صفت و مذکر) سومڑا کا مخفف۔

سَمسار (ھ۔ مذکر) سنسار کا مخفف۔

سَمسَم (ع۔ مذکر) لومڑ۔

سِمسِم (ع۔ مذکر) کنجد۔ سِسم۔

سِمسِم (ھ۔ مونث) گیلی لکڑی کے جلنے کی آواز۔ سنسنانا۔ آہستہ کھولنا۔

سمساہٹ (ھ۔ مونث) ۱ دیکھو سُمسُم ۲ تری۔

سَمَسیا (س۔ مونث) ۱ مصرع جس پر بند لگایا جائے ۲ مصرعہ بند لگانے کے لئے دینا۔

سَمع (ع۔ مونث) کان۔ گوش ۲ سننا۔ سماعت ۳ گانا ۴ سننے کی قوت (سَمعَ سننا) **سمع خراشی** (مونث) ۱ اپنی گفتگو کے متعلق کسر نفسی سے کہتے ہیں ۲ باتیں۔ گفتگو ۳ بک بک دماغ چاٹنا۔ کان کھانا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **سمع مبارک** (مذکر) بڑے آدمیوں کے کان کے متعلق کہتے ہیں۔ **سمع مبارک پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا** (لازم) سننا۔ بات سننا۔

سَمَک (ع۔ مذکر) ۱ مچھلی جس کے متعلق لوگوں کا خیال تھا کہ اس کی پیٹھ پر زمین رکھی ہوئی ہے ۲ مچھلی ۳ گہرائی۔ موٹائی۔ اونچائی کسی چیز کے اوپر سے نیچے تک ۴ نیچے کا طبقہ ۵ برج

جبن یا حرف دشمنک - (اٹھانا) سمک سمکا سے
تا بہ سما . زمین سے آسمان تک -

سمکتان (ع - مذکر ، برج حوت
کا ایک نام -

سمکش (س - صفت ، مونث
۱ ظاہر ، نمودار - آشکارا ۲ (نفی) آنکھوں
کے سامنے - نظر میں - سامنے - موجودگی
میں -

سمکھی (س - صفت) برابر
مانند ، مثل -

سمکھ (س - صفت) سامنے -
رو در رو -

سملدھ (س - صفت) حیران -
گھبرایا ہوا - پریشان - مضطرب -
۲ - مفتون -

سمگر . سمگرہ (ہ - صفت) کل -
تمام ، سب -

سمگم (ہ - صفت) برابر -
مانند ، مثل -

سملی (س - صفت) ایلا -
گندا - غلیظ ۲ (مذکر) ایک سرا پاخانہ - لید گوبر
بیٹ -

سملند . سملند (ہ - مذکر)
بچھونا -

سمن (ف - مونث) چنبیلی کا پیڑ
**سمن اندام - بر - بو - پیکر -
چہرہ - خو - رو - سیما - عذار
یا غبغب** (صفت) کنایتاً معشوق کی تعریف
میں استعمال ہوتے ہیں - **سمن برگ** (مذکر)
چنبیلی کا پتہ - **سمن زار** (مذکر) چنبیلی کا تختہ
یا باغ - **سمن زرد** (مونث) زرد چنبیلی -
سمن سا (صفت) سمن کی طرح - **سمن
ساق** (صفت) چنبیلی کے رنگ کی پنڈلیوں
والا - **سمن سا سے** (صفت) ماتھے
کی تعریف جو عارض پر پڑی ہوئی یا جھکی
رہتی ہے سمن کی طرح کی گالوں کو چھونے والا - **سمنستان**
(مذکر) چنبیلی کا باغ - **سمن لعل** (مذکر) ایک پھول
کا نام -

سمن (ہ - مذکر) ۱ چپ ، سکون ،
آرام ۲ سانس ۳ دلجمعی - قرار - اطمینان ۴ لاپرواہی -
رکھائی ، سرد مہری ۵ بھینٹ کے لئے جانور کو مارنا
سمن (ع - مذکر) گھی - چربی -
موم -

سمن (ہ - مذکر) ایک ہندو سادھو
تھا جس کے مقولے مشہور ہیں -
**اقوال سمن ایسی پریت کر
جوں ہندو کی جوئے - جیتے جی تو سنگ
رہے مرے پہ ستی ہوئے .** سمن ایسی محبت
کرنی چاہئے جیسے ہندو کی بیوی کرتی ہے - زندگی میں
ساتھ رہتی ہے مرنے پر ستی ہوتی ہے . **سمن ایسی
پریت کر جیسے شکر گھی - جات بھات پوچھے
نا ہیں جس سے ملا جائے جی .** سمن ایسی محبت
کرنی چاہئے جیسے گھی اور شکر جس سے دل ملائے پھر
ذات بھات کی کوئی پرواہ نہیں . **سمن ایسی پریت
کر جیسے کرے کپاس جیتے تو حرمت
رکھے اور موئے پہلے کی ساتھ .** سمن ایسی محبت
کرنی چاہئے جیسے کپاس کرتی ہے ، زندگی میں عزت
رکھتی ہے اور مرتے ہوئے کفن کی صورت میں ساتھ
جاتی ہے . **سمن دھاگا پریم کا جن توڑو چٹکائے -
توڑے پر جو جڑ ہو بیچ گانٹھ پڑ جائے -**
سمن محبت دھاگے کی طرح ہے اگر ٹوٹ کر جوڑا جائے
تو گانٹھ پڑ جاتی ہے . **سمن ساجھنا مصیبت میں مول
بات مت چال - جان گنواوے ایک
دن - سنگ گنواوے مال .** سمن رات کو سفر
نہیں کرنا چاہئے کسی دن مال اور جان دونوں جائیں گے -
**سمن سانسا مت کرو سر پر ہے سائیں
جو کچھ لکھا للاٹ میں بھیجیں گے یا ہیں -**
سمن شک میں مت پڑ - سر پر خدا ہے جو قسمت میں لکھا ہے
بھیجے گا . **سمن وہ دن کون تھے جو سکھ
سے لائے بیت - اب دکھ وسے نیارے
بھئے - کون گاؤں کی ریت .** سمن وہ دن
کہاں گئے جب تمام خوشی سے گزرتی اب الگ ہو بیٹھے
اور مجھے دکھ دیتے ہو - یہ کہاں کی […] - **سمن
وہ پھل کو لسے جو پکے پہ کڑواس - چٹنے
لگیں سہاوتے - کر کریں مٹھاس -**
سمن وہ کونسے پھل ہیں جو پکے کڑوے ہوتے ہیں کچے
مزیدار ہیں - اور ادھ پکے میٹھے ہوتے ہیں - انسان کی
زندگی میں بچپن اچھا معلوم ہوتا ہے - جوانی میٹھی -
بڑھاپا کڑوا -

سمن (انگ - مذکر) حکمنامہ جس کے
ذریعے لوگوں کو عدالت میں بلایا جاتا ہے (آنا بھیجنا .
جاری کرنا یا ہونا - جانا - چلا جانا - دینا - کرنا - لینا .
ہونا - کے ساتھ) اصل منتر . **سمن کی تعمیل** (مونث)
سمن ذریعہ پرت ہوتا ہے . ایک تو لے دیا جاتا ہے جس کے
نام ہو . دوسرے پر اس کے دستخط کرا لے جاتے ہیں
یا نشان انگشت لگایا جاتا ہے - اگر وہ نہ ملے تو ایک
اس کے دروازے پر لگایا جاتا ہے . اور دوسرے
پر گواہان کے دستخط کرائے جاتے ہیں - اگر وہ نہ ملے
تو اس کے مرد بالغ رشتہ دار کو دیا جاتا ہے - اگر وہ
لینے سے انکار کرے تو اس کے دروازے پر
چسپاں کیا جاتا ہے . دوسرا پرت عدالت میں واپس
کیا جاتا ہے - فوجداری مقدمات کے سمنوں کی تعمیل
بذریعہ پولیس اور دیوانی کے پیادوں کے ذریعے عمل
میں آتی ہے -

سمن (س - مذکر) منتر پڑھ کر
بھینٹ ۲ خوشی - شادمانی -

سمند (ف - مذکر) ۱ اچھی نسل کا
گھوڑا ۲ بادامی رنگ کا گھوڑا . **سمند اٹھانا** (متعدی)
گھوڑا دوڑانا . **سمند الف ہونا** (لازم) گھوڑے کا
پچھلے پاؤں پر کھڑا ہونا . **سمند باد پا یا برق رفتار**
(مذکر) تیز گھوڑا . **سمند بگڑنا** (لازم) گھوڑے کا شوخی
کرنا . **سمند جولاں کرنا** (متعدی) گھوڑا دوڑانا یا تیز
کرنا . **سمند چمکانا** (متعدی) گھوڑا تیز کرنا . **سمند چھیڑنا**
(متعدی) گھوڑے کو تیز کرنے کے لئے ایڑ دینا .
**مثل - سمند ناز کو اک اور
تازیانہ ہوا .** شوخی اور نخروں کے لئے ایک اور بہانہ
ہاتھ آ گیا .

سمندر (ف - مذکر) ایک خیالی
جانور جس کے متعلق خیال ہے کہ آگ میں پیدا ہوتا ہے اور
اسی سے زندہ رہتا ہے .
**مثل - سمندر کیا جانے دوزخ
کا عذاب .** جس کو کبھی تکلیف نہیں آئی وہ دوسرے
کی مصیبت کو نہیں سمجھ سکتا .

سمندر (ہ - مذکر) بحر - دریائے اعظم
(س سمندر) . **سمندر ہونا** (متعدی) بہت تلاش کرنا .

بھان مارنا۔ جستجو کرنا۔ **سمندر پار اتارنا** (متعدی) کالے پانی بھیجنا۔ **سمندر پار جانا** (لازم) ولایت یا کسی اور ملک کو جانا جس میں سفر سمندر کا ہو۔ **سمندر پھین یا جھاگ** (مذکر) ایک مچھلی کی ہڈی جو جھاگ کی شکل کی ہوتی ہے۔ اور جس کے متعلق خیال ہے کہ سمندر کی کف جمی ہوئی ہوتی ہے۔

سمندر سوکھ (صفت) ۱ بہت شراب پینے والا ۲ (مذکر) ایک دوا۔ **سمندر کھار** (مذکر) سم الفار کا مرکب۔ سنکھیا۔ **سمندر کے پار** (صفت) بہت دور۔

سمندری (صفت) سمندر کے متعلق۔ بحری۔ **سمندری سفر** (مذکر) بحری سفر۔ وہ سفر جس میں جہاز پر چڑھیں۔ **سمندری لڑائی** (مونث) بحری جنگ۔ جہازوں کی لڑائی۔

مثل۔ سمندر سوکھ کو دریا لیا۔ بہت مال مارنے والے کو تھوڑے نفع کی پروا نہیں۔

سَمَنْدَرْ (ہ۔ مذکر) آتشی۔ نمی۔

سُمَنْسی (ہ۔ مونث) چنبیلی۔

سَمَنْک (ہ۔ مذکر) گیہوں کا اندرونی حصہ جو ابال کر نکالتے ہیں۔

سمو۔ سَمُو (ہ۔ مذکر) وقت۔ سماں۔ موسم۔

سَمٰوَات (ع۔ مذکر) جمع سما کی۔ آسمان۔ افلاک۔

سُمُوت (ع۔ مذکر) سمت کی جمع ۱ رستے سڑکیں ۲ اطراف۔

سَمُوچارہ (صفت) ۱ کل۔ مکمل۔ تمام۔ پورا۔ سارا۔ کامل ۲ (تف) مکمل طور پر۔ کاملہ (س۔ سمُچیّ)

سَمُود (ہ۔ مذکر) بہت خوشی۔ شادمانی۔

سَمُور (ع۔ مذکر) ایک جانور جس کے بدن پر بہت نرم اور باریک بال ہوتے ہیں۔ اس کی کھالوں کی پوستین بناتے ہیں۔ جو بہت قیمتی ہوتی ہے۔ **سمور سیاہ** (مذکر) رات۔

سموراے (جاپانی۔ مذکر) جاپان کی لڑنے والوں کی ذات۔

سَموسا (ف۔ مذکر) ۱ مثلث شکل کی کوئی چیز ۲ ایک قسم کی مٹھائی اس شکل کی جس میں قیمہ ترکاری یا میٹھی چیز بھر کر بناتے ہیں ۳ کونوں میں سے دوہرا کیا ہوا کپڑا جس کے تین گوشے ہوتے ہیں ۴ رومال جسے کونوں میں سے تہ کر کے کندھوں پر ڈال لیتے ہیں ۵ کشیدہ کاری میں ایک شکل تکون۔ **سموسا ورقی** (مذکر) ایک قسم کا سموسا ۲ جس میں تہ بہ تہ جمی ہوتی ہے۔

سَمُول (س۔ تف) ۱ مع جڑ کے۔ جڑ سے۔ جڑا دا تمام ۲ کل۔ تمام۔

سَمُوم (ع۔ مونث) نہایت گرم اور زہریلی ہوا جو ریگستانوں میں چلتی ہے (سَمّ۔ زہر دینا)

سُمُوم (ع۔ مذکر) سم کی جمع زہر۔

سُمُون (ع۔ مذکر) جمع سَمن۔ گھی۔ مکھن۔

سَمونارہ (متعدی) ۱ معتدل کرنا پانی کو ٹھنڈے میں ملا کر ۲ ملانا۔

سَمُوہ (س۔ مذکر) ۱ مجمع جمعیت گروہ ۲ ڈھیر۔ تودہ ۳ بہت تعداد۔

سَمُوہ (س۔ مذکر) ۱ حیرانی۔ گھبراہٹ۔ پریشانی ۲ بیہوشی۔ غشی ۳ بیوقوفی۔ غفلت۔ حماقت ۴ فریفتگی۔ شیفتگی۔

سُمُوہ (ع۔ صفت) ۱ حیران پریشان۔ گھبرایا ہوا ۲ بغیر تھکاوٹ کے دوڑنے والا (گھوڑا یا اونٹ) (سَمَہ۔ حیران ہونا بغیر تھکنے کے دوڑنا)

سَمَوی (ع۔ صفت) ہمنام۔ نام کے متعلق (سُمُوّ۔ نام رکھنا)

سَمہالنا (ہ۔ متعدی) دیکھو سنبھالنا۔

سَمُہانا (ہ۔ لازم) ۱ سامنے ہونا۔ مقابلے پر ہونا ۲ موجود ہونا۔ حاضر ہونا ۳ پیش کرنا سامنے آنا۔ **سمہاؤنا** (لازم) دیکھو آخری **سمہائی** (صفت۔ مونث) **سمہایا** (صفت۔ مذکر) ۱ سامنے والا۔ مقابلے کا ۲ (تف) سامنے۔

سَمہَلنا (ہ۔ لازم) سنبھلنا۔

سَمْتَنی (ہ۔ مونث) وہ کھوکھلا بانس جو ہل کے ساتھ لگا ہوا ہوتا ہے اور جس میں بیج پڑتا ہے۔

سَمْتَنی۔ سَمْئے۔ سَمّی۔ سمے۔

سَمے (ہ۔ مذکر) ۱ اتحاد۔ معاہدہ۔ عہد نامہ ۲ ٹھیکہ ۳ سودا ۴ واقعہ کا ہونا ۵ مناسب وقت درست موقع ۶ موقع۔ محل ۷ ضرورت۔ وقت ضرورت ۸ وقت ۹ بہتات۔ افراط ۱۰ چیزوں کی عام حالت ۱۱ حالت۔ کیفیت۔ حالت۔ روداد۔ وشا ۱۲ ہم آہنگی۔ سما۔ دمسازی۔ تال میل **سما یا نوگامی** (صفت) ابن الوقت۔ زمانہ ساز۔ دنیا ساز۔ **سمی باندھنا** (متعدی) سما باندھنا۔ **سمی پاکر** (تف) موقع پاکر۔ وقت پر۔ موقع ہونے پر۔ **سمی پڑنے سے** (تف) موقع ہونے پر۔ موقع پر۔ **سمے دستخط** (مذکر) حساب پر دستخط جو اس کی درستی کا اقبال ہو۔

سمی سمی۔ سمے سمے۔ سمے سمے (تف) موقع بہ موقع۔ وقت پر۔ کبھی کبھی۔ کہیں کہیں عرصے کے بعد۔ اکثر۔ بعض وقت۔ **سمی سمی پر** (تف) خاص وقتوں یا موقعوں پر۔ خاص موقعوں پر۔ وقت کے بموجب۔ زمانے کے بموجب۔

امثال واقوال۔ سمے چوک پھر کیا پچھتانی۔ موقع گذر گیا تو پچھتانے سے کیا ہوتا ہے۔ **سمٹے سمٹے کے داتا رام** خدا ہر موقع پر دیتا ہے۔ **سمٹے نہ بارم باد** موقع روز روز نہیں آتا **سمے سمے سندر سبھی روپ کروپ نہ کوئے**۔ خوبصورتی بدصورتی کوئی چیز نہیں کسی وقت ہر چیز خوبصورت معلوم ہوتی ہے **سمے سمے کی بات باج پر جھپٹے بگلا**۔ موقع پانے پر کمزور بھی حملہ کر دیتا ہے۔ **سمے سمے کی بات ہے**۔ ہر چیز اپنے موقع پر درست ہوتی ہے۔

سِمَتی۔ سِمَئے (ہ۔ مونث) سوئیاں۔

سَمّی (ع۔ صفت) اسی نام کا۔ ہمنام (سَمَوَ۔ نام رکھنا)

سَمَیا (س۔ تف) ۱ خاص یا مقررہ موقعوں پر ۲ مقررہ وقت یا موسم پر ۳ برجستہ۔ بروقت۔ برمحل۔ حسب موقع ۴ اندر درمیان۔ بیچ میں۔

سَمیائی (ہ۔ مونث) سمائی۔ گنجائش (دفعت)

سَمیپ (س۔ صفت) ۱ نزدیک قریب۔ پاس ۲ (تف) کے نزدیک یا قریب ۳ موجودگی میں۔ سامنے ہیں ۴ (مذکر) قربت۔ نزدیکی۔ ہمسائگی۔

سَمیت (ہ۔ تف) ہمراہ۔ اکٹھے۔ ساتھ (س سمیت)

سَمیٹ (ہ۔ امر) ۱ سمیٹنا کا ۲ (مونث) ایک دوائی جسے عورتیں خرچ میں تنگی کے لئے رکھتی ہیں (ھ) اکٹھا کرنا ۴ تکمیل ۵ سکیڑ۔ تنگی (س سَوِرت۔ اکٹھا کرنا) **سمیٹ لینا** (متعدی) ۱ سمیٹنا ۲ الزام لگانا۔ الزام میں شریک کرنا۔ **سمیٹنا** (متعدی) سمٹنا کا ۱ اکٹھا کرنا۔ فراہم کرنا ۲ پورا کرنا۔ مکمل کرنا۔ تکمیل کرنا۔ انجام کو پہنچانا ۳ تنگ کرنا۔ سکیڑنا ۴ سنبھالنا ۵ (ھ) مروڑنا ۶ دبانا۔ کھینچنا ۷ خلاصہ کرنا عبارت وغیرہ کا ۸ کسنا۔ جکڑنا۔

سَمیج (س۔ مذکر) بحر۔ سمندر۔

سَمیچی (س۔ مونث) ہرنی۔

سَمیچین (س۔ صفت) ۱ مناسب۔ لائق۔ قابل۔ موزوں۔ موافق۔ مطابق ۲ درست۔ ٹھیک۔ صحیح ۳ (مذکر) مناسبت۔ موزونیت ۴ درستی۔ صحت۔

سَمیر (س۔ مذکر) ہوا۔ آندھی۔

سُمیر (ھ) **سُمیرو** (س۔ مذکر) ۱ قطب شمالی ۲ سردار ۳ تسبیح کا بڑا دانہ۔ امام۔

سُمیر (ت۔ مذکر) تسبیح کا امام۔

سَمیرا (ت۔ مذکر)۔ سیبنگی۔

سَمیریَم (انگ۔ مذکر) ایک عنصر دھات جو ۱۸۷۹ء میں لکوک نے دریافت کیا تھا۔

سَمیع (ع۔ صفت) ۱ سننے والا ۲ (مذکر) خدا کا ایک صفاتی نام (سَمَعَ۔ سننا)

سَمَیَک (ھ۔ صفت) ۱ وقت یا موسم کا ۲ باموقع۔ برمحل۔ موسمی۔

سَمیَک (س۔ صفت) سَمیَک (ھ) ۱ تمام۔ کل۔ مکمل ۲ ٹھیک۔ درست۔ صحیح ۳ ساتھ۔ اکٹھا ۴ (تف) مکمل طور پر۔ تمام۔ کلی۔ پورے طور پر ۵ ٹھیک طور پر۔ درست طور پر ۶ اچھی طرح۔ مناسب طور پر۔

سَمییک (س۔ مذکر) ۱ لڑائی جنگ۔ جھگڑا ۲ تیر۔ نیزہ۔

سُمیل (س۔ صفت) ۱ موزوں۔ مناسب ۲ ملنسار۔

سَمین (ع۔ صفت) موٹا۔ فربہ (سَمَن۔ موٹا ہونا) **سمین بدن** (صفت) موٹے بدن کا۔ فربہ **سمینون** (مونث) ایک دوائی جو موٹا کرتی ہے۔

سَمَیں۔ سمیں (ھ۔ مذکر) دیکھو سَمَے۔

سَمیہا (س۔ مونث) ۱ خواہش۔ آرزو ۲ کوشش۔ محنت۔ مشقت ۳ شرم۔ حیا۔

سَن (ہ۔ مذکر) ۱ ایک پودا جس کے ریشوں سے سوتلی کی رسیاں بناتے ہیں اس پودے کے ریشے (س شن) **سن سوتر** (مذکر) اس پودے کی رسی۔ سوتلی **سن گکرا** (مذکر) اسکا پھل۔ **سن ہوگیا**۔ پرانا و بوسیدہ ہوگیا۔ بوڑھا ہوگیا۔

مثل۔ سن گلی جائے سوت کی دین (ھ) طاقتور آدمی ڈریں اور کمزور دلیری کریں۔

سَن (ہ۔ مذکر) پیسے یا روپے کا زنجیر والا رخ۔ جوا بازوں کی اصلاح۔ **سن مچھی** (مونث) ایک کھیل جس میں پیسہ یا روپیہ اچھالتے ہیں۔ چہرے والا رخ مچھی کہلاتا ہے جو رخ کھیلنے والا نامزد کردے اسی پر جیت ہوتی ہے۔ انگریزی میں ٹاسنگ کہلاتا ہے۔

سَن (ہ۔ مونث) ۱ کسی چیز کے ہوا میں زور سے جانے کی آواز ۲ آواز جو کھولتے پانی کے برتن میں سے نکلتی ہے ۳ بیت مارنے کی آواز جو ہوا میں پیدا ہو ۴ گیلی لکڑی کے جلنے کی آواز ۵ پتوں پر سے رینگنے والے جانوروں کے چلنے کی آواز ۶ (ھ) سنساہٹ سرسراہٹ (خوشی یا لطف کی) ۷ ٹیس پھوڑے وغیرہ کی (س۔ سوَن) **سن سن** (مونث) ۱ ہوا کی آواز۔ سنسناہٹ ۲ کسی چیز کے ہوا میں چلنے کی لگاتار آواز ۳ تلوار چلنے کی آواز (کرنا ہونا کے ساتھ) **سنسنانا** (لازم) ۱ کسی چیز کا ہوا میں زور سے جانا ۲ کھولتے ہوئے پانی کی آواز نکلنا ۳ مٹی کے کورے برتن میں سے پانی کی آواز نکلنا ۴ گوشت کے کوئلوں پر بھننے یا گیلی لکڑی کے جلنے کی آواز نکلنا ۵ خوف زدہ ہونا۔ سناٹے میں آجانا ۶ ضعف کی حالت کا ہاتھ پاؤں میں پیدا ہونا جھنجھنانا ۷ خوشی یا لطف سے تھرتھرانا ۸ غش آنا ۹ غصے سے تھرانا۔ جوش میں آنا **سنسناہٹ** (مونث)۔ دیکھو سن ۱ تا ۵ ۲ آواز جو کورے برتن میں پانی ڈالنے سے نکلتی ہے ۳ ضعف کی کیفیت ہاتھ پاؤں میں **سنسنی** (مونث) دیکھو سنسناہٹ ۱ تا ۳ **سنسنی پڑجانا یا پڑنا** (لازم) خوف بیٹھ یا جم جانا **سنسنی چھوٹنا** (لازم) بدن میں ضعف کی حالت طاری ہونا۔ **سن سے** (تف) جلدی سے۔ زناٹے سے **سن سے جی (طبیعت) ہوجانا** (لازم) دل دھک سے ہوجانا۔ دفعتہً صدمہ روحانی پہنچنا۔ **سن سے نکل جانا**۔ (لازم) جلدی یا زناٹے سے نکل جانا۔

سَن (ھ۔ تف) ۱ بجائے سنگ یا سے ۲ بجائے سا (غفت)

سَن (س۔ مذکر) ۱ فائدہ۔ نفع ۲ پرانا۔ قدیم ۳ دیرپا۔

سِنّ (ع۔ مذکر) اردو میں بالجزم تنہا ۱ عمر۔ زندگی کے سال ۲ دانت ۳ قلم کا نب (سَنّ۔ کاٹنا) **سن بلوغ یا بلوغت** (مذکر) جوانی کی عمر **سن تمیز** (مذکر) سمجھ کی عمر **سن تمیز کو پہنچنا** (لازم) جوان ہونا۔ سیانا ہونا **سن رسیدہ** (صفت) بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ **سن شعور** (مذکر) عقل کی عمر۔ جوانی **سن ڈھل جانا یا سے اتر جانا** (لازم) جوانی گذر جانا۔ بڑھاپا شروع ہوجانا۔ **سن و سال** (مذکر) عمر۔

سُن (ہ۔ صفت) ۱ بے حس و حرکت۔ ساکن ۲ چپ۔ خاموش ۳ حیران ۴ (ھ) خالی ۵ بیہوش سکتے میں۔ بیخبر ۶ اکیلا۔ تنہا۔ اجاڑ یا ۷ (ھ۔ مذکر) خالی جگہ ۸ نقطہ۔ صفر ۹ نشان ۱۰ چپ۔ خاموشی ۱۱ تنہائی ۱۲ بیہوشی۔ غشی۔ (س شُنیہ) **سنسان** (صفت) ۱ اجاڑ۔ ویران

غیر آباد ۲ خوفناک - مہیب ۳ وہ جہاں اداسی
چھائی ہو (جگہ) ۴ وہ جہاں کوئی بولتا نہ ہو) کرنا -
لگنا - معلوم ہونا - نظر آنا - ہونا کے ساتھ)
سنسان پڑا رہنا (لازم) ویران رہنا - غیر
آباد رہنا - اجاڑ رہنا ۲ سونا رہنا - اداس رہنا -
سن کر دینا - کرنا (متعدی) ۱ بےحس و حرکت
کرنا ۲ اس قدر مارنا کہ بے دم ہو جائے ۳ خاموش
کرنا - چپ کرا دینا ۴ محو کرنا ۵ شیشے کو کس کر اس
کی آب مٹانا - چمک مٹانا ۶ بیہوش کر کے سکتے
کے عالم میں کر دینا - **سن ہو جانا - ہونا** (لازم)
۱ بیہوش ہو جانا - غش کر جانا - بےحس و حرکت
ہو جانا - سکتے کی حالت ہو جانا ۲ چپ یا خاموش
ہونا - سکتے کا عالم ہو جانا ۳ مرنے کے مارے مدہوش
ہو جانا - ٹھٹھر جانا ۵ جھول مار جانا ۶ ہاتھ پاؤں
میں قوت نہ رہنا - **سن کرنے والا** (صفت)
بیہوش کرنے والا - **سن کرنے والا مرض** (مذکر)
خطرناک غشی ۱ وہ غشی جو زچہ کو ہو جاتی ہے اور
جس سے بہت کم عورتیں بچتی ہیں - **سن ہو کر
رہ جانا** (لازم) دھک سے رہ جانا - سناٹے
میں آنا - حیران رہ جانا (س - شرُ - سننا)
سُن (ہ - امر) سننا کا (س شُرُ
سننا) **سنا** (امر) ۱ سنانا کا ۲ (ماضی) سننا کا -
سنا اَن سنا کرنا (متعدی) ۱ سن کر ٹال دینا
۲ اسی طرح ظاہر کرنا کہ گویا سنا ہی نہیں ۳ پرواہ
نہ کرنا - **سنا بیٹھنا** (لازم) برا بھلا کہہ بیٹھنا -
سنا جانا (لازم) مشہور ہونا - افواہ ہونا - کہا
جانا - **سنا دینا** (متعدی) ۱ کہہ دینا ۲ مطلع کر دینا -
سنا سنایا (صفت) جو دوسروں سے سنا ہو -
سماعی - **سنانا** (لازم) ۱ کہنا - کان میں ڈالنا ۲
آگاہ کرنا - جتانا ۳ برا بھلا کہنا ۴ طعنے دینا ۵
کسی کے روبرو گانا ۶ کسی کے روبرو پڑھنا یا
قرآن مجید پڑھنا - **سنا نہیں** ۱ معلوم نہیں
ہوا ۲ جب کوئی بلائے اور دوسرا جواب نہ دے
تو کہتے ہیں - **سنا نہیں جاتا** - سننے کی تاب
نہیں - **سنانی - سناونی** (مونث) پردیس
میں موت کی خبر آنا - جانا کے ساتھ) **سنائی**
(مونث) ۱ سماعت - فریاد رسی ۲ باریابی -
(سنائی ۳ (ماضی مونث) کہی - بری بات کہی ۴
بےموقع بات کہی ۵ (خبر) خبر بتائی - کہی ۶ بری)
بری بات کہی - **سنائی پڑنا یا دینا** (لازم)
سنا جانا - سن پڑنا - **سنا ہے** - معلوم ہوا
ہے - **سن پانا** (لازم) ۱ کان میں آواز پڑنا
۲ واقف ہو جانا ۳ ناگاہ سننا کسی بات کا -
سن پڑنا (لازم) سنائی دینا - **سنتا سناتا
خاک نہیں** مطلق نہیں یا کچھ نہیں سنتا -
سنتے بھی ہو - متوجہ ہو جاؤ - **سن چکنا**
(لازم) پہلے سنا ہونا - **سن رکھنا** (لازم) خبردار
ہو جانا - **سن سن** (مت) **سن سن کر** (تف)
متواتر سن کر - **سو سنا چکنا** (لازم) سن چکنا -
سن کر اڑا دینا (متعدی) بات پر توجہ یا التفات
نہ کرنا - **سن کے پی جانا** (لازم) گالیاں
کھا کر چپ ہو رہنا - برا بھلا سن کر کچھ نہ کہنا -
سن کے ٹال دینا (متعدی) کوئی بات سن
کر ایسا ظاہر کرنا کہ گویا سنا ہی نہیں - بات سن
کر پروا نہ کرنا - **سن گن** (مونث) ۱ خبر - اڑتی
ہوئی خبر ۲ خفیہ خبر - بھید - راز (پانا لینا کے
ساتھ) **سن لینا** (متعدی) ۱ کان میں آواز
پڑنا ۲ قبول کرنا - **سننا** (متعدی) ۱ کانوں سے
آواز معلوم کرنا - کان دھرنا - استماع کرنا -
کان دینا یا لگانا ۲ توجہ کرنا - غور کرنا ۳ فریاد
کو پہنچنا ۴ برا بھلا - برداشت کرنا ۵ گانا سننا
۶ مقدمے کی سماعت کرنا ۷ جاننا - قبول کرنا -
سننے کے ساتھ (تف) فوراً **سننے میں آنا**
(لازم) گوش گذار ہونا - **سنو - سنو تو سہی** -
سنو جی - ٹھیرو - صبر کرو - **سنئے - سنو** -
تعظیم کے طور پر - **سنی ان سنی کرنا** (متعدی)
دیکھو سنا ان الخ - **سنی سنائی** (مونث) سنی ہوئی
بات - بادہوائی بات - **سنی سنائی بات**
(مونث) سماعی بات - افواہ - بے اعتبار بات -

امثال و اقوال - سن

رے ڈھول بہو کے بول - وہ کہتی ہے
جس کے ساتھ بہت سے وعدے کر کے پورے
نہ کئے ہوں - **سُن سن کے تیری بات
سہیلی سوچ ہوا میرے جی کو - کر کے
بیاہ گھروں نہیں رکھتے بابل اپنی
دھی کو** (ھ) والدین شادی کے بعد لڑکی کو اپنے
گھر میں نہیں رکھتے - **سن سن میٹھے بول گست
بیٹھ نہ بیری پاس - وہی بھلاوے
باورے کھائے کدھی کپاس** (ھ) دشمن
کی میٹھی میٹھی باتیں سن کر اس پر اعتبار نہیں
کرنا چاہئے - وہی کے دھوکے میں کوئی کپاس
نہیں کھاتا - **سن کوئی ہزار کچھ سنا دے
لیجے وہی جو سمجھ میں آوے - قابو
ہو تو کیجے نہ غفلت - عاجز ہو تو ہارئے
نہ ہمت - آتا ہو تو ہاتھ سے نہ
دیجے - جاتا ہو تو غم نہ کیجے** - نصیحت
کی باتیں ہیں - ہر ایک کی بات سن لینی چاہئے
کرنا وہی چاہئے جو اپنی سمجھ میں آئے جب
موقع ملے غفلت نہیں کرنی چاہئے مصیبت
میں گھبرانا نہیں چاہئے - جو جاتی ہو اس کی
پروا نہیں کرنی چاہئے - **سنئے سب کی
کیجئے اپنے من کی** - بات ہر ایک کی سننی
چاہئے - مگر کرنا وہی چاہئے جو دل میں آئے -
**سنی سنائی بات کی گٹھری باندھے
کھونٹ - برچھیں کی مار پڑی ککڑی
کی بھنی لوٹ** (ھ) فضول باتوں کو نہیں
سننا چاہئے - اور نہ ان پر اعتبار کرنا چاہئے -
مثلاً کوئی کہے کہ ککڑی کی چوری کے لئے برچھی
سے مار دیا -

سَنا (ع - مونث) ایک دوائی
جس کی پتی کا جلاب دیتے ہیں - سنائی - سینچا)
سنا مکی (مونث) مکے کی سنا

سَنا سنات (س - تف)
ہمیشہ لگاتار - قدیم سے -

سنا لنگ (مذکر) ولیش اور
دھنکاری کا بیٹا -

سُنّا (ہ - متعدی) ۱ سننا ۲ (مذکر)
سونا کا مخفف ۳ فنا ۴ صفر - نقطہ ۵ (ع) وہ لفظ
جو بولے نہیں -

سَنابِل (ع - مذکر) جمع سنبلہ
کی - اناج کے خوشے -

سناپت (ہ - مونث) قتل عام -
دیکھو سنپتی -

سُناپٹ (ہ - مونث) تنہائی
اجاڑ - سنسان -

سَناتَن (س - صفت) ۱ قدیمی -

پرانا ۲ ہمیشہ کا۔ دائمی ۳ پکا۔ مضبوط ۴ (مذکر) برہماجی۔ وشن جی اور شوجی ۵ برہماجی کے چار بیٹوں میں سے ایک ۶ خاص دنیا کا نام ۷ وہ متوفی بزرگ کا مہمان جو جب سرادھ کے موقع پر آئے تو اس کی دعوت کرنی پڑے۔ **سناتن دھرم** (مذکر) قدیم ہندو مذہب جو بتوں کی پوجا کو جائز رکھتا ہے۔ **سناتن دھرم سبھا** (مذکر) ہندوؤں کے قدیم مذہب کے پیروؤں کی مجلس۔ **سناتن** سے (نف) قدیم سے۔ پرانے زمانے سے۔

سناتھ (س۔ صفت) ۱ جس کے ساتھ جس کا محافظ یا استاد ہو ۲ مالک یا استاد والا ۳ خاوند والی۔ **سناتھا** (مونث) وہ عورت جس کا خاوند زندہ ہو۔ سہاگن۔

سَناٹا (ہ۔ مذکر) ۱ زور کی آواز۔ شور ۲ ہوا۔ مینہ۔ آندھی کا شور ۳ دریا کے چڑھاؤ کا شور ۴ برند وغیرہ کے زور سے اڑنے کی آواز ۵ وہ آواز جس کے سننے سے انسان ڈر جائے ۶ آواز کسی جگہ سے نہ آنا۔ چپ۔ خاموشی ۷ مکان کا آدمیوں سے خالی ہونا ۸ حیرت یا سکتے کے عالم ۹ (ہ) جوش و خروش۔ زور۔ تیزی ۱۰ غصے کا جوش یا عالم ۱۱ جنگل بیابان۔ ہو کا مقام ۱۲ زور کی ضرب ۱۳ ڈر کی حالت ۱۴ حیرانگی۔ حیرت ۱۵ خوفناک یا ڈراونی چیز ۱۶ گولیوں کی آواز ۱۷ (ہ۔ صفت) بہت بڑا۔ عظیم الجثہ ۱۸ چپ۔ خاموش ۱۹ اکیلا۔ تنہا ۲۰ خوفناک۔ ڈراونا (س۔ سم۔ اکٹھا۔ نرد چھینا) **سناٹا آنا** (لازم) ۱ ڈر جانا ۲ سہم جانا ۳ غش آنا۔ **سناٹا بیتنا** (لازم) ۱ چپ ہو جانا ۲ ڈر جانا ۳ غش آنا۔ **سناٹا پڑنا** (لازم) ۱ چپ ہونا۔ خاموش ہونا ۲ ویرانہ پن ہونا۔ **سناٹا گذر جانا یا گزرنا** (لازم) ۱ حیرت ہونا ۲ سہم جانا ۳ غش آنا۔ **سناٹا ہونا** (لازم) ۱ چپ ہونا۔ خاموش ہونا ۲ ڈر جانا۔ سہم جانا۔ **سناٹے کا** (صفت) ۱ زور کا۔ تیز ۲ خوفناک۔ ڈراونا ۳ سنسان۔ **سناٹے کا مینہ** (مذکر) زور شور کی بارش۔ **سناٹے کی ہوا** (مونث) زور کی آندھی۔ **سناٹے میں آنا** (لازم) حیران رہ جانا۔ ڈر جانا۔ **سناٹے میں رہ جانا** (لازم) حیرت میں ہو جانا۔

سُنار (ہ۔ مذکر) سونے کا کام کرنے والا۔ گہنا بنانے والا (س۔ سُوَرن کار) **سنارن** (مونث) **سنارنی** (ہ) سنار کی بیوی۔

سنار ہٹا (مذکر) سناروں کا بازار۔ سناروں کے رہنے کا محلہ۔ **سناری** (مونث) ۱ پیشہ زرگری ۲ سنار کی بیوی ۳ سنار کی مزدوری۔

امثال۔ سنار اپنی ماں کی نتھ میں سے بھی چراتا ہے سناروں کی بے ایمانی پر طنز ہے۔ **سنار کی کھٹائی اور درزی کے بند**۔ ٹالنے کے عذر ہیں۔ سنار کہتا ہے کہ زیور کھٹائی میں ڈال رکھا ہے اور درزی کہتا ہے کہ کپڑے میں بند لگانے رہ گئے ہیں۔

سُنارنی (ہ۔ مونث) چالاک عورت۔

سُناری (س۔ مونث) اچھی عورت۔ خوبصورت عورت۔ حسین عورت۔

سناری۔ سُناڑی (ہ۔ صفت) ۱ چالاک۔ ہشیار۔ ماہر ۲ چست ۳ صاف ستھرا ۴ (مذکر) چالاک آدمی۔ ماہر آدمی۔

مثل۔ سناڑی بچیں کاتو اناڑی بچیں ماچھو ہشیار آدمی بڑیاں بیچتے ہیں۔ بیوقوف مچھلیاں۔ مطلب یہ ہے کہ ہوشیار آدمی ایسا کام کرتا ہے جس میں نقصان نہ ہو اور بیوقوف جس میں نقصان ہو۔

سناطور (ف۔ مذکر) انگریزی سینیٹر کا ایک رکن مجلس شوریٰ۔

سَنام (ع۔ مذکر) ۱ اونٹ کا کوہان ۲ اونچی زمین ۳ زمین کا وسط ۴ بصرہ کے قریب ایک پہاڑ۔

سِنان (ع۔ مونث) ۱ نیزے کے اوپر کا حصہ ۲ نیزہ ۳ تیر یا سوئی کی نوک ۴ پتھر جس پر ہتھیار تیز کرتے ہیں۔ سان (س۔ تیرانا) **سنان خطی** (مونث) خطہ کا نیزہ۔ **سنان مژگاں** (مونث) مژگاں کو سنان سے استعارہ کرتے ہیں۔ **سنان مژگاں سینے میں گڑنا** (متعدی) عاشق ہونا۔ **سنان باٹ نیزہ سے سینے ملا دینا** (لازم) سخت لڑنا۔ سخت خونریزی کرنا۔

سَنانا (لازم) ۱ سنسانا۔ سائیں سائیں کی آواز دینا ۲ بے فکر ہو کر سونا۔

سنانیر (ف۔ مذکر) جمع سنّور۔

سناؤنا (ہ۔ متعدی) سنانا۔

سَناہ (س۔ مذکر) **سناہ** (ہ۔ مذکر) زرہ۔ اسلحہ۔

سَنائی (ہ۔ مونث) شہنائی۔

سنابو (س۔ مذکر) رگ پٹھا۔

سُنبُل (ف۔ مذکر) ۱ ایک خوشبودار گھاس کا نام۔ بالچھڑ ۲ برج کنیا۔ **سنبل الطیب** (مذکر) ایک قسم کی گھاس۔ **سنبل برخط** (مذکر) خوبصورت چہرے پر زلف۔ **سنبل تر** (مذکر) بالوں کی لٹ۔ **سنبل جبلی** (مذکر) پہاڑی بال چھڑ۔ **سنبل خطائی** (مذکر) انجایق۔ **سنبل رومی** (مذکر) ایک قسم کا بالچھڑ۔ **سنبلستان** (مذکر) سنبل کا باغ۔ **سنبل عصافیر** (مذکر) ہندوستانی بالچھڑ۔ **سنبل کوہی** (مذکر) لی لوین۔ **سنبل مو** (صفت) وہ جس کے بال سنبل کی طرح خوشبودار اور لمبے ہوں۔ **سنبلہ** (مذکر) ۱ گیہوں یا جو کی بال ۲ چھٹے برج کا نام۔ کنیا۔ **سنبل ہندی** (مذکر) بالچھڑ۔ **سنبل ہوا** (مذکر) ابر آلود آسمان۔

سُنبُل کھار (ہ۔ مذکر) سم الفار کا مخرب۔

سَنبوسہ (ف۔ مذکر) دیکھو سمبوسہ۔

سَنبھال (ہ۔ امر) سنبھالنا کا (س۔ سم۔ اکٹھا۔ بھر۔ اٹھانا) **سنبھالا** (مذکر) وہ افاقہ جو مریض کو موت سے پیشتر ہو جاتا ہے۔ **سنبھالا لینا** (متعدی) ۱ مریض کا موت سے پہلے ہوش میں آجانا ۲ اصلی حالت پر آجانا۔ **سنبھالنا** (متعدی) سنبھلنا کا ۱ تھامنا۔ پکڑنا ۲ روکنا۔ سہارا دینا۔ دستگیری کرنا ۳ گرنے نہ دینا ۴ کسی چیز کو درست کرنا ۵ قابو میں رکھنا۔ باندھ رکھنا ۶ وار کرنے کو اٹھانا۔ تولنا ۷ اٹھانا۔ ہاتھ میں لینا ۸ گننا۔ شمار کرنا ۹ قبضے میں لینا ۱۰ انتظام یا اہتمام کرنا ۱۱ اٹھانا۔ سمیٹنا ۱۲ مرض بڑھنے نہ دینا ۱۳ خبرگیری کرنا ۱۴ قائم

رکھنا ۱۱ مدد کرنا - امداد کرنا ۱۲ خرچ کا انتظام کرنا ۱۳ سزا دینا **سنبھالے نہ سنبھلنا** (لازم) باوجود کوشش کے قابو نہ آنا -

سَنبھالُو (ہ - مذکر) ایک درخت -

سُنبہری (ھ - مونث) ۱ ایک بیماری بدن کا بے حس ہو جانا ۲ فالج - ہاتھی پا

سَنبھل (ہ - امر) سنبھلنا کا (س ام گنفا - ٹھیرنا - تھمنا) **سنبھل سنبھل کر** (تمعت) ۱ ہوشیاری سے - احتیاط سے ۲ ٹھیر ٹھیر کر دم لے لے کر ۳ بن بن کر ۴ تکلیف سے **سنبھل کر** (تمعت) ۱ ہوشیاری سے - احتیاط سے ۲ درست ہوکر - اصلاح قبول کرکے - **سنبھل جانا** **سنبھلنا** (لازم) سنبھالنا کا ۱ تھمنا - رکنا ۲ گرنے سے بچنا ۳ ٹھہرنا - قائم رہنا - ٹکنا ۴ چوکس ہونا - خبردار ہونا ۵ پھسلنے یا گرنے سے بچنا ۶ خراب حالت سے آفاقہ ہونا ۷ دم لینا - سستانا ۸ متنبہ ہونا - عبرت پکڑنا ۹ برداشت ہونا - اٹھنا ۱۰ محفوظ ہونا - بچنا ۱۱ مستعد ہونا - آمادہ ہونا ۱۲ اصلاح قبول کرنا ۱۳ بگڑی ہوئی چیز کا درست ہونا ۱۴ خراب ہونے سے بچنا ۱۵ رونق پکڑنا - تازہ ہونا ۱۶ آرام ہونا - افاقہ ہونا ۱۷ قابو میں آنا - ہاتھ میں آنا - **سنبھلنے دے** ۱ دم یا فرصت لینے دے ۲ ٹھیر - صبر کر - دم لے **سنبھلنے نہ دینا** (لازم) دم نہ لینے دینا **سنبھلو** ۱ آمادہ ہو - مستعد ہو ۲ ہوش میں آؤ - ہوش پکڑو -

سَنپولا - سَنپولیا - سَنپیرا (ہ) دیکھو سپولا - سپولیا اور سپیرا -

سَنَنت (س - تف) - ہمیشہ دائمی - لگاتار :

سَنت (ہ - صفت) ۱ ہوٹنے والا - زندہ ۲ ضروری ۳ نیک - پاک - پارسا ۴ درست - ٹھیک ۵ نہایت اعلیٰ ۶ معزز - قابل عزت ۷ (مذکر) نیک یا پارسا آدمی - اچھا یا سادہ آدمی -

سُنَّت (ع - مونث) ۱ کام کرنے کا طریقہ - چلن یا زندگی کی روش - زندگی کا درست طریقہ ۲ دستور - راہ - روش - رسم - رواج ۳ وہ طریقہ جس پر پیغمبر صلعم اور صحابہ کرام نے عمل کیا ہو ۴ ختنہ (کرانا - کرتا ہونا کے ساتھ ان معنوں میں) ۵ وہ رکعتیں نمازکی جو فرض نہیں ہیں - اور جن کو پیغمبر صلعم نے اکثر پڑھا ہو - **سنتِ آبائی** (مونث) باپ دادا کے طریقے - **سنت ابراہیمی** (مونث) وہ طریقہ جس پر حضرت ابراہیم نے عمل کیا ہو - ختنہ - **سنت نبوی** (مونث) وہ طریقے جن پر پیغمبر صلعم نے عمل کیا ہو -

سَنتا (ہ - مذکر) وہ گیڑی جو پھینکی جائے - وہ گیڑی جو جیتنے والا سب گیڑیاں جیتنے کے بعد دوسرے کو پھر کھیل شروع کرنے کے لئے دے (س ام پھینکنا)

تَنتنا (ھ - صفت) ۱ شرارتی ۲ شریر ۳ کنجوس

سنتاپ (س - مذکر) ۱ سخت گرمی - تیز حرارت ۲ سوجن ۳ آگ ۴ درد - تکلیف - پیڑ ۵ رنج - غم - مصیبت ۶ توبہ - پشیمانی - ندامت ۷ تپ - جوگ - بیراگ - **سنتاپ دینا یا کرنا** (متعدی) تکلیف دینا - رنج دینا -

سَنتال (ہ - مذکر) ۱ ایک قوم جو آریہ نسل سے نہیں یہ بنگال میں آباد ہے ۲ اس قوم کا ایک فرد - **سنتالی** (مونث) اس قوم کی زبان -

سَنتان (س - مذکر و مونث) **سنتانا** (ھ) ۱ پھیلاؤ - وسعت ۲ نسل - خاندان ۳ بچے - اولاد ۴ بیٹا یا بیٹی ۵ اندر کے سرگ کے پانچ درختوں میں سے ایک -

سَنتانِکا (س - مونث) ۱ جھاگ - کف - پھپس ۲ ملائی ۳ دہی ۴ جالا ۵ چاقو یا تلوار کا پھل -

سَنترا (ہ - مذکر) دیکھو سنگترا -

سَنترَن (س - مذکر) ۱ عبور - گذر ۲ بچاؤ -

سَنتری (انگ - مذکر) پہرے دار - چوکیدار - پاسبان - اصل سنتری - سپاہی جو پہرے پر ہو فوج یا پولیس کا -

سَنتن (ھ - مذکر) سنت کی جمع - نیک - پارسا -

مقولہ - سنتن کی بانی سنے پریم سہت جو کوئے - گنگا آدی تیرتھ پھل بن اسنانے ہوئے جو نیک آدمیوں کی باتیں دل سے سنے بغیر اشنان کے گنگا اور تیرتھوں کا ثواب پاتا ہے -

سَنتنا (ہ - مونث) منانے - صلح کرنے کا فعل ۲ صلح - مصالحت ۳ معذرت ۴ نرمی - **سنتنا کرنا** (متعدی) منانا - راضی کرنا -

سَنتوش (س - مذکر) سنتوکھ (ھ) ۱ تسلی - قناعت - صبر ۲ خوشی - مسرت - فرحت - شادمانی ۳ سیری ۴ انگوٹھا اور چھنگلیا ۵ دھرم اور تشتی کا بیٹا -

مثل - سنتوکھ کڑوا پر پھل میٹھا ہے - صبر گو تلخ ہوتا ہے اسکا پھل میٹھا ہوتا ہے - صبر گرچہ تلخ است ولیکن بر شیریں دارد

سَنتھا (ھ - مونث) ۱ پڑھنا - تعلیم ۲ سبق -

سَنتھال (س - مذکر) دیکھو سنتال -

سَنتی (س - مونث) ۱ تسلیم - سلام - آداب ۲ عزت ۳ انکسار - فروتنی ۴ آواز - شور -

سَنتی (ھ - مونث) ۱ بدل - قائم مقام - عوض ۲ (تف) بجائے -

سَنتے (ھ - تف) ۱ ہوتے ہوتے ہوئے موجودگی میں - سامنے ۲ آشنا میں - جبکہ ۳ بجائے - بدلے -

سُنٹا (ھ - مذکر) سنار کا بیٹا -

سَنٹر (انگ - مذکر) مرکز **سنٹر فارورڈ** (مذکر) ہاکی یا فٹ بال کے کھیل میں اول قطار کا درمیانی آدمی **سنٹرل** (صفت) درمیانی وسطی - مرکزی **سنٹر ہاف بیک** (مذکر) ہاکی یا فٹ بال کے کھیل میں دوسری قطار کا درمیانی آدمی -

سَنٹھو (ھ - صفت) ۱ شرارتی - شریر ۲ چالاک - عیار - فریبی ۳ کنجوس -

سَنٹھورا (ھ - مذکر) ۱ سونٹھ

کی روٹی ۲ ایک غذا جو سونٹھ شکر وغیرہ ملا کر بناتے ہیں اور زچہ کو دیتے ہیں -

سُنٹی (ھ - مونث) بہت چھری. قمچی -

سَنج (ف - صفت) وزن کرنے والا - مرکبات میں جیسے سخن سنج - **سنجی** (مونث) وزن کرنا - وزن کرنے کا فعل - مرکبات میں جیسے نغمہ سنجی -

سِنجاب (ف - مذکر) ۱ ایک جانور جو چوہے سے بڑا ہوتا ہے اس کی بالدار کھال کی پوستین بناتے ہیں جو بڑی قیمتی ہوتی ہے ۲ اس جانور کی کھال ۳ ایک ملک -

سنجابی (ع - مذکر) کردوں کی ایک شاخ جو کرمان شاہ میں آباد ہے -

سَنجاف (ف - مذکر) ۱ حاشیہ - گوٹ ۲ ایک کم عرض کا کپڑا جس کی گوٹ لگاتے ہیں - چوڑا ڈبنا (لگانا لگنا کے ساتھ) **سنجافی** (صفت) ۱ کنارے دار حاشیہ دار ۲ وہ (کپڑا) جس کے گرد چوڑی گوٹ لگی ہو - **سنجافی گنجا** (مذکر) وہ گنجا جس کی چندیا ہی پر بال ہوں (عف)

سَنجاق (ت - مذکر) جھنڈا - علم جس کے ساتھ گھوڑے کی دم لگی ہو - **سنجاقدار** (مذکر) جھنڈا بردار - علم بردار - **سنجاق ہمایوں** (مذکر) شاہی جھنڈا -

سَنجرِستان (مذکر) درویشوں کی خانقاہ -

سَنجَق (ت - مذکر) ۱ جھنڈا - علم - نشان ۲ چھوٹا تاج - کلغی ۳ پن - سوئی -

سَنجَک (ت - مذکر) ملک کا ایک حصہ - ترکوں نے سلطنت کو ولایتوں میں تقسیم کیا ہے جس کا حاکم والی کہلاتا تھا - ولایت کو سنجکوں میں تقسیم کیا ہے - ان کے حاکم والی کے ماتحت ہوتے ہیں -

سَنجَم (ھ - مذکر) ۱ روکنا ۲ روک - قابو ۳ خاص دنوں پر خاص کھانوں سے پرہیز - فاقہ - برت ۴ برداشت - تحمل ۵ پرہیزگاری زہد - تقوے ۶ اجتناب - پرہیز ۷ دوسروں کو تکلیف دینے سے پرہیز - انسانیت - ترحم ۸ واقعہ - ماجرہ - حادثہ - **سنجم کرنا** (متعدی) خواہشات کو قابو رکھنا - روکنا - تابع رکھنا وغیرہ - **سنجمی** (صفت) قابو رکھنے یا روکنے والا ۲ پرہیزگار - زاہد - متقی ۳ (مذکر) وہ جو اپنی نفسانی خواہشوں کو قابو میں رکھے ۴ زاہد - عابد - رشی - منی -

سَنجنا (س - مونث) ۱ عقل - سمجھ - دانائی ۲ علم - گیان ۳ خیال - دھیان - بچار ۴ درست بچار ۵ نشان - علامت - آثار ۶ اشارہ ۷ نام - لقب - کنیت - خطاب ۸ (نحو) اسم ذات ۹ تشبیہ - استعارہ ۱۰ محاورہ ۱۱ اتفاق - اتحاد ۱۲ مابت ۱۳ کھوج - نشان پا ۱۳ ایک خاص بڑا عدد ۱۴ گائتری منتر ۱۵ وشوکرما کی بیٹی جو سوریا کی بیوی اور منو - یم اور یمی کی ماں تھی -

سَنجور (س - مذکر) سخت گرمی حرارت - بخار ۲ آگ کی حرارت ۳ جلن سوزش ۴ جلنے کا زخم -

سَنجوگ (ھ - مذکر) ۱ دوستی یارانہ ۲ ملاقات - میل ملاپ - میل جول تعلق ۳ ایک جیسے دو آدمیوں کا ملنا ۴ قران سعدین ۵ اکٹھا رہنا ۶ اتحاد - معاہدہ یا دو شخصوں کا آپس میں معاہدہ کر کے تیسرے پر حملہ کرنا ۷ واقعہ - حادثہ - ماجرا ۹ (علمن) نقطۂ اعتدال - بیل ونہار - **سنجوگ سے** (تف) اتفاقاً - خوش قسمتی سے - **سنجوگ کرنا** (متعدی) ملنا - میل جول رکھنا - ملاقات کرنا - **سنجوگن** (مونث) سنجوگی کی بیوی - **سنجوگی** (صفت) ۱ ملانیوالا - جوڑنے والا ۲ ملحقہ ۳ (مذکر) وہ جوگی جو شادی کرے ۴ پنجرہ جس کے دو خانے ہوں - ایک نر کے اور ایک مادہ کے لئے -

سَنجونا - سَنجونا (ھ - متعدی) ۱ اکٹھا کرنا ۲ تیار کرنا ۳ ترتیب دینا -

سَنجہ (ھ - مذکر) فرج - اندام نہانی عورت کا -

سَنجہ (ف - مذکر) ۱ ترازو ۲ وزن ۳ پاسنگ ۴ ایک دیو ۵ ایک ملک -

سَنجھ (ھ - مونث) سانجھ کا مخفف - **سَنجھا** (مونث) ۱ شام - سانجھ - شام کی ایک خاص دعا - **سنجھا بتی** (مذکر) چراغ جو شام کو جلایا جائے (کرنا ہونا کے ساتھ) **سنجھا پھولنا** (لازم) شفق پھولنا - **سنجھ بتی** (تف) سرِ شام چراغ جلے -

سَنجھلا (ہ - صفت) چار میں سے تیسرا - تیسرے درجے کا ۲ (مذکر) چار بیٹوں میں سے تیسرا -

سَنجھنا (ھ - مذکر) ایک درخت - سہانجنا -

سَنجی (ھ - مونث) عورت کی شرمگاہ -

سِنجیدگی (ف - مونث) ۱ وزن - بوجھ ۲ وزن دار ہونا - با وقعت ہونا ۳ وقعت - متانت -

سَنجیدہ (ف - صفت) ۱ متین - فہمیدہ - مہذب ۲ تلا ہوا - جچا ہوا - **سنجیدہ ادا** (صفت) ۱ پورا تلا یا جچا ہوا ۲ متین - فہمیدہ - دانا - **سنجیدہ گفتار** (صفت) جس کی باتیں مہذب اور فہمیدہ ہوں -

سَنچ (س - مذکر) لکھنے کے لئے اکٹھے کئے ہوئے اوراق - کاپی بک - کاپی -

سَنچا (ھ - ماضی) سینچنا کا - دیکھو سینچت سینچا کرنا (متعدی) دیکھو محنت کرنا -

سِنچانا (ھ - ھم) سینچنا کا - پانی دلوانا -

سِنچائی (ہ - مونث) ۱ سینچنا ۲ سینچنے کی اجرت -

سَنچت (س - اسم فاعل) ۱ اکٹھا کیا ہوا - جمع کیا ہوا ۲ (مذکر) مجموعہ ۳ قانون کی کتاب - **سنچت کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) جمع ہونا - اکٹھا ہونا -

سَنچَرنا (ھ - لازم) جانا - روانہ ہونا - حرکت کرنا -

سَنچَل (ھ - مذکر) شور - پاؤں کی آواز -

سَنچَن (ھ - مذکر) اکٹھا کرنا - جمع کرنا -

سَنچنا (ھ - متعدی) ۱ اکٹھا کرنا - جمع کرنا ۲ ڈھیر کرنا ۳ بچانا - جوڑنا - بٹورنا - سمیٹنا -

سَنچَی (س - مذکر) ۱ مجموعہ - ذخیرہ ۲ ڈھیر - انبار - تودہ ۳ خزانہ - گنج ۴ پونجی - مایہ -

راس المال۔ سرمایہ ۶ تعداد۔ مقدار۔ سینچی کرنا (متعدی) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا وغیرہ۔

سَنَد (ع۔ مونث) ۱ ثبوت۔ نظیر۔ دلیل۔ تمثیل ۲ سرٹیفکیٹ۔ کارگذاری کا پروانہ ۳ دستاویز۔ تصدیق نامہ ۴ قبالہ تمسک ۵ اجازت نامہ ۶ گواہی نامہ۔ شہادت نامہ ۷ وثیقہ۔ بھروسا کرنے کی چیز ۸ اعتبار۔ وثوق ۹ وہ پروانہ یا حکم جس کی رو سے موجد یا مصنف کو خاص استحقاق اپنی ایجاد یا تصنیف کے متعلق ہو۔ سرکاری رجسٹری ۱۰ تکیہ گاہ۔ پیٹھ لگانے کی جگہ ۱۱ مناسبت۔ کسی چیز کا کسی چیز سے پشت بر پشت منسوب ہونا ۱۲ قاضی یا مفتی کی مہر ۱۳ تحریری حکم ۱۴ (صفت) معتبر۔ معتمد۔ قابل اعتبار (سَنَد جھکنا) سنداً (نعت) سند کی بنا پر۔ تمثیل کی غرض سے۔ سند پکڑنا (متعدی) دلیل میں پیش کرنا۔ سند جاننا (لازم) معتبر جاننا۔ صحیح جاننا۔ سند خون بہا (مذکر) ایک تحریر جس کے ذریعے سے قتل کی جائداد مقتول کے وارثوں کے نام منتقل کی جاتی ہے۔ سند دینا (متعدی) ثبوت دینا۔ نظیر دینا۔ سند کارگذاری (مذکر) سرٹیفکیٹ کارکردگی کا۔ سند گردانا (متعدی) ۱ بھروسا کرنا ۲ نظیر میں پیش کرنا۔ سند لانا (متعدی) ثبوت میں پیش کرنا ۲ نظیر دینا۔ سند لیاقت یا فضیلت (مونث) ہنر یا علمیت کا سرٹیفکیٹ۔ صافی نامہ۔ سند مانگنا (متعدی) نظیر طلب کرنا۔ ثبوت مانگنا۔ سند مطابق (مذکر) وہ حکم جو کسی فرمان کے ہمراہ اس کی تعمیل کے لئے ہو۔ سند معافی (مونث) وہ پٹہ یا فرمان جس سے کسی زمین کی مالگزاری سے ثابت ہو۔ جاگیر کی سند۔ سند میں پیش کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) نظیر کے طور پر پیش ہونا۔ سند وراثت (مونث) وراثت نامہ مصدقہ سرکاری وارث تسلیم ہونے کا ثبوت۔ سند ہونا (لازم) ۱ قابل تسلیم ہونا ۲ نظیر ہونا۔ سندی (صفت) ۱ قابل اعتبار۔ معتبر ۲ پٹہ یا فرمان کے ذریعہ سے لی ہوئی۔ سند یافتہ (صفت) وہ شخص جس کے پاس کسی امر کا سرٹیفکیٹ ہو۔

سَنَد (د۔ مذکر) ڈٹا ڈ (نعت)

سِندات۔ مذکر ۱ صراحی ۲ جس کے ماں باپ کا پتہ نہ ہو۔

سَندان (ف۔ مذکر) ۱ اہرن۔ نہائی۔ سنسان ۲ چوڑا پتھر ۳ پاخانہ۔

سِنداں (ف۔ مذکر) ۱ اہرن۔ نہائی ۲ وہ لوہا جس پر دروازے کا کھٹکا لگتا ہے۔

سُندان (س۔ مذکر) ۱ رسی جس سے مویشی باندھتے ہیں ۲ ہاتھی کی کنپٹی۔

سَندانی (س۔ مونث) مویشی خانہ۔

سِندپھنا (ہند) ریاست حیدرآباد میں ایک دریا۔

سُندر (س۔ صفت) ۱ خوبصورت۔ حسین۔ مہ جبین۔ شکیل۔ خوبرو ۲ خوشگوار۔ پسند ۳ نیک۔ پارسا۔ باعصمت ۴ شریف۔ عالی خاندان ۵ ایک پودہ ۶ ایک خاص شکل کا محل۔ سُندری (مونث) ۱ خوبصورت یا حسین عورت ۲ ایک وزن یا بحر ۳ ایک اپسرا۔

سُندرا (س۔ مونث) گہری نیند۔

سُندری (ہ۔ مونث) ۱ ستار کا ایک پرزہ جس سے سر ملاتے اور اتار چڑھاؤ کرتے ہیں ۲ ایک قسم کی لکڑی جس کے جہاز بنتے ہیں۔

سُندُس (ع۔ مذکر) ایک قسم کی قیمتی دیبا۔ اطلس یا ساٹن۔ سندسی (صفت) سندس کا بنا ہوا۔

سِندُور (ہ۔ مذکر) سیندور۔ سندورا (مذکر) ڈبا یا صندوقچی جس میں سیندور رکھتے ہیں۔ سندوریا (مذکر) ایک قسم کا خوشبودار سرخ آم۔

سندھی (صفت) ۱ سندھ کا ۲ سندھ کا رہنے والا ۳ (مونث) سندھ کی زبان۔

سِندھارا (ہ۔ مذکر) تحفے جو دولہا دلھن کو بھیجتا ہے۔ ساونی۔

سَندھلی (ہ۔ مونث) ایک قسم کی سیڑھی جس کے چاروں طرف سے چڑھ جاتے ہیں۔

سِندھُو (س۔ مذکر) ۱ ہاتھی ۲ راگنی ۳ بھیروں ۴ راگ کی ۵ دریا ۶ طوفان آب ۷ سمندر بحر ۸ سفید سہاگہ۔

سندھی ویلا (ہ۔ مذکر) سانجھ کا وقت۔ شام۔

سَندھیا (س۔ مونث) ۱ وسط۔ اعتدال ۲ دن رات کا ملنا ۳ سانجھ ۴ کوئی وقت۔ صبح۔ دوپہر۔ شام ۵ صبح دوپہر اور شام کی رسومات ۶ شام کی دعا ۷ اتحاد۔ اتصال۔ میل ۸ وعدہ۔ معاہدہ ۹ حد ۱۰ سندھی ۱۱ سوچ۔ بچار ۱۲ ایک پھول کا نام۔ سندھیا کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) صبح۔ دوپہر یا شام کو دعا مانگنا۔

سَندیس۔ سَندیسا (ہ۔ مذکر) ۱ پیغام۔ خبر۔ اطلاع۔ رپورٹ ۲ حکم۔ فرمان۔ ہدایت ۳ ایلچی ۴ تحفہ (بھیجنا۔ پہنچانا۔ پہنچنا۔ لکھنا۔ لانا کے ساتھ)۔ سَندیسی (مذکر) وہ جو خبر لائے۔ پیغامبر۔ ایلچی۔

سَندیہ (س۔ مذکر) ۱ شک ۲ شبہ ۲ گھبراہٹ۔ اضطراب ۳ جھجک۔ خوف۔ ڈر ۴ خطرہ ۵ رنج۔ غم (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ سندیہی (صفت) ۱ مشتبہ۔ مشکوک ۲ شک کرنے والا۔ شکی۔ جس کو اعتبار نہ ہو۔ وہمی ۳ محتاط۔

سَنڈ (ہ۔ مذکر) ۱ سانڈ کا مخفف ۲ (صفت) سنڈا۔ فربہ۔ موٹا (س۔ شنڈک)۔ سنڈا (صفت) ۱ موٹا۔ فربہ ۲ مضبوط۔ قوی ہیکل۔ زور آور۔ ہٹا کٹا۔ سنڈا سنڈا۔ سنڈ مسنڈ (صفت) بہت موٹا۔ موٹا تازہ۔ دوسرا مونث کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ سنڈ منڈ ہے بہت موٹا تازہ ہے۔ سنڈی (مونث صفت) سنڈا کا۔ سنڈیانا (ہ) ۱ موٹا یا فربہ ہونا ۲ مضبوط یا طاقتور ہونا۔

سَنڈاس (ہ۔ مذکر) وہ پاخانہ جو اوپر کی چھت پر ہو اور بول براز نیچے گرے۔ اور اور مہتر باہر سے صاف کرے۔

سَنڈاسا (ہ۔ مذکر) چمٹا۔ ظرف کو آگ پر سے اتارنے کا آلہ۔

سَنڈاسی۔ سَنڈسی (مونث) آگ پر سے گرم ظرف اتارنے کا آلہ۔ گرم لوہے کو پکڑنے کا آلہ۔

سِنڈی کیٹ (انگ۔ مذکر) منتظمان کی جماعت۔

سنسار (س۔ مذکر) ۱ عالم۔ دنیا ۲ انسان۔ مخلوق ۳ آواگون۔ تناسخ ۴ دنیاوی زندگی ۵ دنیاداری ۶ دنیا کا دھوکا۔

سنساری (صفت) ۱ دنیاوی ۲ دنیادار۔ گرہستی ۳ (مذکر) حیوان۔ انسان ۴ دنیادار آدمی ۵ کاروباری آدمی۔

سُنسان (ہ۔ صفت) دیکھو سُن کے تحت میں۔

سنستھان (س۔ مذکر) ۱ مجموعہ۔ جمعیت۔ ذخیرہ ۲ ڈھیر۔ تودہ۔ انبار ۳ مجمع۔ بھیڑ ۴ اصلی ذرات کا مجموعہ ۵ روپ۔ صورت ۶ شکل ۷ بناوٹ۔ خلقت ۸ رہنے کی جگہ۔ ہمسائگی۔ پڑوس ۹ چوراستہ۔ چوراہہ ۱۰ جگہ۔ مقام ۱۱ نشان۔ دھبہ ۱۲ بکھیرنا ۱۳ موت۔ مرنا۔

سنسر (انگ۔ مذکر) ۱ وہ جو کسی بات سے روکے۔ محتسب۔

سنسکار (س۔ مذکر) ۱ مکمل کرنا۔ ختم کرنا۔ پورا کرنا ۲ تکمیل۔ کمال۔ شستگی۔ لطافت ۳ مجموعہ۔ ضابطہ۔ قانون ۴ تعلیم ۵ گن۔ ہنر۔ جوہر۔ فضیلت ۶ خیال۔ تصور۔ بچار ۷ خاکہ۔ نقشہ ۸ شکل۔ صورت ۹ حافظے کی طاقت ۱۰ قوت۔ طاقت عادت ۱۱ اپنے آپ کو پیدا کرنے کی طاقت ۱۲ اثر۔ تاثیر ۱۳ سجاوٹ۔ آراستگی۔ زینت ۱۴ احترام۔ تقدیس ۱۵ پاکی۔ پاکیزگی۔ صفائی ۱۶ رسم جس سے پاک کیا جائے ۱۷ جنیو پہنانا ۱۸ کریا کرم ۱۹ شادی کی رسومات۔

سنسکرت (س۔ صفت) ۱ احتیاط سے بنا ہوا ۲ ساختہ۔ بناوٹی۔ مصنوعی ۳ مکمل کمال پر پہنچایا ہوا ۴ ریختہ۔ شستہ ۵ سجایا ہوا۔ مزین۔ آراستہ ۶ نہایت اعلےٰ۔ بہترین ۷ پاک کیا ہوا۔ پوتر ۸ صاف۔ ستھرا ۹ سکھایا ہوا۔ ملشدی شدہ ۱۰ (مذکر) ۱ زبان جس کو صحیح قواعد بہن صرفی و نحوی سے بنایا گیا ہو ۱۱ ریختہ یا شستہ زبان ۱۲ (مونث) ہندؤں کی پرانی مقدس زبان۔

سُنسنا (ہ۔ مذکر) ۱ ناک بند ہونا۔ زکام سے ناک میں بولنے کا کام۔

سُنسُنی (ہ۔ مونث) پھچھوندی

سنسی (ہ۔ مونث) وہ اوزار جس سے گرم دھات کو پکڑ کر آگ سے نکالتے اور اس پر ضرب لگاتے ہیں۔ (س۔ سنستک) سنسی سے زبان کھینچ لینا (لازم) ایک سزا زبان کو سنسی سے پکڑ کر منہ سے بالکل الگ کر دینا۔

سنشے (س۔ مذکر) ۱ شبہ۔ شک اشتباہ۔ احتمال۔ بے اعتباری۔ بے ثباتی ۲ جھجک۔ خوف۔ ڈر ۳ خطرہ۔ خدشہ۔ اندیشہ۔

سَنک (ہ۔ مونث) ۱ جنون۔ دیوانگی ۲ خفیف ہوا چلنا۔ سنک آنا (لازم) جنون اچھلنا یا ہونا۔ سنک لینا (متعدی) کوئی جنون کا کام اختیار کرنا۔

سَنک بَنکا (ہ۔ مونث) ۱ شک شبہ ۲ ڈر۔ خوف۔

مثل۔ سنکا ڈائن ہنسا بھوت وہم سے ڈر پیدا ہوتا ہے۔

سِنک (ہ۔ مونث) رینٹھ۔ ناک کی غلاظت۔

سنکار (س۔ مذکر) ۱ دھول۔ مٹی۔ خاک ۲ شعلے کی چٹخ۔

سنکار (ہ۔ امر) سنکارنا کا ۲ (مذکر) اشارہ سر یا آنکھ یا ہاتھ کا ۳ بلانے کی آواز **سنکار دینا۔ سنکارنا** (متعدی) ۱ اشارہ کرنا۔ آنکھ مارنا ۲ پیچھے لگانا۔ اکسانا ۳ بلانا ۴ پھنسانا۔

سنکارنا (ہ۔ متعدی) دیکھو سنکارنا۔

سنکٹ (س۔ صفت) ۱ سکڑا ہوا۔ تنگ ۲ بھرا ہوا ۳ بھرنا قابل گذر یا دخل ۴ (مذکر) تنگ رستہ۔ خاکنائے۔ درہ ۵ مشکل وقت ۶ رنج۔ غم ۷ درد۔ تکلیف ۸ بدقسمتی۔ مصیبت ۹ خطرہ۔ اندیشہ۔

سنکٹ (س۔ صفت) نزدیک۔ قریب۔ متصل۔

سنکر (س۔ مذکر) ۱ ملانا۔ مرکب کرنا ۲ خلط ملط ۳ ابتری۔ الجھیڑا ۴ بے قاعدہ میل۔ بے قاعدہ شادی۔ شادی جو ذات سے باہر ہو ۵ ذاتوں کا خلط ملط ۶ دوغلی ذات ۷ نیچ ذات جو مختلف ذاتوں کے خلط ملط سے پیدا ہو۔

سُنکر (ہ۔ مذکر) میوہ فروش۔ سنکران (مونث) ۱ میوہ فروش کی بیوی ۲ میوہ فروش عورت۔

سنکرانت (س۔ مونث) ۱ ملنا۔ میل جول ۲ گمانا۔ گذر ۳ سورج اور سیاروں کا ایک برج سے دوسرے برج میں جانا ۴ ایک ہندو تہوار کا نام۔

سنکڑ (ہ۔ امر) سنکڑنا کا۔

سنکڑا (امر) سنکڑنا کا ۲ ماضی سنکڑنا کا ۳ (صفت) سکڑا ہوا۔ تنگ۔ **سنکڑانا** (متعدی) سکیڑنا۔ تنگ کرنا۔ **سنکڑنا** (لازم) سکڑنا۔ تنگ ہونا۔ **سنکڑی** (مونث) سکیڑ۔ تنگی۔

سَنکل (ہ۔ مونث) زنجیر دیکھو سانکل۔ **سنکل تالا** (مذکر) قفل اور زنجیر۔ **سنکلی** (مونث) ۱ چھوٹی زنجیر ۲ چاندی کی زنجیر جو عورتیں پاؤں میں پہنتی ہیں۔

سَنکل (س۔ مذکر) ۱ مجموعہ ۲ ڈھیر ۳ تعداد ۴ (حساب) جمع۔

سنکلپ (س۔ مذکر) ۱ خواہش۔ آرزو ۲ دل۔ خیال۔ دھیان۔ تصور ۳ ارادہ۔ قصد۔ عزم ۴ کسی رسم یا کام کے کرنے کا عہد ۵ زبانی وقف۔ خیراتی کام کے لئے چندہ۔

سنکلپ کرنا۔ سنکلپنا (متعدی) ۱ عہد کرنا۔ قسم کھانا ۲ ارادہ کرنا ۳ کسی کے نام کر دینا۔ دے ڈالنا۔ ہبہ کرنا ۴ پن کرنا۔ **سنکلپ نامہ** (مذکر) دان پتر۔ موجب ہبہ کے۔

سَنکنا (ہ۔ لازم) ۱ ہوا کا سرسرانا۔ خفیف ہوا چلنا ۲ سر میں چکر آنا ۳ سر پھرنا ۴ پاگل ہونا۔ سڑی ہونا۔

سِنکنا (ہ۔ متعدی) ناک صاف کرنا۔ ناک سے رینٹھ نکالنا۔

سِنکنا (ہ۔ لازم) سینکنا کا۔

سُنکو (ہ۔ صفت) جو سن گن لینے والی (عورت) چھپ کر بات سننے والی۔

سِنکوانا (ہ۔ مم) سینکنا کا۔

سنکوچ (س۔ مذکر) ۱ اکٹھا ہونا۔ سکڑنا ۲ سکیڑ ۳ ڈرنا۔ گھبرانا ۴ ڈر۔ خوف ۵ حجاب۔ لحاظ۔ شرم ۶ خاندان کی عزت ۷ خلاصہ۔ اختصار ۸ تنگی۔ کمی ۹ بند کرنا ۱۰ ایک قسم کی مچھلی ۱۱ زعفران۔ **سنکوچنا** (لازم) ۱ سکڑنا ۲ (متعدی) سکیڑنا ۳ شرمندہ کرنا۔

جھنجھنانا۔

سنکونا (انگ۔ مذکر) ۱۔ امریکہ کا ایک درخت جس میں سے کونین نکلتی ہے ۲۔ پکی کونین جو اس درخت سے نکلتی ہے۔

سنکھ (ہ۔ مذکر) ۱۔ ناقوس بڑی کوڑی جو ہندو دیوتاؤں کے آگے بجاتے ہیں ۲۔ ایک بڑا عدد جس کے ساتھ ۱۷ صفر ہوتے ہیں ۳۔ سادہ بھولا (بجانا۔ بجنا کبھانا) سنکھ پھکنا (لازم) پھونکنا (متعدی) سنکھ بجانا۔

امثال سنکھ باجے

سنکھ بلا بھاجے (ہ) ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ سنکھ کی آواز سے بلائیں بھاگ جاتی ہیں۔

سنکھ بجاؤ سو وساد ھو جو سکھ پاوے کا۔ آدمی جس بات کا عادی ہو جائے اس کے بغیر نیند نہیں آتی۔

سنکھنی (ہ۔ مونث) عورت کی چار قسموں میں سے ایک جسکا قد اور بال لمبے آنکھیں بڑی بڑی۔ اوسط بدن اور خوبصورت ہوتی ہے۔

سنکھیا (ہ۔ مونث) ۱۔ ایک قسم کا زہر۔ ہڑتال۔ سم الفار ۲۔ وہ چیز جو قاتل ہے۔ سنکھیا زرد۔ سرخ۔ سفید یا سیاہ (مونث) سنکھیا کی مختلف قسمیں۔

سنکیت (س۔ مذکر) ۱۔ نشان۔ علامت۔ آثار ۲۔ اشارہ۔ حرکت جسمانی ۳۔ معاہدہ۔ اقرار ۴۔ ملنے کا وعدہ ۵۔ شرط۔ قرار۔

سنکیت کرنا (متعدی) اتفاق کرنا۔ اقرار کرنا۔

سنکیرتن (س۔ مذکر) ۱۔ بہت تعریف کرنا۔ حمد کرنا۔ ستائش کرنا۔ سراہنا ۲۔ حمد۔ ستائش۔ تعریف۔ ثنا۔ استوتی۔

سنگ (ف۔ مذکر) پتھر۔ حجر۔ چٹان۔ سنگ آتش (مذکر) چقماق۔ سنگ آسا (صفت) پتھر کی طرح مضبوط۔ سنگ آستان یا آستانہ (مذکر) گھر کی دہلیز۔ سنگ آسیا (مذکر) چکی کا پتھر۔ سنگ آہن رُبا (مذکر) مقناطیس۔ سنگ احمر (مذکر) ایک سرخ رنگ کا زہریلا پتھر۔ سنگ اسود (مذکر) حجراسود۔ سنگ اطفال (مذکر) وہ پتھر جو بچے پاگلوں کو مارتے ہیں۔ سنگ افگن یا انداز (صفت) ۱۔ پتھر پھینکنے والا ۲۔ قلعہ میں سوراخ ۳۔ شرابی۔ مدہوش۔ سنگانا (مذکر) خوشی ۵۔ پیاس ۶۔ ایک تہوار جو شعبان کے آخیر میں آتا ہے۔ سنگ اندازی (مونث) پتھر پھینکنا۔ سنگ بار (صفت) ۱۔ پتھر پھینکنے والا ۲۔ (مذکر) پتھریلی زمین۔ سنگ باراں (مذکر) پتھروں کی بوچھاڑ۔ سنگباری (مونث) ۱۔ پتھر۔ جڑنا ۲۔ پتھریلی زمین۔ سنگ بصری (مذکر) ایک قسم کا سفید پتھر جو بصرے میں ملتا ہے۔ سنگ بے نون (مذکر) (مزاحیہ) کتّا۔ سنگ پا (مذکر) وہ پتھر جس سے پاؤں کا میل صاف کرتے ہیں۔ سنگ پشت (مذکر) کچھوا۔ سنگ ترازو (مذکر) ترازو کا باٹ۔ سنگ تراش (مذکر) پتھر کا کام بنانے والا۔ پتھر کاٹنے والا۔ سنگ تراشی (مونث) پتھر کاٹنے کا پیشہ۔ بت تراشی۔ سنگ تربت (مذکر) وہ پتھر جو قبر پر لگایا جائے۔ سنگ تفنگ (مذکر) توڑے دار بندوق کا پتھر۔ سنگ جراحت (مذکر) ایک قسم کا پتھر جس کو پیس کر چھڑکنے سے خون بند ہو جاتا ہے۔ سنگ جہنم (مذکر) ایک قسم کا کاسٹک سوڈا۔ سنگ چٹانا (متعدی) پتھر پر رگڑ کر دھار تیز کرنا۔ سنگ چقماق (مذکر) وہ پتھر جس پر چوٹ لگانے سے آگ نکلتی ہے۔ سنگ حوادث (مذکر) حادثات سے سنگ کا استعمال کرتے ہیں۔ سنگ حینی (مذکر) ایک قسم کا پتھر۔ سنگ حمام (مذکر) ایک پتھر جو کبوتر کے پوٹے میں سے نکلتا ہے۔ سنگ خارا یا خارہ (مذکر) ایک قسم کا پتھر جو بہت سخت اور نیلگوں ہوتا ہے۔ سنگ خروس (مذکر) ایک پتھر جو مرغ کے پہلو میں سے نکلتا ہے۔ اور جو دواؤں میں پڑتا ہے۔ سنگ خوار (مذکر) ۱۔ شتر مرغ ۲۔ ایک قسم کا عقاب ۳۔ ایک پرند جسے قطعے بھی کہتے ہیں ۴۔ بگلا۔ سنگدان (مذکر) پرند کا پوٹا۔ سنگدانہ (مذکر) ۱۔ پرند کا پوٹا ۲۔ ایک اناج ۳۔ کمہار کا کارخانہ ۵۔ بتکدہ ۶۔ بت تراش۔ سنگ دل (صفت) بیرحم۔ ظالم۔ جفاکار۔ سنگدلی (مونث) بیرحمی۔ جفاکاری۔ ظلم۔ سنگ راہ (مذکر) ۱۔ وہ پتھر جو رستے میں پڑا ہوا ور آنے جانے والوں کو اس سے تکلیف ہو ۲۔ مزاحم۔ سدراہ۔ مانع۔ سنگ ریزہ (مذکر) کنکر۔ سنگسار (مذکر) ۱۔ پتھر مار کر مار ڈالنا ۲۔ ایک قسم کی سزا مسلمانوں میں۔ زانی یا زانیہ کو نصف زمین میں گاڑ کر پتھروں سے مار ڈالتے تھے (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۳۔ (صفت) پتھر مارنے والا۔ سنگساری (مونث) پتھر مار کر مار ڈالنا۔ سنگسار ۲۔ سنگ ساز (مذکر) ۱۔ وہ شخص جو چھاپے کے پتھر کو درست کرتا اور اس کی غلطیاں بناتا ہے۔ سنگ ستارا (مذکر) ایک قسم کا پتھر جس میں چھوٹے چھوٹے ستارے چمکتے ہیں۔ سنگستان (مذکر) پتھریلا ملک۔ سنگ سرخ (مذکر) ایک قسم کا سرخ پتھر جو ہندوستان میں پایا جاتا ہے۔ سنگ سرمہ (مذکر) سیاہ پتھر جس کا سرمہ بنتا ہے۔ سنگ سگ (مذکر) وہ پتھر جو دیوانے کتے نے منہ میں پکڑا ہو۔ کہتے ہیں کہ یہ جس گھر میں رکھ دیا جائے وہاں لڑائی پیدا کرتا ہے۔ سنگ سلیمانی (مذکر) ایک قسم کا پتھر جو دو رنگ کا ہوتا ہے۔ سیاہ و سفید۔ جس کی تسبیح وو دولتیں اکثر گلے میں پہنتے ہیں۔ سنگ سماق (مذکر) ایک قسم کا پتھر۔ سنگ سودا (مذکر) جھانواں پتھر۔ سنگ سیاہ (مذکر) سیاہ پتھر۔ حجر اسود۔ سنگ سیاہ کرنا (متعدی) مار ڈالنا۔ سنگ شجری (مذکر) مرجان عقیق۔ سنگ شوئی (مونث) چاول پکانے سے پہلے دھو کر کنکریاں وغیرہ نکالنا۔ سنگ شیر (مذکر) ایک پتھر جسے پیس کر پانی میں ملانے سے دودھ سا بن جاتا ہے۔ سنگ شیشہ (مذکر) وہ پتھر جو شیشے میں آ جاتا ہے۔ سنگ صنم (مذکر) ایک پتھر جس کے بت بنتے ہیں۔ سنگ طفلاں (مذکر) پتھر جو بچے دیوانوں پر پھینکتے ہیں۔ سنگ فال (مذکر) فال نکالنے کا پتھر۔ سنگ فرسا (صفت) پتھروں کو گھسانے والا۔ سُم کی تعریف۔ سنگ فرش (مذکر) پتھر کا فرش۔ سنگ فساں (مذکر) وہ پتھر جس پر چاقو وغیرہ کے تیز کرتے ہیں۔ سان۔ سنگ قالین (مذکر) وہ پتھر جو قالین کے کناروں پر رکھ دیتے ہیں۔ سنگ قبطی (مذکر) سنجی۔ کھار۔ سنگ قمر (مذکر) چندرکانت۔ بجر القمر۔ سنگ قناعت (مذکر) وہ پتھر جو بھوک کی تکلیف سے بچنے کے لئے پیٹ پر باندھتے ہیں۔ سنگلاخ (مذکر) ۱۔ پتھریلی زمین۔ پہاڑی علاقہ ۲۔ (صفت) مشکل۔ دشوار۔ سنگ لرزاں

(مذکر) ایک قسم کا پتھر جو ہلانے سے لرزتا ہے۔
سنگ لوح (مذکر) ۱۔ لوح مزار۔ وہ پتھر جس پر مردے کا نام۔ تاریخ وغیرہ لکھ کر مردے کے سرہانے لگا دیتے ہیں ۲۔ قبر کا تعویذ۔ **سنگ ماہی** (مذکر) ایک سفید پتھر جو مچھلی کے سر سے نکلتا ہے۔ **سنگ مثانہ** (مذکر) پتھری جو انسان کے گردے میں پیدا ہو جاتی ہے۔ **سنگ محتسب** (مذکر) وہ پتھر جس سے کوتوال شراب کی بوتلیں توڑتا ہے۔ **سنگ مردار** (مذکر) مردہ سنگ۔ **سنگ مرمر** (مذکر) ایک قسم کا سفید پتھر جو عمارتوں میں لگتا ہے۔ **سنگ مزار** (مذکر) سنگ لوح۔ **سنگ مقصود** (مذکر) ۱۔ ایک قسم کا پتھر ۲۔ مقصد کا استعارہ شک سے کرتے ہیں۔ **سنگ مقناطیس** (مذکر) ایک پتھر جو لوہے کو کھینچتا ہے۔ **سنگ موسیٰ** (مذکر) ایک قسم کا سیاہ پتھر۔ **سنگ میزان** (مذکر) پتھر کا باٹ۔ **سنگ نشان** (مذکر) وہ پتھر جو راستوں پر منزل کا فاصلہ سمجھنے کے لئے لگا دیتے ہیں۔ **سنگ نور** (مذکر) ایک قسم کا پتھر۔ **سنگی** (صفت) پتھر کا۔ **سنگ یشب** (مذکر) ایک قسم کا سبزی مائل قیمتی پتھر۔ **سنگ یمن** (مذکر) عقیق۔ **سنگین** (صفت) ۱۔ پتھر کا۔ پتھر کا بنا ہوا ۲۔ سخت ۳۔ بھاری ۴۔ دیرپا۔ مضبوط ۵۔ (مونث) ایک نوکدار ہتھیار جو بندوق پر چڑھایا جاتا ہے۔ **سنگین اتارنا** (متعدی) اترنا (لازم) سنگین بندوق سے علیحدہ کرنا۔ **سنگین جرم** (مذکر) وہ جرم جو سخت سزا کے قابل ہو۔ **سنگین چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) سنگین کا بندوق پر نصب کیا جانا۔ **سنگین دل** (صفت) سخت دل۔ سنگ دل۔ **سنگین دلی** (مونث) سنگدلی۔ بے رحمی۔ **سنگینی** (مونث) ۱۔ مضبوطی۔ سختی۔ گرانی ۲۔ ٹھوس پن۔ گاڑھاپن۔ **سنگ یہود** (مذکر) ایک قسم کا پتھر جو دوائیوں میں کام آتا ہے۔

مثل۔ سنگ آمد و سخت آمد۔ اس وقت بولتے ہیں۔ جب کوئی کام مجبوراً کرنا پڑے۔

سنگ (ہ۔ مذکر) ۱۔ ساتھ۔ رفاقت ۲۔ (نف) ہمراہ۔ اکٹھے۔ ساتھ۔ **سنگاتی** (صفت) رفیق۔ ساتھی۔ **سنگ ہماتی** (ھ) ساتھی۔ ہمراہی۔ رفیق۔ دوست۔ **سنگ جانا** (لازم) ہمراہ جانا۔ **سنگ چھوڑنا** (متعدی) ساتھ چھوڑ دینا۔ رفاقت چھوڑ دینا۔ **سنگ ساتھ** (مذکر) رفاقت۔ محبت۔ **سنگ کرنا** (متعدی) ۱۔ ساتھ ہونا۔ ہمراہ ہونا ۲۔ رفاقت کرنا۔ میل جول رکھنا۔ **سنگ لگ لینا** (متعدی) ۱۔ ہمراہ ہونا۔ خواہ مخواہ ساتھ ہو جانا ۲۔ پیچھا کرنا۔ **سنگ لینا** (متعدی) ہمراہ لینا۔ **سنگ والا** (مذکر) ہمراہی۔ رفیق۔ **سنگ ہونا** (لازم) ہمراہ ہونا۔ ساتھ ہونا۔

مثل۔ سنگ سوئی تو لاج گیا۔ ہمراہ سونے کے بعد کونسی شرم رہ جاتی ہے اس وقت کہتے ہیں جب کوئی بیجا طور پر شرمائے۔

سنگ (ہ۔ مذکر) ۱۔ سنگ کا مخفف۔ اردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا ۲۔ (ھ) سنگھ کا مخفف۔ **سنگوٹی** (مونث) ۱۔ سینگ ۲۔ وہ غلاف یا خول جو بیلوں کے سینگوں پر خوبصورتی کے بعد چڑھاتے ہیں ۳۔ گائے یا ہرن کا چھوٹا سینگ ۴۔ ہرن کے سینگوں کا بنا ہوا ہتھیار جس سے پٹے باز کھیلتے ہیں ۵۔ پالش کرنے کا ایک اوزار جو سینگ کا بنا ہوتا ہے ۶۔ جوتے کا قالب یا کالبد ۷۔ ایک مویشی کی فروخت پر ایک محصول۔ **سنگوٹی محال** (مذکر) آخری عشر۔ **سنگوڑی** (مونث) وہ شام جو سینگ پر چڑھاتے ہیں۔

سنگا (ھ۔ مذکر) ساتھ۔ سنگ (صف)

سنگا (ھ۔ مذکر) وہ سینگ جو بجاتے ہیں۔ نرسنگا۔

سنگار (ہ۔ مذکر) ۱۔ آرائش۔ زیب و زینت ۲۔ آراستگی ۳۔ زیور لباس وغیرہ پہننا۔ کنگھی چوٹی کرنا ۴۔ آرائش کا سامان۔ ہندوؤں میں سولہ سنگار گنے جاتے ہیں ۱۔ دنتن ۲۔ منجن ۳۔ ابٹن ۴۔ الجن ۵۔ سیندور ۶۔ کیسر ۷۔ نیل ۸۔ مہندی ۹۔ اٹا ۱۰۔ پان ۱۱۔ پھول ۱۲۔ بندی ۱۳۔ تیل ۱۴۔ کنگھی ۱۵۔ مسی ۱۶۔ رنگی ۷۔ (ھ) محبت۔ شہوت ۸۔ (ھ) جماع۔ محبت (س شرنگار) **سنگار آئینہ** (مذکر) سنگار کرنے کا آئینہ۔ **سنگار پٹار** (ھ۔ مذکر) **سنگار دان** (مذکر) وہ ظرف جس میں عورتیں سنگار کا سامان رکھتی ہیں۔ **سنگار میز** (مذکر) وہ میز جس پر سامان آرائش رہتا ہے اور درمیان میں بڑا آئینہ لگا ہوا ہوتا ہے۔ **سنگار کرنا** (متعدی) آرائش کرنا۔ بننا۔ سنورنا۔ **سنگارنا** (متعدی) ۱۔ آرائش کرنا۔ سنوارنا ۲۔ پوشاک و زیور پہنانا ۳۔ آراستہ کرنا۔ **سنگار بار** (مذکر) دیکھو ہر سنگار۔ **سنگاریا** (مذکر) وہ شخص جو بت کو پوشاک وغیرہ پہنائے۔

سنگاسن (ھ۔ مذکر) دیکھو سنگھاسن۔

سنگت (ھ۔ مونث) ۱۔ رنڈی کے سازندے ۲۔ گویے کے سازندے ۳۔ مرثیہ خوان اور گویے کے ساتھ آواز ملانے والے ۴۔ ہم صحبت۔ ہم جلیس (س سنگت)۔ **سنگت ہونا** (لازم) میل جول ہونا۔ **سنگتی** (مذکر) **سنگتیا** ۱۔ رفیق۔ ساتھی ۲۔ رنڈیوں کا ساتھی۔

امثال و اقوال۔ سنگت

اچھی بیٹھئے کھائیے ناگر پان۔ کھوٹی سنگت بیٹھ کے کٹتے ناک اور کان۔ نیکوں کے پاس بیٹھنا چاہئے اور ناگر پان کھانا چاہئے۔ بری صحبت میں بے عزتی ہوتی ہے۔ **سنگت کا پرچھاؤ ہے۔** صحبت کا اثر ہوتا ہے۔ **سنگت کسنگت اکیلے بھلے** (عف) برے ساتھی سے تنہائی بھلی۔ **سنگت کی پھوٹ کا اللہ بیلی۔** آپس کی نااتفاقی بہت بری ہوتی ہے۔ **سنگت سے پھل ہووت ہے۔ وہی تل وہی تیل جانت بات سب چھوڑ کے پایا نام پھلیل۔** صحبت کا اثر ہوتا ہے۔ تیل پھولوں کے ساتھ مل کر پھلیل ہو جاتا ہے۔

سنگت (س۔ مونث) ۱۔ ملاقات۔ درشن۔ ملاپ ۲۔ میل جول۔ راہ و رسم۔ راہ و ربط ۳۔ اجماع۔ صحبت ۴۔ جماعت۔ سبھا۔ انجمن ۵۔ مناسبت۔ موزونیت۔ لیاقت ۶۔ جانا۔ ملنا۔ آمد و رفت رکھنا ۷۔ اتفاقیہ ملاقات ۸۔ اتفاقاً واقعہ ہونا ۹۔ اتفاق۔ حادثہ۔ وقوع ۱۰۔ سوال۔ جرح ۱۱۔ وہ جگہ جہاں سکھ مذہبی رسوم ادا کریں۔ گوردوارہ ۱۲۔ پوجا پاٹ کی جگہ۔ مندر۔ شوالہ ۱۳۔ دھرم سالہ۔ استھان۔ مٹھ۔ سوما ۱۴۔ سازندے وغیرہ۔ **سنگت کرنا** (متعدی) میل جول رکھنا۔ ہم صحبت ہونا۔

سنگتہ (ف۔ مذکر) نارنگی۔

رنگترا۔

سَنگَرات (۔ مذکر) کانٹوں کی باڑ جو کھیت یا باغ کے گرد بناتے ہیں ۲ دیوار جو لڑائی کے موقع پر بنا لیتے ہیں ۳ دمدمہ۔ مورچہ ۴ کھائی۔ خندق۔

سَنگَر (س۔ مذکر) ۱ رضامندی۔ مرضی۔ رضا ۲ وعدہ۔ عہد۔ قرار ۳ سودا۔ کفایت ۴ علم ۵ آفت۔ مصیبت۔ بلا ۶ زہر ۷ لڑائی۔ جنگ ۸ کھائی۔ خندق ۹ درخت شمی کا پھل۔

سِنگَر (انگ۔ صفت) گانے والا۔ گویا۔

سَنگرام (س۔ مذکر) لڑائی۔ جنگ۔

سنگرام بھومی (مونث) میدان جنگ۔

سَنگَرنا (ھ۔ لازم) سنگار کا۔ سنگار جانا۔ آراستہ ہونا۔ بننا۔ سنورنا۔

سَنگَرہ (س۔ مذکر) ۱ لینا قبضہ کرنا ۲ پکڑنا۔ تھامنا ۳ مٹھی زور سے بند کرنا ۴ رضامندی۔ مرضی ۵ اجازت۔ دافلہ ۶ ملاقات ۷ حفاظت کرنا۔ حفاظت ۸ اکٹھا کرنا۔ انصال۔ میل ۹ مجموعہ۔ قانون کی کتاب ۱۰ خلاصہ۔ انتخاب ۱۱ میزان۔ کل ۱۲ روکنا۔ قابو کرنا۔ حکومت کرنا ۱۳ کوشش۔ محنت۔ جدوجہد ۱۴ بتانا۔ ظاہر کرنا ۱۵ بڑائی ۱۶ بلندی۔ اونچائی **سنگرہ کرنا یا کرنے یا را** (مذکر) ۱ پکڑنے والا ۲ جمع کرنے والا۔ جامع وغیرہ۔ **سنگرہن** (مذکر) لینا۔ قبضہ کرنا ۲ پکڑنا۔ تھامنا ۳ ماننا۔ تسلیم کرنا ۴ جماع۔ صحبت۔ زنا ۵ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا ۶ ملانا۔ مرکب کرنا ۷ امید کرنا۔ امید ۸ جڑنا۔ مغبت کاری کرنا

سنگرہنی (مونث) ۱ انتڑیوں کی بے قاعدہ حالت ۲ (؟) قبض اور پیچش۔ مروڑ دست آنا ۳ تشنج۔ اینٹھن۔

سَنگَرہی (س۔ مذکر) جمع کرنے والا شخص۔ جامع۔

سنگرہیت (س۔ اسم فاعل) ۱ لیا ہوا۔ قبول کیا ہوا۔ عطا کیا ہوا۔ دیا ہوا ۲ اکٹھا کیا ہوا۔ جمع کیا ہوا۔

سَنگَری (س۔ مذکر) ہم وطن۔

سَنگَڑا (ھ۔ مذکر) بندوق کا پیالہ **سینگڑی** (مونث) چھوٹا پیالہ بندوق

سِنگَل (انگ۔ مذکر) ۱ دیکھو سگنل ۲ (صفت) اکیلا ۳ مجرد **سِنگل۔ بریسٹڈ** (صفت) وہ اوورکوٹ یا واسکٹ جو سینے پر اکہری ہو۔

سَنگلدیپ۔ سَنگلدیپ

(ھ۔ مذکر) لنکا

سَنگَم (س۔ مذکر) ۱ اکٹھا ہونا ملنا ۲ ملاقات۔ مٹھ بھیڑ ۳ قران۔ لگن۔ سنجوگ ۴ انصال دو دریاؤں کا یا دریا کا سمندر کے ساتھ جو پوتر سمجھا جاتا ہے ۵ لمس۔ چھوت۔ لگاؤ۔ مس ۶ جماع۔ صحبت ۷ میل۔ جول۔ راہ رسم۔ محبت ۸ موزونیت۔ مناسبت ۹ مرکب ۱۰ نقطۂ تقاطع۔ وہ جگہ جہاں دو خطوط ایک دوسرے کو کاٹیں ۱۱ ایک باقاعدہ سلسلہ **سنگم کرنا۔** (ھ۔ لازم) ملنا۔ مٹھ بھیڑ ہونا وغیرہ۔

سُنگُن (س۔ مونث) ۱ بو۔ ۲ خفیہ اطلاع۔ ریخ کی خبر ۳ جاسوسی کرنا۔ تاڑنا ۴ ملاحظہ۔ معائنہ **سنگن لینا** (متعدی) ۱ خفیہ اطلاع حاصل کرنا ۲ جاسوسی کرنا ۳ معائنہ یا ملاحظہ کرنا۔

سَنگوالینا۔ سَنگوانا

(ھ۔ متعدی) ۱ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا ۲ ملانا۔ ملاقات کرانا ۳ ترتیب دینا۔ سلیقے سے لگانا ۴ حاصل کرنا۔ لینا ۵ پکڑنا ۶ قبضہ لینا ۷ مار ڈالنا۔ قتل کرنا۔

سِنگوانا (ھ۔ متعدی) مویشی مسروقہ کی شناخت کروانا۔

سَنگورنا (ھ۔ متعدی)۔ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔

سَنگھ (س۔ مذکر)۔ مجمع۔ اجتماع۔ ذخیرہ۔ جمعیت۔ مجموعہ ۲ بھیڑ۔ گروہ۔ ہجوم۔ انبوہ۔ ٹھٹ ۳ ڈھیر۔ کثرت۔ انبار۔ تودہ۔ اٹالہ۔ افراط ۴ سوسائٹی۔ کمپنی۔ لوگوں کا گروہ جو خاص مطلب کے لئے اکٹھا ہے ۵ قربہ۔ مجلس۔ سبھا

سِنگھ (ھ۔ مذکر) ۱ شیر۔ باگھ ۲ پانچواں برج ۳ بہادر شخص۔ شجاع۔ سورما۔ بیر ۴ دیوی کی گاڑی ۵ سکھوں اور راجپوتوں کے نام کا آخری حصہ ۶ (صفت) نہایت بھلا۔ بہترین مرکبات کے آخیر میں۔

سِنگھاسَن (مذکر) تخت۔ کیونکہ اس کے اکثر سونے کے شیر اٹھائے ہوئے ہوتے ہیں۔ **سنگھ پور۔ پول یا دوار** (مذکر) محل کا بڑا دروازہ جس پر شیر بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ اچھا دروازہ۔ پھاٹک۔ در۔ **سنگھوجی** (مذکر) ۱ چھتریوں کا خطاب ۲ اکڑ باز خان۔ **سنگھ کیسر** (مذکر) ۱ شیر کے ایال ۲ مولسری۔ **سنگھ ناد** (مذکر) شیر کی دھاڑ یا گرج **سنگھنی** (مونث) ۱ شیرنی ۲ سکھ عورت۔ سکھ کی بیوی۔

امثال و اقوال۔ سنگھ پرائے دیس میں نت ماریں نت کھائیں۔ زبردست لوگ دوسرے ملکوں میں جا کر لوٹ مار کر کھاتے ہیں۔ **سنگھ چڑھی دیوی ملے۔ گرڑ چڑھے بھگوان۔ بیل چڑھے شوجی نکیں اڑے سنوارے کام۔** اس دوہرے میں دیوتاؤں کی سواریوں کا ذکر ہے۔ اور مذہبی تیوہاروں میں اکثر دیوتا بن کر ان جانوروں پر چڑھ کر نکلتے ہیں۔ اگر ان میں سے کوئی کسی شخص کو رستے میں کسی کام جاتے ہوئے مل جائے تو بڑا مبارک سمجھا جاتا ہے۔ **سنگھ سے سربر کرے سیار۔** گیدڑ شیر کا مقابلہ کرے۔ نہایت عجیب بات ہے۔

سَنگھاتَن (ھ۔ مونث) سہیلی۔ ہمجولی۔ سکھی۔

سَنگھاتی (ھ۔ مذکر) ۱ ہمراہی۔ ساتھی۔ دوست۔ ہم مجلس ۲ مددگار۔ امدادی۔ معاون ۳ شریک۔

سنگھاڑکا (س۔ مونث) رنڈی۔ طوائف۔

سَنگھار (ھ۔ مذکر) ۱ دباؤ۔ بھنچاؤ ۲ اختصار۔ خلاصہ ۳ مکمل حلیہ ۴ مشق۔ مہلت ۵ روک۔ مزاحمت ۶ چھپانا۔ خفیہ رکھنا ۷ قتل کرنا۔ مار ڈالنا ۸ قتل۔ خونریزی۔ گھمسان ۹ تباہی۔ بربادی۔

غارت ۱۱ ایک کلپ کے بعد دنیا کی تباہی۔ قیامت۔ ۱۲ نرک کے ایک حصے کا نام ۱۳ (صفت) جسے قتل کیا یا مار ڈالا جائے۔

سنگھارنا (متعدی) ۱ مار ڈالنا۔ قتل کر دینا ۲ غائب کر دینا۔ اڑا لینا ۳ کھا جانا۔ ہضم کر لینا۔

سِنگھاڑ (ھ) **سِنگھاڑا** (ھ۔ مذکر) ۱ ایک آبی پودہ ۲ اسکا پھل جسے کچا یا اُبال کر کھاتے ہیں ۳ ایک قسم کی مٹھائی ۴ رومال یا شال جسے مخالف کناروں سے دوہرا کیا ہو ۵ مثلث کی شکل جو ریشم یا دھاگے سے کپڑوں پر بنائی جاتی ہے ۶ کوئی مثلث چیز۔ (س شرنگاٹک)۔

سِنگھاڑیا (ھ۔ مذکر) سینگ دار جانور۔ بیل۔ گائے۔ جینیچ کہاروں کی اصطلاح۔

سُنگھانا (ھ۔ م) سونگھنا کا۔

سُنگھاوٹ۔ سُنگھائی (ھ۔ مونث) خوشبو۔ مشام۔ مہک۔ سگندھ۔

سَنگھٹّ (س۔ مذکر) ۱ ایک دوسرے پر رگڑنا ۲ رگڑ۔ گھساؤ ۳ ٹکر کھانا۔ ٹکر لگانا ۴ ٹکر۔ تصادم ۵ معرکہ۔ مجادلہ۔ لڑائی۔ جنگ ۶ ملانا۔ جوڑنا ۷ میل۔ جوڑ۔ اتصال۔ چھوت ۸ بغلگیر ہونا ۹ بغلگیری ۱۰ پہلوانوں کا گتھ جانا ۱۱ بھڑوا۔ دلال۔

سَنگھر (ھ۔ مذکر) خندق۔ کھائی۔

سَنگھرش۔ سنگھرشن (س۔ مذکر) ۱ رگڑ۔ گھساؤ ۲ پسائی۔ سفوف سازی ۳ ٹکر۔ تصادم ۴ رقابت۔ ہمسری ۵ رشک۔ ریس ۶ آہستہ سے جانا۔ ہلکی اور تیز چال۔ بہاؤ۔ **سنگھرشی** (مذکر) رقیب۔ ہمسر۔

سنگھیا (ھ۔ مذکر) سنگی۔ ساتھی۔ ہمراہی۔ دوست۔

سَنگی (س۔ صفت) ۱ ملنے والا ۲ ہمراہ ۳ ہم پیالہ ۴ متعلقدار۔ ملا ہوا ۵ (مذکر) ساتھی۔ ہمراہی۔ دوست۔ آشنا۔ یار۔ ہمنشین ۶ مددگار۔ معاون۔ امدادی۔ ۷ شریک (ت گم) ۸ شائق۔ شیفتہ۔ فریفتہ ۹ متوجہ۔ سرگرم۔ تندہ ۱۰ محبت یا خواہش سے بھرا ہوا ۱۱ شوقی۔ پُرشہوت۔ (سنج)

سَنگی (ھ۔ مونث) ایک قسم کا ریشمی در سوتی۔ [illegible] کی دار [illegible]

سِنگی ([illegible]۔ مونث) سینگی۔

سَنگیا (ھ۔ مونث) [illegible] قسم [illegible] [illegible] محاورہ۔

تشبیہ وغیرہ۔

سِنگیا (ھ۔ مذکر) سنکھیا۔ زہر۔

سَنگیت (س۔ مذکر) ۱ وہ گانا جو بہت آدمی مل کر گائیں۔ انترا۔ کھتال ۲ تماشا جس میں گانا باجا اور ناچ ہو ۳ گانے کا ہنر ساز اور ناچ کے ساتھ۔

سَنلاپ (س۔ مذکر) دوستانہ گفتگو۔ بات چیت۔

سَنمان (ھ۔ مذکر) ۱ ماپ۔ پیمانہ۔ اندازہ (سما) ۲ عزت۔ حرمت۔ تعظیم۔ تکریم۔ توقیر۔ آدر۔ مان ۳ وقعت۔ پاس۔ لحاظ۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **سنمانا** (متعدی) سنمان کرنا۔

سَنمِتّر (ھ۔ مذکر) مخلص یا سچا دوست۔ دوست صادق۔

سَنمُکھ (ھ۔ صفت) ۱ سر مکھ۔ مقابل۔ روبرو (لڑنا ہونا کے ساتھ) اب اردو میں متروک ہے ۲ (تف) موجودگی میں۔ سامنے **سنمکھ کا** (صفت) مقابل۔ مخالف **سنمکھ کرنا** (متعدی) مقابل کرنا۔ روبرو کرنا **سنمکھ والا** (صفت) مخالف۔ مقابل۔

سُنَن (ع۔ مذکر) سُنّت کی جمع۔

سَننا (ھ۔ لازم) سانناکا ۱ بھرنا۔ ڈالنا ۲ دھبہ لگنا۔ داغ لگنا ۳ گندھنا۔ گوندھا جانا آٹے وغیرہ کا۔

سَنوات (ع۔ جمع) سنہ کی ۱ سالہا ۲ پرانے روپے جو کم قیمت پر چلیں۔

سَنواد (س۔ مذکر) ۱ گفتگو۔ بات چیت ۲ اطلاع۔ خبر ۳ تاریخ۔ قصہ۔ کہانی ۴ خبروں کا پہنچانا۔ خبر رسانی ۵ رضامندی۔ رضا۔ مرضی ۶ مطابقت۔ یکسانی۔

سَنوار (ھ۔ امر) ۱ سنوارنا کا ۲ (مونث) تیاری۔ ترتیب ۳ درستی۔ اصلاح ۴ سجاوٹ۔ آرائش

سنوارنا (متعدی) (س سم اکٹھا۔ ور) ۱ درستی کرنا ۲ ترتیب سے لگانا ۳ آراستہ کرنا ۴ مہذب بنانا۔

سُنُوح (ع۔ مذکر) ۱ واقعہ ہونا۔ ظاہر ہونا ۲ پیش کرنا [illegible] آپ [illegible] واقعہ (سنح۔ ایک پہلو پیش کرنا)۔

سُنُوخ (ع۔ مذکر) ۱ پکا ہونا ۲ علم میں پختہ ہونا ۳ مضبوطی۔ پختگی ۴ استقلال۔ ثابت قدمی۔ (سنخ۔ مضبوط ہونا)۔

سَنُود (ف۔ مذکر) دل کو کسی فضول کام پر لگانا۔

سُنُود (ع۔ مذکر) ۱ سہارا دیا جانا ۲ کسی چیز کا سہارا لینا۔

سَنوَر (ھ۔ امر) سنورنا کا **سنورنا** (لازم) سنوارنا کا ۱ درست ہونا ۲ ترتیب سے لگنا ۳ آراستہ ہونا ۴ مہذب ۵ لائق ۶ اچھی حالت میں ہونا ۷ بحال ہونا ۸ مضبوط ہونا۔ مستحکم ہونا۔

سَنّور (ع۔ مذکر) زرہ۔

سِنّور (ع۔ مذکر) ۱ شاہزادہ۔ رئیس ۲ خاندان کا سردار ۳ گردن کی ہڈی ۴ بلی۔

سَنوَر (س۔ مذکر) ضبط۔ قابو۔ برداشت۔

سَنوڑھیا (ھ۔ مذکر) ۱ چور۔ راہزن۔ ڈاکو۔

سَنُون (ع۔ مذکر) دانتوں کا منجن۔

سِنُون (ع۔ مذکر) سنت کی جمع بہت سے دانت۔

سُنوَیّا (ھ۔ مذکر) سننے والا۔

سَنہ (ع۔ مذکر) سال (سنت) **سنہ جلوس** (مذکر) تخت نشینی کا سال **سنہ رواں** (مذکر) موجودہ سال **سنہ عیسوی** (مذکر) عیسائیوں کا سال جو حضرت مسیح کی پیدائش سے لیا جاتا ہے یہ ۳۶۵ دن کا ہوتا ہے۔ ہر چوتھے سال فروری کے مہینے میں ایک سال بڑھا دیتے ہیں مگر صدی جو چار پر تقسیم نہ ہو اس میں نہیں بڑھاتے **سنہ ہجری** (مذکر) مسلمانوں کا سال جو پیغمبر صلعم کے مکے سے مدینے کو ہجرت کر جانے کے وقت سے شروع ہوتا ہے یہ واقعہ ۱۶ جولائی ۶۲۲ء کو ہوا۔ یہ سال بارہ قمری مہینوں کا ہوتا ہے اور تقریباً ۳۵۵ دن کا ہوتا ہے۔

سِنہ (ھ۔ مذکر) پھل کے چھلکے۔

سِنْہ (س۔ مذکر) "طاقت والا" ۱ شیر ۲ برج اسد۔ سنگھ ۳ شجاع۔ سورما ۴ مشہور آدمی ۵ بادشاہ۔ راجہ ۶ درخت جسکے سرخ پھول ہوتے ہیں۔ **سنہاسن** (مذکر) ۱ تخت شاہی ۲ ایک خاص طریقہ بیٹھنے کا ۳ جماع کا ایک آسن۔

سَنہارنا (ھ۔ متعدی) سنگھارنا۔ تباہ کرنا۔

سَنہتا (س۔ مونث) ۱ نزدیکی۔ قربت

۲ چھونا۔ لمس ۳ مضبوطی۔ ٹھوس پن ۴ ملاپ۔ میل ۵ جوڑ ۶ اقرار۔ معاہدہ۔ **سَنہتی** (س۔ مونث) ۱ سخت لگاؤ یا میل ۲ بہت اتحاد۔ سخت اتصال ۳ پکا معاہدہ یا اتحاد ۴ مضبوطی۔ ٹھوس پن ۵ جسامت۔ ڈیل ڈول ۶ مجموعہ۔ ڈھیر۔ بھیڑ۔

سُنہرا (ہ۔ صفت) سونے کے رنگ کا۔ زرّیں۔ (سونے کا)۔ **سُنہرا پانی** (مذکر) سونے کا ملمع **سنہری** (صفت۔ مونث) ۱ سونے کے رنگ کی ۲ (مذکر) نام ایک رنگ کا جسکی جھلک سونے کی طرح ہو۔ طلائی **سنہری رنگ** (مذکر) دیکھو سنہری ۲ **سنہری رنگت** (مونث) سونے کی سی رنگت

سِنہَل (س۔ مذکر) جزیرہ لنکا۔ **سنہلا** (مونث) ۱ جزیرہ لنکا ۲ (اسم) ٹن۔ رانگا ۳ پیتل ۴ چھال درختوں کی۔ چھلکا ۵ کیکر کی چھال **سنہل دویپ** (مذکر) جزیرہ لنکا۔

سِنہنی (س۔ مونث) ۔شیرنی۔

سَنہُوتی (س۔ مونث) ۱ بلانا دور سے ۲ اکٹھے بلانا یا آواز دینا ۳ شور غل۔ جوش کے نعرے ۔یا ہو۔

سِنہی (س۔ مونث) شیرنی۔

سَنی (س۔ مذکر) سنیچر۔ زحل۔

سَنی (س۔ مونث) ۱ درخواست۔ التجا ۲ ملک۔ حصہ ملک ۳ جانب۔ طرف ۴ (مذکر) عطیہ۔ تحفہ ۵ خدمت۔ پرستش۔

سَنی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا باریک اور ملائم سَن جسے گدوں میں بھرتے ہیں۔

سَنی۔ سَنے (ہ۔ تف) سنگ۔ ساتھ۔

سِنّی (ہ۔ مونث) سینی کا مخفف۔

سنی چڑھانا (متعدی) نیاز دلانا (عف)۔

سُنِیَ (س۔ مذکر) ۱ اچھا چلن۔ نیک چلن ۲ اچھی پالسی۔ اچھی تدبیر۔

سُنّی (ع۔ مذکر) مسلمانوں کا وہ فرقہ جو حدیثوں کو مانتا اور خلفائے راشدین کو جائز خلیفے سمجھتا ہے۔ اہلِ سنت والجماعت۔

مثل۔ سُنی نہ شیعہ جو جی میں آیا سو کیا آزاد خیال آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔

سَنیا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا ٹسر کا کپڑا۔

سَنیاس (س۔ مذکر) ۱ ترک۔ تیاگ ۲ دنیا کو چھوڑ دینا۔ سنیاسی ہو جانا ۳ چوتھا آشرم ۴ بدن چھوڑ دینا۔ اچانک موت ۵ امانت ۶ شرط کے بالجھڑ۔ **سنیاسی** (مذکر) ۱ وہ شخص جو تیاگ کرے ۲ وہ جس نے تمام دنیاوی لذتوں اور خواہشوں کو ترک کر دیا ہو۔ سادھو۔ برہمن چوتھے آشرم میں۔

سَنییَت (س۔ مذکر) لڑائی۔ جنگ

سَنیٹوجَن (انگ۔ مونث) ایک مرکب۔ پیٹنٹ دوائی جو طاقت کیلئے مفید ہے۔

سَنیچر (ہ۔ مذکر) ۱ سیارہ زحل ۲ ہفتے کا دن۔ شنبہ ۳ (کنایتاً) بدقسمتی ۴ غربت۔ تنگی ۵ مٹی۔ میل ۶ میلے کپڑے (س شنو شچر۔ آہستہ چلنے والا) **سنیچرا** (صفت) ۱ سنیچر کے متعلق ۲ بدقسمت ۳ (مذکر) بدقسمت آدمی ۴ گوالیار کے قریب ایک پہاڑ **سنیچر آنا** (لازم) نحوست کے دن آنا۔ سنیچر کے اثر میں آنا۔ مصیبت پڑنا **سنیچر اترنا** (لازم) نحوست دور ہونا **سنیچر کی گرہ آنا** (لازم) برے دن آنا۔ **سنیچر وار** (مذکر) ہفتے کا دن۔ شنبہ۔

سَنیُکت (س۔ اسم صفت) جڑا ہوا۔ ملا ہوا۔ دیکھو سنجکت۔ **سنیکت سنگیا** (مونث) اسم مرکب **سنیکت کریا** (مونث) فعل مرکب۔ **سنیکت وینجن** (مذکر) مرکب حرف صحیح۔ **سنیکتی** (مونث) اتصال۔ میل۔ جوڑ۔ سنجوگ۔

سَنیُگ (س۔ مذکر) ۱ میل۔ ملاپ جوڑ۔ مرکب ۲ لڑائی۔ فساد۔ جنگ۔ جدل۔

سنیما (انگ۔ مذکر) وہ ایجاد جس سے تصویریں ایک پردے پر حرکت کرتی دکھائی دیتی ہیں۔

سَنین (ع۔ صفت) ۱ تیز کیا ہوا۔ سان پر لگایا ہوا ۲ تیز۔ دھاردار ۳ (مذکر) چاقو وغیرہ تیز کرنے پر جو سان پر سے اڑتا ہے ۴ وہ جو پتھر پر پتھر رگڑنے سے نکلتا ہے ۵ چورا۔ برادہ (سنّ کا ٹنا)۔

سِنِین (ع۔ مذکر) سنہ کی جمع۔ سال۔

سُنَن (ع۔ مذکر) نیزہ کے اوپر کا حصہ یا نوک۔ سنان کی

سَنیوگ (س۔ مذکر) اتصال۔ میل۔ دیکھو سنجوگ **سنیوگن** (مذکر) ملانے کا فعل۔

سَنیہ۔ سنیہ۔ سِنیہا (ہ۔ مذکر) ۱ تیل۔ پھلیل۔ چکناہٹ۔ چربی ۲ محبت۔ شفقت۔ مہربانی۔ پریم۔ **سنیہ جوڑنا** (متعدی) محبت کرنا۔ ایک دوسرے پر عاشق ہونا۔

سَو (ہ۔ عدد) ۱ ننانویں اور ایک۔ ۱۰۰ ۲ بہت۔ کثرت سے (س شت) **سو بات یا باتیں** (مونث) بہت باتیں **سو باتیں سنانا** (کنایۃً) لعنت ملامت کرنا۔ برا بھلا کہنا۔ کثرت سے لعنت ملامت کرنا **سو بسوے** (تف) یقیناً۔ غالباً **سو پچاس** (صفت) کئی۔ متعدد۔ **سو پر سو** (تف) سو فی صدی **سو جان سے** (تف) پورے دل سے۔ پورے طور سے۔ کمال رغبت سے۔ **سو جان سے عاشق (کشتہ) ہونا** (لازم) نہایت فریفتہ ہونا۔ بیحد شیدا ہونا۔ **سو جان سے صدقے (فدا۔ قربان۔ نثار) ہونا** (لازم) بہت محبت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **سو جتن کیئے**۔ بہت کوشش کی۔ ہر چند تدبیر کی **سو چھپائیں**۔ ہر چند چھپائیں۔ چاہے جسقدر چھپائیں۔ کسی طرح پوشیدہ کریں۔ ہزار چھپائیں (مت) **سو دُرے** (مذکر) ظلم۔ ستم۔ **سو دو سو میں** (تف) بہت میں سے کثرت ظاہر کرنے کیلئے **سو رستے ہیں** کئی تدبیریں ہیں۔ **سو سیر کا** (صفت) ۱ بہت ثابت قدم ۲ بہت ضدی **سو سنانا** (متعدی) **سننا** (لازم) بہت برا بھلا سننا۔ بہت گالیاں کھانا **سو سو** (تف) بہت۔ کثرت سے۔ **سو سو بل کھانا** (متعدی) بہت پیچ و تاب کھانا **سو سو بلٹیاں لینا** (متعدی) **سو سو پھیرے کرنا** (متعدی) بہت چکر لگانا کسی جگہ کے۔ **سو سو طرح** (تف) بہت طریقوں سے۔ مختلف طور پر **سو سو کوس (دور) بھاگنا** (متعدی) قریب نہ آنا۔ بہت دور رہنا۔ سخت پرہیز کرنا **سو سو کوس نظر نہ آنا** (لازم) دکھائی نہ دینا۔ کہیں پتہ نہ لگنا۔ کہیں نہ ملنا۔ **سو سو گھڑوں (گھڑے) پانی (کے) پڑنا** (لازم) سخت شرمندہ ہونا **سو سو من کے پاؤں ہو جانا** (لازم) گھبراہٹ یا ڈر سے چل نہ سکنا **سو سو نام دھرنا** (متعدی) ۱ بہت نقص نکالنا ۲ سخت نکتہ چینی کرنا۔ **سو طرح کا** (صفت) مختلف انداز یا قسم کا **سو کوس بھاگنا** (لازم) الگ رہنا دور بھاگنا۔ نفرت کرنا۔ **سو کوس سے اپنا گھر نظر آنا** (لازم) اپنا حال اپنے آپ کو اچھی طرح معلوم ہونا۔ اپنی مصیبت پہلے سے معلوم ہو جانا۔

سو کی ایک بات (مونث) منتخب بات سو کے سوائے کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۲۵ فیصدی نفع اٹھانا۔ سو من کا (صفت) بہت بھاری۔ سو میں ایک (آدھ) (صفت) بہت کم سو میں کہنا (متعدی) کھلے طور پر کسی سے نہ جھجکنا۔ سو نیزے پانی چڑھانا (لازم) طوفان باندھنا بہتان کرنا۔ تھوڑی سی بات کو مبالغے سے بیان کرنا۔ سو ہاتھ کا کلیجہ ہو جانا یا ہونا (لازم) خوشی سے حوصلہ بڑھ جانا۔ سو ہاتھ کی زبان ہونا (لازم) بہت زبان دراز ہونا۔

امثال واقوال۔ سو بات کی ایک بات ہے۔ فیصلہ کن بات ہے۔ نہایت عمدہ بات ہے۔ سو بار تیری تو ایک بار میری کبھی نہ کبھی تو پکڑا جائیگا۔ سو بھڑوے مریں تو ایک چیچ چور پیدا ہو۔ سو رنڈیاں مریں تو ایک آیا۔ انگریزوں کے خدمت گاروں اور آیاؤں پر طنز ہے۔ یہ عموماً بدچلن ہوتے ہیں۔ سو بھوتوں کی ڈھیری ہے۔ بہت سے ٹکڑوں کی چیز ہے یا ہر ایک شریر ہے۔ سو بیری کٹواں کے مستک لکھا سو ہو۔ لیکھ لکھے کو بانکے میٹ نہ سکے کو (ھ) دشمن چاہے کتنا برا بھلا کہیں وہی ہوگا جو قسمت میں لکھا ہے۔ قسمت کے لکھے کو کوئی مٹا نہیں سکتا۔ سو بید نہ ایک لوید سو نصیحتوں سے ایک ڈنڈا زیادہ اثر دکھاتا ہے۔ سو پاجیوں کا ایک پجوڑا ہے۔ بہت پاجی ہے۔ سخت بدذات ہے۔ سو پٹیت نہ ایک لٹھیت۔ لٹھ باز کے سامنے پٹے باز کی کوئی حقیقت نہیں۔ سو پیلی نہ ایک گولر۔ سو معمولی چیزوں سے ایک اچھی چیز بہتر ہے۔ سو تک گنتی پاؤں تک منتی۔ سو جوتوں سے آگے شمار نہیں پاؤں پڑنے سے زیادہ کوئی عاجزی نہیں۔ سو جیوں کا ایک بچاوا (ھ) ہندوستان میں عموماً سارے خاندان کی پرورش کرنے والا ایک ہی شخص ہوتا ہے۔ سو حیلے ہزار بہانے بہت تدبیریں ہیں۔ سو دلی اُجڑ گئی تو بھی سوا لاکھ ہاتھی۔ باوجود اتنی دفعہ برباد ہونے کے دلی میں اب بھی بہت دولت ہے۔ سو دن چور کے تو ایک دن ساہ کا۔ چور ایک نہ ایک دن ضرور پکڑا جاتا ہے۔ جھوٹے فریبی یا چور وغیرہ کے پکڑے جانے پر

کہتے ہیں۔ سو دوا نہ ایک لوا۔ لوی کا گوشت سو دواؤں سے اچھا ہے۔ سو دوست سو دشمن۔ انسان کو ہر وقت احتیاط لازم ہے۔ سو دھوتی نہ ایک گوتی۔ ایک رشتہ دار سو غیروں سے بہتر ہوتا ہے۔ سو ڈنڈی نہ ایک بندیل کھنڈی بندیل کھنڈ کے راجپوت بہت بہادر ہوتے ہیں۔ سو سمندوں ایک سپوت۔ سو لنگوں ایک کپوت بہت نالائق بچوں سے ایک لائق بچہ بہتر ہے۔ سو (دن) سنار کی ایک (دن) لوہار کی کمزور کی سو ضربیں زبردست کی ایک ضرب کے برابر ہوتی ہے۔ سو روپے میں ایک بوتل کا نشہ ہوتا ہے۔ دولت مغرور بنا دیتی ہے۔ سو سیانے ایک مت۔ جتنے دانا ہونگے ان کی ایک ہی رائے ہوگی۔ سو عیبوں کا ایک عیب ناداری ہے۔ غریبی بہت بری چیز ہے۔ سو غلاموں گھر (بنے نا) سونا۔ اگر بیٹا نہ ہو تو باوجود سو غلاموں کے گھر سونا معلوم ہوتا ہے۔ بغیر بیٹے کے گھر کی آبادی نہیں ہوسکتی۔ سو کالوں کا ایک کالا۔ سخت بدمعاش اور بدچلن۔ سو کپوت سے ایک سپوت بھلا۔ ایک لائق بیٹا سو نالائقوں سے اچھا ہے۔ سو کوسا اور ایک مسوسا برابر ہیں۔ صبر سو بددعاؤں سے بہتر ہے۔ سو کوؤں میں ایک بگلا بھی نرلیس ہے۔ کوا بہت شرارتی گنا جاتا ہے مگر بگلا اس سے بھی بڑھکر ہے۔ سو کھوٹوں کا وہ سردار جسکی چھاتی ایک نہ بال۔ جسکی چھاتی پر بال نہ ہوں وہ سخت دغاباز ہوتا ہے۔ سو کے رہ گئے سٹھ آدھے گئے نٹ۔ دس دینگے دس دلاوینگے دس کا دینا ہی کیا۔ سو میں سے ساٹھ رہ گئے۔ اس میں سے آدھا معاف کرو۔ دس خود دینگے دس کسی اور سے دلا دینگے۔ دس کا دینا کیا۔ مقروض کو قرضخواہ طنزاً کہتا ہے جب وہ حیلے حوالے کرے۔ سو کی لاٹھی ایک کا بوجھ۔ بہت کا تھوڑا تھوڑا بوجھ ایک کے واسطے پورا بوجھ۔ سو کی ہانی۔ سہستر بکھانی (ھ) سو کا نقصان ہو تو ہزار کا بتایا جاتا ہے۔ سو گاڑی نہ ایک چھکڑا۔ سو حرامزادے نہ ایک مگرا۔

ایک چھکڑا سو گاڑیوں سے بہتر ہوتا ہے۔ اور ایک زور رنج آدمی سو برے آدمیوں کے برابر ہوتا ہے۔ سو گاڑی نہ ایک چھکڑا (سو سوتے نہ ایک مچلا) ایک چھکڑا سو گاڑیوں کے برابر ہوتا ہے۔ ایک مچلا آدمی سو سوتے ہوئے آدمیوں کے برابر ہوتا ہے۔ سو گالیوں کا ایک گالا بنا با اور اڑا دیا (بنتا ہے پھونک ماری اڑ گیا) اسکی گالیوں کی کچھ پروا نہ کی۔ صبر کیا۔ بے حیائی دکھائی۔ سو گز پھاڑیں ایک گز نہ واریں۔ سو گز واروں ایک گز نہ پھاڑوں۔ سو گز واری۔ ایک گز نہ پھاڑی۔ ظاہرداری کی نسبت کہتے ہیں۔ جو محبت اور دوستی تو بہت ظاہر کرے۔ مگر مصیبت کے وقت الگ ہو جائے۔ سو گنڈا نہ ایک مچھ منڈا۔ ایک مچھ منڈا سو گنڈوں کے برابر ہوتا ہے۔ غالباً سادھوؤں پر طنز ہے۔ اب تو سب ہی مونچھیں منڈانے لگ گئے ہیں۔ سو گنے نہ ایک پونڈا۔ ایک اچھی چیز سو معمولی چیزوں سے اچھی ہوتی ہے۔ سو لٹھیت نہ ایک پٹیت۔ سو لاٹھی والوں کے برابر ایک پٹہ باز ہوتا ہے۔ سو لگیں تو کیا ہزار لگیں تو کیا۔ سخت بے شرم یا ڈھیٹ ہے۔ سو مارے اور ایک نہ گنے۔ سو مارے اور رننا نویں سے بھول جائے۔ بہت مار کے لائق ہے۔ اسے بیحد جوتے پڑنے چاہئیں۔ سو میں پھولا۔ ہزار میں کانا سوا لاکھ میں اینچا تانا جسکی آنکھ میں پھولا ہو وہ برا ہوتا ہے۔ کانا اس سے بھی برا اور اینچا تانا بہت ہی برا۔ سو نکٹوں میں ایک ناک والا نکو۔ بہت سے عیب داروں میں ایک بے عیب بھی عیب دار خیال کیا جاتا ہے۔ سو بدوں میں ایک نیکنام بھی بدنام ہوتا ہے۔

سَو (س۔ ضمیر) ۱ اپنا ۲ (صفت) خاندان کا ۳ خاص۔ مخصوص ۴ قدرتی۔ جبلی ۵ (بذکر) خودی ۶ روح ۷ رشتہ دار ۸ ملکیت۔ دولت ۹ (الجبرا) مثبت۔ تعداد۔

سُو (ف۔ مونث) ۱ جانب۔ طرف۔ سمت ۲ (تف) سمت کو۔ طرف کو سُو بہ سُو

(تف) ۱ پہلو ۔ چلو ۔ ہرطرف۔ سُوئے (تف) سمت کو طرف کو ۔ سُوئے وحشت (تف) جنگل کی طرف ۔

سُو (ع ۔ مذکر) ۱ بُرائی ۔ خرابی ۲ بدی ۔ بیماری ۔ اردو میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ (سُوءِ ۔ بُرا ہونا) **سوءِ ادب یا ادبی** (مونث) بے ادبی ۔ **سوءِ اتفاق** (مذکر) موقع کی خرابی ۔ **سوءِ المزاج** (مذکر) بیماری ۔ مرض ۔ **سوءِ تدبیر** (مونث) تدبیر کی خرابی اور نقص ۔ **سوءِ تنفس** (مذکر) سانس کا بیقاعدہ یعنی جلدی جلدی چلنا ۔ **سوءِ حال** (مذکر) بدحالی ۔ **سوءِ خلق** (مذکر) بدخلقی ۔ **سوءِ دماغ** (مذکر) دماغ کی خرابی ۔ **سوءِ ظن** (مذکر) بدظنی ۔ بدگمانی ۔ **سوءِ عمل** (مذکر) بدعملی ۔ **سوءِ مزاجی** (مونث) ملالت ۔ بیماری ۔ **سوءِ ہضمی** (مونث) بدہضمی ۔

سُو ۔ سو (ہ ۔ تف) سے ۔ سول ۔

سو (ہ ۔ صفت) سا ۔

سو (د ۔ اسم ضمیر) ۱ وہ ۲ (حرف علت) اسلئے ۔ کیونکہ ۳ (حرف ربط) تب ۔ اسپر ۔ پھر ۴ اب ۔ اچھا ۔ **سوالگ** (تف) مزید براں ۔ **سو بھی** (تف) وہ بھی ۔ نیز ۔ وہ خود **سوؤ** (ہ) **سوؤں** (ہ) سو ہی ۔ **سو ہیں** (ہ) **سوئی** (ہ) وہی ۔ وہ خود ۔ وہ بھی ۔

سو (ہ ۔ امر) سونا کا (س سوپ ۔ سونا)

سو اُٹھ کے منہ دیکھنا (متعدی) صبح اٹھکر پہلے پہل کسی کا منہ دیکھنا ۔ جس کا مبارک اور منحوس کا منحوس خیال کیا جاتا ہے ۔ **سو اٹھنا** (لازم) جاگ پڑنا **سوتا** (صفت) سویا ہوا ۔ خفتہ ۔ **سوتا ناگ سوتی بھڑ** (یں) **جگانا** (متعدی) **سوتی بھیڑ یا ار جگانا** (متعدی) پرانے جھگڑے کو پھر اٹھانا ۔ دبی دبائی بات کو چھیڑنا ۔ **سوتے جاگتے** (تف) ہر وقت ۔ ہر حالت میں ۔ **سوتے جاگتے منہ دیکھنا** (متعدی) ہر وقت توقع رکھنا ۔ **سوتے سوتے بیدار ہونا** (لازم) اس آدمی کا جو سونے کے قریب ہو یکایک جاگ اٹھنا ۔ **سوتے فتنے جگانا** (متعدی) دیکھو سوتی بھڑ جگانا ۔ **سوتے کا سوتا رہجانا یا رہنا** (لازم) بے خبر سوتا رہجانا ۔ **سوتے مردے** (ناگ) **جگانا** (متعدی) ہنگامہ پیدا کرنا ۔ قیامت برپا کرنا ۔ **سوتے نصیب جاگنا** (لازم) قسمت کھلنا ۔ بخت یاور ہونا ۔ **سو جانا و یار ہنا** ۔ **سونا** (لازم) ۱ نیند میں ہونا ۔ خوابیدہ ہونا ۔ قیلولہ کرنا ۲ آرام کرنا ۔ لیٹنا ۳ مرجانا ۴ ہمبستری کرنا ۵ عضو کا شل ہوجانا ۔ **سو گیا جا کر** ۔ دیر لگادی **سونا حرام کرنا** ۔ (متعدی) **ہونا** (لازم) سونہ سکنا ۔ نیند اڑجانا ۔ (**سونا سوگند ہوجانا یا ہونا** (لازم) نیند نہ آنا ۔ نیند آنا مشکل ہوجانا ۔ سونا میسر نہ ہونا **سونے دینا** (متعدی) سونے کی اجازت دینا ۔ سونے سے نہ روکنا ۔ **سویا ہوا نصیب** (مذکر) بخت خفتہ ۔ بدنصیبی ۔ بدبختی ۔

امثال و اقوال ۔ سو ۱ سو چوکا جسنے غفلت کی نقصان اٹھایا ۔ **سوتی نقی پر کاتا نہیں جو کاتا تو پانچ پاؤ** ۔ سست عورت پر طنز ہے ۔ **سوتے کا کٹڑا جاگتے کی کٹیا** ۔ غافل کا نقصان ہوجاتا ہے ۔ **سوتے کا منہ کتا چاٹے** سوتے آدمی کو کسی بات کی خبر نہیں ہوتی ۔ **سوتے کو سوتا کب جگاتا ہے** ۔ غافل کی غافل کیا مدد کرسکتا ہے **سوتے لڑکے کا منہ چوما نہ ماں خوش نہ باپ خوش** ۔ بغیر اسکے علم کے کسی سے نیکی کرنا فضول ہے ۔ چھپا کر نیکی کرنا بیکار ہے ۔ **سو جائے سُپنے میں پرانی دھن دولت کو پاوے جاگ پڑے جیسے کو تیسے ہاتھ کچھ نہیں آوے سُپنے کی سی مایا جس کو اپنی تو تبلاوے** ۔ (ہ) جس طرح انسان خواب میں دھن دولت پاتا ہے اور جاگنے پر اپنے کو ویسا ہی پاتا ہے ۔ اسی طرح یہ دنیا کی دولت ہے جسکو وہ اپنی بتاتا ہے ۔ **سووے پہاڑ پر سپنا دیکھے دھرو ہڑ** (خزانہ) کا غریب ہو کے آرزوئیں بہت ہونا ۔ **سووے راجہ کا پوت یا جوگی اوھوت** ۔ بیفکرے آرام سے سوتے ہیں ۔ **سوویگا سو کھوویگا ۔ جاگیگا سو پاویگا** ۔ غافل نقصان اٹھائیگا ۔ ہشیار فائدے میں رہیگا ۔ **سویا اور چوکا** ۔ غافل نقصان اٹھاتا ہے ۔ **سویا اور موا برابر** ۔ دونوں کو کوئی خبر نہیں ہوتی ۔ **سویا سو (چوکا) کھویا ۔ جاگا سو پایا** ۔ سعی اور کوشش سے راحت ملتی ہے ۔ غافل نقصان اٹھاتا ہے ۔

سَوا (د ۔ صفت) ۱ ایک اور اُسکا چوتھائی حصہ ۲ ایک چوتھائی سے زیادہ ۔ سو ہزار وغیرہ کی پوری رقموں کے ساتھ جیسے سوا سو ۔ سوا دو سو ۔ سوا لاکھ ۳ خیمے کے وہ چاروں رسّے جن پر چوبہ ٹھیرا رہتا ہے ۔ (س سپادک) **سَوا گز کی زبان ہونا** (لازم) بدزبان ہونا ۔ زبان دراز ہو ۔ **سَوا نیزے پر آفتاب آنا** (لازم) ۱ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ قیامت کے دن آفتاب زمین کے بہت قریب آجائیگا ۔ سخت گرمی پڑنا ۔ آگ برسنا ۔ ۲ سخت مصیبت کا وقت آنا **سَوائی** (صفت) ۱ سوا حصہ زیادہ ۲ (مونث) وہ غلہ جو کاشتکاروں کو بیج کیلئے اس شرط پر دیا جاتا ہے کہ غلہ کٹنے پر من کا سوا من دیا جائیگا ۳ چھوٹی سواری ۔ بچہ جو بڑی سواری کے ساتھ ہو ۴ دیکھو سوات ۵ ایک وزن یا بحر پراکرت میں ۶ (عف) سوزاک ۔ آتشک ۷ (مذکر) جے پور کے راجہ کا خطاب ۔ **سَوایا** (صفت) ۱ ایک چوتھائی زیادہ ۲ زیادہ ۳ لہا اسکا پہاڑا ۔ **سَوایا ڈیوڑھا کرنا** (متعدی) اصل رقم پر چوتھائی یا نصف اضافہ کرنا ۔ ساہوکاروں کے متعلق کہتے تھے ۔ اب تو وہ دس بیس گنا کر لیتے ہیں ۔

سِوا (ع ۔ حرف استثنا) ۔ بغیر ۔ علاوہ ۔ بجز ۔ اضافت میں ئے بڑھا دیتے ہیں ۔ جو ہندی الفاظ کے ساتھ نہیں استعمال ہوتی (سَوی ۔ برابر ہونا) **سوائے** (حرف استثنا) سوا ۔

سُوآ (ہ ۔ مذکر) بڑی سوئی ۔

مثل ۔ **سوا چھیدے ٹاٹ کو تو پہلے آپ کو چھدائے** ۔ نیت کے مطابق اثر پہلے ہی نظر آنے لگتا ہے ۔

سُوآ ۔ ۔ مذکر) ۱ طوطا ۲ جو کی بال ۳ سور کا بال ۴ بال ۵ کانٹا ۶ دیکھو سوہا **سوا پاتی یا پاٹی** (مونث) ایک کھیل جو زمین پر لکیریں کاڑھ کر کھیلتے ہیں ۔ **سوا پوکا** (مذکر) ایک کیڑا جس پر بال ہوتے ہیں ۔ **سوا بیر یا جامن** (مذکر) اچھی قسم کا بیر یا جامن ۔

مقولہ ۔ **سوآ سیمل دیکھ کے سبھی گنوائی بدّھ ۔ پھول دیکھ کے دم رہے ۔ پھل کی رہی نہ سُدھ** ۔ طوطا

سبمل کا پھول دیکھ کر عقل کھو بیٹھا۔ اور سبل کو
بھول گیا۔ سیمل کا پھول بہت خوبصورت ہوتا
ہے۔ مطلب یہ ہے کہ انسان دنیا کی فضولیات
میں پھنس کر خدا کی یاد بھول جاتا ہے۔
سَوآ (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا خوشبودار ساگ
(س۔ شت پشپ)۔
سَوابق (ع۔ مذکر) جمع سابقہ کی۔
پہلے۔ قدیم۔
سَوات (ہ) سواتی (س۔ مونث)
۱ ایک مسعود صورت کوکب ۲ تلوار۔ ۳ سوات یا
سوات بوند (مذکر) وہ قطرہ بارش کا جس سے موتی
پیدا ہوتا ہے۔ یہ واقعہ اسوقت خیال کیا جاتا ہے
جب چاند، پندھروں نکشتر میں ہو۔
**مقولہ۔ سوات بوند سیپی مکت
کدلی بھیو کپور۔ کارے کے مکھ بکھ
بھیو۔ سنگت سوبھا سور۔** یہ سور داس کا
دوہا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ صحبت کا اثر ہے کہ سوات
بوند جب سیپی میں پڑتی ہے تو موتی بنتی ہے کیلے
میں کافور بنتی ہے۔ اور سانپ کے منہ میں زہر
بنتی ہے۔
سَواچنا (ہ۔ متعدی) جانچنا پڑتال
کرنا۔
سَواحل (ع۔ مذکر) جمع ساحل کی۔
سَواحلی (ع۔ مذکر) زنجبار کی ایک قوم
سَواد (ع۔ مذکر) ۱ سیاہی۔ تاریکی
۲ سیاہ رنگ ۳ لکھنے کی سیاہی ۴ دھواں ۵
دل کا سیاہ نقطہ ۶ شہر یا علاقے کا قرب وجوار۔
حوالی شہر ۷ انسان کی شکل دور سے ۸ سیاہ
کپڑے۔ سوگ کے کپڑے ۹ بہت دولت
۱۰ بڑی تعداد ۱۱ پڑھنا۔ قابلیت۔ علم ۱۲ لکھنا
۱۳ مسودہ۔ دیکھو۔ سیاہ ہونا۔ **سوادِ اعظم**
(مذکر) کوئی بڑا شہر۔ مکہ معظمہ **سوادالبطن**
(مذکر) جگر **سوادالعین** (مذکر) آنکھ کی پتلی۔
سوادالقلب (مذکر) ۱ دل کی سیاہی ۲ محبت
۳ گناہ اصلی۔ **سوادخوانان** (مذکر) کتابیں
پڑھنے والے **سوادِکفر** (مذکر) کفر کی سرحد۔
سَواد (ہ۔ مذکر) ۱ ذائقہ۔ مزہ
۲ لطف۔ کیفیت ۳ خوشی۔ مسرت ۴ محبت۔
پریت۔ پیار ۵ (صفت) مزیدار۔ لذیذ۔ خوش
ذائقہ (س۔ سواد) **سواد آنا** (ہ۔ لازم) مزہ
آنا **سواد پڑنا** (لازم) مزہ پڑنا۔ عادت پڑنا۔
سواد چکھنا (ہ۔ لازم) مزہ لینا۔ مزہ چکھنا **سواد لگنا**
(لازم) اچھا لگنا۔ خوش ذائقہ ہونا **سوادی**
(ہ۔ صفت) مزیدار۔ لذیذ۔
سوادھین (س۔ صفت) ۱ خود مختار
آزاد۔ ذی اقتدار۔ مطلق العنان ۲ اپنے قابو میں
رکھنے والا ۳ اپنی مرضی پر کام کرنے والا۔
سَوار (ف۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو کسی
جانور یا چیز پر چڑھا ہوا ہو۔ راکب ۲ رسالے یا
پولیس کا وہ ملازم جو گھوڑے یا اونٹ پر سوار ہو کر
کام کرے ۳ اوپر کا بار۔ ابرہ۔ چڑھیت ۴ (صفت)
چڑھا ہوا۔ سواری پر بیٹھا ہوا ۵ بدمست۔ نشے میں
چور **سوار بنانا** (متعدی) بننا (لازم) سواری سیکھنا۔
سوار کرانا (متعدی) ۱ کسی سواری میں بٹھانا ۲
رخصت کرنا۔ روانہ کرنا۔ **سوار کرنا** (متعدی) کسی
سواری میں بٹھانا۔ گھوڑے وغیرہ پر بٹھانا **سوار
کی بھی نہیں سننا**۔ کسی کا کہنا نہیں ماننا اگر بڑا
ہو۔ **سوار ہونا** (لازم) ۱ چڑھنا۔ اوپر بیٹھنا ۲
رخصت ہونا۔ جانا ۳ کسی کیفیت کا طاری ہونا۔
۴ بدمست ہونا۔ نشے میں ہونا ۵ عورت کے اوپر
چڑھنا۔ جماع کرنا۔ آسن تلے دبانا۔ **سواری**
(مونث) ۱ سوار ہونے کا فعل ۲ سوار ہونے کا
جانور یا چیز ۳ ہمرکاب ۴ جلوس ۵ وہ شخص جو سوار ہو
۶ تعزیے کا جلوس ۷ کشتی کا ایک داؤں۔ **سواری
آنا** (لازم) ۱ سوار ہونے میں مشاق ہونا ۲ کسی
شخص کا سوار ہو کر آنا **سواری اتروانا** (متعدی)
جو عورت ڈولی یا پالکی یا گاڑی میں سوار ہو کر ملنے آئے
اسے جا کر اتار کرلانا۔ **سواریاں** (مونث) ۱ سواری
کی جمع۔ سوار اشخاص ۲ مسافر پردہ نشین عورتیں۔
سواریاں اترنا (لازم) بہت سے مسافروں
کا گاڑی سے اترنا۔ **سواریاں نکلنا** (لازم) بہت
سے مسافروں کا گاڑی میں سوار ہونے کیلئے
آنا۔ **سواری باندھنا** (متعدی) کشتی کا داؤں
کرنا۔ **سواری بڑھاؤ۔ چلے بنو۔ جاؤ۔ سواری
پٹی** (مونث) ایک معمول جو افسروں کو دعوت
دینے کیلئے وصول کیا جاتا تھا۔ **سواری کا پیدا
ہونا** (لازم) سواری کا یکا یک کسی طرف سے آنا۔
سواری دینا (متعدی) سواری کا کام دینا۔
سواری چلنا (لازم) سواری روانہ ہونا **سواری
ڈال لینا** (متعدی) پہلوانوں کی اصطلاح میں مقفہ
گانٹھ کر پٹ کرکے مقابل پر سوار ہو جانا **سواری
کا پائجامہ** (مذکر) وہ پاجامہ جسکی تراش جھانگ
کے پاس سے محرابدار ہو **سواری کرنا** (متعدی)
سوار ہونا۔ چڑھنا **سواری کسنا** (متعدی) دیکھو
سواری گانٹھنا **سواری کی برجس** (مونث) وہ
برجس جسے سواری میں پہنیں۔ اسکے نیچے بٹن لگے
ہوئے ہوتے ہیں۔ رائیڈنگ برچیز **سواری
گانٹھنا** (متعدی) ۱ کشتی میں دبا لینا ۲ آسن تلے
دبانا **سواری لگانا** (متعدی) لگنا (لازم) ڈولی
میں پالکی وغیرہ کا سوار ہونے کیلئے رکھا جانا **سواری
لینا** (متعدی) سوار ہونا **سواری بلنا** (متعدی)
۱ سواری کرنے کیلئے کوئی چیز یا جانور ہاتھ آنا ۲
مسافر گاڑی میں سوار کرنے کیلئے مل جانا **سواری
میں چلنا** (لازم) ہمرکاب ہونا **سواری نکلنا**
(متعدی) کسی شخص کا کسی قسم کی سواری پر سوار
ہو کر نکلنا۔ **سواری ہونا** (لازم) ۱ کسی کا جلوس
کے ساتھ سوار ہو کر نکلنا ۲ عورت کا پردے کی
سواری میں بیٹھنا ۳ گھوڑے پر پہلے پہل چڑھ جانا۔
**مقولہ۔ سواری کی سواری زنا تی
ساتھ**۔ ہر طرح مشکل۔
سوار (ہ۔ مونث) کائی جو تالابوں
میں یا گندے پانی پر لگتی ہے۔
سوآر (ہ۔ مذکر) زچہ خانہ۔
سوارت (ہ۔ مذکر) اچھے کام
میں آنا (س۔ سوارتھ) **سوارت کرنا** (متعدی)
استعمال میں لانا ۲ کامیاب کرنا۔ سود مند کرنا۔
سوارت لگانا (متعدی) لگنا (لازم) صحیح
طور سے استعمال ہونا **سوارت ہونا** (لازم)
۱ اچھے استعمال میں آنا ۲ کامیاب ہونا۔ مفید ہونا۔
سوآس (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا دھان۔
سواس ٹیکا (س۔ مذکر) ایک قسم
کا نشان جس کو بہت مسعود گنا جاتا ہے۔ اس کی
شکل یہ ہے ۔ 卐 ۔
سوآسن (ہ۔ مونث) نوجوان عورت۔
سوآسنی (س۔ مونث) کنواری
یا بیاہی ہوئی عورت جو اپنے باپ کے گھر میں رہے
۲ سہاگن ۳ وہ عورت جس نے خوشبو ملی ہوئی ہو۔

سُواسی (س۔ صفت) ۱ اچھی یا آرام
دہ جگہ میں رہنے والا ۲ معطر۔ خوشبودار۔
سَوَاف (ع۔ مذکر) ۱ مرنا۔ موت
۲ مہلک بیماری ۳ وبا۔ مری ۴ تعداد اموات
(سَوَف۔ مرنا)۔
سَوَاک (ع۔ مذکر) ۱ دانتوں کو
ملنا یا صاف کرنا ۲ مسواک ۳ دانتوں کا منجن۔
(سَوَک۔ ملنا)۔
سواگت (س۔ مذکر) ۱ خوش
آمدید۔ آؤ بھگت ۲ سلام۔ آداب۔
سُوال (ع۔ مذکر) اس میں ہمزہ بہ
صورتِ واؤ ہے ۱ درخواست۔ استعمال طلب
۲ استفسار۔ پوچھنا کسی بات کا ۳ خیرات مانگنا۔
بھیک کی درخواست ۴ عرض۔ معروض۔ گزارش
۵ التجا۔ آرزو ۶ استغاثہ ۷ امتحاناً کوئی بات پوچھنا
۸ مسئلہ ۹ ریاضی کی شکل عملی۔ حساب کی کوئی بات
پوچھی جائے۔ **سوال آنا** (لازم) سوال حل کرنے کا
طریقہ معلوم ہونا **سوالات** (مذکر) سوال کی جمع
سوالاتِ ابتدائی (مذکر) وہ سوال جو شروع
میں کئے جائیں **سوالاتِ امتحان** (مذکر) وہ
سوالات جو امتحان میں کئے جائیں۔
تحریری (مذکر) وہ سوالات جو لکھ کر کئے جائیں۔
سوالاتِ جرح (مذکر) وہ سوال جو مخالف فریق گواہوں پر کرتا ہے
ہے۔ **سوالات حل طلب** (مذکر) مسئلے۔
سوالات علمی (مذکر) علمی مسائل **سوالات**
کے کاغذ (مذکر) امتحان کے پرچے **سوال**
اشارہ (مذکر) ایسا سوال جس میں پوچھنے والے
کے جواب کی طرف اشارہ ہو **سوال بنانا**
(متعدی) امتحان کیلئے سوالات تیار کرنا۔
سوال پورا ہونا (لازم) مانگی ہوئی چیز کا ملنا۔
سوالِ تردید (مذکر) جرح۔ **سوالِ جرح**
(مذکر) دیکھو سوالات جرح **سوال جواب**
(مذکر) ۱ گفتگو۔ بات چیت ۲ مباحثہ۔ مبادلہ
۳ جرح۔ جواب سوال۔ **سوال حل کرنا** (متعدی)
ہونا (لازم) مسئلہ حل ہونا۔ کسی مشکل امر کی
تشریح ہونا۔ **سوال خوانی** (مونث) عدالت
میں درخواستیں پڑھنا۔ **سوال در سوال** (مذکر)
دیکھو سوالات جرح **سوال دینا** (متعدی) ۱ درخواست
دینا۔ عرضی دینا ۲ حل کرنے کے لئے کوئی مسئلہ

پیش کرنا۔ **سوال ڈالنا** (متعدی) ۱ التجا کرنا۔
درخواست کرنا ۲ سوال رد کرنا۔ منظور کرنا۔
سوال رد کرنا (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ درخواست
نامنظور ہونا ۲ بھیک نہ ملنا **سوال کرنا** (متعدی)
۱ پوچھنا ۲ مانگنا۔ طلب کرنا ۳ درخواست کرنا ۴
دریافت کرنا۔ استفسار کرنا ۵ جانچ کی غرض سے
کوئی بات پوچھنا ۶ التجا کرنا۔ منت کرنا **سوال**
کی صورت (مونث) ایسی شکل بنانا کہ دوسرا
شخص سمجھ جائے کہ کچھ مانگتا ہے (بنانا۔ بننا کے
ساتھ) **سوال لگنا** (لازم) مدت سے کسی
چیز کا مانگنا۔ **سوال مُوصِل الی المطلوب**
(مذکر) ایسا سوال جس سے وہ مطلب ظاہر ہو جو
پوچھنے والا جواب میں چاہتا ہو۔ **سوالِ ہدایت**
(مذکر) دیکھو سوال اشارہ۔ **سوالی** (صفت)
مانگنے والا ۲ وہ شخص جو مرثیے پڑھے **سوالی ہونا**
(لازم) سوال کرنا۔
امثال و اقوال۔ سوال از
آسماں جواب از ریسماں اس وقت بولتے
ہیں جب کوئی الٹا سیدھا جواب دے **سوال**
دیگر جواب دیگر۔ سوال کچھ جواب کچھ۔
جب کوئی شخص سوال کے جواب میں ایسی
بات کہے جس کا سوال سے کوئی تعلق نہ ہو تو
یہ فقرہ کہتے ہیں۔
سوامی (س۔ صفت) ۱ حق
ملکیت رکھنے والا ۲ مالک۔ والی۔ دھنی۔ صاحب
۳ آقا۔ ولی نعمت۔ مخدوم۔ ناتھ ۴ سردار۔ حاکم
۵ راجہ۔ بادشاہ ۶ عاشق۔ خاوند۔ شوہر ۷ استاد
معلم ۸ گرو۔ پیر ۹ ڈنڈی فقیروں کا نام ۱۰ خدا کا
لقب ۱۱ وشن جی۔ شوجی۔ کارتکیہ سکند اور گارد
کا لقب ۱۲ ۱۳ عزت کا خطاب۔ سائیں۔ حضور۔
جناب ۱۴ کسی دیوتا کا بت یا مندر ۱۵ مُنی و اتیاین
کا نام ۱۶ کئی مصنفوں کا نام ۱۷ ودیا وان برہمنوں
یا پنڈتوں کے نام کے آخیر میں کرناٹک میں
استعمال ہوتا ہے۔
سَوَاں (ہ۔ صفت) **سَوآں** (ہ)
سَوَاں (ہ)۔ سو میں سے ایک۔ $\frac{1}{100}$۔
سوال (س۔ مذکر) کتا۔
سوال (ہ۔ مذکر) آواز۔ شور۔
سِوانا (ہ۔ مذکر) ۱ سرحد۔ کونا

کھیت یا گاؤں کی حد۔ مینڈ ۲ حد کی برجی یا نشان۔
سوانا اَدھِکار (مذکر) اختیارات کی حد۔
سوانا بندی (مونث) حد بندی (کرانا۔ کرنا
ہونا کے ساتھ) **سوانا وِواد** (مذکر) حد کا جھگڑا۔
سَوَانِح (ع۔ مذکر و مونث) جمع
سانحہ کی ۱ حادثات۔ حوادث۔ ۲ واقعات۔
روئیداد **سوانح عمری** (مونث) کسی شخص کی
زندگی کے حالات۔ سرگذشت **سوانح نگار**
(مذکر) ۱ واقعہ نگار۔ اخبار نویس۔ نامہ نگار ۲
بادشاہی زمانے میں ایک افسر جو دور کے
صوبوں میں حالات لکھنے کیلئے رہا کرتا تھا۔
سُوانس۔ سوانسا (ہ۔ مذکر)
سانس۔
مقولہ۔ سوانس سوانس میں کرشن
رٹ۔ سوانس بر تھا مت کھو۔ نا جانوں
یا سوانس یہی انت نہ ہو۔ ہر سانس کے
ساتھ خدا کا نام لے۔ بیکار سانس نہ کھو۔ کیا معلوم
ہے کہ یہ آخری سانس ہو۔
سوآلنسا (ہ۔ مذکر) سونے اور
تانبے کا مرکب۔
سَوانگ (ہ۔ مذکر) **سُوانگ**
(ہ) دیکھو سانگ **سوانگی** (ہ) ۱ شعبدہ گر
۲ نقال۔ ایکٹر۔ بھان متی۔ **سوانگیا** (مذکر)
شعبدہ گر۔
سِوانہ (ہ۔ مذکر) دیکھو سِوانا۔
سوانی (ہ۔ مذکر) جو اچھا شگون دے۔
سواہا (س) **سُوَاہا** (ہ۔ ندا) ۱
ایک کلمہ جو دیوتاؤں پر بھینٹ چڑھانے کے
وقت کہتے ہیں۔ **سواہا کرنا** (ہندی) ۱ جلا کر
بھینٹ دینا ۲ جلانا۔ راکھ کرنا ۳ کھا لینا۔ ہضم کر
جانا ۴ اڑا لینا۔ خیانت کرنا۔
سوائِم (ع۔ مذکر) سائمہ کی جمع۔
مویشی بھیڑ بکریاں جو جنگل میں چریں۔ اور جنکو
گھر میں کچھ نہ ڈالا جائے۔
سِوائی (ع۔ مونث) فالتو۔
زائد (سوا سے) **سوائی** (جمع) (مونث) فالتو
آمدنی۔ وہ آمدنی جو علاوہ لگان کے دوسری چیزوں
سے ہو۔ مثلاً مچھلی یا جنگل کی پیداوار کی آمدنی۔
سِوائی (ہ۔ مونث) ایک قسم

کی زمین جس میں سوائے چاول کے ہر ایک چیز پیدا ہوتی ہے ۔ یہ چکنی مٹی اور ریت کا مرکب ہے ۔

سُوبان (ف ۔ مذکر) ایک دوا ۔

سَوبرنی (ہ ۔ صفت) سونے کا بنا ہوا ۔ سنہری ۔ طلائی ۔

سُوبڑ ۔ سُوبڑاہ ۔ صفت) ۱۔ ناخالص ۔ جس میں ملاوٹ ہو (صفت) ۲۔ (مذکر) چاندی یا سونا جس میں میل یا کھوٹ ہو ۔

سُوبَس (ہ ۔ مذکر) ۱۔ رہائش کی اچھی جگہ ۔ نفیس مکان **سوبس بسنا** (لازم) اچھے مکان میں یا اچھی جگہ رہنا ۔ **سوبس بسو** (دعا) آباد رہو ۔

سوبھا (ہ ۔ مونث) ۱۔ خوبصورتی ۔ حسن ۲۔ چمک دمک ۔ شان و شوکت ۔ بھڑک ۳۔ (ہ) سجاوٹ ۔ آرائش ۔ زینت ۴۔ پوشاک ۔

سوبھامان یا وان (صفت) خوبصورت وغیرہ ۔

اقوال ۔ سوبھا رن کی

سُورما گھر کی سوبھا بیر ۔ رات کی سوبھا چاندنی بھوجن سوبھا کھیر ۔ بہادر آدمی لڑائی کی سوبھا ہے ۔ عورت گھر کی ۔ چاندنی رات کی اور کھیر کھانے کی ۔ **سوبھا لادیں منکہ کو سرت پھرت اور گیان ۔ جس میں یہ تینوں نہیں وسے نر ڈھور سمان** انسان کی زیبائش عقل ۔ چالاکی اور سمجھ ہیں جس میں یہ تین نہ ہوں حیوان ہے ۔

سَوبھاگی (س ۔ صفت) ۱۔ شبھ ۔ مبارک ۔ سفید ۔ خوش قسمت ۔ خوش نصیب ۔ بھاگوان ۔ بخت ور ۔ **سوبھاگیہ** (مذکر) ۱۔ سعادت ۔ برکت ۲۔ خوش قسمتی یا نصیبی ۳۔ چوتھا یوگ ۔

سَوبھاو (س ۔ مذکر) ۱۔ اپنی حالت ۲۔ قدرتی ذاتی یا جبلی خاصیت ۳۔ جبلی یا خاص طبیعت ۴۔ قدرتی حالت یا بناوٹ ۵۔ قدرت ۔ خاصیت ۶۔ عادت ۔ طریقہ ۷۔ فیشن ۔ رواج ۔ رسم دستور ۔ طرز ۔ نچوڑ ۔ روح ۹۔ عجیب یا انوکھا مقصد یا ارادہ ۔

سوبھنا (ہ ۔ لازم) ۱۔ چمکنا ۲۔ خوبصورت ۔ بننا ۔ سجنا ۔ بناؤ سنگار ہونا ۳۔ خوبصورت نظر آنا ۴۔ موزوں ہونا ۔ مناسب ہونا ۔

سَوَیَمبھو (س ۔ مذکر) ۱۔ قائم بالذات ۔ واجب الوجود ۔ خودبخود ہونے والا ۲۔ برہما جی ۔ شو جی ۔ وشنو جی کا لقب ۳۔ عشق ۔ محبت ۴۔ وقت ۔ زمانہ ۔

سوبینا (ہ ۔ مذکر) دیکھو سپنا ۔

سوبیتا کرنا (ہ) تدبیر کرنا ۔ فکر کرنا (مت) ۔

سُوپ (ہ ۔ مذکر) ۱۔ چھاج ۔ اناج پھٹکنے کا آلہ ۲۔ پانی سینچنے کا ٹوکرا (س شورپ)

سوپ سی داڑھی (مونث) بڑی اور گھنی داڑھی ۔ سوپ کی شکل کی داڑھی **سوپ نکھا** (مونث) وہ جسکے ناخن سوپ کی شکل کے ہوں " راون کی بہن جو راجہ رامچندر جی پر عاشق ہو گئی تھی ۔ انکے انکار پر اُسنے سیتاجی پر حملہ کیا تو لچھمن جی نے اسکی ناک کاٹ ڈالی ۔ جسکے انتقام کیلئے راون سیتاجی کو اٹھا کرلے گیا ۔

امثال ۔ سوپ بولے سو بولے چھلنی بھی بولے جس میں بہتر سو چھید ۔ سوپ تو سوپ چھلنی کیا بولے جس میں بہتر سو چھید ۔ دیکھو چھاج بولے الخ **سوپ کا الارا سوپ میں نہیں رہتا** ۔ کوئی شخص ہمیشہ نافہم نہیں رہتا ۔ آخر سمجھ آجاتی ہے ۔

سُوپ (انگ ۔ مذکر) شوربا ۔ یخنی ۔

سُوپ (س ۔ مذکر) ۱۔ شوربا ۔ یخنی ۲۔ دال کا رس ۳۔ چٹنی ۴۔ باورچی ۔ رسویا ۵۔ برتن ۔ ہنڈیا ۶۔ تیر **سوپ شاستر** (مذکر) باورچی گری ۔ پکانے کا فن **سوپ کارک یا کاری** (مذکر) باورچی ۔

سُوپا بینا (ہ ۔ مذکر) ابابیل ۔

سُوپارا ۔ سوپاری (ہ ۔ خف) دیکھو سپارا اور سپاری ۔

سوپان (س ۔ مذکر) ۱۔ سیڑھی ۔ زینہ ۲۔ رستہ ۔ سڑک ۔

سوپلی (ہ ۔ مونث) چھوٹا چھاج ۔

سَوپن (س ۔ مذکر) ۱۔ نیند ۔ خواب ۔ نوم ۔ نیاولہ ۲۔ سپنا ۔ خواب ۳۔ خمار ۔ سستی

سوپن گری (مذکر) ایک مقام ۔

سوپی (ہ ۔ ضمیر) وہ بھی ۔ نیز ۔ وہ ۔ سو بھی ۔

سَوت (ہ ۔ مونث) ۱۔ ایک خاوند کی بیویاں آپس میں سوت کہلاتی ہیں ۲۔ وہ عورت جو پہلی بیوی پر لائی جائے ۔ سوکن ۔ سوتن ۔ ۳۔ (ہ) جڑواں چیزیں جو دو اکٹھی آگئیں (س سوتری) ۔ **سوتاپا** (مذکر) وہ جلن یا رقابت جو سوتنوں میں ہوتی ہے ۔ **سوتاپا دینا** (متعدی) سوتاپے کی تکلیف دینا ۔ سوت لاکر جلانا **سوتاپن** (ہ) سوتاپا ۔ **سوت ڈاہی** (ہ) رقیب ۔ بدطینت آدمی ۔ **سوت لانا** (متعدی) بیاہتا بیوی کے بعد ایک اور عورت بیاہ کر لانا **سوتن** (مونث) دیکھو سوت ۔ **سوتی** (ہ) سوت ۔ **سوتیا** (صفت) سوت کا یا سوت کے متعلق **سوتیا ڈاہ** (ہ) داہ یا ڈاہ (مذکر) وہ رشک اور حسد جو ایک سوت کو دوسری سوت کے ساتھ ہوتا ہے ۔ **سوتیلا** (صفت) ۱۔ سوت کا ۔ سوت کے متعلق ۲۔ وہ جو حقیقی نہ ہو (باپ) **سوتیلا باپ** (مذکر) بچے کی ماں کا دوسرا خاوند جس کو اسکی ماں نے بچے کے باپ کی وفات کے یا اس سے طلاق ہونے کے بعد کیا ہو ۔ **سوتیلا بھائی** (مذکر) ۱۔ وہ بھائی جو دوسری ماں سے ہو ۔ علاتی ۲۔ وہ بھائی جو ایک ماں اور دوسرے باپ سے ہو اخیافی **سوتیلا بیٹا** (مذکر) سوت کا بیٹا ۔ خاوند کا وہ بیٹا جو اور بیوی کے بطن سے ہو ۔ فرزند ربیب ۔ پسر اندر **سوتیلی** (مونث) ۱۔ سوت کی ۔ سوت کے متعلق ۲۔ غیر حقیقی (ماں) **سوتیلی بہن** (مونث) باپ کی بیٹی مگر دوسری ماں سے **سوتیلی بیٹی** (مونث) سوت کی بیٹی **سوتیلی ماں** (مونث) باپ کی دوسری بیوی ۔ ماں کی سوت ۔

امثال و اقوال ۔ سوت بھلی سوتیلا بُرا ۔ سوت کی اولاد زیادہ بُری یا دشمن ہوتی ہے ۔ **سوت بُری ہے چون کی اور ساجھے کا کام** ۔ ساجھے کا کام اور سوتن دونوں بُرے ہیں ۔ **سوت پر سوت اور جلاپا** ۔ دوسری سوکن آتی ہے تو رشک اور جلن بڑھتی ہے ۔ ایک دشمن کے ہوتے دوسرا دشمن اور بھی مصیبت ہے ۔ **سوت جائے سوت کا ناڑا نہ جائے** ۔ سوت مرجائے ۔ خاوند زندہ ہے ۔ **سوت چون کی بھی بُری** ۔ سوکن

کیسی ہی ناچیز ہو تو بھی بڑی ہی۔ کہتے ہیں ایک عورت
نے سوت پر جادو کرنے کیلئے اسکا پتلا آٹے کا
بنایا۔ اسے گرم تیل کی کڑھائی میں ڈالا تو چھینٹیں اُڑ
کر پڑیں اور بدن پر آبلے پڑ گئے۔ اس پر اُس نے
یہ فقرہ کہا سوت کا لا نا جی کا جلانا۔ دوسری
بیوی کا لانا بہلا ہیوی کیلئے رشک اور جلنے کا باعث
ہوتا ہے۔ سوت کی مورت بھی بُری سوکن
ہر صورت میں بُری ہوتی ہے۔ اسکی تصویر بھی جلن
کا باعث ہوتی ہے۔ سونپا ڈاہ مشہور ہے۔
سوتاپے کی تکلیف ایک مشہور عالم بات ہے۔

سُوت (ہ۔ مذکر) ۱ دھاگا۔
تاگا۔ سررشتہ ۲ بٹا ہوا تاگا جس سے معمار سیدھ
دیکھتے یا جس سے بڑھئی نشان لگاتے ہیں ۳
ریشہ۔ رگ ۴ وہ تار جو بیلوں میں سے نکل کر
اس چیز کو پکڑتی ہے جس پر وہ چڑھیں ۵ تسو کا
سولھواں حصہ ۶ سیدھا رستہ۔ سیدھی قطار۔
صف (س سُوتر) **سُوت اٹیرنا** (متعدی) سوت
اٹیرن پر چڑھانا **سُوت باندھنا** (متعدی) ۱
سیدھا خط ڈالنا ۲ سوت کو دو چیزوں سے کھینچ
کر باندھ دینا ۳ کسی چیز میں سوت باندھ دینا ۴ نشانہ
لینا۔ سشت لگانا۔ سیدھ باندھنا۔ **سوت
بندھنا** (لازم) دیکھو آخری **سوت کی انٹی**
(مونث) ۱ وہ سوت جسکو اٹیرن پر لپیٹا ہو ۲ تھوڑی
سی بساط **سوت کے بنولے ہو جانا**
(لازم) سخت نقصان ہونا۔ بنا بنایا کام بگڑ جانا۔
سوتی (صفت) ۱ سوت کا۔ سوت کا بنا ہوا ۲
(مونث) بچوں کا ایک کھیل ہر وقت منہ میں تاگا
رکھتے ہیں۔ جسوقت کوئی شرما والا لڑکا کہے سوتی
آوے جھٹ تاگا نکال کر دکھا دیتے ہیں شرط نہیں
ہارتے۔ **سوتی آوے**۔ سوت دکھا دو دیکھو
سوتی ۲ **سوتی کپڑا** (مذکر) وہ کپڑا جو روئی
کے سوت سے بنا ہو۔

امثال و اقوال سوت
کی انٹی اور یوسف کی خریداری۔ تھوڑی
سے بساط پر اتنا حوصلہ۔ سوت نہ کپاس
کولی سے لٹھم لٹھا۔ اسکے متعلق کہتے ہیں
جو خواہ مخواہ لوگوں سے جھگڑا کرے۔ کولی جلاہے
کو کہتے ہیں۔

سوتنا (ہ۔ مونث) ۱ بالی

سا چشمہ۔ سوتا ۲ وہ پانی جو کوئیں اور تالاب سے
خود بخود باہر نکل آئے ۳ وہ پانی جو دریا سے نکل
کر کسی اور طرف جائے ۴ منبع دریا کا ۵ ندی۔
نالہ۔ دریا۔ دھار ۶ خلیج (س۔ سوت) سوتا (مذکر)
دیکھو سوت **سوت پھوٹنا** (لازم) چشمہ پھوٹنا
یا جاری ہونا۔ پانی زمین میں سے خود بخود نکل آنا۔
سوت جاری رہنا (لازم) ۱ سوت کے
پانی کا لگاتار نکلتے رہنا۔ پانی کا نکاس بنا رہنا ۲
آمدنی کا قائم رہنا ۳ آمدنی بنی رہنا۔ **سوت
جاری کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) چشمہ پھوٹنا۔
سوت نکلنا (متعدی) دیکھو سوت پھوٹنا۔
سوتی (مونث) چھوٹی سوت **سوتے** (مذکر)
سوتا کی جمع ۲ بجائے سوتا حروف مغیرہ سے پہلے۔
سوتیں (مونث) سوت کی جمع **سوتیں بہا دینا**
(متعدی) چشمے جاری کرنا۔

مقولہ سوتے کا پانی
پاک۔ مسلمانوں میں طہارت کیلئے سوتے
کا پانی پاک سمجھا جاتا ہے۔

سُوتر۔ سُوتْر (س۔ مذکر)
۱ دیکھو سوت ۲ دھاگوں کا مجموعہ ۳ چھوٹا حکم یا
نصیحت۔ پند۔ امر بدیہی۔ مقولہ (مذہب۔ اخلاق
یا علم کے متعلق) ۴ فیصلہ یا رائے (قانون میں)
۵ اصلیت ۶ جنیو ۷ کمر بند ۸ خاکہ۔ نقشہ ۹ تصنیف
یا کتاب جس میں نصیحتوں یا مقولوں کا مجموعہ ہو۔
مذہب کے متعلق اول شروت سوتر د کلپ سوتر
ہیں۔ جن میں عینت کے متعلق قواعد دیئے گئے
ہیں اور دھرم سوتر و گرہا سوتر جن میں گھروں کی رسومات
وغیرہ کے متعلق حکم ہیں۔ فلسفے میں ہر ایک طریق
کی علیحدہ کتابیں ہیں جن میں سوتر ہیں۔ دیاکرن
یا گرامر میں پانینی کے سوتر ہیں جو آٹھ کتابوں میں
ہیں۔ بدھ مذہب والے اصل مذہبی کتابوں کو
سوتر کہتے ہیں اور جینیوں کے نزدیک وہ دھرم واد
کا حصہ ہیں۔

سُوتک (س۔ مذکر) ۱
پیدائش۔ جننا ۲ وہ ناپاکی جو بچے کے پیدا ہونے
کی وجہ سے ہوتی ہے۔

سُوتِکا (س۔ مونث) زچہ۔
سوتکا گرہ (مذکر) زچہ خانہ۔
سُوتیلا (ہ۔ مذکر) ۱ اگر دُور

۲ انگلیوں کے سرے کا گوشت جو ناخن کے
اوپر کی طرف ہوتا ہے۔

سُوتلی (ہ۔ مذکر) سُتلی۔

سِوِتو (س۔ مذکر) سورج
سریہ۔ اس نام سے گایتری منتر میں ایشور کو
خطاب کیا گیا ہے۔

سوتوال (ہ۔ صفت) پتلی
نازک۔ سُتی ہوئی (ناک) **سوتواں ناک**
(مونث) پتلی سُتی ہوئی ناک۔

سوتھو (انگ۔ مذکر) ایک قوم
جو سوتھو لینڈ میں آباد ہے۔ انکی تعداد ۵ لاکھ ہے
اور یہ بنٹو زبان بولتے ہیں۔

سَوتی (ہ۔ مذکر) ۱ شریر آدمی۔
بد آدمی۔ رقیب ۲ (مونث) سوت۔

سُوتی (س۔ مونث) ۱ پیدائش۔
جنم ۲ جننا ۳ اولاد۔ بچے ۴ (ہ) دیکھو سوتکا۔

سوتی (ہ۔ مذکر) ۱ برہمنوں
کی ایک گوت ۲ اس گوت کا ایک فرد ۳ وہ
برہمن جو ویدوں کو اچھی طرح سے جانتا ہو ۴
بدطینت آدمی۔ رقیب۔

سُوٹ (انگ۔ مذکر) ۱ انگریزی
کوٹ واسکٹ اور پتلون جو ایک ہی کپڑے
کے ہوں ۲ جوڑا۔ پاجامہ اور کوٹ ایک ہی رنگ
اور کپڑے کا (بنانا۔ بننا۔ بنوانا۔ پہنانا۔ پہننا۔
سلانا۔ سلوانا۔ سینا۔ ہونا کے ساتھ) **سوٹڈ
بوٹڈ** (صفت) انگریزی سوٹ اور بوٹ پہنے
ہوئے۔ انگریزی وضع کا (بانکا)۔

سُوج (ہ۔ امر) ۱ سوجنا
کا ۲ (ہ) سوجن (س شو۔ سوجنا) **سُوجا** (ماضی)
۱ سوجنا کا ۲ (صفت) ورم کیا ہوا۔ پھولا ہوا۔
سوج آنا (لازم) ورم کر جانا یا ہو جانا **سوجا
پھولا** (صفت) منہ پھلائے ہوئے۔ خفا خفا۔
سوج جانا (لازم) ورم کر جانا۔ **سوج کر کُپّا**
(کُپّا) **ہو جانا** (لازم) ۱ بہت سوج جانا ۲ بہت
موٹا ہو جانا **سُوجن** (مونث) ورم۔ آماس **سوجنا**
(لازم) ۱ ورم کر جانا یا ہو جانا ۲ (منہ) غصے یا بدمزاجی
سے منہ پھولنا۔ خفا ہونا **سوجنا پھولنا** (لازم)
نعش کا سڑ کر پھول جانا **سوجن چڑھنا** (لازم)
ورم پھیلنا **سوجی پھولی** جیسے کھی کا کُپّا ہو

سوئی عورت کے متعلق کہتے ہیں۔

سُوج (ہ۔ مذکر) سُوجا کا مخفف۔ بڑی سوئی۔

مثل سوج سا کا کپڑا ایچھا سوئی اٹکی اور کپڑا ایچھا۔ شرارتی آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔

سوج (ہ۔ صفت) ۱ سیدھا راست ۲ نزدیک۔ قریب۔

سوجا (ہ۔ مذکر) شکار۔

سُوجا (ہ۔ مذکر) ۱ سُوا۔ بڑی سوئی ۲ برما

سوجن (س۔ مذکر) ۱ اپنی ذات۔ اپنی قوم۔ اپنا خاندان۔ اپنے رشتے دار ۲ رشتے دار دور کے۔

سُوجن (س۔ صفت) بہت ہشیار۔ عقلمند۔ ماہر۔

سُوجنی، سوجنی (ہ۔ مونث) ۱ سوزنی کا مغرب ۲ ایک تکون کپڑا جو چھوٹی لڑکیوں کے آگے باندھ دیتے ہیں۔

سوجنیہ (س۔ مذکر) ۱ نیکی۔ مہربانی۔ فیاضی۔ رحم ۲ دوستی ۳ خوش خلقی۔ انسانیت ۴ نیک نہادی۔ عالی منشی۔

سُوجھ (ہ۔ امر) ۱ سوجھنا کا ۲ (مونث) نظر بینائی ۳ سمجھ بوجھ (س شُدھ۔ صفا ہونا) **سُوجھا** (ماضی) ۱ سوجھنا کی ۲ (ہ) عیاں۔ ظاہر ۳ (ہ) سوجھ ۲ و ۳ **سُوجھ بوجھ** (مونث) ۱ عقل۔ فہم۔ دانائی ۲ دور اندیشی **سُوجھ پڑنا** (لازم) ۱ دکھائی دینا ۲ سمجھ میں آنا **سُوجھتا** (مذکر) تیاری۔ درستی۔ انتظام (کرنا ہونا کے ساتھ) **سُوجھتا نہیں** ۱ دکھائی نہیں دیتا۔ نظر نہیں آتا ۲ سمجھ میں نہیں آتا۔ **سوجھنا** (لازم) ۱ نظر آنا۔ دکھائی دینا ۲ سمجھ میں آنا۔ ذہن میں آنا ۳ خیال آنا۔ یکایک خیال آنا ۴ معلوم ہونا ۵ مشغلہ ہونا۔ کام ہونا ۶ فکر پڑنا ۷ آثار معلوم ہونا ۸ دھن ہونا ۹ تمیز ہونا۔ سوجھ نہیں پڑتا۔ دیکھو سوجھتا نہیں **سوجھی** ۱ دل میں خیال آیا۔ جی میں سمایا۔ دُھن پیدا ہوئی ۲ دور کی بات سمجھ میں آئی۔

امثال۔ سوجھے نہ بھورے چاند سے رام رام (ہ) سوجھے نہ بھالے چاند کو سلام۔ جو اپنی طاقت سے بڑھ کر کام کرے اسکے متعلق کہتے ہیں۔ سوجھے نہیں اور گلابیل کا شوق۔ جس کے خیالات اپنی حیثیت سے بڑھ کر ہوں۔ اسکے متعلق کہتے ہیں۔

سُوجھ (ہ۔ مونث) سیدھا پن۔ سیدھ۔ راستی **سوجھا** (صفت) ۱ سیدھا۔ راست ۲ درست۔ صحیح ۳ قریب قریب۔ **سوجھائی** (مونث) سوجھ۔

سُوجی (ہ۔ مونث) ۱ گیہوں کا مغز ۲ موٹا آٹا گیہوں کا (س۔ شچی۔ خالص) ۳ سوئی ۴ برما (س۔ سوچکا) ۵ درزی۔ خیاط (س۔ سوچک)۔

سوچ (ہ۔ امر) ۱ سوچنا کا ۲ (مذکر) ۱ پاکی طہارت ۲ آبدست۔ صفائی ۳ دیانتداری ۴ عصمت۔ پارسائی۔ عفت ۵ پرہیزگاری۔ خداپرستی **سوچنا** (متعدی) طہارت کرنا۔ آبدست لینا۔

سوچ (ہ۔ امر) ۱ سوچنا کا ۲ (مذکر) فکر۔ خیال ۳ تردد۔ تذبذب ۴ رنج۔ غم (س شُچ۔ مغموم ہونا۔ جلنا) **سوچ آنا** (لازم) ۱ خیال آنا ۲ تردد پیدا ہونا **سوچ بچار** (مذکر) فکر و تامل **سوچ بچار کے** (تف) دیکھ بھال کے **سوچ پڑنا** (لازم) فکر ہونا۔ تردد ہونا **سوچ ساچ** (مذکر) سوچ **سوچ ساچکے** (تف) کچھ سمجھ کے **سوچ سمجھکے** (تف) سوچ بچار کے **سوچ سنکوچ** (ہ) سوچ بچار **سوچ کرنا** (متعدی) فکر کرنا۔ تامل کرنا (مت) **سوچ لگا ہونا** (لازم) فکر کرنا **سوچ لینا** (متعدی) سمجھ لینا۔ غور کر لینا **سوچ میں** (تف) سوچتے ہوئے۔ خیال میں۔ فکر میں (بیٹھنا۔ چلے جانا۔ ہونا وغیرہ کے ساتھ) **سوچ میں رہنا** (لازم) فکرمند رہنا۔ فکر میں غرق رہنا **سوچنا** (متعدی) ۱ خیال کرنا۔ دھیان کرنا۔ غور کرنا ۲ فکر کرنا۔ تردد کرنا ۳ پچھتانا۔ تاسف کرنا **سوچ ونت** (ہ) پرفکر۔ فکرمند **سوچ ونتی** (مونث) سوچ۔ فکر۔ تردد **سوچی** (ہ۔ صفت) ۱ سوچنے والا۔ دھیان کرنے والا ۲ خیال رکھنے والا۔ خبردار۔

امثال و اقوال سوچ کرنتا پرکھا بارے۔ مرد وہی جو پہلے مارے پہلا وار کرنے والا عموماً جیتتا ہے۔ سوچنے والا رہ جاتا ہے۔ دیر کرنے میں اکثر موقعہ ہاتھ سے نکل جاتا ہے

سوچ کے چلنا مسافر یہ ٹھگوں کا گاؤں ہے۔ کسی کو ہوشیار کرنا ہو تو کہتے ہیں **سوچنا جی موچنا**۔ فکر دل کو ستاتا ہے۔

سُوچ (س۔ صفت) ۱ ظاہر کرنے والا۔ اشارہ کرنے والا ۲ (مذکر) کشا گھاس کا نوکدار تنکا **سوچا** (مونث) ۱ اشارہ کرنا۔ اشارہ ۲ چھیدنا ۳ کھوج لگانا ۴ دیکھنا۔ نظر آنا **سوچنا** (مونث) نشان۔ علامت۔ دلیل **سوچنی** (مونث) فہرست مضامین **سوچی** (مونث) ۱ چھیدنا سوراخ کرنا ۲ سوئی ۳ کسی چیز کی تیز نوک ۴ تکون کی اوپر کی نوک ۵ مخروطی۔ گاجر کی شکل کی چیز یکھر ۶ وہ تکون جو منحرف شکل کے پہلوؤں کو بڑھانے سے بنے ۷ ایک قسم کی ترتیب فوج ۸ اشارے سے بتانا۔ اشارہ ۹ ناچنے کا ایک خاص طریقہ ۱۰ فہرست مضامین ۱۱ جماع کا ایک آسن ۱۲ چھاج بنانے والا۔

سوِچ (انگ۔ مذکر) وہ بٹن سا جس کے دبانے سے بجلی کا لیمپ جلتا یا بجھتا ہے۔

سُوچیارن (س۔ مذکر) خوشگوار تلفظ۔ حسن تلفظ۔ خوش آوازی۔

سوچینیہ (ہ۔ صفت) سوچنے کے قابل۔

سوچھ (س۔ صفت) ۱ بہت صاف۔ شفاف۔ سفید ۲ چمکدار ۳ ستھرا۔ خالص بے داغ ۴ تندرست۔ باصحت۔

سُوچیت (ہ۔ صفت) ہیجیت **سوچیت ہوگیا**۔ ہوشیار یا چوکس ہو گیا۔ فکر جاتا رہا۔

سوچیتی (ہ۔ مونث) ۱ توجہ۔ احتیاط۔ ہشیاری ۲ حفاظت۔ خبرداری۔ بچاؤ۔

سوخ (ف۔ مذکر) ۱ پیاز ۲ (ترکستان میں) ایک شہر۔

سوخت (ف۔ مونث) ۱ جلن ۲ گنجفے میں جو پتا وقت پر نہ کھیلا جائے وہ بیکار ہو جاتا ہے۔ اسے سوخت کہتے ہیں ۳ تاش میں جس رنگ کا پتہ کھیلا گیا ہو۔ اسکا پتہ رکھ کر دوسرے رنگ کا پتہ پھینکا جائے تو اسکو

بھی سوخت کہتے ہیں۔ انگریزی ریووک (سوختن
جلنا) **سوخت کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم)
۱ جلنا ۲ ضبط ہونا ۳ گنجفہ یا تاش میں پتہ وقت پر
نہ کھیلا جانا **سوختگی** (مونث) ۱ جلن ۲ تکلیف
رنج **سوختنی** (صفت) جلنے یا جلانے کے
قابل۔ **سوختہ** (صفت) ۱ جلا ہوا۔ جھلسا ہوا
۲ عاشق ۳ افسردہ۔ پژمردہ۔ رنجیدہ۔ غمزدہ ۴
(مذکر) وہ بجھا ہوا کوئلہ جس میں جلد آگ لگجاتی
ہے ۵ وہ بارود میں ستھرا ہوا کپڑا جس میں جلد
آگ لگ جاتی ہے ۶ جاذب۔ سیاہی چوس
بلاٹنگ پیپر۔ **سوختہ بال** (صفت) سوختہ پر ۲۲
سوختہ بخت (صفت) بدقسمت۔ بدنصیب
سوختہ پا (صفت) جلد چلنے والا۔ **سوختہ تن
جان** (صفت) جگر یا دل سوختہ ۲۲ **سوختہ
قسمت یا کوکب** (صفت) بدقسمت۔ بدنصیب
سوختی (مونث) ۱ رنج۔ ملال ۲ خفت سبکی۔

سُود (ف۔ مذکر) ۱ بیاج۔
وہ روپیہ جو قرض دار اس روپے کے استعمال
کیلئے جو اس نے قرض لیا ہے۔ قرض خواہ کو
دیتا ہے۔ بینک والے عموماً شرح سیکڑہ سالانہ
لگاتے ہیں۔ ساہوکار ماہانہ یا روزانہ فی
روپیہ لیتے ہیں۔ اسکے نکالنے کا یہ قاعدہ ہے
(اصل زر × شرح × وقت) ÷ ۱۰۰ ۲ نفع۔ فائدہ ۳ ثمرہ۔
نتیجہ ۴ بہتری۔ بھلائی **سود بٹّا** (مذکر) نفع نقصان۔
سود پر دینا یا لگانا (متعدی) روپیہ بیاج
پر قرض دینا۔ **سود پر لینا** (لازم) سود دینے
کا اقرار کرکے روپیہ قرض لینا **سود خوار خور
یا خورا** (صفت) سود لینے والا **سود خوری**
(مونث) سود لینا **سود در سود** (مذکر) وہ سود
جو سود کی رقم اصل میں جمع کرکے سود لگایا جائے
اسکا قاعدہ یہ ہے۔ اصل زر × (۱ + شرح ÷ ۱۰۰)^ت
اصل زر۔ جہاں ت تعداد سال ہے۔
سود کھانا (متعدی) بیاج لینا **سود لگانا** (متعدی)
لگنا (لازم) بیاج چھیلنا۔ حساب میں سود لکھا
جانا **سود مند** (صفت) مفید۔ فائدہ مند **سود
مندی** (مونث) فائدہ۔ نفع **سودی** (صفت)
سود سے نسبت رکھنے والا **سودی چلانا**
(متعدی) **چلنا** (لازم) روپیہ منافع پر قرض دینا۔

سُود (ہ۔ مذکر) نبوں کی
ایک گوت۔

سَودا (ف۔ مذکر) ۱ بیوپار۔
خرید و فروخت۔ معاملہ ۲ سوداگری کا مال و اسباب
۳ وہ چیز جو بازار سے خریدی جائے ۴ خرید
۵ دام ۶ پھل۔ میوہ ۷ مٹھائی **سودا ایک جانا**
(لازم) ۱ کچھ پاس نہ رہنا ۲ حسن جاتا رہنا ۳ نامرد
ہو جانا۔ **سودا بگاڑنا** (متعدی) **بگڑنا** (لازم)
طے شدہ معاملہ خراب ہو جانا۔ **سودا بنانا**
(متعدی) **بننا یا بٹنا** (لازم) خرید و فروخت
کا معاملہ طے ہونا۔ بھاؤ ٹھیرنا۔ نرخ یا قیمت طے
ہونا۔ **سودا بہی** (مونث) حساب خرید و فروخت
کی کتاب **سودا پتر** (ھ) ۱ فروخت کا اقرارنامہ
۲ بل۔ حساب خرید کا کاغذ **سودا خریدنا** (متعدی)
۱ چیز مول لینا ۲ بکھیڑا مول لینا **سودا پھرنا** (لازم)
بیچے ہوئے مال کا واپس ہونا **سودا ٹھیرنا یا
چکنا** (لازم) دیکھو سودا بننا **سودا دلانا** (متعدی)
کھانے پینے کی چیز دلانا۔ کوئی چیز دلوانا۔ **سودا
دست بدست ہونا** (لازم) کسی چیز کا فوراً
نقد قیمت پر بک جانا **سودا سلف** (مذکر) سودا
۳ کھانے پینے کی چیز دلانا کے ساتھ) **سودا
کرنا** (متعدی) دیکھو سودا بنانا **سوداگر** (مذکر)
بیوپاری۔ تاجر۔ دوکاندار۔ بنیا **سودا گراں
ہونا** (لازم) کسی چیز کا زیادہ قیمت پر بکنا۔
سوداگر بچہ (مذکر) تاجر کا بیٹا **سوداگر بچی**
(مونث) سوداگر کی بیٹی۔ **سوداگری** (مونث)
تجارت۔ بیوپار (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ تجارتی۔
سوداگری مال (صفت) تجارتی مال۔ وہ
مال جو فروخت کیلئے مہیا کیا گیا ہو **سودا لانا**
(متعدی) بازار سے کوئی چیز خرید کر لانا **سودا
لینا** (متعدی) کوئی چیز خریدنا۔ **سودا ملنا**
(لازم) بکتی ہوئی چیز ملنا **سودا مول لینا**
(متعدی) کوئی چیز خریدنا ۲ بکھیڑا مول لینا۔ **سودا
نقد ہونا** (لازم) چیز کی قیمت اسی وقت ملجانا۔
سودا ہو جانا یا ہونا (لازم)۔ خرید و فروخت
کا معاملہ طے ہونا۔ قیمت طے ہونا۔

**امثال و اقوال۔ سودا اچھا
لابھ کا اور راجہ اچھا داب کا۔** سودا وہ اچھا
جس میں نفع ہو اور راجہ وہ اچھا جس کا دبدبہ ہو۔
سودا بک گیا دوکان رہ گئی۔ حسن و جوانی
جاتی رہی ڈھانچ رہ گیا۔ **سودا سودائیوں بات
نفع میں۔** خریداروں کے ساتھ سودا تو ہوتا ہی
ہے۔ مگر ساتھ بہت سی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔
**سودا لیجے دیکھ کر اور روٹی کھائیے
سیک کر۔** مال دیکھ بھال کر خریدنا چاہیئے اور
روٹی گرم کرکے کھانی چاہیئے۔ **سودا کر نفع
ہوگا** ۱ خرید و فروخت دیکھ بھال کر کرو تو فائدہ
ہوتا ہے ۲ فقیروں کی صدا خیرات دے۔ آخرت
میں فائدہ ہوگا۔

سَودا (ع۔ مذکر) ۱ سیاہ خلط
کا نام ۲ خبط جنون۔ دیوانگی ۳ خیال۔ دُھن ۴
عشق۔ محبت۔ پریم ۵ خواہش ۶ آرزو (سَوَد۔
سیاہ ہونا) **سودا اچھلنا** (لازم) جنوں ہونا۔
سودا جانا (لازم) خیال دل سے نکلنا **سودا
چمکنا** (لازم) جنون بڑھ جانا **سودا ہو جانا یا
ہونا** (لازم) جنون ہونا۔ خبط ہونا ۲ عشق ہونا۔
فریفتگی ہونا۔ **سوداوی** (صفت) ۱ سودا سے
منسوب ۲ وہ جس میں خلط سودا غالب ہو **سوداوی
مزاج** (مونث) وہ طبیعت جس میں خلط سودا غالب
ہو **سودائی** (صفت) ۱ دیوانہ۔ جنونی۔ خبطی ۲
عاشق۔ شیدا **سودائی بنانا** (متعدی) **بننا**
(لازم) ۱ دیوانہ ہو جانا ۲ عاشق ہونا۔ **سودائے
خام** (مذکر) خیال خام (رکھنا ہونا کے ساتھ)۔
سودائی ہونا (لازم) دیوانہ ہونا۔ سٹری ہونا۔
سودا لہو ہونا (لازم) سخت پریشانی ہونا۔
گھبراہٹ ہونا۔ پاگل ہو جانا۔

سَودر۔ سودرا (ہ۔ صفت)
۱ ایک ہی بچہ دان سے پیدا شدہ ایک
ہی ماں کے ۲ ایک ماں کے بچوں میں سے کوئی
ایک۔ سگا بھائی۔

سَودنا (ہ۔ متعدی) ۱ سودھنا
۲ سوندھنا۔

سُودہ (ف۔ اسم صفت)
۱ گھسا ہوا ۲ پسا ہوا ۳ گھلا ہوا ۴ (مذکر) سفوف۔
برادہ ۵ وہ چیز جو گھسنے سے حاصل ہو (سُودن۔
پیسنا) **سودۂ الماس** (مذکر) الماس کے ذرے
یا برادہ جو نگلے جاتے ہیں خودکشی کیلئے استعمال
کئے جاتے تھے۔ **سودۂ صندل** (مذکر) صندل
کا برادہ۔

سَودھ (س۔ مذکر) ۱ پلستر یا سفیدی کیا ہوا محل ۲ محل۔ قصر ۳ چاندی ۴ دودھیا پتھر۔

سُودھ (ہ۔ مونث) ۱ طرف۔ سیدھی لکیر ۲ سیدھ۔ نشانہ۔ نشست **سودھا** (صفت) ۱ ٹھیک۔ درست۔ صحیح ۲ راستباز۔ سچا ۳ سادہ۔ بےریا ۴ سیدھا۔ راست۔

سودھ (ہ۔ مونث) ۱ پاکی۔ طہارت ۲ صفائی۔ ستھراپن ۳ نفاست۔ لطافت ۴ تہذیب۔ شائستگی ۵ باریک بینی۔ احتیاط ۶ عظمت۔ تقدیس ۷ صحت۔ درستی ۸ تلاش۔ جستجو۔ دریافت ۹ قرضے کی ادائیگی ۱۰ مطابقت۔ مشابہت **سودھا کرنا** (متعدی) ۱ طہارت کی عادت رکھنا ۲ ذاتوں کے امتیاز کا خیال رکھنا ۳ چھوت سے بچنا **سودھ ڈالنا** (متعدی) سودھن کرنا **سودھن** (مذکر) ۱ صفائی یا طہارت کا فعل ۲ دھاتوں کا خالص بنانا ۳ صفائی ۴ غلطیوں اور نقصوں سے پاک کرنا۔ درستی ۵ توبہ۔ تکفیر۔ کفارہ ۶ جواب۔ آتا ۷ قرضے کی ادائیگی ۸ تفتیش۔ دریافت۔ جستجو (کرنا ہونا کے ساتھ) ۹ (صفت) صفائی کرنے والا۔ پاک کرنے والا ۱۰ قبض کشا ۱۱ مصلح۔ صحیح کرنے والا ۱۲ پاک۔ صاف (آدمی) **سودھن کرنا** (متعدی) ۱ دھاتوں کو خالص بنانا ۲ درست کرنا ۳ واجب ٹھہرانا۔ درست ثابت کرنا ۴ قرض ادا کرنا **سودھنا** (متعدی) سودھن کرنا۔ **سودھی** (صفت) ۱ صاف کرنا ۲ خالص ۳ پاک (آدمی)۔

سَودھرم (س۔ مذکر) ۱ اپنا حق ۲ اپنا فرض۔ اپنا مذہب ۳ خاص فرض یا پیشہ ۴ اپنی ذات کے فرائض **سودھرمی** (ہ۔ صفت) اپنے فرض یا مذہب کے متعلق ۲ (مذکر) فرض ادا کرنے والا شخص ۳ مذہبی دیوتا۔

سَودیش (س۔ مذکر) ۱ اپنا ملک۔ وطن ۲ اپنی جگہ۔ گھر **سودیش تیاگ** (مذکر) ہجرت **سودیش تیاگی** (مذکر) مہاجر **سودیشی** (صفت) ۱ اپنے ملک یا وطن کا یا اسکے متعلق ۲ (مذکر) اپنے ملک کا آدمی۔ ہم وطن **سودیشی اشیا** یا **چیزیں** (ہ۔ مونث) وہ چیزیں جو اپنے ملک میں بنیں۔

سوڈا (انگ۔ مذکر) ۱ نمک کی ہوئی سجی یا کھار۔ یہ ایک سفید مرکب ہے جو ہاضمے کیلئے مفید ہے۔ دیسی چائے پینے والے چائے میں ڈالتے ہیں تاکہ رنگ اچھی طرح نکل آئے۔ کپڑوں کے رنگ کو پکا بنانے کیلئے رنگ میں ملاتے ہیں **سوڈا بائیکارب** (مذکر) ایک مرکب جو ہاضمے کیلئے بہت مفید ہے۔ اگر اسکی ایک چٹکی پانی میں ڈالکر کھانے کے ساتھ پی جائے تو ہر چیز کو ہضم کر دیتا ہے۔ **سوڈا واٹر** (مذکر) کھاری پانی جو انگریز شراب میں ڈالکر اور دیسی ہاضمے کیلئے پیتے ہیں اس میں کاربانک ایسڈ گیس ملی ہوئی ہوتی ہے۔

سوڈم (کنعان) ایک قدیم شہر۔ یہاں حضرت لوط مبعوث ہوئے تھے۔ یہاں کے لوگ اغلام بہت کرتے تھے۔ اس لیے اس ملک کا تختہ اُلٹ دیا گیا تھا۔

سوڈیم (انگ۔ مذکر) ایک غیر دھاتی عنصر پانی سے ۱۔۹ گنا ہلکا ہے۔ مفرد حالت میں نہیں پایا جاتا۔ اس حالت میں اسے مٹی کے تیل میں رکھتے ہیں۔ پانی میں ڈالنے سے اس میں آگ لگ جاتی ہے۔

سَور (س۔ صفت) ۱ سورج کا یا اس کے متعلق۔ شمسی ۲ (مذکر) شمسی مہینہ یا دن ۳ آفتاب پرست ۴ سیارہ مشتری۔

سَور (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی مچھلی ۲ زچہ خانہ ۳ جننے کے بعد سے نہانے تک کا زمانہ۔

سَور (س۔ مذکر) **سُور** (عف) ۱ سورج۔ شمس ۲ بہشت۔ سرگ ۳ آسمان ۴ خلا جو سورج اور قطبی ستارے کے درمیان ہے ۵ ایک لفظ جو گایتری منتر سے پہلے اور اوم کے بعد پڑھتے ہیں ۶ پانی۔ **سورگنگا** (مونث) ۱ آسمانی گنگا ۲ کہکشاں **سورلوک** (مذکر) ۱ بہشت۔ سرگ ۲ آسمان ۳ کوہ میرو۔

سَوَر (س۔ مذکر) **سُور** (ہ) ۱ آواز ۲ شور۔ غل ۳ سُر۔ لے ۴ نغمہ۔ گانا۔ ترانہ ۵ نظم میں عددسات ۶ (صرف و نحو) حرفِ علت ۷ تلفظ ۸ لہجہ ۹ ہوا جس سے سانس لیا جائے۔ سانس کی آواز ۱۰ خراٹا ۱۱ سات سُریں جنکو نشاد۔ رشبھ۔ گندھار۔ شدج۔ مدھیم۔ دھیوت اور پنچم کہتے ہیں۔ یہ ہاتھی۔ بیل۔ بکری۔ مور۔ بگلے۔ گھوڑے اور کوئل کی آوازوں کے مطابق ہیں اور ہر نام کے پہلے حرف سے ظاہر کی جاتی ہیں۔ نی۔ رے۔ گا۔ سا۔ ما۔ دھا۔ پا۔ مگر اب عام طور پر ترتیب سا رے۔ گا۔ ما۔ پا۔ دھا۔ نی ہے۔

سُور (ہ۔ مذکر) ۱ بہادر آدمی۔ شجاع۔ دلیر۔ دلاور۔ جوانمرد ۲ (صفت) دلیر۔ بہادر ۳ فیاض۔ مخیر۔ **سورببیر** (صفت۔ مذکر) سورما ۔ ۔ ۔ **سورسین** (مذکر) ۱ متھرا کے اردگرد کا ملک ۲ وہ پراکرت جو اس ملک میں بولی جاتی تھی۔ اردو زبان اس سے نکلی ہوئی بیان کیجاتی ہے۔ **سورما۔ سورمان** (صفت) بہادر۔ جوانمرد۔ دلیر۔ شجاع۔ **سُورماپن** (مذکر) بہادری۔

مثل۔ سورما چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا۔ اکیلا بہادر بہت آدمیوں پر غالب نہیں آسکتا۔ ایسے موقع پر کہتے ہیں جب ایک آدمی بہت سے آدمیوں میں گھر جائے یا ایک شخص کو بہت سے کام پڑ جائیں۔

سُور (ہ۔ مذکر) ۱ سوجھ ۲ قابل یا عالم آدمی **سُورداس** (مذکر) ایک ہندی شاعر کا نام جو اندھا تھا ۲ (مذاقاً) اندھا آدمی۔

سُور (ہ۔ مذکر) اسہال۔ پیچش۔

سُور (ف۔ مذکر) ۱ افغانوں کی ایک قوم۔ شیر شاہ شاہِ ہند اس قوم میں سے تھا ۲ افغانستان میں ایک شہر۔

سُوَر (ہ۔ مذکر) ۱ خوک۔ خنزیر۔ یہ ۲ گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے (س۔ شُوکر) **سور کا بچہ** (مذکر) ایک گالی ہے۔ حرامزادہ سور کے برابر ہے۔ حرام ہے سور مُردار ہے یہ چیز ہم نے نہیں کھائی۔ **سورنی** (مونث) سور کی ۱ مادہ سور ۲ بہت بچوں کی ماں۔

سور (ہ۔ مذکر) ۱ شور کا

مخرب ۲ (مونث) جڑ یا شاخوں کا نکاس۔

سوُرا ۔ سوُرا (ہ ۔ مذکر)
سورا ۱ بہادر ۔ شجاع ۲ ایک قسم کا سیاہ کپڑا۔

امثال و اقوال ۔ سورا
رن میں جائیکہ لوہا کرے ٹِننک ۔ ناموہے چڑھے رانڈ ابڑو ۔ نا توہے چڑھے کلنک ۔ عورت اپنے خاوند کو جنگ پر بھیجتے [illegible] کہتی ہے کہ اے بہادر جاؤ اور لڑائی [illegible] تلوار کھینچو ۔ اگر تم مرگئے تو میرے لئے [illegible] اور تمہاری کوئی بدنامی نہ ہوگی۔
سورا سو پورا ۔ بہادر آدمی کمل ہوتا ہے۔
سورا کا سٹے اور بل میں گھس جائے یہاں سورا معنی مٹے میں ہے۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ بہادری کے ساتھ احتیاط بھی کرنی چاہیئے۔

سوراتھ (ہ ۔ مونث) ۱ خود غرضی ۲ لالچ ۔ حرص ۳ خواہش ۔ **سوراتھی سوراتی** (صفت) خود غرض ۔ لالچی ۔

سوُراخ (ف ۔ مذکر) چھید رخنہ ۲ نکلنے کا رستہ (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) **سوراخ دار** (صفت) جس میں سوراخ ہوں **سوراخ مور و مار تلاش کرنا** (متعدی) ڈر کے مارے چھپنے کی جگہ ڈھونڈنا **سوراخ مور و مار میں چھپنا** (لازم) ڈر کے مارے کسی تنگ و تاریک جگہ میں چھپنا **سوراخی** (صفت) ۱ سوراخ دار ۲ کٹا ہوا (سکہ)۔

سوُرت (ف ۔ مونث) ۱ طاقت ۲ زور ۳ اثر ۴ جوش ۔ تیزی ۵ ظلم۔

سوُرت (ع ۔ مونث) قرآن شریف کا ایک باب یہ تعداد میں ایکسو چودہ ہیں۔

سوُرت (س ۔ صفت) ۱ رحم دل ۔ نرم دل ۲ شوخ چنچل ۳ چپ چاپ ۔ سنسان ۴ (مذکر) عشق ۔ محبت ۵ جماع ۔ صحبت

سوُرتا (س ۔ مونث) حلیم گائے ۔

سوُرتی (س ۔ مونث) اچھا آرام ۲ اچھا انجام ۔

سوُرٹھ (ہ ۔ مونث) ایک راگنی کا نام **سورٹھا** (مذکر) ایک قسم کا ہندی کا وزن یا بحر ۔

مقولہ ۔ سورٹھ میٹھی راگنی رن میٹھی تلوار ۔ جاڑے میٹھی کاملی ۔ سیجوں میٹھی نار ۔ سورٹھ راگنی ۔ لڑائی میں تلوار سردی میں کمل بستر ے میں عورت میٹھی ہوتی ہے ۔

سوُرج (ہ ۔ مذکر) ۱ آفتاب ۔ شمس ۔ مہر ۔ خورشید ۔ آدت ۔ سورج ۲ سورج ایک ساکن فلکی جرم ہے جو بذاتِ خود گرم اور روشن ہے ۔ اسکا قطر ۸۶۴۰۰۰ ہے زمین دیگر سیارے اور دمدار تارے اسکے گرد پھرتے ہیں ۔ یہ زمین سے ۹۲ کروڑ ۸۳ لاکھ میل کے فاصلے پر ہے زمین تک اسکی روشنی ۸ ۱/۲ منٹوں میں پہنچتی ہے۔ اسکی گرمی اور روشنی کے وجہ سے زمین پر زندگی کا وجود ہے ۔ **سورج بنسی** (مذکر) راجپوتوں کی ایک نسل ۔ جسکے راجہ اودھ میں راج کرتے تھے ۔ یہ اپنے آپ کو سورج کی اولاد بتاتے تھے ۔ راجہ رامچندر جی اسی خاندان سے ہوئے ہیں ۔ اودے پور کے راجہ اسی نسل سے ہیں ۲ اس نسل کا فرد یا خاندان ۳ (صفت) اس نسل کا **سورج چھپنا** (لازم) ۱ آفتاب کا غروب ہونا ۔ یہ زمین کی محوری گردش کا نتیجہ ہے۔ جب کوئی حصہ زمین کا پھرتا ہوا سورج سے دوسری طرف چلا جائے تو سورج غروب ہو جاتا ہے ۲ سورج کے سامنے ابر کا آجانا **سورج ڈوبتے یا ڈوبے** (تف) بوقت غروب آفتاب **سورج ڈوبنا یا غروب ہونا** (لازم) سورج چھپ جانا **سورج سنسکار** (ہ) نظام شمسی **سورج سنکرانتی** (مونث) سورج کا داخلہ کسی برج میں **سورج کا برابر دن** (ہ) اوسط شمسی دن **سورج کال** (مذکر) شمسی وقت ۔ **سورج کو چراغ دکھانا** (متعدی) دانا کو دانائی کی بات بتانا **سورج کی کرن** (مونث) روشنی آفتاب کی جو زمین کے ایک نقطے پر پڑتی ہے ۔ شعاع آفتاب **سورج گرہن یا گہن** (مذکر) سورج کا سیاہ ہو جانا۔ یہ قمری مہینے کی آخری تاریخ کو واقع ہوتا ہے۔ جب چاند گردش کرتا ہوا عین سورج اور زمین کے درمیان آجاتا ہے ۔ چونکہ چاند کا ایک حصہ تاریک ہے اور اسوقت وہ زمین کی طرف ہوتا ہے اسلیئے اتنا سورج نظر نہیں آتا ۔ پُرانے زمانے کے ہندوؤں کا خیال ہے کہ ایک دیت راہو اسے اپنے مُنہ میں لے لیتا ہے **سورج مکھی** (مونث) ۱ ایک زرد پھول جسکا مُنہ عموماً آفتاب کی طرف رہتا ہے ۲ ایک قسم کی گول پنکھیا ۳ ایک قسم کی آتش بازی **سورج منڈل** (مذکر) سورج کا قرص **سورج منڈلی** (مونث) نظام شمسی **سورج نکلنا** (لازم) آفتاب کا طلوع ہونا ۔ جب کوئی حصہ زمین کا گردش کرتا ہوا سورج کے سامنے آتا ہے تو وہاں سورج نظر آتا ہے ۔ **سورج نکات** (ہ) دمدار تارے کے مدار کا وہ نقطہ جو آفتاب سے قریب ہے

امثال و اقوال ۔ سورج
بیری گرہن ہے اور دیپک بیری پون جی کا بیری کال ہے آوت روکے کون ۔ سورج کا دشمن گرہن اور چراغ کا دشمن ہوا ہے ۔ جان کی دشمن موت ہے جب آئے کوئی روک نہیں سکتا **سورج خاک ڈالنے سے چھپ نہیں سکتا سورج دھول ڈالنے سے نہیں چھپتا** ۔ ظاہر بات نہیں چھپ سکتی **سورج کو کیا آرسی لے کے دیکھتے ہیں** ۔ جو بات عیاں ہو اسکی تشریح کی ضرورت نہیں ۔ **سورج نے بھان اُبھاری رین گھر کو سدھاری** سورج نکلا اور رات غائب ہوئی ۔ بڑوں کے سامنے چھوٹوں کی کوئی ہستی نہیں۔

سوُرداس (نامعلوم) ایک ہندی شاعر ۔ جسکے متعلق کہا جاتا ہے کہ بڑا بھگت تھا ۔ ایک عورت پر عاشق ہوگیا اور پاپ سے بچنے کیلئے اُس نے اپنے آپ کو اندھا کر دیا۔

مثل ۔ سورداس جنم کے نہیں آندھر ۔ سورداس اندھا پیدا نہیں ہوا تھا ۔ مطلب یہ ہے کہ یہ جبلی حالت نہیں ۔ اصلیت کچھ اور ہے ۔

سوُرگ (س ۔ مذکر) ۱ بہشت ۔ فردوس ۲ اندر کا بہشت ۔ وہ جگہ جہاں مکت روحیں اور چھوٹے دیوتا رہتے ہیں ۳ آسمان ۴ ہندی نظم میں عدد ۲۱ ۔ **سورگ پروَن** (مذکر) مہابھارت کی اٹھارویں کتاب کا نام جس میں پانڈوں کے اندر کے سُرگ کو جانیکا حال

درج ہے۔ **سورگ واسی** (مذکر) ۱ سرگ کا باشندہ۔ سرگ میں رہنے والا شخص ۲ (صفت) بہشتی۔ جنتی۔ **سورگی** (صفت) ۱ سرگ کا۔ بہشتی۔ جنتی ۲ متوفی ۳ (مذکر) متوفی شخص ۴ دیوتا۔ سرگ کا باشندہ۔

مثل۔ سورگ سے اترا ببول میں اٹکا۔ دیکھو آسمان سے اترا۔ الخ

سُور ملار (ھ۔ مذکر) ایک راگنی۔

سَوَرن (س۔ صفت) ۱ اسی رنگ کا ۲ اسی شکل کا۔ مانند۔ مشابہ ۳ اسی قسم کا۔ اسی ذات یا قوم کا ۴ یکساں۔ ہمجنس۔

سوَرن (س۔ مذکر سونا (ھ)) سونا۔ طلا۔ زر ۲ ایک خاص اگنی ۳ ایک قسم کا سرخ چاک ۴ ایک پودہ۔ **سورن دویپ** (مذکر) جزیرہ سماٹرا۔ **سورن ودیا** (مونث) کیمیا۔

سُورن (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی جڑ جس کو کھاتے ہیں۔ اروی کی ایک قسم۔

سُورنجان (ف۔ مونث) ایک دوا۔ **سورنجانِ تلخ** (مونث) ایک دوا۔ **سورنجانِ شیریں** (مونث) ایک دوا جو وجع المفاصل کے لئے اکسیر ہوتی ہے۔

سورنی (ھ۔ مونث) ۱ جھاڑو ۲ ایک رسم جو مرنے کے تیسرے دن جب پھول دریا میں پھینکی جاتی ہیں ادا کیجاتی ہے۔

سَوَرُوپ (س۔ مذکر) ۱ اپنی شکل یا صورت ۲ اپنی قسم ۳ قدرتی حالت ۴ ضروری خاصیتیں ۵ قدرتی خاصیت یا شکل ۶ ظاہری اور قدرتی مطلب یا نتیجہ ۷ عجیب نشان ۸ قدر ۹ قسم۔ نوع ۱۰ شکل۔ صورت ۱۱ ایک خاص تعلق ۱۲ اصلیت۔ راستی ۱۳ شناخت۔ پہچان ۱۴ واقعہ۔ ماجرا ۱۵ ایک دیوتا ۱۶ شنندا کا ایک بیٹا ۱۷ چینیا کا ایک شاگرد ۱۸ ایک مقام ۱۹ (صفت) اپنی شکل یا خاصیت والا ۲۰ اپنی اسی قسم کی طبیعت یا خاصیت والا ۲۱ مانند۔ مثل ۲۲ موزوں مناسب ۲۳ خوبصورت حسین ۲۴ عاقل۔ دانا۔

سُورَہ (ع۔ مذکر) سورت سے فارسی والوں نے بنایا ہے۔ قرآن شریف کا ایک باب۔

سَوری (ھ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی مچھلی ۲ زچہ خانہ۔

سُوری (س۔ صفت) ۱ عقلمند۔ دانا ۲ (مذکر) سورج ۳ دانا آدمی ۴ برہسپتی کا نام ۵ کرشن جی ۶ ایک شاعر (سُور سے) ۷ بھینٹ دینے والا شخص ۸ راجہ۔ سردار (سوما سے) ۹ وہ جو سوم رس نکالے۔ سوم رس کی بھینٹ دینے والا شخص (سُ سے) ۱۰ (ھ) (ہندوؤں میں) ایک ذات

سُوری (ھ۔ مونث) سوراخ جو کسی چیز میں ہو۔

سُوریانا (ھ۔ لازم) شاخیں پھوٹنا۔

سُوریُوس (ف۔ مذکر) نمرود کا نام۔

سَوریَہ (س۔ صفت) ۱ شمسی۔ آفتابی ۲ (مذکر) سورج کا بیٹا ۳ کئی ویدک شیوں کا نام ۴ سال ۵ کوہ ہمالہ کی دو چوٹیاں ۶ ایک شہر۔

سُوریَہ (س۔ مذکر) ۱ سورج۔ آفتاب۔ شمس۔ مہر۔ خورشید ۲ نظم میں بارہ کا عدد ۳ سورج کا دیوتا۔ رگ وید کے دس منتر اسکے نام پر ہیں۔ اسکی سات بیویاں ہیں۔ **سوریہ دیو** (مذکر) سورج دیوتا **سوریہ گرہن** (مذکر) سورج گرہن **سوریہ لوک** (مذکر) سورج کی دنیا۔ ایک علاقہ جسکے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ سورج کے گرد ہے۔ اور ایک قسم کی جنت ہے۔ جسکا موکل سورج ہے۔

سُورْ (ھ۔ مونث) ۱ قصاص۔ بدلہ۔ تسلی ۲ سزا۔ سیاست۔ ڈنڈ۔ **سُورْنا** (متعدی) ۱ سزا دینا۔ مارنا۔ بیت یا دُرّے لگانا ۲ جواب لینا۔

سوز (ف۔ مذکر) ۱ جلن۔ سوزش ۲ درد۔ دُکھ ۳ رنج۔ غم ۴ مرثیہ خوانی کی ایک طرز ۵ وہ اشعار جو مرثیہ خواں ایک لحن کے ساتھ پڑھتے ہیں ۶ جوش۔ جذبہ ۷ (صفت) جلنے والا۔ جلن پیدا کرنے والا۔ مرکبات کے آخیر میں۔ جیسے دل سوز۔ جگر سوز (سوختن۔ جلنا) **سوزا** (اسم صفت) ۱ سخت جلانے والا ۲ سخت تکلیف دینے والا ۳ پھوڑا۔ **سوزاک** (مذکر) ایک بیماری جس میں پیشاب سوزش اور تکلیف سے آتا ہے۔ **سوزاں** (صفت) ۱ جلانے والا۔ رنج پیدا کرنے والا ۲ دلسوز ۳ رقت پیدا کرنے والا۔ **سوز خواں** (مذکر) مرثیہ خواں ایک خاص طرز کا۔ لے کے ساتھ مرثیہ پڑھنے والا۔ **سوز خوانی** (مونث) اس قسم کی مرثیہ خوانی۔ **سوزش** (مونث) ۱ جلن ۲ درد۔ تکلیف ۳ رنج۔ غم۔ **سوزناک** (صفت) دیکھو سوزاں۔ **سوزندگی** (مونث) ۱ جلن۔ سوزش ۲ جلنا۔ آگ لگنا۔ **سوزندہ** (صفت) دیکھو سوزاں۔ **سوز و گداز** (مذکر) وہ کیفیت جس سے موثر ہو کر رقت طاری ہو۔ **سوزی** (مونث) جلنا۔ مرکبات کے آخر میں جیسے دلسوزی۔

سوزَن (ف۔ مونث) سوئی۔ سوا۔ سلائی۔ **سوزندان** (مذکر) وہ چیز جس میں سوئیاں رکھی جائیں۔ **سوزن زدہ** (صفت) وہ جسے سوئی چبھوئی جائے۔ **سوزنِ ساعت** (مونث) گھڑی کی سوئی۔ **سوزنِ عیسیٰ** (مونث) وہ سوئی جو حضرت عیسیٰ کے دامن میں الجھی ہوئی آسمان پر چلی گئی تھی۔ **سوزن کاری** (مونث) سوئی کا کام۔ **سوزن گر** (مذکر) سوئیاں بنانے والا۔ **سوزن گری** (مونث) سوئیاں بنانا۔ **سوزنی** (مونث) ۱ ایک قسم کا دوہرا یا روئی بھرا کپڑا جس پر سوزن کاری ہو ۲ ایک قسم کا فرش جس پر سوزن کاری کا کام ہو۔

سوِس (انگ۔ مذکر) سوئزرلینڈ کا باشندہ۔

سُوس (ف۔ مذکر) ۱ ملیٹھی ۲ گوہ ۳ ایک مرہم جو گوہ سے بنتا ہے جو عورتیں استعمال کرتی ہیں۔

سوسائٹی (انگ۔ مونث) ۱ انجمن۔ سبھا ۲ صحبت۔ میل جول۔

سوستی (س۔ مونث) ۱ صحت۔ تندرستی ۲ بہتری۔ برکت۔ خوشحالی۔

۲ (ندا) خوش رہو۔ برکت ہو۔ پھلو پھولو تندرست رہو۔ خدا حافظ ۳ (تف) کامیابی سے۔ خوشی سے۔ اچھی طرح۔

سوسَن (ف۔ مونث) ایک قسم کا پھول جس کی کلی زبان کی شکل میں نکلتی ہے۔ اسکے پھول سفید۔ نیلے اور زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔ **سوسنِ آزاد** (مونث) سفید رنگ کے پھول کی سوسن۔ **سوسنِ ازرق** (مونث) نیلے رنگ کے پھول کی سوسن۔ **سوسن خطائی** (مونث) زرد رنگ کے پھول کی سوسن۔ **سوسن زبان** (صفت) ۱ جو نہ بول سکے ۲ فصیح۔ خوش بیان۔ **سوسنِستان** (مذکر) وہ مقام جہاں سوسن بہت ہو۔ **سوسن کی زباندرازی مشہور ہے**۔ سوسن کو زبان یا زباندرازی کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں۔ **سوسنی** (صفت) ۱ آسمانی۔ نیلگوں ۲ (مذکر) نیلا رنگ ۳ آسمانی رنگ کا گھوڑا۔

سُوسُوَ (ع۔ مذکر) فرنچ گنی میں ایک مسلمان قوم۔

سُوسُوم (ہ۔ صفت) نیم گرم۔

سُوسَہ (ہ۔ صفت) سانس لینا۔ ہانپنا۔

سوسی (ہ۔ مونث) ایک رنگین دھاری دار کپڑا جس کے بوڑھی عورتیں پاجامے پہنتی ہیں۔

سوشلِزم (انگ۔ مونث) وہ اصول اور تحریک جس کا منشا جمہور کی اجتماعی ترتیب ہے تاکہ عوام کو فائدہ ہو۔ اس میں ملکیت پیداوار اور خرید و فروخت کا انتظام مشترکہ ہوتا ہے۔

سوشلسٹ (مذکر) اشتراکی۔ اشتراکیت پسند۔

سَوغات (ف۔ مونث) ۱ تحفہ۔ نذر۔ ہدیہ۔ بیش بہا چیز جو پیش کی جائے۔ ۲ عجوبہ۔ نایاب چیز۔

سَوف (ع۔ مذکر) دیکھو صوف۔

سوفا (انگ۔ مذکر) ایک لمبی بیٹھنے کی کرسی جس کے پیچھے اور دونوں کنارو پر لکڑی لگی ہوتی ہے۔ اور اس پر سپرنگ لگا کر اور ناریل کے بالوں سے بھر کر اوپر خوبصورت کپڑا لگا دیتے ہیں۔

سُوفار (ف۔ مذکر) ۱ تیر میں وہ نشان جس میں کمان کا تار رکھ کر کھینچتے ہیں چٹکی ۲ سوئی کا ناکا یا سوراخ۔ **سوفارِ سوزن** (مذکر) سوئی کا سوراخ۔

سوفتہ (ہ۔ مذکر) سوبھتا کا بگڑا ہوا۔ فرصت۔ مہلت۔ نجات۔ چھٹکارا۔ **سوفتے کے وقت یا سوفتے میں** (تف) فرصت کے وقت۔

سُوق (ع۔ مذکر) ۱ بازار۔ منڈی ۲ ساق کی جمع۔ پنڈلیاں۔ **سوقی** (صفت) بازاری۔ سوق سے منسوب **سوقیانہ** (صفت) بازاریوں کا۔ عوام کا۔

سوفِسطائی (ع۔ مذکر) حکما کا ایک گروہ۔ جنکے اصول کی بنا وہم پر ہے۔

سُوک (ہ۔ مذکر) ۱ شکر۔ زہرہ ۲ جمعہ کا دن۔

سوک (ہ۔ مذکر) ۱ چارپائی کا سوراخ جس میں سے داون نکالکر باندھتے ہیں ۲ رنج۔ غم۔ افسوس ۳ سوگ۔ رونا پیٹنا ۴ پچھتانا (کرنا ہونا کے ساتھ)

سُوکا (ہ۔ مذکر) ۱ چونتھا حصہ ۲ چونی۔

سوکا (ہ۔ صفت) ۱ جلا ہوا سوزاں۔ سوختہ ۲ پالے کا مارا ہوا ۳ (مذکر) پالے کی ماری ہوئی فصل۔

سُوکتَ (س۔ صفت) ۱ وہ جو اچھی طرح بولا جائے ۲ فقرہ ۳ منتر ۴ پرارتھنا۔ دعا

سُوکتی (ہ۔ مونث) سیپی۔ گھونگا۔

سُوکَر (س۔ مذکر) ۱ سور۔ خنزیر ۲ ہرن ۳ ایک قسم کی مچھلی ۴ سفید چاول ۵ کمہار ۶ ایک خاص نرک کا نام۔ **سوکرا شبیہ** (مذکر) ایک بدھ دیوی۔ **سوکر پریاسی** (مونث) سور کی پیاری۔ زمین کا لقب۔ کیونکہ اسے وشن جی نے سور کا اوتار لیکر بچایا ہوا ہے۔ **سوکر کشیتر یا کھیت** (ہ) ایک تیرتھ دریائے گومتی پر جہاں وشن جی نے سور کا اوتار لیا تھا۔ **سوکر مکھ** (مذکر) ایک نرک جو گرم تیل سے بھرا ہے۔ **سوکری** (مونث) سورنی۔

سَوکَن (ہ۔ مونث) **سوکنا** (ہ) سوت۔ خاوند کی دوسری بیوی۔ **سوکنا پا** (ہ۔ مذکر) سوتیا ڈاہ۔ **سوکن لانا** (متعدی) ایک بیوی ہوتے ہوئے دوسری سے شادی کرنا۔ **سوکنوں کی جوڑی** (مونث) ایک قسم کی آتش بازی۔ جس میں دو ہوائیاں سی ہوتی ہیں جو چھوٹتی ہوئی آپس میں ٹکراتی ہیں۔

امثال و اقوال سوکن

بری ہے چون کی اور ساجھے کا کام۔ کانٹا براکریل کا اور بدری کی گھام۔ چار چیزیں بری ہیں۔ سوتن چاہے کیسی کمزور ہو۔ شرکت کا کام کریر کا کانٹا اور برسات کی دھوپ

سوکن بھگتی جائے اور سوتیلا نہ بھگتا جائے۔ سوکن کی نسبت سوکن کی اولاد سے زیادہ مخاصمت ہوتی ہے۔ **سوکن چون کی بھی بری۔** دیکھو سوت۔ **سوکن مرگئی اور آنکھ چھوڑ گئی۔** سوت مرگئی مگر اولاد چھوڑ گئی۔

سوکنا (ہ۔ متعدی) جذب کرلینا۔

سُوکوا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی دال۔

سُوکھ (ہ۔ امر) سوکھنا کا درس شُش۔ سوکھنا) **سوکھا** (صفت) ۱ خشک۔ سکڑا ہوا ۲ دبلا۔ پتلا۔ روکھا۔ پھیکا ۳ بغیر رس یا نمی کے ۴ بغیر فائدے یا نفع کے ۵ (مذکر) خشک زمین ۱ خشک موسم ۲ خشک جگہ ۳ خشک تمباکو۔ زردہ ۴ ایک مرض جس میں بچے دبلے ہوجاتے ہیں ۵ تپ دق ۶ بھنگ۔ **سوکھا آدمی ہے**۔ ضعیف و ناتواں ہے۔ **سوکھا پڑنا** (لازم) ۱ خشک سالی ہونا۔ قحط پڑنا ۲ پانی نہ ہونا۔ خشک ہونا **سوکھا ٹالنا** (متعدی) خشک جواب دینا۔ انکار کرنا **سوکھا ٹنڈ یا ٹھنٹھ** (مذکر) خشک شدہ درخت جس پر شاخیں اور پتے نہ ہوں **سوکھا جواب** (مذکر) خشک جواب۔ صاف جواب (دینا ملنا کے ساتھ) **سوکھا دھان** (مذکر) دھان کا کھیت جس میں

پانی نہ ملے۔ **سوکھا سا آدمی** (مذکر) دبلا پتلا شخص۔ **سوکھا سا کھا** (صفت) ۱ خشک ۲ نقلی جواب انکار ۳ دبلا پتلا۔ **سوکھا سہما** (صفت) ۱ دبلا پتلا لاغر ۲ نحیف۔ چپ۔ خوفزدہ۔ **سوکھا لگنا** (لازم) ۱ دبلا ہو جانا۔ غم یا بیماری سے بدن سوکھ جانا۔ **سوکھ جانا** (لازم) سوکھنا۔ **سوکھ چھڑی** (ھ) تپ دق۔ **سوکھ کر امچور** یہ بجر ہو جانا یا ہونا (لازم) دبلا ہو جانا۔ **سوکھ کر ٹنڈ منڈ۔ کھڑنک یا کنڈا ہو جانا یا ہونا** (لازم) بہت خشک ہو جانا۔ **سوکھ کر کانٹا** (سا) **لقات یا ہدف** (مت) **ہو جانا یا ہونا** (لازم) بہت لاغر ہونا۔ **سوکھنا** (لازم) ۱ خشک ہونا ۲ بے نم ہونا۔ بے رطوبت ہونا ۳ دبلا ہونا ۴ سکڑنا ۵ انتظار کرنا۔ **سوکھی** (مونث صفت) سوکھا کا۔ **سوکھے** (صفت۔ جمع) سوکھا کا۔ **سوکھے استرے سر منڈوانا** (پ) بغیر پانی لگائے سر منڈوانا۔ تکلیف زیادہ ہو۔ **سوکھی الفن** (مونث) دبلی پتلی عورت۔ **سوکھے ٹکڑوں پر کوّے اڑانا** (متعدی) تھوڑی سی تنخواہ پر ذلیل کام اختیار کرنا۔ **سوکھے ٹکڑے** (مذکر) روٹی کے خشک ٹکڑے۔ **سوکھی چنائی کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) کھانے میں پانی نہ پینا۔ **سوکھے دھانوں پر پانی پڑنا** (لازم) مراد بر آنا۔ مایوسی کی حالت کے بعد کام بن جانا۔ **سوکھی روٹی** (مونث) خشک روٹی۔ **سوکھی زبان** (مونث) خشک زبان۔ **سوکھی سنانا** (متعدی) انکار کرنا۔ **سوکھی سنائی** جواب صاف دیا۔ **سوکھے سوکھے** (ق) خشک جگہ پر۔ دیں پر۔ **سوکھے کا آزار** (مذکر) دیکھو سوکھا نمبر ۱۔ **سوکھی کتیا پونکانا** (متعدی) خالی خولی اختلاط کرنا۔ رنڈیوں کی اصطلاح۔ **سوکھی کھانسی** (مونث) خشک کھانسی جس میں بلغم نہ نکلے۔ **سوکھی کھجلی** (مونث) وہ کھجلی جو بلیر دانوں کے نکلنے کے ہو۔ **سوکھے گھاٹ** (گھاٹوں) **اتارنا** (متعدی)، **اترنا** (لازم) محروم رہنا یا ہونا۔ **سوکھی مینخ گھسیٹرنا** (متعدی) زک دینا (مخنث)

امثال و اقوال۔ سوکھا ڈھاک بڑھئی کا باپ۔ ڈھاک کی لکڑی سوکر بہت سخت ہو جاتی ہے۔ **سوکھا ساکھا بامن ہو گیا پھول پھال چغتا۔** اسکے متعلق کہتے ہیں جو غریب سے امیر ہو گیا ہو۔ **سوکھے ٹکڑوں پر کوّوں کی مہمانی۔** شیخی خورے کے متعلق یا غربت میں جب کوئی شادی رچائے تو بولتے ہیں۔ **سوکھے ٹکڑوں پر کوّے اڑانا۔** تھوڑے سے درماہے پر ذلیل کام اختیار کرنا۔ **سوکھے دھانوں پانی پڑا۔** بری حالت اچھی سے بدل گئی۔ **سوکھے ساون روکھے بھادوں** ۱ اگر ساون میں بارش نہ ہو تو خریف کی فصل خراب ہو جاتی ہے جو بھادوں میں کٹتی ہے ۲ بے فیض کے متعلق بولتے ہیں ۳ دائم المریض۔ **سوکھے لکڑی کی طرح کھائے بکری کی طرح۔** باوجود دبلا پتلا ہونے کے بہت کھاتا ہے۔ **سوکھے میں جھڑ بیر گھنے ہوتے ہیں سمت میں ان ڈھیر بڑ گھتے ہوتے ہیں۔** (ھ) خشک سالی میں جھڑبیر بہت ہوتے ہیں۔ اور اگر سال اچھا ہو تو اناج بہت ہوتے ہیں۔

سوکھنا (ھ۔ متعدی) ۱ جذب کرنا۔ چوسنا ۲ بہت پینا۔

سوگ (ف ہ۔ مذکر) ۱ غم ماتم ۲ مردے کا ماتم (س شوک۔ مغموم ہونا) **سوگ اتارنا** (متعدی) ماتم کا چھوڑنا۔ بیوہ عورتیں چالیس روز تک خاوندوں کے ماتم میں آرائش و زیبائش چھوڑ دیتی ہیں۔ پھر عورتیں جمع ہو کر انکو صاف ستھرے کپڑے پہناتی ہیں۔ **سوگ اتروانا** (رسم) ہے۔ **سوگ اٹھانا یا بڑھانا** (متعدی) سوگ اتارنا۔ **سوگ رکھنا** (متعدی) غم اور ماتم کی حالت قائم رکھنا۔ **سوگ کرنا یا منانا** (متعدی) ۱ ماتم کرنا مردے کا ۲ رنج و غم میں رہنا۔ **سوگ میں بیٹھنا** (متعدی) بیوہ کا اپنے متوفی خاوند کے ماتم میں ماتم کی صف پر بیٹھنا۔ **سوگ میں رہنا** (متعدی) سوگ کرنا۔ **سوگ نشین** (صفت) ماتم میں بیٹھنے والا۔ **سوگن** (مونث) سوگ کرنے والی عورت۔ **سوگوار** (صفت) ۱ غمگین۔ مغموم۔ ماتمی ۲ آفت زدہ۔ مصیبت زدہ۔ **سوگواری** (مونث) ۱ سوگ ۲ ماتمداری **سوگواری لباس** (مذکر) ماتمی لباس۔ **سوگی** (صفت) ماتم کنندہ۔ جو سوگ کرے۔ **سوگیانہ** (مذکر) سوگ کے کپڑے۔

سوگن (ہ۔ مونث) سوکن سوت۔

سوگند (ف۔ مونث) قسم۔ سوں (دلانا۔ دینا۔ کھانا۔ کھلانا کے ساتھ) **سوگندا سوگندی** (مونث) دونوں کا قسم کھانا۔ **سوگند دھرنا** (متعدی) قسم کھانا (مت) **سوگند سے کہنا** (متعدی) قسم کھا کر بیان کرنا۔ **سوگند کھا کے** (تمت) قسم اٹھا کر۔

سوگندھ (س۔ صفت) ۱ اچھی خوشبو والا۔ خوشبودار۔ مہکدار۔ معطر ۲ (مذکر) خوشبو۔ مہک ۳ ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔

سول (انگ۔ صفت) ۱ مہذب۔ سنجیدہ ۲ ملکی۔ مالی۔ انتظامی۔ **سول جج** (مذکر) منصف۔ دیوانی مقدمات کا فیصلہ کرنے والا حاکم۔ **سول سرجن** (مذکر) محکمہ ڈاکٹری کا ضلع کا سب سے بڑا ڈاکٹر۔ **سولزیشن** (مونث) تہذیب۔ شائستگی۔ **سول سروس** (مذکر) ۱ ولایت کا ایک محکمہ جس میں تمام سلطنت کے اول درجے کے عہدہ دار سرکاری شامل ہیں جو ہندستان میں آئیں وہ انڈین سول سروس کے کہلاتے ہیں۔ اب اس سروس میں ہندستان میں بھی بھرتی کئے جاتے ہیں ۲ اس کی بھرتی کا امتحان۔ **سول کورٹ** (مذکر) عدالت دیوانی **سول لا** (مذکر) قانون دیوانی۔ **سول لسٹ** (مذکر)۔ ملازمان ملکی یا غیر فوجی کی فہرست جس میں ان کی تنخواہ وغیرہ ہو۔

سُول (ہ۔ مذکر) ۱ درد۔ پیڑ۔ تیز درد۔ پیٹ کا درد ۲ کانٹا ۳ کوئی نوکدار ہتھیار ۴ نیزہ۔ تیر۔ برچھا ۵ (ھ) رحم ہمدردی ۶ (ھ) حالت ۷ (مونث) برچھی کی نوک (س شول) **سول سے لگنا** (لازم) دل میں چبھنا۔ برا معلوم ہونا۔ ناگوار گزرنا۔

سولہ (ہ - عدد) ۱ دس اور چھ - ۱۶ - ۱۶ (شش ہنود ٹش) ۲ چوسر کے کھیل میں پانسوں کا اس طرح پڑنا کہ ایک پر چھ اور دو پر پانچ پانچ دائرے شمار میں آئیں۔ **سولہ نگھو** (ہ - مذکر) **نگھی** (مونث) لڑکوں کا ایک کھیل جس میں شطرنج کی طرح زمین پر لکیریں کھینچ کر ۱۶ ٹھیکریوں سے کھیلتے ہیں **سولہ نگھی بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) ایک قسم کا نشہ دے کر مسافروں یا نیزوں سے پیٹھ پر لکیریں کھینچتے تھے۔ یہ عموماً ڈاکو اور رہزن لوگوں سے مال چھین کے لئے کرتے تھے۔ **سولہ سنگار** (ہ مذکر) عورتوں کے سنگار ۔ سے مطلب ہے ۱ انجن ۲ منجن ۳ ابٹن ۴ داتن ۵ سیندور ۶ کیسر ۷ تیل ۸ النا ۹ پان ۱۰ پھول ۱۱ خوشبو ۱۲ مسی ۱۳ مہندی ۱۴ کنگھی ۱۵ نیل ۱۶ بندی۔ **سولہ سولہ گنڈے سنانا** (ہ - متعدی) گالیاں دینا۔ بے نقط سنانا **سولہ کے** سولہ (صفت) کل سولہ **سولھواں** (صفت) سولہ سے نسبت رکھنے والا۔ **سولھی** (مونث) ایک قسم کا کھیل جو سولہ کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

مثل - سولہ سنگار بارہ

ابرن - ہندوؤں میں سولہ سنگار اور بارہ یا بتیس ابرن یا زیور مشہور ہیں مطلب یہ ہے کہ پورے طور پر بناؤ سنگار کئے ہوئے۔

سولہرہ - مذکر) گدھا - کمہاروں کی اصطلاح

سُولی (ہ - مونث) ۱ ایک آلہ لکڑی کا اس شکل کا اسپر مجرموں کو ہاتھوں اور پاؤں میں میخیں ٹھوک کر لٹکا دیتے تھے۔ سسک سسک کر جان نکلتی تھی۔ عیسائیوں کے اعتقاد میں حضرت عیسے کو اس پر لٹکا یا گیا تھا اس لئے وہ اسے بہت مقدس شمار کرتے ہیں اور لو ہے یا سونے چاندی کے بنوا کر گلے میں پہنتے ہیں یا گھڑی کی زنجیر کے ساتھ لٹکا لیتے ہیں۔ خصوصاً رومن کیتھولک فرقے کے - صلیب ۲ کنایتاً مصیبت - ہلاکت ۳ بیحد تکلیف - درد ۴ محنت مشقت **سولی پانا** (متعدی) سولی کی سزا ملنا مارا جانا **سولی پر بسر ہونا** (لازم) کمال اضطراب اور بےچینی میں بسر ہونا **سولی پر بھی نیند آتی ہے** - نیند بڑی سخت چیز ہے خطرے کی جگہ میں بھی آجاتی ہے۔ **سولی پر جان ہونا** (لازم) ۱ سخت مصیبت یا تکلیف میں ہونا ۲ بڑا انتظار ہونا کسی بات کا **سولی پر چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) ۱ سولی کی سزا ملنا ۲ نہایت تکلیف ہونا **سولی پر رکھنا** (متعدی) بیتاب کرنا بےچین کرنا **سولی پر کاٹنا** (متعدی) **کٹنا** (لازم) بہت تکلیف میں زندگی بسر ہونا۔ **سولی پر کھینچنا** (متعدی) **کھنچوانا** (لازم) سولی کی سزا دلانا - **سولی پر کی روٹی کھاتے ہیں** - ان کی کمائی بڑے خطرناک طریقوں سے ہوتی ہے - **سولی پر نیند آنا** (لازم) بیحد بےچینی میں بھی سو سکنا - **سولی پر ہونا** (لازم) سخت تکلیف میں ہونا - **سولی چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا یا دیا جانا** (لازم) **دینا** (متعدی) سولی کی سزا دینا - **سولی دینے والا** (صفت) وہ شخص جو سولی پر چڑھائے - جلاد - **سولی کھڑی کرنا** (متعدی) صلیب کو زمین میں گاڑھنا کسی کو سولی پر چڑھانے کے لئے **سولی کھڑی ہونا** (لازم) موت کا سامان ہونا. **سولی کی روٹی ہے** بڑی مشکل سے روٹی حاصل ہوتی ہے -

امثال واقوال -

سولی پر بھی نیند آتی ہے - نیند مصیبت کی جگہ بھی آئے بغیر نہیں رہتی - **سولی پر کی روٹی کھانا** - ایسی کمائی کرکے کھانا جس میں سزا کا ڈر ہو چوری ڈاکہ وغیرہ -

سُولی (ہ - صفت) وہ جو سخت تکلیف یا درد میں ہو - جیسے پیٹ درد ہو ۲ (مذکر) شو جی -

سُوم (ت - صفت) ۱ تیسرا ۲ (مذکر) مردے کا تیجا -

شُوم (ہ - صفت) بخیل کنجوس (غالباً عربی شوم سے) **سوم پن یا پنا سومتا** (ہ - مذکر) کنجوسی - بخل **سوم جائے** - مداری لوگ کہتے ہیں - جب کوئی تماشا دیکھ کر بغیر کچھ دئے چلا جائے **سوم کی تھانی** (ہ) بخیل کا خزانہ ۱ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو کچھ خرچ نہ کرے ۲ ایسی چیز کے متعلق کہتے ہیں جس کی خاص طور پر حفاظت کرنی ہو - **سومن** (ہ - مونث) بخیل عورت **سوموں ناچ پھرانا** (متعدی) بخیل کی طرح سسک سسک کر ناچ پیسا - کنجوسی کرنا -

امثال واقوال سوم

کے گھر کتا جائے نہ جانے دے - امیر بخیل کے نوکروں پر طنز ہے - وہ بھی اسی کے مانند ہو جاتے ہیں - **سومن پوچھے سوم سے کا ہے بدن ملیں - کاگا نہٹی سے گر پڑا کا ہو کو کچھ دے بن نا گانٹھی سے کچھ گر پڑا نا کا ہو کو دین دیتے دیکھا اور کو نا تے بدن ملیں** (ہ) بخیلوں پر طنز ہے کہ وہ اگر دوسرے کو بھی دیتے دیکھیں تو غمگین ہوتے ہیں ایک بخیل کی بیوی نے بخیل سے پوچھا کہ کیوں غمگین ہو گیا کچھ گر پڑا یا کسی کو کچھ دے دیا - اس نے جواب دیا کہ نہ کچھ گرا ہے نہ کسی کو کچھ دیا ہے - مگر دوسرے کو دیتے دیکھا ہے۔

سوم (س - مذکر) ۱ ایک پودہ جس کا رس بڑا مقدس خیال کیا جاتا تھا ۲ اس پودے کا رس اس کو دیوتاؤں پر چڑھاتے تھے - اور خیال تھا کہ اسے دیوتا بہت پسند کرتے ہیں ۳ امرت ۴ آبحیات ۵ چاند ۶ ہوا - آندھی ۷ چاند کا نور ۸ چاولوں کی بھتی ۹ آسمان - خلا ۱۰ پیر کا دن **سومپ** (صفت) ۱ سوم پینے والا یا وہ جسے سوم پینے کا حق ہے ۲ (مذکر) سوم کی بھینٹ دینے والا شخص **سومپال** (مذکر) ۱ سوم کا محافظ ۲ سوم کا بچانے والا ۳ سوم پودے کا بیچنے والا شخص **سوم دیو** (مذکر) ۱ چاند کا دیوتا ۲ سوم دیوتا - **سوم رس** (مذکر) سوم پودے کا رس **سوم شوتر** (مذکر) وہ برتن یا جگہ جہاں وہ پانی جمع ہو جس سے کوئی لنگ دھویا جائے **سوم لتا** (مونث) ۱ پودہ سوم ۲ دریائے گوداوری **سومنات** (ہ) **سومناتھ** (مذکر) شوجی کا ایک مشہور لنگ جو سوم دیوتا نے سومناتھ پٹن میں نصب کیا تھا یہ ہندوستان کے ۱۲ بڑے لنگوں میں شمار ہوتا تھا - محمود نے ۱۰۲۴ء میں حملہ کرکے اس کو توڑ دیا اور اسکی ساری دولت مع شہر کے دروازوں کے لے گیا۔ **سومناتھ بھٹ** (مذکر) کئی مصنفوں کا نام **سومناتھ پٹن** (مذکر) ایک شہر کاٹھیاواڑ میں سمندر کے کنارے

پر جہاں سومنات کا مشہور مندر تھا۔ سوموار
(ہ - مذکر) پیر کا دن۔ دوشنبہ۔

سومالی (افریقہ) ۱. ایک قوم
جو افریقہ کے شرقی کنارے پر آباد ہے ۲. اس قوم کا
ایک فرد ۳. اس قوم کی زبان۔

سُومڑا (ہ - صفت) ۱. بدشکل
بدصورت - بھونڈا ۲. بخیل - کنجوس ۳. لالچی - حریص

سَوَن - سون (ھ - مذکر)
۱. اچھا شگون - شگون ۲. سلونو کے دن رام کے نام
کا دیواروں پر لکھنا - **سون چڑیا** (مونث)
۱. ایک شگون کا پرند ۲. تلور - تکدر - شاہ پسند
۳. مسلمان بچوں کو ختنے بٹھاتے ہیں تو اس کی
توجہ دوسری طرف کرنے کے لئے یہ کہتے ہیں سون
چڑیا دیکھو - **سون چڑیا دکھانا** (متعدی)
دیکھنا (لازم) ختنہ ہونا - **سون چڑیا دیکھو**
دیکھو سون چڑیا ہے ۳. **سون دیکھنا** (متعدی)
فال لینا - شگون لینا - **سون کسون ہونا** (لازم)
فال بد ہونا - برا شگون ہونا - **سون لینا** (متعدی)
فال یا شگون لینا۔

سَوَن (س - مذکر) ۱. بچے جننے
کا فعل - بچہ جننا ۲. سوم رس نکالنے اور ڈالنے
کا فعل ۳. بھینٹ - پانی دینا ۴. سوم رس پینا
۵. اشنان - نہان۔

سَوں - سُوں - سوں
(ہ - لغت) ۱. سے اردو میں اب متروک ہے ۲.
(ہ قسم - سوگند) اٹھانا - کھانا کے ساتھ)

سُون (ہ - صفت) ۱. دیکھو
سُن ۲. دم - نفس - **سون سادھنا یا کھینچنا**
(متعدی) **گھسیٹنا** (ف) ۱. خاموشی اختیار کرنا - چپ ہو
جانا ۲. ٹال دینا - **سون کی لینا** (متعدی) دم
نہ مارنا - خاموشی اختیار کرنا۔

سُوں (ہ - صفت) ۱. سا -
مانند ۲. (تاکید کے لئے) ہی۔

سون (ھ - مذکر) ایک قسم کا
سرخ گنا۔

سُونا (ہ - متعدی) ۱. اجاڑ
ویران ۲. خالی ۳. (ھ) تھوتھلا ۴. برباد - تباہ
۵. بے آباد ۶. سادا (کرنا ہونا کے ساتھ) (س -
سُن جانا) سونا پڑا ہے - اجاڑ ہے - **سونا
کرجانا** (لازم) ۱. خالی چھوڑ جانا ۲. برباد کر دینا
سونی (مونث) سونا کا۔

امثال و اقوال - سونا
**کھیت جو انڈا یا سووے کیوں نہ کھیتی
اوجڑ ہووے** (ھ) جب کھیت کو سونا چھوڑ کر
چوکیدار سو جائے تو پھر کھیت اجڑنا ہی ہے۔
**سونا کھیت کا پچھنا سر نا ہی چگ جائے
کھیت برانا بوئیے کے بیج اکارتھ جائے**
(ھ) اسے بیوقوف بے حفاظت کھیت کو ہرن کھا جائیں
گے - اور دوسرے کے کھیت میں بیج بو کر بیج ضائع
کرنا ہوتا ہے - مطلب یہ ہے کہ اپنی چیز کی اچھی
طرح حفاظت کرنی چاہئے - **سونا گھر بھڑوں
(چوروں) کا راج** (ل) الٹوں کی غیر موجودگی میں
نالائقوں کا زور ہوتا ہے - **سونی سیج سے
پرکھنا بل بھی بھلا** - بدمزاج شوہر ہونے
سے بہتر ہے بیوہ عورتوں کا مقولہ - **سونے
میں مت چیز رکھو لے گا چور چکار -
گھر ہے دھن اور جیو کی سونا اور اجاڑ**
غیر آباد جگہ میں چیز مت رکھو اسے چور لے جائیں گے
سونی اور اجاڑ جگہ میں جان اور مال کے لئے بہت
نقصان دہ ہیں۔

سُونا (ہ - مذکر) ۱. کاٹنا ۲. (پ)
بچہ دینا - جننا - کتیا یا جانوروں کا - **سُونا کُتریا**
(متعدی) کتیا کا بچے دینا۔

سونا (ہ - مذکر) ایک مفرد زرد
رنگ کی دھات جو پانی سے ۱۹ گنا بھاری ہے
اس کے زیورات اور سکے بنتے ہیں یہ ان چند
دھاتوں میں سے ہے جو کسی ایک تیزاب میں نہیں
گھلتے - دو تیزابوں کے مرکب میں گھلتے ہیں - اس
کے نہایت باریک تار کھینچے جا سکتے ہیں - اور باریک
ورق بنائے جا سکتے ہیں - زر - طلا (س - سُوَرن)
سونا چھونا (مذکر) چھونا تابع مہمل ہے - سونا
سونا چاندی (مونث) دولت - مال روپیہ
پیسہ - **سونا چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم)
چڑھوانا (متعدی) کسی چیز پر سونے کا ملمع کرنا
سونا سُگند (مذکر) ۱. کھرا سونا - خالص سونا ۲.
بہت قابل آدمی - خاندانی آدمی ۳. اچھی نسل کا
شخص (اعلیٰ نسب کا آدمی) ۴. (صفت) خالص - بے میل
۵. بیگناہ - معصوم - **سونا کسانا** (متعدی)
کسنا (لازم) سونا پرکھنا - سونا جانچ کرنا -
سونا لیکے مٹی نہ دینا (متعدی) بہت بے
ایمانی کرنا - سخت نادہندی کرنا - **سونا مکھی
یا مکی** (مونث) ۱. ایک قسم کا پتھر ۲. ایک قسم
کی دوا - **سونے چھونے میں لدا پھندا
رہنا** (لازم) بہت سا سونے کا زیور پہنے رہنا
سونے روپے کے چھلے (مذکر) سونے چاندی
کے چھلے یا زیور - **سونے سے لدے رہنا یا
ہونا** (لازم) بہت سا زیور پہنے رہنا یا ہونا -
سونے کا پانی (مذکر) ۱. سونے کا ملمع - سونے
کی تہکی (؟) جو بجلی یا تیزاب کے ذریعے دوسری دھاتوں
پر چڑھائی جاتی ہے - سنہرا پانی - پھرنا - پھیرنا - چڑھنا
چڑھانا کے ساتھ) پانی جس میں سونا بجھایا گیا ہو
۲. پانی جس میں سونا بجلی یا تیزاب کے ذریعے سے
گھلایا گیا ہو - **سونے کا توڑا** (مذکر) طلائی
زنجیر جو پاؤں میں پہنتے ہیں - ایک زیور پاؤں
کا - **سونے کا ڈلا** (مذکر) سونے کا بڑا ٹکڑا -
سونے کا گھر مٹی ہو جانا (لازم) بنا بنایا
گھر تباہ ہو جانا - **سونے کا نوالہ** (مذکر) ۱.
عمدہ غذا - اچھا کھانا ۲. قیمتی غذا - **سونے کا
ورق** (مذکر) سونے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے
کاغذوں کے درمیان رکھ کر کوٹتے ہیں یہاں
تک کہ وہ باریک ورق بن جاتے ہیں - ورق طلا
سونے کی اینٹ (مونث) سونے کا بڑا
چوکون ٹکڑا - **سونے کے برابر تولنا** (متعدی)
اس قدر قیمت لینا کہ اگر شے فروخت شدہ کے
برابر سونا تولا جائے تو اس قیمت کا ہو - **سونے
کی چڑیا** (مونث) ۱. مالدار آدمی - دولتمند آدمی
۲. بیش قیمت چیز - نایاب چیز - **سونے کی
چڑیا اڑ جانا - ہاتھ سے اڑ جانا یا نکل
جانا** (لازم) ۱. مالدار کا قابو سے نکل جانا - مطلب
فوت ہو جانا - **سونے کی چڑیا** (مونث) ۱.
امیر آدمی - ۲. کوئی بہت عمدہ چیز - **سونے کی
چڑیا ہاتھ آنا یا لگنا یا ملنا** (لازم) ۱. کوئی
قیمتی چیز ملنا ۲. کسی مالدار بیوقوف کا پھنسنا یا قابو
آنا - **سونے کی چڑیا ہاتھ سے اڑ جانا**
(لازم) فائدہ پہنچانیوالا شخص ہاتھ سے نکل جانا -
سونے کے برابر تلنا (لازم) **تولنا** (متعدی)

قیمت میں شے کے وزن کے برابر سونا لینا ۔
سونے کی سلاخ (مونث) سونے کا لمبا ٹکڑا
سونے کے سہرے بیاہ ہو (دعا) بہت
امیر گھر میں بیاہ ہو **سونے کے کانٹے
میں تلنا** (لازم) ۱ ٹھیک وزن کیا جانا ۲
بہت مرغوب ہونا **سونے کی گلّی** (مونث)
آلۂ تناسل۔ غنڈوں کی زبان میں **سونے کی
مار دینا** (متعدی) روپیہ دیکر زیر کرنا یا مشغول
کرنا **سونے کے محل اٹھانا** (متعدی) بہت
دولتمند ہونا **سونے کے مول** (صفت)
بہت گراں۔ قیمتی۔ **سونے میں سہاگہ** (لفت)
۱ جلا کا باعث۔ زینت اور خوبصورتی کا موجب
سہاگے کے ملنے سے سونے کا رنگ کھلتا ہے ۲
بہتر ہونا ۳ تیز بہدف ہونا ۔

**امثال و اقوال۔ سونا
اچھالتے چلے جاؤ۔** اچھی سلطنت کے متعلق
کہتے ہیں جب بہت امن ہو۔ **سونا پانا اور
کھونا دونوں برے۔** یہ خیال ہے کہ اگر
سونا ملے تو بھی شگون اچھا نہیں اگر کھو جائے تو
بھی نہیں۔ **سونا جانئے کسنے سے آدمی جانئے
بسنے سے۔ سونا جانے کسے آدمی جانے
بسے۔** سونے کسوٹی پر کسنے اور آدمی صحبت میں
رہنے سے پرکھا جاتا ہے۔ **سونا تجھو نا کچھ
ذات نہیں** دولت مند ہو جانے سے آدمی
اچھی ذات کا نہیں ہو جاتا۔ **سونا چاندی
آگ میں ہی پرکھے جاتے ہیں** انسان
کی خوبی مصیبت کے وقت معلوم ہوتی ہے۔
سونا چھوئی تو مٹی ہو۔ بہت بدقسمت ہے۔
**سونا سنار کا ابھرن سنسار کا (سوکھا
سنسار کی)** سونا سنار کی ملکیت ہوجاتا ہے
زیور لوگ لے جاتے ہیں۔ سنار زیورات میں
بہت سا کھوٹ ملا دیتے ہیں۔ اس کی طرف
اشارہ ہے۔ **سونا سگندھ ہے۔** نہایت
اعلےٰ ہے۔ بہت اچھا ہے۔ **سونا کہے سنار
سے اتم تمھاری (میری) ذات کالے
منہ کی گھونگچی تلے ہمارے سات ہم
لالوں کی لاڑلی لال ہمارا رنگ کالا
منہ جب سے ہوا تلی بیچ کے سنگ**
(ع) ہر ایک اپنے آپ کو بہت اعلےٰ سمجھتا ہے
اور دوسرے کو ذلیل۔ سونا سنار سے کہتا ہے
کہ میری ذات بڑی اونچی ہے تجھے شرم کی بات
ہے کہ میں کالے منہ کی گھونگچی کے ساتھ تولا جاؤں
گھونگچی جواب میں کہتی ہے کہ میں لالوں کی لال
اور میرا رنگ بھی لال ہے مگر منہ اس لئے کالا
ہے کہ نیچ ذات کے ساتھ تولی گئی اگر صرف پہلا
بند کہا جائے تو اسکا مطلب یہ بھی ہوگا کہ شریف
کو رذیل کی صحبت نہیں بھاتی **سونا گھسے
آدمی بسے۔** سونا کسوٹی پر گھسنے سے اور
آدمی کے ساتھ مدت تک رہنے سے معلوم ہوتا
ہے کہ کس قسم کا ہے۔ **سونا لیکے مٹی بھی
نہیں دیتا۔** نادہند مقروض کے متعلق کہتے
ہیں۔ **سونا لینے پی گئے اور سونا کر گئے
دیس۔ سونا ملا نہ پی پھرے روپا کر
گئے کیس** (ع) میاں کمانے کے لئے پردیس
گئے اور گھر سونا کر گئے نہ سونا ملا نہ میاں واپس
آئے بال انتظار میں سفید ہوگئے۔ عورت جس
کا خاوند پردیس جاکر واپس نہ آئے کہتی ہے۔
سونا رنگ تو کان پھڑائے کے (پوربی)
سونا خالص ہو تو کان نہیں پھاڑتا۔ **سونے
سے گھڑاون گھڑائی مہنگی۔** اتنے کا
مال نہیں جتنا اوپر لگ گیا۔ **سونے کا گڑوا
اور پیتل کی پیندی۔** ان لوگوں کے متعلق
کہتے ہیں جن میں خوبیوں کے ساتھ برائیاں بھی
ہوں **سونے کا نوالہ کھلائیے اور شیر
کی نظروں سے دیکھئے۔** اولاد کے متعلق
کہتے ہیں کہ بچوں کو کھانے پینے کیلئے بیشک بہتر
سے بہتر چیز دو۔ مگر ان کی تربیت بڑی سختی سے
ہونی چاہئے **سونے کو سلام روپے کو
علیک بھوکے کو نہ دیکھ۔** امیر آدمی کو سلام
کرنا چاہئے درمیانی درجے کے آدمی کا سلام لینا
چاہئے غریب کی طرف دیکھنا بھی نہیں چاہئے۔
خود غرض آدمیوں کا مقولہ **سونے کی انگوٹھی
پیتل کا ٹانکا۔ ماں چھنال پوت بانکا**
سونے کی انگوٹھی میں پیتل کا ٹانکا اس طرح ہے
جیسے ماں بدچلن ہو اور بیٹا بانکا ہو۔ بانکوں
پر طنز ہے۔ **سونے کی بڑ بڑی پھوس
کا چھپر۔** کسی معمولی چیز پر زیادہ خرچ کرنے
کے موقع پر کہتے ہیں۔ **سونے کی چڑیا ہاتھ
لگی ہے۔** امیر آدمی قابو میں آیا ہے۔ وکیل
وغیرہ کوئی امیر مقدمے میں پھنس جائے تو پنڈیاں
وغیرہ کوئی امیر آدمی ان پر شیدا ہو جائے
یا برہمن کوئی امیر مر جائے تو کہتے ہیں۔ **سونے
کی چڑیا ہاتھ سے اڑ گئی۔** اس وقت کہتے
ہیں جب کوئی امیر آدمی قابو آتا آتا نکل جائے
**سونے کی کٹاری کوئی پیٹ میں نہیں
مارتا۔ سونے کی کٹاری کسی نے
اپنے پیٹ میں نہیں ماری** فائدے
کے لالچ سے کوئی جان خطرے میں نہیں ڈالتا۔
**سونے کی کٹوری میں کون بھیک
نہ دیگا۔** امیر آدمی کو قرض خوبصورت عورت
کو خاوند فوراً مل جاتا ہے۔ **سونے پیتلی
موتیوں میں سفید (ڈھولی)** کثرت
سے زیور اور جواہرات پہنے ہوئے۔ **سونے
میں سہاگہ (موتیوں میں دھاگہ)**
سونا سہاگے سے جلا پاتا ہے۔ موتی پروئے
جانے سے خوبی کے بڑھانے کا باعث۔ **سونے
میں ہاتھ ڈالوں تو مٹی ہو جائے ۔**
بہت بدقسمت ہوں۔

سوناش (ہ۔ مذکر)
خودکشی۔

سونپ (ہ۔ امر) ۱ سونپنا
کا ۲ (مونث) تحویل۔ سپردگی۔ حوالہ **سونپ دینا**
(متعدی) سونپنا۔ **سونپ سانپ دینا۔**
(متعدی) کوئی چیز کسی کے حوالے کر دینا **سونپنا**
(متعدی) ۱ حوالے کرنا۔ سپرد کرنا ۲ امانت میں
رکھنا ۳ مسلمان مرنے کو ایک مدت معینہ کے لئے
سپرد خاک کرتے ہیں تاکہ اس کے بعد دوسری
جگہ لے جا سکیں ۴ کسی پر چھوڑ دینا ۵ دے دینا۔

سونت (ہ۔ مذکر) ۱ خون۔
لہو ۲ زعفران۔ کیسر۔

سونتنا (ہ۔ متعدی) **سونتھنا**
(ع) ۱ ہاتھ پھیرنا۔ ۲ ہاتھ کسی عضو پر اس
طرح پھیرنا کہ اوپر سے نیچے آئے۔ ملنا۔ مالش کرنا
۳ مانجھا چڑھانا ۴ میان سے کھینچنا ۵ تار کو ہاتھ
سے مل کر سہجھا کرنا ۶ درخت کی شاخ کے پتے
وغیرہ ہاتھ سے مل کر صاف کرنا۔ گھسوٹنا ۷ صاف
کرنا۔ اینچنا۔ پانی نکال کر باہر پھینکنا ۸ چوسنا ۔

جذب کرنا ۹ ننگا کرنا۔ کوئی چیز اوپر سے اتار لینا۔
سُونٹ (ھ۔ مونث) ۱ چپ
ناموشی ۲ (صفت) چپ۔ خاموش۔ **سونٹ بھرنا**
یا مارنا (متعدی) چپ رہنا **سونٹ کی ناس**
لینا (متعدی) ۱ خاموشی اختیار کرنا ۲ بخل کرنا ۔
سونٹ مارے رچلے) جانا (لازم) چپکے سے
چلے جانا۔

سونٹا (ہ۔ مذکر) ۱ عصا۔ ڈنڈا
لٹھ۔ لاٹھی۔ جریب۔ بلم ۲ موصل (س تُنڈ توڑنا)
سونٹا بردار (صفت) عصا بردار **سونٹا سے**
ہاتھ (مذکر) خالی ہاتھ۔ ہاتھ جس میں چوڑیاں وغیرہ
نہ ہوں۔ **سونٹے** (مذکر) ۱ سونٹا کی جمع ۲ (یہ) ۲ سونٹا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **سونٹے پڑنا**
(لازم) ڈنڈے لگنا۔ لاٹھیوں سے مار پڑنا۔ **سونٹے**
راسے (مذکر) موٹا تازہ مضبوط آدمی۔ جوان آدمی
سونٹے سے (ف، بلا سے۔ کچھ پروا نہیں **سونٹے**
والا (صفت) عصا بردار۔

امثال و اقوال۔ سونٹا

بل بن کام نہ آوے۔ بیری چھین تجھے
گٹر کا وے (ھ) طاقت کے بغیر لاٹھی کام نہیں
آتی۔ دشمن چھین کر اسی سے مارتا ہے۔ **سونٹا**
ہاتھ دیہ میں ہانگا (طاقت) **اس نے**
بھینٹے سب کچھ مانگا (ھ) جس کی لاٹھی اس
کی بھینس۔ زبردست کو سب کچھ مل جاتا ہے۔
سونٹے چل اب تیری باری۔ دیکھو میں
بے سونٹے تیری باری۔ **سونٹے کو سونٹا لگانا**
ہے بد صورت کو اچھا لباس پہنانا۔
سونٹا نا (ھ۔ مذکر) ایک قسم
کی مٹھائی جس میں سونٹھ پڑتے ہیں۔
سونٹھ (ہ۔ مونث) **سُونٹھ**
(ھ) ۱ خشک ادرک ۲ مذاقاً کوئی قیمتی چیز ۳ بخیل
کنجوس (س تُنڈِ) **سونٹھ بسانا** (متعدی)
حاملہ کے کھانے کا سامان لینا **سونٹھ پانی**
(مذکر) سونٹ زیرہ وغیرہ ملا کر پانی بناتے ہیں
جو ہاضمے کیلئے بہت مفید ہوتا ہے **سونٹھ**
پنجیری (مونث) ایک قسم کی پنجیری جس میں سونٹھ
ڈالتے ہیں۔ حاملہ عورتوں کو کھلائی جاتی ہے۔
سونٹھ راسے (ھ) کنجوس۔ بخیل **سونٹھ کی**
(سی) ناس (اسے رہنا) لینا (متعدی) [illegible]

چپ رہنا۔ خبر نہ ہونا ۲ برداشت کرنا۔ تحمل کرنا
سونٹھ کی ناس نہ لینا (ھ) بہت لالچی یا
حریص ہونا۔ **سونٹھو** (ھ) بخیل۔ کنجوس۔ **سونٹھو**
راسے (ھ) بہت بخیل **سونٹھو را** (ھ) ادرک
کی روٹی **سونٹھی**۔ **سونٹھیا** (صفت) کنجوس۔ بخیل
سونٹھیا صراف ہے بے سرمایہ دوکان دار
ہے۔

سوندا ہٹ (ہ۔ مونث)
سوندھا پن۔ مٹی کے نئے برتن کی بو۔
سوندنا (ہ۔ لازم) ۱ کوئی چیز
بھر جانا ۲ (متعدی) تر مٹی یا کیچڑ وغیرہ کا کسی چیز
میں بھر لینا ۳ گوشت میں مسالا اچھی طرح ملانا ۴
شامل کر لینا۔

سوندھا (ھ) **سوندھا**
(ہ۔ صفت) ۱ تازہ مٹی کی خوشبو والا۔ کورے مٹی
کے برتن کی خوشبو رکھنے والا ۲ خوشبو دار ۳ بھنے
ہوئے چنوں یا آلوؤں کی خوشبو والا ۴ (مذکر)
خوشبو ۵ ایک مرکب خوشبودار مسالا جس سے سر
کے بال دھوتے ہیں (س سُگندھ) **سوندھا پن**
(مذکر) خوشبو۔ سوندھاہٹ **سوندھا کرنا۔ سوندھانا**
(ھ) ۱ خوشبو لگانا ۲ مسالا ڈالنا **سوندھاوٹ**
سوندھاہٹ (مونث) خوشبو۔ بو باس۔
سوندھی (صفت۔ مونث) دیکھو سوندھا ۱ تا ۳
سوندھے (صفت) خوشبودار۔ نئی مٹی کی طرح
خوشبو والا۔

سوندھنا۔ سوندھنا ہ۔
متعدی) ۱ دبانا۔ ملنا ۲ کپڑے کو دھونے کے
لئے ملنا یا رگڑنا ۳ کسی مٹی کے ظرف کو آٹے سے
ملنا ۴ ملانا۔ گڈمڈ کرنا ۵ گوندھنا ۶ دھوتا۔
سانا (س سَم۔ مرد۔ اکٹھا دبانا)
سوندھی۔ سوندی ہ۔
مونث) ۱ وہ بڑی ناند جس میں دھوبی کپڑے
دھوتے ہیں ۲ سوڈا یا سجی کپڑے دھونے کی ۳
پکی کھپری۔ چھوٹی قسم کی پھوٹ۔
سُونڈ (ہ۔ مونث) ہاتھی کی
لمبی ناک جس سے وہ چیزوں کے پکڑنے کا کام
لیتا ہے (س شُنڈا)
سُونڈا (ھ۔ مذکر) ۱ ایک
کیڑا جو اناج کو تباہ کر دیتا ہے خصوصاً چنے کو [illegible]

۲ سونڈکا یا سونڑکا (س شُنڈا)
سونڈکا (ھ۔ مذکر) ۱ گدا جو
گھوڑے کی زین کے نیچے رکھتے ہیں ۲ پالان
۳ بیل یا اونٹ کا کوہان
سُونڈی (ھ۔ مونث) ۱ ایک
چھوٹا کیڑا جو اناج کو تباہ کرتا ہے ۲ ناف۔ ٹونڈی
۳ حلق کا کوا یا کاگ ۴ کسی غدود کا پھول جانا ۵
منشی مائع۔ شراب ۶ شراب کی کشید ۷ (مذکر)
شراب کی کشید کرنے اور بیچنے والا **سونڈی**
مشخصی (مونث) شراب بیچنے کا محصول۔
سوندا (ھ۔ مذکر) ۱ کوئی سیاہ
چیز ۲ سیاہ رنگ ۳ دھوئیں کی سیاہی۔ دیے
کی سیاہی۔
سونسار (ھ۔ مذکر) ۱ دنیا
۲ دنیا کے معاملات ۳ بال بچے۔ اولاد۔ نسل
۴ خانگی معاملات (غف) **سونساری** (مونث)
گھر کی مالکہ۔ بیوی۔
سُول سُول (ہ۔ مونث)
سانس کے زور سے نکلنے کی آواز (ناک سے ذکر نا
ہونا کے ساتھ)
سونف (ہ۔ مونث) ۱ ایک
پودا ۲ اس کے بیج جو خوشبودار اور ہاضم ہوتے
ہیں ۳ کھانڈ چڑھے ہوئے بیج جن کو لوگ کھاتے
ہیں (س شت۔ سو۔ پشپا۔ پھول والی) **سونف**
کا ست (مذکر) ان بیجوں کا جوہر **سونف کا**
عرق (مذکر) عرق جو سونف کا بیج پانی میں ڈال
کر نکالتے ہیں۔
سونک (ھ۔ مذکر) ساون
کا مہینہ
سونیک (ھ۔ مذکر) ۱ قصائی
قصاب۔ بوچڑ ۲ شکار
سُونگرا۔ سُونگرا (ھ۔ مذکر)
کتا۔ بھینس کا بچہ۔
سُونگھ (ہ۔ امر) ۱ سونگھنا کا ۲ (مونث)
سونگھنا ۳ بو۔ باس (س سَم۔ پریشان ہونا) **سُونگھا** (امر)
۱ سونگھانا کا ۲ (ماضی) سونگھنا کا ۳ (مذکر) وہ شخص جو
قوت شامہ کے ذریعے پانی کے چشمے خزانہ وغیرہ سونگھ
کر بتا [illegible] بو دار کرتا ۵

مخبر۔ سراغرساں ۲ نگینہ ساز۔ جڑیا۔ سونگھنا (لازم) سونگھنا کا
سونگھنا بھرنا (متعدی) ۱ بو لینا ۲ شکار کیلئے پھرنا۔ سونگھ
لینا۔ سونگھنا (متعدی) خوشبو لینا۔ مہک معلوم کرنا
ناک سے بو معلوم کرنا۔ سونگھنی (ھ) کوئی چیز جو سونگھی
جائے۔ سونگھنے کی دوائی ۲ نسوار ۳ خوشبو ۴ نسوار
کا ڈبہ۔ سونگھنے کو نہیں بالکل نہیں۔ نام کو
نہیں۔ سونگھنی لینا (متعدی) ۱ نسوار لینا ۲
سونگھنا۔

سونْلانا (ہ۔ لازم) سانولا
ہونا۔ دھوپ سے رنگ سیاہ ہونا

سُونُو (س۔ مذکر) ۱ بیٹا ۲
چھوٹا بھائی ۳ سورج۔

سُونُو (ھ۔ مونث) ۔ بیٹی
۲ بہو۔

سونوگھن (ھ۔ مذکر) نشان
اشارہ۔ ایما۔

سونی (ھ۔ مونث) جھاڑو۔

سَونیا (ھ۔ مذکر) نجومی۔
فال ڈالنے والا۔ پیش گو۔ فال گو۔

سونیا (ھ۔ مذکر) وہ جو
سونا راکھ سے جدا کرتا ہے۔ ٹکسال میں
نیاریا۔

سوُوُ (ھ۔ اسم ضمیر) سو ہی۔

سوویٹ (روسی۔ مذکر) مجلس
کونسل۔

سوہ (ھ۔ مونث) ۱ خوبصورتی
حسن ۲ آراستگی۔ زیبائش۔ پوشاک۔

سُوہا (ہ۔ صفت) ۱ سرخ۔ لال
زعفرانی ۲ بھیرویں راگ کی ایک راگنی۔

**مثل۔ سوہے کی ریت
نہیں مشروع کی توفیق نہیں۔** بہت
غریب ہے۔

سوہا (ھ۔ صفت) ۱ روشن۔
چمکدار۔ پرضیا۔ خوبصورت۔ حسین۔

سوہا (ہ۔ مونث) وہ چیز جو جلا
کر راکھ کر دی گئی ہو۔ سوہا کر دینا یا کرنا (متعدی)
ہو جانا یا ہونا (لازم) جل کر راکھ ہو جانا۔ نیست
و نابود ہونا۔ **سوہان** (ف۔ مذکر) ریتی۔

لکڑی یا بت صاف کرنے کا آلہ۔ **سوہان روح**
(صفت) جان کو تکلیف دینے والا۔ ناگوار خاطر۔

سوہائی (ھ۔ مونث) صاف
کرنا۔ لکائی کرنا

سوہر (ھ۔ صفت) ۱ خوبصورت
حسین۔ خوشگوار ۲ سوہلا۔ **سوہر گانا** (متعدی)
سوہلے گانا۔

سوہرا (ھ۔ مذکر) سسر

سوہلا (ہ۔ مذکر) ۱ تعریف کا
گیت ۲ شادی کا گیت۔ **سوہلے شُہلے** (مذکر)
وہ گیت جو عورتیں بیاہوں یا زچہ خانوں میں گاتی
ہیں۔

سوہن (ت۔ مذکر) ۱ ریتی ۲
پتھر جس پر اوزار تیز کریں۔ **سوہن کرانا** (م)
کرنا (لازم) ریتنا۔

سوہن (ھ۔ صفت) ۱ خوبصورت
حسین ۲ خوشگوار۔ خوش کن ۳ (مذکر) عاشق ۴
دوست ۵ (ہ) ایک قسم کا حلوا۔ **سوہنا** (صفت
و مذکر) ۱ سوہن ۲ (لازم) چمکنا۔ دمکنا ۲ زیب دینا
بھلا معلوم دینا ۳ خوبصورت دکھائی دینا ۴ موزوں
ہونا۔ مناسب ہونا۔ **سوہنی** (صفت) ۱ خوبصورت
۲ (مونث) جھاڑو ۳ ایک راگنی۔

**مثل۔ سوہنی بوا اور چٹائی
کا لہنگا۔** بیجا ناز و نخرے۔

سوہنا (ھ۔ متعدی) صاف کرنا
لکائی کرنا

سوہنگ (ھ۔ مذکر) سانس۔

سُوئی (ہ۔ مونث) ۱ کپڑا سینے
کا آلہ ۲ گھڑی قطب نما کا تار جو نشان بتاتا ہے
۳ اناج یا گھاس کا ریشہ جو پہلے نکلتا ہے ۴ ترازو
کا کانٹا اس سُوچکا۔ **سوئیاں** (جمع) سوئی کی۔
سوئی بھر (صفت) تھوڑا سا۔ **سوئی پرونا** (متعدی)
سوئی کے سوراخ میں دھاگا ڈالنا۔ **سوئی پھوٹنا**
(متعدی) اناج یا گھاس کا پہلا ریشہ زمین میں سے
نکلنا۔ **سوئی چبھنا** (لازم) **چبھونا** (متعدی) سوئی
بدن میں گھسیڑنا۔ **سوئی کا بھالا (پھاوڑا)
بنانا** (متعدی) **بننا ہو جانا یا ہونا** (لازم)
ذرا سی بات کا طوالت پکڑ جانا۔ **سوئی گرے
تو دور سے نظر آئے۔** صاف میدان کی
تعریف میں کہتے ہیں۔ **سوئی کا کام** (مذکر)
سوزن کاری۔ **سوئی کا ناکا** (مذکر) ۱ سوئی کا
سوراخ ۲ بہت چھوٹی یا مشکل جگہ۔ **سوئی کے
ناکے سے اونٹ نکالنا** (متعدی) ناممکن
بات کر دکھانا۔ **سوئیوں ناج پرونا** (متعدی)
کنجوسی کرنا۔

امثال واقوال۔ سوئی

ٹوٹی کشیدہ سے چھوٹی۔ کام چور کو ذرا سا
بہانہ بھی بہت ہے۔ **سوئی جہاں نہ جائے
وہاں بھالا (سوا) گھسیڑتے ہیں۔** جہاں
تھوڑی چیز کی گنجائش نہیں وہاں زیادہ ڈالتے
ہیں۔ **سوئی چور سو بجر چور۔** چوری تھوڑی ہو
یا بہت پھر بھی چوری ہے۔ **سوئی چھیدنے
سے پہلے چھدتی ہے۔** دیکھو سوئی کہے رنج
**سوئی کترنا۔ گز۔ انگلیتا رکھے سوورزی
کا بیٹا ہے۔** ہر شخص اپنی باتوں یا کرتوتوں سے
معلوم ہو جاتا ہے کہ کون ہے۔ **سوئی کہے میں
چھیدتی ہوں اس میں پہلے چھید ہے
سوئی کہے میں چھیدوں چھیدوں پہلے
چھید کرلے** ۱ جیسی نیت ہوتی ہے پہلے ویسا
ہی پیش آتا ہے ۲ بدکار آدمی پہلے بدکاری کرتا
ہے۔ **سوئی کے ناکے (سے سب کو نکالا
ہے)** میں کو نکالا ہے۔ سب کو بزور فرمانبردار
بنایا ہے۔ کسی کی پروا نہیں کرتا ۲ مشکلات کا
سامنا سب کو پڑا ہے۔

سُوئی (ھ۔ مونث) سُوا کا۔
طوطی۔

سوئی (ھ۔ نف) ۱ سوہی کا
مخفف ۲ (مونث) فال۔ شگون۔

سَوَیّا (ہ۔ صفت) ۱ ¼
حصہ زیادہ۔ سوایا ۲ (مذکر) حصہ جو ¼ حصہ زیادہ
ہو ۳ سوا سیر کا وزن یا باٹ ۴ ¼ کا پہاڑا ۵
(ھ) ایک وزن یا بحر ۶ ایک گانا اس بحر میں
۷ سویا گانے کا گانیوا لا (رس سیادک)

سُوَیّا (ھ۔ مذکر) وہ جو
سوئے۔ سونیوالا۔

سُویا (ھ۔ صفت) نوکدار
سوئی کی طرح۔

سویا (ہ۔ مذکر) ایک خوشبودار

ساگ۔ اس کا پانی بچوں کے لئے بہت مفید ہوتا ہے۔

سوَیّاں (ہ۔ مونث) سوئی کی جمع۔ ایک قسم کا کھانا جو میدے کو گوندھ کر تار سے بٹتے ہیں۔ اور انہیں سکھا کر بھون لیتے ہیں اور پھر ابال کر دودھ اور شکر ڈالکر کھاتے ہیں۔ ۲ ابالنا۔ بنانا۔ کھانا۔ کھلانا وغیرہ کے ساتھ) (س سمتا) **سویّاں بٹنا یا توڑنا** (متعدی) سویاں بنانا **سویوں کی مشین** (مونث) مشین جس میں سویاں بناتے ہیں۔

مثل سویاں بن عید کیسی

عیدالفطر پر مسلمان سویاں پکا کر کھاتے ہیں اس لئے بغیر سویوں کے عید کیا ہوئی

سوَیٹر (انگ۔ مذکر) ۱ ریشم۔ سوت یا اون سے تیلیوں کے ساتھ بنا ہوا کپڑا جو قمیض اور تیلوں کے اوپر پہنتے ہیں ۲ (کوٹ) نیلیوں سے بنا ہوا کوٹ۔

سوِنج (س۔ صفت) وہ (منتر یا عمل) جس کے شروع میں پوتر لفظ ہو۔

سوَید (س۔ مذکر) ۱ پسینہ۔ عرق ۲ بخارات ۳ گرمی ۴ محنت۔ مشقت۔

سُویدا (ع۔ صفت) ۱ سیاہ سیاہی مائل ۲ (مذکر) دل کا سیاہ نشان (سَوَد۔ سیاہ ہونا **سویدُ القلب** (مذکر) ۱ دل کا سیاہ نشان ۲ اصلی گناہ خدا کے حکم کی عدولی جو حضرت آدم نے کی۔

سَویر (ہ۔ صفت) ۱ پہلے جلدی۔ صبح کو ۲ (تف) علی الصبح۔ صبح کے وقت وقت پر **سویرا** (مذکر) صبح۔ پو پھٹنے کا وقت فجر۔ سحر۔ بھور۔ تڑکا۔ پگاہ **سویرے** (تف) صبح کو۔ تڑکے۔ علی الصبح۔

امثال۔ سویرے کا بھولا سانجھ کو گھر آئے تو اسے بھولا نہیں کہتے۔ انسان گناہ کر کے توبہ کرے تو بھی غنیمت ہے۔ **سویرے کا ٹہلنا دن بھر کی خوشی۔** صبح کی سیر سارا دن انسان کو خوش رکھتی ہے۔

سُویش (س۔ صفت) ۱ خوش پوشاک۔ خوش لباس ۲ سجا ہوا۔ مزین آراستہ ۳ (مذکر) اچھا لباس۔ اچھی پوشاک۔

سویشی (صفت) دیکھو سویش۔

سُوبِل (ہ۔ مذکر) ۱ اچھا وقت یا زمانہ۔ موزوں وقت یا موسم ۲ ساحل بحر۔

سویَم (ف۔ صفت) ۱ سِوُم کا مخرب ۲ (مذکر) تیجا۔

سوَیَم (س۔ ضمیر) آپ۔ خود ۲ خود بخود۔ اپنے آپ ۳ اکیلے ہونے والا ۔ آزاد ۴ (مذکر) برہماجی۔ شوجی۔ وشن جی ۵ بدھ۔ آدمی بدھ ۶ ایک بدھ ۷ کال یا وقت ۸ کامدیو ۹ ویاس جی ۱۰ جینیوں میں تیسرا اسدیو

سویمبھو (صفت) خود پیدا ہونے والا۔

سویموَر (مذکر) دوشیزہ لڑکی کا انتخاب خاوند مجمع عام میں۔ **سویمورا** (مونث) وہ لڑکی جو اس طرح خاوند منتخب کرے۔

سوَیمبر۔ سویمبر (ہ۔ مذکر) دیکھو سویمور۔

سوَیَن (ہ۔ مونث) گھوڑا۔ جس سے بچے کشی کریں۔ سانڈ۔

سَہ (ہ۔ امر) ۱ سہنا کا ۲ (ہ) برداشت کرنیوالا ۳ سہارا دینے والا ۴ قانع۔ صابر ۵ لائق۔ قابل ۶ (مذکر) قوت۔ طاقت۔ بل ۷ برداشت۔ بردباری تحمل ۸ ماگھ کا مہینہ ۹ (س) طاقتور۔ قوی۔ بلی ۱۰ برابر کا۔ مقابلے کا ۱۱ قابل۔ لائق ۱۲ باعث وجہ ۔

سہا (ماضی) ۱ سہنا کا ۲ (س) زمین ۳ دنیا کا ایک حصہ ۴ بل۔ طاقت ۵ کئی پودوں کا نام ۶ ایک قسم کا نمک **سہا جانا** (لازم) ۱ برداشت ہونا ۲ صبر ہونا **سہتا** (ماضی ناتمام) ۱ سہنا کی ۲ (صفت) سہنے والا ۳ (س) برداشت تحمل ۴ برداشت کی طاقت ۵ لیاقت۔ قابلیت۔ سہ جانا یا لینا۔ **سہنا** (متعدی) ۱ برداشت کرنا جھیلنا ۲ صبر کرنا۔

مثل۔ سہتا سہے نہ سہاتا چھاتی دہے۔ جو برداشت ہو سکے وہ برداشت کیا جاتا ہے جو نہ برداشت کیا جا سکے دل توڑ دیتا ہے۔

سَہَ (س۔ حرف) ۱ ساتھ۔ ہمراہ اکٹھے ۲ ملا ہوا ۳ عام ۴ مانند ۵ مکمل ہو کر بات کے شروع میں استعمال ہوتا ہے۔

سِہ (ف۔ عدد) تین **سہ بارا** (مونث) تین دفعہ **سہ بار** (صفت) تیسری دفعہ **سہ برگہ** (مذکر) ایک قسم کا پھول۔ **سہ بندی** (مذکر) فوجی سپاہی جو مالگذاری یا خراج وصول کرنے یا پولیس کے کام کے لئے ہر سال رکھا جائے ۲ مال کا چپڑاسی ۳ (مونث) ایسے سپاہیوں اور چپڑاسیوں کا خرچ ۴ خراج۔ سرکار کا حصہ ۵ سہ ماہی قسط یا تنخواہ **سہ بندی اگاہنا** (متعدی) سہ ماہی اقساط وصول کرنا **سہ پائی** (مونث) تپائی جو مسجدوں میں چراغ رکھنے کیلئے استعمال ہوتی ہے۔ **سہ پایہ** (مذکر) تپائی **سہ پایہ ہوائی** (مذکر) ایک صورت کوکبہ **سہ پَر** (مذکر) جس میں تین پر لگے ہوں (تیر کی تعریف) **سہ پہر** (مذکر) **پہری** (مونث) تیسرا پہر۔ دوپہر کے بعد کا وقت **سہ پہل** (صفت) تین پہلو کا **سہ پہلو** (صفت) ۱ تین پہلو کا ۲ (مذکر) ایک قسم کا تیر **سہ چند** (صفت) تگنا **سہ حرفی** (صفت) تین حرف کا **سہ حرفی مادہ** (مذکر) وہ مادہ یا اصل حرف جس میں تین حرف ہوں عربی زبان کے مادے عموماً تین حرف کے ہیں۔ اور بوزن فَعَلَ آتے ہیں چہار حرفی یا پنج حرفی مادے بھی ہیں۔ مگر بہت کم سنسکرت میں عموماً دو حرفی و سہ حرفی ہیں۔ **سہ حدّہ** (مذکر) وہ برجی یا چبوترہ یا ستون جہاں تین گاؤں کی حدود ملیں۔ **سہ خوان** (مذکر) عیسائی تثلیثی **سہ خواہران یا دختران** (مونث) دب اکبر میں دو ستارے **سہ درہ** (مذکر) ۱ تین محراب دار اکٹھے دروازے ۲ وہ دالان جس میں تین دروازے اکٹھے ہوں **سہ دری** (مونث) تین دروازوں کا چھوٹا کمرہ **سہ دَیر** (مذکر) ایک عبادت گاہ جو بہرام گور کے لئے نعمان بن منذر نے بنائی تھی۔ **سہ روز** (مذکر) تین دن **سہ روزہ** (صفت) جو تین دن لگاتار رہے۔ **سہ سالہ** (صفت) تین سال کا۔ **سہ شنبہ** (مذکر) منگل کا دن **سہ فصلہ** (صفت) سال میں تین فصلیں دینے والا **سہ کرّہ** (صفت) تیسری دفعہ۔ تہازا **سہ گانہ** (مذکر) ۱ تین پیالے شراب کے جو صبح کو پیتے ہیں ۲ تین دفعہ ۳ (مونث) دوگانہ کی دوست **سہ گنبدان**

(مذکر) ایک قلعہ۔ سہ گوشہ (مذکر) ۱۔ تکون ۲۔
(صفت) تین کونے کا۔ سہ گونہ (صفت)
تین گنا۔ سہ ماہہ (صفت) جو تین مہینے رہے
سہ ماہی (صفت) ہر تین مہینے بعد ۲۔ (مونث)
وہ رقم جو ہر تین مہینے بعد ملے۔ سہ منزلہ
(صفت) تین منزل کا۔

مثل۔ سہ بندی کے پیادے کا آگا پیچھا برابر ہے۔ چند
روزہ حاکم کا ہونا نہ ہونا یکساں ہے۔

سہار (س۔ مونث) ۱۔ زمین ۲۔
سہیلی ۳۔ کئی پودے۔

سُہار (ہ۔ امر) سہانا کا۔

سہات (ہ) **سہاتا** (صفت) ۱۔ خوشگوار
مرغوب۔ پسندیدہ۔ دلپسند ۲۔ خوبصورت حسین
۳۔ نیم گرم۔ سہانا (لازم) ۱۔ چمکنا ۲۔ خوبصورت
ہونا (س شُبھ) ۳۔ خوشگوار ہونا ۴۔ پسند ہونا۔
بھانا ۵۔ زیب دینا۔ موزوں ہونا ۶۔ خوش ہونا
مسرور ہونا ۷۔ فخر کرنا۔ ناز کرنا (س سُکھ) ۸۔
(متعدی) خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔ سہانا
۱۔ (صفت) مرغوب۔ دلپسند۔ پسندیدہ۔ خوشگوار
۲۔ مناسب۔ معقول۔ موزوں ۳۔ خوبصورت۔
بھلا سہانا سما یا وقت (مذکر) دل کو خوش
کرنے والا وقت۔ سہانی سائی (سہانے
سائے) ڈھلنا (لازم) غروب آفتاب کا
وقت ہونا۔

امثال۔ سہانے کا پاد اچھا ان سہانے کا بول برا۔ سہاتے کی لات ناسہاتے کی بات۔ جس
سے محبت ہو اس کی بدتمیزی بھی گوارا ہوتی
ہے۔

سَہار (ہ۔ امر) سہارنا کا
۱۔ (مونث) برداشت۔ تحمل۔ سہارا (مذکر)
۱۔ بھروسہ ۲۔ تکیہ۔ آسرا۔ پناہ ۳۔ اڑواڑ۔
ٹیک ۴۔ اطمینان۔ تقویت ۵۔ امید۔ توقع ۶۔
مدد۔ امداد ۷۔ وسیلہ۔ ذریعہ ۸۔ بیماری سے
افاقہ ۹۔ توانائی۔ قوت۔ سہارا پانا (متعدی)
مدد پانا۔ آسرا ملنا۔ تقویت پانا۔ سہارا
تکنا (متعدی) آسرا ڈھونڈنا۔ مدد کی توقع
رکھنا۔ سہارا ٹوٹنا (لازم) امید منقطع ہو
جانا۔ سہارا دینا (متعدی) ۱۔ مدد دینا۔ امداد
کرنا ۲۔ امیدوار کرنا ۳۔ ٹیک دینا۔ اڑواڑ
لگانا ۴۔ تھامنا۔ سہارا ڈھونڈنا (متعدی)
آسرا تکنا۔ وسیلہ ڈھونڈنا۔ سہارا کرنا۔
(متعدی) ۱۔ وسیلہ کرنا۔ ذریعہ بنانا ۲۔ نوکر
رکھوانا ۳۔ گذر اوقات کا بندوبست کرنا۔
سہارا لگانا (متعدی) سہارا دینا
سہارا لینا (متعدی) پناہ لینا۔ سہارا
ہو جانا (لازم) تقویت ہو جانا۔ سہارا
ہونا (لازم) امید ہونا۔ بھروسہ ہونا
اطمینان ہونا۔ مدد ہونا۔ سہارنا (متعدی)
۱۔ برداشت کرنا۔ تحمل کرنا۔ سہنا ۲۔ تھامنا
روکنا۔ سہار ہونا (لازم) برداشت ہونا
سہارے (تف) امید پر۔ بھروسے پر۔
سہارے سے (تف) آہستہ سے۔ نرمی
سے۔

سَہارتھ (س۔ صفت)
سَہارتھی (ہ) ایک ہی معنی یا مطلب
کا۔ ہم معنی۔

سَہارنا (ہ۔ متعدی)
اٹھا لینا۔

سُہارنا (ہ۔ متعدی)
کھینچنا۔ گھسیٹنا۔

سُہاری (ہ۔ مونث) سہالی۔
پوری۔

سُہاگ (ہ۔ مذکر) ۱۔ خوش
قسمتی۔ سعادت ۲۔ برکت ۳۔ خوشی۔ مسرت ۴۔
خاوند کا پیار۔ محبت ۵۔ خاوند کی زندگی کا زمانہ۔
شادی کی حالت ۶۔ ایک زیور جو عورتیں خاوند
کی جیون حیات میں پہنتی ہیں۔ چوڑیاں۔ نتھ ۷۔
ایک قسم کا شادی کا گیت ۸۔ مبارک۔ دعا۔
سہاگ اتارنا (متعدی) اترنا (لازم) سہاگ
کی چیزیں اترنا۔ رانڈ ہونا۔ سہاگ بٹہ۔
(مذکر) ایک دوائی جو زچہ کو بخار میں دی
جاتی ہے۔ سہاگ بنا رہے (دعا) شوہر
جیتا رہے۔ سہاگ بھری (مونث) وہ عورت
جو خوش و خرم یا خاوند کی پیاری ہو۔ سہاگ
پٹارا (مذکر) پٹاری (مونث) ایک بڑی
صندوقچی جو شادی کے موقع پر دولہا دولھن
کو بھیجتا ہے اور جس میں سنگار کی چیزیں اور
زیورات ہوتے ہیں۔ سہاگ پڑا (مذکر)
خوشبوؤں وغیرہ کا پڑا جو ساچق یا بری کے
ساتھ ہوتا ہے۔ یہ نائی بازار سے بنا بنایا
خرید لاتا ہے۔ سہاگ چھننا (لازم) بیوہ ہو
جانا۔ سہاگ رات (مذکر) شب زفاف۔
دولھا دولھن کے سونے کی پہلی رات۔ سہاگ
سیج (مذکر) بیاہ کا پلنگ جس پر دولھا دولھن
سوتے ہیں۔ سہاگ کا عطر (مذکر) عطر سہاگ
ایک عطر جو شادی بیاہ کے کام آتا ہے۔ سہاگ
کرنا (متعدی) ۱۔ وہ محبت کرنا جو جورو خاوند
میں ہوتی ہے ۲۔ شوخی کرنا۔ معشوق کا سہاگ
کی رات (مونث) دیکھو سہاگ رات۔ سہاگ
گھوڑی (مونث) سہاگ ۷۔ سہاگ لہر
(ہ) خوشگوار ہوا۔ بادشرط۔ سہاگن (مونث)
۱۔ وہ عورت جس کا خاوند زندہ ہو ۲۔ (ہ) دیکھو
سہاگنی۔ سہاگن کڑھی (مونث) وہ
کڑھی جس میں پھلکیاں ہوں۔ سہاگنی (ہ)
خوش قسمت عورت۔ شادی شدہ عورت جو
باپ کے گھر رہے۔ سُہاگی (ہ) خوش
قسمت مرد۔

امثال واقوال سہاگ
بھاگ ارزانی۔ چولھے آگ نہ گھڑے پانی۔ خاطرداری بہت اور لینا دینا کچھ نہیں
سہاگن کا پوت پچھواڑے کھیلے ہے
سہاگن عورت کا بیٹا مر جائے تو اسے اور بیٹے
ہونے کی امید ہوتی ہے۔ گو یا مرا نہیں۔
پچھواڑے کھیل رہا ہے۔ اس موقع پر کہتے ہیں
جب کسی ایسے شخص کا نقصان ہو جس کی آمدنی
بہت ہو اور وہ آپ ہی نقصان پورا کرسکتا ہو۔

سُہال (ہ۔ مذکر) ایک قسم
کی خستہ اور روغنی تلی ہوئی روٹی۔ سہالی۔
(مونث) پوری۔ کچوری۔ پراٹھا۔

سہالگ (ہ۔ مذکر) ۱۔
شادی کا دن ۲۔ ہندوؤں کا شادی کا زمانہ۔

سِہام (ع۔ مذکر) سہم کی جمع
۱۔ تیر ۲۔ حصے۔

سَہانا (ہ۔ مونث) ۱۔ ایک
راگنی کا نام ۲۔ (امر) سہنا کا۔

سُہاوا (ہ۔ صفت) سہانا

۔ آرائش۔ زیبائش۔ سجاوٹ ۔ خوبصورتی
نفاست۔

سَہاوَٹ (ھ۔ مونث) برداشت کی طاقت۔ سہاوٹ سے (تف) بچکے سے۔

سَہاوَل (ہ۔ مذکر) معماروں کا آلہ جس سے دیوار کی راستی دیکھتے ہیں۔ ساقول۔ سُول۔

سُہاوَن (ھ۔ صفت) سُہاونا۔ سہاونا۔ سہاؤنا (صفت، و۔ لازم) سُہانا۔ سہاونی (مونث) خوبصورت۔ حسین عورت۔

سُہاوَنی (ھ۔ مونث) مسرت۔ خوشی۔ شادمانی۔

سہاڈُی (ھ۔ مونث) ہنڈول۔ چوکھٹ کے اوپر کی لکڑی۔

سَہائے (صفت) سہائے (س۔ مذکر) ۔ ساتھی۔ ہمراہی۔ پیرو۔ چیلا۔ مددگار۔ حامی۔ مربی۔ سرپرست۔ معاون۔ [illegible] بہت سے مددگار۔ امداد۔ مدد۔ [illegible] ایک خوشبو یا دوائی۔ خوشبو۔ [illegible] (مونث) صحبت۔ ہم سائگی۔ دوستی [illegible] امداد۔ سہایک (مذکر) [illegible] (صفت) امدادی۔ کام کا [illegible] (مذکر) رفاقتی۔ ہمنشی۔

سہائے (صفت) سہائے [illegible] مدد۔ امداد۔ کمک۔ معاونت۔ اعانت۔ حمایت۔ اتحاد۔ ایکا۔ رفاقت۔ موافقت۔ انس۔ دوستی۔ یارانہ۔ ہندو ناموں کے آخر میں آتا ہے۔ جیسے رام سہائے۔ سہائے کرنا (متعدی) مدد کرنا۔ اعانت کرنا۔ حفاظت کرنا۔

سَہج (ہ۔ صفت) آسان۔ سہل۔ آہستہ۔ سہج سا (صفت) آسان۔ سہج سہج۔ سہج سے (تف) آسانی سے۔ سہولت سے۔ آہستہ آہستہ۔ دبی زبان سے۔ آہستہ سے۔ سہج میں (تف) نرمی سے۔ آسانی سے۔ مثل۔ سہج ہیجڑا برہمچاری۔ ہیجڑے کو برہمچاری بننا آسان ہے۔ وہ مرد ہی نہیں خود بخود مجرد رہیگا۔

سُہجنا (ھ۔ مذکر) ایک درخت جس کی پھلیوں کا اچار بنتا ہے۔

سہرا (ہ۔ مذکر) وہ پھولوں یا سونے کی لڑیاں جو دولھا دلہن کے ماتھے پر باندھتے ہیں۔ اور لڑیاں منہ پر لٹکتی ہیں۔ لگانا جو اس کے باندھنے کے وقت گایا جاتا ہے۔ وہ نظم جو اس تقریب پر کہی جاتی ہے۔ وہ پھولوں کے ہار جو مزار کے طاقچوں پر رکھے جائیں۔ رس شیکھر۔ سہرا باندھنا (متعدی) بندھنا (لازم) سہرا سر پر رکھا جانا۔ دولھا بننا۔ سہرا بنانا (متعدی) بننا (لازم) پھول گندھ کر سہرا تیار ہونا۔ سہرا بندھائی (مونث) سہرا باندھنے کا نیگ جو بہنوئی کو ملتا ہے۔ سہرا چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) لوح مزار پر سہرا لٹکنا۔ سہرا دکھانا (متعدی) دیکھنا (لازم) شادی دیکھنے کا موقع نصیب ہونا۔ بیاہ دیکھنا۔ بیاہ رچانا۔ سہرا سرا ہونا (لازم) کسی کام کی تکمیل کا ذمہ دار ہونا۔ کام کا دار و مدار ہونا۔ سہرا گانا (متعدی) سہرا۔ [illegible] کا گا کر پڑھا جانا۔ سہرا گوندھنا (متعدی) گندھنا (لازم) سہرا بننا۔ سہرا لکھنا (متعدی) لکھوانا (م) کسی شاعر سے سہرے کی نظم تصنیف کرانا۔ سہرے (مذکر) سہرا کی جمع اور بجائے سہرا حروف مغیرہ سے پہلے۔ سہرے جلوے کی (صفت) بیاہتا بیوی۔ سہرے کے پھول کھلنا (لازم) بیاہ کا وقت آنا۔ سہرے کی لڑی ٹوٹنا (لازم) بہت منحوس سمجھا جاتا ہے۔

سَہراٹ لگانا (اردو۔ متعدی) بھولی ہوئی بات یاد دلانا۔

سَہرانا۔ سہرانا (ہ۔ متعدی) آہستہ سے ملنا۔ تھپکنا۔ سہلانا۔ تھکانا۔ تنگ کرنا۔ چھیڑنا۔ (لازم) کھڑا ہونا۔ بالوں کا خوشی سے تھرتھرانا۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔ ہلنا۔

رِسہرانا (ہ۔ متعدی) ہنکانا۔ چیز کو دریا میں بہانا۔

سَہراوَن (ھ۔ مذکر) سہلانا۔ گدگدانا۔

سَہراؤنا۔ سہراؤنا (ھ۔ لازم و متعدی) سہرانا

سَہَرنا (ھ۔ متعدی) سنوارنا۔ ترتیب دینا۔

رِسہرنا (ھ۔ لازم) لکانپنا۔ تھرتھرانا۔ ہلنا۔ ڈر سے کانپنا۔

رِسہرنا (ھ۔ لازم) پگھلنا۔ پانی ہونا۔

سُہَرنا (ھ۔ متعدی) کھینچنا۔ گھسیٹنا۔

سَہروسا (ھ۔ صفت) غصے۔ ناراض۔

سَہری (ہ۔ مونث) ایک قسم کی مچھلی۔

رِسہری (ھ۔ مونث) سردی۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔

سَہَس (ھ۔ صفت) سہسر کا مخفف۔ ہزار۔

سَہَس (س۔ مذکر) طاقت۔ قوت۔ بل۔ فتح یابی۔ قابو پانا۔ فتح۔ روشنی۔ ماگھ کا مہینہ۔ سردی کا موسم۔ اگنی۔ سہسا (تف) بڑے زور سے۔ بڑی طاقت سے۔ بہت جلدی۔ تیزی سے۔ جلدی سے۔ بغیر سوچے کے۔

سَہل (ع۔ صفت) آسان۔ ہلکا۔ سادہ۔ کرنا ہونا کے ساتھ۔ تسہل آسان ہونا۔ سہل الوصول (صفت) آسانی سے وصول ہونے والا۔ سہل الہضم (صفت) جلدی ہضم ہونے والا۔ سہل انگار (صفت) سست۔ کاہل۔ سہل انگاری (مونث) سستی۔ کاہلی۔ سہل ممتنع (صفت) ایسا آسان کہ اس سے آسان کہنا مشکل ہو۔ سہل گو (صفت) آسان کہنے یا شعر لکھنے والا۔

سہلانا (ہ۔ متعدی) آہستہ آہستہ ملنا۔ پھیرنا۔ آہستہ ملنا۔ گدگدانا۔ پچکارنا۔ تھپکنا۔ خوشامد یا چاپلوسی کرنا۔ سہلانا۔ گدگدانا۔

سَہلاوَن۔ سہلاہٹ (ھ۔ مونث) آہستہ سے ملنا۔ گدگدانا۔ پیار کرنا۔

سَہَم (ف - مذکر) ڈر - خوف
- بیم - باک - ترس - سَہما - سہما (صفت) ۱
ڈرا ہوا - خوفزدہ ۲ چپ - خاموش - سہمانا
(متعدی) ڈرانا - خوف دلانا - سہم جانا (لازم)
ڈر جانا - سہم چڑھنا (لازم) خوف چھانا - سہم
گیا حیران دم بخود رہ گیا - سہمگین - سہمناک
(صفت) ۱ خوفناک ۲ ڈراؤنا ۲ ڈرا ہوا - خوفزدہ
سہمنا (لازم) ڈرنا - خوف کھانا -
سَہم (ع - مذکر) ۱ چلانے
یا قرعہ ڈالنے والا تیر ۲ مکان کا شہتیر ۳
حصہ - بخرہ ۴ ایک صورت کو کبہ ۵ دائرے
کا ٹکڑا - قطع دائرہ ۶ ایک قبیلہ ۷ ایک
ماپ ۸ تیروں سے جو کھیلنے میں جیتنا - سَہم
لاغر ہونا - سہم السعادت (مذکر) نیک
بختی کا تیر - کنایۃً دولت - عزت وغیرہ -
سہم الغائب (مذکر) غیبی تیر - کنایۃً
موت - قسمت -
سَہنا (ہ - لازم) ۱
دیکھو سہ کے تحت میں ۲ (مذکر) تیغ
زنی کی مشق کے لئے ایک قسم کی تلوار -
سَہنسر (ہ - صفت) سہسر
ہزار -

امثال واقوال سہنسر

گوپی ایک کنہیا - دیکھو ایک انار صد بیمار -
سہنسر ڈبکی میں لی موتی لگا نہ ہاتھ
ساگر کا کیا دوش ہے ہیں ہمارے
بھاگ - ہم نے تو بہت کوشش کی مگر بدقسمتی
سے کچھ نہیں ملا - سہنسر ہاتھ ہیں جسے
چاہے دے - خدا کے دینے کے ہزار رستے
ہیں جس طرح چاہے دے -
سَہَنک (ہ - مونث) صحنک
کا مخرب - رکابی -
سَہو (ع - مذکر) ۱ بھول -
چوک - فراموشی ۲ غفلت خطا - غلطی (فرمانا
کرنا - ہونا کے ساتھ) سَہوَ - بھولنا - سہواً
(تف) بھول کر غلطی سے - سہو قلم (مذکر) قلم سے
کچھ کا کچھ لکھا جانا - سہو کتابت (مذکر) لکھنے
کی غلطی -
سُہولت (ع - مونث) سہولی

(ہ) سہولیت (تف) ۱ آسانی ۲ نرمی (سَہل -
آسان ہونا) سہولیت سے (تف) آسانی سے
بغیر مشکل کے -
سَہوَیا (ہ - صفت) متحمل مزاج
بردبار -
سَہی (ہ - حرف) ۱ صحیح ہے
درست ہے - ہاں ۲ مان لو تسلیم کرو ۳ غنیمت
ہے ۴ ہرچہ بادا باد - کچھ ہی ہو ۵ سلسلہ قائم
رکھنے کے لئے ۶ تاکید - شرط - تسلی بے پروائی
وغیرہ کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے - سہی سارا
کرنا (متعدی) مواجہہ کرنا - مقابل ہونا - سہی
نہیں سند نہیں - شرط نہیں -
سَہی (ف - صفت) ۱ سیدھا
راست عموماً سرو کیلئے استعمال ہوتا ہے ۲
(مونث) سرو ۳ ایرج بن فریدون کی بیوی -
سہی بالا قامت یا قد (صفت) سیدھے
قد والا - کنایۃً معشوق -
سُہیا - سُہیتا (ہ - مذکر) ۱
مبارکباد کا ایک گیت ۲ ایک گیت جو بچہ پیدا
ہونے کے موقع پر گایا جاتا ہے -
سُہیارنا (ہ - لازم) ۱
ترتیب دینا - چُن سلیقے سے ۲ درست کرنا -
سُہیٹ (ہ - مونث) چراگاہ -
سُہیجا (ہ - مذکر) جامن -
سُہیجنا (ہ - متعدی) ۱ کوشش
کرنا ۲ تفتیش کرنا - دریافت کرنا ۳ درست
کرنا - ٹھیک کرنا ۴ مہیا کرنا -
سَہی شام (اردو - تف)
سرشام - غالباً اسکا مخرب ہے -
سُہیل (ع - مذکر) ایک ستارہ
یمن میں ایک چمڑہ بنتا تھا جس کے متعلق یہ
خیال تھا کہ اس ستارے کی وجہ سے اس میں
خوشبو پیدا ہوتی ہے -
سُہیلا (ہ - مذکر) ایک قسم
کا گیت -
سُہیلا (ہ - صفت) ۱ آسان
سہل ۲ ممکن -
سَہیلی (ہ - مونث) ۱ ساتھ

بہنے یا کھیلنے والی عورت - سکھی - آلی مصاحب
عورت ہمجولی ۲ خواص - ساتھ رہنے والی ملازم
عورت (سنگی سے)
سَہیم (ف - صفت) شریک
حصہ دار -
سَہُوشیکت (ف - مذکر)
پارسیوں کا مہدی جو زردشت کی اولاد سے
ہوگا اور زمانہ آخر میں آئیگا -
سَئی (ہ - حرف) ۱ سہی ۲
(صفت) صحیح کا مخرب ۳ (مونث) سعی کا مخفف
۴ لوہے کے تار کی زنجیر -
سِئی (ہ - مونث) ساہی -
سَئے (ہ - عدد) دیکھو سے -
سَئیس (ہ - مذکر) سائیس
کا مخفف -
سی (ہ - امر) سینا کا (س سو
سینا) سیا (ماضی) ۱ سینا کا ۲ (ہ - مذکر)
سیون - سی دینا (متعدی) سینا - سی لینا
(متعدی) سینے کا فعل کرنا - سینا (متعدی)
ٹانکا بھرنا - دوخت کرنا - رفو کرنا - سوئی
اور دھاگے سے کپڑے کے دو ٹکڑوں کو جوڑنا
سینا پرونا (مذکر) سلائی کا کام - سینے
سلانے کی چیز -
مقولہ - سینا پتے ماری
کا کام ہے - سینا بڑی محنت کا کام ہے -
سِی (ہ - صفت مونث) ۱
دیکھو سا - ۲ (مذکر) دیکھو سیہ ۳ (مونث)
ایک لفظ جو انسان کے منہ سے درد - جلن مرچ
کی یا کسی چیز کے کاٹ کھانے یا چٹکی لئے جانے
پر نکلتا ہے - سی سی (مونث) سی ہی ۴
(کرنا ہونا کے ساتھ)
سِی (ف - عدد) ۱ سہ -
صد کے پہلے سی پڑھا جاتا ہے ۲ تیس -
سی پارہ (مذکر) قرآن شریف کے تیس حصوں
میں سے ایک حصہ - سی پارۂ دل (مذکر)
عاشق کے دل کو سی پارہ سے استعارہ تے
ہیں - سی دانہ (مذکر) ایک قسم کی تسبیح جس
میں ۳۳ دانے ہوتے ہیں - سیزدہ (عدد)
سیزدہم (صفت) تیرھواں - سیصد (عدد)

تین سو۔ **سیمرغ** (مذکر) ایک خیالی پرند جو بہت بڑا ہوتا ہے۔ شاہنامہ میں زال کا استاد تھا۔ غالباً کسی شخص کا نام ہوگا۔

مثل۔ سی مرغ دیگر است و سی مرغ دیگر۔ سیمرغ اور چیز ہے اور تیس مرغ اور چیز دونوں بالکل مختلف ہیں۔

سے (ہ۔ عدد) ۱۔ سو۔ اکثر بول چال اور شعروں میں مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے آٹھ سے ۲ (ھ) سعی ۳ ہے۔

سے (ہ۔ حرف جر) ۱۔ ساتھ ہمراہ ۲ کو ۳ طرف۔ جانب ۴ اوپر ۵ ابتدا سے ۶ وسیلے یا مدد کے ساتھ ۷ کی طرح۔ مانند۔ سا ۸ کی۔ کا ۹ ابتدا کی جگہ ۱۰ کثرت اور افراط کے لئے ۱۱ پھر۔ بعد ۱۲ مقابلے کیلئے ۱۳ ربط کلام کے لئے ۱۴ متعلق ۱۵ ہمراہ ۱۶ پر ۱۷ وجہ سے ۱۸ جس طرح۔ جیسا کہ ۱۹ لئے ۲۰ مقابلے کے لئے ۲۱ میں کے ساتھ منجملہ کے معنی دیتا ہے ۲۲ سبب یا علت کے لئے ۲۳ علامت مفعول کے لئے۔ کہنا عرض کرنا۔ محبت کرنا وغیرہ کیساتھ ۲۴ علیحدگی اور دوری ظاہر کرنے کے لئے ۲۵ دو متضاد چیزوں کے لئے تک کے ساتھ ۲۶ یکسر کی جگہ کسی چیز کے استعمال کرنے کیواسطے ۲۷ حالت میں ۲۸ کبھی محاورے میں یہ محذوف ہو جاتا ہے۔

سیا (ھ۔ مونث) سیتا کا مخفف۔

سیابَن (مذکر) وہ جنگل جس میں سیتا جی نے گھر سے نکالے جانے کے بعد پناہ لی تھی کرنال کے ضلع میں ایک مقام سیون ہے جس کے متعلق خیال ہے کہ سیابن کا مخفف ہے۔ **سیاپت** (مذکر) سیتا کا خاوند۔ رامچندر جی کا لقب۔

سَیابجہ (ع۔ مذکر) ایک قوم جو عربوں کے ایران پر حملہ کرنے کے وقت خلیج فارس کے ساحلوں پر آباد تھی۔ انہوں نے اسلام قبول کیا یہ اصل میں سندھی تھے جنہیں ایرانیوں نے گرفتار کر کے یہاں لا بسایا تھا۔

سیّاح (ع۔ مذکر) سفر یا سیاحت کرنے والا۔ مسافر۔ سیاح عموماً سیر اور دل بہلاؤ کے لئے سفر کرتا ہے۔ (سیح۔ سفر کرنا)

سیاحی (مونث) دیکھو سیاحت۔

سیّاحت (ع۔ مونث) سیر کرنا۔ سفر کرنا۔

سیادت (ع۔ مونث) ۱۔ سرداری۔ بزرگی ۲ سلطنت۔ حکومت ۳ حکومت کرنا ۴ سیدوں کی قوم (سود۔ حکومت کرنا)

سیّار (ف۔ صفت) ۱ پھرنے والا سیر کرنے والا ۲ سیارہ (سیر۔ چلنا۔ سفر کرنا)

سیارات (مذکر) جمع سیارہ کی **سیّارہ** (مذکر) وہ جرم فلکی جو سورج کے گرد گردش کرے زمانہ گذشتہ میں سات سیارے خیال کئے جاتے تھے شمس۔ قمر۔ مشتری۔ عطارد۔ زحل۔ مریخ۔ زہرہ زمین ساکن شمار کی جاتی تھی۔ مگر اب یہ خیال ہے کہ سورج ساکن ہے اور عطارد۔ زہرہ۔ زمین۔ زحل۔ اسٹیرائڈ۔ مشتری۔ سیٹرن۔ یورینس اور نیپٹیون اس کے گرد پھرتے ہیں ۱۹۳۰ء میں نیپٹیون سے پرے ایک اور سیارہ نظر آیا ہے۔ اور اس کا نام پلوٹو رکھا گیا ہے۔ اس کے علاوہ دمدار تارے بھی سیارات ہیں۔ مگر وہ دوسرے سیاروں کی طرح بیضوی شکل میں سورج کے گرد نہیں گھومتے۔

سیار (ہ۔ مذکر) گیدڑ شغال ایک جانور کتے کی قسم کا۔ **سیار سینگی** (مونث) گیدڑ کی ہڈیوں کا سانچا جس کی ہڈی کے متعلق خیال ہے کہ جس کے پاس ہو اس پر سحر کا اثر نہیں کرتا۔ **سیار کی لاٹھی** (مونث) املتاس **سیارن۔ سیارنی۔ سیاری** (مونث) ہ مادہ گیدڑ۔

امثال و اقوال۔ سیار اوروں کو شگون دے۔ آپ کتوں سے رُنچھوائے (ڈرے (ھ) گیدڑ کا راستے میں ملنا اچھا شگون سمجھا جاتا ہے۔ **سیار کے منتری کوا چھوڑ دہانے ناڑ چام۔ کھہا لے مسوا** (ھ) گیدڑ کو کوے نے نصیحت کی تھی۔ گوشت کھالے اور چمڑا اور ہڈیاں چھوڑ دے اس کی نسبت کہتے ہیں جو کام کی چیز ہے لے اور نکمی چھوڑ دے۔

سیاست (ع۔ مونث) ۱۔ انتظام۔ معاملات ملکی۔ حکومت۔ سلطنت ۲ ملک کی حفاظت۔ سزا گنہگاروں کو ۳ رعب و داب۔ دبدبہ ۴ سختی۔ قہر و غضب ۵ خوف دہشت ۶ دھمکی۔ مار پیٹ۔ گوشمالی (سوس۔ انتظام کرنا) **سیاست بجا** (صفت) قابل سزا۔ **سیاست جانی** (مونث) سزائے موت **سیاست شرعیہ** (مونث) بدنی سزا **سیاست کرنا یا ہونا** (لازم) ۱۔ انتظام ہونا وغیرہ۔ **سیاست گاہ**۔ (مونث) سزا کی جگہ **سیاست گر** (صفت) سفاک خونریز **سیاست مُدن** (مونث) شہر کا انتظام۔

سیاستی (صفت) سیاست گر۔

سیاسی (ع۔ صفت) ملکی انتظام یا معاملات کے متعلق (سوس۔ انتظام کرنا)

سیاق (ع۔ مذکر) ۱۔ رواں کرنا چلانا ۲ گنتی حساب ۳ حساب کتاب رکھنا ۴ مضمون کا ربط طرز۔ ڈھنگ ۵ وہ ڈوری جو باز کے پاؤں میں باندھتے ہیں (سوق۔ کام چلانا)

سیاقت (مونث) چلانا۔ زور سے دوڑانا۔ نکلنا

سیاق عبارت (مونث) عبارت کا مضمون مضمون کا ربط۔

سیّال (ع۔ صفت) ۱۔ بہنے والا رواں ۲ رقیق۔ پتلا ۳ (مذکر) ہر وہ شے جو جس برتن میں ڈالی جائے اس کی شکل اختیار کرے مائع۔

سیال (ھ۔ مذکر) گیدڑ۔ سیار شغال **سیال کانٹا** (مذکر) تھوہر۔

سیال۔ سیالہ (ھ۔ مذکر) سردی کا موسم۔ موسم سرما۔

سیالہ (ف۔ مذکر) دھار دھارا

سیام (ھ۔ صفت) ۱ سیاہ۔ سیاہی مائل نیلا۔ سیاہی مائل گندمی ۲ (مذکر) کرشن جی کا لقب ۳ کوئل ۴ ایک راگنی۔

مثل۔ سیام نہ چھوڑو۔ چھوڑو نہ سیت۔ دونوں مارو ایک ہی کھیت۔ دشمنوں کا لحاظ نہیں کرنا چاہئے انہیں تباہ کرنا چاہئے۔ ایک شخص کی دو بیویاں مر گئیں اگلے جنم میں سیاہ اور سفید چیلیں بنکر اس کی تیسری بیوی کو ستانے لگیں تو اس نے اپنے خاوند کو یہ نصیحت کی۔

سیاما (مذکر) ۱ کرشن جی کا لقب ۲ کوئل ۳ (مونث) کالی دیوی کا لقب۔

سِیان (ھ۔مونث) ۱ ہوشیاری چالاکی ۲ عیاری ۔مکاری ۳ پختگی۔

سِیان (ھ۔مونث) ایک قسم کا پرند۔

سَیاں (ھ۔مذکر) ۱ سائیں۔ مالک۔ آقا ۲ شوہر ۳ عاشق۔

امثال واقوال۔سیاں

بھئے کوتوال اب ڈر کا ہے کا۔ دوست کے صاحب اختیار ہونے سے کوئی خطرہ نہیں رہتا۔ **سیاں کے ارجن (برتی) بھیّا کا ناؤں۔ پہن اوڑھ میں سانسر جاؤں** بعض جگہ دولہا سے روپیہ لے کر شادی کرتے ہیں تو لڑکی شرمندگی کے مارے یہ الفاظ کہتی ہے۔ **سیاں کی کمائی بھیا کا نام** دوسرے کا روپیہ خرچ کر کے کسی اور کا نام۔ **سیاں گئے بدلیس میں تو کات کات موئی۔ آگرے کا چرخہ۔ برہان پور کی روئی۔** اس موقع پر کہتے ہیں جب کسی عورت کا خاوند اس کو چھوڑ کر چلا جائے اور وہ بیچاری محنت مزدوری کر کے گزارا کرے۔ **سیاں گئے لدنی لدائیں جھڑا جھڑ۔ سو کے پچاس کئے چلے آئے گھر** میرا خاوند تجارت کے لئے گیا اور خوب تجارت کی جب سو کے پچاس ہو گئے تو گھر واپس آئے۔ جب کوئی گھاٹا کھا کر گھر آ بیٹھے تو کہتے ہیں۔ **سیاں نے اس دنیا میں لاکھوں روپے بٹّے۔ کدھی نہ لائے لڈو پیڑے بیر کھلائے کھٹّے** کنجوس آدمی کی عورت شکایت کرتی ہے۔ **سیاں تیرے کارنے جل بل ہو گئی راکھ پت سے ہیں بے پت بھئی پنچن میں گئی ساکھ**۔ بے وفا عاشق سے معشوقہ کہتی ہے۔

سِیان (ہ۔مذکر) ۱ دانائی عقلمندی ۲ ہوشیاری۔ چالاکی۔ **سیانا** (صفت) ۱ ہوشیار۔ چالاک ۲ عقلمند۔ دانا ۳ بالغ۔ سن تمیز کو پہنچا ہوا ۴ بھوت پریت اتارنے یا گنڈا تعویذ کرنے والا ۵ بخیل۔ کنجوس **سیانا کوّا** (صفت) بڑا ہوشیار۔ **سیان پت۔پن یا پنا** (مذکر) دانائی۔ چالاکی۔ زیرکی۔

امثال واقوال۔سیانا

کوا (کبھی) گوہ کھائے (یا نی بلبل گوندا کھائے) سیانا کوا گوہ کھاتا ہے (نجاست پر بیٹھتا ہے) بعض ہوشیار خراب حال ہوتے ہیں۔ اور بھولے بھالے خوشحال۔ عقلمند بعض وقت غلطی کر کے نقصان اٹھاتے ہیں اور بھولے بھالے عزت پاتے ہیں۔ **سیانے کا گوہ تین جگہ** جو شخص اپنے آپ کو بہت ہوشیار سمجھتا ہے۔ غلطیاں بھی بہت کرتا ہے ایک سیانے کا پاؤں گوہ پر پڑ گیا تو یہ دیکھنے کے لئے کہ وہ گوہ ہے یا نہیں زمین پر پاؤں صاف کر کے انگلی لگا کر اسے سونگھنے لگا۔ اس پر یہ کہاوت ہوئی ہوشیار سے اکثر غلطی ہو جاتی ہے۔ **سیانے تو ہیں بہت سے سب سے سیانا چھو۔ ہینا دیکھ ہو چوگنا تھا ڈی پر کم ہو** (ھ) سیانے تو بہت ہیں مگر غصہ سب سے سیانا ہے۔ کمزور پر چار گنا ہوتا ہے طاقتور پر بہت کم۔

سِیانَپ۔سیانَپت

سیانپن۔سیانپنا (ھ۔مذکر) ۱ بلوغت سن تمیز ۲ علم ۳ چالاکی۔ ہوشیاری۔ مکاری ۴ جادوگری۔ ساحری۔ افسوں سازی۔ مداری کا کام ۵ کنجوسی۔ بُخل۔

سِیاوَخش (ف۔صفت) سیاہ چشم۔ کالی آنکھ والا ۲ (مذکر) دیکھو سیاوش۔

سیاوَڑھ۔سیاوَڑھی

سیاوَڑی (ھ۔مونث) غلے کے ڈھیر میں سے مٹھی جو برہمن کو دی جائے۔ مٹھی جو دیوی کے نام پر جوگیوں کو دیجائے اور وہ مٹھی جو فقیروں کو بھگوان کے نام پر دی جائے۔

سِیاوَشال (ف۔مذکر) ایک پودا۔

سِیاہ (ف۔صفت) ۱ کالا۔ تاریک ۲ بدقسمت۔ بدبخت۔ منحوس ۳ زیادہ بہت ۴ جمشید کے پیالے پر چوتھی لکیر ۵ اسفند یار کا ایک گھوڑا ۶ ژند کا چودھواں باب ۷ عرب یا حبشی۔ **سیاہان** (جمع) سیاہ کی عرب یا حبش کے باشندے۔ **سیاہ بادام** (مذکر) معشوق کی آنکھ۔ **سیاہ بخت** (صفت) بدقسمت بدنصیب۔ **سیاہ بختی** (مونث) بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ **سیاہ بید** (مذکر) ایک قسم کا درخت۔ **سیاہ پستان** (مونث) وہ عورت جو جس بچے کو دودھ پلائے۔ وہ مر جائے۔ **سیاہ پشت** (مذکر) ایک قسم کا کبوتر۔ **سیاہ پوش** (صفت) ۱ وہ جو سیاہ لباس پہنے ۲ ماتمی۔ سوگوار ۳ افغانستان کی ایک قوم کا نام۔ **سیاہ پوش ہونا** (لازم) سوگ کرنا۔ ماتمی لباس پہننا۔ **سیاہ پوشی** (مونث) سیاہ لباس پہننا۔ **سیاہ تاب** (صفت) وہ جس کی سیاہی میں چمک ہو ۲ (مذکر) نیلا فولاد۔ فولاد کو لیموں کے پانی اور آگ کی تپش سے نیلا بنا دیتے ہیں۔ **سیاہ تاب کا میر فرش ہے**۔ بہت کالے رنگ کا آدمی ہے۔ **سیاہ تالو** (صفت) وہ گھوڑا جس کا تالو سیاہ ہو۔ یہ منحوس شمار ہوتا ہے۔ **سیاہ چشم** (صفت) ۱ کالی آنکھ والا ۲ بیوفا۔ بے مروت ۳ معشوقہ ۴ (مذکر) ایک شکاری پرند۔ **سیاہِ چشم** (مذکر) آنکھ کا سیاہ حصہ۔ **سیاہ خانۂ وحشت** (مذکر) دنیا۔ **سیاہ دانہ** (مذکر) کالے تل ۲ دھنیا ۳ سونف کا پھول۔ **سیاہ دروں یا دل** (صفت) ۱ سنگدل ۲ بے مروت۔ بیوفا۔ **سیاہ دلی** (مونث) بغض۔ کینہ۔ **سیاہ رو** (صفت) ۱ کالا۔ (آدمی) ۲ ذلیل۔ خوار۔ **سیاہ رود** (مذکر) ایک دریا۔ **سیاہ روئی** (مونث) ذلت۔ رسوائی۔ **سیاہ روز** (صفت) مصیبت زدہ۔ **سیاہ روزگار** (صفت) ۱ بدنصیب۔ ناخوش۔ مفلس ۲ (مذکر) بدقسمتی۔ **سیاہ زبان** (صفت) بدزبان۔ **سیاہ سال** (مذکر) وہ برس جس میں بارش نہ ہو۔ **سیاہ سفید** (مذکر) ۱ نیکی بدی۔ بھلائی۔ برائی ۲ ہر بات۔ ہر کام۔ **سیاہ سفید کا مالک ہونا** (لازم) مختار کل ہونا۔ **سیاہ سفید کرنا** (متعدی) جو چاہنا سو کرنا۔ **سیاہ سنگ** (مذکر) جرجان میں ایک

نوارہ۔ **سیاہ طالع** (صفت) بدقسمت۔ بد
نصیب۔ **سیاہ فام** (صفت) کالا کلوٹا۔ **سیاہ**
کار (صفت) ۱؎ بدکار۔ فاسق۔ گنہگار
۲؎ ظالم۔ **سیاہ کاری** (مونث) بدکاری۔
سیاہ کپڑے رنگوانا (متعدی) ماتم رنج کا
اظہار کرنا۔ سوگ کرنا۔ **سیاہ کرنا** (متعدی)
۱؎ کالا کرنا ۲؎ بہت لکھنا۔ **سیاہ کرو یا سفید**
جو چاہو کرو۔ **سیاہ گوش** (صفت) ایک چھوٹا
درندہ۔ **سیاہ گون** (صفت) کالے رنگ کا۔
سیاہ مست (صفت) مدہوش۔ بدمست۔
سیاہ مستی (مونث) بدمستی۔ مدہوشی۔ **سیاہ و**
سفید (مذکر) ۱؎ دن رات ۲؎ شرق و غرب ۳؎
بھلائی برائی۔ نیکی بدی ۴؎ رنگ و روپ۔ **سیاہ**
وسفید کا مالک و مختار ہونا (لازم) کل پر
حاوی و مسلط ہونا۔ جو چاہنا کرنا۔ **سیاہہ**
(مذکر) ۱؎ سیاہی ۲؎ بہی۔ کچا روز نامچہ جس میں نقدی
یا اجناس تاریخ وار درج ہوں ۳؎ فہرست اشیاء۔
سیاہہ آمدنی (مونث) خزانے کا روزانہ حساب
اس رقم کا جو کاشتکاروں سے ہر روز وصول ہو۔
سیاہہ بہی (مونث) ۱؎ روز نامچہ جس میں روزانہ
حساب آمدنی اور خرچ کا درج ہو ۲؎ وہ رجسٹر
جس میں عدالت کے احکامات درج ہوں۔ **سیاہہ**
دکھانا (متعدی) فوج کی تعداد ظاہر کرنا۔ **سیاہہ**
موجودات (مذکر) موجودہ اشیا کا رجسٹر۔ **سیاہہ**
کرنا (متعدی) رجسٹر میں درج کرنا۔ کھاتے پر
چڑھانا۔ **سیاہہ نویس** (مذکر) وہ کلرک جو رجسٹر
میں احکامات درج کرے۔ **سیاہ ہونا** (لازم)
۱؎ کالا ہونا ۲؎ لکھا جانا۔ **سیاہہ ہونا** (لازم)
تحریر ہونا رجسٹر میں۔ **سیاہی** (مونث) ۱؎
تاریکی۔ اندھیرا ۲؎ کالک ۳؎ روشنائی لکھنے کی ۴؎
کاجل ۵؎ داغ۔ دھبہ ۶؎ عیب۔ نقص۔ **سیاہی**
اٹھانا (متعدی) جاذب کاغذ کا سیاہی جذب کرنا۔
سیاہی پھیکی ہونا (لازم) دوات میں سیاہی کا
رنگ ہلکا ہونا۔ **سیاہی چٹ یا چوس** (صفت)
جاذب کاغذ۔ بلاٹنگ پیپر۔ **سیاہی چڑھنا**
(لازم) تاریکی کا افق میں نمودار ہونا۔ **سیاہی**
دان (مذکر) قلمدان۔ دوات۔ **سیاہی دوات**
(مونث) لکھنے کی روشنائی۔ **سیاہی دوڑنا** (لازم)
سیاہی چھا جانا یا پھیل جانا۔ **سیاہی دھل جانا**
(لازم) ۱؎ سیاہی دور ہو جانا ۲؎ بدنصیبی یا عیب
دور ہو جانا۔ **سیاہی ڈالنا** (متعدی) دوات
میں روشنائی ڈالنا۔ **سیاہی رواں ہونا**
(لازم) سیاہی کا دوات میں ایسا موزوں ہونا
کہ قلم صاف لکھے۔ **سیاہی ساز** (مذکر) سیاہی
بنانے والا۔ **سیاہی سوکھ** (مذکر) جاذب کاغذ۔
سیاہی فالینر (مذکر) بیکار یا نکما آدمی۔ **سیاہی**
کا داغ (مذکر) ۱؎ کالا نشان ۲؎ کلنک کا ٹیکا ۳؎
مجازاً بدنامی۔ **سیاہی کا دبانا** (متعدی) خوفناک
ہیبت ناک خواب دیکھ کر جاگنا اور عالم بیداری
میں بھی خواب ہی کی حرکتیں کئے جانا۔ **سیاہی**
گاڑھی ہونا (لازم) دوات میں سیاہی ضرورت
سے زیادہ ہونا۔ **سیاہی گرانا** (متعدی) گرنا
(لازم) روشنائی کا ٹپک پڑنا۔ **سیاہی لینا** ۔
(متعدی) جاذب کاغذ کا سیاہی کو چوسنا۔ **سیاہی**
لگانا (متعدی) لگنا (لازم) ملنا (متعدی) ۱؎
کسی جگہ کو خصوصاً منہ کو کالا کرنا ۲؎ بدنام کرنا۔

مقولہ سیاہی بالوں کی
گئی۔ دل کی آرزو نہ گئی۔ بڑھاپے میں بھی
جوانی کے شوق ہیں۔

سیب (ف۔ مذکر) ۱؎ ایک
درخت جس کا پھل کھایا جاتا ہے۔ یہ عموماً پہاڑوں
میں ہوتا ہے۔ چھوٹی قسم کے پھل والے میدانوں
میں بھی پائے جاتے ہیں اس درخت کا پھل جو
گول سبز اور گیند کے برابر ہوتا ہے بہت پک
جائے تو اوپر سے سُرخ اور نیچے سے زردی مائل
سبز ہو جاتا ہے۔ کشمیر کا بہت میٹھا ہوتا ہے۔
انگریزی سے پکاتے ہیں ان کا انگریزی سیب
ذرا کھٹا اور خستہ ہوتا ہے۔ شاعر معشوق کی
ٹھوڑی سے تشبیہ دیتے ہیں **سیب آفتابی**
(مذکر) داغدار سیب۔ **سیب زنخدان** یا
غبغب (مذکر) ٹھوڑی۔ **سیب سمرقند** (مذکر)
سمرقند کا سیب جو بہت سُرخ ہوتا ہے۔
سیب فروش (مذکر) میوہ فروش۔ جو شخص
پھل کی دکان کرے۔

سیپ (ہ۔ مونث) ۱؎ ایک
قسم کے بحری کیڑے کا خول یا رہنے کا گھر یہ
کشتی نما اور دوہرا ہوتا ہے کیڑا اس کے اندر
رہتا ہے۔ اگر کسی چیز کا ذرہ اس کے اندر چلا
جائے تو وہ اس کے بدن کو چبھتا ہے۔ اور
اس لئے وہ اسے نرم بنانے کے لئے ایک
قسم کا لعاب اس پر ڈالتا دیتا ہے۔ یہ رفتہ
رفتہ بڑھتا رہتا ہے اور موتی بن جاتا ہے
پرانا خیال۔ تھا کہ موسم بہار کے ابر کے
قطرے سیپ منہ کھول کر لے لیتا ہے۔ اور
وہ موتی بن جاتے ہیں ۲؎ آم جو درخت سے
سب سے پہلے گرے ۳؎ پرندوں کے ایک
قسم کے مرض کا نام جس سے وہ دبلے ہو
جاتے ہیں۔ **سیپ کا بٹن** (مذکر) بٹن جو
سیپ سے بناتے ہیں۔ **سیپ کا چونا** (مذکر)
چونا جو سیپ کو جلا کر بناتے ہیں۔ **سیپ کا**
دستہ (مذکر) چاقو وغیرہ کا دستہ جس پر سیپ
لگا ہو۔ **سیپ کی گھڑی** (مونث) وہ گھڑی
جس کا خول سیپ کا بنا ہو۔ **سیپ لگنا** ۔
(متعدی) پرندے کو سیپ کا مرض ہو جانا۔
سیپی (مونث) سیپ ۲؎ **سیپی سا منہ نکل**
آنا (لازم) سخت لاغر ہو جانا۔ منہ کی ہڈیاں
نظر آنا۔ **سیپی کا کیڑا** (مذکر) وہ کیڑا جو سیپ
میں رہتا ہے۔ **سیپر** (انگ۔ مذکر) ایک قسم
کا سپاہی جو خندقیں کھودتا اور پشتے بناتا ہے۔
سیپر اینڈ مائینرز (مذکر) ہندوستانی فوج
میں ایک رجمنٹ جو خندقیں کھودتی اور پشتے
بناتی ہے۔

سیپل (ھ۔ مذکر) ٹھیکری۔
سیپلا (ھ۔ مذکر) گھوڑے
کے بدن پر کسی جگہ گھونگر یالے بالوں کا گچھا۔
یہ بہت مبارک سمجھا جاتا ہے۔
سیپلک (ھ۔ مونث)
چھپکلی۔
سیپھل (ھ۔ مذکر) ۱؎ شریفہ
۲؎ اس کا درخت۔
سیت (ھ۔ صفت) ۱؎ ٹھنڈا
دیکھو شیت ۲؎ اسم ۱؎ سردی ۲؎ ٹھنڈ ۳؎ پالا ۴؎
شبنم ۵؎ نمی ۶؎ ٹھنڈا پانی یا شربت ۷؎ چھاچھ ۸؎
(ہ۔ مونث) پسینہ جو گرمی میں انسان کی ہتھیلی
اور پاؤں میں سے نکلتا ہے۔ **سیتانگ**۔
سیتنگ (مذکر) ۱؎ عنقہ۔ جھولا ۲؎ ٹھٹھرانا۔

سیت بائی (مونث) رعشہ۔ جھولا۔ سیت جوار (مذکر) پلے کا بخار۔ تپ لرزہ۔ جوڑی۔ سیت رس (مذکر) ۱ عیش ۲ مزہ۔ سیت کال (مذکر) سردی کا موسم۔ سرما۔

امثلہ وغیرہ۔ سیت دودھ جیسے دے سائیں وا کو تو بیکنٹھ ہے یا نہیں۔ دودھ اور چھاچھ کی تعریف ہے۔ سیت سیت سب ایک سے کر کپور کپاس۔ سب ایک جیسے ہیں۔

سیت (ہ۔ مذکر) ۱ تودہ ۲ منبہ ۳ سپید ۴ جونک (غف)

سیت۔ سیتھ (معدی عبرانی) بدی اور تاریکی کا دیوتا۔ شیطان۔

سیتا (س۔ مونث) ۱ ہل کا نشان۔ ہاتن ۲ زراعت کا پیشہ ۳ شراب ۴ جنک کی بیٹی اور راجہ رامچندر کی بیوی۔ اس کی شادی کی شرط ایک کمان کا کھینچنا تھا۔ جو راجہ رامچندر جی نے پوری کی تھی۔ انکی چھوٹی بہن اُرملا کی شادی لچھمن جی سے اور جنک کی دو بھتیجیوں کی شادی بھرت اور سترگن سے ہوئی تھی ۵ لچھمی جی اور اُما کا لقب ۶ داکشاین کی ایک شکل ۷ آکاش گنگا کی ایک شاخ ۸ ایک شاعرہ ۹ ایک دریا ۱۰ ایک اپنشد۔ **سیتاپتی** (مذکر) راجہ رامچندر جی کا لقب۔ **سیتا پھل** (مذکر) ۱ شریفہ۔ بڑا گول کدو۔ **سیتا رام** (مذکر) ایک کلمہ جو سادھو سنت بولتے ہیں ۲ ہندوؤں میں ایک نام۔ **سیتا ستی** (مونث) سیتا جی کے برابر ستوالی۔ **سیتا سپاری** (مونث) درخت بلوط کا پھل۔ **سیتا کلیان** (مونث) ایک کادیہ۔ **سیتا کنڈ** (مذکر) کئی مقدس مقاموں کا نام۔ **سیتا ناتھ** (مذکر) راجہ رامچندر جی۔ **سیتا ندی** (مونث) ایک ندی۔

سیتل (ہ۔ صفت) ٹھنڈا سرد۔ زخ۔ **سیتل پاٹی** (ہ۔ پٹی) (مونث) سونے کے لئے ایک قسم کی چٹائی جو ٹھنڈی ہوتی ہے۔ **سیتل چینی** (مونث) گرم مصالحہ۔ **سیتلتا** یا **تائی** (مونث) ۱ سردی۔ ٹھنڈ ۲ نرمی۔ حلم۔

مقولہ۔ سیتل رکھ سنسار کو جو تو بھی سیتل ہو۔ منسی آگ دے بالکے پھونک دے جگ کو۔ اگر تو خوش رہنا چاہے تو دوسروں کو خوش رکھ۔ آگ کی ایک چنگاری سارے جگ کو پھونک دیتی ہے۔

سیتلا (ہ۔ مونث) ۱ چیچک ۲ چیچک کی دیوی۔ **سیتلا پوجا یا پوجن** (مذکر) ہندو چیچک کی دیوی کی پرستش کرتے ہیں۔ **سیتلا دیوی** (مونث) چیچک کی دیوی۔ **سیتلا کا بچا یا** (مذکر) بھینٹ جو سیتلا دیوی کو چڑھائیں۔ **سیتلا کا کھرا** (مذکر) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جس کے منہ پر چیچک کے بہت سے داغ ہوں۔ **سیتلا کا کھاجا** (مذکر) شیر خوار بچہ۔ **سیتلا کی پھوٹی آنکھ** (مونث) ۱ وہ آنکھ جو سیتلا سے خراب ہو جائے ۲ بیحد نقصان ایسا نقصان جس کی تلافی نہ ہو سکے۔ **سیتلا مائی** (مونث) سیتلا ۲۔ **سیتلا کھایا۔ سیتلا منہ (داغ)** (صفت) چیچک رو۔

سیتو (س۔ مذکر) مٹی کا تودہ ٹیلہ یا انبار ۲ مینڈ۔ بند ۳ اونچی مینڈ جو کھیتوں کے درمیان ہوتی ہے ۴ برجی۔ نشان ۵ پل ۶ پہاڑی رستہ۔ درہ۔ **سیتو زمیندیشور** رامیشور (مذکر) رام کا پل۔ وہ چٹانیں جو راس کماری سے لنکا تک پھیلی ہوتی ہیں۔ خیال ہے کہ یہ پل تھا جو ہنومان جی نے فوجوں کے گذرنے کے لئے بنایا تھا۔

سیتھر (ہ۔ مذکر) پیچ۔

سیتھا گڑ (ہ۔ مذکر) ایک زراعت پیشہ قوم جو بنارس کے قریب آباد ہے۔

سیتی (ہ۔ مونث) چمپا کی قسم کا ایک درخت۔

سیتی۔ سیتیں (ہ۔ حرف) سے۔

سیٹ [illegible]

[illegible] حصہ جو بیٹھنے [illegible]

سیٹ (ہ۔ [illegible]) جھانٹیں ۲ بغلوں کے بال ۳ ناک کے بال۔

سیٹرن (انگ۔ مذکر) ۱ رومیوں کا زراعت کا دیوتا ۲ سیارہ زحل۔

سیٹن۔ سیٹھن (انگ۔ مذکر) شٹینگ کا مخرب ۱ ریادروں کا موٹا کپڑا۔ لٹھا۔

سیٹو (س۔ مذکر) ۱ تربوز ۲ ایک قسم کا کھیرا۔

سیٹھ (ہ۔ مونث) تلچھٹ۔ جو باقی رہ جائے ۲ پھوک پان وغیرہ کا ۳ تیل کا پھوک۔ **سیٹھی** (مونث) سیٹھ۔

سیٹھ (ہ۔ مذکر) ۱ بڑا سوداگر ۲ ساہوکار۔ مہاجن ۳ لکھوپتی۔ دولتمند ۴ کوٹھی کا مالک۔ کمپنی کا چیف ڈائرکٹر ۵ ایک عزت کا خطاب جو بنئے بقال کے لئے بولا جاتا ہے۔ اس شریشٹ۔ **سیٹھن** (مونث) سیٹھ کی بیوی۔ سیٹھانی۔

مثل۔ سیٹھ کیا جانے نمبولن کا بھاؤ۔ جس شخص کو کسی چیز سے تعلق نہ ہو وہ اس کی قدر کیا جانے۔

سیٹھا (ہ۔ صفت) ۱ جس میں سے رس نکال لیا ہو۔ پھیکا۔ بے مزہ۔ بے نمک مرچ ۲ (ہ) کمزور۔ پیلا۔ بیمار ۳ بے رس۔ بے گودہ۔ **سیٹھاپن** (مذکر)۔ **سیٹھائی** (ہ۔ مونث) پھیکاپن وغیرہ۔

سیٹھن (انگ۔ مذکر) دیکھو سیٹن۔

سیٹھن (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی جھاڑو۔

سیٹھنا (ہ۔ مذکر) **سیٹھنی** (مونث) گالیاں یا فحش گیت جو عورتیں شادیوں پر گاتی ہیں۔

سیٹی (ہ۔ مونث) ۱ وہ باریک آواز جو منہ گول کر کے نکالی جاتی ہے ۲ اسی قسم کی آواز جو پرندے نکالتے ہیں ۳ وہ باریک آواز جو دو انگلیاں منہ میں رکھ کر نکالتے ہیں ۴ ایک چھوٹا آلہ جسے منہ سے بجانے سے باریک آواز نکلتی ہے [illegible] رہنا۔ [illegible] کے ساتھ [illegible] سیٹی بندھنا گم ہونا یا بھول جانا (ہ) اردو میں سیٹی بھولنا یا گم ہونا کہتے ہیں۔

سیج (ہ۔ مذکر) ۱ تھوہڑ۔

سیج (ہ۔ مونث) ۱ پلنگ۔ چارپائی

...کے گھڑے کی چھپائی ۵ بچھونوں کی چادر جو فرش خواب پر بچھاتے ہیں اس شتیا (۔ **سیج بچھانا** (متعدی) **بچھنا** (لازم) ۱ پلنگ درست ہوکر بچھنا ۲ بستر لگنا۔ **سیج بند** (مذکر) وہ ڈوری جس سے پلنگ کے فرش کو چاروں پایوں پر کس کر باندھتے ہیں۔ **سیج چڑھنا** (مذکر) مرد عورت کا ہم بستر ہونا۔ **سیج سجانا** (متعدی) **سجنا** (لازم) **سنوارنا** (متعدی) **سنورنا** (لازم) سیج بچھنا۔ **سیج سہاگ** (مذکر) شادی کا پلنگ جس پر میاں بیوی پہلی رات سوئیں۔ **سیج کاری** (ھ۔ مذکر) پلنگ بنانے والا۔ **سیج گاڑی** (مونث) پالکی گاڑی۔ **سیج لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) سیج بچھنا۔

امثال۔ سیج چڑھتے ہی رانڈ۔ شادی کے بعد جلد بیوہ ہوگئی۔ **سیج کی مکھی بھی بری** ۱ سوتن چاہے کیسی ہی حقیر ہو پھر بھی بری ہے ۲ خلوت میں کسی کا دخل خوش نہیں آتا۔

سیجنا (ہ) **سیجھنا** (ھ۔ لازم) ۱ ابلنا۔ کھولنا ۲ پسینہ نکلنا۔ رسنا ۳ جالا لگنا ۴ پگھلنا گھلنا ۵ قرض اترنا ۶ ملنا روپے کا۔ **سیج جانا** (لازم) سیجنا۔

سیچن (ھ۔ مذکر) ۱ پانی چھڑکنا۔ پانی دینا۔ کھیت میں پانی لگانا ۲ پانی ٹپکنا ۳ پانی نکال کر پھینکنا ۴ برتن جس سے پانی نکال کر پھینکا جائے۔ بالٹی۔

سیحان (ع۔ مذکر) ۱ شام میں ایک دریا ۲ بصرہ کے قریب ایک دریا۔

سیخ (ف۔ مونث) ۱ لوہے کی سلاخ جس پر کباب بھونتے ہیں ۲ وہ سلاخ جسے فقیر اپنی گردنوں اور گالوں میں مارتے ہیں ۳ وہ آلہ جس سے پالان بھرتے ہیں ۴ وہ لکڑی کی سلاخ جس سے بوریوں کا منہ کس کر باندھنے میں استعمال کرتے ہیں۔ **سیخ اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) آگ سے سیخ ہٹ جانا جب کباب تیار ہو جائے۔ **سیخ پا** (صفت) پچھلے پاؤں پر کھڑا ہونے والا (گھوڑا)۔ **سیخ پا ہونا** (لازم) ۱ گھوڑے کا الف ہونا ۲ بہت ناراض ہونا۔ **سیخ پر چڑھانا یا لگانا** (ھ) ۱ قیمے کو سیخ پر لپیٹنا ۲ سخت تکلیف دینا۔ **سیخچہ** (مذکر) چھوٹی سیخ یا سلاخ لوہے کی۔ **سیخ دینا** (ھ) اکسانا۔ ابھارنا۔ **سیخ کا کباب** (مذکر) وہ کباب جو قیمے کو پیس کر سیخ پر بناتے ہیں۔ **سیخیا** (صفت) سیخ پر چڑھا ہوا۔ **سیخیا کباب** (مذکر) سیخ کا کباب۔

سَیِّد (ع۔ مذکر) ۱ سردار۔ امام۔ پیشوا ۲ حضرت علیؓ کی اولاد حضرت فاطمہ سے۔ ان کا ایک فرد ۳ سید کی روح (سَوَدَ۔ حکومت کرنا) **سید الانبیا یا البشر** (مذکر) پیغمبر صلعم۔ **سید السادات** (مذکر) ۱ سرداروں کا سردار ۲ پیغمبر صلعم ۳ سیدوں کا خطاب۔

سید المرسلین (مذکر) پیغمبر صلعم۔ **سیدان** (مذکر۔ تثنیہ) حضرت امام حسن و حسین۔ **سیدانی** (مونث) سید عورت۔ سید کی بیوی۔ **سید زادہ** (مذکر) سید کی اولاد۔ سید کا بیٹا۔ **سیدۃ المخدرات** (مونث) عفیفہ یا پاکدامن عورتوں کی سردار۔ بیگمات شاہی کو یہ خطاب دیا جاتا ہے۔ **سیدۃ النساء المومنین** (مونث) مومن عورتوں کی سردار۔ حضرت فاطمہؓ۔ **سید سازہ** (مذکر) نقلی سید۔ سامرہ کربلا کے قریب ایک مقام ہے جہاں سید ہونے کے جھوٹے سرٹیفکیٹ تیار ہوتے ہیں۔ **سید کی گائے** (مونث) وہ گائے جو سید سالار کے نام پر ذبح کرتے ہیں۔ **سیدنا** (مذکر) ہمارا سردار۔ پیغمبر صلعم۔ **سَیِّدی** (مذکر) میرا سردار۔ **سیدہ** (مونث) سید عورت۔ سید کی بیوی۔

امثال۔ سید سنی نہیں کاٹھ کی کنی نہیں۔ سید سنی نہیں ہوتا، کاٹھ کی ہنڈیا نہیں ہوتی۔ **سید کا جنا کبھی بگلا کبھی بنا۔** سید متلون مزاج ہوتا ہے۔

سید (ف۔ مذکر) سحت کا مخرب **سید خانہ** (مذکر) پائخانہ۔

سَیدانی (ع۔ مونث) سید عورت۔ سید کی بیوی۔ سیدانی کا مخرب۔ اردو میں زبانوں پر اس طرح ہے۔

سیدھا (ہ۔ مونث) ۱ راستی استقامت ۲ سادگی۔ سادہ پن ۳ ٹھیک سامنے کی طرف ۴ نشانہ بشست (س سید) **سیدھا** (صفت) ۱ راست مستقیم ۲ سادہ۔ بھولا ۳ مناسب۔ صاف صاف ۴ ٹھیک درست باقاعدہ ۵ آسان۔ سہل ۶ موافق۔ مہربان ۷ مبارک اچھا ۸ غریب مسکین ۹ داہیاں ۱۰ سامنے مقابل ۱۱ کھڑا استادہ ۱۲ جس میں بل نہ ہو۔ ۱۳ دیانت دار۔ ایماندار۔ سچا ۱۴ (نعت) براہ راست۔ بخط مستقیم ۱۵ (مذکر) کچی خوراک آٹا دال گھی وغیرہ ۱۶ دانا چارہ ۱۷ مقررہ وظیفہ ۱۸ آٹا دال چاول نقد وغیرہ جو عروس شوہر کے گھر جاتی ہوئی لے جاتی ہے۔ **سیدھا آنا** (لازم) ۱ براہ راست آنا ۲ سامنے سے آنا ۳ مقابلہ کرنا۔ سامنا کرنا۔ **سیدھا الٹا** (صفت) دیکھو الٹا سیدھا۔ **سیدھا بنانا** (متعدی) راست بنانا۔ ٹیڑھ نکالنا ۲ تربیت کرنا۔ راہ پر چلانا ۳ گوشمالی کرنا۔ سزا دینا۔ **سیدھا بننا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ ۲ جان بوجھ کر اپنے آپ کو ناواقف ظاہر کرنا۔ **سیدھا پن** (ھ) ۱ راستی ۲ سادگی۔ بھولا پن۔ **سیدھا تیر سا** (صفت) بالکل سیدھا۔ **سیدھا تیرنا** (لازم) پانی میں تیرتے ہوئے ٹھیک سامنے کی طرف جانا۔ چلتے ہوئے پانی میں تیر کر ٹھیک سامنے جانا بہت طاقت کا کام ہوتا ہے کیونکہ پانی کا بہاؤ نیچے کی طرف لیجاتا ہے۔ اس لئے سیدھا جانے کے لئے اوپر کی طرف تیرنا پڑتا ہے۔ کہتے ہیں شبیر دریا میں تیر کر ٹھیک سامنے کو جاتا ہے۔ **سیدھا جانا** (لازم) ناک کی سیدھ جانا ٹھیک سامنے جانا۔ **سیدھا جنت میں جانا** (لازم) یقینی بہشت میں جانا۔ **سیدھا جواب** (مذکر) وہ جواب جو سادے الفاظ میں ہو۔ **سیدھا جواب دینا** (متعدی) ۱ ایسا جواب دینا جس میں پیچیدگی نہ ہو ۲ بالکل انکار کرنا۔ **سیدھا چلنا** (لازم) ۱ راہ راست پر چلنا ۲ گمراہ نہ ہونا ۳ شرارت نہ کرنا۔ **سیدھا راستہ یا رستہ** (مذکر) ۱ آسان طریقہ ۲ سیدھی سڑک۔ **سیدھا رہنا** (لازم) موافق رہنا۔ مہربان رہنا۔ **سیدھا سا** (صفت) ۱ غریب مسکین ۲ بھولا بھالا۔ سادہ۔

سیدھا سادا یا سادھا (صفت) بھولا بھالا سادہ مزاج۔ سیدھا سچا (ھ۔ صفت) ایماندار اور راست گو۔ سیدھا کرنا (متعدی) ۱ کجی دور کرنا ۲ ہموار کرنا ۳ راہ راست پر لانا ۴ گوشمالی کرنا۔ مارکوٹ کر ٹھیک کرنا ۵ بندوق یا تیر کی شست لگانا۔ سیدھا گھر کا رستہ لینا (متعدی) فوراً چلا جانا۔ سیدھا مسلمان (صفت) بھولا بھالا۔ سیدھا ہاتھ (مذکر) داہنا ہاتھ۔ سیدھا ہونا (لازم) ۱ سیدھا کرنا کا ۲ تیار ہونا۔ آمادہ ہونا ۳ موافق ہونا۔ مہربان ہونا ۴ دبا ہوا ہونا۔ مرغوب ہونا۔ سیدھائی (ع۔ دھ) دیکھو سیدھا پن۔ سیدھ باندھنا (متعدی) بندھنا (لازم) ۱ نشانہ بندھنا۔ شست لگنا ۲ کہیں جانے کا ارادہ ہونا۔ سیدھ میں (تف) سامنے۔ مقابل میں۔ سیدھی (مونث) سیدھا کا۔ سیدھی آنکھ (مونث) ۱ داہنی آنکھ ۲ عنایت کی نظر۔ سیدھی آنکھ نہ بھانا (متعدی) سخت ناپسند ہونا۔ سیدھی آنکھوں (تف) ۱ سلوک سے۔ بغیر جھگڑے کے ۲ خوشی خوشی۔ سیدھی آنکھوں بات نہ کرنا (متعدی) بگڑ کر کلام کرنا۔ سیدھی الحمد بھی پڑھنی نہیں آتی۔ مذہب کی معمولی باتوں سے ناواقف ہے۔ سیدھی انگلیوں گھی نکالنا (متعدی) کسی کام کو آسان طور سے بنا لینا۔ آسانی سے کوئی کام کر لینا۔ سیدھی بات (مونث) ۱ بغیر غصے کی بات ۲ آسان بات۔ سہل بات۔ سیدھی باتوں کا الٹا جواب نرمی کے جواب میں ناشگی ملائمت کی باتوں کا ٹیڑھا جواب۔ سیدھی چال (مونث) ۱ نیک راہ۔ نیک طریق ۲ چلنا کے ساتھ۔ سیدھی چھری (مونث) گوشت کاٹنے کی چھری۔ قصابوں کی اصطلاح۔ سیدھے دن آنا (لازم) دن پھرنا۔ اقبال کا زمانہ آنا۔ سیدھے دن ہونا (لازم) اقبال کا زمانہ ہونا۔ سیدھی راہ (مونث) ۱ راہ راست ۲ نیک طریق۔ سیدھی راہ سے پھرنا (لازم) گمراہ ہونا۔ سیدھی راہ لینا (لازم) جلد جانا۔ سیدھی زبان سے بولنا (لازم) نرمی سے گفتگو کرنا۔ سیدھی سادھی یا سادی (صفت) ۱ بھولی بھالی۔ صاف دل ۲ صاف سلیس۔ سیدھے سادھے بننا (متعدی) کچھ نہ جاننا۔ بھولے بھالے بننا۔ سیدھی سادھی چال (مونث) سلامت روی کا طریقہ۔ سیدھی سادی عبارت (مونث) ایسی عبارت جس میں مشکل الفاظ نہ ہوں۔ سیدھے سبھاؤ (تف) ۱ قدرتی طور پر ۲ ایمانداری سے صاف طور پر۔ سیدھی سنانا (متعدی) ۱ گالیاں دینا۔ بے نقط سنانا۔ برا بھلا کہنا ۲ کھری کھری کہنا۔ برملا کہنا۔ سیدھی سی بات (مونث) معمولی سی بات وہ بات جس میں کوئی پیچ نہ ہو۔ سیدھی سیدھی زبان (مونث) وہ بولی جس میں پیچدار باتیں نہ ہوں۔ سادہ زبان۔ سیدھی سیف (مونث) ایک قسم کی سیدھی تلوار۔ سیدھی طرح (تف) ۱ نرمی سے۔ آہستگی سے ۲ شرافت سے۔ تہذیب سے ۳ بغیر چالاکی کے۔ سیدھی کہنا (متعدی) ۱ کھری کھری سنانا۔ صاف کہنا ۲ نرمی سے کہنا۔ سیدھی گالی (مونث) صاف گالی۔ سیدھی لکیر (مونث) خط مستقیم۔ سیدھے منہ بات نہ کرنا (متعدی) بےرخی سے کلام کرنا۔ سیدھے منہ سے پھوٹو۔ اچھی طرح سے بولو۔ سیدھی نظر یا نگاہ (مونث) مہربانی شفقت۔ نگاہ لطف۔ سیدھے ہاتھ کام کرنا (متعدی) خوشی سے کام کرنا۔

امثال و اقوال۔

سیدھا گھر خدا کا۔ ناکامی کی حالت میں جو خدا کو یاد کرے۔ یا بار بار کسی کو تکلیف دے یا با اختیار کے پاس جائے اس کے متعلق کہتے ہیں۔ سیدھی (انگلی) انگلیوں گھی نہیں نکلتا۔ ملائمت اور نرمی سے کام نہیں بنتا۔ سیدھی انگلیوں گھی نکلے تو ٹیڑھی کیوں کیجئے اگر آسانی سے کام ہوتا ہو تو سختی کرنے کی کیا ضرورت ہے ۲ تھوڑے سے کام کے لئے بھی محنت کرنی پڑتی ہے۔ سیدھی راہ چھوڑ کے ٹیڑھی راہ مت چلو راہ راست چھوڑ کر گمراہی کا رستہ اختیار نہیں کرنا چاہئے۔

سیدی رت۔ مذکر ۱ حبشی ۲ (ع) سید۔

سَیر (ع۔ مونث) ۱ پھرنا۔ ہوا خوری۔ تفریح ۲ تماشا۔ کیفیت نظارہ ۳ لطف۔ مزہ ۴ ہنسی مذاق ۵ گردش چکر ۶ سفر۔ سیاحت ۷ پڑھنا کتاب کا ۸ مہرولی کا ایک میلہ جو برسات میں ہوتا تھا اور جس میں کثرت سے پھول بیچنے والے جمع ہوتے تھے۔ اب کئی سال سے بند ہے۔ پھول والوں کی سیر ۹ (صفت) پھرنے والا۔ مرکبات کے آخر میں جیسے فلک سیر اسیر (سیر چلنا) سیر دکھانا۔ دکھلانا (م) دیکھنا (متعدی) ۱ تماشا دیکھنا۔ لطف حاصل کرنا۔ ۲ مزہ چکھنا۔ سیر سپاٹا (مذکر) ہوا خوری۔ پھرنا۔ سیر کرنا (متعدی) ۱ ہوا خوری کرنا پھرنا کسی جگہ ۲ تماشا دیکھنا۔ کیفیت دیکھنا ۳ لطف اٹھانا ۴ پڑھنا کتاب کا۔ سیر کناں (صفت) سیر کرتے ہوئے۔ سیر گاہ (مونث) ۱ تماشا گاہ ۲ مقام فضا۔ خوبصورت نظارہ ۳ وہ قندیل جس میں ہاتھی گھوڑوں کا سایہ چلتا ہوا نظر آتا ہے ۴ کنا بنا۔ دنیا۔ سیر و شکار (مذکر) پھرنا اور شکار کرنا۔ سیر ہونا (لازم) سیر کرنا کا۔ سیر و کیفیت (مونث) تفریح و تماشا پھرنا اور حالت دیکھنا۔

سِیر (ف۔ مذکر) ۱ لہسن ۲ آبی پودینہ۔

سِیَر (ع۔ مونث) سیرت کی جمع۔ خصلتیں۔ عادتیں ۲ سوانح عمری۔ علم تاریخ۔

سیر (ہ۔ مذکر) ایک وزن جو چار پاؤ یا سولہ چھٹانک یا ۸۰ تولے کا ہوتا ہے ۲ اس وزن کا باٹ۔ سیر کھر (ھ) سیر بھر (مذکر) پورا سیر۔ سیروں (صفت) بہت۔ بیحد۔

امثال و اقوال سیر

چون مانگ کنگالا یا۔ سو چھین پڑوسن نے ہتیا یا کسی کی محنت کی کمائی مفت خوروں کے ہاتھ لگنا۔ سیر کو سوا سیر (موجود ہے) ایک سے ایک زبردست ہے۔ سیر کو سیر کھو (دودھ ادھوان کو (ا دھونکھ)

پانی ختم گھر پھرے متھانی (مثل) معمولی بات کو بڑا کر کے دکھانے پر کہتے ہیں۔ سیر کے واسطے سوا سیر موجود ہے۔ ایک سے ایک زبردست ہے۔ سیر کی ہانڈی میں جہاں سوا سیر پڑا اور ابلا (ابلی)۔ کم ظرف کو ذرا سی بھی آمدنی زیادہ ہو تو آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔ سیر مرد پنسیری بردہ سیکھ پڑوسن تیرے چھمن جو غیر معمولی فضول کام کرے اسے کہتے ہیں۔ سیر میں پنسیری کا دھوکا تھوڑی رقم میں بڑا غبن۔ سیر میں پونی بھی نہیں (کتی ہے) ابھی تو کام کا بہت تھوڑا حصہ بھی نہیں ہوا ہے۔

سیر (ف۔ صفت) ۱ بھرا ہوا رجا ہوا ۲ مستغنی۔ بے نیاز ۳ قانع۔ صابر ۴ بیزار۔ متنفر ۵ بہت۔ کثیر۔ **سیر آنا** (لازم صفت) سیر ہونا۔ **سیر اب** (صفت) ۱ پانی سے بھرا ہوا یا لبریز ۲ سرسبز۔ شاداب۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **سیر بہ** (مذکر) ایک قسم کی خوراک جس میں دہی اور لہسن پڑا ہوا ہوتا ہے۔ **سیرابی** (مونث) شادابی۔ تروتازگی۔ **سیر چشم** (صفت) ۱ بے پروا۔ قانع صابر ۲ سخی۔ فیاض۔ **سیر چشمی** (مونث) استغنا آسودگی۔ **سیر حاصل** (صفت) جس سے بہت فائدہ ہو (زمین) زرخیز۔ **سیر غزل** (مونث) وہ غزل جس میں بہت شعر ہوں۔ **سیر ہونا** (لازم) ۱ جنا۔ پیٹ بھرنا چھکنا ۲ آسودہ ۳ مستغنی ہونا۔ دل بھر جانا ۴ بیزار ہونا متنفر ہونا۔ **سیری** (مونث) ۱ جی بھرنا۔ نیت بھرنا ۲ پیٹ بھرنا۔ بھوک رفع ہونا ۳ بیزاری۔ نفرت (ہونا کے ساتھ)

مثل۔ سیر را غم گرسنہ نہ باشد۔ رجے ہوئے کو بھوکے کا غم نہیں ہوتا امیروں کو غریب آدمیوں کی تکلیف کی پروا نہیں ہوتی۔

سیرت (ع۔ مونث) ۱ عادت خصلت۔ طریقہ ۲ خاصیت ۳ نیکی۔ اخلاق ۴ سوانح عمری ۵ فوجی حملہ ۶ طرز زندگی ۷ مضمون تقریر (سَیَر۔ چلنا) **سیرۃ النبی**۔ **سیرت نبوی** (مونث) ۱ پیغمبر صلعم کی سوانح عمری ۲ کتابوں کے نام۔ **سیرۃً** (تف) عادت کے اعتبار سے۔

سیروا (ہ۔ مذکر) پلنگ یا چارپائی کے سرہانے یا پائنتی کی لکڑی۔

سیڑھی (ہ۔ مونث) ۱ زینہ۔ نردبان ۲ پیڑی ۴ پایہ ۵ درجہ (اس شروھی)۔ **سیڑھی سیڑھی چڑھنا** (لازم) درجہ بدرجہ ترقی کرنا۔ **سیڑھی سیڑھی چھت پر چڑھتے ہیں** آہستہ آہستہ یا درجہ بدرجہ ترقی ہوتی ہے۔ **سیڑھی کا ڈنڈا** (مذکر) لکڑی کی سیڑھی کا پایا جس پر پاؤں رکھ کر چڑھا جاتا ہے۔ **سیڑھی لگا کے چڑھنا** (مذکر) لکڑی کی سیڑھی دیوار کے ساتھ کھڑی کر کے اوپر جانا۔ **سیڑھی لگانا** (متعدی) **لگنا** (متعدی) کسی جگہ پر جانے کے لئے سیڑھی کھڑی ہونا۔

سیسارہ۔ مذکر) ایک مفرد دھات جو پانی سے ۴ (۱۱) گنا بھاری ہوتی ہے اس کی بندوق کی گولیاں چھرے اور کھلونے بنتے ہیں۔ یہ آسانی سے پگھل جاتا ہے۔

سَیف (ع۔ مونث) تلوار (سَیَفَ۔ ساف۔ تلوار مارنا) **سیف بان** (مذکر) وہ ہوائی جس کے ساتھ تلوار لٹکا دیتے ہیں۔ **سیف زبان** (صفت) ۱ جس کی زبان میں اثر ہو ۲ جس کی دعا اکثر قبول ہوتی ہے ۳ تیز زبان۔ **سیف زبانی** (مونث) سیف زبان ہونا۔ **سیفہ** (مذکر) جلد سازوں کا اوزار جس سے کاٹتے ہیں (کرنا ہونا کے ساتھ) **سیفی** (مونث) ۱ وہ اسم جلالی جو کسی دشمن کو ضرر پہنچانے کیلئے پڑھتے ہیں ۲ ایک دعا (پڑھنا کے ساتھ) ۳ تسبیح (پھرنا پھیرنا کیساتھ) ۴ (صفت) تلوار کی شکل کا ۵ سراپ۔ بددعا۔ **سیفی الٹی پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) سیفی عمل کا اپنی ہی تباہی یا بربادی کا باعث ہونا

مثل۔ سیف توپٹ پڑی تھی نیچہ کام کر گیا ۱ جب کوئی بڑی ترکیب ناکامیاب رہے اور چھوٹی ترکیب سے کام ہو جائے تو کہتے ہیں ۲ جب بڑے آدمی سے کوئی کام نہ ہو اور چھوٹا کرے تو کہتے ہیں۔ ایک دفعہ نواب سیف اللہ خاں اور اس کا بیٹا ہاتھی پر سوار جا رہے تھے ایک آزاد فقیر نے صدا دی او بابا سیفو چٹا دلوا نواب نے منہ پھیر لیا اس کے بیٹے نے ایک اشرفی دی۔ اس پر فقیر نے یہ فقرہ کہا۔

سیف (ع۔ مذکر) ساحل کنارہ۔ ساحل بحر (سَسَفَ۔ پھٹ جانا)

سیف (انگ۔ مذکر) ۱ وہ آہنی صندوق جس میں روپیہ زیور وغیرہ رکھتے ہیں ۲ (صفت) محفوظ۔ **سیفٹی** (مونث) حفاظت۔ **سیفٹی ریزر** (مذکر) ایک قسم کا استرہ جس کے پھل کے ساتھ دندانے دار لوہا لگا ہوا ہوتا ہے۔ بدن اس سے زخمی نہیں ہوتا۔ **سیفٹی ریزر بلیڈ** (مذکر) اس استرے کا پھل۔ **سیفٹی لمپ** (مذکر) ایک خاص قسم کا لمپ جس کے گرد جالی لگی ہوئی ہوتی ہے۔ اسے کان کن استعمال کرتے ہیں۔ گیس جو کوئلے کی کانوں میں پیدا ہو جاتی ہے اسے شعلے سے آگ نہیں لگتی۔ **سیفٹی والو** (مذکر) ایک والو جو بھاپ کے انجنوں میں لگتا ہے اگر بھاپ کا زور زیادہ ہو جائے تو اس کے راستے بھاپ نکل جاتی ہے۔

سیکا (ہ۔ مذکر) زراعت گندم جسے کوئیں وغیرہ کا پانی دیتے ہیں امسن اور فالبرگ کی ایجاد ہے۔

سَیکڑا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک سو ۲ سو کی جگہ گنتی میں ۳ (صفت) فی صدی۔ **سیکڑوں** (جمع) سیکڑا کی۔ کثرت ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ **سیکڑوں سنانا** (متعدی) **سننا** (لازم) گالیاں یا برا بھلا بدا گفت کرنا۔ لعنت ملامت سننا۔ **سیکڑوں گھڑے پانی پڑ جانا** (لازم) سخت شرمندہ ہونا کمال ندامت ہونا۔

سَیکنڈ (انگ۔ مذکر) ۱ لمحہ۔ لحظہ۔ پل منٹ کا ساٹھواں حصہ ۲ دوسرا۔ دوسرے درجے کا۔ **سیکنڈ کلاس** (مونث) ۱ دوسری جماعت ۲ ریل گاڑی میں یا تماشا گاہ میں دوسرا درجہ ۳ (صفت) دوسرے درجے کا۔ **سیکنڈ لفٹیننٹ** (مذکر) انگریزی فوج کا ایک عہدہ جو کمیشنڈ افسروں میں سب

سے چھوٹا ہوتا ہے۔ **سیکنڈ ماسٹر** (مذکر) ہیڈ ماسٹر سے نیچے درجے کا ماسٹر۔ **سیکنڈ ہینڈ** (صفت) ۱ برتا ہوا۔ استعمال شدہ۔ مستعملہ ۲ (مذکر) گھڑی میں پل ظاہر کرنے والی سوئی۔

سیکھ (ہ۔ امر) ۱ سیکھنا کا ۲ (مونث) تعلیم۔ تربیت۔ سبق ۳ نصیحت۔ مشورہ (س شکش۔ سیکھنا) **سیکھا** (ماضی) ۱ سیکھنا کا ۲ (ھ) امر سکھنا کا ۳ (صفت) تعلیم یافتہ۔ پڑھا ہوا۔ کوئی کام جاننے والا۔ **سیکھا پڑھا** (صفت) ۱ تعلیم یافتہ۔ پڑھا ہوا ۲ ہوشیار۔ چالاک۔ **سیکھا سکھایا** (صفت) دیکھو آخری سکھانا (ھ) سکھانا۔ **سیکھنتڑ** (مذکر) سیکھنے والا طالب علم۔ **سیکھ دینا** (متعدی) مشورہ دینا۔ **سیکھ سہانا** (لازم) نصیحت ماننا۔ نصیحت اچھی معلوم ہونا۔ **سیکھلانا** (ھ) سکھلانا۔ **سیکھ لینا** (متعدی) ۱ سیکھنا ۲ مشورہ لینا۔ **سیکھ ماننا** (متعدی) نصیحت ماننا۔ **سیکھنا** (متعدی) ۱ تعلیم حاصل کرنا۔ پڑھنا۔ کوئی کام جاننا ۲ تجربہ حاصل کرنا۔ **سیکھنے ہارا** (ھ) سیکھنے والا۔ طالب علم۔ **سیکھی** (ھ) وہ عورت جس نے کچھ سیکھا ہو۔

امثال واقوال۔ سیکھ

اسی کو دیجی اچھی۔ جو تیری سکشا مانے اچھی (ھ) نصیحت اسی کو دینی اچھی جو نصیحت کو سنے۔ **سیکھ تو واکو دیجئے جاکو سیکھ سہائے۔ بندر کو کیا دیجئے بئے کا گھر جائے** (ھ) نصیحت اُس کو دینی چاہئے جسے نصیحت اچھی معلوم ہو۔ بندر کو نصیحت کرنے سے بئے کا گھر جاتا رہا۔ کہتے ہیں کہ سخت بارش ہو رہی تھی بیا اپنے گھونسلے میں مزے سے بیٹھا تھا۔ اس نے دیکھا کہ ایک بندر بارش میں ٹھٹھر رہا ہے اسے کہنے لگا۔ مانس کے سے ہاتھ پاؤں مانس کی سی کایا۔ چار مہینے برکھا بیتی چھپر کیوں نہیں چھایا بندر نے غصے میں آکے بئے کا گھر نوچ کے پھینک دیا۔ **سیکھ دیت اوروں کو پانڈا آپ بھرے پاپوں کا بھانڈا** (ھ) پنڈت اوروں کو تو نصیحت کرے اور خود گناہ کرتا ہے۔ **سیکھنا نہ سکھانا ناحق سر پھوڑنا** سے سیکھنا تو کچھ ہے نہیں خواہ مخواہ وقت ضائع کرتا ہے۔ **سیکھ واکو دیجئے جاکو سیکھ سہائے۔ سیکھ نہ دیجے باندرا جو بیا کا گھر جائے** (ھ) دیکھو سیکھ تو الخ۔ **سیکھو بیٹا سوئی جامیں ہنڈیا کھُد بُد ہوئی** (ھ) ایسا کام سیکھنا چاہئے جس سے گذارہ ہوسکے۔ **سیکھی سیکھ پڑوسن کو گھر میں سیکھ جٹھانی کو** جو عورت کچھ جانتی ہو وہ ہر ایک کو نصیحت کرتی رہتی ہے۔ **سیکھے گا ناؤ کا کٹے گا بٹاؤ کا** (ھ) نائی کا بیٹا مسافروں کا سر زخمی کر کے سیکھتا ہے۔ لوگ اپنے فائدے کیلئے دوسروں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

سَیل (ف۔ مذکر و مونث) طغیانی۔ سیلاب۔ پانی کی رو۔ **سیلِ آب** (مونث) پانی کی رو۔ **سیلاب** (مذکر) طغیانی۔ طوفانِ آب۔ پانی کا چڑھاؤ یا زور۔ **سیلاب آنا** (لازم) طغیانی ہونا۔ دریا کا چڑھاؤ۔ **سیلابی** (صفت) ۱ نمی۔ تری ۲ وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے سیراب ہوتی ہے ۳ طغیانی۔ طوفان۔ **سیل دوڑنا** (متعدی) پانی کی رو کا کسی طرف زور سے جانا۔

سَیل (ہ۔ مونث) سیر کا مخرب۔ اردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا مرکبات میں ہوتا ہے۔ **سیلان** (مذکر) سیر۔ **سیلانی جیوڑا** (مذکر) سیر و تماشہ دیکھنے والا آدمی۔ **سیلانی** (صفت) پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔ سیر کا شوقین۔

سِیل (ہ۔ مونث) ۱ سردی۔ ٹھنڈ ۲ نمی۔ تری (س شِتل) ۳ شرم۔ حیا ۴ مروت۔ لحاظ ۵ طبیعت۔ خاصیت ۶ اچھا چلن ۷ انسانیت۔ نیفض ۸ نیک چلنی۔ نیکی ۹ خوش اخلاقی ۱۰ مہر ۱۱ قناعت (س۔ شیلن) ۱۲ بچوں کی مونچھوں کے بال۔ سبزہ۔ **سیلا** (صفت) ۱ ٹھنڈا سرد ۲ تر۔ گیلا۔ بھیگا ہوا۔ **سیلا جانا** (لازم) تر ہونا۔ گیلا ہونا۔ **سیلا کر کے کھانا** (متعدی) ۱ ٹھنڈا کر کے کھانا ۲ نرمی اور آہستگی سے کام نکالنا۔ جلدی نہ کرنا۔ **سیل جانا** (لازم) نم ہونا۔ گیلا ہونا۔ **سیل کا کونڈا** (مذکر) جب بچوں کی مونچھیں پھوٹنے لگتی ہیں تو عورتیں خوشی میں سیویاں دودھ شکر ملا کر پکاتی اور کونڈے میں رکھ کر نیاز دلواتی ہیں اور سب کو کھلاتی ہیں۔ **سیل گرم** (ھ) نیم گرم۔ **سیلن** (مونث) تری۔ نمی۔ **سیلنا** (لازم) گیلا ہونا۔ تر ہونا۔ نرم ہونا۔ **سیلوان۔ سیلونت** (صفت) نیک طینت۔ نیک۔ نرم مزاج۔

امثال واقوال۔ سیلونت

گن نہ سمجھے اوگن سمجھے نہ کلام۔ مردی زردی نہ سمجھے کھڑس سمجھے نہ آم۔ جبلی عادتیں نہیں جاتیں **سیل ہی سیل میں گابھن ہو گئیں۔** شرم ہی شرم میں کام ناجائز کرالیا۔

سِیل (انگ۔ مذکر) دریا بچھڑا۔

سیل (انگ۔ مذکر) ۱ گولا۔ بم۔ (سیل کا مخرب) ۲ بکری۔ فروخت ۳ ایک قسم کی فروخت جس میں دوکاندار چیزوں کو کم قیمت پر بیچتے ہیں (شروع کرنا یا ہونا اور ہونا کے ساتھ) **سیل کا گولا** (مذکر) وہ لوہے کا گولا جس میں لوہے کی کیلیں بارود وغیرہ ڈالکر توپ میں ڈال کر چلاتے ہیں۔ جب یہ گولا گرم ہو کر گرتا ہے تو بارود کو آگ لگ کر پھٹ جاتا ہے۔ بم۔

سیل (ہ۔ مذکر) ۱ چھوٹا نیزہ۔ تیر ۲ ایک قسم کی مچھلی۔ **سیلا** (مذکر) سیل ۱

سیلا (ہ۔ مذکر) ۱ ریشمی چادر جس کا دکن میں رواج ہے ۲ سر سے باندھنے کا ریشمی عمامہ لنگی (س چیلن) ۳ ایک قسم کا چاول ۴ دھان جنہیں بال ہیں ۵ (ھ) سیر۔ شیر ببر۔

سیلکھڑی (ہ۔ مونث) سنگ جراحت

سیم (ف۔ مذکر) ۱ چاندی ۲ ساز کا تار ۳ ایک مچھلی ۴ اشارہ ۵ ایک دریا کا نام۔ **سیم اندام۔ بدن۔ بر۔ تن۔ ذقن۔ ساق۔ غبغب** (صفت) ۱ معشوق کی صفات۔ گورا۔ چٹا۔ حسین ۲ کنایتاً معشوق۔ **سیم اندود** (صفت) چاندی چڑھا ہوا چاندی کا ملمع کیا ہوا۔ **سیم پرست** (صفت) ۱ زر کا طامع۔ روپے کا لالچی ۲ خود غرض۔ **سیم تلغراف** (مذکر) برقی تار۔ **سیم سیما** (صفت) چاندی کی طرح روشن چہرے والا۔ **سیم کش** (مذکر) ۱ تارکش ۲ چور۔ **سیم کوب** (مذکر) چاندی کو کوٹنے والا۔ **سیم گر** (مذکر) سنار۔ **سیمگوں** (صفت) ۱ چاندی کے رنگ کا ۲ (مذکر) سنار۔ **سیمی۔ سیمیں** (صفت) چاندی سے منسوب مرکب الفاظ میں معشوق کی صفات کیلئے مثلاً سیمیں تن وغیرہ

سیم (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی پھلی جسے بطور ترکاری پکاتے ہیں ۲ (ھ) بدرنگی بدن کی جس سے کوڑھ ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

سیُم (ف۔ صفت) تیسرا۔

سیما (ف۔ مذکر) ۱ چہرہ۔ منہ ۲ پیشانی ۳ مشابہت ۴ چہرے یا بدن کا رنگ۔

سیماب (ف۔ مذکر) پارا۔ **سیماب آتشی۔ آتشیں۔ آتشیں سپر یا سپر** (مذکر) آفتاب

سورج۔ **سیماب آگ پر ہونا** (لازم) ۱ بیقرار ہونا ۲ مضطر ہونا۔ بیتاب ہونا۔ **سیماب قائم ہونا** (لازم) پارے میں کوئی ایسی چیز ملانا کہ وہ آگ کی گرمی سے اڑ نہ سکے اور آسانی سے کشتہ ہو جائے **سیماب کی (سی) خاصیت رکھنا** (لازم) ایک جگہ قرار نہ پکڑنا ۲ بہت چلبلا ہونا۔ **سیماب گوں** (صفت) چمکدار درخشاں (تلوار کی تعریف) **سیماب مارنا** (متعدی) مرنا (لازم) پارے کا کشتہ ہونا۔ **سیماب وار** (صفت) پارے کی طرح۔ **سیمابی** (صفت) ۱ سیماب کے رنگ کا ۲ (مذکر) ایک رنگ کبوتروں کا سفید رنگ جس میں کسی قدر پیلا پن ہو کر سبزی کی جھلک پیدا کرے۔

سیمابیہ (مذکر) آخری علم

سیمیا (ت۔ مذکر) ۱ وہ علم جس کے ذریعے اشیاء موہوم دکھائی جا سکتی ہیں ۱ روح کو ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل کیا جا سکتا ہے ۲ جادو سحر ۳ قدرتی خوبی ۴ دل یا بدن کی خوبی ۵ نظم۔ غزل ۶ فصاحت۔ بلاغت۔

سین (ہ۔ مذکر) ۱ اشارہ۔ ایما۔ رمز ۲ آنکھ یا سر کا اشارہ ۳ (ھ) سائبن کا مخرب ۴ (ھ) مرکبات میں بجائے سات کے۔ **سینا بینی یا سینی** باہم اشارے۔ اشارے کنائے۔ **سین بجھانا** (ھ) اشاروں سے سمجھانا۔ **سین چلانا۔ دینا** (ھ) **کرنا** (ھ) **مارنا** (متعدی) اشارہ کرنا۔ **سینوں سے یا میں** (تمت) اشاروں میں۔

سین (انگ۔ مذکر) اصل لفظ سائین ۱ نشان ۲ اشارہ **سین بورڈ** (مذکر) لکڑی کا تختہ جس پر دوکان وغیرہ کا نام ہوتا ہے **سین پوسٹ** (مذکر) وہ نشان جو رستہ دکھانے کیلئے لگا ہوتا ہے۔ **سین کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ اشارہ ہونا ۲ دستخط ہونا۔

سین (انگ۔ مذکر) ۱ نظارہ۔ منظر۔ تماشا ۲ موقع واردات ۳ تھیٹر کا پردہ (دکھانا دیکھنا۔ ہونا کے ساتھ) **سینری** (مونث) ۱ فضا بہار منظر ۲ وہ سامان جس سے تھیٹر کو سجاتے ہیں۔

سینا (ہ۔ متعدی) پرند کا بچے نکالنے کے لئے انڈوں پر بیٹھنا۔

سینت (ہ۔ مونث) سینت (ھ) ۱ کوئی چیز جو مفت ملے ۲ وہ چیز جو نا مدنی ہو جائے ۳ (صفت) مفت۔ بلاقیمت **سینت (کے) رکھنا** (متعدی) با حفاظت سے رکھنا ۲ ملتوی رکھنا۔ **سینت کرنا** (ھ) ۱ سنبھال کے رکھنا ۲ ملتوی رکھنا ۳ مہیا کرنا۔ **سینت مینت (میں)** (تمت) مفت بلاقیمت۔ **سینتنا** (متعدی) ۱ ٹھیک کرنا۔ درست کرنا ۲ انتظام کرنا۔ ترتیب دینا ۳ حفاظت سے رکھنا ۴ جمع کرنا۔ جوڑنا ۵ ملتوی رکھنا ۶ اصلاح کرنا۔ ترمیم کرنا ۷ مار ڈالنا ۸ پاخانہ صاف کرنا۔

امثال۔ سینت کا چونا اور دادا جی کی قبر۔ دیکھو حلوائی کی دوکان الخ۔ **سینت کا مال ہردا نہ ردائی** (ھ) مال مفت دل بیرحم۔

سینتالیس (ہ۔ عدد) سات اور چالیس۔ ۴۷۔ معطلعسہ (س سپت چتو اشنت)

سینتالیسواں (صفت) وہ جو چھیالیسویں کے بعد آئے۔

سینتیس (ہ۔ عدد) سات اور تیس۔ ۳۷۔ معسسہ (س سپت ترلشنت)

سینتیسواں (صفت) وہ جو چھتیسویں کے بعد آئے۔

سینٹ (انگ۔ مذکر) عیسائی شہید

سینٹھا (ہ۔ مذکر) سینٹھی (مونث) سرکنڈہ۔ پھوس **سینٹھا ستلی** (مونث) ساز و سامان۔ (غمت) **سینٹھا ستلی سے درست ہونا** (لازم) ساز و سامان تیار ہونا۔

سینٹی (ہ۔ مونث) آوازے طنز کی باتیں **سینٹی چل رہی ہے** ۔ آپس میں آوازے ہو رہے ہیں۔

سینچ (ہ۔ امر) ۱ سینچنا کا ۲ (مونث) پانی لگانا یا دینا زمین کو کھیت کو باغ کو درختوں کو۔ **سینچائی۔ سینچن** (ھ) سینچنے کا فعل **سینچنا** (متعدی) دیکھو سینچ ۱ **سینچی** (ھ) سینچنے کا موسم۔

اقوال۔ سینچو ہم بہت جان کے۔ ان نہ کری کچھ کان چھاتی پنڈا کیا۔ او چھے کی پہچان کمینے کی یہ پہچان ہے۔ کہ تم اس کے ساتھ احسان کرو اور وہ تکلیف دے۔

سیندور (ہ۔ مذکر) پارے کا ایک مرکب جو سرخ رنگ کا ایک سفوف ہوتا ہے۔ ہندو عورتیں مانگ میں بھرتی ہیں۔ ہندو اس کا ٹیکا لگاتے ہیں۔ **سیندور کھانا** (متعدی) **کھلانا** (م) کسی کو سیندور کسی چیز میں ملا کر کھانے کو دینا۔ اس سے آواز بند ہو جاتی ہے **سیندوریا** (صفت) ۱ سیندور کے رنگ کا ۲ ایک رنگ کا نام ۳ آم کی ایک قسم جس کا رنگ سُرخ ہوتا ہے۔

مقولے۔ سیندور ٹکلی جرل تو پیٹو میں بجر پرل (پوربی) اگر سیندور کا ٹیکا نہ لگائیں تو پیٹ میں درد ہو۔ بناؤ سنگار کے بغیر رہ نہیں سکتی۔ **سیندور نہ لگائیں تو بھتار کا من کیسے رکھیں** (ھ) اگر بناؤ سنگار نہ کریں تو خاوند کو کیسے خوش کریں۔

سیندھ (ہ۔ مونث) نقب۔ وہ سوراخ جو مکان میں چوری کے واسطے کیا جائے (دینا لگانا لگنا کے ساتھ) (س سَندِھ) **سیندھ چور** (ھ) نقب زن **سیندھ چوری** نقب زنی **سیندھ کٹ جانا** (لازم) نقب زن کے ذریعے مال نکل جانا۔ **سیندھ مار** (ھ) نقب زن **سیندھ مارنا** (ھ) نقب لگانا **سیندھ ماری** (مونث) نقب زنی۔

سیندھا (ہ۔ مذکر) پہاڑی نمک کیونکہ یہ عموماً دریائے سندھ کے قریب پہاڑیوں میں پایا جاتا ہے۔

سیندھی (ہ۔ مونث) جنگلی کھجور کا رس۔

سینڈ (انگ۔ مونث) ریت۔ **سینڈ فلائی** (مونث) ایک چھوٹی قسم کا مچھر جس کے کاٹنے سے بخار ہو جاتا ہے۔ **سینڈ فلائی فیور** (مذکر) ایک قسم کا بخار جس میں جوڑوں میں سخت درد ہوتا ہے۔

سینک (ہ۔ مونث) ۱ تیلی جس کی جھاڑویں بنتی ہیں یہ ایک گھاس کے پھول کی ڈنڈی ہوتی ہے ۲ جھاڑو ۳ تنور کا گز ۴ دانتوں کا خلال ۵ تیلی جو ناک کان چھید کر سوراخ میں دے دیتے ہیں تاکہ وہ بند نہ ہو جائے ۶ وہ تیلی جس سے درد جھاڑتے ہیں ۷ وہ تیلی جس پر روئی لپیٹ کر عطر میں بھگو کر کان کے اوپر رکھتے ہیں ۸ کنایتاً لکیر۔ دھاری ۹ سیخ۔ **سینکا** (ھ) ۱ لکیر۔ دھاری ۲ چھری۔ نالی ۳ لہردار لکیر۔ **سینکر** (مذکر) ۱ سینک کا پھول ۲ جو کی بال ۳ سور کی بال۔ **سینک کھڑی رکھنا** (متعدی) اپنا چاہا ہوا کرنا (تمت) **سینک کھڑی رہنا** (لازم) گاڑھی چھنگ کی تعریف **سینکنا** (متعدی) ۱ تیلی

چبھونا ۲ کنا بنا ۳ دئے کی بتی کو اونچا کرنا۔ بتی اکسانا۔
سینکیا (صفت) دھاری دار ۲ (مذکر) ایک قسم کا کپڑا۔ ڈوریا۔ چوڑیا۔ **سینکے بنانا** (متعدی) جھری بنانا۔

مثل۔ سینک سڑپے تو لالہ جی کے ساتھ گئے۔ اب تو دیکھو اور کھاؤ۔
اب آگے سے بھی زیادہ کفایت شعاری کرو ایک بنیا اپنے گھر والوں کو اتنا گھی دینا جتنا جھاڑو کی سینک کو لگ جانا۔ اس کے مرنے کے بعد اس کے بیٹے نے یہ فضول خرچی بند کر دی اور وہ صرف گھی کی ہنڈ یا دکھا دیا کرتا۔

سینک (ہ۔ سامر) ۱ سینکنا کا ۲ گرمی تپش ۳ وہ دوا جس سے ورم یا درد کو گرمی پہنچاتے ہیں ۴ سینکنے کا فعل۔ **سینک پہنچانا** (لازم) گرمی کا اثر پہنچانا۔ سینکے سے۔ **سینکنے پھرنا** (لازم) مدد گار تلاش کرنا۔ **سینک دینا** (ہ) ۱ گرم کرنا ۲ خوب مارنا۔ **سینک (سینک) کرنا** (ہ) یا **سینکنا** (لازم) ۱ تانپا۔ آگ سے گرم کرنا ۲ گرم پانی ڈالکر گرمی پہنچانا۔ اینٹ گرم کرکے کپڑے میں لپیٹ کر ورم یا درد کی جگہ پر رکھنا۔ گرم پانی بوتل میں ڈال کر ایسا کرنا ۳ سردی سے بچنے کے لئے دھوپ میں بیٹھنا۔ روٹی پکانا ۵ بھوننا ۶ آگ پر سُرخ کرنا ۷ (ہ) الٹے سینا ۸ خوب مارنا۔

سینکا (ہ۔ مذکر) چھینکا (غف)

سینکڑا (ہ۔ مذکر) دیکھو سینکڑا۔

سینکڑوں کے وارے نیارے ہوجانا یا ہونا (لازم) بہت فائدہ ہونا۔ بید نفع ہونا۔ (سودے کے متعلق کہا جاتا ہے)

سینگ (ہ۔ مذکر) ۱ وہ ہڈی کی شاخ جو چوپایوں کے سر پر یا گینڈے کے ماتھے پر ہوتی ہے۔ اس کے بٹن۔ چاقوؤں کے دستے وغیرہ بنتے ہیں ۲ خاص علامت ۳ ٹھینگا۔ **سینگ پھوٹنا** (لازم) ۱ سینگ نکلنا ۲ بے وجہ بے سبب کسی کو ایذا پہنچانا۔ **سینگڑا** (مذکر) ۱ بارود رکھنے کا سینگ ۲ سینگ کا بنا ہوا باجا جو منہ سے بجتا ہے۔ **سینگ سانگڑا** (مذکر) ساز و سامان۔ **سینگ سمانا** (لازم) پناہ ملنا۔ موقع ملنا۔ **سینگ کٹا کر بچھڑوں میں ملنا** (لازم) بڑی عمر کے آدمی کا چھوٹوں کی سی باتیں کرنا۔ یا اُن کی صحبت میں بیٹھنا۔ **سینگ لگنا** (لازم) ۱ مارنا (متعدی) جانور کا سینگ سے حملہ کرنا ۲ سینگ سے چوٹ لگانا۔ **سینگنا** (متعدی) مسروقہ مویشی کو شناخت کرنا۔ **سینگ نکالنا** (متعدی) ۱ چوپائے کا سینگ ظاہر ہونا یہ جوانی کی علامت ہے ۲ کنا بنا ۳ پاگل ہوجانا۔ **سینگی** (مونث) ۱ چھوٹا سینگ جسے خالی کرکے نوک کی طرف سوراخ بناتے ہیں اور اسے انسان کے بدن پر رکھ کر پچھنے لگا کر ان کے اوپر سینگی رکھ کر چوستے ہیں۔ تو بغیر تکلیف کے خون نکل آتا ہے یہ ایک قسم کا علاج ہے اسے بھری سینگی کہتے ہیں اگر پچھنے نہ لگائے جائیں تو خالی سینگی (لگانا۔ لگنا۔ لگوانا کے ساتھ) ۲ ایک قسم کی مچھلی۔ **سینگیاں** (مونث) سینگی کی جمع۔ **سینگیاں جھاڑنا** (متعدی) ۱ شاخیں لگانا ۲ متواتر بوسے لینا۔ (غف) **سینگیاں کھینچنا یا لگانا** (متعدی) شاخیں لگانا۔ **سینگی والی** (مونث) ۱ وہ عورت جو سینگی لگائے ۲ بدصورت عورت۔

مثل۔ سینگ کی کیا ہوک اور آرنڈ کا کیا روکھ۔ سینگ میں سے آواز کیا نکلتی ہے اور ارنڈ کا درخت کیا ہے فضول چیزیں ہیں

سینہ (ف۔ مذکر) بدن کا وہ حصہ جو گردن اور پیٹ کے درمیان ہوتا ہے۔ چھاتی۔ صدر۔ **سینہ ابھار (نکال) کر چلنا** (لازم) ۱ اکڑ یا اترا کر چلنا ۲ اس طرح چلنا کہ سینہ باہر کو نکلا رہے ۳ سپاہیوں کی طرح چلنا۔ **سینہ ابھارنا** (متعدی) چھاتیوں کو ابھار کر مردوں کو دکھانا۔ **سینہ افگار** (صفت) ۱ رنجیدہ کبیدہ مغموم ۲ کنا بنا ۳ عاشق۔ **سینہ افگاری** (مونث) رنج۔ غم۔ افسوس۔ **سینہ باز** (مذکر) ایک پرندہ کا نام۔ **سینہ بند** (مذکر) ۱ گھوڑے کی پیٹی جو تنگ کے اوپر کسی جاتی ہے ۲ انگیا ۳ وہ کپڑا جو بچوں کی چھاتی پر باندھتے ہیں کہ رال ٹپکنے سے کپڑے خراب نہ ہوں ۴ روئی دار واسکٹ جس سے چھاتی گرم رہتی ہے ۵ کفنی کے نیچے کا وہ کپڑا جو عورت کی نعش کے سینے پر باندھا جاتا ہے۔ **سینہ بہ سینہ** (صفت) ۱ وہ جو خاندان میں نسلاً بعد نسلاً ایک دوسرے کو بتائی ہوئی چلی آئے (بات) ۲ مقابلے میں ۳ چھاتی کے ساتھ چھاتی لگی ہوئی۔ دمل کی حالت۔ **سینہ پر سل دھرنا** (متعدی) دیکھو چھاتی پر پتھر رکھنا۔ **سینہ پوش** (مذکر) ۱ دیکھو آخری معانی ۵ چار آئینہ۔ **سینہ بیں** (مذکر) ایک آلہ جسے چھاتی سے لگا کر آواز سنتے ہیں۔ **سینہ پھٹا جانا۔ پھٹ جانا یا پھٹنا** (لازم) دل پر صدمہ عظیم گذرنا۔ **سینہ پیٹنا** (متعدی) دیکھو چھاتی پیٹنا۔ **سینہ جلنا** (لازم) رنج غم یا صدمہ ہونا۔ **سینہ چاک** (صفت) ۱ غمگین ۲ عاشق۔ **سینہ چاک ہونا** (لازم) رنج و غم یا صدمہ ہونا۔ **سینہ چاکی** (مونث) غم مصیبت۔ **سینہ خراشی** (مونث) مصیبت۔ **سینہ ریش** (صفت) سینے پر زخم ڈالنے والا۔ **سینہ زاد** (صفت) سینے میں پیدا شدہ۔ **سینہ زن** (صفت) وہ جو غم یا ماتم میں چھاتی پیٹے۔ **سینہ زناں** (صفت) چھاتی پیٹتا ہوا۔ **سینہ زنی** (مونث) چھاتی پیٹنا۔ **سینہ زور** (صفت) سرکش۔ زبردست۔ **سینہ زوری** (مونث) سرکشی۔ زبردستی (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **سینہ سپر** (صفت) مقابلے میں۔ سامنے ہو کر۔ **سینہ سپر رہنا** (لازم) مقابل رہنا۔ سامنے رہنا۔ جمارہنا۔ ڈٹا رہنا۔ **سینہ سپر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ لڑائی میں آگے ہو کر کھڑا ہونا۔ بیخوف مقابلے پر آنا ۲ آفت اور بلاؤں کا نشانہ بننا۔ **سینہ سوختہ یا سوز** (صفت) مغموم۔ رنجیدہ کبیدہ۔ **سینہ سوزی** (مونث) رنج و غم۔ **سینہ سیاہ** (مذکر) سیاہ دل۔ بد باطن۔ **سینہ شق رہنا** (لازم) ہمیشہ صدمہ رہنا۔ **سینہ شق کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) سخت صدمہ ہونا۔ **سینہ صاف** (صفت) صاف دل۔ مخلص۔ **سینہ صندوق** (صفت) ابھرے ہوئے یا چوڑے چکلے سینے والا۔ **سینہ فگار یا فگاری** (دیکھو سینہ افگار و افگاری)۔ **سینہ کاوی** (مونث) سخت محنت۔ بیحد کوشش۔ **سینہ کباب** (صفت) چھاتی پیٹنے والا۔ **سینہ کوبی** (مونث) چھاتی پیٹنا (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **سینہ کوٹنا** (متعدی) چھاتی پیٹنا ماتم کرنا۔ **سینہ کھول کر تلوار کے پاس جانا** (لازم) بہت دلیر ہونا۔ **سینہ کھل جانا یا کھلنا** (لازم) **کھول دینا یا کھولنا** (متعدی) سینے پر سے کپڑا ہٹا دینا۔ **سینہ پر پتھر رکھ لینا یا رکھنا** (متعدی) ۱ چھاتی پر پتھر رکھ لینا یا رکھنا ۲ صبر کرنا۔ ضبط کرنا۔ برداشت کرنا۔ **سینے پر گل کھانا** (متعدی) معشوق کے چھلے کو گرم کرکے چھاتی کو داغنا۔ **سینے پر سانپ لوٹنا** (لازم) رنج ہونا۔ صدمہ ہونا۔ **سینے پر ہاتھ دھرنا یا رکھنا** (لازم) ۱ سخت اضطراب کی حالت میں ایسا کرتے ہیں ۲ دل کو تسلی دینا۔ اضطراب کو روکنا۔ ضبط کرنا۔ **سینے پر**

ہاتھ مارنا (متعدی) کسی بات کا دعویٰ کرنا۔ **سینے سے لگانا** (متعدی)، **لگنا** (لازم) ۱؎ چھاتی سے لگنا ہم بغل ہونا ۲؎ پیار کرنا۔ **سینے کا ابھار** (مذکر) عورت کے پستان۔ **سینے کی نیاری** (مونث) سینے پر گوشت کا اچھی طرح ہونا۔ سینے پر کی فربہی۔ **سینے میں آگ لگنا** (لازم) سخت رنج و غم یا صدمہ ہونا۔ **سینے میں پر کھانا** (متعدی) خار کھانا۔ رشک کرنا۔ **سینے میں پنکھے لگنا** (لازم) بیقراری یا بےچینی ہونا۔ **سینے میں جگہ دینا** (متعدی) ۱؎ عزت کرنا ۲؎ محبت کرنا۔ **سینے میں سانس سمانا** (لازم) ۱؎ سکون ہونا ۲؎ ہانپنا موقوف ہونا۔ **سینے میں مکا** (مکی) **مارنا** (متعدی) ۱؎ سینہ کوبی کرنا ۲؎ چھاتی پر مکا یا مکی مارنا ۳؎ کوئی ایسی بات کہنا جس سے صدمہ پہنچے۔

سینی (ف۔ مونث) تانبے پیتل یا کسی اور دھات کا تھالی کی شکل کا بڑا برتن۔ کشتی۔

سیوا (ہ۔ مونث) ۱؎ خدمت۔ ٹہل ۲؎ ملازمت۔ نوکری ۳؎ پرستش۔ عزت ۴؎ (ھ) استعمال ۵؎ زہد۔ تقوے (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **سیوا استھان** (ھ) مندر۔

امثال و اقوال۔ سیوا ایسی لابھ دے جوں گا نٹھا دے رس۔ **سیوا کی کھی ڈوم نے پائے ایک کے دس** ۔ خدمت کرنے میں بہت فائدے ہیں۔ **سیوا کرے سو میوا پائے** ۔ جو خدمت کرے سو نفع حاصل کرے۔

سیوتی سیوتی (ہ۔ مونث) ۱؎ سفید گلاب۔ جنگلی گلاب جس سے دوسری قسمیں نکالی گئیں ہیں ۲؎ گل نسریں۔ نسترن۔

سیورا (ہ۔ صفت) ۱؎ مٹی کا برتن جو پوری طرح نہ پکا ہو ۲؎ وہ شخص جس کا اچھا اور باطن خراب ہو۔

سیوم (ف۔ صفت) تیسرا۔

سیون (ہ۔ مونث) ۱؎ ٹانکا۔ سلائی ۲؎ گوشت کا جوڑ آلۂ تناسل اور دبر کے درمیان ۳؎ (س) کتاب کی جلد سیا سے) **سیون بٹھانا** (متعدی)، **بیٹھنا** (لازم) ابھری ہوئی سیون کا بیٹھنا۔

سیہ (ف۔ مذکر) دیکھو سیاہ۔ **سیہ کاسہ** (صفت) آسمان کی صفت میں مستعمل ہے ۲؎ (مذکر) انجیل۔ **سیہ کدہ** (مذکر) ۱؎ ویران مکان ۲؎ فریب خانہ **سیہ مو** (صفت) جس کے کالے بال ہوں۔ **سیہ موئی** (مونث) بالوں کی سیاہی۔ **سیہ نامہ** (صفت) ۱؎ شریر بد ۲؎ زانی۔ بدکار ۳؎ بے وقعت شخص۔ دیگر مرکبات کے لئے دیکھو سیاہ۔

سیہ۔ سیہہ (ہ۔ مذکر) ایک چوپایہ جس کے بدن پر بجائے بالوں کے لمبے کانٹے ہوتے ہیں دشمن کے مقابلے کے وقت ان کو کھڑا کر لیتا ہے

ش

ش (ہ۔ مذکر) تلفظ شین ۱؎ اردو کا انیسواں دیوناگری کا پینتالیسواں اور چھبیسواں فارسی کا سولھواں اور عربی کا تیرھواں حرف ہے ۲؎ اسے شین منقوطہ یا معجمہ بھی کہتے ہیں ۳؎ حساب ابجد میں اس کے تین سو عدد ہیں ۴؎ عربی میں شوال اور شعبان کے پہلے کو ظاہر کرتا ہے ۵؎ فارسی میں اسماء کے بعد بالفتح آنے سے قبضہ ظاہر کرتا ہے اور اسکے معنی دینا ہے ۶؎ بالکسر امر کے بعد آنے سے اسم ذات بناتا ہے۔ جیسے وانش بینش وغیرہ شکار (ھ) حرف با آواز شین۔

شاب (ف۔ مونث) پھٹکری۔ **شاب رومی** (مونث) سفید مرچ۔ **شابِ فرنگی** (مونث) یورپ کی پھٹکری

شاب (ع۔ مذکر) اردو میں بسکون ب۔ جوان آدمی خصوصاً جو ۱۶ اور ۳۰ سال کے درمیان ہو (شبّ۔ جوان ہونا)

شاباش (ف۔ مونث) ۱؎ مرحبا۔ آفرین ۲؎ (کلمۂ تحسین) کیا کہنا۔ واہ واہ خوش رہو ۳؎ کلمۂ دعا ۴؎ طنزاً جب کوئی کام خراب کرے۔ **شاباش دینا**۔ (متعدی) آفرین کہنا۔ حوصلہ بڑھانا۔ **شاباش لینا** (متعدی) قابل تعریف کام کرنا۔ **شاباشی** (مونث) تعریف۔ تحسین۔ آفرین پانا۔ دینا ملنا کے ساتھ)

اقوال۔ شاباش۔

بوا تجھ کو (ع) طنزاً کہتی ہیں جب کوئی بیہائی یا دلیری کی بات کرے۔ **شاباش میاں تجھ کو تو نے موہ لیا مجھ کو**۔ (ع) طنزاً کہتی ہیں۔ جب کوئی اپنے آپ کو بہت بانکا سمجھے۔

شابالا (ف۔ مذکر) دیکھو شاہ بالا۔

شابش (ف۔ مونث) شاباش کا مخفف۔ عموماً عورتیں کہتی ہیں۔ **شابشی** (مونث) دیکھو شاباشی۔

اقوال۔ شابش ہوی

تیرے دھڑکے کو پادے آپ رگا دے لڑکے کو (ع) کیا حوصلہ ہے کہ قصور آپ کرے اور دوسرے کے سر تھوپے۔ **شابش ملّا تیرے تعویذ کو باندھتے ہی لڑکا پھدکا** (ع)

شابہار (ف۔ مذکر) ایک مندر جو کابل میں تھا۔

شاپ (س۔ مذکر) ۱؎ قسم سوگند۔ سوں ۲؎ سراپ بد دعا۔ **شاپ دینا** **شاپنا** (متعدی) بد دعا دینا۔ لعنت بھیجنا۔

شاپ (انگ۔ مونث) دوکان۔ **شاپ سائلڈ** (صفت) وہ جو دوکان میں پڑی پڑی خراب ہو جائیں (چیزیں) **شاپ کیپر** (مذکر) دوکاندار۔ سوداگر۔ **شاپنگ** (مونث) خرید مال۔ چیزیں خریدنا

شاٹ (انگ۔ مذکر) ۱؎ چھرہ ۲؎ نشانہ باز۔

شاٹ گن (مذکر) وہ بندوق جس میں چھرہ چلایا جائے۔

شاٹھیہ (س۔ مذکر) ۱؎ شرارت۔ بدمعاشی ۲؎ بددیانتی ۳؎ بیوفائی ۴؎ دھوکا۔ دغا ۵؎ بدذاتی ۶؎ نفرت۔ حقارت۔

شاخ (ف۔ مونث) ۱؎ ٹہنی۔ ڈالی ۲؎ پودے کا قلم جو ٹہنی کاٹ کر لگایا جائے ۳؎ ڈنٹھل (گیہوں وغیرہ کا) ۴؎ جانوروں کا سینگ ۵؎ بکریوں کی تعداد ظاہر کرنے کے لئے جیسے چار شاخ بکری ۶؎ چھوٹی نہر جو بڑی نہر سے نکلے ۷؎ حصہ۔ جزو ۸؎ ٹکڑا۔ قاش۔ پھانک ۹؎ جھگڑا تنازع ۱۰؎ انوکھی بات ۱۱؎ ہنر۔ خوبی۔ عمدگی ۱۲؎ نسل اولاد ۱۳؎ کمان کی لکڑی ۱۴؎ ایک قسم کا بارود رکھنے کا ظرف جو کمر میں باندھتے ہیں ۱۵؎ ایک قسم کا پکوان۔ بیسن کے خمیر میں میٹھا ملا کر اور شاخوں کی شکل بنا کر تل لیتے ہیں ۱۶؎ کسی چیز کی نسبت جو کسی کی طرف کی جائے ۱۷؎ مرغ کا کانٹا ۱۸؎ بازو دانگ پسلی پیشانی ۱۹؎ شراب کا پیالہ ۲۰؎ گھر کا بڑا شہتیر ۲۱؎ خوشبو ۲۲؎ مشک بلاد ۲۳؎ تھوڑے بال۔ **شاخ آفتابی**۔ (مونث) سورج کی کرنیں۔ **شاخ آہو** (مونث) ہرن کا سینگ ۲؎ انوکھی بات۔ **شاخ انگور**۔ (مونث) ۱؎ انگور کی بیل کی نئی شاخ جو پھوٹے ۲؎ ایک دوائی۔ **شاخ بدیوار یا بر دیوار** (صفت) مغرور۔ متکبر۔ **شاخ بشاخ** (صفت) ایک شاخ سے دوسری شاخ پر۔ **شاخ بلور** (مونث) شیشہ کا لمبا اور گول ٹکڑا۔ **شاخ چنار** (مذکر) ایک خاص رنگ کا نام۔ **شاخچہ** (مذکر) ۱؎ چھوٹی شاخ ۲؎ تہمت۔ افترا۔ **شاخچہ بندی** (مونث) ۱؎ تہمت لگانا ۲؎ درخت میں قلم لگانا۔ **شاخدار** (صفت) ۱؎ ٹہنیوں والا ۲؎ سینگ والا ۳؎ خالص چاندی یا سونا ۴؎ بھڑوا۔ دیوث ۵؎ شیخی خورہ۔ **شاخ در شاخ** (صفت) بہت سی شاخوں والا ۲؎ دور تک ۳؎ گوناگون۔ **شاخ دریا** (مونث) دریا کا وہ حصہ جو اصل دھار سے علیحدہ ہو کر الگ بہتا چلا جائے۔ **شاخ زر** (مونث) سونے کی سلاخ جو خزانے میں رہتی ہے۔ **شاخ زعفران** (مونث) ۱؎ وہ شخص جو اپنی خوبیوں کو بہت سمجھے ۲؎ (صفت) مغرور۔ خودنما خود بین ۳؎ انوکھا۔ عجیب۔ **شاخ زعفران سمجھنا یا گننا** (متعدی) اپنے آپ کو بہت اچھا سمجھنا۔ فخر کرنا۔ **شاخسار** (صفت) بہت ٹہنیوں والا ۲؎ (مونث) وہ جگہ جہاں درخت بہت ہوں۔ باغ۔ **شاخ سمن** (مونث) معشوق کا بدن یا قد۔ **شاخ شاخ** (نعت) ۱؎ ٹکڑے ٹکڑے ۲؎ ٹہنی ٹہنی۔ الگ الگ ۳؎ رنگ برنگ ۴؎ بلبل کی آواز۔ **شاخشانہ** (مذکر) شاخسانہ دیکھو علیحدہ۔ **شاخ غزال** (مونث) ۱؎ کمان ۲؎ نیا چاند۔ ہلال ۳؎ ہرن کا سینگ۔ **شاخ گیسو** (مونث) بالوں کی لٹ۔ **شاخ لگانا**۔ (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱؎ ٹہنی لگنا۔ قلم لگنا ۲؎ کسی کی طرف کسی مزید بات کی نسبت ہونا ۳؎ بیچ لگنا ۴؎ عیب ہونا ۵؎ کوئی عمدگی بالخصوص موجود ہونا۔ **شاخ نبات** (مونث) وہ لکڑی جو مصری کا کوزہ بنانے کے لئے اس کے ٹکڑے میں لگا دیتے ہیں۔ **شاخ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱؎ ٹہنی نکالنا ۲؎ سینگ پیدا ہونا ۳؎ عیب نکالنا۔ نکتہ چینی ہونا ۴؎ بیچ نکلنا ۵؎ ...

پیدا ہونا - انداز نکلنا - **شاخیں** (جمع) ۱ شاخ کی ۲ ایک قسم کا پکوان - جس میں میدے میں نمک ڈال کر اور خمیر کر کے شاخوں کی شکل بنا کر تل لیتے ہیں ۳ سینگیاں - **شاخیں کھنچوانا یا لگوانا** م لگانا (متعدی) سینگیاں لگانا - **شاخیں لگنا** (لازم) ٹہنیاں پیدا ہونا - **شاخیں نکالنا** (متعدی) ۱ دیکھو شاخ نکالنا ۲ تکرار کرنا - جھگڑا کرنا - **شاخ و برگ** (مذکر) ٹہنیاں اور پتے **شاخہ** (مذکر) ۱ ٹہنی ۲ سینگ ۳ سینگ کی شکل کا پیالہ ۴ مرکبات میں جیسے پنج شاخہ - دو شاخہ ۵ وہ لکڑی جس میں مجرم کا سر اور ہاتھ دیکر سزا دیتے ہیں ۶ جدا - **شاخی** - (مونث) پنجہ جس سے اناج صاف کرتے ہیں -

مقولہ - شاخ حنظل سے انگور ملنا ناممکن - برے کام کا برا پھل -

شاخسانہ (ف - مذکر) اصل لفظ شاخشانہ ہے - شاخ سینگ اور شانہ مونڈھے کی ہڈی ۱ ایک فرقہ فقیروں کا جو سینگ اور بھیڑ کے شانے کی ہڈی آپس میں رگڑ کر مکروہ آواز پیدا کرتے ہیں - اگر صاحب خانہ کچھ نہ دے تو اپنے آپ کو زخمی کر لیتے ہیں - بلکہ اپنے بچوں کے ہاتھوں میں چھریاں مار دیتے ہیں ۲ جھگڑا - تکرار ۳ بحث - حجت - دلیل ۴ عیب افترا - رخنہ ۵ بدگمانی ۶ خود نمائی ۷ دھمکی - ڈر ۸ حیلہ - بہانہ ۹ بات کا پہلو - **شاخسانہ پیدا یا کھڑا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ جھگڑا ہونا - فتنہ برپا ہونا ۲ عیب نکلنا - **شاخسانہ یا شاخسانے نکالنا** - (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱ تکرار ہونا - جھگڑا ہونا ۲ فتنے برپا ہونا جھگڑے نکلنا ۳ حجت ہونا - تکرار ہونا ۴ نکتہ چینی ہونا ۵ الزام لگنا -

شاخور (ف - مذکر) بھٹی - پزادہ -

شاخول (ف - مذکر) ایک قسم کا اناج -

شاد (ف - صفت) ۱ خوش خرم - فرحان - پرسن ۲ زیادہ ۳ بھرا ہوا ۴ (مذکر) شراب - روشنی - کرن - **شاداب** (صفت) سیراب - پانی سے بھرا ہوا ۲ سرسبز - ہرا بھرا - تر و تازہ - **شادابی** (مونث) ۱ سیرابی ۲ سرسبزی - تر و تازگی - **شاداں** (صفت) ۱ خوش و خرم ۲ خوش حال - خوش وقت -

شادان و فرحاں (صفت) خوش خوش خوش و خرم - **شاد باش** (حرف تحسین) ۱ شاباش آفرین ۲ (مذکر) مہینے کے چھبیسویں دن کا نام - **شاد خوار یا خور** (صفت) ۱ خوش قسمت صاحب نصیب ۲ خوش - خرم ۳ طوائف - رنڈی ۴ زانیہ ۵ وہ شخص جو زندگی ہنس کھیل کر گذارے - **شاد دل** (صفت) خوش ہنس مکھ **شادران** (مذکر) شیروان میں ایک بندرگاہ **شاد کام** (صفت) کامیاب خوشحال - **شاد کامی** (مونث) ۱ خوشی - خرمی ۲ قناعت **شادمان** (صفت) خوش و خرم - **شادمانی** (مونث) خوشی - فرحت - خرمی - **شادمند** (صفت) خوش و خرم - **شادو شباش** (مذکر) خوش و خرم - **شاد ورد** (مذکر) ۱ خسرو کے ساتویں خزانے کا نام ۲ ایک سُر - **شادکام** (مذکر) جنوں کے ملک کے ایک صوبے کا نام جس کا دار الخلافہ جواہر آباد ہے اس کا ذکر قصہ کہانیوں میں آتا ہے - **شادی** (مونث) ۱ خوشی ۲ عید تہوار جشن ۳ بیاہ ۴ ولادت ۵ بچے کی پیدائش کی خوشی ۶ (مذکر) بند **شادیانہ** (مونث) روپے جو شادی کے موقع پر دئے جائیں -

شادیاں (مونث) شادی کی جمع - **شادیاں گنانا** (متعدی) شادی کی بہت سی تقریبیں کرنا - **شادیانہ** (مذکر) ۱ شادی کو نوبت خوشی کا باجہ ۲ مبارکباد ۳ خوشی کا گیت (گانا کے ساتھ) **شادیانہ دینا** (متعدی) ۱ خوشی کی نوبت بجانا ۲ مبارکباد دینا - بدھاوا دینا - **شادی رچانا** (متعدی) **رچنا** (لازم) بیاہ کا سامان ہونا خوشی کی تقریب ہونا - **شادی کر دینا یا کر ڈالنا** (متعدی) ۱ بیٹے بیٹی وغیرہ کا بیاہ کر دینا ۲ نئے مکان میں داخل ہونے سے پہلے دعوت کرنا - **شادی کرنا** (متعدی) ۱ دیکھو شادی کر دینا ۲ اپنا بیاہ کرنا ۳ گھوڑے یا مکان کا فروخت کرنا - **شادی مبارک** - شادی کے موقع پر کہتے ہیں - **شادی مرگ** (مونث) ۱ وہ موت جو خوشی سے ہو ۲ (صفت) وہ جو خوشی سے مرجائے - **شادیہ** - آنکھوں کی ایک دوا - **شادیہ مکہ** (مذکر) برمک کا آتشکدہ جو بلخ کے قریب تھا - **شادی ہونا** لازم شادی کرنا کا

امثال و اقوال - شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن - زندگی سے بیزاری ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں - **شادم از زندگی خویش کہ کارے کردم** - میں اپنی زندگی سے خوش ہوں کہ میں نے ایک کام کیا - کوئی بڑا کام کر کے یہ مصرعہ پڑھتے ہیں **شادی اور غمی کا چولی دامن کا ساتھ ہے** - جہاں خوشی ہو وہاں غم بھی ضرور رہتا ہے - **شادی خانہ آبادی** - بیاہ کرنے سے گھر آباد ہو جاتا ہے - **شادی غمی سب کے ساتھ ہے شادی غمی مثل دامن چولی** - ہر شخص کو خوشی یا غم ہوتا ہے - کوئی ان سے بچا ہوا نہیں - **شادی ہے کچھ گڑیوں کا بیاہ تھوڑا ہی ہے** ۱ جب کوئی بیاہ پر کم خرچ کرنا چاہے تو کہتے ہیں ۲ بیاہ پر بہت خرچ ہوتا ہے

شاڈی (انگ - مونث) وہ کپڑا جو پرانے کپڑوں کو صاف کر کے اور سوت کات کر بنایا جائے -

شاذ (ع - صفت) ۱ کم - نادر ۲ غیر معمولی - انوکھا ۳ عجیب ۴ بے قاعدہ - بے ترتیب ۵ (مذکر) وہ لفظ یا ترکیب جو قاعدے کے خلاف ہو ۶ (تف) کبھی کبھی گاہے گاہے اتفاقاً - **شاذ شاذ** (تف) بہت کم کبھی کبھی **شاذ و نادر** (تف) دیکھو شاذ

شار (ف - مذکر) ۱ پانی کا گرنا - مرکبات میں جیسے آبشار ۲ (صفت) بہتا ہوا - ڈالا ہوا - مرکبات میں جیسے سرشار (شاربدن - بہنا) ۳ شاہان جش اور گرجستان کا لقب - **شاری** (مونث) بہنا - گرنا - مرکبات میں جیسے سرشاری -

شار (س - صفت) ۱ گوناگوں رنگ برنگ ۲ دھبے دار - گلدار ۳ زرد -

شارب (ف - صفت)

پیٹنے والا۔

شارٹ (انگ۔ مذکر) چھوٹا۔ **شارٹ سائیٹیڈ** (صفت) جس کی نظر کمزور ہو۔ **شارٹ ہینڈ** (صفت) مختصر نویسی۔

شارح (ع۔ مذکر) شرح لکھنے یا کرنے والا۔ محشی (شَرَحَ۔ ظاہر کرنا)

شارد (س۔ صفت) ۱ خزاں کا ۲ خزاں میں اُگنے والا یا پیدا شدہ ۳ سالانہ۔ ہمیشہ رہنے والا۔ سدا بہار ۴ (مذکر) اناج چاول یا میوہ جو خزاں میں پکے ۵ ایک قسم کی پچھلی ۶ ایک سال ۷ خزاں کی بیماری ۸ خزاں کی دھوپ ۹ بادل ۱۰ ایک یوگ کے گرو کا نام۔ **شاردا** (مونث) ۱ سرسوتی ۲ درگاجی ۳ دیورتھ کی ایک بیٹی۔ **شاردا کار** (مذکر) ایک مصنف **شاردی** (مونث) ۱ کاتک کے مہینے میں بدر کا دن ۲ کئی پودوں کا نام

شاردول (س۔ مذکر) ۱ شیر۔ چیتا۔ چرخ ۲ مرکبات میں بمعنی مشہور یا بڑا آدمی۔ بہترین ۳ راکشس۔

شارستان (ف۔ مذکر) ۱ شہر ۲ کوٹھی جس کے گرد باغ ہو ۳ وہ ملک جس میں بہت شہر ہوں۔

شارع (ع۔ صفت) ۱ شریعت بنانے والا۔ صاحب شرع ۲ (مذکر) چوڑی سڑک۔ بڑی راہ (شَرَعَ۔ ظاہر کرنا) **شارع عام** (مذکر) وہ رستہ جس پر ہر شخص کے چلنے کا حق ہو۔

شارق (ع۔ مذکر) سورج (شَرَقَ۔ چڑھنا)

شارک (ف۔ مذکر) مینا

شارک۔ (انگ۔ مونث) ایک بحری مچھلی جو ہر چیز کھا جاتی ہے۔

شارک (س۔ مونث) مینا شارکا (مونث) ۱ مینا ۲ شطرنج کھیلنا ۳ سارنگی بجانے کی کمان۔

شارنگ (س۔ صفت) بوقلمون۔ رنگ برنگی۔ دھبے دار۔ گلدار

شارنگی (س۔ مونث) ۔ سارنگی۔

شاروَر (س۔ صفت) ۱ رات کا ۲ شبینہ ۲ قاتل۔ شرارتی ۳ (مذکر) تاریکی۔ اندھیرا **شاروری** (مونث) رات

شاستر (س۔ مذکر) شاستر (ھ) ۱ لفظی معنی ہدایت کرنے یا سکھانے کا آلہ ۲ حکم۔ فرمان۔ ارشاد۔ امر۔ آگیا ۳ دستور۔ قاعدہ سررشتہ۔ ہدایت۔ پربندھ ۴ قانون کی کتاب ۵ مذہب کے قواعد ۶ ہندوں کی مقدس یا مذہبی کتاب یا علم ۷ مذہبی یا علم طبیعات کا رسالہ ۸ فلسفہ۔ سائینس۔ قانون۔ ادب ۔ **شاستر باںچنا** (متعدی) شاستر کا وعظ کرنا **شاستری** (صفت) ۱ وہ جو شاستروں کا عالم ہو ۲ شاستروں کو پڑھانے والا ۳ (مذکر) پنڈت ۴ پادان ۵ بدھ ۶ ایک جن ۷ باپ۔ **شاستریہ** (صفت) ۱ مقدس احکامات کے بموجب۔ مقدس۔ قانونی۔

شاستی (س۔ مونث)۔ حکومت کرنا۔ سلطنت کرنا۔ حکم دینا ۲ دیکھو شاستر ۲ ۳ سزا جو بادشاہ کے حکم سے ہو۔ سزا

شاسک (س۔ مذکر) ۱ حاکم۔ افسر ۲ استاد۔ گرو۔

شاسن (س۔ مذکر) شاسنا (مونث) ۱ سلطنت کرنا۔ حکومت کرنا ۲ حکومت سلطنت ۳ اختیار۔ ضبط ۴ جذبات کو قابو میں رکھنا ۵ تعلیم۔ تربیت ۶ سزا۔ ڈنڈ۔ عذاب عقوبت۔ سیاست ۷ شاستر ۸ دعا ۹ تحریر عہدنامہ ۹ دستاویز۔ وثیقہ ۱۰ جاگیر معافی پیٹنٹ۔ **شاسن پتر** (مذکر) تانبے کا پتر۔ پتھر یا کاغذ جس پر کوئی حکم کھدوا یا لکھا جائے

شاسنیہ (صفت) قابل سزا

شاسنا (ھ۔ متعدی) سزا دینا۔ سیاست کرنا۔

شاش۔ **شاشہ** (ف۔ مذکر) پیشاب۔ موت۔

شاطر (ع۔ مذکر) ۱ چالاک ہوشیار۔ عیار ۲ وہ جو کسی پر بار نہ ہو۔ عربی میں وہ جو بار ہو اپنے رشتہ داروں پر ۳ شطرنج کھیلنے والا ۴ چور۔ گرہ کٹ ۵ شرارتی۔ بدذات بدچلن ۶ (ف۔ مذکر) ایلچی۔ پیغامبر۔ قاصد ہرکارہ (شَطَرَ۔ اپنے خاندان سے علیحدہ ہو جانا)

شاعر (ع۔ مذکر) شعر کہنے والا کوی۔ (شَعَرَ۔ بیت کہنا) **شاعرانہ** (صفت) ۱ شاعر کے طریقے پر۔ نظمی ۲ مبالغہ آمیز۔ **شاعرانہ تخیل** (مذکر) شاعروں جیسے خیالات۔ مبالغہ آمیز خیالات **شاعر غرا** (مذکر) بڑا شاعر

شاعرہ (مونث) عورت شاعر

شاعری (مونث) ۱ شعر گوئی ۲ بیان میں مبالغہ کرنا ۳ شاعر کا پیشہ۔ **شاعری کرنا** (متعدی) ۱ شعر گوئی کرنا ۲ مبالغہ کرنا ۳ زیادتی کے ساتھ کسی بات کو نظم میں بیان کرنا ۴ جھوٹ بولنا

شاعل (ع۔ صفت) جلنے والا۔ روشن۔ شعلہ زن (شَعَلَ۔ جلنا)

شاعی (ع۔ صفت) ظاہر شدہ۔ کھلا ہوا۔ مشہور (شَعَیَ۔ ظاہر ہونا)

شاغل۔ (ع۔ صفت) ۱ کسی شغل میں مصروف۔ متوجہ ۲ خدا کا ذکر کرنے والا ۳ شغل کرنے والا (شَغَلَ مشغول ہونا)

شافع (ع۔ صفت) ۱ شفاعت یا سفارش کرنے والا ۲ (مذکر) امام شافعی کا دادا (شَفَعَ۔ درخواست کرنا۔ سفارش کرنا) **شافع روز جزا یا محشر** (مذکر) پیغمبر صلعم۔ **شافعی** (مذکر) ۱ دیکھو امام شافعی ۲ امام شافعی کا پیرو **شافعی مذہب** (صفت) ۱ امام شافعی کا پیرو ۲ طریقہ جس کے بانی امام شافع ہیں۔ **شافع یوم الحساب** (مذکر) پیغمبر صلعم۔

شافہ (ف۔ مذکر) ۱ وہ روئی جو دوائی میں بھگو کر آنکھ پر رکھتے ہیں ۲ وہ بتی جو دوائی میں بھگو کر زخم میں دیتے ہیں ۳ وہ دوا یا صابون کی بتی جو دبر میں پاخانہ آنے کے لئے رکھی جاتی ہے (دینا لینا کے ساتھ)

شافی (ع۔ صفت) ۱ صحت یا شفا دینے والا ۲ تسکین دینے والا ۳ شبہ رفع کرنے والا ۴ صاف۔ فیصلہ کن قطعی (شَفَوَ۔ اچھا کرنا) **شافی حقیقی یا مطلق** (مذکر) خدائے تعالےٰ

شاق (ع۔ صفت) ۱ دوبھر

ناگوار ۲ مشکل ۔ دشوار (نثر ۔ تونا) شاق
گزرنا (متعدی) ناگوار معلوم ہونا ۔ برا لگنا ۔
شاق ہونا (لازم) ناگوار ہونا شاقہ (صفت)
دشوار ۔ مشکل ۔ سخت (محنت کے ساتھ)

شاقل ۔ شاقول (ع ۔
مذکر) ۱ ساہل ۲ ہل ۔ چلانے کا ایک آلہ جو
بصرہ میں استعمال ہوتا ہے

شاک (س ۔ مذکر) ۱ ساگ
ترکاری ۔ پتے پھل جڑیں یا بوٹیاں جو کھائی جائیں
۲ ٹن کا درخت ۳ قوت ۔ طاقت ۔ زور شکتی ۴
ایک دویپ جس کے گرد دودھ کا سمندر ہے ۵
سنہ سمت خصوصیت سے سالاہن شاکت ۔
وہ جو شکتی کی پوجا کرے ۔

شاکر (ع ۔ صفت) شکر گذار
شکر کرنے والا ۲ صابر ۔ صبر کرنے والا شاکر
نعمت (صفت) نعمت کا شکر گذار ۔

مثل ۔ شاکر کو شکر موذی
کو تکبر ۔ شاکر کو نعمتیں ملتی ہیں ۔ موذی کو تکلیف
پہنچتی ہے ۔

شاکل (س ۔ مذکر) ۱ رگوید
کے ایک سلسلے کا نام جو شاکلیہ نے مقرر کیا تھا ۲
تل جو گھی کھانڈ میووں وغیرہ کا مرکب جو دیوتاؤں
کو چڑھایا جاتا ہے ۔ شاکلا (ھ) دیکھو شاکل ۳
ایک قوم کا نام (س ۔ شاکلاس) ۴ شاکل سلسلے
کا پیرو ۔

شاکل (ع ۔ مذکر) ۱ مشابہت
۲ سفیدی جو کانوں اور کنپٹی کے درمیان ہوتی
ہے ۔ (شکل ۔ مشابہ ہونا)

شاکلہ (ف ۔ مذکر) شتر بیری
ایک قسم کا بیر ۔

شاکورد (ف ۔ مذکر) ۱
چاند کا ہالہ ۲ تخت شاہی ۳ خسرو کا ساتواں
خزانہ ۴ گانے کا ایک سُر ۔

شاکھ (س ۔ مذکر) ۱ سکند
۱ اس کے بیٹے کی ایک شکل ۲ ایک مقام ۳
ایک درخت ۔ شاکھا (س ۔ مونث) ۱ ٹہنی ۔ شاخ
۲ بدن کا کوئی عضو ۳ بدن کی باہر کی سطح
۴ چوکھٹ کا بازو ۵ عمارت کا حصہ جو ایک
طرف نکلا ہوا ہو ۶ تقسیم ۷ سنہیتا کا تیسرا
حصہ ۸ ویدوں کی ایک شاخ یا سلسلہ ۹
کسی علم کی شاخ ۱۰ سال ۱۱ جانور کا وہ
حصہ جس میں حس نہ ہو ۔ جیسے سینگ
ناخن ۔ بال ۔

شاکی (ع ۔ صفت) ۱ شکایت
یا گلہ کرنے والا ۲ مسلح (شکو ۔ شکایت کرنا)
شاکی ہونا (لازم) شکایت کرنا ۔

شاکیہ (س ۔ مذکر) ۱ ایک
خاندان کا نام خصوصاً بدھ کے ۲ بدھ شاکیہ
شبیہ یا منی (مذکر) بدھ کا لقب

شاگرد (ف ۔ مذکر) ۱ طالبعلم
متعلم ۔ تلمیذ ۔ بدیارتھی ۔ وہ جو استاد سے کچھ
سیکھے ۔ شاگردانہ (صفت) ۱ شاگرد کا شاگرد
کی طرح ۲ (مذکر) فیس جو شاگرد استاد کو دے
نذرانہ استاد کا ۔ شاگرد بنانا (متعدی) بننا
(لازم) دیکھو شاگرد کرنا یا ہونا ۔ شاگرد پیشہ
(مذکر) ۱ عملہ ۲ ملازم ۔ خدمتگار ۔ نوکر چاکر
بحیثیت مجموعی ۳ وہ نئے ملازموں کے رہنے کے
مکان کوٹھی یا محل کے ساتھ شاگرد رشید (مذکر)
ہدایت یافتہ شاگرد ۔ لائق شاگرد شاگرد کرنا ۔
(متعدی) شاگردوں کے زمرے میں داخل کرنا
شاگرد ہونا (لازم) ۱ تلمیذ اختیار کرنا ۔ استاد
تسلیم کرنا ۲ قائل ہونا ۔ معتقد ہونا ۔ شاگردی
(مونث) شاگرد ہونا ۔ کسی سے کچھ سیکھنے کا فعل
شاگردی کرنا (متعدی) کسی سے کچھ سیکھنا ۔
تعلیم پانا ۔

**امثال ۔ شاگرد رفتہ رفتہ
باستاد میرسد** ۔ شاگرد رفتہ رفتہ استاد کے برابر
ہو جاتا ہے ۔ شاگرد قہر استاد غضب ۔ ایک
سے ایک بڑھ کر ظالم ۔

شال (ف ۔ مونث) ۱ پشمینے
کی چادر جو کشمیر میں بنتی ہے ۲ ادنی یا ریشمی چادر ۔
شال اوڑھنا (متعدی) شال کو اپنے اوپر ڈالنا
آجکل فیشن کندھوں پر ڈالتے ہیں ۔ شالباب
(مذکر) شال کا کپڑا ۔ شالباف (مذکر) ۱ شال
بننے والا جلاہا ۲ (مونث) ایک طرح کا سرخ ریشمی
کپڑا ۳ قند (لکھنؤ) شالبافی (مونث) شال کو
بننا ۔ شال بننے کا کام یا پیشہ شالدوز (مذکر) وہ
جو شال پر کارچوبی کام کرے ۔ شالی (مونث) شال
سے منسوب

شال (س ۔ مذکر) ۱ سال کا
درخت ۔ کوئی درخت ۲ ایک قسم کی مچھلی ۳ احاطہ
باڑ ۔ دیوار ۴ ۔ شالا (مونث) ۱ مکان ۔ گھر ۔
محل ۲ کمرہ ۔ کوٹھڑی ۳ کام کرنے کی جگہ ۴ اصطبل ۵
بڑا ٹھنا ۶ ایک وزن یا بحر ۷ مدرسہ ۔ سکول ۔

شالی (س ۔ مذکر) ۱ چاول
دھان ۲ مشک بلاؤ ۳ سفید چاول ۴ سرخ چاول
شالی ہوتر (مذکر) ۔ گھوڑا ۔ شالی ہوتری
(مذکر) گھوڑا ۔

شالی (ف ۔ مونث) دھان
شالی آبی (مونث) ایک قسم کا جنگلی چاول ۔
شالی پایہ (مذکر) دھان کا کھیت شالی زار
(مذکر) ۱ دھان کا کھیت ۲ وہ زمین جو دھان
بونے کے قابل ہو ۔

شام (ف ۔ مونث) ۱ وہ
وقت جب سورج چھپ چکا ہو اور ابھی اندھیرا
نہ ہوا ہو ۔ سانجھ ۔ وقت مغرب ۔ سندھیا ۲
رات کا کھانا (س ۔ شیاما) شام آنا (لازم)
شام ہونا ۔ شام ابد (مونث) وہ شام جو ہمیشہ
رہے ۔ شام اودھ (مونث) اودھ میں شام
کو بہت چہل پہل ہوتی ہے ۔ شوقین آدمی اچھے
کپڑے پہن کر سیر کو نکلتے ہیں شام پھولنا (لازم)
شفق پھولنا ۔ شام کو سرخی کا نمودار ہونا (مت)
شام جوانی (مونث) جوانی کا آخر شام دیکھنا
نہ دوپہر دیکھنا (متعدی) وقت بے وقت
کوئی کام کرنا ۔ شام سے تا سحر (ف) شام
سے لے تا سحر (مت) ساری رات ۔ شام
صبح لگانا (متعدی) لگنا (لازم) حیلے حوالے
ہونا شام غربت (مونث) ۱ غریب مفلس مسافر
کا کھانا ۲ مسافر کی شام جو مفلسی میں بہت تکلیف دہ
ہوتی ہے ۔ شام غریباں یا غریبی
(مونث) دیکھو آخری ۲ شام کا صبح کرنا ۔
(متعدی) ۱ ساری رات جاگتے رہنا ۲ رات کاٹنا
۳ اتنی دیر کرنا کہ صبح ہو جائے ۔ شام کی
پوچھنا سحر کی کہنا (متعدی) بے تکا جواب
دینا ۔ شام کو شام اور سحر کو سحر نہ گننا (لازم)
بہت مصروف ہونا ۔ شام گاہ (مونث) شام
کا وقت شام گھاٹ (مونث) حریف کے

شانے بلے پر اسی طرح کا وار کرنا جیسا وہ کرے۔ (پٹے بازوں کی اصطلاح)۔ **شام مصیبت** (مونث) مصیبت میں شام کا وقت بہت برا سمجھا جاتا ہے۔ **شام نہ دیکھنا** (متعدی) شام تک زندہ نہ رہنا۔ **شام و پگاہ یا صبح** (نف) ہر وقت۔ رات دن۔ دونوں وقت **شام و سحر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) حیلے حوالے ہونا۔ **شام ہونا** (لازم) سورج چھپنا غروب کا وقت ہونا۔ **شام ہونے آئی۔** شام کا وقت قریب آیا۔

امثال و اقوال شام بھی

دن ڈھل گیا چکوی دینی روئے۔ چل چکوے وا دیس میں جا شام کدھی نہ ہوئے۔ عوام کا خیال ہے کہ چکوا اور چکوی شام کے بعد اکٹھا نہیں رہتے۔ مگر رات بھر ایک دوسرے کو آوازیں دیتے رہتے ہیں اس لئے چکوی یہ خواہش کرتی ہے کہ ایسے ملک میں چلیں جہاں شام ہی کبھی نہ ہو۔ **شام کا بھولا صبح کو آئے تو اسے بھولا نہیں کہتے۔** جو آدمی تھوڑی سی ٹھوکر کھا کر سنبھل جائے تو اسے گمراہ نہیں سمجھنا چاہیئے۔ **شام کے مردے کو کب تک روئیے۔** جو شخص شام کو مرے اسے دوسرے روز جلاتے ہیں۔ سو وارثوں کو رات بھر رونا پڑتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ عمر بھر کے جھگڑوں کی کب تک شکایت کروگے۔

شام (ہ۔ مونث) ۱ ہاتھی دانت یا کسی دھات کا چھلا جو چھڑیوں وغیرہ کے سرے پر یا پیچ میں لگاتے ہیں (جڑنا لگانا کے ساتھ) ۲ کرشن جی کا لقب ۳ پیارا۔ معشوق۔ محبوب ۴ ایک انجیر کا درخت الہ آباد میں مقدس سمجھا جاتا ہے۔ گلنا رس۔ نیلم۔ کالا۔ سیاہ۔ **شاما** (ہ) ۱ سیاہی۔ تاریکی ۲ ملاوٹ۔ گندگی ۳ ایک املج **شام سندر** (مذکر) کرشن جی کا لقب۔ **شام کرن** (مذکر) وہ گھوڑا جس کے کان سیاہ ہوں۔ **شام کلیان** (مذکر) ایک راگ جو شام کو گایا جاتا ہے **شامی** (ہ) شامل

شاما (ہ۔ مونث) ایک خوش آواز [illegible] سیاہ

مثل۔ **شاما بولی (بن کھنکھنایا) میں سنسنا یا خالہ جان کا لہنا آگے آیا۔** برے وقت کے آثار پہلے ہی سے معلوم ہوتے ہیں۔

شامخ (ف۔ مذکر) ایک قسم کی جوار۔

شاماک (ف۔ مونث) عورتوں کا سینہ بند۔

شامبری (س۔ مونث) جادوگری۔ ساحری۔

شامبک۔ شامبوک (س۔ مذکر) ایک قسم کا گھونگا جس کو جلا کر چونا بناتے ہیں۔

شامپرتی (انگ۔ مونث) جیمبرٹی کا مخرب۔ اس شرط پر مقدمہ لینا کہ جیت میں ڈگری کا کچھ حصہ وکیل لے۔

شامپین (انگ۔ مونث) انگریزی شراب جو فرانس میں بنتی ہے۔ اس کا نام ایک علاقے سے لیا گیا ہے۔ جہاں انگور بہت ہوتا۔

شامت (ع۔ مونث) ۱ آفت۔ مصیبت ۲ کمبختی۔ بدنصیبی۔ بدقسمتی ۳ بے عزتی۔ بدنامی ۴ سیاہ دھبہ ۵ فال **شامت آنا** (لازم) ۱ برے دن آنا ۲ کمبختی آنا **شامت اعمال** (مونث) کئے کی یا گناہوں کی سزا۔ **شامت بھگتنا** (لازم) کئے کی سزا پانا۔ **شامت زدہ** (صفت) مصیبت زدہ خانہ خراب حال۔ بدنصیب۔ خستہ حال۔ کمبخت۔ **شامت سر پر کھیلنا۔ شامت سوار ہونا۔ کا گھیرنا** (لازم) دیکھو شامت آنا۔ **شامت کا گھیرا** (صفت) شامت زدہ۔ **شامت کا مارا** (صفت) دیکھو شامت زدہ **شامت کی مار** (مونث) بدنصیبی۔ کمبختی۔ بدبختی **شامت کے دن** (مذکر) مصیبت اور تکلیف کا زمانہ **شامت گھیرا** (صفت) شامت زدہ **شامت میں پھنسنا** (لازم) مصیبت میں گرفتار ہونا۔ **شامت ہونا** (لازم) نصیبوں کی برائی ہونا۔ کمبختی ہونا **شامتی** (صفت) کمبخت۔ بدنصیب۔ **شامتیں آنا۔** (لازم) کمبختی ہونا۔ برے دن آنا **شامتیں کہہ کے تھوڑے سے آتی ہیں۔** مصیبتیں بتا کے آتی ہیں۔ مصیبتیں اطلاع دیکر نہیں آتیں۔

مقولہ۔ **شامت اعمال ماصورت نادر گرفت۔** ہمارے گناہوں کی سزا نے نادر کی صورت اختیار کی۔ جب کسی قوم کے اعمال خراب ہو جاتے ہیں۔ تو خدا کسی ظالم کو اس پر تسلط دیتا ہے۔ جو ان پر بہت سختی کرتا ہے۔ یہ حال نادر نے دلی والوں کا کیا تھا۔ جس پر یہ فقرہ نظام الملک نے کہا تھا۔

شامخ (ع۔ صفت) ۱ اونچا بلند ۲ مغرور۔ متکبر۔

شامس۔ شامش۔ شائش (یونان) ۱ ایک جزیرہ جسے سموس بھی کہتے ہیں ۲ یہاں کی مٹی جو ابرق سے ملتی ہے۔ اگر اسے زبان لگائی جائے تو یہ زبان سے چپک جاتی ہے ۳ ایک قسم کی سفید یا سیاہ چکنی مٹی جو پانی میں گھل جاتی ہے۔

شامل (ع۔ صفت) ۱ ملا ہوا پھیلا ہوا۔ گھرا ہوا ہر طرف سے ۲ مشتمل ۳ (نف) اکٹھا۔ ساتھ۔ شریک۔ (شمل۔ ملنا) **شاملات** (مذکر) ۱ وہ ملکیت یا جائداد جو بہت سے آدمیوں میں مشترک ہو ۲ حصہ داری۔ ساجھا ۳ وہ زمین جو مالکان دیہہ کی مشترکہ ملکیت ہو۔ **شاملات دہ** (مذکر) دیکھو آخری معنی۔ **شاملات میں** (نف) شراکت میں۔ **شاملاتی۔** (صفت) مشترکہ۔ **شامل حال** (نف) ۱ باہم۔ مل کر۔ ساجھے میں ۲ مددگار۔ شریک حال۔ **شامل کرنا** (متعدی) ۱ ملانا۔ شریک کرنا ۲ داخل کرنا ۳ ملحق کرنا ۴ پیوند کرنا ۵ مسل میں لگانا۔ **شامل مسل** (صفت) مقدمے کے کاغذات کے ساتھ نتھی کیا ہوا۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **شامل ہونا** (لازم) شامل کرنا کا

شامّہ (ع۔ مذکر) ۱ سونگھنے کی قوت ۲ بو۔ خوشبو (شمّ۔ سونگھنا)

شامیانہ (ف۔ مذکر) ۱ سائبان نگیرہ ۲ چھتری (کھنچا ہونا۔ کھینچا جانا۔ کھینچنا۔ لگنا۔ لگانا وغیرہ کے ساتھ)

شامی کباب (مذکر) وہ کباب جو گوشت کو پیس کر اور انڈے ملا کر مسالا بھر کر گھی میں تلے جاتے ہیں۔ یہ شام کے ملک کی ایجاد ہیں۔

شان (ع۔ مونث) ۱ عظمت شوکت ۲ دبدبہ ۳ شرف۔ توقیر۔ عزت ۳ طاقت

قدرت ۲ صورت ـ شکل ۵ طرز، انداز ـ وضع ۷ موقع ۸ نسبت ـ حق ۶ درجہ ـ مرتبہ ۹ حال ۱۰ کام ۱۱ چمک دمک ۱۲ خاصیت ـ خوبی (شان ـ کوئی کام اچھی طرح کرنا) **شانِ الٰہی** (مونث) خدا کی قدرت یا طاقت ـ **شان برسنا** (لازم) رعب و دبدبہ نمایاں ہونا ـ عظمت و شوکت ظاہر ہونا ـ **شان بڑھانا** (متعدی) بڑھنا (لازم) عزت بڑھنا فوقیت، بڑھنا ـ **شان پانا** (لازم) انداز پانا ـ **شان جانا** (لازم) عزت گھٹنا رعب میں فرق آنا ـ **شان چوٹٹا** (صفت) دوسروں کی طرز یا وضع اختیار کرنے والا ـ **شانِ خدا** (مونث) خدا کی قدرت ـ **شانِ خط** (مونث) لکھنے کا طریقہ ـ طرزِ تحریر ـ **شاندار** (صفت) ۱ خوشنما ۲ بلند ـ عالیشان ۳ ذی رتبہ باعظمت ۴ دھوم دھام کا ـ **شان دکھانا یا دکھلانا** (متعدی) ۱ رعب ظاہر کرنا ـ دبدبہ دکھانا ۲ عظمت دکھانا ۳ قدرت ظاہر کرنا ۴ انداز دکھانا ـ **شان رہنا** (لازم) ۱ وضع یا طرز میں فرق نہ آنا ۲ بات رہنا ـ شان (و) شوکت (مونث) ۱ ٹھاٹھ کر و فر ۲ تزک و احتشام ۳ رعب ـ داب ـ دبدبہ عظمت ـ **شان شوکت سے رہنا** ـ (مونث) ٹھاٹھ سے زندگی بسر کرنا ـ **شان عالی ہونا** (لازم) بڑا مرتبہ ہونا ـ **شانِ عبودیت** (مونث) بندہ ہونے کی خوبی ـ مالک کی مرضی پر رضامندی جو چاہے سو کرے ـ نا رضامندی نہ ظاہر کرنا ـ **شان کا مارا جانا** (لازم) عزت یا عظمت میں فرق آنا ـ **شان گمان** (مذکر) سان گمان کا مخرب ـ **شان گھٹنا** (لازم) عزت میں فرق آنا ـ **شان لگنا** (لازم) ۱ غرور پیدا ہونا ۲ (زمانے کے سبب ہونا (مست) **شان ماری جانا** (لازم) ۱ عزت میں فرق آنا ۲ رعب دبدبہ جاتا رہنا ـ **شان میں کونسا بٹا لگ جاتا** ـ کیا بے عزتی یا ہتک ہوئی ـ **شان میں کیا جھفنے پڑ جائنگے** ـ کیا شیخی یا عزت بگڑ جائیگی ـ **شان میں بٹا لگنا** ـ (لازم) عزت میں فرق آنا ـ **شان میں جھفنے آنا یا پڑنا** (لازم) کسی کو کسی چیز سے ننگ و عار آنا ـ **شان نکلنا** (لازم) انداز یا آن بان ظاہر ہونا ـ **شانِ نزول** (مونث) کسی آیت قرآنی کے اترنے کا موقع ـ **شان و شوکت سے رہنا** (لازم) ٹھاٹھ سے بسر کرنا ـ کر و فر سے رہنا ـ

امثال ـ **شان ٹڑی جھونکے نا ہیں** (عف) بدسلیقگی میں شان دکھانا (عف) **شان کے مارے کی دوا دارو** ـ ہر شخص سے اس کی عزت کے موافق برتاؤ کرنا چاہئے

شان (ف ـ مذکر) شہد کی مکھیوں کا چھتا ـ

شان (س ـ مذکر) ۱ سان پتھر جس پر چاقو وغیرہ تیز کرتے ہیں ۲ کسوٹی ۳ سن کا کپڑا ـ ٹاٹ

شانت (س ـ صفت) ۱ مطمئن دل جمع ۲ خواہشات سے ۳ صابر ـ قانع ۴ جس پر کسی تکلیف کا اثر نہ ہو ۵ حلیم ـ متحمل ۶ عاجز بیچارہ ۷ قتل کیا ہوا ـ مارا ہوا ۸ متوفی ـ آنجہانی ۹ (مذکر) وہ شخص جس نے اپنی خواہشات کو قابو میں رکھا ہو ـ سادھو ـ سنت ـ درشی ـ **شانت کرنا** (متعدی) ٹھنڈا کرنا ـ اطمینان دلانا ـ **شانتی** (مونث) ۱ آرام ـ امن ـ سکھ ۲ خواہشات نفسانی کا نہ ہونا ـ خوشی یا تکلیف کی پروا نہ کرنا ۳ تسلی ـ اطمینان ـ دل جمعی ۴ بندش ـ روک ۵ بچاؤ ـ حفاظت ۶ معافی ۷ خوشی ـ فرحت ـ آنند ۸ خوش نصیبی ـ نیک بختی ۹ اختتام ـ موت ۱۰ تکلیف کا دور ہونا ۱۱ درد یا مصیبت کا رکنا ۱۲ آگ کا بجھنا ۱۳ سکھ یا چین ـ شانتی دا، دانا دائی یا دائک (صفت) آرام، امن یا سکون دینے والا شانتی شانتی شانتی (دعا) تین قسم کی تکلیفیں دور ہیں ـ شانتی کرن (مذکر) مصیبت کو دور کرنا ـ شانتی کنٹھ (مذکر) آرام، امن، چین، سکھ راحت ـ

شانزدہ (ف ـ عدد) سولہ

شانزدہم (صفت) سولھواں ـ

شانکڑی (ہ ـ مونث) (دیکھو سنکڑی یا دیکھو سانکڑی

شانوں (ف ـ مذکر) شانہ کی جمع ـ شانوں پر ایک دوسرے کے مٹی لگانا (متعدی) پہلوان کشتی کے وقت لیا کرتے ہیں ـ

شانہ (ف ـ مذکر) ۱ مونڈھا ـ کندھا ـ مونڈھے کی ہڈی ۲ کنگھی ـ جولاہے کا کنگھا ۳ شہد کی مکھیوں کا چھتہ ـ **شانہ آویز** (مذکر) ایک آلہ سزا جس میں انسان کے ہاتھ دیکر لٹکا دیتے تھے ـ **شانہ اتر جانا یا اترنا** (متعدی) شانے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا ـ **شانہ اکھاڑ دینا** ـ اکھاڑنا (متعدی) اکھڑ جانا، اکھڑنا (لازم) شانے کی ہڈی کا جوڑ سے الگ ہونا ـ **شانہ بیں** (صفت) فال نکالنے والا ـ بکری کے شانوں سے فال نکالتے ہیں ـ **شانہ بینی** (مونث) فال نکالنا ـ **شانہ پھڑکنا** (لازم) کسی عزیز کی ملاقات کا شگون سمجھا جاتا ہے ـ **شانہ رہ جانا** (لازم) ہاتھوں سے کام کرتے ہوئے سخت تھک جانا ـ **شانہ زن** (مذکر) کنگھی کرنے والا ـ مشاطہ ـ **شانہ ساز** (مذکر) کنگھیاں بنانے والا ـ **شانہ کرنا** (متعدی) کنگھی کرنا ـ **شانہ لگانا** (متعدی) مونڈھا مارنا ـ **شانہ مارنا** (متعدی) مونڈھا مارنا (مست) ـ **شانہ ہلانا** (متعدی) کاندھا ہلا کر جگانا ـ شیعہ گور میں مردہ رکھنے کے بعد اس کا شانہ ہلا کر تلقین پڑھتے ہیں ـ **شانے** (مذکر) شانہ کی جمع ـ **شانے سے شانہ چھلنا** (لازم) سخت ہجوم ہونا ـ بڑی ریل پیل ہونا ـ

شانی (س ـ مونث) ۱ سن کا کپڑا ۲ نیا بغیر سلائی کے اکہرے عرض کا کپڑا جسے ہندو طالب علم کو پہننے کے لئے دیتے ہیں ۳ چھپا ہوا کپڑا ۴ سان ـ

شاوک (س ـ مذکر) ۱ جانور کا بچہ ۲ انسان کا بچہ ـ

شاویہ (ع ـ مذکر) شمالی افریقہ کے چند قبیلے جو بربر اور عرب نسل سے ہیں ـ

شاہ (ف ـ مذکر) ۱ بادشاہ ـ ۲ صاحب ۳ آقا ـ مالک ۴ فقیروں کا لقب ۵ دولہا ۶ شاہ شطرنج کا ایک مہرہ جو ایک خانہ کسی طرف چلتا ہے ـ شکست کھانے سے پہلے ڈھائی گھر چل سکتا ہے انگریزی طریقہ پر اگر بیچ میں کوئی مہرہ نہ ہو تو رخ سے بدل جاتا ہے اگر اسے ایسی شکست پڑے کہ کہیں نہ جا سکے تو بازی مات ہو جاتی ہے اگر مخالف مہرے ایسی جگہ آ جائیں کہ اسے چلنے کی جگہ نہ رہے اور کوئی دیگر مہرہ بھی نہ چل سکے تو بازی زچ ہو جاتی ہے اور بازی اٹھتی ہے ۷ تاش اور گنجفے کا میر ۸ (صفت) بڑا ـ عظیم ۹ وہ جو کسی بات میں دوسروں پر ممتاز ہو ۱۰ بہترین ۱۱ مسلمانوں کے ناموں کے شروع میں آتا

ہے. جیسے شاہ محمد، شاہ دین۔ ۳ مسلمانوں اور ہندؤں کے
ناموں کے آخیر میں آتا ہے۔ جیسے محمد شاہ، نانک شاہ
شاہا (ندا) اے بادشاہ۔ شاہِ آفاق گرد (مذکر) سکندر
ذوالقرنین۔ شاہ آلو (مذکر) ایک قسم کا بڑا آلوچہ
شاہاں (مذکر) شاہ کی جمع۔ شاہِ انجم (مذکر) سورج
آفتاب۔ شاہان روزگار (مذکر) بادشاہ وقت
شاہانِ روئے زمین (مذکر) دنیا کے ملکوں کے
بادشاہ۔ شاہانہ (صفت) ۱۔ بادشاہی۔ سلطانی۔ بادشاہوں
کے مانند یا موافق یا لائق ۲۔ نفیس ۳۔ (مذکر) جوڑیوں کا
جوڑا۔ شاہانہ جوڑا (مذکر) دولہا کا سرخ جوڑا۔ سرخ پوشاک۔
شاہانہ مزاج (صفت) نازک مزاج وہ شخص جو نفیس چیزوں کو پسند
کرے۔ شاہانہ وقت (مذکر) شام کا وقت۔ شاہباز (مذکر)
۱۔ بڑا باز جس سے بادشاہ شکار کرتے تھے ۲۔
(صفت) شاہانہ۔ شاہی ۳۔ شریف۔ عالی خاندان نجیب
شاہبازِ اجل (مذکر) موت کو شاہباز سے استعارہ
کرتے ہیں۔ شاہ بازِ حسن (مذکر) بے حد خوبصورتی۔ شاہ بالا
(مذکر) وہ لڑکا جس کو اچھے کپڑے پہنا کر دولھا کے
پیچھے بٹھاتے ہیں۔ شاہ برج (مذکر) اکبرآباد کے
ایک برج کا نام۔ شاہ برہنہ (مذکر) عورتوں کا ایک
فرضی جن۔ شاہ بلوط (مذکر) ایک پہاڑی درخت۔
شاہ بندر (مذکر) ۱۔ بڑا بندرگاہ کسی ملک کا ۲۔ محصول
جمع کرنے والوں کا بڑا افسر۔ خراج وصول کرنے والا
افسرِ اعلیٰ۔ ۳۔ جنگی خانہ خصوصاً ڈاک کا۔ شاہ بیت
(مذکر) غزل کا بہترین شعر۔ شاہ پر (مذکر) پرند کا سب
سے بڑا پر۔ شاہ پسند (مذکر) ایک قسم کی دال۔ ۲۔
ایک بڑا پرند جس کا گوشت لذیذ ہوتا ہے۔ تلورشکر
۳۔ ایک پودہ۔ شاہ بترہ (مذکر) ایک قسم کا ساگ۔
شاہ توت (مذکر) ایک قسم کا بڑا توت۔ شاہ تیر
(مذکر) بڑی کڑی جس پر چھوٹی کڑیاں دھرتے
ہیں۔ شاہ جان (مذکر) مرد۔ شاہِ جہاں (مذکر)
دنیا کے بادشاہ۔ شاہ جی (مذکر) ۱۔ فقیروں کا لقب ۲۔
سیدوں کو بھی کہتے ہیں ۳۔ ساہوکاروں کو بھی کہتے ہیں
یہ اصل میں ساہ جی ہے۔ شاہ چینی (مذکر) چین کے
ایک پودے کا بیج۔ شاہ حجازی (مذکر) پیغمبر صلعم
شاہِ حسیناں (مذکر) معشوق۔ شاہ خانم (مونث)
۱۔ بڑے گھر کی عورت ۲۔ متکبر یا نازک مزاج عورت
شاہ خاور (مذکر) آفتاب۔ شاہ خوردی (مونث)
مٹھائی جو بڑے بڑے موقعوں پر استعمال ہوتی ہے۔
شاہ دارو (مذکر) جمشید نے شراب کا نام رکھا تھا۔

شاہ داماد (مذکر) بادشاہ کا داماد۔ شاہ دانہ (مذکر) ۱۔
بھنگ کا بیج ۲۔ بڑا موتی ۳۔ تسبیح کا بڑا دانہ۔ شاہ
دیبا (مذکر) عورتوں کے سات فرضی جنوں میں سے ایک
جو ساتوں پریوں کا لاڈلا بھائی اور سکندر شاہ سے چھوٹا
مانا گیا ہے۔ شاہ دوجہاں (مذکر) پیغمبر صلعم۔ شاہِ دین
(مذکر) ۱۔ پیغمبر صلعم ۲۔ حضرت علیؑ۔ شاہراہ (مذکر)
شارع ۱۔ بڑا راستہ۔ شاہرخ (مذکر) ۱۔ گینڈے
کا سینگ ۲۔ شطرنج کا رخ ۳۔ ایک خطاب جو امیرزادوں
کے بیٹوں کو دیا جاتا ہے۔ شاہ رگ (مونث)
بڑی رگ جو گردن میں سے گزرتی ہے۔ شاہ رود
(مذکر) ۱۔ بڑا دریا ۲۔ ایک ساز۔ شاہزادگی (مونث)
۱۔ شہزادے کی خوردسالی کا زمانہ ۲۔ نوجوانی کی بیہودگیاں
۳۔ بیہودہ غرور۔ شاہزادہ (مذکر) ۱۔ بادشاہ کا لڑکا۔
شاہی خاندان کا ایک فرد ۲۔ پیارا بیٹا۔ شاہزادی
(مونث) ۱۔ بادشاہ کی لڑکی۔ شاہی خاندان کی عورت
۲۔ کنول کے پھول کا زرد زیرہ۔ شاہ زماں (مذکر)
اپنے زمانے کا بادشاہ۔ شاہ سوار (مذکر) گھوڑے
کی سواری کا ماہر۔ شاہ صاحب دیکھو شاہ جی۔ شاہ کار
کسی شخص کا بہترین کام۔ شاہِ کوہِ خاور (مذکر) سورج
شاہ گام (مذکر) ایک قسم کی گھوڑے کی اچھی چال
شاہِ گردوں (مذکر) سورج۔ شاہ گوہراں (مذکر)
ایک بیش قیمت جواہر جو خسرو پرویز کے پاس تھا
اس کو اگر سمندر میں ڈالتے تو یہ دیگر جواہرات کو کشش
کرتا اور وہ اس سے آچپکتے۔ شاہ لافتے (مذکر)
حضرت علیؑ۔ شاہ لولاک (مذکر) پیغمبر صلعم۔ شاہِ
مات (مذکر) شطرنج میں بادشاہ کو ایسی شہ کہ مات
ہو جائے۔ شاہِ مرداں (مذکر) حضرت علیؑ کا لقب
شاہِ مرداں کی لالڑیاں (مونث) گاجریں (دہلی)
شاہِ مشرق (مذکر) آفتاب۔ شاہِ مغرب (مذکر)
ہلال شب اول۔ شاہ مہرہ (مذکر) سانپ کا من
شاہنامہ (مذکر) ۱۔ ایک رزمیہ نظم مصنفہ فردوسی
جس میں قدیم شاہانِ ایران کے حالات ہیں ۲۔
وہ تاریخ جس میں بادشاہوں کا حال لکھا جائے
تاریخ سلاطین۔ شاہنائے (مونث) بڑی ترئی
یا نفیری جو فوج میں بجاتے ہیں۔ شاہنشاہ۔
شاہنشہ (مذکر) بادشاہوں کا بادشاہ۔ وہ بادشاہ
جس کے ماتحت بہت سے بادشاہ ہوں۔ راجہ
ادھیراج۔ شاہنشاہ دوجہاں (مذکر) خدائے تعالیٰ
شاہنشاہی۔ شاہنشہی (مونث) بادشاہی۔ سلطنت

حکومت۔ امپائر۔ شاہ نشین (مذکر) ۱۔ بادشاہ کے
بیٹھنے کی جگہ ۲۔ مکان کی کسی کھڑکی کے آگے بڑھا کر
بنائی ہوئی جگہ جہاں بیٹھ کر بادشاہ دیدار دیا کرتے تھے
جھروکہ ۳۔ ایک اونچے کمرے کے گرد کے کمروں کے
اوپر بنے ہوئے چھوٹے کمرے جن میں بیٹھ کر بیچ کے
کمرے پر اوپر سے نظر پڑتی ہے ۴۔ دالان کے اندر کا
اونچا دالان جس کے چھوٹے چھوٹے در ہوتے ہیں
۵۔ قیمتی قالین و صدر کے بیٹھنے کی جگہ ۶۔ لباسِ گرانمایہ
شاہِ نیمروز (مذکر) ۱۔ گورنر سیستان کا لقب ۲۔ سورج
شاہوار (صفت) ۱۔ بیش قیمت قیمتی ۲۔ بادشاہوں کے
لائق۔ شاہانہ ۳۔ (مذکر) بیش قیمت شاہی موتی۔ شاہ ہرود
(مذکر) ۱۔ چاند کا ہالہ ۲۔ خسرو کا ساتواں خزانہ ۳۔ ایک شعر
شاہوش (صفت) ۱۔ شاہانہ ۲۔ (مونث) دوشیزہ۔
کنواری لڑکی۔ شاہ و گدا (مذکر) بادشاہ اور فقیر۔ امیر و
غریب۔ شاہیہ (مذکر) ۱۔ چوبارہ یا بارہ دری جو چھت پر
ہواخوری کے لئے بنائی جائے ۲۔ ایک شہر ماژندران
میں جہاں سودا پیدا ہوئی تھی۔ شاہی (صفت)
۱۔ بادشاہی۔ شاہانہ ۲۔ (مونث) بادشاہت۔ حکومت
۳۔ شاہی رعب و دبدبہ ۴۔ حضرت علی کے پیرو۔ شیعہ
۵۔ ایک سکہ ۶۔ ایک قسم کی مٹھائی۔ شاہی زمانہ (مذکر)
دہلی میں مسلمانوں کی سلطنت کا زمانہ خصوصیت سے
مغلوں کا۔ شاہی نہر (مونث) دیکھو ہنسلی

امثال اقوال

شاہا دو رخ بدہ و دلارام را مدہ پیل و پیادہ پیش کن
واسپ کشت مات۔ کہتے ہیں ایک دفعہ اکبر بادشاہ
وزیر سے شطرنج کھیل رہے تھے۔ بیویاں بازی
میں بدی ہوئی تھیں بادشاہ کی بازی مات ہو رہی تھی
تو دلارام نے یہ کہکر بازی جتوادی۔ اس کا حل فسانہ
آزاد میں دیا ہوا ہے۔ شاہاں بشاہاں بدہند۔
بادشاہ بادشاہوں سے معاملات کرتے ہیں۔ کند
ہمجنس با ہم جنس پرواز۔ شاہاں چہ عجب گر بنوازند
گدا را۔ بادشاہ اگر فقیر پر مہربانی کریں تو کیا تعجب کسی
ذی رتبہ آدمی کے سامنے کوئی درخواست پیش کرتے
ہوئے کہتے ہیں۔ شاہاں کم التفات بہ حال گدا کنند
بادشاہ غریبوں کے حال پر کم التفات کرتے ہیں۔
شاہجہاں بوڑھے بغل میں چھڑی۔ کھاتے
پیتے بپت پڑی۔ کسی امیر آدمی پر مصیبت آپڑے
تو کہتے ہیں شاہ جی کی عملداری ہے۔ سوا لیہ نقو
کیا سکھا شاہی ہے۔ شاہ جی سیہ جی کا باپ تھا اور مسلمانو

پر بہت سختیاں کرتا تھا۔ اس پر یہ مثل ہوئی اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی کسی پر زیادتی کرے۔ **شاہ خانم کی آنکھیں دُکھتی ہیں شہر کے چراغ گل کردو** (دیئے)۔ ایسی نازک مزاج اور متکبر ہیں کہ اپنی تکلیف کے ساتھ اوروں کو بھی تکلیف دینے سے پرہیز نہیں کرتیں۔ **شاہ عباس کا علم ٹوٹے** (بددعا) حضرت عباس حضرت علی کے ایک بیٹے کا نام ہے۔ حضرت امام حسین کے ہمراہ معرکۂ کربلا میں شہید ہوئے مطلب یہ ہے کہ حضرت عباس کے علم کی مار پڑے۔ تباہ ہو برباد ہو۔

شاہ (ہ۔ مذکر) دیکھو ساہ۔ ساہوکار

امثال واقوال۔ شاہ کے

دو دُونے۔ ساہوکار قرضہ دے کر قصور سے بوجھ میں اپنے روپے کو دُگنا کر لیتا ہے۔ **شاہ کا مال بچھو نہیں پڑے دونا**۔ زراعت سے بادشاہ کی آمدنی زیادہ ہوتی ہے

شاہ (ع۔ مذکر) مسلمانوں کے ناموں کے شروع میں آتا ہے۔

شاہد (ع۔ مذکر) ۱ گواہ۔ ۲ شہادت دینے والا ۳ دیکھنے والا ۴ مشاہدہ کرنے والا۔ تماشبین ۵ (ف) حسین شخص، معشوق، محبوب۔ **شاہدِ اجل کے گلے میں ہاتھ ڈالنا** (متعدی) مرجانا۔ **شاہدانِ پرفن** (مذکر) چالاک معشوق۔ **شاہدانِ روزگار** (مذکر) دنیا کے معشوق۔ کل معشوق۔ **شاہدانہ** (صفت) معشوقانہ۔ **شاہد باز** (صفت) نوجوان لڑکوں اور حسین عورتوں سے زیادہ محبت رکھنے والا۔ **شاہد بازاری** (مذکر) طوائف۔ رنڈی۔ فاحشہ عورت۔ **شاہد بازی** (مونث) عیاشی، رنڈی بازی۔ لونڈے بازی۔ **شاہد بہار** (مذکر) بہار کا استعارہ شاہد سے کرتے ہیں۔ **شاہد بہار پر جوبن ہونا** (لازم) موسم بہار زوروں پر ہونا۔ **شاہد پرست** (صفت) عشق باز۔ **شاہد تیغ** (مذکر) تیغ کو معشوق کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں کیونکہ قتل کرتی ہے۔ **شاہد جان** (مذکر) معشوق محبوب۔ **شاہد حال** (مذکر) واقع کا چشم دید گواہ۔ **شاہد دہر۔ رخ زندہ۔ روز۔ روزگار یا زعفرانی** (مذکر) سورج۔ **شاہد سنگل یا سنگول** (مذکر) خوبصورت معشوق۔ **شاہد شیریں مقال** (مذکر) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا معشوق۔ **شاہد عادل** (مذکر) سچا گواہ۔ **شاہد غیب یا لم یزل** (مذکر) خدائے تعالیٰ۔ **شاہد گل** (مذکر) پھول کا معشوق کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں۔ کیونکہ شعرا اسے بلبل کا معشوق تصور کرتے ہیں۔ **شاہد مردم** (مذکر) کنایتاً آنکھیں۔ **شاہد مقصود** (مذکر) مقصود کا شاہد سے استعارہ کرتے ہیں۔ **شاہد نکہت** (مذکر) نکہت کا شاہد سے استعارہ ہے۔ خوشبو۔ **شاہدی** (مونث) شہادت۔ گواہی۔ گواہی کے ساتھ بطور تابع استعمال ہوتا ہے

امثال واقوال۔ شاہد سے

درمیانِ کورانست مصحف درمیانِ زندیقاں۔ اندھوں کے درمیان معشوق کا نزول زندیق میں قرآن کی طرح ہے۔ **شاہد وار مقدمے والے** پار پار گواہ۔ کچھ کہتے ہیں۔ مدعی کچھ کہتے ہیں۔

شاہول (ف۔ مذکر) دیکھو شاقول۔

شاہین (ف۔ مذکر) ۱ ترازو کی لکڑی جس میں دونوں پلڑے لٹکتے ہیں ۲ ایک سفید رنگ شکاری پرندہ

شائبہ (ع۔ مذکر) ۱ آمیزش، کھوٹ، آلودگی ۲ دھبہ۔ گندگی۔ میل ۳ شبہ۔ شک (شوب۔ ملانا)

شائر۔ شایر۔ دانگ۔ مذکر ملک کا ایک حصہ۔ عموماً کونٹی کو کہتے ہیں۔

شائع (ع۔ صفت) ۱ پھیلا ہوا۔ مشہور کیا ہوا ۲ آشکارا۔ فاش (کرنا ہونا کے ساتھ) (شیوع۔ مشہور ہونا)

شائق (ع۔ صفت) ۱ مشتاق۔ آرزومند ۲ چاہنے والا۔ عاشق۔ **شائقین** (مذکر) شائق کی جمع۔

شایاں (ف۔ صفت) ۱ لائق۔ قابل ۲ موزوں۔ مناسب۔ سزاوار۔ **شایانِ تعزیر** (صفت) سزا کے قابل

شاید (ف۔ تف) ممکن ہے۔ غالبا (شایستن۔ ہونا) **شاید تمہاری بختاوری (کمبختی) آئی ہے**۔ تمہاری شامت ہے۔ **شاید موت سر پر سوار ہے**۔ موت آئی ہے۔ **شاید و باید** دیکھو باید و شاید

مثل۔ شاید کہ ہمیں بیضہ برآید پر و بال۔ ممکن ہے کہ یہی تدبیر کارگر ہو جائے۔

شائستگی (ف۔ مونث) ۱ لیاقت۔ قابلیت ۲ موزونیت۔ مناسبت ۳ تہذیب۔ متانت ۴ آدمیت۔ بھلمنساہٹ۔ **شائستگی سے** (تف) تہذیب وغیرہ سے۔

شائستہ (ف۔ صفت) ۱ لائق سزاوار ۲ موزوں مناسب ۳ مہذب۔ متین۔ معقول ۴ تعلیم یافتہ۔ تربیت یافتہ ۵ خوش خلق۔ شریف۔ جو شرارت نہ کرے۔

شائک (س۔ مذکر) تیر۔ تلوار۔

شائگاں (ف۔ صفت، شاہگاں) مخرب ہے ۱ بادشاہ کے لائق ۲ شہا۔ عظیم الشان ۳ خسرو کے ساتویں خزانہ کا نام ۴ کھلا۔ ظاہر عیاں ۵ چوڑا۔ پھیلا ہوا ۶ دہرایا ہوا ۷ لائق۔ قابل۔ موزوں ۸ (مذکر) وہ کلام جو بادشاہ کے حکم سے بغیر اجرت کیا جائے۔ بیگار ۹ قافیہ جو آں پر ختم ہو

شائگاں خفی (مذکر) وہ قافیہ ہے جو الفاظ کی جمع کے آخر میں آئے۔ جیسے یاراں۔ دوستاں۔ اسے واحد الفاظ کے ساتھ نہیں لاتے جیسے فلاں

شائگاں جلی (مذکر) یہ قافیہ اسم فاعل کے آخیر میں آتا ہے۔ جیسے گریاں۔ خنداں۔ انہیں ایسے الفاظ جیسے کماں۔ زماں کے ساتھ نہیں لاتے۔

شائور (ف۔ مذکر) ۱ چاند ماہ ۲ خسرو کے ساتویں خزانے کا نام

شب (ف۔ مونث) رات۔ لیل۔ لسن۔ اجنبی۔ رین۔ **شب احیا** (مونث) دیکھو شبینہ۔ **شبا روز** (تف) رات دن۔ ہمیشہ **شبِ اسریٰ** (مونث) معراج کی شب۔ **شبا شب** (تف) ۱ راتوں رات۔ تمام رات ۲ جلدی **شب افروز** (صفت) ۱ رات کو روشن کرنے والا ۲ (مذکر) چاند۔ جگنو۔ **شب امید** (مونث) وصل کی رات۔ **شب انتظار** (مونث) وہ رات جو کسی کے انتظار میں کٹنے پر نہ آئے۔ **شبانہ روز** (مذکر) دن رات۔ چوبیس گھنٹے۔ **شبانگاہ** (مونث) ۱ شام۔ صبح ۲ (تف) رات کے وقت۔ **شبانگاہی** (صفت) رات کا۔ شام کا۔ **شبانہ** (صفت) ۱ رات کا ۲ جو رات کو نکلے ۳ (تف) رات کو ۴ (مذکر) رات کا کھانا ۵ رات کے کپڑے ۶ رات کی مزدوری ۷ رات کی بچی ہوئی روٹی یا شراب۔ باسی روٹی ۸

نشے میں چور۔ مدہوش ۲ شراب جو رات کو پی جائے
شبانہ روز (ف) ۱ شب و روز۔ ہر وقت ۲
(مذکر) چوبیس گھنٹے ۔ مکمل دن۔ شب اول
(مونث) دولہا دولھن کی پہلی رات۔ شباہنگ
(مذکر) ۱ صبح کا ستارہ ۲ صبح ۳ رات ۴ بلبل ۵ معشوق
کے رات ۶ گھوڑا۔ شباہنگام (مذکر) رات کا وقت
شب باش (صفت) رات کو رہنے والا شب
باش ہونا (لازم) رات کو رہنا۔ شب کو ہم صحبت
ہونے کے واسطے رہنا۔ شب باشی (مونث)
رات کا قیام۔ رات رہنا۔ شب بخیر (کلمہ دعا) ۱
کسی امر کے صبح کو کرنے کا قصد ہوتا ہے تو یہ کلمہ
بطور دعا بولتے ہیں۔ مطلب یہ ہوتا ہے کہ رات
خیر سے گزرے ۲ (مونث) رات کو رخصت ہونے
کا سلام گڈ نائٹ۔ شب برات (مونث) شعبان
کی پندھرویں رات۔ مسلمانوں کے عقاید کے بموجب
اس رات کو عمر کا حساب اور تقسیم رزق کا کام ہوتا ہے
ہندوستان میں اس رات کو آتشبازی چھوڑتے ہیں۔
اور حلوے پر بزرگوں کی فاتحہ کرتے ہیں۔ شب
برات کا چاند (مذکر) ماہ شعبان۔ شب برات کا
گھڑا (مذکر) مسلمانوں میں رسم ہے کہ شب برات
کے دن مُردوں کی درود فاتحہ دیکر مسکینوں کو کھانا
کھلاتے ہیں۔ شب بو (مونث) ایک قسم کا خوشبودار
سفید پھول جو اکہرا اور دوہرا ہوتا ہے۔ شب بھر
(ف) تمام رات۔ شب بھر یہی سامان رہا۔
(لازم) تمام رات یہی حالت رہی۔ شب بیدار
(صفت) رات کو جاگ کر عبادت کرنے والا۔ تہجد
گزار۔ شب بیداری (مونث) رات کا جاگنا
اور اتا یا بیخوابی۔ شب خیزی۔ شب پیما (صفت)
۱ رات کو جاگنے والا ۲ بیمار ۳ عاشق۔ شب تاب
(مذکر) ۱ رات کی روشنی ۲ چاند ۳ چراغ ۴ سیاہ بلی
کیونکہ اس کی آنکھیں رات کو چمکتی ہیں ۵ جگنو ۶ جواہر۔
شب تار۔ تاریک یا تیرہ (مونث) اندھیری
رات۔ شب تنہائی (مونث) فراق کی رات۔
اکیلا ہونے کی رات۔ شب جانا (لازم) رات
گزرنا۔ شب چراغ (مذکر) ایک قسم کا لعل یا یاقوت
جو رات کو چمکتا ہے۔ شب خوابی (مونث)
رات کو پہن کر سونے کے کپڑے۔ نائٹ سوٹ
شب خوانی (مونث) وہ قصہ جو قصہ گو رات کو
سناتے ہیں۔ شبخون (مذکر) رات کا حملہ۔ چھاپہ

رات کے وقت بیخبری میں دشمن پر حملہ کرنا۔
شبخوں لانا یا مارنا۔ (متعدی) چھاپہ مارنا۔ رات کو
حملہ کرنا۔ شبخوں گرنا (لازم) رات کو چھاپہ پڑنا۔
شبخونی (مونث) رات کا ڈاکہ۔ شب خیز (صفت)
۱ شب بیدار ۲ ڈاکہ کی تعریف) وہ جو رات کو جاگے
شب خیزی (مونث) شب بیداری۔ رات کو
اٹھنا۔ شب خیز یار (مذاق) وہ قزاق جو رات کو
لوٹے۔ شب درمیان (مونث) ۱ ایسا معاہدہ
جس کے پورا کرنے میں ایک رات کا وقفہ ہو ۲
دو دن اور ایک رات یعنی ۳۶ گھنٹے کا فاصلہ۔ شب
درمیان ہونا (لازم) ایک رات کا وقفہ ہونا۔
شب دزد (مذکر) وہ چور جو رات کو چوری کرے
شب دیجور (مونث) اندھیری رات۔ شبدیز
(مذکر) ۱ سیاہ رنگ کا گھوڑا۔ مشکی گھوڑا ۲ خسرو کے
ایک گھوڑے کا نام۔ شبدیز سبک خیز (مذکر)
تیز چال کا مشکی گھوڑا۔ شبدیز گردوں (مذکر) گردوں
کا شبدیز سے استعارہ کرتے ہیں کیونکہ سورج اس
پر سوار ہوتا ہے۔ شبدیز نقرہ خنگ (مذکر)
۱ آسمان ۲ رات ۳ دن ۴ وقت ۵ قسمت ۶ دنیا
شب دیگ (مونث) ایک قسم کا سالن جس میں
گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے اور شلغم رات
بھر پکاتے ہیں۔ شب رنگ (صفت) ۱ تاریک۔
سیاہ ۲ (مذکر) سیاہ رنگ کا گھوڑا ۳ سیاوش کا
گھوڑا ۴ ایک پھول ۵ ایک قسم کا پتھر جو کوئلے کی
طرح جلتا ہے۔ شبرو (مذکر) ۱ چور۔ چوکیدار
جو رات کو پہرہ دے۔ کوتوال ۳ نیک آدمی ۴
(صفت) رات کو چلنے والا۔ شب روی (مونث)
رات کو چلنا۔ رات کو چلنے والا۔ رات کا سفر
(کرنا۔ ہونا کے ساتھ) شب زفاف (مونث)
دولھا دولھن کی پہلی رات۔ تخت کی رات۔ شب
زندہ دار (مذکر) رات بھر جاگنے والا۔ شب
زندہ داری (مونث) شب بیداری۔
شبستان (مذکر) ۱ پلنگ ۲ سونے کا کمرہ ۳
بادشاہوں کا سونے کا کمرہ ۴ خلوت گاہ۔ حرم سرا
۵ مسجد کی وہ جگہ جہاں رات کو عبادت کرتے ہیں
۶ کعبہ کا احاطہ۔ شبستان روزگار (مذکر) آسمان۔
فلک۔ شبستان فروز (مذکر) سونے کے کمرے
کو سجانا یا روشن کرنا۔ شبستانی (مونث) رات کے
کپڑے۔ شب سرخاب (مونث) جدائی کی

رات۔ کیونکہ سرخاب کا جوڑا رات کو جدا رہتا ہے
شب شہادت (مونث) محرم کی نویں رات
جس کی صبح کو امام حسین شہید ہوئے تھے۔ شب
طاق (مونث) دیکھو شبین۔ شب ظلمات (مونث)
سخت تاریک رات۔ شب عاشورہ (مونث)
شب شہادت۔ شب غم (مونث) جدائی کی رات
شب قدر (مونث) لیلۃ القدر۔ ایک رات
جو بہت متبرک سمجھی جاتی ہے۔ اس کے متعلق
اختلاف رائے ہے۔ عموماً رمضان کی ستائیسویں
رات خیال کیجاتی ہے۔ شب کا دربار (مذکر)
ایک دربار جو بادشاہ رات کو لگاتے ہیں۔ شب کور
(صفت) وہ جسے رات کو دکھائی نہ دے۔
شب کوری (مونث) رات کو دکھائی نہ دینا
شب کی شب (ف) رات بھر کے لئے
رات کی رات۔ شب گاہ (مونث) ۱ رات کا
وقت ۲ رات کو رکھنے کی جگہ۔ شب گرد (صفت)
۱ رات کو پھرنے والا ۲ چوکیدار۔ کوتوال ۳ چور
۴ چاند۔ شب گردی (مونث) رات کا پہرہ۔
شب گشت (مونث) رات کا پھرنا۔ شبگوں
(صفت) سیاہ۔ کالا۔ شب گیر (صفت) ۱ وہ
جو رات کو جاگتا ہے ۲ جھینگر جو رات کو بولتا ہے
۳ بلبل ۴ پچھلی رات کا سفر ۵ وہ ملازم جو رات کو کام
یا سفر کرے ۶ صبح ۷ شبخوں۔ شب لیلۃ القدر
(مونث) دیکھو شب قدر۔ یہ ترکیب غلط ہے۔
شب اور لیلہ کے ایک ہی معنی ہیں۔ شب ماندہ
(صفت) باسی۔ شب ماہ۔ تاب۔ مہتاب
(مونث) چاندنی رات۔ شب معراج (مونث)
وہ رات جس میں پیغمبر صلعم کو معراج ہوئی۔ رجب
کی ۲۷ کی درمیانی رات۔ شبنم (مونث) ۱ اوس ۲
ایک قسم کا سفید اور نہایت باریک کپڑا۔ شبنم آمیز
(صفت) شبنم سے بھرا ہوا۔ شبنم کا رونا (مذکر) شبنم
کا گرنا۔ شبنمی (مونث) وہ کپڑا جو شبنم سے بچنے کیلئے
پلنگ پر تان دیتے ہیں۔ شب و روز (ف)
رات دن۔ ہر وقت۔ شب وصال (مونث)
۱ وہ رات جب کسی کامل فقیر کا انتقال ہو ۲ معشوق
سے ملنے کی رات۔ شب وصلت (مونث)
وصل (مونث) دیکھو آخری۔ شب ہنگام (ف)
۱ رات کو ۲ (مذکر) رات کے وقت۔ شبے
(ف) ایک رات۔ شب یلدا (مونث) سخت

تاریک رات جو کاٹے نہ کٹے۔ **شبین** (مونث) شبِ احیا۔ شیعوں کا خیال ہے کہ لیلۃ القدر ۱۹-۲۱ یا ۲۳ رمضان کو ہوتی ہے۔ اس لئے ان راتوں کو شب بیداری کرتے ہیں۔ **شبینہ**۔ (صفت) ۱ رات کا۔ باسی ۲ (مذکر) حافظ کا رمضان کی کسی ایک رات تراویح میں پورا قرآن شریف ختم کرنا

مقولہ۔ شب تاریک وبیم موج وگرداب چنیں ہائل۔ کجا دانند حال ما سبکساران ساحل ہا۔ اندھیری رات طوفان کا خوف اور ایسا خطرناک بھنور۔ ساحلوں پر رہنے والے جو بفکری سے زندگی گزارتے ہیں ہمارا حال کیا جانیں۔ عیش وعشرت میں بسر کرنے والے مصیبت زدوں کا حال نہیں جانتے

شَب (ع۔ مذکر) ۱ پھٹکری ۲ بڑھ کر جوان ہونا۔ **شبِ یمانی** (مذکر) یمن کی پھٹکری جو بہت اچھی ہوتی ہے۔

شَباب (ع۔ مذکر) ۱ جوانی۔ بیس سے چالیس برس کا زمانہ ۲ کسی چیز کا عروج یا ترقی کا زمانہ ۳ ایک پردۂ موسیقی کا نام ۴ شاب کی جمع۔ جوان آدمی (رشب جوان ہونا) **شبابِ اہلِ جنت** (مذکر) حضرت امام حسن وحسین۔ **شباب پھٹ پڑنا** (لازم) جوانی کا زور ہونا۔ **شباب پھرنا** (لازم) جوانی دوبارہ آنا۔ **شبابت۔ شبابیت** (مونث) جوانی۔ شباب۔ **شباب کا اندازہ** (مذکر) جوانی کا شروع۔ جوانی کی صورت۔ **شباب کے دن** (مذکر) جوانی کا زمانہ

شُباط۔ (ع۔ مذکر) شامیوں کا دوسرا مہینہ جو پھاگن میں آتا ہے۔

شَبان (ف۔ مذکر) چرواہا۔ گڈریا۔ شبانِ وادئ ایمن (مذکر) حضرت موسیٰ

شَباہت (ع۔ مونث) ۱ مشابہت۔ مطابقت ۲ رونق۔ روپ۔

شَبد (س۔ مذکر) ۱ شور۔ آواز ۲ قواعدِ زبان ۳ لفظ ۴ نام۔ اسم ۵ (صرف) وہ لفظ جس کی گردان ہو سکے ۶ زبانی سندیسا ۷ (سکھ مذہب) گانا۔ پڑا۔ بھجن۔ دعا ۸ لفظ ادم۔ **شبد ساد ھن** (مذکر) علمِ صرف۔ **شبد شاستر** (مذکر) قواعدِ زبان۔ علمِ صرف ونحو۔ **شبد کرنا** (متعدی) کسی چیز سے آواز نکالنا۔ بجانا۔ **شبد کوش** (مذکر) لغت۔ فرہنگ۔ ڈکشنری

مقولہ۔ شبد بھید کو لکھا نہیں تو کیا ہو لسنک چینہہ۔ جو دل دلبر سے ملا نہیں تو کیا ہو کرواکو پہن لئے۔ سادھوؤں کا مقولہ ہے۔ پڑھنے کا کیا فائدہ۔ اگر سمجھ نہیں سکتا۔ اگر دل خدا سے نہیں لگا تو فقیر ہونے کا کیا فائدہ

شِبر (ع۔ مذکر) ۱ بالشت۔

شبگنگا (اردو۔ مذکر) شگاف جو کپڑے یا دیوار میں ہو۔

شبکو ل۔ شبکو کا۔ شباوکہ۔ (ف۔ مذکر) ایک قسم کا مانگنے کا طریقہ۔ فقیر رات کے وقت کسی درخت یا اونچے ٹیلے پر بیٹھ جاتا ہے اور لوگوں کے نام لے لے کر مانگتا ہے۔

شَبکہ (ع۔ مذکر) ۱ مچھلی پکڑنے کا جال ۲ جال کا کام ۳ کبوتروں کے پکڑنے کا جال جو لکڑی میں بندھا ہوتا ہے اور مثلث ہوتا ہے۔ ۴ بڑا سوراخ۔ **شبکہ دار** (صفت) سوراخدار۔ جالی دار۔

شُبکی (ع۔ مونث) شبکہ کی تصغیر (شبک۔ جال بنانا) **شبکیاں** (جمع۔ مونث) جالی کا کام۔

شَبَہ (ف۔ مذکر) ۱ سیاہ مونگا۔ ۲ سنگ موسیٰ ۳ سنگ یشب ۴ تسبیح کا دانہ۔

شَبَہ۔ شِبہ (ع۔ مذکر) ۱ کوئی چیز دوسرے کے مانند ہو ۲ تصویر۔ ڈھانچ ۳ مشابہت۔ مطابقت۔

شُبہ (ع۔ مذکر) دیکھو شُبہہ

شبھ (س۔ صفت) ۱ روشن۔ چمکدار۔ منور۔ درخشاں ۲ خوبصورت۔ حسین ۳ خوش قسمت۔ خوش نصیب ۴ خوش۔ شاد ۵ اچھا نیک ۶ مشہور۔ معروف ۷ عالم۔ ودیادان ۸ خصوصیت سے جو دیوتاؤں کو جانے ۹ موزوں۔ مناسب لایق ۱۰ خالص ۱۱ دیانتدار ۱۲ (مذکر) کوئی چیز جو روشن یا خوبصورت ہو ۱۳ خوش قسمتی۔ خوش نصیبی ۱۴ خوشی۔ فرحت۔ شادمانی ۱۵ ایک یوگ کا نام ۱۶ پانی ۱۷ بکرا ۱۸ دھرم کا بیٹا ۱۹ ایک مصنف ۲۰ ایک شہر جو بہار میں ہے۔ **شبھا** (مونث) ۱ روشنی۔ چمک ۲ حسن خوبصورتی ۳ دوروا گھاس ۴ تباشیر ۵ گائے ۶ گورو چن ۷ ایک وزن یا بحر۔ **شبھانگی** (مونث) خوبصورت عورت۔ **شُبھ** (صفت) ۱ مسعود۔ سعید۔ مبارک ۲ نیک ۳ مفرح۔ خوشی دینے والا۔

شُبہہ (ع۔ مذکر) ۱ شک۔ احتمال۔ گمان ۲ دھوکا۔ بدگمانی ۳ نقص خصوصاً قانون کا ۴ کسی کے متعلق جرم کا خیال (شبہ۔ مشکوک بنانا) **شبہہ اُٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) شک دور ہونا۔ **شبہہ دور (رفع) کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) شک نہ رہنا۔ بدگمانی جاتی رہنا۔ **شبہہ رہنا** (لازم) بدگمانی قایم رہنا۔ شک دل سے نہ نکلنا۔ **شبہۂ شدید یا قوی** (مذکر) سخت شبہہ۔ **شبہۂ قتل** (مذکر) کسی کو قتل کرنے کا شک۔ **شبہہ کرنا** (متعدی) شک کرنا۔ بدگمانی کرنا۔ **شبہہ گزرنا** (متعدی) شک پڑنا۔ **شبہہ مٹانا**۔ نکالنا (متعدی) **مٹنا۔ نکلنا** (لازم) شک دور ہونا۔ بدگمانی جاتی رہنا۔ **شبہہ ہونا** (لازم) گمان کرنا۔ احتمال گزرنا

شَبیہ (ع۔ مونث) ۱ شباہت ۲ تصویر۔ شکل۔ صورت۔ ۳ (صفت) مشابہ۔ مثل۔ **شبیہ کھینچنا** (متعدی) لکھنا (تف) تصویر بنانا۔ **شبیہ ملنا** (لازم) مشابہ ہونا۔ شکل ملنا۔ **شبیہ بالمعیّن یا بہ معیّن** (مونث) وہ چوکون شکل جس کے دو پہلو متوازی ہوں۔

شَپ (ف۔ صفت) ۱ تیز۔ جلد ۲ (مونث) چابک لچکی نیزے تلوار یا پانی میں کودنے کی آواز ۳ (اردو) گپ کے ساتھ تابع مہمل۔ **شپا شپ۔ شپ شپ** (مونث) ۱ دیکھو شپ ۲ چپڑ چپڑ چاٹنے کی آواز (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۳ (تف) جلدی جلد جلد ۴ تیزی سے ۵ بغیر رکنے کے۔ **شپ سے** (تف) جلدی سے۔

شَپ (انگ۔ مذکر) جہاز

شِپارہ۔ مذکر) تیر اندازوں کا نشانہ یا ہدف۔

شَپّارہ (مذکر) ہتّھ۔ (لڑنا۔ لڑانا۔ لگانا۔ لگنے کے ساتھ)

شپتھ (س۔ مذکر) لعنت کرنا بددعا دینا۔ سراپ دینا ۲ لعنت۔ بددعا۔ کالی سراپ ۳ قسم۔ سوں۔

شَپَرَ۔ شَپَرَک۔ شپرّہ (ف۔ مونث) چمگادڑ۔

شست (س - عدد) سو۔ صد
شست باہو (صفت) ۱ سو بازوؤں والا ۲ (مذکر) ایک اسر ۳ (مونث) ایک دیوی ۴ ایک ناگنی۔ **شست بلا** (مونث) ایک دیا۔

شتّا (ع - مونث) دیکھو شتّاہ

شتا (ع - مذکر) سردی کا موسم - جاڑہ - سرما - (شتو - ٹھنڈا ہوتا)

شتاب (ف - مذکر) ۱ جلدی ۲ (صفت) جلد - فوراً - بلا توقف جھٹ پٹ ۳ (صفت) تیز - جلدباز۔ **شتاباں** (صفت) تیزی کرتا ہوا - جلدباز دوڑنے والا۔ **شتاب کار** (صفت) جلدباز۔ **شتابی** (مونث) ۱ جلدی - تیزی ۲ (عف) اضطراب - گھبراہٹ

شتابا دارد (ف - مذکر) وہ کاغذ جس کو بارود میں تر کر کے فتیلے کی جگہ استعمال کرتے ہیں۔

شتالنگ (ف - مذکر) ٹخنہ

شتّاہ (ع - صفت) شفاہ کا مخرب ۱ بیحیا - بے شرم - شوخ ۲ بدوضع حرامکار **شتاہی** (مونث) ۱ بے حیائی - بے شرمی - شوخی ۲ حرامکاری - بدوضعی۔

شُتر (ف - مذکر) اونٹ - بعیر۔ اشتر **شتربار** (مذکر) اونٹ کا بوجھ **شتربان** (مذکر) اونٹ والا - اونٹ ہانکنے والا **شتر بے مہار** (مونث) آزاد - بے پروا - نڈر - آوارہ **شتریار** (مذکر) سورج مکھی کا پھول **شترخانہ** (مذکر) وہ مکان جہاں اونٹ رکھے جائیں۔ **شترخار** (مذکر) اونٹ کٹارا - کھٹ کٹیا۔ **شترخو** (صفت) کینہ تو ز - پرکینہ - کینہ ور **شتردل** (صفت) ۱ کینہ ور ۲ بزدل - نامرد - **شتردلی** (مونث) بزدلی - نامردی - **شترسوار** (مذکر) سانڈنی سوار خصوصاً جو چٹھیاں پہنچاتا ہے **شترسواری** (مونث) ۱ اونٹ پر سوار ہونا ۲ سانڈنی سوار کا پیشہ ۳ روز دن سے معانی مسافرت کیوجہ **شترغمزہ** (مذکر) ۱ ناز بیجا نامناسب - نمود کرنا - ہوا کے ساتھ ۲ شرارت - چالاکی - مکر - فریب **شترغمزے اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) بیجا ناز برداشت ہونا۔ **شترکینہ** (صفت) وہ جس کے دل سے کینہ کبھی نہ نکلے - اونٹ دلمیں کینہ رکھتا ہے۔ اگر مالک سے ناراض ہو جائے تو اُسے موقع پاکر مار ڈالتا ہے **شترگام** (صفت) اونٹ کی چال - قدم۔ **شترگاؤ** (مذکر) ایک چوپایہ جس کی گردن اور اونٹ کیطرح کھُر ہوتے ہیں - زرافہ۔ **شترگربہ** (مذکر) ۱ دو متضاد یا ناموافق چیزیں ۲ شعر میں ایک ہی کلمے میں جمع اور مفرد یا تعظیم و تحقیر کے الفاظ استعمال کرنا۔ **شترمرغ** (مذکر) ایک بہت بڑا پرند جو عرب اور افریقہ میں پایا جاتا ہے یہ بہت تیز دوڑتا ہے مگر اُڑ نہیں سکتا۔ یہ سب سے بڑا پرندہ ہے۔ **شترنال** (مونث) ایک چھوٹی توپ جو اونٹ کی پیٹھ پر لادی اور اسی پر چلائی جاتی ہے **شترنامہ** (مذکر) ایک کتاب مصنفہ فریدالدین عطار **شتری** ۱ اونٹ کے رنگ کا - اونٹ کے بالوں کا ۲ (مذکر) نقارہ جو اونٹ پر رکھا جاتا ہے۔

امثال۔ شتراں را بہ سخرہ مے گیرند۔ اونٹوں کو بیگار میں پکڑ لیتے ہیں۔ **شتر صالح بہ از مردم طالع۔** نیک اونٹ بدکردار آدمی سے اچھا ہے۔

شتُر (س - اسم) دشمن - عدو رقیب۔ **شترگھن** ۱ دشمن کو قتل کرنے والا

شترنج (ع) **شترنگ** (ف۔ مونث) دیکھو شطرنج۔

شتم (ع - مذکر) ۱ گالی - دشنام ۲ گالی دینا (شتم - برا بھلا کہنا)

شتّی (ع - صفت) مختلف - علیحدہ۔

شتی (س - صفت) ۱ سفید کھرا نیلا سیاہ ۲ (مذکر) بھوج تپر

شَشٹ (س - عدد) چھ - بجائے شش کے مرکبات میں حروف صحیح کے پہلے **ششٹ پدی** (مونث) ۱ شہد کی مکھی ۲ جوں ۳ چھ حالتیں - بھوک - پیاس - غم - پاگلپن - بڑھاپا - موت۔

ششھنگار (ہ - مذکر) بناؤ سنگار - سجاوٹ۔

شَجّ (ع - مذکر) زخم - ضرر (شج - اس طرح مارنا کہ چمڑا پھٹ جائے)

شجاج (ع - مذکر) جمع شج کی - بہت سے زخم - ضربات - (دیکھو شج) **شجاج بے علاج** (مذکر) وہ زخم جن کا علاج نہ ہو۔

شجاع (ع - صفت) بہادر دلیر - جری - دلاور - جوانمرد - مردانہ - بیر - سورما - سوربیر - مہابیر - (شجع - دلیر ہونا) **شجاعت** (مونث) بہادری - دلیری - جرأت - دلاوری - جوانمردی - مردانگی - حوصلہ - ہمت - بیرتا۔ **شجاعت پسند** (صفت) جو بہادری کو پسند کرے۔ **شجاعت تمکین** (صفت) بہادر - شجاع۔ **شجاعت شعار** (صفت) دلیر - نڈر - بیباک **شجاعت کا جام پلانا** (متعدی) **پینا** (لازم) بہت بہادری دکھانا **شجاعت کا دم بھرنا** (متعدی) بہادری دکھانے کے لئے تیار ہونا - بہادری کا دعوے کرنا۔ **شجاعت میں فرق نہ آنا** (لازم) بہادری پر فرق نہ پڑنا۔

شجَر (ع - مذکر) درخت - پیڑ - روکھ - ترور - (شجر - پیچیدہ ہونا) **شجرت** **شجرۃ** (مونث) درخت اردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا - اور مرکبات میں مذکر استعمال ہوتا ہے۔ **شجرۃ الحکم** (مذکر) ایک درخت جس کا ذکر قصہ کہانیوں میں آتا ہے۔ یہ مشکل معاملات کا حل بتایا کرتا تھا۔ **شجرۃ الزقوم** (مذکر) دوزخ کا ایک درخت جس کا پھل دوزخیوں کو کھانے کو ملے گا۔ **شجر الفت آگنا** (لازم) دل میں کسی کے ساتھ محبت پیدا ہونا - عشق ہونا۔ **شجر امید یا تمنا** (مونث) شجر کا استعارہ امید سے کرتے ہیں۔ **شجر تمنا بار آور ہونا** (لازم) امید پوری ہونا۔ **شجر تمنا بے برگ و بار ہونا** - (لازم) ناامیدی ہونا۔ **شجر طور یا کلیم** (مذکر) کوہ طور پر وہ درخت جس پر حضرت موسیٰ پر تجلی ظاہر ہوئی تھی۔ **شجرنامہ** (مذکر) وہ کاغذ جس پر پیری مریدی کا سلسلہ لکھ کر دیتے ہیں۔ **شجرہ** (مذکر) ۱ نسب نامہ - وہ کاغذ جس پر مورث اعلیٰ کی کل اولاد ترتیب وار درج ہو ۲ وہ نقشہ جس میں گاؤں کے کھیت دکھائے گئے ہوں ۳ نقشہ جو خسرے میں بنایا ہوا ہو ۴ دیکھو شجرنامہ۔ **شجرۃ انساب** (مذکر) دیکھو شجرہ ۱۔ **شجرۂ رستم - سلیمان - مریم اور موسیٰ** - (مذکر) درختوں کے نام۔ **شجرۂ نسب** (مذکر) شجرہ ۱ **شجرہ قلہ** (مذکر) قلہ کلاہ کا مخرب ہے۔ پیروں کا شجرہ اور ٹوپی جو تبرکاً مریدوں کو دیتے ہیں۔ **شجرہ قلہ اٹھانا** (متعدی) بوریا بستر باندھ کر چلدینا - اپنا سامان اُٹھا کر چلا جانا۔ **شجرہ و کلاہ** (مذکر) دیکھو شجرہ قلہ۔

شجع (ع - مذکر) ۱ قوت - طاقت ۲ بہادری - شجاعت۔

شجیا (ہ - مونث) دیکھو شیا

شجیع (ع - صفت) دیکھو

شجع (س۔ وصا) ۱ جلنا ۲ چکنا
۳ سخت گرمی لگنا ۴ سخت دردمند ہونا ۵ مغموم ہونا ۶
سوگ کرنا ۷ رونا ۸ افسوس کرنا ۹ گیلا ہونا ۱۰
سڑنا ۱۱ سورج میں پڑنا
شیخ (س۔ صفت) ۱ چمکدار
روشن ۲ (مونث) شعلہ ۳ گرمی ۴ چمک ۵ تکلیف
۶ غم۔ افسوس ۷ حسرت۔ سچ (صفت) ۱ چمکدار
روشن۔ منور ۲ سفید ۳ صاف ستھرا ۴ خالص ۵
پاک۔ پوتر ۶ بے گناہ معصوم ۷ دیانت دار نیک
۸ (مذکر) پاکی۔ طہارت پوترتا ۹ نیکی ۱۰ آگنی ۱۱ پاکدامنی
۱۲ بچے کو پہلی دفعہ کھانا کھلانے پر بھون کرنا ۱۳ ایک خاص
گرم مہینہ جیٹھ یا اساڑھ ۱۴ سورج ۱۵ چاند ۱۶ شکر ۱۷ کرن
۱۸ ہوا ۱۹ شہوت ۲۰ برہمن ۲۱ وفادار وزیر ۲۲ سچا دوست
۲۳ مذہبی طالب علم کی حالت ۲۴ ... عدالت میں ۲۵ سفید
رنگ۔
شحم (ع۔ مونث) ۱ چربی ۲ گودا
۔ مغز ۳ مٹاپا۔ فربہی۔ کرشحم (چربی کھلانا)
شحنائی شحنگی (ف۔ مونث)
۱ کوتوال کا انتظام۔ بندوبست ۲ پولیس۔
شحنہ (ف۔ مذکر) ۱ صوبے دار
۔ حاکم۔ وائسرائے ۲ کوتوال۔ پولیس کا افسر ۳ چوکیدار
۴ محصول وصول کرنے والا۔ محاصل و تحصیل کا سپاہی
شحنۂ بازار۔ (مذکر) چودھری بازار کا۔ شحنۂ نجم
حصار (مذکر) مریخ ستارہ۔ شحنۂ چہارم حصار
(مذکر) ۱ سورج ۲ حضرت عیسیٰ۔ شحنۂ شب (مذکر)
۱ چوکیدار ۲ لقب زلف ۳ عاشق عقیدی۔ شحنۂ مغول
(مذکر) بادشاہ۔ شحنۂ نجف (مذکر) حضرت علیؓ
مثل شحنہ چھپا پیال میں۔
کوکھکے بیری ہوگئے۔ در پردہ افشائے راز
کرنا۔
شحیم (ع۔ صفت) موٹا۔ فربہ
کا علیم کے ساتھ (شحم کرا۔ چربی کھلانا)
شخ (ف۔ مذکر) ۱ سخت زمین
جو پہاڑ کے اوپر یا دامن میں ہو ۲ پہاڑ کی چوٹی
۳ کوئی سخت چیز
شخص (ع۔ مذکر) ۱ آدمی۔ بشر
۲ واحد۔ فرد یکتا۔ شخص۔ اونچا ہونا۔ شخص ثالث
(مذکر) وہ شخص جو دو شخصوں کے درمیان فیصلہ کرائے
شخص غیر (مذکر) اجنبی آدمی۔ شخص قابض (مذکر)
مالک۔ وہ شخص جس کے قبضے میں کوئی چیز ہو۔ شخص
نادار (مذکر) دیوالیہ۔ نہایت غریب آدمی۔ شخص
واحد (مذکر) اکیلا آدمی۔ تنہا آدمی۔ شخصی (صفت) ایک
آدمی کے متعلق۔ شخصیت (مونث) ۱ شخص ہونے کی
خصوصیت ۲ یکتائیت۔ مطابقت ۳ درجہ۔ عزت۔
۴ عالی خاندانی شان ۵ انسانیت ۶ شیخی۔ غرور۔ شخصیت
بگھارنا یا جتانا (متعدی) شیخی مارنا۔ اترانا۔ شخصی
حکومت (مونث) وہ حکومت جو ایک شخص کے
قبضہ میں ہو۔ بادشاہت۔
شد (ع۔ مذکر) ۱ ایک حرف کو
دو دفعہ پڑھنا۔ تشدید دینا ۲ زور دینا ۳ آواز کرنا ۴ پہلوانوں کا
نعرہ۔ شد پہلوان (مذکر) پہلوانوں کا نعرہ جو وہ میدان
میں نکلتے ہوئے کرتے ہیں۔ شد مخالف (مذکر)
مخالف آواز۔ مخالف پہلوان کا نعرہ۔ شد و مد (مذکر)
۱ زور و قوت ۲ سختی۔ تندی۔ تیزی ۳ پڑھنے میں زور دینا
آواز کو ۴ شان و شوکت ۵ دھوم دھام۔ شد و مد سے
(ظرف) زور سے۔ سختی سے۔ تیزی سے
شد (ف۔ ماضی۔ شدن کا۔
ہوا ۲ (مونث) ابتدا۔ آغاز کسی کام کا ۳ (صفت)
گزرا ہوا۔ سرا ہوا۔ شد آمد (مونث) ۱ میل جول
آمد و رفت۔ راہ و رسم ۲ رسم۔ رواج۔ شد آمد
سے (ظرف) شروع سے۔ ابتدا سے۔ شد بد
(مونث) پڑھنے لکھنے کا تھوڑا سا ملکہ ۲ ہونا کے ساتھ
شد بود کا مخفف ہے۔ شد بود (ظرف) ۱ ایسا ویسا۔
خاصہ ۲ بے پروائی سے۔ شدنی (صفت) ۱ ہونے
والا ۲ ہو سکنے قابل۔ ممکن۔ طلب شدہ۔ شدہ (ظرف)
رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ۔
مثل۔ شدنی شد گرچہ
خواہد شد۔ جو ہونے والا تھا وہ ہوگیا۔ اب اور کیا
ہوگا۔
شد (ہ۔ مذکر) بدھ کا ضرب۔
لڑائی۔ شد ہو جانا (لازم) مقابلہ ہونا۔
شداد (ع۔ مذکر) علم۔ جھنڈا۔
نشان۔ خصوصاً جو محرم پر نکالے جاتے ہیں۔ (شدے۔ جھنڈا کرنا)
شدے نکالنا (متعدی) نکلنا۔ (لازم) محرم پر
جھنڈے نکالنا۔
شدائد (ع۔ مذکر) جمع شدید
۔ تکلیفیں۔ سختیاں۔
شدت (ع۔ مونث) ۱
سختی۔ تکلیف۔ تنگی ۲ تیزی۔ جوش ۳ زیادتی۔ کثرت
۴ زبردستی۔ جبر ۵ زور۔ قوت ۶ ترقی۔ غلبہ۔ (شدّت۔
تکلیف دہ ہونا۔ شدت سے (ظرف) ۱ زور سے
سختی سے ۲ کثرت سے۔ افراط سے۔ شدت کا
(صفت) سخت۔ زور کا ۲ بہت سا۔ شدت کرنا
(متعدی) ۱ ہونا (لازم) سختی ہونا۔ ظلم ہونا۔ جبر ہونا۔
شدکار (ف۔ مذکر) ۱ زمین
جس پر ہل چلا اور کاشت ہوئی ہو ۲ وہ شخص جو فصلوں
کی پڑتال کرے ۳ امتحان۔ تصدیق ۴ جانچ پڑتال
۵ تشخیص۔ تخمینہ۔ پڑتال۔
شدہ (ع۔ مذکر) ۱ ٹوٹا ہوا
سر کا کپڑے کا پھٹا ہوا ٹکڑا۔ شدہ تحت الحنک
(مذکر) ٹکڑا کپڑے کا جو پگڑی کے اس شملے سے
پھاڑا جائے جو ٹھوڑی کے نیچے لپیٹا جاتا ہے
شدہ (ف۔ مذکر) دیکھو شدا
شدھ (ہ۔ صفت) ۱ پاک۔
طاہر۔ پوتر ۲ خالص۔ بے میل ۳ صاف۔ ستھرا ۴
سفید ۵ چمکدار۔ روشن ۶ بے گناہ۔ بےقصور۔ بیداغ۔
معصوم ۷ سادہ۔ سیدھا سچا۔ راسخ ۸ درست۔ صحیح۔
۹ ... بری۔ آزاد ۱۰ اکیلا۔ ایک ہی۔ صرف ۱۱ مانا ہوا
۱۲ ثانی ۱۳ چاہیے کا وہ حصہ جس میں چاند بڑھتا ہے۔
شدھی (مونث) صفائی۔ ستھرائی ۲ پاکی۔ طہارت
پاکیزگی۔ پوترتا ۳ تقدس۔ پارسائی ۴ درستی۔ صحت ۵
سچائی۔ صدق ۶ ایمان۔ یقین ۷ بریت۔ رہائی ۸ بے
گناہی۔ معصومیت ۹ بدلہ۔ انتقام ۱۰ چھٹکارا۔ بچاؤ۔
شدید (ع۔ صفت) ۱ مشکل
کٹھن ۲ سخت۔ تیز ۳ زور کا۔ زیادہ ۴ تکلیف دہ ۵
بھاری ۶ بڑا۔ عظیم۔ کبیرہ۔ ذلیل۔ (شدّۂ۔ سخت ہونا)
شدید العداوت (صفت) سخت عداوت رکھنے والا
شدید العقاب (صفت) سزا میں سخت۔ (خدا)
شدید القول (صفت) سختی کرنے والا۔
شر (س۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا
سرکنڈہ۔ سرکنڈا ۲ تیر ۳ جھاگ جو دودھ
کو ابلنے سے اوپر آجائے ۴ پانی ۵ پانی کا چڑھاؤ ۶
نقصان۔ ضرر۔ زخم۔ بشر دن (مذکر) ۱ سرکنڈوں کا
جھنڈ ۲ کوہ کیلاش پر ایک جنگل۔

شَر (ع۔ مذکر و مونث) ۱ شرارت بدی ۲ جھگڑا۔ فساد۔ خرابی (شَر۔ برا ہونا) **شر اٹھانا** (متعدی) ۱ اٹھنا (لازم) جھگڑا برپا ہونا۔ فساد شروع ہونا۔ **شر رُک جانا** (لازم) جھگڑا جاتا رہنا یا مٹ جانا۔ **شَر النّاس** (صفت) ابجد شریر۔ بہت برا **شر انگیز** (صفت) شریر۔ مفسد **شر بڑھانا** (متعدی) بڑھنا (لازم) جھگڑا زیادہ ہونا۔ **شر کرنا** (متعدی) شر اٹھانا۔ **شر مٹ جانا** (لازم) جھگڑا ختم ہو جانا۔ **شر و فساد** (مذکر) جھگڑا۔ دنگا۔ لڑائی۔ فساد۔ **شر و فساد کا گھر ہے** جھگڑے کی جڑ ہے۔ **شری** (صفت) جھگڑالو فسادی جو شریر ہو۔

شَرا (ع۔ مذکر) ۱ پھاسے جو بدن پر نکلیں ۲ طرف۔ پہلو۔ حصّہ۔ علاقہ۔

شِرا (ع۔ مونث) خرید۔ فروخت اُردو میں بیع و شرا میں استعمال ہوتا ہے۔ (شَرِیَ۔ بیچنا)

شِرا (س۔ مونث) نس۔ رگ۔

شَراب (ع۔ مونث) ۱ مے مل۔ بادہ۔ بنت العنب۔ دُخترِ رز۔ دارو۔ مد ۲ یہ ایک قسم کا عرق ہوتا ہے جو انگور۔ جَو۔ سیب وغیرہ کا خمیر اُٹھا کر بناتے ہیں۔ دیسی شراب گڑ اور کیکر کی چھال سے بناتے ہیں۔ ہندوستان میں بغیر لائیسنس کے اس کا بنانا جرم ہے۔ آجکل کی مشہور ولایتی شرابیں یہ ہیں۔ انگریزی۔ بیر۔ رم۔ وسکی۔ سائیڈر۔ فرانسیسی۔ برانڈی۔ کلارٹ بورڈو۔ شیمپین۔ جرمن۔ لاگی بیر۔ پرتگالی۔ پورٹ وغیرہ۔ (شَرِبَ۔ پینا) **شراب ارغوانی** (مونث) سرخ رنگ کی شراب۔ **شراب اُڑانا** (متعدی) اُڑنا (لازم) شراب بہت پی جانا۔ **شراباً طہورا** (مونث) دیکھو شراب طہور۔ **شراب پرتگال یا پرتگالی** (مونث) ملک پرتگال کی بنی ہوئی شراب۔ جو اوپورٹو میں بنتی ہے **شراب پلانا** (رسم) **پینا** (متعدی) مے نوش کرنا۔ **شراب تند** (مونث) تیز شراب۔ **شراب جَو** (مونث) بیر۔ ایک قسم کی ٹھنڈی شراب جو ٹھنڈی خیال کی جاتی ہے۔ **شراب چلنا** (لازم) چند آدمیوں کا اکٹھا بیٹھ کر شراب پینا۔ **شراب خانہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں شراب بکے یا بنے۔ **شراب خانہ خراب** (مونث) شراب کی مذمت میں کہتے ہیں۔ یہ پینے والے کو تباہ و برباد کر دیتی ہے۔ **شراب خوار یا خور** (مذکر) شراب پینے والا۔ شرابی۔ میخوار۔ بادہ نوش۔ **شراب خواری یا خوری** (مونث) شراب پینا۔ **شراب دو آتشہ** (مونث) دو مرتبہ کشید کی ہوئی شراب۔ تیز شراب۔ **شراب زدہ** (صفت) ۱ مدہوش ۲ وہ جس پر شراب کا برا اثر ہو۔ **شراب سے اُلٹ بن جانا** (لازم) بے ہوش ہو جانا **شراب شیراز یا شیرازی** (مونث) شیراز کی بنی ہوئی شراب۔ **شراب طہور** (مونث) وہ پاک شراب جو بہشت میں ملے گی۔ **شراب کا دور چلنا** (لازم) حاضرین مجلس کا باری باری سے شراب کا پیالہ لے کر پینا۔ بار بار سب کے گلاس بھرے جانا۔ **شراب کا دور شروع ہونا** (لازم) حاضرین مجلس کا شراب پینا شروع کرنا۔ **شراب کشید کرنا یا کھینچنا** (متعدی) کشید ہونا (لازم) شراب بھپکے کے ذریعے تیار ہونا۔ **شراب کی کشتی** (مونث) وہ کشتی جس میں شراب کی بوتلیں اور گلاس لگے ہوئے ہوتے ہیں **شراب کے نشے میں چور ہونا** (لازم) سخت بدمست ہونا۔ **شراب مُقطّر** (مونث) وہ شراب جو بھپکے کے ذریعے بنائی جاتی ہے۔ **شرابَن** (مونث) وہ عورت جو شراب پیے۔ **شراب ناب** (مونث) خالص شراب۔ **شراب نوش کرنا** (متعدی) شراب پینا **شراب وصل** (مونث) وصل کا شراب کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں۔ **شراب وصل سے سرشار ہونا** (لازم) وصل حاصل کرنا۔ جماع کرنا۔ **شرابی** (مونث) وہ شخص جو شراب پیئے۔

امثال و اقوال۔ شراب

خوار ہمیشہ خوار۔ شرابی ہمیشہ ذلیل رہتا ہے **شراب سے** جوہر کھل جاتا ہے۔ نشے میں اصل حال ظاہر ہو جاتا ہے۔ **شراب سے سب نشے نیچے ہیں** نشئی اشیا میں شراب سب سے بڑھکر ہے۔ **شراب کایتھوں کی گھٹی میں پڑی ہے**۔ کایستھ شراب بہت پیتے ہیں۔ **شراب کے ساتھ خمار ہے** آرام کے ساتھ تکلیف بھی ہے **شرابیوں سے دور ہی بھلے**۔ شراب پینے والوں کے پاس بھی نہیں جانا چاہیئے۔

شَرَابُور (ہ۔ صفت) بھیگا ہوا۔ تربتر۔ سخت گیلا (کرنا ہونا کے ساتھ)

شَراپ (ہ۔ مذکر) سراپ۔ بددعا۔

شُرات (ع۔ مذکر) ۱ ایک نام جو کٹے خارجیوں نے اختیار کیا ہوا ہے ۲ گلے میں سے منتخب چیز (شَرِیَ۔ خریدنا)

شَرّاٹا (ہ۔ مذکر) ۱ سناٹا۔ زور کی آواز ۲ مینہ زور سے برسنے کی آواز ۳ خون۔ یا پانی کی دھار کا زور سے بہنا ۴ آنسوؤں کا زور سے بہنا

شَراٹی (ع۔ مونث) ایک پرند۔ سرالی۔ الی۔

شَرار (ع۔ مذکر) شرارہ کی جمع چنگاریاں۔ **شرارہ** (مذکر) چنگاری۔ آگ کا پتنگا (شَرّ۔ برابر ہونا) **شرار آمیز** (صفت) شراروں کیساتھ ملا ہوا **شرارہ آتش** (مذکر) آگ کی چنگاری۔ **شرارہ پیدا ہونا** (لازم) چنگاری نکلنا دو چیزوں کے ایک دوسرے پر مارنے سے۔ **شرارہ خیز** (صفت) شرار سے پیدا کرنے والا۔ **شرارے** (مذکر) شرارہ کی جمع **شرارے نکلنا** (لازم) ۱ چنگاریاں نکلنا ۲ آنکھوں سے سخت غصّے یا ناراض ہونا۔

شَرارت (ع۔ مونث) ۱ شوخی۔ بیباکی ۲ برائی۔ بدائی۔ خرابی ۳ بدزبانی ۴ ایذا رسانی ۵ دنگا۔ شور و غل۔ سرکشی (کرنا ہونا کے ساتھ) (شَرّ۔ برا ہونا) **شرارتاً** (ظرف) شرارت سے۔ شوخی سے۔ **شرارت سوجھنا** (متعدی) کوئی ایسی بات سوچنا جس سے جھگڑا پیدا ہو **شیطان اُچھنا شرارتی** (مونث) شریر۔

شَراع (ع۔ مذکر) ایک شخص جو نیزے بنانے کے لئے مشہور تھا **شراعی** (مذکر) شراع کا بنایا ہوا نیزہ

شَرافت (ع۔ مونث) بھلمنسی۔ اصالت۔ عالی منشی ۲ عالی خاندانی۔ نجابت (شَرُفَ اونچا ہونا۔) **شرافت پناہ** (صفت) شریفوں کو پناہ دینے والا۔ القاب جو ماتحت افسروں کے واسطے پروانوں میں لکھا جاتا ہے۔ **شرافت پیشہ** (صفت) عالی خاندان۔ شریف **شرافت خاندانی** (مونث) شرافت جو اعلیٰ خاندان ہونے کی وجہ سے ہو **شرافتِ ذاتی** (مونث) وہ شرافت جو انسان میں قدرتی طور پر ہو **شرافت میں بٹا لگانا** (متعدی) خاندان کو بدنام کرنا۔

شِراکت (ع۔ مونث) حصّہ داری۔ ساجھا۔ شرکت جو زیادہ فصیح ہے (رکھنا)

کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) (شرکت ۔ حصہ دار ہونا) **شراکتاً** (تف) شریک ہوکر۔ **شراکتِ مختلفہ** (مذکر) وہ شرکت جس میں شریکوں کی رقموں یا مدت شرکت میں اختلاف ہو۔ غیر مساوی شراکت۔ **شراکت مساوی** (مونث) یکساں پتی۔ برابر کا ساجھا۔ **شراکت نامہ** (مذکر) وہ دستاویز جس میں حصہ داری کی شرطیں درج ہوتی ہیں۔

شِرال (س۔ صفت) ۱ جس کی نسیں یا رگیں نظر آئیں ۲ رگ دار۔ بجد لاغر ۳ (مذکر) کرکھ کا پھل۔

شَراوَن (س۔ مذکر) ساون **شراونک** (مذکر) ۱ ساون ۲ (صفت) ساون کے متعلق۔ ساون میں پیدا ہوا۔ **شراونی** (مونث) ۱ بدکا دن ساون میں ۲ ہندوؤں کی ایک بھینٹ۔

شَرائر (ع۔ مذکر و مونث) ۱ شرارہ کی جمع۔ چنگاریاں ۲ شریرت کی جمع شرارتیں۔

شَرائِط (ع۔ مذکر و مونث) شرطیت کی جمع۔ شرطیں۔ قیدیں۔ **شرائطِ تمہیدی** (مونث) ابتدائی شرطیں۔ **شرائطِ ضروری** (مونث) ضروری شرطیں۔ **شرائطِ نکاح** (مونث) نکاح کی شرطیں۔ وہ شرطیں جو نکاح کے موقع پر جانبین کی طرف سے کیجاتی ہیں۔

شَرائِع (ع۔ مذکر و مونث) شریعت کی جمع۔ قوانین۔ احکامات۔ شریعتیں۔ رستے۔

شَرائِین (ع۔ مونث) شریان کی جمع۔ جسم میں خون پہونچانے والی بڑی رگیں۔

شُرب (ع۔ مذکر) پینا۔ پینے کی چیز (مشروب) پینا **شُربِ الیہود** (مذکر) پوشیدہ شراب پینا۔ چونکہ یہودی مسلمانوں کے ڈر سے چھپ کر شراب پیتے تھے۔

شَربت (ع۔ مذکر) ۱ وہ مقدار جو ایک دفعہ پی جائے ۲ قند میں پکا ہوا عرق کسی پھل پھول یا دوائی کا ۳ قند یا مصری پانی میں گھلی ہوئی (شربت) ۔ پینا **شربتِ انارین** (مذکر) کھٹے اور میٹھے انار کا شربت۔ یہ ترکیب غلط ہے۔ فارسی لفظ کا عربی طرق پر تثنیہ بنایا گیا ہے۔ **شربت بنانا** (متعدی) بنانا (لازم) قند وغیرہ پانی میں گھولا جانا یا قوام ہونا۔ **شربت پلانا** (متعدی) ۱ شربت پینے کے لئے دینا ۲ نکاح کے موقع پر حجام کا شربت پینے کے لئے دینا۔ **شربت پلائی** (مونث) ۱ وہ نقدی جو شربت پینے کے بعد دولہا یا اس کے رشتہ دار تھالی میں ڈالیں ۲ وہ نیگ جو دولہا یا دلہن کی جانب سے نائی کو دیا جائے **شربت پلائی میں** (تف) نیگ کے طور پر۔ **شربت پینا** (لازم) شربت پلانا کا۔ **شربت خانہ** (مذکر) دوائی خانہ۔ وہ صندوق جس میں دوائیاں رکھیں۔ **شربت دار** (مذکر) آب دار۔ وہ ملازم جس کے پاس پینے کی چیزیں رہیں۔ **شربتِ دیدار** (مذکر) دیدار کو شربت سے استعارہ کرتے ہیں **شربتِ دینار** (مذکر) ایک مرکب شربت۔ **شربت کے پیالے پر نکاح پڑھا دکر) دینا** (متعدی) نکاح پر کچھ خرچ نہ کرنا **شربت کے سے گھونٹ پینا** (متعدی) تلخ بات کو خوشی سے برداشت کرنا۔ **شربت کے گھونٹ کیطرح اُتار گیا**۔ غصے کو پی کر رہ گیا۔ **شربتِ مرگ** (مذکر) موت۔ (پینا۔ پلانا کے ساتھ) **شربتِ وصل** (مذکر) وصال۔ ہمبستری۔ وصل کا شربت سے استعارہ کرتے ہیں۔ (پلانا ۔ پینا کے ساتھ) **شربتی** (صفت) ۱ شربت کے رنگ کا ۲ شربت کا یا شربت کے متعلق ۳ رسدار ۴ (مذکر) ایک رنگ جو زرد یا نارنجی رنگ سے ملتا ہے ۵ ایک قسم کا میٹھا نیبو ۶ ایک قسم کا نگینہ ۷ ایک قسم کا نفیس اور باریک کپڑا ۸ ایک قسم کا کبوتر ۹ ایک قسم کا بڑا فالسہ ۱۰ ایک قسم کا بیج ۱۱ شراب کا پیالہ جو ایک ہی دفعہ پی لیا جائے۔ **شربتی ڈانک** (مذکر) شربتی رنگ کا کاغذ جو نگینے کے نیچے رکھتے ہیں۔

شَربھ (س۔ مذکر) ۱ ایک خیالی جانور جس کی آٹھ ٹانگیں ہوتی ہیں۔ اور شیر ببر سے مضبوط ہوتا ہے۔ یہ برفانی ملکوں میں رہتا ہے ۲ ہاتھی کا بچہ ۳ ٹیڈی ۴ جھینگر۔

شَرَت (س۔ مونث) برسات کے بعد کے دو مہینے اسوج اور کاتک۔ اگست اور ستمبر جب بخار کا زور ہوتا ہے۔

شَرُت (س۔ صفت) ۱ سنا ہوا۔ شنیدہ ۲ کہا ہوا۔ اطلاع دیا ہوا ۳ سمجھا ہوا۔ معلوم کیا ہوا ۴ مشہور۔ معروف ۵ بلایا ہوا ۶ (مذکر) وہ جو شروع سے سنا گیا ہو۔ وید۔ پوتر کتاب۔ مذہبی علم ۷ الہام۔ **شرت دھر** (صفت) ۱ وہ جس کا حافظہ اچھا ہو۔ یاد رکھنے والا ۲ اس کو جو سنے (مذکر) کان

شُرُتی (س۔ مونث) ۱ سننا۔ سماع کرنا ۲ کان ۳ قوت سامعہ ۴ کوئی چیز جو سنی جائے۔ آواز۔ شور۔ افواہ۔ خبر ۵ وہ جو شروع سے سنا گیا تھا یا الہام ہوا تھا۔ الہام۔ آسمانی قانون۔ مقدس کتاب وید۔ ویدوں کی یا مقدس عبارت ۶ چوگوشہ شکل کا پاتکون کا وتر ۷ آوازوں کا مجموعہ جس سے لفظ یا اس کا ایک حصہ بنے ۸ لفظ۔ مقولہ۔ کہاوت۔ مثل ۹ (موسیقی) آٹھویں چڑھاؤ کا ایک حصہ ۱۰ اتری کی بیٹی اور کردم کی بیوی۔

شَرَٹ (س۔ مذکر) ۱ چھپکلی ۲ گرگٹ۔ زعفران۔

شَرح (ع۔ مونث) ۱ تفسیر۔ ٹیکا ۲ بیان۔ اظہار ۳ نرخ۔ در معمولی قیمت۔ بھاؤ (شرح کھولنا) **شرح آبپاشی** (مونث) نہر کے پانی کے محصول کا نرخ۔ آبیانہ۔ **شرح بندی** (مونث) نرخوں کا نقشہ۔ میزان۔ **شرح چڑھانا** (متعدی) کسی کتاب پر نوٹ لکھنا۔ تفسیر لکھنا۔ **شرح خوراک گواہان** (مونث) گواہوں کی خوراک کا معمولی شرح **ذیل** (مونث) نیچے لکھی ہوئی تفصیل نہایت وضاحت سے کہنا یا لکھنا۔ **شرح سود** (مونث) وہ رقم جو فی روپیہ یا فی سیکڑہ فی روز۔ ماہ۔ یا سال وغیرہ اصل زر کے استعمال کے لئے لی جائے۔ **شرح کرنا** (متعدی) کسی بات کی تفصیل نہایت وضاحت سے کہنا یا لکھنا کسی کتاب کی تفسیر یا تشریح لکھنا۔ **شرح کشاف** (مونث) آسان اور واضح تشریح۔ **شرح کہنا** (متعدی) تفسیر یا ٹیکا لکھنا۔ **شرحِ لگان** (مونث) لگان کا نرخ۔ **شرح و بسط** (تف) صاف طور پر۔ وضاحت سے۔ مکمل طور پر۔ **شرح ہونا** (لازم) شرح کرنا کا۔

شَردّھا (س۔ مونث) ۱ یقین۔ ایمان۔ دھرم ۲ بھروسا۔ اعتبار۔ ساکھ ۳ وفاداری ۴ خواہش۔ آرزو ۵ کھانے کی خواہش۔ بھوک ۶ حاملہ عورت کی خواہش ۷ شوق تحقیق ۸ پاکی۔ پوترتا ۹ عزت۔ حرمت ۱۰ دل کی تسلی ۱۱ بے تکلفی۔ دوستی۔

شَرَر (ع۔ مذکر) ۱ چنگاری آگ کی ۲ کینہ (شرار کا مخفف) **شرر بار** (صفت) چنگاریاں برسانے والا۔ **شرر ریز یا فشاں** (صفت)

چنگاریاں اُڑانے والا۔ **شررکشانی** (مونث) چنگاریاں اُڑانا۔

شَرط (ع۔ مونث) ۱ قرار۔ عہد قول وقرار۔ عہد وپیمان ۲ وہ چیز جس پر کسی بات کا انحصار ہو ۳ قید۔ پابندی ۴ بازی۔ ہوڑ ۵ لازم۔ ضروری ۶ قاعدہ (شَرَط۔ دوسرے پر کوئی پابندی عاید کرنا) **شرطادا ہونا** (لازم) پورا ہونا کسی کام کا جس کا ہونا لازمی ہو۔ **شرطاشرطی** (مونث) دونوں طرف سے عہد وپیمان۔ بازی۔ دکرنا۔ ہونا کے ساتھ) **شرطِ الفت** (مونث) محبت کا قول وقرار **شرط باندھ دبدھ کے سونا** (لازم) بہت سونا۔ **شرط باندھنا** (یا بدنا (متعدی) بازی لگانا۔ **شرط بجالانا یا پوری کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) وعدہ وفا ہونا۔ عہد وپیمان پورا ہونا۔ **شرط ٹھہرانا** (متعدی) **ٹھہرنا** (لازم) باہم عہد وپیمان ہونا۔ **شرطِ خدمت بجالانا** (متعدی) مہمانداری کے لوازمات پورے کرنا۔ پوری طرح خدمت کرنا۔ **شرطِ رفاقت** (مونث) وہ بات جو دوست کے لئے کرنا لازمی ہو۔ **شرط کرنا** (متعدی) عہد وپیمان کرنا۔ **شرط لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ بازی بدنا یا لگنا ۲ عہد وپیمان ہونا ۳ قید لگنا۔ **شرط ہونا** (لازم) عہد وپیمان ہونا۔ **شرط ہے۔** لازم ہے۔ **شرطی** (تف) ۱ ضرور۔ بیشک ۲ (صفت) کسی اقرار یا شرط پر مشروط۔ **شرطیں لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) قیدیں لگنا۔ **شرطیہ** (تف (صفت) ۱ دیکھو شرطی ۲ [illegible] منطق میں وہ جملہ جس میں ایک کام کے ہونے پر دوسرا حکم لگایا جائے ۳ دیکھو ماضی۔ **شرطیہ ہے** ۱ لازم یہ ہے ۲ اس شرط یا اقرار پر۔

شَرَع (ع۔ مونث) ۱ رستہ ۲ وہ راہ راست جو خدائے تعالیٰ نے بندوں کے لیے مقرر کی ۳ آئین۔ مذہب ۴ قانونِ محمدی (شَرَعَ۔ قانون مقرر کرنا) **شرعاً** (تف) ازروئے شرع یا قانون اسلام۔ **شرعاً وعرفاً** (تف) قاعدے قانون اور رواج کے موافق۔ **شرع پر چلنا** (لازم) دین اسلام کے قانون پر عمل کرنا۔ **شرع تُرہ** (مونث) قانون شریعت۔ تورہ چنگیز خاں کے قانون کو کہتے ہیں مگر یہاں غالباً تابع مہمل ہے **شرع تورنے والی** (مونث) پابند شریعت (طنزاً) **شرع شریف** (مونث) شرعِ اسلام کا عزت سے ذکر کرتے ہیں۔ **شرع کے خلاف کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) قانون اسلام کے خلاف کوئی بات ہو جانا۔ **شرعِ محمدی** (مونث) اسلام کا قانون۔ **شرعِ محمد مہر** (مذکر) وہ مہر جو شرعِ محمدی کے موافق مقرر کیا جائے۔ **شرعِ محمدی نکاح پڑھانا** (متعدی) قانون اسلام کے مطابق بغیر دھوم دھام یا باجے کے شادی کر دینا۔ **شرع میں رخنہ ڈالنا یا نکالنا** (متعدی) مذہب میں کوئی نئی بات داخل کر کے خلل انداز ہونا۔ مذہبی باتوں میں جھگڑا نکالنا۔ **شرعی** (صفت) ۱ شرع پر چلنے والا ۲ قانون اسلام کے مطابق۔ قانونی **شرعی پاجامہ یا پیجامہ** (مذکر) وہ پاجامہ جو ٹخنوں سے اونچا ہو۔ **شرعی داڑھی** (مونث) ایک مشت اور دو انگل داڑھی **شرعی شادی** (مونث) وہ شادی جس میں دھوم دھام یا باجہ نہ ہو۔ **شرعی قسم** (مونث) قسم جو قانون اسلام کے مطابق ہو **شرعی قلتبان یا کٹن** (مذکر) نکاح پڑھانے والا۔ قاضی ۲ ماں باپ۔ والدین

مثل۔ شرع میں شرم کیا۔ جائز بات کرنے میں شرم نہیں کرنی چاہئیے۔ معاملہ کی بات میں مروت کیسی۔ اس میں اپنا بیگانہ سب برابر ہیں۔

شَرغہ (ع۔ مذکر) سرتاپا بادامی گھوڑا۔ سمند جس کی دم اور بال زرد ہوں۔

شَرَف (ع۔ مذکر) ۱ فوقیت۔ ترجیح۔ سبقت ۲ بزرگی۔ درجے کا بڑا ہونا ۳ خوبی۔ بھلائی ۴ شرافت۔ شان وشوکت ۵ عزت۔ فخر۔ افتخار (کسی سیارے کا اپنے اصلی برج میں آنا۔ آفتاب [illegible] شرف برج حمل میں۔ قمر کا ثور میں عطارد کا سنبلہ میں۔ مشتری کا سرطان میں۔ زہرہ کا حوت میں۔ مریخ کا جدی میں۔ زحل کا میزان میں ہے (شَرُفَ۔ دوسرے درجہ میں بڑھ جانا۔ **شرف اصدار فرمانا** (متعدی) جاری کرنا۔ **شرف باریابی** (مذکر) خدمت میں حاضر ہونے کی عزت یا فخر۔ **شرف بخش** (صفت) عزت دینے والا۔ **شرف پانا** (لازم) عزت پانا۔ فخر حاصل کرنا **شرفِ تحسین** (مذکر) شاباش ملنے کی عزت یا فخر۔ **شرفِ خدمت** (مذکر) ملازم ہونے کی عزت یا فخر۔ **شرف حاصل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) عزت ملنا۔ **شرفِ ذات** (مذکر) ذاتی عزت۔ نسلاً خوبی۔ **شرفِ زیارت** (مذکر) دیکھنے کی عزت یا فخر۔ **شرف لیجانا** (متعدی) فوقیت یا سبقت لیجانا۔ **شرفِ ملازمت** (مذکر) حاضر ہونے کا فخر یا عزت باریابی۔ **شرفِ نفاذ** (مذکر) نافذ یا صادر ہونے کا فخر یا عزت۔ **شرفِ نیاز** (مذکر) ملاقات کا فخر یا عزت **شرف ہونا** (لازم) ۱ ترجیح ہونا ۲ بزرگی حاصل کرنا ۳ کسی سیارے کا اپنے اصلی برج میں ہونا **شرفیاب** (صفت) عزت پانے والا۔ شرف حاصل کرنے والا **شرفیاب ملازمت ہونا** (لازم) خدمت میں حاضر ہونے کی عزت حاصل کرنا۔ **شرفیابی** (مونث) عزت۔ شرف۔

شُرَفا (ع۔ مذکر) شریف کی جمع۔

شَرق (ع۔ مذکر) مشرق۔ پورب۔ وہ طرف جہاں سے سورج نکلتا ہے (شَرَقَ۔ چڑھنا سورج کا) **شرقاً** (تف) مشرق کی طرف **شرقستان** (مذکر) ایشیا۔ **شرق سے غرب تک** (تف) ہر جگہ۔ پورب سے پچھم تک۔ **شرق وشمال** (مذکر) مشرق اور شمال کے درمیان کی جانب **شرق وجنوب** (مذکر) مشرق اور جنوب کی درمیان کی جانب **شرقی** (صفت) ۱ مشرق کا۔ شرق کے متعلق۔ شرق سے نسبت رکھنے والا ۲ پورب کا ۳ شاہانِ جونپور کا لقب ۴ دیکھو علیحدہ۔ **شرقی علوم** (مذکر) وہ علوم جو ایشیا سے نکلے ہیں۔ **شرقیہ** (صفت) ۱ دیکھو شرقی ۱

شرقاوی (ع۔ مذکر) مراکا ایک فرقہ۔

شِرک (ع۔ مذکر) خدا کے ساتھ کسی اور کو شریک جاننا۔ (شَرِکَ۔ دوسرے کا حصہ دار ہونا) **شرکت** (مونث) ۱ شامل ہونا۔ شمولیت ۲ ساجھا۔ شراکت۔ **شرکت ضروری ہونا۔** (لازم) شمولیت لازم ہونا۔ **شرکت منظور ہونا** (لازم) ساتھ دینے کا ارادہ کرنا۔ **شرکتی** (صفت) مشترکہ۔ ساجھے کا۔ **شرکِ جلی** (مذکر) ظاہری شرک جیسے بت پرستی۔ **شرکِ خفی** (مذکر) پوشیدہ شرک جیسے پیر پرستی۔

شُرَکا (ع۔ مذکر) شریک کی جمع۔

شَرکَر (س۔ صفت) ۱ ریتلا۔ کنکر والا ۲ (مذکر) کنکر۔ چھوٹا پتھر ۳ ایک قسم کا ڈھول ۴ ایک قوم

شرگال (س۔ مذکر) ۱ گیدڑ ۲ کرشن جی کا لقب ۳ (صفت) بدمعاش۔ بزدل۔

شرم (ف۔ مونث) ۱ حیا۔ لاج۔ حجاب ۲ ننگ۔ عار۔ سنکوچ ۳ ندامت۔ انفعال۔ خجالت۔ خفت۔ شرمندگی۔ پشیمانی ۴ غیرت ۵ عزت۔ حرمت ۶ خیال۔ پاس ۷ شرمگاہ۔ آلہ تناسل ۸ زیب النسا کا تخلص و شمس النسا کا تخلص۔ **شرم آپکے۔ اس کے۔ ان کے۔ تمہارے ہاتھ ہے۔** آبرو یا عزت آپ کے اختیار میں ہے۔ آپ نے عزت کو بچانا ہے۔ اس کے کی صورت میں خدا کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ **شرم آلود یا آلودہ** (صفت) شرگیں۔ **شرم آنا** (لازم) غیرت آنا۔ حیا آنا۔ **شرما** (امر) شرما۔ **شرما جانا** (لازم) دیکھو شرمانا۔ **شرما دینا** (متعدی) دیکھو شرمانا۔ **شرما شرمی** (مونث) ۱ حجاب۔ شرم۔ حیا۔ لاج ۲ (تف) لحاظ سے۔ مروت کے باعث۔ حجاب کی وجہ سے۔ **شرما کر** (تف) شرمندہ ہوکر۔ حیا سے۔ **شرمالو** (صفت) شرمیلا۔ **شرمانا** (لازم) ۱ شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا ۲ (متعدی) شرمندہ کرنا ۳ ذلیل کرنا ۴ غیرت دلانا۔ **شرماؤ** (صفت) حیادار۔ **شرم (بھی) نہیں آتی۔** شرم دلانے کے لئے کہتے ہیں۔ شرمندہ ہونا چاہیئے۔ قائل ہونا چاہیئے۔ **شرم حضور یا حضوری** (صفت) آنکھ کی شرم رکھنے والا۔ سامنے لحاظ کرنے والا ۲ سامنے کا لحاظ ۳ آنکھ کی شرم۔ **شرم دلانا** (متعدی) شرمندہ کرنا۔ **شرم رکھنا** (متعدی) عزت یا آبرو رکھنا۔ **شرم رہ جانا** (لازم) عزت بچ جانا۔ آبرو میں فرق نہ آنا۔ **شرم زدہ** (صفت) شرمندہ۔ **شرمسار** (صفت) شرمندہ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔ **شرمساری** (مونث) شرم۔ **شرم سے آنکھیں جھکانا** (متعدی)۔ **جھکنا** (لازم) حیا سے آنکھیں نیچی ہونا۔ **شرم سے پانی پانی (پسینے پسینے) ہو جانا۔ یا ہونا** (لازم) نہایت شرمندہ ہونا۔ **شرم سے ڈوب مرنا** (لازم) ۱ شرمندگی کی وجہ سے پانی میں کود کر جان دینا ۲ سخت شرمندہ ہونا۔ **شرم سے کٹنا۔ گٹھڑی ہو جانا یا ہونا یا گڑ جانا** (لازم) بجد شرمندہ ہونا۔ **شرم سے منہ نہ دکھانا** (لازم) شرمندگی کی وجہ سے سامنے نہ آنا۔ شرم کا مقام ہے۔ غیرت کی [illegible]

ہونا ۳ لحاظ کرنا۔ **شرم کھانا** (متعدی) دیکھو شرم کرنا۔ (مست) **شرم کی بات** (مونث) ایسا کام جس کی وجہ سے شرمندگی اٹھانی پڑے۔ **شرم کی بات ہے۔** غیرت کا مقام ہے۔ افسوس کی جگہ ہے۔ تف ہے۔ لعنت ہے۔ **شرم کی لینا** (متعدی) شرم کرنا۔ **شرم کے مارے** (تف) غیرت سے شرم کی وجہ سے۔ **شرمگاہ** (مونث) اندام نہانی۔ انسان کے بول و براز کی جگہ۔ **شرمگیں** (صفت) شرمندہ خجل۔ **شرمناک** (صفت) قابل شرم (فعل)۔ **شرمندگی** (مونث) شرمندہ ہونا۔ ندامت۔ غیرت۔ **شرمندگی اتارنا** (متعدی) خجالت مٹانا۔ **شرمندگی اٹھانا** (متعدی)۔ **اٹھنا** (لازم) خفت ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ **شرمندہ** (صفت) ۱ شرمسار۔ نادم ۲ ممنون احسان۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔ **شرمندہ احسان** (صفت) احسان مند۔ دبنا۔ بہانا کرنا۔ ہونا کے ساتھ۔ **شرمندہ صورت** (صفت) شرمیلا۔ **شرم نہیں آتی۔** دوسرے کو تنبیہ دلانے کے لئے کہتے ہیں۔ **شرم و حیا** (مونث) حیا۔ لاج۔ یہ خاصیتیں مرد و عورت میں بہت اعلیٰ سمجھی جاتی ہیں۔ **شرم و حیا کا دامن چاک کرنا** (متعدی)۔ **ہونا** (لازم) بے حیا ہونا۔ بے شرم ہونا۔ **شرمیلا۔** حیادار۔ شرم کرنے والا۔

امثال و اقوال۔ شرمائی

بلی کھمبا نوچے۔ شرمندہ ہوکر آدمی فضول باتیں کرتا ہے۔ **شرم چہ کتی ست کہ پیش مرداں بیاید۔** بے حیا شخص کی بے عزتی کے فعل کو دیکھ کر کہتے ہیں۔ **شرم کی بہونت بھوکی مرے۔** جو شرم کرے نقصان اٹھاتا ہے۔ جسطرح دلہن شرم میں بھوکی رہتی ہے۔ **شرم کی ماں گوڑے رگڑتی ہے۔** شرم میں نقصان ہی نقصان ہوتا ہے۔ **شرم شرم میں کام ہوگیا۔** دیکھو شرم ہی الخ۔ **شرم والے کے پھوٹے کرم۔** شرم کرنے والا محروم رہتا ہے۔ **شرم ہی شرم میں کام تمام ہوا۔** لحاظ یا مروت میں نقصان اٹھایا یا کام بگڑ گیا۔

شرم (س۔ مذکر) ۱ کوشش۔ جدوجہد ۲ محنت۔ مشقت ۳ تھکاوٹ۔ ماندگی ۴ فوجی قواعد ۵ کوئی محنت کا کام۔

[illegible]

نیک دعا ۲ خوشی۔ شادمانی۔ فرحت۔ **شرما** (صفت) ۱ خوش۔ شاد ۲ یہ لفظ برہمنوں کے نام کے اخیر میں آتا ہے۔ جیسے وشنو شرما۔ ماتھے لوں کے اور گپتا ویشوں۔

شرن (س۔ مذکر) ۱ بچاؤ۔ حفاظت ۲ مدد۔ امداد ۳ امن کی جگہ۔ حفاظت کی جگہ۔ مامن۔ ملجا و ماوا ۴ مکان۔ گھر ۵ (مذکر) محافظ۔ مددگار ۶ (صفت) بچانے والا۔ حفاظت کرنے والا ۷ ایک ناگ دیت کا نام ۸ ایک شاعر ۹ ایک راجہ ۱۰ پانی۔ **شرن آنا** (لازم) پناہ لینا۔ **شرن دیو** (مذکر) ایک شاعر۔ **شرن لینا** (متعدی) پناہ لینا۔

مقولہ۔ شرن گرو کی آئیکے

جو سمرے سیتا رام۔ یہاں رہے آنند سے انت بسے ہری دھام۔ جو گرو کا چیلہ بنکر خدا کو یاد کرے۔ دنیا میں خوش رہے اور مرکر سرگ میں جائے۔

شرنکھل (س۔ مذکر) ۱ زنجیر۔ سانکل ۲ پیٹی۔ کمر بند۔

شرنگ (س۔ مذکر) ۱ سینگ ۲ پہاڑ کی چوٹی۔ قلعہ کوہ ۳ چٹان جو بالکل سیدھی ہو ۴ شان و شوکت۔ بادشاہت۔ حکومت ۵ فوارہ ۶ کوئی سینگ کی طرح کا برتن ۷ نشان ۸ کنول ۹ ہاتھی کے دانت ۱۰ بال کی نوک ۱۱ کسی مکان وغیرہ کی سب سے اونچی جگہ ۱۲ کسی چیز کی انتہا ۱۳ اسید محبت یا عشق ۱۴ ایک منی کا نام۔ **شرنگ پورہ** (مذکر) ایک شہر۔ **شرنگ کوٹ** (مذکر) ایک پہاڑ۔ **شرنگ گری** (مونث) ایک پہاڑی اور ایک شہر میسور میں۔ **شرنگ ویر** (مذکر) ۱ ایک ناگ دیت ۲ ایک پہاڑ۔ **شرنگ ویر پورہ** (مذکر) ایک شہر جو گنگا پر واقع تھا۔

شرنگار (س۔ مذکر) ۱ محبت۔ عشق ۲ جماع۔ ہمبستری ۳ سرخ نشان ہاتھی کے ماتھے یا بدن پر ملنے کیلئے ۴ سیندور رنگ ۵ اچھی پوشاک جو اختلاط کیلئے پہنی جائے۔ **شرنگاری** (صفت) ۱ محبت کے متعلق۔ عشقیہ ۲ محبت سے بھرا ہوا۔ پرشہوت ۳ خوش پوشاک ۴ سیندور لگا ہوا ۵ (مذکر) عاشق ۶ پوشاک۔ زیور۔ بناؤ سنگار۔

شرنگی (س۔ مونث) گائے

شرنگی (س۔ صفت) ۱ سینگدار ۲ [illegible] چوٹی دار۔ نوکدار ۳ (مذکر) پہاڑ ۵ [illegible]

ہاتھی ۲ درخت ۳ (مونث) سونا زیورات کے لئے ۵ ایک مچھلی۔

شَرَنی (س۔ مونث) ۱ قطار۔ صف ۲ سڑک۔ راستہ۔

شُرْوا (ہ۔ مذکر) شوربا کا مخرب

شروا اُچھلکا (مذکر) شوربا اور پھلکا۔ شروا چیٹ (صفت) ۱ نیبو نچوڑ۔ طعام تلاش۔ وہ شخص جو کھانے کی وجہ سے دوست بنے ۲ ابن الوقت۔ زمانہ ساز

شُرُت (س۔ مذکر) کان۔

شَروَری (س۔ مونث) ۱ شام رات ۲ اعلیٰ ۳ عورت۔

شُرُور (ع۔ مذکر) جمع شر کی۔

شُرُوط (ع۔ مذکر) جمع شرط کی۔ شرائط۔

شُرُوع (ع۔ مذکر) ابتدا۔ آغاز۔ اٹھان۔ آربھ (شَرَعَ۔ داخل ہونا) شروعات (جمع) شروع کی۔ شروع سے (تف) ابتدا سے شروع سے آخر تک (تف) ابتدا سے انتہا تک۔ آغاز سے انجام تک۔ شروع کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ ابتدا ہونا۔ آغاز ہونا ۲ بنا پڑنا۔ بنیاد یا نیو رکھنا۔

شَرَوَان (س۔ مذکر) ۱ سننے کا فعل ۲ کان ۳ تعلیم حاصل کرنا ۴ شہرت ۵ دولت ۶ بدھوں یا جینیوں کا سادھو ۷ وتر مثلث یا چوکون شکل کا ۸ دیانت کے اصول کا مقرر کرنا چھ نشانیوں سے۔

شَرَوَن (ہ) شرونا (س۔ مذکر) تیئیسواں نچھتر۔

شَرَہ (ع۔ مذکر) بحد خواہش۔ لالچ۔ حرص۔ بھوک۔

شَرَہ (ف۔ مذکر) قسی کا پردا۔

شَری (س۔ مونث) ۱ روشنی۔ نور ۲ شان و شوکت۔ تجلی ۳ خوبصورتی۔ حسن ۴ کامیابی۔ ترقی ۵ خوش نصیبی۔ خوش قسمتی ۶ دولت۔ خزانہ ۷ اعلیٰ درجہ۔ بلند رتبہ ۸ طاقت۔ قوت ۹ شاہی رعب و داب۔ دبدبہ ۱۰ نشان شاہی ۱۱ لکشمی جی شری راگ (مذکر) پانچواں راگ شری کر (صفت) ۔ خوش قسمتی کا موجب۔ شری مت (صفت) ۱ حسین۔ خوبصورت ۲ خوش قسمت۔ دولتمند۔ امیر ۳ معزز۔ مشہور ۴ اعلیٰ درجے کا ۵ (مذکر) طوطا ۲ سانڈ۔ شری مُکھ (مذکر) ۱ خوبصورت چہرہ ۲ لفظ شری جو خط کی پشت پر لکھا جائے۔ شری ولبھ (صفت) ۔ خوش قسمت۔ قسمت کا دھنی۔

شِریان (ع۔ مونث) چھوٹی رگیں

شِریڈھی (ہ۔ مونث) ۱ زینہ ۲ سلسلہ۔

شَرِیر (ع۔ صفت) ۱ شرارتی ۲ برا۔ بدذات ۳ بدطینت۔ بدمعاش۔ (شَرّ۔ برا ہونا) شریر جانور (مذکر) ۱ موذی جانور ۲ عیب دار جانور ۳ وہ گھوڑا جو سوار کو تنگ کرے۔ اچھلے کودے گرانے کی کوشش کرے۔ سیخ پا ہو جائے یا لگام کو منہ میں پکڑ کر بھاگ اُٹھے۔

شَرِیر (س۔ مذکر) ۱ بدن۔ جسم ۲ زندگی۔ شریری (صفت) ۱ بدن کا۔ بدن کے متعلق ۲ (مذکر) جانور۔ آدمی۔ روح۔

شَرِیش (س۔ مذکر) سرس کا درخت اور پھول۔

شَرِیشٹھ (س۔ صفت) ۱ بہترین۔ نہایت اعلیٰ۔ نہایت اچھا ۲ درجے میں بڑا۔ ۳ عمر میں بڑا ۴ (مذکر) برہمن ۵ راجہ ۶ کوبیر ۷ گائے کا دودھ۔

شَرِیعَت (ع۔ مونث) ۱ مذہبی قانون۔ خدائی قانون۔ قانون الٰہی ۲ قانون ۳ انصاف۔ طریقہ (شَرَعَ۔ ظاہر کرنا) شریعت ابراہیمی (مونث) قانون جو حضرت ابراہیم نے رائج کیا۔ شریعت پاک (مونث) مسلمانوں کا مذہبی قانون۔ شریعت پر چلنا (لازم) عمل کرنا (متعدی) شریعت کے احکام کے بموجب کام کرنا۔ شریعت خدا (مذکر) قانون الٰہی۔ شریعت رسول (مونث) قانون جو پیغمبر صلعم نے رائج کیا۔ شریعت عیسوی (مونث) قانون جو حضرت عیسیٰ نے رائج کیا۔ شریعت کا پابند (صفت) وہ جو شریعت کے احکام پر عمل کرے۔ شریعت محمدی (مونث) شریعت رسول۔ شریعت موسوی (مونث) قانون جو حضرت موسیٰ نے رائج کیا۔

شَرِیف (ع۔ صفت) ۱ بھلامانس بزرگ ۲ اعلیٰ خاندان کا۔ عالی خاندان۔ خاندانی ۳ بڑے رتبے کا ۴ مقدس۔ پاک ۵ تعظیم کا کلمہ جو شہروں اور مقدس مقاموں کے نام کے ساتھ لگاتے ہیں ۶ مکہ کے حاکم کا لقب ۷ انگریزی لفظ شیرف کا مخرب۔ گو اس کا ماخذ بھی عربی ہے۔ ایک اعزازی عہدہ جو بڑے بڑے شہروں میں ایک وقت پر ایک آدمی کو دیا جاتا ہے (شَرُفَ۔ دوسرے سے رتبہ میں بڑھ جانا) شریف آدمی (مذکر) بھلامانس شخص۔ شریف خاندان (صفت) بڑے گھر کا۔ شریف زادہ (صفت۔ مذکر) زادی (صفت۔ مونث) خاندانی شریف قوم (مذکر) قوم کا سردار۔ شریف و رذیل (صفت) ادنیٰ و اعلیٰ۔ وضیع و شریف۔ نیک و بد۔ ہر قسم کے لوگ۔ شریفہ (مذکر) ایک پھل۔

امثال۔ شریف کی اور پاجی کی ایک برابر ہے۔

شریفوں کے داتے سر رکھتے پہ کھانے۔ شرفا کی پاس خاطر ضرور ہے۔

شَرِیک (ع۔ صفت) ۱ ساجھی۔ حصہ دار ۲ شامل ۳ ملی۔ ملا ہوا ۴ ساتھی۔ رفیق و ہمسر۔ برابر کا ۵ رشتہ دار ۶ دوست (شَرِکَ۔ شامل ہونا) شریک بزم ہونا (لازم) جلسے میں شریک ہونا۔ شریک جرم (صفت) وہ شخص جو کسی جرم میں حصہ لے۔ شریک جلسہ ہونا (لازم) محفل میں شامل ہونا۔ شریک حال (صفت) دکھ سکھ میں ساتھ دینے والا۔ شریک درد (صفت) مصیبت میں ساتھ دینے والا۔ شریک رائے (صفت) رائے سے اتفاق کرنے والا۔ شریک رنج و راحت (صفت) ۱ دکھ سکھ میں ساتھ دینے والا ۲ کنایتاً بیوی۔ شریک رہنا (لازم) ساتھ رہنا۔ شامل رہنا۔ اکٹھا رہنا۔ شریک شکمی (مذکر) وہ شخص جو اندرونی طور پر سانجھے کاری میں شریک ہو۔ مگر جس کے نام پٹہ نہ ہو۔ شریک کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ شامل ہونا۔ ملنا ۲ ساجھی ہونا۔ حصہ دار بننا ۳ ملحق ہونا۔ ضمیمہ ہونا۔

شَرینی (س۔ مونث) ۱ قطار۔ صف ۲ درختوں کی قطار ۳ ہجوم۔ گروہ۔ مجمع ۴ دستکاروں کا جتھا جو مل کر کام کریں ۵ تاجروں کا جتھا۔

کپنی ۲ وہ برتن جس سے پانی نکالیں۔ بالٹی۔

شڑاپ شڑاپ
(اردو۔ مونث) کوڑوں کی آواز۔

شڑپا (ہ۔ مذکر) دیکھو سڑپا
شڑپے لگانا یا مارنا (متعدی) بہت پینا

شست (ف۔ مونث)
۱ نشانہ۔ سیدھ۔ ہدف ۲ مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ (باندھنا۔ پڑنا۔ لگانا۔ لگنا کے ساتھ) ۳ وہ چیز جو درزی اور تیر انداز انگلی میں پہنتے ہیں۔ (پہننا کے ساتھ)

شست (ف۔ مونث)
۱ زمین کی مالگذاری ۲ بقایا مالگذاری جو وصول نہ ہوئی ہو۔ ۳ سطح مسطح کا نشان کا مسطر۔ دیکھو سشت۔ شست باندھنا یا لگانا (متعدی) سطح مسطح کے مسطر سے نشان لینا۔ شست پتری (مونث) سطح مسطح کے ذریعے پیمائش۔

شُست (ف۔ ماضی)
(شستن بمعنی دھونا کی ۲ (مونث) دھونا۔ شستگی (مونث) ۱ صفائی۔ نفاست ۲ زبان کی سلاست۔ شستنی (صفت) دھونے کے قابل۔ شست وشو (مونث) دھونا۔ نہانا۔ دھوکر صاف کرنا۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) شستہ (صفت) ۱ دھویا ہوا۔ صاف کیا ہوا ۲ مانجا ہوا۔ صیقل کیا ہوا۔ شستہ تقریر (مونث) سلیس گفتگو۔ شستہ زبان (مونث) سلیس بولی ۲ (صفت) وہ جس کی زبان بہت سلیس ہو۔ شستہ سوفار (صفت) جس کا سوفار صیقل کیا ہوا ہو (تیر کی تعریف) شستہ گفتگو (مونث) سلیس باتیں۔ شستہ ورفتہ (صفت) پاک۔ صاف ستھرا ہوا۔ شستہ۔

شستر (س۔ مذکر) ۱
کاٹنے یا زخمی کرنے کا آلہ۔ ہتھیار۔ اسلحہ ۲ تلوار۔ شمشیر ۳ چاقو۔ خنجر۔ استرہ ۴ لوہا۔ فولاد ۵ حمد۔ بھجن۔ استوتی۔ شستر باندھنا (متعدی) ہتھیار لگانا۔ شستر بندھ (صفت) مسلح۔ شستر ابھیاس (مذکر) فوجی مشق۔ شستر دھاری (صفت) ہتھیار بند۔ مسلح۔ شستر شالا (مونث) وہ جگہ جہاں اسلحہ رکھے جائیں۔ اسلحہ خانہ۔ آرمری۔ شستر ودیا (مونث) علم اسلحہ (ضرب)
شستریہ (س۔ مذکر)

۱ اچھی خاصیت۔ خوبی ۲ اناج ۳ میوہ۔ پھل۔ پیداوار ۴ گری۔ مغز۔ گودا ۵ فصل ۶ گھاس۔

شش (ف۔ عدد) چھ۔
شش بالو (دے پیر) (مونث) دیکھو شش خاتون۔ شش بندان (مذکر) عید کے بعد کے چھ روزے جو شوال کی دو تاریخ سے سات تاریخ تک رکھے جاتے ہیں۔ شش پہل یا پہلو (مذکر) چھ کونے کا۔ شش جہت (مونث) ۱ چھ اطراف شمال جنوب مشرق مغرب اوپر نیچے ۲ کنایتاً ہر جگہ۔ تمام عالم۔ شش خاتون (مونث) چاند۔ مشتری۔ زہرہ۔ عطارد۔ زحل۔ مریخ۔ ششخانہ (صفت) ۱ چھ کمروں والا مکان ۲ (مذکر) ایک ساز ۳ بندوق جس کے اندر جھریاں ہوں ۴ چھ نالی بندوق۔ شش دانگ (صفت) تمام کل۔ شش دانگ عالم (مذکر) کل دنیا۔ تمام عالم۔ ششدر (مذکر) ۱ چھ دروازے یا پاسے ۲ وہ جگہ جہاں سے رہائی مشکل ہو ۳ نرد کے کھیل میں ایک گھر جہاں نرد بند ہو جاتی ہے۔ اور کھیلنے والا حیران رہ جاتا ہے۔ اس لیے کنایتاً ۴ (صفت) حیران۔ پریشان۔ (رہ جانا۔ رہنا۔ ہونا کے ساتھ) شش روز (مذکر) دنیا کی پیدائش کے چھ دن۔ شش رنگا (مذکر) ایک قسم کا حلوہ جو انڈوں اور لشکر سے بناتے ہیں۔ شش سالہ (صفت) چھ سال کا۔ شش صد (عدد) چھ سو۔ شش طاق (مذکر) ایک قسم کا شاہی خیمہ۔ شش عید کے روزے (مذکر) چھ روزے جو عید کے بعد سے متواتر تین دن تک رکھے جاتے ہیں۔ کہتے ہیں ان چھ روزوں کا ثواب سال بھر کے روزوں کے برابر ہوتا ہے۔ شش گوشہ (مذکر) وہ شکل جس کے چھ کونے برابر ہوں۔ ششم (صفت) چھٹا۔ ششماہی (مونث) چھ مہینے۔ شش پنج (مذکر) ۱ گھبراہٹ۔ حیرانی۔ پریشانی ۲ ادھیڑ بن۔ فکر و اندیشہ ۳ ہچکچاہٹ۔ شک۔ شش و پنج میں پڑنا یا ہونا (لازم) فکر و اندیشے میں ہونا۔ پریشان ہونا۔

شَش (س۔ مذکر) ۱
خرگوش ۲ بارہ سنگھہ ۳ نشانات جو چاند میں ہیں ۴ لودھ کا درخت ۵ ایک قسم کا شہاب ثاقب ۶ ایک آدمی کا نام جو ایک خاص نکشترے کے نیچے پیدا ہوا ہو ۷ آدمیوں کی ایک قسم جو زن مرید ہوتی ہے۔ مرد کی چار قسمیں ہیں باقی تین اشو۔ مرگ اور ورشن ۸ جھمبر دریے کا ایک حصہ۔ ششانک (مذکر) ۱ چاند ۲ مشک کافور ۳ ایک راجہ۔ ششانک پورہ (مذکر) ایک شہر۔ شش دھر (مذکر) ۱ چاند ۲ کافور۔

شُش (ف۔ مذکر)
پھیپھڑا۔

شُش (ہ۔ مذکر) ۱ وہ آواز جس سے کتے سے کسی پر حملہ کرایا جاتا ہے۔ ششکار یا ششکاری (مونث) شش کہہ کے کتے کو کسی شکار پر دوڑانا۔ ششکار بتانا۔ ششکارنا۔ شش کرنا۔ (متعدی) دیکھو آخری۔

ششپن (ہ۔ مذکر)
بچپن۔ بچپن کا زمانہ۔

ششٹھ (س۔ صفت) چھٹا۔
ششٹھا۔ ششٹھی۔
(س۔ مونث) ششٹی (ہ۔ مونث) قمری نصف مہینے کا چھٹا دن۔

ششٹی (س۔ عدد)
ساٹھ۔

ششٹی (س۔ مونث)
۱ حکومت کرنا ۲ حکم۔ فرمان ۳ سزا۔

ششر (س۔ صفت) ۱
ٹھنڈا۔ بارد ۲ (مذکر) سردی۔ برودت ۳ پالا ۴ شبنم ۵ سردی کا موسم ماگھ اور پھاگن ۔

شَشک (س۔ مذکر)
خرگوش۔

شِشک (س۔ مذکر)
۱ بچہ۔ طفل ۲ کسی جانور کا بچہ ۳ سوسمار ۴ ایک قسم کی مچھلی۔

شُشک (س۔ صفت)
خشک۔ سوکھا۔

شَشن (س۔ مذکر) ۱
چاند ۲ ایک بحر یا وزن۔

شِشن (س۔ مذکر)
آلہ تناسل۔

ششو (س۔ مذکر) ۱ بچہ۔
طفل۔ لڑکا جو آٹھ برس سے کم ہو ۲ کسی جانور کا بچہ۔ بچھڑا۔ کتا۔ بچھیرا۔ پلا وغیرہ ۳ شاگرد۔ چیلا۔

شصت (ف۔ عدد) ساٹھ۔

شَطّ (ع۔ مذکر) ۱ دریا کا کنارہ ۲ کوئی بڑا دریا ۳ اونٹ کے کوہان کی ایک طرف۔ (شَطَّ۔ دور ہونا)

شَطّاح (ع۔ صفت) بیحیا۔ بے شرم۔ بدچلن۔ (شَطَحَ۔ دوڑنا) **شطاحی** (مونث) بے شرمی۔ بے حیائی۔

شَطح (ع۔ مذکر) ۱ شریعت کے خلاف کلمہ ۲ وہ کلمہ جو واصلان الٰہی بے اختیاری میں کہہ دیتے ہیں۔ جیسے منصور نے انا الحق کہا تھا۔ (شَطَحَ۔ دوڑنا) **شطحیات** (مذکر) جمع شطح کی۔

شطرنج (ع۔ مذکر) فارسی شترنج کا معرب۔ اصل لفظ سنسکرت چترنگ تھا۔ چار عضو والا یعنی فوج۔ ایک کھیل جس کی بساط پر چونسٹھ خانے ہوتے ہیں۔ اور بتیس مہرے ہوتے ہیں ۱۶ ایک رنگ کے ۱۶ دوسرے رنگ کے ہر رنگ کا بادشاہ۔ وزیر۔ دو رخ۔ دو اسپ اور دو فیل اور آٹھ پیادے ہوتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ یہ راون کی ایجاد ہے۔ جو اس نے سیتا کا دل بہلانے کے لئے کی تھی۔ **شطرنج باز** (صفت) ۱ شطرنج کھیلنے والا ۲ حیلہ ساز۔ مکار۔ **شطرنج بازی** (مونث) شطرنج کا کھیل۔ **شطرنج کا نقشہ** (مذکر) شطرنج کے چند مہرے بساط پر رکھ کر قید لگاتے ہیں کہ اتنی چالوں میں مات کرے۔ **شطرنجی** (مذکر) ۱ شطرنج باز ۲ ایک قسم کا دبیز سوتی کپڑا۔ اس کی بناوٹ شطرنج کے خانوں کی طرح ہوتی ہے۔ **شطرنجی باف** (مذکر) شطرنجی بنانے والا۔

مقولہ۔ شطرنج نہیں صد رنج ہے۔ شطرنج پر وقت ضائع کرنے والے کو بہت تکلیفیں پہنچتی ہیں۔

شِعار (ع۔ مذکر) ۱ چلن۔ طریقہ۔ طور۔ مرکبات کے آخر میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسے ستم شعار ۲ نشان۔ اشارہ۔ وہ لفظ جس سے فوج والے ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں ۳ بدن سے لگا ہوا کپڑا۔ بنیان (شَعَرَ۔ جاننا) **شعار الحج** (مذکر) حج کا طریقہ۔ **شعاری** (صفت) ۱ شعار کے متعلق۔ رسمی۔ چلنی ۲ مرکبات کے آخر میں جیسے کفایت شعاری۔

شُعاع (ع۔ مونث) ۱ کرن سورج کی ۲ روشنی۔ چمک (پڑنا۔ ہونا کے ساتھ) (شَعَّ۔ پھیلنا) **شعاع الشمس۔ شعاع مہر** (مونث) سورج کی کرن۔ **شعاعی** (صفت) کرن کے متعلق۔ روشن۔ چمکیلا۔

شعائر (ع۔ مذکر) جمع شعار۔ ۱ شیعیت کی نشانیاں۔ رسومات۔ فرائض اور عبادات۔ **شعائر حج** (مذکر) حج کے فرائض۔

شِعب (ع۔ مذکر) ۱ پہاڑی سڑک۔ درہ ۲ نیچی زمین۔ (شعب۔ اکٹھا ہونا)

شَعبان (ع۔ مذکر) سنہ ہجری کا آٹھواں مہینہ۔ (شَعَبَ۔ علیحدہ کرنا)

شُعبدہ (ف۔ مذکر) ۱ وہ کرتب جو جادو یا مکر و فن سے ہو ۲ نظر بندی ۳ دھوکا۔ فریب۔ (شَعبَذَ۔ جادو کرنا) **شعبدہ باز** (مذکر) ۱ بھان متی ۲ (صفت) مکار۔ دغا باز۔ فلک کی تعریف میں استعمال ہوتا ہے ۳ ساحر جادوگر۔ **شعبدہ بازی** (مونث) ۱ نظر بندی۔ جادو کے کرشمے۔ کرتب ۲ مکاری۔ فریب۔ **شعبدہ بنانا** (متعدی) ۱ شرارت کرنا۔ دھوکا دینا ۲ کرتب دکھانا۔ **شعبدہ باطل ہونا**۔ (لازم) جادو کا اثر جاتا رہنا **شعبدہ دکھانا** (مم) **دیکھنا** (متعدی) ۱ کرتب دیکھنا ۲ نیرنگیاں دیکھنا۔ **شعبدہ کرنا** (مذکر) کرتب کرنا۔ کوئی عجیب بات جادو یا چالاکی سے دکھانا۔ **شعبدہ گر** (مذکر) بازی گر۔

شُعبہ (ع۔ مذکر) ۱ درخت کی شاخ ۲ نہر کی شاخ ۳ محکمہ کی شاخ ۴ قبیلہ کی تقسیم ۵ ٹکڑا حصہ۔ شاخ۔ (شَعَبَ۔ جدا کرنا)

شِعر (ع۔ مذکر) ۱ سخن موزوں ۲ دو مصرعے جو ایک وزن کے ہوں۔ اور ایک خیال کو ظاہر کریں۔ قافیہ ضروری نہیں۔ بیت ۳ نظم (شَعَرَ۔ جاننا۔ نظم میں بولنا) **شعر بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) شعر کہے جانا۔ **شعر تر** (مذکر) پرلطف بیت۔ **شعر خشک** (مذکر) وہ بیت جس میں کوئی خوبی نہ ہو۔ **شعر خوانی** (مونث) شعر پڑھنا۔ **شعر ڈھل جانا** (لازم) بغیر کوشش کے شعر موزوں ہو جانا۔ **شعر کہنا** (متعدی) ۱ شعر بنانا ۲ موزوں کرنا۔ **شعر کی بندش** (مونث) ترتیب الفاظ۔ طرز۔ **شعر گو** (مذکر) شاعر۔ شعر کہنے والا۔ **شعر گوئی** (مونث) شاعری۔ شعر کہنا۔ **شعر لڑنا** (لازم) دو شاعروں کے شعروں کا مضمون ایک ہونا۔ **شعر لکھنا** (متعدی) ۱ بیت کو کسی جگہ تحریر کرنا ۲ شعر کہنا۔ **شعر نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) شعر تصنیف ہونا۔ **شعر و سخن** (مذکر) شاعری۔ شاعری کا مذاق۔ **شعری** (صفت) شعر کا۔ شعر کے متعلق۔

امثال واقوال

شعر فہمی عالم بالا معلوم شد۔ اوپر والوں کے شعر سمجھنے کا حال معلوم ہو گیا۔ دیکھو سخن فہمی الخ۔ **شعر گفتن بہ از زر سفتن بود۔ لیک فہمیدن بہ از گفتن بود۔** شعر کہنا موتی بیندھنے سے اچھا ہے۔ مگر شعر سمجھنا شعر کہنے سے اچھا ہے۔ **شعر مرا بہ مدرسہ کہ برد۔** میرا شعر مدرسے میں کون لے گیا۔ مکتبوں کے ملا شعروں کا مطلب نہیں سمجھتے چیز نا قدروں کے ہاتھ پڑے تو کہتے ہیں۔

شِعرا (ع۔ مذکر) شاعر کی جمع۔

شِعریٰ (ع۔ مذکر) ایک ستارہ دیکھو سرئیس۔

شَعشَہ (ع۔ مذکر) ۱ چمک۔ آفتاب کی روشنی ۲ لمبی اور پتلی لکیر۔ حرف کا آخری حصہ ۳ چھوٹی۔ پوربٹ۔ افواہ۔ (شَعشَعَ۔ لمبا اور پتلا بنانا) **شعشہ اٹھانا یا چھوڑنا** (متعدی) غلط خبر مشہور کرنا **شعشہ نکالنا** (متعدی) نکتہ چینی کرنا۔ شاخسانہ نکالنا **شعشۂ نور حسن** (مذکر) حسن کی روشنی کی چمک۔ بیحد حسن یا خوبصورتی۔

شُعلہ (ع۔ مذکر) ۱ لو آگ کی لپٹ۔ آنچ۔ روشنی۔ کسی چیز کو آگ لگنے سے اس میں سے گیسیں نکلتی ہیں۔ یہ جلتی ہیں تو روشن نظر آتی ہیں اس کو شعلہ کہتے ہیں ۲ تیزی۔ گرمی (شَعَلَ۔ جلنا) **شعلۂ آتش** (مذکر) آگ کی لپٹ (نکلنا کے ساتھ) **شعلہ آشام** (صفت) جلنے والا۔ شعلہ نگلنے والا **شعلۂ آواز** (مذکر) آواز کی تیزی جو دلپر اثر کرے۔ **شعلہ آور** (صفت) شعلہ نکالنے والا۔ **شعلۂ آہ** (مذکر) آہ کی گرمی۔ آہ۔ **شعلہ اُٹھنا** (لازم) ۱ آگ کی لپٹ نکلنا۔ لو اٹھنا ۲ غصہ آنا ۳ جلن ہونا۔ **شعلہ افشاں یا بار** (صفت) شعلہ برسانے والا جس سے بہت شعلے نکل رہے ہوں۔ **شعلۂ برق**

(مونث) بجلی کی روشنی۔ وہ شعلہ جو بجلی چمکنے کے وقت نظر آتا ہے۔ **شعلہ بھبوکا ہونا** (لازم) سخت ناراض ہونا۔ غصے میں سرخ ہونا۔ لال پیلا ہونا۔ **شعلہ بھڑکنا** (متعدی) شعلہ کا تیز ہونا۔ **شعلہ بیز** (صفت) شعلہ پیدا کرنے والا۔ **شعلۂ تاک** (مذکر) انگوری شراب **شعلہ تا چرخ بریں جانا** (لازم) شعلہ بہت اونچا اٹھنا۔ **شعلہ تیز ہونا** (لازم) شعلے کا زیادہ چمکنا۔ **شعلۂ تیغ** (مذکر) تلوار کی آب۔ **شعلۂ تیغ کی چمک یا لپک** (مونث) تلوار کی کاٹ۔ **شعلۂ جام** (مذکر) شراب۔ **شعلہ جانستاں** (صفت) جان لینے یا مار ڈالنے والا شعلہ۔ **شعلۂ جوالہ** (مذکر) ا گرد اگرد پھرنے والا شعلہ ۲ منتی ہو بیٹی کا چکر۔ ۳ معشوق کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **شعلہ چمکنا** (لازم) آگ کا لو کا نظر آنا۔ یا نکلنا۔ **شعلۂ حسن** (مذکر) نہایت حسین معشوق۔ **شعلہ خو** (صفت) تیز مزاج۔ تندخو۔ معشوق کی تعریف۔ **شعلہ خوئی** (مونث) تیز مزاجی۔ تندخوئی۔ **شعلہ خیز یا دار** (صفت) جس میں سے شعلے نکلیں۔ **شعلہ رخ۔ رخسار۔ رو یا عذار** (صفت) خوبصورت۔ حسین۔ سرخ چہرے والا معشوق۔ **شعلۂ رزم** (مذکر) جنگ کا زور یا جوش۔ **شعلہ زا** (صفت) شعلہ دینے والا۔ **شعلہ زبان** (صفت) تیز زبان۔ **شعلہ زبانی** (مونث) تیز زبانی۔ **شعلہ زن یا زناں** (صفت) شعلہ نکالنے والا۔ **شعلۂ طور** (مذکر) نور جو حضرت موسیٰ پر اترا تھا۔ **شعلۂ طور بھڑکانا** (متعدی) **بھڑکنا** (لازم) عاشق ہونا۔ عشق کا زور **شعلۂ غم** (مذکر) غم کی آگ۔ **شعلہ فام** (صفت) چمکدار۔ **شعلہ فشاں** (صفت) شعلہ برسانے والا۔ **شعلہ کی لپک** (مونث) آگ کی لپٹ۔ (بڑھنا ہونا کے ساتھ)۔ **شعلہ ناک** (صفت) شعلہ نکالنے والا۔ جلتا ہوا۔ **شعلہ نکلنا** ! نمودار ہونا (لازم) ۲ اٹھنا۔ آگ جلنا۔ **شعلہ ور** (صفت) جس سے شعلے نکلیں۔ **شعلہا** (مذکر) شعلہ کی جمع۔ **شعلہائے آتش** (مذکر) آگ کے شعلے۔ **شعلہائے فساد** (مذکر) فساد کا شعلوں سے استعارہ کرتے ہیں۔ **شعلہائے فساد بھڑکنا** (لازم) سخت فساد پیدا ہونا۔ **شعلہ ہونا** (لازم) شعلہ بھبوکا ہونا **شعلۂ یاقوت** (مذکر) وہ چمک جو یاقوت سے پیدا ہوتی ہے۔ **شعلے** (مذکر) شعلہ کی جمع ۲ بجائے شعلہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **شعلے اٹھنا یا اڑنا** (متعدی) شعلوں کا آگ سے اڑ کر ہوا میں جانا۔ آگ کی لپٹ نکلنا۔ **شعلے اگلنا یا نکالنا** (متعدی) کسی چیز کا آگ کی لپٹیں دینا۔ **شعلے نکلنا** (لازم) سخت غصہ ظاہر ہونا (آنکھوں سے کے ساتھ)

شعوبیہ (ع۔ مذکر) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو عجمیوں کو عربوں سے بہتر سمجھتے ہیں۔

شعور (ع۔ مذکر) ! دانائی۔ عقل۔ سلیقہ ۲ ہوش ۳ واقفیت۔ تمیز۔ پہچان۔ (شعر۔ جاننا) **شعور آنا** (لازم) سلیقہ آنا **شعور پکڑنا** (متعدی) ! ہوش سنبھالنا۔ ہوشیار ہونا ۲ تمیز سیکھنا۔ **شعور دار** (صفت) تمیز دار۔ سلیقہ شعار **شعور ہونا** (لازم) عقل ہونا۔ تمیز ہونا۔ ہوش ہونا

شعیر (ع۔ مذکر) جو۔ شعیرہ (مذکر) ا جو کا ایک دانہ ۲ مکے میں قربانی کا جانور ۳ مذہبی رسم۔

شغار (ع۔ مذکر) دو آدمیوں کا ایک دوسرے کی بہنوں یا بیٹیوں سے شادی کرلینا تاکہ جہیز نہ دینا پڑے پیغمبر صلعم نے اسے بند کر دیا تھا (شغر۔ ایک دوسرے کے خاندان میں شادی کرنا)

شغال (ف۔ مذکر) گیدڑ **شغالی** (مونث) ایک قسم کا انگور جسے گیدڑ شوق سے کھاتے ہیں۔

مثل۔ شغالے را میسر نیست انگور۔ گیدڑ کو انگور میسر نہیں جب کوئی کسی چیز کا اہل نہ ہو تو کہتے ہیں۔

شغب (ع۔ مذکر) شور غل اردو میں شور و شغب میں مستعمل ہے۔ (شغب۔ جوش دلانا) **شور و شغب** (مذکر) غل شور۔

شغف (ع۔ مذکر) بیحد محبت یا رغبت (شغف۔ بیحد محبت کرنا)

شغل (ع۔ مذکر) ا کام۔ دھندا ۲ مشغلہ۔ پیشہ ۳ تفریح طبع ۴ خدا کا دھیان (شغل۔ کسی کام میں لگنا۔ شغل۔ کسی کام میں لگنا) **شغل بادہ کشی۔ شراب خواری یا میخواری۔** (مذکر) شراب پینا۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **شغل فرمائیں۔** کوئی کھانے پینے کی چیز پیش کرنے پر یا کسی کو گانے کی درخواست کرنے پر کہتے ہیں **شغل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ! کسی کام میں مشغول ہونا ۲ کھانے پینے حقہ پینے وغیرہ کے لئے مستعمل ہے۔ **شغل میں رہنا** (لازم) کسی کام میں مشغول ہونا۔

مقولہ۔ شغل بہتر ہے عشق بازی کا۔ کیا حقیقی و کیا مجازی کا عشق کرنا بہت اچھا ہے۔ چاہے کسی قسم کا ہو۔

شفا (ع۔ مونث) ا صحت۔ تندرستی ۲ بیماری سے صحت (شفو۔ صحت دینا) **شفا بخش** (صفت) شفا دینے والا۔ اچھا کرنے والا۔ **شفا پانا۔** (لازم) بیماری سے اچھا ہونا۔ **شفا خانہ** (لازم) اسپتال ۲ جگہ جہاں ڈاکٹر یا حکیم رہتے ہیں اور دوائیاں دیتے ہیں۔ **شفا دینا** (متعدی) اچھا کرنا۔ **شفا ہونا** (لازم) اچھا ہونا۔ تندرست ہونا۔ صحت ہونا **شفا یاب** (صفت) اچھا۔ تندرست (ہونا کے ساتھ)

شفاعت (ع۔ مونث) گناہوں کی معافی کی سفارش (کرنا ہونا کے ساتھ) (شفع۔ بیچ میں آنا) **شفاعت کنندہ یا گر** (صفت) شفاعت کرنے والا۔ **شفاعت نامہ** (مذکر) سفارش کی چٹھی۔

شفاف (ع۔ صفت) ! نہایت صاف ۲ جس کے آر پار نظر آئے۔ (کر دینا کرنا۔ ہو جانا کے ساتھ) (شفّ۔ پتلا ہونا۔) **شفافی** (مونث) صفائی۔ چمک۔

شفتالو (ف۔ مذکر) ایک قسم کا بڑا آڑو۔ **شفتالوی** (صفت) شفتالو کے رنگ کا۔

شفتل (ف۔ صفت) بدکار۔ بدچلن۔ نالایق عورتوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

شفر (فر۔ مذکر) موٹر چلانے والا شخص۔ موٹر ڈرائیور۔

شفعا (ع۔ مذکر) شفیع کی جمع

شفعہ (ع۔ مذکر) ! ہمسائے کے گھر یا مکان پر قبضہ کرنے کی خواہش ۲ حق

وہ حق جو گھر یا زمین کی ہمسائیگی سے خریدنے کا ہوتا ہے۔ (شَفَعَ۔ شامل کرنا۔ ملانا)

شَفَق (ع۔ مونث) ۱ سرخی جو شام کو آسمان پر نمودار ہوتی ہے۔ صبح کی سرخی کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ۲ (مذکر) ڈر ۳ مہربانی۔ محبت۔ (شَفَقَ مہربانی کرنا رحم کرنا۔ **شَفَقَت** (مونث) مہربانی۔ رحم غمخواری ۲ محبت۔ الفت (کرنا ہونا کے ساتھ) **شفق سحر** (مونث) وہ شفق جو صبح کو پھولتی ہے۔ **شفق (کا) پھولنا** (لازم) شفق کا نمودار ہونا۔ **شفق کا ٹکڑا** (صفت) حسین۔ **شفق کھلنا** (لازم) شفق پھولنا۔ **شفقی** (صفت) شفق کا ۲ شفق کے متعلق۔ شفق کے مانند۔

شَفُوقَہ (اردو۔ مذکر) عورتوں نے شگوفہ کی سنی پیدا کی ہے۔

شَفَوی۔ شَفَہی (ع۔ مونث) وہ حروف جن کا مخرج لب ہے ب۔ م۔ پ۔ ف۔ و۔

شَفِیع (ع۔ صفت) ۱ شفاعت کرنے والا ۲ شفعہ کا حق رکھنے والا۔ شفیعہ (مذکر) ایک قسم کا ادرک (?)۔ **شفیع الامم (الورا)** (صفت) پیغمبر صلعم کا لقب۔ امت و لوگوں کی شفاعت کرنے والا۔ **شفیع جار** (مذکر) وہ شفیع ۲ جو پڑوس میں ملکیت رکھتا ہو۔ **شفیع خلیط** (مذکر) وہ شفیع ۲ جس کی جائداد متصل ہو۔ **شفیع محشر** (صفت) قیامت کے دن سفارش کرنے والا۔ پیغمبر صلعم۔

شَفِیق (ع۔ صفت) ۱ مہربان۔ غمخوار۔ ہمدرد ۲ پیارا مشفق۔ (دیکھو شفق)

شَق (ع۔ صفت) ۱ چھٹا ہوا۔ شگاف والا ۲ (مذکر) شگاف دراڑ ۳ صبح۔ پو پھٹنے کا وقت (شَقّ۔ کاٹنا) **شق القمر** (مذکر) چاند کا شق ہو جانا پیغمبر صلعم کا ایک معجزہ جس کی حقیقت کے متعلق مختلف حدیثیں ہیں۔ **شق ہونا** (لازم) پھٹ جانا۔

شِق (ع۔ مذکر) ۱ نصف کسی چیز کا ۲ اس قدر جتنا کہ جانور ایک طرف بوجھ اٹھاتا ہے ۳ پہلو۔ جانب ۴ ٹکڑا۔ حصہ ۵ قسم۔ صنف ۶ پخ جھگڑا۔ شاخ ۷ پہاڑ کی ایک طرف ۸ چڑھائی۔ دوسنیہ ۹ ملک کا ایک حصہ جو ایک تحصیلدار کے ماتحت ہو ۱۰ مشکل۔ تکلیف۔ محنت ۱۱ تھکاوٹ ۱۲ فکر ۱۳ ایک بلا جو نصف انسان کے برابر ہوتی ہے ۱۴ خسرو کے زمانے کا ایک نجومی ۱۵ خیبر کے قریب ایک جگہ **شقدار** (مذکر) ۱ تحصیلدار۔ محاصل ۲ (صفت) مشکل۔ تکلیف دہ ۳ غیر معین۔ نامعلوم ۴ حیران یا پریشان کرنے والا۔ **شقداری** (مونث) ۱ تحصیلداری ۲ گھبراہٹ پریشانی ۳ بے اعتباری۔ شک۔ **شق نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱ جھگڑا ہونا۔ شاخ نکلنا ۲ شبہ ہونا۔ شک ہونا۔

شِقَاب (ع۔ مذکر) شقب کی جمع۔ **شقاب جبال** (مذکر) پہاڑوں کے غار۔

شَقَاقی (ع۔ مذکر) کرد نسل کی ایک قوم جو تبریز کے قریب آباد ہے۔

شَقَاوَت (ع۔ مونث) بدبختی۔ بدنصیبی۔ (شَقُوَ۔ بدبخت ہونا)

شَقَائِق (ع۔ مذکر) جمع شقیقہ کی ۱ شگاف ۲ اخیافی بہنیں ۳ گل لالہ کا پھول۔

شَقَب (ع۔ مذکر) ۱ پہاڑ میں شگاف ۲ غار ۳ نشیب زمین جہاں پانی کھڑا رہے۔

شُقُوق (ع۔ مذکر) جمع شق کی۔ شگاف۔

شُقّہ (ع۔ مذکر) ۱ شاہی فرمان۔ بادشاہی حکم ۲ وہ حکم جو بڑے امیر چھوٹے امیروں کو لکھتے ہیں۔ رقعہ ۳ وہ کپڑا جو علم میں باندھتے ہیں پھریرا (شَقّ۔ پھاڑنا) **شقہ نوا** (صفت)

شَقی (ع۔ صفت) ۱ بدبخت۔ بدنصیب ۲ برا ۳ ظالم۔ (شَقُوَ۔ بدبخت ہونا)

شَقِیق (ع۔ صفت) ۱ نصف ۲ [illegible] سوتیلا بھائی ۳ مضبوط بچھڑا۔

شَقِیقَہ (ع۔ مذکر) ۱ دیکھو شق ۲ آدھے سر کا درد۔ (شَقّ۔ پھاڑنا)

شَک (ع۔ مذکر) شبہ۔ گمان۔ احتمال۔ اشتباہ۔ ابہام۔ دبدھا۔ بھرم۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) اردو میں عام طور پر بالجزم استعمال ہوتا ہے۔ (شَکّ۔ شبہ ہونا) **شک آنا یا پڑنا** (لازم) شبہ پیدا ہونا۔ گمان ہونا۔ **شک جانا** (لازم) ۱ شبہ ہونا ۲ شبہ دور ہونا۔ **شک دور ہونا** (لازم) شبہ رفع ہونا۔ **شک ڈالنا** (متعدی) شبہ پیدا کرنا۔ **شک رفع کرنا۔ مٹانا۔ نکالنا** (متعدی) **رفع ہونا۔ مٹنا۔ نکلنا** (لازم) شبہ دور ہونا۔ **شک ظاہر کرنا** (متعدی) شبہ کرنا۔ **شک گزرنا** (متعدی) شبہ ہونا۔ **شکی** (صفت) متذبذب۔ ڈانواں ڈول۔ **شکیہ** (صفت) شبہ والا۔ مشتبہ۔

شَک (س۔ مذکر) ۱ وہ راجہ جو سمت مقرر کرے ۲ سمت جو کوئی راجہ مقرر کرے۔ خصوصاً سالباہن کا ۳ ہندوؤں کی ایک ذات۔

شِک (ع۔ مذکر) ۱ وہ کپڑا جو کمان کے جھکے ہوئے کناروں پر باندھتے ہیں ۲ اوپر کا کپڑا۔ (شِکّ۔ جمنا)

شُک (س۔ مذکر) ۱ طوطا ۲ کپڑا۔ کپڑے ۳ کپڑے کا کنارا۔ پلہ ۴ ٹوپی۔ پگڑی

مقولہ۔ شک سارے راکھیں سبھی کاگ نہ راکھے کوئے۔ تان
ہوت ہے گن تیں گن بن مان نہ ہوئے

طوطا سب لوگ پالتے ہیں کوا کوئی نہیں پالتا۔ عزت خوبی کی وجہ سے ہوتی ہے۔ بغیر خوبی کے عزت نہیں ہوتی

شُکا (ہ۔ مذکر) طوطا۔

شِکار (ع۔ مذکر) ۱ جانوروں کو مارنا ۲ مارا ہوا جانور ۳ وہ جانور جس کا شکار عام طور پر کیا جاتا ہے ۴ لوٹ۔ مفت کا مال ۵ دکیلکا مرکل ۶ دیکھو سونے کی چڑیا ۷ (صفت) مطیع۔ مغلوب۔ **شکار افگن** (مذکر) شکاری جو بیچنے کے لئے شکار کرے۔ **شکار باز** (مذکر) شکاری جو شوقیہ شکار کرے۔ **شکار بند** (مذکر) وہ تسمہ جو گھوڑے کی دم کے قریب زین کے ساتھ شکار یا اور کوئی چیز باندھنے کے لئے لگا ہوتا ہے۔ **شکار پیشہ** (صفت) وہ جس کا پیشہ شکار کرنا یا شکار کھیلنا ہو۔ **شکار کا ذوق (شوق) ہونا** (لازم) شکار کھیلنے کی طرف طبیعت بہت مائل ہونا۔ **شکار کرنا** (متعدی) ۱ جانوروں کو مارنا ۲ کسی کو قابو کرنا ۳ لوٹ لینا ۴ فریفتہ کرنا ۵ مغلوب کرنا۔ مطیع کرنا۔ **شکار کناں** (صفت) شکار کرتے ہوئے۔ **شکار کنندہ** (صفت) شکار کرنے والا۔ **شکار کو جانا** (لازم) جانوروں کو مارنے کے ارادہ سے جنگل میں جانا۔ **شکار کھلانا** (مم) **کھیلنا** (متعدی) جانوروں کو مارنا یا پکڑنا۔ **شکار کی ٹٹی** (مونث) ایک چھوٹی سی ٹٹی جس پر گھاس

اور پٹے باندھ کر شکاری اپنے ساتھ رکھتا ہے
شکار گاہ (مونث) ۱ شکار کھیلنے کا جنگل۔ رمنا
۲ کاغذ کی قندیل جس میں جانور چلتے نظر آتے ہیں۔
شکار مارنا (متعدی) جانور کو شکار کرنا۔ شکار
ہاتھ آنا یا لگنا (لازم) ۱ شکار کا جانور ملنا ۲ کسی کا
دکیلوں یا طوائفوں یا بدمعاشوں کے پاس پھنسنا
یا قابو آنا ۳ صفت دستیاب ہونا۔ شکار ہونا (لازم)
شکار کرنا کا۔ شکاری (مذکر) ۱ وہ شخص جو شکار
کرے۔ صیاد ۲ (صفت) وہ جو شکار کرے ۳ شکار
سے نسبت رکھنے والا۔ شکاری پرند (مذکر)
۱ وہ پرند جو دوسرے پرندوں کو کھائے ۲ وہ پرند
جسے شکار کے لئے سدھایا جائے۔ شکاری
جانور (مذکر) وہ جانور جو دوسرے جانوروں کو
شکار کرکے کھائے۔ شکاری کتا (مذکر)
تازی کتا۔ وہ کتا جس سے جانوروں کا شکار کیا جائے

امثال و اقوال۔ شکارکار

بیکاراں۔ بیکار شخص شکار کیلئے جنگلوں میں مارا
مارا پھرتا ہے۔ شکار کو گئے اور خود شکار
ہو گئے ۱ لوٹنے کے لئے گئے اور خود لٹ
گئے ۲ دوسروں کو نقصان پہنچانے میں اپنا نقصان
کرلیا ۳ کوئی عاشق ہو جائے تو بھی کہتے ہیں۔ شکار
کے وقت کتیا (متانی) ہگاسی۔ کام کے
وقت حیلے بہانے کرنے لگے۔ شکاری شکار
کریں احمق ساتھ پھریں۔ شکاری شکار
کھیلیں چوتیا ساتھ پھریں۔ اس کے متعلق
کہتے ہیں جو خواہ مخواہ دوسروں کے ساتھ پھرتے
ہیں۔ شکاری کتا شیر سے منہ نہیں پھیرتا۔
تجربہ کار آدمی مشکل کاموں سے نہیں ڈرتا۔

شکاک (ع۔ مذکر) ایک کرد
قوم جو سرحد ایران اور ترکی پر آباد ہے۔

شکال (ع۔ مذکر) وہ گھوڑا
جس کی ایک ٹانگ یا تین ٹانگیں سفید ہوں۔ یہ عیب
گنا جاتا ہے۔ (شکل۔ نشان کرنا)۔

شکایت (ع۔ مونث)
۱ گلہ۔ شکوہ ۲ نالہ۔ دکھڑا ۳ تکلیف۔ مرض۔ دکھ روگ
۴ بدی۔ برائی۔ غیبت (شکو۔ شکایت کرنا) شکایت
آمیز (صفت) پُر شکوہ۔ شکایت سے بھرا ہوا۔ شکایت
رفع کرنا۔ (متعدی) ہونا (لازم) ۱ شکایت یا گلہ
کی تلافی ہونا ۲ تکلیف مٹنا۔ مرض دور ہونا۔ شکایت
کرنا۔ (متعدی) ۱ دکھڑا رونا ۲ گلہ کرنا۔ شکوہ کرنا ۳
بدی کرنا۔ شکایت مند (صفت) شکایت کرنے
والا۔ شکایت زمیرے) سر آنکھوں پر
وہاں بولتے ہیں جہاں دوسرے کی شکایت کو تسلیم
کرنا ہو۔ شکایت ہونا (لازم) ۱ گلہ ہونا ۲ کوئی مرض
ہونا ۳ برائی بیان کیا جانا۔ شکایتی (صفت) شکایت
کرنے والا۔ جو شکایت کرنے کا عادی ہو۔

شکت (س۔ صفت) ۱ لائق۔
قابل۔ ماہر ۲ طاقت ور۔ قوی۔ بلی ۳ سخت۔ پکا۔ مضبوط
۴ کفتی۔ چالاک ۵ متوجہ۔ مشغول ۶ مہذب۔ شائستہ۔
خلیق۔ صاحب اخلاق۔

شکلت (س۔ صفت) تکمیل
کے قابل۔ لائق۔ قابل۔

شکت (س۔ مونث) ۱ قوت
۔ طاقت۔ زور۔ بل ۲ قابلیت۔ لیاقت ۳ ہمت۔ حوصلہ
۴ فوقیت۔ غلبہ۔ بس ۵ دو اکالشیا طاقت ۶ شاہی طاقت۔
جو تین قسم کی ہے۔ ذاتی رسوخ یا دبدبہ۔ نیک مشورہ۔
قوت ۷ قوت یا طاقت کسی دیوتا کی جس کو اس کی بیوی ظاہر
کیا جاتا ہے۔ جسے فرقہ شاکت پوجتا ہے۔ شکتی دیویاں
آٹھ ہیں۔ اندرانی۔ ویشنوی۔ شانتا۔ برہمنی۔ کوماری نار
سہنی۔ واراہی۔ مہیشوری۔ بعض بجائے تین اور ریچھ کے
چامنڈی اور چانڈکا کا نام لیتے ہیں۔ بعض کے نزدیک
۹ ہیں۔ ویشنوی۔ برہمنی۔ رودری۔ ماہیشوری۔ نار
سہنی۔ واراہی۔ اندرانی۔ کارتکی اور پردھانی۔ بعض
وشن جی کی پچاس شکتیاں علاوہ لکشمی کے بیان کرتے ہیں۔
اور پچاس ہی شوجی کے علاوہ درگاجی کے بصورت
کی شرمگاہ جسے شاکت فرقہ پوجتا ہے ۹ لفظ کی طاقت
یا مطلب ۱۰ شاعر کی قوت متخیلہ ۱۱ مدد۔ امداد ۱۲ تحفہ۔
علم ۱۳ جھنڈے کا ڈنڈا۔ **شکت مت**
(صفت) ۱ طاقت ور۔ قوی ۲ وہ جسے دولت
حاصل ہو گئی ہو ۳ وہ (زانی شکتی) کے ساتھ مل گیا ہو (دیوتا)
۴ نیزے سے مسلح ۵ (مذکر) ایک پہاڑ۔ شکت
ناتھ۔ (مذکر) شوجی۔ شکتی (مونث) دیکھو شکت۔

شکتی (س۔ مونث) ۱ سیپی۔
سیپ۔ سیپ کا کیڑا۔ صدف ۲ گھونگا ۳ سنکھ ۴ کھوپڑی
کا وہ حصہ جو پیالے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۵
ایک قسم کی بھونری جو گھوڑے کی پیٹھ، گردن یا چھاتی
پر ہوتی ہے ۶ ایک قسم کی آنکھ کی بیماری ۷ ایک قسم
کی خوشبو ۸ ایک وزن دو تولے کا ۹ (مذکر) ایک آشرم
کا نام ۱۰ ایک پہاڑ ۱۱ (تانیث) ایک قوم جس کا شکتی سے تعلق ہو یا
(مونث) ایک شہر۔ شکتی مان یا مت (مذکر)
ہندوستان کے سات بڑے سلسلہ کوہوں میں سے
ایک۔

شکٹ (س۔ مذکر) ۱
گاڑی۔ چھکڑا ۲ نکشتر وردہنی کے پانچ ستارے ۳
چھکڑے کا بوجھ ۴ اناج تیار کرنے کا ایک آلہ ۵
پھیلنے کی شکل کی ایک فوجی ترتیب ۶ ایک دیت
جسے کرشن جی نے بچپن میں قتل کیا تھا۔ شکٹکا۔
شکٹی (مونث) ۱ چھوٹا چھکڑا ۲ بچوں کی گاڑی۔

شکر (ف۔ مذکر) ۱ کھانڈ۔ قند
چینی۔ بورا۔ نبات ۲ میٹھے الفاظ۔ میٹھی گفتگو ۳ معشوق
کے ہونٹ ۴ ایک عورت جس کے ساتھ خسرو نے
شیریں کی مرضی کے خلاف شادی کرلی تھی۔ شکر
آمیز (صفت) قند ملا ہوا۔ میٹھا۔ شکر آویز (مذکر)
۱ کوئی خوشگوار یا نفیس چیز ۲ مولویوں کا شملہ۔ شکر
بادام (مذکر) بادام جن پر قند چڑھی ہوئی ہو۔ شکر چڑھے ہوئے
بادام۔ شکر بار (صفت) قند برسانے والا۔ میٹھا
شکر برگ (مذکر) ایک مٹھائی جس میں قند اور بادام
ہوتے ہیں۔ شکر برہ یا بورہ (مذکر) ایک قسم کی
روٹی جس میں قند بادام اور پستہ پڑا ہوتا ہے۔ شکر
کھتا (مذکر) ایک مٹھائی جو چاولوں کے آٹے گھی
اور قند کی بنی ہوئی ہوتی ہے۔ شکر پارہ (مذکر) ۱
قند کا ٹکڑا ۲ ایک قسم کی مٹھائی جو میدے اور قند سے
بناتے ہیں اور جس کے چھوٹے چھوٹے مربع ٹکڑے
ہوتے ہیں۔ شکر تری (مونث) سفید کھانڈ۔ شکر خا
(صفت) ۱ شکر چبا ہوا ۲ شیریں سخن۔ شکر خام (مذکر)
کچی کھانڈ جو بادامی رنگ کی ہوتی ہے۔ شکر خانہ
(مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں شکر بنے ۲ تھال میں لگی ہوئی مٹھائی
شکر خند یا خندہ (صفت) مسکراہٹ۔ تبسم۔ شکر
خواب (مذکر) خوابی (مونث) میٹھی نیند سونا۔ شکر
خوار (صفت) شیریں سخن۔ شکر خورہ یا شکر خورا
(مذکر) ۱ ایک جانور جس کی چونچ بہت باریک اور
لمبی ہوتی ہے۔ اور وہ پھولوں سے مٹھاس چوس لیتا
ہے ۲ (صفت) تر مال کھانے والا۔ میٹھی چیز کھانے
کا شوقین۔ شکر دان (مذکر) وہ برتن جس میں کھانڈ
ڈالیں۔ شکر دہان (صفت) میٹھی میٹھی باتیں کرنے
والا۔ شیریں زبان یا سخن۔ شکر رنجی (مونث) دوستوں

ہیں خفیف رنجش۔ **شکر رنگ** (صفت) شکر کے رنگ کا۔ **شکر ریز** (صفت) ۱ شیریں سخن یا گفتار۔ فصیح۔ شیریں کلام ۲ خوش طبع۔ پُرمذاق ۳ (مذکر) حلوائی یا وہ روپیہ جو شادی کے موقع پر دولہا دلہن پر سے نچھاور کیا جائے ۴ تحفہ جات جو دولہا کی طرف سے دلہن کو بھیجے جائیں ۵ نظم ۶ کانا ۷ خوشی کے آنسو۔ ۸ معشوق کے ہونٹ۔ **شکر ریزی** (مونث) ۱ میٹھی باتیں ۲ خوشی کے آنسو۔ **شکر زبان** (صفت) شیریں سخن یا گفتار۔ **شکرستاں** (مذکر) وہ جگہ جہاں کثرت سے شکر ہو۔ **شکر سفید** (مونث) شکرتری۔ **شکر سے منہ بھرنا** (متعدی) کسی خوشخبری کے شکریئے میں مٹھائی کھلانا۔ شیرینی کھلانا۔ منہ میٹھا کرنا۔ **شکر شکن** (صفت) شیریں زبان۔ **شکر شیر ہونا** (لازم) بہت دوست ہو جانا۔ شیر شکر ہونا زیادہ فصیح ہے۔ **شکر فروش** (صفت) ۱ کھانڈ بیچنے والا ۲ شیریں زبان ۳ معشوق۔ **شکر فشاں** (صفت) ۱ شکر چھڑکنے والا ۲ شیریں زبان۔ **شکر قلم** (مذکر) ۱ اچھا مصنف۔ اچھی زبان لکھنے والا شخص ۲ ایک قسم کی مٹھائی۔ **شکر قند** (مونث) **قندی** (مت) ایک قسم کی میٹھی جڑ جسے ابال کر یا بھون کر کھاتے ہیں۔ (کند۔ جڑ) **شکر گفتار** (صفت) شیریں زبان یا سخن۔ **شکر لب** (صفت) میٹھے ہونٹوں والا۔ کنایۃً معشوق۔ **شکر مقال** (صفت) شیریں زبان۔ **شکرنگ** (مذکر) ایک قسم کی مٹھائی۔ **شکری** (صفت) ۱ شکر کا ۲ شکر کے رنگ کا ۳ (مذکر) ایک قسم کا ناسہ۔ **شکریں** (صفت) میٹھا۔ شیریں ۲ ایک قسم کی مٹھائی ۳ ایک انگریزی مرکب جو نہایت شیریں ہوتا ہے۔ ایک ذرہ گھڑے بھر کو میٹھا کر دیتا ہے۔ **شکریں** (صفت) شیریں۔ **شکریں گفتار** (صفت) شیریں گفتار۔

امثال و اقوال۔ شکر

خورے کو (خدا شکر ہی دیتا ہے)۔ **شکر ہی ملتی ہے۔ شکر خورے کو شکر موذی کو ٹکر** - جو جس کی خواہش ہو وہ اس کو مل جاتا ہے یعنی خواہش کے مطابق سامان پیدا ہو جاتے ہیں۔ شکر رہیے سے مرے تو زہر کیوں دیجے۔ دیکھو گڑ دیئے سا ئع

شکر (س۔ مذکر) ۱ قوتؔ ۲ اندر کا لقب ۳ کئی پودوں کا نام۔

شُکُر (ع۔ مذکر) ۱ کسی کے احسان کی تعریف کرنا احسان ماننا۔ شکریہ ۲ خدا کے احسانوں کی تعریف۔ شکریہ ادا کرنا ۳ ادا کرنا۔ ہونا۔ کرنا ہونا کے ساتھ۔ **شکر احسان** (مذکر) احسان کی تعریف۔ **شکر ادا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کسی کے احسان کا تعریف کے ساتھ اظہار کرنا۔ **شکر الٰہی** (مذکر) خدا کا شکر۔ **شکران** (مذکر) شکریہ۔ شکرانہ باد۔ **شکرانہ** (مذکر) ۱ شکریہ ۲ وہ رقم جو مقدمہ جیتنے کے بعد وکیل کو یا بطور رشوت افسر کو دی جائے۔ **شکرانہ ادا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) شکر ہونا۔ **شکر ایزد** (مذکر) خدا کا شکر۔ **شکر بجالانا** (متعدی) شکر کرنا۔ **شکر خدا** (مذکر) خدا کے احسان کی تعریف کا اظہار۔ **شکر خدمت** (مذکر) کسی کام کا شکریہ۔ **شکر شکوہ رہجانا** (لازم) نیکی بدی کی یادگار رہجانا۔ **شکر صد شکر** (مذکر) بیحد شکریہ۔ **شکر کرکے**۔ (ق ف) بغیر حیل و حجت کے۔ صبر کرکے۔ **شکر کرنا** (متعدی) ۱ احسان ماننا ۲ راضی برضا ہونا۔ **شکر کناں** (صفت) شکر کرتے ہوئے۔ **شکر کی جگہ ہونا** (لازم) احسان ماننے کا موقع یا محل ہونا۔ **شکر گزار** (صفت) احسان ماننے والا۔ **شکر گزاری** (مونث) احسان ماننا۔ **شکر نعمت** (مذکر) مہربانی کا شکریہ۔ **شکر ہونا** (لازم) شکر کرنا ۲ **شکر ہے** (مذکر) ۱ کوئی مزاج پوچھے تو یہ کہتے ہیں ۲ کوئی کام حسب مراد ہو جائے تو کہتے ہیں۔ **شکریہ** (مذکر) دیکھو شکر (ادا کرنا ہونا کرنا ہونا وغیرہ کے ساتھ)

اقوال۔ شکر بجا آر کہ

مہمان تو روزی خود مے خورد از خوانِ تو۔ شکر بجا لا کہ تیرا مہمان اپنا رزق تیرے دسترخوان پر کھاتا ہے۔ شکر نعمتہائے تو چنداں کہ نعمتہائے تو۔ عذر تقصیراتِ ما چنداں کہ تقصیراتِ ما۔ تیری نعمتوں کا اتنا شکر کرتا ہوں کہ تیری نعمتیں ہیں۔ اور اپنی خطاؤں کا اتنا عذر کرتا ہوں کہ جتنی میری خطائیں ہیں۔

شُکر (س۔ صفت) **شُکر** (مذکر) ۱ روشن۔ درخشاں۔ منور۔ چمکدار ۲ سفید ۳ خالص۔ سب سے داغ ۴ (مذکر) قمری مہینے کا روشن حصہ یا کوئی دن اس حصہ کا ۵ زہرہ۔ ناہید ۶ اگنی کا نام ۷ جیٹھ کا مہینہ ۸ سیارہ زہرہ کا موکل جو بھرگو کا بیٹا اور دیتوں کا گرو شمار ہوتا ہے ۹ خالص سوم رس۔ ۱۰ اس کا برتن۔ **شکر سیلیچر** ۱ جمعہ اور سفتہ ۲ روہبت کھانے والوں کے نام ۳ بہت کھانے والا۔ پیٹو۔ **شکر وار** (ہ۔ مذکر) جمعہ کا دن۔

مقولہ۔ شکر وار کی بادلی

رہے سنیچر چھائے۔ ایسا بولے بھڈری بن برسے نہیں جائے۔ جو بدلی جمعہ کو آئے اور سنیچر وار کو رہے وہ ضرور برستی ہے۔

شکرم (انگ۔ مذکر) ایک قسم کی چار پہیوں کی گاڑی۔

شِکرہ (ف۔ مذکر) ایک شکاری جانور جو باز سے چھوٹا ہوتا ہے۔ **شکرہ پالنا** (متعدی) بار اپنے سر پر لینا۔

شِکَست (ف۔ مونث) ۱ ہار۔ مات۔ ہزیمت۔ زک ۲ شکستگی۔ انہدام۔ ٹوٹ پھوٹ ۳ شکستن۔ ٹوٹنا۔ **شکست آنا** (لازم) ہار جانا۔ مات ہونا۔ **شکست بند** (مذکر) ایک قسم کا پھلا جو ٹوٹنے سے اندر بند ہو جاتا ہے۔ **شکست پانا** (لازم) ہار جانا۔ زک اٹھانا۔ مات کھانا۔ **شکست پذیر** (صفت) ۱ کچا۔ نازک ۲ ٹوٹ جانے والا۔ **شکستِ توبہ** (مونث) توبہ توڑنا یا ٹوٹنا۔ **شکست خوردہ** (صفت) ۱ شکست کھائے ہوئے۔ وہ جو ہار گیا ہو ۲ ٹوٹا ہوا۔ رُکا ہوا۔ **شکست دینا** (متعدی) زک دینا۔ ہرا دینا۔ **شکست ریخت** (مونث) ٹوٹ پھوٹ۔ نقصان۔ ہرجہ۔ **شکستِ شیشہ** (مونث) وہ آواز جو شیشہ ٹوٹنے سے ہوتی ہے۔ **شکستِ فاحش یا فاش** (مونث) بے شرمی کی ہار۔ سخت زک۔ بھاری شکست (دینا کھانا کے ساتھ)۔ **شکستِ قیمت** (مونث) قیمت کم ہو جانا۔ نرخ گھٹ جانا۔ **شکستِ کامل** (مونث) سخت شکست۔ پوری شکست (آنا۔ پانا۔ دینا کھانا کے ساتھ)۔ **شکست کھانا** (متعدی) ہار جانا۔ زک اٹھانا۔ **شکستگی** (مونث) ٹوٹ پھوٹ۔ انہدام۔ **شکست ملنا** (لازم) ۱ زک ہونا ۲ ہارنا۔ ہزیمت ہونا۔ **شکست و ریخت** (مونث) ٹوٹ پھوٹ۔ بگڑی ہوئی چیز۔ **شکستہ** (صفت) ۱ ٹوٹا ہوا۔ گرا ہوا ۲ باریک کیا ہوا۔ کُٹا ہوا ۳ شرمندہ۔ تائب۔ ۴ بیمار ۵ کمزور ۶ وہ خط جو گھسیٹ کر لکھا جائے ۷ ایک قدیم قلعہ ایران میں۔ **شکستہ بال**۔ بازو۔ پا۔ پر (صفت) بے بس۔ بے کس۔ بے قوت کمزور۔ ضعیف۔ **شکستہ حال** (صفت) بیچارہ

محتاج۔ غریب۔ **شکستہ حالی** (مونث) ۱۔ خستہ حالی پریشانی ۲۔ غربت۔ محتاجی **شکستہ خاطر** یا **دِل** (صفت) پریشان۔ غمگین۔ دل شکستہ۔ **شکستہ دلان** (مذکر) غریب لوگ **شکستہ دلی** (مونث) ۱۔ دل شکستگی ۲۔ تکلیف مصیبت۔ **شکستہ نویس** (مذکر) شکستہ خط لکھنے والا شخص۔ **شکست ہونا** (لازم) ہزیمت ہونا۔ ہارنا۔ زک اُٹھانا۔ مات ہونا **شکست یافتہ** (صفت) ہزیمت خوردہ۔ ہارا ہوا۔

شِکشا (س۔ مونث) ۱۔ مطالعہ۔ تحصیل علم ۲۔ علم۔ دو یا ۳۔ تعلیم۔ سکھنا۔ تربیت ۴۔ اصول۔ احکامات۔ قاعدے ۵۔ شرم۔ حیا ۶۔ ویدانگوں میں سے ایک ۷۔ سزا۔ تعزیر۔ تادیب۔

شَکل (ع۔ مونث) ۱۔ صورت۔ قطع۔ ڈول۔ روپ ۲۔ چہرہ ۳۔ وضع۔ ڈھنگ۔ انداز بھیس ۴۔ نقشہ۔ ڈھانچا ۵۔ قسم۔ نوع ۶۔ صورت۔ تصویر ہیکل ۷۔ تدبیر۔ تجویز ۸۔ حالت۔ گت ۹۔ موقعہ ۱۰۔ بناوٹ ۱۱۔ وہ نقش جو رمالوں کے قرعہ پر ہوتا ہے ۱۲۔ مشابہت ۱۳۔ (علم ہندسہ) وہ نقشہ جو حدوں سے محدود ہو سکے۔ جمع اشکال ۱۴۔ (صفت) مشابہ۔ مثل۔ مانند۔ مد شکل۔ مانند یا مثل ہونا) **شکل بدلنا** (لازم) صورت تبدیل کرنا بھیس بدلنا۔ وضع بدلنا۔ **شکل بگاڑنا** (لازم) ۱۔ صورت بگاڑنا۔ چہرہ بدصورت کر دینا ۲۔ تصویر خراب کر دینا ۳۔ مد پیٹ کرنا۔ **شکل بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) ۱۔ نقشہ بننا۔ خاکہ کھینچنا ۲۔ انداز یا وضع بنانا ۳۔ کسی صورت کا اختیار ہونا۔ نقل ہونا ۴۔ چہرہ بگڑنا یا منہ بننا۔ **شکل پر ریجھنا** (متعدی) صورت دیکھ کر عاشق ہونا۔ **شکل پکڑنا** (متعدی) صورت اختیار کرنا۔ **شکل پہچاننا** (متعدی) صورت سے جاننا کہ کون ہے۔ **شکل تو دیکھو** (طنزاً) حوصلہ یا ہمت دیکھو۔ **شکل حماری** (اقلیدس) پہلے مقالے کی بیسویں شکل جو اس قدر آسان ہے کہ جو اسے بھی نہ سمجھے وہ گدھا ہے۔ **شکل دوّاری** (مونث) گول شکل۔ **شکل دینا** (متعدی) ۱۔ صورت دینا ۲۔ صورت بنانا۔ **شکل دیکھا کرے**۔ حیران ہو جائے۔ **شکل زہر معلوم ہونا** (لازم) صورت سے نفرت ہونا کسی شخص سے ملنے کو دل نہ چاہنا **شکل عروسی** (اقلیدس) پہلے مقالے کی سینتالیسویں شکل جو حجلۂ عروسی کے مشابہ ہے **شکل کا کہنا** (متعدی) صورت سے ظاہر ہو جانا۔ **شکل ماموتی** (اقلیدس) پہلے مقالے کی پانچویں شکل۔ جو خلیفہ مامون رشید کو بہت پسند تھی **شکل مثالی** (مونث) نمونہ **شکل مجسم** (مونث) ٹھوس جسم **شکل میں لال لگے ہونا**۔ (لازم) کوئی بڑی خوبی ہونا خوبصورت ہونا۔ **شکل نظری** (اقلیدس) مسئلہ۔ دعوے جو دلائل سے ثابت ہو۔ **شکل نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱۔ تدبیر ہونا ۲۔ موقع ہاتھ آنا ۳۔ صورت کا خوشنما ہونا **شکل وشباہت** (مونث) صورت۔ چہرہ۔ رنگ ڈھنگ **شکل وشمائل** (مونث) صورت اور سیرت۔

امثال۔ شکل بھوت کی سی نام البیلے لال۔ دیکھو برعکس نہند نام زنگی کافور۔ **شکل چڑیلوں کی دماغ (مزاج) یا ناز پریوں کا**۔ بدصورتی پر غرور کرنے کے موقعہ پر کہتے ہیں۔

شُکَل (س۔ مذکر) **شُکُل** (ھ) ۱۔ سفید۔ صاف۔ پاک ۲۔ (مذکر) سفید رنگ ۳۔ برہمنوں کا ایک فرقہ ۴۔ اس فرقہ کا فرد ۵۔ چوبیسواں یُگ ۶۔ قمری مہینے کا روشن حصہ۔ شدی ۷۔ چاندی ۸۔ تازہ مکھن ۹۔ آنکھ کی ایک بیماری ۱۰۔ بیساکھ کا مہینہ۔ **شُکلا** (مونث) ۱۔ ایک سفید گائے ۲۔ سفید کھانڈ ۳۔ ایک پودہ۔

شِکَم (ف۔ مذکر) پیٹ۔ بطن اوجھ۔ **شکم بندہ** **پرور** یا **پرست** (صفت) پیٹ پالنے والا۔ پیٹو۔ بہت کھانے والا۔ **شکم سیر** (صفت) پیٹ بھرا ہوا۔ رجا ہوا۔ آسودہ۔ **شکم سیر ہو کر کھانا**۔ (متعدی) پیٹ بھر کر کھانا **شکمی** (صفت) ۱۔ پیٹ کا۔ پیٹ کے متعلق ۲۔ اندرونی۔ خفیہ ۳۔ ماتحت۔ تابع ۴۔ پیٹ کا چمڑا۔ جانوروں کا جس کی پوستین بناتے ہیں ۵۔ بڑے پیٹ کا آدمی۔ پیٹو آدمی ۶۔ وہ کاشتکار جو دوسرے کاشتکار سے زمین ٹھیکہ پر لے۔

شَکُن (س۔ مذکر) ۱۔ پرندہ ۲۔ چیل ۳۔ گدھ ۴۔ عقاب ۵۔ اچھا شگون یا نشان۔

شِکَن (ف۔ صفت) ۱۔ توڑنے والا۔ تباہ کرنے والا۔ مرکبات میں جیسے صف شکن۔ بت شکن ۲۔ (مذکر و مونث) چین۔ جھول۔ جھنٹہ۔ دڑنا۔ ڈالنا کے ساتھ) (شکستن۔ توڑنا) **شکن در شکن** (صفت) پیچدار۔ زلف اور بالوں کی تعریف میں استعمال ہوتا ہے۔ **شکنی** (مونث) توڑنا مرکبات میں جیسے دل شکنی۔ عہد شکنی۔ **شکنت شکنتک۔ شکنتی** (مذکر) ۱۔ پرندہ ۲۔ نیل کنٹھ ۳۔ گدھ۔

شِکنجہ (ف۔ مذکر) ۱۔ ایک آلہ جس میں کسی چیز کو دبا کر دباتے ہیں۔ اگلے زمانے میں مجرموں کے ہاتھ پاؤں دبا کر دبا دیا کرتے تھے ۲۔ جلد سازوں کا آلہ جس میں کتابیں دبا کر کاٹتے ہیں ۳۔ روئی دبانے کی کل ۴۔ بیلنے کا آلہ۔ کولھو ۵۔ عذاب۔ ایذا دکھ۔ تکلیف۔ **شکنجہ کیا** (لازم) سخت عذاب کیا۔ بڑی سزا دی۔ **شکنجے** (مذکر) ۱۔ شکنجہ کی جمع ۲۔ بجائے شکنجہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **شکنجے میں کھچوانا** (م) **کھینچنا** (متعدی) ۱۔ ملزم کو شکنجے کے ذریعے عذاب دینا ۲۔ سخت سزا دینا ۳۔ سخت تکلیف پہنچانا۔ اذیت دینا ۴۔ چاروں طرف سے جکڑ دینا۔

شَکُور (ع۔ صفت) ۱۔ بہت شکر کرنے والا ۲۔ خدائے تعالیٰ کا نام

شُکُوک (ع۔ مذکر) جمع شک کی۔

شِکوَہ (ع۔ مذکر) شکایت۔ گلہ (کرنا ہونا کے ساتھ) (شکوہ۔ شکایت کرنا) **شکوہ گزاری** (مونث) گلہ کرنا۔ **شکوہ مند** یا **ناک** (صفت) گلہ کرنے والا۔ **شکوہ مندی** یا **ناکی** (مونث) گلہ کرنا۔

شِکوَہ (ف۔ مذکر) ڈر۔ خوف۔ ترس۔

شُکُوہ (ف۔ مذکر) ۱۔ دبدبہ رعب ۲۔ شان۔ شوکت ۳۔ مرکبات میں جیسے دارا شکوہ۔

شِکھَر (س۔ مذکر) ۱۔ سرا۔ نوک ۲۔ چوٹی۔ قلۂ کوہ ۳۔ بالوں کا کھڑا ہونا ۴۔ بغل ۵۔ یاقوت ۶۔ یاسمن کی کلی ۷۔ ایک خیالی ہتھیار۔ **شکھرنی** (مونث) ۱۔ نہایت اچھی عورت ۲۔ ایک کھانا ۳۔ بادل کی لکیر پیٹ پر ۴۔ ایک قسم کا انگور۔

شِکیب (ف۔ مذکر) ۱۔ صبر۔ شکوہ ۲۔ تحمل بردباری۔ صبوری۔ برداشت۔ سہار۔ اردو میں عموماً صبر و شکیب کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔ **شکیبائی** (مونث) دیکھو شکیب **شکیبندہ** (صفت) صابر۔

شَکیل (ع۔ صفت) یہ لفظ اہلِ ہند کی اختراع ہے۔ عربی۔ فارسی میں نہیں۔ شکل سے بروزن فعیل بطرز جمیل بنا لیا گیا ہے۔ خوبصورت۔ حسین۔ خوش وضع۔ وجیہ۔ **شکیلہ** (صفت۔ مونث) خوبصورت۔

شُگا (ہ۔ مذکر) طوطا۔

شَگار (ف۔ مذکر) ۱ گیدڑ۔ شغال ۲ (صفت) کھانے کے قابل۔ (شکار سے)

شِگاف (ف۔ مذکر) ۱ درز۔ چیرا۔ دراڑ۔ جھری ۲ (صفت) جس میں دراز ہو۔ **شگاف پڑنا** (لازم) پھٹ جانا۔ **شگاف دینا یا لگانا** (متعدی) ۱ قلم کو چیرنا ۲ نشتر لگانا ۳ چیرا دینا۔

شَگال (ف۔ مذکر) گیدڑ۔ شغال۔

شَگَرف (ف۔ صفت) ۱ عمدہ۔ اچھا۔ نفیس۔ عجیب ۲ کمیاب۔ نادر ۳ نیک۔ صالح۔ بزرگ ۴ خوبصورت۔ حسین ۵ مضبوط۔ قوی ۶ دست آور ۷ موٹا۔ فربہ ۸ (مذکر) نیک بہادر اور اعلیٰ آدمی۔

شِگفت (ف۔ مذکر) حیرت تعجب (شگفتن۔ حیران ہونا)

شِگُفت (ف۔ صفت) ۱ خوش۔ شاد۔ مسرور ۲ کھلا ہوا ۳ (مونث) تفریح۔ خوشی۔ مسرت۔ (شگفتن۔ کھلنا) **شگفتگی** (مونث) ۱ سرسبزی۔ شادابی ۲ کھلنے کی حالت۔ پھول کا کھلنا ۳ خوشی۔ مسرت۔ فرحت۔ **شگفتہ** (صفت) ۱ کھلا ہوا۔ پھلا پھولا ۲ خوش۔ شاد۔ مسرور۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **شگفتہ بحر** (مذکر) وہ بحر جس کے اشعار میں طبیعت اور الفاظ کی روانی پائی جائے۔ **شگفتہ پیشانی** (صفت) ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی۔ **شگفتہ خاطر یا دل** (صفت) ۱ خوش۔ بشاش ۲ خوش مزاج۔ **شگفتہ رو** (صفت) ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی۔ **شگفتہ زمین** (مونث) دیکھو شگفتہ بحر۔ **شگفتہ طبع یا مزاج** (صفت) دیکھو شگفتہ خاطر۔ **شگفتہ ہونا** (لازم) ۱ کھلنا۔ پھلنا ۲ خوش ہونا ۳ اچھی حالت میں ہونا۔ خوشحال ہونا۔

شَگُن۔ شُگَن (ہ۔ مذکر) ۱ شگون۔ فال ۲ روپے کا عطیہ (س شکن) **شگن بچارنا** (متعدی) فال دیکھنا۔ **شگن کرنا** (متعدی) ۱ کوئی کام نیک ساعت میں شروع کرنا ۲ سیل کرنا۔ ابتدا کرنا۔ **شگن لینا** (متعدی) فال لینا۔ **شگن ہونا** (لازم) کسی کام کا اچھی ساعت میں شروع ہونا۔ **شگنیا** (مذکر) رمال۔ نجومی۔ فالیا۔

شُگُن (ف۔ مذکر) دیکھو شگن۔

شگنی (مذکر) دیکھو شگنیا۔

شِگوفہ (ف۔ مذکر) ۱ کلی۔ غنچہ ۲ عجیب یا انوکھی بات ۳ جھوٹ۔ عیب ۴ طرہ۔ **شگوفہ چھلانا** (متعدی) ۱ عجیب وغریب بات ظاہر کرنا ۲ فتنہ برپا کرنا ۳ جھوٹی بات مشہور کرنا۔ **شگوفہ پھولنا** (لازم) ۱ عجیب وغریب بات ظاہر ہونا ۲ فتنہ برپا ہونا۔ گل کھلنا ۳ جھوٹ بات مشہور ہونا ۴ کلی کا کھلنا **شگوفہ چھوڑنا** (متعدی) کوئی فتنہ انگیز بات کہنا **شگوفہ دکھانا** (متعدی) عجیب بات دکھانا۔ **شگوفہ کاری** (مونث) گلکاری۔ بوٹہ قدرت۔ **شگوفہ کھلانا** (متعدی) **شگوفہ کھلنا** (لازم) دیکھو شگوفہ پھولنا۔ **شگوفہ لانا** (متعدی) ۱ انوکھی یا عجیب بات کرنا ۲ فتنہ برپا کرنا ۳ کلی کھلنا۔ پھولنا ۴ شاخیں پھوٹنا۔ **شگوفے پھوٹنا** (لازم) کلیاں نکلنا۔ کلیاں کھلنا۔ **شگوفے نکالنا** (متعدی) عیب نکالنا۔

• **مقولہ۔ شگوفہ گاہ شگفتہ است گاہ خوشیدہ درخت گاہ برہنہ است گاہ پوشیدہ**۔ زمانے کی حالت بدلتی رہتی ہے۔ کبھی کچھ ہوتا ہے کبھی کچھ۔

شُگون (ف۔ مذکر) دیکھو شگن۔ **شگونیا** (مذکر) دیکھو شگنیا۔

شَل (ع۔ صفت) ۱ وہ جس میں حس نہ ہو۔ (عضو) ۲ تھکا ماندہ (شلّ۔ بیکار ہونا) **شل کر دینا** (متعدی) **ہو جانا** (لازم) تھک جانا۔

شَل (س۔ مذکر) ۱ سیہ کا کانٹا ۲ نیزہ۔ تیر ۳ ایک قسم کا کھیت۔

شِل (ہ۔ مونث) دیکھو شلا۔

شِل (ف۔ مذکر) ۱ چھوٹا نیزہ۔ برچھی ۲ ترسول ۳ مچھلی مارنے کا نیزہ۔

شِل (ہ۔ مذکر) اناج یا بالیں زمین سے چننا۔

شُل (ف۔ مذکر) ۱ بیل ۲ بہی۔

شُل (ف۔ صفت) ۱ نرم ۲ سست۔

شِلا (س۔ مونث) ۱ پتھر۔ چٹان ۲ وہ سل جس پر مسالہ رگڑتے ہیں ۳ اولے ۴ دروازے کی چوکھٹ کی نچلی لکڑی ۵ چوکھٹ ۶ وہ لکڑی یا پتھر جو ستون کے اوپر رکھتے ہیں ۷ بڑا شہتیر ۸ سرخ ہڑتال ۹ مشک کافور ۱۰ ایک دریا۔

شَلاق (ف۔ مذکر) ۱ دُرّے مارنا۔ بہت مارنا ۲ لاٹھی۔ دُرّہ۔ چابک ۳ جماع۔ **شلاق خواری** (مونث) دُرّے پڑنا۔

شلاکا (س۔ مونث) ۱ تیر۔ برچھی ۲ چھتری کا تار ۳ پنجرے کی تیلی ۴ چھوٹی لکڑی کھونٹی۔ سلاخ ۵ لکڑی یا بانس کا گول نوک دار ٹکڑا ۶ سنہ کش۔ رولر ۸ دیاسلائی ۹ جراح کا کوئی نوکدار اوزار ۱۰ ہڈی ۱۱ ہاتھی دانت کا مربعہ ٹکڑا۔ پاسہ ۱۲ داتن۔ مسواک ۱۳ دانت خلال ۱۴ پنسل ۱۵ شگوفہ ۱۶ انگلی ۱۷ ٹہنی جس پر لیسدار چیز جانور پکڑنے کے لئے لگا دیتے ہیں

شلاگھا (س۔ مونث) ۱ خوشامد بیجا تعریف ۲ حمد۔ ثنا ۳ فخر کرنا ۴ اطاعت۔ فرمانبرداری ۵ خواہش۔ آرزو۔

شَلایِین (ف۔ صفت) بار بار مانگنے والا۔ بیحد منت سماجت کرنے والا۔

شَلَبھ (س۔ مذکر) ۱ جھینگر ۲ ٹڈی۔

شَلبِین (ہ۔ مونث) گھوڑے کا کوئی نقص۔

شِلپ (س۔ مذکر) ۱ دستکاری۔ ہنر۔ صنعت۔ حرفت ۲ کوئی علم نفیسہ۔ کوئی ہنر جو ہاتھ پاؤں کے ذریعہ سے کیا جائے ۳ پیشہ ۴ شعور۔ سلیقہ۔ مہارت۔ چابکدستی ۵ وہ چمچا جس سے گھی ہون کے وقت آگ پر ڈالتے ہیں۔

شِلتاق (ف۔ مذکر) ۱ کسی سے جھگڑا۔ خواہ مخواہ کا جھگڑا۔ فساد۔ مقدمہ بازی۔ ۲ فساد۔ لڑائی۔ **شلتاقی** (صفت) خواہ مخواہ جھگڑنے والا۔

شَلجَم (ف۔ مذکر) شلغم۔ شلجمی

(صفت) شلغم کی طرح۔ **شلغمی آنکھیں** (مونث) بڑی بڑی آنکھیں۔

شَلُح (ع۔ مذکر) سُوس کے بربروں کا ایک قبیلہ۔

شَلخ (ع۔ مونث) ۱ بندق۔ کی باڑ ۲ منی ۳ فرج۔ (شلخ۔ تلوار کی ضرب سے کاٹ دینا۔)

شِلڑی (ہ۔ صفت) سڑی دیوانہ۔

شَلغم (ف۔ مذکر) ایک قسم کی ترکاری جو ایک پودے کی جڑ ہے اور موٹی۔ گول یا لمبوتری ہوتی ہے۔ سفید۔ سرخ۔ زرد۔ سبز۔ اور اودے رنگ کی ہوتی ہے۔

مثل۔ شلغم پختہ بہ زنقرۂ خام۔ پکا ہوا شلغم خالص چاندی سے اچھا ہے۔ شلغم کی تعریف میں کہتے ہیں۔ ادنےٰ سے ادنےٰ چیز جو ضرورت کے وقت کام آئے اس اعلیٰ چیز سے بہتر ہے جو وقت پر کام نہ آئے

شَلَق۔ شَلَک (ف۔ مونث) ۱ بندوقوں یا توپوں کی باڑ جو سلامی یا خوشی کے موقع پر چھوڑی جائے۔ دروں کی مار۔ بید لگنا ۳ صدمہ سکا۔ چانٹا ۴ جماع (شلغ۔ تلوار سے کاٹ دینا)

شلک اُڑانا (متعدی) ۱ باڑ چلانا ۲ سلامی اُتارنا ۳ ایسی بات کہنا جو سخت ناگوار گزرے۔ گپ ہانکنا ۴ (عف) گوز مارنا۔

شَلَک (س۔ مذکر) اچھال۔ چھلکا ۲ ایک پودہ

شُلَل (س۔ مذکر) شللی (مونث) سیہ کا کانٹا۔

شَلَنگ (ف۔ مونث) چھلانگ جست۔ زقند۔ پھلانگ۔ اچھل کود شلنگا (مذکر) دور دور کا ٹانکا۔ **شلنگ بھرنا یا مارنا**۔ (متعدی) اونچا اچھلنا۔ **شلنگے** (مذکر) شلنگا کی جمع **شلنگے بھرنا یا مارنا** (متعدی) سلائی میں دور دور ٹانکے لگانا۔ **شلنگیں** (مونث) شلنگ کی جمع **شلنگیں بھرنا یا مارنا** (متعدی) چھلانگیں مارنا اچھلنا۔ کودنا۔

شِلِنگ (انگ۔ مذکر) ایک سکہ جو بارہ پنس کا ہوتا ہے۔ اور پونڈ میں ۲۰ شلنگ ہوتے ہیں

شَلوار (ف۔ مونث) ۱ بھاری گاؤ دم۔ پاجامہ ۲ پاجامہ اتارہ ۳ پاجامے کے نیچے پہننے کا جانگیا۔

شَلوک (س۔ مذکر) ۱ نظم شعر۔ بند ۲ حمد۔ نعت۔ قصیدہ۔ کہاوت ضرب المثل ۴ شہرت۔ ناموری۔

شَلوکا (ہ۔ مذکر) ۱ کرتا جو کمر تک ہوتا ہے اور آستینیں کہنی تک ہوتی ہیں۔

شُلّہ (ف۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا کھانا جو چاولوں کو شوربے میں بہت گلا کر پکاتے ہیں ۲ پتلی کھچڑی۔

شِلی (س۔ مونث) ۱ چوکھٹ کی نیچے کی لکڑی ۲ دہلیز ۳ پتھر یا شہتیر جو ستون پر رکھا جائے ۴ مکان کا بڑا شہتیر ۵ تیر ۶ برچھی ۷ میخ ۸ ایک چھوٹا کیڑا۔

شِلیتہ (ہ۔ مذکر) ٹاٹ کا بڑا تھیلا۔

مثل۔ شلیتے میں میخ (نہ رکھیے) لشکر میں شیخ (نہ رکھیے) میخ تھیلے کو پھاڑ دیتی ہے۔ اور شیخ جنگ کے موقع پر بزدلی دکھاتا ہے۔

شِلیش۔ (س۔ مذکر) ۱ گلے لگانا۔ ہم بغل ہونا ۲ ہم آغوشی۔ بغل گیری ۳ میل جول۔ رابطہ۔ سوسائٹی ۴ موجودگی ۵ ذومعنی بات

شِلیشما (س۔ مذکر) بلغم

شَلیہ (س۔ مذکر) ۱ برچھی۔ بھالا۔ بلم۔ نیزہ ۲ تیر۔ بان۔ خدنگ ۳ لوہے کی سلاخ ۴ میخ کھونٹی ۵ کانٹا۔ خار ۶ سیہ ۷ جنگلی چوہا ۸ جراحی میں بدن سے تیر وغیرہ نکالنا ۹ کوئی چیز جو بدن میں گھس گئی ہو ۱۰ ہڈی ۱۱ باڑ۔ حد ۱۲ گناہ ۱۳ جرم ۱۴ زہر ۱۵ مشکل۔ تکلیف۔ مصیبت ۱۶ گالی۔ دشنام ازالہ حیثیت عرفی ۱۷ ایک قسم کی مچھلی ۱۸ ایک درخت ۱۹ بیل ۲۰ ایک اسُر کا نام ۲۱ مدر کا ایک راجہ جو پانڈوؤں کا ماموں تھا خصوصاً نکل اور سہدیو کا۔ کرن کے بعد کوروُں کی فوج کا سردار مقرر ہوا تھا اور یدھشٹر کے ہاتھ سے قتل ہوا تھا ۲۲ ایک اور راجہ جو دیرچی کا بیٹا تھا۔ **شلیہ پروَن** (مذکر) مہابھارت کا نواں باب جس میں شلیہ کے لڑنے اور قتل ہونے کا ذکر ہے۔ **شلیہ شاستر** (مذکر) علم جراحت کی وہ شاخ جو بدن سے تیر وغیرہ نکالنے کے متعلق ہے۔

شَم (س۔ مذکر) ۱ آرام۔ امن ۲ سکونِ دل ۳ اپنے قوے کو قابو رکھنا ۴ قوے کی چیزوں کی پروا نہ کرنا ۵ خواہشات کا نہ ہونا ۶ بے پروائی۔ بے اعتنائی ۷ برہماجی پر دھیان لگانا ۸ مکتی۔ نجات۔ آخری خوشی ۹ درد کا بند ہو جانا۔ بیماری سے صحت ۱۰ ہاتھ ۱۱ گالی۔ لعنت۔ سراپ ۱۲ ہندی دیوتوں کے ایک راجہ ۱۳ اندھک کا ایک بیٹا ۱۴ دھرم سوتر کا ایک بیٹا۔ **شمنی** (مونث) ۱ ساکن کرنے وغیرہ کا فعل ۲ مارنا۔ قتل کرنا۔ بھینٹ چڑھانا ۳ چبانا۔ نگلنا ۴ پانی پینے کا ایک طریقہ۔ ۵ سراپ۔ لعنت ۶ رات

شَمّ (ع۔ مذکر) خوشبو دینا۔ مہکنا۔ (شمّ۔ خوشبو دینا)

شُما (ف۔ ضمیر) تم۔ آپ

شَماتت (ع۔ مونث) کسی کے نقصان پر خوش ہونا۔ خندہ زنی۔ (شمت۔ دشمن کے نقصان پر خوش ہونا)

شُمار (ف۔ مذکر) ۱ گنتی۔ تعداد (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ حساب۔ تخمینہ ۳ (صفت) گننے والا۔ مرکبات میں جیسے انجم شمار۔ **شمار دانے** (مذکر) وہ دانے جو تسبیح کے پھندے میں سیکڑوں کا حساب کرنے کے لئے ہوتے ہیں۔ **شمار سے باہر** (تف) بعید۔ بےحساب۔ **شمار کنندہ** (صفت) ۱ شمار کرنے والا ۲ (علم حساب) کسر کا اوپر کا عدد جیسے ⅔ میں ۲ یعنی ۳ حصوں میں سے دو لئے گئے **شمار میں نہ لانا** (متعدی) کچھ نہ سمجھنا پروا نہ کرنا کچھ نہ ماننا۔ **شمار میں نہ ہونا** (لازم) بالکل معمولی ہونا۔ ادنےٰ ہونا۔ بلا رسوخ ہونا۔ (کسی کے ساتھ) **شمار نویس** (مذکر) حساب کرنے والا شخص۔ اکونٹنٹ۔ **شمار نہ رہنا یا ہونا** (لازم) بےشمار یا بعید ہونا۔ **شماری** (مونث) گننا۔ مرکبات میں جیسے اختر شماری۔

شَمّاس (ع۔ مذکر) ۱ عیسائی پادری ۲ وہ شخص جس نے پہلے پہل آگ کی پرستش جاری کی۔

شِمال (ع۔ مذکر) بایاں ہاتھ

۲ اتر کی جانب۔ قطب شمالی کیطرف۔ اگر سورج کے چڑھنے کی طرف منہ کرکے کھڑے ہوں تو شمال بائیں طرف ہوتا ہے ۳ خصلت۔ عادت طبیعت (جمع شمائل ان معنوں میں) (نحل)۔ **شمالاً** (تف) شمال کی طرف۔ **شمال رو یا رویہ** (صفت) جس کا سامنا حصہ شمال کیطرف ہو۔ (مکان) **شمال مشرق** (مذکر) وہ سمت جو اتر اور پورب کے درمیان ہے **شمال مغرب** (مذکر) وہ سمت جو اتر اور پچھم کے درمیان ہے۔ **شمال نما** (مذکر) قطب نما۔ **شمالی** (صفت) شمال کا۔ شمال کے متعلق۔ شمال سے منسوب **شمالی اضلاع** (مذکر) وہ اضلاع جو شمال میں ہیں **شمالی ممالک** (مذکر) وہ ملک جو شمال میں ہیں **شمالی ہوا** (مونث) وہ ہوا جو شمال کیطرف سے آئے۔

شمامہ (ع۔ مونث) ۱ خوشبو جو کسی چیز میں سونگھیں ۲ خوشبو کی گولیاں۔ (شم۔ بو دینا) **شمامۂ عنبر** (مذکر) عنبر کی خوشبو والی گولیاں **شمامۂ کافور** (مذکر) ۱ سورج ۲ چاند ۳ روشنی کے دن

شمائل (ع۔ مذکر) ۱ جمع شمال ۲ اور شمیلہ کی۔ عادتیں خصلتیں ۳ مرکبات میں۔ جیسے حور شمائل۔

شمائم (ع۔ مذکر) جمع شمیمہ کی خوشبوئیں۔

شمبک۔ سمبک۔ شمبو۔ شمبوک (س۔ مذکر) **شمبوکا۔** (مونث) ۱ سنکھ۔ ناقوس ۲ سیپ۔ سیپی ۳ گھونگا ۴ ہاتھی کے ماتھے کی ہڈی کا ابھار ۵ ایک دیت۔

شمبھو (س۔ مذکر) ۱ برہما جی ۲ شوجی ۳ ایک جن۔ رشی۔ منی ۴ ایک آسمانی مخلوق ۵ ایک خاص اگنی ۶ دشن جی کا ایک بیٹا ۷ اندر دسویں سونتر سے ییں ۸ گیارہ اردروں میں سے ایک ۹ ایک ارہت ۱۰ (صفت) خوشی کا موجب۔ خوشی دینے والا۔ مددگار۔ رحمن۔ مہربان۔

شمس (ع۔ مذکر) ۱ سورج۔ آفتاب ۲ سریہ ۳ ایک قسم کا گلے کا ہار ۴ چشمہ ۵ ایک قدیم بت ۶ ایک قبیلے کا جد اعلی (شمس۔ چمکنا۔ روشن ہونا) **شمس الثقلین** (مذکر) آدمیوں اور جنوں کا سورج۔ پیغمبر صلعم سے مراد ہے۔ **شمس الدین** (مذکر) ۱ دین کا سورج ۲ مسلمانوں میں ایک نام ہے۔ ایک قبیلہ **شمس سپہر رعنائی (زیبائی)** (صفت) ۱ خوبصورتی کے آسمان کا سورج۔ نہایت حسین۔ بہت خوبصورت۔ **شمسی** (صفت) ۱ سورج کا۔ سورج کے متعلق۔ سورج سے منسوب ۲ (مونث) شش ماہی تنخواہ ۳ وہ رخصت جو شاہی زمانے میں چھ ماہ کے بعد دی جاتی تھی۔ **شمسی سال** (مذکر) وہ عرصہ جس میں زمین اپنا چکر سورج کے گرد ختم کرتی ہے۔ یہ ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ ۴۹ ثانیہ کا ہوتا ہے۔ مگر عام طور پر سال ۳۶۵ دن کا شمار ہوتا ہے اس لئے ہر چوتھے سال فروری کا ایک دن اس سنہ میں بڑھا دیتے ہیں جو چار پر تقسیم ہو جائے۔ لیکن صدی کا سنہ اگر چار سو پر تقسیم ہو تو یہ دن بڑھاتے ہیں **شمسی قمری** (مونث) وہ نقدی جو افسران سرکار شمسی اور قمری مہینے کا خرچ نکال کر لیا کرتے تھے ۲ تین چار دن کی رخصت جو ملازمہ عورتوں کو شاہی محلوں میں ملا کرتی تھی ۳ دو مختلف چیزوں کو جو مختلف مقداروں ہوں برابر کر دینا **شمسی مہینہ** (مذکر) شمسی سال کے ۱۲ مہینے کئے گئے ہیں۔ دیکھو بارہ ماہ کے تحت میں۔ انگریزی سال میں اپریل۔ جون ستمبر اور نومبر ۳۰ دن فروری ۲۸ کو لیپ کے سال کا ۲۹ اور باقی مہینے ۳۱ دن کے ہوتے ہیں۔ **شمسیہ** (مذکر) ۱ چھاتا۔ چھتری ۲ مسلمان درویشوں کا ایک فرقہ

شمشاد (ف۔ مذکر) ۱ ایک لمبا خوبصورت درخت ۲ کنایتاً معشوق کا لمبا قد۔ **شمشاد رنگ** (صفت) شمشاد کی طرح کا۔ لمبا۔ **شمشاد قامت یا قد** (صفت) لمبے قد کا۔

شمشان (س۔ مذکر) مسان جہاں مردے جلاتے ہیں۔

شمشو (اردو۔ مذکر) سنگ شوئی کا مخرب۔ چاول یا دال میں پانی ڈال کر نیچے بیٹھے ہوئے کنکر چننا۔

شمشیر (ف۔ مونث) ۱ تلوار جو بیچ میں سے خمدار ہو ۲ تلوار۔ کرپان ۳ گنجفہ میں ایک بازی (شم۔ ناخن اور شیر۔ درندہ کا مرکب) **شمشیر آبدار** (مونث) تیز یا چمکدار تلوار۔ **شمشیر آدھی کھینچنا** (لازم) تلوار کا نصف نیام سے باہر آنا **شمشیر ابرو** (مونث) ابرو کا شمشیر سے استعارہ کرتے ہیں۔ **شمشیر اترنا** (لازم) تلوار کا جسم میں گھسنا۔ **شمشیر اجل** (مونث) اجل کا شمشیر کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں۔ **شمشیر اجل کا شکار** (طعمہ) **ہونا** (لازم) مرنا۔ **شمشیر باز** (صفت) تلوار یا **شمشیر بازی** (مونث) تلوار سے لڑنا۔ **شمشیر براں** (مونث) کاٹنے والی تلوار **شمشیر بکف** (صفت) وہ جو لڑنے پر تیار ہو۔ **شمشیر بہادر** (مذکر) طنزاً نکما آدمی۔ **شمشیر بہن** (مونث) چوڑی تلوار۔ **شمشیر تابدار** (مونث) چمکنے والی تلوار۔ **شمشیر تولنا** (متعدی) تلوار سنبھالنا۔ وار کرنیکے لئے تیار ہونا۔ **شمشیر تیز** (مونث) بہت باریک دھار کی تلوار۔ **شمشیر جانستاں** (مونث) قتل کرنے والی تلوار۔ **شمشیر جنگ** (مذکر) ۱ ایک خطاب ۲ نواب کرنال کا خطاب۔ **شمشیر خامہ** (مونث) قلم کا بعض وقت شمشیر سے استعارہ کرتے ہیں کیونکہ جو لکھنے کی صورت میں یہ سخت تکلیف دیتی ہے **شمشیر دم** (صفت) شمشیر کی باڑھ رکھنے والا۔ **شمشیر دودم** (مونث) دو دھاری تلوار۔ **شمشیر زن** (صفت) تلوریا۔ **شمشیر زنی** (مونث) تلوار کی لڑائی۔ (رہنا۔ کرنا ہونا کے ساتھ) **شمشیر ساز** (صفت) تلوار بنانے والا۔ **شمشیر سازی** (مونث) تلوار بنانا۔ **شمشیر شرربار** (مونث) چنگاریاں اڑانے والی تلوار۔ **شمشیر صاعقہ بیز** (مونث) بجلی کیطرح مارنے والی تلوار۔ **شمشیر صاعقہ خصال** (مونث) بجلی کی خصلتوں والی تلوار۔ بہت چمکنے یا فوراً قتل کرنے والی تلوار۔ **شمشیر صیقل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) تلوار کا صاف ہونا یا چمکنا۔ **شمشیر علم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) تلوار کا مارنیکے لئے اٹھایا جانا۔ **شمشیر قضا** (مونث) قضا کا شمشیر کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں۔ **شمشیر کا اگلا پڑنا** (لازم) شمشیر کا نیام سے نکلنا۔ **شمشیر کا دھنی** (مونث) دیکھو تلوار کا دھنی۔ **شمشیر کا کھیت** (مذکر) میدان جنگ۔ **شمشیر کھنچنا** (لازم) **کھینچنا** (متعدی) شمشیر کو لڑائی کے لئے نیام سے باہر نکالنا۔ **شمشیر کی برش** (مونث) تلوار کی کاٹ یا تیزی **شمشیر کی جھنک** (مونث) تلوار پر تلوار لگنے کی آواز۔ **شمشیر کی دھار رواں ہونا۔** (لازم) تلوار چلنا۔ سخت جنگ ہونا۔ **شمشیر گر** (صفت) بنانے والا۔ **شمشیر نظر** (مونث) نظر کا شمشیر کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں۔ **شمشیر ہلالی** (مونث) ایک قسم کی تلوار جو بیچ میں سے خمدار ہوتی ہے

شمع (ع۔ مونث) ۱ موم ۲

موم کی بتی ۲ چراغ۔ دیا۔ لمپ۔ (ف شمع۔ کسی چیز کو موم لگانا) **شمعِ الٰہی** (مونث) ۱ قرآن شریف۔ ۲ مسلمانوں کا مذہب ۳ سورج اور چاند۔ **شمعِ انجمن** (مونث) دیکھو شمع محفل۔ **شمعِ انگوری** (مونث) شراب **شمعِ ایمن** (مونث) وہ تجلی جو حضرت موسیٰ پر کوہِ طور پر ظاہر ہوئی تھی۔ **شمعِ بالیں** (مونث) وہ شمع جو قبر کے سرہانے جلاتے ہیں۔ **شمعِ بزمِ خوبی** (مونث) خوبصورت معشوق حسین عورت۔ **شمع بڑھا دینا۔ بڑھانا** (متعدی) بڑھ جانا۔ **بڑھنا** (لازم) شمع کا بجھنا۔ **شمع پر شمع پانی ہونا۔** (لازم) بہت سی شمعیں جلنا **شمع ٹھنڈی کرنا۔** (متعدی) **ہونا** (لازم) شمع کا بجھنا۔ **شمع جلتی کرنا** (متعدی) منت ماننا۔ منت کے لئے شمع جلانا۔ **شمع جلانا** (متعدی) **جلنا** (لازم) موم بتی کو آگ لگنا۔ دیا جلنا۔ **شمع جھلملانا** (لازم) شمع کا کم کم جلنا۔ **شمع چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) منت پوری ہونے پر کسی مزار پر شمع کا جلایا جانا **شمعِ حیات گل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مرجانا **شمع خاموش ہونا** (لازم) شمع کا بجھنا۔ **شمعِ خاموشی** (مونث) بجھی ہوئی شمع۔ **شمعدان** (مذکر) وہ لکڑی وغیرہ جس پر رکھ کر شمع کو جلاتے ہیں۔ **شمع رخ۔ رخسار۔ رو** (صفت) خوبصورت حسین۔ **شمع روشن کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) موم بتی جلنا۔ **شمع ساز** (مذکر) شمع بنانے والا۔ **شمع سازی** (مونث) شمع بنانا۔ **شمعِ سحری** (مونث) جلد بجھنے والی شمع۔ **شمعِ سوزاں** (مونث) جلتی ہوئی شمع۔ **شمعِ شب افروز** (مونث) رات کو روشن کرنے والی بتی۔ **شمعِ شبستاں** (مونث) بیٹا۔ فرزند۔ **شمع صفت** (صفت) شمع کی طرح۔ **شمع صفت جلنا** (لازم) غم کی وجہ سے جلتی ہوئی شمع کی طرح گھلنا۔ **شمعِ عالمتاب** (مونث) آفتاب۔ **شمع عذار** (صفت) خوبصورت۔ خوبرو۔ **شمعِ عقل گل ہونا** (لازم) عقل جاتی رہنا **شمع کا آنسو** (مذکر) وہ موم کا قطرہ جو شمع سے جل کر گرتا ہے۔ **شمع کا جھلملانا** (لازم) شمع کی روشنی کا کم کم ہونا۔ **شمع کا چور** (مذکر) وہ رخنہ جو جلتی ہوئی شمع میں ایک طرف موم گھلجانے سے ہوتا ہے۔ **شمع کا سر کاٹنا** (متعدی) **کٹنا** (لازم) موم بتی کا گل کترنا۔ **شمعِ کافوری** (مونث) سفید رنگ کی شمع۔ **شمع کے چور کا سر کاٹا جاتا۔** بہت انصاف ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔ **شمع گل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) شمع کا بجھنا۔ **شمع گیراں** (مذکر) وہ ملازم جو امیروں کے گھروں میں شمع جلانے اور بجھانے پر نوکر ہوتے ہیں۔ **شمعِ محفل** (مونث) ۱ موم بتی جو محفل میں جلے ۲ وہ جو محفل کی رونق کا باعث ہو۔ **شمعِ مردہ** (مونث) بجھی ہوئی شمع۔ **شمعِ مزار** (مونث) وہ شمع جو مزار پر جلائی جائے **شمعِ مومی** (مونث) موم کی شمع۔ **شمعی** (صفت) ۱ شمع کا۔ شمع کے متعلق ۲ شمع سے منسوب۔ **شمعی پیراں** (مذکر) ایک قسم کا زرد رنگ کا کپڑا۔ **شمعی رنگ** (مذکر) شمع کا رنگ۔

امثال

شمع کا رُو پشت برابر ہے۔ شمع کی رو پشت یکساں ہوتی ہے۔ صاف باطن آگے پیچھے برابر ہوتا ہے۔ **شمع کی روشنی جلنے تلک اور دیئے کی روشنی محشر تلک۔** دیئے کا لفظ ذومعنی ہے۔ شمع کی روشنی تو جب تک وہ جلتی رہتی ہے۔ مگر خیرات کی روشنی قیامت کے دن بھی کام دے گی۔ **شمع کے سامنے چراغ کی کیا ضرورت** اچھی چیز کی موجودگی میں معمولی چیز کی ضرورت نہیں۔

شَمْلَہ (ف۔ مذکر) ۱ پگڑی کا سرا۔ طرہ ۲ ایک قسم کی دستار ۳ شال جو کندھوں پر ڈالتے یا سر پر باندھتے ہیں۔ **شملہ چھوڑنا** (متعدی) پگڑی کا ایک کنارہ لٹکانا۔ **شملہ نما** (صفت) شال کی صورت کا۔

مثل۔ شملہ بمقدارِ علم جتنا علم ہو اتنا ہی دعوے کرنا چاہیئے۔

شَمَن (ف۔ مذکر) ۱ بت پرست ۲ بت پرستی ۳ بُت۔ ۴ بت کا مندر۔

شُمُوس (ع۔ مذکر) شمس کی جمع۔ بہت سے سورج۔

شُمُول (ع۔ مذکر) **شمولیت** (مونث) شامل ہونا (شَمَل۔ گھیرنا)

شَمَّہ (ع۔ مذکر) تھوڑی مقدار قلیل چیز۔ (شَمَّ۔ بو دینا) **شمۂ احوال یا حال** (مذکر) تھوڑا سا حال۔ کچھ ذکر واقعہ کا **شمۂ داستاں** (مذکر) تھوڑا سا وقت۔

شَمِّی (س۔ مونث) ۱ پھلی ۲ ایک قسم کا کیکر ۳ بڑی لاٹھی۔

شمیانہ (ف۔ مذکر) شامیانہ کا مخرب۔

شَمِیم (ع۔ مونث) ۱ خوشبو دار ہوا ۲ خوشبو۔ (شَمَّ۔ سونگھنا) **شمیمِ روح پرور** (صفت) نہایت اعلیٰ خوشبو۔ روح کو پالنے والی دل و دماغ کو تازگی اور فرحت بخشنے والی یا خوش کرنے والی خوشبو۔ **شمیمِ گل** (مونث) پھول کی خوشبو۔ **شمیمہ** (مونث) ۱ خوشبو ۲ ایک نام مسلمان لڑکیوں کا

شَن (س۔ تف) ۱ خوشی سے ۲ خوش قسمتی سے (مذکر) سن کا پودا۔ سن۔

شِنا (ف۔ مذکر) پانی میں تیرنا۔ **شناور** (مذکر) تیراک۔ **شناوری** (مونث) تیرنا (کرنا ہونا کے ساتھ)

شَناخت (ف۔ مونث) ۱ پہچان۔ تمیز ۲ شناسائی۔ واقفیت (کرنا ہونا کے ساتھ) (شناختن۔ پہچاننا)

شَناس (ف۔ صفت) پہچاننے والا۔ تمیز کرنے والا مرکبات میں جیسے قدر شناس **شناسا** (صفت) پہچاننے والا۔ پرکھنے والا۔ **شناسائی** (مونث) جان پہچان۔ واقفیت۔ صاحب سلامت۔ **شناسی** (مونث) پہچاننا۔ مرکبات میں جیسے قدر شناسی۔

شَناعت (ع۔ مونث) ۱ بدی۔ برائی ۲ گندگی۔ (شَنُعَ۔ برا ہونا)

شناور (ف۔ صفت) تیراک تیرنے والا۔ **شناوران** (مذکر) جمع شناور کی۔ **شناورانِ محیطِ شجاعت** (صفت) بہادران **شناوری** (مونث) تیرنا۔ پیرنا (کرنا ہونا کے ساتھ)

شناہ (ف۔ مذکر) سرنا۔ مشک جس کے ذریعے تیرتے ہیں۔

شَنَب (ف۔ مذکر) گنبد **شنبِ غازان** (مذکر) ایک عمارت جو سلطان غازان نے آذربائیجان میں بنوائی تھی۔

شَنْبَہ (ف۔ مذکر) ہفتہ۔ سنیچر۔ باقی دنوں کے نام یہ ہیں۔ یکشنبہ اتوار۔ دوشنبہ پیر۔ سہ شنبہ منگل۔ چہار شنبہ بدھ۔ پنجشنبہ جمعرات۔ جمعہ

شَنْٹ (انگ۔ مذکر) ریل

گاڑی کو ایک لائن سے دوسری پر لیجانا (کرنا ہونا کے ساتھ)

شِنٹو (جا۔ مذکر) جاپان کا قدیم مذہب جس میں آباؤ اجداد کی پوجا ہوتی ہے۔

شَنجَرف (ف۔ مذکر) ایک سرخ مرکب جو پارے اور گندھک سے بنتا ہے **شنجرفی** (صفت) شنجرف کے رنگ کا

شَنڈ (س۔ مذکر) ۱ سانڈ جیسے کھلا چھوڑ دیں ۲ نامرد آدمی۔ ہجڑا ۳ مسخرا۔ بھانڈ ۴ کنولوں کا گلدستہ ۵ گروہ۔ مجمع ۶ جنگل۔ جھنڈ۔

شُنڈ (س۔ مذکر) ۱ ہاتھی کی سونڈ ۲ آلۂ کشش جو اس میں سے نکلے۔ **شُنڈا** (مونث) ۱ سونڈ ۲ نشی چیز۔ شراب ۳ شراب خانہ ۴ بدکار عورت۔ طوائف ۵ کنول کی ڈنڈی۔

شَنڈھ (س۔ مذکر) ہیجڑا۔

شَنزبہ (ف۔ مذکر) الوار یعنی میں بیل کا نام۔

شِنشُو (جا۔ مذکر) ایک فرقہ۔ جاپانی بدھوں کا جس کی بنا شنسرن نے رکھی تھی جن کا اعتقاد ہے کہ صرف بدھ پر ایمان لانے سے نجات ہو جاتی ہے۔

شَنشی (ع۔ مونث) ہندوستان کے پارسیوں کے دو فرقوں میں سے ایک۔

شَنعَت (ع۔ مونث) ۱ بدی۔ برائی ۲ کمینہ پن ۳ گندگی ۴ ظلم۔ تعدی ۵ جرم۔ (شنع۔ برا ہونا)

شُنغار۔ شُنقار (ف۔ مذکر) شاہی عقاب۔

شُنک (س۔ مذکر) کتا۔ پلا۔

شَنکا (س۔ مونث) ۱ شک ۲ شبہ ۳ ہچکچاہٹ ۴ بے اعتباری ۵ ڈر۔ خوف ۶ امید ۷ غلطی ۸ کسی بات کو پہلے تسلیم کرنا ۹ ایک بحر یا وزن۔ **شنکا کرنا** (متعدی) ۱ شبہ کرنا ۲ ہچکچانا ۳ اعتبار نہ کرنا۔ بے اعتباری ہونا۔ **شنکاکل** (صفت) ڈر یا خوف سے گھبرایا ہوا۔ **شنکامئے** (صفت) ۱ اشک سے بھرا ہوا ۲ خوفناک۔ خوفزدہ۔ **شنکاہین** (صفت) بے خوف۔ نڈر۔

مثل۔ شنکا ڈاین منسا

بھوت۔ ڈر اور خیال بھوتوں اور ڈاینوں کی شکل بنکر دکھائی دیتے ہیں۔ اصلیت کچھ بھی نہیں ہے۔

شَنکَر (س۔ صفت) ۱ خوشحالی لانے والا ۲ مسعود۔ سعید ۳ مہربان۔ شفیق۔

شَنکو (س۔ مذکر) ۱ ڈر۔ خوف ۲ میخ۔ سلاخ ۳ کھونٹا۔ لکڑی جو زمین میں گڑی ہو ۴ نیزہ۔ برچھا۔ بلم ۵ ہتھیار ۶ درخت کا تنا جس کی شاخیں کٹی ہوں ۷ قطب نما یا ڈائل کی سوئی ۸ ایک آلہ جو زمین ماپنے میں استعمال ہوتا ہے ۹ ایک درخت ۱۰ ایک مچھلی ۱۱ بچھو ۱۲ دیمک کا ٹیلا ۱۳ سنکھ۔ عدد ۱۴ گناہ ۱۵ زہر۔ **شنکوکرن** (مذکر) "ڈکار کانوں والا" ۱ گدھا ۲ اونٹ

شَنکوچ (س۔ مذکر) ایک قسم کی مچھلی

شَنکھ (س۔ مذکر) ۱ سنکھ جسے ہندو پوجا کے وقت بجاتے ہیں۔ بڑی کوڑی ۲ قرنا۔ ترئی۔ سنک بجانے کا ۳ فوجی نقارہ۔ طبل جنگ ۴ پڑپٹری کی ہڈی ۵ پیشانی کی ہڈی ۶ ہاتھی کا گال ۷ ایک قسم کی خوشبو ۸ ایک بہت بڑا عدد جس کے ساتھ تیرہ صفر ہوتے ہیں **شنکھنی** (مونث) عورتوں کی چار قسموں میں سے ایک قسم۔ سرو قد حسین۔ بڑی بڑی بادامی آنکھیں غصیلی۔ نہ فربہ نہ لاغر۔ یہ سب سے بری قسم ہے۔

شَنگ (ف۔ صفت) ۱ چالاک شوخ۔ ظریف۔ معشوق کی تعریف ہے۔ عموماً شوخ وشنگ کی ترکیب سے مستعمل ہے ۲ خوبصورت حسین ۳ (مذکر) ایک کاکل۔ **شنگل** (صفت) خوبصورت۔ حسین۔ **شنگول** (صفت) خوبصورت حسین

شَنگرف (ف۔ مذکر) دیکھو شنجرف۔ **شنگرفی** (صفت) شنگرف کے رنگ کا۔ بہت سرخ۔

شِنو۔ شِنوا (ف۔ صفت) سننے والا۔ (شنیدن۔ سننا) **شنوائی** (مونث) ۱ سننا۔ سماعت ۲ التفات۔ توجہ۔ **شنوائی نہ ہونا** (لازم) کچھ نہ سنا جانا توجہ نہ ہونا۔

شِنواری (ف۔ مونث) ایک درانی افغان قوم جو سفید کوہ پر افغانستان میں آباد ہے۔ چار قبیلے ہیں اور ملی شیرخیل ضلع پشاور کی حد پر آباد ہیں۔

شَنی (س۔ مذکر) ۱ زحل سنیچر ۲ زحل سیارے کا موکل ۳ ہفتہ۔ سنیچروار **شنی چکر** (مذکر) ایک نقشہ جس سے نیک و بد ساعت دیکھتے ہیں۔ اس میں ۲۷ خانے ہوتے ہیں جن میں نچھتروں کے نام ہوتے ہیں۔

شِنی (س۔ مذکر) ۱ کشتریوں کی ایک گوت ۲ اس گوت کا ایک فرد۔

شُنی (س۔ مونث) کتیا

شَنے (ہ۔ تف) دیکھو شنیس جس کا یہ مخفف ہے۔ **شنے شنے** (تف) بہت آہستہ سے

شَنید (ف۔ صفت) ۱ سنا ہوا ۲ (مونث) سننا۔ سننے کا فعل۔ **شنیدنی** (صفت) سننے کے لائق یا قابل۔ **شنیدہ** (صفت) سنا ہوا۔

مثل۔ شنیدہ کے بود مانند دیدہ۔ سنی ہوئی بات کی وقعت دیکھی ہوئی بات کے برابر نہیں ہوتی۔

شَنیس (س۔ تف) ۱ آہستہ سے۔ دھیرے دھیرے ۲ چپکے سے۔ آرام سے ۳ سستی سے ۴ آہستہ آہستہ۔ رفتہ رفتہ ۵ تھوڑا تھوڑا کر کے۔ ایک کے بعد دیگرے۔ **شنیس چار** (مذکر) سیارہ زحل۔

شَنیع (ع۔ صفت) ۱ برا۔ خراب۔ بد ۲ بدکار۔ زانی ۳ کمینہ۔ رذیل۔ (شنع۔ برا ہونا) **شنیعہ** (صفت) ۱ دیکھو شنیع ۲ برائی۔ خرابی ۳ زنا۔ بدکاری ۴ لونڈے بازی۔

شَو (س۔ مذکر) ۱ مردہ۔ نعش۔ لاش ۲ پانی۔

شو (ف۔ مذکر) شوہر کا مخفف

شِو (س۔ صفت) ۱ نیک۔ سعید۔ موافق۔ مبارک ۲ شبھ ۳ مہربان۔ شفیق۔ رحمن ۴ دوست پیارا ۵ خوش۔ شاد ۶ خوش قسمت۔ صاحب نصیب ۷ خوشی۔ فرحت ۸ بہتری ۹ رہائی۔ مکتی۔ نجات ۱۰ (مذکر) ہندو کی تثلیث کا تیسرا دیوتا جو ہلاک کرنے والا ہے۔ ویدوں میں اسے رودر لکھا ہے۔ اس کی پوجا بنارس میں ہوتی ہے اس کی بیوی پاربتی یا کالی ہے۔ اس کی تین آنکھیں ہیں۔ سادھوؤں کی طرح سر پر بال ہیں۔ گلے میں سانپ اور کھوپڑیوں کی مالا ہے سر سے گنگا بہتی ہے۔ ہاتھ میں ترسول ہے۔ اس کے پرستار شیو کہلاتے ہیں۔ ہاتھ میں ڈمرو ہوتا ہے ناسوج ۱۱ ایک اچھی صورت کو کہتے

شوا (مونث) شو کی بیوی۔ درگا۔ گیدڑ۔ بڑا لاجونتی۔ **شوالے** (مذکر) شو کے رہنے کی جگہ۔ کیلاس۔ مندر۔ شوالہ۔ مسان۔ مرگھٹ۔ سرخ تلسی۔

شولنگ (مذکر) شوجی کا لنگ جس کی پوجا کیجاتی ہے

مقولہ۔ شوجیں ناراض ہیں نہ ہری سے لادیں ہیت۔ وہ نرا سے جائیں گے جوں مولی کے کھیت۔ جو خدا کی یاد نہیں کرتے وہ تباہ ہوں گے۔

شو (ف۔ صفت) دھونے والا۔ مرکبات کے آخر میں جیسے مردہ شو۔ **شویہ** (صفت) دھونے والا مرکبات کے آخر میں جیسے پاشویہ۔

شو (انگ۔ مونث) چھوٹا جوتا جو ٹخنوں سے نیچے رہے۔ اگر ٹخنوں سے اوپر ہو تو بوٹ کہتے ہیں۔ **شولیسز** (مذکر) بوٹ کے فیتے۔ **شوہارن** (مذکر) ایک آلہ جس سے جوتا پہننے میں آسانی ہوتی ہے **شومیکر** (مذکر) جوتے بنانے والا۔ موچی

شَوارِع (ع۔ مذکر) جمع شارع کی۔ رستے۔

شَوارِق (ع۔ مذکر) جمع شارقت کی۔ شان و شوکتیں۔

شواس (س۔ مذکر) **شواسا** (ھ) سانس لینا۔ سانس۔ آہ۔ آہ کھینچنا۔ ہوا۔ زندگی۔ **شواس کھینچنا یا لینا** (ھ۔ متعدی) سانس لینا۔

شَوّال (ع۔ مذکر) مسلمانوں کا دسواں قمری مہینہ جس کی پہلی تاریخ کو عید الفطر ہوتی ہے۔ (شَوَل۔ اُٹھنا)

شِوال (ھ) **شِوالہ** (ھ۔ مذکر) شوجی کا مندر

شوان (س۔ مذکر) کتا۔ **شوانی** (مونث) کتیا۔

شَواہد (ع۔ مذکر) شاہد کی جمع۔ ثبوت۔ مثالیں۔ گواہان۔

شوب (ف۔ مذکر) دھوئے جانے کا فعل۔ دھلائی (شستن۔ دھونا) **شوب پڑنا یا کھانا** (متعدی) دھویا جانا۔

شوبھ (س۔ صفت) روشن۔ خوبصورت۔ **شوبھا** (مونث) روشنی۔ نور۔ چمک۔ خوبصورتی۔ حسن۔ سجاوٹ۔ آرائش۔ زینت۔ پوشاک۔ ایک وزن یا بحر۔ **شوبھنا** (مونث) خوبصورت عورت۔ اعلیٰ۔

شوبھنا (ھ۔ لازم) سجنا۔ آراستہ ہونا۔ لایق ہونا۔ موزوں ہونا۔

شَوپاک (س۔ مذکر) ایک قوم جو کھتری باپ اور اگر عورت کی اولاد ہے۔ یہ چنڈالوں کے ساتھ شمار ہوتی ہے۔

شوپچ (س۔ مذکر) کتوں کا رکھوالا۔ رذیل ذات کا چنڈال۔

شوتھ (س۔ مذکر) سوجن۔ جالندھر۔ استسقا۔

شَوچ (س۔ مذکر) پوتر ہونا کسی کی ناپاکی سے۔ نہاکر پوتر ہونا۔ پاخانہ کرنا۔ نہانا۔ اشنان۔ ناپاکی سے پوتر ہونا۔ پاکی۔ صفائی۔ پوترتا۔ دیانت دار۔

شوچ۔ شوچن (ھ۔ مذکر) غم۔ رنج۔ افسوس۔ ماتم۔ اُداسی۔ مصیبت۔

شورچ (س۔ مونث) شعلہ۔ لاٹ۔ روشنی۔

شوخ (ف۔ صفت) چالاک۔ طرار۔ بیباک۔ شریر۔ گستاخ۔ بیحیا۔ ظریف۔ دل لگی باز۔ چمکیلا۔ تیز۔ کناتیا۔ معشوق۔ **شوخ چشم** (صفت) بےشرم۔ بیحیا۔ **شوخ چنچل** (صفت) چالاک۔ طرار۔ ڈھیٹ۔ **شوخ چشمی** (مونث) بیحیائی۔ بیشرمی۔ بیباکی۔ گستاخی۔ شرارت (کرنا ہونا کے ساتھ) **شوخ دیدہ** (صفت) دیکھو شوخ چشم۔ **شوخ رنگ** (صفت) تیز رنگ۔ چمکیلا۔ (مذکر) رنگ جو بہت تیز ہو۔ **شوخ رو** (صفت) بیباک۔ گستاخ۔ **شوخ زبان** (صفت) بیباکی اور گستاخی کی باتیں کرنے والا۔ گستاخ۔ بیباک۔ **شوخ طبع یا طبیعت یا مزاج** (صفت) تیز طبع۔ بیباک۔ خوش مزاج۔ **شوخی** (مونث) چالاکی۔ طراری۔ چلبلاپن۔ شرارت۔ ظرافت۔ بیباکی۔ بیقراری۔ اضطراب۔ رنگ کی تیزی۔ چمک۔ **شوخی آنکھوں میں چرانا** (متعدی) شوخی آنکھوں میں سے ظاہر ہونا۔ **شوخیاں کرنا۔ شوخی کرنا** (متعدی) بچوں کی شرارت کرنا۔ گھوڑے کا اچھلنا کودنا۔

شُودر (س۔ مذکر) ہندوؤں کی چوتھی ذات۔ جو بقول منو برہما جی کے پاؤں سے پیدا ہوئی ہے۔ یہ اصل میں ہندوستان کے اصلی باشندے تھے۔ اُن کو فتح کرنے کے بعد فاتح ہندوؤں نے یہ درجہ دیا۔ چوہڑے۔ چمار۔ بھیل۔ گونڈ اور دوسری نیچ قومیں اصل ہندوستانی قوم کی یادگار ہیں۔ یہ ظلم ابد الاباد تک قایم رہے گا۔ اس کا رفع کرنا اب ہندوؤں کے اختیار سے باہر ہے۔ اس قوم کا ایک فرد۔ **شودرا۔ شودرانی** (مونث) شودر قوم کی عورت۔ شودر کی بیوی۔ **شودرتا** (مونث) **شودرتو** (مذکر) شودر ہونے کی حالت۔ غلامی۔ **شودرنی** (ھ) **شودری** (مونث) دیکھو شودرانی۔

شودھ (س۔ مذکر) صفائی۔ پاکی۔ پوترتا۔ درستی۔ ٹھیک کرنا۔ ادائگی۔ بدلا۔ قصاص۔ (شدھ۔ صاف ہونا)

شَور (س۔ مذکر) وحشی۔ جنگلی۔ ایک جنگلی قوم جو پہاڑوں میں رہتی ہے اور مور کے پر بدن پر سجاتی ہے۔ شوجی کا نام۔ پانی۔

شُور (س۔ مذکر) بہادر۔ شجاع۔ سورما۔ جنگجو آدمی۔ سپاہی۔ پہلوان۔ زبردست آدمی۔ شیر۔ جنگلی سور۔ سورج۔ مرغ۔ کتا۔ سفید چاول۔ یادو کا نام جو کرشن جی کا دادا تھا۔ **شور بھوگیشور** (مذکر) ایک لنگ جو نیپال میں ہے۔

شور (ف۔ مذکر) غل غپاڑہ۔ غلغلہ۔ ہلڑ۔ ہنگامہ۔ فغاں (کرنا ہونا کے ساتھ) شہرت۔ دھوم۔ عشق۔ ولولہ۔ جنوں۔ بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ مصیبت۔ مقدمہ بازی۔ کھاری نمک۔ (صفت) کھاری۔ نمکین۔ کڑوا۔ پاگل۔ جنونی۔ پریشان۔ حیران۔ (شوریدن سے امر۔ رکھنے والا۔ ملا ہوا۔ جیسے سخت شور) **شور آب** (مذکر) کھاری پانی۔ ایک شہر کا نام۔ **شورابہ** (مذکر) کھاری پانی۔ **شور اُٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) غل ہونا۔ شور ہونا۔ **شور اختر** (صفت) بدنصیب۔ **شور اُڑانا** (متعدی) **اُڑنا** (لازم) شہرت ہونا۔ دھوم ہونا۔ **شور انگیز** (صفت) شور پیدا کرنے والا۔ **شور انگیزی** (مونث) فسادت۔ **شور بخت** (صفت) بدبخت۔ **شور بختی** (مونث) بدبختی۔ **شور برپا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بیحد غل ہونا۔ **شور بلند ہونا** (لازم) بہت غل غپاڑہ ہونا۔ شور مچنا۔ **شور بند ہونا** (لازم) غل یا شور ختم ہونا۔ **شور بور** (صفت) شرابور۔ بھیگا ہوا۔ **شور پڑنا** (لازم) فضیحتی ہونا

پریشانی ہونا۔ شور پہنچنا (لازم) شور کسی خاص جگہ تک جانا۔
شور پیدا ہونا (لازم) غل مچنا۔ شور ختم ہونا (لازم)
شور نہ رہنا۔ شور دار و گیر بلند ہونا (لازم) لینا پکڑنا
کا غل ہونا۔ شور دوانا (متعدی) خفا کرنا۔ غصہ کرنا۔ شور
زمین (مونث) وہ زمین جس میں نمک یا شورہ ہو۔ شور
سننا (متعدی) غل کی آواز آنا۔ شورش (مونث) ۱
شور و غوغا۔ غل غپاڑہ ۲ فتنہ و فساد۔ بغاوت۔ بلوہ۔ ہنگامہ۔
۳ پریشانی۔ حیرانی۔ آشفتگی ۴ نمکین ہونا۔ شورش برپا کرنا
(متعدی) ہونا (لازم) ہنگامہ ہونا۔ بغاوت ہونا۔ شورش
فرو کرنا (متعدی) ہونا (لازم) بغاوت ختم ہو جانا۔ فتنہ
فساد بند ہو جانا۔ شورش ہونا (لازم) ۱ ہنگامہ ہونا ۲ فساد
ہونا ۳ بغاوت ہونا۔ شور طالع (صفت) بدبخت۔ بدنصیب
شور عظیم (مذکر) بہت شور۔ شور فریاد (مذکر) ظلم
کی چیخ پکار کا شور۔ شور قیامت (ز ا) (مذکر)
۱ بہت شور ۲ قیامت کے دن کا شور۔ شور کان میں
پہنچنا۔ (لازم) غل سنائی دینا۔ شور کرنا (متعدی) ۱
غل مچانا ۲ دھمکانا۔ گھرکنا۔ شور گریہ و زاری (مذکر)
رونے کا شور غل۔ شور لگنا (لازم) لونی لگنا۔ کھار کا
پیدا ہونا۔ شور مبارز طلبی بلند کرنا (متعدی) لڑائی کے
لئے بلانا۔ شور مچانا (متعدی) مچنا (لازم) دھوم ہونا۔ غل
ہونا۔ شور محشر (مذکر) بہت شور و غل۔ شور موقوف
ہونا (لازم) شور بند ہونا۔ شور نوحہ (مذکر)
(مذکر) رونے کا شور۔ شور و نشور (مذکر)
۱ بہت شور ۲ شور قیامت۔ شور و شر یا شور و شغب
(مذکر) فتنہ و فساد۔ لڑائی۔ دنگا۔ ہنگامہ۔ شور و شغب
کرنا (متعدی) بہت گڑبڑ مچانا۔ شور و شین یا شیون
غل یا غوغا (مذکر) غل۔ شور۔ ہنگامہ۔ شور و غل
ایسا کہ کان پڑی آواز سنائی نہ دیتی تھی
۔ بہت شور ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ شور و غوغا برپا
ہونا۔ (لازم) بہت شور ہونا۔ شورہ (مذکر) ۱ سفید
رنگ کا ایک مرکب مادہ جو پانی کو ٹھنڈا کرتا ہے اور
بارود میں پڑتا ہے ۲ نمکین ہوتا ہے ۳ ایک قسم کی گھاس۔
شورہ پشت (صفت) ۱ سرکش۔ نافرمان ۲ لڑاکا۔
جھگڑالو۔ شورہ پشتی (مونث) لڑائی جھگڑا۔ شورہ گر
(صفت) شورہ بنانے والا۔ شور ہونا (لازم) ۱ غل ہونا
۲ دھوم ہونا۔ شوریت (مونث) کھاری پن۔ یہ لفظ
ہندوستان کی ایجاد ہے۔ شورے کا پانی (مذکر)
شورے میں ٹھنڈا کیا ہوا پانی۔ شورے کا تیزاب
(مذکر) تیزاب جو شورے سے بنتا ہے۔ شورے
کا کارخانہ (مذکر) وہ جگہ جہاں شورہ بنتا ہے۔ شورے
کی تِلّی یا قفلی (مونث) کنایتاً گورے رنگ کی نوجوان
عورت۔ شورے میں جھالنا یا جھلنا (متعدی)
پانی کی صراحی کو نمک اور شورے کے پانی میں ٹھکاکر ٹھنڈا کرنا

شوربا یا شوروا (ف۔ مذکر)
۱ پکے ہوئے گوشت دال ترکاری وغیرہ کا پانی ۲ پتلا
سالن ۳ رقیق چیز۔ شوربا پتلا ہو گیا۔ بڑا صدمہ
پہنچا۔ شوروا نکال دیا۔ بدحال کر دیا۔ باقی نہ چھوڑا۔
مثل۔ شوربا کھائے سو ڈوئی
دے۔ جس نے فائدہ اٹھایا ہو وہ خرچ کرے۔

شورپ (س۔ مذکر) ۱
چھاج ۲ ایک وزن۔ شورپی (مونث) چھوٹا چھاج
۲ بچوں کا ایک کھلونا۔

شورتائی (ھ۔ مونث) بہادری
۔ شجاعت۔ دلیری۔

شورے (ع۔ مذکر) مشورہ
صلاح۔ (شورے ظاہر کرنا)

شوریدگان (ف۔ مذکر)
جمع شوریدہ۔ شوریدگانِ الفت یا دشتِ
محبت (مذکر) عاشقان۔

شوریدگی (ف۔ مونث)
۱ پریشانی۔ حیرانی ۲ دیوانگی۔ جنون ۳ عشق۔ محبت
(شوریدن۔ پریشان ہونا)

شوریدہ (ف۔ صفت) ۱
پریشان۔ حیران ۲ جنونی۔ دیوانہ ۳ عاشق۔ شوریدہ بخت
(صفت) بدبخت۔ بدقسمت۔ شوریدہ پشت
(صفت) ۱ سرکش۔ باغی ۲ جو کہا نہ مانے۔ شوریدہ
حال (صفت) پریشاں حال۔ دیوانہ۔ شوریدہ
خاطر (صفت) پریشاں حال یا خاطر۔ حیران۔ شوریدہ
روزگار۔ سر یا مغز (صفت) دیوانہ۔ مجنون۔
سودائی۔ شوریدہ سری (مونث) دیوانگی۔ جنون۔

شوریہ (س۔ مذکر) بہادری
شجاعت۔ دلیری۔

شوش (س۔ مذکر) شوکھ
(ھ) ۱ خشک ہونا ۲ خشکی ۳ دبلاپن ۴ تپ دق ۵
سوجن۔ پھولن۔

شوشہ (ف۔ مذکر) ۱ انوکھی یا
نئی بات۔ چٹکلا ۲ ہائے ہوز کی علامت ۳ دندانہ س
یا شین کا دندانہ ۴ ذرہ۔ ریزہ ۵ سونے کا ڈلا۔ لوہے کی سلاخ
۶ بریک کا پشتہ۔ شوشہ اٹھانا (متعدی) ۱ جھگڑا
کھڑا کرنا۔ فساد کرنا ۲ نئی بات نکالنا۔ شوشہ چھوڑنا
(متعدی) ۱ فساد انگیز بات کہنا ۲ شرارت کی بات کرنا
۳ انوکھی بات کرنا۔ شوخیاں کرنا۔ شرارت کرنا۔ شوشہ
دینا (متعدی) دھوکا دینا ۲ ہائے ہوز کے
نیچے نشان دینا (ا)

شوفر (فر۔ مذکر) موٹر کار چلانے
والا۔

شوق (ع۔ مذکر) ۱ خواہش۔
اشتیاق۔ تمنا۔ آرزو۔ چاہت۔ ارماں ۲ رغبت۔ میلان
۳ شغل۔ کام ۴ امنگ۔ چسکا۔ چاٹ ۵ سرگرمی۔ جوش۔
۶ دھن۔ ترنگ ۷ کوئی چیز کھلانے حقہ سگرٹ وغیرہ پلانے
پر کہتے ہیں۔ شوق کیجیے ۸ شفقت۔ محبت و خوشی اور پیار
کرنے کی خواہش ۹ لطف۔ مزا (شوق خواہش پیدا کرنا)
شوق بڑھنا یا تیز ہونا (لازم) خواہش زیادہ ہونا۔
شوق چرانا (لازم) دل میں خواہش پیدا ہونا۔ شوق
دریافت (مذکر) کسی بات کے معلوم کرنے کی خواہش۔
شوقِ دید (مذکر) دیکھنے کی خواہش۔ ملاقات کا اشتیاق۔
شوق سے (ف) ۱ خوشی سے ۲ جوش یا سرگرمی
سے ۳ بے خوف۔ بے دھڑک ۴ رغبت سے۔ خواہش سے
۵ جس طرح دل چاہے۔ شوق شکار (مذکر) شکار
کھیلنے کی دُھن۔ شوق کا دامن پھیلا۔ شوق ظاہر
ہوا۔ شوق کیجیے۔ حقہ سگرٹ پلانے یا کچھ کھلانے پلانے
کے موقع پر کہتے ہیں۔ شوق ہونا (لازم) دیکھو شوق
ہر معنی کے ساتھ سوائے ۷۔ شوق (ف) ذوق (مذکر)
خوشی ۲ سرگرمی کسی کام میں۔ شوقین (صفت) ۱ شوق
یا خواہش رکھنے والا۔ مشتاق ۲ عیاش۔ تماش بیں ۳ چھیلا
بانکا ۴ خوگر۔ عادی۔ رغبت رکھنے والا۔ شوقین مزاج
(صفت) وہ جسے اچھے کپڑے پہننے یا گانا وغیرہ سننے
کا شوق ہو۔ شوقیہ (تف) ۱ اشتیاق سے بھرا ہوا۔
۲ رغبت سے۔ شوق سے ۳ دل بہلانے کیلئے کوئی کام
ہو۔ ضرورت کی وجہ سے نہ ہو۔

امثال و اقوال۔ شوق

دادِ الٰہی سہی۔ کسی چیز کی رغبت یا شوق بغیر تائید
الٰہی کے نہیں ہوتا۔ شوق در ہر دل کہ باشد
رہبرے در کار نیست۔ جس کو جس چیز کا شوق
ہو گا وہ بغیر کسی کے بتلائے اُسے سیکھے گا۔ شوق میں
ذوق دستوری میں لڑکا۔ ایک لطف میں دو

فائدے حاصل ہوئے۔ ایک کام کی کوشش کی دوسرا صفت میں ہو گیا۔ **شوقین بڑھیا چٹائی کا لہنگا** ضرب المثل کو کہتے ہیں جو عمر کے لحاظ سے پوشاک نہ پہنے۔ **شوقین بی بی کمل کی چولی تاک لگی ٹہلتی پھری**۔ غریب عورت اپنی حیثیت سے زیادہ کپڑے پہنے تو کہتے ہیں۔

شوک (س۔ مذکر) ۱ جو کی بال ۲ ریشہ۔ کڑا بال ۳ کیڑوں کے بدن کے بال ۴ رحم۔ مہربانی۔ شفقت۔ **شوک کیٹ** (مذکر) بالدار کیڑا۔

شوک (س۔ مذکر) ۱ غم رنج افسوس ۲ سوگ۔ رونا دھونا ۳ مصیبت۔ تکلیف دکھ ہونا کے ساتھ ۴ غم زدہ کا یادر وان ہوا بھی مٹی کا بیٹا خیال کیا جاتا ہے ۵ (صفت) جلتا ہوا۔ گرم۔

شوکا (س۔ مونث) ۱ پالکی ڈولی فنس ۲ ارتھی۔ جنازہ ۳ چبوترہ جو تماشے کے لئے بنایا جائے ۴ خیمہ۔ شامیانہ۔

شوکت (ع۔ مونث) ۱ شان و شکوہ۔ جاہ و جلال ۲ دبدبہ۔ رعب داب۔ قوت۔ ۳ مرتبہ۔ رتبہ ۴ کانٹا۔ ڈنک (شوک۔ انسان کا طاقت دکھانا) **شوکت البعیر** (مذکر) اونٹ کٹارا کھٹ لٹیا۔ **شوکت الحائک** (مذکر) جلاہے کا ایک آلہ جس سے کپڑے کی سطح کو برابر کرتا ہے۔ **شوکت العقرب** (مذکر) بچھو کا ڈنک۔ **شوکت جتانا** (متعدی) رعب داب یا جاہ و جلال ظاہر کرنا۔ **شوکت دکھانا**۔ (ممم) ۱ رعب ڈالنا ۲ جاہ و جلال دکھانا۔ **شوکت دیکھ کر** (ف) رعب و دبدبہ ملاحظہ کرنا۔ رعب داب دیکھنا۔ **شوکت شاہانہ** (مونث) بادشاہی کا دبدبہ یا جلال۔ **شوکت ظاہر کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱ جاہ و جلال معلوم ہونا ۲ رعب پڑنا۔ **شوکت مقرون** (صفت) شاہانہ۔ شاہی۔ عالیشان۔

شوکر (س۔ مذکر) سور۔ جنگلی سور۔

شوکر مکھ (مذکر) ایک نرک جس میں آم جلتا ہوا تیل ہے۔

شوکری (مونث) مادہ سور۔

شوکران (ف۔ مذکر) ایک تلخ درخت۔

شول (س۔ مذکر) ۱ سخت درد ...

۲ معدے کا درد ۳ جوڑوں کا درد۔ گنٹھیا۔ نقرس ۴ کوئی نوکدار تیز آلہ یا ہتھیار ۵ نیزہ۔ برچھا ۶ ترسول ۷ سلاخ یا سیخ لوہے کی ۸ جھنڈا۔ علم ۹ مرنا۔ موت ۱۰ نواں یگ ۱۱ غم۔ رنج ۱۲ سولی۔ **شولا**۔ (مونث) ۱ سولی ۲ سیخ ۳ رنڈی۔ طوائف ۴ پزادہ لٹھوں کا۔ کھونٹا۔ **شولی** (مذکر) ۱ وہ جسے سخت درد یا تکلیف ہو ۲ نیزہ باز۔ برچھا بردار ۳ (صفت) جسے تکلیف ہو ۴ جسے نقرس ہو۔

شولا۔ شولہ (مذکر) دیکھو شُلہ۔

شولا (ھ۔ مذکر) ایک آبی پودہ جس کے گودے کے کھلونے بنتے ہیں اور انگریزی ٹوپیوں میں دیا جاتا ہے۔

شولی (ف۔ مونث) فارسی زبان کی ایک قسم۔

شوم (ع۔ صفت) ۱ منحوس ۲ (مذکر) کنجوس۔ بخیل (شُوم۔ پیچھے رکھنا) **شوم بخت** (صفت) بدقسمت۔ بدنصیب۔ **شوم طبع** (صفت) ۱ بدمزاج ۲ بخیل۔ کنجوس۔ **شوم قدم** (مذکر) سبز قدم۔ منحوس۔ **شوم مزاج** (صفت) بخیل۔ **شومی** (مونث) ۱ نحوست ۲ بدبختی۔ **شومی بخت**۔ تقدیر یا طالع (مونث) بدبختی۔ نحوست۔ **شومی نفس** (مونث) بدمزاجی۔

شوماری (ھ۔ صفت) سست۔ کاہل۔

شوڑی (ھ۔ مونث) ایک قسم کا کھانا۔

شون (س۔ مذکر) ۱ گوشت جو قصاب خانے میں رکھا جائے ۲ (ھ) قصاب۔ بوچڑ۔ قسکاری۔

شون (س۔ مذکر) کتا۔ تازی کتا۔

شون (س۔ مذکر) ۱ حلق کا کوا ۲ قصاب خانہ۔

شوں (اردو۔ مونث) پانی کے قطرے کی گرم چیز پر گرنے کی آواز۔ **شوں شاں** (مونث) ۱ غرور۔ ڈینگ ۲ نمائش۔

شون (س۔ صفت) ۱ سرخ ۲ سرخ چہرے والا غصے سے ۳ (مذکر) سرخ رنگ ۴ آگ ۵ سرخ گنا ۶ خون ۷ سیندور ۸ دریائے سون ۹ ایک پودہ۔

شونت (س۔ صفت) ۱ سرخ ... قرمزی ۲ (مذکر) خون ۳ زعفران ۴ درختوں کا رس۔ گوند۔

شونیا (س۔ مذکر) نرسل۔ نرٹ۔

شونیہ (س۔ صفت) ۱ خالی۔ کھوکھلا۔ تھوتھا ۲ نقطہ۔ صفر۔

شوہر (ف۔ مذکر) خاوند۔ خصم۔ بر۔ میاں۔ پی۔ سوامی۔ بالم۔ کنتھ۔ بھرتر۔ **شوہر مرگ کے کنارے میں سلانا** (متعدی) مار ڈالنا۔ قتل کر دینا۔ **شوہری** (صفت) شوہر سے منسوب۔

شوی (س۔ مذکر) شکاری جانور۔

شویت (س۔ صفت) ۱ سفید۔ سفید کپڑے پہنے ہوئے ۲ (مذکر) سفید رنگ ۳ سفید پوش شخص ۴ سنکھ ۵ کوڑی ۶ سفید بادل۔ ۷ حنفید زیرہ ۸ چاندی ۹ زہرہ۔ شکر۔

شویتی (ھ۔ صفت) سفید۔

شہ (ف۔ مذکر) ۱ شاہ کا مخفف۔ دیکھو شاہ ۲ (مونث) ترغیب۔ بہکانا ۳ پرچک ۴ حمایت ۵ شطرنج میں بادشاہ کو کشت ۶ کنکوے کو آہستہ آہستہ ڈور پلانا۔ ڈھیل۔ **شہا** (ندا) اے بادشاہ۔ **شہانہ** (صفت) ۱ شاہانہ ۲ (مذکر) ایک قسم کا شادی کا گیت ۳ ایک گت ۴ شادی کا جوڑہ ۵ سرخ رنگ کی خاص قسم کی چوڑیاں۔ **شہانہ جوڑا** (مذکر) دولہا کا سرخ جوڑا۔ سرخ پوشاک۔ **شہانہ وقت** (مذکر) ۱ شام کا وقت ۲ سہانہ وقت۔ **شہانی چوڑیاں** (مونث) شہانہ ۵۔ **شہانی مہندی** (مہندی) جو بہت سرخ رنگ دے۔ **شہباز** (مذکر) ۱ باز کی ایک بڑی قسم ۲ سبزی پینے والوں کا ایک پیر ۳ بہادر آدمی۔ شریف آدمی۔ فیاض آدمی ۴ خوبصورت۔ نوجوان۔ **شہباز بلند پرواز** (مذکر) اونچا اڑنے والا شہباز۔ **شہباز چرخ** (مذکر) سورج۔ **شہ بال** (مذکر) بازوؤں میں سب سے بڑا پر۔ **شہ بالا** (مذکر) دیکھو شاہ بالا۔ **شہ بچانا** (متعدی) **بچنا** (لازم) بادشاہ کا کشت کی جگہ سے ہٹ جانا۔ **شہ پانا** (متعدی) اشارہ پانا۔ ترغیب پانا۔ **شہ پر** (مذکر) پرند کے بازو کا سب سے بڑا پر۔ (لنکانا۔ نکلنا کے ساتھ) **شہپر جھاڑنا** (متعدی) پرندے کا بازو پھیلا کر زور سے ہلانا کہ کمزور پر جھڑ جائیں۔ **شہپر جھڑنا** (لازم) بڑے پروں کا کمزور ہو کر گر پڑنا۔

شہ پیل (مونث) شطرنج میں پیل کی شہ۔ شہترہ
(مذکر) دیکھو شاہترہ۔ شہتوت (مذکر) ۱ ایک درخت
جس میں پتلا اور لمبا نرم میٹھا پھل لگتا ہے۔ اس کے
پتے ریشم کے کیڑوں کو کھلاتے ہیں ۲ اس کا پھل۔
شہتیر (مذکر) مکان کی بڑی کڑی۔ شہ جان (مذکر)
شہرہ۔ شہچال (مونث) شطرنج میں جب صرف
بادشاہ چال چل سکے۔ شہ خوباں (مذکر) معشوق کو
خطاب حسینوں کے بادشاہ۔ شہ دینا (متعدی) ۱
شطرنج میں بادشاہ کو کشت دینا ۲ ترغیب دینا۔
پرچک دینا۔ اکسانا ۳ لڑائی کرانا۔ آگ لگانا ۴ پتنگ کو ڈھیل
دینا یا چھوڑنا۔ شہ دیوار (مونث) وہ دیوار جو شاہی
محل کے گرد بنی ہوئی ہو۔ شہ رخ (مونث) رخ
کی شہ شطرنج میں۔ شہ رخی (مونث) ۱ بادشاہ کو
ایسے خانے میں رکھنا کہ شہ پڑتی ہو ۲ سامنے کی چوٹ۔
شہ رگ (مونث) رگ جان۔ شہرواد (مذکر) ۱
رائج الوقت سکہ ۲ اصل میں وہ کھوٹا سکہ تھا جو ایک ظالم
بادشاہ نے اپنے ملک میں چلایا تھا۔ شہرود (مذکر) ۱
بڑا دریا ۲ نام ایک دریا کا ۳ ایک شہر کا ۴ ایک ساز کا
۵ اس ساز کے سب سے موٹے تار کا۔ شہروند (مذکر)
برادر یار۔ شہروزہ (مذکر) وہ شخص جو مانگ کر کھائے
شہزادگان (مذکر) شہزادہ کی جمع۔ شہزادگی (مونث)
شہزادہ ہونے کی حالت۔ شہزادہ (مذکر) شہزادی
(مونث) دیکھو شاہزادہ۔ شاہزادی۔ شہزور (مذکر)
بہت طاقت ور۔ زور آور۔ شہزوری (مونث) ۱
طاقت۔ پہلوانی ۲ زبردستی۔ شہسوار (مذکر) گھوڑے
کی سواری کا ماہر۔ شہ سوار عرصۂ یکہ تازی (مذکر)
لڑائی میں لڑنے والا بہت بہادر آدمی۔ شہ سوار
فلک (مذکر) سورج۔ شہسوار مضمار مغازی
(مذکر) لڑائی میں لڑنے والا بہادر۔ شہسواری
(مونث) ۱ نہایت اچھی سواری کرنا ۲ بہادری۔
شہ کار (مذکر) ۱ بوئی ہوئی زمین ۲ دھوکا۔ دغا ۳
کسی شخص کا بہترین کام۔ شہکارا (مونث) بدکار
عورت۔ فاحشہ۔ بدزبان عورت۔ شہ لولاک
(مذکر) پیغمبر صلعم۔ شہ مات (مونث) شطرنج میں
وہ کشت جس سے مات ہو جائے۔ شہ مات کرنا
(متعدی، ہونا لازم) قائل ہونا جواب نہ دے سکنا۔
شہنا۔ شہنائی (مونث) نفیری (بجانا۔ بجنا منہ
سے لگانا کے ساتھ) شہنا نواز (مذکر) نفیری بجانے
والا۔ شہناز (مذکر) ایک سُر۔ شہنشاہ۔ شہنشہ
(مذکر) بادشاہوں کا بادشاہ۔ قیصر۔ شہنشاہ خاور
(مذکر) سورج۔ شہنشاہی۔ شہنشہی (صفت)
۱ شہنشاہ کا ۲ (مونث) شہنشاہ ہونے کی حالت۔
شہنشین (مونث) دیکھو شاہ نشین۔ شہوار (صفت)
۱ بادشاہ کے قابل ۲ شاہی ۳ (مذکر) نہایت قیمتی
موتی ۴ بہترین چیز اپنی قسم کی۔ شہی۔ (مونث) ۱
بادشاہی ۲ ایک قسم کی مٹھائی ۳ (صفت) بادشاہی
شہ کا۔

مقولہ۔ شہزوری پہ یہ
حالت کہ چوہا نہ مارے مر سے۔ مر سے
جائیں اور نام اکڑسے خاں۔

شہاب (ف۔ مذکر) وہ
رنگ جو کسم کو بھگو کر نکالتے ہیں۔ نہایت سرخ رنگ
شہ و آب کا مخفف۔ شہابی (مونث) ۱ سرخ۔ شہاب
کے رنگ کا ۲ (مونث) ایک قسم کی مہتابی جس کا
رنگ سرخ ہوتا ہے ۳ شباہت۔ پرتو۔ جھلک
عورتیں بکسر کہتی ہیں۔

شہاب (ع۔ مذکر) ۱ شعلہ بھڑکتی
ہوئی آگ ۲ دہکتی ہوئی لکڑی ۳ روشن ستارہ ۴ ٹوٹنے والا ستارہ
(شہب۔ سفید ہونا) شہاب ثاقب (مذکر) وہ
چمکتا ہوا ستارہ جو آسمان سے گرتا ہے۔ اور عموماً شرق
سے غرب کو جاتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ یہ مادے کے
ٹکڑے ہوتے ہیں جو خلا میں اُڑتے پھرتے ہیں جب
زمین کے قریب آتے ہیں تو کشش زمین کی وجہ سے زمین
پر گرتے ہیں۔ مگر ہوا سے گزرتے ہوئے ہوا کی رگڑ سے
اُنہیں آگ لگ جاتی ہے اور کئی تو ہوا میں جل کر رہ جاتے
ہیں۔ اور کئی زمین پر آ گرتے ہیں۔

شہادت (ع۔ مونث) ۱
گواہی۔ اظہار (دینا۔ لینا ہونا کے ساتھ) ۲ شہید ہونا راہِ
حق میں مارا جانا۔ جہاد میں لڑتے ہوئے مارا جانا۔ (پانا۔
ہونا کے ساتھ) ۳ قتل۔ ذبح ۴ خدائے تعالیٰ کی وحدانیت
اور پیغمبر صلعم کی رسالت کا اقرار ۵ مسلمانوں کا ایک کلمہ
دیکھو کلمۂ شہادت (شہد۔ گواہی دینا) شہادت
تائیدی (مونث) وہ گواہی جو مدعی کے بیان کی تائید
کرے۔ شہادت تحریری (مونث) ۱ کاغذات اور
دستاویز کے ذریعے گواہی۔ شہادت تردیدی
(مونث) وہ گواہی جو مدعی کے بیان کی تردید کرے۔
شہادت حضوری (مونث) آنکھ دیکھی شہادت۔
شہادت دستاویزی (مونث) دیکھو شہادت
تحریری۔ شہادت ظنی (مونث) وہ شہادت
جسے تسلیم کر لیا جائے۔ شہادت نامہ (مذکر) ۱
تحریری شہادت جو داخل کی جائے ۲ اہلِ تشیع کپڑے
پر کلمۂ شہادت لکھ کر مردے کے کفن میں رکھتے ہیں ۳
وہ کتاب جس میں حضرت امام حسین کی شہادت کا حال
ہو۔

شہامت (ع۔ مونث)
بہادری۔ شجاعت۔ دلیری۔

شہد (ع۔ مذکر) ۱ وہ میٹھا شیرا
جو شہد کی مکھیاں پھولوں سے اکٹھا کر کے اپنے چھتوں
میں موسم سرما کے استعمال کے لیے جمع کرتی ہیں ۲ (صفت)
بہت شیریں۔ شہد آمیز (صفت) میٹھی۔ شیریں۔ شہد
بنانا (متعدی) شہد کی مکھیوں کا پھولوں سے رس
اکٹھا کر کے شہد کی صورت میں جمع کرنا۔ شہد خالص
(مونث) وہ شہد جس میں ملاوٹ نہ ہو۔ شہد کی چھری
(مونث) زبان کا میٹھا دل کا کھوٹا۔ میٹھی چھری۔ شہد کی
مکھی (مونث) ایک قسم کی مکھی جو شہد جمع کر کے چھتے
میں ذخیرہ کرتی ہے۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ (مونث)
ہر چھتے میں ایک مکھی کی خاص طور پر پرورش کی جاتی ہے
جب یہ جوان ہوتی ہے تو انڈے دینے شروع کرتی ہے
پرانی ملکہ اپنی وفادار مکھیوں کو ساتھ لیکر چلی جاتی ہے۔ اور
دوسری جگہ چھتہ بناتی ہے۔ شہد گھولنا (متعدی) گھلنا
(لازم) شیریں زبان ہونا۔ میٹھی میٹھی باتیں ہونا۔ شہد لگا کر
چاٹو۔ وہاں کہتے ہیں جب کسی چیز کا رکھنا بے فائدہ
ہوتا ہے۔ شہد لگا (کر) کے الگ ہو جانا (لازم)
جھگڑا برپا کر کے تماشہ دیکھنا۔ لڑوا دینا کہتے ہیں کسی نے
شیطان سے پوچھا کہ لوگ تجھے کیوں بدنام کرتے ہیں کہ تو
سب جھگڑوں کا بانی ہے۔ اس نے کہا میں تو کچھ نہیں
کرتا یونہی بدنام کرتے ہیں چنانچہ مثال کے لئے اس نے
انگلی شہد سے بھر کر ایک دکان کی دیوار پر لگا دی وہاں
مکھیاں جمع ہو گئیں۔ ایک شکاری وہاں سے گزرا
اس کا کتا مکھیوں پر جھپٹا۔ دکان دار کا برتن گر گیا۔ اس نے
اینٹ اٹھا کر کتے کے ماری وہ مر گیا۔ شکاری نے
دکاندار کو قتل کر دیا۔ اسے پکڑ کر قاضی کے پاس لے گئے
اس نے پھانسی کی سزا دی۔ شیطان نے کہا بتائیے
اس میں میرا کیا قصور ہے۔ شہد لگانا (متعدی) لگنا
(لازم) شہد کا چھتے سے حاصل ہونا۔

مثل۔ شہد سہاگہ گھی مری
دھات کا جی۔ یہ وہ کہتے ہیں ان چیزوں سے

کشتہ دھات پھر اصلی حالت میں آجاتی ہے۔
شُہَدا (ع۔ مذکر) جمع شہید کی۔
شُہدا (ف۔ صفت) ۱ بدمعاش۔ بدچلن۔ لُچا ۲ (مذکر) ایک فرقہ فقیروں کا جو اکثر ننگے سر ننگے پاؤں رہتا ہے۔ اور شادیوں میں پلنگ عروس کا اُٹھاتا ہے۔ (غالباً شُہدا کا مخرب ہے یعنی جگہ مسکین اور غریب کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ بعض اسے کشدر کا مخرب سمجھتے ہیں جس کے معنی کمینہ یا شریر کے ہیں) **شہدا پن۔ شہدپن یا پنا** (مذکر) بدمعاشی ۲ دھول دھپا۔ (پھیلانا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ)
شَہر (ف۔ مذکر) وہ جگہ جہاں بہت سے آدمی مکانات میں رہتے ہوں۔ بڑی آبادی۔ جہاں چند مکانات ہوں بستے گاؤں۔ جہاں زیادہ ہوں اُسے قصبہ اور جہاں میونسپلٹی کا انتظام ہو اُسے شہر کہتے ہیں۔ **شہر آشوب** (مذکر) وہ نظم جس میں کسی شہر کے باشندوں کی ہجو یا تعریف۔ اس کی پریشانی یا زمانے کی ناقدردانی وغیرہ کا ذکر ہو۔ **شہر اُمنڈنا** (لازم) بہت لوگوں کا آنا۔ **شہر باش** (مذکر) شہری۔ شہر کا باشندہ۔ **شہر بدر** (صفت) جلاوطن (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **شہر بشہر** (تف) ایک شہر سے دوسرے شہر تک اور دوسرے سے تیسرے تک یعنی جا بجا جگہ جگہ۔ **شہر بند** (مذکر) فصیل ۲ قید خانہ ۳ قیدی۔ **شہر پناہ** (مونث) فصیل۔ **شہر تاش** (مذکر) اسی شہر کا باشندہ ہموطن۔ **شہر خبرا** (مذکر) وہ شخص جو تمام شہر کی خبر رکھے۔ گھر گھر کی خبر رکھنے والا۔ **شہر خموشاں** (مذکر) گورستان قبرستان۔ **شہروار** (صفت) شہر کا رہنے والا۔ **شہر داری** (مونث) وہ تعلقات یا فرائض جو شہر میں رہنے کی وجہ سے ہوں۔ **شہر شلم** (مذکر) وہ جگہ جہاں انصاف نہ ہو۔ اندھیر نگری۔ **شہر کی دائی** (مونث) وہ عورت جو گھر گھر کی خبر رکھے۔ **شہر کے صدقے ہونا** (لازم) آوارہ پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔ **شہر گرد یا گشت** (صفت) شہر میں گشت کرنے والا۔ بزدل۔ **شہر گرداں** (مذکر) وہ شخص جسے شہر میں تشہیر کیا جائے۔ **شہر میں منڈوانا** (متعدی) شہر میں تشہیر کرانا۔ **شہرناز** (مونث) جمشید کی بہن۔ **شہری** (صفت) ۱ شہر کا۔ شہر کے متعلق ۲ (مذکر) شہر کا باشندہ۔ **شہریار** (مذکر) بادشاہ۔ مطلق العنان بادشاہ۔ **شہریار ہفت اقلیم** (مذکر) سورج۔ **شہریاری** (صفت) ۱ شاہی ہند ۔۔۔

داب یا دبدبہ ۲ سلطنت۔ حکومت۔ **شہریت** (مونث) شہر کا باشندہ ہونے کی حالت ۲ شہر کی آبادی ۳ شہر کی وسعت ۴ شہر کے باشندے۔ اخلاق اور عادتیں۔ **شہری غنڈا** (مذکر) شہر کا بدمعاش۔

امثال واقوال

شہر کا سلام دیہات کا دال بھات۔ شہر والے زبانی خاطر تواضع سے ٹال دیتے ہیں۔ گاؤں والے جو میسر ہو کھلاتے ہیں۔ **شہر کا غنڈا ہے۔** بہت بدمعاش ہے۔ **شہر میں اونٹ بدنام۔** اس کے متعلق کہتے ہیں جو شہر میں بدنام ہو۔ اور ہر بُری بات اُس کے ذمہ لگے۔

شَہر (ع۔ مذکر) مہینہ۔
شُہرت (ع۔ مونث) ۱ نیک نامی ۲ افواہ۔ چرچا ۳ رسوائی۔ بدنامی۔ **شہرت اچھی ہونا** (لازم) نیک نامی ہونا۔ **شہرت اُڑنا** (لازم) چرچا ہونا۔ دھوم ہونا۔ بدنامی ہونا۔ **شہرت افزا** (صفت) شہرت بڑھانے والا۔ **شہرت بُری ہونا** (لازم) بدنام ہونا۔ **شہرت بڑھنا** (لازم) شہرہ زیادہ ہونا۔ مشہور ہونا۔ **شہرت پانا** (متعدی) مشہور ہونا۔ نام حاصل کرنا۔ **شہرت پہنچنا** (لازم) بہت دور تک مشہور ہونا۔ **شہرت پھیلنا** (لازم) مشہور ہونا۔ **شہرت پیدا (حاصل) کرنا** (متعدی) نام حاصل کرنا۔ مشہور ہونا۔ **شہرت دینا** (متعدی) ۱ مشہور کرنا ۲ رسوا کرنا۔ **شہرت ہونا** (لازم) مشہور ہونا۔ دھوم ہونا۔ **شہرت یافتہ** (صفت) ۱ مشہور۔ معروف ۲ جس کی دھوم ہو گئی ہو ۳ جس کی بدنامی ہو گئی ہو۔

شُہرہ (ع۔ مذکر) دیکھو شہرت
بمعنی ۲ **شہرۂ آفاق یا انام** (صفت) بہت مشہور۔ تمام عالم میں مشہور۔ **شہرہ اُڑنا** (لازم) شہرت پھیلنا۔ **شہرۂ جود و نوال** (مذکر) سخاوت اور فیاضی کا شہرہ۔ **شہرہ دور تک نکل جانا** (لازم) بہت شہرت ہونا۔ دور تک شہرت پھیلنا۔ **شہرہ ور** (صفت) مشہور۔ **شہرہ ہونا** (لازم) مشہور ہونا۔ نام ہونا۔

شہریر۔ شہریور (ف۔ مذکر) ۱ چھٹے ایرانی مہینے کا نام ۲ شمسی سال کے بموجب ہر مہینے کا چوتھا دن ۳ ایک موکل فرشتے کا نام۔ **شہریورگان** (مذکر) دیکھو آخری ۲۔ **شہریوری** (صفت) شہریور کے متعلق۔

شَہلا (ع۔ صفت) ۱ وہ جس کی آنکھ میں بجائے سیاہی کے نیلے یا بھورے یا سرخ رنگ کی جھلک ہو ۲ (مونث) نرگس کی ایک قسم جس میں بجائے زردی کے سیاہی ہو۔ (شہل۔ سیاہ ہونا)
شَہوات (ف۔ مونث) جمع شہوت کی۔ **شہواتِ نفسانی** (مونث) نفسانی خواہشیں۔
شَہوانی (ع۔ صفت) شہوت کی طرف منسوب۔
شَہوت (ع۔ مونث) ۱ خواہش آرزو۔ لذت اور منفعت کا شوق ۲ خواہش جماع (شہوۃ۔ خواہش کرنا) **شہوت انگیز** (صفت) شہوت ابھارنے والا۔ **شہوت پرست** (صفت) عیاش۔ زانی نفس پرست۔ **شہوت پرستی** (مونث) عیاشی۔ زنا۔ **شہوتی** (صفت) شہوت پرست۔ **شہوی** (صفت) شہوت کی طرف۔
شُہود (ع۔ مذکر) ۱ حاضر ہونا ۲ چشم دید گواہ ہونا ۳ جگہ دن ۴ روز قیامت ۵ (صوفیوں کی اصطلاح) دیدارِ خدا۔ ایسے درجے پر پہونچ جانا کہ ہر چیز میں خدا نظر آئے ۶ شاہد کی جمع۔ گواہ۔ (شہد۔ گواہی دینا۔ دیکھنا) **شہودی** (صفت) شہود سے نسبت رکھنے والا۔
شُہُور (ع۔ مذکر) جمع شہر کی۔ مہینے۔ **شہور معلومات** (مذکر) مسلمانوں کے چار مقدس مہینے محرم۔ رجب۔ ذوالقعد۔ ذوالحج۔ بعض شوال کو رجب کی بجائے تسلیم کرتے ہیں۔
شِہِہ (ف۔ مذکر) گھوڑے کا ہنہنانا۔
شَہید (ع۔ مذکر) ۱ خدا کا ایک نام۔ وہ جو ہر بات سے مطلع ہو ۲ (صفت) وہ شخص جو راہ خدا میں قتل ہوا ہو۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۳ عاشق۔ قربان فدا ۴ مقتول۔ مذ ع۔ (شہد۔ شہادت دینا) **شہیدِ کربلا** (مذکر) حضرت امام حسینؓ۔ **شہید کرنا** (متعدی) قتل کرنا۔ **شہید گنج** (مذکر) وہ عمارت جو شہیدوں کی یادگار بنائی جائے۔ **شہید مرد** (صفت) دیکھو شہید ۲۔ **شہیدِ ناز** (صفت) عاشق۔ **شہیدِ وفا** (صفت) وہ جس نے وفاداری کی وجہ سے قتل ہو کر رتبہ شہادت حاصل کیا ہو۔ **شہید ہونا** (لازم) ۱ راہ خدا میں قتل ہونا ۲ عاشق ہونا ۳ مارا جانا (ناحق) ۴ ضائع ہونا۔ **شہیدی** (مونث) ۱ شہید ہونے کے لئے تیار ۲ سرخ ۳ (مذکر) ۔۔۔

رنڈی باز۔ تماش بین۔ **شہیدی تربوز** (مذکر) ایک قسم کا عمدہ تربوز جو چھلکوں تک سرخ ہوتا ہے۔ **شہیدی جتھا** (مذکر) وہ گروہ جو شہید ہونے کے لئے تیار ہو۔

شہیر (ع۔ صفت) مشہور۔ معروف۔

شہین (ف۔ مذکر) ایک شہر۔

شے (ع۔ مونث) ۱ چیز۔ نفیس یا نایاب چیز ۲ برکت۔ زیادتی۔ افزونی ۳ دیکھو شہ ۴ ۲ و ۳ معاملہ۔ واقعہ ۵ چاہنا۔ خواہش کرنا (شَیّا۔ چاہنا) **شے بیعہ** (مونث) فروخت کی ہوئی چیز۔ **شے دینا** (متعدی) دیکھو شہ دینا ۲۔ **شے لطیف کی قلت ہونا** (لازم) بیوقوف ہونا۔ عقل کی کمی ہونا۔ **شے متنازعہ** (مونث) وہ جس چیز کے متعلق جھگڑا ہو۔ **شے محقر** (مونث) ۱ حقیر چیز ۲ معمولی معاملہ۔ **شے مرہونہ** (مونث) وہ چیز جو رہن کی گئی ہو۔ **شے مکفولہ** (مونث) وہ چیز جو ضمانت میں دی گئی ہو۔ **شے ملنا** (لازم) ۱ مدد ملنا ۲ ترغیب یا اشتعال ملنا۔ **شے موہوبہ** (مونث) وہ چیز جو ہبہ کی گئی ہو۔ **شے ہونا** (لازم) ۱ برکت ہونا ۲ مدد ہونا ۳ ترغیب ہونا ۴ نایاب بات ہونا ۵ صاحب حیثیت ہونا۔

شَیّا (س۔ مونث) سیج۔ چھپرکھٹ۔

شیاد (ع۔ مذکر) قلندر۔ ایک خاص قسم کا درویش۔ (شَیَد۔ مرنا)

شیاطین (ع۔ مذکر) شیطان کی جمع۔ **شیاطین الانس** (مذکر) آدمی جو شیطان کی طرح بہکاتے ہیں۔

شیاف (ع۔ مذکر) ۱ سرمہ۔ دوائیں جو باریک کوٹ کر آنکھ میں بطور سرمہ لگائیں ۲ شافہ (شَوف۔ کسی چیز کو دیکھنا)

شیالک (س۔ مذکر) سالا۔

شیالو (س۔ صفت) ۱ سست ۲ جسے نیند آرہی ہو ۳ (مذکر) سانپ۔ اژدھا ۴ کتا ۵ گینڈا۔

شیام (س۔ صفت) ۱ سیاہ۔ ملیح۔ گندمی۔ ہونگیا۔ سبز ۲ (مذکر) سیاہ وغیرہ رنگ ۳ بادل ۴ کوئل ۵ سیاہ بیل ۶ کئی پودوں کا نام ۷ ایک راگ۔ **شیاما** (مونث) ۱ ایک خاص قسم کی عورت جو نازک اور دبلی ہوتی ہے اور جس نے ابھی بچہ نہیں جنا ہوتا ۲ مادہ کوئل ۳ گائے ۴ رات۔ زمین ۵ (اسم) سیاہ مرچ ۶ بحری نمک۔

شَیب (ع۔ مذکر) ۱ بڑھاپا ۲ بالوں کی سفیدی (شَیب۔ بوڑھا ہونا)

شیبہ (ع۔ مذکر) بنو۔ ایک قبیلہ جو کعبہ کا محافظ ہے۔ اسے شیبین بھی کہتے ہیں۔

شیت (س۔ صفت) ۱ ٹھنڈا۔ سرد ۲ بیوقوف۔ کند ذہن ۳ سست۔ کاہل ۴ (مذکر) سردی ۵ بے حسی ۶ سردیوں کا موسم۔ سرما ۷ شبنم ۸ نمی۔ **شیتلا** (مونث) ۱ سیتلا۔ چیچک ۲ سیتلا دیوی ۳ کئی پودوں کا نام۔

شیتھلیہ (س۔ مذکر) ۱ ڈھیلا پن۔ کشادگی ۲ پلپلا پن ۳ سستی ۴ بے توجہی ۵ بے احتیاطی ۶ کمزوری ۷ بزدلی ۸ چھوٹا پن ۹ قاعدے رسم یا تعلق کو چھوڑ دینا۔

شیخ (ع۔ مذکر) ۱ بڑھا آدمی ۲ مسلمانوں کی وہ ذات ہندوستان میں جو ہندوؤں وغیرہ سے مسلمان ہوئے ہوں ۳ سردار۔ حاکم ۴ پیر مرشد ۵ مذہبی علوم میں فائق ۶ خانقاہ کا سردار۔ سجادہ نشین ۷ پیشوا۔ سرگروہ ۸ ایک خطاب مسلمانوں جو ان کے ناموں کے پہلے استعمال ہوتا ہے ۹ عرب قبیلوں کا سردار (شَیخ۔ بوڑھا ہونا) **شیخ الاسلام** (مذکر) سب سے بڑا پیشوائے دین ۲ ترکی سلطنت میں مفتی اعظم۔ **شیخ الاصحاب** (مذکر) **شیخ الحرم** (مذکر) شریف مکہ۔ **شیخ الرئیس** (مذکر) بوعلی سینا۔ **شیخ الشیوخ** (مذکر) پیر مشائخ۔ عالموں کا سرگروہ۔ **شیخانی** (مونث) ۱ قوم شیخ کی عورت ۲ شیخ کی بیوی ۳ بیگمات ۴ کبھی بیگم۔ **شیخ بیت الحرام** (مذکر) شریف مکہ۔ **شیخ جی** (مذکر) شیخ کو تعظیم یا طنز سے کہتے ہیں۔ **شیخ رئیس** (مذکر) بوعلی سینا۔ **شیخین** (مذکر) ۱ حضرت ابوبکر و حضرت عمر ۲ امام حنیفہ اور امام ابو یوسف جہاں ہر دو کسی مسئلے پر متفق ہوں۔ **شیخ نجدی** (مذکر) شیطان۔ **شیخوخت**۔ **شیخوخیت** (مونث) ۱ بڑھاپا ۲ سرداری۔ **شیخ و شاب** (مذکر) بوڑھے اور جوان۔ **شیخ وقت** (مذکر) اپنے زمانے کا سب سے بڑا عالم۔ **شیخیہ** (مذکر) ۱ مسلمانوں کا ایک فرقہ جو شاذلیہ فرقے کی شاخ ہے ۲ ایک قوم جو دریائے نیل کے کناروں پر کوٹی سے تیسرے آبشار تک آباد ہے۔

شیخ (ف۔ مذکر) ۱ دیکھو شیخ ۲ تا ۹ ۲ ایک قوم جو ڈھول بجاتی ہے۔ **شیخ چلی** (مذکر) ایک فرضی احمق جس کی بیوقوفی کے قصے لوگوں میں بہت مشہور ہیں ۲ ایک بزرگ جن کا مقبرہ تھانیسر میں ہے۔ یہ چلہ کشی کے بہت شائق تھے۔ اس لئے یہ نام ہوا ۳ (صفت) احمق۔ بیوقوف۔ **شیخ چلی کا منصوبہ** (مذکر) وہ منصوبہ جو بالکل خیالی ہو۔ **شیخ ڈونڈو یا ڈونڈوں** (مذکر) کپڑے کا گڈا جس کی کمر میں گٹھڑی باندھ کر مینہ میں لکڑی کے سہارے کھڑا کر دیتے ہیں تاکہ مینہ تھم جائے۔ یہ ایک قسم کا ٹونا ہے۔ **شیخڑا** (مذکر) شیخ کی تصغیر۔ **شیخ سدو** (مذکر) عورتوں کا ایک فرضی پیر یا جن۔ **شیخ کا بکرا** (مذکر) وہ بکرا جو شیخ سدو کے نام پر ذبح کرتے ہیں۔ **شیخن** (مذکر) جمع شیخ کی۔ بہت سے شیخ (مخفف)۔ **شیخن پور** (مذکر) شیخوں کا گاؤں۔ وہ جگہ جہاں شیخ رہتے ہوں۔ **شیخو بابا** (مذکر) جہانگیر کی کنیت۔ چونکہ شیخ سلیم چشتی کی دعا سے یہ پیدا ہوا تھا۔ اکبر اسے پیار سے شیخو بابا کہا کرتا تھا۔ **شیخی** (مونث) ۱ ڈینگ۔ بڑائی ۲ گھمنڈ۔ غرور۔ **شیخی باز۔ خور یا خورا** (صفت) ڈینگ مارنے والا۔ دون کی لینے والا۔ **شیخی بگھارنا** (متعدی) دیکھو شیخی مارنا۔ **شیخی جتانا** (متعدی) بڑائی ظاہر کرنا۔ خود ستائی کرنا۔ **شیخی جھڑ جانا یا جھڑنا** (لازم) کرکری ہونا۔ **شیخی کرنا** (متعدی)۔ ہونا (لازم) سبکی یا خفت ہونا۔ غرور ٹوٹنا۔ گھمنڈ جاتا رہنا۔ **شیخی چڑھ جانا** (لازم) گھمنڈ ہونا۔ **شیخی کرنا** (متعدی) اترانا۔ ڈینگ مارنا۔ **شیخی گھسڑ جانا** (لازم) گھمنڈ جاتا رہنا۔ غرور ٹوٹنا۔ **شیخی مارنا** (متعدی) اترانا۔ خودستائی کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ **شیخی میں آنا** (لازم) اترانا۔ **شیخی نظر آنا** (لازم) شیخی کی حقیقت کھل جانا۔ **شیخی نکال دینا** (متعدی)۔ **نکل جانا** (لازم) شیخی کرکری کر دینا۔

امثال و اقوال۔ شیخ

اور تین کانے بیاہ شیخی اللہ سود۔ **شیخ پکاریں قندوری** قندوری۔ غرضمند کو اپنے مطلب کی سوجھتی ہے۔ **شیخ تیری فطرت** ۔ شیخ بہت چالاک ہوتا ہے۔ **شیخ چنڈال نہ چھوڑے مکھی نہ چھوڑے بال**۔ سند۔ وہ چیز نہیں کھاتے جس میں سے مکھی یا بال نکلے۔ یہ مسلمانوں پر طنز ہے۔ کسی شخص کے متعلق بھی کہتے ہیں جو بہت حریص ہو۔ **شیخ سعدی** شیرازی عاشقوں کے بادشاہ معشوقوں کے قاضی۔ گلستاں کے بعض بابوں کیطرف اشارہ ہے۔ **شیخ کیا جانے**

صابن کا بھاؤ! جس سے کچھ تعلق نہ ہو۔ اس چیز کی
کیفیت کیا معلوم ہو سکتی ہے ۲ خواہ مخواہ اس امر میں
دخل دینا جس کا پتہ نہ ہو ۳ ایسے شخص سے مشورہ لینا
جس کو معاملے سے کوئی مناسبت نہ ہو۔ **شیخ نے**
کچھوے کو بھی دغا دی۔ شیخ بہت مکار ہوتے
ہیں۔ ایک شیخ دریا پار ہونا چاہتا تھا۔ کچھوے سے
وعدہ ہوا کہ پار جا کر اُس کے لئے ایک بکرا ذبح کرے گا
اُس نے پیٹھ پر چڑھا کر پار اُتار دیا۔ شیخ جی نے سر سے
ایک جوں نکال کر مار دی اور چلتے بنے۔ **شیخ نے**
کوے کو بھی دغا دی ہے۔ دیکھو گئے زئی نے
الخ۔ **شیخوں کی شیخی پٹھانوں کی ٹر۔** یہ دونوں
ان باتوں کے لئے مشہور ہیں۔ **شیخی اور تین کانے**
شیخی مارنا اور پاس کچھ نہ ہونا۔ **شیخی خورے سے**
کہا تیرا گھر جاتا ہے۔ کہا بلا سے میری شیخی
تو میرے پاس ہے۔ **شیخی خورے کا گھر**
جلا کہا پڑا جلے میری شیخی تو میرے پاس ہے
اس شیخی خورے کے متعلق کہتے ہیں جو باوجود نقصان
اُٹھانے کے ڈینگ مارنے سے باز نہ آئے۔ **شیخی**
سیٹھ کی دھوتی پھاڑ سے کی۔ شیخی تو بہت ہے
مگر پاس کچھ نہیں۔ **شیخی کا منہ کالا۔** غرور کا سر نیچا۔
شیخی باز کو شرمندگی اُٹھانی پڑتی ہے۔

شَید (ف۔ مذکر) ۱ دھوکا۔ دغا
فریب ۲ دو روئی۔ ظاہر داری۔ بناوٹ۔

خُشید (ف۔ صفت) ۱ چمکدار
روشن۔ منور ۲ (مذکر) روشنی ۳ سورج۔ خورشید۔
۴ ولفریبی۔ لبھاوٹ ۵ افراسیاب کے بیٹے کا نام۔

شیدا۔ شیدائی (ف صفت)
۱ عاشق۔ فدا ۲ مدہوش۔ دیوانہ۔ (بنانا ہونا کے ساتھ)
شیدائے یکدگر (صفت) ایک دوسرے کے
عاشق۔

شبدرنگ (ف۔ مذکر)
ایک فلسفہ دان کا رنگ۔

شیدہ (ف۔ مذکر) سورج۔

شیدی (ف۔ مذکر) حبشیوں کا لقب۔

شیذر (ف۔ مذکر) ہنسا کا نام۔

شِیر (ف۔ مذکر) دودھ۔ لبن
(دس کشیر) **شیر برنج** (مونث) دودھ اور چاول
کی کھیر۔ **شیر خشت** (مونث) ایک دوا جو بعض درختو

پر جم جاتی ہے۔ **شیر خوار یا خور** (صفت) دودھ پیتا
(بچہ) **شیر خوارگی** (مونث) بچے کا ماں کے دودھ پینے
کا زمانہ۔ **شیر دان** (مذکر) ۱ دودھ کا برتن ۲ بکری
یا بیلے کا معدہ جس میں گوشت وغیرہ ڈال کر پکاتے ہیں۔ **شیر**
گرم (صفت) نیم گرم۔ **شیر مادر** (مذکر) ۱ ماں کا
دودھ ۲ (صفت) جائز۔ حلال۔ مباح۔ **شیر مال** (مذکر)
روغنی روٹی جس پر دودھ کا چھینٹا دیتے ہیں۔ **شیر ماہی**
(مونث) ایک قسم کی مچھلی جس کے چھلکے سفید ہوتے ہیں۔
اور گوشت بہت لذیذ ہوتا ہے۔ **شیر مرغ** (مذکر)
چمگادڑ۔ کیونکہ پرندے کو دودھ پلاتی ہے۔ **شیر و**
شکر (مذکر) ۱ دودھ اور کھانڈ بہت اچھی طرح سے
ملے ہوئے ۲ (مذکر) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ **شیر و شکر**
ہو جانا یا ہونا ۔ (لازم) بہت دوستی ہونا۔ باہم
اختلاط ہونا۔ مل جل جانا۔

شیر (ف۔ مذکر) ۱ ایک گوشت
خور جانور۔ جس کا قد گدھے کے برابر ہوتا ہے اور
بدن پر دھاریاں ہوتی ہیں۔ باگھ۔ ببر ۲ پرنالے کا منہ
جو شیر کی شکل کا بنایا جاتا ہے ۳ بہادر آدمی دلیر شخص
۴ نڈر۔ دلیر ۵ قوی۔ توانا۔ **شیرا** (مذکر) ۱ بڑے منہ
کا کتا ۲ شیر محمد یا شیر احمد کے نام کا مخفف۔ **شیر آبی**
(مذکر) ۱ نہنگ۔ مگرمچھ ۲ ایک بحری جانور۔ سیل۔ **شیر**
آسا (صفت) شیر کی طرح۔ **شیر آسماں** (مذکر) برج
اسد۔ **شیراں** (مذکر) جمع شیر کی۔ **شیران بیشۂ وغا**
(مذکر) بہادران۔ شجاعان۔ میدان جنگ کے شیر۔
شیر انداز یا شیر افگن (صفت) بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔
شیر اندام (صفت) وہ جوان جس کا سینہ چوڑا اور کمر
پتلی ہو۔ **شیرانہ** (تف) دلیرانہ۔ بہادری سے۔ **شیر**
ببر (مذکر) ایک قسم کا شیر جس کا رنگ خاکستری اور گردن
پر ایال ہوتے ہیں۔ یہ معمولی شیر سے چھوٹا مگر بہت طاقتور
ہوتا ہے۔ **شیر بچہ** (مذکر) ۱ شیر کا بچہ ۲ ایک قسم کی چھوٹی
بندوق ۳ (صفت) بہادر۔ دلیر۔ **شیر برف یا برفی**
(مذکر) برف کا شیر جو سرد ملکوں میں بچے سردیوں میں بناتے
ہیں۔ **شیر بکری** (مونث) لڑکوں کا ایک کھیل جو کوڑیاں
پھینک کر کھیلا جاتا ہے۔ دو گوٹوں کو شیر باقی کو بکریں قرار
دیتے ہیں۔ **شیر بیشہ** جرأت۔ جلادت یا شجاعت
(صفت) بہادری کے جنگل کا شیر۔ بہت بہادر۔ **شیر**
پشمین (مذکر) اون کا شیر۔ **شیر پنجہ** (مذکر) ۱ شیر کا
پنجہ ۲ ایک پھوڑا جو پیٹھ پر ہوتا ہے۔ **شیر جنگ**
(مذکر) ۱ ایک خطاب جو مسلمان ریاستوں میں امیروں

کو ملتا ہے ۲ **شیر چرخ** (مذکر) ۱ اسد ۲ سورج
شیر حوض (مذکر) حوض میں شیر کی شکل کا فوارہ جس میں سے
پانی نکلتا ہے۔ **شیر خدا** (مذکر) حضرت علی کا لقب۔
شیر دروازہ (مذکر) وہ دروازہ جس پر
شیر کے بت دونوں طرف نصب ہوں۔ **شیر دل** (صفت) بہادر
۔ دلیر۔ شجاع۔ **شیر دہاں** (مذکر) ۱ شیر کا منہ ۲
وہ شکل شیر کی جو پرنالوں یا حوضوں پر بنا دیتے ہیں
۳ ایک قسم کا عصا ۴ (مونث) ایک قسم کی بندوق ۵
(صفت) وہ مکان جو سامنے سے عرض میں کم اور
پیچھے سے زیادہ ہو ۲ شیر کے منہ والے کڑے۔
شیر دہاں کڑے (مذکر) ایک قسم کے کڑے
جن کی گھنڈیاں شیر کے منہ کی طرح ہوتی ہیں۔ **شیر**
زن (صفت) ۱ شیرنی ۲ بہادر عورت ۳ (صفت)
شیر کو مارنے والا۔ **شیر زور** (مذکر) ۱ شیر کی طاقت
والا۔ بہت طاقتور ۲ بہرام گور کا لقب۔ **شیر ژیاں**
(مذکر) ۱ درندہ شیر ۲ بہادر آدمی۔ **شیر سپہر** (مذکر)
برج اسد ۲ سورج۔ **شیر سنگی** (مذکر) پتھر کا شیر جو
بہادروں کی قبروں پر نصب کرتے ہیں۔ **شیر سوار**
(مذکر) سورج۔ **شیر سیستان** (مذکر) رستم۔
شیر شکار (صفت) ۱ شیر کو شکار کرنے والا ۲
تند۔ **شیر علم** (مذکر) شیر کی تصویر جو جھنڈے پر
بناتے ہیں۔ **شیر غراں** (مذکر) ۱ تند شیر ۲ شجاع۔
بہادر آدمی۔ **شیر فرزانہ** (مذکر) عقلمند بہادر۔ **شیر**
فلک (مذکر) ۱ برج اسد ۲ سورج۔ **شیر قالی**
یا قالیں (مذکر) ۱ شیر کی تصویر جو قالین پر بناتے
ہیں ۲ (صفت) ہیچ۔ بے وقعت۔ **شیر کا بال** (مذکر)
شیر کی موچھ کا بال کہتے ہیں اس کے کھانے سے
جگر کٹ جاتا ہے اسے جادو ٹونوں میں بھی استعمال
کیا جاتا ہے۔ **شیر کا مرقع** (مذکر) فقیری۔ درویشی
شیر کا شکار (مذکر) شیر کو مارنا۔ دکرنا۔ کو جانا
۔ کھیلنا۔ ہونا کے ساتھ) یہ بڑی بہادری کا کام سمجھا
جاتا ہے۔ **شیر کا کان** (مذکر) ممنگ چھاننے کا
کپڑا۔ صافی۔ **شیر کا گونجنا** (مذکر) شیر کا زور سے
آواز نکالنا۔ **شیر کا منہ جھلسنا** (متعدی) شیر
کو مار کر اس کی موچھوں کو جلا دیتے ہیں تاکہ انہیں
کوئی دشمنوں کو نہ کھلا دے یا ٹونے کے لئے نہ
لیجائے۔ **شیر کا منہ چوم کر طمانچہ کھانا** یعنی
کسی زبردست کو چھیڑ کر دکھ اُٹھانا۔ **شیر کا ناخن**۔
(مذکر) بچوں کے گلے میں حفاظت کے لئے ڈالتے

ہیں۔ شیر کیسی (مذکر) ایک سِکہ جس پر شیر کی شکل کا جسے بہرام چوبین نے مارا تھا۔ شیر کرنا (متعدی) کسی کا حوصلہ بڑھانا۔ دلیر کر دینا ۲ بتی اکسانا ۳ زیادہ کرنا۔ تیز کرنا۔ (ٹمک) شیر کو للکارنا (متعدی) ۱ بہادری کا کام کرنا ۲ شیر سے مقابلہ کرنا۔ شیر کو ڈپٹنا۔ شیر کی بولی بولنا (متعدی) تے کرنا۔ شیر کے پنجے میں آنا (لازم) زبردست کے قابو میں آنا۔ (مت) شیر کی خالہ (مونث) بلی۔ شیر کی صولت (مونث) شیر جیسا رعب یا دبدبہ رہبت دبدبہ۔ شیر کے منہ سے شکار لینا (متعدی) زبردست سے کوئی چیز لینا۔ شیر کے منہ میں جانا (لازم) خطرے کی جگہ پر جانا۔ اپنی جان خطرے میں ڈالنا۔ شیر کی نظر دیکھنا یا گھورنا (متعدی) غصے سے دیکھنا۔ شیر گردوں یا مرغزارِ فلک (مذکر) برج اسد ۲ سورج۔ شیر گیر (صفت) شیر کو پکڑنے یا شکار کرنے والا۔ شیر مادہ (مونث) شیرنی۔ شیر مار ڈالنا (محاورہ) ۱ شیر کا شکار کرنا ۲ بڑی بہادری یا جوانمردی کا کام کرنا ۳ عجیب یا انوکھا کام کرنا۔ شیر ماہی (مونث) ایک قسم کی مچھلی جس کی ہڈی کے چاقوؤں کے دستے بنتے ہیں۔ شیر مرد (صفت) بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ شیر مست (صفت) ۱ بہادر ۲ دلیر ۳ (مذکر) تند شیر۔ شیر مگس (مذکر) مکڑی۔ شیر نمد (مذکر) نمدے کا شیر ۲ شیر کی تصویر جو نمدے پر ہو۔ شیر نما (صفت) شیر کے مانند۔ شیرنی (مونث) شیر کی مادہ۔ شیر نیستاں (صفت) بڑا بہادر یا جری۔ شیروں (مذکر) شیر کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ شیروں کے منہ چڑھنا (متعدی) بہادروں کے مقابلے میں آنا۔ شیر ہو کر چھیچھڑے کھانا (متعدی) ۱ بڑے ہو کر عاجزی اور انکساری اختیار کرنا ۲ خلاف وضع کوئی بات کرنا۔ شیر ہونا (لازم) ۱ شیر کرنا ۲ حوصلہ بڑھنا۔ دلیر ہونا ۳ تیز ہونا۔ زیادہ ہونا ۴ غالب ہونا۔ شیر یزداں (مذکر) حضرت علی۔

امثال واقوال

شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں یا شیر بکری کو ایک گھاٹ پانی پلایا۔ عدل و انصاف کی تعریف میں کہتے ہیں۔ شیر شاہ کی داڑھی بڑی یا سلیم شاہ کی۔ بیفائدہ بحث یا تکرار کے متعلق کہتے ہیں۔ شیر قالیں دیگر و شیر نیستاں دیگر است۔ شیر قالیں اور ہے شیر نیستاں اور ہے۔ بہادری کا اظہار اور چیز ہے بہادری اور چیز ہے۔ شیر کا ایک ہی بھلا۔ بہادر لڑکا ایک ہی کافی ہے۔ شیر کا جھوٹا گیدڑ کھائے۔ امیر آدمیوں کے دم سے بہت لوگ پلتے ہیں۔ شیر کا کھاجا بکری۔ کمزوروں کو زبردست دبا لیتے ہیں۔ شیر کھائے نہ کھائے منہ لال۔ بدنام آدمی پر سب الزام لگ جاتے ہیں۔ شیر کے برقع میں چھیچھڑے کھاتے ہیں۔ باوجود صاحب توفیق ہونے کے معمولی لالچ میں آجاتے ہیں۔ شیروں سے شکار اور کوؤں سے بڑے۔ زبردست سے کچھ نہیں ملتا۔ شیروں کا منہ کس نے دھویا۔ ۱ کوئی گندا ہو تو اُسے طنزاً کہتے ہیں ۲ بچے بغیر منہ دھوئے کھانا کھائیں تو کہتے ہیں۔ شیروں سے شیر ہی ہوتے ہیں۔ بہادروں کی اولاد بہادر ہی ہوتی ہے۔

شیرازہ (ف۔ مذکر) ۱ دہ فیتہ جو کتاب کی جزبندی کے بعد اس کی پشت پر لگاتے ہیں ۲ سلائی جو کتاب اور پٹھوں پر کیجاتی ہے ۳ انتظام۔ سلسلہ۔ بندش۔ شیرازہ باندھنا (متعدی) بندھنا (لازم) ۱ کتاب کی سلائی ہونا ۲ پریشاں جزوں کا یکجا بندھنا۔ شیرازہ بستہ (صفت) جلد بندھی ہوئی (کتاب) شیرازہ بکھرنا (لازم) ۱ متفرق ہو جانا ۲ ابتری ہو جانا۔ شیرازہ بکھیر دینا (متعدی) ۱ قلع قمع کر ڈالنا ۲ تمام عیب کھول کر رکھ دینا۔ شیرازہ بند (صفت) سلائی شدہ۔ جلد بندھی ہوئی (کتاب) شیرازہ بندی (مونث) جزبندی۔ کتاب کی سلائی۔ شیرازہ ٹوٹنا (لازم) ۱ سلائی ٹوٹنا یا تاگا ٹوٹنا ۲ ابتری ہونا۔ انتظام قایم نہ رہنا۔

شیرانی (ف۔ مذکر) ایک پٹھان قوم جو ڈیرہ اسماعیل خاں میں آباد ہے ان کی شاخیں ہیں۔ برفاء دلرغا۔

شیرائل (ہ۔ صفت) ٹھنڈا شیتل۔

شیرش (س۔ مذکر) ۱ سر ۲ کھوپڑی ۳ مثلث کا اوپر کا کونہ۔

شیرن (س۔ صفت) ۱ مرجھایا ہوا۔ سکڑا ہوا ۲ سوکھا۔ خشک ۳ سڑا ہوا ۴ دبلا پتلا ۵ چھوٹا۔ ننھا ۶ نازک ۷ ٹوٹا ہوا ۸ ٹکڑے ٹکڑے۔

شیروی (س۔ صفت) ۱ ہلاک کرنے والا۔ تباہ کرنے والا ۲ ضرر رساں۔ تکلیف دہ ۳ شریر۔ شرارتی ۴ خونخوار۔

شیرہ (ف۔ مذکر) ۱ قوام۔ چاشنی ۲ عرق جو کسی چیز کو پیس کر نکالا جائے ۳ پتلا گڑ۔ شیرۂ انگور (مذکر) انگوری شراب۔ شیرۂ بادام (مذکر) شیرہ جو بادام سے نکالا جائے۔ شیرۂ خورما (مذکر) شیرہ جو کھجوروں سے بنایا جائے۔ شیرۂ شراب (مذکر) نئی شراب۔

شیری (انگ۔ مونث) ایک قسم کی میٹھی شراب۔

شیریں (ف۔ صفت) ۱ میٹھا ۲ لذیذ ۳ دل پسند ۴ خوشگوار۔ نرم ۵ عزیز۔ پیارا ۶ فرہاد اور خسرو کی معشوقہ۔ شیریں ادا (صفت) وہ جس کی ادائیں دل پسند ہوں خوش ادا ۲ معشوق۔ شیریں انداز (صفت) ۱ میٹھا۔ خوشگوار ۲ شیریں کی طرح۔ شیریں بیاں (صفت) خوش بیاں۔ شیریں بیانی (مونث) ۱ میٹھی میٹھی باتیں ۲ خوش بیانی۔ فصاحت۔ شیریں خرام (صفت) جس کی چال دل پسند ہو۔ شیریں تبسم (صفت) جس کی مسکراہٹ دلپسند ہو۔ شیریں دہاں یا دہن (صفت) جس کے بوسہ لینے سے لطف حاصل ہو۔ شیریں زباں۔ سخن۔ کلام۔ گفتار۔ مقال یا نفس (صفت) فصیح۔ خوش گفتار۔ شیریں زبانی یا کلامی (مونث) دیکھو شیریں بیانی۔ شیریں شمائل (صفت) خوش خلق۔ شیریں طبع (صفت) خوش طبع۔ شیریں کار (صفت) ۱ مسخرہ ۲ وہ جس سے اچھے کام سرزد ہوں۔ شیریں لب (صفت) فصیح۔ خوش گفتار۔ شیریں لگنا (لازم) خوشگوار معلوم ہونا۔ شیریں نوا (صفت) سریلا۔ شیرینی (مونث) ۱ مٹھاس۔ حلاوت ۲ مٹھائی۔ شیرینی تحریر (مونث) تحریر کا دل پسند ہونا۔ شیرینی تقریر (مونث) شیریں کلامی۔ فصاحت۔ بلاغت۔ شیرینی حیات (مونث) زندگی کا لطف۔

مثل۔ شیریں نہ شود دہن بحلوا گفتن۔ کسی چیز کا نام لینے سے اسکا مزہ نہیں آجاتا۔ اصل چیز ملنی چاہیئے۔

شیشش (ف۔ مذکر) شیشے کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ شیشگر

(صفت) شیشے کی چیزیں بنانے والا۔ **شیش محل** (مذکر) وہ مکان جس میں چار طرف شیشے لگے ہوں۔ **شیش محل کا کتا** (مذکر) ۱ کتا شیش محل میں چاروں طرف کتے ہی کتے دیکھ کر گھبراتا ہے۔ ۲ بوکھلایا ہوا کتا ۳ کنایتاً۔ باؤلا پاگل آدمی۔ **شیشہ** (مذکر) ۱ کانچ۔ یہ ایک مرکب ہے جو ریت اور چونا گندھک اور سوڈا وغیرہ کا مرکب ہوتا ہے۔ اور اسے پگھلا کر ڈھال سکتے ہیں۔ اس کی ایجاد مصر میں ۵۰۰ ق م میں بتائی جاتی ہے ۲ بوتل قرابہ۔ صراحی نما بوتل ۳ کانچ کا مسطح ٹکڑا ۴ آئینہ ۵ آرسی۔ **شیشۂ آفتابی** (مذکر) نہایت سرخ شیشہ کنایتاً سورج۔ **شیشۂ آلات** (مذکر) ۱ روشنی کا ساز و سامان ۲ مزاقاً نازک بدن آدمی **شیشہ باز** (مذکر) ۱ رقاصوں کا ایک فرقہ جو سر پر شیشہ رکھ کر ناچتے ہیں ۲ شعبدہ باز ۳ ٹھگ۔ مکار ۴ سورج۔ **شیشہ بازی** (مونث) شعبدہ بازی۔ **شیشہ باشا** (صفت) ۱ نازک۔ کانچ جیسا۔ جلد خراب ہونے والا۔ **شیشہ چبانا**۔ (متعدی) شیشے کو منہ میں دانتوں سے کچلنا یہ چھوٹی قسم کا کفارہ سمجھا جاتا ہے۔ **شیشہ دکھانا** (متعدی) **دیکھنا** (لازم) آئینہ دیکھنا۔ یہ محاورات فصیح نہیں سمجھے جاتے۔ پنجاب میں بولتے ہیں ۲ بچے پاؤں کا تلا دکھا کر مزاقاً کہتے ہیں۔ **شیشہ دکھائی** (مونث) وہ انعام جو نائی کو آئینہ دکھانے پر عید بقر عید کے موقع پر دیا جاتا ہے۔ **شیشۂ دل** (مذکر) دل کا استعارہ نازک ہونے کی وجہ سے شیشے سے کرتے ہیں۔ **شیشۂ دل ٹھیس لگنا** (لازم) **چور کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رنج یا صدمہ پہنچنا۔ **شیشۂ ساعت** (مذکر) بالو گھڑی۔ ریت گھڑی۔ شیشے کی دو گول کپیاں بیچ میں سے جڑی ہوئی ہوتی ہیں۔ ایک میں اتنی ریت ہوتی ہے جو بیچ کے سوراخ سے گھنٹہ بھر میں گر جائے۔ گھنٹہ گزرنے پر اس کو الٹا دیتے ہیں۔ **شیشے** (مذکر) ۱ شیشے کی جمع ۲ بجائے شیشہ حروف جر سے پہلے۔ **شیشی** (مونث) ۱ کانچ کی چھوٹی بوتل۔ وہ بوتل جس میں چونا نوشادر ڈال کر رکھتے ہیں۔ اس سے امونیا گیس پیدا ہوتی ہے۔ جو زکام کے لئے مفید ہے (سنگھانا سونگھنے کے ساتھ) بیہوشی کی دوائی کی شیشی۔ **شیشے کا بال** (مذکر) باریک درز جو شیشے کو چوٹ لگنے سے آ جاتی ہے۔ **شیشے کا دلو** (مذکر) شراب۔ **شیشے کا رونا** (لازم) وہ آواز ہونا جو بوتل سے مائعات کے نکلنے میں ہوتی ہے۔ **شیشے کی طرح کھولنا** (لازم) اترانا۔ مغرور ہونا تکبر کرنا۔ **شیشے کی ہچکیاں** (مونث) شیشے سے مائعات کے نکلنے پر جو آواز رک رک کر پیدا ہوتی ہے۔ **شیشے میں اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) ۱ قابو میں آنا ۲ مسخر ہونا ۳ مفتون ہونا ۴ لبھایا جانا ۵ غصہ دھیما ہونا ۶ عامل جب کسی کے اوپر سے جن پریت اتارتے ہیں تو عمل پڑھ کر ایک بوتل کا منہ بند کر کے زمین میں دفن کر دیتے ہیں۔ اس سے لوگوں کو خیال ہوتا ہے کہ وہ جن یا روح اب کسی کو نقصان نہیں پہنچائے گی۔ **شیشے میں بند کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) **ڈھالنا** (متعدی) **ڈھلنا** (لازم) مطیع ہونا۔ مسخر ہونا۔ **شیشے میں گنگا جل اٹھانا** (متعدی) ہندو گنگا جل کی بھری ہوئی شیشی اٹھا کر قسم کھاتے ہیں۔

مثل۔ شیشۂ شکستہ را پیوند کردن مشکل است۔ ٹوٹے ہوئے شیشے کو جوڑنا مشکل ہے جب کسی کی طرف سے دل میں میل آ جائے تو پھر صفائی بڑی مشکل سے ہوتی ہے۔

شیش (س۔ صفت) ۱ بقیہ۔ باقی۔ ۲ دوسرا ۳ آخری ۴ (مذکر) ۱ بقایا ۲ بچت ۳ نتیجہ ۴ اختتام۔ آخر ۵ تباہی ۶ موت ۷ قتل ۸ (اسم) ایک سانپ جس کے ہزار سر ہیں۔ یاد رہے دنیا کو ایک سر پر اٹھائے ہوئے ہے جب وشنو جی سوتے ہیں تو یہ سر پر سایہ کرتا ہے اس گرگ کو علم نجوم سکھایا تھا ۹ ایک پراچین ۱۰ ایک منی ۱۱ کئی مصنفوں کا نام ۱۲ چار یہ شاستری کے ساتھ ملکر دریائے اٹک کا ایک دہانہ۔ **شیشہ** (مصنف) بچے ہوئے پھول یا بھینٹ جو بت پر چڑھائے جائیں اور پوجا کرنے والوں کو بانٹے جائیں۔ **شیش داری** (مذکر) ایک نحوی **شیش انت یا نند** (مذکر) دو مصنفوں کے نام۔ **شیش چکرپانی** (مذکر) ایک نحوی **شیش شاد لنگادھر** (مذکر) ایک مصنف۔ **شیش کرشن۔ کملاکر** (مذکر) مصنفوں کے نام۔ **شیش گووند** (مذکر) ایک نجومی۔ **شیش نارائن** (مذکر) ایک مصنف۔ **شیشناگ** (مذکر) ۱ شیش ۲ ایک پربارتھ سار کا مصنف ۳ کشمیر میں ایک جھیل۔

شیشم (ف۔ مذکر) ایک عام درخت جس کی لکڑی وزنی اور سیاہی مائل ہوتی ہے مکانات میں لگائی جاتی ہے اور فرنیچر وغیرہ بنایا جاتا ہے اسے دیمک نہیں لگتی۔ گوسفند خفتہ کو کھا جاتی ہے۔ (س۔ شنشپا)

شیطان (ع۔ مذکر) ۱ ایک جن جس نے عبادت کر کے اس قدر مرتبہ حاصل کیا تھا کہ فرشتوں کو پڑھایا کرتا تھا۔ جب خدائے تعالیٰ نے حضرت آدم کو پیدا کیا اور تمام فرشتوں کو انہیں سجدہ کرنے کی ہدایت کی تو اس نے غرور میں آ کر انہیں سجدہ کرنے سے انکار کیا۔ اس لئے درگاہ الٰہی سے راندہ گیا۔ اس کے بعد اس نے بنی آدم کو گمراہ کرنے کا پیشہ اختیار کیا ابلیس عزازیل ۲ روح خبیث ۳ جھگڑا۔ فساد ۴ غصہ۔ غضب ۵ (صفت) بہکانے والا۔ گمراہ کرنے والا ۲ شریر۔ بدذات۔ فسادی فتنہ انگیز ۳ بدخواہ دشمن۔ پھر مخالفت میں یا شیطنت چلایا جانا مرنا **شیطان اترنا** (لازم) ۱ غصہ دور ہونا ۲ شرارت رفع ہونا۔ **شیطان اٹھانا** (متعدی) ۱ شور و غل مچانا ۲ جھگڑا اٹھانا ۳ بہتان لگانا۔ **شیطان اچھلنا** (لازم) شرارت سوجھنا۔ **شیطان الطاق** (مذکر) محمد بن نعمان کا لقب جو اسے سنیوں نے دیا تھا شیعہ اسے مومن الطاق کہتے تھے۔ **شیطان چڑھنا** (لازم) دیکھو شیطان سوار ہونا۔ **شیطان چوکڑی** (مونث) شرارتی آدمیوں کا مجمع۔ **شیطان چھوٹنا** (لازم) بری خواہشات کو پورا کرنا۔ **شیطان خیال** (صفت) برے خیالات کا۔ برا۔ **شیطان سر پر چڑھنا۔ سوار ہونا** (لازم) ۱ غصہ چڑھنا ۲ جلیش آنا ۳ ضد چڑھنا ۴ بدی یا شرارت پر آنا۔ **شیطان سیرت** (صفت) جس کی طبیعت میں شرارت اور بدی کا مادہ ہو۔ **شیطان سے زیادہ مشہور** (لف) بہت بدنام۔ بہت مشہور۔ **شیطان صورت** (مذکر) شیطان کی شکل کا۔ **شیطان کا امان (پناہ) مانگنا** (متعدی) بہت شریر کے متعلق کہتے ہیں۔ **شیطان کا انگلی دکھانا** (متعدی) وحشت ہونا۔ ہذیان بکنا۔ **شیطان کا سگا بھائی** (صفت) بہت شریر۔ **شیطان کا کام ورغلانا ہے**۔ شیطان دھوکا دے کر گناہ کراتا ہے۔ **شیطان کا بچہ** (مذکر) ایک گالی بہت شریر آدمی۔ **شیطان کا کان میں پھونک دینا (مارنا)** (متعدی) ۱ شیطان کا بہکا دینا ۲ شیطان کا دل میں غرور پیدا کر دینا۔ **شیطان کا لشکر** (مذکر) شریر لڑکوں کا مجمع۔ **شیطان کو سبق دینا** (متعدی) بہت چالاک ہونا۔ سخت شرارتی ہونا۔ **شیطان کو سونپنا** (متعدی) شیطان کے سپرد کرنا ایک قسم کی لعنت یا بددعا۔ **شیطان کی آنت** (لازم) ۱ بڑی لمبی چیز ۲ طول طویل قصہ ۳ وہ چیز جس کا سلسلہ بہت دور تک پھیلا ہو۔ **شیطان کی کھنکار** (بددعا) کوئی برا کام کرے تو کہتے ہیں۔ **شیطان کی خالہ** (مونث) شرارتی عورت۔ لڑائی جھگڑا کرانے والی عورت۔ **شیطان کی ڈور** (مونث) مکڑی کے

جاسے کا تار جو اکثر راستوں میں اُڑتا رہتا ہے اور آنکھ میں پڑ جانے سے سخت تکلیف دیتا ہے۔ **شیطان لگنا** (لازم) ۱ شیطان کا حلول کرنا ۲ دیکھو شیطان سوار ہونا ۳ بدی کا کام کرنا۔ زنا کرنا ۴ ممنوعات کی خواہش کرنا ۵ مغرور ہو جانا۔ اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھنا۔ **شیطان مجسم** (صفت) بحد شریر۔ سرتا پا شرارت۔ **شیطان مچانا** (متعدی) دیکھو شیطان اٹھانا **شیطان ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ بہت شریر ہونا۔ شوخ ہونا ۲ (عو) خواب میں عورتوں کو نہانے کی حاجت ہونا۔ بد خوابی ہونا۔ **شیطانی** (صفت) ۱ شیطان کی۔ شیطان کیطرف منسوب ۲ (مونث) احتلام جو عورت کو ہو جائے۔ **شیطانی حرکت** (مونث) شرارت۔ خباثت۔ **شیطانی لشکر** (مذکر) شریر لڑکے۔ **شیطانی وسوسہ** (مذکر) بدی کا خیال یا وہم۔

امثال و اقوال شیطان

شیطان سب جگہ موجود ہے۔ گناہ کا سامان سب جگہ ہے۔ **شیطان جان نہ مارے تو حیران ضرور کرے**۔ شیطان ہلاک تو نہیں کرتا مگر انسان کو پریشان بہت کرتا ہے۔ **شیطان سے بچیے ہر جگہ موجود ہے**۔ برے کاموں سے ہر وقت بچنا چاہیے۔ **شیطان طوفان اللہ** (سے) خدا نگہبان۔ سخت تہمت کے وقت کہتے ہیں۔ **شیطان طوفان سے خدا بچائے**۔ خدا بہتان اور تہمت سے محفوظ رکھے۔ **شیطان کا شیرہ ہے**۔ اس سے پیچھا نہیں چھوٹتا۔ اس میں پوشیدہ فساد ہے۔ **شیطان کے کان بہرے** (عو) ۱ شیطان نہ سنے یعنی یہ بات کوئی غماز نہ سننے پائے ۲ کسی خبر بد یا مرگ کے سننے پر کہتی ہیں۔ **شیطان کے کان کاٹے**۔ بہت ہی شریر ہے **شیطان کے گھر دلی**۔ نالائق شخص کی اولاد کا نیک ہونا۔ **شیطان نے بھی لڑکوں سے پناہ مانگی ہے**۔ لڑکے شیطان سے زیادہ شریر ہوتے ہیں۔ ایک دفعہ شیطان گدھا بن کے لڑکوں کے پاس چلا گیا۔ چند تو اس کی پیٹھ پر چڑھ بیٹھے باقیوں نے ایک ڈنڈا اسکی کون میں گھسیڑ دیا۔ اور اس پر چڑھنے لگے۔ شیطان پناہ مانگتا ہوا بھاگ گیا۔ **شیطان نے کانمیں پھونک ماری ہے**۔ شیطان نے مغرور بنا دیا ہے۔ **شیطان ہر جگہ موجود ہے**۔ ہر جگہ انسان کے دل میں برے وسوسے آتے رہتے ہیں۔ برے افعال کے واسطے ہر جگہ سامان موجود ہوتا ہے۔

شَیطنت (ع۔ مونث) ۱ شرارت۔ خباثت۔ بدی ۲ فتنہ و فساد۔ لڑائی جھگڑا کرنا۔ دکھلانا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ ۳ (شیطان سے)

شیعہ (ع۔ مذکر) ۱ مسلمانوں کا ایک فرقہ جو حضرت علی کو پیغمبر صلعم کے بعد خلافت کا حقدار مانتا ہے اور باقی خلفاء کو غاصب سمجھتا ہے۔ یہ فرقہ مصر میں پیدا ہوا تھا مگر بعد کو ایران میں مکمل طور پر پھیل گیا ۲ امامیہ مذہب کا پیرو (شَیَّعَ۔ متابعت کرنا) (صفت) شیعہ کیطرف منسوب۔ اثنا عشری۔

شیفتگی (ف۔ مونث) ۱ حیرانی۔ ہوش جاتے رہنا ۲ عشق۔ فریفتگی۔

شیفتہ (ف۔ صفت) فریفتہ۔ عاشق۔ **شیفتہ جمال** (صفت) حسن کا فریفتہ۔ عاشق۔ **شیفتہ حال** (صفت) پریشانی کی حالت میں۔ فریفتہ۔ **شیفتہ دل** (صفت) فریفتہ۔ عاشق۔ **شیفتہ سر** (صفت) عاشق۔ جس کے سر کے بال بکھرے رہیں۔

شیک (انگ۔ متعدی) ہلانا۔ **شیک ہینڈ** (مذکر) مصافحہ (کرنا ہونا کے ساتھ)

شیکر (س۔ مذکر) ۱ پھوار۔ باریک بارش ۲ چھینٹیں ۳ کہر ۴ پانی یا بارش کا قطرہ ۵ ایک درخت۔ سرل ۶ اسکا گوند۔

شیکران (ف۔ مذکر) ایک قسم کا زہر۔

شیکش (س۔ مذکر) جوان برہمن جس نے ویدوں کو پڑھنا شروع کیا ہو۔

شیکھ (س۔ مذکر) برادری سے خارج برہمن کی اولاد۔

شیگھر (س۔ صفت) ۱ تیز۔ چست ۲ (ظرف) تیزی سے۔ جلدی سے۔ ۳ جلد ۴ (مذکر) قرآن۔ سنجوگ۔ **شیگھرتا** (مونث) ۱ جلدی۔ تیزی ۲ تندی۔ خونخواری ۳ پھرتی۔ چستی۔ **شیگھرتا سے** (ظرف) جلدی سے۔ پھرتی سے **شیگھرتا کرنا**۔ **شیگھر کرنا** (متعدی) جلدی کرنا۔ نبٹانا

شیل (س۔ صفت) ۱ پتھر کا بنا ہوا ۲ پتھریلا۔ چٹان کا ۳ پتھر کے مانند۔ سخت۔ ۴ (مذکر) پتھر۔ سنگ۔ حجر ۵ پہاڑ۔ کوہ۔ پہاڑی۔ چٹان ۶ سات پہاڑ ہیں جو ہفت اقلیم کے ملکوں کو جدا کرتے ہیں۔ نشدھ۔ ہیم کوٹ۔ نیل۔ شویت۔ شرنگن۔ مالیونت۔ گندھ مادھن ۷ ان میں سے کوئی ایک ۸ عدد سات ۹ پشتہ بند ۱۰ ایک قسم کا سرمہ ۱۱ سلاجیت ۱۲ رال **شیلا** (مونث) ۱ پہاڑ ۲ ایک سادھنی۔ **شیلج** (صفت) ۱ پتھر کا بنا ہوا ۲ پہاڑ میں پیدا شدہ **شیلجا** (مونث) ۱ درگا جی کا نام ۲ سلاجیت

شیل (س۔ مذکر) ۱ خاصیت۔ خصوصیت۔ طبیعت۔ عادت ۲ رجحان۔ میلان ۳ قسم ۴ چلن۔ طریقہ وطیرہ ۵ اچھا چلن۔ اچھی عادت ۶ ملنساری ۷ نیکی۔ پارسائی ۸ شکل۔ صورت ۹ خوبصورتی۔ حسن۔ مرکبات کے آخر میں بمعنی عادی میلان رکھنے والا۔ جیسے دان شیل۔ **شیلی** (مونث) چھوٹا سا قاعدہ۔ مختصر تشریح خاص مطلب۔

شیلان (ف۔ مذکر) میز پوش۔

شیلڈ (انگ۔ مونث) ۱ ڈھال۔ سپر ۲ چھوٹی سی لکڑی کی ڈھال جس پر چاندی کا تیر لگا ہوتا ہے۔ یہ کرکٹ وغیرہ کے میچوں میں جیتنے والی ٹیم کو دیجاتی ہے۔

شِیَم (ع۔ مذکر) جمع شیمہ۔ عادتیں خصلتیں **شیمہ**۔ (مذکر) عادت۔ خصلت (شَیَمَ۔ داخل ہونا)

شیم (انگ۔ مونث) شرم **شیم شیم**۔ (ندا) کسی شخص یا کام سے ناخوشی ظاہر کرنے کے لئے یہ نعرے لگائے جاتے ہیں۔

شَین (س۔ مذکر) ۱ لیٹنا۔ آرام کرنا ۲ نیند ۳ چارپائی ۴ جماع۔

شَین (ع۔ مذکر) ۱ بے عزتی ۲ بے حرمتی ۳ نقص (شَیْن۔ بے عزت کرنا)

شِین (ع۔ مذکر) حرف ش کا تلفظ۔ **شین قاف درست نہ ہونا** (لازم) تلفظ صحیح نہ ہونا۔ **شین کے تشکلے یا سر ٹپلے** (مذکر) شین

کا تلفظ نہ کرسکنا۔

شیئو (س۔ مذکر) ۱ سانپ ۲ خوشی ۳ آلہ تناسل۔ **شیوا** (مذکر) آلہ تناسل۔

شیئو (انگ۔ مذکر) حجامت۔ داڑھی مونڈنا۔ (کرانا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **شیونگ** (مذکر) حجامت کرنا **شیونگ سٹ** (مذکر) حجامت کا سامان جس میں اُسترہ، صابون، برش، قینچی، نہیرنا، سرچنا، تھپر وغیرہ شامل ہیں۔

شیوا (ف۔ صفت) فصیح۔ بلیغ۔ **شیوازبان** (صفت) فصیح۔ بلیغ۔ تیز زبان۔

شیوال (س۔ مذکر) ایک پودا۔ سوار۔

شیوخ (ع۔ مذکر) شیخ کی جمع۔

شیوری (س۔ مونث) گرہ۔

شیوڑا (ہ۔ مذکر) جین سادھو۔

شیوع (ع۔ مذکر) ظاہر ہونا۔ آشکار ہونا۔

شیون (س۔ مذکر) بڑا سانپ۔ اژدھا۔

شیون (ف۔ مذکر) ۱ غم۔ ماتم۔ سوگ۔ نوحہ۔ آہ و زاری۔ رونا پیٹنا۔ (کرنا، ہونا کے ساتھ) **شیون وشین** (مذکر) رنج اور بے عزتی۔

شیوہ (ف۔ مذکر) طور، طریق، ڈھنگ۔ انداز۔ دستور۔ رسم۔ طریقہ۔

شیوہ گری (مونث) نازنخرے۔ عشوہ گری۔ **شیوۂ نمک حلالی** (مذکر) وفاداری کا طریقہ۔ **شیوۂ نیاز** (مذکر) فرمانبرداری کا طریقہ۔ نیازمندی کا طور۔

شیہہ۔ شیہہ

(ف۔ مذکر) گھوڑے کا ہنہنانا۔ **شیہہ بھرنا** (متعدی) ہنہنانا۔

ص

ص (ع۔ مذکر) تلفظ صاد ۱ اُردو کا بیسواں عربی کا چودھواں اور فارسی کا سترھواں حرف ہے ۲ دیوناگری میں س کے نیچے نقطہ دینے سے ظاہر کیا جاتا ہے ۳ اصل میں یہ سوائے عربی کے اور کسی زبان میں نہیں۔ چند فارسی الفاظ میں بجائے سین کے لکھا جاتا ہے تاکہ انہیں اسی قسم کے دیگر الفاظ سے تمیز کیا جا سکے۔ مثلاً صد بمعنی سو اصل میں س سے تھا۔ اسے سد بمعنی دیوار سے تمیز کرنے کے لئے صاد سے لکھتے ہیں ۴ ابجد میں اس کے ۹۰ عدد شمار ہوتے ہیں ۵ اسے صاد مہملہ یا غیر منقوط بھی کہتے ہیں ۶ صحیح کی بجائے لکھا جاتا ہے۔ حساب وغیرہ کی پڑتال کرنے پر یہ نشان دیتے ہیں جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ملاحظہ کر لیا ہے صحیح ہے ۷ قرآن شریف کی ایک سورت کا نام ہے ۸ صفر کے مہینے کو ظاہر کرتا ہے ۹ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے آگے لکھتے ہیں ۱۰ فرمانوں کے آخر میں تصدیق کے لئے لکھا جاتا ہے ۱۱ دعوت کے بند پر اپنے نام پر یہ بنا دیتے ہیں کہ اطلاع ہو گئی ۱۲ اُستاد اچھے شعر پر یہ دیتا ہے ۱۳ شعرا آنکھ سے تشبیہہ دیتے ہیں۔

صابِر (ع۔ صفت) ۱ صبر کرنے والا ۲ متحمل۔ بردبار ۳ حضرت ایوب کا لقب ۴ کئی ایرانی شاعروں کا تخلص (صبر: برداشت کرنا)

مثل۔ صابر اور شاکر دونوں جنتی ہیں: مسلمانوں میں صبر اور شکر کرنیوالوں کا بڑا درجہ ہے۔

صابُن (ع۔ مذکر) صابون کا مخرب

صابن کے مول پڑنا (لازم) جوتیاں لگنا۔ **صابن سا مُنہ (میں گھلنا) ہونا** (لازم) مُنہ کا مزا میٹھا ہونا۔

مقولہ۔ صابن دِسے میل کٹے اور گنگا نہائے پاپ۔ جھوٹ برابر پاپ نہیں۔ اور سانچ برابر تاپ صابن سے میل دُور ہوتا ہے۔ اور گنگا نہانے سے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ جھوٹ سب سے بڑا گناہ ہے۔ اور سچ کے برابر کوئی عبادت نہیں۔

صابُون (ع۔ مذکر) تیل کاسٹک سوڈا اور میدے کا مرکب جو کپڑے اور مُنہ ہاتھ دھونے کے کام آتا ہے۔ اسے آہنی تار سے کاٹتے ہیں (صَبَن: پھینکنے کے لئے کعبتین ہاتھ میں لینا) **صابون کا تار** (مذکر) ۱ وہ تار جس سے صابون کو کاٹتے ہیں ۲ (صفت) کنایتاً بے لوث۔ بے تعلق۔ **صابون (کا کار) خانہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں صابون بنے۔ **صابون میں تار** (صفت) آزاد۔ بے تعلق۔ بے لوث۔ **صابونی** (صفت) ۱ صابن کا۔ صابن سے منسوب صابن ملا ہُوا ۲ (مونث) ایک قسم کی مٹھائی۔

صابِئہ۔ صابئین (ع۔ مذکر) جمع صابی۔

صابی (ع۔ مذکر) ۱ بت پرست جو اپنا مذہب بدلے ۲ پیغمبر صلعم کے زمانے کا ایک خاص فرقہ جو ستاروں کی پوجا کرتا تھا۔

صاحِب (ع۔ مذکر) ۱ یار۔ دوست۔ ساتھی ۲ مالک۔ آقا ۳ حاکم۔ سردار ۴ کلمۂ تعظیم خطاب کے ساتھ استعمال ہوتا ہے جیسے خاں صاحب۔ مولوی صاحب ۵ بڑے آدمیوں کو جی کی بجائے جواب میں صاحب یا جی صاحب کہتے ہیں ۶ انگریزوں اور بڑے افسروں کا لقب ۷ جناب یا حضور کی جگہ ۸ شوہر زوجہ کو اور زوجہ شوہر کو خطاب کرتی ہے ۹ والدہ یا چچی وغیرہ کے ساتھ بجائے صاحبہ ۱۰ معشوق ۱۱ خدا ۱۲ (صفت) قابض۔ والا۔ مرکبات میں جیسے صاحب والا۔ صاحب اختیار (صُحبت: میل جول رکھنا)

صاحبِ آزار (صفت) بیمار۔ **صاحب اختیار** (صفت) ۱ با اختیار جو اپنی مرضی سے کوئی کام کرے ۲ جسے انتخاب کا حق ہو ۳ وہ (حاکم) جسے کسی قسم کا اختیار سپرد ہو۔ جیسے سزا کا یا نوکر رکھنے کا۔ **صاحبِ اخلاق** (صفت) خلیق۔ خوش اخلاق۔ شائستہ۔ مہذب۔ **صاحبِ ادراک** (صفت) عقلمند۔ دانا۔ **صاحبِ استعداد** (صفت) قابل۔ لائق۔ **صاحبِ اعتبار** (صفت) معتبر۔ معزز۔ **صاحبِ اغراض** (صفت) ۱ فسادی۔ مفتری ۲ جو بغاوت پھیلائے۔ **صاحبِ افسر** (مذکر) بادشاہ۔ شہنشاہ۔ **صاحبِ افسرِ گردوں** (مذکر) حضرت عیسےٰ۔ **صاحبِ اقبال** (صفت) با اقبال۔ خوش نصیب خوش قسمت۔ **صاحبِ اقتدار** (صفت) با اختیار۔ ذی اقتدار۔ طاقتور۔ **صاحب الزّمان** (مذکر) امام مہدی۔ **صاحب امضا** (مذکر) وزیر۔

صاحبان (مذکر) جمع صاحب کی۔ تمام محاورات بذا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **صاحبان بورڈ** (مذکر) وہ افسران جو مل کر کسی معاملے کا فیصلہ ناطق کریں۔ **صاحبِ انصاف** (صفت) منصف مزاج۔ **صاحبانہ** (صفت) ۱ صاحب کا یا صاحب کے متعلق ۲ فرنگیوں کا۔ انگریزی۔ **صاحب اہتمام** (مذکر) محتاط مہتمم۔ **صاحب برید** (مذکر) پوسٹ ماسٹر۔ **صاحبِ بستہ** (مذکر) سوراغوں کا سردار۔ **صاحب بندوبست** (مذکر) مہتمم بندوبست۔ **صاحب بہادر** (مذکر) انگریزوں اور بڑے افسروں کے لئے مستعمل ہے۔ **صاحبِ تاب و تواں** (صفت) قوی۔ طاقتور مضبوط۔ **صاحبِ تاثیر** (صفت) اثر کرنیوالا **صاحبِ تاج** (مذکر) ۱ بادشاہ ۲ سورج۔ **صاحب (تاج و) تخت** (مذکر) بادشاہ۔ **صاحبِ تدبیر** (صفت) ۱ مدبر ۲ محتاط مشیر۔ **صاحبِ تصدیق** (مذکر) تصدیق کرنے والا افسر۔ پبلک نوٹری۔ رجسٹرار۔ **صاحبِ تصرّف** (صفت) ماہر۔ مشاق۔ کاریگر۔ **صاحب تمکنت** (صفت) جس میں دبدبہ یا رعب و داب ہو۔ **صاحب تمیز** (صفت) تمیزدار۔ مہذب۔ شائستہ۔ **صاحب جاگیر** (صفت) جاگیردار۔ **صاحبِ جاہ** (صفت) مرتبے والا۔ افسر۔ **صاحبِ جائداد** (صفت) وہ جس کے پاس زمین مکانات وغیرہ ہوں۔ امیر۔ دولتمند۔ **صاحبِ جمال** (صفت) خوبصورت **صاحبِ جوزہ** (صفت) ستارہ عطارد۔ **صاحب جیش** (مذکر) فوج کا کمانڈر انچیف۔ جرنیل۔ **صاحبِ حال** ۱ (نحو) وہ شخص جس کی طرف کسی فقرے یا جملے کا اشارہ ہو ۲ لائق۔ قابل۔ واقف ۳ مہذب۔ شائستہ۔ **صاحبِ حال و قال** (صفت) دیکھو آخری ۲ و ۳ **صاحبِ حق** (صفت) حقدار۔ **صاحبِ حوت** (مذکر) حضرت یونس۔ **صاحبِ حیثیت** (صفت) مالدار۔ امیر دولتمند جس کی حیثیت ہو۔ **صاحبِ خانہ** (مذکر) گھر کا مالک۔ **صاحبِ درد** (صفت) دردمند

وہ شخص جو تکلیف کو بہت محسوس کرے۔ صاحبِ دل (صفت) ۱ پرہیزگار۔ متقی۔ خداشناس ۲ بہادر۔ دلیر۔ صاحبِ دماغ (صفت) مغرور۔ بدمغ۔ صاحبِ دولت (صفت) امیر۔ دولتمند صاحبِ دولت و تاج (مذکر) بادشاہ۔ صاحبِ دیوان (مذکر) ۱ وزیر خزانہ۔ رجسٹرار ۲ وہ شاعر جس نے دیوان تصنیف کیا ہو۔ صاحبِ ذوق (صفت) ۱ وہ جس کا مذاق بہت اچھا ہو ۲ وہ جسے کسی چیز کا چسکا پڑ گیا ہو ۳ شوقین۔ عاشق مزاج ۴ خدارسیدہ۔ کامل۔ صاحبِ راز (صفت) رازدار۔ صاحبِ رائے (صفت) ۱ عقیل۔ فہیم ۲ (مذکر) وزیر۔ مشیر۔ صاحبِ رسالت یا رسالہ (مذکر) پیغمبر صلعم۔ صاحبِ رَسَد (مذکر) ایک مشہور نجومی کا نام۔ صاحبِ روایت (مذکر) معتبر راوی۔ صاحبا رسے (مذکر) ابی سینا۔ صاحب زادہ (صفت) ۱ امیرزادہ ۲ بیٹا۔ فرزند ۳ عزت دار کا بیٹا ۴ ایک لقب جو بعض لوگ اختیار کرتے ہیں۔ خصوصاً سجادہ نشینوں کے لڑکے۔ بزرگوں کی اولاد یا نوابوں کے رشتہ دار ۵ ناتجربہ کار نوجوان ۶ مخاطب کا بیٹا۔ صاحبزادہ پن (مذکر) ۱ حماقت۔ بیوقوفی۔ نادانی ۲ ناتجربہ کاری۔ صاحب زادے۔ جہاں کسی کی بیوقوفی یا ناتجربہ کاری کا اظہار کرنا ہو وہاں آپ تو صاحبزادے ہیں، کہتے ہیں۔ صاحبِ زبان (صفت) زباندان۔ اہل زبان۔ زبان کا ماہر۔ صاحبِ زمان (مذکر) اپنے زمانے کا شہنشاہ۔ صاحبِ سجادہ (مذکر) سجادہ نشین۔ صاحبِ سریر (مذکر) بادشاہ۔ صاحبِ سعادت (صفت) خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ صاحب سفرانِ افلاک (مذکر) چاند۔ سورج اور سیارے۔ صاحبِ سکہ و خطبہ (مذکر) بادشاہ۔ خلیفہ۔ جس کے نام کا سکہ جاری ہو اور خطبہ پڑھا جائے۔ صاحب سلامت (مونث) ۱ جان پہچان۔ واقفیت ۲ سلام جو آپس میں کی جائے ۳ رسمی ملاقات۔ روشناسی صاحب سلامت کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) ۱ آپس میں سلام ہونا۔ سرسری ملاقات ہونا ۲ معمولی واقفیت ہونا۔ صاحبِ سلیقہ (صفت) صاحبِ تمیز۔ ہنرمند۔ صاحبِ شان و شوکت (صفت) جاہ جلال والا۔

صاحبِ شجاعت (صفت) بہادر۔ جری۔ شجاع۔ صاحبِ شکوہ (صفت) شان و شوکت والا۔ دبدبے والا۔ صاحبِ صابی (مذکر) ۱ حضرت عیسےٰ ۲ وہ شخص جس نے ستاروں کی پرستش رائج کی تھی۔ صاحبِ صفّین (مذکر) حضرت علیؓ۔ صاحبِ ضلع (مذکر) ڈپٹی کمشنر۔ صاحبِ طبع (مذکر) وہ شخص جو بہت ذہین اور قابل ہو۔ صاحبِ طمع (مذکر) طامع۔ لالچی۔ صاحبِ ظرف (صفت) عالی ظرف۔ باحوصلہ۔ صاحبِ ظہور (صفت) ۱ مشہور ۲ ذیشان۔ والا قدر۔ صاحبِ عالم (مذکر) دہلی کے شاہزادوں کا لقب صاحبِ عدالت (مذکر) جج مجسٹریٹ۔ صاحبِ عدل (صفت) منصف مزاج۔ عادل۔ صاحبِ عرفان (صفت) عقلمند۔ دانا۔ ذہین۔ صاحبِ عز و شان (صفت) عزت اور شان و شوکت والا۔ صاحبِ عصا (مذکر) حضرت موسےٰ۔ صاحبِ عطا و نعم (صفت) سخی۔ فیاض۔ صاحبِ عنوان (صفت) بہت نفیس۔ اعلیٰ بہترین۔ صاحبِ عیار (صفت) چالاک۔ سیانا۔ صاحبِ عین دبران (مذکر) برج ثور صاحبِ غرض (صفت) غرضمند۔ خودغرض۔ صاحبِ غیرت (صفت) غیرتمند۔ صاحبِ فراست (صفت) عقلمند۔ دانا۔ صاحبِ فراش (مذکر) وہ بیمار جو بستر سے اٹھ نہ سکے۔ صاحبِ فصل الخطاب (مذکر) حضرت داؤد۔ صاحبِ فن (صفت) ۱ عقلمند ۲ ماہرِ فن۔ صاحبِ فہم و فراست۔ عقلمند۔ دانا۔ فہیم۔ صاحبِ فیل (مذکر) ابرہا کا لقب جو یمن کا عیسائی بادشاہ تھا اور جس نے کعبہ شریف پر حملہ کیا تھا۔ صاحبقران (مذکر) وہ شخص جو زحل اور مشتری کے قِران کے وقت پیدا ہوا ہو ۲ امیر تیمور کا لقب ۳ پیغمبر صلعم ۴ حضرت عیسےٰ ۵ اس بادشاہ کا خطاب جو چالیس برس سے زیادہ حکومت کرے۔ صاحبقرانِ ثانی (مذکر) شاہجہان کا لقب۔ صاحبقرانی (مونث) ۱ حکومت۔ سلطنت ۲ صاحبقران ہونا۔ صاحبِ قسمت (صفت) خوش نصیب۔ خوش قسمت۔ صاحبِ قوت (صفت) طاقتور۔ قوی۔ زورآور۔ صاحبِ قیافہ (صفت) عقلمند۔ دانا۔ سمجھدار۔ صاحبِ کتاب (مذکر) وہ پیغمبر جس پر کتاب اُتری ہو۔ صاحبِ کرامت (صفت) جس میں معجزے دکھانے کی طاقت ہو۔ صاحبِ کرم (صفت) سخی۔ فیاض۔ داتا۔ صاحبِ کمال (صفت) کامل۔ عارف۔ صاحبِ کمالی (مونث) کامل ہونا۔ صاحب لوگ (مذکر) یورپین۔ فرنگی۔ صاحبِ لولاک (مذکر) پیغمبر صلعم۔ صاحبِ لیاقت (صفت) لائق۔ قابل۔ صاحبِ مال (صفت) دولتمند۔ امیر۔ صاحبِ محفل (صفت) محفل کا بانی جس کے مکان پر محفل ہو۔ صاحبِ مروت (صفت) مروت والا۔ صاحبِ مقدور (صفت) مالدار دولتمند۔ صاحبِ من (صفت) ایک خطاب یا القاب۔ جنابِ من۔ مہربانِ من۔ صاحبِ منصب (مذکر) عہدیدار۔ صاحبِ منزلت (صفت) ۱ عزت والا ۲ (مذکر) عہدیدار۔ صاحبِ نار (صفت) جہنمی۔ ناری۔ صاحبِ نام و ننگ (صفت) باحیا۔ بہادر۔ صاحب نچلے بیٹھو۔ میرے ساتھ چھیڑ چھاڑ نہ کرو مجھے ہاتھ نہ لگاؤ۔ صاحبِ نسبت (صفت) خدارسیدہ۔ کامل۔ صاحبِ نسب (صفت) عالی خاندان۔ صاحبِ نصیب (صفت) خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ صاحبِ نظر (صفت) دانا دوراندیش۔ صاحبِ نیاز (صفت) حاجتمند۔ صاحبو (ندا) اے لوگو۔ اے حضرات۔ صاحبِ وضع (صفت) وضعدار۔ باوضع۔ صاحبِ وقار (مذکر) وہ جس کا بہت وقار ہو۔ صاحبِ وقوف (صفت) ۱ عقلمند رازدار ۲ واقف۔ صاحبہ (مونث) صاحب کی۔ صاحبِ ہنر (صفت) ہنرمند۔ صاحبِ ہوش (صفت) عقلمند۔ دانا۔ ہوشیار۔ صاحبی (مونث) ۱ حکومت۔ سلطنت ۲ ایک قسم کا انگور ۳ دھاریدار کپڑا۔ صاحبیت (مونث) صاحب ہونا۔ انگریزوں کی نقل کرنا۔ صاحبِ یدِ بیضا (مذکر) حضرت موسےٰ۔ صاحبی کرنا (متعدی) ۱ حکومت کرنا ۲ رعب ڈالنا ۳ کم توجہی سے پیش آنا صاحبین (تثنیہ) امام ابویوسف اور امام محمد جب دونوں ایک مسئلے پر متفق ہو جائیں۔

امثال و اقوال۔ صاحبُ الغرضِ مجنونٌ۔ غرض والا اپنے مطلب کے لئے دیوانہ ہوتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ اس کا

کام کسی طرح ہو جائے۔ **صاحب سلامت** غرض کی۔ غرض سے ملنا جلنا ہے۔ **صاحب قائم مال میراث**۔ مالک موجود ہے۔ لوگ لوٹے لئے جاتے ہیں۔ اور بس نہیں چلتا۔ **صاحب کرماں ہمیشہ مفلس باشند** سخی لوگ ہمیشہ غریب رہتے ہیں۔ **صاحب میرا بانیہ بنج کرے بیوپار۔ بن ڈنڈی بن پاترے تولے جگ سنسار**۔ خدا سب کو بغیر ترازو کے ان کے مناسب حال دیتا ہے۔

صاد (ع۔ مذکر) ۱ حرف ص کا تلفظ ۲ دیکھو ص۔ **صاد بنانا** (متعدی)، **بننا** (لازم) صاد لکھا جانا۔ **صاد چشم** (مذکر)، شاعر آنکھ کو ص سے تشبیہ دیتے ہیں۔ **صاد کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ کسی چیز کی خوبی تسلیم ہونا ۲ پسند ہونا منظور ہونا ۳ صحیح کی علامت پڑنا ۴ دعوت کی اطلاع یابی پر صاد لکھا جانا ۵ منظوری کی علامت پڑنا ۶ کٹے ہوئے لفظ پر صاد لکھا جانا تاکہ وہ غلط نہ سمجھا جائے ۷ دستخط ہونا۔

صادِر (ع۔ صفت) ۱ جاری کیا گیا۔ جاری۔ نافذ (صَدَرَ۔ جاری ہونا) **صادر شدہ** (صفت)، جاری کیا ہوا۔ **صادر فرمانا** (متعدی)، **کرانا** (مم)، **کرنا** (متعدی)، ۱ جاری کرنا ۲ کوئی حکم یا قانون پاس کرنا۔ **صادر وارد** (صفت) آیا گیا۔ مہمان۔ مسافر۔ **صادر ہونا** (لازم) ۱ نافذ ہونا۔ جاری ہونا ۲ پہنچنا۔

صادِق (ع۔ صفت) ۱ سچا قول کا پکا ۲ ٹھیک۔ درست ۳ معنی کا کسی دوسری چیز پر درست آجانا یا چسپاں ہونا ۴ پکا وفادار ۵ ظاہر۔ آشکار ۶ خالص ۷ نیک ۸ حضرت ابوبکرؓ حضرت یوسفؑ۔ حضرت عیسےٰؑ اور امام جعفر کا لقب (صَدَقَ۔ سچ کہنا) **صادق آنا** (لازم) ۱ ٹھیک ہونا۔ درست ہونا ۲ موزوں ہونا چسپاں ہونا۔ **صادق الاعتقاد** (صفت) سچے اعتقاد والا۔ **صادق القول** (صفت) سچ بولنے والا۔ قول کا پکا۔ **صادقانہ** (صفت) ۱ سچے طور پر ۲ وفاداری سے۔ **صادق الوعد** (صفت) وعدے کا سچا۔ وعدہ پورا کرنے والا۔ **صادق نفس** (صفت) سچ بولنے والا۔ **صادقی** (مونث) سچائی۔ صدق۔

صارع (ع۔ مذکر) ۱ ایک خشک ماپ جو چار مُد کا ہوتا ہے۔ اور مد ۱½ رتل کا ہوتا ہے ۲ ۲۴۳ تولے کا ایک وزن ۳ (مونث) نشیب۔ پست زمین۔

صاعِقہ (ع۔ مذکر و مونث) بجلی برق جو زمین پر گرے (صَعَقَ۔ گرجنا) **صاعقہ بار** (صفت) بجلی گرانے والا۔ **صاعقہ باری** (مونث) بجلی گرانا۔ **صاعقہ خصال** (صفت) تیز مزاج **صاعقہ زا** (صفت) بجلی گرانے والا **صاعقہ فگن** (صفت) بجلی گرانا۔

صاف (ع۔ صفت) ۱ ستھرا۔ جس پر میل نہ ہو ۲ پاک۔ جس میں آلودگی نہ ہو ۳ جس پر کوئی داغ نہ ہو ۴ خالص۔ بے میل ۵ بے غبار بے کدورت ۶ نتھرا ہوا۔ چھنا ہوا ۷ چکنا ۸ شفاف۔ پورے طور پر ۹ ٹھیک۔ درست۔ یقینی ۱۰ قطعی۔ بالکل ۱۱ ظاہر۔ صریح ۱۲ چنا ہوا۔ پھٹکا ہوا ۱۳ ہموار۔ برابر ۱۴ ہوبہو۔ بالکل اسی طرح ۱۵ واضح۔ نستعلیق ۱۶ سہل۔ سلیس ۱۷ صیقل کیا ہوا۔ مانجا ہوا ۱۸ علی الاعلان ۱۹ بے کینہ۔ بے کدورت ۲۰ بے لوث ۲۱ کسی کی طرفداری نہ کرنے والا ۲۲ کسی سے میل جول نہ رکھنے والا ۲۳ سادہ۔ معصوم ۲۴ (مذکر) شراب ۲۵ دن ۲۶ چھاننے کا کپڑا ۲۷ (تف) کھلے طور پر۔ کھلم کھلا ۲۸ بغیر چھپائے ہوئے ۲۹ بالکل۔ مکمل طور پر (صَفُوَ۔ خالص یا ستھرا ہونا) **صاف آواز** (مونث) وہ آواز جس میں کوئی نقص نہ ہو۔ پورے طور پر سنائی دے۔ **صافا** (مذکر) ۱ دیکھو صافہ ۲ شکاری جانور کو بھوکا رکھنا۔ **صافا دینا** (متعدی) ۱ شکاری جانور کو بھوکا رکھنا ۲ کبوتر کو بلند پروازی کے لئے بھوکا رکھنا۔ **صاف اڑا جانا** (لازم) بالکل ٹال جانا۔ **صاف اڑا لانا** (متعدی) اس طرح لے آنا کہ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو۔ **صاف الگ کر دینا** (متعدی) بالکل علیحدہ کر دینا۔ **صاف انکار** (مذکر) قطعی نہ ماننا (کرنا ہونا کے ساتھ) **صاف بات** (مونث) کھری بات۔ بے لاگ بات۔ **صاف باطن** (صفت) بے کینہ جس کے دل میں کوئی بات نہ رہے **صاف باطنی** (مونث) دل کی صفائی۔ **صاف بچنا** (لازم) کچھ ضرر نہ پہنچنا۔ **صاف بولنا** (متعدی) ۱ اس طرح بولنا کہ ایک ایک لفظ سمجھ آئے ۲ لہجہ یا تلفظ درست ادا کرنا۔ **صاف بیان کرنا** (متعدی) ۱ علانیہ طور پر کہنا ۲ کچھ نہ چھپانا ۳ کھرا کہنا۔ **صاف پانی** (مذکر) ۱ ایسا پانی جس میں کوئی کدورت نہ ہو ۲ نتھرا ہوا پانی۔ **صاف پڑھنا** (متعدی) پڑھنے میں نہ رکنا اور تلفظ ٹھیک ادا کرنا۔ **صاف ٹکڑا توڑ کے جواب دینا** (متعدی) گستاخانہ جواب دینا۔ **صاف ثابت ہے**۔ صریحاً نظر آتا ہے۔ کھلی ہوئی بات ہے۔ **صاف جواب** (مذکر) قطعی انکار۔ دو ٹوک جواب (پانا۔ دینا۔ سننا۔ ملنا۔ ہونا کے ساتھ) **صاف چال** (مونث)، وہ چال جس میں کوئی نقص نہ ہو (گھوڑے وغیرہ کی) **صاف خط** (مذکر) وہ خط جو بے تکلف پڑھا جائے۔ **صاف دل** (صفت) ۱ بے کینہ۔ بے ریا ۲ جس کے دل میں کوئی بات نہ ہو۔ **صاف دلی** (مونث) دل کی صفائی۔ **صاف دیدہ** (صفت) ڈھیٹ بے شرم۔ بے غیرت۔ **صاف رکھنا** (متعدی) ۱ خراب نہ ہونے دینا۔ داغ نہ لگنے دینا میلا نہ ہونے دینا ۲ دل میں کدورت نہ آنے دینا۔ **صاف رہنا** (لازم) ۱ دیانتدار یا ایماندار رہنا ۲ فاقہ کرنا۔ بھوکا رہنا۔ **صاف زبان چلنا** (لازم) فرفر بولنا۔ جلدی جلدی زبان چلنا۔ **صاف شعر** (مذکر) آسان شعر جس کے سمجھنے میں کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ **صاف شفاف** (صفت) ۱ جس میں آر پار نظر آئے ۲ نتھرا ہوا۔ **صاف صاف** (تف) ۱ کھلم کھلا۔ علانیہ ۲ ٹھیک۔ درست ۳ بے لاگ۔ **صاف صاف سنانا** (متعدی) **سننا** (لازم) ۱ گالیاں کھانا ۲ کھری کھری بات سننا۔ **صاف صاف کہنا** (متعدی) کھری کھری کہنا۔ کھلی کھلی کہنا ۲ بے لاگ بات بیان کرنا۔ **صاف صوف کرنا** (متعدی) صاف کرنا ۲ ہتیانا ۳ **صاف ضمیر۔ طبع۔ طبیعت یا طینت** (صفت) دیکھو صاف دل۔ **صاف ظاہر ہونا** (لازم) ٹھیک طور پر معلوم ہونا۔ مکمل طور پر نظر آنا۔ **صاف کرانا** (مم)، **کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ دھونا۔ میل نکالنا ۲ مانجنا۔ صیقل کرنا ۳ جھاڑو دینا ۴ جنگل کاٹ کر کاشت کے لئے کھیت صاف کرنا۔ ٹیلے وغیرہ کاٹ کر میدان بنانا ۵ مسودے کی نقل کرنا۔ ٹھیک کرکے

لکھنا ۱ کھا جانا - چٹ کر جانا ۲ پونچھنا - نمی یا میل رفع کرنا ۳ اُجاڑنا ۴ قتل کرنا ۵ چوری کرنا ۶ مشق کرنا - روانی بہم پہنچانا ۷ مذبوحہ جانور کو بنانا - ۸ آلائش نکالنا ۹ کدورت رفع کرنا ۱۰ نقصان پہنچانا ۱۱ چکانا - شفاف بنانا ۱۲ ٹھیک کرنا - درست کرنا ۱۳ گرا دینا - منہدم کر دینا ۱۴ بال مونڈنا ۱۵ حساب بیباق کرنا ۱۶ باقی چھوڑنا - ختم کر دینا ۱۷ کھولنا - جاری کرنا - **صاف کہہ دینا یا کہنا** (متعدی) ۱ سچ سچ کہنا - کھری کھری سنانا ۲ بے لاگ بات کہنا - **صاف گزرنا** (متعدی) خلقے سے گزرنا کھانے پینے کو نہ ملنا - **صاف گو** (صفت) ۱ سچا ۲ کھری کھری کہنے والا - **صاف گوئی** (مونث) صاف صاف کہنا - **صاف مطلع** (مذکر) ۱ آفتاب یا مہتاب کا صاف نظر آنا ۲ کسی مقام کا پاک صاف ہونا ۳ چہرے کا بغیر بالوں کے ہونا - **صاف معاملہ** (مذکر) ایسا معاملہ جس میں پیچ نہ ہو - **صاف مُنہ پر کہنا** (متعدی) کسی کے برخلاف اس کے سامنے کہنا یا علانیہ کہنا - **صاف میدان** (مذکر) ایسا میدان جس میں کوئی درخت جھاڑی ٹیلہ یا خندق وغیرہ نہ ہو - ہموار میدان - **صاف میدان پانا** (متعدی) تنہائی پانا - **صاف نکل جانا** (لازم) ۱ دیکھو صاف چھوٹنا ۲ بچ کر نکل جانا ۳ انکار کر دینا - **صاف نہ کہنا** (متعدی) واضح طور پر بات نہ کرنا چبا چبا کر بات کرنا - **صافہ** (مذکر) ۱ پگڑی - سر کو باندھنے کا دوپٹہ ۲ نہانے کے لئے کمر میں باندھنے کا کپڑا - **صاف ہو جانا** (لازم) دل سے کدورت نکال دینا - مصالحت کر لینا - **صاف ہونا** (لازم) صاف کرنا کا دیکھو صاف کرنا - **صافی** (صفت) ۱ دیکھو صاف ۲ چھاننے کا کپڑا ۳ وہ کپڑا جس سے باورچی دیگ وغیرہ اتارتے ہیں ۴ حضرت آدم کا لقب - **صافی نامہ** (مذکر) راضی نامہ - **صاف (تو) یہ ہے** - اصل (تو) یہ ہے - حقیقت (تو) یہ ہے -

مثل - **صاف رہ بیباک رہ** - حساب ٹھیک رکھ تو پھر تجھے کچھ ڈر نہیں قرض نہ لے تو بچا رہیگا ورنہ بنیا تجھے تباہ کر دیگا

صافّ (ع - صفت) قطاروں میں کھڑے ہوئے (صَفّ - قطار میں کھڑا ہونا)

صافِر (ع - مذکر) ۱ کوئی گانے والا پرندہ ۲ وہ شخص جو بین بجائے یا سیٹی بجائے ۳ کوئی پرندہ جو شکاری نہ ہو ۴ ایک خاص پرند (صَفَرَ - سیٹی بجانا)

صافِن (ع - مذکر) ۱ پاؤں کی ایک رگ جو ٹخنے سے انگوٹھے کو جاتی ہے ۲ گھوڑے کا تین ٹانگوں پر اور چوتھی ٹانگ کے سم کی نوک پر کھڑا ہونا -

صاقِل (ع - صفت) صیقل کرنے والا - مانجھنے والا (صَقَلَ - مانجھنا)

صالِح (ع - صفت) ۱ نیکبخت - نیکوکار ۲ متقی - پرہیزگار ۳ دیانتدار - نیک چلن ۴ لائق - قابل - موزوں (صَلَحَ - نیک ہونا) **صالحات** (مونث) ۱ صالحہ کی جمع ۲ اچھے کام - **صالحہ** (صفت) ۱ مونث صالح کی ۲ دمشق کے قریب ایک پہاڑ - **صالحین** (جمع) صالح کی -

صامِت (ع - صفت) ۱ چپ - خاموش ۲ گونگا ۳ بیجان - غیر ناطق (صَمَتَ چپ ہونا)

صانِع (ع - صفت) پیدا کرنے والا - بنانے والا - **صانع حقیقی طلسم جہاں یا عالم - عالم - قدرت یا مطلق** (مذکر) خدائے تعالیٰ - اللہ -

صائِب (ع - صفت) ۱ ٹھیک درست ۲ رسا (صَوَبَ - اپنی اصلی جگہ پر آنا) **صائب رائے** (صفت) وہ جس کی رائے درست ہو - عقلمند -

صائِم (ع - مذکر) روزہ دار - **صائم الدّہر** (صفت) ہمیشہ روزہ رکھنے والا -

صَبا (ع - مونث) مشرقی ہوا - ہوا (صَبَوَ - کھیلنا) **صبا خرام یا دم** (صفت) تیز رو (گھوڑا) **صبائی** (صفت) صبا کے متعلق - صبا کا -

صَبّاح (ع - مذکر) سحر - صبح - تڑکا - سویرا - علی الصباح میں استعمال ہوتا ہے (صَبَحَ - دن کو کسی سے ملنے جانا) **صباح الخیر - صباحکم بالخیر** (سلام) گڈ مارننگ - صبح کا سلام تجھے صبح اچھی ہو -

صَباحَت (ع - مونث) ۱ خوبصورتی - حسن ۲ سفید رنگت بدن کی - گوراپن (صَبُحَ خوبصورت ہونا) **صباحت نشان** (صفت) بہت خوبصورت -

صَبّاغ (ع - مذکر) رنگنے والا شخص - رنگریز (صَبَغَ - رنگنا)

صُبح (ع - مونث) فجر - تڑکا - سویرا سحر (صَبَحَ - دن کو کسی سے ملنے جانا) **صبح آرام** (صفت) صبح کو مزین کرنے والا (سورج) **صبح آنا** (لازم) صبح ہونا - **صبح اُٹھ کر مُنہ دیکھنا** (متعدی) صبح اٹھنے کے بعد اپنا یا کسی مبارک شخص کا مُنہ دیکھنا تاکہ کسی منحوس کی شکل پہلے نظر نہ آئے ہندوؤں میں برہمن خصوصیت سے منحوس سمجھا جاتا ہے اور بھنگی یا بہشتی مبارک - **صبح اٹھ کر ہاتھ دیکھنا** (متعدی) بعض آدمی اپنے داہنے ہاتھ کی ہتھیلی کو دیکھنا مبارک سمجھتے ہیں - **صبح الست** (مونث) وہ صبح جب خدا نے روحوں سے پوچھا تھا - اَلَستُ بِرَبِّکُم - **صبح ازل** (مونث) وہ صبح جس کی کبھی دوپہر نہ ہو - **صبح بنارس** (مونث) بنارس میں عورتیں صبح گھاٹوں پر جاتی ہیں اور شوقین انہیں دیکھنے کے لئے جاتے ہیں - **صبح بہار** (مونث) بہار کے موسم کی صبح بہت اچھی سمجھی جاتی ہے - **صبح پیری** (مونث) بڑھاپے کا آغاز - **صبح پیشانی** (صفت) خنداں پیشانی - ہنس مکھ ۲ جس کی پیشانی چمکتی ہو (گھوڑا) **صبح جزا** (مذکر) قیامت کا دن - **صبح خیز یا خیزاں** (صفت) صبح کو اُٹھنے والا - **صبح چہر** (صفت) روشن چہرے والا - **صبح خند** (صفت) صبح کی طرح ہنسنے والا - دن کے چڑھنے کو خندہ کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں - **صبح خواں** (صفت) صبح کو گانے والا - **صبح خیزا یا خیزیا** (مذکر) وہ چور جو علی الصبح اٹھ کر لوگوں کے جاگنے سے پہلے سرقہ کر لے - **صبح حشر** (مذکر) روز قیامت - **صبح دل** (صفت) ۱ عقل صحیح رکھنے والا ۲ دیانتدار - پرہیزگار - پاک و صاف - **صبح دم یا دماں** (تف) علی الصبح - فجر دم - منہ اندھیرے - **صبح دوم یا دویں** (مونث) صبح صادق - **صبح رخسار** (صفت) ۱ معشوق ۲ خوبصورت - حسین - **صبح رستخیز** (مونث) قیامت - **صبح رواں** (مذکر) جوان لوگ - **صبح روشن ہونا** (لازم) دن چڑھنا - **صبح روئے** (صفت) روشن چہرے والا - **صبح سویرے** (تف)

ہو۔ تڑکے۔ صبح سے شام بنانا یا شام تک (صفت) سارا دن۔ صبح کو شام کرنا (متعدی) حیلہ بہانہ کرنا۔ ٹال مٹولے کرنا۔ صبح شام کرنے والا (صفت) حیلہ بہانہ کرنیوالا۔ صبح صادق (مونث) پو پھٹنا۔ وہ روشنی جو سورج نکلنے سے پہلے مشرق میں نمودار ہوتی ہے۔ صبح صبح (تف) علی الصبح۔ صبح کا تارا (مذکر) سیاروں میں سے کوئی ایک جو صبح کے وقت نکلے۔ یہ باری باری سے نکلتے ہیں۔ صبح کاذب (مونث) وہ روشنی جس کے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے اور تھوڑی دیر بعد سورج نکلتا ہے۔ صبح کا سپیدا (مذکر) وہ سفید روشنی جو صبح کو نمودار ہوتی ہے۔ صبح کا نکلا شام کو آتا ہے بہت آوارہ ہے۔ صبح کر دینا یا کرنا (متعدی) رات گزار دینا۔ رات کاٹنا۔ صبح کو اُٹھنا (لازم) بہت سویرے اٹھنا۔ صبح کی پو پھٹنا (لازم) صبح صادق کا وقت ہونا۔ سپیدا نمودار ہونا۔ صبح کے سے تارے۔ بہت کم تعداد۔ صبح کی نوبت بجنا (لازم) شاہی زمانے میں سورج کے نکلنے پر نقارہ بجتا تھا۔ صبح گاہ یا گاہاں (صفت) علی الصبح۔ صبح گاہی (صفت) صبح کا صبح کے متعلق۔ صبح والا۔ صبح محشر (مذکر) روز قیامت۔ صبح نحست یا نحستیں (مونث) صبح کاذب صبح نشینان (مذکر) ۱؎ صبح کو اُٹھنے والے ۲؎ پرہیزگار آدمی۔ مقدس ہستیاں صبح و شام بنانا یا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) حیلے حوالے یا ٹال مٹولے کرنا۔ صبح وطن (مونث) صبح جو انسان اپنے وطن میں گزارے۔ یہ بہت خوشگوار سمجھی جاتی ہے۔ صبح و مسا (مونث) صبح و شام۔ صبح ہو جانا (لازم) ۱؎ دن چڑھنا ۲؎ خاتمہ ہو جانا۔ صبح ہونا (لازم) دن چڑھنا۔

امثال و اقوال

صبح کا بچھڑا شام کو آوے تو بچھڑا نہ جانئے۔ صبح کا بھولا شام کو آئے تو اُسے بھولا نہیں کہتے (تو بھی بھولا نہیں کہلاتا) اگر کوئی شخص گناہ کر کے توبہ کرلے تو غنیمت ہے۔ صبح کا پیالہ اکسیر کا نوالہ صبح کو تھوڑا سا کھا لینا بہت مفید ہوتا ہے۔ صبح کس کا منہ دیکھا تھا جب کوئی کام بگڑ جاتا ہے یا اور کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو کہتے ہیں مطلب یہ ہوتا ہے کہ کسی منحوس کا منہ دیکھا تھا۔

صبح کا نام نہیں لیتے کنجوس کو منحوس کہتے ہیں کہ نام لینے سے کھانا نہیں ملتا۔ صبح کی بوہنی اللہ میاں کی آس۔ دوکانداروں کا مقولہ۔ پہلی دفعہ کوئی چیز بغیر بحث و مباحثہ کے بک جائے تو کہتے ہیں۔ صبح کی پوچھو شام کی کہے۔ بدحواس ہے۔ گھبرایا ہوا ہے۔ صبح کی ناںہہ اچھی نہیں۔ بنیوں کا مقولہ۔ صبح چیز سستی بیچ لینی چاہئیے۔ صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے۔ عمر یونہی تمام ہوتی ہے۔ زندگی عارضی ہے۔ یونہی گزر جاتی ہے۔ صبح ہوئی چوٹلے پر نگاہ حریص کے حال کی یہی حالت ہوتی ہے۔ صبح ہی صبح خدا کا نام لو۔ صبح کو کوئی جھوٹ بولے تو کہتے ہیں۔

صَبر (ع۔ مذکر) ۱؎ برداشت۔ تحمل ۲؎ کسی صدمے پر جزع فزع نہ کرنا ۳؎ کسی مظلوم کی تکلیف کا اثر جو ظالم پر پڑے ۴؎ توقف۔ تامل ۵؎ تسلی۔ اطمینان ۶؎ نفس کو روکنا (منبہ) برداشت کرنا۔ صبر آنا (لازم) ۱؎ کل پڑنا۔ تسلی یا اطمینان ہونا۔ صبر ایوب (مذکر) حضرت ایوب کو خدا نے آزمانے کے لئے بہت تکلیفیں دیں۔ مگر انہوں نے ہمیشہ شکر کیا۔ انہیں پھر صحت دولت اور اولاد عطا ہوئی۔ صبر پڑنا (لازم) ۱؎ مظلوم کی آہ کا اثر پڑنا۔ خدا کی مار پڑنا۔ مصیبت پڑنا ۲؎ دیکھو صبر آنا۔ صبر جان پر لوٹنا (متعدی) مظلوم کے صبر کی وجہ سے مرجانا۔ صبر جمیل (مذکر) وہ صبر جس پر ثواب ملتا ہے (عطا فرمانا کے ساتھ) صبر دینا (لازم) ۱؎ تسکین دینا۔ ان معنوں میں کہنا صحیح نہیں کیونکہ صرف خدا ہی صبر دے سکتا ہے ۲؎ خدا کا انسان کو اس قابل بنانا کہ وہ صبر کر سکے۔ صبر رخصت ہونا (لازم) صبر جاتا رہنا۔ بے صبر ہونا۔ صبر سمیٹنا (لازم) ۱؎ ظلم کا نتیجہ اٹھانا ۲؎ بہتان لگانا۔ بہتان لگانے کا وبال اپنی گردن پر لینا۔ صبر سے کام لینا (متعدی) صبر کرنا۔ صبر کا وبال اپنے ذمہ لینا (متعدی) کسی پر ظلم کر کے گناہ کرنا۔ صبر کا یارا نہ رہنا (لازم) صبر نہ ہو سکنا۔ بے صبری ہو جانا۔ صبر کر کے بیٹھ رہنا (لازم) مایوس ہو کر بیٹھ رہنا۔ صبر کرنا (متعدی) ۱؎ نا امید ہو جانا۔ مایوس ہو جانا ۲؎ برداشت کرنا ۳؎ ظلم خاموشی سے سہنا ۴؎ تامل کرنا۔ توقف کرنا ۵؎ قناعت کرنا۔ صبر کی سل (مونث) صبر کی تکلیف صبر کا سل کیا تھا استعارہ کرتے ہیں صبر کی سل چھاتی (دل) پر رکھنا (متعدی) صبر کرنا۔ صبر کی توفیق دینا۔ صبر لینا (متعدی) دیکھو صبر سمیٹنا۔ صبر میں گرفتار ہونا (لازم) صبر پڑنا۔ صبر نہ ہونا (لازم) ۱؎ بیقرار ہونا ۲؎ خواہش کو ضبط نہ کرسکنا۔ صبر و شکر کرنا (متعدی) مصیبت میں چپ رہنا۔ جزع فزع نہ کرنا۔ صبر و شکیب (مذکر) تحمل و برداشت (کھونا کے ساتھ) صبر و قرار (مذکر) تسلی اور اطمینان۔ صبر کی وجہ سے قرار آ جانا۔ صبر ہونا (لازم) ۱؎ قناعت ہونا ۲؎ برداشت ہونا ۳؎ تسلی ہونا ۴؎ توقف ہونا۔

امثال و اقوال

صبر تلخ است ولیکن بر شیریں دارد۔ صبر تلخ ہوتا ہے۔ مگر اس کا نتیجہ اچھا ہوتا ہے۔ صبر درویش بہ ز بذل غنی۔ فقیر کا صبر امیر کی سخاوت سے بہتر ہے۔ صبر کا اجر خدا دیگا۔ صابر پر خدا مہربانی کرتا ہے۔ صبر کر من میں تا سکھ رہے تن ہیں۔ دل میں صبر کر تو سکھی رہیگا۔ صبر کی داد خدا دیگا۔ صبر کی داد خدا کے ہاتھ ہے۔ صبر کرنے والوں کا انصاف خدا ہی کرتا ہے۔ صبر کی ڈال میں میوہ لگتا ہے صبر کا نتیجہ اچھا ہوتا ہے۔

صَبِر (ع۔ مذکر) ایلوا۔ صبر اسقوطری سقوطری بازرد (مذکر) بہترین ایلوا گنا جاتا ہے۔ صبر سنجانی (مذکر) سب سے خراب ایلوا۔ صبر عربی (مذکر) چھوٹی قسم کا ایلوا۔

صِبغ (ع۔ مذکر) رنگ (صِبغ رنگنا) صبغۃ اللہ (مذکر) ۱؎ خدا کا رنگ۔ دین کا رنگ ۲؎ بپتسمہ ۳؎ خدائی قانون جو پیغمبر پر نازل ہوا۔

صَبُوح (ف۔ مونث) وہ شراب جو صبح کو پی جائے یا صبح کو پینے کے لئے ہو۔ صبوحی (مونث) ۱؎ دیکھو صبوح ۲؎ شراب کی بوتل۔ صبوحی کش (صفت) شرابی۔ بادہ نوش۔

صَبُور (ع۔ مذکر) ۱؎ صبر گنہگار (؟) پر بردباری کرنے والا ۲؎ خدا کا ایک نام (منبہ) برداشت کرنا۔ صبوری (مونث) صبر۔

صَبُورا یا صَبُورہ (ف۔ مذکر) ۱؎ آلہ تناسل ۲؎ ہاتھی دانت۔ کچکچاٹا مخمل پوش پیسوب کا مصنوعی آلہ جو چپٹی کھیلنے والی عورتیں استعمال

کرتی ہیں۔

صُبُون ہونا (اردو۔ غف) صبح ہونا۔

صَبِیح (ع۔ صفت) گورا۔ چِٹّا۔

صَبِی (ع۔ مذکر) بچہ۔ طفل۔ دودھ پیتا بچہ (صَبَو۔ بچہ ہونا) **صبیہ** (مونث) لڑکی۔ بچی۔ طفلہ۔ دودھ پیتی بچی۔ **صبیان** (ع۔ مذکر) صبی کی جمع بچے۔ طفلگان۔

صِحاب (ع۔ مذکر) جمع صاحب کی۔ ساتھی۔ دوست۔

صَحابت (ع۔ مونث) ۱ رفاقت۔ ساتھ ۲ یاری۔ دوستی ۳ یار ہونا۔ دوست ہونا۔ (صَحِبَ۔ میل جول رکھنا۔)

صَحابہ (ع۔ مذکر) جمع صاحب کی۔ اصحابِ رسول۔ **صحابہ کرام** (مذکر) پیغمبر صلعم کے خاص بڑے بڑے صحابی خصوصاً پہلے چار خلفاء۔

صحابی (ع۔ مذکر) وہ شخص جو مسلمان ہو کر پیغمبرؐ کی خدمت میں رہا اور مسلمان فوت ہوا۔ (صَحِبَ۔ میل جول رکھنا) **صحابیات** (جمع) صحابیہ کی۔ **صحابِیَہ** (مونث) وہ عورت جو مسلمان ہو کر پیغمبرؐ کی خدمت میں رہی اور مسلمان فوت ہوئی۔

صَحاح (ع۔ صفت) ۱ صحیح۔ درست ۲ جس میں کوئی نقص نہ ہو ۳ صحت۔ تندرستی ۴ کمل۔

صِحاح (ع۔ مونث) جمع صحیح کی۔ **صحاح ستّہ** (مونث) حدیث کی چھ کتابیں جن کی حدیثیں درست سمجھی جاتی ہیں ۱ بخاری ۲ مسلم ۳ ترمذی ۴ ابوداؤد ۵ ابن ماجہ ۶ نسائی۔

صَحارے (ع۔ مذکر) صحرا کی جمع۔

صَحاف (ع۔ مذکر) جلد ساز۔ (صَحَفَ۔ جلد بندی کرنا)

صَحائف (ع۔ مذکر) جمع صحیفہ کی۔

صُحبان (ع۔ مذکر) جمع صاحب کی۔ دوست۔ یار۔ ساتھی۔ ہمراہیان۔

صُحبت (ع۔ مونث) ۱ دوستی۔ یاری ۲ رفاقت۔ ساتھ ۳ جلسہ۔ مجلس۔ خوشی کا جلسہ ۴ نشست برخواست۔ ہمنشینی ۵ جماع۔ ہمبستری (صَحِبَ۔ میل جول رکھنا) **صحبت آرا ہونا** (لازم) ہم صحبت ہونا۔ **صحبت آراستہ ہونا** (لازم) خوشی کا جلسہ لگنا۔ **صحبت اُٹھانا** (متعدی) ۱ کسی کی صحبت میں رہ کر فیض حاصل کرنا ۲ پاس رہنا۔ **صحبت برآر** (صفت) وہ جو دوستی نبھائے۔ دوست۔ **صحبت برار آنا یا ہونا** (لازم) دوستی نبھنا۔ میل جول ہونا۔ موافقت آنا۔ **صحبت براری** (مونث) دوستی بنھنا۔ دوستی۔ **صحبت برتنا** (لازم) دیکھو صحبت پانا۔ **صحبت برخاست ہونا** (لازم) جلسہ ختم ہونا۔ **صحبت برہم ہونا** (لازم) جلسہ تتر بتر ہونا۔ **صحبت بگڑ جانا** (لازم) ان بن ہونا۔ دوستوں میں بول چال بند ہونا۔ دوستی میں فرق آنا۔ **صحبت بننا** (لازم) دوستی نبھنا۔ **صحبت پانا** (لازم) دیکھو صحبت اٹھانا۔ **صحبت جوئی** (مونث) کسی کی صحبت میں بیٹھنے کی کوشش۔ **صحبت چمکا دینا** (متعدی) جلسے کی رونق بڑھانا۔ **صحبت خانہ** (مذکر) جائے ضرور۔ پاخانہ۔ **صحبت داری** (مونث) ہمبستری (کرنا کے ساتھ)۔ **صحبت دیکھنا** (متعدی) دیکھو صحبت پانا۔ **صحبت راست آنا** (لازم) کسی کے پاس بیٹھنے سے برے کام چھوڑ دینا۔ **صحبت رکھنا** (متعدی) کسی کے پاس بیٹھنا۔ میل جول رکھنا۔ **صحبت رہنا** (لازم) کسی کے پاس بیٹھنا۔ ہمنشینی۔ **صحبت شبینہ** (مونث) رات کی ملاقات رات کا جلسہ۔ **صحبت شعر** (مونث) مشاعرہ۔ **صحبتِ عیش** (و نشاط) (مونث) ناچ گانے شراب پینے وغیرہ کا جلسہ۔ **صحبتِ فقیرانہ** (مونث) غریبوں کی مجلس۔ **صحبت کرنا** (متعدی) جماع کرنا۔ ہمبستری کرنا۔ **صحبت کی تاثیر** (مونث) صحبت کا اثر۔ **صحبت گرم ہونا** (لازم) بے تکلفی کا جلسہ ہونا۔ **صحبتی** (صفت) یار۔ ہمنشین۔ دوست۔ **صحبت یافتہ** (صفت) ۱ صحبت سے فیض اٹھائے ہوئے۔ اچھی صحبت میں بیٹھنے والا ۲ شائستہ مہذب۔

امثال واقوال۔ صحبت

اچھی بیٹھئے کھائیے ناگر پان۔ صحبت بری بیٹھئے کٹوائیے ناک اور کان۔ اچھی صحبت میں بیٹھنا اچھا ہوتا ہے بری صحبت ذلیل کراتی ہے۔ **صحبت صالح ترا صالح کند۔ صحبت طالح ترا طالح کند**۔ نیک کی صحبت تجھے نیک اور بد کی بد بنائیگی صحبت کا اثر ہوتا ہے۔ پاس بیٹھنے سے کچھ نہ کچھ اثر ضرور ہوتا ہے۔ **صحبت کا اثر ہے**۔ کسی کا چال چلن کسی کے پاس بیٹھنے سے خراب ہو جائے تو کہتے ہیں۔ **صحبت کا اثر یا تخم کی تاثیر**۔ کس بات کا زیادہ اثر ہوتا ہے کسی کے پاس بیٹھنے کا یا نسل کا۔ اس کے متعلق مختلف کہانیاں بیان کی جاتی ہیں۔ **صحبتِ نیکاں بداں را سود نیست**۔ اچھوں کی صحبت سے بدوں کو فائدہ نہیں۔

صِحّت (ع۔ مونث) ۱ تندرستی۔ بدن میں کوئی بیماری یا کمزوری نہ ہونا ۲ شفا بیماری سے اٹھنا ۳ عیب سے پاک ہونا ۴ درستی۔ تصحیح (صَحّ۔ تندرست ہونا) **صحت بخش** (صفت) صحت دینے والا۔ اچھا کرنے والا۔ شفا دینے والا **صحت پانا** (لازم) اچھا ہونا۔ شفا پانا۔ **صحت پر اچھا اثر پڑنا** (لازم) **ڈالنا** (متعدی) صحت کو ٹھیک کرنا۔ بیماری سے اچھا کرنا۔ **صحت پر برا اثر پڑنا** (لازم) **ڈالنا** (متعدی) بیمار کرنا۔ بیماری پیدا کرنا۔ **صحت خانہ** (مذکر) جائے ضرور۔ پاخانہ۔ یہ نام اکبر کا رکھا ہوا ہے۔ **صحت دینا** (لازم) شفا دینا۔ اچھا کرنا (خدا کے واسطے) **صحت کرنا** (متعدی) درستی کرنا۔ تصحیح کرنا۔ **صحت نامہ** (مذکر) ۱ غلط نامہ ۲ تندرستی کا سرٹیفکیٹ۔ **صحت ہونا** (لازم) اچھا ہونا۔ صحت پانا۔ **صحتیاب** (صفت) صحت پانے والا۔ اچھا ہونے والا۔ **صحتیاب ہونا** (لازم) شفا پانا۔ اچھا ہونا۔

صَحرا (ع۔ مذکر) ریگستان۔ جنگل۔ بیابان (صَحَرَ۔ اُبلنا) **صحرا کی خاک چھاننا** (متعدی) جنگلوں میں آوارہ پھرنا۔ **صحرا کی خاک چھنوانا** (رم) جنگلوں میں پھرنا۔ **صحرا گرد** (صفت) جنگلوں میں پھرنے والا۔ **صحرا گردی** (مونث) جنگلوں میں پھرنا۔ **صحرا نشین** (مذکر) وہ

شخص جو جنگلوں میں رہے۔ راہب۔ صحرانورد (مذکر) دیکھو صحراگرد۔ صحرانوردی (مونث) دیکھو صحراگردی۔ صحرائی (صفت) ۱ جنگلی۔ بیابانی ۲ جنگل کا۔ جنگل کے متعلق۔ صحرائے اعظم یا افریقہ (مذکر) افریقہ کا بڑا ریگستان جو طرابلس وغیرہ کے جنوب اور مصر سے لے کر بحر اوقیانوس تک پھیلا ہوا ہے۔ اور سوڈان کے شمال میں ہے۔ تین ہزار میل لمبا ایک ہزار میل چوڑا ہے۔ کہیں کہیں نخلستانوں میں آبادی ہے۔ صحرائے سبزہ زار (مذکر) سرسبز جنگل۔ صحرائے شاموں یا گوبی (ایشیا) ایک صحرا جو منگولیا میں ہے۔ صحرائے فرحناک (مذکر) خوشی سے بھرا ہوا جنگل۔ سرسبز جنگل۔ صحرائے فلک (مذکر) آسمان کا صحرا۔ بوجہ وسعت کے فلک کا استعارہ صحرا سے کرتے ہیں صحرائے لق و دق (مذکر) بیابان جس میں درخت اور جھاڑیاں نہ ہوں۔ صحرائے قدسی (مذکر) مقام لاہوت۔ صحرائے محشر (مذکر) میدانِ قیامت۔ صحرائے ہولخیز (مذکر) خوفناک جنگل۔

صُحُف (ع۔ مذکر) صحیفہ کی جمع۔

صَحن (ع۔ مذکر) ۱ آنگن۔ مکان میں کھلا حصہ جس پر چھت نہ ہو ۲ رقبہ ۳ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۴ بڑا پیالہ ۵ رکابی (صَحن۔ رکابی میں کوئی چیز دینا) صحنِ ارم (مذکر) باغ۔ صحنِ تماشا گاہ (مذکر) تھیٹر میں وہ جگہ جہاں تماشائی زمین پر بیٹھتے ہیں۔ صحنِ جہاں (مذکر) جہان کا استعارہ صحن سے کرتے ہیں۔ صحن چمن (مذکر) باغ کا تختہ۔ صحنچی (مونث) وہ چھوٹا صحن جو دالان کے پہلو میں بنا دیتے ہیں۔ صحن خانہ (مذکر) گھر کا صحن۔ صحن وار (صفت) وہ جس میں صحن ہو۔ (مکان)۔ صحن دو رنگ (مذکر) دُنیا۔ صحن سیم (مذکر) ۱ سفید کاغذ کا تختہ ۲ چاند کی سطح۔ صحن عظیم (مذکر) زمین کی سطح۔ صحنک (مونث) صحن کی تصغیر ۱ رکابی۔ چھوٹا طباق ۲ حضرت فاطمہ کی نیاز۔ صحنک دینا (متعدی) صحنک کی نیاز دینا۔ صحنک سے اُٹھ جانا (لازم) پاکدامن نہ رہنا۔ پاکدامن عورتوں کے زمرے سے نکالا جانا صحنک صرف پاکدامن عورتوں کو کھلائی جاتی ہے۔

صَحِیح (ع۔ صفت) ۱ درست ٹھیک ۲ سالم۔ پورا۔ کامل ۳ تندرست۔ باصحت ۴ اصلی ۵ خالص ۶ یقینی ۷ (مونث) دستخط۔ نشان ۸ تصدیق ۹ وہ حدیث جس کی اسناد کلہم معتبر ہوں ۱۰ وہ کتاب جس میں صرف صحیح حدیثیں درج ہوں ۱۱ (حرف) واؤ۔ الف اور یائے کے سوا دوسرے حروف (نحو)۔ درست ہونا) صحیح البدن (صفت) تندرست۔ جس کے بدن میں کوئی نقص نہ ہو۔ صحیح العقل (صفت) وہ شخص جس کی عقل درست ہو صحیح المرض (صفت) تندرست۔ اچھا۔ صحیح المزاج (صفت) ۱ تندرست ۲ جس کا مزاج درست ہو صحیح النسب (صفت) وہ جس کا نسب بےعیب ہو۔ شریف نجیب۔ صحیح بخاری (مونث) امام بخاری کی حدیثوں کی کتاب۔ صحیح سالم (صفت) ۱ پورا۔ کامل۔ جوں کا توں ۲ زندہ۔ سلامت۔ صحیح سلامت (صفت) زندہ۔ سلامت۔ محفوظ۔ صحیح قرار دینا (متعدی) صحت کو تسلیم کرنا۔ درست ماننا۔ صحیح کرنا (متعدی) ۱ درست کرنا۔ ٹھیک کرنا ۲ دستخط کرنا۔ تصدیق کرنا ۳ اصلاح دینا ۴ لکھ لینا۔ حساب میں درج کرنا ۵ کھرے کرنا ۶ صحت دینا تندرست کرنا ۷ مکمل کرنا ۸ گواہی سے پکا کرنا ۹ (طمانچہ) مارنا۔ جڑنا ۱۰ تحقیق کرنا۔ صحیح مسلم (مونث) امام مسلم کی حدیثوں کی کتاب۔ صحیح نتائج (مذکر) درست نتیجے۔ صحیح نتائج اخذ کرنا (متعدی) درست نتیجے نکالنا۔ صحیح و سالم (صفت) ۱ تندرست ۲ درست۔ ٹھیک (پانا دیکھنا ہونا کے ساتھ) صحیح ہونا (لازم) صحیح کرنا کا۔ صحیح ہے ۱ درست ہے ۲ کچھ عیب نہیں ۳ طنزاً جب غلط ہو۔

مثل۔ صحیح گئے سلامت آئے طنزاً جیسے گئے تھے ویسے آئے۔ نہ کچھ کمایا نہ ساتھ لائے۔

صَحِیفہ (ع۔ مذکر) ۱ کتاب۔ رسالہ ۲ مقدس کتاب ۳ چٹھی نامہ (صُحُف۔ لکھنے یا پڑھنے میں غلطی کرنا) صحیفۂ آسمانی (مذکر) وہ کتاب جو خدا کی طرف سے نازل ہو۔ صحیفۂ ابراہیمی (مذکر) وہ کتاب جو حضرت ابراہیم پر نازل ہوئی تھی۔ صحیفۂ تیغ سحر (مذکر) سحر کاذب۔ صحیفۂ زر (مذکر) سورج

صَخر (ع۔ مذکر) ۱ پتھر۔ چٹان۔ بہت بڑا پتھر ۲ ایک جن جو حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی چرا کر لے گیا تھا ۳ ایک بڑا پتھر جو مسجد اقصیٰ بیت المقدس میں ہے۔ صخرہ (مذکر) صخر ۱ و ۳۔

صَد (ف۔ عدد) ۱ سو ۲ کثرت تعداد ظاہر کرنے کے لئے۔ بہت۔ صد آفرین (کلمۂ تحسین) بہت شاباش۔ مرحبا۔ صد برگ (مذکر) گیندا پھول۔ صد پا (مذکر) کنکھجورا۔ صد پارہ یا چاک (صفت) بہت جگہ سے پھٹا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ صد چراغ (مذکر) چوبی یا خشتی ستون۔ جس میں بہت سے چراغ جلائے جاتے ہیں۔ صد در صد (مذکر) ایک قسم کا نقش۔ صد در صد کرمان (مذکر) کرمان میں ایک مقام۔ صد رحمت (کلمۂ تحسین) آفرین۔ شاباش۔ صد سال (مذکر) صدی۔ سو برس۔ صد سالہ (صفت) ۱ سو سال کا ۲ بہت بوڑھا۔ صد شکر (کلمۂ شکر) خدا کا بہت بہت شکر ہے۔ خیریت گزرنے پر کہتے ہیں۔ صدکان گُہر (مونث) بہت حسین معشوق۔ صد مرحبا (کلمۂ تحسین) شاباش۔ آفرین۔ صد منی (صفت) سو من کا۔ صد سی سال (دعا) ۱۳۰ برس مطلب یہ ہے کہ عمر بڑی ہو۔ صدہا (صفت) سینکڑوں۔ بہت سے۔ صد ہزار (صفت) لاکھ بے انتہا۔ صدی (مونث) ۱ سو سال ۲ سینکڑہ۔ صدیاں گزریں۔ مدت ہوئی۔ پرانی بات ہے۔

امثال و اقوال۔ صد بار اگر توبہ بشکستی باز آ۔ باوجود بار بار توبہ شکنی کرنے کے باز آنا چاہئے۔ صد کلاغ را یک کلوخ بس است۔ بہت سے بزدلوں کو دھمکی ہی کافی ہوتی ہے۔

صَدا (ع۔ مونث) ۱ آواز۔ آہٹ ۲ آواز بازگشت جو گنبدوں وغیرہ سے آتی ہے ۳ فقیر کے مانگنے کی آواز ۴ تشدید دال سے۔ شادی یا دعوت کا بلاوا (دعوت) (صَدّو۔ صَدّاً۔ تالی بجانا) صدا آنا (لازم) آواز آنا۔ صدا بلند کرنا (متعدی) ہونا (لازم) آواز اونچی ہونا۔ چلا کر بولا جانا۔ صدا پیدا ہونا (لازم) آواز آنا۔ صدا جگر سے نکلنا (لازم) درد و غم وغیرہ کی وجہ سے کوئی آواز نکلنا۔ صدا دینا (متعدی) ۱ بلانے کے لئے آواز ۲ فقیر کا آواز لگانا یا بھیک مانگنا۔ صدا سننا (لازم) آواز کان میں پڑنا۔ صدا کرنا یا لگانا (متعدی) دیکھو آخری ۲۔ صدا کی طرح (تف) بہت جلدی۔

صدا نکلنا (لازم) آواز نکلنا۔ **صدائے ادب و تفاوت** (مونث) بادشاہوں کے آگے نقیب ادب و تفاوت پکارتے جایا کرتے تھے۔ **صدائے برنخواست** - کوئی آواز نہ آنا۔ **صدائے بریز بریز بلند ہونا** (لازم) تردد اور پریشانی ہونا - **صدائے دہل** (مونث) نقارے کی آواز -

صدائے طبل جنگ (مونث) لڑائی کے نقارے کی آواز۔ **صدائے طرقو** (مونث) ہٹ جاؤ کی آواز۔ **صدائے فریاد** (مونث) ظلم کی شکایت کی آواز۔ **صدائے مہیب یا ہولناک** (مونث) طبل کی آواز۔ **صدائے نقارہ** (مونث) طبل کی آواز۔

مثل - صدائے دہل از دور خوش آید (ست) ڈھول کی آواز دور سے اچھی معلوم ہوتی ہے۔ دیکھو دور کے ڈھول سہاونے۔

صَدارت (ع - مونث) ۱ صدر کا عہدہ - وزارت (صَدَرَ - نکلنا) **صدارتِ اعظم** (مونث) عہدۂ وزارت -

صُداع (ع - مذکر) دردِ سر (صَلع پھٹنا)

صَداقت (ع - مونث) ۱ سچائی - راستبازی - صدق ۲ تصدیق - ثبوت (صَدَق - سچ بولنا) **صداقت پرور** (صفت) سچ بولنے والا سچائی کا عادی - **صداقت کا جامہ پہنے ہونا** (لازم) بالکل سچا ہونا - **صداقت کار - کیش یا گستر** (صفت) ۱ وہ جو راستی کے طریقے پر ہو - صادق راستباز ۲ مخلص یا وفا - **صداقت کرنا** (متعدی) تصدیق کرنا (عف) **صداقت گستری** (مونث) سچائی - سچائی کا دعوے - **صداقت مقال** (صفت) سچ بولنے والا -

صَدر (ع - مذکر) ۱ سینہ - چھاتی انسان کی ۲ کسی چیز کا سب سے اونچا حصّہ ۳ کسی جلسہ میں سب سے اونچی جگہ ۴ جس کو امتیاز حاصل ہو - اعلےٰ مقام - اعلیٰ جگہ ۵ مکان کا صحن سامنے کا رُخ ۶ دارالسلطنت - جہاں افسر اعلےٰ رہے ۷ اعلےٰ عہدہ دار کے رہنے کا مکان ۸ فوج کے رہنے کا مقام - چھاؤنی ۹ شعر کا پہلا لفظ ۱۰ افسر اعلےٰ پریزیڈنٹ ۱۱ (صفت) پہلے استعمال شدہ - بالا ۱۲ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے مندرجہ صدر

صدرِ اعظم (مذکر) ۱ وزیر اعظم - اس کا عہدہ ۲ صدر مقام - **صدرِ اعلےٰ** (مذکر) بڑا جج - **صدرُ الصّدُور** (مذکر) چیف جج - دیوانِ خالصہ - **صدرُ المَمالک** (مذکر) وزیر - **صدر امین** (مذکر) ۱ وہ حاکم جو جج کے ماتحت ہو - سب جج - **صدر بازار** (مذکر) چھاؤنی کا بڑا بازار - دہلی میں ان معنوں میں ہیں - **صدر بورڈ** (مذکر) مال کا محکمہ اعلےٰ - **صَدر جہاں** (مذکر) عورتوں کا ایک فرضی پیر - **صدر دیوان** (مذکر) خزانہ شاہی کا مہتمم اعلےٰ - **صدر دیوانی عدالت** (مونث) پہلے ہائی کورٹ کو کہتے تھے - **صدر عدالت** (مونث) سب سے بڑی عدالت - **صدر سرشتہ** (مذکر) ۱ افسر مال - کلکٹر ۲ کلکٹر کا دفتر ۳ دفتر کا افسر اعلیٰ - **صدر فوجداری عدالت** (مونث) ہائیکورٹ بحیثیت سب سے بڑی فوجداری عدالت کے - **صدرِ عزّت پر بٹھانا** (متعدی) عزت کی اونچی جگہ پر بٹھانا - **صدر مالگزار** (مذکر) وہ شخص جو براہِ راست گورنمنٹ کو مالگزاری دے - **صدر مالگزاری** (مونث) اس مالگزاری کی میزان جو براہِ راست گورنمنٹ کو ادا ہو - **صدر مجلس** (مذکر) پریزیڈنٹ - **صدر مقام** (مذکر) ہیڈ کوارٹر - دارالسلطنت - **صدر منصرم** (مذکر) اعلیٰ درجے کا منصرم - **صدر ناز پر بیٹھنا** (لازم) نہایت ناز و نخرے سے بیٹھے ہونا - **صدر نشین** (مذکر) ۱ مسند نشین ۲ میر مجلس - **صدر نظامت عدالت** (مونث) صدر فوجداری عدالت - **صدرہ** (مذکر) انسان کے بدن کا بالائی حصّہ ۲ منطق کی مشہور کتاب - **صدری** (مونث) ۱ واسکٹ - ایک قسم کی مرزائی -

امثال و اقوال - صدرِ جہاں کہ بدر جہاں چھوڑ بہانی جائیں کہاں - وطن ہی میں رہنا اور مصیبت جھیلنا - **صدرہ پڑھ کر بھی احمق رہے** منطق پڑھ کر بھی عقل نہیں آئی - **صدر ہر جا کہ نشیند صدر است** - لائق آدمی جہاں بیٹھ جائے وہیں قدر ہوتی ہے -

صَدَف (ع - مونث) ۱ سیپی - سیپ ۲ کوئی اونچی چیز - دیوار یا پہاڑ کی سب سے اونچی جگہ ۳ (مذکر) چھوٹا پیالہ جس میں شراب پیتے ہیں ۴ ایک گاؤں (صَدَف - دوسرے کو اتفاقاً ملنا) **صدفِ آتش یا روز** (مذکر) سورج - **صدفِ چشم** (مونث) چشم کا صدف سے استعارہ کہتے ہیں - **صدفِ چشم کا موتی اُگلنا** (متعدی) آنکھوں سے آنسو بہانا - **صدف رنگ** (مذکر) وہ سیپی جس میں رنگ گھولتے ہیں - **صدفِ زانو** (مونث) گھٹنے کی چپنی - **صدفِ زبان** (مونث) صدف کا زبان سے استعارہ کرتے ہیں ، کیونکہ اس سے گوہر کلام نکلتے ہیں - **صدفِ فلک** (مونث) ۱ سب سے اونچا آسمان ۲ سورج اور چاند ۳ قطب کے نزدیک ایک صورت سیارگان - **صدفِ مشکیں رنگ** (مونث) آسمان -

صِدق (ع - مذکر) ۱ سچائی - راستی ۲ خلوص (صَدَق - سچ بولنا) **صدقِ دل سے** (تف) خلوص کے ساتھ - صاف دلی سے - **صدق مقال** (مذکر) سچ بولنا - **صدق نیّت** (مونث) خلوص نیّت - **صدق و کذب** (مذکر) جھوٹ سچ -

صَدَقات (ع - مذکر) جمع صدقہ کی -

صَدقَت (ع - مذکر) صدقہ (صَدَق - وعدہ پورا کرنا) **صدقۃ الفطر** (مذکر) دو سیر گندم فی کس جو مسلمان یکم شوال کو نمازِ عید سے پہلے مسکین کو دیتے ہیں -

صَدقہ (ع - مذکر) ۱ قربانی - کسی مصیبت کو رفع کرنے کے لئے ۲ خیرات ۳ وہ کھانا جو سر پر وار کر چوراہے میں رکھتے ہیں ۴ پرند جو وار کر چھوڑا جائے ۵ فدا - قربان ۶ طفیل - بدولت ۷ مہربانی - عنایت (صدق - وعدہ پورا کرنا) **صدقہ آتارنا** (متعدی) **اُترنا** (لازم) کسی چیز کا سر کے گرد پھرا کر للہ دیا جانا - **صدقۂ جاریہ** (مذکر) ایسا صدقہ جس کا فائدہ لوگوں کو ہمیشہ پہنچے - **صدقہ چوراہے میں رکھنا** (متعدی) کوئی کھانا سر پہ وار کر وہاں رکھنا - جہاں چار راستے ملیں - **صدقہ دینا** (متعدی) ۱ خیرات کرنا ۲ قربان کرنا - سر پہ وار کر دینا - **صدقہ سلّا** (مذکر) خیر خیرات جو سلامتی کی شکرگزاری میں دی جائے (سلا غالباً صلا کا بگڑا ہوا ہے - جس کے معنی فقرا کو خیرات دینے کے لئے بُلانا ہے) **صدقہ ملنا** (لازم) ۱ خیرات ملنا ۲ واری ہوئی چیز ملنا - **صدقے** (مذکر) ۱ جمع صدقہ

کی ۵ واری۔ قربان ۳ طنزاً بھی کہتے ہیں جب کوئی
خراب کام کرے۔ **صدقے اُتارنا** (متعدی) اُترنا
(لازم) دیکھو صدقہ اُترنا۔ **صدقے جانا** (لازم) قربان
ہونا۔ نثار ہونا۔ **صدقے جائیے**۔ وہاں کہتے ہیں
جہاں کسی کی بیوقوفی کا اظہار کرنا ہو۔ **صدقے کا
پُتلا یا گُڈا** (مذکر) وہ گُڈا جو صدقے کی چیزوں کے
ہمراہ چوراہے میں رکھتے ہیں۔ **صدقے کا چراغ**
(مذکر) وہ چراغ جو کسی پر وار کر چوراہے میں رکھ دیا
گیا ہو۔ **صدقے کا چوراہا** (مذکر) وہ چار راستوں
کے ملنے کی جگہ جہاں صدقے کی چیزیں رکھی جاتی ہیں۔
صدقے کا کوّا (مذکر) ۱ وہ کوّا جو صدقہ کرکے چھوڑتے
ہیں ۲ کالا آدمی۔ **صدقے کرنا** (متعدی) ۱ قربان
کرنا۔ نثار کرنا ۲ تنفر اور حقارت ظاہر کرنے کے لئے
صدقے کروں (بد دعا) چولھے میں ڈالوں **صدقے
کی بُلبُل** (مونث) وہ بُلبُل جو پکڑ کر سر پر وار کر
چھوڑ دی جاتی ہے۔ **صدقے کے چراغ اُتارنا**
(متعدی) منت پوری ہونے پر چراغ سر پر وار کر
چوراہے میں رکھے جاتے ہیں۔ **صدقے کی گڑیا**
(مونث) ۱ دیکھو صدقے کا پُتلا ۲ بدقطع عورت جو
باوجود آرائش کے اچھی معلوم نہ ہو۔ **صدقے کے
ماش** (مذکر) سفر سے واپس آنے پر رشتہ دار اور
عزیز ماش اور تیل بھیجتے ہیں۔ مسافر کچھ ماش تیل
میں ڈال دیتا ہے اور یہ خیرات کر دئے جاتے ہیں۔
صدقے کیا دکی ۱ صدقے کے قابل ۲ کمبخت
(تحقیر سے) بدنصیب ۳ جب کوئی چیز مانگے تو اسے
یہ کہہ کر دے دیتے ہیں۔ **صدقے گیا (گئی)**
۱ اپنی محبت جتانے کو کہتے ہیں ۲ صدقے کا (کی)
صدقے میں چھٹنا (لازم) **چھوڑنا** (متعدی)
رہا ہونا (لازم) ۱ ربلا کے واسطے رہائی پانا ۲ کسی
کے طفیل کر رہائی پانا۔ **صدقے ہونا** (لازم) واری
جانا نثار ہونا۔ فدا ہونا۔

مثل۔ صدقہ دیا رد بلا۔ خیرات
دینے سے بلا رد ہوتی ہے۔

صدمات (ع۔ مذکر) صدمہ کی
جمع۔

صَدمہ (ع۔ مذکر) ۱ ضرب۔ چوٹ
۲ ٹکر۔ دھکا۔ ٹھیس ۳ رنج و غم کی چوٹ ۴ مصیبت
حادثہ ۵ آفت ۶ نقصان۔ ضرر (صَدَمَ۔ ٹکر مارنا)
صدمہ اُٹھنا (لازم) **اُٹھانا** (متعدی) ۱ غم و رنج
برداشت ہونا ۲ ٹوٹ پھوٹ ہونا۔ **صدمہ
برداشت کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو
آخری۔ **صدمہ پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا** (لازم)
۱ رنج ہونا ۲ ضرر پہنچنا۔ چوٹ لگنا ۳ نقصان ہونا
۴ کسی قریبی رشتہ دار کا مرجانا۔ **صدمہ جانکاہ**
(مذکر) وہ صدمہ جس کا اثر روح پر ہو۔ **صدمہ جسمانی**
(مذکر) بدن کی چوٹ۔ **صدمہ جھیلنا** (متعدی)
صدمہ اُٹھانا۔ **صدمہ دینا** (متعدی) صدمہ
پہنچانا۔ **صدمہ روحانی** (مذکر) رنج۔ غم۔ دل
کی چوٹ۔ **صدمہ سہنا** (متعدی) صدمہ اُٹھانا۔
صدمہ گزرنا یا ہونا (لازم) صدمہ
پہنچنا۔

صُدُور (ع۔ مذکر) ۱ نافذ ہونا۔
جاری ہونا ۲ اجرا۔ نفاذ ۳ صادر ہونا۔ پہنچنا۔ جمع
صدر کی چھاتیاں۔ سینے۔ (صَدَرَ۔ نکلنا)

صَدِیق (ع۔ مذکر) ۱ دوست ۲
جمع بھی استعمال ہوتا ہے۔ دوستان۔ **صدیقی**
(مونث) ٹیپو سلطان کا ایک سونے کا سکہ۔

صِدِّیق (ع۔ صفت) ۱ سچا۔ ۲ سچائی کی
تصدیق کرنے والا ۳ حضرت ابوبکرؓ کا لقب ۴ حضرت
یوسف علیہ السلام کا لقب۔ **صدیق اکبر** (مذکر)
حضرت ابوبکرؓ۔ **صِدِّیقہ** (مونث) ۱ حضرت عائشہؓ
کا لقب ۲ حضرت مریم کا لقب۔

صِر (ع۔ مونث) سردی خنکی ٹھنڈ
(صَرَّ۔ سرد ہونا)

صُراح (ع۔ مونث) ۱ کھلی اور
صاف گفتگو ۲ خالص شراب کا پیالہ ۳ ایک مشہور
عربی لغت (صَرُحَ۔ خالص ہونا)

صراحت (ع۔ مونث) وضاحت
تشریح (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (صَرُحَ۔ واضح
ہونا) **صراحتاً۔ صراحت سے** (ق) ۱
واضح کرکے۔ کھول کر ۲ کھلم کھلا ۳ صاف طور سے

صُراحی (ع۔ مونث) ۱ پانی یا شراب
کا لمبی گردن کا ایک برتن ۲ صراحی کی شکل کا کپڑا
جو انگرکھے وغیرہ کی بغلوں کے نیچے خوبصورتی کے لئے
سی دیتے ہیں ۳ لمبا اور خوشنما (صَرُحَ۔ خالص ہونا)
صراحی دار (صفت) صراحی کی شکل کا۔ **صراحی دار
گردن** (مونث) لمبی اور خوبصورت گردن **صراحی دار
گھنگرو** (مذکر) ایک قسم کا لمبا گھنگرو جو پازیب
میں لگاتے ہیں۔ **صراحی دار موتی** (مذکر) لمبا
موتی۔ صراحی کی شکل کا موتی۔ **صراحی گردن**
(مونث) گردن کو صراحی سے استعارہ کرتے ہیں۔
صراحی نما (مذکر) صراحی کی شکل کا۔

صِراط (ع۔ مذکر) ۱ رستہ۔ سڑک ۲
ایک پُل جو دوزخ کے اوپر ہے۔ بال سے زیادہ
باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے۔ تمام لوگوں کو
اس پر سے گزرنا پڑیگا۔ گناہگار کٹ کٹ کر دوزخ
میں گرتے جائینگے۔ نیک آدمی بسہولت پار
گزر جائینگے (صَرَطَ۔ نگلنا) کی جگہ **صراط المستقیم**
صراطِ مستقیم (مذکر) ۱ سیدھا راستہ۔ راہ راست
۲ مذہب اسلام۔

صُراط (ع۔ مونث) لمبی تلوار۔

صَرّاف (ع۔ صفت) ۱ سونا چاندی
روپیہ وغیرہ پرکھنے والا۔ پرکھنے والا ۲ (مذکر) ساہوکار
مہاجن۔ بینکر ۳ علم صرف جاننے والا شخص (صَرَفَ
بدلنا) **صراف خانہ** (مذکر) بینک۔ کوٹھی **صراف
خزاں** (مذکر) ۱ سورج ۲ خزاں ۳ خزاں کی ہوا
صراف کے رسے ٹکے (مذکر) ۱ وہ سودا
جو پڑا نہ رہے ۲ تھوڑے نفع کا سودا۔ **صرافہ**
(مذکر) ۱ صراف کا پیشہ۔ صرافی ۲ صرافوں کا بازار
۳ بنک۔ کوٹھی۔ **صرافی** (مونث) ۱ صراف کا
پیشہ ۲ روپے یا اشرفی کی توڑہ کرائی ۳ منڈے
ایک خط جو صراف لکھتے ہیں۔ **صرافی پارچہ**
(مذکر) ہنڈی۔ چک۔ **صرافی کرنا** (متعدی)
۱ صراف کا پیشہ کرنا ۲ روپے پیسے کا پرکھنا۔

صَرح (ع۔ مذکر) ۱ قصر۔ محل ۲
ایک قصر جو بنو خدنصر نے بابل کے قریب بنایا تھا
(صَرَحَ۔ آزاد کرنا)

صرخد (ع۔ مذکر) ۱ شراب ۲
ایک شہر۔ **صرخدی** (صفت) صرخد کا۔

صَرصَر (ع۔ مذکر) تیز ہوا۔ آندھی
(چلنا کے ساتھ) (صَرَّ۔ آواز دینا) **صرصرنگ**
(صفت) ہوا کی طرح دوڑنے والا (گھوڑے کی
تعریف) **صرصرِ فنا**۔ موت کی ہوا۔ موت۔
صرصر کوہ پیکار (مذکر) مضبوط اور تیز گھوڑا
یا اونٹ۔

صَرَع (ع۔ مونث) مرگی (صَرَعَ۔
گرپڑنا)

صَرف (ع۔ مونث) ۱ خرچ کرنا
خرچ ۲ بسر کرنا۔ بسر ۳ استعمال ۴ مشغول مصروف
۵ بدلنا۔ تبادلہ ۶ گردان ۷ چالاکی۔ ہوشیاری۔ پالیسی
۸ (علم) وہ علم جس سے الفاظ کے صحیح استعمال
کا طریقہ معلوم ہو۔ **صرف کرنا** (متعدی) ۱ خرچ
کرنا ۲ بسر کرنا۔ **صرف میں آنا** (لازم) استعمال
میں آنا۔ کام میں آنا۔ **صرف (و) نحو** (مذکر) قواعد
زبان۔ گرامر۔ **صرفہ** (مذکر) ۱ کفایت شعاری۔ بخل ۲ فضول خرچی
بیجا خرچ ۳ دریغ۔ افسوس (کرنا ہونا کے ساتھ) **صرف
ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ بسر جانا۔ ختم ہو جانا ۲ خرچ
ہو جانا۔ **صرفی** (مذکر) وہ شخص جو علم صرف جانے۔
**مقولہ۔ صرفیاں را مغز باید
چوں سگاں۔ نحویاں را مغز باید چوں
شہاں۔** صرفیوں کو یاد بہت کرنا پڑتا ہے۔
نحو میں عقل کا کام ہے۔

صِرف (ع۔ صفت) ۱ خالص
بے میل ۲ فقط۔ نرا ۳ (تمیز) محض۔ فقط (صرف
خالص شراب پینا) **صرف کہنے کی بات ہے**
بناوٹی جھوٹی بات ہے۔

صِرمَت (ع۔ مذکر) ۱ اونٹوں کا
گلہ جس میں بیس سے تیس یا چالیس سے پچاس تک
اونٹ ہوں ۲ بادل کا ایک ٹکڑا۔

صُرّہ (ع۔ مذکر) تھیلی۔ توڑا (صرّہ
باندھنا)

صریح (ع۔ صفت) صاف۔ ظاہر۔
آشکارا (صرح۔ صاف ہونا) **صریحاً** (تمیز)
کھلم کھلا۔ صاف طور پر۔ **صریح امر یا بات**
(مذکر) صاف معاملہ۔ وہ بات جو ہر شخص کو نظر آئے۔
صریحی (صفت) صریح۔

صَریر (ع۔ مونث) ۱ قلم کے
لکھنے کی آواز ۲ دروازے کا کڑکڑانا یا چڑانا۔

صعب (ع صفت) ۱ سخت۔
سنگین ۲ دشوار۔ مشکل ۳ ناگوار (صعب۔ مشکل ہونا)

صعوبت (ع۔ مونث) ۱ مصیبت۔ آفت۔
تکلیف ۲ دشواری۔ دقت (آنا۔ جانا۔ ہونا کیساتھ)

صعود (ع۔ مذکر) ۱ اوپر چڑھنا ۲
کسی عدد کو کئی دفعہ فی نفسہٖ ضرب دینا۔ **صعود کرنا**
(متعدی) اوپر چڑھنا۔

صفوہ (ع۔ مونث) مولا۔

صَعید (ع۔ مذکر) ۱ سطح زمین ۲
مٹی ۳ پہاڑی سڑک ۴ وہ مٹی جس سے مسح کریں ۵
ایک مقام جہاں پیغمبر صلعم نے ایک مسجد بنائی تھی
۶ مصر بالا (صَعَد۔ چڑھنا)

صغار (ع۔ مذکر) جمع صغیر کی چھوٹے
بچے۔ **صغار و کبار** (مذکر) چھوٹے بڑے۔ عوام۔

صغائر (ع۔ مذکر) جمع صغیرت
کی ۱ معمولی باتیں۔ چھوٹے چھوٹے معاملات ۲
چھوٹے گناہ ۳ چھوٹی لڑکیاں۔

صغانی (ع۔ مذکر) صغانیاں
کا باشندہ۔

صِغر (ع۔ مذکر) چھوٹاپن۔ چھٹائی
(صغر۔ چھوٹا ہونا) **صغرسن** (صفت) چھوٹی عمر کا
خورد سال۔ **صغرسنی** (مونث) خرد سالی۔ بچپن۔

صُغرا (ع۔ مذکر) صغیر کی جمع۔
چھوٹے معمولی۔

صُغرے (ع۔ مونث) (صغرا کا) ۱
زیادہ چھوٹی چیز ۲ چھوٹی عورت ۳ حضرت حسینؑ کی
بیٹی فاطمہ کا لقب ۴ (منطق) شکل کا پہلا قضیہ۔

صَغیر (ع۔ صفت) ۱ چھوٹا۔ ادنے
۲ (مذکر) چھوٹا آدمی ۳ (مونث) ایک بحر یا وزن (صِغَر
چھوٹا ہونا) **صغیر سن** (صفت) چھوٹی عمر کا **صغیر
سنی** (مونث) چھوٹی عمر۔ **صغیر و کبیر** (مذکر) چھوٹے
بڑے۔ خورد و بزرگ۔ **صغیرہ** (صفت) چھوٹا۔
چھوٹی۔ **صغیری** (مونث) ۱ چھوٹا پن ۲ طفلی۔ بچپن

صَف (ع۔ مونث) ۱ قطار۔ پرا ۲
نمازیوں کی قطار ۳ وہ جگہ جہاں قطار باندھیں ۴ بوریا
چٹائی۔ فرش ۵ ایک گاؤں (صفت۔ قطار میں رکھنا)
صف آرا (صفت) ۱ وہ شخص جو میدان جنگ
میں صفیں بنائے ۲ جنگ میں مقابلہ کرنے والا ۳
فوج کشی کرنے والا ۴ صفیں باندھے ہوئے (رکھنا۔
ہونا کے ساتھ) **صف آرا ہونا** (لازم) قطاروں
میں کھڑا ہونا۔ لڑائی کے لئے تیار ہونا۔ **صف
آرائی** (مونث) میدان جنگ میں پرا بندی **صف
اٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) بورئے کا اٹھایا
جانا۔ **صف اُلٹ جانا** (لازم) **دینا** (متعدی)
۱ لڑائی میں تتر بتر کر دینا ۲ مجلس کو درہم برہم کر دینا
صف باندھنا (متعدی) پرا جمانا۔ قطار جمانا۔
صف بچھانا (متعدی) **بچھنا** (لازم) ۱ بوریا بچھنا
۲ ماتم ہونا ۳ آدمیوں کا زمین پر گرنا۔ **صف بستہ**
(صفت) پرا جمائے ہوئے۔ قطار باندھے ہوئے۔
صف بندی (مونث) پرا جمانا۔ **صف بصف**
(تمیز) ۱ صف سے صف ملا کر ۲ ہر صف میں۔
صف پر آگرنا (لازم) فوج کی قطار پر حملہ کر دینا
صف تہ و بالا ہونا (لازم) صف کا منتشر ہونا
صف تیغ (مونث) تلوار کی دونوں طرفیں **صف
جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) صف میں کھڑا ہونا۔
صف جنگ (مونث) ۱ لڑائی ۲ لڑائی کے لئے
پرا بندی۔ **صف خاصہ** (مونث) خاص لوگوں
کی قطار۔ پیغمبر۔ نبی۔ ولی وغیرہ۔ **صفدر** (صفت)
۱ صفوں کو توڑنے والا ۲ بہادر۔ شجاع۔ دلیر ۳ (مذکر)
حضرت علی کا لقب۔ **صف دری** (مونث) صفوں
کو توڑنے والا۔ **صف روشن کرنا** (متعدی) ہونا
(لازم) چراغ جلنا۔ **صف سے نکلنا** (لازم)
قطار سے باہر آنا۔ **صف شکار** (مونث) آدمیوں
کی قطار جو شکار کو گھیرے۔ **صف شکن** (صفت)
۱ صف توڑنے والا ۲ بہادر۔ دلیر۔ **صف کشی**
(مونث) پرا بندی لڑائی میں۔ **صف کشیدہ**
(صفت) صف باندھے ہوئے۔ پرا جمائے ہونا
(ہونا کے ساتھ) **صف کھینچنا** (متعدی) قطار
باندھنا۔ صف میں کھڑا ہونا۔ **صف کی صف**
(مونث) تمام صف۔ **صف لٹا دینا** (متعدی)
صفوں کو درہم برہم کر دینا۔ **صف ماتم** (مونث)
وہ فرش جس پر ماتم کرنے والے بیٹھیں (بچھانا بچھنا
وغیرہ کے ساتھ) **صف ماتم میں بیٹھنا** (لازم)
ماتم کے لئے ایک جگہ فرش پر بیٹھنا۔ **صف محشر**
(مونث) میدان حشر میں آدمیوں کی قطار **صف
نعال** (مونث) وہ جگہ جہاں جوتے اتار کر داخل
ہوتے ہیں۔ **صفوں** (مذکر) صف کی جمع حروف
مغیرہ سے پہلے۔ **صفوں کو آراستہ کرنا** (متعدی)
فوج کو صف در صف کھڑا کرنا۔ **صفوں میں
درہمی و برہمی ہونا** (لازم) صفیں تتر بتر ہو جانا۔
صف ہیجا (مونث) صف جنگ۔ **صفیں** (مونث)
صف کی جمع **صفیں باندھنا** (متعدی) لوگوں کا
صف در صف جمع ہونا۔ **صفیں توڑ دینا یا درہم برہم
کر دینا** (متعدی) صفوں کو تتر بتر کر دینا۔ **صفیں
توڑ کر نکل جانا** (متعدی) لڑتے ہوئے صفوں کو

تتر بتر کرکے دوسری طرف جا نکلنا۔ صفیں صاف کرنا (متعدی) ہونا (لازم) لشکر کی صفوں کو قتل کرنا۔

صَفا (ع۔ مونث) ۱ صفائی ستھرائی پاکیزگی ۲ آب۔ جلا۔ چمک ۳ دل کی پاکیزگی ۴ تکلیف سے بچت ۵ قناعت ۶ آرام تسلی۔ خوشی مسرت ۷ مکہ کے قریب ایک پہاڑی ۸ (صفت) صاف ۹ بے لاگ۔ بے رعایت (صَفَو۔ خالص یا ستھرا ہونا) **صفا بخش** (صفت) ۱ لذیذ۔ خوشگوار ۲ صاف کرنے والا۔ **صفا پذیر** (صفت) جو صاف ستھرا ہو۔ **صفا چٹ** (صفت) بالکل صاف جس پر کوئی چیز نہ اُگی ہو۔ **صفا چٹ کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ بالکل مونڈ دینا ۲ صاف کر دینا کسی جگہ کوئی چیز نہ رہنے دینا۔ **صفا چٹ میدان** (مذکر) بالکل صاف میدان جس میں درخت وغیرہ کوئی چیز نہ ہو۔ **صفا چٹ ہونا** (لازم) بالکل نہ ہونا۔ صاف ہونا۔ **صَفاً صَفا** (نف) ۱ برباد۔ اُجاڑ ۲ صفا چٹ۔ **صفا کرنا** (متعدی) صاف کرنا۔ **صفا کہنا** (متعدی) منہ پر سچی سچی بات کہنا۔ کھری کہنا لگی لپٹی نہ کہنا۔ **صفا مشرب** (صفت) صاف طینت۔ صاف دل۔ **صفا میں** (تف) صفائی میں۔ **صفا ہونا** (لازم) صاف ہونا۔ **صفائی** (مونث) ۱ ستھرا پن۔ پاکیزگی ۲ صاف ہونا۔ جھاڑ پونچھ ۳ ہمواری ۴ سادگی۔ بھولا پن ۵ چکنا ہٹ ۶ جلا۔ چمک ۷ ملاپ۔ صلح ۸ بے جرمی۔ بریت ۹ صداقت راستی۔ دیانتداری ۱۰ بے شرمی۔ بے حیائی ۱۱ تردید ۱۲ بربادی۔ تباہی ۱۳ پھرتی۔ چالاکی ۱۴ بالکل نہ رہنا ۱۵ نیک نیتی۔ خلوص۔ دل کا صاف رکھنا ۱۶ میل نہ ہونا۔ میل نکال دینا۔ میل کا خارج ہونا ۱۷ کاٹ چھانٹ درختوں کی جنگلی بوٹیوں کا نکالنا ۱۸ وہ گواہی جو ملزم کے حق میں دی جائے ۱۹ حساب کی بیباقی ۲۰ پاخانہ صاف کرنا۔ غلاظت اُٹھانا۔ **صفائے آئینہ** (مونث) آئینے کی صفائی۔ **صفائی بتانا** (متعدی) ۱ صاف انکار کرنا۔ جواب دینا ۲ ٹالنا۔ **صفائی ظاہر ہونا** (لازم) دل کی پاکیزگی کا پتہ لگنا۔ **صفائی کا ہاتھ** (مذکر) تلوار کی ضرب جو عضو کو بالکل کاٹ دے۔ **صفائی کرانا** (م) ۱ صاف کرانا ۲ صلح کرانا ۳ پاخانہ صاف کرانا۔ **صفائی کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ جھاڑنا۔ پونچھنا۔ صاف کرنا ۲ ہموار کر دینا ۳ جلا کرنا۔ صیقل کرنا ۴ صلح کرنا۔ ملاپ کرنا ۵ بریت کر دینا ۶ برباد یا تباہ کرنا ۷ جان سے مار دینا ۸ پاخانہ صاف کرنا ۹ چکا دینا۔ فیصلہ کر دینا ۱۰ بیباقی کر دینا ۱۱ خرچ کر دینا۔ اُجاڑ دینا۔ **صفائے گوہر** (مذکر) موتی کی آب یا چمک۔ **صفائی نہیں** کینہ باقی ہے۔ دل صاف نہیں ہوا۔ **صفائی ہو جانا یا ہونا** (لازم) صفائی کرنا کا۔ **صفایا** (مذکر) ۱ بربادی۔ تباہی ۲ کسی چیز کو نہ رہنے دینا ۳ قتل۔ **صفایا بولنا یا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ قتل ہونا۔ کام تمام ہونا ۲ برباد ہونا۔ اُجڑنا ۳ کچھ نہ رہنا صاف ہو جانا۔

صِفات (ع۔ مونث) صفت کی جمع۔ **صفات اعلیٰ یا حسنے** (مونث) اچھی خوبیاں۔ **صفات حق** (مونث) خدا کی صفتیں۔ **صفات ذاتی** (مونث) وہ خوبیاں جو انسان کی ذات میں ہوں۔ **صفاتی** (صفت) صفات سے منسوب۔ عارضی۔ **صفاتیہ** (مذکر) ایک فرقہ۔

صَفّار (ع۔ مذکر) ۱ ٹھٹھیرا جو تانبے کے برتن بنائے ۲ یعقوب بن لیث کا لقب جس نے ایران میں خاندان صفاریاں کی بنیاد ڈالی۔ یہ اصل میں ٹھٹھیرا تھا۔

صِفَت (ع۔ مونث) ۱ خوبی جو کسی کی ذات میں ہو۔ خاصیت۔ تعریف ۲ وصف خوبی جو بیان کی جائے ۳ طریقہ۔ طرز ۴ (صرف) وہ کلمہ جو اسم کی تعریف یا خاصیت بیان کرتا ہے ۵ (صفت) مانند۔ مثل (وَصَف۔ بیان کرنا) **صفتِ بشریت** (مونث) انسان کی خاصیت۔ **صفتِ بہیمیت** (مونث) حیوان کی خاصیت۔ **صفت رکھنا** (متعدی) خوبی ہونا۔ خاصیت رکھنا۔ **صفت سرا** (صفت) تعریف کرنے والا۔ **صفت سرائی** (مونث) تعریف کرنا۔ **صفت کرنا** (متعدی) تعریف کرنا (عف) **صفت مشبہ** (صرف) وہ صفت جس میں وصفی معنی ہمیشہ کے لئے پائے جائیں۔ **صفت ملوکیت** (مونث) فرشتوں کی خاصیت۔ **صفت موصوف** (مذکر) کلمہ صفت اور وہ جس کی تعریف کی جائے۔ جیسے اچھا آدمی۔ اچھا صفت اور آدمی موصوف ہے۔ **صفت وثنا** (مونث) تعریف۔ خوبیاں جو بیان کی جائیں (کرنا ہونا کے ساتھ) **صفتیہ** (صفت) تعریف کرنے والا خاصیت بیان کرنے والا۔

صَفحات (ع۔ مذکر) صفحہ کی جمع۔

صَفحہ (ع۔ مذکر) ۱ کاغذ کے ورق کی ایک جانب ۲ وسعت سطح۔ چوڑائی۔ **صفحۂ پیشانی** (مذکر) پیشانی کو صفحہ سے استعارہ کرتے ہیں۔ اور اس کی لکیروں کو سطروں سے۔ **صفحۂ تحریر** (مذکر) تحریر کا صفحہ۔ لکھا ہوا صفحہ۔ کتاب کا صفحہ۔ **صفحۂ تیغ سحر** (مذکر)۔ سورج کی کرنیں جو صبح کو پہلے پہل نظر آئیں۔ **صفحۂ حال** (مذکر) معاملے کی حالت۔ **صفحۂ دل سے محو ہو جانا** (لازم) بھول جانا۔ **صفحۂ دہر یا روزگار** (مذکر) زمانے کو صفحہ سے استعارہ کرتے ہیں۔ **صفحۂ سپہر یا گردوں** (مذکر) آسمان کو صفحہ سے استعارہ کرتے ہیں۔ **صفحۂ میدان** (مذکر) میدان کا صفحہ سے استعارہ کرتے ہیں۔ **صفحۂ ہستی** (مذکر) دُنیا۔ زندگی۔ **صفحۂ ہستی سے اُٹھ جانا یا اُٹھنا** (لازم) مرجانا یا گزر جانا۔ **صفحۂ ہستی سے (نام و نشان) مٹا دینا** (متعدی) **مٹ جانا** (لازم) بالکل ناس ہو جانا۔ ناپید ہو جانا۔ مرجانا۔

صَفَر (ع۔ مذکر) سنہ ہجری کا دوسرا مہینہ۔ عورتیں اسے منحوس سمجھتی ہیں۔ اور کوئی کام اس میں نہیں کرتیں (صَفَر۔ خالی ہونا) **صفر المظفر** (مذکر) مبارک صفر۔ صفر کا مہینہ۔ **صفر کا چاند دیکھ کر آئینہ دیکھنا** (متعدی) مبارک سمجھا جاتا ہے۔

صِفر (ع۔ مذکر) ۱ نقطہ۔ حساب میں اس اکیلے کی کوئی قیمت نہیں۔ مگر دوسرے عدد کے دہنے طرف آنے سے اس عدد کی قیمت فی نقطہ دس گنا بڑھ جاتی ہے۔ اور کسر اعشاریہ کے ساتھ عدد کے بائیں طرف آنے سے قیمت اس عدد کی سو حصے کم ہو جاتی ہے۔ اور مزید فی نقطہ کے لئے دس حصے کم ہوتی چلی جاتی ہے۔ جیسے ۵ کے دہنے طرف آنے سے ۵۰ ہوئے اور ۵ کے بائیں طرف آنے سے ۰۵. جو ۵/۱۰۰ ہوتے ہیں۔ قس علیٰ ہذا ۲ (صفت) بے قیمت۔ بے وقعت (صَفَر۔ خالی ہونا) **صفر ہونا** (لازم) کچھ نہ ہونا۔ بے وقعت ہونا۔

صَفرا (ع۔ مذکر) ۱ پت۔ چار خلطوں میں سے ایک۔ ایک مادہ ہے جو معدے میں پیدا ہوتا

ہے اور کھانے کے ساتھ مل کر اسے ہضم کرتا ہے۔ زیادہ ہو جائے تو باعث بدہضمی ہو جاتا ہے۔[2] زرد رنگ۔[3] سونا (صَفِرَ۔ بدہضمی ہونا) **صفراوی** (صفت) صفرا سے منسوب۔ **صفراوی مزاج** (صفت) وہ جس کی مزاج میں صفرا زیادہ ہو۔ **صفرائی** (صفت) صفراوی۔

صَفّو (اُردو۔ مذکر) گنجفے کی ایک اصطلاح جب کھیلنے والے کے پاس پتے بالکل نہ آئیں **صفو پر رکی) نادری چڑھانا** (متعدی) مجبور کر دینا۔ تاش کا ایک ایک پتہ جیت لینا۔

صَفوَت (ع۔ صفت) [1] بہترین چیدہ۔ خالص۔ برگزیدہ۔[2] (مونث) برگزیدگی۔ **صفوۃ اللہ (من خلقہ)** مخلوق میں سے بہترین پیغمبر صلعم۔

صُفُوف (ع۔ مذکر) صف کی جمع۔ قطاریں۔ **صفوف آراستہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) صفیں جمنا۔ **صفوف آرائی** (مونث) صفیں جمانا۔ **صفوف جدال** (مونث) صفیں جو لڑائی کے وقت ترتیب دی جائیں۔ **صفوف فوج** (مونث) فوج کی قطاریں۔ **صفوف کا ترتیب پذیر ہونا** (لازم) **صفوف کو ترتیب دینا** (متعدی) **صفوف کی ترتیب ہونا** (لازم) صفیں جمنا۔ **صفوف کارزار** (مونث) لڑائی کی صفیں۔ **صفوف لشکر** (مونث) فوج کی قطاریں۔

صُفّہ (ع۔ مذکر) [1] مکان کے آگے ایک قسم کی ڈیوڑھی جس میں بیٹھتے ہیں۔[2] بیٹھنے کے لئے دروازے کے پاس ایک جگہ۔[3] کوچ۔ صوفا (صَفّ۔ قطاریں رکھنا)

صَفی (ع۔ صفت) [1] خالص۔ صاف۔ روشن۔[2] منصف۔ دیانتدار۔[3] مخلص۔ دوست۔[4] مال غنیمت کا بہترین حصہ جو سردار لے۔[5] کافرستان میں ایک قوم (صَفُوَ۔ خالص ہونا) **صفی اللہ** (مذکر) خدا کا دوست۔ حضرت آدم کا لقب۔

صَفِیر (ع۔ مونث) [1] پرندوں کی آواز۔ سیٹی۔[2] آواز (صَفَرَ۔ سیٹی بجانا) **صفیرِ خواب** (مونث) خراٹا۔ **صفیرِ قلم** (مونث) قلم کی آواز۔

صَفِیل (اُردو۔ مونث) فصیل کا محرب (غف)

صَقَالِبَہ (ع۔ مذکر) جمع صقلاب شمالی قومیں۔

صِقلاب (ع۔ صفت) [1] حریص لالچی۔[2] بہت کھانے والا اونٹ۔[3] سفید۔ سرخ۔[4] (مذکر) شمالی قوم۔ سلاو قوم۔ جو روس یوگوسلاویہ وغیرہ میں آباد ہے (صَقلَب۔ غلام)

صِقلی گر (ف۔ مذکر) صیقل کرنیوالا (غف) صحیح صیقل گر ہے۔

صُقُوف (ع۔ مونث) جمع صقف کی چھتیں۔

صَلّ (ع۔ مصدر) برکت دینا۔ رحمت اُتارنا۔ درود بھیجنا (صَلّ۔ بچوں کو پانی دینا) **صلِّ علیٰ (محمد)** "محمد پر درود بھیج"[1] مسلمان جب کوئی خوبصورت چیز دیکھیں یا خوشبو سونگھیں تو یہ فقرہ کہتے ہیں۔[2] (مونث) شاباش۔ واہ واہ۔ کیا کہنا۔ سبحان اللہ۔ **صلّی اللہ علیہ وسلّم** ۔ مسلمان جب پیغمبر صلعم کا نام لیتے ہیں تو یہ فقرہ کہتے ہیں۔ ان پر خدا کی رحمت ہو اور سلام ہو۔

صَلا (ع۔ مونث) [1] کھانا کھلانے کے لئے آواز دینا۔ ضیافت کے لئے بُلانا۔ دعوت عام کرنا (ان معنوں میں عربی میں استعمال نہیں ہوتا۔ ایرانیوں کی ایجاد ہے) **صلا کرنا** (متعدی) کھانا کھانے کو کہنا۔ پنجابی صُلا مارنا کہتے ہیں۔ **صلائے عام** (مونث) عام دعوت۔ **صلائے سمرقندی** (مونث) سمرقند کی دعوت۔ کسی شخص سے کھانے کیلئے محض رسماً پوچھنا۔

مثل۔ صلا نہ شد بلا شد۔ منہ لگانا مصیبت ہو گئی۔

صَلابَت (ع۔ مونث) [1] سختی۔ بیجا سختی۔ رائے کی سختی۔[2] سختی جو جگر میں ہو۔[3] طاقت۔ قوت۔[4] بہادری۔ شجاعت۔[5] دبدبہ۔ شوکت۔ رُعب۔ (صَلُبَ۔ سخت ہونا) **صلابت جنگ** (مذکر) ایک فوجی خطاب۔ **صلابہ** (مذکر) سخت پتھر جس پر دوائیں وغیرہ پیستے ہیں۔

صلات۔ صلاۃ (ع۔ مونث) دیکھو صلوٰۃ۔

صَلاح (ع۔ مونث) [1] مشورہ۔[2] رائے۔ تجویز۔[3] ارادہ۔ منشا۔[4] نیکی۔ بھلائی۔ صلاحیت۔ اچھائی۔[5] موزوں۔ مناسب۔[6] مکہ کا ایک نام (صَلَحَ۔ نیک ہونا) **صلاح اندیش** (صفت) خیراندیش۔ **صلاح بتانا** (متعدی) رائے لینا۔ تدبیر بتانا۔ **صلاح پر جانا یا چلنا** (لازم) مشورے پر عمل کرنا۔ **صلاح پوچھنا** (لازم) مشورہ لینا۔ رائے پوچھنا۔ **صلاح ٹھیرنا** (متعدی) مشورہ قرار پانا۔ **صلاح دید** (صفت) مناسب موزوں۔ **صلاح دینا** (متعدی) رائے دینا۔ مشورہ دینا۔ **صلاح سمرقندی** (مونث) غالباً صلائے سمرقندی ہے۔[1] دعوت کے لئے پوچھنا۔[2] نمائشی دعوت۔[3] چکنی چپڑی باتیں۔ **صلاح سے** (نف) مشورے یا رائے سے۔ **صلاح کار** (صفت) مشورہ یا رائے دینے والا۔ شریک مشورہ۔ **صلاح کار** (مونث) کام کی درستی۔ **صلاح کرنا یا لینا** (متعدی) مشورہ کرنا۔ رائے پوچھنا۔ **صلاح وقت** (مونث) مناسب موقع۔ مقتضائے وقت قرین مصلحت۔

صلاحیّت (مونث) [1] قابلیت۔ لیاقت۔ استعداد رکھنا۔ ہونا کے ساتھ)[2] نرمی۔ آہستگی۔ صلح صفائی۔[3] مسافروں کی رپورٹ جو سرائے میں لکھی جاتی ہے۔[4] پولیس کا روزنامچہ جو تھانہ دار روز سپرنٹنڈنٹ کے پاس بھیجتا ہے۔ **صلاحیت پر آنا** (لازم) راہ پر آنا۔ درست ہونا۔ **صلاحیت لکھنا** (متعدی) سرائے میں مسافروں کا نام اور آمد و رفت لکھنا۔ **صلاحیت محرر** (مذکر) وہ محرر جو سرائے میں مسافروں کی رپورٹ لکھے۔

اقوال۔ **صلاح کار کجا و من غریب کجا**۔ حافظ کے ایک شعر کا مصرع ہے۔ میرے ایسے کہاں نصیب جو مقصد پورا ہو۔ دوسرا یہ ہے ۔ ببیں تفاوت راہ از کجاست تا بکجا۔ **صلاح کے لئے بڈھے لڑنے کے لئے جوان**۔ مشورہ بڈھوں سے لینا چاہئے۔ اور لڑنے کے لئے جوان آدمیوں کو ہمراہ لینا چاہئے۔ **صلاحِ ما ہمہ آنست کاں صلاحِ شماست**۔ ہماری بہتری اسی میں ہے۔ جس میں تمہاری بہتری ہے۔

صَلب (ع۔ مذکر) [1] جلنا۔[2] صلیب پر چڑھانا۔[3] چھیڑنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا (صَلَبَ۔ جلنا)

صُلب (ع۔ مذکر) [1] نسل نطفہ۔[2] ایک مقام کا نام۔ **صُلبی** (صفت) حقیقی۔ سگا۔

صلح (ع - مونث) ایک دریا۔

صُلح (ع - مونث) ۱ امن - ملاپ۔ ۲ موافقت (کرنا کرنا - ہوجانا ہونا کے ساتھ) ۳ تصفیہ باہمی عہد۔ ۴ کبوتر بازوں کا ایک دوسرے کے کبوتر بغیر معاوضہ لینے کے واپس کر دینا (صَلَح۔ نیک ہونا) **صلحاً** (ق) امن سے۔ صلح سے۔ تصفیہ کی وجہ سے۔ **صلح آمیز** (صفت) صلح کی بھری ہوئی۔ **صلح آمیز گفتگو** (مونث) ایسی باتیں جن سے صلح مقصود ہو۔ میل ملاپ کی باتیں۔ **صلح شکنی** (مونث) صلح کا عہد توڑ دینا۔ عہد شکنی۔ **صلح کار** (صفت) پُرامن۔ صلح آمیز۔ **صلح کاری** (مونث) امن۔ موافقت۔ **صلح کل** (صفت) وہ شخص جو جھگڑے فساد سے الگ رہے۔ **صلحنامہ** (مذکر) راضی نامہ۔ عہد نامہ۔

صُلَحا (ع - مذکر) جمع صالح کی۔

صُلحہ (ع - مذکر) دوستی (صَلَحَ - نیک ہونا)

صَلصال (ع - مذکر) گندھی ہوئی مٹی جس کے برتن بنائے ہوں۔

صَلصَل (ع - مونث) ۱ فاختہ ۲ مدینے کی سڑک پر ایک مقام ۳ یمامہ میں ایک دریا۔

صَلعَم (ع - مذکر) صلی اللہ علیہ وسلم کا مخفف۔

صَلَوات (ع - مونث) ۱ درود ۲ خدا کی رحمت ۳ کسی چیز یا کسی فعل سے باز آنا یا دستبردار ہونا ۴ گالی۔ دشنام (صَلَو۔ دعا مانگنا) **صلوات اللہ** (مونث) خدا کی درود۔ **صلوات یا صلواتیں سُنانا** (سعدی) گالیاں دینا۔ برا بھلا کہنا۔

صَلوٰت (ع - مونث) ۱ نماز۔ ۲ دعا ۳ رحم (خدا کا) (صَلَو۔ دعا مانگنا) **صلوٰۃ التسبیح** (مونث) ایک قسم کی نماز نفل جس میں قیام میں پندرہ بار اور باقی چھ رکوع قومہ۔ سجدہ اور دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنے کے مقام پر اور دوسرے سجدے کے بعد بیٹھ کر دس دس بار سبحان اللہ۔ الحمد للہ۔ لا الہ الا اللہ اور اللہ اکبر پڑھتے ہیں **صلوٰۃ الخوف** (مونث) خوف کی نماز جو لڑائی کے میدان میں پڑھی جاتی ہے۔ **صلوٰۃ الوسطیٰ** (مونث) درمیانی نماز۔ قرآن شریف میں اس کے متعلق تاکید آئی ہے۔ لیکن اس کے متعلق اختلاف ہے کہ یہ کونسی نماز ہے۔ بعض نماز صبح کو بعض نماز مغرب کو اور بعض نماز عصر کو خیال کرتے ہیں۔

صِلَہ (ع - مذکر) ۱ انعام ۲ عطا۔ بخشش ۳ بدلہ۔ عوض (پانا۔ چاہنا۔ دینا۔ عطا کرنا یا ہونا۔ لینا۔ ملنا ہونا کے ساتھ) ۴ ملاپ - جوڑ ۵ (نحو) وہ جملہ جو اسم موصول کے بعد آئے۔ جیسے جو بات کہ میں نے کہی تھی درست ہے۔ اس میں کہ میں نے کہی تھی صلہ ہے ۶ (عروض) روی کے ساتھ کے باقی حروف (وَصَل ملانا) **صلہ رحم** (مذکر) خویش و اقربا سے نیک سلوک کرنا۔ **صلہ موصول** (نحو) مل کر جملہ میں مبتدا یا خبر بنتے ہیں۔ جیسے مذکورہ بالا فقرے میں جو بات کہ میں نے کل کہی تھی مبتدا ہے اور یہ وہ بات ہے جو میں نے کل کہی تھی میں جو میں نے کہی تھی خبر ہے۔

صَلیب (ع - مونث) ۱ سولی (ایک لکڑی کا بنا ہوا اس شکل + کا آلہ جس پر انسان کے ہاتھ پھیلا کر دونوں پہلوؤں کو لکڑی پر میخوں سے ٹھونک دیتے تھے۔ اور پاؤں کو نیچے کی لکڑی میں اور پھر اس کو کھڑا کر دیتے تھے۔ اس طرح مصلوب کئی روز تک لٹکا رہتا ہے اور سسک سسک کر جان دیتا ہے۔ عیسائیوں کا خیال ہے کہ حضرت عیسےٰ کو صلیب پر چڑھایا گیا تھا۔ اس لئے وہ اسے مقدس چیز خیال کرتے ہیں ۲ اس قسم کا زیور جو عیسائی اپنے پاس رکھتے ہیں۔ خصوصاً رومن کیتھولک فرقے کے۔ **صلیبی** (صفت) ۱ صلیب کا۔ صلیب کے متعلق ۲ (مذکر) عیسائی نصاریٰ **صلیبی جنگ** (مونث) وہ مذہبی جنگیں جو یورپ کے عیسائیوں نے مسلمانوں کے خلاف یروشلم فتح کرنے کے لئے کیں۔ یہ سات تھیں ۱ (۱۰۹۶) اس میں انطاکیہ اور یروشلم فتح ہوا ۲ (۱۱۴۷) ناکامیاب رہی ۳ (۱۱۸۹) ایکر فتح ہوا ۴ (۱۲۰۲) قسطنطنیہ فتح ہوا۔ اور یروشلم میں سلطنت قائم ہوئی ۵ (۱۲۱۷) یروشلم فتح ہوا مگر ۱۲۴۴ء میں پھر قبضے سے نکل گیا ۶ (۱۲۲۸) ۷ (۱۲۴۸) دونوں ناکامیاب رہیں۔

صُمٌّ بُکمٌ (ع - صفت) ۱ بہرے گونگے۔ یہ لفظ قرآن شریف کے پارۂ اول میں آئے ہیں۔ صُمٌّ بُکمٌ عُمیٌ فَہُم لا یرجعون۔ کافروں کے لئے کہ وہ بہرے گونگے اندھے ہیں پس وہ نہیں دیکھ سکیں گے۔ اُردو میں اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو بات کا جواب نہ دے ۲ شاعروں کا خیال ہے کہ لالل (پرندہ) یہ الفاظ پڑھتا ہے۔

صَمَد (ع - صفت) ۱ بے نیاز۔ جس کے سب محتاج ہوں۔ اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو ۲ دائمی۔ ابدی ۳ (مذکر) خدا کا ایک نام ۴ مالک سردار (صَمَدَ۔ کسی کے پاس جانا) **صمدانی**۔ **صمدی** (صفت) ۱ ابدی یا دائمی ۲ خدائی۔ **صمدیت** (مونث) بے نیازی۔ بزرگی۔

صَمصام (ع - صفت) ۱ بہادر شجاع ۲ تلوار جو جھکے نہیں۔ تیز تلوار۔ تلوار **صمصام الدولہ** (مذکر) ایک خطاب جو مسلمان بادشاہ دیا کرتے تھے۔

صَمغ (ع - مذکر) گوند **صمغ حامہ** ایک قسم کا گوند۔ **صمغ عربی** (مذکر) کیکر کا گوند۔

صَموت (ع - صفت) ۱ چُپ۔ گونگا ۲ بھاری (زرہ) ۳ تیز کاٹ کرنے والی (تلوار) ۴ ایک گھوڑے کا نام (صَمَتَ۔ چپ ہونا)

صَمیم (ع - صفت) ۱ خالص۔ بے میل ۲ سچا۔ مخلص ۳ (مذکر) گودا ۴ بہترین حصہ کسی چیز کا ۵ اصل جڑ۔ بنیاد ۶ اندرونی حصہ۔ دل کا نچلا حصہ ۷ بہرا (صَمَّ۔ گونگا ہونا)

صِنّ (ع - مذکر) ۱ چھوٹی ٹوکری جس میں روٹی لے جاتے ہیں ۲ ایام عجوز میں پہلا دن۔

صَنادید (ع - مذکر) ۱ صند کی جمع۔ بادشاہ۔ راجے۔ سردار۔ جرنیل ۲ خطرات۔ مصیبتیں۔ **صنادید عجم** (مذکر) عرب کے سوا باقی دنیا کے بادشاہ وغیرہ۔

صَنادیق (ع - مذکر) صندوق کی جمع۔

صَنّاع (ع - مذکر) کاریگر۔ ہنرمند (صَنَعَ۔ بنانا) **صنّاعان** (مذکر) صنّاع کی جمع۔ **صنّاع چابک دست** (مذکر) نہایت اعلیٰ کاریگر۔ **صنّاع قدرت** (مذکر) قدرت کا کاریگر۔ قدرت۔ خدائے تعالےٰ۔

صَناعت (ع - مونث) پیشہ۔ حرفہ۔ ہنر۔ دستکاری (صَنَعَ۔ بنانا)

صَنائع (ع - مذکر) جمع صنعت

کی۔ علوم۔ ہُنر۔ پیشے۔ تجارتیں۔ دستکاریاں۔

صنائع و بدائع (مذکر) ۱ عجیب و غریب ہنر ۲ وہ باریکیاں اور نکات جو کلام میں ہوں۔

صَندل (ع۔ مذکر) ۱ ایک درخت جس کی لکڑی خوشبودار ہوتی ہے ۲ اس درخت کی لکڑی رگھسنا۔ لگانا۔ لگنا کے ساتھ) اس جنس کا سوم صندل آسا (مذکر) وہ پتھر جس پر صندل رگڑتے ہیں۔ **صندلانی** (مذکر) صندل بیچنے والا۔ **صندل رگڑنا** (متعدی) صندل کی لکڑی کو پتھر پر گھسنا۔ اسے درد سر کے لئے ماتھے پر لگاتے ہیں یا منہ ٹیکا لگاتے ہیں۔ **صندل سِل** ۱ دیکھو صندل آسا ۲ مسالہ رگڑنے کی سل۔ **صندل کا برادہ** (صفت) صندل کی لکڑی کو ریتی سے رگڑ کر سفوف بناتے ہیں۔ اسے آگ پر خوشبو دینے کے لئے ڈالتے ہیں **صندل کا پھاہا** (مذکر) کپڑا گھسے ہوئے صندل میں ترکر کے سوزش قلب کے لئے دل پر رکھتے ہیں۔ **صندل کا چھاپا** (مذکر) عورتیں منت پوری ہونے پر صندل چھاپا مسجدوں میں لگاتی ہیں۔ **صندل کا کھور** (مذکر) صندل کی لکڑی کا اندرونی حصہ۔ **صندل کے چھاپے منہ پر کو لگنا** (لازم) ۱ رسوائی ہونا ۲ سرزنش حاصل ہونا۔ **صندل کی زمین** (مونث) صندل کے عطر کا مادہ۔ **صندل کی سی تختی** (مونث) خوبصورت۔ صاف اور ملائم چیز۔ **صندل گھسنا** (متعدی) چپٹی کھیلنا۔ **صندلوٹا** (مذکر) صندل آسا **صندلی** (مونث) صندل کے رنگ کا ۲ صندل کی لکڑی کا ۳ کفش چپی ۴ کرسی۔ چوکی ۵ ایک خاص قسم کی اونچی تپائی ۶ وہ شخص جس کا عضو تناسل بالکل نہ ہو۔ ہیجڑا۔

اقوال۔ صندل کے چھاپے مُنہ کو لگے بڑی بدنامی ہوگئی۔ **صندل کی لکڑی کو نہیں جلاتے** ۔ اچھی چیز کو کوئی ضائع نہیں کرتا۔ ہنرمند کو کوئی تکلیف نہیں دیتا۔

صَندُوق (ع۔ مذکر) ۱ ایک لکڑی یا لوہے وغیرہ کا چوپہلو بڑا ظرف جس کے اوپر ڈھکنا ہوتا ہے۔ یہ کپڑے اور چیزیں وغیرہ رکھنے کے کام آتا ہے۔ بکس۔ ٹرنک ۲ وہ بکس جس میں مردے کو دفن کرتے یا امانتاً رکھتے ہیں **صندوق** پیل (مذکر) ہاتھی کا ہودج **صندوقچہ** (مذکر تصغیر) چھوٹا صندوق۔ **صندوقچی** (مونث) صندوقچہ۔ بہت چھوٹا صندوق جس میں چھٹیاں وغیرہ رکھتے ہیں۔ **صندوقخانہ** (مذکر) ۱ وہ الماری جس میں کپڑے رکھتے ہیں ۲ وہ کمرہ جس میں بادشاہوں کے تاج وغیرہ رکھتے ہیں۔ **صندوق ساز** (مذکر) صندوق بنانے والا۔ **صندوق سینہ** (مذکر) سینے کو صندوق سے استعارہ کرتے ہیں۔ **صندوق سینہ میں مخفی رکھنا** (متعدی) راز کو چھپا رکھنا۔ افشا نہ کرنا۔ **صندوق میں بند کرکے رکھنا** (متعدی) بہت احتیاط سے رکھنا۔ **صندوقی** (صفت) صندوق کی شکل کا۔ **صندوقی قبر** (مونث) وہ قبر جو سیمنٹ کی بندی ہوئی ہوتی ہے۔

صَنع (ع۔ مذکر) ۱ بنانا۔ خلق کرنا ۲ کام۔ فعل ۳ خاصیت ۴ ایک پرندے اور ایک کیڑے کا نام (صَنَعَ۔ بنانا)

صِنع (ع۔ مذکر) ۱ کاریگر۔ ماہر۔ چابکدست ۲ کپڑا۔ پگڑی ۳ درزی (صَنَعَ۔ بنانا)

صَنعَ (ع۔ مونث) کاریگری۔ صنعت (صَنَعَ۔ بنانا)

صَنعَت (ع۔ مونث) ۱ کاریگری ۲ دستکاری ۳ ہنرمندی ۴ پیشہ۔ ہُنر۔ حرفت ۵ کلام میں لفظاً یا معناً کوئی خوبی یا خاص بات (صَنَعَ۔ بنانا) **صنعت پروردگار** (مونث) خُدا کی کاریگری۔ **صنعت دکھانا** (متعدی) ہنر یا خوبی کا کوئی کام کرنا۔ **صنعت گر** (صفت) پیشہ ور۔ کاریگر۔ **صنعت گری** (مونث) کاریگری **صنعت مُرتبع** (مونث) صنعت ترصیع۔ ایک کلمہ کے بعد دوسرا کلمہ لانا جو متفق الوزن اور موافق التوافی ہو **صنعت قلوب یا مقلوب** (مونث) تین طرح کی ہو سکتی ہے (۱) مقلوب کل (۲) مقلوب بعض (۳) مقلوب مستوی

صِنف (ع۔ مونث) قسم۔ نوع۔ جنس (صنف۔ علیحدہ علیحدہ کرنا)

صَنَم (ع۔ مذکر) ۱ بُت ۲ معشوق ۳ بچوں کا ایک کھیل دیکھو صنم آمد (صَنَمَ۔ عبادت کیلئے بت بنانا) صنما (ندا) اے صنم، بت **صنم آمد** (مذکر) بچوں کا ایک کھیل۔ ایک کہتا ہے صنم آمد دوسرا پوچھتا ہے از کجا آمد۔ پہلا کہتا ہے از ایران آمد۔ یعنی ایسا لفظ جو الف سے شروع ہو۔ ایک سوال کرتا جاتا ہے۔ دوسرا ایسے الفاظ میں جواب دیتا جاتا ہے جو الف سے شروع ہوں۔ جب الف کے الفاظ ختم ہو جائیں تو ب سے ی تک کے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ جب کوئی جواب دینے سے رہ جاتا ہے۔ تو ہار جاتا ہے **صنمخانہ۔ صنمکدہ** (مذکر) بُت خانہ۔ **صنم گر** (صفت) بُت بنانے والا۔

صَنَوبَر (ع۔ مذکر) ایک درخت کا نام۔ اس سے معشوق کے قد کو تشبیہ دیتے ہیں۔ **صنوبر قامت یا قد** (صفت) لمبے قد کا۔ سرو قد۔ معشوق کی تعریف۔

صَواب (ع۔ مذکر) ۱ درستی ۲ درست بات۔ ٹھیک فعل ۳ نیک یا منصفانہ فعل ۴ سچائی۔ صدق ۵ درست طریقہ ۶ کامیابی۔ اچھا نتیجہ (صَوَبَ۔ سیدھا جانا) **صواب اندیش** (صفت) درست یا معقول بات سوچنے والا۔ **صواب دید** (مونث) ۱ نیک صلاح۔ رائے یا تجویز ۲ مصلحت ۳ کسی کی نسبت اچھی رائے۔ **صواب نما** (صفت) جو ممکن درست یا معقول معلوم ہو۔

صَواعِق (ع۔ مذکر) جمع صاعقہ کی۔

صَوامِع (ع۔ مذکر) جمع صومعہ کی۔

صَوب (ع۔ مذکر) ۱ سمت۔ طرف جانب ۲ راستہ ۳ ارادہ۔ تجویز ۴ ایک عرب قبیلے کے جد اعلیٰ کا نام (صَوَبَ۔ گرنا)

صُوبجات (ع۔ مذکر) جمع صوبہ کی۔

صُوبہ (ع۔ مذکر) ۱ سلطنت یا ملک کا ایک حصہ جس میں کئی ضلع ہوتے ہیں ۲ صوبہ کا حاکم **صوبہ دار** (مذکر) ۱ صوبہ کا حاکم ۲ پیدل فوج کا ایک افسر۔ **صوبہ داری** (صفت) ۱ صوبیدار کا۔ اس کے متعلق ۲ (مونث) ۱ صوبہ کی حکومت ۲ صوبہ دار کا عہدہ۔

صَوت (ع۔ مونث) آواز۔ صدا۔ شور (صَوَتَ۔ آواز دینا) **صوت الحمار** (مونث) گدھے کی رینگ۔ **صوت الکلب** (مونث) کتے کا بھونکنا

صَور (ع۔ مذکر) ایک قلعہ۔

صُور (ع۔ مذکر) ۱ ترئی۔ نرسنگھا ۲ وہ ترئی جو حضرت اسرافیل قیامت کے دن پھونکیں گے ۳ ایک شہر (صَوَرَ۔ آواز نکالنا) **صورِ اسرافیل** (مذکر) دیکھو صور ۲ **صوری** (صفت) ۱ صور کا۔ صور کے متعلق ۲ (مذکر) صور کا باشندہ۔

صُوَر (ع۔ مونث) جمع صورت کی۔

صورمرئیات (مونث) ان چیزوں کی صورتیں جو نظر آتی ہیں۔

صُورت (ع۔ مونث) ١ شکل۔ پیکر ٢ تصویر۔ مورت ٣ کیفیت۔ حالت۔ گت ٤ طرز۔ وضع۔ طرح ٥ ڈھنگ ٦ تجویز۔ تدبیر ٧ موقع محل ٨ آثار۔ قرینہ ٩ وضع۔ لباس ١٠ بھیس۔ روپ ١١ علامت۔ نشان ١٢ چہرہ ١٣ کسی چیز کی ظاہری حالت ١٤ خاکہ۔ نقشہ ١٥ خیال ١٦ قسم۔ نوع ١٧ ماہیت۔ خصوصیت ١٨ ذریعہ۔ طریقہ ١٩ (صرف) فعل کا صیغہ (صوّر۔ بنانا) **صورۃً۔ صورتاً** (ظف) ١ صورت کے اعتبار سے ٢ ظاہرہ طور پر۔ **صورت آرا** (صفت) ١ رنگ پھیرنے والا۔ صورت پھیرنے والا۔ مصوّر۔ نقاش۔ **صورت آشنا** (صفت) معمولی واقف۔ روشناس۔ جان پہچان۔ **صورت آشنائی** (مونث) جان پہچان۔ **صورت آفریں** (صفت) ١ صورتیں کو بنانے والا ٢ مجازاً خدا۔ **صورت آمرہ** (مونث) صیغہ امر۔ **صورت آئینہ حیران رہ جانا یا ہونا** (لازم) بیحد متحیر ہونا۔ **صورت اُتارنا** (متعدی) اُترنا (لازم) تصویر کھینچنا۔ **صورت احوال** (مذکر) ایک قسم کا نقشہ جو کسی امر کے ثابت کرنے کے لئے لوگوں کے دستخطوں اور مہروں سے ثابت کرتے ہیں۔ **صورت اختیار کرنا** (متعدی) ڈھنگ یا طریقہ اختیار کرنا۔ **صورت امید نظر آجانا یا آنا** (لازم) آرزو پوری ہونے کے آثار معلوم ہونا۔ **صورت باندھنا** (متعدی) کوئی واقعہ اس طرح بیان کرنا کہ سماں آنکھوں کے سامنے پھر جائے۔ بنظر دکھانا۔ **صورت بدل جانا** (لازم) ١ اور حالت ہو جانا ٢ لاغر ہونا۔ کمزور ہونا۔ **صورت بدل دینا** (متعدی) واقعات کو دوسرے طریقے پر دکھانا۔ **صورت بدلنا** (متعدی) ١ بھیس بدلنا ٢ حالت بدلنا ٣ دوسری وضع اختیار کرنا۔ **صورت بُری ہونا** (لازم) ١ آثار خراب ہونا ٢ شکل خراب ہونا ٣ حالت خراب ہونا۔ **صورت بگاڑنا** (متعدی) **بگڑ جانا یا بگڑنا** (لازم) ١ شکل خراب ہونا۔ بدصورت ہونا ٢ ناخوشی ظاہر ہونا ٣ واقعات کی حالت خراب ہو جانا۔ **صورت بنانا** (متعدی) ١ شکل یا تصویر بنانا ٢ چہرے سے کوئی کیفیت، حالت ظاہر کرنا ٣ بھیس یا وضع اختیار کرنا ٤ مُنہ چڑانا ٥ خاکہ ڈالنا ٦ کسی معاملے کو غلط رنگ دینا۔ **صورت بن پڑنا** (لازم) تدبیر نکل آنا۔ **صورت بند** (صفت) مصوّر۔ نقاش۔ **صورت بندھنا** (لازم) ١ سامان ہونا ٢ موقع پیش آنا۔ **صورت بندی** (مونث) مصوری۔ نقاشی۔ **صورت بننا** (لازم) ١ ہو بہو نقل اُترنا ٢ واقعات کی حالت اور ہو جانا۔ **صورت پانا** (متعدی) خوبصورت ہونا بیشتر نفی کے ساتھ۔ **صورت پذیر** (صفت) شکل اختیار کرنے والا۔ واقعہ ہونے والا (ہونا کے ساتھ)۔ **صورت پر پھبنا** (لازم) موزوں ہونا۔ مناسب ہونا۔ سجنا۔ **صورت پر پھٹکار (لعنت) برسنا** (لازم) شکل بے رونق ہونا۔ **صورت پر جھاڑو پھیرنا** (لازم) ١ تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا ٢ نفرت کی وجہ سے شکل نہ دیکھنا۔ **صورت پر جھاڑو پھرے** (بددعا) برباد ہو۔ غارت ہو۔ **صورت پرست** (صفت) ظاہر پرست۔ **صورت پکڑنا** (متعدی) ١ شکل اختیار کرنا ٢ معاملہ کا ٹھیک ہو جانا۔ **صورت پر (پہ) نہیں پھبنا**۔ مناسب نہیں۔ **صورت پیدا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ١ تدبیر نکلنا ٢ کسی امر غیر واقعی کا ظہور میں آنا۔ **صورت پیش آجانا یا آنا** (لازم) کسی امر کا ظہور میں آنا۔ بات واقع ہونا۔ **صورت تکنا** (متعدی) تعجب یا حیرت سے مُنہ دیکھنا۔ غور سے مُنہ دیکھنا۔ **صورت تک نہیں دیکھی** ١ میسر ہونا درکنار دیکھنے تک میں نہیں آیا۔ **صورت تو دیکھو (دیکھیے)** حوصلہ تو دیکھو تمسخر سے اظہار ناقابلیت کے واسطے کہتے ہیں۔ **صورت ٹھیرنا** (متعدی) تدبیر نکل آنا۔ حالت پیش آنا۔ **صورتِ حال** (مونث) ١ موجودہ صورت ٢ دیکھو صورت احوال۔ **صورت حرام** (صفت) ١ ظاہر کا اچھا باطن خراب ٢ جن کی صورت سے زیادہ باتیں ظاہر ہوں جتنی کہ واقعی ہوں ٣ دھوکا دینے والا۔ **صورت خاک میں ملانا** (متعدی) تباہ کرنا۔ مار ڈالنا۔ ایک قسم کا کوسنا ہے۔ **صورت خانہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں تصویریں لگی ہوئی ہوں۔ **صورت خواں** (مذکر) وہ شخص جو قیامت کے حالات اور انسانوں فرشتوں کی حالت قیامت کے دن بتاتا ہے اور لوگ اسے پیسے دیتے ہیں۔ **صورت دار** (صفت) خوبصورت۔ حسین۔ **صورت در گور** (بددعا) مرے۔ دفن ہو۔ **صورت دکھانا** (متعدی) ١ سامنے آنا۔ دیدار دکھانا ٢ ظاہر کرنا ٣ حالت دکھانا۔ **صورت دیکھتا رہ جانا** (لازم) حیران رہ جانا۔ **صورت دیکھ کر جینا** (لازم) اس قدر محبت ہونا کہ بغیر صورت دیکھے نہ رہا جائے۔ **صورتِ دلفریب** (مونث) دل کو لبھا لینے والی شکل۔ **صورت دیکھنا** (متعدی) ١ آثار دیکھنا ٢ شکل دیکھنا۔ چہرے پر نظر کرنا ٣ حوصلہ دیکھنا ٤ قابلیت نہ ہونا۔ **صورتِ دیوار** (صفت) حیران۔ حیرت زدہ۔ **صورت زہر لگنا** (لازم) کسی سے کمال نفرت ہونا۔ صورت ناگوار ہونا۔ **صورت زیبا** (مونث) خوش شکل (رکھنا۔ ہونا کے ساتھ)۔ **صورت ساز** (صفت) مصوّر۔ **صورت سوال ہے**۔ صورت سے ظاہر ہوتا ہے کہ کچھ مانگتا ہے۔ **صورت سے برسنا یا ٹپکنا یا عیاں ہونا** (لازم) شکل سے ظاہر ہونا۔ **صورت سے بھاگنا** (متعدی) کسی سے بیزار ہونا۔ **صورت سے بیزار (خفا) ہونا یا چلنا یا نفرت ہونا**۔ (لازم) متنفر ہونا۔ کسی کے دیکھنے کو دل نہ چاہنا۔ **صورت شکل والا** (صفت) خوبصورت۔ حسین۔ **صورت قابلِ زیارت ہونا** (لازم) شکل دیکھنے کے لائق ہونا۔ **صورت کدہ** (مذکر) دیکھو صورت خانہ۔ **صورت کرنا** (متعدی) کوئی تدبیر کرنا۔ ذریعہ پیدا کرنا۔ **صورت کش** (مذکر) مصوّر۔ بُت تراش۔ **صورت کو ترس جانا** (لازم) ملاقات کا انتظار کرنا۔ مگر موقعہ نہ ملنا۔ ملاقات نصیب نہ ہونا۔ **صورت کو جھلسا** (دعا) ایک کوسنا اس کی تیری کے ساتھ۔ **صورت کہے دیتی ہے**۔ صورت سے ظاہر ہے۔ **صورت کھٹکنا** (متعدی) صورت دیکھنا گوارا ہونا۔ **صورت کی پرچول ہونا** (لازم) خوبصورتی کا خیال یا دھن ہونا۔ **صورت گر** (مذکر) مصوّر۔ نقاش۔ بُت تراش۔ **صورت گری** (مونث) مصوّری۔ نقاشی۔ بُت تراشی۔ **صورتِ مُبدّل** (مونث) بدلی ہوئی صورت۔ بھیس بدلا ہوا۔ **صورت مصدری** (مونث) مصدر۔ **صورتِ معاش** (مونث) معاش کا ذریعہ۔ **صورتِ معاملہ** (مونث) واقعہ کی حالت (بگڑنا۔ خراب ہونا کے ساتھ)۔ **صورت مفعول بن آنا** (لازم) کسی کام کے لئے اچھا موقعہ نکل آنا۔ **صورت ملانا** (متعدی) **ملنا** (لازم) ایک شکل کا دوسری سے مشابہ

ہونا۔ **صورت میں صورت ملانا** (متعدی) اصل صورت کے مطابق تصویر بنانا۔ **صورت میں لال لگے ہونا** (لازم) خوبصورت ہونا۔ صورت میں کوئی خوبی ہونا۔ **صورت نشین** (صفت) تصویر کھینچی ہوئی۔ **صورت نظر آنا** (لازم) ۱ شکل دکھائی دینا ۲ کوئی طریقہ یا تدبیر سوجھنا ۳ موقع ملنا۔ **صورت نکل آنا** (لازم) ۱ حسین ہوجانا۔ خوبصورت بن جانا ۲ (اصلی) ٹھیک اپنی شکل ہوجانا۔ **صورت نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱ تدبیر نکلنا۔ تجویز سوچنا۔ پہلو نکلنا ۲ نوکری ملنا۔ **صورت نگار** (صفت) مصوّر۔ نقاش۔ بُت تراش۔ **صورت نگاہ میں پھرنا** (لازم) تصوّر میں شکل دکھائی دینا۔ کسی کی شکل کا خیال میں نظر آنا۔ **صورت نما** (صفت) ظاہر۔ آشکارا۔ **صورت نویسی** (مونث) نقل۔ تحریر۔ **صورت نہ پہچان پڑیگی**۔ بہت مار پڑیگی۔ **صورت نہ دکھانا** (متعدی) نہ ملنا۔ نظر نہ آنا۔ **صورت نہیں چھپتی**۔ انداز سے معلوم ہوتا ہے۔ **صورت نہیں دیکھی** میسر نہیں ہوا۔ **صورت ہونا** (لازم) کیفیت ہونا۔ حالت ہونا۔ **صورت یہ ہے**۔ واقعہ حال یا حقیقت یہ ہے۔

امثال و اقوال۔ صورت ببیں حالش مپرس۔ پوچھنے کی ضرورت نہیں حالت چہرے سے ظاہر ہوتی ہے۔ **صورت تو نہ بنی پر مُنہ تو چڑایا**۔ نقل مطابق اصل کے نہ ہوئی۔ کیا اور کر نہ سکے۔ **صورت (چڑیل) چڑیلوں کی مزاج پریوں کا**۔ ہے تو بدصورت مگر مغرور بہت ہے۔ **صورت طباق چھب گٹھڑی میں**۔ ظاہر میں سادگی مگر باطن میں اوصاف حمیدہ۔ **صورت میں ایسے سیرت میں ایسے**۔ ہرطرح خراب۔ **صورت میرے متر کی من میں رہی سمائے۔ جوں مہندی کے پات میں لالی لکھی نہ جائے** (۱) معشوق کی صورت اس طرح عاشق کے دل میں سمائی ہوتی ہے۔ جیسے مہندی میں سرخی جو نظر نہیں آتی۔ **صورت نہ شکل بھاڑ میں سے نکل** (عو) بدصورت کے متعلق کہتی ہیں۔ **صورت ولیوں کی فعلاں قصائیوں کا**۔ ظاہر میں نیک باطن میں بد۔

صُوری (ع۔ صفت) ۱ ظاہری۔ آشکارا ۲ چہرے کے متعلق (صُوَر۔ پھرنا)

صُوف (ع۔ مذکر) ۱ اُون پشم ۲ قلم کا ریشہ ۳ دوات کا کپڑا ۴ وہ کپڑا جسے زخم میں بھرتے ہیں ۵ وہ ریشہ جو کسی پھل خصوصاً آم میں ہو (تَصَوُّف۔ صاف۔ جانور کا بالدار ہونا) **صوف ڈالنا** (متعدی) دوات میں کپڑے کا ٹکڑا ڈالنا۔ **صوف ہونا** (لازم) پھل میں ریشہ ہونا۔ **صوفی** (صفت) ۱ وہ جو اونی کپڑے پہنے ہو ۲ زاہد ۳ پرہیزگار متقی۔ پارسا ۴ (مذکر) صوفیہ فرقے کا ایک فرد۔ **صوفیاں** (مذکر) صوفی کی جمع۔ مذہبی بھائی۔ پیر بھائی۔ **صوفیانہ** (صفت) صوفیوں کی طرح۔ **صوفیانہ وضع** (مونث) صوفیوں کی سی وضع۔ سیدھی سادھی وضع۔ سادہ ڈھنگ۔ **صوفی خیال** (صفت) وہ جو صوفی تو نہ ہو مگر صوفیوں کی طرح خیال رکھتا ہو۔ **صوفی صافی** (صفت) پارسا متقی۔ **صوفی لباس** (صفت) جس کے کپڑے صوفیوں کی طرح ہوں۔ **صوفیہ** (مذکر) ۱ مسلمانوں کا ایک فرقہ جو ولیوں اور پیروں کو بہت مانتا ہے ۲ صوفیوں کا عقیدہ

صوق (ع۔ مذکر) ۱ سوق۔ بازار

صَولت (ع۔ مونث) رعب۔ دبدبہ (صَوَل۔ کودنا)

صولق (ت۔ مذکر) سلطان روم کے باڈی گارڈ کے تیر اندازوں کا نام۔

صَوم (ع۔ مذکر) ۱ روزہ ۲ عیسائیت (صَوم۔ اپنے آپ کو روکنا) **صوم مریم** (مذکر) ایسا روزہ جس میں بولیں بھی نہیں۔ **صوم وصال** (مذکر) وہ روزہ جو بغیر افطاری کے پھر رکھ لیں۔ روزے پر روزہ۔ **صوم و صلٰوۃ** (مذکر) روزہ نماز۔ **صوم صلٰوۃ کا پابند** (مذکر) جو تمام روزے رکھے اور نماز باقاعدہ پڑھے۔

صَومعہ (ع۔ مذکر) عیسائیوں کا معبد۔ گرجا (صَمَع۔ سکڑنا) **صومعہ داران فلک** (مذکر) فرشتے۔ **صومعہ عبادت** (مذکر) گرجا مسجد۔ مندر۔ **صومعہ نشین** (مذکر) راہب۔

صُمہام (ع۔ مذکر) ایک خیالی جانور جس کا بدن گھوڑے کا سر اژدھے کا اور چار آنکھیں ہوتی ہیں۔

صَہبا (ع۔ مونث) (صہب کا) شراب سُرخ۔ **صہبائے خودی** (مونث) غرور کی شراب۔ غرور۔ خودی۔

صیہُونیت (ع۔ مونث)۔ یہودیوں کی ایک عالمگیر تحریک وطن۔

صیّاد (ع۔ مذکر) ۱ شکاری۔ چڑیمار ۲ ماہی گیر ۳ کنایتاً معشوق (صَید۔ شکار کرنا) **صیاد اجل** (مذکر) موت۔ **صیّادِ فلک** (مذکر) سورج۔ **صیادی** (مونث) صیاد کا پیشہ یا کام۔

امثال و اقوال۔ صیّاد پر بھی ایک دن بجلی گرےگی۔ ظالم بھی ایک دن مارا جائیگا۔ **صیّاد نہ ہر روز شکارے بَبَرد**۔ شکاری کو ہر روز شکار نہیں ملتا۔ انسان کی ہر کوشش کامیاب نہیں ہوتی۔

صِیام (ع۔ مذکر) ۱ روزہ رکھنا۔ روزہ ۲ صائم کی جمع روزے رکھنے والے ۳ صوم کی جمع روزے۔

صِیان (ع۔ مذکر) بچانا۔ حفاظت (صَون۔ بچانا) **صیانت** (مونث) ۱ حفاظت۔ بچاؤ۔ سنبھال کر رکھنا ۲ امداد

صِیت (ع۔ مذکر) شہرہ۔ غلغلہ (صَوت۔ آواز نکالنا) **صیت شادمانی** (مذکر) خوشی کا غلغلہ۔

صَیحہ (ع۔ مذکر) آواز۔ بلند آواز (صَیح۔ زور سے بولنا)

صَید (ع۔ مذکر) ۱ شکار۔ وہ جانور جس کا شکار کریں ۲ وہ کبوتر باز اور بٹیر باز جو اپنے ہم پیشہ لوگوں سے ارادہ جنگ رکھتا ہو ۳ پتنگ بازی کبوتر بازی یا بٹیر بازی کی جنگ ۴ کبوتر پکڑنے کا مقابلہ یا شرط (صَید۔ شکار کرنا) **صید افگن یا انداز** (صفت) ۱ شکار کرنے والا ۲ (مذکر) شکاری۔ **صید افگنی** (مونث) شکار۔ شکاری کا پیشہ یا کام (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **صید بدنا** (متعدی) ۱ ہمسری کرنا ۲ شرط لگانا۔ **صید حرم** (مذکر) حرم کے جانور جن کا شکار کرنا حرام ہے۔ **صید کرنا** (متعدی) شکار کرنا۔ **صید گاہ** (مونث) شکارگاہ۔ **صید گر یا گیر** (صفت) شکاری۔ شکار کرنیوالا۔ **صیدی** (مذکر) صید ۲ و ۳ میں کا حریف یا مقابل۔ دشمن یہ لفظ خاص ہندوستان کی ایجاد ہے۔

مقولہ۔ صید راچوں اجل آید سوئے صیاد رَوَد۔ شکار کی جب موت آتی ہے تو شکاری کی طرف جاتا ہے جب موت کا وقت آتا ہے کچھ بس نہیں چلتا۔

صِیغہ (ع۔ مذکر) ۱ قالب جس میں سونا چاندی ڈھالا جائے ۲ شکل صورت ۳ (صرف) فعل کی گردان کی صورت ۴ نکاح خصوصاً شیعوں کا ۵ محکمہ۔ سررشتہ (صَوغ۔ ڈھالنا) **صیغہ آبکاری** (مذکر) آبکاری کا محکمہ۔ **صیغہ امر** (مذکر) صورت امری۔ وہ فعل جو حکم دے جیسے آ۔ **صیغہ**

پڑھانا (متعدی) نکاح پڑھانا۔ **صیغہ گردانا** (متعدی) ۱فعل کی گردان کرنا۔ تصریف کرنا۔ ۲مجامعت کرنا۔ **صیغۂ مال** (مذکر) محکمۂ مال۔ فائیننس ڈیپارٹمنٹ۔ **صیغۂ مجہول** (مذکر) وہ صیغہ جس میں فاعل معلوم نہ ہو۔ جیسے وہ پیٹا گیا یا پٹا۔ **صیغہ معروف** (مذکر) وہ صیغہ جس میں فاعل معلوم ہو۔

صَیف (ع۔ مذکر) موسم گرما (صَیَّفَ: موسم گرما گزارنا) **صیفی** (صفت) موسم گرما کے متعلق۔

صَیقَل (ع۔ مذکر) صفائی۔ جلا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ (صَقَلَ: چمکانا) **صیقل گر** (مذکر) صیقل کرنیوالا۔ جلا دینے والا۔

ض

ض (ع۔ مذکر) تلفظ ضاد ۱ اُردو کا چوبیسواں۔ عربی کا پندرھواں اور فارسی کا اٹھارھواں حرف ۲ یہ اصل میں سوائے عربی کے اور کسی زبان میں پایا نہیں جاتا ۳ اُردو میں صرف عربی الفاظ میں استعمال ہوتا ہے ۴ اس کو ضاد معجمہ یا منقوطہ بھی کہتے ہیں ۵ ابجد میں اس کے ۸۰۰ عدد مقرر ہیں ۶ اس کا تلفظ بہت مشکل ہے۔ اور عرب میں خالص عرب نسل کا نشان سمجھا جاتا ہے۔ پیغمبر صلعم اس کے تلفظ کا فخر فرمایا کرتے تھے۔

ضابِط (ع۔ صفت) ۱ بردبار۔ متحمل۔ ضبط کرنے والا ۲ محتاط ۳ متقی۔ پرہیزگار ۴ درست۔ ٹھیک ۵ پابندِ وقت ۶ مالک۔ قابض (ضَبط۔ محفوظ رکھنا) **ضابطِ کُل** (مذکر) ہر چیز کا مالک۔ مالکِ کُل۔ **ضابطگی** (مونث) قانون یا ضابطہ کے مطابق ہونا۔ باقاعدگی۔ اُردو میں بے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **ضابطہ** (مذکر) ۱ قاعدہ۔ قانون دستور العمل۔ دستور۔ رسم۔ رواج ۲ کام کا طریقہ۔ **ضابطہ برتنا** (متعدی) دستور یا رواج کے مطابق کام کرنا۔ قانون پر چلنا۔ **ضابطۂ دیوانی** (مذکر) ہندوستان کے دیوانی کے دستور العمل کا ایکٹ سول پروسیجر کوڈ۔ **ضابطۂ عدالت** (مذکر) قانونی طریق یا عمل۔ **ضابطۂ فوجداری** (مذکر) ہندوستان کے فوجداری دستور العمل کا ایکٹ۔ کوڈ آف کرمنل پروسیجر۔ **ضابطہ کی رو سے** (تف) حسب ضابطہ قانون کے مطابق۔ **ضابطۂ مال** (مذکر) افسرانِ مال کے لئے ہدایات کا مجموعہ۔

ضاحِک (ع۔ صفت) ۱ ہنسنے والا ۲ چمکنے والا (ضحک۔ ہنسنا)

ضاد (ع۔ مذکر) حرف ض۔ اس کا تلفظ۔

ضارِب (ع۔ صفت) مارنیوالا (ضرب۔ مارنا)

ضالّ (ع۔ صفت) بھٹکا ہوا۔ گمراہ (ضلّ۔ بھٹکنا)

ضامِن (ع۔ مذکر) ۱ ذمہ دار۔ کفیل ۲ وہ چیز جس سے دودھ جم جاتا ہے ۳ وہ لکڑی جو حقّے کی دونوں نَے کے درمیان باندھ دیتے ہیں ۴ وہ چیز جو دوسری چیز کو اُڑنے سے روکے جیسے کافور میں مرچ سیاہ ۵ ضامن کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ جیسے حاضر ضامن فعل ضامن مال ضامن (ضمن۔ ذمہ دار ہونا) **ضامندار** (مذکر) وہ شخص جس کی ضمانت دی جائے۔ **ضامن دینا** (متعدی) کسی کو اپنا کفیل یا ذمہ دار بنا کر پیش کرنا۔ **ضامن ہونا** (لازم) ذمہ دار ہونا۔ **ضامنی** (مونث) ذمہ داری۔ کفالت۔ ضمانت (دینا کے ساتھ) **ضامنی میں دینا** (متعدی) سپردگی میں دینا۔

مثل۔ ضامن نہ ہوجیئے گرہ کا دیجئے۔ ضمانت دینے سے نقد دینا اچھا۔ **ضامن نہ ہووے باپ کا یہ ضامنی گھر باپ کا۔ اس سے بھلا دُکھ باپ کا زیں قول و فعل انکار بہ۔** ضامن ہونا بہت بُرا ہے۔ اس سے انکار کر دینا بہتر ہے۔ **ضامنی پودنی کی کیا۔** معمولی کی ضمانت نہیں لینی چاہئے۔

ضائع (ع۔ صفت) ۱ رائگان اکارت ۲ غارت۔ تباہ۔ برباد ۳ بے فائدہ (ضَیع۔ برباد ہونا) **ضائع جانا** (لازم) ۱ رائگان جانا ۲ تباہ ہونا۔ غارت ہونا ۳ مرجانا۔ **ضائع کرنا** (متعدی) رائگاں کرنا۔ برباد کرنا۔ اُڑانا۔ **ضائع ہونا** (لازم) دیکھو ضائع جانا۔

ضَبّ (ع۔ مذکر) ۱ ایک بدّو قبیلہ جو یمامہ میں رہتا تھا۔ بعد کو بصرہ میں آباد ہوا ۲ بن اُد۔ اس قبیلے کا جد اعلےٰ۔

ضَبط (ع۔ مذکر) ۱ برداشت تحمّل ۲ انتظام۔ بندوبست (ضَبْط۔ محفوظ رکھنا) **ضبط دشوار (مشکل) ہونا** (لازم) ۱ برداشت کرنا بہت مشکل ہونا ۲ کسی حالت کو روکنا مشکل ہونا ۳ رونے سے نہ رُک سکنا۔ **ضبط کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ جوش کا رُکنا۔ تحمل ہونا ۲ قرق ہونا جائداد کا ۳ غصّے کا رُکنا ۴ آنسوؤں کا رُکنا ۵ تکلیف پر اُف نہ ہونا ۶ تلخ بات کا جواب نہ ملنا۔ **ضبط کو کام فرمانا** (متعدی) ضبط کرنا۔ **ضبطِ مال دیوان** (مذکر) مالگزاری کے روپے کا انتظام۔ **ضبطی** (مونث) قرقی۔ عدالت کے حکم سے کسی کا مال لے لینا۔ **ضبطی ہونا** (لازم) قرقی ہونا۔

ضُحیٰ (ع۔ مذکر) صبح اور دوپہر کے درمیان کا وقت (ضحو۔ ظاہر ہونا)

ضِحک (ع۔ مونث) قہقہہ۔ کھلکھلا کے ہنسنا (ضحک۔ ہنسنا)

ضُحیٰ۔ ضُحےٰ (ع۔ مذکر) دیکھو ضحا۔ عید کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ دیکھو عید الضحےٰ۔

ضَخامت (ع۔ مونث) حجم۔ جسامت (ضخم۔ بڑا ہونا)

ضَخیم (ع۔ صفت) حجم والا۔ بہت بڑا (ضخم۔ بڑا ہونا)

ضِد (ع۔ صفت) ۱ متضاد مخالف یا برعکس چیز ۲ ہٹ۔ سینہ زوری۔ اصرار (ضَدّ۔ غالب آنا) **ضد آنا** (لازم) ہٹ پیدا ہونا۔ **ضدا بدی ہونا** (لازم) بحث و تکرار ہونا۔ جھگڑا ہونا۔ **ضد باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) ۱ اڑنا ہٹ ہونا ۲ مخالفت ہونا۔ بحث ہونا ۳ عداوت ہونا ۴ ہمسری ہونا۔ **ضد پر** (تف) مخالفت سے **ضد پر آنا** (لازم) ہٹ کرنا۔ مخالفت کرنا۔ **ضد پوری کرنا** (متعدی) کسی کی ہٹ کے موافق کرنا اور اس کے کہنے پر عمل کرنا۔ **ضد چڑھنا** (لازم) ہٹ پر آنا۔ اڑنا۔ **ضد چلنا** (لازم) کہا مانا جانا۔ **ضد دلانا** (متعدی) ہٹ کی تحریک کرنا۔ **ضد رکھ دینا۔ رکھنا** (متعدی) ۱ کینہ رکھنا مخالفت رکھنا۔ بیر رکھنا ۲ کسی کے کہنے کو رد نہ کرنا۔ **ضد کا پورا ہے۔** اپنی ہٹ نہیں چھوڑتا۔ **ضد کرنا** (متعدی) ۱ اڑنا۔ ہٹ کرنا ۲ تکرار کرنا ۳ جھگڑنا۔ **ضد مضد** (مذکر) ایک کا دوسرے کے خلاف ہونا۔ **ضدّن** (صفت۔ مونث) ہٹ کرنے والی۔ اڑیل۔ **ضدنا** (مت) ضد کرنا۔ **ضد نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) جھینپ نکلنا۔ **ضدی** (صفت) ہٹ کرنیوالا اڑیل۔ ہٹی۔ **ضدّین** (تثنیہ ضد کا) دو متضاد یا مخالف چیزیں۔

ضِرار (ع۔ مذکر) ۱ ایک دوسرے کو ضرر پہنچانا ۲ ایک مسجد جو مدینے میں منافقوں نے بنائی تھی۔ جو گرادی گئی تھی۔

ضَرب (ع۔ مونث) ۱ چوٹ۔ مار۔ صدمہ ۲ ضرر۔ نقصان ۳ تلوار یا کسی ہتھیار کی چوٹ یا زخم ۴ ٹھپہ۔ مہر ۵ مثل ۶ (حساب) وہ قاعدہ جس سے ایک رقم کو کئی بار آپس میں مختصر ترکیب سے جمع کیا جاتا ہے ۷ شعر کا آخری رکن ۸ دل میں اللہ اللہ کرنا ۹ زور۔ تیزی ۱۰ آفت۔ مصیبت ۱۱ تڑپ کا شمار یا تعداد ۱۲ (مونث) سکّہ ۱۳ (صفت) مارا ہوا۔ چوٹ لگا ہوا ۱۴ مہر لگا ہوا۔ ٹھپہ لگا ہوا (ضَرَبَ۔ مارنا) **ضرب آنا** (لازم) چوٹ لگنا۔ دھکا لگنا۔ **ضربات** (مونث) جمع ضرب کی **ضرب اُٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) صدمہ پہنچنا نقصان گوارا ہونا۔ **ضرب المثل** (مونث) ۱ کہاوت۔ مثل ۲ کہاوت کی طرح مشہور۔ **ضرب المثل ہو جانا یا ہونا** (لازم) مشہور ہو جانا۔ **ضرب پڑنا** (لازم) ۱ چوٹ لگنا ۲ آفت آنا۔ مصیبت پڑنا **ضربت** (مونث) دیکھو ضرب ۱تا۴ رکھانا کے ساتھ) **ضرب تیغ** (مونث) تلوار کی چوٹ **ضرب چلیپا** (مونث) ایک خاص قسم کی ضرب جو آڑی دی جاتی ہے۔ **ضرب خانہ** (مونث) ٹکسال۔ **ضرب خفیف** (مونث) ہلکی چوٹ۔ وہ چوٹ جو ضرب شدید نہ ہو۔ **ضرب دینا** (متعدی) ۱ ایک عدد کو کئی بار آپس میں مختصر ترکیب سے جمع کرنا ۲ سکہ پر مہر لگانا۔ **ضرب زدہ** (صفت) وہ شخص جس کے چوٹ لگی ہو۔ **ضرب شدید** (مونث) ۱ سخت چوٹ۔ مہلک ضرب ۲ سخت صدمہ ۳ (قانون) تعزیرات ہند میں مفصلہ ذیل ضربات شدید ہیں۔ خصی کر دینا۔ کسی آنکھ کی بینائی کا ہمیشہ کے لئے جاتا رہنا یا کم ہو جانا۔ کسی کان سے قوت سامعہ کا ہمیشہ کے لئے جاتا رہنا یا کم ہو جانا کسی عضو یا جوڑ کا کٹ جانا یا اس کی طاقت کا ہمیشہ کے لئے کم ہو جانا۔ سر یا چہرہ کا ہمیشہ کے لئے بدنما ہو جانا۔ ہڈی یا دانت کا ٹوٹنا۔ وہ ضرب جس سے جان خطرے میں ہو یا بیس دن تک انسان سخت تکلیف میں رہے یا اپنا معمولی کاروبار نہ کر سکے۔ **ضرب شمشیر** (مونث) تلوار کی چوٹ یا زخم۔ **ضرب لازب** (مونث) وہ چوٹ جس کا نشان باوجود اچھا ہونے کے قائم رہے **ضرب کھانا** (متعدی) چوٹ کھانا۔ **ضرب کی تاب نہ لانا** (لازم) وار کو نہ برداشت کر سکنا۔ **ضرب لگانا** (متعدی) ۱ چوٹ لگانا ۲ دھکا دینا ۳ تلوار کا وار کرنا ۴ کوٹنا۔ مارنا ۵ سکہ پر ٹھپہ لگانا ۶ اللہ کا نام اس طرح لینا کہ دل پر چوٹ لگے ۷ نقصان پہنچانا۔ **ضرب لگنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **ضرب مانگنا** (متعدی) حریف کو وار کرنے کے لئے کہنا۔ **ضرب مُرکّب** (مونث) حساب کا ایک قاعدہ جس میں نقدی یا کسی جنس کے وزن وغیرہ کو مختصر ترکیب سے کئی گنا کرتے ہیں۔ **ضرب مثل** (مونث) ۱ کہاوت ۲ مثل کی طرح مشہور۔ **ضرب مفرد** (مونث) دیکھو ضرب ۶۔ سادہ ضرب۔ **ضرب مُہلک** (مونث) ہلاک کرنے والی چوٹ۔ **ضرب و تقسیم یا قسمت** (حساب) دو قاعدے دیکھو ضرب ۶ و تقسیم ۴ **ضربہ** (مذکر) دیکھو ضربت۔ **ضربی** (تف) ۱ زور سے۔ قوت سے ۲ ضرب مارنے والا۔ مرکبات میں جیسے یک ضربی۔ **مثل۔ ضرب الغلام اہانت المولےٰ**۔ غلام کا پٹنا مالک کی رسوائی ہے۔

ضَرَر (ع۔ مذکر) ۱ زیان۔ نقصان ۲ مصیبت۔ آفت (پہنچنا۔ پہنچانا۔ دینا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (ضَرَّ۔ نقصان پہنچانا) **ضرر رساں** (صفت) نقصان پہنچانے والا۔ **ضرر رسانی** (مونث) ضرر پہنچانا۔

ضِرغام (ع۔ مذکر) شیر۔ اسد۔ **ضرغام فلک** (مذکر) برج اسد۔

ضُرُوب (ع۔ مذکر) ۱ جمع ضرب کی ۲ بولنے کے طریقے۔

ضَرُور (ع۔ صفت) ۱ واجب۔ فرض۔ لازم۔ ناگزیر۔ جو کرنا پڑے ۲ (تف) بیشک یقیناً ۳ طنزاً جب کسی کو کہنا ہو کہ کام نہیں کیا ہرگز نہیں۔ بالفتح فصیح ہے (ضَرَّ۔ نقصان پہنچانا) **ضرور بالضرور۔ ضرور ضرور۔ ضرور ہی** (تف) تاکید کے واسطے۔ **ضرورت** (مونث) ۱ حاجت۔ احتیاج ۲ کمی۔ نہ ہونا ۳ مجبوری۔ **ضرورتاً۔ ضرورۃً** (تف) ضروری طور پر۔ مجبوراً **ضرورت پڑنا** (لازم) حاجت ہونا۔ کام پڑنا۔ **ضرورت ماری جانا** (لازم) ضرورت ہونا۔ **ضرورت میں کام آنا** (لازم) وقت پر مدد کرنا۔ وقت پر مفید ہونا۔ **ضرور نہیں** ۱ لازم نہیں ۲ درکار نہیں۔ ضرور ہے۔ لازم ہے۔ درکار ہے **ضروری** (صفت) واجب۔ تاکیدی۔ **ضروریات** (مونث) وہ افعال یا چیزیں جو کسی کام کے لئے لازم ہوں۔ **ضروریات سے فارغ۔ فراغت (فراغی) ہونا** (لازم) جائے ضرور جاکر اور ہاتھ منہ دھو کر فارغ ہو جانا۔ **ضروری الاظہار** (صفت) جس کا ظاہر کرنا لازمی ہو۔ عربی قاعدے سے ترکیب غلط ہے۔

امثال۔ ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔ جب ضرورت ہو تو آدمی کچھ نہ کچھ ضرور انتظام کر لیتا ہے۔ **ضرورت سب کچھ کرا لیتی ہے ضرورت میں سب روا ہے**۔ ضرورت کے وقت جو کچھ ہو سکتا ہے کیا جاتا ہے۔ نیکنامی بدنامی کی کچھ پروا نہیں ہوتی۔ **ضرورت کی دوستی ہے** ۱ آدمی دوست ضرورت کے وقت کے لئے بناتا ہے ۲ بہت خود غرض ہے **ضرورت (کے وقت) میں گدھے کو (بھی) باپ بنا لیتے ہیں یا سالا کرتے ہیں**۔ مصیبت کے وقت ادنےٰ لوگوں کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔ ناچاری میں سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔

ضَرِیح (ع۔ مونث) ۱ قبر جو سیدھی کھودی جائے۔ جو ایک طرف کھودیں اسے لحد کہتے ہیں ۲ ایک قسم کا تعزیہ جو گنبد نما ہوتا ہے (ضَرَحَ قبر کھودنا)

ضَعف (ع۔ مذکر) بیہوشی۔ غشی (ضَعُفَ۔ کمزور ہونا) **ضعف آنا** (لازم) غشی ہونا۔ بیہوشی ہونا۔

ضِعف (ع۔ صفت) دو چند۔ دگنا (ضَعُفَ۔ دگنا ہونا)

ضُعف (ع۔ مذکر) ۱ سستی۔ ناتوانی۔ کمزوری ۲ بیہوشی۔ غشی (ضَعُفَ۔ کمزور ہونا) **ضعف العقل** (مذکر) عقل کی کمی۔ دیوانگی۔ **ضعف بصارت یا بصر** (مذکر) آنکھوں کی روشنی کم ہونا۔ قوت باصرہ کا کمزور ہونا۔ **ضعف جگر** (مذکر) جگر کا اپنا کام پوری طرح نہ کرنا۔ **ضعف دل** (مذکر) دل کا تھوڑی سی محنت سے دھڑکنے لگ جانا۔ عموماً دل کے گرد چربی زیادہ ہونے سے ہوتا ہے یا بیماری سے۔ **ضعف دماغ** (مذکر) دماغ کی کمزوری۔ دماغ کا تھوڑے سے کام سے

تھک جانا۔ **ضعفِ مثانہ** (مذکر) مثانہ کی کمزوری جس میں پیشاب بار بار آئے۔ **ضعفِ معدہ** (مذکر) معدے کی وہ حالت جس میں کھانا اچھی طرح ہضم نہ ہو سکے۔

ضُعَفا (ع۔ مذکر) جمع ضعیف کی۔

ضَعِیف (ع۔ صفت) ۱ کمزور۔ ناتواں ۲ سُست ۳ بوڑھا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۴ وہ حدیث جس کی اسناد قابلِ اعتبار نہ ہوں۔ (ضَعُفَ۔ کمزور ہونا) **ضعیف الاعتقاد** (صفت) سُست اعتقاد۔ وہ جس کا اعتقاد پکا نہ ہو جو کسی بات کو نہ مانے۔ **ضعیف الایمان** (مذکر) وہ جس کا ایمان کمزور ہو۔ جو مذہبی باتوں پہ یقین نہ کرے۔ **ضعیف البُنیان** (صفت) جس کی بنیان کمزور ہو۔ عموماً انسان کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **ضعیف الجُثّہ** (صفت) کمزور بدن۔ لاغر۔ دُبلا۔ **ضعیف العقل** (صفت) کم عقل۔ بیوقوف۔ **ضعیف حال** (صفت) غریب۔ مصیبت زدہ۔ **ضَعِیفہ** (مونث) ضعیف عورت۔ بوڑھی عورت۔ **ضعیفی** (مونث) کمزوری۔ بُڑھاپا۔

ضَغطَت (ع۔ مونث) بھینچنا (ضَغَطَ۔ دبانا) **ضغطۃ القبر** (مونث) قبر کا بھینچنا۔

ضُغطَہ (ع۔ مذکر) سختی۔ مشقت۔ کشمکش۔ تنگی (ضَغَطَ۔ دبانا) **ضغطے میں پڑنا** (لازم) کشمکش میں پڑنا۔ **ضغطے میں ہونا** (لازم) کشمکش میں ہونا۔

ضِفدَع (ع۔ مذکر) مینڈک۔

ضَفِیر (ع۔ مذکر) ۱ مینڈھی ۲ ساحل (ضَفَرَ۔ بال گوندھنا)

ضَلّ (ع۔ مذکر) غلطی کرنا۔ گمراہ ہونا۔ بھٹکنا۔

ضَلال (ع۔ مذکر) **ضَلالَت** (مونث) ۱ گمراہی۔ راہ راست سے بھٹکنا۔ غلطی ۲ تباہی۔ بربادی ۳ گناہ۔ بدی (ضَلّ۔ بھٹکنا) **ضلالت شِیَم** (صفت) گمراہ۔

ضِلَع (ع۔ مذکر) ۱ پہلو۔ طرف ۲ خط۔ لکیر ۳ ذومعنی بات۔ تلازم کلام۔ رعایت لفظی بگت ۴ ملک کا حصہ یا جزو ۵ وہ علاقہ جو ڈپٹی کمشنر یا ڈپٹی کلکٹر کے ماتحت ہو ۶ حاکم ضلع کا صدر مقام ۷ ذومعنی بات کرنے کا ہُنر ۸ ایک پہاڑ طائف کے قریب (ضَلَعَ۔ جھکنا) **ضلع بندی** (مونث) ضلعوں میں صوبوں کی تقسیم۔ **ضلع بولنا** (لازم) ذومعنی بات کرنا۔ **ضلع جُگت** (مونث) پہلودار بات جس میں رعایت ہو۔ **ضلعدار** (مذکر) ۱ محکمہ نہر میں ایک افسر جو پانی کی تقسیم اور ناپ کرتا ہے ۲ وہ افسر جو ضلع کی مالگزاری کا ذمہ دار ہوتا ہے ۳ ایک افسر جو زمینداروں کو پیشگی دیتا ہے۔ اور مالگزاری وصول کرتا ہے ۴ گاؤں کا کارندہ جو تحصیل وصول کرتا ہے ۵ محکمہ ویٹیرینری کا ایک افسر۔ **ضلعداری** (مونث) ضلعدار کا عہدہ یا کام۔

ضَلَل (ع۔ مذکر) غلطی۔

ضَمّ۔ ضَمَّہ (ع۔ مذکر) ۱ ملانا۔ شامل کرنا ۲ پیش کی حرکت (ضَمَّ۔ سکیڑنا) **ضَمَّہ** (مذکر) پیش۔ **ضمہ آنا** (لازم) پیش سے بولا جانا۔ پیش کی حرکت لگنا۔ **ضمہ دینا** (متعدی) پیش کی حرکت لکھنا۔ **ضم ہونا** (لازم) شامل ہونا۔

ضِماد (ع۔ مذکر) لیپ۔ دوا کو پانی یا کسی اور چیز میں لگا کر بدن پر لگانا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (ضَمَدَ۔ باندھنا)

ضِمار (ع۔ مذکر) ایک بُت کا نام۔

ضَمانَت (ع۔ مونث) ذمہ داری۔ کفالت (ضَمِنَ۔ ذمہ دار ہونا) **ضمانتاً۔ ضمانتہً** (تف) بطور ضمانت۔ از روئے ضمانت۔ **ضمانت داخل کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) تحریری ضمانت داخل ہونا۔ ضامن ہونا۔ **ضمانت دینا** (متعدی) ۱ کسی کو ضامن پیش کرنا ۲ کسی کا ضامن بننا۔ تحریری ضمانت نامہ داخل کرنا۔ **ضمانت ضبط کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ضامن کا شرط پوری نہ ہونے پر نقد روپیہ بھر دینا۔ **ضمانت کرنا** (متعدی) ضامنی دینا۔ ضامن ہونا۔ **ضمانت نامہ** (مذکر) تحریری ضمانت۔ کفالت نامہ۔ **ضمانتی** (صفت) ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار۔

ضَمائِر (ع۔ مونث و مذکر) ضمیر کی جمع۔

ضِمن (ع۔ مذکر) ۱ اندر۔ اندرون ۲ شمول۔ حق۔ شرکت ۳ باب۔ فصل۔ دفعہ۔ فقرہ۔ مضمون۔ **ضمناً** (تف) اشارتاً۔ کنایتاً۔ درپردہ۔ **ضمن میں ہونا** (لازم) شامل ہونا۔ حق میں ہونا۔ **ضمنی** (مونث) مقدمے کی تفتیش کی روزانہ رپورٹ جو پولیس افسر بھیجے۔ **ضِمنیات** (مونث) ضمنی کی جمع۔

ضَمِیر (ع۔ مذکر) ۱ دل۔ قلب ۲ راز۔ بھید ۳ خفیہ خیالات۔ خیال ۴ وہ قوت جو بُرے کاموں سے روکے ۵ (مونث) وہ اسم جو قائم مقام اسم نکرہ یا معرفہ ہو ۶ (عرب) عمان کے قریب ایک شہر (ضَمُرَ۔ دُبلا ہونا) **ضمیر آگاہ یا دان** (صفت) دل کے حال کا واقف۔ پوشیدہ خیالات کا جاننے والا۔ **ضمیر پھرنا یا راجع ہونا** (لازم)، **پھیرنا یا راجع کرنا** (متعدی) جب کسی اسم کو دوبارہ لانے کی ضرورت پڑے۔ اس کی جگہ اسم ضمیر استعمال کرنا۔ **ضمیری** (صفت) ۱ چھپا ہوا ۲ ضمیر کے متعلق۔

ضَمِیم (ع۔ صفت) ملا ہوا۔ شامل کیا ہوا (ضَمَّ۔ اکٹھا کرنا) **ضمیمہ** (مذکر) ۱ وہ شے جو کسی اور شے کے ساتھ لگا دیں ۲ تتمہ۔ تکملہ۔

ضِنَّت (ع۔ مونث) ۱ خست۔ بُخل ۲ (مذکر) پانچ قبیلوں کا نام (ضَنّ۔ کنجوس ہونا)

ضَو (ع۔ مونث) روشنی۔ نور (آنا۔ پھیلنا۔ دینا۔ ہونا کے ساتھ) (ضَوَأَ۔ روشنی دینا) **ضو پیدا کرنا** (متعدی) روشنی دینا۔ **ضو سے جگہ روشن (منوّر) ہونا** (لازم) نور سے تمام جگہ روشن ہو جانا۔ **ضوفشاں** (صفت) روشنی دینے والا۔ روشن۔ منوّر۔

ضَوابِط (ع۔ مذکر) ضابطہ کی جمع۔

ضِیا (ع۔ مونث) ۱ آفتاب کی روشنی ۲ جواہرات کی بو۔ یہ انعکاس نور ہوتا ہے۔ ان کی اپنی روشنی نہیں ہوتی ۳ رونق (ضَوَأَ۔ روشنی دینا) **ضیا افروز** (صفت) روشن کرنیوالا۔ **ضیا بار۔ پاش۔ فشاں یا گستر** (صفت) روشنی پھیلانے والا۔ **ضیا باری۔ پاشی۔ فشانی یا گستری** (مونث) روشنی پھیلانا۔ **ضیا پذیر** (صفت) جس پر روشنی پڑے۔ **ضیائے خورشید (تاباں) یا مہر** (مونث)

سورج کی روشنی۔ **ضیائے قمر یا ماہ** (مونث) چاند کی روشنی۔ چاندنی۔

ضِیافت (ع۔ مونث) دعوت۔ مہمانی۔ کھانا کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (ضَیَف۔ مہمان ہونا) **ضیافت خانہ** (مذکر) ضیافت کا مقام۔

ضَیغَم (ع۔ مذکر) شیر۔ اسد۔ باگھ۔ سرنام۔ **ضیغم صولت** (صفت) شیر کے دبدبے والا۔

ضَیف (ع۔ مذکر) مہمان (ضَیفًا مہمان ہونا) **ضیفان** (مذکر) ضیف کی جمع۔

ضِیق (ع۔ مونث) ۱۔ تنگی ۲۔ دقت۔ دشواری ۳۔ مکان کی تنگی (ضَیَق۔ تنگ ہونا) **ضیقُ الصدر یا النفس** (مذکر) دمہ۔ سانس کا تنگی سے آنا جانا۔ **ضیق میں آنا یا ہونا** (لازم) تنگ ہونا۔ عاجز ہونا۔ گھبرانا۔ مشکل میں پھنسنا **ضیق میں پڑنا** (لازم) دقت میں پڑنا۔ **ضیق میں جان ہونا** (لازم) سخت پریشانی ہونا۔ **ضیق میں رہنا** (لازم) عاجز ہونا۔

ضَیقَت (ع۔ مونث) ۱۔ غربت۔ تنگی ۲۔ ایک منزل قمر ۳۔ ایک علاقہ طائف اور حنین کے درمیان (ضَیَق۔ تنگ ہونا)

ضَیمران (ع۔ مذکر) ۱۔ ایک خوشبودار پودا ۲۔ اس کا پھول۔

ط

طا (ع ۔ مونث) تلفظ طوئے ۱ اُردو کا بائیسواں ۔ عربی کا سولھواں اور فارسی کا انیسواں حرف ہے ۲ اسے طائے حطی ۔ مہملہ یا غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں ۳ ابجد میں اس کے ۹ عدد فرض کئے گئے ہیں ۴ اصل میں یہ حرف عربی زبان میں ہے ۔ اور برج جدی کو ظاہر کرتا ہے ۵ اردو میں ت ۔ د اور ر اُوپر آکر ٹ ۔ ڈ اور ڑ بناتا ہے ۔

طا (ع ۔ مونث) ط کا عربی تلفظ ۔

طائے حطی غیر منقوطہ یا مہملہ (مونث) ط ۔

طاب (ع ۔ صفت) ۱ خوشبودار ۲ معطر ۳ اچھا نفیس ۔ خوشگوار ۴ صاف ستھرا ۵ (ماضی) خوشبودار تھا ۔ دُعا میں دُعائیہ معنوں میں استعمال ہوتا ہے (طیّب ۔ خوشگوار ہونا) **طاب ثَرَاہٗ یا سِرّہٗ** (دعا) متوفی کا ذکر کرتے ہوئے کہتے یا لکھتے ہیں ۔ اس کی قبر خوشبودار ہو یعنی اسے نجات حاصل ہو یا آرام میں ہو ۔

طابت (ع ۔ مونث) ۱ شراب ۲ مدینہ (طیّب ۔ خوشگوار ہونا)

طابق (ع ۔ صفت) مطابق ۔ ملتا ہوا (مطابق کا مخرب)

مثل ۔ طابق النّعل بالنّعل جوتی جوتی کے مطابق ہو گئی ۔ وہاں بولتے ہیں جہاں برابر کے آدمیوں میں رشتہ داری ہو جاتی ہے ۔

طابہ (ع ۔ مذکر) مدینہ منوّرہ ۔

طارق (ع ۔ مذکر) رات کو آنے والا شخص (طرق ۔ رات کو آنا)

طارم (ع ۔ مذکر) ۱ لکڑی کا گھر ۔ بالاخانہ ۲ باغ میں جو لکڑی کا گول چھت کا مکان بنایا جاتا ہے ۳ گنبد ۴ آسمان (ف ۔ تارم کا معرب) **طارم اخضر ۔ اعلےٰ ۔ افلاک ۔ فیروزہ یا نیلگوں** (مذکر) آسمان ۔ **طارم چارم** (مذکر) چوتھا آسمان ۔

طاری (ع ۔ صفت) چھا جانیوالا غالب ہونے والا ۔ **طاری ہونا** (لازم) چھا جانا غالب ہونا (خوف ۔ رعب ۔ ڈر وغیرہ کے ساتھ)

طاس (ع ۔ مذکر) ۱ بڑا تھال ۔ طشت ۲ شراب پینے کا پیالہ ۳ برتن جس میں پانی ٹھنڈا کیا جاتا ہے ۴ ایک قسم کا ریشمی کپڑا (ف ۔ تاس کا معرب) **طاس آبگون** (مذکر) آسمان ۔ **طاس افلاک** (مذکر) آسمان کا گنبد ۔ **طاس باز** (صفت) مداری ۔ **طاس بازی** (مونث) ایک کھیل جس میں طشت کو لکڑی پر پھرا کر ہوا میں اچھالتے ہیں ۔ اور گرتے ہوئے کو پھر لکڑی پر لیتے ہیں ۔

طاس زر (مذکر) آفتاب ۔ **طاس ساعت** (مونث) دھوپ گھڑی ۔ **طاس گدائی** (مذکر) کشکول ۔

طاسہ (مذکر) دیکھو تاسہ ۔ **طاسہ نواز** (مذکر) تاسہ بجانے والا ۔ **طاسہ نوازی** (مونث) تاسہ بجنا ۔ **طاسہ مرفا** (مذکر) تاسہ اور ڈھول ۔ **طاسہ مرفا والے** (مذکر) ڈھول بجانے والوں کا گروہ ۔

طاعات (ع ۔ مونث) جمع طاعت کی ۔ اطاعت کے کام ۔

طاعت (ع ۔ مونث) فرمانبرداری ۔ بندگی ۔ اطاعت (طوع ۔ تابع ہونا) **طاعت پیشہ** (صفت) فرمانبردار ۔ تابع ۔ **طاعت گاہ** (مونث) عبادت گاہ ۔ مسجد ۔ **طاعت ور** (صفت) فرمانبردار ۔

طاعن (ع ۔ صفت) طعنہ دینے والا (طعن ۔ چھید کرنا)

طاعون (ع ۔ مونث) ایک مشہور متعدی مرض جس میں گلٹیاں نکل آتی ہیں اور بہت تیز بخار ہو جاتا ہے ۔ یہ مرض پہلے چوہوں میں پھیلتا ہے ۔ پھر انسانوں میں آتا ہے ۔ اس کے پسّو ہوتے ہیں ۔ جن کے کاٹنے سے یہ بیماری ہوتی ہے ۔ جب یہ نکلیں تو فوراً مکانات چھوڑ دینے چاہئیں (طعن ۔ چھید کرنا) ۔

طاغی (ع ۔ صفت) ۱ باغی ۔ سرکش ۔ نافرمان ۲ ظالم ۔ قیصران روم کا لقب جو مسلمانوں نے ان کو دیا تھا (طغی ۔ حد سے بڑھ جانا) ۔

طافح (ع ۔ صفت) ۱ لبریز پیالہ یا دریا ۔ اتنا بھرا ہوا کہ بہنے لگے ۲ بدمست ۔ شرابی (طفح ۔ بھرا ہوا ہونا) ۔

طاق (ع ۔ مذکر) ۱ محراب ۲ محرابدار ڈاٹ جو دیوار میں بناتے ہیں ۳ وہ عدد جو ۲ پر تقسیم نہ ہو ۴ طاقچہ جو دیوار میں بناتے ہیں ۵ ایک درخت ۶ ایک قسم کا کپڑا ۷ ایک شہر سیستان میں ۸ ایک پہاڑ تابرستان میں ۹ شکن ۔ تہ ۱۰ (صفت) فرد ۔ لاثانی (ان معنوں میں کرنا ہونا کے ساتھ) ۱۱ معدوم (پہلوی تاک کا معرب) ۔

طاق ابرو (مذکر) ابرو کا طاق ۔ یہ استعارہ کرتے ہیں ۔ **طاق ازرق ۔ بازیچہ رنگ ۔ خضرا ۔ طارم ۔ فیروزہ ۔ کحلی ۔ لاجوردی ۔ نیلوفری یا نیم خانہ** (مذکر) آسمان ۔ **طاق ایوان** (مذکر) جلوخانہ ۔ ڈیوڑھی ۔ **طاق بندی** (مونث) دیوار پر محراب کی تصویر سجاوٹ کے لئے بنانا ۔ **طاق بھرنا** (متعدی) مسجد یا مزار کے طاق میں چراغ جلا کر پھول بتاشے وغیرہ چڑھانا **طاق پر دھرنا یا رکھنا** (متعدی) ۱ کسی کام کا خیال چھوڑ دینا ۲ بھول جانا ۳ الگ رکھنا ۴ طاقچہ پر دھرنا ۔ **طاق پر رکھا رہنا** (لازم) ۱ ناکارہ ہو جانا ۔ نکما ہو جانا ۲ بے اثر ہونا ۳ متروک نہ رہنا ۔ **طاق پر رہنا** (لازم) ۱ کسی چیز کا بیکار رہنا کسی کام نہ آنا ۲ بے تعلق رہنا ۔ **طاق پر مٹی چڑھانا** (لازم)

طاق پر ہونا (لازم) بیکار ہونا ۔ **طاق پل** (مذکر) پُل کی محراب ۔ **طاق دیس** (مذکر) ۱ جلوخانہ ۲ حضرت سلیمان یا خسرو کا تخت ۔ **طاقچہ** (مذکر) چھوٹا طاق ۔ **طاق رواق چرخ نیلی فام** ۔ نیلے آسمان کے مکان کی محراب ۔ آسمان **طاق فراموش یا فراموشی** (مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں کچھ رکھ کر بھول جائیں ۔ **طاق کرنا** (متعدی) یکتا کرنا ۔ ماہر بنا دینا ۔ **طاق مزار** (مذکر) وہ طاق جو قبر کے سرہانے بناتے ہیں ۔ **طاق مقرنس** (مذکر) ۱ آسمان ۲ حضرت سلیمان کا تخت **طاق مینا فام** (مذکر) آسمان ۔ **طاق میں ایمان رہنا** (لازم) بے ایمانی کی جانا ۔ ایمان کی پروا نہ ہونا ۔ **طاق نسیاں** (مذکر) نسیان کا طاق سے استعارہ کرتے ہیں ۔ **طاق نسیاں پر (میں) دھرنا یا رکھنا** (متعدی) بھول جانا یا دعمداً رکھنا **طاق نُصرت** (مذکر) فتح کی محراب ۔ **طاق (و) جفت** (مذکر) ایک کھیل جس میں ہاتھ میں کئی کوڑیاں یا اور چیزیں لیکر پوچھتے ہیں کہ طاق و جفت ۔ اگر بتانے والا ٹھیک بتاتا ہے تو وہ جیت جاتا ہے ۔ **طاق و جفت دونوں ہونا** (لازم) ہر صورت میں کامیابی ہونا ۔

طاقہ (مذکر) تھان۔کپڑوں کے تھانوں کی تعداد ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ طاق ہوگیا۔ کاروبار سیکھ سکھا کر خوب ہوشیار ہوگیا۔ طاق ہونا (لازم) ماہر ہونا۔ طاقی (مونث) ۱ ایک قسم کی عرابدار ٹوپی ۲ وہ گھوڑا جس کی ایک آنکھ بڑی ایک چھوٹی ہو۔ یہ منحوس سمجھا جاتا ہے ۳ بادل۔ طاقیہ ۱ (مذکر) ٹوپی جو پگڑی کے نیچے رکھتے ہیں ۲ برآمدہ۔

امثال - طاق پر بیٹھا اُلو بھر بھر مانگے چلو - اس کمینے کے متعلق کہتے ہیں جو اپنے سے بہتر آدمیوں پر حکم چلاتے۔ طاقی نہ (چھوڑے) رکھے باقی - منحوس گھوڑا سخت نقصان کا باعث ہوتا ہے۔

طاقت (ع۔مونث) ۱ قوت۔ زور۔ بل۔شکتی۔ توانائی۔ سکت ۲ حوصلہ۔ مجال۔ بساط ۳ مقدور۔ حیثیت۔ مقدرت ۴ سلطنت حکومت (طَوق۔ کام کرنے کے قابل ہونا) طاقت آزمائی (مونث) زور آزمانا۔ زور آزمائی۔ طاقت سلب ہونا (لازم) طاقت جاتی رہنا۔ طاقت (رسے) طاق ہونا (لازم) قوت جاتی رہنا یا زائل ہونا۔ طاقت کا جواب دینا (متعدی) کمزور ہوجانا۔ طاقت نہ رہنا۔ طاقت کرنا (متعدی) زور دکھانا۔ قوت آزمانا۔ طاقتور (صفت) قوی۔ توانا۔ مضبوط۔ زورآور۔ پہلوان۔ بلی۔ طاقت ہونا (لازم) ۱ قوت ہونا۔ زور ہونا ۲ سلطنت ہونا۔ طاقتیں (مونث) سلطنتیں حکومتیں۔

مثل - طاقتِ مہماں نداشت خانہ بہ مہماں گذاشت - مہمانداری کی طاقت نہ رکھتا تھا۔ گھر مہمان کے لئے چھوڑ گیا۔ اس وقت کہتے ہیں جب کوئی مہمانداری کے موقعہ پر ٹل جاتے۔

طالَ (ع۔ ماضی) لمبا ہوا۔ دراز ہوا (طوَل۔ لمبا ہونا) طال (اللّٰہُ) عُمرَہٗ (دعا) خدا عمر دراز کرے۔ طال بقاءُہٗ (دعا) عمر دراز ہو۔

طالِب (ع۔ صفت) ۱ طلب کرنے والا۔ مانگنے والا۔ خواستگار ۲ مشتاق ۳ ڈھونڈنے والا۔ متلاشی (طَلَب۔ ڈھونڈنا)

طالب استمداد - اعانت یا امداد (صفت) مدد کا طلب کرنے والا۔ طالب امان ہونا (لازم) جان کی امان چاہنا۔ لڑائی میں ہار مان کر جان بخشی چاہنا۔ طالبان (مذکر) طالب کی جمع ۱ متلاشیان ۲ طالب علمان۔ طالبانِ حق (مذکر) سچ کے متلاشی۔ سچے مذہب کے متلاشی۔ طالبانِ فضیلت گستار (مذکر) عالم اور نیک آدمی۔ طالب جنگ ہونا (لازم) مبارز طلبی کرنا۔ دشمن کو لڑائی کے لئے بلانا۔

طالب دُنیا (صفت) دُنیادار۔ طالب دیدار (صفت) عاشق۔ طالب زر (صفت) لالچی۔ حریص۔ مال و زر کا خواستگار۔ طالب علم (مذکر) علم کا پڑھنے والا۔ متعلم۔ طالب علمی (مونث) علم سیکھنے کا کام یا زمانہ۔ طالب قصاص ہونا (لازم) خون کا بدلہ لینے کا خواستگار ہونا۔ طالب کو مطلوب سے ملانا (متعدی) ۱ عاشق کی معشوق سے ملاقات کرانا ۲ دلالی کا پیشہ کرنا۔ طالب کفن (مرگ) ہونا (لازم) مرنے کا خواہشمند ہونا۔ طالب نبرد ہونا (لازم) جنگ کے لئے بلانا۔ طالب و مطلوب (مذکر) عاشق و معشوق۔ طالبیہ (مذکر) مراکو میں مسلمانوں کا ایک فرقہ۔

مقولہ - طالب زر کا بالضرور جگ میں خوار حق سے دُور - لالچی شخص سب کی نگاہوں میں خوار و ذلیل ہوتا ہے۔

طالِح (ع۔ صفت) بُرا۔ خراب۔ بد۔ بدکار (طَلَح۔ بُرا ہونا)

طالِع (ع۔ صفت) ۱ طلوع ہونے والا۔ چڑھنے والا ۲ (مذکر) نصیبہ۔ قسمت بخت ۳ وہ برج جو بوقت ولادت یا سوال افق پر نمودار ہو رہا ہو (طُلُوع۔ ظاہر ہونا) طالع آزمانا (متعدی) قسمت آزمانا۔ طالع آزمائی (مونث) قسمت آزمائی۔ طالع بیدار (مذکر) ۱ خوش قسمتی ۲ مشتبہ۔ طالع پھرنا (متعدی) قسمت پھرنا۔ قسمت اچھی ہونا۔ طالع جاگنا (لازم) قسمت چمکنا۔ اچھے دن آنا۔ طالع جگانا (متعدی) ۱ اقبال کرنا۔ نصیب چمکانا ۲ کسی کو اچھا عہدہ دینا۔ کسی کی ترقی کرنے میں امداد کرنا۔ طالع چمکنا (لازم) قسمت کھلنا۔ نصیبہ جاگنا۔ طالع خوابیدہ (صفت) بد قسمتی۔ سویا ہوا نصیبہ۔ طالع سونا (لازم) بُرے دن ہونا۔ بدبختی آنا۔ طالع شناس (صفت) نجومی۔ منجم۔ جوتشی۔ طالع کا گھر (مذکر) بارہ برجوں میں سے کوئی برج۔ طالع کی رسائی یا یاوری (مونث) خوش قسمتی۔ قسمت کی یاوری۔ طالع لڑنا (لازم) قسمت کا موافق ہونا۔ طالع مُسلت (مذکر) وہ برج جو سوال کرتے وقت افق پر نمودار ہو۔ طالعمند یا ور (صفت) خوش قسمت۔ صاحب نصیب۔ طالعمندی یا وری (مونث) خوش قسمتی اچھا نصیبہ۔ طالع میں لکھا ہونا (لازم) قسمت میں ہونا۔ طالع یاور ہونا (لازم) اچھے دن آنا۔ قسمت کا یاور ہونا۔ طالع ولادت (مذکر) وہ برج جو ولادت کے وقت افق پر نمودار ہو رہا ہو۔ طالع ہونا (لازم) چڑھنا۔

طالِق (ع۔ صفت) ۱ طلاق دی ہوئی۔ مطلقہ ۲ مویشی جن کو چرنے کے لئے کھلا چھوڑ دیں (طَلَق۔ آزاد کرنا)

طالیان (ت۔ مذکر) اہل اطالیہ

طامات (ع۔ مذکر) لاف و گزاف خصوصاً وہ جو ریاکار صوفی اپنی کرامتوں کے متعلق کرتے ہیں (طَمّ۔ بھرپور ہونا)

طامِع (ع۔ صفت) لالچی۔ حریص (طَمَع۔ لالچ کرنا)

طاہِر (ع۔ صفت) پاک۔ صاف۔ مقدس (طُہر۔ صاف ہونا)

طائِر (ع۔ صفت) ۱ اڑنے والا ۲ (مذکر) پرندہ (طَیَر۔ اڑنا) طائر اسیر قفس (مذکر) پنجرے میں قید پرندہ۔ طائران (مذکر) طائر کی جمع۔ پرندے۔ طائران خوش نوا (مذکر) خوش الحان پرندے۔ طائر بسمل (مذکر) ذبح کیا ہوا پرندہ۔ طائر جان یا روح (مذکر) روح کا استعارہ طائر سے کرتے ہیں کیونکہ اڑ جاتی ہے۔ طائر خوش نوا (مذکر) اچھا گانے والا پرندہ۔ طائر خیال (مذکر) خیال کا طائر سے استعارہ کرتے ہیں۔ طائر دل (مذکر) چونکہ دل دام عشق میں پھنستا ہے۔ اس لئے دل کا استعارہ طائر سے کرتے ہیں۔ طائر رنگ حنا (مذکر) رنگ کا طائر سے استعارہ کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ اُڑ جاتا ہے۔ طائر زریں بال (مذکر) آفتاب۔ طائر سدرہ نشین یا عرش (مذکر) حضرت جبرائیل۔ طائر قبلہ نما (مذکر) دیکھو مرغ قبلہ نما۔ طائر عقل

اُڑجانا (لازم) ہوش و حواس جاتے رہنا۔ **طائرِ قدس یا قدسی** (مذکر) ۱ فرشتہ ۲ حضرت جبرائیل۔ **طائر نوگرفتار** (مذکر) ۱ وہ پرندہ جو تھوڑے عرصے سے پکڑا ہوا ہو ۲ مجازاً وہ شخص جسے عاشق ہوئے تھوڑا عرصہ ہوا ہو۔ **طائر نیم بسمل کی طرح پھڑکنا** (لازم) عاشق کا بیقرار ہوکر تڑپنا۔ **طائرِ وحشی** (مذکر) جنگلی پرندہ۔ وہ پرندہ جو پالتو نہ ہو۔ **طائروں** (مذکر) طائر کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **طائروں کا بسیرہ لینا** (متعدی) پرندوں کا رات کو آرام کرنے کے لئے درختوں وغیرہ پر بیٹھنا۔ **طائرِ وہم و خیال کا نہ پہنچنا** (لازم) خیال تک نہ جاسکنا۔ پہنچنا ناممکن ہونا۔

طائف (ع۔ مذکر) ۱ طواف کرنیوالا ۲ حجاز میں ایک قصبہ ۳ کئی دیگر قصبوں کا نام ۴ عرب میں ایک علاقہ (طَوف۔ اردگرد پھرنا) **طائفہ** (مذکر) ۱ گروہ۔ جماعت ۲ قوم۔ فرقہ ۳ اردو میں رنڈی اور اس کے ہمراہی۔ ناچنے والوں کا گروہ (آنا۔ بلانا۔ ناچنا۔ نچانا وغیرہ کے ساتھ)

طائل (ع۔ صفت) فائدہ۔ نفع۔ اردو میں لاطائل کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔

طاؤس (ع۔ مذکر) ۱ مور ۲ ستار کی قسم کا ایک ساز جس پر مور کی شکل بنی ہوئی ہوتی ہے ۳ ایک بزرگ کا نام ۴ کاغذ وغیرہ کا مور جو محرم پر نکالتے ہیں (طَوس۔ خوبصورت ہونا) **طاؤس درہ** (مذکر) ایک مقام۔ **طاؤس رنگ** (مذکر) مور کے رنگ کا۔ **طاؤس طنّار** (مذکر) نخرے کرنے والا مور مجازاً معشوق۔ **طاؤس کا کوکنا** (مذکر) مور کا بولنا **طاؤس کا رقص (ناچ)** (مذکر) مور کا مادہ کے پاس دم کے پر پھیلا کر چکر کھانا۔ مور کا ناچ۔ **طاؤس کی کوک** (مونث) مور کی آواز۔ **طاؤس کی مستی** (مونث) تھوڑی دیر رہتی ہے۔ اس لئے مجازاً عارضی چیز۔ **طاؤس مادہ** (مونث) مورنی۔ **طاؤس مست** (مذکر) وہ طاؤس جو مستی پر آیا ہوا ہو۔ اس حالت میں وہ ناچتا ہے۔ **طاؤس مشرق خرام** (مذکر) سورج۔ **طاؤسی** (صفت) طاؤس کے رنگ کا۔ **طاؤسی رقص** (مذکر) دیکھو طاؤس کا رقص

طائی (ع۔ صفت) ۱ فرقہ طے کا ۲ (مذکر) حاتم کا لقب۔

طب (ع۔ مونث) حکمت۔ علاج معالجے کا علم خصوصیت سے یونانی (طَبّ۔ علاج کرنا) **طبابت** (مونث) حکمت۔ علاج کرنا۔ ڈاکٹری یہ بالفتح بھی استعمال ہوتا ہے۔ **طبّ جسمانی** (مونث) جسم کے علاج کا علم۔ **طبّ روحانی** (مونث) روح کے علاج کا علم۔ **طبّی** (صفت) حکمت یا طب کے متعلق۔ **طبّی مدرسہ** (مذکر) وہ سکول جہاں طبابت سکھائی جائے۔ **طبّیہ** (صفت) طبی۔ **طبّیہ کالج** (مذکر) وہ کالج جہاں طب کی تعلیم دی جائے۔

طبّاخ (ع۔ مذکر) باورچی۔ خانساماں (طَبخ۔ پکانا)

طباشیر (ع۔ مونث) بنسلوچن۔ ایک سفید رنگ کی دوائی جو بانس کے درخت پر جم جاتی ہے (ف۔ تباشیر کا معرب۔ س توکشیر)

طبّاع (ع۔ صفت) ذہین ذکی (طَبع۔ نشان کرنا)۔ **طبّاعی** (مونث) ذہانت۔

طِباعت (ع۔ مونث) ۱ چھاپنے کا ہنر۔ چھاپنا ۲ تلوار بنانے یا کمہار کا فن (طَبع۔ نشان کرنا)

طَباق (ع۔ مذکر) بڑی رکابی تھالی تسلا (بجائے طباق جو طبق کی جمع ہے) **طباق سا منہ** (مذکر) چوڑا منہ۔ **طباق کا منہ لیے رکھا ہے**۔ بھدّا ہے۔ بدصورت ہے۔ **طباقی** (صفت) طباق سا۔ **طباقی چہرہ** (مذکر) چوڑا منہ۔ **طباقی کتّا** (مذکر) مفت خورا۔ طفیلیا۔

طَبّال (ع۔ مذکر) طبلچی۔ نقارچی (طَبل۔ طبل بجانا)

طِبالت (ع۔ مونث) طبل بجانے کا ہنر (طَبل بجانا)

طَبائع (ع۔ مذکر) جمع طبیعت کی۔

طَبخ (ع۔ مذکر) ۱ پکنا ۲ کھانا پکنے کا ہنر۔ **طبخ خانہ** (مذکر) باورچی خانہ۔

طَبع (ع۔ مونث) ۱ خصلت طبیعت مزاج۔ سرشت فطرت ۲ چھاپنا (طَبع۔ نشان لگانا) **طبع آزمائی** (مونث) طبیعت کی ذہانت اور رسائی کا امتحان۔ **طبع رسا یا رواں** (صفت) تیز طبیعت یا ذہن۔ **طبعزاد** (صفت) طبیعت سے نکلا ہوا۔ اپنی ایجاد یا اختراع۔ **طبع کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) چھپنا۔ شائع ہونا۔ **طبع گرامی** (مونث) کسی قابل بزرگ کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔ بزرگ کی طبیعت۔ **طبعی۔ طبیعی** (صفت) ۱ طبیعت سے منسوب ۲ ذاتی۔ جبلی۔ اصلی۔ قدرتی۔

طَبَق (ع۔ مذکر) ۱ بڑی رکابی تھالی ۲ تہ ۳ طبقہ۔ تختہ ۴ نیاز ۵ سونے کا ورق ۶ ڈھکنا ۷ قرص۔ ٹکیہ (سورج یا چاند کی) ۸ کرہ ۹ آسمان کا گنبد ۱۰ حالت۔ درجہ۔ منزل ۱۱ عمر۔ زمانہ۔ بیس برس کا عرصہ ۱۲ موافق۔ مطابق ۱۳ چھلکا جیسے پیاز کا ۱۴ فرج ۱۵ چپٹی۔ مساحقت ۱۶ گھوڑوں کی ایک بیماری۔ (طَبق۔ ڈھانپنا) **طبقات** (مذکر) طبقہ کی جمع۔ **طبقاتُ الارض** (مذکر) زمین کے طبقے۔ پہلے خیال تھا کہ زمین کی سات تہیں نیچے اوپر ہیں۔ **طبق اُلٹ جانا** (لازم) ۱ کسی خاندان میں زوال آجانا ۲ کسی ملک کا تہ و بالا ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔ **طبق باز** (صفت) چپٹی کھیلنے والی۔ **طبق چھوڑنا** (متعدی) عورتوں کا پریوں کی نیاز دے کر طبق میں پھول چراغ وغیرہ رکھ کر دریا میں ڈالنا۔ **طبقچہ** (مذکر) چھوٹا طبق۔ **طبقڑی** (مونث) ۱ صندوقچی ۲ دف کی گھنٹیوں میں سے ایک۔ **طبق زن** (مونث) چپٹی باز عورت۔ **طبق زنبور** (مذکر) شہد کی مکھیوں کا چھتا۔ **طبقہ** (مذکر) ۱ درجہ۔ منزل۔ تختہ ۲ آدمیوں کا فرقہ یا گروہ ۳ چھت ۴ تہ ۵ زمین کا چھوٹا سا ٹکڑا۔ **طبقہ اُڑا دینا** (متعدی) **اُڑ جانا** (لازم) سرنگ میں بارود کو آگ لگ کر زمین کا ٹکڑا اکھڑ کر دور جا گرنا۔ **طبقہ اُلٹ جانا** (لازم) ۱ تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا ۲ ملک کا تہ و بالا ہو جانا ۳ ملک کا اُلٹ جانا جیسے قوم لوط کے ملک کے ساتھ ہوا۔ **طبقہ اُلٹ دینا** (متعدی) ہل چل مچانا۔ تباہ کر دینا۔ **طبقۂ بالا** (مذکر) اوپر کی چھت۔ **طبقۂ پائیں** (مذکر) نیچے کی چھت۔ **طبقے** (مذکر) طبقہ کی جمع۔ **طبقے زمین کے اُلٹ دینا یا اُڑا دینا** (متعدی) ہل چل مچا دینا۔ برباد کر دینا۔ تباہ کر دینا۔

طَبل (ع۔ مذکر) بڑا ڈھول۔ نقارہ (بجانا۔ بجنا۔ بجوانا وغیرہ کے ساتھ) (طَبل۔ طبل بجانا) **طبل آسائش** (مذکر) فوجوں کی واپسی کا طبل۔ **طبل امان** (مذکر) امان مانگنے کا طبل۔ **طبل بازگشت** (مذکر) لڑتی ہوئی فوج کو واپس بلانے کا طبل۔ **طبل بشارت** (مذکر) خوشی کا نقارہ۔ **طبل پر چوب (چوٹ) پڑنا** (لازم) نقارہ بجنا۔ **طبل جنگ۔ حربی یا رزم** (مذکر) وہ نقارہ جو لڑائی کے لئے بجایا جاتا ہے۔ **طبلچی** (مذکر) طبلہ یا (مت؛

طبل زن (مذکر) طبل بجانے والا۔**طبل سکندری** (مذکر) سکندر کا نقارہ۔ کہتے ہیں اس کی آواز بہت دور تک جاتی تھی۔**طبل شادمانی** (مذکر) خوشی کا نقارہ۔**طبل شب** (مذکر) وہ طبل جو رات کو بجاتے ہیں۔ اور سپاہی اپنی اپنی جگہوں کو چلے جاتے ہیں۔ **طبل ظفر** (مذکر) وہ طبل جو فتح پر بجاتے ہیں۔**طبل عشرت** (مذکر) خوشی کا نقارہ۔**طبلق۔ طبلک** (مذکر) ۱ کاغذوں کا مُٹھا ۲ وہ کاغذ جو کاغذات کے مُٹھے یا اخبار وغیرہ پر ان کو بند کرنے کیلئے لگایا جاتا ہے ۳ دو رُخ سے کھلا ہوا کاغذ ۴ وہ خالی جلد جس میں منشی اپنے کاغذ رکھتے ہیں ۵ چھوٹا طبل۔**طبل کا ہاتھی** (مذکر) وہ ہاتھی جس پر طبل ہو۔**طبل کو چاشنی دینا** (متعدی) نقارہ بجانا۔**طبل گڑگڑانا** (لازم) نقارہ بجنا۔**طبل نواز** (مذکر) طبل بجانے والا۔**طبل نوازی** (مونث) طبل بجانا۔**طبلہ** (مذکر) ایک قسم کا ایک رخہ ڈھول۔ بایاں (بجانا۔ بجنا۔ ٹھنکنا۔ کھڑکنا وغیرہ کے ساتھ) ۲ صندوقچہ۔ ڈبہ۔**طبلہ خوار** (مذکر) طفیلیہ۔ مفت خورا۔**طبلۂ عطار** (مذکر) عطار کی صندوقچی جس میں وہ عطر رکھتا ہے۔**طبلۂ عطار بنا دینا** (متعدی) معطر کر دینا۔ بیحد خوشبو پیدا کر دینا۔**طبلہ نواز** (مذکر) طبلیا۔**طبلی** (مونث) وہ تھیلی جس میں بندوق کا سامان رکھتے ہیں۔**طبلے** (مذکر) ۱ طبلہ کی جمع ۲ بجائے طبلہ حروف مغیرہ سے پہلے۔**طبلیا** (صفت) طبلہ بجانے والا۔**طبلے پر چھاپ پڑنا** (لازم) طبلہ بجنا۔**طبل یورش** (مذکر) حملہ یا لڑائی کا نقارہ۔ (طَبَل۔ طبل بجانا)

طَبُور (ع۔ مذکر) ۱ شہر طبریہ ۲ پہاڑ۔

طبیب (ع۔ مذکر) حکیم۔ ڈاکٹر۔ بیماریوں کا علاج کرنے والا (طِبّ۔ علاج کرنا) **طبیب حاذق** (مذکر) عقلمند اور تجربہ کار حکیم۔ **طبیب روحانی** (مذکر) وہ شخص جو روح کا علاج کرے۔ عام طور پر مسلمان نجومی اور رمالی اپنے آپ کو طبیب روحانی لکھتے ہیں۔

مثل۔ طبیب مہرباں از دیدۂ بیمار شد افکند۔ مہرباں طبیب بیمار کی نگاہ سے گر جاتا ہے۔ افسر اگر ماتحتوں سے مہربانی کا برتاؤ کرے تو اس کا رعب جاتا رہتا ہے۔

طبیخ (ع۔ صفت) پکا ہوا۔ مطبوخ (طَبخ۔ پکانا)

طَبیعات (ع۔ مونث) جمع طبیعت کی۔

طَبیعت (ع۔ مونث) ۱ خصلت عادت۔ طینت ۲ خاصیت۔ مزاج۔ خصوصیت (طبع نشان لگانا) **طبیعت آجانا یا آنا** (لازم) ۱ عاشق ہونا ۲ طبیعت کا مائل یا راغب ہونا کسی بات یا کام پر۔**طبیعت اُبھرنا** (لازم) طبیعت میں امنگ پیدا ہونا۔ طبیعت کی افسردگی دور ہونا۔**طبیعت اُتھل پُتھل ہونا** (لازم) طبیعت بیقرار ہونا۔**طبیعت اُچاٹ کرنا** (متعدی) ہونا یا **اُچٹنا** (لازم) طبیعت اُکتانا۔ دل بیزار ہونا۔**طبیعت اُچکنا** (لازم) طبیعت کا جوش میں آنا۔ طبیعت میں اُمنگ پیدا ہونا (مت)۔**طبیعت اعتدال پر آنا** (لازم) مزاج درست ہونا۔**طبیعت اکسو ہونا** (لازم) مطمئن ہونا۔**طبیعت اکھڑنا** (متعدی) جی کا بیزار ہونا۔ برداشتہ خاطر ہونا۔**طبیعت اُلٹ جانا** (لازم) ۱ مزاج بدل جانا ۲ خلل دماغ ہونا ۳ متلی ہونا۔ طبیعت خراب ہونا۔**طبیعت اُلجھنا** (لازم) ۱ پریشانی ہونا۔ گھبرانا ۲ عاشق ہونا۔ پھنس جانا۔ **طبیعت باغ و بہار ہونا** (لازم) ۱ خوش ہونا ۲ طبیعت کا رنگین ہونا۔**طبیعت بانکی ہونا** (لازم) طبیعت میں بانکپن ہونا۔**طبیعت بحال رکھنا** (متعدی) رہنا (لازم) خوش رہنا۔**طبیعت بحال ہونا** (لازم) ۱ صحت ہونا۔ افاقہ ہونا۔ آرام ہونا ۲ مزاج کا خوش ہونا۔**طبیعت بدلنا** (متعدی) مزاج کا تبدیل ہو جانا۔**طبیعت بُری ہونا** (لازم) بدطینت ہونا۔ طبیعت میں کجی ہونا **طبیعت بڑھنا** (لازم) کسی کام کی مشق کی وجہ سے مہارت پیدا ہونا۔ خصوصاً شعر و شاعری کی۔ **طبیعت بڑھی ہونا** (لازم) طبیعت میں جولانی ہونا۔**طبیعت بستہ** (مونث) بند طبیعت جسے کوئی نئی بات نہ سوجھے۔**طبیعت بگڑنا** (لازم) ۱ جی متلانا ۲ غصے ہونا۔ ناراض ہونا ۳ بیمار ہونا پریشان ہونا۔**طبیعت بھر بھرانا** (لازم) (کسی بات کی خواہش) ہونا۔ میلان ہونا۔**طبیعت بھر جانا** (لازم) سیر ہو جانا۔ خواہش نہ رہنا۔ **طبیعت بہلانا** (متعدی) **بہلنا** (لازم) طبیعت کا کسی بات میں مشغول ہونا۔**طبیعت بے چین ہونا** (لازم) بیقراری ہونا۔ بے چینی ہونا۔**طبیعت بے قابو ہونا** (لازم) ۱ طبیعت اختیار میں نہ ہونا کوئی بات یا کام کرنے سے رُک نہ سکنا ۲ مائل ہونا۔ فریفتہ ہونا۔**طبیعت پانی ہونا** (لازم) طبیعت میں روانی ہونا۔**طبیعت پر بوجھ پڑنا** (لازم) **ڈالنا** (متعدی) بہت سوچنا یا غور و فکر کرنا۔**طبیعت پر چھوڑ دینا** (متعدی) کسی کی مرضی پر کوئی کام ڈال دینا۔**طبیعت پر رکھ لینا** (متعدی) ارادہ کر لینا۔**طبیعت پر زور پڑنا** (لازم) **دینا یا ڈالنا** (متعدی) بہت سوچنا۔ دماغ کو سوچ اور فکر میں مبتلا کرنا۔ غور و فکر کرنا۔**طبیعت پر قابو نہ رہنا** (لازم) دیکھو طبیعت بے قابو ہونا۔**طبیعت پر کدورت ہونا** (لازم) طبیعت میں رنج ہونا۔ ناراضگی ہونا۔**طبیعت پر گرانی آنا یا ہونا** (لازم) ۱ بدہضمی ہونا ۲ ناگوار ہونا۔**طبیعت پریشان کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) فکر یا اندیشہ ہونا۔**طبیعت پھرنا** (لازم) بیزار ہونا۔**طبیعت پہچاننا** (لازم) مزاج کا واقف ہونا۔**طبیعت پھسلنا** (لازم) طبیعت کا مائل ہونا۔ فریفتہ ہونا۔**طبیعت پھیکی ہونا** (لازم) ۱ اُمنگ باقی نہ رہنا ۲ بیمار ہونا۔ **طبیعت ٹھہر جانا یا ٹھہرنا** (لازم) تسکین یا تسلی ہونا۔**طبیعت ٹھکنا** (لازم) دل کو قرار ہونا۔ مطمئن ہونا۔**طبیعت ثانیہ** (مونث) دوسری طبیعت۔ عادت۔**طبیعت جلنا** (لازم) جی جلنا۔ **طبیعت جمنا** (لازم) جی لگنا۔**طبیعت جوان ہونا** (لازم) دل میں جوش یا اُمنگ ہونا۔**طبیعت چاق ہونا** (لازم) طبیعت صاف یا بشاش ہونا۔ **طبیعت چالاک ہونا** (لازم) طبیعت میں تیزی یا پھرتی ہونا۔**طبیعت چاہنا** (متعدی) دل میں خواہش پیدا ہونا۔ دل چاہنا۔**طبیعت چلنا** (لازم) خواہش پیدا ہونا۔**طبیعت حاضر ہونا** (لازم) کسی کام کی طرف مائل ہونا۔ کوئی کام اچھی طرح ہو سکنا۔**طبیعت خالی ہونا** (لازم) کوئی خاصیت طبیعت میں نہ ہونا۔**طبیعت خراب ہونا** (لازم) بیمار ہونا۔ متلی ہونا۔**طبیعت خفا کرنا** (متعدی) آزردہ کرنا۔**طبیعت خفا ہونا** (لازم) ناراضگی ہونا۔**طبیعت خود پسند ہونا** (لازم) اپنے جیسا کسی کو نہ سمجھنا۔ مغرور ہونا۔ متکبر ہونا۔**طبیعت دار** (صفت) ۱ ذہین۔ ہوشیار ۲

شوخ - چالاک۔ **طبیعت رُکنا** (لازم) رُکنا (متعدی) کسی بات سے طبیعت کو باز رکھنا۔ **طبیعت رندھنا** (لازم) طبیعت افسردہ ہونا۔ **طبیعت رنگ پر آنا** (لازم) اُمنگ پیدا ہونا۔ **طبیعت رواں ہونا** (لازم) طبیعت میں تیزی ہونا۔ طبیعت کا کسی کام کو اچھی طرح کرنا۔ **طبیعت روشن ہونا** (لازم) طبیعت تیز ہونا۔ **طبیعت سنبھالنا یا سنبھالے رکھنا** (متعدی) ضبط کرنا۔ تحمل سے کام لینا۔ **طبیعت سنبھلنا** (لازم) افاقہ ہونا۔ مزاج درست ہونا۔ **طبیعت سن سے ہو جانا** (لازم) ناگہانی بات سے صدمہ پہنچنا۔ **طبیعت سے** (تف) اپنی ایجاد سے۔ اپنے دل سے۔ **طبیعت شاد کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) جی خوش ہونا۔ آرزو پوری ہونا۔ **طبیعت شگفتہ ہونا** (لازم) ١ دل بشاش ہونا ٢ مذاق یا خانہ کھل کر آنا۔ **طبیعت شناس** (صفت) ١ مزاج شناس ٢ طبیب حاذق۔ **طبیعت شوخ ہونا** (لازم) طبیعت میں شرارت بھری ہونا۔ **طبیعت صاف ہونا** (لازم) ١ صحت نصیب ہونا ٢ کینہ دُور ہونا۔ **طبیعت عادی ہونا** (لازم) کسی بات کی عادت پڑ جانا۔ **طبیعت علیل ہونا** (لازم) بیمار ہونا (عموماً دشمنوں کی کے ساتھ) **طبیعت قابو سے جانا** (لازم) دیکھو طبیعت بے قابو ہونا۔ **طبیعت قابو میں آنا** (لازم) مزاج درست ہونا۔ **طبیعت قابو میں رہنا** (لازم) طبیعت پر اختیار ہونا۔ **طبیعت کا انداز۔ ڈھنگ یا رنگ** (مذکر) طبیعت کی قدرتی خصوصیت۔ طرز طبیعت۔ **طبیعت کا ایک حال ہونا** (لازم) مزاج یکساں رہنا۔ مزاج میں فرق نہ آنا۔ **طبیعت کا بندہ** (صفت) اپنی مرضی پر کام کرنے والا۔ خود پسند۔ **طبیعت کا پیار کرنا** (متعدی) محبت ہونا۔ **طبیعت کا چاق و چوبند ہونا** (صفت) خوب ہشاش بشاش ہونا۔ **طبیعت کا لطف اُٹھانا** (متعدی) مزے کرنا۔ **طبیعت کا قبول کرنا** (متعدی) طبیعت کے موافق ہونا۔ کسی بات کا پسند کرنا۔ **طبیعت کا لال اُگلنا** (لازم) نئے اور عمدہ مضامین پیدا کرنا طبیعت کا۔ **طبیعت کا لہرانا یا لہریں لینا** (لازم) طبیعت میں امنگ پیدا ہونا۔ **طبیعت کا مالش کرنا** (متعدی) جی متلانا۔ **طبیعت کو قلق ہونا** (لازم) رنج ہونا۔

طبیعت کو گرانی ہونا (لازم) دل گھبرانا۔ **طبیعت کھانا** (لازم) نئی نئی باتیں سوجھنا۔ **طبیعت کی اصلاح ہونا** (لازم) بُری یا ظالمانہ عادتیں چھوٹنا۔ **طبیعت کی افتاد** (مونث) عادت۔ فطرت (پڑنا کے ساتھ) **طبیعت کی جولانی** (مونث) تیزیٔ طبع۔ طبیعت کی وہ خاصیت جس کی وجہ سے نئی نئی باتیں سوجھیں۔ **طبیعت گدگدانا** (لازم) اُمنگ پیدا ہونا۔ **طبیعت گرداننا** (متعدی) طبیعت کا قبول کرنا۔ **طبیعت گرمانا** (لازم) طبیعت جوش میں آنا۔ **طبیعت گھبرانا** (لازم) پریشان ہونا۔ **طبیعت گڑنا** (لازم) باریک بات سمجھ میں آنا۔ کسی بات کی تہ میں پہنچ جانا۔ **طبیعت لا ابالی ہونا** (لازم) لاپروا ہونا۔ **طبیعت لڑانا** (متعدی) بہت سوچنا۔ **طبیعت لڑنا** (لازم) دیکھو طبیعت گڑنا۔ **طبیعت لگنا** (لازم) جی بہلنا۔ **طبیعت لگی ہونا** (لازم) خیال یا تردد ہونا۔ **طبیعت مائل بہ سستی ہونا** (لازم) سست یا کاہل ہونا۔ **طبیعت مائل ہونا** (لازم) ١ فریفتہ ہونا ٢ کسی بات کی طرف رجوع ہونا۔ **طبیعت مٹی ہونا** (لازم) افسردہ ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ **طبیعت مچلنا** (لازم) کسی بات یا شے کے لئے ہٹ کرنا۔ **طبیعت مریل ہونا** (لازم) طبیعت میں امنگ نہ ہونا۔ **طبیعت مست ہونا** (لازم) دل بہت خوش ہونا۔ **طبیعت ملنا** (لازم) مزاج میں موافقت آنا۔ **طبیعت موافق ہونا** (لازم) دو شخصوں کی طبیعت کا ایک جیسا ہونا۔ **طبیعت موزوں ہونا** (لازم) مزاج کا شعر و سخن کی طرف مائل ہونا۔ **طبیعت میں امنگ ہونا** (لازم) دل میں خواہش ہونا۔ جوش جوانی ہونا۔ **طبیعت میں بل ہونا** (لازم) بدمزاج ہونا۔ **طبیعت میں تلوّن ہونا** (لازم) طبیعت کا ذرا ذرا سی بات پر ناراض ہو جانا۔ **طبیعت میں تیزی ہونا** (لازم) ١ تیز مزاج ہونا ٢ نئی نئی بات سوجھنا۔ **طبیعت میں جوش آنا** (لازم) ولولہ پیدا ہونا۔ **طبیعت میں جولانی ہونا** (لازم) دل میں اُمنگ ہونا۔ **طبیعت میں رحم کو راہ ہونا** (لازم) دل میں رحم ہونا۔ رحمدل ہونا۔ **طبیعت میں روانی ہونا** (لازم) شعر اور مضمون سوجھنا۔ **طبیعت میں لہریں آنا** (لازم) امنگ پیدا ہونا۔ **طبیعت**

نرم ہونا (لازم) دل کا سخت نہ ہونا۔ دل میں رحم ہونا۔ **طبیعت نہ لگنا** (لازم) جی اچاٹ ہونا۔ **طبیعت ہار جانا** (لازم) دل ٹوٹ جانا۔ ہمت ہار جانا۔ **طبیعت ہاتھ سے جاتی رہنا** (لازم) دل قابو میں نہ رہنا۔ **طبیعت ہٹ جانا** (لازم) نفرت ہو جانا۔ **طبیعت ہونا** (لازم) ١ عاشق ہونا ٢ رغبت ہونا۔ جی چاہنا۔

طبیعی (ع۔ صفت) دیکھو طبعی۔

طپاں (ف۔ صفت) تڑپنے والا (طپیدن۔ تڑپنا)

طپانچہ (ف۔ مذکر) ١ تمانچہ۔ تھپڑ ٢ تیز ہوا کا جھونکا (ف۔ تواں طاقت + چہ کلمہ نسبت)

طپش۔ طپیدن۔ طپیدہ (ف) دیکھو تپش۔ تپیدن۔ تپیدہ۔

طرّاح (ع۔ مذکر) مستری۔ معمار۔ (طرح۔ پھینکنا) **طرّاحی** (مونث) معماری۔

طرّار (ع۔ صفت) ١ چالاک۔ شوخ ٢ تیز زبان ٣ گرہ کٹ۔ جیب کترنے والا (طرّ۔ کاٹنا) **طرّار فرار** (صفت) بہت چالاک یا شوخ۔ **طرارہ** (مذکر) چوکڑی۔ کلانچ۔ چھلانگ۔ **طرارہ بھرنا** (متعدی) چھلانگ مارنا۔ کلانچیں مارنا۔ بھاگنا۔ **طرارہ زبان** (صفت) تیز زبان۔ **طراری** (مونث) ١ زبان کی شوخی ٢ چالاکی۔ چلبلاپن۔ **طرارے بھرنا** (متعدی) ١ بھاگنا۔ سرپٹ دوڑنا ٢ فرفر پڑھنا۔

طَراز (ف۔ مذکر) اصل تراز تھا۔ ١ نقش و نگار۔ زینت۔ سجاوٹ ٢ شاہی لباس ٣ وہ جگہ جہاں یہ لباس بنے ٤ شہر کی سجاوٹ کسی موقع پر ٥ زردوزی کام۔ کارچوبی کام ٦ (صفت) آراستہ کرنے والا (طرازیدن۔ کارچوبی کام کرنا) **طرازندہ** (صفت) ١ سجانے والا ٢ زردوزی کام کرنے والا۔ **طرازی** (مونث) سجانا۔ نقش و نگار بنانا۔

طراوت (ع۔ مونث) ١ نمی۔ تری رطوبت ٢ ٹھنڈک۔ خنکی ٣ تازگی (طرو۔ تازہ یا رطوبت دار ہونا) **طراوت آنا** (لازم) ٹھنڈک پیدا ہونا۔ **طراوت بخشنا** (لازم) ١ تازگی دینا ٢ فرحت دینا۔

طَرَب (ع۔ مونث) خوشی۔ شادمانی ۔ انبساط۔ **طرب انگیز۔ خیز۔ سنج یا فزا** (صفت) خوش کرنے والا۔ فرحت۔ بخشنے والا۔ **طرب انگیزی۔ خیزی یا سنجی** (مونث) فرحت دینا۔ خوشی۔ شادمانی۔ **طرب خانہ** (مذکر) سرائے یا گاہ (مونث) خوشی کی جگہ۔ **طربناک** (صفت) فرحت ۔ خوش کرنے والا۔

طَرِب (ع۔ مذکر) پیغمبر صلعم کا ایک گھوڑا۔

طَرح (ع۔ مونث) ۱ وضع۔ انداز۔ طرز ۲ حالت۔ گت۔ حال ۳ وہ مصرع جو مشاعرے میں غزل کہنے کے لئے بحر ردیف اور قافیہ بتانے کے لئے مقرر کرتے ہیں ۴ تفریق ۵ بنیاد۔ جڑ ۶ (بالفتح اول و دوم) مانند۔ مثل (طَرَح۔ پھینکنا) **طرح اڑانا** (متعدی) طرز اڑانا۔ نقل کرنا۔ ڈھنگ سیکھ لینا کسی کا۔ **طرح بطرح** (صفت) قسم قسم کا۔ **طرح پڑھنا** (لازم) طرح پر غزل پڑھنا **طرحدار** (صفت) خوبصورت۔ بانکا۔ وضعدار (ہونا کے ساتھ) **طرحداری** (مونث) خوبصورتی۔ بانکپن۔ وضعداری **طرح دکھانا** (متعدی) ناز و انداز دکھانا۔ **طرح دیجانا** (لازم) چشم پوشی کرنا۔ درگزر کرنا۔ **طرح دینا** (لازم) ۱ چشم پوشی کرنا ۲ بنیاد ڈالنا ۳ الگ کرنا۔ تقسیم کرنا۔ **طرح ڈال دینا یا ڈالنا** (متعدی) ۱ بنیاد ڈالنا ۲ تدبیر کرنا۔ **طرح طرح کا** (صفت) مختلف طرح کا۔ قسم قسم کا۔ **طرح کرنا** (متعدی) ۱ تفریق کرنا ۲ مصرع بنانا بحر۔ ردیف قافیہ بنانے کے واسطے ۳ (کیمیا) آگ پر سرخ کی ہوئی دھات پر کوئی ایسی دوائی ڈالنا جو رنگت تبدیل کر دے۔ **طرحی غزل** (مونث) وہ غزل جو طرح پر کہی جائے۔ **طرحیں نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) نئی طرزیں نکلنا۔

طَرز (ع۔ مونث) ۱ طور۔ طریقہ۔ روش۔ ڈھنگ۔ انداز ۲ شکل۔ وضع ۳ خصلت۔ خو۔ (طَرَز۔ شکل میں اچھا ہونا) **طرز اڑانا** (لازم) دیکھو طرح اڑانا **طرزِ تحریر** (مونث) لکھنے کا ڈھنگ۔ تحریر کا طریقہ۔ **طرزِ جفا بھولنا** (لازم) ظلم کرنے کا طریقہ چھوٹ جانا۔ **طرزِ عبارت** (مونث) عبارت کا ڈھنگ۔ **طرزِ قدیم** (مونث) پرانا فیشن یا طریقہ۔ **طرزِ کلام** (مونث) انداز گفتگو۔ **طرز لے اڑنا** (لازم) ہو بہو نقل کرنا۔ ڈھنگ سیکھ لینا۔

طَرَف (ع۔ مونث) ۱ جانب۔ سمت۔ رُخ ۲ کنارہ ۳ پہلو ۴ پاس۔ لحاظ۔ پاسداری۔ پچ ۵ فریق (طَرْف ۱ آنکھ کے باہر کے کنارے کی طرف سے دیکھنا) **طرف اوّل** (مونث) مدعی۔ مستغیث۔ **طرف ثانی** (مذکر) مخالف۔ مدعا علیہ۔ **طرفداری** (مونث) حمایت۔ پاسداری۔ لحاظ۔ پاس (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **طرف دیکھنا** (متعدی) ۱ (ضمیروں کے ساتھ) نظر کرنا ۲ (اپنی) اپنی عزت کا خیال کرنا **طرف سے** (تف) ۱ جانب سے۔ عوض میں ۲ نزدیک۔ حساب۔ **طرف کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) (ضمیروں کے ساتھ) پاسداری ہونا۔ **طرفین** (مذکر تثنیہ) ۱ فریقین۔ دونوں جانب مدعی مدعا علیہ ۲ امام ابو حنیفہ اور امام محمد جب دونوں ایک مسئلے پر متفق ہوں۔ **طرفین سلسلہ** (مونث) ۱ زنجیر کے دونوں سرے ۲ ایک سلسلے کی دونوں طرف کے عدد یا نشان۔

طَرفَت (مونث) طَرفہ (ع۔ مذکر) آنکھ کا جھپکنا۔ **طرفۃ العین** (مونث) آنکھ کا جھپکنا۔

طُرفگی (ف۔ مونث) ۱ خوبی۔ عمدگی ۲ عجوبہ۔

طُرفہ (ع۔ صفت) ۱ نیا ۲ انوکھا۔ عجیب۔ نادر ۳ (مذکر) عجیب بات ۴ حیرانگی ۵ ایک مداری کا نام (طَرَف۔ آنکھ پر ضرب مارنا) **طرفہ تر** (صفت) زیادہ عجیب۔ **طرفہ تماشا** (مذکر) عجیب غریب تماشا۔ **طرفہ تماشا نظر آنا** (لازم) عجیب واقعہ دکھائی دینا۔ **طرفہ طرفہ** (تف) عجیب عجیب۔ **طرفہ گل پھولنا** (لازم) عجیب یا نئی بات ہونا۔ **طرفہ گل کھلانا** (متعدی) عجیب و غریب کام کرنا۔ **طرفہ ماجرا** (مذکر) انوکھا واقعہ۔ تعجب کی بات۔ **طرفہ معجون** (مذکر) ۱ عجیب آدمی ۲ بیوقوف یا احمق شخص۔ **طرفہ یہ ہے**۔ انوکھی بات یہ ہے۔ تعجب یہ ہے۔

مثل۔ طرفہ شاگردے کہ میگوید سبق اُستاد را۔ چھوٹا ہو کر بڑوں کو نصیحت کرتا ہے۔

طَرِفیل (ع۔ مذکر) لونگ۔ لونگ کی شکل کا نشان۔

طُرُق (ع۔ مذکر جمع طریق کی) راستے

طَرِقو (ع۔ امر) ہٹ جاؤ۔ رستہ دو۔ بادشاہوں کی سواری کے آگے نقیب پکارا کرتے تھے **طرقو زن** (مذکر) ۱ نقیب جو طرقو پکاریں ۲ درگاہ ۳ حاجب عرض بیگی **طرقو گویاں** (صفت) ہٹ جاؤ۔ ہٹ جاؤ پکارتے ہوئے۔

طِرِمّاح (ع۔ صفت) ۱ مشہور اور اعلےٰ درجے کا۔ عالی ہمت۔ بلند نظر ۲ دور اندیش ۳ حاتم کا لقب جو اس عادی کا باپ تھا جس نے حضرت علی اور معاویہ کے درمیان صلح کرائی تھی۔

طُرّہ (ع۔ صفت) ۱ انوکھا۔ عجیب ۲ غالب۔ بڑھ کر۔ سبقت لیجانا ۳ (مذکر) پگڑی کا اوپر کا سرا جو اُٹھا رہتا ہے ۴ مقیش کی تاروں کا گچھا جو پگڑی کے اوپر لگاتے ہیں ۵ ٹوپی کا پھندنا ۶ زلف کا کل ۷ سر کے بالوں کی لٹ ۸ پھولوں کی لڑیوں کا گچھا جو دولہا کے کان کے پاس لٹکتا ہے ۹ پھندنا۔ گپھا ۱۰ جانور کی کلغی ۱۱ انوکھی بات ۱۲ بھلائی۔ خوبی۔ ۱۳ بھنگ کی چسکی یا گھونٹ جو ایک پیالہ پینے کے بعد پیا جائے ۱۴ سبز نازک شاخیں جو درخت شمشاد سے نکل کر نیچے کو لٹکتی ہیں ۱۵ بیچ جو کسی چیز میں ہوں ۱۶ کسی چیز کا بہترین حصّہ ۱۷ (گل) ایک قسم کا سُرخ اندر زرد پھول ۱۸ چھجا۔ منڈیر۔ پیچدار چیز جیسے چابک کا سرا یا رومال جسے گانٹھ دی ہو (طَرّ۔ کاٹنا) **طرۂ ایوان**۔ بام یا دالان (مذکر) چھجا **طرۂ باز** (مذکر) باز کی کلغی۔ **طرہ پینا** (لازم) بھنگ پینا۔ **طرہ جمانا** (متعدی) عو۔ رعب جمانا۔ تحکم کرنا۔ **طرہ چڑھانا** (متعدی) بھنگ پینا۔ **طرۂ دستار** (مذکر) دیکھو طرہ ۳ **طرۂ طرار** (مذکر) معشوق کی زلفیں۔ **طرۂ طلایا مقیش** (مذکر) دیکھو طرہ ۴ **طرہ کا جال**۔ ایک قسم کا جال جو عورتیں کاڑھتی ہیں۔ **طرہ کرنا** (متعدی) ۱ تیز کرنا۔ چمکانا۔ بڑھانا۔ **طرۂ گل** (مذکر) پھولوں کا گچھا جو دستار میں لگاتے ہیں۔ **طرہ لگانا** (متعدی) اضافہ کرنا۔ چار چاند لگانا۔ **طرہ مُزیّن ہونا** (لازم) مقیش کی تاروں کا گچھا پگڑی پر سجا یا لگا ہوا ہونا۔ **طرہ ہونا** (لازم) ۱ زیادہ ہونا۔ فائق ہونا ۲ انوکھا ہونا۔ بڑھ کر ہونا۔ **طرے باز خاں** (مذکر) ۱ وہ شخص جو پگڑی پر طرہ لگائے ۲ اکڑ باز شخص۔

طَرِیق (ع۔ مذکر) ۱ راستہ۔ سڑک ۲ طرز۔ ڈھنگ۔ روش ۳ مذہب۔ شریعت ۴ رواج دستور (طَرَق۔ مارنا) **طریق عمل** (مذکر) کام کرنے کا طریقہ۔ **طریقت** (مونث) اصطلاح تصوف۔ تزکیۂ

باطن۔ صوفیوں کا طریقہ جس سے کمال حاصل ہوتا ہے۔
طریقوں (مذکر) طریقہ کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔
طریقہ (مذکر) ۱ طرز۔ ڈھنگ۔ روش ۲ مذہب۔ وضع ۳ قاعدہ۔ دستور ۴ ترکیب۔ رستہ ۵ چاند کا برج عقرب کے نزدیک آنا۔ **طریقہ آنا** (لازم) کام کرنے کا ڈھنگ معلوم ہونا۔ **طریقہ بتانا** (متعدی) ۱ کسی کام کرنے کا ڈھنگ بتانا۔ ترکیب بتانا ۲ قاعدہ بتانا۔ **طریقہ برتنا** (متعدی) ۱ برتاؤ کرنا ۲ کسی دستور یا قاعدے پر چلنا۔ **طریقہ دکھلانا** (متعدی) مقابلہ کر کے کسی طریقے کی خوبی یا برائی ظاہر کرنا۔ **طریقے** (مذکر) ۱ طریقہ کی جمع ۲ بجائے طریقہ حروف مغیرہ سے پہلے۔

طسم (ع۔ مذکر) قوم عاد کا ایک مفقود قبیلہ۔

طشت (ع۔ مذکر) ۱ تھال لگن تسلا ۲ ہاتھ دھونے کا برتن چلمچی ۳ پیالہ (ف۔ تشت) **طشت از بام کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) افشائے راز ہونا۔ مشہور ہونا۔ بدنام ہونا۔ **طشتری** (مونث) رکابی۔ **طشتری لکھنا** (متعدی) عامل کا چینی کی رکابی پر قرآن کی آیتیں لکھ کر دینا۔ اس کو دھو کر پینے سے مختلف امراض رفع ہوتے ہیں۔ **طشتِ زر** (مذکر) ۱ سونے کی تھال ۲ سورج۔ **طشتِ نگوں** (مذکر) الٹا پیالہ۔ آسمان۔ **طشت و چوکی** (مونث) پاخانہ کا برتن اور چوکی۔

مثل۔ طشت از بام افتاد (افتادہ) طشت کوٹھے پر سے گر پڑا۔ بہت بدنامی اور رسوائی ہوئی۔

طعام (ع۔ مذکر) ۱ کھانا (پکانا۔ کھانا کے ساتھ) ۲ کھانے کی کوئی چیز۔ روٹی گوشت ۳ پانی۔ آب زمزم (طعم۔ کھانا) **طعام عروسی** (مذکر) شادی کی دعوت۔ **طعام ماتم** (مذکر) کھانا جو کسی کے مرنے پر کھلایا جائے۔

مثل۔ طعام آمد و دیہاتیاں برخاستند۔ کھانا آیا اور دیہاتی اٹھ کھڑے ہوئے۔

طعم (ع۔ مذکر) ذائقہ۔ مزہ (طعم۔ کھانا) **طعمہ** (مذکر) ۱ رزق۔ خورش ۲ لقمہ۔ نوالہ ۳ شکاری پرندوں کا کھانا۔ **طعمۂ اجل** (لازم) موت کا لقمہ۔ **طعمۂ اجل ہونا** (لازم) مرنا۔ **طعمۂ دد و دام** (مذکر) ہر قسم کے جانوروں کی خوراک (بنانا۔ بنانا کے ساتھ) **طعمہ روکنا** (متعدی) شکاری جانوروں کی خوراک شکار سے ایک دو دن پہلے بند کر دینا۔

طعن (ع۔ مذکر و مونث) ۱ طنز۔ ملامت۔ حرف گیری ۲ نیزے کی ضرب (طعن۔ نیزہ مارنا) **طعن آمیز** (صفت) طنز یا ملامت سے بھرا ہوا۔ **طعن آمیز گفتگو** (مونث) ملامت یا طنز کی باتیں۔ **طعن باہم رد و بدل ہونا** (لازم) آپس میں نیزے کی ضربات چلنا۔ **طعن ترو تشنیع** (مذکر) عو۔ طعن تعرض کا مخرب۔ لعنت ملامت۔ **طعن تشنیع** (مونث) طعنے (کرنا کے ساتھ) **طعن توڑنا** (متعدی) طنز کرنا۔ طعنے دینا۔ **طعن کرنا** (متعدی) ۱ آوازہ کسنا ۲ نیزے کی ضرب لگانا۔ **طعنہ** (مذکر) آواز۔ مہنا۔ (دینا۔ سنانا۔ سننا وغیرہ کے ساتھ) **طعنہ آمیز** (صفت) طنز سے بھرا ہوا۔ **طعنہ برا معلوم ہونا** (لازم) طنز کی بات پر غصہ آنا۔ **طعنہ تشنہ** (مذکر) تشنہ تشنیع کا مخرب ہے لعنت ملامت۔ برا بھلا (دینا کے ساتھ) **طعنہ زن** (صفت) طعنے دینے والا۔ **طعنہ زنی** (مونث) عیب گیری (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **طعنہ مارنا** (متعدی) آوازہ کسنا۔ طعنہ زنی کرنا۔ **طعنے** (مذکر) طعنہ کی جمع۔ **طعنے تشنے دینا یا سنانا** (متعدی) برا بھلا کہنا۔ **طعنے سننا** (لازم) لوگوں کی طعن آمیز گفتگو سن کر چپ رہنا۔ **طعنے مہنے** (مذکر) طعن و تشنیع۔ برا بھلا (دینا کے ساتھ)

طغرا (ت۔ مذکر) ۱ خط پیچیدہ جس میں القاب اور نام بادشاہوں کا فرمان کے اوپر لکھا جاتا ہے ۲ مہروں پر اس خط میں نام کندہ کرتے ہیں ۳ نشان۔ علامت۔ **طغراکش۔ نگار یا نویس** (مذکر) وہ شخص جو طغرا لکھے۔ **طغرائے بدنامی** (مذکر) بدنامی کا نشان۔ **طغرائے بسم اللہ** (مذکر) بسم اللہ پیچیدہ خط میں لکھی ہوئی۔ **طغرائے سبزہ زار** (مذکر) وہ الفاظ جو سبزہ اگا کر لکھے جاتے ہیں گل بوٹوں کی سجاوٹ۔ **طغرائے ندامت** (مذکر) شرمندگی کا نشان۔

طغیان (ع۔ مذکر) زیادتی۔ ظلم (طغی۔ انصاف سے باہر ہونا) **طغیانی** (مونث) سیلاب۔ دریا کا چڑھاؤ (آنا۔ ہونا کے ساتھ) **طغیانی پر آنا** (لازم) دریا میں سیلاب آنا۔ **طغیانی پر ہونا** (لازم) دریا میں سیلاب ہونا۔

طفل (ع۔ مذکر) لڑکا۔ بچہ (طفل۔ نرم ہونا) **طفل اشک** (مذکر) آنسو۔ **طفل افتادہ** (مذکر) وہ بچہ جسے ماں باپ چھوڑ کر چلے جائیں۔ **طفلانِ چمن** (مذکر) باغ کے شگوفے اور کلیاں۔ **طفلانہ** (صفت) بچوں کی طرح۔ **طفلانہ حرکتیں** (مونث) بچوں کی طرح کام یا باتیں۔ **طفل دبستان** (مذکر) ناتجربہ کار شخص۔ وہ شخص جو کسی کے آگے کچھ رتبہ یا علم یا تجربہ نہ رکھتا ہو۔ **طفل شیر۔ شیر خوار۔ شیر خوارہ** (مذکر) دودھ پیتا بچہ۔ **طفل مزاج یا مشرب** (صفت) جس کی مزاج میں لڑکپن ہو۔ **طفل مکتب** (مذکر) ناتجربہ کار شخص۔ **طفل ہندو** (مذکر) آنکھ کی پتلی۔ **طفلی** (مونث) بچپن۔ لڑکپن۔ نادانی۔ کمسنی۔ **طفلی میں** (تف) بچپن میں۔

مثل۔ طفل بمکتب نمیرود ولے برند۔ کسی سے جبراً کوئی کام لینا۔

طفولیت (ع۔ مونث) لڑکپن۔ طفلی۔

طفیل (ع۔ مذکر) ۱ وسیلہ۔ سبب۔ ذریعہ ۲ ایک کوفہ کا شاعر جو بن بلائے دعوت میں چلا جاتا (طفل کی تصغیر) **طفیلی** (صفت) بے بلائے کسی کے ساتھ دعوت پر چلا جانا۔ **طفیلیا** (مذکر) خوشامدی۔ طفیلی۔

طلا (ع۔ مذکر) ۱ پتلی دوا جو عضو پر مالش کریں (طلی۔ چھڑکنا) ۲ سونا۔ ملمع (ف۔ تلا) **طلاباف** (مذکر) وہ چیز جس پر طلا سے نقش و نگار بنائے ہوں۔ **طلابافی** (مونث) سونے کے تار۔ **طلا دوز** (صفت) جس چیز پر طلائی کام ہو۔ **طلا ساز یا کار** (صفت) ۱ کیمیا گر ۲ ملمع ساز۔ **طلاکاری** (مونث) ۱ سونے کا کام بنانا ۲ سونے کے کام کا پیشہ ۳ سونے کا کام۔ **طلاکوب** (صفت) سونے کا ورق بنانے والا۔ زر کوب۔ **طلائی** (صفت) سونے کا۔ **طلائے احمر** (مذکر) عمدہ سونا۔ کندن۔ **طلائے حسن میں مرصع** (صفت) نہایت حسین۔ **طلائے دست افشار** (مذکر) وہ سونا جو ہاتھ سے دب جائے ۲ وہ سونا جو خسرو کے خزانے میں تھا اور اس نے اس کا ترنج بنوایا تھا۔ **طلائی رنگ** (مذکر) سنہری رنگ۔ **طلائی ساز** (مذکر) گھوڑے کا ساز جس پر طلائی کام ہوا ہو۔ **طلائی کام** (مذکر)۔

زردوزی یا کارچوبی کام جو کسی کپڑے پر ہوا ہو۔ **طلائے ناب** (مذکر) خالص سونا۔ **طلایانہ** (صفت) طلائی۔

طُلّاب (ع۔ مذکر) طالب کی جمع۔ طالب علم۔

طَلاطُم (ع۔ مذکر) دیکھو تلاطم۔

طَلاق (ع۔ مونث) نکاح فسخ ہونا۔ عورت کا قید نکاح سے آزاد ہونا (طَلَق۔ آزاد کرنا) **طلاق بائن** (مونث) قطعی طلاق۔ تین دفعہ طلاق کہنے سے بغیر نکاح رجوع نہیں ہوسکتا **طلاق بدعت** (مونث) بیقاعدہ طلاق جو ایک ہی دفعہ طلاق کہنے سے دی جائے۔ **طلاق حسن** (مونث) وہ طلاق جو ٹھیک طریقے سے دی جائے یعنی باقاعدہ طور پر طلاق وقت مقررہ کے بعد دوبارہ اور سہ بارہ کہا جائے۔ **طلاقِ خلع** (مونث) عورت کا مرد سے کچھ دے کر طلاق لینا۔ **طلاق دینا** (متعدی) زوجیت سے خارج ہونا۔ **طلاق رجعی** (مونث) وہ طلاق جس کی مدتِ عدت میں خاوند عورت کو بغیر نکاح کئے بیوی بناسکتا ہے۔ یہ طلاق ایک یا دو بار طلاق کا لفظ کہنے سے ہو جاتی ہے۔ **طلاق کنایہ** (مونث) طلاق جو اشارے سے ہو صریح نہ ہو۔ **طلاق لینا** (متعدی) عورت کا خاوند سے آزادی حاصل کرنا **طلاق مُغلّظ** (مونث) وہ طلاق جس میں مرد پھر نکاح نہیں کرسکتا جب تک کہ عورت کسی دوسرے مرد سے نکاح کرکے اس سے طلاق نہ لے چکے۔ **طلاقن** (مونث) وہ عورت جسے طلاق دی گئی ہو۔ **طلاق نامہ** (مذکر) وہ دستاویز جس میں طلاق کی شرطیں درج ہوں۔ خطِ آزادی۔ **طلاقی** (مذکر) وہ شخص جو طلاق دے۔

طَلاقت (ع۔ مونث) لسانی۔ چرب زبانی۔ تیز زبانی (طَلَقَ۔ فصیح ہونا)

طِلاوا۔ طِلاوہ (ع۔ مذکر) عو۔ طلایہ۔

طَلاوت (ع۔ مونث) خوبصورتی حسن (طَلَوَ۔ چھڑکنا۔ لگانا)

طَلایہ (ع۔ مذکر) ۱ طلائع کا مخرب ہے جو جمع طلیعہ کی ہے۔ وہ فوج جو رات کو شہر یا لشکر کی حفاظت کرے ۲ پولیس کے سپاہیوں کا رات کا گشت۔ روند۔ **طلایہ پھرنا** (لازم) فوج یا پولیس کے سپاہیوں کا رات کو گشت کرنا۔ **طلایہ دار** (مذکر) طلایہ کا افسر۔ **طلایہ داری** (مونث) طلایہ کا کام۔ **طلایہ کرنا** (متعدی) گشت کرنا شہر میں یا فوج کے گرد۔ **طلایہ مقرر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) طلایہ کے لئے سپاہیوں کی نوکری بولی جانا **طلایہ ہونا** (لازم) چوکی پہرا ہونا۔

طَلَب (ع۔ مونث) ۱ مانگ ۲ خواہش۔ آرزو ۳ لت۔ دھت ۴ جستجو۔ تلاش ۵ بلاوا ۶ طلبی ۷ تنخواہ۔ مشاہرہ (بانٹنا۔ بٹنا۔ دینا۔ لینا۔ ملنا وصول کرنا یا ہونا کے ساتھ) ۸ وہ چیز جو طلب کیجائے ۹ (صفت) طلب کرنے والا۔ ان معنوں میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے وقت طلب۔ آرام طلب (طَلَبَ۔ تلاش کرنا۔ چاہنا) **طلبانہ** (مذکر) ۱ وہ روپیہ جو گواہ کے خرچے کے واسطے لیا جائے (داخل کرنا۔ لینا کے ساتھ) ۲ سپاہیوں کا یومیہ روزینہ۔ **طلب بجھانا** (متعدی) **بجھنا** (لازم) خواہش مٹنا یا پوری ہونا۔ **طلبدار** (صفت) ۱ مانگنے والا ۲ خواہشمند ۳ وہ جسے طلب ملے ۴ عادی شراب یا حقہ پینے وغیرہ کا۔ **طلبداری** (مونث) تلاش جستجو۔ **طلبداشت** (مذکر) بلاوا۔ سمن۔ **طلب کرنا** (متعدی) ۱ مانگنا ۲ بلانا ۳ دعوے کرنا۔ **طلبگار** (صفت) ۱ خواہشمند ۲ مانگنے والا ۳ خریدار۔ **طلبگاری** (مونث) ۱ مانگ ۲ خواہش۔ **طلب مٹانا** (متعدی) **مٹنا** (لازم) خواہش مٹنا یا پوری ہونا۔ **طلب نامہ** (مذکر) سمن حاضر عدالت ہونے کا تحریری حکم۔ **طلبی** (مونث) بلاوا۔ **طلبی ہونا** (لازم) بلایا جانا۔ حاضری کا حکم ہونا۔ **مثل۔ طَلَبَ الکُل فوتُ الکُل** ۱ بہت علوم وفنون کی تحصیل کا یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ کسی میں بھی مہارت نہیں ہوتی ۲ بہت کی کوشش میں کچھ نہیں ملتا۔

طَلَبا (ع۔ مذکر) جمع طلیب کی ڈھونڈنے والے۔ مگر عام طور پر طالب علم کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

طَلَبہ (ع۔ مذکر) طالب کی جمع۔ طالبان

طَلح (ع۔ مذکر) ۱ مہربانی شفقت ۲ ایک مقام۔

طِلِسم (ع۔ مذکر) یونانی طلسما کا معرب ۱ جادو۔ سحر ۲ جادو کا تماشا ۳ مہیب شکل یا مصنوعی سانپ کی شکل جو دفینوں پر بنا دیتے ہیں ۴ راز۔ جس بات کا پتہ نہ لگے ۵ جادو کے خطوط اور نقش ۶ وہ ملک جہاں جادوگر رہتے ہیں ۷ بھان متی کا تماشا ۸ وہ علم جو خیالات موہومہ کو بشکل عجیب نظر میں لائے۔ **طلسم آمیز یا افزا** (صفت) ۱ حیرت انگیز۔ عجیب ۲ جادو کا۔ **طلسمات** (مذکر) ۱ جمع طلسم کی ۲ مفرد بھی استعمال ہوتا ہے۔ حیرت میں ڈالنے والا منظر۔ **طلسمات عالم** (مذکر) دنیا کا طلسمات سے استعارہ کرتے ہیں۔ **طلسماتی** (صفت) جادو کا۔ آفت کا۔ **طلسم باندھنا** (متعدی) حیرت انگیز امر ظہور میں لانا ۲ انوکھی بات کرنا ۳ جادو کے زور سے کسی امر کو کسی کے دل سے محو کرنا ۴ کسی بات کے لئے جادو کرنا۔ **طلسم توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) ۱ بندھے ہوئے طلسم کا زبردست افسوں سے شکست ہونا ۲ راز افشا ہونا ۳ کسی شخص پر جو دھوکے میں ہو اصلیت کھل جانا ۴ جادوگروں کا ملک فتح ہونا۔ **طلسم حیرت** (مذکر) ایک افسانہ مصنفہ مرزا حیرت دہلوی۔ **طلسم سپہر** (مذکر) آسمان کا طلسم سے استعارہ کرتے ہیں۔ **طلسم فتح کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) جادوگروں کا ملک فتح ہونا۔ **طلسم کشا** (مذکر) وہ شخص جو طلسم کو فتح کرے یا توڑے۔ **طلسم نور افشاں** (مذکر) ایک طلسم جس کا بادشاہ کوکب مسلمانوں کا شریک ہوگیا تھا۔ اس کا ذکر داستان طلسم ہوش ربا میں آتا ہے۔ **طلسم ہوش افزا** (مذکر) ایک داستان مصنف۔ محمد حسین جاہ۔ **طلسم ہوش ربا** (مذکر) ایک افسانہ جو فیضی کی تصنیف بیان ہوتی ہے۔ اسے سید محمد حسین جاہ اور احمد حسین قمر نے اردو میں کیا ہے یہ داستان امیر حمزہ کا پانچواں دفتر ہے۔ اور معہ تقبیہ دس ضخیم جلدوں میں ہے۔ احمد حسین قمر نے اس کے سلسلے میں طلسم فتنہ۔ نور افشاں۔ طلسم خیال سکندری طلسم نوخیز جمشیدی وغیرہ تصنیف کی ہیں ۲ ایک طلسم جس کا ذکر ۱ میں آتا ہے۔ اسے اسد نبیرہ امیر حمزہ صاحب قران نے فتح کیا تھا۔ افراسیاب اس کا بادشاہ تھا۔

طلعَت (ع۔ مونث) ۱ چہرہ۔ رخ۔ شکل ۲ مرکبات میں جیسے خورشید طلعت (طَلَعَ۔ ظاہر ہونا) **طلعتِ جہاں آرا** (مونث) **طلعتِ زیبا** (مونث) خوبصورت شکل یا چہرہ۔

طلعتِ منحوس (مونث) وہ چہرہ جس کے دیکھنے سے نقصان ہو جائے۔

طَلَف (ع۔ مذکر) تحفہ۔ عطیہ۔ بخشش (طَلَف۔ کوئی چیز دینا) طلفاً (نف) ۱ مفت ۲ مفت سے۔

طلق (ع۔ مذکر) تلک کا معرب ابرک۔

طَلَق (ع۔ صفت) کھلا۔ آزاد (طَلَق۔ آزاد ہونا) طلق اللسان (صفت) چرب زبان۔ لسان۔ طلق الوجہ (صفت) ۱ جس کے چہرے سے شرافت ٹپکتی ہو ۲ مسکراتا ہوا ۳ خوش۔ شاد۔ طلق الیدین (صفت) فیاض۔

طُلُوع (ع۔ مذکر) ۱ سورج۔ چاند۔ ستارے وغیرہ کا نکلنا ۲ نکلنا۔ بلند ہونا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (طَلَع۔ چڑھنا) طلوعِ آفتاب (مذکر) سورج کا نکلنا۔ صبح ہونا۔ طلوعِ صبح (مذکر) صبح ہونا۔

طَلِیعَہ (ع۔ مذکر) ۱ وہ دستہ جو فوج کے آگے دشمن کے اترنے کی جگہ وغیرہ دریافت کرنے کے لئے جایا کرتا ہے۔ ہراول ۲ سکاؤٹ۔ خبر رساں ۳ لشکر کی حفاظت کرنے والی سپاہ (طَلَعَ۔ چڑھنا)

طَلِیق (ع۔ صفت) ۱ کھلے چہرے کا ۲ لسان فصیح (طَلَق۔ آزاد ہونا) طلیق اللسان (صفت) چرب زبان۔ فصیح۔ لسان۔

طَماچہ (ف۔ مذکر) طمانچہ۔

طَمّاع (ع۔ صفت) بہت لالچی۔ حریص (طَمَع۔ لالچ کرنا)

طَمانچہ (ف۔ مذکر) ۱ تھپڑ۔ تماچا ۲ تھپیڑا ہوا کا ۳ ہاتھ کی تھپکی چپاتی بنانے کے واسطے ۴ دہنی طرف سے حریف کے گلے پر وار کرنا (سیف بازی) طمانچہ اٹھانا (متعدی) تھپڑ لگانے کا اشارہ کرنا۔ طمانچہ بلندی (مونث) عمارت رکھاروں کی اصطلاح) طمانچہ پڑنا (لازم) تھپڑ لگنا۔ طمانچہ جڑنا۔ جمانا۔ رسی کرنا۔ لگانا یا مارنا (متعدی) تھپڑ لگانا۔ طمانچہ چلنا (لازم) شیروں وغیرہ کا لڑتے ہوئے ایک دوسرے کو پنجوں سے مارنا۔ طمانچہ دکھانا (متعدی) تھپڑ لگانے کا اشارہ کرنا۔ طمانچہ لگنا (لازم) تھپڑ پڑنا۔ طمانچے (مذکر) ۱ طمانچہ کی جمع ۲ بجائے طمانچہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ طمانچے سے منہ لال کرنا (متعدی) ۱ تھپڑ مار کر منہ سرخ کر دینا ۲ بناوٹ سے سرخروئی ظاہر کرنا۔ طمانچے سے منہ لال رکھنا (متعدی) تکبر کی وجہ سے اپنی غربت چھپانا۔

طَمَانِیَّت۔ طُمَانِینَت (ع۔ مونث) اطمینان۔ دلجمعی (طَمَن۔ آرام کرنا) اول دوسرے کا مخفف ہے۔

طُمطُراق (ف۔ مذکر) ۱ شان شوکت تجمل۔ دھوم دھام ۲ غرور۔ تکبر۔ ڈینگ طمطراقی (مونث) شان اور تجمل۔

طَمَع (ع۔ مونث) لالچ۔ حرص (طَمَع لالچ کرنا) طمعِ خام (مونث) ایسی تمنا جس کا پورا ہونا ممکن نہ ہو۔ طمعِ دنیا (مونث) مال و دولت کا لالچ۔ طمع رکھنا (متعدی) لالچ یا امید رکھنا کسی بات کی۔ طمع کار (صفت) طامع۔ لالچی۔ حریص۔ طمعکاری (مونث) لالچ۔ حرص۔

مثل۔ طمع را سہ حرف است و ہر سہ تہی (ست) طمع کے تین حرف ہیں اور تینوں نقطوں سے خالی ہیں۔ طمع کی مذمت میں کہتے ہیں۔ لالچ سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ طمع کا منہ کالا لالچ کرنے میں مصیبت اٹھانی پڑتی ہے۔

طمغا۔ طمغہ (ف۔ مذکر) دیکھو تمغا۔

طُمنچہ (ف۔ مذکر) دیکھو تمنچہ۔

طَنّاب (ع۔ مونث) ۱ خیمے کی رسی ۲ لمبی رسی جس سے زمین ماپتے ہیں (طَنَب۔ خیمہ لگانا) طنابِ امل (مونث) امید کی رسی۔ امید۔ طنابِ صبح (مونث) کرنیں۔ طنابِ عمر (مونث) عمر کی درازی کا استعارہ طناب سے کرتے ہیں۔ طنابیں کھینچنا (متعدی) خیمے کے رسے کو کھینچکر باندھنا ۲ (زمین کی) فاصلہ یا دوری کم کرنا۔

طَنّاز (ع۔ صفت) ۱ ناز و نخرے سے چلنے والا ۲ شوخ۔ بیباک ۳ معشوق ۴ رمز و کنائے میں بات کہنے والا ۵ مرکبات میں جیسے طاؤس طناز (طَنَز۔ مسخری کرنا) طنازی (مونث) ۱ شوخی۔ بیباکی ۲ طنز۔ رمز۔ کنایہ۔

طَنبَک (ع۔ مذکر) قرنا۔ ترئی نفیری۔

طَنبُور۔ طنبور نواز۔ طنبورہ (ع) دیکھو تنبور۔ طنبور گڑگڑانا (لازم) تنبور بجنا۔

طَنز (ع۔ مونث) طعنہ۔ آواز (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۲ ٹھٹھا۔ مذاق (طَنَز۔ مسخری کرنا) طنز آمیز (صفت) وہ جو طعنے کی رو سے کہی جائے (بات۔ کلام۔ گفتگو وغیرہ کے ساتھ) طنزاً (نف) طعنہ سے۔

طَنطَنہ (ع۔ مذکر) ۱ رعب داب دبدبہ ۲ کر و فر۔ شان و شوکت ۳ غصہ۔ بدمزاجی ۴ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ ۵ آن بان۔ تمکنت ۶ شور۔ غلغلہ (طَنّ۔ لگاتار آواز دینا) طنطنہ بلند ہونا (لازم) شور مچنا۔ غلغلہ ہونا۔ طنطنہ دکھانا (متعدی) ۱ تحکم جتانا ۲ اترانا ۳ ڈرا دینا ۴ کر و فر دکھانا۔ طنطنۂ عشرت و کامرانی (مذکر) عیش و عشرت کا شور۔ ناچ و گانا۔

طَنِین (ع۔ مونث) ۱ بھنبھناہٹ ۲ گھنٹی کا بجنا (طَنّ۔ لگاتار آواز دینا)

طِواسی (ف۔ مونث) ایک قسم کا قالین۔

طَواغی (ع۔ مذکر) جمع طاغوت کی۔ بت۔

طَواف (ع۔ مذکر) ۱ کسی چیز کے گرد پھرنا ۲ خانہ کعبہ کے گرد پھرنا (طَوف۔ گرد پھرنا) طوافِ بیت اللہ یا الحرام (مذکر) کعبہ کا طواف جو حج کے موقعہ پر کیا جاتا ہے۔

طُوال (ع۔ مذکر) ۱ لمبائی ۲ زندگی۔ عمر ۳ غیر حاضری (طَوَل۔ لمبا ہونا) طوالت (مونث) ۱ لمبائی۔ درازی ۲ زیادتی۔ طوالتِ خدمت (مونث) ملازمت کے زمانے کا لمبا ہونا۔

طَوائِف (ع۔ مونث) جمع طائفہ کی ۱ گروہ۔ قومیں۔ قبیلے ۲ (واحد) وہ عورت جس

کا پیشہ ناچنے گانے کا ہو۔ رنڈی۔ **طوائف التجار** (مذکر) سوداگر۔ تاجر۔ **طوائف الملوکی** (مونث) ۱ ایسا زمانہ جبکہ ملک میں ایک بادشاہ نہ رہے۔ ہر ایک امیر وزیر اپنا اپنا حکم چلائے ۲ بدانتظامی۔ بدنظمی۔ **طوائف النسا** (مونث) مختلف قسم کی عورتیں۔

طُوبا۔ طوبےٰ (ع۔ مذکر) ۱ جنت کا ایک درخت (طَیِّب۔ اچھا یا خوشگوار ہونا) ۲ طیبۃ کی جمع۔ نفیس یا جائز چیزیں ۳ اطیب کا مونث۔ نہایت پاک یا نفیس۔ **طوبائے دلنشیں** (مذکر) مجازاً قد معشوق **طوبےٰ قامت یا قد** (مذکر) ۱ سرو قد ۲ معشوق۔

طَور (ع۔ مذکر) ۱ حالت ۲ طرز۔ ڈھنگ۔ طریقہ (طَوَر۔ گرد منڈلانا) **طور بےطور ہونا** (لازم) ۱ چلن خراب ہونا۔ حالت بگڑنا ۲ حالت دگرگوں ہونا ۳ بہت بیمار ہونا **طور طریق یا طریقہ** (مذکر) چال چلن۔ رویہ۔ برتاؤ۔

طوطا (ف۔ مذکر) ایک سبز پرندہ جس کا قد کبوتر کے برابر ہوتا ہے چونچ مڑی ہوئی ہوتی۔ یہ آواز سیٹی وغیرہ کی نقل خوب کرتا ہے۔ **طوطا پالنا** (متعدی)، **طوطا چشم** (صفت) **طوطا چشمی** (مونث) دیکھو ترتا کے تحت میں۔ **طوطے** (مذکر) ۱ طوطا کی جمع ۲ بجائے طوطا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **طوطے اُڑ جانا** (لازم) ۱ (ہاتھوں کے) سخت گھبرا جانا۔ ہوش و حواس باختہ ہو جانا ۲ (عقل کے) دیکھو عقل کے تحت میں۔ **طوطے کی رسی آنکھیں بدلنا، طرح نگاہ پھیر لینا** (متعدی) بیوفائی کرنا۔ بے پروائی کرنا۔ **طوطے کی طرح ٹیں ٹیں کرنا** (لازم) واہیات بکنا **طوطے کی طرح کلمہ پڑھنا** (متعدی) ظاہرہ طور پر مسلمان ہونا۔

طُوطک (ف۔ مذکر) ۱ طوطا ۲ (مونث) ایک ساز۔ الغوزہ۔

طُوطی (ف۔ مذکر) ۱ طوطا ۲ فصیح باللسان شخص۔ **طوطیاں** (مونث) طوطی کی جمع۔ **طوطیانِ زمردیں بال** (مذکر) سبز پروں والے طوطے۔ **طوطی بلوا لینا یا بلوانا** (متعدی) شہرت ہونا مشہور ہونا (مت) **طوطی بولنا** (لازم) ۱ شہرت ہونا ۲ رسوخ ہونا کسی کے پاس ۳ اچھی رائے حاصل کرنا ۴ اختیار یا رسوخ حاصل کرنا۔ **طوطی پَر** (صفت) تیز رفتار۔ **طوطی خط** (صفت) سبزہ آغاز۔ **طوطی صحرا** (مذکر) سبزہ **طوطی کے سے ہونٹ مل ڈالنا** (متعدی) (دوستانہ یا مشفقانہ نصیحت کرنا)

اقوال۔ طوطی چگے نواونچ جگ نیچ چگن مت جا۔ گُلے لجاوے اپنے نہیں اکبر شاہ۔ اگر کسی کا احسان لینا ہی ہے تو شریف کا لینا چاہیئے۔ اگر کمینے کا احسان لو تو خاندان کی عزّت کو بٹّہ لگتا ہے۔ **طوطی را با زاغے ہم قفس کردند۔** طوطی اور کوّے کو ایک جگہ بند کر دیا ہے۔ خوبصورت کی بدصورت سے شادی کر دی ہے۔

طُوطِیا (ع۔ مذکر) دیکھو توتیا۔

طُوطِیَہ (ع۔ مذکر) تمہید۔ صحیح املا توطیہ ہے۔

طَوع (ع۔ مونث) ۱ رغبت۔ رضامندی ۲ خوشنودی خاطر ۳ اطاعت۔ فرمانبرداری (طَوَع۔ فرمانبردار ہونا) **طوعاً** (نف) رضامندی سے۔ **طوعاً و کرہاً** (نف) چار و ناچار۔ جبراً قہراً۔

طُوغ (ت۔ مذکر) ۱ فوج کا نشان ۲ ایک قسم کی بڑی شمع۔

طُوغان (ف۔ مذکر) بڑا عقاب۔

طَوف (ع۔ مذکر) ۱ طواف کرنا۔ گرد پھرنا ۲ کعبے کے گرد پھرنا ۳ حج ۴ ایک ایک بیوی کے پاس باری باری سے جانا (طَوَف۔ گرد پھرنا) **طوف حرم یا کعبہ** (مذکر) کعبہ کا طواف۔

طُوفان (ع۔ مذکر) ۱ آندھی۔ بادِتند ۲ سیلاب طغیانی ۳ سخت بارش ۴ غل۔ شور ۵ بہتان۔ الزام ۶ فساد۔ جھگڑا۔ ہنگامہ ۷ قہر مصیبت آفت۔ غضب ۸ آفت کا پرکالہ ۹ شریر بچہ۔ شرارتی بچہ ۱۰ داویلا۔ کہرام ۱۱ ناگہانی موت ۱۲ قتل ۱۳ (صفت) کامل ۱۴ بہت۔ نہایت۔ کمال (مت) (طَوف۔ گرد پھرنا۔ گھیر لینا) **طوفانِ آب** (مذکر) طغیانی سیلاب **طوفان آتش** (مذکر) سخت آتش زدگی **طوفان آنا** (لازم) ۱ شدت سے ہوا چلنا ۲ شدت سے مینہ برسنا ۳ طغیانی یا سیلاب آنا۔ **طوفان اٹھانا** (متعدی) ۱ بہتان لگانا ۲ فساد برپا کرنا ۳ شور و غل مچانا۔ واویلا کرنا ۴ طوفان لانا۔ سیلاب لانا۔ **طوفان اُٹھنا** (لازم) ۱ بہتان لگنا ۲ شدت کی ہوا چلنا ۳ سخت بارش ہونا ۴ فساد یا فتنہ برپا ہونا ۵ دریا یا سمندر میں پانی کا ہوا کے زور سے اُچھلنا۔ **طوفان اشک** (مذکر) بہت رونا۔ بہت آنسو بہانا۔ **طوفان اُگلنا** (متعدی) طوفان پیدا کرنا۔ بہتان سے کوئی چیز پیدا کرنا۔ **طوفان امنڈنا** (لازم) طوفان زیادہ ہونا۔ **طوفان باندھنا** (متعدی) ۱ تہمت لگانا ۲ مبالغہ کرنا۔ **طوفان برپا کرنا** (متعدی) **موذا** ... دیکھو طوفان برپا کرنا۔ **طوفان جوڑنا** (متعدی) بہتان لگانا جھوٹا الزام لگانا۔ **طوفان ڈھانا** (متعدی) غضب کرنا۔ **طوفان رسیدہ** (صفت) طوفان سے تباہ کیا ہوا۔ **طوفان رکھنا** (متعدی) تہمت لگانا۔ **طوفان زا** (صفت) سیلاب یا طغیانی لانے والا **طوفان شیطان** (مذکر) تہمت اور بہتان **طوفان طرازی** (مونث) طوفان پیدا کرنا۔ **طوفانِ عظیم** (مذکر) ۱ بڑا جھگڑا ۲ سخت آندھی اور بارش (اٹھنا کا ساتھ) **طوفان کرنا** (متعدی) ۱ غل۔ شور مچانا۔ ادودھم مچانا ۲ جھگڑا یا فساد کرنا **طوفان کھڑا کرنا** (متعدی) بہتان لگانا۔ **طوفان لانا** (متعدی) سیلاب پیدا کرنا۔ **طوفان لگانا یا لینا** (متعدی) **لگنا** (لازم) بہتان یا الزام لگنا۔ **طوفان مچانا** (متعدی) شور و غل مچانا۔ **طوفان میں آنا** (لازم) کشتی یا جہاز کا بادِ تند میں پھنسنا یا اس سے تباہی میں آنا۔ **طوفانِ نوح** (مذکر) وہ طوفانِ آب جو حضرت نوحؑ کے زمانے میں لوگوں کے گناہوں کی وجہ سے آیا تھا۔ حضرت نوحؑ نے ایک کشتی بنا کر اس میں ہر قسم کے جانوروں کا ایک ایک جوڑا رکھ لیا تھا۔ اور اپنے خاندان سمیت اس میں سوار ہو گئے تھے۔ طوفان کے بعد کشتی کوہ ارارات پر ٹھہری۔ **طوفان ہونا** (لازم) ۱ بادِ تند کا چلنا ۲ سخت شریر ہونا۔ **طوفانی** (صفت) ۱ طوفان سے منسوب ۲ جھوٹا۔ شریر۔ مفسد۔ فسادی۔ **طوفانی جہاز** (مذکر) وہ جہاز جو طوفان میں پھنسا ہو۔ **طوفانی ہونا** (لازم) تباہ ہونا۔ کشتی یا جہاز کا طوفان میں آ جانا۔

اقوال۔ طوفان شیطان

اللہ نگہبان۔ طوفان شیطان سے خدا بچائے۔ جھوٹے بہتانوں سے خدا امن میں رکھے۔

طَوق (ع۔ مذکر) ۱ گلے کا ایک زیور ۲ کبوتر۔ فاختہ وغیرہ کے گلے کا گول نشان ۳ منت کی چوڑی ہنسلی جو بچوں کے گلے میں پہناتے ہیں ۴ بھاری حلقہ جو مجرموں یا دیوانوں کے گلے میں ڈالتے ہیں کہ مرنہ اٹھا سکیں ۵ حلقہ لوہے کا جو غلاموں کے گلے میں ڈالتے ہیں ۶ حلقہ جو کسی چیز کے گرد ہو (طوق۔ برداشت کرنا) **طوق اُتارنا** (متعدی) **اُترنا** (لازم) **اُترنا** (لازم) **بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) منت کا طوق بچے کے گلے سے علیحدہ ہو کر منت ادا ہونا۔ **طوقِ بہار** (مذکر) قوس قزح۔ **طوقِ زنجیر** (مذکر) ہتھکڑیاں بیڑیاں مع طوق۔ **طوقِ غلامی** (مذکر) ۱ اطاعت کا جوا ۲ وہ طوق جو غلاموں کی گردن میں ڈالتے تھے۔ **طوق غلامی گلے میں ڈالنا** (متعدی) اطاعت کرنا۔ **طوقِ عنبر یا عنبریں** (مذکر) سبزہ جو آغاز ہو رہا ہو۔ **طوقِ ماہ** (مذکر) چاند کا ہالہ۔ **طوق و زنجیر** (مذکر) ہتھکڑیاں بیڑیاں مع حلقہ۔ **طوق و زنجیر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) قید ہونا۔ ہتھکڑیاں۔ بیڑیاں۔ پہننا۔

مثل۔ طوق لعنت بگردن ابلیس۔ لعنت کا طوق شیطان کی گردن میں۔ بُرے آدمی کو ہی بُرائی کا الزام لگتا ہے۔

طُول (ع۔ مذکر) ۱ لمبائی ۲ درازی ۳ وسعت ۴ (صفت) طویل۔ بڑا ۵ وسیع۔ پھیلا ہوا (طَوَل۔ لمبا ہونا) **طولاً** (ع) لمبائی میں۔ لمبائی کی طرف۔ **طول البلد یا بلد** (مذکر) کسی مقام کا فاصلہ کسی خاص نصف النہار سے درجوں میں۔ **طولِ امل** (مذکر) ۱ امید کی طوالت ۲ عمل کی طوالت ۳ کنایۃً حرص دنیا کا۔ **طولانی** (صفت) بہت لمبا۔ دراز۔ **طول پکڑنا** (متعدی) بڑھ جانا۔ طوالت ہونا۔ **طول دینا** (متعدی) ۱ کسی معاملہ کو بڑھانا ۲ بات کو لمبا کرنا ۳ یاوہ گوئی کرنا۔ **طول عُمرہٗ** (دعا) خدا عمر دراز کرے۔ چھوٹوں کو کہتے ہیں۔ **طول کلام** (مذکر) یاوہ گوئی۔ **طول طویل** (صفت) بہت لمبا۔ **طول کھنچنا** (لازم) **کھینچنا** (متعدی) دیر لگنا۔ مدت لگنا۔ **طول نظر آنا** (لازم) (میں کے ساتھ) لمبا ہونا معلوم ہونا۔ دیر لگتی نظر آنا۔ **طولے** (صفت) کامل۔ پورا جیسے ید طولے۔

طُومار (ع۔ مذکر) ۱ کتاب۔ صحیفہ۔ دفتر ۲ مکتوب دراز ۳ کاغذ لپٹا ہوا ۴ ڈھیر ۵ لمبی کہانی ۶ کاغذوں کا گٹھا ۷ جھوٹی باتیں۔ مبالغہ آمیز باتیں (طَمر۔ لپیٹنا) **طومار باندھ دینا۔ باندھنا بنا کر کھڑا کرنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) ۱ چھوٹی بات بڑھا کر بیان ہونا۔ جھوٹ کا پُل بندھنا ۲ چھوٹی بات سے فتنہ برپا ہونا۔

طُوبیٰ (ت۔ مونث) ۱ دعوت ضیافت ۲ شادی۔ بیاہ۔

طُوَیس (ع۔ مذکر) ۱ چھوٹا طاؤس۔

طَوِیل (ع۔ صفت) ۱ لمبا۔ دراز ۲ ایک بحر یا وزن کا نام ۳ نردوں کا ایک کھیل (طَوَل۔ لمبا ہونا) **طویلُ الجُثّہ یا القامت** (صفت) لمبے قد کا۔

طَوِیلہ (ع۔ مذکر) ۱ لمبی رسّی ۲ موتیوں کا ہار ۳ ایک سکّہ جو عرب کے جنوب میں رائج ہے ۴ (عرب) جنوب میں ایک شہر۔

طَوِیلہ (ع۔ مذکر) گھوڑوں کا تھان۔ اصطبل۔

امثال و اقوال

طویلے کی بلا بندر کے سر۔ کہتے ہیں کہ اگر طویلے میں بندر رکھا جائے تو گھوڑے وغیرہ آفتوں سے محفوظ رہتے ہیں۔ اس لئے اس موقع پر کہتے ہیں۔ جب کئی آدمیوں کی آفت ایک کے سر پڑے۔ قصور کسی کا مارا کوئی جائے۔ **طویلے میں لتیا ہیج**۔ اپنے ہی گروہ میں پھوٹ۔

طٰہٰ (ع۔ مونث) تلفظ طاہا ۱ ایک سورت قرآن شریف کی ۲ پیغمبر صلعم۔

طَہارَت (ع۔ مونث) ۱ پاکیزگی۔ صفائی۔ پاکی ۲ وضو۔ استنجا۔ آبدست۔ غسل (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (طَہَرَ۔ پاک یا صاف ہونا) **طہارت خانہ** (مذکر) نہانے اور وضو کرنے کی جگہ۔ **طہارت نامہ** (مذکر) کتاب جس میں طہارت کے متعلق ہدایات ہوں۔

طُہر (ع۔ مذکر) ۱ حیض سے پاک ہونا ۲ وہ ایام جن میں حیض نہ ہو۔

طُہران (ع۔ صفت) پاک صاف۔ ستھرا (طَہَرَ۔ پاک یا صاف ہونا)

طَہُور (ع۔ صفت) پاک کرنے والا۔ شراب کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (طَہَرَ۔ پاک یا صاف ہونا)

طَے (ع۔ مذکر) ۱ قطع مسافت ۲ ایک عرب قبیلہ۔ حاتم اس قبیلے سے تھا ۳ تمام کرنا۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ ختم کرنا ۴ فیصلہ۔ بیباقی۔ چکوتا ۵ (صفت) کوتاہ۔ مختصر۔ **طیّ ارض** (مذکر) فاصلے کا طے کرنا۔ **طے کا روزہ** (مذکر) وہ روزہ جو تین روز بلا افطار رکھا جائے۔ قبیلہ طے کے لوگ تیسرے دن روزہ افطار کرتے تھے۔ **طے کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ قطع مسافت ہونا ۲ ختم ہونا۔ تمام ہونا ۳ فیصلہ ہونا۔ رفع دفع ہونا ۴ ملے کا لپیٹا جانا۔ تہ ہونا۔ مڑنا۔ **طے مراحل** (مذکر) (مذکر) سفر کے مرحلوں پر سے گزر جانا۔

طَیّار (ع۔ صفت) ۱ اُڑنے والا ۲ تیز دوڑنے والا۔ تیز ۳ (مذکر) جعفر بن ابوطالب کا لقب ۴ پارہ ۵ پردار جانور (طَیَرَ۔ اُڑنا) **طیّارہ** (مذکر) ہوائی جہاز۔ **طیّاری** (مونث) وہ فربہی جو ورزش کرنے سے ہوتی ہے ۲ لال اور چرکوں کا بہت بڑا پنجرا۔

طَیِّب (ع۔ مذکر) ۱ اچھا۔ عمدہ۔ نفیس ۲ خوشگوار۔ لذیذ ۳ جائز ۴ پیغمبر صلعم کے

ایک بیٹے کا نام (طَیِّب - خوشگوار ہونا) **طیبات** (مونث) ۱ نیک نام ۲ خوشیاں ۳ پاک عورتیں -

طیبہ (مذکر) مدینہ کا نام -

طِیب (ع - مونث) ۱ خوشی - رضا مندی ۲ خوشبو - مہک ۳ کسی چیز کا بہترین حصہ (طَیِّب - خوشگوار ہونا) **طیبُ النفس** (صفت) پاک نفس - مقدس - **طیبت** (مونث) ۱ جائز کام ۲ خالص شراب ۳ چاہ زمزم ۴ مذاق - چہل - **طیبہ** (مذکر) مدینے کا نام -

طیب خاطر (مونث) خوشی - رضا مندی - خوشنودی مزاج -

طَیر (ع - مذکر) ۱ پرند - چڑیا ۲ اُڑنا (طَیَر - اُڑنا) **طیران** (مذکر) ۱ اُڑنا پرندوں کا ۲ (جمع) طیری - پرندے -

طَیش (ع - مذکر) غُصّہ - غضب - جوش - قہر (آنا - دلانا کے ساتھ) (طَیش - ہلکا ہونا) **طیش کھانا** (متعدی) غم و غُصّہ برداشت کرنا - **طیش میں آنا** (لازم) غُصّے میں آنا - جھنجھلانا -

طَیفُور (ع - مذکر) ۱ پرند ۲ اُڑنے والا کیڑا ۳ ایک خاص پرند کا نام -

طَیلس - طیلسان (ع - مذکر) ۱ پگڑی کا شملہ ۲ چادر جو عرب کندھوں پر ڈالتے ہیں -

طِین (ع - مونث) مٹی -

طِینَت (ع - مونث) ۱ سرشت طبیعت ۲ خو - عادت (طین - مٹی)

طیُور (ع - مذکر) جمع طیر - پرندے -

طیوری (مذکر) چڑیمار -

ظ

ظ (ع۔ مذکر) تلفظ ظوئے

۱۔ اردو کا تئیسواں عربی کا سترھواں اور فارسی کا بیسواں حرف ۲۔ اسے ظائے معجمہ یا منقوطہ بھی کہتے ہیں ۳۔ ابجد میں اس کے نوسو عدد مقرر کئے گئے ہیں۔ یہ اصل میں صرف عربی زبان کا حرف ہے اور عربی الفاظ میں ہی استعمال ہوتا ہے۔

ظا (ع۔ مذکر) ظ کا عربی تلفظ۔

ظافر (ع۔ صفت) فاتح (ظَفَر فتح کرنا)

ظالم (ع۔ صفت) ۱۔ ظلم کرنے والا ۲۔ سنگدل۔ بے رحم ۳۔ کنایتاً معشوق ۴۔ بے انصاف (ظُلَم۔ برا کام کرنا) **ظالم اظلم** (صفت) سخت ظالم۔ بہت ستانے والا۔ **ظالمانہ** (صفت) ظلم سے بھرا ہوا۔ ظالم کے طریقے پر۔ **ظالم خدا سے ڈر (کو مان)** جب کوئی کسی کو ستائے یا جھوٹ بولے تو کہتے ہیں۔ **ظالم سوز** (صفت) ظالم کو تباہ کرنے والا۔ **ظالم مظلوم نما** (صفت) جو باطن میں سخت اور ظاہر میں نرم ہو ۲۔ معشوق کی آنکھ کو تشبیہاً کہتے ہیں۔ **ظالموں کا بادشاہ** (صفت) سخت ظالم۔ **ظالم گداز** (صفت) ظالم کو تباہ کرنے والا۔ **ظالمی** (مونث) ظلم۔

امثال واقوال۔ ظالم

ظالم پھولتا پھلتا نہیں۔ ظالم سرسبز نہیں ہوتا۔ ظالم اولاد اور مراد سے بے نصیب رہتا ہے۔ **ظالم تیرا ظلم کب تک رہیگا کبھی تو خدا ہماری بھی سنے گا**۔ مظلوم تنگ آکر کہتا ہے **ظالم ظلم کرے نیک بخت برگ بھرے**۔ ظالم ظلم کرتا ہے۔ نیک بخت نیکی کا کام کرتا ہے۔ **ظالم کا پینڈا ہی نرالا ہے**۔ جدھر سے ظالم گذرے کوئی ادھر نہیں جاتا۔ **ظالم کا زور سر پر**۔ زبردست کے آگے کچھ نہیں چلتی۔ **ظالم کی بیل نہیں بڑھتی**۔ ظالم کے اولاد نہیں ہوتی۔ **ظالم کی چال ہی اور ہے**۔ ظالم کے طریقے مختلف ہوتے ہیں۔ **ظالم کی داد خدا کے گھر**۔ ستانے والے کو خدا سزا دیتا ہے **ظالم کی رسی دراز ہے**۔ ظالم کی عمر بڑی ہوتی ہے تاکہ بہت گناہ کرکے اپنے آپ کو جہنم کا ایندھن بنائے۔ **ظالم کی عمر کوتاہ ہوتی ہے**۔ ظالم بہت دن زندہ نہیں رہتا۔ کوئی نہ کوئی اسے قتل کر دیتا ہے۔

ظامی (ع۔ صفت) پیاسا۔

ظاہر (ع۔ صفت) ۱۔ عیاں آشکار۔ صاف۔ کھلا ۲۔ (مذکر) خدا کا ایک نام ۳۔ اوپری حالت۔ صورت ۴۔ نمائش۔ دکھاوا ۵۔ لکھنؤ میں خاکروبوں کا پیر (ظَہَر نکلنا) **ظاہرا** (تف) ظاہر میں۔ آشکارا۔ عیاں **ظاہر اسباب** (تف) ظاہرا طور پر ظاہر میں۔ **ظاہر اور باطن میں فرق ہونا** (لازم) زبان پر کچھ اور دل میں کچھ ہونا۔ دغا باز ہونا **ظاہر باطن ایک سا (یکساں) ہونا** (لازم) شریف ہونا۔ دل اور زبان کا موافق ہونا۔ **ظاہر بنائے رکھنا** (متعدی) دکھاوا رکھنا۔ **ظاہر بیں** (صفت) ظاہر دیکھنے والا۔ **ظاہر بینی** (مونث) ظاہر دیکھنا۔ **ظاہر پرست** (صفت) دنیا دار۔ ظاہری باتوں پر عمل کرنے والا۔ ظاہری حالت پر نظر رکھنے والا۔ **ظاہر پرستی** (مونث) جو دیکھنا اس پر یقین کرنا۔ **ظاہر پر جانا** (لازم) ظاہری حالت دیکھ کر دھوکا کھانا۔ **ظاہر پیر** (مذکر) خاکروبوں کا پیر **ظاہر دار** (صف) دکھاوے کا برتاؤ کرنے والا۔ **ظاہرداری** (مونث) دکھاوٹ کی باتیں۔ اوپری باتیں **ظاہرداری برتنا** (متعدی) دکھاوے کی باتیں کرنا۔ **ظاہر ظہور** (تف) کھلم کھلا۔ ظاہری طور پر **ظاہر کا تماشا** (مذکر) نمائش۔ دکھاوا۔ **ظاہر کا نرم باطن کا سخت**۔ ظاہرا رحم دل۔ مگر سخت سنگدل۔ **ظاہر کرنا** (متعدی) ۱۔ افشا کرنا۔ کھولنا ۲۔ تشریح کرنا۔ ۳۔ بناوٹ سے دکھانا۔ نمائش کرنا ۴۔ جتانا ۵۔ اشارے سے دکھانا ۶۔ بتانا۔ ذکر کرنا۔ **ظاہر کا تماشا** (مذکر) نمائش۔ دکھاوا۔ **ظاہر کی ٹیپ ٹاپ** دکھاوے کی آرائش **ظاہر میں** (تف) کھلے طور پر ظاہرہ۔ **ظاہر نظر یا نگر** (صفت) جو ظاہری باتوں کا خیال کرے۔ **ظاہر نما** (صفت) نمائشی۔ ظاہر میں اچھا۔ **ظاہر و باطن** (مذکر) ۱۔ اندر باہر ۲۔ (تف) زبان پر اور دل میں ہر طرح **ظاہرہ** (صفت) عیاں۔ آشکار۔ ظاہر **ظاہر ہو جانا یا ہونا** (لازم) دیکھو ظاہر کرنا۔ **ظاہر ہے**۔ سب جانتے ہیں۔ پوشیدہ نہیں۔ **ظاہری** (صفت) ۱۔ نمائشی۔ دکھاوے کا ۲۔ اوپرا۔ ظاہر کا ۳۔ بیرونی۔ کھلا ہوا **ظاہری رنگ ڈھنگ ہیں** ریاکاری یا بناوٹ کی باتیں ہیں۔

امثال واقوال۔ ظاہر

اچھا باطن برا۔ دیکھنے میں نیک مگر حقیقت میں برا **ظاہر اللہ باطن اللہ**۔ اللہ اپنی قدرت سے ہر جگہ موجود ہے۔ **ظاہر اور باطن اور** زبان پر کچھ اور دل میں کچھ۔ **ظاہرداری فضول بات ہے**۔ دکھاوے کی باتیں اچھی نہیں **ظاہر رحمٰن کا باطن شیطان کا۔ ظاہر کا رحمٰن باطن کا شیطان**۔ دیکھنے میں نیک حقیقت میں برا۔ **ظاہر کا نرم باطن کا سخت**۔ دیکھنے میں رحم دل ہے مگر حقیقت میں سنگ دل یا بے رحم ہے **ظاہر کی آنکھیں اور ہیں باطن کی آنکھیں اور ہیں**۔ دل کی سوجھ بوجھ ان آنکھوں سے جدا ہے **ظاہر کی ٹیپ ٹلو ہے** ظاہر کی نمود اور زیب زینت ہے۔ **ظاہر کی دنیا ہے** دنیا دکھاوٹ پر جاتی ہے۔ ظاہر باتوں پر مرتی ہے **ظاہر کے رنگ ڈھنگ ہیں**۔ ریاکاری اور دکھلاوے کی باتیں ہیں۔

ظَرافت (ع۔ مونث) مذاق دل لگی ٹھٹھا۔ مسخراپن (ظَرُف۔ چالاک ہونا) **ظرافتاً** (تف) مذاقاً۔ دل لگی سے **ظرافت آمیز** (تف) ظرافت ملی ہوئی۔ دل لگی کی۔ **ظرافت انگیز**۔ (صفت) مسخرے پن کا۔ مذاقیہ۔ دل لگی کا **ظرافت پسند** (صفت) جو دل لگی پسند کرے۔ **ظرافت کا پتلا** (صفت) ظریف مسخرا۔ **ظرافت کا پہلو** (مذکر) دل لگی کا انداز **ظرافت کی پوٹ** (مونث) بہت ظریف۔ مسخرا۔

امثال۔ ظرافت

ظرافت آتش افروز جدائی است۔ ہنسی مذاق سے جدائی کی آگ روشن ہوتی ہے۔ **ظرافت بسیار ہنر ندیماں است، وعیب حکیماں**۔ بہت زیادہ ہنسی دل لگی مصاحبوں کے لئے ہنر ہے۔ عالموں کے لئے عیب ہے۔

ظرافت خانہ آزرم وجنگ است مذاق لڑائی کا گھر ہے۔

ظرف (ع۔ مذکر) ۱ چالاکی۔ ہنر۔ کاریگری ۲ نفاست۔ خوبی ۳ تہذیب ۴ قابلیت۔ لیاقت ۵ حوصلہ ۶ برتن ۷ (صرف) وہ اسم جو مکان یا جگہ پر دلالت کرے (ظَرُفَ چالاک ہونا) **ظرف آفتاب** (مذکر) قدح شراب۔ **ظرف پیدا کرنا** (متعدی) حوصلہ پیدا کرنا۔ **ظرف دیکھنا** (متعدی) حوصلہ دیکھنا۔ **ظرف زمان** (مذکر) وہ اسم جو مطلق زمانہ پر دلالت کرے۔ **ظرف عالی ہونا** (لازم) بڑا حوصلہ ہونا۔ **ظرف لبریز ہونا** (لازم) عمر آخر ہونا۔ موت کا وقت آنا۔ **ظرف مکان** (مذکر) وہ اسم جو مطلق مکان پر دلالت کرے۔ **ظرفیت** (مونث) حوصلہ۔ دلبری۔

ظُرفا (ع۔ مذکر) جمع ظریف کی۔

ظُروف (ع۔ مذکر) جمع ظرف کی۔ برتن۔ **ظروف چینی** (مذکر) چینی کے برتن۔ **ظروف نقرئی** (مذکر) چاندی کے برتن۔

ظَریف (ع۔ صفت) خوش طبع آدمی۔ مسخرا۔ بامذاق شخص۔ دل لگی باز۔ ٹھٹھے باز۔ لطیفہ گو۔ ہنسی دل لگی کرنے والا (ظَرُفَ چالاک ہونا) **ظریفانہ** (صفت) ظرافت کا۔ مسخرے پن کا۔ **ظریف طبع یا مزاج** (صفت) جس کے مزاج میں ظرافت کا مادہ زیادہ ہو۔

ظَفَر (ع۔ مونث) ۱ فتح۔ کامیابی (ظَفِرَ۔ فتح پانا) ۲ بہادر شاہ آخری شاہ دہلی کا تخلص **ظفر آیات آیہ۔ اثر پیکر یا موج** (صفت) جو اکثر فتح پاتا ہے۔ **ظفر اثر** (صفت) جو ہمیشہ فتح پائے۔ **ظفر انگیز** (صفت) فاتح۔ کامیاب۔ **ظفر پانا** (لازم) کامیابی حاصل کرنا۔ فتح پانا۔ **ظفر تکیہ** (مذکر) ایک لکڑی جس پر فقیر اپنے بدن کا بوجھ ڈالتے ہیں۔ بہت بیٹھے بیٹھے تھک جاتے ہیں۔ اس میں چھری بھی ہوتی ہے ۲ لوہے کی نوکدار سلاخ ۳ خنجر۔ چھری لمبی اور پتلی۔ **ظفر توام** (صفت) فتح پانے والا **ظفر جنگ** (مذکر) ایک قسم کا فوجی خطاب **ظفرستان** (مذکر) فتح کی جگہ یا میدان **ظفر شعار** (صفت) فاتح۔ **ظفر صورت** (صفت) فاتح جس کی شکل سے فتح کرنا ظاہر ہو۔ **ظفر قریب قرین مراد نشان** (صفت) جس کے حملے کے ساتھ فتح وابستہ ہو۔ **ظفریاب** (صفت) فتح پانے والا۔ **ظفریابی** (مونث) فتح۔

ظِلّ (ع۔ مذکر) سایہ۔ پناہ تنہا بغیر تشدید (ظَلَّ۔ سایہ دار ہونا) **ظل اللہ الٰہی۔ حق۔ خدا یا سبحانی** (مذکر) خدا کا سایہ بادشاہ **ظلِ حمایت** (مذکر) حمایت کی پناہ۔ **ظلّ ظلیل** (مذکر) گھنا سایہ۔ ہمیشہ رہنے والا سایہ۔ **ظل عنایت** (مذکر) مہربانی کی پناہ **ظل گستر** (صفت) سایہ دینے والا۔ **ظلِّ ہما** (مذکر) ہما کا سایہ کہتے ہیں ہما کا سایہ جس شخص پر پڑے وہ بادشاہ ہو جاتا ہے۔

ظِلال (ع۔ مذکر) ۱ ابر کا سایہ ۲ ابر یا کوئی چیز جو سایہ دے ۳ باغ ۴ بہشت (ظَلَّ۔ سایہ دار ہونا)

ظلام (ع۔ مذکر) ۱ رات ۲ رات کا اندھیرا یا تاریکی (اظلَمَ۔ تاریک ہونا)

ظَلّام (ع۔ صفت) بہت ظالم (ظَلَمَ۔ بے انصافی کرنا)

ظُلم (ع۔ مذکر) ۱ بے انصافی ۲ زبردستی۔ جبر۔ زیادتی ۳ جور۔ ستم۔ جفا ۴ آفت مصیبت ۵ کم دور کوستانا ۶ بھاری بوجھ۔ بھاری بار گذاری ۷ نقصان۔ ضرر ۸ سختی ۹ استحصال بالجبر کوئی چیز زبردستی سے لینا ۱۰ اندھیر۔ تاریکی ۱۱ بت پرستی (ظَلَمَ۔ بے انصافی کرنا) **ظلم اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) ستم برداشت ہونا۔ جور سہنا **ظلم ایجاد کرنا** (متعدی) ستم پیدا کرنا **ظلم بتانا** (متعدی) ستم سکھانا۔ **ظلم پالنا** (متعدی) ستم کو پسند کرنا **ظلم پر آمادہ رہنا** (لازم) ہر وقت لوگوں کو تنگ کرنے کے لئے تیار رہنا **ظلم پرظلم** (صفت) بہت ظلم۔ **ظلم پرور** (صفت) ظلم کو رونق دینے والا۔ **ظلم پسند** (صفت) ظلم کرنے والا ظلم کو پسند کرنے والا۔ **ظلم پیشہ**۔ جو ظلم کا عادی ہو **ظلم توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) سختی ہونا ظلم ہونا **ظلم جھیلنا** (متعدی) جور برداشت کرنا۔ **ظلم دوست** (صفت) ظلم کو پسند کرنے والا ظالم۔ **ظلم دیکھنا** (متعدی) جور برداشت کرنا۔ **ظلم ڈھانا** (متعدی) ظلم توڑنا **ظلم روا رکھنا** (متعدی) ظلم کرنا **ظلم رسیدہ** (صفت) مظلوم جس پر ظلم ہوا ہو۔ **ظلم سا ظلم** (صفت) بہت ظلم۔ **ظلم سکھانا** (متعدی) ستم کے طریقے ایجاد کرنا۔ جور سکھانا۔ **ظلم سہنا** (متعدی) جور برداشت کرنا **ظلم سیکھنا** (متعدی) جور یا ستم کرنے کا طریقہ جاننا **ظلم شعار** (صفت) ظلم پیشہ **ظلم طینت** (صفت) جس کی سرشت میں ظلم کی عادت ہو۔ **ظلم کا پھل۔ ثمر یا ثمرہ** (مذکر) ظلم کا نتیجہ۔ **ظلم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ستم ہونا۔ جفا ہونا **ظلم کیش** (صفت) ظالم۔ **ظلم و بدعت یا جفا** (مونث) ستم (مذکر) ہیجڑا ظلم **ظلمی** (صفت) ظالم شریر۔

ظُلمات (ع۔ مذکر) جمع ظلمت کی ۱ تاریکیاں۔ اندھیرے ۲ وہ تاریکی جو سکندر کو آب حیواں کو جاتے ہوئے رستے میں ملی تھی ۳ قصہ گویوں کے نزدیک ایک ملک جہاں ہر وقت تاریکی رہتی ہے۔ اور وہاں جادوگر رہتے ہیں۔ (ظَلِمَ۔ اندھیرا ہونا)

ظُلمانی (ع۔ صفت) تاریک سیاہ۔ اندھیرے سے نسبت رکھنے والا (ظَلِمَ۔ اندھیرا ہونا)

ظُلمَت (ع۔ مونث) اندھیرا تاریکی۔ سیاہی (ظَلِمَ۔ اندھیرا ہونا) **ظلمت آباد** (مذکر) تاریک مقام۔ دنیا۔ **ظلمت بڑھنا** (لازم) تاریکی زیادہ ہونا۔ **ظلمت پھیلنا** (لازم) تاریکی پھیلنا۔ سیاہی چھا جانا۔ **ظلمت جانا** (لازم) سیاہی دور ہونا۔ **ظلمت چھا جانا یا چھانا** (لازمی) تاریکی پھیلنا **ظلمت خانہ** (مذکر) دیکھو ظلمت کدہ۔ **ظلمت رنج** (مونث) رنج کی تکلیف۔ **ظلمت شب** (مونث) رات کی تاریکی۔ **ظلمت کا دامن پھیلا** (متعدی) سب طرف اندھیرا ہونا۔ اندھیرا پھیلنا۔ **ظلمتکدہ** (مذکر) ۱ جہاں بہت اندھیرا ہو ۲ دنیا **ظلمت کفر** (مذکر) کفر کا ظلمت سے استعارہ کرتے ہیں۔ **ظلمتیان** (مذکر) کافران۔

ظَلُوم (ع۔ صفت) سخت ظالم۔ **ظلوم وجہول** (صفت) سخت ظالم اور

جاہل۔

ظنّ (ع۔ مذکر) ۱ گمان۔ رائے ۔ خیال ۲ شبہ۔ شک (ظنّ ۔ سوچنا) **ظنِّ باطل** (مذکر) بے اصل گمان۔ **ظنِّ بد** (مذکر) بدگمانی۔ **ظنِّ غالب** (مذکر) یقین۔ قوی۔ گمان۔ احتمال کامل۔ **ظنِّ فاسد** (مذکر) گمان غلط۔ گمان بیہودہ۔ **ظنِّ نیک** (مذکر) اچھا خیال۔ **ظنّی** (صفت) قیاسی۔

مثل۔ ظنّ المومنین خیرا۔ باایمان لوگوں کا گمان نیک ہوتا ہے۔

ظَواہر (ع۔ مذکر) ۱ ساگ پات ۲ سطحات مرتفع ۳ ظاہری شکلیں ۴ وہ قریش جو مکہ کے باہر خیمہ زن ہوتے تھے (ظَہَرَ۔ باہر ہو جانا)

ظِہار۔ (ع۔ مذکر) مرد کا اپنی بیوی کو اپنی ماں بہن سے تشبیہ دینا۔ طلاق کا ایک طریقہ (ظَہَرَ۔ باہر ہو جانا)

ظُہر (ع۔ مذکر) ۱ دوپہر ڈھلنے کا وقت۔ تیسرا پہر ۲ دوسری نماز کا نام (ظَہَرَ۔ باہر ہو جانا) **ظُہرین** (تثنیہ۔ مذکر) ظہر اور مغرب کی نمازیں۔

ظَہری (ع۔ صفت) پشت پر لکھا ہوا۔ (ظَہَرَ۔ باہر ہو جانا) **ظَہری جواب** (مذکر) وہ جواب جو خط کی پشت پر لکھ دیں۔

ظُہور (ع۔ مذکر) ظاہر۔ نمائش۔ دکھاوا۔ (ظَہَرَ۔ ظاہر ہونا) **ظہورا** (مذکر) عو۔ رونق۔ بہار **ظہورِ بنائے دعوے** (لازم) بنائے مخاصمت پیدا ہونا **ظہور پانا** (لازم) ظاہر ہونا۔ وجود میں آنا۔ **ظہور کرنا** (متعدی) ظاہر ہونا۔ **ظہور میں آنا** (لازم) **لانا** (متعدی) کسی امر کا ظاہر ہونا کوئی بات وقوع میں آنا۔ **ظہور ہونا** (لازم) ظاہر ہونا۔

ظَہیر (ع۔ صفت) مددگار۔ معاون۔ دوست۔

ع

ع (ع - مذکر) تلفظ عَین ۱ اردو کا چوبیسواں - عربی کا اٹھارہواں فارسی کا اکیسواں ۲ اسے عین مہملہ اور غیر منقوط بھی کہتے ہیں ۳ ابجد میں اس کے ستّر عدد فرض کئے گئے ہیں ۴ رکوع قرآن کا اشارہ ۵ مصرعہ کا اشارہ ۶ علیہ السلام کا مخفف پیغمبروں کے ناموں کے آگے لکھتے ہیں ۷ یہ خاص عربی زبان کا حرف ہے - اور حرف عربی الفاظ میں پایا جاتا ہے - ہندی اور سنسکرت میں نہیں ۸ فارسی میں بعض وقت ہائے سے بدل جاتا ہے - جیسے طلایع بجائے طلایہ -

عابد (ع - صفت) عبادت کرنے والا - پرہیزگار متقی - زاہد (عَبَدَ - عبادت کرنا) **عابدانہ** (صفت) عابد سے منسوب - زاہدانہ - **عابدہ** (مونث) عابد کا **عابدیہ** (مذکر) ایک فرقہ -

عاتکہ (ع - مونث) ۱ کئی عورتوں کا نام ۲ پیغمبر صلعم کے اجداد میں نو عورتوں کا نام -

عاجز (ع - صفت) ۱ کمزور - ناتواں - ضعیف ۲ بیکس - بےبس - مجبور ۳ غریب - مسکین (عَجَزَ - منت کرنا) **عاجز آنا** (لازم) ۱ تنگ آنا ۲ مایوس ہوجانا - **عاجز کردینا یا کر رکھنا - کرنا** (متعدی) **ہوجانا یا ہونا** (لازم) ۱ تنگ یا مجبور ہونا ۲ زیر ہونا - **عاجز نوازی** (مونث) بیکس کی امداد یا اعانت - **عاجزی** (مونث) عجز - انکسار - منت (کرنا ہونا کے ساتھ) -

اقوال - عاجزی خدا کو بھی پسند ہے - عجز و انکسار کو خدا پسند کرتا ہے - **عاجزی سب کو پیاری ہے** - عجز کو سب پسند کرتے ہیں - منت خوشامد سے کام ہو ہی جاتا ہے -

عاجل (ع - صفت) جلد باز - (عَجَلَ - جلدی کرنا)

عاد (ع - مذکر) ایک قوم جس پر حضرت ہود بھیجے گئے تھے - مگر انہوں نے نافرمانی کی اور ہلاک ہوئے - **عادی** (صفت) ۱ قوم عاد کا ۲ قوم عاد سے منسوب -

عادات (ع - مونث) عادت کی جمع - عادتیں -

عادت (ع - مونث) ۱ خصلت خو ۲ رسم - رواج - قاعدہ - ریت ۳ لت ۴ طلب (عَوْدَ - واپس آنا) **عادتاً** (تف) عادت سے معمولاً - **عادت بگاڑنا** (متعدی) **بگڑنا** (لازم) عادت خراب ہونا - **عادت پڑنا** (لازم) عادی ہونا - خوگر ہونا - **عادت ترک کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) **چھوٹنا** (لازم) کسی بات کی لت جاتی رہنا - عادت جاتی رہنا - **عادت چڑھنا** (لازم) عادت پڑنا (مت) **عادت ڈالنا** (متعدی) ۱ کسی بات کا خوگر ہونا ۲ کسی کو کسی بُرے کام کا عادی کرنا - **عادت سیکھنا** (متعدی) کوئی نئی لت اختیار کرنا - **عادت کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) خوگر ہونا - **عادی** (صفت) خوگر - وہ جسے کوئی لت پڑ جائے (کرنا ہونا کے ساتھ)

مقولہ - عادت طبیعت ثانیہ ہے - دیکھو العادت کالطبیعت الثانیہ

عادل (ع - صفت) ۱ منصف عدل کرنے والا ۲ جس کی گواہی شرع میں معتبر ہو - (عَدَلَ - انصاف کرنا) **عادل الرہن** (مذکر) وہ شخص جس کے پاس رہن نامہ رکھدیا جائے - **عادلانہ** (تف) انصافاً - **عادل** (۱۱) دیکھو العادل

عادل شاہیہ (۱۴۸۹ - ۱۶۸۶) ایک مسلمان خاندان جو بیجاپور میں حکمران رہا - اس کے تمام بادشاہ اپنے نام کے آگے عادل شاہ لگاتے تھے -

عاذر (ع - صفت) عذر کرنیوالا - (عَذَرَ - الزام دینا)

عاذل (ع - مذکر) ۱ وہ جو الزام لگائے ۲ ایک دریا ۳ ایک مقام ۴ شعبان کے مہینے کا پرانا نام (عَذَلَ - قصور نکالنا)

عار (ع - مونث) ۱ شرم - ننگ ۲ عیب - نقص ۳ دشنام - گالی ۴ بے عزتی (عَیَّرَ - الزام دینا) **عار آنا** (لازم) شرم آنا - **عار رکھنا** (متعدی) بُرا سمجھنا - بے عزتی سمجھنا - شرم آنا - **عار سمجھنا** (متعدی) بُرا سمجھنا - عیب خیال کرنا - **عار کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ شرم ہونا ۲ عیب ہونا - **عاری** (صفت) ۱ خالی - بغیر کسی چیز کے ۲ ننگا - عریاں ۳ مجبور - معذور ۴ زچ - دق ۵ تنگ - عاجز - **عاری آجانا - ہوجانا یا ہونا** (لازم) عاجز آجانا - تنگ آجانا - تھک جانا -

عارج (ع - صفت) چڑھنے والا (عَرَجَ - سیڑھی پر چڑھنا)

عارض (ع - صفت) ۱ پیش آنے والا - واقع ہونے والا ۲ (مذکر) حادثہ - واقعہ ۳ گال - رخسار (عَرَضَ - واقع ہونا) **عارض پر بہار** (مذکر) خوبصورت گال - **عارض تابندہ** (صفت) چمکدار گال - خوبصورت گال - **عارض حور** (مذکر) حور کا گال - بدن کے کسی خوبصورت حصے کی صفائی کو عارض حور سے استعارہ کرتے ہیں - **عارض سیمیں** (مذکر) گورا رخسار - **عارضہ** (مذکر) بیماری - مرض - روگ - **عارضہ سماعت لاحق ہونا** (قانون) معیاد گزرنے کی وجہ سے سماعت نہ ہوسکنا - **عارض ہونا** (صفت) (لازم) لاحق ہونا - ظاہر ہونا - پیدا ہونا - **عارضی** (صفت) ۱ اتفاقیہ - چند روزہ ۲ نقلی - **عارضی قطعی** (قانون) یقینی مانع -

عارف (ع - صفت) ۱ پہچاننے والا ۲ خداشناس - ولی (عَرَفَ - جاننا) **عارفانہ** (تف) ۱ عارف سے منسوب ۲ عقلمندانہ ۳ عارف کی طرح - **عارف باللہ** (صفت) خداشناس -

عاریت (ع - مونث) ۱ قرض ادھار ۲ وہ چیز جو چند روز کے لئے مانگی جائے - (عَوَرَ - لیجانا) **عاریتاً** (تف) چند روز کے لئے بطور قرض دینا لینا - مانگنا کے ساتھ) **عاریت سرا** (مونث) دنیا - **عاریت نامہ** (مذکر) لی ہوئی چیز کو واپس کرنے کا تحریری اقرار - **عاریتی** (صفت) عارضی - چند روزہ -

عازم (ع - صفت) ۱ ارادہ یا قصد کرنے والا (عَزَمَ - قصد کرنا) **عازم جنگ (ستیز یا مصاف) ہونا** (لازم) لڑائی کا ارادہ کرنا - **عازم روانگی ہونا** (لازم) روانہ ہونے کا ارادہ کرنا - **عازم سفر ہونا** (لازم) سفر کا ارادہ کرنا - **عازم میدان ہونا** (لازم) جنگ میں جانے کا ارادہ کرنا - **عازم نبرد گاہ ہونا** (لازم) میدان جنگ میں جانے کا ارادہ کرنا -

عاشر (ع - صفت) ۱ دسواں ۲ (مذکر) شمار میں دسواں حصہ (عَشَرَ - دسواں ہونا) **عاشرات** (مونث) جمع عاشرت کی - عاشرت

(مونث) قرآن شریف کی ہر دسویں آیت۔

عاشق (ع۔ صفت) ۱ چاہنے والا۔ فریفتہ ۲ پسند کرنے والا ۳ محبت الٰہی میں غرق ۴ (مذکر) وہ پرزا جو گھنڈی کی طرح حلقے میں ڈالا جاتا ہے ۵ وہ جو کسی پر فریفتہ ہو۔ عورت مرد دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے (عِشق۔ بسخت محبت کرنا) **عاشقان** (مذکر) عاشق کی جمع عشاق۔ **عاشقانہ** (صفت) عاشقوں سے منسوب۔ عاشقوں کا سا۔ **عاشق بادہ** (صفت) شراب کا عادی۔ **عاشق بیچارہ** (مذکر) ۱ بے کس عاشق ۲ ایک بیل کا نام۔ **عاشق صادق** (مذکر) سچا عاشق۔ جس کی محبت میں خود غرضی نہ ہو۔ **عاشق معشوق** (مذکر) ۱ طالب مطلوب ۲ پیٹی کے دو پرزے جو ایک دوسرے میں پھنسائے جاتے ہیں۔ **عاشق مولیٰ** (مذکر) خدا کا عاشق۔ **عاشق نام و ننگ** (صفت) صاحب حمیت۔ **عاشقوں** (مذکر) عاشق کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **عاشقوں کا سرتاج** (مذکر) اپنا عاشق۔ بہترین عاشق۔ **عاشقی** (مونث) ۱ عاشق ہونا ۲ عشق۔ محبت۔ محبوبیت۔ **عاشقی کا دم بھرنا** (متعدی) عشق جتانا۔ عاشق ہونا۔ **عاشقی کا شیوہ** (مذکر) محبت کا طریقہ۔

امثال واقوال۔ عاشق اندھا ہوتا ہے۔ عاشق کو معشوق کے سوا اور کسی بات کا خیال نہیں ہوتا۔ **عاشقاں را مذہب و ملت جدا است۔** عاشقوں کا طریقہ ہی الگ ہوتا ہے۔ **عاشق کا کام تنکے چننا۔** (مذکر) عاشق دیوانگی کے کام کرتا ہے۔ **عاشق کو خدا زر دے۔ نہیں کر دے زمین کے پردے۔** عاشق کو امیر ہونا چاہئے ورنہ مرجانا چاہئے۔ **عاشق کی آبرو ہے گالی اور مار کھانا۔** عشق میں گالیاں اور مار کھانا عزت سمجھی جاتی ہے۔ **عاشقی اور خالہ جی کا گھر۔** عاشقی آسان کام نہیں۔ **عاشقی اور ماموں جی کا ڈر۔** عاشقی میں کوئی پرواہ نہیں ہونی چاہئے۔ **عاشقی چیست بگو بندۂ جاناں بودن۔ دل بدست دگرے دادن و حیران بودن۔** عاشقی کیا ہے۔ کہ دو معشوق کا غلام ہو جانا۔ دل دوسرے کے ہاتھ میں دینا اور حیران رہ جانا۔ **عاشقی خالہ جی کا گھر نہیں۔** عاشقی بہت مشکل ہے۔

عاشقی نہ کیجے تو کیا گھاس کھودئے
جسے عشق نہیں وہ گدھیارے کے برابر ہے۔

عاشُور۔ عاشُورہ (ع۔ مذکر) ماہ محرم کی دسویں تاریخ۔ حضرت حسین کی وفات کا دن (عَشَرَ۔ دس) **عاشور (سے) کا دن** (مذکر) دیکھو عاشورہ۔

عاصِم (ع۔ صفت) ۱ بچانے والا۔ حفاظت کرنے والا ۲ محفوظ۔ بچا ہوا ۳ پاکدامن یا عصمت (عَصَمَ۔ بچانا) **عاصمہ** (مونث) پاکدامن عورت۔ محفوظ۔ مدینہ کا لقب۔

عاصی (ع۔ صفت) ۱ گنہگار ۲ نافرمان۔ باغی۔ سرکش ۳ ایک دریا ۴ اردو میں اپنے نام کے آگے لکھتے ہیں (عَصَیٰ۔ نافرمانی کرنا)

عاطِر (ع۔ صفت) ۱ خوشبودار۔ معطر ۲ پاکیزہ۔ نفیس۔ عموماً خاطر کے ساتھ بطور تابع استعمال ہوتا ہے (عَطَرَ۔ خوشبو لگانا)

عاطِف (ع۔ صفت) جھکنے والا (عَطَفَ۔ جھکنا کسی طرف) **عاطفت** (مونث) شفقت۔ مہربانی۔ **عاطفہ** (صفت) جھکا ہوا۔ ملانے والا جیسے واو عاطفہ۔

عاطِل (ع۔ صفت) ۱ سست کاہل ۲ بیوقوف (عَطَلَ۔ کچھ نہ ہونا)

عافی (ع۔ صفت) ۱ جس پر مہربانی یا عنایت کی جائے ۲ وہ جو مٹائے یا تلف کرے ۳ گناہ کا معاف کرنا (عَفوَ۔ مٹانا)

عافِیت (ع۔ مونث) ۱ سلامتی بچاؤ ۲ آرام۔ آسائش ۳ نیکی۔ خیریت (عَفوَ۔ مٹانا) **عافیت اندیش** (صفت) خیر اندیش **عافیت تنگ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) آسائش میں خلل پڑنا ۔ زچ ہونا۔ تنگ ہونا۔

عاق (ع۔ صفت) ۱ نافرمان سرکش ۲ ماں باپ کا حکم نہ ماننے والا (عَقَّ۔ کاٹنا) **عاق کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) فرزندی سے الگ ہونا۔ **عاق نامہ** (مذکر) فرزندی سے محروم کرنے کی دستاویز۔

عاقِبت (ع۔ مونث) ۱ انجام نتیجہ۔ خاتمہ ۲ آخرت۔ عقبےٰ ۳ زمانہ آئندہ ۴ قیامت کا دن ۵ (تف) آخر کار۔ بالآخر مدت (ان معنوں میں (عَقَبَ۔ پیچھے آنا) **عاقبت الامر** (تف) آخر کار۔ انجام۔ **عاقبت اندیش** (صفت) دور اندیش انجام بین۔ ہوشیار۔ **عاقبت اندیشی** (مونث) دور اندیشی۔ انجام کا خیال رکھنا ہونا کے ساتھ) **عاقبت بخشوانا** (متعدی) خدا سے مغفرت کرانا یا معافی مانگنا۔ **عاقبت بخیر ہونا** (لازم) انجام اچھا ہونا۔ **عاقبت بگاڑنا** (متعدی) **بگڑنا** (لازم) ۱ گناہ ہونا۔ گناہگار ہونا ۲ انجام یا عقبےٰ خراب ہونا۔ **عاقبت بینی** (مونث) عاقبت اندیشی۔ **عاقبت خراب کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) عاقبت بگڑنا۔ **عاقبت کا توشہ** (مذکر) اعمال نیک۔ **عاقبت کا جوڑا** (مذکر) وہ کپڑوں کا جوڑا جو مردے کے ثواب کے لئے خیرات کیا جاتا ہے۔ **عاقبت کار** (تف) بالآخر۔ انجام کار۔ **عاقبت کے بورئیے سمیٹنا** (متعدی) بہت بوڑھا ہو کر مرنا۔ **عاقبت گندی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو عاقبت بگڑنا۔ **عاقبت میں کام آنا** (لازم) قیامت کے دن گناہوں کی معافی میں مدد دینا۔ **عاقبتی جوڑا** (مذکر) دیکھو عاقبت کا جوڑا۔

اقوال۔ عاقبت کی خبر خدا جانے۔ اب تو آرام سے گزرتی ہے۔ خود غرض آدمیوں کا مقولہ ہے۔ **عاقبت کے بورئیے کس نے گھسیٹے ہیں۔** کوئی ہمیشہ نہیں رہتا۔ **عاقبت گرگ زادہ گرگ شود۔ گرچہ باآدمی بزرگ شود۔** جیسی اصل ہوتی ہے ویسی ہی اولاد ہوتی ہے۔ چاہے کتنی ہی تربیت کی جائے۔

عاقر۔ عاقرہ (ع۔ صفت) بانجھ (عَقَرَ۔ بانجھ ہونا)

عاقرقرحا (ع۔ مذکر) دیکھو عقرقرحا۔

عاقِل (ع۔ صفت) عقلمند دانا (عَقَلَ۔ ذہین ہونا) **عاقلانہ** (صفت) عقلمندانہ۔ عقلمندی کا عقلمندوں کا ایسا۔ **عقل کور وانہیں۔** عقلمند کو کرنا نہیں چاہئے۔ **عاقلہ** (صفت مونث) عقلمند (عورت)

امثال واقوال۔ عاقلاں پیرو (در پئے لفظہ نشوند۔ عقلمند عقل

کے زور سے سمجھتے ہیں۔ عاقلاں خوب میدانند۔ عقلمند لوگ وجوبات اچھی طرح سمجھتے ہیں۔ عاقلاں (عاقل) را اشارہ بس (کافی) است۔ عاقل کو ایک حرف بہت ہے۔ دانا اشارے سے سمجھ جاتا ہے۔

عاکف (ع۔صفت) اعتکاف کرنیوالا (عکف۔ ایک جگہ ٹھہرنا) عاکفاں (مذکر) عاکف کی جمع۔ عاکفانِ قدس (مذکر) وہ لوگ جو تقدس کے خیال سے پردۂ شلم میں رہیں۔

عالَم (ع۔مذکر) ۱جہاں۔ زمانہ ۲ دنیا ۳ مخلوقات ۴ طور۔ طریقہ ۵ صورت۔ گت ۶ رونق۔ روپ۔ بہار ۷ حالت ۸ خوبصورت نظارہ۔ منظر (عَلَم۔ جاننا) عالمِ آب (مذکر) پانی ہی پانی۔ عالمِ آباد (مذکر) دنیا۔ زمین۔ عالم آخرت (مذکر) آخرت۔ عقبےٰ۔ عالم آرا (صفت) دنیا کو آراستہ کرنے والا۔ مجازاً خدا تعالےٰ۔ عالم آشنا جس کو سارا جہان جانے مجازاً خدا۔ عالم آنکھوں میں اندھیر ہونا (لازم) سخت رنج و غم ہونا۔ عالم اَرواح (مذکر) روحوں کا جہاں۔ عالمِ اسباب (مذکر) سببوں کا عالم: یہ دنیا۔ عالم افروز (صفت) عالم کو روشن کرنیوالا۔ سورج کی تعریف۔ عالم اکٹھا جمع ہونا (لازم) (ایک یا بہت) بہت لوگ جمع ہونا۔ جمع ہونا۔ عالمِ اَمر (مذکر) تصوف میں ملائکہ۔ عالمِ بالا (مذکر) فرشتوں کا عالم۔ عالم بدل جانا (لازم) انقلاب عظیم ہو جانا۔ عالم برزخ (مذکر) دیکھو برزخ۔ عالم بیداری (مذکر) بیداری کی حالت (اور ہی) عالم پانا (لازم) مختلف حالت دیکھنا۔ عالم پناہ (صفت) وہ جس کے پاس مخلوق کو امن ملے۔ جہاں پناہ۔ کنایتاً بادشاہ۔ عالم پھر جانا یا پھرنا (لازم) دنیا کا مخالف یا برگشتہ ہو جانا۔ قسمت خراب ہو جانا۔ عالم تاب (صفت) دیکھو عالم افزا۔ عالمِ تصور (مذکر) سکوت اور حیرت کی حالت۔ عالم تہ و بالا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) اندھیر مچنا۔ عالم جاوید (مذکر) آخرت۔ عقبےٰ۔ عالمِ جبروت (مذکر) فرشتوں کی دنیا۔ وہ عالم جو ستاروں کے اوپر ہے اور جہاں فرشتے رہتے ہیں ۲ صفات خدا کا مرتبہ۔ عالمِ خاک (مذکر) دنیا۔ عالم خواب (مذکر) ۱ وہ دنیا جو خواب میں نظر آئے ۲ دنیا۔ عالم خواب میں دیکھنا (متعدی) خواب میں دیکھنا۔ عالم دکھانا (متعدی) دیکھنا (لازم) ۱ بہار دیکھنا۔ کیفیت دیکھنا ۲ انداز دیکھنا۔ عالم دگرگوں ہونا (لازم) عجیب کیفیت ہونا۔ عالم دورنگ (مذکر) دنیا دن رات کی وجہ سے۔ عالم دوست (مذکر) جگت آشنا۔ عالمِ دیگر (مذکر) دوسری دنیا۔ عالم دیگر ہونا (لازم) اور حالت ہونا۔ عالم ذوق (مذکر) خوشی کی حالت۔ عالم روحانی (مذکر) روحانی باتوں کا عالم۔ روحوں کی دنیا۔ عالم رُویا (مذکر) خواب کی حالت یا عالم۔ عالم سُفلی (مذکر) دنیا۔ عالمسوز (صفت) عالم کو جلا دینے والا (برق کی تعریف) عالم شباب (مذکر) جوانی کا زمانہ۔ عالمِ شہادت (مذکر) ظاہری دنیا۔ عالم شہود (مذکر) وہ عالم جس میں سب کچھ نظر آئے ۲ عالم تصوف میں وہ حالت جس میں جلوۂ حق ہر چیز میں نظر آتا ہے۔ عالم صُغریٰ یا صغیر (مذکر) ۱ دنیا ۲ آدمی کا جسم۔ عالم صُورت (مذکر) ظاہری دنیا۔ عالم عالم (تف) کثرت سے۔ عالم عُلوی (مذکر) وہ عالم جو دنیا کے علاوہ ہے۔ عالم غیب (مذکر) دوسرا جہاں جو پوشیدہ ہے۔ عالمِ فانی (مذکر) دنیا۔ عالم قدس (مذکر) بہشت۔ کبیر (مذکر) کل کائنات۔ قدرت (ایک) عالم کو برگشتہ رکھنا یا کرنا (متعدی) بہت لوگوں کو گمراہ کرنا۔ عالم کو منور کرنا (متعدی) دنیا کو روشن کرنا۔ عالم کون (مذکر) ظاہری دنیا۔ عالم کون و فساد (مذکر) دنیا۔ عالم گرد (مذکر) سیاح۔ مسافر۔ عالم گواہ ہونا (لازم) بہت لوگوں کا دیکھنا یا شہادت دینا۔ عالمگیر (صفت) ۱ دنیا کو فتح کرنے والا ۲ دنیا میں پھیلا ہوا ۳ (مذکر) دہلی کے دو بادشاہوں کے نام۔ عالمگیر عہد (مذکر) ۱ فتحمندی کا زمانہ۔ ترقی کا زمانہ ۲ (ھ) مکر و فریب کا زمانہ۔ عالمِ لاہُوت (مذکر) عالم ذات الٰہی جہاں سالک کو مقام فنا فی اللہ حاصل ہوتا ہے۔ عالم مثال (مذکر) ۱ خیالات کا عالم ۲ ایک عالم جو اس سے لطیف تر ہے۔ اور اس میں بھی اسی طرح کی چیزیں ہیں۔ عالم معقول (مذکر) عقل کا عالم۔ عالم معنی (مذکر) وہ عالم جو محسوس نہ ہو سکے۔ کنایہ ہے ذات و صفات و اسمائے الٰہی سے۔ عالم ملکوت (مذکر) فرشتوں کا عالم۔ عالم میں (تف) حالت میں۔ عالم میں مشہور ہونا (لازم) شہرۂ آفاق ہونا۔ تمام دنیا میں مشہور ہونا۔ عالم میں نشر ہونا (لازم) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔ عالم میں ہنگامہ ہونا (لازم) دنیا میں شور و شر یا فساد ہونا۔ عالم ناسوت (مذکر) دنیائے فانی۔ عالم نباتات (مذکر) نباتات کی دنیا۔ عالم نرالا ہونا (لازم) طریقے جدا ہونا۔ رسم و رسوم مختلف ہونا۔ عالم نظر آنا (لازم) کیفیت معلوم ہونا۔ عالم نورد (مذکر) سیاح۔ مسافر۔ عالم وجد طاری ہونا (لازم) بیخودی کی حالت ہونا۔ عالم وجود (مذکر) عالم ہستی۔ زندگی کا عالم۔ عالموں (مذکر) جمع عالم کی۔ عالم ہو جانا (لازم) حالت ہو جانا۔ عالم ہونا (لازم) ۱ بہار ہونا رونق ہونا ۲ لطف ہونا۔ عالم ہیولانی (مذکر) عالم اجسام۔ عالمی (صفت) ۱ دنیا میں رہنے والا ۲ دنیادار۔ عالم یاس (مذکر) ناامیدی کی حالت۔ عالمیان (مذکر) عالمی کی جمع۔ انسان۔ لوگ۔ عالمین (مذکر) عالم کی جمع۔

مثل۔ عالم ہمہ افسانہ مادارد و ما ہیچ۔ بے حقیقت کا مشہور ہونا۔

عالِم (ع۔صفت) ۱ جاننے والا ۲ صاحبِ علم۔ فاضل۔ بہت پڑھا ہوا ۳ (مذکر) خدا کا ایک نام (عِلْم جاننا) عالم الغیب (صفت) غیب کی باتوں کا جاننے والا۔ خدا تعالےٰ۔ عالم باعمل (صفت) عالم جو اپنے علم کے مطابق عمل بھی کرتا ہے۔

عالی (ع۔صفت) ۱ بلند۔ اعلےٰ ۲ تعظیم کے لئے مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے جناب عالی۔ حضور عالی (عُلُوّ۔ بلند ہونا) عالی پائگاہ (صفت) بڑے مرتبے والا۔ عالی تبار (صفت) عالی خاندان۔ عالی جاہ۔ جناب۔ حضرت۔ درگاہ۔ رتبہ۔ قدر۔ گہر۔ مرتبت۔ مرتبہ۔ مقام یا وقار (صفت) بلند مرتبہ۔ امیروں اور رئیسوں کے القاب کے لئے مروج ہیں۔ عالی جاہ مکان کی تعریف میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ عالی خاندان (صفت) بڑے یا شریف گھرانے کا۔ عالی خیال (صفت) بلند نظر۔ عالی دماغ (صفت) بڑے دماغ والا۔ عقلمند۔ عالی دماغی (مونث) عقلمندی۔ حالات کی نفاست۔ عالیشان (صفت) ۱ بڑی شان والا ۲ اعلےٰ مرتبے کا ۳ شاندار۔ عالی ظرف۔ بڑے حوصلے والا۔ بلند حوصلہ۔ عالی مقدار (صفت) بڑی مقدار والا۔ عالی منش (صفت) منشی (مونث)

دیکھو عالی ہمت دہمتی۔ **عالی نژاد** (صفت) عالی خاندان۔ **عالی نظر** (صفت) بلند نظر۔ **عالی وقار** (صفت) بڑے جاہ جلال والا۔ **عالی ہمت** (صفت)

عالیہ (صفت) ۱ بڑا۔ بلند ۲ (مونث) عورتوں کا ایک نام۔

مثل۔ عالی ہمت سدا مفلس (صفت) حوصلہ مند ہمیشہ تنگدست رہتا ہے۔

عام (ع۔ صفت) ۱ سب۔ کل تمام ۲ مشہور۔ پھیلا ہوا ۳ رسمی۔ رواجی ۴ جاری معمولی مستعمل۔ مروج ۵ مشترک شتمل ۶ بہت بسیار۔ کثیر ۷ سب جگہ ملنے والا۔ **عام پسند** (صفت) وہ جسے ہر کوئی پسند کرے۔ **عام خاص** (مذکر) سب لوگ۔ تمام لوگ۔ **عام روش** (مونث) معمولی طریقہ۔ **عام فہم** (صفت) جسے سب سمجھ جائیں۔ آسان سہل **عام لگا** (صفت) سب کالوگوں کا۔ **عام کردینا** (متعدی) ۱ مشہور کردینا ۲ سب کے واسطے وقف کردینا جو چاہے فائدہ اٹھائے۔ **عام لوگ** (مذکر) عوام الناس۔ **عام میں** (تف) علانیہ کھلم کھلا۔ **عامہ** (صفت) کل۔ سب عام۔ **عامہ خلائق** (مونث) کل لوگ۔ تمام۔ عام لوگوں میں سے کوئی ایک۔

عامیان (مذکر) عام کی جمع۔ عام لوگ۔ عوام۔ **عامیانہ** (تف) عوام کا۔ جاہلوں کا۔ **عامیانہ محاورہ** (مذکر) وہ محاورہ جو بازاری لوگ بولیں۔

عامر (ع۔ صفت) ۱ آباد ۲ آباد کرنے والا ۳ (نحو) ایک عرب قبیلہ کا نام (عَمْر۔ آباد ہونا) **عامرہ** (صفت) ۱ آباد کیا ہوا ۲ بھرا ہوا ۳ معمور ۴ بہت کثیر ۵ زرخیز۔ زرریز ۶ شاہی۔ شاہانہ۔

عامل (ع۔ صفت) ۱ کام کرنے والا ۲ عمل کرنے والا ۳ وہ جو کسی عمل کی باقاعدہ زکوٰۃ دے۔ جو عمل کرے ۴ (مذکر) سیانا۔ تعویذ منتر کرنے والا۔ بھوت پریت نکالنے والا ۵ حاکم۔ عہدے دار۔ افسر تحصیلدار (عَمَل۔ کام کرنا) **عاملاں** (مذکر) کام کرنے والا شخص۔ **عاملان دریا و مکان** (مذکر) سات سیارے۔ **عامل جان** (مذکر) ۱ خدا تعالیٰ ۲ عناصر۔ **عامل روز** (مذکر) سورج۔ **عاملنامہ** (مذکر) سرکاری حکم جس میں قبضہ کرنے کا حکم ہو۔

عامی (ع۔ صفت) ۱ اندھا۔ (عَمِیَ۔ اندھا ہونا)

عانہ (ع۔ مذکر) ۱ ناف سے نیچے کا مقام جہاں بال ہوتے ہیں ۲ جنگلی گدھوں کا گلہ ۳ دیار بکر میں ایک قصبہ۔ جہاں کے گدھے مشہور ہیں۔

عائد (ع۔ صفت) ۱ الٹ کر آنے والا۔ عود کرنے والا۔ پھرنے والا۔ آنے والا۔ ۲ واپس ہونے والا۔ ملنے والا ۳ دہرانے والا ۴ واقعہ ہونے والا ۵ ٹھیک آنے والا۔ صادق آنے والا۔ (عَوْد۔ واپس آنا) **عائد کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ ذمہ ہونا ۲ صادق آنا۔

عبا (ع۔ مذکر) ایک لمبا کوٹ یا جبہ جو پاؤں تک جاتا ہے (پہننا کے ساتھ) (عَبَأ۔ تیار ہونا) **عبا اوڑھنا** (متعدی) عبا پہننا **عبا پوش** (صفت) وہ جو عبا کو پہنے ہوئے ہو۔ **عبائے شجری** (مونث) ایسی عبا جس پر درختوں کے نقش ونگار بنے ہوئے ہوں۔

عبابدیہ (ع۔ مذکر) ایک قوم جو دریائے نیل اور بحرہ قلزم کے درمیان آباد ہے۔

عبّاد (ع۔ مذکر) جمع عابد کی ۱ عبادت کرنے والے آدمی۔ متقی اشخاص ۲ ایک قبیلہ۔

عِباد (ع۔ مذکر) عبد کی جمع۔ بندے۔ **عباد اللہ** (مذکر) خدا کے بندے۔

عِبادت (ع۔ مونث) خدا کی بندگی پرستش۔ نماز۔ پوجا کرنا۔ مشغول ہونا۔ گیان (عَبَد۔ پرستش کرنا) **عبادت خانہ۔ کدہ یا گاہ** (مونث) پرستش کی جگہ۔ معابد۔

عبارت (ع۔ مونث) ۱ تحریر۔ مضمون۔ بیان جو لکھا ہوا ہو ۲ طرز تحریر (عَبَر۔ گزرنا) **عبارت آرائی** (مونث) مضمون کی رنگینی۔ اچھا مضمون۔ **عبارت ظہری** (مونث) وہ عبارت جو کسی تحریر کے پشت پر لکھی جائے۔ **عبارت ہوچکی مطلب پر آؤ۔** باتیں نہ بناؤ۔ مدعا بیان کرو۔ **عبارت ہونا** (لازم) مطلب ہونا۔ ظاہر کرنا محاورہ ہونا۔

عبث (ع۔ صفت) فضول۔ بیفائدہ ۲ بیوجہ۔ ناحق (عَبَث۔ کھیلنا) **عبث فعل** (مذکر) فضول کام۔

عبد (ع۔ مذکر) ۱ بندہ۔ غلام (عَبَدَ۔ خدمت کرنا)۔

عِبرانی (ع۔ مونث) ۱ یہودیوں کی زبان ۲ (مذکر) یہودی ۳ (صفت) یہودیوں کے متعلق۔ **عبرانی زبان** (مونث) یہودیوں کی زبان۔

عِبرت (ع۔ مونث) ۱ نصیحت پند ۲ خوف۔ تنبیہ (عَبَر۔ گزرنا) **عبرت آمیز** (صفت) ۱ عبرت دلانے والا ۲ عجیب۔ نہ سمجھ آنے والا۔ **عبرت انگیز** (صفت) وہ جس سے آدمی ڈر کر نصیحت پکڑے۔ **عبرت بخش** (صفت) عبرت دلانے والا۔ **عبرت بیں** (صفت) وہ جو عبرت پکڑے۔ **عبرت پذیر** (صفت) جو عبرت حاصل کرے۔ جسے عبرت ہو۔ **عبرت پکڑنا** (متعدی) نصیحت حاصل کرنا۔ **عبرت حاصل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کسی کی سزا دیکھ کر ڈر سے کوئی بُرا کام چھوٹ جانا۔ نصیحت ہونا۔ سبق ہونا۔ **عبرت دلانا** (متعدی) ۱ نصیحت کرنا ۲ خوف دلانا۔ ڈرانا کسی گناہ کی پاداش سے۔ **عبرتناک** (صفت) عبرت دلانے والا۔ **عبرتناک سزا** (مونث) ایسی سزا جسے دیکھکر دوسرے ڈر جائیں اور بُرے کام سے باز آئیں۔ **عبرت نما** (صفت) عبرت دلانے والا (فعل یا بات) **عبرت نمون** (صفت) عجیب (مضمون) **عبرت ہونا** (لازم) کسی بات کا نصیحت کا موجب ہونا۔ نصیحت حاصل ہونا۔

عِبری (ع۔ مونث) عبرانی۔

عَبَس (ع۔ ماضی) ۱ وہ منہ بھیر بیٹھا ۲ (مونث) قرآن شریف کی سورہ ۸۰۔

عَبقر (ع۔ مذکر) ۱ ایک شہر جس کا کپڑا مشہور ہے۔ **عبقری** (صفت) نہایت اچھا یا اعلیٰ

عَبعَب (ع۔ مذکر) جوانی کی نرمی اور حسن۔

عبودیت (ع۔ مونث) عبت۔ اطاعت۔ بندگی۔

عُبور (ع۔ مذکر) ۱ دریا کے پار جانا۔ پانی میں سے گزرنا ۲ تگھنا ۳ راہ طے کرنا ۴ راہ پر سے گزرنا ۵ سائل پر عادی ہونا۔ مہارت حاصل ہونا (عَبَر۔ گزرنا) ۶ جو دریا شور۔ سمندر پار جیسی (دوام یہ کے ساتھ مستعمل) ہوتا ہے۔ **عبور دریائے شور کرنا** (متعدی)

ہونا (لازم) کالے پانی جانا۔ عبور کرنا (متعدی) دریا سے اتر جانا۔ عبور ہونا (لازم) حاوی ہونا۔ پورے طور پر واقف ہونا۔ جاننا۔

عَبْہَر (ع۔ مونث) نرگس کی ایک قسم جس کا پیالہ زرد ہوتا ہے۔ عبہری (صفت) ۱ نرگس کے متعلق۔ نرگس کا ۲ (مونث) نرگس۔

عُبَیْد (ع۔ مذکر) عبد کی تصغیر۔

عُبَیْدہ (ع۔ مذکر) عبد کی جمع۔ غلامان۔ نوکران۔

عَبِیر (ع۔ مذکر) ایک خوشبودار مسالہ جسے زعفران عنبر وغیرہ ملا کر بناتے ہیں۔ اور ہولی میں کپڑوں پر چھڑکتے ہیں۔ عبیری (صفت) عبیر کا۔ زعفرانی۔

عِتَاب (ع۔ مذکر) غصہ بغضب ناراضگی (عَتَب۔ ناراض ہونا) عتاب اتارنا (متعدی) اترنا (لازم) غصہ دور ہونا۔ عتاب الٰہی (مذکر) خدا کا غضب یا قہر۔ عتاب مشحون (صفت) غصے سے بھرا ہوا۔ عتاب میں آنا (لازم) خفگی میں آنا۔ عتاب نامہ (مذکر) وہ خط جس میں عتاب کا مضمون ہو۔ عتاب و خطاب (مذکر) خفگی کی علامات (میں آنا کے ساتھ)

عَتَاق (ع۔ مذکر) غلام لونڈی وغیرہ آزاد ہونا (عتق۔ آزاد ہونا غلام کا)

عَتَبَات (ع۔ مذکر) جمع عتبہ کی۔

عَتَبَہ (ع۔ مذکر) ۱ آستانہ۔ دہلیز ۲ مقدس درگاہ (عَتَب۔ کودنا)

عِتْرَت (ع۔ مونث) رشتے دار قریبی۔ اولاد۔ (عتر۔ مضبوط ہونا) عترتِ اطہار (مونث) پاک اولاد۔

عَتُود (ع۔ مذکر) ایک دریا اور اس کی وادی۔

عَتِیق (ع۔ صفت) ۱ پرانا۔ کہنہ ۲ آزاد ۳ برگزیدہ ۴ ابوبکرؓ کا ایک لقب ۵ (بیت) کعبہ (عتق۔ بوڑھا ہونا)

عَتِیک (ع۔ مذکر) قبیلہ عقد کی ایک شاخ۔

عَثْعَث (ع۔ مذکر) ریت کا ٹیلہ جس پر کچھ نہ اُگے

عُثمانیہ (۱۲۹۹ ـ ۱۹۲۳) ترکوں کا ایک خاندان جس کی بنا عثمان بن امیر تغرل نے ڈالی۔

عَجَارِدَہ (ع۔ مذکر) خارجیوں کا ایک فرقہ۔

عُجَالَت (ع۔ مونث) جلدی تیزی۔ پھرتی (عجل۔ جلدی کرنا)

عَجَائِب (ع۔ صفت) ۱ جمع عجیب کی ۲ تعجب انگیز۔ عجیب۔ حیران کرنے والی ۳ (مذکر) تعجب انگیز چیزیں (عجب۔ حیران ہونا) عجائبات (مونث) عجائب کی جمع الجمع۔ عجائباتِ عالم (مونث) دنیا کی عجیب وغریب چیزیں۔ عجائب المخلوقات (مونث) وہ چیزیں جو پیدائش سے ہی تعجب خیز ہیں۔ عجائب خانہ یا گھر (مذکر) وہ مکان جس میں عجیب و غریب چیزیں لوگوں کے دیکھنے کے لئے رکھی جائیں۔ عجائب و غرائب (مذکر) انوکھی اور عجیب چیزیں۔

عَجَائِز (ع۔ مونث) جمع عجوز۔ بوڑھی عورتیں۔

عَجَب (ع۔ صفت) ۱ نادر۔ انوکھا۔ عجیب۔ حیرت انگیز۔ تعجب خیز ۲ طرفہ۔ نیا۔ اچنبھے میں ڈالنے والا ۳ (مذکر) حیرت تعجب ۴ عجیب چیز (عَجَب۔ حیران ہونا) عجب انداز سے (تف) نہایت ناز و انداز سے۔ عجب چال ڈھال ہے۔ عجب عادات و اطوار ہیں۔ عجب چیز (مونث) ۱ انوکھی چیز ۲ (صفت) احمق ... عجب حال ہے ۱ اچھا نہیں۔ ظاہر کچھ باطن کچھ ۲ انوکھی حالت ہے۔ عجب دھج ہے۔ عجیب طرح کی وضع ہے۔ عجب ذات شریف ہیں۔ بہت شرارتی ہیں۔ بڑے بدذات ہیں۔ عجب عالم ہے ۱ طرفہ بہار ہے ۲ عجیب حالت ہے۔ عجب کیا ہے) کچھ تعجب نہیں۔ عجب لطف دکھاتا تھا۔ طرفہ مزا دیتا تھا۔ عجب معصوم ہیں۔ بیوقوف ہیں۔ نادان ہیں۔ احمق ہیں۔ عجب نقشہ ہے ۱ عجب حالت ہے ۲ انوکھی وضع ہے۔ عجب نہ تھا۔ عجب نہیں۔ تعجب نہیں۔ عجب وقت تھا۔ پُر لطف زمانہ تھا۔ حیرت انگیز وقت تھا۔

مقولہ۔ عجب عجب کرتا یاد دوستاں آمد۔ تعجب تعجب کہ تجھے دوستوں کی یاد آئی۔ شکایت کے طور پر دوست سے کہتے ہیں۔

عُجْب (ع۔ مذکر) غرور۔ تکبر۔ خودبینی۔ کبر۔ فخر (عَجَب۔ حیران ہونا)

عِجْز (ع۔ مذکر) ۱ ناچاری۔ عاجزی ۲ منت۔ گڑگڑانا ۳ انکساری۔ فروتنی (کرنا ہونا کے ساتھ) (عَجَز۔ کمزور ہونا) عجز و انکسار (مذکر) عاجزی اور فروتنی منت سماجت (کرنا ہونا کے ساتھ)

عَجَلَت (ع۔ مونث) جلدی تیزی۔ پھرتی۔ اردو میں بالضم بولتے ہیں (عَجَل۔ جلدی کرنا) عجلت اچھی نہیں ہوتی۔ جلدی کے کام میں نقصان ہوتا ہے۔

عَجَم (ع۔ مذکر) ۱ عرب کے سوا کوئی ملک ۲ وہ لوگ جو عرب نہ ہوں۔ اجنبی۔ (عَجَم۔ عربی بولنے میں رکاوٹ ہونا) عجمی (صفت) ۱ عجم سے منسوب ۲ عجم کا باشندہ۔ ایرانی۔ عجمی اوقلان (مذکر) ینی چری فوج کا چوتھا دستہ۔

عُجُوبَہ (ع۔ مذکر) اعجوبہ کا مخفف عجیب چیز۔ انوکھی چیز (عَجَب۔ حیران ہونا) عجوبہ روزگار (مذکر) زمانے کی عجیب چیز۔ جس کے ساتھ کی چیز دنیا میں نہ ملے۔ عجوبہ ہے متین نہیں۔

عَجُوز (ع۔ مونث) بڑھیا بوڑھی عورت (عَجَز۔ کمزور ہونا)

عَجُول (ع۔ صفت) جلد باز۔ تیز (عَجَل۔ جلدی کرنا)

عَجِیب (ع۔ صفت) نادر۔ انوکھا۔ طرفہ۔ تعجب خیز۔ حیرت انگیز (عَجَب۔ حیران ہونا) عجیب الخلقت (صفت) حیرت انگیز بناوٹ کا۔ انوکھی شکل کا۔ عجیب حال حالت ہونا (لازم) بری حالت ہونا۔ حالت دگرگوں ہونا۔ عجیب و غریب (صفت) انوکھا۔ نادر۔ عجیبہ (صفت) عجیب۔

عَدَالَت (ع۔ مونث) ۱ انصاف۔ عدل۔ نیاؤ ۲ کچہری ۳ حاکم انصاف

کرنے والا۔ جج۔ مجسٹریٹ (عَدَل۔ انصاف کرنا)

عدالت اپیل (مذکر) وہ حاکم جس کے پاس عدالت ماتحت کے فیصلہ کی اپیل ہو۔ **عدالتا عدالتی** (مونث) مقدمہ بازی۔ **عدالت پناہ** (صفت) عدل کرنے والا۔ حاکموں کا القاب۔ **عدالت چڑھنا** (لازم) دعوے کرنا۔ عدالت تک جانے کی نوبت آنا۔ **عدالتِ خفیفہ** (مونث) وہ عدالت جس میں قرضے کے چھوٹے چھوٹے مقدمات کا فیصلہ ہو۔ **عدالت دیوانی** (مونث) وہ عدالت جس میں جائداد یا حقوق کا فیصلہ ہو۔ **عدالت ریاستِ غیر** (مونث) وہ عدالت جو برٹش انڈیا سے باہر ہو۔ **عدالت سشن** (مونث) وہ عدالت جس میں سنگین مقدمات کا بذریعہ جیوری یا اسیسر فیصلہ ہو۔ **عدالتِ شاہی** (مونث) ۱ بادشاہ کا انصاف ۲ بادشاہ کی کچہری۔ **عدالت ضلع** (مونث) کلکٹر یا ڈپٹی کمشنر کی کچہری۔ **عدالت عالیہ** (مونث) ہائی کورٹ۔ چیف کورٹ۔ **عدالت فوجداری** (مونث) وہ عدالت جس میں فوجداری مقدمات کی سماعت ہو۔ **عدالت کا در کھلنا** (لازم) کچہری لگنا۔ **عدالت کرنا** (متعدی) ۱ کچہری کرنا ۲ اجلاس کرنا ۳ انصاف کرنا ۴ عدالت میں مقدمہ دائر کرنا۔ **عدالت کے کتے** (مذکر) ملازمان عدالت جو رشوت لینے کے لئے اہل مقدمہ کے پیچھے لگ جاتے ہیں **عدالتِ ماتحت** (مونث) وہ عدالت جس کی اپیل سشن جج یا ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سنے۔ **عدالت مال** (مونث) وہ عدالت جس میں کاشتکاروں۔ زمینداروں اور مالگزاری کے مقدمات دائر ہوں۔ **عدالتِ مجاز** (مونث) وہ عدالت جسے سماعت مقدمہ کا پورا اختیار ہو۔ **عدالتِ مرافعہ اُولےٰ** (مونث) وہ عدالت جس میں مقدمہ کی ابتدائی سماعت اور فیصلہ ہو۔ **عدالتِ مرافعۂ ثانی** (مونث) وہ عدالت جس میں عدالت ابتدائی کی اپیل دائر ہو۔ **عدالتِ ناز** (مونث) معشوق کی مجلس جس میں عاشق حاضر ہوں۔ **عدالتی** (صفت) عدالت سے منسوب۔ عدالت کا۔ عدالت کے متعلق۔ **عدالتیں** (مونث) ۱ دونوں عدالتیں۔ فوجداری و دیوانی۔

مقولہ۔ **عدالت کا بڑا نازک معاملہ ہے۔** مقدمہ بازی بڑی ٹیڑھی کھیر ہے۔ مقدمہ بازی میں نقصان ہوتا ہے۔

عَداوت (ع۔ مونث) دشمنی۔ مخالفت۔ خصومت۔ مخاصمت۔ (عَدُوّ۔ نفرت کرنا) **عداوت رکھنا** (متعدی) بغض رکھنا۔ کینہ رکھنا۔ دشمنی رکھنا۔ **عداوت قلبی** (مونث) دلی دشمنی۔ پوشیدہ کینہ۔ **عداوت نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) دشمنی کا بدلہ لیا جانا۔ **عداوت ہونا** (لازم) دشمنی ہونا۔ مخالفت ہونا۔ **عداوتی** (صفت) عداوت کا۔ عداوت سے متعلق ۲ (مذکر) دشمن۔ مخالف۔

عِدّت (ع۔ مونث) وہ زمانہ جس میں عورت کو دوسرا نکاح کرنے کی ممانعت ہے مطلقہ عدت تین حیض یا تین مہینے۔ بیوہ کے چار مہینے دس روز۔ حاملہ کے لئے وضع حمل تک (عَدّ۔ گننا) **عدت پوری ہونا** (لازم) عدت کے زمانے کا ختم ہونا۔ **عدت میں بیٹھنا** (لازم) عدت کی میعاد گزارنا۔ بیوہ کا عدت میں رہنا۔

عَدَد (ع۔ مذکر) ۱ ہندسہ۔ رقم ۲ گنتی۔ شمار ۳ کوئی ایک چیز ۴ دھوبیوں سے درزیوں کی اصطلاح میں ایک کپڑا (عدّ گننا) **عدد اول** (مذکر) ۱ کسی سلسلے کا پہلا عدد ۲ عدد صحیح۔ **عدد صحیح** (مذکر) وہ عدد جس میں کسر نہ ہو۔ جیسے ایک دو تین وغیرہ۔ **عدد ذاتی یا مطلق** (مذکر) عدد صحیح۔ **عدد صفاتی یا وصفی** (مذکر) وہ عدد جو جگہ ظاہر کریں جیسے پہلا دوسرا تیسرا۔ **عددی** (صفت) عدد سے منسوب۔ عدد کے متعلق۔

عَدَس (ع۔ مونث) مسور۔

عَدل (ع۔ مذکر) ۱ انصاف نیاؤ۔ داد ۲ خدا کا نام (عَدَل۔ انصاف سے کام کرنا) **عدل پرور** (صفت) انصاف کرنے والا۔ **عدل پروری** (مونث) انصاف۔ **عدل کرنا** (متعدی) انصاف کرنا داد دینا۔ **عدل گستر** (صفت) انصاف کرنے والا۔ **عدل گستری** (مونث) انصاف۔ **عدل ہونا** (لازم) انصاف ہونا۔

عَدَم (ع۔ مذکر) ۱ پاس نہ ہونا حاجت۔ ضرورت ۲ نیستی۔ نہ ہونا ۳ کسی بات کا نہ ہونا ۴ غیر حاضری ۵ نقصان (عَدَم۔ پاس نہ ہونا کسی چیز کا) **عدم آباد** (مذکر) وہ عالم جہاں مرنے کے بعد آدمی جاتا ہے۔ **عدم احضار** (مذکر) حاضر نہ ہونا۔ **عدم اختیار سماعت** (مذکر) مقدمہ سننے کا اختیار نہ ہونا۔ **عدم ادا** (مذکر) نہ ادا کرنا۔ نہ دینا۔ **عدم ادائے مالگزاری یا مالیہ** (مونث) مالگزاری نہ دینا۔ مالگزاری دینے سے انکار کر دینا۔ **عدم استطاعت** (مذکر) استطاعت نہ ہونا۔ عزبت۔ **عدم اقرار** (مذکر) وعدے کا نہ ہونا۔ **عدم اندراج** (مذکر) اندراج کا نہ ہونا۔ **عدم پیروی** (مونث) مقدمے کی پیروی نہ کرنا۔ **عدم تصفیہ** (مذکر) فیصلہ نہ ہونا۔ **عدم تعمیل** (مونث) تعمیل نہ کرنا یا ہونا۔ **عدم تعمیل واپس آنا** (مذکر) بغیر تعمیل کے واپس ہونا خصوصاً سمنوں کا یا تعمیل کرنے والے کا۔ **عدم تکمیل** (مونث) مکمل نہ ہونا۔ ناکملی۔ **عدم توجہی** (مونث) بے توجہی۔ بے التفاتی۔ **عدم ثبوت** (مذکر) ثبوت نہ ہونا۔ **عدم ثبوت داخل دفتر ہونا** (لازم) مقدمے کا ثبوت نہ ہونے کی وجہ سے خارج ہو جانا۔ **عدم خانہ یا گاہ** (مذکر) دیکھو عدم آباد۔ **عدم فرصت** (مونث) مہلت نہ ہونا۔ **عدم کا رستہ** (رگی راہ) **دکھانا** (م) **دیکھنا یا لینا** (متعدی) مر جانا۔ **عدم مداخلت** (مونث) دخل کا نہ ہونا۔ **عدم مداخلت پولیس** (مونث) وہ مقدمہ جس میں پولیس کوئی کارروائی نہ کرسکے۔ **عدم مطابقت** (مونث) کسی امر کا دوسرے کے مطابق نہ ہونا۔ **عدم موجودگی** (مونث) غیر حاضری۔ **عدم واقفیت** (مونث) ناواقفیت لاعلمی۔ **عدم وجود برابر ہے۔** ہونا نہ ہونا یکساں ہے۔ نکما ہے۔

عَدن (ع۔ مذکر) ۱ بہشت کا باغ۔ بہشت ۲ وہ باغ جس میں حضرت آدمؑ کو گیہوں کھانے سے پہلے رکھا گیا تھا۔ (عَدَن۔ رہنا)

عَدُو (ع۔ مذکر) دشمن۔ مخالف

بیری ۲ رقیب (عَدَوَ ـ ظلم کرنا) **عدو کا مٹ جانا** (لازم) **عدو کو خاک میں ملانا** (متعدی) دشمن کو تباہ کرنا یا مار ڈالنا ۔

امثال ۔ **عدو شرّے برانگیزد کہ خیرے ما دراں باشد** ۔ دشمن ایسی برائی کرتا ہے کہ اس میں ہماری بھلائی ہوتی ہے ۔ **عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد** ۔ خدا چاہے تو دشمن سے فائدہ ہوتا ہے ۔

عُدُول (ع ۔ مذکر) ۱ انکار ۔ روگردانی ۔ منہ پھیرنا (عَدَل ۔ پھر جانا) ۲ جمع عادل کی ۔ **عدولِ حکم** (مذکر) نافرمان ۔ سرکش ۔ **عدول حکمی** (مونث) نافرمانی ۔ سرکشی (کرنا ہونا کے ساتھ) **عدول کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) روگردانی ہونا ۔ نافرمانی ہونا ۔ **عدولی** (مونث) عدول کی مرکبات میں جیسے حکم عدولی ۔

عَدَوِیَّہ (ع ۔ مذکر) ایک فرقہ جس کا بانی شیخ عدی ہے ۔ یہ فرقہ یزیدیہ کی ایک شاخ ہے ۔

عَدی (ع ۔ مذکر) قریش کی ایک شاخ کا نام ۔

عَدِید (ع ۔ صفت) ۱ نظیر ۔ مانند ۲ گنے ہوئے ۔ بہت سے (عَدّ ۔ گننا)

عَدِیل (ع ۔ صفت) نظیر ۔ برابر ۔ مانند ۔ مثال ۔ عموماً نے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے **عدیل نہ ہونا** (لازم) نظیر نہ ہونا ۔ برابر نہ ہونا ۔

عَدِیم (ع ۔ صفت) وہ جو نہ ہو یا معدوم ہو (عَدَم ۔ کسی چیز کا پاس نہ ہونا) **عدیم الفُرصَت** (صفت) وہ جسے بالکل فرصت نہ ہو ۔ **عدیم المثال** (صفت) بے مثل ۔ بے نظیر ۔ **عدیم الوجود** (صفت) نایاب ۔ کمیاب ۔

عَذاب (ع ۔ مذکر) ۱ تکلیف ۔ اذیت ۔ دکھ ۲ وہ تکلیف جو قبر میں یا دوزخ میں بداعمالی کی وجہ سے دیجائیگی ۔ گناہوں کی سزا ۔ (دینا کرنا ہونا کے ساتھ) ۳ دقت ۔ دشواری ۴ جھگڑا ۔ بکھیڑا ۵ (صفت) ایذا یا تکلیف دینے والا (عَذَب ۔ روکنا) **عذاب اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) **برداشت کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) تکلیف اٹھانا یا برداشت ہونا ۔ **عذاب الحریق** (مذکر) دوزخ کی آگ کا عذاب ۔ **عذاب الٰہی** (مذکر) وہ تکلیف یا مصیبت جو خدا کی طرف سے پاداش اعمال میں آئے ۔ **عذاب الٰہی میں گرفتار ہونا** (لازم) سخت مصیبت پڑنا ۔ **عذاب بخت** (مذکر) بدقسمتی کی مصیبت ۔ **عذاب ثواب** (مذکر) برائی بھلائی ۔ نیکی بدی ۔ **عذاب جان** (مذکر) جی کا دبال ۔ **عذاب جھیلنا** (متعدی) مصیبت اٹھانا ۔ دکھ اٹھانا ۔ **عذاب دوزخ** (مذکر) وہ تکلیف جو دوزخ میں بداعمالیوں کی وجہ سے ہوگی ۔ **عذاب دیکھنا** (متعدی) اذیت برداشت کرنا ۔ **عذاب رہنا** (لازم) جھگڑا یا بکھیڑا رہنا ۔ **عذاب سہنا** (متعدی) تکلیف یا دکھ برداشت کرنا ۔ **عذاب سے چھوٹنا** (لازم) مصیبت سے بچنا ۔ تکلیف جاتی رہنا ۔ **عذاب عَلیم** (مذکر) سخت عذاب ۔ **عذاب فشار** (مذکر) وہ عذاب جو فشار قبر سے ہوتا ہے ۔ **عذاب قبر یا گور** (مذکر) وہ عذاب جو قبر میں مردے کو گناہوں کی پاداش میں ہوتا ہے ۔ **عذاب (کا) نازل ہونا** (لازم) مصیبت یا تکلیف آنا ۔ خدا کا قہر نازل ہونا ۔ **عذاب کٹنا** (صفت) مصیبت دور ہونا ۔ **عذاب کھینچنا** (متعدی) مصیبت برداشت کرنا ۔ **عذاب کے فرشتے** (مذکر) وہ فرشتے جو عذاب دینے کے لئے مقرر ہیں ۔ **عذاب لانا** (لازم) ۱ جھگڑا کھڑا کرنا ۲ مصیبت ڈالنا ۔ ایذا دینا ۔ **عذاب مول لینا** (متعدی) خواہ مخواہ تکلیف میں پڑنا ۔ **عذاب میں پڑنا یا پھنسنا** (لازم) مصیبتوں میں پھنسنا ۔ دقت میں پڑنا ۔ **عذاب میں ڈالنا** (متعدی) جھگڑے میں ڈالنا ۔ مصیبت میں مبتلا کرنا ۔ **عذاب میں ہونا** (لازم) سخت تکلیف میں ہونا ۔ **عذاب نازل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مصیبت پڑنا آفت آنا ۔ **عذاب ہونا** (لازم) سخت تکلیف ہونا ۔

عِذار (ع ۔ مذکر) ۱ رخسارہ ۔ گال ۲ مرکبات کے آخر میں جیسے گلعذار ۔ سمن عذار ۔

عَذب (ع ۔ صفت) شیریں ۔ خوشگوار (عَذُبَ ۔ میٹھا ہونا) **عذب البیان** (مذکر) شیریں کلام ۔

عُذر (ع ۔ مذکر) ۱ حیلہ ۔ بہانہ ۲ اعتراض ۔ گرفت ۳ دلیل ۔ حجت ۴ معافی ۵ معافی کی طلب (عَذَرَ ۔ معاف کرنا) **عذر آور** (صفت) عذر کرنے والا ۔ **عذرات** (مذکر) جمع عذر کی ۔ **عذر امتناع نالش** (مذکر) دعوے کی روک کا عذر ۔ **عذر باقی نہ رکھنا** (متعدی) کسی اعتراض کی گنجائش نہ چھوڑنا ۔ **عذر بیجا** (مذکر) لغو اور بیہودہ عذر ۔ **عذر پذیر** (صفت) ۱ عذر قبول ہونے والا ۔ معاف کرنے والا ۲ قابل معافی ۳ قابل تسلیم یا پذیرائی ۔ **عذر پیش کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ اعتراض ہونا ۲ دلیل یا حجت پیش کرنا ۳ بحث ہونا ۔ **عذر تراشنا** (متعدی) ایسا عذر پیش کرنا جو حقیقی نہ ہو ۔ **عذر تقصیرات کرنا** (متعدی) گناہوں کی معافی چاہنا ۔ **عذر تمادیِ ایام** (مذکر) میعاد گزرنے کا عذر ۔ **عذر چلنا** (صفت) عذر سنا جانا یا قبول ہونا ۔ **عذر خواہ ۔ ساز یا سنج** (صفت) عذر کرنیوالا ۔ **عذر خواہی** (مونث) عذر کرنا ۔ معذرت کرنا ۔ **عذر دار** (صفت) دعویدار ۲ معترض ۔ **عذرداری** (مونث) اعتراض دعوے ۔ حجت ۔ دلیل ۔ **عذر درمیان لانا** (متعدی) عذر پیش کرنا ۔ **عذرِ قوی** (مذکر) زبردست عذر یا اعتراض ۔ **عذر کرنا** (متعدی) ۱ معذرت کرنا ۲ اعتراض کرنا ۔ دعویدار ہونا ۔ **عذر کے قابل** (صفت) قابل عذر ۔ قابل پذیرائی ۔ **عذر لانا** (متعدی) عذر پیش کرنا ۔ **عذر لنگ** (مذکر) فضول عذر ۔ **عذر معذرت** (مونث) منت سماجت (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) **عذر معقول** (مذکر) صحیح اور بجا عذر ۔ **عذر نہ سننا** (متعدی) کوئی بہانہ تسلیم نہ ہونا ۔ **عذر نہ ہونا** (لازم) انکار نہ ہونا ۔ حجت نہ ہونا ۔ **عذر نیوش** (صفت) عذر سننے والا ۔ **عذر ہونا** (لازم) اعتراض ہونا ۔

امثال ۔ **عذر (گناہ) بدتر از گناہ** ۔ بیہودہ عذر کیمتعلق کہتے ہیں ۔

عَذرا (ع ۔ مونث) ۱ دوشیزہ ۔ کنواری ۲ برج سنبلہ ۔ کنیا ۳ وامق کی معشوقہ کا نام ۴ حضرت مریم کا لقب ۵ حضرت فاطمہؓ کیمتعلق بھی استعمال ہوتا ہے ۔

عُذوبت (ع ۔ مونث) ۱ لذت ۔ خوش مزگی ۲ شیرینی ۔ مٹھاس ۔

عرابچی (ف ۔ مذکر) عرابہ چلانے والا ۔

عرابہ (ف۔ مذکر) ڈھوارابہ۔

عرّاد (ع۔ مذکر) ۱۔ ایک محدث تھا ۲۔ ایک مشہور گھوڑا۔

عراقی (صفت) ۱۔ عراق کا۔ عراق سے منسوب ۲۔ عراق کا گھوڑا، عربی گھوڑا۔ **عراقین** (مذکر تثنیہ) ۱۔ بصرہ اور کوفہ ۲۔ دونوں عراق عجم اور عرب۔ **مثل۔ عراقی پر بس نہ چلا گدھے کے کان اینٹھے**۔ زبردست پر بس نہ چلا تو غریب کو مارنے لگے۔

عراوہ (ع۔ مذکر) ڈھوارابہ۔

عرائض (ع۔ مذکر) جمع عریضہ کی چٹھیاں۔ خطوط۔ درخواستیں۔

عرب (ایشیا) ۱۔ ایک جزیرہ نما ایشیا کے جنوب مغرب میں۔ رقبہ تقریباً دس لاکھ (۶۰۰۰) دار الخلافہ مکہ۔ آجکل سلطان نجد کی حکومت ہے ۲ (مذکر) عرب کا باشندہ ۳ (بحیرہ) سندھ عرب کے جنوب اور ہندوستان کے مغرب میں بحر عرب **الجزائری** (مذکر) الجزائر کا عرب۔ **دبستان** (مذکر) ۱۔ عرب کا ملک ۲ (ایران) ایک صوبہ جسے پہلے خوزستان کہتے تھے (۲۰۰)۔ **عربِ عاربہ عربا یا عربہ** (مذکر) خالص عرب۔ **عربی** (صفت) ۱۔ عرب کا۔ عرب سے منسوب ۲ (مونث) عرب کی زبان ۳ (مذکر) عرب کا باشندہ ۴۔ عرب کا گھوڑا۔ **عربی باجہ** (مذکر) تاشہ۔ دف۔ **عربی خواں** (صفت) عربی جاننے یا پڑھنے والا۔ **عربی خوانی** (مونث) عربی پڑھنا۔ **عربی دان** (صفت) عربی جاننے والا۔ **عربی دانی** (صفت) عربی پڑھنا۔ **عربی گھوڑا** (مذکر) عرب کا گھوڑا۔ **عربیّہ** (صفت) ۱۔ عربی زبان سے منسوب۔ عرب کا ۲ (مونث) عرب عورت۔

عربدہ (ع۔ مذکر) ۱۔ بدخوئی۔ بدطینتی ۲۔ نفرت۔ ناپسندیدگی ۳۔ جھگڑا۔ فتنہ۔ جنگ جوئی ۴۔ لڑاکا۔ معشوق کی تعریف (عربدہ۔ بدطینتی ظاہر کرنا) **عربدہ پرداز یا جو** (صفت) ۱۔ جنگجو۔ لڑاکا ۲۔ خوشامدی ۳۔ فریبی۔ شرارتی۔ **عربدہ پردازی** (مونث) ۱۔ فریب ۲۔ خوشامد ۳۔ جھگڑا۔ **عربدہ ساز** (صفت) جنگجو۔

عُرس (ع۔ مذکر) کسی بزرگ کی سالانہ فاتحہ اور مجلس جو تاریخ وفات کو ہوا کرتا ہو نا کیساتھ ہو (عُرس۔ چھٹنا)

عُرُس (ع۔ مذکر) جمع عروس کی۔

عرش (ع۔ مذکر) ۱۔ چھت ۲۔ تخت ۳۔ وہ جگہ جو نویں آسمان کے اوپر ہے۔ جہاں خدا کا تخت ہے (عرش۔ گھر بنانا) **عرش آشیاں** (صفت) ۱۔ مرحوم۔ مغفور ۲۔ خطاب جو اکبر کو مرنے کے بعد دیا گیا تھا۔ **عرش اعظم** (مذکر) خدا کا عرش۔ **عرش اکبر** (مذکر) انسان کا دل۔ قلب۔ **عرش بریں** (مذکر) عرش ۳۔ **عرش پایہ** (صفت) عالی مرتبہ۔ **عرش پر پہنچنا** (لازم) بہت بلند رتبہ ہونا۔ **عرش پر جانا** (لازم) بہت عروج حاصل کرنا۔ **عرش پر جھنڈا گڑنا** (لازم) کمال رعب ہونا۔ **عرش پر جھولنا** (لازم) بڑے رتبے پر ہونا۔ **عرش پر چڑھانا** (لازم) ۱۔ بہت تعریف کرنا۔ خوشامد کرنا ۲۔ مغرور بنا دینا۔ **عرش پر چڑھ جانا یا چڑھنا** (لازم) بہت مغرور ہونا۔ **عرش پر دماغ پہنچانا** (متعدی) ۱۔ بہت مغرور کر دینا ۲ (اپنا) مغرور ہونا۔ **عرش پر دماغ پہنچنا یا ہونا** (لازم) بڑا مغرور ہونا۔ **عرش پر دماغ رکھنا** (متعدی) مغرور ہونا۔ **عرش پر کرسی بچھانا** (متعدی) اعلےٰ سے اعلےٰ مرتبے پر پہنچانا۔ **عرش پناہ** (صفت) عالی مرتبہ۔ **عرش پیما یا رس** (صفت) عرش پر پہنچنے والا۔ مقبول **عرش ثانی** (مذکر) خدا کی کرسی۔ **عرش چھو آنا** (لازم) عرش تک پہنچ جانا۔ **عرش رحمٰن** (مذکر) عرش ۳۔ **عرش سبائی** (مذکر) ملکہ بلقیس کا تخت **عرش سماک** (مذکر) چار ستارے صورت سیارہ آودا کے قریب۔ **عرش سے اتارنا** (لازم) وہ کام کرنا جو کسی سے نہ ہو سکے۔ **عرش سے جھولنا** (لازم) کمال عالی رتبہ ہونا۔ **عرش سے (فرش تک)** لے تا بہ فرش (نفت) آسماں سے زمین تک۔ اوپر سے نیچے تک۔ **عرش شریف** (مذکر) عرش ۳۔ **عرش کا تارا** (صفت) عالی نسب **عرش کا تارا اترنا** (لازم) نور کا نازل ہونا۔ **عرش کا ٹوٹا** (صفت) عجیب۔ انوکھا **عرش کے تارے توڑنا** (متعدی)، **ٹوٹنا** (لازم) ۱۔ عجیب کام ہونا۔ مشکل کام دکھایا جانا۔ کار عظیم ہونا ۲۔ کمال عیاری یا چالاکی ہونا۔ **عرش کی زنجیر کھینچنا یا ہلانا** (متعدی) **ہلنا** (لازم) دعا کا خدا تک پہنچنا۔ دعا کی رسائی ہونا۔ **عرش معلّےٰ** (مذکر) عرش ۳۔ **عرش منزل** (مذکر) عالمگیر ثانی کا ایک خطاب۔ **عرش میں جھولنا** (لازم) عالی رتبہ ہونا۔ **عرش و فرش** (مذکر) زمین و آسماں۔ **عرش وقار** (مذکر) عالی مرتبہ۔ **عرشہ** (مذکر) جہاز کی چھت۔ **عرش ہلانا** (متعدی) مظلوم کی آہ کا اثر ہونا۔ **عرش ہل جانا یا ہلنا** (لازم) خدا کو رحم آجانا۔ **عرشی** (صفت) مقرب فرشتہ۔ **عرشیاں** (مذکر) جمع عرشی۔ مقرب فرشتے ملائکہ مقربین۔ حاملان عرش۔

امثال۔ عرش سے رکا (اترا) کھجور میں اٹکا۔ عرش سے اتری (چھوٹی) کھجور میں اٹکی۔ ایک مصیبت دفع ہوئی دوسری سر پڑی۔

عَرصہ (ع۔ مذکر) ۱۔ میدان ۲۔ فاصلہ ۳۔ وقفہ۔ زمانہ۔ اثنا ۴۔ دیر۔ تاخیر۔ توقف۔ (عرصہ۔ کھیلنا) **عرصہ تنگ کرنا** (متعدی) عاجز کرنا۔ ناچار کرنا۔ **عرصہ تنگ ہونا** (لازم) ۱۔ عاجز ہونا۔ ناچار ہونا ۲۔ خیال کا میدان کوتاہ ہونا۔ ۳۔ مصیبت کا وقت ہونا ۴۔ وقت تھوڑا ہونا **عرصۂ حشر** (مذکر) میدان قیامت۔ **عرصۂ دراز** (مذکر) بڑا وقفہ۔ **عرصۂ زمین** (مذکر) زمین کی سطح۔ **عرصۂ زیست** (مذکر) زندگی۔ عمر۔ **عرصۂ زندگی تنگ ہونا** (لازم) زندگی تھوڑی رہ جانا۔ سخت مصیبت ہونا کہ آدمی جان سے تنگ آجائے۔ **عرصہ سے** (نف) مدت سے۔ **عرصہ سے فیل جل چکا ہے**۔ مدت سے زور ختم ہو چکا ہے۔ **عرصہ سے نہ بڑ بڑ نہ کھڑ کھڑ**۔ مدت سے امن ہے۔ **عرصۂ عاشقی** (مذکر) میدان عشق۔ **عرصۂ قیامت** (مذکر) میدان حشر۔ **عرصہ کھینچنا** (متعدی) طول کرنا۔ دیر لگانا۔ **عرصہ گاہ** (مذکر) میدان **عرصہ گاہ عالم** (مذکر) دنیا۔ **عرصہ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) دیر ہونا۔ **عرصہ ہو جانا یا ہونا** (لازم) دیر ہونا۔

عَرض (ع۔ مونث) ۱۔ التماس درخواست۔ گزارش (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ (مذکر)

چوڑائی (عَرُض۔ دکھانا۔ چوڑا ہونا) عرضاً (تف) چوڑائی میں۔ عرض ارسال (مذکر) ۱ وہ درخواست جس کے ہمراہ مالگذار تحصیلدار کے پاس مالگذاری بھیجے ۲ رپورٹ۔ نقشہ۔ بیجک۔ عرض البلد (مذکر) کسی مقام کا فاصلہ کسی خاص نصف النہار سے۔ عرض بدرجۂ اجابت پہنچنا (لازم) درخواست قبول ہونا۔ عرض بیگی (مذکر) وہ شخص جو لوگوں کی درخواستیں بادشاہ یا کسی بڑے آدمی کے روبرو پیش کرے۔ عرض پذیر کرنا (متعدی) پذیر ہونا (لازم) التماس قبول ہونا۔ گذارش مانی جانا۔ عرض پیرا ہونا (لازم) التماس کرنا۔ گذارش کرنا۔ عرض حال (مونث) گذارش عرضداشت۔ عرض ۲ حال عرض کرنا۔ عرض دار (صفت) جس کا عرض یا چوڑائی ہو۔ عرضداشت (مونث) عرضی۔ عرض رسا (صفت) عرض کرنیوالا (ہونا کے ساتھ) عرض قبول کرنا (متعدی) ہونا (لازم) درخواست منظور ہونا۔ التجا ماننا عرض کرنا (متعدی) التجا کرنا۔ بیان کرنا۔ درخواست کرنا۔ عرض کنندہ (صفت) عرض کرنے والا۔ عرض مطلب (مذکر) مطلب بیان کرنا۔ عرض معروض (مذکر) درخواست۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) عرض معروض کا اختیار ملنا (متعدی) کسی شخص کو بادشاہ کے روبرو درخواستیں اور سائلوں کے پیش کرنے کا کام سپرد ہونا۔ عرض وطول (مذکر) لمبائی چوڑائی۔ عرضی صفت ۱ عارضی ۲ (مونث) تحریری درخواست۔ عرضی تاننا یا ٹھوکنا (لازم) نالش کرنا۔ دعوے دائر کرنا۔ عرضی دعوے (مذکر) وہ درخواست جس میں مدعی حالات مقدمہ لکھ کر عدالت میں دائر کرتا ہے۔ عرضی دینا۔ گزارنا یا لگانا (عو) (متعدی) ۱ درخواست دینا ۲ نالش کرنا۔ عرض رسا ہونا (متعدی) التماس کرنا۔ عرض کرنا۔ گذارش کرنا۔ عرضی گزرنا یا لگنا (لازم) نالش ہونا۔ دعوے دائر ہونا۔ عرضی لکھنا (متعدی) درخواست تحریر کرنا۔ عرضی لینا (متعدی) درخواست لینا۔ عرضی نویس (مذکر) وہ شخص جس کا پیشہ عرضی یا تمسک وغیرہ لکھنے کا ہو۔

عَرَض (ع۔ مونث) ۱ کوئی چیز جو واقع ہو۔ حادثہ۔ عارضہ۔ بیماری ۲ جوہر کا مقابلہ (عَرَض۔ دکھانا) عرضاً (تف) اتفاقاً۔ عرضی (صفت) جو کچھ عارض ہُوا ہو۔

عَرعَر (ع۔ مذکر) ۱ سرو ۲ ایک محل کا نام۔

عُرف (ع۔ مذکر) وہ نام جس سے انسان مشہور ہو۔ مشہور نام۔ عام نام۔ (عَرَف۔ جاننا) عرفاً (تف) عرف کی رو سے۔ عرفی (صفت) ۱ رسمی۔ معمولی ۲ ظاہری۔ مشہور۔

عُرَفا (ع۔ مذکر) جمع عارف و عریف۔

عَرَفات (ع۔ مذکر) مکہ معظمہ سے ۹ میل کے فاصلہ پر ایک میدان و پہاڑی حج کے دن حاجی یہاں آتے اور دعائیں پڑھتے ہیں۔ نماز ظہر و عصر پڑھ کر یہاں سے مکہ معظمہ واپس چلے جاتے ہیں۔

عِرفان (ع۔ مذکر) خداشناسی معرفت حق تعالےٰ (عَرَف۔ جاننا) عرفان مآب (صفت) عالم۔ خداشناس۔

عَرَفہ (ع۔ مذکر) ۱ ماہ ذی الحج کا نواں دن جس دن حج ہوتا ہے ۲ بقرعید۔ ۱۰ محرم۔ شب برات سے پہلا دن (عَرَف۔ جاننا) عرفہ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) کسی شخص کے مرنے کے بعد جو پہلا عرفہ ہو۔ اس میں فاتحہ دلوانا۔

عَرَفی (ع۔ مذکر) عرفات میں رہنے والا شخص۔

عَرَق (ع۔ مذکر) ۱ پسینا ۲ پھل وغیرہ کا نچوڑا ہوا پانی ۳ کسی چیز کو پانی میں بھگو کر کشید کے ذریعے نکالا ہوا پانی۔ (عَرَق۔ پسینا آنا) عرق آجانا یا آنا (لازم) ۱ پسینا آنا ۲ شرم سے پسینا آجانا یا پانی پانی ہوجانا۔ عرق آلود (صفت) پسینے پسینے۔ پسینے میں تر عرق افشاں (صفت) پسینے میں ڈوبا ہُوا۔ عرق انفعال (مذکر) شرمندگی کا پانی۔ عرق انگیز (صفت) پسینہ لانے والا۔ عرق بہار (مذکر) ایک قسم کا پانی جو نارنج اور ترنج کے پھولوں سے نکالتے ہیں۔ عرق پاک کرنا (متعدی) پسینا پونچھنا۔ عرقچیں (صفت) ۱ پسینا صاف کرنے کا رومال ۲ ایک قسم کی ٹوپی جو پگڑی کے نیچے پہنتے ہیں ۳ ایک قسم کی آڑی کتری ہوئی کامدار ٹوپی۔ عرق حیا، خجلت یا شرم (مذکر) شرمندگی کا پسینا (بھیگنا ڈوبنا وغیرہ کے ساتھ) عرق خانہ (مذکر) حمام۔ عرق دوآتشہ (مذکر) دو دفعہ کشید کیا ہُوا عرق۔ عرق ریز (صفت) جسے بہت پسینا آرہا ہو۔ عرقریزی (مونث) بیحد کوشش یا شقت۔ سخت محنت۔ جانفشانی (کرنا ہونا کے ساتھ) عرق شرم میں تر ہونا یا نہانا (لازم) بیحد شرمندہ ہونا۔ عرق شیر (مذکر) دودہ کا پھاڑا ہُوا عرق۔ عرق عرق کرنا (متعدی) ہونا (لازم) پسینے پسینے ہونا۔ محنت دبیماری۔ کمزوری۔ خوف یا شرم سے۔ عرق کھینچ لینا (متعدی) طاقت کھینچ لینا۔ عرق کھینچنا (متعدی) کسی چیز کو پانی میں بھگو کر کشید کے ذریعے سے عرق نکالنا۔ عرق گل یا گلاب (مذکر) گلاب کا کشید کیا ہُوا پانی۔ عرق گیر (مذکر) ۱ عرق پونچھنے کا رومال ۲ وہ آلہ جس کے ذریعے عرق کشید کریں ۳ وہ چیز جو چلم کے نیچے اس غرض سے رکھتے ہیں کہ تمباکو کا عرق اس میں رہے۔ اور نے کو خراب نہ کرے۔ عرق میں ڈوب جانا یا غرق ہونا (لازم) پسینے سے تربتر ہونا۔ عرق نعنا (مذکر) دیسی کشید کیا ہُوا سرکہ جو پودینہ کی لاگ سے کھینچا جاتا ہے۔ عرق نسا (صفت) شرمندگی کا پسینا۔

عِرق (ع۔ مونث) ۱ رگ ۲ جڑ (عَرَق۔ پسینا آنا) عرق النسا (مونث) ایک درد جو ٹانگ کی پچھلی رگ میں ہوتا ہے۔

عُروَت (ع۔ مونث) عُروہ (مذکر) صراحی کا دستہ (عَرَی۔ دستہ لگانا) عُروۃ الوثقیٰ (مذکر) ۱ مضبوط دستہ ۲ سچا مذہب۔ پکا مذہب۔

عُرُوج (ع۔ مذکر) ۱ چڑھنا۔ بلند ہونا ۲ ترقی ۳ اوج (عَرَج۔ چڑھنا) عروج اقبال (مذکر) بلند اقبالی۔ خوش قسمتی۔ ترقی۔ عروج پر ہونا (لازم) اقبال یاور ہونا۔ عروج حاصل ہونا (لازم) ۱ رسوخ ہونا ۲ اچھا مرتبہ ہونا۔ عروج حسن (مذکر) خوبصورتی کا اوج۔ حسن کا جوبن پر ہونا۔ عُروج ماہ (مذکر) چاند کی

پہلی تاریخ سے چودھویں تاریخ تک کا زمانہ۔ عروج ہونا (لازم) ۱ مرتبہ بلند ہونا ۲ رسوخ ہونا۔

عَرُوس (ع۔ مونث) ۱ دلھن بنی۔ بہو ۲ خسرو کا پہلا خزانہ ۳ کیکاؤس کا ایک خزانہ۔ (عَرَس۔ چمٹنا) **عروسانہ** (صفت) دلھن کے مانند۔ **عروسان** (مذکر) جمع عروس کی۔ **عروسان باغ یا چمن** (مذکر) پھول۔ پھل شگوفے۔ نئے پودے۔ **عروسان بیابان** (مذکر) لدو اونٹ۔ **عروسان خلد** (مذکر) حوریں۔ **عروسانِ درخت** (مونث) نئے شگوفے۔ **عروسانہ** (صفت) دلھن کے مانند **عروس تاک** (مونث) شراب۔ **عروس جہاں** (مونث) ۱ دنیا ۲ زہرہ سیارہ۔ **عروس چرخ** چہارم فلک۔ **خاوری یا روز** (مونث) سورج۔ **عروس خواب** (مونث) نیند کا عروس سے استعارہ کرتے ہیں۔ **عروس خواب سے ہم آغوش ہونا** (لازم) سونا۔ **عروس زیبا** (مونث) خوبصورت دلھن۔ **عروس عدن** (مونث) ۱ چاند ۲ ستارے ۳ خادمہ۔ ملازم عورت ۴ حور۔ **عروس عرب** (مونث) مکہ **عروسِ فلک** (مونث) سورج۔ **عروسِ مرگ** (مونث) موت کا عروس سے استعارہ کرتے ہیں **عروس مرگ سے ہمکنار ہونا** (لازم) مرجانا۔ **عروس نو** (مونث) نئی دلھن۔ **عروسِ نو ہم آغوش ہونا** (لازم) شادی ہونا۔

عَرُوض (ع۔ مذکر) ۱ ایک علم جس میں نظم کے قواعد مذکور ہوتے ہیں۔ پنگل ۲ (مذکر) مکہ اور مدینہ مع علاقہ (عَرَض۔ کوئی چیز دکھانا)

عُرُوق (ع۔ مذکر) ۱ جمع عِرق کی۔

عُرَیاں (ع۔ صفت) ننگا۔ برہنہ (کرنا ہونا کے ساتھ) (عَرِیَ۔ ننگا ہونا) **عریانی** (مونث) ننگا ہونا۔ برہنگی۔

عَرِیش (ع۔ مذکر) ۱ دھوپ سے بچنے کے لئے کوئی سایہ دار جگہ۔ چھپر سے پٹا ہوا مکان جو باغ میں بناتے ہیں۔ (عَرَش۔ کسی جگہ بنا)

عَرِیض (ع۔ صفت) چوڑا۔ پھیلا ہوا۔ طول طویل۔ بڑا۔ **عریضہ** (صفت) ۱ چوڑا ۲ چھٹی جو چھوٹے کی طرف سے بڑے کو لکھی جائے ۳ چھٹی جو خواجہ خضر۔ حضرت فاطمہؓ یا پریوں کے نام کسی مراد کے واسطے دریا میں بہاتے ہیں۔ (عَرَض۔ چوڑائی کی طرف سے دکھانا) **عریضہ دینا** (متعدی) عریضہ ۳ دریا میں ڈالنا۔ **عریضہ تہنیت** (مذکر) خوش آمدید کا ایڈریس۔ **عریضۂ مَستور** (مذکر) خفیہ خط۔ **عریضہ نگار** (مذکر) خط لکھنے والا۔ **عریضۂ نیاز** (مذکر) بعض نے خط کے آخر میں نام سے پہلے یہ الفاظ لکھتے ہیں۔

عَزَّ (ع۔ ماضی) ۱ غالب ہوا۔ زبردست ہوا ۲ اس کی عزت ہو۔ اس کی حمد ہو۔ (عَزَّ۔ طاقتور ہونا) **عَزَّ اسمُہٗ** اس کے نام کی عزت یا تعریف ہو۔ **عَزَّ وَجَلَّ** (صفت) اس کی عزت اور حمد ہو ۲ خدا تعالیٰ۔

عِزّ (ع۔ مذکر) عزت۔ مرتبہ۔ رتبہ۔ شان۔ طاقت۔ (عَزَّ۔ طاقتور ہونا) **عزّ و جاہ** (مذکر) شان (مونث) عزت و مرتبہ۔

عَزا (ع۔ مذکر) ماتم۔ ماتم پرسی (عَزِیَ۔ صابر ہونا) **عزادار** (صفت) ماتم کرنے والا۔ **عزاداری** (مونث) ماتم کرنا۔ **عزا خانہ** (مذکر) ۱ ماتم خانہ ۲ وہ گھر جہاں مرثیے پڑھے جاتے ہوں۔ یا تعزیہ رکھا جاتا ہے۔

عَزازِیل (ع۔ مذکر) شیطان کا نام (عَزَلَ۔ ہٹا دینا۔ الگ کر دینا)

عَزّاف (ع۔ مذکر) بادل جس میں گرج ہو۔

عَزائِم (ع۔ مذکر) عزیمت کی جمع۔ منتر۔ افسوں۔ **عزائم خواں** (مذکر) عزیمتیں پڑھنے والا۔

عِزَّت (ع۔ مونث) ۱ آبرو۔ وقار۔ ہیبت۔ شرف۔ اعزاز ۲ بڑائی۔ بزرگی ۳ ادب۔ تعظیم۔ آدر۔ مان سنکار ۴ شان۔ شوکت ۵ شہرت۔ نیک نامی ۶ طاقت۔ قوت ۷ رتبہ۔ مرتبہ (عَزَّ۔ طاقتور ہونا) **عزت آثار** (مونث) آبرو دار۔ باوقار۔ بزرگ۔ **عزت اتارنا یا بگاڑنا** (متعدی) اتر جانا یا بگڑنا (لازم) آبرو جانا۔ **عزت افزائی** (مونث) کسی بڑے آدمی یا بزرگ کا آکر باعث عزت ہونا۔ (فرمانا کرنا ہونا کے ساتھ) **عزت بڑھانا** (متعدی) بڑھنا (لازم) کسی بڑے آدمی کی مہربانی کی وجہ سے عزت زیادہ ہونا۔ **عزت بنانا** (متعدی) آبرو حاصل کرنا۔ **عزت پر ہاتھ ڈالنا** (متعدی) بے عزتی کرنا۔ **عزت جاتی رہنا یا جانا** (لازم) آبرو نہ رہنا۔ بے عزتی ہونا۔ **عزت خاک میں ملنا** (لازم) سخت بے عزتی ہونا۔ **عزت خدا کے ہاتھ ہے**۔ اللہ آبرو رکھے تو رہے۔ **عزت خواہ** (صفت) دوست پرور۔ **عزت دار** (صفت) معزز۔ صاحب عزت **عزت دو کوڑی کی (نہ رہنا) ہو جانا یا ہونا** (لازم) سخت بیعزتی ہونا۔ **عزت دینا** (متعدی) آبرو بخشنا۔ **عزت ڈبونا** (متعدی) ۱ آبرو کھونا۔ **عزت رکھ لینا** (متعدی) آبرو بچانا۔ **عزت رکھنا** (متعدی) ۱ کسی کی آبرو بچانا ۲ لوگوں میں عزت ہونا۔ آبرو کی نظر سے دیکھا جانا۔ **عزت رہ جانا یا رہنا** (لازم) آبرو بچنا یا باقی رہنا۔ **عزت کا لاگو ہونا یا پیچھے پڑنا** (متعدی) کسی کی آبرو مٹانے کی کوشش کرنا۔ **عزت کرنا** (متعدی) تعظیم سے پیش آنا۔ بڑا ماننا۔ **عزت کل جاتی آج جائے** عزت کی پروا نہیں۔ **عزت کھونا** (متعدی) ۱ آبرو اتارنا ۲ بے عزت ہونا **عزت لینا** (متعدی) آبرو اتارنا۔ **عزت ملنا** (لازم) توقیر ہونا۔ شرف حاصل ہونا۔ **عزت میں بٹا لگنا یا فرق آنا** (لازم) آبرو میں بٹا لگنا۔ **عزت والا** (صفت) باعزت۔ معزز۔

امثال و اقوال۔ عزت کے آگے مال کیا چیز ہے۔ انسان آبرو بچانے کے لئے نقصان اٹھاتا ہے۔ **عزت کی آدھی بھلی بے عزتی کی ساری کچھ نہیں۔** عزت سے تھوڑی چیز ملے تو بہتر ہے اس بہت سے جو بے عزتی سے ملے۔ **عزت والے کی کمبختی ہے** آبرو دار کو بہت سی باتیں ایسی کرنا پڑتی ہیں۔ جو معمولی آدمی کرنے کی پرواہ نہیں کرتا۔

عِزرائیل (ع۔ مذکر) موت کا فرشتہ۔ ملک الموت۔ جان نکالنے والا فرشتہ (سُریانی عزرا۔ بندہ ایل۔ خدا)

عَزل (ع۔ مذکر) موقوفی۔

برطرفی۔ معزولی (عَزَلَ۔ ہٹانا۔ الگ کرنا) عزل و نصب (مذکر) برطرفی بحالی۔ ترقی و تنزل۔ ادل بدل (کرنا ہونا کے ساتھ)

عُزلَت (ع۔ مونث) گوشہ نشینی۔ علیحدگی۔ تنہائی۔ (پانا ہونا کے ساتھ) (عَزَلَ۔ الگ کرنا) **عزلت دوست گزیدہ یا گزیں** (صفت) گوشہ نشیں۔ تنہائی پسند۔ ۲ کنایتاً عابد۔ زاہد۔

عَزم (ع۔ مذکر) ارادہ۔ قصد۔ نیت۔ منشا (کرنا ہونا کے ساتھ) (عَزَمَ۔ ارادہ کرنا) **عزم بالجزم** (مذکر) پکا ارادہ۔ مصمم ارادہ۔ **عزم بہادرانہ** (مذکر) بہادر دل جیسا ارادہ۔ لڑائی کا ارادہ۔ **عزمت** (مونث) ۱ ارادہ۔ عزم ۲ وہ بات جو فرض ہو یا خدا کا حکم ہو۔ **عزم جنگ** (مذکر) لڑائی کا ارادہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **عزم دشت نبرد** (مذکر) میدان جنگ میں جانے کا ارادہ۔ **عزم رزم** (مذکر) جنگ کا ارادہ۔ **عزم رفتن فسخ کرنا** (متعدی) جانے کا ارادہ ہٹا دینا۔ **عزم روانگی** (مونث) روانہ ہونے کا ارادہ۔ **عزم سفر** (مذکر) سفر کا ارادہ۔ **عزم فسخ یا فسخ کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ارادہ نہ رہنا۔ ارادہ چھوڑ دینا۔

عُزّیٰ (ع۔ مذکر) ۱ ایک بت ۲ ایک درخت جس کو اہل عرب پوجتے تھے۔ خالدؓ بن ولید نے بحکم پیغمبر صلعم اس کو جلا دیا۔

عَزیز (ع۔ صفت) ۱ پیارا۔ محبوب ۲ رشتہ دار۔ قرابت دار ۳ مرغوب۔ دلپسند ۴ زبردست۔ غالب۔ قادر ۵ (مذکر) خدا کا نام ۶ وزرائے مصر کا لقب قدیم زمانے میں جب بادشاہ کو فرعون کہتے تھے ۷ مصر کے بادشاہ کا لقب (عَزَّ۔ زبردست ہونا) **عزیز الانتقام** (مذکر) زبردست انتقام لینے والا۔ خدا تعالےٰ۔ **عزیز القدر** (صفت) ایک القاب جو چھوٹے رشتہ دار یا بھائی کو لکھا جاتا ہے۔ گرامی قدر۔ **عزیز الوجود** (صفت) نادر۔ کمیاب۔ **عزیز جاننا** (متعدی) ۱ پیارا سمجھنا۔ چاہنا۔ محبت کرنا ۲ کسی چیز کی قدر و منزلت کرنا۔ بہت پسند کرنا۔ **عزیز دار** (مذکر) دوست۔ رشتہ دار۔ **عزیز داری** (مونث) رشتہ داری۔ یگانگت۔ **عزیز رکھنا** (متعدی) ۱ پیارا سمجھنا۔ پیار کرنا ۲ قدر و منزلت کرنا۔ پسند کرنا۔ **عزیز کرنا** (متعدی) ۱ پیارا جاننا ۲ کسی چیز کے دینے میں دریغ کرنا۔ **عزیز مصر** (مذکر) ۱ مصر کے وزیر کا لقب ۲ مصر کے بادشاہ کا لقب۔ **عزیز ہونا** (لازم) ۱ پیارا ہونا ۲ دریغ ہونا۔ عموماً نفی کے ساتھ۔ **عزیزی** (مونث) ۱ بڑائی ۲ دوستی۔ عزت ۳ تقدس۔

عَزیمَت (ع۔ مونث) ۱ عزم۔ ارادہ۔ مقصد ۲ افسوں منتر ۳ وہ عمل یا افسوں جس سے موکلوں کو حاضرات میں طلب کریں۔ (عَزَمَ۔ ارادہ کرنا)

عَساکِر (ع۔ مذکر) جمع عسکر۔ لشکر۔ فوجیں۔ **عساکر اسلام** (مذکر) مسلمانوں کی فوجیں۔ **عساکر ضبطیہ** (مذکر) پولیس کی فوج۔

عُسر (ع۔ مذکر) تنگی۔ عسرت (عَسُرَ۔ مشکل ہونا) **عُسرت** (مونث) تنگی۔ دشواری۔

عَسَس (ع۔ مذکر) عاس کی جمع مگر مفرد استعمال ہوتا ہے۔ کوتوال۔ طلایہ دار۔

عَسکَر (ع۔ مذکر) لشکر۔ فوج۔ سپاہ۔ سینا۔ کٹک (ف لشکر کا معرب) **عسکران** (مذکر) عرفات اور منا (عسکر کا تثنیہ) **عسکر نصرت اثر** (مذکر) فتح کے نشان والا لشکر۔ وہ لشکر جو ہمیشہ فتح یاب ہوتا ہو۔ **عسکری** (صفت) عسکر سے منسوب فوج کا ۲ (مذکر) سپاہی۔ فوجی۔

عَسَل (ع۔ مذکر) شہد۔

عَسِیر (ع۔ صفت) ۱ دشوار۔ مشکل ۲ (یوم) قیامت کا دن۔ (عَسُرَ۔ تنگ ہونا) **عسیر الاستخراج** (صفت) جو مشکل سے نکلے۔

عَشا (ع۔ مذکر) شام کا کھانا۔ (عَشَوَ۔ رات کا کھانا کھانا) **عشائے خداوندی** (مذکر) کھانا جو حضرت عیسےٰ نے آخری دفعہ اپنے حواریوں کے ساتھ کھایا تھا۔

عِشا (ع۔ مونث) رات کی فرض نماز جو مغرب کے بعد اور سونے سے پہلے پڑھی جاتی ہے (عَشَوَ۔ رات کا کھانا کھانا)

عُشّاق (ع۔ مذکر) عاشق کی جمع ۲ راگ کا ایک مقام جو دو گھڑی دن رہے گایا جاتا ہے۔

عَشبَہ (ع۔ مذکر) ایک بوٹی جو خون کو صاف کرنے کے لئے مفید ہے۔ اس کا عرق نکالتے ہیں۔ سارسا پریلا۔

عَشر (ع۔ عدد) دس۔ دہ۔ (عَشَرَ۔ دس بنانا) **عشرات** (مذکر) دہائیاں۔ دس بیس۔ تیس۔ چالیس۔ پچاس۔ ساٹھ۔ ستر۔ اسی۔ نوے۔ **عشرات** (مذکر) ۱ اعداد اعشاریہ ۲ عشر کی جمع۔ کئی دس۔ **عشر کلیات** (مذکر) دس احکام حضرت موسےٰ کے۔ **عشرہ** (ع۔ صفت) ۱ دس ۲ (مذکر) مہینے کا دسواں دن ۳ مہینے کے دس روز ۴ محرم کی دسویں تاریخ۔ یوم عاشورہ **عشرۂ اول** (مذکر) ۱ مہینے کے پہلے دس روز ۲ عمر کے پہلے دس سال۔ **عشرہ ثانی** (مذکر) مہینے کے دوسرے دس روز ۲ گیارھویں سال سے بیسویں سال تک عمر کا زمانہ۔ **عشرۂ کاملہ** (مذکر) دس روزے ان حاجیوں کے جو قربانی نہ دے سکیں یہ تین حج سے پہلے اور سات حج کے بعد ہیں۔ **عشرہ مبشرہ** (مذکر) وہ دس صحابیؓ جن کے واسطے بہشت کی بشارت ہے۔ یعنی ۱ ابوبکرؓ ۲ عمرؓ ۳ عثمانؓ ۴ علیؓ ۵ زبیرؓ ۶ طلحہؓ ۷ سعدؓ ۸ سعیدؓ ۹ ابوعبیدؓ ۱۰ عبدالرحمٰنؓ بن عوف۔

عُشر (ع۔ مذکر) دسواں حصہ۔ دہ یکی (عَشَرَ۔ دس بنانا) **عشر شرعی** (مذکر) دسواں حصہ جو شرع اسلام نے مقرر کیا ہے **عشر عشیر** (صفت) ۱ دسویں کا دسواں۔ دسواں ۲ کنایتاً بہت تھوڑا۔

عِشرَت (ع۔ مونث) ۱ عیش نشاط ۲ سیر تماشے۔ جلسے ۳ خوشی۔ مسرت۔ ( ) **عشرت آمیز** (صفت) خوشی سے بھرا ہوا۔ **عشرت افزا** (صفت) خوشی کو بڑھانے والا۔ **عشرت انتما** (صفت) خوشی یا عیش سے ملتا جلتا۔ **عشرت انگیز** (صفت) خوشی کرنے والا۔ **عشرت پذیر** (لازم) خوش ہونا۔ **عشرت پیرا ہونا** (لازم) عیش میں مشغول ہونا۔ **عشرت خانہ** (مذکر) **سرا** (مونث) **کدہ** (مذکر) **گاہ** (مونث) عیش و نشاط کا گھر۔ **عشرت کار** (صفت) عیش و نشاط سے بھرا ہوا۔ **عشرت گاہِ فلک** (مذکر) آسمان پر رات کے وقت جب ستاروں کی مجلس جمی ہوئی ہوتی ہے **عشرت منانا** (متعدی) مزے کرنا۔ لطف اٹھانا۔ عیش و

نشاط منانا۔

منقولہ۔ عشرت امروز بے اندیشہ فردا خوش است۔ کل کے واسطے بےفکری ہو تو عیش و عشرت اچھی چیز ہے۔

عَش عَش (ف۔ مذکر) دیکھو اش اش۔

عِشق (ع۔ مذکر) بیحد محبت۔ پریت۔ پریم۔ پیار۔ نیہا۔ سنیہ۔ موہ۔ بیت۔ حُب ۲ سلام۔ رخصت کا سلام ۳ آفرین۔ رحمت۔ شاباش (عَشَق) **عِشق اللہ** (مذکر) آزاد فقیروں کا سلام۔ **عِشق انگیز** (صفت) عشق پیدا کرنے والا۔ عشق کو بھڑکانے والا۔ **عشقباز** (صفت) عاشق مزاج۔ حسن پرست۔ عیاش۔ **عشقبازی** (مونث) عشق۔ محبت کرنا۔ حسن پرستی۔ عیاشی۔ **عشق پرداز** (صفت) عشقباز۔ **عشق پیچاں یا پیچہ** (مذکر) ایک قسم کی بیل جس میں رنگدار پھول اگتے ہیں۔ **عشق پیشہ** (صفت) عاشق۔ وہ جو اکثر عاشق ہوتا ہے۔ **عشق چرّانا** (لازم) دل آجانا۔ عاشق ہونا۔ **عشق حقیقی** (مذکر) خدا کی محبت۔ **عشق سے چھاتی گرم ہونا** (لازم) جوش عشق ہونا۔ **عشق صادق** (مذکر) سچی محبت جس میں خودغرضی کا خیال نہ ہو۔ **عشق کاآزاد** (مذکر) عشق کی بیماری۔ **عشق کا داغ** (مذکر) غم و رنج جو عاشق کو ہوتا ہے۔ **عشق کا دم بھرنا** (لازم) محبت کرنا۔ عاشق ہونا۔

عشق کا زور کرنا (متعدی)، **ہونا** (لازم) عشق کی وجہ سے بہت بیقراری ہونا۔ **عشق کا سر اٹھانا** (متعدی) عشق کا زور ہونا۔ **عشق کی ترنگ** (مونث) محبت کا جوش یا خیال۔ **عشق کو ضبط کرنا** (متعدی) عشق ظاہر نہ ہونے دینا۔ **عشق کی بجلائی ہوئی چنگاری چمک اٹھی۔** عشق نے پھر زور کیا۔ بجھا ہوا عشق پھر بھڑک گیا۔ **عشق گرمانا** (متعدی) محبت میں جوش پیدا ہونا۔ **عشق مجازی** (مذکر) دنیاوی معشوق کی محبت۔ **عشق مولا** (مذکر) دیکھو عشق اللہ۔ **عشق میں دیوانہ ہونا** (لازم) اس قدر محبت ہونا کہ پاس ننگ و ناموس نہ رہے۔ **عشق و محبت** (مذکر) بیحد محبت و پیار۔ **عشق ہونا** (لازم) کسی کے ساتھ محبت ہے۔ عشق ہے۔ آفرین ہے۔ شاباش ہے۔ **عشقی** (صفت) عشق سے منسوب ۲ عاشق۔

امثال و اقوال۔ عشق است و ہزار بدگمانی۔ عاشق کو معشوق کے متعلق ہمیشہ بدگمانی رہتی ہے۔ **عشق اول در دل معشوق پیدا میشود۔ تانہ سوزد شمع کے پروانہ شیدا میشود۔** محبت پہلے معشوق کے دل میں پیدا ہوتی ہے۔ جب تک شمع نہیں جلتی پروانہ شیدا نہیں ہوتا۔ دل کو دل سے تعلق ہوتا ہے۔ **عشق بازی (خالہ جی کا گھر نہیں) کھیل نہیں۔** محبت کرنا بہت مشکل ہے۔ **عشق بری بلا ہے۔** محبت بری چیز ہے۔ سب کچھ بھلا دیتی ہے **عشق چھپائے سے نہیں چھپتا۔** عشق کا حال لوگوں کو معلوم ہو جاتا ہے۔ عورت مرد کے تعلق کا حال ظاہر ہو جاتا ہے۔ **عشق سعدی تا بزانو۔** اس بات کی چنداں خواہش نہیں۔ اتنی ہی کافی ہے۔ **عشق کا مارا پانی نہیں مانگتا۔** فوراً مرجاتا ہے۔ **عشق (کے کوچے) میں شاہ و گدا برابر ہیں۔** عشق میں امیر و غریب کا کوئی فرق نہیں رہتا۔ **عشق کے کوچے میں عاشق کی حجامت ہوتی ہے۔** عشق میں عاشق کا بہت نقصان ہوتا ہے۔ **عشق مجازی سے عشق حقیقی حاصل ہوتا ہے۔** معمولی محبت آخر کو محبت الہی سے بدل جاتی ہے۔ **عشق و مشک اکھانسی خشک خون خرابہ) چھپائے سے نہیں چھپتا یا چھپتا نہیں۔** یہ چیزیں ضرور ظاہر ہو جاتی ہیں **عشق میں آدمی کے ٹانکے ادھڑتے ہیں۔** عشق میں انسان کو بڑی تکلیف ہوتی ہے۔ **عشق میں شاہ و گدا برابر۔** امیر غریب پر یا غریب امیر پر عاشق ہو جاتا ہے۔ تو کوئی درجے کا فرق نہیں رہتا۔ **عشق و مشک پنہاں نمی شود۔** عشق اور مشک ضرور ظاہر ہو جاتے ہیں۔ **عشق یا کرے امیر یا کرے فقیر۔** دونوں بے فکرے ہوتے ہیں۔

عشورہ (ع۔ مذکر) دیکھو عاشورہ۔

عِشوَہ (ع۔ مذکر) ۱ ناز۔ نخرہ۔ غمزہ۔ کرشمہ۔ ناز و ادا ۲ تاریکی۔ اندھیرا ۳ آگ جو رات کو دور سے نظر آئے۔ (عَشْوَ۔ رات کو جانا) **عشوہ آئین۔ پرداز۔ ساز۔ طرز۔ کار یا گر** (صفت) ۱ ناز و ادا کرنے والا ۲ معشوق ۳ فریبی۔ **عشوہ چھانا** (لازم) ناز و نخرے کا غالب آنا (عف) **عشوہ سازی طرازی یا گری** (مونث) ناز و نخرے۔ غمزے۔ ناز و ادا۔ **عشوہ و ناز** (مذکر) ناز و نخرے۔

عُشیر (ع۔ مذکر) دسواں حصہ (عَشَر۔ دس بنانا)

عَصا (ع۔ مذکر) لاٹھی۔ چھڑی۔ ڈنڈا (عَصَیَ۔ چھڑی لینا) **عصا بردار** (مذکر) چوبدار۔ **عصا و علم** (مذکر) ۱ شاہی نشان ۲ عصا جھنڈے وغیرہ جو برات کے ساتھ ہوتے ہیں۔ **عصائے پیر یا پیری** (مذکر) ۱ بڑھاپے کا سہارا ۲ مجازاً بوڑھے کا لڑکا۔ **عصائے تلخ بادام** (مذکر) کڑوے بادام کے درخت کی لکڑی کا عصا یہ بہت مضبوط ہوتا ہے۔ اور اس پر نقش و نگار کھودے جاتے ہیں۔ اکثر مولوی صاحبان رکھتے ہیں۔ **عصائے نقری و طلائی** (مذکر) بادشاہوں کے نقیبوں کی لاٹھیاں جن پر سونا چاندی مڑھا ہوا ہوتا ہے۔ **عصائے موسوی یا موسیٰ** (مذکر) حضرت موسیٰ کا عصا جو انہوں نے فرعون کے سامنے پھینکا تو اژدہا بن گیا۔

مثل۔ عصائے پیر بجائے پیر۔ ضعیف اور بوڑھے کے پیر لکڑی کے سہارے چلتے ہیں۔

عِصابہ (ع۔ مذکر) عورت کے سر کو باندھنے کا کپڑا۔ قصابہ (عَصَب۔ پگڑی باندھنا)

عَصّاد (ع۔ مذکر) تیلی۔ وہ جو انگوروں کا رس نکالے (عَصَر۔ دبانا)

عُصارہ (ع۔ مذکر) نچوڑا ہوا پانی۔ عرق۔ شیرہ (عَصَر۔ دبانا)

عَصافیر (ع۔ مذکر) عصفور کی جمع۔

عَصَب (ع۔ مذکر) پٹھا۔ نس (عَصَب۔ بنانا۔ تر کرنا) **عصبات** (مذکر) جمع

عصبہ کی۔ عَصَبہ (مذکر) ۱ باپ کی طرف کا رشتہ دار جو مال کا وارث ہو جو اصحاب الفروض سے بچے اور ان کے نہ ہونے سے میت کے کل مال کا وارث ہو ۲ پٹھا (جمع اعصاب) عصبیّت (مونث) ۱ طرفداری۔ قرابت ۲ مضبوطی۔ طاقت۔

عَصر (ع۔ مذکر) ۱ زمانہ۔ وقت۔ عہد ۲ دن کا آخری حصہ دوپہر اور شام کے درمیان کا ۳ (مونث) پچھلے پہر کی نماز (عَصْر۔ دبانا)

عُصْفُر (ع۔ مذکر) زعفران۔ کسم (عُصفر۔ زرد رنگنا)

عُصْفُور (ع۔ مذکر) چڑیا۔ کنجشک۔ (عصفر۔ زرد رنگنا)

عَضْل (ع۔ مذکر) بیوہ کو دوسرا خاوند کرنے سے روکنا۔

عِصمت (ع۔ مونث) پاکدامنی پارسائی۔ عفت۔ زنا سے بچنا (عَصَم۔ بچانا) عصمت بچانا (متعدی)، بچنا (لازم) عزت بچانا۔ آبرو بچانا۔ زنا ہونے سے بچ جانا۔ عصمت پر حرف آنا (لازم) ۱ پاکدامنی کا دھبہ لگنا ۲ زنا ہونا ۳ بدنامی ہونا زنا کی۔ عصمت دار (صفت) پاکدامن۔ عفیفہ۔ عصمت دری (مونث) بے آبروئی زنا کرنا ہونا کے ساتھ

مثل۔ عصمت بی بی از بے چادری۔ بے سامانی کی وجہ سے پارسا بنا ہوا ہے۔

عِصَابہ (ع۔ مذکر) عصابہ کا مخفف رومال جو رات کو سوتے ہوئے سر کو باندھتے ہیں۔

عِصیاں (ع۔ مذکر) گناہ (عَصَیٰ۔ نافرمانی کرنا)

عَضُد (ع۔ مذکر) ۱ بازو ۲ ساتھی ہمراہی (عَضَد۔ مدد کرنا) عضدُ الدَّولہ (مذکر) ایک خطاب جو شاہی زمانے میں دیا جاتا تھا۔

عَضَل (ع۔ مذکر) یمن میں ایک قبیلہ۔

عَضَلات (ع۔ مذکر) جمع عضلہ کی۔

عَضَلہ (ع۔ مذکر) عصبہ۔ پٹھا۔ (عَضَل۔ روکنا)

عُضو (ع۔ مذکر) بدن کا کوئی حصہ (عَضَو۔ جدا کرنا) عضو تناسل (مذکر) ذکر۔ آلہ تناسل۔ عضو شکنی (مونث) عضو توڑنا یا کاٹ دینا پرانے زمانے کی ایک سزا۔ عضو عضو (مذکر) ہر عضو۔

عَطا (ع۔ مذکر) بخشش۔ فیض سخاوت۔ دینا کوئی چیز (عَطو۔ ہاتھ سے لینا) عطا بخش (صفت) سخی۔ فیاض۔ عطا بخش و کرم گستر (صفت) فیض بخش اور سخی۔ فیاض۔ عطا پاش خطا پوش (صفت) خدا کی تعریف۔ جو بندوں کے گناہ کی پرواہ نہیں کرتا اور مہربانیاں کرتا رہتا ہے۔ عطا کرنا یا فرمانا (متعدی) دینا۔ عطا نامہ (مذکر) ہبہ نامہ۔ وہ تحریر جس کے ذریعے کوئی چیز دی جائے۔ عطا ہونا (لازم) ملنا۔ عنایت ہونا۔ عطائی (صفت) وہ جس نے خود سیکھا ہو

امثال و اقوال۔ عطاے او بلقاے او بخشیدم۔ اس کی بخشی ہوئی چیز کو اس کے منہ پر نثار کر دیا یعنی واپس کر دی عطائے تو بلقائے تو۔ تیری بخشش تجھی کو واپس کی جاتی ہے۔ عطائی نان خطائی۔ جو شخص دنیا میں خود سیکھے وہ مزے اڑاتا ہے۔

عَطّار (ع۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو عطر بیچے۔ گندھی ۲ (اردو) دوا فروش ۳ دیکھو فریدالدین عطار۔ عطاروں کا بازار گرم ہے بیماری زوروں پر ہے۔ عطاری (مونث) دوا فروشی۔ دوا فروش کا پیشہ۔

مثل۔ عطار کا شیشہ ڈوم کا گلا۔ دونوں برابر ہیں۔ ایک میں سے ہر قسم کے شربت یا عرق نکلتے ہیں۔ گلے میں سے سب قسم کے راگ نکلتے ہیں۔

عُطارِد (ع۔ مذکر) ۱ ایک سیارہ جو سورج سے نزدیک ترین ہے۔ صرف تین کروڑ ساٹھ لاکھ میل کے فاصلے پر ہے۔ اور ۸۸ دن میں اپنی گردش پوری کرتا ہے۔ اس کا قطر ۲۷۰۲ میل ہے ۲ پرانے خیالات کے بموجب ایک ستارہ ہے۔ جو دوسرے آسمان پر ہے اور عقل و علم اسکے متعلق ہیں بشرف اس کا برج سنبلہ ہے۔ اسے دبیر فلک یا منشی فلک بھی کہتے ہیں ۳ (اصطلاح کیمیاگراں) جست۔ عطارد رقم (صفت) عطارد کی طرح لکھنے والا۔ عطارد دنشا (صفت) نہایت ذکی۔ تیز طبع۔

عَطایا (ع۔ مذکر) جمع عَطِیّہ کی۔

عِطر (ع۔ مذکر) ۱ خوشبو۔ اچھی بو۔ بوئے خوش ۲ خوشبودار چیزوں کا جوہر جو کپڑوں میں لگاتے ہیں ۳ جوہر۔ خلاصہ۔ لب لباب (عَطِر۔ خوشبو دینا) عطر افشاں (صفت) خوشبو چھڑکنے یا پھیلانے والا۔ عطر اگر (مذکر) بعض فصحا اضافت کی بجائے اگر کا عطر کہتے ہیں۔ عطر بیز (صفت) خوشبو پھیلانے والا۔ عطر بیزی (مونث) خوشبو پھیلانا۔ عطر پان کی تواضع (مونث) ہندوستان میں دستور ہے کہ مہمان کو پان کھلاتے اور عطر لگاتے ہیں۔ کرنا ہونا کے ساتھ۔ عطر پرور یا پیمائے (صفت) معطر۔ خوشبودار۔ عطر جہانگیری (مذکر) ایک خاص قسم کا عطر گلاب جو نور جہاں نے ایجاد کیا تھا۔ عطر دان (مذکر) عطر رکھنے کا برتن یا شیشی۔ عطر ریز (صفت) خوشبو پھیلانے والا۔ عطر سائے (صفت) معطر اور خوشبودار۔ عطر فروش (مذکر) گندھی۔ عطر کا پھویا (مذکر) عطر میں تر کی ہوئی روئی۔ عطر کھینچنا (متعدی) کسی خوشبودار چیز کا جوہر نکالنا۔ عطر کی روئی (مونث) عطر میں ترکیا ہوا پھویا جو لوگ کان میں رکھتے ہیں۔ عطر کی سینگ (مونث) وہ تنکا جس پر روئی لپیٹ کر گندھی خریدار کو سونگھنے کے لئے دیتے ہیں۔ عطر گلاب (مذکر) گلاب کا عطر۔ عطر گلدستہ یا مجموعہ (مذکر) وہ عطر جو کئی خوشبودار چیزوں کو ملا کر کھینچا جائے۔ عطر لگانا یا ملنا (متعدی) کپڑوں میں عطر لگانا۔ عطر میں بسانا (متعدی)، بسا ہونا (لازم) بہت عطر لگا دینا۔ خوشبودار ہونا۔ عطر نکالنا (متعدی) خلاصہ کرنا۔ جوہر نکالنا۔ عطریات (مذکر) عطر کی جمع۔ وہ چیزیں جو خوشبو دیں۔ عطریت (مونث) عطر کی خوشبو رکھنا۔

عَطس (ع۔ مذکر) ۱ چھینکنا ۲ مرنا ۳ پھوٹنا پو کا (عَطَس۔ چھینکنا) عطسہ (مذکر) چھینک۔ عطسۂ تیغ (مذکر) تلوار کے لگنے کی آواز۔ عطسۂ چاہ (مذکر) گونج کی آواز جو کوئیں سے آئے۔ عطسۂ شب (مذکر) پو پھٹنا۔ عطسۂ شیشہ (مذکر) شیشے کے گلاس میں شراب کے ڈالنے کی آواز۔ عطسۂ صبح (مذکر) سورج۔ عطسۂ عنبریں (مذکر) خوشبو۔ عطر۔ عطسۂ گرز (مذکر) گرز کے ہوا میں سے گزرنے کی آواز۔

عَطَش (ع۔ مونث) پیاس۔ تشنگی۔ (عَطَش۔ پیاسا ہونا) عطشان (صفت) ۱ پیاسا۔ تشنہ ۲

امساک باراں کی وجہ سے خشک ہو ۳ بیحد خواہش یا آرزو رکھنے والا۔ **عطشی** (صفت۔ مونث) ۱ پیاسی ۲ (مذکر) جمع عطشان کی۔

عطف (ع۔ مذکر) ۱ پھیرنا۔ ملانا ۲ مہربانی۔ شفقت۔ الفت۔ رحم ۳ تحفہ۔ عنایت ۴ (صرف) تعلق۔ ملاپ کسی کلمہ یا کلام کو دوسرے کلمہ یا کلام کی طرف پھیرنا ۵ (حرف) وہ حرف جو دو لفظوں یا کلموں کو ملائے جیسے اور۔ یا (عطف۔ جھکنا۔ مہربانی کی نظر سے دیکھنا) **عطف بیان** (مذکر) دیکھو عطف ۵۔ **عطف تفسیر** (مذکر) **عطف زمام یا عنان** (مذکر) لگام پھیرنا **عطف گردن** (مذکر) سر پھیرنا غصے یا ناز سے **عطف نسق** (مذکر) دیکھو عطف ۵۔

عطوفت (ع۔ مونث) مہربانی۔ شفقت۔ الطاف۔ عنایت (عَطف۔ جھکنا)

عطیہ (ع۔ مذکر) وہ چیز جو دی جائے بخشش۔ تحفہ۔ انعام (دینا کے ساتھ) (عَطو۔ ہاتھ سے لینا) **عطیہ دار** (صفت) جسکو عطیہ دیا جائے۔

عظام (ع۔ مذکر) جمع عظم کی۔ ہڈیاں

عُظّام (ع۔ مذکر) بڑا۔ کلاں۔ بزرگ

عظائم (ع۔ مذکر) جمع عظیمت کی۔ بڑی چیزیں۔

عَظم (ع۔ مذکر) ہڈی (عَظْم۔ کسی کو ہڈی دینا)

عُظم (ع۔ مذکر) ۱ بزرگی۔ بڑائی ۲ بڑا ہجوم ۳ غرور۔ تکبر (عَظُم۔ بڑا ہونا) **عظم و شان** (مذکر) شان و شوکت (دکھانا ہونا کے ساتھ)

عظمت (ع۔ مونث) ۱ بڑائی بزرگی ۲ شان۔ شوکت ۳ غرور۔ تکبر (عَظُم۔ بڑا ہونا یا بننا) **عظمت اللہ شاہ** مصنف مظہر الاسرار **عظمت میں ہمسر آسمان ہونا** (لازم) بہت اونچا ہونا **عظمت و جاہ یا جلال** (مذکر) شان و شوکت اور مرتبہ **عظمت و شان یا شکوہ** (مذکر) شان و شوکت۔

عظمٰی (ع۔ صفت) ۱ بڑا۔ کلاں ۲ بزرگ

عظیم (ع۔ صفت) ۱ بڑا۔ کلاں ۲ بزرگ ۳ (مذکر) خدا تعالیٰ کا نام۔ جو ہر صفت میں بڑا ہے (عَظُم۔ بڑا ہونا) **عظیم الجثہ** (صفت) بہت موٹا یا فربہ۔ وہ جس کا قد قامت بڑا ہو **عظیم الشان** (صفت) بڑے رتبے کا بڑا۔ کلاں **عظیم القدر** (صفت) بڑے درجے یا طاقت کا **عظیم اللہ خانی** (مذکر) ایک قسم کا حقہ جو عظیم اللہ خاں نے ایجاد کیا تھا۔

عفاریت (ع۔ مذکر) عفریت کی جمع

عِفاف (ع۔ مذکر) دوا۔

عِفّان (ع۔ مذکر) وقت۔ موسم۔

عِفّت (ع۔ مونث) ۱ پاکدامنی۔ عصمت ۲ پارسائی۔ پرہیزگاری (عَفّ۔ پرہیز کرنا) **عفت مآب** (صفت) پارسا۔ عفیفہ۔ **عفت میں خلل ڈالنا** (متعدی) بےحرمت کرنا۔ زنا کرنا۔

عِفریت (ع۔ مذکر) ۱ دیو۔ بھوت پریت ۲ کوئی چیز جو خوفناک ہو۔

عَفص (ع۔ مذکر) ۱ ایک درخت ۲ اس کا پھل۔

عف عف (ع۔ مونث) کتے کی آواز (کرنا ہونا کے ساتھ)

عَفِن (ع۔ صفت) بدبودار۔

عفو (ع۔ مذکر) معافی۔ درگزر۔ بخشش (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (عَفو۔ مٹانا) **عفو پیشہ** (صفت) وہ جو معاف کرے۔ بخشندہ۔ **عفو تقصیرات** (مذکر) گناہوں کی معافی (چاہنا۔ کرنا ہونا کے ساتھ) **عفو گناہ** (مذکر) گناہ کی معافی۔

عفوصت (ع۔ مونث) قبض کشاد۔ بندھیج (عَفص۔ کسی چیز کو مروڑنا)

عفونت (ع۔ مونث) بدبو۔ سڑاند (عَفَن۔ سڑ جانا)

عُفی (ع۔ ماضی) معاف کیا گیا (عَفو۔ معاف کرنا) **عَفی اللہ عنہ** (دعا) خدا اسے معاف کرے۔ خط کے آخر میں اپنے نام کے بعد انکسار سے لکھتے ہیں۔

عفیف (ع۔ مذکر) ۱ پارسا مرد۔ اردو میں مستعمل نہیں ۲ دیکھو شمس سراج (عَفّ۔ رکنا)

عفیفہ (مونث) پاکدامن عورت۔ پارسا عورت۔

عِقاب (ع۔ صفت) ۱ سزا دینے والا جیسے شدید العقاب ۲ (مذکر) عذاب۔ تکلیف (عَقب۔ پیچھے آنا)

عُقّاب (ع۔ مذکر) ۱ بڑا شکاری پرندہ ۲ ایک صورت سیارہ کا نام ۳ (کیمیا کی اصطلاح) نوشادر ۴ اونچی جگہ ۵ ایک جھنڈا پیغمبر صلعم کا (عَقب پیچھے آنا) **عقاب بلند پرواز** (مذکر) اونچا اڑنے والا عقاب۔ **عقاب پر** (صفت) جس میں عقاب کا پر لگا ہوا ہو۔

عقابین (ع۔ مذکر) دو لمبی چوبیں جن پر نوشیرواں کے وزیر بختک نے امیر حمزہ کو لٹکا دیا تھا۔ اس کا ذکر داستان امیر حمزہ کے پہلے دفتر نوشیرواں نامہ میں آتا ہے **عقابین پر کھینچنا** (متعدی) دو چوبوں پر لٹکانا۔

عقارب (ع۔ مذکر) ۱ جمع عقرب کی۔ بچھو ۲ کانا پھوسیاں۔ اتہام۔

عقائد (ع۔ مذکر) جمع عقیدہ کی۔ مذہبی اصول۔

عقائق (ع۔ مذکر) جمع عقیق کی۔

عقائم (ع۔ مونث) عقیمہ کی جمع۔ بانجھ عورتیں۔

عَقب (ع۔ مذکر) ۱ اسم۔ پاشنہ ۲ (تف) پیچھے (عَقب۔ پیچھے آنا) **عقب کرنا** (متعدی) تعاقب کرنا پیچھا کرنا (مت) **عقب میں** (تف) پیچھے **عقب میں آنا** (لازم) پیچھے آنا **عقب میں جانا** (لازم) پیچھے جانا

عقبت (ع۔ مونث) سنا کی چوٹی۔ جہاں پیغمبر صلعم کو لوگوں نے کھلے طور پر تسلیم کیا تھا۔

عقبہ (ع۔ مذکر) ۱ اونچی اور لمبی پہاڑی جسکی چوٹی تک راستہ جاتا ہو ۲ (عرب) منا اور مکہ کے درمیان ایک پہاڑی ۳ بحیرہ قلزم کے شمال میں ایک خلیج ۴ اس پر ایک قصبہ ۵ گھاٹی اور مقامات (عَقب پیچھے آنا)

عقبیٰ (ع۔ مذکر) اگلا جہان۔ دوسرا جہان۔ عاقبت (عَقب۔ پیچھے آنا) **عقبیٰ بخیر ہونا** (لازم) ایمان دار مرنا۔ بہشت میں جانا۔ **عقبیٰ بنانا** (متعدی) نیک کام کرنا جو آخرت میں کام آئے۔ عاقبت سنوارنا۔ **عقبیٰ کا کام** (مذکر) وہ فعل جس سے آخرت میں فائدہ ہے

عقد (ع۔ مذکر) ۱ نکاح۔ بیاہ۔ شادی (باندھنا۔ بندھنا۔ کرنا۔ ہونا کیساتھ) ۲ عہد۔ قول قرار۔ پیمان ۳ لڑی۔ ہار۔ (عَقد۔ باندھنا) **عقد انامل** (مذکر) انگلیوں پر شمار کرنا۔ داہنے ہاتھ پر اکائیاں اور بائیں پر سینکڑے اور ہزار ہوتے ہیں۔ **عقدانہ** (مذکر) نکاح کی فیس **عقد بندی** (مونث) ۱ نکاح ۲ عہد پورا کرنا **عقد بیع** (مذکر) فروخت کا اقرار نامہ۔ **عقد پرویں یا ثریا** (مذکر) چھ ستارے جو قریب قریب نظر آتے ہیں۔ چھ صلیبوں کا گچھا **عقد زفاف** (مذکر) نکاح۔ **عقد سیماب** (کیمیا کی اصطلاح) ۱ پارے کی گولی باندھنا

۲ پارے کی گولی عقد میں لانا (متعدی) عورت سے نکاح کرنا۔ عقد نامہ (مذکر) عقد نکاح (مذکر) نکاح۔ شادی

عَقَد (ع۔ مذکر) یمن میں ایک قبیلہ۔

عِقد (ف۔ مذکر) لڑی۔ ہار۔ عقد ساز (مذکر) جوہری۔ عقد شب افروز (مذکر) سیارے اور ستارے۔ عقد شب و روز (مذکر) ۱ چاند اور سورج ۲ وقت ۳ قسمت ۴ دنیا۔

عُقدہ (ع۔ مذکر) ۱ گرہ۔ گانٹھ۔ گتھی ۲ پیچیدہ معاملہ یا مسئلہ۔ مشکل بات یا امر ۳ بھید۔ راز ۴ پیچ۔ بکھیڑا (عَقَد۔ باندھنا) عقدہ باندھنا (متعدی) بندھنا (لازم) ۱ گرہ لگنا ۲ پیچیدہ ہونا۔ عقدہ پڑنا (لازم) بکھیڑا پڑنا۔ پیچ پڑنا۔ عقدہ حل کرنا (متعدی) ہونا (لازم) پیچیدہ مسئلہ سمجھ میں آجانا۔ عقدہ کھلنا (لازم) کھولنا (متعدی) ۱ دل میں شگفتگی پیدا کرنا ۲ رنج رفع کرنا۔ عقدۂ سربستہ (مذکر) خفیہ راز۔ عقدہ سلجھانا (متعدی) مشکل حل کرنا۔ مسئلہ حل کرنا۔ عقدہ کشا (صفت) مسئلہ حل کرنیوالا۔ مشکل آسان کرنیوالا۔ عقدہ کشائی (مونث) مشکل آسان کرنا۔ مسئلہ حل کرنا۔ عقدہ کھلنا (لازم) کھولنا (متعدی) مشکل مسئلہ حل ہونا۔ عقدۂ لاحل یا مالاینحل (مذکر) وہ مشکل مسئلہ جو حل نہ ہو۔ عقدۂ مشکل (مذکر) مشکل گتھی۔ پیچیدہ بات۔ عقدہ نکلنا (متعدی) عقدہ حل ہونا

عَقرب (ع۔ مذکر) ۱ بچھو۔ کژدم ۲ ایک برج کا نام ۳ گھڑی کی سوئی ۴ (صفت) جھگڑالو۔ مفسد۔ ضرر پہنچانیوالا (عَقرَب۔ مروڑنا) عقرب ساعت (مذکر) گھڑی کی سوئی۔ عقرب سلیمانی (مذکر) تلوار کی تعریف۔ تلوار۔ عقرب نیلوفری (مذکر) برج عقرب۔ عقربی (مذکر) ایک قسم کا لعل۔

عَقل (ع۔ مونث) ۱ سمجھ۔ فہم۔ ادراک۔ تمیز۔ بدھ۔ سُرت۔ گیان۔ شعور۔ وقوف۔ ہوش ۲ رائے (عَقَل۔ سمجھدار ہونا یا بننا) عقلاً (تف) عقل کی رو سے۔ اٹکل سے۔ عقل آرائی (مونث) سوچنا۔ عقل دوڑانا۔ عقل آنا (لازم) سمجھ آنا۔ سمجھ حاصل ہونا۔ تمیز آنا۔ عقل اڑانا (متعدی) اڑجانا۔ اڑنا (لازم) عقل زائل ہونا یا جاتی رہنا۔ عقل الٹی ہونا (لازم) بیوقوف ہونا۔ عقل انسانی (مونث) وہ عقل جو انسان کو دی گئی ہے۔ عقل اوّل (مونث) ۱ پہلا فرشتہ ۲ جبرئیل ۳ پیغمبر صلعم کا نور ۴ عرش اعظم۔ عقل اوندھی ہونا (لازم) بے عقل ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ عقل بجا (برجا) ہونا (لازم) عقل ٹھکانے ہونا۔ ہوش وحواس درست ہونا۔ بیشتر نفی کے ساتھ۔ عقل پر پتھر پڑنا (لازم) عقل جاتی رہنا۔ غلطی ہونا۔ کچھ نہ سوجھنا۔ عقل پر پتھر پڑیں (بددعا) تیرا ناس ہو۔ عقل پر پتھر پڑے ہیں۔ کچھ سمجھ نہیں آتی۔ عقل پر (دینگی) پردہ پڑجانا یا چھا جانا۔ پھرنا (لازم) سمجھ نہ آنا۔ سمجھ جاتی رہنا۔ غلطی ہونا۔ عقل پکڑنا (لازم) ۱ ہوش میں آنا ۲ طفلی سے نکلنا ۳ تربیت پانا۔ عقل ٹھکانے نہ رہنا (لازم) عقل جاتی رہنا۔ عقل ٹھکانے ہونا (لازم) سمجھ قائم ہونا۔ ہوش میں ہونا۔ عقل ٹھیک بنانا (لازم) عقل کی درستی کرنا۔ عقل جاتی رہنا یا جانا (لازم) گھبرا جانا۔ ہوش ٹھکانے نہ رہنا۔ اوسان خطا ہوجانا۔ عقل چرخ میں آنا (لازم) ہوش گم ہونا۔ حیران ہونا۔ عقل چرخ (میں) ہونا (لازم) ۱ حیرت ہونا۔ تعجب ہونا ۲ سمجھ میں آنا۔ عقل چرنے جانا (لازم) مذاقاً۔ ہوش ٹھکانے نہ رہنا۔ عقل چکرانا۔ چکر کھانا یا چکر میں آنا (لازم) عقل چرخ میں آنا۔ عقل چکر میں ہونا (لازم) حیران ہونا۔ عقل چھو جانا (لازم) تھوڑی سی عقل ہونا۔ عقل چھو نہیں گئی۔ بالکل بے عقل ہے بیوقوف ہے۔ عقل حیران ہونا (لازم) کوئی بات سمجھ میں نہ آنا۔ عقل حیوانی (مونث) وہ سمجھ جو حیوانات کو دی گئی ہے۔ عقل خرچ کرنا یا دوڑانا (متعدی) سوچنا۔ غور کرنا۔ عقل دنگ ہونا (لازم) حیران ہونا۔ کوئی بات سمجھ میں نہ آنا۔ عقل دینا (متعدی) ۱ سمجھ عطا کرنا ۲ شعور سکھانا۔ تربیت دینا ۳ رائے دینا۔ عقل (کی) داڑھ (مونث) وہ داڑھ جو انسان کے جوان ہونے پر نکلتی ہے۔ یہ آخری چار داڑھیں ہیں۔ عقل رفو چکر ہونا (لازم) حواس گم ہونا۔ اوسان خطا ہونا۔ عقل رکھنا (متعدی) عقلمند ہونا۔ عقل زائل کر دینا۔ کرنا (متعدی) ہوجانا یا ہونا (لازم) عقل جاتی رہنا۔ عقل سٹھیا جانا (لازم) بڑھاپے کی وجہ سے عقل کم ہونا۔ عقل سالم یا سلیم (مونث) راسخ صاحب عقل۔ عقل عقل سے باہر یا بعید یا دور (صفت) ۱ جو سمجھ میں نہ آئے ۲ بیعقلی کی بات۔ عقل سے کام لینا (متعدی) سوچنا۔ غور کرنا۔ عقل ششدر ہونا (لازم) عقل رفو چکر ہونا۔ عقل کا اندھا (صفت) بیوقوف۔ احمق۔ عقل کا بازی ہار جانا (لازم) عقل ماری جانا۔ عقل کا پتلا (صفت) ۱ بہت عقلمند ۲ طنزاً بیوقوف۔ عقل کا تودہ ہے ظریف طنزاً بیوقوف کو کہتے ہیں۔ عقل کا چراغ گل ہو جانا یا ہونا (لازم) عقل زائل ہوجانا یا جاتی رہنا۔ عقل کا دشمن (مذکر) بیوقوف۔ احمق۔ عقل کا فتور یا قصور ہونا (لازم) عقل کی کمی ہونا۔ عقل کا کام نہ کرنا (متعدی) سمجھ میں نہ آنا۔ عقل کا مارا (صفت) بیوقوف۔ عقل کام نہیں کرتی سمجھ میں نہیں آتا۔ عقل کدھر گئی طنزاً اسے کہتے ہیں جو بیعقلی کی بات کرے۔ عقل کل (مونث) ۱ دیکھو عقل اول ۲ خدا ۳ وہ مشیر جس کے بغیر کام نہ کر سکیں۔ عقل کو چرخ میں لانا (لازم) حیران کر دینا۔ عقل کھو دینا (متعدی) کھوئی جانا (لازم) عقل جاتی رہنا۔ عقل کے بخیے ادھیڑنا (متعدی) عقل زائل کر دینا۔ عقل کی پڑیا (مونث) عقلمند عورت۔ عقل کے پیچھے ڈنڈا (لٹھ) لیے پھرتا ہے۔ بہت بیوقوف ہے۔ عقل کی باتیں نہیں کرنے دیتا۔ عقل کے خلاف (صفت) ۱ بیوقوفی کی ۲ (تف) عقل کے مقابلے میں۔ عقل کے خلاف اعلان جنگ ہونا (لازم) بیوقوفی کی بات ہونا۔ عقل کے طوطے اڑجانا (لازم) گھبرا جانا۔ اوسان خطا ہوجانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔ عقل کی کمی یا کوتاہی (مونث) کم عقلی۔ سمجھ کا قصور۔ عقل کے گھوڑے دوڑانا (متعدی) بہت غور کرنا۔ خیالی پلاؤ پکانا۔ عقل کے ناخن لو۔ ہوش میں آؤ۔ سمجھ کر بات کرو۔ عقل گم ہونا (لازم) عقل جاتی رہنا۔ عقل لگانا (متعدی) سوچنا۔ غور کرنا۔ عقل ماری جانا (لازم) بے عقلی کا کام ہونا۔ کچھ سمجھ میں نہ آنا۔ عقل مجرّد (مونث) ایک فرشتہ۔ عقلمند (صفت) ۱ عاقل۔ دانا۔ خردمند ۲ ہوشیار ۳ طنزاً بیوقوف۔ عقلمند کی دُم (صفت) طنزاً بیوقوف۔ عقلمند عقلمندی کی دور بلا طنزاً کہتے ہیں جب کوئی بیوقوفی کی بات کرے۔ عقلمندی (مونث) عقل۔ خردمندی۔ عقل میں آنا (لازم) ۱ سمجھ آنا ۲ خیال میں آنا ۳ غور۔ ہوش میں آنا۔ عقل میں فتور آنا۔ حواس بجا نہ رہنا۔ پاگل ہوجانا۔ دیوانہ ہوجانا۔ عقل میں گزرنا (لازم) خیال میں آنا۔ سمجھ میں آنا۔ عقل واجبی ہونا (لازم) عقل تھوڑی ہونا۔ عقلی (صفت) ۱ عقل کا۔ عقل کے متعلق۔ عقل سے منسوب ۲ وہ جو دین میں آئے نقلی نہ ہو۔ عقلی گدا لگانا (متعدی) اٹکل سے بات کرنا۔ عقلیہ (صفت) قیاس سے۔

امثال و اقوال

عقل بڑھے سوچ سے۔ روٹی بڑھے لوچ سے۔ فکر اور غور بہت اچھی شے ہے۔ عقل بڑی کہ بھینس (بجوش) بے تکی بات پر مذاقاً کہتے ہیں۔ عقل چہ گفت ست کہ پیش مرداں بیا ید بیعقلی کی باتیں کرنیوالے کے متعلق کہتے ہیں۔ عقل کے اندھے (کوتاہ) گانٹھ کے پورے۔ بیوقوف عقل کی کوتاہی اور سب کچھ ہے۔ مذاقاً بیوقوف کی نسبت کہتے ہیں۔ عقلمند کو (ایک) اشارہ کافی ہے۔ دیکھو عاقل را الخ جس کا یہ ترجمہ ہے۔ عقلمند ملا کی دوڑ ۔۔۔ عقلمند نصیحتوں سے اپنی عقلمندی کی وجہ سے بچا رہتا ہے۔ عقل نہ گیان ۔۔۔ سمجھ ۔۔۔ اٹھا کر کیچڑ ۔۔۔ گا۔

عُقَلا (ع۔ مذکر) جمع عاقل ۔۔۔

وزگار (مذکر) دانشمند لوگ۔

عَقم (ع۔ مذکر) بانجھ پن (عُقم۔ خشک ہونا)

عُقُوبت (ع۔ مونث) سزا۔ عذاب۔ تکلیف۔ مصیبت۔ سختی (عَقَب۔ پیچھے آنا)

عُقُول (ع۔ مذکر) جمع عقل کی عقول عشرہ (مذکر) دس فرشتے۔ پرانے خیالات کے بموجب اول خدا نے ایک فرشتہ پیدا کیا۔ اُسنے دوسرا فرشتہ اور پہلا آسمان دوسرے نے تیسرا فرشتہ اور دوسرا آسمان علیٰ ہذا القیاس دس فرشتے اور نو آسمان پیدا ہو گئے۔

عَقِیدت (ع۔ مونث) اعتقاد۔ ارادتمندی (عَقَد۔ باندھنا) **عقیدت کیش۔ مند یا منش** (صفت) معتقد۔ وفادار

عَقِیدہ (ع۔ مذکر) ! اعتقاد۔ ایمان۔ مذہبی اصول کو ماننا ! بھروسا۔ اعتبار (عَقَد۔ باندھنا) **عقیدہ بگڑھنا** (لازم) بے ایمان ہو جانا۔ اعتقاد جاتا رہنا **عقیدہ پکا ہونا** (لازم) اعتقاد مضبوط ہونا **عقیدہ خراب کر دینا** (متعدی) **ہو جانا** (لازم) عقیدہ بگڑ جانا **عقیدہ ہونا** (لازم) ! اعتقاد ہونا ! بھروسا ہونا۔

عَقِیق (ع۔ مذکر) ! ایک سرخ رنگ کا قیمتی پتھر ! ایک پودہ جسکے بیج کے تسبیح کے دانے بنائے جاتے ہیں اسکے پھول تقریباً ہر رنگ کے ہوتے ہیں ! اس پودے کے بیج (عَقّ۔ ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا) **عقیق البحر** (مذکر) ! کھو عقیق ! مونگا **عقیق جگری** (مذکر) ایکقسم کا عمدہ عقیق **عقیق شجری** (مذکر) مونگا **عقیق کو نیلم بنانا** (متعدی) بوسے لے کر ہونٹوں کو نیلا کر دینا **عقیق لب** (صفت) جسکے ہونٹ سرخ ہوں معشوق **عقیق ناب** (مذکر) لب معشوق ! سرخ شراب ! اشک خونی **عقیق یمن یا یمنی** (مذکر) اعلے قسم کا عقیق۔

عَقِیقہ (ع۔ مذکر) مسلمانوں میں ایک رسم بچے کے پیدا ہونے کے ساتویں دن اُسکے بال منڈائے جاتے ہیں۔ اور اُنکے ہموزن چاندی خیرات کی جاتی ہے۔ اور بچے کا نام رکھا جاتا ہے۔ لڑکے کیلئے دو اور لڑکی کیلئے ایک بکرا ذبح کیا جاتا ہے (عَقّ۔ ٹکڑے کرنا)

عَقِیل (ع۔ صفت) ! عقلمند ! بزرگ معزز۔ بہتر والے عقل۔ ہوشیار ہونا **عقیلہ** (صفت۔ مونث) ! عقلمند عورت ! ایک نام عورتوں کا۔

عَقِیمَہ (ع۔ مونث) بانجھ عورت۔

عَقیُون (ع۔ مذکر) ہوا کا سمندر جو عرش تلے ہے۔ وہاں فرشتے ہوا کے بنے رہتے ہیں۔ اپنے پنجے کھڑے ہیں اور خدا کی حمد و ثنا کرتے ہیں

عَکّ (ع۔ مذکر) ! یمن میں ایک عرب قبیلہ بن عدثان یا عدنان۔ اس قبیلے کا جد اعلےٰ۔

عَکّاد (ع۔ مذکر) ایک پہاڑ جسکے باشندے بہت فصیح ہیں

عَکّار (ع۔ مذکر) ! وہ شخص جو متواتر حملے کرے ! ایک قبیلے کا سردار ! دشمن کی طرف مڑنا

عَکّاس (ع۔ مذکر) فوٹوگرافر۔ مصور (عَکس۔ الٹا کرنا) **عکاس باشی** (مذکر) شاہی فوٹوگرافر **عکاس خانہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں فوٹو لئے جائیں۔

عَکس (ع۔ مذکر) ! سایہ۔ پرتو۔ پرچھائیں ! وہ تصویر جو پانی میں نظر آتی ہے ! کسی رنگ کا اثر ! الٹا ہوا لفظ ! ضد۔ عادت ! فوٹو (عَکس۔ الٹا ہونا) **عکس اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) ! فوٹو لیا جانا **عکسی تصویر کھینچنا** ! ہوبہو نقشہ اترنا۔ خاکہ کھینچنا **عکس افگن** (صفت) عکس ڈالنے والا **عکس انداز** (صفت) وہ جو عکس کی وجہ سے دکھائی دے **عکس پڑنا یا پذیر ہونا** (لازم) سایہ پڑنا کسی چیز کا **عکس چھانا** (لازم) رنگ کا اثر پڑنا **عکس ڈالنا** (متعدی) پرتو ڈالنا **عکس گیر ہونا** (لازم) روشنی ڈالنا۔ روشن کرنا **عکس لینا** (متعدی) کسی تصویر پر باریک کاغذ رکھ کر خاکہ کھینچنا **عکس نور** (صفت) روشنی کا کسی چیز پر پڑ کر واپس ہونا **عکسی** (صفت) عکس سے منسوب۔ فوٹو لیا ہوا **عکسی تصویر** (مونث) وہ تصویر جو کیمرے کے ذریعے لی جائے۔ فوٹوگراف۔

عَلا (ع۔ صفت) ! بلند۔ برتر۔ اعلیٰ۔ بڑے مرتبے والا۔ بزرگ ! (مذکر) رتبہ۔ اوج۔ ارتفاع (عَلَی۔ اونچا کرنا۔ تعریف کرنا) **علا شانہٗ** (صفت) جسکی شان بلند ہے۔

عِلاج (ع۔ مذکر) ! بیمار کو دوا دینا۔ معالجہ ! دوا دارو ! تدبیر۔ چارہ۔ دفعیہ ! سزا (عَلَج۔ مضبوط ہونا) **علاج پذیر** (صفت) جسکا علاج ہو سکے۔ قابل علاج ! قابل صحت **علاج کرنا** (متعدی) ! دوائی دینا۔ معالجہ کرنا ! سزا دینا ! تدبیر کرنا **علاج ولاج** (مذکر) علاج (کرنا ہونا کیساتھ) **علاج ہونا** (لازم) **علاج کرنا** کا مثل۔ **علاج واقعہ پیش از وقوع باید کرد۔** حادثہ پیش آنے سے پہلے اسکے روکنے کا انتظام کرنا چاہئے

عِلاقہ (ع۔ مذکر) ! تعلق۔ لگاؤ۔ واسطہ ! سروکار۔ نسبت ! نوکری کا تعلق ! وہ رقبہ جو کسی افسر کے زیر انتظام ہو ! تعلقہ۔ زمینداری۔ جائداد۔ ریاست ! احاطہ ! دوبہ قلمرو۔ عملداری ! طرہ۔ شملہ (عَلَق۔ ساتھ لگا ہونا) **علاقہ اٹھ جانا** (لازم) تعلق نہ رہنا۔ **علاقہ بند** (مذکر) پٹوا۔ زیور میں ڈورے ڈالنے والا۔ **علاقہ بندی** (مونث) پٹواری کا کام یا پیشہ **علاقہ چھٹنا** (لازم) تعلق جاتا رہنا۔ **علاقہ دار** (مذکر) ! علاقہ کا حاکم یا مالک ! تعلقدار۔ رشتہ دار۔ **علاقہ دستار** (مذکر) پگڑی کا شملہ یا طرہ۔ **علاقہ رکھنا** (متعدی) تعلق یا واسطہ رکھنا۔ **علاقہ رہنا** (لازم) تعلق رہنا مطلب رہنا۔ **علاقہ زیر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کل قبضہ فتح ہونا۔ کل علاقہ کے لوگوں کا اطاعت کرنا۔ **علاقہ سے باہر** (تف) حدود سے باہر تعلق سے الگ **علاقہ قطع ہونا** (لازم) تعلق نہ رہنا۔ **علاقہ ملنا** (لازم) ! جاگیر ملنا ! علاقہ سپرد ہونا۔ حلقہ ملنا۔ **علاقہ میں** (تف) ! ہر جا میں۔ حدود میں ! حکومت میں۔ **علاقہ نام لکھدینا** (متعدی) جاگیر دینا۔ **علاقہ ہونا** (لازم) ! جاگیر ملنا ! تعلق ہونا۔ واسطہ ہونا۔

عَلالَت (ع۔ مونث) بیماری۔ روگ ماندگی۔ علت۔ دکھ۔ درد۔ یہ لفظ اردو کی اختراع ہے۔ فارسی عربی میں نہیں (عَلّ۔ بیمار ہونا)

عَلّام (ع۔ صفت) بڑا جاننے والا۔ بڑا دانا۔ خدا کی صفت (عَلَم۔ جاننا) **علّامُ الغیُوب** (صفت) چھپی ہوئی باتیں جاننے والا۔ **علّامہ** (صفت) ! نہایت فاضل۔ نہایت دانا ! (مذکر) نہایت چالاک یا مکار آدمی ! (مونث) نہایت چالاک یا مکار عورت۔ شوخ چشم عورت۔ **علامہ دہر یا عصر** (مذکر) زمانے کا سب سے بڑا عالم یا فاضل شخص۔ **علّامی** (صفت) بہت فاضل درست اکبر ابوالفضل کو اس خطاب سے بلایا کرتا تھا۔

عِلامات (ع۔ مونث) علامت کی جمع

عَلامَت (ع۔ مونث) ! نشان۔ داغ نقش ! آثار ! پہچان ! نشان جو کسی خاص کارخانے کا بنایا جائے ! (طب) بیماری کی جانچ یا تشخیص۔ بیماری کے آثار ! (الجبرا) جمع تفریق ضرب تقسیم وغیرہ کا نشان ! امیری نشان ! میل کا پتھر۔ فاصلے کا نشان جو سڑک پر لگا یا جائے ! خصوصیت خاصہ ! دلیل۔ مظہر (عَلَم۔ جاننا) **علامت بلوغ** (مونث) جوان ہونے کی نشانی۔ **علامت مردی** (مونث) مرد ہونے کی نشانی۔ آلہ تناسل۔

عَلّامی ! (نامعلوم) شیرازی۔ ایرانی شاعر مصنف درالتاج جو رباعیوں کی کتاب ہے دیکھو ابوالفضل۔ اور علامہ کے تحت میں۔

عِلان (ع۔ مذکر) صفا کے قریب ایک قلعہ

عَلانِیَہ (ع۔ صفت) کھلم کھلا۔ ظاہر ڈنکے کی چوٹ۔ کھلے خزانے (کرنا۔ کہنا ہونا کے ساتھ) (عَلَن۔ کھلا یا عام ہونا)

عِلاوَہ (ع۔ تف) زیادہ۔ ماسوا ! مزید اور بھی (عَلو۔ اونچا یا بلند ہونا) **علاوہ ازیں** (اسکے یا برین) (تف) اسکے سوا۔ مزید براں۔ باوجودیکہ۔ ماسوا اسکے۔

عَلاء (ع۔ مذکر)۔ بلندی۔

عَلائِق (ع۔ مذکر) جمع علاقہ۔ محبتیں۔ تعلقات۔ **علائق سے چھوٹنا** (لازم) تعلقات سے بچنا۔

عِلّت (ع۔ مونث) ! بیماری۔

روگ۔ ماندگی ۔ وجہ۔ سبب ۔ عادت۔ لت ۔ الزام۔ تہمت ۔ گناہ۔ قصور ۔ خراب یا ناکارہ چیز۔ کوئی کرکٹ ۔ عذر۔ بہانہ ۔ عیب۔ نقص ۔ جھگڑا بکھیڑا ۔ (فلسفہ) علت کی چار قسمیں ہیں فاعلی۔ مادی۔ صوری۔ غائی (عَلّ۔ بیمار ہونا) **علتِ اُبنہ** (مونث) اغلام کرانے کی عادت۔ **علتِ تامّہ** (مونث) پورا سبب۔ کامل وجہ۔ **علت سے خالی نہیں** ۔ جھگڑا ہے۔ شرارت ہے ۔ عیب دار ہے۔ **علت صوری یا صوریہ** (مونث) صورت ظاہر جو چیز کے بننے کے بعد ہو گئی ہو۔ جیسے لکڑی وغیرہ سے کرسی۔ **علت غائی یا غایت** (مونث) ۔ نتیجہ۔ ماحصل۔ مقصود ۔ (فلسفہ) اصل مطلب یہ وجہ جس کے لئے کوئی چیز بنی ہو مثلاً کرسی کی صورت میں اس پر بیٹھنا علت غائی ہے۔ **علت فاعلی یا فاعلیہ** (مونث) جس نے کوئی چیز بنائی ہو۔ جیسے کرسی کا بنانے والا بڑھئی ہے۔ **علت کٹنا** (لازم) ۔ جھگڑا تمام ہونا۔ آفت دور ہونا ۔ کام ختم ہونا۔ کام ہونا ۔ فرصت ہونا۔ **علت لگا لینا** (متعدی) ۔ عادت ڈال لینا۔ خوگر بن جانا ۔ عذاب مول لینا۔ اپنے پیچھے جھگڑا لگا لینا۔ **علت لگانا** (متعدی) ۔ دیکھو آخری ۲۳۲ ۔ الزام لگانا۔ **علتِ مادی یا مادیہ** (مونث) وہ مادہ جس سے شے بنی ہوئی ہو۔ **علت نامہ** (مذکر) پورا سبب۔ سبب کامل۔ **علت مشائخ** (مونث) دیکھو ابنہ۔ **علت ہونا** (لازم) ۔ بیماری ہونا۔ عادت ہونا وغیرہ دیکھو علت۔ **علتی** (صفت) ۔ نقص دار۔ عیب دار ۔ بری عادتوں والا۔ شریر۔

امثال۔ **علت جائے عادت نہ جائے۔ علت تو دھوئے دھائے جائے عادت کیونکر جائے**۔ بیماری جاتی رہتی ہے۔ عادت نہیں بدلتی یا چھوٹتی۔

عَلیحدگی (ف۔ مونث) ۔ جدائی ۔ خلوت۔ تنہائی۔

عَلیحَدَہ (ف۔ صفت) ۔ الگ۔ جدا ۔ (لفظی) تنہائی میں (علی۔ وَحَدَ۔ تنہا ہونا) **علیحدہ رکھنا** (متعدی) ۔ الگ رکھنا۔ جدا رکھنا ۔ ملنے نہ دینا۔ **علیحدہ کر دینا یا کرنا** (متعدی) **ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۔ برطرف ہونا۔ موقوف ہونا ۔ الگ ہونا۔ جدا ہونا ۔ انتخاب ہونا۔ چھٹنا ۔ بٹنا۔ تقسیم ہونا۔

عَلَف (ع۔ مذکر) چارا۔ گھاس (عَلَفَ۔ گھاس ڈالنا) **علفا** (مونث) لوسرن گھاس۔ **علف زار** (مذکر) چراگاہ۔ **علفگاہ** (مونث) چرنے کی جگہ۔

عَلَق (ع۔ صفت) ۔ لٹکا ہوا ۔ (مذکر) چیز جو لٹکائی جائے (عَلَقَ۔ لٹکنا)

عِلَل (ع۔ مونث) علت کی جمع۔

عَلَم (ع۔ مذکر) ۔ جھنڈا۔ نشان۔ پھریرا۔ لوا ۔ (اسم) مشہور معروف نام۔ جیسے محمد دہلی ۔ شہدائے کربلا کے نام کا جھنڈا جس پر پان ہو۔ جس پہ پنجہ ہو اسے شدّا کہتے ہیں (عَلَمَ۔ جاننا) **علم اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) شہدائے کربلا کی یاد میں جھنڈوں کو لے جانا۔ **علم بردار** (مذکر) ۔ وہ شخص جو جھنڈا اٹھائے ۔ کنایتاً حضرت عباس جو کربلا میں حضرت حسین کے علمبردار تھے۔ **علم بلند کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) شہرت حاصل ہونا۔ **علم ٹوٹے** (بددعا) حضرت عباس کی مار پڑے۔ **علمدار** (مذکر) ۔ صبح ۔ سورج **علم صبح** (مذکر) صبح کاذب یا صادق۔ **علم کائنات** (مذکر) آسمان۔ **علم کرنا** (متعدی) ۔ بلند کرنا۔ اونچا کرنا ۔ کھڑا کرنا ۔ میان سے تلوار نکالنا۔ **علم میں چلا باندھنا** (متعدی) منت کے لئے ایسا کرتے ہیں۔ **علم نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) دیکھو علم اٹھانا **علموں** (مذکر) علم کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **علموں کا جلوہ** (پزیر ہونا یا دکھانا) **گری پر آنا** (لازم) علموں کا ہلنا۔ **علموں کو جلوہ ملنا** (لازم) علموں کا ہلایا جانا۔ **علموں کے پرچم اڑانا** (متعدی) **اڑنا** (لازم) علموں کے کپڑے ہوا میں پھڑ پھڑانا۔ **علموں کے پھریرے کھلنا** (لازم) جھنڈوں کے کپڑوں کا ہوا میں اڑنا۔

عِلم (ع۔ مذکر) ۔ جاننا۔ واقفیت۔ آگاہی ۔ کسی خاص فن کی واقفیت یا ماہیت۔ بدیا۔ استعداد۔ دانش ۔ عمل۔ تسخیر ۔ جادو۔ ٹوٹکا۔ منتر (عَلِمَ۔ جاننا) **علم آب** (مذکر) وہ علم جس میں پانی کی خاصیتوں کا ذکر ہو۔ **علم آدابِ مجلس** (مذکر) دیکھو علم مجلس۔ **علم آواز** (مذکر) وہ علم جس میں آواز کی خاصیتوں کا ذکر ہو۔ شبد بدیا۔ **علم اخلاق** (مذکر) وہ علم جس میں اچھے اخلاق کی تعلیم ہو۔ نیتی بدیا یا شاستر۔ **علم ادب** (مذکر) کسی زبان کی نظم و نثر کی کتابیں جو کسی خاص علم سے تعلق نہ رکھتی ہوں مگر ان کی زبان بلند پائے کی ہو۔ **علم ادویہ** (مذکر) دواؤں کا علم۔ **علم الاقتصاد** (مذکر) دیکھو علم تمدن **علم اسما** (مذکر) ناموں کا علم خصوصاً خدا کے ناموں کا۔ **علم الکتابی** (مذکر) وہ علم جو حاصل کیا ہوا ہو۔ **علم الاصنام** (مذکر) بتوں کا علم۔ **علم الافلاک** (مذکر) وہ علم جس سے سیاروں اور ستاروں کے حالات معلوم ہوتے ہوں۔ **علم الاکتاف** (مذکر) شانے کی ہڈیوں سے پیشین گوئی کرنے کا علم۔ **علم الٰہی یا الٰہیات** (مذکر) مذہبی باتوں کا علم۔ فقہ۔ پرمارتھ بدیا۔ برہم گیان۔ **علم الوجوہ** (مذکر) علم قیافہ۔ **علم الیقین** (مذکر) وہ یقین جو انسان کو کسی امر کی کیفیت اور ماہیت جاننے کی وجہ سے ہو۔ جیسے کہ آگ جلا دے گی۔ **علم انشا** (مذکر) کسی زبان کے لکھنے یا خطوں کے لکھنے کا علم۔ انشا پردازی۔ **علم باطن یا باطنی** (مونث) وہ علم جس سے خداشناسی حاصل ہو۔ **علم بحث** (مذکر) منطق۔ **علم بلاغت یا بیان** (مذکر) تقریر کرنے کا علم۔ **علم تشریح (الابدان)** (مذکر) بدن کے اندرونی حصوں کا علم۔ **علم تصریف** (مذکر) صرف۔ **علم تصوف** (مذکر) وہ علم جس سے خدا کی ذات کا علم ہو۔ جوگ بدیا۔ **علم تناظر** (مذکر) آنکھ کا علم۔ **علم تواریخ** (مذکر) وہ علم جس میں بادشاہوں اور لوگوں کے حالات ہوں۔ **علم جان** (مذکر) ترکیب اجسام حیوانات و نباتات کا علم۔ **علم جفر** (مذکر) غیبی حالات سے آگاہ ہونے کا علم۔ **علم جغرافیہ** (مذکر) وہ علم جس سے زمین کی سطح کے حالات معلوم ہوتے ہیں۔ **علم جمادات** (مذکر) ان اشیا کا علم جو زمین سے کھود کر نکالی جائیں۔ **علم حاصل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) علم سیکھا جانا۔ **علم حاضر ہے**۔ جو علم حاصل کیا اچھی طرح یاد ہے۔ **علم حدیث** (مذکر) وہ علم جس سے پیغمبر صلعم کی حدیثیں معلوم ہوں۔ **علم حساب** (مذکر) وہ علم جس میں اعداد کی خاصیتوں کا ذکر ہو۔ **علم حکمت** (مذکر) فلسفہ۔ علم طبیعات ۔ **علم حیوانات** (مذکر) وہ علم جس میں حیوانات کے حالات کا ذکر ہو۔ **علم خدا** (مذکر) دیکھو علم الٰہی۔ **علمخواں** (مذکر) طالب علم۔ **علمدان** (صفت) عالم۔ **علم دوست** (مذکر) وہ جو علم حاصل کرنے یا عالموں سے ملنے کا شائق ہو۔ **علم دین** (مذکر)

مذہب کی باتوں کا علم - **علم رصد** (مذکر) دیکھو علم مثلث - **علم رَقم** (مذکر) علم حساب - **علم رمل** (مذکر) دیکھو رمل - **علم ریاضی** (مذکر) وہ علم جس میں حساب کی قسم کے تمام علم شامل ہیں - جیسے الجبرا اقلیدس - افلاک - ہندسہ وغیرہ - **علم زمین** (مذکر) وہ علم جس سے زمین کے طبقات کے حالات معلوم ہوتے ہیں - دھرتی بدیا - **علم ستارہ** (مذکر) وہ علم جس سے ستاروں کا حال معلوم ہوتا ہے — علم الافلاک - علم نجوم - **علم ستارہ شناسی** (مذکر) وہ علم جس سے ستاروں کے ذریعے سے مستقبل کا حال معلوم ہوتا ہے - **علم سحر** (مذکر) جادو کا علم - **علم سرور** (مذکر) علم موسیقی - **علم سیاست مُدُن** (مذکر) علم مُدُن - **علم سیر** (مذکر) تاریخ اور سوانحعمری کا علم - **علم سیکھنا** (مذکر) کتاب پڑھ کر یا استاد سے کسی علم کے متعلق واقفیت حاصل کرنا - **علم سیمیا** (مذکر) دیکھو سیمیا - **علم شریف** (مذکر) ستاروں کا علم - **علم شعاع** (مذکر) سورج کی شعاعوں کا علم - چیزوں کے عکس کا علم - **علم شعر** (مذکر) شعروں کی بناوٹ اوزان وغیرہ کا علم - عروض - **علم صرف** (مذکر) الفاظ اور حروف کا علم - ویاکرن - قواعد - **علم طب** (مذکر) دواؤں کا علم - **علم طبیعی یا طبیعات** (مذکر) وہ علم جس میں چیزوں کی ماہیتوں کا علم ہو - **علم عدد** (مذکر) علم حساب - **علم عَرُوض** (مذکر) دیکھو عروض - **علم غیب** (مذکر) وہ علم جس سے آئندہ ہونے والی بات معلوم کریں - **علم فراست یا قیافہ** (مذکر) چہرے سے دل کی بات یا چلن کے معلوم کرنے کا علم - **علم کامل** (مذکر) پورا علم - ہر چیز کا علم - **علم کلام** (مذکر) بحث مباحثے اور تقریر کا علم - **علم کیمیا** (مذکر) ۱ چیزوں کے اجزا اور بناوٹ کا علم ۲ معمولی دھات سے سونا بنانیکا علم - **علم لَدُنی** (مذکر) وہ علم جو بدون استاد کے محض خدا کی مہربانی سے حاصل ہو - **علم لغت** (مذکر) الفاظ کی بناوٹ اور معنوں کا علم - **علم مثلث** (مذکر) علم ریاضی کی ایک قسم جس میں مثلث کے زاویہ وغیرہ سے فاصلے یا کھیتوں وغیرہ کا ماپ کیا جاتا ہے - **علم مجلس** (مذکر) محفل میں نشست برخاست اور برتاؤ کے قواعد کا علم - **علم مدن** (مذکر) وہ علم جس میں ملک کے انتظام وغیرہ سے بحث ہوتی ہے - **علم مساحت** (مذکر) وہ علم جس میں سطحی شکلوں کے پہلو اور رقبے دریافت کئے جاتے ہیں - **علم معادن** (مذکر) وہ علم جس میں معدنیات کا حال ہوتا ہے - **علم مقناطیسی** (مذکر) بجلی اور مقناطیس کا علم - **علم ملاحت** (مذکر) جہازوں اور کشتیوں کے چلانے کا علم - **علم مناظر** (مذکر) عکسی تصویریں لینے کا علم - **علم منطق** (مذکر) دیکھو منطق - **علم موجودات** (مذکر) قدرتی مظاہر کا علم - **علم موسیقی** (مذکر) گانے بجانے کا علم - **علم نباتات** (مذکر) وہ علم جس سے نباتات کے حالات معلوم ہوں - **علم نجوم** (مذکر) یہ نام اب عام طور پر اس علم کا ہے جس میں ستاروں کے ذریعے پیشین گوئیاں کی جاتی ہیں - ستاروں کے علم کو علم الافلاک کہا جاتا ہے - **علم نحو** (مذکر) وہ علم جس سے کلام کی ترکیب کرنا معلوم ہو - تاکہ کلام کے معنی درستی سے سمجھ لئے جائیں - **علم نظر** (مذکر) مناظرے اور بحث و مباحثے کا علم - **علم نقل** (مذکر) وہ علم جو آسمان سے اترا ہو یا وحی ہوا ہو - **علم والا** (صفت) عالم - **علم و دانش** (مونث) علمیت اور عقل - **علم و فضل** (مذکر) علمیت اور خوبی - **علم و فن و ہنر** (مذکر) وہ بات جو پڑھی جائے اور وہ بات جو ہاتھ سے سیکھی جائے - **علم وہبی** (مذکر) خداداد علم - **علم ہندسہ** (مذکر) لکیروں اور زاویوں کا علم - **علم ہونا** (لازم) جاننا - معلوم ہونا - واقفیت ہونا - **علم ہیئت** - دیکھو علم الافلاک - **علم ہیئت دنیا** (مذکر) کائنات کی ترتیب کا علم - **علمی** (صفت) علم کے متعلق - علم سے منسوب - **علمیّت** (مذکر) علم ہونا - **علمیت بگھارنا** (متعدی) موقعہ بے موقع اپنا صاحب علم ہونا ظاہر کرنا - **علمیّہ** (صفت) علمی -

امثال و اقوال - علم بڑا کہ عمل - علم سے عمل اچھا ہے - **علم چندانکہ بیشتر خوانی چوں عمل در تو نیست نادانی - نہ محقق شدی نہ دانشمند - چار پائے برو کتابے چند** - تو علم چاہے کتنا پڑھ لے اگر تجھ میں عمل نہیں تو تو نادان ہے - تو نہ محقق ہوا نہ عقلمند ہوا - ایک چوپایہ ہے جس پر کتابیں لدی ہوئی ہیں - **علم در سینہ** (باید) نہ کہ در سفینہ - علم سینے میں ہونا چاہئے نہ کہ کتابوں میں - علم سیکھنا چاہئے - **علم کا پڑھنا لوہے کے چنے چبانے ہیں** - علم سیکھنا بہت مشکل ہے - **علم بہ از جہل شئے** - کسی بات کا جاننا اس کے نہ جاننے سے بہتر ہے -

عُلَما (ع - مذکر) جمع عالم کی -

عَلَن (ع - صفت) ظاہر آشکار -

عُلُو - عُلُوّ (ع - مذکر) بلندی (عَلیٰ بلند ہونا) **علو شان و شکوہ** (مذکر) رتبہ اور شان کی بلندی - **علو مرتبہ** (مذکر) عالی رتبہ -

عُنوان (ع - مذکر) کتاب کا دیباچہ یا نام لکھنا -

عَلُوفات (ع - مذکر) جمع عَلوفہ کی

عَلُوفہ (ع - مذکر) ۱ روزینہ - وظیفہ ۲ خوراک روزانہ - راشن ۳ گھوڑے کا دانہ گھاس

عَلُوق (ع - مذکر) جنون کی ایک قسم (عَلق - چمٹنا)

عُلُوق (ع - مذکر) ۱ لٹکنا - چمٹنا ۲ محبت رکھنا - میلان ہونا ۳ حمل رہنا -

عُلُوم (ع - مذکر) جمع علم کی - **عُلُوم رسمی** (مذکر) وہ علوم جو رائج ہوں - **علوم متعارفہ** (مذکر) امر بدیہی - سوام سدھ - علم ہندسہ یا اقلیدس کے وہ اصول جن کو بغیر کسی ثبوت کے شروع میں ہی مان لیا جائے - اور پھر ان پر بحث ہو - **عُلُوم مُروّجہ** (مذکر) وہ علوم جو اس زمانے میں رائج ہیں - **عُلُوم مشرقی** (مذکر) وہ علوم جو مشرقی ممالک یعنی ایشیا اور افریقہ میں رائج ہیں - **عُلُوم مغربی** (مذکر) وہ علوم جو مغربی ممالک یعنی یورپ اور امریکہ میں رائج ہیں - **عُلُوم لطیفہ** (مذکر) نازک یا عمدہ فنون جیسے مصوری نقاشی - موسیقی - شاعری - **عُلُوم و فُنُون** (مذکر) علم و ہنر - وہ باتیں جو پڑھ کے سیکھی جائیں یا ہاتھ کے کرنے سے سیکھی جائیں - استعداد اور دستکاریاں -

عَلَوی (ع - مذکر) حضرت علیؓ کی اولاد جو حضرت فاطمہ کے بطن سے نہ ہو (حضرت علیؓ سے)

عُلوی (ع - صفت) ۱ آسمانی اونچا - بلند ۲ (مذکر) وہ عمل جو فرشتوں - موکلوں یا اسمائے الٰہی کے ذریعے کیا جائے ۳ عرب کے اوپر کے حصے کے باشندے (عُلیٰ - درجے میں بڑا ہونا) **عُلویان** (مذکر) ۱ فرشتے ۲ سیارے - **علویّت** (مونث) رفعت - بلندی -

عَلی (ع - صفت) ۱ اعلےٰ - بلند - شریف ۲ خدا تعالےٰ کا نام ۳ خلیفہ چہارم دیکھو علیحدہ **علی بند** (مذکر) ۱ ایک زیور جو کلائی اور ہاتھوں

کی انگلیوں میں پہنا جاتا ہے ۔ ایک قسم کا تعویذ جو جادو کا اثر مٹاتا ہے ۔ کشتی کا ایک پیچ ۔ وہ زنجیر جو سپر میں ڈالی جاتی ہے۔ **علی وَحدت** (صفت) بہت اونچا۔ قد آور۔ **علی علی** (مذکر) یا علی۔ ایک نعرہ جو جہاد کرتے تلوار یا پٹہ یا علم اٹھاتے وقت کیا جاتا ہے ۔ جاہل اَیلی اَیلی کہتے ہیں (کرنا ہونا کے ساتھ) **علی غول** (مذکر) مسلمان پٹھے بازوں کا غول۔ **علی کی تیغ (پڑے) کا پھل لوٹے** (بد دعائیں) حضرت علی کی مار پڑے ۔ **علی کی کمان** (مذکر) قوس و قزح ۔ دھنک ۔ **علی کی مار** (بد دعا) خدا کا قہر۔ **علی مدد** (مذکر) فقیروں کا جواب سلام ۔ کشتی کا ایک پیچ ۔ پھکیتی کی ایک قسم۔ **علی مدد دھج** (مونث) رو بقبلہ کھڑے ہو کر بایاں پاؤں مضبوطی سے اور داہنا پاؤں نرمی سے قائم کرکے حریف پر حملہ آور ہونا۔

عَلیٰ ۔ عَلےٰ
(ع ۔ حرف جر) اوپر۔ پر۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ وجہ سے ۔ سبب سے ۔ باوجودیکہ ۔ اگرچہ ۔ میں ۔ سے ۔ ساتھ ۔ پاس **علی الاتصال** (تف) متواتر ۔ لگاتار ۔ پے در پے ۔ **علی الاثر** (تف) فوراً ۔ **علی الاجمال** (تف) بالاختصار ۔ مجمل طور سے ۔ **علی الاستقامت** (تف) بے پایاں ۔ لا انتہا ۔ **علی الاستمرار** (تف) لگاتار ۔ متواتر ۔ ہمیشہ ۔ دائمی ۔ حوصلے سے ۔ **علی الاطلاق** (تف) مطلق ۔ بے قید ۔ **علی الاعلان** (تف) کھلے طور پر ۔ علانیہ ۔ کھلم کھلا ۔ **علی الانفراد** (صفت) علیحدہ علیحدہ ۔ الگ الگ ۔ جداگانہ ۔ **علی التحقیق** (تف) یقیناً ۔ ٹھیک طور پر ۔ **علی التسلسل** (تف) سلسلہ وار ۔ **علی التصلصل** (تف) علی الاتصال ۔ **علی التعجیل** (تف) جلدی سے ۔ **علی التفصیل** (تف) مکمل طور پر ۔ تفصیل سے ۔ **علی التناظر** (تف) اپنی اپنی قسم یا مثل سے ۔ **علی التوالی** (تف) یکے بعد دیگر ۔ **علی التوکل** (تف) اعتبار کرکے ۔ بھروسہ کرکے ۔ **علی الحساب** (تف) اس حساب میں جس کا ابھی فیصلہ نہیں ہوا ہے ۔ بلا حساب ۔ پیشگی ۔ **علی الخصوص** (تف) خصوصاً ۔ خاص طور سے ۔ خاص کرکے ۔ **علی الدوام** (صفت) ہمیشہ ۔ دائمی ۔ **علی الرّاس والعین** (تف) سر آنکھوں پر ۔ **علی الرّغم** (صفت) بر خلاف ۔ مقابلے میں ۔ باوجود اس کے ۔ **علی السَّحر یا الصّباح** (تف) سویرے ۔ تڑکے ۔ **علی العادت** (تف) علوتاً ۔ رسماً ۔ **علی العموم** (تف) عموماً ۔ عام طور پر ۔ **علی العَمیَہ** (تف) اندھا دھند ۔ اندھوں کی طرح ۔ **علی الغفلہ** (تف) بے دھڑک ۔ **علی الفور** (تف) فوراً ۔ **علی باب اللہ** (تف) بے احتیاطی سے ۔ اٹکل پچو ۔ **علی رؤس الاشہاد** (تف) گواہوں کے روبرو ۔ علانیہ ۔ **علی رؤس الاقران** (تف) اپنے برابر والوں سے بڑھ کر ۔ **علی عہدہٖ** (تف) اس کے زمانے میں ۔ **علی فوق** (تف) اوپر ۔ بر ۔ **علی قدرِ طاقت** (تف) طاقت کے بموجب ۔ **علی قدرِ حال یا مراتب** (تف) حیثیت یا مرتبے کے مطابق ۔ **علی کُلِّ شیئٍ قدیر** ۔ خدا کی تعریف ۔ ہر شے پر قادر ہے ۔ **علی مَرّ الشہور والعوام** (تف) مہینوں اور سالوں کے دوران میں ۔ **علی وجہِ التّفصیل** (تف) مفصل طور پر ۔ تفصیل سے ۔ **علی وجہِ العموم** (تف) ہر جگہ ۔ عموماً ۔ سارے ۔ **علی وجہِ الکمال** (تف) کامل طور پر ۔ **علی الوقفِ المراد** (تف) مرضی سے ۔ **علی ہذا التقدیر** (تف) اس معاملے میں ۔ **علی ہذا القیاس** (تف) اسی طرح ۔ اس قیاس پر ۔ **علی یَد** (تف) دستی ۔

اقوال ۔ علی الصباح چو مردم بکار و بار روند ۔ بلاکشانِ محبت بکوئے یار روند ۔ صبح کو لوگ کاروبار میں مشغول ہوتے ہیں اور عاشق معشوق کی گلی کا رخ کرتے ہیں ۔ علی الصباح چو مردم بکار و بار روند ۔ بلاکشانِ تماکو بسوئے نار روند (غف) مذاقاً اسے کہتے ہیں جو صبح اٹھتے ہی حقہ نوشی شروع کر دے ۔

عَلیا
(ع ۔ مذکر) اونچی جگہ ۔ پہاڑ کی چوٹی ۔ آسمان (عَلیٰ ۔ بلند ہونا)

عُلیا
(ع ۔ صفت مونث) اعلیٰ کی ۔ **علیا حضرت** (مونث) بیگمات کے نام کے آگے لگاتے ہیں ۔

عَلی الٰہی
(ع ۔ مذکر) شیعوں کا ایک فرقہ جو حضرت علی کو خدا کا اوتار سمجھتے ہیں ۔

علیحدگی ۔ علیحدہ
(ف) دیکھو علیحدگی ۔ علیحدہ ۔

عَلَیک
(ع ۔ تف) تجھ پر ۔ **علیک سلیک** (مت) واقفیت ۔ شناسائی (عف)

عَلیل
(ع ۔ صفت) کمزور ضعیف ۔ بیمار ۔ ناساز ۔ مریض (عَلّ ۔ بیمار ہونا)

عَلیم
(ع ۔ صفت) جاننے والا ۔ دانا ۔ (مذکر) خدا تعالیٰ کا نام جو ظاہر اور پوشیدہ کو جاننے والا ہے (عَلم ۔ جاننا)

عِلیّون
(ع ۔ صفت) اونچا ۔ بلند ۔ اعلیٰ ۔ (مذکر) آسمانوں کے اوپر کا حصہ ۔ ساتویں مقام پر وہ جگہ جہاں انسانوں کے اعمال نامے رکھے جاتے ہیں ۔ اعمالنامے ۔ آسمانوں کے رہنے والے فرشتے (عَلوّ ۔ اونچا ہونا)

عَلَیہ
(ع ۔ حرف جر) اسپر ۔ اس کے ساتھ ۔ **علیہ الرّحمتہ** (دعا) اسپر خدا کی رحمت ہو ۔ ولیوں اور مقدس ہستیوں کے نام کے آگے لکھتے ہیں ۔ **علیہ السّلام یا التّسلیم** (دعا) اسپر سلام ہو ۔ پیغمبروں کے نام کے آگے لکھا جاتا ہے اور بطور اختصار صرف ؑ لکھتے ہیں ۔ **علیہ الصّلوٰۃ والسلام** (دعا) اسپر خدا کی رحمت اور سلام ہو ۔ **علیہم** (حرف جر) ان پر ۔ **علیہم السّلام** (دعا) ان سب پر خدا تعالیٰ کا سلام ہے ۔ **علیہم الرّضوان** (دعا) ان سب پر خدا کی رضامندی ہو ۔

عِلّیین
(ع ۔ صفت و مذکر) دیکھو عِلیّون ۔

عَمّ
(ع ۔ مذکر) باپ کا چھوٹا یا بڑا بھائی ۔ **عم زاد** (صفت) چچیرا ۔ **عم زادہ** (مذکر) چچازاد بھائی ۔ **عمّو** (مذکر) چچا یا تایا ۔ **عمّو جان** (مذکر) پیار سے چچا کو کہتے ہیں ۔ **عموی** (صفت) چچا سے منسوب ۔ (اردو ۔ مذکر) چچا ۔

عِماد
(ع ۔ مذکر) ستون ۔ کوئی چیز جس سے سہارا دیا جائے ۔ مکان ۔ اعتبار ۔ اعتماد ۔ جمع عمادہ کی ۔ اونچے مکان (عَمَد ۔ سہارا دے کر کھڑا رکھنا)

عَمّار
(ع ۔ مذکر) عماری کے موجد کا نام ۔ **عماری** (مونث) ہاتھی کا ہودہ (کسانا کسنا کے ساتھ)

عِمارات
(ع ۔ مونث) جمع عمارت کی ۔

عِمارَت
(ع ۔ مونث) وہ چیز جو تعمیر کی جائے ۔ مکان ۔ گھر (بنانا ۔ بننا ۔ تیار

کرنا ہونا کے ساتھ) (عَمَر - رہنا) عمارت کھڑی کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مامکان بن جانا۔ کسی چیز کو بنا کر دکھانا۔ عمارت گر (مذکر) معمار۔ عمارتگری (مونث) معماری۔ عمارت بنانا۔ عمارتی گز (مذکر) معماروں کا گز۔

عُمّال (ع - مذکر) عامل کی جمع۔ سرکاری کارگزار۔ روپیہ وصول کرنے والا عہدیدار۔ پرگنوں کا حاکم۔

عَمالِقہ۔ عَمالِیق (ع - مذکر) ایک عرب قوم جو عمالق کی اولاد سمجھی جاتی ہے۔ اس کا ذکر توریت میں آتا ہے کہ مینار بابل کے واقعہ کے موقع پر خدا نے انہیں عربی زبان سکھائی تھی۔ فرعون مصر اس قوم سے خیال کیا جاتا ہے۔ یہ نہایت قدیم عرب قوم خیال کی جاتی ہے۔ حضرت موسےٰ نے ان کو تباہ کرنے کے لئے فوج بھیجی تھی۔

عَمامہ (ع - مونث) ۱ پگڑی - دستار ۲ خود ۳ تاج (عَمّ - سمجھنا) عمامہ اتارنا (متعدی) ۱ پگڑی چھین لینا ۲ رسوا کرنا - بے آبرو کرنا۔ عمامہ اچھالنا (متعدی) اچھلنا (لازم) دیکھو پگڑی اچھالنا۔

عَمائِد (ع - مذکر) عمید کی جمع۔ قوم کے سردار - معززین - **عمائدین** (مذکر) عمید کی جمع الجمع۔ عمائد۔

عَمد (ع - مذکر) ارادہ - قصد - (عَمَدَ - ارادہ کرنا) عمداً (تف) قصداً - دانستہ - جان بوجھ کر۔

عُمدَت (ع - مونث) ستون۔ عماد (عَمَدَ - سہارا دے کر کھڑا کرنا) عمدۃ الملک (مذکر) ۱ ایک خطاب - سلطنت کا ستون ۲ نواب امیر خاں کا خطاب (عَمَدَ - سہارہ دینا)

عُمدگی (ف - مونث) ۱ خوبی - بھلائی - وصف - جوہر ۲ بزرگی - فضیلت (عمدہ سے)

عُمدَہ (ع - صفت) ۱ نفیس - اعلےٰ درجہ کا ۲ پسندیدہ - منتخب (عربی میں عمدت) ۳ (مذکر) ستون ۴ اعتماد - اعتبار - بھروسہ ۵ امیر - سردار - مالک (عَمَدَ - سہارا دے کر کھڑا کرنا) عمدہ پیرائے میں بیان کرنا (متعدی) ۱ اچھے

طریقے پر بتانا۔

عُمر (ع - مونث) ۱ زندگی - زمانہ ۲ سن و سال ۳ عرصہ - مدت (عَمَرَ - زندہ رہنا) عمر آخر ہونا (لازم) عمر ختم ہونا - مرنے کے قریب ہونا - عمر آنا (لازم) عمر کٹنا - عمر گزرنا - عمر ابد (مذکر) عمر جو کبھی ختم نہ ہو - عمر برابر کی لکھا لانا (متعدی) ہم عمر اشخاص کا اکٹھا مرنا - عمر بڑی ہونا (لازم) عمر زیادہ ہونا - جب کسی کا ذکر ہو رہا ہو اور وہ آجائے تو کہتے ہیں - عمر بسر کرنا (متعدی) ہونا (لازم) عمر کٹنا یا گزرنا - عمر بہ پایاں رسیدہ (صفت) وہ جو انتہائی عمر پر پہنچا ہو - بہت بوڑھا۔ عمر بھر (تف) تمام عمر - عمر بھر غلامی کرونگا - تمام عمر فرمانبردار رہونگا - کسی کو کوئی احسان کرنے کے لئے درخواست کرنے یا عورت کو اغوا کرنے کے وقت کہتے ہیں - عمر بھر کا (صفت) ساری عمر کا جو ساری عمر کے لئے کافی ہو - عمر بھر کو گیا - ہمیشہ کے لئے خراب ہوا - عمر بھر کی روٹیاں سیدھی کرنا (متعدی) تمام عمر کے خرچ کے لائق کما لینا - عمر بھر کی کمائی (مونث) ساری عمر کی آمدنی - عمر بھر یاد رکھنا (متعدی) رہنا (لازم) تمام عمر نہ بھولنا - ہمیشہ یاد رہنا - عمر بیتنا (لازم) عمر گزرنا - عمر پٹہ (مذکر) ۱ عمر بھر کا ٹھیکہ - ہمیشہ جیتے رہنے کا اقرار نامہ - عمر پٹہ لکھوا لانا یا لینا (متعدی) ہمیشہ جیتے رہنے کا سامان کرنا - عمر پنج (دو) روزہ (مونث) تھوڑی عمر - چند روز کی عمر - عمر پوری ہونا (لازم) موت کا وقت آنا - موت قریب ہونا - عمر تیر کرنا (متعدی) ہونا (لازم) برے حالوں زندگی بسر کرنا - عمر کے دن پورے کرنا - عمر جاوداں یا جاوید (مونث) ہمیشہ زندہ رہنا - عمر دراز ۱ (دعا) ہمیشہ زندہ رہو - سلام کے جواب میں چھوٹوں کو کہا جاتا ہے ۲ (مذکر) ایک نام مسلمانوں میں - عمر دراز جیتا رہے (دعا) بزرگ یا بڑھی عورت سلام کے جواب میں دیتے ہیں - عمر دراز ہونا (لازم) عمر بڑی ہونا - عمر رسیدہ (صفت) بوڑھا - بڑی عمر کا - عمر سے اتر جانا (لازم) ادھیڑ ہو جانا - جوانی سے اتر جانا - عمر طبعی یا طبیعی (مونث) انسان کی معمولی عمر جو ۱۲۰ سال ہے - عمر عزیز (مونث) پیاری عمر - عمر قید (مونث) ایک سزا جس میں ساری عمر قید رہنا پڑتا ہے - ہندوستان میں اس کی میعاد

بیس برس ہے - عمر قیدی (مذکر) وہ شخص جسے ساری عمر کی قید کی سزا ہوئی ہو - عمر کا پیالہ (پیمانہ) لبریز ہونا - پیمانہ بھر جانا یا لبالب ہونا (لازم) مرنے کے قریب ہونا - زندگی کا زمانہ قریب الاختتام ہونا - بہت بوڑھا ہونا - عمر کاٹنا (متعدی) کٹنا (لازم) زندگی بسر ہونا - زندگی گزرنا - عمر کے دن بھرنا - پورے کرنا - کاٹنا (متعدی) کٹنا (لازم) بھلی طرح زندگی گزارنا - عمر کے دن پورے ہونا (لازم) مرنے کے قریب ہونا - عمر گزارنا (متعدی) زندگی بسر کرنا - عمر گزرنا (لازم) ۱ زندگی بسر ہونا ۲ زمانہ گزرنا - عمر لانا یا لکھا لانا (متعدی) خدا کے یہاں سے زمانہ حیات مقرر کرا لانا - عمر نوح (مونث) بہت لمبی عمر - بہت بڑی عمر کہتے ہیں حضرت نوح ساڑھے نو سو برس کے ہوئے - عمر نوح چاہیئے - ایک مدت چاہیئے - عمریں (مونث) عمر کی جمع - عمریں عیش میں تیر کردیں - زندگی عیش و آرام میں بسر کردی -

امثال واقوال

عمر بھر کے دکھیا نام چین سکھ - اچھے نام سے کہیں عیب دور ہوتا ہے - **عمرت دراز باد کہ ایں ہم غنیمت است** - جب کسی نکمے آدمی سے کوئی معمولی کام ہو جائے تو طنزاً کہتے ہیں - عمرے باید کہ یار آید بہ کنار - محبوب کو گلے لگانے کے لئے ایک عمر چاہیئے - جب کسی کام کے انجام پانے میں دیر ہوتی ہے تو کہتے ہیں -

عُمرَہ (ع - مذکر) حاجیوں کی ایک خاص عبادت ہے - اس میں احرام باندھنا - خانہ کعبہ کا طواف کرنا - صفا مروہ میں جا کر دوڑنا - حج میں عرفات میں ٹھہرنا اور منا میں کنکریاں پھینکنا زائد ہے -

عَمَق (ع - مذکر) گہرائی - تھاہ - تہ کنواں - حوض - دریا یا تالاب کی (عَمُقَ - گہرا ہونا)

عَمَل (ع - مذکر) ۱ کام - کار - دھندا ۲ منتر - افسوں - اسم ۳ تعمیل ۴ قاعدہ - رسم ۵ اثر - تاثیر ۶ تعمیل - کارروائی ۷ عہد - حکومت ۸ قبضہ ۹ وقت ۱۰ مشق - عادت ۱۱ پچکاری - شیافہ - انیما ۱۲ نشہ - نشے کا اثر (عَمِلَ - کام کرنا) عملاً (تف) ۱ کام کرکے ۲ یقیناً - حقیقت میں - عمل اٹھا لینا - اٹھانا (متعدی) اٹھ جانا - اٹھنا (لازم) قبضہ نہ رہنا - حکومت جاتی رہنا - عمل بیٹھانا یا بیٹھ جانا یا بیٹھنا

۔ لازم) حکومت قائم ہونا۔ سکہ جمنا۔ قبضہ ہوجانا۔ **عمل بیجا** (مذکر) کسی چیز کا غلط استعمال۔ **عمل پانی کرنا** (متعدی) نشے کی چیزیں۔ بھنگ وغیرہ پینا خصوصاً اپنے وقت پر۔ **عمل پڑھنا** (متعدی) افسوں منتر وغیرہ پڑھنا۔ **عمل پیرا ہونا** (لازم) عمل کرنا۔ کام کرنا۔ **عمل جرّاحی** (مذکر) پھوڑوں وغیرہ کی چیر پھاڑ کا کام۔ **عمل دِلنا** (لازم) افسوں کارگر ہونا۔ **عملدار** (صفت) تحصیلدار۔ عامل۔ کارکن۔ حاکم۔ **عملداری** (مونث) ۱۔ حکومت۔ ریاست۔ سلطنت ۲۔ عامل کا علاقہ۔ علاقہ ۳۔ انتظام۔ **عملداری اٹھ جانا** (لازم) حکومت جاتی رہنا۔ **عمل دخل** (مذکر) قبضہ۔ اختیار کرنا ہونا کے ساتھ۔ **عمل درآمد** (مذکر) تعمیل۔ کارروائی۔ ضابطہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **عمل شمسی و قمری** (مذکر) کیمیاگروں کی اصطلاح۔ سونا چاندی بنانا۔ **عمل صالح** (مذکر) نیک کام۔ **عمل طراز** (صفت) جو کوئی کام اپنے ذمے لے۔ جو کام کرے۔ **عمل کرنا** (متعدی) ۱۔ کام کرنا ۲۔ تعمیل کرنا ۳۔ ماننا۔ بجالانا ۴۔ برتاؤ کرنا۔ برتنا ۵۔ سوال کا حل کرنا ۶۔ افسوں پڑھنا ۷۔ اثر کرنا ۸۔ پچکاری یا شافیہ کرنا۔ **عمل گزار** (مذکر) عامل۔ تحصیلدار۔ **عمل لینا** (مذکر) کسی سے منتر یا افسوں حاصل کرنا۔ **عمل معمول** (مذکر) پرانی یا قدیم رسم۔ **عمل میں لانا** (متعدی) استعمال کرنا۔ **عملنامہ** (مذکر) نامۂ اعمال۔ **عمل ہونا** (لازم) ۱۔ قبضہ ہونا ۲۔ حکومت ہونا ۳۔ اثر ہونا ۴۔ وقت ہونا ۵۔ افسوں ہونا ۶۔ کاربند ہونا ۷۔ پچکاری یا شافہ ہونا ۸۔ سوال کا حل ہونا۔ **عملی** (صفت) ۱۔ عمل سے منسوب جس پر عمل ہوسکے ۲۔ معمولی۔ روزمرہ کے استعمال کی ۳۔ (مذکر) وہ شخص جو نشے کی چیز پیئے یا کھائے۔ **عملیات** (مذکر) عمل کی جمع ۱۔ افسوں۔ منتر ۲۔ (مونث) رسومات۔ **عملی جامہ پہنانا** (متعدی)۔ **پہننا** (لازم) کسی کام کا وقوع میں آنا یا ہوجانا۔ **عمل یدی** (مذکر) دستی کام۔ **عملی صورت** (مونث) کسی کام کے ہونے کی صورت۔ وہ بات جو خیال سے عمل میں آجائے۔ **عملی صورت اختیار کرنا** (متعدی) کسی کام کا ہوجانا۔

عَمَلہ (ع۔ مذکر) ۱۔ کسی محکمہ کے لازم۔ دفتر کے ملازم۔ کارکن لوگ۔ اہلکار ۲۔ ملبہ۔ زمین کے سوا دکان کا سارا سامان (عَمَل)۔

کام کرنا) **عملہ دفتر** (مذکر) قبضہ۔ تصرف (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **عملے فعلے** (مذکر) کارکن لوگ۔

عَمُود (ع۔ مذکر) ۱۔ ستون ۲۔ گرز ۳۔ وہ خط مستقیم جو دوسرے خط مستقیم پر کھڑا ہو کر دونوں زاویے قائمے بنائے۔ **عموداً** (تف) سیدھا۔ زاویہ قائمہ بناتا ہوا۔ **عمود بازی** (مونث) گرزوں کی لڑائی۔ **عمود ڈالنا یا کھینچنا** (متعدی) کسی خط مستقیم پر عمود ۳ قائم کرنا۔ **عمود کا کلہ** (مذکر) گرز کا لگنے والا حصہ۔

عُمُوم (ع۔ مذکر) عام ہونا (عَمّ۔ عام ہونا) **عموماً** (تف) عام طور پر۔ اکثر۔ بیشتر۔

عَمِی (ع۔ مذکر) اندھا آدمی (عَمِیَ۔ اندھا ہونا) **عمیا** (مذکر) اعمی کی جمع۔ اندھے۔

عَمِید (ع۔ مذکر) ۱۔ سردار۔ حاکم ۲۔ مرکبات میں جیسے عمید الدولہ۔ عمید الدین عمید الملک (عَمد۔ سہارا دینا)

عَمِیق (ع۔ مذکر) ۱۔ گہرا ۲۔ کامل غور و فکر (عُمق۔ گہرا ہونا)

عَمِیم (ع۔ صفت) ۱۔ عام ۲۔ پورا۔ مکمل ۳۔ بہت۔ کثیر ۴۔ سب پر حاوی (عَمّ۔ عام ہونا) **عمیم الاحسان** (صفت) سب پر احسان کرنے والا۔ **عمیم البرکات** (صفت) سب پر برکتیں بھیجنے والا۔ **عمیم النفع** (صفت) سب کیلئے فائدہ مند۔ **عمیمہ** (صفت مونث) عمیم کا۔

عَن (ع۔ حرف جر) ۱۔ سے۔ ساتھ۔ ذریعے سے۔ اس کے بموجب۔ اس کی زبانی ۲۔ عموماً حدیثیں اس لفظ سے شروع ہوتی ہیں۔ **عنقریب** (تف) جلد۔ **عنقریب الزماں** (تف) تھوڑے سے عرصے میں۔ جلد۔

عَنا (ع۔ مذکر) ۱۔ محنت۔ مشقت ۲۔ تکلیف۔ دکھ ۳۔ تھکاوٹ ۴۔ رنج (عَنِیَ۔ گھبرانا)

عُنّاب (ع۔ مذکر) ۱۔ ایک میوہ بیر کی قسم کا جو بہت سرخ ہوتا ہے ۲۔ (کنایتاً) معشوق کا ہونٹ (عَنَب۔ انگور اگانا) **عناب تر** (مذکر) معشوق کی انگلی۔ **عناب رنگ یا گوں** (صفت) عناب کے رنگ کا۔ سیاہی مائل سرخ۔ **عنابی** (صفت) ۱۔ دیکھو آخری ۲۔ (مذکر) ایک سیاہی مائل سرخ رنگ۔

عِناد (ع۔ مذکر) دشمنی۔ مخالفت۔ بیر (عَنَد۔ مخالفت کرنا) **عناداً** (تف) مخالفت کی وجہ سے۔ دشمنی سے۔

عَنادِل (ع۔ مذکر) عندلیب کی جمع بلبلیں۔

عَناصِر (ع۔ مذکر) عنصر کی جمع۔ **عناصر اربعہ** (مذکر) چاروں عنصر یعنی پانی۔ ہوا۔ خاک۔ آگ۔ موجودہ سائنس کی رو سے ان میں سے کوئی بھی عنصر نہیں۔

عَناق (ع۔ مذکر) ۱۔ مصیبت۔ آفت ۲۔ مشکل کام ۳۔ لیلی ۴۔ دب اکبر میں درمیانی ستارہ ۵۔ کئی مقامات کا نام (عَنق۔ تکلیف دینا)

عِنان (ع۔ مونث) ۱۔ لگام۔ باگ ۲۔ مرکبات میں جیسے خوش عنان (عَنّ۔ ایک طرف مڑنا) **عنان تاب** (صفت) اشارے پر چلنے والا گھوڑا۔ **عنان چھوڑنا** (لازم) لگام کو ڈھیلا چھوڑنا۔ جلدی چلانے یا گھوڑے کو اپنی مرضی پر جانے کے لیے ایسا کرتے ہیں۔ **عنان گسستہ** (صفت) لگام ٹوٹا ہوا۔ بہت تیز۔ بگٹٹ۔ **عنان گیر** (صفت) باگ پکڑنے والا۔ چلنے سے روکنے والا۔ **عنان لینا** (متعدی) باگ لینا۔

عِنایات (ع۔ مونث) جمع عنایت کی۔ عنایتیں۔

عِنایَت (ع۔ مونث) ۱۔ مہربانی۔ شفقت۔ لطف۔ کرم ۲۔ توجہ۔ التفات ۳۔ ہدیہ۔ تحفہ وہ چیز جو دی جائے (عَنِیَ۔ مشغول ہونا) **عنایت الٰہی** (مونث) خدا کی مہربانی۔ **عنایت بے غایت** (مونث) بے حد مہربانی۔ **عنایت بیکراں** (مونث) بے حد مہربانی۔ **عنایت رکھنا** (متعدی) مہربانی یا توجہ کرنا۔ **عنایت رہنا** (لازم) مہربانی یا شفقت لگاتار کسی پر ہونا۔ **عنایت شاہی کسی کی میراث نہیں**۔ بادشاہوں کی مہربانیاں ضروری نہیں کہ باپ بیٹے دونوں پر ہوں۔ **عنایت فراواں** (مونث) بے حد مہربانی۔ **عنایت فرما** (صفت) دوست۔ مہربانی کرنے والا۔ **عنایت کرنا** (متعدی) ۱۔ مہربانی کرنا ۲۔ احسان کرنا ۳۔ دینا۔ عطا کرنا ۴۔ توجہ کرنا۔ **عنایت کی نظر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مہربانی ہونا۔ لگاؤ لطف ہونا۔ **عنایت نامہ** (مذکر) خط چٹھی۔ **عنایت ہو**۔ پڑھئے۔ **عنایت ہونا** (لازم) عنایت کرنا کا۔ **عنایت ہے**۔ کوئی مزاج

پوچھیے تو جو اب میں کہتے ہیں آپ کی عنایت ہے ۔

عِنَب (ع ۔ مذکر) انگور (عنب انگور کی کاشت کرنا) **عنب الثعلب** (مذکر) مکو ۔

عَنبَر (ع ۔ مذکر) ۱ ایک خوشبو جو سمندر میں بہتی ہوئی ملتی ہے ۔ اس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے اور آگ پر پگھل جاتی ہے ۔ وہیل مچھلی کے بدن پر ایک قسم کا دنبل ہوتا ہے جس میں خون جمع ہو جاتا ہے جب یہ اچھا ہوتا ہے تو کھرنڈ جھڑ جاتا ہے ۔ یہ عنبر ہے ۲ ایک عرب قبیلہ ۔ **عنبر آگیں** (مذکر) عنبر سے بھرا ہوا ۔ **عنبر آلود یا بار** (صفت) خوشبو دار ۔ **عنبر اشہب** (مذکر) اعلیٰ قسم کا عنبر جو ہلکے رنگ کا ہوتا ہے ۔ **عنبر افشاں یا بیز** (صفت) خوشبو دینے والا **عنبر سارا** (صفت) خالص عنبر ۔ **عنبر سوز** (مذکر) عنبر کو جلانے کا برتن ۔ **عنبر شمیم** (صفت) عنبر کی خوشبو والا ۔ **عنبر فام** (صفت) عنبر کے رنگ کا ۔ **عنبری** (صفت) ۱ عنبر کے رنگ کا ۲ (مذکر) ایک قسم کا کبوتر یا سیب یا خربزہ ۔ **عنبریں** (صفت) عنبر کی سی خوشبو دینے والا ۔ **عنبریں خال ۔ خط ۔ سنبل گیسو ۔ یا موئے** (صفت) معشوق کی تعریف میں مستعمل ہوتے ہیں ۔

عَنبَہ (ف ۔ مذکر) ایک درخت کا نام ۔

عِند (ع ۔ ظرف) ۱ نزدیک ۔ قریب ۲ پر ۔ وقت پر ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ **عند الاستفسار** (تف) پوچھنے پر ۔ دریافت پر ۔ **عند البعض** (تف) بعض کے نزدیک ۔ **عند التجویز** (تف) زیر تجویز ۔ عدالت میں ۔ **عند التحقیق** (تف) ۱ تحقیق ۲ ضرورتاً دریافت کرنے پر ۔ دوران تفتیش میں ۔ **عند التدارک** (تف) تدبیر کرنے کے وقت ۔ مقدمہ کے فیصلے پر ۔ **عند الخلائق** (تف) لوگوں کے نزدیک ۔ **عند الضرورت** (تف) ضرورت کے وقت ۔ ضرورت پڑنے پر ۔ **عند الطلب** (تف) مانگنے پر ۔ **عند الفرصت** (تف) فرصت کے وقت ۔ **عند اللہ** (تف) اللہ کے نزدیک ۔ **عند الملاقات** (تف) ملاقات کے وقت ۔ **عند الناس** (تف) لوگوں کے نزدیک ۔ **عند الوقت** (تف) عین موقع پر ۔ **عند الوقوع** (تف) وقوع کے وقت ۔ [illegible]

عَندَلِیب (ع ۔ مونث) بلبل ۔ **عندلیب آسا** (تف) بلبل کی طرح ۔ **عندلیب خوش نوا** (مونث) اچھا گانے والی بلبل ۔

عَندِیات (ع ۔ مذکر) جمع عندیہ کی ۔

عِندیہ (ع ۔ مذکر) منشاء ۔ منصوبہ ۔ **عندیہ پانا** (لازم) منشا معلوم کرنا ۔ **عندیہ پایا جانا یا کھلنا** (لازم) دلی مطلب کھلنا ۔ منشا معلوم ہونا ۔ **عندیہ لینا** (متعدی) منشا معلوم کرنا ۔

عَنزَہ (ع ۔ مذکر) ۱ نیزہ ۲ عصا ۳ ایک عرب قبیلہ ۔

عُنصُر (ع ۔ مذکر) ۱ اصل ۲ بنیاد ۳ وہ چیز جو مرکب نہ ہو ۔ مفرد چیز ۔ آگ پانی ہوا مٹی کو عنصر سمجھا جاتا تھا ۔ مگر اب یہ ثابت ہو گیا ہے کہ پانی ہوا مٹی تو مرکبات ہیں ۔ اور آگ آکسیجن ہوا کے کسی چیز کے ساتھ ملنے سے پیدا ہوتی ہے ۔ سائنس مفصلہ ذیل کو عنصر قرار دیتی ہے ۔

۱ ہوائیں ۔ آکسیجن ۔ ہائیڈروجن ۔ نائٹروجن ۔ کلورین ۔ فلورین ۔

۲ دھاتیں ۔ سونا ۔ چاندی ۔ لوہا ۔ تانبا ۔ سیسہ ۔ پارہ جست ۔ ٹن ۔ المینیم ۔ پلٹینم ۔ ریڈیم ۔ ارینیم ۔ [illegible] ۳ غیر دھاتی مادے ۔ گندھک ۔ سرمہ ۔ سلیکون ۔ دیکھو علیحدہ ہر ایک کے تحت میں **عنصری** (صفت) عنصر کا ۔ عنصر سے منسوب **عنصری گھروندا** (مذکر) بدن انسان ۔

عُنفُوان (ع ۔ مذکر) ۱ طاقت ۔ تازگی ۔ خوبصورتی ۲ کسی چیز کا آغاز ۳ پورا زور جوانی ۔ **عنفوان شباب** (مذکر) عین جوانی کا زمانہ ۔

عُنُق (ع ۔ مذکر) ۱ گردن ۲ عوج کے باپ کا نام ۔

عَنقا (ع ۔ مذکر) ۱ ایک فرضی پرند کا نام ۲ کمیاب ۔ نایاب ۔ نادر الوجود چیز ۔ بے نظیر ۳ ناپید ۔ معدوم (عنق ۔ گردن لمبی ہونا) **عنقا ہونا** (لازم) ۱ نہ ملنا ۲ نایاب ہونا ۔ معدوم ہونا ۔ **عنقائے اوج حسن** (مذکر) نہایت حسین شخص ۔ **عنقائے تیغ** (مذکر) بے نظیر تلوار ۔

عَنکَبُوت (ع ۔ مونث) مکڑی ۔ **عنکبوت زار یں تار** (مذکر) [illegible]

عُنوان (ع ۔ مذکر) [illegible] تمہید ۔ کوئی بات جو دوسری بات کی طرف اشارہ ہو ۲ طور ۔ طریق ۔ ڈھنگ ۔ سبیل (عن ۔ پہلے واقع ہونا) **عنوان نامہ** (مذکر) عنوان ۔

عِنِّین (ع ۔ مذکر) جو عورت کے کام کا نہ ہو ۔ نامرد ۔ ہیجڑا ۔

عَوارِض (ع ۔ مذکر) جمع عارضہ کی ۱ پیش آنے والی چیزیں ۲ بیماریاں ۔ **عوارض جسمانی یا جسمانیہ** (مذکر) بدنی بیماریاں ۔

عَواطِف (ع ۔ مذکر) عاطفت کی جمع ۔ مہربانیاں ۔

عَواقِب (ع ۔ مذکر) جمع عاقبت کی ۱ وہ چیزیں جو دوسری چیز کے پیچھے آئیں ۲ انجام اختتام ۔ **عواقب بیں** (صفت) دور اندیش ۔

عَوام (ع ۔ مذکر) جمع عامہ کی ۔ عام لوگ ۔ ہما شما ۔ رعیت ۔ **عوام الناس** (مذکر) ۱ عام لوگ ۲ تمام لوگ ۳ بازاری آدمی ۔ جاہل لوگ **عوام کالانعام** (مذکر) عام لوگ جو مثل چارپایوں کے ہیں ۔

عَوامِل (ع ۔ مذکر) جمع عامل کی ۔

عَوان (ع ۔ مونث) ادھیڑ عورت ۲ گھر کی مالک ۳ (ف ۔ مذکر) پکڑنے والا بازبردستی لینے والا شخص ۔ **عوانان** (مذکر) جمع عوان کی ۔ **عوانان فلک** (مذکر) جمع سیارات ۔

عَوائب (ع ۔ مذکر) عیب کی جمع ۔ نقائص ۔

عَود (ع ۔ مذکر) لوٹنا ۔ پھرنا ۔ مڑنا (کرنا ہونا کے ساتھ) (عَوَدَ ۔ پھرنا)

عُود (ع ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی لکڑی جسے خوشبو کے لئے جلاتے ہیں ۔ یہ لکڑی پانی میں ڈوب جاتی ہے ۲ ایک قسم کا باجہ ۔ بربط ۔ **عود و بلاؤ** (مذکر) ۱ دیکھو اود بلاؤ ۲ (صفت) بیوقوف ۔ احمق ۔ **عود الریح** (مذکر) ۱ ایک لکڑی جس پر آگ اثر نہیں کرتی ۲ مثلث ٹکڑا لکڑی کا جسے بچوں کے گلے میں نظر بد سے بچانے کے لئے باندھتے ہیں ۔ **عود بر کی** (مذکر) ایک اچھی قسم کا عود ۔ **عود خام** (مذکر) تازہ یا خالص عود ۔ **عود سوز** (مذکر) وہ برتن جس میں عود جلائیں ۔

اگردان۔ عود سیہیں (مذکر) صبح صادق۔ **عودِ غرقی** (مذکر) ایک قسم کا عود جو پانی میں ڈوب جاتا ہے۔ **عودِ قماری** (مذکر) ایک اچھی قسم کا عود جو قمار سے آتا ہے۔ **عود گبرہ** (مذکر) عود غرقی۔ **عودِ گُلاب** (مذکر) سیاہی اور سفیدی۔ **عودِ ہندی** (مذکر) ۱ ایک درخت جو ہندوستان میں ہوتا ہے ۲ اس کی لکڑی۔ **عودی** (صفت) ۱ عود کا۔ لکڑی کا ۲ (مذکر) سیاہ رنگ۔ عود کا رنگ۔ **عودی تخت** (مذکر) آسمان۔

عَوْذ (ع۔ مذکر) ۱ خدا سے پناہ مانگنا ۲ پناہ۔ سہارا۔

عَوْذِلَہ (ع۔ مذکر) عرب کے جنوب میں ایک قبیلہ۔

عَوَر (ع۔ صفت) ۱ کانا۔ یک چشم ۲ ننگا۔ عریان (عَوَر۔ اندھا ہونا۔ ننگا ہونا) **عورات** (مونث) جمع عورت کی۔ عورتیں۔ **عَوْرَت** (مونث) ۱ وہ چیز جس کے ننگا ہونے سے شرم آئے۔ ناف سے ٹخنے تک جسم ۲ انسان کی مادہ۔ زن۔ ناری۔ تریا ۳ زوجہ۔ بیوی۔ استری۔ مہرارو۔ بیٹر۔ **عورتانہ** (صفت) عورت کی طرح۔ **عورت کی بلا رضامندی** (قانون) عورت کا اسقدر مدہوش ہونا کہ زنا کی ماہیت نہ سمجھ سکے۔ **عورت (کی) ذات** (مونث) عورت کی جنس۔ فرقۂ زناں۔ **عورت کی مرضی کے خلاف** (قانون) وہ زنا جس کے لئے عورت راضی نہ ہو۔ **عورت مانی** (مونث) عورت ذات۔ **عورت مدخولہ** (مونث) وہ جس سے صحبت کی گئی ہو۔

امثال واقوال۔ عورت

اور ککڑی کی بیل جلدی بڑھے۔ عورت بہت جلد جوان ہوتی ہے جس طرح ککڑی کی بیل جلد بڑھتی ہے۔ **عورت اور گھوڑا ران تلے کا**۔ دونوں جب تک قابو میں رہیں اپنے ہیں۔ **عورت پر ہاتھ اٹھانا اچھا نہیں**۔ **عورت کو مارنا نہیں چاہئے**۔ **عورت پہ جہاں ہاتھ پھرا اور وہ پھیلی**۔ عورت کو مرد کا ہاتھ لگے تو وہ بہت جلد بڑھتی ہے۔ **عورت رہے تو آپ سے نہیں جائے سگے باپ سے**۔ عورت کسی کے قابو میں نہیں رہ سکتی۔ اگر بد چلن ہو جائے تو باپ کی بھی پروا نہیں کرتی۔ عورت کا خصم [illegible]

جسطرح عورت کو خاوند کی ضرورت ہوتی ہے اسی طرح مرد کو کمانے کی۔ **عورت کا کیا اعتبار** عورت کسی وقت بدچلن ہو جائے۔ اس کا کوئی اعتبار نہیں۔ **عورت کا راج ہے** ۱ اسوقت کہتے ہیں۔ جب کوئی شخص اپنی بیوی کے ہاتھ میں ہو ۲ ملکہ وکٹوریہ کے زمانے میں یہ بات عام طور پر کہی جاتی تھی۔ **عورت کو ناداری میں جانچئے**۔ اگر عورت غربت میں ساتھ دے تو وہ قابل اعتبار ہے۔ **عورت کی ذات بیوفا ہوتی ہے**۔ عورت سے وفا نہیں۔ اگر اسے موقعہ ملے تو بدچلن ہو جاتی ہے۔ **عورت کی صلاح پہ جو چلے وہ چوتیا**۔ جو اپنی بیوی کے کہنے پر چلے وہ بڑا بیوقوف ہے۔ **عورت کی عقل (مت) گدی پیچھے**۔ عورت بیوقوف ہوتی ہے۔ **عورت کی مت مان** ۱ عورت کا کہا نہیں ماننا چاہئے ۲ عورت کی نصیحت مان لینی چاہئے۔ **عورت کی ناک نہ ہوتی تو گو کھاتی**۔ عورت ناقص العقل ہوتی ہے۔ **عورت مرد کا جوڑا ہے**۔ عورت اور مرد کو اکٹھا رہنا پڑتا ہے۔ عورت مرد کے لئے بنی ہے۔ **عورت موم کی ہوتی ہے**۔ جس طرف چاہو موڑ لو۔ **عورت نہ مرد موا ہیجڑا ہے**۔ **ہڈی نہ پسلی مولا پھیچھڑا ہے** (عو) بزدل کمزور آدمی کے متعلق کہتی ہیں۔

عِوَض (ع۔ مذکر) ۱ بدلہ۔ معاوضہ ۲ انتقام ۳ (تف) بجائے۔ لئے (عَوَض۔ کسی کو قائم مقام کرنا) **عوضانہ** (مذکر) ۱ عوض ۲ وہ روپیہ جو کسی کام کے بدلے دیا جائے۔ رشوت کی ایک قسم ۳ (تف) قائم مقام کے طور پر ۲ بدلے میں۔ عوض میں۔ **عوض دینا** (متعدی) معاوضہ دینا (مت) **عوض لینا** (متعدی) انتقام لینا۔ بدلہ لینا۔ **عوض معاوضہ** (مذکر) ادل بدل۔ **عوض میں** (تف) بدلے میں۔ **عوضی** (مذکر) وہ شخص جو قائم مقام ہو۔ وہ شخص جسے چھٹی پر جانیوالا اپنی جگہ کام کرنے کے لئے دے جائے ۲ (مونث) قائم مقامی۔ **عوض بھیجنا یا دینا** (متعدی) اپنی جگہ کام کرنے والا بھیجنا یا دینا۔ **عوضی رکھنا** (مذکر) قائم مقام رکھنا۔ **عوضی کرنا** (متعدی) قائم مقام کرنا۔

امثال۔ عوض معاوضہ گلہ ندارد

عوض دارد گلہ ندارد۔ جس چیز کا بدلہ ہو سکتا ہے اس کی شکایت کیا۔

[illegible] (ع۔ مونث) ۱ [illegible]

کتے کا بھونکنا ۲ ڈینگ۔

عَوْل (ع۔ مذکر تقسیم ہونا دکا) ایک طریقہ جس سے حصوں میں تقسیم نہ ہونے پر کمی کی جاتی ہے۔

عَوْن (ع۔ مذکر) مدد (عون۔ مدد کرنا) **عون الٰہی** (مذکر) خدا کی مدد۔

عوہقان۔ عوہقبن (ع۔ مذکر) دو ستارے دب اکبر کے جو قطبی ستارے کی سیدھ میں رہتے ہیں۔

عَہْد (ع۔ مذکر) ۱ زمانہ۔ وقت ۲ دور سلطنت ۳ حکومت کا زمانہ ۴ وعدہ۔ قول۔ قرار ۵ قسم۔ سوں ۶ اقرار نامہ ۷ ارادہ (عَہْد۔ وعدہ کرنا) **عہد باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) ۱ اقرار ہونا ۲ ٹھننا۔ پکا ارادہ ہونا۔ **عہد توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) قول و قرار قائم نہ رہنا۔ **عہد جدید** (مونث) انجیل۔ **عہد حکومت** (مذکر) حکومت کا زمانہ۔ **عہد دار** (مذکر) ۱ ٹھیکہ دار ۲ مغلوں کے زمانے میں ایک عہدہ دار جو مالگذاری اکٹھی کرتا تھا۔ اور فیصدی کچھ عوضانہ لیتا تھا۔ **عہد سے پھرنا یا منحرف ہونا** (لازم) وعدے پر قائم نہ رہنا۔ **عہد شکن** (صفت) وعدہ خلاف۔ **عہد شکنی** (مونث) وعدہ خلافی۔ قول و قرار پر قائم نہ رہنا۔ **عہد عتیق** (مذکر) توریت۔ **عہد کرانا** (متعدی) وعدہ لینا۔ قول لینا۔ **عہد کر لینا** (متعدی) ۱ مصمم ارادہ کرنا۔ ٹھاننا ۲ چھوڑنا ترک کرنا۔ **عہد کرنا** (متعدی) دیکھو عہد باندھنا۔ **عہد لینا** (متعدی) قول قرار لینا۔ **عہد میں** (تف) زمانے میں۔ دور میں۔ وقت میں۔ **عہد نامہ** (مذکر) ۱ وہ تحریر جو بادشاہوں کے باہمی معاہدے کی لکھی جائے ۲ اقرار نامہ۔ وہ کاغذ جو قول و قرار کے استحکام کے لئے لکھا جائے (کرنا ہونا کے ساتھ) **عہد واثق** (مذکر) مضبوط وعدہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **عہد و پیمان** (مذکر) ۱ قول و قرار ۲ قسم (کرنا ہونا کے ساتھ) **عہد و پیمان ٹوٹ جانا یا ٹوٹنا** (لازم) قول و قرار قائم نہ رہنا۔ **عہد ہونا** (لازم) دیکھو عہد بندھنا۔

مقولہ۔ عہد آسان ہے پر اسکی وفا مشکل ہے۔ وعدہ خلافی نہ کرنا چاہئے۔

عُہْدَہ (ع۔ مذکر) ۱ مرتبہ منصب سرکاری منصب ۲ درجہ۔ رتبہ ۳ ذمہ ۴ (لکھنؤ) بیگ وہ چیزیں جو تقریبات پر عہدہ داروں کو دیں (عہدہ۔

وعدہ کرنا۔ **عہدہ برآ ہونا** (لازم) ۱۔ذمہ داری سے سبکدوش ہونا۔ فرض ادا ہونا ۲۔مقابلہ کرنا۔ غلبہ حاصل کرنا۔ **عہدہ برآئی** (مونث) ۱۔سبکدوشی ذمہ داری سے ۲۔قرضہ کی ادائیگی ۳۔غلبہ حاصل کرنا۔ **عہدہ پانا** (متعدی) منصب یا مرتبہ حاصل کرنا۔ **عہدہ پر مامور یا مقرر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کوئی منصب ملنا۔ ذکر ہونا۔ **عہدۂ جلیلہ** (مذکر) بڑا عہدہ۔ **عہدہ دار** (مذکر) افسر ذی رتبہ۔ **عہدہ داری** (مونث) منصب۔ **عہدہ دینا** (مذکر) ۱۔کسی منصب پر مقرر کرنا ۲۔کوئی خدمت کسی کے سپرد کرنا۔ **عہدے** (مذکر) ۱۔عہدہ کی جمع ۲۔ وہ چیزیں جو امیروں کے ملازم یا ملازمہ ہاتھوں میں لے کر امیروں کے ساتھ چلیں۔ جیسے پیکدان۔ حقہ۔ **عہدے سے باہر آنا** (لازم) کسی فرض سے سبکدوشی حاصل کرنا۔ **عہدے (ہاتھوں میں) لئے ساتھ چلنا** (لازم) نوکروں کا ضروری اشیا ہاتھ میں لے کر ہمراہ چلنا۔ **عہدے ہاتھوں میں لئے کھڑا ہونا** (لازم) نوکروں کا ضروری اشیا ہاتھوں میں لئے خدمت میں حاضر رہنا۔

عہود (ع۔ مذکر) عہد کی جمع معاہدے۔ وعدے۔

عیادت (ع۔ مونث) بیمار کی خبر پوچھنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **عیادت کو جانا** (لازم) بیمار کا حال پوچھنے کے لئے جانا۔

عیاذ (ع۔ مذکر) پناہ لینا برائی سے بھاگنا (عوذ۔ پناہ لینا) **عیاذاً باللہ**۔ خدا کی پناہ۔ معاذ اللہ۔

عیار (ع۔ صفت) ۱۔چالاک ہشیار ۲۔مکار۔ فریبی ۳۔(مذکر) داستان امیر حمزہ میں وہ شخص جو بہادروں کے ہمراہ رہتا اور مکاری وغیرہ سے ساحروں کو قتل کرتا جیسے عمرو عیار (غیر۔ ادھر ادھر جانا) **عیارپن۔ عیارپنا** (مذکر) **عیاری** (مونث) **عیاری** (مت) **عیارا۔نی** (مت) **عیارہ** (صفت و مونث) عیار کا۔ **عیاری** (مونث) فریب۔ مکر۔ چالاکی۔ **عیاری کی گھاتیں** (مونث) مکاری یا چالاکی کی باتیں۔

عیار (ع۔ مذکر) ۱۔کھرا کھوٹا پن ۲۔سونا چاندی تولنے کا کانٹا (غیر۔ ادھر ادھر حرکت کرنا) **عیار دانش** (مذکر) عقل کا کانٹا۔ ایک کتاب کا نام۔

عیاش (ع۔ صفت) بدچلن۔ رنڈی باز۔ اوباش۔ تماش بین۔ (عیش۔ بسر کرنا) **عیاشی** (مونث) بدچلنی۔ رنڈی بازی۔ تماش بینی۔ اوباشی (کرنا ہونا کے ساتھ)

عیال (ع۔ مذکر) بال بچے بیوی بچے۔ زن و فرزند۔ زن (عول۔ بیوی بچوں کو پالنا) **عیال اطفال** (مذکر) بیوی بچے۔ خاندان۔ **عیالدار** (صفت) کنبے والا۔ بیوی بچوں والا۔ **عیالداری** (مونث) بال بچے ہونا۔ بال بچوں والا ہونا۔ عیالدار ہونا۔ **عیالداری میں پھنسنا** (لازم) دنیاداری کے جھگڑوں میں پڑنا۔ **عیالمند** (صفت) عیالدار۔

عیاں (ع۔ صفت) ظاہر۔ آشکار۔ کھلا ہوا۔ (کرنا ہونا کے ساتھ)

مثل۔ عیاں راچہ بیاں۔ جو بات صاف ہو اسے کہنے سننے کی ضرورت نہیں۔

عیب (ع۔ مذکر) ۱۔ نقص۔ برائی۔ خرابی ۲۔گناہ۔ جرم۔ قصور (عیب۔ ناقص ہونا) **عیب اچھالنا** (متعدی) عیب بیان کرنا تشہیر کرنے کے لئے۔ **عیب بکھاننا** (متعدی) نقص بیان کرنا۔ راز فاش کرنا۔ **عیب بیں یا تراش** (صفت) عیب جو۔ **عیب بینی** (مونث) عیب جوئی۔ **عیب پوش** (صفت) عیب چھپانے والا۔ **عیب پوشی** (مونث) کسی کے عیب ظاہر نہ کرنا یا چھپانا۔ **عیب تھپ جانا۔ تھپنا** (لازم) **تھوپنا** (متعدی) کسی کے سر جھوٹا الزام لگانا۔ **عیب جاننا** (لازم) کسی بات کو برا سمجھنا۔ **عیب جو** (صفت) عیب ڈھونڈنے والا۔ نکتہ چیں۔ **عیب جوئی** (مونث) نقص نکالنا۔ **عیب چھپانا** (متعدی) **چھپنا** (لازم) نقص ظاہر نہ ہونا۔ پردہ پوشی ہونا۔ **عیب چیں** (صفت) عیب چننے والا۔ نکتہ چیں۔ **عیب چینی** (مونث) عیب نکالنا۔ **عیب دار** (صفت) ۱۔نقص والا۔ جس میں عیب ہو ۲۔گھوڑوں کی نسبت جب ان میں کوئی عیب ہو بولتے ہیں جیسے شرارت۔ تارا۔ ارجل وغیرہ۔ **عیب ڈھانکنا** (متعدی) **ڈھک جانا** (لازم) عیب چھپ جانا۔ عیب ظاہر نہ ہونا۔ **عیب سر پر آئینہ ہونا** (لازم) عیب ظاہر ہونا۔ **عیب سے بری (پاک) ہونا** (لازم) ۱۔کوئی نقص نہ ہونا بے عیب ہونا ۲۔الزام سے بری ہونا۔ **عیب ظاہر یا فاش کرنا** (متعدی) **ہونا یا کھلنا** (لازم) عیب ہر ایک کو معلوم ہو جانا۔ نقص ظاہر ہونا۔ **عیب گو یا گیر** (صفت) عیب جو۔ **عیب گوئی یا گیری** (مونث) عیب جوئی (کرنا ہونا کے ساتھ) **عیب لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱۔تہمت لگنا۔ اتہام لگنا ۲۔نقص نکلنا۔ سقم ظاہر ہونا۔ **عیب نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) برائی نکالنا۔ نکتہ چینی ہونا۔ **عیب و ثواب** (مذکر) برائی بھلائی (ظاہر ہونا کرنا وغیرہ کے ساتھ) **عیبوں** (مذکر) عیب کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **عیبوں کو چھپانا** (متعدی) نقائص کو ظاہر نہ کرنا۔ جب کوئی شخص کتاب لکھتا ہے تو وہ اکثر دیباچہ میں پڑھنے والوں سے یہ درخواست کرتا ہے۔ **عیب و ہنر کھل جانا** (لازم) اچھائی برائی ظاہر ہونا۔ **عیبی** (صفت) ۱۔نقص دار۔ ناقص ۲۔شریر۔ بدذات۔ بدچلن ۳۔جس میں کوئی برائی یا عیب ہو۔

امثال و اقوال عیب

خود ہر کسے نمے بیند۔ اپنا عیب کسی کو نہیں معلوم ہوتا ہے۔ **عیب کرنے کو ہنر چاہئے**۔ گناہ کرنے یا عیاشی کرنے کے لئے عقل و تدبیر درکار ہے۔ **عیبہا جملہ بگفتی ہنرش نیز بگو**۔ ہر چیز میں نقص اور عمدگی دونوں ہوتے ہیں۔

عید (ع - مونث) مسلمانوں
کے دو تیوہار ایک جو شوال کی پہلی تاریخ
روزوں کے بعد اور دوسرا جو حج کے دن
ہوتا ہے۔ پہلے کو عید الفطر اور دوسرے کو
عید الضحےٰ کہتے ہیں۔ (آنا ہونا کے ساتھ) ۲
تیوہار۔ جشن ۳ خوشی۔ شادمانی۔ مراد بر آنا
(عَوْد۔ لوٹ کر آنا) **عید الاسبوع** (مذکر)
یہودیوں کا ایک تیوہار۔ **عید الضحیٰ** (مونث)
عید قرباں۔ وہ عید جو ۱۰ ذی الحجہ کو حج کے
دن ہوتی ہے۔ اس دن قربانیاں کی جاتی ہیں
یہ حضرت ابراہیم کے حضرت اسمٰعیل کی
قربانی کی یادگار میں ہے (ضحیٰ۔ بکری)
عید الفطر (مونث) وہ عید جو روزوں
کے اختتام پر شوال کی پہلی تاریخ کو ہوتی ہے
(فطر۔ روزہ کشائی) **عید شجاع** (مذکر)
عید جو شیعہ حضرت عمر کی شہادت کی یادگار
میں ۹ ربیع الاول کو مناتے ہیں۔ کیونکہ اس
دن خبر عراق میں پہنچی تھی۔ **عید شریف**
(مونث) ایسٹر۔ **عید صغیر** (مونث)
عید الفطر۔ چھوٹی عید۔ **عید غدیر** (الخم)
(مونث) غدیر الخم ایک تالاب ہے جہاں
پیغمبر صلعم نے فرمایا تھا مَن کُنتُ مولاہُ فعلیٌ
مولاً۔ شیعہ اس دن کی یادگار مناتے ہیں۔
عید قرباں (مونث) عید الضحےٰ۔ **عید کا
چاند** (مذکر) ۱ شوال کی پہلی تاریخ کا چاند۔
ہلال عید ۲ شوال کا مہینہ ۳ وہ جو کبھی کبھی
ملے۔ **عید کا چاند نکلنا** (لازم) ۱ معمولی
معنوں میں ۲ اس دوست کا ملنا جس کا مدت
سے اشتیاق ہو۔ **عید کا چاند ہو جانا یا
ہونا** (لازم) بہت کم ملنا۔ **عید کا دوگانا**
(مذکر) دو رکعت نماز جو عید کے دن پڑھتے ہیں۔
عید کرنا (متعدی) خوشی کرنا۔ **عید گاہ** (مونث)
وہ مقام یا بڑی مسجد جہاں عید کی نماز پڑھتے ہیں
عید گلابی (مونث) بہار کے شروع میں ایک
تیوہار جب عرق گلاب کی بوتلیں ایک دوسرے کو
بطور تحفہ دی جاتی ہیں۔ **عید مسیح** (مونث)
وہ دن جب حضرت عیسےٰ پر دسترخوان
اترا تھا۔ **عید منانا** (لازم) ۱ عید کا جشن کرنا
۲ خوشی کرنا۔ جشن کرنا۔ **عید مولود یا میلاد**
(مذکر) پیغمبر صلعم کی پیدائش کا دن جب مسلمان
مجلسیں کر کے بیان ولادت آنحضرت کرتے اور
خوشیاں مناتے ہیں۔ **عیدِ نوروز** (مونث)
ایرانیوں کے سال کے پہلے دن کا تیوہار۔
عید ہونا (لازم) خوشی ہونا۔ مراد بر آنا
عیدی (مونث) ۱ وہ روپیہ یا نقدی جو
والدین بچوں یا بہوؤں کو دیتے ہیں (بانٹنا
دینا کے ساتھ) ۲ عید کا انعام ۳ وہ نظم
جو استاد بچوں کو خوشنما کاغذ پر لکھ کر دیتے ہیں
۴ وہ کاغذ جس پر یہ نظم لکھی ہوتی ہے۔ **عیدی
آنا** (لازم) عید کی تقریب میں عروس کا
سسرال سے میکے آنا۔ **عیدی جانا**
(لازم) عید کی تقریب میں عروس کا میکے
سے سسرال جانا۔ **عیدین** (مونث)
عید الفطر اور عید الضحیٰ۔

امثال واقوال۔ عید

**بقر عید شبرات کلنی۔ دایا کرے
ہائے ہائے پھکو ابسنی** (مد) مسلمانوں پر
طنز ہے کہ عید بقر عید شبرات کو رنڈیاں
بلاتے ہیں۔ محرم میں ماتم کرتے ہیں۔ ہولی پر
تماش بینی۔ **عید (کے) پیچھے ٹر** (برات
پیچھے دھونسا) موقع محل نکل جانے پر کسی
کام کے کرنے پر کہتے ہیں۔ **عید کا چاند دیکھا
رخ زیبا دیکھا**۔ معشوق کے چہرے کی
تعریف میں کہتے ہیں۔ **عید کو دھوبی کا
گھر سوجھتا ہے**۔ ایسا بخیل ہے کہ سال بھر میں
عید کے دن دھوئے ہوئے کپڑے پہنتا ہے
عید کے پیچھے چاند مبارک (بعد
محرم یاحسین) جب کوئی موقعہ گذر جائے
اور کسی بات کا ذکر کیا جائے تو کہتے ہیں۔

عیسائی (ع - مذکر) ۱ حضرت
عیسےٰ کا پیرو۔ نصرانی ۲ اس فرقے کا ایک فرد۔
(عیسےٰ سے) **عیسائی بنانا۔ کرلینا یا کرنا**
(متعدی) **ہوجانا یا ہونا** (لازم) عیسوی
مذہب اختیار کرنا۔

عیسوی (ع - صفت) ۱ حضرت
عیسےٰ سے منسوب۔ مسیحی ۲ وہ (سنہ) جو حضرت
عیسےٰ کی ولادت سے شروع ہوتا ہے۔

عیسےٰ ۱ (۱ - ۳۰) بن مریم ۔ ۲
ایک پیغمبر جو بیت اللحم میں پیدا ہوئے۔
مسلمانوں اور عیسائیوں کے اعتقاد میں
یہ بغیر باپ کے پیدا ہوئے۔ اس لئے
انہیں روح اللہ کہتے ہیں۔ ان پر انجیل
اتری تھی۔ عیسائی انہیں خدا کا بیٹا مانتے
ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ انہیں صلیب پر
چڑھایا گیا تھا۔ اور اس لئے صلیب کو
وہ بہت مقدس جانتے ہیں۔ مسلمانوں کے
اعتقاد میں وہ زندہ آسمان پر اٹھا لئے گئے
خدا نے یہودا کو ان کی شکل کا بنا دیا اور وہ
صلیب پر لٹکایا گیا۔ وہ پھر قیامت کے
قریب نزول فرمائیں گے۔ ۳۳ سال کی
عمر میں تلقین شروع کی۔ ۳۰ سال کی عمر پائی
ان کے بارہ حواری تھے جن کی کوششوں
سے دین عیسوی نے رواج پایا **عیسےٰ دم** (صفت)
پھونک سے مردوں کو زندہ کرنے والا۔
عیسےٰ دوراں (صفت) ۱ کامل (طبیب)
۲ معشوق۔ **عیسےٰ نفس** (صفت) دیکھو عیسےٰ
دم۔ **عیسےٰ مریم** (مذکر) حضرت عیسےٰ۔

**مثل۔ عیسےٰ بدین خود موسےٰ
بدین خود**۔ ہر کوئی اپنے دین کو اچھا جانتا ہے

عیش (ع - مذکر) ۱ خوشی۔
نشاط ۲ آرام۔ آسائش ۳ خواہشات کا پورا
کرنا ۴ شہوت پرستی۔ جماع ۵ شراب اور
عورتوں کا لطف۔ **عیش آرام حرام کرنا**
(متعدی) آرام و آسائش کی پرواہ نہ کرنا۔ **عیش
اٹھا لینا** (متعدی) آرام کھو دینا یا معدوم کرنا۔
عیش اڑانا (متعدی) مزے اٹھانا۔ لطف حاصل
کرنا۔ **عیش اڑ جانا** (لازم) خوشی جاتی رہنا۔
آرام نہ رہنا۔ عیش ناپید ہوجانا۔ **عیش پسند**
(صفت) آرام طلب۔ **عیش پسندی** (مونث)
آرام طلبی۔ **عیش ترک کر دینا یا کرنا** (متعدی)
ہوجانا یا ہونا (لازم) آرام و آسائش چھوٹ
جانا۔ **عیش تلخ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم)
آرام و آسائش میں خلل پڑنا۔ **عیش جو** (صفت)
عیش کا متلاشی۔ **عیش کا بندہ** (مذکر) عیاش۔
نفس پرست۔ **عیش کرنا** (متعدی) لطف
اٹھانا۔ مزے کرنا۔ چین کرنا۔ **عیش گاہ** (مونث)
وہ جگہ یا مکان جہاں عیش کیا جائے۔ **عیش**

محل (مذکر) محل کا وہ کمرہ جہاں عیش ونشاط کی محفل ہوتی ہو۔ **عیش منزل** (مذکر) وہ مکان جس میں عیش کیا جائے۔ **عیش منغض کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) آرام و آسائش میں فرق پڑنا۔ **عیش وطیش** (مذکر) بے حد خوشی۔ مسرت۔ **عیش وعشرت یا نشاط** (مونث) زندگی کے مزے یا لطف۔ عیاشی۔ نفسانی خواہش۔ **عیش وعشرت کا دن (روز) آنا** (لازم) مزے اڑانے کا زمانہ آنا۔ **عیش وعشرت میں پڑنا** (لازم) زندگی کے مزے اٹھانا۔ عیاشی کرنا۔ **عیش ونشاط میں مشغول ہونا** (لازم) شراب وکباب گانے بجانے اور عورتوں کی صحبت کے لطف اٹھانا۔ **عیش ہونا** (لازم) ۱ مزے ہونا۔ لطف ہونا ۲ خوشی ہے

عین (ع - مونث) ۱ آنکھ۔ چشم۔ نین ۲ چشمہ ۳ سگا بھائی ۴ اصل جوہر ۵ حرف ع کا تلفظ ۶ عراق کا شرقی حصہ ۷ کئی مقامات کا نام ۸ (صفت) خاص ۹ بہت۔ بے حد۔ پورا ۱۰ اصل۔ ٹھیک ۱۱ سیاہ آنکھ والی ۱۲ (تف) بجنسہ (عینن۔ آنسو یا پانی بہنا) **عین الثور** (مذکر) ایک ستارہ۔ **عین الحیات۔ الحیوان** (مذکر) آبحیات کا چشمہ۔ **عین الشمس** (مذکر) ایک پھول۔ **عین الصواب** (مذکر) ۱ درست رستہ ۲ درست وجہ ۳ کوئی چیز خود۔ **عین المال** (مذکر) اصل زر۔ اصل آمدنی۔ اصل رقم **عین الیقین** (مذکر) وہ معاملہ جس پر آنکھوں سے دیکھ کر یقین کیا جائے۔ **عین بین** (تف) ہو بہو۔ بعینہ۔ **عین تباہی ومحض گمراہی** ہے۔ بالکل بربادی اور پوری تباہی ہے۔ **عین حامیہ** (مذکر) ایک چشمہ جس میں خیال ہے کہ سورج غروب ہوتا ہے **عین صلاح** (مذکر) مخلص مشورہ یا نصیحت۔ **عین صواب** (تف) بالکل ٹھیک۔ نہایت درست۔ **عین عنایت** (مونث) اصل عنایت۔ مہربانی **عین غین** (صفت) ۱ بہت کم فرق۔ بالکل ایک جیسے۔ ہمشکل ۲ وہ جس کی آنکھ میں پھلی ہو ۳ احول۔ **عین کمال** (مذکر) کسی چیز کی بہترین حالت۔ **عین گلشن** (مذکر) ایک چشمہ طوس کے قریب۔ **عین مرضی** (مونث) اصل مرضی۔ ذاتی مرضی۔ **عین مقام** (مذکر) ٹھیک جگہ۔ **عین مقصود** (مذکر) اصل مطلب **عین بین** (تف) ہو بہو۔ بعینہ۔ **عین وقت** (مذکر) ٹھیک وقت۔ نازک وقت **عین وقت پر** (تف) ۱ ٹھیک موقعہ پر۔ وقت معین پر ۲ ضرورت پر۔ **عینی** (صفت) دیکھا ہوا ۲ سگا۔ **عینی بھائی** (مذکر) سگا بھائی **عینی بہن** (مونث) سگی بہن۔ **عینی شہادت** (مونث) چشم دید گواہی۔ **عینی گواہ** (مذکر) وہ گواہ جس نے خود معاملہ دیکھا ہو۔ **عینین** (مونث) عین کا تثنیہ۔ دونوں آنکھیں۔ **عینیت** (مونث) اصل ذات یا اصل حقیقت ہونا۔

عِین (ع - صفت) سیاہ آنکھ والی جیسے حور العین۔

عَینک (ع - مونث) آنکھ کا چشمہ۔ وہ ایک یا دو شیشے جو پڑھنے کے لئے آنکھ پر لگاتے ہیں (بنانا۔ بننا۔ بیچنا۔ توڑنا۔ ٹوٹنا چڑھانا چڑھنا۔ خریدنا۔ لگانا۔ لگنا وغیرہ کے ساتھ ۲ (نشہ کی) شراب چڑھانا چڑھ نلکے ساتھ **عینک باز** (صفت) جو عینک شوقیہ لگائے۔ **عینک (دان) کا خانہ** (مذکر) وہ خانہ جس میں عینک رکھتے ہیں۔ **عینک فروش** (مذکر) وہ شخص جو عینک بیچے۔ **عینک لگا کر دیکھو**۔ غور سے دیکھو **عینک لگنا** (لازم) ۱ عینک سے ٹھیک دکھائی دینا ۲ عینک موزوں آنا ۳ عینک کا آنکھوں پر رکھا جانا۔

عیُوب (ع - مذکر) عیب کی جمع
عیُوق (ع - مذکر) ایک ستارے کا نام۔
عیُون (ع - مذکر) چشمے ۲ آنکھیں

غ

غ (ع۔ مذکر) تلفظ غین ۱ اردو کا پچیسواں۔ فارسی کا بائیسواں۔ عربی کا انیسواں حرف ہے ۲ ہندی اور سنسکرت میں نہیں ۳ دیوناگری رسم الخط میں گ کے نیچے نقطہ دینے سے ظاہر کیا جاتا ہے ۴ اصل میں یہ حرف عربی زبان کا حرف ہے۔ اور اسی کے الفاظ میں پایا جاتا ہے ۵ اسے غین معجمہ اور منقوطہ بھی کہتے ہیں ۶ ابجد میں اس کے ایک ہزار عدد فرض کئے گئے ہیں ۷ علم نجوم میں ستاروں کے نوے درجے کے بعد کو ظاہر کرتا ہے۔

غابر (ع۔ صفت) ۱ بچا ہوا ۲ گزرا ہوا۔ گزرتا ہوا۔ جاری ۳ موخر الذکر ۴ (مذکر) بقایہ ۵ نشانی۔ (غُبُر۔ رہنا)

غاثہ (ھ۔ مذکر) گانا کا مخرب۔ غلام۔

غاٹیا۔ غاٹیر (اردو۔ صفت) فربہ اور کوتاہ قد آدمی۔

غاد (ع۔ مذکر) نرمی۔ صفائی (غَیَدَ۔ پتلا یا لچکدار ہونا)۔

غادِر (ع۔ صفت) بیوفا۔ بدعہد۔ (غَدَرَ۔ دھوکا دینا)

غار (ع۔ مذکر) ۱ پہاڑ کی کھوہ۔ بڑا سوراخ پہاڑ میں ۲ گڑھا ۳ جنگلی جانوروں کا سوراخ ۴ منہ کا اندر کا حصہ ۵ زخم گہراؤ۔ (غَوْرَ۔ نیچے جانا) **غارِ حرا** (مونث) وہ غار جس میں پیغمبر صلعم مکہ سے ہجرت کرنے کے بعد تین دن تک رہے۔ **غارِ غم** (مونث) ۱ قیدخانہ ۲ گنہگار کی قبر **غارستاں** (مذکر) وہ جگہ جہاں بہت سے غار ہوں۔ **غار غار** (تف) غاروں سے بھرا ہوا **غار و مغاک برابر کرنا**۔ (متعدی) گڑھوں والی زمین کو ہموار کرنا۔

غارت (ع۔ مونث) ۱ وہ حملہ جو دشمن کے ملک میں کیا جائے ۲ لوٹ کھسوٹ۔ مال غنیمت ۳ بربادی۔ تباہی ۴ (صفت) تباہ۔ برباد۔ اکارت۔ (غَوْرَ۔ گرنا) **غارت جانا** (لازم) ۱ برباد ہونا۔ تباہ ہونا ۲ لوٹا جانا۔ **غارت غول** (صفت) ناتباہ۔ برباد۔ ستیاناس (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ نیست و نابود۔ نظر سے چھپا ہوا۔ کھویا ہوا ۳ (مذکر) نقصان یا تباہی جو یکایک ہو۔ **غارت فرمائے ہوش و شکیبائی** (صفت) صبر اور حواس کو تباہ کرنے والا۔ مجازاً معشوق۔ **غارت کا مارا** (صفت) عورتیں خفگی ظاہر کرنے کے لئے کہتی ہیں۔ **غارت کرنا** (متعدی) ۱ تباہ کرنا۔ برباد کرنا ۲ خراب کرنا۔ ناس کرنا ۳ اجاڑنا ۴ تلف کرنا۔ ضائع کرنا ۵ منہدم کرنا۔ ۶ نیست و نابود کرنا ۷ لوٹنا۔ لوٹ مار کرنا **غارت گاہ** (مونث) وہ جگہ جہاں لوٹ مار کی جائے **غارت گر ایمان و دین** (مذکر) ۱ کنایتاً شیطان ۲ کنایتاً معشوق۔ **غارت گر تاب و تواں۔ جان عشاق۔ دین و ایمان** (مذکر) کنایتاً معشوق۔ **غارت گری** (مونث) لوٹ مار **غارت گیا** (صفت) دیکھو غارت کا مارا۔ **غارت ہو** (بددعا) ۱ اجڑ جائے۔ برباد جائے ۲ فنا ہو جائے۔ مر جائے۔ **غارت ہوش** (صفت) کنایتاً خوبصورت حسین ۲ کنایتاً معشوق۔ **غارت ہونا** (لازم) ۱ دیکھو غارت کرنا ۲ چلا جانا۔ دفع ہو جانا۔ **غارتی** (صفت) دیکھو غارت کا مارا۔

غارتنگ (ف۔ مذکر) دروازے کی آگل۔

غارِیقون (ف۔ مذکر) کھمبی

غازہ (ف۔ مذکر) ایک قسم کا خوشبودار گلابی سفوف جو عورتیں خوبصورتی کے لئے رخساروں پر مل لیتی ہیں۔ (ملنا کے ساتھ) **غازہ کاری** (مونث) غازہ ملنا۔

غازی (ع۔ مذکر) ۱ مسلمان سپاہی جو کافروں سے لڑے ۲ فاتح۔ جرنیل ۳ مسلمان بادشاہوں کا خطاب ۴ کنایتاً گھوڑا۔ **غازیاں** (مذکر) غازی کی جمع (غَزْوٌ۔ دشمن سے لڑنے کے لئے جانا) **غازیانِ صف شکن** (مذکر) صفوں کو توڑنے والے بہادر سپاہی۔ **غازیانہ** (تف) غازی کی طرح۔ بہادری سے۔ دلیری سے۔ **غازی مرد** (مذکر) ۱ بہادر آدمی ۲ کنایتاً گھوڑا۔

غازِیَہ (ع۔ مذکر) قصد یا ارادے کی قوت (غَزْوٌ۔ ارادہ کرنا)۔

غاشِیَہ (ع۔ مذکر) ۱ اوپر ڈھالنے کا کپڑا ۲ وہ کپڑا جو زین کے اوپر ڈالتے ہیں اور سواری کے وقت سائیس اٹھا کر چلتا ہے ۳ اطاعت کی نشانی ہے (غَشْوٌ۔ ڈھانپنا) **غاشیہ بردار یا بر دوش** (صفت) ۱ مطیع۔ فرمانبردار ۲ خادم۔ سائیس۔ **غاشیہ پڑنا** (لازم) **ڈالنا** (متعدی) کسی چیز پر کپڑا ڈال دینا جس سے ظاہر ہو کہ استعمال میں نہیں آتی ۲ سنسان ہونے کے موقع پر بھی استعمال کرتے ہیں۔ جیسے دنگلوں پر غاشیے پڑ گئے۔ **غاشیہ دار** (صفت) غاشیہ بردار ۲ کنایتاً حضرتِ جبرائیل جو شبِ معراج میں براق کے ساتھ گئے تھے۔

غاصِب (ع۔ صفت) ۱ جو زبردستی کسی کا حق چھینے۔ (غَصَبَ۔ کسی کو کسی کام پر مجبور کرنا)۔

غافِر (ع۔ صفت) گناہ بخشنے والا۔ (غَفَرَ۔ ڈھانکنا)۔

غافِل (ع۔ صفت) ۱ غفلت کرنے والا۔ بے پروا ۲ بے خبر۔ دکر دینا۔ کرنا ہو جانا وغیرہ کے ساتھ) (غَفَلَ۔ بھول جانا) **غافل رہنا** (متعدی) ۱ لاپروا ہونا ۲ توجہ نہ کرنا ۳ بے خبر ہونا۔ **غافل ہو کر سونا** (لازم) سخت گہری نیند سونا۔ گھوڑے بیچ کر سونا۔

غالِب (ع۔ صفت) ۱ مغلوب کرنے والا۔ فتح کرنے والا۔ جیتنے والا ۲ زبردست ۳ فائق۔ سبقت لیجانے والا۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) (تف) ۱ اکثر۔ (غَلَبَ۔ قابو پانا) **غالباً** (تف) شاید ایسی جگہ کہا جاتا ہے جہاں شک یقین کے قریب ہو۔ **غالب آنا** (لازم)۔ جیتنا۔ فتح پانا۔ دیر کرنا۔ **غالبانہ** (تف) کامیابی سے۔ فتحمندی سے۔ **غالب ہے گمان قوی ہے**

غالی (ع۔ صفت) ۱ بہت۔ زیادہ۔ افزوں ۲ قیمتی ۳ (مذکر) شیعوں کا ایک فرقہ جو حضرت علی کو خدا کا اوتار سمجھتا ہے۔ (غَلْوٌ۔ مناسب سے بڑھ جانا)۔

غالی (ف۔ مذکر) قالین **غالیچہ** (مذکر) چھوٹا سوتی قالین۔

غالِیَہ (ع۔ مذکر) ۱ ایک خوشبو جو عنبر، مشک، کافور وغیرہ سے مرکب ہوتی ہے۔ یہ نام اس کا معاویہ نے رکھا تھا ۲ مشک بلاد۔ **غالیہ بیز** (صفت) غالیہ ملا سے بھرا ہوا۔ **غالیہ دان** (مذکر) وہ ڈبیہ جس میں غالیہ ملا رکھیں۔ **غالیہ مو** (صفت)

جس کے بال خوشبودار ہوں۔ کنایتاً معشوق۔

غامر (ع۔ صفت) ۱۔ اجاڑ۔ سنسان۔ عامر کا نقیض ۲۔ جو اپنے آپ کو خطرے میں ڈالے۔ (غمر۔ پانی کا کسی چیز کو غرق کر دینا) **غامرات** (مونث) جمع غامرت۔ اجڑی ہوئی جگہیں۔ **غامرت** (مونث) اجڑی ہوئی جگہ۔

غامض (ع۔ صفت) ۱۔ مشکل۔ جو مشکل سے سمجھ میں آئے۔ دقیق ۲۔ (مذکر) مشکل کام۔ (غموض۔ چھپا ہونا)۔

غانماً (ع۔ تف) فائدہ حاصل کئے ہوئے۔ (غنم۔ کوئی چیز لوٹ لینا)۔

غائب (ع۔ صفت) ۱۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ مخفی ۲۔ غیر حاضر۔ (غَیبت۔ موجود نہ ہونا۔ غیر حاضر ہو جانا) **غائبانہ** (تف) ۱۔ غیر حاضری میں۔ پیٹھ پیچھے۔ غیر موجودگی میں ۲۔ وہ جو بغیر دیکھے کھیلی جائے۔ (شطرنج کی بازی) **غائب باز** (صفت) غائبانہ شطرنج کی بازی کھیلنے والا۔ **غائب غلّہ** (مذکر) بالکل غائب چیز۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **غائب کرا دینا** (م) **کرنا** (متعدی) ۱۔ پوشیدہ کرنا۔ مخفی کرنا ۲۔ چوری کرنا۔ اُڑانا۔ **غائب کھیلنا** (متعدی) شطرنج بغیر دیکھے کھیلنا۔ **غائب ہونا** (لازم) ۱۔ چھپ جانا۔ پوشیدہ ہونا ۲۔ چوری کرنا ۳۔ غیر حاضر ہونا۔ موجود نہ ہونا۔ چلا جانا۔

غائر (ع۔ صفت) ۱۔ گہرا۔ عمیق ۲۔ وسیع۔ (غور۔ دور گھسنا)۔

غائط (ع۔ صفت) ۱۔ نشیب ۲۔ سطح زمین دور تک پھیلی ہوئی۔ میدان ۳۔ پاخانہ (غوط۔ غرق ہونا)۔

غالیُ (ع۔ صفت) آخری (غیّ حد مقرر کرنا)۔

غایت (ع۔ مونث) ۱۔ انتہا۔ انجام ۲۔ آخری سرا یا حد ۳۔ غرض۔ مطلب ۴۔ (صفت) بہت۔ بے حد۔ حد سے زیادہ ۵۔ (تف) حد سے بڑھ کر۔ بہت اچھی طرح ۶۔ خصوصاً (غیّ۔ حد مقرر کرنا) **غایتہ الامر** (تف) آخرکار۔ انجام کار۔ **غایت درجہ** (صفت) بعید۔ انتہائی۔ **غایت مافی الباب** (مونث) اس معاملے میں انتہائی بات۔

غِب (ع۔ مونث) باری کی تپ (غِبّ۔ ایک دن چھوڑ کر آنا)۔

غُبار (ع۔ مذکر) ۱۔ گرد۔ دھول ۲۔ تیرگی۔ دھند ۳۔ گرد ملی ہوئی ہوا۔ مٹی جو ہوا میں اُڑ رہی ہو ۴۔ ملال۔ رنج۔ کدورت ۵۔ (خط) دیکھو خط۔ (غبر۔ گزرنا) **غبارِ آسیہ** (مذکر) وہ غبار جو چکی چلنے پر اُڑے۔ **غبار آلود یا آلودہ** (صفت) گرد آلودہ۔ گرد میں بھرا ہوا۔ **غبار آنا** (لازم) رنج یا کدورت پیدا ہونا۔ **غبار اُٹھنا** (لازم) ۱۔ زمین سے گرد کا بلند ہونا ۲۔ آندھی آنا ۳۔ بخارات کا اوپر کو چڑھنا۔ **غبار بڑھانا** (متعدی) کدورت یا ملال زیادہ کرنا۔ **غبار بیٹھنا** (لازم) اُڑی ہوئی گرد کا بیٹھ جانا۔ **غبار چھانا** (متعدی) گرد کا پھیل کر کسی جگہ اکٹھا ہونا۔ **غبارِ خاطر** (مذکر) دل کا رنج یا کدورت۔ **غبار رکھنا** (متعدی) رنج یا ملال رکھنا۔ **غبار نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) رنج کی باتیں ہونا۔ شکوہ شکایت ہونا۔ **غبار ہونا** (لازم) ۱۔ ہوا میں گرد ہونا۔ آسمان پر گرد یا بخارات ہونا ۲۔ آپس میں رنجیدگی یا ملال ہونا ۳۔ آنکھوں سے کم نظر آنا۔

غبارا (ع۔ مذکر) ۱۔ کاغذ کا بنا ہوا تھیلا جو نیچے سے کھلا ہوتا ہے۔ اس میں تار کے ساتھ چیتھڑے باندھ کر جلا دیتے ہیں اور وہ اوپر ہوا میں اُڑ جاتا ہے ۲۔ بمب ۳۔ گولے پھینکنے کی کل (غبر۔ گزرنا)۔

غباوت (ع۔ مونث) کند ذہن ہونا۔ (غبو۔ ذہن کم ہونا)۔

غبرا (ع۔ صفت) ۱۔ مٹی کے رنگ کا۔ مٹیالا ۲۔ مٹا ہوا ۳۔ (مذکر) وہ ملک جہاں درخت زیادہ ہوں ۴۔ (مونث) مادہ تیتر (غبر۔ مٹیالا ہونا)۔

غبغب (ع۔ مذکر) ۱۔ ٹھوڑی کے نیچے کا گوشت ۲۔ مرغ کا گوشت جو نیچے لٹکا ہوتا ہے ۳۔ (چاہ) ٹھوڑی کے نیچے سوراخ۔

غبن (ع۔ مذکر) خیانت۔ خورد برد (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (غبن۔ دھوکا دینا)۔

غبی (ع۔ صفت) کند ذہن (غبو۔ ذہن کم ہونا)

غپ (اردو۔ مذکر) ۱۔ جھوٹی یا شیخی کی بات (مارنا۔ ہانکنا کے ساتھ) ۲۔ جلدی سے حلق میں اتارنے کی آواز۔ (ف گپ غالباً گفت سے) **غپّا** (مذکر) دھوکا۔ فریب (دینا۔ کھانا۔ مارنا کے ساتھ) ۱۔ اُڑتی ہوئی پتنگ کا جلدی جلدی کھینچنا **غپاغپ** (تف) ۱۔ متواتر۔ درپے ۲۔ کسی چیز کی ملائم چیز کے اندر آنے جانے کی آواز **غپ شپ** (مونث) بیہودہ باتیں۔ لغو باتیں **غپ شپ اڑ** (ہو) **رہی ہے** فضول گوئیاں ہو رہی ہیں **غپی** (صفت) جھوٹا۔ ڈینگ مارنے والا۔

غتربود (اردو۔ صفت) گڑبڑ۔ ملا جلا۔ خراب (کرنا۔ ہو کے ساتھ) یہ ہندوستان کی اختراع ہے۔ ایک جاہل شاگرد نے اُستاد سے پوچھا کہ شیخ سعدی کا یہ شعر سہ کہ سعدی کہ گوئے بلاغت ربود۔ در ایام ابوبکر بن سعد بود۔ سمجھ میں تو آگیا ہے۔ مگر غت ربود کے معنی سمجھ میں نہیں آئے۔ اس قصے کی وجہ سے یہ محاورہ بن گیا۔

غٹ (اردو۔ مذکر) ۱۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ اژدحام۔ غول دس۔ گھٹا۔ ہجوم ۲۔ نگلنے یا حلق میں اُتر جانے کی آواز۔ **غٹاغٹ** (مونث) متواتر پینے کی آواز۔ **غٹ پٹ ہو جانا** (لازم) لڑائی میں گتھ جانا۔ **غٹ غٹ** (مونث) آواز جو انسان کے گلے سے نکلتی ہے جب کچھ پیئے **غٹ غٹ پی (چڑھا) جانا** (لازم) بغیر گھونٹ لئے جلد جلد پی جانا **غٹ کے غٹ** (مذکر) غول کے غول۔ انبوہ کثیر **غٹر غٹر** (تف) گھونٹ لئے بغیر مزے مزے سے۔ مزا لیکر۔ **غٹر غٹر دیکھنا** (متعدی) ٹکٹکی لگا کر دیکھنا۔ مزے سے دیکھنا۔ **غٹر غٹر سننا** (متعدی) مزا لیکر سننا۔ **غٹک جانا** (لازم) پی جانا۔ نگل جانا۔ **غٹ کے غٹ** (تف) گروہ کے گروہ۔ بہت آدمی۔

غٹرغوں یغٹ غوں

(اردو۔ مونث) کبوتر کے بولنے کی آواز (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

غٹکنا (اردو۔ مذکر) کبوتر یا فاختہ کا بولنا۔

غثیان (ع۔ مذکر) ۱۔ متلی۔ جی متلانا ۲۔ دل گھبرانا۔ گھبراہٹ۔ بے چینی ۳۔ غبار آلودہ ہونا آسمان کا۔ (غثی۔ ملانا)۔

غچ (اردو۔ مونث) ۱۔ کیچڑ میں چلنے کی آواز ۲۔ تلوار خنجر وغیرہ کے گوشت میں گھسنے کی آواز ۳۔ آواز جو مباشرت کے وقت نکلتی ہے **غچا** (مذکر) **غچ** (مونث) دیکھو غپ۔

غچّا (اردو۔ مذکر) دھوکا۔ فریب (دینا۔ کھانا کے ساتھ)۔

غچ پچ (اردو۔ مونث) کچا کچ۔ اژدہام۔ بھیڑ۔ (دیکھو گچ۔ پچ)

غچلی (اردو۔ صفت) میلا کچیلا گندا۔ غلیظ۔

غچّو (مذکر) **غچّی** (اردو۔ مونث) سوراخ زمین میں جو لڑکے گلی ڈنڈا کھیلنے کے لیے بناتے ہیں۔ **غچو پارا** (مذکر) گلی ڈنڈا۔

غدّہ (ع۔ مذکر) گل آنے والا۔

غدّار (ع۔ صفت) ۱ مفسد۔ باغی۔ نمک حرام۔ ۲ بہت بڑا (شہر) (غدر۔ دغا بازی کرنا) **غدّاری** (مونث) نمک حرامی۔ بغاوت۔

غدر (ع۔ مذکر) ۱ فساد۔ بغاوت ۲ بلوہ۔ ہنگامہ ۳ ۱۸۵۷ء کی ہندوستان کی بغاوت۔ **غدر پارٹی** (مونث) ہندوستانی محبانِ وطن کی ایک جماعت جن کا اصول یہ ہے کہ ہندوستان میں بغاوت کر کے انگریزوں کو نکال دیا جائے۔ **غدر پڑنا** (لازم) بغاوت ہونا۔ **غدر کر رکھنا۔ کرنا یا مچانا** (متعدی) ۱ شور و غل کرنا ۲ لوٹ مار کرنا ۳ بدانتظامی پھیلانا۔

غُدود (ع۔ مونث) گلٹی (غُدَّۃ۔ سوجنا)۔

غدیر (ع۔ مذکر) نشیب زمین ۲ تالاب۔ جوہڑ ۳ تلوار ۴ مصر میں ایک وادی (غدر۔ دھوکا دینا) **غدیرِ الخُم** (مذکر) دیکھو عید غدیر۔

غِذا (ع۔ مونث) خوراک کھانا۔ غذو۔ کھانا) **غذا (جزو بدن ہونا) لگنا** (لازم) غذا کا بدن پر اثر ہونا۔ **غذا چبانا** (متعدی) غذا کو دانتوں سے پیسنا۔ **غذا کھانا یا نوش کرنا** (لازم) کھانا کھانا۔ **غذا ہضم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) غذا کا تحلیل ہو کر معدے میں سے نکل جانا **غذائیت** (مونث) بدن پرورش کرنے کا مادہ یا پن **غذائے ثقیل** (مونث) دیر ہضم کھانا **غذائے لطیف** (مونث) زود ہضم کھانا۔ ہلکی غذا۔

غَرّا (ع۔ صفت) ۱ سفید۔ روشن ۲ مشہور۔ جید ۳ دیکھو غرّہ ۴ مدینہ کا ایک نام۔ (غرّ۔ سفید ہونا)

غُرّا (ع۔ مذکر) دیکھو غرّہ

غُراب (ع۔ مذکر) ۱ کوا۔ زاغ۔ (غرب۔ جانا) **غرابُ البَین** (مذکر) ایک پرند جس کی ٹانگیں اور چونچ سرخ ہوتی ہے۔ کہتے ہیں اگر کسی مکان پر بولے تو اس کے رہنے والوں کو جدائی نصیب ہوتی ہے۔ **غرابِ زمین** (مذکر) تاریک رات **غرابیہ** (مذکر) شیعوں کا ایک فرقہ جن کا عقیدہ ہے کہ پیغمبر صلعم اور حضرت علیؑ اس قدر ایک دوسرے سے مشابہ تھے جس طرح دو کوے۔ اور اس لیے حضرت جبرائیل نے غلطی سے وحی بجائے حضرت علی پیغمبر صلعم کو پہنچا دی۔

غراٹا (اردو۔ مذکر) پانی کی زور کی آواز جو گرداب میں سے نکلتی ہے۔ **غراٹے کی صدا (پیدا) ہونا** (لازم) پانی کی زور کی آواز نکلنا۔

غَرارہ (ع۔ مذکر) ۱ سفید ہونا۔ ۲ ناتجربہ کار ہونا۔ (غرّ۔ سفید ہونا)۔

غرارہ (ع۔ مذکر) ۱ غرغرہ سے بنایا گیا ہے۔ حلق میں پانی ڈال کر اندر سے ہوا نکال کر گلے کو صاف کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ غرغرہ کرنے کی دوائیں ۳ تھیلی۔ بوری ۴ شامیانے کی چوب کا غلاف ۵ کھلے پائچوں کا پاجامہ۔ (غف) **غرارے دار پائجامہ** (مذکر) کھلے پائچوں کا پاجامہ۔

غَرّاز (ف۔ صفت) ۱ مغرور۔ متکبر ۲ بہادر۔ شجاع۔ (اصل گُراز ہے۔) **غرازی** (مونث) ۱ تکبر۔ غرور ۲ بہادری۔ شجاعت۔

غُرّاں (ف۔ صفت) ۱ دھاڑنے والا۔ ڈکارنے والا ۲ تند۔ (ف غرّیدن۔ دہاڑنا) **غُرّانا** (متعدی) ۱ غصّے کی آواز نکالنا۔ ۲ شیر۔ بلی۔ کتے وغیرہ کا منہ بند کر کے آواز نکالنا ۳ غصّے میں کچھ کہنا ۴ کفرانِ نعمت کرنا۔

غَرّان (ع۔ صفت) ۱ سفید ۲ مشہور ۳ (مذکر) ایک مقام کا نام۔ (غرّۃ۔ گھوڑے کے ماتھے پر سفید نشان کا ہونا)۔

غرائب (ع۔ مذکر) غریب کی جمع۔ نادر چیزیں **غرائبات** (مذکر) غریب کی جمع الجمع۔

غَرب (ع۔ مذکر) ۱ سورج غروب ہونے کی سمت ۲ پچھم۔ مغرب ۳ مراکو کا شمالی حصہ ۴ (شام) بیروت کا جنوبی علاقہ ۵ ہسپانیہ کا ایک صوبہ جسے آجکل الگارد ے کہتے ہیں۔ الغرب کا مخرب ہے۔ (غَرَبَ۔ غائب ہو جانا) **غربی** (صفت) پچھم کا۔

غُربا (ع۔ مذکر) جمع غریب کی۔ مساکین۔

غربال (ع۔ مونث) چھلنی۔ گربال کا معرب۔ **غربالِ آبگوں** (مذکر) آسمان۔

غُربت (ع۔ مونث) ۱ مفلسی۔ تنگدستی ۲ سفر۔ مسافرت ۳ بھولاپن۔ فروتنی۔ (غَرَبَ۔ سفر کو جانا) **غربت اندر وطن** (مونث) صوفیوں کی اصطلاح۔ وہ حالت جب انسان صفاتِ خدا میں محو ہو کر صفاتِ بشری سے علیحدہ ہو جاتا ہے **غربت دیدہ یا زدہ** (صفت) ۱ وہ جو وطن سے دور ہو۔ پردیسی ۲ مصیبت زدہ۔

غرچہ (ف۔ صفت) ۱ غافل ۲ بیوقوف ۳ بدنام ۴ (مذکر) گانڈو ۵ دیوث ۶ انراسیاب کا ایک حلیف ۷ جارجیہ ۸ جارجیہ کا بادشاہ۔

غژنگ (ف۔ مذکر) چھلانگ۔ زقند۔

غُرِش (ف۔ مونث) غصہ۔ غرانا۔ اردو میں بغیر تشدید۔ (غرشیدن۔ غصے ہونا)۔

غَرَض (ع۔ مونث) ۱ ضرورت۔ حاجت۔ پروا ۲ مقصد۔ ارادہ ۳ خواہش۔ مطلب ۴ (تف) حاصل کلام۔ قصہ کوتاہ (غَرَض۔ رنجیدہ ہونا) **غرض آشنا آلود یا آمیز** (صفت) خود غرض **غرض اٹکانا** (متعدی) **اٹکنا یا اٹکی ہونا** (لازم) ۱ کسی سے کسی کا کام رکا ہونا ۲ حاجت ہونا۔ پروا ہونا۔ **غرض (کا) باؤلا** (صفت) حاجت مند۔ مطلب کا غلام **غرض پڑنا** (لازم) ۱ کسی سے کچھ کام ہونا ۲ حاجت ہونا۔ خواہش ہونا **غرض جتانا** (متعدی) حاجت یا ضرورت سے آگاہ کرنا۔ کچھ مانگنا۔ **غرض ڈالنا** (متعدی) حاجت ڈالنا۔ کسی کے متعلق کوئی کام ڈالنا **غرض رکھنا** (متعدی) ۱ امید رکھنا ۲ مطلب رکھنا ۳ واسطہ رکھنا۔ تعلق رکھنا **غرض کا آشنا۔ دوست یا یار** (مذکر) مطلبی دوست۔ خود غرض دوست **غرضکہ**

(ق) حاصل مطلب یہ ہے۔ قصہ مختصر یہ ہے۔
غرضمند (صفت) حاجت مند۔ ضرورت مند۔
خواہش مند۔ **غرض نکالنا** (متعدی) **نکلنا**
(لازم) حاجت پوری ہونا۔ کام نکلنا۔ **غرض ہونا**
(لازم) واسطہ ہونا۔ مطلب ہونا۔ **غرضی** (صفت)
غرضمند۔ **غرضیکہ** (ق) غرضکہ۔

امثال واقوال غرض

باؤلی ہے۔ حاجت مند آدمی پاگل ہوتا ہے۔ وہ
اپنی غرض پوری کرنے کے لئے کسی بات سے نہیں
ہچکچاتا۔ **غرض پڑے سے آدمی باؤلا ہوجاتا**
ہے۔ ضرورت کے وقت آدمی دیوانوں کی طرح
کام کرتا ہے۔ **غرض دوگونہ عذاب است جان مجنوں**
را۔ بلائے صحبت لیلیٰ وفرقت لیلیٰ
مجنوں کی جان کو دوہرا عذاب ہے۔ لیلیٰ کی صحبت کی
بلا اور لیلیٰ کی جدائی ہر طرح مشکل ہے۔ **غرض کا باؤلا**
اپنی ہی گائے۔ غرضمند اپنی ہی بات کی دھن رکھتا
ہے۔ **غرض کے لئے گدھے کو باپ بناتے**
ہیں۔ حاجت مند کو رذیل کی بھی خوشامد کرنی پڑتی
ہے۔ **غرضمند باؤلا (ہوتا) ہے** دیکھو غرض باؤلی
ہے۔ **غرضمند کرے یا دردمند کرے۔**
یا تو جسے کچھ کام ہو وہ مدد کرتا ہے یا خیرخواہ۔ **غرض**
نقشے است کز ما یاد ماند۔ کہ ہستی را نمے
بینم بقائے۔ میری غرض ایک ایسا نقش بنانا ہے
جو میری یادگار رہے۔ کیونکہ زندگی کے لئے بقا نہیں
دیکھتا ہوں یعنی تصنیف یا تالیف کی ہوئی کتاب پر لکھتے
ہیں۔ **غرض نکلی آنکھ بدلی** یا مطلب نکل جانے
کے بعد پروا نہ کرنا۔ **غرض والا اپنی گاوے**
اپنے مطلب سے کام رکھتا ہے۔

غرغر (اردو۔ مونث) غرانے
کی آواز (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔

غرغرہ (ہ۔ مذکر) دیکھو غرارہ
اور ۲۔

غرفات (ع۔ مذکر) جمع
غرفہ کی۔

غرفش (ف۔ مونث) غالباً غرش
کا مخرب ۱ غراہٹ ۲ تکرار۔ غصہ آمیز باتیں ۳ دھمکی۔
غرفش کرنا یا لانا (متعدی) ۱ دھمکانا۔ دھمکی دینا
۲ تکرار کرنا۔

غرفہ (ع۔ مذکر) ۱ دریچہ۔ کھڑکی
۲ بالاخانہ ۳ بہشت ۴ تھیٹر میں ایک بکس۔ (غرف
۔ بار نکالنا) **غرفہائے بہشت** (مذکر) بہشت
کی کھڑکیاں۔

غرق (ع۔ صفت) ۱ ڈوبا ہوا۔ غریق ۲
مصروف۔ مشغول۔ منہمک ۳ نشہ میں چور (غرق
ڈوبنا) **غرقاب** (صفت) دیکھو غرق۔ **غرق بحر**
(دریائے) تعجب (حیرت) ہونا (لازم) سخت
متعجب ہونا۔ حیران ہونا۔ **غرق بحر فکر ہونا** (لازم)
بہت متفکر ہونا۔ **غرق بحر (دریائے) حسن**
ہونا (لازم) نہایت خوبصورت ہونا۔ **غرق عرق**
(ندامت) ہونا (لازم) ندامت سے پسینے میں
ڈوبا ہوا ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ **غرق فنا ہونا** (لازم)
مرجانا۔ **غرق کرنا** (متعدی) ڈبونا۔ **غرق ہونا** (لازم)
۱ ڈوبنا ۲ مصروف ہونا۔ **غرقی** (صفت) ۱ ڈوبا ہوا۔
۲ (مونث) لنگوٹی ۳ ایک قسم کا عود ۴ پانی میں ڈوبی ہوئی
زمین ۵ سیلاب۔ **غرقی آنا** (لازم) سیلاب آنا۔
غرقی میں آنا (لازم) ڈوبنا۔

غرکانا۔ غرکنا۔ غرکی (اردو
مخف) گھرکانا۔ گھرکنا۔ گھرکی۔

غرندہ (ف۔ صفت) غرانے
والا۔ غراں۔

غروب (ع۔ مذکر) ۱ ڈوبنا یا
چھپنا چاند یا سورج کا ۲ مغرب ۳ چشم۔ (کرنا ہونا کے ساتھ)
(غرب۔ غائب ہونا) **غروب آفتاب** (مذکر)
سورج کا غروب ہونا **غروبیہ** (صفت) مغربی۔
مغرب کیطرف کا۔

غرور (ع۔ مذکر) تکبر۔ گھمنڈ۔
فخر۔ خودبینی۔ عجب۔ ابھیمان۔ گربھ۔ نخوت۔ اکڑ۔
خودپسندی۔ اینٹھ۔ (آنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ)
(غرّ۔ دھوکا دینا) **غرور توڑ دینا۔ توڑنا** (متعدی)
ٹوٹ جانا۔ ٹوٹنا (لازم) **ڈھا دینا۔ ڈھانا**
(متعدی) **ڈھے جانا۔ ڈھینا** (لازم) **مٹا دینا**
مٹانا (متعدی) **مٹ جانا یا مٹنا** (لازم)
نکال دینا۔ نکالنا (متعدی) **نکل جانا۔ نکلنا**
(لازم) تکبر زائل ہوجانا۔ گھمنڈ جاتا رہنا۔ **غرور حسن**
(وجمال) خوبصورتی کا گھمنڈ۔ **غرور کو دل میں**
جگہ نہ دینا۔ (متعدی) تکبر نہ کرنا۔

غرہ (ع۔ مذکر) دیکھو غرور۔ (توڑنا
۔ لوٹنا۔ ڈھانا۔ وغیرہ کے ساتھ) (غرّ۔ دھوکا دینا) **غرا**
ڈھینا (لازم) غرور ٹوٹنا۔ شیخی جھڑنا۔ **غرا کرنا** (متعدی)
ہونا (لازم) غرور۔ **غرے** (مذکر) ۱ غرہ کی جمع ۲ بجائے
غرہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **غرے ڈبتے** (مذکر)
دھمکی۔ ڈراوا۔ **غرے میں آنا** (لازم) غرور کرنا۔ اترانا

غرّہ (ع۔ مذکر) ۱ ہر قمری مہینے کی
پہلی تاریخ ۲ جس کام کو ہمیشہ کرتے ہوں اس کو نہ کرنا
۳ فاقہ۔ (غرّ۔ سفید ہونا ماتھے کا) **غرہ بتانا** (متعدی)
ٹال جانا۔ **غرہ غرہ دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ ناغہ کرنا
۲ فاقہ کرنا۔

غریب (ع۔ صفت) ۱ مفلس
۔ نادار ۲ مسکین۔ عاجز ۳ نادر۔ عجیب ۴ سیدھا سادا
۵ جو شریر نہ ہو ۶ مسافر۔ (غرب۔ دور ہونا یا جانا)۔
غریب آزار (صفت) غریب کو ستانے والا۔
غریب الدیار یا الوطن (صفت) پردیسی۔ مسافر
غریب الوطنی (مونث) مسافرت۔ وطن سے
دور ہونا۔ **غریبا مئو غریبانہ** (صفت) غریبوں کا
سا۔ روکھا سوکھا۔ **غریب مئو شادی کرنا**
(متعدی) بغیر دھوم دھام کے اور تھوڑا خرچ
کرکے شادی کرنا۔ **غریبانہ سامان** ادنے
درجے کا یا معمولی سامان۔ **غریب بن جانا** (لازم)
مسکینی کی باتیں کرنا۔ **غریب پرور** (صفت) عاجزوں
کی پرورش کرنے والا۔ حاکموں یا امیروں کو خطاب
کرتے یا لکھتے ہیں۔ **غریب پروری** (مونث)
غریبوں کے ساتھ مہربانی **غریب خانہ** (مذکر)
۱ وہ جگہ جہاں غریبوں کو مفت رکھا جائے اور کھانا
دیا جائے ۲ اپنے گھر کو انکسار سے کہتے ہیں۔
غریب زادہ (صفت) حرامی۔ حرامزادہ۔
غریب غربا (صفت) مفلس۔ نادار۔ بھوکے۔
غریب نواز (صفت) غریبوں کی پرورش
کرنے والا۔ **غریب نوازی** (مونث) ۱ غریبوں
کی پرورش۔ غریبوں پر مہربانی ۲ اجنبیوں کے ساتھ
اچھا سلوک۔ مہمان نوازی۔ **غریبہ** (صفت مونث)
عجیب۔ نادر۔ کمیاب **غریبی** (مونث) ۱ غربت۔
مفلسی۔ ناداری ۲ عاجزی ۳ سادگی ۴ بے وطنی ہونا
غریبی آنا (لازم) غریب یا مفلس ہونا۔

امثال واقوال غریب

تیرے تین نام جھوٹا پاجی بے ایمان
۔ غریب کی بہت بے عزتی ہوتی ہے **غریب کو**
کوڑی اشرفی ہے ۔ غریب بہت تھوڑی

چیز سے راضی ہو جاتا ہے۔ **غریب کی جوانی گرمی کی دھوپ جاڑے کی چاندنی** (اکارت جاتی ہے) ان چیزوں کا کوئی لطف نہیں اٹھاتا۔ **غریب کی جورو اور سب کی بھابی (زبردست کی جورو سب کی دادی)** **غریب کی جورو سب کی سرہج** غریب پر سب کا بس چلتا ہے۔ (زبردست سے سب ڈرتے ہیں)۔ **غریب کی جورو اور عمدہ خانم نام**۔ دیکھو برعکس نہند نام زنگی کافور۔ **غریب نے روزہ رکھا دن بڑھا**۔ **غریبوں نے روزے رکھے دن بڑے آئے۔** (ہو گئے) اس وقت کہتے ہیں جب کوئی کام کرے اور اس میں دقتیں پیدا ہوں۔ **غریبی حلیمی عدل پادشاہی** عجز و انکسار کا بڑا درجہ ہے۔

غریز (ع۔ مذکر) ۱ حلم۔ نرمی۔ شرافت ۲ رحم تحمل۔ (غرز۔ ہونا) **غریزی** (صفت) قدرتی۔ طبعی۔ اصلی (حرارت کے ساتھ)۔

غریق (ع۔ صفت) ۱ ڈوبا ہوا۔ غرق ۲ ڈوبتا ہوا ۳ (مذکر) ڈوبتا ہوا آدمی۔ (غرق۔ ڈوبنا) **غریق دریائے محبت** (صفت) عاشق۔ **غریق رحمت** (صفت) خدائے تعالیٰ کی رحمت میں ڈوبا ہوا۔ مرحوم۔ مغفور۔ **غریق رحمت ہو** (صفت) خدا جنت نصیب کرے۔

غرین (ف۔ مذکر) جنگل وہ جگہ جہاں شیر رہیں۔ کچھار۔

غریو۔ غرلو (ع۔ مذکر) ۱ شور غل ۲ فریاد۔ (پیدا ہونا کے ساتھ) **غریو سمانا** (لازم) شور چاروں طرف پھیلنا۔

غڑاپ (اردو۔ مذکر) آواز پانی میں ڈوبنے کی۔ **غڑاپ سے** (ف) جلدی سے۔

غڑپ (اردو۔ مونث) ۱ ڈوبنے کی آواز ۲ کسی چیز کے فوراً اندر داخل ہونے یا نکلنے کی آواز۔ **غڑپ سے** (ف) جلدی سے۔ **غڑپ شڑپ** (صفت) ۱ جلدی کھا جانا ۲ جلد جلد باتیں کرنا۔

غز (ف۔ مذکر) ایک ترک قوم جو لوٹ مار کرتی تھی۔

غزا (ع۔ مذکر) مذہبی جنگ۔ کافروں کے ساتھ لڑائی۔ **غزات** (مونث) لڑائی جنگ۔

غزا (ع۔ مذکر) جمع غازی کی۔ لڑنے والے سپاہی۔ جرنیل۔

غزات (ع۔ مذکر) جمع غازی کی۔ لڑنے والے سپاہی۔ شجاعان۔ بہادران۔

غزال (ع۔ مذکر) ۱ ہرن۔ آہو ۲ نازک شخص ۳ طوس کے قریب ایک گاؤں جو امام غزالی کا وطن تھا۔ **غزال چشم** (صفت) جس کی آنکھیں ہرن کی طرح ہوں۔ **غزال ختن**۔ رعنا یا شہری صحرا۔ رعنائی (کنایتاً) معشوق۔ **غزال کعبہ** (مذکر) ایک سونے کا ہرن جو زمانہ جاہلیت میں زمزم میں پایا گیا اور اسے کعبہ میں لٹکایا گیا تھا۔ **غزالہ** (مذکر) مادہ بچہ آہو۔ **غزالۂ فلک** (مذکر) سورج۔ **غزالی** (صفت) غزال کا رہنے والا۔

غزل (ع۔ مونث) وہ اشعار جن میں حسن و عشق اور ان کے متعلقات کا ذکر ہو یہ ہر بحر میں کہی جاتی ہے پہلے شعر کے دونوں مصرعوں کا قافیہ ہوتا ہے۔ اسے مطلع کہتے ہیں۔ سب سے اچھے شعر کو شاہ بیت کہتے ہیں۔ (غزل۔ عورتوں سے محبت کی باتیں کرنا) **غزل بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) غزل پر اصلاح ہونا۔ **غزل پرداز** (صفت) شاعر۔ **غزل پڑھنا** (متعدی) غزل سنانا۔ **غزل پھیکی پڑ جانا یا ٹھنڈی ہونا** (لازم) غزل میں شوخی یا خوبی نہ ہونا۔ **غزل چمکانا** (متعدی) غزل کو اصلاح دیکر بہت اچھا بنا دینا۔ **غزل چمکنا** (لازم) غزل بہت اعلیٰ ہونا۔ یا تعریف کے قابل ہونا۔ **غزل خواں** (صفت) وہ جو غزل پڑھے یا سنائے۔ **غزل خوانی** (مونث) غزل پڑھنا۔ **غزل دکھانا** (م) **دیکھنا** (متعدی) غزل پر اصلاح دینا۔ **غزل سرا** (صفت) گا کر غزل پڑھنے والا۔ **غزل سرائی** (مونث) غزل گا کر پڑھنا۔ **غزل سرسبز ہونا** (لازم) غزل چمکنا۔ **غزل سست ہونا** (لازم) غزل میں شوخی یا خوبی نہ ہونا۔ **غزل سیر کہنا** (متعدی) بہت طویل غزل کہنا۔ **غزل طراز** (صفت) غزل پڑھنے والا۔ **غزل کہنا** (متعدی) غزل تصنیف کرنا۔ **غزل کہوانا** (م) کسی سے غزل تصنیف کرانا۔ **غزل کی زمین** یا **طرح** (مونث) بحر یا وزن جس میں غزل کہی جائے اور جس میں قافیہ ردیف ظاہر کرنے کے لئے مصرع دیا جائے۔ **غزل گو** (صفت) غزل سنانے والا۔ **غزل گوئی** (مونث) غزل سنانا۔ **غزل لکھنا** (متعدی) غزل کو کاغذ پر تحریر کرنا۔ **غزل لانا** (متعدی) غزل لکھ کر استاد کے پاس برائے اصلاح پیش کرنا۔ **غزلیات** جمع غزل کی۔

غزنوی (۱۷۷ - ۱۱۹۱) غزنی کا ایک ترک خاندان جس کی بنا الپتگین کے ایک غلام سبکتگین نے رکھی تھی۔

غزوات (ع۔ مذکر) جمع غزوہ۔

غزوہ (ع۔ مذکر) کافروں سے وہ لڑائیاں جن میں پیغمبر صلعم شریک تھے۔ جہاد

غسّال (ع۔ مذکر) مُردوں کو نہلانے والا شخص۔ مردہ شو۔ (غسل۔ نہانا) **غسّالہ** (مونث) مُردوں کو نہلانے والی عورت۔

غسالہ (ع۔ مذکر) وہ پانی جسے منہ ہاتھ دھوکر پھینک دیا جائے۔ (غسل۔ نہانا)۔

غسّان (ع۔ مذکر) ۱ جوانی کا جوش۔

غُسل (ع۔ مذکر) ۱ تمام بدن کو دھونا ۲ مردے کو نہلانا (غسل۔ نہانا) **غسلخانہ** (مذکر) ۱ نہانے کا کمرہ ۲ حمام ۳ میت کو غسل دینے کی جگہ۔ **غسل دینا** (متعدی) مردے کو نہلانا۔ نہلانا۔ **غسل صحت** (مذکر) بیماری سے اچھا ہونے پر نہانا۔ **غسل کا پانی** (مذکر) وہ پانی جو نہانے کے لئے رکھا جائے۔ (لگانا۔ لگنا کے ساتھ) **غسل کرنا** (متعدی) نہانا۔ **غسل کی حاجت ہونا** (لازم) احتلام ہونا۔ بدن ناپاک ہونا۔ **غسلِ میّت** (مذکر) مردے کو نہلانا۔

غسیل (ع۔ صفت) دھویا ہوا۔

غش (ع۔ مذکر) ۱ بیہوشی ۲ عاشق۔ شیفتہ۔ (غشی۔ بیہوش ہونا) **غش آنا** (لازم) بیہوش ہونا۔ غشی طاری ہونا۔ **غش پڑنا** (لازم) غش آنا (متعدی) **غش پہ غش آنا** (لازم) کوئی بری خبر سنکر یا کسی صدمہ روحانی کی وجہ سے بار بار بے ہوش ہونا۔ **غش سے افاقہ ہونا یا فرصت پانا** (لازم) غشی دور ہونا۔ ہوش آنا۔ **غش طاری ہونا** (لازم) بیہوش ہونا۔

غش کرنا (متعدی) ۱بیہوش ہونا ۲ اترانا ۳ عاشق ہونا۔ کوئی خوبصورت چیز دیکھ کر حیران رہجانا **غش کھانا** (متعدی) ۱ بیہوش ہونا ۲ عاشق ہونا۔ **غش لانا** (متعدی) بیہوش ہونا۔ **غش میں پڑا ہونا** (لازم) بیہوش پڑا ہونا **غش میں رہنا** (لازم) بے ہوش رہنا **غش ہونا** (لازم) ۱ بے ہوش ہونا ۲ (پر) عاشق ہونا **غشی** (مونث) بیہوشی **غشی طاری ہونا** (لازم) بیہوش ہونا۔

غِش (ع۔ مذکر) ۱ کھوٹا پن۔ آمیزش ۲ تشویش۔ بے غل وغش میں استعمال ہوتا ہے ۳ کدورت۔ رنج۔ نفرت ۴ دھوکا۔ دغابازی۔

غَصْب (ع۔ مذکر) ۱ ظلم۔ بے انصافی ۲ زبردستی لینا ۳ خیانت۔ **غصباً** (تف) غصب سے **غصبی** (صفت) غصب کیا ہوا مال۔

غُصّہ (ع۔ مذکر) خفگی۔ ناراضگی۔ طیش۔ کرودھ۔ تیہا۔ عتاب۔ جھوہ۔ جھنجھٹ۔ بمس۔ خشم۔ غضب۔ قہر۔ غش۔ دم بند ہونا **غصہ آنا** (لازم) تیہا آنا۔ طیش آنا **غصہ اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) غصہ کسی پہ آنا اور سرزنش کسی کو ہونا۔ بخار نکلنا **غصہ اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) خفگی کا متحمل ہونا **غصہ پی جانا** (لازم) طیش کو روکنا **غصہ تھام لینا یا تھامنا** (متعدی) غصہ ضبط کرنا **غصہ تھوک دینا یا ڈالنا** (لازم) ناراضگی جانے دینا خفگی سے باز آنا **غصہ جتانا** (متعدی) ناراض ہونے ہونا۔ **غصہ خدا کی پناہ** (ان کا میرا کے ساتھ) سخت غصہ **غصہ سے بھوت ہو جانا** (لازم) بیحد ناراض ہونا **غصہ ضبط کرنا** (متعدی) طیش کو روکنا۔ **غصہ فرو ہونا** (لازم) غصہ جاتا رہنا **غصہ کا جوش** (مذکر) سخت غصہ ۲ آنا اترنا کے ساتھ **غصہ کرنا** (متعدی) ناراض ہونا **غصہ کھانا** (لازم) بہت ناراض ہونا **غصہ کی آنکھ** (مونث) خفگی کی نظر **غصہ کی جھانجھ** (مونث) غصہ کا جوش یا تیزی۔ **غصہ کے مارے بھوت ہو جانا** (لازم) بہت خفا ہونا آپے سے باہر ہو جانا **غصے کے مارے تھرا اٹھنا** (لازم) غصے کی شدت سے کانپ اٹھنا **غصہ مارنا** (لازم) خفگی روکنا **غصہ مر جانا** (لازم) ناراضگی جاتی رہنا **غصہ میں آگ رہنا**۔ (لازم) ہر وقت غصہ سے بھرا رہنا۔ **غصہ میں بھرا ہونا۔ بھر جانا یا بھرنا** (لازم) سخت غصہ میں ہونا۔ نہایت خفا ہونا **غصہ میں بھرے بیٹھے ہیں**۔ بہت ناراض ہیں۔ **غصہ میں لانا** (متعدی) ناراض کرنا۔ غصہ دلانا۔ **غصہ میں ہونا** (لازم) ناراض ہونا **غصہ ناک پر (دھرا رہنا) ہونا** (لازم) ذرا ذرا سی بات پر ناراض ہونا **غصہ ناک** (صفت) غصے سے بھرا ہوا **غصہ ناک ہونا** (لازم) غصے ہونا **غصہ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) دل کا بخار نکلنا۔ غصہ اترنا بدلا لیکر دل ٹھنڈا ہونا **غصہ وَر** (صفت) وہ جسے جلد غصہ آئے۔ بدمزاج۔ **غصے** (صفت) ناراض خفا۔ **غصے کو ضبط کرنا** (متعدی) طیش کو روکنا **غصے میں ہونا** (لازم) ناراض ہونا۔ طیش میں ہونا **غصے ہونا** (لازم) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔

امثال واقوال۔ **غصہ بڑا عقلمند ہوتا ہے**۔ زبردست پر کبھی غصہ نہیں آتا **غصہ بہت زور تھوڑا مار کھانے کی نشانی**۔ کمزور کا غصہ اس کی ذلت کا موجب ہے **غصہ حرام ہے**۔ غصہ کی وجہ سے بہت گناہ ہوتے ہیں غصہ نہیں کرنا چاہیئے۔ **غصہ کمزور پر آتا ہے**۔ اپنے سے زبردست پر آدمی ناراض نہیں ہوتا **غصے میں انسان باؤلا ہو جاتا ہے**۔ غصے میں آدمی پاگلوں کی طرح کام کرتا ہے **غصے میں برائی بھلائی نہیں سوجھتی**۔ غصے کی وجہ سے نیک و بد کا خیال نہیں رہتا۔ **غصے میں عقل جاتی رہتی ہے**۔ غصے کی حالت میں انسان کو کچھ نہیں سوجھتا۔

غَصِیل۔ غُصَیلا۔ (ع صفت) ۱ وہ جسے بہت غصہ آئے۔ غصہ ور ۲ بدخو۔ بدمزاج۔

غَضَب (ع۔ مذکر) ۱ دیکھو غصہ ۲ آفت۔ بلا۔ مصیبت ۳ سختی۔ زبردستی۔ ۴ اندھیر۔ ظلم۔ ستم ۵ نہایت بری بات ۶ لعنت۔ مار ۷ بدذات شخص ۸ ظلم کرنے والا شخص ۹ (صفت) ناراض۔ خفا ۱۰ باثر۔ کارگر ۱۱ بڑھ چڑھ کے نہایت اعلیٰ۔ بہت اچھا ۱۲ فتنہ و فساد پیدا کرنے والا شریر ۱۳ آفت کا پرکالہ ۱۴ نہایت مشکل۔ دشوار ۱۵ عجیب۔ انوکھا ۱۶ حسین۔ خوبصورت ۱۷ خوبی میں اعلیٰ۔ ۱۸ ضرررساں۔ برا۔ مضر ۱۹ حیرت یا تعجب ظاہر کرنے کے لئے ۲۰ افراط ظاہر کرنے کے لیے۔ ۲۱ مجبوری اور افسوس ظاہر کرنے کے لئے **غضباً** (تف) غصے میں۔ غصے ہونا۔ **غضب آلود۔ آلودہ یا آمیز** (صفت) غصے سے بھرا ہوا۔ **غضب آلود آنکھ** (مونث) غصے سے بھری ہوئی آنکھ۔ **غضب آنا** (لازم) ۱ غصہ آنا ۲ آفت آنا ۳ شامت آنا۔ **غضب الٰہی**۔ (مذکر) ۱ خدا کا قہر ۲ (بددعا) خدا کا قہر ٹوٹے۔ **غضب اندود** (صفت) غضبناک۔ غصہ سے بھرے ہوئے۔ **غضب پڑے** (بددعا) قہر نازل ہو۔ **غضب توڑنا** (متعدی) ۱ فساد برپا کرنا۔ فتنہ اٹھانا ۲ غصہ کرنا۔ **غضب ٹوٹ پڑنا**۔ (لازم) ۱ آفت آنا ۲ ناراض ہونا۔ ناخوش ہونا **غضب ٹوٹنا** (لازم) آفت آنا **غضب جوتنا** (متعدی) ہنگامہ مچانا (عو) **غضب خدا** (مذکر) ۱ خدا کا قہر ۲ تعجب ظاہر کرنے کے لئے۔ **غضب خدا کا** حیرت۔ تعجب یا نفرت ظاہر کرنے کے لئے بولا جاتا ہے **غضب خدا کا نازل ہونا**۔ (لازم) خدا کا قہر اترنا۔ سخت مصیبت آنا **غضب ڈھانا** (متعدی) ۱ عجیب یا انوکھی بات کرنا ۲ آفت برپا کرنا ۳ ظلم کرنا ۔ سختی کرنا۔ **غضب رے** (کلمۂ تعجب) بل بے۔ **غضب سنو**۔ غضب کی بات دیکھو۔ **غضب طاری ہونا** (لازم) سخت غصہ آنا۔ **غضب کا** (صفت) ۱ بہت۔ نہایت ۲ بہت تیز ۳ آفت برپا کرنے والا ۴ خونی ک۔ ڈراونا ۵ بیان سے باہر۔ **غضب کا بنا ہوا** (صفت) شریر۔ آفت کا پرکالہ۔ **غضب کا جاڑا**۔ (مذکر) سخت سردی **غضب کا حسین** (صفت) بے حد خوبصورت **غضب کا سامنا** (مذکر) آفت کا مقابلہ **غضب کرنا** (متعدی) ۱ ظلم کرنا ۲ حیرت انگیز کام کرنا ۳ برا کرنا **غضب کی بات** (مونث) حیرت اور تعجب کی بات۔ (ہونا کے ساتھ) **غضب کی جا ہے**۔ دیکھو غضب ہے۔ **غضب کی چھل بل** (مونث) بیحد شوخی **غضب کی سردی (گرمی)** (مونث) بہت سردی (گرمی) **غضب کی نگاہ رکھنا** (متعدی) بہت اچھا جانچنا۔ پرکھنے کا بیحد مادہ ہونا۔ **غضب لانا** (متعدی) آفت لانا۔ مصیبت لانا **غضب میں آجانا** (لازم) آفت میں مبتلا ہونا **غضب میں پڑنا یا گرفتار ہونا** (لازم) جھگڑے

میں پھنسنا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔ **غضب میں ڈالنا** (متعدی) مصیبت میں ڈالنا۔ **غضب نازل کرنا** (متعدی)۔ **ہونا** (لازم) کسی پر کوئی آفت آنا۔ مصیبت آنا۔ **غضبناک** (صفت) غصے میں بھرا ہوا۔ برہم۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **غضب ہوگیا**۔ بہت برا ہوا۔ **غضب ہونا** (لازم) ۱ خفا ہونا ۲ غصے ہونا ۳ کام خراب ہونا۔ ایسا امر ہونا جو موجب خرابی ہو ۴ آفت ہونا۔ بہت چالاک ہونا۔ **غضب ہے** ۱ ستم ہے۔ اندھیر ہے ۲ کمال ہے۔ سبحان اللہ۔ **غضبی** (صفت) ۱ ظالم۔ غصہ ور ۲ (مذکر) ظالم شخص۔ غصہ والا شخص ۳ بیدھڑک آدمی ۴ (مونث) غصہ۔ غضب۔ **غضبی آنا** (لازم) غصہ آنا۔ **غضبی باندی** (مونث) وہ باندی جو زیر عتاب ہو۔ **غضبی خانہ** (مذکر) ۱ غصہ۔ غضب۔ قہر ۲ عتاب (مو) **غضبی خانہ اتارنا** (متعدی) ۱ غصہ ہونا۔ ناراض ہونا ۲ آفت لانا۔ **غضبی خانہ اترنا** (لازم) ۱ آفت آنا ۲ عتاب نازل ہونا۔

غضنفر (ع۔ مذکر) ۱ شیر۔ اسد ۲ بہادر ۳ دیکھو الغضنفر (غضنفر۔ بھاری ہونا) **غضنفری** (مونث) بہادری۔ شجاعت۔

غطفان (ع۔ مذکر) دو عرب قبیلوں کا نام۔

غف (ف۔ صفت) موٹا۔ غلیظ۔ گاڑھا۔ گف۔

غفار (ع۔ صفت) ۱ معاف کرنے والا ۲ خدا کا نام۔ **غفار الذنوب** (صفت) گناہوں کو معاف کرنے والا۔ خدائے تعالیٰ۔

غفار (ع۔ مذکر) ۱ ایک قبیلہ کا جد اعلیٰ ۲ ایک عرب قبیلہ۔

غفر (ع۔ مذکر) یمن میں ایک قلعہ۔

غفران (ع۔ مذکر) معافی۔ آمرزش (غفر۔ ڈھانپنا)

غفران پناہ (صفت) وہ جس نے خدا کی معافی میں پناہ لی ہو۔ متوفی۔ مغفور۔ مرحوم۔ **غفران مآب** (صفت) مرحوم۔ مغفور۔

غفص (ع۔ صفت) چھوٹا۔ کوتاہ۔ (غفص۔ یکایک پہنچ جانا) **غفص گردن** (صفت) کوتاہ گردن۔

غفلت (ع۔ مونث) ۱ بھول چوک۔ غلطی ۲ خطا۔ قصور ۳ غشی۔ بے ہوشی ۴ بیخبری۔ لاپروائی ۵ اونگھ۔ نیند۔ (غفل۔ لاپروا ہونا) **غفلت پیشہ۔ زدہ۔ شعار یا کار** (صفت) غافل۔ بےخبر۔ غفلت کرنے والا۔ **غفلت چھانا یا طاری ہونا** (لازم) غافل ہو جانا۔ اونگھنا۔ **غفلت سے** (تف) لاپروائی سے۔ **غفلت کا پردہ** (مذکر) بے پروائی اور بھول کسی کام میں۔ (پڑ جانا۔ پڑنا۔ حائل ہونا۔ ڈالنا کے ساتھ) **غفلت کا نتیجہ** (لازم) لاپروائی کی وجہ سے ہونا۔ **غفلت کرنا** (متعدی) ۱ کوتاہی کرنا۔ لاپروائی کرنا ۲ خبر نہ لینا۔ **غفلت کی نیند سونا** (لازم) ۱ غافل ہو کر سونا۔ گہری نیند سونا ۲ دنیا و مافیہا کی کچھ خبر نہ ہونا۔

غفور (ع۔ صفت) ۱ معاف کرنے والا ۲ (مذکر) خدا کا ایک نام۔ (غفر۔ ڈھانپنا۔ معاف کرنا) **غفور الرحیم** (صفت) ۱ بخشنے اور رحم کرنے والا ۲ خدا کے صفاتی نام۔ عموماً اسیطرح قرآن شریف میں آتے ہیں۔

غفیر (ع۔ صفت) ۱ بہت۔ بیحد ۲ تمام ۳ جو کل جگہ کو ڈھانپ لے جیسے جم غفیر۔ (غفر۔ ڈھانپنا)

غل (ع۔ مذکر) ۱ بےحد پیاس لگنا ۲ داخل ہونا ۳ لانا ۴ آمدنی دینا۔ پیپ دار ہونا ۵ بیڑی لگانا ۶ گلے میں زنجیر ڈالنا۔

غل (ع۔ مذکر) کینہ۔ کدورت۔ اردو میں بالتشدید۔ (غل۔ کینہ رکھنا) **غل وغش** (مذکر) کینہ و کدورت۔

غل (ف۔ مذکر) ۱ شور۔ غوغا۔ ہنگامہ۔ (آنا۔ اٹھنا۔ کرنا۔ مچانا۔ مچنا۔ ہونا کے ساتھ) ۲ دھوم۔ غلغلہ۔ (ف غلغل کا مخفف) **غل شور یا غپاڑا** (مذکر) بہت شور۔ شور و غوغا۔ (مچانا۔ مچنا کے ساتھ)

غل (ع۔ مذکر) ۱ زنجیر۔ ہتھکڑی ۲ بیحد پیاس ۳ بنیوں کا چرا ۴ آدمیوں کو مارنے کا کانٹا ۵ کوئی چیز جو گردن میں ڈالی جائے۔ چاہے لوہے لکڑی یا چمڑے کی ہو۔ **غل و زنجیر میں گرفتار ہونا** (لازم) قید ہونا۔ ہاتھوں میں ہتھکڑی اور زنجیر پڑی ہونا۔

غلات (ع۔ مذکر) غالی کی جمع۔ مذہب اسلام کے وہ فرقے جو اوتاروں اور تناسخ کو مانیں۔

غلاظت (ع۔ مونث) ۱ نجاست۔ ناپاکی۔ گندگی ۲ گاڑھاپن (غلظ۔ گاڑھا ہونا)

غلاف (ع۔ مذکر) ۱ تکیہ وغیرہ کے اوپر کا کپڑا ۲ جزدان ۳ تلوار کا میان ۴ پوشش جو کعبہ پر ہر سال چڑھائی جاتی ہے ۵ ستار وغیرہ کا کپڑا۔ (اتارنا۔ اترنا۔ چڑھانا۔ چڑھنا وغیرہ کے ساتھ) (غلف۔ کپڑا یا خول میں) ۶ خول ۷ حشفہ کے اوپر کا چمڑا جو ختنہ میں کاٹ دیتے ہیں **غلاف قلب** (مذکر) ایک جھلی جو دل کے اوپر ہوتی ہے۔ **غلاف کرنا** (متعدی) ۱ شیرہ چڑھانا ۲ تلوار کو نیام میں کرنا۔ **غلاف کعبہ** (مذکر) غلاف ۴۔ **غلافنا** (متعدی) شیرہ چڑھانا۔ **غلافی آنکھ** (مونث) وہ بڑی آنکھ جو پپوٹوں سے ڈھکی ہوئی ہو۔

غلام (ع۔ مذکر) ۱ لڑکا۔ طفل ۲ زرخرید لڑکا جو بے تنخواہ کام کرے۔ بندہ۔ بردہ۔ عبد۔ داس۔ حلقہ بگوش۔ کنکر ۳ نوکر۔ ملازم ۴ تاش کا ایک پتہ جو دہلے سے بڑا اور تصویر والوں میں سب سے چھوٹا ہوتا ہے ۵ گنجفے کی ایک بازی ۶ (صفت) انکسار سے اپنے متعلق کہا جاتا ہے۔ نیازمند۔ عقیدتمند۔ ۷ نمک خوار ۸ فرماں بردار۔ مطیع۔ (غلم۔ شہوت کا جوش ہونا) **غلامان** (جمع) غلام کی۔ **غلامانہ** (صفت) غلام کی طرح۔ **غلام بنا لینا۔ بنانا** (متعدی) ۱ مطیع کر لینا ۲ گرویدہ کر لینا۔ احسان کر کے مشکور کرنا۔ **غلام بے درم** (مذکر) بے داموں کا غلام۔ وہ شخص جو بیحد ممنون ہو۔ **غلام حلقہ بگوش** (مذکر) اگلے زمانہ میں غلاموں کے کانوں میں بالیاں پہنا دیتے تھے۔ یہ غلاموں کی نشانی تھی۔ زرخرید غلام۔ **غلام زرخرید** (مذکر) ادنے درجہ کا غلام۔ **غلام زادہ** (مذکر) انکسار سے اپنے لڑکے کے متعلق کہتے ہیں۔ **غلام کا تلام (بلکہ اتلام)** (مذکر) غلام کا غلام۔ ادنے درجے کا غلام۔ آخری دو الفاظ کے ساتھ بختیارک وزیر لقا اپنے آپ کو عمرو یا اس کے لڑکوں کے سامنے ظاہر کیا کرتا تھا۔ **غلام کرنا** (متعدی) مطیع بنانا۔

غلام گردش (مذکر) کوٹھی محل یا خیمہ کے چاروں طرف کا برآمدہ۔ **غلام مال** (مذکر) وہ چیز جس کو بے تکلف ہر وقت استعمال کر سکیں۔ **غلام مول لینا** (متعدی) ۱ غلام خریدنا ۲ جس سے بہت کام لیا جائے۔ وہ کہتا ہے کہ کیا غلام مول لیا ہے۔ **غلام ہونا** (لازم) مطیع ہونا۔ تابع ہونا **غلامی** (مونث) ۱ غلام ہونا۔ غلام کی حیثیت ۲ تابعداری۔ فرماں برداری۔ اطاعت ۳ قید **غلامی اختیار کرنا** (لازم) ۱ اطاعت کرنا ۲ ملازمت کرنا۔ **غلامی سے گردن نہ پھیرنا** (متعدی) اطاعت کرنا۔ فرماں برداری کرنا **غلامی کا خط**۔ (لازم) اطاعت اور فرماں برداری کی تحریر۔ (لکھنا لکھوانا کے ساتھ) **غلامی کرنا** (متعدی) خدمت کرنا۔ **غلامی میں دینا** (متعدی) خدمت میں دینا۔ خدمت کے لئے دینا۔ استاد کے پاس بچہ پڑھنے یا کام سیکھنے کے لیے بٹھانے کے موقع پر کہتے ہیں۔ **غلامی میں رہنا** (لازم) تابعداری کرنا۔ فرماں برداری کرنا۔ **غلامی میں قبول کرنا** (متعدی) ۱ ملازم رکھنا ۲ داماد بنانا۔

امثال و اقوال

۔**غلام آب کش باید نہ خشت زن**۔ غلام خدمت گزار اچھا ہوتا ہے۔ ورنہ مفت کا بار ہے۔ **غلام اور چونا بغیر پٹے کام نہیں دیتا**۔ کم اصل بغیر درستی اور مرمت کے ٹھیک نہیں ہوتا۔ **غلام ساتھ تو کبھی نا تھ**۔ غلام کا اعتبار نہیں کرنا چاہیے۔ **غلام ساٹھ تو بھی ہاٹھ**۔ غلام بوڑھا ہو جائے تو بھی قابل اعتبار نہیں۔ **غلام کو اور چینے کو منہ نہ لگائے**۔ غلام سر چڑھ جاتا ہے اور چینا کھانے کی عادت ہو جاتی ہے۔

غلّانی (ف۔ صفت) غلّہ کی طرح۔ گول گول۔ **غلّانی آنکھیں** (مونث) گول گول اور بڑی بڑی آنکھیں۔

غلبہ (ع۔ مذکر) ۱ زیادتی۔ افزونی ۲ فوقیت۔ برتری ۳ جیت۔ فتح ۴ حملہ۔ ہجوم ۵ طاقت ۶ مقابلے میں کامیابی۔ (غَلَبَ۔ قابو پانا) **غلبہ پانا** (لازم) فتح پانا۔ غالب ہونا۔ **غلبۂ رائے** (مونث) کثرت رائے کی زیادتی۔ **غلبہ کرنا** (متعدی) ۱ حملہ کرنا۔ چڑھائی کرنا ۲ ہجوم کرنا۔ **غلبہ ہونا** (لازم) ۱ زیادتی ہونا ۲ ہجوم ہونا ۳ فتح ہونا۔

غلت (ع۔ مونث) حساب اور گنتی کی بھول چوک (غَلِتَ۔ غلطی کرنا)۔

غلچہ (ف۔ مذکر) وہ قومیں جو پامیر کے گرد و نواح میں آباد ہیں۔

غلزئی (ف۔ مذکر) افغانوں کی سب سے بڑی قوم۔

غلط (ع۔ صفت) ۱ نادرست غیر صحیح ۲ دروغ۔ جھوٹ۔ لغو۔ خلاف واقعہ ۳ (مذکر) غلطی۔ (غَلَطَ۔ بھول جانا) **غلط العام** (مذکر) وہ غلطی جو عام استعمال کی وجہ سے صحیح سمجھی جائے جیسے کافر۔ جو کسرے سے درست ہے۔ **غلط العوام** (مذکر) وہ غلطی جو بازاری لوگ جہالت کی وجہ سے کرتے ہیں۔ **غلط انداز** (صفت) نگاہ یا تیر جو نشانے پر نہ لگے۔ **غلط بردار** (مذکر) ۱ وہ اوزار جس سے لفظ مٹائیں۔ ربڑ ۲ وہ کاغذ جس پر سے حرف آسانی سے اڑ سکیں۔ **غلط بیانی** (مونث) جھوٹ۔ دروغ۔ خلاف واقعہ بات بیان کرنا۔ **غلط بیں** (صفت) غلط انداز۔ **غلط ٹھیرانا** (متعدی) **ٹھیرنا** (لازم) نادرست ہونا۔ غلط تسلیم ہونا۔ رد ہونا۔ **غلط در غلط** (صفت) وہ (غلطی) جس کا انحصار دوسری غلطی پر ہو۔ **غلط سلط** (مذکر) غلط۔ جھوٹ موٹ۔ (سلط تابع مہمل ہے) **غلط سمجھنا** (لازم) ۱ درست نہ خیال کرنا۔ جھوٹ سمجھنا ۲ غلط رائے قائم کرنا ۳ کچھ کا کچھ سمجھنا۔ غلطی کھانا۔ **غلط فہم** (صفت) کج فہم۔ ناسمجھ **غلط فہمی** (مونث) ۱ کج فہمی۔ ناسمجھی ۲ ایک دوسرے کی بات کو نہ سمجھنے کی غلطی۔ (پھیلانا پھیلنا ہونا کے ساتھ) **غلط فیصلہ** (مذکر) فیصلہ جو انصاف کے برخلاف ہو۔ **غلط کار** (صفت) دھوکہ دینے والا **غلط کاری** (مونث) ۱ بداعمالی۔ بدچلنی۔ بدکاری ۲ دھوکا۔ دغا۔ **غلط گوئی** (مونث) غلط بیانی۔ **غلط نامہ** (مذکر) صحت نامہ۔ غلطیوں کی فہرست **غلط نکلنا** (لازم) جھوٹ ثابت ہونا **غلطی** (مونث) ۱ خطا۔ بھول۔ چوک۔ سہو۔ نادرستی ۲ خلاف بیانی۔ جھوٹ ۳ ناسمجھی۔ **غلطیاں** (مونث) غلطی کی جمع۔ **غلطیاں نکال ڈالنا** (متعدی) تصحیح کرنا **غلطیاں نکالنا** (متعدی) ۱ اعتراض کرنا ۲ نقص نکالنا **غلطیاں نکلنا** (لازم) نقائص معلوم ہونا **غلطی پڑنا** (لازم) سہو ہو جانا۔ **غلطی پکڑنا** (متعدی) غلطی نکالنا۔ (غف) **غلطی سے** (تف) بھول سے۔ بغیر ارادہ۔ **غلطی کرنا یا کھانا** (متعدی) ۱ خطا کرنا۔ دھوکا کھانا ۲ بھولنا۔ چوکنا **غلطی میں پڑنا** (لازم) دھوکا کھانا۔ چوک جانا **غلطی نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) نقص معلوم ہونا۔ نادرست بات پکڑی جانا۔ **غلطی ہونا** (لازم) سہو ہونا۔ بھول ہونا۔

مثل۔ غلط العام فصیح

وہ غلطی جو بولنے میں اہل زبان عام طور پر کرتے ہیں۔ فصحا درست تسلیم کر لیتے ہیں۔

غلطاں (ف۔ صفت) ۱ لوٹتا ہوا۔ لڑھکتا ہوا ۲ لوٹنے والا۔ تڑپنے والا (غلطیدن۔ لوٹنا) **غلطاں و پیچاں** (صفت) ۱ لوٹتا اور چکر کھاتا ہوا ۲ متفکر۔ فکر میں پریشاں۔

غلطک (ف۔ مذکر) ۱ لوٹ (مارنا کے ساتھ) ۲ گاڑی کا دھرا ۳ سوراخ دار لکڑی جسے کوئیں پر لگا کر اس کے اوپر سے رسّے پانی نکالتے ہیں۔

غلطہ (ف۔ صفت) ۱ موٹا کپڑا ۲ چمڑے کا نیام ۳ ایک قسم کی ابھار دار چنائی (معماری) ۴ ایک شہر

غلظ (مذکر) **غلظت** (ع۔ مونث) گاڑھاپن۔

غلغلہ (ف۔ مذکر) ۱ شور۔ غوغا ۲ شہرت۔ شہرہ۔ دھوم (برپا کرنا۔ یا ہونا۔ بلند ہونا۔ سننا۔ کرنا یا ہونا کے ساتھ) **غلغلہ آفت خیز** (مذکر) بےحد شور **غلغلۂ کامرانی**۔ (مذکر) فتحیابی کا شہرہ۔

غلک (ف۔ مذکر) ۱ برتن جس میں بکری وغیرہ کی آمدنی ڈالتے رہتے ہیں۔ **غلّہ** ۲ دیوار میں یا کسی جگہ وہ سوراخ جس میں بچے اپنے پیسے ڈالتے رہتے ہیں ۳ قمار خانے کی آمدنی جمع کرنے کا ظرف **غلک میں دھرنا** (متعدی) ۱ جمع کرنا ۲ اپنے پاس رکھنا۔ جیب میں رکھنا۔

غلمان (ع۔ مذکر) جمع غلام کی ۱ لڑکے۔ بچے ۲ ایک مخلوق جو بہشت میں بہشتیوں کی خدمت کے لئے ہوگی۔

غلمٹا (ہ۔ مذکر) **غلمچا** (پ)
غلام کی تصغیر ۱؎ بچہ۔ غلام ۲؎ تاش کا غلام۔
غلو (ع۔ مذکر) ۱؎ زیادتی۔ شدت
۲؎ بیحد انہماک۔ بہت مشغولیت۔ ایسا مبالغہ
جو عقلاً اور عادتاً محال ہو۔ (غلو۔ حد سے بڑھنا)۔
غلولہ (ف۔ مذکر) ۱؎ گولی یا غلہ
مٹی کا ۲؎ کوڑیاں جو مزاروں پر چڑھاتے ہیں ۳؎
شکار کے جانوروں کا مجمع۔
غلہ (ع۔ مذکر) ۱؎ اناج۔ وہ
دانے جن کا آٹا پیس کر کھانے کے لئے روٹی بنائی
جائے ۲؎ آمدنی جو مال کی فروخت سے دن بھر میں
ہو ۳؎ وہ اناج کی مٹھی جو چکی میں پیسنے کے لئے ڈالی
جائے ۴؎ بکری رکھنے کا بکس ۵؎ نبولی۔ نیم کا پھل ۶؎ وہ
گرے ہوئے آم جو مالی چن کر ایک جگہ جمع کرتے ہیں۔
(غلّ۔ داخل ہونا) **غلہ بھرنا** (لازم) اناج کا ذخیرہ
جمع کرنا۔ **غلہ کٹنکنا** (مذکر) چھاج کے ذریعے
سے غلہ صاف کرنا۔ **غلہ ڈالنا** (متعدی) چکی
میں اناج کی مٹھی ڈالنا۔ **غلہ فروش** (مذکر)
اناج بیچنے والا۔

مثل۔ غلہ چوں ارزاں
شود امسال سید می شوم۔ اُس
شخص کی نسبت بولتے ہیں جو اپنا طریقہ بدلتا ہے
اس کا پہلا مصرع ہے۔ سالِ اول مُلّا بودم سالِ
دویم میرزا۔

غُلّہ (ف۔ مذکر) غلولہ کا مخفف
مٹی کی گولی جو غلیل میں چلاتے ہیں (چلانا۔ چلنا۔ لگانا
۔ لگنا وغیرہ کے ساتھ) **غلہ مارنا** (متعدی) ۱؎
غلیل میں رکھ کر غلہ چلانا ۲؎ نشانہ مارنا ۳؎ خلل انداز
ہونا۔ مخل ہونا۔

غلی (ف۔ مذکر) وہ لگان جو
غلے کی صورت میں دیا جائے۔

غلیان (ع۔ مذکر) ۱؎ حقہ
جس پر چلم رکھ کر پی جائے ۲؎ جوش۔ غلبہ **غلیانِ
مستی** (مذکر) شہوت کا جوش یا غلبہ۔

غلیظ (ع۔ صفت) ۱؎ گاڑھا۔
گہرا ۲؎ گندا۔ میلا۔ پلید ۳؎ موٹا۔ دبیز۔ کثیف ۴؎
(مذکر) گو۔ میلا۔

غلیل (ف۔ مونث) دو تانت
کی کمان جس میں غلہ رکھ کر چلاتے ہیں۔ (غلہ سے)
غلیل اُتارنا (متعدی) غلیل کا کھنچاؤ کم کر دینا۔
غلیل باز۔ غلیلچی (مذکر) وہ شخص جو غلیل چلا کے
۔ غلہ مارنے والا۔ **غلیل بازی** (مونث) غلیل
چلانا۔ **غلیل چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) **لگانا**
(متعدی) **لگنا** (لازم) **مارنا** (متعدی) غلیل سے
غلہ مارنا۔ غلے کا نشانہ لگانا **غلیل کا کھٹکنا** (لازم)
وہ فیتہ جس میں غلہ رکھ کر چلاتے ہیں۔ **غلیلہ** (مذکر)
گولہ۔ غلہ۔

غلیواز (ف۔ مونث)
چیل۔

مثل۔ غلیواز را با کبوتر
چہ کار۔ چیل کا کبوتر سے کیا کام۔ غیر جنس سے
دوستی یا محبت نہیں ہو سکتی۔

غم (ع۔ مذکر) ۱؎ رنج۔ الم۔
حزن۔ کلفت۔ ملال۔ افسوس۔ دلگیری۔ اندوہ۔
آزردگی ۲؎ سوگ۔ ماتم۔ کہرام ۳؎ واویلا ۴؎ پروا۔ فکر
پتنا۔ (غمّ۔ ڈھانپنا) **غم آشام یا آلودہ** (صفت)
مغموم۔ محزون۔ غمناک۔ **غم آئین** (صفت)
غم دینے والا (فلک) **غم اُٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا**
(لازم) غم برداشت ہونا۔ **غم اُٹھ کھڑا ہونا**
(لازم) غم پیدا ہونا۔ **غم انگیز** (صفت) غم پیدا
ہونے والا۔ **غم پالنا** (متعدی) بکھیڑا اپنے
سر لینا۔ **غم پرست یا پرور** (صفت) جو شخص
ہمیشہ غمناک رہتا ہے۔ **غمخانہ** (مذکر) غم کا گھر۔ ماتمکدہ
غم پر غم گزرنا (لازم) رنج پر رنج گزرنا۔ **غمخوار**
(صفت) ۱؎ ہمدرد۔ دکھ درد یا رنج و راحت کا
شریک ۲؎ متحمل۔ بردبار **غمخواری** (مونث) ۱؎ ہمدردی۔
دردمندی ۲؎ تحمل۔ بردباری۔ برداشت۔ سہن۔
(کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **غمخور** (صفت) بردبار۔ متحمل
غمخوری (مونث) برداشت۔ سہار۔ بردباری
۔ تحمل۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **غمدان** (مذکر) دنیا
جو غم کی جگہ ہے۔ **غم دوست** (صفت)
رنج و غم کو دوست رکھنے والا۔ **غم دیدہ یا رسیدہ**
(صفت) مصیبت زدہ۔ **غم دیکھنا** (متعدی)
رنج و الم برداشت کرنا۔ **غمزدگی** (صفت) مغموم
ہونا۔ غم۔ **غمزدہ** (صفت) غمگین۔ مغموم۔ **غم
سے تلملانا** (لازم) غم کی وجہ سے گھبرانا۔ **غم سے
چھوٹنا** (لازم) غم سے نجات پانا۔ **غم سے دل
خالی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رو کر غم کو کم کرنا۔
غم سے گھلنا (لازم) غم کی وجہ سے دبلا یا بیمار ہونا
غم غلط (مذکر) ۱؎ وہ چیز جس سے غم بٹے ۲؎ وہ
شخص جو غم بھلائے ۳؎ (کنایتاً) شراب۔ **غم غلط کرنا**
(متعدی) **ہونا** (لازم) جی یا طبیعت بہلنا۔ غم
بھولنا۔ **غم فرسودگی** (مونث) غمزدگی۔ **غم
فرسودہ** (صفت) غمزدہ۔ **غم فزا** (صفت)
غم بڑھانے والا۔ **غم کا کھالا** (مذکر) غم کا صدمہ
۔ سخت غم۔ **غم کا پتلا** (مذکر) سراپا غم۔ **غم کا
پہاڑ** (مذکر) بیحد مصیبت (ٹوٹ پڑنا۔ ٹوٹنا۔ ہونا
کے ساتھ) **غمکدہ** (مذکر) غم یا مصیبت کا گھر
غمکدۂ عالم (مذکر) دنیا۔ **غم کرنا** (متعدی) ۱؎
رنج کرنا ۲؎ ماتم کرنا ۳؎ فکر کرنا ۴؎ کڑھنا۔ **غم کش**
(صفت) غمگین۔ مغموم۔ **غم کھانا** (متعدی)
۱؎ رنج کرنا ۲؎ فکر کرنا ۳؎ صبر کرنا ۴؎ درگزر کرنا ۵؎
دوسرے کے واسطے افسوس کرنا۔ **غم کھاؤ۔
جانے دو۔ غمگسار** (صفت) ۱؎ ہمدرد ۲؎
غمخوار۔ **غمگساری** (مونث) ہمدردی۔ غمخواری
(کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **غم گسل** (صفت) غم دور
کرنے والا۔ **غمگین** (صفت) مغموم۔ رنجیدہ۔
اُداس۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **غمگینی** (مونث)
غم۔ **غم میں جان کھونا** (متعدی) بہت غمگین
ہونا۔ غم سے بے حال ہونا۔ **غمناک** (صفت)
رنجیدہ۔ **غم نہیں۔** کچھ پروا نہیں۔ **غم و الم**
(مذکر) رنج و غم (کا پہاڑ ٹوٹنا۔ ہجوم ہونا وغیرہ
کے ساتھ) **غم ہجر** (مذکر) فراق کا غم۔ **غمی** (مونث)
۱؎ موت۔ ماتم ۲؎ (صفت) غمگین۔ **غمی ہو جانا**
(لازم) موت ہو جانا۔

امثال و اقوال۔ غم

پشم جھانٹ شادی یا بادی
۔ آزاد فقیروں کا قول۔ مجھے غم یا خوشی کی پروا
نہیں۔ **غم فردا نباید خورد امروز۔** آنے
والی مصیبت پر پہلے سے ہی غم نہ کھانا چاہیئے۔
غم نداری بز بخر۔ اگر تجھے کوئی غم نہیں تو
بکری خرید لے۔ اس وقت کہتے ہیں جب کوئی
ایسا کام کرے جس سے فکر و تردد میں پڑ جائے۔

غمّاز (ع۔ مذکر) ۱؎ چغلخور ۲؎
جاسوس ۳؎ (صفت) آنکھ سے اشارہ کرنے والا
۴؎ طعنہ دینے والا۔ طعنہ زن۔ (غمز۔ اشارہ کرنا

۔طعنہ دینا۔) **غمازی** (مونث) ۱۔ چغلخوری۔ بدگوئی ۲۔ جاسوسی۔

غمدان (ع۔ مذکر) صنعا میں ایک قلعہ جس کے متعلق خیال ہے کہ طوفان نوح کے بعد سب سے پہلے بنا تھا اور جو خلفا کے زمانے میں گرایا گیا تھا۔

غمزہ (ع۔ مذکر) ۱۔ چشم و ابرو کا اشارہ ۲۔ ناز۔ نخرہ۔ عشوہ۔ معشوق کی ادا۔ (غمز۔ اشارہ کرنا) **غمزہ آگیں** (صفت) ناز و نخرے سے بھرا ہوا۔ **غمزہ اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) ناز برداری کرنا۔ **غمزۂ اختر** (مذکر) ستارے کا چمکنا۔ **غمزۂ بیجا** (مذکر) بے موقعہ نخرہ کرنا۔ **غمزۂ جانستاں** (مذکر) جان لینے والا نخرہ۔ **غمزہ جتانا** (متعدی) ۱۔ نخرہ کرنا۔ ناز کرنا ۲۔ اترانا۔ **غمزہ چھانا** (لازم) ناز و نخرے کا غلبہ کرنا۔ (ف ف) **غمزہ دکھانا** (متعدی) نخرے دکھانا۔ ادائیں دکھانا۔ **غمزہ زن** (صفت) ناز کرنے والا۔ **غمزہ کرنا یا کی لینا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ناز ہونا۔ نخرے ہونا۔ **غمزۂ گل** (مذکر) کلی کا کھلنا۔

غموص (ع۔ مذکر) خیبر کے سات قلعوں میں سے ایک جو پیغمبر صلعم نے فتح کیے تھے۔

غموم (ع۔ مذکر) جمع غم کی۔

غن (ع۔ مذکر) ۱۔ بھاری پتھر جس سے تیل نکالتے ہیں ۲۔ پتھر کا بٹا۔ یا گھوٹنے کا ڈنڈا۔

غن (اردو۔ صفت) مدہوش۔ نشے میں چور۔

غنا (ع۔ مونث) ۱۔ آزادی حاجت یا ضرورت سے ۲۔ گزارہ ۳۔ دولت۔ ثروت ۴۔ دولتمندی ۵۔ صبر۔ استغنا (غنیٰ۔ بے پروا ہونا)

غنا (ع۔ مذکر) گانا۔ راگ۔ نغمہ۔ گیت (غنیٰ۔ میٹھی باتیں کرنا)

غنائم (ع۔ مذکر) غنیمت کی جمع۔ لوٹ کا مال۔

غنج (ع۔ مذکر) ۱۔ ناز ۲۔ نخرہ ۳۔ کرشمہ۔

غنچوں (اردو۔ مذکر) غنچے کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **غنچوں کا چٹخنا۔ چٹکنا۔ کھلکھلانا۔ مسکرانا۔** (لازم) کلیوں کا کھلنا۔

غنچہ (ف۔ مذکر) ۱۔ کلی۔ شگوفہ۔ بے کھلا پھول ۲۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ جھرمٹ ۳۔ اکٹھے بیٹھے ہوئے آدمی ۴۔ معشوق کا دہن یا لب (صفت) گنجان (گنجیدن۔ سمانا) **غنچۂ آرزو کھلنا** (لازم) امید یا آرزو بر آنا۔ مراد پوری ہونا۔ **غنچۂ بینی** (مذکر) غنچہ کا بینی سے استعارہ کرتے ہیں۔ **غنچۂ پژمردہ** (مذکر) کمھلائی ہوئی کلی۔ **غنچہ پیشانی** (صفت) وہ جس کی پیشانی سے غصہ اور بد دماغی کی حالت ظاہر ہو۔ **غنچۂ پیکاں یا تیر** (مذکر) تیر کا پھل۔ **غنچۂ تصویر** (مذکر) مرقع۔ **غنچہ چٹکنا** (لازم) کلی کھلنا۔ **غنچۂ خاطر** (صفت) تنگدلی کی حالت۔ مغموم۔ محزون ۔ **غنچۂ خاطر شگفتہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) **کھلنا** (لازم) دل خوش ہونا۔ دل کی کلی کھلنا۔ **غنچۂ خورشید** (مذکر) سورج۔ **غنچۂ دل تنگ ہونا** (لازم) غمگین ہونا۔ مغموم ہونا۔ **غنچۂ دل شگفتہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بہت خوش ہونا۔ شاد ہونا۔ فرحت ہونا۔ **غنچہ دہاں۔ دہن یا لب** (صفت) چھوٹے سے منہ کا معشوق۔ **غنچۂ سربستہ** (مذکر) کلی۔ **غنچۂ صبح کھلکھلانا** (صفت۔ لازم) صبح ہونا۔ **غنچہ کا مسکرانا** (متعدی) کلی کھلنا۔ **غنچۂ ناشگفتہ** (مذکر) ۱۔ کلی ۲۔ دوشیزہ۔ کنواری لڑکی۔ **غنچہ نمط** (صفت) کلی کی طرح۔ کلی کے مانند۔

غنغنا (اردو۔ صفت) ناک میں بولنے والا۔ (غنّ۔ ناک میں بولنا) **غنغنانا** (لازم) ناک میں بولنا۔

غنم (ع۔ مذکر) ۱۔ لوٹ۔ غنیمت ۲۔ قبیلہ بنی ثعلب کی ایک شاخ۔ (غنم۔ حاصل کرنا)

غنودگی (ف۔ مونث) ۱۔ خمار۔ اونگھ۔ نیند۔ **غنودگی آنا** (لازم) اونگھنا۔ نیند آنا۔

غنہ (ع۔ مذکر) ۱۔ وہ نون جو ناک میں بولا جائے۔ اور اعلان سے پڑھا نہ جائے ۲۔ (صفت) ناک میں بولا ہوا۔ (غنّ۔ ناک میں بولنا)۔

غنی (ع۔ صفت) ۱۔ امیر۔ دولتمند ۲۔ بے پروا۔ بے نیاز ۳۔ (مذکر) خدائے تعالیٰ کا ایک نام۔

غنیم (ع۔ مذکر) ۱۔ لوٹنے والا ۲۔ دشمن۔ عدو۔ (غنم۔ لوٹنا) **غنیمت** (مونث) ۱۔ لوٹ کا مال۔ وہ مال جو دشمن سے چھینیں ۲۔ وہ مال جو بے محنت ہاتھ آئے ۳۔ قدر کے قابل ۴۔ برکت۔ خداداد چیز ۵۔ خوش قسمتی۔ **غنیمت جان** خوش قسمتی سمجھ۔ **غنیمت جاننا یا سمجھنا** (لازم) ۱۔ خوش قسمتی سمجھنا ۲۔ قدر کرنا۔ **غنیمت ہونا** (لازم) ۱۔ قابل قدر ہونا ۲۔ خوش قسمتی ہونا۔ **غنیمت ہے** کافی ہے۔ شکر کا مقام ہے۔ **غنیم چڑھ آنا** (لازم) دشمن کا ملک پر حملہ کر دینا۔

مقولہ۔ غنیمت شمر صحبت دوستاں۔ کہ گل چند روز است در بوستاں۔ دوستوں کی صحبت کو غنیمت سمجھو کیونکہ پھول باغ میں چند روز کے مہمان ہیں۔ زندگی چند روزہ ہے۔ جو وقت دوستوں کی صحبت میں گزر جائے غنیمت ہے۔

غواص (ع۔ مذکر) ۱۔ غوطہ لگانے والا۔ غوطہ خور ۲۔ (کیمیا) کسی دھات میں سرایت کرنے والا (غوص۔ غوطہ لگانا) **غواصی** (مونث) ۱۔ غوطہ لگانا ۲۔ غواص کا پیشہ یا کام۔

غوامض (ع۔ مذکر) غامضہ کی جمع۔ نکتے۔ باریکیاں۔ باریک معانی۔ چھپی ہوئی باتیں۔

غوث (ع۔ مذکر) ۱۔ مسلمانوں میں ولایت کا ایک درجہ جس پر پہنچ کر بندہ یاد خدا میں مشغول رہتا ہے۔ قطب سے نیچے ہوتا ہے ۲۔ یمن میں ایک قبیلہ (غوث۔ مدد کرنا) **غوث الاعظم یا الثقلین** (مذکر) شیخ عبدالقادر جیلانی کا لقب۔ **غوثیت** (مونث) غوث ہونے کی حالت۔

غور (ع۔ مذکر و مونث) ۱۔ سوچ۔ فکر۔ تامل ۲۔ خبر گیری۔ حفاظت۔ پرورش۔ پرداخت ۳۔ تہامہ کے مغرب میں ایک ڈھلوان علاقہ ۴۔ یروشلم اور حوران کے درمیان ایک علاقہ (غور۔ گہرا داخل ہونا) **غور پرداخت** (مونث) دیکھو غور۔

۲ غور سے دیکھنا (متعدی) اچھی طرح یا گہری نظر سے دیکھنا۔ **غور طلب** (صفت) سوچنے فکر کرنے کے قابل۔ **غور کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱ سوچا جانا ۲ دھیان ہونا۔ فکر ہونا۔ ۳ توجہ ہونا ۴ خبرگیری ہونا ۵ علاج ہونا۔ **غور و خوض**۔ **غور و فکر** (مونث) بہت سوچ۔ (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **غور و فکر سے کام لینا** (متعدی) خوب سوچ سمجھ کے کام کرنا۔

غور (ف۔ مذکر) قندھار کے قریب ایک علاقہ۔ **غوری** (صفت) ۱ غور کا ۲ (مذکر) غور کا باشندہ ۳ (مونث) ایک چینی رکابی جو غور سے آتی تھی اور زہر کی چیز ڈالنے سے ٹوٹ جاتی تھی ۴ تانبے کی کنگرے دار رکابی ۵ غور کا ایک خاندان جو خاندان غزنوی کے زمانے میں غور میں حکمراں رہا۔ اور آخر کو شہاب الدین غوری نے غزنی پر قبضہ کر لیا۔ اور ہندوستان پر حملہ کر کے دہلی کو فتح کیا۔

غورہ (ف۔ مذکر) ۱ کچے انگور یا کھجور جن کا شیرہ یا شربت بنایا جاتا ہے ۲ کبوتروں کا ایک رنگ۔

غوزہ (ف۔ مذکر) روئی چیل کے درخت خشخاش وغیرہ کے پھل کا چھلکا۔ **غوزیں اڑانا یا لڑانا** (متعدی) گپ مارنا۔ ڈینگ ہانکنا۔ لغو یا بیہودہ بکنا۔

غوط (ع۔ مذکر) اڑتے کنکوے کا اوپر کی طرف سے نیچے آنا ۲ غشی بیہوشی۔ سکوت کا عالم ۳ پسینے کی شدت۔ (غَوط۔ داخل ہونا۔ ڈوبنا) **غوط پر غوط آنا** (لازم) ۱ غش پر غش آنا ۲ بہت پسینہ آنا۔ **غوط دینا** (متعدی) اڑتے ہوئے کنکوے کو اوپر سے نیچے لانا **غوط لگانا** (متعدی) ۱ ڈبکی لگانا ۲ خیال میں محو ہونا ۳ غائب رہنا۔ پوشیدہ رہنا ۴ نہ ملنا۔ **غوط مارنا** (متعدی) دیکھو غوط دینا اور لگانا۔ **غوطم چارا** (مذکر) بار بار ایک اڑتے پتنگ کو دوسرے پر گرانا۔ اور ہٹا لینا۔ **غوطم چارا کھیلنا** (لازم) باہم جھوٹ موٹ پتنگ لڑانا۔ **غوطم غاطا** (مذکر) پیرنے والوں کا آپس میں ایک دوسرے کو غوطے دینا۔ **غوط میں آنا یا جانا** (لازم) انسان پر غشی طاری ہونا۔ بے ہوش ہونا۔ **غوطہ** (مذکر) ۱ پانی میں ڈوبنا یا ڈبونا۔ ڈبکی ۲ کپڑوں کو پانی میں دھونے کے لئے ڈالنا ۳ ہاتھ پاؤں کو دھونے کے لئے ایک دفعہ پانی میں ڈالنا۔ **غوطہ خور** (صفت) ۱ ڈبکی لگانے والا ۲ موتی سمندر سے نکالنے والا ۳ (مذکر) ایک آبی جانور۔ **غوطہ دینا** (متعدی) ۱ ڈبکی دینا۔ ڈبونا ۲ ترکرنا بھگونا ۳ دھوکا دینا ۴ ناغہ کرنا ۵ نجس چیز کو پاک کرنے کے لئے ڈالنا ۶ آدمی کو پانی میں ڈالنا ۷ بپتسما دینا **غوطہ زن** (صفت) غوطہ مارنے والا۔ غوطہ خور۔ **غوطہ غاطی** (مونث) بار بار غوطے دینا۔ **غوطہ کھا گیا** ۱ میلے میں پھنس گیا۔ ۲ ڈوب گیا ۳ طرح دے گیا۔ الگ ہو گیا۔ بھول گیا۔ یاد نہ رہا۔ **غوطہ کھانا** (متعدی) ۱ ڈوبنا۔ غرق ہونا ۲ بے اختیاری غوطہ لگانا ۳ دھوکا کھانا۔ ۴ بھولنا۔ بھٹکنا۔ **غوطہ کھلوانا** (رسم) آخری کا۔ **غوطہ گاہ** (مونث) غوطہ لگانے کا مقام **غوطہ لگانا یا مارنا** (متعدی) ۱ ڈبکی لگانا ۲ غائب رہنا۔ کئی دن نہ ملنا۔ ناغہ کرنا ۳ کسی معاملہ میں بہت غور کرنا۔ **غوطے** (مذکر) ۱ غوط کی جمع ۲ بجائے غوطہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **غوطہ میں آنا** (لازم) فکر میں محو ہو جانا۔ **غوطہ میں جانا** (متعدی) بے ہوش ہو جانا **غوطہ میں پڑا رہنا** (لازم) چپ چاپ رہنا۔ بے حس و حرکت پڑا رہنا۔ **غوطہ میں ہونا** (لازم) فکر میں محو ہونا۔

غوغا (ف۔ مذکر) شور و غل۔ غیاڑہ۔ ہلڑ۔ (بلند ہونا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **غوغائی** (صفت) ۱ شور کرنے والا ۲ بے ہودہ۔ بدسلیقہ۔ دردنگو۔

غوک (ف۔ مذکر) مینڈک۔

غول (ع۔ مذکر) بھوت پریت چھلاوہ۔ ایک قسم کی خیالی مخلوق جس کے متعلق خیال ہے کہ آدمیوں کو کھاتی ہے۔ (غَوَل۔ مختلف شکلیں بدلنا) **غولان روزگار** (مذکر) بے اصول آدمی۔ دنیا دار آدمی۔ **غول بیابان یا بیابانی** (مذکر) غول۔ **غول سیاہ** (مذکر) تاریک رات۔

غول (ف۔ مذکر) ۱ گروہ۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ جمعیت ۲ کان۔ ان معنوں میں پشتو میں استعمال ہوتا ہے (س گول) **غول باندھنا** (متعدی) ۱ مجمع کرنا۔ بھیڑ لگانا ۲ ٹولی بنانا **غول کے غول** (مذکر) گروہ کے گروہ۔

غولک (ف۔ مونث) دیکھو غلک۔

غومارہ (ع۔ مذکر) مغربی بربر ملک کی ایک قوم۔

غونچی (اردو۔ مونث) مویشی کے پاؤں کا نشان۔

غوں (اردو۔ مونث) ہوئی آواز جو بچے یا پرندے نکالیں۔ **غوں غاں** (مونث) ۱ شیرخوار بچوں کی باتیں جو سمجھ میں نہ آئیں ۲ بچوں کی بات چیت۔ **غوں غاں کرنا** (متعدی) ننھے بچوں کا ایک آدھ بات کرنا۔ **غوں غوں** (مونث) کبوتر کی آواز جو وہ کبوتری کے آگے نکالتا ہے (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

غیاث (ع۔ مونث) ۱ مدد۔ امداد ۲ فریاد رسی ۳ فریاد ۴ (صفت) فریاد رس فریاد سننے والا (غَوث بمعنی) **غیاث اللغات** (مونث) ایک مشہور لغت کا نام جس کا مصنف محمد غیاث الدین ہے۔

غیار (ع۔ مذکر) ایک قسم کا رنگدار نشان یا رومال جو غیر مسلم قومیں اسلامی ممالک میں کندھے پر باندھتی تھیں۔

غیب (ع۔ مذکر) ۱ غیر حاضری۔ غیر موجودگی ۲ نہ دکھائی دینا ۳ کوئی چیز جو موجود نہ ہو۔ دکھائی نہ دے یا مخفی ہو ۴ اخفا۔ مخفی ہونا ۵ راز ۶ مستقبل کی کوئی بات ۷ اگلی دنیا۔ عاقبت ۸ (صفت) غیر حاضر ۱ جو دکھائی نہ دے ۲ خفیہ۔ نہاں ۳ مخفی (غَیب۔ چھپ جانا) **غیبانی** (مونث) گالی ہے ۱ حرامزادہ یا حرامزادی ۲ فساد کرانے والی عورت ۳ بدچلن عورت۔ زانیہ۔ **غیب داں** (صفت) خفیہ حالات جاننے والا **غیب دانی** (مونث) خفیہ حال جاننا **غیب سے دینا** (متعدی) جہاں سے کوئی خیال نہ ہو وہاں سے کچھ چیز ملنا۔ خدا کا

دینا۔ **غیب کا علم** (مذکر) مخفی باتوں یا آئندہ واقعات کا جاننا۔ **غیب کی خبر** (مونث) آئندہ واقعات کی خبر۔ **غیب گا بیلا ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ غائب ہو جانا ۲ گم ہو جانا ۳ چلا جانا (عف) **غیبی** (صفت) ۱ دیکھو غیب ۲ غیب کے متعلق۔ آسمانی۔ خدائی۔

غیبت (ع۔ مونث)
غیر موجودگی۔ غیر حاضری۔ (غیبت۔ چھپ جانا) **غیبت میں** (تف) غیر موجودگی میں۔

غیبت (ع۔ مونث)
پیٹھ پیچھے برا کہنا۔ غیبت میں جو کچھ کہا جائے سچ ہوتا ہے ۔ بہتان یا افترا میں جھوٹ (غیب۔ چھپ جانا) **غیبتی** (صفت) غیبت کرنے والا۔

غیر (ع۔ صفت) ۱ دوسرا۔ ۲ مختلف ۳ بدلا ہوا۔ دگرگوں ۴ صرف نفی کی جگہ ۵ برا۔ خراب ۶ اجنبی۔ بیگانہ ۷ (تف) سوا۔ بجز۔ (غیر۔ بدلنا) **غیر آباد** (صفت) ۱ ویران۔ اجاڑ۔ غیر مزروعہ۔ افتادہ۔ **غیر اختیاری** (صفت) مجبوری کی۔ بے اختیاری۔ **غیراز** (تف) سوائے۔ بجز۔ **غیر افلاس** (صفت) قابل ادائے ترضہ۔ وہ جو مفلس نہ ہو۔ **غیر امکان** (تف) ناممکن۔ محال۔ مشکل۔ **غیر انصاف** (صفت) بے انصاف۔ **غیر انصافی** (مونث) بے انصافی۔ **غیر بندوبست** (صفت) جس کا ابھی بندوبست نہ ہوا ہو۔ **غیر تحقیق** (صفت) جس کی دریافت نہ ہوئی ہو۔ مشتبہ۔ غیر معین۔ **غیر تربیت یافتہ** (صفت) بد تہذیب۔ گستاخ۔ **غیر تسلی بخش** (صفت) جس سے تسلی نہ ہو۔ خراب (ثابت ہونا۔ ہونا کے ساتھ) **غیر جاننا** (متعدی) بیگانہ سمجھنا۔ **غیر جنس** (مونث) مختلف قسم یا قوم۔ **غیر حاضر** (صفت) غائب۔ جو موجود نہ ہو۔ **غیر حالت** (مونث) ۱ جانکنی کی حالت ۲ دگرگوں حالت۔ **غیر ذالک**
(صفت) [illegible]

غیر ذمہ دار (صفت) جس کے ذمہ کوئی فرض نہ ہو۔ معمولی۔ (شخص) بے اختیار (شخص) **غیر رائج** (صفت) جو رائج نہ ہو۔ **غیر سائن** (صفت) جو کسی جگہ کو رہنے والا نہ ہو۔ **غیر سمجھنا** (متعدی) اجنبی سمجھنا یا نہ سمجھنا۔ بے اعتنائی سے پیش آنا۔ **غیر شافی** (صفت) جو تسکین دہ نہ ہو۔ **غیر شخص** (مذکر) ۱ اجنبی۔ ناواقف ۲ دوسرا آدمی۔ **غیر شرعی** (صفت) شرع کے برخلاف۔ **غیر شفاف** (صفت) دھندلا۔ تاریک۔ **غیر صائب** (صفت) نادرست۔ غلط۔ **غیر ضروری** (صفت) جس کی ضرورت نہ ہو۔ فالتو۔ فضول۔ **غیر علاقہ** (مذکر) ۱ دوسرا علاقہ۔ اپنے علاقہ سے باہر ۲ دوسری سلطنت **غیر فانی** (صفت) نہ فنا ہونے والا۔ خدا کی تعریف۔ **غیر کافی** (صفت) ناکافی۔ **غیر کی آگ میں جلنا** (لازم) دوسرے کی آفت اپنے سر لینا۔ **غیر کی بدشگونی کے واسطے اپنی ناک کٹوانا** (متعدی) مخالف کے تھوڑے نقصان کے واسطے اپنا زیادہ نقصان کرنا۔ **غیر متاثر** (صفت) جس کا اثر نہ ہو۔ جس پر اثر نہ ہو۔ **غیر متحد** (صفت) جس میں اتحاد نہ ہو۔ **غیر مترقبہ** (صفت) جس کی توقع نہ ہو۔ یکایک۔ ناگہاں۔ **غیر مساوی** (صفت) جو برابر نہ ہو۔ **غیر متعاہد** (صفت) ۱ وہ جن سے کسی قسم کا معاہدہ نہ ہو۔ (شخص یا سلطنت) ۲ غیر ذمہ دار۔ **غیر متعین** (صفت) وہ جو معین نہ ہو۔ **غیر متناہی** (صفت) بے انتہا۔ جس کی انتہا نہ ہو۔ **غیر مجاز** (صفت) وہ جس کو اختیار کسی بات کا نہ ہو۔ **غیر محدود** (صفت) جس کی حد نہ ہو۔ بے شمار۔ **غیر مرد** (مذکر) وہ شخص جو قریبی رشتہ دار یا خاوند نہ ہو۔ **غیر مرد کا ہاتھ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) عورت کا سوائے خاوند کے علاوہ کسی اور شخص کا ہم صحبت ہونا۔ **غیر مروج** (صفت) جس کا رواج نہ رہا ہو۔ **غیر مزروعہ** (صفت) وہ زمین جو جوتی نہ گئی ہو۔ **غیر مساوی** (صفت) جو برابر نہ ہو۔ **غیر مستعمل**
[illegible]

غیر مسکوک (صفت) بغیر سکہ کیا ہوا (چاندی یا سونے کا ٹکڑا) جو بطور سکہ رائج ہو۔ **غیر مشخص** (صفت) غیر معین۔ **غیر مشروط** (صفت) بلا شرط۔ **غیر مصلحت** (صفت) نامناسب۔ **غیر مطلوب** (صفت) جس کی خواہش یا طلب نہ ہو۔ **غیر معتبر** (صفت) بے اعتبار۔ جس پر اعتبار نہ ہو۔ ناقابل اعتبار۔ **غیر معمول یا معمولی** (صفت) شاذ و نادر۔ جو عام طور پر نہ ہو۔ **غیر معہود** (صفت) عجیب۔ شاذ و نادر۔ غیر معمولی۔ **غیر معین** (صفت) وہ جو مقرر نہ ہو۔ **غیر مغلوب** (صفت) جس پر غالب نہ ہو سکیں۔ جو فتح نہ ہوا ہو۔ **غیر مفید** (صفت) جس میں فائدہ نہ ہو۔ جو فائدہ مند نہ ہو۔ **غیر مقبوضہ** (صفت) جس پر قبضہ نہ ہو۔ **غیر مقدور** (صفت) ناممکن۔ **غیر مقرر** (صفت) وہ جو مقرر نہ ہو۔ مبہم۔ غیر معین۔ **غیر مقشر** (صفت) ان چھلا۔ **غیر مکمل** (صفت) ناتمام۔ ادھورا۔ **غیر ملفوظ** (صفت) ۱ وہ جو لکھنے میں آئے پر بولنے میں نہ آئے (حرف) جیسے خود میں واؤ۔ **غیر ملکی** (صفت) ۱ پردیسی ۲ اجنبی۔ دوسرے ملک کا۔ **غیر ممکن** (صفت) ۱ ناممکن۔ دشوار۔ محال ۲ وہ جو قابل کاشت نہ ہو (زمین) **غیر ممکن التردید** (صفت) جس کی تردید نہ ہو سکے۔ **غیر ممکن التقسیم** (صفت) جو تقسیم نہ ہو سکے۔ **غیر ممکن الزراعت** (صفت) جس میں کاشت نہ ہو سکے۔ **غیر ممکن الوصول** (صفت) جو وصول نہ ہو سکے۔ **غیر مناسب** (صفت) نامناسب۔ بیجا۔ **غیر منصرف** (صفت) جس کی گردان نہ ہو سکے۔ **غیر منقولہ** (صفت) وہ جو ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ لیجا سکیں (جائیداد) **غیر منکوحہ** (صفت) جس سے نکاح نہ ہوا ہو۔ آشنا۔ **غیر موثر** (صفت) وہ جس کا اصل موضوع کے ساتھ کوئی تعلق نہ ہو۔ خارج از بحث۔ **غیر موروثی** (صفت) ۱ وہ جو ورثہ میں نہ آئی ہو ۲ (مذکر) ایک قسم کا کاشتکار۔ **غیر نافذ** (صفت) جو جاری نہ ہو۔ **غیر نہ جانیئے** (رجوع کے ساتھ کسی سے کوئی بات پوچھنی ہو تو خوشامد کے طور پر کہتے ہیں) **غیر واجب یا واجبی** (صفت)
[illegible] نامناسب۔ بیجا۔ **غیر واقع** (صفت) [illegible]

خلاف واقعہ۔ غیر وصول (صفت) جو وصول نہ ہو۔ غیریت (مونث) بیگانگی۔ اجنبیت۔ غیریت برتنا یا رکھنا (متعدی) غیر سمجھنا۔ اجنبی جاننا۔ غیریت رہنا (لازم) مغایرت ہونا۔ ایک دوسرے کو غیر سمجھنا۔

امثال و اقوال۔ غیر (پھر غیر ہی ہے اپنا اپنا ہی) ہے۔ غیر اپنوں جیسا نہیں ہو سکتا۔ رشتہ داری کا تعلق دوستی سے زیادہ ہوتا ہے۔ غیر کا سر کدو برابر۔ پرائے سر کی کچھ قدر نہیں ہوتی۔ کوئی قسم کھائے تو کہتے ہیں۔ غیر کی چوٹ اُٹھانی مشکل۔ دوسرے کا وار سہنا دشوار ہے۔ غیر کی پشگونی کے واسطے اپنی ناک کٹوانا (متعدی) کسی کے نقصان کرنے کو اپنا نقصان کرنا۔ غیر کے لئے کنواں کھودے گا سو آپ ہی ڈوبے گا۔ جو دوسرے کو نقصان پہونچانے کی کوشش کرتا ہے خود نقصان اُٹھاتا ہے۔

غَیرت (ع۔ مونث) ا۔ شرم۔ حیا ۲۔ انسان کی وہ صفت جو بے عزتی کو گوارا نہیں کرسکتی۔ حمیت ۳۔ رشک۔ ۴۔ ندامت۔ انفعال۔ (غیرت۔ رشک کرنا) غیرت آنا (لازم) ندامت ہونا۔ غیرت اُٹھا دینا (متعدی) اُڑ جانا (لازم) شرم جاتی رہنا۔ بےحیا ہو جانا۔ غیرت انگیز (صفت) غیرت پیدا کرنے والا۔ غیرت بخش (صفت) جسے دیکھکر غیرت آئے۔ غیرت چھپ نہاں گئی۔ بہت بےحیا اور بےغیرت ہے۔ غیرت حور (مونث) بہت خوبصورت عورت۔ معشوقہ۔ غیرت خورشید (صفت) نہایت خوبصورت۔ غیرت دہ (صفت) غیرت دلانے والا۔ غیرت رکھنا (متعدی) ۱۔ حیا ہونا ۲۔ شرم ہونا۔ غیرت سے پانی میں ڈوبنا۔ (لازم) شرم سے ڈوب مرنا۔ غیرت سے پانی ہونا (لازم) حمیت کی وجہ سے شرمندہ ہونا۔ غیرت سے مرنا (لازم) نہایت شرم آنا۔ خجل ہونا۔ منفعل ہونا۔ غیرت سے کٹ جانا (لازم) سخت شرمندہ ہونا۔ غیرت غزالاں (مونث) خوبصورت۔ مرد یا عورت۔ غیرت قمر (صفت) وہ جس کی خوبصورتی دیکھ کر چاند کو بھی شرم آئے۔ غیرت کا تقاضا (مذکر) کسی بات کو سوچکر دل میں ندامت ہونا۔ غیرت کا مارا (صفت) شرم زدہ۔ (الف) شرم کی وجہ سے۔ غیرت کو کام فرمانا (متعدی) غیرت کھانا۔ غیرت کھا کے ڈوب مرنا (لازم) شرم کی وجہ سے ڈوب کر جان دینا۔ غیرت کھانا (متعدی) شرمندہ ہونا۔ منفعل ہونا۔ غیرت کی جگہ ہے (محاورہ) شرم آنی چاہیئے۔ نادم ہونا چاہیئے۔ غیرت گلزار (صفت) معشوق کی تعریف۔ بہت خوبصورت یا حسین۔ غیرت لعبتان چین (فرنگ یا لندن) (صفت) ایسا خوبصورت کہ اسے دیکھ کر چین (فرنگ یا لندن) کی پتلیاں شرما جائیں) کنایتاً بہت حسین یا معشوق۔ غیرت ماہ (صفت) کنایتاً معشوق۔ غیرت مشتری (صفت) جسے دیکھ کر مشتری رشک کرے۔ خوبصورت عورت۔ معشوق۔ غیرت مند (صفت) صاحب غیرت۔ غیرت ہونا (لازم) شرم۔ ندامت ہونا۔ غیرت مہر یا ماہ یا ہلال (صفت) بہت خوبصورت یا حسین۔

غَیظ (ع۔ مونث) غصہ۔ قہر۔ غضب (غیظ۔ غصہ ہونا) غیظ و غضب (مذکر) بہت غصہ

غَین (ع۔ مذکر) حرف غ کا تلفظ۔

غیں (اردو۔ مونث) ایک بے معنی آواز۔ غیں پیں (مونث) ا۔ شکایت کی آواز ۲۔ جھگڑا۔ تکرار (لگا۔ رکھنا۔ لانا کے ساتھ) غیں غیں (مونث) ا۔ منت و سماجت یا عاجزی ۲۔ مغلوب ہونا۔ غیں ہو جانا یا ہونا (لازم) نشہ میں چور ہونا۔

غَیُور (ع۔ صفت) ا۔ بہت غیرت کرنے والا ۲۔ (مذکر) خدا کا نام (غیرت۔ رشک۔ کرنا) غیوران (مذکر) جمع غیور کی۔ مقدس ہستیاں۔ نیک آدمی۔ غیوران شب (مذکر) وہ جو رات کو عبادت کریں۔ زاہد پرہیزگار اشخاص۔

ف

ف (ع۔مونث) تلفظ فے۔ اردو کا چھبیسواں، فارسی کا تیئیسواں اور عربی کا بیسواں حرف ہے ۲ سنسکرت اور ہندی میں نہیں ۳ دیو ناگری رسم الخط میں پھ کے نیچے نقطہ دینے سے ظاہر کیا جاتا ہے ۳ اسے فائے سعفص بھی کہتے ہیں ۴ ابجد میں اس کے ۸۰ عدد مقرر کئے گئے ہیں ۵ فارسی میں فائدے فصلی کا مخفف ہے ۶ جنتری میں چاند کا نشان ہے۔

فَ (ع۔حرف عطف) پس۔ اور۔ اس لئے۔ تب جیسے الفاظ کے شروع میں آتا ہے۔ جیسے فقط۔ **فَاعتَبِرُو یا اُولی الاَبصار** پس سمجھ والو عبرت حاصل کرو۔ **فافہم**۔ پس سمجھو اور غور کرو۔ **فبہا**۔ نعم بہا کا مخفف ہے۔ یہی ہم چاہتے ہیں۔ یہی مراد ہے۔ بہت خوب۔ بہت اچھا۔ بہتر۔ **فذالک** (تف) ۱ اسی طرح سے ۲ (مذکر) کل جمع جو بعد تفصیل کے دی جائے (اصطلاح اکونٹنٹاں) **فکیف** (تف) پھر کس طرح۔ پھر کیوں۔ کتنا اور استغنا کا بیان وقت اور بیان حالت کے لئے بولا جاتا ہے۔ **فہو** (تف) پھر وہ۔ پھر یہ ہے **فہو المراد** (تف) یہ فقرہ کسی شرط کے پیچھے آتا ہے۔ تو بہتر ہے۔ غنیمت ہے۔ یہی اصل مقصد ہے۔ تو خیر مضائقہ نہیں۔

فا (ع۔مونث) حرف ف کا عربی تلفظ۔ **فائے سعفص** (مونث) حرف ف۔

فات (ع۔ماضی) مر گیا۔

مثل۔ فات الشرط فات المشروط۔ شرط کرنے والے کی موت کی وجہ سے شرط جاتی رہی۔

فاتح (ع۔صفت) فتح کرنے والا۔ کھولنے والا (فتح۔ شروع کرنا) **فاتحان** (مذکر) جمع فاتح کی۔

فاتحہ (ع۔مونث) ۱ قرآن شریف کی پہلی سورت۔ سورۂ الحمد ۲ کسی مردے کی روح کو ثواب پہنچانے کے لئے پہلے درود پھر سورۂ فاتحہ پھر قل ہو اللہ اور پھر درود پڑھ کر بخشنا ۳ نیاز۔ آغاز۔ **فاتحہ پڑھنا** (متعدی) ۱ فاتحہ پڑھنا ۲ ناامید ہونا۔ مایوس ہونا۔ فاتحہ پڑھو۔ امید منقطع کر دو۔ **فاتحہ خوانی** (مونث) ایک رسم مرنے کے بعد جبکہ لوگ جمع ہوتے ہیں۔ اور جو آتا ہے فاتحہ پڑھتا ہے اور افسوس کر کے چلا جاتا ہے۔ **فاتحہ خیر** (مونث) فاتحہ۔ **فاتحہ خیر سے یاد کرنا** (متعدی) نام پر فاتحہ پڑھنا۔ مصنفان عموماً کتاب پڑھنے والوں سے درخواست کرتے ہیں۔ **فاتحہ دلانا یا دلوانا** (م) نیاز دلانا۔ فاتحہ پڑھوانا۔ **فاتحہ دینا** (متعدی) نیاز دینا۔

امثال واقوال۔ فاتحہ نہ درود کھائے گئے مردود۔ کسی شے کا عبث ضائع ہونا۔ **فاتحہ نہ درود کھانے کو موجود**۔ بے محنت مشقت کچھ مانگنا۔ **فاتحہ نہ درود مر گیا مردود**۔ شریر اور بدمزاج کی موت پر بولتے ہیں۔

فاتر (ع۔صفت) ۱ کمزور ضعیف ۲ سست (فتر۔ کم ہونا) **فاتر العقل** (صفت) جس کی عقل زائل ہوگئی ہو۔

فاجر (ع۔صفت) بدکار۔ بدچلن (فجر۔ برا فعل کرنا) **فاجرہ** (مونث) بدکار عورت۔

فاحش (ع۔صفت) ۱ شرمناک قبیح ۲ بھاری۔ سخت۔ **فاحشہ** (مونث) بدکار عورت۔

فاختہ (ع۔مذکر) ۱ کبوتر کی قسم کا ایک پرند جس کا رنگ خاکستری ہوتا ہے اور گردن میں طوق ہوتا ہے۔ قمری ۲ عاشق (فخت۔ کبوتر کا غوں غوں کرنا) **فاختہ اڑانا** (متعدی) ۱ نکمے کام کرنا ۲ عیش کرنا۔ مزے اڑانا ۳ سوتے ہوئے شخص کے بدن کے کسی حصے پر باریک روئی کا پھاہا رکھ کر آگ لگا دینا۔ **فاختہ اڑ جانا** (لازم) ۱ گھبرا جانا ۲ بیہوش ہو جانا۔ **فاختئی** (مذکر) ایک قسم کا خاکستری یا خاکی رنگ۔

فاخر (ع۔صفت) تحفہ۔ نادر۔ بیش قیمت (فخر۔ شیخی مارنا) **فاخرہ** (صفت) بیش قیمت۔

فادج۔ فادزہر (ف۔مذکر) ایک قسم کا پتھر جو چین سے آتا ہے۔

فار (ع۔مذکر) چوہا۔

فار (انگ۔صفت) دور۔ بعید۔

فاران (ع۔مذکر) ایک پہاڑ جس کا ذکر توریت میں آتا ہے۔

فارخطی (ع۔مونث) صحیح فارغ خطی ہے۔

فارد (ع۔مذکر) نجد میں ایک قبیلہ۔

فارس (ع۔صفت) ۱ سوار ۲ معرب پارس کا ۳ ایران۔

فارس (ع۔مونث) ۱ ایران ۲ مشرق میں ایک صوبہ رقبہ ۵۳۵۰۰ (۱۸۰۰) دار الخلافہ شیراز۔ **فارسی** (مونث) ۱ فارس کی زبان ۲ (صفت) فارس کا رہنے والا۔ **فارسیاں** (مذکر) فارس کے باشندے۔ ایرانی۔ **فارسی بگھارنا** (متعدی) بیموقع۔ بےمحل فارسی بولنا۔ **فارسی بولنا** (متعدی) ۱ زبان فارسی میں کلام کرنا ۲ ایسی بولی بولنا جو اوروں کو سمجھ نہ آئے۔ **فارسی خواں یا داں** (صفت) فارسی زبان جاننے والا۔ فارسی کا عالم۔ **فارسی کی ٹانگ توڑنا** (لازم) غلط فارسی بولنا۔ **فارسی وارسی** (مونث) فارسی۔ وارسی۔ تابع مہمل ہے۔

مقولہ۔ فارسی راٹنگ توڑم تازہ ولنگڑی شود۔ مذاقاً اسے کہتے ہیں جو فارسی کم جانتا ہو اور بےڈھب یا غلط فارسی بولے۔

فارس (ع۔مذکر) گھوڑے کا سوار۔

فارسٹ (انگ۔مذکر) جنگل۔ **فارسٹ آفس** (مذکر) محکمہ جنگلات کا دفتر۔ **فارسٹ ڈیپارٹمنٹ** (مونث) محکمۂ جنگلات۔ **فارسٹر** (مذکر) محکمۂ جنگلات کا ایک ادنیٰ ملازم جو جنگل کی حفاظت کرتا ہے۔

فارغ (ع۔صفت) ۱ آزاد ۲ بری۔ خالی ۳ جسے کوئی پروا نہ ہو ۴ قانع ۵ وہ جو محنت کا کام ختم کر چکا ہو ۶ صاف۔ بچا ہوا (فرغ۔ خالی ہونا۔ آزاد ہونا) **فارغ البال** (صفت) بےفکر۔ آزاد۔ **فارغ البالی۔ فارغ بالی** (مونث) آسودگی۔ **فارغ خطی** (مونث) ۱ بیباقی کی رسید۔ مطالبہ بھر پانے کی تحریر ۲ بےتعلقی کی تحریر میاں بیوی کے درمیان۔ طلاقنامہ۔ **فارغ ہونا** (لازم) چھٹکارا پانا۔ فرصت پانا۔ مصنف مثنوی فارغ۔

فارطان (ع۔مذکر) دو ستارے دب اکبر کے پاس۔

فارق (ع ۔ صفت) فرق کرنے والا ۔

فارقلیط (عبر ۔ صفت) تسلی دینے والا ۔ تسکین دینے والا ۔ انجیل میں حضرت عیسےٰ کا قول ہے کہ میرے بعد فارقلیط آئے گا ۔ مسلمان اسے پیغمبر اسلام کی طرف اشارہ سمجھتے ہیں ۔ عیسائی ابھی اس کے انتظار میں ہیں) ۔

فارم (انگ ۔ مذکر) ۱ نقشہ ۔ نمونہ ۲ وضع ۔ شکل ۳ چھپا ہوا کاغذ جو خانہ پری کے لئے دیا جائے (انگریزی میں اوسے لکھا جاتا ہے) ۴ کھیت ۔ رقبہ جو کاشت کے لئے مخصوص کیا جائے (انگریزی میں اسے ۔۔۔ لکھا جاتا ہے) **فارم پر کرنا** (متعدی) ، **ہونا** (لازم) نقشہ کی خانہ پری ہونا ۔ **فارم کھولنا** (متعدی) کاشت کے لئے انگریزی طریقے پر رقبہ مخصوص کر دینا ۔ **فارم کھینچنا** (متعدی) کاغذ پر نقشے یا نمونے کی لکیریں کھینچنا ۔

فارمولا (انگ ۔ مذکر) مقررہ قاعدہ ۔

فارن (انگ ۔ صفت) غیر ملک یا سلطنت ۔ **فارن آفس** (مذکر) غیر سلطنتوں سے معاملات کرنے کا محکمہ ۔ **فارنر** (صفت) دوسرے ملک کا ۔

فاروق (ع ۔ مذکر) ۱ حق و باطل میں فرق کرنے والا ۲ حضرت عمرؓ کا لقب جو پیغمبر صلعم نے عطا کیا تھا ۳ ایک تریاق ۴ ایک قسم کا تیزاب جس سے کھرا کھوٹا پرکھتے ہیں (فرق ۔ جدا کرنا) ۔

فاسد (ع ۔ صفت) فساد کرنیوالا ۲ خراب ۔ برا ۔ بد ۳ بدچلن ۔ شریر ۔ بے اصول ۔ بددیانت ۔ (فسد ۔ خراب ہونا) **فاسد طور سے** (تف) بددیانتی سے ۔ **فاسد کرنا** (متعدی) ، **ہونا** (لازم) بگڑنا ۔ خراب ہونا ۔ **فاسدہ** (صفت) خراب ۔ برا ۔ جیسے خیالات فاسدہ ۔

فاسق (ع ۔ صفت) بدکار ۔ زانی ۔ گنہگار ۔ فاجر (فسق ۔ راہ راست سے ہٹنا) **فاسقہ** (صفت) بدچلن عورت ۔

فاش (ف ۔ مذکر) ظاہر ۔ آشکارا ۔ کھلا ۔ صریح (اصل پاش) **فاش غلطی** (مونث) صریح غلطی ۔ کھلی غلطی ۔

فاصل (ع ۔ صفت) جدا کرنیوالا ۔ فرق کرنے والا ۔ جیسے حد فاصل (فصل ۔ جدا کرنا) **فاصلہ** (مذکر) ۱ دوری ۔ مسافت ۲ میدان ۔ **فاصلے پر** (تف) دور ۔ الگ ۔

فاضل (ع ۔ صفت) ۱ افزوں ۔ زیادہ ۔ حساب سے زیادہ ۲ زائد ۔ فضول ۳ عالم ۔ اعلےٰ ۴ کس (فضل ۔ بڑھنا ۔ زائد ہونا) **فاضلات** (مونث) بچی ہوئی رقومات ۔ **فاضل اجل** (صفت) بہت بڑا عالم ۔ **فاضل باقی** (مذکر) بچا ہوا روپیہ ۔ **فاضل باقی نکالنا** (متعدی) ، **نکلنا** (لازم) آمدنی و خرچ کا حساب کر کے کمی بیشی نکالنا ۔ **فاضل تر** (صفت) بہتر ۔ **فاضل نکالنا** (متعدی) بقایا نکالنا ۔ **فاضل نکلنا** (لازم) حساب سے بڑھنا ۔ زیادہ نکلنا ۔ **فاضل ہونا** (لازم) زائد ہونا ۔

فاطمیہ (۹۰۹ ۔ ۱۱۷۱) مصر کا ایک خاندان جو شمالی افریقہ اور شام پر حکومت کرتا رہا اس کی بنا عبید اللہ المہدی نے رکھی تھی ۔

فاعل (ع ۔ صفت) ۱ کام کرنیوالا ۲ اغلام کرنے والا ۳ (اسم) وہ اسم جس سے فعل سرزد ہو ۔ جس کے متعلق سرزد ہو اسے مفعول کہتے ہیں جیسے مسعود نے کھانا کھایا ۔ مسعود فاعل کھانا مفعول ۔ فعل مجہول کے ساتھ نہ آتا ہے ۔ (فعل ۔ کام کرنا) **فاعل حقیقی** (مذکر) خدا تعالےٰ ۔ **فاعل مختار** (مذکر) وہ کام کرنے والا جسے اختیار کامل ہو ۔ **فاعل و مفعول** (مذکر) ۱ صرف میں وہ جو کام کرے اور وہ جس کے ساتھ کام کیا جائے ۲ اغلام کرنے والا اور جس سے اغلام کیا جائے ۔ **فاعلیت** (مونث) فاعل ہونا ۔

فاق (ع ۔ مذکر) سوفار ۔

فاقد (ع ۔ صفت) ۱ وہ جو کوئی چیز کھو دے ۔ یا کھوئی ہوئی چیز کو تلاش نہ کر سکے ۲ وہ جس کے خاوند اور بچے نہ رہا ہوں (فقد ۔ کھونا) **فاقد البصر** (صفت) اندھا ۔ نابینا ۔

فاقہ (ع ۔ مذکر) بھوکا رہنا ۔ کھانا نہ کھانا ۔ (فوق ۔ مرنا) **فاقہ توڑنا** (متعدی) ، **ٹوٹنا** (لازم) کچھ کھایا جانا ۔ **فاقہ زدہ** (صفت) جسے عام طور پر کھانے کو نہ ملے ۔ بھوک کا مارا ہوا ۔ **فاقے سے ہونا** (لازم) بھوکا سونا ۔ کچھ نہ کھانا ۔ **فاقہ شکنی** (مونث) فاقہ کے بعد کھانا کھانا ۔ فاقہ توڑنا ۔ **فاقہ کا مارا ہے** غریب ہے ۔ ناتوان ہے ۔ بھوک کا ستایا ہے ۔ **فاقہ کش** (صفت) فاقہ کرنے والا ۔ بھوکا رہنے والا ۔ **فاقہ کشی** (مونث) فاقہ ۔ بھوکا رہنا ۔ لگاتار کئی کئی روز تک بھوکا رہنا ۔ **فاقہ کشی کی نوبت آنا یا پہنچنا** (لازم) اس درجہ افلاس بڑھ جانا کہ کھانا بھی نہ ملے ۔ **فاقہ کی ماری جان ہے** ۔ بھوکا ناتوان ضعیف ہے ۔ **فاقہ مست** (مذکر) حالت افلاس میں بھی خوش رہنے والا ۔ **فاقہ مستی** (مونث) حالت افلاس کی پرواہ نہ کرنا ۔ ایسی حالت میں بھی خوش رہنا ۔ **فاقہ گزرنا** (لازم) ، **فاقہ ہونا** بھوکا رہنا ۔ **فاقوں پر فاقے گزرنا یا ہونا** (لازم) لگاتار بھوکا رہنا ۔ متواتر کچھ نہ کھانا ۔ **فاقوں کا ٹوٹا یا مارا** (صفت) وہ جو فاقہ کرتے کرتے دبلا ہو گیا ہو ۔ **فاقوں مرنا** (لازم) بھوکوں مرنا ۔ فاقہ کرنا ۔

فاکہہ (ع ۔ مذکر) میوہ ۔ پھل ۔ اردو میں اس کی جمع فواکہات مستعمل ہے (فکہ ۔ خوش ہونا) ۔

فال (ع ۔ مونث) ۱ شگون (فیل ۔ کمزور ہونا) ۲ (ف) ایک گاؤں ۔ **فال آنا** (لازم) قرآن شریف دیوان حافظ یا کسی کتاب سے عبارت کے مضمون کا مطلب کے موافق نکلنا ۔ **فال بد** (مذکر) برا شگون ۔ **فال دیکھنا** (متعدی) قرآن شریف دیوان حافظ وغیرہ میں شگون دیکھنا ۔ **فال کھلوانا** (لازم) ، **کھولنا** (متعدی) قرآن شریف وغیرہ میں فال دیکھنا ۔ **فال کھولنے والا** ۔ **فال گو یا گیر** (صفت) وہ شخص جو فال دیکھنے کا پیشہ کرے ۔ **فالنامہ** (مذکر) وہ کتاب جس سے شگون بتاتے ہیں ۔ **فال گوش** (مونث) وہ فال جو راہ گیروں کی آواز سے لیں ۔ **فال لینا** (متعدی) شگون لینا ۔ **فال نکالنا** (متعدی) ۱ فال دیکھنا ۲ (ایسے کے اور نفی کے ساتھ) بدشگونی کی بات منہ سے نکالنا ۔ **فال نکلنا** (لازم) دیکھو فال آنا ۔ **فال نکلوانا** (مم) فال نکالنا کا ۔ **فال نیک** (مونث) اچھا شگون ۔ **فالی** (صفت) فال گاؤں کا رہنے والا ۲ قطب الدین مصنف تقریب کا لقب ۔

امثال و اقوال ۔ فال زبان یا فال قرآن ۔ زبان سے نکلی ہوئی بری بات فال قرآن کے برابر ہو جاتی ہے ۔ **فال کی کوڑیاں ملا کو حلال** ۔ مفت کا قلیل مال لے لینا جائز ہے ۔

زوائد (اردو۔ صفت) ۱۔ زائد فضول۔ بڑھتی ۲۔ ضرورت سے زائد ۳۔ بیکار۔ نکما (عف)

فالج (ع۔ مذکر) ایک بیماری جس میں نصف بدن بیکار ہو جاتا ہے (فلج۔ تقسیم کرنا)

فالج زدہ (صفت) جسے فالج ہوا ہو۔ **فالج گرنا یا ہونا** (لازم) فالج کی بیماری ہو جانا۔

فالسہ (ف۔ مذکر) ایک چھوٹا سا پھل جو پک کر سیاہی مائل اودے رنگ کا ہو جاتا ہے کھٹے کو شربتی اور میٹھے کو شکری کہتے ہیں (اصل لفظ پالسہ ہے) **فالسائی۔ فالسئی** (صفت) ۱۔ فالسے کے رنگ کا ۲۔ (مذکر) ایک رنگ جو اودے سے ملتا ہے۔

فالودہ (ف۔ مذکر) پکا ہوا نشاستہ جسے چھلنی میں چھان کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنالیتے ہیں اور انکو دودھ برف میں ڈال کر اور شکر ملا کر کھاتے ہیں (بنانا بننا کھانا کے ساتھ) (اصل پالودہ۔ پالودن نچوڑنا)

مثل۔ فالودہ کھاتے دانت ٹوٹیں تو (بلا سے) ٹوٹنے دو۔ بھلائی کرتے برائی ہو تو ہونے دو۔

فالیز (ف۔ مونث) خربوزوں کھیروں یا ککڑیوں کا کھیت۔

فام (ف۔ صفت) مانند۔ رنگ کا شکل کا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

فانوس (ف۔ مذکر) ۱۔ ایک قسم کا شمعدان ۲۔ ایک قسم کا بڑا قندیل ۳۔ وہ مینار سمندر میں چٹانوں پر جس پر سے جہازوں کو روشنی دکھاتے ہیں کہ وہاں سے بچ کر نکلیں۔ لائیٹ ہوس

فانوس خیال۔ خیالی یا گرداں (مذکر) ایک قسم کا کاغذی قندیل جس میں ہاتھی گھوڑے کاغذ کے کتر کر لگا دیتے ہیں۔ وہ گردش کرتے ہیں تو انکا سایہ قندیل کے کاغذ پر پڑ کر بہت اچھا معلوم ہوتا ہے۔

فانہ (ف۔ مذکر) دیکھو پھانہ۔

فانی (ع۔ صفت) ۱۔ فنا ہونیوالا ۲۔ بہت بوڑھا ۳۔ مرکبات میں جیسے عالم فانی۔ جہان فانی۔

فائدہ (ع۔ مذکر) ۱۔ نفع ۲۔ آمدنی یافت۔ محاصل ۳۔ وصف۔ خوبی ۴۔ نتیجہ۔ حاصل ۵۔ مطلب۔ غرض ۶۔ افاقہ۔ آرام ۷۔ بہتری۔ بھلائی ۸۔ سود ۹۔ فیض ۱۰۔ نتیجہ کسی کہانی کا (فید۔ حاصل ہونا)

فائدہ اٹھانا (متعدی) نفع حاصل کرنا۔ فیض حاصل کرنا۔ **فائدہ بخش** (صفت) فائدہ کرنیوالا **فائدہ پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا** (لازم) نفع حاصل ہونا۔ فیض پہنچنا۔ **فائدہ حاصل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو آخری۔ **فائدہ دینا** (متعدی) نفع پہنچانا۔ **فائدہ رساں** (صفت) فائدہ پہنچانے والا۔ **فائدہ کرنا** (متعدی) مفید پڑنا۔ کارگر ہونا ۲۔ نفع حاصل ہونا۔ **فائدہ مند** (صفت) فائدہ کرنے والا۔ مفید۔ سودمند۔ کارگر۔ **فائدہ ہونا** (لازم) ۱۔ نفع ہونا ۲۔ مفید ہونا ۳۔ حاصل ہونا ۴۔ مرض میں افاقہ ہونا۔

فائر (انگ۔ مونث) آگ۔ **فائر انجن** (مذکر) وہ انجن جس سے آگ بجھائیں۔ **فائر مین** (مذکر) ۱۔ وہ جو انجن میں ایندھن ڈالتا ہے ۲۔ وہ جو آگ بجھانے پر نوکر ہے۔

فائز (ع۔ صفت) پہنچنے والا۔ کامیاب (فوز۔ پانا) **فائز المرام** (صفت) ۱۔ مراد پانے والا۔

فائض (ع۔ صفت) ۱۔ بہت افراط سے ۲۔ فیاض ۳۔ نہایت اعلےٰ (فیض۔ بہت ہونا) **فائض السرور** (صفت) خوشی پہنچانیوالا **فائض النور** (صفت) روشن۔ منور۔

فائق (ع۔ صفت) ۱۔ بڑھا ہوا۔ سب سے بڑھ کر ۲۔ اعلےٰ۔ معزز ۳۔ فوقیت رکھنے والا (فوق۔ بہتر ہونا)

فائل (انگ۔ مونث) ۱۔ وہ کاغذ جو تاریخ اور مضمون وار رکھے جائیں۔ مسل۔ **فائل بک** (مونث) کاغذ لگانے کی کتاب یا جلد۔ **فائل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مسل میں شامل ہونا۔ نتھی ہونا۔

فائن (انگ۔ مذکر) ۱۔ جرمانہ۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲۔ (صفت) اچھا۔ اعلےٰ۔ نفیس۔

فتا (ع۔ مذکر) ۱۔ جوان آدمی ۲۔ دلیر آدمی۔ شجاع (فتی۔ جوان ہونا)

فتاح (ع۔ صفت) ۱۔ فتح کرنیوالا کھولنے والا ۲۔ (مذکر) خدا تعالےٰ کا نام جو اپنی مخلوق پر رحمت کے دروازے کھولتا ہے (فتح۔ کھولنا)

فتادگی (ف۔ مونث) **افتادہ** (صفت) دیکھو افتادگی اور افتادہ۔

فتان (ع۔ صفت) لبھالینے والی فسوں ساز۔ دلربا (آنکھ کے لئے استعمال ہوتا ہے) (فتن۔ جلنا)

فتاوے (ع۔ مذکر) جمع فتوے کی۔

فتح (ع۔ مونث) ۱۔ جیت۔ ظفر۔ (پانا حاصل کرنا یا ہونا۔ کرنا ہونا کے ساتھ) ۲۔ فتحہ۔ زبر ۳۔ سلام۔ بندگی (فتح۔ کھولنا) **فتح الباب** (مونث) ابتدا۔ آغاز۔ **فتح باب** (مونث) کشادگی۔ آسودگی۔ **فتح پیچ** (مذکر) ۱۔ پگڑی باندھنے کا ایک طریقہ ۲۔ عورتوں کے بالوں کے گوندھنے کا ایک طریقہ ۳۔ ایک قسم کا حقے کا نیچہ۔ **فتح خاں** (مذکر) مسلمانوں میں ایک نام ۲۔ (طنزاً) بہادر۔ شجاع۔ **فتح دینا** (متعدی) جتانا۔ ظفریاب کرنا۔ **فتح کا ڈنکا یا نقارہ** (مذکر) لڑائی فتح کرنے کے بعد ایک خاص طرز پر نقارہ بجاتے ہیں۔ **فتح گڑھ** (مذکر) وہ مینار جو فتح کی خوشی میں بنایا جائے۔ **فتحمند** (صفت) فاتح جیتنے والا۔ ظفریاب۔ **فتح نامہ** (مذکر) ظفرنامہ۔ وہ تحریر جو کسی فتح کی خوشی میں نظم یا نثر میں لکھی جائے۔ **فتح نشان** (صفت) فتح کے جھنڈے والا جس سے فتح ظاہر ہو۔ **فتح نصیب** (صفت) فتح کرنیوالا فاتح۔ **فتح نصیب ہونا** (لازم) فتح پانا۔ **فتح و ظفر** (مونث) فتح۔ کامیابی۔ **فتحہ** (مونث) زبر۔ **فتحیاب** (صفت) فتح پانیوالا۔ جیتنے والا۔ ظفر مند۔ منصور۔ ظفریاب (کرنا ہونا کے ساتھ)

فتحیابی (مونث) جیت۔ ظفر۔

امثال واقوال۔ فتح اور شکست خدا کے ہاتھ ہے۔ فتح دادالٰہی ہے۔ خدا جسے چاہے فتح دے۔ فتح تو خدا کے ہاتھ ہے پر مار مار تو کئے جاؤ۔ کوشش کئے جاؤ۔ خدا کامیابی دے گا۔

فتراک (ف۔ مذکر مونث) چمڑے کے تسمے جو زین کے دونوں طرف شکار یا ضروری سامان باندھنے کے لئے لگے ہوتے ہیں۔

فتق (ع۔ مذکر) فوطوں کے ایک

مرض کا نام (فتق - چیرنا)

فِتَن (ع - مذکر) فتنہ کی جمع -

فِتنَت (ع - مونث) چالاکی - شرارت - گمراہی (فتن - جلانا)

فِتنہ (ع - مذکر) ۱ شرارت - چالاکی ۲ ہنگامہ - فساد - جھگڑا ۳ بغاوت ۴ ایک قسم کا عطر ۵ (صفت) شریر - چالاک - شوخ ۶ آسمان کی صفت ۷ مفسد (فتن - جلانا) **فتنہ اٹھانا** (متعدی) اٹھنا (لازم) ۱ شرارت ۲ ... فساد ہونا جھگڑا اٹھنا **فتنہ انداز - انگیز - پرداز یا جو** (صفت) شرارتی فسادی - جھگڑا پھیلانے والا - **فتنہ اندازی انگیزی یا پردازی** (مونث) شرارت - جھگڑا - فساد - **فتنہ بپا یا برپا کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) فساد ہونا جھگڑا ہونا - شرارت ہونا - **فتنہ بننا** (لازم) باعث فساد ہونا - **فتنہ بیدار کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) فساد دوبارہ اٹھنا - از سر نو فساد ہونا - **فتنہ پرداز** (صفت) شرارت کرنے والا مفسد - **فتنہ جاگنا** (لازم) جگانا (متعدی) از سر نو فساد برپا کرنا - **فتنہ جہاں** (صفت) معشوق - **فتنہ چونکانا** (متعدی) چونکنا (لازم) دیکھو فتنہ جاگنا - **فتنہ خفتہ یا خوابیدہ** (مذکر) پوشیدہ فتنہ - رکا ہوا فتنہ - **فتنہ خفتہ یا خوابیدہ جاگنا** (لازم) جگانا (متعدی) مٹا ہوا فساد پھر اٹھنا - **فتنہ خیز** (صفت) فتنہ برپا کرنے والا - **فتنہ دوراں یا روزگار - زا - سگال - سنج یا عالم** (صفت) ۱ مفسد - فسادی ۲ معشوق **فتنہ عظیم** (مذکر) بڑا فساد - سخت بغاوت **فتنہ قد** (صفت) معشوق - **فتنہ گر** (صفت) ۱ مفسد - فسادی ۲ معشوق - **فتنہ گری** (مونث) فساد پیدا کرنا - فساد - **فتنی** (صفت مونث) ۱ شرارتی یا چالاک (عورت) ۲ لڑاکی - جھگڑالو -

فُتُوَّت (ع - مونث) ۱ شجاعت بہادری ۲ سخاوت - مروت (فتو - دوسرے سے سخاوت میں بڑھ جانا -

فُتُوح (ع - مونث و مذکر) ۱ جمع فتح کی ۲ فتوحات - فتحیں ۲ کامیابی ۳ کشائش - آسودگی ۴ بالائی یافت - **فتوحات** - جمع الجمع فتوح کی - کئی فتحیں - کئی شہروں کی تسخیر - **فتوح الشام - فتوح المصر** (مذکر) مشہور کتابوں کے نام -

فُتوحی - فتوحی (ع - مونث) واسکٹ - ...ری (فتح - کھلنا)

فُتُور (ع - مذکر) ۱ فساد - شرارت فتنہ ۲ کمزوری - خرابی (فتر - گھٹنا - کمزور ہونا) **فتور آنا** (لازم) خرابی پیدا ہونا - **فتور اٹھانا** (متعدی) ... (لازم) برپا کرنا (متعدی) برپا ہونا یا پڑنا (لازم) ہنگامہ برپا ہونا - جھگڑا پڑنا - فتنہ اٹھنا - خلل پڑنا - **فتور ڈالنا - کرنا** (متعدی) خلل انداز ہونا - رخنہ ڈالنا - **فتور عقل** (مذکر) بے عقلی - بیوقوفی - **فتور ہضم** (مذکر) ہاضمے کی خرابی - **فتوری - فتوریا** (صفت) وہ جو فتور برپا کرے

فَتوے (ع - مذکر) شرع کا حکم مفتی کا فیصلہ کسی مسئلہ کے متعلق (فتی - شرعی فیصلہ دینا) **فتوے حاصل کر لینا یا کرانا** (متعدی) کسی مفتی سے کسی معاملے کے متعلق فیصلہ لینا - **فتوے دینا** (متعدی) فیصلہ دینا - شرعی حکم بیان کرنا - **فتوے لینا** (متعدی) جواز یا عدم جواز کی بابت حکم لینا -

فِتیان (ع - مذکر) جوانمرد

فَتیل (ع - مذکر) بتی چراغ کی (فتل - مروڑنا) **فتیل سوز** (مذکر) روشنی کا چوکھا ظرف - **فتیلہ** (مذکر) ۱ چراغ کی بتی - موٹی بتی روئی کی بٹی ہوئی ۲ مشعل ۳ وہ بتی جو زخم میں رکھتے ہیں ۴ وہ بٹا ہوا ڈورا جو انگرکھوں وغیرہ میں ... کر اوپر سے سی دیتے ہیں ۵ تعویذ کی بتی جس کی دھونی بیمار یا آسیب زدہ کو دیتے ہیں اور کبھی اس کے سامنے جلاتے ہیں ۶ بندوق یا توپ کا توڑا - **فتیلہ داغنا** (متعدی) نالش کرنا **فتیلہ دکھانا** (متعدی) فتیلہ یا بتی سے آگ لگانا بندوق یا توپ کی بارود کو - **فتیلہ دینا** (متعدی) زخم میں بتی دینا - **فتیلہ سوز** (مذکر) روشنی کا چوکھا ظرف - شمعدان - **فتیلہ عنبر** (مذکر) عنبر کی بتی جو جلاتے ہیں - **فتیلہ ناک میں دینا** (متعدی) ۱ تعویذ کی بتی کی دھونی دینا ۲ ستانا - دق کرنا -

فِتین (اردو - صفت) چالاک عیار (غالباً فتنہ سے)

فِٹ (انگ - مذکر) چست ہونا (کپڑے یا جوتے وغیرہ کا - درست ہونا (کرنا ہونا کے ساتھ) **فٹر** (مذکر) وہ مستری جو مشینوں کے پرزے درست کرتا ہے - **فٹنگ** (مذکر) ۱ کپڑے وغیرہ کا درست ہونا ۲ درست کرنے کا فعل ۳ جوتے کی جوڑائی -

فُٹ (انگ - مذکر) ۱ پاؤں ۲ ایک ماپ جو ۱۲ انچ کا ہوتا ہے - تین فٹ کا ایک گز ہوتا ہے - **فٹ بال** (مذکر) ۱ ایک بڑی چمڑے کی گیند جس کے اندر خلا ہوتا ہے - اور ایک ربڑ کا گولا اس کے اندر ہوتا ہے جسے ہوا سے بھرتے ہیں - اسے پاؤں یا سر سے ٹھوکریں مار کر کھیلتے ہیں ۲ اس گیند کا کھیل (کھلانا کھیلنا کا ساتھ) **فٹ بال کا میچ** (مذکر) دو فریق کے درمیان فٹ بال کے کھیل کا مقابلہ - **فٹ نوٹ** (مذکر) وہ شرح جو کتاب کے متن کے نیچے لکھی جاتی ہے

فِٹن (ع - مذکر) ایک چوپہیہ گاڑی جو اوپر سے کھلی ہوتی ہے (انگ - فیٹن)

فِجار (ع - مذکر) ایک جنگ جو قبیلہ قریش اور قبیلہ قیس کے مابین زمانہ جاہلیت میں ہوئی -

فُجّار (ع - مذکر) جمع فاجر - بدچلن اشخاص -

فَجّ (ع - مذکر) ایک قبیلہ -

فَجر (ع - مونث) ۱ صبح - گجردم - تڑکا - بھور - سویرا - سحر - پگاہ - بامداد - پربھات ۲ نماز صبح -

امثال واقوال - فجر فجر کی نہ کچھ نہیں - بنیوں کا قول ہے - **فجر فجر نہ ہاں مت کرو** صبح کے وقت اقرار یا انکار نہیں کرنا چاہیئے -

فُجُور (ع - مذکر) فاجر - بدچلن -

فُجُور (ع - مذکر) ۱ بدکاری - بدچلنی - گناہ ۲ زنا - اغلام - فسق -

فَحّاش (ع - مذکر) ۱ شریر - بدچلن ۲ گندا (فحش - گندا ہونا) **فحاشی** (مونث) فحش - گندگی -

فُحش (ع - مذکر) بیحیائی کی بات گندی بات - قابل شرم بات - گالی (فحش - گندا ہونا) **فحش بکنا** (متعدی) بے حیائی کی باتیں کرنا -

گالیاں بکنا -

فحل (ع - مذکر) ۱ اونٹ - سانڈ ۲ عالم آدمی ۳ ایک ستارہ ۴ شاعر علقمہ کا لقب ۵ شام میں ایک مقام -

فحویٰ (ع - مذکر) ۱ معنی - مطلب ۲ طرز - ڈھنگ - انداز (فحو - معنی ہونا) **فحوائے کلام** (مذکر) بات کا مطلب - گفتگو کا انداز -

فحول (ع - صفت) جمع فحل کی - جید علماء - فضلاء ۲ ناموران - صاحبان سیرت ۳ اونٹ سانڈ -

فخر (ع - مذکر) ۱ شان - شوکت ۲ بزرگی - شرف - عزت ۳ ناز - شیخی - گھمنڈ - غرور - تکبر (فخر - شیخی مارنا) **فخراً** (تف) فخر سے - شیخی سے - ناز سے - **فخر الاقران** (مذکر) اپنے ہمعصروں کا فخر - **فخر انبیا (و رسول)** یا **بشر** (مذکر) پیغمبر صلعم - **فخر جاننا یا سمجھنا** (متعدی) عزت کا باعث خیال کرنا - **فخر خاندان** (مذکر) وہ شخص جس پر خاندان کے لوگوں کو ناز ہو جس کی ذات سے خاندان کو عزت حاصل ہو - **فخر نسب** (مذکر) ذات کی بڑائی - **فخری** (مذکر) ایک قسم کا انگور - **فخریہ** (تف) فخر سے -

فخفور (ف - مذکر) دیکھو فغفور -

فخنہ (اردو - صفت) مہمل لفظ ہے - **فخنہ فقیر ہے** - نہایت کنگال محتاج ہے (عف)

فخیر (ع - صفت) فخر کرنے والا - شیخی مارنے والا (فخر - شیخی مارنا)

فخیم (ع - صفت) بزرگ - صاحب مرتبہ - بلند قدر -

فِدا (ع - صفت) ۱ عاشق - فریفتہ ۲ قربان - تصدق (فدیٰ - فدیہ دینا) **فدا کرنا** (متعدی) قربان یا تصدق کرنا - **فدا ہونا** (لازم) ۱ قربان ہونا - جان دینا ۲ عاشق ہونا - **فدائی** (صفت) ۱ جاں نثار - عاشق ۲ فرقۂ اسماعیلیہ کے افراد کا ایک نام -

فدّاد (ع - صفت) ۱ اونچی آواز والا - اکھڑ ۲ مغرور - متکبر -

فدام (ع - مذکر) ایک نقاب جو پارسی کوئی چیز پینے یا خاص خاص دعائیں مانگنے کے وقت پہنتے ہیں -

فِدک (عرب) ایک شہر جو خیبر کے قریب تھا یہاں یہودی آباد تھے پیغمبر صلعم کی وفات کے بعد حضرت فاطمہؓ نے خیبر اور فدک بطور وراثت مانگے تھے - مگر حضرت ابوبکرؓ نے پیغمبر صلعم کے اس قول کی وجہ سے نہ دیئے کہ میرا کوئی وارث نہیں ہوگا - جو کچھ میں چھوڑوں گا وہ غریبوں کے لیے ہوگا -

فِدوی (ع - صفت) فدا ہونے والا بڑے مرتبے والے کو چٹھی لکھنے پر نام کے پہلے لکھا جاتا تھا - اب عرضیوں کے آخر میں نام سے پہلے لکھتے ہیں (فدیٰ - فدیہ ادا کرنا)

فِدیہ (ع - مذکر) ۱ صدقہ - کفارہ ۲ وہ مال یا روپیہ جو کسی قیدی کو چھڑانے کے لئے دیا جائے ۳ جان کا معاوضہ - دیت ۴ صدقۂ فطر -

فَر (ع - مذکر) ۱ روشنی - چمک ۲ رونق - شان و شوکت - دبدبہ ۳ (مونث) اڑنے کی آواز (فر - اڑنا) **فراٹا** (مذکر) ۱ ہوا میں کسی چیز کے اڑنے کی آواز ۲ جلدی سے بولنے یا پڑھنے کے لئے بھی بولتے ہیں ۳ تیزی سے دوڑنے کے لئے بھی مستعمل ہے ۴ ہوا کا تیز جھونکا - **فراٹے بھرنا یا لینا** (متعدی) ۱ جلد جلد پڑھنا - بے اٹکے پڑھنا ۲ نہایت تیزی سے دوڑنا ۳ تیزی سے اڑنا - **فراٹے بھرتا ہے** - بڑا چالاک ہے - چلتا ہوا ہے - تیز ہے **فراٹے کے ساتھ** (تف) تیزی سے - جلدی سے - **فر سے** (تف) تیزی سے - جلدی سے پھر سے -

فُرات (ع - مونث) ۱ میٹھا اور سرد پانی ۲ (عراق) ایک دریا جو ۱۸۰۰ میل لمبا ہے (فرت - میٹھا ہونا)

فِراجانا (ہ - لازم) کود جانا - چھلانگ مارنا -

فراخ (ف - صفت) ۱ کھلا - کشادہ - وسیع - چوڑا ۲ بہت - زیادہ (فراختن - تعریف کرنا) **فراخ آستین** (صفت) ۱ فیاض - سخی ۲ جوانمرد - **فراخ ابرو** (صفت) کشادہ پیشانی - ہنس مکھ - **فراخ ابروئی** (مونث) ۱ خوشی - فرحت ۲ پرلطف زندگی - **فراخ بال** (صفت) فارغ البال - اچھی حالت میں **فراخ بیں** (صفت) جو سب کو ایک ہی نظر سے دیکھے - **فراخ پیشانی** (صفت) کشادہ پیشانی - چوڑی پیشانی کا - **فراخ چشمی** - (صفت - عالی ہمتی - بلند حوصلہ ہونا - **فراخ حوصلگی** (مونث) شرافت - عالی ہمتی - **فراخ حوصلہ** (صفت) بلند ہمت - **فراخ دامن یا دست** (صفت) ۱ دولتمند - مالدار ۲ فیاض - سخی ۳ کشادہ - کھلا - **فراخ دستی** (مونث) ۱ فیاضی - سخاوت ۲ دولت ۳ طاقت - قوت - اختیار - **فراخ رو** (صفت) ۱ تیز - چست ۲ فضول خرچ - **فراخ رُو** (صفت) کشادہ پیشانی - خوش مزاج - **فراخ روی** (مونث) فضول خرچی - **فراخ روئی** (مونث) خوش مزاجی - **فراخ کرنا** (متعدی) ۱ چوڑا کرنا - کشادہ کرنا ۲ ڈھیلا کرنا - **فراخ مایہ** (صفت) ۱ تجربہ کار ۲ ہوشیار ۳ لائق - قابل - **فراخور** (مونث) ۱ لائق - مناسب - موزوں - سزاوار ۲ شائستہ - **فراخنہ** (مذکر) ۱ کپکپی لرزہ ۲ ڈر - دہشت - **فراخی** (مونث) ۱ کشادگی - وسعت - چوڑائی - پھیلاؤ ۲ آسودگی - خوشحالی ۳ بڑائی ۴ افراط - بہتات ۵ سستا ہونا کھانے پینے کی چیزوں کا ۶ گھوڑے کا تنگ - ان پڑھ آدمی فراقی کہتے ہیں - **فراخیٔ رزق** (مونث) کھانے پینے کی چیزوں کی افراط - دولت کی زیادتی -

فُرادیٰ (ع - صفت) جمع فرد کی ۱ اکیلا - تنہا ۲ (تف) یک ایک - علیحدہ علیحدہ

فَرادیس (ع - مذکر) جمع فردوس کی -

فُرار (ع - صفت) ۱ بہت بھاگنے والا ۲ (مذکر) (کیمیا) پارہ -

فِرار (ع - مذکر) بھاگنا - غائب ہونا - (کرنا - ہونا کے ساتھ) (فر - بھاگ جانا) **فرار پر فرار اختیار کرنا** (متعدی) بھاگ جانا - **فراری** (صفت) ۱ مفرور - بھاگا ہوا ۲ (مذکر) مجرم جو بھاگ جائے -

فَراز (ف - مذکر) ۱ بلندی - مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے جیسے سرفراز - **فراز آباد** (مذکر) اوپر کی دنیا - آسمان - **فراز آسمان** (مذکر) آسمان کی بلندی - **فرازی** (مونث) ۱ اونچائی - بلندی ۲ مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا

ہے۔ جیسے۔ فرازی۔

فراس (ع۔ مذکر) ۱ ایک سیاہ قسم کی کھجور ۲ شیر ببر (فرس۔ درندے کا شکار کو مار ڈالنا)۔

فراست (ع۔ مونث) ۱ دانائی۔ عقلمندی۔ فہم ۲ (علم) قیافہ شناسی (فرس۔ ماہر ہونا) **فراست نامہ** (مذکر) قیافہ شناسی کی کتاب۔

فراش (ع۔ مذکر) ۱ فرش کرنیوالا شخص ۲ وہ ملازم جس کا کام فرش کرنا، بستر بچھانا، لیمپ جلانا وغیرہ ہو ۳ خیمہ لگانے والا ملازم ۴ جھاڑو دینے والا شخص۔ بھنگی ۵ ایک قسم کا درخت جو قبرستانوں میں عموماً ہوتا ہے۔ اس کی لکڑی بہت کمزور ہوتی ہے (فرش۔ پھیلانا) **فراش خانہ** (مذکر) وہ مکان جس میں خیمے اور انکا سامان فرش وغیرہ رہیں۔ **فراشن** (مونث) فراش کی بیوی۔ **فراشی** (مونث) ۱ فراش کا کام ۲ فراش کی جورو۔ **فراشی پنکھا** (مذکر) چھت کا پنکھا۔ **فراشی سلام** (مذکر) سلام جو بہت جھک کر کیا جائے کہ سر فرش کے ساتھ جا لگے۔

فِراش (ع۔ مذکر) ۱ وہ فرش جس پر سوئیں۔ بستر ۲ مرکبات میں جیسے صاحب فراش

فراغ (ع۔ مذکر) ۱ آزادی۔ فراغت ۲ نجات ۳ آسودگی ۴ آرام۔ امن ۵ خوشی (فرغ۔ آزاد ہونا) **فراغ امور ضروری**۔ ضروری کاموں سے فراغت یعنی پیشاب پیخانہ کرلے اور منہ ہاتھ دھونے سے فراغت۔ **فراغ بالی** (مونث) ۱ بیفکری سے عمر بسر کرنا ۲ آسودگی۔ آرام **فراغِ دل یا خاطر** (مذکر) ۱ بے فکری۔ تسلی ۲ آسودگی آرام۔

فراغت (ع۔ مونث) ۱ چھٹکارہ۔ نجات۔ فرصت۔ خلاصی۔ ۲ راحت۔ خوشی (حاصل کرنا یا ہونا کے ساتھ) (فرغ۔ آزاد ہونا) **فراغت پانا** (لازم) چھٹکارہ ہونا۔ خلاصی ہونا۔ **فراغت جانا** (لازم) جائے ضرور جانا۔ **فراغت حاصل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو فراغت پانا۔ **فراغت خانہ** (مذکر) پاخانہ۔ جائے ضرور۔ **فراغت سے** (تف) آرام سے۔ اطمینان سے۔ **فراغت لگنا** (لازم) پاخانے کی حاجت ہونا۔ **فراغت میں** (تف) فرصت کے وقت **فراغت والا** (صفت) خوشحال۔ آسودہ۔ **فراغت ہونا** (لازم) ۱ فارغ ہونا۔ فرصت ہونا ۲ (عف) جماع کرنا

فراق (ع۔ مذکر) ۱ جدائی۔ علیحدگی ۲ فکر۔ خیال۔ تاک۔ دھن ۳ معشوق سے علیحدہ رہنے کا زمانہ (فرق۔ جدا ہونا) **فراق دیدہ** (صفت) جسے معشوق سے جدائی ہو۔ **فراق زدہ** (صفت) جو معشوق سے جدا ہو۔ عاشق۔ **فراق کرنا** (متعدی) جدائی ڈالنا۔ علیحدہ کرنا۔ **فراق کشیدہ** (صفت) جسے اپنے معشوق سے جدائی ہو۔ **فراق کی سحر** (مونث) وہ صبح جب عاشق و معشوق میں جدائی ہو۔ **فراق میں جل جل مرنا** (لازم) جدائی کی وجہ سے رنج اٹھانا۔ **فراق نصیب ہونا** (لازم) فراق ہونا معشوق بچھڑنا۔ **فراق ہونا** (لازم) جدائی ہونا۔ **فراقِ یار** (مذکر) معشوق کی جدائی۔ **فراقیہ** (صفت) فراق کے متعلق۔ فراق سے منسوب۔ **فراقیہ نظم** (مونث) وہ نظم جس میں فراق کا ذکر ہو۔

فراک (انگ۔ مذکر) بچوں یا عورتوں کا ایک قسم کا لمبا کرتا۔

فرامش (صفت) **فرامشی** (ف۔ مونث) دیکھو فراموش و فراموشی۔

فرامشن (انگ۔ مذکر) ۱ ایک جماعت جس کے ممبران آپس میں بہت ہمدردی رکھتے ہیں ۲ اس فرقے کا ہر ایک ممبر (اصل فری میسن ہے)

فراموش (ف۔ صفت) ۱ بھولا ہوا۔ یاد سے اترا ہوا ۲ (مذکر) وہ کھیل جو جڑواں ہو ۳ لڑکیوں کا ایک کھیل۔ وہ جب جڑواں پھل کسی کو دیں اور وہ پھل لیتے ہی یاد نہ کہدے تو اسے ویسے دو سو پھل دینے چاہئیں (بدنا۔ جیتنا کے ساتھ) (فراموشیدن۔ بھول جانا) **فراموش کار** (صفت) وہ شخص جو اکثر بھول جائے۔ **فراموش کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بھول جانا۔ خیال نہ رہنا۔ **فراموشی** (مونث) بھوک۔ چوک۔

فراموشیں (ف۔ مونث) گھوڑے کی ایک بیماری۔ دو ہڈیاں ناک میں نکل آتی ہیں (نکالنا۔ نکلنا۔ نکلوانا کے ساتھ) —

فرامین (ع۔ مذکر) فارسی طریقے پر فرمان کی جمع۔

فرانا (ہ۔ لازم) ۱ گھوڑے کا پھنکارہ مارنا ۲ تیزی سے حرکت کرنا ۳ جلدی سے جانا۔

فرانس (یورپ) ایک ملک اور جمہوری سلطنت جو جرمنی کے مغرب میں واقع ہے۔ رقبہ ۲۱۲۶۵۹ (۳۰۷۴۴) پیرس دار السلطنت ہے۔ **فرانسیس** (مذکر) فرانس کے باشندے۔ **فرانسیسی** (مذکر) ۱ فرانس کے ملک کا باشندہ ۲ (مونث) فرانس کے باشندوں کی زبان۔

فرانک (انگ۔ مذکر) فرانس کا ایک سکہ۔

فراواں (ف۔ صفت) بہت۔ بکثرت۔ **فراوانی** (مونث) کثرت۔ افراط۔ زیادتی

فراہم (ف۔ صفت) ۱ اکٹھا کیا ہوا۔ جمع کیا ہوا ۲ ڈھیر کیا ہوا ۳ (مذکر) جمع۔ اجتماع ۴ (تف) اکٹھا (کرنا ہونا کے ساتھ) **فراہم شدہ** (صفت) اکٹھا کیا ہوا۔ جمع کیا ہوا۔ **فراہمی** (مونث) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔

فرائد (ع۔ مذکر) جمع فریدہ کی ۱ قیمتی پتھر۔ جواہرات۔ عجیب موتی ۲ اکائیاں **فرائدالدہ** (مذکر) ۱ بڑے بڑے موتی ۲ سیپ **فرائدالدریہ** (مذکر) ایک عربی انگریزی لغت کی کتاب کا نام۔

فرائض (ع۔ مذکر) جمع فریضہ کی ۱ وہ کام جن کا کرنا ضروری سمجھا جائے ۲ خدائی قانون، احکامات ۳ قانون میراث کا علم۔ **فرائض پنجگانہ** (مذکر) ۱ اسلام کے پانچ ارکان۔ کلمہ شہادت پڑھنا نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ۔ **فرائض منصبی** (مذکر) وہ کام جن کا کرنا عہدے کی رو سے ضروری ہو۔

فرائضی (مذکر) بنگال میں مسلمانوں کا ایک فرقہ جس کا بانی حاجی شریعت اللہ تھا۔

فرلودیت (ف۔ مونث) بیہودگی اول جلدی پن۔

فربہ (ف۔ صفت) ۱ موٹا۔ جسیم۔ لحیم شحیم۔ مٹنگا۔ سنڈا۔ مشٹنڈا ۲ تیار۔ بہت چربی والا۔ **فربہ اندام** (صفت) موٹے بدن کا۔ جسیم۔

موٹا۔ فربہی (مونث) موٹاپا

مثل۔ فربہی چیزے دگر آماس چیزے دیگر است۔ موٹاپا اور چیز ہے اور ماس اور چیز ہے۔ جب دو چیزیں ظاہر میں یکساں معلوم ہوں تو کہتے ہیں۔

فرتوت (ف۔ صفت) بہت بوڑھا۔ سترہ بہترہ اردو میں عموماً پیر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے

فرتھ (انگ۔ مذکر) کھاڑی۔ خلیج جو دریا کے دہانے پر ہو۔

فرج (ع۔ مونث) ۱۔ عورت کی اندام نہانی ۲۔ ر (فرج۔ کھولنا)

فرج (ع۔ مونث) ۱۔ کشادگی ۲۔ دراڑ۔ شگاف۔ رخنہ۔

فرجاد (ف۔ صفت) عقلمند۔ دانا۔

فرجام (ف۔ صفت) انجام۔ آخیر۔ آخرت۔ مرکبات کے اخیر میں جیسے نافرجام۔

فرح (ع۔ مونث) خوشی۔ شادمانی۔ فرحت (فرح۔ خوش ہونا۔ فرحا (تف) خوشی سے

فرح آباد (مذکر) ایران میں عیش و عشرت کا ایک مقام۔ فرح افزا (صفت) دیکھو فرحت افزا۔ فرح بخش (صفت) ۱۔ خوشی دینے والا ۲۔ (مذکر) ایک باغ کا نام۔ فرحناک (صفت) جسے خوشی ہو۔ خوش۔ خوشی سے بھرا ہوا۔

فرحان (ع۔ صفت) خوش۔ شاد۔ مسرور۔ خرم۔ (فرح۔ خوش ہونا)

فرحت (ع۔ مونث) خوشی۔ شادمانی۔ خرمی۔ فرحت آثار (صفت) خوشی۔ زیہاں۔ فرحت آگیں (صفت) خوشی سے بھرا ہوا۔ خوش (فرح۔ خوش ہونا)۔ فرحت افزا (صفت) خوشی بڑھانے والا۔ خوش کن۔ تازگی بخش۔ فرحت انتہا (صفت) خوشی سے ملتا ہوا۔ خوشگوار۔ فرح بخش۔ فرحت انجام (صفت) ۱۔ کامیاب ۲۔ مبارک جس کا انجام اچھا ہو۔ فرحت بخش (صفت) خوشی دینے والا۔ خوش کن۔ فرحت حاصل ہونا (لازم) خوشی ہونا۔ تفریح ہونا۔ فرحت فرما (صفت) خوش کرنے والا۔

فرخ (ف۔ صفت) ۱۔ مبارک ۲۔ زیبا ۳۔ خوش ۴۔ بہتر ۵۔ خوبصورت چہرے والا ۶۔ (مذکر) ایرانی سال کے پانچ زائد دنوں میں سے ایک یا رہ۔ ترخ کا مرکب) فرخ اختر (صفت) خوش قسمت۔ فرخ تبار (صفت) عالی خاندان۔ اچھے گھرانے کا۔ فرخ زاد (صفت) ۱۔ خوش ۲۔ کامیاب۔ اقبال مند۔ فرخ سیر (صفت) اچھی طبیعت والا۔ فرخ فال (صفت) ۱۔ مبارک ۲۔ خوش قسمت۔ فرخ قدم (صفت) ۱۔ جس کا آنا مبارک ہو۔ فرخ مآل (صفت) ۱۔ جس کا نتیجہ اچھا ہو ۲۔ خوش انجام۔ مبارک۔ فرخ نبرد (صفت) ۱۔ لڑائی میں خوش قسمت ۲۔ فاتح۔ کامیاب بہادر۔ فرخ نژاد (صفت) اچھی نسل کا۔ خاندانی۔ فرخ نہاد (صفت) نیک نہاد۔ فرخی (مونث) خوشی۔ فرحت۔ شادمانی۔

فرخار (ف۔ مذکر) ۱۔ سجاوٹ۔ زینت ۲۔ ایک شہر جو اپنے باشندوں کی خوبصورتی اور بتوں کے لئے مشہور تھا۔

فرخندہ (ف۔ صفت) ۱۔ مبارک ۲۔ خوش۔ فرخندہ بخت (صفت) خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ فرخندہ پے (صفت) دیکھو فرخ قدم۔ فرخندہ خو (صفت) نیک خصلت۔ فرخندہ رائے (صفت) نیک تدبیر۔ دانشمند۔ فرخندہ طالع یا فال (صفت) خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ فرخندہ فرجام (صفت) جس کا نتیجہ نیک ہو۔ مبارک۔ فرخندہ مآل (صفت) ۱۔ مبارک ۲۔ مبارک نتیجہ والا ۳۔ کامیاب۔

فرد (ع۔ صفت) ۱۔ اکیلا۔ واحد ۲۔ لاثانی۔ بے مثل۔ تنہا ۳۔ اظہار تعداد کے لئے پرندوں کے واسطے ۴۔ (مونث) بیت۔ ایک شعر ۵۔ وہ کاغذ جس پر محررحساب کتاب درج کرتے ہیں۔ بل۔ رجسٹر ۶۔ وہ کاغذ جس پر دعوتوں میں لوگوں کے نام لکھتے ہیں ۷۔ وہ کاغذ جس پر برآمد شدہ مال کی تفصیل دے کر گواہان کے دستخط کراتے ہیں ۸۔ چادر۔ شال۔ رضائی کا ابرہ ۹۔ (مذکر) ایک شخص۔ تنہا آدمی ۱۰۔ گنجفہ کا ورق ۱۱۔ ایک خوش آواز پرند ۱۲۔ ایک قسم کا لقا کبوتر ۱۳۔ ایک چیز۔ دو میں سے ایک چیز (فرد۔ اکیلا ہونا) فرداً فرداً (تف) اکیلا اکیلا۔ جدا جدا۔ الگ الگ۔ فرد باطل (مونث) ۱۔ ردی یا بیکار چیز ۲۔ طاق عدد۔ فرد باقیات (مونث) بقایا ماسنے کی فرد۔ فرد بشر (مذکر) نفر۔ شخص واحد۔ فرد پر صاد کرنا۔ دعوت کی فرد پر نشان صاد کرنا کہ اطلاع ہوگئی۔ اب دستخط کرنے کا فیشن ہے۔ فرد تشخیص (مونث) تشخیص مالگزاری کی فرد۔ فرد تعلیقہ (مونث) ضبطی جائداد کی فرد۔ فرد جرم (مونث) مسل کا وہ کاغذ جس پر مجرم کا جرم اور دفعہ بعد لینے شہادت کے درج کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد ملزم کا بیان اور شہادت صفائی لی جاتی ہے۔ فرد جمع بندی (مونث) مالگزاری کی فرد۔ فرد حساب (مونث) حساب کا چٹھا۔ فرد حقیقت (مونث) عرضداشت۔ واجب العرض۔ فرد فرد (تف) ایک ایک۔ علیحدہ علیحدہ۔ فرد قرارداد جرم (مونث) دیکھو فرد جرم۔ فرد قرابت (مونث) وہ فرد جس میں رشتہ داروں کے نام ہوں۔ فرد کاشی (مونث) کاشتکار کی کاشت کی فہرست۔ فرد کنکوت (مذکر) وہ کاغذ جس میں فصل کی قیمت کی تخمینی فہرست درج ہوتی ہے۔ فردی (مونث) ۱۔ فرد ۲۔ (صفت) جس میں ایک ہو۔ فردیات (مونث) جمع فرد کی۔ فرد کی بوٹی (مونث) بوٹیاں جو فرد شال پر بناتے ہیں۔

فردا (ف۔ مذکر) ۱۔ کل جو آئے گا ۲۔ قیامت کا دن۔ فردا کی دید۔ کل کس نے دیکھی ہے۔ آنے والے زمانے کا کیا اعتبار۔ فردائے قیامت (مذکر) قیامت کا دن۔

فردجان (ف۔ مذکر) ایرانی سال کا ایک مہینہ جو اکتوبر کے مقابل ہے۔

فردوس (ع۔ مذکر) فارسی پردیس کا معرب جس سے انگریزی پیریڈائز بنایا گیا ہے ۱۔ باغ ۲۔ بہشت ۳۔ زرخیز وادی ۴۔ کئی خوبصورت مقاموں کا نام ۵۔ قزوین کا ایک قلعہ۔ فردوس بریں (مذکر) بہشت کا اعلیٰ طبقہ۔ فردوس مکانی (صفت) ۱۔ مرحوم۔ آنجہانی ۲۔ وہ شخص جس کا گھر فردوس میں ہو ۳۔ بابر کا لقب۔

فرودین (ف۔ مذکر) ایرانی سال کا پہلا مہینہ۔

فرزانگاں (ف۔ مذکر) جمع فرزانہ کی۔

فرزانگی (ف۔ مونث) دانائی۔

عقلمندی۔

فرزانہ (ف۔ صفت) دانا۔ عقلمند۔ **فرزانہ خو** (صفت) خوش خلق۔ پسندیدہ خو۔

فرزجہ (ف۔ مذکر) وہ ٹکڑا کپڑے کا جو دوائی میں تر کر کے زخم یا فرج میں رکھیں۔

فرزند (ف۔ مذکر) بیٹا۔ ابن۔ **فرزند آفتاب** (مذکر) لعل۔ یاقوت۔ **فرزند ارجمند** (مذکر) لائق بیٹا۔ ہونہار بیٹا۔ **فرزند بنانا** (متعدی) متبنیٰ بنانا۔ گود لینا۔ **فرزند خاور** (مذکر) سورج۔ **فرزند خلف** (مذکر) نیک بیٹا۔ تابع بیٹا۔ لائق بیٹا۔ سپوت۔ **فرزند دلبند** (مذکر) دل کو خوش کرنے والا بیٹا۔ **فرزند رشید** (مذکر) نیک بیٹا۔ **فرزند زنا** (مذکر) حرامی بیٹا۔ **فرزند کی آگ** (مذکر) بیٹے کی محبت۔ **فرزند ناخلف** (مذکر) نالائق بیٹا۔ کپوت۔ **فرزند نرینہ** (مذکر) بیٹا۔ **فرزند نیک نہاد** (مذکر) نیک بخت بیٹا۔ **فرزندی** (مونث) ۱ بیٹا ہونے کی حالت ۲ باپ بیٹے کا تعلق۔ **فرزندی میں لینا** (متعدی) بیٹا بنانا۔ داماد بنانا۔

امثال و اقوال۔ **فرزند وہ** جو پند مانے اور باپ کا کہنا فرض جانے۔ بیٹا وہ ہے جو باپ کی نصیحت مانے اور اس کی تابعداری کرے۔ **فرزند وہ ہے جو خلف ہو۔** نیک بخت بیٹا حقیقت میں بیٹا ہوتا ہے۔

فرزول (ع۔ مذکر) ایک لوہے کا پرزہ جو بندوق کی چاپ میں لگاتے ہیں۔

فرزین (ف۔ مذکر) وزیر شطرنج کا (ڈھیٹ بیٹھنا کھیلنا۔ مارنا۔ مرنا وغیرہ کے ساتھ) **فرزیں بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) پیدل کا آخری خانے میں پہنچ کر وزیر بنانا۔ **فرزیں بند** (مذکر) ۱ وزیر کے زور پر بیٹھا ہوا مہرہ ۲ وزیر کی شہ۔

فرس (ع۔ مذکر) ۱ گھوڑا ۲ شطرنج کا گھوڑا۔

فرسا (ف۔ صفت) ۱ تباہ کرنیوالا جیسے جانفرسا ۲ گھسنے والا۔ جیسے جبیں فرسا (فرسودن گھسنا)

فرستادہ (ف۔ صفت) بھیجا ہوا قاصد۔ ایلچی۔

فرستہ (ف۔ مذکر) دیکھو فرستادہ۔

فرسٹ (انگ۔ صفت) پہلا **فرسٹ اننگ** (مونث) کرکٹ میں پہلی دفعہ کا کھیل۔ **فرسٹ ایر** (کلاس) (مذکر) پہلا سال کالج کی پہلی جماعت۔ **فرسٹ ایر سٹوڈنٹ** (مذکر) کالج کی پہلی جماعت کا طالب علم۔ **فرسٹ کلاس** (مونث) ۱ پہلا درجہ ۲ تھیٹر کا پہلا درجہ ۳ ریل کا پہلا درجہ جس میں کرایہ سب سے زیادہ ہوتا ہے ۴ (صفت) بہت اعلےٰ۔ **فرسٹ گریڈ** (صفت) اول درجے کا۔ بہت اعلےٰ۔

فرسخ (ع۔ مذکر) فاصلے کا ایک ماپ جو ۱۸ ہزار فٹ ہوتا ہے۔ فرسنگ (فرسنگ کا معرب)

فرسنگ (ف۔ مذکر) دیکھو فرسخ۔

فرسودہ (ف۔ صفت) ۱ گھسا ہوا ۲ لیا گیا۔ زیادہ استعمال۔ پرانا۔ کہنہ (فرسودن گھسنا)

فرش (ع۔ مذکر) ۱ بچھونا ۲ بیچھنے کی چیز کپڑا جو زمین پر بچھایا جائے ۳ وہ پھول دار کپڑا جو درکے اوپر بچھاتے ہیں ۴ بچھونا ۵ سطح زمین ۶ وہ زمین جس پر اینٹیں بچھا دی گئی ہوں یا کنکر کوٹے گئے ہوں۔ **فرش اطلسی فلک** (مذکر) آسمان۔ **فرش بچھانا** (متعدی) **بچھنا** (لازم) **بچھوانا** (دم) بچھونا وغیرہ پلنگ پر کرانا دری قالین وغیرہ زمین پر بچھوانا۔ **فرش خاک** (مذکر) زمین۔ **فرش راہ** (مذکر) راہ پر بچھا ہوا۔ **فرش زمین کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مرنا۔ دفن ہونا۔ پیوند زمین ہونا۔ **فرش سجانا** (متعدی) سجا ہونا۔ **سجنا** (لازم) فرش کا خوبصورتی سے لگا ہونا۔ **فرش سے لے عرش تک**۔ زمین سے آسمان تک ہر جگہ۔ **فرش فروش** (مذکر) بچھونا وغیرہ۔ **فرش کا جھول مٹانا** (متعدی) فرش سے سلوٹ نکالنا۔ فرش کر دینا یا کرنا (متعدی) ۱ بچھونا کرنا ۲ چونے یا اینٹوں کا فرش بنانا ۳ بہت مارنا۔ مار کر زمین پر گرا دینا۔ **فرش گل** (مذکر) پھولوں کی سیج۔ **فرش گسترده ہونا** (لازم) فرش بچھا ہونا۔ **فرش گلیجہ** (اصطلاح کمہاران) پختہ سڑک جس پر کنکر عمدہ طور پر کٹے ہوں۔ **فرش مصفا** (مذکر) صاف ستھرا فرش۔ **فرش مکلف** (مذکر) بہت اچھا فرش۔ **فرش ملوکانہ** (مذکر) بادشاہوں کے لائق فرش۔ **فرش ہونا** (لازم) دیکھو فرش کرنا۔ **فرشی** (صفت) ۱ فرش کا ۲ فرش سے تعلق ۳ (مذکر) بڑا اور چوڑے پیندے کا حقہ ۴ بندوق کا وہ پرزہ جس میں گز رکھتے ہیں۔ **فرشی پنکھا** (مذکر) دیکھو فراشی پنکھا۔ **فرشی جوتا** (مذکر) فرش پر یا گھر میں پہننے کا جوتا۔ سلیپر۔ **فرشی جھاڑ** (مذکر) وہ جھاڑ جو فرش پر رکھ کر جلایا جاتا ہے۔ **فرشی حقہ** (مذکر) چوڑے پیندے کا حقہ۔ **فرشی سلام** (مذکر) دیکھو فراشی سلام۔ **فرشی گڑگڑی** (مونث) ایک قسم کا چھوٹا حقہ جس کا پیندا چپٹا ہوتا ہے۔ **فرشی لیمپ** (مذکر) وہ لیمپ جو زمین پر رکھ کر جلایا جاتا ہے۔

فرشاد (ف۔ مذکر) سیارہ مریخ کی روح۔

فرشتگان (ف۔ مذکر) فرشتہ کی فارسی جمع۔

فرشتوں (ع۔ مذکر) فرشتہ کی اردو جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **فرشتوں کو خبر نہ ہونا** (لازم) مخفی بات واقف ہونا۔ مخفی ہونا۔ خفیہ ہونا۔ **فرشتوں کی دال نہیں گلتی** کسی کی رسائی نہیں۔ **فرشتوں کی نظر سے بچنا** (لازم) ملک الموت کا گزر نہ ہونا۔ **فرشتوں کے پر باندھنا** (متعدی) فرشتوں کو عاجز کرنا۔ **فرشتوں کے پر جلنا** (لازم) مجال نہ ہونا۔ حوصلہ نہ ہونا ۲ رعب کے مارے جانہ سکنا۔ **فرشتوں کے پر کترنا** (متعدی) فرشتوں سے سبقت لے جانا۔ **فرشتوں نے خواب میں نہیں دیکھا** کبھی نہیں دیکھا۔ **فرشتوں نے گھر دیکھ لیا** موت نے گھر دیکھ لیا۔ پے در پے موتیں ہونے کے موقعہ پر کہتے ہیں ۲ دشمن نے گھر دیکھ لیا ۳ برا چسکا پڑ گیا۔

فرشتہ (ف۔ مذکر) ۱ ایک مخلوق جو نور سے بنی ہوئی ہے۔ اور خدا کی پرستش کرتی اور اس کا حکم بجا لاتی ہے۔ کھاتی پیتی کچھ نہیں۔ ان میں سے بعض کا ذکر قرآن شریف میں آتا ہے جبرائیل میکائیل۔ عزرائیل۔ اسرافیل (بڑے فرشتے ہیں) ہاروت۔ ماروت وغیرہ۔ ملک۔ دوت عزرائیل نورانی قاصد ۲ موت کا ملک ۳ روح ۴ گرو۔ استاد ۵ (صفت) پاک۔ مقدس ۶ بھولا بھالا۔ **فرشتہ پر نہیں مارتا**۔ کوئی جا نہیں سکتا نہایت روک ٹوک ہے۔ **فرشتہ جاننا** (لازم) نیک خصلت جاننا۔ **فرشتہ خصال۔ خصلت یا خو** (صفت) نیک طینت۔ بھولا بھالا۔ فرشتہ

سحاب (مذکر) بادل کا فرشتہ ۔ حضرت میکائیل۔ **فرشتہ سیرت** (صفت) نیک طینت۔ بھلا مانس۔ شریف ۔ **فرشتہ صورت** (صفت) جو شکل سے بہت نیک معلوم ہو۔ **فرشتۂ صوری** (مذکر) حضرت اسرافیل۔ **فرشتۂ مرگ** (مذکر) ملک الموت ۔ حضرت عزرائیل۔ **فرشتہ ہے** بہت نیک ہے۔ **فرشتے** (مذکر) ۱ فرشتہ کی جمع ۲ بجائے فرشتہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **فرشتے بھول گئے** ۔ بہت بوڑھے آدمی کے متعلق کہتے ہیں کہ مرتا نہیں۔ **فرشتے خاں** (مذکر) ۱ عیب داب کا آدمی ۲ گرو ۔ استاد ۳ ملک الموت۔ **فرشتے خاں کا گزر نہ ہونا** (لازم) کسی کی رسائی نہ ہونا۔ **فرشتے دکھائی دینا یا نظر آنا** (لازم) موت کا وقت قریب آنا ۔ **فرشتے کا کان میں پھونکنا** (متعدی) مغرور ہونا ۔ متکبر ہونا۔ **فرشتے کا کہہ جانا** (لازم) کسی بات کی اطلاع ہو جانا۔ **فرشتے کی بھی نہ سننا** (متعدی) کسی کے کہے کی پرواہ نہ کرنا۔ **فرشتے کی دال نہیں گلتی** کسی کی رسائی نہیں ہوتی۔ **فرشتے نے گھر دیکھ لیا** ۔ دیکھو فرشتوں نے الخ۔ **فرشتے واقف نہیں** ۔ جانتا نہیں۔

فُرصت (ع ۔ مونث) ۱ مہلت ۔ فراغت ۲ خالی وقت ۳ چھٹی ۔ چھٹکارا ۴ اطمینان۔ آرام ۔ موقع ۔ وقت (پانا ۔ چاہنا ۔ دینا ۔ مانگنا ملنا ۔ ہونا کے ساتھ) ۵ فرض ۔ کام نہ ہونا۔ **فرصت جو** (صفت) موقع کا متلاشی ۔ **فرصت سے** (تف) اطمینان سے ۔ موقع سے ۔ **فرصت میں** (تف) ۱ تنہائی میں ۲ خالی وقت میں ۔

فَرض (ع ۔ مذکر) ۱ کام جو خدا کے حکم سے ضروری طور پر کرنا مقرر ہوا ہو ۲ ضروری ۔ لازمی ۳ وہ نماز کی رکعتیں جن کا پڑھنا لازمی ہے ۴ بار ثبوت ۔ ذمہ داری ۵ نکاح ۶ (صفت) تسلیم کیا ہے ۔ مانا (فرض ۔ مقرر کرنا) **فرضاً** (تف) مان کر ۔ تسلیم کر کے ۔ **فرض اتارنا یا ادا کرنا** (متعدی) اتر جانا ۔ اترنا یا ادا ہونا (لازم) ۱ واجب کام کا کیا جانا ۲ خدا کے حکم کی تعمیل ہونا ۔ **فرض پڑھنا** (لازم) نماز کی ان رکعتوں کا پڑھنا جو فرض ہیں **فرض ساقط** ہونا (لازم) فرض ادا ہونا ۔ **فرض سے ادا ہو جانا** (متعدی) یا ہونا (لازم) ماں باپ کا اولاد کی شادی کر کے سبکدوش ہو جانا۔ **فرض عاید ہونا** (لازم) لازم ہونا ۔ ذمہ ہونا۔ **فرضِ عین** (مذکر) ہر ایک کا ذاتی فرض۔ **فرض کردم** یہ تسلیم ہے ۔ **فرض کر کے** (تف) ۱ بے ضرورت خوامخواہ ۲ کوشش کر کے ۔ قرار دے کر۔ **فرض کر لو یا کرو** ۔ مان لو ۔ تسلیم کر لو۔ **فرض کرنا** (متعدی) ماننا ۔ قبول کرنا ۔ تسلیم کرنا ۔ **فرض کفایہ** (مذکر) وہ فرض جو جماعت میں سے کسی ایک کے ادا کرنے سے سب کی طرف سے ادا ہو جائے ۔ **فرضِ محال** (مذکر) ناممکن القیاس۔ ایسی چیز کا مان لینا جس کا واقع ہونا ناممکن ہو۔ **فرض ہونا** (لازم) لازم ہونا ۔ **فرضی** (صفت) خیالی۔ قیاسی ۔ مصنوعی ۔ بے اصل ۔ **فرضیّت** (مونث) فرض ہونا۔

فَرط (ع ۔ مذکر) زیادتی ۔ بہتات۔ افراط ۔ کثرت (فرط ۔ حاصل کرنے میں سب سے آگے ہونا) **فرطِ الم سے** (تف) رنج کی زیادتی کی وجہ سے ۔ **فرطِ بیتابی** (مذکر) بے چینی کی زیادتی۔ **فرطِ تہوری یا جرات** (مذکر) بہادری کی زیادتی۔ **فرطِ خندہ** (مذکر) ہنسی کی زیادتی۔ **فرطِ خوف سے** (تف) بہت ڈر کے مارے۔ **فرطِ رشک** (مذکر) رشک کا زور یا زیادتی۔ **فرطِ رنج** (مذکر) رنج کی زیادتی ۔ **فرطِ شوق** (مذکر) شوق کی زیادتی ۔ **فرطِ صفا** (مذکر) صفائی کی زیادتی۔ **فرطِ عشرت** (مذکر) خوشی کی زیادتی۔ **فرطِ غضب یا غیض** (مذکر) غصے کی زیادتی۔ **فرطِ غم** (مذکر) غم کی زیادتی۔ **فرطِ غیض سے کانپنا** (لازم) غصے سے کانپنا۔ **فرطِ غیض سے دیوانہ ہونا** (لازم) غصے سے پاگل ہونا۔ **فرطِ گریہ** (مذکر) رونے کی زیادتی۔ **فرطِ محبت یا مودت** (مذکر) محبت کی زیادتی یا جوش ۔

فَرع (ع ۔ مونث) ۱ ٹہنی ۔ شاخ ۲ وہ جس کی اصل کوئی اور چیز ہو (فرع ۔ ٹہنی جانا)۔

فِرعَون (ع ۔ مذکر) ۱ مصر کے بادشاہوں کا لقب ۲ (صفت) متکبر۔ مغرور ۔ سرکش ۔ ظالم ۔ **فرعون بنانا** (متعدی) بننا (لازم) مغرور ہو جانا ۔ **فرعون بے سامان** (مذکر) وہ شخص جو باوجود مفلس ہونے کے مغرور ہو ۔ نہایت گھمنڈی آدمی ۔ مفلس ۔ متکبر ۔ **فرعونی** ۔ **فرعونیّت** (مونث) غرور ۔ تکبر ۔ سرکشی ۔ ظلم ۔

فَرغ (ع ۔ مذکر) دو منازلِ قمر کا نام ۔

فَرغُل (ف ۔ مونث و مذکر) ۱ لمبا روئی دار کوٹ یا چغہ ۲ کپڑا جو بچوں کو پہناتے ہیں جس میں ٹوپی بھی لگی ہوتی ہے ۔

فَرفَر (ف ۔ مونث) ۱ جلدی ۔ تیزی ۔ پھرتی ۲ (تف) جلد جلد ۔ شتاب ۔ بے روک ٹوک ۔ بغیر رکے ۔ **فرفر اڑا دینا یا اڑانا** (لازم) ۱ جلدی جلدی پڑھنا ۲ جلدی جلدی کاٹ دینا۔ **فرفر باتیں کرنا** (متعدی) جلد جلد بولنا۔ **فرفر پڑھنا** (متعدی) بے اٹکے جلدی جلدی پڑھنا ۔ صاف پڑھنا ۔ جلدی پڑھنا ۔ **فرفر ہوا آنا** (لازم) تیز ہوا کے جھونکے آنا ۔ **فرفر یاد ہونا** (لازم) ازبر ہونا۔ خوب یاد ہونا ۔ **فرفری** (مونث) ایک قسم کی خفیہ گفتگو جس میں ہر لفظ کے ہر حرف کے بعد فر زیادہ کر دیتے ہیں تاکہ دوسرا آدمی نہ سمجھے۔

فرفرمائش (اردو ۔ مونث) فرمائش وغیرہ ۔ دیگر آمدنی علاوہ تنخواہ ۔

فُرفَند (اردو ۔ مذکر) مکر ۔ حیلہ (دھ پھر پھند) **فرفندی** (صفت) حیلہ ساز ۔

فَرق (ع ۔ مذکر) ۱ فاصلہ ۔ دوری ۲ اختلاف ۳ خلل ۔ کمی ۴ جدائی ۔ علیحدگی ۵ بیگانگی۔ غیریت ۶ نقص ۷ تقسیم ۸ سر ۹ بالوں کی مانگ ۱۰ کسی چیز کا اوپر کا حصہ ۔ چوٹی ۱۱ (تف) جدا ۔ الگ ۱۲ مختلف (فرق ۔ جدا کرنا) **فرق آجانا یا آنا** (لازم) ۱ پہلی سی بات نہ رہنا ۲ اصلیت میں اختلاف ہو جانا ۳ کمی ہو جانا ۔ ملاوٹ ہونا ۔ خلل واقع ہونا ۴ (دلوں میں) صفائی نہ رہنا ۔ کدورت ہو جانا ۔ **فرق باقی رہنا** (لازم) تفاوت کا نہ مٹنا ۔ کچھ بل رہ جانا۔ **فرق پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) اختلاف ہونا ۔ تفاوت ہونا ۔ **فرقِ جسم و جان** (مذکر) موت ۔ **فرق سے** (تف) فاصلے سے ۔ **فرق کرنا** (متعدی) ۱ یکساں نہ سمجھنا ۲ جدا کرنا ۳ تبدیل کرنا ۔ بدل دینا۔ **فرق لانا** (متعدی) یکساں نہ رکھنا ۔ کم کر دینا۔ **فرق نکالنا** (متعدی) نکلنا (لازم) ۱ حساب میں غلطی نکلنا اور اس کا درست کیا

جانا ۲ اختلاف ہونا۔ تفاوت ہونا۔

فُرقان (ع۔ مذکر) ۱ وہ چیز جو سچ اور جھوٹ میں تمیز کرے ۲ قرآن شریف (فرق جدا کرنا)

فُرقت (ع۔ مونث) ۱ جدائی۔ علیحدگی۔ ہجر ۲ فاصلہ (فرق۔ جدا کر)

فَرقَدان۔ فَرقَدین (ع۔ مذکر) قطب شمالی کے نزدیک دو روشن ستارے۔

فِرقہ (ع۔ مذکر) جماعت۔ گروہ۔ قوم (فرق۔ جدا کرنا) **فرقہ بندی** (مونث) جماعت بنانا۔ کسی گروہ کی تنظیم۔ **فرقہ وار** (الف) جماعت وار۔ **فرقہ وارانہ انتخاب** (مذکر) کسی مجلس کے ممبروں کا انتخاب جو ہر ایک فرقے کے لوگ اپنے فرقے کے آدمیوں میں سے کریں۔

فَرگل (ف۔ مذکر و مونث) بوکیو فرغل۔

فُرلانگ (انگ۔ مذکر) ایک ماپ جو ۲۲۰ گز کا ہوتا ہے ۸ فرلانگ کا ایک میل ہوتا ہے۔

فَرلو (انگ۔ مونث) لمبی رخصت جو آدمی تنخواہ پر لے۔

فَرم (انگ۔ مونث) دوکان یا کارخانہ جس میں کئی حصہ دار ہوں۔ کمپنی۔

فَرما (انگ۔ مذکر) فارم کا تجربہ وہ تختہ جو جانچنے کے لئے پہلے چھاپتے ہیں۔ **فرما موڑنا** (متعدی) چھپے ہوئے کاغذوں کو جز بنانے کے لئے موڑنا۔

فَرما (ف۔ صفت) ۱ حکم دینے والا ۲ کرنے والا۔ مرکبات کے آخیر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے کار فرما (فرمودن۔ فرمانا) **فرمان** (مذکر) ۱ بادشاہی حکم۔ وہ پروانہ جو بادشاہ کے حکم سے کسی بڑے امیر کو لکھا جائے ۲ حکم۔ پروانہ۔ **فرمانا** (متعدی) ۱ حکم دینا۔ کہنا۔ ارشاد کرنا ۲ کرنا ۳ (مذکر) حکم۔ ارشاد۔ **فرمانِ بالمشافہہ** (مذکر) زبانی حکم جس کی فوراً تعمیل ہو۔ **فرمانبر۔ بردار یا پذیر** (صفت) ۱ تابع۔ مطیع ۲ نوکر۔ ملازم۔ **فرمانبرداری** (مونث) اطاعت (کرنا ہونا کے ساتھ) **فرمان بھیجنا** (متعدی) حکم۔ پروانہ یا حکمنامہ بھیجنا۔ **فرمان جاری کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) حکم جاری یا نافذ ہونا۔ **فرمانِ جلیل القدر** (مذکر) کسی بڑے حاکم کا حکم۔ **فرمانِ جلیل عنوان** (مذکر) ایسا سرٹیفکیٹ یا ڈپلوما جس پر شاہی دستخط ہوں۔ **فرمان دہ یا گزار** (صفت) حاکم۔ **فرمان دہی** (مونث) حکومت۔ **فرماں روا** (مذکر) بادشاہ۔ حاکم۔ **فرمانروائی** (مونث) بادشاہی۔ حکومت۔ **فرمانروایان** (مذکر) جمع فرمانروا۔ **فرمانروایانِ ہند** (مذکر) ہندوستان کے بادشاہ۔ **فرمان صادر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) حکم جاری یا نافذ ہونا۔ **فرمانِ عالی شان** (مذکر) شاہی حکم۔ **فرمانِ عزل** (مذکر) موقوفی کا حکم۔ **فرمان فرما** (مذکر) حکم دینے والا۔ **فرمان فرمائی** (مونث) حکومت۔ بادشاہت۔ **فرمان قدر توان** (مذکر) وہ حکم جس کا اثر زبردست ہو۔ **فرمانِ قضا جریان** (مذکر) ایسا حکم جو قضا کی طرح نہ ٹلنے والا ہو۔ **فرمان گذار** (صفت) ۱ حکم جاری کرنے والا ۲ بادشاہ۔ حاکم **فرمان گذاری** (مونث) بادشاہت۔ حکومت **فرمان نیوش** (مذکر) جو حکم کو مانے۔ فرمانبردار۔ تابع۔ **فرمانِ واجب الاذعان** (مذکر) ایسا حکم جس کی تعمیل کرنی چاہئے۔ **فرمان واجب الامتثال** (مذکر) ایسا حکم جس کی تعمیل ضروری ہو۔ **فرمانے سے باہر ہونا** (لازم) حکم کی تعمیل نہ کرنا۔ حکم نہ ماننا۔ **فرمانے کی بات ہے**۔ دیکھو آپ کے فرمانے الخ۔ **فرمائش۔ فرمایش** (مونث) ۱ حکم۔ فرمان ۲ کسی سے کوئی چیز تحکم سے مانگنا یا لینا ڈالنا (خفف، (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **فرمائشات** (مونث) فرمائش کی جمع۔ **فرمائشی** (صفت) ۱ جو حکم کے مطابق تیار کیا گیا ہو۔ فرمائش کی ہوئی یعنی کہ کے منگوائی ہوئی۔ بنوائی ہوئی ۲ عمدہ۔ نفیس ۳ (صفت) کثرت سے۔ بہت ۴ (مونث) جوتی۔ مضبوط جوتی ۵ جوتوں کی مار۔ مغلظ گالیاں (پڑنا۔ سنانا۔ سننا۔ کھانا۔ لگانا لگنا۔ معافی یعنی وہ کے ساتھ) **فرماؤ تو قبالہ منگواؤں** ۔ اس شخص کو کہتے ہیں جو ملنے آئے اور جانے کا نام نہ لے۔ **فرمائیے** کہئے کی بجائے کسی بڑے آدمی سے خطاب کرتے ہیں

فَرماں (اردو۔ مذکر) بوٹ کا چوبی قالب۔

فَرمایُون (ف۔ مونث) ۱ ازیدوں لی گائے ۲ (مذکر) ایک قسم کا ریشم۔

فَرمودہ (ف۔ صفت) ۱ فرمایا ہوا کہا ہوا ۲ (مذکر) حکم۔ فرمان۔ **فرمودۂ خدا** (مذکر) خدا کا حکم۔ **فرمودۂ رسول** (مذکر) رسول کا حکم۔

فَرن (انگ۔ مذکر) کائی کی قسم کے پودے جو کوؤں نہروں اور پانی کے پاس اگتے ہیں۔

فَرنٹ (انگ۔ مذکر) ۱ سامنا مقابل کا حصہ ۲ باغی۔ سرکش۔ منحرف (یہ معنی اردو دانوں کی اختراع ہیں۔ انگریزی میں نہیں) **فرنٹ کردینا یا کرنا** (متعدی) **ہوجانا یا ہونا** (لازم) ۱ باغی ہوجانا ۲ ناراض ہوجانا۔

فَرنج (ف۔ مذکر) فرنگ۔ یورپ

فَرنچ (انگ۔ مذکر) ۱ فرانس کا باشندہ ۲ ایک قسم کا باریک کاغذ ۳ (مونث) فرانس کی زبان (بولنا۔ پڑھانا۔ پڑھنا۔ سکھانا۔ سیکھنا۔ لکھانا لکھنا کے ساتھ) **فرنچ پیپر** (مذکر) دیکھو فرنچ ۲۔ **فرنچ لیدر** (مونث) ایک قسم کا باریک چمڑے کا خول۔ جو بوقت جماع آلۂ تناسل پر چڑھا لیتے ہیں تاکہ حمل قائم نہ ہو۔

فَرنچائیز (انگ۔ مذکر) کوئی حق جو بادشاہ یا گورنمنٹ کی طرف سے عطا کیا جائے۔ خصوصاً ووٹ دینے کا حق۔ **فرنچائیز کمیٹی** (مونث) وہ کمیٹی جو گورنمنٹ اس بات کا فیصلہ کرنے کے لئے مقرر کرے کہ کس قسم کا ووٹ دینے کا حق عطا کیا جائے **فرنچائیز کی توسیع** (مونث) موجودہ حقوق میں زیادتی۔

فَرنگ (انگ۔ مذکر) ۱ یورپ، فرانس۔ نصاریٰ کا ملک ۲ یورپین۔ فرانسیسی۔ نصاریٰ۔ (فرینک۔ ایک قوم جو فرانس میں آباد ہوئی تھی) **فرنگستان** (مذکر) یورپ۔ **فرنگی** (مذکر) یورپ کا باشندہ۔ یورپین۔ انگریز فرنگی کے لفظ کو برا سمجھتے ہیں **فرنگی بچہ** (مذکر) فرنگی کی اولاد۔

فِرنی (ف۔ مونث) ایک میٹھا کھانا جو پسے ہوئے چاولوں کھیر اور کھانڈ کو پکا کر بناتے ہیں۔ اگر چاول پسے نہ ہوں تو کھیر کہلاتی ہے۔

مثل۔ فرنی فالودہ ایک بھاؤ نہیں ہوتا۔ نیک و بد یکساں نہیں ہوتے۔

فرنیچر (انگ۔ مذکر) [illegible]

[illegible]

فرنچ سے)

فرو (ف - صفت) ا نیچے - زیر

فروتر (صفت) ا بہت نیچے ۲ کمتر - **فروترین** (صفت) سب سے نیچے - بہت ہی نیچے - **فروتن** (صفت) عاجز - تواضع کرنے والا - **فروتنی** (مونث) ا عاجزی ۲ فرمانبرداری - اطاعت ۳ تواضع - **فرودست** (صفت) ا ادنیٰ - کمتر ۲ ماتحت - **فروکرنا** (متعدی) ا دبانا - کم کرنا ۲ مٹانا - رفع کرنا ۳ بجھانا - دور کرنا ۴ آگ بجھانا - **فروکش** (صفت) اترنے یا ٹھیرنے والا (کرنا ہونا کے ساتھ) **فروگذاشت** (مونث) ا بھول چوک - غفلت ۲ لے اعتنائی (کرنا ہونا کے ساتھ) **فروماندگی** (مونث) ا مجبوری - عاجز ہونا ۲ کمینہ پن - کم ہمتی - **فرومانده** (صفت) ا عاجز - مجبور ۲ غریب - مفلس - **فرومایگان** (مذکر) جمع ۲ ا کمینے لوگ - **فرومایہ** (صفت) ا کم درجے کا - کمینہ ۲ بےعقل - بداصل - **فروہونا** (لازم) دیکھو فروکرنا -

فروان (ف - مذکر) سیارہ زہرہ کی روح -

فروٹ (انگ - صفت) سرپٹ (فاربورڈ کا ترجمہ) **فروٹ اڑانا** (متعدی) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا - **فروٹ جانا** (لازم) تیز دوڑنا سرپٹ جانا -

فروٹ (انگ - مذکر) پھل - **فروٹ ڈش** (مونث) پھل رکھنے کی رکابی -

فروخت (ف - مونث) بیچنا بکری (کرنا ہونا کے ساتھ) (فروختن - بیچنا) **فروخت کا انتظام کرنا** (متعدی) بیچنے کی کوشش کرنا - **فروختہ** (صفت) بیچا ہوا - بکا ہوا -

فروختہ (ف - صفت) ا جلتا ہوا - جلا ہوا - شعلہ زن ۲ چمکتا ہوا - درخشاں (فروختن - جلانا)

فرود (ف - مذکر) ا اترنا - ٹھیرنا ۲ سیاوش کا بیٹا - **فرودگاہ** (مونث) اترنے یا ٹھیرنے کی جگہ -

فرودگان - فرودیان - (ف - مذکر) ۵ زائد دن جو ایرانی سال کے آخر میں لگاتے ہیں -

فروردین (ف - مذکر) ا ایرانی سال کا پہلا مہینہ ۲ ایک فرشتہ ۳ مہینے کا انیسواں دن

فروری (انگ - مذکر) سن عیسوی کا دوسرا مہینہ جو اٹھائیس دن کا ہوتا ہے - ہر سال میں جو چار پر تقسیم ہو - ۲۹ دن کا مگر صدی کے سال میں ۲۸ دن کا سوائے اس کے جو چار سو پر تقسیم ہو سنہ ۱۹۲۰ء میں ۲۹ دن کا سنہ ۱۹۲۱ء میں ۲۸ دن کا سنہ ۱۹۰۰ء میں ۲۸ دن کا سنہ ۲۰۰۰ء میں ۲۹ دن کا - جس سال میں ۲۹ دن کا ہو اسے لیپ ائیر کہتے ہیں -

فروز (ف - صفت) افروزندہ کا مخفف - روشن کرنے والا - مرکبات کے آخر میں آتا ہے - جیسے دل فروز (افروختن - روشن کرنا)

فروزاں (صفت) روشن -

فروش (ف - صفت) بیچنے والا مرکبات کے آخر میں - جیسے سبزی فروش - مے فروش (فروختن - بیچنا) **فروشندہ** (صفت) بیچنے والا

فروع (ع - مذکر) فرع کی جمع -

فروغ (ف - مذکر) ا روشنی چمک ۲ رونق - سرفرازی ۳ شہرت - نام و نمود ۴ سبقت - ترجیح (فروختن - جلنا - خ کو غ سے بدل دیا ہے) **فروغ آشکار ہونا** (لازم) روشنی ہونا - **فروغ آفتاب** (مذکر) آفتاب کی روشنی **فروغ بخش** (صفت) روشنی دینے والا **فروغ بخشی** (مونث) روشنی دینا - **فروغ حاصل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) شہرت ہونا - نام حاصل ہونا - **فروغ حسن** (مذکر) حسن کی چمک یا روشنی - **فروغ صبح** (مذکر) صبح کی روشنی **فروغ لیجانا** (متعدی) سبقت لیجانا - **فروغ مٹا دینا** (متعدی) ا تباہ کر دینا ۲ مار ڈالنا ۳ شان و شوکت اڑا دینا - **فروغ نور ایمان** (مذکر) ایمان کی روشنی کی چمک - ایمان - **فروغ ہونا** (لازم) شہرت ہونا -

فرولی (اردو - مونث) ا دستوری کشش - بٹا ۲ فائدہ - محصول ۳ دار و غہ کے حقوق ۴ ایک قسم کی تلوار -

فرہاد (ف - مذکر) ا قصہ شیریں فرہاد کا ہیرو ۲ سنگتراش - **فرہاد کش** (صفت) فرہاد کو مار ڈالنے والا **فرہاد وار** (صفت) فرہاد کی طرح -

فرہنگ (ف - مذکر) ا لغات فارسی جس میں الفاظ و معانی کی تحقیق ہو ۲ لغت ۳ کسی خاص کتاب کے مشکل الفاظ کے معنوں کی کتاب ۴ دانائی - دانش - عقل ۵ (مونث) کیکاؤس کی ماں

فرہود (ع - مذکر) نجد کے ایک قبیلے کا نام جس میں سے خلیل بن احمد ماہر علم عروض تھا -

فری (انگ - صفت) ا آزاد - (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ بلا قیمت (صفت دینا ملنا کے ساتھ) **فریڈم** (مونث) ا آزادی ۲ خاص رعایات جو کسی شہر کے باشندے کسی مشہور آدمی کو دیتے ہیں - **فری سٹیٹ** (مونث) آزاد سلطنت

فریا (نا - عص) نجورد کی بیٹی اور محبت کی دیوی -

فریاد (ف - مونث) ا دہائی - مدد مانگنے کا شور - آواز شکایت کی ۲ شکایت ظلم کی ۳ نالش - استغاثہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **فریاد آنا** (لازم) شکایت ہونا - **فریاد بلبل** (مذکر) بلبل کا نالہ یا آواز - **فریاد جو** (صفت) دہائی دینے والا - **فریاد چراغ** (مونث) چراغ کی لو کی آواز - **فریاد خواہ** (صفت) فریاد جو - **فریاد دار** (صفت) فریادی - **فریاد دل زبان پر لانا** (متعدی) گلہ کرنا - شکوہ کرنا - **فریاد رس** (صفت) فریاد کو پہنچنے والا - داد رس - **فریاد رس غریباں** (صفت) کنایتاً خدا تعالےٰ - **فریاد رسی** (مونث) انصاف - داد خواہی **فریاد زبان پر آنا** (لازم) شکایت ہونا - **فریاد سننا** (متعدی) انصاف کرنا - داد رسی کرنا - **فریاد صنوبر یا عرعر** (مونث) سرسراہٹ جو صنوبر (عرعر) میں ہوا سے پیدا ہو - **فریاد کرنا** (متعدی) دہائی دینا - شکایت کرنا - **فریاد کو پہنچنا** (لازم) فریاد سننا - انصاف کو پہنچنا - **فریاد لانا** (متعدی) کسی کے پاس کسی کے ظلم کی شکایت کرنا - **فریاد لینا** (متعدی) فریاد سننا - **فریاد مچا دینا** (متعدی) غل مچانا - **فریادو** (عو) فریادی - **فریاد و فغاں** (مذکر) دہائی اور رونا (کرنا ہونا کے ساتھ) **فریادی** (صفت) مدعی - مستغیث - داد خواہ - **فریادی آنا یا ہونا** (لازم) نالش کرنے آنا - شکایت کرنا

مثل - فریاد سگاں کم نہ کند رزق گدا را - کسی کی لگائی بجھائی کرنے سے رزق میں کمی نہیں ہو سکتی -

فریب (ف - مذکر) ۱ دھوکا - دغا - مکر - حیلہ ۲ (صفت) ہلپانے والا - قابو کرنیوالا مرکبات میں جیسے دلفریب (فریبیدن - دھوکا دینا) **فریب آمیز** (صفت) فریب ملا ہوا - دھوکا دہ **فریب اندازی** (مونث) دھوکا بازی - دغا بازی - **فریب انگیز** (صفت) دھوکا دینے والا **فریب چلنا** (لازم) دوسرے شخص کا دھوکا کھانا حیلہ کارگر ہونا - **فریب خوریا خوردہ** (صفت) جسنے دھوکا کھایا ہو - **فریب دہ** (صفت) دھوکا دینے والا - **فریب دہی** (مونث) دھوکا دینا دغا بازی - **فریب دینا** (متعدی) دھوکا یا دغا دینا **فریب ساز** (صفت) دغا باز - حیلہ ساز - **فریب سازی** (مونث) دغا بازی - **فریب سے نہ چوکنا** (متعدی) دغا بازی کرنا - دھوکا دینے سے باز نہ آنا **فریب کار** (صفت) فریب ساز - دغا باز - **فریب کرنا** (متعدی) دھوکا دینا - دغا کرنا ۲ چالاکی کرنا - عیاری کرنا - **فریب (کھانا) میں آنا** (متعدی) دھوکا کھانا - **فریب میں لانا** (متعدی) کسی کو مکر و دغا کے جال میں پھنسانا - **فریبن** (صفت) دھوکا دینے والی (عورت - **فریبندگی** (مونث) دھوکا دینا - دغا بازی - **فریبندہ** (صفت) دھوکا دینے والا - **فریبی** (صفت) فریب سے منسوب مکار - دغا باز - **فریبیا** (صفت) مکار - دغا باز **فریب یاد ہونا** (لازم) دھوکا دینے کے طریقے معلوم ہونا -

فرید (ع - صفت) یکتا - بے مثل - (فرد - اکیلا ہونا) **فرید بوٹی** (مونث) ایک بوٹی جس سے پانی جم جاتا ہے - **فرید شکر گنج** (مذکر) دیکھو فرید الدین بابا - کیونکہ یہ بچوں کو شیرینی تقسیم کیا کرتے تھے - **فریدی** (مونث) بابا فرید کی نیاز کا کھانا -
مقولہ - فرید شکر گنج نہ رہے دکھ نہ رہے رنج - ایک قسم کی دعا ہے -

فریدہ (ف - صفت) ۱ مغرور - متکبر ۲ ضدی -
فریضہ (ع - مذکر) خدا کا حکم جو بندوں پر فرض کیا گیا ہو جیسے نماز - روزہ - حج - زکوٰۃ کلمہ پڑھنا (فرض - مقرر کرنا) **فریضہ ادا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) نماز پڑھی جانا -

فریفتہ (ف - صفت) ۱ عاشق - دلدادہ ۲ محو (بنانا - کرنا - ہونا کے ساتھ) (فریفتن - دھوکا دینا) **فریفتہ جمال** (مذکر) شوقیہ عورتی کا عاشق - عاشق -

فریق (ع - مذکر) ۱ جماعت گروہ - فرقہ ۲ جتھا ۳ مقدمہ کرنے والے - مدعی یا مدعا علیہ (فرق - جدا کرنا) **فریق اول** (مذکر) مدعی **فریق بندی** (مونث) ۱ جانب داری - طرفداری ۲ جماعت بنانا - **فریق ثالث** (مذکر) تیسرا فریق جو مقدمہ میں آکود ے - **فریق ثانی** (مذکر) مدعا علیہ **فریقین** (تثنیہ - طرفین) - دونوں مقابل کے فریق یا گروہ - مدعی مدعا علیہ -

فریم (انگ - مذکر) ۱ تصویر کا چوکٹھا ۲ ڈھانچہ ۳ وہ لوہے کے چوکھٹے جن میں چمڑا مڑھ کر چھاپنے کے کام میں لاتے ہیں -

فریمیسن (انگ - مذکر) دیکھو فراماشن -

فرینک (انگ - مذکر) ۱ لفظی معنی اس سے آزاد کرنا ہے ۲ ایک قوم تھی جو فرانس میں دریائے رائین کے کنارے پر آباد تھی ۳ ایک فرانسیسی سکہ چاندی کا -

فزا (ف - صفت) ۱ زیادہ ۲ بڑھانے والا - زیادہ کرنے والا - مرکبات میں جیسے جانفزا - (افزودن - زیادہ کرنا) **فزائی** (مونث) زیادہ کرنا - مرکبات میں جیسے رونق فزائی -

فزارہ (ع - مذکر) شمالی عرب کا ایک قبیلہ -

فزایش (ف - مونث) افزائش بڑھنا (افزودن - بڑھنا)

فزع (ع - مونث) ڈر - خوف - دہشت - اردو میں جزع فزع میں استعمال ہوتا ہے (فزع - ڈرنا)

فزود (ف - مذکر) (افزودہ - زیادہ) ترقی - بڑھنا (افزودن - بڑھنا)

فزوں (ف - صفت) افزوں زیادہ (افزودن - بڑھنا) **فزونی** (مونث) ۱ زیادتی - افزونی ۲ بڑائی - بہتری -

فساد (ع - مذکر) ۱ بلوہ - بکھیڑا - جھگڑا ۲ لڑائی - غدر ۳ بگاڑ - خلل - خرابی (فسد - خراب ہونا) **فسادات** (مذکر) جمع فساد کی **فساد اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) جھگڑا ہونا - فتنہ کھڑا کرنا - **فساد برپا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو آخری - **فساد پڑنا** (لازم) جھگڑا ہونا - لڑائی ہونا - **فساد پھیلانا** (متعدی) **پھیلنا** (لازم) خرابی پھیلنا - جھگڑا ہونا - **فساد خون** (مذکر) خون کی خرابی - خون میں زہر پیدا ہونا - **فساد کا گھر** (مذکر) جھگڑے کی بنیاد یا وجہ - **فساد کرنا** (متعدی) ۱ جھگڑا کرنا - دنگا کرنا ۲ لڑائی کرنا - غدر مچانا **فساد کرنے کا پہلو نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) جھگڑے کی صورت پیدا ہونا - **فساد کھڑا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) جھگڑا پیدا یا قائم ہونا - **فساد کی جڑ یا گانٹھ** (مونث) جھگڑے کی بنیاد یا وجہ - **فساد کی چنگاری** (مونث) شرارت کی بات - **فساد کی نیت سے** (تف) بدنیتی سے - جھگڑا پیدا کرنے کے لیے **فساد لانا یا مچانا** (متعدی) **مچنا** (لازم) جھگڑا شروع ہونا لڑائی ہونا - بغاوت ہونا - **فساد (واقع) ہونا** (لازم) ۱ جھگڑا ہونا - دنگا ہونا ۲ لڑائی ہونا - غدر ہونا - **فسادی** (صفت) جھگڑالو - شریر - مفسد

فسان (ف - مونث) سان - اوزار تیز کرنے کا پتھر -

فسانہ (ف - مذکر) قصہ - افسانہ - کہانی -

فسحت (ع - مونث) ۱ چوڑائی لمبائی - وسعت - جگہ ۲ آزادی (فسح - چوڑا ہونا) **فسحت آباد** (صفت) دور تک آباد - وسیع **فسحت سرائے** (مونث) کھلی جگہ - وسیع مقام -

فسخ (ع - مذکر) ۱ ارادہ بدل دینا ۲ باطل کرنا کسی معاہدے کا یا نکاح کا (کرنا ہونا کے ساتھ) (فسخ - علیحدہ کرنا) **فسخ عزیمت** (مذکر) ارادہ پلٹنا -

فسردگی (ف - مونث) فسردہ (صفت) دیکھو افسردگی اور افسردہ -

فسطاط (ع - مذکر) ۱ شہر ۲ بکرے کے بالوں کا خیمہ -

فسق (ع - مذکر) ۱ نافرمانی - حکم عدولی ۲ بدکاری - زنا (فسق - سیدھا راستہ چھوڑنا) **فسق و فجور** (مذکر) بدکاری - بدچلنی -

فسوس (ف - مذکر) افسوس -

فَسُوق (ع - صفت) فاسق -
فُسُوق (ع - مذکر) بدچلنی - بدکاری
فَسُوں (ف - مذکر) دیکھو افسوں
فسوں تاثیر (صفت) جادو کا اثر رکھنے والا **فسوں ساز** (مذکر) جادوگر - ساحر - **فسوں سازی** (مونث) جادوگری - سحر - **فسونگر** (مذکر) جادوگر - ساحر - **فسونگری** (مونث) جادوگری - سحر -
فَش (ف - مذکر) پگڑی کا شملہ - اردو میں بابں ریش و فش کی ترکیب سے مستعمل ہے
فَش (ف - کلمہ تحقیر) ہیچ - فضول - پوچ -
فِش (انگ - مونث) مچھلی - **فشنگ** (مذکر) مچھلی کا شکار -
فِشار (ف - مذکر) ۱- بھینچنا - دبانا ۲- قبر کا مردے کو بھینچنا ۳- پھیلانا (فشردن - بھینچنا)
فشار بگڑ جانا یا بگڑنا (متعدی) حالت خراب ہونا - گھبرانا - **فشار دینا** (متعدی) قبر کا گنہگار کے مردے کو بھینچنا - **فشار قبر** (مذکر) فشار ۲ -
فشار کرنا (متعدی) برا بھلا کہنا - گالیاں دینا - گھبرا دینا - **فشار گور** (مذکر) فشار ۲ - **فشار ہونا** (لازم) فشار دینا کا -
فِشُردہ (ف - صفت) ۱- نچوڑا ہوا - عرق نکالا ہوا ۲- عرق - رس (فشردن بھینچنا)
فِشَن (انگ - مذکر) دیکھو فیشن
فَصاحت (ع - مونث) ۱- خوش کلامی - شستگی - خوش بیانی - بلاغت ۲- کلام میں ایسے الفاظ اور محاورات ہونا جن کو اہل زبان فصیح سمجھتے ہوں - خلاف محاورہ - بازاری الفاظ بھدی ترکیبیں نہ ہوں (فصح - گفتگو میں شستہ ہونا) **فصاحت آئیں** (صفت) فصیح - بلیغ - خوش بیان یا کلام - **فصاحت سے** (کے ساتھ) (تف) خوش بیانی سے - **فصاحت گستری** (مونث) بلاغت - خوش کلامی - فصاحت -
فَصّاد (ع - صفت) فصد لینے والا نشتر لگانے والا -
فُصَحا (ع - مذکر) جمع فصیح کی -
فَصد (ع - مونث) خون نکالنا رگ سے (فصد - کھولنا یا کاٹنا رگ کا) - **فصد ... ہوتا** (لازم) فصد کی جگہ سے خون کا نکلنا رک جانا - **فصد کرنا** (متعدی) فصد لینا (مت) - **فصد کھلنا** (لازم) **کھلوانا** (دم) **کھولنا** (متعدی) رگ سے خون نکلنا رگ پر نشتر دینا - **فصد کھلواؤ** - کوئی بیوقوفی کی بات کرے تو مذاقاً کہتے ہیں - جنون کا علاج کرو - عقل کے ناخن لو - **فصد لو یا لے** - سودا کا علاج کر - دوا کر - **فصد لینا** (متعدی) ۱- فصد کھولنا ۲- جنون یا سودے کا علاج کرانا - **فصدیں** (مونث) فصد کی جمع - **فصدیں کھلوانا یا لینا** (متعدی) دیکھو فصد لینا -
فَصل (ع - مونث) ۱- پیداوار جو چیز کاشت سے پیدا ہو ۲- موسم - رت ۳- فرق - فاصلہ ۴- باب - کتاب کا حصہ ۵- پردہ - دو چیزوں کے بیچ کا حساب (فصل - جدا کرنا) **فصل آنا** (لازم) موسم آنا - پھول آنا - **فصل اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) کاشت کی ہوئی فصل کٹ کر اناج گھر پہنچ جانا - **فصل استادہ** (مونث) کھڑی کھیتی فصل جو ابھی کٹی نہ ہو - **فصل الخطاب** (مونث) ۱- اما بعد ۲- کوئی مقولہ جو جھوٹ اور سچ کے درمیان فرق بتلائے - **فصلانہ** (مذکر) ۱- ایک فیس جو قاضی کو دی جاتی تھی ۲- اب پٹواری وغیرہ فصل کے موقعہ پر لیتے ہیں - **فصل باراں** (مونث) برسات - بارش کا موسم - **فصل بگاڑنا** (متعدی) **بگڑنا** (لازم) آب و ہوا یا پیداوار خراب ہونا - **فصل بہار** (مونث) بہار کا موسم - **فصل تخم ریزی** (مونث) بیج ڈالنے کا موسم - **فصل جانا** (لازم) موسم گزر جانا - **فصل خریف** (مونث) وہ فصل جو برسات میں بوئی جاتی ہے اور ستمبر اکتوبر میں کاٹی جاتی ہے - اس میں جوار - باجرہ - مکی - مونگ - موٹھ - دھان وغیرہ بوئے جاتے ہیں **فصل ربیع** (مونث) وہ فصل جو موسم سرما کے شروع میں بوئی جاتی ہے اور موسم گرما کے آغاز میں کاٹی جاتی ہے اس میں گیہوں - جو - چنا - مسور - پوست وغیرہ ہوتے ہیں - **فصل کاٹنا** (متعدی) **کٹنا** (لازم) کھیتی کے پکنے پر اس کا کاٹا جانا - **فصل کی چیز** (مونث) وہ پھل جو کسی خاص موسم میں پیدا ہوتا ہو - **فصل گل** (مونث) پھولوں کا موسم - بہار - ہندوستان میں دو موسم ہیں - مارچ اپریل اور ستمبر اکتوبر - لیکن بعض پھول ایسے ہیں جو سخت گرمی یا سخت سردی میں کھلتے ہیں - گرمیوں میں پورچولاکا زور رہتا ہے - اور سردیوں میں گل داؤدی اور بنفشہ ارغوانی - **فصلی** (مونث) ۱- فصل کا - فصل کی طرف منسوب ۲- مذکر وہ سال جو فصلوں کے اعتبار سے حساب کیا جاتا ہے
فصلی بخار (مذکر) وہ بخار جو رت بدلنے کے وقت آتا ہے - موسمی بخار - ملیریا - **فصلی بھڑوا** (مذکر) ہولی کا بھڑوا - **فصلی سال** (مذکر) دیکھو فصلی ۲ - **فصلی گلاب** (مذکر) وہ گلاب جو چیت میں پھول دے - اس سے عطر گلاب کھینچا جاتا ہے دوسرے کو سدا بہار کہتے ہیں - اس میں خوشبو کم ہوتی ہے - مگر رنگ بہت خوشنما ہوتے ہیں - **فصلی میوہ** (مذکر) دیکھو فصل کی چیز -
فَصل (ع - مذکر) دغا - فریب (فصل - جدا کرنا) **فصل و دغل** (مذکر) دغا - فریب - چالاکی - دغل فصل -
فصلین (ع - مونث) دونوں فصلیں ربیع یا خریف - دونوں موسم گرمی اور سردی (صیغہ تثنیہ)
فُصول (ع - مذکر) جمع فصل کی ۱- کتاب کی فصلیں ۲- موسم - **فصول اربعہ یا چارگانہ** (مذکر) سال کی چار فصلیں سردی - بہار - گرمی - خزاں - ہندوستان میں چھ فصلیں شمار ہوتی ہیں سردی - بہار - گرمی - برسات - بہار دیگر - خزاں ہر موسم دو دو مہینے رہتا ہے -
فَصیح (ع صفت) ۱- خوش بیان - خوش کلام - ۲- درست - ٹھیک ۳- خالص (فصح گفتگو میں شستہ ہونا) -
فَصیل (ع مونث) ۱- دیوار - چاردیواری ۲- دیوار جو شہر کے گرد حفاظت کے لیے بنائی جائے - شہر پناہ -
فِضا (ع - مونث) فصیح بالفتح ہے ۱- کھلا میدان - زمین کی فراخی ۲- بہار - کیفیت - رونق ۳- مدینہ کے قریب ایک مکان - **فضا پیدا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) حالت ہونا کیفیت ہونا -
فَضائل (ع - مذکر) جمع فضیلت کی - **فضائل پناہ** (صفت) وہ جس میں ہر قسم کی فضیلتیں ہوں - **فضائل شعار** (صفت) جس کو ہر قسم کی فضیلتیں عطا ہوتی ہوں -
فَضل (ع - مذکر) ۱- مہربانی - عنایت لطف - کرم - رحم ۲- بخشش - عطا ۳- فضیلت - علم - غلبہ ۴- بزرگی (فضل - بڑھ جانا) **فضل الٰہی** حق - **خدا یا ربانی** (مذکر) خدا کی مہربانی **فضل خدا شامل حال ہونا** (لازم) کسی پر خدا کی مہربانی ہونا - ترقی کا زمانہ ہونا - **فضل رہنا** (لازم) خدا کی مہربانی لگاتار رہنا - **فضل شریک حال کرنا**

(متعدی)، ہونا (لازم)، خدا کی مہربانی ہونا۔ فضل کا امیدوار ہونا (لازم)، خدا کی مہربانی کی امید رکھنا۔ فضل کرنا (متعدی)، ۱۔ رحم کرنا۔ مہربانی کرنا ۲۔ شفا بخشنا۔ آرام دینا۔ فضل کرنے پر نظر رکھنا (متعدی)، خدا کے رحم یا مہربانی کا منتظر رہنا۔ فضلِ مولا (مذکر)، ۱۔ خدا خوش رکھے (فقیروں کی دعا)، ۲۔ خدا کی مہربانی۔ فضل ہونا (لازم)، فضل کرنا کا۔

امثال۔ فضلِ الٰہی اک طرف ساری خدائی اک طرف۔ گو ساری دنیا مخالف ہو جائے۔ لیکن خدا کی مہربانی ہو تو کوئی کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ فضل کرے تو چھٹیاں عدل کرے تو لٹیاں۔ خدا اگر مہربانی کرے تو گناہ کی سزا سے بچ گئے اور اگر انصاف ہوا تو بچاؤ کی کوئی صورت نہیں۔ فضل مولیٰ از ہمہ اولےٰ۔ خدا کی مہربانی ہر چیز سے افضل ہے۔

فُضَلا (ع۔ مذکر)، جمع فاضل کی۔

فَضَلات (ع۔ مذکر)، جمع فضلہ کی۔

فُضُول (ع۔ صفت)، ۱۔ بیفائدہ بیکار ۲۔ بیہودہ۔ نکما ۳۔ زیادہ ۴۔ فالتو (فضل۔ بڑھ جانا)، فضول آدمی (مذکر)، بیہودہ شخص۔ نکما آدمی۔ فضول باتیں (مونث)، بکواس۔ بے فائدہ یا نکمی باتیں۔ فضول خرچ (صفت)، وہ جو بیجا اور بیموقع خرچ کرے۔ فضول خرچی (مونث)، بیفائدہ خرچ کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ)، فضول کی باتیں (مونث)، بیہودہ آدمی کی باتیں۔ فضول گو (صفت)، بکی۔ باتونی۔ ہر وقت فضول اور بیہودہ باتیں کرنے والا۔ باتیں بڑھا کر بیان کرنے والا۔ فضول ہونا (لازم)، ۱۔ ضرورت سے زیادہ ہونا ۲۔ بیکار رہنا۔ نکما ہونا۔ فضولی (صفت)، ۱۔ بیہودہ ۲۔ یاوہ گو۔ زیادہ گو ۳۔ وہ شخص جو غیر ضروری کام کرے۔

فِضّہ (ع۔ مونث)، چاندی۔ نقرہ۔

فضہ بیگم (مونث)، مسلمانوں میں عورتوں کا ایک نام۔

فَضیتا (اردو۔ مذکر)، فضیحت کا مخرب۔ دیکھو فضیحت۔ فضیتا اڑانا، کرنا (متعدی)، اڑنا۔ ہونا (لازم)، بے عزت ہونا۔ رسوا ہونا ذلیل ہونا۔ فضیتی (مونث)، فضیحت (کرنا ہونا کے ساتھ)

فَضِیحَت (ع۔ مونث)، ۱۔ ذلت بے عزتی ۲۔ بدنامی۔ رسوائی (فضح۔ بے عزت کرنا)، فضیحت کرنا (متعدی)، ہونا (لازم)، ۱۔ بدنام ہونا رسوا ہونا ۲۔ بے عزت ہونا۔ ذلیل ہونا ۳۔ گالیاں کھانا۔ برا بھلا کہا جانا۔ فضیحتی (مونث)، ۱۔ رسوائی بدنامی ۲۔ بے عزتی۔ ذلت ۳۔ لڑنا۔ جھگڑنا (کرنا ہونا کے ساتھ)، فضیحتیاں (لکھنؤ)، فضیحتیں (دہلی)، فضیحت کی جمع۔

فَضِیلَت (ع۔ مونث)، ۱۔ بزرگی بڑائی۔ برتری۔ فوقیت ۲۔ علم۔ فضل ۳۔ نیکی۔ کمال (فضل۔ بڑھ جانا۔ جمع فضائل)، فضیلت انتساب (صفت)، ۱۔ نہایت اعلےٰ۔ برتر ۲۔ سبقت ۳۔ افضل۔ فضیلت رکھنا (متعدی)، فوقیت ہونا۔ بڑھ جانا سبقت لیجانا۔ فضیلت کا وقت (مذکر) وہ وقت جس میں کسی عبادت کا کرنا افضل ہو۔ فضیلت کی پگڑی (مونث)، وہ پگڑی جو تحصیل علم کے بعد باندھی جاتی ہے۔ دستارِ فضیلت (باندھنا بندھنا وغیرہ کے ساتھ)، فضیلت لے جانا (متعدی)، سبقت لیجانا۔ فائق ہونا۔ فضیلت مآب (صفت) دیکھو فضیلت انتساب۔ فضیلت ہونا (لازم)، سبقت ہونا۔ برتری ہونا۔ فوقیت ہونا۔

فِطانَت (ع۔ مونث)، ہوشیاری دانائی۔ عقلمندی۔ ذہانت (فطن۔ ذہین ہونا)

فِطر (ع۔ مذکر)، ۱۔ روزہ کھولنا ۲۔ عید کا نام جو روزوں کے بعد آتی ہے (فطر۔ توڑنا روزہ کھولنا)، فطرانہ۔ فطرہ (مذکر)، خیرات جو عید کے دن دی جاتی ہے۔

فِطرَت (ع۔ مونث)، ۱۔ قدرت آفرینش ۲۔ پیدائش۔ خلقت ۳۔ عقل۔ دانائی ۴۔ خمیر ۵۔ فریب۔ شرارت ۶۔ چالاکی۔ ہوشیاری ۷۔ سازش ۸۔ زمانہ۔ کا ہتھکنڈہ (فطر۔ بنانا)، فطرتاً (تف)، فطرت کی روسے۔ طبعاً۔ فطرتِ انسانی (مونث)، انسانی خلقت۔ فطرت باز (صفت)، فطرتی۔ فطرت پر آفریں کہنا (متعدی)، چالاکی پر شاباش دینا فطرت کرنا (متعدی)، ۱۔ چالاکی کرنا ۲۔ شرارت کرنا ۳۔ سازش کرنا۔ فطرت لڑانا (متعدی)، ۱۔ چال چلنا ۲۔ سازش کرنا ۳۔ دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ فطرتی (صفت)، ۱۔ شرارتی۔ فتنہ پرداز ۲۔ شوخ۔ چالاک ۳۔ جبلی۔ خلقی۔ قدرتی۔

فِطری (ع۔ صفت)، خلقی جبلی طبعی۔ پیدائشی (فطرت سے اردو والوں نے بنایا ہے)

فَطِیر (ع۔ مذکر)، تازہ گندھا ہوا آٹا جس کا خمیر نہ کیا گیا ہو۔ (فطر۔ تازہ گندھے ہوئے آٹے کی روٹی پکانا)، فطیری (مونث)، تازہ گندھے ہوئے آٹے کی۔ فطیری روٹی (مونث) وہ روٹی جس میں خمیر نہ ہو۔ پھلکا۔ چپاتی۔ عوام پتیری کہتے ہیں۔

فِعال (ع۔ مذکر)، جمع فعل کی۔

فعل (اردو۔ مذکر)، دیکھو فیل۔

فِعل (ع۔ مذکر)، ۱۔ کام۔ کار ۲۔ (صرف)، وہ کلمہ جس میں کسی کام کا کرنا پایا جائے ۳۔ عمل ۴۔ لچھن۔ شرمناک کام۔ بیجا حرکت ۵۔ زنا۔ بدفعلی (فعل۔ کرنا)، فعلاً (تف)، حقیقتاً حقیقت میں ۲۔ عملاً۔ کام کرنے میں۔ فعلاً و قولاً (تف)، کام کرنے میں اور کہنے میں۔ قولاً و عملاً۔ فعل باطنی (مونث)، مباشرت۔ جماع۔ فعل تام (صرف)، مکمل فعل۔ فعل صحیح۔ فعل شنیع یا شنیعہ (مذکر)، برا کام۔ زنا۔ اغلام۔ قمار بازی وغیرہ۔ فعل صحیح (مذکر)، وہ فعل ہے جس کے حروف اصلی میں گردان کے وقت کچھ تبدیلی یا حذف یا زیادتی حروف نہ ہو۔ جیسے سمجھنا۔ فعل ضامن (مذکر)، دیکھو ضامن۔ فعل ضامنی (مونث)، اس امر کی ذمہ داری کہ اب مجرم سے کوئی جرم نہ ہوگا۔ فعل عبث (مذکر)، بیفائدہ کار۔ فضول کام۔ فعل غیر فصیح (مذکر)، وہ فعل جس کے حروف میں گردان کے وقت کچھ تبدیلی یا حذف یا زیادتی ہو جیسے کرنا۔ فعل قبیح (مذکر)، برا کام۔ فعل کرانا (دم)، برا کام کرانا۔ اغلام کرانا۔ فعل کرنا (متعدی)، ۱۔ کوئی کام کرنا ۲۔ عمل کرنا ۳۔ بدکاری کرنا۔ بدفعلی کرنا ۴۔ شرارت کرنا۔ بیجا حرکت کرنا۔ فعل لازم (مذکر)، وہ فعل جس کا مفعول نہ ہو جیسے جانا آنا۔ مرنا۔ گرنا وغیرہ۔ فعل متعدی (مذکر)، وہ فعل جس کا مفعول ہے۔ جیسے کھانا۔ پینا۔ مارنا۔ کرنا وغیرہ۔ فعل لازم کی ماضی واحد غائب کے ساتھ وہ آتا ہے اور متعدی کے ساتھ اسنے آتا ہے سوائے مرکب افعال کے جیسے وہ لے گیا۔ اصل فعل لینا متعدی ہے اور ماضی واحد غائب اسنے لیا۔ فعل مجہول (مذکر)، وہ ہے جس کا فاعل معلوم نہ ہو جیسے زید مارا گیا۔ یہ فعل متعدی کے ماضی مطلق کے آخر کوئی صیغہ مصدر جانا کا بڑھانے

سے بنتا ہے۔ **فعل مرکب** (مذکر) دو فعل یا مصدر
یا کسی فعل کے آخر دوسرا مصدر ملا کر فعل بنائیں۔
ڈالنا۔ جلنے دینا۔ ڈوب جانا۔ **فعل معروف**
(مذکر) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو۔ **فعل مغیرہ**
(مذکر) وہ ہے جو مصدر وضعی سے مشتق ہو۔ **فعل ناقص**
(مذکر) وہ ہے جو خود پورے معنی نہ دے۔ اردو میں
صرف ہونا فعل ناقص ہے۔ **فعلی** **فعلیہ** (صفت)
فعل کے متعلق۔ فعل سے نکلا ہوا۔

فغاں (ف۔ مونث) ۱ شور۔
دہائی۔ فریاد ۲ رونا۔ نالہ۔ بالضم فصیح ہے ذکر یا ہونا کے
ساتھ) **فغان وشیون** (مذکر) رونا پیٹنا ذکر یا ہونا
کے ساتھ) **فغانی** (صفت) فغاں کرنے والا۔

فغفور (ف۔ مذکر) اصل لفظ
بغپور ہے جو غالباً سنسکرت کا بگپتر۔ شیرکے بچہ کا مخفف
ہے ۱ چین کے بادشاہوں کا لقب ۲ اشکانیہ خاندان
کے بادشاہوں کا لقب ۳ چینی کے برتن۔ **فغفور**
چین (مذکر) چین کا شہنشاہ۔ **فغفوری** (صفت)
۱ شاہی۔ شہنشاہی ۲ (مونث) چینی کے برتن۔

فف (ف۔ مونث) پھونک۔

ففرو ہونا (اردو۔ لازم) بھاگ جانا۔
رفوچکر ہونا۔

فق (ع۔ صفت) اُگیا ہوا۔
اڑا ہوا۔ کھدیا ہوا ۲ زرد۔ سفید ۳ حیران۔ پریشان۔
متعجب۔ ہکابکا (پڑجانا۔ پڑنا ہوجانا ہونا کے
ساتھ) (فق۔ کھولنا۔ جدا کرنا)

فقدان (ع۔ مذکر) ۱ گم کرنا۔
کھونا ۲ نہ ہونا ۳ نقصان (فقد۔ کھونا) **فقدان**
تکلیف (مذکر) تکلیف کا نہ ہونا۔ **فقدان فرصت**
(مذکر) فرصت کا نہ ہونا۔ سخت مشغولیت۔

فقر (ع۔ مذکر) ۱ درویشی ۲ محتاجی۔
غربت (فقر۔ غریب ہونا) **فقرفاقہ** (مذکر) غربت۔
تنگی ترشی۔

فقرا (ع۔ مذکر) جمع فقیر کی۔

فقروں (ع۔ مذکر) جمع فقرہ کی
حروف مغیرہ سے پہلے۔ **فقروں پر چڑھنا** (لازم)
۱ دھوکا کھانا۔ **فقروں سے آگاہ ہونا** (لازم)
فریب کی باتوں کو سمجھنا۔ **فقروں میں آنا** (لازم)
دھوکا کھانا۔ **فقرہ** [illegible] (متعدی) دیکھو

دینا۔ فریب کرنا۔

فقرہ (ع۔ مذکر) ۱ جملہ۔ کلمات کا
مجموعہ جو کسی کا مکالمہ ہو یا ظاہر کرے ۲ [illegible]
[illegible] ریڑھ کی ہڈی کا ٹکڑا۔
[illegible] لئے گئے ہیں ۳ فریب کی بات
[illegible] بات (فقرہ۔ ریڑھ کی ہڈی کو توڑنا) **فقرہ**
باز (صفت) فقرہ کہنے والا۔ دھوکے باز۔ عیار۔
مکار۔ **فقرہ بازی** (مونث) دغا بازی۔ دھوکا
بازی۔ **فقرہ بازی چلنا** (لازم) فریب یا دغا بازی کا
کارگر ہونا۔ **فقرہ بتانا** (متعدی) ۱ دھوکا دینا۔
فریب دینا۔ چکمہ دینا ۲ ٹال دینا ۳ جھوٹی بات دل سے
گھڑ کر سنانا۔ **فقرہ بنانا** (متعدی) ۱ لفظوں کو جوڑنا
تاکہ بامعنی جملہ ہو جائے ۲ دیکھو آخری ملا۔ **فقرہ**
بندی (مونث) جملہ بندی۔ **فقرہ تراشنا یا جوڑنا**
(متعدی) جھوٹی بات بنا کر کہنا۔ **فقرہ جڑنا** (متعدی)
آوازہ کسنا۔ **فقرہ چست کرنا** (متعدی) **ہونا**
(لازم) دل سے کوئی موزوں بات جوڑ کر کہی جانا۔
فقرہ چل جانا (لازم) کسی جھوٹی بات کا کارگر
ہونا۔ فریب یا مکر کا کامیاب ہونا۔ **فقرہ چلنا** (لازم)
چھوڑنا (متعدی) ۱ چٹکلہ یا شگوفہ چھوڑنا ۲ جھوٹی
بات گھڑ کر بیان کرنا ۳ چال چلنا۔ **فقرہ رواں**
ہونا یا زبان پر چڑھنا (لازم) فریب مکر یا
چال کی مہارت ہونا۔ **فقرہ کرکے** (صفت) دھوکا
دے کر۔ **فقرہ کرنا** (متعدی) کسی کو فریب کی بات
کہہ کر پھنسانا۔ **فقرہ کھل جانا** (لازم) چالاکی کھل ہر
ہو جانا۔ **فقرہ گڑھنا** (متعدی) دیکھو فقرہ تراشنا۔
فقرہ ہونا (لازم) چال چلنا۔ **فقرے** (مذکر) ۱
فقرے کی جمع ۲ بجائے فقرہ حروف مغیرہ سے پہلے۔
فقرے آنا (لازم) طعن کرنا۔ آوازے کسنا۔ **فقرے**
باز (صفت) **بازی** (مونث) دیکھو فقرہ باز یا بازی۔
فقرے بتانا (متعدی) چال کرنا۔ **فقرے بنانا**
(متعدی) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ **فقرے پر**
چڑھنا (لازم) دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا۔ **فقرے**
تراشنا (متعدی) **ترشنا** (لازم) جھوٹی بات کہی جانا۔
فقرے جڑنا (متعدی) آوازے کسنا۔ **فقرے**
چرب کرنا (متعدی) **ہونا** (لازم) چکنی چپڑی
باتیں ہونا۔ **فقرے چلنا** (لازم) **چھوڑنا** (متعدی)
دیکھو فقرہ چلانا۔ **فقرے ڈھالنا** (متعدی) آوازے
[illegible]

طعنے دینا۔ **فقرے سننا** (لازم) دھوکے کھانا۔
مکر و فریب کی باتیں سننا۔ **فقرے سے** (تف)
چال بازی سے۔ **فقرے گھڑنا** (متعدی) دیکھو
فقرہ تراشنا۔ **فقرے منہ چڑھے ہونا** (لازم) فقرے
زبان پر چڑھے ہونا۔ **فقرے میں** (تف) چال میں
فقرے میں آجانا یا آنا (لازم) چال میں آنا۔
دھوکا کھا جانا۔ **فقرے میں رکھنا** (متعدی)
دھوکا دے کر انتظار یا امید میں رکھنا۔ **فقرے**
میں لگانا (متعدی) فریب میں پھنسانا۔ چالبازی
کرنا۔ **فقرے یاد ہونا** (لازم) چالیں معلوم ہونا
فریب یاد ہونا۔

فقط (ع۔ صفت) ۱ صرف۔ تنہا
اکیلا ۲ خط یا مضمون یا کتاب کے آخر پر لکھتے ہیں
جس کا مطلب یہ ہے کہ ختم ہو گئی۔ ختم (ف وقط
یعنی کاٹنا)

مثل۔ فقط تعویذ سے کام
نہیں نکلتا۔ کمر کا بھی زور چاہئے۔ دعاؤں
وغیرہ سے کام نہیں ہوتا۔ ہمت بھی کرنا چاہئے۔

فقعس (ع۔ مذکر) بنو اسد کی ایک
شاخ کے جد اعلیٰ کا نام۔

فقہ (ع۔ مونث) ۱ علم دین۔ مذہبی
قانون۔ وہ تمام قانون جسے مذہب تسلیم کرے ۲ دانائی
سمجھ۔ عقل۔ **فقہی** (صفت) فقہ سے منسوب۔

فقہا (ع۔ مذکر) جمع فقیہ کی۔

فقیہ (ع۔ صفت) علم فقہ کا عالم۔

فقیر (ع۔ مذکر) ۱ بھکاری بھیک
مانگنے والا ۲ درویش۔ خدا پرست ۳ مفلس۔ محتاج
۴ خاکسار۔ بندہ ناچیز ۵ عاشق ۶ اصلی معنوں میں
وہ شخص جس کے پاس ایک دن کا کھانا ہو۔ مسکین جسکے
پاس کچھ نہ ہو (فقر۔ غریب ہونا) **فقیراں** (مذکر)
جمع فقیر کی۔ **فقیرانہ** (صفت) ۱ فقیروں کی طرح۔
درویشوں کا سا ۲ (مذکر) وہ زمین جو فقیروں کے
گزارے کے لئے وقف کر دی جائے۔ **فقیرانہ صورت**
(مونث) غریبوں یا فقیروں کی شکل۔ **فقیرانہ**
لباس (مذکر) فقیروں کی طرح کے کپڑے۔ **فقیرانہ**
مزاج (صفت) غریب طبیعت جس کے مزاج
میں اکڑفوں نہ ہو۔ **فقیر بنا دینا یا کر دینا** (متعدی)
مفلس کر دینا۔ **فقیر بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) ۱
[illegible]

محرم میں سبز کپڑے پہنائے جانا۔ **فقیر خانہ** (مذکر) عاجزی سے اپنے گھر کو کہتے ہیں غریب خانہ کی طرح۔ **فقیر دوست** (صفت) فقیروں سے میل جول رکھنے والا۔ **فقیر کھلانا** (متعدی) مراد پوری ہونے پر فقیروں کو کھانا کھلانا۔ **فقیر کی صدا** (مونث) آواز جو فقیر مانگنے کے لئے دیتے ہیں۔ **فقیر کی موج** (مونث) خیال جو فقیر کے دل میں آئے۔ **فقیرنی** (مونث) ۱ بھیک مانگنے والی عورت ۲ محتاج یا غریب عورت ۳ فقیر کی بیوی۔ **فقیر ہوجانا یا ہونا** (لازم) ۱ مفلس ہوجانا ۲ تارک الدنیا ہوجانا۔ جوگ سادھنا۔ **فقیری** (مونث) ۱ فقیر کا رتبہ ۲ درویشی ۳ غریبی۔ محتاجی۔ **فقیری اختیار کرنا یا بانا لینا** (لازم) ۱ فقیر ہوجانا ۲ فقیروں کا لباس پہننا۔ **فقیری لٹکا** (مذکر) سہل علاج۔ آسان نسخہ۔ **فقیری لینا** (متعدی) درویشی اختیار کرنا۔ جوگ سادھنا۔

امثال و اقوال۔ **فقیر اپنی کملی ہی میں (خوش) مست ہے۔** غریب تھوڑے ہی سامان میں خوش ہے۔ **فقیر جاہل شیطان کا گھوڑا۔** جاہل فقیر پر شیطان سوار ہوتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ وہ بہت گناہ کرتا ہے۔ **فقیر را بجا دلہ چہ کار۔** فقیر کو جھگڑا نہیں کرنا چاہئے۔ **فقیر، قرضخواہ، لڑکا۔ تینوں نہیں سمجھتے۔** بغیر لئے نہیں چھوڑتے۔ **فقیر کا پوت چلن (احدیوں) امیروں کا۔** اس کے متعلق کہتے ہیں جو غریب ہو کر وضع امیروں کی رکھے۔ **فقیر کا گھر بڑا ہے۔** فقیر کو اپنی کرامت سے سب کچھ حاصل ہوتا ہے۔ **فقیر کو تین چیز چاہئیں۔ فاقہ۔ قناعت اور ریاض** جب تک یہ تین باتیں نہ ہوں فقیر نہیں کہلا سکتا۔ **فقیر کو جہاں رات ہوگئی وہیں سرائے۔** فقیر کو کسی بات کی پروا نہیں جہاں رات ہوئی پڑ رہے۔ **فقیر کو کمل ہی دوشالہ ہے۔** غریب آدمی کو تھوڑی پونجی بہت ہوتی ہے۔ **فقیر کی جھولی میں سب کچھ ہے۔** فقیر کے اختیار میں سب کچھ ہے چونکہ لوگ انہیں اولیا سمجھتے ہیں۔ **فقیر کی زبان کسنے کیلی ہے۔** فقیر جو چاہے بک دے۔ **فقیر کی صورت (ہی) سوال ہے۔** حاجتمند کے چہرے سے اس کا مافی الضمیر ظاہر ہوجاتا ہے۔ **فقیری کا پوت چلن امیر کا** دیکھو فقیر کا پوت الخ۔ **فقیری شیر کا برقعہ ہے۔** فقیروں کے متعلق خیال ہے کہ اصل میں اولیا ہوتے ہیں۔ ظاہری صورت فقیروں کی سی بنائے رکھتے ہیں۔

فَقِیہ (ع۔ مذکر) علم فقہ کا عالم۔

فَک (انگ۔ مذکر) ۱ جماع صحبت ۲ (متعدی) جماع کرنا۔

فَکّ (ع۔ مذکر) ۱ کھولنا۔ رہا کرنا۔ چھڑانا ۲ دو باہم ملی ہوئی چیزوں کو علیحدہ کرنا۔ (فکّ علیحدہ کرنا) **فکّ اضافت** (مذکر) کسرہ چھوڑ دینا جیسے صاحبدل میں ب کو بجائے کسرے کے جزم دیتے ہیں۔ **فکّ الرہن یا فکِّ رہن** (مذکر) رہن سے چھڑانا۔ قرضہ ادا کرکے گروی شے کو رہن سے لینا۔

فَکَّت (ع۔ مونث) ایک سوت کوکبہ۔

فِکر (ع۔ مذکر و مونث) ۱ تردد ۲ تعقل۔ اندیشہ۔ دغدغہ ۳ دھیان ۴ سوچ۔ خیال ۵ غور۔ تامل ۶ حاجت۔ ضرورت۔ پروا ۷ غم۔ رنج ۸ تدبیر (فکر۔ سوچنا) **فکر آپڑنا** (لازم) دفعتہً کوئی تردد کی بات ہوجانا۔ **فکرت** (مونث) سوچ۔ خیال۔ غور۔ **فکر جمنا** (لازم) تدبیر سوجھنا۔ **فکر دوڑانا** (متعدی) سوچنا۔ غور کرنا۔ **فکر رسا** (مذکر مونث) پہنچنے والی عقل۔ اعلےٰ عقل۔ **فکر رکھنا** (لازم) سوچنا (غف) **فکر سے خالی ہونا** (متعدی) بے فکر ہونا۔ **فکر فردا** (مذکر مونث) آئندہ کا خیال یا تردد۔ **فکر کا کھائے جانا** (لازم) نڈھال کردینا (متعدی) ہر وقت تردد رہنا۔ اندیشے سے دبلا ہونا۔ **فکر کرنا** (متعدی) ۱ سوچنا۔ غور کرنا ۲ تدبیر کرنا ۳ شعر کہنے کے لئے غور کرنا ۴ رنج کرنا۔ غور کرنا۔ **فکر لاحق ہونا** (لازم) اندیشہ ہونا۔ احتمال ہونا۔ **فکر معاش (معیشت)** (مذکر و مونث) روزی کا تردد۔ **فکرمند** (صفت) غمگین۔ **فکرمندی** (مونث) فکر۔ سوچ۔ خیال۔ **فکر میں (مبتلا) رکھنا** (متعدی) متفکر رکھنا۔ غمگین کردینا۔ **فکر میں (مبتلا) ہونا** (لازم) ۱ سوچنا۔ غور کرنا ۲ غمگین ہونا ۳ کسی کے نقصان کی تدبیر سوچنا۔ تاک میں رہنا۔ **فکر نہ کیجے۔** پروا نہ کیجے۔ **فکر و تردد** (مذکر) احتمال۔ اندیشہ۔

امثال و اقوال۔ **فکر اور ذکر دونوں چاہئیں۔** خدا کی یاد خضوع و خشوع کے ساتھ ہونی چاہئے۔ **فکر برا (بری)، فاقہ بھلا (فکر فقیراں کھائے)** بھوکا رہنا فکر کرنے سے بہتر ہے۔ فکر فقیروں کو مار دیتا ہے۔ **فکر زاہد دیگر و سودائے عاشق دیگر است۔** زاہد کی فکر کچھ اور ہے اور عاشق کی دھن کچھ اور۔ ہر شخص اپنی اپنی دھن میں لگا ہے۔ **فکر شنبہ تلخ دارد جمعۂ اطفال را۔** **عشرت امروز بے اندیشۂ فردا خوش است۔** سنیچر کی فکر لڑکوں کے جمعہ کو تلخ کرتی ہے۔ آج کا عیش کل کی فکر کے بغیر اچھا ہے۔ موجودہ عیش سے جبھی لطف حاصل ہوتا ہے کہ آئندہ کی فکر نہ ہوں۔ **فکر کرے کیا ہوتا ہے جو ہونا تھا سو ہوگیا۔** نقصان جو ہونا تھا ہوگیا۔ اب رنج کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ **فکر ہر کس بقدر ہمت اوست** ہر شخص کا خیال اس کے حوصلے اور ہمت کے مطابق ہوتا ہے۔

فِگار (ف۔ صفت) ۱ زخمی۔ گھائل۔ مرکبات کے آخیر میں آتا ہے جیسے سینہ فگار۔ دلفگار ۲ کنایتاً عاشق۔ **فگار کرنا** (متعدی) زخمی کرنا (مت) **فگاری** (مونث) زخمی کرنا۔ مرکبات کے آخیر میں جیسے سینہ فگاری۔ دلفگاری۔

فِگَن (ف۔ صفت) افگن کا مخفف۔ پھینکنے والا۔

فَلاح (ع۔ مونث) ۱ نجات۔ چھٹکارہ ۲ بھلائی۔ بہتری۔ فائدہ ۳ خوشی ۴ سلامتی۔ بچاؤ (فلح۔ توڑنا۔ کاٹنا) **فلاحِ دارین** (مذکر) دنیا اور عاقبت کی بھلائی۔

فَلّاح (ع۔ مذکر) ۱ کاشتکار ۲ ملاح (فلح۔ توڑنا) **فلاحین** (مذکر) فلاح کی جمع۔ مصر کے کاشتکاروں کا نام۔ یہ قدیم مصریوں کی اولاد ہیں۔

فَلاحَت (ع۔ مونث) کاشت کرنا۔ کھیتی کرنا (فلح۔ توڑنا)

فَلاخَن۔ فَلاسَنگ (ف۔ مذکر) وہ لکڑی اور رسی کا آلہ جس میں پتھر کا ٹکڑا یا مٹی کا ڈھیلا رکھ کر پھینکتے ہیں۔ اب رسی کی بجائے ربڑ کا ٹکڑا باندھ دیتے ہیں۔

فَلالِن (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا

ایک سونے یا چاندی کا سکہ۔

فَلَاسِفَہ (ع - مذکر) جمع فیلسوف کی۔

فَلَاکَت (ع - مونث) مفلسی غربت - ناداری ۲ نحوست - بدقسمتی - **فلاکت زدہ** - **فلاکت** (کا) مارا - **فلاکتی** (صفت) بہت کم۔

فَلَالَین (انگ - مونث) ایک قسم کا اونی کپڑا۔

فَلَان (ع - مذکر) ا آلہ تناسل ۲ اندام نہانی - **فلان اگلنا** (متعدی) پوش کا لیاس دینا - **فلان میں تھوکنا** (متعدی) ۱ رسوا کرنا - بدنام کرنا ۲ لعنت ملامت کرنا۔

فُلَاں (ع - صفت) ۱ خاص آدمی یا چیز جس کا نام نہ لیں ۲ (مذکر) آلہ تناسل (فلں - ایسا ایک) **فلانا** (متعدی) ۱ کوئی شخص - وہ شخص ۲ بات - معاملہ کی نسبت جس کا نام نہ لیا جائے کبھی کہتے ہیں - **فلاں بہماں** (مذکر) ایرا غیرا - امکا ڈھمکا **فلاں فلاں** (مذکر) کئی آدمی جن کا نام نہ لیا جائے - **فلانی** (مونث) فرج - اندام نہانی - **فلانی ہتھیلی پہ رکھ کر آنا** (لازم) عورت کا زنا کرنے کی خواہش کرنا۔

مثل - فلانے کی ماں نے خصم کیا بہت برا کیا - کرکے چھوڑ دیا اور بھی برا کیا - اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی شخص ایک کام کو درست کرنے کے لئے اس سے بھی برا کام کرے۔

فَلَٹ (انگ - مونث) نمدہ - **فلٹ کیپ** (مونث) نمدے کی ٹوپی -

فِلٹَر (انگ - مذکر) پانی صاف کرنے کا آلہ۔

فَلخَمہ (ف - مذکر) آتش پرستوں کا قبرستان۔

فِلِزّ (ع - مذکر) دھات - وہ معدنی شے جو آگ میں پگھل جائے - **فلزات** (مونث) دھاتیں - سونا چاندی وغیرہ -

فَلس (ع - مذکر) ۱ پیسہ ۲ مچھلی کا چھلکا ۳ املتاس کا قرص - **فلس ماہی** (مذکر) مچھلی کا چھلکا۔

فَلس (ع - مذکر) بنو طے کا ایک بت۔

فَلسَفَہ (ع - مذکر) ۱ حکمت - دانائی ۲ استدلال - بحث کا انداز ۳ ایک علم جس سے انسان میں سوچنے اور بحث کرنے کا مادہ بڑھتا ہے (فیلسوفت سے جو یونانی فیلسوفوس کا معرب ہے) **فلسفہ دان** (مذکر) ماہر علم فلسفہ - **فلسفی** (صفت) فلسفے سے منسوب - فلسفہ جاننے والا - **فلسفیانہ** (متعدی) ۱ فلسفے سے منسوب ۲ حکیمانہ -

فُلس کیپ (انگ - مذکر) دبیز سفید کاغذ (انگ فولز کیپ کا معرب ہے سکولوں میں جو بچہ ٹھیک طور پر کام نہ کرتا تو اس کے سر پر لمبی نوکدار کاغذ کی ٹوپی رکھ دیتے تھے - اس لئے یہ نام ہوا)

فُلفُل (ع - مونث) مرچ - (سنسکرت پپل کا معرب ہے) **فلفل دراز** (مونث) لمبی مرچ -

فَلَک (ع - مذکر) ۱ آسمان - گردوں - چرخ - مذہبی خیالات کے بموجب زمین کے اوپر سات آسمان ہیں - جن پر مختلف سیارے سورج چاند وغیرہ ہیں - ساتویں آسمان کے اوپر خدا کا عرش اور کرسی ہیں - لیکن زمانۂ جدید کے سائنسدان اسے منتہائے نظر سمجھتے ہیں - ان کا خیال ہے کہ نیلاہٹ صرف ان پانی کے بخارات کی وجہ سے ہے جو کرۂ ہوا میں ہر وقت موجود رہتے ہیں (فلک - گول ہونا) **فلک اساس** (صفت) ۱ آسمان کی بنیاد والا - جامع - مستحکم ۲ رفیع - **فلکِ اطلس یا اعظم** - **فلک الافلاک** (مذکر) نواں آسمان - **فلک بارگاہ** (صفت) عالی مرتبہ - **فلک برسر بیداد ہونا** (لازم) آسمان کا دشمن ہونا - مصیبت کے دن آنا - **فلک پایگہ یا پایہ** (صفت) ۱ عالی رتبہ ۲ اونچا - **فلک پر پہنچنا** (لازم) آسمان تک جانا - دور تک سنائی دینا (آواز کا) **فلک پر چڑھانا** (متعدی) بہت تعریف کرنا - خوشامد کرنا - **فلک پر چڑھنا** (لازم) ۱ بہت بلند ہونا ۲ تعلّی کی لینا - غرور کرنا - **فلک پرواز - پیما یا تاز** (صفت) آسمان پر پہنچنے والی (آہ کے لئے) **فلک پر دماغ رہنا یا ہونا** (لازم) مغرور یا متکبر ہونا کسی کو اپنے برابر [illegible]

خوش نصیبی اور اقبال کا زمانہ ہونا - **فلک پر سر کھینچنا** (متعدی) ۱ بہت بلند ہونا ۲ بہت مغرور ہونا - **فلک پر کھینچنا** (متعدی) مغرور ہونا - اترانا (آپ کو کے ساتھ) **فلکِ پیر** (مذکر) بوڑھا آسمان چونکہ بہت پرانا ہے اس لئے فلک کا پیر سے استعارہ کرتے ہیں - **فلک ٹوٹ پڑنا** (لازم) سخت مصیبت آنا - **فلک ٹوٹ کر گر پڑنا** (لازم) غضب آجانا - **فلک ٹوٹنا** (لازم) غضب آنا - مصیبت آنا - **فلک جناب** (صفت) عالی رتبہ - **فلک درپے آزار ہونا** (لازم) دیکھو فلک برالخ - **فلک رتبہ** (صفت) ۱ عالی مرتبہ ۲ مقبول (آہ) **فلک رفعت یا سریر** (صفت) عالی رتبہ - **فلک زدہ** (صفت) مفلس **فلک سیر** (صفت) ۱ تیز رو (گھوڑا) ۲ (مونث) بھنگ جو آسمان کی سیر کراتی ہے (ان معنوں میں اڑانا پلانا - پینا - کھانا - کھلانا وغیرہ کے ساتھ) **فلک شکوہ** (صفت) آسمان جیسی شان و شوکت والا - رفیع الشان - **فلکِ شعبدہ باز** (مذکر) شعبدے دکھلانے والا آسمان - دنیا میں جو برے واقعات گزرتے ہیں وہ فلک کے سر تھوپے جاتے ہیں - **فلک فرسا** (صفت) آسمان پر پہنچنے والی (آہ) **فلک قدر** (صفت) عالی رتبہ - **فلک کا ستایا (کی ستائی)** (صفت) مصیبت زدہ - بدقسمت - کمبخت - **فلکِ کواکب** (مذکر) ستاروں کا آسمان - **فلک کو برا معلوم ہونا** (لازم) شاعروں کا خیال ہے کہ فلک لوگوں کو خوش نہیں دیکھ سکتا اور وہی مصیبتیں لاتا ہے - **فلک کو برا نہ لگے** جب کوئی کام حسب مراد نہ ہو تو کہتے ہیں - **فلک مآب یا مرتبہ** (صفت) عالی رتبہ - **فلک مآبی** (مونث) مرتبہ بلند ہونا - **فلک نظر آنا** (لازم) مصیبت کا سامنا ہونا - ایسی مصیبت پڑنا کہ خدا یاد آجائے - **فلک نورد** (صفت) تیز رفتار - تیز رو - **فلک نیلی** (مذکر) نیلا آسمان - **فلک یاد آنا** (لازم) زمانے کی گردش نظر آنا - **فلکی** (صفت) آسمانی **فلکیات** (مونث) فلک کے متعلق چیزیں -

فِلم (انگ - مذکر) ۱ جھلی - جالا ۲ وہ تصویر جو پردے پر چلتی اور کام کرتی دکھائی جاتی ہے [illegible]

فلو (انگ - مذکر) انفلوانزا کا مخفف -

فلوس (ع - مذکر) فلس کی جمع - اردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے ۱ پیسہ ۲ مچھلی کے چھلکے - **فلوس ماہی** (مذکر) مچھلی کے چھلکے -

فلیتہ (ف - مذکر) دیکھو فتیلہ جو اصل لفظ ہے - **فلیتہ جلانا** (متعدی) **جلنا** (لازم) ۱ بتی روشن ہونا ۲ آسیب زدہ کے آگے بتی روشن ہونا **فلیتہ دار** (صفت) ۱ توڑے دار (بندوق یا توپ) ۲ جس میں بتی ہو (کوئی چیز) **فلیتہ دکھانا** (متعدی) ۱ آگ لگانا ۲ توڑے دار بندوق یا توپ کا چلانا - **فلیتہ دینا** (متعدی) دیکھو فلیتہ جلانا و دکھانا - **فلیتہ سنگھانا** (متعدی) تعویذ یا جنتر کی دھونی دینا -

فلیٹ (انگ - صفت) ۱ مسطح - برابر ۲ (مونث) چھت جس میں کمرے ہوں -

فم (ع - مذکر) منہ - دہن - **فم رحم** (مذکر) بچہ دان کا منہ - **فم معدہ** (مذکر) معدہ کا منہ - کوڑی - **فمی بشوق** (مذکر) سات دن میں قرآن شریف اس طرح ختم کرنا کہ پہلے دن سورہ فاتحہ سے مائدہ تک دوسرے دن سورہ یونس تک تیسرے دن سورہ بنی اسرائیل تک چوتھے دن سورہ الشعرا تک پانچویں دن سورہ الصافات تک چھٹے دن سورہ قاف تک ساتویں دن اخیر تک - **فمی بشوق کی منزل** (مونث) دیکھو آخری -

فن (ع - مذکر) ۱ ہنر - صنعت - کاریگری - جوہر ۲ فریب - مکر - حیلہ - دھوکا ۳ علم کی شاخ - علم (فن - جاننا) **فن اخلاق یا تشریح** (مذکر) دیکھو علم اخلاق یا تشریح - **فن سپاہگری** (مذکر) لڑنے کا ہنر - **فن شاعری** (مذکر) شعر کہنے کا ہنر - **فن میں طاق - کامل - ماہر یا یکتا ہونا** (لازم) ہنر کا پورا واقف ہونا -

فنا (ع - مونث) ۱ ہلاکت - موت - نیستی (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ (تصوف) حدوث اور قدم کے تفرقہ یا تمیز کا زائل ہو جانا ۳ نجد میں ایک پہاڑ ۴ (صفت) معدوم - ناپید ۵ کسی کام میں منہمک یا مستغرق (فنی - گزرنا) **فنا آخر فنا** - ہر چیز کا انجام [illegible]

[illegible] برہانے والا - مارنے والا - قتل کرنے والا -

فنا فی الشیخ (مونث) (تصوف میں) ایک مرتبہ جس میں مرید اپنے مرشد کے دھیان میں ہر وقت مستغرق رہتا ہے - **فنا فی الفرج** (مونث) اس شخص کی حالت جو ہر وقت عورتوں کے تصور میں لگا رہتا ہے - **فنا فی اللہ** (مونث) خدا تعالےٰ کے دھیان میں ہر وقت ڈوبے رہنے کا مرتبہ -

فنانشل (انگ - صفت) ۱ مالی ۲ خراج - آمدنی خزانہ یا روپیہ کے متعلق - **فنانشل کمشنر** (مذکر) آمدنی اور مال کا افسر اعلےٰ یہ صوبے میں گورنر سے دوسرے درجے پر ہوتا ہے -

فند (ف - مذکر) ۱ فریب - دھوکا - مکر (غالباً پھند کا معرب) ۲ (عف) خایہ - **فند پر ہے** - خائے پر ہے - ہماری بلا سے - **فند فریب** (مذکر) دغا فریب - دم جھانسا - **فندی** (صفت) فریبی - مکار -

فندق - فندق (ف - مونث) ۱ ایک سخت پھل سرخ رنگ کا ۲ معشوق کی مہندی لگی ہوئی انگلی کا سرا ۳ معشوق کا ہونٹ - **فندق بند** (مونث) انگلیوں کے سرے کو مہندی لگانا - **فندق سنجاب رنگ** (مذکر) زمین **فندق سیم** (مذکر) ستارے - **فندقیں لگانا** (متعدی) انگلیوں کے سروں پر مہندی لگانا -

فنڈ (انگ - مذکر) سرمایہ - پونجی -

فنڈمنٹ (انگ - مونث) کون - دُبر -

فنس (انگ - مونث) پالکی - ڈولی -

فنکارنا (اردو - مذکر) پھنکارنا -

فنگر (انگ - مونث) انگلی **فنگر باؤل یا گلاس** (مذکر) انگلیاں دھونے کا پیالہ - **فنگر پوسٹ** (مذکر) سڑک پر وہ نشان جو رستہ بتاتا ہے

فنگ ہونگ (چین چیں) چار فلکی مخلوقات میں سے ایک جو چین کی سلطنت کی محافظ ہیں - یہ سورج میں آگ سے پیدا ہوا ہے -

فنون (ع - مذکر) جمع فن کی علوم -

فواتح (ع - مذکر) جمع فاتحہ کی

فواجر (ع - مذکر) جمع فاجر کی -

فواحش (ع - مذکر) جمع فاحشہ کی -

فواخر (ع - مذکر) جمع فاخرہ کی -

فؤاد (ع - مذکر) قلب - دل -

فواروں (ع - مذکر) فوارہ کی جمع - **فواروں کا چھوٹنا** (لازم) بہت سے فواروں کا ایک ہی دفعہ چلنا -

فوارہ (ع - مذکر) ۱ وہ آلہ یا برتن جو پانی کو اوپر پھینکے ۲ وہ پانی یا مائع جو اس آلہ میں سے نکل کر اوپر کو جائے - پانی کا ذخیرہ اونچی جگہ پر ہوتا ہے - چونکہ پانی اپنی سطح ہمیشہ قائم رکھتا ہے اس لئے جب پانی کسی نیچی جگہ پر نالی میں سے نکلتا ہے تو اونچا اٹھتا ہے (فور - ابلنا) **فوارہ اٹھنا** (متعدی) پانی یا مائع کا اچھل کر نکلنا - **فوارہ چلنا یا چھوٹنا** (لازم) ۱ پانی یا مائع کا دھار باندھ کر کسی جگہ سے نکلنا ۲ فوارہ سے پانی نکلنا -

فواکہ (ع - مذکر) جمع فاکہہ کی - میوے -

فوائد (ع - مذکر) جمع فائدے کی -

فوت (ع - صفت) ۱ نیست - معدوم ۲ گزرا ہوا - کھویا ہوا - جانے والا ۳ (مونث) نقصان ۴ گمشدگی ۵ موت ۶ ناکامیابی (فوت - گزر جانا) **فوت بلا وصیت** (مونث) مر جانا بغیر وصیت کرنے کے - **فوت شدہ** (صفت) مردہ - مرا ہوا - **فوت ہونا** (لازم) ۱ مر جانا ۲ جاتے رہنا - **فوتی** (صفت) ۱ گزرنے والا - مرجانیوالا ۲ اس شخص کی (جائداد) جو بغیر وارثوں کے مر جائے **فوتی فراری** (مونث) ۱ مرنے یا بھاگ جانے کی رپورٹ ۲ ان کاشتکاروں کی فہرست جو مر جائیں یا فوت ہو جائیں ۳ (صفت) مردہ یا مفرور - مارا گیا اور جس کا پتہ نہ چلے ۴ ان کا جو مر گئے ہوں یا بھاگ گئے ہوں - [illegible]

فوتیدہ (صفت) مردہ - مرا ہوا - **فوتی نامہ** (مذکر) ۱ مقتولوں یا مردوں کی فہرست ۲ وہ رجسٹر جس میں شہر کے مردوں کی تاریخ وفات درج ہوتی ہو ۳ موت کا سرٹیفکیٹ ۴ ایسے شخص کی موت کی رپورٹ جس کا کوئی وارث نہ ہو -

فوٹو (انگ - مذکر) ۱ عکسی تصویر ۲ ہو بہو نقشہ - **فوٹو اتارنا** (متعدی) اترنا (لازم) ۱ عکسی تصویر لی جانا ۲ کسی بات کا نقشہ اتارنا - **فوٹو کا سامان** (مذکر) وہ چیزیں جو فوٹو کھینچنے میں استعمال ہوتی ہیں - **فوٹو کھینچنا** (متعدی) عکسی تصویر لینا - **فوٹوگراف** (مذکر) فوٹو، عکسی تصویر - **فوٹوگرافر** (مذکر) عکسی تصویر کھینچنے والا - **فوٹوگرافی** (مونث) عکسی تصویر کھینچنے کا فن -

فوج (ع - مونث) ۱ لشکر - عسکر - سپاہ ۲ گروہ - مجمع آدمیوں کا (فوج پھیلانا خوشبو) **فوج اترنا** (لازم) کسی جگہ فوج کا قیام کرنا - **فوجِ بحری** (مونث) ۱ وہ فوج جو سمندر میں جہازوں پر چڑھ کر لڑے ۲ جنگی جہازوں کا بیڑا - **فوجِ بری** (مذکر) وہ فوج جو خشکی میں لڑے - **فوج بھرتی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) سپاہ کا نوکر ہونا - **فوج بھیجنا** (متعدی) کسی ملک پر چڑھائی کرنا - **فوج چڑھنا** (لازم) فوج کا حملہ آور ہونا - **فوجدار** (مذکر) ۱ سپہ سالار فوج کا افسر ۲ فیلبان - وہ شخص جو بادشاہ کی سواری میں ہاتھی پر آگے بیٹھے ۳ کوتوال - **فوجداری** (مونث) ۱ فوجدار کا عہدہ ۲ لڑائی - جھگڑا مارپیٹ (کرنا ہونا کے ساتھ) ۳ وہ عدالت یا محکمہ جس میں جرائم کی تفتیش یا سماعت ہو - **فوجداری سپرد کرنا** (متعدی) مقدمہ سشن سپرد کرنا - **فوج غم و الم کی دل پر چڑھائی ہونا** (لازم) بیحد رنج و غم ہونا - **فوج کا گھونگھٹ کھانا** (متعدی) شکست کھا جانا - **فوج کا نشان** (مذکر) جھنڈا جو فوج کے آگے چلتا ہے - **فوج کٹنا** (لازم) فوج کا مارا جانا - **فوج کی چھاؤنی پڑنا** (لازم) فوج کا اترنا یا قیام کرنا - **فوج کے منہ پر چڑھنا** (لازم) فوج کے مقابلے میں آنا - **فوج گر پڑنا** (لازم) فوج کا حملہ کرنا - **فوجوں** (مونث) فوج کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے - **فوجوں کے جھاؤ** (مذکر) لشکر کا اکٹھا ہونا - **فوجی** (صفت) ۱ فوج کا، فوج سے تعلق ۲ لشکر، جنگی - **فوجیں** (مونث) جمع فوج کی -

امثال و اقوال - فوج بے وکیل صاحب بے فیل - فوج بغیر سفیر کے اس طرح ہے - جیسے افسر بغیر ہاتھی کے - **فوج کا آگا برات کا پیچھا بھاری ہوتا ہے** فوج کی تیاری کا خرچ اور شادی کے اختتام کا خرچ بہت زیادہ ہوتا ہے - یا فوج کے حملے کے روکنے کا انتظام بہت مشکل ہوتا ہے - **فوج کی اگاڑی آندھی کی پچھاڑی** - فوج کا اگلا اور آندھی کا پچھلا حصہ بڑے زور شور کا ہوتا ہے -

فور (ع - مذکر) ۱ جلدی - سرعت ۲ طریقہ - طرز ۳ گھڑی - وقت - اردو میں فی الفور کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے (فورٌ - ابلنا) **فوراً** (ظف) اسی وقت - جھٹ پٹ - جلدی - **فوری** (صفت) جلدی کا - عجلت کا - حال کا -

فورٹ (انگ - مذکر) قلعہ -

فوردجان - فوردگان - فوردیان (ف - مذکر) مہینے جو ایرانی سال کے آخر میں ایزاد کئے ہیں -

فوز (ع - مذکر) ۱ فائدہ - نفع ۲ کامیابی - نتیجہ ۳ بچاؤ - مکتی - **فوزِ عظیم** (مذکر) بڑا فائدہ - بڑی کامیابی -

فوطہ (ع - مذکر) ۱ تھیلی - بٹوا ۲ خصیہ ۳ خراج - لگان - محصول (اصل لفظ فوتہ ہے) س پوٹ - **فوطہ بھرنا** (متعدی) محصول دینا - لگان دینا - **فوطہ چھٹکنا** (متعدی) خصیہ کا سوج جانا یا اپنی جگہ سے سرک جانا - **فوطہ خانہ** (مذکر) خزانہ - **فوطہ (فوطے) دار** (مذکر) خزانچی - تحویلدار - **فوطہ (فوطے) داری** (مونث) خزانچی کا کام یا عہدہ -

فوفل (ع - مذکر) سپاری چھالیا

فوق (ع - حرف) ۱ اوپر - بلند ۲ (مذکر) [illegible] - بڑائی - برتری - فضیلت ۳ اونچائی - بلندی ۴ چوٹی - سب سے اونچی جگہ ۵ (ظف) سوائے - علاوہ ۶ بڑھ کر - زیادہ (فوق - بہتر ہونا) - **فوق البھڑک** (صفت) چمکیلا چمکدار زرق برق - عربی اور ہندی لفظ کی ترکیب غلط ہے (ظف) - **فوق العادت** (صفت) حد بشری سے بڑھ کر - حد سے زیادہ - **فوقانی** (صفت) ۱ اوپر کا ۲ اوپر نقطہ دیا ہوا - **فوق رکھنا** (متعدی) ترجیح رکھنا - **فوق لے جانا** (متعدی) سبقت لے جانا - بڑھ جانا - **فوقیت** (مونث) ۱ ترجیح سبقت ۲ شرف - برتری - بہتری (چاہنا - حاصل کرنا یا ہونا - رکھنا - لیجانا - ہونا کے ساتھ)

فولاد (ف - مذکر) ۱ سخت اعلےٰ قسم کا لوہا - اس میں لوہے کے ساتھ ایک حصہ کاربن کا ملایا جاتا ہے - جس کی وجہ سے یہ نہایت سخت ہوجاتا ہے - اس کی تلواریں - چھریاں - چاقو وغیرہ بنتے ہیں ۲ (صفت) بہت سخت - مضبوط - کڑا - **فولاد بازو** (صفت) مضبوط - قوی - **فولاد تن** (صفت) مضبوط بدن کا - **فولاد کا دل** (مذکر) نہایت سخت دل - **فولاد کا عرق** (مذکر) ایک عرق جو بہت طاقت دہ ہوتا ہے - **فولاد کا کشتہ** (مذکر) ایک دوائی جو طاقت دہ ہوتی ہے - **فولاد کے ہاتھ** (مذکر) مضبوط اور سخت ہاتھ - **فولادی** (صفت) ۱ فولاد کا بنا ہوا - بہت سخت - بہت مضبوط ۲ (مونث) بلم کی چھڑ - بھالے کی لکڑی -

فولیون (ف - مذکر) ایک دوائی جو شام سے آتی ہے -

فوں (اردو - مونث) ۱ سانپ کی پھنکار ۲ اکڑ کے ساتھ اکڑ فوں کی ترکیب کے ساتھ استعمال ہوتا ہے -

فہر (ع - مذکر) یہودیوں کا مدرسہ

فِہرست (ع - مونث) ۱ وہ کاغذ جس پر چیزوں کی تفصیل لکھی ہو - فرد ۲ چیزوں کی تفصیل (بنانا - بننا - تیار کرنا یا ہونا - لکھنا ہونا وغیرہ کے ساتھ)

فہم (ع - مونث) ۱ عقل - سمجھ - دانائی - دانش ۲ مرکبات کے آخر میں جیسے زود فہم - فہم سمجھ - **فہمائش** (مونث) ۱ سمجھانا ۲ تنبیہ - ہدایت ۳ تنبیہ کرنا - آگاہ کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **فہم و فراست** (مونث) عقل - دانائی - **فہم و فراست سے دور ہونا** (لازم) بیوقوفی کی باتیں یا کام کرنا - بے عقل ہونا - احمق ہونا - **فہمی** (مونث) سمجھ - عقل - مرکبات کے آخر میں جیسے زود فہمی - فہمید

(مونث) ۱ عقل - سمجھ ۲ رائے - فہمیدگی (مونث) عقل - سمجھ - فہمیدہ (صفت) ۱ سمجھدار - ہوشیار ۲ عقیل ۳ (مونث) مسلمانوں میں ایک (بیگم کے ساتھ)

مثل - فہم عالم بالا معلوم شد۔ دیکھو شعر فہمی عالم بالا معلوم شد۔

فہیم (ع - صفت) عقلمند - دانا - سمجھدار -

فی (ع - حرف جار) ۱ میں - اندر ۲ دوران میں ۳ کا - متعلقہ ۴ سے - ساتھ ۵ ہر ایک کے لئے ۶ (اردو) نقص - کمی غلطی - عیب - **فی البدیہہ** (تف) فوراً - بے سوچے - **فی الجملہ** (تف) ۱ کل - تمام ۲ حاصل کلام ۳ کسی قدر - **فی الحال** (تف) اب - اسی وقت - فوراً - سردست - **فی الحقیقت** (تف) حقیقت میں - بیشک - سچ مچ - **فی السّقر** (تف) دوزخ میں - **فی الفور** (تف) فوراً - **فی المثل** (تف) بالفرض - مثلاً - تمثیلاً - **فی النار** (و السقر) بد دعا - دوزخ کی آگ میں پڑے - **فی النار کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) جہنم واصل ہونا - **فی الواقعہ** (تف) **الواقعی** (نحو) حقیقت میں - اصل میں - **فی الوقت** (تف) فوراً - اسی وقت - **فی امان اللہ** (تف) خدا تعالیٰ الله سے سپرد جانے - اللہ کی امان میں دیا - ایک کلمہ جو رخصت کے وقت کہتے ہیں **فی زمانا** (تف) ہمارے زمانے میں آجکل - اس دن - **فی زمانہ** (تف) دیکھو آخری - **فی سال** (تف) ہر سال کے لئے - **فی سبیل اللہ** (تف) ۱ خدا کے لئے ۲ وقف جس کے استعمال کرنے کا ہر شخص کو اختیار ہو ۳ دینا کر دینا ہونا کے ساتھ) **فی سیر** (تف) ایک سیر کی (قیمت) **فی سیکڑہ یا صد** (تف) ہر سو کے لئے - **فی کس یا نفس** (تف) ہر ایک آدمی کیلئے **فیما** (تف) اس میں - اس کے متعلق - **فیما بعد** (تف) اس کے بعد - بعد میں - **فیما بین** (تف) ۱ درمیان - بیچ میں ۲ آپس کا - باہمی - **فیما بین فریقین** (تف) ہر دو فریق کے درمیان - **فی ماہ** (تف) ہر مہینے کے لئے - **فی من** (تف) ایک من کی (قیمت) **فی نفس الامر** (تف) معاملے کی تہ میں - **فی نفسہٖ** (تف) اپنی ذات سے - **فی نکالنا** (متعدی) نکلنا (لازم) نقص نکلنا - عیب نکلنا - **فیہ** (مونث) عیب - نقص - **فیہ** (تف) اس میں - **فیہا** (تف) اس عورت میں - **فیہم** (تف) ان میں - **فیہنّ** (تف) ان عورتوں میں - **فیہ نظر** اس میں اعتراض ہے -

فیّاض (ع - صفت) سخی - دریا دل (فیض - بکثرت ہونا) **فیاضی** (مونث) دریا دلی - سخاوت -

فیتا (پر - مذکر) ۱ کپڑا جو بہت کم چوڑا بنا ہوا ہو - پٹی ریشمی یا سوتی ۲ کاغذ یا کپڑے کی پٹی جس سے کاغذات وغیرہ کو باندھتے ہیں ۳ وہ موٹا بنا ہوا دھاگا جو ولایتی بوٹوں یا جوتوں میں ڈالتے ہیں ۴ بڑا دھاگے کا بنا ہوا کپڑا۔

فیڈر (انگ - مونث) بچوں کو دُودھ پلانے والی بوتل -

فیڈرل (انگ - صفت) متفقہ اجتماعی - وفاقی - **فیڈرل سٹیٹ** (مونث) دولت متفقہ -

فیڈریشن (انگ - مونث) اتفاق - اجتماع - وفاق

فَیر (انگ - مذکر) ۱ آگ ۲ بندوق - پستول یا توپ کا سر کرنا (اصل فایر) **فیر اڑانا** (متعدی) ۱ بندوق توپ یا پستول کو سر کرنا ۲ (عف) کھیل بنانا ۳ جماع کرنا - **فیر اڑنا** (لازم) چھوٹنا - سر ہونا -

فیروز (ع - صفت) اصل لفظ پیروز ہے - اس کا معرب بنایا گیا ہے ۱ فاتح فتحمند ۲ کامیاب ۳ مبارک ۴ ایرانی سال کے پانچ زائد دنوں میں سے تیسرا - **فیروز اثر - اختر - بخت** (صفت) خوش نصیب - کامیاب - **فیروز جنگ** (صفت) جو لڑائی میں فتح پائے **فیروز حال** (صفت) فاتح - **فیروزمند** (صفت) خوش نصیب - کامیاب - **فیروزمندی** (مونث) کامیابی - خوش نصیبی - **فیروزہ** (مذکر) ۱ ایک قیمتی پتھر جس کا رنگ نیلا یا سبز ہوتا ہے ۲ غزنہ میں ایک قلعہ - **فیروزہ تاج** (مذکر) ۱ کیخسرو کا تاج ۲ وہ جو فیروزوں کے تاج کا مالک ہو ۳ درویش - **فیروزہ تخت یا سقف** (مذکر) آسمان - **فیروزہ چشم** (صفت) وہ جس کی آنکھیں نیلگوں ہوں - **فیروزہ دریا یا گون** (مذکر) آسمان - **فیروزہ طشت** (مذکر) ۱ خسرو کا تخت ۲ کمان ۳ دب اکبر کے سات ستارے - **فیروزہ کاخ یا مرقد** (مذکر) دنیا - **فیروزئی** (صفت) ۱ نیلگوں - فیروزے کے رنگ کا ۲ (مذکر) ایک رنگ جو طوطیائے سبز قلعی اور چونے سے تیار کیا جاتا ہے - **فیروزی** (مونث) کامیابی ۲ (صفت) فیروزے کے رنگ کا (عف)

فیس (انگ - مونث) ۱ اجرت محنتانہ ۲ وہ روپیہ جو لڑکے درسگاہ میں ماہوار ادا کرتے ہیں ۳ وہ اجرت جو ڈاکٹر وغیرہ لیتے ہیں (انگ فی جس کی یہ جمع ہے - اردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے)

فیشن (انگ - مذکر) ۱ طرز - ڈھنگ ۲ ڈول ۳ طور - طریقہ ۴ ساخت - بناوٹ ۵ رنگ - روپ ۶ صورت - شکل ۷ کپڑے کی تراش یا وضع ۸ آن بان - سج دھج ۹ پوشاک - لباس ۱۰ دستور - رواج ۱۱ کاریگری ۱۲ وہ چیز جس کا رواج ہو ۱۳ چلن - اسلوب ۱۴ نمونہ - **فیشن اختیار کرنا یا بنانا** (متعدی) وضع اختیار کرنا - صورت بنانا - طریقہ اختیار کرنا - **فیشن بدلنا** (لازم) ۱ رواج بدلنا ۲ وضع تبدیل کرنا ۳ نئے انداز یا وضع کا رواج پانا - **فیشن کا دلدادہ** (صفت) وہ جو ہر بات فیشن کے بموجب کرے - بانکا - **فیشن ہونا** (لازم) رواج ہونا - چلن ہونا - **فیشنیبل** (صفت) بانکا - خوش پوش -

فیصل (ع - مذکر) فیصلہ - تصفیہ (فصل - جدا کرنا) **فیصل کرنا** (متعدی) ۱ فیصلہ کرنا - جھگڑا چکانا - **فیصل ہونا** (لازم) فیصلہ ہونا - تصفیہ ہونا ۲ طے ہونا ۳ بیباق ہونا - **فیصلجات** (مذکر) فیصلہ کی جمع - **فیصلنامہ** (مذکر) فیصلہ - **فیصلہ** [illegible] - چکوتا - نپٹاؤ ۲ جانچ - پرکھ - فتویٰ - حکم - تجویز ۳ انفصال (ٹھہرنا - کرنا ہونا کے ساتھ) **فیصلہ کھنا** (متعدی) کے ساتھ فیصلے کا کسی پر منحصر کرنا - **فیصلہ** [illegible] **بات پر ہونا** (لازم) کسی کے کہنے پر تصفیہ ہونا -

فیض (ع - مذکر) ۱ فائدہ - نفع ۲ بھلائی - بہتری (فیض - بھر کر بہنا - بہتات سے

ہونا) ۲ ترکی ٹوپی۔ **فیض آثار** (صفت) جس سے فائدہ یا نفع ہو۔ جس سے فیض کی نشانیاں ظاہر ہوں۔ **فیضان** (مذکر) ١ نفع۔ فائدہ ٢ نفع یا فائدہ پہنچانا **فیضِ اقدس** (مذکر) خدا تعالےٰ کی طرف سے برکت۔ **فیضِ انجمن** (مذکر) وہ چیز جو جلسے میں ملے۔ شراب۔ **فیضانِ سخن** (مذکر) وہ فائدہ جو کسی کی باتوں سے پہنچے۔ **فیضانِ صحبت** (مذکر) وہ فائدہ جو کسی کی صحبت سے پہنچے **فیض بخش** (صفت) فائدہ پہنچانے والا۔ **فیض بنیاد** (صفت) جس کی بنیاد فائدے پر ہو۔ فائدہ پہنچانے والا۔ **فیض پانا** (لازم) کسی سے فائدہ اٹھانا۔ **فیض پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا** (لازم) فائدہ یا نفع ہونا۔ **فیض توام** (صفت) فائدہ پہنچانے والا۔ **فیض جاری** (مذکر) وہ فیض جس کا نفع ہمیشہ جاری رہے۔ **فیض حاصل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) فائدہ ہونا۔ **فیض رساں** (صفت) نفع پہنچانے والا **فیض رسانی** (مونث) فائدہ پہنچانا۔ **فیض عام** (مذکر) عام لوگوں کا فائدہ۔ **فیض گستر** (صفت) بہت فائدہ پہنچانے والا۔ **فیض مآب** (صفت) فائدہ پہنچانے والا **فیض مدار** (صفت) وہ جس سے فائدہ پہنچے۔ **فیض مناب** (صفت) فیاض۔ **فیضِ مقدس** (مذکر) دیکھو فیض اقدس **فیضیاب** (صفت) فیض حاصل کرنے والا۔ **فیض نشان** (صفت) فائدے کے نشان والا۔ فائدہ پہنچانے والا۔

فیکٹری (انگ) وہ کارخانہ جس میں کوئی چیز بنے۔

فیل (اردو۔ مذکر) ١ مچلنا ٢ مکر فریب۔ دھوکا۔ **فیل باز** (صفت) دغاباز۔ مکار **فیل بھرنا** (متعدی) دھوکا دینا۔ فریب کرنا **فیل کرنا** (متعدی) ١ مچلنا۔ ضد کرنا ٢ حیلہ بہانا کرنا **فیل لانا** (متعدی) لڑنا۔ جھگڑنا۔ فساد کرنا۔ **فیل مچانا** (متعدی) ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ **فیل ہائی** (صفت) مکار۔ فریبی۔ **فیل ہایا۔ فیلی۔ فیلیا** (صفت) مکار۔ فریبی۔ حیلہ گر۔

فیل (ع۔ مذکر) ١ ہاتھی۔ گج پیل ٢ معرب ۳ شطرنج کا ایک مہرہ جو بادشاہ اور وزیر کے ساتھ کے خانوں میں رکھا جاتا ہے۔ **فیلا** (مذکر) فیل ٢ **فیلبان** (مذکر) ہاتھی بان۔ مہاوت۔ **فیلبند** (صفت) فیل جب پیدل کے زور پر ہو (شطرنج میں) **فیلپا** (مذکر) ایک مرض جس کی وجہ سے ٹانگیں اور پاؤں سوج جاتے ہیں۔ **فیلپایہ** (مذکر) ستون **فیل خانہ** (مذکر) ہاتھیوں کا اصطبل۔ **فیل دندان** (صفت) ١ وہ جس کے دانت بڑے بڑے ہوں ٢ (مذکر) ہاتھی دانت۔ **فیل زور** (صفت) ١ بہت طاقتور ٢ (مذکر) ایک داؤ کا نام کشتی میں۔ **فیل سا ڈیل بڑھانا** (متعدی) بہت موٹا ہو جانا۔ **فیل گوش** (مذکر) ١ ایک پھول کا نام ٢ ایک مٹھائی **فیل مرغ** (مذکر) ١ ایک پرندہ۔ بیرو ٢ ایک خیالی پرند۔

فیل (انگ۔ صفت) ناکامیاب خصوصاً امتحان میں (کرنا ہونا کے ساتھ)

فیلٹ (انگ۔ مذکر) نمدہ **فیلٹ کیپ** (مونث) نمدے کی ٹوپی۔

فیلڈر (انگ۔ مذکر) کرکٹ کے کھیل میں کھلانے والوں میں سے وہ جو گیند روک کر بالر یا وکٹ کیپر کی طرف پھینکے۔

فیلڈ مارشل (انگ۔ مذکر) سپہ سالار۔

فیلسوف (یو۔ مذکر) ١ حکیم۔ دانا ٢ (صفت) فریبی۔ مکار۔ چالباز۔ شرارتی۔ (اصل فیلوسوفس) **فیلسوفی** (مونث) مکاری۔ عیاری۔ چالاکی۔

فیلم (ع۔ مذکر) ١ گرانڈیل آدمی ٢ آدمی جس کی پیشانی بڑی ہو اور سر کے بال بہت زیادہ ہوں۔

فیلو (انگ۔ مذکر) ١ آدمی۔ فرد ٢ کسی یونیورسٹی کا گریجوایٹ جسے فیلوشپ کے لئے منتخب کیا جائے ۳ کسی سوسائٹی یا یونیورسٹی کا ممبر۔ **فیلوشپ** ١ (مونث) ایک عہدہ جس پر فیلو ٢ کا انتخاب ہوتا ہے۔ جس سے اس کو انتظام اور آمد میں حصہ ملتا ہے ٢ ایک انجمن یا جماعت جس کے لئے ممبر منتخب ہوں جن کے خیالات وغیرہ ایک جیسے ہوں۔

ق (ع - مذکر) تلفظ قاف ١ اردو کا ستائیسواں - فارسی کا چوبیسواں اور عربی کا اکیسواں حرف ہے ٢ ہندی اور سنسکرت میں نہیں پایا جاتا ٣ دیوناگری رسم الخط میں ک کے نیچے نقطہ دینے سے ظاہر کیا جاتا ہے ٤ اسے قاف قرشت بھی کہتے ہیں اور ابجد میں اس کے سو عدد مقرر کئے گئے ہیں ٥ اصل میں یہ حرف عربی زبان میں ہے - اور اردو اور فارسی میں صرف عربی الفاظ میں پایا جاتا ہے ٦ قرآن شریف کی ایک سورت کا نام -

قاآن (ت - مذکر) ١ ایک خطاب جو پہلے پہل چنگیز خاں کے بیٹے اگتائی کو دیا گیا تھا - اور اس کی اولاد میں بمعنی بادشاہ کے استعمال ہوتا رہا ٢ جلیل القدر بادشاہ - سخی اور عادل بادشاہ -

قاب (ت - مونث) بڑی رکابی

قاب آئینہ (مونث) آئینے کا خول - **قاب چینی** (مونث) چینی کی رکابی - **قاب سیگار** (مونث) چرٹ رکھنے کا کیس - **قاب عینک** (مونث) عینک کا خانہ - **قاب قلم** (مونث) قلمدان - **قاب کتاب** (مذکر) بستہ - پورٹ فولیو -

قاب (ع - مذکر) ١ فاصلہ - جگہ ٢ وہ فاصلہ جو کمان کے دونوں کونوں اور وسط کے درمیان ہو (قوب - توڑنا) **قاب قوسین** (مذکر) دو کمان کا فاصلہ - سورۂ النجم میں یہ اس موقعہ پر استعمال ہوئے ہیں جب حضرت جبرائیل پیغمبر صلعم کے قریب ہوئے - لیکن عام طور پر خدا کے قرب سے مراد لی جاتی ہے -

قابض (ع - صفت) ١ قبضہ کرنے والا - دخیل ٢ نکالنے والا ٣ قبض کرنے والی (دوا) ٤ روزی محدود کرنے والا ٥ (مذکر) خدا کا ایک نام (قبض - لینا - پکڑنا) **قابض ارواح** (صفت) روحیں قبض کرنے والا - حضرت عزرائیل کا لقب - **قابض حین حیاتی** (صفت) عمر بھر کے لئے قابض - **قابض قسمی** (صفت) درمیانی تابض - پٹے دار - **قابض ہو جانا یا ہونا** (لازم) ١ قبضہ کر لینا ٢ دوسرے کی زمین پر قبضہ کر لینا -

قابل (ع - صفت) ١ لائق ٢ عالم - فاضل ٣ تجربہ کار - ہوشیار ٤ سزاوار - اہل (قبول پانا) **قابل اصحاب** (مذکر) لائق لوگ - **قابل اعتبار** (صفت) جس پر اعتبار کیا جا سکے - معتبر - **قابل اعتراض** (صفت) نامناسب - غیر موزوں - بیجا - **قابل التفات** (صفت) توجہ کے قابل - **قابل باز پرس** (صفت) جوابدہی کے قابل - **قابل برگ و ثمر ہونا** (لازم) درخت وغیرہ کا پتے اور پھل دینے کے لائق ہونا - درخت کا جوان ہونا - **قابل تعریف** (صفت) سراہنے کے قابل - نہایت اعلے - **قابل توجہ** (صفت) جس کا خیال رکھنا چاہئے - **قابل دید** (صفت) دیکھنے کے قابل - نہایت خوبصورت - **قابل ذکر** (صفت) ذکر کرنے کے لائق - **قابل زراعت** (صفت) بونے کے قابل جس میں کاشت کی جا سکے - **قابل زیارت** (صفت) وہ جس کی زیارت کرنا باعث عزت ہو - دیکھنے کے لائق - **قابل سزا** (صفت) سزا کے لائق - سزا کا مستوجب - **قابل سماعت** (صفت) (مقدمہ) جس کے سننے کا اختیار ہو - **قابل سیر** (صفت) سیر کے لائق - وہ جگہ جہاں سیر کے لئے جائیں - **قابل شنوائی** (صفت) سننے کے قابل - **قابل ضبطی** (صفت) ضبط ہونے کے لائق - وہ جو ضبط ہو سکے - **قابل عمل** (صفت) عمل کرنے کے قابل - جس کے اوپر عمل کیا جا سکے - **قابل غور** (صفت) سوچنے کے قابل - **قابل فنا** (صفت) مٹ جانے کے لائق - مر جانے کے لائق **قابل کرنا** (متعدی) لائق بنانا - شائستہ بنانا - پڑھانا - پڑھانا - **قابل مواخذہ** (صفت) ١ باز پرس کا سزاوار ٢ گرفتاری کے لائق **قابل نفاذ** (صفت) نافذ ہونے کے قابل - اجرا کے قابل - **قابل نکاح** (صفت) جوان - شادی کرنے کے لائق - **قابلہ** (مونث) ١ قابل کی مونث ٢ دائی -

قابل ہونا (لازم) لائق ہونا - ہوشیار ہونا

قابلیت (مونث) ١ لیاقت - استعداد - سلیقہ ٢ مادہ - **قابلیت پیدا کرنا** (متعدی) لیاقت حاصل کرنا - **قابلیت ہونا** (لازم) لیاقت ہونا مادہ ہونا - **قابل یقین** (صفت) جس پر یقین کیا جا سکے

قابلہ (اردو - مذکر) کابلا - بڑی ڈھبری -

قابو (ف - مذکر) ١ اختیار - بس - قبضہ - قدرت ٢ موقع - محل - وقت - اور صورت ٣ قابو - دروازہ - **قابو پانا** (لازم) ١ موقعہ پانا ٢ اختیار پانا - **قابو پا کر عرض کرنا** (متعدی) موقعہ پا کر درخواست کرنا - **قابو پر چڑھنا** (لازم) کسی کے بس میں ہو جانا - **قابو پرست** (صفت) موقعہ پا کر زبردستی کرنے والا - ظالم - **قابو پرستی** (مونث) ظلم - تعدی - **قابو چڑھنا** (لازم) ہتھے چڑھنا - بس میں آنا - **قابو چلانا** (متعدی) حکم چلانا - قدرت دکھانا - **قابو چلنا** (لازم) اختیار ہونا - بس میں ہونا - **قابو سے باہر (نکل) جانا** (لازم) ١ اختیار یا قدرت سے باہر ہونا ٢ آپے سے باہر ہونا - **قابو کا نہ ہونا** (لازم) بس کا نہ ہونا - اختیار کا نہ ہونا - **قابو کر لینا یا کرنا** (متعدی) مغلوب کر لینا - بس میں کر لینا (پر کے ساتھ) **قابو کی بات نہیں** - طاقت سے زیادہ ہے - **قابو لگنا** (لازم) موقع ملنا - **قابو میں آنا** (لازم) ١ بس میں آنا ٢ زیر ہونا - مغلوب ہونا - **قابو میں رکھنا** (متعدی) بس میں رکھنا - اختیار میں رکھنا - **قابو میں لانا** - مغلوب کرنا - بس میں لانا - اپنے اختیار میں کرنا - **قابو میں لگنا** (لازم) گھات میں لگنا - **قابو میں ہونا** (لازم) بس میں ہونا - **قابو نہ رہنا** (لازم) اختیار نہ رہنا کسی چیز کا بے قابو ہو جانا - **قابو ہونا** (لازم) اختیار ہونا - بس ہونا - موقع ہونا -

مثل - قابو سچا جھگڑا جھوٹا جس کا قابو ہو وہی مالک ہوتا ہے - جھگڑے سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا -

قابوچی (ف - مذکر) ١ دربان ٢ (صفت) کمینہ - سفلہ - مکار - خود مطلب -

قابیل (سریانی - مذکر) حضرت آدم کا بڑا بیٹا - اپنے چھوٹے بھائی ہابیل کو قتل کر کے بھاگ گیا - بت پرستی کا بانی ہے -

قاتر (ت - مذکر) خچر - **قاتر دشتی** (مذکر) زیبرا -

قاتل (ع - صفت) ١ قتل کرنے والا ٢ مہلک - جان سے مارنے والا ٣ معشوق (قتل - مار ڈالنا)

قادر (ع - صفت) قدرت والا اختیار والا ٢ قابو رکھنے والا ٣ خدا تعالے کا ایک نام -

(قدر - قابل ہونا) **قادر انداز یا دست** (صفت) ٹھیک نشانہ لگانے والا - **قادر علی الاطلاق - قادرِ مطلق** (صفت) ۱ ہر کام پر قدرت رکھنے والا ۲ خدا تعالےٰ - **قادر ہونا** (لازم) ۱ کرنے کی طاقت ہونا ۲ قدرت رکھنا - **قادری** (مذکر) ۱ دیکھو قادریہ ۲ ایک قسم کا سینہ بند - **قادریہ** (مذکر) مسلمانوں کا ایک فرقہ جس کا نام شیخ عبدالقادر جیلانی کے نام پر رکھا گیا ہے -

قارِب (ع - مذکر) ۱ جہاز کی کشتی ۲ وہ شخص جو پانی کی تلاش میں رات کو چلے (قرب - نزدیک ہونا) **قارب الصخر** (مذکر) ایک شخص جو حریص ہونے کی وجہ سے مشہور تھا - اس نے ایک پتھر پر یہ لکھا دیکھا کہ اس کے نیچے خزانہ ہے - اس پر اپنا سر مار کر مرگیا -

قارِعہ (ع - مذکر) مصیبت - بدبختی ۲ قیامت (قرع - دوسرے کے سر پر ضرب لگانا)

قارِن (ع - مذکر) وہ شخص جو حج اور عمرہ اکٹھا ادا کرے (قرن - کسی چیز کے ساتھ دوسری چیز جوڑنا)

قارُورہ (ع - ...) ۱ وہ شیشی جس میں حکیم کو دکھانے کے لئے پیشاب ڈالتے ہیں ۲ مجازاً پیشاب ۳ بارود کی کپی جس میں بارود بھر کر آگ لگا کر دشمن کی طرف پھینکتے ہیں ۴ برچھی یا تیر کا پھل ۵ خراب کا شیشہ (بھیجنا - دکھانا - دیکھنا لانا لیجانا وغیرہ کے ساتھ) (قرّ - آرام کرنا) **قارورہ دیکھنے والا** (صفت) طبیب - معالج - **قارورہ گٹھا یا ملا ہونا - ملنا** (لازم) آپس میں بہت اتفاق ہونا - موافقت ہونا - اتحاد ہونا - **قارورے** (مذکر) ۱ قارورہ کی جمع ۲ بجائے قارورہ حروف مغیرہ سے پہلے - **قارورے میں بھالے نظر آنا** (لازم) معمولی باتوں سے ڈرنا -

قارئین (ع - صفت) (جمع قاری) ۱ پڑھنے والے - **قارئین کرام** (صفت) معزز پڑھنے والا - اخبار نویس خوشامداً اپنے خریداروں کو اس طرح خطاب کرتے ہیں -

قاری (ع - صفت) ۱ پڑھنے والا ۲ علم قرأت کے موافق قرآن شریف پڑھنے والا - (قرأت - پڑھنا)

قاز (ت - مونث) ایک آبی پرند کا نام - رائج نہیں - **قازبیگی** (مذکر) ایک ایرانی سکہ - آجکل رائج نہیں -

قازہ (اردو - مذکر) لمبی لگام جسے پکڑ کر گھوڑے کو لے چلتے ہیں - **قازہ دار** (مذکر) سائیس -

قاسِم (ع - صفت) تقسیم کرنے والا - **قاسم محروم** - دیکھو القاسم محروم -

قاش (ت - مونث) ۱ ٹکڑا ۲ پھانک پھل کا لمبا تراشا ہوا ٹکڑا - **قاشِ زین** (مونث) زین کے آگے اور پیچھے کے تکئے جو قاش سے مشابہ ہوتے ہیں - **قاش زین سے اٹھا لینا** (متعدی) کسی سوار کو پکڑ کے زین سے جدا کر دینا یا گرا دینا - **قاش کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ٹکڑے ٹکڑے ہونا - **قاشیں** (مونث) قاش کی جمع - **قاشیں تراشنا** (متعدی) چھری یا چاقو سے کسی میوے کی پھانکیں کاٹنا -

قاشِق (ع - مذکر) لکڑی کا چمچہ ڈوئی -

قاصِب (ع - مذکر) ۱ وہ شخص جو بانسری بجائے ۲ قصاب ۳ زور کی گرج (قصب - کسی چیز کو کاٹنا)

قاصِد (ع - مذکر) ۱ قصد کرنے والا ۲ ایلچی - نامہ بر - پیغامبر (قصد - ارادہ کرنا) (آنا بھیجنا روانہ کرنا وغیرہ کے ساتھ) **قاصد ہونا** (لازم) ارادہ کرنا -

قاصِر (ع - صفت) کوتاہی کرنے والا مجبور (قصر - چھوٹا کرنا) **قاصر البیان** (صفت) جو پورے طور پر بیان نہ کرسکے یا سمجھا نہ سکے - **قاصر اللسان** (صفت) جس کی زبان یا گفتگو میں نقص ہو - **قاصر الید** (صفت) کمزور - بے طاقت - **قاصر رہنا** (لازم) مجبور رہنا - کسی کام کو نہ کرسکنا - **قاصر ہمت** (صفت) کم ہمت - بے حوصلہ - **قاصر ہونا** (لازم) مجبور ہونا - معذور ہونا - کوتاہی کرنا -

قاضی (ع - مذکر) ۱ مسلمان منصف جو شرع کی رو سے فیصلہ کرے ۲ نکاح پڑھانے والا مولوی ۳ ایک لقب - مسلمانوں میں خاص خاص خاندانوں کا - نام سے پہلے استعمال ہوتا ہے - یہ لوگ مسلمانوں کے زمانے کے قاضیوں کی اولاد ہیں ۴ ذمہ دار شخص (قضی - انصاف کرنا - فیصلہ چکانا) **قاضی الحاجات** ۱ (صفت) حاجت روا کرنے والا ۲ خدا تعالےٰ ۳ مذاقاً روپیہ - مال و دولت - **قاضی القضات** (مذکر) بڑا قاضی - قاضیوں کا افسر - **قاضی چرخ** (مذکر) ستارہ مشتری - **قاضی دلال** (صفت) فتنہ انگیز شخص - **قاضی عسکر** (مذکر) سلطنت عثمانیہ کا ایک عہدہ جو شیخ الاسلام سے چھوٹا ہے - یہ دو ہوتے ہیں ایک رومیلی کا اور ایک اناطولیہ کا - **قاضی فلک** (مذکر) مشتری - **قاضی قدوہ** (مذکر) ایک بزرگ کا نام جو کثیر الاولاد تھے - **قاضی کا پیادہ** (مذکر) ۱ کچہری کا سپاہی یا پیادہ ۲ وہ جس سے لوگ ڈریں یا وہ جو وقت بے وقت سامنے آئے -

امثال واقوال

قاضی بدو گواہ راضی - شریعت کی رو سے دو گواہوں سے مقدمہ کا فیصلہ ہو جاتا ہے - **قاضی بہ رشوت راضی شود** - رشوت سے افسران راضی رہتے ہیں - **قاضی بہتیرا ہیرا رہے بندہ نہ ہارے** - بہت ضدی کے متعلق کہتے ہیں - **قاضی جی اپنا آگا تو ڈھانکو پیچھے کسی کو نصیحت کرنا** سب کے لئے پہلے اپنے اخلاق و عادات کی اصلاح ضروری ہے - **قاضی جی بہتیرا ہیرائیں میں ہارتا ہی نہیں** - دیکھو قاضی جی بہتیرا الخ - **قاضی جی دبلے کیوں (کیوں دبلے) شہر (کا اندیشہ) کے اندیشے سے** - بے موقع فکر کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں - **قاضی جی کے گھر کی مرغی بھی پڑھی ہوئی ہوتی ہے** - دیکھو قاضی کے گھر کے الخ - **قاضی (جی) کے مرنے سے کیا شہر سونا ہو جائیگا** ایک کے نہ ہونے سے کچھ نقصان نہیں - **قاضی جی کھانا آیا ہمیں کیا تمہارے ہی لئے ہے پھر تمہیں کیا** - اس کے متعلق کہتے ہیں جو خواہ مخواہ ہر کام میں دخل دے - **قاضی کا پیادہ گھوڑے سوار** - سرکاری ملازموں پر طنز ہے - **قاضی کی داڑھی تبرک میں گئی** - جب کوئی اچھی چیز یونہی خرچ ہو جائے تو کہتے ہیں - **قاضی (جی) کے گھر کے چوہے بھی سیانے** - بڑے آدمیوں کے ادنےٰ ملازم اور متعلق سوالی بھی ہوشیار ہوتے ہیں - **قاضی کی لونڈی مری سارا شہر آیا قاضی مرا کوئی نہ آیا** - بڑے آدمی کی خوشامد اس کی زندگی میں سب کرتے ہیں - اگر وہ مر جائے تو

کوئی پروا نہیں کرتا۔ قاضی کی مسواک ہے وہی ایک چیز ہے۔ قاضی کے موسل میں ناڑا بڑے آدمی کے فضول احکامات کی بھی لوگ تعمیل کرتے ہیں۔ قاضی کی موبج۔ اس ذمہ داری کے متعلق کہتے ہیں جو خواہ مخواہ کسی کے سر پڑ جائے۔ مفت کی بیگار۔ ایک دفعہ ایک صوبہ دار کو موبج کی ضرورت پڑی اسنے قاضی سے منگوا لی۔ اور قاضی کا نام کتاب میں درج ہوگیا۔ اس کے بعد جب کبھی ضرورت ہوتی تو قاضی صاحب کے نام حکم چلا جاتا۔ اس طرح بھی بیان ہوتا ہے کہ ایک قاضی کو موبج کی ضرورت تھی۔ بازار سے نہ ملی۔ ایک دوست نے جو پاس بیٹھے تھے اپنے گھر سے منگوا دی۔ کتاب میں اس کا نام درج ہوگیا۔ بعد میں ایک اور قاضی کو اسے ضرورت پڑی تو کتاب دیکھ کر اسی شخص سے منگوائی اس طرح یہ کام اس کے ذمہ پڑگیا۔ قاضی گلہ نہ کرے گا۔ کوئی معترض نہ ہوگا۔ کوئی شکایت نہ کرے گا۔ کیا قاضی گلہ کرے گا بھی کہتے ہیں۔ قاضی نیاؤ نہ کرے گا تو گھر تو آنے دے گا۔ اگر فائدہ نہ ہوا تو کچھ نقصان بھی نہیں۔ قاضی وقدِ بباقی وقصاب و قانون گوئے نیز۔ ان چار دں سے خدا کی پناہ۔

قاطبتاً۔ قاطبتہً (ع۔ تف) تمام۔ بالکل۔ سراسر (قطب۔ اکٹھا کرنا)

قاطِر (ت۔ مذکر) خچر۔ **قاطرچی** (مذکر) خچربان۔

قاطِع (ع۔ صفت) ۱ کاٹنے والا ۲ دور کرنے والا ۳ منسوخ کرنے والا ۴ تیز ۵ ناطق۔ فیصلہ کن۔ قطعی (قطع۔ کاٹنا) **قاطعُ الطّریق** (مذکر) رہزن۔ چور۔ ڈاکو۔ لٹیرا۔

قاع (ع۔ مذکر) ۱ میدان ۲ مدینہ میں ایک قلعہ۔

قاعِدہ (ع۔ مذکر) ۱ بنیاد۔ اصول ۲ قانون۔ آئین ۳ دستور۔ رواج۔ ریت رسم ۴ طرز۔ ڈھنگ ۵ دستور العمل ۶ عادت خصلت ۷ بچوں کو پڑھانے کی کتاب جسمیں حروف تہجی اور انکے آسان مرکبات ہوتے ہیں ۸ عمل۔ گر۔ سوال نکالنے کا طریقہ ۹ (علم ہندسہ) وہ خط جس پر کوئی شکل واقع ہو ۱۰ وہ پایہ جس پر ستون رکھا جائے ۱۱ صرف ونحو کا کوئی اصول (قعد۔ بیٹھنا) **قاعدہ باندھنا** (متعدی) بندھنا (لازم) ۱ دستور ٹھیرنا۔ دستور العمل ہو جانا ۲ عادت پڑنا ۳ اصول مقرر ہونا۔ **قاعدہ جاری کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) دستور مقرر ہونا۔ **قاعدہ دان** (صفت) ۱ قاعدہ جاننے والا۔ رسم ورواج وغیرہ سے واقف۔ ماہر۔ استاد **قاعدے سے** (تف) ۱ ادب سے۔ سلیقے سے ۲ دستور کے موافق ۳ قرینے سے۔ ترتیب سے (اٹھنا۔ بیٹھنا۔ رکھنا۔ لگانا لگنا وغیرہ کے ساتھ) **قاعدہ کلّیہ** (مذکر) عام اصول۔ درست اصول **قاعدہ مقرر کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) دیکھو قاعدہ باندھنا۔ **قاعدہ نکالنا** (متعدی) نکلنا (لازم) طریقہ نکلنا۔ انداز نکلنا۔ **قاعدے کا پابند رہنا** (لازم) دستور پر چلنا۔ **قاعدے کی بات ہے**۔ عام دستور ہے۔

قاف (ع۔ مذکر) ۱ حرف ق کا نام ۲ قصے کہانیوں میں ایک پہاڑ جو دنیا کے گرد خیال کیا جاتا تھا۔ اور جس پر دیو پریاں آباد تھیں **قاف تا قاف۔ قاف سے قاف تک** (تف) تمام جہان میں۔ ساری دنیا میں۔ **قاف کی پریاں** (مونث) حسین عورتیں۔ **قاف (لام) ودال** (مذکر) بیہودہ باتیں۔ فضول باتیں۔

قافِلہ (ع۔ مذکر) ۱ مسافروں کا گروہ ۲ سوداگروں کا گروہ جو مال ایک ملک سے دوسرے ملک میں لے جائے (قفل۔ سفر سے واپس آنا) **قافلہ باشی یا سالار** (مذکر) قافلہ کا سردار۔ وہ شخص جسے قافلہ کے آدمی انتظام کے لئے منتخب کرلیں۔

قافِیہ (ع۔ مذکر) دو یا زیادہ فقروں کے آخر میں وہ یکساں حرکات وحروف جو ایسے الفاظ میں واقع ہوں۔ جن میں لفظی یا معنوی اختلاف ہو یا لفظی معنوی دونوں اختلاف ہوں۔ جیسے یار اعتبار۔ کمال۔ جمال۔ اجل۔ کل۔ جانجاں مہرباں وغیرہ (قفو۔ پیچھے چلنا) **قافیہ باندھنا** (متعدی) بندھنا (لازم) کسی لفظ کا جو دوسرا قافیہ شعر میں استعمال ہونا۔ **قافیہ بندی** (مونث) تک بندی (کرنا ہونا کے ساتھ) **قافیہ پیما** (صفت) قافیہ ڈھونڈ ڈھونڈ کے شعر کہنے والا۔ **قافیہ پیمائی** (مونث) قافیے ڈھونڈ ڈھونڈ کر شعر کہنا۔ **قافیہ تنگ کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) عاجز ہونا۔ زچ ہونا۔ تنگ۔ حیران ہونا۔ **قافیہ سنج** (صفت) موزوں طبع۔ شاعر۔ **قافیہ سنجی**۔ شعر کہنا۔ شاعری **قافیہ شائگاں** (مذکر) وہ قافیہ جس میں ایطائے جلی ہو۔ **قافیہ کہنا** (متعدی) قافیہ باندھنا۔ **قافیہ لڑنا** (متعدی) قافیوں کا یکساں ہونا۔ **قافیہ معمولہ** (مذکر) وہ قافیہ جسے جزو ردیف کے ساتھ ملا کر کہیں۔ **قافیہ ملانا** (متعدی) ملنا (لازم) ۱ تک سے تک ملنا ۲ یارانہ ہونا۔ رازدار بننا۔

قاقا (ع۔ مونث) کائیں کائیں۔

قاقم (ع۔ مذکر) ۱ ایک جانور جس کی کھال کی بہت قیمتی پوستینیں بنتی ہیں ۲ اس کی کھال جو سفید ہوتی ہے۔ **قاقم اندام** (صفت) سفید اعضا والا۔ معشوق۔ **قاقم پوش** (صفت) ۱ سفید پوش ۲ وہ جسنے قاقم کی پوشاک پہنی ہو۔

قال (ع۔ مذکر) ۱ حرف۔ کہاوت مقولہ ۲ گفتگو۔ کہنا۔ مباحثہ (قول۔ کہنا) **قال حال سے مطابق ہونا** (لازم) کہنا اور کرنا ایک جیسا ہونا۔ **قال قال** (تف) رفتہ رفتہ۔ شدہ شدہ **قال مقال۔ قال وقیل** (مذکر) حجت۔ بحث تکرار۔ **قال ہی قال ہے حال نہیں**۔ ظاہرکی باتونی ہے۔ عمل وغیرہ کچھ بھی نہیں۔

قالِب (ع۔ مذکر) ۱ سانچہ۔ کالبد ۲ جسم۔ بدن۔ تن ۳ سانچہ۔ جس سے کپڑے پر پھول وغیرہ چھاپتے ہیں ۴ دیسی جوتوں کے اندر بھرنے کی لکڑی (قلب۔ بدلنا) **قالب بدلنا** (متعدی) دوسرا جسم اختیار کرنا۔ **قالب بے جان** (مذکر) مردہ۔ نعش بے سر۔ **قالب پر چڑھانا** (متعدی) جوتی یا ٹوپی کو سانچے پر چڑھانا۔ **قالب تہی (خالی) کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) جسم کا روح سے نکل جانا۔ مرجانا۔ **قالب خاکی** (مذکر) جسم۔ بدن انسان۔ **قالب میں ڈالنا** (متعدی) سانچے میں ڈھالنا۔

قالی (ت۔ مذکر) قیمتی اونی غالیچہ۔ قالین۔ **قالیچہ** (مذکر) چھوٹا قالین۔ **قالیچہ سلیمانی** (مذکر) حضرت سلیمان کا غالیچہ جس پر بیٹھ کر جہاں چاہتے تھے چلے جاتے تھے۔ **قالین** (مذکر) بڑا غالیچہ۔ **قالین کے روئیں**۔ وہ باریک باریک ریشے جو قالین میں ہوتے ہیں۔

قامَت (ع۔ مذکر) ۱ قد۔ ڈیل

۲ جسم۔ بدن ۳ نماز میں قد قامت الصلوٰۃ کہنا (قَوَم کھڑا ہونا) **قامت پر راست کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) موزوں ہونا۔ فٹ ہونا۔ **قامت رشکِ شمشاد** (مذکر) لمبا قد۔ **قامتِ رعنا** (مذکر) خوبصورت قد۔

قاموس (ع۔ مذکر) ۱ سمندر۔ بحر ۲ ایک عربی لغت جس کا مصنف محمد بن یعقوب فیروز آبادی ہے۔

قاں (ع۔ مونث) بط کی آواز

قاں قاں کرنا (متعدی) **ہونا** (لازم) بط کا بولنا

قانت (ع۔ صفت) ۱ تابعدار عبادت گزار۔ صالح ۲ چپ (قَنَتَ۔ حکم دینا)

قانع (ع۔ صفت) قناعت کرنیوالا تھوڑی چیز پر صبر کرنے والا۔

قانون (ع۔ مذکر) ۱ قاعدہ۔ ضابطہ دستور ۲ وہ قاعدہ جس کے بموجب مقدمات فیصلہ کئے جائیں ۳ ایک باجہ (یو۔ کینن کا معرب) **قانوناً** (تف) قانون کی رو سے۔ **قانون اساسی** (مذکر) سلطنتِ عثمانیہ کا ۱۸۷۶ء کا اصول قوانین ریاست **قانون بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) ۱ ضابطہ مرتب ہونا ۲ مجلس واضعانِ قوانین میں قانون پاس ہونا ۳ رسم ہو جانا۔ دستور ہونا۔ **قانون بگھارنا** (متعدی) بے ضرورت تکرار کرنا۔ **قانون پاس کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مجلس واضعانِ قوانین میں کسی قانون کے مسودے پر بحث و مباحثہ ہو کر پاس ہونا۔ **قانون پر چلنا** (لازم) ضابطے کے مطابق کارروائی ہونا۔ **قانون جاری کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) قانون پر عملدرآمد ہونا۔ **قانون جاننا** (متعدی) قانون کی واقفیت ہونا۔ **قانونچہ** (مذکر) ۱ علم طب کی ایک کتاب کا نام ۲ ایک باجہ۔ **قانون چھانٹنا** (متعدی) بے جا حجت کرنا۔ دلیلیں کرنا۔ **قانون داں** (صفت) قانون جاننے والا۔ وکیل۔ **قانون دانی** (مونث) قانون کی واقفیت۔ **قانونِ دیوانی** (مذکر) وہ قانون جو جائیداد کے متعلق ہو۔ **قانون رائج کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) قانون پر عملدرآمد ہونا۔ **قانون سکھلانا** (متعدی) **سیکھنا** (متعدی) کسی استاد سے قانون کی کتابیں پڑھنا۔ **قانون فوجداری** (مذکر) وہ قانون جس کے موجب جرائم کے لئے سزائیں دی جائیں۔ **قانون کا نفاذ** (مذکر) کسی ملک میں قانون کا جاری ہونا۔ **قانون گو** (مذکر) نون غنہ کے ساتھ ۱ وہ محرر جس کے پاس علاقے کی زمینوں کا حساب رہے۔ یہ پٹواریوں کا افسر ہوتا ہے ۲ شیخوں کی ایک گوت ۳ (صفت) لڑاکا۔ جھگڑالو۔ **قانونگوئی** (مونث) قانون گو کا عہدہ۔ **قانون مختص الامر** (مذکر) وہ قانون جو کسی خاص امر کے متعلق ہو۔ جیسے قانون آبکاری یا ریلوے۔ **قانون مختص المقام** (مذکر) وہ قانون جو کسی خاص ملک یا حصۂ ملک سے متعلق ہو **قانون نافذ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کسی ملک میں نیا قانون جاری ہونا۔ **قانون نامہ** (مذکر) وہ قانون جو سلطان محمود ثانی نے جاری کیا تھا۔ **قانونی** (صفت) ۱ قانونی۔ قانون کا ۲ قانون جاننے یا بنانیوالا ۳ جھگڑالو۔ حجتی۔ **قانونیا** (صفت) حجتی۔ جھگڑالو **قانون یاد کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) قانون کی عبارت ازبر ہونا۔ قانون سے واقفیت ہونا۔

امثال۔ قانون گو کی کھوپری مری، مری کھوپری بھی دغا دیتی ہے
قانون گو سے امید وفا نہیں۔

قانی (ع۔ مذکر) بہت سرخ۔

قاہر (ع۔ صفت) ۱ فاتح ۲ زبردست غالب۔ طاقتور ۳ ظالم۔ جابر۔ سفاک (قَہَرَ۔ فتح کرنا) **قاہرہ** (صفت) ۱ غالب۔ زبردست ۲ فاتح۔

قاہ قاہ (ع۔ مذکر) ہنسی یا ٹھٹھے کی آواز۔

قائد (ع۔ مذکر) ۱ فوج کا سردار حاکم ۲ اندھے کی لاٹھی پکڑ کر چلنے والا ۳ دب اصغر کا آخری ستارہ (قَوَدَ۔ رستہ دکھانا)

قائزہ (ع۔ مذکر) ۱ گھوڑے کو باندھنے کا ایک طریقہ جس میں اس کی لگام کو دم یا زین میں لگا دیتے ہیں ۲ وہ لگام جسے صاف کرنے کے وقت گھوڑے کے منہ میں دیتے ہیں (قوز۔ جھکنا) **قائزہ کرنا** (متعدی) گھوڑے کی لگام کا دم یا زین میں باندھ دینا۔ **قائزی** (مونث) لگام۔

قائل (ع۔ صفت) تسلیم کرنے والا ماننے والا۔ لاجواب ہونے والا (قَولَ۔ کہنا) **قائل کر دینا یا کرنا** (متعدی) [illegible] لاجواب کرنا۔ کسی کو اس کی خطا کا مقر کرنا۔ **قائل بہ قبول کر دینا یا کرنا** (متعدی) دیکھو آخری۔ **قائل ہو جانا ہونا** (لازم) ۱ مان جانا۔ غلطی ماننا۔ لاجواب ہونا ۲ معتقد ہونا ۳ کامل فن تسلیم کرنا۔ **قائل ہونے کی جگہ ہے**۔ ماننا پڑتا ہے۔ تسلیم کرنا پڑتا ہے۔

قائم (ع۔ صفت) ۱ کھڑا ہوا۔ کھڑا ہونے والا ۲ برقرار ۳ سیدھا۔ عمودی ۴ ساکن ۵ مقررہ۔ لگا ہوا ۶ پکا۔ دیرپا۔ دائمی ۷ جاری۔ نافذ ۸ سرمن رائے میں ایک عمارت کا نام ۹ (شطرنج) دو دو مہرے رہ جانا (قَوَمَ۔ کھڑا ہونا) **قائم اٹھنا** (لازم) بازی کا برابر اٹھنا۔ **قائم الزاویہ** (صفت) ۱ وہ جس کا زاویہ ۹۰ درجے کا ہو ۲ (مذکر) مستطیل **قائم الزمان** (مذکر) شیعوں میں امام کا نائب **قائم اللیل** (صفت) عبادت کے لئے رات کو جاگنے والا۔ **قائم المزاج** (صفت) مستقل مزاج دھن کا پکا۔ **قائم النار** (صفت) آگ پر ٹھہرنے والا (پارہ) **قائم بالذات** (صفت) جو اپنی ذات سے قائم ہو۔ **قائم بالغیر** (صفت) جو اپنی ذات سے قائم ہو۔ **قائم نجم آسمان** (مذکر) منگل۔ مریخ۔ **قائم رکھنا** (متعدی) ۱ برقرار رکھنا۔ موجود رکھنا ۲ جاری رکھنا ۳ جوں کا توں رکھنا ۴ صحیح و سلامت رکھنا۔ **قائم رہنا** (لازم) ۱ برقرار رہنا ۲ سلامت رہنا ۳ مستقل رہنا۔ اڑ رہنا ۴ نہ گرنا۔ بنا رہنا۔ **قائم کرنا** (متعدی) ۱ کھڑا کرنا اٹھانا ۲ بنیاد ڈالنا ۳ جاری کرنا۔ نافذ کرنا ۴ مستقل کرنا ۵ بنانا۔ پیدا کرنا ۶ (حد) حدبندی کرنا ۷ (مہرہ) بٹھانا۔ رکھنا ۸ (دھات) قائم النار کرنا۔ **قائم مزاج** (صفت) مستقل مزاج۔ **قائم مزاجی** (مونث) مستقل مزاجی۔ **قائم مقام** (صفت) عوضی۔ دوسرے کی جگہ کام کرنے والا (کرنا ہونا کے ساتھ) **قائم مقامی** (مونث) کسی کے عوض کام کرنا۔ نیابت (کرنا۔ ملنا۔ ہونا کے ساتھ) **قائمہ** (صفت) نوے درجے کا (زاویہ) ۲ (مذکر) نوے درجے کا زاویہ۔ **قائم ہونا** (لازم) ۱ کھڑا ہونا اٹھنا ۲ برقرار ہونا۔ مستقل ہونا ۳ مقرر ہونا ۴ تہ ہونا ۵ بنیاد پڑنا ۶ رہنا۔ ٹکنا ۷ بننا ۸ واقعہ ہونا ۹ دھات کا آگ پر ٹھیرنا۔ **قائمی** (مونث) ۱ قائم ہونا ۲ مستقل ہونا۔

مثل۔ قائم مزاجی سب وصفوں کی بادشاہ ہے۔ مستقل مزاجی بہترین خوبی ہے۔

قاؤں قاؤں۔ قائیں قائیں
(اردو۔ مونث) کوے کی آواز۔ کائیں کائیں۔

قَبا (ع - مونث) ۱ ایک لباس جو دوہرا اور چغے کی قسم کا ہوتا ہے جس میں بعض دفعہ تکمے نہیں ہوتیں اور صرف سوراخ ہوتے ہیں ۲ روئی دار سینہ کشادہ جامہ - **قباچہ** (مذکر) چھوٹی قبا - **قبا دوز** (صفت) قبا بنانے یا سینے والا **قبا کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) چاک ہونا، پارہ پارہ ہونا - **قبائے آہنی** (مونث) زرہ **قبائے زربفت** (مونث) آسمان (تاریک راتوں میں جب ابر بالکل نہ ہو) **قبائے نیلی** (مونث) آسمان -

قَباحَت (ع - مونث) ۱ برائی خرابی ۲ نقص - عیب (دیکھنا - نظر آنا - نکالنا - نکالا ہونا کے ساتھ) (قُبح - کھوٹا ہونا)

قَباع (ع - صفت) ۱ بیوقوف ۲ (مذکر) بصرہ میں اناج کا ایک ماپ -

قَبالہ (ع - مذکر) ۱ مکان وغیرہ کا وہ کاغذ جس سے جاگیر ثابت ہو ۲ مکان کا بیعنامہ ۳ ضامنی نامہ (قَبِل - ضامن ہونا) **قبالہ دار** (صفت) وہ جس کے پاس قبالہ ہو - **قبالہ لکھوانا** (متعدی) ۱ گھر کا مالک بن جانا ۲ جب کوئی شخص کسی کے پاس جا کر اٹھنے کا نام نہیں لیتا تو کہتے ہیں - **قبالہ لینا** - (متعدی) ۱ مکان جائداد وغیرہ کا قبضہ لینا ۲ ملکیت کی سند لینا ۳ قابو پانا ۴ ذلیل کرنا - **قبالہ نویس** (مذکر) وہ شخص جس کا پیشہ تمسک اور بیعنامہ لکھنا ہو - **قبالۂ نیلام** (مذکر) وہ بیعنامہ جو نیلام کرنے والا حاکم دے **قبالے میں لانا** (متعدی) بیع کرنا - قبضے میں دینا -

قَبائح (ع - مذکر) جمع قبیحہ کی -

قَبائر (ع - مذکر) جمع قُبَّرے کی - چنڈول -

قَبائل (ع - مذکر) جمع قبیلہ کی -

قُبَّت (ع - مذکر) دیکھو قُبَّہ - **قبۃ الاسلام** (مذکر) ۱ بصرہ ۲ بلخ - **قبۃ الصخرا** (مذکر) یروشلم میں ایک چٹان جو بہت مقدس سمجھی جاتی ہے -

قُبح (ع - مذکر) ۱ برائی - عیب نقص ۲ حسن کا نقیض (قُبح - کھوٹا ہونا)

قَبر (ع - مونث) وہ گڑھا جس میں مردے کو دفن کرتے ہیں (بنانا - بننا - بنوانا - کھدوانا کھودنا وغیرہ کے ساتھ) (قَبَر - دفن کرنا) **قبر پر پھولوں کی چادر چڑھانا یا ڈالنا** (متعدی) مسلمانوں میں پیروں کی قبر پر عرس کے دن یا مردے کی قبر پر پھولوں کو چادر کی شکل میں گوندھ کر ڈالتے ہیں - **قبر پر جانا** (لازم) کسی کی قبر پر فاتحہ خوانی کے لئے جانا - **قبر پر چڑھانا** (متعدی) قبر پر پھول وغیرہ یا منت کی چیز رکھنا - **قبر پر لات مارنا** (متعدی) حاتم کی بخیل سے اتفاقیہ سخاوت ہو جانا - **قبر تک ساتھ جانا** - تمام عمر رہنا - **قبر جھانک آنا** (لازم) مرنے کے قریب ہونا - **قبرستان** (مذکر) وہ جگہ جہاں مردے دفن ہوں - **قبر سلامی** (مونث) وہ قیمت جو مالک زمین کو قبر بنانے کے لئے دیجائے **قبر سے اٹھ کر آنا** (لازم) دوبارہ زندہ ہونا **قبر سے نکل کر آنا** (لازم) بیماری سے بہت دبلا ہونا - **قبر کا پتھر** (مذکر) وہ پتھر جس پر کتبہ لکھ کر قبر پر لگاتے ہیں - سنگ لحد - **قبر کا تعویذ** (مذکر) وہ نشان جو قبروں پر بنایا جاتا ہے - **قبر کا عذاب** (مذکر) وہ تکلیف جو مسلمانوں کے اعتقاد میں گنہگار کو قبر میں ہوتی ہے - **قبر کھود لانا** (متعدی) جہاں سے ممکن ہو تلاش کر کے لانا - **قبر کھودنا** (متعدی) ۱ معمولی معنوں میں ۲ بہت مارنا - مار مار کر ادھ موا کر دینا - **قبر کی مٹی چاٹنا** (متعدی) مسلمان عورتوں کا عقیدہ ہے کہ ایسا کرنے سے حیوان اور انسان رام ہو جاتے ہیں - **قبر کے مردے اکھاڑنا اکھیڑنا** (متعدی) ۱ مُردوں کے عیب نکالنا ۲ پرانے جھگڑے چھیڑنا - **قبر میں اتارنا** (متعدی) مردے کو قبر میں رکھنا - **قبر میں پاؤں (لٹکائے بیٹھنا) ہونا** (لازم) موت کے قریب ہونا - بہت بوڑھا ہونا - **قبر میں پیٹھ (کمر) نہ لگنا** (لازم) مر کر بھی چین نہ آنا - **قبر میں ساتھ لے جانا** (متعدی) ۱ مرنے تک یاد رکھنا یا نہ بھولنا ۲ اس موقع پر بھی کہتے ہیں جب کوئی مال و دولت بہت سنبھال کر رکھے اور جائز موقعوں پر بھی خرچ نہ کرے - **قبر میں کیڑے پڑیں** (بد دعا) قبر میں تکلیف ہو -

امثال واقوال - **قبر پہ قبر نہیں بنتی یا ہوتی** - قرض پر قرض نہیں ملتا - **قبر کا منہ جھانک کر آئے ہیں** - مر مر کر بچے ہیں مشکل سے جان بچی ہے - **قبر میں بھی تین دن** بھاری ہوتے ہیں - مسلمانوں کے اعتقاد میں تین دن قبر میں مردے کا حساب و کتاب ہوتا ہے **قبر میں رکھ کے خبر کو نہ آیا کوئی - موئے کا کوئی نہیں - جیتے جی کے سب کوئی** مرنے کے بعد قبر پر بھی کوئی نہیں جاتا - زندگی میں سب خیر خواہی ظاہر کرتے ہیں -

قَبض (ع - مذکر) ۱ قابو - بس دخل ۲ انتڑیوں کی گرفت جس کی وجہ سے پاخانہ نہ آئے ۳ (تصوف) دل کا یادِ خدا کی طرف متوجہ نہ ہونا - دل کی گرفتگی ۴ (عروض) رکن کو پانچواں ساکن حرف گرا دینا جیسے مفاعیلن سے مفاعلن فعولن سے فعول (قَبَض - لینا - پکڑنا) **قبض الوصول** - (مذکر) وہ رجسٹر یا کاغذ جس پر تنخواہ وصول کرنیوالو کے دستخط کرائے جائیں - **قبض جاری رکھنا** (متعدی) قبضہ رکھنا - **قبض دخل** (مذکر) پورا قبضہ - **قبض روح** (مذکر) روح کا جسم سے نکالنا - **قبض کرنا** (متعدی) ۱ پاخانہ نہ آنے دینا - انتڑیوں کا گرفتار ہونا ۲ (روح) نکالنا - کھینچنا **قبض وبسط** (مذکر) دل کا خدا کی یاد کی طرف کبھی متوجہ نہ ہونا کبھی ہونا - **قبضہ** (مذکر) ۱ دخل - تصرف ۲ قابو - اختیار ۳ دستہ ۴ لوہے کا ٹکڑا جس سے لکڑی کے دو حصوں کو جوڑتے ہیں تاکہ کھل اور بند ہو سکے ۵ پکڑ - گرفت ۶ بازو - **قبضہ اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) بے دخل ہونا - **قبضہ پانا** (لازم) ۱ دخل حاصل کرنا ۲ قابو پانا - **قبضہ چومنا** (متعدی) جوش جرأت میں تلوار کے قبضہ پر بوسہ دینا - **قبضہ دار** (مذکر) ایک قسم کا موروثی کاشتکار - **قبضہ دلانا** (م) **دینا** (متعدی) دخل دینا - کوئی چیز کسی کے حوالے کرنا - **قبضہ رکھنا** (متعدی) کوئی چیز اپنے قابو میں رکھنا - دخل رکھنا - **قبضہ کر لینا یا کرنا** (متعدی) ۱ زبردستی اپنے قابو میں کرنا ۲ دخل کرنا - **قبضہ لینا** (متعدی) کسی جائداد کا دخل حاصل کرنا - خصوصاً افسرانِ سرکار کی مدد سے - **قبضے** (مذکر) قبضہ کی جمع ۲ بجائے قبضہ حروف مغیرہ سے پہلے - **قبضے پر ہاتھ ڈالنا** (متعدی) ۱ تلوار سونتنے کے واسطے قبضے پر ہاتھ رکھنا ۲ دوسرے شخص کی تلوار کا قبضہ پکڑ لینا کہ ہاتھ نہ ڈال سکے - تلوار نہ نکالنے دینا - **قبضے پر ہاتھ رکھنا** (متعدی) لڑنے کے لئے تیار ہونا - **قبضے کی بات نہیں** - اختیار کو دخل نہیں - کچھ اختیار نہیں - **قبضے میں آکر**

نکل جانا (لازم) قابو میں آکر بچ جانا۔ **قبضے میں آنا** (لازم) ۱ دخل ہونا۔ ملنا ۲ قابو یا بس میں آنا ۳ تصرف یا تحت میں آنا۔ **قبضے میں رہنا** (لازم) ۱ بس میں رہنا ۲ تصرف میں رہنا۔ **قبضے میں کرلینا** (متعدی) بس یا قابو میں کرلینا۔ **قبضے میں لے لینا** (متعدی) لے لینا۔ قابو کرلینا۔ **قبضیت** (مونث) معدے کی بستگی جس سے اجابت نہ ہو یا کم ہو۔ **قبضے چڑھے ہونا** (لازم) بازو موٹے یا تنے ہوئے ہونا۔ **قبضے لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) **لگوانا** (م) بڑھئی سے کسی لکڑی کی چیز میں قبضے جڑوانا۔

قبط (ع ۔ مذکر) مصر کے اصلی باشندے **قبطی** (مذکر) مصر کا باشندہ۔ **قبطیہ** (صفت) مصر کی عورت۔

قبطون (ع ۔ مذکر) ایک آدمی جس کی نسل سے مصر کے باشندے ہیں۔

قبعثری (ع ۔ صفت) ۱ بڑا۔ لمبا ۲ مضبوط۔

قبقاب (ع ۔ مونث) ۱ کھڑاؤں ۲ وہ کوڑی جس سے کپڑے کو چمکاتے ہیں (قبقب ۔ آواز دینا)

قبق اندازی یا بازی (ف ۔ مونث) ایک قسم کا کھیل جس میں سوار ہو کر تیر اندازی کرتے تھے۔

قبل (ع ۔ تف) پہلے ۔ آگے ۔ شروع میں ۔ پیشتر ۔ اول (قبل ۔ نزدیک آنا وقت کا) **قبل ازاں** (تف) ۱ اس سے پہلے ۲ پہلے پہل ۔ پہلے ہی ۳ پیشتر۔ **قبل از وقت** (تف) پہلے سے ۔ پیشتر ہی۔ **قبل ازیں** (تف) اس سے پہلے پیشتر۔ **قبل الدخل** (تف) داخل ہونے یا پہنچنے سے پہلے۔ **قبل الزمان** (تف) وقت سے پہلے **قبل الصبح** (تف) صبح سے پہلے۔

امثال ۔ قبل از تولد مبارکباد وقت سے پہلے خوشی کرنا۔ **قبل از (مرگ) وقت واویلا** مصیبت آنے سے پہلے ہی شور مچا دینا۔

قبل (ع ۔ مونث) ۱ اگلا حصہ ۲ عورت کا اندام نہانی ۳ آلۂ تناسل۔

قبلوانا (اردو ۔ مذکر) تسلیم کرانا اقرار کرانا (عو) (قبول سے)

قبلتین (ع ۔ مذکر) دونوں قبلے ۔ کعبہ اور یروشلم۔

قبلہ (ع ۔ مذکر) ۱ کعبہ ۲ وہ جگہ جس کی طرف منہ کر کے مسلمان نماز پڑھتے ہیں ۳ یروشلم ۴ حضور ۔ جناب ۵ طرف ۔ پہلو ۶ طریقہ طرز ۷ طنزاً بہت چالاک آدمی (قبل)۔ **ملنا قبلۂ انام** (مذکر) سب کا واجب التعظیم شخص۔ **قبلہ پرست** (صفت) قبلہ کی پوجا کرنے والا مسلمان **قبلۂ حاجات یا حاجت** حاجتیں رفع کرنے یا مرادیں برلانے والا شخص۔ **قبلۂ دین** (مذکر) مذہب کی بنیاد ۔ وہ چیز جس کی مذہب کی وجہ سے بہت عزت کی جائے۔ **قبلہ رو** (صفت) ۱ وہ جو قبلہ کی طرف منہ کئے ہو ۲ قبلہ کی طرف یا سمت۔ **قبلہ رو لٹانا** (متعدی) **لیٹنا** (لازم) نزع کے وقت بیمار کا منہ قبلہ کی طرف کرتے ہیں **قبلۂ عالم** (مذکر) بادشاہ۔ **قبلۂ کونین** (مذکر) باپ۔ **قبلہ کی طرف باوضو بیٹھا ہوں جھوٹ نہیں بولونگا** ۔ **قبلہ کی طرف منہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) قبلہ رو ہونا ۔ نماز پڑھنے کے لئے منہ قبلہ کی طرف ہونا۔ **قبلہ گاہ** (مذکر) باپ ۔ **قبلۂ من** (مذکر) ۱ بزرگ کو خطاب کرتے ہیں ۲ طنزاً بھی کہتے ہیں۔ **قبلہ نما** (مذکر) قطب نما جس سے قبلہ کی سمت بھی ظاہر ہو۔ **قبلہ و کعبہ** (مذکر) ۱ بزرگ باپ ۲ کلمہ تعظیم و تکریم ۳ بزرگوں کا القاب خطوط میں۔ **قبلہ و کعبہ سمجھنا** (متعدی) ۱ بزرگ سمجھنا ۔ قابل تعظیم سمجھنا۔ **قبلہ ہو تو منہ نہ کرو** ان سخت بیزاری ظاہر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

قبور (ع ۔ مذکر) ۱ جمع قبر کی ۲ (واحد) پستول کا چرمی خانہ جو گھوڑے کی کاٹھی میں بنا ہوتا ہے۔

قبول (ع ۔ مذکر) ۱ تسلیم کرنا ۔ ماننا ۲ رضامندی ۳ پسند ۔ منظور ۔ تسلیم ۴ دعا یا کسی خواہش کی منظوری ۵ اقبال ۔ اقرار (قبل ۔ لینا)۔ **قبول جمع** (مونث) مقررہ مالگذاری۔ **قبول جواب** (مذکر) وہ جواب دعوے جس میں دعوے تو درست تسلیم کیا جائے۔ **قبول خاطر ہونا** (لازم) دل کو پسند ہونا ۔ **قبول خط** (مذکر) تحریری منظوری۔ **قبول دینا** (متعدی) مان لینا اقبال کرنا۔ **قبول صورت** (صفت) حسین ۔ خوبصورت **قبول صورتی** (مونث) خوبصورتی ۔ حسن **قبول کرنا** (متعدی) منظور کرنا ۔ تسلیم کرنا۔ **قبولنا** (متعدی) ۱ اقبال کرنا ۔ ماننا ۲ منظور کرنا۔ **قبولی** (مونث) ایک قسم کا پلاؤ جو چنے کی دال سے پکایا جاتا ہے کھچڑی **قبولیت** (مونث) ۱ منظوری ۔ دعا کا قبول ہونا ۲ پسندیدگی ۔ مقبول ہونا ۳ وہ کاغذ جو پٹہ کے مضمون کا کاشتکار کی طرف سے بحق زمیندار لکھا جاتا ہے

مثل ۔ قبول خاطر و لطف سخن خداداد است ۔ کلام میں خوبی اور دلپسندی خداداد ہوتی ہے۔

قبہ (ع ۔ مذکر) ۱ گنبد ۔ گنبد کی صورت کا کلس ۲ محراب ۔ (قب ۔ پتھر کو اٹھانا) **قبہ دار** (صفت) محراب دار ۔ محرابیدار۔

قبیح (ع ۔ صفت) ۱ بدشکل ۔ بدصورت ۲ قابل شرم ۔ معیوب (قبح ۔ کھوٹا ہونا) **قبیح شکل یا صورت** (صفت) بدشکل ۔ بدصورت **قبیحہ** (صفت) برا ۔ قابل شرم۔

قبیس (ع ۔ مذکر) ۔ چھوٹی جلتی ہوئی لکڑی۔

قبیل (ع ۔ مذکر) ۱ آدمیوں کا گروہ ۲ کئی قبیلوں کا نام ۳ قسم ۔ نوع (قبل ۔ پیچھے آنا) **قبیلہ** (مذکر) ۱ خاندان ۔ ایک دادا کی اولاد ۲ فرقہ ۔ گروہ ۔ قوم ۳ بیوی ۔ جورو۔

قپو (ت ۔ مذکر) ۱ دروازہ ۔ پھاٹک ۲ سلطان روم یا وزیر اعظم کا مکان۔ **قپوچی** (مذکر) دربان۔

قتال (ع ۔ صفت) بہت قتل کرنے والا (قتل ۔ جان سے مار ڈالنا) **قتالہ** (صفت ۔ مونث) بہت قتل کرنے والی عورت۔ **قتالۂ عالم** (مونث) معشوقہ ۔ حسین عورت۔

قتال (ع ۔ مذکر) لڑائی جس میں بہت قتل ہوں ۔ خونریزی ۔ جنگ (قتل ۔ جان سے مار ڈالنا)

قتل (ع ۔ مذکر) جان سے مار ڈالنا ہلاک کرنا ۔ خون کرنا (قتل ۔ جان سے مار ڈالنا) **قتل انسان مستلزم السزا** (مذکر) انسان کا ایسا قتل جس کی سزا دی جائے ۔ دیکھو تعزیرات ہند دفعہ ۳۰۰ **قتل پر کمر باندھنا** (متعدی) کسی کو مار ڈالنے کا

عمد کرنا - قتلِ عام (مذکر) عام خونریزی - بلا امتیاز جان سے مار ڈالنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **قتلِ عمد** (مذکر) دیدہ و دانستہ کسی انسان کو مار ڈالنا - مکمل تعریف کیلئے دیکھو تعزیرات ہند دفعہ ۲۹۹ **قتل کا بیڑا اٹھا لینا** (متعدی) کسی کو قتل کرنے کا ذمہ لینا **قتل کرنا** (متعدی) ۱. جان سے مار ڈالنا کسی طرح ۲. ستم کرنا ۳. معشوق کا ناز و ادا سے زخمی کرنا - **قتل کی رات** (مونث) ماہ محرم کی دسویں رات - **قتل گاہ یا گہ** (مونث) وہ جگہ جہاں قتل کیا جائے - مقتل **قتل و غارت** (مونث) جان سے مارنا اور لوٹ لینا (کرنا ہونا کے ساتھ) **قتل و قمع** (مذکر) جان سے مارنا اور زخمی کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ)

قتلا (ف - مذکر) ۱. قاش - پھانک کتلا ۲. کسی کھانے کا گول تراشا ہوا ٹکڑا (ھ - کتلا - انگ کٹاٹ) **قتلی** (مونث) چھوٹا قتلا -

قتلیٰ (ع - مذکر) جمع قتیل بہت سے مقتول -

قتی (ت - مونث) بہت سے مقتول -

قتیبہ (ع - مذکر) - ایک عرب قبیلہ

قتیل (ع - صفت) مقتول - شہید (قتل - جان سے مار ڈالنا)

قثا (ع - مونث) ککڑی - کھیرا (قثا ککڑیاں بہت ہونا)

قثم (ع - صفت) ۱. فیاض - سخی ۲. (مذکر) نفیس کپڑے ۳. لگڑ بگڑ - چرخ ۴. عباس کے ایک بیٹے کا نام (قثم - دولت حاصل کرنا)

قحبہ (ع - مونث) ۱. بدچلن عورت بدکار عورت - فاحشہ ۲. کنایتاً دنیا (قحب - کھانسنا) **قحبہ خانہ** (مذکر) چکلا کوٹھی - چکلہ

مثل - قحبہ چوں پیر شود پیشہ کند دلالی - بدکار عورت جب بڈھی ہو جائے تو دلالہ کا کام کرتی ہے -

قحط (ع - مذکر) ۱. خشک سالی - گرانی - کال (پڑنا ہونا کے ساتھ) ۲. کمیابی - نایابی کسی چیز کی (قحط - بارش نہ ہونا) **قحط الرجال** (مذکر) مردوں کی کمی - لوگوں کا کم پایا جانا - **قحط زدہ یا کا مارا** (صفت) ۱. بھوکا - کنگال ۲. تازہ جو فاقوں کی وجہ سے بہت کھائے - **قحط سالی** (مونث) قحط کا زمانہ - خشک سالی -

قد (ع - مذکر) جسم کی اونچائی یا لمبائی قامت (قد - لمبائی کے رخ کسی چیز کو کاٹنا) **قدِ آدم** (صفت) آدمی کے قد کے برابر - **قدِ آدم آئینہ** (مذکر) وہ آئینہ جس میں آدمی پورا نظر آئے **قد آدم تعظیم کو اٹھنا** (لازم) سیدھا کھڑا ہو کر تعظیم دینا - **قدِ آزاد** (مذکر) سیدھا قامت - **قد آور** (صفت) لمبے قد کا - بڑے ڈیل ڈول یا تن و توش کا - **قدِ بالا** (مذکر) لمبا قد - **قد بڑھانا** (متعدی) بڑھنا (لازم) قامت لمبا ہونا - **قد خم کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱. کبڑا ہونا ۲. جھکنا - **قد خمیدہ** (صفت) کبڑا - جھکا ہوا - **قد دار** (صفت) قد آور - **قدِ رعنا** (مذکر) خوبصورت یا موزوں قد - **قد کشی** (مونث) قامت کی لمبائی اور راستی - **قد کشیدہ** (صفت) لمبے اور راست قامت کا - **قد کشی کرنا** (متعدی) اترانا غرور کرنا - اکڑ کر چلنا - **قد نکال لانا یا نکالنا** (متعدی) نکلنا (لازم) دراز قد ہونا - طویل القامت ہونا لمبا ہونا - **قد و قامت** (مذکر) جسامت - ڈیل ڈول (رکھنا ہونا کے ساتھ)

قدار (ع - مذکر) ۱. طاقت - قوت ۲. قابلیت - لیاقت ۳. آثار - **قدار شجاعت** (مذکر) بہادری کے آثار یا طاقت - **قدار لیاقت** (مذکر) قابلیت کے آثار یا طاقت -

قدامت (ع - مونث) ۱. قدیم ہونا - کہنہ ہونا - پرانا ہونا ۲. پرانا پن ۳. ہمیشگی مداومت - سدامت (قدم - پہلے آنا)

قدح (ع - مذکر) ۱. گالی دینا برا بھلا کہنا ۲. طنز کرنا - طعنہ دینا ۳. لعنت ملامت کرنا ۴. طنز - لعنت ملامت - تضحیک - ہجو ۵. نکتہ چینی - عیب چینی ۶. تردید - رد (قدح - عیب لگانا) **قدح کرنا** (متعدی) ۱. گالی دینا - برا بھلا کہنا ۲. تردید کرنا ۳. جرح کرنا - **قدح ہونا** (لازم) تردید ہونا -

قدح (ع - مذکر) ۱. بڑا پیالہ ۲. پیالہ - گلاس - خصوصاً شراب کا (قدح - ہانڈی میں سے شوربا لینا) **قدح آشام یا پیما یا خوار** (صفت) شرابی شراب خور - **قدح بنگ** (مذکر) بھنگ کا پیالہ - **قدح ساز** (صفت) پیالہ بنانے والا - **قدح کش یا نوش** (صفت) شرابی شراب خور - **قدح مے** (مذکر) شراب کا پیالہ **قدح کی خیر منانا** (متعدی) بہتری چاہنا - نفع چاہنا -

قدر (ع - مونث) ۱. بڑائی - بزرگی برتری ۲. عزت - توقیر ۳. درجہ - مرتبہ - رتبہ و مقدار اندازہ ۴. مثل - یکساں - برابر ۵. وقعت منزلت ۶. لطف - مزا (قدر - بڑا بنانا) **قدر اٹھ جانا** (لازم) وقعت جاتی رہنا - **قدر پوچھنا** (متعدی) مرتبہ دریافت کرنا - **قدر جاننا** (لازم) وقعت ہونا - **قدر داں** (صفت) قدر جاننے والا مربی سرپرست - **قدر دانی** (مونث) ۱. سرپرستی ۲. ہنر شناسی - **قدر دانی کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ہنر کی داد ملنا - **قدر رکھنا** (متعدی) عزت رکھنا - وقعت رکھنا - **قدر رہنا** (لازم) عزت رہنا - منزلت رہنا - **قدر سمجھنا** (متعدی) رتبہ پہچاننا - منزلت سمجھنا - **قدر شناس** (صفت) دیکھو قدر داں - **قدر شناسی** (مونث) قدر دانی - **قدر عافیت** (مونث) آرام سے زندگی بسر کرنے کا لطف - **قدر عافیت کھلنا یا معلوم ہونا** (لازم) طنزاً مزہ چکھنا - **قدر کرنا** (متعدی) عزت کرنا - توقیر کرنا - **قدر کھو دینا یا کھونا** (متعدی) عزت کھونا - وقعت نہ رہنا - **قدر و قیمت** (مونث) ۱. وقعت - منزلت ۲. عزت - توقیر - **قدر و منزلت** (مونث) ۱. بزرگی ۲. عزت ۳. مرتبہ - **قدر ہونا** (لازم) ۱. عزت ہونا - توقیر ہونا ۲. وقعت ہونا - **قدری** (مذکر) ۱. ایک فرقہ ۲. جو قسمت میں ہو ۳. ایک مصنف کا نام - **قدرے** (تف) تھوڑا سا - قلیل - **قدرے قلیل وقت** تھوڑا سا - **قدریہ** (مذکر) ایک فرقہ کا نام جو قضا و قدر کو نہیں مانتا -

امثال و اقوال - قدر الو کی الو جانتا ہے - ہما کو کب چغد پہچانتا ہے - اہل کمال کے قدر دان ناقدر شناس نہیں ہوتے - **قدر این بادہ ندانی بخدا تا نچشی** - خدا کی قسم جب تک اس شراب کو چکھ نہ لے گا - اس کی قدر نہ جانے گا - جب تک خود تجربہ نہ کرلوگے - تم کو اکی

اصل کیفیت معلوم نہ ہو گی۔ قدر جوہر گوہر) شاہ داند یا بداند جوہری۔ قدر زر زرگر داند یا بداند جوہری۔ اہل کمال کے قدر دان خاص خاص لوگ ہوتے ہیں۔ قدر دان کی جوتیاں اٹھائیے۔ ناقدرے کے پاپوش مارنے نہ جائیے۔ جو شخص جوہر شناس ہو اس کی عزت کرنی چاہئے اور ناقدرے کے قریب کبھی نہیں جانا چاہئے۔ قدر دان کے خدا پائنتی بٹھائے بے قدرے کے سرہانے بھی نہ بٹھائے۔ خدا قدر دان سے پالا ڈالے۔ بے قدرے سے بچائے۔ قدر عافیت کسے داند کہ بمصیبتے گرفتار آید۔ آرام کی قدر وہی جانتا ہے جس پر مصیبت پڑے۔ قدر عافیت معلوم ہو گی۔ جب تکلیف ہو گی۔ تم کو آرام کی وقعت معلوم ہو گی۔ قدر کھو دینا ہے ہر بار (روز یا وقت) کا آنا جانا۔ بہت میل ملاپ یا بے تکلفی ہو تو وہ عزت نہیں رہتی جو کبھی کبھی ملنے سے ہوتی ہے۔ قدر مردم بعد مردن۔ آدمی کی قدر اس کے مرنے کے بعد ہوتی ہے۔ قدر مصیبت کسے داند کہ بمصیبتے گرفتار آید۔ دوسرے کی مصیبت وہی سمجھتا ہے جو خود مصیبت میں گرفتار ہو۔ قدر نعمت بعد زوال نعمت۔ جب اچھی حالت نہیں رہتی تب قدر ہوتی ہے۔

قَدَر (ع۔ مونث) ۱ قسمت۔ تقدیر ۲ فرمان یا حکم الٰہی ۳ ماپنا۔ مقدار۔ اندازہ ۴ قوت طاقت (قَدَر۔ ماپنا) قدر انداز (صفت) ۱ عین نشانے پر تیر مارنے والا۔ نشانہ باز۔ قدر انداز قضا (مذکر) ملک الموت۔

قُدرت (ع۔ مونث) ۱ خدا تعالے کی صفت اور طاقت یا شان ۲ طاقت۔ قوت۔ زور ۳ اختیار۔ دسترس ۴ حوصلہ ۵ دنیا۔ مخلوق۔ جہان ۶ وہ طاقت جس سے دنیا اور اس میں ہر چیز پیدا ہوتی ہے (قَدَر۔ قابل ہونا) قدرت پانا (متعدی) قابو حاصل کرنا۔ قدرت خالق یا خدا (مونث) اللہ کی شان۔ حیرت ظاہر کرنے کے لئے۔ قدرت خالق (خدا) کا تماشا دیکھنا (متعدی) کسی قابل تعجب بات کے واقع ہونے کا ملاحظہ کرنا۔ غیب سے جو کچھ ظہور میں آتا ہے دیکھنا۔ قدرت رکھنا (متعدی) قادر ہونا۔ طاقت رکھنا۔ قدرت کا تماشا (مذکر) نیرنگیٔ زمانہ۔ قدرت کا کھلونا (مذکر) خوبصورت چیز۔ قدرت کاملہ (مونث) پوری طاقت۔ بے انتہا قوت۔ قدرت کے کارخانے۔ کرشمے یا کھیل (مذکر) خدا تعالے کی طاقت اور صنعت کی چیزیں۔ عجیب عجیب باتیں جو خدا کی طرف سے ہوں قدرت نمائی (مونث) قوت یا شان کا اظہار۔ قدرتی (صفت) ۱ اصلی۔ خلقی ۲ قدرت کا۔ قدرت سے منسوب۔ قدرتی رنگ (مذکر) اصلی رنگ قدرتی طور پر (تف) یقیناً۔ بلاشک و شبہ قدرتی علامات (مونث) اصلی نشانیاں

قدری (ہ) ایک قسم کی صنف جنگ کشمیر میں ہوتی ہے

قدری (اردو۔ مونث) ۱ کوشش ۲ اصرار۔ دباؤ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) قدری ہو جائے حاشا و کلا۔ ہرگز۔

قَدزَن (ع۔ مذکر) وہ ہڈی جس پر قلم رگڑتے ہیں۔

قُدُس (ع۔ صفت) ۱ پاک۔ صاف۔ متبرک۔ مقدس ۲ پاکی۔ تقدس ۳ حضرت جبرئیل کا نام ۴ یروشلم (قُدس۔ پاک ہونا) قدسی (صفت) ۱ پاک۔ پاکیزہ ۲ (مذکر) فرشتہ۔ ولی اللہ قدسیاں (مذکر) ۱ پاک لوگ۔ صلحا۔ اولیا ۲ فرشتے ۳ روحانیاں۔ قدسی صفات (صفت) نیک۔ صالح۔ قدسیّہ (صفت) پاک۔

قَدَّس (ع۔ ماضی واحد غائب) اسنے پاک کیا۔ دعائیہ طور پر خدا پاک کرے (قَدَّسَ پاک کرنا) قدس اللہ سرہ العزیز۔ قدس سرہ خدا اس کی قبر کو پاک کرے۔ مقدس متوفی بزرگوں کے نام کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔

قَدغَن (ت۔ مونث و مذکر) ۱ حکم تاکید ۲ روک ٹوک۔ ممانعت۔ مناہی۔

قَدَم (ع۔ مذکر) ۱ چلنے میں فاصلہ ایک پاؤں سے دوسرے پاؤں تک ۲ پاؤں ۳ آمد۔ آنا کسی کی آمد کا شگون ۴ موجودگی۔ ذات ۵ خوبی۔ صفت ۶ گھوڑے کی ایک چال (قَدَم۔ آگے جانا) ۷ ہندی کدم کا معرب۔ ایک درخت کا نام قدم آگے بڑھانا (متعدی) بڑھنا (لازم) ۱ آگے جانا یا روانہ ہونا ۲ ہمت پڑنا (نفی کے ساتھ) قدم آگے رکھنا (متعدی) چلنا۔ قدم آگے [illegible] (لازم) آگے چلنا۔ پیشروی کرنا۔ قدم آگے ہونا (لازم) آگے بڑھنے کی ہمت ہونا۔ قدم آنا (لازم) آنا۔ تشریف لانا۔ داخل ہونا۔ قدم اکھاڑ دینا (متعدی) بھگا دینا۔ شکست دینا۔ قدم اٹھا کر (تف) جلد جلد۔ تیز تیز (جانا چلنا کے ساتھ) قدم اٹھانا۔ اٹھائے جانا یا چلنا (لازم) تیز رفتاری سے جانا یا چلنا۔ قدم اکھڑ جانا (لازم) بھاگ جانا شکست ہونا۔ قدم اٹھنا (لازم) چلنا۔ ہلنا۔ حرکت کرنا۔ بیشتر نفی کے ساتھ۔ قدم اقدس (مذکر) پاک قدم کسی بزرگ کے متعلق کہتے ہیں قدم اکھڑ جانا (لازم) دیکھو قدم اکھڑ جانا۔ قدم باد (صفت) تیز۔ تیز رفتار (گھوڑے کی تعریف) قدم باقدم (تف) کسی کی پیروی کرتے ہوئے۔ قدم باہر نکالنا (متعدی) کسی حد سے باہر جانا۔ قدم بر دامنہ (تف) تیز رفتاری سے۔ قدم بر قدم (صفت) پیروی کرنے والا۔ قدم بقدم (تف) پیروی کرتے ہوئے۔ قدم بڑھا کے (تف) جلد تیز رفتاری سے۔ قدم بڑھانا (متعدی) ۱ تیز چلنا ۲ آگے نکلنا ۳ حد سے بڑھنا ۴ مداخلت کرنا ۵ زیادتی کرنا۔ قدم بڑھا ہونا (لازم) سبقت لے جانا۔ قدم بڑھ کے لینا (لازم) استقبال کرنا۔ قدم بڑھنا (لازم) ۱ سبقت لے جانا ۲ ترقی کرنا۔

قدم بقدم چلنا (لازم) ۱ ساتھ ساتھ چلنا ۲ پوری پیروی کرنا۔ قدمبوس (صفت) قدمبوسی (مونث) دیکھو پابوس و پابوسی۔ قدمبوس ہونا (لازم) ۱ چومنا ۲ کسی بزرگ کی خدمت میں حاضر ہونا۔ قدمبوسی کے لئے حاضر ہونا (لازم) خدمت میں آنا قدم بھاری ہونا (لازم) کسی کا آنا منحوس ہونا قدم بھر (تف) ایک قدم۔ قدم بھر کے (تف) نالی پھاند کے (کمہاروں کی اصطلاح) قدم بیچ اٹھنا (لازم) کوئی نامناسب فعل ہونا۔ قدم بیچ سے نکل جانا (لازم) کسی معاملے میں دخل نہ رہنا۔ قدم بیچ میں ہونا (لازم) واسطہ ہونا۔ دخل ہونا۔ قدم پر چلنا (لازم) پیروی کرنا۔ قدم پر سر اتارنا (متعدی) مطیع ہونا قدم پر سر رکھ دینا یا رکھنا (متعدی) ۱ اطاعت کرنا ۲ مطیع ہونا ۳ منت کرنا۔ خوشامد کرنا ۴ عزت کرنا۔ قدم پر سر نثار کرنا (متعدی) جان دینا

یا قربان کرنا کسی کے لئے۔ قدم پر قدم رکھنا
(متعدی) پیروی کرنا۔ قدم پر گرانا (متعدی)
گرنا (لازم) گروانا (م) ۱۔ بے حد تعظیم کرنا۔
پاؤں پڑنا ۲۔ منت یا خوشامد یا معافی کے لئے پاؤں پر
گرنا۔ قدم پر ہاتھ دھرنا (متعدی) پاؤں کو
ہاتھ لگانا بطور رسم کے۔ قدم پڑنا (لازم) ۱۔
پاؤں پڑنا کسی چیز پر ۲۔ قدم رکھا جانا۔ قدم پکڑنا
(متعدی) ۱۔ تعظیماً بزرگوں کے پاؤں کو چھونا یا چومنا
۲۔ منت کرنا ۳۔ کسی جگہ کا خوبصورتی نظارہ کی وجہ
سے چلنے والے کو روک لینا۔ قدم پھر جانا
(لازم) پیچھے ہٹنا۔ پسپا ہونا۔ قدم پھسلنا (لازم)
پاؤں پھسلنا۔ قدم پھونک کے رکھنا (متعدی)
احتیاط کرنا۔ قدم پھیرنے آنا (لازم) مرنے سے
پہلے آخری مرتبہ کسی سے ملنے جانا۔ قدم تک پہنچانا
(متعدی) پہنچنا (لازم) کسی کے پاس جانا۔ قدم
ٹکنا (لازم) دیکھو پاؤں ٹکنا۔ قدم ٹوٹ جانا یا
ٹوٹنا (لازم) سپاہیوں کا چلتے ہوئے دائیں سے
دایاں اور بائیں سے بایاں پاؤں ملا کر نہ چلنا۔ قدم
ٹھیرنا (لازم) لغزش نہ ہونا۔ استقلال سے رہنا۔
قدم ثابت رہنا (لازم) ثابت قدم ہونا۔ لغزش
نہ آنا۔ قدم جانا (لازم) پہنچنا۔ جانا۔ قدم جبیں پر
رکھنا (متعدی) تشریف لانا۔ قدم جمانا (متعدی)
جمنا (لازم) ۱۔ جم کر کھڑا ہونا یا رہنا ۲۔ ٹھکانا بننا۔
ٹھیرنے کی صورت ہونا۔ قدم چومنا (متعدی)
۱۔ کامل ماننا ۲۔ پابوسی کرنا ۳۔ عجز اشراستی تسلیم کرنا۔ قدمچہ
(مذکر) کھڈی کا پایہ جس پر پاؤں رکھتے ہیں۔ قدم
چھونا (متعدی) دیکھو پاؤں چھونا۔ قدم حکم سے
باہر رکھنا (متعدی) حکم نہ ماننا بیشتر نفی کے ساتھ
بمعنی تعمیل حکم کرنا۔ قدم خلاف دھرنا یا رکھنا
(متعدی) برخلاف بات کرنا۔ الٹا کام کرنا۔ قدم
درمیان سے اٹھ جانا (لازم) تعلق یا واسطہ
نہ رہنا۔ قدم درمیان (میں) ہونا (لازم)
تعلق یا واسطہ ہونا۔ قدم دکھانا (م) ۱۔ چال دکھانا
۲۔ چلتے پھرتے نظر آنا۔ قدم دھرنا (متعدی) قدم
رکھنا۔ قدم دھو دھو کر پینا (متعدی) بہت
عزت کرنا۔ قدم دیکھنا (متعدی) بزرگ کی
زیارت کرنا۔ قدم ڈگمگانا یا ڈگنا (لازم)
لغزش ہونا۔ لڑکھڑانا۔ قدم راہ مروت
سے خلاف دھرنا (متعدی) بے مروتی کرنا

قدم رسول یا شریف (مذکر) پیغمبر صاحب کا
نقش قدم۔ قدم رکھنا (متعدی) ۱۔ چلنا۔ پاؤں
رکھنا ۲۔ دخل دینا۔ بیچ میں پڑنا ۳۔ کہیں جانا۔ کوئی
کام کرنا۔ قدم رنجہ فرمانا یا کرنا (متعدی) تشریف
لانا۔ قدم زمین پر نہ رکھنا (متعدی) کمال
مغرور ہونا۔ قدم زمین سے نہ لگنا (لازم)
بہت تیز چلنا۔ قدم زن ہونا (لازم) چلنا۔ جانا
قدم سر پر رکھنا یا لینا (متعدی) بہت تعظیم و
تکریم کرنا۔ قدم سرکانا (متعدی) پاؤں ہٹانا۔ قدم
سست پڑنا (لازم) آہستہ آہستہ چلنا۔ قدم
سعادت توام (مذکر) نیک قدم۔ قدم سے
آ لگنا (متعدی) پناہ لینا قدم سے آنکھیں ملنا
(متعدی) دیکھو آنکھیں قدموں سے ملنا۔ قدم سے
لگنا (لازم) دیکھو قدموں سے لگنا۔ قدم شوق
اٹھانا (متعدی) شوق سے جلدی جلدی جانا۔
قدم قدم (تف) ایک ایک قدم کر کے آہستہ آہستہ
چل کر۔ قدم قدم پر (تف) چپے چپے پر۔ تھوڑے
تھوڑے فاصلے پر ٹھٹکنا۔ ٹھوکر کھانا۔ (رکنا وغیرہ کے
ساتھ) قدم قدم جانا یا چلنا (لازم) آہستہ آہستہ
چلنا۔ قدم کانپنا (متعدی) رعب یا خوف سے
پاؤں کانپنا۔ قدم کو لغزش ہونا (لازم) ۱۔ لڑکھڑانا
۲۔ راہ راست سے پھرنا۔ قدم کو ہاتھ لگانا (متعدی)
منت کرنا خوشامد کرنا۔ قدم کھوٹا ہونا (لازم) کسی کا
آنا منحوس ثابت ہونا۔ قدم کہیں کا کہیں پڑنا
(لازم) نشے یا کمزوری سے لڑکھڑانا۔ قدم کے ساتھ
(تف) ہمراہ۔ رفاقت میں۔ قدم کے نشان پر
چلنا (لازم) نقش قدم پر چلنا۔ پیروی کرنا۔ قدم گاڑنا
(متعدی) ثابت قدم رہنا۔ قدم گاہ (مونث)
قدم رکھنے کی جگہ۔ قدم گڑ جانا یا گڑنا (لازم) پاؤں
جمنا۔ قیام ہونا۔ ٹھیرنا۔ قدم گن گن کے رکھنا
(لازم) ۱۔ آہستہ آہستہ چلنا ۲۔ کوئی کام احتیاط سے کرنا۔
قدم لڑکھڑانا (لازم) پاؤں لڑکھڑانا۔ قدم لگنا
(متعدی) ۱۔ کسی کے زیر سایہ رہنا ۲۔ قدموں کو بوسہ دینا
۳۔ گھوڑے کا قدم قدم چلنا سیکھنا یا چلنا۔ قدم لینا
(متعدی) ۱۔ تعظیم کرنا۔ تعظیماً پاؤں چھونا ۲۔ منت سماجت
کرنا ۳۔ استقبال کرنا ۴۔ استاد جاننا۔ بڑا ماننا ۵۔ شرارت کا
استاد یا بانی تسلیم کرنا۔ قدم مار کر جانا (لازم) تیز جانا
پاؤں اٹھا کر چلنا۔ قدم مارنا (متعدی) ۱۔ دوڑ دھوپ
کرنا۔ کوشش کرنا ۲۔ جلد جانا۔ تیز چلنا ۳۔ کوئی روش اختیار

کرنا۔ قدم ملا کر چلنا (لازم) دو یا زیادہ شخصوں کا
چلنے میں دائیں یا بائیں پاؤں اکٹھے اٹھانا۔ قدم ملانا
(متعدی) ۱۔ پاؤں سے پاؤں ملانا ۲۔ دائیں کے ساتھ
دایاں پاؤں اور بائیں کے ساتھ بایاں پاؤں اٹھا کر
چلنا۔ قدم منحوس ہونا (لازم) کسی کا آنا نامبارک
ہونا۔ قدم ناپ کر رکھنا (متعدی) احتیاط سے
قدم رکھنا۔ ڈر ڈر کے قدم رکھنا۔ قدم نکالنا (متعدی)
نکلنا (لازم) ۱۔ گھر سے باہر جانا۔ آنا جانا ۲۔ گھوڑے کا
قدم چلنا سیکھنا۔ قدم نہ اٹھنا (لازم) چل نہ سکنا
قدم نہ پڑنا (لازم) آنے جانے کی ہمت نہ پڑنا۔ قدم
نہ چھوڑنا (لازم) ساتھ نہ چھوڑنا۔ رفاقت میں رہنا
قدم نہ رکھ سکنا (لازم) جا نہ سکنا۔ قدم نہ رکھنے
دینا (متعدی) جانے نہ دینا۔ قدموں پر پڑنا یا
سر رکھنا (لازم) منت سماجت کرنا۔ قدموں پر
گرانا (متعدی) گرنا (لازم) گروانا (م) پاؤں پر
گروانا معافی خوشامد یا منت کے لئے۔ قدموں پر
صدقے کرنا یا وارنا (متعدی) کمال اطاعت
یا فرمانبرداری ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ قدموں پر
ہاتھ دھرنا (متعدی) قدم کو ہاتھ لگانا بطور رسم کے
قدموں تک رسائی ہونا (لازم) خدمت میں
باریابی ہونا۔ قدموں تلے (کے نیچے) آنکھیں
بچھانا (متعدی) بہت عزت یا تعظیم کرنا آؤ بھگت
کرنا۔ قدموں سے جدا رہنا (لازم) تعلیماً کسی
کے پاس نہ رہنا۔ قدموں سے جدا کرنا (متعدی)
ہونا (لازم) ہمراہی یا رفاقت سے علیحدہ یا دور رہنا
قدموں سے چھوٹنا (لازم) کسی سے جدا ہونا۔
قدموں سے سرفراز ہونا (لازم) نیاز حاصل
ہونا۔ ملنا۔ دیدار کرنا۔ قدموں سے لگا رہنا (لازم) جدا نہ ہونا۔ پاس
رہنا۔ قدموں سے لگنا (لازم) ۱۔ پاس رہنا۔ ساتھ رہنا۔ رفیق ہونا ۲۔ مطیع
ہونا ۳۔ زیر سایہ رہنا۔ قدموں سے لگے پڑنا
(لازم) مطیع ہونا۔ فرمانبردار ہونا۔ قدموں کا
دیکھنا (متعدی) زیارت کرنا۔ ملنا۔ قدموں
کو بوسہ دینا (لازم) پاؤں چومنا۔ قدموں کو
چھوڑنا (متعدی) جدا ہونا۔ ساتھ چھوڑنا۔ قدموں
کی بدولت (تف) کسی کے طفیل میں یا کسی
سرکار کی وجہ سے۔ قدموں کی برکت (مونث)
کسی کے آنے کی برکت۔ قدموں کے تلے
سے زمین نکل گئی۔ دہشت یا بری خبر کے سننے
سے سخت گھبراہٹ ہوئی۔ قدموں کی قسم

(مونث) پاؤں کی قسم۔ قدموں سے۔ کے ساتھ
(تف) ذات یا دم کے ساتھ۔ قدموں لگی بلا
(مونث) ہمیشہ ساتھ رہنے والی مصیبت۔
قدموں میں (تف) زیرِ سایہ۔ پناہ میں۔
قدموں میں آنکھیں بچھانا (متعدی) دیکھو
قدموں تلے الخ۔ قدموں میں بچھا جانا (لازم)
بہت تعظیم کرنا۔ قدم ہٹانا (متعدی) ۱۔ پاؤں
پیچھے سرکانا ۲۔ کسی کام میں ہاتھ ڈال کر اسے چھوڑ دینا
قدم ہٹ جانا (لازم) استقلال میں فرق یا
لغزش آنا۔ قدمے چند (مذکر) تھوڑے سے
قدم۔

امثال و اقوال۔ قدم درویشاں
ردِ بلا۔ نیک آدمی کے آنے سے بلا رد ہو جاتی ہے
قدم نامبارک و نامسعود۔ گر بدریا رود
برآرد دود۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو منحوس
ہو۔

قُدَما (ع۔ مذکر) جمع قدیم کی پرانے
زمانے کے لوگ۔

قُدّوس (ع۔ صفت) ۱۔ پاک
مبارک ۲۔ (مذکر) خدا تعالیٰ کا نام (قدس۔ پاک
ہونا)

قَدُوم (ع۔ مذکر) ۱۔ بہادر شجاع
۲۔ سخی۔ فیاض ۳۔ کلہاڑی ۴۔ ایک مقام جہاں حضرت
ابراہیم نے اپنا ختنہ کیا تھا ۵۔ یمن میں ایک قلعہ ۶۔ حلب
کے قریب ایک گاؤں ۷۔ مدینے کے قریب ایک
پہاڑ (قدم۔ آگے بڑھنا)

قُدُوم (ع۔ مذکر) آمد۔ تشریف
آوری (قدم۔ نزدیک آنا) قدوم میمنت (سعادت)
میمنت لزوم (مذکر) ایسا آنا جس سے برکت
ہو۔ قدوم نحوست لزوم (مذکر) ایسا آنا جس سے
نحوست پڑے۔

قُدوَہ (ع۔ مذکر) ۱۔ مثال۔ نمونہ
۲۔ پیشوا۔ رہبر۔ مرشد۔ سردار۔ حاکم (قدو۔ نزدیک
ہونا) قدوۃ الابرار (مذکر) اشراف کا نمونہ۔
بہت منصف مزاج آدمی۔ قدوۃ الاصحاب
یا الاقران (مذکر) اپنے ساتھیوں یا ہمعصروں
کے لئے مثال یا نمونہ۔ قدوۃ الشعرا (مذکر) شاعروں
کا نمونہ جامی نے حافظ کو کہا ہے۔ قدوۃ متغزلان
(مذکر) غزل گویوں کا نمونہ جامی نے سعدی کو کہا ہے

قدوۂ دودمانِ شاہی (مذکر) شاہی خاندان کا
سردار۔

قَدِیر (ع۔ صفت) ۱۔ قدرت والا
۲۔ (مذکر) خدا تعالیٰ کا نام (قدر۔ قابل ہونا)

قَدِیم (ع۔ صفت) ۱۔ پرانا۔ پرانے
زمانے کا ۲۔ ازلی۔ ابدی۔ ہمیشہ کا ۳۔ آبائی۔ موروثی
۴۔ جس کی ابتدا انتہا نہ ہو (قدم۔ پہلے آنا) قدیمانہ
(صفت) پرانے زمانے سے۔ قدیم سے (تف)
زمانۂ سابق سے۔ قدیمی (صفت) ۱۔ پرانا ۲۔ بوڑھا
۳۔ گذشتہ ۴۔ (مذکر) پرانا باشندہ ۵۔ وہ شخص جس کا قبضہ
پشتہا پشت سے چلا آتا ہو۔

مثل۔ قدیمان خود را بیفزائے
قدر۔ اپنے پرانوں کی قدر بڑھاؤ۔

قَذف (ع۔ مذکر) ۱۔ گالی دینا
۲۔ تہمت لگانا زنا کی۔

قَرا (ت۔ مذکر) دیکھو قرہ۔

قَرابادِین (ع۔ مذکر) ۱۔ دواؤں کا
لغت ۲۔ مرکب دوائیں ۳۔ تریاق۔

قَرابَت (ع۔ مونث) ۱۔ رشتہ داری
رشتہ ۲۔ یگانگت ۳۔ نزدیکی (قرب۔ نزدیک ہونا)
قرابت پیدا کرنا (متعدی) ۱۔ نزدیکی پیدا کرنا
۲۔ رشتہ داری پیدا کرنا۔ قرابت ٹھہرنا (متعدی)
نسبت قرار پانا منگنی ہونا۔ قرابت دار (مذکر)
رشتہ دار۔ قرابت داری (مونث) رشتہ
داری۔ قرابت طرفی (مونث) باہمی مدد
رشتہ داری۔ قرابت قریبہ (مونث) قریب کا
رشتہ دار۔ قرابتی (صفت) رشتہ کا۔ یگانہ۔

قَرابہ (ع۔ مذکر) عرق کا بڑا شیشہ

قَرابِین (ت۔ مونث) چھوٹی
بندوق۔

قِراءَت (ع۔ مونث) ۱۔ قرآن
شریف کا درست لہجے میں پڑھنا ۲۔ علم تجوید (قرأ۔
پڑھنا)

قَراتاتار (ت۔ مذکر) سیاہ تاتاری
تاتاریوں کی ایک قوم۔

قَرار (ع۔ مذکر) ۱۔ اقرار۔ عہد
۲۔ سکون۔ قیام ۳۔ تسکین۔ اطمینان۔ دلجمعی۔ چین
(قرّ۔ رہنا) قرار آنا (لازم) تسکین یا اطمینان
ہونا۔ قرار پانا (لازم) ۱۔ طے ہونا۔ ٹھہرنا ۲۔
عہد و پیمان ہونا۔ وعدہ ہونا ۳۔ آرام پانا۔ چین
پانا ۴۔ (دن) تاریخ ٹھہرنا۔ دن مقرر ہونا ۵۔ (نطفہ)
ٹھہرنا۔ حمل ہونا۔ قرار داد (مذکر و مونث)
۱۔ عہد و پیمان۔ اقرار ۲۔ تجویز۔ فیصلہ۔ قرار داد ہونا
(لازم) ۱۔ عہد و پیمان ہونا ۲۔ مقرر ہونا۔ قرار دینا
(لازم) مقرر کرنا۔ ٹھہرانا۔ قرار کرنا (متعدی)
اقرار کرنا۔ قرار گاہ (مونث) ٹھہرنے کی جگہ۔
قرار لینا (متعدی) ٹھہرنا۔ آرام کرنا۔ دم لینا۔
قرار مدار (مذکر) عہد و پیمان۔ قول و قرار۔
قرار واقعی (صفت) ۱۔ معقول ۲۔ پوری۔ کامل
۳۔ (تف) درست۔ ٹھیک ۴۔ پورے طور پر۔ بالکل
قرار ہونا (لازم) ۱۔ اقرار یا عہد ہونا ۲۔ تسکین یا
اطمینان ہونا۔ دلجمعی ہونا۔

مقولہ۔ قرار در کفِ آزادگاں
نہ گیرد مال۔ نہ صبر در دلِ عاشق نہ آب
در غربال۔ سخی کے ہاتھ میں روپیہ۔ عاشق کے
دل میں صبر اور چھلنی میں پانی نہیں ٹھہرتا۔

قَراسی (ت۔ مذکر) ۱۔ ایک ترک
قوم جو ایشیائے کوچک کے ایک علاقہ میں تیرھویں صدی
میں حکمران تھی۔ اسے خاندان عثمانیہ نے بے دخل
کر دیا تھا ۲۔ وہ علاقہ جس میں یہ قوم حکمران تھی۔

قُراضہ (ع۔ مذکر) ریزہ جو مقراض
یا ریتی کے رگڑنے سے گرے۔

قَراغوز (ت۔ مذکر) ترکی ڈرامہ کا
ایک ہیرو جو ان پڑھ ہے۔ اور الفاظ کے الٹ
پلٹ معنی کرتا ہے۔

قِراف (ع۔ مذکر) ۱۔ بیوی سے
جماع کرنا ۲۔ بدکاری کرنا (قرف۔ بیوی کے پاس
جانا)

قَراقَر (ع۔ مذکر) پیٹ بولنے کی
آواز (کرنا ہونا کے ساتھ) (قرقر۔ پیٹ کا بولنا)

قَرامِطہ (ع۔ مذکر) جمع قرمطی فرقے
کے لوگ۔

قِران (ع۔ مذکر) ایک چاندی کا
سکہ جو سونے کے تومان کا دسواں حصہ ہوتا تھا۔

قِران (ع۔ مذکر) ۱۔ علم نجوم میں دو
سیاروں کا ایک برج میں جمع ہونا ۲۔ حج اور عمرہ کا اکٹھا
کرنا ۳۔ [illegible]

(قرن - تبدیلی کی حالت میں ہونا) **قران اعظم** (مذکر) علم نجوم میں سب سے بڑا قران - **قران السعدین** (مذکر) ۱۔ دو اچھے ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا ۲۔ مجازاً دو نیک، یا بڑے آدمیوں کا اکٹھا ہونا - **قران کرنا** (متعدی) دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا **قران النحسین** (مذکر) ۱۔ دو نحوس ستاروں کا ایک برج میں اکٹھا ہونا ۲۔ دو برے آدمیوں کا جمع ہونا -

قُرآن (ع - مذکر) مسلمانوں کی مقدس کتاب - کلام اللہ (قرأ - پڑھنا) **قرآن اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) پیغمبر صلعم پر وحی کے ذریعے قرآن شریف کی آیتوں کا نازل ہونا - **قرآن اٹھا جانا** - اٹھ لینا یا **اٹھانا** (لازم) قرآن کی قسم کھانا - قرآن اٹھا کر قسم کھانا - **قرآن اٹھوانا** (مم) قرآن کی قسم دینا - **قرآن بیچ میں دینا** (متعدی) قرآن شریف کا واسطہ دینا - قرآن کی قسم کھا کر وعدہ کرنا - **قرآن پر ہاتھ رکھنا** (متعدی) قرآن کی قسم کھانا - **قرآن پر مہر کرنا** (متعدی) قرآن پر مہر لگا کر کسی بات کا عہد کرنا - **قرآن ٹھنڈا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱۔ کلام اللہ کا زمین پر گرنا - ایسا ہو تو قرآن شریف کے برابر غلہ تول کر خیرات کرتے ہیں ۲۔ قرآن شریف کے پریشان اوراق کا پاک زمین میں دفن کرنا - **قرآن ختم کرانا** (مم) برائے ثواب تمام قرآن شریف پڑھوانا - **قران ختم کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱۔ تمام قرآن پڑھا جانا ۲۔ بچہ کا پہلی مرتبہ تمام قرآن شریف پڑھ لینا - اس موقع پر شیرینی تقسیم کی جاتی اور معلم کو انعام دیا جاتا ہے - **قرآن خوان** (صفت) قرآن پڑھنے والا - **قرآن خوانی** (مونث) قرآن پڑھنا - **قرآن درمیان** (تعف) عو - جب زنِ شخص کو کسی مردہ شخص سے نسبت کرتی ہیں تو استعمال کرتی ہیں - **قرآن درمیان دینا** (متعدی) دیکھو قرآن بیچ دینا - **قرآن درمیان ہونا** (لازم) قرآن کی قسم ہونا - **قرآن دکھانا** (مذکر) آگ لگنے پر قرآن شریف آگ کی طرف کرنا تاکہ اس کی برکت سے آگ بجھ جائے - **قرآن سر پر رکھنا** (متعدی) قرآن کی قسم کھانا - **قرآن شریف** (مذکر) عزت سے قرآن کو کہتے ہیں - **قرآن شریف کا جامہ پہن کر آئے تو یقین نہ کرنا** (متعدی) کسی کا بہت جھوٹا ہونا - **قرآن کا جامہ پہننا** (متعدی) بہانا، نیک - راست باز بننا - **قرآن کا دور** (مذکر) حافظ کا قرآن شریف کو اس غرض سے پڑھنا کہ بھول نہ جائے (کرنا ہونا کے ساتھ) **قرآن کی قسم** (مونث) ۱۔ قرآن اٹھا کر قسم کھانا ۲۔ کلام اللہ کی سوگند (دلانا دینا کھانا کے ساتھ) **قرآن کی مار** (بددعا) قرآن کی پھٹکار - **قرآن کی ہوا دینا** (لازم) بیمار کو قرآن شریف سے پنکھے کی طرح جھلنا - **قرآن گردانا** (متعدی) قرآن شریف کو جزدان کے اندر بند کر کے رکھنا - **قرآن مجید** (مذکر) عزت سے قرآن کو کہتے ہیں - **قرآن میں نام نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) **نکلوانا** (مم) بچے کا نام قرآن شریف کھول کر اول حرف کے مطابق رکھنا - **قرآن ہدیہ کرنا** (متعدی) قرآن شریف کا فروخت کرنا

قرآنی (صفت قرآن کا - قرآن سے منسوب

امثال واقوال - قرآن بر سر زبان است وزر درمیان جان - قرآن یاد کرنا آسان ہے دینا مشکل ہے - **قرآن پر قرآن رکھنے کا کیا مضائقہ ہے** - برابر والوں میں شادی کرنے میں کچھ برائی نہیں - **قرآن کا جامہ پہنو تو بھی یقین نہ آئے** - نہایت بے اعتباری ظاہر کرنے کو کہتے ہیں -

قَراوُل (ع - مذکر) ۱۔ بندوقچی شکاری ۲۔ فوج کے سپاہی جو خبر لانے کے لئے آگے جاتے ہیں - سکاؤٹ -

قَرائن (ع - مذکر) جمع قرینہ کی -

قُرب (ع - مذکر) ۱۔ نزدیکی - قرابت ۲۔ مرتبہ - منزلت (قَرُب - نزدیک ہونا) **قرب روحانی** (مذکر) دلی نزدیکی - باطنی نزدیکی **قرب زن آنا** (لازم) عورت کے پاس آنا - جماع کرنا - **قرب وجوار** (مذکر) گرد و نواح آس پاس -

قُربان (ع - مذکر) ۱۔ کسی کے گرد پھر کر اس کی بلا اپنے سر لینا - صدقے - واری ۲۔ کسی چیز سے اجتناب کے موقع پر بھی بولتے ہیں ۳۔ وہ تسمہ جس میں ترکش بندھا ہوا پیٹھ پر لٹکتا ہے (قرب پہنچنا - نزدیک ہونا) **قربانت شوم** - تجھ پر قربان ہوں - واری جاؤں - **قربان جانا** (لازم) ۱۔ واری جانا - نثار ہونا ۲۔ صدقے ہونا ۳۔ طنزاً بھی کہتے ہیں - **قربان جاؤں** (عو) یا **جائیے** ۱۔ خوشامد کے طور پر کہتے ہیں ۲۔ طنزاً بھی کہتے ہیں - **قربان رہنا** (لازم) ہر وقت صدقے جانا - **قربانشوم** قربان ہوں - واری جاؤں - **قربان کرنا** (متعدی) صدقے کرنا - **قربان کروں** (عو) صدقے کر دوں - آگ لگاؤں - **قربان کیا** (عو) نفرت اور حقارت ظاہر کرنے کو - **قربان گاہ** (مونث) مذبح - **قربان گیا** (عو) نفرت اور حقارت ظاہر کرنے کو - **قربان ہونا** (لازم) صدقے ہونا - واری ہونا - نثار ہونا - **قربانی** (مونث) ۱۔ مسلمانوں کا بقر عید کے موقع پر جانوروں کو خدا کے نام پر ذبح کرنا ۲۔ ذبح کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ)

قُربت (ع - مونث) نزدیکی - قرب (قَرُب - نزدیک ہونا) **قربت کرنا** (متعدی) صحبت کرنا - جماع کرنا -

قَربُوس (ع - مذکر) زین کا آگا

قُربیٰ (ع - مذکر) رشتہ - تعلق -

قُرَّت (ع - مونث) ۱۔ خوشی - فرحت ۲۔ ٹھنڈک (قَرّ - سرد ہونا) **قرۃ العین** (مونث) ۱۔ آنکھ کی ٹھنڈک - مجازاً بیٹا -

قَرح (ع - مذکر) زخم - ناسور (قَرَح - زخمی کرنا) **قرحہ** (مذکر) وہ زخم جس میں پیپ پڑ گئی ہو - ناسور -

قَرد (ع - مذکر) بندر -

قُرص (ع - مذکر) ۱۔ ٹکیہ - دوائی کی ٹکیہ ۲۔ سورج یا چاند کا گردہ ۳۔ روٹی یا صابون کا گول ٹکڑا ۴۔ چاندی کا ایک عربی سکہ جو تقریباً پانچ آنے کا ہوتا ہے ۵۔ ایک قسم کی سبز شیرینی جو ساچقوں میں آتی ہے -

قَرض (ع - مذکر) ادھار - مستعار (قَرَض - کاٹنا - ادا کرنا) **قرض آنا** (لازم) کسی کا قرضہ ہونا - **قرض اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) قرضہ بیباق ہونا - **قرض اٹھانا** (متعدی) ادھار لینا - **قرض ادا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بیباق کرنا - **قرض ادا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ادھار لیا ہوا روپیہ واپس دینا - **قرض پکڑا دینا** (متعدی) قرض دینا - **قرض چکانا** (متعدی) قرض بیباق کرنا - **قرض حسنہ** (مذکر) وہ قرض جو بلا سود اور بلا میعاد ہو - **قرضخواہ** (مذکر) قرض دینے والا - **قرض دار** (مذکر) قرض کی ... قرضدار (صفت

جسنے ادھار لیا ہو - قرضداری (مونث) مقروض ہونا - قرض دینا (متعدی) ادھار دینا - قرض رہنا (لازم) ادھار لیا ہوا روپیہ واپس نہ ہو سکنا - قرض کاڑھنا (متعدی) قرض لینا عف قرض کرلینا (متعدی) مقروض ہوجانا - قرض کھانا (متعدی) ادھار کھانا مت - قرض لینا (متعدی) ادھار لینا - قرض مانگنا (متعدی) ادھار مانگنا - قرض میں لگا دینا (متعدی) کوئی چیز قرضخواہ کو دے کر اس کی قیمت قرضہ میں سے منہا کر دینا - قرض ہونا (لازم) قرض کا بار ہونا - قرضہ (مذکر) قرض - ادھار (تمام مرکب افعال میں بجائے قرض استعمال ہوتا ہے)

امثال و اقوال - قرضدار

چھاتی پر سوار - قرض لینے والا مقروض کو ہمیشہ دبائے رکھتا ہے - قرض کاڑھ کرے بیوپار ٹھہری سے جو روٹھے بھٹار - بے بلاوے بولے دربار - یہ تینوں پشم کے بار - جو قرض کے روپے پر بیوپار کرے - جو اپنی بیوی سے لڑے - جو دربار میں بن بلائے بولے - بڑا بیوقوف ہے - قرض کاڑھ بھائی - وبنہ تھا کر دعوت کرنا بری بات ہے - قرض کاڑھ بھائی کی لونڈوں مار دیوانی کی - غریب کے گھر دعوت ہو تو بچے ماں کو بہت تنگ کرتے ہیں - بار بار اچھی چیزیں مانگتے ہیں - قرض کا کھانا پھوس سے تاپنا یکساں ہے بے برکت ہے کچھ فائدہ نہیں ہوتا - قرض کی کیا ماں مری ہے - کیا قرض ادا کہیں نہیں ٹل سکتا - وہاں کہتے ہیں جب کوئی قرضہ نہ دے -

قرط (ع - مذکر) ۱ لنگر ۲ پھانک ۳ تھوڑی سی چیز ۴ لقمہ ۵ کان کی بالی ۶ ایک آدمی کا نام ۷ ایک تلوار -

قرطاس (ع - مذکر) کاغذ - (کرٹس)

قرع (ع - مذکر) ۱ کدو ۲ عرق کھینچنے کا برتن (قرع - خالی کرنا) قرع انبیق (مذکر) تلفظ قرنبیق - عرق کھینچنے کا برتن -

قرعہ (ع - مذکر) ۱ پانسا ۲ کاغذ کا نام لکھ کر کسی کام کے لئے کرنے والے کا یا انعام لینے والے کا نام نکالنا ۳ کبوتر کی آنکھ کا ایک عیب (قرع - کھٹکھٹانا) قرعہ انداز (صفت) ۱ پانسا پھینکنے والا ۲ رمال - قرعہ اندازی (مونث) پانسا پھینکنا - قرعہ پڑنا (لازم) کسی کا نام کام کرنے یا انعام کے لئے نکلنا - قرعہ پھینکنا (متعدی) رمالوں کا پانسا پھینکنا تاکہ ان کی شکلوں سے حالات بتائیں - قرعہ ڈالنا (متعدی) فال نکالنا - قرعہ زن (صفت) قرعہ پھینکنے والا - قرعہ نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) دیکھو قرعہ پڑنا -

مثل - قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند - جب کوئی کام کسی کے ذمہ پڑے تو وہ کہتا ہے -

قرق (ع - مذکر) ۱ ضبطی ۲ بندش ۳ روک (قرق - دھوکا دینا) قرق امین (مذکر) ناظر عدالت جو قرقی کرتا ہے - قرق بٹھانا (متعدی) روکنا کسی بات سے - حکم چلانا - قرق جتانا (متعدی) رعب ڈالنا - حکم چلانا - قرق تحصیل - وہ ڈگری جو واسطے حصول مالگذاری کے ہو - قرق زنجیر (مونث) وہ زنجیر جو بادشاہوں کے درباروں کے دروازے کے آگے باندھ دیتے ہیں اور جب تک ہٹے نہیں کوئی اندر نہیں جا سکتا (کھینچنا - کھینچنا وغیرہ کے ساتھ) قرق کرنا (متعدی) ضبط کرنا - رعب بٹھانا - قرق لے جانا (متعدی) سبقت لیجانا - قرق ہونا (لازم) ضبط ہونا - قرقی (مونث) ۱ ضبطی جائداد کی تاکہ اس کو نیلام کر کے ڈگری دار کو اس کا حق دلایا جائے ۲ وہ چند روزہ ضبطی جس سے مالک وصول لگان سے باز رکھا جائے ۳ روک ٹوک - قرقی اٹھالینا (متعدی) ضبطی چھوڑ دینا - قرقی بٹھانا (متعدی) ۱ ضبطی کے مال پر محافظ مقرر کرنا ۲ روک ٹوک کرنا - قرقی بھیجنا (متعدی) مال کی ضبطی کے واسطے ناظر عدالت کو بھیجنا - قرق قبل فیصلہ (مونث) ضبطی جو فیصلے سے پہلے ہوتی ہے - تاکہ مدیون اپنے مال کو علیحدہ نہ کرے - قرقی کا پروانہ (مذکر) ضبطی کا نوٹ -

قرقرا (ع - مذکر) ایک چھوٹا پرندہ

قرقف (ف - مذکر) پارسیوں کی ایک کتاب کا نام -

قرم - قرمساق (ع - مذکر) ۱ بھڑوا - دیوث ۲ (صفت) پاجی - کمینہ (قرمساقی - بے عزتی کرنا)

قرمز (ع - مذکر) ایک کیڑا جس سے سرخ رنگ پیدا ہوتا ہے (س کرم جا - کیڑوں سے پیدا ہوا) قرمزی (صفت) ۱ قرمز سے منسوب ۲ (مذکر) ایک رنگ - سرخ رنگ -

قرن (ع - مذکر) ۱ زمانہ - وقت ۲ دس برس کا زمانہ یا کسی دہائی کا زمانہ ۱۲۰ برس تک ۳ طائف کے قریب ایک مقام جہاں حاجی جمع ہوتے ہیں ۴ سینگ (قرن - دو چیزوں کو جوڑنا) قرن العنبر (مذکر) عنبر - قرن المنازل (مذکر) قرن ۳ - قرن گزرنا (لازم) مدت گزرنا -

قرنا (ف - مونث) ترہی - بڑا بگل سینگ کا بگل (ف - قر - بڑا - نا - ترہی) قرنا پھنکنا (لازم) پھونکنا (متعدی) ترہی بجانا -

قرنبیق (ع - مذکر) قرع انبیق -

قرنفل (ع - مونث) لونگ - (کرن پھول کا معرب)

قرولی (ت - مونث) ۱ ایک قسم کی چھری جو کمر میں باندھتے ہیں ۲ شکاری پرندوں کا شکار کی گھات میں بیٹھنا (ف قراول سے) قرولیاں (مونث) قرولی کی جمع - قرولیاں کرنا (متعدی) فنون سپاہگری دکھانا - قرولی باندھنا یا لگانا (متعدی) لگنا (لازم) قرولی کمر میں بندھی ہونا -

قرون (ع - مذکر) قرن کی جمع -

قرہ (ت - صفت) ۱ سیاہ - تاریک ۲ مضبوط - طاقتور -

قریٰ (ع - مذکر) قریہ کی جمع -

قریب (ع - صفت) ۱ نزدیک پاس ۲ نزدیکی - رشتہ دار ۳ ایک بحر یا وزن (قرب - نزدیک ہونا) قریباً (تف) اندازے سے - قریب آنا (لازم) پاس آنا - قریب الاختتام یا الختم (صفت) ختم ہونے والا - ختم ہونے کے قریب - قریب الفہم (صفت) جلد سمجھ میں آنیوالا - قریب المرگ (صفت) مرنے کے قریب - قریب الوقوع (صفت) جلد واقع ہونے یا پیش آنے والا - قریب تر (تفضیل بعض) زیادہ قریب - قریب ترین (تفضیل کل) نہایت قریب - قریب قریب (تف) ۱ پاس پاس ۲ تخمیناً - تقریباً - قریب کی رشتہ داری (مونث) نزدیک کا رشتہ دار - قریب ہی قریب ہے

مانا جاتا ہے۔ **قریبی** (مذکر) قریب کا رشتہ دار۔ **قریبی اعزا** (مذکر) نزدیک کے رشتہ دار۔ **مثل۔ قریب سے سو رقیب ہے**۔ قرابتی کو حسد زیادہ ہوتا ہے۔

قریتین (ع۔ مذکر) قریہ کا تثنیہ مکہ اور مدینہ۔

قریش (ع۔ مذکر) ۱ عرب کا وہ قبیلہ جس میں سے پیغمبر صلعم تھے ۲ اس قبیلے کا ایک فرد (قرش کی تصغیر۔ شارک مچھلی) **قریشی** (صفت) ۱ قریش کا۔ قریش سے منسوب ۲ قبیلہ قریش کا ایک فرد۔

قریشیا (انگ۔ مذکر) لوہے کا ایک نوکدار آلہ جس سے جرابیں وغیرہ بنتے ہیں۔

قریظہ (ع۔ مذکر) بنو کے ساتھ۔ یثرب کے تین مشہور یہودی قبیلوں میں سے ایک

قرین (ع۔ صفت) ۱ پاس۔ نزدیک ۲ ملحق۔ ملا ہوا ۳ ہم نشین۔ مصاحب ۴ مثل۔ مانند (قرن۔ باندھنا) **قرینان** (مذکر) حضرت ابوبکرؓ اور طلحہؓ جن کو اکٹھا کفار نے رسی سے باندھا تھا۔ **قرین عقل یا قیاس** (صفت) وہ بات جس کو عقل قبول کرے۔ **قرین مصلحت** (صفت) مناسب وقت۔ **قرینہ** (مذکر) ۱ اندازہ۔ قیاس ۲ مناسبت جو دو چیزوں میں ہو ۳ ترتیب۔ سجاوٹ ۴ سلیقہ ۵ ڈھنگ۔ وضع ۶ صورت۔ شکل۔ **قرینے سے** (تف) ۱ قیاس سے۔ انداز سے ۲ خوش اسلوبی سے۔ ترتیب سے ۳ ظاہری مناسبت سے۔ **قرینے سے بے قرینہ ہونا** (لازم) ۱ بے قاعدہ ہونا کسی بات کا ۲ بے تہذیب ہونا۔ **قرینے سے رکھنا یا لگانا** (متعدی) ترتیب یا خوش اسلوبی سے رکھنا۔ **قرینے کی بات** (مونث) موقع کی بات۔ مناسب بات۔

قریہ (ع۔ مذکر) گاؤں۔ قصبہ (قری۔ توضیع ہونا۔ مہمان نوازی ہونا) **قریہ جات** (مذکر) جمع قریہ کی۔

قز (ع۔ مذکر) کچا ریشم۔ ریشم۔

قزاق (ت۔ مذکر) راہزن۔ ڈاکو۔ قطاع الطریق۔ **قزاق اجل** (مذکر) ۱ موت ۲ ملک الموت۔ **قزاقانہ** (تف) قزاقوں کے طریقے پر **قزاقی** (مونث) غارتگری۔ لوٹ مار۔

قزح (ع۔ مذکر) ۱ بادلوں کا فرشتہ ۲ رنگوں کی ملاوٹ۔ اردو میں قوس و قزح میں استعمال ہوتا ہے ۳ مزدلفہ کے قریب ایک پہاڑ ۴ ایک ایرانی بادشاہ (قزح۔ اونچا ہونا)

قزل (ت۔ صفت) سرخ۔ **قزلباش** (مذکر) "سرخ پوش" ۱ ایک قسم کا مغل سپاہی۔ قزلباش ان سپاہیوں کی اولاد خیال کئے جاتے ہیں جنہیں امیر تیمور نے شیخ حیدر کے کہنے سے رہا کر دیا تھا ۲ افغان اور ایران کے شیعہ ۳ ترکی زبان میں گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

قس (ع۔ امر) تلاش کرو۔ ڈھونڈو جا ہو۔ نتیجہ نکالو۔ قیاس کرو۔ **قس علیٰ ہذا**۔ اسی پر اور قیاس کرو یا نتیجہ نکالو۔

قسام (ع۔ صفت) تقسیم کرنے والا (قسم۔ تقسیم کرنا) **قسام ازل** (مذکر) مجازاً خدا تعالیٰ۔

قسامت (ع۔ مونث) ۱ قسم دلانا ۲ مسلمانوں اور کافروں کے درمیان معاہدہ۔ (اقسم۔ سوگند اٹھانا)

قساوت (ع۔ مونث) سنگدلی (قسو۔ دل سخت ہونا)

قسائن۔ قسائنی (اردو۔ مونث) ۱ قسائی کی جورو ۲ (صفت) ظالم۔ بے رحم۔ قسائی۔ **قسائنی ماں** (مونث) ظالم ماں جو بچوں کو بہت مارے

قسائی (اردو۔ مذکر) ۱ گوشت فروش۔ کھٹیک ۲ (صفت) بے رحم۔ سنگدل (قصاب کا مہند۔ قسو بمعنی سخت دل سے بھی ہو سکتا ہے) **قسائی باڑا** (مذکر) قسائیوں کا محلہ۔ **قسائی کا پلا** (مذکر) موٹا تازہ جوان آدمی **قسائی کے پالے پڑنا یا کھونٹے بندھنا** (لازم) ۱ ظالم کے قابو آنا ۲ کسی ظالم سے بیاہا جانا۔ **قسائی کے کھونٹے سے بکری باندھنا** (متعدی) لڑکی کو ظالم یا بدمزاج آدمی سے بیاہ دینا جو اسے ہر دم مارتا رہے۔ **قسائی کی نظر دیکھنا** (متعدی) قہر کی نظر سے دیکھنا۔ غصے سے دیکھنا۔ **قسائی واڑا** (مذکر) قسائیوں کا محلہ۔

امثال و اقوال۔ قسائی بچہ کبھی نہ سچا۔ جو سچا تو حرامی بچہ۔ قسائی کبھی سچ نہیں بولتا جو بولے تو قسائی کی نسل سے نہیں۔ **قسائی کے بھروسے شکرہ پالنا** (متعدی) دوسرے کی مدد کی امید پر کوئی کام کرنا۔ **قسائی کی بیٹی دس برس کی بچہ جنتی ہے** ۱ زبردست کا کام جلد ہوتا ہے ۲ قصاب کی اولاد جلد تیار ہوتی ہے۔ **قسائی کی گھاس کو کترا کتنا جائے**۔ سوالیہ طور پر کہا جاتا ہے نقصان کر سکے۔

قسر (ع۔ مذکر) ۱ مجبور کرنا۔ مجبوری ۲ زبردستی ۳ بدلہ۔ انتقام۔

قسط (ع۔ مونث) ۱ قرضے کے روپے کا وہ حصہ جو حسب قرار مقررہ وقتوں پہ ادا کیا جائے ۲ مالگذاری کا وہ حصہ جو مقررہ وقتوں پر دیا جائے (قسط۔ انصاف کے مطابق مقرر کرنا) **قسط ادا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) قسط دی جانا۔ **قسط باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) ایک حصہ قرضہ کی ادائگی کسی خاص وقت پر ادا کرنے کا اقرار ہونا۔ **قسط بندی** (مونث) قسط مقرر ہونا۔ **قسط بہ قسط** (تف) ایک ایک قسط کر کے۔ **قسط خلافی** (مونث) قسط کا وقت پر ادا نہ ہونا۔ **قسط کے مطابق** (تف) وقت مقررہ پر تھوڑا تھوڑا کر کے۔ **قسط مقرر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو قسط باندھنا۔ **قسط وار** (تف) ایک ایک قسط کر کے۔ قسط کے مطابق۔ **قسط ہونا** (لازم) قسط بندھنا۔

قسطار (ع۔ مذکر) ۱ ساہوکار۔ بینکر۔ سیٹھ ۲ چالاک۔ ہوشیار (قسطر۔ روپیہ گننا)

قسطاس (ع۔ مذکر) ترازو۔

قسطنطنیہ (یورپ) ٹرکی کا پرانا دارالخلافہ جو آبنائے باسفورس پر واقع ہے (۳۲۴ء) یہ قسطنطین نے آباد کیا تھا۔

قسم (ع۔ مونث) ۱ سوں۔ سوگند۔ حلف۔ کسی کام کے کرنے کا وعدہ کرنا کوئی مقدس نام لے کر ۲ انکار ۳ حرام (قسم۔ سوگند اٹھانا) **قسما قسمی** (مونث) ایک۔ دوسرے کا قسم کھانا۔ باہمی عہد و پیمان۔ **قسم اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) عہد توڑنا جو کسی کام کے کرنے کا کیا ہو۔ **قسم توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) عہد شکنی ہونا۔ عہد کے خلاف ہونا۔ **قسم دلانا۔ دینا یا کھلانا** (م) کسی سے قسم کھانے کو کہنا۔ حلف اٹھوانا۔ عہد لینا۔ **قسم کھانا**

(متعدی) ۱ حلف اٹھانا۔ عہد کرنا ۲ کسی کام کو چھوڑ دینا یا ترک کر دینا۔ **قسم کھانے کی بات یا جگہ** (مونث) حلف سے کہنے کا موقع۔ **قسم کھانے کو نہ رہنا** (لازم) بالکل نہ رہنا۔ نام کو نہ رہنا۔ **قسم کھلوانا** (م) حلف دینا۔ **قسم لو یا لے لو**۔ سچ مانو۔ **قسم لینا** (متعدی) ۱ حلف اٹھوانا۔ سوگند لینا ۲ وعدہ یا عہد لینا۔ **قسم ہو جانا** (لازم) حرام ہو جانا۔ ترک ہو جانا۔ **قسم ہونا** (لازم) ۱ عہد یا حلف ہونا ۲ انکار ہونا۔ **قسم ہے** ۱ میں تجھے قسم دیتا ہوں ۲ سوگند ہے۔ حلف ہے ۳ انکار ہے ۴ ترک ہے۔ تعلق نہیں ۵ ناممکن ہے۔ دشوار ہے۔ **قسمیں دینا** (متعدی) ۱ سوگند دینا۔ **قسمیہ** (تف) ۱ قسم کھا کر ۲ (صفت) وہ جس میں قسم کا ذکر ہو (جملہ)

مقولہ۔ قسم کھانے ہی کے لئے ہے۔ جھوٹوں کا مقولہ ہے جو قسم کھا کر توڑنے کی پروا نہیں کرتے۔

قِسم (ع۔ مونث) ۱ نوع۔ طرح ۲ طرز۔ ڈھنگ (قَسَمَ۔ ادا کرنا) **قسم اول** (مونث) بہت اعلےٰ قسم۔ اول درجے کی چیز۔ **قسم وار** (مونث) جنس وار۔ قسم کے اعتبار سے۔ **قسم وار جمع بندی** (مونث) وہ جمع بندی جو زمین کی قسم کے لحاظ سے کی جائے۔

قِسمت (ع۔ مونث) ۱ نصیبا۔ تقدیر۔ مقدر۔ لکھا ۲ نوشتۂ تقدیر ۳ تقسیم ۴ صوبے کا ایک حصہ جس میں کئی ضلع ہوتے ہیں۔ اور جو ایک کمشنر کے ماتحت ہوتا ہے (قَسَمَ۔ بانٹنا) **قسمت آزمانا** (متعدی) ۱ قسمت کے بھروسے پر کوئی کام کرنا ۲ لاٹری ڈالنا۔ جوا کھیلنا۔ شرط بدنا۔ **قسمت آزمائی** (مونث) دیکھو آخری قسمت۔ **اچھی ہونا** (لازم) نصیب یاور ہونا۔ **قسمت الٹنا** (لازم) بدنصیبی ہونا۔ تقدیر الٹنا۔ **قسمت بدلنا** (لازم) ۱ اچھی قسمت کا برگشتہ ہونا ۲ اقبال کا زمانہ آنا۔ **قسمت برگشتہ ہونا** (لازم) برے دن آنا۔ بدبختی آنا۔ حالت خراب ہونا۔ **قسمت بری ہونا** (لازم) بدنصیب ہونا۔ بدقسمت ہونا۔ **قسمت بگڑنا** (لازم) تقدیر پھرنا۔ حالت خراب ہونا۔ **قسمت پر بیٹھا رہنا** (لازم) جو مل جائے اس پر گذارہ کرنا۔ ترقی کرنے کی کوشش نہ کرنا۔ **قسمت پر جھاڑو پھرے**۔ (عو) قسمت سے تنگ آ کر کہتی ہیں۔ **قسمت پر چھوڑنا** (متعدی) توکل کرنا۔ **قسمت پلٹنا یا پھرنا** (لازم) دیکھو قسمت بدلنا۔ **قسمت پھوٹ جانا یا پھوٹنا** (لازم) ۱ برے دن آنا۔ مصیبت پڑنا ۲ بیوہ ہو جانا۔ **قسمت پھوڑنا** (متعدی) ۱ تکلیف دینا۔ رنج دینا ۲ لڑکی کا بیاہ کسی خراب جگہ کرنا۔ **قسمت ٹھونکنا** (متعدی) قسمت آزمانا (عف) **قسمت جاگنا یا چمکنا۔ رسا ہونا یا راہ پر آنا** (لازم) اقبال یاور ہونا۔ نصیب اچھا ہونا۔ دن پھرنا۔ دن اچھے ہونا۔ **قسمت سو جانا** (لازم) برے دن آنا۔ **قسمت سے** (تف) ۱ خوش نصیبی سے ۲ بدقسمتی سے۔ **قسمت سیدھی ہونا** (لازم) نصیب یاور ہونا۔ **قسمت کا بدا۔ بگاڑ۔ بل** (مذکر) **پلٹا کھانا** (لازم) تقدیر کا وغیرہ۔ **قسمت کا پھیر** (مذکر) زمانے کی گردش۔ بدقسمتی۔ بدبختی۔ بداقبالی۔ **قسمت کا پیچ یا چکر** (مذکر) تقدیر کا دیا ہوا رنج۔ **قسمت کا ٹکڑا یا دانہ** (مذکر) رزق جو قسمت میں لکھا ہو۔ **قسمت کا دکھانا** (متعدی) تقدیر کا دکھانا۔ **قسمت کا دھنی** (مونث) خوش اقبال۔ صاحب نصیب۔ **قسمت کا ستارا** (مذکر) اقبال۔ نصیبا (چمکنا ڈوبنا وغیرہ کے ساتھ) **قسمت کا سکندر** (صفت) بڑا صاحب اقبال یا خوش نصیب۔ **قسمت کا سونا** (مذکر) بدنصیبی کا زمانہ ہونا۔ **قسمت کا کھوٹا** (صفت) بدقسمت۔ بدنصیب۔ **قسمت کا لکھا** (مذکر) نوشتہ تقدیر۔ مشیت ایزدی۔ **قسمت کا لکھا پورا ہونا** (لازم) ۱ قسمت پھوٹنا ۲ شامت آنا۔ **قسمت کا منہ پھیر لینا** (لازم) قسمت برگشتہ ہونا۔ **قسمت کا نوشتہ** (مذکر) تقدیر کا لکھا۔ جو ہونے والا ہے۔ **قسمت کا ہیٹا** (مذکر) بدنصیب۔ **قسمت کرنا** (متعدی) تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔ **قسمت کو جھینکنا** (لازم) بدقسمتی پر رنج کرنا۔ **قسمت کو رونا** (لازم) بدقسمتی کی شکایت کرنا۔ **قسمت کھلنا** (لازم) اچھے دن آنا۔ دن پھرنا۔ نصیبہ یاور ہونا۔ **قسمت کی بدی** (مونث) تقدیر کی برائی۔ **قسمت کی گرہ یا گتھی** (مونث) مصیبت۔ مشکل۔ **قسمت کی گرہ یا گتھی کھلنا یا نکلنا** (لازم) مصیبت رفع ہونا۔ تکلیف دور ہونا۔ مشکل دور ہونا۔ **قسمت کے ٹکڑے** (مذکر) رزق جو تقدیر میں لکھا ہو۔ **قسمت کے صدقے** (تف) طنزاً قسمت کی شکایت کے لئے کہتے ہیں۔ **قسمت لڑانا** (متعدی) کسی بات کے لئے کوشش کرنا۔ **قسمت لڑنا** (لازم) نصیب یاور ہونا۔ **قسمت میں اترنا۔ لکھا ہونا یا ہونا** (لازم) مقدر ہونا۔ تقدیر میں ہونا۔ **قسمت والا** (صفت) صاحب نصیب۔ خوش قسمت۔ **قسمتوں سے** (تف) قسمت سے۔ **قسمت ہیٹی ہونا** (لازم) تقدیر بری ہونا۔ **قسمت ہونا** (لازم) اچھی تقدیر ہونا۔ **قسمت یاور ہونا** (لازم) تقدیر اچھی ہونا۔ تقدیر کا موافق ہونا۔

امثال و اقوال۔ قسمت دے یاری تو کیوں ہو خواری۔ قسمت اچھی ہو تو آدمی در در مارا نہیں پھرتا۔ **قسمت کا سارا کھیل ہے**۔ بھلائی برائی قسمت سے ہوتی ہے۔ **قسمت کی بات ہے**۔ اس وقت بولتے ہیں جب کوئی بات مرضی کے برخلاف ہوتی ہے۔ **قسمت کے بلیا پکائی کھیر ہو گیا دلیا** ۔ ہنٹی تقدیر کچھ کا کچھ کر دکھاتی ہے۔ **قسمت کے لکھے کو کوئی نہیں میٹ سکتا**۔ جو ہونا ہے ضرور ہوگا۔ **قسمت کے ہاتھ بات ہے**۔ وہی ہوتا ہے جو قسمت میں ہے۔ **قسمت نہ دے یاری تو کیونکر کرے فوجداری**۔ قسمت میں ہو تو انسان حاکم بنتا ہے۔ کوشش اور لیاقت سے کچھ نہیں ہوتا۔

قَسوڑا (اردو۔ عف) قصائی۔

قَسی (ع۔ صفت) سخت (قَسو۔ سنگدل ہونا) **قسی القلب** (مذکر) سنگدل۔ سخت دل۔

قَسّیا (اردو۔ صفت) ۱ قسائی کا ۲ قسائی سے منسوب ۳ قسائی کی طرح۔ **قسیا داؤ** (مذکر) ایک داؤ جس میں گردن سے پکڑ کر گرا دیتے ہیں۔ جس طرح قسائی ذبح کرنے کے لئے بکری کو گرا دیتا ہے۔

قِسّیس (ع۔ مذکر) عیسائیوں کا پادری۔ عالم دین نصارا۔

قَسیم (ع۔ صفت) ۱ بانٹنے والا۔ تقسیم کرنے والا ۲ خوبصورت۔ حسین (قَسَمَ۔ بانٹنا) **قسیم الوجہ** (صفت) خوبصورت۔ خوش

شکل -

قَیِن (ع - صفت) ۱جس کے ہاتھ کام سے سخت ہوگئے ہوں ۲ ایک مقام -

قِشر (ع - مذکر) چھلکا - چھال (قَشر - چھیلنا)

قُشَعرِیرَہ (ع - مذکر) ۱ڈر سے رونگٹے کھڑے ہونا ۲ لرزہ چڑھنا (قشعر - رونگٹے کھڑے ہونا)

قَشقہ (ف - مذکر) ٹیکا - تلک جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں - **قشقہ دینا** (مت) **کھینچنا یا لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ٹیکا لگنا -

قِشلا - قِشلاق - قِشلق (ع - مذکر) وہ گرم مقام جہاں بادشاہ سردیوں کا موسم گزاریں -

قِشمِش (ف - مذکر) خشک انگور - کشمش -

قشُون (ت - مذکر) تلفظ قُشُن ۱فوج کا دستہ یا گروہ ۲ لشکر - فوج ۳ چھاؤنی - کیمپ - لشکر گاہ - **قشون قشوں** (مذکر) گروہ - گردہ ۲

قُشَیر (ع - مذکر) ۱بنو ہوازن کے ایک قبیلہ کا جد اعلیٰ ۲ ایک قبیلہ -

قَصّاب (ع - مذکر) ۱قسائی بوچڑ ۲ گوشت بیچنے والا شخص ۳ ایک قوم ہندوستان میں جو یہ کام کرتی ہے ۴ (صفت) بے رحم - بے درد (قَصَب - کاٹنا) **قصاب خانہ** (مذکر) بوچڑ خانہ - وہ جگہ جہاں جانور ذبح ہوتے ہیں -

قصابی (مونث) قصاب کا پیشہ -

مثل - قصاب کے برتنے پر شکرا پالا - پرائے بھروسے کام کرنا -

قَصَابہ (ع - مذکر) ایک رومال جو عورتیں سر پر باندھتی ہیں (قَصَب کاٹنا)

قَصّار (ع - مذکر) دھوبی (قَصر سفید کرنا کپڑے کو)

قِصاص (ع - مذکر) ۱ انتقام بدلہ ۲ خون کا عوض یا بدلہ لینا ۳ مسلمانوں کا قانون آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک جان کے بدلے جان وغیرہ (لینا کے ساتھ) (قَصّ کاٹنا) **قصاص روا نہ رہنا** (لازم) ایسی وجوہات ہونا کہ قصاص کا لینا جائز نہ رہے -

قصائد (ع - مذکر) قصیدہ کی جمع -

قصائن - قصائی (مونث)

قصائی (اردو - مذکر) دیکھو قصائن وغیرہ

قَصَب (ع - مذکر) ۱ سرکنڈہ نے ۲ ایک کپڑا جو مصر میں بنتا ہے (قَصَب - شاخ نکالنا) **قصب الجیب** (مذکر) گنا - نیشکر - **قصب السبق** (مذکر) سپاہیوں کا ایک کھیل نیزہ گاڑ کر دو سوار گھوڑا دوڑاتے ہیں جو آگے نکل جائے اور نیزہ اکھاڑ لے وہ جیتتا ہے -

قَصَبات (ع - مذکر) جمع قصبہ

قصباتی (صفت) شہری - قصبہ کا رہنے والا

قصباتی کھپریا ہے - بڑا متفنی خود مطلب ہے

قَصبہ (ع - مذکر) چھوٹا شہر - قریہ (قَصَب - کاٹنا)

قَصد (ع - مذکر) ۱ ارادہ - نیت ۲ خواہش - مطلب (رکھنا کرنا - ہونا کے ساتھ) (قَصَدَ ارادہ کرنا) **قصداً** (تف) ارادتاً - جان بوجھ کر - **قصد روانگی** (مذکر) جانے کا ارادہ - **قصد مصمم** (مذکر) پکا ارادہ -

قَصر (ع - مذکر) ۱ محل ۲ قلعہ ۳ چھوٹی نماز جو سفر میں دو رکعت پڑھی جائے ۴ چھوٹا کرنا نماز کا - کمی کرنا (قصر - چھوٹا ہونا) **قصر تن** (مذکر) بدن **قصر تن کی عمارت ڈھانا** (متعدی) مار ڈالنا قتل کرنا - **قصر دوازدہ دری** (مذکر) آٹھواں آسمان جس میں بارہ برج ہیں - **قصر رفیع السلطنت** (مذکر) ۱ شاہی محل ۲ سلطنت - **قصر شارلوٹ** (مذکر) قیصر جرمنی کا مکان برلن کے قریب - **قصر شاہی** (مذکر) شاہی محل - **قصر شیریں** ۱ (مذکر) وہ بے ستون پر ایک محل جہاں فرہاد نے شیریں کا ایک بت بنایا تھا (ایران) ۲ ایک قصبہ - **قصر فرعون** (مصر) ایک قدیم شہر کے کھنڈرات - **قصر قیصر** (مذکر) کسریٰ کا محل - شاہی محل - **قصر وجود** (مذکر) بدن تن -

قَصَص (ع - متعدی) بیان کرنا (قص - بیان کرنا)

قِصَص (ع - مذکر) جمع قصہ کی -

قُصُور (ع - مذکر) ۱ خطا - جرم ۲ بھول - چوک ۳ کمی - نقص - کوتاہی (کرنا ہونا کے ساتھ) ۴ جمع قصر کی - محلات (قصر - چھوٹا ہونا) **قصور کی معافی چاہنا** (لازم) خطا کی سزا نہ ملنے کے لئے منت کرنا - **قصور معاف** (مذکر) جب کوئی گستاخی کا کلمہ کہے تو کہتے ہیں - **قصور معاف کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) خطا کی سزا نہ ملنا - **قصور وار** (صفت) خطاوار - قابل الزام -

قِصّہ (ع - مذکر) ۱ کہانی - حکایت ۲ بیان - تذکرہ - ذکر ۳ بے سود کہانی ۴ لڑائی جھگڑا تکرار - حجت (قص - بیان کرنا) **قصہ آخر ہونا** (لازم) جھگڑا ختم ہونا - **قصہ اپنے سر مول لینا** (متعدی) جھگڑے میں پڑنا - جھگڑا خریدنا - **قصہ اٹھنا - برپا ہونا** (لازم) جھگڑا پیدا ہونا - فساد برپا ہونا - **قصہ بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) ۱ قصہ کا طول ہونا ۲ جھگڑا بڑھنا - بات بڑھنا - **قصہ بکھیڑا** (مذکر) فتنہ فساد - **قصہ پاک کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ مرنا ۲ لڑائی جھگڑا جاتا رہنا ۳ قرضہ بیباق ہونا - **قصہ پڑنا** (لازم) آپس میں لڑائی جھگڑا ہونا - **قصہ تمام کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ دیکھو قصہ پاک ہونا ۲ داستان ختم ہونا - **قصہ تہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) جھگڑا ختم ہونا - **قصہ چھونا یا راندھنا** (متعدی) دکھڑا رونا - **قصہ چکانا** (متعدی) **چکنا** (لازم) ۱ فیصلہ ہونا ۲ جھگڑا طے ہونا - **قصہ چھیڑنا** (متعدی) ۱ ذکر شروع کرنا ۲ کسی امر کا جھگڑے کی بات کا ذکر کرنا - **قصہ خواں** (صفت) داستان گو - **قصہ خوانی** (مونث) داستان گوئی ۲ (مذکر) پشاور میں ایک بازار کا نام - **قصہ دراز ہونا** (لازم) بیان میں طوالت ہونا - **قصہ رہنا** (لازم) جھگڑا رہنا - **قصہ طے ہونا** (لازم) دیکھو قصہ چکنا - **قصہ فساد** (مذکر) جھگڑا - فساد - **قصہ فیصل یا فیصلہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) جھگڑا چکنا - **قصہ کا گھر** (مذکر) فساد کی جڑ - **قصہ کرنا** (متعدی) فساد کرنا - تکرار کرنا - **قصہ کوتاہ** (تف) الحاصل - الغرض - **قصہ کوتاہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) جھگڑا ختم ہونا - **قصہ کوتاہ کرو** - فضول گوئی چھوڑ کر اب مطلب پر آجاؤ - **قصہ کہانی** (اصطلاح)

افسانہ۔ فضول باتیں۔ قصہ کہانی ہے۔ بات قابل اعتبار نہیں۔ **قصہ کھڑا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) فساد برپا ہونا۔ جھگڑا اٹھنا۔ **قصہ کہنا** (متعدی) پرانی داستان سنانا۔ مصیبت کی طویل کہانی سنانا۔ **قصہ گو** (صفت) قصہ خواں۔ **قصہ گوئی** (مونث) داستان گوئی۔ **قصہ گیا**۔ جھگڑا دفع ہوا **قصہ لے بیٹھنا** (لازم) فضول تذکرہ شروع کر دینا جسے دوسرا سن کر تنگ آئے۔ **قصہ مختصر** (تف) قصہ کوتاہ۔ **قصہ مختصر کرنا** (متعدی) ۱ اختصار کے ساتھ بیان کرنا ۲ مار ڈالنا۔ **قصہ مختصر ہونا** (لازم) ۱ جھگڑا طے ہونا ۲ مر جانا۔ **قصہ مول لینا** (متعدی) جھگڑا اپنے ذمہ لگانا۔ بکھیڑے میں پڑنا۔ **قصہ میں پڑنا** (لازم) جھگڑے میں مبتلا ہونا۔ **قصہ باندھنا** (متعدی) جھگڑا کھڑا کرنا۔ شرارت کرنا۔ فتنہ اٹھانا۔ **قصہ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱ جھگڑا پیدا ہونا ۲ سلسلہ ۔الہ ہونا۔ **قصہ ہونا** (لازم) جھگڑا ہونا۔ فساد ہونا۔ **قصہ یکسو ہونا** (لازم) معاملے طے ہونا۔

مثل۔ قصہ زمیں برسر زمیں معاملے کا فیصلہ موقع پر ہونا چاہئے۔

قَصِیدَہ (ع۔ مذکر) ۱ ان اشعار کا نام جس میں کسی کی تعریف مدح وغیرہ کی جائے۔ تعریف بہار یا شکایت روزگار کی نظم کو بھی قصیدہ کہتے ہیں۔ پہلے شعر اور ہر شعر کے دوسرے مصرع میں قافیہ ہونا ضروری ہے (کہنا۔ لکھنا کے ساتھ) (قَصَدَ۔ ارادہ کرنا) **قصیدہ گو شاعر** (مذکر) وہ شاعر جو قصیدہ کہے۔

قَصِیر (ع۔ صفت) پست قد کوتاہ (قَصَرَ۔ چھوٹا کرنا) **قصیر النسب** (مذکر) وہ شخص جس کے باپ کا نام لینے سے اس کا خاندان معلوم ہو جائے۔

قَضا (ع۔ مونث) ۱ حکم خدا ۔ مشیت الٰہی ۲ قسمت۔ نصیب۔ لکھا ۳ موت اجل ۴ اختیار۔ علاقہ ۵ عدالت کرنا۔ عدل گستری ۶ فرض کی ادائگی ۷ نماز جس کا وقت گیا ہو ۸ کوئی مذہبی فرض ادا کرنا بعد اس کے کہ اس کا وقت گزر گیا ہو ۹ ترکوں کے ممالک میں وہ علاقہ جو قائم مقام کے ماتحت ہو۔ **قضا آنا** (لازم) موت آنا۔ **قضا ادا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بھرنا (متعدی) ۱ فرض نماز کا وقت گزر جانے کے بعد پڑھنا ۲ جو مذہبی کام وقت پر نہ کیا گیا ہو اسے کرنا **قضا پڑھنا** (متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ **قضا پھڑ پھڑاتی ہے**۔ موت قریب ہے۔ **قضا ٹلنا** (لازم) موت سے بچ جانا۔ **قضا دامنگیر ہونا** (لازم) موت آنا۔ موت کا پیچھے پڑنا **قضا دم** (صفت) جس کی دھار موت ہو (تلوار کی تعریف) **قضا را** (تف) اتفاقاً۔ اتفاق سے۔ یکایک۔ **قضا سر پر سوار ہونا** (لازم) ۱ شامت آنا ۲ موت قریب ہونا۔ **قضا سر پر کھڑی ہونا** (لازم) مرنے کا وقت قریب ہونا۔ **قضا سر پر کھیلتی ہے**۔ جب کوئی خطرناک کام کرے تو کہتے ہیں۔ **قضا سر پر کھیلنا** (لازم) دیکھو قضا سر پر سوار ہونا۔ **قضا سے مرنا** (لازم) اپنی موت مرنا۔ **قضا عند اللہ** (تف) دیکھو قضا را **قضا کا پیغام** (مذکر) موت کے آثار۔ **قضا کا دو کان کھولنا** (متعدی) بہت لوگوں کا مرنا **قضا کار** (تف) دیکھو قضا را۔ **قضا کا سامنا** (مذکر) موت کا سامنا ۲ سخت خطرہ۔ بے حد پریشانی۔ **قضا کا سر پر پکارنا** (لازم) ۱ موت قریب آنا ۲ شامت آنا۔ **قضا کا فرشتہ** (مذکر) ملک الموت۔ **قضا کا کشاں کشاں یا کھینچکر یا گھیر کر لانا** (متعدی) وہاں جانا جہاں کسی کی موت مقدر میں ہو۔ **قضا کا مارا** (لازم) ۱ اجل گرفتہ۔ اجل رسیدہ ۲ شامت زدہ۔ **قضا کرنا** (متعدی) ۱ مذہبی فرض کا وقت پر ادا نہ کرنا ۲ مر جانا۔ **قضا کے منہ میں جھونکنا** (لازم) خطرناک جگہ یا کام کے لئے بھیجنا۔ **قضا لکھی ہونا** (لازم) موت کا کسی خاص طریقے وقت یا جگہ پر مقرر ہونا۔ **قضا و قدر** (مونث) ۱ تقدیر۔ نصیبا۔ لکھا ۲ تقدیر کے فرشتے ۳ خدا کی رضا۔ مشیت ایزدی۔ **قضا ہونا** (لازم) ۱ مذہبی فرض کا وقت پر ادا نہ ہونا ۲ کسی کام کا وقت معینہ پر ترک ہونا۔ ناغہ ہونا **قضائے الٰہی** (تف) ۱ اتفاقاً ۲ (مونث) خدا کی مرضی یا حکم۔ **قضائے الٰہی سے مرنا** (لازم) ۱ اپنے وقت پر مرنا۔ عمر طبعی پر پہنچ کر مرنا ۲ خدا کے حکم سے مرنا **قضائے حاجت** (مونث) پاخانہ پھرنا کرنا ہونا کے ساتھ **قضائے خدا** (مونث) مشیت ایزدی۔ **قضائے عمری** (مونث) وہ نماز جو ہر نماز کے ساتھ نماز (قضا شدہ) کے عوض پڑھتے ہیں۔ **قضائے کار** (تف) اتفاقاً۔ **قضائے مبرم** (مونث) ۱ یقینی یا نہ ٹلنے والی موت ۲ نہ ٹلنے والا حکم۔ **قضائے معلق** (مونث) وہ قضا جو کسی تدبیر سے ٹل جائے۔ **قضائے ناگہانی** (مونث) اچانک موت۔ خطرناک حادثہ۔

امثال و اقوال۔ قضا را چہ علاج۔ قضا سے کسی کو چارہ نہیں ۱ موت سے بچنا ممکن نہیں۔ **قضا کوئی روک نہیں سکتا**۔ موت ضرور آئے گی۔ موت کا کوئی علاج۔ **قضا کے آگے حکیم احمق**۔ موت آئے تو حکیم سے غلطی ہو جاتی ہے۔ **قضا کے تیر کو ڈھال کی حاجت نہیں**۔ موت آئی ہو تو انسان کسی صورت سے نہیں بچ سکتا۔ **قضا نے گھر دیکھ لیا**۔ موت کے آنے سے رستہ کھل گیا۔

قَصّاب (ع۔ صفت) تیز (تلوار) (قضب۔ کاٹنا)

قُضات (ع۔ صفت) قاضی کے اختیارات۔ کام یا عہدہ (قَضیٰ۔ فیصلہ کرنا)

قُضات (ع۔ مذکر) قاضی کی جمع۔

قُضاعَہ (ع۔ مذکر) عرب قبیلوں کا ایک گروہ جو شمال میں آباد تھے۔

قَضایا (ع۔ مذکر) جمع قضیہ کی۔ ۱ جھگڑے ۲ احکام ۳ خبریں ۴ مطالب ۵ عبارت کے جملے۔

قَضِیب (ع۔ مذکر) ۱ چھڑی ۲ پتلی لچکدار تلوار ۳ سپاہی ۴ آلہ تناسل انسان یا گدھے کا۔

قَضِیَّہ (ع۔ مذکر) قَضِیَہ (اردو) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ فساد ۲ معاملہ ۳ (منطق) جملہ خبریہ اس کے اور بھی معنی ہیں مگر اردو میں استعمال نہیں ہوتے دیکھو قضایا (قَضیٰ۔ مقرر کرنا جمع) **قضیہ اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) جھگڑا کھڑا ہونا۔ **قضیہ بنانا** (متعدی) منطق کا جملہ یا مقدمہ بنانا۔ **قضیہ پاک کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو قصہ پاک ہونا۔ **قضیہ جانا** (لازم) جھگڑا ختم ہونا۔ **قضیہ چکانا** (متعدی) **چکنا** (لازم) جھگڑا

فیصل ہونا۔ قضیہ دلال (صفت) ۱۔ شرارتی۔
شریر ۲۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرداز۔ **قضیہ کرانا** (متعدی)
دوسروں کو لڑا دینا۔ **قضیہ کرنا** (متعدی) جھگڑا
کرنا۔ بحث کرنا۔ **قضیہ مٹانا** (متعدی) **مٹنا**
(لازم) جھگڑا ختم ہونا۔ **قضیہ مول لینا** (لازم)
خواہ مخواہ کسی جھگڑے میں پڑنا۔ **قضیہ میں پڑنا**
(لازم) جھگڑے میں پڑنا۔
مثل۔ قضیۂ زمین بر سر زمین
دیکھو قصہ زمین الخ۔

قط (ع۔ صفت) ۱۔ کافی۔ ف
کے ساتھ مل کر اردو میں فقط استعمال ہوتا ہے ۲۔
(مذکر) قلم کی نوک کو کاٹنا۔ قط۔ ٹیڑھا کاٹنا۔ **قط
دینا یا رکھنا** (متعدی) قلم کی نوک قط گیر پر
رکھ کر کاٹنا۔ قلم پر رکھ کر کاٹنا منحوس سمجھا جاتا ہے
قط زن یا گیر (مذکر) وہ چپٹی چیز جس پر قلم کو
رکھ کر قط لگاتے ہیں۔ **قط لگانا** (متعدی) **لگنا**
(لازم) قلم کی نوک کا قط گیر پر رکھ کر کاٹا جانا۔

قِطار (ع۔ مونث) بالکسر صحیح
ہے ۱۔ صف۔ پرا ۲۔ ترتیب۔ سلسلہ ۳۔ شمار گنتی
۴۔ زار کے ساتھ بطور تابع آکر بہت کے معنی دیتا
ہے (قطر۔ اونٹوں کو اس طرح باندھنا کہ ایک
دوسرے کے پیچھے چلے جائیں) **قطار باندھنا
یا جمانا** (متعدی)، **بندھنا۔ جمنا** (لازم) صف
یا پرا باندھنا۔ **قطار در قطار** (تف) صف در
صف۔ صفیں بنا کر۔ **قطار لڑانا** (متعدی)
ایک کھیل۔ انڈے لڑانا نوروز کے دن۔

قُطّاع (ع۔ مذکر) جمع قاطع۔
راہزن۔ ڈاکو۔ **قطاع الطریق** (مذکر) راہزنوں
کا گروہ۔

قطامہ (ع۔ مونث) فاحشہ۔
قحبہ (قطم۔ بہت شہوت ہونا)

قُطب (ع۔ مذکر) ۱۔ ایک
ستارہ جو قطب شمالی کی طرف زمین کے محور کے سرے
ہے۔ اس لئے یہ حرکت کرتا معلوم نہیں ہوتا لیکن
یہ بالکل سیدھ میں نہیں۔ اس لئے بہت تھوڑی
حرکت کرتا ہے جو معمولی طور پر معلوم نہیں ہوتی ۲۔
زمین کے محور کے دونوں سرے ۳۔ وہ ولی جس پر
دنیا کے انتظام کا مدار ہو ۴۔ سردار قوم جس پر کسی کام کا
مدار ہو ۵۔ کیل جس پر چکی گھومتی ہے ۶۔ قصبہ [illegible]
جہاں قطب صاحب مدفون ہیں ۷۔ افضل ۸۔ عمدہ۔
برگزیدہ۔ **قطب العارفین** (مذکر) عارفوں کا
سردار۔ افلاطون۔ **قطب الملک** (مذکر)
ایک خطاب۔ **قطب جنوبی** (مذکر) زمین
کے محور کا جنوبی سرا۔ **قطب سما یا سماوی**
(مذکر) آسمان کا محور۔ **قطب شمالی** (مذکر)
زمین کے محور کا شمالی سرا۔ **قطب صاحب**
(مذکر) قطب الدین بختیار کاکی۔ **قطب صاحب
کی لاٹھ** (مونث) لوہے کی لاٹھ جو مہرولی میں
قطب مینار کے پاس گڑی ہوئی ہے۔ یہ کسی
راجہ نے بنوا کر اپنی یادگار گاڑی تھی۔
قطب فلک رسالت (مذکر) پیغمبر صلعم۔
قطب مینار (مذکر) ایک مینار جو قطب الدین
ایبک نے پرانی دہلی میں جسے آج کل مہرولی کہتے
ہیں۔ جامع مسجد کے ساتھ بنوایا تھا۔ یہ سرخ پتھر کا
ہے۔ اور آج سات سو سال کے بعد بھی معلوم ہوتا
ہے کہ ابھی بنا ہے۔ اس کے قریب ہی ایک اور اس
سے بڑے مینار کی بنیاد شمس الدین التمش نے رکھی تھی۔
مگر وہ ناتمام رہا۔ **قطب نما** (مذکر) ایک آلہ جس میں
مقناطیس کی سوئی لگی ہوئی ہوتی ہے جس کا ایک سرا
قطب شمالی کی طرف رہتا ہے۔ یہ آلہ رستہ دریافت
کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ خصوصاً سمندروں
میں۔ **قطبی** (صفت) ۱۔ قطب سے منسوب ۲۔ (مذکر)
یاقوت یا زمرد کا چھوٹا نگینہ۔ **قطبین** (مذکر) قطب
شمالی و قطب جنوبی۔

قطر (ع۔ مذکر) ایک قصبہ قطیف
اور عمان کے درمیان۔

قُطر (ع۔ مذکر) وہ خط مستقیم جو
دائرے کے مرکز میں سے گزر کر محیط تک دونوں
طرف چلا جائے۔ یہ دائرے کو دو حصوں میں تقسیم
کرتا ہے اور سب سے بڑا خط ہے جو محیط کے دو
نقطوں کو ملاتا ہے (قطر۔ ایک قطار میں باندھنا)

قطرات (ع۔ مذکر) جمع قطرہ
کی۔

قُطرُب (ع۔ مذکر) ۱۔ ایک
قسم کا جنول ۲۔ غول صحرائی۔

قطرہ (ع۔ مذکر) بوند پانی یا کسی
رقیق شے کی (قطر۔ کاٹنا۔ قطرات جمع) **قطرہ آنا**
(لازم) پیشاب کی بوند بلا ارادہ نکل جانا۔ **قطرہ
افشان** (صفت) قطرہ چھڑکنے والا۔ **قطرہ
افشانی** (مونث) قطرہ چھڑکنا۔ **قطرۂ زرد**
(مذکر) سورج۔ **قطرہ زن** (صفت) دوڑنے والا۔
تیز رو۔ **قطرہ قطرہ** (تف) تھوڑا تھوڑا کر کے۔
**امثال۔ قطرہ قطرہ جمع گردد
آنگہے دریا شود۔ قطرہ قطرہ دریا
ہو جاتا ہے۔ قطرہ قطرہ می شود دریا۔**
تھوڑا تھوڑا کر کے بہت ہو جاتا ہے۔

قطع (ع۔ مذکر) ۱۔ طور۔ طریق۔
انداز ۲۔ تراش۔ بیونت۔ کاٹ چھانٹ ۳۔ شکل۔
صورت۔ وضع ۴۔ جسد ۵۔ توڑنا ۶۔ روکنا۔ دخل دینا
۷۔ کاٹنا ۸۔ سفر کرنا (قطع۔ کاٹنا) **قطعاً** (تف) ۱۔
ہرگز۔ بالکل۔ **قطع برید** (مونث) دیکھو قطع و
برید۔ **قطع بنانا** (متعدی) انداز اختیار کرنا۔ صورت
یا شکل بنانا۔ **قطع بننا** (لازم) یا شکل بننا۔ صورت
بننا۔ حالت بننا۔ **قطع تعلق** (مذکر) کچھ علاقہ یا
غرض نہ رکھنا۔ تعلق چھوڑنا (کرنا ہونا کے ساتھ)
قطع دار (صفت) اچھی شکل کا۔ خوش شکل۔
قطع دائرہ (مذکر) دائرے کا ایک حصہ یعنی ٹکڑا
وہ شکل جو محیط کے ایک ٹکڑے اور خط راست
کے درمیان ہو۔ **قطع دعوے** (مذکر) حق مان
لینا۔ **قطع راہ** (مذکر) راہ طے کرنا۔ سفر کرنا
(کرنا ہونا کے ساتھ) **قطع رحم** (مذکر) رشتے
داروں سے قطع تعلق کرنا۔ **قطع سخن** (مذکر)
بات کاٹنا۔ **قطع کرنا** (متعدی) ۱۔ چھوڑنا ۲۔ درزی
کا کپڑا کاٹنا یا تراشنا ۳۔ (بات۔ گفتگو) بیچ میں سے
بات کاٹنا۔ بات کے بیچ میں بول پڑنا۔ **قطع کلام**
(مذکر) بات کاٹنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **قطع مراحل
مسافت** (مذکر) سفر کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **قطع نظر** (تف) اسکے
سوا۔ تاہم۔ اس پر بھی۔ **قطع نظر کرنا** (متعدی) خیال چھوڑ دینا یا ذکر نہ کرنا
کسی چیز کا۔ **قطع و برید** (مونث) ۱۔ درزی کا
کپڑوں کی کاٹ چھانٹ کرنا ۲۔ کاٹ چھانٹ۔ کتر
بیونت۔ تراش خراش (کرنا ہونا کے ساتھ)
قطع ہونا (لازم) ۱۔ کپڑے کی کاٹ چھانٹ یا کتر
بیونت ہونا ۲۔ ختم یا طے ہونا ۳۔ بسر ہونا۔ گزرنا۔
قطعی (صفت) ۱۔ ناطق۔ کامل۔ آخری ۲۔ یقینی ۳۔
مکمل۔ بالکل ۴۔ بالقطع ۵۔ (مونث) درزی کا گز۔
قطعی گز (مذکر) درزی کا گز۔

قِطعات (ع - مذکر) جمع قطعہ کی -

قِطعَہ (ع - مذکر) ۱ دو بیت یا زیادہ جن کا مضمون ایک ہی ہو - اور آخیر مصرع ہم قافیہ ہوں ۲ ٹکڑا یا حصہ زمین کا - علاقہ ۳ پرچہ پرزہ (قَطع - کاٹنا) **قطعہ بند** (مذکر) بیتیں جن کے معانی بغیر دوسری بیت کے ملائے تمام نہوں

قِطمُور (ع - مذکر) اصحاب کہف کا کتا -

قِطمیر (ع - مذکر) ۱ وہ باریک جھلی جو کھجور کی گٹھلی پر ہوتی ہے ۲ اصحاب کہف کا کتا -

قُطن (ع - مذکر) روئی - انگریزی میں کاٹن کہتے ہیں **قُطنی** (صفت) روئی کا بنا ہوا -

قَعب (ع - مذکر) ۱ پیالہ ۲ قاب ۳ کسی بات کا خفیہ مطلب (قَعب - مدور ہونا) (ع - مذکر) بیٹھنا خصوصاً نماز میں التحیات پڑھتے وقت (قَعَدَ - بیٹھنا)

قَعر (ع - مذکر) ۱ گہرائی کوئیں یا دریا کی ۲ بڑا گڑھا ۳ ایک شہر کا نام (قَعَرَ - تہ میں جانا - گہرا کرنا) **قعرِ بلاخیز** (مذکر) وہ گہرائی جس سے کوئی بلا پیدا ہو - **قعر دریا** (مذکر) دریا یا سمندر کی گہرائی - **قعرِ مذلت** (مذکر) انتہائی ذلت -

قَعود (ع - مذکر) دیکھو قعدہ -

قَفا (ع - مونث) ۱ گردن کا پچھلا حصہ - سر کا پچھلا حصہ ۲ کسی چیز کا پچھلا حصہ (قَفوَ - کسی کو گردن پر مارنا) **قفائے فلک** (مذکر) حادثات جو سناروں کی گردش کی وجہ سے ہوتے ہیں -

قَفَس (ع - مذکر) ۱ پنجرا ۲ پھندا - جال ۳ بدن - قالب خاکی ۴ قید خانہ (قَفَسَ - پکڑنا) **قفسِ تن** (مذکر) بدن کو قفس سے استعارہ کرتے ہیں -

قُفل (ع - مذکر) ۱ وہ لوہے کا آلہ جس سے دروازوں یا صندوقوں کو بند کرتے ہیں اور جو بغیر چابی کے کھل نہیں سکتا (قَفَلَ - بچانا) **قفل ابجد** (مذکر) ابجد کا قفل - **قفل بنانا** (متعدی) بننا (لازم) تالے کا بنایا جانا - **قفل بند کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) تالا لگنا کسی چیز کو - **قفل بند** (صفت) وہ جس کو قفل لگا ہوا ہو - **قفل توڑنا** (متعدی) ٹوٹنا (لازم) ۱ کوئی چیز قفل پر لگ کر قفل کھلنا ۲ بغیر چابی کے قفل کھلنا ۳ قفل ٹوٹ کر چوری ہونا - **قفل جڑ دینا** یا **جڑنا** (متعدی) تالا لگانا - **قفل دہن کھلنا** (لازم) **وا کرنا** (متعدی) بولنا - بات کرنا - **قفل کا جھوٹا ہونا** (لازم) قفل کا ایسا ناقص ہونا کہ بغیر کنجی کے کھل جائے - **قفلِ خاموشی** (مذکر) قفل کا خاموشی سے استعارہ کیا جاتا ہے - **قفل دہن ہونا** (لازم) منہ بند کرنا - **قفل دینا** (متعدی) تالا لگانا کسی چیز کو - **قفل کھلنا** (لازم) **کھولنا** (متعدی) ۱ چابی سے تالے کو کھولنا ۲ رکاوٹ دور کرنا - **قفل لگانا** (متعدی) ۱ تالا لگانا ۲ قبضہ کرنا - **قفل لگنا** (لازم) ۱ تالا لگنا ۲ خاندان کے سب آدمیوں کا مر جانا - **قفل میں بند کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱ حوالات میں دینا ۲ مقفل کرنا - **قفلی** (مونث) ۱ وہ سانچہ جس میں برف یا دودھ وغیرہ جماتے ہیں ۲ (برف کی) وہ دودھ وغیرہ جو ایسے سانچے میں جمایا جائے ۳ وہ حصہ حقے کا جو دوسرے میں پھنس جاتا ہے ۴ سالن بند کرنے کا برتن ۵ کھیر یا فرنی کی پیالی دوسری پر رکھی ہوئی ۶ مٹی کا پیالہ ۷ پہلوانوں کا ایک پیچ - **قفلیاں** (مونث) قفلی کی جمع - **قفلیاں جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) دیکھو قفلی جمنا - **قفلیاں کھانا** (متعدی) (برف کی) قفلی ۲ کھانا - **قفلی پڑ جانا** (لازم) دو پتنگوں کی ڈوروں میں ایسا پیچ پڑ جانا جو کھل نہ سکے - **قفلی جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) دودھ وغیرہ کا قفلی میں پڑ کر برف کی وجہ سے منجمد ہونا - **قفلی کرنا** (متعدی) درندوں کا دامنوں کو اس طرح بند کرنا کہ کھل نہ سکیں - **قفلی لگ جانا** (لازم) دو چیزوں میں ایسا پیچ پڑ جانا کہ کھل نہ سکے -

قُقنُس (یو - مذکر) ایک خیالی پرند جس کی بابت مشہور ہے کہ ہر قسم کا راگ گاتا ہے - اس کی چونچ میں تین سو ساٹھ سوراخ ہوتے ہیں - جب مرنے کے قریب ہوتا ہے تو سوکھی لکڑیاں جمع کر کے ان میں بیٹھ کر دیپک راگ گاتا ہے - جس سے لکڑیوں میں آگ لگ جاتی ہے اور جل کر راکھ ہو جاتا ہے جب راکھ پر مینہ برستا ہے تو اس راکھ سے انڈا پیدا ہوتا ہے اور اس میں سے پھر ققنس پیدا ہوتا ہے -

قُل (ع - امر) ۱ کہہ ۲ (مذکر) فاتحہ سالانہ فاتحہ درویشوں کا ۳ قرآن شریف میں سورہ اخلاص - کافرون - فلق اور ناس کے شروع میں قل آتا ہے اس لئے ان کو چاروں قل کہتے ہیں یہ فاتحہ میں پڑھی جاتی ہیں ۴ کنایتاً خاتمہ - اختتام - موت (قَوَل - کہنا) **قل اعوذیہ** (صفت) خیرات پر زندگی بسر کرنے والا - ختم پڑھنے والا - سورہ ہائے فلک والناس ان الفاظ سے شروع ہوتی ہیں - یہ سورتیں نماز اور ختموں میں پڑھی جاتی ہیں - **قل پڑھنا** (متعدی) ۱ فاتحہ پڑھنا ۲ قل ہو اللہ پڑھ کر پھونکنا - **قل کا میلا** (مذکر) عرس - **قل کرنا** (متعدی) ۱ کام تمام کرنا ۲ انتظار کرتے کرتے تھکا دینا - **قل کے ڈھیلے** (مذکر) دفن کرنے کے بعد ڈھیلوں پر قل ہو اللہ پڑھ کر پھونکتے ہیں اور ان ڈھیلوں سے قبر کو پاٹتے ہیں - **قل ہُوَ اللہ** (مونث) سورۂ اخلاص جو ان الفاظ سے شروع ہوتی ہے - **قل ہو اللہ پڑھنا** (متعدی) ۱ سورہ اخلاص پڑھنا ۲ (آنتوں کا) بہت بھوک لگنا - **قل ہو چکنا** (لازم) ۱ ختم ہو جانا ۲ کام تمام ہو جانا - **قل ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ فاتحہ ہونا - عرس ہونا ۲ کام تمام ہونا - مرجانا ۳ حالت تباہ ہونا ۴ انتظار کرتے کرتے تھک جانا -

قَلا (اردو - مذکر) بازی گر کی وہ حرکت جس سے وہ سر نیچا اور ٹانگیں اوپر کر کے سر کے بل الٹ جاتا ہے (کس کلا) **قلا بازی** (مونث) سر کے بل الٹ جانا (کھانا کے ساتھ)

قُلّاب - قُلابہ (ع - مذکر) ۱ مچھلی پکڑنے کا کانٹا ۲ حلقہ - کڑی ۳ وہ کنڈا جس میں کوئی چیز لٹکائیں ۴ وہ آلہ جس سے تندور سے روٹی نکالتے ہیں ۵ پیلے کا کنڈہ ۶ دروازے وغیرہ کا قبضہ (قَلَب - الٹنا) **قلابۂ آہنی** (مذکر) لوہے کا کنڈہ -

قلاجنگ (ف - مذکر) پہلوانی کا ایک داؤ دائیں بازو کو پکڑ کر دائیں ٹانگ کو اٹھا کر پھینک دیتے ہیں -

قِلادَہ (ع - مذکر) ۱ پٹا - کالر ۲ گلے کا ہار -

قَلّادَہ (ع - مذکر) عصا بردار جو بادشاہوں کی سواری کے آگے چلتے تھے -

قَلّاش (ت - صفت) ۱ غریب -

مفلس ۔ بے غیرت ۔ **قلاّشی** (مونث) مفلسی ۔ غربت ۔

قلاقند (اردو ۔ مونث و مذکر) ایک قسم کی مٹھائی جو کھوئے اور قند سے بناتے ہیں (ف ۔ کلہ قند ۔ مصری کا کوزہ)

قلاقنا (اردو ۔ لازم) عو ۔ آوازے کسنا ۔ پھبتیاں کہنا ۔

قلانچ (اردو ۔ صفت) قلاش ۔ مفلس (خفف)

قلانچ (اردو ۔ مونث) جست ۔ زقند ۔ چوکڑی ہرن یا خرگوش کی ۔ **قلانچیں بھرنا لگانا یا مارنا** (متعدی) چوکڑیاں بھرنا ۔ اچکنا ۔ کودنا (مت)

قلب (ع ۔ مذکر) ۱ دل ۲ فوج کا درمیانی حصہ ۳ کھوٹا سکہ ۴ کسی چیز کا اندرونی یا بہترین حصہ ۵ (صفت) الٹا ہوا ۶ اوندھا ۔ واژگوں (قلب ۔ الٹنا) **قلب الاسد** (مذکر) برج اسد میں ایک ستارہ ۔ **قلب الٹ جانا** (لازم) پاگل ہو جانا ۔ **قلب پر تاثیر ہونا** (لازم) دل پر اثر ہونا ۔ **قلب پر ہجوم غم (وملال) ہونا** (لازم) بے حد رنج وغم ہونا ۔ **قلب تھرانا** (لازم) بہت ڈرنا ۔ دل کانپنا ۔ **قلب چاک ہونا** (لازم) روحانی صدمہ ہونا ۔ **قلب خانہ** (مذکر) ہرات کے قلعہ کا ایک برج ۔ **قلب ساز** (صفت) جھوٹا سکہ بنانے والا ۔ **قلب کو تسکین، تقویت ہونا** (لازم) دل کو حوصلہ ہونا ۔ **قلب کو سرور ہونا** (لازم) دل خوش ہونا ۔ **قلب گاہ** (مونث) وہ جگہ جہاں درمیانی فوج کھڑی ہوتی ہے ۔ فوج کا درمیانی حصہ ۔ **قلب ماہیت** (مذکر) ماہیت بدل جانا ۔ **قلب محرور** (مذکر) حرارت یا دھڑکنے والا دل ۔ **قلب محرور مسکن ہونا** (لازم) دھڑکتے دل کا قرار پکڑنا ۔ **قلب مضطر یا مضطرب** (مذکر) پریشان دل ۔ بےچین دل ۔ **قلب مکدر ہونا** (لازم) دل میں ملال آنا ۔ صفائی نہ رہنا ۔

قلبی (صفت) ۱ دلی ۲ کھوٹا ۔ جعلی ۳ الٹا ہوا ۔ **قلبی عداوت** (مونث) دلی دشمنی ۔

قلبہ (ف ۔ مذکر) ہل ۔ **قلبہ راں** (صفت) ہل چلانے والا ۔ کاشتکار ۔ **قلبہ رانی** (مونث) ہل چلانا ۔ کاشتکاری ۔ کھیتی ۔

قلپاق (ع ۔ مذکر) اونچی ٹوپی ۔

خصوصاً وہ جس کے گرد معمور ہو ۔

قلت (ع ۔ مونث) ۱ کمی ۲ کمیابی ۔ تنگی ۳ مشکل (قل ۔ تھوڑا ہونا) **قلت** سے ۔ دقت ۔ مشکل سے ۔

قلتبان (ف ۔ مذکر) قرمساق ۔ دیوث ۔ **قلتبانی** (مونث) قرمساقی ۔ قرمساق کا پیشہ یا کام (کرنا، ہونا کے ساتھ)

قلتین (ع ۔ مذکر) قلت کا تثنیہ ۱ دو ظرف جن میں دس دس من پانی آ جائے ۔ بیس من پانی کی مقدار ۔ امام شافعی کے نزدیک اتنا پانی نہانے سے ناپاک نہیں ہوتا ۲ ایک قسم کا پیالہ ۳ (مونث) کسبی ۔ رنڈی ۴ (صفت) نجس ۔ ناپاک ۔ **قلتین کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ ناپاک یا نجس ہونا ۲ گنگھولا جانا ۔ پانی میں ہاتھ پڑنا ۔

قلچاق (ت ۔ مذکر) آہنی دستانہ جو فوج کے لوگ پہنتے ہیں ۔

قلزم (ع ۔ مذکر) ۱ کوہ سینا کے قریب ایک قصبہ ۲ سمندر ۳ (بحیرہ) عرب اور افریقہ کے درمیان ایک سمندر ۴ (صفت) ایک فارسی لغت (قلزم ۔ کوئی چیز نگل لینا)

قلع (ع ۔ مذکر) توڑنا ۔ انہدام ۔ بیخ کنی ۔ اردو میں صرف قمع کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (قلع ۔ توڑنا) **قلع قمع** (مذکر) توڑ پھوڑ ۔ اکھاڑ پچھاڑ ۔ انہدام ۔ **قلع قمع کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) تباہ ہونا ۔ برباد ہونا ۔

قلعجات (ف ۔ مذکر) فتح سے فصیح ہے ۔ جمع قلعہ کی ۔

قلعہ (ع ۔ مذکر) ۱ وہ عمارت جس میں فوج رہتی ہے اور جس کے چاروں طرف اونچی دیوار رہتی ہے ۔ ایک یا زیادہ پھاٹک ہوتے ہیں اور جابجا برج بنے ہوتے ہیں ۔ اندر اس کے فوج کی بارکیں ۔ میگزین شاہی محلات وغیرہ ہوتے ہیں ۔ حصار ۔ حصن ۔ گڑھ ۔ کوٹ ۲ شطرنج میں بادشاہ کو اسطرح گوشہ میں رکھنا کہ اس کے سامنے مہرے اسے بچانے کے لئے آ جائیں ۳ قلعہ کی فوج ۴ ایک قسم کی آتشبازی (قلع ۔ قلعہ بنانا) **قلعہ اکھاڑنا** (متعدی) **اکھڑنا** (لازم) قلعہ منہدم ہونا ۔ **قلعۃ الموت** (مذکر) ایک قلعہ قزوین اور غیلان کے درمیان ۔ **قلعہ باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) ۱ فوج کا حصار باندھ کر کھڑا ہونا ۲ چاروں طرف بوریاں رکھ کر حصار کھینچنا ۳ شطرنج کے مہروں کا ایک گوشہ میں بادشاہ کے آگے رکھا جانا ۔ **قلعہ بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) ۱ کسی جگہ کا اتنا مستحکم ہونا کہ باہر سے حملہ نہ ہو سکے ۲ شطرنج میں بادشاہ کے اردگرد اس طرح مہرے رکھنا کہ شہ نہ پڑ سکے ۔ **قلعہ بند** (صفت) قلعہ میں پناہ لینے والا ۔ **قلعہ بیدر** (مذکر) ۱ شیراز میں ایک قلعہ ۲ کنایتاً باکرہ عورت ۔ **قلعہ دار** (مذکر) قلعہ کا افسر ۔ **قلعہ دار سپہر** (مذکر) سورج ۔ **قلعہ سرخاب ۔ قہقہہ کلاب یا گلستان** (مذکر) مختلف قلعوں کے نام ۔ **قلعہ سر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) قلعہ فتح ہونا ۔ **قلعہ سلطان یا سلطانہ** (مذکر) قسطنطنیہ میں ایک قلعہ ۔ **قلعۂ سفید** (مذکر) ایران میں ایک قلعہ ۔ **قلعہ شکن** (صفت) قلعہ توڑنیوالا ۔ **قلعہ شکن توپ** (مونث) بڑی توپ جس سے قلعہ کی دیواریں توڑتے ہیں ۔ **قلعہ فتح کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) قلعہ کا دشمن سے لے لیا جانا ۔ **قلعۂ فلک فرسا** (مذکر) بہت اونچا قلعہ ۔ **قلعہ کشا** قلعہ فتح کرنے والا ۔ **قلعہ کوب** (صفت) قلعہ توڑنے والی (توپ) **قلعہ گیر** (صفت) قلعہ فتح کرنے والا ۔ **قلعہ گیری** (مونث) قلعہ کا فتح کرنا ۔ **قلعہ لڑنا** (لازم) قلعہ کی فوج کا لڑنا ۔ **قلعہ میں پناہ لینا** (متعدی) زبردست دشمن کے ڈر سے قلعہ میں جا کر دروازے بند کر لینا ۔ **قلعہ نشین** (صفت) قلعہ میں پناہ لینے والا ۲ قلعہ کا محاصرہ کھولا ۔ **قلعہ نشین ہو کر بیٹھ جانا** (لازم) قلعہ بند ہو جانا ۔ **قلعۂ ہستی** (مذکر) جان ۔ بدن ۔

قلعی (ع ۔ مونث) ۱ ایک عنصر دھات جو پانی سے کئی گنا بھاری ہے ۔ رانگا ۲ دیوار وغیرہ کرنے کی سفیدی ۳ قلعی کا ملمع جو تانبے وغیرہ کے برتنوں پر کیا جاتا ہے (قلع ۔ کان) **قلعی اتار دینا** **اتارنا** (متعدی) **اتر جانا ۔ اترنا** (لازم) برتن سے قلعی کا ملمع مٹ جانا ۔ **قلعی اڑ جانا یا اڑنا** (لازم) قلعی جاتی رہنا ۔ تانبا نکل آنا ۔ **قلعی اکھڑ جانا** (لازم) بھید کھل جانا ۔ **قلعی پھرنا** (لازم) **پھروانا** (م) **پھیرنا** (متعدی) سفیدی کرنا ۔ **قلعی چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) رانگے کا ملمع ہونا ۔ **قلعی دا** ۔۔۔

(صفت) جس پر قلعی ہو۔ **قلعی کا چونا** (مذکر) سفیدی
قلعی کا کشتہ (مذکر) مارا ہوا۔ انگا (تیار کرنا۔ کھانا
کرنا ہونا وغیرہ کے ساتھ) **قلعی کرنا** (متعدی) ۱۔
سفیدی کرنا ۲۔ رانگے کا ملمع کرنا ۳۔ چمکانا۔ **قلعی کھل جانا**
(لازم) ۱۔ ملمع اتر جانا ۲۔ اصلیت ظاہر ہو جانا ۳۔ خفیہ
بات ظاہر ہونا ۴۔ شیخی کرکری ہونا۔ **قلعی کھلنا** (لازم)
دیکھو آخری نمبر۔ **قلعی کھولنا** (متعدی) عیب
ظاہر کرنا۔ پردہ فاش کرنا۔ **قلعی گر** (مذکر) برتنوں پر
رانگ کا ملمع کرنے والا۔ **قلعی گری** (مونث) قلعی گر کا
پیشہ یا کام۔

قُلْف (اردو۔ مذکر) قفل (غف)
قُلْفا (اردو۔ مذکر) خرفہ (غف)
قُلْفی (اردو۔ مونث) قفلی (غف)
قَلَق (ع۔ مذکر) ۱۔ رنج۔ افسوس۔
الم ۲۔ بیتابی۔ بےچینی ۳۔ حسرت۔ پچھتاوا (قلق سے
آرام ہونا) **قلق جانا** (لازم) رنج دور ہونا۔ **قلق
رہنا** (لازم) رنج یا افسوس رہنا۔ **قلق گزرنا**
(لازم) ناگوار گزرنا۔ برا لگنا۔ **قلق ہونا** (لازم)
اضطراب ہونا۔ رنج ہونا۔

قلقاری (اردو۔ مونث) شیرخوار
بچوں کی ہنسی جس میں آواز نکلتی ہے۔ **قلقاریاں
مارنا** (متعدی) ۱۔ شیرخوار بچے کا آواز کے ساتھ
ہنسنا ۲۔ پاگل کا آواز کے ساتھ ہنسنا۔

قُلْقُل (ع۔ مونث مذکر) صراحی سے
پانی یا شراب بہنے نکلنے کی آواز۔
قلم (ع۔ مذکر) ۱۔ لکھنے کا آلہ۔ خامہ
یہ پہلے مونث بھی استعمال ہوتا تھا۔ پنجابی اب بھی
مونث بولتے ہیں ۲۔ تصوف میں عقل اول ۳۔ وہ خامہ
جس سے باعتقاد مسلمانان لوح پر لکھا جاتا ہے۔ لوح و
قلم اکٹھا استعمال ہوتا ہے ۴۔ (مونث) وہ بال جو
کنپٹیوں پر خوبصورتی کے لئے چھوڑ دیتے ہیں ۵۔ داڑھی
کے اوپر کے بال جو سر کے بالوں کے نیچے چھوڑ دیتے ہیں
۶۔ وہ سبز شاخ جو کاٹ کر زمین میں نئے پودے تیار
کرنے کے لئے لگاتے ہیں ۷۔ شاخ جو ایک درخت کی
دوسرے پر لگاتے ہیں اور جب جم جائے تو کاٹ دیتے
ہیں سنیا درخت تیار ہو جاتا ہے ۸۔ بالوں کی کوچی جس
سے مصور رنگ بھرتے ہیں ۹۔ شیشے یا بلور کا تراشا
ہوا ٹکڑا ۱۰۔ وہ لکڑی جس کے ایک سرے پر ہیرے کی
کنی جڑی ہوتی ہے۔ اس سے شیشہ کاٹتے ہیں ۱۱۔ کسی
نمکین چیز کا ٹکڑا۔ جیسے قلمی شورے یا نوشادر کا ۱۲۔ پتلی
اور لمبی شیشی جس میں شراب یا عطر رکھتے ہیں ۱۳۔ گائے بکری
کی پنڈلی کی ہڈی ۱۴۔ ایک قسم کی آتشبازی ۱۵۔ ایک
طرز تحریر ۱۶۔ حکم۔ فرمان ۱۷۔ سیدھا ۱۸۔ (صفت) کٹا ہوا۔
بریدہ۔ تراشیدہ (قلم۔ کاٹنا) **قلم انداز** (مذکر)
دیکھو قلم ۱۳۔ **قلم اٹھا کر لکھنا** (متعدی) بے سوچے
جلد جلد لکھنا۔ گھسیٹ دینا۔ **قلم اٹھانا** (متعدی)
لکھنے کا ارادہ کرنا۔ لکھنا۔ **قلم اٹھنا** (لازم) ۱۔ قلم
پکڑا جانا ۲۔ لکھا جانا۔ **قلم افشاں** (مذکر) سنہرا قلم۔
قلم امواج (مذکر) ایک قسم کی تحریر جس میں موجیں
سی معلوم ہوتی ہیں۔ **قلم انداز** (صفت) لکھنے میں
چھوڑ جانا۔ نہ لکھنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **قلم برداشتہ**
(صفت) وہ جو قلم لے کر بغیر بہت سوچنے کے لکھا جائے
(لکھنا کے ساتھ) **قلم بنانا** (متعدی) ۱۔ قلم کو تراشنا
۲۔ کنپٹی کے بالوں کو استرے یا قینچی سے کاٹ کر درست
کرنا۔ **قلمبند** (صفت) ۱۔ لکھا ہوا۔ تحریر شدہ ۲۔ بےشمار
ان گنت ۳۔ وہ جو مصور کے قلم پر بال باندھے۔
قلمبند بھوگ یا گالیاں (مونث) بےشمار یا
بےنقط گالیاں۔ **قلمبند سنانا** (متعدی) بے نقط گالیاں
دینا۔ **قلمبند کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) لکھا جانا۔
قلمبندی (مونث) ۱۔ رجسٹر میں اندراج ۲۔ معاہدہ
۳۔ دستخط۔ **قلم پاک** (مذکر) قلم پونچھنے کا کپڑا۔ **قلم
پکڑنا نہیں آتا یا جانتا** لکھنا نہیں جانتا۔ جاہل
ہے۔ **قلم پھر جانا یا پھرنا** (لازم) حکم ہو جانا
قلم پھیر دینا (متعدی) ۱۔ لکھے ہوئے کو مٹا دینا
۲۔ منسوخ کر دینا۔ **قلم پھیرنا** (متعدی) بچے کا استاد
کے لکھے ہوئے پر قلم کو چلانا۔ **قلم تاک** (مونث)
انگور کی لکڑی کا ٹکڑا جو زمین میں گاڑا جاتا ہے۔ **قلمتراش**
(مذکر) قلم بنانے کا چاقو۔ **قلم تراشنا** (متعدی) ترشنا
(لازم) قلم بنایا جانا۔ **قلم توڑ دینا** (متعدی) ۱۔ نہایت
اچھے نظم یا نثر لکھنا ۲۔ قلم سے کوئی بے نظیر کام کرنا ۳۔ قلم
کی نوک توڑ دینا۔ **قلم توڑنا** (متعدی) قلم کی نوک
توڑنا۔ **قلم تیز کرنا** (متعدی) ۱۔ جلد لکھنا ۲۔ لکھنے کی
مشق بڑھانا۔ **قلم ٹوٹ جانا۔ ٹوٹنا** (لازم) قلم
کی نوک ٹوٹ جانا۔ **قلم جاری رہنا یا ہونا**
(لازم) ۱۔ برسرحکومت ہونا۔ **قلم چلانا** (متعدی)
چلنا (لازم) ۱۔ لکھا ہونا ۲۔ حکم ہونا ۳۔ قلم کو لکھنے میں
حرکت ہونا۔ **قلمدان** (مذکر) وہ چھوٹی لمبی
صندوقچی جس میں قلم دوات وغیرہ رکھتے ہیں۔
قلمدان بردار (مذکر) سکریٹری۔ منشی۔ دوات
دار۔ **قلمدان دینا یا عنایت کرنا** (متعدی)
۱۔ عہدہ دینا ۲۔ وزیر بنانا ۳۔ منشی یا سکریٹری بنانا۔
قلمدان سپرد ہونا (لازم) دیوان میر منشی یا وزیر
ہونا۔ **قلمدان وزارت** (مونث) وزیر کا عہدہ
(سپرد کرنا یا ہونا کے ساتھ) **قلم دوات** (مذکر)
خامہ اور سیاہی رکھنے کا ظرف۔ سیاہی اور قلم۔ **قلمرو**
(مونث) ملک۔ سلطنت۔ **قلمرو ہندوستان**
(مونث) ملک ہند۔ **قلم روشن رہے** (دعا)
حکومت بنی رہے۔ **قلمزد کرنا** (متعدی)، **ہونا**
(لازم) لکھے ہوئے کٹ جانا۔ **قلمزن** (مذکر)
لکھنے والا۔ محرر۔ کاتب۔ نقاش۔ **قلم سرب
یا سرمہ یا فرنگی** (مذکر) پنسل۔ **قلم سینہ چاک**
(مونث) نیزے کا قلم۔ چونکہ اس کے بیچ میں شگاف
دیا جاتا ہے۔ **قلم فولاد** (مذکر) لوہے کا قلم۔ انگریزی
قلم جس کے آگے نب لگتی ہے۔ **قلم نکل جانا** (لازم)
لکھا جانا۔ تحریر ہونا۔ **قلمکار** (مذکر) ۱۔ محرر منشی
۲۔ نقاش۔ مصور ۳۔ رکن ۴۔ ایک قسم کا ہافتہ جس پر
طرح طرح کے نقش و نگار بنے ہوتے ہیں۔
قلمکاری (مونث) ۱۔ نقاشی۔ رنگ بھرنا
مصوری ۲۔ مہرکنی ۳۔ کپڑے پر ایک قسم کا کام۔ **قلم کا
یاری دینا** (متعدی) لکھنے کی قوت ہونا۔ **قلم
کان پر رکھنا** (متعدی) منشی کا قلم کو کان اور
سر کے درمیان پھنسانا۔ منشی عموماً ایسا کرتے ہیں۔
قلم کرنا (متعدی)، **کروانا** (دم) ۱۔ کسی عضو کا
کٹوانا ۲۔ درخت کی ٹہنیاں کٹوانا یا چھنٹوانا۔
قلمکشی (مونث) ۱۔ لکھنا ۲۔ قلم کھینچنا۔ **قلم کشیدہ**
(صفت) کٹا ہوا۔ بریدہ۔ **قلم کھینچنا** (متعدی)
۱۔ قلمزد کرنا ۲۔ لکھنے سے باز رہنا۔ **قلم لکھنے سے
قاصر ہونا** (لازم) لکھا نہ جا سکنا۔ **قلم لگانا**
(متعدی) ۱۔ سبز شاخ کاٹ کر زمین میں لگانا ۲۔
ایک شاخ کا دوسری پر پیوند کرنا۔ **قلم لگنا** (لازم)
سبز شاخ کا جڑ نکالنا یا اگنا۔ **قلم لینا** (متعدی) قلم
لگانے کے لئے پھلدار درخت کی شاخ لینا۔ **قلم
مارنا** (متعدی) ۱۔ کاٹ ڈالنا۔ قلمزد کرنا ۲۔ منسوخ
کرنا۔ **قلم میں زور ہونا** (لازم) تحریر کا زوردار

ہونا۔ **قلم نرگس** (مونث) نرگس کی شاخ۔ **قلم نہ اٹھ سکنا** (لازم) لکھا نہ جانا۔ **قلم ہاتھ میں نہ اٹھانا** (متعدی) لکھنے کا ارادہ نہ کرنا۔ **قلم ہونا** (لازم) ۱ کٹنا۔ ترشنا ۲ درخت کی شاخ کا کٹنا۔ **قلموں سے لڑنا** (متعدی) آتشبازی کی قلموں سے لڑائی کرنا۔ **قلمی** (صفت) ۱ ہاتھ کا لکھا ہوا ۲ قلم سے نسبت رکھنے والا۔ قلم کا ۳ قلم کی طرح لمبا ۴ پیوندی کا درخت جس میں قلم لگایا گیا ہو ۵ ایسے درخت کا پھل۔ **قلمی آم** (مذکر) پیوندی آم۔ **قلمی شورہ** (مذکر) صاف کیا ہوا شورہ جس کی سلائیاں سی بنجاتی ہیں۔ **قلمی کرنا** (لازم) لکھنا۔ تحریر کرنا۔ **قلمیں** (مونث) جمع قلم کی **قلمیں بڑھانا** (متعدی) قلموں کو لمبا ہونے دینا یا بڑھنے دینا۔ **قلمیں بنانا** (متعدی) بننا (لازم) **بنوانا** (م) کنپٹی کے بال ترشوانا۔ **قلمیں تراشنا** (متعدی) ترشنا (لازم) **ترشوانا** (م) قلمیں کٹوانا۔ **قلمیں چھوڑنا** (متعدی) قلمیں بڑھانا۔ قلموں کو بڑھنے دینا۔ **قلمیں رکھنا** (متعدی) کنپٹیوں کے بال یا داڑھی کے اوپر کے بال رکھنا۔ **قلمیں کاٹنا** (متعدی) **کٹنا** (لازم) **کٹوانا** (م) قینچی یا استرے سے قلموں کو کٹوا کر خولصورت بنانا۔

مثل۔ قلم اینجا رسید و سر بشکست۔ قلم نے اس جگہ پہنچ کے اپنا سر پھوڑ لیا۔ کوئی غمناک واقعہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

قلماق (ت۔ مذکر) ترکوں کی ایک قوم۔ **قلماقنی** (مونث) ۱ اس قوم کی عورت ۲ وہ عورت جو سپاہیوں کی طرح مسلح شاہی محلات میں چوکی پہرا دیتی تھی۔ اردا بیگنی۔

قلنج (اردو۔ مذکر) قولنج کا مخرب۔

قلندر (ف۔ مذکر) ۱ مسلمانوں میں فقیروں کا ایک فرقہ جو سر اور داڑھی منڈاتا ہے اور بیوی بچوں کو چھوڑ کر جا بجا پھرتا رہتا ہے ۲ اس فرقہ کا ایک فرد ۳ (اصطلاح) وہ شخص جو معتد روحانی ترقی کر گیا ہو۔ کہ اپنے وجود اور تعلقات سے بیخبر ہو کر خدا کی یاد میں مشغول رہے ۴ (صفت) آزاد رند ۵ خیمہ کا قلابہ یا آنکڑیا۔

قلندرا (مذکر) ۱ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۲ خیمہ کا قلابہ۔

قلندرخانہ (مذکر) قلندروں کے رہنے کی جگہ۔ **قلندری** (صفت) ۱ قلندر کا۔ قلندر سے منسوب ۲ (مونث) قلندر کا پیشہ یا کام ۳ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۴ ایک قسم کی چھولداری جس میں قلندر لگاتے ہیں ۵ (ت) ایک سر۔ **قلندریہ** (مذکر) وسط ایشیا مسلمانوں کا ایک فرقہ جس کی بنا قلندر یوسف نے رکھی تھی۔

مثل۔ قلندر ہرچہ گوید دیدہ گوید۔ قلندر جو کچھ کہتا ہے دیکھا ہوا کہتا ہے۔ یہ سنی سنائی بات نہیں آنکھوں دیکھی بات ہے۔

قلو (ف۔ مذکر) ۱ ایک صحرا کا نام ۲ ایک پہاڑ۔

قلوب (ع۔ مذکر) جمع قلب کی۔ دل۔

قلہ (ع۔ مذکر) ۱ پہاڑ کی چوٹی ۲ بڑا سبو چہ ۳ (ف) گھوڑے کا ایک رنگ۔ **قلہ شجرہ** (اردو) اصل میں کلاہ و شجرہ تھا۔ مال و اسباب۔ بوریا بدھنا۔ **قلۂ کوہ** (مذکر) پہاڑ کی چوٹی۔

قلی (ت۔ مذکر) ۱ غلام ۲ (اردو) مزدور۔ وہ شخص جو بوجھ اٹھائے۔ خصوصاً ریل کے سٹیشنوں پر۔ **قلی گری** (مونث) قلی کا پیشہ یا کام۔ مزدوری۔ **قلی گیری** (مونث) قلی گری۔

قلیا (ع۔ مذکر) دیکھو قلیہ۔

قلیا (ع۔ مونث) سورہ الکافرون کیونکہ یہ الفاظ قل یا سے شروع ہوتی ہے۔ **قلیا تمام یا ختم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) خاتمہ ہونا۔ تمام ہونا۔

قلیان (ف۔ مذکر) حقہ۔ گڑگڑی۔ پیچوان۔ **قلیان کشی** (مونث) حقہ پینا۔

قلیب (ع۔ مونث) ایک بحر یا وزن۔

قلیل (ع۔ صفت) ۱ کم۔ تھوڑا ۲ چھوٹا۔ چھوٹے قد کا (قل۔ چھوٹا ہونا) **قلیل الاعتبار** (صفت) جس کا اعتبار تھوڑا ہو۔ بے اعتبار۔ **قلیل البضاعت** (صفت) وہ جس کی پونجی تھوڑی ہو۔ **قلیل القامت** (صفت) چھوٹے قد کا۔ **قلیل و کثیر** (صفت) تھوڑا بہت۔ کم و بیش۔

قلیمیا (ع۔ مونث) حضرت آدم کی ایک لڑکی۔

قلیہ (ع۔ مذکر) ۱ سادہ گوشت گھی میں بھون کر شوربہ دار پکا ہوا ۲ ترکاری پڑا ہوا گوشت ۳ سالن۔ گوشت (قلی۔ پکانا) **قلیہ بنانا** (مت) **پکانا** (متعدی) شوربہ دار گوشت پکانا۔ **قلیہ چپاتی** (مونث) پھلکا گوشت۔ روٹی گوشت۔

قم (ع۔ امر) اٹھ۔ جی اٹھ۔ اٹھ کھڑا ہو (قوم۔ اٹھنا) **قم باذن اللہ** (مذکر) خدا کے حکم سے جی اٹھ۔ کہتے ہیں کہ یہ حضرت عیسے کا معجزہ تھا۔ وہ یہ کلمہ کہ کر مردے کو زندہ کرتے تھے انجیل میں ایک دفعہ واقعہ بیان ہوا ہے۔ **قم باذنی** (مذکر) میرے حکم سے اٹھ۔ حسین بن منصور کے متعلق مشہور ہے۔ کہ وہ یہ کلمہ کہہ کر مردے کو زندہ کر دیا کرتے تھے۔ اس وجہ سے بحکم شرع قتل کئے گئے۔

قمار (ع۔ مذکر) ۱ وہ بازی جو شرط لگا کر کھیلی جائے۔ جوا ۲ دبد ۳ (صفت) بدنصیب (قمر۔ جوا کھیلنا) **قمار باز** (مذکر) جواری۔ جوا کھیلنے والا شخص۔ **قمار بازی** (مونث) جوا کرنا ہونا کے ساتھ) **قمار خانہ** (مذکر) وہ مکان جس میں جوا کھیلا جائے۔ **قمار خانۂ عام** (قانون) وہ مکان جس میں جوا کھیلا جائے اور نال نکلتی ہو۔ **قمار کاغذی** (مذکر) تاش۔ گنجفہ۔ **قمار یار** (صفت) چالاک۔ عیار۔

قماش (ع۔ مذکر) ۱ طرز۔ وضع۔ ڈھنگ ۲ قسم۔ نوع۔ جنس ۳ گنجفے کی ایک بازی ۴ ایک قسم کا ریشم کا کپڑا (قمش۔ کوڑا کرکٹ اکٹھانا)

قمچی (ت۔ مونث) پتلی چھڑی جو جھک جائے۔ **قمچی دکھانا** (متعدی) مارنے کی دھمکی دینا۔ **قمچی کرنا** (متعدی) پنجہ کشوں کی اصطلاح پنجہ کرتے ہوئے ہاتھ کو جھٹکا دینا۔ **قمچی لگانا یا مارنا** (متعدی) چھڑی سے زدوکوب کرنا۔

قمر (ع۔ مذکر) چاند خصوصاً تیسری رات کے بعد۔ پہلی دوسری رات کا ہلال کہلاتا ہے (قمر۔ چمکنا) **قمر پیکر۔ چہرہ۔ شمائل یا صورت** (صفت) حسین۔ خوبصورت۔ **قمر خدم** (صفت) بادشاہوں اور رئیسوں کی صفت۔ **قمر داغ** (بیگمات مذکر) قورمہ۔ **قمر در عقرب** (مذکر) چاند برج عقرب میں منحوس گنا جاتا ہے۔ **قمر طلعت** (صفت) حسین۔

خوبصورت۔ قمر محاق میں آنا (لازم) اسیا کی
راتیں ہونا۔ چاند کا مہینے کے آخری تین دن نظر نہ آنا۔
قمروش (صفت) حسین۔ خوبصورت۔ **قمری**
(صفت) ۱ چاند کا۔ چاند سے منسوب ۲ وہ (سال)
جو چاند کی حرکت کے مطابق ہو جیسے سنہ ہجری **قمرین**
(مذکر تثنیہ) سورج اور چاند۔
قمری (ع۔ مونث) ۱ فاختہ کی قسم کا
ایک پرند۔ شعرا اسے سرو کا عاشق باندھتے ہیں بکتا ہے
عاشق ۲ ایک بھیک مانگنے والی قوم جو اپنے آپ کو حضرت
علی کے غلام قنبر کی اولاد بتاتے ہیں (قمرہ۔ سبزی مائل
سفید ہونا) **قمریاں** (مونث) جمع قمری کی ۲ قمری
قوم کی عورتیں۔
قمع (ع۔ مذکر) توڑنا۔ زخمی کرنا۔
قلع قمع (فصل وقمع میں اردو میں مستعمل ہے (قمع۔
دوسرے کو سر پر مارنا)
قمقام (ع۔ مونث) ۱ تلوار ۲
(مذکر) گہرا سمندر۔ بڑا دریا ۳ قوم کا سردار ۴ بہت
تعداد (قمقم۔ اکٹھا کرنا)
قمقمہ (ع۔ مذکر) ۱ لاکھ کا گولا جس
میں عبیر و گلال بھرتے ہیں (چلانے کے ساتھ) ۲ شیشے کا
گولا جو چھتوں میں لٹکاتے ہیں۔ یہ کئی رنگ کا ہوتا ہے
(لٹکانا۔ لگنا کے ساتھ) ۳ چھوٹا قندیل (جلانا۔ روشن
کرنا ہونا کے ساتھ) (قمقم۔ اکٹھا کرنا)
قمیص (ع۔ مونث مذکر) ۱ پہلا
کرتا ۲ وہ کرتا جس کے کف ہوتے ہیں۔ کندوں اور
گردن پر بٹن ہوتے ہیں۔ بعض وقت کالر بھی ہوتا ہے
کبھی ٹانک لگاتے ہیں۔ اب چھوٹی باہوں کی بھی بننے
لگی ہیں (قمص۔ کرتا پہنانا)
قنات (ع۔ مونث) وہ کپڑے
کی دیوار یا پردہ جو خیمے کے چاروں طرف یا کسی جگہ کو
صحن بنانے کے لئے چاروں طرف بناتے ہیں۔ کپڑے
کی اوٹ۔ **قنات روک دینا۔ کھڑی کرنا۔
کھینچنا یا لگانا** (متعدی) **کھڑی ہونا۔ کھنچنا
یا لگنا** (متعدی) پردے کی دیوار کھڑی کرنا۔ چاروں
طرف کپڑے کا پردہ لگانا۔ **قنات کی دیوار**
(مونث) پردے کی دیوار جو قنات کھڑی کرنے سے
سجاتی ہے۔ **قناتی** (صفت) قنات سے گھرا ہوا

قناتی مسجد (مونث) وہ جگہ جس کے چاروں طرف
قنات کھڑی کر کے نماز پڑھتے ہیں۔
قناد (ع۔ مذکر) قند ساز۔ حلوائی
(ف۔ قند سے)
قنادیل (ع۔ مونث) قندیل کی
جمع۔ **قنادیل فلک** (مونث) ستارے۔
قناعت (ع۔ مونث) جو ملے
اسی پر راضی ہونا۔ حرص سے بچا رہنا۔ اطمینان۔
دلجمعی (کرنا ہونا کے ساتھ) (قنع۔ صابر ہونا)
قناعت گزیں (صفت) وہ جو قناعت کرے
(ہونا کے ساتھ)
**امثال۔ قناعت بڑی
دولت ہے۔** قانع آدمی ہمیشہ خوش رہتا ہے
قناعت تونگر کند مرد را۔ قناعت انسان کو
امیر کرا دیتی ہے۔
قناف (ع۔ صفت) ۱ وہ جس
کی ناک بڑی ہو ۲ وہ جس کی داڑھی بڑی اور گھنی
ہو ۳ وہ جس کا آلہ تناسل بڑا ہو (قنف۔ کیچڑ سے
بھرا ہونا)
قنائیز (اردو۔ مذکر) ایک قسم کا
چکدار ریشمی کپڑا۔
قنبیل (ع۔ مونث) زرد مٹی جو
انتڑیوں کے کیڑوں کو مارتی ہے۔
قنتورہ (ع۔ مذکر) ۱ ایک چھوٹا
کرتا جس پر بٹے ہوئے دھاگے کا کام ہوا ہو ۲ سرخ
کپڑا جو سفری تھیلے پر چڑھائیں ۳ دودھ بلونے کی
متھانی۔
قند (ع۔ مذکر) ۱ سفید شکر۔ کھانڈ
۲ ایک قسم کی دانہ دار مٹھائی ۳ سرخ کے رنگ کا
کپڑا۔ شالباف ۴ (صفت) نہایت شیریں۔
(عربی کھانڈ کا معرب) **قند پارسی** (مونث) ایک
قسم کی لطیف کھانڈ۔ مصری۔ **قند دوبارہ**
(مذکر) دو دفعہ صاف کی ہوئی قند۔ **قند کی
ڈلی** (مونث) مصری کا ٹکڑا۔ **قند گھولنا**
(متعدی) ۱ کھانڈ کو پانی میں حل کرنا ۲ شیریں سخن ہونا
قندلب (صفت) میٹھی باتیں کرنے والا۔ **قند
لبوں سے گھولنا** (متعدی) شیریں سخنی کرنا۔
میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔ **قند مکرر** (مذکر) دیکھو قند

دوبارہ۔ **قند مکرر کا مزہ دینا** (متعدی) بہت
مزہ دینا۔ بہت لطف دینا۔ **قند والا** (مذکر) کھانڈ
بیچنے والا۔
**مثل۔ قندیلیں اور کوئلوں پہ
مہر۔** فضول خرچ بہت ہے اور معمولی باتوں
میں کنجوسی ہے۔
قندک (ف۔ مونث) دھندلی
لالٹین جو چور استعمال کرتے ہیں۔
قندیل (ع۔ مونث) ۱ ایک
قسم کا شیشے کا برتن جس میں موم بتی جلا کر لٹکاتے
ہیں ۲ ایک قسم کا فانوس جس میں چراغ یا لمپ
جلاتے ہیں ۳ کاغذ یا ابرک سے منڈھا ہوا فانوس۔
قندیلا (مونث) بڑا کاغذ یا ابرک کا بڑا فانوس۔
قندیل ترسا (مونث) وہ چراغ جو گرجوں میں
ہر وقت جلتا رہتا ہے۔ **قندیل چرخ** (مونث)
سورج اور چاند۔ **قندیلچی** (مذکر) وہ شخص جو مسجد
میں چراغ جلاتا ہے۔ **قندیل شب** (مونث)
رات کی تاریکی۔ **قندیل عیسےٰ** (مونث) سورج۔
قندیل فلک (مونث) چاند سورج یا ستارہ
قندیل فلک ہو جانا (لازم) بہت اونچا اڑنا۔
قندیل لٹکانا (متعدی) **لٹکنا** (لازم) کسی چیز
سے قندیل کا اوپر کا سرا بندھنا۔
قندیہ (ت۔ مذکر) جزیرۂ کریٹ۔
قنطار (ع۔ مذکر) ایک وزن جو
۴۰ اوقیہ یا ۱۲۰۰ دینار کے برابر ہوتا ہے۔
قنطوریون (یو۔ عس) ایک جانور
جس کا بدن گھوڑے کا اور سر انسان کا تھا۔
قنقل (ف۔ مذکر) کسریٰ کا تاج
قنوت (ع۔ مونث) ایک دعا جو
نماز وتر میں پڑھتے ہیں۔
قو (اردو۔ مونث) ۱ ایک آواز
جو کبوتر باز کبوتروں کو اڑانے کے وقت نکالتے ہیں
۲ پیار سے بچوں کے کان میں کہہ کر انہیں چونکاتے ہیں
(کرنا ہونا کے ساتھ)
قوا (ع۔ مذکر) دیکھو قوےٰ۔
قوارع (ع۔ مذکر) قارعت
کی جمع ۱ مصیبتیں۔ تکلیفیں ۲ قرآن شریف کی سورتیں
جو مصیبت میں بار بار پڑھی جائیں۔

قَوارَہ (ع - مذکر) ۱۔ مضبوط آدمی
کی گردن اور مونڈھے - بدن کی مضبوطی اردو میں
صرف بد قوارہ میں آتا ہے ۲۔ ٹکڑا (قَوَر - ٹکڑا کاٹنا)
قَوارِیر (ع - مذکر) جمع قارورہ کی
قَواعِد (ع - مذکر) جمع قاعدہ کی ۱۔
قاعدے - دستور ۲۔ اصول - ضابطہ - قانون - دستور العمل - گُر ۳۔ (واحد
مونث) صرف ونحو ۴۔ سپاہیوں کا حکم پر کام کرنا - پریڈ
سپاہیوں کی ورزش - **قواعد آنا** (لازم) ۱۔ قاعدے
یا اصول معلوم ہونا ۲۔ صرف ونحو جاننا ۳۔ سپاہیوں
کی قواعد سے واقفیت ہونا **قواعدِ اردو**
(مونث) اردو کا صرف ونحو - **قواعدُ المُبتدی**
(مونث) بچوں کی صرف ونحو کتاب - **قواعد**
پڑھنا (متعدی) صرف ونحو سیکھنا - **قواعد جاننا**
(متعدی) سپاہیوں کی قواعد معلوم ہونا - **قواعد**
داں (صفت) ۱۔ صرف ونحو جاننے والا ۲۔ سپاہیوں
کی قواعد سے واقف - **قواعد دان فوج** (مونث)
وہ فوج جو قواعد جانتی ہو اور حکم پر اکٹھی کام کرے
قواعدِ دین (مذکر) مذہب کے قاعدے یا اصول -
قواعد کرانا - کرنا (متعدی) فوجی ورزش یا مشق
کرنا - **قواعد گاہ** (مونث) فوجی ورزش کا میدان
پریڈ - **قواعد لینا** (متعدی) ۱۔ پریڈ یا فوجی ورزش
کرانا ۲۔ ایسا کام لینا جس میں بار بار اٹھنا بیٹھنا پڑے
قواعد ہونا (لازم) پریڈ یا فوجی ورزش ہونا -
قَوافِل (ع - مذکر) جمع قافلہ کی -
قَوافی (ع - مذکر) جمع قافیہ کی -
قَوّال (ع - مذکر) گویا جو صوفیانہ
یا حقانی چیزیں گائے (قَوَلَ - کہنا) **قوالی** (مونث)
۱۔ قوال کا پیشہ ۲۔ صوفیانہ یا حقانی چیزیں گانا -
قَوالِب (ع - مذکر) جمع قالب
کی -
قِوام (ع - مذکر) شکر یا کھانڈ جو
پانی میں گھول کر پکائی گئی ہو - شیرہ (بنانا - تیار کرنا
بگڑنا وغیرہ کے ساتھ - قُوَم - کھڑا ہونا)
قَوانِین (ع - مذکر) جمع قانون
کی - **قوانینِ فوج** (مذکر) وہ قانون جو فوج پر عائد
ہوں -
قُواے (ع - مذکر) قُوے کے
ساتھ کسرہ آئے تو اس طرح لکھا جاتا ہے - **قواے**
انسانی (مذکر) انسان کی تمام قوتیں - **قواے**
حیوانی (مذکر) وہ قوتیں جو انسان اور حیوان
دونوں میں پائی جاتی ہیں - خیال ہے کہ ان کا تعلق
دل سے ہوتا ہے - جیسے خوشی - غصہ - رنج - محبت
مگر تحقیقات جدید نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ ہر قوت کا
تعلق دماغ سے ہے اور دل صرف خون کو پمپ
کرتا ہے - **قواے طبعی** (مذکر) وہ قوتیں جن کے
متعلق خیال ہے کہ جگر سے تعلق رکھتی ہیں جو یہ ہیں
جاذبہ - ماسکہ - ہاضمہ - واقعہ - مولدہ - نامیہ
دیکھو آخری - **قواے نفسانی** (مذکر) وہ قوتیں
جن کے متعلق خیال ہے کہ دماغ سے تعلق رکھتی ہیں
باصرہ - سامعہ - شامہ - ذائقہ - لامسہ - حس مشترک
خیال - متفکرہ - حافظہ - واہمہ -

قُوَّت (ع - مونث) ۱۔ طاقت
زور - بل - مجال ۲۔ مدد - سہارا ۳۔ سلطنت -
ریاست ۴۔ حس - تمام انسانی قوتوں کا تعلق دماغ
سے ہوتا ہے - اگر دماغ کو خاص جگہ پر صدمہ پہنچے تو
قوت متعلقہ جاتی رہتی ہے (قَوِیَ - مضبوط ہونا)
قوتِ آخذہ (مونث) دل کی طاقت - **قوت**
آزمانا (متعدی) طاقت کی آزمائش کرنا **قوتِ**
بازو (مونث) ۱۔ بازو کی طاقت - زور ۲۔ چھوٹا
بھائی - **قوتِ بازو کے جوہر دکھانا** (متعدی)
کر کی طاقت کا کام کرنا - جیسے شمشیر زنی - نیزہ
بازی - کشتی - **قوتِ باصرہ** (مونث) دیکھنے کی
قوت جس سے رنگوں اور صورتوں میں تمیز ہوتی
ہے یہ آنکھ میں ہوتی ہے **قوتِ باہ** (مونث)
جماع کی قوت - شہوت - یہ خصیوں میں ہوتی ہے -
خصیے کاٹ دیئے جائیں تو یہ جاتی رہتی ہے -
قوتِ بشری (مونث) انسانی طاقت - **قوتِ**
بشری سے خارج ہونا (لازم) انسان کی طاقت
سے باہر ہونا - انسان کے اختیار میں نہ ہونا **قوت**
پذیر (صفت) قوت حاصل کرنے والا (ہونا کے
ساتھ) **قوتِ جاذِبہ** (مونث) جذب کرنے کی
طاقت - کھینچنے کی طاقت - یہ جانداروں کے سوا
بیجان چیزوں میں بھی پائی جاتی ہے خصوصاً بلاٹنگ
پیپر - تولیہ - باریک نالیوں میں ہوتی ہے - **قوت**
جسمانی (مونث) طاقت - بل - **قوتِ حافظہ**
(مونث) یاد رکھنے کی قوت - **قوتِ خیال** (مونث)
دیکھو قوت متخیلہ - **قوتِ دافعہ** (مونث) ہٹانے
اور دفع کرنے یا خارج کرنے کی قوت
جس طرح پاخانہ یا پیشاب نکالنا - پسینہ نکالنا وغیرہ
قوت دینا (متعدی) ۱۔
طاقت بخشنا - زور دینا ۲۔ مدد پہنچانا - **قوت**
ذائقہ (مونث) وہ قوت جو چیزوں کا مزا بتاتی
ہے یہ زبان میں ہوتی ہے - **قوت روحانی**
(مونث) وہ قوت جو روح میں خدا سے تعلق
پیدا کرنے کی ہوتی ہے - **قوتِ سامعہ** (مونث)
سننے کی قوت - وہ قوت جس سے آوازوں کی تمیز
کی جاتی ہے - یہ کان میں ہوتی ہے - **قوت**
شامہ (مونث) سونگھنے کی قوت - یہ ناک
میں ہے - **قوت شہوانیہ** (مونث) قوت
باہ - **قوت لامسہ** (مونث) چھونے اور مس
کرنے کی قوت جو تمام اعضا میں پائی جاتی ہے - مگر
سر انگشت - ناک اور زبان کی نوک میں بہت ہے
قوتِ ماسکہ (مونث) محفوظ رکھنے والی
قوت خصوصاً جو غذا کو معدے میں محفوظ رکھے
قوت متخیلہ (مونث) وہ قوت جو محسوس چیزوں
کی صورتوں کو ذہن میں محفوظ رکھتی ہے - **قوت**
متصرفہ (مونث) تصرف کرنے والی قوت -
بعض صورتوں کو بعض معانی کے ساتھ نسبت
دینے والی قوت - **قوت متصورہ** (صفت)
تصور کرنے یا سوچنے کی قوت - **قوتِ محرکہ**
(مونث) حرکت کرنے کی طاقت - **قوت**
مدرکہ (مونث) دریافت کرنے اور معلوم کرنے
کی قوت - سمجھ - **قوت معدہ** (مونث) ہضم
کرنے کی طاقت - **قوت ممیزہ** (مونث) ہر چیز کا
فرق دریافت کرنے کی قوت - **قوتِ مولدہ**
(مونث) بچہ پیدا کرنے کی قوت - **قوتِ نامیہ**
(مونث) بڑھنے کی قوت - **قوتِ واہمہ**
(مونث) وہ قوت جس سے انسان سوچتا ہے -
قوتِ ہاضمہ (مونث) کھانے کو تحلیل کرنے کی
قوت -

مثل - قوت تھوڑی منزل
بہت - کام مشکل ہے -

قُوت (ع - مذکر) خوراک
کھانا - روزی - خورش (قَوَتَ - پالنا) **قوت**
بسری (مونث) برا بھلا کھا کر گزارہ کرنا -
قوتِ لایموت (مذکر) اس قدر خوراک
جو زندگی قائم رکھنے کے لئے کافی ہو -

مثل۔ قوت تھوڑی منزل بہت ۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو اپنی طاقت سے زیادہ کام اپنے ذمہ لے۔

قور (ت۔ مونث) ۱ سلاح۔ ہتھیار۔ زرہ ۲ خاصے کا ہاتھی ۳ فیتہ جو کپڑوں کے حاشئے پر لگاتے ہیں۔ **قور بیگی** (مذکر) سلاح خانے کا داروغہ۔ **قورچی** (مذکر) ہتھیار بند سپاہی **قورخانہ** (مذکر) اصلاح خانہ۔ میگزین۔ وہ جگہ جہاں ہتھیار رکھتے ہیں۔

قور (ع۔ مونث) ناخن کی کور **قوروں** (مونث) قور کی جمع حروف وغیرہ سے پہلے۔ **قوروں کا پھٹنا** (لازم) ناخنوں کی جڑ سے ریشہ نکلنا۔

قورق (ت۔ مذکر) ۱ شکارگاہ ۲ چنڈول ۳ (صفت) ممنوع۔ حرام۔

قورمہ (ت۔ مذکر) گوشت پکا ہوا جس میں ترکاری نہ ہو۔ مگر مسالے پڑے ہوئے ہوں۔ نان پلاؤ کا لازمہ ہے۔ **قورمہ پلاؤ اڑانا** (متعدی)، **اڑنا** (لازم) دھوتیں کھائی جانا۔ خوب کھایا پیا جانا۔

مثل۔ قورمہ (ایسا) ویسا بھی دال سے اچھا ہوتا (بہتر) ہے۔ شریف مفلس بھی کمینے سے اچھا ہوتا ہے۔

قوز (ف۔ صفت) جھکا ہوا ٹیڑھا **قوز پشت** (صفت) کبڑا۔ کبجا۔

قوس (ع۔ مونث) ۱ کمان ۲ دائرے کا وہ حصہ جو وتر اور محیط دائرے کے کسی حصے سے گھرا ہوا ہو ۳ ایک برج آسمان کا۔ دھن (قوس۔ کبڑا ہونا)، **قوسِ اندرونی** (مونث) کمان کا اندرونی دائرہ یا مجوف حصہ۔ **قوسِ بیرونی** (مونث) کمان کا بیرونی دائرہ یا گنبد دار حصہ۔ **قوسِ قزح** (مونث) دھنک یا رنگین کمان کی شکل جو آسمان پر بارش ہو چکنے کے بعد سورج نکلنے پر نظر آتی ہے آفتاب کی شعاعیں جب بارش کے باریک قطروں میں سے گذرتی ہیں تو پھٹ کر سات رنگ پیدا کرتی ہیں جن سے روشنی مرکب ہوتی ہے۔ اس کے ظہور کے لئے تین باتوں کا ہونا ضروری ہے۔ بارش کا ہونا دھوپ کا نکلنا۔ دیکھنے والے کا آفتاب اور مینہ کے درمیان ہونا۔ یہ ہمیشہ سورج کے مقابل میں پیدا ہوتی ہے اور اس لئے گول ہوتی ہے کہ اصل میں سورج کی شکل پر ہوتی ہے۔ نچلا حصہ زمین پر پڑنے کی وجہ سے دکھائی نہیں دیتا۔ بعض دفعہ ایک دوسرے کے اندر تین تین چار چار نظر آتی ہیں۔ **قوس نما** (صفت) قوس کی شکل کا۔ محرابدار۔ **قوسی** (صفت) محرابدار۔

قوق (ع۔ مذکر) ۱ مرغی کی آواز ۲ ایک یونانی قیصر کا نام۔ **قوقیہ** (مذکر) وہ سکہ جس پر قیصر قوق کی تصویر ہو۔

قول (ع۔ مذکر) ۱ بات۔ مقولہ کہاوت ۲ وعدہ۔ اقرار۔ عہد ۳ وہ پند و نصائح یا اشعار جو قوال گاتے ہیں ۴ ایک راگ جو امیر خسرو کی ایجاد ہے ۵ اقرار نامہ جس کے بموجب سرکار کو مالگزاری ادا کرتے ہیں (قولَ۔ کہنا) **قول پر مٹھی کھلنا** (متعدی) وعدہ کرنا۔ کسی بات پر رضامند ہونا۔ **قول توڑنا** (متعدی) ۱ وعدہ خلافی ہونا ۲ بات رد کرنا۔ **قول دینا** (متعدی) وعدہ کرنا۔ عہد کرنا۔ **قول سے پھرنا** (لازم) وعدہ خلافی کرنا۔ عہد شکنی کرنا۔ **قول صالح** (مذکر) پختہ وعدہ۔ **قولِ فیصل** (مذکر) فیصلہ کن بات۔ **قول قرار** (مذکر) عہد و پیمان۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **قول قلبانہ** (مذکر) ایک قسم کا گیت۔ **قول کا پکا یا پورا** (صفت) بات کا سچا یا پکا۔ وہ جو کہے کرے۔ **قول کا چھلا** (مذکر) ۱ ایک چھلا جس میں دو پنجے مصافحہ کرتے ہوئے بنے ہوتے ہیں ۲ وہ چھلا جو ایک دوست دوسرے کو دے۔ **قول کی تائید کرنا** (متعدی) دوسرے کی بات کی تصدیق کرنا۔ **قول لینا** (متعدی) اقرار یا عہد لینا۔ **قولنامہ** (مذکر) اقرار نامہ۔ **قول و فعل** (مذکر) بات اور کام گفتار و کردار ۲ رنگ ڈھنگ۔ طور و طریق۔ **قول و قرار۔ قسم** (مذکر) عہد و پیمان (کرنا ہونا کے ساتھ) **قول ہارنا** (لازم) عہد کرنا۔ وعدہ کر کے اس کا پابند ہونا۔

مثل۔ قولِ مرداں جان دارد۔ دیانتدار آدمی کی بات پتھر کی لکیر ہوتی ہے۔ مردوں کو بات کا پاس ہوتا ہے۔

قولنج (ع۔ مذکر) انتڑیوں کا شدید درد اور نفخ کر کے ن۔

قوم (ع۔ مونث) ۱ فرقہ۔ ذات ۲ نسل۔ خاندان ۳ گروہ آدمیوں کا (قَوْمَ۔ کھڑا ہونا۔ جمع اقوام۔ قومیں) **م دار** اچھی نسل کا۔ **قومِ فیل** (مونث) اصحاب فیل۔ ابرہا کی فوج **قومِ لوط** (مونث) ۱ حضرت لوط کی قوم ۲ مجازاً لونڈے باز۔ **قومِ موسےٰ** (مونث) بنی اسرائیل یہودی۔ **قومِ یونس** (مونث) نینوہ کے باشندے **قومی** (صفت) قوم سے منسوب۔ قوم کا۔ **قومیت** (مونث) نسل۔ ذات۔ اصل۔

قومہ (ع۔ مذکر) نماز میں رکوع کے بعد کھڑا ہونا (قَوْمَ۔ کھڑا ہونا)

قونسل۔ قونسول (انگ۔ مذکر) ۱ سفیر۔ مختار ایک سلطنت کا جو دوسری سلطنت میں رہے ۲ وکیل۔ مشیر قانونی (کونسل ایس ای کے ساتھ) ۳ نصیحت۔ مشورہ ۴ مجلس شوریٰ (کونسل سی آئی کے ساتھ)

قوی (ع۔ صفت) ۱ طاقتور۔ توانا۔ زور آور۔ بلی ۲ مضبوط۔ مستحکم ۳ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام (قَوِیَ۔ مضبوط ہونا) **قوی الجثہ** (صفت) موٹا تازہ۔ قوی ہیکل ہٹا کٹا۔ **قوی بازو۔ بال۔ پنجہ یا دست** (صفت) مضبوط۔ طاقتور۔ زور آور۔ **قوی بخت** (صفت) خوش قسمت۔ **قوی تن** (صفت) مضبوط بدن۔ **قوی جثہ** (صفت) دیکھو قوی الجثہ۔ **قوی دل** (صفت) بہادر۔ شجاع۔ **قوی ہیکل** (صفت) دیکھو قوی الجثہ

قوے (ع۔ مذکر) ۱ عقل۔ سمجھ شعور ۲ قوت کی جمع۔

قویل (ع۔ مذکر) قول کی تصغیر غیر معمولی۔ غلط۔ گھٹیا یا عام لفظ۔

قہار (ع۔ صفت) ۱ بڑا قہر کرنے والا ۲ زبردست۔ غلبہ حاصل کرنے والا (فوج کے لئے) ۳ زوردار۔ تیز (دریا کے لئے) ۴ (مذکر) خدا تعالےٰ کا نام (قَہَرَ۔ غلبہ پانا) **قہاری** (صفت) قہار کا خدا کا جیسے غضب قہاری۔

قہاقا (اردو۔ مذکر) قہقہا (مت)

قہر (ع۔ مذکر) ۱ غصہ۔ غضب

خشم۔ ناراضگی ۲ جوش۔ جذبہ۔ ولولہ ۳ مشکل کام ۴ غلبہ۔ زبردستی ۵ بلا۔ آفت۔ مصیبت ۶ ظلم۔ تعدی ۷ چالاک۔ آفت کا پرکالہ ۸ فسادی۔ شرارتی ۹ تیز۔ برا ۱۰ طرح دار۔ وضعدار۔ خوبصورت حسین ۱۱ نامناسب بات یا فعل ۱۲ عجیب۔ انوکھا ۱۳ بے حد بہت (قَہَر۔ غلبہ پانا) **قہراً** (تف) زبردستی۔ جبر سے۔ مجبور کر کے۔ عموماً جبراً کے ساتھ **قہر آمیز** (صفت) غصے سے بھرا ہوا۔ **قہر الٰہی** (مذکر) خدا کا غضب۔ بلائے آسمانی۔ **قہر توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) خدا کا غضب نازل ہونا آفت آنا۔ **قہر ٹوٹی** (صفت۔ مونث) عو۔ بدبخت بدنصیب کمبخت۔ **قہر ٹوٹے** (بد دعا) آفت گرے۔ مرے **قہر ڈھانا** (متعدی) کسی پر کوئی آفت لانا۔ **قہر قیامت ہونا** (لازم) ۱ شوخ ہونا ۲ شرارتی یا فسادی ہونا۔ **قہر کا** (صفت) ۱ آفت کا بلا کا۔ غضب کا ۲ کسی چیز کی کثرت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **قہر کا سامنا** (مذکر) قہر کا مقابلہ۔ قہر ٹوٹنا۔ **قہر کرنا** (متعدی) ۱ غضب کرنا ۲ بے جا حرکت کرنا ۳ ظلم کرنا۔ زیادتی کرنا ۴ انوکھا کام کرنا۔ **قہر کی آنکھ سے دیکھنا** (متعدی) غصے سے دیکھنا **قہر نازل ہونا** (لازم) غضب اترنا۔ **قہرناک** (صفت) ۱ غضبناک۔ سخت غصے ۲ بہت برا۔ بہت تیز۔ **قہر و غضب سے جلا دینا** (متعدی) غصے میں برباد کر دینا یا مار ڈالنا۔ **قہر ہونا** (لازم) آفت کا پرکالہ ہونا۔ **قہری** (صفت) غصہ والا **قہریہ** (صفت) ظلم کے ساتھ زبردستی کا۔

مثل۔ قہر درویش برجان درویش۔ غریب کا غصہ اپنی ہی جان پر اترتا ہے

قَہرمان (ف۔ مذکر) ۱ زبردست بہادر۔ شجاع جس پر کوئی فتح نہ حاصل کر سکے ۲ ایک ایرانی پہلوان کا نام ۳ قوت۔ طاقت۔ اختیار ۴ بدی کی طاقت۔ اہرمان ۵ حاکم۔ منتظم۔

قَہقَری (ع۔ مونث) ۱ پیچھے ہٹنے والا۔ پچھلے پاؤں چلنے والا (قَہقَر۔ پیچھے ہٹنا) مضحکہ کرنا۔ ہنسی میں اڑانا۔

قہقہوں (ع۔ مذکر) قہقہہ کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **قہقہوں میں اڑانا** (متعدی)

قَہقَہہ (ع۔ مذکر) آواز سے ہنسنا کھلکھلا کر ہنسنا۔ زور کی ہنسی۔ **قہقہہ دیوار** (مونث) دیکھو دیوار قہقہہ۔ **قہقہہ شیشہ** (مذکر) قلقل مینا۔ شراب کی بوتل کی آواز۔ **قہقہہ صبح** (مذکر) صبح کا ہونا بغیر ابر کے۔ **قہقہہ کرنا** (متعدی) قہقہہ لگانا (مست) **قہقہہ گل** (مذکر) پھول کا کھلنا۔ **قہقہہ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) مضحکہ اڑنا۔ کٹھٹھے ہونا ۲ مینا کی آواز نکلنا۔ **قہقہہ مارنا** (متعدی) قہقہہ لگانا

قہقہے (مذکر) ۱ قہقہہ کی جمع ۲ بجائے قہقہہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **قہقہے اڑانا** (متعدی) **اڑنا** (لازم) مضحکہ اڑنا۔ **قہقہے چہچے کی باتیں ہونا** (لازم) ہنسی مذاق کی باتیں ہونا۔ آپس میں چہل پہل ہونا۔ **قہقہے لگانا** (متعدی) مضحکہ اڑانا **قہقہے مچنا** (لازم) بے حد ہنسی ہونا۔ لوگوں کا بہت ہنسنا

قَہہ قَہہ (ع۔ مذکر) ۱ کھل کھلا کر ہنسنے کی آواز ۲ طوس کے ضلع میں ایک علاقہ۔

قَہوَہ (ع۔ مذکر) ۱ ایک پودہ ۲ ایک تخم کا نام جس کو بھون کر پیستے ہیں اور چائے کی طرح جوش دے کر پیتے ہیں (قہو شراب پینا) **قہوہ خانہ** (مذکر) قہوے کی دوکان وہ جگہ جہاں لوگ جمع ہوتے ہیں اور قہوہ پیتے ہیں **قہوہ دان** (مذکر) قہوے کا برتن۔

قے (ع۔ مونث) ۱ منہ کے رستے پیٹ میں سے کھانے کا نکل آنا ۲ استفراغ۔ متلی ۳ وہ چیز جو پیٹ میں سے نکل آئے۔ **قے آنا** (لازم) استفراغ ہونا۔ متلی ہونا (قَیا۔ قے کرنا) **قے آور** (صفت) قے لانے والا۔ **قے کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) استفراغ ہونا۔ **قے و دست** (مذکر) بیماری جس میں استفراغ بھی ہو اور دست بھی آئیں۔ ہیضہ

قِیادَت (ع۔ مونث) رہبری ہدایت (قَوْد۔ گھوڑے کو لگام سے پکڑ کر لیجانا)

قیاس (ع۔ مذکر) ۱ تصور۔ گمان ۲ اندازہ۔ اٹکل۔ جانچ (قَیس۔ ماپنا۔ اندازہ کرنا) **قیاساً** (تف) اندازے سے۔ **قیاس استثنائی** (مذکر) منطق میں قضیہ بالشرط۔ **قیاس استقرائی** (مذکر) منطق میں قضیہ مکمل۔ **قیاس دوڑانا** (متعدی) خیال دوڑانا۔ سوچنا۔ **قیاس سے باہر** (صفت) ۱ بے شمار۔ بے حد ۲ سمجھ سے باہر۔ **قیاس کرنا** (متعدی) اندازہ لگانا۔ **قیاس مع الفارق** (مذکر) قیاس کرنا ایک چیز کا دوسری چیز پر جب ان میں کوئی مناسبت نہ ہو۔ **قیاسی** (صفت) خیالی۔ وہمی۔ ذہنی۔ **قیاسی بات** (مونث) اٹکل پچو بات۔

مثل۔ قیاس کن زگلستان من بہار مرا۔ ابتدائی حالت سے آئندہ کی حالت کا اندازہ کرو۔

قَیاصِرَہ (ع۔ مذکر) جمع قیصر کی

قِیافہ (ع۔ مذکر) ۱ شکل۔ صورت چہرہ ۲ مشابہت ۳ (علم) وہ علم جس سے انسان کے خط و خال وغیرہ سے اس کی عادتوں اور خصلتوں کا اندازہ کیا جاتا ہے (قَوْف۔ قدم بہ قدم چلنا) **قیافہ دان یا شناس** (صفت) علم قیافہ سے واقف۔ **قیافہ دانی یا شناسی** (مونث) علم قیافہ سے واقفیت۔

قِیام (ع۔ مذکر) ۱ نماز میں کھڑا ہونا ۲ سکونت۔ ٹھیرنا ۳ ٹھیراؤ ۴ استقلال۔ پائیداری (قَوْم۔ کھڑا ہونا) **قیام پذیر یا پذیر** (صفت) ۱ مقیم۔ وارد۔ فروکش ۲ دیرپا (ہونا کے ساتھ) **قیام کرنا** (لازم) اترنا۔ ٹھیرنا۔ فروکش ہونا۔ **قیام و قعود و رکوع و سجود** (مذکر) نماز کی ساری حالتیں۔

قیامَت (ع۔ مونث) ۱ روز جزا۔ روز محشر۔ وہ دن جب تمام جاندار مر جائینگے ۲ مصیبت۔ آفت ۳ ہنگامہ۔ شورش ۴ مدت دراز۔ ہمیشہ ۵ ظلم۔ اندھیر ۶ انوکھی بات۔ عجیب بات ۷ (صفت) شوخ۔ چلبلا ۸ بیحد۔ بکثرت۔ کمال ۹ دشوار۔ مشکل ۱۰ غضبناک۔ خشمناک ۱۱ برا مضر ۱۲ تعریف تعجب یا مبالغے کے لئے ۱۳ بیتابی اور بےچینی ظاہر کرنے کے لئے ۱۴ فتنہ انگیز۔ فسادی۔ (قَوْم۔ کھڑا ہونا) **قیامت آنا** (لازم) مصیبت پڑنا۔ بلا نازل ہونا۔ آفت آنا۔ **قیامت اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) شور مچنا۔ شور و غل ہونا۔ شورش پھیلانا۔ ہنگامہ برپا کرنا **قیامت بپا یا برپا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ غضب ہونا۔ ستم ہونا ۲ مصیبت آنا۔ آفت آنا ۳ فتنہ اٹھنا۔ شرارت ہونا ۴ غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔ **قیامت پر (اٹھا) رکھنا** (متعدی) ۱ وعدے کا ایفا مدت مدید پر چھوڑنا ۲ خدا کے انصاف

پرچھوڑنا ۳ قیامت کے دن کے لئے رکھنا۔ **قیامت پرقیامت** (مونث) مصیبت پر مصیبت۔ تکلیف پر تکلیف۔ آفت پر آفت (ڈھانا۔ گزرنا لانا۔ ہونا وغیرہ کے ساتھ) **قیامت پڑنا** (لازم) یکلخت مصیبت آنا۔ **قیامت پیشہ۔ پیکر یا خرام** (صفت) معشوق کی تعریف۔ **قیامت توڑنا** (متعدی) ۱ ظلم کرنا۔ ستانا ۲ بہت غصہ ہونا **قیامت ٹوٹنا یا ٹوٹی ہونا** (لازم) ۱ حشر برپا ہونا۔ شامت آنا ۲ بے حد خفگی۔ یا ناراضگی ہونا **قیامت ٹھیرنا** (لازم) ۱ مصیبت آنا۔ آفت آنا ۲ غضب ہونا۔ **قیامت خیز** (صفت) قیامت اٹھانے والا یا پیدا کرنے والا۔ **قیامت ڈھانا** (متعدی) ۱ غضب کرنا۔ آفت توڑنا ۲ شرارت کرنا۔ فتنہ اٹھانا ۳ سخت ناراض ہونا ۴ مصیبت لانا۔ حشر برپا کرنا۔ **قیامت زا** (صفت) غضب کا۔ آفت کا۔ **قیامت زار** (مذکر) ۱ میدانِ حشر ۲ آفت یا مصیبت کی جگہ۔ **قیامت سے کم نہ ہونا** (لازم) غضب کا ہونا۔ **قیامت کا** (صفت) ۱ غضب کا ۲ فتنہ انگیز۔ شرارتی ۳ آفت ڈھانے والا۔ **قیامت کا آنا** (لازم) دیر سے آنا۔ بہت انتظار کرا کر آنا۔ **قیامت کا دامن** (مذکر) بہت بڑا یا وسیع۔ **قیامت کا سامان برپا ہونا** (لازم) بیحد شور و غل ہونا۔ قیامت کی علامت ظاہر ہونا۔ **قیامت کبریٰ** (مونث) سخت مصیبت (برپا ہونا کے ساتھ) **قیامت کرنا** (متعدی) ۱ ظلم کرنا۔ ستم ڈھانا ۲ برا کرنا۔ غضب کرنا ۳ فتنہ برپا کرنا۔ شرارت کرنا ۴ خفا ہونا ناراض ہونا ۵ چیخنا۔ چلانا۔ شور مچانا ۶ عجیب کام کرنا۔ **قیامت کی** (صفت) ۱ بے حد۔ بے انتہا ۲ مشکل۔ دشوار۔ **قیامت کے آثار** (مذکر) ۱ وہ نشانیاں جو قیامت سے پہلے نظر آئیں گی دابۃ الارض کا نکلنا۔ دجال کا آنا۔ یاجوج ماجوج کا خروج کرنا۔ بہت مشہور ہیں ۲ سخت مصیبت سخت ہنگامہ (ان معنوں میں پانا دیکھنا نظر آنا کے ساتھ) **قیامت کی بات ہے** غضب ہے۔ **قیامت کی گھڑی** (مونث) مشکل کا وقت کٹھن گھڑی۔ **قیامت کے بورئیے سمیٹنا** (لازم) عرصۂ دراز تک زندہ رہنا۔ **قیامت گزرنا** (لازم) ۱ آفت آنا۔ مصیبت آنا ۲ مصیبت کا سامنا رہنا۔ **قیامت لانا** (متعدی) ۱ آفت برپا کرنا۔ بلا میں پھنسانا ۲ فساد کرنا ۳ اودھم مچانا۔ شور و شر کرنا۔ **قیامت مچانا** (متعدی) **مچنا** (لازم) ۱ ظلم ہونا ۲ آفت آنا ۳ شور ہونا ۴ خفا ہونا ۵ کہرام مچنا۔ **قیامت ہو جانا** (لازم) ۱ برا ہونا۔ زہر ہونا۔ غضب ہو جانا۔ **قیامت ہونا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ مشکل ہونا۔ دشوار ہونا ۳ مصیبت ہونا۔ آفت ہونا ۴ ہنگامہ برپا ہونا۔ شور و شر ہونا ۵ کہرام مچنا ۶ نہایت شریر ہونا۔ شوخ ہونا۔ **قیامت ہے** ۱ آفت ہے۔ بلا ہے۔ شوخ ہے ۲ نہایت حسین ہے۔ خوبصورت ہے ۳ ظلم ہے۔ اندھیر ہے ۴ شور ہے۔ غوغا ہے ۵ افسوس ہے۔ دریغ ہے

قَیتُول (ف۔ مذکر) ۱ قلعہ۔ حصار ۲ چھاؤنی۔

قَید (ع۔ مونث) ۱ اسیری۔ بند ۲ روک۔ پابندی ۳ شرط (قید۔ روکنا) **قید اٹھا یا اڑا دینا** (متعدی) پابندی یا شرط دور کر دینا **قید الم سے آزاد (رہا) ہونا** (لازم) رنج و غم سے چھوٹنا۔ مصیبتوں سے بچنا۔ **قید با مشقت** (مونث) وہ سزا جس میں کوئی سخت کام لیا جائے **قید بلا مشقت** (مونث) قید محض۔ **قید بھرنا یا بھگتنا** (متعدی) دیکھو قید کاٹنا۔ **قید پانا** (لازم) اپنے آپ کو اسیر دیکھنا۔ **قید تنہائی** (مونث) تنہا رہنے کی سزا۔ ہندوستان میں بعض دفعہ قید سخت کے ساتھ ملزموں کو یہ سزا بھی دی جاتی ہے۔ **قید خانہ** (مذکر) جیل خانہ۔ **قید سخت** (مونث) وہ قید جس میں مشقت ہو۔ **قید سے چھٹنا یا چھوٹنا۔ رہا ہونا۔ رہائی پانا** (لازم) رہا ہونا۔ اسیری سے آزاد ہونا۔ **قید شدید** (مونث) سخت قید۔ وہ قید جس میں ہتھکڑیاں بیڑیاں پڑی ہوں۔ **قید فرنگ** (مونث) سخت قید۔ جس سے رہائی مشکل ہو۔ **قید قفس** (مونث) پنجرے کی قید۔ **قید کرنا** (متعدی) ۱ اسیر کرنا۔ بند کرنا ۲ گرفتار کرنا ۳ پابند کرنا۔ روکنا ۴ کسی چیز کا لازم کرنا۔ **قید گراں** (مونث) سخت قید۔ **قید لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ شرط لگنا ۲ پابند ہونا ۳ لازم ہونا۔ **قید محض** (مونث) وہ قید جس میں مشقت نہ ہو۔ **قید میں مبتلا ہونا** (لازم) اسیر ہونا۔ قید ہونا۔ **قید ہونا** (لازم) قید کرنا کا **قیدی** (صفت) ۱ اسیر۔ مقید۔ گرفتار ۲ پابند ۳ (مذکر) وہ شخص جسے قید کی سزا ہوئی ہو۔

قِیر (ع۔ مذکر) ۱ رال ۲ ایک قسم کا روغن جو جہازوں پر لگایا جاتا ہے۔ **قیر اندود یا واد** (صفت) وہ جس پر قیر چھڑکا گیا ہو۔ **قیر گوں** (صفت) سیاہ فام۔

قِیراط (ع۔ مذکر) ایک وزن جو درہم کے بارھویں حصے کے برابر ہوتا ہے اور جواہرات کے تولنے میں کام آتا ہے۔

قَیس (ع۔ مذکر) ۱ مقابلہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔ جانچنا ۲ ایک قبیلے کا جد اعلےٰ ۳ ایک قبیلہ ۴ لیلےٰ کا عاشق ۵

قَیطُون (ت۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی دری اور ریشم کی بٹی ہوئی ڈوری ۲ ایک قسم کی باریک پیچک۔ عوام کتون کہتے ہیں۔

قِیف (ع۔ مذکر) ٹین یا شیشے کا برتن اس شکل کا ۔ اس سے بوتلوں میں رقیق چیز آسانی سے بھری جاتی ہے۔ عوام پیک کہتے ہیں۔

قِیفال (ع۔ مذکر) ایک رگ۔

قِیق (ع۔ مونث) چیخ۔ عربی میں فتح سے ہے (مارنا کے ساتھ)

قَیل (ع۔ مذکر) قیلولہ۔

قِیل (ع۔ ماضی مجہول) ۱ کہا گیا۔ اردو میں صرف قیل و قال میں استعمال ہوتا ہے۔ قَول۔ کہنا۔ **قیل و قال** (مونث) ۱ گفتگو۔ بات چیت ۲ بحث مباحثہ۔ تکرار (رہنا۔ کرنا ہونا کے ساتھ)

قِیل (ف۔ مذکر) ایک صحرا

قَیلولہ (ع۔ مذکر) ۱ کھانا کھانے کے بعد لیٹنا ۲ دوپہر کو سونا (کرنا ہونا کے ساتھ) (قَیل دوپہر کو سونا)

قِیمت (ع۔ مونث) ۱ دام۔ مول ۲ مرتبہ۔ قدر (قوم۔ کھڑا ہونا) **قیمت اٹھنا یا پانا** (لازم) بکنے پر قیمت تجویز ہونا۔ **قیمت ٹھیرانا** (متعدی) **ٹھیرنا** (لازم) قیمت مقرر ہونا **قیمت چکانا** (متعدی) **چکنا** (لازم) قیمت کا فیصلہ ہونا۔ **قیمت طے ہونا** (لازم) قیمت

مقرر ہونا۔ **قیمت کا توڑ کرنا** (متعدی) قیمت طے کرنا۔ **قیمت کا فیصلہ ہونا** (لازم) قیمت طے ہونا۔ **قیمت کا نام رکھنا** (متعدی) بیچنے والے کا دام بتانا۔ **قیمت کرنا** (متعدی) دام چکنا۔ قیمت طے کرنا۔ **قیمت گرا دینا** (متعدی) ۱ دام کم کرنا ۲ بے وقعت کر دینا۔ **قیمت گرا کے لینا** (متعدی) کم قیمت پر لینا۔ **قیمت گر جانا یا گرنا** (لازم) دام کم ہونا۔ **قیمت لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) خریدار کی طرف سے چیز کی قیمت مقرر ہونا۔ **قیمت مقرر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) خریدار اور بیچنے والے کے درمیان داموں کا فیصلہ ہونا۔ **قیمتی** (صفت) ۱ بیش قیمت۔ بیش بہا ۲ عمدہ نفیس۔

قیمہ (ف - مذکر) ریزہ ریزہ کیا ہوا گوشت۔ **قیمہ بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) گوشت کا ریزہ ریزہ ہونا۔ **قیمہ پلاؤ** (مذکر) ایک قسم کا پلاؤ۔ **قیمہ شوربا** (مذکر) ایک قسم کا شوربہ۔ **قیمہ قیمہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ **قیمہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ٹکڑے ہونا۔ ریزے ہونا۔

قینچا (اردو - مذکر) باغبانوں کی بڑی قینچی۔

قینچی (ت - مونث) ۱ ایک آلہ جو کپڑے کترنے کے کام آتا ہے۔ اس میں لوہے کے دو چپٹے ٹکڑے درمیان میں کیل سے اس طرح جڑے ہوتے ہیں کہ پھر سکیں۔ ایک طرف انگلیاں ڈالنے کے لئے دو سوراخ بنے ہوتے ہیں اور دوسری طرف نوکیں نکلی ہوئی ہوتی ہیں۔ نوکوں کی طرف کے حصے اندر کی طرف سے تیز کئے جاتے ہیں تاکہ کپڑے کو کاٹ سکیں۔ مقراض کترنی ۲ لوہے کی آڑی ترچھی سلاخیں جو مکان یا احاطہ کے گرد بطور جنگلے کے لگاتے ہیں ۳ وہ آڑی ترچھی لکڑیاں جن پر کھپریل کا ٹھاٹھر رکھتے ہیں۔ کوئی دو چیزیں جو اس طرح لگائیں۔ **قینچیاں** (مونث) جمع قینچی کی۔ **قینچیاں بنا دینا** (متعدی) **بن جانا** (لازم) اختلاط میں ٹانگوں کا ٹانگوں میں اڑنا۔ **قینچی باندھنا** (متعدی) ۱ حریف کی دونوں ٹانگوں میں ٹانگیں ڈال کر مجبور کر دینا ۲ دو چیزوں کو اس طرح اوپر تلے رکھنا کہ قینچی کی شکل بن جائے۔ **قینچی بجانا** (متعدی) مقراض کے پھلوں کو یونہی ہلانا۔ یہ منحوس سمجھا جاتا ہے۔ **قینچی چلانا** (متعدی) ۱ کترنا ۲ درزی کا پیشہ کرنا۔ **قینچی سی (کی طرح) زبان چلنا** (لازم) بہت باتیں کرنا۔ **قینچی کرنا** (متعدی) ٹانگوں میں ڈبوچ کر حریف کی دونوں بغلوں سے ہاتھ نکال کر گردن تھام لینا اور پچھاڑ نا ٹانگ کی لپیٹ سے چت کر دینا۔ **قینچی لگانا** (متعدی) ۱ کترنا۔ کاٹنا ۲ ترچھی الٹ داٹ لگانا ۳ قلم کرنا۔

قیود (ع - مذکر و مونث) جمع قید کی ۱ شرطیں ۲ زنجیریں۔ **قیودِ خاص** (مذکر) خاص خاص شرطیں۔

قیّوم (ع - صفت) ۱ قائم رہنے والا۔ دائم ۲ مستحکم۔ استوار۔ مضبوط ۳ لاثانی۔ بے نظیر۔ بے مثل ۴ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام (قَوَمَ - کھڑا ہونا)

ک

ک (ہ - مذکر) تلفظ کاف ۱ اردو کا اٹھائیسواں فارسی کا چھبیسواں اور عربی کا بائیسواں حرف ہے ۲ دیوناگری رسم الخط کا پہلا وینجن ہے ۳ اور پہلا کورگ ہے ۴ اسے کاف تازی یا عربی یا کلمن بھی کہتے ہیں ۵ ابجد میں اس کے بیس عدد مقرر کئے گئے ہیں ۶ اردو ہندی میں ابتدائے لفظ میں مفتوح آکر نقص کے معنی اور مضمون آکر خلاف کے معنی دیتا ہے۔ جیسے کپوت - کراہ ۷ اخیر لفظ میں تصغیر کے جیسے بالک - ڈھولک ۸ اور نسبت کے واسطے آتا ہے جیسے گاہک ۹ استفہامیہ الفاظ کے شروع میں آتا ہے۔ جیسے کب - کون - کیا ۱۰ فارسی میں تصغیر کے لئے جیسے پسرک ۱۱ حقارت کے لئے جیسے مردک - ۱۲ ترحم کے لئے جیسے ما لک - طفلک ۱۳ کہ کی بجائے جیسے کیت جو کہ تو کا مخفف ہے - **عربی میں** - مثل مانند کے معنوں میں شروع لفظ میں جیسے کالعدم - کالنقش ۱۴ آخر میں تیرا یا تجکو کے معنوں میں جیسے سلام علیک - **ککار** (ہ) حرف یا آواز ک - **کورگ** (ہ) حلقی حروف جن میں سے کَ پہلا ہے -

کَ (ع - حرف جار) مانند - مثل - طرح - **کالانعام** (تف) چوپایوں کی طرح - **کالاوّل** (تف) جیسا پہلے - پہلے کی طرح - جیسا شروع میں - **کالعدم** (تف) نہ ہونے کے مانند - نیست - ناپید - ہیچ - باطل - (جاننا - کرنا ہونا کے ساتھ) **کاَنَہ** (تف) جیسا کہ وہ تھا - جیساکہ - **کما** (تف) جیساکہ - مثل - مانند اس کے - **کمافی الاول** - جیساکہ اصل میں یا شروع میں (تھا) **کماحقہٗ** ۱ جیساکہ یہ حقیقت میں ہے یا ہونا چاہئے ۲ ٹھیک - درست - ٹھیک طریقے پر - **کماہی** یا **ہیہٖ** ۱ جیساکہ معاملہ ہے ۲ (مونث) کسی چیز کی اصلی حالت - **کماینبغی** دیکھو ملاحظہ

مثل - کالنقش فی الحجر - پتھر پر لکیر - بہت پکا -

کَ (س - میرا سنسکرت) ۱ کون ۲ ایک دیوتا

کُ (ہ - صفت) الفاظ کے پہلے آکر بُرے ناقص گھٹیا کے معنی دیتا ہے - **کبچن** (مذکر) بری بات - ذلیل بات - **کبدھی** (صفت) ۱ بیوقوف ۲ شریر ۳ (مونث) بیوقوفی ۴ بدچلنی - **کبھاگی** (صفت) بدنصیب - **کبھاؤ** (مذکر) ۱ بری طبیعت ۲ برا برتاؤ - **کپتر** (مذکر) نالائق بیٹا - **کپوت** (مذکر) ۱ نالائق بیٹا ۲ برا بیٹا ۳ (صفت) نافرمانبردار - ناہنجار - **کجات** (صفت) نیچ قوم کا - کمینہ - **کچال** (صفت) ۱ بدچلن ۲ (مونث) بدچلنی ۳ نافرمانی ۴ ضد - **کچیلا** (صفت) جس نے میلے یا پھٹے پرانے کپڑے پہنے ہوں - اردو میں میلا کچیلا کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے - **کڈھب** (صفت) ۱ بے ڈھب ۲ بدشکل ۳ بدتمیز ۴ جاہل - گنوار ۵ (مذکر) بدتمیزی ۶ بدچلنی - **کراہ** (مونث) ۱ برا راستہ ۲ بدراہی - گمراہی - **کریت** (مونث) بری رسم - برا رواج - **کسنگت** (مونث) بری صحبت - **کمایا** (مونث) ۱ سختی ۲ غصہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **کویلا** (مونث) بیوقت - بے موسم - ناموزوں وقت -

امثال واقوال - کچال سنگ

پھرنا آپ موت میں مرنا - بدچلن کے ساتھ پھرنا گندگی میں گرنے کے برابر ہے - **کچال سنگ ہانسی جیو جان کی پھانسی** - بدچلن کے ساتھ ہنسی مذاق کرنا - مرنے کے برابر ہے -

کا (ہ - حرف اضافت) مفصلہ ذیل کیفیتیں ظاہر کرنے کو استعمال ہوتا ہے ۱ قبضہ یا ملکیت جیسے اس کا گھر ۲ نسبت یا لگاؤ جیسے دل کا مال ۳ رشتہ ظاہر کرنے کو جیسے محمود کا بھائی ۴ اصل یا ماخذ جیسے باجے کا سُر ۵ ساخت یا مادہ جیسے پتھر کی کوٹھی ۶ قسم یا کیفیت جیسے سیاہ رنگ کا گھوڑا ۷ سبب یا علت جیسے قسمت کا ہیٹا - گرمی کا مارا ۸ قیمت جیسے دو آنے کا فالودہ ۹ عمر جیسے برس پندرہ یا کہ سولہ کا سن ۱۰ وضاحت کے لئے جیسے برسات کا موسم ۱۱ استعمال جیسے شراب پینے کا گلاس ۱۲ لائق یا قابل ہونے کے معنوں میں جیسے کپڑے دھونے کا صابون پینے کا پانی ۱۳ تعلق ظاہر کرنے کو جیسے اس کا کام ۱۴ مصدر کے بعد آکر مستقبل کے معنی پیدا کرتا ہے - اس صورت میں نفی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے اور مصدر کا الف یائے سے بدلجاتا ہے جیسے نہیں آنے کا - مگر یہ اب متروک ہے -

کا (ہ - استفہام) کچی زبان میں کس کون یا کیا کی بجائے - **کاپر** (تف) کس لئے -

مثل - کاپر کروں سنگار - پیا مورآندھر - خاوند میرا اندھا ہے کس کے لئے سنگار کروں - بے فائدہ کام سے کچھ حاصل نہیں ہوتا -

کابر (ہ - صفت) ۱ میلا - بھونسلا - خاکستری ۲ دھبے دار - داغدار ۳ (مذکر) ایک قسم کی زمین جس میں مٹی اور ریت ملے ہوتے ہیں ۴ وہ پرند جس کے بدن پر دھبے یا داغ ہوں -

کابِر (ع - صفت) ۱ بڑا - کبیر ۲ مشہور (کبر - بڑا ہونا)

کابرا (ہ - مذکر) ایک قسم کا کبوتر -

کابس (ہ - مونث) **کابِش** (ہ) وہ مٹی جس سے ہنڈیوں پر پوچا کرتے ہیں (س - کپش کبورا)

کابُک (ف - مذکر) ۱ کبوتروں کا صندوق یا دڑبا ۲ وہ کپڑے کا گدا - جس پر روٹیاں رکھ کر تنور میں لگاتے ہیں -

کابل (افغانستان) ۱ ایک صوبہ ۲ افغانستان کا دارالخلافہ (۱۰۰) ۳ ایک دریا ۳۰۰ میل لمبا ہے اور اٹک کا معاون ہے **کابلی** ۱ کابل کا ۲ (مذکر) کابل کا باشندہ ۳ ایک کبوتر جو بہت بلند اور دیر تک اڑتا رہتا ہے ۴ ایک قسم کا مٹر **کابلی مٹر** (مذکر) ایک قسم کا مٹر جو بڑا اور سفید رنگ کا ہوتا ہے - **کابلی مٹی** (مونث) دیکھو ملتانی مٹی -

امثال واقوال - کابل سے

مغل بھٹے بولن لاگے بانی آب آب کر مرگئے سرہانے دھرا رہا پانی - دیکھو آب آب کر مرگئے الخ - **کابل میں کیا گدھے نہیں ہوتے** - جہاں اچھے ہوتے ہیں وہاں برے بھی ہوتے ہیں - جہاں عقلمند ہوتے ہیں - وہاں بیوقوف بھی ہوتے ہیں - **کابل میں میوہ بھئے برج میں بھئے کریل** - برج جسے ہندوا پھل سمجھتے ہیں وہاں کریر کا درخت ہوتا ہے اور کابل جسے وہ برا سمجھتے ہیں وہاں میوے پیدا ہوتے ہیں -

کابلا (ہ - مذکر) ڈھبری - ایک قسم کا بڑا پیچ -

کابُوس (ع - مذکر) ۱ ڈراونا خواب ۲ ایک بیماری جس میں انسان کو خواب میں معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے اس کو دبا لیا ہے (کبس - گھیرلینا)

کابین (ف - مذکر) وہ روپیہ جو

شوہر نکاح کے وقت بیوی کو دینے کا اقرار
کرتا ہے - مہر - **کابین نامہ** (مذکر) مہر کی دستاویز
کابینہ (ف - مذکر) مجلس وزرا
(انگ کیبنیٹ - فرکابینے)

کاپی (انگ - مونث) ۱ نقل ۲ مسودہ
۳ چند سِئے ہوئے سادہ ورق ۴ نسخہ - جلد - **کاپی**
اٹھنا (لازم) لکھے ہوئے حرف ابھرنا - **کاپی**
بک (مونث) دیکھو کاپی ۳ - **کاپی رائٹ** (مذکر)
حق تصنیف، و تالیف و ایجاد - **کاپی کرنا**
(متعدی) **ہونا** (لازم) نقل ہونا - **کاپی نویس**
(مذکر) ۱ نقل کرنے والا شخص ۲ کاتب - خوشنویس -

کات (ہ - امر) کاتنا کا ۲ (س کرت
دھاگا بنانا) کاتا (ماضی) ۱ کاتنا کی ۲ (صفت) کاتا
ہوا ۳ بانس کاٹنے کا چھرا (ان معنوں میں کاٹنا
سے ہے) **کاتنا** (متعدی) چرخے کے ذریعے سے
روئی یا اون سے تار یا دھاگا نکالنا - **کاتی** (مونث)
۱ کاتنے والی عورت ۲ سناروں کا ایک اوزار کا
نام جس سے تار کاٹتے ہیں ۳ بارود کی کپی (آخری
دو معنوں میں کاٹنا سے)

امثال و اقوال - کاتا اور لے
دوڑی (عو) جلد باز یا اس کی نسبت جو روز نیا
مشغلہ نکالے کہتے ہیں - **کاتنا تو آتا نہیں پونی**
بیلنے لگی - کاتنا تو نہیں آتا پونیاں بانٹنی
آگئیں (عو) ناواقف کا کام میں دخل دینے پر
کہتے ہیں - **کاتا سوت پر تین کو - پکی روٹی**
جڑیا دے کو (مثل) کاتے ہوئے سوت کو اٹیرتی
ہے - اور پکی ہوئی روٹی کھاتی ہے - اس کے متعلق
کہتی ہیں جو آسان کام کرے - **کاتن میٹھی دیا**
بالے - دن کھو یا آلے بالے - اچھا وقت
کھو کر بے وقت کام شروع کیا -

کاتب (ع - مذکر) ۱ کتابت کرنیوالا
شخص - لکھنے والا شخص ۲ خوش نویس - کاپی نویس
۳ نقل نویس - کلرک ۴ (صفت) عالم - فاضل ۵
ستارہ عطارد (کتب - لکھنا) **کاتب ازل**
یا ازلی (مذکر) خدا تعالے - **کاتب اعمال**
(مذکر) اعمال لکھنے والا - فرشتہ - **کاتب الحروف**
(مذکر) لکھنے والا خط یا کتاب کا - **کاتب تقدیر**
جان یا قدرت (مذکر) خدا تعالے - **کاتب**
چلیپی (مذکر) دیکھو ناجی خلیفہ - **کاتب رومی**
(مذکر) دیکھو علی بن حسین - **کاتب سِتر** (مذکر)
پرائیویٹ سیکرٹری - **کاتب وحی** (مذکر) حضرت
عثمانؓ کا لقب -

کاتبی (ف - مونث) ایک قسم کی
نصف بازوؤں کی واسکٹ - **کاتبی سبور**
(مونث) ایک قسم کا خلعت جس پر سمور لگا ہوا ہوتا

کاتر (س - صفت) ۱ بزدل - ڈر
پوک ۲ حلیم ۳ گھبرایا ہوا - پریشان ۴ بزدل ۵
(مذکر) بزدل آدمی ۲ ایک قسم کی بڑی مچھلی -

کاتک (ہ - مذکر) ہندوؤں کا
ساتواں مہینہ - سردیوں کے شروع میں آتا ہے
(س کارتک - کرتکا سے جو ایک نچھترہ ہے اس
مہینے میں بدر اس میں ہوتا ہے) **کاتک کی کتیا**
(مونث) فاحشہ عورت -

امثال و اقوال - کاتک بات
کہا تک - اگھن جولے اودھن - پوس کونے
گھوس - ماگھ تا تا تل باڑھے - پھاگن گوڑے
کاڑھے (مثل) کاتک میں بات کہنے میں دن
جاتا ہے - اگھن میں دن بہت چھوٹا ہوتا ہے -
پوس میں جاڑا شدت سے پڑتا ہے - ماگھ میں دن
بڑھنے لگتا ہے اور پھاگن میں کچھ بڑا ہو جاتا ہے - **کاتک**
جو آنور سے تلے کھائے - گتم سمرت بیکنٹھ
جائے - یہ ہندوؤں کے تیوہار آنولا اکادشی کی
طرف اشارہ ہے - کاتک میں آنولے کے تلے بیٹھ کر
کھانا بہت مفید ہے - **کاتک کتیا ماہ بلائی**
چیت میں چڑیا بیساکھ (سدا) **لگائی** -
کاتک میں کتیا - ماگھ کے مہینے میں بلی چیت میں
چڑیا جفت ہونے کے لئے تیار ہوتی ہے عورت
بروقت -

کاٹ (ہ - امر) ۱ کاٹنا کا ۲ (مونث)
تلوار کی برش - ان معنوں میں بعض دفعہ مذکر بھی استعمال
ہوتا ہے ۳ زخم - گھاؤ ۴ خراش ۵ دشمنی - بیر ۶ برائی
بدی ۷ نقصان پہنچانا ۸ کتر بیونت ۹ تراش ۱۰ ٹکڑا ۱۱
دفعیہ ۱۲ پانی سے دریا کا کنارہ اڑ جائے - ڈھا ۱۳
تیزی - روانی ۱۴ رستہ ۱۵ منی جو نیچے بیٹھ جائے ۱۶ جھوٹ
۱۷ جھوٹ - بہتان - افترا ۱۸ دانتوں کی کاٹی ہوئی چیز
(س کرت - کاٹنا) **کاٹا** (صفت) ڈسا ہوا - کاٹا ہوا -
کاٹ پھانس (مونث) ۱ عیاری - چالاکی ۲ اجرت
امانت یا حق میں کمی بیشی ۳ چغلخوری - لگائی بجھائی ۴
غبن (آنا کرنا ہونا کے ساتھ) **کاٹ جانا** (متعدی)
۱ تراشنا - دو ٹکڑے کرنا ۲ دانتوں سے زخم کرنا ۳
ڈنک مارنا - **کانٹ چھانٹ** (مونث) ۱ کتر بیونت
قطع برید ۲ تراش خراش ۳ ترمیم ۴ پودوں کو کاٹنا ۵
تصحیح کرنا ۶ کٹی ہوئی چیز جو نکمی ہو ۷ حساب میں کمی بیشی
(کرنا ہونا کے ساتھ) **کاٹ دوڑنا** (متعدی)
غصے میں جواب دینا - **کاٹ دینا** (متعدی) ۱
دیکھو کاٹنا - **کاٹ ڈالنا** (متعدی) ۱ قلمزد کرنا ۲
قطع کرنا - دو ٹکڑے کر دینا - کاٹ کر علیحدہ کر دینا -
کاٹ قبالہ (مذکر) ۱ شرطیہ کام ۲ خرطیہ دستاویز
جس کے بموجب اگر چیز کی قیمت خاص وقت تک
واپس نہ کی جائے تو فروخت مکمل ہو جائے گی -
کاٹ کر الٹ جانا (لازم) سانپ کاٹ کر
جب تک الٹے نہیں زہر زخم میں داخل نہیں ہوتا
کاٹ کرنا (متعدی) ۱ تراشنا - کاٹنا ۲ نقصان
پہنچانا ۳ زخم ڈالنا ۴ توڑ کرنا ۵ اثر کرنا ۶ جواب دینا -
تردید کرنا ۷ پانی کا زمین کو کاٹ کر بہنے کے لئے رستہ
بنالینا - **کاٹ کوٹ** (مونث) ۱ کترن - چھانٹ
۲ کمی بیشی - کاٹ چھانٹ - **کاٹ کوٹ کرکے**
(ق) وضع کرکے - کمی بیشی کرکے - **کاٹ کھانا**
(متعدی) ۱ دانتوں سے کاٹنا - دانتوں سے زخم کرنا
ڈسنا ۲ ڈنک مارنا ۳ کسی چیز کے ذکر کا ناگوار ہونا ۴
نقصان پہنچانا - **کاٹ کھانے کو دوڑنا** (متعدی)
۱ تند مزاجی سے پیش آنا - غصے سے بولنا ۲ برا معلوم
ہونا - تکلیف دینا - **کاٹ لینا** (متعدی) ۱ کاٹ کر
جدا کر دینا ۲ دانتوں سے کاٹ کر علیحدہ کر دینا - **کاٹنا**
(متعدی) ۱ کسی اوزار یا ہتھیار سے کسی چیز کے
ٹکڑے کرنا ۲ قتل کرنا - گردن مارنا ۳ درخت چھانٹنا
شاخ قلم کرنا ۴ درخت کو جڑ کے پاس سے دو ٹکڑے
کر دینا ۵ تراشنا - چھانٹ اتارنا ۶ قینچی سے کاٹنا -
کترنا ۷ دانتوں سے علیحدہ کرنا ۸ دانتوں سے زخمی کرنا -
ڈسنا ۹ ڈنک مارنا ۱۰ چیرنا - پھاڑنا ۱۱ پسو کھٹمل وغیرہ کا
بدن سے خون چوسنا ۱۲ کیڑے کا کاغذ یا کپڑے کو کھانا
۱۳ گھاؤ ڈالنا - زخم کرنا ۱۴ دور کرنا - چھوڑنا ۱۵ اڈو رکی
رگڑ سے انگوا کاٹنا ۱۶ تردید کرنا ۱۷ جسم میں چبھنا ۱۸ (بدن
کے عضو) تن سے جدا کرنا ۱۹ (سر) قتل کرنا - گردن مارنا
۲۰ (وقت وغیرہ) مجبوری سے بسر کرنا ۲۱ (قید، بھگتنا
۲۲ (راہ) مسافت طے کرنا ۲۳ (راستہ) آگے سے چلا جانا -
بیچ میں سے نکل جانا بلی یا کتے کا - مسافت طے کرنا ۲۴

(جھگڑا) چکانا۔ فیصلہ کرنا۔ ۵ (سڑک) کاٹ کر نکالنا۔ ۶ (نہر، دریا میں سے نکالنا۔ ۷ (پانی) نہر یا دریا کا پانی
کاٹ کر لینا۔ پانی چوری سے لے لینا۔ ۸ (فصل گھاس
وغیرہ) دروکرنا۔ ۹ (تنخواہ وغیرہ) منہا کرنا۔ وضع
کرنا۔ ۱۰ (نام وغیرہ) موقوف کرنا۔ قلمزد کرنا۔ ۱۱ (بات)
بیچ میں بولنا۔ ۱۲ (رنگ) رنگ اتارنا۔ سفید کرنا۔ ۱۳
گاڑی (ریل کی گاڑی) ٹرین سے علیحدہ کرنا۔ ۱۴ (گنجفہ)
تاش ہاتھ سے پتوں کو دو حصوں میں تقسیم کرنا۔ ۱۵ مال
چوری کرنا یا نکال لینا۔ ۱۶ جھاڑی صاف کرکے زمین
نکالنا۔ ۱۷ لکڑی کے تختے بنانا۔ لکڑی چیرنا۔ **کاٹنی**
(ھ) کاٹنا۔ کٹائی۔ ۲ پتوں کو دو حصے کرنا۔ **کاٹنی
بندی** (ھ) کاٹنا اور گٹھے باندھنا۔ **کاٹنے (کو)
دوڑنا** (لازم) ۱ تکلیف دینے کو تیار ہونا۔ ۲
ناگوار گزرنا۔ ۳ اجاڑ معلوم دینا۔ ۴ مہیب معلوم
دینا۔ **کاٹو تو بدن میں خون نہیں تھا۔ کاٹو
تو خون (لہو) نہیں (بدن میں)** صدمے
خوف یا دھک سے رہ جانے کے موقع پر بولتے ہیں۔
کانی (صفت) کٹی ہوئی۔ **کانی انگلی پر نہ موتنا**
(متعدی) ذرا بھی ہمدردی نہ کرنا۔ **کاٹے کھانا**
(لازم) ۱ نہایت ناگوار گزرنا۔ ۲ غصہ کرنا۔ خفا ہونا۔
کاٹے گا (طنزاً یا استہزا کے طور پر) جب کوئی کمزور
آدمی غصہ دکھاتا ہے تو کہتے ہیں۔ **کاٹے نہ کٹنا**
(لازم) ۱ دوبھر ہو جانا۔ ۲ مشکل ہونا۔

امثال و اقوال۔ کاٹنے والے کو

تھوڑا بٹورنے والے کو بہت۔ جو کام کرے
اسے تھوڑا جو باتیں بنائے اسے بہت مل جاتا ہے۔
**کاٹے ہاتھ (ہاتھ) نام تلوار کا۔ لڑے
فوج نام سردار کا۔ کاٹے تلوار نام
سپاہی کا۔ کاٹے ہاتھ نام تلوار کا۔** کارندوں
کی کارگزاری سے بڑے آدمیوں کی نیک نامی ہوتی
ہے۔ **کاٹے کا منتر نہیں۔** دیکھو ان کے کاٹے الخ۔
کاٹے کٹے نہ (ٹالے ٹلے) مارے مرے۔
نہایت سخت جان ہے۔

کاٹھ (ہ۔ مونث) ۱ لکڑی۔ ۲ وہ
لکڑی کا کندہ جس میں دو یا چار سوراخ ہوتے ہیں
اور بیچ میں سے لمبائی کے رخ دو ٹکڑے ہو جاتا
ہے۔ ملزموں کے پاؤں سوراخوں میں دے کر
دونوں طرف سے بند کر دیتے ہیں۔ ملزم ۔۔۔
۔۔۔ رہتا ہے۔ ہل نہیں سکتا۔ عموماً مشتر ۔۔۔

ملزموں کو بٹھا دیتے تھے تاکہ لوگ ان کی یہ حالت
دیکھ کر عبرت پکڑیں (س کاشٹھ)۔ **کاٹھ چبانا** (متعدی)
عسرت میں گزارہ کرنا۔ تنگی سے بسر کرنا۔ **کاٹھڑا**
(مذکر) لکڑی کا برتن یا کونڈا۔ **کاٹھ کا** (صفت)
لکڑی کا بنا ہوا۔ **کاٹھ کا الو** (صفت) بہت
بیوقوف۔ **کاٹھ کا گھوڑا** (مذکر) ۱ لنگڑے
آدمی کی لاٹھی۔ ۲ لکڑی کا گھوڑا۔ ۳ تابوت۔ **کاٹھ کباڑ**
(مذکر) گھر کا اسباب۔ سامان خانہ داری۔ **کاٹھ
کٹول بانسلی** (مونث) بچوں کے ایک کھیل کا
نام جس میں آنکھیں بند کرتے اور لکڑی کو چھوتے
پھرتے ہیں۔ جہاں کوئی لکڑی سے علیحدہ ہوتا ہے
چور اسے پکڑ لیتا ہے اور پھر وہ چور بن جاتا ہے۔
کاٹھ کوڑا چلنا (لازم) کاٹھ میں دینے اور کوڑے
مارنے کا اختیار ہونا۔ زور چلنا۔ صاحب حکومت
ہونا۔ **کاٹھ کی کھمبو** (صفت) بیوقوف عورت۔
کاٹھ کی تلوار (مونث) لکڑی کی تلوار۔ **کاٹھ
کیڑا** (مذکر) گھن۔ **کاٹھ کی گھوڑی** (مونث)
جنازہ ہندو کا تابوت۔ **کاٹھ کے گھوڑے دوڑانا**
(متعدی) فضول باتیں بنانا۔ **کاٹھ کی ہانڈی یا
ہنڈیا** (مونث) ۱ لکڑی کی ہانڈی۔ ۲ کنایتاً نازک
چیز۔ **کاٹھ مارنا** (متعدی۔ غف) **کاٹھ میں
پاؤں پڑنا** (لازم) ٹھوکنا۔ دینا یا ڈالنا (متعدی)
۱ پاؤں میں کاٹھ ۲ ڈالنا۔ ۳ آگے چلنے سے روکنا۔
کاٹھ ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ بے حس و حرکت
ہو جانا۔ ۲ چپ چاپ ہو جانا۔ ۳ سخت ہو جانا۔

امثال و اقوال۔ کاٹھ چھیلو تو

چکنا۔ بات چھیلو تو مرکھڑی۔ لکڑی کو چھیلو تو
چکنی ہوتی ہے۔ بات کو چھیلا جائے تو کرخت ہوتی
ہے۔ **کاٹھ کا گھوڑا لوہے کی زین۔ جس پر
بیٹھے لنگڑا دین۔** لنگڑوں کی طرف اشارہ ہے۔
کاٹھ کا گھوڑا نہیں چلتا۔ دیکھو کاٹھ کی ہانڈی
الخ۔ **کاٹھ کاٹنے سے کٹتا ہے۔** کوئی کام کرنے
سے پورا ہوتا ہے۔ **کاٹھ کی تلوار (کاٹ نہیں
کرتی) کیا کاٹ کرے گی۔** کمزور تدبیر
سے کام نہیں چلتا۔ **کاٹھ کی مورنی اور چندن
ہار۔** بدشکل ہو کر بناؤ سنگار۔ **کاٹھ کے گھوڑے
دوڑاتے ہیں۔** فریب دیتے ہیں۔ **کاٹھ کی
ہانڈی (ہنڈیا) بار بار (دوبارہ) نہیں
چڑھتی۔ کاٹھ کی ہانڈی چڑھے نہ دوجے
بار۔** جھوٹ یا فریب ہمیشہ کامیاب نہیں ہوتا۔

کاٹھ (انگ۔ مونث) کارٹ کا
مخرب۔ گاڑی۔ **کاٹھ میل** (مذکر) میل کارٹ۔
ڈاک کی گاڑی۔

کاٹھک (ھ۔ صفت) ۱ لکڑی کا
۲ ہندوؤں کی رسومات کی ایک کتاب کا نام۔

کاٹھی (ہ۔ مونث) ۱ لفظی معنی لکڑی
۲ گھوڑے کی زین چونکہ اس کے نیچے لکڑی ہوتی
ہے۔ ۳ تلوار کی نیام یا میان۔ غلاف۔ ۴ جسم۔ بدن
۵ شکل۔ صورت۔ **کاٹھی باندھنا۔ دھرنا
یا کسنا** (متعدی) گھوڑے پر زین کس کر سواری
کے لئے تیار کرنا۔ **کاٹھی خالی کرنا** (متعدی)
ایک فن سواری کا۔ زین کو چھوڑ کر رکاب کی
طرف آ جاتے ہیں اور حریف کا وار خالی جاتا ہے۔
کاٹھی گر (صفت) تلوار کا غلاف بنانے والا۔

کاج (د۔ مذکر) ۱ کام۔ کار۔ ۲ ضیافت
جو کسی بڑے بوڑھے آدمی کے مرجانے پر ہندوؤں
میں کرتے ہیں (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ ۳ کام کے
ساتھ استعمال ہوتا ہے (س کاریک)۔ **کام کاجن**
(صفت) کام کرنے والا۔ **کاجے** (ھ) ۱ مطلب کے
لئے۔ ۲ وجہ سے۔

مثل۔ کاجن کاج نہ بھکاری

بھیک۔ کسی کو فائدہ نہیں۔

کاجر (ھ) **کاجل** (ہ۔ مذکر) چراغ
کی سیاہی جو برتن چراغ کے اوپر رکھ کر جمع کی جاتی
ہے۔ اور سرمہ کی طرح آنکھوں میں لگاتے ہیں (س
کجلن)۔ **کاجل آڑانا** (متعدی) **اُڑنا** (لازم)
۱ کاجل کا نشان اتار دینا۔ کاجل صاف کر دینا۔ ۲
کاجل پارنا۔ **کاجل پارنا** (متعدی) چراغ کی
لو پر برتن رکھ کر کاجل اکٹھا کرنا۔ **کاجل پھیلنا**
(لازم) کاجل کا آنکھوں میں زیادہ ہو جانا۔ **کاجل
دینا** (متعدی) آنکھوں میں کاجل لگانا۔ **کاجل کا
تل** (مذکر) سیاہ خال جو نظر بد سے بچانے کے لئے
بچوں کے اور خوبصورتی کے لئے معشوقوں کے
رخساروں پر بناتے ہیں۔ **کاجل کی تحریر کھینچنا**
(لازم) آنکھوں میں کاجل لگانا۔ **کاجل کی کوٹھڑی**
(مونث) ۱ بدنامی کا گھر۔ عیب لگنے کا مقام۔ ۲ وہ
مقام جہاں کاجل بنایا جائے۔ **کاجل گھلانا** (متعدی)
گھلنا (لازم) **لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) آنکھوں

ہیں کاجل خوبصورتی کے لئے دیا جاتا۔

امثال و اقوال۔ کاجل (تو سب لگاتے ہیں) سب کو دینا آتا ہے پر چتون بھانت بھانت ۔ کاجل سب آنکھوں میں لگاتے ہیں۔ مگر کسی کسی کو بھلا معلوم دیتا ہے۔ **کاجل کی کجلوٹی اور پھولوں کا سنگار** ۔ بدصورت بناؤ سنگار کرے تو مذاقاً کہتے ہیں۔ **کاجل کی کوٹھڑی میں (دھبے کا ڈر) جو جائے گا اسے (ٹیکا) دھبا ہی لگے گا** ۔ بری جگہ جانے والا ضرور بدنام ہوگا۔ **کاجل گیا بھوڑیا نر پڑے ہی ہے** ۔ کاجل لینے بھار گئے ہیں اور دلہن انتظار کرتی ہے۔ اس وقت کہتے ہیں جب کسی بات کا انتظار ہے۔

کاجو بھوجو (ہ۔ صفت) کاغذ اور بھوج پتر کا مخفف۔ نازک۔ دبلا پتلا (عو)

کاچکوری (ھ۔ مونث) ۱ ایک پودہ ۲ کوانچ یا کونچ کا درخت۔

کاچھ (ہ۔ مونث **کاچھا** (ھ۔ مذکر) ۱ دھوتی کا وہ حصہ جو پیچھے گھرسا جاتا ہے ۲ جانگیا۔ لنگوٹی۔ دھوتی۔ سکھوں کا کچھ۔ چھوٹی دراز ۳ زانو کے اوپر کا حصہ۔ جانگھ ۴ لباس ۔ بھیس ۵ چوتڑ ۶ چھوٹا اور اونچا لہنگا (س۔ ککش) **کاچھ یا کاچھا باندھنا یا کسنا** (متعدی) ۱ جانگیا یا لنگوٹا پہننا ۲ ستر ڈھانکنا۔ **کاچھ کاچھنا یا کچھنا** (متعدی) ۱ کاچھ پہننا ۲ روپ بھرنا۔ بھیس بدلنا۔ لباس بدلنا۔ **کاچھ کھولنا** (متعدی) ۱ ننگا ہوجانا ۲ بے شرم ہوجانا۔ بدلحاظ ہو جانا ۳ عورت کو رکھنا۔ مجامعت کرنا ۴ آزار بند کھولنا۔ **کاچھن** (مونث) کاچھی قوم کی عورت۔ **کاچھنا** (متعدی) ۱ کاچھ باندھنا ۲ (مذکر) کاچھ۔ **کاچھنی** (مونث) ۱ ایک کپڑا جو کاچھ کے بدلے پر باندھا جائے ۲ کاچھ۔ کاچھنا۔ **کاچھی** (مذکر) ۱ ہندوؤں کی ایک قوم جو مالی کا کام کرتی ہے ۲ ہندو کنجڑا ۳ اس قوم کا ایک فرد۔

کاچھنا (ہ۔ متعدی) ۱ افیون نکالنا پوست کے ڈوڈے سے ۲ عطر یا چکنائی کا پانی سے اتار نا یا نکالنا ۳ اکٹھا کرنا۔ باندھنا (س کرش کھینچنا) ۴ دیکھو کاچھ کے تحت میں۔

کاچی (ف ۔ مونث) ۱ دودھ میں بھگوئی ہوئی روٹی ۲ ایک قسم کی مٹھائی۔

کاخ (ف ۔ مذکر) ۱ محل ۔ قصر۔ بلند عمارت ۲ مینار ۔ گنبد ۳ فصیل ۔ برج ۴ اوپر کی چھت ۵ ایک شہر خراسان میں۔ **کاخِ ماہ** (مذکر) ۱ پہلا آسمان جہاں چاند ہے ۲ برج عقرب **کاخِ مشتری** (مذکر) ۱ چھٹا آسمان ۲ برج قوس۔ برج حوت۔

کادَر (ھ۔ صفت و مذکر) بزدل ۔ ڈرپوک۔ **کادرائی۔ کادری** (مونث) ڈر۔ خوف ۔ بزدلی۔

کادَو۔ کادو (ھ۔ مذکر) ۱ کیچڑ۔ دلدل ۲ نرم مٹی ۳ مٹی جو دریا چھوڑ جائے ۔

کاڈ (انگ ۔ مونث) ایک قسم کی مچھلی جس کے جگر کا تیل تپ دق کے مریضوں کو دیتے ہیں

کاڈمیم (انگ ۔ مذکر) ایک دھاتی عنصر جو پانی سے ۸ گنا بھاری ہے ۔

کاذب (ع ۔ صفت) ۱ جھوٹا ۔ دروغ گو ۔ مفتری ۲ نقلی۔ لغو۔ بیہودہ ۔ باطل کذب۔ جھوٹ بولنا) **کاذبہ** (صفت مونث) ۱ جھوٹی عورت ۲ جھوٹ ۔

کار (ف ۔ مذکر) ۱ کام ۔ کاج ۔ شغل۔ دھندا ۲ ہنر۔ پیشہ ۔ صنعت ۳ زراعت کھیتی باڑی ۴ لڑائی ۔ جھگڑا ۵ اثر۔ نشان ۶ استعمال ۷ بڑی تقریب ۔ شادی (س کریہ کرنا) **کار آزمایا آزمودہ** (صفت) تجربہ کار ۔ ماہر۔ **کار آفریں** (صفت) خالق ۔ خدا تعالٰے ۔ **کار آگاہ** (صفت) جو شخص کام کی حقیقت سے واقف ہو۔ **کار آمد** (صفت) کام آنے کے قابل ۔ مفید۔ **کار از دست رفتہ** (مذکر) وہ کام جو ہاتھ سے نکل گیا ہو یا ہو چکا ہو۔ **کار الٹا ہونا** (لازم) کام خراب ہونا۔ **کار بار** (مذکر) دیکھو کاروبار۔ **کار باری** (مذکر) ۱ کام کاج کا آدمی ۲ دوکاندار ۔ تاجر۔ **کار براری** (مونث) ۱ مطلب نکالنا ۲ کارروائی کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) **کاربرداری** (مونث) کوئی کام اپنے ذمہ لینا ۔ **کاربند** (صفت) عمل یا تعمیل کرنے والا (ہونا کے ساتھ) **کار پرداز** (صفت) کام کرنے والا ۔ منتظم کارکن ۔ گماشتہ ۔ **کار پردازی** (مونث) اہتمام سربراہی ۔ گماشتہ ہونا ۔ کام انجام دینا ۔ **کار تمام ہونا** (لازم) دیکھو کام تمام ہونا۔ **کارِ ثواب** (مذکر) نیکی کا کام ۔ وہ کام جس میں عاقبت کی نفت

ہو ۔ **کار چلنا** (مت) کام چلنا ۔ **کارچوب** (مذکر) ۱ وہ چوکھٹا یا ڈھانچا جس پر کپڑا تان کر کارچوبی کا کام کرتے ہیں ۲ ایک قسم کا کشیدہ جو نمبرے پر کپڑا پھیلا کر کاڑھا جاتا ہے ۳ زردوزی کشیدہ کاری ۴ جولاہے کا کرگھا ۵ (صفت) وہ کارچوب جو ہو ۶ کا کام کرے ۷ ایسا کام کیا ہوا۔ **کارچوبی** (مونث) ۱ گلکاری ۔ زردوزی۔ کشیدہ کاری ۲ زردوزی کیا ہوا۔ **کارخانجات** (مذکر) کارخانہ کی جمع ۔ **کارخانگی** (مذکر) ذاتی معاملہ ۔ نج کا کام **کارخانہ** (مذکر) ۱ چیزوں کے بنانے کا مقام ۔ فیکٹری (بنانا بننا ہونا کے ساتھ) ۲ دوکان ۔ کوٹھی (کھولنا کرنا کے ساتھ) ۳ کاروبار ۔ کام دھندا ۴ معاملہ ۔ انتظام ۵ خدا کی قدرت ۔ خدا کے کام ۶ کام ۔ افعال ۔ معاملات ۷ ایک قسم کی اونچی چوکی جس پر بیٹھ کر گوٹہ کناری بنتے ہیں ۸ (مذاقاً) فرج ۔ **کارخانہ بھنڈ ہوگیا** ۔ خراب خستہ ہوگیا ۔ بگڑ بگڑا گیا۔ **کارخانۂ الٰہی** (مذکر) خدا کے کام ۔ خدائی معاملے ۔ **کار پھیلانا** (متعدی) تجارت وغیرہ شروع کرنا۔ **کارخانہ چلانا** (متعدی) کاروبار جاری رکھنا۔ **کارخانہ دار** (مذکر) کارخانہ کا مالک ۔ **کارخانہ داری** (مونث) ۱ کارخانہ کی افسری ۲ کارخانہ کا کام ۔ **کارخانۂ فلک** (مذکر) ۱ آسمان ۲ دنیا۔ **کارِ خیر** (مذکر) ۱ بھلائی کا کام ۔ نیکی کا کام ۲ لڑکی کی شادی کی امداد ۔ **کاردار** (مذکر) ۱ عامل ۔ کارگزار ۲ وزیر۔ **کاردارانِ فلک** (مذکر) سیارے ۔ **کاردان** (صفت) ۱ تجربہ کار سوقع کا ۲ وزیر ۔ **کاردانانِ فلک** (مذکر) سیارے۔ **کاردانِ فلک** (مذکر) سیارہ مشتری۔ **کاردانی** (مونث) معاملہ فہمی ۔ واقفیت ۔ واقف کار ہونا۔ **کاردیدہ** (صفت) تجربہ کار ۔ معاملہ فہم۔ **کارداں** (صفت) ۱ لین دین کے معاملے کا ماہر ۲ ایجنٹ۔ کارکن ۔ **کار رفتہ** (صفت) خالی ۔ وہ جسے فرصت ہو ۔ فارغ ۔ **کارروا** (صفت) استعمال کے قابل ۔ **کارروائی** (صفت) ۱ کسی کام کا کرنا یا جاری رکھنا ۲ انتظام ۔ بندوبست ۳ عدالت کا عملدرآمد یا روئداد ۴ تدبیر (کرنا ہونا کے ساتھ) **کارزار** (مذکر) لڑائی ۔ جنگ ۔ رن ۔ رزم ۔ جدل **کارزار جا یا گاہ** (مونث) میدان جنگ۔ **کارزاری** (صفت) ۱ لشکری ۔ فوجی ۲ جنگی (آدمی)، **کارساز** (صفت) ۱ چالاک ۔ ہوشیار ۔ ماہر ۲ کام

بنانے والا - ماننے والا ۲ خدا تعالیٰ - **کارسازی** (مونث) ۱ چالاکی - عیاری - دغابازی ۲ کام بنانا یا سنوارنا ۳ ہنر - حرفت - **کارسپردگی** (مونث) کسی کے سپرد کام کرنا - ایجنٹی - **کارستانی** (مونث) ۱ شرارت - عیاری ۲ چالاکی - ہوشیاری ۳ سازش (کرنا ہونا کے ساتھ) **کارِ سخت** (مذکر) وہ کام جس کا کرنا مشکل ہو - **کارسنج** (صفت) ۱ واقف کار - معاملہ فہم - صاحب لیاقت ۲ دانا - عقلمند - **کار شناس** (صفت) تجربہ کار - **کارشناسی** (مونث) معاملے کی واقفیت - کاروبار کرنے میں ماہر ہونا - **کارفرما** (صفت) ۱ حکم کرنے والا ۲ (مذکر) بادشاہ - حاکم ۳ استاد - **کارکردگی** (مونث) کارگزاری - اچھا کام - **کارکردہ** (صفت) تجربہ کار - **کارکشت** (مونث) زراعت - **کارکن** (صفت) ۱ کام کرنے والا ۲ منتظم - کارندہ - مینیجر - **کارکنی** (مونث) کارکن کا عہدہ - **کارگاہ** (مونث) ۱ کارخانہ ۲ جولاہے کا کرگا ۳ کپڑے کا ٹکڑا جس پر بیل بوٹے بناتے ہیں ۴ دنیا - **کارگاہِ پروسواس** یا **عالم** (مونث) دنیا - **کارگاہِ فلک** (مونث) ۱ دنیا ۲ آسمان - **کارگاہِ کن فکان** - اس کا کارخانہ جس نے کہا ہو اور ہو گیا ۲ دنیا اور جو کچھ اس میں ہے - دونوں جہان - **کارگاہِ ہستی** (مونث) دنیا - **کارگر** (صفت) ۱ مفید - سود مند ۲ با اثر - سریع التاثیر (ہونا کے ساتھ) **کارگزار** (صفت) ہوشیار - مستعد - چالاک - **کارگزاری** (مونث) مستعدی سے کام کرنا - اچھا کام - **کارگزاری پر پانی پھر جانا** (لازم) **پھیر دینا** (متعدی) اچھا کام خراب کر دینا - اچھے کام کا صلہ نہ دینا - **کارگزاری دکھانا** (لازم) اچھا کام کرنا - مستعدی سے کام کرنا - **کارگزاری دیکھنا** (متعدی) کسی کا اچھا کام کیا ہوا ملاحظہ کرنا - **کارِ مردانہ** (مذکر) بہادری کا کام - مردانہ کام - **کارمند** (صفت) کام کرنے والا - **کارنامہ** (مذکر) ۱ اہم واقعہ - بہادری کا کام - کوئی بہت اچھا کام ۲ کارگزاری کی سند ۳ تصویروں کا مرقع ۴ جنگ نامہ ۵ تاریخ کی کتاب - **کارِ نمایاں** (مذکر) اہم کام - بڑا کام - **کارندہ** (مذکر) کارکن - منتظم - ایجنٹ - **کاروبار** (مذکر) ۱ لین دین - بیوپار ۲ کام - مشغلہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **کاروباری** (صفت) دیکھو کارباری - **کاری** (مونث) کام کرنا - بنانا مرکبات میں جیسے دست کاری - **کارے** (مذکر) ایک کام - معاملہ - **کاریگر** (صفت) ۱ ماہر فن - کامل ۲ ہنرمند - پیشہ ور - دستکار ۳ (مذکر) موچی - لوہار - معمار - نجار - چمار وغیرہ - **کاریگری** (مونث) ۱ ہنرمندی - دستکاری ۲ ہوشیاری ۳ طنزاً بے سلیقگی - نادانی - **کاریگری دکھانا** (لازم) **دیکھنا** (متعدی) چالاکی ملاحظہ کرنا - ہوشیاری دیکھنا -

امثال واقوال

کار از دست رفتہ و تیر از کمان جستہ باز نمی آید - جو بات ہو چکی ہو اس پر افسوس کرنا فضول ہے - **کارِ امروز بہ فردا مگزار** - آج کا کام کل پر نہ چھوڑو - **کار بکثرت ہے** - مشق کرنے سے کمال حاصل ہوتا ہے - **کارِ دنیا کسے تمام نہ کرد - ہرچہ گیرید مختصر گیرید** - ہر کام میں اختصار پر نظر رکھو - زیادہ ہوس نہ کرو - **کار کو کار سکھاتا ہے** - دیکھو کام کو کام الخ - **کارے دارد** - مشکل ہے - آسان نہیں - **کارے نہ مشلے** - بولنے میں بغیر ہمزہ کے استعمال ہوتا ہے - بلا سبب - فضول - یونہی.

کار (انگ - مونث) موٹر گاڑی

کارا (ہ - صفت) کالا -

کارا (س - مذکر) قید خانہ -

کاربالک (انگ - صفت) کاربن اور آئل کے متعلق - **کاربالک آئل** (مذکر) ایک قسم کا تیل جو زخموں کو اچھا کرتا ہے - **کاربالک ایسڈ** (مذکر) ایک قسم کا تیزاب - **کاربالک سوپ** (مذکر) ایک قسم کا صابون جس سے زخم وغیرہ دھوتے ہیں -

کاربانک (انگ - صفت) کاربن سے بنا ہوا - یا منسوب - **کاربانک ایسڈ** (مذکر) ایک قسم کا تیزاب - **کاربانک ایسڈ گیس** (مونث) وہ گندی ہوا جو جانوروں کے نتھنوں سے اور رات کو نباتات سے نکلتی ہے اور آگ جلنے سے پیدا ہوتی ہے -

کاربن (انگ - مذکر) ایک غیر دھاتی عنصر جو پانی سے ۲ ۵ ر ۳ گنا بھاری ہے یہ ہر ایک چیز میں جو زمین سے اگتی ہے - کوئلے اور ہیرے اور ہر ایک بڑھنے والی چیز میں پایا جاتا ہے - **کاربن ڈائی آکسائیڈ** (مذکر) دیکھو کاربانک ایسڈ گیس - **کاربن مانو آکسائیڈ** (مذکر) ایک نہایت زہریلی ہوا جس کا ایک ذرہ بھی انسان و حیوان کو مار ڈالتا ہے -

کاربن پیپر (انگ - مذکر) مومی رنگ دار کاغذ جس کو کاغذ کے نیچے رکھ کر کسی تحریر کی نقل کے لیے استعمال کیا جاتا ہے -

کاربوریٹر (انگ - مذکر) موٹر کا وہ ایک پرزہ جس میں ہوا اور ہائیڈروکاربن ملائے جاتے ہیں -

کاربین (انگ - مونث) چھوٹی رفل -

کارپاس (س - مذکر) ۱ کپاس کا پودہ ۲ کپاس - روئی ۳ روئی کا کپڑا ۴ (صفت) کپاس یا روئی کا بنا ہوا -

کارپورل (انگ - مذکر) فوج میں ایک افسر جو سارجنٹ سے چھوٹا ہوتا ہے -

کارپوریشن (انگ - مونث) ۱ بڑی میونسپل کمیٹی جس کی حدود زیادہ وسیع ہوتی ہیں ۲ تجارتی ادارہ -

کارتک (س - مذکر) دیکھو کاتک -

کارتکیہ (س - خص) جنگ کا دیوتا - اس کا دوسرا نام سکند ہے -

کارتوس (انگ - مذکر) کاغذ یا پیتل کی نالی جس میں بارود چھرہ یا گولی ڈال کر بندوق میں چلاتے ہیں -

کارٹون (انگ - مذکر) ۱ وہ تصویر جو موٹے کاغذ پر بنائی جائے اور اس کی نقل کپڑے یا کسی اور چیز پر کی جائے ۲ وہ تصویر جو کسی اخبار یا رسالے میں چھاپی جائے اور اس میں کسی شخص یا بات کا مذاق اڑایا جائے -

کارج (ہ - مذکر) ۱ کام کاج ۲ شادی کی تقریب ۳ بوڑھے کے مرنے کی روٹی ۴ مقصد - مطلب ۵ پیشہ - حرفہ -

کارد (ف - مونث) چھری - چاقو -

کارد باستخواں (صفت) ناچار - مجبور -

کارڈ (انگ - مذکر) ۱ پتا - ورق (بلیئنگ) تاش ۲ (پوسٹ) وہ کاغذ کا ٹکڑا جو ڈاک میں پیسے دو پیسے یا تین پیسے میں جا سکتا ہے ۳ (وزٹنگ)

ملاقات کا ٹکٹ جس پر ملنے والے کا نام ہوتا ہے۔ یا روں کو عام طور پر کارڈ ہی کہتے ہیں۔

کارڈائیٹ (انگ۔ مذکر) ایک قسم کی بارود جس میں بہت طاقت ہوتی ہے اور دھواں نہیں نکلتا۔

کارسپانڈنٹ (انگ۔ مذکر) نامہ نگار۔ پرچہ نویس۔ **کارسپانڈنٹی** (مونث) مضمون نگ ہونا۔ مضمون نگار کا کام یا پیشہ۔

کارشک (س۔ مذکر) کسان۔ کاشتکار

کارک (س۔ صفت) ۱ کرنیوالا ۲ بنانے والا۔ پیدا کرنے والا۔ مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے ۳ (مذکر) ایجنٹ۔ کارکن ۴ فعل۔ کام (علم صرف) ۵ حالت اسمیہ۔

کارکشیہ (س۔ مذکر) ۱ سختی۔ کھردرا پن ۲ مضبوطی۔ کنجوس پن۔

کارکھ (ھ۔ مونث) پانی لیجانے کی نالی۔

کارمک (س۔ مذکر) ۱ کمان ۲ کمان کی شکل کا ساز ۳ بانس۔

کارن (ھ۔ مذکر) ۱ باعث۔ وجہ۔ سبب ۲ اصول۔ بنیاد ۳ موقع ۴ کام ۵ باپ ۶ (ق ف) اس لئے۔ وجہ سے۔ باعث۔

کارنجا۔ کارنجہ (ھ۔ مذکر) پانی کی نالی کا منہ۔ ٹونٹی۔

کارنس (انگ۔ مونث) دیکھو کانس۔

کارن فلاور (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا نیلے رنگ کا پھول۔ بعض پودوں کا گلابی بھی ہوتا ہے۔

کارن فلور (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا آٹا۔

کارنک (س۔ صفت) رحم دل۔ رحیم۔ مہربان۔

کارنیشن (انگ۔ مذکر) ایک خوشبودار پھول اور اس کا پودہ۔

کارواں (ف۔ مذکر) ۱ بہت سے مسافروں حاجیوں یا سوداگروں کا گروہ۔ قافلہ۔ **کارواں سالار** (مذکر) میر قافلہ۔

کاروانسرائے (مذکر) قافلہ اترنے کی سرائے۔

کاروانی (صفت) ۱ کاروان کے متعلق یا اس سے منسوب ۲ وہ جو کاروان کا ایک حصہ ہو۔

کارونیشن (انگ۔ مذکر) تاجپوشی۔ **کارونیشن دربار** (مذکر) دربار تاجپوشی۔

کارہ (ع۔ صفت) نفرت کرنیوالا۔ کراہت کرنے والا (کرہ۔ نفرت کرنا)

کاری (ف۔ مذکر) ۱ موثر۔ تاثیر کرنے والا ۲ گہرا۔ پورا پورا ۳ کارآمد۔ بااثر۔

کاری زخم (مذکر) سخت زخم۔ مار ڈالنے والا زخم۔ **کاری کھائی** (مرغ بازی) جب ایک مرغ دوسرے کو شدید ضرب پہنچاتا ہے تو کہتے ہیں۔ **کاری لگنا** (متعدی) سخت لگنا۔ اثر کرنے والا لگنا۔

کاری (س۔ مذکر) ۱ کرنا۔ بنانا ۲ وجہ۔ باعث۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

کاری (انگ۔ مونث) سالن۔ گوشت اور ترکاری شوربے دار۔ **کاری بھات** (مذکر) خشکہ اور سالن۔

کاریز (ف۔ مونث) کھیت میں پانی دینے کی نالی۔ **کاریزی** (صفت) نالی کے متعلق۔ وہ جس میں نہر کا پانی لگے۔

کاریش (س۔ مذکر) ۱ گوبر کا ڈھیر ۲ اپلوں کا ڈھیر ۳ کھاد۔

کاریہ (س۔ مذکر) ۱ کام۔ فعل ۲ کاروبار لین دین ۳ پیشہ۔ حرفہ ۴ سبب۔ اصلیت ۵ قصد ۶ عندیہ۔ وجہ۔

کاڑا (ھ۔ مذکر) ۱ جوان بھینسا۔ نارا ۲ دیکھو کاڑھا۔

کاڑھ (ھ۔ مذکر) آلہ تناسل۔
مثل۔ کاڑھ میں یا داڑھ میں شہوت یا کھانا۔ عیاش آدمیوں کے لئے یہ دو ہی کام ہیں۔

کاڑھ (ہ۔ مذکر) امر کاڑھنا کا۔ **کاڑھا** (ماضی) ۱ کاڑھنا کی ۲ (مذکر) جوشاندہ ۳ وہ گرم دوائیں جو زچہ کو زہرباد کے اخراج کے واسطے جوش دے کر پلاتے ہیں ۴ (ھ) بہشتگی۔ برآمدگی (س کرش ۲ کھینچنا)

کاڑھ کوڑھ (تف) کاڑھ کر۔ **کاڑھن** (ھ) ۱ کشیدہ۔ کارچوبی کام۔ زردوزی ۲ زربفت کمخواب۔ بادلہ۔ **کاڑھ لینا۔ کاڑھنا** (متعدی) ۱ نکالنا۔ باہر کرنا ۲ کشیدہ بنانا۔ پھول بنانا ۳ جالی کا طلقہ سینا ۴ فصد یا جونک کے ذریعے سے خون نکالنا ۵ (ھ) جلاوطن کرنا ۶ کھینچنا ۷ تلوار نکالنا ۸ عرق نکالنا ۹ چمڑہ ادھیڑنا ۱۰ زمین صاف کرنا ۱۱ نکال دینا۔ دھکیل دینا ۱۲ ہٹا دینا ۱۳ الفاظ لکھنا ۱۴ لکیریں کھینچنا ۱۵ تصویریں بنانا ۱۶ ایجاد کرنا۔ طرز نکالنا۔ فیشن نکالنا ۱۷ اکٹھا کرنا۔ حاصل کرنا ۱۸ محنت سے حاصل کرنا یا کمانا ۱۹ روپیہ لینا۔ ادھار لینا۔ بنک سے روپیہ نکالنا ۲۰ کوئی بات بیان کرنا۔ مضمون نکالنا ۲۱ نتیجہ نکالنا۔ مذکر کرنا ۲۲ ظاہر کرنا ۲۳ نقص نکالنا ۲۴ خوبی معلوم کرنا ۲۵ سدھانا ۲۶ پرانی باتیں یاد دلانا ۲۷ تلاش کرنا ۲۸ تکلیف اٹھانا۔ مصیبت برداشت کرنا۔ مصیبت کے دن گزارنا ۲۹ خدمت کرنا۔ تیمارداری کرنا۔

کاڑی (ھ۔ مونث) گھاس کا تنکا۔ کپھوسے کا تنکا۔ **کاڑی کبیٹ** (مذکر) ۱ کاٹھ کباڑ ۲ کوڑا کرکٹ ۳ مٹی۔

کاس (ع۔ مذکر) پیالہ۔

کاس (ھ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی گھاس جس کی رسیاں وغیرہ بناتے ہیں ۲ دیکھو کانس ۳ ایک چھوٹا چاندی کا سکہ جو پہلے ہندوستان میں رائج تھا۔ ۸۰ کاس کا ایک فنم ہوتا تھا اور بارہ فنم کا ایک روپیہ۔

کاس (س۔ مذکر) ۱ کھانسی ۲ زکام

کاسب (ع۔ صفت) کسب کرنیوالا (کسب۔ کام کرنا)

کاست (ف۔ صفت) کم ہونا۔ گھٹنا۔ بےکم وکاست میں مستعمل ہے۔

کاستیا (ھ۔ مونث) درانتری۔

کاسد (ع۔ صفت) ۱ ناقص۔ بیقدر ۲ کھوٹا۔ جس کا رواج نہ ہو (کسد۔ مشکل سے بکنا)

کاسر (ع۔ صفت) توڑنے والا۔ (کسر۔ توڑنا) **کاسر الحجر** (مذکر) پتھری توڑنیوالا۔

کاسر ریاح (صفت) ریاح کا بند کرنے یا توڑنیوالا۔

کاسف (ع۔ صفت) برے۔ بدقسمتی کے (دن) (کسف۔ گرہن لگنا)

کاسنی (ف۔ مونث) ۱ ایک پودہ ۲ اس کا بیج جو ہلکے اودے رنگ کا ہوتا ہے ۳ ایک رنگ جو ہلکا اودا ہوتا ہے۔ **کاسنی لوٹیا** (مذکر) ایک قسم کا کبوتر جس کے سینے کے پر کاسنی رنگ کے

ہوتے ہیں۔ **کاسنی رنگ** (مذکر) ہلکا اودا رنگ۔

کاسہ (ع۔ مذکر) پیالہ۔ کٹورا۔ **کاسۂ آتشیں** (مذکر) سورج۔ **کاسہ باز** (مذکر) ۱؎ شعبدہ باز یا مداری جو کاسے سے کھیل کرتے ہیں ۲؎ (صفت) حیلہ گر۔ مکار۔ عیار۔ **کاسہ رود** (مذکر) ایک دریا۔ **کاسہ گری** (مونث) مکاری عیاری۔ **کاسہ پشت** (صفت) ۱؎ پیر۔ بہت بوڑھا جو جھکا ہوا ہو ۲؎ (کنایتاً) آسمان ۳؎ (مذکر) کچھوا۔ **کاسۂ نیر** (مذکر) چاند۔ **کاسۂ چشم** (مذکر) آنکھوں کا حلقہ۔ **کاسۂ درویشاں یا دریوزہ** (صفت) بھیک کا پیالہ۔ **کاسۂ زانو** (مذکر) وہ مقام جہاں زانو کا جوڑ ہے۔ **کاسۂ سر** (مذکر) کھوپڑی۔ **کاسۂ سرنگوں** (مذکر) آسمان۔ **کاسۂ گدائی** (مذکر) بھیک کا پیالہ۔ **کاسہ گر** (مذکر) پیالے بنانے والا۔ **کاسۂ گردوں** (مذکر) آسمان **کاسہ گری** (مونث) پیالے بنانا۔ **کاسہ لیس** (صفت) ۱؎ پیالہ چاٹنے والا۔ خوشامدی ۲؎ لالچی ۳؎ فقیر۔ بھکاری ۴؎ فیض حاصل کرنے والا۔ **کاسہ لیسی** (مونث) خوشامد۔ **کاسۂ مینا یا نگوں** (مذکر) آسمان۔

امثال واقوال

کاسہ بھر کھانا اور رسا بھر چلنا مزے سے زندگی گزارنا، پیٹ بھر کر کھانا اور تھوڑا کام کرنا۔ **کاسہ دیجے باسہ نہ دیجے۔** کھانا کھلا دیجے مگر ناواقف کو ٹھہرنے کی جگہ نہیں دینی چاہئے۔

کاش (ف۔ حرف ندبہ) کلمہ افسوس خواہش تمنا آرزو وغیرہ۔ خدا کرتا۔ کیا اچھا ہوتا۔ میری خواہش تھی۔ **کاشکے** (حرف ندبہ) دیکھو کاش۔

کاشانہ (ف۔ مذکر) ۱؎ رئیسوں کا گھر ۲؎ آشیانہ۔ گھونسلہ۔

کاشت (ف۔ مونث) ۱؎ کھیتی زراعت ۲؎ مزروعہ زمین جو کسی کے قبضے میں ہو **کاشتکار** (مذکر) کسان۔ زمین کو جوتنے والا۔ اسامی۔ **کاشتکاری** (مونث) ۱؎ زراعت۔ کھیتی باڑی ۲؎ کسان کا پیشہ۔ **کاشت (کرنا)** میں لانا (متعدی)، **ہونا** (لازم) بویا جانا۔ کھیتی باڑی ہونا۔ زراعت ہونا۔ **کاشتہ** (صفت) بویا ہوا۔ جوتا ہوا۔

کاشٹھ (س۔ مذکر) ۱؎ کاٹھ۔ لکڑی ۲؎ لکڑی کا ٹکڑا۔

کاشف (ع۔ صفت) ۱؎ ظاہر کرنے والا۔ کھولنے والا (کشف۔ کھولنا)

کاشمیر (ف۔ مذکر) دیکھو کشمیر۔

کاشی (ہ۔ مونث) بنارس کا پرانا نام۔

کاشی (ف۔ صفت) کاشان کا۔

کاظم (ف۔ صفت) ۱؎ غصہ پی جانے یا مارنے والا ۲؎ (مذکر) امام موسیٰ رضا کا لقب (کظم۔ غصہ روکنا)۔

کاغذ (ف۔ مذکر) اصل میں دال سے تھا۔ عربوں نے ذ سے لکھا ہے ۱؎ ورق جو لکڑی اور پرانے کپڑوں کو بھگو گرا کر لئی سی بنا کر پھیلا کر بناتے ہیں۔ یہ لکھنے کے کام آتا ہے۔ قرطاس ۲؎ چٹھی۔ رقعہ۔ مکتوب۔ نامہ ۳؎ قبالہ تمسک۔ نوشتہ ۴؎ سند۔ سرٹیفکیٹ ۵؎ ہنڈی۔ نوٹ ۶؎ نامۂ اعمال ۷؎ حساب ۸؎ چھپا ہوا ورق اخبار۔ **کاغذات** (مذکر) جمع کاغذ کی۔ **کاغذِ اطفال۔ باد۔ بادی۔ ہوائی** (مذکر) کنکوا۔ پتنگ۔ **کاغذِ بانک** (مذکر) چک۔ ہنڈی **کاغذ بھر گھٹنا** (لازم) تھوڑا سا دبلا ہونا۔ **کاغذ پتر** (مذکر) ۱؎ دستاویز (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲؎ خط۔ چٹھی (لکھانا لکھنا کے ساتھ) **کاغذ پر چڑھانا** (متعدی)، **چڑھنا** (لازم) بہی یا رجسٹر میں لکھا جانا۔ **کاغذ پیش کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) تمسک۔ نوشتہ یا چٹھی وغیرہ سامنے رکھنا۔ **کاغذ خانہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں کاغذ بنیں۔ **کاغذ دفتر** (مذکر) وہ کاغذ جس پر مالگزاری کا حساب درج ہو۔ **کاغذِ دفتری** (مذکر) معمولی کاغذ۔ **کاغذ دوائی** (مذکر) نسخہ۔ **کاغذِ روزن** (مذکر) رنگ دار کاغذ جو کھڑکیوں پر لگاتے ہیں۔ **کاغذِ زر** (مذکر) ۱؎ سنہری کاغذ ۲؎ قبالہ۔ تمسک۔ نوٹ ۳؎ وہ کاغذ جس میں دبگر سونے کے ورق بناتے ہیں ۴؎ سونے کے سکے کاغذ میں لپٹے ہوئے ۵؎ شاہی سند جس کی رو سے روزانہ وظیفہ خزانہ عامرہ سے ملتا ہے **کاغذ زرافشاں** (مذکر) وہ کاغذ جس پر سنہری رنگ چھڑکا ہوا ہو۔ **کاغذ سا** (صفت) بہت پتلا۔ نازک۔ ہلکا کاغذ۔ **کاغذِ سرکاری** (مذکر) ۱؎ گورنمنٹ کا پرامیسری نوٹ ۲؎ وہ کاغذ جس پر گورنمنٹ کی مہر اور اسٹامپ لگا ہوا ہو۔ **کاغذِ سمرقندی** (مذکر) ایک بڑھیا قسم کا کاغذ۔ **کاغذِ سوزن** (زدہ) (مذکر) وہ کاغذ جس پر سوئیوں سے سوراخ کرکے تصویریں بنائی ہوتی ہیں۔ انہیں دوسرے کاغذ پر ڈال کر کابل چھڑک کر تصویر اتار لیتے ہیں۔ **کاغذ سیالکوٹی** (مذکر) سیالکوٹ کا بنا ہوا موٹا کاغذ۔ **کاغذ سیاہ کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) نکمی باتیں لکھی جانا۔ کاغذ خراب ہونا۔ **کاغذ فروش** (مذکر) کاغذ بیچنے والا۔ **کاغذ کا** (صفت) کاغذی **کاغذ کا بند** (مذکر) کاغذ کی طولانی فرد۔ **کاغذ کا پٹا باز** (مذکر) تیلیوں کا کاغذ سے مڑھا ہوا ایک کھلونا جب اسے ہلائیں تو وہ اس طرح ہاتھ چلاتا ہے۔ جیسے پٹے باز ۲؎ دیکھو کاغذی آدمی۔ **کاغذ کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱؎ تمسک لکھ دینا ۲؎ کوئی چیز کسی کے نام لکھ دینا ۳؎ ہبہ کرنا ۴؎ گھر کا قبالہ لکھ دینا۔ **کاغذ کھولنا** (متعدی) بھید فاش کرنا۔ **کاغذ کی ناؤ** (مونث) ۱؎ وہ ناؤ جو کاغذ کو دہرا کرکے بچے بناتے ہیں ۲؎ (کنایتاً) ناپائیدار چیز۔ **کاغذ کی ناؤ بہانا** (متعدی) بے فائدہ کام کرنا **کاغذ کے گھوڑے دوڑانا** (متعدی)، **دوڑنا** (لازم) بہت خط لکھے جانا۔ **کاغذ گر** (مذکر) کاغذ بنانے والا۔ **کاغذگیر** (مذکر) وہ روشن دان جس پر کاغذ لگا دیا جائے۔ **کاغذگیر مچھلی** (مونث) مچھلی کی صورت کا آلہ جو کاغذوں پر اٹنے سے روکنے کے لئے رکھتے ہیں۔ **کاغذ لکھا جانا** (لازم)، **لکھانا** (مم) **لکھ دینا لکھنا** (متعدی)، **لکھوا لینا** (مم) تمسک کرا لینا۔ دستاویز لکھا لینا۔ **کاغذِ مشقی** (مذکر) وصلی جس پر خوشنویس مشق کیا کرتے ہیں۔ **کاغذ ملانا** (متعدی)، حساب کا مقابلہ کرنا۔ **کاغذ نام ہونا** (لازم) ہبہ نامہ ہونا۔ کاغذ کے بعد ضمیر آتی ہے۔ **کاغذِ نشاف** (مذکر) جاذب کاغذ۔ بلاٹنگ پیپر۔ **کاغذِ نکاح** (مذکر) نکاح نامہ۔ کابین نامہ۔ **کاغذ نکلنا** (لازم)، موت کا حکم جاری ہونا۔ **کاغذی** (صفت) ۱؎ کاغذ کا ۲؎ پتلے چھلکے کا ۳؎ کاغذ بنانے یا بیچنے والا ۴؎ (مذکر) ایک پرندہ جو چھوٹی مچھلیاں کھاتا ہے ۵؎ ایک قسم کا سفید کبوتر ۶؎ دفتری ۷؎ سیاق دان۔ حساب دان **کاغذی آدمی** (مذکر) چست دبلا پتلا اور چالاک آدمی۔ **کاغذی اخروٹ** (مذکر) اخروٹ کی

ایک قسم جس کا چھلکا بہت پتلا ہوتا ہے۔ **کاغذی بادام** (مذکر) ایک قسم کا بادام جس کا چھلکا پتلا اور نرم ہوتا ہے۔ **کاغذی پیرہن** (مذکر) کاغذ کی پوشاک جو فریادی لوگ پہن کر بادشاہوں کے پاس جایا کرتے تھے۔ اس سے اظہار عاجزی تھا۔ **کاغذی ثبوت** (مذکر) تحریری ثبوت۔ **کاغذی گھوڑے دوڑانا** (متعدی)، **دوڑنا** (لازم) بہت سے خط لکھے جانا۔ **کاغذی لیموں** (مذکر) ایک قسم کا لیموں جس کا چھلکا بہت پتلا ہوتا ہے۔ **کاغذیں** (صفت) کاغذ کا بنا ہوا۔ **کاغذیں باغ** (مذکر) کاغذ کے بنے ہوئے پھولوں کے ہار وغیرہ جن سے کوئی جگہ سجاتے ہیں۔ **کاغذیں پیراہن** (مذکر) دیکھو کاغذی پیرہن۔

امثال و اقوال۔ کاغذ کی دین ڈبی، ناؤ آج نہ ڈوبی کل ڈوبی۔ ناپائیدار شے کا کوئی اعتبار نہیں۔ **کاغذ کی ناؤ پانی پر نہیں بہتی (چلتی)**، ناپائیدار چیز کسی کام نہیں آتی۔ **کاغذ کی ناؤ کب تک بہے گی۔** ادنیٰ چیز سے کب تک گذارہ ہوگا۔ **کاغذ کی ناؤ میں کون پار اترا۔** ناپائیدار چیز سے کوئی مقصد حاصل نہیں ہوتا۔

کاف (ع۔ مذکر) اس حرف کا نام دیکھو ک۔ **کافِ استفہام** (مذکر) ک جو کیا کے معنوں میں استعمال ہو۔ **کافِ تازی۔ عربی کلمن** (مذکر) حرف ک۔ **کافِ تشبیہہ** (مذکر) عربی کاک جو مقابلے کے لئے استعمال ہو۔ **کافِ تعلیل** (مذکر) کہ کیونکہ کے معنی میں۔ **کافِ عجمی یا فارسی** (مذکر) گاف۔ **کافِ کُن** (مذکر) روز ازل یا آفرینش۔ **کافِ لولاک** (مذکر) پیغمبر صلعم سے مراد ہوتی ہے۔ کیونکہ قرآن شریف لولاک سے آنحضرت کو خطاب کیا گیا ہے۔ **کافِ مخاطبت** (مذکر) عربی کاک جو حروف کے آخر میں کے معنوں میں آتا ہے۔ **کافِ مُوفاجت** (مذکر) وہ ک جو کسی گفتگو کے فقرے کے پہلے آتا ہے۔ **کافِ موصول** (مذکر) لفظ کہ جب بطور اسم موصول کے استعمال ہوتا ہے۔ **کاف و لام** (مذکر) لاف و گزاف شیخی۔ **کاف و نون** (مذکر) ۱ لفظ کن ۲ قرآن شریف کی دو سورتیں جو ان حروف سے شروع ہوتی ہیں۔

کافر (ع۔ صفت) ۱ (مذکر) وہ شخص جو خدا کو نہ مانے۔ خدا کا منکر ۲ ایک قوم جو افغانستان کی سرحد پر آباد ہے ۳ حبشیوں کی ایک قوم جو افریقہ میں آباد ہے ۴ (صفت) انکار کرنے والا۔ منکر ۵ بدبخت۔ کمبخت ۶ غضب کا۔ فتنہ انگیز ۷ عہ۔ پیارا ۸ معشوق۔ محبوب۔ دلدار۔ (کفر۔ نہ ماننا۔ انکار کرنا) **کافر آواز** (مونث) عمدہ یا پیاری آواز۔ **کافرانہ** (صفت) کافر کی طرح۔ **کافر حربی** (مذکر) وہ کافر جس سے لڑنا واجب ہو۔ **کافر ذمی** (مذکر) وہ کافر جو جزیہ ادا کرے اور اس سے لڑنا واجب نہ ہو۔ **کافر کتابی** (مذکر) اہل کتاب جو اسلام کو نہ مانے جیسے عیسائی یہودی۔ **کافر کرتی** (مونث) انگریزی کوٹ۔ جاکٹ۔ **کافرکُش** (مذکر) کافروں کو قتل کرنے والا۔ **کافر کیش** (صفت) بیوفا معشوق کی تعریف میں مستعمل ہے۔ **کافر ماجرائی** (مذکر) ۱ کافروں کی طرح ہونا ۲ (مونث) ظلم و جور۔ **کافر منش** (مذکر) وہ جس کی عادت جور و ظلم کرنا ہو کنایتاً معشوق۔ **کافر نعمت** (مذکر) نعمت کی ناشکری کرنے والا۔ **کافر نعمتی** (مونث) ناشکری ناسپاسی۔ **کافرنی** (مونث) کافر عورت۔ کافر کی بیوی۔ **کافر ہو۔** ایک قسم کی قسم۔ **کافر ہونا** (لازم) خدا سے انکار کرنا۔ **کافری** ۱ (مذکر) افریقہ کی ایک حبشی قوم کا نام ۲ (مونث) افغانستان کے کافروں کی زبان۔

کافور (ف۔ مذکر) ۱ ایک درخت کا نام ۲ ایک سفید خوشبودار مادہ جو اس درخت سے نکلتا ہے۔ اس کی خوشبو سے اونی کپڑوں میں کیڑا نہیں لگتا۔ ہیضے اور تپ محرقہ میں اس کا دینا مفید ہے۔ مسلمان مُردوں کے کفن پر ملتے ہیں ہوا میں کھلا رکھنے سے اڑ جاتا ہے اس لئے ۳ مجازاً غائب ۴ (صفت) دور ۵ (مذکر) حبشی غلاموں کا نام رکھتے تھے۔ **کافور دینا** (متعدی) دوا کے طور پر کافور کھلانا۔ **کافورِ ریاحی** (مذکر) ایک نہایت اعلےٰ قسم کا کافور جو ملک قیصر سے آتا ہے۔ **کافور ملنا** (متعدی) مردے کے کفن کو کافور لگانا۔ **کافور ہو۔** دور ہو۔ **کافور ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ بھاگ جانا۔ رفو چکر ہونا۔ **کافوری** (صفت) ۱ کافور کے رنگ کا ۲ سفید ۳ کافور کا بنا ہوا۔ کافور ملا ہوا ۴ (مذکر) ایک قسم کا پان ۵ ایک رنگ کا نام۔ **کافوری رنگ** (مذکر) نہایت ہلکا زرد رنگ۔ **کافوری شمع** (مونث) کافور کی بنی ہوئی شمع جس کی روشنی نہایت صاف ہوتی ہے۔

کافّہ (ع۔ صفت) تمام۔ کل (کفی۔ کافی ہونا) **کافۂ انام** (مذکر) تمام لوگ۔ کل نسل انسان۔

کافہ (فر۔ مذکر) قہوہ خانہ۔

کافی (ع۔ صفت) ۱ بہت۔ وافر ۲ کام نکل جانے کے قابل ۳ بس (کفی۔ کافی ہونا) **کافی سے زیادہ۔** جتنی ضرورت ہو اس سے بڑھ کر۔ **کافی طور سے** (تف) بخوبی۔ پوری طرح۔ **کافی وافی** (صفت) بہت۔ پورا اور کچھ زیادہ۔ **کافی ہونا** (لازم) کام نکل جانے کے قابل ہونا۔ مکتفی ہونا۔ **کافیہ** (مونث) عربی نحو کی ایک کتاب۔

مثل۔ کافیہ کا بھاگا بن کو جانا گا نالائق پڑھائی سے بھاگ گیا۔

کافی (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی گیتی ۲ پنجابی میں ایک قسم کے اشعار۔

کافی (انگ۔ مذکر) قہوہ۔ **کافی شاپ** (مونث) قہوہ خانہ۔

کافین (انگ۔ مونث) ایک جوہر جو قہوے اور چائے میں ہوتا ہے اور طاقت دہ چیز ہے۔

کاک (ف۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی روغنی ٹکیا ۲ بسکٹ ۳ وہ ٹکیا جو قطب الدین بختیار کاکی تناول فرماتے تھے **کاکی** (صفت) قطب الدین بختیار چشتی کا لقب جو دہلی کے قطب تھے چونکہ بغل سے گرم گرم کاک نکالکر لوگوں کو دیتے تھے۔

کاک (س۔ مذکر) کوا۔ **کاک بندھیا** (مونث) وہ عورت جس کے صرف ایک ہی بچہ ہو۔ **کاک بھُسنڈ** (مذکر) پہاڑی کوا۔

کاکا (ہ۔ مذکر) ۱ چچا ۲ بڑے بھائی یا بڑے چچا زاد بھائی کو بھی کہتے ہیں ۳ (پ) حبشی بچہ

امثال و اقوال۔ کاکا کا ہو کے نہ بیٹھے۔ چچا کو کوئی پسند نہیں کرتا۔ کیونکہ وہ بڑے

بھائی کا برابر کا حصے دار ہوتا ہے۔ کاکا کی بھینس بھتیجے کی توند۔ چچا کو بہت کچھ مل جاتا ہے بھتیجے کو کچھ نہیں۔ کاکا نہ کرے ساکا۔ چچا جھگڑا نہیں کرتا۔ چچا کے اولاد نہ ہو تو بھتیجے کو متبنیٰ بنا لیتا ہے۔

کاکا (ف۔ مذکر) ۱۔ وہ خواجہ سرا جس کی گود میں والدین نے پرورش پائی ہو ۲ (ہ) بڑا بھائی ۳ وہ قدیم غلام جو گھر میں رہتے رہتے بوڑھا ہو گیا ہو ۴ (پ) چھوٹا بچہ۔ **کاکاجی** (مذکر) افغان پیر مرد کو کہتے ہیں۔ **کاکی** (مونث) ۱۔ چچی ۲ (پ) چھوٹی لڑکی۔

کاکاتوا۔ توا یا کوا (انگ۔ مذکر) افریقہ کا بڑا طوطا (اصل کوکیٹو) **کاکاتوا کا اڈا** (مذکر) وہ لکڑی جس پر طوطا بیٹھتا ہے۔

کاکریز (ف۔ مذکر) ایک قسم کا اودا رنگ۔ **کاکریزی** (صفت) ۱۔ کاکریز رنگ کا ۲ (مذکر) اس رنگ کا نام۔

کاکڑا (ہ۔ مذکر) ۱۔ سخت اور پکا چمڑا ۲ چمڑے کا لمبا ٹکڑا ۳ چابک کا چمڑا ۴ بڑی بنی ۵ ایک ہرن کی قسم کا جانور۔ **کاکڑاسنگی یا سینگی** (مونث) ۱۔ ایک درخت ۲ اس کی پھلی۔ اس کا رس موچیوں پر جم جاتا ہے اور بطور دوائی استعمال ہوتا ہے۔

کاکل (ف۔ مونث) ۱۔ انسان کے سر کے بال جو منہ کی طرف لٹکیں۔ زلف۔ لٹ ۲ گھوڑے کے ایال۔ **کاکل افشانی** (مونث) خوبصورتی کے لئے کاکل کا پریشان کرنا۔ **کاکل پیچاں** (مونث) ۱۔ گھونگر یالے بال ۲ خمدار زلفیں۔ **کاکل چھوڑنا** (متعدی) کاکلوں کو لٹکانا۔ **کاکل شمع** (مونث) شمع کا دھواں۔ **کاکل صبح** (مونث) صبح کاذب۔ **کاکل رکھوانا** (متعدی) لمبے بال اس طرح پر دونوں جانب رکھوانا کہ سینے پر لٹکیں۔ **کاکل گوندھنا** (متعدی) زلفیں سنوارنا۔ **کاکل مشکیں** (مذکر) سیاہ زلفیں۔ **کاکلیں چھوڑنا** (متعدی) زلفیں چھوڑنا۔ لٹیں لٹکانا۔

کاکلوت۔ کاکلوت۔ کاکلود (ہ۔ مونث) ۱۔ محبت۔ الفت ۲ فرط محبت کا ...نا ۳ آرزو۔ خواہش ۴ حرص۔ لالچ ۵ کنجوسی ...بخل۔

کاکن (س۔ مذکر) ایک قسم کا کوڑھ جس میں سیاہ اور سرخ داغ پڑ جاتے ہیں۔ یہ لاعلاج ہے۔

کاکن (ہ۔ مونث) ایک قسم کا چھوٹا غلہ جو بٹیروں کو کھلاتے ہیں۔ کنگنی۔

کاکندی (س۔ مونث) ۱۔ ایک ملک ۲ آملہ۔

کاکنی (س۔ مونث) ۱۔ ایک چھوٹا سکہ جو ۲۰ کوڑی کے برابر ہوتا ہے ۲ کوڑی۔ ایک ماپ۔

کاکو (ف۔ مذکر) ماموں۔

کاکو (ہ۔ مذکر) ۱۔ ماموں ۲ طنز۔

کاکول (س۔ مذکر) ۱۔ پہاڑی کوا ۲ ایک زہریلا سیاہ رنگ کا مادہ ۳ نرک کا ایک حصہ۔

کاکھ (ہ۔ مونث) بغل۔ **کاکھاسولی** (مونث) بدن کا حصہ جو مونڈھے اور بغل کے درمیان ہوتا ہے۔ **کاکھلائی** (مونث) ایک پھوڑا جو بغل میں ہوتا ہے۔ کچھرالی۔

کاکی (ف۔ مونث) ۔ چچی۔

کاکی (س۔ مونث) ۱۔ کوا ۲ دیکھو کاک اور کاکلے تحت میں۔

کاگ (انگ۔ مذکر) کارک کا مخرب ایک قسم کی ہلکی لکڑی جس سے بوتل کی ڈاٹ بناتے ہیں۔ **کاگ اڑانا** (متعدی) شراب کی بوتل سے ڈاٹ نکالنا۔ **کاگ اڑنا** (لازم) تیز شراب کی بوتل پر کاگ کو تاگے سے باندھتے ہیں جب تار ہٹایا جاتا ہے تو کاگ زور سے نکل کر چھت کو جا لگتا ہے۔

کاگ (ف۔ مذکر) دیکھو کاک۔

کاگ (ہ۔ مذکر) ۱۔ کوا۔ زاغ ۲ حلق کا کوا۔ **کاگا** (مذکر) کوا۔ **کاگاباسی** (مونث) ۱۔ وہ بھنگ جو متھرا کے چوبے علی الصبح پیتے ہیں ۲ ایک قسم کا سیاہ موتی (موتی کے ساتھ)۔ **کاگ اٹھانا** (متعدی) بچوں کے حلق کے کوے کو اوپر اٹھانا۔ **کاگارول** (ہ) ۱۔ کوؤں کی کائیں کائیں ۲ شور وغل۔ غل غپاڑہ۔ **کاگاری** (ہ) الو۔ **کاگ جھٹکنا** (لازم) حلق کے کوے کا لٹک پڑنا۔ **کاگ رکھوالی** (مونث) کھیتوں سے کوے اڑانا۔ **کاگ رول** (ہ) دیکھو کاگارول۔ **کاگلی** (ہ) مادہ کوا۔ **کاگوا** (ہ) ۱۔ کوا ۲ سیاہ کیڑا جو اناج کو لگتا ہے۔ **کاگور** (ہ) وہ کھانا جو سرادھوں میں کوؤں کو ڈالتے ہیں۔

امثال واقوال۔ کاگا بولے پڑگئے رولے۔ جب کوا بولتا ہے تو لوگ جاگ اٹھتے ہیں۔ کاگا سب تن کھائیو اور چن چن کھائیو ماس۔ دو نین نہ کھائیو کہ پیا ملن کی آس۔ عاشق عورت کوے سے خطاب کرتی ہے کہ سارا بدن کھا لینا آنکھیں نہ کھانا کہ انہیں پیا کے دیکھنے کی امید ہے۔ کاگ کوا اور رکھ گوش یہ تینوں نہیں مانے پوس۔ یہ تینوں نہیں ہلتے کاگے کاگ نہ بھکارے بھیک۔ بہت کنجوس ہے۔

کال (س۔ مذکر) ۱۔ وقت۔ زمانہ موسم ۲ عمر ۳ موزوں وقت۔ موقعہ ۴ کھانے کا وقت ۵ وقت کا دیوتا ۶ قسمت۔ نصیبا ۷ موت ۸ موت کا وقت ۹ موت کا فرشتہ یا موکل ۱۰ یم کا نام ۱۱ کمی۔ قلت۔ **کال آنا** (لازم) موت آنا۔ موت کا وقت آنا۔ **کال بتانا** (متعدی) ۱۔ وقت گزارنا ۲ وقت ضائع کرنا۔ **کال بس ہونا** (لازم) موت کے پنجے میں ہونا۔ **کال بنجر** (مونث) وہ زمین جس میں کبھی کاشت نہ ہوئی ہو۔ **کال بیلا** (مذکر) منحوس وقت۔ **کال پڑنا** (لازم) ۱۔ قحط ہونا ۲ کمی ہونا۔ **کال داتری** (مونث) انسان کی عمر میں ایک خاص رات جو ۷۷ سال، ۷ ماہ، ۷ دن کے بعد آتی ہے۔ اس کے بعد اسے سب فرائض سے آزادی حاصل ہو جاتی ہے۔ **کال کاٹنا** (متعدی) دیکھو کال بتانا۔ **کال کا ٹوٹا یا مارا** (صفت) ۱۔ قحط زدہ ۲ بھوکا ۳ غریب۔ مفلس۔ کنگال۔ **کال کام** (مذکر) وہ کام جو قحط کے دنوں میں غریبوں کو کھانا دینے کے لئے کیا جائے۔ **کال کر جانا** (لازم) مر جانا۔ **کال کوٹھڑی** (مونث) ۱۔ اندھیری کوٹھڑی ۲ قید تنہائی ۳ کنایتاً پیٹ۔ **کال کے بس میں ہونا** (لازم) ۱۔ وقت یا واقعات سے مجبور ہونا ۲ موت کے پنجے میں ہونا۔

امثال واقوال۔ کال باگڑ سے اپجے اور برا بامن سے ہو۔ قحط ہمیشہ پہلے باگڑ میں ہوتا ہے اور برہمن سے ہمیشہ نقصان پہنچتا ہے۔ کال ٹلے کلال نہ ٹلے۔ موت ممکن ہے ٹل جائے شرابی کے لئے شراب چھوڑنا ممکن نہیں۔ کال سب کو کھائے بیٹھا ہے۔ موت سب کو

آنی ہے۔ کال کا ساگ غریب کا بھاگ ۱
قحط کے زمانے میں غریب کے لئے ساگ پات بھی
غنیمت ہے۔ کال کا مارا سب جگ ہارا
۱ موت سے سب مجبور ہیں ۲ بھوک کا مارا نہیں
پنپتا۔ کال کڑھاؤ کسان کا کھاؤ۔ قحط اور
خشک سالی کسان کے لئے وبال ہیں۔ کال کے
آگے سب لاچار ہیں، کسی کا بس نہیں
چلتا۔ موت سے سب مجبور ہیں۔ کال کے
منہ میں سب ہیں۔ سب کو مرنا ہے۔ کال
کے ہاتھ کمان بوڑھا بچے (چھوڑے) نہ
جوان۔ موت سے کوئی نہیں بچتا۔ کال نہ
چھوڑے راجہ نہ چھوڑے رنک
موت بادشاہ یا فقیر کسی کو نہیں چھوڑتی۔ کال
نہ چھوڑے کوئے۔ گدا ہو یا راجہ ہوئے
موت کسی کو نہیں چھوڑتی۔

کال (س۔ صفت) کال (ھ)
۱ سیاہ ۲ بڑا۔ بیحد۔ زیادہ ۳ (مذکر) کالا رنگ
۴ آنکھ کا سیاہ حصہ ۵ کالا سانپ۔ افعی۔ کال
ٹین (صفت) کالا (عف) کال جواری
(مذکر) بڑا قمار باز۔ کال جیوڑی (مونث)
کالا سانپ۔ کال راتڑی (مونث) کالی
رات۔ کال کوٹھڑی (مونث) ۱ بہت
تاریک مکان ۲ قید تنہائی ۳ کنایتاً پیٹ۔

کالا (ہ۔ صفت) ۱ سیاہ۔ سیاہ نام ۲
بڑا۔ بہت۔ زیادہ۔ بے حد ۳ (مذکر) سانپ
افعی ۴ سیاہ ہرن ۵ دیسی آدمی (س کانک)
کالا آدمی (انگ اصطلاح) ہندوستانی آدمی
کالا بال (مذکر) ۱ موئے زہار ۲ (صفت)
بے حقیقت۔ ادنےٰ۔ کالا بال اپنا جاننا یا سمجھنا
(لاز) کچھ حقیقت نہ سمجھنا۔ بے حقیقت سمجھنا۔
کالا بھوٹ یا بھجنگ (صفت) بہت کالا۔
کالا پانی (مذکر) ۱ حبس دوام بعبور دریائے شور
۲ ہر ملک کا کالا پانی جدا ہے۔ ہندوستان کا جزیرہ
انڈمان ہے۔ روس کا سائبیریا۔ کالا پانی ملنا
یا ہونا (لازم) حبس دوام کی سزا ملنا۔ کالا
پانی ہو (بد دعا) حبس دوام کی سزا ہو۔ کالا
پن (مذکر) سیاہی۔ کالا پہاڑ (مذکر) ۱ ہاتھی
۲ سرتا ۳ ایک آم کا نام ۴ مصیبت کی لمبی تاریک
رات ۵ مصیبت۔ آفت۔ کالا تل (مذکر)
۱ خال سیاہ ۲ کنجد سیاہ۔ کالا جیل خانہ (مذکر)
جیل خانہ جس میں قیدی عمر بھر رہتے۔ کالا چور
(مذکر) ۱ بڑا بھاری چور۔ نامی چور ۲ جہاں نام نہ
بتانا ہو وہاں کہہ دیتے ہیں۔ کالا دانہ (مذکر)
اسپند۔ نظر بد کو دفع کرنے کے لئے جلاتی ہیں۔ کالا
دھتورا (مذکر) ایک قسم کا دھتورا جس کے بیج
سیاہ ہوتے ہیں۔ کالا دیو (مذکر) ۱ اندر سبھا میں
ایک دیو جو گلفام اور سبز پری کا مددگار ہے ۲
نہایت سیاہ اور قوی ہیکل شخص۔ کالا زیرہ
(مذکر) سیاہ رنگ کا زیرہ۔ کالا سور (مذکر)
۱ سیاہ خنزیر ۲ گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے
کالا کبوتر (مذکر) سیاہ رنگ کا کبوتر۔ کالا کچھو
(مذکر) ایک قسم کا پودہ۔ کالا کرنا (متعدی) ۱
سیاہ کرنا ۲ (کاغذ) لکھنا۔ کالا کلوٹا (صفت)
بہت کالا۔ کالا کوا (مذکر) پہاڑی کوا۔ کالا
کوا کھایا ہے۔ بہت باتیں کرنے والے کی
نسبت کہتے ہیں۔ کالا کولا یا کوٹلا (صفت)
بہت سیاہ۔ کالا کھیلنا (متعدی) منتر کے اثر
سے سانپ کا کھیلنا۔ کالا کیکر (مذکر) معمولی کیکر
کالا لوبھیا (مذکر) ایک قسم کا لوبھیا جس کے دانے
سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں۔ کالا منہ (مذکر) ۱ چہرہ
جس پر سیاہی ملی ہو ۲ اظہار نفرت کا کلمہ۔ کالا منہ
کرانا (دم) کرنا (متعدی) ۱ چہرہ سیاہ کرنا ۲
زنا کرنا۔ زنا بالجبر کرنا ۳ دور ہونا۔ دفع ہونا ۴ بدنام
کرنا۔ رسوا کرنا ۵ چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ کالا منہ
کرو ۱ دفع ہو۔ منہ نہ دکھاؤ ۲ چھوڑو۔ جانے دو
کالا منہ ہو (بد دعا) بدنام ہو۔ رسوا ہو۔ کالا منہ
ہونا (لازم) دیکھو کالا منہ کرنا (دوسرے معنی)۔ کالا ناگ
(مذکر) سیاہ سانپ۔ افعی۔ کالا نمک یا نون
(مذکر) سیاہ رنگ کا نمک جو ہاضمے کے لئے بہت
اچھا ہوتا ہے۔ کالی (صفت مونث) ۱ سیاہ ۲
درگاجی کا ایک نام بحیثیت قربانی کی دیوی کے۔ اس
صورت میں بنگالی انہیں پوجتے ہیں۔ اور انسانوں
کی قربانی کرتے ہیں ۳ ایک سانپ کا نام جس کو
کرشن جی نے گنگا کے بھنور سے نکالا تھا۔ کالیا (مقتنا)
سیاہ رنگ کا آدمی۔ کالی آندھی (مونث) وہ
آندھی جس کے آنے سے اندھیرا چھا جائے۔ کالی
آنکھ (مونث) وہ آنکھ جس کی پتلی سیاہ ہو۔ ایشیا
میں خوبصورتی کی نشانی ہے۔ کالی باڑی (مونث)
بنگالیوں کا مندر جہاں کالی دیوی کی پوجا ہوتی
ہے۔ کالی بلا (مونث) ۱ نہایت سیاہ عورت
۲ چڑیل ۳ سخت مصیبت۔ کالی بلا پیچھے۔ ایک
قسم کی بد دعا۔ کالی بھسومی (مونث) ایک سیاہ
مٹی ۲ بتوں کا کھاد۔ کالی بی (مونث) ایک
فرضی نام بچوں کے ڈرانے کا۔ کالی پیلی آنکھیں
کرنا (متعدی) بہت ناراض ہونا۔ کالی جمعرات
(مونث) کوئی دن جو مقرر نہ ہو۔ وعدہ ٹالنے کے
موقع پر طنزاً کہتے ہیں۔ کالی دیبی یا دیوی
(مونث) ۱ دیکھو کالی ۲ انیون کالی رات (مونث) تاریک رات جب
چاند نہ ہو ۲ بہت ابر آلود رات۔ کالی زبان
(مونث) سیاہ زبان منحوس گنی جاتی ہے۔ ایسی
زبان والے کی کہی ہوئی بری بات ضرور ہو جاتی ہے
کالی زیری (مونث) ایک قسم کا سیاہ زیرہ۔
کالی سیتلا (مونث) ایک قسم کی چیچک جو بہت
خطرناک ہوتی ہے۔ کالی سیم (مونث) ایک
قسم کی سیم جس کے بیج سیاہ ہوتے ہیں۔ کالی کٹکی
(مونث) ایک پودہ۔ کالی کچکوری (مونث) ایک بوٹی۔ کالی
کلوٹی (مونث) نہایت سیاہ۔ کالی کھانسی (مونث) ایک قسم کی کھانسی
جو بچوں کو ہوتی ہے۔ اس میں بہت تکلیف ہوتی
ہے۔ کالی گھٹا (مونث) سیاہ رنگ کا بادل۔
کالی ماتا (مونث) کالی سیتلا۔ کالی مٹی (مونث)
تالاب کی سیاہ مٹی جو لیپنے کے کام آتی ہے۔ کالی مرچ
(مونث) ۱ سیاہ مرچ۔ فلفل سیاہ ۲ کنایتاً مکھی۔
کالی مرچ کھانا (متعدی) مکھی نگلنا۔ کالی ہانڈی
پیچھے۔ کسی کے مرنے یا کسی برے افسر کے چلے جانے پر
کالی ہانڈی توڑتے ہیں۔ کالی ہانڈی سر پر دھرنا
(متعدی) بدنام ہونا۔ بدنامی اٹھانا۔ کالی ہڑ (مونث)
ایک قسم کی چھوٹی ہڑ جو سیاہ ہوتی ہے۔ کالے (مذکر)
سیاہ رنگ کے آدمی۔ دیسی آدمی۔ ہندوستانی انگریزوں
کی نظروں میں۔ کالے بال (مذکر) موئے زہار
کالے برن (ھ) ۱ سانپ کے رنگ کا ۲ سیاہ
رنگ کا۔ کالی بھونرالی مکین ہے۔ دہلی میں
جامن بیچنے والے صدا دیتے ہیں۔ کالے پانی
بھیجنا (متعدی) حبس دوام بعبور دریائے شور
کی سزا دینا۔ کالے تل چابنا (متعدی) ۱ برا کام
کرنا ۲ برے کاموں کی سزا پانا۔ کالے تل چبوانا
(دم) ایک ٹوٹکا۔ دلھن کی ہتھیلی پر کالے تل اور کھانڈ
رکھ کر دولھا کو زبان سے کھلواتے ہیں تا کہ جورو کا

مطیع رہنے ۲ غلامی کا کام لینا ۳ مطیع بنا لینا۔ اپنا بنا لینا ۴ ڈرانا۔ دھمکانا۔ **کالے دن دکھانا** (متعدی) مصیبت میں مبتلا کرنا۔ **کالے سر کا** (صفت) جوان آدمی۔ **کالے سر کا ایک نہ چھوڑنا** (متعدی) جوان آدمیوں سے بدفعلی کرانا۔ فاحشہ اور چھنال عورت کے متعلق کہتے ہیں۔ **کالے کا منتر** (مذکر) منتر جس سے سانپ کو مطیع کرتے ہیں۔ **کالے کوس** (مذکر) بہت دور۔ دور دراز فاصلہ۔ **کالے کوسوں** (تقن) بہت دور۔ بہت فاصلے پر۔ **کالے کی سی لہر آنا** (لازم) ۱ کبھی خیال آ جانا ۲ جنون کا اٹھنا۔ **کالے کے منہ میں انگلی (ہاتھ) دینا** (متعدی) ایسا کام کرنا جس میں جان کا خطرہ ہو۔ **کالے منہ اندھیرے** (تقن) نہایت سویرے علی الصباح۔

امثال و اقوال

کالا کوا خیرات کو ۔ کالے آدمی کو مذاقاً کہتے ہیں۔ دہلی میں چڑیمار کوے پیٹتے پھرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں۔ **کالا منہ کر جگ دکھلاوے تب (لالن کو لالی) لانی کو لانا پاوے** ۔ جب تک آدمی ذلتیں اور مشقتیں نہ اٹھائے کامیاب نہیں ہوتا۔ **کالا منہ کریل کے دانت** ۔ سب باتیں بگڑی ہوئی۔ **کالا منہ نیلے ہاتھ پاؤں** (بد دعا) نفرت ظاہر کرنے کو کہتی ہیں۔ **کالا ہرن نہ ماریو ستر ہو جائیں گی رانڈ** ۔ **کالا ہرن مت ماریو سانڈ۔ ستر ہو جائیں گی رانڈ** ۔ ایسا آدمی نہ مارے جس کے ہاتھوں بہتوں کی روزی ہو۔ **کالے آدمی صابن سے گورے نہیں ہوتے** پیدائشی بات کبھی نہیں جاتی۔ **کالی نچے نہ کبری** ۔ ضرورت کے وقت اپنے کا اعتبار نہ کرے نہ غیر کا۔ **کالی بلی کالی رات مارنے والے تیری عمر دراز** ۔ خوب بات کو پہنچا۔ **کالی بھلی نہ سیت دونوں کو مارو ایک ہی کھیت** ۔ دونوں خراب ہیں۔ دونوں کو ہلاک کرو۔ ایک شخص کی دو بیویاں تھیں دونوں جادوگرنیاں تھیں۔ ایک سفید چیل بن کر سوت پر حملہ کر کے دوسری سیاہ چیل بنی۔ خاوند نے یہ مصرع کہہ کر دونوں کو تیر کا نشانہ بنا دیا۔ **کال جمعرات کا وعدہ کرنا** ۔ لمبا وعدہ کرنا۔ **کالی بلی کالی رات مارنے والے تیری عمر دراز** ۔ خوب بات کو پہنچا۔ **کالے سر کا ایک نہ چھوڑا** ۔ ہر جوان آدمی سے زنا کرایا۔ چھنال عورت کی نسبت بولتے ہیں۔ **کالے کا کاٹا پانی نہیں مانگتا** ۔ **کالے کے کاٹے کا (منتر نہیں) نہ جنتر نہ منتر** ۱ جسے افعی کاٹے وہ ضرور مر جاتا ہے ۲ دغا باز آدمی سے سب کو نقصان پہنچتا ہے۔ **کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا** ۔ زبردست کے آگے کچھ پیش نہیں جاتی کہتے ہیں کہ کالے سانپ کی پھنکار سے چراغ بجھ جاتا ہے۔ **کالی گھٹا ڈراؤنی (کبھوری) دھولی برسن ہار** ۔ کالی گھٹا سے لوگ ڈرتے ہیں۔ مگر وہ برستی کم ہے۔ سفید یا کبھورے بادل عموماً بہت برستے ہیں۔ **کالی کٹی بامن کے دان** ۔ اچھی چیز دوسرے لے جاتے ہیں۔

کالا (ف۔ مذکر) مال و اسباب۔ پونجی۔ کاٹھ کباڑ۔

مثل ۔ **کالائے (بد) زبوں بہ ریش خاوند** ۔ بری چیزیں بیچنے والے کے پاس واپس آتی ہیں۔

کالا (ھ۔ مذکر) وقت۔

کالبد (ف۔ مذکر) ۱ بدن۔ جسم ۲ قالب۔ سانچہ ۳ وہ لکڑی جسے جوتے میں دیتے ہیں کالبوت۔ لکڑی کا پاؤں۔

کالبوت (ف۔ مذکر) دیکھو کالبد۔ **کالبوت چڑھانا یا دینا** (متعدی) ۱ لکڑی کا پاؤں جوتے میں دینا تاکہ اس کی شکل ٹھیک رہے ۲ تنگ جوتے کو قالب پر چڑھا کر ڈھیلا کرنا۔

کالج (انگ۔ مذکر) وہ مدرسہ اعلیٰ جہاں انٹرنس سے اوپر یا کسی اور فن کی اعلیٰ تعلیم ہوتی ہے۔

کالر (انگ۔ مذکر) ۱ کپڑے کا ٹکڑا جو قمیص کے ساتھ خوبصورتی یا کوٹ کو میلا ہونے سے بچانے کے لئے لگاتے ہیں۔ کالر نرم یا سخت سفید یا رنگدار اور کئی مختلف نمونوں کے ہوتے ہیں ۲ کتے کا پٹا (بنانا، بننا۔ سلانا۔ سینا۔ لگانا۔ لگنا وغیرہ کے ساتھ)

کالرا (انگ۔ مذکر) ہیضہ۔

کالس (ھ۔ مذکر) سیاہی۔

کالسکہ (ف۔ مونث) گاڑی۔ **کالسکۂ بخار یا دخانی** (مونث) ریل گاڑی۔

کالشیہ (س۔ مذکر) ۱ میل۔ گندگی ۲ گدلا پن ۳ کثافت۔ تاریکی ۴ دغا۔ دھوکا۔ بے انصافی ۵ نا اتفاقی جھگڑا۔

کالک (ہ۔ مونث) ۱ سیاہی تاریکی ۲ کاجل ۳ بدنامی رسوائی۔ **کالک کا ٹیکا** (مذکر) ۱ سیاہی کا دھبہ۔ داغ ۲ بدنامی۔ رسوائی (لگانا۔ لگنا کے ساتھ) **کالک کے ہاتھ لگنا۔ کالک لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ سیاہی کا دھبا لگنا ۲ بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا۔

کالک (س۔ صفت) ۱ سیاہ۔ کالا ۲ سیاہ نشان۔ خال ۳ مہاسہ۔ مسہ ۴ آنکھ کی پتلی ۵ ایک اناج ۶ ایک راکشس ۷ ایک اسرا ۸ (مونث) سیاہی۔ تاریکی ۹ سیاہ نشان۔ خال ۱۰ مہاسہ ۱۱ سیاہ داغ ۱۲ بدنامی۔ رسوائی ۱۳ (الجبرا) حرف جو عددوں کی بجائے رکھے جائیں۔ مقدار۔

کالکہ (س۔ عس) دکش کی بیٹی اور کشیپ کی بیوی۔ اس نے اپنے خاوند سے یہ نعمت حاصل کی کہ بغیر تکلیف کے بچے جنے۔ یہ ساٹھ ہزار دانووں کی ماں تھی۔

کالکھ (ھ۔ مذکر) ۱ سیاہی دیکھو کالک ۲ خال دیکھو کالک۔ **کالکھ لگانا** (متعدی) ۱ (منہ میں) شرمندہ کرنا۔ شرم دلانا ۲ (نام کو) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔

کالکیل (ھ۔ مونث) قیل و قال کا معرب ۱ آواز جو سمجھ میں نہ آئے ۲ شور۔ غوغا۔

کالم (انگ۔ مذکر) ۱ صفحہ کا ایک حصہ اوپر سے نیچے تک ۲ فوج کا ایک دستہ۔

کالما (ھ۔ مذکر) ۱ سیاہی ۲ سیاہ داغ یا دھبہ ۳ شرم ۴ تہمت ۵ بہتان۔ افترا۔

کالنگڑا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا راگ۔

کالوری (کنعان) دیکھو کوغولتا۔

کالونی (انگ۔ مونث) نوآبادی **کالونیل** (صفت) کالونی کے متعلق۔ **کالونیل آفس** (مذکر) سلطنت برطانیہ کا ایک محکمہ جو نوآبادیات کے متعلق ہے۔

کالہ (ف۔ مذکر) ۱ ریشمی کپڑا ۲ کپڑا ۳ مکان کا مال و اسباب۔ دنیاوی چیزیں۔

کالی۔ کالیا (ھ۔ مذکر)۔ ایک سانپ جو دریائے جمنا میں رہتا تھا۔ اس کے سو سر تھے۔ اسے کرشن جی نے مارا تھا۔

کالیڈیم (انگ۔ مذکر) ایک پودہ جس کے پتے بہت خوبصورت ہوتے ہیں۔

کالبِن (س۔ صفت) ۱ کسی خاص وقت کے متعلق ۲ باموقع۔ برمحل۔ بروقت۔ وقت پر۔

کام (ہ۔ مذکر) ۱ وہ چیز جو کی جائے کار۔ فعل۔ عمل ۲ محنت۔ مشقت۔ مزدوری ۳ مقصد۔ مطلب۔ غرض۔ مقصود ۴ کاروبار۔ شغل۔ دھندا ۵ پیشہ۔ حرفہ ۶ لین دین۔ بیوپار۔ تجارت ۷ نوکری۔ روزگار ۸ فرض۔ کام جو اپنے ذمہ لیا جائے ۹ تعلق۔ سروکار ۱۰ کار نفیسہ جیسے نقاشی مصوری۔ زردوزی۔ کشیدہ وغیرہ ۱۱ عقلمندی دانائی ۱۲ اہم بات ۱۳ کارگزاری۔ کارروائی ۱۴ حوصلہ۔ جرأت ۱۵ آرزو۔ خواہش تمنا ۱۶ حاجت۔ ضرورت ۱۷ تالو ۱۸ جماع۔ ہمبستری ۱۹ استعمال۔ مونونیت ۲۰ صنعت۔ دستکاری ۲۱ ضرورت۔ موقعہ ۲۲ ڈاک۔ ڈاک کی تھیلی ۲۳ خدمت۔ ٹہل ۲۴ (عف) معاملہ۔ بات ۲۵ چالاکی ہوشیاری ۲۶ کار مخصوص۔ کار مفہوم (س کرم)

کام آپڑنا (لازم) غرض اٹکنا۔ کسی کے متعلق کوئی مطلب ہونا۔ **کام آجانا** (لازم) ۱ استعمال میں آنا ۲ مفید ہونا ۳ لڑائی میں مارا جانا ۴ خرچ ہونا۔ **کام آخر کردینا یا کرنا** (متعدی) ہو جانا یا ہونا (لازم) مرجانا۔ **کام آسان ہونا** (لازم) مشکل رفع ہونا۔ **کام آسکی** (مد) کسی کام میں مشغول یا منہمک۔ مشغول۔ **کام آنا** (لازم) ۱ دیکھو کام آجانا ۲ مددگار ہونا۔ آڑے آنا ۳ مرجانا ۴ کارآمد ہونا۔ کام نکالنا۔ **کام ابتر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کام خراب ہونا۔ **کام اٹکا رہنا** (لازم) مطلب رکا رہنا۔ **کام اٹکانا** (متعدی) **اٹکنا** (لازم) کام رکنا۔ **کام اٹھا رکھنا** (متعدی) دوسرے وقت کے لئے کام ملتوی رکھنا۔ **کام اٹھا لینا** (متعدی) کام اپنے ذمہ لینا۔ برداشت کرنا۔ **کام ادا ہو جانا یا ہونا** (لازم) کام تمام ہو جانا (مت) **کام ادھورا رکھنا** (متعدی) کام بیچ میں چھوڑ دینا۔ کام ناتمام رکھنا۔ **کام بتانا** (متعدی) ۱ کام سکھلانا۔ کام کی تعلیم دینا ۲ کوئی مشغلہ بتانا۔ کام پر لگانا۔ **کام بٹا لینا یا بٹانا** (متعدی) کام میں شریک ہونا۔ مدد کرنا۔ **کام برآنا** (لازم) مقصد پورا ہونا۔ مراد حاصل ہونا۔ **کام بڑھانا** (متعدی) **بڑھ جانا۔ بڑھنا** (لازم) محنت زیادہ ہونا۔ کام زیادہ ہونا ۲ کام کا طول پکڑنا ۳ بیوپار کو ترقی ہونا ۴ کام ختم ہونا یا بند ہونا۔ **کام بگاڑنا** (متعدی) کام خراب کرنا ۲ ساکھ کھو دینا۔ **کام بگڑنا** (متعدی) ۱ کام خراب ہونا ۲ معاملہ خراب ہونا ۳ نوکری چھوٹ جانا ۴ دیوالہ نکل جانا۔ **کام بنا رہنا** (لازم) ۱ اقبال کا یاور ہونا ۲ رسوخ ہونا ۳ دور دورہ ہونا۔ **کام بنا لینا** (متعدی) مطلب حاصل کر لینا۔ **کام بنانا** (متعدی) بن جانا۔ **بننا** (لازم) ۱ مطلب پورا ہونا۔ مراد برآنا ۲ کام درست ہونا ۳ کام تیار ہونا۔ **کام بند رکھنا** (متعدی) ۱ کام تھوڑا سا کرکے چھوڑ دینا۔ کام روک رکھنا ۲ خلل ڈالنا۔ ہرج کرنا ۳ مطلب حاصل نہ ہونے دینا۔ **کام بند رہنا** (لازم) ۱ کام نہ ہونا۔ کام رکنا ۲ کارخانہ بند رہنا۔ **کام بند کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کام رک جانا۔ کام نہ ہونا۔ **کام بھگتانا** (متعدی) **بھگتنا** (لازم) کام ہونا۔ کام پورا یا مکمل ہونا۔ **کام پر جانا** (لازم) کام کرنے جانا۔ مزدوری پر جانا۔ کام پر دیدہ لگانا (متعدی) **لگنا** (لازم) کام میں جی لگنا۔ **کام پر لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ کسی خدمت پر مقرر ہونا ۲ نوکر ہونا ۳ کام سیکھنے میں مصروف ہونا ۴ کام دینا۔ دھندے سے لگنا۔ **کام پڑا رہنا** (لازم) کام کا ناتمام رہنا۔ **کام پڑنا** (لازم) ۱ کسی کے متعلق کوئی کام ہونا۔ غرض ہونا ۲ تعلق ہونا۔ پالا پڑنا۔ **کام پورا ہونا** (لازم) مقصد حاصل ہونا۔ مطلب براری ہونا۔ **کام تجنا** (لازم) کام چھوڑنا یا ترک کرنا۔ **کام تقدیر پر چھوڑ دینا** (متعدی) راضی برضا ہونا۔ معاملہ قسمت کے سپرد کرنا۔ **کام تمام کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ مار ڈالنا۔ ہلاک کرنا ۲ کام مکمل کرنا یا انجام کو پہنچانا۔ **کام جاری رہنا** (لازم) کام لگاتار ہوتا رہنا۔ **کام جاری کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ کام چلتا رہنا ۲ کام کا سلسلہ شروع ہونا۔ **کام چڑھانا** (متعدی) ۱ کسی کل یا مشین وغیرہ پر کام لگانا ۲ کوئی کام شروع کرنا یا ہاتھ میں لینا۔ **کام چلانا** (متعدی) ۱ کارروائی کرنا۔ بندوبست کرنا ۲ مطلب براری کرنا ۳ کاروبار جاری رکھنا ۴ وقت سے کام نکالنا۔ جوں توں کرکے کام پورا کرنا۔ **کام چلاؤ** (صفت) ۱ کام نکلنے کے قابل۔ حاجت پوری کرنے کے لائق ۲ کام کا۔ مفید۔ **کام چلنا** (لازم) ۱ مطلب نکلنا۔ کام نکلنا ۲ کاروبار جاری رہنا ۳ گزر ہونا۔ بسر ہونا ۴ ہاتھ تنگ نہ رہنا۔ **کام چمکنا** (لازم) ۱ کاروبار کا رونق پر ہونا ۲ کام کی قدر ہونا۔ **کام چوپٹ ہو جانا** (لازم) کام خراب ہونا۔ **کام چور** (صفت) وہ جو کام کرنے سے جی چرائے یا حیلے بہانے کرے۔ **کام چھیڑنا** (متعدی) ۱ کوئی کام جاری کرنا ۲ عمارت شروع کرنا۔ **کامدار** (صفت) ۱ زردوزی۔ زری یا ریشم کا کام کیا ہوا ۲ (مذکر) ایسا جو نائب منتظم۔ کارندہ۔ کارکن۔ ایجنٹ۔ مہتمم گماشتہ۔ منیب ۳ وہ شخص جسے امیر یا بادشاہ کوئی کام سپرد کرے۔ **کامدانی** (مونث) ۱ سونے چاندی کے تاروں سے کپڑے پر بیل بوٹے بنانے کا کام ۲ وہ کپڑا جس پر یہ کام ہو۔ **کامدانی والا** (صفت) وہ جو کامدانی کا کام یا پیشہ کرے۔ **کام دھندا** (مذکر) کاروبار۔ شغل۔ گھر کا کام۔ **کام دکھانا** (متعدی) **دیکھنا** (متعدی) کارگزاری کا معائنہ کرنا۔ کام کی پڑتال کرنا۔ **کام دینا** (متعدی) ۱ کوئی کام سپرد کرنا ۲ کام آنا ۳ امداد دینا ۴ عہدہ یا منصب سپرد کرنا۔ **کامدیو** (مذکر) ۱ محبت کا دیوتا ۲ خواہش جماع۔ قوت باہ۔ **کام ڈالنا** (متعدی) ۱ پالا ڈالنا ۲ سروکار ہونا۔

کام رک جانا یا رکنا (لازم) کام ہوتے ہوتے یکایک بند ہو جانا۔ **کام رکھنا** (متعدی) ۱ غرض یا مطلب ہونا ۲ تعلق رکھنا۔ مطلب ہونا۔ **کام رہ جانا** (لازم) کام پورا نہ ہونا۔ کام بیچ میں رہ جانا۔ **کام رہنا** (لازم) سروکار رہنا۔ **کام سپرد کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کام حوالے ہونا۔ **کام سکھانا** (متعدی) کوئی ہنر بتانا۔ **کام سمٹنا** (لازم) ۱ کام ہلکے ہونا یا انجام پانا ۲ کام اکٹھا یا ایک جا ہونا ۳ کام بن جانا۔ **کام سمیٹنا** (متعدی) **سمٹوانا** (ھ) کام طے کرنا۔ کام پورا کرنا۔ کام

سنوارنا یا سنورنا (متعدی) ۱ کام درست ہونا ۲ بگڑے کام کا ٹھیک ہونا۔ کام سے جاتا رہنا یا جانا (لازم) ۱ بیکار ہو جانا ۲ قابل استعمال نہ رہنا۔ مطلب کا نہ رہنا ۳ موقوف ہو جانا ۴ نامرد ہو جانا۔ کام سے کام رکھنا (متعدی) ہونا (لازم) مطلب سے غرض رکھنا اور کسی بات کی پروا نہ ہونا۔ کام سیکھنا (متعدی) کوئی کسب یا ہنر حاصل کرنا۔ کام سے لگنا (متعدی) ۱ نوکر ہونا۔ ملازم ہونا ۲ خدمت پر مقرر ہونا ۳ کام میں مصروف ہونا۔ کام فرمانا (متعدی) عمل میں لانا۔ کرنا۔ کام کا (صفت) کارآمد۔ مفید مطلب۔ کام کا آدمی (مذکر) ۱ وہ شخص جو اچھی طرح کام کرے۔ کارآمد آدمی ۲ تجربہ کار شخص۔ ہوشیار آدمی۔ کام کاج (مذکر) ۱ کام۔ گھر کا کام ۲ کاروبار۔ شغل اشغال ۳ شادی کی تقریب ۴ لین دین بیوپار۔ کام کاج دیکھنا یا کرنا (متعدی) گھر کا کام کرنا۔ کام کاجی (صفت) ۱ کام کرنے والا ۲ محنتی۔ جفاکش ۳ چالاک ہوشیار۔ کام کا نہ رکھنا (متعدی) ۱ بیکار کر دینا ۲ مصرف کے لائق نہ رکھنا۔ کام کا نہیں۔ اچھا نہیں ــ کام کا نہ رہنا (صفت) ۱ بیکار ہو جانا ۲ نامرد ہو جانا ۳ کارآمد نہ رہنا۔ غیر مفید ہونا۔ کام کر جانا (متعدی) اثر دکھانا۔ کامیاب ہونا۔ کارگر ہونا۔ کام کر چکنا (لازم) ۱ کامیاب ہونا ۲ کام تمام کر دینا ۳ اثر کرنا۔ کام کر لینا (متعدی) ۱ کام کو ختم کرنا ۲ اپنا مطلب حاصل کر لینا۔ کام کرنا (متعدی) ۱ کام کے ساتھ سوائے معنی [illegible] ۲ فائدہ دینا ۳ اثر کرنا۔ ہلاک کرنا۔ مار ڈالنا ۴ کام دینا۔ کام کھلنا (لازم) کھولنا (متعدی) دیکھو کام جاری کرنا یا ہونا۔ کام کھنچنا (لازم) مرنا جان سے جانا (مت) کام کی بات (مونث) ۱ کارآمد بات۔ مفید بات ۲ مطلب کی بات۔ کامگار (صفت) خوش نصیب۔ اقبال مند۔ کام لگانا (متعدی) تعمیر کا کام شروع کرنا۔ مکان بنانا شروع کرنا۔ کام لگ جانا (لازم) کام میں مصروف ہونا۔ کام لگنا (لازم) ۱ غرض اٹکنا۔ کسی کے متعلق کوئی کام ہونا ۲ ضرورکار ہونا۔ کام لینا (متعدی) ۱ کام کرانا ۲ خدمت لینا ۳ چارج لینا۔ دفتر کا کام سنبھالنا ۴ اختیار کرنا ۵ ٹھیکہ لینا ۶ (ذمہ)

کسی بات کا ذمہ لینا۔ کام مٹی ہونا (لازم) کام خراب ہونا۔ کام ملنا (لازم) ۱ کوئی کام سپرد ہونا ۲ عہدہ یا خدمت ملنا ۳ ٹھیکہ ملنا ۴ کسی قسم کا کام حاصل ہونا۔ کام میں (تف) ۱ استعمال میں برتاؤ میں ۲ عمل میں۔ کام میں آنا (لازم) استعمال میں آنا۔ کام میں فتور آنا یا پڑنا (لازم) کام کا خراب ہو جانا۔ کام میں کام نکالنا (متعدی) ایک کام کے ساتھ دوسرا کام کرنا۔ کام میں لانا (لازم) ۱ استعمال میں لانا ۲ خرچ کرنا۔ کام میں لگا رہنا (لازم) کسی کام میں لگاتار مشغول رہنا۔ کام میں لگانا (متعدی) لگنا (لازم) کسی کام میں مصروف ہونا۔ کام میں ہاتھ ڈالنا (متعدی) ۱ کوئی کام شروع کرنا ۲ کسی معاملے میں دخل دینا۔ کام میں ہونا (لازم) ۱ استعمال میں ہونا ۲ مصروف ہونا۔ کام نکال لینا (متعدی) ۱ کسی عہدے یا خدمت سے موقوف کر دینا ۲ کوئی مطلب حاصل کر لینا۔ کام نکالنا (متعدی) ۱ مطلب حاصل کرنا ۲ کسی کے واسطے کوئی کام تجویز کرنا ۳ (مت) کسی عہدے یا خدمت سے موقوف کر دینا۔ کام نکلتا (مت) نکلتے۔ کام ہوتے۔ مطلب حاصل ہوتے۔ کام نکلنا (لازم) ۱ مطلب حاصل ہونا ۲ کام درپیش ہونا ۳ کسی کام کی ضرورت پیش آنا ۴ مزدوری کھلنا ۵ ٹھیکہ کا کام شروع ہونا ۶ کسی خدمت یا عہدے سے موقوف ہونا ۷ کام ہونا۔ کام بننا۔ کارروائی ہونا۔ کام نہیں۔ غرض نہیں۔ واسطہ نہیں۔ کام ہاتھ میں ہونا (لازم) پیشہ یا ہنر حاصل ہونا۔ کام ہو جانا (لازم) ۱ مقصد حاصل ہونا۔ مراد برآنا ۲ ہلاک ہو جانا۔ برا حال ہو جانا ۳ کوئی ضرورت پیش آ جانا ۴ کوئی خدمت ملنا۔ عہدہ یا منصب مل جانا۔ کام ہونا (لازم) ۱ مطلب حاصل ہونا ۲ ضرورت پڑنا ۳ کام تمام ہونا ۴ منصب ملنا۔

امثال و اقوال

کام اپنا ہی کام ہے۔ جو کام خود کرو وہی اچھا ہوتا ہے۔ کام اسرا دکھ بسرا اچھا چھ نہ دیت اہیر (ھ) کام ہو جائے تو پھر مددگاروں کی پروا نہیں ہوتی۔ کام پیارا ہے چام پیارا نہیں۔ انسان کی قدر کام سے ہے۔ اسے کہتے ہیں جو کام نہ کرے۔ کام چور نوالے کو حاضر۔ اس کے متعلق کہتے

ہیں جو کام کے وقت ٹل جائے اور کھانے کے لئے حاضر ہو۔ کام کا نہ کاج کا (دشمن) سیر بھر اناج کا۔ سست اور کاہل مگر کھانے کے لئے ہر وقت تیار۔ کام کرو دھندھ مدھ لوبھ کی جب من میں ہووے کھان۔ کا پنڈت کیا مورکھا دونو ایک سمان (ھ) شہوت غصہ غرور لالچ حرص اگر دل میں ہوں تو عالم اور جاہل برابر ہیں۔ کام کرنے کی سو راہیں ہیں نہ کرنے کی ایک نہیں۔ کام صدق نیت سے کیا جائے تو کئی طریقے نکل آتے ہیں۔ اگر نہ کرنے کی نیت ہو تو کوئی طریقہ نہیں نکلتا۔ کام کرے سپاہی نام ہو سردار کا دیکھو کاٹے باڑ ہد الخ۔ کام کرے ننھو والی پکڑی جائے چرکٹ والی۔ کام امیر کرے اور پکڑا غریب جائے۔ کام کو آنہاں کھانے کو ہوں۔ نمک حرام کی نسبت بولتے ہیں۔ کام کو کام سکھاتا ہے۔ جہاں کام شروع کیا اور مشق ہوئی کام خود بخود آ جاتا ہے۔ کام کو کوڑھی منہ بجھڑ (ھ) دیکھو کام چور الخ۔ کام کو نا (نہیں) کھانے کو (ہاں) ہوں۔ نمک حرام کام چور نوکر کے متعلق بولتے ہیں۔ کام کی بریاں کٹھو سا دکھائے (ھ) کام کے وقت انکار کرے یا کھسک جائے۔ کام لو دام دو۔ کام دیکھ کر مزدوری دو۔ کام میں دھام دہی میں موسل۔ کسی بات میں بے موقع دخل دینا۔ کام نہ کاج کا دیکھو تو دشمن اناج کا۔ دیکھو کام کا نہ الخ۔

کام (ف۔ مذکر) ۱ خواہش۔ آرزو ۲ ارادہ۔ مقصد۔ کام بخش (صفت) آرزوؤں یا خواہشوں کے مطابق خوشی دینے والا۔ آرزوئیں یا خواہشیں پوری کرنے والا۔ کام بخشی (مونث) آرزوؤں یا خواہشوں کا پورا ہونا۔ کامران (صفت) ۱ کامیاب ۲ خوش قسمت۔ خوش ۳ (مذکر) بادشاہ۔ کامرانی (مونث) ۱ خوش نصیبی۔ خوش قسمتی ۲ شاہی۔ بادشاہت۔ کام روا (صفت) جس کا مطلب یا آرزو پوری ہو چکی ہو۔ کام روا ہونا (لازم) کامیاب ہونا۔ کام روائی (مونث) حصول مطلب۔ مقصد پورا ہونا۔ کامگار (صفت) ۱ وہ جس کی خواہش پوری ہو۔ وہ جو اپنی خواہش کے مطابق مراد حاصل کرے ۲ طاقتور ۳ خود مختار بادشاہ ۴ خوش قسمت خوش نصیب ۵ شکاری پرند جو ہمیشہ شکار مارے

کامگاری (مونث) قوت۔ طاقت۔ **کامیاب** (صفت) ۱ جس کا مطلب حاصل ہوگیا ہو ۲ فتحیاب۔ فتحمند ۳ امتحان میں پاس (کرنا ہونا کے ساتھ) **کامیابی** (مونث) ۱ مطلب پورا ہونا ۲ فتحیابی فتحمندی ۳ امتحان میں پاس ہونا۔

کام (س۔ مذکر) ۱ خواہش۔ آرزو ۲ عشق۔ محبت۔ الفت ۳ شہوت ۴ عیش و عشرت کی خواہش ۵ وہ چیز جس کی آرزو یا محبت ہو ۶ محبت کا دیوتا ۷ عدد ۱۳ ۸ ایک قسم کا آم ۹ ایک بحر یا وزن۔ **کام بھوگ** (مذکر) جماع۔ **کامدیو** (مذکر) ۱ عشق و محبت کا دیوتا۔ **کام سینا** (مونث) مدھ پتی کی استری۔ **کام کُنڈ** (مذکر) ایک لنگ۔ **کام لتا** (مذکر) ۱ ایک پودہ ۲ آلہ تناسل۔

کاماکھی۔ کامائی (ھ۔ مذکر) معمار۔ راج۔

کامری (ھ۔ مونث) کمبل۔ کملی۔ (غف)

کامِل (ع۔ صفت) ۱ مکمل۔ پورا۔ تمام۔ کل ۲ پکا۔ مضبوط ۳ ماہر۔ عالم۔ ماہر فن۔ استاد ۴ عارف۔ خدا رسیدہ ۵ (مونث) عروض کی ایک بحر (کمل۔ پورا ہونا) **کامل التواریخ** (مونث) تاریخ کی ایک کتاب۔ **کامل العیار** (صفت) نہایت اعلےٰ چلن کا۔ کھرا۔ **کامل القیمت** (صفت) پوری قیمت کا۔ **کامل الوزن** (صفت) پورے وزن کا۔ **کامل عیار** (صفت) دیکھو کامل العیار۔ **کامِل فن** (صفت) کسی فن کا ماہر۔ ماہر فن۔ **کاملہ** (صفت مونث) دیکھو کامل۔ **کاملیۃ** (مذکر) رافضیوں کا ایک نہایت کٹر فرقہ۔

کاملیٹ (انگ۔ مونث) ایک قسم کا کپڑا۔

کامنا (س۔ مونث) ۱ خواہش۔ تمنا۔ آرزو ۲ شہوت۔

کامنی (س۔ مونث) ۱ نازک اور خوبصورت ۲ بہت محبت کرنیوالی عورت ۳ ایک پودہ ۴ اس کا پھول جو خوشبودار ہوتا ہے۔

کامود (ہ۔ مذکر) مالکوس۔ راگ کی ایک قسم۔

کامون (ف۔ مذکر) زیرہ۔ **کامونی** (مونث) ایک قسم کی معجون جس میں زیرہ ملایا جاتا ہے۔

کامی (س۔ صفت) ۱ خواہشمند ۲ شائق۔ محبتی ۳ معشوق ۴ پرشہوت ۵ (مذکر) عاشق ۶ خاوند جو ہر وقت بیوی کے پیچھے پڑا رہے ۷ عیاش آدمی۔ زانی ۸ (ھ) سونے کا ڈلہ ۹ محنتی آدمی۔ مشغول شخص ۱۰ (صفت) مشغول۔ منہمک ۱۱ محنتی ۱۲ چست چالاک۔

کامیونزم (انگ۔ مونث) سوسائٹی کی ترتیب جو پیداوار اور اشیا کی مشترکہ ملکیت پر منحصر ہے۔

کان (ف۔ مونث) ۱ وہ جگہ جہاں سے کھود کر معدنیات نکالتے ہیں ۲ منبع۔ چشمہ۔ **کانِ جُود** (صفت) بہت فیاض یا مخیر۔ **کانِ سنگ** (مونث) پتھر کی کان۔ **کان کن** (صفت) ۱ کان کھودنیوالا ۲ فرہاد کا لقب۔ **کان کھودنا** (متعدی) کان کو کھود کر اس میں سے معدنیات نکالنا۔ **کانِ ملاحت** (صفت) سانولے رنگ کا خوبصورت۔ **کانِ نمک** (مذکر) وہ جگہ جہاں سے کھود کر نمک نکالتے ہیں۔ **کانی** (صفت) کان کی کان کے متعلق۔ **کان یسار یا یمین** (صفت) بہت امیر۔ **کانی نمک** (مذکر) وہ نمک جو کان سے نکلے۔

کان (ہ۔ مذکر) ۱ ایک عضو جس کے ذریعے دماغ تک آواز پہنچتی ہے اور سنا جاتا ہے یہ سر کے دائیں بائیں ایک ایک ہوتا ہے ۲ کانوں کا ایک زیور۔ کرن پھول ۳ ستار وغیرہ کی کھونٹی ۴ خبر۔ اطلاع۔ واقفیت ۵ سننے کی قوت ۶ چارپائی کی اینٹھ یا خم ۷ کپڑے کا کلف سے ایک کونا ٹیڑھا جانا ۸ (ھ) برتن کا دستہ ۹ جہاز کا پتوار۔ سکان ۱۰ (ہیئت) وتر ۱۱ (عروض) دو رکن کا ایک وزن (س۔ کرن) **کان آشنا ہونا** (لازم) سنا ہوا ہونا۔ **کاناباتی** (مونث) ۱ سرگوشی۔ کاناپھوسی ۲ بچوں سے کھیلتے ہوئے کاناباتی قرکنا۔ **کاناباتی کاناباتی قر** (مذکر) بچوں کے کان میں یہ لفظ کہکر فرزور سے کہتے ہیں تو بچہ کھلکھلا کر ہنس پڑتا ہے۔ **کاناپھوسی** (مونث) ۱ سرگوشی۔ چپکے چپکے کان میں باتیں کرنا ۲ خفیہ مشورہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **کان اڑانا** (متعدی) اڑجانا **اڑنا** (لازم) سخت شور یا بہت باتوں سے پریشان ہونا۔ کان اڑے جاتے ہیں۔ جب بہت شور یا طول طویل باتیں ہوں تو کہتے ہیں۔ **کاناکانی** (ھ۔ مونث) کاناپھوسی۔ **کان اکھاڑنا** (متعدی) گوشمالی کرنا۔ **کاناگوشی** (مونث) گوشمالی (غف) **کان اینٹھنا** (متعدی) ۱ گوشمالی کرنا۔ سزا دینا۔ دھمکانا ۲ ستار وغیرہ کی کھونٹی مروڑنا ۳ (لازم) باز آنا۔ **کان اونچے کرنا** (متعدی) چوکنا ہونا۔ **کان اینٹھنا** (متعدی) گوشمالی کرنا۔ **کان بال** (مذکر) ہندوؤں کی ایک رسم جس میں بچوں کے بال منڈواتے اور کان چھدواتے ہیں۔ **کان بجنا** (لازم) ۱ کانوں میں آواز آنا۔ بغیر کسی کے بلائے معلوم ہونا کہ کسی نے بلایا ہے ۲ کانوں میں سائیں سائیں کی آواز آنا۔ **کان بچپانا** (متعدی) گھوڑے کا شرارت کے لئے کان پھڑپھڑانا۔ **کان بدمزہ ہونا** (لازم) سننا۔ ناگوار ہونا۔ **کان بند کرلینا یا کرنا** (متعدی) کان میں انگلی دینا یا روئی رکھ لینا۔ **کان بند ہوجانا یا ہونا** (لازم) ۱ کان کا سوراخ بند ہوجانا ۲ سماعت میں فرق آنا۔ **کان بندھنا** (لازم) **بندھوانا** (م) کان چھدوانا۔ **کان بہرا کرنا** (متعدی) ارادتاً بات نہ سننا۔ بات کی پروا نہ کرنا۔ **کان بہرا کرنا گونگا کرنا** (متعدی) دیکھو ایک کان بہرا الخ۔ **کان بھرجانا** (لازم) باتوں سے اکتا جانا۔ **کان بھردینا** (متعدی) ۱ کسی کی طرف سے کسی کے کانوں میں برائی ڈال دینا۔ برائی جما دینا ۲ بدگوئی کرنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔ **کان بھرلینا** (متعدی) بات سن لینا تاکہ دوسرے کی بات اثر نہ کرے۔ کانوں میں بسا لینا۔ **کان بھرنا** (لازم) ۱ دیکھو کان بھرجانا ۲ (متعدی) دیکھو کان بھردینا۔ **کان بہرے ہوجانا یا ہونا** (لازم) ۱ قوت سماعت جاتی رہنا ۲ شور و غل یا باتوں سے پریشان ہونا۔ **کان بہنا** (لازم) کان میں سے پیپ نکلنا۔ **کان بیندھنا** (متعدی) کان چھیدنا۔ **کان پر جوں نہ پھرنا۔ چلنا** (مت) **رینگنا** (لازم) **ہلنا** (غف) پروا نہ کرنا۔ غافل یا بےخبر ہونا۔ **کان پر سے گولی نکل جانا** (لازم) کسی صدمے سے بال بال بچ جانا۔ **کان پر کو گئی** بچ گیا۔ بال بال بچ گیا۔ گولی کے چلنے سے یہ محاورہ لیا گیا ہے۔ **کان پر ہاتھ رکھنا** (لازم) ۱ مکرجانا ۲ لاعلمی ظاہر کرنا۔ **کان پر ہاتھ ہونا** (لازم) بہرے عموماً بات سننے کے لئے ایسا کرتے ہیں۔ **کان پڑنا**

(لازم) ۱ـ سنائی دینا ۲ـ سننے میں آنا ـ **کان پڑی آواز (بات) سنائی نہ دینا** (متعدی) بہت شور وغل ہونا ـ **کان پکڑ کے اٹھا دینا یا نکال دینا** (متعدی) زبردستی اٹھا دینا یا نکال دینا ـ **کان پکڑ کے اٹھانا بٹھانا** (لازم) ۱ـ طالب علموں کو ایک سزا ۲ـ نصیحت دینا ۳ـ فرمانبردار بنانا ـ **کان پکڑنا** (متعدی) ۱ـ شاگرد کے کان اینٹھنا ۲ـ تنبیہ کرنا ۳ـ ایک سزا جس میں شاگرد جھک کر دونوں ہاتھوں کو ٹانگوں میں سے گزار کر کان پکڑتا ہے ۴ـ باز رہنا کسی بات سے ترک کرنا ۵ـ عاجزی کرنا ـ اطاعت کرنا ۶ـ کسی کے کمال وغیرہ کا قائل ہونا ۷ـ اپنے آپ کو کمتر تسلیم کرنا ـ **کان پکڑوانا** (م) کان پکڑنا کا ـ **کان پکڑی باندی ـ چھیلی ـ چیری یا لونڈی** (صفت) مطیع ـ فرمانبردار ـ **کان پھٹ (پھٹے) جانا** (لازم) دیکھو کان پھوٹے جانا **کان پھڑ پھڑانا** (متعدی) ۱ـ کتے کا دونوں کانوں کو ہلانا ـ سفر کے لئے شگون بد سمجھا جاتا ہے ۲ـ مستعد ہونا تیار ہونا ـ **کان پھڑکانا** (متعدی) بہت کچھ غصہ کرنا ـ **کان پھوٹ یا پھوٹے جانا** (لازم) غل و شور کا ناگوار ہونا ـ بہت غل و شور ہونا ـ **کان پھوٹنا** (لازم) بہرا ہونا ـ **کان پھوڑنا** (لازم) کانوں کو غل سے پریشان کرنا ـ **کان تک آنا پہنچنا یا جانا** (لازم) ۱ـ سننے میں آنا ۲ـ آواز یا خبر کا سنا جانا **کان تک نہ ہلانا** (لازم) ۱ـ اعتراض نہ کرنا ۲ـ چپ ہو رہنا ـ مان لینا ۳ـ عذر نہ کرنا ـ **کان تلے کی چھوڑنا** (متعدی) ۱ـ راز کی بات کہنا ۲ـ طنز کرنا ۳ـ ناگوار بات کہنا ـ جھوٹی بات کہنا ـ گپ اڑانا یا ہانکنا **کان جھٹکانا** (متعدی) بات سننے کو متوجہ ہونا ـ **کان جھنانا** (لازم) کانوں کو شور وغل کی آواز ناگوار معلوم ہونا ـ **کان چاٹ جانا** (متعدی) بہت بک بک کرنا ـ **کان چھدنا** (لازم) چھدوانا (م) چھیدنا (متعدی) کان کے کناروں میں سوراخ کرنا بالیوں یا دیگر زیورات کے پہننے کے لئے ـ **کان چھی جانا** (لازم) کان کے چھدے ہوئے سوراخ بڑے ہو جانا ـ **کان دبا کر چلا جانا چل دینا یا چلے جانا** (لازم) کوئی سخت بات سن کر چپکے چلا جانا ـ **کان دبا لینا** (متعدی) ۱ـ بری بات سن کر خاموش ہو جانا یا جواب نہ دینا ۲ـ غریب بن جانا ـ **کان دبانا** (متعدی) ۱ـ کانوں پر زور سے ہاتھ رکھنا کہ آواز نہ سنائی دے ۲ـ دبنا ـ خوف کرنا ـ **کان دبائے ہوئے** ـ چپ چاپ ۲ **کان دکھانا** (متعدی) کان میلنے سے کان صاف کرانا ـ **کان دھر کے سننا یا دھرنا ـ کان دے کے سننا یا دبنا ـ کان دکھ کے سننا** (متعدی) توجہ سے سننا ـ توجہ کرنا ـ **کان رکھنا** (متعدی) ۱ـ سننے کے لئے متوجہ ہونا ۲ـ خیال کرنا ـ دھیان کرنا ۳ـ سننے کی قابلیت رکھنا ـ **کان سے سننا** (لازم) توجہ سے سننا ـ **کان سے لگانا** (متعدی) سننے کے لئے کسی چیز کو کان کے قریب رکھنا ـ **کان سے لگنا** (لازم) سرگوشی کرنا ـ **کان نکلنا** (لازم) بھول جانا سنی ہوئی بات کو ـ **کان ٹننگ ہونا** (لازم) کان میں سائیں سائیں ہونا **کان کا پتلا** (صفت) دیکھو کان کا کچا (عفف) **کان کا پردہ** (مذکر) کان کے اندر ایک جھلی باریک ہڈیوں پر تنی ہوئی ہوتی ہے ـ اس سے آواز ٹکرا کر دماغ پر اثر کرتی ہے اور سنائی دیتی ہے ـ اگر یہ پھٹ جائے تو آواز سنائی نہیں دیتی ـ **کان کا پردہ پھٹ جانا** (لازم) ۱ـ کان کی جھلی کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا ۲ـ کن پٹیا ـ شور وغل سے بہرا ہو جانا ـ **کان کا تنکا** (مذکر) وہ تنکا جو عورتیں بالیوں کی جگہ کان کے سوراخوں میں ڈال لیتی ہیں کہ بند نہ ہو جائیں ـ **کان کاٹنا** (متعدی) ۱ـ کان تیز آلہ یا دانتوں سے علیحدہ کر دینا ۲ـ سبقت لے جانا کسی برے کام میں ـ **کان کا کچا** (صفت) وہ جو لوگوں کے کہنے پر یقین کرے ـ **کان کا میل** (مذکر) وہ موم جیسا مادہ جو کان کے اندر پیدا ہو جاتا ہے (نکالنا ـ نکلنا کے ساتھ) **کان کا میل نکلوانا** (متعدی) ۱ـ کان صاف کرانا ۲ـ سماعت کا علاج کرانا ـ **کان کترنا** (متعدی) ۱ـ دیکھو کان کاٹنا ۲ـ کسی فن میں استاد ہونا ۳ـ بہت ہشیار ہونا ـ دوسروں کو عاجز کر دینا ـ **کان کٹے پڑنا** (لازم) زیور کے بوجھ سے کانوں کو تکلیف ہونا ـ **کان کرنا** (لازم) غور سے سننا ـ **کان کھا جانا لینا یا کھانا** (متعدی) بہت باتیں کرنا ـ **کان کھجانے کی فرصت نہیں** ـ ذرا بھی فرصت نہیں ـ سخت مشغولیت ہے ـ **کان کھڑے رکھنا** (لازم) ہوشیار رہنا **کان کھڑے کرنا** (متعدی) چوکنا ہونا ـ **کان کھڑے ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ـ متنبہ ہونا ـ چوکنا ہونا ۲ـ ڈر جانا ـ **کان کھل جانا** (لازم) ۱ـ چوکنا ہونا ۲ـ غلطی پر آگاہ ہونا ۳ـ عبرت ہونا ـ **کان کھلوا دینا** (م) خبردار کروا دینا آگاہ کروا دینا ـ **کان کھلے رکھنا** (متعدی) ہوشیار رہنا چوکنا رہنا ـ **کان کھول دینا یا کھولنا** (متعدی) خبردار کرنا ـ جتا دینا ـ آگاہ کرنا ـ **کان کھول کے** (ف) ہوشیار ہو کے ـ غور سے ـ غفلت دور کر کے (سننا کے ساتھ) **کان کھینچنا** (متعدی) دیکھو کان اکھاڑنا ـ **کان کی ٹھینٹھیاں نکلوانا** (متعدی) ۱ـ کان کا میل نکلوانا ۲ـ بہرے پن کا علاج کرانا **کان کی لو** (مونث) بناگوش ـ کپا ـ **کان کی بالیاں** (مونث) وہ چھلے جو کانوں میں پہنتے ہیں ـ **کان کے پتے** (مذکر) ایک قسم کا زیور **کان کے پردے اڑا دینا یا پھاڑنا** (متعدی) **پھٹ جانا ـ پھٹنا یا پھوٹے جانا** (لازم) ۱ـ اتنا شور ہونا کہ سماعت میں فرق آ جائے ۲ـ بہت شور ہونا ـ **کان کی مچھلی** (مونث) کان کا ایک زیور مچھلی کی شکل کا ـ **کان کے رستہ سے پلا دینا** (متعدی) سنانا ـ باتیں سنانا ـ **کان کے کیڑے کھا جانا** (متعدی) بہت باتیں کرنا ـ **کان گنگ ہونا** (لازم) کانوں میں بھن بھن یا سائیں سائیں ہونا ـ **کان گنہگار رہیں** ـ سنا ہے ـ بری بات کے تعلق ـ **کان گوشی** (مونث) گوشمالی ـ **کان گونج جانا** (لازم) کان میں کسی بات کا بھر جانا ـ **کان گونگے ہونا** (لازم) کان بہرے ہونا ـ **کان گئے** ـ بہرا ہو گیا ـ کان بیکار ہو گئے ـ **کان لگا کر سننا** (لازم) غور سے یا متوجہ ہو کر سننا ـ **کان لگانا** (متعدی) ۱ـ متوجہ ہونا ـ غور سے سننا ۲ـ پوشیدہ سننا ـ **کان لگنا** (لازم) ۱ـ منہ لگنا ـ مقرب ہونا ۲ـ کانا پھوسی کرنا ۳ـ دھیان ہونا ـ متوجہ ہونا ـ خیال ہونا ۴ـ کان پک جانا **کان لگے رہنا** (لازم) متوجہ رہنا سننے کے لئے **کان لگے ہونا** (لازم) دھیان ہونا ـ توجہ ہونا ـ خیال ہونا ـ **کان لینا** (متعدی) گوشمالی کرنا ـ **کان مانوس ہونا** (لازم) سنا ہوا ہونا ـ **کان مروڑنا یا ملنا** (متعدی) گوشمالی کرنا ـ دھمکانا ـ سزا دینا ـ **کان میلیا** (مذکر) کان کا میل صاف کرنے والا شخص ـ **کان میں انگلیاں دینا یا انگلی رکھنا** (متعدی) ارادتاً نہ سننا ـ **کان میں بات ڈالنا** (متعدی) آگاہ کرنا ـ بات سنا دینا ـ کان

میں بات کہنا (متعدی) آہستہ سے یا خفیہ بات کہنا۔ **کان میں بات مارنا** (متعدی) بات سنکر ٹال جانا۔ **کان میں باتیں کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) آہستہ آہستہ باتیں کرنا۔ سرگوشی ہونا۔ **کان میں بول مارنا** (متعدی) اغماض کرنا۔ بات سن کر ٹال جانا۔ **کان میں پھٹک** [illegible] (لازم) اڑتی ہوئی بات سننا۔ افواہ سننا۔ **کان میں پارہ بھرنا** (متعدی) ۱ گونگا بہرا کرنا ۲ اگلے زمانے میں پارہ گرم کرکے کانوں میں ڈالدیتے تھے جس سے کانوں کے پردے جل کر انسان بہرا ہوجاتا تھا۔ **کان میں پڑ** [illegible] **رہنا** (لازم) کوئی بات یاد رہنا۔ آگاہی [illegible] **کان میں پڑنا** (لازم) ۱ سننا۔ سننے [illegible] ۲ آگاہ ہونا۔ **کان میں پہنچنا** (لازم) سننا۔ سن [illegible]۔ **کان میں پھونکنا** (متعدی) ۱ کہنا ۲ کوئی [illegible] کرکے ہوا لی سنانا ۳ بدی کرنا۔ غیبت کرنا ۴ بدگوئی کرنا ۵ بدظن کرنا۔ بدگمان کرنا ۶ تعریف سے خوش کرنا۔ خوشامد سے مغرور بنانا۔ **کان میں تیل ڈال کر سو رہنا یا ہو بیٹھنا یا ڈالے بیٹھے ہونا** (لازم) بالکل بے خبر ہونا۔ بے پروا بن جانا۔ **کان میں تیل ڈال لینا یا ڈالنا** (متعدی) ۱ اپنے آپ کو بے خبر بنا لینا ۲ کچھ نہ سننا ۳ چپ سادھنا ۴ کسی بات کے سننے میں تجاہل کرنا۔ **کان میں ٹینٹھیاں ہونا** (لازم) ۱ کان میں بہت سا میل جمع ہوجانا ۲ بہرا ہونا۔ **کان میں جھنجی کوڑی ڈالنا** (متعدی) ۱ غلام بنانا۔ حلقہ بگوش بنانا ۲ مطیع کرنا۔ فرمانبردار بنانا ۳ کان میں غلام ہونے کی نشانی ڈالنا۔ **کان میں ڈالدینا یا ڈالنا** (متعدی) ۱ سنانا۔ کہدینا ۲ جتا دینا۔ آگاہ کرنا۔ **کان میں ڈھول بجانا** (متعدی) بہت زور سے کہنا۔ کان کے پاس چلانا۔ **کان میں رکھنا** (متعدی) یاد رکھنا۔ خیال رکھنا۔ **کان میں روئی (دے کے ہو بیٹھنا) دینا** (لازم) ۱ بے خبر ہونا۔ غافل ہونا۔ بے فکر ہو جانا ۲ کسی کی بات نہ سننا۔ **کان میں روئی رکھنا** (متعدی) ۱ بہتے ہوئے کان میں تیل ڈال کر سوراخ روئی سے بند کرنا ۲ عطر کا پھویا کان میں رکھنا۔ **کان میں قلم رکھنا** (متعدی) پرانے منشیوں کا طریقہ ہے۔ **کان میں ٹو کرنا** (متعدی) بچوں سے کھیلنے میں منہ کان کے پاس لاکر ٹو کہتے ہیں۔ **کان میں کچھ کہدینا** (متعدی) کچھ سکھلا دینا اشتعال کی بات کہدینا۔ **کان میں کوڑی پہننا** (لازم)، **ڈالنا** (متعدی) دیکھو کان میں جھنجی الخ۔ **کان میں کہ نکالنا** (متعدی) کہدینا۔ سنا دینا۔ **کان میں کھٹکنا** (لازم) کانوں کو برا یا ناگوار لگنا۔ **کان میں کہدینا یا کہنا** (متعدی) چپکے سے کہنا۔ خفیہ طور پر کہنا۔ **کان نا آشنا ہونا** (لازم) کوئی بات کبھی نہ سنی ہونا۔ **کان نہ پھڑکانا۔ پھڑ پھڑانا۔ کھڑکھڑانا یا ہلانا** (متعدی) ۱ چپ ہوجانا۔ خاموش رہنا۔ چوں نہ کرنا ۲ جانور کا ہل جانا۔ سدھ جانا۔ شرارت نہ کرنا۔ **کان نہ دھرنا۔ رکھنا یا لگانا** (متعدی) توجہ نہ کرنا متوجہ ہوکر نہ سننا۔ غور نہ کرنا۔ **کانوں** (مذکر) کان کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کانوں پر ہاتھ دھر یا رکھ جانا** (لازم) ۱ صاف انکار کر جانا۔ مکر جانا ۲ کانوں پر ہاتھ رکھ کے کہنا کہ میں نے نہیں سنا۔ **کانوں پر ہاتھ دھرنا یا رکھنا** (متعدی) ۱ انجان بننا۔ ناواقفیت کا اظہار کرنا ۲ صاف انکار کرنا ۳ مسلمان نماز کی تکبیر اور اذان پر ایسا کرتے ہیں ۴ نفرت کرنا۔ پناہ مانگنا ۵ شاہان مغلیہ کا سلام کانوں پہ ہاتھ رکھ کے ہوتا تھا۔ **کانوں پڑی بات** (مونث) وہ بات جو کبھی سنی ہو اور یاد ہو۔ **کانوں تک جانا** (لازم) سن پڑنا۔ سننا۔ **کانوں تک رہنا** (لازم) بات سن کر کسی سے نہ کہنا۔ **کانوں سے سننا** (متعدی) خود سننا۔ **کانوں کا کچا** (صفت) دیکھو کان کا کچا۔ **کانوں کان خبر نہ جاننا یا سننا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) بالکل خبر نہ ہونا کسی کو نہ بتانا۔ **کانوں کان کہنا** (متعدی) سرگوشی کرنا۔ کان میں کہنا۔ **کانوں کے پردے پھٹ جانا** (لازم) شور و غل سے کانوں کو صدمہ پہنچنا۔ **کانوں کے پتے** (مذکر) ایک قسم کا زیور۔ **کانوں کی لویں پھرنا** (لازم) نزع کی حالت ہونا۔ **کانوں میں انگلیاں دینا یا رکھنا** (متعدی) کسی کی بات نہ سننا۔ **کانوں میں بول مارنا** (متعدی) سن کر بات ٹال جانا یا پی جانا۔ اغماض کرنا۔ **کانوں میں تیل ڈال کے بیٹھنا** (متعدی) کچھ نہ سننا تغافل کرنا۔ **کانوں میں ٹینٹھیاں دینا** (متعدی)، **ہونا یا ٹینٹ ہونا** (لازم) کچھ نہ سننا۔ **کانوں میں رس پڑنا** (لازم) راگ رنگ کا مزا آنا۔ **کانوں کو** سریلی آواز سننے کا شوق ہونا۔ **کانوں میں روئی ٹھونس لینا** (متعدی) قصداً کوئی بات نہ سننا۔ **کانوں میں سر کر دونگا**۔ بچوں کو دھمکی دی جاتی ہے۔ **کانوں میں گونجنا** (لازم) کسی سنی ہوئی آواز یا بات کا کان میں بھر جانا۔ **کانوں نہیں سنا** (سنی) یہ بات کبھی نہیں سنی **کان ہونا** (لازم) ۱ متنبہ ہونا۔ ہوش پکڑنا۔ خبردار ہونا ۲ اطلاع ہونا۔ واقفیت ہونا۔ آگاہ ہونا ۳ تجربہ ہونا۔ امتحان ہونا ۴ ہوش آنا۔ عقل آنا ۵ دھیان ہونا۔ خیال ہونا ۶ کسی چوکھونٹی چیز کا گوشہ بڑھا ہوا ہونا ۷ چارپائی یا کپڑے میں ٹیڑھ ہونا۔

امثال واقوال۔ **کان پیارے تو بالیاں۔ جورو پیاری تو سالیاں**۔ ایک چیز کے ساتھ محبت ہونے کی وجہ سے اس کے متعلقات کے ساتھ محبت ہونے کے موقعہ پر کہتے ہیں۔ لیلے پیاری تو لیلے کا کتا بھی پیارا۔ **کان کہنت ناہیں بین۔ جوں جیبھیا سنت ناہیں بین** (ھ) کان بول نہیں سکتے جس طرح زبان سن نہیں سکتی۔ جو کام جس کے متعلق ہے وہی کرتا ہے۔

کان (ھ۔ مذکر) ۱ خاوند۔ شوہر ۲ (صفت) کانا کا مخفف ۳ (مونث) ۱ شرم۔ لاج حیا ۲ ڈھٹائی۔ گستاخی۔ **کان چھوڑنا** (متعدی) ۱ بے شرمی کرنا۔ بے حیائی اختیار کرنا ۲ ڈھیٹ ہونا۔ گستاخ ہونا۔ **کان رکھنا** (متعدی) شرم رکھنا۔ لاج رکھنا۔ لجانا۔

کاں (ف۔ تف) کہ آں کا مخفف ۔ کہ وہ۔

کاں (ھ۔ مونث) کوا۔ **کاں کاں** (مونث) کائیں کائیں۔

کاں (ھ۔ تف) کہاں کا مخفف۔ **مقولہ**۔ **کاں کاشی کاں کاشمیر کاں خراسان گجرات۔ تلسی یاں تو جیو کو پر البدّے جات**۔ کہاں بنارس کہاں کشمیر کہاں خراسان کہاں گجرات۔ جہاں قسمت لے جائے انسان جاتا ہے۔

کانا (ہ۔ صفت) ۱ وہ جس کی ایک آنکھ ہو۔ ایک آنکھ کا۔ یک چشم۔ واحد العین ۲ داغی۔ کرم خوردہ ۳ ترچھا۔ ٹیڑھا ۴ ناقص۔ نکما ۵ چھیدا ہوا۔ سوراخ دار ۶ (مذکر) پانسے کا ایک

نقطہ (س کان آنکھ) **کانا پردہ** (مذکر) ناقص پردہ۔ **کاناسور** (گانی) اکثر بھینگے اور یک چشم کو دیتے ہیں۔ **کاناکوا** (صفت) بدشکل۔ **کاناکھدرا** (صفت) ناقص (چیز یا پھل) جس میں سوراخ ہوگئے ہوں۔ **کانوں** (صفت) کانا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کانی** (صفت مونث) کانا کی ۔ **کانے** (صفت) ۱ کانا کی جمع ۲ بجائے کانا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کانی کوڑی**۔ (مونث) ۱ جنبی کوڑی ۲ ناقص حال۔ بیکار چیز ۳ بے حیثیت بے وقعت

امثال واقوال۔ کانا بندوقچی

کھمبا تیر انداز۔ یہ دونوں خوب نشانہ لگاتے ہیں۔ **کانا ٹٹو بدھو نفر**۔ بہت غریب جس کے پاس کچھ نہ ہو۔ **کانا کتا بیچ ہی سے آسودہ**۔ غریب کو جو مل جائے غنیمت ہے۔ **کانا مجھ کو بھائے نہیں۔ کانے بن سہائے نہیں**۔ ایک شخص سے نفرت کرنا اور بغیر اس کے رہ نہ سکنا۔ **کانا یانا لاڈلا تینوں ہٹ کی کھان**۔ **اندھا گونگا کا ترا ہیں پورے شیطان**۔ کانا۔ بچہ اور لاڈلا بیٹا بڑے ضدی ہوتے ہیں۔ اور اندھا گونگا اور بھینگا سخت شریر ہوتے ہیں۔ **کانی آنکھ مٹر کا بتیا۔ وہ بھی آنکھ پھوانی لیا** (ھ) جو تھوڑا سا تھا وہ بھی جاتا رہا۔ **کانی اپنا ٹینٹ نہ (دیکھے۔ دیکھے اور کی پھلی) نہارے اور کی پھلی نہارے**۔ اپنا بڑا نقص دیکھتے نہیں دوسروں کے چھوٹے نقص نکالتے ہیں۔ **کانے چوٹ کنونڈے بھینٹ**۔ جس بات کا ڈر ہو وہ پیش آجاتی ہے۔ جس سے ملاقات نہ کرنا چاہو وہ مل جاتا ہے۔ **کانی کو کانا پیارا۔ رانی کو رانا پیارا**۔ ہر ایک اپنی قسمت پر شاکر ہے ہر ایک اپنی چیز کو پسند کرتا ہے۔ **کانے کو کانا کہے کانا اٹھے بھک۔ سہج سہج کر پوچھ لے تیری کیسے پھوٹی اکھ**۔ نرمی سے خوب کام نکلتا ہے۔ **کانے کو سراہے کانے کا باپ کانی کو کون سراہے کانی کا (باپ) میاں**۔ کوئی چیز کیسی ہی خراب ہو اس کو اس کا مالک پسند کرتا ہے۔ **کانے کو منہ پر کانا نہیں کہتے**۔ عیب والے کا عیب منہ پر نہیں کہتے **کانے کے ایک ایک رگ زیادہ (سوا) ہوتی ہے**۔ کانا بہت شریر ہوتا ہے۔ کانے کے بیاہ کو سو سو جوکھوں۔ کانے کی شادی بڑی مشکل سے ہوتی ہے۔ **کانی گائے باممن کے دان**۔ ناقص چیز کو خیرات کر دیتے ہیں **کانی گائے کے اگلے بتھان** (ھ) ۱ دیکھو چھچھوندر لگے الخ ۲ سوالیہ صورت میں۔ کیا جس میں نقص ہو اسے خاندان سے نکال دیتے ہیں۔

کاناکچھو (ہ۔ مذکر) ایک ترکاری جو پہاڑوں اور کشمیر میں برسات میں خود روا گتی ہے۔

کانپ (ہ۔ امر) کانپنا کا (س کمپ کانپنا) **کانپ اٹھنا یا جانا** (لازم) لرز جانا۔ ڈر جانا۔ تھرا جانا۔ **کانپ کانپ اٹھنا** (لازم) ڈر کے مارے بار بار تھرانا۔ **کانپنا** (لازم) ۱ لرزنا۔ تھرانا ۲ ڈرنا۔ خوف کھانا۔

کانپ (ہ۔ مونث) ۱ پتنگ یا پکھل کی کمان۔ کمانی۔ ٹکڑا ۲ عمدہ چونا۔ کھانے کا چونا ۳ (ھ) پتلی کمر ۴ سور یا ہاتھی کے دانت ۵ (مذکر) پھانک ۶ کان کا ایک زیور ۷ مٹی جو دریا چھوڑ جائے ۸ بدقسمتی۔ بدنصیبی (س کلپ) **کانپ مارنا** (ھ۔ متعدی) بدقسمتی ہونا۔ مصیبت آنا۔

کانپھل (ھ۔ مذکر) ایک درخت جس کی چھال اور دانے دوائیوں میں استعمال ہوتے ہیں۔

کانت (س۔ صفت) ۱ خوبصورت حسین ۲ معشوق ۳ (مذکر) خاوند ۴ عاشق۔ **کانتا** (مونث) ۱ خوبصورت عورت ۲ معشوقہ ۳ بیوی ۴ خوبصورتی۔ حسن۔ **کانتی** (مونث) ۱ خوبصورتی حسن ۲ بناؤ سنگار ۳ چمک۔ نور۔

کانٹا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک لمبی نوکدار چیز جو پودوں اور درختوں میں نکلتی ہے اور پھول یا پھل توڑنے والے کو چبھتی ہے۔ یہ قدرت نے انکی حفاظت کے لئے ہتھیار بنایا ہے۔ خار۔ سول۔ کنڈا ۲ سونا چاندی تولنے کی چھوٹی ترازو ۳ ترازو کی سوئی ۴ گھنٹے یا گھڑی کی سوئی ۵ مچھلی پکڑنے کا خمیدہ نوکدار آلہ ۶ مچھلی کی باریک ہڈیاں جو کھاتے ہوئے چبھتی ہیں ۷ سیہ یا جنگلی چوہے کا خار جو بدن پر نکلا ہوا ہوتا ہے ۸ مرغ وغیرہ کے پاؤں کی لمبی ہڈی جو جوان ہونے پر نکل آتی ہے ۹ پرندوں کی ایک بیماری جس میں دم کے پاس ایک پھنسی سے ہوتی ہے اسے کاٹ کر اس جگہ کو داغ دیتے ہیں۔ یہ بیماری مہلک ہوتی ہے ۱۰ ایک آلہ جس سے کھانا کھاتے ہیں۔ اس کے آگے چار نوکیں ہوتی ہیں۔ مچھلی کھانے کی تین ہوتی ہیں ۱۱ وہ چوبی پنجہ جس سے زمیندار گھاس بھوسہ وغیرہ اٹھاتے ہیں ۱۲ ایک آلہ جس میں کئی خمیدہ نوکدار کنڈے یا لگی ہوتی ہیں۔ اس سے کنوئیں میں سے ڈول وغیرہ نکالتے ہیں ۱۳ مہمیز ۱۴ پنجرہ لٹکانے کا حلقہ ۱۵ وہ حلقہ جس سے جھاڑ فانوس لٹکاتے ہیں ۱۶ پل کے تختے لگانے کا آنکڑا ۱۷ پھل وغیرہ توڑنے کا آنکڑا ۱۸ کیل۔ پک ۱۹ ایک قسم کا کان میں پہننے کا زیور ۲۰ گوشت کا ٹکڑا جو طیور کی دم پر ہوتا ہے ۲۱ شراب کا نشہ جو مہلک ہو ۲۲ زبان کا کھردرا پن جو حرارت یا پیاس کی وجہ سے ہوتا ہے ۲۳ مویشیوں کی ایک بیماری جو خشک کھیتی کھانے سے ہو جاتی ہے اور جس سے پرنٹی وجاتے ہیں ۲۴ کھوٹا سود کھا اونا گھنچنا ۲۵ توہما کا تار ۲۶ تفرقہ خوب تقسیم کا حل صحت ۲۷ خلش کھٹکا ۲۸ ناگوار خاطر چیز یا شخص ۲۹ روک۔ اٹکاؤ ۳۰ بندوق کی سوئی ۳۱ بچھو کا ڈنک ۳۲ قفل کا اندر کا لوہا جو اٹکتا ہے ۳۳ انسان کے بالوں کا خوشی لذت یا ڈر سے کھڑا ہونا ۳۴ سیسے کا حرف ۳۵ دشمن بدخواہ۔ عدو ۳۶ نہایت تیز اور تند شراب ۳۷ وہ کل جس کے دبانے سے ریل ایک پٹڑی سے دوسری پر چلی جاتی ہے ۳۸ (صفت) لاغر۔ دبلا ۳۹ فتنہ پرداز۔ موذی (س کنٹک) **کانٹا الجھنا** (لازم) کپڑوں میں کانٹے کا اٹکنا۔ **کانٹا باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) کوئیں سے کوئی چیز نکالنے کے لئے کانٹے ۱۲ کا رسی سے باندھا جانا۔ **کانٹا بدلنا** (متعدی) ریل کے کانٹے کو ایک طرف سے دوسری طرف کر دینا کہ گاڑی دوسری پٹڑی پر چلی جائے۔ **کانٹا پڑنا** (لازم) ۱ پرندوں کو کانٹے کی بیماری ہونا ۲ زبان کا کھردرا ہونا ۳ کوئیں سے ڈول یا کوئی اور چیز نکالنے کے لئے کانٹا ۱۲ کا ڈالا جانا۔ **کانٹا چبھنا** (لازم) پھانس لگنا۔ خار بدن میں گھسنا۔ **کانٹا چبھونا** (متعدی) تکلیف دینا۔ خلش دینا۔ **کانٹا داغنا** (متعدی) کانٹے ۹ کو کاٹ کر لوہا گرم کر کے جلانا۔ **کانٹا دیکھنا** (متعدی) چاشنی کا قوام ملاحظہ کرنا۔ **کانٹا ڈالنا** (متعدی) ۱ کسی چیز کو نکالنے کے لئے کانٹا ۱۲ کوئیں میں ڈالنا ۲ مچھلی پکڑنے کو کانٹا دریا یا نہر میں ڈالنا۔ **کانٹا سا** (صفت) ۱ خار کی طرح ۲ لاغر دبلا۔ **کانٹا سا (آنکھوں میں) کھٹکنا** (لازم) ۱ ناگوار گزرنا۔ برا لگنا ۲ محسود خلائق ہونا۔ **کانٹا سا**

نکل جانا (لازم) آسانی سے تکلیف سے چھوٹ جانا۔ **کانٹا سا ہونا** (لازم) نہایت دبلا ہونا۔ **کانٹا کر دینا** (متعدی) دبلا کرنا۔ **کانٹا کر لینا** (متعدی) ضرب یا تقسیم کا عمل صحت کرنا۔ **کانٹا کرنا** (متعدی) ۱ دبلا کرنا۔ لاغر کرنا ۲ کبوتر کا سر دم کی طرف کھینچنا ۳ ضرب یا تقسیم کا عمل صحت کرنا **کانٹا کھانا** (متعدی) مچھلی کا کانٹے میں پھنسنا۔ **کانٹا کھٹکنا** (لازم) دیکھو کانٹا سا کھٹکنا۔ **کانٹا کھلنا** (لازم) پنجرے کے کانٹے کا سیدھا ہو جانا کہ پنجرا گر پڑے۔ **کانٹا گڑنا** (لازم) دیکھو کانٹا چبھنا۔ **کانٹا لگانا** (متعدی) ۱ مچھلی کے لئے دریا وغیرہ میں کانٹا ڈالنا ۲ کانٹا چبھونا ۳ گھوڑے کو کانٹا چبھونا۔ **کانٹا لگنا** (لازم) ۱ کانٹا چبھنا ۲ پرندے کو کانٹے کا مرض ہونا ۳ مویشی کا خشک کھیتی کو کھا کر مر جانا ۴ شراب کا مہلک نشہ ہونا ۵ ناگوار معلوم ہونا۔ **کانٹا مارنا** (متعدی) ۱ سیہ کا خار سے زخمی کرنا ۲ مچھلی کا پروں سے صدمہ پہنچانا ۳ مرغوں کا لڑتے ہوئے ایک دوسرے کو خار مارنا ۴ کم وزن تولنا ۵ سور کا دانت مار کر زخمی کرنا۔ **کانٹا نکالنا** (متعدی) ۱ کانٹا بدن سے باہر کھینچنا ۲ مصیبت یا تکلیف سے بچانا ۳ خلش مٹانا۔ **کانٹا نکل جانا یا نکلنا** (لازم) ۱ رنج سے نجات ہونا ۲ خلش دور ہونا ۳ تکلیف رفع ہونا ۴ پرندے کو کانٹے کا مرض ہونا۔ **کانٹا نہ لگے**۔ کچھ برائی پیش نہ آئے۔ **کانٹا ہو جانا** (لازم) دبلا ہو جانا۔ لاغر ہونا۔ **کانٹوں** (مذکر) کانٹا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کانٹوں بھرا** (صفت) وہ جس میں ایذا ہو (چیز)۔ **کانٹوں پر بسر کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) تکلیف میں زندگی گزرنا۔ بہت ایذا پہنچنا۔ **کانٹوں پر (میں) کھینچنا** (متعدی) بہت تکلیف دینا۔ ایذا دینا۔ **کانٹوں پر (میں) گھسیٹنا** (متعدی) ۱ شرمندہ کرنا۔ گنہگار بنانا (جب کوئی بہت تعریف کرے تو کہتے ہیں) ۲ بہت تکلیف یا ایذا دینا۔ **کانٹوں پر لٹانا** (لازم) ۱ جلانا ۲ تڑپانا ۳ ایذا دینا ۴ بے چین کرنا ۵ مضطرب ہونا ۶ مصیبت اٹھانا۔ **کانٹوں پر لوٹنا** (لازم) ۱ بے چین ہونا ۲ مضطرب ہونا ۳ مصیبت اٹھانا ۴ تکلیف برداشت کرنا۔ **کانٹوں میں الجھنا** (لازم) جھگڑوں میں پھنسنا۔ خواہ مخواہ مصیبت میں پڑنا۔ **کانٹوں میں تل کر بکنا** (لازم) نہایت گراں ہونا۔ **کانٹوں میں کھینچنا یا گھسیٹنا**۔ دیکھو کانٹوں پر الخ۔ **کانٹوں میں گرنا** (لازم) ۱ مصیبت میں پڑنا ۲ دقت میں پڑنا ۳ آتشک میں مبتلا ہونا۔ **کانٹوں میں گھرنا** (لازم) جھگڑوں میں مبتلا ہونا۔ **کانٹے** (مذکر) ۱ جمع کانٹا کی ۲ حروف مغیرہ سے پہلے بجائے کانٹا کے۔ **کانٹے بچھانا** (متعدی) ۱ رستے میں کانٹے پھینکنا تکلیف دہی کے لئے ۲ ایذا رسانی کے کام کرنا۔ **کانٹے بونا** (متعدی) ۱ اپنے یا کسی کے حق میں برا کرنا ۲ گناہ کرنا۔ برے کام کرنا ۳ برائی کرنا۔ بدی کرنا۔ **کانٹے بھرے ہونا** (لازم) کسی چیز کا ایذا دہ ہونا۔ **کانٹے پر کی اوس یا بھنبیری** (مونث) بیکار چیز۔ ناپائیدار چیز۔ **کانٹے پڑنا** (لازم) پیاس کے مارے زبان یا منہ کا خشک ہو جانا۔ **کانٹے کھڑے کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) کھیت کی حفاظت کے لئے چاروں طرف کانٹے لگنا۔ **کانٹے کی تول** (صفت) بہت ٹھیک (وزن) نہ کم نہ زیادہ۔ **کانٹے کی طرح سکھانا** (متعدی)، **سوکھنا** (لازم) نہایت لاغر ہونا۔ **کانٹے کی طرح نظر میں کھٹکنا** (لازم) برا معلوم ہونا۔ ناگوار گزرنا۔ **کانٹے لگی اوس ہے**۔ جلدی خراب ہو جانیوالی ہے۔ سریع الزوال ہے۔ **کانٹے میں تلنا** (لازم) ۱ بیش قیمت ہونا ۲ مقدار معین میں ملنا ۳ چھوٹے ترازو میں تولا جانا۔ **کانٹے میں تولنا** (متعدی) ۱ مقدار معین میں دینا ۲ چھوٹے ترازو میں تولنا۔ **کانٹے میں لگانا** (متعدی)، **لگنا** (لازم) چارے کا مچھلی کے کانٹے میں لگایا جانا تاکہ دریا وغیرہ میں ڈالکر مچھلی پکڑیں۔

امثال و اقوال۔ **کانٹا برا کریل کا اور بدلی کی گھام۔ سوکن بری ہے چون کی اور ساجھے کا کام۔** کریل کا کانٹا۔ بادل کے دن کی گرمی۔ سوکن چاہے کیسی غریب ہو اور ساجھے کا کام سب برے ہیں۔ **کانٹے بوئے ببول (کریل) کے تو آم کہاں سے ہوں۔** برے کام کئے ہوں تو نتیجہ کس طرح اچھا ہو۔

کانٹھا (ھ۔ صفت) نزدیک۔ قریب۔

کانٹی (ہ۔ مونث) ۱ کانٹا کی تصغیر۔ چھوٹا کانٹا ۲ تولنے کا چھوٹا کانٹا ۳ چھوٹا ہک ۴ سانپ پکڑنے کی لکڑی ۵ روئی کا کوڑا۔ خراب روئی جو دھنکنے میں نہ آئے ۶ بیڑی جو مجرم کے پاؤں میں ڈالتے ہیں ۷ لنگر جو لڑکے ڈور میں باندھکر لڑاتے ہیں۔ **کانٹی جانا یا کھانا** (متعدی) جیل خانے جانا۔ قید ہونا ۲ سزا یافتہ ہونا۔ داغی ہونا (جواریوں کی اصطلاح)۔ **کانٹی لڑانا** (متعدی) لنگر ڈور میں باندھ کر لڑانا۔

کانجی (ہ۔ مونث) ۱ گاجروں کے اچار کا پانی ۲ ایک قسم کا کھٹا پانی جس میں رائی زیرہ نمک وغیرہ ڈال کر بناتے ہیں ۳ چاولوں کی پیچ (س۔ کانجکا)۔ **کانجی پانی** (مذکر) کانجی۔

کانچ (ہ۔ مونث) ۱ شیشہ۔ کچا شیشہ (س کچ۔ چمکنا) ۲ ایک بیماری کا نام جس میں پاخانہ پھرنے کے وقت مقعد باہر نکل آتی ہے (س کچھ باندھنا)۔ **کانچ نکال دینا** (متعدی) بہت مارنا۔ **کانچ نکل جانا** (لازم) ۱ برداشت نہ ہو سکنا ۲ سخت صدمہ گزرنا ۳ دوالہ نکل جانا ۴ اخراجات سے گھبرا جانا۔ **کانچ نکلنا** (لازم) ۱ مقعد کا کمزوری سے باہر نکل آنا ۲ مقعد نکل آنے کا مرض ہو جانا ۳ صدمہ گزرنا۔ **کانچو** (مذکر) ۱ وہ شخص جسے کانچ کا مرض ہو ۲ لوطی ۳ گانڈو۔

کانچلی (ھ۔ مونث) ۱ کرتی سوائے چولی ۲ نیام۔ غلاف۔

کانچن (س۔ مذکر) ۱ سونا۔ زر ۲ دولت ۳ (صفت) سونے کا۔ سنہری۔

کانچنا (ھ۔ مونث) کنچنی۔

کانچنار (س۔ مذکر) ۱ پہاڑی آبنوس ۲ کچنال۔

کانچھا (ھ۔ مونث) خواہش۔ تمنا۔ آرزو۔

کانچی (س۔ مونث) ۱ کمر کا پٹکا جو عورتیں باندھتی ہیں۔ جس پر چھوٹی گھنٹیاں اور چیزیں لگی ہوتی ہیں ۲ دیکھو کانجی ۳ درم ۴ ایک قسم کی مٹھائی ۵ ایک رسم شادی کے بعد۔

کانڈ (ھ۔ مونث) ۱ دیوار ۲ پشتہ۔

کانڈا (ھ۔ مذکر) ۱ پیاز ۲ کسی پودے کی گانٹھ دار جڑ ۳ جنگلی پیاز۔

کاندھ (ھ) **کاندھا** (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو کندھا ۲ بجلی کی چمک۔ کوندھا۔ **کاندھا بدلنا** (متعدی) ۱ کہاروں کا پالکی ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر رکھنا ۲ ایک آدمی کی جگہ دوسرے کا جنازے کو اٹھانا۔ **کاندھا دینا** (متعدی) ۱ جنازے کو شانے پر

رکھنا ۲ مدد دینا۔ سہارا دینا۔ **کاندھوں** (مذکر) کاندھے کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کاندھوں کے فرشتے** (مذکر) کراماً کاتبین۔ **کاندھی** (مونث) کاندھے کی۔ **کاندھے** (مذکر) ۱ کاندھا کی جمع ۲ بجائے کاندھا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کاندھیاں دینا** (متعدی) ٹال جانا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔ **کاندھے پر سوار ہونا** (لازم) ۱ میت کا شانوں پر اٹھایا جانا ۲ طفل خورد سال کا کاندھے پر بیٹھنا۔ **کاندھے پر رکھ کر بندوق چلانا** (متعدی) دوسرے کی مدد سے کوئی کام کرنا ۲ دوسرے کے ساتھ۔ **کاندھے پر ہاتھ رکھنا** (متعدی) سہارا لینے کے لئے دوسرے کے کندھے پر ہاتھ دھرنا۔ ایک قسم کی نزاکت ہے۔ **کاندھی دے جانا** (لازم) ۱ ٹالنا ۲ گھوڑے کا سر جھٹکا کر پشتی مار کر سوار کو گرا دینا۔

مقولہ۔ کاندھے دھنش ہاتھ میں بانا کہاں چلے دلی سلطانا۔ بن کے راؤ بکٹ کے رانا۔ بڑن کی بات بڑے پہچانا۔ لوگ ڈر کی وجہ سے ایک دوسرے کے ساتھ بہت تہذیب سے پیش آتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ ایک دھنیا جنگل میں جا رہا تھا۔ کندھے پر دھنکی اور ہاتھ میں دستہ تھا۔ رستے میں اسے ایک گیدڑ ملا جو نیل کے ماٹ میں سے نکل کر آیا تھا۔ گیدڑ نے اسے تیرانداز سمجھا اور پہلا مصرعہ کہا۔ دھنئے نے گیدڑ کو شیر سمجھا اور دوسرا مصرعہ کہا۔

کانڈ (س۔ مذکر) ۱ حصہ۔ ٹکڑا ۲ باب۔ فصل (کتاب کی) ۳ ایک جوڑ سے دوسرے تک سرکنڈے یا شاخ کا ٹکڑا ۴ شاخ۔ ٹہنی ۵ تیر ۶ ہڈی ۷ انبار۔ تودہ۔ ڈھیر ۸ کھیل۔ تماشا۔

کانڈا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی جڑ جو پیاز سے ملتی ہے۔

کانڈل (ہ۔ مذکر) سرسوں کا ساگ

کانڈلی (ہ۔ مونث) فرقہ۔

کانڈنا (ہ۔ متعدی) دیکھو کانڑنا۔

کانڈی (س۔ مونث) ۱ ابجینٹ کی رسم کا ایک حصہ ۲ ویدوں کا ایک فقرہ۔

کانڑا (ہ۔ صفت) دیکھو کانا۔ **کانڑا دگی** (صفت) کانا آدمی شرارتی سمجھا جاتا ہے۔ **کانڑی** (صفت مونث) کانڑا کی۔ **کانڑی مٹکو** (صفت مونث) وہ جو باوجود کانی ہونے کے مٹک مٹک کر چلے اور اپنے آپ کو خوبصورت سمجھے۔

کانڑنا (ہ۔ متعدی) دبانا۔ کھینچنا۔ کوٹنا۔

کانڑی (ہ۔ مونث) ۱ شہتیر۔ جوا ۲ ہاتھی کے پاؤں کا زخم۔

کانس (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی گھاس ۲ ایک قسم کی مرکب دھات جو تانبے اور رانگ سے مل کر بنتی ہے۔ اس کے برتن بنتے ہیں ۳ جھگڑا۔ قضیہ۔ ٹنٹا ۴ چمک۔ تابش (س کانش) **کانسا** (مذکر) دیکھو کانس ۲۔ **کانس میں پڑنا یا پھنسنا** (متعدی) ۱ سوچ میں پڑنا ۲ دھوکے میں آنا۔ **کانس میں تیرنا** (متعدی) ۱ دھوکا کھانا ۲ غور فکر میں رہنا ۳ جان بوجھ کر دکھوں میں آنا۔ دقت اور مشکل میں ہونا ۴ سراب سے دھوکا کھانا۔ **کانسی** (مونث) دیکھو کانس ۲۔

کانسٹبل (انگ۔ مذکر) پولیس کا سپاہی

کانسٹیٹیوشن (انگ۔ مونث) ۱ وجود۔ بناوٹ۔ ساخت ۲ طبیعت۔ خصلت ۳ قوانین ۴ سلطنت کا طریقہ۔ **کانسٹیٹیوشن دینا یا عطا کرنا** (متعدی) **عطا ہونا یا ملنا** (لازم) بادشاہ کی طرف سے ایسا طریقہ سلطنت کا مقرر ہونا کہ اس میں عوام بھی حصہ لے سکیں۔

کانسہ (ف۔ مذکر) پیالہ۔ کاسہ۔ **کانسہ گر** (صفت مذکر) پیالہ بنانے والا شخص۔ **کانسہ گری** (مونث) پیالے بنانے کا پیشہ۔

کانشنس (انگ۔ مذکر) ضمیر۔

کانفرنس (انگ۔ مونث) مجلس۔ جلسہ مشورے کے واسطے۔

کانفیڈنشل (انگ۔ صفت) خفیہ۔ رازداری کا۔ **کانفیڈنشل لیٹر** (مذکر) وہ چٹھی جو سوائے اس کے جس کا اس پر نام لکھا ہو کوئی اور نہ کھول سکے۔ **کانفیڈنشل نوٹ** (مذکر) کوئی بات جو کسی خفیہ کتاب میں کسی شخص یا معاملے کے متعلق لکھی جائے (تحریر کرنا ہونا لکھنا کے ساتھ) **کانفیڈنشل نوٹ چھوڑنا** (متعدی) تبادلے کے وقت ایسا نوٹ لکھ جانا۔

کانکڑا (ہ۔ مذکر) گلدم۔

کانکشا (س۔ مونث) خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔

کانکھ (ہ۔ امر) ۱ کانکھنا کا ۲ بغل ۳ پہلو (س۔ ککش۔ کوشش) **کانکھا** (ماضی) ۱ کانکھنا کی ۲ (ہ) بے حد کوشش جیسے بوجھ اٹھانے کی ۳ دیکھو کانکھنا ۱۔ **کانکھنا** (متعدی) ۱ ایسی آواز نکالنا جیسے گلے میں کچھ پھنسا ہوا صاف کیا جائے۔ یہ آواز پاخانہ جانے یا بوجھ اٹھانے کے وقت نکالتے ہیں ۲ سسکنا۔ آہیں بھرنا۔

کانگرس (انگ۔ مونث) ۱ مجلس۔ جلسہ۔ مجمع ۲ امریکہ کی مجلس واضعان قوانین ۳ دیکھو انڈین نیشنل کانگرس۔

کانگڑی (ہ۔ مونث) مٹی کی انگیٹھی جس کے گرد تیلیاں بنی ہوئی ہوتی ہیں۔ اسے کشمیری سردیوں میں گلے میں لٹکا لیتے ہیں۔

کانگن (مذکر) **کانگنی** (ہ۔ مونث) ایک قسم کا چھوٹا اناج۔ کنگنی۔

کانن (س۔ مذکر) ۱ جنگل ۲ صحرا۔ ریگستان ۳ گھر ۴ برہما جی کا چہرہ۔

کانور (ہ۔ مذکر) ۱ بہنگی ۲ بانس جس کو دونوں طرف گنگاجلیاں لٹکا دیتے ہیں ۳ آنکھ کا ایک مرض جس میں زردی چھا جاتی ہے (س کمٹ بانس)

کانورا (ہ۔ صفت) بدحواس۔ گھبرایا ہوا۔ حواس باختہ۔ **کانورا کر دینا یا کرنا** (متعدی) **ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ گھبرانا۔ حواس باختہ ہونا ۲ دق ہونا۔ ناک میں دم ہونا۔ **کانورانا** (متعدی) گھبرا دینا۔ حواس باختہ کر دینا۔

کانورو (ہ۔ مذکر) کامروپ کا۔ مخرب۔ **کانور و دیس** (مذکر) کامروپ۔

کانوس (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا موٹا کپڑا جو توں وغیرہ میں لگاتے ہیں۔

کانون (ف۔ مذکر) ۱ انگیٹھی ۲ ایک پیالہ جس میں آگ ڈالتے ہیں ۳ دو شامی مہینوں کا نام۔ **کانون آخر یا ثانی** (مذکر) ۔۔مبر کا مہینہ۔ **کانون اول** (مذکر) [illegible]

کانووکیشن (انگ۔ مونث) ہندوستان میں یونیورسٹی کا وہ سالانہ جلسہ جس میں ڈگریاں عطا کی جاتی ہیں۔

کانہہ (ہ۔ مذکر) خاوند

کانہڑا (ھ - مذکر) ۱ ایک راگنی ۲ ایک قسم کی بلبل۔

کانی (ہ - مونث) ۱ دیکھو کانا کے تحت میں ۲ (ھ) کان ۳ چھنگلیا ۴ دشمنی - کینہ - اردو میں آنا کانا کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔

کاو (ف - مونث) ۱ کھودنا ۲ تلاش جستجو - تفتیش ۳ (صفت) مرکبات میں بمعنی کھودنیوالا ۴ (ف) بہادر ۵ خوبصورت (کاویدن - کھودنا) **کاوا** (مذکر) گھوڑے کو دائرے میں چکر دینا ۲ چوگان ۳ مارا مارا پھرنا - چکر لگانا - **کاوا دینا** (متعدی) ۱ گھوڑے کو چکر دینا ۲ حیلہ کرکے ٹالنا - **کاواک** (صفت) ۱ خالی - تہی ۲ کھوکھلا ۳ جو اندر سے خراب یا گلا ہوا ہو ۴ ٹوٹا ہوا ۵ ناقابلِ استعمال - بے فائدہ نکما ۶ بھدا - بے ڈول ۷ گستاخ - **کاوا کرنا** (متعدی) پیچھے پیچھے پھرنا - **کاوا کھانا** (متعدی) ایک مرغ سے دوسرے کو سخت ضرب پہنچنا - **کاواکی** (مونث) خلا - کھوکھلاپن - **کاوا لگانا** (متعدی) گرد پھرنا - **کاوِش** (مونث) ۱ تلاش (کرنا - ہونا کے ساتھ) ۲ دشمنی رنج درکھنا - کرنا - ہونا کے ساتھ) ۳ کدو کاوش کی ترکیب سے بھی استعمال ہوتا ہے - **کاوک** (صفت) خالی - کھوکھلا -

کاوانی (ف - صفت) کاوہ کی - **کاوانی دِرَفش** (مذکر) کاوہ کا جھنڈا -

کاول (ف - مذکر) وہ نوکر جو کھانے کی میز کو لگائے - بکاول -

کاول - کاوَل (ھ - مذکر)

کاولی - کاوِلی (مونث) گشت - طلایہ - **کاولگر** (مذکر) ۱ گشت - طلایہ ۲ چوکیدار -

کاوَہ (ف - مذکر) اصفہان کا ایک لوہار جس نے ضحاک کے برخلاف علم بغاوت بلند کیا اور اس کو قتل کرکے فریدوں کو بادشاہ بنایا - اپنی دھونکنی کا جھنڈا بنایا تھا جس پر ریشم چڑھا کر خاندان کیانی کا جھنڈا بنایا گیا -

کاوِیانی (ف - صفت) کاوہ کی - کاویانی دِرَفش (مذکر) کاوہ کا جھنڈا -

کاوِیری (س - مونث) ۱ ہلدی ۲ طوائف - رنڈی -

کاوِیَہ (س - مذکر) ۱ نظم - غزل - کوئی تصنیف نظم میں ۲ شاعر ۳ مربی - مددگار - معاون ۴ پتر لیوں کی ایک قسم -

کاہ (ف - مذکر) ۱ سوکھی گھاس ۲ بھوسہ - **کاہربا** (مونث) دیکھو کہربا - **کاہ فروش** (مذکر) کاہ بیچنے والا - گھسیارہ - **کاہ فروشی** (مونث) گھاس بیچنا - **کاہ کشاں** (مونث) دیکھو کہکشاں **کاہ گِل** (مونث) دیکھو کہگل - **کاہی** (مذکر) ہلکا سبز رنگ مائل بسیاہی - **کاہی قند** (مذکر) ایک قسم کا کپڑا -

کاہِش (ف - مونث) ۱ کمی - زوال ۲ دبلاپن - لاغری ۳ تشویش - اندیشہ - فکر ۴ نقصان قبول کرنا ۵ تکلیف - مصیبت (کاہیدن - کم ہونا) **کاہش اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) تکلیف برداشت ہونا - **کاہشِ جان** (مونث) ۱ صدمہ روحانی ۲ تشویش - فکر - **کاہشیں لینا** (متعدی) ذمہ داریاں اختیار کرنا - تکلیفیں اٹھانا (مت)

کاہَل (س - صفت) ۱ خشک - سوکھا ہوا ۲ بڑا - کلاں - بہت زیادہ ۳ (مذکر) بلی - مرغا ۴ آواز ۵ گفتگو جو سمجھ میں نہ آئے ۶ ترئی ۷ نقارہ -

کاہِل (ع - صفت) ۱ سست - آلسی - مجہول ۲ آرام طلب - کام چور ۳ مدھم - کند - مٹھا (کند - سست ہونا) **کاہلا** (صفت) سست - تھکا ہوا - **کاہلانہ** (ف) سستی سے - آہستہ سے - **کاہل پنا** (مذکر) سستی - کاہلی - **کاہل مزاج یا وجود** (صفت) سست آدمی - آرام طلب شخص - **کاہلی** (مونث) سستی - آلکس - آلس -

کاہِن (ع - مذکر) ۱ غیب کی خبریں بتانے والا خصوصاً جنوں سے معلوم کرکے - نجومی - پیشین گو (کہانت - پیشین گوئی کرنا) **کاہنہ** (مونث) کاہن کی -

کاہو (ہ - مذکر) ایک پودے کا بیج جو دوائیوں میں کام آتا ہے -

کاہی (اردو - مذکر) وہ بکرا جس میں ایک پنسیری گوشت کا اندازہ ہو (قصابوں کی اصطلاح)

کاہے (ہ - حرف استفہام) کیوں - کس لئے (مت) **کاہے سے** (استفہام) کس وجہ سے - کس لئے - کس چیز سے - **کاہے کا** (استفہام) کس چیز کا - کس مادے کا (مت) **کاہے کو** (استفہام) کس لئے - کیوں (مت) **کاہے کو گولڑ کا پیٹ پھڑواتے ہو** (ھ) کس لئے راز ظاہر کرتے ہو - **کاہے کے واسطے** (استفہام) کس لئے - کیوں؟ (مت)

کاہیدگی (ف - مونث) دبلاپن - لاغری (کاہیدن - گھٹنا)

کائپھل (ہ - مذکر) ایک خاردار پودہ جس کے پھل اور پتے خوشبودار ہوتے ہیں اور دوائیوں میں کام آتے ہیں -

کائنات (ع - مونث) جمع کائن یا کائنت کی ۱ مخلوقات - دنیا - عالم - مخلوق ۲ بساط - حقیقت ۳ سرمایہ - پونجی - **کائناتِ عالم** (مونث) عالم کی مخلوقات -

کاؤ (ف - مونث) دیکھو کاو - **کاؤ** (مونث) دیکھو کاد کاو -

کاؤنٹ (انگ - مذکر) انگلستان میں چوتھے درجے کا نواب جسے ارل بھی کہتے ہیں - اول ڈیوک دوم مارکوئیس سوم وائی کونٹ اور پنجم اور آخری بیرن ہیں -

کاؤں کاؤں (ہ - مونث) ۱ کائیں کائیں - کوے کی لگاتار آواز ۲ آدمیوں کا شور و غل

کائی (ہ - مونث) سبزی جو بند پانی یا نمدار جگہوں پر جم جاتی ہے یا دیواروں پلوں اور کوؤں میں برسات میں پیدا ہو جاتی ہے (س گکش - گھاس) **کائی جمنا** (لازم) کائی کا اگنا - **کائی سی** (کی طرح) **پھٹ جانا** (لازم) تتر بتر ہو جانا (گروہ کا) اڑ جانا بادلوں کا - **کائی لگنا** (لازم) کائی جمنا (مت)

کائیاں (اردو - صفت) ۱ چالاک ہوشیار ۲ دغا باز - مکار - **کائیاں پن** (مذکر) ۱ دغا بازی ۲ چالاکی (کرنا ہونا کے ساتھ)

کائیں کائیں (ہ - مونث) ۱ کوے کی آواز ۲ شور - غل (کرنا مچانا کے ساتھ)

کایا (ہ - مونث) ۱ بدن - جسم ۲ شکل صورت ۳ اصلیت - ماہیت (س کای - بدن) **کایا پلٹ** (مذکر) ۱ بدن کا بدل جانا ۲ بیماری کے بعد

تازگی اور صحت حاصل کرنا ۔ حالت کی تبدیلی سلفظاً ہو مزاج یا ہیئت کا بدل جانا ۔ وہ دوائی جس سے انسان بڈھے سے جوان ہو جائے ۔ تناسخ ۔ آواگون ۔ ایک قالب سے دوسرے قالب میں آنا ۔ **کایا پلٹ جانا** (لازم) شکل بدل جانا ۔ کچھ کا کچھ ہو جانا ۔ حالت بدل جانا ۔ ایک قالب سے دوسرے قالب میں آنا ۔ **کایا پلٹ دینا یا پلٹنا** (لازم) ہیئت بدل دینا ۔ حالت بہتر کر دینا ۔ **کایا کشٹ** (مذکر) بدنی تکلیف محنت جسمانی ۔ **کایا کلپ** (مذکر) دوائیوں کے ذریعے سے جوانی حاصل کرنا ۔

امثال واقوال ۔ **کایا بڑی کہ مایا** ۔ جان مال سے بہتر ہے ۔ بخیل کی نسبت بھی کہتے ہیں جو مال کو بہتر سمجھتا ہے ۔ **کایا پاپی اچھا من پاپی کچھ نہیں** ۔ کوڑھی ہونا اچھا ہے بے ایمان ہونے سے ۔ **کایا راکھے دھرم اور پونجی راکھے بیوپار** ۔ دھرم بدن کو درست حالت میں رکھتا ہے ۔ اور سوداگری اصل زر کو ۔ **کایا راکھے دھرم رہے اور دھرم راکھے کایا** ۔ صحت جسمانی اور دینداری دونوں لازم ملزوم ہیں ۔ **کایا کشٹ ہے جان جوکھوں نہیں** ۔ بدن کی تکلیف ہے جان کا خطرہ نہیں ۔ بیمار کی تسلی کے لئے کہتے ہیں ۔ **کایا لے کام نیکی سے نام** ۔ نیکی سے نیکنامی اور ناموری جسمانی خواہش سے نقصان ہوتا ہے ۔ **کایا مایا کا کیا بھروسا ہے** ۔ زندگی اور دولت کا کوئی اعتبار نہیں ۔

کایتھ ۔ کائستھ (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک ہندو ذات ۔ ۲ اس ذات کا ایک فرد ۔ **کایتھ کی کھوپری** (مونث) دغاباز یا چالاک آدمی ۔ **کایتھی** (مونث) ناگری ۔ رسم الخط جو کایتھ استعمال کرتے ہیں ۔

امثال واقوال ۔ **کایتھ کا بیٹا پڑھا بھلا یا مرا بھلا** ۔ کایتھ منشیوں کا کام کرتے ہیں ۔ اس لئے ان پڑھ کایتھ کسی کام کا نہیں ۔ **کایتھ کا ہتھیار قلم ہے** ۔ کایتھ کا کام پڑھنا لکھنا ہے ۔ دیکھو آخری ۔ **کایتھوں میں سب سے چھوٹے اور بھانڈوں میں سب سے بڑے کی کمبختی ہے** ۔ کایتھ چھوٹوں سے بہت کام کراتے ہیں ۔ بھانڈوں میں بڑے کو کرنا پڑتا ہے ۔ کائستھ اور کشمیری میں بڑا اتفاق ہے ۔ دونوں برادر نواز ہیں ۔ **کائستھوں اور بھانڈوں میں سب سے چھوٹے کی کمبختی** ۔ دونوں میں اطاعت سب سے چھوٹے کو کرنی پڑتی ہے ۔

کاپُر (ہ ۔ صفت) ۱ بزدل ۔ ڈرپوک ۔ ۲ (مذکر) ایک پرندے کا نام ۔ ست بھائی ۔

کائستھ (ہ ۔ مذکر) دیکھو کایتھ ۔

کائِک (س ۔ صفت) بدن کے متعلق بدنی ۔ جسمانی ۔

کَب (ہ ۔ استفہام) ۱ کس وقت ۔ کس دن ۔ کس زمانے میں ۔ ۲ نہ ۔ نہیں ۔ ۳ کیوں کر ۔ کس طرح ۔ ۴ کہاں ۔ ۵ (تف) دیر سے (س کَیَت) ۔ **کب اور کب** (استفہام) مکرر لانے سے بعد ظاہر کرتا ہے ۔ جیسے کب بابا مریں گے کب بیل بٹیں گے ۔ **کب تک یا تلک** (تف) **یا تئیں** (مت) کس وقت تک ۔ **کب تھوکتے ہیں** ۔ بالکل پروا نہیں کرتے ۔ کبھی متوجہ نہیں ہوتے ۔ **کب سے** (تف) ۱ کس وقت سے ۔ کس زمانے سے ۔ ۲ دیر سے ۔ مدت سے ۔ عرصہ سے ۔ **کب کا** (تف) کس زمانے کا ۔ کس مدت کا ۔ **کب کب** (تف) کس کس وقت ۔ **کب کے** (تف) بہت دیر سے ۔ بہت پہلے سے ۔ **کب کو** (مت) کب ۔ **کب لگ ۔ لو ۔ لوُ ۔ لوں یا لوں** (مت) کب تک ۔

امثال واقوال ۔ **کب بابا** (باپ یا دادا) **مریں گے کب بیل بٹیں گے ۔ کب بابا مرے کب بیل بٹے** ۔ جب کسی بات کا بہت انتظار ہو تو کہتے ہیں ۔ **کب سے راجہ اسر بھئے ۔ کودوں کے دن بسر گئے** ۔ آپ کب سے امیر ہوئے کہ غربت کے دن بھلا دیئے ۔ **کب کی بلی اور کب کا بلا** ۔ جب کوئی شخص جھوٹا دعوئے تجربہ کاری کا کرتا ہے تو کہتے ہیں ۔ **کب کے بنیا کب کے سیٹھ** ۔ نو دولت کے متعلق کہتے ہیں ۔ **کب مرے** (موا) **اور کب کیڑے پڑیں** ۔ ایسا جلد کام نہیں ہو سکتا ۔ **کب موا اور کب راچھس ہوا** ۔ نو دولت کے متعلق کہتے ہیں ۔

کُب (ہ ۔ مذکر) ۱ انسان کی پیٹھ کی کجی ۔ ۲ اونٹ یا سانڈ کا کوہان ۔ ۳ دیوار کا پھول کر ٹیڑھا ہونا ۔

کَباب (ف ۔ مذکر) ۱ قیمہ جو سیخ پر چڑھا کر کوئلوں پر بھونا جائے ۔ ۲ قیمے کی ٹکیاں جو گھی میں تلی جائیں انہیں شامی کباب کہتے ہیں ۔ ۳ گوشت کے ٹکڑے جو سیخ پر چڑھا کر کوئلوں پر بھونے جائیں ۔ ۴ (صفت) جلا ہوا ۔ بھنا ہوا ۔ بریاں ۔ سوختہ ۔ **کباب بھوننا** (متعدی) کباب سیخ پر چڑھا کر کوئلوں پر سوختہ کرنا ۔ **کبابِ حسینی** (مذکر) ۱ ایک قسم کے کباب کا نام ۔ ۲ ایک قسم کا بھنا ہوا گوشت ۔ **کباب خانہ** (مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں کباب بنیں ۔ ۲ باورچی خانہ ۔ **کبابِ دارائی** (مذکر) ایک قسم کا کباب ۔ **کبابِ سنگ** (مذکر) پتھر پر بھنا ہوا گوشت ۔ **کبابِ شامی** (مذکر) دیکھو کباب ۲ ۔ **کبابِ قندھاری** (مذکر) ایک قسم کا کباب جو قندھار میں بنتا ہے ۔ **کباب کا آنسو** (مذکر) وہ پانی جو کباب سے بھنتے وقت نکلتا ہے ۔ **کباب کرنا** (متعدی) ۱ کباب تیار کرنا ۔ بھوننا ۔ ۲ جلانا ۔ رنج دینا ۔ رشک سے جلانا ۔ **کبابِ گل** (مذکر) کباب جو گلاب کے پھول کی شکل پر بھونے جائیں ۔ **کباب ورق یا ہندی** (مذکر) ایک قسم کا کباب جس میں گوشت سیاہ ہو جاتا ہے ۔ **کباب لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) سیخ کے کباب تیار ہونا ۔ **کبابن** (مونث) ۱ کباب بیچنے والی عورت ۔ ۲ کبابی کی بیوی ۔ **کباب ہونا** (لازم) ۱ کباب پکنا ۔ بھونا جانا ۔ سوختہ ہونا ۔ ۲ رشک سے جلنا ۔ ۳ رنج اٹھانا ۔ دکھ پانا ۔ ۴ غصے میں سرخ ہونا ۔ بہت ناراض ہونا ۔ ۵ برا لگنا ۔ **کبابی** (مذکر) ۱ کباب بنا کر بیچنے والا شخص ۔ ۲ کباب کرنے کے لائق مرغ ۔ **کبابیا** (مذکر) کبابی ۱ (لکھنؤ) ۔

کَباب ۔ کبابہ (ف ۔ مذکر) ایک دوا ۔ **کبابِ چینی** (مونث) ایک دوا ۔

کَبادَہ (ف ۔ مذکر) ۱ کمزور مشق کرنے کی کمان ۔ لیزم ۔

کِبار (ع ۔ صفت) جمع کبیر کی ۔

کَباڑ (ہ ۔ مذکر) ٹوٹا پھوٹا اسباب کاٹھ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (س کپال ۔ مجموعہ) **کباڑی ۔ کباڑیا** (مذکر) پرانا اسباب بیچنے والا ۔

مثل ۔ **کباڑی کی (کی چھاں) کے چھپر پر پھوس نہیں** ۔ اپنی خبر گیری کی طرف توجہ نہیں ہوتی ۔

کَبائر (ع ۔ مذکر) کبیرہ کی جمع ۔

کَبِت (ہ ۔ مذکر) ایک قسم کے ہندی کے شعر (س کوِتا) **کبتائی** (مونث) کبت بنانا ۔ شاعری **کبتائی کرنا** (متعدی) ہندی یا سنسکرت کے شعر بنانا

کبت کہنا (متعدی) کبت پڑھنا۔
امثال۔ کبت بھاٹ کے کھیتی جاٹ کی۔ کبت سوہے بھاٹ نے اور کھیتی سوہے جاٹ نے۔ ہر شخص اپنا خاندانی پیشہ اچھی طرح کر سکتا ہے۔
کبج (س۔ صفت) کبجا (ھ) کبڑا۔
کبد (ع۔ مذکر) جگر۔ کبدی (صفت) جگر کا جگر کے متعلق۔ جگری۔
کبڈی (ہ۔ مونث) ایک خاص ہندی کھیل جس میں دو فریق ہوتے ہیں اور زمین پر ایک لکیر مقررہ لمبائی کی کھینچ کر دونوں سروں پر نشانات لگا دیتے ہیں کہ گودنے والا ان نشانات کے اندر سے گذرے۔ ایک آدمی ایک فریق کا کبڈی کبڈی کہتا ہوا دوسری طرف جاتا ہے۔ اور جب تک سانس نہ ٹوٹے دوسرے فریق کے کسی آدمی کو چھونے کی کوشش کرتا ہے۔ اگر چھو دے تو وہ نکما ہو جاتا ہے اگر اس کا دم ٹوٹ جائے اور اسے کوئی چھولے تو یہ نکما ہو جاتا ہے۔ نکما آدمی ایک طرف بیٹھ جاتا ہے۔ اس کی ایک اور قسم ہے جس میں ایک خاص حلقے سے باہر کوئی فریق نہیں جا سکتا اس میں آنے والے کو پکڑنے کی کوشش کرتے ہیں اگر ایسے پکڑ لیا جائے اور اس کا سانس ٹوٹ جائے تو وہ نکما ہو جاتا ہے۔ نہیں تو اسے پکڑنے والے۔ اسی طرح جس گروہ کے سب آدمی نکمے ہو جائیں۔ وہ ہار جاتا ہے۔ **کبڈی کھیلتے پھرنا** (لازم) مارا مارا پھرنا۔ **کبڈی کھیلنا** (متعدی) کبڈی کا کھیل کھیلنا۔ دوڑنا۔ بھاگنا۔
کبر (ع۔ مذکر) بڑائی۔ شان۔ امیری غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ (کبر۔ بڑا ہونا) **کبر و نخوت** غرور۔
کبر (ع۔ مذکر) پیری۔ کلاں سالی۔ (کبر۔ بڑا ہونا) **کبر سن** (مذکر) بڑھاپا۔ عمر کی زیادتی
کبرا (ہ۔ صفت) مد دھبے دار۔ دھاریدار۔ رنگ برنگی۔ میلا۔ خاکستری۔ اردو میں چتکبرا کی ترکیب سے مستعمل ہے (س کربر)
کبرا (ع۔ مذکر) کبیر کی جمع۔
کبریٰ (ع۔ صفت) اکبر کی مونث۔ بہت بڑی۔ بہت بزرگ۔ (مونث) بزرگ تر عورت۔

کبریا (ع۔ مذکر) خدا تعالیٰ کا نام صفت بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی (کبر۔ بڑا ہونا)
کبریائی (مونث) اونچا درجہ۔ بڑا ہونا۔ بزرگی عظمت۔
کبریت (ع۔ مونث) گندھک۔
کبریت احمر (مونث) سرخ گندھک۔ (صفت) معدوم۔ عنقا۔ کمیاب۔ **کبریت احمر کا اثر رکھنا** (متعدی) بہت کمیاب ہونا۔ نہ ملنا۔
کبڑ (ہ۔ مذکر) دیکھو کب۔
کبڑا (ہ۔ صفت) وہ جس کی پیٹھ ٹیڑھی ہو۔ کوزپشت (س کبج) **کبڑاپن** (صفت) خمیدگی **کبڑی** (صفت) عورت جس کی پیٹھ خمیدہ ہو (مونث) ٹیڑھی چھڑی۔ **کبڑے** (صفت مذکر) کبڑا کی جمع بجائے کبڑا حروف مغیرہ کے بعد۔
مثل۔ کبڑے کی لات۔ ہر کام میں بے حقیقت۔
کبڑن (ہ۔ مونث) ترکاری بیچنے والی عورت۔
کبڑیا (ہ۔ مذکر) ترکاری فروش۔ سبزی فروش۔
کبک (ف۔ مذکر) چکور۔ ایک قسم کا جانور جس کی چونچ اور پنجے سرخ ہوتے ہیں۔ اس کی چال سے معشوق کی چال کو تشبیہ دیتے ہیں۔ **کبک بیابانی** (مذکر) جنگلی چکور۔ **کبک دری** (مذکر) ایک قسم کا بڑا چکور جو کوہستانوں میں پایا جاتا ہے۔ **کبک رفتار** (صفت) چکور کی طرح چلنے والا۔ چکور کی چال والا۔ **کبک کوہسار یا کوہی** (مذکر) کبک دری۔
کبوتر (ف۔ مذکر) ایک پرندہ جو کئی کئی رنگ کا ہوتا ہے۔ لوگ اسے اڑانے یا خطوط لیجانے کے لئے پالتے ہیں۔ **کبوتر اڑھا دینا۔ اڑا دینا۔ اڑانا** (متعدی) کبوتر کو پرواز میں لانا۔ کبوتر بازی کرنا۔ **کبوتر باز** (مذکر) کبوتر اڑانے والا۔ کبوتر رکھنے کا شوقین۔ **کبوتر باز کی چھتری** (مذکر) وہ چھتری جو کبوتروں کے بیٹھنے کے لئے گھر پر لگاتے ہیں۔ **کبوتر بازی** (مونث) کبوتر رکھنا اور اڑانا کبوتر رکھنے کا کھیل۔ **کبوتر بند کرنا** (متعدی) کبوتروں کو کابکوں میں ڈال کر تختہ لگا دینا۔ **کبوتر پر پا** (مذکر) ایک کبوتر جس کے پاؤں پر پر ہوتے ہیں۔ **کبوتر تباہ ہونا** (لازم) دیکھو تباہ ہونا۔ **کبوتر حرم** (مذکر) خانہ کعبہ کے کبوتر جن کا شکار ممنوع ہے۔ **کبوتر خانہ** (مذکر) وہ مکان، ڈربہ یا کابک جس میں کبوتر رکھے جائیں۔ **کبوتر خانہ ہے۔** ایک آتا ہے ایک جاتا ہے۔ حفاظت نہیں ہو سکتی۔ انتظام کی جگہ نہیں۔ **کبوتر کا پھول** (مذکر) ناگ پھلی پودے کا پھول۔ **کبوتر کا جھاڑ** (مذکر) ناگ پھلی پودہ۔ **کبوتر کی جڑ** (مونث) اس پودے کی جڑ جو دواؤں میں کام آتی ہے۔ **کبوتر کا گونجنا** (متعدی) کبوتر کا مست ہو کر بولنا۔ **کبوتر کھولنا** (متعدی) کبوتر وقت معینہ پر اڑا دینا۔ **کبوتر کی طرح لوٹنا** (متعدی) بہت تڑپنا۔ **کبوتر لڑانا** (متعدی) کبوتر بازی کرنا۔ کبوتروں کے اڑانے کا مقابلہ کرنا۔ جس کے کبوتر بہت دیر تک ہوا میں رہیں جیت جاتا ہے۔ **کبوتر مارنا** (متعدی) کبوتر پکڑنا۔ **کبوتری** (مونث) مادہ کبوتر۔ ناچنے والی دہقان عورت خوبصورت حسین عورت۔
امثال و اقوال۔ کبوتر با کبوتر باز با باز۔ اس کا پہلا مصرع ہے۔ کند ہم جنس با ہم جنس پرواز۔ ہر شے اپنی جنس کی طرف رجوع کرتی ہے
کبوتر خانے کا سا حال ہے ایک آتا ہے ایک جاتا ہے۔ وہاں کہتے ہیں جہاں بہت سے ذکر ہوں۔
کبود (ف۔ مذکر) نیلا رنگ۔ آسمانی رنگ۔ ایک پہاڑ (صفت) نیلا۔ نیلگوں **کبود پشت** (مذکر) آسمان۔ **کبود چشم** (صفت) نیلی آنکھوں والا۔ **کبود حصار** (مذکر) آسمان۔ **کبودی** (رنگ) (صفت) نیلا۔ آسمانی **کبودی چشم** (صفت) نیلی آنکھوں والا۔
کبھو۔ کبھول (ہ۔ قف) کبھی (مت)
مثل۔ کبھو نہ کبھو ٹیسو پھولا۔ اس کے متعلق کہتے ہیں۔ جس سے کبھی کوئی نیک کام ہو۔
کبھی (ہ۔ قف) کب ہی کا مخفف کسی وقت۔ کسی گھڑی۔ شاذ و نادر۔ کہیے کب ہے۔ بھولے چوکے۔ اتفاق سے۔ اتفاقاً کسی زمانے میں۔ سابق میں۔ ہرگز۔ زینہار۔ بالکل قطعی۔ دم میں۔ گھڑی میں۔ ان معنوں میں مقرر آتا ہے جیسے کبھی کچھ ہے کبھی کچھ ہے۔ استفہام انکاری۔ **کبھی کا** (صفت) مدت کا۔ عرصے سے۔ **کبھی کبھار** (قف) گاہے گاہے۔ بہت کم شاذ و نادر۔ **کبھی کے** (قف) کب

کے کبھی نہ کبھی (تف) کسی نہ کسی وقت۔ کبھی نہیں (تف) ہرگز نہیں۔

امثال واقوال۔ **کبھی ایسا ہے کبھی ویسا ہے** (انقلاب زمانہ ہے)۔ **کبھی تولہ کبھی ماشہ**۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جس کی حالت بدلتی رہتی ہے۔ **کبھی تو ہمارے بھی کوئی تھے**۔ کسی زمانے میں ہم سے بھی میل جول تھا۔ گو اب ترک ملاقات ہے۔ **کبھی رات بڑی کبھی دن بڑا**۔ زمانہ ایک حال پر نہیں رہتا۔ **کبھی رنج کبھی گنج**۔ کبھی تکلیف ہے کبھی عیش و آرام ہے۔ **کبھی زمین پر کبھی آسمان پر**۔ بے حد غصے کے موقع پر کہتے ہیں۔ **کبھی کا دن بڑا کبھی کی رات۔ کبھی کے دن بڑے کبھی کی راتیں**۔ زمانے کا انقلاب ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ زمانہ ایک حال پر نہیں رہتا۔ **کبھی کونڈے کے اس پار کبھی اس پار**۔ سخت سستی اور کاہلی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **کبھی کی پرتیت مرن کی ریت**۔ دوستی میں جان دینی پڑتی ہے۔ **کبھی گاڑی ناؤ پر کبھی ناؤ گاڑی پر**۔ انقلاب ہوا ہی کرتا ہے۔ کبھی ایسا کبھی ویسا۔ **کبھی گھن گھنا کبھی مٹھی بھر چنا**۔ کبھی عیش کبھی تکلیف۔ کبھی امیر کبھی غریب۔ انقلاب زمانہ۔ **کبھی گھورے کے دن بھی پھرتے ہیں**۔ کبھی زمانہ موافق بھی ہوتا ہے۔ **کبھی ناؤ گاڑی پر کبھی گاڑی ناؤ پر** دیکھو کبھی گاڑی الخ۔ **کبھی نہ پوجی دوار کا کبھی نہ کروا چوت۔ تو گدھی کمہار کی تجھے رام سے کوت**۔ نا آزمودہ کار سے کام درست نہیں ہوتا۔ کام کی لیاقت ضرور چاہئے۔ **کبھی نہ دیکھا (سووے) بوریا اور سپنے آئی کھاٹ**۔ نو دولت کے متعلق کہتے ہیں۔ **کبھی نہ دیکھی چدر چدری**۔ ڈینگ مارنے والی عورت کے متعلق کہتے ہیں۔ **کبھی نہ سوئی سانتھرے سپنے آئی کھاٹ**۔ نو دولت کے متعلق کہتے ہیں۔ **کبھی نہ کبھی سیر کو گئی تلنڈوں میں جا پڑی**۔ کبھی نہ کبھی امید پوری ہونے کو تھی۔ وہ بھی ناامیدی سے بدل گئی۔ **کبھی نہ گا نڈو رن چڑھے کبھی نہ باجے بم**۔ بزدل کبھی لڑائی پر نہیں جاتا اور نہ کبھی اس کے آگے نقارہ بجتا ہے۔ جب بھاٹوں کو کچھ نہ ملے تو کہتے ہیں۔

کبیدگی (ف۔ مونث) رنجیدگی۔ (کبیدن۔ اپنی جگہ سے ہٹا دینا)

کبیدہ (ف۔ صفت) رنجیدہ۔ آزردہ۔ آخری دونوں لفظ ہندوستان کی اختراع ہیں **کبیدہ خاطر** (صفت) رنجیدہ۔

کبھیں (ھ۔ تف) کبھی۔

کبی (ھ۔ مذکر) ۱ شاعر۔ کوی ۲ دانا آدمی۔ **کبیسر۔ کبیسور۔ کبیشر۔ کبیشور** (مذکر) ۱ داناؤں کا دانا ۲ ملک الشعرا۔

کبیر (ع۔ صفت) ۱ بڑا۔ بزرگ ۲ جوان ۳ دائیں کا ۴ (مذکر) شریف آدمی۔ سردار ۵ ایک ہندی شاعر۔

اقوال۔ کبیر داس کی الٹی بانی۔ آنگن سوکھا گھر میں پانی۔ عام طور پر گھر سوکھا اور آنگن میں پانی ہونا چاہئے۔ مطلب یہ ہے کہ اس دنیا کا الٹا طریقہ ہے کہ نیک تکلیف اٹھاتے ہیں۔ برے آدمی مزے کرتے ہیں۔ **کبیر داس کی الٹی بانی۔ برسے کمبل بھیجے پانی**۔ ہونا چاہئے بھیجے کمبل برسے پانی دیکھو آخری۔

کبیسر (ہ۔ صفت) کنجوس۔ بخیل۔ غالبا خبیث کا ہند ہے۔

کبیسہ (ع۔ مذکر) لوند کا مہینہ۔ قمری سال کو شمسی سال کے برابر کرنے کے لئے ہر سال ۱۱ دن یا تیسرے برس ایک مہینہ بڑھا دیتے ہیں۔

کبیکج (ف۔ مذکر) کیڑوں کا بادشاہ یا فرشتہ۔ کتابوں پر یہ لفظ لکھدیتے ہیں تاکہ کیڑے انہیں نہ کھائیں۔

کپ (ھ۔ مذکر) کانپنا۔ لرزہ۔

کپ (ہ۔ مذکر) ۱ کبس کا ڈھیر جو شکل گنبد بنا دیتے ہیں ۲ گڑھا۔ کواں ۳ اناج کا ذخیرہ (س کوپ۔ کواں)

کپا (ہ۔ مذکر) ۱ چمڑے کا پھولا ہوا بڑا برتن جس میں گھی یا تیل رکھتے ہیں۔ اس کا منہ چھوٹا ہوتا ہے ۲ (صفت) سوجا ہوا۔ پھولا ہوا ۳ موٹا۔ فربہ (س کوپک۔ کوئیں کی شکل کا) **کپا ایسا پھولا بیٹھنا** (لازم) غصے میں بھرا ہونا۔ سوجا پھولا بیٹھا ہونا۔ **کپا سا ہو جانا** (لازم) ۱ نہایت موٹا یا فربہ ہو جانا ۲ پھول جانا۔ سوج جانا۔ **کپا لڑھنا** (متعدی) کسی امیر نواب یا بادشاہ یا راجہ کا مر جانا۔ **کپا ہو جانا** (لازم) ۱ دیکھو کپا سا ہو جانا ۲ منہ سجا بیٹھنا **کپتی** (مونث) (صفت) کپا کی۔ کپے کی طرح منہ پھلا لینا (متعدی) **کپھولا رہنا** (لازم) غصے سے منہ سجا لینا۔

کپاٹ (س۔ مذکر) ۱ دروازہ ۲ کھٹکا ۳ دروازے کا دلا۔

کپائی لگام (ھ۔ مونث) دہانہ۔ قزئی۔

کپار (ھ۔ مذکر) دیکھو کپال۔ **کپاری** ۱ کھوپری ۲ بنگال میں ایک قوم جو اناج بیچتی ہے۔

کپاری (ہ۔ مونث) رسی جو گھوڑے کے قابو میں رکھنے کے لئے منہ پر باندھ دیتے ہیں (س کپال۔ سر)

کپاس (ہ۔ مونث) ۱ ایک پودہ جس کے پھل میں سے روئی نکلتی ہے ۲ روئی جس میں سے بنولے ابھی علیحدہ نہ کئے گئے ہیں (س کرپاس) **کپاسی** (مذکر) ایک رنگ جو ہلکا زرد ہوتا ہے۔

مثل۔ کپاس جس جگہ جائے گی اوٹی جائے گی۔ مزدور کو ہر جگہ بوجھ اٹھانا پڑتا ہے۔

کپال (س۔ مذکر) ۱ کھوپری ۲ سر ۳ پیشانی ۴ قسمت۔ نصیبا ۵ ٹھیکری ۶ ادھا گھڑا ۷ انڈے کا چھلکا ۸ ایک قسم کا کوڑھ ۹ پیالہ۔ برتن ۱۰ فقیر کا پیالہ ۱۱ ڈھکنا ۱۲ ایک نیچ ذات یہ برہمن عورت اور ملاح کی اولاد سے ہیں۔ **کپال پھوٹنا** (متعدی) ۱ سر ٹوٹنا ۲ بدقسمتی ہونا۔ **کپال کریا** (مونث) ہندوؤں میں ایک رسم جب لاش جل چکے تو بیٹا یا لے پالک سر کو پھوڑتا اور اس میں گھی ڈالتا ہے۔ **کپال کریا کرنا** (متعدی) ۱ کپال کریا کی رسم ادا کرنا ۲ بہت سوچنا۔ **کپال کھلنا** (متعدی) قسمت کھلنا۔ **کپالی** (مذکر) ۱ کپال قوم کا مرد ۲ ایک شیو فرقے کا فرد جو کھوپریوں کا مالا پہنتے ہیں

کپالی (ھ۔ مونث) رسی جو گھوڑے کو قابو میں رکھنے کے لئے منہ پر باندھ دیتے ہیں۔

کپتان (انگ۔ مذکر) ۱ فوج کا ایک افسر جو رجمنٹ کا انچارج ہوتا ہے ۲ جہاز کا سب سے بڑا افسر ۳ پولیس کا سپرنٹنڈنٹ پولیس ۴ صوبیدار ۵ رسالدار (مت) ۶ کرکٹ۔ فٹ بال۔ ہاکی پولو وغیرہ کی ٹیم کا سردار (انگ۔ کیپٹن) **کپتانی** (صفت) کپتان کا عہدہ۔

کپٹ (س۔ مذکر) ۱ دھوکا۔ دغا ۲ کینہ۔ بغض۔ **کپٹ رکھنا** (متعدی) کینہ رکھنا۔

بغض رکھنا۔ کپٹ سے (تف) دھوکے سے۔ کپٹ کرنا (متعدی) دھوکا دینا۔ کپٹی (صفت) ۱ کپٹ رکھنے والا۔ دغاباز۔ فریبی ۲ کینہ ور ۳ بد دیانت۔ جعلساز۔ کپٹی آدمی (مذکر) کینہ توز یا دل میں پوشیدہ رکھنے والا آدمی۔

مثل۔ کپٹی کی پیت (میت) مرن کی ریت۔ دغاباز آدمی کے ساتھ دوستی کرنا اپنی موت خریدنا ہے۔

کپٹن (انگ۔ مذکر) دیکھو کپتان۔
کپنچہ (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا کرتا۔
کپڑ (ہ۔ مذکر) کپڑا کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ کپڑا (مذکر) ۱ پارچہ۔ بستر۔ وہ دھاگوں سے بنا ہوا پارچہ جس کی پوشاک بنتی ہے ۲ پوشاک۔ لباس (س۔ کرپٹ) کپڑا اتارنا (متعدی) اترنا (لازم) بدن سے کپڑا علیحدہ ہونا۔ کپڑا اوڑھنا (متعدی) ۱ دوپٹہ سر پر لینا ۲ کپڑے سے اپنے تئیں ڈھانکنا۔ کپڑا بُنا جانا (لازم) بُننا (متعدی) بُنوانا (م) دھاگوں سے تانا بانا کر بلنے سے کپڑا تیار کروانا۔ کپڑا پہنانا (م) پہننا (متعدی) لباس پہننا۔ کپڑا اچل جانا (لازم) کپڑے کا مسک جانا یا پھٹ جانا۔ کپڑا خریدنا (متعدی) بزاز سے کپڑا مول لینا۔ کپڑا لتا (مذکر) کپڑا۔ کپڑا لینا (متعدی) حیض والی عورت کا کپڑا استعمال کرنا۔ کپڑا نکل جانا (لازم) کپڑا پھٹ جانا۔ کپڑا ہند (مونث) کپڑا جلنے کی بو۔ کپڑ پوٹ (مونث) کپڑوں کی پوٹ۔ کپڑ پھول (مذکر) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ کپڑ چھان یا چھن (صفت) کپڑے میں سے نکالا ہوا۔ کپڑے کا چھنا ہوا (کرنا ہونا کے ساتھ) کپڑ دراڑ (مذکر) توشہ خانہ۔ کپڑ دھول (مذکر) ایک قسم کا کپڑا۔ کپڑ کوٹ (مذکر) ۱ مٹی جو پرانے چیتھڑے ملا کر برتن بنانے کے لئے تیار کی جائے ۲ ڈیرہ خیمہ۔ تنبو۔ کپڑ کوٹھ یا کوٹھا (مذکر) خیمہ۔ تنبو۔ کپڑ گند (مونث) کپڑے کے جلنے کی بو۔ کپڑوں (مذکر) کپڑا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ کپڑوں (سے ہونا) کا آنا۔ (لازم) حیض سے ہونا۔ کپڑے (مذکر) ۱ کپڑا کی جمع ۲ بجائے کپڑا حروف مغیرہ سے پہلے۔ کپڑے آنا (مت) حیض سے ہونا۔ کپڑے اتار لینا یا اتارنا (متعدی) ۱ اپنی پوشاک بدل ڈالنا ۲ دوسرے کو ننگا کر دینا ۳ لوٹ لینا۔ کپڑے چھین لینا۔ کپڑے بدلنا (متعدی) بدلوانا (م) پوشاک تبدیل کرانا۔ کپڑے بسانا (متعدی) پوشاک میں عطر یا خوشبو لگانا۔ کپڑے پھاڑ کے نکل جانا (لازم) دیوانہ ہو کر نکل جانا۔ کپڑے پھاڑنا (متعدی) ۱ لباس کو پھاڑنا ۲ بدحواس ہونا۔ پاگل ہو جانا۔ کپڑے پہنانا (م) پہننا (متعدی) پہنوانا (م) پوشاک پہنوانا۔ کپڑے پیوند کرنا (متعدی) کپڑوں میں پیوند کرنا۔ (مت) کپڑے چٹخنا (لازم) لباس میں چستے پڑنا۔ کپڑے چکٹ ہونا (لازم) کپڑے بہت میلے ہونا۔ کپڑے چھڑانا مشکل پڑنا یا ہونا (لازم) پیچھا چھڑانا مشکل ہونا۔ رہائی پانا مشکل ہونا۔ کپڑے چھنوا آنا (لازم) چھین لینا یا چھیننا (متعدی) چور یا ڈاکو کا زبردستی کپڑے لے لینا۔ کپڑے دھلانا (م) دھونا (متعدی) دھلوانا (م) کپڑوں کا میل و پانی صابن سے نکلوانا۔ کپڑے دینا (متعدی) ۱ کسی کو کپڑے عطا کرنا۔ خلعت دینا ۲ کسی کے مرگ کے بعد بڑا ذیں یا غریبوں کو خیرات کے طور پر کپڑے دینا ۳ شادی بیاہ پر رشتے داروں کو کپڑے تقسیم کرنا۔ کپڑے دلوانا (متعدی) نوکر وغیرہ کو کہنا کہ کسی کو کپڑے دے۔ کپڑے رنگانا (م) رنگنا (متعدی) رنگوانا (م) ۱ کپڑوں پر رنگ چڑھانا ۲ جوگیا رنگ کرانا ۳ جوگی بننا۔ کپڑے قطع کرانا (م) کرنا (متعدی) ہونا (لازم) پوشاک کتری جانا قد و قامت کے مطابق۔ پوشاک بیونت ہونا۔ کپڑے گوہ کر دینا۔ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) کپڑے سخت میلے ہونا۔ کپڑے ملنا (لازم) کپڑے دینا کا۔

امثال و اقوال۔ کپڑا پہنے جگ بھاتا۔ کھانا کھائیے من بھاتا۔ لباس فیشن کے مطابق ہونا چاہئے۔ کھانا اپنی مرضی کے مطابق۔ کپڑا کہتا ہے تو کر مجھے (رکھے تو مجھے کر) تہ۔ میں تجھے کروں شہ۔ آدمی کپڑوں کی احتیاط سے رکھے تو ہمیشہ خوش پوشاک رہتا ہے۔ کپڑا نہ لتا۔ مستی ملے البتہ۔ غریبی میں زیب و زینت کی ہوس۔ کپڑے پھٹے غریبی آئی۔ انسان کی حالت اس کے کپڑوں سے ظاہر ہوتی ہے۔ کپڑے کی تہ کرتی ہے شہ۔ دیکھو کپڑا کہتا ہے الخ۔

کپڑوٹی (ہ۔ مونث) ۱ کپڑ چھن۔ کپڑے میں چھاننا ۲ کپڑے پر مٹی لت کر کے کسی ظرف پر لپیٹنا گل حکمت (کرنا ہونا کے ساتھ)

کپکپا (ہ۔ امر) کپکپانا کا (س کمپ کانپنا) کپکپاہٹ۔ کپکپی (مونث) ۱ لرزہ۔ تھرتھری ۲ گھبراہٹ۔ بے چینی (پڑنا۔ چھوٹنا۔ لگنا ہونا کے ساتھ)

کپل (س۔ صفت) ۱ بھورا۔ بندر کے رنگ کا ۲ بھورا رنگ ۳ بندر ۴ بھورا کتا ۵ سورج۔ کپلا (مونث) ۱ بھوری گائے ۲ ایک گائے جس کا ذکر پرانوں میں آتا ہے۔ کپل دھارا (مذکر) دریائے گنگا۔

کپوت (ہ۔ مذکر) نالائق یا ناہنجار بیٹا۔ کپوتی (مونث) ۱ نافرمانبرداری (بیٹے کی) ۲ تنزل۔ رجعت۔ انحطاط۔ انتزال۔

مثل۔ کپوت (بیٹا) مرا بھلا۔ نافرمانبردار بیٹا مر جانا اچھا ہے۔

کپور (ہ۔ مذکر) ۱ کافور ۲ ایک پھول کا نام (س کرپور) کپور کچھری (مونث) ایک خوشبودار گھاس کی جڑ۔ کپوری (صفت) ۱ کافوری (رنگ) ۲ ایک رنگ ۳ ایک قسم کا پان۔

کپورا (ہ۔ مذکر) خصیہ۔ بکرے بھیڑ کا

کپول (ھ۔ مذکر) گال۔ کپول گیندا (مذکر) گال کے نیچے رکھنے کا تکیہ۔

کپھ (س۔ مذکر) ۱ بلغم ۲ تھوک ۳ جھاگ۔ کپھی (صفت) ۱ وہ جو بلغمی طبیعت کا ہو ۲ وہ جسے زکام ہو۔

کپی (س۔ مذکر) ۱ بندر ۲ لنگور ۳ وشن جی ۴ چرخی ۵ گندہ ۶ سورج ۷ کئی آدمیوں کا نام۔

کپتان (ف۔ مذکر) ۱ یورپ کے بادشاہوں کا وزیر یا مشیر ۲ کپتان۔

کت (ھ۔ تف) کہاں۔ کدھر۔ کیا۔

کت (ہ۔ امر) کتنا کا۔ کتنا (لازم) کاتنا کا۔ کتنی (مونث) وہ ظرف جس میں کاتنے کی چیزیں رکھی جائیں۔ کتوانا (م) کتنا کا۔ کتوائی (مونث) کاتنے کی مزدوری۔

کت (ھ۔ تف) کیوں۔ کس طرح۔

کت (ھ۔ صفت) کتنا۔

کت (ہ۔ امر) کتنا کا۔ کتنا (لازم) تشخیص ہونا۔ اندازہ ہونا۔ کتوانا (متعدی) اندازہ

کرانا کسی سے۔

کِتّا (ھ۔ صفت) کس قدر۔ کتنا۔ کِتّے (تف) کِتنے۔

کُتّا (ہ۔ مذکر) ۱: ایک جانور جو کئی قسم اور کئی رنگ کا ہوتا ہے۔ اور چھ انچ سے لے کر ۴ فٹ تک اونچائی میں ہوتا ہے۔ عام طور پر زرد رنگ کا ہوتا ہے۔ مگر بالتر فید۔ سیاہ۔ بادامی وغیرہ رنگوں کے ہوتے ہیں۔ ۲: بندوق کا گھوڑا ۳: رہٹ کی لکڑی ۴: قفل کا کھٹکا ۵: گھڑی کا پرزہ ۶: تجارتی نشان ۷: ایک قسم کی گھاس کی بال ۸: گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۹: پیٹ ۱۰: غلام۔ بندہ ۱۱: دربان امیروں کا ۱۲: عدالت کا چپراسی ۱۳: رشوت لینے والا عملہ ۱۴: طلب کرنے والا۔ خواہشمند ۱۵: پاجی۔ کمینہ ۱۶: ایک قسم کا دستی زنبور ۱۷: ایک قسم کی تلوار جو آگے سے چوڑی اور دوہری دھار کی ہوتی ہے (س کُکّر) **کُتّا کھونکانا** (متعدی) **کھونکنا** (لازم) کتے کا زور سے آواز نکالنا۔ **کُتّا خانہ** (مذکر) کتوں کے رہنے کی جگہ۔ **کُتّا گھاس** (مذکر) ایک قسم کی گھاس جس کا بیج کپڑوں کو چمٹ جاتا ہے۔ **کُتّا موتا** (مذکر) دیکھو لنگ موتا۔ **کتوں** (مذکر) کتا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کتوں سے منہ چٹانا** دم کتوں کا **منہ چاٹنا** (متعدی) ۱: کتے اپنے مالک کا منہ پیار سے چاٹتے ہیں ۲: شرابی نشے میں گرا ہوا ہو تو کتے اسکے منہ کو چاٹتے ہیں۔ **کتوں کا شکار** (مذکر) وہ شکار جو کتوں کے ذریعے سے کیا جائے۔ عموماً خرگوش۔ سور گیدڑ۔ لومڑی اور ہرن کا شکار تازی یا شکاری کتوں سے کراتے ہیں۔ **کُتّی** (مونث) کتیا۔ **کُتّے** (مذکر) ۱: کتا کی جمع ۲: بجائے کتا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کُتّے چھُڑوانا** دم **چھوڑنا** (متعدی) کتوں کو شکار پر دوڑانا۔ **کتے خسی** (مونث) ذلیل کام۔ بے عزتی کا کام۔ فضول کام۔ جھگڑے کا کام (کتے کشی کا مخرب ہے) (کرنا ہونا کے ساتھ) **کتے کا بچہ** (صفت) گالی ہے۔ حرامزادہ۔ **کتے کا بھونکنا** (لازم) کتے کا بھوں بھوں کرنا۔ **کتے کا بھیجا** (مغز) کھایا ہے۔ کتے کا بھیجا ہے۔ بہت بولنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔ **کتے کا رونا** (مذکر) کتے کا ایک خاص طریقے کی آواز نکالنا اسے منحوس سمجھا جاتا ہے۔ اصل میں یہ آواز کتا اس وقت نکالتا ہے جب وہ اکیلا ہو اور چاہتا ہو کہ اور کتے اس کی آواز سن کر اس کے پاس آئیں۔ **کتے کا کاٹا** (مذکر) وہ شخص جسے پاگل کتے نے کاٹا ہو۔ سگ گزیدہ۔ **کتے کا کفن** (مذکر) ردی کپڑا۔ **کتے کوؤں کو گھن آئے**۔ بہت برا یا گندہ ہے۔ جس سے نجس سے نجس کو بھی نفرت ہو۔ **کتے کی دم** (صفت) کج فہم۔ کج طبع۔ جسے باوجود فہمائش کے سمجھ نہ آئے۔ **کتے کی سی ہڑک اٹھنا** (لازم) شوق چرانا کسی بات کا دفعتاً خیال آنا۔ **کتے کی موت مارنا** (متعدی) **مرنا** (لازم) ۱: ذلت اور خواری سے برنا۔ خراب حالت میں مرنا ۲: نامردگی سے مرنا۔ حرام موت مرنا۔ **کتے کی نیند** (مونث) اس کے متعلق کہتے ہیں جو ذرا سی آہٹ سے جاگ اٹھے (سونا کے ساتھ) **کتے کی ہڑک** (مونث) ۱: ایک مہلک بیماری ہے جو کتے کو ہو جاتی ہے اور وہ پاگل ہو کر مرتا ہے اس کا علاج پاسٹر نے نکالا ہے اور اب کسولی۔ لاہور بمبئی اور کلکتہ وغیرہ میں اس کے ہسپتال کھولے گئے ہیں۔ اگر کتا پاگل ہو جائے تو اسے فوراً مار دینا چاہئے اور اگر کسی کو جا کاٹے اور سونگھے تو اسے فوراً نزدیک ترین ہسپتال میں پہنچانا چاہئے غریبوں کا خرچ ڈسٹرکٹ بورڈ ادا کرتا ہے ۲: کتے کے کاٹے کی لہر جو کتے کے کاٹنے کے کچھ دن بعد اٹھتی ہے اور آدمی پاگل ہو جاتا ہے اور بھونکنے لگتا ہے۔ اگر جلد علاج نہ کیا جائے تو مہلک بیماری ہے (اٹھنا کے ساتھ) **کتے گھسیٹنا** (متعدی) ۱: ذلیل کام کرنا کمین پن کرنا ۲: رنڈی رکھنا۔ رنڈی کو ساتھ سلانا۔ **کتے لوٹنا** (لازم) ویران ہونا۔ اجاڑ ہونا۔ **کتے مارنا** (صفت) کتوں کو مارنے والا۔

امثال واقوال

کتا بھونکا ہی کرتا ہے۔ ہاتھی چلا ہی جاتا ہے۔ کتا بھونکے قافلہ سدھارے۔ دنیا کے کام اٹکتے ہی نہیں چاہے لوگ کچھ ہی کہیں۔ کتا بھی بیٹھتا ہے تو دم ہلا کر بیٹھتا ہے۔ گندے آدمی کو مکان صاف رکھنے کے متعلق کہتے ہیں۔ صفائی کی تعریف ہے۔ کتا پالے وہ کتا۔ سا سرے جوائی کتا۔ بہن کے گھر بھائی کتا۔ سب کتوں کا وہ سردار ہو رہو بیٹی کے بار۔ کتا پالنے والا داماد سسرال کے گھر رہنے والا۔ بھائی بہن کے گھر رہنے والا بہت ذلیل ہیں۔ مگر سب سے ذلیل وہ ہے جو اپنی بیٹی کے گھر رہے۔ کتا پائے تو سو امن کھائے نہیں تو دیا ہی چاٹ کر رہ جائے۔ کتا حریص بھی ہے اور صابر بھی ہے اگر ملے تو سب کچھ کھا جاتا ہے۔ اگر نہ ملے تو مالک کا گھر چھوڑ کر نہیں جاتا۔ سو انسان کو صبر و قناعت چاہئے۔ کتا چوک چڑھائے تو چپنی چاٹنے جائے۔ کتا راج بٹھایا وہ چپنی چاٹنے آیا۔ کمینے کی چاہے کتنی عزت کرو وہ کمینے کام کرے گا۔ کتا دیکھے گا نہ بھونکے گا۔ بڑے آدمی کے سامنے ہی نہ جانا چاہئے۔ کتا کے آٹا ہوئے تو لٹی لٹکا کے کھائے۔ کمینہ دولتمند ہو جائے تو بہت فضول باتیں کرتا ہے۔ کتا گھاس کھائے تو سبھی پال لیں۔ اگر آسان کام ہو تو سبھی کر لیں۔ کتا مرے اپنی پیڑ۔ میاں مانگیں شکار۔ خود غرض آدمی دوسروں کی تکلیف کی پروا نہیں کرتا۔ کتا منہ لگانے سے سر چڑھتے۔ کمینے آدمی کو منہ لگاؤ تو بہت بے تکلفی کرتا ہے۔ کتا دنہ دیکھیگا نہ بھونکے گا۔ دشمن کے سامنے سے ٹل جانا چاہئے نہ دیکھے گا نہ بھڑکے گا۔ کتوں کو دوں پر تجھے نہ دوں دعو، جسے کوئی چیز دینے کو دل نہ چاہے اگر وہ ضد کرے تو لتی ہیں۔ کتے تیرا منہ نہیں تیرے سائیں کا منہ ہے۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب کسی کمینے کی کسی شریف کی وجہ سے درگزر ہوتی ہے۔ کتے کا بیری کتا۔ کتے کا کتا بیری۔ ہمجنس ہی دشمنی کرتے ہیں۔ ایک پیشے والے آپس میں دشمن ہوتے ہیں۔ کتے کو کھیر نہیں پچتی۔ کتے کو گھی نہیں (پچتا) ہضم ہوتا۔ کمینے کو سمائی نہیں ہوتی۔ کم ظرف میں حوصلہ نہیں ہوتا۔ کتے کو مسجد سے کیا کام۔ برے آدمی کو نیک کاموں سے کیا تعلق۔ برا نیک کام نہیں کرتا۔ کتے کو موت آئے تو مسجد میں موت جائے۔ جو خواہ مخواہ جان جوکھوں میں پڑے اس کے متعلق کہتے ہیں۔ جب کسی پر کوئی مصیبت آنیوالی ہوتی ہے تو وہ خطرے کی جانب بھاگتا ہے۔ کتے کو ہڈی بھلی لگتی ہے۔ ہندو مسلمانوں کے گوشت کھانے پر طعن سے کہتے ہیں۔ کتے کے بھونکنے سے ہاتھی نہیں ڈرتا۔ ذلیل اور کمینے آدمیوں کی دھمکی کی شریف پروا نہیں کرتا۔ کتے کے پاؤں جا اور بلی کے پاؤں آ۔ تیز جا اور تیز آ۔ جلد جا کر جلد واپس آ۔ کتے کی

ٹیڑھی پوچھ کبھی نہ سیدھی ہو۔ کُتّے کی دم کو بارہ برس نلکی میں رکھا (نلوے میں رکھو) پھر (تو کبھی) ٹیڑھی کی ٹیڑھی۔ طبیعت کی کجی یا شرارت کسی صورت نہیں جاتی۔ کُتّے کی سی پسلی پھڑکے۔ جب کوئی بن بلائے کھانے پر آجائے تو کہتے ہیں۔ کُتّے کی موت آتی ہے تو مسجد کی طرف بھاگتا ہے۔ دیکھو کتے کو اُخ۔

کتاب (ع - مونث) ۱: وہ چیز جو لکھی جائے۔ نوشتہ۔ مکتوب ۲: پوتھی۔ پشتک۔ گرنتھ شاستر ۳: مقالہ۔ جلد نسخہ ۴: رسالہ ۵: بہی۔ رجسٹر (کتب لکھنا) **کتاب آسمانی۔ الٰہی یا الہی** (مونث) وہ کتاب جو خدا کی طرف سے کسی پیغمبر کے ذریعے نازل ہوئی ہو۔ الہامی کتاب جیسے توریت۔ انجیل زبور۔ قرآن شریف۔ **کتاب بند کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کھلی ہوئی کتاب کا تہ ہونا۔ **کتاب بینی** (مونث) کتاب پڑھنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **کتاب کا اوندھا پڑا رہنا** (لازم) بہت پڑھنا۔ **کتاب پر چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) بہی یا رجسٹر میں درج ہونا۔ **کتاب پڑھانا** (م) کسی کو کتاب کا سبق دینا۔ **کتاب پڑھنا** (متعدی) ۱: استاد سے کتاب کا سبق لینا ۲: کتاب کا مطالعہ کرنا۔ **کتاب پڑھوانا** (م) کسی سے پڑھوا کر کتاب کا مضمون سننا۔ **کتاب پھاڑنا** (متعدی) **پھٹنا** (لازم) **پھڑوانا** (م) کتاب کے اوراق کو دریدہ کروانا۔ **کتابت** (مونث) ۱: لکھائی۔ کاپی نویسی (کرانا کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۲: نامہ خط ان معنوں میں خط وکتابت کی ترکیب سے مستعمل ہے۔ **کتاب تحریر کرانا** (م) **کرنا** (متعدی) **کروانا** (م) **ہونا** (لازم) کتاب کا لکھا جانا۔ کتاب کا تصنیف ہونا۔ **کتاب خانہ** (مذکر) ۱: لائبریری ۲: کتب خانہ۔ **کتاب خواں** (مذکر) شہدائے کربلا کا ذکر ممبر پر بیٹھ کر پڑھنے والا۔ **کتاب خوانی** (مونث) شہدائے کربلا کا حال نثر میں مجلس میں پڑھنا۔ **کتاب دیکھنا** (متعدی) کتب کا مطالعہ کرنا۔ کتاب پڑھنا۔ **کتاب رُو** (صفت) کتابی یا لمبے چہرے والا۔ **کتاب فروش** (مذکر) کتب فروش۔ کتابیں بیچنے والا شخص۔ **کتاب کا کیڑا** (مذکر) ۱: کیڑا جو کتاب کے ورقوں کو کھا جاتا ہے یا ان میں سوراخ ڈال دیتا ہے ۲: وہ شخص جو ہر وقت کتابوں کا مطالعہ کرتا رہے۔ **کتاب کھلنا** (لازم) **کھولنا** (متعدی) ۱: بند کتاب کے کچھ ورق الٹنا ۲: کتاب پڑھنا شروع کرنا۔ **کتاب لکھانا** (م) **لکھنا** (متعدی) **لکھوانا** (م) ۱: کتاب تصنیف کرانا ۲: کتاب تحریر کرانا۔ کتابت کرانا۔ **کتاب مجید۔ مقدس یا ہدا** (مونث) قرآن شریف۔ **کتاب والا** (مذکر) ۱: اہل کتاب ۲: کتب فروش (عف) **کتابی** (مذکر) ۱: اہل کتاب سوائے مسلمانوں کے ۲: (صفت) لکھا ہوا۔ قابل وثوق ۳: لمبا۔ لمبوترا۔ **کتابی آدمی** (صفت) کتاب کا کیڑا (عف) **کتابی چور** (مذکر) تصنیف کا چور۔ جو پرانی تصنیفوں میں تصرف کرکے اپنے نام سے جاری کرے۔ **کتابی چہرہ۔ رُخ یا رُو** (مذکر) لمبا چہرہ۔ **کتابی علم** (مذکر) وہ علم جو کتاب کے پڑھنے سے ہو مگر تجربہ سے نہ ہو۔ **کتابی کافر** (مذکر) اہل کتاب سوائے مسلمان کے۔

کِتابہ (ع - مذکر) ۱: وہ عبارت جو قبر کی لوح یا مسجد پر کندہ کرکے لگائی جاتی ہے ۲: وہ نظم یا نثر جو کسی کی تعریف میں یا بطور تاریخ پیش طاق پر لکھتے ہیں (کتب۔ لکھنا)

کتارا (ہ - مذکر) ۱: ایک قسم کا پتلا گنّا جس سے رس نکال کر گڑ وغیرہ بناتے ہیں۔ کماد۔ بیشکر ۲: تمر ہندی۔ املی کا پھل ۳: کٹار۔ خنجر (ہ) قتارہ۔

کِتاف (ع - مذکر) ۱: رسی جس سے پیچھے کی طرف ہاتھ باندھتے ہیں ۲: بیڑی۔ ہتھکڑی (کتف۔ پیچھے باندھنا)

کتان (ف - مذکر) ۱: ایک قسم کا کپڑا جس کے متعلق خیال ہے کہ اسقدر باریک ہوتا ہے کہ چاندنی کی روشنی سے پھٹ جاتا ہے ۲: (مونث) السی۔

کَتان (ہ - مذکر) ۱: چاقو ۲: خنجر۔ **کتانا** (ہ - متعدی) دیکھو کتروانا (عف)

کتائی (ہ - مونث) ۱: کاتنے کی اجرت ۲: کاتنا۔

کُتُب (ع - مذکر) کتاب کی جمع۔ **کتب خانہ** (مذکر) ۱: وہ جگہ جہاں کتابیں جمع رہیں ۲: کتابوں کی دوکان ۳: لائبریری۔ **کتب سماوی** (مذکر) الہامی کتابیں۔ مقدس کتابیں۔ **کتب فروش** (مذکر) وہ شخص جو کتابیں بیچے۔ **کتب فروشی** (مونث) کتابیں بیچنا۔

کُتبہ (ع - مذکر) دیکھو کتابہ۔ اب عام طور پر کتبہ استعمال ہوتا ہے۔

کتخدا (ف - مذکر) دیکھو کدخدا۔ **کتخدائی** (مونث) شادی۔ بیاہ خصوصاً لڑکے کا لڑکی کے لئے کار خیر مستعمل ہوتا ہے۔

کتر (ہ - امر) ۱: کترنا کا ۲: (مونث) کپڑے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو تراشنے سے نکلتے ہیں ۳: (مذکر) موباف۔ سربند ۴: کتل (کرت۔ کاٹنا) **کتر بیونت** (مونث) ۱: کاٹ چھانٹ تراش خراش۔ قطع برید ۲: توڑ جوڑ۔ جال۔ کاٹ پھانس ۳: فکر۔ سوچ ۴: کمی بیشی ۵: کفایت شعاری ۶: حساب میں سے کاٹ لینا۔ منہائی۔ وضع ۷: سودا سلف میں خورد برد ۸: غبن تغلب (رہنا کرنا ہونا کے ساتھ) **کتر بیونت سے** (تف) کفایت شعاری سے۔ **کتر جانا دینا یا کترنا** (متعدی) ۱: قینچی سے کاٹنا یا تراشنا۔ چھانٹنا ۲: سروتے سے سپاری کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔

کترن (مونث) ۱: کتر ۲: کاغذ یا پان کے چھوٹے ٹکڑے۔ **کترنی** (مونث) ۱: قینچی ۲: انسان کی زبان (چلانا۔ چلنا کے ساتھ) **کترنی سی چلنا** (لازم) جلدی جلدی باتیں کرنا۔ **کترو** (ہ - صفت) کاٹنے والا۔

کتروال (صفت) ۱: ریبراں۔ آڑا ترچھا۔ **کتروال چال** (مونث) ۱: ٹیڑھی چال ۲: خرام ناز۔ **کتروانا** (متعدی) ۱: قطع کرانا۔ چھنٹوانا۔ ترشوانا ۲: بالوں کا قینچی سے کٹوانا۔ **کتروائی** (مونث) قطع کرانے کی اجرت۔

کُتّر (ہ - مونث) دیکھو کتر ۲۔

کُتّر (ہ - امر) کترنا کا (کرت۔ کاٹنا) **کتر لینا** (متعدی) دیکھو کترنا۔ **کُتّرن** (مونث) کترا ہوا ٹکڑا (عف) **کترنا** (متعدی) ۱: دانتوں سے کاٹنا خصوصاً چوہے کا ۲: طوطے کا منقار سے کاٹنا کسی چیز کو ۳: بیچ میں سے روپیہ رکھ لینا۔ وضع کرنا۔ **کترو** (صفت) کترنے والا۔

کترا (ہ - امر) ۱: کترانا کا ۲: ماضی کترنا کی ۳: کتر (عف) (س۔ کرت۔ کاٹنا) **کترا کر جانا** (لازم) ۱: راستے سے کترا جانا۔ راستہ کاٹ کر جانا ۲: ساتھ سے بھاگنا۔ راہ میں موافقت نہ کرنا۔ راہ سے جدا ہو جانا ۳: بیگانگی اختیار کرنا۔ **کترا کر کے چلنا**

(لازم) 1 دیکھو آخری 2 نفرت یا ناراضگی سے راستے سے بچکر چلنا 3 جلدی سے سمٹ کر نکل جانا۔ **کترانا** (مم) 1 گھوم کر چلنا۔ ٹیڑھا چلنا 2 ایک راہ کو چھوڑ کر دوسری راہ جانا 3 بچنا۔ کنارہ کرنا۔

کُتر (مد۔ امر) 1 کترانا کا 2 ماضی کترنا کی 3 کسی چیز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے خصوصاً آم کے (س کرت۔ کاٹنا) **کترانا** (مم) کترنا کا۔

کِتف (ع۔ مذکر) مونڈھا۔ شانہ۔

کُتک (ف۔ مذکر) سونٹا۔ ڈنڈا۔ موسل۔

کُتکا (ہ۔ مذکر) بھنگ گھونٹنے کا ڈنڈا۔

کَتّل (ہ۔ مذکر) 1 پتھر کا دھاردار ٹکڑا۔ پتھر کی کرچ 2 کتر 3 مٹی کے برتن کا ٹکڑا۔ ٹھیکری 4 اینٹ یا پتھر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے (س کرت۔ کاٹنا) **کتل ترا** (مذکر) ٹھیکری اس طرح پھینکنا کہ پانی پر تیرتی ہوئی نکل جائے **کتل کا بگھار** (مذکر) کڑکڑاتے گھی میں پتھر کے ٹکڑے ڈال کر اس سے دال بگھارتے ہیں تاکہ سوندھی جائے

کَتلا (ہ۔ مذکر) پھانک۔ ٹکڑا (کرنا ہونا کے ساتھ) (س کرت۔ کاٹنا)

کتم (ع۔ مذکر) پردہ۔ حجاب (کتم۔ چھپانا)

کتمان (ع۔ مذکر) چھپانا۔ پوشیدگی (کتم۔ چھپانا)

کِتنا (ہ۔ تف) 1 کسقدر۔ کس تعداد میں 2 نہایت۔ بہت 3 کہاں تک۔ کس درجہ تک 4 چاہے جسقدر (س کیتا) **کتنا ایک** (تف) کسقدر۔ کہاں تک۔ **کتنا بعد کو پہنچتے ہو (ہیں)** بہت بیوقوف ہو یا ہیں۔ **کتنوں کا** (تف) بہت لوگوں کا۔ **کتنی** (مونث کیلئے) دیکھو کتنا۔ **کتنے** (صفت) بہت سے۔ بہتیرے۔ **کتنے ایک** (تف) کسقدر۔ کتنی **کتنے بزرگ ہیں** 1 بہت ہوشیار ہیں۔ طنزاً بہت بیوقوف ہیں **کتنی دور ہے** 1 کسقدر فاصلے پر ہے 2 دور نہیں ہے قریب ہے۔ پاس ہے۔ **کتنے میں** کتنا حوصلہ۔ حیثیت یا ظرف ہے

کتنوئیں (ہ۔ مونث) ایک پرندہ۔ سات سہیلی۔

کُتوہل (س۔ مذکر) 1 کوئی پرلطف بات۔ کھیل۔ تماشا۔ جلسہ۔ ناچ رنگ 2 کوئی حیران کر دینے والی چیز 3 شوق۔ خواہش 4 جوش۔ ولولہ۔

کتھ۔ کَتھّا (ہ۔ مذکر) ایک پودے کا ست جو سرخی دینے کے لئے پانوں میں لگایا جاتا ہے۔

کَتھا (ہ۔ مونث) 1 قصہ۔ کہانی 2 ہندوؤں کے مشاہیر کے حالات جو برہمن بیان کرتے ہیں 3 (س) بات چیت۔ گفتگو 4 بحث مباحثہ۔ **کتھا باچنا یا بانچنا** (متعدی) ہندو مشاہیر کے حالات بیان کرنا۔ مقدس کتابوں کا وعظ کہنا۔ **کتھا بٹھانا** (متعدی) برہمن کو کتھا باچنے کے لئے مقرر کرنا۔ **کتھا بکھاننا** (متعدی) 1 کتھا باچنا 2 طول طویل ذکر چھیڑنا۔ **کتھا سرت ساگر** (مذکر) ایک کتاب مصنفہ سوم دت۔ **کتھا سمپورن کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) مذہبی کتاب پڑھ کر یا سنا کر ختم ہونا۔

کُتھرا (ہ۔ مذکر) 1 سڑاندھ۔ بساندھ 2 گندگی۔ ناپاکی۔

کتھری (ہ۔ مونث) 1 چیتھڑے لگا ہوا کپڑا۔ گدڑی 2 بستر۔

کتھن (س۔ صفت) 1 شیخی مارنے والا۔ شیخی خورہ 2 (مذکر) شیخی مارنے کا فعل۔

کتھنا (ہ۔ لازم) 1 کہنا۔ بتانا۔ بیان یا ذکر کرنا 2 شعر کہنا 3 ملامت کرنا۔ سرزنش کرنا۔

کتّی (ہ۔ مونث) چھوٹی تلوار

کتیا (ہ۔ مونث) 1 کتے کی مادہ 2 بدچلن فاحشہ عورت۔ **کتیا کا پِلّا** (صفت) حرامزادہ۔ **کتیا کے چھنالے میں پکڑا جانا** (لازم) دوسرے کے جرم میں گرفتار ہونا۔ رسوا ہونا۔ مفت میں بدنام ہونا۔

امثال۔ کتیا چوروں مل گئی تو پہرا (دیوے کون) کون دے۔ کتیا چوروں سے مل گئی تو تدت آوے کون محافظ ہی نقصان پہنچائے تو پھر بچاؤ کیسے ہو۔

کتیرہ (ف۔ مذکر) ایک قسم کا گوند۔

کَٹ (ہ۔ امر) کٹنا کا (س کرت کاٹنا) **کٹا** (امر) کٹنا کا 2 (ماضی) کٹنا کی 3 (صفت) کاٹا ہوا 4 شرمندہ۔ خفیف 5 (مذکر) قتل۔ کشت و خون 6 کاٹنا۔ کوٹنا۔ **کٹا جانا** (لازم) شرمندہ ہونا **کٹا چھنی** (مونث) 1 لڑائی جھگڑائی۔ مار پیٹ۔ 2 جانی دشمنی۔ عداوت۔ بیر (کرنا ہونا کے ساتھ) **کٹا دینا** (متعدی) دیکھو کٹانا۔ **کٹا کٹی** (مونث) قتل عام۔ خونریزی۔ **کٹا کرنا** (متعدی) 1 ٹکڑے ٹکڑے کرنا 2 مارنا۔ قتل کرنا۔ **کٹانا** (متعدی) دیکھو کٹوانا جو زیادہ فصیح ہے۔ **کٹاؤ** (مذکر) 1 کاٹنا 2 کپڑا سینے میں گلکاری (کاڑھنا کے ساتھ) 3 تراش 4 زخم ڈالنا۔ کاٹ کرنا۔ **کٹاؤ** (صفت) 1 کاٹنے والا 2 تیز 3 زخم کرنے والا۔ **کٹاؤں ڈالنا** (متعدی) نگلنا۔ بھونسنا۔ **کٹائی** (مونث) 1 فصل کٹنا (کٹنا ہونا کے ساتھ) 2 فصل کٹنے کی اجرت 3 فصل کاٹنے کے دن **کٹتی باتیں** (مونث) جلی کٹی۔ طعن و طنز کی بات چیت **کٹتی کہنا** (متعدی) ایسی بات کہنا جس میں دوسروں کی برائی نکلے۔ **کٹ جانا** (لازم) 1 ایک ٹکڑا الگ ہو جانا۔ دو ٹکڑے ہو جانا 2 زخم لگ جانا۔ خراش ہو جانا 3 مارا جانا 4 کسی تیز مرہم سے زخم پڑ جانا 5 شرمندہ ہونا۔ خجل ہونا 6 بیجا صرف ہونا 7 شرم سے مر جانا 8 دور رہنا۔ الگ ہونا جانا رہنا 9 رستے سے بچ کر نکلنا۔ کترانا 10 (زمین سڑک وغیرہ) پانی کے زور سے مٹی کا بہ جانا 11 (وقت عمر وغیرہ) گزر جانا 12 (رستہ۔ سفر وغیرہ) طے ہونا۔ قطع مسافت ہونا 13 (اپنے اپنے رستے) ساتھ سے جدا ہو جانا 14 (سڑک وغیرہ) رستہ دوسری طرف جانا یا جدا ہونا 15 (رنگ) اڑنا۔ پھیکا پڑنا۔ ہلکا پڑ جانا 16 (فصل) درد ہونا۔ کاٹا جانا 17 (نام) خارج ہو جانا۔ موقوف ہو جانا 18 (ناک) بے عزتی ہو جانا۔ بدنام ہو جانا 19 (گاڑی) ٹرین سے جدا ہونا 20 گاڑی یا کراچی سے مال نکل جانا 21 (پتنگ) ڈور کی رگڑ کھا کر ٹوٹ جانا 22 (تنخواہ وغیرہ) وضع ہونا۔ منہا ہونا 23 (بکرا وغیرہ) ذبح ہونا۔ جھٹکا ہونا 24 (لفظ وغیرہ) قلم پھر جانا۔ **کٹ رہنا** (لازم) 1 رستے میں رہ جانا۔ بچھڑ جانا 2 راہ میں جدا ہو جانا۔ ساتھ چھوڑ دینا 3 (برف جاڑا وغیرہ) پڑنا 4 (روپیہ) بے جا خرچ ہونا۔ **کٹ کٹ جانا** (لازم) نہایت شرمندہ ہونا۔ شرم کے مارے مر جانا۔ **کٹ کٹ کے لڑنا** (متعدی) جان پر کھیل کر لڑنا۔ **کٹ کٹ کے مرنا** (لازم) باہم لڑ لڑ کر مرنا۔ **کٹکھنا** (صفت) 1 کاٹنے والا۔ منہ مارنے والا 2 چوٹ کرنے والا (عموماً کتے کے واسطے) **کٹ گیا۔ کھچ گیا** برا مان گیا۔ شرمندہ ہو گیا۔ **کٹ مرنا** (لازم) 1 لڑ مرنا۔ باہم لڑ کر مر جانا 2 شرمندہ ہونا۔ **کٹ مِتا** (صفت) دیکھو علیحدہ۔ **کٹنا** (لازم) 1 دیکھو کٹ جانا

۲ دباپ جھگڑا وغیرہ) دور ہونا۔ جاتا رہنا ۳ (نہر وغیرہ) نکلنا ۴ (روپیہ وغیرہ) بے جا خرچ ہونا ۵ (برف۔ جاڑا وغیرہ) شدت سے پڑنا ۶ رشک کرنا۔ حسد کرنا۔ کڑھنا مرنا (لازم) ضد سے اپنا نقصان کرنا۔ کٹنی (ھ) ۱ کٹائی ۲ کاٹنے کا موسم یا وقت ۳ چاقو ۴ کاٹنے کے اوزار۔ کٹوال (صفت) پسود جو بحساب ماہوار کم یا زیادہ کر لیتے ہیں ۲ کٹا ہوا پانی جو نالی کے ذریعے پہنچایا جائے۔ کٹوانا (م) کسی سے کاٹنے کا کام لینا۔ کٹوائی (مونث) کاٹنے کی اجرت۔ کٹوتی (مونث) ۱ منہائی۔ مجرائی ۲ کٹائی۔ تراش۔ کٹی انگلی پر پیشاب نہ کرنا (متعدی) خفیف ہمدردی بھی نہ کرنا۔ کٹے پر (نمک بھرکنا) نون لگانا (متعدی) ۱ تکلیف پر تکلیف دینا۔ کٹی چھنی (مونث) نوک جھونک جو عداوت سے ہو۔ بیر۔ عداوت کٹے روکھ تلے ہونا (لازم) سخت بلا یا مصیبت میں گرفتار ہونا۔ کٹے مرنا (لازم) ۱ لڑکے مر جانا ۲ جھگڑا کرنا۔

مثل۔ کٹے گا بٹاؤ (حجام) کا سیکھے گا ناؤ کا۔ مسافروں کے سر زخمی کر کے نائی کا لڑکا کام سیکھتا ہے۔

کنٹ (ہ۔ مذکر) دیکھو کتھ کیٹ حجت۔ حجتی۔ ملا وغیرہ دیکھو کٹھ۔

کٹ (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو کٹو ۲ ایک سیاہ رنگ جس سے چھینٹ چھاپتے ہیں ۳ (مونث) کمر۔ صلب۔ کٹ بندھن۔ دیکھو کٹ بندھن۔

کٹ (انگ۔ صفت) کٹا ہوا۔ کٹ پیس (مذکر) تھانوں کے وہ چھوٹے ٹکڑے جو باقی رہ جائیں۔ یہ آج کل سستے بکتے ہیں۔ کٹ گلاس (مذکر) عمدہ قسم کا موٹا شیشہ جس پر کاٹ کر پھول بنے ہوں۔ بلور۔ کٹلس (مذکر) ۱ گوشت کا ابلا ہوا یا بھونا ہوا ٹکڑا ۲ شامی کباب (انگ۔ کٹلٹ) کٹ کرنا (متعدی) کسی کو دیکھ کر منہ پھیر لینا۔ کسی کی طرف دیکھتے ہوئے گزر جانا جیسے واقفیت ہی نہیں۔

کٹ (س۔ مذکر) ۱ چوتڑ۔ سرین ۲ کمر۔ صلب ۳ ہاتھی کا گال۔ کٹ بند۔ بندھ یا بندھن (مذکر) بندھنی (مونث) ۱ ایک کپڑا جو کمر میں باندھتے ہیں ۲ کمر بند۔ کٹ سوتر (مذکر) کمر بند۔ پیٹی۔ کمر کیھری (صفت) ۱ شیر کی کمر کی طرح کا پتلی کمر والا۔ نازک کمر ۲ (مونث) نازک کمر عورت۔

کٹ (ھ۔ مونث) ایک قسم کا کھٹا کھانا۔

کٹ (س۔ مذکر) ۱ رطوبت۔ ریزش ۲ پاخانہ ۳ میل۔ گندگی۔ غلاظت۔

کٹ (ہ۔ مذکر) ایک درخت کی جڑ۔

کٹ (ہ۔ امر) ۱ کٹنا کا ۲ (مذکر) کٹی کا کاغذ۔ دانت سے کھٹکنے کی آواز ۳ انگوٹھے کے ناخن کو اوپر کے دانت سے بجانے کی آواز۔ لڑکے اس سے یارانہ توڑ دیتے ہیں ۴ (پر) پر کٹا ہوا۔ کٹا (ماضی) کٹنا کی ۵ (صفت) باریک کیا ہوا۔ کٹ بد یا کرنا (متعدی) خوب پیٹنا۔ ٹھونکنا۔ کٹ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ دانتوں سے ڈو رکاٹنا ۲ ناخن سے دانت بجانا ۳ دوستی ترک کرنا۔ کٹنا (لازم) ۱ کوٹا جانا۔ باریک کیا جانا ۲ پٹنا۔ مار کھانا ۳ (مذکر) مار پیٹ۔ کٹن۔ کٹنٹ (مونث) مار پیٹ۔ سزا۔ کٹنا (لازم) ۱ کوٹا جانا۔ باریک کیا جانا ۲ پٹنا۔ مار کھانا ۳ (مذکر) مار پیٹ۔ کٹوانا (م) کوٹنا کا ۱ کسی سے کوٹنے کا کام لینا ۲ زنا کروانا۔ کٹوائی (مونث) کوٹنے کی اجرت۔

کٹا (ہ۔ صفت) ۱ نہایت مضبوط۔ پکا۔ طاقتور۔ زورآور ۲ موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا ۳ (مذکر) موٹی بڑی جوں ۴ (پ) کٹڑا۔ بھینس کا بچہ ۵ (ھ) کٹھا ۶ (س) قتل عام۔

کٹا (ھ۔ مذکر) وہ پرند جس کے پر کٹے ہوں خصوصاً کبوتر۔

کٹاچھ (ھ۔ مذکر) ترچھی نگاہ (س کٹاکش)

کٹار (ہ۔ مذکر و مونث) ۱ ایک قسم کا لمبا اور چوڑا خنجر۔ نیمچہ (کھونکنا مارنا کے ساتھ) ۲ ایک درندہ جو نیولے کے مانند ہوتا ہے (س۔ کٹار) کٹار باندھنا (متعدی) کمر میں خنجر لگانا۔ کٹار بند (مذکر) کٹار سے مسلح۔ کٹاری (مونث) ۱ چھوٹا خنجر (مارنا کے ساتھ) ۲ خنجر کی شکل کے نشان جو ریشمی گلبدن وغیرہ پر ہوتے ہیں۔ کٹاریا (مذکر) ایک ریشمی کپڑا جس میں آڑی دھاریاں ہوتی ہیں۔ کٹاری دار (صفت) آڑی دھاریوں کا۔ کٹاری کی کوڑی (مونث) وہ موٹی نوک جو کٹاری کے سرے پر ہوتی ہے۔

کٹار (س۔ مذکر) ۱ پہاڑ۔ جبل۔ کوہ ۲ مجامعت۔ جماع ۳ لطف۔ مزا ۴ ممانعت۔ روک ۵ وحدانیت۔ یکتائی۔

کٹارا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک پودا جو دواؤں میں کام آتا ہے ۲ ایک قسم کا کماد۔

کٹاسا (ھ۔ صفت) کنکھنا۔

کٹاکش (س۔ مذکر) ترچھی نگاہ۔ کٹاکش کرنا (متعدی) ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔

کٹال (ھ۔ مذکر) ۱ طوفان آب ۲ (بنگال) جوار۔ سمندر کا چڑھاؤ۔

کٹاہ (س۔ مذکر) کڑاہ۔ کڑاہی۔

کٹاہا (ھ۔ صفت) کنکھنا۔

کٹت (ھ۔ مذکر) ۱ فروخت۔ بیع۔ بیچنا ۲ مانگ۔ ضرورت۔

کٹر (ہ۔ مذکر) ۱ بے رحم۔ سنگدل ۲ بیوفا۔ بے مروت (س کٹھر)

کٹر (ہ۔ مذکر) کاٹ کھانے والا۔ (گھوڑا) (کاٹنا سے)

کٹر۔ کٹر (ھ۔ مذکر) دانے چبانے کی آواز۔ کٹر کٹر۔ کٹر کٹر (ہ۔ مونث) کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز۔

کٹر (س۔ مذکر) کٹیا۔ چھوٹا سا گھر۔ جھونپڑا۔

کٹرا (ھ۔ مذکر) ۱ زمین جس کے گرد احاطہ ہو اور لوگ رہتے ہوں ۲ قلعہ کی منڈی ۳ منڈی ۴ شہر کا قرب و جوار۔ سواد شہر۔ پائیں شہر ۵ (ہ) بھینس کا بچہ۔ کٹری (مونث) بھینس کا مادہ بچہ۔

کٹرنا (ھ۔ مونث) ایک قسم کی مچھلی۔

کٹری (ھ۔ مونث) ۱ وہ لکڑی جس میں کماد کے بیلن میں بیل جوتے جاتے ہیں ۲ وہ زمین جو دریا سے برآمد ہو۔

کٹڑا (ہ۔ مذکر) ۱ بھینس کا نر بچہ ۲ لکڑی کا کونڈا ۳ (ھ) منڈی۔

کٹک (ھ۔ مذکر) ۱ پہنچی ۲ فوج ۳ پہاڑ کی ڈھلوان یا چوٹی ۴ دامن کوہ۔ ترائی۔

کٹکا (ھ۔ مذکر) چونچ مارنا۔ چونچ سے پکڑنا۔ کٹکا بھرنا (متعدی) چونچ مارنا۔ کاٹنا۔ کترنا۔

کَٹ کَٹ (ہ - مذکر) **کِیٹ کِیٹ** (ہ) ۱ کڑاکا - چٹاخہ - بھڑاکا ۲ کھٹ کھٹ - کھٹ کھٹ ۳ گھنٹے کی آواز - ٹک ٹک ۴ جھگڑا لڑائی - بکھیڑا - ٹنٹا - تکرار (کرنا ہونا کے ساتھ) کٹکٹانا (لازم) ۱ کڑاکا وغیرہ ہونا ۲ دانت پیسنا - دانت بجانا - **کٹکٹی** (مونث) ۱ دانت پیسنا - دانت بجانا ۲ رنجیدگی - بیزاری - غم - تکلیف ۳ غصہ -

کَٹکَن - کَٹکنہ - کَٹکھنا (ہ - مذکر) ۱ نمونہ - مثال - نظیر ۲ خاکہ - نقشہ - ڈھانچ ۳ تجویز - تدبیر ۴ قاعدہ - قانون ۵ نقطہ دار الفاظ جنہیں طالب علم لکھ کر مشق کرتا ہے ۶ صنعت - کاریگری ۷ چال چھل - مکر ۸ (ہ) اجارہ - پٹہ ۹ (صفت) چالاک - مکار - عیار نا منصوبے باز -

کَٹکَھڑی (ہ - مونث) چاک - کھریا مٹی -

کَٹکَھنا (صفت مذکر) **کَٹکَھنی** (ہ - صفت مونث) کاٹ کھانے والی -

مثل - کٹکھنی کتیا بھس میں بیاہی ٹکڑا دیکھ کر دوڑ دوڑ آئی - طمع کی وجہ سے تند مزاج بھی مطیع ہو جاتا ہے -

کَٹکی (ہ - مونث) ۱ ایک پودہ جو دوائیوں میں کام آتا ہے ۲ ایک قسم کا اناج ۳ ڈانس - بڑا مچھر ۴ دانت سے ڈور کاٹنا - ڈور پر دانت کا نشان - دانت کا نشان اس طرح لگانا کہ پتنگ ہوا میں ٹوٹ جائے (دینا لگانا لگنا کے ساتھ)

کَٹکَینہ (ہ - مذکر) اجارہ - پٹہ -

کُٹِل (س - صفت) ۱ ٹیڑھا خمیدہ ۲ سرکش - ضدی ۳ بد دیانت - دغا باز - دھوکا باز ۴ شریر - گناہگار ۵ ظالم - بے رحم - سنگدل ۶ (مذکر) ظالم آدمی - شریر شخص -

کَٹلُو (ہ - مذکر) مسلمانوں اور بوچڑوں کے لئے ایک حقارت کا لفظ - ذبح - ذبح کرنے والا

کُٹم - کُٹمب (ہ - مذکر) ۱ کنبہ - خاندان - گھرانا ۲ رشتہ دار - قریبی ۳ نسل - جنس - قبیلہ - **کُٹمبن** (ہ) **کُٹمبی** (صفت) ۱ خاندانی - ۲ بڑے خاندان کا ۳ جس کی اولاد بہت ہو - بڑے کنبے والا -

کُٹمست کُٹ مَستا (ہ - صفت) ۱ موٹا فربہ ۲ توانا - تندرست ۳ بے فکرا -

کُٹمستی پن (مذکر) بیباکی - بدکاری -

کُٹمل (س - مذکر) کلی - شگوفہ -

کُٹن - کُٹنا (ہ - مذکر) ۱ قرمساق - دلال ۲ شرارتی آدمی - مکار شخص - **کٹناپا** (مذکر) دلالی - قرمساقی - قلتبانی (کرنا ہونا کے ساتھ)

کُٹنانا (ہ) پھنسانا - پھسلانا - بھگا لیجانا - اڑا لیجانا -

کُٹنائی (ہ - مونث) ۱ دلالی - قلتبانی ۲ دلالی کی اجرت - **کٹنپنا** (مذکر) کٹناپا - **کُٹنی** (مونث) ۱ قرمساق عورت - دلالہ ۲ چالاک عورت -

مثل - کٹنی سے تو رام بچاوے پیاری سے تو پت اتما وسے - کٹنی دوست بن کر عورت کو خراب کرتی ہے -

کَٹُو (س - صفت) ۱ تیز - چرپرا ۲ لگنے والا - زخم کرنے والا ۳ ناخوشگوار ۴ تند - جوشیلا ۵ (مذکر) مزے بو یا گفتگو کی تیزی ۶ چمپا کا پھول -

کَٹوا ہا (ہ - مذکر) وہ آدمی جو کوئیں سے ڈول نکالتا ہے -

کَٹور (ہ - مذکر) مخفف کٹورا کا - مرکبات میں - **کٹورا** (مذکر) **کٹورہ** (ہ) ۱ دھات کا پیالہ خصوصاً پیتل یا تانبے کا ۲ کھلا ہوا - اکمرا پھول ۳ کھلے ہوئے پھول یا آنکھ سے تشبیہہ دیتے ہیں ۴ (صفت) آباد - بسا ہوا (س کٹورا)

کٹورا بجانا (متعدی) سقوں کا پانی پینے والوں کو توجہ دلانے کے لئے کٹورے سے کٹورا مار کر آواز نکالنا - **کٹورا بجنا - بن رہنا** (ہ) پاکھنکنا (لازم) ۱ آخری کا ۲ چہل پہل ہونا - رونق ہونا - **کٹورا پھرانا چلانا یا دوڑانا** (متعدی) **پھرنا چلنا یا دوڑنا** (لازم) چوری ہو جائے - تو ایک کٹورے میں ناموں کی چٹھیاں رکھ کر منتر پڑھتے ہیں جس نام پر کٹورا پھر جائے - وہ چور سمجھا جاتا ہے - **کٹورا ٹھیرنا** (متعدی) پھرتے پھرتے کٹورے کا بے حرکت ہو جانا - **کٹورا چھلکنا** (متعدی) کٹورا لبریز ہو کر پانی کا گر جانا - **کٹورا سی آنکھیں** (مونث) گول گول بڑی بڑی آنکھیں - **کٹوردان** (مذکر) ڈھکنے دار پیتل کا برتن - **کٹوروں کی جھنکار** (مونث) کٹوروں کے بجنے کی آواز - **کٹوری** (مونث) ۱ چھوٹا کٹورا ۲ انگیا کا وہ حصہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں ۳ پیتل کے ورق کے ٹکڑے جو آرائش کے لئے لگاتے ہیں ۴ کھلا ہوا چھوٹا پھول ۵ گول آنکھ ۶ تلوار کے دستے کے اوپر کا حصہ ۷ جھنڈے کے اوپر کی کلغی یا قرص طلائی ۸ نائیوں کا چھوٹا کٹورا -

کَٹوسی (ہ - مونث) گالی - دشنام - بدزبانی -

کَٹول (س - مذکر) رذیل ذات کا آدمی - چنڈال -

کَٹھ (ہ - مذکر) کاٹھ کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۱ لکڑی ۲ بعض دفعہ خوبی - فضیلت اور زیادتی ظاہر کرتا ہے - **کٹھ باپ** (ہ) سوتیلا باپ - **کٹھ بگڑا** (ہ) کام کا ناواقف درزی - **کٹھ بندھن** (ہ) لکڑی کا چھلا جس سے ہاتھی کا پاؤں باندھتے ہیں - **کٹھ بید** (مذکر) نیم حکیم - **کٹھ بیل** (ہ) ایک پودہ - کیتہ - **کٹھ بیلا** (مونث) دوہری جنبلی - **کٹھ پتری** (ہ) **پتلی** (مونث) ۱ لکڑی کی گڑیا جس کا کھیل دکھاتے ہیں ۲ نازک لاغر عورت - **کٹھ پتلی کا تماشا یا ناچ** (مذکر) تماشا - جس میں کٹھ پتلیاں بولتی اور ناچ دکھاتی ہیں - تاروں کے ذریعے انہیں چلاتے ہیں - **کٹھ پھوڑا** (مذکر) ایک پرندہ جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے اور لکڑی میں سوراخ کر کے کیڑے نکال کر کھاتا ہے - **کٹھ جیو** (صفت) ۱ سنگدل - بے رحم ۲ جو سختی میں زندگی بسر کرے ۳ (مذکر) وہ جانور جو مشکل سے مرے **کٹھ چھپر** (مذکر) لکڑی اور چھپر جو کوئیں پر لگاتے ہیں **کٹھ گلاب** (مذکر) چین کا گلاب جس میں خوشبو نہ ہو - **کٹھ کر - گڑ - گڑھ یا گھڑا** (مذکر) ۱ لکڑی کا صندوق جس میں مویشی کو چارا وغیرہ ڈالتے ہیں ۲ دیکھو کٹھڑا - **کٹھ مست یا مستا** (مذکر) دیکھو کٹ مستا **کٹھ ملا** (مذکر) ۱ کٹ ملا - کم پڑھا ہوا استاد ۲ ناخواندہ نافہم - **کٹھ مینڈک** (مذکر) ایک زہریلا مینڈک - **کٹھ ہنسی** (مونث) ۱ قہقہہ - زور کی ہنسی ۲ زہر خند -

کَٹھ (ہ - مذکر) ۱ محنت - مشقت ۲ تکلیف - درد -

کَٹھا (ہ - صفت) کاٹ کھانے والا -

کَٹھا (ہ - مذکر) ۱ ایک پیمانہ جو بیگھے کا بیسواں حصہ ہوتا ہے ۲ پانچ سیر غلے کا پیمانہ ۳ ایک درخت -

کٹھار (س۔ مذکر) ۱ کلہاڑی ۲ ایک قسم کا بیلچہ ۳ ایک درخت۔ **کٹھاری** (ھ۔ مونث) ۱ چھوٹی کلہاڑی ۲ دیکھو کٹھالی۔

کٹھاری (ھ۔ مونث) لکڑی کا پانی دینے کا فوارہ جس کو ٹونٹی لگی ہوئی ہوتی ہے۔ **کٹھاری قدم میں** (کہاروں کی اصطلاح) لکڑی جو سامنے راہ میں پڑی ہو۔

کٹھالی (ہ۔ مونث) ۱ سونا چاندی گلانے کی مٹی کی پیالی ۲ وہ پتھر کا گڑھا جس میں دھان کوٹتے ہیں (س کاشٹ۔ لکڑی کا ٹکڑا) **کٹھالی کرنا** (متعدی) ۱ سونے چاندی کو کٹھالی میں گلانا ۲ گڑھا کھودنا یا ڈال دینا ۳ پیٹنا۔ زدوکوب کرنا ۴ مردے کو جلانا۔

کٹھر (س۔ صفت) سخت۔

کٹھر (س۔ مذکر) وہ لکڑی جس پر متھانی کی اوپر کی رسی پڑی رہتی ہے۔

کٹہرا (ہ۔ مذکر) ۱ لوہے یا لکڑی کا جنگلا ۲ پنجرا جس میں درندوں کو بند کرتے ہیں ۳ لکڑی کا کام جو پلنگوں کے سرہانے یا پائنتی یا گاڑیوں کشتیوں یا جہازوں کے چاروں طرف کرتے ہیں ۴ لکڑی کا کندہ جس پہ چارا کاٹتے ہیں (بنانا بننا لگانا لگنا کے ساتھ) (کٹھ گھرا کا مخفف)

کٹھرا۔ کٹھڑا (ہ۔ مذکر) ۱ لکڑی کی ناند۔ لکڑی کا بڑا ظرف ۲ لکڑی کا طباق یا تھرے ۳ بھینس کا بچہ۔ **کٹھڑی** (مونث) وہ لکڑی جس کے ساتھ گنوں کے بیلن میں بیل جتتے ہوئے ہوتے ہیں ۲ بھینس کا مادہ بچہ ۳ کٹھرا کا ۔

کٹھل۔ کیٹھل (ہ۔ مذکر) ۱ ایک درخت جسے کیتھ بھی کہتے ہیں ۲ اس کا پھل ۳ دہلیز چوکھٹ (کہاروں کی اصطلاح)

کٹھلا (ہ۔ مذکر) ۱ گلے کا ایک زیور بچوں کا ۲ وہ شخص جو دوسرے کے ساتھ رہے ۳ ماشوق معشوق (س کنٹھ۔ گلا)

کٹھلا (ہ۔ مذکر) کوٹھی کی تصغیر ۱ کھتی ۔ اناج کا چھوٹا گدام ۲ چونا پکانے کی بھٹی ۳ کان کی ہڈی **کٹھلا چڑھانا** (متعدی) چونا بھٹی میں رکھ کر آگ دینا۔ **کٹھلا سا** (تف) کٹھلے کی طرح کا۔ جس کی توند بڑھی ہو۔ موٹا۔ بھدا۔

کٹھن (ہ) **کٹھن** (س۔ صفت) ۱ مشکل ۲ دشوار۔ سخت ۳ دشوار گزار (راہ) **کٹھنائی۔ کٹھنپن** (ھ) ۱ سختی۔ مضبوطی ۲ مشکل دشواری ۳ بے رحمی۔ سفاکی۔

کٹھندر (ھ۔ مذکر) ۱ معدے یا پیٹ کی سختی ۲ جالندر۔ استقا۔

کٹھوا (ھ۔ مذکر) لکڑی کی چوبی

کٹھوا (ھ۔ مذکر) **کٹھوتا۔ کٹھوتی** (ہ۔ مونث) لکڑی کا پیالہ قاب یا برتن۔

کٹھور (ہ۔ صفت) ۱ سخت۔ کڑا ۲ سنگدل۔ بے رحم ۳ تیز ۴ اونچا ۵ مشکل ۶ بے موقع ۷ پورا۔ پوری عمر کا۔

کٹھیا (ہ۔ صفت) ۱ سخت۔ کڑا ۲ لکڑی کا ۳ (مذکر) ایک قسم کا بادام جس کا چھلکا سخت ہوتا ہے ۴ ایک قسم کا گیہوں ۵ لکڑی کی رکابی یا تھالی ۶ کٹیا ۷ جال۔ دام۔ پھندا۔

کٹھیا (ہ۔ مذکر) ۱ غلہ رکھنے کا مٹی کا بڑا برتن ۲ کٹھلا۔ کوٹھی (کوٹھی کی تصغیر)

مثل کٹھیا ناج کلیا راج۔ کمینہ تھوڑی دولت پر اتراتا ہے۔

کٹھیار (ھ۔ مذکر) ذخیرہ یا گدام غلے کا۔ کھتا۔

کٹھیاری (مونث) وہ جو ذخیرے یا گدام کا منتظم ہو۔ ذخیرہ دار۔

کٹی (اردو۔ مونث) بھینس کے بچے کا چمڑا (موچیوں کی اصطلاح)

کٹی (ھ۔ مونث) ۱ چھوٹی تلوار ۲ (پ) کٹیا۔

کٹی (ہ۔ مونث) ۱ درویشوں کی جھونپڑی ۲ سمادھ۔ مڑھی ۳ گنڈاسے کٹا ہوا چارا ۴ سانی ۵ (صفت، مونث) باریک کٹی ہوئی (س کٹر) **کٹیا** (مونث) کٹی کی تصغیر۔

کٹی (ھ۔ مونث) ۱ باریک کٹا ہوا چارا (کاٹنا۔ کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ پانی میں گلا یا ہوا کاغذ جس سے قلمدان وغیرہ بناتے ہیں۔ پٹھا۔ گتا ۳ بچوں کا دوستوں سے یارانہ توڑ دینا۔ ناخنوں سے دانتوں کو کھٹک کر اور کٹی ہمیں تمہیں چھٹی کہکر ایسا کہتے ہیں ۴ پرندہ خصوصاً کبوتر جس کے پر اور دم کاٹ کر اڑتے ہوئے کبوتروں کو دکھاتے ہیں ۔ **کٹی کاٹا** (مذکر) چارہ کاٹنے والا شخص۔ **کٹی کرنا** (متعدی) ۱ یاری توڑنا۔ دوستی القط کرنا ۲ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۳ خوب مارنا پیٹنا۔

کٹیا (ہ۔ مونث) ۱ بھینس کا مادہ بچہ ۲ لکڑی یا مٹی کا چھوٹا برتن ۳ دودھ کا برتن ۴ (کانٹا کی تصغیر) چھوٹا ایک ۵ مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔

کٹیا (ہ۔ مونث) ۱ بھٹ کٹیا ۲ موٹی گھاس جو غیر کاشت زمینوں میں اگتی ہے ۳ کاٹنے والا شخص ۴ برچھڑ۔ قصاب (کاٹنا سے)

کٹیائیں کرنا (ہ۔ متعدی) منہ چڑھانا (غفت)

کٹیرا (ھ) **کٹیلا** (ہ۔ مذکر) ۱ ایک کانٹے دار درخت ۲ ایک خاردار گھاس ۳ (صفت) خاردار۔ کانٹے دار ۴ کھینے والا۔ لبھانے والا ۵ نوکدار ۶ تیز ۷ زخم کرنے والا ۸ چست۔ چالاک ۹ بہادر۔ (سپاہی) **کٹیلی آنکھ** (مونث) دل کو لبھانے والی آنکھ۔ شوخی بھری آنکھ۔

کٹے لگنا (اردو۔ متعدی) خرچ ہوجانا صرف ہوجانا۔

کثافت (ع۔ مونث) ۱ موٹائی گاڑھاپن۔ نجاست۔ گندگی (کثف۔ گاڑھا ہونا)

کثرت (ع۔ مونث) ۱ بہتات۔ افراط۔ زیادتی۔ ریل پیل ۲ مشق۔ ورزش کسرت ۳ انبوہ۔ اژدہام۔ بھیڑ۔ ہجوم ۴ علائق دنیاوی (کثر۔ زیادہ ہوجانا) **کثرت خلائق** (مونث) انبوہ۔ ہجوم۔ **کثرت رائے** (مونث) بہت شخصوں کی رائے کا کسی معاملے میں ایک طرف ہونا **کثرت رائے سے پاس ہونا** (لازم) کسی معاملے کا بہت شخصوں کی رائے سے راجح ہونا۔ **کثرت سے** (تف) افراط سے۔ بہتات سے۔ **کثرت غذا** (مونث) بہت کھانا۔ **کثرت کلام** (مونث) بہت بولنا۔ **کثرت میں وحدت کا مزا لوٹنا** (متعدی) دنیاوی معاملات میں پھنس کر بھی خدا سے تعلق رکھنا۔ **کثرتی** (صفت) دیکھو کسرتی۔

کثف (ع۔ مذکر) انبوہ۔ ہجوم۔

کثیر (ع۔ صفت) بہت زیادہ۔ بے انتہا (کثر۔ زیادہ ہونا) **کثیر الاضلاع** (صفت

وہ جس کے بہت سے پہلو ہوں۔ **کثیر العلائق** (صفت) بہت سے تعلق رکھنے والا۔ **کثیر العیال یا الاولاد** (صفت) بہت بال بچوں والا۔ جس کی اولاد بہت ہو۔ **کثیر المعنی** (صفت) بہت سے معنوں والا۔ **کثیر النوال** (صفت) بہت مہربانیاں کرنے والا۔ **کثیر الوقوع** (صفت) بار بار واقع ہونے والا۔

کثیف (ع۔ صفت) ۱ دبیز۔ غلیظ ۲ میلا۔ گندہ (کثف۔ گاڑھا ہونا)

کج (ف۔ صفت) ۱ ٹیڑھا۔ جھکا ہوا ۲ خمیدہ ۳ بد۔ ان معنوں میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۴ بدمزاج۔ ضدی۔ **کج ابرو** (صفت) وہ جس کی ابرو کمان کی شکل کی طرح خوبصورت ہوں۔ **کج ابروئی** (مونث) ابروؤں کا ٹیڑھا ہونا۔ **کج ادا** (صفت) ۱ بدخلق۔ بدمزاج ۲ بے مروت۔ بے وفا ۳ آسمان کی صفت۔ **کج ادائی** (مونث) بدخلقی۔ بدمزاجی۔ بے مروتی (کرنا ہونا کے ساتھ) **کج باز** (صفت) ۱ بدمعاملہ ۲ مفسد ۳ آسمان کی صفت۔ **کج بازی** (مونث) ۱ بدمعاملگی ۲ جھگڑا۔ فساد ۳ آسمان کی صفت۔ **کج بحث** (صفت) جھگڑالو۔ الٹی سیدھی بحث کرنے والا۔ جہالت سے تقریر کرنے والا۔ **کج بحثی** (مونث) نامعقول گفتگو۔ بیہودہ تکرار۔ **کج بصیرت** (صفت) ۱ جس کی سمجھ درست نہ ہو ۲ رشک کرنے والا۔ حاسد ۳ بھینگا۔ **کج پڑنا** (لازم) ترچھا گرنا۔ **کج چشم** (صفت) بھینگا۔ **کج چشمی** (مونث) بھینگا پن۔ **کج خرام** (صفت) ٹیڑھا چلنے والا (آسمان کی صفت) **کج خرامی** (مونث) ٹیڑھا چلنا۔ **کج خلق** (صفت) بدخو۔ بدسرشت ۲ اکھڑ۔ بدتہذیب۔ **کج خلقی** (مونث) اکھڑپن۔ بدخوئی۔ **کج خواہ** (صفت) دغاباز۔ **کج خواہی** (مونث) دغابازی۔ **کج دل** (صفت) بدطینت ضدی۔ **کج دم** (مذکر) بچھو۔ **کج رائے** (صفت) جس کی تدبیر یا مشورہ درست نہ ہو۔ **کج رفتار۔ رو یا روش** (صفت) ٹیڑھی چال چلنے والا۔ فلک کی تعریف۔ **کج روی** (مونث) ٹیڑھی چال چلنا۔ **کج روی اختیار کرنا** (متعدی) بُرا بدقوارہ شخص ہونا۔ **کج سرشت یا طبع** (صفت) بدخو۔ بدطینت۔ بدمزاج۔ **کج فہم** (صفت) الٹی سمجھ کا۔ بے عقل۔ **کج فہمی** (مونث) غلط فہمی۔ ناسمجھی۔ **کج فہمی سے کام لینا** (متعدی) الٹی سمجھ کا آدمی ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ **کجکلاہ** (صفت) ۱ ٹیڑھی ٹوپی پہننے والا۔ بانکا ۲ کنایتاً بادشاہ ۳ کنایتاً معشوق۔ **کجکلاہی** (مونث) ۱ بانکپن ۲ خودنمائی ۳ بادشاہی۔ بادشاہت۔ **کج مج** (صفت) ۱ بہت ٹیڑھا ۲ وہ جس کی زبان اچھی طرح نہ چل سکے جو اچھی طرح بول نہ سکے ۳ بچے کی گفتگو۔ **کج مج زبان** (صفت) وہ جس کی زبان گفتگو میں اچھی طرح نہ چلے۔ **کج مدار** (صفت) وہ جو ٹیڑھی چال چلے۔ فلک کی تعریف۔ **کج مزاج** (صفت) دیکھو کج طبع۔ **کج مرز** (صفت) انکار در پردہ اقرار۔ **کج معاملہ** (صفت) بدمعاملہ۔ **کج نظر** (صفت) ۱ ترچھی نگاہ سے دیکھنے والا ۲ حاسد ۳ (مونث) نظر بد۔ **کج نظری** (مونث) ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔ **کج نہاد** (صفت) دیکھو کج طبع۔ **کجی** (مونث) خمیدگی۔ ٹیڑھاپن۔

مثل۔ کج دار و مریز۔ ٹیڑھا رکھ مگر گرے نہیں ان احکامات کی نسبت بولتے ہیں جن کا بجا لانا مشکل ہے۔

کج (س۔ مذکر) ۱ سیارہ مشتری۔ منگل ۲ منگلوار۔

کجا (ف۔ تف) کہاں۔ کدھر۔ کس جگہ۔ اردو میں استفہام انکاری اور موقع اور نسبت پر حیرت ظاہر کرنے کے لئے آتا ہے۔ جیسے کجا آپ کجا وہ۔

مثل۔ کجا ذرہ کجا خورشید۔ ادنے کو اعلے سے کیا نسبت۔

کجاوہ (ف۔ مذکر) اونٹ کی کاٹھی جس کے دونوں حصے دونوں پہلوؤں کی طرف لٹکے ہوئے ہوتے ہیں۔

کجرا (ھ۔ مذکر) کاجل۔

کجری (ہ۔ مونث) مرزاپور کے خاص قسم کے گیت جو ہولی میں گائے جاتے ہیں۔

کجک (ف۔ مذکر) آنکس۔

کجکول (ف۔ مذکر) ۱ بھیک کا ٹھیکرا یا جھولی۔ کاسۂ گدائی ۲ وہ بیاض جس میں ہر قسم کی انتخابی چیزیں۔ اشعار یا مضامین ہوں۔

کجل (س) **کجلا** (ہ۔ مذکر) کاجل۔ **کجلا گھلانا** (متعدی) آنکھوں میں کاجل لگانا۔ (مت)

کجلانا (ہ۔ لازم) ۱ آگ کا بجھنے کے قریب ہونا۔ کوئلوں پر سیاہی دوڑنا ۲ دھندلا ہونا۔ تاریک ہونا۔ تیرہ و تار ہونا ۳ سانولا پڑجانا۔

کجلوٹی (ہ۔ مونث) ۱ سرمہ دانی۔ کاجل رکھنے کی ڈبیہ ۲ وہ برتن جسے چراغ پر رکھ کر کاجل جمع کرتے تھے (کاجل سے)

کجلی (ھ۔ مونث) ۱ دیکھو کجری ۲ کاجل ۳ ہاتھی۔ **کجلی بن** (مذکر) ہاتھیوں کا۔۔

کجنا (ھ۔ لازم) ۱ سڑنا۔ گلنا ۲ خمیر اٹھنا ۳ پھپھوندی لگ جانا ۴ پرانا ہو جانا۔ زوال پانا۔

کجی (ہ۔ مونث) چھوٹا کوزہ۔ **کجی دینا** (متعدی) خوشامد کرنا۔ روغن ناز ملنا۔

کچ (ہ۔ صفت) ۱ کچا کا مخفف ۲ (ھ) کچاپن۔ خامی ۲ ناتجربہ کاری ۳ سادگی ۵ نقص۔ خرابی ۶ کمزوری۔ ضعف ۷ غم۔ رنج۔ **کچاہٹ** (ھ) دیکھو کچائی۔ **کچاہند** (مونث) کسی چیز کے کچا رہنے کی بو۔ **کچائی** (مونث) کچاپن۔ **کچائی نکالنا** (متعدی) ۱ خامی دور کرنا۔ کمی پوری کرنا ۲ مارتے مارتے پتلا حال کر دینا۔ **کچ بچ** (ھ) ۱ بچے ۲ رات دن کا جھگڑا۔ **کچ پچ** (ھ) ۱ دیکھو کچ بچ ۲ گھنا۔ پاس پاس۔ **کچپن** (ھ) دیکھو کچاپن۔ **کچ پیندیا** (صفت) کمزور۔ بات کا کچا۔ **کچ دلا** (صفت) ۱ بزدل۔ بودا ۲ بے صبر ۳ وہ شخص جو مشکل کام یا تکلیف میں دل ہار جائے۔ **کچ دلی** (مونث) ۱ نرم دلی۔ ترحم ۲ بزدلی ۳ (صفت) بزدل۔ **کچ کھانا** (ھ) ۱ غم و رنج ہونا ۲ بیزار ہونا ۳ غمگین ہونا۔ متاسف ہونا۔ **کچ کیلا** (مذکر) ایک قسم کا کیلا جسے کچا کھاتے ہیں۔ **کچ لوندا** (مذکر) کچے آٹے کا پیڑا۔ کچا آٹا۔ **کچ لوہی یا لوہیا** (مذکر) کچا لوہا۔ فلز۔ **کچ لہو** (مذکر) لوہتو (مت) پیپ ملا ہوا لہو۔

کچ (ھ۔ مذکر) وہ پانی جس میں کچے چاول دھوئے گئے ہوں۔

کچ (س۔ مذکر) ۱ بال ۲ کمرنڈ ۳ کپڑے کی پٹی ۴ کپڑے کا حاشیہ یا کنارہ ۵ (عص)

کچ (ہ۔ مذکر) کیچ کا مخفف۔ **کچ بچ** (مونث) تنگ جگہ میں مخلوق کی کثرت یا بہتات۔ **کچ پچ** (مونث) کیچڑ یا دلدل میں چلنے کی آواز ۲ کیچڑ۔ دلدل ۳ تنگ جگہ میں خلائق کی کثرت اور انبوہ۔

کچ (ہ۔ مونث) پستان کی نوک۔

بھٹنی۔ عموماً جمع استعمال ہوتا ہے۔ کچا گر (مو) بھٹنی۔ **کچوں** (مونث) کچ کی جمع۔ **کچوں کا ابھا** (مذکر) پستان کا اٹھنا۔ عورتوں کے سینے کا ابھرنا۔

کچا (ہ۔ صفت) ۱ خام ۲ ناپختہ ۔ نارسیدہ ۳ ادھ کچرا ۔ ہرا ۴ ادھ گلا ۔ بن گلا ۵ نہ پکا ہوا بن پکا ۶ بودا ۔ کمزور ۔ ناپائیدار ۷ نرم ۔ ملائم ۸ ناتجربہ کار ۹ ادھورا ۔ ناتمام ۱۰ عمدہ ۔ خالص ۔ کھرا جیسے کچی چاندی ۱۱ غیر معتبر ۔ بے ٹھکانے ۔ ناقابل اعتبار ۱۲ مشکوک ۔ مبہم ۱۳ بزدل ۔ نامرد ۔ ڈرپوک ۱۴ وہ جو قاعدے کے موافق صاف اور درست نہ ہو (خط) ۱۵ جس کا مواد پکا نہ ہو (پھوڑا) ۱۶ غیر سرکاری (کاغذ) ۱۷ وہ جو سرکاری سے کم ہو (پیمانہ) ۱۸ اڑ جانے یا دھوئے جانے والا (رنگ) ۱۹ مسودہ ۔ رف ۲۰ نا سمجھ ۔ بے عقل ۲۱ جس کی بناوٹ خراب ہو (چیز) گھٹیا ۲۲ جو اچھی طرح بھری نہ ہو ۲۳ وقت سے پہلے کھلنے والی (نیند) ۲۴ جو چونے کی نہ ہو (عمارت) اینٹوں اور مٹی کی ۲۵ عارضی ۔ جو پکی نہ ہو (ملازمت) ۲۶ کم ۔ تھوڑا ۔ ناقص ۲۷ کمتر۔ **کچا آم** (مذکر) وہ آم جس میں ابھی رس نہ پڑا ہو۔ **کچی آمدنی** (مونث) کل آمدنی۔ **کچا بچہ** (مذکر) ادھورا بچہ ۔ جنین مضغہ۔ **کچا بیگھ** (مذکر) پکے بیگھ کا ۱/۲ حصہ۔ **کچا پکا** (صفت) ۱ آدھا پکا ۔ کچھ کچا کچھ پکا ۲ مذبذب بے ٹھکانے ۳ وہ جس میں کچھ گارے کی کچھ چونے کی چنائی ہو (عمارت)۔ **کچا پکا کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ کچھ بھنا ہونا کچھ کچا ہونا ۔ ادھ بھنا ہونا ۲ کسی بات پر کچھ کچھ راضی ہونا ۔ مذبذب ہونا ۳ معاملہ چکانا یا ٹھہرانا۔ **کچا پن یا پنا** (مذکر) خامی۔ **کچا پھل** (مذکر) وہ پھل جس میں ابھی تک مٹھاس نہ پیدا ہوئی ہو یا کھانے کے قابل نہ ہو۔ خام پھل۔ **کچا پیسہ** (مذکر) ہندوستانی قدیم سکے کا پیسہ ۔ دیسی پیسہ۔ **کچا تاگا** (مذکر) وہ سوت جسے اینٹھا نہ ہو ۔ بغیر بل دیا ہوا سوت۔ **کچا تخمینہ** (مذکر) اٹکل پچو حساب ۔ اندازہ جو پورا پورا نہ کیا ہو۔ تشخیص خام۔ **کچا جانا** (لازم) اسقاط حمل ہونا ۔ ادھورا بچہ پیدا ہونا۔ **کچا جن** (مذکر) مطلق جاہل اور ضدی آدمی۔ **کچا خط** (مذکر) وہ خط جس میں پختگی نہ آئی ہو۔ **کچا حال یا چٹھا** (مذکر) صحیح صحیح حال ۔ کل کیفیت (کہہ دینا سنا دینا کے ساتھ)۔ **کچا دل** (مذکر) نرم دل۔ **کچا دودھ** (مذکر) وہ دودھ جسے جوش نہ دیا گیا ہو۔ **کچا دودھ پینا** (متعدی) طبیعت میں خامی ہونا۔ **کچا ربڑ** (مذکر) جب ربڑ کے درخت سے دودھ نکالتے ہیں تو اسے دھوپ میں جما لیتے ہیں ۔ یہ کچا ربڑ ہے۔ **کچا ساتھ** (مذکر) (عو) چھوٹے چھوٹے بچوں کا کنبہ۔ **کچا سڑی** (صفت) بیوقوف ۔ احمق ۔ باؤلا۔ **کچا سودا** (مذکر) ناقص خبط۔ **کچا سونا** (مذکر) بغیر صاف کیا ہوا سونا۔ **کچا سیر** (مذکر) اسی تولے سے کم وزن کا سیر بعض جگہ پکے سیر کا ۱/۲ ہوتا ہے۔ **کچا شیر پینا** (متعدی) طبیعت میں خامی ہونا۔ **کچا کاغذ** (مذکر) وہ کاغذ یا دستاویز جس پر اسٹامپ نہ لگا ہو۔ **کچا کرنا** (متعدی) ۱ شرمندہ کرنا ۔ کھسیانا کرنا ۔ چھیڑ کر تنگ کرنا ۲ کچی سلائی کرنا ۳ دل توڑنا ۔ ہمت توڑنا۔ **کچا کنبہ** (مذکر) دیکھو کچا ساتھ۔ **کچا کوڑھ** (مذکر) ۱ کھجلی ۲ آتشک ۳ برص۔ **کچا کھا جانا** (لازم) نہایت غصے میں بچہ کو دھمکی دیتی ہیں کہ بغیر پکائے کھا جاؤں گی۔ **کچا لوہا** (صفت) ۱ نرم ۔ نرم دل ۲ موم کی ناک۔ **کچا ہونا** (لازم) دیکھو کچا کرنا ۱ و ۲۔ **کچی** (صفت مونث) کچا کی۔ **کچے** (صفت مذکر) ۱ جمع کچے کی ۲ بجائے کچا حرف مغیرہ سے پہلے ۳ جب پانسے اس طرح پڑیں کہ ایک دائیے کا رخ سامنے ہو۔ **کچی اسامی** (مونث) ۱ عارضی جگہ نوکری یا ملازمت۔ **کچی اینٹ** (مونث) وہ مٹی کی اینٹ جسے پزاوے میں نہ پکایا گیا ہو۔ **کچی بال** (مونث) سبز خوشہ گیہوں یا جو کا جس میں دانہ نہ پیدا ہوا ہو۔ **کچے بچے** (مذکر) بال بچے ۔ اولاد۔ چینگر پوٹ۔ **کچی بولی** (مونث) دیہات کی بولی۔ **کچی بہی** (مونث) روزنامچہ ۔ کھاتا ۔ سیاہا ۔ وہ بہی جس میں رقم کے کم و بیش کرنے اور کسی اندراج کی درستی کرنے کا اختیار رہے۔ **کچے پکے دن** (مذکر) حمل کے چھٹے پانچویں مہینے کا زمانہ جب بہت احتیاط ہونی چاہئے۔ **کچی پیشی** (مونث) پہلی پیشی جس میں اپیل کے قابل سماعت ہونے کا فیصلہ ہوتا ہے۔ **کچی ترکاری** (مونث) سبز ترکاری ۔ ہری ترکاری۔ **کچی تول** (مونث) وہ تول جو معمولی پیمانے سے کم پیمانے پر ہو۔ **کچی ٹوٹنا** (لازم) کم عمری میں ازالۂ بکر ہونا۔ **کچی چاندی** (مونث) کھری چاندی۔ **کچی چینی** (مونث) وہ شکر جو صاف نہ ہوئی ہو۔ **کچی دلیل** (مونث) ناقص یا کمزور وجہ۔ **کچے دن** (مذکر) حمل کا زمانہ آٹھویں مہینے تک۔ **کچے دھاگے میں بندھنا** (لازم) مطیع و فرمانبردار ہونا۔ **کچی رسوائی** (مونث) وہ رسوائی جو چھپے سے باہر نہ کھا سکیں۔ **کچی زبان** (مونث) دیہاتی بولی۔ **کچی سڑک** (مذکر) وہ سڑک جس پر کنکر پتھر نہ کوٹے ہوں۔ **کچی سلائی** (مونث) تیپچی ۔ لنگر (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **کچی عقل** (مونث) ناقص عقل۔ **کچی عمر** (مونث) ناسمجھی یا ناتجربہ کاری کی عمر۔ **کچی کرنا** (متعدی) کوتاہی کرنا۔ **کچی کلی** (مونث) نابالغہ ۔ نوعمر۔ **کچی کلی توڑنا** (متعدی) نابالغہ کے ساتھ جماع کرنا۔ **کچی کلی ٹوٹنا** (لازم) ۱ نابالغہ سے جماع ہونا ۲ چھوٹی عمر میں مر جانا۔ **کچی گولیاں کھیلنا** (متعدی) ناتجربہ کار رہنا ۔ نادان ہونا۔ **کچی گھڑی** (مونث) تھوڑی دیر۔ **کچے گھڑے پانی بھرنا** (متعدی) ۱ مصیبتیں جھیلنا ۔ تکلیفیں برداشت کرنا ۲ دقت میں پڑنا ۔ دشوار اور مشکل کام کرنا ۳ فرمانبرداری کرنا ۔ غلامی کرنا۔ **کچے گھڑے کی پینا** (متعدی) نادانی سے کوئی فعل کرنا۔ **کچے گھڑے کی چڑھنا** (متعدی) ۱ نشے سے مست ہونا ۲ پاگل ہونا ۔ سر پھرنا ۳ سودائے خام ہونا۔ **کچی لکڑی** (مونث) کم عمر بچہ۔ **کچی لکڑی کو سیدھا کرنا** (متعدی) کم عمر بچے کو تعلیم دینا۔ **کچی مٹی** (مونث) میعاد باقی۔ **کچی نیند** (مونث) جو اچھی طرح بھری نہ ہو۔ **کچی نیند اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) بغیر نیند پوری کئے جاگنا۔

امثال و اقوال

کچا بانس جدھر (پھیرو پھر جاتا ہے) جھکاؤ جھک جاتا ہے بچے کی تعلیم اچھی طرح سے ہو سکتی ہے۔ **کچا تو کچوری مانگے پوری مانگے پورا۔ نون مرچ تو کاتھ مانگے مامن مانگے پورا۔** ہر شخص اپنی عادت کے موافق چیز مانگتا ہے۔ **کچا دودھ ہر ایک نے پیا ہے۔** انسان سے بھول چوک ہو ہی جاتی ہے۔ **کچے بانس کو جدھر نواؤ نیو جائے اور پکا کبھی نہ ٹیڑھا ہو۔** بچوں کی تربیت شروع سے ہونی چاہئے جوان ہو کر بہت مشکل ہو جاتی ہے۔ **کچی ہینڈی (رینڈی) دستر خوان کا ضرر۔** ناتجربہ کار آدمیوں سے کام لینے میں کام خراب ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ **کچی شیشی مت بھرو جس میں پڑی لکیر۔ بالے پن کی عاشقی گلے پڑی زنجیر۔** بچپن کا عشق جوانی میں مصیبت ہو جاتا ہے۔

کیونکہ چھوٹی عمر کے آدمی عموماً اپنے سے بڑی عمر کی عورتوں پر عاشق ہو جاتے ہیں جوان کے جوان ہونے تک بوڑھی ہو جاتی ہیں۔ **کچی کلی کچنال کی توڑت من پچھتائے** (ھ) جو چیز قابل استعمال نہ ہو۔ اسکو لینے کا کوئی فائدہ نہیں۔ **کچی کھانا دانت نہ لگانا** ثابت ہی ٹھوس نگل جانا۔ حکیم کوئی بوٹی دوا کے طور پر دیں تو کہتے ہیں۔ **کچی لکڑی جدھر موڑو مڑ جاتی ہے۔ کچی لکڑی کو جس طرح جھکاؤ جھکتی ہے** ۔ بچپن میں جس طرح چاہو تربیت کرو۔

کچالو (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی جڑ جو بطور ترکاری استعمال کی جاتی ہے۔ یہ ایک اروی کی قسم ہے جو موٹی ہوتی ہے ۲ امرود۔ اروی۔ آلو کی قاشیں جن پر نمک مرچ اور کھٹائی ڈال کر کھاتے ہیں (س کچ اروی)

کچرا (ہ۔ مذکر) ۱ کچا خربوزہ ۲ کپاس کا ڈوڈا ۳ فواکہ میں سے ہر کچا پھل ۴ ظرافتاً بچے کا پیٹ۔

کچرا (ھ۔ مذکر) ۱ مٹی ۲ میل۔ کیچڑ ۳ ٹکڑے ۴ تلچھٹ۔

کچرانا (ہ۔ متعدی) ۱ ریز کرنا ۲ پرندوں کے بچوں کا بولیاں بولنا (غف)

کچر کچر پچر یا گھان (ہ۔ مذکر) ۱ کیچڑ۔ دلدل ۲ کیچڑ یا دلدل میں چلنے کی آواز۔ **کچر پچر ہونا** (لازم) ۱ ایسی آواز ہونا ۲ کیچڑ ہونا ۳ لت پت ہونا۔

کچر کچر (ہ۔ مذکر) ۱ کچے پھل کے چبانے کی آواز ۲ سادہ کچرا گوشت کھانے کی آواز۔

کچرنا (ہ۔ لازم) پامال ہو جانا۔ (غف)

کچری (ہ۔ مونث) **کچریا** (ھ) ایک خوبصورت پھل خربوزے کی قسم کا۔ اسپر سبز اور زرد دھاریاں ہوتی ہیں۔ مزے میں کھٹ مٹھا ہوتا ہے۔ سوندھی۔ سیندھی۔ دستنبویہ۔ شمام۔ **کچریاں** (مونث) کچری کی جمع۔ **کچریاں بیچنا یا پکانا** (متعدی) بہت سے لوگوں کا مل کر باتیں کرنا یا بولے جانا ۲ غل مچانا۔

مثل۔ کچری کھائے دن بہلائے کپڑے پھٹے گھر کو آئے۔ جو کمایا خرچ کر دیا اور گھر واپس آئے۔

کچڑا (ھ۔ مذکر) آنکھوں کا کیچڑ۔ چیپڑ۔ **کچڑانا** (متعدی) آنکھوں میں کیچڑ آنا۔ **کچڑاہا** (صفت) میلا۔ گندا۔ کیچڑ بھرا۔

کچک (ھ۔ مونث) ۱ جھٹکا ۲ مرچ ۳ ٹیس ۴ لنگڑاپن ۵ کرکراہٹ۔ **کچکانا** (متعدی) ۱ جھٹکا دینا ۲ مروڑنا ۳ زور لگانا ۴ ٹیس پیدا کرنا۔ درد پیدا کرنا۔ **کچکنا** (لازم) ۱ جھٹکا کھانا ۲ موچ آنا ۳ مروڑ آ جانا ۴ لنگڑانا ۵ ٹیس پڑنا۔ **کچکیاں** (مذکر) جھٹکا وغیرہ دیکھو لچک۔

کچ کچ (ہ۔ مذکر) ۱ کسی کرکری چیز کی آواز دانتوں کے درمیان ۲ (مست) بحث جھگڑا۔ تکرار ۳ گفتگو۔ بہت لوگوں کا آپس میں باتیں کرنا (کرنا مچانا کے ساتھ) (کرکری چیز کی آواز سے یہ لفظ بنایا گیا ہے) **کچکپانا** (متعدی) ۱ کثرت سے ہونا ۲ دیکھو کچکپانا۔ **کچکپاہٹ** (مونث) بحث کرنے یا جھگڑنے کا فعل۔

کچ کچ (ہ۔ مذکر) دیکھو کچ کچ۔

کچکپانا (متعدی) ۱ غصہ سے دانت پیسنا ۲ زور سے دانت پیس کر کوئی کام کرنا ۳ باتیں کرنا بحث کرنا۔ جھگڑنا ۴ (لازم) بالوں کا ایکبارگی نکل آنا ۵ بہت سے کیڑوں یا روئیدگی کا زمین سے بکثرت نکل آنا ۶ دانتوں میں کرکرہونا ۷ اس طرح آواز نکلنا جیسے دانتوں میں کچلا جائے۔ **کچکپاہٹ۔ کچکچی** (مونث) ۱ دانت زور سے بھینچنا ۲ دانتوں کے پیسنے کی حالت **کچکچیا** (مذکر) ۱ جھگڑالو آدمی ۲ باتونی شخص **کچکچی باندھنا** (متعدی) دانت پیسنا۔ دانت بھینچنا۔ غصے کے مارے دانت سے دانت پیسنا۔

کچکچیا (ھ۔ مذکر) ایک پرند کا نام

کچکڑ۔ کچکڑا (ہ۔ مذکر) کچھوے یا وہیل مچھلی کی ہڈی جس کے کھلونے بنتے ہیں۔

کچکول (ف۔ مذکر) دیکھو کجکول

کچل (ہ۔ امر) کچلنا کا۔ کچلا (ماضی) کچلنا کی۔ **کچلا جانا** (لازم) ۱ پسجانا۔ مسلا جانا ۲ پائمال ہونا۔ روندا جانا ۳ مارا جانا۔ پیٹا جانا ۴ برباد ہو جانا۔ تباہ ہو جانا۔ **کچلا دینا** (متعدی) ۱ پیس دینا۔ قیمہ کر دینا ۲ پیٹنا۔ مارنا۔ **کچلا نکالنا** (متعدی) بہت مار دینا۔ اتنا مارنا کہ صورت بدل جائے۔ **کچلائی** (ھ۔ مونث) کچلنے کا فعل۔

کچل جانا (لازم) ۱ کسی وزنی چیز سے دب کر پسجانا ۲ زیر بار ہو جانا۔ **کچل ڈالنا** (متعدی) ۱ مل ڈالنا پیس ڈالنا ۲ پائمال کر دینا ۳ برباد کر دینا۔ **کچلنا** (متعدی) ۱ مسلنا۔ پیس ڈالنا ۲ روندنا۔ پائمال کرنا ۳ کسی وزنی چیز سے صدمہ پہنچانا ۴ مارنا۔ پیٹنا۔

کچلوانا (م) کچلنا کا۔

کچلا (ہ۔ مذکر) ایک دوا جو زہریلی ہوتی ہے۔

کچلون (ھ۔ مذکر) سیاہ نمک۔ (س کاچ)

کچلی (ھ۔ مونث) کینچلی۔

کچلی (ہ۔ مونث) وہ نوکدار دانت جو سامنے کے چار دانتوں اور داڑھوں کے درمیان ہوتا ہے۔ **کچلیاں** (مونث) جمع کچلی کی۔ **کچلیاں پھولنا** (لازم) کچلیاں نکلنے کے وقت مسوڑھے پھولنا۔ **کچلیاں نظر آنا** (لازم) انسان یا جانور کی غصے میں کچلیاں دکھائی دیتی ہیں۔ **کچلیاں نکلنا** (لازم) کچلیوں کا نمودار ہونا۔ **کچلی والا جانور** (مذکر) وہ جانور جس کی کچلیاں ہوتی ہیں۔ یہ گوشت خور جانور ہیں۔ جیسے کتا۔ شیر۔ چیتا۔ بلی۔

کچ مچ (ھ۔ مونث) ۱ باتیں جو سمجھ میں نہ آئیں۔ کج مج۔

کچنار۔ کچنال (ہ۔ مذکر) ۱ ایک درخت جس کی کلیوں کو پکا کر کھاتے ہیں ۲ اس کی کلیاں (س۔ کانچنار)

کچو (ھ۔ مذکر) کچالو۔

کچواٹ (ھ۔ مونث) ۱ رنجیدگی۔ بیزاری۔ ملال۔ خفگی ۲ نفرت۔ حقارت۔

کچوانا (ھ۔ لازم) ۱ غمگین ہونا۔ افسوسناک ہونا ۲ کچا ہونا ۳ متنفر ہونا۔ نفرت کرنا ۴ کترانا۔

کچوانسی (ہ۔ مونث) بسوانسی کا بیسواں حصہ۔

کچور (ہ۔ مذکر) **کچورا** (ھ) ایک مشہور دوا (س کرچور)

کچورنا (ھ۔ متعدی) ۱ کچلنا مسلنا

یا ٹکڑے کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پتی پتی کرنا۔ بجو رنا ہے۔

کچوری (ہ۔ مونث) ۱۔ ماش کی دال کی پوری جو موٹی اور خستہ ہوتی ہے ۲۔ امانت خانی ندروے کی ٹکیہ (س کچ پورکا) چکنی ہوئی پوری

کچوریاں (مونث) کچوری کی جمع۔ کچوری بھرنا (متعدی) پسی ہوئی دال آٹے کے پیڑوں میں بھرنا۔ **کچوری تلنا** (متعدی) کچوری کو گرم گھی میں ڈال کر پکانا۔ **کچوری سے گال** (مذکر) چھوٹے پھولے گال۔ **کچوری مل** (مذکر) مذاق سے موٹے ہندو کو کہتے ہیں۔

مقولہ۔ کچوری کی ہمک ابتک نہیں گئی۔ باوجود دولتمند ہوجانے کے کمینے خیالات ابھی تک ہیں۔

کچوکا (ہ۔ مذکر) ۱۔ نوکدار چیز بھنکنا یا گھونپنا ۲۔ طعن۔ تشنیع (کچونا سے)

کچومر (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا اچار جس میں کیریاں وغیرہ کتر کر ڈالتے ہیں۔ **کچومر کر دینا یا کر ڈالنا** (متعدی) ۱۔ ملیتھن نکال دینا۔ ہلاکت کے قریب پہنچا دینا۔ قیمہ کردینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کردینا۔ **کچومر نکال دینا۔ نکالنا** (متعدی) **نکل جانا۔ نکلنا** (لازم) ۱۔ کچلا جانا۔ خوب پٹنا۔ بھرکس نکلنا ۲۔ تباہ کردینا۔ توڑ پھوڑ کر حیثیت بگاڑ دینا۔

کچونا (ہ۔ متعدی) بھونکنا۔ نوکدار چیز چبھونا۔

کچوہ (ہ۔ صفت) ہرا کا تابع مہمل۔

کچھ (ھ۔ مذکر) ۱۔ پہلو۔ بغل ۲۔ دوار کی طرف یا کونہ ۳۔ دھا کی ایک طرف ۴۔ جوتڑ ۵۔ ستر۔ اندام نہانی ۶۔ (مونث) سکھوں کا جانگیا۔ کچھ باندھنا۔ سکھوں کا جانگیا۔

کچھ (ھ۔ مذکر) کچھوا۔ **کچھ مچھ** (مذکر) کچھوے اور مچھلیاں۔ آبی جانور۔

کچھ (س۔ مذکر) ۱۔ وہ زمین جو پانی کے کنارے پر ہو۔ ساحل ۲۔ دلدلی زمین۔

کچھ (ہ۔ صفت) ۱۔ تھوڑا سا کسی قدر ۲۔ چند۔ بعض ۳۔ بالکل۔ مطلق ۴۔ بہت زیادہ۔ کثرت سے ۵۔ کوئی چیز۔ رقم کھانا وغیرہ ۶۔ کوئی بات یا مصلحت ۷۔ خلاف بات۔ گالی ۸۔ اور کوئی بات اور کوئی امر ۹۔ کوئی راز۔ بھید یا نکتہ ۱۰۔ جو کچھ۔ ہرچہ ۱۱۔ کوئی ۱۲۔ صاحب رتبہ۔ قابل عزت ۱۳۔ مہلک چیز۔ زہر ۱۴۔ تلون مزاجی۔ تغیر حالت یا انقلاب زمانہ ظاہر کرنے کے لئے جیسے گھڑی میں کچھ ہے گھڑی میں کچھ ہے ۱۵۔ زائد یا تزئین کلام کے لئے۔ جیسے کچھ ایسے سوئے ہیں سونے والے کہ جاگنا حشر تک قسم ہے ۱۶۔ (استفہام) کیا۔ کیں۔ کوئی دس کجیئت۔ **کچھ آتا ہے نہ جاتا ہے**۔ کام کاج میں نالائق۔ **کچھ آج سے نہیں** قدیم سے۔ ہمیشہ سے۔ **کچھ آنسو پچھ گئے**۔ کسی قدر تسلی ہوئی۔ **کچھ آوے نہ جاوے**۔ نالایق ہے۔ کام سے واقفیت نہیں۔ **کچھ اپنی خبر ہے**۔ اپنی حالت کا پتہ ہے۔ **کچھ اتنا فرق نہیں** بہت اختلاف نہیں۔ کچھ زیادہ فرق نہیں۔ **کچھ اجارہ ہے**۔ دعوے نہیں۔ **کچھ اصل ہے**۔ بے اصل نہیں۔ **کچھ اوپر** (صفت) ذرا زیادہ عدد کے پہلے آتا ہے۔ **کچھ اور** (تف) ۱۔ زیادہ۔ اور بھی ۲۔ دوسری بات۔ دوسرا امر ۳۔ تازہ۔ جدید۔ نئی طرفہ۔ **کچھ اور بات ہے**۔ معاملہ کچھ اور ہے۔ خلاف امید بات ہے۔ **کچھ اور عالم ہوگیا**۔ حالت اور کیفیت بدل گئی۔ **کچھ اور بکنا** (لازم) برخلاف جواب دینا۔ خلاف واقعہ بیان کرنا۔ سوال دیگر جواب دیگر۔ **کچھ اور ہوا لگنا** (لازم) خیال ہونا۔ دوسری دھن ہونا۔ **کچھ ایسا فرق نہیں** بہت فرق نہیں۔ **کچھ ایسا نہیں** جیسا خیال ہے ویسا نہیں۔ **کچھ ایک** (صفت) تھوڑا سا۔ کسی قدر۔ **کچھ بات بھی** (استفہام) کوئی وجہ بھی کس لئے۔ **کچھ بات نہیں**۔ معمولی بات ہے۔ **کچھ بات ہے** (استفہام) کچھ سبب ہے۔ کس واسطے۔ کس لئے۔ کیوں۔ **کچھ بڑھ کے**۔ زیادہ کی جگہ۔ **کچھ بسنت کی بھی خبر ہے**۔ ہوشیار کرنے کو کہتے ہیں دنیا کے حالات سے بھی واقفیت ہے۔ کیا ہو رہا ہے۔ **کچھ بنیاد ہے**۔ ذرا اصل اور حقیقت نہیں۔ **کچھ بھی** (تف) بالکل۔ **کچھ بھی نہ دینا** (متعدی) ذرا سی چیز بھی نہ دینا۔ **کچھ بھی نہ ہوا**۔ مطلب حاصل نہ ہوا۔ **کچھ پردا نہیں**۔ چھپایا نہیں جاتا۔ خفیہ نہیں۔ آپ سے وغیرہ کے ساتھ۔ **کچھ پروا نہیں**۔ کچھ مضائقہ نہیں۔ کیا ڈر خوف یا پرواہ ہے۔ **کچھ پڑا پایا**۔ کوئی نعمت مل گئی۔ جب کسی کو خوش دیکھتے ہیں کہتے ہیں۔ **کچھ تم نے سنا**۔ کوئی عجیب واقعہ بیان کرنے سے پہلے کہتے ہیں۔ **کچھ تو** (تف) ۱۔ کسی قدر تھوڑا بہت۔ تھوڑا سا ۲۔ کوئی چیز تو۔ کوئی شے تو۔ **کچھ تو دیکھا ہے**۔ ضرور کوئی بات دیکھی ہے۔ **کچھ تو ٹھہا ہے**۔ کوئی وجہ ہے کچھ غرض متعلق ہے۔ **کچھ تو ہے**۔ کوئی وجہ ہے۔ کوئی خاص راز ہے۔ **کچھ ٹھکانا ہے**۔ کثرت و عظمت کے موقعہ پر بولتے ہیں۔ **کچھ چرا یا ہے**۔ حمل ہے۔ **کچھ چلی**۔ کچھ زور چلا۔ کچھ ہوسکا۔ **کچھ حجت نہیں** جھپٹ نہ کی۔ مان گیا۔ بحث تکرار نہ کی۔ **کچھ حقیقت نہیں**۔ بے حقیقت ہے۔ بے وقعت ہے۔ **کچھ خبر ہے**۔ کچھ حال معلوم ہے۔ **کچھ خرچ نہیں ہوتا**۔ کچھ نقصان نہیں ہوتا۔ **کچھ خیر ہے**۔ حیرت اور تعجب ظاہر کرنے کے لئے۔ **کچھ دلا بیٹے یا دلوائیے**۔ کوئی رقم دیجئے کچھ خیرات دیجئے۔ **کچھ دن** (مت) کئی دن۔ **کچھ دنوں** (تف) چند روز۔ **کچھ دور نہیں**۔ بعید نہیں۔ ممکن ہے۔ شاید ایسا ہی ہو۔ **کچھ دیا ہی آگے آگیا**۔ دیئے ہوئے صدقے کی وجہ سے بلا ٹل گئی۔ **کچھ دیکھ کر** ۱۔ کسی وجہ سے۔ کچھ سمجھ کر ۲۔ کچھ نقص پا کر ۳۔ کسی طرح سے۔ **کچھ ڈر نہیں** ۱۔ کچھ مضائقہ نہیں ۲۔ خوف یا خطرہ کی بات نہیں **کچھ ڈھنگ پر پڑا نہیں**۔ کچھ ڈھنگ نہیں ہے۔ تمام ہونے کو ہے۔ شائستگی نہیں۔ کچھ سلیقہ نہیں۔ **کچھ راہ پر آنا**۔ نیم راضی ہونا۔ کچھ ڈھب پر چڑھنا۔ **کچھ زبان سے نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) کوئی بات کہنا۔ عذر کرنا۔ حجت کرنا۔ **کچھ سمجھ کر** (تف) کسی مصلحت سے۔ **کچھ سنا چاہتے ہو**۔ گالیاں کھانے کو دل چاہتا ہے۔ **کچھ سنے گا** کچھ برا بھلا سنے گا۔ گالی سنے گا۔ **کچھ سے کچھ کرنا** (متعدی) اچھے سے برا یا برے سے اچھا کرنا۔ حالت بدل۔ **کچھ سے کچھ ہو جانا** (لازم) انقلاب ہونا۔ حالت یا زمانہ بدلنا۔ رنگ پلٹ جانا۔ **کچھ فرق رکھ کر قیمت لگانا** (متعدی) ٹھیک قیمت نہ لگانا۔ زیادہ قیمت لگانا۔ **کچھ کا کچھ** (تف) اصل کے برخلاف۔ غلط سلط۔ کیا سے کیا۔ **کچھ کا کچھ سمجھنا** (لازم) الٹا سمجھنا۔ **کچھ کا کچھ کہنا** (متعدی) اصل کے برخلاف کہنا۔ خلاف واقعہ کہنا۔ جھوٹ کہنا۔ **کچھ کا کچھ ہو جانا یا ہونا** (لازم) انقلاب ہونا۔ اصل کے برخلاف ہونا۔ کچھ کام

نہیں۔ کچھ واسطہ نہیں۔ کچھ تعلق نہیں۔ کچھ کام
ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ضرورت پیش آجانا ۲
کوئی عہدہ مل جانا۔ کچھ کان میں پھونکنا (متعدی) ۱
منتر یا افسوں پڑھ کر کان میں دم کرنا۔ کچھ کہنا۔
اکسانا ۲ غیبت کرنا۔ برائی کرنا ۳ سرگوشی کرنا۔
کانا پھوسی کرنا۔ کچھ کچھ (تف) تھوڑا سا۔ کسیقدر۔
کچھ کرتے دھرتے بن نہیں پڑتا (پڑتی) ۱
کچھ سمجھ میں نہیں آتا کیا کریں۔ کچھ کر دینا (متعدی)
جادو کر دینا۔ کچھ کر لینا (متعدی) نیکی کرنا۔ ثواب کا
کام کرنا۔ کچھ کم (تف) کسیقدر کم۔ مدد کے پہلے
استعمال ہوتا ہے۔ کچھ کھا جانا (لازم) زہر
کھا لینا۔ کچھ کھا کے سو رہنا (لازم) زہر کھا کر
ہو جانا کہ نیند میں جان نکل جائے۔ خود کشی کرنا۔
کچھ کھا کے مر جانا یا مرنا (لازم) زہر کھا لینا۔
خود کشی کر لینا۔ کچھ کھا لینا یا کھانا (لازم) زہر
کھانا۔ کچھ کہہ بیٹھنا (متعدی) کوئی ناگوار بات
کہہ دینا۔ گالی دینا۔ بدکلامی کرنا۔ برا کہنا۔ کچھ کہنا
(لازم) ۱ گالی دینا۔ نا ملائم بات کہنا ۲ راز کی بات
کہنا۔ کچھ کھو کے سیکھنا (متعدی) کان ہونا
(لازم) نقصان سے تجربہ حاصل ہونا۔ ٹھوکریں
کھا کر سیکھنا۔ کچھ کھیل نہیں۔ آسان بات نہیں
کچھ گرہ میں بھی ہے۔ کچھ روپیہ پاس بھی ہے
کچھ لے رہنا (لازم) کچھ حاصل کرنا۔ فائدہ
اٹھانا۔ کچھ منہ سے سننا (لازم) گالیاں یا برا
بھلا سننا۔ کچھ منہ سے نکالنا (متعدی) نکل جانا
(لازم) ۱ زبان سے کوئی بات اچانک نکل جانا ۲
برا بھلا کہنا۔ کچھ نہ اکھاڑ سکنا یا اکھاڑنا
(متعدی) ذرا صدمہ یا نقصان نہ پہنچا سکنا۔ کچھ نہ
پوچھو یا پوچھئے ۱ کہنے کی بات نہیں۔ شرم کی بات
ہے ۲ کیا کہنا۔ کیا بات ہے۔ کچھ نہ چلنا (متعدی)
۱ کچھ ہو نہ سکنا ۲ مکر و فریب کا اثر نہ ہونا۔ کچھ نہ
چلی۔ زور نہ چلا۔ قابو نہ چلا۔ کچھ نہ کچھ (تف)
۱ کسی قدر۔ تھوڑا سا ۲ کوئی نہ کوئی بات یا چیز۔
کچھ نہ کچھ ہو رہنا (لازم) تھوڑی سی کامیابی
ہو جانا۔ کچھ نہ کہنا (لازم) ۱ چپ رہنا۔ خاموش
رہنا ۲ طرح دے جانا۔ کچھ نہ کیا۔ کوئی بڑا کام
نہیں کیا۔ کچھ نہ نکلا ۱ خراب نکلا۔ ناکارہ نکلا ۲
ایک پیسہ نہ نکلا۔ کوئی چیز قبضے میں نہ تھی۔ کچھ نہ ہو
مجامعت نہ ہو سکے۔ کچھ نہ ہوا۔ مطلب پورا نہ
ہوا۔ کوئی نتیجہ نہ نکلا۔ کچھ نہ ہو سکا۔ کامیابی نہ
ہوئی۔ کچھ نہیں ۱ خراب ہے۔ نکما ہے۔ ناکارہ
ہے ۲ کوئی بات یا معاملہ نہیں ۳ ذرا نہیں۔ نام کو
نہیں۔ کچھ نہیں آتا (جانتا) ہے۔ بالکل نالائق
ہے۔ ناواقف ہے۔ جاہل ہے۔ کچھ نہیں چلتا
بس نہیں چلتا۔ اختیار بھی نہیں۔ کچھ نہیں رہا
۱ طاقت باقی نہیں رہی۔ طاقت جاتی رہی ۲ مرنے
کے قریب ہے۔ بچنے کی امید نہیں۔ کام تمام ہے
۳ تباہ ہو گیا۔ برباد ہو گیا۔ لٹ گیا ۴ کچھ باقی نہیں
جیب خالی ہے۔ کچھ نہیں کیا ۱ کوئی بھلائی نہیں
کی۔ کوئی نیکی نہیں کمائی ۲ ناواجب بات کی۔ برا
کیا۔ اچھا نہیں کیا ۳ کوئی کام کی بات یا کام نہیں کیا۔ کچھ نہیں
گیا۔ کچھ نقصان نہیں ہوا۔ کچھ نہیں ہو سکتا
کوئی تدبیر کارگر نہیں ہو سکتی۔ کچھ نہیں ہے نامرد
ہے۔ کچھ ہو۔ جو ہو سو ہو۔ ہرچہ بادا باد۔ کچھ پروا
نہیں۔ کچھ ہو جانا (لازم) ۱ کسی لائق ہو جانا۔
کوئی عہدہ حاصل کر لینا۔ کوئی ہنر حاصل کر لینا ۲
جن بھوت کا سایہ ہو جانا۔ کچھ ہو رہنا (لازم)
۱ تھوڑا بہت فیصلہ ہو جانا ۲ کچھ کام ہو جانا ۳ کچھ
کام ہو جانا ۴ کچھ قابلیت پیدا کرنا۔ کچھ ہے ۱ کوئی
اندرونی بات ہے ۲ کوئی سبب یا وجہ ہے ۳ برائی
ہے۔ کھوٹ ہے ۴ بہت کچھ ہے۔ بہت زیادہ
ہے ۵ صاحب رتبہ یا عزت ہے۔ کچھ ہی کرو۔
جو چاہو کرو۔ کچھ ہی کہو۔ جو چاہو کہو۔ کچھ
ہیں۔ کس قابل ہیں۔ کس شمار میں ہیں۔ کچھ ہی
ہو۔ چاہے کچھ ہو۔ کچھ یاد ہے۔ بھول تو نہیں
گئے۔ کچھ یوں ہی سا (صفت) تھوڑا سا۔ قدرے

امثال و اقوال۔ کچھ آنسو سے
پوچھتے ہیں۔ دکھاوے کے نئے کام کرتے ہیں۔
کچھ او دے لے دیا کچھ لو دے۔ [illegible] یا
ہمارا کام بن گیا۔ ادھر ادھر کی [illegible] کام
ہو گیا۔ کچھ بسنت کی بھی خبر ہے دنیا کے حالات
سے بھی خبردار ہو۔ کچھ تم سمجھے کچھ ہم سمجھے کسی
بات کا نہیں خیال ہوا کسی بات [illegible] ہمیں۔ کہتے
ہیں ایک پیدل مسافر کے پاس روپیوں کی تھیلی
تھی۔ راستے میں اسے سوار ملا اسنے کہا کہ گھوڑے
پر تھیلی رکھدو۔ اس نے انکار کیا۔ تھوڑی دور جاکر
سوار کو خیال آیا کہ اگر تھیلی رکھ لیتا تو روپیہ اڑا سکتا
تھا۔ ٹھہر گیا [illegible]۔ نزدیک آیا تو
اسنے کہا لاؤ تھیلی رکھ دو۔ اس نے مسکرا کر مذکورہ
بالا فقرہ کہا۔ جو ضرب المثل ہو گیا۔ کچھ تو باؤلی
کچھ بھوتوں کھدیری۔ بیوقوف عورت کے
متعلق کہتے ہیں۔ کچھ تو خربوزہ میٹھا کچھ اوپر
سے (ڈالا قند) قند پڑا۔ جب ایک صفت پر
دوسری ایزاد ہو جائے تو کہتے ہیں۔ کچھ جدا ہی
تیر ماریں گے۔ طنزاً کونسی بہادری کریں گے یہی
تو اس مشکل کام کو بنائیں گے۔ کچھ تو خلل ہے
جس سے یہ خلل ہے۔ اس نقص کی کوئی وجہ
ہے۔ کچھ تو گیہوں گیلی کچھ جندری ڈھیلی
دیکھو کچھ گیہوں الخ۔ کچھ دال میں کالا (کالا)
ہے ۱ کوئی مشتبہ امر ہے۔ کچھ راز ہے ۲ کوئی سبب
ہے۔ کچھ نہ کچھ وجہ ہے ۳ کوئی نہ کوئی عیب ضرور
ہے۔ کچھ دئے کچھ دلائے کچھ کا دینا ہی کیا
ہے۔ ٹالنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔ کچھ دیا
ہی آگے آیا۔ خیر خیرات یا نیک کاموں نے بچایا
کسی ناگہانی مصیبت سے بچ جانے کے موقع پر کہتے
ہیں۔ کچھ سوار رکھی کچھ پر مار رکھی۔ کچھ اپنے لئے
کچھ خدا کے لئے۔ خدا پرست اور دنیا دار۔ کچھ
سونا کھوٹا کچھ سنار کھوٹا۔ کچھ سونے
کھوٹ کچھ سنارے کھوٹ۔ لڑائی طرفین
سے ہوتی ہے۔ دونوں طرف سے بگاڑ ہوتا ہے۔
کچھ کھو کے سیکھتے ہیں۔ نقصان اٹھا کے
ہوشیار ہوتے یا تجربہ حاصل کرتے ہیں۔ کچھ
گڑ ڈھیلا کچھ بنیا۔ دونوں کا قصور ہے۔ کچھ اس کا
کچھ اس کا۔ کچھ گوشہ جھکے (نہوڑے) کچھ کمان
صلح کے واسطے دونوں طرف سے نرمی [illegible] چاہئے
کچھ گیہوں (سیلے) گیلے کچھ جانگر (جندر) ڈھیلے
(عو) بہانہ کرنے والی عورت کے متعلق کہتی ہیں۔ کچھ
لوہا کھوٹا کچھ لوہار۔ طرفین کا قصور ہے۔ کچھ لیتے
ہو کہا اپنا کام [illegible] کیا ہے یہی ہے۔ کچھ دیتے
ہو کہا یہ شرارت بندے کو نہیں آتی (بھاتی)
لینے کو تیار دینے کو لیت و لعل۔ کچھ ہم سمجھے کچھ
تم سمجھے۔ دیکھو کچھ تم الخ۔

کچھار (ہ۔ مذکر) ۱ دریا کے قریب
نشیب کی زمین۔ ترائی جس میں شیر رہتا ہے ۲ پہاڑ
کے دامن میں دلدلی زمین ۳ دریا کا کنارہ۔

کچھارنا (ہ۔ متعدی) ۱ دھونا۔

کھنگالنا۔ صاف کرنا۔ پاک کرنا۔

کچھاری (ہ۔ مونث) چوڑے منہ کا گھڑا۔

کچہری (ہ۔ مونث) ۱ اجلاس۔ عدالت ۲ دفتر ۳ ٹاؤن ہال ۴ کچہری میں لوگوں کا اجتماع جو مقدمات کے لئے ہو ۵ گشت۔ دفتر کا احاطہ۔ کچہریا (ہ۔ صفت) ۱ کچہری کا۔ کچہری کے متعلق ۲ وہ جو کچہریوں میں پھرتا رہے۔ **کچہری برخواست**۔ عدالت کا کام ختم۔ اجلاس بند (کرنا ہونا کے ساتھ) **کچہری بند کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) کچہری میں تعطیل کا دن ہونا۔ **کچہری چڑھانا** (متعدی) چڑھنا (لازم) دعوے کرنا۔ نالشی ہونا۔ عدالت میں مقدمہ لیجانا۔ **کچہری کا** (صفت) کچہری کے متعلق۔ **کچہری کا دروازہ** کھلا ہے۔ جب کچہریاں مقدمہ بازی کے لئے ہیں تو آپس میں کیوں لڑتے ہو۔ **کچہری کا کام** (مذکر) عدالت کے متعلق کام۔ **کچہری کا کام گھر پر لے آنا** (لازم) دفتر کا کام گھر پر کرنے کے لئے لے آنا۔ **کچہری کے کتے** (مذکر) عدالت کے رشوت لینے والے ملازم۔ **کچہری کھلنا** (لازم) اجلاس ہونا۔ عدالت لگنا۔ **کچہری گرم ہونا** (لازم) ۱ غل غپاڑا ہونا ۲ کچہری میں اہل معاملہ کا مجمع ہونا۔ کچہری لگانا (متعدی)، لگنا (لازم) ۱ اجلاس لگنا ۲ غل غپاڑا شور ہونا۔

کچھنا (مذکر) **کچھنی** (ہ۔ مونث) ہانگیا گھٹنا۔

کچھنیا (ہ۔ مونث) کچھنی کی تصغیر۔

کچھو (ہ۔ صفت) کچھ۔

کچھو (ہ) **کچھوا** (ہ۔ مذکر) ۱ ایک آبی جانور جس کی پیٹھ کی ہڈی چوڑی اور سخت ہوتی ہے ۲ نشیب زمین (س۔ کچھپ) کچھواڈابر (صفت) (دریا کی تہ) جو اونچی نیچی ہو۔ ناہموار (زمین) جس میں پانی کے ڈابر ہوں ۲ (مونث) ناہموار زمین جس میں طغیانی سے ڈابر ہو جائیں۔ **کچھوے کے کچھو** (صفت) بروں کے برے۔ بد ذاتوں کے بد ذات۔ کچھوئی۔ کچھوی (مونث) کچھوے کی مادہ۔ کچھوے (مذکر) ۱ کچھوا کی جمع ۲ بجائے کچھوا حروف مغیرہ سے پہلے۔ کچھوے کا شوربہ (مذکر) فرنگی بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔

مثل۔ کچھوے کا کاٹا کٹھوتی سے کبھی ڈرتا ہے۔ آفت رسیدہ آدمی ادنے مصیبت سے بھی ڈر جاتا ہے۔

کچھوارا (ہ۔ مذکر) وہ زمین جو کاچھی قوم کے لوگ کاشت کریں۔

کچھوٹی (ہ۔ مونث) لنگوٹی۔

کچھوک (ہ۔ مذکر) ۱ تھوڑی سی چیز ۲ (تف) تھوڑا سا۔

کچھی (ہ۔ مذکر) علاقہ کچھ کا گھوڑا۔

کچھیانا (ہ۔ مذکر) ترکاریوں کا کھیت۔

کچیا (ہ۔ مونث) درانتی۔

کچیا (ہ۔ صفت) ۱ بزدل ۲ شرمیلا (کچا سے) کچیا جانا (لازم) ۱ جھینپ جانا۔ شرما جانا۔ کچا ہو جانا ۲ ڈر جانا۔ ہمت ٹوٹ جانا۔ کچیانا (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ شگوفہ پھوٹنے کے آثار ظاہر ہونا ۳ کام میں بغیر وجہ کے سستی کرنا۔ کچیاند (مونث) دیکھو کچیاہند۔ **کچیاہٹ** (مونث) ۱ شرمندگی۔ شرمیلاپن۔ شرم۔ جھینپنا ۲ بزدلی گھبراہٹ۔ ڈر ۳ نفرت۔ کراہت۔

کچیل (ہ۔ مونث) دیکھو کُچ کے تحت میں۔ اردو میں میل کا تابع استعمال ہوتا ہے۔ کچیلا (صفت) اردو میں میلا کا تابع۔

کحّال (ع۔ مذکر) ۱ وہ شخص جس کا پیشہ لوگوں کی آنکھوں میں سرمہ لگانا ہو ۲ آنکھوں کا معالج یا حکیم۔ سیتا (کحل سے)

کُحال (ع۔ مذکر) دیکھو کحّال۔ اردو میں اس تلفظ سے استعمال ہوتا ہے۔

کحل (ع۔ مذکر) سرمہ (کحل۔ سرمہ لگانا) کحل البصر (مذکر) آنکھوں کا سرمہ کحل الجواہر (مذکر) وہ سرمہ جس میں تقویت کے واسطے مروارید ناسفتہ اور جواہرات ڈالتے ہیں۔

کحیل (ع۔ صفت) وہ جن میں سرمہ لگا ہو۔ سرگیں (آنکھیں) (کحل۔ سرمہ لگانا)

کَد (ہ۔ تف) کب (مت) کد کد (تف) کب کب۔ کدھاں (تف) کد۔

مثل۔ کد کد منگلو بووے دھاں سو کھاڈا لا (ہو) سبے بھگوان جب غریب کوئی کام کرے تو اسے نقصان ہوتا ہے۔ کد کے کد آئے۔ میرے من نہیں بھائے اتنی دیر کے بعد آپ کا آنا ہمیں پسند نہیں۔

کَد (ف۔ مذکر) گھر۔ خانہ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **کد بانو** (مونث) ۱ گھر کی مالک۔ صاحب خانہ عورت ۲ بیگم ۳ بیوی۔ بی بی ۴ خوش سلیقہ عورت ۵ دلھن۔ بنو۔ بنڑی ۶ بزرگ خانہ۔ خاتون خانہ۔ **کدخدا** (مذکر) ۱ گھر کا مالک۔ صاحب خانہ ۲ دولھا۔ نوشہ ۳ خاوند۔ میاں۔ **کدخدا ہونا** (لازم) شادی ہونا۔ بیاہ ہونا۔ **کدخدائی** (مونث) شادی۔ بیاہ۔ عروسی۔

کَدّ (ع۔ مونث) ۱ اصرار۔ ہٹ۔ ضد ۲ سختی۔ صعوبت۔ تکلیف ۳ سعی۔ کوشش جدوجہد (کرنا ہونا کے ساتھ) (کدّ۔ اصرار کرنا) کد پڑ جانا (لازم) دل میں کینہ بیٹھ جانا۔ ضد ہو جانا۔ **کدوکاوش** (مونث) کوشش۔ چھان بین۔

کَدا (س۔ تف) ۱ کب۔ کس وقت ۲ کبھی کسی زمانہ میں ۳ شاید۔

کداچار (س۔ صفت) بدچلن۔ بدمعاش۔ شریر۔

کدارا (ہ۔ مذکر) دیپک راگ کی ایک راگنی۔

کُدال (ہ۔ مذکر و مونث) زمین کھودنے کا ایک نوکدار اوزار (س کُدّال) کدال بجنا (لازم) عمارت کا ڈھایا جانا۔ **کدالی** (مونث) چھوٹی کدال۔

مثل۔ کدالی نہ پھاوڑا بڑا کھیت ہمارا یعنی ہمت۔ پاس کچھ نہیں۔

کُدال (ہ۔ مونث) پہاڑی آبنوس۔

کُدام (ف۔ کلمہ استفہام) کون۔ کون سا۔

کُدانا (ہ۔ متعدی) کودنا کا ۱ کسی سے کودنے کا کام لینا ۲ بچے کو اچھالنا ۳ اشتعالک دلانا۔ اکسانا۔

کُدائی (ہ۔ مونث) ۱ گھوڑوں کا

دیواروں)۔ ٹٹیوں یا گڑھوں پر سے کودنا ؀ انعام جو کودنے کے لئے دیا جائے۔

کدابا (ھ۔ مذکر) کبوتر۔ فاختہ۔

کدر (ع۔ مذکر) ؁ تیرگی۔ کدورت ؀ میل۔ میلا پن ؂ گھبراہٹ۔ بے چینی ؃ تکلیف۔ مصیبت (کدر۔ گدلا ہونا)

کدر (س۔ مذکر) ؁ آرہ۔ ہاتھی کی کجک ؀ لاجونتی۔

کدر (ہ۔ مذکر) کمینے لوگ۔ ذلیل آدمی

کدرانا (ھ۔ متعدی) ؁ کدوانا ؀ (لازم) کودنا۔

کدریہ (س۔ صفت) ؁ کنجوس ؀ لالچی۔

کدکڑے۔ کدکے (ہ۔ مذکر) چھلانگیں۔ چوکڑیاں۔ کلانچیں (کودنا سے) کدکڑے لگانا۔ کدکڑے یا کدکے مارنا (متعدی) اچھلنا کودنا۔ کھیلنا کودنا۔ کودتے پھرنا۔ چوکڑیاں بھرنا۔

کدکنا (ہ۔ لازم) کودنا۔ پھاندنا۔ اچھلنا۔

کدل۔ کدلک (س۔ مذکر) کیلے کا درخت۔ کدلی (مونث) ؁ کیلے کا درخت ؀ ایک قسم کا ہرن ؂ جھنڈا۔ علم۔

کدم (ہ۔ مذکر) ایک سایہ دار درخت۔ اس قسم کے ایک درخت پر کرشن جی گوپیوں کے کپڑے لے کر چڑھ گئے تھے۔ جو ہری اس کی تعظیم کرتے ہیں۔

کدما (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی مٹھائی۔

کدمب (س۔ مذکر) ؁ دیکھو کدم ؀ انبوہ۔ بھیڑ ؂ بہتات۔ افراط۔

کدن (س۔ مذکر) ؁ تلف کرنا ؀ مارنا ؂ تباہی۔ بربادی ؃ قتل ؄ وہ شخص جو قتل یا تباہ کرے ؅ برباد کرنے والی مخلوق۔

کدو (ف۔ مذکر) ؁ ایک قسم کی گول ترکاری جو بیل کے ساتھ لگتی ہے (س کدّ) ؀ بچے کا سر ؂ آلہ تناسل ؃ طنزاً بڑی نعمت۔ **کدو دانہ** (مذکر) ؁ ایک بیماری جس میں بدن پر کدو کے بیج کی شکل کی پھنسیاں نکل آتی ہیں ؀ ایک قسم کے پیٹ کے کیڑے۔ **کدوکش** (مذکر) ایک آلہ کا نام جس پر کدو کو رگڑ کر باریک کر لیتے ہیں۔

کدوانا (ہ۔ مم) کودنا کا۔ کدانا۔

کدور (مذکر) **کدورت** (ع۔ مونث) ؁ گدلا پن۔ میلا پن۔ غبار آلودہ ہونا ؀ گندگی ؂ رنجش۔ ملال۔ کینہ ؃ دل کا غبار (کدر۔ گدلا ہونا)

کدورت آنا (لازم) ؁ دل پر میل آنا ؀ رنجش آنا۔

کدورت رکھنا (متعدی) کینہ رکھنا۔

کدہ (ف۔ مذکر) ؁ خانہ۔ گھر ؀ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے میکدہ۔ آتشکدہ۔

کدھر (ہ۔ تف) کہاں۔ کس طرف (س۔ کدش) کدھر آیا کدھر گیا۔ آنے یا جانے کی کچھ خبر نہیں۔ کدھر جاؤں کیا کروں۔ گھبراہٹ مجبوری یا بیکسی کے موقعہ پر کہتے ہیں۔ کدھر سے (تف) کس طرف سے۔ کہاں سے۔ کدھر آ نکلے کدھر بھول پڑے۔ کدھر سے چاند نکلا۔ کدھر سے عید کا چاند نکلا۔ جب کوئی دوست مدت کے بعد ملے تو تعجب اور حیرت سے کہتے ہیں۔ کہاں سے آ گئے۔

کدہو۔ کدھو۔ کدھون۔ کدھی

کدھین (ھ۔ تف) کبھی کدھی کدھار (تف) کبھی کبھی۔

کدیما (ھ۔ مذکر) ؁ کدو ؀ لوہے کی سلاخ۔

کدیور (ف۔ مذکر) ؁ گھر کا مالک ؀ مالک مکان ؂ گاؤں کا لمبردار ؃ کاشتکار ؄ مالی۔ باغبان ؅ وقت ؆ قسمت ؇ دنیا۔

کڈھیلڑا۔ کڈھیلڑا (ھ۔ مذکر) سوتیلا بیٹا۔

کڈی (ھ۔ مونث) دھات کی میخ یا پن۔

کذا (ع۔ تف) اس طرح۔ اسطرح چناں چنیں۔

کذاب (ع۔ صفت) بہت جھوٹا۔ دروغ گو (کذب۔ جھوٹ بولنا)

کر (ع۔ صفت) ؁ بہرا ؀ (مذکر) ؁ ارادہ۔ قصد ؀ خواہش۔ آرزو ؂ طاقت۔ قوت ؃ شان و شوکت ؄ چین۔ سکھ۔ **کروفر** (مذکر) شان و شوکت۔ رعب داب۔ تزک و احتشام۔ **کر و گنگ** (صفت) بہرا اور گونگا۔

کر (ہ۔ امر) ؁ کرنا کا ؀ فعل ماضی کے بعد آ کر یہ ظاہر کرتا ہے کہ پہلا فعل پہلے ہوا اور اس کے بعد دوسرا فعل ہوا ؂ (تف) رعایت سے۔ لحاظ سے (س کر۔ کرنا) **کرا** (امر) ؁ کرانا کا ؀ (ماضی) کرنا کی۔ کرا دینا۔ **کرانا** (مم) کرنا کا۔ دوسرے سے کام لینا۔ **کر بیٹھنا** (لازم) کسی امر کو بے سوچے سمجھے اختیار کر لینا۔ جلدی سے کوئی فعل کر جانا۔ **کرت** (ھ۔ مونث) ؁ استعمال ؀ ملازمت۔ **کرتا دھرتا** (مذکر) ؁ کرنے والا۔ فاعل ؀ خالق ؂ تجربہ کار۔ واقف ؃ مالک۔ مختار۔ **کرتے دھرتے بن نہیں آتی (پڑتی)** کچھ سمجھ نہیں آتی کہ کیا کیا جائے۔ کچھ کرتے بن نہیں پڑتا۔ **کر جانا** (لازم) کرنا۔ **کر چکنا** (لازم) کوئی فعل ختم کر دینا۔ **کر دکھانا یا دکھلانا** (متعدی) عمل کر کے دکھا دینا۔ **کر دھر لینا** (متعدی) انتظام کر لینا۔ **کر دیکھنا** (متعدی) آزما کر دیکھنا۔ تجربہ کرنا۔ **کر رکھنا** (لازم) بس میں لانا۔ **کر کر** (مت) کر کے۔ **کر گزرنا** (لازم) کسی مشکل کام کو کر کے چھوڑنا ؀ ضد پر جا رہنا۔ ہٹ سے باز نہ آنا۔ **کر لینا** (متعدی) ؁ کرنا ؀ بیوی بنانا۔ شادی کرنا ؂ نقصان پہنچانا۔ **کرنا** (متعدی) ؁ بجا لانا۔ عمل میں لانا ؀ شروع کرنا ؂ بنانا۔ انجام کو پہنچانا ؃ انتظام یا بند و بست عمل میں لانا ؄ شغل رکھنا۔ شغل میں رہنا ؅ ٹھیرانا۔ مقرر کرنا۔ چکانا ؆ نبٹانا ؇ بھرنا۔ ڈالنا۔ رکھنا ؈ انجام دینا۔ فرض ؉ مارنا۔ چلانا ہتھیار وغیرہ کا ؁؀ بس یا قابو میں لانا ؁؁ قیمت کرنا ؁؂ اندر کرنا۔ داخل کرنا ؁؃ جادو ٹونا وغیرہ عمل میں لانا ؁؄ (کچھ) جادو کرنا ؁؅ (خصم) شادی کرنا۔ خاوند بنانا ؁؆ (عورت) بیوی بنانا ؁؇ (دوکان وغیرہ) کارخانہ یا کاروبار کھولنا ؁؈ (سوال) حل کرنا۔ مانگنا ؁؉ (آگ) جلانا۔ سلگانا ؀؀ (روٹی دال وغیرہ) پکانا۔ بنانا۔ رندھنا ؀؁ (سر۔ کنگھی وغیرہ) چوٹی کرنا۔ بال گوندھنا ؀؂ (حرمت وغیرہ) بڑھانا۔ زیادہ کرنا ؀؃ (دھوتی وغیرہ) باندھنا ؀؄ (چراغ دیا وغیرہ) بجھانا ؀؅ (بکری بھیڑ وغیرہ) ذبح کرنا۔ کاٹنا ؀؆ (پنکھا) ہلانا ؀؇ (مکان وغیرہ) کرائے پر لینا ؀؈ (کچہری) اجلاس کرنا۔ مقدمہ سننا۔ مرکبات میں یہ لفظ بہت معنوں میں آتا ہے۔ **کرنا دھرنا** (متعدی) انتظام کرنا۔ **کرنی** (مونث) اعمال۔ افعال۔ کرتوت

کرنی کا پھل پانا (متعدی) گناہوں کا بدلہ ملنا۔
کروانا (م) کرنا ۱ کام بنوانا۔ کام لینا ۲ مجامعت
کرانا۔ کرو نگا پر ٹلو نگا نہیں۔ ضرور کرونگا ر کونگا
نہیں۔ ممدی آدمی کہتا ہے۔

امثال واقوال۔ کرا اور کر
نہ جانا۔ میں ہوتی تو کر دکھاتی۔ اس عورت
کے متعلق کہتے ہیں۔ جو عاشقی کر کے بدنام ہو جائے۔
کر بھلا ہو بھلا انت بھلے کا بھلا۔ نیکی کرنیوالا
فائدے میں رہتا ہے۔ کرتا استاد نہ کرتا شاگرد۔
جو محنت کرتا ہے۔ ماہر ہو جاتا ہے۔ نہ کرنیوالا لاعلم
رہتا ہے۔ کرتو ڈر نہ کرتو ڈر۔ کرتو کر نہیں تو خدا
کے غضب سے ڈر۔ جب کسی بے گناہ پر کوئی
الزام ہو تو کہتے ہیں۔ خدا تعالے سے ہر وقت پناہ
مانگنی چاہئے۔ کرنے کی (سب) بدیا ہے۔
عمل یا مشق کرنے سے کامیابی حاصل ہوتی ہے۔
کرجاوے داڑھی والا۔ پکڑا جائے
موچھوں والا۔ کرے کوئی شبہ کسی پر ہو یا پکڑا
کوئی جائے۔ کر سیوا کھا میوہ۔ جس نے خدمت
کی اسنے فائدہ اٹھایا۔ کر کھیتی پردیس کو جائے
تا کو جنم اکارتھ جائے۔ اگر کاشتکار پردیس کو چلا
جائے تو عمر ضائع کرتا ہے۔ کر کے کھانا اور رمکن
رہنا۔ جو آدمی محنت کر کے کھاتا ہے اسے کسی کی
پروا نہیں۔ کر (لو) لے جو کرنا ہے۔ ابھی
وقت ہے پھر کچھ نہ ہو سکے گا۔ کرلے سو کام
بھج لے سو رام۔ اس دنیا میں جو ہو سکتا ہے
کر لینا چاہئے اور رام کا نام جپنا چاہئے۔ کرنا چاہے
عاشقی اور ماما جی کا ڈر۔ کوئی بات کرنا ہو تو
اس بات کی پروا نہیں کرنی چاہئے کہ کوئی اعتراض
کرے گا۔ کرنا ہے جو آج کر کل کل مت
نا کر۔ چلتا پھرتا آدمی چھیں میں جاوے
مر۔ جو کرنا ہے فوراً کر و کل پر مت چھوڑ دو۔ موت
سر پر کھڑی ہے۔ کر دکرنی) نہ کرتوت لڑنے
کو مضبوط۔ کام کچھ ہو نہیں سکتا لڑنے کو موجود
ہیں۔ کرنی خاک کی بات لاکھ کی۔ کام کے
قابل نہیں باتیں بہت بناتا ہے۔ کرنی کرے
تو کیوں کرے اور کر کے کیوں پچھتائے
پیڑ بوئے ببول کے تو آم کہاں سے
کھائے۔ جو بات کرنی چاہو کرو ڈرو نہیں اور
کر کے پھر پچھتانا نہیں چاہئے۔ اگر پیڑ ببول کے

بوئے جائیں تو آم کس طرح ہو سکتے ہیں۔ برے کام کا
نتیجہ برا ہوتا ہے۔ اگر کیا ہے تو پچھتانا نہیں چاہئے۔
کرنے کو چاکری سونے کو گھر۔ اسے کہتے ہیں
جو کام کرنے سے جی چرائے۔ کرنی نہ دھرنی نام
گلبیا۔ کسی کام کے قابل نہیں گو نام اچھا ہے۔
برعکس نہند نام زنگی کافور۔ کرنی نہ کرتوت
چلیو میرے پوت۔ کرتا کچھ نہیں مگر ظاہر کرتا
ہے کہ بہت کام کر رہا ہے۔ کرنی نہ کرتوت کہلائیں
پوت سپوت۔ کرتا کراتا کچھ نہیں پھر بھی تعریف
ہوتی ہے۔ کرنی نہ کرتوت لڑنے کے مضبوط
(موجود) سوائے لڑائی جھگڑے کے اور کوئی کام
نہیں۔ کرنی ہی سنگ جات ہے جب
چھوٹ جائے سر پیر۔ کوئی ساتھ نہ دے
سکے مات پتا سُت بیر۔ موت کے بعد سوائے
نیک کاموں کے کوئی ساتھ نہیں دیتا۔ کرو تو ثواب
نہیں نہ کرو تو عذاب نہیں۔ چاہے کرو چاہے
نہ کرو۔ کرو کھیتی اور لو ؤ بیل کھیتی کرنے سے
بیلوں کی نسل خراب ہو جاتی ہے۔ کرو کھیتی اور
بھرو ڈنڈ۔ ہندوستان میں پہلے صرف کسانوں پر
محصول لگتا تھا۔ اب دوکانداروں پر بھی لگتا ہے۔
کر ہلا بھر پلا۔ محنت سے نفع ہوتا ہے۔ کرے
ایک بھریں (پکڑے جائیں) سب۔
ایک کے قصور کی سزا سب کو ملتی ہے۔ کرے
چاکری آوے چوٹ۔ سب سے بھلے
بھیک کے روٹ۔ کم ہمت آدمی کی
نسبت بولتے ہیں۔ کرے داڑھی والا پکڑا
جائے موچھوں والا۔ کرے کون ماتھے
کس کے جائے۔ قصور کوئی کرے پکڑا کوئی
جائے۔ کرے گا سو بھرے گا۔ جو قصور کریگا
سو سزا پائے گا۔ کریں پر پنچ کہلائیں پنچ۔
ناانصافی کرتے ہیں لیکن پنچ کہلاتے ہیں۔ پنچوں پر
طنز ہے۔ کریں کلو بھریں للو۔ کرے کوئی پکڑا
کوئی جائے۔ کرے اپنے من کی سنئے سب
کی۔ نصیحت ہر ایک کی سن لینی چاہئے مگر کرنا وہی
چاہئے جو دل میں آئے۔

کَرَ (س۔ مذکر) ۱ وہ جو کرتا یا بناتا یا
موجب ہوتا ہے ۲ باپ ۳ ہاتھ ۴ ہاتھی کی سونڈ
۵ کیکڑے کے پنجے ۶ ایک ماپ جو بیس انگلیوں کا
ہوتا ہے ۷ دنکشترہ ہست۔ کرپال (مذکر) تلوار
شمشیر۔ کرتال (مذکر) چھوٹی جھانجھ۔ کرتالی
(مونث) تالی ۳ تال دینا۔ کرتل (مذکر) ہتھیلی۔
کرویر (مذکر) ۱ کنیر ۲ سوم کی ایک قسم ۳ تلوار
۴ انگوٹھا ۵ مسان۔ کرویری (مونث) ۱ وہ عورت
جس نے بیٹا جنا ہو ۲ ماں۔

مثل۔ کر پانی نہ منہ پانی۔ ہاتھ پر
پانی نہ منہ پر پانی۔ گندے شخص کے متعلق کہتے ہیں۔

کَرَ (ہ۔ مونث) ۱ محصول چنگی ٹیکس
۲ خراج۔ مالگزاری ۳ تاوان۔ جرمانہ ۴ معمول وہ
کام جس کا کرنا لازم ہو جائے دس کر) کر باندھنا
(متعدی) بندھ جانا۔ بندھنا (لازم) ہمیشہ کے
واسطے کوئی اصول مقرر ہونا۔ کر اگاہنا (ھ)
محصول اکٹھا کرنا۔ مالگزاری جمع کرنا۔ کر اگاہنے
ہارا یا آگاؤ (ھ) تحصیلدار۔ محصول اکٹھا کرنیوالا
کر لگانا (ھ) ٹیکس لگانا۔

مثل۔ کرنہ کرتوت لڑنے کو
مضبوط۔ کام کا نہ کاج کا ہر وقت لڑنے کو تیار

کَرَ (ھ۔ حرف جر) کا۔
کَرَ (ھ۔ مونث) کمر۔ تلب۔ کولا۔
کردھنی یا ڈھنی (مونث) ۱ ایک قسم کی زنجیر
جسے کمر میں باندھتے ہیں ۲ کمربند۔ پٹکا۔ کرڈو رانہ کر
ایک دھاگا جسے کمر میں باندھ کر اس سے لنگوٹی باندھتے
ہیں۔ کرگتا یا گدا (مذکر) ۱ دھاگا جو کمر میں باندھیں
۲ کپڑا جو کمر میں باندھیں ۳ پیٹی۔ کمربند۔

کِرِ (ہ۔ امر) کرنا کا۔ کرجانا (لازم) کسی
دھار دار چیز کی دھار ٹوٹنا۔ کرنا (لازم) ۱ دھار
ٹوٹنا ۲ سڑنا۔ خراب ہونا ۳ گرنا۔ کم ہونا ۴ شرمندہ
ہونا۔ جھینپنا۔

کِرَر (ھ۔ مذکر) ۱ چیخ۔ غل شور ۲ ہاتھی
کی چنگھاڑ ۳ بھیڑ بکری کو بلانے کی آواز۔

کَرا (ہ۔ مذکر) کیا (مت)
کَرا (ہ۔ صفت) ۱ کرارا۔ سخت۔
پکا۔ کڑا ۲ جس میں ملاوٹ یا آمیزش ہو ۳ جعلی۔
(سکہ)

کرابیسی (ع۔ مذکر) بزاز۔ پارچہ
فروش۔

کرّات (ع۔ مونث) جمع کرت۔ دفعہ
کرات مرات (نت) مکرر۔ مکرر۔ کئی مرتبہ

کَرّار (ع - صفت) ۱ زور سے یا بار بار حملہ کرنے والا ۲ حضرت علی کا لقب۔ **کرار بے فرار** (مذکر) حضرت علی کا لقب۔

کرارا (ہ - صفت) ۱ سخت۔ کڑا ۲ خستہ۔ گھی میں بھونا ہوا ۳ زور آور۔ طاقتور ۴ ہٹا کٹا۔ گراں ۵ پورے وزن کا۔ نیا یا جس کے حروف مٹے ہوں (سکہ) ۶ مزیدار۔ چٹپٹا ۷ دلبر۔ بہادر۔ جری ۸ (مذکر) ایک قسم کی خیر بینی (س کر کر یحیت) ۹ (ہ) دریا کا کنارہ۔ **کرارا پان** (مذکر) تازہ اور سخت پان جو مرجھایا ہوا نہ ہو۔ **کرارا پن** (مذکر) ۱ سختی کرختگی ۲ بھربھراپن۔ خستگی ۳ مضبوطی۔ **کراری** (مونث) کرارائی۔ دیکھو مذکورہ بالا۔ **کراری بات** (مونث) مضبوط بات۔ پائیدار بات۔ **کرارے دم** (صفت) جو تھکا نہ ہو۔ تازہ دم۔ تروتازہ۔

کِراڑ (ہ - مذکر) دکاندار۔ تجارت کا تاجر۔ بنیا۔ ہندوؤں کو حقارتاً کہتے ہیں۔

کراڑا (ہ - مذکر) دریا کا کنارہ جو اونچا ہو۔ ساحل۔

کراکل (ہ - مذکر) ایک قسم کا لگا یا لق لق۔

کرال (س - صفت) ۱ وہ جس کے دانت اونچے ہوں ۲ خوفناک۔ ڈراونا ۳ نفرت انگیز۔ قابل نفرت ۴ بڑا ۵ عالیشان ۶ اونچا ۷ دریا ۸ اونچا کن راش ۹ دال۔ تیر ۱۰ دوب۔ لاکھ۔ **کرالا** (مونث) درگا جی کا ایک لقب۔

کِرام (ع - مذکر) کریم کی جمع۔ بزرگ لوگ۔ سخی لوگ۔ **کراماً کاتبین** (مذکر) وہ دو فرشتے جو انسان کے اعمال لکھتے ہیں۔

کُرام (ع - صفت) بہت سخی۔ بے حد سخی۔

کرامات (ع - مونث) جمع کرامت کی مگر اردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے ۱ خرق عادت جو ولی سے ظاہر ہو۔ پیغمبر سے ظاہر ہو تو معجزہ ہے ۲ دولت۔ سرمایہ۔ بڑی چیز ۳ بڑائی عظمت ۴ خوبی۔ عمدگی ۵ شرمگاہ ۶ (جمع مذکر) دیکھو ۷ بزرگوں یا بادشاہوں کے لئے عزت کا کلمہ (کرم نیاض ہونا) **کرامات دکھانا** (مم) **دیکھنا** (متعدی) ۱ خوبی یا جوہر دیکھنا ۲ خرق عادت دیکھنا۔ **کراماتی** (صفت) صاحب تصرف۔ **کراماتی** (صفت) وہ جو کرامات دکھائے۔

کَرامَت (ع - مونث) ۱ بزرگی ۲ عظمت ۳ خوبی۔ عمدگی ۴ بخشش۔ عنایت ۵ ولی کی خرق عادت ۶ تعجب خیز امر یا بات (کرم۔ فیاض ہونا) **کرامت دکھانا** (مم) **دیکھنا** (متعدی) ۱ خرق عادت دیکھنا ۲ عجیب بات کسی میں دیکھنا ۳ بزرگی دیکھنا۔ **کرامت رکھنا** (متعدی) خوبی ہونا۔ خرق عادت بات پائی جانا۔ **کرامت نامہ** (مذکر) کسی بزرگ کا خط۔

کراں (ف - مذکر) ۱ کنارہ ۲ آخیر انتہا ۳ حد۔ پہلو۔ مرکبات میں جیسے بیکراں۔

کَرّانا (ہ - لازم) ۱ سخت ہونا۔ کڑا ہونا ۲ کراہنا ۳ (متعدی) ہنڈیا میں دانت پیسنا۔

کِرانا (ہ - لازم) ۱ سخت ہونا۔ کڑا ہونا ۲ صابن میں ڈال کر صاف کرنا۔ ایک چیز کو دوسری سے علیحدہ کرنا۔ پھٹکنا ۳ ٹھیک کرنا۔ درست کرنا ۴ (مذکر) مختلف قسم کے مسالے۔ گرم مسالہ۔

کرانت (ہ - مذکر) آرہ۔ **کرانتی** (مذکر) آرہ کش۔

کرانت (ہ) **کرانتی** (س - مونث) ۱ بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا ۲ اوپر چڑھنا ۳ غالب آنا ۴ کسی جرم فلکی کا زوال پر ہونا ۵ راس چکر۔ منطقات البروج ۶ سورج کا چکر منطقات البروج میں ۷ منطقہ حارہ۔ **کرانتی** (ہ) چمک۔ نور۔

کرانجنا (ہ - لازم) کراہنا۔

کرانچی (ہ - مونث) اسباب لادنے کی گاڑی۔

کرانسنا (ہ - لازم) کراہنا۔

کرانہ (ہ - مذکر) دریا کا کنارہ۔ **کرانہ کا لڈو** ہے۔ دہلی میں آموں کے بیچنے والے آموں کو کہتے ہیں۔

کِرانی (انگ - مذکر) ۱ عیسائی۔ وہ دیسی جو عیسائی ہو گیا ہو ۲ انگریزی دفتر کا کلرک۔ (کرسچن کا مخرب ہے) **کرانی اردو** (مذکر) وہ اردو جو عیسائی یا انگریز بولتے ہیں۔ **کرانی خانہ** (مذکر) انگریزی دفتر۔

کَراو (ہ - مذکر) ۱ ہندوؤں میں بیوہ کی شادی جو عموماً جیٹھ یا دیور کے ساتھ ہوتی ہے۔ یہ رسم جاٹوں اہیروں یا گوجروں میں ہے ۲ رنڈی بازی ۳ آشنا کر انا سے) **کراؤ کرنا** (متعدی) ۱ رانڈ سے بیاہ کرنا۔ بیوہ کو گھر میں ڈال لینا ۲ رانڈ کا کسی مرد سے شادی کر لینا کسی کے گھر میں پڑ جانا۔

کِراو (ہ - مذکر) ایک قسم کا مٹر۔

کراہ (ہ - امر) ۱ کراہنا کا ۲ (مذکر) آواز جو تکلیف یا درد کی وجہ سے نکلے (س کلش درد ہونا) **کراہا کرنا**۔ **کراہنا** (متعدی) دردناک آواز نکالنا۔ آہ آہ یا ہائے ہائے کرنا۔

کراہَت (ع - مونث) نفرت۔ گھن۔ بیزاری (کرہ۔ نفرت کرنا) **کراہتاً** (ف) کراہت سے۔ **کراہیَت** (مونث) کراہت۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **کراہیت سے دیکھنا** (متعدی) نفرت کی نگاہ ڈالنا۔ نفرت کرنا۔

کِرائے (ع - مذکر) ۱ کرایہ کی جمع ۲ بجائے کرایہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کرائے پر چڑھ جانا** (لازم) کسی کا مکان وغیرہ کرائے پر لیا جانا۔ **کرائے پر چلانا** (متعدی) ۱ مکان یا کوئی چیز بھاڑے پر دینا ۲ عورت کی خرچی کھانا **کرائے پر چلنا** (لازم) اجرت پر استعمال کے لئے دیا جانا **کرائے پر دینا** (متعدی) مکان وغیرہ اجرت پر استعمال کے لئے دینا۔ **کرائے پر لگ جانا** (لازم) کرائے پر چڑھ جانا۔ **کرائے پر لینا** (متعدی) مکان وغیرہ اجرت دے کر استعمال کے لئے لینا۔ **کرائے چڑھنا** (لازم) کرایوں کا زیادہ ہو جانا۔ **کرائے دار** (مذکر) کرایہ دار۔ **کرائے دار اترنا** (لازم) دیکھو کرایہ دار اترنا۔ **کرائے دینا** (متعدی) دیکھو کرائے پر دینا۔ **کرائے کا ٹٹو** (صفت) وہ جس پر عارضی قبضہ ہو۔ اور اسے بری طرح استعمال کیا جائے۔ **کرائے کو لینا** (متعدی) اجرت دے کر کوئی چیز استعمال کے لئے لینا۔ **کرائے کی گاڑی** (مونث) وہ گاڑی جو کرائے پر چلتی ہے **کرائے لینا** (متعدی) دیکھو کرائے پر لینا۔

مثل۔ کرائے کا ٹٹو لگ گیا مدّو۔ پیسہ بھی خرچا تکلیف بھی اٹھائی۔

کرائیسٹ (انگ - مذکر) حضرت عیسےٰ۔

کرایچا (ہ - مذکر) اندر جو۔

کرائیل (ھ - مذکر) ۱ دھوپ - ۲ لاکھ ۔ ۳ (مونث) کرائی -

کِرایَہ (ع - مذکر) ۱ مکان وغیرہ میں رہنے کی اجرت ۲ گاڑی وغیرہ استعمال کرنے کی اجرت بھاڑا ۳ کسی چیز کے استعمال کرنے کا معاوضہ ۴ مزدوری (کڑ ذ - اجرت پر دینا مکان جانور وغیرہ) **کرایہ ادا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) اجرت مالک کی دی جانا **کرایہ اگاہنا** (لازم) اجرت وصول کرنا - **کرایہ چڑھ جانا** (لازم) کئی مہینے کا کرایہ کرایہ دار کے ذمہ ہو جانا - کرایہ ادا نہ ہونا - **کرایہ دار** (صفت) وہ جو کرائے کے مکان میں رہے - **کرایہ دار اترنا** (متعدی) ۱ کسی مکان میں کرایہ دار کا رہنا ۲ رنڈی کا حاملہ ہونا - **کرایہ دہندہ** (صفت) وہ جو کرائے پر دے - **کرایہ دینا** (متعدی) کرایہ مالک کو ادا کرنا - **کرایہ کرنا** (متعدی) ۱ بھاڑا ٹھہرانا ۲ بھاڑے پر لینا - **کرایہ لینا** (متعدی) ۱ کرایہ وصول کرنا ۲ کرائے پر لینا - **کرایہ وصول کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کرایہ دار سے کرایہ لیا جانا -

کَرائی (ھ - مونث) سفید مٹر کی پھلی -

کَرْب (ع - مذکر) ۱ رنج - غم ۲ درد - تکلیف (کَرْب - زور سے دبانا) **کرب و بلا** (مونث) رنج و مصیبت - کربلا اس کا مخفف ہے -

کَرْبا (ھ - مذکر) ایک قسم کی بھیڑ یا بکری جس کے بدن پر بہت اون یا بال ہوتے ہیں -

کُرْبَت (ع - مونث) دیکھو کرب -

کَرْبرا (ھ) **کَرْبڑا** (ہ - صفت) سیاہ و سفید خاص - کربڑی ڈاڑھی (مونث) وہ داڑھی جس میں سفید و سیاہ بال ہوں -

کَرْبَلا (ع - مونث) ۱ کرب و بلا کا مخفف ہے - عراق عرب میں ایک مقام جہاں حضرت امام حسین ؓ اور ان کے ہمراہیوں نے شہادت پائی تھی ۲ وہ مقام جہاں بہت سے شہید دفن ہوں ۳ وہ مقام جہاں پانی نہ ملے ۴ کمی - قحط - **کربلائی** (صفت) کربلا کی - کربلا سے منسوب - **کربلائے معلّیٰ** (مونث) تعظیماً کربلا کو کہتے ہیں -

کَرْبی (ہ - مونث) جوار یا باجرے کا ڈنٹھل جسے کتر کر مویشی کو کھلاتے ہیں -

کِرپا (ہ - مذکر) مہربانی - شفقت - عنایت (رکھنا کرنا ہونا کے ساتھ) (س کرپا)

کَرْپاس (س - مذکر) لباس جو روئی سے بنایا جائے - روئی کا کپڑا - روئی - **کرپاسی** (مذکر) کپاس کا پودہ -

کِرپال (ھ - صفت) رحم دل - رحیم -

کِرپان (ہ - مونث) ۱ تلوار ۲ وہ چھری جس سے قربانی یا بھینٹ کی جائے -

کُرْپُز (ف - صفت) مکار - حیلہ گر - **کرپزی** (مونث) مکاری - حیلہ گری -

کَرپور (س - مذکر) - کافور

کَرّات (ع - مونث) کرّات کی جمع - ۱ باری - نوبت ۲ ایک حملہ ۳ (تف) ایک دفعہ -

کِرِت (س - اسم فاعل) ۱ کیا ہوا - تکمیل کیا ہوا - ختم کیا ہوا ۲ تیار کیا ہوا ۳ تصنیف کیا ہوا ۴ مکمل - اچھی طرح کیا ہوا ۵ مناسب موزوں ۶ (تف) بالکل (کیا ہوا) پوری طرح (تکمیل کیا ہوا) ۷ (مذکر) چار یگوں میں سے پہلا یگ - جسے ست یگ بھی کہتے ہیں - یہ ۱۷ لاکھ ۲۸ ہزار سال کا تھا ۸ (مونث) نتیجہ - انجام - **کرتا** (س) **کرتار** (صفت) ۱ کرنے والا ۲ بنانے والا - خالق - مصنف ۳ مزدور ۴ مقدمے کا ایک فریق ۵ مالک - سردار ۶ خاوند ۷ (صرف و نحو) فاعل - **کرتا دھرتا** (مذکر) خاندان کا وہ شخص جو منتظم ہو -

کَرتَب (ہ - مذکر) ۱ کام - ہنر ۲ عیاری - مکاری ۳ شعبدہ بازی ۴ سپہ گری کا کام ۵ کمال - عجیب و غریب کام ۶ سواری کا کام ۷ (ریاضی) مسئلہ (س کر - کرنا) **کرتب بدیا** (مونث) وہ علم جو تجربات سے حاصل ہو - علم طبیعات - **کرتب کھانا** (م) دیکھنا (متعدی) کام - ہنر یا سپہ گری کا ہنر ملاحظہ کرنا -

مثل - کرتب (ن) ... ہے - ہر کام مشق سے ہوتا ہے -

کِرِتْرِم (س - صفت) ۱ قدرتی کا عکس ۲ نقلی - جعلی - بنایا ہوا ۳ متبنیٰ -

کِرتری (س - مذکر) بنانے والا - کرتا -

کَرتیری (س - مونث) قینچی - پتے کاٹنے کی قینچی -

کَرتَن (س - مذکر) ۱ کاٹنا ۲ کاٹ تراش ۳ ٹکڑا - کترن - **کرتنی** (مونث) قینچی -

کِرتَن (ھ - مذکر) خوشی سے ناچنا - اچھلنا - کودنا -

کَرتُو (س - مذکر) ۱ طاقت - قوت ۲ قابلیت - لیاقت ۳ بھینٹ - قربانی ۴ ارادہ ۵ خواہش - آرزو -

کَرتُوت (ہ - مذکر) ۱ فعل - کام ۲ برا کام - ناشائستہ حرکت ۳ طنزاً ناموری یا شہرت کا کام ۴ (ھ - مونث) کاروبار ۵ فرض ۶ چلن - رویہ ۷ چال - چالاکی کا کام (کرنا ہونا کے ساتھ) - (س کر - کرنا) **کرتوتی** (ھ - مونث) کرتوت -

کُرتہ (ف - مذکر) ۱ پہننے کا ایک کپڑا - جس میں سر پر سے پہننے کے لئے ایک رستہ ہوتا ہے اور بازوؤں کے آگے کف نہیں ہوتے - یہ چھاتی پیٹ اور پیٹھ کو ڈھکتا ہے (پہنانا پہننا - سلانا - سینا وغیرہ کے ساتھ) **کُرتی** (مونث) ۱ عورتوں کا کرتا ۲ فوجی وردی کی جاکٹ ۳ بانات کی چھوٹی قمیص جو کہار پہنتے ہیں -

کُرتھی (ہ - مونث) ایک قسم کا اناج -

کَرتی (ھ - مونث) بچھڑے کا چمڑا - جس میں بھس بھر کر اس گائے کے پاس رکھ دیتے ہیں جس کا بچھڑا مر گیا ہو - مصنوعی بچھڑا -

کِرتی (س - صفت) ۱ چالاک - ہوشیار ۲ ماہر - استاد ۳ عقلمند - دانا ۴ عالم - ودیادان ۵ کامیاب ۶ قانع - صابر - **کرتیا** (مونث) فعل کام ۲ جادو - سحر ۳ ٹونا - ٹوٹکا ۴ دیا ۵ ایک دیوی جسے جادو کے لئے بھینٹ دی جاتی ہے -

کِرتیا (ھ - مذکر) ۱ رقاص - ناچنے والا ۲ گویا لڑکا -

کَرٹک (ھ - مذکر) ۱ کوا ۲ بیت اپنشد میں ایک کوے کا نام -

کَرجُگ (ہ - مذکر) زمانہ حال کام کرنے کا زمانہ -

کِرچ (ہ - مونث) سیدھی لمبی تلوار -

کِرچ (ہ - مونث) ذرہ - ریزہ - پارہ ٹکڑا (س کرتر) **کرچیں کرچیں کر دینا یا کرنا** (متعدی) **ہو جانا یا ہونا** (لازم) ریزہ ریزہ ہو جانا -

کِرچھ (ھ - مذکر) ۱ وہ شخص جس ...

مصیبت ہو۔ ۲ وہ شخص جسے تکلیف ہو۔ ۳ مشکل - تکلیف۔ ۴ محنت - مشقت۔ ۵ درد۔ تکلیف۔ ۶ ریاضت - تپسیہ - نفس کشی۔ ۷ (صفت) ۱ تکلیف دہ - ضرر رساں۔ ۲ خطرناک۔ ۳ دکھی - بدبخت - خراب خستہ۔ ۴ برا - خراب - شریر -

کرچھا (ہ - مذکر) لوہے کا ایک ڈنڈی دار ظرف جس میں گھی وغیرہ ڈالتے ہیں (س کرنشک)

کرچھی (مونث) ۱ چھوٹا کرچھا۔ ۲ کفگیر - پونی۔ ۳ (ھ) دھاگے کی لچھی یا پیچک۔ ۴ گھونگر بالوں کا لٹ - مٹھا -

مثل - کرچھی ہاتھ سیلانے ہی کو کرتے ہیں - کرچھی کا استعمال ہاتھوں کو بچانے کے لئے ہوتا ہے - انسان کوئی کام اپنے فائدے کے لئے ہی کرتا ہے -

کرچھال (ہ - مونث) چھلانگ - زقند (بھرنا کے ساتھ)

کرچھل (ہ - مونث) ۱ کرچھی۔ ۲ نرم لوہے کی تلوار (عف) **کرچھلی** (مونث) کرچھل (عف)

کرچھنی (ھ - مونث) کرچھی -

کرخت (ف - صفت) کڑا - سخت

کرخت آواز (مونث) درشت - کڑی یا ناگوار آواز - **کرختگی** (مونث) کڑاپن - **کرختی** (مونث) کڑاپن -

کرد (س - مذکر) ۱ کیچڑ - دلدل۔ ۲ چکنی مٹی -

کرد (ف - ماضی) کردن کی - کیا - **کردنی** (صفت) ۱ کرنے کے لائق۔ ۲ (مونث) اعمال - **کردہ** (صفت) آزمودہ - عمل میں لایا ہوا

امثال - کردنی خویش آمدنی پیش (نہ کی ہو تو کر دیکھ) برے کام کا نتیجہ برا ہوتا ہے - **کردہ پشیمان دنا کردہ ارمان** - اس فعل کے متعلق کہتے ہیں جس کا کرنیوالا پچھتائے اور نہ کرنیوالا تمنا کرے -

کرد (ع - مذکر) ایک قوم جو کوہستان میں آباد ہے - ان کی تعداد ۲۰ اور ۳۰ لاکھ کے درمیان ہے - ایرانی نسل سے ہیں -

کردا (ھ - مذکر) ۱ تبادلہ - لین دین - خرید فروخت۔ ۲ کٹوتی - منہائی۔ ۳ قیمت کا فرق جو پرانی اور نئی چیز کے درمیان نکال کر ادا کیا جائے۔ ۴ اناج وغیرہ کے کوڑا کرکٹ کا فرق جو وزن میں کم کیا جائے -

کردار (ف - مونث) ۱ روش - طور - طریق - طرز۔ ۲ شغل - کام - دھندا - عمل۔ ۳ قاعدہ۔ ۴ چلن - رویہ۔ ۵ مرکبات میں جیسے بدکردار (کردن - کرنا)۔

کردگار (ف - مذکر) خدا تعالے

کڑکڑ (ھ - مونث) کسی چیز کے چٹخنے کی آواز -

کرس (ف - مذکر) ۱ بدن کا میل۔ ۲ گوبر -

کرسالے (ھ - مذکر) سیاہ ہرن -

کرست (ھ - مذکر) ایک قسم کی موٹی کھانڈ -

کرستان - کرشتان (انگ - مذکر) عیسائی خصوصاً جو عیسائی ہو جائے (کرنا ہونا کے ساتھ) (کرسچین کا مخرب)۔

کرسچین (انگ - مذکر) (عیسائی)

کرسف - کرسوف (ع - مذکر) ۱ دوات کا سفوف۔ ۲ جعفی کا کپڑا -

کرسمس (انگ - مذکر) ایک تہوار جو حضرت عیسے کی پیدائش کے دن ۲۵ دسمبر کو منایا جاتا ہے - بڑا دن -

کرسی (ھ - مونث) ۱ گوبر۔ ۲ اپلوں کے ٹکڑے اور چورا -

کرسی (ع - مونث) ۱ لکڑی لوہے وغیرہ کی ایک چیز جس پر بیٹھتے ہیں اس کے چار پائے دو بازو اور پشت ہوتی ہے - بعض قسموں میں بازو نہیں ہوتے - بیٹھنے کی جگہ - بیت وغیرہ سے بنی ہوئی ہوتی ہے - اچھی قسموں میں گدے لگے ہوتے ہیں - مثلاً چھوٹا تخت جس پر بیٹھتے ہیں۔ ۲ خدا تعالے کے رہنے کی جگہ - اس کی قدرت و تدبیر۔ ۳ مکان یا عمارت کی تہ کی اونچائی زمین سے۔ ۴ بلندی جو صحن مکان سے زیادہ ہو۔ ۵ زینہ - درجہ۔ ۶ حرفوں کے دائروں کی موزونی اور انکا ایک دوسرے کے برابر ہونا۔ ۷ پیڑھی پشت خاندان۔ ۸ آٹھواں آسمان۔ ۹ بیچ کے بیٹھنے کی جگہ۔ ۱۰ ستون کا نیچے کا حصہ۔ ۱۱ ایک مقام لکھنؤ کے قریب جہاں کے باشندے بیوقوف سمجھے جاتے ہیں - **کرسی دینا** (متعدی) ۱ بیٹھنے کے لئے سندلی دینا۔ ۲ عزت کرنا۔ ۳ عمارت کو سطح زمین سے بلند کرکے بنانا -

کرسی زر (مونث) ۱ آفتاب۔ ۲ بادشاہوں کے بیٹھنے کی کرسی - **کرسی کا احمق** (صفت) بہت بیوقوف دیکھو کرسی ۱۱ - **کرسی کا ہے** - بیوقوف ہے - **کرسی نامہ** (مذکر) شجرہ نسب - نسب نامہ -

کرسی نشین (مذکر) ۱ وہ شخص جسے افسر بملاقات کے وقت بیٹھنے کے لئے کرسی عطا کریں۔ ۲ (صفت) کرسی پر بیٹھنے والا۔ ۳ ذہن نشین۔ ۴ کامیابی یا مرتبہ حاصل کرنے والا - **کرسی نشین ہونا** (لازم) ۱ منظوری کے درجے کو پہنچنا۔ ۲ دربار میں کرسی پانا۔ ۳ ٹھیک بیٹھ جانا - درست ہو جانا -

کرش (س - مذکر) ۱ کشش - کھینچ کساؤ - قبض - **کرشان - کرشک - کرشی** (مذکر) کسان - کاشتکار۔

کرش (س - صفت) ۱ دبلا۔ ۲ پتلا - لاغر۔ ۳ کمزور - ضعیف۔ ۴ چھوٹا - تھوڑا۔ ۵ (مذکر) دبلا جانور -

کرشا (ھ - مذکر) ۱ دشمنی - عداوت۔ ۲ غصہ۔ ۳ رشک - حسد -

کرشمہ (ف - مذکر) ۱ آنکھ یا ابرو کا اشارہ - آنکھ مارنا۔ ۲ ناز و نخرہ۔ ۳ شعبدہ - عجیب یا انوکھی بات۔ ۴ نشان یا علامت۔ ۵ قدرت معجزہ۔ ۶ چال - حرکت -

کرشن (س - صفت) ۱ سیاہ - تاریک۔ ۲ نیلگوں - سیاہ۔ ۳ (مذکر) سیاہ رنگ۔ ۴ نیل گائے۔ ۵ کالی مرچ۔ ۶ چینے کا تاریک حصہ - بدی۔ ۷ کئی پودوں کا نام۔ ۸ کوئل۔ ۹ کوا۔ ۱۰ کل مگ۔ ۱۱ ایک جانور جو سوار کھاتا ہے۔ ۱۲ وشن جی کا آٹھواں اوتار - آپ یادو نسل سے واسدیو اور دیوکی کے فرزند ارجمند تھے ان کے ماموں کنس کو جو متھرا کا راجہ تھا نجومیوں نے بتایا تھا کہ وہ دیوکی کے بیٹے کے ہاتھ سے قتل ہوگا اس لئے اس نے دیوکی اور اس کے خاوند کو قید کر دیا اور یکے بعد دیگرے دیوکی کے چھ بیٹے مروا دیئے - ساتویں بلرام اور آٹھویں کرشن جی تھے - ان کی پیدائش پر واسدیو ان کو لے کر فرار ہوگیا - اور ایک گڈریئے نندا نامی کے پاس پناہ لی - نند کے یہاں ان دنوں ایک بچہ پیدا ہوا تھا - اسے واسدیو نے دیوکی کے پاس

بھیجدیا۔ کنس نے اسے مروا دیا۔ نندا کرشن جی کو لےکر گوکل میں آباد ہوا۔ اور اس کے بعد بندرا بن کو چلا گیا۔ یہاں کرشن جی نے گوپیوں کے ہمراہ پرورش پائی۔ جوان ہو کر انہوں نے کنس کو قتل کیا۔ پھر گجرات کو چلے گئے۔ جہاں دوارکا کا شہر آباد کیا اور رکمنی سے شادی کی۔ ان کی کئی ہزار بیویاں بیان ہوتی ہیں۔ مہابھارت کی جنگ میں یہ پانڈووں کے طرفدار تھے۔ مگر ان کی فوج کوروؤں کی طرف سے لڑی تھی۔ جب ارجن اس جنگ میں اپنے رشتہ داروں کو قتل کرنے سے ہچکچایا تو آپ نے اسے وہ اپدیش دیا جو بھاگوت گیتا کے نام سے مشہور ہے۔ آخر عمر میں یہ شکار کھیلتے ہوئے اتفاقاً ایک شکاری کے تیر سے ہلاک ہوئے ان کی ہڈیوں کے لئے راجہ اندرمن نے وسوکرم سے جگن ناتھ جی کا بت بنوایا جس کی پوجا پوری میں ابتک ہوتی ہے، **کرشنا** (مونث) ۱ ایک قسم کی جونک ۲ ایک کیڑا ۳ کئی پودوں کا نام ۴ انگور ۵ دروپتی کا لقب ۶ درگاجی کا لقب۔

کرشنی (ھ۔ مونث) ۱ ایک حلقہ دار اوزار ۲ مچھلی پکڑنے کا کانٹا ۳ بل سیرا۔ کانٹا ۴ درانتی۔

کرشنی (س۔ مونث) ۱ گھوڑے کا دہانہ ۲ ایک بیل جو دواؤں میں استعمال ہوتی ہے

کرفست (ف۔ مذکر) ۱ گوبر ۔ پاخانہ ۲ گندا شخص۔ وہ شخص جو اپنے آپ کو صاف نہ کرے یا گندگی سے نہ بچے۔

کرک (ہ۔ مونث) ۱ ٹیس۔ درد ۲ بیماری۔ کرکنا (لازم) ٹیس اٹھنا۔ درد کرنا۔

کرک (ھ۔ مذکر) سادھو یا طالب علم کی گڈری۔

کرک (س۔ مذکر) ۱ کیکڑا ۲ برج سرطان ۳ سفید گھوڑا۔

کرک (ف۔ مذکر) ۱ کیکڑا ۲ آنکھ کی پتلی ۳ مرغی ۴ ایک قسم کا تیتر۔

کرکا (ھ۔ مذکر) اولے ۲ پتھر۔

کرکانا (ھ۔ متعدی) ۱ توڑنا۔ شکستہ کرنا ۲ جھکانا۔ دوہرا کرنا۔ زور ڈالنا۔

کرکٹ (ہ۔ مونث) کوڑا گھاس پھوس۔ اردو میں کوڑا کرکٹ کی ترکیب سے مستعمل ہے۔

کرکٹ (انگ۔ مذکر) ایک کھیل جسے گیند اور بلے کے ساتھ کھیلتے ہیں۔ دونوں طرف تین تین وکٹیں بائیس گز کے فاصلے پر گڑی ہوتی ہیں۔ دونوں طرف دو کھیلنے والے ہوتے ہیں اور گیارہ آدمی فیلڈ کرنے والے ہوتے ہیں۔ ان میں سے ایک گیند پھینکتا ہے (کھلانا کھیلنا۔ ہونا کے ساتھ) **کرکٹ بال** (مذکر) کرکٹ کھیلنے کی گیند۔ **کرکٹ فیلڈ** (مذکر) وہ میدان جس میں کرکٹ کھیلا جاتا ہے۔ **کرکٹ میچ** (مذکر) دو فریق کے درمیان کرکٹ کے کھیل کا مقابلہ۔

کرکٹی (ھ۔ مونث) مٹی کا ذرہ جو آنکھ میں پڑ جائے۔

کرکچ (ہ۔ مذکر) ۱ بحری نمک ۲ دانت پیسنا۔

کرکر (ہ۔ مونث) آواز جو ریت یا کنکر ملی ہوئی چیز کے دانتوں میں پیسنے سے پیدا ہوتی ہے (آوازے) **کرکرا** (صفت) ۱ ریت ملا ہوا ۔ کنکر ملا ہوا ۲ ناقص ۔ **کرکراپن** (مذکر) ۱ کرکرا ہونے کی حالت ۲ کرکرا ہونا۔ **کرکراہٹ** (مونث) ۱ کرکراپن ۲ دانت کے نیچے ریت یا کنکر کی آواز۔ **کرکرا کر دینا** (متعدی)، **ہو جانا** (لازم) خراب ہو جانا ۔ بگڑ جانا (لطف ۔ مزا۔ عیش وغیرہ) **کرکرانا** (لازم) چبانے میں کرکر کی آواز دینا۔ **کرکری** (صفت) ۱ ریت یا کنکر ملی ہوئی ۲ (مونث) ذلت۔ خواری ہیٹی (ہونا کے ساتھ) ۳ ایک قسم کا ریشمی زرتار کپڑا۔

کرکری تاش۔ دیکھو کرکری ۳ **کرکری خانہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں امیروں کا پرانا اسباب رہتا ہے۔

کرکرا (ھ صفت) ۱ سخت ۔ کڑا ۲ ظالم ۔ نامہربان ۳ کرارا ۴ خشک ۵ نقلی جعلی جھوٹا ۶ (مذکر) نقلی سکہ ۷ ایک قسم کا کلنگ ۔ **کرکرانا** (لازم) ۱ مرغی کا کٹ کٹ کرنا ۲ چوہے کے کترنے کی سی آواز پیدا کرنا ۳ چٹخنا۔ کڑکنا ۔ **کرکراہٹ** (مونث) ۱ چٹخنا ۔ پھوٹنا ۔ ٹوٹنا ۲ چرچرانا ۔ چوں چوں کرنا ۳ رگڑ۔

کرکرا (ہ ۔ صفت) گھی یا تیل میں بھنی ہوئی خستہ چیز ۔ **کرکرانا** (لازم) کرکری چیز کھا کر آواز نکالنا ۲ چوہے کی طرح آواز نکالنا۔ **کرکراہٹ** (مونث) دانت سے سخت چیز چبانے کی آواز۔

کرکرہ (ھ۔ مذکر) قہقہہ۔

کرکری (ہ۔ مونث) ۱ پیچش۔ مروڑ ۲ دیکھو کرکرا ۳ ایک مرض جس میں گھوڑے کا پیشاب بند ہو جاتا ہے (س کر) **کرکری اٹھنا** (لازم) ۱ پیٹ میں درد ہونا ۲ گھوڑے کا پیشاب بند ہونا ۳ شامت آنا۔ **کرکری ہڈی** (مونث) ملائم اور خستہ ہڈی جو چبائی جا سکے۔

کرکس (ھ) **کرکش** (س۔ صفت) ۱ سخت ۔ کڑا ۲ جوشیلا۔ تند ۳ جھگڑالو۔ لڑاکا ۴ بے رحم ۔ نامہربان ۵ کنجوس ۶ تیز ۔ نوکدار ۷ ناقابلِ مَس ۔ غیر محسوس ۸ لڑاکا یا بےرحم آدمی۔ کرکسا (ھ) **کرکشا** (مونث) جوشیلی یا تند عورت۔ لڑاکا عورت۔

کرکناتھ (ھ۔ مذکر) وہ مرغی جس کی ہڈیاں بھی سیاہ ہوں۔

کرکولنا (ہ۔ متعدی) کسی ٹھوس چیز کو اندر سے خالی کرنا۔

کرکی (ھ۔ مونث) ۱ ایک قسم کا زیور ۲ نتھ کا بلاق۔

کرگ ۔ کرگدن (ف ۔ مذکر) ایک جانور جس کے ماتھے میں سینگ ہوتا ہے گینڈا۔

کرگا (ہ ۔ مذکر) کپڑا بننے کا اڈا یا کارخانہ ۔ کھڈی (پ)

امثال واقوال۔ کرگا بیچ جلاہا سوہے ہل پر سوہے ہالی۔ پھوجاں بیچ سپاہی سوہے باگن سوہے مالی۔ ہر چیز اپنے موقع پر اچھی معلوم ہوتی ہے۔ جولاہا کرگا میں ہالی ہل کے ساتھ سپاہی فوج میں اور مالی باغ میں **کرگا چھوڑ تماشے جائے ناحق چوٹ جلاہا کھائے۔** کرگا چھوڑ جلاہا جائے ناحق چوٹ بچارہ کھائے ۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو اپنا کام چھوڑ کر دوسروں کے کاموں میں دخل دے۔

کرگس (ف ۔ مذکر) گدھ

کرگہ (ف ۔ مذکر) دیکھو کرگا۔ **کرگہی** (مونث) ایک محصول جو جلاہوں پر لگایا جاتا تھا۔

کرلگوا (ھ ۔ صفت) ۱ زن مرید ۲ (مذکر) زن مرید خاوند۔

کرم (ع ۔ مذکر) ۱ فیاضی ۔ سخاوت ۔ جود ۲ جوانمردی ۔ ہمت ۳ شرافت ۔ خوبی ۔ نجابت ۴

مہربانی۔عنایت ۵ معافی ۶ خلق۔تواضع۔ملنساری ۷ (کَرَم ۔ فیاض ہونا) کرم بخش (صفت) ۱ سخی۔فیاض ۲ مہربان۔شفیق ۳ (مذکر) مسلمانوں میں ایک نام۔ کرم بخشی (مونث) مہربانی۔عنایت۔کرم پرور (صفت) مہربانی یا عنایت کرنے والا۔دوست۔ کرم پیشہ (صفت) جوانمرد۔کرم شعار (صفت) ۱ فیاض۔سخی ۲ نیک خصلت۔کرم فرما (صفت) ۱ مہربانی کرنے والا۔عنایت کرنے والا۔ ۲ تشریف لانے والا۔کرم فرمانا (متعدی) تشریف لانا۔ مہربانی کرنا۔کرم کرنا (متعدی) ۱ مہربانی کرنا ۲ تشریف لانا ۳ فضل کرنا۔رحم کرنا۔کرم گستر (صفت) دیکھو کرم پرور۔

کرم (ع ۔ ماضی) مہربانی۔بزرگی۔ سخاوت۔

کَرَم (ف ۔ مذکر) بندگوبھی۔کرم کا ساگ (مذکر) ایک قسم کا ساگ۔کرم کلّا (مذکر) بندگوبھی۔کرم کی بھاجی (مونث) ایک قسم کا ساگ۔

کَرَم (س ۔ مذکر) کَرَم (ھ) ۱ کام۔ فعل ۲ پیشہ۔نوکری۔عہدہ ۳ فرض ۴ چال چلن ۵ مذہبی رسم ۶ ذات کے فرائض ۷ (صرف ونحو) مفعول ۸ قسمت۔نصیبا۔کرم پھوٹ جانا۔پھوٹنا (لازم) بدبختی آنا۔نحوست آنا۔کرم پھوڑ (صفت) بدقسمت۔بد اقبال۔کرم ٹھوکنا (متعدی) اپنے مقسوم کو برا کہنا۔کرم جاگنا (لازم) نصیبا کھلنا۔ قسمت جاگنا۔کرم سینک (مذکر) ۱ حقہ ۲ کم گھی کے پکے ہوئے سخت پراٹھے (ہندو) کرم سینکہ (مذکر) وہ حقہ جس کی نے پیشانی تک ہو ظریف استعمال کرتے ہیں۔ کرم کا بلیا (صفت) بدنصیب۔بدقسمت۔کرم کا لکھا (مذکر) تقدیر کا نوشتہ۔وہ بات جو ہونیوالی ہو۔ کرم ہیں (صفت) بدقسمت۔

امثال واقوال۔کرم ریکھ امٹ ہے۔تقدیر کا لکھا نہیں مٹتا۔کرم ریکھ نہ مٹے کرو کوئی لاکھوں چترائی۔چاہے کتنی کوشش کرو جو قسمت میں لکھا ہے وہ ضرور ہوگا۔ کرم کے بلیا پکائی کھیر ہوگیا دلیا۔بدقسمت آدمی کے اچھے کام بھی خراب ہو جاتے ہیں۔کرم ہیں جب ہوت ہیں سبھی ہوت ہیں بام چھان جان کے بیٹھت ہیں تہاں ہوت ہیں گھام۔جب بدقسمتی کا زمانہ آتا ہے۔ہر کام الٹا ہو جاتا ہے۔جب بدقسمت آدمی سائے میں بیٹھتا ہے تو وہاں دھوپ آجاتی ہے۔کرم ہیں کھیتی کرے بیل مریں یا سوکھا پڑے۔اگر بدقسمت آدمی کھیتی کرے تو بیل مر جاتے ہیں یا خشک سالی ہو جاتی ہے۔کرم ہیں سا گیے جہاں رتن کا ڈھیر کر چھوت گھونگا بھئے یہی کرم کا پھیر۔بدقسمت آدمی سمندر میں جاتا ہے جہاں موتیوں کا ڈھیر ہوتا ہے۔اور جب وہ اسے چھوتا ہے وہ گھونگا بن جاتا ہے۔یہ قسمت کا پھیر ہے۔

کَرَم (س ۔ مذکر) ۱ قدم ۲ پاؤں ۳ درجہ ۴ جانا۔روانگی ۵ گھات ۶ چھلانگ ۷ باقاعدہ یلبے روک ترقی ۸ سلسلہ۔ترتیب۔باقاعدہ انتظام ۹ طریقہ۔طرز ۱۰ ارادہ۔قصد۔مہم۔کارِ عظیم ۱۱ طاقت قوت ۱۲ پوترا گیہ۔مقدس حکم ۱۳ رسم۔رواج ۱۴ کھانا خوراک ۱۵ انسل ۱۶ ویدوں کا پڑھنا ایک خاص طریقے پر۔ کرم کرم۔کرم کرم سے کرمے کرمے (تف) رفتہ رفتہ۔تھوڑا تھوڑا کرکے۔اس اثنا میں کرم کرکے (تف) رفتہ رفتہ۔قاعدے سے۔

کِرم (ف ۔ مذکر) کیڑا۔کرم پیلہ (مذکر) ریشم کا کیڑا۔کرم خوردہ (صفت) کیڑا لگا ہوا۔ کرم شب افروز تاب یا چراغ (مذکر) جگنو کِرمک (مذکر) کرم کی تصغیر۔کرمکِ شب تاب (مذکر) جگنو۔کرمانی (صفت) کیڑا لگا ہوا۔کیڑے کی طرح۔

کِرِم (س ۔ مذکر) ۱ کیڑا ۲ ایک بیماری جس میں پاخانے میں کیڑے نکلتے ہیں ۳ لاکھ جو کیڑے بناتے ہیں۔

کُرَمَت (ھ ۔ مذکر) حرف او کا نام یا اس کا نشان۔

کُرمُر (ھ ۔ مونث) کُرکری۔پانی چلنے کی سی آواز۔

کَرمِشٹھ (س ۔ صفت) بہت چالاک ہشیار۔محنتی۔

کُرم کُرم (ہ ۔ مونث) بُھربُھری یا کُرکری چیز کے چبانے کی آواز۔

کَرمُل (ہ ۔ مذکر) کانوں کے نیچے کا ورم۔

کَرم مور (ہ ۔ مذکر) ایک قسم کا سفید کلغی والا چکور۔

کَرمیوہ (ھ ۔ مذکر) ایک ترکاری۔

کَرَن (س ۔ مذکر) ۱ کرنا۔بنانا ۲ جرم کرنا ۳ پیدا کرنا۔مکمل کرنا ۴ فعل۔کام ۵ پیشہ۔ کاروبار ۶ کام کا ذریعہ یا باعث ۷ طریقہ ۸ وجہ۔ سبب ۹ وقت کا ایک ماپ جو ۱۱ ہیں، حرکت کرنے والے۔۷ ساکن اور دو مل کر قمری دن بناتے ہیں ۱۰ اسم آلہ ۱۱ بیٹھنے کا ایک آسن ۱۲ جماع کا ایک آسن ۱۳ دل ضمیر ۱۴ بولنے یا محسوس کرنے کا عضو ۱۵ تحریر۔وثیقہ۔اقرار نامہ۔

کَرَن (س ۔ مذکر) کَرَن (ھ) ۱ مذکر کان ۲ برتن کا دستہ ۳ جہاز کا پتوار ۴ فیتے کے چھوٹے ٹکڑے جو ٹوپی میں لگاتے ہیں ۵ (عروض) دو رکن کا ایک وزن ۶ (ہندسہ) قائمے کے مقابل کا ضلع۔ وتر ۷ خط قاطع ۸ الماس۔کرن پھول (ہ ۔ مذکر) کان کا ایک زیور جو گنبد نما ہوتا ہے اور اس کے نیچے موتی لٹکتے ہیں۔

کِرَن (س ۔ مذکر) ہاتھ یا سونڈ والا ''ہاتھی''۔

کِرَن (ہ ۔ مونث) ۱ روشنی کی شعاع جو آفتاب چاند ستاروں اور چراغ سے نکلتی ہے ۲ سنہری پھندنا ۳ گوٹے کا ریزہ جو دوپٹوں کے آنچلوں یا ٹوپیوں پر لگاتے ہیں ۴ سنہری تار جو قبضہ شمشیر کے کنارے اور جوتی کے حاشیہ پر لگاتے ہیں (س کِرَن) کرن پھوٹنا (لازم) سورج یا چاند وغیرہ سے کرن کا نکلنا۔کرن نکلنا (متعدی) کرن کا ظاہر ہونا۔

کَرنا (ف ۔ مذکر) نفیری۔بگل۔شعرا نے بہ تشدید دوم بھی باندھا ہے۔

کَرنا (ھ ۔ مذکر) ایک قسم کی گلگل۔

کَرُنا (س ۔ مونث) ۱ رحم۔ترحم ۲ مہربانی۔شفقت۔عنایت۔

کَرنَب (ف ۔ مذکر) بندگوبھی۔کرنبا (مذکر) ایک کھانا جس میں بندگوبھی ڈالی جاتی ہے۔

کَرنٹا (انگ ۔ مذکر) کرانی کی تصغیر۔ تحقیراً استعمال ہوتا ہے۔

کَرَنج۔کَرَنجا۔کَرَنجو (ھ) کَرَنجوا (ہ ۔ مذکر) کَرَنجیہ (ھ) ۱ ایک درخت ۲ اس کا پھل

جو خاکی ہوتا ہے ۳ خاکی رنگ ۴ ایک قسم کی آتشبازی۔
کرنجا (ہ۔ صفت) نیلی آنکھ والا۔
کرنجی آنکھ (ہ۔ مونث) نیلی آنکھ۔
کرنجوئی (ہ۔ مونث) خاکی رنگ جو کرنجوے سے نکالتے ہیں۔
کرندن (س۔ مذکر) رونا۔ چیخنا۔ دہائی دینا (کرنا ہونا کے ساتھ)۔
کرنڈ (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا پتھر جو ریت لاکھ وغیرہ کو ملا کر بناتے ہیں۔ اس پر چاقو استرے وغیرہ تیز کرتے ہیں ۲ استرے تیز کرنے کی پتھری۔
کرنڈی (ہ۔ مونث) ۱ کچا ریشم۔ کچے ریشم کا کپڑا یا چادر یا لنگی۔
کرنسی (انگ۔ مونث) سکہ۔ چلتا روپیہ۔ سرکاری نوٹ۔ **کرنسی آفس** (مذکر) وہ دفتر جہاں سے سرکاری نوٹ جاری ہوتے یا جہاں وہ واپس دیئے جاتے ہیں۔ **کرنسی نوٹ** (مذکر) سرکاری نوٹ جو بجائے نقدی کے لین دین میں استعمال ہو۔
کرنک (ہ۔ مذکر) ۱ کھوپری ۲ سر ۳ ہڈی یا پسلی ۴ پنجرہ ۵ ناریل کے چھلکے کا پیالہ۔
کرنگ (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا ہرن یا بیل گائے۔
کرنی (س۔ مونث) ۱ کنس کی ماں ۲ ہتھنی ۳ وہ رقم جس کا جذر نہ نکل سکے ۴ (مذکر) تیوار یا تیر ۵ گردن کی ایک طرف۔ کانوں کے پاس کی جگہ ۶ دنیا کے سات بڑے پہاڑوں میں سے ایک۔
کرنی (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو کرکے تحت میں ۲ ایک اوزار جس سے معمار گارا یا چونا پھیلاتے ہیں۔
کرنیل (انگ۔ مذکر) فوج کا ایک افسر جو رجمنٹ کی کمان کرتا ہے۔
کروا (ہ۔ مذکر) ۱ مٹی کا لوٹا۔ بدھنا ۲ چھوٹا گھڑا۔ مٹی کا ٹونٹی دار برتن (س کرک)۔
کروار۔ کروارا۔ کروارہ (ہ۔ مذکر) چپو۔ کروارہ (مذکر) ڈول جو ڈھینکلی کے ساتھ لگاتے ہیں۔

کرواسی (ہ۔ مونث) بسوانسی کا بیسواں حصہ۔
کروانک (ف۔ مذکر) ۱ لکدار ۲ شاہ پسند ۳ سارس۔ کلنگ۔
کروبی (ع۔ مذکر) مقرب فرشتہ (کرب۔ نزدیک آنا۔ پہنچنا) کروبیاں (جمع) وہ فرشتے جو خدا تعالیٰ کی کرسی کے قریب ہیں۔ اور ہر وقت اس کی حمد و ثنا میں مشغول رہتے ہیں۔
کروت (ہ۔ مذکر) ارہ۔
کروت (ہ۔ مونث) فعل۔ کام۔ کرتوت۔
کروٹ (ہ۔ مونث) ۱ پہلو ۲ طرف۔ جانب ۳ ایک پہلو پر لیٹنا ۴ ایک پہلو پر سونے کی حالت ۵ طور۔ ڈھنگ ۶ انقلاب۔ **کروٹ بدلانا** (مم) بدلنا (متعدی) ۱ ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر لیٹ جانا ۲ ایک پہلو سے دوسرے پر لٹا دینا ۳ انقلاب ہونا۔ زمانے کا بدلنا۔ **کروٹ بدلوانا** (مم) دیکھو آخری ۳ **کروٹ بھی نہ لی**۔ ہرگز نہ ماننا۔ توجہ نہ کی۔ **کروٹ پر سونا** (لازم) کسی ایک پہلو پر سونا۔ **کروٹ پھیرنا** (متعدی) **پھرنا** (لازم) ایک پہلو سے دوسرے پہلو کی طرف ہو جانا۔ **کروٹ لوانا** (مم) ایک پہلو سے دوسرے کی طرف لٹانا۔ **کروٹ لینا** (متعدی) ۱ لیٹے ہوئے پہلو بدلنا ۲ منہ پھیرنا ۳ انقلاب ہونا۔ **کروٹ نہ لینا** (متعدی) خبر نہ ہونا۔ سفر سے واپس آنے کا ارادہ نہ کرنا۔ **کروٹوں میں رات کاٹنا** (متعدی) **کٹنا** (لازم) بیقراری میں رات بسر ہونا۔ نیند نہ آنا۔ **کروٹیں بدلنا یا لینا** (متعدی) بیقراری سے بار بار پہلو بدلنا۔ بستر پر بیقرار رہنا۔ بےچینی کی وجہ سے سو نہ سکنا۔
کروچنا (ہ۔ متعدی) کھرچنا۔ **کروچنی** (مونث) کھرچنی۔
کرودھ (س۔ مذکر) غصہ۔ خفگی۔ ناراضگی۔ طیش۔ **کرودھ پانا** (متعدی) غصے کا اثر ہونا۔ **کرودھ کرنا** (متعدی) ناراض ہونا۔ غصہ ہونا۔ **کرودھ میں آنا** (لازم) غصے میں آنا۔
کرودھن (صفت) غصیلا۔ **کرودھنا** (مونث) لڑاکا یا غصیلی عورت۔

کرودھی (صفت) غصے والا۔ ناراض ہونیوالا۔
کروڈ (س۔ مذکر) ۱ چھاتی۔ سینہ ۲ گود ۳ کسی چیز کا اندرونی حصہ۔ **کروڈپتر** (مذکر) ۱ وہ تحریر جو لکھنے سے رہ جائے اور حاشیہ پر لکھی جائے ۲ خط کے اخیر پر نوٹ ۳ تتمہ۔
کرور (س۔ صفت) ۱ مضروب۔ جسے چوٹ لگی ہو ۲ کچا ۳ دکھتا ہوا۔ پردرد ۴ سخت کردار ۵ بیرحم۔ سنگدل ۶ تند۔ تیز ۷ خوفناک۔ ڈراؤنا۔
کرور اپنانا (اردو۔ متعدی) ترجیح دینا۔
کروڑ (ہ۔ عدد) ۱ سو لاکھ ۲ (صفت) بہت سے بے حد۔ بکثرت (س کوٹی) **کروڑا** (ہ) محاصل۔ محصول اکٹھا کرنے والا۔ **کروڑپتی** (صفت) ۱ بہت امیر۔ دولتمند ۲ وہ جس کے پاس ایک کروڑ روپیہ ہو۔ **کروڑ روپے کی بات** (مونث) بیش بہا بات۔ بہت اچھی بات نصیحت کی بات۔ **کروڑ کی ایک** (صفت) نہایت پکی (بات) **کروڑگیری** (دکن۔ مونث) محکمہ چنگی۔ **کروڑوں** (جمع) کروڑ کی۔ **کروڑوں میں ایک** (صفت) لاثانی۔ **کروڑی** (ہ) محاصل۔
کروش (س۔ مذکر) کوس۔
کروکس (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا پودہ اور اس کا پھول۔ یہ موسم بہار کے شروع میں کھلتا ہے۔
کرولنا (ہ۔ متعدی) ۱ کھرچنا ۲ اندر سے نکالنا۔
کروم (انگ۔ مذکر) ایک زرد مادہ جو سیسے سے بنایا جاتا ہے۔
کرومیم (انگ۔ مذکر) ایک دھاتی عنصر جو پانی سے ۶٫۹۲ گنا بھاری ہے۔
کرونا (ہ۔ مذکر) کیڑا۔
کرونا (ہ۔ متعدی) دیکھو کرولنا۔
کرونت (ہ۔ مذکر) ارہ۔
کرونج (ہ۔ مذکر) کرنجوا۔
کرونچ (س۔ مذکر) ایک قسم کا بگلا۔
کروند (س۔ مذکر) ۱ ایک

قسم کی خوشبودار گھاس ۲ کئی پودوں کا نام ۳ یاقوت۔

کَرَونْدا (ہ ۔ مذکر) ایک درخت ۲ اس کا پھل جو کھٹا ہوتا ہے ۳ کان کے پاس کی گلٹی۔

کَروٗنی (ہ ۔ مونث) دودھ گرم کرنے کے بعد جو کھرچن دیگچی کے ساتھ لگی رہتی ہے۔ کھرچن۔

کَرَوہ (ف ۔ مذکر) کوس۔

کُرَوِی (ع ۔ صفت) کرے کی شکل کا گول۔

کَرَہ (ع ۔ مونث) ۱ نفرت کراہت ناپسندیدگی ۲ تکلیف ۔ مصیبت (کَرَہَ ۔ نفرت کرنا)۔

کُرَہ (ع ۔ مذکر) گول چیز ۔ گیند ۔ گولا (کَرَ وَ ۔ گول ہونا) **کُرَہٗ آب** (مذکر) وہ پانی جو زمین کے گرد پھیلا ہوا ہو ۔ سمندر ۔ **کُرَہٗ آتش** (مذکر) آگ کا کرہ ۔ پہلے خیال تھا کہ زمین کے گرد کرہ باد کے بعد کرہ آتش ہے ۔ اب سورج پر اسکا اطلاق ہوتا ہے ۔ **کُرَہٗ اثیر** (مذکر) آسمان ۔ **کرہ ارض** (مذکر) زمین ۔ **کرہ باد** (مذکر) ہوا جو زمین کو گھیرے ہوئے ہے ۔ اس کے متعلق خیال ہے کہ یہ ۶۰ میل تک جاتا ہے ۔ انسان ۴ میل سے زیادہ اونچائی پر سانس نہیں لے سکتا ۔ کیونکہ ہوا بہت لطیف ہو جاتی ہے ۔ **کُرَہٗ خاک یا زمین** (مذکر) زمین ۔ **کرہ لاجورد** (مذکر) آسمان ۔ **کرہ نار** (مذکر) دیکھو کرہ آتش ۔ **کرہ ہوا** (مذکر) دیکھو کرہ باد ۔

کَرَہا (ہ ۔ مذکر) اونٹ ۔

کَرْہاً (ع ۔ ظرف) کراہت سے ۔ ناگواری سے ۔ اردو میں طوعاً و کرہاً کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے (کَرَہَ ۔ نفرت کرنا)۔

کَرَہا ۔ کرہانا (مذکر) **کَرِہانو** (ہ ۔ مونث) کمر ۔ سلب ۔

کَرَئی (ہ ۔ مونث) مٹی کی چھوٹی ہانڈی ۔ ہنڈیا ۲ ذخیرہ اناج کا ۔

کُرَئی (ف ۔ صفت) گول ۔ کرے کی شکل کا ۔

کَرَی (ہ ۔ امر) ۱ کر ۲ (ہ ۔ ماضی) کی ۔

کُرْڑی (ہ ۔ مونث) ۱ مرکنی ہڈی ۲ (ہ ۔ صفت) مرکنی ۔ کرکری ۔ **کرری ہڈی** (مونث) مرکنی ہڈی ۔

کَرَّتی (ع ۔ ظرف) ایک دفعہ ۔ ایک بار ۔

کَرْیا (ہ ۔ صفت) کالا ۔

مثل ۔ کریا بامن گور چمار ۔ تیکرا سنگ نہ اترے پار ۔ سیاہ رنگ کا برہمن اور گورے رنگ کا چمار کسی کو فائدہ نہیں پہنچا سکتے ۔ کیونکہ وہ اپنی نسل کے نہیں ہوتے ۔ برہمن گورا اور چمار کالا ہونا چاہیئے ۔

کِریا (س ۔ مونث) **کِرِیا** (ہ) ۱ کرنا ۔ عمل ۲ کام ۔ فعل ۳ کاروبار ۴ استعمال ۵ محنت ۔ مشقت ۶ تصنیف ۷ (صرف ونحو) فعل ۸ طبی کام طبابت کا کام ۹ (ہ) مذہبی رسم یا فرض ۱۰ تجہیز و تکفین (ان معنوں میں کرنا کے ساتھ) ۱۱ قسم ۔ حلف ۔ **کریا بگاڑنا یا خراب کرنا** (ہ ۔ متعدی) ذلیل کرنا ۔ رسوا کرنا ۔ بے عزت کرنا ۔ **کریا کرم** (مذکر) ۱ مذہبی رسم یا فرض ۲ وہ کام جو روزانہ کئے جائیں ۳ مردے کے مذہبی رسوم ۔ کفنانا ۔ جلانا وغیرہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **کریا کھانا** (متعدی) حلف اٹھانا ۔ قسم کھانا ۔ **کریا میں ہونا** (لازم) سوگ میں ہونا ۔ کسی کے مرنے پر ہندوؤں کا داڑھی مونچھ و سر کے بال منڈانا ۔

مثل ۔ کریا اور ترکاری کھانے ہی کے لئے ہے کوئی جھوٹی قسم کھائے اور اسے تنبیہہ کی جائے تو کہتے ہیں ۔

کُرِیا (ہ ۔ مونث) ۱ خاندانی عورت ۲ مالکہ ۔ بی بی ۔

کُرِیال (ہ ۔ مونث) ۱ پرندوں کے بازو کھجانے اور سہلانے کی حالت ۔ **کریال کرنا ۔ کریال میں آنا** (لازم) ۱ پرندوں کا خوش ہو کر پر پھڑپھڑانا ۲ خوش ہونا ۔ امنگ میں آنا ۔ **کریال میں ڈھیلا لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) **غلہ مارنا** (متعدی) مزے میں کھنڈت ڈالنا ۔

کَریپ (انگ ۔ مذکر) ایک قسم کا باریک کپڑا ۔ **کریپ سلک** (مذکر) ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا ۔

کَرَیت ۔ کَرَیتا (ہ ۔ مذکر) ایک سانپ ۔

کُرید ۱ (ہ ۔ امر) کریدنا کا ۲ (مونث) تلاش و جستجو ۔ چھان بین (کرنا ہونا کے ساتھ) (س کھر ۔ تلاش کرنا) **کرید کرید کر پوچھنا** (متعدی) کھود کھود کر پوچھنا ۔ ہر ایک پہلو سے دریافت کرنا ۔ **کرید میں رہنا** (لازم) لوگوں کی برائی ڈھونڈنے میں مشغول رہنا ۔ **کریدنا** (متعدی) ۱ چونچ ۔ پنجے ناخن یا لکڑی سے زمین یا کسی چیز کا اوپر کا حصہ کھودنا ۲ پرندے کا دانہ کی تلاش میں زمین کا اوپر کا حصہ کھودنا ۳ کھرچنا ۴ خالی کرنا ۔ نکالنا ۵ (دانت) خلال کرنا ۶ (آگ) تلے اوپر کرنا ۔ **کریدنی** (مونث) ۱ کھرچنے کا آلہ ۲ وہ آلہ جس سے تنور میں آگ نیچے اوپر کرتے ہیں ۳ خلال ۴ کان کھجانے کا آلہ ۵ تحقیق کرکے کوئی بات پوچھنا ۔ (ان معنوں میں پڑنا کے ساتھ) ۶ خلش ۔ کھٹکا (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

کَرِیر (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک کانٹے دار پودہ جس کے پتے نہیں ہوتے ۲ اس کا پھل ۳ بانس کا شگوفہ ۔

کَرِیرا (ہ ۔ صفت) ۱ سخت ۔ کڑا ۲ جوشیلا ۔

کَرِیڑ (ہ ۔ مونث) ۱ کھیل ۔ تماشا ۔ جلسہ (کرنا ہونا کے ساتھ) ۔

کُرِیز (ف ۔ مونث) پرندوں کا پرانے پر جھاڑنا اور نئے نکالنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **کریز چھوڑنا** (متعدی) پرندوں کو پنجروں میں چھوڑنا کہ پرانے پر جھاڑ کر نئے پر نکالیں ۔ **کریز سے پاک ہونا یا نکلنا** (لازم) پرانے پر جھاڑ کر نئے نکالنا ۔ **کریز کھانا** (متعدی) طیور کا پر گرانے کے لئے پرواز کرنا ۔ **کریز میں آنا** (لازم) پرندوں کا پر جھاڑنے لگنا ۔ **کریز میں غلہ لگنا** (لازم) **مارنا** (متعدی) عیش میں خلل انداز یا مخل ہونا ۔

کَرِیکَر (ہ ۔ صفت) ۱ برابر ۔ اکٹھے ۲ (ظرف) ایک قطار میں ۔ مونڈھے سے مونڈھا ملا کر ۔

کُرِیکُری (ہ ۔ مونث) مرغیوں کو ہنکانے کی آواز ۔

کَرِیل (ہ ۔ مذکر) دیکھو کریر ۔

کُرِیل (ہ ۔ امر) کریلنا کا ۔ کریل

ڈالنا۔ کریلنا (متعدی) کھود ڈالنا۔ تہ و بالا کر دینا۔ کریڈنی (مونث) کریدنی۔

کَرِیل (ہ۔ مذکر) دیکھو کریز۔ کریل میں غلہ لگا۔ عین عیش کے وقت رنج پہنچا۔

کَرِیلی (ہ۔ مونث) پنڈلی کا گوشت (نداہوں کی اصطلاح)۔

کَرِیم (ع۔ صفت) ۱ گناہ بخشنے یا معاف کرنے والا ۲ شریف ۳ اعلیٰ۔ عالی شان ۴ سخی۔ فیاض ۵ مہربان ۶ نیک دل۔ نیک مزاج ۷ بزرگ ۸ وعدے کو پورا کرنے والا ۹ (مذکر) خدا کا ایک نام (کرم۔ سخی ہونا) کریمُ النفس (صفت) دیکھو کریم ۳۔ کریم النفسی (مونث) مہربانی۔ فیاضی۔ بزرگی۔ کریم کارساز (صفت) معاف کرنے والا اور کام بنانے والا۔ کریمہ (صفت مونث) ۱ کریم کی ۲ (مونث) مسلمانوں میں عورتوں کا ایک نام۔ کریمی (مونث) فیاضی۔ مہربانی۔ بزرگی۔

کریم (انگ۔ مونث) ۱ بالائی۔ ملائی ۲ لب لباب۔ ست ۳ میک اپ میں استعمال ہونے والی چیز۔

کَرین (انگ۔ مذکر) ۱ بگلا ۲ بوجھ اٹھانے کا ایک آلہ۔

کَرین (برمی۔ مذکر) ایک قوم جو جنوبی برہما اور پیگو کی پہاڑیوں میں آباد ہے۔

کَرِیہہ (ع۔ صفت) ۱ برا۔ خراب ۲ گھناؤنا۔ مکروہ (کرہ۔ نفرت کرنا) کریہہ الصّوت (صفت) بد آواز۔ کریہہ الفاظ (مذکر) وہ الفاظ جن کا بولنا اور سننا ناگوار ہو۔ کریہہ منظر (صفت) بدصورت۔ بدنما۔

کَرَط (ہ۔ مونث) کسم کا بیج۔

مثل۔ کرط کپور کپاس ایک مول ہیں۔ بالکل اندھیر ہے۔ بھلے برے کی تمیز نہیں۔

کَرَڑ (ہ۔ مذکر) کیڑا کا مخفف۔ کرڑ کھائی (صفت مونث) کھایا (صفت مذکر) ۱ کیڑوں کا کھایا ہوا۔ کرم خوردہ ۲ بوسیدہ۔ پرانا ۳ چیچک رو۔

کَڑا (ہ۔ صفت) ۱ سخت۔ پکا۔ مضبوط ۲ سخت گیر۔ بے رحم ۳ بہادر۔ دلاور ۴ طاقتور۔ زورآور ۵ تند۔ تیز ۶ تند مزاج۔ کڑوا ۷ مستقل مزاج ۸ مشکل۔ دشوار ۹ مصیبت جھیلنے والا ۱۰ سختی اٹھانے والا ۱۱ کم کا مضبوط ۱۲ مہنگا۔ گران ۱۳ کمیاب۔ نایاب ۱۴ کاٹنے والا ۱۵ چالاک۔ عیار۔ (س کرکر۔ سخت) ۱۶ (مذکر) سونے چاندی کا ایک زیور جو عورتیں ہاتھ پاؤں یا بازو پر پہنتی ہیں ۱۷ لوہے کا حلقہ جو سکھ پہنتے ہیں ۱۸ گول ڈاٹ جو صرف اینٹ پتھر اور چونے سے بنائی جائے۔ قبر یا مزار کی ڈاٹ (دینا۔ کھلنا۔ کھولنا۔ لگانا۔ لگنا وغیرہ کے ساتھ) ۱۹ آٹے کا حلقہ جو دیگچی کے منہ پر ڈھکنا رکھ کر لگاتے ہیں ۲۰ دروازہ کھولنے کا حلقے دار دستہ ۲۱ تلوار کا قبضہ ۲۲ ایک قسم کی مٹھائی ۲۳ ہندی کا شعر (س کنک) کڑاپن (مذکر) ۱ سختی۔ مضبوطی ۲ تندی۔ تیزی ۳ تیز مزاجی ۴ دلیری۔ شجاعت۔ کڑا پڑنا (لازم) سخت ہو جانا۔ کڑا پیادہ (مذکر) دیکھو قاضی کا پیادہ۔ کڑا تاؤ (مذکر) غصہ کا کمال جوش۔ کڑا جواب (مذکر) سخت جواب۔ کڑا دن (مذکر) منحوس دن۔ کڑا اسماں (مذکر) قحط کا زمانہ۔ تنگی کا وقت۔ کڑا کرنا (متعدی) ۱ سخت کرنا ۲ مضبوط کرنا ۳ کسنا۔ جکڑنا ۴ ہمت بڑھانا۔ دلیر کرنا ۵ بھاؤ چڑھانا ۶ شراب چائے وغیرہ کو تیز کرنا۔ کڑا کوس (مذکر) کوس سے ذرا زیادہ فاصلہ۔ کڑا لگانا (متعدی) چونے کا مکان بنانا۔ کڑا منہ آنا (لازم) سخت زبانی کرنا۔ کڑا مول۔ مہنگی قیمت۔ کڑا ہونا (لازم) ۱ سخت ہونا ۲ مضبوط ہونا ۳ مشکل ہونا۔ دشوار ہونا ۴ مہنگا ہونا۔ گراں ہونا ۵ تند مزاج ہونا ۶ بے رحم ہونا۔ کڑی (صفت مونث) ۱ کڑا کی ۲ (آنکھ) قہر آلود خشمناک ۳ (مونث) سخت بات (سنانا سننا کہنا کے ساتھ) ۴ لوہے کا حلقہ زنجیر یا زرہ کا ۵ سونے یا چاندی کا حلقہ جو زیورات میں ڈالتے ہیں ۶ سختی۔ دکھ تکلیف ۷ رنج۔ غم ۸ جریب کا ایک حصہ ۹ گراں نرخ غلہ کا ۱۰ بکری بھیڑ کی سینے کی ہڈی ۱۱ چھوٹا شہتیر۔ چھوٹی دھنی ۱۲ ہندی کا شعر یا بند ۱۳ دروازے کا حلقہ جس سے دروازہ بند ہو جاتا ہے۔ کڑی آنا (لازم) مصیبت آنا۔ کڑی آنچ (مونث) تیز آگ۔ کڑی آنکھ (مونث) غصے کی نظر (پڑنا۔ ڈالنا)۔ کڑی آواز (مونث) کرخت آواز۔ کڑی اٹھانا (متعدی) اٹھنا (لازم) جھیلنا (متعدی) سختی برداشت کرنا۔

کڑیاں (مونث) جمع کڑی۔ کڑیاں اٹھانا (متعدی) اٹھنا (لازم) جھیلنا (متعدی) سختی برداشت کرنا۔ کڑے تیور (مذکر) غصے یا خفگی کے تیور۔ کڑی چوٹ (متعدی) سخت صدمہ۔ ضرب شدید۔ کڑی دھرتی (مونث) ۱ سخت زمین ۲ وہ سرزمین جہاں کے آدمی مضبوط ہوں ۳ بھوت پریت کے رہنے کی جگہ۔ کڑی دھوپ (مونث) شدت کی دھوپ۔ تیز دھوپ۔ کڑی ڈالنا (متعدی) ۱ مصیبت ڈالنا ۲ شادی کر دینا۔ کڑی راہ (مذکر) کٹھن راہ۔ مشکل راہ۔ کڑی رت ہونا (لازم) موسم کا ضرر رساں ہونا۔ کڑے روزے (مذکر) موسم گرما کے روزے جب دن بڑے اور سخت گرم ہوتے ہیں۔ کڑی سنانا یا کہہ بیٹھنا یا کہنا (متعدی) سخت بات کہنا۔ کڑی سننا (لازم) سخت باتیں سننا۔ کڑی سہنا (متعدی) کڑی اٹھانا۔ کڑی شراب (مونث) تیز شراب۔ کڑی قید (مونث) وہ قید جس میں ملزم کو تکلیف ہو۔ کڑی کا بولنا (لازم) شہتیر کا آواز دینا یا چٹخنا جو صاحب خانہ کے لئے منحوس سمجھا جاتا ہے۔ کڑی کرنا (متعدی) سختی کرنا۔ کڑی کمان (مونث) وہ کمان جسے کھینچنے میں بہت زور لگے۔ کڑی کمان کا تیر (مذکر) نہایت تیز چال یا رفتار۔ کڑی کمائی (مونث) وہ کمائی جس میں بہت محنت ہو۔ کڑی کمائی کا پیسہ (مذکر) وہ آمدنی جو بڑی محنت سے حاصل ہوتی ہو۔ کڑی کہہ بیٹھنا (متعدی) کوئی سخت بات منہ سے نکالنا۔ دل دکھانے کی بات کہنا۔ کڑی کہنا (متعدی) سخت بات کہنا۔ کڑی گات (مونث) سخت سینہ۔ کڑی مشکل (مونث) سخت مشکل۔ کڑی مصیبت (مونث) سخت مصیبت۔ کڑی منزل (مونث) ۱ کٹھن راستہ جس کا طے کرنا مشکل ہو ۲ معمول سے لمبی منزل۔ کڑی نگاہ یا نظر (مونث) غصے کی نظر۔

مثل۔ کڑی کاٹ بیلن بنانا۔ معمولی بات کے لئے بہت سا نقصان کرنا۔

کڑاڑا (ہ۔ مذکر) دیکھو کراڑہ۔

کڑاڑی (ہ۔ مونث) کلہاڑی (عف)۔

کڑاکا (ہ۔ مذکر) ۱ زور کی آواز ۲ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز ۳ سخت زمانہ ۴

فاقے کی نہایت ۵ تیزی، سختی۔ شدت (گرمی، جاڑہ قحط، بھوک۔ وبا۔ کام وغیرہ کے متعلق) (کڑکنا سے)۔ **کڑاکا بیتنا یا گزرنا** (لازم) فاقہ ہو جانا۔ بھوکا رہنا۔ **کڑاکے کا** (صفت) سخت۔ شدت کا۔ **کڑاکے کا جاڑا** (مذکر) سخت سردی۔ **کڑاکے کا فاقہ** (مذکر) وہ فاقہ جس میں دیر تک کچھ کھانے کو نہ ملے۔ **کڑاکے کی دھوپ** (مونث) گرمی کے موسم کی سخت دھوپ۔

کڑاکڑ (ہ۔ مذکر) ۱ کڑاکڑ کی لگاتار آواز ۲ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز ۳ اوپر نیچے کے دانتوں کے رگڑنے کی آواز (کڑکنا سے)۔ **کڑاکڑ بجنا** (لازم) کڑکڑ کی آواز دینا۔ آپس میں رگڑ کھانا۔ **کڑاکڑ ٹوٹنا** (لازم) یکایک آواز کے ساتھ ٹوٹ جانا۔

مثل۔ کڑاکڑ باجیں نتھو تھے بانس۔ دیکھو تھو تھا چنا باجے گھنا۔

کڑاوا (ھ۔ مذکر) ذمہ۔ ذمہ داری۔ فرض۔

کڑاہ۔ کڑاہا (ہ۔ مذکر) بڑی کڑاہی۔ **کڑاہا پوجن** (مذکر) کڑاہ کی پوجا جو ہندو بیٹے کڑاہ کو استعمال کرنے کے وقت کرتے ہیں۔ **کڑاہ پرشاد** (مذکر) حلوا۔ خصوصاً سکھوں کی زبان میں۔ **کڑاہی** (مونث) ۱ ایک بڑا چوڑا آہنی برتن جس میں مٹھائیاں وغیرہ تلتے ہیں ۲ وہ چیز جو تلی جائے ۳ مٹھائی یا پکوان کی نذر۔ **کڑاہی باندھنا** (متعدی) منتر کے زور سے کڑھائی کو گرم نہ ہونے دینا۔ **کڑاہی چاٹنا** (متعدی) ۱ کڑاہی سے لگی ہوئی چیز کو اتار کر کھانا۔ عورتوں کا خیال ہے کہ ایسا کرنے سے شادی کے دن مینہ برستا ہے ۲ کتے وغیرہ کا زبان سے کڑھائی میں لگی ہوئی چیز کو کھانا۔ حلوائی عموماً کڑاہیاں بازاروں میں رکھ دیتے ہیں۔ جن میں کتے گھس کر ان کو چاٹتے ہیں۔ ہم نے خود دیکھا ہے۔ **کڑاہی چڑھانا** (متعدی) چڑھنا (لازم) ۱ کڑاہی کا چولھے پر رکھا جانا ۲ پکوان پکانا ۳ شادی پر ضیافتوں کا انتظام کرنا۔ **کڑاہے کا پوجنا** (متعدی) دیکھو کڑاہا پوجن۔ **کڑاہی کرنا** (متعدی) نذر نیاز دینا۔ **کڑاہی مروڑنا** (متعدی) کڑاہی سرکانا۔ **کڑاہی میں ہاتھ ڈالنا** (متعدی) جلتے ہوئے تیل یا گھی میں ہاتھ ڈالنا۔ اگلے زمانے میں سچائی ظاہر کرنے کے لئے ایسا کرتے تھے ۲ قسم کھا کر انکار کرنا۔

مقولہ۔ کڑاہی چاٹے گا تو تیرے بیاہ میں مینہ برسے گا۔ لوگوں کا خیال ہے کہ کڑاہی چاٹنے والے کے بیاہ کے دن مینہ برستا ہے۔

کڑائی (ھ۔ مونث) کڑا پن (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

کڑبڑا (ہ۔ صفت) وہ جس میں سفیدی اور سیاہی ملی ہوئی ہو (س کربر۔ دھبے دار)۔ **کڑبڑی** (مونث) وہ داڑھی جس میں کچھ سیاہ اور کچھ سفید بال ہوں۔

کڑبڑ کڑبڑ (ہ۔ مونث) ۱ ڈھول اور تاشے کی آواز ۲ دوڑنے میں گھوڑے کے سم کی آواز۔

کڑچھا (ھ۔ مونث) کڑچھی (مونث) دیکھو کڑچھا کڑچھی۔

کڑرلون (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا پودا۔

کڑک (ہ۔ امر) ۱ کڑکنا کا ۲ کسی چیز کے ٹوٹنے یا چٹخنے کی آواز ۳ سخت اور مہیب آواز ۴ بجلی کے کڑکنے کی آواز۔ رعد ۵ گھوڑے کی تیز روی ۶ پٹے بازی کا وہ ہاتھ جو حریف کے سیدھے پاؤں کی جانب لگائیں ۷ کمان کے تڑکنے کی آواز۔ (س کرد۔ سخت آواز نکالنا)۔ **کڑک بانکا** (مذکر) ۱ بانکا ترچھا جوان ۲ وہ بانکا جس کی آواز سے لوگ ڈر جائیں۔ **کڑک بجلی** (مونث) ۱ توڑے دار بندوق۔ توپ ۲ کڑاکے کی آواز والی عورت۔ رعب داب والی عورت۔ **کڑک دوڑنا** (متعدی) سرپٹ جانا۔ پویہ جانا۔ **کڑک کر** (تف) سخت آواز سے۔ کڑاکے کی آواز سے۔ **کڑکنا** (لازم) ۱ زور سے بولنا۔ غصے سے بولنا ۲ گرجنا ۳ باجے کا زور سے بجنا ۴ کمان کا آواز دینا ۵ تیزی سے جانا۔

کڑک (ہ۔ صفت) ۱ وہ جو انڈے دینا موقوف کردے اور انڈے سینے کے لئے تیار ہو (مرغی) ۲ (ھ) مرغی کا بولنا ۳ مرغی کی حالت جب وہ انڈے دینا موقوف کر دے ۴ ایسی مرغی ۵ کوئی چیز نہیں۔ کچھ نہیں۔ نہ ہونا کسی چیز کا۔ **کڑک بولنا** (ھ) کچھ نہ ملنا۔

کڑک (ھ۔ مونث) ۱ رسی کا لچھا ۲ دھات کا تار۔

کڑکا (ہ۔ مذکر) ۱ سخت یا ناگوار آواز۔ بلند آواز ۲ بجلی کا شور ۳ میدان جنگ میں یا بادشاہ و امرا کی سواری کے آگے نقیبوں کا بولنا ۴ (ھ) خوشی کی اونچی آواز۔ ہپ ہپ ہورا۔ ۵ فتح کا گیت ۶ گڈریوں کا گانا (س کرو۔ سخت آواز نکالنا)۔

مثل۔ کڑکا سوہے پالی سنے بارا سوہے مالی سنے۔ ہر چیز اپنے موقع محل پر اچھی معلوم ہوتی ہے۔ بارا وہ گانا ہے جو پانی نکالنے والے گاتے ہیں۔

کڑکڑ (ہ۔ مونث) ۱ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز ۲ کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز ۳ انگلیوں کے چٹخنے کی آواز (بولنا کے ساتھ)۔ **کڑکڑا** (امر) ۱ کڑکڑانا کا ۲ (صفت) سخت۔ کرارا ۳ مضبوط۔ **کڑکڑاتا** (صفت) شدت کا۔ زور کا (جاڑا)۔ **کڑکڑا کے آواز نکالنا یا دم مارنا** (متعدی) زور سے حقے کا دم لگانا۔ **کڑکڑانا** (متعدی) گھی یا تیل کے بگھارنے کی آواز نکلنا ۲ داغ کرنا۔ بگھارنا ۳ شکایت کرنا ۴ دانتوں کا رگڑ کھا کر آواز دینا۔ **کڑکڑ چبانا** (متعدی) کسی سخت چیز کو چبانا۔

کڑکڑ (ہ۔ مونث) مرغیوں کے بھگانے کی آواز۔ **کڑکڑانا** (لازم) انڈے دیتے وقت مرغی کا بولنا ۲ دبی زبان سے حجت یا تکرار کرنا۔ **کڑکڑ بولنا** (متعدی) کسی سخت چیز کا چباتے وقت آواز دینا۔

کڑکڑانا (ہ۔ لازم) دانتوں کا آپس میں رگڑ کھا کر آواز دینا۔

کڑک جانا۔ کڑکنا (ہ۔ لازم) ۱ ترخنا۔ چٹخ جانا ۲ کپڑے کا جا بجا سے پھٹ جانا ۳ موتی میں بال آ جانا ۴ (ھ) کڑکڑانا ۵ بڑبڑ کرنا ۶ (متعدی) چبانا ۷ (صفت) ترخ جانے والا۔ پھٹ جانے والا۔

کڑکنا تھ (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا

مرغ جس کا سارا بدن سیاہ ہوتا ہے۔

کڑکو (ہ۔ مونث) ۱ بدمزاج عورت ۲ یادہ گو عورت۔

کڑکھا (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو کڑکا ۲ فتح کا گیت ۳ لڑائی کا گیت۔ نقیبوں کی صدا۔

کڑکھیت (ھ) **کڑکیت** (ہ۔ مذکر) نقیب۔ وہ شخص جو میدانِ جنگ میں شعر پڑھ کر یا نثر میں لڑنے والوں کو غیرت اور جوش دلاتا ہے (کڑکا سے)

کڑکی (ہ۔ مونث) وہ چیز جس سے بچے چڑیاں پکڑتے ہیں۔

کڑما (ھ۔ مذکر) ۱ خاندان۔ رشتہ دار ۲ نسل۔ قوم۔ ذات۔

کڑمڑ (ھ۔ مذکر) ۱ کسی چیز کے چبانے کی آواز ۲ بڑبڑانا (کرنا ہونا کے ساتھ) **کڑمڑانا** ۱ (لازم) بڑبڑانا ۲ چبانا۔

کڑنا (ھ۔ لازم) سوراخ کرنا۔ چھیدنا

کڑنگا (ھ۔ صفت) ۱ سخت گو۔ سخت کلام ۲ قوی۔ توانا۔

کڑنی (اردو۔ مونث) جوتے کی مغزی سینے کا آلہ (موچیوں کی اصطلاح)۔

کڑوا (ہ۔ صفت) ۱ بدمزہ۔ تلخ۔ تیتا ۲ تیز۔ تند ۳ جھلا۔ حلق پکڑنے والا ۴ بدمزاج۔ ترشرو۔ تندخو ۵ ناراض۔ خفا۔ غصے۔ ناخوش ۶ غضب آلود ۷ کھاری۔ نمکین ۸ سنگدل۔ بے رحم ۹ (ھ) بہادر ۱۰ نامضبوط ۱۱ (مذکر) ہندی (رس کٹک) **کڑوا پانی** (مذکر) ۱ ماضری۔ کھانا جو مردے کو دفن کرنے کے بعد کسی قریبی رشتہ دار یا دوست کے یہاں سے آتا ہے ۲ (ھ) شراب۔ **کڑواپن** (مذکر) ۱ تلخی ۲ تندی ۳ تیزی ۴ بدمزاجی۔ **کڑوا تمباکو** (مذکر) تیز تمباکو جس میں گڑ تھوڑا ڈالتے ہیں۔ **کڑوا تیل** (مذکر) سرسوں کا تیل۔ **کڑواٹ** (مونث) تلخی۔ **کڑوا دل کرنا** (متعدی) ۱ سختی جھیلنا۔ مصیبت برداشت کرنا ۲ ہمت باندھنا ۳ ناگوار بات یا چیز کی برداشت کرنا۔ **کڑوا دھواں** (مذکر) وہ دھواں جو آنکھوں سے آنسو نکالدے۔ **کڑوا زہر** (صفت) بہت کڑوا۔ **کڑواس** (ھ۔ مونث) تلخی۔ **کڑوا کرنا** (متعدی) ۱ کسی چیز کو تلخ کر دینا ۲ کوئی چیز اپنی مرضی کے برخلاف دینا یا خرچ کرنا۔ **کڑوا کریلا** (مذکر) ۱ معمولی معنوں میں ۲ بدمزاج آدمی۔ **کڑوا کسیلا** (صفت) ناگوار طبع۔ **کڑوا گھونٹ** (مذکر) ناگوار بات۔ تکلیف دہ بات۔ **کڑوا گھونٹ پینا** (متعدی) ۱ ناگوار بات برداشت کرنا ۲ تکلیف کو صبر سے برداشت کرنا۔ **کڑوا لگنا** (متعدی) تلخ معلوم ہونا۔ ذائقہ برا معلوم ہونا ۲ برا معلوم ہونا۔ ناگوار ہونا۔ **کڑوانا** (لازم) ۱ تلخ ہونا ۲ (آنکھیں) نیند کی وجہ سے آنکھوں میں کڑواہٹ معلوم ہونا ۳ (متعدی) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ بگڑنا **کڑوا نیم** (صفت) ۱ بہت کڑوا ۲ (مذکر) ایک قسم کا نیم جو بہت کڑوا اور بڑی عمر کا ہوتا ہے۔ **کڑواہٹ** (مونث) تلخی۔ **کڑوا ہونا** (لازم) ۱ تلخ ہونا ۲ ناراض ہونا ۳ بدمزاجی سے پیش آنا۔ بدمزاج ہونا۔ **کڑوی** (مونث) کڑوا کی۔ **کڑوے** (جمع) کڑوا کی۔ **کڑوی بات** (مونث) ناگوار بات۔ **کڑوی دوا** (مونث) تلخ دوائی۔ **کڑوی روٹی یا کھچڑی** (مونث) دیکھو کڑوا پانی نمبر۱۔ **کڑوی نگاہ** (مونث) غضب آلود نظر۔ **کڑوے کسیلے دن** (مذکر) مصیبت کے دن۔ **کڑوے گھونٹ** (مذکر) ۱ ناگوار بات ۲ کٹھن کام۔ **کڑوے نیم کا طوطا** (مذکر) وہ طوطا جو کڑوے نیم پر بیٹھے۔ یہ بہت ذہین ہوتا ہے۔

امثال و اقوال۔ کڑوا تھو تھو میٹھا ہپ ہپ۔ اچھی چیز لے لینا بری پسند نہ کرنا۔ کڑوا سبھاؤ ڈوبتی ناؤ۔ بدمزاجی ہمیشہ نقصان پہنچاتی ہے۔ کڑوا کریلا نیم چڑھا۔ بدمزاج آدمی تو تھے۔ خلاف طبع بات سنی اور بدمزاجی بڑھا دی۔ کڑوے سے ملئے میٹھے سے ڈریئے۔ بدمزاج آدمی صاف دل ہوتا ہے۔ جو ظاہرا دھیمے مزاج کا ہو وہ مکار ہوتا ہے۔

کڑوڑا (ہ۔ مذکر) وہ عہدے دار یا حاکم جس کے ماتحت بہت سے حاکم ہوں۔

کڑھ (ہ۔ امر) کڑھنا کا (س کرش کھینچنا)، **کڑھا** (ماضی) ۱ کڑھنا کی ۲ (صفت) کھینچا ہوا۔ نکالا ہوا ۳ تازہ دودھ ۴ زیادہ جوش دیا ہوا دودھ ۵ زردوزی وغیرہ کا کام بنایا ہوا ۶ کھینچا ہوا مقطر۔ **کڑھا کڑھایا** (صفت) ۱ تازہ نکالا ہوا ۲ زردوزی کا۔ **کڑھاوا** (صفت) دیکھو کڑھا۔ **کڑھنا** (لازم) ۱ زردوزی یا بیل بوٹوں کا کام ہونا ۲ دودھ کا ابلنا ۳ نکلنا۔ کھنچنا ۴ نکل جانا۔ بچ جانا۔ **کڑھوانا** (م) کاڑھنا کا۔ **کڑھوائی** (مونث) کاڑھنے کی اجرت۔

کُڑھ (ہ۔ امر) کڑھنا کا (س کرُدھ۔ غصے ہونا)، **کڑھا** ۱ (امر) کڑھانا کا ۲ (ماضی) کڑھنا کی **کڑھاپا** (مذکر) **کڑھاپن** (ھ) تکلیف۔ خفگی۔ **کڑھانا** (م) رنجیدہ کرنا۔ دل دکھانا۔

کڑھانی (ھ۔ مونث) رنج۔ کوفت۔ تکلیف **کڑھک** (ھ) **کڑھن** (مونث) رنج و کوفت۔ **کڑھنا** (لازم) ۱ رنجیدہ ہونا ۲ ہمدردی کرنا۔ دلسوزی کرنا۔

کڑھوا (ھ۔ مذکر) ۱ قرضہ ۲ قرضہ میں سے منہائی۔

کڑھی (ہ۔ مونث) ایک کھانا جو بیسن اور دہی میں مسالحہ اور ہلدی ڈال کر پکاتے ہیں۔ اس کا ابال جلد آتا اور چلا جاتا ہے (س کرَ مبھ)۔

امثال و اقوال۔ کڑھی کا سا ابال۔ جلد فرو ہو جانیوالا ارادہ حوصلہ یا غصہ۔ کڑھی میں کوئلا۔ اچھی بات میں کچھ نقص۔

کُڑی (ہ۔ مونث) ۱ مرغیاں ہنکانے کی آواز ۲ (پ) لڑکی ۳ (ھ) چولھا ۴ چولھے کا محصول ۵ کوڑے کرکٹ کا ڈھیر۔ **کڑی کڑی** (مونث) دیکھو کڑی ۱۔

کڑیل (ہ۔ صفت) ۱ سخت۔ کڑا ۲ طاقتور ۳ (مذکر) آگ کا ٹھیکرا۔ **کڑیل جوان** (مذکر) قدآور آدمی

کزلک ... مونث) تیز چھری

کژ (ف ...) ... ھا۔ خمیدہ۔

کژدم (مذکر) بچھو۔

کس (ف ...) ... ی۔ مرد ۲ (ضمیر) ک... ن۔ کوئی۔ **کس ...** (... مونث) وہ حالت جس میں کوئی پرسان ... ۔ **کس میانیز** (صفت) کسی کو نہ ملانے والا۔ **کس و ناکس** (صفت) ہر کوئی۔ خاص و عام۔ اعلےٰ ... ۔ **کس و کو** (مذکر) یار۔ دوست۔

امثال و اقوال۔ کس نہ آید بجنگ افتادہ۔ ناتواں سے کوئی نہیں لڑتا۔

کس نہ خار دپشت من جز ناخن انگشت من۔ وقت پر اپنے ہی کام آتے ہیں۔ غیر پشت دکھا جاتے ہیں۔ کس نہ گوید کہ دوغ من ترش است۔ اپنی چیز کو کوئی برا نہیں کہتا۔ کس نمی پرسد کہ بھیا کون ہو (ڈھائی ہو یا تین ہو یا پون ہو) وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی کسی کی بات نہ پوچھے۔ کس نیاموخت علم تیر از من کہ مرا عاقبت نشانہ نہ کرد۔ یعنے جس کے ساتھ نیکی کی۔ اس نے میرے ساتھ بدی کی۔

کَس (ہ۔ مذکر) ۱ طاقت۔ زور۔ بل ۲ امتحان۔ آزمائش ۳ چاشنی۔ تاؤ ۴ تلوار کی خمیدگی ۵ کساؤ کا نفف ۶ نکلا ہوا عرق۔ رنگدار چیز کا عرق ۷ اصل۔ حقیقت ۸ مضبوطی۔ استحکام ۹ محنت۔ مشقت (س۔ کش۔ کسوٹی پر گھسنا۔ کس بَل (مذکر) طاقت۔ زور۔ توانائی (نکالنا نکلنا کے ساتھ) ۲ تلوار کی خمیدگی یا دم خم ۳ کمانی کا جھک کر اپنی اصلی حالت پر آجانا۔ کس بھرا (صفت) وہ شخص جو پیتل وغیرہ کے برتن بناتا ہو۔ کس دَم (مذکر) کس بل۔ کس دیکھنا (متعدی) سونے کی کسوٹی پر لگانا۔ سونے کو تپانا ۲ چاشنی دیکھنا۔

کَس (ہ۔ امر) کسنا کا (س کرش۔ دبلا ہونا) کسا (امر) ۱ کسانا کا ۲ (ماضی) کسنا کی ۳ (صفت) دبا ہوا ۴ بندھا ہوا ۵ چست۔ تنگ ۶ تنا ہوا ۷ وزن میں کم۔ تھوڑا۔ کم۔ کسا جانا (لازم) ۱ تنا ہوا ہونا ۲ بندھنا ۳ دبا ہوا ہونا ۴ تانبے یا کانسی کے برتن میں رکھنے کی وجہ سے کھانے کا بدمزہ ہو جانا۔ کسا کسایا (صفت) ۱ کھنچا کھنچایا ۲ مستعد۔ تیار ۳ چار جامہ پڑا ہوا۔ گاڑی میں جتا ہوا۔ زین لگا ہوا۔ کسامسی (مونث) تکلیف کسانا (دم) ۱ کسنا کا۔ کسوانا ۲ تلوار جھکا کر آزمانا ۳ کسوٹی پر سونے کا امتحان کرنا ۴ آزمائش کے لئے بٹیروں کا لڑانا ۵ دشوار کاموں میں انسان کا آزمانا۔ (لازم) کسیا جانا۔ کساوا (ھ) رومال جو رات کو سر پر باندھتے ہیں۔ کساوٹ (مونث) کساہٹ (ھ) ۱ تناؤ۔ کھچاؤ ۲ تنگی۔ چستی ۳ کمر باندھنے کا انداز ۴ سونے کا امتحان ۵ تلوار کے خمیدہ ہونے کی طاقت۔ کساؤ (ھ) ۱ تنگی ۲ قبض۔ کساؤ (مذکر) ۱ دیکھو کساوٹ ۱،۲،۳ ۲ اثر جو ترش چیز کو تانبے یا کانسی کے برتن میں رکھنے سے پیدا ہوتا ہے ۳ بدمزگی جو کچے پھل یا تانبے میں رکھی ہوئی چیز میں پیدا ہوتی ہے۔ کسائی (مونث) ۱ کساوٹ ۲ کسنا ۳ کسنے کی مزدوری۔ کسَن (ھ) ۱ تنگ کرنا۔ کسنا ۲ باندھنا ۳ ڈول کی رسی۔ کسنا (متعدی) ۱ کھینچنا۔ تاننا ۲ باندھنا۔ جکڑنا ۳ دبانا ۴ قیمت بڑھانا۔ مول زیادہ کرنا ۵ سونے چاندی کا پرکھنا ۶ آدمی کا امتحان ہونا ۷ کم تولنا ۸ پانی خشک کرنا ۹ گھی بگھارنا ۱۰ (آوازے) پھینکنا۔ طنز کرنا ۱۱ (تلوار) جھکا کر اس کی آزمائش کرنا ۱۲ (ٹنڈیاں مشکیں) باندھنا ۱۳ (بندوق) بھرنا ۱۴ (سالن) بھوننا ۱۵ (زین گھوڑا وغیرہ) تیار کرنا ۱۶ (پلنگ) نواڑ یا رسیاں کھینچ کر اس کے بنے ہوئے حصے کو تاننا ۱۷ (کمر) کسی کام کے لئے تیار ہونا ۱۸ (شکنجے میں) کھینچنا ۱۹ (بٹیر) باہم لڑانا ۲۰ لقے کبوتر کا اپنے سر کو دم تک کھینچ کر لے جانا ۲۱ تنگ کرنا۔ دق کرنا ۲۲ (حلوائیوں کی اصطلاح) دودھ کو بھونتے بھونتے اکٹھا کرنا ۲۳ (لازم) تلوار کا جھکنا یا خمیدہ ہونا ۲۴ (مذکر) پٹاری کا غلاف ۲۵ کپڑا جو عورتیں مہندی لگا کر ہاتھوں پر باندھتی ہیں ۲۶ وہ غلاف جس میں کھانے کا خوان لگا کر ڈوری کھینچ دیتے ہیں ۲۷ خاصدان کا غلاف ۲۸ رسی جس سے چارپائی کستے ہیں۔ داون۔ کسوانا (دم) کسنا کا۔ کسانا سے فصیح تر ہے۔

کِس (ہ۔ کلمہ استفہام) ۱ کون شخص یا چیز، کدام ۲ حیرت ظاہر کرنے کے لئے جیسے کس بلا کا۔ کس آسرے یا امید پر۔ فضول۔ رائگاں کوئی امید نہیں۔ کس انداز کا (صفت) کیسا اچھا۔ کس شان کا۔ کس بات یا بھروسے۔ کس چیز کے حوصلے پر۔ کس بات پر بھولا ہے۔ کس چیز کا گھمنڈ ہے۔ کس باغ کا بتھوا ہے (کی مولی ہے) بے حقیقت ہے۔ کس برتے پر۔ کس حوصلے پر۔ کس بلا کا ہے۔ بے ڈھب ہے بہت سخت ہے۔ کس بلا (سے پالا پڑا ہے) کو پیچھے لگا لیا ہے۔ جب کسی ضدی سے پالا پڑے تو کہتی ہیں۔ کس پتھر سے سر پھوڑیں کس سے فریاد کریں۔ کس پر پھولے ہو۔ کس بات پر یا کس کی حمایت پر مغرور ہو۔ کس پر گئے۔ کس کی شباہت اختیار کی۔ کس پورے پر۔ کس توقع پر۔ کس کے بھروسے پر۔ کس تکلف کا۔ کس انداز کا کس جانور کا نام ہے۔ کیا چیز ہے۔ کیا ہے۔ کس جنم کے کالے تل چابے ہیں ۱ کس زمانے سے اطاعت اور فرمانبرداری کا بیڑا اٹھایا ہے ۲ کیا وجہ ہے کہ ابتک بال سفید نہیں ہوئے۔ کس جوبن سے۔ کس شان سے۔ کس جوڑ توڑ میں پھرتے ہو۔ کس فکر اور تردد میں لگ رہے ہو۔ کس چکی کا پیسا کھایا ہے۔ کونسی چکی کی تاثیر ہے کہ اتنے موٹے ہوگئے ہو۔ کس حساب میں ہو (ہے) کیا حقیقت ہے۔ معمولی آدمی ہو (ہے) کس گنتی میں ہو (ہے) کس خدا نے بتایا کہا بیوقوفی کی یا فضول بات کرنے والے کو کہتے ہیں۔ کس خیال میں (ہو) ہے ۱ کیوں نہیں دیکھتے (سمجھتے) ۲ کیا سوچتے ہو (سوچتا ہے) ۳ کیوں بے خبر یا بے فکر ہو (ہے)۔ کس درد کی دوا ہے۔ بے فائدہ ہے۔ کس کام آئے گا۔ کس دل سے۔ کس برتے پر۔ کس ہمت سے۔ کس دن۔ کب۔ کس دن کو (کے لئے) اٹھا رکھا ہے۔ کب کے لئے ملتوی کیا ہے۔ کرتے کیوں نہیں۔ کس زبان سے کہا تھا۔ کسی کے مکر جانے پر کہتے ہیں کس طرح کہا تھا۔ کیوں کہا تھا۔ کس زبان سے بیان ہو۔ زبان بیان کرنے سے قاصر ہے۔ کس زبان سے تعریف ہو۔ تعریف نہیں کی جا سکتی بہت اچھا ہے۔ کس زبان سے شکر ادا ہو۔ شکریہ ادا نہیں ہو سکتا۔ کس سٹر پٹر میں پھرتے ہو۔ کس سوچ بچار یا فکر تردد میں ہو۔ کس سے (رتف) کس شخص سے۔ کون سے آدمی سے۔ کس شخص کا منہ دیکھ کر اٹھا ہوں۔ جب کسی دن تکلیفوں پر تکلیفیں پیش آئیں تو کہتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ صبح پہلے پہل کسی منحوس کا منہ دیکھا تھا۔ کس شمار (قطار یا گنتی) میں ہے۔ کوئی وقعت نہیں۔ ذلیل ہے۔ ہیچ ہے۔ کس طرح (رتف) کیونکر۔ کس سبب یا وجہ سے۔ کس طرح سے (مت) کس طرح۔ کس طرح کا (رتف) کیسا کس وضع یا ڈھنگ۔ کس درجے اور مرتبے کا۔ کس قدر ۱ کتنا ۲ حد سے زیادہ۔ نہایت۔ کس کا (صفت) ۱ کس شخص کا ۲ ناچیز۔ کس کا سر لائیں (لاؤں) کس سے مدد مانگیں۔ کس کافر کو اعتبار (یقین) آئیگا کوئی اعتبار نہیں کرے گا۔ کس کام آئے گا فضول ہے۔ کسی کام کا نہیں۔ کس کام کا (صفت) نکما۔

کس کام کو نکلا تھا کیا کر آیا۔ جب غفلت یا بیخودی
کے سبب اپنے اصل مقصود کو بھول کر کوئی اور کام
کر بیٹھے تو افسوس سے کہتا ہے۔ **کس کا منہ ہے** کیسے
طاقت ہے۔ کس کی مجال ہے۔ **کس کا موت**
ہے۔ کس کا بیٹا یا نطفہ ہے۔ **کس کان سے سنوں**
سننا ناگوار ہے۔ **کس کتاب میں (لکھا) ہے**
خلاف دستور ہے۔ کس قانون کے بموجب ہے
کس کھیت کا بتھوا (کی مولی) ہے۔ دیکھو
کس باغ الخ۔ **کس کس** (صفت) افراط تفریط۔
حیرانی ظاہر کرنے یا بات نہ بن آنے کے موقع پر کہتے
ہیں۔ **کس کس دکھ کو جھیلا ہے۔** طرح طرح کی
تکلیفیں اٹھائی ہیں۔ **کس کس دکھ کو روئیں**
کون کون سی مصیبت بیان کریں۔ **کس کس کا
منہ نہیں دیکھا۔** کئی آدمیوں سے مدد مانگی ہے
ہر ایک سے امداد چاہی ہے۔ کس کی بلا۔ کسی ماضی
ناتمام کے ساتھ نفی کے معنوں ہیں۔ **کس کی بنی رہی**
ہے۔ کس کے عروج کی حالت ہمیشہ رہی ہے
کس کی رہی اور کس کی رہجائے گی۔
دل کی امنگ نکال لو۔ **کس کی سنتا ہے۔** کسی کی
بات نہیں مانتا۔ ضدی ہے۔ **کسی کو گور کون
دھوال کرے۔** غیر کا کام کوئی نہیں کرتا۔
کس کی ماں کا ہے۔ کسی کے قابو کا نہیں۔ **کس
کی ماں کو ماں کہتی** (عو) اگر بچہ یا عزیز مر جاتا تو
کیا ہوتا جب کسی کی ہلاکت منصور ہو تو کہتی ہیں۔
کس لو کھٹے پر کچھولی ہے (طوائفوں کا محاورہ)
کسی آشنا کی حمایت پر مغرور ہے کہ کسی کو خاطر میں
نہیں لاتی۔ **کس لئے کس واسطے** (استفہام)
کیوں۔ کس وجہ یا سبب سے۔ **کس مرض کی دوا**
ہے۔ اس سے کیا فائدہ ہے۔ **کس مکان میں**
جنو اسا ہے (ہندو) کہاں برات اتری ہے
کس منہ سے ۱ کس طرح۔ کیسے ۲ کہاں سے ایسا
منہ لاؤں۔ ناممکن ہے ۳ کس وجہ یا سبب سے
کس ثبوت یا دلیل پر ۴ کس برتے پر۔ کس خوبی پر
کس منہ سے کوسوں ۔ کیا کہہ کر بد دعا دوں۔
کس نے ۔ کون سے شخص یا آدمی نے۔ کس نے
کہا تھا۔ کس نے صلاح دی تھی۔ **کس نیند
سلایا** ۔ کیسا بے خبر کر دیا۔ **کس نیند سوتا (سورہا
یا سویا) ہے** ۔ بہت بے خبر ہے۔ کیسا غافل ہے

کس وقت (تف) کب۔ **کسی** (ملامت تنکیر)
کوئی آدمی چیز یا بات ۲ کوئی ایک ۳ شخص غیر معلوم
کے ذکر کے لئے ۴ وہ شخص جس کا نام نہ لیں۔ کنایہ
معشوق۔ رقیب یا عاشق کی طرف ۵ شخص معلوم
فلاں۔ **کس ہوا میں ہے** ۔ کیا سمجھے ہوئے ہے۔
کسے (استفہام) کسی شخص کو۔ **کسی ایک** (صفت)
کوئی خاص۔ **کسی بات سے ہاتھ اٹھانا** (متعدی)
۱ کوئی بات ترک کر دینا یا چھوڑ دینا ۲ کسی بات
سے باز آنا اور دست بردار ہونا۔ مایوس ہونا۔ **کسی
بات کا خط لکھنا** (متعدی) لکھوانا (م) کسی
امر کا اقرار نامہ۔ تمسک یا دستاویز کرانا۔ مچلکہ لکھوانا
کسی بات کا نوک زبان ہونا (لازم) کسی لڑکا
یاد ہونا۔ کسی بات کا ازبر یا حفظ ہونا۔ **کسی بات
کے لالے پڑنا** (لازم) ۱ کسی بات کا دشوار ہونا
۲ کسی بات کی خواہش ہونا مگر پورا نہ کر سکنا ۳ مایوسی
و ناامیدی ہونا۔ **کسی بات کی کمی نہ ہونا** (لازم)
ہر چیز موجود ہونا۔ امیر ہونا۔ **کسی پر ادھار کھائے
ہیں** ۔ کسی بات پر تلے ہیں۔ **کسی پر بھول کر
بیٹھنا یا بھولنا** (لازم) ۱ کسی کے بھروسے پر بے
پروائی اختیار کرنا ۲ کسی کی حمایت یا امداد پر اترانا
کسی پر بھولے پھرنا (لازم) کسی کی امداد۔ برتے یا
حمایت پر اتراتے پھرنا۔ **کسی پر پروا نہ ہونا** ۔
(لازم) کسی پر عاشق ہونا۔ **کسی پر تکیہ کرنا** (متعدی)
ہونا (لازم) اس پر بھروسا یا اعتماد ہونا۔ **کسی پر
جان جانا** (لازم) **دینا** (متعدی) کسی پر عاشق ہونا
کسی پر چھری تیز رہنا یا ہونا (لازم) ۱ کسی کمزور
پر قابو ہونا۔ کسی پر بس چلنا ۲ کسی کے قتل پر آمادہ
ہونا ۳ کسی کو کمزور سمجھ کر بات بات پر قصور وار
ٹھیرانا۔ **کسی پر دم دینا** (متعدی) ۱ بہت محبت
کرنا ۲ عاشق ہونا۔ **کسی پر دیوانہ ہونا** (لازم) عاشق ہونا۔ **کسی پر گرم
ہونا** (لازم) کسی پر ناراض یا غصے ہونا۔ **کسی پر مرنا** (لازم) کسی پر عاشق
ہونا۔ **کسی پر ہاتھ ڈال دینا** (متعدی) ۱ مغلوب
کرنا ۲ عورت کو زبردستی زنا کے لئے پکڑ لینا۔ **کسی پر
ہاتھ رکھنا** (متعدی) دلاسا دینا۔ تسلی بخشنا۔ **کسے
پڑی ہے** ۔ کس کو ضرورت ہے۔ کسی کو کیا غرض
ہے۔ **کسی پہلو** (تف) کسی طرح۔ **کسی جگہ کو سر پر
اٹھانا** (متعدی) ۱ کہیں بہت شور و غل کرنا۔ واویلا
مچانا ۲ بچوں کا دنگا کرنا۔ **کسی چیز پر آنکھ نہ
ٹھیرنا** (لازم) ۱ کسی چیز کی آب و تاب کی وجہ سے

اس پر نظر نہ پڑ سکنا ۲ نہایت خوبصورت و حسین ہونا
کسی چیز پر دل چلنا یا للچانا (لازم) کسی چیز پر
دل مائل یا راغب ہونا۔ کسی بات کو دل چاہنا۔ **کسی
چیز پر لات مارنا** (متعدی) کسی چیز کو ٹھکرا دینا۔
کسی چیز کی پروا نہ کرکے چھوڑ دینا۔
کسی چیز پر نہ تھوکنا (متعدی) ۱ کسی چیز کی پروا
نہ کرنا یا خاطر میں نہ لانا ۲ کسی چیز کو قبول نہ کرنا ۳ کسی
چیز سے نفرت کرنا۔ **کسی چیز پر ہاتھ نہ رکھنے
دینا** (متعدی) کسی چیز کی گرانی مانگ یا قدر کی
وجہ سے بیچنے میں لاپرواہی برتنا۔ کسی کو ایسی چیز کو
چھونے نہ دینا۔ **کسی چیز کا دھواں اڑانا**
(متعدی) کسی چیز کو ضائع کر دینا۔ کسی چیز کو ٹکڑے
ٹکڑے کر دینا۔ **کسی چیز کا کام آنا** (لازم) ۱
مفید ہونا۔ کام نکالنا ۲ جاے صرف ہونا۔ نیک
لگنا ۳ کسی بات کا مفید مطلب پڑنا۔ **کسی چیز کو
بالائے طاق رکھنا** (متعدی) ۱ کسی بات کو
الگ کرنا۔ کسی چیز سے دستبردار ہونا۔ **کسی چیز کو
دل چلنا** (لازم) دیکھو کسی چیز پر دل چلنا۔ **کسی
چیز کو رو بیٹھنا** (لازم) کسی چیز سے ناامید ہونا۔
صبر کر بیٹھنا۔ **کسی چیز کو کسی کے سر (منہ) پر مارنا**
(متعدی) کسی چیز کو نکما سمجھ کر مالک کو واپس دینا۔
جس کی چیز ہو اسی کے سر ڈالنا۔ **کسی چیز کو مٹی
کر دینا** (متعدی) ۱ حقیر یا سبک کر دینا۔ بےعزت
کر دینا ۲ ضائع کر دینا۔ **کسی چیز کی چاٹ لگنا**
(لازم) کسی چیز کا مزا پڑنا۔ **کسی چیز کی طرف
دل چلنا** (لازم) دیکھو کسی چیز پر دل چلنا۔ **کسے
دماغ** ۔ کس کو اتنی برداشت ہے۔ **کسی ڈھب**
(تف) کسی طرح۔ **کسی سے** (تف) کسی شخص سے
کسی سے اٹکنا یا پھنسنا (لازم) کسی سے آشنائی
ہونا۔ **کسی سے تنگ آنا** (لازم) کسی سے عاجز
ہونا۔ تھک جانا۔ دق ہونا یا ہار ماننا۔ **کسی سے
ٹکر لینا** (متعدی) کسی سے جا بھڑنا یا مقابلہ کرنا۔
کسی سے حرف نہیں اٹھ سکتا ۔ کوئی پڑھ
نہیں سکتا۔ **کسی سے دل لگانا** (متعدی)
کسی پر عاشق ہونا۔ کسی سے الفت ہونا۔ **کسی سے
کھل جانا** (لازم) کسی سے نہایت بے تکلف یا بے
حجاب ہونا۔ **کسی سے منہ کالا کرانا** (م) عورت کا
کسی سے زنا کرانا۔ **کسی سے منہ کالا کرنا** (متعدی)
کسی سے زنا کرنا۔ **کسی طرح طور یا عنوان** ۔

(تف) بالکل - پورا - کامل - ہر طرح - پوری طرح -
کسی طرح باہر نہ ہونا (لازم) ہر طرح حکم ماننا۔
کامل مطیع ہونا - کسی قابل نہ رکھنا (متعدی)
۱ مفلس کر دینا - بیکار کر دینا ۲ رسوا کر دینا - کسی
قابل نہ رہنا یا ہونا (لازم) ۱ نکما یا بیکار ہو جانا
۲ مفلس ہو جانا ۳ نامرد ہو جانا - کسی قدر (صفت)
۱ ذرا سا - تھوڑا سا ۲ کتنا ہی - بہت کچھ - کسی کا
(تف) ۱ کسی کی ملکیت ۲ کسی شخص کا - شخص معلوم یا
مفہوم کا ۳ غیر کا - دوسرے شخص کا ۴ اپنا - اپنی ذات کا۔
۵ اشارہ معشوق وغیرہ کی طرف - کسی کا بس نہیں
چلتا - کوئی کچھ نہیں کر سکتا - کسی کی پیش نہیں جاتی -
کسی کا پردہ پوشیدہ ہونا (لازم) مرجانے سے
کسی کی عزت رہ جانا یا بدنامی سے بچنا - کسی کا
پھیلنا (لازم) ۱ کسی کا بپھرنا - ضد کرنا یا مچلنا ۲
وسیع ہونا ۳ طول پکڑنا - کسی کا درد ہونا (لازم)
کسی سے ہمدردی ہونا - کسی کا دیا نہیں کھاتے۔
کسی کا محتاج نہیں یا دست نگر نہیں - کسی کا سلام
نہ مجرا - کسی کا دیا نہیں کھاتا - کسی کا کچھ نہیں جاتا
(لازم) کسی کا کچھ نقصان نہیں ہوتا - کسی کا کچھ
نہیں چلتا - دیکھو کسی کا بس الخ - کسی کا کشتہ
ہونا (لازم) کسی پر عاشق فریفتہ یا مفتون ہونا -
کسی کا کلمہ بھرنا یا پڑھنا (متعدی) ۱ کسی کا
معتقد ہونا - کسی پر ایمان لانا ۲ کسی کا مطیع ہونا -
کسی کا لہو پینا (متعدی) کسی کو قتل یا ہلاک کرنا -
کسی کام کا نہ ہونا (لازم) نکما ہونا - بیکار ہونا۔
کسی کام میں رو دینا (لازم) کسی کام سے عاجز
آجانا - ہمت ہار دینا - کسی کا منہ تکنا (متعدی)
۱ منہ سے کسی بات کے سننے کا آرزومند ہونا ۲ کسی
بات کا متمنی ہونا - کچھ حاصل کرنے کی امید ہونا ۳
حالت مجبوری میں کسی کا منہ دیکھنا - کسی پر مدد
کے لئے عاجزانہ نظر ڈالنا - کسی کا منہ کالا کرنا
(متعدی) ۱ کسی کے منہ پر سیاہی لگانا ۲ رسوا کرنا -
بدنام کرنا ۳ کسی کو بے عزت کر کے نکال دینا ۴
کسی کی دوستی سے باز نہ آنا - کسی کو نالائق سمجھ کر
ملنا جلنا چھوڑ دینا - کسی کام یا چیز یا کسی کے
نام پر مرمٹنا (متعدی) کسی کام وغیرہ کی خواہش
میں اپنے آپ کو بدنام کرنا - کسی کام وغیرہ کی وجہ
سے برباد ہونا - کسی کا نقشہ جمنا (لازم) کسی کا

تسلط ہونا - دخیل ہونا - بات بننا - کسی کا ہو
(کے) رہنا (لازم) ۱ کسی کا مطیع یا فرمانبردار
ہونا - کسی خاص شخص سے تعلق رکھنا - کسی کا ہونا
(لازم) کسی کا ساتھ دینا - کسی کروٹ سے (تف)
کسی پہلو سے - کسی کو آنکھ اٹھاکے نہ دیکھنا
(متعدی) ۱ کسی پر بالکل توجہ نہ کرنا - کسی کی پروا نہ
کرنا ۲ نہایت شرمیلا ہونا - شرم سے آنکھ سامنے
نہ کرنا - کسی کو اپنا کر رکھنا (متعدی) کسی کو
اپنا مطیع یا فرمانبردار بنا لینا - کسی کو اڑانا
(متعدی) ۱ کسی کی بات کو ہنسی میں ٹال دینا - حیلے
حوالے سے ٹال دینا ۲ دھوکا دینا - بہکانا ۳ کسی
عورت کو بھگا لیجانا - لے بھاگنا یا اغوا کرنا ۵ غیر
عورت سے صحبت کرنا - زنا کرنا - مجامعت
کرنا - کسی کو خیال میں نہ لانا (متعدی) کسی کی
پروا نہ کرنا - حقارت کی نظر سے دیکھنا - کسی کو
کسی کی خبر نہ ہونا (لازم) سب کا ایک دوسرے
کی حالت سے ناواقف ہونا - کسی کو کیا - کسی کا
کیا نقصان ہوتا ہے - کسی کا کیا تعلق ہے - کسی کو
کیا پڑی ہے - کسی کو کیا غرض یا پروا ہے - کیسے
کہتے ہیں ۱ کیا وقعت رکھتا ہے - بے وقعت ہے
۲ کیا چیز ہے - کسی کی آگ میں پڑنا (گرنا)
دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا - کسی کے آگے
کان پکڑنا (متعدی) اسے اپنا استاد ماننا - سردار
ماننا - کسی کی آئی مجھے آجائے (عو) دوسری
کی موت مجھے لگ جائے - نہایت غصے یا تکلیف
کی حالت میں کہتی ہیں - کسی کی بات اونچی ہونا
(لازم) کسی کی بات کا کرسی نشین ہونا یا عزت
اور فروغ پانا - بول بالا ہونا - کسی کی بات
(باتوں) پر جانا (لازم) کسی کا اعتبار کرنا - کسی کی
بات کا خیال کرنا - کسی کے پاس جا کر نہ پھٹکنا
بالکل پاس نہ جانا - خبر نہ لینا - ہمدردی نہ کرنا - دور
دور رہنا - کسی کے پاس نہ پھٹکنے پانا (لازم) کسی
کے پاس پہنچ نہ سکنا - کسی کے
پاس جانے کی بندی ہونا - کسی کے پالے پڑنا
(لازم) ۱ کسی کے بس یا قابو میں ہونا ۲ کسی سے واسطہ
پڑنا ۳ کسی سے شادی ہونا - کسی کے ٹکڑوں پر
پڑنا یا پڑے رہنا (لازم) دوسرے کے گھر کھانا
مفت کی روٹیاں توڑنا - کسی کی جان سے دور

جب کسی مردہ شخص کا ذکر اپنے کسی دوست یا عزیز سے
کرتے ہیں تو یہ الفاظ کہتے ہیں - کسی کے حال پر رونا
آنا - کسی کی حالت دیکھ کر رونا آنا (لازم)
کسی کی حالت سے دل کڑھنا یا افسوس آنا - کسی کے
حق میں کانٹے بونا ۱ کسی کے ساتھ برائی کرنا ۲
کسی کو کسی کی طرف سے بدگمان کرنا - کسی کی خبر کو
آنا یا جانا (لازم) عیادت کو آنا - بیمار پرسی کے لئے
جانا - کسی کی خبر لینا (متعدی) ۱ کسی کی پرورش یا
خبرگیری کرنا - خبرگیران ہونا ۲ کسی کو سزا دینا - مارنا -
پیٹنا ۳ کسی کو سرزنش کرنا - لعنت ملامت کرنا ۴
بیمار پرسی کرنا - عیادت کو جانا - کسی کے خون کا
پیاسا ہونا (لازم) جان کا دشمن ہونا - قتل کے
درپے ہونا - کسی کے دل میں جگہ پانا یا ملنا
(لازم) دل میں گھر ہونا - دل میں بیٹھنا - کسی کی
دھول اڑا دینا (متعدی) خاک اڑا دینا - ملیا
میٹ کر دینا - مسمار یا برباد کر دینا - کسی کی روح
پیاسی تھی - جب پانی کا بھرا ہوا مٹکا ٹوٹ جائے
تو کہتے ہیں - کسی کے سامنے چراغ نہ جلنا (لازم)
۱ نہایت رعب چھانا ۲ کسی کے آگے فروغ نہ ہونا -
کسی کے سر ہونا (لازم) ۱ کسی کے درپے ہونا ۲
کسی کے ذمہ لگنا - کسی کی طرف رخ نہ کرنا
(متعدی) ۱ کسی کے مقابل نہ ہونا ۲ شرم کے مارے
کسی کے سامنے نہ جانا - کسی کے کہنے پر جانا (لازم)
دیکھو کسی کی بات الخ - کسی کے لتے لینا (متعدی)
۱ کسی کو بہت دبانا یا جھڑکنا - لعنت ملامت کرنا -
آڑے ہاتھوں لینا ۲ بحث یا گفتگو میں عاجز کر دینا -
کسی کے لہو کا پیاسا ہونا (لازم) دیکھو کسی کے
خون الخ - کسی کے لینے دینے میں نہ ہونا (لازم)
کسی کے لینے میں نہ دینے میں - کسی سے سروکار
نہ ہونا - کسی کی مٹی خراب یا عزیز کرنا (متعدی)
ہونا (لازم) کسی کا ذلیل ہونا -
کسی کا تباہ یا برباد ہونا - کسی کے مقابل ہو جانا
(لازم) کسی سے لڑنے کے لئے آمادہ ہونا - کسی کے
منہ پر (پہ) چڑھنا (لازم) کسی کی برابری کرنا -
مقابل ہونا - کسی کے منہ لگنا (لازم) ۱ قرب
حاصل کرنا ۲ ہمکلام ہونا - باتیں کرنا - کسی کے
نام کا گڈا بنانا (متعدی) کسی کو بدنام یا رسوا کرنا -
کسی کی نہیں سنتا - کسی کی بات نہیں مانتا - لا

پرواہے۔ **کسی کے ہاتھوں سے تنگ آنا** (لازم) کسی کی وجہ سے مجبور یا عاجز ہونا۔ **کسی گھڑی** (تف) کسی وقت۔ **کسی لائق ہونا** (لازم) کسی قابل ہونا۔ کسی ہنر یا لیاقت میں کامل ہونا۔ **کسی نہ کسی**۔ ایک نہ ایک۔ کوئی نہ کوئی۔ **کسی نہ کسی دن**۔ کبھی نہ کبھی۔ ایک نہ ایک دن۔ **کسی روز**۔ کسی نہ کسی طرح۔ دقت سے۔ مشکل سے **کسی نے کیا کیا** (طنزاً) کسی نے کیا نقصان پہنچایا۔ **کسی نے ہاتھ نہ پکڑا** ۔ کسی نے مدد نہ کی۔ **کسی وقت کام آئے گا**۔ ضرورت کے وقت کام آئے گا۔ کس ہوا میں ہو۔ کس خیال باطل میں ہو۔ سمجھو۔

امثال واقوال

کس برتے پر تتا پانی۔ کس بات یا حوصلے پر شیخی مارتے ہو۔ **کس جنم کے کالے تل چلے ہیں** (ھ) ۱ کہ بال سفید نہیں ہوتے ۲ بڑا فرمانبردار ہے۔ **کس کی بکری کون ڈالے گھاس** ۔ اپنی چیز کی رکھوالی آپ ہی خوب کر سکتا ہے۔ دوسرے کی چیز کوئی نہیں سنبھالتا۔ **کس کی حالت دیکھ کر مت للچاوے جی۔ اپنی روکھی سوکھی کھا کر ٹھنڈا پانی پی** (ھ) اور کو دیکھ کر کیوں للچاتا ہے۔ اپنے خیال پر قناعت کر۔ **کس کی گور کون دھواں کرے**۔ غیر کا کوئی کام نہیں کرتا۔ **کس کی ماں نے دھونسا کھایا ہے**۔ کس بدقسمت ماں نے تمہیں جنا ہے۔ **کسی سے سائی کسی سے بدھائی** کسی سے کچھ وعدہ کسی سے کچھ۔ **کسی کا آوہ بگڑے ان کا کھدانے کا کھدانا بگڑ گیا**۔ کسی خاندان کا ایک آدھ آدمی خراب ہوتا ہے۔ ان کا کنبے کا کنبہ بگڑا ہے۔ **کس کا دھن کوئی کھاوے۔ پاپی کا مال اکارت جاوے** (ھ) کماتا کوئی ہے کھاتا کوئی ہے۔ اور گناہگار کا مال دوسرے کھاتے ہیں۔ **کسی کا گھر جلے کوئی تاپے**۔ کسی کا نقصان ہو کوئی خوشی منائے۔ ایک کی تکلیف دوسرے کی خوشی کا باعث ہے۔ **کسی کا لڑکا کوئی منت مانے** ۱ کسی کے گھر اولاد ہو کوئی خوشی کرے۔ متبنے لڑکوں یا داماموں کے متعلق کہتے ہیں ۲ کسی کا کام بنے کوئی خوش ہو۔ **کسی کا منہ چلے کسی کا ہاتھ۔ کسی کا ہاتھ چلے کسی کی زبان** ۱ زبردست مارتا ہے کمزور گالیاں دیتا ہے ۲ بدزبانی کا نتیجہ مار کھاتا ہے ۳ ہر شخص اپنے مقدور کے موافق انتقام لے سکتا ہے۔ **کسی کو اپنا کر رکھو (لو) یا کسی کے ہو رہو**۔ کسی کو فرمانبردار بنا لو یا کسی کے فرمانبردار ہو جاؤ۔ کسی قسم کا تعلق رکھنا اکیلے رہنے سے بہتر ہے۔ **کسی کو بینگن بائے (بیالے) کسی کو ان تج (کونج)** ایک چیز کسی کو فائدہ دیتی ہے۔ کسی کو نقصان۔ **کسی کو توے میں دکھائی دیتا ہے کسی کو آرسی میں**۔ کوئی لائق ہے۔ کوئی معمولی قابلیت کا۔ لائق اپنا کام کسی نہ کسی طرح نکال لیتا ہے۔ **کسی کو سائی کسی کو بدھائی**۔ کسی سے کچھ وعدہ کسی سے کچھ۔ **کسی کے کھائے کسی کے گیت گائے**۔ فائدہ کسی سے اٹھائے تعریف کسی کی کرے۔ **کسی کے کٹے (میں) گھی (رکے) گھڑے کسی کے (کٹے میں) پتھر پڑے**۔ کسی کے کام کی قدر ہوتی ہے کسی کے کام میں نقص نکلتے ہیں۔ کوئی خوش قسمت ہے۔ کوئی بدنصیب۔ **کسی کی ماں نے دھونسا کھایا ہے جو تمہارا مقابلہ کرے**۔ کون تمہارا مقابلہ کر سکتا ہے۔ **کسی کی محنت ضائع نہیں ہوتی**۔ محنت کا پھل مل جاتا ہے۔ **کسی کے نقصان کا روادار نہ ہو**۔ کسی کا نقصان نہیں ہونے دینا چاہیئے۔ **کسی نے منہ آرسی میں دیکھ لیا کسی نے آئینے میں**۔ ایک جیسی بات ہے۔ **کسی نے پیا دودھ کسی نے پیا پانی (دونوں نے ہے زین گنوانی) سب کو ایک زین گنوانی**۔ امیر غریب برے بھلے سب کی گزر جاتی ہے۔ **کسی نے یہ بھی نہ پوچھا کہ تم کس باغ کی مولی ہو**۔ کسی نے پرواہ بھی نہ کی۔ **کسی نے یہ بھی نہیں پوچھا کہ تیرے منہ میں کے دانت ہیں** ۱ کسی نے پروا بھی نہ کی ۲ راستے محفوظ ہیں۔ کہیں لوٹ مار نہیں ہوتی۔ اس سلطنت کے متعلق کہتے ہیں جس میں امن ہو۔

کُس (ف۔ مذکر) عورت کی شرمگاہ۔ **کس مارنا** (متعدی) مرانا (م) زنا کرانا۔ **کس مرانی** (مونث) ۱ ایک گالی۔ زنا کرانے والی عورت ۲ زنا۔ **کُسٹو** (صفت) ایک گالی۔ قحبہ۔ بدکار۔

کُس (ھ) **کُستا** (ھ۔ مذکر) پھالی۔ کدالی۔

کَستا (ہ۔ مذکر) ۱ کیکر کی چھال ۲ دیسی شراب جو اس چھال سے بنتی ہے۔ ٹھرا ۳ ایک قسم کا چھوٹا چنا۔

کَساد (ع۔ مونث) ۱ کسی چیز کی مانگ نہ ہونا ۲ روپے کی کمی ہونا ۳ مال کا سستا ہونا ۴ منڈی کا مات ہونا ۵ بے رونقی۔ بے رواجی (کَسَد۔ بکنے کے قابل نہ ہونا) **کساد بازاری۔ کسادی بازار** (مونث) بکری نہ ہونا۔ بازار سرد ہونا۔

کَساری (ھ۔ مذکر) کسیرا۔

کِساری (ہ۔ مونث) ایک قسم کی دال۔

کَسافت (ف۔ مونث) ۱ دھندلا پن۔ تاریکی ۲ گرہن ۳ تلچھٹ ۴ گدلا پن۔ میلا پن ۵ غلاظت ۶ آلائش (کَسَف۔ دھندلا ہونا)

کَسالا (ع۔ صفت) ۱ سست۔ کاہل ۲ بھاری۔ بوجھل ۳ بیمار ۴ (مذکر) سختی تکلیف ۵ رنج ۶ محنت ۷ فاقہ ۸ سستی ۹ بیماری ۱۰ بھاری پن۔ بوجھ (کَسَل۔ سست ہونا) **کسالا کرنا** (متعدی) ۱ محنت کرنا۔ مشقت کرنا ۲ سستی کرنا۔ **کسالا کھینچنا** (متعدی) تکلیف اٹھانا۔ سختی جھیلنا۔

مثل۔ کسالا سے مسالا محنت سے سب کچھ ملتا ہے۔

کَسالت (ع۔ مونث) کاہل ہونا۔ سستی۔ الکسی (کَسَل۔ سست ہونا)

کِسان (ہ۔ مذکر) کاشتکار۔ وہ شخص جو زمین پر ہل چلا کر کھیتی بوئے۔

کَسائی (ھ۔ مذکر) قصائی۔

کَسْب (ع۔ مذکر) ۱ پیدا کرنا ۔ حاصل کرنا ۲ (مذکر) ۱ ہنر۔ پیشہ ۲ بدکاری۔ فاحشہ کا پیشہ ۳ فاحشہ عورت کی کمائی (بہ سکون سین غیر فصیح) **کسبِ خیر** (مذکر) نیک کمائی۔ **کسب کرنا یا کمانا** (متعدی) بدکاری سے آمدنی حاصل کرنا۔ **کسبِ کمال یا ہنر** (مذکر) کمال یا ہنر حاصل کرنا۔ **کسبن۔ کسبنی** (ھ) **کَسبی** (مونث) ۱ وہ کمال یا ہنر جو اپنی کوشش سے حاصل کیا ہو ۲ فاحشہ۔ رنڈی۔ بازاری عورت۔ کسبی باز

(صفت) رنڈی باز۔ کسبی خانہ (مذکر) رنڈیوں کا مکان۔ کوٹھی خانہ۔

مثل۔ کسب کمال کن کہ عزیز جہاں شوی - ہنر میں کمال حاصل کرنا چاہئے تاکہ لوگوں میں قدر ہو۔

کِسبَت (ف۔ مونث) ۱ وہ چمڑے کا تھیلا جس میں حجام اور جراح اپنے اوزار رکھتے ہیں ۲ وہ چمڑے کا ٹکڑا جو سقے اپنے بائیں چتڑ پر باندھتے ہیں۔ کسبت نامہ (مذکر) وہ کتاب جس میں حجاموں۔ جراحوں یا سقوں کا تاریخی بیان کے پیشے کا حال درج ہوتا ہے۔

کَسِپُو (س۔ مذکر) ۱ سرہانہ۔ تکیہ ۲ کپڑے ۳ خوراک ۴ خشکہ چاول۔

کَستُوان (ف۔ مذکر) زین پوش۔

کَستُورا (ھ۔ مذکر) ۱ سیپ ۲ ایک پرند۔

کَستُوری (ہ۔ مونث) ۱ مشک ۲ مشک کی تھیلی۔ یہ ایک قسم کے ہرن کے پیٹ پر ہوتی ہے اور اس میں زائد خون جمع ہوتا رہتا ہے جو جم کر نہایت خوشبودار ہو جاتا ہے۔ یہ کستوری ہے ۳ ایک خوش الحان پرند (س کستوریکا)

کَسٹا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی دھوتی جو بندیلکھنڈ کی عورتیں باندھتی ہیں۔ **کسٹا مارنا** (متعدی) دھوتی باندھنا۔

کَسٹَم (انگ۔ مذکر) ۱ رسم۔ رواج ۲ چنگی کا محصول۔ کسٹمر (مذکر) گاہک۔ خریدار۔

کَسر (ع۔ مونث) ۱ توڑنا ۲ شکستگی ۳ بھاگنا ۴ شکست ۵ زیر کی حرکت ۶ ٹکڑا۔ حصہ ۷ (حساب) اکائی کا کوئی حصہ یا حصے (کَسَر۔ توڑنا) کسرات (مونث، بیقاعدہ جمع۔ وہ روپیہ یا رقمیں جو کٹ کر بجٹ میں ڈالی جاتی ہیں۔ کمی۔ کسرِ اعشاریہ (مونث) وہ کسر جو دس کا کوئی حصہ ہو۔ اس کی نشانی "٫" ہے۔ ٫۵ کا مطلب ہے ۵/۱۰ یا ۱/۲۔ کسر اعشاریہ متوالی (مونث) وہ کسر اعشاریہ جس میں کچھ حصے بار بار آتے ہیں۔ ان کے اول اور آخر ہند سے پر نقطہ لگا دیتے ہیں۔ جیسے ٫۱۲۳۱۲۳ وغیرہ۔ کسرِ شان (مونث) عزت کے خلاف۔ خلافِ شان۔ وہ بات جس سے انسان کی عزت، آبرو یا شان میں فرق آئے۔ کسرِ عام (مونث) وہ کسر جس کا نسب نما لکھا جائے۔ کسرِ غیر واجب (مونث) وہ کسر جس کا شمار کنندہ نسب نما سے بڑا یا برابر ہو۔ کسرِ مُرکّب (مونث) وہ کسر جس میں ایک عدد صحیح اور کسر ہو۔ کسرِ مضاف (مونث) وہ کسر جس میں کسر کی کسر ہو جیسے ۲/۳ کا ۱/۲۔ کسرِ ملتف (مونث) وہ کسر جس کے شمار کنندے یا نسب نما یا دونوں میں کوئی عدد مخلوط یا کسر مضاف ہو۔ جیسے ۱/۲ یا ۲/۳ ۲/۴ یا ۲/۳ وغیرہ۔ کسرِ مفرد (مونث) وہ کسر جس کا شمار کنندہ اور نسب نما صحیح عدد ہوں۔ سادی کسر۔ **کسرِ نفس** (مذکر) نفس کا توڑنا۔ کسرِ نفسی (مونث) اپنے آپ کو کم ظاہر کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) کسرِ واجب (مونث) وہ کسر جس کا شمار کنندہ نسب نما سے چھوٹا ہو۔ کسرہ (مونث) زیر۔ زیر کی حرکت۔

کَسَر (ع۔ مونث) ۱ کمی۔ نقص ۲ نقصان۔ گھاٹا۔ خسارہ ۳ بچوں کی بدہضمی پیٹ کا خلل (کَسَر۔ توڑنا) کسر اٹھا رکھنا (متعدی) دقیقہ باقی رکھنا۔ کوتاہی کرنا۔ کسر اٹھانا (متعدی) گھاٹا کھانا۔ کسر باقی نہ رکھنا (متعدی) نہ رہنا (لازم) کوئی بات باقی نہ رہنا۔ دقیقہ نہ رہنا۔ کوتاہی نہ ہونا۔ کمی نہ ہونا۔ کسر بھرنا (متعدی) کمی پوری کرنا۔ خسارہ بھرنا۔ کسر پڑنا (لازم) گھاٹا پڑنا۔ کسر دینا (متعدی) خسارہ دینا۔ گرہ سے دلوانا۔ کسر رکھنا (متعدی) ۱ کمی رکھنا۔ کوتاہی کرنا ۲ نقص باقی چھوڑنا۔ کسر رہ جانا یا رہنا (لازم) ۱ کمی رہ جانا۔ کوتاہی ہونا۔ نقص رہ جانا ۲ گھاٹا رہنا۔ خسارہ رہ جانا۔ کسر کرنا (متعدی) ۱ کمی کرنا۔ کوتاہی کرنا ۲ مکتفی نہ ہونا۔ ٹھٹرنا۔ کسر کھانا (متعدی) نقصان اٹھانا۔ گھاٹا کھانا۔ **کسر نکال دینا یا نکالنا** (متعدی) **نکل جانا یا نکلنا** (لازم) عوض ہو جانا۔ انتقام ہونا۔ بدلا ہو جانا۔ **کسر ہونا** (لازم) ۱ کمی ہونا۔ ٹھٹرنا ۲ غائب ہونا۔ گرہ سے جانا ۳ بچے کے پیٹ میں خلل ہونا۔ بدہضمی ہونا ۴ کوتاہی ہونا۔ کمی ہونا۔

کَسرَت (ع۔ مونث) ۱ ورزش۔ ریاضت ۲ مشق۔ مہارت۔ ربط (کرنا ہونا کے ساتھ)، (کَسَر۔ توڑنا) کسرتی (صفت) ۱ ورزش کیا ہوا ۲ کسرت کرنے والا۔

کِسریٰ (ع۔ مذکر) خسرو کا معرب ۱ شاہان ایران کا لقب ۲ خصوصاً نوشیرواں کا۔

کَسَک (ہ۔ مونث) ۱ درد جو بخار کی وجہ سے ہوتا ہے ۲ بدن کا ٹوٹنا ۳ کھٹک۔ ٹیس ۴ دکھ۔ درد۔ تکلیف (س کرش۔ کھینچنا) کسک آنا (لازم) جھٹکا لگنا۔ صدمہ پہنچنا۔ کسک اٹھنا (لازم) ٹیس ہونا۔ کسک مٹانا (متعدی) ۱ دکھ کھونا۔ درد کھونا ۲ نفسانی خواہش دور کرنا۔ کسکنا (لازم) درد ہونا۔ درد محسوس ہونا۔ ہڈیوں کا درد کرنا۔ کسک نکالنا (متعدی) دیکھو کسک مٹانا۔

کَسکَٹ۔ کَسکُٹ (ھ۔ مذکر) ۱ کئی قسم کی مرکب دھات ۲ دوغلی نسل۔

کَسکَس (ھ۔ مونث) کرکراہٹ۔ ریت کا دانتوں کے درمیان آنا۔ کسکسا (صفت) کرکرا۔ کسکسانا (لازم) ۱ کرکرا ہونا ۲ جوڑوں میں درد محسوس کرنا۔

کَسگَر (ف۔ مذکر) مٹی کے برتن بنانے والا۔ کمہار (کاسہ گر کا مخفف) کسگرن۔ (مونث) کسگری۔ کمہار عورت۔ کمہار کی بیوی۔

کَسَل (ع۔ مذکر) ۱ سستی۔ کاہلی ۲ ماندگی۔ تکان (کَسَل۔ سست ہونا) کسلمند (صفت) ۱ سست۔ کاہل ۲ ماندہ۔ ناساز۔ کسلمندی (مونث) دیکھو کسل۔ **کسل ناک** (صفت) ۱ دیکھو کسلمند ۲ بزدل۔

کِسَلَے (س۔ مذکر) ۱ شگوفہ ۲ شاخ کی نوک جہاں سے پتے پھوٹتے ہیں۔

کُسُم (س۔ مذکر) ۱ پھول ۲ پھل ۳ خون حیض ۴ آنکھوں کی ایک بیماری۔

کُسُم (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا پھول جس سے شہاب نکلتا ہے۔ لال کپڑے رنگے جاتے ہیں ۲ رنگ جو اس پھول میں سے نکلتا ہے ۳ (ھ) سنیاسی کا پانی کا برتن ۴ سونا۔ کسمبا (ھ) کُسُم۔ کسمبہ۔ کسمبھا (ھ) ۱ دیکھو کُسُم ۲ (مذکر) بھنگ کا عرق۔ کسمبھی۔ کسمبی (مونث) ۱ وہ کپڑا جو کسم سے رنگا جائے ۲ خیرہ۔ کسم کا آزار (مذکر) متواتر حیض آنے کا مرض۔ کسمی (ھ) دیکھو کسم ۲۔

مثل۔ کسم کا رنگ تین دن

پھربدرنگ۔ کسم کا رنگ بہت جلدی خراب ہوجاتا ہے۔ چار دن کی چاندنی اور پھر اندھیری رات۔

کسمسا (ہ۔ امر) کسمسانا کا (س کرش۔ کھینچنا) **کسمسانا** (لازم) ۱۔ ہلنا جنبش کرنا ۲۔ قابو سے نکلنے کی کوشش کرنا ۳۔ اکتانا۔ گھبرانا ۴۔ درد کے سبب سے اینٹھنا۔ **کسمساہٹ** (مونث) اضطراب بےچینی۔ گھبراہٹ۔

کسن (ہ۔ مذکر) ۱۔ درد۔ تکلیف ۲۔ ضرر۔ زخم۔

کسنا (س۔ مذکر) ایک زہریلی مکڑی۔

کسنئی (ہ۔ مونث) کاشتکاری۔ کسانوں کا پیشہ۔

کسو (ہ۔ ضمیر استفہامی) کسی۔ اردو میں متروک ہے۔

کسوانا (ہ۔ مم) کوسنا کا۔ **کسوانا پٹوانا** (مم) ۱۔ رلوانا ۲۔ کہرام ڈالنا۔

کسوت (ع۔ مونث) ۱۔ دیکھو کسبت ۲۔ لباس۔ پوشاک ۳۔ شکل۔ صورت ۴۔ طور۔ طریقہ (کسنو۔ پہنانا) **کسوت عیاری** (مونث) وہ تھیلا جس میں عیار اپنا بھیس بدلنے کا سامان رکھتے ہیں۔

کسوٹی (ہ۔ مونث) ۱۔ وہ پتھر جس پر سونے کو گھسا کر پرکھتے ہیں ۲۔ پرکھ۔ جانچ۔ امتحان۔ آزمائش (س کش۔ حرکت دینا۔ پٹ۔ سل) **کسوٹی پر چڑھانا۔ کسنا یا لگانا** (متعدی) پرکھنا۔ سونے چاندی کا کسوٹی پر گسنا۔ **کسوٹی پر چڑھنا** (لازم) ۱۔ پرکھا جانا۔ جانچ میں کھرا ثابت ہونا ۲۔ امتحان میں پورا اترنا۔

کسور (ع۔ مونث) جمع کسر کی۔

کسوف (ع۔ مذکر) سورج گرہن (کسف۔ دھندلا ہونا)

کسولی (ہ۔ مونث) دیکھو کستی۔

کسول (اردو۔ صفت) کنجی آنکھ کا گھوڑا۔

کسونجھی (ہ۔ مونث) ایک درخت۔

کسی (ہ۔ مونث) **کسی** (ہ) ۱۔ چھوٹا پھاوڑہ ۲۔ ایک پیمانہ جو دو قدم کے برابر ہوتا ہے (س کرش۔ کھینچنا)

کسے (ف۔ ضمیر) کوئی ایک۔ کوئی۔ **کسے باشد**۔ خواہ کوئی ہو۔ کوئی کیوں نہ ہو۔

کسیا (ہ۔ مونث) ۱۔ چھوٹا پھاوڑہ ۲۔ ہل کی پھالی۔

کسیاجانا (ہ) **کسانا** (ہ۔ لازم) پیتل یا تانبے کے برتن میں رہنے سے کسی چیز کا مزہ بدل جانا۔ کسیلا ہوجانا۔ بگڑ جانا (کانس سے)

کسید (س۔ مذکر) ۱۔ کوئی چیز یا روپیہ سود پر دینا ۲۔ سود ۳۔ روپیہ سود پر قرض دینے کا پیشہ ۴۔ مہاجن۔

کسیر (ہ۔ مذکر) کسیرا کا مخفف۔ مرکبات میں۔ **کسیرا** (مذکر) پیتل۔ تانبے کانسی وغیرہ کے برتن بنانے یا بیچنے والا (کانس سے) **کسیرہٹا** (مذکر) وہ بازار جہاں کسیروں کی دوکانیں ہوں۔ **کسیرن** (مونث) کسیرے کی بیوی۔

کسیرو (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک قسم کی گھاس ۲۔ ایک قسم کی خوردنی جڑ (س کشیرو)

کسیس (ہ۔ معروف) لوہے اور گندھک کا مرکب۔ اس سے چمڑا سیاہ کرتے ہیں۔ (س کاسیس)

کسیف (ع۔ صفت) ۱۔ موٹا۔ گاڑھا ۲۔ جو خالص نہ ہو ۳۔ وہ جس کے حالات خراب ہوں۔ بدنصیب۔ بدبخت (کسف۔ دھندلا ہونا) **کسیف الاوقات** (صفت) بدبخت۔ بدنصیب۔

کسیلا (ہ۔ صفت) بدمزہ جس کی تلخی زبان یا حلق کو پکڑے۔ **کسیلاپن** (مذکر) دیکھو کسلا۔

کسیلا (ہ۔ صفت) مضبوط۔ مستحکم۔ مضبوط بدن (س کرش۔ کھینچنا) **کسیلاپن** (مذکر) مضبوطی۔

کش (ف۔ امر) کشیدن کا ۱۔ بمعنی کھینچنا ۲۔ (صفت) کھینچنے والا۔ مرکبات میں جیسے اژدہ کش ۳۔ برداشت کرنے والا مرکبات میں جیسے جفاکش ۴۔ (مذکر) حقے کا گھونٹ (لگانا لینا کے ساتھ) ۵۔ ستارہ زحل۔ **کشاکش** (مونث) ۱۔ اینچا یا کھینچا تانی۔ متواتر کھینچنا ۲۔ چھینا جھپٹی۔ نوچا کھسوٹی ۳۔ تکرار۔ جھگڑا۔ جھڑپ۔ ہاتھا پائی ۴۔ دھکا پیل۔ دھکم دھکا ۵۔ تکلیف۔ زحمت۔ کشمکش ۶۔ فکر۔ اندیشہ تشویش۔ **کشاکش سے چھٹنا یا چھوٹنا** (لازم) فکر یا تکلیف سے نجات پانا۔ **کشاکش میں** (تف) اینچا تانی میں۔ جھگڑے میں (پڑنا ڈالنا کے ساتھ)

کشاں (صفت) کھینچتے ہوئے۔ **کشاں کشاں** (صفت) کھینچتے ہوئے۔ زبردستی۔ بالجبر۔ **کشمکش** (مونث) ۱۔ دیکھو کشاکش ۲۔ رکاوٹ۔ کشیدگی ۳۔ انقباض۔ ضیق ۴۔ بھیڑ جس میں سے نکلنا مشکل ہو۔ **کشمکش جانا** (لازم) جھگڑا رفع ہونا۔ اندیشہ یا تکلیف جانا۔ **کشمکش سے چھوٹنا** (لازم) فکر تکلیف یا جھگڑے سے نجات پانا۔ **کشمکش کرنا** (متعدی) اینچا تانی کرنا۔ **کشمکش میں پڑنا** (لازم) مخمصہ میں پھنسنا۔ **کشی** (مونث) ۱۔ کھینچنا۔ مرکبات میں جیسے تصویرکشی ۲۔ اٹھانا۔ برداشت کرنا۔ مرکبات میں جیسے محنت کشی۔ **کشید** (مونث) عرق نکالنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **کشیدگی** (مونث) ۱۔ کشش۔ کھنچاؤ ۲۔ رنج و ملال۔ ناراضگی۔ **کشیدنی** (صفت) کھینچنے کے قابل۔ **کشیدہ** (صفت) ۱۔ کھینچا ہوا۔ مرکبات میں جیسے ابروکشیدہ ۲۔ ملول ۳۔ برداشت کیا ہوا۔ مرکبات میں جیسے رنج کشیدہ ۴۔ بلند۔ دراز ۵۔ (مذکر) سوئی دھاگے سے کاڑھا ہوا پھول بوٹے کا کام۔ گلکاری۔ زردوزی۔

کشیدہ ابرو (صفت) وہ جس کی بھویں دور دور ہوں۔ **کشیدہ خاطر** (صفت) ناراض۔ آزردہ۔ (رہنا ہونا کے ساتھ) **کشیدہ رو** (صفت) آزردہ۔ ناراض۔ **کشیدہ قامت یا قد** (صفت) لمبے قد کا۔ **کشیدہ کاری** (ف۔ مونث) کپڑے پر پھول بوٹے کاڑھنا۔ **کشیدہ کاڑھنا** (متعدی) ۱۔ کپڑے پر سوئی دھاگے سے پھول بنانا ۲۔ باریک کام کرنا ۳۔ کسی کام میں دیر لگانا۔ سستی سے کام کرنا۔

کش (س۔ مذکر) ۱۔ کسوٹی ۲۔ رنگدار چیز کا جو شانہ ۳۔ چابک ۴۔ ایک قوم۔ **کشا** (مونث) ۱۔ چابک ۲۔ لگام ۳۔ بیت یا درے لگانا ۴۔ رسی ۵۔ چہرہ۔ منہ ۶۔ خاصیت۔

کش (ف۔ امر) کشتن کا۔ مار ۲۔ (صفت) مار ڈالنے والا۔ جیسے دیوکش۔ محسن کش۔ کشت

(مذکر) قتل - خونریزی - اردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا۔ کشت (ہ) خون (مذکر) خونریزی قتل ع قمع - کشتم کشتا (مذکر) کشتی (مونث) گتھم گتھا ہونا۔ لپٹ پڑنا: کرنا ہونا کے ساتھ) کشتنی (صفت) گردن مارنے کے قابل - کشتوں (مذکر) کشتہ کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے - کشتوں کے پشتے لگ (ہو) جانا (لازم) لاشوں کا ڈھیر ہو جانا - کشتوں کا کھیت (مذکر) وہ جگہ جہاں مقتولوں کی نعشیں پڑی ہوں۔ لڑائی ختم ہونے کے بعد میدان جنگ - کشتوں کے کھیت پڑنا (لازم) لاشوں کا انبار ہونا - کشتہ (صفت) ۱: مقتول - ذبح کیا ہوا - شہید ۲: مٹا ہوا - مٹایا ہوا ۳: عاشق ۴: نعش - مردہ ۵: پھنکی ہوئی دھات یا کوئی اور دوا - کشتۂ سحر (مذکر) جادو سے قتل کیا ہوا - قصے کہانیوں میں ایسا شخص اصل میں مرتا نہیں۔ سحر کرنے والے کے قتل پر زندہ ہو جاتا ہے (کرنا ہونا کے ساتھ) کشتہ کرنا (متعدی) ۱: قتل کرنا - مار ڈالنا ۲: دھات کو پھونکنا - کشتۂ محبت (مذکر) عاشق - کشتۂ ناز (مذکر) عاشق - کشتہ ہونا (لازم) ۱: مرنا ۲: دھات پھنکنا - کشندہ (صفت) مارنے والا - قاتل - کشی (مونث) مارنا - مرکبات میں جیسے بچہ کشی -

مثل - کشتہ کشتہ می کند ۱: کشتہ اگر کچا رہ جائے تو سخت نقصان پہنچاتا ہے ۲: کشتہ انسان کو کشتہ کی طرح بنا دیتا ہے - یعنی تندرست اور مضبوط بنا دیتا ہے۔

کُش (س - مذکر) ۱: ایک قسم کی گھاس جو مقدس سمجھی جاتی ہے اور مذہبی رسومات میں استعمال ہوتی ہے ۲: رسی جو اس گھاس سے بناتے ہیں - ۳: کشا (مونث) لکڑی یا دھات کا چھوٹا ٹکڑا جسے کتاب پر نشان کے طور پر رکھتے ہیں ۴: رسی ۵: لگام ۶: ایک پودہ ۷: کشی (مونث) ۱: دیکھو کشا ۲: ہل کی پھالی ۳: کپاس کا ڈوڈا ۴: پانی ۵: (صفت) شریر - بدمعاش ۶: پاگل - دیوانہ ۷: مدہوش ۸: (مذکر) وہ شخص جس کے پاس کشا گھاس ہو۔

کُشا (ف - امر) ۱: کشودن کا بمعنی کھولنا ۲: (صفت) کھولنے والا - آسان کنندہ - مرکبات میں جیسے مشکل کشا ۳: فراخ کرنے والا - فرحت بخشنے والا مرکبات میں جیسے دلکشا - کشاد (صفت) ۱: کشادہ ۲: حل - کشاد کار (مذکر) حصول مطلب - کامیابی - کشادگی (مونث) فراخی - وسعت - کشاد نامہ (مذکر) معافی کا بادشاہی فرمان - کشادہ (صفت) ۱: پھیلا ہوا ۲: کھلا ہوا - باز ۳: فراخ - وسیع - کشادہ ابرو (صفت) وہ جس کی بھنوؤں کے درمیان فاصلہ زیادہ ہو - کشادہ پیشانی یا جبیں (صفت) ہنس مکھ - جو ہر وقت خوش نظر آئے - کشادہ دست یا دل (صفت) سخی - فیاض - کشادہ دلی (مونث) ۱: خوش مزاجی ۲: فیاضی - سخاوت - کشادہ دہاں (صفت) جس کا منہ چوڑا ہو - کشادہ رَو (صفت) کھلے قدم کا (گھوڑا) کشادہ رُو (صفت) کشادہ پیشانی - کشادہ رَوی (مونث) گھوڑے کا لمبے قدم رکھ کر چلنا - کشادہ روئی (مونث) خوش مزاجی کشادہ کشادہ (تف) دور دور - فرق سے - کشادہ کف (صفت) سخی - فیاض - کشادہ مشرب (صفت) ۱: صاف - کھرا - صاف دل ۲: ہنس مکھ - کشائش (مونث) فراخی - کشادگی -

کَشاتر (س - صفت) ۱: کشتریوں کا - ان کے متعلق - انکی ملکیت ۲: کشتری - چھتری ۳: شاہی رعب داب یا دبدبہ -

کَشار (س - صفت) ۱: نمکین - کھاری ۲: جلانے والا - کھٹا - تیزابی ۳: (مذکر) کوئی چیز جو جلاتے یا سوزش پیدا کرے ۴: سہاگہ ۵: نمک ۶: سیاہ نمک ۷: کاسٹک سوڈا ۸: راکھ -

کَشّاف (ع - صفت) ۱: بہت ظاہر کرنے یا کھولنے والا - صاف ۲: وہ جو تشریح یا توضیح کرے ۳: (مونث) زمخشری کی تفسیر قرآن شریف (کشف - کھلنا)

کَشانت (س - صفت) صابر - بردبار - کشانتی (مونث) ۱: صبر - بردباری - قناعت ۲: کسی چیز کا صبر سے انتظار -

کشاورز (ف - مذکر) دہقان - کاشتکار (کشت ورز کا مخفف) کشاورزی (مونث) کاشتکاری - بونا جوتنا -

کَشَپ (س - مونث) ۱: رات ۲: دن رات ۳: تاریکی ۴: پانی -

کِشَپ (س - مونث) انگلیاں -

کَشَت (س - مذکر) زخم - کھرنڈ -

کَشت (ہ - مذکر) دیکھو کشٹ

کشت کی صحنک (مونث) ایک منت جس میں عورتیں مراد پوری ہونے پر قورما یا قلیہ پکا کر اور چند پانوں پر رکھ کر حضرت فاطمہ کی فاتحہ کراتی ہیں۔

کِشت (ف - امر) ۱: کشتن کا بمعنی بونا ۲: (مونث) کھیتی - کاشت ۳: بٹائی ۴: شطرنج میں شاہ کا حریف کے مہرے کی زد میں آ جانا - کشت زار (مونث) کھیتی - زراعت - کشت زعفران (مونث) زعفران کا کھیت - جب پھول نکلتے ہیں تو زرد رنگ عجب بہار دیتا ہے۔ کشت زعفران (دیکھ آنا) ہونا (لازم) جب کوئی بہت ہنستا ہے تو یہ محاورہ استعمال کرتے ہیں - کہتے ہیں کہ زعفران کے کھیت کو دیکھ کر انسان بے اختیار ہنستا ہے - کشت غم (مونث) غم کی کھیتی - بے حد غم - کشت غم ہری رہنا (لازم) ہر وقت غم تازہ رہنا - کشتکار (مذکر) کاشتکار - دہقان - کشتکار جہاں (مذکر) دنیا - کشتکاری (مونث) کاشتکاری - کشتوار (صفت) ۱: کھیتوں میں تقسیم کیا ہوا - کھیتوں کا نشان لگا ہوا ۲: (مذکر) ایک شہر کشمیر میں - کشت وکار (مذکر) بونا جوتنا - کِشتہ (صفت) بویا ہوا - کاشت کیا ہوا -

کَشترانی - کَشترنی (ہ - مونث) کشتری کی بیوی - کشتری عورت -

کَشتری (ہ - مذکر) ۱: ہندوؤں کی دوسری یا جنگجو ذات ۲: اس ذات کا ایک فرد (کش - حکومت کرنا)

کَشتی (ف - مونث) ۱: ناؤ - سفینہ - بجرا ۲: ایک مستطیل لکڑی کا ٹکڑا جس کے چاروں طرف لکڑیاں لگی ہوتی ہیں - اس میں کھانے کی چیزیں یا پوشاک رکھتے ہیں ۳: شراب پینے کی ایک قسم کی پیالی ۴: ساس ۵: ننھی کی کشتی نما پیالی ۶: کاسہ گدائی کچکول - کشتیاں (مونث) کشتی کی جمع - کشتیاں (لگانا) نذر کے لئے تیار کرنا (متعدی) کشتیوں میں نذر کی چیزیں سجا کر رکھنا - کشتیٔ بادہ (مونث)

دیکھو کشتی ۲۔ کشتی بہ جانا (لازم) کشتی کا ملاح کے قابو سے ہوا یا بہاؤ کے زور سے باہر ہو جانا۔ کشتی تباہ ہونا (لازم) بیڑا غرق ہونا۔ کشتی جالگنا (لازم) کشتی کا کنارے پر پہنچنا۔ کشتی چلانا (متعدی) چلنا (لازم) کشتی کا پانی پر رواں ہونا۔ (ملاحوں وغیرہ کے رواں کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے) کشتی دریوزہ (مونث) کاسۂ گدائی۔ کشتی کا پانی چیرنا (متعدی) ناؤ کا دریا میں چلتے ہوئے پانی میں سے گزرنا۔ کشتی کا لنگر انداز ہونا (لازم) لنگر کرنا (متعدی) کشتی کو ٹھیرا لینا۔ کشتی کھینا (متعدی) کشتی چلانا۔ کشتی کی چپلی (مونث) گوٹے یا پلکے کے کشتی نما کنگرے۔ کشتی گھاٹ پر لگانا (متعدی) لگنا (مونث) منزل مقصود پر پہنچنا۔ کشتی میں لگا کر لانا (متعدی) خلعت یا کھانے کی چیزیں کشتی میں ترتیب سے رکھ کر پیش کرنا۔ کشتی میں لگانا (متعدی) کشتی میں ترتیب سے رکھنا۔

مثل۔ کشتی لالچ ہی کے سبب سے ڈوبتی ہے۔ لالچ سے کام بگڑتا ہے۔

کُشتی (ف۔ مونث) ۱۔ پہلوانوں کا لڑنا ۲۔ زور آزمائی (کشتن۔ مارنا) کشتی باز (صفت) کشتی لڑنے والا۔ کشتی برابر رہنا (لازم) کشتی میں کسی کا غالب نہ آنا۔ کشتی بڑھنا (لازم) جیتنا۔ کشتی پڑنا (لازم) اتفاقاً کشتی ہو جانا۔ کشتی جیتنا (متعدی) کشتی میں پچھاڑنا۔ کشتی دلانا (متعدی) کشتی کی مشق کے واسطے شاگرد کو پچھاڑنا۔ کشتی کرنا (متعدی) زور آزمائی کرنا۔ کشتی کھا جانا (لازم) ہار جانا۔ مائل ہو جانا۔ کشتی گیر (صفت) کشتی باز۔ پہلوان۔ کشتی گیر زادہ (مذکر) پہلوان۔ کشتی لڑنا (متعدی) ۱۔ زور آزمائی کرنا۔ پکڑنا ۲۔ گتھ جانا۔ کشتی مارنا (متعدی) کشتی جیتنا۔ کشتی ہونا (لازم) زور آزمائی ہونا۔ گتھم گتھا ہونا۔

کِشتی (س۔ مونث) ۱۔ رہنے کی جگہ۔ جائے رہائش ۲۔ زمین۔ اراضی ۳۔ مٹی ۴۔ نقصان۔ تباہی۔ بربادی ۵۔ جزر۔ گھٹاؤ۔ زوال ۶۔ دنیا کا اختتام۔ قیامت۔ پرلو۔

کَشٹ (س۔ مذکر) ۱۔ برائی۔ خرابی بدی ۲۔ مشکل ۳۔ چیزوں کی بری حالت ۴۔ ضرورت حاجت ۵۔ مصیبت۔ تکلیف ۶۔ غربت۔ افلاس ۷۔ درد۔ تکلیف ۸۔ تیزی۔ جوش ۹۔ محنت۔ مشقت۔ کشٹ اٹھانا بھوگنا یا پانا (متعدی) تکلیف پانا۔ مصیبت اٹھانا۔ کشٹ دینا (متعدی) تکلیف دینا۔ ضرر پہنچانا۔ کشٹ کرنا (متعدی) ۱۔ کوشش کرنا ۲۔ تکلیف اٹھانا۔ محنت کرنا۔ کشٹی (مونث) ۱۔ تکلیف۔ مصیبت ۲۔ درد ۳۔ امتحان۔ آزمائش۔

کُشٹھ (س۔ مذکر) ۱۔ ایک پودہ جسے کٹھ بھی کہتے ہیں ۲۔ کوڑھ۔ کشٹھی (مذکر) کوڑھی۔

کَشُدر (س۔ صفت) ۱۔ چھوٹا۔ ذرہ۔ ننھا سا ۲۔ غریب۔ مفلس ۳۔ کمینہ۔ رذیل ۴۔ لالچی۔ حریص ۵۔ بخیل۔ کنجوس ۶۔ (مذکر) کمینہ آدمی وغیرہ۔ کشدرا (مونث) ۱۔ کمینی عورت ۲۔ اپاہج عورت ۳۔ طوائف۔ رنڈی۔ فاحشہ عورت ۴۔ جھگڑالو عورت ۵۔ کئی پودوں کا نام۔

کشُدھ۔ کشُدھا (س۔ مونث) بھوک۔ جوع۔

کشُر (س۔ مذکر) ۱۔ استرا ۲۔ گھوڑے کا سم۔ کشُری (مونث) ۱۔ چاقو ۲۔ استرہ ۳۔ خنجر ۴۔ (مذکر) نائی۔ حجام۔

کَشَرن (س۔ مذکر) بہنے۔ چونے۔ عرق کھینچنے یا گرنے کا فعل۔

کَشِش (ف۔ مونث) ۱۔ کھینچنے کی قوت۔ کھنچاؤ۔ جذب ۲۔ میل۔ رغبت۔ میلان ۳۔ حرف کا دائرہ یا لمبائی ۴۔ مصیبت۔ تکلیف۔ سختی ۵۔ ڈھیل۔ وقفہ۔ تاخیر ۶۔ جھگڑا۔ لڑائی۔ ان بن ۷۔ ناز و کرشمہ۔ غمزہ۔ عشوہ۔ دلربا۔ ناز کی چال۔ (کشیدن۔ کھینچنا) کشش اتصال (مونث) وہ کشش جو جسم کے اجزا کو پیوستہ رکھتی ہے۔ کشش اٹھانا (متعدی) اٹھنا (لازم) تکلیف برداشت ہونا۔ سختی اٹھنا۔ کشش آنا بیب نعری (مونث) وہ کشش جس کی وجہ سے باریک نالیوں میں مائعات اوپر چڑھ جاتے ہیں۔ کشش ثقل (مونث) وہ کشش جس کی وجہ سے مختلف اجسام ایک دوسرے کو کھینچتے ہیں۔ کشش دل (مونث) وہ قوت جس کی وجہ سے دل کو دل سے راہ ہوتی ہے۔ جو بات عاشق چاہتا ہے اس کا اثر معشوق پر ہوتا ہے۔ کشش زمین (مونث) زمین کی وہ کشش جس کی وجہ سے ہر چیز زمین پر گرتی ہے۔ کشش عشق (مونث) دیکھو کشش محبت۔ کشش کرنا (متعدی) کھینچنا۔ اثر کرنا۔ کشش کہربائی (مونث) وہ کشش جو کہربا کی ڈلی کو اونی یا ریشمی کپڑے سے رگڑنے سے پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے وہ ہلکی چیزوں کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ فی الحقیقت یہ کشش ہر چیز کو اونی یا ریشمی کپڑے سے رگڑنے سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ طاقت بجلی کی وجہ سے جو بعض چیزوں میں رگڑنے سے پیدا ہوتے ہیں۔ ہاتھ کے ذریعے زمین میں چلی جاتی ہے۔ بعض میں سے نہیں جاتی۔ ولکا نائیٹ کی کنگھیوں کو بالوں پر پھیرنے سے پیدا ہو کر نہیں جاتی۔ کشش کیمیائی (مونث) وہ کشش جس سے دو یا زیادہ اشیا کے ملنے سے نئی چیز پیدا ہو جاتی ہے جیسے سوڈے اور کلورین سے نمک۔ ہائیڈروجن اور آکسیجن سے پانی۔ نوشادر اور قلعی سے امونیا گیس۔ کشش کے دن نکلنا (لازم) مصیبت کے دن جانا۔ آرام کا زمانہ آنا۔ کشش محبت (مونث) وہ کشش جس کی وجہ سے ایک شخص کی محبت کے اثر سے دوسرے شخص کے دل میں محبت پیدا ہو جاتی ہے۔ کشش مقناطیس (مونث) وہ قوت جس کی وجہ سے مقناطیس لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔ کشش ہونا (لازم) ۱۔ کھینچنے کی قوت ہونا۔ اثر ہونا ۲۔ ان بن ہونا۔

کُشِش (ف۔ مونث) مار ڈالنا۔ قتل۔ ذبح۔ قربانی۔ بھینٹ (کشتن۔ مارنا)

کَشف (ع۔ مذکر) ۱۔ کھولنا۔ ظاہر کرنا ۲۔ برہنہ کرنا۔ پردہ اٹھانا ۳۔ ظہور۔ انکشاف ۴۔ تفسیر۔ تشریح۔ شرح ۵۔ (صوفیوں کی اصطلاح) وہ درجہ جس پر پہنچ کر غیب کے اسرار ظاہر ہو جائیں ۶۔ آواز غیب۔ الہام (کشف۔ کھولنا) کشف راز (مذکر) خفیہ بات کا ظاہر کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) کشف قبور (مذکر) صوفیوں کا وہ مرتبہ جس میں ان کو مردے کی قبر سے حالات معلوم ہو جاتے ہیں۔ کشف و کرامات (مونث) خرق عادت۔ اعجاز و تصرف۔ کشف سے غیب کے حالات معلوم ہو جاتے ہیں۔ کرامات۔ خرق عادت ظاہر ہونا۔

کشفی (صفت) ۱۔ ظاہر شدہ - الہام شدہ ۲۔ کشف، سے منسوب۔

کشکول (ف - مذکر) ۱۔ کچھوا ۲۔ ایک صورت سیارہ ۳۔ ایک بڑا برتن جس میں مائعات، کو ٹھنڈا کرتے ہیں۔

کشفت (ف - مذکر) یہود (یوں) کا معبد یا دینی جماعت۔

کشکر (ف - مونث) ۱۔ عاری، لکیر - کشکہائے (مونث) روشنی کی کرنیں

کشکب (ف - مذکر) ۱۔ جو ۲۔ جو کا پانی ۳۔ چھاچھ نشک کی ہوئی ۴۔ ایک کھانا جو چھاچھ اور جو کے آٹے سے بنتا ہے۔

کشک (ف - مذکر) ۱۔ اوپر کا کرہ - چوبارہ ۲۔ بڑا کمرہ۔

کشکار (س - مذکر) حرف یا آواز کا
کشکچی باشی (ت - مذکر) سنتری پہرے دار - چوکیدار۔

کشکو (س - صفت) ۱۔ برا۔ خراب ۲۔ حقیر - قابل نفرت۔

کشکول - کشکول (ف - مونث) دیکھو کچکول (پھر ناکے ساتھ)

کشل (س - صفت) ۱۔ ٹھیک - درست ۲۔ اچھا - تندرست ۳۔ اچھی حالت میں ۴۔ کامیاب - اقبالمند ۵۔ موزوں - مناسب ۶۔ لائق - قابل - ماہر - ہوشیار۔

کشم (س - صفت) ۱۔ صابر - قانع - بردبار ۲۔ قابل برداشت ۳۔ قابل - لائق - ماہر ۴۔ مفید ۵۔ مناسب - موزوں ۶۔ مشفق - مہربان ۷۔ سخی - فیاض ۸۔ (مذکر) صابر نیوآدمی ۹۔ مناسبت - موزونیت ۱۰۔ کشما (مونث) ۱۔ صبر - قناعت - بردباری ۲۔ معافی - کشما کرنا (متعدی) ۱۔ معاف کرنا ۲۔ برداشت کرنا۔

کشمش (ت - مونث) ۱۔ ایک قسم کے چھوٹے سوکھے ہوئے انگور ۲۔ خشک میووں کا مجموعہ یادام ناریل کترا ہوا اخروٹ مونگ پھلی کشمش وغیرہ ملا کر بناتے ہیں۔ کشمشی (صفت) کشمش کے رنگ کا - کشمشی دن (مذکر) بڑا دن - کرسمس ڈے کا مخرب یا اس لئے کہتے ہیں کہ انگریزوں کو اس دن ڈالیاں دی جاتی ہیں۔

مثل - کشمش کی طرح تنکے موجود - اس جگہ بولتے ہیں جہاں کسی گھرانے کی ذات میں نقص ہو۔

کشمنا (ہند - متعدی) ۱۔ صبر سے برداشت کرنا - جھیلنا ۲۔ معاف کرنا۔

کشمیر (ہند) ایک ملک اور ریاست پنجاب کے شمال میں - دارالخلافہ سری نگر - کشمیر کشیپ میر کا مخفف سمجھا جاتا ہے کشیپ ایک رشی تھا جس کی نسبت کہا جاتا ہے کہ اس نے معجزے سے پہاڑ کو پھاڑ کر جھیل کے پانی کو نکال دیا تھا - اصل میں لفظ کش - کاش کا مخفف ہے - اسے کاشمیر بھی کہتے ہیں - اور یہ لفظ اور کئی شہروں کے ناموں میں پایا جاتا ہے جیسے کاشغر - کاشان - کاش کے معنی چمکنا ہیں - برف یا جھیل کے پانی کے چمکنے کی وجہ سے یہ نام ہوا - میر سمندر کو کہتے ہیں - کشمیرا دہ - مذکر) ایک قسم کا اونی کپڑا جو پہلے کشمیر سے آتا تھا - اب ولایت میں عام بنتا ہے - اسے انگریزی میں ٹویڈ کہتے ہیں - کشمیرن - کشمیرنی (مونث) ۱۔ کشمیر کی عورت ۲۔ کشمیری کی بیوی ۳۔ ناچنے والی عورت - کشمیری (صفت) ۱۔ کشمیر سے منسوب ۲۔ (مذکر) کشمیر[illegible] ۳۔ ناچنے والا لڑکا ۴۔ (مونث) کشمیر کی زبان۔

امثال - کشمیری بے پیری (جس میں) لذت نہ شیری (نہ منچانہ پیڑھی) کشمیری بیوفا مشہور ہیں - اس لئے پہلی صورت میں ان پر طنز ہے - دوسری صورت میں ان کی غربت پر تمسخر ہے - قحط یا سختی کی وجہ سے وہ ناداری کی حالت میں پنجاب وغیرہ میں آجاتے ہیں - **کشمیری سے گورا سو کوڑھا** (کوڑھی) کشمیری بہت سفید رنگ کے ہوتے ہیں - اور جس کو برص ہو وہی ان سے زیادہ سفید رنگ کا ہو سکتا ہے۔

کشن (س - مذکر) ۱۔ سونے کو کسوٹی پر کسنا ۲۔ امتحان - آزمائش۔

کشن (ف - صفت) ۱۔ بڑا ۲۔ فراخ ۳۔ زیادہ ۴۔ لاتعداد۔

کشن (س - مذکر) ۱۔ لمحہ - لحظہ ۲۔ آنکھ کی جھپک ۳۔ وقت کا ایک پیمانہ جو ۳۰ کلا یا چار منٹ کے برابر ہوتا ہے ۴۔ چھٹی - فرصت کا وقت ۵۔ مناسب موقع ۶۔ تیوہار ۷۔ نئے چاند کے نکلنے کا وقت ۸۔ درمیان - وسط ۹۔ (تف) لمحے بھر کے لئے - کشن بھر میں (تف) لحظہ بھر میں - فوراً - کشن کشن (تف) ہر لحہ - لگاتار۔

کشن (ہ - مذکر) کرشن جی کا مخفف۔

کشنگ (ف - مذکر) ۱۔ کھجور کے ریشے ۲۔ رسی جو ان ریشوں سے بنائی جائے۔

کشنیز (ف - مذکر) دھنیا۔

کشوبھ (س - مذکر) ۱۔ جوش - ولولہ - شوق ۲۔ بیقراری - بےچینی ۳۔ تکلیف - مصیبت۔

کشود (ف - مونث) ۱۔ کھلنا - پھیلنا ۲۔ فراخی - پھیلاؤ ۳۔ خوشی سے پھیلنا ۴۔ فائدہ - کامیابی ۵۔ (صفت) کھلا - پھیلا ہوا (کشودن - کھلنا) کشود کار (مذکر) مطلب حاصل ہونا - مشکل حل ہونا۔

کشود و بست (مذکر) ۱۔ کھلنا بند ہونا ۲۔ انتظام

کشودر (س - مذکر) ۱۔ چمپا کا درخت ۲۔ شہد ۳۔ پانی - انگور۔

کشور (ف - مذکر) ملک - اقلیم - ولایت - کشورستاں - کشا یا گیر (مذکر) ملکوں کا فتح کرنے والا - کشورستانی یا کشائی (مونث) ملکوں کی فتح۔

کشور (س - مذکر) ۱۔ لڑکا - طفل جو پندرہ سال سے کم ہو ۲۔ ہندؤں کے ناموں میں استعمال ہوتا ہے - جیسے نولکشور ۳۔ جانور کا بچہ - کشورا (صفت) جوان بچہ - کشوری (مذکر) لڑکا - طفل - مرکبات میں جیسے کشوری لال۔

کشور (س - مذکر) ۱۔ سر مونڈنا ۲۔ نائی کا پیشہ - کشوری (مونث) ۱۔ استرا ۲۔ مونڈنی۔

کشون (س - مونث) ۱۔ زمین ۲۔ لوگ۔

کشویلکا (س - مونث) کھیل - مذاق

کشی (س - مذکر) ۱۔ نقصان - تضیع ۲۔ کمی - گھٹاؤ ۳۔ تباہی - بربادی ۴۔ قیمت کا گھٹنا ۵۔ ہٹایا جانا کسی جگہ سے - انتقال - نقل ۶۔ انجام - آخیر ۷۔ قیامت - پرلو ۸۔ تپ دق ۹۔ بیماری ۱۰۔ (الجبرا) منفی مقدار ۱۱۔ ایک راجہ۔

کشیا (ہ - صفت) قابل تلفی - جو تلف یا ضائع ہو - تلف ہونے والا۔

(متعدی) **ہونا** (لازم) ۱۔ کافی ہونا ۲۔ جزرسی ہونا ۳۔ قیمت کم ہونا۔ سستا ہونا ۴۔ (پر) قناعت کرنا۔ راضی ہونا۔ **کفایتی** (مونث) ۱۔ کفایت ۲۔ (صفت) کفایت شعار ۳۔ سستا۔

کفت (ف۔ مونث) کوفت کا مخفف۔

کفتار (ف۔ مذکر) ۱۔ بجو ۲۔ چرخ ۳۔ وہ شخص جو مردوں کے کفن اتارے (کافتن۔ پھاڑنا)

کفر (ع۔ مذکر) ۱۔ انکار ۲۔ خدا کو نہ ماننا ۳۔ سچے دین سے انکار کرنا ۴۔ بے دینی۔ بے اعتقادی ۵۔ اعتقاد بد سے نہ پھرنا ۶۔ ضد۔ ہٹ ۷۔ ناشکری۔ ناسپاسی (کفر۔ نہ ماننا۔ انکار کرنا) **کفران** (مذکر) ناشکری۔ ناسپاسی۔ **کفران نعمت** (مذکر) ۱۔ ناشکری نعمت ۲۔ احسان فراموشی ۳۔ نمک حرامی۔ کورنمکی۔ **کفر بکنا** (متعدی) ۱۔ بے دینی کی باتیں کرنا۔ ملحدانہ گفتگو کرنا ۲۔ گالیاں بکنا۔ گالی گلوچ کرنا۔ **کفر توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) ۱۔ ضد یا ہٹ دور ہونا ۲۔ کوئی مشکل بات مانی جانا۔ **کفرستان** (مذکر) کافروں کا ملک۔ **کفر کا فتویٰ حاصل کرنا۔ لینا** (متعدی) کسی کے متعلق مولویوں سے کافر ہونے کا حکم حاصل کرنا۔ **کفر کا فتویٰ دینا** (متعدی) کسی کو کافر قرار دینا۔ **کفر کا کلمہ بولنا یا منہ سے نکالنا** (متعدی) ۱۔ خدا کی شان میں گستاخی کرنا ۲۔ ڈینگ مارنا ۳۔ کوئی ایسی بات کہنا جس سے دین کی اہانت یا مخالفت پائی جائے۔ **کفر کچہری** (مونث) بری صحبت۔ **کفری** (صفت) ۱۔ کافر۔ ملحد ۲۔ زانی۔ اغلامی۔ لوطی ۳۔ ایک قوم جو افریقہ کے جنوب مشرقی کنارے پر آباد ہے۔

مقولہ۔ کفر ٹوٹا خدا خدا کرکے بڑی مشکل سے منایا یا راضی کیا۔

کفرطاب (ع۔ مذکر) معرا اور حلب کے درمیان ایک شہر۔

کفش (ف۔ مذکر) جوتا۔ نعلین۔ **کفش بردار** (صفت) ادنیٰ ترین۔ ادنیٰ درجے کا۔ **کفش پا** (مونث) جوتی۔ **کفش خانہ** (مذکر) انکسار سے اپنے گھر کو کہتے ہیں۔ **کفش دوز یا گر** (مذکر) جوتی بنانے والا شخص۔ موچی۔

کفک (ف۔ مونث) ہتھیلی۔ تلوا۔

کفک (ف۔ مونث) جھاگ۔ پھین۔

کفل (ع۔ مذکر) ۱۔ سرین۔ چوتڑ ۲۔ گھوڑے کے پٹھے۔

کفن (ع۔ مذکر) سفید کپڑا جس میں مردے کو لپیٹتے ہیں (کفن۔ کپڑا پہنانا مردے کو) **کفنانا** (متعدی) کفن پہنانا۔ **کفنانا دفنانا** (متعدی) تجہیز و تکفین کرنا۔ کفن دینا اور دفن کرنا۔ **کفن باندھنا** (متعدی) ۱۔ لڑائی پر جاتے ہوئے سفید کپڑا سر سے لپیٹنا تاکہ اس میں لاش لپیٹی جائے ۲۔ کسی خطرناک کام کے لئے جانا جس سے زندہ واپس آنے کی امید نہ ہو ۳۔ جان پر کھیلنا۔ جان خطرے میں ڈالنا۔ **کفن پر اٹھے**۔ کفن پر خرچ ہو۔ ایک قسم کا حلف ہے۔ جیسے ہمارے پاس ایک کوڑی ہو تو کفن پر اٹھے۔ **کفن پھاڑ کر (کے) اٹھنا** (لازم) مردوں کا زندہ ہونا۔ قیامت سمجھ کر مردوں کا اٹھ کھڑا ہونا۔ **کفن پھاڑ کر (کے) بولنا** (لازم) بے اختیار چیخ مار کر بولنا۔ دفعتاً بول اٹھنا۔ بیقرار ہو کر بولنا۔ باآواز مہیب بولنا۔ **کفن پھاڑ کر (کے) نکل بھاگنا** (لازم) بیتاب ہو کر بھاگ جانا۔ **کفن چور** (مذکر) وہ چور جو قبر کھود کر مردوں کے کفن چرا لیتا ہے۔ **کفن دفن** (مذکر) تجہیز و تکفین۔ **کفن دینا** (متعدی) ۱۔ کفن پہنانا ۲۔ مردے کے لئے کفن کا کپڑا دینا۔ **کفن سر سے باندھنا یا لپیٹنا** (متعدی) دیکھو کفن باندھنا۔ **کفن سر سے باندھے پھرنا** (لازم) جان ہتھیلی پر لئے پھرنا۔ لڑنے مرنے کے لئے تیار پھرنا۔ **کفن کاٹھی کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) تجہیز و تکفین ہونا (ہندو)۔ **کفن کو کوڑی نہیں**۔ نہایت مفلس قلاش ہے۔ **کفن پر لگے** (قسم) دیکھو کفن پر اٹھے۔ **کفن کھسوٹ** (مذکر) کفن چور (لکھنؤ)۔ **کفن کے کام آئے**۔ دیکھو کفن پر اٹھے۔ **کفن میلا نہ ہونا** (لازم) مرے ہوئے تھوڑا عرصہ ہونا۔ **کفن نصیب نہ ہو** (بددعا) بے گور و کفن رہے۔

کفنی (ف۔ مونث) ۱۔ فقیروں کا لمبا جامہ ۲۔ وہ بے آستین کرتا جو مردے کو پہناتے ہیں ۳۔ وہ بے آستین کرتا جو نوزائیدہ بچے کو پہناتے ہیں۔

کفو (ع۔ مذکر) ۱۔ مانند۔ برابر۔ یکساں ۲۔ ذات میں برابر (کفا۔ برابر ہونا)

کفہ (ف۔ مذکر) ۱۔ چھپا کر لے جانا کسی چیز کا تاکہ محصول نہ دینا پڑے۔ خصوصاً افیون کا محصول چوری ۲۔ کپڑے کو افیون کے ست میں بھگو کر میلے کپڑوں میں ڈال لیتے ہیں۔

کفیل (ع۔ مذکر) ضامن۔ ضمانت دینے والا۔ ذمہ دار (کفل۔ ضامن ہونا) **کفیل کار** (مذکر) ضامن۔ **کفیل ہونا** (لازم) ۱۔ ضامن ہونا ۲۔ ذمہ دار ہونا۔

کک (ہ۔ مونث) ۱۔ آواز ۲۔ چیخ ۳۔ بھونکنا کتے کا۔ **کک کک** (متعدی) مرغی کی آواز بچوں کو بلانے کی۔

کک (انگ۔ مذکر) ۱۔ باورچی ۲۔ پکانا۔

ککا (ھ۔ مذکر) چچا۔

ککا (ھ)، **ککار** (س۔ مذکر) حرف ک۔ **ککے** (مذکر) ہندی الف بے۔

ککا (ھ۔ مذکر) کتا۔ **ککا تلسی** (مذکر) سفید تلسی۔

ککبھ (س۔ مونث) طرف۔ جانب۔ جیسے مشرق۔

ککٹ (س۔ مذکر) **ککٹ** (ھ) ۱۔ مرغ ۲۔ جنگلی مرغ ۳۔ نر پرند ۴۔ پنجہ۔

ککد (س۔ مذکر) ۱۔ پہاڑ کی چوٹی ۲۔ بیل کا کوہان ۳۔ کوئی شاہی نشان جیسے سفید چھاتا ۴۔ ایک بحر یا وزن ۵۔

ککر (س۔ مذکر) ۱۔ کتا ۲۔ کنایتاً کشتری۔ چھتری۔ **ککر کھانسی** (مونث) ایک قسم کی کھانسی جس میں انسان بھونکتا معلوم ہوتا ہے۔ کالی کھانسی۔ **ککر متا** (مذکر) ایک قسم کی روئیدگی جو برسات میں زمین سے اگتی ہے **ککری** (مونث) ۱۔ کتیا ۲۔ چھتری عورت۔

ککرالی (ہ۔ مونث) **ککرائی** (ھ) پھوڑا جو بغل میں نکلتا ہے۔

ککڑ (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا پینے کا تمباکو جو چینی اور ذکن تمباکو ملا کر حقے میں پیتے ہیں ۲۔ مٹی کا بڑا حقہ ۳۔ لمبے نیچے کا حقہ ۴۔ دبلا پتلا آدمی۔ **ککڑ باز** (صفت) ککڑ کا حقہ بہت پینے والا۔ **ککڑ خانہ** (مذکر) وہ

جگہ جہاں عام لوگ بیٹھ کر حقہ پیتے ہیں۔ گکڑ کا حقہ (مذکر) دیکھو گکڑ ۳۔ گکڑ والا (صفت) جو بازار میں لوگوں کو حقہ پلاتا ہے۔

گکڑ۔ گکڑا (ھ۔ مذکر) ۱۔ مرغا (طنز) بوڑھا آدمی۔

گکڑوں کوں (ھ۔ مذکر) مرغے کے بولنے کی آواز۔

ککڑی (ہ۔ مونث) ۱۔ ایک قسم کی بیل ۲۔ اس کا پھل جو لمبا ہوتا ہے اور کچا نمک مرچ لگا کر کھاتے ہیں (س کرکٹکا) **ککڑی کا چور** (مذکر) ادنٰے چور۔ اچکا۔ چھوٹی چیز کا چور۔ **ککڑی کا چور باندھا جانا** (لازم) ۱۔ ادنٰی قصور پر بہت سزا ملنا ۲۔ ظلم ہونا۔ اندھیر ہونا۔ **ککڑی کا کھیرا کرنا** (متعدی) بے قدر سمجھ کر کوسنا۔

امثال۔ ککڑی کے چور کا کوئی خون نہیں کرتا۔ ککڑی کے چور کو پھانسی نہیں دیتے یا گردن نہیں مارتے معمولی قصور پر سخت سزا نہیں دیتے۔ **ککڑی کی پونچی بجی بجی نہیں توڑ کھائی۔** کام میں کچھ برائی نہیں یوں ہوا تو ہوا نہیں تو اور طرح سہی۔

ککڑی (ہ۔ مونث) ۱۔ کچے سوت کی کاتی ہوئی لچھی ۲۔ مکی کا بھٹا ۳۔ کورکھیوں کا چاقو ۴۔ جوار یا اگ کا ڈوڈا ۵۔ (پ) مرغی۔ **ککڑی ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱۔ سردی سے سمٹ جانا ۲۔ سوکھ کر دبلا ہو جانا۔

ککش (س۔ مذکر) ۱۔ بغل ۲۔ پہلو۔

ککشا (مونث) ۱۔ کمربند۔ پیٹی ۲۔ ساڑھی کا سرا جو پیچھے کمربند میں گھرس لیتے ہیں۔

ککشی (س۔ مذکر) ۱۔ ایریٹ ۲۔ پیٹ کا گڑھا ۳۔ رحم ۴۔ گڑھا۔ غار ۵۔ خلیج۔

ککنا (مذکر) **ککنی** (ھ۔ مونث) کنگھی۔

ککورنا (ھ۔ متعدی) ۱۔ کھرچنا۔ کھودنا۔

ککوڑا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی ترکاری۔

ککونک (س۔ مذکر) بچوں کی ایک آنکھوں کی بیماری۔

ککہرا (ھ۔ مذکر) ہندی الف۔ ب۔ ت۔

ککھری (ھ۔ مونث) ۱۔ بغل ۲۔ بغل کا پھوڑا۔

ککھیالی (ھ۔ مونث) اناج کا گٹھا جو بغل میں آسکے۔ یہ کمینوں اور ملازمان دیہ کو دیا جاتا ہے۔

ککی (س۔ مذکر) نیل کنٹھ۔

ککیانا (ہ۔ لازم) ۱۔ چیخنا۔ چنگھاڑنا ۲۔ بندر کا بولنا۔ چیخانا۔ چڑچڑانا۔

ککے زئی (ف۔ مذکر) ہندوستان کی ایک قوم جسے عوام کلال کہتے ہیں۔ یہ اپنے آپ کو پٹھان کہتے ہیں۔

کگر (ھ۔ مذکر) ۱۔ کنارا۔ سرا۔ پہلو۔

کگوا (ھ۔ مذکر) کوا۔

کگھا (ہ۔ مذکر) وہ بڑا آخر مہرہ جو بر بجلا کھیلنے والوں کے پاس ہوتا ہے

کل (ہ۔ مونث) ۱۔ دن جو گزر چکا ہو ۲۔ دوسرا دن جو آئیگا ۳۔ زمانہ قریب ۴۔ روز قیامت (س کلین) **کل آنا** (لازم) کل کا دن ہونا۔ **کل پر چھوڑنا** (متعدی) کسی کام کو دوسرے روز پر اٹھا رکھنا۔ **کل پر کام نہ رکھنا** (متعدی) دوسرے دن پر کام نہ اٹھا رکھنا۔ فوراً کام کرنا۔ **کل کا ذکر ہے** تھوڑے عرصہ کی بات ہے۔ **کل کا لڑکا ہے۔** تھوڑے عرصے کا پیدا ہے ناتجربہ کار ہے۔ **کل کلاں** (ق) آئندہ۔ پھر۔ زمانہ آئندہ میں۔ **کل کلاں** (ذکر) (ق) آئندہ زمانے میں۔ **کل کل کرنا** (متعدی) آج کل کرنا۔ روز کل کہہ دہ ٹالنا۔ لیت و لعل کرنا۔ **کل کو** (ق) آئندہ پھر کل۔ **کل کو ایسا نہ ہو۔** آئندہ کام نہ بگڑ جائے۔ **کل کو نہ کہنا۔** آئندہ الزام نہ دینا۔ **کل کیا ہے** خدا جانے آئندہ کیا ہو۔ **کل کی بات** (مونث) تھوڑے عرصے کا ذکر۔ تھوڑے دنوں کا معاملہ۔ **کل کی باتیں** (مونث) گزشتہ باتیں۔ **کل کی خبر نہیں۔** خدا جانے آئندہ کیا ہو۔ **کل کی رات** (مونث) وہ رات جو آج کی رات سے پہلے گزر گئی۔

امثال و اقوال۔ کل کا لیپا دیو ہا۔ آج کا لیپا دیکھو آ۔ گزشتہ باتوں کو جانے دو۔ **کل کسنے دیکھی ہے۔** تاخیر نہ کرو معلوم نہیں کل کیا ہو۔ **کل کی کل (پر ہے) کے ہاتھ ہے۔** آئندہ کی فکر نہ کرو۔ **کل کے جوگی کندھے (گانڑ) پر جٹا۔** جب تک کمال نہ ہو وضع اختیار کرنے سے کچھ نہیں ہوتا۔

کل (ہ۔ صفت) ۱۔ دانا ۲۔ خوش ۳۔ سیاہ۔ **کل پونیا** (مذکر) ایک قسم کا لیموں جس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔ **کل بہنا** (صفت) ۱۔ فالی زبان ۲۔ الاپ (مذکر) وہ شخص جس کی بری بات بہت جلد اثر کرتی ہے۔

کلجھواں (صفت) سانولا۔ **کلچڑا** (مذکر) ۱۔ ایک خوش آواز پرندہ ۲۔ ایک قسم کا پتنگ۔ **کلچڑی** (مونث) مادہ کلچڑا ۱۔ کی۔ **کلچونچا** (مذکر) وہ کبوتر جس کی چونچ سیاہ ہو۔ **کل دما** (مذکر) ۱۔ وہ کبوتر یا پرند جس کی دم سیاہ ہو ۲۔ وہ پتنگ جس کا نیچے کا حصہ کالا ہو۔ **کل سرا** (مذکر) ۱۔ وہ پرند جس کی چوٹی یا سر سیاہ ہو ۲۔ انسان ۳۔ کالے سر کا پتنگ۔ **کل سری** (مونث) ایک قسم کی بطخ۔ **کلوا۔ کلمنہا۔ کلمونہا۔ کلموہا** (صفت) ۱۔ کالے منہ کا۔ سیہ فام ۲۔ بدبخت۔ بدنصیب۔ **کلمنہی۔ مونہی یا موہی** (صفت مونث) ۱۔ بطور گالی یا کلمۂ نفریں استعمال کرتی ہیں۔ شفتل۔ ذلیل۔ نابکار ۲۔ کم بخت۔ بدنصیب۔ **کلو** (مذکر) کالے رنگ کا آدمی۔ کالا آدمی۔ **کلو** (مونث) کالی عورت۔ **کلوا** (مذکر) ۱۔ کالا کتا ۲۔ کلو کی تصغیر۔ **کلوا بیر** (مذکر) ایک فرضی موکل جسے جادوگر بتاتے ہیں۔ **کلوٹا** (صفت) سیاہ فام۔ کالا۔

مثل۔ کلسرا بڑی آفت ہے۔ انسان بہت چالاک ہے۔

کل (ہ۔ مونث) ۱۔ کسی چیز کا چھوٹا سا حصہ ۲۔ مشین ۳۔ اوزار۔ آلہ ۴۔ تالا ۵۔ پنجرے کی چٹخنی یا کھٹکا ۶۔ پنجرے کا وہ خانہ جس میں پرندوں کے پکڑنے کے لئے چٹخنی لگی ہوئی ہوتی ہے اور حرکت کے ساتھ بند ہو جاتی ہے ۷۔ پرزہ۔ پیچ ۸۔ پھندا۔ جال۔ دام ۹۔ بند۔ جوڑ یا کسی چیز کا کوئی حصہ جس کے بغیر وہ کام نہ دے سکے ۱۰۔ پہلو ۱۱۔ کنجی۔ تار۔ سلسلہ۔ نکیل۔ ڈور وغیرہ جس سے کوئی چیز قابو میں رہے ۱۲۔ بندوق کا گھوڑا یا چاپ (س۔ کلا) **کل لگا کر دینا** (متعدی) ۱۔ کسی آلے کو بیکار یا نکما کر دینا ۲۔ کام کا نہ رکھنا۔ نقص پیدا کر دینا۔ **کل بگڑ جانا یا بگڑنا** (لازم) ۱۔ کسی مشین کا بیکار ہو جانا۔ پرزے کا خراب ہو جانا ۲۔ کسی چیز کا نکما یا بیکار ہو جانا ۳۔ مزاج کا نادرست ہو جانا یا بگڑنا۔ **کل بیٹھنا** (متعدی) پہلو پر بیٹھنا۔ جیسے دیکھیں اونٹ کس کل بیٹھتا ہے۔ **کل بے کل ہونا** (لازم) ۱۔ کسی پرزے یا عضو کا اپنی جگہ سے سرک جانا۔ پیچ ڈھیلے ہو جانا۔ انجر پنجر ڈھیلا ہو جانا۔ بے ترتیب ہو جانا۔ **کل پھیرنا** (متعدی) دیکھو کل مروڑنا۔ **کل ٹھیک کرنا** (متعدی)۔ **ہونا** (لازم) پرزے درست ہونا۔ مشین کا ٹھیک چلنا۔ **کلدار** (مذکر) ۱۔ کل

کے ذریعے سے بنا ہوا سکہ۔ چہرہ شاہی روپیہ ۲ پنجرہ جس میں پرندوں کے پکڑنے کی کل لگی ہوئی ہوتی ہے۔ **کلدار بندوق** (مونث) وہ بندوق جس میں کارتوس چلائے جائیں اور جس پر گھوڑا لگا ہوا ہو۔ چانپ دار بندوق۔ **کل کا** (صفت) مشین کا بنا ہوا۔ **کل کا آدمی** (مذکر) ۱ وہ آدمی کی شکل کا کھلونا جو کل سے چلے۔ پتلا ۲ کمزور شخص۔ **کل کا بنا ہوا** (صفت) وہ جو مشین سے بنایا گیا ہو۔ **کل کا بُنا ہوا** (صفت) وہ جو مشین کے ذریعے بنا گیا ہو (کپڑا)۔ **کل کا پتلا** (مذکر) ۱ کل کے ذریعے سے کام کرنے والی چیز ۲ دوسرے کی مدد سے کام کرنے والا شخص ۳ بناوٹ انسان۔ **کل کا کارخانہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں مشین کے پرزے بنتے ہیں۔ ورکشاپ۔ **کل کا گھوڑا** (مذکر) وہ گھوڑا جو مشین کے ذریعے سے چلے۔ **کل کل** (مونث) جوڑ جوڑ۔ بند بند۔ انجر پنجر۔ ہڈی ہڈی۔ **کل کل توڑ دینا** (متعدی) ۱ جوڑ جوڑ ہلا دینا۔ ایک ایک عضو ڈھیلا اور بیکار کر دینا ۲ اندرونی اعضا کو صدمہ پہنچانا۔ ناف تلے ٹلا دینا۔ **کل گھمانا** (متعدی) دیکھو کل مروڑنا۔ **کل لگانا** (متعدی) ۱ مشین نصب کرنا ۲ کسی کام کے آلے یا اوزار کو نصب کرنا ۳ پرند کے پکڑنے کے لئے پھندا جال یا چٹخنی نصب کرنا۔ **کل مروڑنا یا موڑنا** (متعدی) ۱ مشین چلانا۔ کل گھمانا ۲ کلدار چیز میں کنجی دینا یا کھونٹی موڑنا ۳ مشین درست کرنا۔ کل سنوارنا ۴ کسی کے دل کو ایک طرف سے ہٹا کر دوسری طرف لگا دینا ۵ برخلاف یا برگشتہ کر دینا۔ **کل ہاتھ میں ہونا** (لازم) کسی پر قابو ہونا۔

کل (ہ۔ مونث) چین۔ آرام۔ سکون۔ اطمینان۔ قرار (س۔ کلی)۔ **کل آنا** (لازم) چین پڑنا۔ قرار آنا۔ اطمینان ہونا۔ **کل بیکل ہونا** (لازم) بے چین ہونا۔ **کل پانا** (لازم) آرام پانا۔ چین پانا۔ **کل پڑنا** (لازم) اطمینان ہونا۔ اضطراب یا قلق دور ہونا۔ **کل سے بیٹھنا** (لازم) امن چین سے رہنا۔ **کل سے بیکل ہونا** (لازم) بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔ **کل بکل** (ہ۔ مونث) بے چینی۔ بیقراری۔ **کل نہ پڑنا** (لازم) بیکلی یا بے چینی ہونا۔ قرار نہ پڑنا۔ چین نہ آنا۔ **کل (نہ) ہونا** (لازم) قرار (نہ) ہونا۔ اطمینان (نہ) ہونا۔

کَل (ہ) **کَلِ** (س۔ مذکر) ۱ پاسا ۲ پاسے کا دو تا ۳ چار جگوں میں سے آخری جگ کا زمانہ ... ۴۳۲۰۰۰ سال کا ہے۔ خیال یہ ہے کہ یہ ۱۸ فروری سنہ ۳۱۰۲ ق م کو شروع ہوا تھا۔ اس جگ کے اختتام پر قیامت آئے گی ۴ جھگڑا۔ لڑائی۔ فساد ۵ کسی قسم کی سب سے بری چیز ۶ شجاع۔ بہادر ۷ شوجی کا نام ۸ ایک اپنشد۔ **کل جگ** (مذکر) کل ۳ کلجگ کا پربھاؤ ہے۔ کل جگ کا اثر ہے۔ بڑا برا زمانہ آگیا ہے۔

کَل (ف۔ صفت) گنجا۔ جس کے سر پر زخم ہو۔

کِل (س۔ تف) ۱ فی الحقیقت۔ حقیقت میں۔ یقینی طور پر ۲ ممکن ہے۔

کِل (ہ۔ مذکر) ۱ مُکا۔ بند مٹھی ۲ کہنی ۳ کہنی کا دھکا ۴ صدمہ۔ تھپڑ۔ مکا۔

کُلّ (ع۔ صفت) ۱ تمام۔ سب۔ پورا ۲ (مذکر) صوفیوں کی اصطلاح میں واحد مطلق خدا تعالےٰ کا نام ۳ کل چیز۔ میزان ۴ تمام دنیا۔ سارے ۵ ہر ایک۔ ہر ۶ (تف) صرف۔ فقط (لفظی معنی پیٹا ہوا) **کل جمع** (مذکر) میزان۔ کل سرمایہ۔ **کل جمع بندی** (مونث) ساری مالگزاری۔ **کل حال** (مذکر) سارا قصہ۔ تمام واقعات۔ **کل دنیا** (مونث) تمام مخلوقات۔ تمام لوگ۔ **کل کائنات** (مونث) ۱ تمام مخلوقات ۲ تمام سرمایہ۔ کل بساط۔ **کل کلا یا کلاں** (تف) ۱ صرف۔ اسیقدر ۲ لے دیکے۔ بہمہ وجوہ۔ **کل کلاں مالک** (مذکر) واحد مالک۔ گھر کا واحد منتظم۔ **کل مختاری** (مونث) پورے اختیارات۔ **کل میزان** (مونث) سارا جوڑ۔ کل جمع۔ **کل والا** (صفت) ۱ معبود کے متعلق۔ **کلہم (اجمعین)** (صفت) کل۔ تمام۔ مجموعی تعداد ظاہر کرنے کے لئے۔ **کلّی** (صفت) ۱ پورا۔ تمام ۲ (منطق) جس کے مفہوم میں بہت سے افراد شامل ہوں۔ جیسے انسان حیوان ۳ (مونث) میزان۔ کل چیز۔ **کلیات** (مونث) ۱ کلی کی جمع ۲ (مذکر) تصنیفات یا نظموں کا مجموعہ۔ **کلیتہً** (تف) بالکل۔ **کلیہ** (صفت) ۱ عام ۲ (مذکر) منطق میں عام قاعدہ۔

امثال و اقوال۔ کُلّ جدید لذیذ ہر نئی چیز مزیدار ہوتی ہے۔ نئی چیز میں بہت لطف ہوتا ہے۔ **کُلّ حَموضٍ بارِدٌ**۔ ہر کھٹی چیز سرد ہوتی ہے۔ **کُلّ شئیٍ یرجعُ الیٰ اصلہ**۔ ہر چیز اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہے۔ **کُلّ طویلٍ احمق** (الا عمرؓ) ہر ایک بڑے قد والا احمق ہوتا ہے (سوائے حضرت عمرؓ کے) **کُلّ قلیلٍ فتنۃٌ** (الا علیؓ) ہر ایک چھوٹے قد والا شرارتی ہوتا ہے (سوائے حضرت علیؓ کے) **کُلّ من علیہا فان**۔ ہر چیز کو جو روئے زمین پر ہے فنا ہے۔ قرآن شریف کی آیت سورۂ الرحمان میں ہے۔

کُل (س۔ مذکر) ۱ گروہ۔ مجمع۔ ریوڑ۔ گلہ چوپاؤں پرندوں کیڑوں مکوڑوں یا بیجان چیزوں کا ۲ گروہ چوروں وغیرہ کا ۳ نسل۔ قوم۔ ذات ۴ خاندان۔ رشتہ دار۔ گھرانہ ۵ شجرہ نسب۔ نسب نامہ ۶ اعلےٰ خاندان۔ اعلےٰ نسل ۷ مکان جس کے ساتھ اتنی زمین ہو کہ دو ہل چھ بیلوں کے اسے جوت سکیں ۸ مکان ۹ اعلےٰ عہدہ ۱۰ اگلا حصہ ۱۱ بدن ۱۲ نیلم۔ نیلا پتھر۔ **کل اچھال** (صفت) خاندان کو بدنام کرنے والا۔ **کل اچھالنا** (متعدی) خاندان کو بدنام کرنا۔ **کلاکل** (صفت) ۱ اچھا نہ برا۔ درمیانی۔ **کلانند** (مذکر) کئی منتروں کا ایک مصنف۔ **کل بوڑ یا بوڑک** (صفت) **کل بوڑنا** (متعدی) دیکھو کل اچھال و اچھالنا۔ **کلتارن** (مذکر) ۱ خاندان کو بچانے والا شخص ۲ نوجوان جو خاندان کے لئے فخر ہو۔ **کلج** (صفت) عالی خاندان۔ **کل کا** (صفت) خاندان کا یا اس کے متعلق۔ **کلناری** (مونث) عالی خاندان عورت۔

کَلا (س۔ مونث) ۱ کسی چیز کا چھوٹا حصہ۔ خصوصاً سولھواں ۲ وقت کا ایک خاص حصہ ۳ سود ۴ صنعتی علوم یا فن جو ۶۴ ہیں۔ دستکاری ۵ مہارت۔ استادی۔ مشق۔ سلیقہ ۶ چھل۔ فریب۔ دھوکا ۷ گن۔ ہنر۔ فن ۸ کرامت۔ معجزہ ۹ شوجی کے ماتھے کا ہلالی نشان ۱۰ جوتش میں راس کے تیسرے حصے کا ساٹھواں حصہ ۱۱ (ہ) نٹ کی وہ حرکت جس میں سر نیچا کر کے ٹانگیں اوپر کر لیتا ہے۔ ڈھینکلی۔ بازیگر کا کام۔ **کلا بازی** (مونث) دیکھو قلا بازی۔ (کرنا کھانا کے ساتھ) **کلاپ** (مذکر) ۱ گٹھڑی۔ پلندا۔ بستہ۔ مٹھا ۲ تیروں کا مٹھا۔ ترکش ۳ مور کی دم ۴ چاند ۵ کئی چیزوں کا مجموعہ ۶ چالاک آدمی ۷ ایک گاؤں۔ **کلا جنگ** (ہ۔ مونث) ۱ نٹوں کی ایک

حرکت ۲ کشتی کا ایک پیچ یا داؤ (مارنا کے ساتھ) کلاکا
(صفت) ۱ مکار - فریبی - دغاباز ۲ فسادی جھگڑالو
شوخ ۳ شور مچانے والا ۴ (پ) کاریگر - صاحب ہنر
کلاکرناده) یا کھیلنا (ف - متعدی) کلا بازی کھانا -
کلاوت (مذکر) چاند - (ہ - مذکر) گویوں
کی ایک ذات -

کلا (ہ - مذکر) ۱ شگوفہ - کونپل (پھوٹنا
کے ساتھ) ۲ بندگوبھی - کرم کلہ ۳ جبڑا - گال - کلہ ۴ بلند آواز ۵
بدزبانی - زباندرازی ۶ لمپ اور لالٹین کا وہ
پرزہ جس میں بتی لگاتے ہیں (س کل - اکٹھا کرنا)
کلا پایا پیچہ (مذکر) ۱ جانور کے سری پائے ۲ ایک
کھانا - **کلا پھلانا** (متعدی) ناخوشی یا ناراضگی سے
گال پھلانا ۲ مغرور ہونا - **کلاتوڑ** (صفت) قائل
کرنے والا - دنداں شکن - **کلا ٹھلا** (مذکر) ۱ چرب
زبانی - زباندرازی ۲ ظاہرداری - **کلا جبڑا** (مذکر)
۱ رخسار - گال ۲ دھاک - رعب ۳ بلند آوازی -
کلا دبانا (متعدی) بولنے سے روکنا - گلا دبانا -
کلا کرنا (متعدی) ۱ شور کرنا - غل کرنا ۲ زباندرازی
کرنا - **کلا گرم ہونا** (لازم) کچھ کھانا - **کلوں پر
تھپڑ مارنا** (متعدی) اپنے رخساروں پر تمانچے لگانا
جب کوئی خدا یا رسول کی شان میں کوئی گستاخانہ
کلمہ کہتا ہے تو توبہ کے طور پر ایسا کرتا ہے - **کلے پائے**
(مذکر) جانور کے سری پائے جو پکائے جاتے ہیں -
کلے پچک گئے - ضعیف و لاغر ہو گیا - **کلے تلے
دبا لینا** (متعدی) غل مچا کر دوسرے کو دبا لینا - **کلے
چیرنا** (متعدی) گال چیرنا - **کلے دراز** (صفت)
۱ چلا کر بولنے والا ۲ لڑاکا - جھگڑالو ۳ بدزبان - **کلے
درازی** (مونث) ۱ چلانا - شور مچانا ۲ زباندرازی
کلے والی (صفت مونث) ۱ وہ عورت جس کی
آواز بہت بلند ہو ۲ زباندراز - گالیاں بکنے والی ۳
جھگڑالو - لڑاکا -

مثل - کلا چلے ستر بلا ٹلے - اگر
خوب چبا کر کھایا جائے تو آدمی بہت سی بیماریوں سے
بچ جاتا ہے -

کلا (ہ - مذکر) کلی (کرنا ہونا کے ساتھ)
(عف)

کلاب (ع - مذکر) کتوں کا محافظ -
کتے پالنے والا شخص -

کِلاب (ع - مذکر) ۱ کلب کی جمع -
کتے ۲ ایک عرب قبیلہ -

کُلاب (ع - مذکر) ۱ کانٹا - قلابہ -
آنکڑا - کنڈا ۲ کنڈے دار آلہ -

کلابتن (ف) **کلابتو - کلابتون**
(ت - مذکر) چاندی سونے کا تار جو ریشمی دھاگے پر
لپٹا ہوتا ہے - کلابتونی (صفت) کلابتون کا -

کلابہ (ف - مذکر) ۱ کچا سوت جو
تکلے پر لگا ہوا ہو ۲ گڈی ۳ ریشمی دھاگا جو ریل پر
لپٹا ہو ۴ دھاگے کا گولا یا گچھا ۵ چرخی جس پر دھاگا
لپیٹیں ۶ رسی یا پٹی جو ہاتھی کی گردن کے گرد بندھی
ہوتی ہے اور جس میں فیلبان پاؤں لٹکاتا ہے -

کلاپ (س - مذکر) ۱ پٹی ۲ گٹھری
۳ موتیوں کا ہار ۴ کلابتون یا گھنٹیوں کی پیٹی یا کمر
بند ۵ مختلف اشیا کا مجموعہ ۶ کمال ۷ ترکش ۸ مور کی
دم -

کلاپ - کلاپا (ہ - مذکر) ۱ کمی -
ضرورت ۲ غم - رنج -

کلات (س - مذکر) ۱ بونا ۲ ایک
اسر -

کلاتھ (انگ - مذکر) کپڑا - **کلاتھ
بال** (مذکر) سفید یا کسی اور رنگ کی مٹی کا گولا
جس سے کپڑے کو صاف کرتے ہیں - **کلاتھ مارکٹ**
(مونث) کپڑے کی منڈی - **کلاتھ مرچنٹ**
(مذکر) بزاز -

کلار (ہ - مذکر) ۱ ہندوؤں کی ایک
قوم - کلال ۲ اس قوم کا ایک فرد ۳ مے فروش -
کلیار - **کلارن - کلارنی** (مونث) ۱ کلار عورت ۲
کلار کی بیوی ۳ شراب بیچنے والی عورت - **کلاری**
(مذکر) دیکھو کلار -

کلارک (انگ - مذکر) انگریزی
دفتر کا منشی -

کلارکیا (انگ - مذکر) ایک پودہ
اور اس کا پھول -

کلاس (انگ - مونث) ۱ طالب
علموں کی جماعت ۲ سکول کا درجہ ۳ ریل گاڑی کا
درجہ ۴ قسم - جماعت - **کلاس فیلو** (مذکر) ہم
جماعت - ہم سبق -

کلاسیکل (انگ - صفت) اعلیٰ
درجے کا مستند - **کلاسیکل لینگویج** (مونث)
وہ مستند زبان جو اب بولی نہ جاتی ہو - لیکن عربی
بھی کلاسیکل لینگویج سمجھی جاتی ہے - ان زبانوں میں
یونانی - لاطینی - عربی - عبرانی - سنسکرت وغیرہ شمار
ہوتی ہیں -

کلاشجرا (ف - مذکر) دیکھو قلاشجرا -

کلاغ (ع - مذکر) کوا - زاغ -

کلاغچہ (مذکر) ۱ چھوٹا کوا ۲ نیل کنٹھ - **کلاغ
پیشہ** (مذکر) چھوٹا کوا -

کلاک (انگ - مذکر) ایک قسم
کی بڑی گھڑی جو گھنٹے بجاتی ہے - جو گھنٹے نہ بجائے
اسے ٹائم پیس کہتے ہیں -

کلال (ہ - مذکر) دیکھو کلار - **کلال
خانہ** (مذکر) شراب کی دکان -

امثال - کلال کی بیٹی (ڈوبتی)
ڈوبنے چلی لوگوں نے (جانا) کہا متوالی ہے -
دوسروں پر مصیبت ہو تو لوگ تماشہ دیکھتے ہیں -
**کلال کی دوکان پر پانی بھی پیو تو شراب کا
گمان ہوتا ہے** - بری صحبت میں رہنے والے کو
لوگ برا ہی سمجھتے ہیں -

کُلال (ف - مذکر) کمہار -

کلام (ع - مذکر) ۱ عبارت جو کم سے
کم دو کلموں سے مرکب ہو ۲ شعر و سخن - نظم - تصنیف -
کتاب ۳ قول ۴ اعتراض - عذر - حجت ۵ کلام اللہ
۶ گفتگو - بات ۷ سوال ۸ شبہ ۹ (علم) وہ علم جس
کے ذریعے سے عقائد کو عقلی دلیلوں کے ساتھ
ثابت کرتے ہیں (کلم - بات کرنا دوسرے سے)
کلام آجانا یا آنا (لازم) ۱ مباحثہ ہونا - بحث
ہونا ۲ جھگڑا ہو جانا - **کلام اٹھانا** (متعدی)
اٹھنا (لازم) قرآن شریف اٹھنا - قرآن کی قسم
کھائی جانا - **کلام الٹنا** (متعدی) بات کا پہلو
بدلنا - **کلام اللہ** (مذکر) قرآن شریف (اٹھانا
اٹھنا کے ساتھ) **کلام اونچا کرنا** (متعدی) بات
ماننا - **کلام پاک** (مذکر) قرآن شریف - **کلام
تام** (مذکر) نحو میں وہ مرکب جو سامع کو متکلم کے
کلام کی پوری پوری خبر دے اور سننے والے کو کچھ
پوچھنے کی حاجت نہ پڑے - مرکب مفید جملہ جیسے

پانی پلاؤ - کھانا کھلاؤ - **کلام درمیان آنا** (لازم) کسی بارے میں کچھ گفت و شنود ہونا - **کلام دکھانا** (م)، **دیکھنا** (متعدی) نظم میں اصلاح دینا - **کلام رکھنا** (متعدی) ۱ شبہ رکھنا ۲ اعتراض کرنا - **کلام زبان پر لانا** (متعدی) بات کہنا (عموماً ایسا کے ساتھ) **کلام سرسبز ہونا** (لازم) کلام کا مقبول ہونا - **کلام کرنا** (متعدی) ۱ بات کرنا - بولنا ۲ جھگڑنا - بحث کرنا ۳ شبہ کرنا - **کلام کی جگہ** - اعتراض کا محل - کہنے سننے کا محل - **کلامِ گرم** (مذکر) شوخ کلام - تیز کلام - **کلامِ مجید** (مذکر) قرآن شریف - **کلام ملنا** (لازم) کلام کا مشابہ ہونا - **کلام منہ پر رکھنا (لانا)** (متعدی) زبان سے کہنا - **کلام ہو جانا** (لازم) بحث ہو جانا - **کلام ہونا** (لازم) اعتراض ہونا - شبہ ہونا - **کلامِ ناقص** (مذکر) وہ مرکب جس سے سننے والے کو بات کا پورا پتہ نہ چلے - مرکب غیر مفید - جیسے عمرو کا باپ - درد دل -

مثل - کلام الملوک ملوک الکلام
بادشاہوں کی باتیں بہت اعلے ہوتی ہیں -

کَلاں
(ف - صفت) ۱ بڑا - دراز - بلند - وسیع ۲ بہتر - برتر - **کلاں تر** (صفت) زیادہ بڑا - **کلانی** (مونث) بزرگی - بڑائی - برتری -

کَلانا
(ھ - متعدی) ۱ ملنا ۲ مرکب بنانا ۳ ہلانا ۴ تاش کو ملانا ۵ دانے بھوننا ۶ (لازم) ملنا ۷ گھبرانا - پریشان ہونا -

کَلانا
(ہ - لازم) ۱ جلنا ۲ سوزش ہونا ۳ چوٹ کی وجہ سے عضو کا درد کرنا -

کِلانا
(ہ - متعدی) ۱ پھٹکنا - اناج کو صاف کرنا (س کل - پھینکنا) ۲ (ھ) مکا مارنا - تھپڑ مارنا ۳ تھپکانا ۴ مارنا - کوٹنا - ٹھونکنا -

کِلّانا
(ھ - لازم) ۱ چیخنا - چلانا ۲ درد کرنا -

کَلانت
(س - صفت) ۱ تھکا ہوا - ماندہ ۲ سست - مضمحل - **کلانتی** (مونث) تھکاوٹ - ماندگی -

کَلانچ
(ہ - مذکر مونث) دیکھو قلانچ (بھرنا مارنا کے ساتھ)

کَلانوت
(ہ - مذکر) دیکھو کلاونت کلا کے تحت میں -

کَلاوَہ
(ف - مذکر) ۱ دیکھو کلابہ ۲ سرخ اور گنڈے دار رنگا ہوا سوت جس کو سہاگن بڑے پر لپیٹتے ہیں - یا سیانے گنڈا بناتے ہیں - مولی -

کُلاہ
(ف - مذکر) ۱ ٹوپی ۲ ایک قسم کی لمبی ٹوپی جو پگڑی کے نیچے رکھتے ہیں ۳ تاج - **کلاہ اتارنا** (متعدی) بے عزت کرنا - **کلاہ اچھالنا** (متعدی) ٹوپی اچھالنا - **کلاہ تتری** (مونث) ۱ تاتاری ٹوپی - فوجی ٹوپی ۲ تاج شاہی - **کلاہِ چرخ** (مذکر) آسمان - سورج - **کلاہِ دولت** (مذکر) تاج شاہی - **کلاہِ زر** (مذکر) سنہری کام کی ٹوپی جو عورتیں پہنتی ہیں - **کلاہِ زمین** (مذکر) ۱ آسمان ۲ سورج ۳ چاند ۴ کگر متا - **کلاہِ زنگولا** (مذکر) ایک ٹوپی جس میں گھنٹیاں لگی ہوئی ہوتی ہیں - اور کم تولنے والوں کے سر پر رکھ کر بطور سزا بازار میں بٹھاتے ہیں - **کلاہِ سلیمانی** (مونث) ایک ٹوپی جسے پہن کر انسان نظر سے غائب ہو جاتا ہے - **کلاہِ شب پوش** (مذکر) رات کو پہننے کی ٹوپی - **کلاہِ قاضی** (مذکر) ایک قسم کی ٹوپی جو قاضی پہنتے ہیں - **کلاہِ ملک** (مذکر) بادشاہ - **کلاہ مولوی** (مذکر) درویش کی ٹوپی - **کلاہ نمد** (مذکر) نمدے کی ٹوپی جو قلندر پہنتے ہیں -

مثل - کلاہِ دلکش است اما بدردِ سرنمی ارزد - نفع سے زیادہ اس کام میں نقصان کا اندیشہ ہے -

کَلائی
(ہ - مونث) ۱ ہاتھ اور کہنی کے درمیان کا حصہ ۲ ایک قسم کی ورزش (کرنا ہونا کے ساتھ) ۳ جانور کے ٹخنے اور گھٹنے کے درمیان کا حصہ - **کلائی اتارنا** (متعدی)، **اترنا** (لازم)، **پھرنا** (لازم) **پھیرنا** (متعدی) زور کر کے حریف کی کلائی کے جوڑ کو اپنی جگہ سے ہلا دینا - **کلائیاں** (مونث) کلائی کی جمع - **کلائیاں مارنا** (متعدی) گھوڑے شیر وغیرہ کا پاؤں اٹھا کر خاص انداز سے چلنا - **کلائی چھڑانا** (متعدی) ایک قسم کی زور آزمائی - حریف دونوں ہاتھوں سے کلائی پکڑتا ہے - اور پھر دوسرے ہاتھ سے اس کے ایک ہاتھ کو ہٹا کر کلائی چھڑا لیتے ہیں - **کلائی کا توڑا** (مذکر) سونے کی زنجیر جو کلائی میں پہنتے ہیں - **کلائی کرنا** (متعدی) اپنی کلائی کو حریف سے چھڑا کر اس کی کلائی پر اپنا ہاتھ پہنچانا - **کلائی کا (بل کھا) لچک جانا** (متعدی) کلائی کے جوڑ کا اپنی جگہ سے ہل جانا - **کلائی مروڑنا** (متعدی) پہنچا پھیر دینا - **کلائی مڑک جانا** (لازم) کلائی میں بل یا موچ آ جانا -

کَلائی
(ھ - مونث) ایک قسم کی دال -

کَلایا
(ھ - مذکر) ایک قسم کی لمبی پھلی -

کَلَب
(انگ - مذکر) انجمن - سوسائٹی - **کلب گھر** (مذکر) کلب کا مکان -

کَلبَل
(ھ - مونث) آفت - بلا -

کِلبِل
(ہ - مونث) ۱ کیڑوں کا حرکت کرنا ۲ بچے کچے - **کلبلانا** (لازم) ۱ کیڑوں کا رینگنا -

کُلبُلا
(ہ - امر) کلبلانا کا - **کلبلانا** (لازم) ۱ کیڑوں کا رینگنا ۲ درد سے تڑپنا - بیقرار ہونا ۳ پیٹ میں قراقر ہونا ۴ سوتے میں آہستہ سے ہلنا یا جنبش کرنا ۵ کسی نئی بات کا دل میں پھرنا - پوشیدہ راز کو ظاہر کرنے کو دل چاہنا ۶ سوتے میں پھرنا حرکت یا کوئی کام کرنا - **کلبلاہٹ** (مونث) ۱ کیڑوں کی حرکت ۲ جوں کا بالوں میں چلنا ۳ کسی بات کا دل میں پھرنا ۴ خواب میں جنبش کرنا -

کَلبَندا
(ھ - مذکر) ایک قسم کا ایلوا

کُلبَہ
(ف - مذکر) چھوٹا سا گھر - تنگ و تاریک گھر - **کلبۂ احزاں** (مذکر) ۱ غمکدہ - ماتم کدہ -

کَلبَھ
(س - مذکر) نوجوان اونٹ یا ہاتھی -

کَلَپ
(ہ - مذکر) ۱ سیاہ رنگ جو بالوں کو دیتے ہیں - کلف ۲ آہار جو کپڑوں کو لگاتے ہیں - **کلپ دار** (صفت) وہ جسے آہار دیا گیا ہو - **کلپ دینا** (متعدی) کپڑے کو آہار دینا - **کلپ لگانا** (متعدی) ۱ کپڑے کو آہار دینا ۲ عیب لگانا -

کلپ
(انگ - مذکر) بالوں میں لگانے کا ایک قسم کا زیور -

کَلپانا
(ہ - متعدی) ۱ رنج دینا - ستانا - تڑپانا (دیکھو کلپنا) ۲ کلپ دلانا - دھلانا (مست) **کلپایا کرنا** (متعدی) لگاتار رنج دینا - ستانا -

دق کرنا۔

کلپن (س۔ مذکر) ۱ بنانا۔ کرنا ۲ تراشنا ۳ کاٹنا۔ کترنا کسی نوکدار چیز سے ۴ کوئی چیز جو زیور کے طور پر استعمال کی جائے ۵ کوئی مذہبی رسم ۔ **کلپنا** (مونث) ۱ بنانا کرنا ۲ ایجاد ۳ تجویز۔ تدبیر ۴ بناوٹ ۵ نقل۔ بناوٹ ۶ تلبیس ۔جعل سازی ۷ قیاس۔ دعوے ۸ خیال۔ تصور ۹ سخت خواہش ۱۰ مشکل۔ تکلیف۔ **کلپنا سے** (ھ۔ تف) قیاس کرکے۔ تصور کرکے۔ **کلپنا کرنا** (متعدی) ۱ بنانا ۲ تلبیس کرنا ۳ قیاس کرنا۔ تصور کرنا۔ **کلپنا کاری** (مذکر) ۱ بنانے والا ۲ تلبیس کرنے والا ۳ جعل ساز۔

کلپنا (ہ۔ لازم) ۱ رنج کرنا۔ غم کرنا ۲ تڑپنا ۳ کسی کے حق میں بد دعا کرنا (س کلپ۔ رنج کرنا۔ کلپ۔ بولنا)

کلپنا (ھ۔ متعدی) ۱ بنانا ۲ کلپ دینا ۳ بالوں کو کلپ لگانا۔

کلپت (ہ۔ صفت) ۱ بنا یا ہوا ۔ مشین سے بنایا ہوا ۲ خولصورت (کلپ سے)

کلتر (ھ۔ مونث) بیوی۔

کلتھی (س۔ مذکر) ایک نیلا پتھر جسے میں کر لطیف سرمہ استعمال کرتے۔ زخموں پر چھڑکنے یا دوا میں ڈالتے ہیں۔

کلتھی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا اناج جس کی دال بنتی ہے۔ ماش ۔ کلتھی کمرائی کا پیڑ (مذکر) ایک چھوٹا پودا۔

کلٹا (س۔ مونث) ۱ چلن ۲ عورت۔ فاحشہ۔

کلٹنا (ہ۔ لازم) ۱ بدلنا ۲ اپنے وعدے سے پلٹنا۔ وعدہ کرکے پھر جانا۔

کلٹی (س۔ مونث) [illegible]

کل جانا (ہ۔ لازم) دب جانا۔

کلجنگا (ھ۔ مذکر) سیاہ چیل۔

کلجھوان (ھ۔ صفت) تاریک رنگ۔ گندمی رنگ۔

کلجگا (ھ۔ مذکر) پونجی۔ اصل زر۔

کلچر (انگ۔ مذکر) ثقافت — تہذیب و ترقی۔ ایک طرز کی تہذیب۔ انسان کی اجتماعی زندگی میں ایک خاص طرح کا نظم و ضبط۔

کلچہ (ف۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی چھوٹی گول موٹی خمیری روٹی ۲ لکڑی کا گول ٹکڑا جو خیمے کی چوب کے اوپر لگایا جاتا ہے۔ **کلچا سا** (صفت) کلچے کی طرح پھولا ہوا۔ موٹا۔ **کلچا سے گال** (مذکر) پھولے ہوئے گال۔

کلر (ہ۔ صفت) ۱ بنجر۔ شور ۲ [illegible] وہ زمین جس میں شور بہت ہو ۳ (مذکر) شور۔ **کلر کھائی دھرتی** (ھ۔ مونث) زمین شور۔ **کلر لگنا** (لازم) ۱ شور پیدا ہو جانا ۲ زمین کی بنجر ہو جانا۔ **مثل۔ کلر کا کھیت جیسے کپٹی کا ہیبت**۔ شور والا کھیت ہوتا کی دوستی کی طرح ہے جس سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

کلرک (انگ۔ مذکر) دیکھو کلارک۔

کلرن (ہ۔ مونث) چونک لگانیوالی

کلڑھ (ہ۔ صفت) ۱ بیوقوف۔ جاہل ۲ کوون ۳ مٹی کا برتن۔ آبخورہ۔

کلس (ہ۔ مذکر) ۱ گنبد کے اوپر کا نوکدار حصہ۔ سنہری کلغی جو مندروں یا مسجدوں کے اوپر لگی ہوتی ہے (چڑھانا چڑھنا وغیرہ کے ساتھ) ۲ لوہے تانبے یا پیتل کا گھڑا۔ گگرا۔

کلسا (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو کلس ۱ ۲ (ہ) دیکھو کلس ۲ ۔ **کلسی** (مونث) چھوٹا کلس۔

کلسانا (ھ۔ متعدی) رُلانا۔

کلسنا (ھ۔ لازم) ۱ درد محسوس کرنا ۲ رونا۔

کلش (س۔ صفت) ۱ گدلا۔ میلا۔ گندا۔ کیچڑ والا ۲ گناہگار۔ عاصی ۳ بھرا ہوا ۔ ناقابل ۵ (مذکر) میل۔ گندگی ۶ گناہ ۷ غصہ۔

کلش (س۔ مذکر) ۱ کلہاڑی ۲ اندر کا صاعقہ۔

کلغا (ف۔ مذکر) ۱ ایک پودا جس میں سرخ یا زرد رنگ کے بڑے بڑے مخملی پھول آتے ہیں۔ یہ برسات میں ہوتا ہے۔ اس کی دیسی قسم چولائی کہلاتی ہے ۲ (ھ) دیکھو کلغی (اصل کلگی ہے) **کلغی** (مونث) ۱ طرہ جو ٹوپی یا پگڑی یا تاج میں لگاتے ہیں ۲ پروں کا گچھا جو بعض پرندوں کے سر پر ہوتا ہے ۳ کلس ۴ گوشت جو مرغ کے سر پر ہوتا ہے ۵ لاؤنی۔ ایک قسم کا گیت جس میں عورت اپنا عشق ظاہر کرتی ہے۔ **کلغی باز یا والا** (صفت) لاؤنی گانے والا۔

کلف (ف۔ مذکر) ۱ دیکھو کلپ ۲ (ع) وہ سیاہ دھبے جو منہ پر پڑ جاتے ہیں جھائیاں ۳ سیاہ داغ جو چاند پر نظر آتے ہیں ۴ توجہ (تکلف۔ احتیاط سے کام کرنا)

کلفت (ع۔ مونث) ۱ تکلیف مصیبت ۲ کدورت ۳ بےچینی۔ بیقراری (کلف۔ احتیاط سے کام کرنا) **کلفت دور یا رفع ہونا** (لازم) ۱ تکلیف مصیبت یا رنج ٹلنا ۲ کدورت جاتی رہنا۔

کلفہ (ہ۔ مذکر) خرفہ۔

کلک (س۔ مذکر) ۱ وہ میل جو مائعات میں تہ پر بیٹھ جائے۔ تلچھٹ ۲ کان کا میل ۳ گندگی۔ پاخانہ ۴ گناہ ۵ جھوٹ۔ دغا۔ دھوکا ۶ بھیڑہ ۷ (صفت) گناہگار۔ بدمعاش۔ شریر۔

کلک (ف۔ مذکر و مونث) ۱ نیزہ جس کا قلم بناتے ہیں ۲ قلم۔ خامہ۔ **کلک کا جنگل** (مذکر) نیستان۔

کلک (ھ۔ مونث) روشنی۔ چمک نور۔ آب۔

کلکار (ھ۔ مونث) ۱ زور کی آواز۔ چیخ ۲ بندر کے چلانے کی آواز۔ چڑچڑانا ۳ طبل کی آواز۔ **کلکارنا** (ہ۔ لازم) چیخنا۔ پکارنا۔ **کلکاری** (ہ۔ مونث) دیکھو کلکار۔ **کلکاری کرنا** (متعدی)، **مارنا** (ہ) چیخنا۔ پکارنا۔

کلکان کردینا (ہ۔ متعدی) دق کر ڈالنا۔

کلکتیا (ہ۔ صفت) کلکتہ کی۔ **کلکتیا پان** (مذکر) ایک قسم کا پان جو کلکتے کی طرف سے آتا ہے اور کڑوا ہوتا ہے۔

کلکٹر (انگ۔ مذکر) ضلع کے محکمہ مال کا افسر۔ حاکم ضلع۔ **کلکٹری** (مونث) ۱ کلکٹر کا عہدہ ۲ کلکٹر کا کام ۳ کلکٹر کی کچہری۔

کلکل (ہ۔ مونث) ۱ بک بک۔ بکواس ۲ جھگڑا۔ تکرار۔ بیہودہ۔ حجت ۳ چیخ۔ غل۔ شور ۴ عورتوں کا بلند آواز سے لڑنا (س کل۔ سفید ہونا) **کلکل پٹ پٹ** (مونث) کلکل ۱ ۔ **کلکل کانٹا** (مذکر) بچوں کا ایک کھیل جس میں کوٹلوں

سے پتھر پر لکیریں کاڑھ کر چھپا دیتے ہیں۔ پھر دوسرا تلاش کرتا ہے۔ پتھر مل جانے پر اسے حق ہوتا ہے کہ وہ پہلے کے سر پر تین چپتیں لگائے۔ جس کی زیادہ رہیں۔ وہ جیتتا ہے۔ **کلکل کرنا** (متعدی) ۱ بکواس کرنا۔ بک بک کے دماغ پریشان کرنا ۲ باہم جھگڑا یا تکرار کرنا۔ **کِلکِلانا** (لازم) ۱ کاٹ کھانے کو دوڑنا ۲ جھگڑا یا تکرار کرنا ۳ غرانا۔ چڑ چڑانا۔ کلکلا (مونث) خوشی کا نعرہ۔ خوشی کا اظہار آوازوں سے۔

کِلکِلا (ھ۔ مذکر) ۱ خفگی ۔ چڑچڑاہٹ ۲ ایک آبی جانور۔ رام چڑیا۔

کُلکَلا (ہ۔ تف) ۱ دیکھو کل کے تحت میں ۲ (ھ۔ مذکر) کلی ۳ ایک قسم کا حقہ۔

کلکلانا (ہ۔ متعدی) بددعا دینا۔ برا بھلا کہنا۔

کُلکَلانا (ھ۔ لازم) ۱ زور سے ہنسنا۔ قہقہہ لگانا۔ کھلکھلانا ۲ خارش ہونا ۳ کلبلانا۔ گھبرانا

کلکلی (ھ۔ مونث) ۱ ہنسی۔ قہقہہ ۲ خارش ہونا۔ خارش ۳ گھبراہٹ ۴ بیچینی۔

کَلکَم (ھ۔ مذکر) ۱ تلچھٹ ۲ کاجل۔

کِلکِنچِت (س۔ مذکر) نخرے۔ غمزے۔

کَلگی (ف۔ مونث) ۱ کلغی ۲ ایک قسم کا حقہ۔

کَلما (اردو۔ مذکر) قیمہ جو بکری کی انتڑی میں رکھ کر پکایا جائے۔

کَلِمات (ع۔ مذکر) کلمہ کی جمع **کلمات درشت یا سخت** (مذکر) سخت باتیں۔ گالیاں (بنانا بننا سنانا سننا کہنا وغیرہ کے ساتھ)۔ **کلمات محبت آمیز** (مذکر) محبت کی باتیں۔

کَلماش (س۔ صفت) کلماکہ (ھ) ۱ رنگ برنگی۔ بوقلموں ۲ سیاہ وسفید۔ سیاہ ۳ (مذکر) سیاہ سفید کا مرکب بوقلموں رنگ ۴ سیاہ رنگ ۵ راکشس۔ دیت۔ اسُر ۶ بھوت۔ دیو۔ جن ۷ دھبہ ۸ ایک قسم کا خوشبودار چاول۔

کَلِمَت۔ کَلِمتہ (ع۔ مذکر) دیکھو کلمہ **کلمتہ الحق** (مذکر) سچی بات۔ انصاف کی بات۔

کلمتہ الخیر (مذکر) ۱ نیک بات۔ نیک مشورہ۔ **کلمتہ اللہ** (مذکر) حضرت عیسےٰ **کلمتین** (مذکر) کلمہ طیبہ کے دونوں حصے۔

کَلمَش (س۔ مذکر) **کَلمَلکھ** (ھ) ۱ تلچھٹ ۲ مٹی۔ میل ۳ دھبہ ۔ داغ ۴ گندگی۔ ناپاکی ۵ گناہ۔ قصور۔

کَلمَل (ھ۔ مونث) ۱ گھبراہٹ۔ بیچینی۔ اضطراب ۲ تھکاوٹ۔ تکان۔ سستی۔ **کلملانا** (لازم) گھبرانا ۔ بیچین ہونا ۲ پھڑ پھڑانا ۳ کلبلانا۔

کَلِمہ (ع۔ مذکر) ۱ وہ بامعنی لفظ جو انسان کے منہ سے نکلے۔ بات۔ لفظ۔ سخن۔ قول ۲ مسلمانوں کا ایمان کا اقرار ۳ دیکھو کلمہ طیب (کلمہ)۔ بات کرنا **کلمہ بھرنا** (متعدی) ۱ مطیع ہونا۔ معتقد ہونا ۲ شیدا ہونا۔ مفتون ہونا ۳ کسی کو ہر وقت یاد کرتے رہنا ۴ ایمان کے اقرار کو زبان سے ادا کرنا۔ لا الہ الا اللہ کہنا۔ **کلمہ بہ کلمہ** (تف) لفظ بہ لفظ۔ **کلمہ پڑھانا** (مم) مسلمان بنانا **کلمہ پڑھنا** (متعدی) ۱ کلمہ پڑھنا ۲ ایمان لانا۔ مسلمان ہونا ۳ اطاعت کرنا۔ دم بھرنا۔ ماننا ۴ کسی کا نام جپنا یا رٹنا ۵ شیدا ہونا۔ فریفتہ ہونا ۶ کسی کے کمال یا ہنر کا معتقد ہونا ۷ طوطے کا حق اللہ پاک ذات اللہ کہنا ۸ خدا کا نام لینا۔ خدا کو یاد کرنا۔ **کلمہ پڑھوانا** (مم) مطیع کرنا۔ فرمانبردار کرنا **کلمۂ تحمید** (مذکر) ۱ تعریف کا کلمہ۔ الحمد للہ کہنا۔ **کلمۂ تکبیر** (مذکر) اللہ اکبر۔ **کلمۂ حق** (مذکر) ۱ خدا کا فرمان ۲ صحیح بات **کلمۂ خیر** (مذکر) ۱ نیک بات ۲ سفارش ۳ تعریف۔ مدح۔ **کلمۂ درد وغم** (مذکر) تکلیف اور غم کا لفظ۔ **کلمہ شریف۔ طیب یا طیبہ** (مذکر) لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے اور محمدؐ اس کے رسول ہیں **کلمۂ کفر** (مذکر) ۱ وہ کلمہ جس سے دین اسلام کی خدمت اور اہانت ظاہر ہو ۲ خدا اور رسول کی گستاخی کا کلمہ۔ غرور کی بات۔ **کلمہ گو** (صفت) ۱ دین اسلام کا کلمہ پڑھنے اور اس پر اعتقاد رکھنے والا۔ مسلمان ۲ کسی کا معتقد ۳ خیر خواہ۔ دعاگو۔ خیر طلب۔ **کلمہ منہ سے نکالنا** (متعدی) **نکل جانا** (لازم) کوئی بات کہی جانا۔ بے اختیار کوئی بات منہ سے نکل جانا

کلمے (مذکر) ۱ کلمہ کی جمع ۲ بجائے کلمہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کلمے کا شریک** (مذکر) مسلمان بھائی۔ **کلمے کی انگلی** (مونث) ہاتھ کے انگوٹھے کے پاس کی انگلی۔

کَلمی (ھ۔ مونث) ایک قسم کا ساگ

کَلَن (اردو۔ مذکر) مسلمانوں کا ایک نام۔

کَلَن (ہ۔ مونث) ۱ ٹیس۔ کھولہ۔ چپیس ۲ درد۔ سلسلاہٹ۔

کُلنا (ہ۔ متعدی) ۱ ٹیس مارنا ۲ درد کرنا۔

کَلَنج (س۔ صفت) وہ (جانور) جو زہریلے ہتھیار سے زخمی کیا گیا ہو۔

کِلَنج (ہ۔ مذکر) ۱ گھوڑے کا ایک نقص جس میں اس کی پچھلی ٹانگیں آپس میں رگڑ کھاتی ہیں ۲ ٹیڑھی ٹانگوں والا آدمی۔

کَلِنڈا (ھ۔ مذکر) تربوز۔

کَلَندرا (ھ۔ مذکر) تربوز۔

کَلَندرا۔ کَلَندرہ (انگ۔ مذکر) ۱ فرد۔ فہرست ۲ فہرست جرائم ۳ فرد قرار داد جرم ۴ گواہوں کی فہرست اور خلاصہ شہادت ۵ جنتری۔ (کیلنڈر کا مخرب)

کَلَنک (ہ۔ مذکر) ۱ دھبہ۔ داغ ۲ رسوائی۔ بدنامی۔ اتہام۔ الزام ۳ زنگ ۴ نقص عیب (س۔ کلنک) **کلنک چڑھانا** (متعدی) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ **کلنک کا ٹیکا** (مذکر) ۱ بدنامی۔ رسوائی۔ روسیاہی۔ داغ بدنامی (لگانا لگنا کے ساتھ) **کلنکی** (مونث) بدنام رسوا۔

کَلَنگ (ف۔ مذکر) ۱ ایک آبی پرند۔ قاز۔ لک لک ۲ اصیل مرغ ۳ لمبی ٹانگوں کا آدمی۔

کُلِنگ (س۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا چڑیا ۲ بلبل۔

کلنگڑا (ھ۔ مذکر) ۱ تربوز ۲ ایک راگ۔

کَلنی (ہ۔ مونث) ایک کیڑا جو کتے بکری گائے اونٹ وغیرہ کے جسم پر پایا جاتا ہے۔

کِلو (یو۔ عدد) ہزار۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **کلو گرام** (مذکر) میٹرک سسٹم کا

ایک وزن جو ہزار گرام یا ایک سیر آٹھ تولے کے برابر ہوتا ہے۔ **کلومیٹر** (مذکر) میٹرک سسٹم کا ایک ماپ جو ۵ فرلانگ یا ۱۱۰۰ گز کے برابر ہوتا ہے۔

کلوا (ہ۔ امر) کلوانا کا۔ **کلوانا** (مم) کیلا کا کیل ٹھکوانا۔ منتر پڑھ کر کیلوں سے حصار کروانا۔ **کلوائی** (مونث) کیلنے کا فعل۔ کیلنے کی اجرت۔

کلوار (ہ۔ مذکر) کلال۔ شراب فروش۔ **کلوارن** (مونث) کلوار کی بیوی۔ شراب بیچنے والی عورت۔ **کلواری** (مذکر) دیکھو کلوار۔

مثل۔ کلواری کی اگاڑی اور قصائی کی پچھاڑی۔ شراب شروع میں خریدنی چاہئے اور گوشت آخیر میں۔

کلوخ (ف۔ مذکر) مٹی کا ڈھیلا۔ کچی یا پکی اینٹ کا ٹکڑا۔ روڑا۔ **کلوخ انداز** (صفت) قلعہ کی دیوار کا سوراخ جس میں سے دشمنوں پر پتھر تیل وغیرہ پھینکتے تھے۔ فلیل۔ ڈھیلا مارنے والا۔ غلیل چلانے والا۔ **کلوخ اندازاں** (مذکر) ایرانیوں کا ایک تیوہار جو شعبان کے اخیر میں منایا جاتا ہے۔

مثل۔ کلوخ انداز را پاداش سنگ است۔ خواہ مخواہ چھیڑ کرنیوالے کو سزا ملنی چاہئے۔

کلور (ہ۔ مونث) گائے کا بچہ جو جوانی کے قریب ہو۔

کلوروفارم (انگ۔ مذکر) ایک دوائی جو سونگھنے پر بیہوش کر دیتی ہے۔

کلورین (انگ۔ مذکر) ایک عنصر جو ہوا کی صورت میں ہوتا ہے۔

کلوش (س۔ مذکر) قصور۔ جرم۔ گناہ۔ بے انصافی۔ ضرر۔ نقصان۔

کلول (ہ۔ مونث) مصیبت۔ تکلیف۔ بلا۔ **کلول ٹلنا** (لازم) مصیبت دور ہونا۔ بلا دفع ہونا۔

کلول (ہ۔ مونث) کھیل کود۔ اچھل کود۔ تفریح طبع۔ سیر۔ گلگشت۔ تفرج۔ جانوروں کا خوشی سے اچھلنا کودنا۔ شوخی۔ چنچل پن۔ اچپلاپن۔ عیش و عشرت۔ چین۔ مزے (س بمعنی کلول) **کلولیں کرنا** (متعدی) جانوروں کا خوشی سے اچھلنا کودنا۔ مزے کرنا۔ عیش منانا۔ کھیلنا کودنا۔ ہنسنا بولنا۔ باہم چہل کرنا۔ چہچہانا۔ چہکنا۔

کلول (س۔ مذکر) لہر۔ موج۔ خوشی۔ عیش۔ فرحت۔ **کلولنی** (مونث) وہ دریا جس میں بڑی بڑی لہریں اٹھیں۔

کلونجی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا سیاہ بیج جسے اچار میں ڈالتے ہیں۔ کرایا۔

کلونس (ہ۔ مونث) کالک۔ کالا پن۔ سیاہی۔ الزام۔ بدنامی۔ رسوائی۔ کلنک۔ **کلونس کا ٹیکا** (مذکر) کلنک کا ٹیکا۔ **کلونس لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) عیب لگنا۔ الزام لگنا۔

کلہ (ف۔ مذکر) دیکھو کلاہ۔ چوٹی۔ اوپر کا حصہ۔ جوتے کے اوپر کا چمڑہ۔ لوہے کا گرز۔ شہر جو جزیرے میں آباد ہو۔ **کلہ بہ کلہ جواب دینا** (متعدی) برابر کا جواب دینا۔ ترکی بہ ترکی جواب دینا۔ **کلہ بہ کلہ لڑنا** (متعدی) برابری کے ساتھ مقابلہ کرنا۔ **کلہ پرباد** (مذکر) سر جس میں غرور بھرا ہو۔ غرور۔ فخر۔ **کلہ دراز** (صفت) **درازی** (مونث) دیکھو کلے دراز و درازی کلے کے تحت میں۔ **کلہ زن** (صفت) شیخی خور۔ ڈینگیا۔ **کلہ زنی** (مونث) شیخی۔ ڈینگ۔ **کلہ عمود** (مذکر) گرز کا بھاری حصہ جس سے مارتے ہیں۔ **کلہ قند** (مذکر) خشت قند۔ قالب قند۔ ایک مشہور مٹھائی جو کوزے اور قند سے بناتے ہیں۔ **کلہ کار** (صفت) شور مچانے والا۔ غل مچانے والا۔ **کلہ منار** (مذکر) مینار جس میں دشمنوں یا رہزنوں کے سر ایک دیوار میں چن کر بنا دیتے ہیں تاکہ لوگوں کو عبرت ہو۔ دیگر محاورات کے لئے دیکھو کلا۔

کلہہ (س۔ مذکر) جھگڑا۔ فساد۔ لڑائی۔ تلوار کی نیام۔ رستہ۔ سڑک۔ دھوکا۔ جھوٹ۔ حملہ کرنا بغیر ہتھیار کے۔ پیٹنا۔ مارنا۔ گالی دینا وغیرہ۔ **کلہارا** (ہ۔ صفت) لڑاکا۔ جھگڑالو۔ **کلہاری** (مونث) لڑاکا عورت۔ **کلہ پریہ** (صفت) جھگڑالو۔ لڑاکا۔ **کلہ کار** (صفت) جھگڑالو۔ لڑاکا۔ **کلہی** (مونث) لڑاکا عورت۔

کلہ (ف۔ مذکر) دیکھو کلاہ۔ **کلہ شجرہ** دیکھو قلہ شجرہ۔

کلہارنا (ہ۔ متعدی) دل کا بخار جلا کر اتارنا۔

کلہاڑا (ہ۔ مذکر) وہ بڑا آلہ جس کے سرے پر لوہے کا ایک بڑا ٹکڑا ہوتا ہے جو ایک طرف سے موٹا اور دوسری طرف سے دھار دار ہوتا ہے۔ اس کے موٹے حصہ میں ایک سوراخ ہوتا ہے۔ جس میں لکڑی کا ڈنڈا ٹھونک دیتے ہیں۔ اس سے لکڑیاں چیرتے ہیں۔ تبر۔ ساتور۔ **کلہاڑی** (مونث) چھوٹا کلہاڑا۔

مثل۔ کلہاڑی کل کل کرے چھو یاری چھو ہوئے۔ اپنی اپنی بان سے لپٹن جو چپکے کو ہوئے۔ لڑاکی عورت ہر وقت لڑتی رہتی ہے۔ شیخی بھگھنے میں کبھری چٹپی رہتی ہے اپنی عادت کوئی نہیں چھوڑ سکتا۔

کلہٹی (ہ۔ مونث) قلابازی۔ (مارنا کے ساتھ)

کلہڑ (ہ۔ مذکر) مٹی کا بڑا آبخورا۔ ایک قسم کی آتش بازی۔ موٹا آدمی۔ بے ڈول آدمی گول مول آدمی۔

کلہڑا (ہ۔ مذکر) مٹی کا آبخورا۔

کلھیا (ہ۔ مذکر) چھوٹا سا مٹی کا برتن جس میں عطار شربت دیتے ہیں یا جانوروں کو پانی ڈالا جاتا ہے یا چونا کتھا رکھا جاتا ہے۔ ایک قسم کی آتش بازی۔ بینگی۔ (صفت) مقعد۔ درج (س کے ٹھہرا)۔ **کلھیا سا** (صفت) چھوٹا سا۔ تنگ۔

کلھیا لگانا (متعدی) **لگنا** (لازم) بہری سینگی لگنا۔ **کلھیا میں گڑ پھوڑنا** (متعدی) **پھوٹنا** (لازم) چھپا کر کوئی کام ہونا۔ پوشیدہ کام ہونا۔ ناممکن کا ہونا۔ بہت سے آدمیوں کا کام چند سے لینا۔ **کلھیاں بھرنا** (متعدی) لڑکی دیوی پر دودھ یا شربت کی کلھیاں چڑھانا۔ دیوالی کی پوجا کے شگون میں کلھیاں ڈالنا۔

امثال۔ کلھیا میں گڑ (تھوڑا ہی پھوٹتا ہے) کی کیلی پھوٹنا دشوار ہے۔ کلھیا میں گڑ نہیں پھوٹتا۔ برا کام چھپ کر نہیں ہو سکتا۔ راز پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔

کلی (س۔ ہ۔ مونث) بے کھلا پھول۔ غنچہ۔ شگوفہ۔ کونپل۔ پرند کا چھوٹا پر جو شروع میں نکلتا ہے۔ کپڑے کا کاوُدم حصہ جو ...

پاجاموں میں ڈالتے ہیں ۵ ایک قسم کا چھوٹا حقہ ۶ قلعی - سفید چونا ۷ (عف) کنواری لڑکی دوشیزہ (س گل) **کلیاں** (مونث) کلی کی جمع - **کلیاں آنا یا کلیانا** (لازم) ۱ غنچوں کا نمایاں ہونا ۲ پرندوں کے نئے پر نکلنا۔ **کلیاں پڑنا** (لازم) **ڈالنا** (متعدی) گھیر بڑھانے کے لئے کسی لباس میں کلیاں ۳ سینا۔ **کلی پوش** (صفت) جس کے کلی نکلی ہو (پرند کا بچہ) **کلی پھوٹنا** (متعدی) ۱ پرند کے ابتدائی پر پھوٹنا ۲ غنچہ کا کھلنا - **کلی چٹکنا** (لازم) غنچہ کا کھلنا۔ **کلی دار پائجامہ** (مذکر) پانجامہ جس میں کلیاں ہوتی ہیں - **کلی کِھلنا** (لازم) ۱ غنچہ کا شگفتہ ہونا - پھول کھلنا ۲ (دل کی) فرحت ہونا۔ خوشی ہونا - انبساط خاطر ہونا - دل کی مراد پوری ہونا - **کلی مرجھانا** (متعدی) ۱ شگوفہ کے بغیر کھلے کے سوکھ جانا ۲ بچہ کا مرجانا - **کلی نکلنا** (لازم) پرندے کے پر پھوٹنا -

کِلّی (ہ - مونث) ۱ چیخ ۲ کھونٹی - کیل ۳ کنجی - چٹخنی (س کِل - رونا) **کِلّی مارنا** (متعدی) چیخ مارنا -

کُلّی (ف - مذکر) تنبولیا -

کُلّی (س - مذکر) ہاتھ **کُلّی بکھانا** (متعدی) ۱ کسی کے بزرگوں کے حالات تعریف کے ساتھ بیان کرنا ۲ تعریف کرنا ۳ (طنزاً) برائی کے ساتھ کسی کے باپ دادا کا نام لینا -

کُلّی (ہ - مونث) منہ میں پانی بھر کر پھینکنا - غرارہ - کلا (کرنا ہونا کے ساتھ) (س کَوَل - پانی کا گھونٹ)

کُلیا (ہ - مونث) دیکھو کلھیا -

کَلیان (ہ - مذکر) ایک قسم کا چھوٹا حقہ - کلی

کلیان (س - صفت) ۱ نہایت بھلے ۲ خوش - فرحاں - شاد ۳ تندرست - اچھا ۴ خوش قسمت - خوش نصیب ۵ خوبصورت - خوشگوار ۶ مفید - فائدہ مند ۷ (مذکر) خوش قسمتی - اقبال ۸ خوشی - فرحت - انبساط ۹ پاکدامنی - عفت ۱۰ نیک کام ۱۱ خوشی کا موقعہ - تیوہار ۱۲ ایک راگنی ۱۳ ایک پودہ - **کلیان ہونا** (لازم) ۱ پھلنا - پھولنا -

سرسبز ۲ مرجانا - فوت ہونا **کلیانی** (مونث) ۱ گائے ۲ ایک پودہ ۳ سرخ سنکھیا **کلیا نوت** (صفت) خوش قسمت -

کلیجا (ہ - مذکر) ۱ ایک اندرونی عضو جس میں پت پیدا ہوتا ہے اور خون صاف ہوتا ہے - جگر ۲ ہمت - حوصلہ - جرات - دلیری - ظرف ۳ پیارا یا عزیز شخص ۴ عزیز چیز - دولت - پونجی ۵ پیٹ ۶ دل ۷ سینہ ۸ جھوٹ کے موقع پر ۹ کلمہ تنفر و اکراہ (س کالیکا) **کلیجا اچھل پڑنا** (لازم) خوشی یا ڈر ہونا - **کلیجا اچھلنا** (لازم) ۱ خوشی سے بیتاب ہونا ۲ دل دھڑکنا **کلیجا اڑا جانا** (لازم) ۱ دل کا پریشان ہوا جانا ۲ اوسان اڑے جانا **کلیجا الٹا جانا** (لازم) قے کرتے کرتے جی گھبرانے لگنا - **کلیجا الٹ پلٹ ہونا** (لازم) بہت اضطراب ہونا - سخت بےچینی ہونا - **کلیجا الٹ جانا** (لازم) ۱ دل الٹ جانا - دل کا تہ و بالا ہو جانا - دیوانہ ہو جانا ۲ متواتر قے آنے سے دم الٹ جانا - قے کرتے کرتے جی گھبرا جانا - **کلیجا الٹنا** (لازم) ۱ دل کا بیقرار ہونا ۲ جی گھبرانا - وحشت ہونا - **کلیجا امنڈنا** (لازم) رقت طاری ہونا - کلیجا اندر سے امڈا چلا آتا ہے - سخت بےچینی یا گھبراہٹ ہے - رونا چلا آتا ہے - **کلیجا بانسوں (بلیوں) اچھلنا** (لازم) کمال بےچینی یا اضطراب ہونا **کلیجا بڑھ جانا** (لازم) ہمت بڑھ جانا - خوشی سے دل کا باغ باغ ہو جانا - **کلیجا بھن جانا** (لازم) **بھوننا** (متعدی) دیکھو کلیجا جلانا - **کلیجا بیٹھا جانا** (لازم) ۱ دل کا خوف یا ناتوانی کی وجہ سے ڈوبا جانا ۲ مضمحل ہو جانا - **کلیجا بیندھنا** (متعدی) جلنے بھنے کی باتوں سے دل میں زخم ڈالنا - بول مارنا **کلیجا پاش پاش ہو جانا** (لازم) دل دکھنا یا کڑھنا - رنج و غم ہونا - دل پر صدمہ ہونا - **کلیجا پانی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ نہایت رحم یا ترس آنا ۲ دل کا کسی صدمے سے متاثر ہونا ۳ بہت خوفزدہ ہونا - **کلیجا پتھر کا کر لینا** (متعدی) **ہو جانا** (لازم) دل کا نہایت سخت ہونا - **کلیجا پس جانا** (لازم) کمال روحانی صدمہ ہونا - **کلیجا پکا دینا یا پکانا** (متعدی) **پک جانا یا پکنا** (لازم) ۱ دل جلنا - سخت رنج ہونا ۲ دل کو صدمہ پہنچنا ۳ کسی کی رنج دینے والی باتوں سے صدمہ پہنچنا - **کلیجا پکڑ کے رہ جانا** (لازم) ۱ کسی صدمے کی تاب نہ لا سکنا - دھک ہو جانا - تڑپ کر رہ جانا ۲ غش غش کرنا - لوٹ ہونا - مزے میں آکر لوٹنے

لگنا - **کلیجا پکڑ لینا** (متعدی) ۱ صدمے یا مصیبت کی وجہ سے کلیجے پر ہاتھ رکھ لینا ۲ سخت صدمے سے بےچین ہو جانا ۳ کسی دوا کا دل پر جا کر برا اثر پیدا کرنا - **کلیجا پکڑنا** (متعدی) کلیجے کو تھام یا دبا لینا کہ زیادہ صدمہ نہ پہنچے - **کلیجا پکڑے ہوئے** (تف) اضطراب یا بےچینی کی حالت میں - **کلیجا پک کے پھوڑا ہونا** (لازم) کمال صدمہ پہنچنا - **کلیجا پکنا** (لازم) دیکھو چھاتی پکنا - **کلیجا پھٹا جانا** (لازم) صدمہ رحم یا ہمدردی سے دل بیقرار یا بےچین ہونا - **کلیجا پھٹ جانا** (لازم) ۱ جگر کا ٹکڑے ٹکڑے یا شق ہونا - دل پاش پاش ہونا ۲ سخت صدمہ پہنچنا ۳ عشق و محبت کا گھائل ہونا ۴ آپس میں نااتفاقی یا نفاق ہو جانا ۵ حسد یا رشک سے جل مرنا ۶ دھک ہو جانا ۷ عاشق ہو جانا - **کلیجا پھٹنا** (لازم) ۱ رحم آنا - ترس آنا ۲ کسی کی مصیبت نہ دیکھ سکنا ۳ دل پر صدمہ ہونا - دل بھر آنا ۴ حسد یا رشک سے جلنا - **کلیجا پھڑکنا** (لازم) بیتاب ہو جانا - **کلیجا پھنکنا** (لازم) **پھونکنا** (متعدی) کلیجا جلانا - **کلیجا پیپ ہو جانا** (لازم) کلیجا پک جانا - **کلیجا پیسنا** (متعدی) روحانی صدمہ پہنچانا - **کلیجا تر ہونا** (لازم) دولتمند ہونا - **کلیجا توڑ دینا** (متعدی) کلیجے کے پار ہونا - کلیجے پر اثر کر جانا - **کلیجا تھام تھام کر رونا** (لازم) بہت رونا - بیتابانہ رونا - **کلیجا تھام کر** (تف) بیقرار ہو کر - **کلیجا تھام کر بیٹھ جانا** (لازم) دل پکڑ یا سکے رہ جانا - ضبط کرنا - **کلیجا تھام کر (کے) رہ جانا** (لازم) ۱ بہت بیتاب یا بیقرار ہونا ۲ صدمے کی تاب نہ لا سکنا مگر ضبط کرنا ۳ رنج و الم کا اظہار نہ کرنا **کلیجا تھام لینا** (متعدی) بیتابی کی شدت سے جگر پکڑ لینا سخت بےچین ہونا - **کلیجا تھرتھرانا** (لازم) ۱ سخت سردی لگنا ۲ سخت خوف یا وحشت ہونا - **کلیجا ٹوٹا جانا** (لازم) بھوک کے مارے برا حال ہونا - **کلیجا ٹوٹنا** (لازم) دل پر چوٹ لگنا (مت، **کلیجا ٹوک ٹوک ہونا** (لازم) سخت صدمہ پہنچنا دل بیتاب یا ٹکڑے ٹکڑے ہونا - **کلیجا ٹھنڈا رہنا** (لازم) ۱ خوش رہنا - کوئی رنج نہ پہنچنا ۲ آرام اور چین سے رہنا - **کلیجا ٹھنڈا رہے** (دعا) خوش رہو - چین سے رہو - **کلیجا ٹھنڈا کرنا** (متعدی) ۱ چین دینا - تسکین دینا ۲ کسی کو خوش کرنا - **کلیجا ٹھنڈا ہونا** (لازم) ۱ دل میں خنکی ہونا ۲ جی خوش ہونا ۳ طبیعت کو

راحت حاصل ہونا۔ سبر آنا۔ چین پڑنا۔ تسلی ہونا۔ **کلیجا جلانا** (متعدی) ۱۔ رنج دینا۔ دل جلانا ۲۔ کلیجے پر کسی گرم چیز کا اثر کرنا۔ زیادہ حقہ پینا ۳۔ (لازم) آزردہ ہونا۔ **کلیجا جلنا** (لازم) ۱۔ رنج ہونا۔ غم کھانا۔ آزردہ ہونا۔ کوفت ہونا ۲۔ کسی گرم چیز کی وجہ سے کلیجے پر اثر ہونا۔ **کلیجا جلی** (صفت) غمزدہ۔ **کلیجا جلی نکل** (مونث) وہ نکل جس کا بیچ کا حصہ سیاہ ہو۔ **کلیجا چاہئے۔** ہمت یا حوصلہ چاہئے۔ **کلیجا چور ہونا** (لازم) دل پر کمال صدمہ ہونا۔ **کلیجا چھاننا** (متعدی) طعن و تشنیع سے کمال صدمہ پہنچانا۔ **کلیجا چھلنی کرنا** (متعدی)، **ہو جانا یا ہونا** (لازم) طعن و تشنیع سے سخت رنج پہنچنا یا طعن تشنیع کی باتوں کا ناگوار گزرنا۔ **کلیجا چھدنا یا چھن جانا** (لازم) ۱۔ طعن و تشنیع کا ناگوار ہونا ۲۔ سخت مغموم ہونا ۳۔ غم کی تاب نہ رہنا۔ **کلیجا چھیدنا** (متعدی) ۱۔ دلی صدمہ پہنچانا ۲۔ طعن و تشنیع کی باتوں سے رنج پہنچانا ۳۔ بولی مارنا۔ **کلیجا خون کرنا** (متعدی)، **ہو جانا یا ہونا** (لازم) سخت صدمہ پہنچنا۔ کمال رنج یا غم ہونا۔ **کلیجا دھڑکانا** (متعدی)، **دھڑکنا** (لازم) سخت ڈرنا۔ دل دہل جانا۔ **کلیجا دُہک جانا** (لازم) کلیجا جلنا۔ رنج ہونا۔ **کلیجا دَھک دَھک ہونا** (لازم) سخت خوف کھانا۔ ڈر جانا۔ دل کانپنا۔ **کلیجا دُھکڑ دُھکڑ ہونا** (لازم) دیکھو کلیجا دھڑکنا۔ **کلیجہ دھک سے رہ جانا یا ہو جانا** (لازم) خوف یا کسی حیرت انگیز بات سے جی بیٹھ جانا۔ سخت ڈر جانا۔ **کلیجا دہل جانا یا دہلنا** (لازم) ڈر جانا۔ **کلیجا سالنا** (متعدی)، دیکھو کلیجا چھیدنا۔ **کلیجا سراہنا** (متعدی) کسی کی عالی ہمتی کی تعریف کرنا۔ **کلیجا سلگانا** (متعدی)، **سلگنا** (لازم)، رنج ہونا۔ غم ہونا۔ دل جلنا۔ **کلیجا سنبھالنا** (متعدی)، دل کو قابو کرنا۔ دل کو تھامنا۔ ضبط کرنا۔ **کلیجا غربال ہونا** (لازم) دیکھو کلیجا چھلنی ہونا۔ **کلیجا کاڑھ کے دینا** (متعدی) ۱۔ کسی عزیز چیز کا دریغ نہ کرنا۔ اچھی سے اچھی چیز دیدینا ۲۔ روپیہ دینا۔ مال سپرد کرنا ۳۔ جان تک دریغ نہ کرنا۔ **کلیجا کاڑھ لینا** (متعدی) ۱۔ ڈائن کی طرح جگر کھا جانا ۲۔ فریفتہ کر لینا۔ موہ لینا ۳۔ بہترین چیز نکال لینا ۴۔ دوسرے کا مال مارنا۔ مال چوری کر لینا۔ **کلیجا کاڑھنا** (متعدی)، دیکھو آخری معانی۔ **کلیجا کانپنا** (لازم) ۱۔ خوف چھانا۔ ڈر لگنا ۲۔ سردی لگنا۔ کپکپی چھوٹنا۔ **کلیجا کباب رہنا** (لازم) کوفت رہنا۔ **کلیجا کباب ہونا** (لازم) کوفت ہونا۔ دل جلنا۔ **کلیجا کٹنا** (لازم) ۱۔ ہیرے کی کنی یا کٹے ہوئے شیشے کے کھا جانے سے دل و جگر کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ یہ واقعہ نہیں۔ ان کے کھانے سے انتڑیاں کٹ جاتی ہیں جس سے موت واقع ہوتی ہے۔ دل اور جگر پر اثر نہیں ہوتا ۲۔ زہریلی چیز کے کھا جانے سے دل و جگر کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ زہر کھانے سے دل کی حرکت بند ہو جاتی ہے۔ اگر جگر و دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں تو پاخانے کے راستے نکل نہیں سکتے ۳۔ خونی دست آنا۔ اسہال ہونا ۴۔ دل دکھنا۔ رنج پہنچنا ۵۔ ناگوار گزرنا۔ برا لگنا ۶۔ دل پر صدمہ گزرنا۔ اولاد مرنا ۷۔ بے جا روپیہ صرف ہونا۔ بہت روپیہ خرچ ہونا ۸۔ حسد ہونا۔ رشک ہونا۔ **کلیجا کھا لینا** (متعدی)، خیال ہے کہ ڈائن کلیجا کھا جاتی ہے۔ **کلیجا کھانا** (متعدی)، رنج دینا۔ ایذا دینا۔ **کلیجا کھرچنا** (لازم) بہت بھوک لگنا۔ بھوک کی وجہ سے بے چینی ہونا۔ **کلیجا کھلانا** (م) ۱۔ بہت خاطر و مدارات کرنا ۲۔ مال کھلانا۔ جان تک عزیز نہ سمجھنا۔ **کلیجا کوٹنا** (متعدی) طعنے دینا۔ **کلیجا مسلنا** (متعدی) ۱۔ رنج دینا ۲۔ بیقرار یا بے چین کرنا۔ **کلیجا مسوس (کر) کے رہ جانا** (لازم) صدمہ کو ضبط کر کے چپ رہ جانا۔ **کلیجا ملنا** (متعدی)، صدمہ پہنچانا۔ رنج دینا۔ **کلیجا منہ (تک) کو آنا** (لازم) ۱۔ جی گھبرانا۔ دم گھٹنا۔ کسی رنج یا غم کی وجہ سے ۲۔ بیقرار ہونا۔ بے چین ہونا۔ وحشت [illegible] سودا ہونا۔ **کلیجا منہ سے باہر ہونا** (لازم) بہت بیقراری یا بے چینی ہونا۔ اضطراب ہونا۔ **کلیجا نکال دینا** (متعدی)، بہت پیاری چیز دینا۔ **کلیجا نکال کر دھر (رکھ) دینا** (متعدی) ۱۔ جان دیدینا۔ مر جانا ۲۔ کسی امر کی صداقت کے لئے بیحد کوشش کرنا۔ **کلیجا نکال کر لیجانا** (متعدی) کسی کی دولت مار لینا۔ **کلیجا نکال لینا یا نکالنا** (متعدی)، دیکھو کلیجا کاڑھ لینا یا کاڑھنا۔ **کلیجا نکل پڑنا یا جانا** (لازم) بہت ڈر جانا۔ دم فنا ہو جانا۔ **کلیجا ہاتھ بھر (بڑھ جانا) کا ہو جانا یا ہاتھوں بڑھ جانا** (لازم) حوصلہ یا ہمت زیادہ ہونا۔ **کلیجا ہلا دینا** (متعدی) **ہل جانا** (لازم) بڑے روحانی صدمہ پہنچنا۔ کمال خوف ہونا۔ **کلیجی** (مونث) حیوانات کے کلیجے کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔ **کلیجے** (مذکر) کلیجا کی جمع یا بجائے کلیجا سروں مفیرہ سے پہلے۔ **کلیجے پر پتھر رکھ لینا یا رکھنا** (متعدی) صبر کر لینا۔ **کلیجے پر تیر یا چوٹ لگنا** (لازم) سخت اندرونی صدمہ پہنچنا۔ رنج و غم ہونا۔ **کلیجے پر چھری پھرنا** (لازم) صدمہ گزرنا۔ **کلیجے پر سانپ لوٹنا** (لازم) رشک حسد سے بیقرار ہونا یا جلنا۔ **کلیجے پر گھونسا (سا) لگنا** (لازم) سخت اندرونی صدمہ پہنچنا۔ **کلیجے پر ہاتھ دھر کے دیکھنا** (متعدی) اپنے دل کا سا حال دوسرے کا جاننا۔ **کلیجے پر ہاتھ دھرنا** (متعدی) ۱۔ کسی کو تسلی دینا ۲۔ دیکھو آخری۔ **کلیجے پر ہاتھ دھرے پھرنا** (لازم) بے تاب اور مضطرب پھرنا۔ دل پکڑے پھرنا۔ **کلیجی پھیپھڑا** (مذکر) ۱۔ پھیپھڑا وہ عضو ہے جس کے ذریعے سانس لیا جاتا ہے اور خون صاف ہوتا ہے۔ جانوروں کے کلیجی پھیپھڑے پکائے جاتے ہیں ۲۔ ایک قسم کی پھبتی ہے جو بیل سیاہی اور سرخی پر کہی جاتی ہے۔ **کلیجے سے (آہ) اٹھنا دھواں نکلنا** (لازم) سخت رنج یا صدمہ پہنچنا۔ دل جلنا۔ **کلیجے سے لگا کے رکھنا** (متعدی) ۱۔ نہایت عزیز کر کے رکھنا ۲۔ بہت احتیاط سے رکھنا۔ چھپا کے رکھنا ۳۔ دم بھر جدا نہ ہونے دینا۔ **کلیجے سے لگا لینا یا لگانا** (متعدی)، فرط محبت سے گلے لگا لینا یا چھاتی سے چمٹا لینا۔ بہت پیار کرنا۔ **کلیجے سے لگائے رہنا** (لازم) اپنے پاس سے جدا نہ ہونے دینا۔ **کلیجے کا ٹکڑا** (مذکر) ۱۔ بیٹا۔ نور چشم ۲۔ لخت جگر۔ پارہ جگر۔ **کلیجے کھائی** (مونث) ڈائن۔ وہ جادوگرنی جو نظر کے ذریعے سے بچوں کے جگر کھا جاتی ہے۔ **کلیجے کے اندر پھانس**

لگنا (لازم) اندرونی صدمہ رنج یا تکلیف پہنچنا۔ **کلیجے کے پار ہونا** (لازم) ناگوار ہونا۔ **کلیجے کی ٹھنڈک** (مونث) دل کو تسکین۔ دل کی راحت و آرام۔ **کلیجے کے چھالے** (مذکر) روحانی صدمے۔ **کلیجے کی کور** (صفت) دیکھو کلیجے کا ٹکڑا۔ **کلیجے میں آگ لگنا** (لازم) کوئی تیز چیز کھانے سے سینے میں جلن ہونا۔ پیاس لگنا۔ **کلیجے میں برچھی گڑنا** (لازم) روحانی ایذا یا صدمہ رہنا۔ **کلیجے میں سنکھے لگنا** (لازم) کمال بیقراری ہونا۔ **کلیجے میں پیپ ڈالنا** (متعدی) سخت رنج یا غم پہنچانا۔ **کلیجے میں تیر لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) سخت دلی صدمہ پہنچنا۔ **کلیجے میں ٹھنڈک پڑنا** (لازم) دیکھو کلیجا ٹھنڈا ہونا۔ **کلیجے میں چٹکیاں لینا** (متعدی) ۱ دل جلانا۔ طعنے مہنے کی باتوں سے دل کو صدمہ پہنچانا ۲ کوئی بات یاد دلاکر روحانی صدمہ پہنچانا۔ **کلیجے میں چھریاں مارنا** (متعدی) طعن وتشنیع یا سخت زبانی سے رنج یا صدمہ پہنچانا۔ **کلیجے میں چھید ڈالنا** (متعدی) سخت ایذا دینا۔ **کلیجے میں درد ہے** (عو) پیٹ میں درد ہے۔ **کلیجے میں ڈال رکھنا** (متعدی) بے حد محبت کی وجہ سے ہر وقت پاس رکھنا۔ **کلیجے میں ہاتھ ڈالنا** (متعدی) ۱ عزیز ہونا۔ پیارا ہونا ۲ کلیجا نکال لینا ۳ کوئی عزیز چیز لے لینا۔ دولت چھین لینا ۴ دل دکھانا تکلیف دینا۔ **کلیجے والی** (صفت) ڈائن

کلیجہ (ہ۔ مذکر) دیکھو کلیجا۔

کلیچہ (ف۔ مذکر) ۱ خمیری چھوٹی روٹی۔ کلچہ ۲ چاند یا سورج کا قرص۔

کلید (ف۔ مونث) چابی۔ کنجی۔ تالی۔

کلید (س۔ مذکر) ۱ نمی ۲ ناک کی غلاظت۔

کلیسا (ف۔ مذکر) گرجا۔ نصاریٰ کا معبد۔ قوم ترسا کا مندر۔ **کلیسائی** (صفت) منسوب بہ کلیسا۔

کلیسیا (ف۔ مذکر) عیسائیوں کی ایک جماعت جو حضرت مریم کا بت پوجتی ہے۔

کلیش (س۔ مذکر) ۱ درد۔ تکلیف ۲ مصیبت ۳ بیماری۔ مرض ۴ ایذا۔ دکھ ۵ جھگڑا فساد ۶ دنیاوی تکالیف۔ دنیاداری کے جھگڑے۔ **کلیش دینا** (متعدی) ۱ تکلیف دینا ۲ ایذا دینا۔ دکھ پہنچانا۔ **کلیش کرنا** (متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ (لازم) جھگڑنا۔ لڑنا ۳ تکلیف اٹھانا۔ غم کرنا۔ **کلیش مچانا** (متعدی) جھگڑا پیدا کرنا۔

کلیل (ف۔ صفت) ۱ سست ۲ کند ۳ تھکا ہوا ۴ گونگا۔

کلیل (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو کلول ۲ دیکھو کریز (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

مثل۔ کلیل میں غلیل۔ خوشی میں رنج۔

کلیلہ دمنہ (ف۔ مونث) فارسی کی ایک مشہور کتاب جو بت اپدیش کا ترجمہ ہے۔ عربی میں اسے انوار سہیلی کہتے ہیں۔

کلیم (ع۔ صفت) ۱ کلام کرنیوالا ۲ حضرت موسیٰ کا لقب کیونکہ وہ کوہ طور پر خدا تعالیٰ سے ہمکلام ہوئے تھے (کلم۔ بولنا)

کلیمیٹس (انگ۔ مذکر) ایک قسم کی پھولدار بیل۔

کلیو (س۔ صفت) ۱ کمزور۔ نامرد ۲ بزدل ۳ بے اثر ۴ کمزور دل ۵ کمینہ۔ رذیل ۶ سست۔ کاہل ۷ (مذکر) خواجہ سرا ۸ (صرف) نہ مذکر نہ مونث۔

کلیو (یو۔ عیس) صنعت وحرفت کی نو دیویوں میں سے ایک۔ یہ تاریخ کی دیوی ہے۔

کلیوا (ہ۔ مذکر) ۱ صبح کا ہلکا کھانا۔ ناشتہ ۲ باسی کھانا۔ **کلیوا کرنا** (متعدی) ناشتہ کرنا۔

کلیوم (انگ۔ مذکر) ایک پودا اور اس کا پھول۔

کلیہ (س۔ صفت) ۱ اچھا۔ تندرست ۲ بیماری سے اٹھا ہوا ۳ تیار۔ مستعد ۴ مسلح ۵ گونگا اور بہرا ۶ (مذکر) صبح۔ علی الصبح۔ صبح صادق ۷ کل گزشتہ۔ کل آئندہ۔

کم (ف۔ صفت) ۱ تھوڑا۔ ذراسا ۲ چھوٹا۔ ادنیٰ ۳ بد۔ برا ۴ (ف) شاذ و نادر۔ کبھی کبھی ۵ نہیں۔ نہ ۶ مرکبات کے شروع میں استعمال ہوتا ہے۔ **کم آزار** (صفت) تھوڑی تکلیف دینے والا۔ **کم آزاری** (مونث) تھوڑی تکلیف پہنچانا۔ **کمابیش** (ف) کم وبیش تخمیناً۔ **کم اختلاطی** (مونث) کم ملنا۔ نا ملنساری۔ **کم اسبابی** (مونث) ۱ مال واسباب تھوڑا ہونا ۲ غربت۔ **کم اصل** (صفت) ۱ کمینہ۔ رذیل ۲ نالائق۔ **کم اوقات** (صفت) بے حیثیت۔ کم حیثیت۔ **کمبخت** (صفت) ۱ بدنصیب۔ بدقسمت ۲ کلمہ تنفر و تحقیر ۳ بعض وقت حسن کلام کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ **کمبختی** (مونث) ۱ بدقسمتی ۲ شامت۔ مصیبت۔ **کمبختی یا کمبختیاں آنا** (لازم) شامت آنا۔ آفت آنا۔ **کمبختی آئی ہے) تو نہیں آئی** ۱ شامت آگئی ہے ۲ مار کھانے کو دل چاہتا ہے۔ **کمبختی کا مارا** (صفت) بدنصیب۔ **کمبختی کے دن** (مذکر) برے دن۔ مصیبت کے دن۔ **کمبختی نے تو نہیں گھیرا۔ کمبختیوں نے گھیرا ہے۔** شامت تو نہیں آئی۔ **کمبر** (مذکر) گنجفے میں ایک بازی۔ **کم بضاعت** (صفت) ٹٹ پونجیہ۔ کم حیثیت۔ **کم بغل** (صفت) جس کے امدادی تھوڑے ہوں۔ **کم بیں** (صفت) ۱ پست حوصلہ ۲ نابینا۔ **کم پا** (صفت) ناپائدار۔ بودا۔ کمزور۔ **کم پائی** (مونث) ناپائداری۔ کمزوری۔ **کم پایہ** (صفت) کم رتبہ۔ کمینہ۔ **کم پڑنا** (لازم) جتنی ضرورت ہو اس سے کم ہونا۔ **کمتر** (صفت) بہت کم۔ **کمترین** (صفت) ۱ بہت ہی کم ۲ خاکسار۔ ناچیز ۳ عرضیوں میں سائل اپنے لئے یہ لفظ لکھتا ہے۔ **کم توجہی** (مونث) بے پروائی۔ غفلت۔ **کم تولا** (صفت) کم تولنے والا۔ ڈنڈا مارنے والا۔ **کمتی** (صفت) کم۔ وزن یا مرتبہ یا لیاقت میں کم۔ **کم جرأت** (صفت) بزدل۔ **کم حوصلگی** (مونث) بے ہمتی۔ **کم حوصلہ** (صفت) پست ہمت۔ **کم حیثیت** (صفت) ۱ کمینہ۔ ذلیل ۲ غریب۔ ٹٹ پونجیہ۔ **کم خرچ** (صفت) ۱ کفایت شعار ۲ کنجوس۔ بخیل۔ **کم خرد** (صفت) بیوقوف۔ بے عقل۔ **کمخواب** (مذکر) ایک قسم کا

ریشمی کپڑا جس میں سونے چاندی کے تاروں سے
پھول وغیرہ بنے ہوئے ہوتے ہیں (خواب بمعنی
روئیاں) **کم خوابی** (مونث) نیند کم آنا۔ **کم خور**
یا خوراک (صفت) کم کھانے والا۔ **کم خوراکی**
یا خوری (مونث) تھوڑا کھانا۔ **کم دلا** (صفت)
۱ بزدل ۲ کنجوس ۳ کم حوصلہ۔ **کم ذات** (صفت)
نیچ ذات کا۔ کمینہ۔ **کم ذاتی** (مونث) بدذاتی۔
کمینہ پن۔ **کم ذہن** (صفت) ۱ کند ذہن۔ نالائق
۲ بھول جانے والا۔ **کم راہ** (صفت) سست
(گھوڑا) **کم رسم** (صفت) معمول سے کم ۲ جو کم استعمال
ہو۔ **کم رنگ** (صفت) ہلکے رنگ کا زرد۔ **کم رو**
(صفت) سست رفتار۔ **کم رُو** (صفت) ۱
بدصورت۔ کریہ منظر ۲ بے حیثیت ۳ ذلیل۔ رذیل
کمینہ۔ حقیر ۴ جو شخص وجاہت نہ رکھتا ہو اور دیکھنے
میں حقیر نظر آئے۔ **کم زبان** (صفت) کم بولنے
والا۔ **کم زبانی** (مونث) کم بولنا۔ کم گوئی۔ **کمزور**
(صفت) ضعیف ۲ ضعیف الاثر یا تاثیر ۳ ہلکا۔
مدھم ۴ جس میں طاقت کم ہو۔ بودا کرنا۔ ہونا
کے ساتھ) **کمزوری** (مونث) ناطاقتی۔ ضعف۔
نقاہت۔ **کم سال** (صفت) خورد سال۔ کم عمر۔
بچہ۔ **کم سخن** (صفت) ۱ بہت کم بولنے والا۔
کم گو ۲ بے زبان چپ۔ **کم سخنی** (مونث) تھوڑا
بولنا۔ **کم سن** (صفت) چھوٹی عمر کا۔ بچہ۔ **کم سُنّا**
(لازم) ۱ بہرا ہونا۔ اونچا سننا ۲ بے توجہی کرنا۔
دھیان میں نہ لینا۔ **کمسنی** (مونث) خورد سالی۔
بچپن۔ **کم سوجھ** (صفت) جسے اچھی طرح دکھائی
نہ دے۔ **کم سے کم** (صفت) بہت تھوڑا۔
کم شر (صفت) جس میں شرارت کا مادہ نہ ہو۔
بھلا مانس۔ نیک طینت۔ **کم شرح** (مذکر) ۱
تھوڑا نرخ ۲ تھوڑے نرخ پر۔ **کم شرم** (صفت)
بے شرم۔ **کم شوق** (صفت) جس میں شوق نہ ہو۔
لاپروا۔ **کم شہوت** (صفت) سست۔ کمر کا
ڈھیلا۔ **کم شیر** (صفت) تھوڑا دودھ دینے والا۔
کم ظرف (صفت) ۱ اوچھا۔ کم حوصلہ ۲ کمینہ۔
رذیل۔ **کم ظرفی** (مونث) ۱ اوچھاپن ۲ کمینہ پن۔
کم عقل (صفت) بیوقوف۔ احمق۔ **کم عقلی**
(مونث) بیوقوفی۔ بے عقلی۔ حماقت۔ **کم عمر**
(صفت) کم سن۔ **کم عمری** (مونث) کمسنی۔
کم عیار (صفت) وہ روپیہ جو کم قیمت پر چلے۔

کھوٹا روپیہ۔ **کم فرصت** (صفت) جسے فرصت
تھوڑی ہو۔ جسے کام بہت زیادہ ہو۔ **کم فرصتی**
(مونث) فرصت کم ہونا۔ **کم فہم** (صفت) بے عقل۔
بیوقوف۔ نادان۔ **کم قدر** (صفت) بے قدر۔
کم قدری (مونث) بیقدری۔ **کم قدم** (صفت)
سست قدم۔ **کم قسمتی** (مونث) کم نصیبی۔ **کم
قیمت** (صفت) سستا۔ ارزاں۔ **کم کرنا**
(متعدی) ۱ گھٹانا ۲ وضع کرنا۔ منہا کرنا ۳ سُست
کرنا۔ چال کم کرنا ۴ اختصار کرنا۔ **کم کم** (تف)
۱ تھوڑا تھوڑا ۲ گاہے گاہے۔ کبھی کبھی **کم گفتا
یا گو** (صفت) کم سخن۔ کم بات کرنے والا۔
کم مائگی (مونث) بے حیثیتی۔ بے بساطی۔
کم مایہ (صفت) چھوٹی پونجی رکھنے والا **کم محنت**
(صفت) کام چور۔ محنت مشقت سے بھاگنے والا۔
کم نصیب (صفت) کمبخت۔ **کم نصیبی** (مونث)
بدقسمتی۔ **کم نظر** (صفت) جسے تھوڑا نظر آئے۔
کم نگاہی یا نگہی (مونث) بے توجہی۔ **کم و بیش**
(تف) تھوڑا بہت۔ تقریباً۔ **کم و زیاد** (تف)
تھوڑا بہت۔ **کم و کاست** (مونث) ۱ نقصان۔
کمی ۲ (صفت) دیکھو کم و بیش۔ **کم ہمت**
(صفت) کم حوصلہ۔ پست ہمت۔ **کم ہمتی**
(مونث) پست ہمت ہونا۔ **کم ہونا** (لازم) ۱
کسر رہنا ۲ گھٹنا۔ وزن میں پورا نہ ہونا ۳ زور گھٹنا
کمی (مونث) ۱ گھاٹا۔ نقصان۔ کسر ۲ کوتاہی۔
پہلوتہی۔ **کمی آنا** (لازم) قلت ہونا۔ کوتاہی ہونا۔
کمیاب (صفت) ۱ کم ملنے والا۔ نا میسّر۔
ناپید ۲ نادر۔ نایاب۔ شاذ۔ **کمیابی** (مونث)
۱ نامیسری۔ کم پایا جانا۔ ناپیدگی ۲ نایابی ۳
قلت۔ **کمی بیشی** (مونث) ۱ کسی چیز کا کم یا زیادہ
ہونا ۲ کسی گاؤں کے ہر شخص کی جمعبندی میں کمی یا
زیادتی کا حساب۔ **کمی پر** (تف) خسارے پر۔
گھاٹے پر۔ **کمی پڑنا** (لازم) گھاٹا پڑنا۔ خسارہ
ہونا۔ **کمی کرنا** (مونث) کوتاہی کرنا۔ پہلوتہی
کرنا۔ **کمی کو پورا کرنا** (متعدی) نقصان پورا
کرنا۔ نقص رفع کرنا۔ **کمی نہ کرنا** (متعدی) اپنے
سے جو کچھ ہو سکے سب کچھ کرنا۔ عموماً نقصان پہنچانے
کے موقع پر کہتے ہیں۔ **کمی ہونا** (لازم) ۱ تھوڑا ہونا
۲ گھاٹا ہونا۔

امثال واقوال۔ کم اصل

سے وفا نہیں۔ کمینہ بے وفا ہوتا ہے۔
کمبخت کی کھچڑی کچی بختاور کا آٹا گیلا
نصیبہ ور کا نقصان بھی بہت لوگوں کے فائدے کا
باعث ہوتا ہے۔ **کمبخت کا بیٹا لہو موتے
ربختاور) بھاگوان کا گھوڑا**۔ آدمی کے لئے
لہو موتنا نقصان کا باعث ہے۔ گھوڑے کیلئے مفید
**کمبخت گئے ہاٹ نہ ملے ترازو نہ ملے
باٹ**۔ بدنصیب آدمی کا ہر طرح نقصان ہوتا ہے
سودا لینے جائے تو دوکاندار کے پاس ترازو یا باٹ
نہیں ہوتے۔ جتنا چاہے دے۔ **کمبختی جو آوے
اونٹ چڑھے کو کتّا کاٹے**۔ بدقسمتی ہو تو
باوجود احتیاط کے نقصان ہوتا ہے۔ **کمبختی کی
یہ نشانی (جو) سوکھ گیا کوئیں کا پانی**۔
کوئیں کے پانی کا سوکھ جانا، بدبختی کی نشانی ہے۔
کم خرچ بالانشین۔ اس چیز کی نسبت بولتے
ہیں جو قیمت میں کم اور نمائش میں زیادہ ہو **کم خرچی
میں آٹا گیلا**۔ آمدنی کم اور فضول خرچی بہت۔
آٹے میں پانی زیادہ ہو جائے تو اس میں آٹا اور
ڈالنا پڑتا ہے۔ اس لئے خرچ اور زیادہ
ہو جاتا ہے۔ **کم رزقے بہت ہیں بے رزقا
کوئی نہیں**۔ خدا سب کو کھانے کو دیتا ہے۔
کمزور کا غصّہ، مار کھانے کی نشانی
زیر دست ہمیشہ دبنا رہتا ہے۔ **کم کھا غم نہ کھا**
تھوڑا خرچ کرنے سے بےفکری ہوتی ہے۔ **کم کھائے
غم نہ کھائے**۔ قرض اٹھانے سے غم ہوتا ہے۔
اس لئے بہتر ہے کہ کم خرچ کرے۔ لیکن قرض
نہ لے۔

کَم (ع۔ ضمیر استفہامیہ) کما کا
مخفف۔ کسقدر۔ کتنا۔ کب تک۔ **کما** (ضمیر
استفہامی) دیکھو آخری۔ **کما حقّہٗ** (تف) جیسا کہ
اس کا حق ہے۔ بخوبی۔ ٹھیک ٹھیک۔ **کما ہی**
(صفت) پورا۔ کامل۔ **کما ینبغی** (صفت) جیسا
چاہئے۔ بخوبی۔

کَم (ف۔ ضمیر استفہامیہ) کون۔ کس۔
کیا۔ کیسے۔ کہاں سے۔ کس لئے۔ کیوں۔ **کم پُرش**
(مذکر) ۱ حقیر آدمی ۲ دو غلا شخص ۳ دیکھو کمتر۔
کَمارہ۔ (امر) کمانا کا (س کرہ۔ کرنا)
کما کھانا (متعدی) محنت مزدوری سے پیٹ
پالنا۔ **کما لینا** (متعدی) ۱ کسی کام یا پیشہ سے

روپیہ پیدا کرنا۔ ۷ نجاست صاف کرنا۔ بھنگی کا کام کرنا۔ ۸ چمڑے کو مل کے نرم کرنا۔ ۹ کمزور کر دینا۔ **کمانا** (متعدی) ۱ روپیہ پیدا کرنا۔ ۲ چمڑے کو مل کے نرم کرنا۔ ۳ لوہے کو گرم کر کے اور کوٹ کر لوچدار بنانا۔ ۴ کسرت سے جسم کو مضبوط بنانا۔ ۵ کمزور کر دینا۔ ۶ کسب کرنا۔ خرچی حاصل کرنا۔ ۷ (کھیت وغیرہ) زمین کو بار بار جوت کے درست کرنا۔ ۸ (پاپ، ثواب) ذمہ لینا۔ سر لینا۔ ۹ حاصل کرنا۔ ۱۰ ... نا۔ بھنگی کا کام کرنا۔ ۱۱ جرم کرنا۔ ۱۲ (اصطلاح قصاباں) ذبح کرنا۔ ۱۳ (مد) گھٹانا۔ کم کرنا۔ **کمانا دھمانا** (متعدی) روپیہ پیسہ پیدا کرنا۔ **کماؤ** (صفت) ۱ کمانے والا ۲ محنت مزدوری سے روپیہ حاصل کرنے والا۔ ۳ محنتی۔ مزدور۔ ۴ (مذکر) خصم۔ شوہر۔ **کماؤ پوت** (مذکر) کمائی کرنے والا بیٹا۔ **کماؤ خصم** (مذکر) کمائی کرنے والا خاوند۔ **کماؤ دھن** (مذکر) ۱ بیٹا۔ پوت۔ فرزند۔ ۲ کرائے کی گاڑی۔ بھاڑے کا ٹٹو۔ ۳ پوجی۔ **کمائی** (مونث) ۱ وہ روپیہ یا مال جو محنت سے پیدا کیا جائے۔ ۲ حاصل کی ہوئی چیز۔ ۳ فائدہ۔ نفع۔ ۴ آمدنی۔ محاصل۔ یافت ۵ مزدوری۔ کام۔ ۶ اولاد جو محنت سے پرورش کی جاتی ہے۔ **کمائی کرنا** (متعدی) کمانا۔ **کمائی لُٹنا** (لازم) اولاد کا مرنا۔

امثال و اقوال۔ کمانے کو بھیڑ کھانے کو شیر۔ نکمے آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ **کماوے ٹوپی والا اُڑا وے دھوتی والا۔** کمائے کوئی اور مزے کوئی اُڑائے **کماوے خانخاناں اُڑاوے فہیم۔** دیکھو کماویں میاں الخ۔ **کماوے دھوتی والا اُڑاوے ٹوپی والا۔** دیسی محنت کریں انگریز مزے اُڑائیں۔ **کماویں رات کھلاویں ذات** غیرتمند آدمی برادرانہ حقوق کو حتی الوسع ادا کرتے ہیں۔ **کماویں میاں خانخاناں اُڑاویں میاں فہیم۔** دولت کوئی کمائے اور خرچ کوئی کرے فہیم خانخاناں کا غلام تھا۔ اور بہت فیاض تھا۔ **کماؤ آوے ڈرتا نکھٹو آوے لڑتا۔** کمانے والا عام طور پر شریف ہوتا ہے۔ اور لڑائی جھگڑے سے ڈرتا ہے۔ نکھٹو لڑ بھڑ کر رعب ڈالتا ہے۔ **کماؤ پوت کلیجے سوت** (مونث) کمانے والے بیٹے کو ماں بہت چاہتی ہے۔ **کماؤ پوت کی دُور بلا۔** کمانے والے بیٹے کے حق میں دل سے دُعا نکلتی ہے۔ **کماؤ خصم کو کس نے نہ چاہا۔** جس کی ذات سے فائدہ ہو وہ عزیز ہوتا ہے۔ **کمائے نہ دھمائے مو کو بھوج بھوج کھائے** (مد) عورت اپنے نکھٹو خاوند کی شکایت کرتی ہے کہ کماتا کچھ نہیں اور مجھے تنگ کرتا رہتا ہے۔

کماج۔ کُماچ (ت۔ مذکر) ۱ وہ روٹی جو کہیں سے پتلی ہو اور کہیں سے موٹی ۲ لکڑی کا گول ٹکڑا جو خیمے کی چوب کے اوپر ہوتا ہے **کماچدا** (صفت) ٹھوک کر بنا ہوا۔ غفص۔ **کماج یا کماچ سا مُنہ** (مذکر) چوڑا چہرہ۔ فربہ چہرہ۔

کماد (ع۔ مذکر) گرم کپڑا جس سے سینک کریں (کَمّد۔ کپڑا مارنا)

کماد (ہ۔ مذکر) گنا۔ نیشکر۔

کُمار (س۔ مذکر) ۱ بچہ۔ لڑکا ۲ کنوارا لڑکا ۳ بیٹا۔ فرزند ۴ راجہ کا بیٹا **کمارپن** (مذکر) ۱ لڑکپن کا زمانہ ۲ کنوارپن **کمار داسی** (مونث) کنیزک۔ **کماری** (مونث) ۱ دس سے بارہ برس تک کی لڑکی ۲ سولہ برس کی کنواری لڑکی یا سن بلوغت پر نہ پہنچی ہوئی لڑکی جسے ابھی حیض آنا نہ شروع ہوا ہو۔

کماشت (ہ۔ مذکر) ۱ مزدور ۲ نوکر۔ ملازم۔

کُماش (ت۔ مذکر) دیکھو کماج ۱۔

کمال (ع۔ مذکر) ۱ تکمیل۔ اختتام ۲ انتہائی ترقی ۳ فضیلت۔ فوقیت ۴ حیرت انگیز امر۔ انوکھی بات ۵ خوبی۔ عمدگی۔ وصف ۶ ہنر۔ گن۔ جوہر۔ لیاقت ۷ اعجاز۔ کرامت۔ کرشمہ۔ معجزہ ۸ استادی۔ کاریگری۔ صنعت ۹ کبیر کے بیٹے کا نام ۱۰ (صفت) پورا۔ کامل۔ سب۔ تمام ۱۱ ازحد بہت۔ بعید ۱۲ انتہا کا۔ غایت درجہ کا (کُمَّل۔ پورا ہونا) **کمالا** (مذکر) ۱ کاریگری کا کام ۲ کسرت ۳ پہلوانوں کی جنگ زرگری (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **کمالات** (مذکر) کمال کی جمع۔ **کمال پیدا کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) وصف حاصل ہونا۔ **کمال حاصل کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) کسی کام میں کامل ہو جانا۔ **کمال درجے کا** (صفت) انتہا کا۔ **کمال دکھانا** (متعدی) ہنر دکھانا۔ جوہر دکھانا۔ **کمال رکھنا** (متعدی) فن یا ہنر میں کامل ہونا۔ **کمال کا** (صفت) کسی بات میں بہت اچھا۔ **کمال کا بنا ہوا** (صفت) ۱ پُرفن۔ بڑا کرتبی ۲ نہایت عیار۔ آفت کا پرکالا ۳ نہایت چالاک۔ ہوشیار یا چالباز۔ **کمال کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ حیرت انگیز کام ہونا۔ غضب ہونا ۲ مبالغہ ہونا ۳ لیاقت ظاہر ہونا۔ کاریگری ہونا ۴ (طنزاً) قابل افسوس کام کرنا۔ بُرا کرنا۔ **کمال کو پہنچنا** (لازم) ۱ کمال حاصل ہونا ۲ پورا ہونا۔ ختم ہونا۔ **کمالیت** (مونث) کمال۔

کَمان (ف۔ مونث) ۱ وہ آلہ جس سے تیر چلاتے ہیں ۲ قوس و قزح ۳ محراب ۴ کوئی جھکی ہوئی چیز ۵ وہ قوسی شکل جو بادشاہوں کے فرمان پر بنی ہوتی ہے ۶ کمانی ۷ ایک برج ۸ (صفت) خمیدہ۔ جھکا ہوا ۹ لچکدار۔ **کمانِ آسمان** (مونث) قوس و قزح۔ **کمانِ ابرو** (صفت) ۱ وہ جس کے ابرو خمیدہ ہوں ۲ مجازاً معشوق۔ **کمان اُتارنا** (متعدی) کمان کا چلّہ اتارنا۔ کھنچاؤ کم کرنا۔ **کمان اُتر جانا** (لازم) رعب داب جاتا رہنا۔ اثر نہ رہنا۔ **کمان باندھنا** (متعدی) کمان کو بدن پر پیچھے کی طرف لگانا۔ **کمان بردار** (صفت) کمان لے کر چلنے والا۔ ملازم۔ **کمان بلند** (مونث) وہ کمان جس کے گوشے لمبے ہوں۔ **کمانِ بہمن** (مونث) قوس و قزح۔ **کمانِ پاک** (مذکر) مضبوط کمان **کمان پشت** (صفت) کبڑا۔ **کمان تاننا** (متعدی) کمان کا چلّہ چڑھانا۔ **کمان تنگ** (مونث) کمان جس کے گوشے چھوٹے ہوں۔ **کمان چڑھانا** (متعدی) کمان کو جھکانا۔ کمان پر چلّہ چڑھانا۔ **کمان چڑھ رہی ہے۔** خوب حکم اور اختیار حاصل ہے۔ **کمان چڑھنا** (لازم) دور دورہ ہونا۔ **کمانچہ** (مذکر) ۱ چھوٹی کمان ۲ وہ غلیل جس سے عورتیں رُوئی دھنکتی ہیں ۳ کمان ۴ ... ۵ محرابدار چھت ۶ طاقچہ ۷ فولاد کی کمانی **کماندار** (صفت) ۱ کمان بردار ۲ محراب دار۔ قوس نما۔ **کمانِ رستم** (مونث) قوس و قزح۔ **کمان زہ** (متعدی) کمان پر چلّہ چڑھانا۔ **کمان ساز** (مذکر) کمانیں بنانے والا شخص۔ **کمانِ شیطان** (مونث) قوس و قزح۔ **کمانِ فلک** (مذکر)

برج قوس - کمان کا رُخ کر جانا (متعدی) کمان میں کسی طرف خم آ جانا - کمان کش (صفت) کمان چلانے والا - تیر انداز - کمان کشی (صفت) تیر اندازی - کمان کھینچنا (متعدی) کمان تاننا یا چلانا - کمانِ کیانی (مونث) ۱ خاندان کَے سے منسوب کمان ۲ نہایت عمدہ کمان - کمان گاد (مونث) ۱ ایک آلہ جس سے ۵۰۰ گز کے فاصلے پر پتھر پھینکتے تھے - کمان گر (صفت) کمان بنانے والا - کمان گردوں (مونث) ۱ قوس ۲ قزح ۳ برج قوس - کمان گرم کردی سزا دیدی کمان گری (مونث) کمان بنانا - کمان گیر (مونث) ۱ بہت اچھا تیر انداز ۲ آرش کا لقب جس کی بابت مشہور ہے کہ اس نے آمل سے مرو تک جو چالیس دن کا راستہ ہے تیر پھینکا تھا کمان نکلنا (لازم) قوس و قزح کا نظر آنا - کمانی (مونث) ۱ لوہے کا خمیدہ لچکدار حلقہ جو بگھیوں - گھڑیوں - گدیوں اور بندوق کی چاپ میں لگاتے ہیں - اس کے کئی نمونے ہوتے ہیں - عام طور پر کمان کی شکل کا یا تار کا بلدار بنا ہوا ہوتا ہے ۲ سارنگی کا گز ۳ بڑھئی کی وہ لکڑی جس میں برما لگاتے ہیں ۴ وہ تار جو دانتوں کی چاپ میں دیتے ہیں -

امثال - کمان سے نکلا تیر اور منہ سے نکلی بات پھر نہیں آتی - بات سمجھ بوجھ کے کرنی چاہیے - ورنہ بعد میں پچھتانا پڑتا ہے - کمانی نہ پہیا - گاڑی جوت میرے بھیا - غربت میں شیخی -

کمان (انگ - مونث) ۱ حکم - فرمان ۲ حکومت - سرداری - افسری ۳ فوج کا کسی مہم پر جانا (اصل کمانڈ) کمان افسر - کمانڈر (مذکر) فوج کا سردار - سالار لشکر - سیناپتی - کمانڈر انچیف یا کمانڈر ان چیف (مذکر) سپہ سالار اعظم - فوجی لاٹ (ان کا مخفف ہے) کمان بولی جانا (لازم) جنگی خدمت کا حکم ہونا - نوکری بولنا - کمان پر جانا (لازم) لڑائی پر جانا - کمان چڑھنا (لازم) جیتنا - کمان نکلنا (لازم) فوج کا جنگ کے لئے نکلنا کمانیر (مذکر) دیکھو کمانڈر -

کمبا (ہ - حرف اتصال) ۱ یا ۲ ورنہ ۳ سوا - علاوہ -

کمبٹ (ہ - مذکر) زراعتی کام ۲ کاشت -

کمبل (س - مذکر) دیکھو کمل -

کمبو (س - مذکر) ۱ سنکھ - ناقوس ۲ کوڑیوں کا ہار ۳ گردن -

کمبوج (س - مذکر) جزیرہ نما گجرات -

کمبوہ (ہ - مذکر) ایک قوم کا نام ۲ کنبوہ -

کمبھ (س - مذکر) ۱ گھڑا - مٹکا ۲ بارھواں برج - برج دلو ۳ اناج کا ایک ماپ جو بیس دروں کے برابر ہوتا ہے ۴ ہاتھی کی پیشانی کے اوپر کی ہڈی ۵ ایک مذہبی کسرت - ناک اور منہ بند کر کے دم روکنا ۶ وہ برتن جس میں مردے کی ہڈیاں اکٹھی کی جائیں ۷ رنڈی کا یار ۸ ایک منتر جو ہتھیاروں پر پھونکتے ہیں کمبھا (مونث) ۱ رنڈی فاحشہ ۲ ایک پودا - کمبھ کا (مونث) چھوٹا گھڑا - کمبھ کا میلا (مذکر) ایک میلا جو بارہ سال کے بعد ہردوار اور کاشی میں اس وقت ہوتا ہے جب سورج برج دلو میں داخل ہوتا ہے - کمبھی (صفت) ۱ گھڑے کی شکل کا ۲ (مونث) کمبھ کا -

کمپ (انگ - مذکر) ۱ فوج اترنے کی جگہ ۲ خیمہ - ڈیرہ ۳ پڑاؤ جہاں دورہ کرنے والے حکام ٹھیرتے ہیں (اصل کیمپ) کمپو (مذکر) چھاؤنی - پڑاؤ - کمپو پڑنا (لازم) لشکر اترنا - فوج کا قیام کرنا - کمپو کا بگڑا ہوا (صفت) ۱ سرکش - باغی - مفسد ۲ شہدا - لچا - غنڈا -

کمپ (س - مذکر) کانپنا - کپکپی -

کمپان - کمپایمان (صفت) کانپنے والا کمپت (صفت) ۱ کانپنے والا ۲ خوفزدہ کمپن (صفت) ۱ کانپنے والا ۲ ہلنے والا ۳ (مذکر) کانپنا - ہلنا - کپکپی ۴ ایک ہتھیار -

کمپا (ہ - مذکر) لمبی لکڑی یا بانس جس پر لاسا لگا ہوا ہو - اس سے پرندوں کو پکڑتے ہیں - کمپا لگانا (متعدی) ۱ پرندوں کو پکڑنے کے لئے کمپا رکھنا ۲ پھانسنے کی تدبیر کرنا کمپا مارنا (متعدی) ۱ پرندوں کو کمپے سے پھنسانا ۲ کسی کو فریب میں لانا - قابو میں لانا -

کمپاس (انگ - مونث) ۱ قطب نما ۲ پرکار ۳ زمین ماپنے کا ایک آلہ ۴ گاڑی کا چکر (اصل کمپس) کمپاس لگانا (متعدی) کمپاس سے پیمائش کرنا -

کمپاؤنڈ (انگ - مذکر) ۱ ملانا ۲ مرکب ۳ احاطہ جو مکان کے گرد ہو - کمپاؤنڈر (مذکر) دوا ساز -

کمپانا (ہ - متعدی) کانپنا کا -

کمپتی (ہ - مذکر) سمندر - بحر -

کمپنی (انگ - مونث) ۱ سوداگروں کی جماعت ۲ ایسٹ انڈیا کمپنی ۳ پیدل فوج کا ایک حصہ - اس میں ۶ افسر اور ۲۲۱ آدمی ہوتے ہیں - چار کمپنیوں کی ایک بٹالین ہوتی ہے - کمپنی باغ (مذکر) سرکاری باغ جو لوگوں کی سیر کے لئے بنا ہو - کمپنی کا راج (مذکر) غدر سے پہلے ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت تھی - کمپنی کا سکہ (مذکر) وہ سکہ جو ایسٹ انڈیا کمپنی کے زمانے میں ہندوستان میں رائج تھا -

کمپوز (انگ - مذکر) ٹائپ کے حروف ملانا یا جوڑنا - کمپوزنگ (مذکر) ٹائپ کے حروف جوڑنا یا ملانا مرکب کرنا - کمپوزیٹر (مذکر) ٹائپ کے حروف ملانے والا -

کمٹھ (س - مذکر) ۱ کچھوا ۲ بانس -

کمٹھارہ - مذکر) بانس کی کمان

کمٹھی (مونث) ایک قسم کا زیور -

کمد (س - مذکر) کنول - نیلوفر - کمدنی (مونث) ۱ وہ جگہ جہاں بہت سے کنول ہوں ۲ کنولوں کا گچھا ۳

کمڈا (ہ - مذکر) گول کدو -

کمر (ف - مونث) ۱ ٹانگوں اور پیٹ کے درمیان کا حصہ ۲ وہ حصہ لباس کا جو کمر پر رہتا ہے ۳ پہلوانوں کا ایک داؤ جو کمر یا کولے کے ذریعہ کیا جاتا ہے ۴ کمر بند ۵ سیف بازی

میں حریف کی کمر پر ضرب لگانا ۹ پہاڑ کا درمیانی حصہ ۷ فوج کا بازو ۸ کمان ۹ کسی چیز کا درمیانی حصہ۔ **کمر آفتاب** (مونث) ۱ ایک لکیر جو سورج کے وسط میں سے گزرے ۲ پہاڑ ۳ غار۔ **کمر اکڑ جانا** (لازم) پسینہ آنے کے بعد ہوا لگنے سے کمر کی لچک جاتی رہنا **کمر اکھڑ جانا** (لازم) کمر کی ہڈی ٹوٹ جانا۔ **کمر باندھنا** (متعدی) ۱ کمر سے کوئی کپڑا یا دوپٹہ یا پٹکا باندھنا ۲ سفر کو آمادہ ہونا۔ چلنے کی تیاری کرنا ۳ مستعد ہونا۔ آمادہ ہونا ۴ امید رکھنا۔ بھروسہ کرنا۔ **کمر بستر سے نہ لگنا** (لازم) ۱ بہت بے قرار رہنا۔ بے چین یا بیتاب رہنا۔ تڑپنا ۲ چت نہ لیٹ سکنا **کمر بستہ** (صفت) تیار۔ آمادہ (رہنا۔ ہونا کے ساتھ) **کمر بند** (مذکر) ۱ پٹکا۔ کمر باندھنے کا دوپٹہ۔ پیٹی ۲ (صفت) کمر بستہ۔ **کمر بندی** (مونث) پولیس یا فوج کا ہتھیاروں اور وردی سے تیار ہونا **کمر پٹڑا ہو جانا** (لازم) کمر اکڑ جانا۔ کمر کا سخت ہو جانا۔ **کمر پر ہاتھ رکھ کے کھڑا ہونا** (لازم) حسین لوگ ناز سے ایسا کرتے ہیں۔ **کمر پکڑ کے اُٹھنا** (لازم) بڑھاپے یا کمزوری کی وجہ سے کھڑا ہونے کے وقت کمر پکڑنا۔ بڈھا ہونا۔ **کمر پکڑنا یا تھامنا** (لازم) حمایت کرنا۔ سہارا دینا۔ **کمر پیچ** (کماروں کی اصطلاح) موڑ۔ **کمر تختہ ہو جانا** (لازم) کمر اکڑ جانا۔ **کمر تکیہ** (مذکر) وہ تکیہ جو کمر کے نیچے رکھتے ہیں۔ **کمر توڑنا** (متعدی) **ٹوٹ جانا یا ٹوٹنا** (لازم) ۱ کمر کا شکستہ ہونا۔ کمر کی ہڈی کا ٹوٹ جانا ۲ ہمت جاتی رہنا۔ آس نہ رہنا ۳ کسی ایسے شخص کے مرجانے کا صدمہ ہونا جس کی ذات سے قوت ہو۔ بے یار و مددگار ہونا ۴ ہمت پست ہونا۔ **کمر ٹٹا یا ٹوٹا** (صفت) کبڑا۔ خمیدہ پشت۔ **کمر ٹھوکنا** (متعدی) شاباش دینا۔ ہمت بندھانا۔ **کمر ٹھیک ہونا** (لازم) پیراہن کا وہ حصہ چست ہونا جو کمر پر رہتا ہے۔ **کمر جھکانا** (متعدی) **جھکنا** (لازم) پیٹھ کا کبڑا ہو جانا کسی وجہ سے۔ **کمر چست باندھنا** (متعدی) ۱ کمر کو کس کر باندھنا ۲ کسی کام کا ارادہ کرنا۔ کسی کام پر مستعد ہونا۔ **کمر چست ہونا** (لازم) تیار ہونا۔ **کمر چلانا** (متعدی) کمر کو حرکت دینا۔ **کمر خالی ہونا** (لازم) کمر میں کچھ نہ ہونا۔ کمر

دوال یا دیوال (مذکر) ۱ کمر باندھنے کا تسمہ ۲ چمڑے کا تنگ۔ **کمر روکنا** (متعدی) کمر کے داؤ کا توڑ کرنا۔ **کمر رہ جانا** (لازم) ۱ تھک جانا ۲ کمر پر فالج کا اثر ہونا۔ **کمر سی ٹوٹ جانا** (لازم) مایوسی ہو جانا۔ ہمت ٹوٹ جانا۔ **کمر سے دامن باندھنا** (متعدی) پیدل یا سوار کا کمر سے کپڑا لپیٹنا۔ **کمر سیدھی کرنا** (متعدی) ۱ آرام سے لیٹنا۔ کمر کو آرام دینا ۲ سونا۔ قیلولہ کرنا۔ **کمر سے لپٹنا** (لازم) بچے کا ڈر کر ماں یا باپ وغیرہ کی کمر کو پکڑنا۔ **کمر سے لگانا** (متعدی) ہتھیار کمر سے باندھنا۔ **کمر سے جا لگنا یا لگنا** (لازم) پیٹ کا ناتوانی کی وجہ سے نیچا ہو جانا۔ **کمر شکستہ** (صفت) بے یار و مددگار **کمر کا بل کھانا** (متعدی) نزاکت کی وجہ سے کمر کا ہلنا **کمر کا ڈھیلا** (صفت) نامرد۔ **کمر کا مضبوط** (صفت) ۱ طاقتور۔ شہ زور ۲ وہ شخص جس کے پاس کافی سرمایہ ہو ۳ قوت باہ رکھنے والا۔ دیر میں انزال ہونے والا۔ **کمر کرنا** (متعدی) ۱ پہلوانوں کا کمر کا پیچ کرنا ۲ کبوتر کا ہوا میں اڑتے ہوئے قلابازی کھانا ۳ گھوڑے کا کمر کو اس طرح اچھالنا کہ سوار کو گرنے کا اندیشہ ہو۔ **کمر کس کر باندھنا** (متعدی) کسی کام کے کرنے کا مصمم اور پختہ ارادہ کرنا۔ **کمر کسنا** (متعدی) ۱ کمر کا سخت کھینچ کر باندھنا ۲ کسی کام پر مستعد ہونا۔ پکا ارادہ کرنا۔ **کمر کشائی** (مونث) سپاہ کا اپنے ہتھیاروں کو کھولنا۔ **کمر کمر** (تف) کمر تک۔ کمر کے برابر۔ **کمر کمر پانی ہونا** (لازم) دریا یا تالاب وغیرہ میں اتنا پانی ہونا کہ کمر تک پہنچ جائے **کمر کمر گڑ جانا** (لازم) نہایت شرمندہ ہونا **کمر کوٹ** (مذکر) کمر کے برابر فصیل۔ **کمر کوٹھا** (مذکر) شہتیر یا کڑی کا وہ حصہ جو دیوار سے باہر نکلا ہوتا ہے۔ **کمر کولے کا بل دکھانا** (متعدی) ناز و نخرے سے کمر اور کولے کو ہلا کر چلنا۔ **کمر کوہ** (مذکر) پہاڑ کا بیچ کا حصہ۔ **کمر کھول بیٹھنا** (لازم) کام ختم کر کے خانہ نشین ہونا۔ **کمر کھولنا** (متعدی) ۱ پٹکا پیٹی۔ ہتھیار وغیرہ کمر سے علیحدہ کر دینا ۲ کام سے فارغ ہونا ۳ کوشش چھوڑ دینا ۴ آرام کرنا۔ سستانا ۵ ارادہ ترک کر دینا۔ **کمر کی زنجیر** (مونث) ۱ وہ زنجیر جو قیدیوں کی کمر میں باندھتے تھے ۲ سونے کی زنجیر جو عورتیں کمر میں لگاتی ہیں۔ **کمر کی لچک یا لوچ** (مونث) کمر کا بل یا جنبش۔

کمر گئی۔ کمر ٹوٹ گئی۔ اس وقت کہتے ہیں جب کمر پر صدمہ پہنچے۔ **کمر لپیٹنا** (متعدی) دوپٹہ کمر میں لپیٹنا۔ **کمر لچکانا** (متعدی) **لچکنا** (لازم) کمر کا بل کھانا۔ کمر کو جنبش ہونا۔ **کمر لگانا** (متعدی) ۱ سقوں کا مشک کندھے پر رکھنا ۲ کمر کسنا۔ نوکری پہرے کے لئے تیار ہونا۔ **کمر لگنا** (لازم) چوپائے کی پیٹھ کا زخمی ہونا ۲ چارپائی پر بیماری سے پڑے پڑے کمر میں زخم ہو جانا۔ **کمر لینا** (متعدی) ۱ کمر پکڑنا ۲ کمر کا ناپ لینا۔ **کمر مار کر چلنا** (لازم) گھوڑے کا زیادہ بوجھ کی وجہ سے کمر جھکا کر چلنا۔ **کمر مارنا** (متعدی) ۱ پہلو کے رخ ضرب لگانا۔ ترچھا یا آڑا وار کرنا ۲ فوج کے بیچ کے حصے پر حملہ کرنا۔ **کمر ملانا** (متعدی) مجامعت کرنا۔ جماع کرنا۔ **کمر میں چک آنا** (لازم) کمر میں جھٹکا یا ضرب آنا۔ **کمر میں رکھنا** (متعدی) کمر میں باندھنا۔ **کمر میں ہاتھ ڈالنا** (متعدی) ۱ کسی کو کمر سے پکڑ لینا ۲ جھگڑا کرنا ۳ گرفتار کرنا۔ **کمر ہلانا** (متعدی) کمر کو جنبش دینا۔ **کمر ہمت (چست) باندھنا** (متعدی) مستعد ہونا۔ ہمت باندھنا۔ **کمری** (صفت) ۱ جس کی کمر کمزور یا جھکی ہوئی ہو ۲ (مذکر) وہ گھوڑا جو بوجھ اُٹھانے کے سبب جھک کر چلے ۳ کمزور گھوڑا۔ دبلا گھوڑا ۴ (مونث) گھوڑے کا ایک مرض جس کی وجہ سے وہ چل نہیں سکتا ۵ ایک قسم کی جاکٹ۔ **کمری انگرکھا** (مذکر) ایک قسم کا انگرکھا۔

امثال و اقوال۔ کمر میں

بوتہ نہیں۔ مدار صاحب بیٹا دو۔ بغیر محنت کئے ہوئے راحت کا خواستگار ہونا۔ **کمر میں توشہ بڑا (راہ یا منزل کا) بھروسہ۔** روپے پیسے سے بڑی دلجمعی ہوتی ہے۔ **کمر نہ بوتا۔ سانجھے سوتا۔** نامرد آدمی سر شام سو جاتا ہے۔

کمرا (لا۔ مذکر) ۱ کوٹھڑی۔ حجرہ ۲ کوٹھی کا ہر ایک درجہ ۳ ریل گاڑی یا جہاز کا درجہ ۴ خلوت خانہ (اصل کمبرا۔ اردو میں یہ لفظ پرتگالی زبان سے آیا ہے۔ یورپین اقوام میں سب سے پہلے ہندوستان میں پرتگیزوں نے تجارت شروع کی۔ اور ان کی زبان کے چند حروف اردو میں شامل ہو گئے) **کمرہ چکانا** (متعدی)

کھرے کو کرایہ پر لینا۔

کمرک (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا باریک لٹھا جو نین سکھ سے مشابہ ہوتا ہے۔ (اصل کمبرک)

کمرک (ھ) **کمرکھ** (ہ) **کمرنگا** (ھ۔ مذکر) ایک پھل جو بہت کھٹا ہوتا ہے۔

کمرہ (لا۔ مذکر) دیکھو کمرا۔

کمری۔ کمر بار (ھ۔ مونث) کملی۔

کمرھار (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا کدو۔

کمسریٹ (انگ۔ مذکر) سپاہیوں کی رسد رسانی کے افسر کا دفتر (اصل کامیسریٹ)

کمشنر (انگ۔ مذکر) ۱ کمشنری کا حاکم ۲ امین۔ گماشتہ ۳ وہ افسر جو کسی تحقیقاتی کمیٹی کا ممبر ہو۔ **کمشنری** (مونث) ۱ قسمت وہ علاقہ جس میں کئی ضلع ہوں ۲ کمشنر کا دفتر یا کچہری ۳ کمشنر کا عہدہ۔

کم صلا (ف۔ مذکر) ایک طریقہ خفیہ تحریر یا گفتگو کا۔ اس میں کاف کو میم سے ص کو لا سے الف کو واؤ سے ح کو ط سے د کو ر سے س کو الف سے بدل دیتے ہیں۔

کمک (ف۔ مونث) ۱ مدد۔ امداد۔ سہارا۔ اعانت۔ حمایت ۲ وہ فوج جو لڑائی میں مدد دینے کے لئے تیار کی جائے۔ **کمک آنا** (لازم) **بھیجنا** (متعدی) **پہنچنا** (لازم) فوج مدد کے لئے آنا۔ **کمک پر ہونا** (لازم) کسی کا معاون یا مددگار ہونا۔ **کمک دینا** (متعدی) سہارا دینا۔ حمایت کرنا۔ **کمک کرنا** (متعدی) مدد کرنا۔ حمایت کرنا۔ کمکی (مونث) وہ فوج جو مدد دینے کے واسطے ہو۔

کمکم۔ کمکما (ھ۔ مذکر) زعفران۔

کمکم۔ کمکما (ھ۔ صفت) نیم گرم۔ شیر گرم۔ **کمکماٹ** (مونث) شیر گرمی۔ تھوڑا سا گرم ہونا۔

کمل (س۔ صفت) ۱ گلابی۔ ہلکا سرخ ۲ خواہشمند۔ آرزومند ۳ پر شہوت ۴ (مذکر) کنول ۵ ایک قسم کا ہرن ۶ کلنگ **کملنی** (مونث) ۱ ہرنی ۲ جھیل جس میں کنول ہو ۳ کنول کے پھولوں کا گچھا یا جھنڈ

کمل (ہ۔ مذکر) بھیڑ۔ بکری۔ اونٹ وغیرہ کے بالوں کا بنا ہوا موٹا کپڑا جو دوشالہ کی طرح استعمال ہوتا ہے۔ کم قیمت کا گھوڑوں وغیرہ پر ڈالتے ہیں (س کمبل)۔ **کمل پوش** (صفت) ۱ کمل اوڑھنے والا ۲ (مذکر) درویش جو کمل اوڑھے ۳ محمد شاہ بادشاہ دہلی کے سوار جو نادر شاہ کے مقابلے میں قتل ہوئے۔ **کمل میں دوشالے کا مزا ملنا** (لازم) غربت میں لطف ہونا۔ **کملی** (مونث) چھوٹا کمل۔ **کملی بچھانا** (متعدی) سوگ یا ماتم کی علامت ظاہر کرنا۔ سوگ کے لئے بیٹھنا۔ مردے کا وارث ہندوؤں میں کریا کرم تک کملی بچھا کر بیٹھتا ہے۔ **کملی پڑنا** (لازم) فریب سے لٹا جانا۔ **کملی ڈال کر لوٹ لینا۔ کملی ڈالنا** (متعدی) کسی کو فریب دے کر لوٹ لینا۔ **کملی کتھری کر لینا** (متعدی) مال و اسباب چھین لینا۔ **کملی کتھری کرنا** (متعدی) ۱ نقل مکان کے لئے گھر کا سارا اسباب باندھ لینا ۲ دیکھو آخری۔ **کملی میں مست ہونا** (لازم) اپنی کے ساتھ۔ کسی بات یا شخص کی پروا نہ کرنا۔

امثال و اقوال۔ کمل اوڑھنے سے (کملی اوڑھے) فقیر نہیں ہوتا۔ کمال بھی چاہیے خالی لباس اختیار کرنے سے آدمی کسی خاص فرقہ کا نہیں بن جاتا۔ **کملی جتنی بھیگے گی (اتنی ہی) بھاری ہوگی** جتنا اسراف کروگے زیر باری ہوگی۔

کملا (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی نارنگی۔ کولا ۲ (مذکر) ایک قسم کا زرد کیڑا جس کے بدن پر سے گزر جانے پر خارش ہو جاتی ہے ۳ دیوانہ۔

کملا (ہ۔ امر) کملانا کا (س کشمل۔ کمزور) کملا جانا۔ **کملانا** (لازم) ۱ مرجھانا پھول۔ پتے۔ ترکاری۔ درخت وغیرہ کا ۲ چہرہ اُتر جانا ۳ افسردہ ہونا۔ غمگین ہونا۔

کمل باؤ (ھ) **بائے** (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا یرقان۔

کملیٹ (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا کپڑا۔

کمن (س۔ صفت) ۱ خواہشمند آرزومند ۲ پر شہوت ۳ خوبصورت۔ حسین جس کی خواہش ہو۔ **کمنا** (مونث) ۱ خوبصورت عورت ۲ پر شہوت عورت۔

کمند (ف۔ مونث) ۱ پھندا۔ جال۔ رسی جس سے کسی جانور کو پکڑتے ہیں ۲ رسی کی سیڑھی (پڑنا۔ پھینکنا۔ ڈالنا۔ لگانا۔ لگنا کے ساتھ) ۳ رسائی کا ذریعہ۔

کمنڈل (ھ) **کمنڈلو** (س۔ مذکر) مٹی یا لکڑی کا پانی کا برتن جسے سادھو استعمال کرتے ہیں ۲ ٹونٹی دار برتن ۳ پلکھن کا درخت۔

کمنگر (ف۔ مذکر) کمان گر کا مخفف۔ کمان بنانے والا شخص ۲ ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کو جوڑنے والا ۳ ایک قوم۔ **کمنگری** (مونث) کمنگر کا پیشہ یا کام۔ **کمنگری رنگ** (مذکر) ایک قسم کا رنگ جو پلنگ اور پینس کے پایوں پر کیا جاتا ہے۔

کمنیت (ہ۔ مذکر) ۱ کمان بردار۔ تیر انداز ۲ شکار جنگل سے نکالنے والا **کمنیتی** (مونث) تیر اندازی۔

کموا (س۔ حرف عطف) ۱ یا ۲ ورنہ ۳ علاوہ۔

کموانا (ہ۔ م) ۱ کمانا کا متعدی ۲ کمانا ۳ استرہ استعمال کرنا۔

کمود۔ کمود (ھ۔ مذکر) ایک دوائی۔ یہ رنگنے کے کام بھی آتی ہے۔

کمون (ع۔ مذکر) زیرہ۔ **کمونی** (مونث) ایک قسم کی معجون جس کا ایک جزو زیرہ ہوتا ہے۔ یہ ہاضمہ کے لئے بہت مفید ہے۔

کمونو (جاپانی۔ مذکر) ایک قسم کا کھلا لمبا کرتہ۔

کمھار۔ کمہار (ہ۔ مذکر) ۱ مٹی کے برتن بنانے والا شخص ۲ ایک قوم (س کمبھکار) **کمھار کا آوا** (مذکر) ۱ چھوٹا پزاوہ جس میں کمہار برتن پکاتا ہے ۲ ماں کا پیٹ۔ **کمھار کا چاک** (مذکر) کمہار کا چکر جس کو پھرا کر وہ برتن بناتا ہے۔ **کمھارن** (لکھنؤ) **کمھارنی** (ھ) **کمھاری** (مونث) ۱ کمہار کی بیوی ۲ کمہار قوم کی عورت ۳ ایک قسم کی بھڑ جو مٹی کا گھر بناتی ہے۔ **کمھاری کا گھر** (مذکر) وہ مٹی کا گھر جو کمہاری بناتی ہے۔

امثال و اقوال۔ کمھار پر

بس نہ چلے (کمھار سے یار نہ بسائی) گدھے (گدھیا) کے کان امیٹھے کمہار کا کمہاری پہ بس نہ چلے گدھی کے کان امیٹھے - زبردست پر زور نہ چلا تو کمزور کو دھمکانے لگے۔ کمھار کا گدھا جس کے چونتڑ پر مٹی دیکھے اس کے پیچھے دوڑے - یعنی اسے اپنا مالک سمجھتا ہے۔ جیسی عادت پڑ جاوے ویسا ہی ہوتا ہے۔ کمھار کہے سے گدھے پر نہ چڑھے (اپنی خوشی چڑھے) نہیں چڑھنا - جب کوئی کہنے سے کام نہ کرے اور پھر اسے مجبوراً کرنا پڑے تو کہتے ہیں۔ کمھار کے گھر باسن کا کال (چھکے کا دکھ) جہاں کوئی چیز بہت پیدا ہو وہاں وہ نہ ملے کہتے ہیں۔ کمھاری کا غصہ اترے گدھی پر - زبردست پر زور نہ چلے تو کمزور کو دھمکاتے -

کمھلانا (ہ - لازم) دیکھو کملانا۔

کمھیر (ہ - مذکر) بہی کھو کھنی والا مگر -

کمیا (ہ - مذکر) مزدور - قلی کمیرا۔

کمیت (ع - مونث) مقدار جو تولی یا ناپی جائے - تعداد جو گنی جائے (کم بمعنی کس قدر سے)

کمیت (ع - مذکر) سرخ رنگ کا گھوڑا۔ اگر سیاہی مائل ہو تو اسے تیلیا کمیت کہتے ہیں۔ اگر ہلکا سرخ ہو تو اسے سرنگ کہتے ہیں۔ **کمیت خامہ** (مذکر) قلم کا گھوڑے سے استعارہ کرتے ہیں۔

کمیٹی (انگ - مونث) ۱ آدمیوں کی جماعت - انجمن - بورڈ ۲ جلسہ (کرنا ہونا کے ساتھ) (اصل لفظ کا معنی)

کمیدان (ت - مذکر) نائب کپتان۔

کمیرا (ہ - صفت) ۱ مزدور - قلی ۲ اجرت پر کاشتکاری کا کام کرنے والا ۳ خاکروبوں کا پیشہ دست (س کرم کارک - کر - کرنا) **کمیرن** - **کمیری** (مونث) کمیرے کی بیوی - مزدور عورت - **کمیرو** (مذکر) کمیرا۔

کمیڑا (ہ - مذکر) اینٹھن - مروڑ - تشنج -

کمیشن (انگ - مذکر) ۱ دلالی - دستوری (دلانا - دینا - لینا - مانگنا - ملنا وغیرہ کے ساتھ) ۲ خاص سوالات کی تحقیقات کرنے والی جماعت ۳ وہ شخص یا کمیٹی جو کسی معاملے کی تحقیقات کے لئے موقع پر کارروائی کرے (اصل کمشن) **کمیشن بٹھانا** (متعدی) کمیٹی کسی معاملے کی تحقیقات کے لئے کہیں بھیجنا **کمیشن بیٹھنا** (لازم) موقع پر کارروائی کرنے کے لئے کسی جماعت کا اجلاس کرنا - **کمیشن جاری کرنا** (متعدی) کسی کو مقرر کرنا کہ موقع پر تحقیقات کرے **کمیشن مقرر کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) کسی معاملے کی تحقیقات کے لئے ایک جماعت یا کمیٹی کا تعین ہونا -

کمیلا - کمبیلا (ہ - مذکر) ایک دوائی -

کمیلا (ہ - مذکر) وہ جگہ جہاں قصاب گائے اور بکریاں ذبح کرتے ہیں **کمیلا کرنا** (متعدی) ذبح کرنا - چھری پھیرنا -

کمین (ف - صفت) نیچ - کم رتبہ کم ذات - **کمین پن** (ہ - مذکر) کمینگی **کمین ذات** (مونث) نیچ قوم - جیسے چوہڑا - چمار - **کمینگی** (مونث) کمینہ پن - **کمینہ** (صفت) ۱ کمین ۲ آسمان کی صفت - **کمینہ پن** (مذکر) اوچھا پن - پاجی پن -

امثال - کمینہ سے خدا کام نہ ڈالے - خدا کبھی بد اصل سے پالا نہ ڈالے - خدا کرے کبھی نیچ کے متعلق کام نہ پڑے **کمین کبھی کونڈے کے ادھر کبھی ادھر** - کم ہمت کمینہ کھانے کے گرد رہتا ہے -

کمیں (ف - مونث) گھات - دشمن یا شکار کے لئے چھپ کر بیٹھنا - **کمینگاہ** (مونث) گھات کی جگہ -

کمینڈا (ہ - مونث) دغا - فریب (لکھنؤ) **کمینڈیا** (مذکر) دغا باز - فریبی - دھوکے باز -

کن (ف - امر) کندن کا ۲ (صفت) کھودنے والا - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے گورکن - مہرکن وغیرہ - **کنندہ** (صفت) ۱ جو کھودا جائے ۲ کھودنے والا ۳ (مذکر) کھودنے کا اوزار -

کن (ہ - مذکر) ۱ ذرہ - ریزہ - باریک ٹکڑا ۲ اناج کا دانہ ۳ اناج - غلہ ۴ گلی - شگوفہ ۵ آٹا ۶ شرارہ ۷ ہیرے کا پہلو ۸ طاقت زور ۹ اناج کا کیڑا (صفت) چھوٹا - تھوڑا - (س - کن) **کن بٹائی** (مونث) فصل کو حصہ داروں میں حصے کے حساب سے تقسیم کرنا۔

کن (ہ - مذکر) جانچ پرکھ (س انکن) **کن کرنا** (متعدی) جانچ کرنا - کھڑی اور پکی کھیتی میں اناج کا اندازہ کرنا

کن (ہ - مذکر) ۱ کونہ - گوشہ ۲ آدھا نیم **کن انکھی** (مونث) ۱ آنکھ کا کونہ ۲ ترچھی نظر **کن انکھیوں سے** (تف) آنکھ کے گوشے سے تکنا - دیکھنا کے ساتھ)

کن (ہ - مذکر) کان کا مخفف **کنپٹی** (مونث) کان اور ماتھے کے درمیان کی جگہ **کنپٹیاں** (مونث) جمع کنپٹی کی - **کنپٹیاں تپکنا** (لازم) کنپٹیوں کا اونچا نیچا ہونا - تیز چلنے یا بہت دوڑنے سے ایسا ہوتا ہے - **کن پھٹا** (مذکر) ۱ وہ شخص جس کے کان پھٹے ہوں ۲ ہندو جوگی جو کان میں بڑے بڑے چھید کر کے بڑے بڑے مندرے ڈالتے ہیں - **کن پھول** (مذکر) کرن پھول (مت) **کن پھیڑ** (مذکر) دیکھو کرل - **کنٹوپ** (مذکر) ایک قسم کی بڑی ٹوپی جس کا پچھلا حصہ کانوں کے اوپر آ جاتا ہے - **کن چھدرا** (صفت) وہ جس کے کان چھدے ہوں **کن چھیدن** (مذکر) بچوں کے کان چھیدنے کی رسم - **کن دولگرا** (تیر اندازوں کی اصطلاح) تیر کو کان کے پاس لاکر چھوڑنا - اس طرح تیر زیادہ زور سے جاتا ہے - **کن رس** (مذکر) ۱ راگ رنگ - یا باتیں سننے کا مزا ۲ (صفت) وہ شخص جو گانا نہ جانتا ہو - لیکن موسیقی کے فن سے واقف ہو - **کن رسیا** (صفت) وہ جسے گانا سننے کا شوق ہو **کن سلائی** (مونث) ایک لمبا کیڑا جو برسات میں پیدا ہوتا ہے اور مشہور ہے کہ کان میں گھس جائے تو دماغ میں جا کر بہت تکلیف دیتا ہے - **کنسوئی** (مونث) سننا - **کنسوئیاں لینا** (متعدی) چھپ کر کسی کی باتیں سننا - ٹوہ لینا - بھید لینا - **کن کٹا** (صفت) جس کے کان کٹے ہوئے ہوں - **کن کٹا** (صفت) کان کاٹنے والا - **کن کھجورا** (مذکر) ایک لمبا کیڑا جس کی بہت سی ٹانگیں ہوتی ہیں - ہزار پا (س کنکھجورک جھجو)

مثل - کنکھجورے کے پاؤں ٹوٹیں گے - بہت امیر آدمی کا کتنا نقصان ہوگا۔

کَن (ہ - نف) دیکھو کنے -

کِن (ہ - استفہام) کون کی جمع - مگر اردو میں کس کی جمع استعمال ہوتا ہے (کا - کو - کے - کی - میں - سے - سا تھ) **کن آنکھوں سے دیکھوں** - دیکھی نہیں جاتا - **کن نے یا کِنّے** (تف) کن اشخاص نے - کن لوگوں نے - **کن وقتوں کی** - پرانے زمانے کی - پرانی -

کَن (ہ - مذکر) ۱ زخم - گھاؤ ۲ کھرنڈ ۳ گٹے -

کُن (ف - امر) ۱ کردن کا - کر ۲ (صفت) ۱ کرنے والا - کتاب میں جیسے کارکن - **کُنا** (صفت) ۱ کرنے والا - بنانے والا - مرکبات میں جیسے کشت کناں ۲ کن کی جمع - کرنے والے - **کُنندہ** (صفت) ۱ جو کیا جائے ۲ کرنے والا ۳ ایجنٹ - گماشتہ -

کُن (ع - امر) کون کا - ہو جا - **کُن فکاں** - ہو جا - پس ہو گئی - مسلمانوں کا اعتقاد ہے کہ جب اللہ تعالے نے دنیا کو بنانا چاہا تو لفظ کن کہا - فکان پس وہ ہو گئی - اردو میں اس سے تمام عالم مراد لیتے ہیں - **کن فیکون** - ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے - جب خدا کسی چیز کو پیدا کرنا چاہتا ہے تو کن کہتا ہے فیکون پس وہ ہو جاتی ہے - اس سے بھی تمام عالم مراد لیتے ہیں -

کَنّا (ہ - مذکر) ۱ کنارہ - لب - کگر - کوا ۲ وہ ڈور جس کو پتنگ میں اوپر نیچے چھید کر کے باندھتے ہیں (پ تناوا) ۳ پتنگ کا وہ حصہ جس میں ڈور باندھتے ہیں ۴ جوتی کے پنجے کا کنارہ ۵ کڑا یا حلقہ جو کڑھائی میں لگا ہوتا ہے (س کرنک) **کنّا نکل جانا** (لازم) کنا - پھٹ یا ٹوٹ جانا - **کنّوں** (مذکر) کنا کی جمع - حروف مغیرہ سے پہلے - **کنّوں سے اکھڑ جانا یا اکھڑنا** (لازم) ۱ کنے ٹوٹ جانے سے پتنگ کا اکھڑ جانا ۲ ذرا سی ناراضگی سے قطع تعلق کر لینا - ناراض ہو جانا - **کنّے** (مذکر) کنا کی جمع - **کنّے ٹھس ہونا** (لازم) پتنگ کے کنوں کی لمبائی کا یکساں نہ ہونا - **کنّے دار** (مذکر) ایک قسم کا جوتا جس کے دونوں طرف دندانے بنے ہوتے ہیں یا ایڑی پر چمڑا چڑھا ہوا ہوتا ہے - **کنّے ڈھیلے ہونا** (لازم) ۱ غرور جاتا رہنا ۲ جوش فرو ہونا - **کنّے ناتھ لینا** (متعدی) **نتھ جانا** (لازم) کنے پھنس جانا -

کِنار (ف - مذکر - مونث) ۱ کنارہ - لب ۲ پہلو - طرف ۳ حاشیہ - سنجاف - گوٹ ۴ گوشہ - کونہ - کھونٹ ۵ ساحل ۶ (تف) ایک طرف (بالفتح فصیح ہے) **کنارا** (مذکر) ۱ حاشیہ - فیتہ جو دوشالوں - چادروں کے جوڑوں وغیرہ پر لگایا جاتا ہے ۲ گوٹ - کور - کنی - آنچل ۳ پہلو - **کنارہ کش ہونا** (لازم) کنارہ کرنا - **کنارہ** (مذکر) ۱ ساحل - لب دریا ۲ کنارا ملا ۳ گوشہ - کونہ - کھونٹ ۴ انجام - انتہا ۵ سرا ۶ جدائی - علیحدگی ۷ حد - چھوا - بلحاظ کافیہ الف سے بھی جائز ہے - **کنارہ کر کے بیٹھ رہنا** (لازم) ۱ کوئی تعلق نہ رکھنا - قطع تعلق کر لینا ۲ آمد و رفت چھوڑ دینا - **کنارہ کرنا** (متعدی) ۱ الگ ہونا - علیحدہ ہونا ۲ قطع تعلق کرنا - انقطاع کرنا ۳ گوشہ نشین ہونا ۴ دستبردار ہونا - تارک ہونا ۵ بچنا ۶ جانا - چلا جانا - رخصت ہونا ۷ باز آنا - **کنارہ کش ہونا** (لازم) کنارہ کرنا - **کنارہ کشی** (مونث) علیحدگی - جدائی - **کنارے** ۱ جمع کنارہ کی ۲ بجائے کنارہ حروف مغیرہ سے پہلے - **کنارے آ لگنا** (لازم) ساحل پر آ کر ٹھہرنا - **کنارے بیٹھا ہے** - مرنے کے قریب ہے - **کنارے بیٹھنا** (لازم) الگ بیٹھنا - **کنارے پر** (تف) ۱ برلب دریا - ساحل پر ۲ علیحدہ - الگ - **کنارے رکھنا** (متعدی) علیحدہ رکھنا - **کنارے کنارے** (تف) ۱ الگ الگ ۲ سڑک یا رستے کے کنارے - برلب سڑک ۳ پہلو میں - **کنارے کنارے چلنا** (متعدی) بچ کر چلنا - **کنارے لگانا** (متعدی) ۱ کشتی یا جہاز کو ساحل پر لگا کر کھڑا کرنا ۲ دریا پار اتارنا ۳ مدد دے کر انجام کو پہنچانا - حد کو پہنچانا - **کنارے لگنا** (لازم) ۱ ساحل پر پہنچنا - دریا پار ہونا ۲ اختتام پر پہنچنا - راستے سے بچنا - **کنارے ہو جانا** (لازم) ۱ علیحدہ ہو جانا - بچ جانا ۲ راستے سے بچ جانا -

کَنار (ف - مذکر) گھوڑے کا زکام -

کِنار (ف - مونث) ۱ بغل - آغوش - گود ۲ سینہ - چھاتی ۳ جدائی - علیحدگی - مفارقت - **کنار کھینچنا** (متعدی) کنارہ کرنا - **کنار گرم ہونا** (لازم) ہمبستر ہونا - **کنار و بوس** (مذکر) دیکھو بوس و کنار -

کِنارِیّ (ف - مونث) کنارا راستے پتلا گوٹا جو عورتیں دوپٹوں کے کناروں پر ٹانکتی ہیں - **کناریا** (مذکر) ایک قسم کا پرند - **کناری باف** (مذکر) کناری بننے والا -

کُنّاس (ع - مذکر) ۱ چوہڑا - بھنگی - خاکروب - مہتر ۲ پھانسی دینے والا شخص ۳ لالچی شخص - بخیل آدمی - بد انسان (کنس - جھاڑو دینا)

کَنال (ہ - مذکر) زمین کا ایک پیمانہ جو بیس مرلے کے برابر اور بیگھہ کا چوتھا حصہ ہوتا ہے -

کُنائی (ہ - مونث) راستہ - راہ - گذرگاہ - **کنائی کاٹنا** (متعدی) کسی کو دیکھ کر سیدھا راستہ چھوڑ کر دوسرے راستے پر چلنا ۲ موقع پر ٹال جانا - پہلو تہی کرنا -

کِنایَت (ع - مونث) دیکھو کنایہ بمعانی (کنئی - نام لے کر بلانا) **کنایتاً** - **کنایۃً** (تف) اشارے سے - **کنایہ** (مذکر) ۱ اشارہ - رمز ۲ پوشیدہ بات - مبہم بات ۳ استعارہ - مجاز ۴ منشا - مقصد - مطلب ۵ (الفاظ) وہ لفظ جن میں مطلب اختصاراً یا بغرض عدم اظہار ایک یا دو لفظوں میں ادا کیا جائے - جیسے یوں کیا ووں کیا - اس طرح بھی سمجھایا اس طرح بھی سمجھایا - **کنایے سے باز رکھنا** (متعدی) اشارے سے روکنا - **کنایہ میں کرنا** (متعدی) اشارے سے مطلب ظاہر کرنا

کُنبَہ (ہ - مذکر) ۱ خاندان - قبیلہ - گھرانا ۲ لڑکے بالے - بال بچے - جورو بچے - اہل عیال (س کُٹمب) **کنبہ پرور** (صفت) بال بچوں اور خاندان کی خبر گیری کرنے والا - **کنبہ پروری** (مونث) خاندان اور اولاد کی خبر گیری کرنا - **کنبہ جوڑنا** (متعدی) رشتہ داروں اور قرابتیوں کو جمع کرنا - **کنبے** (مذکر) ۱ کنبہ کی جمع ۲ بجائے کنبہ حروف مغیرہ سے پہلے - **کنبے کی کٹ جانا** (لازم) خاندان کی آبرو جاتی رہنا - اس میں ناک محذوف ہے - **کنبے والا** (مذکر) کثیر الاولاد -

امثال - کنبے والے کے
چاروں پلے کیچڑ میں ہیں - کنبے والا ہمیشہ
مصیبتوں میں پھنسا رہتا ہے - کنبے والے
کے چاروں پلے بھاری - کثیر الاولاد اور
بڑے کنبے والے کا دل غنی رہتا ہے -
کنت (ہ - مذکر) ۱ معشوق -
پیارا ۲ خاوند ۳ عاشق -
مثل - کنت نہ پوچھے
بات ری - میرا دھن سہاگن نام -
خاوند میری پروا نہیں کرتا میں سہاگن کہلاتی
ہوں - اس ذکر کے متعلق کہتے ہیں جو یہ ظاہر کرے
کہ اس کا مالک کے ساتھ بہت رسوخ ہے -
کِنتُ (س - عطف) ۱ لیکن -
تاہم - پرنتو ۲ پھر -
کُنت (س - مذکر) ۱ نیزہ - بھالا
۲ لوہے کی نوک والا تیر -
کُنتل (س - مذکر) سر کے بال ۲ بالوں کا گچھا -
کنتھ - کنتھا (ہ - مذکر) دیکھو
کنت -
کنتھا (س - مؤنث) گدڑی -
کنتاپ (اردو - مؤنث و
مذکر) جوتی -
کنٹار (ہ - صفت) خاردار -
کانٹے دار -
کنٹر (انگ - مذکر) قرابہ - ایک
خاص قسم کی بوتل جس میں شراب یا عطر رکھتے
ہیں اصل ڈی کینٹر
کنٹڑ (ہ - صفت) کنجوس بخیل -
کنٹک (س - مذکر) ۱ کانٹا -
خار ۲ کوئی نوکدار چیز - سوئی - پن - کانٹ -
ڈنک ۳ مچھلی کا کانٹا - تیز ہڈی ۴ ناخن ۵ ڈر
کی وجہ سے بالوں کا کھڑا ہونا ۶ زبان کا کھردرا پن
۷ باغی شخص جو سلطنت کے لئے کانٹا ہو ۸ رنج
دینے والی بات ۹ معمولی دشمن ۱۰ کوئی چیز جو
رنج دے - کنٹک بنا (مذکر) بخیلی یا کنجوسی
کرنا - کنٹکی (مؤنث) ۱ کانٹے دار ۲ تنگ کرنے
والا - ستانے والا - کنٹک ہے - بڑا بخیل ہے -

کنٹنجنٹ (انگ - مذکر) ۱ بالائی
خرچ - زائد خرچ ۲ حصہ ۳ فوج کا حصہ -
کنٹونمنٹ (انگ - مؤنث) ۱
چھاؤنی -
کنٹھ (ہ - مذکر) ۱ گلے کی ہڈی جو
مرد کے بالغ ہونے پر ابھر آتی ہے ۲ گلا - گردن -
کنٹھا (مذکر) ۱ سونے یا مونگے کے دانوں کا ہار ۲
ایک قسم کا طلائی زیور ۳ ایک قسم کا پھولوں کا ہار جس
میں کلیاں گوندھی جاتی ہیں ۴ وہ ہلالی وضع کا کڑھا
ہوا کپڑا جو گریبان میں لگاتے ہیں ۵ فقیروں کی
تینتیس دانوں کی تسبیح - کنٹھا اٹھالینا یا
اٹھانا (متعدی) تسبیح کی قسم کھانا - کنٹھ بیٹھ جانا
یا میٹھنا (لازم) ۱ گلا بیٹھ جانا - آواز بھاری ہونا
۲ موت کے وقت ابھری ہوئی ہڈی کا نیچے ہو جانا -
کنٹھ پھوٹنا یا نکلنا (لازم) ۱ بلوغت پر
پہنچنے پر گلے کی ہڈی کا نمودار ہونا - کنٹھ سوکھ
جانا (لازم) پیاس سے حلق خشک ہو جانا - کنٹھ
کرنا (متعدی) حفظ کرنا - ازبر کرنا - یاد کرنا - کنٹھ
مالا (مذکر) ۱ ایک بیماری جس میں گلے میں گلٹیاں
نکل آتی ہیں - خنازیر ۲ لکڑی کے دانوں کی مالا -
کنٹھی (مؤنث) ۱ لکڑی کے دانوں یا کسی درخت
کے بیجوں کی مالا ۲ موتیوں کی لڑی - گلے میں باندھنے
کی لڑی ۳ پرندوں کے گلے کا طوق - کنٹھیاں
(مؤنث) کنٹھی کی جمع - کنٹھیاں ٹلی ہونا (لازم)
موتیوں کی لڑیاں سلی ہونا - کنٹھی باز (صفت)
کنٹھی پہننے والا (فقیر) ۲ مکار - کنٹھی باندھنا
(متعدی) ۱ چیلا ہونا ۲ پارسا بن جانا ۳ گوشت
کھانے یا شراب پینے سے پرہیز کرنا - کنٹھے دار
(صفت) طرحدار - کنٹھی دینا (متعدی) چیلا بنانا
کنٹھلا (ہ - مذکر) ہار جس میں
سونے چاندی کے ٹکڑے ہوتے ہیں اور بچوں
کو نظر بد سے بچانے کے لئے پہناتے ہیں -
کنٹیا (ہ - مؤنث) کانٹا کی تصغیر
۱ کانٹا ۲ مچھلی پکڑنے کا کانٹا ۳ ایک برتن جس
میں تیل رکھتے ہیں -
کنٹیلا (ہ - صفت) کانٹے دار -
خاردار -
کُنج (ف - مذکر) کونہ - گوشہ -
کُنج انزوا (مؤنث) گوشۂ تنہائی - کنج تنہائی

یا خلوت (مذکر) کامل تنہائی - کنج دہن (مذکر)
گوشۂ دہن - منہ کا کونہ - کنج قفس (مذکر)
پنجرے کا کونہ - کنج قناعت (مذکر) کامل
قناعت - کنج لحد (مذکر) گوشۂ لحد -
کُنج (س - مذکر) ۱ درختوں کا جھنڈ
۲ بنگلہ ۳ گلی ۴ غار ۵ نیچے کا جبڑا ۶ ہاتھی دانت
۷ ہاتھی کا جبڑا -
کنجا (ہ - صفت) نیلی آنکھوں والا -
کرنجا - کنجی آنکھیں (مؤنث) وہ آنکھیں جن میں
نیلاپن ہو -
مثل - کنجا بھلوان ہوتا ہے
- نیلی آنکھوں والا خوش قسمت ہوتا ہے -
کنجال (ہ - مذکر) سبز کائی جو
پانی پر جم جاتی ہے -
کُنجد (ف - مذکر) ایک پودے کا
بیج جس کا میٹھا تیل نکلتا ہے -
کنجر (ہ - مذکر) ۱ ایک خانہ بدوش
قوم جو سرکیاں بنا کر بیچتی ہے - اور گوہ اور سانپ
تک بھی کھا جاتی ہے ۲ (پ) رنڈیوں کا بھڑوا
کنجن ۳ (صفت) کمینہ - رذیل ۴ بدوضع - بدشکل -
کنجروں کی بولی (مؤنث) ناشائستہ گفتگو -
کنجری (مؤنث) ۱ کنجر قوم کی عورت - کنجر کی جورو
۲ ایک قسم کا فحش گیت ۳ (پ) رنڈی - طوائف
کنجنی -
کُنجر (س - مذکر) ۱ ہاتھی - بڑا
ہاتھی ۲ ایک قسم کا مندر ۳ ایک قسم کا ناچ ۴ عدد
۸ ۵ پیپل کا درخت ۶ ایک ناگ ۷ ایک راجہ
۸ ایک پہاڑ ۹ ایک مقام - کنجرا (مؤنث) ۱
ہتھنی ۲ ایک پودے -
کنجڑ (ہ - مذکر) ۱ کنجڑا ۲ کنجڑ -
کنجل -
کُنجڑا (ہ - مذکر) ۱ ترکاری بیچنے
والا - سبزی فروش ۲ ایک قوم ہندوؤں میں سے
اس قوم کا ایک فرد (س) کنج - وہ جگہ جہاں بہت
پودے ہوں - کنجڑا کنجڑی کا سوانگ (مذکر)
ایک تماشہ جس میں ایک کنجڑا اور کنجڑی ہوتے
ہیں - کنجڑن - کنجڑی (مؤنث) ۱ کنجڑے کی بیوی
۲ کنجڑا قوم کی عورت - کنجڑے قصائی (مذکر)

ادنےٰ درجے کے لوگ۔ عوام۔ **کنجڑے کا غلّہ** (مذکر) 1 کنجڑے کی صفت۔ کنجی جیسی ہیں وہ اپنی بکری کے روپے پیسے ڈالتا ہے 2 حساب جو صاف نہ ہو۔ بے ترتیب حساب 3 بے ترتیبی۔ ابتری۔

امثال واقوال۔ کنجڑن (کنجڑی) اپنے بیر کو کھٹا نہیں بتاتی کوئی اپنی چیز کو خراب نہیں کہتا۔ **کنجڑن (کنجڑے) کی اگاڑی (مارے) قصائی کی پچھاڑی** اگر آپ اچھی چیز خریدنا چاہتے ہیں تو ترکاری اول وقت اور گوشت آخر وقت خریدیں۔

کُنجِشک (ف۔ مونث) چڑیا۔

کَنجل (س۔ مذکر) 1 کھٹا سالن 2 (ھ) دیکھو کنجی۔

کَنجلَک (ف۔ مذکر) 1 کپڑے کی شکن یا چین 2 مطلب کی پیچیدگی۔

کَنجُوس (ہ۔ صفت) بخیل۔ خسیس (غالباً کان چوس کا مخفف) **کنجوس مکھی چوس** بخیل کی مذمت میں کہتے ہیں۔ **کنجوسی** (مونث) خست۔ بخیلیت۔

کُنجی (ہ۔ مونث) 1 چابی۔ تالی۔ وہ آلہ جس سے قفل کھولا جاتا ہے 2 وہ بات جس سے دوسرا قابو میں آجائے۔ **کنجی کا کھو یا جانا یا گم ہو جانا** (لازم) چابی کا جاتا رہنا۔ **کنجی ہاتھ ہونا** (لازم) 1 کسی پر قابو ہونا 2 خزانہ قبضے میں ہونا۔

کُنجیارہ (مونث) دانہ جو آنکھ کے پپوٹوں میں نکل آتا ہے۔ گوہانجنی۔

کُنچت (س۔ مذکر) 1 ٹیڑھا۔ جھکا ہوا۔ کبڑا 2 گھونگریالا 3 سکڑا ہوا 4 کج طبیعت بدخو۔ بدخصلت۔ چڑچڑا۔

کَنچک (س۔ مذکر) 1 انگیا۔ چولی 2 زرہ 3 جاکٹ۔ کُرتی۔ مرزائی 4 کینچلی۔ سانپ کا پوست 5 کچھا۔ نکر 6 کپڑے۔

کَنچَن (ہ۔ مذکر) 1 ایک قوم جو عورتوں سے پیشہ کراتی اور ان کو نچواتی ہے 2 اس قوم کا ایک فرد۔ **کنچن بان یا دان** (مذکر) اصل کنچن۔ جو پیدائش سے کنچن ہو۔ **کنچن بچہ** (مذکر) کنچنی کا بیٹا۔ **کنچنی** (مونث) 1 کنچن قوم کی عورت 2 طوائف۔ رقاصہ 3 رنڈی۔ فاحشہ۔

کَنچَن (ہ۔ مذکر) 1 سونا۔ زر۔ طلا 2 دولت۔ ثروت۔ جائداد (س کانچن)۔ **کنچن برسنا** (لازم) 1 کثرت سے روپے کی آمد ہونا 2 زرخیز ہونا۔ خوب پیداوار ہونا۔ **کنچن چُور** (مذکر) ایک اچھی قسم کا چاول۔ **کنچن کھچت** (ہ۔ صفت) مطلا۔ مذہب۔ **کنچن نیر** (مذکر) 1 صاف پانی۔ نتھرا ہوا پانی 2 آبِ زر۔

کُند (س۔ مذکر) 1 پودوں کی موٹی جڑ۔ گٹھا۔ گٹھی 2 اردی 3 لہسن 4 دنبل 5 سوجن 6 رحم کی ایک بیماری 7 بہت چیزیں 8 جھگڑا۔ لڑائی 9 بادل 10 ایک وزن یا بحر۔

کُند (ف۔ مونث) تند (غف)

کُند (ف۔ صفت) 1 جو کاٹ نہ سکے (چاقو چھری وغیرہ) کھنڈا۔ ستھرا 2 سست۔ کاہل۔ **کند چھری سے حلال کرنا** (متعدی) سخت ایذا دینا۔ **کند ذہن یا فہم** (مذکر) غبی۔ ٹھس۔ **کند ذہنی یا فہمی** (مونث) کاہلی۔ غبی پن۔

کُند (س۔ مذکر) 1 ایک قسم کی چنبیلی 2 نو کا عدد۔

کُنَد (ف۔ مضارع) کرتا ہے۔

مثل۔ کند ہم جنس با ہم جنس پرواز (کبوتر با کبوتر باز با باز) ہر شے اپنی جنس کی طرف رجوع کرتی ہے۔ اُتم سے اُتم ملے۔ ملے نیچ سے نیچ۔

کَندا (ھ۔ مذکر) 1 گانٹھدار جڑ 2 جنگلی پیاز۔ پیاز۔

کُندا (ہ۔ مذکر) 1 کندھا 2 پرند کا بازو 3 لکڑی کا ٹکڑا 4 بندوق کی لکڑی جس میں گھوڑا اور نال جڑا ہوتا ہے۔ بٹ۔ دستہ 5 پتنگ کا ہر ایک گوشہ جو عرض میں ہوتا ہے 6 پائجامہ کی لمبی تین گوشوں کی کلی 7 دیکھو کندہ 8 بھنا ہوا دودھ۔ کھویا (ف کُندہ) **کندا بھوننا یا کسنا** (متعدی) کھویا بنانا۔ **کندا چڑھانا یا لگانا** (متعدی) 1 بندوق کے دستے اور نال کو جوڑنا 2 بندوق کی نال میں لکڑی کا دستہ لگانا۔ **کندے تولنا** (متعدی) پرند کا اپنے دونوں بازوؤں کو کھول کر اڑنے کے لئے جنبش دینا 2 کہیں جانے کا قصد کرنا۔ **کندے باندھ۔ تول یا جوڑ کر آنا۔ اترنا یا گرنا** (لازم) پرند کا پروں کو اکٹھا کر کے نیچے کی طرف آنا یا زمین پر اترنا۔

کَنداسا (ھ۔ مذکر) 1 چوکونا مینار 2 آلہ تناسل۔ لنگ۔

کَندَر (مذکر) **کندرا** (س۔ مونث) غار۔ کھوہ۔

کُندُرو (س۔ مذکر) 1 لوبان 2 (ھ) ایک قسم کا کدو۔

کُندری (ھ۔ مونث) 1 ایک ترکاری 2 بگولا۔

کُنڈرا (ھ۔ مذکر) 1 اناج کا ڈھیر کھلیان 2 ڈھیر۔ تودہ۔ انبار۔

کَندسار (ھ۔ مذکر) ہرن۔ غزال۔

کَندُک (ھ۔ مذکر) 1 گیند 2 سرہانہ۔ تکیہ۔

کَندَل (س۔ مذکر) 1 ایک قسم کی گوند 2 لڑائی۔ جنگ 3 جھگڑا۔ فساد 4 تنبیہ۔ شکایت۔

کُندل (ھ۔ مذکر) اول درجے کا سونا۔ کندن۔

کَندَلا (ھ۔ مذکر) 1 غار۔ کھوہ 2 چٹان۔

کُنڈَلا (ہ۔ مذکر) 1 سونے کا ڈلا 2 سونے کا باریک تار (س۔ کندل سونا)

کندلاکش یا گر (مذکر) وہ جو سونے چاندی کے تار کھینچے یا جو چاندی پر سونا چڑھائے۔

کُندلا (ہ۔ مذکر) بندوق کا دستہ۔ کندا (ف کندہ سے) **کندلا لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) صبح اور شام فوج یا پولیس میں میگزین یا خزانہ گارد کے سب سپاہی ایک گھنٹے کے لئے باوردی تیار رہتے ہیں اور بندوقوں کو سنگینیں چڑھا کر چار چار کو اکٹھا کھڑا کر دیتے ہیں اسے کندلا لگانا کہتے ہیں۔

کُندلا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا خیمہ۔ راوٹی۔

کَندَلی (ھ۔ مونث) کیلا۔

کَندَن (ف۔ متعدی) 1 کھودنا

۱ جیلے سے نکالنا ۲ مار ڈالنا ۳ کھود دینا ۴ دھات پر کھدائی کا کام کرنا۔ کندہ کرنا۔ **کندن جان یا دل** (مذکر) ۱ مرنا ۲ نزع۔ **کندن کرنا** (متعدی) کھودنا۔

کُندن (ہ۔ مذکر) ۱ خالص سونا ۲ (صفت) خالص۔ بے میل ۳ بہترین۔ نہایت عمدہ ۴ چمکیلا ۵ وہ جس میں کوئی روگ نہ ہو (س کندل) **کندن بنا دینا** (متعدی)، **بن جانا** (لازم) ۱ صاف اور ستھرا نکل آنا ۲ کیمیا کے ذریعے سونا بنایا ہونا ۳ کیمیا یا اکسیر بن جانا۔ **کندن سا دمکنا** (متعدی) سونے کی طرح چمکنا۔ **کندن سا رنگ** (مذکر) چمکتا ہوا سنہرا رنگ (مذکر)۔ **کندن مال** (مذکر) خالص مال۔ اعلیٰ مال۔ **کندنی رنگ** (مذکر) سنہری رنگ۔ کندن کا سا رنگ۔ **کندنی قلبہ** (مذکر) اعلیٰ درجہ کا تانبہ۔

کَنْدُورا (ف۔ مذکر) دسترخوان جس پر کھانا کھلاتے ہیں۔ **کندوری** (مونث) ۱ دسترخوان ۲ وہ کھانا جو نکاح کے بعد براتیوں کو دیا جاتا ہے ۳ نیاز۔ صحنک ۴ ایک قسم کا کدو ۵ ایک قسم کا سرخ پھل۔

کَنْدَہ (ف۔ مذکر) کھدا ہوا۔ منبت (کندن۔ کھودنا)، **کندہ کار یا گر** (مذکر) نقش و نگار کھودنے والا۔ **کندہ کاری یا گری** (مونث) کھودنے کا کام۔ **کندہ کرنا** (متعدی) کھودنا۔ نقاشی۔

کُنْدَہ (ف۔ مذکر) ۱ لکڑی کا موٹا ٹکڑا ۲ لکڑی کا موٹا ٹکڑا جس پر قصاب گوشت بناتے ہیں ۳ درخت کا تنہ ۴ سوراخدار موٹی لکڑی جس میں مجرم کے پاؤں ڈالتے ہیں ۵ بندوق کا دستہ ۶ لکڑی کی بندوق جس سے رنگروٹ مشق کرتے ہیں ۷ دیکھو کندا۔ **کندۂ ناتراش** (مذکر) جاہل۔ بے تمیز۔ بے سلیقہ۔

کَنْدھ (ہ۔ مذکر) ۱ کندھا ۲ درخت کا تنہ ۳ موٹا ٹہنا۔

کَنْدھا (ہ۔ مذکر) شانہ۔ کاندھا (س کندھک) مونڈھا۔ **کندھا اتر جانا یا اترنا** (لازم) کندھے کے جوڑ کا اپنی جگہ سے ہل جانا۔ **کندھا بدلنا** (متعدی) ۱ ڈولی یا پالکی والوں کا ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر ڈولی یا پالکی کو لیجانا ۲ ایک کندھے سے دوسرے پر بدلنا۔ **کندھا پکڑ کے چلنا** (لازم) دوسرے شخص کے کندھے پر ہاتھ رکھ کے چلنا۔ **کندھا دینا** (متعدی) ۱ جنازے کو کاندھے پر لینا ۲ سہارا لگانا۔ مدد دینا۔ **کندھا ڈال دینا** (متعدی) بیل کا اپنے کندھے سے جوئے کو ہٹا دینا۔ **کندھا لگ جانا یا لگنا** (لازم) کندھے کا زخمی ہو جانا۔ **کندھوں** (مذکر) کندھا کی جمع۔ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کندھے** (مذکر) ۱ کندھا کی جمع ۲ بجائے کندھا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کندھے پر اٹھانا۔ کندھے پر چڑھانا** (متعدی) ۱ بچے کو مونڈھے پر بٹھانا ۲ مونڈھے پر کوئی چیز اٹھانا۔ **کندھے سے لگا لینا** (متعدی) بچے کو کندھے سے تھپک کر سلانا۔ **کندھے لگنا** (لازم) بچے کا گود میں لیا جا کر کندھے سے لپٹ جانا۔

مثل۔ کندھے ڈالی جھولی چمار چھوڑا نہ کولی۔ بے غیرتی سے مانگا شرم نہ کی۔

کَنْدھائی (ہ۔ مذکر) کنہیا۔

کَنْدھر (مذکر)، **کندھرا** (س۔ مونث) ۱ گردن ۲ بادل ۳ ایک پودا۔

کَنْدھیانا (ہ۔ متعدی) کندھے پر رکھنا۔

کَنْدھی (س۔ مذکر) بادل۔

کَنْدِھیا (ہ۔ مذکر) کنہیا۔

کَنْدھیلی (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کا پالان ۲ گدیلا۔ گدا ۳ زین پوش۔

کَنْدَئی (ہ۔ مونث) لکڑی کا وہ ٹکڑا جس پر دروازے کی چول گھومتی ہے۔

کُنْدی (ہ۔ مونث) ۱ موگری جس سے دھوبی کپڑوں کو کوٹتے ہیں کہ سلوٹیں نکل جائیں ۲ کوٹنے کا فعل ۳ موگری سے کپڑوں کی سلوٹیں نکالنا ۴ مار پیٹ۔ زدوکوب۔ **کندی کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ موگری سے کٹ کر سلوٹیں نکلنا ۲ مار پیٹ۔ زدوکوب ہونا۔ **کندیگر** (صفت) ریشمی اور عمدہ کپڑوں کو صاف کرنیوالا۔ جلا دینے والا۔

کُنْدی (ف۔ مونث) ۱ کھنڈاپن ۲ کند ذہنی۔ بیوقوفی۔

کُنْڈ (س۔ مذکر) ۱ پانی کا گھڑا۔ مٹکا ۲ گڑھا جس میں بھینٹ ڈالیں ۳ گڑھا جس میں مقدس آگ دبا کر رکھیں ۴ آتشدان ۵ غار۔ کھوہ ۶ تالاب۔ ڈابر ۷ چشمہ۔ جھیل ۸ پانی کا تالاب یا چشمہ جو کسی مقدس کام کے لئے وقف ہو ۹ حرامی بچہ۔ عورت کا بچہ خاوند کے علاوہ کسی اور سے ۱۰۔ **کُنڈا** (مونث)۔ قطع عضو۔ **کنڈاسنی** (مذکر)۔ دلال۔ بھڑوا۔

کَنْڈا (ہ۔ مذکر) ۱ اپلا جو جنگل سے چنا جائے۔ مویشی جنگل میں گوبر کرتے ہیں تو وہ سوکھ جاتا ہے یہ کنڈا ہے ۲ (پ) کانٹا۔ خار (س۔ کانڈ) **کنڈا ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ خشک ہونا ۲ سوکھ کر دبلا ہونا۔

کُنْڈا (ہ۔ مذکر) ۱ لوہے کا حلقہ جس میں زنجیر ڈالتے ہیں ۲ گھوڑے یا کبوتر کا سر کو دم کی طرف کھینچنا ۳ (رنف) کونڈا (کونڈی سے)

کُنْڈاری (ہ۔ مونث) ملاح۔ کھویا۔

کُنْڈال (ہ۔ مذکر) نفیری۔ شہنا۔

کُنْڈالا (ہ۔ مذکر) ناند جس میں کپڑے دھوتے یا بوتلیں وغیرہ برف کے پانی میں ٹھنڈی کرنے کے لئے رکھتے ہیں۔

کَنْڈرانا (ہ۔ لازم) ۱ خفا ہونا۔ ناراض ہونا ۲ مخالف ہونا۔ برخلاف ہونا ۳ نفرت کرنا ۴ حقارت سے دیکھنا۔

کنڈرگارٹن (انگ۔ مذکر) چھوٹے بچوں کا مدرسہ جہاں کھلونوں وغیرہ کے ذریعے سے تعلیم دی جاتی ہے۔

کَنْڈرمی (ہ۔ مونث) ایک قسم کی ترکاری۔

کَنْڈَل (ہ۔ مذکر) پیاز کا موٹا چھلکا۔

کُنْڈَل (ہ۔ مذکر) ۱ حلقہ۔ دائرہ ۲ وہ دائرہ جو جادوگر زمین پر جادو پڑھنے کے لئے بناتے ہیں ۳ وہ دائرے جو بچے کھیلنے کے لئے زمین پر بناتے ہیں ۴ سورج یا چاند کا ہالہ (ڈالنا کرنا۔ مارنا کے ساتھ) (س کُنڈل) ۲ کنڈلی

(مونث) ۱ چھوٹا حلقہ ۲ بالوں کا چھلا یا گھونگر ۳ جنم پترا ۴ (ھ) کان کا بالا ۵ پہنچی ۶ سانپ کا اکٹھا ہو کر بیٹھنا ۷ سانپ ۸ پھندا ۹ لوہے کا چکّر جس سے بچے کھیلتے ہیں ۱۰ رسّی وغیرہ کا گول لچھا۔ کنڈلی مارنا (متعدی) چھوٹا حلقہ بنانا۔

کُنڈَل (س۔ مذکر) ۱ چھلا ۲ کانوں کا بڑا بالا جو جوگی پہنتے ہیں۔ مندرا ۳ رسّی کا گچھا ۴ دائرہ۔ حلقہ ۵ سورج یا چاند کا ہالہ ۶ پہنچی ۷ ہتھکڑی ۸ شانے کی ایک بیماری

کُنڈلیا (ھ۔ مونث) ایک قسم کی نظم۔

کَنڈُو (س۔ مونث) ۱ کھجلانا ۲ خارش۔

کَنڈوا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا اناج۔

کَنڈھی۔ کَنڈی (ھ۔ مونث) ۱ ہار ۲ پھلوں کا ہار جو بچے ہولی کے دنوں میں پہنتے ہیں۔

کُنڈی (ھ۔ مونث) ۱ کنڈا کا مخفف ۲ اپلے کا ٹکڑا ۳ ایک قسم کا ٹوکرہ جس میں پہاڑی لوگ اسباب بھر کر اٹھاتے ہیں۔

کُنڈی (ھ۔ مونث) ۱ زنجیر دروازے کی ۲ چھوٹا کنڈا ۳ گھڑا۔ مٹکا (س کنڈل) کنڈی بند کر دینا یا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) چڑھنا (لازم) دینا۔ لگانا (متعدی) لگنا (لازم) زنجیر لگنا۔ دروازہ بند ہونا۔ کنڈی کھٹکھٹانا۔ کھڑکھڑانا یا مارنا (متعدی) دروازے کی زنجیر ہلانا۔ کنڈی کھولنا (متعدی) دروازہ یا زنجیر کھولنا۔ کنڈی موندنا (متعدی) دروازہ بند کرنا۔ زنجیر لگانا۔

کَنڈیرا (ھ۔ مذکر) دھنیا۔ کڈیرا۔

کَنڑی (ھ۔ مونث) ۱ ایک راگنی کا نام ۲ ایک بحر یا وزن۔

کَنز (ع۔ مذکر) خزانہ (گنج کا معرب)

کَنس (س۔ مذکر) ۱ دھات۔ پیتل۔ کانسی۔ تانبا ۲ دھات کا بنا ہوا برتن

کَنَس (ھ۔ مونث) ایک بیماری جو کماد کو ہو جاتی ہے۔

کَنستَر (انگ۔ مذکر) ٹین کا بکس جس میں مٹی کا تیل اور گھی رکھتے ہیں۔

کَنسَرویٹر (انگ۔ مذکر) وہ افسر جس کے سپرد جنگلوں مچھلیوں وغیرہ کا انتظام ہو۔ **کنسرویٹر آف فارسٹ** (مذکر) محکمہ جنگلات کا ایک اعلیٰ افسر۔

کنسرویٹو (انگ۔ مذکر) برطانیہ کا وہ اساسی فرقہ جو پرانے انتظام کو پسند کرتا ہے

کُنِش (ف۔ مونث) کردار۔ افعال۔ اعمال۔

کِنِشت (ف۔ مذکر) ۱ آتشکدہ ۲ یہودیوں کا معبد۔

کَنِشٹھ (س۔ صفت تفضیل کل) ۱ نہایت چھوٹا ۲ تھوڑا ۳ سب سے چھوٹا۔ جو آخیر میں پیدا ہوا ہو ۴ کم درجہ۔ ماتحت ۵ چھوٹا بھائی۔

کِنشُک (س۔ مذکر) ۱ ڈھاک ۲ اس کا پھول۔

کِنعان (ع۔ مذکر) فلسطین کا ملک

کنعانی (صفت) ۱ کنعان کا۔ کنعان کے متعلق ۲ (مذکر) کنعان کا باشندہ۔

کَنَف (ع۔ مذکر) ۱ طرف۔ جانب پہلو۔ سمت۔ رخ ۲ کنارہ۔ ساحل ۳ سرا۔ آخیر ۴ پناہ ۵ پرند کا بازو (کنف۔ حفاظت کرنا)

کَنَک (ھ۔ مذکر) گیہوں (س گنک)

کَنَک (ھ۔ مذکر) ۱ سونا ۲ دھتورا۔ دھتورے۔

کَنک (س۔ مذکر) ۱ بگلا ۲ پہلا بگلا سرسا کا بیٹا بیان ہوتا ہے ۳ ایک قسم کا آم۔ کنکا (مونث) ۱ ایک قسم کی کھڑاؤں ۲ کنول کا عطر ۳ اگربین کی بتی۔

کَنکا (س۔ مونث) ۱ ذرہ ۲ اناج کا دانہ ۳ باریک ریت ۴ ایک قسم کا چاول۔

کِنکاش۔ کِنکاج (ف۔ مونث) ۱ نصیحت۔ مشورہ ۲ سوچ۔ بچار۔ غور۔

کَنکال (س۔ مذکر) ۱ پنجر ۲ پیٹھ کی ہڈی ۳ کمر۔

کَنکالا۔ کَنکالن (ھ۔ مونث) جادوگرنی۔ ساحرہ۔ ڈائن۔

کَنکائی (ھ۔ صفت) کنک کا۔ کنک کے متعلق۔ کنک گھوڑوں کی نسل کے لئے مشہور تھا۔

کَنکَت۔ کَنکَتی (س۔ مونث) کنگھی۔ شانہ۔

کَنکَر (ھ۔ مذکر) ۱ ان جلا چونے کا ٹکڑا جو اصلی حالت میں زمین کھود کر نکالا جاتا ہے۔ اسے جلا کر چونا بناتے ہیں اور سڑکوں پر کوٹتے ہیں ۲ سنگریزہ۔ روڑا ۳ پھوڑا جو عورت کے سینے پر ہوتا ہے اور بہت سخت ہوتا ہے۔ (س کرکر) **کنکرا** (ھ) ۱ کنکر ۲ گولی جس سے بچے کھیلتے ہیں ۳ پتھری کی بیماری۔ **کنکر بچھانا** (متعدی) **بچھنا** (لازم) سڑک پر کوٹنے کے لئے کنکر پڑنا۔ **کنکر بینا** (متعدی) کنکر چننا (عف) **کنکر پتھر** (مذکر) ۱ روڑے ۲ (تحقیراً) جواہرات ۳ ردی چیزیں۔ الابلا۔ **کنکر پتھر کھانا** (متعدی) ۱ شتر مرغ وغیرہ کا پتھر نگلنا ۲ روڑوں کی مار کھانا۔ **کنکر پھینکنا** (متعدی) روڑا مارنا۔ کسی کی توجہ دلانے کے لئے ایسا کہتے ہیں۔ **کنکر سا** (صفت) ۱ کنکر کی شکل ۲ بہت ٹھنڈا۔ **کنکر کا (کی)** (صفت) کنکر کا بنا ہوا (کی بنی ہوئی) جیسے راستہ یا سڑک۔ **کنکر کا کھنجر** (مذکر) گھڑا جو کنکر کا بنا ہوا ہو۔ **کنکر کٹنا** (لازم) **کوٹنا** (متعدی) سڑک پر کنکر ڈال کر درمٹ سے مارنا۔ **کنکر کی سڑک** (مونث) وہ سڑک جس پر کنکر کٹے ہوئے ہوں۔ پکی سڑک۔ **کنکری** (مونث) ۱ چھوٹا سنگریزہ ۲ ڈلی۔ ٹکڑا۔ **کنکرے کا آزار** (مذکر) پتھری کی بیماری۔ **کنکری کر دینا** (متعدی) بیقدری کر دینا۔ افراط سے خرچ کرنا۔ ٹھیکری کر دینا۔ **کنکریلا** (صفت) کنکر ملا ہوا۔ کرکرا۔

کِنکَر (س۔ مذکر) ۱ غلام۔ داس ۲ نوکر۔ ملازم ۳ بدقسمت آدمی

کَنکَر دَل (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا کدو۔

کَنکریٹ (انگ۔ مذکر) کنکر، ریت۔ چونے اور سیمنٹ کا مرکب جس سے فرش کوٹے جاتے ہیں۔ اور پل چھتیں وغیرہ بنائی

جاتی ہیں۔
کنکلاٹ (ہ ۔ مونث) ایک قسم کی سخت مٹی۔
کنکم (س ۔ مذکر) زعفران۔
کُنکُنا (ہ ۔ صفت) شیر گرم۔ نیم گرم۔
کِنکِنی (س ۔ مونث) کمربند جس پر چھوٹی چھوٹی گھنٹیاں لگی ہوئی ہوتی ہیں اور بچے اور عورتیں پہنتی ہیں۔
کنکو (ہ ۔ مذکر) ۱ بہت تھوڑی چیز۔ ذرہ ۲ تف۔ تھوڑا سا۔
کنکوا (ہ ۔ مذکر) کاغذ کا بنا ہوا پتنگ (اُتارنا۔ اترنا۔ اُڑانا۔ اڑنا۔ بڑھانا۔ کاٹنا۔ کٹنا۔ لڑانا۔ لڑنا وغیرہ کے ساتھ) (س کرن کاک)
کنکوے باز (صفت) وہ شخص جو پتنگ لڑائے۔
کنکوے سے دم چھلا بڑا ہونا (لازم) اصل سے فرع زیادہ ہونا۔
کنکوت (ہ ۔ مذکر) کھڑے کھیت کا تخمینہ لگانے والا۔
کنکی (ہ ۔ مونث) چاول کا ٹکڑا۔ چاولوں کا چورا۔
کنکیا (ہ ۔ مذکر) کنکوا۔
کِنگ (انگ ۔ مذکر) بادشاہ۔
کنگ امپرر (مذکر) بادشاہ شہنشاہ۔ شاہ انگلستان کا لقب بحیثیت انگلستان کے بادشاہ اور ہندوستان کے شہنشاہ ہونے کے۔ **کنگز پولیس میڈل** (مذکر) ایک تمغہ جو پولیس والوں کو بادشاہ کی طرف سے کارگزاری کے صلے میں ملتا ہے۔
کنگال (ہ ۔ صفت) ۱ غریب ۔ نادار ۔ مفلس (کر دینا ہو جانا وغیرہ کے ساتھ) ۲ قحط زدہ ۔ کال کا مارا ۳ فاقہ کش ۴ (ہ) کمینہ ۵ کنجوس ۔ بخیل (س کنکال پنجر) **کنگال بانکا** (صفت) فاقہ مست ۔ مفلس شوقین۔ **کنگال پن** (ہ) ۱ غربت ۔ افلاس ۔ ناداری ۲ غربت کی حالت۔
کنگال ٹر (ہ) غریب اور خود پسند یا گستاخ۔
کنگال گھر کا (صفت) غریب گھر کا ۔ محتاج خاندان کا۔ **کنگالن** (مونث) کنگال عورت۔ **کنگالی** (ہ) ۱ غریب ۔ مفلس ۲ غریب آدمی ۳ (مونث) غربت مفلسی۔

کنکالِنی (ہ ۔ مونث) بخیل ۔ کنجوسی۔
کنکروڑ (ہ ۔ مذکر) ۱ پیٹھ کی ہڈی ۲ ایک قسم کی بن ککڑی۔
کنگرہ (ف ۔ مذکر) ۱ وہ کٹے ہوئے ابھار جو عمارتوں، قلعوں کی دیواروں یا فصیلوں پر بنا دیتے ہیں ۲ کلس۔ **کنگرے دار** (صفت) جس پر کنگرے بنے ہوئے ہوں۔
کنگری (ف ۔ مونث) ۱ ایک ساز جو دو بازیا کدوؤں کا بنا ہوا ہوتا ہے ۔ ایک قسم کی بین ۲ ادب ۳ باریک کنگرے دار فیتہ جو کپڑوں کے کناروں پر لگاتے ہیں۔
کنگڑ ۔ کنگڑا (ہ ۔ صفت) ۱ موٹا ۔ فربہ ۔ تنومند ۲ مضبوط ۔ طاقتور ۳ کسرتی۔
کنگلا (ہ ۔ صفت) کنگال کی تصغیر۔
کنگن (ہ ۔ مذکر) ۱ کلائی میں پہننے کا ایک زیور ۔ کڑا ۲ ایک قسم کی شیرینی (س کنکن) **کنگنا** (مذکر) ۱ وہ کلاوے کا ڈورا جو بیاہ کے وقت دولہا کے داہنے اور دلہن کے بائیں کلائی میں باندھتے ہیں ۲ وہ پوٹلی جس میں اسپند لوہے کا چھلا سپاری ہلدی وغیرہ رکھ کر دولہا کے ہاتھ میں لگن کے دن باندھتے ہیں ۳ وہ گیت جو کنگنا باندھتے وقت گاتے ہیں۔
کنگنی (ہ ۔ مونث) ۱ ایک بہت باریک اناج ۔ کاکن (س کنگنی) ۲ دو اینٹوں کا روا جو اینٹوں کی منڈیر پر باہر نکال کر رکھے ہیں ۳ پوست آلہ تناسل ۴ (ہ) دندانہ دار چوڑی ۵ پگڑی کا پلکا ۶ کنگرہ (س کنکن)
کنگورا (ہ) **کنگورہ** (ہ ۔ مذکر) ۱ کنگرہ ۲ کلغی جو پگڑی کے اوپر لگائی جاتی ہے ۳ سنگھاڑا۔
کنگوڑی (ہ ۔ مونث) ۱ کان کے باہر کا ابھرا ہوا حصہ ۲ کان کی لو۔
کنگھا (ہ ۔ مذکر) ۱ بال سلجھانے کا بڑا آلہ خصوصاً جو مرد استعمال کرتے ہیں یا سکھوں کی کنگھی ۲ جولاہوں کا اوزار جس سے بانا ٹھوکتے ہیں ۔ اس کے ایک طرف دندانے ہوتے ہیں (کرنا ہونا کے ساتھ) **کنگھی** (مونث) ۱ چھوٹا کنگھا خصوصاً جس کے دونوں طرف دندانے ہوتے ہیں (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ ایک درخت کا نام جس کے پھول میں کنگھی کی طرح دندانے ہوتے ہیں۔ **کنگھی آئینہ** (مذکر) سنگار۔ **کنگھی چوٹی** (مونث) عورتوں کا بناؤ سنگھار۔ **کنگھی چوٹی (کر) گرفتار رہنا یا میں الجھا رہنا** (لازم) بناؤ سنگار میں مشغول رہنا۔ **کنگھی سرمہ** (مذکر) بناؤ سنگار۔ **کنگھی کرنا** (متعدی) بالوں کو کنگھی سے سنوارنا اور سلجھانا۔ **کنگھی کے دندانے** (مذکر) کنگھی کو چھوٹی آری سے تھوڑے تھوڑے فاصلے پر ایک یا دونوں طرف سے کاٹتے ہیں ۔ دوسری طرف یا درمیان میں بغیر کاٹے چھوڑ دیتے ہیں ۔ دو شگافوں کے درمیان کے حصے کو کنگھی کے دندانہ کہتے ہیں۔ **کنگھی ہونا** (لازم) بالوں کا کنگھی سے سنوارا جانا۔
کنگی (ہ ۔ مونث) ایک بڑا برتن جس میں غلہ رکھتے ہیں (دکھنی)
کِنمنانا (ہ ۔ لازم) ۱ بے چین ہونا ۔ بیقرار ہونا ۲ منت کرنا ۔ عذر کرنا ۔ پس و پیش کرنا۔
کنّنا (ہ ۔ متعدی) خریدنا۔
کنوا (ہ ۔ مذکر) ایک پیمانہ جو سیر کا بیسواں حصہ ہوتا ہے۔
کِنوا (س ۔ حرف ربط) ۱ یا ۲ ورنہ ۔ وگرنہ ۳ علاوہ ۔ علاوہ ازیں۔
کنوار (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک پودا جو دواؤں میں کام آتا ہے (س کماری) ۲ ہندی چھٹا اور فصلی سال کا پہلا مہینہ ۔ اسوج (س کمار) **کنوار کا ساجھلا** (صفت) جلد دور یا رفع ہونے والا۔
مثل ۔ کنوار کا ساجھلا آیا برسا چلا ۔ کنوار کے مہینے میں بارش بہت زور سے ہوتی ہے ۔ مگر تھوڑی سی دیر ٹھہر کر آسمان صاف ہو جاتا ہے۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جسے بہت غصہ آئے اور تھوڑی دیر بعد جاتا رہے۔
کنوار ۔ کنوارا (ہ ۔ صفت) وہ مرد جس کی ابھی پہلی شادی نہ ہوئی ہو ۔ بن بیاہا (س کمار) **کنوارا** (مذکر) بن بیاہا لڑکا۔ **کنوارا ناتا یا منڈھوا** (مذکر) عو[illegible] شادی

سے پیشتر کا رشتہ۔ کنوارپت (لکھنؤ) جھل۔
چھست۔ جھل (مذکر) ۱۔ پہلی شادی ہونے سے
پہلے کا زمانہ۔ کنوارپن۔ دوشیزگی ۲۔ بکارت۔ ایک
جھلی جو عورت کی شرمگاہ میں ہوتی ہے یہ جماع
سے پھٹ جاتی ہے۔ **کنوارپت یا جھل
اُتارنا** (متعدی) اُترنا (لازم) ازالہ بکارت ہونا۔
پہلی دفعہ عورت کے ساتھ جماع ہونا۔ سرڈھکنا
کنوارپن یا پنا (مذکر) شادی ہونے سے پہلے
کا زمانہ۔ **کنوارپن اُتارنا** (متعدی) ۱۔ غریبانہ
شادی کرنا۔ نکاح کر دینا۔ دو بول پڑھانا ۲۔ منہ
کھلوانا۔ **کنواری** (صفت مونث) کنوارا کی۔
بن بیاہی (لڑکی)۔ **کنوارے** (صفت) ۱۔ جمع
کنوارا کی ۲۔ حرف جر سے پہلے۔ واحد بھی کنوارے
استعمال ہوتا ہے۔ **کنواری بالی** (مونث)
بن بیاہی لڑکی۔ **کنوارے کے نام کو اٹھوانا**
(متعدی) برہمن کے کنوارے لڑکے کو کچھ دینا۔
ہندوؤں میں مرے ہوئے بچے کے نام پر برہمنوں
کے بچوں کو دیتے ہیں۔ **کنواری لڑکی کو پیٹ
رکھوانا** (متعدی) ۱۔ دوشیزہ کو حاملہ کر دینا ۲۔
افترا کرنا۔ بہتان لگانا ۳۔ اصل بات کو قائم کرنا۔

امثال و اقوال۔ **کنوار کا سا
جھالا آیا برسا چلا گیا۔** بہت جلد ختم ہونیوالا
غصہ۔ **کنواری (کو) ارمان بیاہی پشیمان**
جس نے کیا وہ بھی پچھتایا جس نے نہ کیا وہ بھی
پچھتایا۔ **کنواری کو سدا بسنت ہے۔**
آزاد اور مجرد کے لئے ہر وقت مزا ہے۔ **کنواری
کھائے روٹیاں بیاہی کھائے بوٹیاں**
کنوارپنے کے زمانے میں لڑکی کا خرچ کم ہوتا ہے
مگر شادی کے بعد اس کو بہت کچھ دینا پڑتا ہے۔
کنواری کھائے روٹی بیاہی کھائے بوٹی
۔کنواری سے بیاہی کی قدر و منزلت زیادہ ہوتی
ہے۔

کُنواں (ہ۔ مذکر) زمین میں گول
گڑھا کھود کر اس کے گرد اندر کی طرف لکڑی کا
گول چکر رکھ کر اس پر پکی اینٹوں سے عمارت چن
دیتے ہیں۔ اس پر اور بوجھ رکھ کر دیوار کے نیچے سے
اور گڑھے میں سے مٹی نکالتے جاتے ہیں۔ یہاں تک
کہ پانی تک پہنچ جاتے ہیں۔ اسے کنواں کہتے ہیں
جہاں پانی قریب ہوتا ہے۔ وہاں عارضی طور پر
گڑھا کھود کر کنارے لیپ دیتے ہیں۔ اسے کچا کنواں
کہتے ہیں۔ چاہ (س کوپک) **کنواں اگارنا** (متعدی)
کنوئیں کی مٹی نکالنا۔ کنواں صاف کرنا۔ **کنواں
اندھا ہو جانا** (لازم) ۱۔ کنواں خشک ہو جانا ۲۔ کنوئیں
کی تہ کا بیٹھ جانا۔ **کنواں بنانا** (متعدی) **بننا**
(لازم) کنواں تعمیر ہونا۔ **کنواں پوجنا** (متعدی)
کنوئیں کی پرستش کرنا۔ ایک رسم لڑکا پیدا ہونے
پر ہندو ایسا کرتے ہیں۔ **کنواں ٹوٹنا** (لازم)
کنوئیں میں پانی کم ہو جانا۔ **کنواں جوتنا**
(متعدی) آبپاشی کے لئے بیلوں کے ذریعے
کنوئیں سے پانی نکالنا۔ آبپاشی کرنا۔ **کنواں
جھانکنا** (متعدی) ۱۔ کنوئیں میں جھک کر دیکھنا
۲۔ کنوئیں میں گرنے کا ارادہ کرنا۔ **کنواں چلانا**
(متعدی) **چلنا** (لازم) پانی نکلنا آبپاشی ہونا۔ **کنواں
چھوڑ دینا** (متعدی) کنوئیں سے پانی نکالنا موقوف
کر دینا۔ **کنواں کھودنا** (متعدی) ۱۔ دوسرے
کے گرانے کو گڑھا کھودنا ۲۔ کسی سے بدی کرنا۔
کنواں کھودنے والا (صفت) ۱۔ چاہ کن
۲۔ بدی یا برائی کرنے والا۔ **کنووں** (مذکر) کنواں
کی جمع۔ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کنووں میں
بانس ڈالنا** (متعدی) **ڈلوا دینا** (م) بہت
تلاش کروانا۔ **کنوئیں** (جمع) ۱۔ کنواں کی ۲۔ بجائے
کنواں حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کنوئیں بھانگ
یا بھنگ پڑنا** (لازم) سب کا بیوقوف ہو جانا۔
سب کا متوالا یا پاگل ہو جانا۔ کنوئیں میں بھنگ
ڈال دی جائے تو جو پئے متوالا ہو جائیگا۔ **کنوئیں
جھانکنا** (متعدی) **جھنکانا یا جھنکوانا** (م)
۱۔ کنوئیں کا پانی یا نہ دکھانا ۲۔ باؤلے کتے کے کاٹے
کو سات کنووں پر لیجا کر پانی دکھانا ۳۔ بہت تلاش
یا جستجو کرانا۔ ٹھکا مارنا ۴۔ حیران و پریشان کرنا۔
دیوانہ وار پھرانا۔ **کنوئیں (کی تہ) کا تارا** (مذکر)
بہت عمیق کنوئیں میں پانی تارے کی طرح چمکتا
دکھائی دیتا ہے۔ **کنوئیں کا توا** (مذکر) وہ سوراخدار
توا جو کنوئیں کی تہ میں پانی چھن کر آنے کے لئے
لگاتے ہیں۔ **کنوئیں کا کبوتر** (مذکر) جنگلی کبوتر
جو کنوئیں کے سوراخوں میں رہتے ہیں۔ **کنوئیں میں
بانس ڈالنا** (متعدی) بہت تلاش کرنا۔ **کنوئیں
میں بولنا** (لازم) آہستہ یا دبی آواز سے بولنا۔
کنوئیں میں بھنگ پڑنا (لازم) دیکھو
کنوئیں بھنگ پڑنا۔ **کنوئیں میں پھینک دینا
یا پھینکنا** (متعدی) ۱۔ کنوئیں میں گرانا ۲۔ ضائع
کرنا۔ **کنوئیں میں توا ہونا** (لازم) کنوئیں کی
تہ میں سوراخدار لوہے کا توا لگانا تاکہ پانی چھن کر
آئے۔ **کنوئیں میں دھکیلنا** (متعدی) لڑکی کی
شادی بری جگہ کرنا۔ **کنوئیں میں ڈال دینا۔**
(متعدی) دیکھو کنوئیں میں پھینک دینا۔ **کنوئیں
میں ڈوب مرنا** (متعدی) کنوئیں میں کود کر جان
دینا۔ **کنوئیں میں ڈوب مرو۔** شرم کرو۔ کوئی
بے عزتی کی بات کرے تو کہتے ہیں۔ **کنوئیں میں
گرنا** (لازم) ۱۔ اتفاقاً کنوئیں میں جا پڑنا ۲۔ جان
دینے کے لئے کنوئیں میں کودنا۔

امثال و اقوال (کنواں)
بیچا ہے کنوئیں کا پانی نہیں [illegible]
حجت یا تکرار کرنے پر کہتے ہیں۔ **کنوئیں پر گئے
پیاسے آئے۔** فائدے کی جگہ سے فائدہ
نہ ہوا محروم رہے۔ **کنوئیں کا بیاہ گیت
گا دیں مسیت کا۔** بے موقع بات یا کام کرنا۔
کنوئیں کی آواز ہے۔ جیسا کہوگے ویسا سنوگے
کنوئیں کی مٹی کنوئیں کو لگتی ہے (لگ گئی)
جہاں کی کمائی ہوتی ہے وہیں خرچ ہوتی ہے۔
جس قدر آمدنی ہوتی ہے اتنا ہی خرچ بھی ہوتا
ہے۔ **کنوئیں کے پاس پیاسا آتا (جاتا)**
ہے۔ **کنواں (پیاسے کے پاس) نہیں
جاتا۔** جس شخص کو کسی سے کچھ کام ہوتا ہے وہی اس
کے پاس جاتا ہے۔ کسی شے کا طالب خود اس
کے پاس جاتا ہے۔

کَنواسا (ہ۔ مذکر) نواسے کا بیٹا۔
کنواسی (مونث) نواسی کی بیٹی۔
کَنوائی (ہ۔ مونث) کان چھیدنا۔
کَنوتی (ہ۔ مونث) ۱۔ گھوڑے کا کان ۲۔ گھوڑے کا
کان کھڑے کرنا ۳۔ (ہ) بالی ۴۔ زلفیں۔ ایک طرف
کے بال (س کرن) **کنوتیاں** (مونث) کنوتی کی جمع۔
کنوتیاں بدلنا یا کھڑی کرنا (متعدی) گھوڑے
کا دونوں کانوں کو کھڑا کرنا۔ چوکنا ہو جانا۔
کَنوٹھا۔ کنوٹھا (ہ۔ مذکر) ۱۔
کونے کے قریب کوئی جگہ ۲۔ کونا۔
کنوج (ہ۔ مذکر) دیکھو قنوج۔
کنوجیا (صفت) ۱۔ قنوج کا ۲۔ (مذکر) قنوج کا

باشندہ ۳ کئی ذاتوں کا لقب جو قنوج سے آئی کہتیں۔

کنُور (ھ۔ مذکر) ایک پھوڑا جو کنپٹی پر ہوتا ہے۔

کنوَل (ہ۔ مذکر) ۱ ایک پودہ جو پانی میں اُگتا ہے۔ اس کے پھل کو کول ڈوڈہ کہتے ہیں۔ نیلوفر ۲ اس کا پھول۔ گل نیلوفر۔ پدم۔ کمودنی (پھولنا۔ کھلنا کے ساتھ) ۳ دل ۴ سرخ کاغذ یا ابرق کا پھول جس میں موم بتی جلاکر دریا میں خواجہ خضر کے نام پر چھوڑتے ہیں۔ نقمہ چڑھانا۔ (چڑھنا۔ لگنا۔ لگنا کے ساتھ) ۵ ایک ظرف جس میں موم بتی جلاتے ہیں (جلانا۔ جلنا۔ روشن کرنا یا ہونا۔ لگانا۔ لگنا کے ساتھ) ۶ جانور کا شانہ۔ پھکنا ۷ ایک بوٹی کا نام (س کمَل) ۸ یرقان (س کمل) **کنول باو۔ باؤ یا بائے** (مذکر) یرقان۔ **کنول بردار** (صفت) کنول لے کر چلنے والا۔ **کنول بیٹھ جانا** (لازم) دل ڈوب جانا۔ **کنول تازہ دیکھنا** (متعدی) اپنے آپ کو خوش حالت میں دیکھنا۔ **کنول تازہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دل خوش ہونا۔ **کنول چرن** (مذکر) ۱ وُہ شخص جس کے پاؤں میں کنول ہو۔ یہ بہت خوش قسمت سمجھا جاتا ہے ۲ دیوتاؤں کا لقب ۳ (صفت) مبارک قدم۔ **کنول دہ** (مذکر) وہ تالاب جس میں کنول ہوں۔ **کنول روپی** (صفت) کنول کی شکل کا۔ **کنول کا پھول** (مذکر) گل نیلوفر۔ **کنول گٹا** (مذکر) کنول کا پھل۔ کول ڈوڈا۔ **کنول کھلنا** (لازم) ۱ کنول کے پھول کا شگفتہ ہونا ۲ دل خوش ہونا (دل کا کے ساتھ) **کنول نین** (مذکر) کنول کی طرح کی یا کٹورا سی آنکھوں والا۔ بڑی بڑی آنکھوں والا۔ **کنول ہرا ہونا** (لازم) دل خوش ہونا۔

کنُوں (ف۔ تف) اکنوں کا مخفف اب۔ ابھی۔

کنَونڈ (ھ۔ مذکر) ۱ شرم۔ حیا۔ لاج ۲ کسی کی آنکھ سے آنکھ نہ ملانا ۳ دھبہ۔ داغ ۴ نقص۔ **کنونڈا** (صفت) ۱ جس نے مُنہ پھیرا ہوا ہو ۲ ڈرا ہوا ۳ (ہ) شرمندہ ۴ ذلیل۔ رسوا ۵ عیبی۔ عیب دار ۶ احسانمند۔ **کنونڈا بننا** (لازم) شرمندہ ہونا۔ **کنونڈا کرنا** (متعدی) ۱ احسانمند کرنا ۲ کوئی ایسی بات کرنا جس سے دوسرا شرمندہ ہو ۳ بے عزت کرنا۔ بدنام کرنا ۴ دوسرے پر قابو پانا۔

مثل۔ کنونڈی بلّی چوہوں سے کان کٹوائے۔ افسر جو راشی ہو ماتحتوں سے بھی دبتا ہے۔ جس شخص میں کوئی عیب ہو وُہ معمولی آدمیوں سے بھی دبتا ہے۔

کِنوَہ (س۔ مذکر) ۱ ایک دوائی جس سے شراب وغیرہ بنانے کے لئے تخمیر پیدا کرتے ہیں ۲ خمیر۔

کنوئی (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی چکنی مٹی۔

کِنویا (ھ۔ مذکر) خریدار۔ مشتری۔

کنُوِیاں (ہ۔ مونث) تلفظ کُنیاں۔ چھوٹا کنواں۔

کِنہ (ھ۔ ضمیر استفہامیہ) کِن۔

کِنہوں (ضمیر استفہامیہ) کس کی جمع الجمع۔

کُنہ (ع۔ مونث) ۱ مادہ۔ روح۔ عطر ۲ اصلی بات۔ بات کی باریکی ۳ حقیقت۔ ماہیت ۴ راز ۵ وقت ۶ تعداد ۷ قسم ۸ صورت۔ شکل ۹ کسی چیز کی وجہ یا طرز۔

کِنہ (ف۔ مذکر) دشمنی۔ مخالفت۔ کینہ۔ **کنہ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) دشمنی نکلنا کینہ نکلن۔ **کنہی** (صفت) کینہ ور۔ کپٹی۔

کنہار (ھ۔ مذکر) وہ جو کھڑی فصل کا تخمینہ لگائے۔ کنکوت۔

کِنہا (ھ۔ صفت) کینہ ور۔ بدخواہ۔ کپٹی۔

کنہار (ھ۔ صفت) ۱ توجہ سے سُننے والا۔ متوجہ ۲ جس کی قوت سامعہ تیز ہو ۳ تیز فہم۔ ہوشیار۔

کنہائی (ھ۔ مونث) ۱ کھڑی فصل کا تخمینہ۔ کنکوت ۲ کنہیا۔

کنہر (ھ۔ مذکر) پتوار۔ سُکّان۔ **کنہرا۔ کنہریلا** (مذکر) مانجھی۔ پتوار۔ چلانے والا۔

کنہرا (ھ۔ مذکر) سُننا۔ توجہ۔

کُنہڑا (ھ۔ مذکر) بیٹھا۔

کنھیّا (ھ۔ مذکر) ۱ کرشن کا لقب ۲ خوبصورت۔ حسین ۳

کَنی (ہ۔ مونث) ۱ ذرہ۔ ریزہ ۲ ہیرے وغیرہ کا نہایت چھوٹا ٹکڑا ۳ ٹوٹے ہوئے چاول ۴ چاولوں کا کچا رہ جانا (س کنکا۔ ذرہ) **کنی رہ جانا** (لازم) چاولوں کا کچا رہنا۔

کَنّی (ہ۔ مونث) ۱ فیتہ۔ حاشیہ۔ گوٹ ۲ کنارہ۔ سرا ۳ شال پر لگانے کا اُونی یا ریشمی کنارہ ۴ کپڑے کا ٹکڑا یا دھجی جو پتنگ کے ایک کونے میں وزن برابر کرنے کو باندھتے ہیں ۵ تمباکو کے چھوٹے پتے جو کاٹنے کے بعد پھوٹ آتے ہیں (س کرنکا) **کنی باندھنا** (متعدی) پتنگ کے بازو میں دھجی باندھ کر اس کے دونوں بازوؤں کو ہموزن کرنا۔ **کنّی دار** (صفت) وہ کپڑا جس کے کنارے پر کسی رنگ کی دھاری ہو۔ **کنّی دبانا** (متعدی) قابو میں لانا۔ بس میں کرنا۔ **کنّی دینا** (متعدی) ۱ عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا ۲ جھینپنا۔ شرمانا ۳ ڈرنا۔ خائف ہونا ۴ آنکھ سامنے نہ ہو سکنا۔ **کنی سے کنی ملا کر سینا** (متعدی) کپڑے کا کنارے سے کنارہ ملا کر سینا۔ **کنی کاٹنا** (متعدی) کترانا۔ **کنّی کھانا یا لگنا** (لازم) پتنگ کا ایک رُخ جھکنا۔

کِنّی (اردو۔ مونث) گردہ (اصطلاح قصاباں)

کَنے (ہ۔ تف) ۱ پاس۔ قریب۔ نزدیک ۲ (ہ) قبضے میں ۳ گھر پر (اُردو میں متروک ہے)

کنیا (س۔ مونث، کنّیا (ہ)) ۱ چھوٹی عمر کی لڑکی جو دس برس سے کم ہو ۲ دوشیزہ یا باکرہ ۳ کنواری لڑکی ۴ بیٹی۔ دختر ۵ ایک بُرج۔ سُنبلہ ۶ کئی پودوں کا نام ۷ ایک بحر یا وزن ۸ درگا جی۔ **کنیا بھاؤ** (مذکر) دوشیزگی۔ کنوار پنا۔ **کنیا بھرتری** (مذکر) ۱ کارتکیہ کا لقب ۲ داماد۔ **کنیا پال** (مذکر) ۱ لڑکی کا باپ یا ولی ۲ لونڈیاں بیچنے والا سوداگر ۳ شراب فروش۔ کلیہ پال کا مخرب۔ **کنیا پانی گرہن** (مذکر) دُولہا کا دُلہن کا ہاتھ پکڑنا۔ **کنیا پُتر یا سُت** (مذکر) کنواری لڑکی کا بیٹا۔ **کنیا تیرتھ** (مذکر) ایک تیرتھ کا نام۔ **کنیا تو** (مذکر) دوشیزگی۔ کنوارپن۔ **کنیا داتری** (مونث) بیٹی کا دان کرنے والا یعنی باپ۔ **کنیا**

دان (مذکر) ۱ بیٹی شادی میں دینا۔لڑکی کا بیاہ کرنا ۲ جہیز ۳ وہ روپیہ جو بیٹی کے بیاہ کے لئے لوگوں سے مانگا جائے۔ **کنیا دُوشک۔ دُوشن یا دوشینری** (مذکر) دوشیزہ سے زنا بالجبر کرنے والا۔ **کنیا دُوشَن** (مذکر) دوشیزہ سے زنا بالجبر۔ **کنیا رام** (مذکر) ایک بدھ کا نام۔ **کنیا رتن** (مذکر) نہایت حسین لڑکی۔ **کنیا سوَیمبَر** (مذکر) دوشیزہ لڑکی کا اپنا خاوند منتخب کرنا۔ **کنیا شرم** (مذکر) ایک پناہ گاہ یا آشرم کا نام۔ **کنیا کال** (مذکر) دوشیزگی کا زمانہ **کنیا کماری** (مونث) ۱ راس کماری۔ **کنیا کُوپ** (مذکر) ایک تیرتھ کا نام

کنیا وانی (مونث) وہ بارش جو سورج کے برج سنبلہ میں ہونے کے وقت ہو۔ ماہ ستمبر کی بارش

کنیا ویدن (مذکر) داماد۔

مثل۔ کنیا پیٹ میں ڈھونڈتی پھرے بر۔ اس کے متعلق کہتی ہیں جو کسی بات کے متعلق بہت پہلے سے انتظام کرے۔

کَنَیا (ھ۔ مونث) کان چھیدنے کی رسم۔

کنیان (ھ۔ مونث) کود۔

کَنیانا (ھ۔ لازم) ۱ ایک طرف ہو جانا ۲ پتنگ کا کنی کھانا ۳ کسی عیب کی وجہ سے شرم و حجاب کرنا۔ جھینپنا ۴ ٹال مٹول کرنا۔

کنیاہٹ (ھ۔ مونث) ۱ شرمانا۔ لجانا۔ جھینپنا ۲ روٹھنا ۳ دُور رہنا ۴ شرم۔ حجاب ۵ بزدلی۔

کُنیَت (ف۔ مونث) وہ نام جو باپ ماں یا بیٹے کی طرف منسوب ہو۔ ابوسعید۔ ام جمیلہ ابن عمر۔

کَنینتو (س۔ مذکر) کنوارپنا۔ دوشیزگی۔

کنیٹی (ھ۔ مونث) کان کھینچنا۔ کان اینٹھنا کا مخفف۔

کنیرہ (ھ۔ مذکر) ایک پودا جس کے پتے لمبے اور پھول سفید و سرخ ہوتے ہیں۔ اس کی جڑ اور چھال زہریلی ہوتی ہے۔ پتوں کے سفوف سے پسّو کھٹمل مرجاتے ہیں۔ لوگوں کا خیال ہے کہ اگر کنیر کا پھول کسی گھر میں ڈال دیں تو میاں بیوی میں نفاق ہو جاتا ہے۔

کنیرا (ھ۔ مذکر) ایک قوم جو تیر بناتی ہے۔

کنیز (ف۔ مونث) لونڈی۔ باندی

کنیز زادہ (مذکر) کنیز کا بیٹا۔ **کنیزک** (مونث) کنیز کی تصغیر۔ **کنیزی** (مونث) ۱ لونڈی کی حالت لونڈی ہونا ۲ ملازمت۔ نوکری۔

کَنیَس (س۔ صفت) ۱ چھوٹا۔ ماتحت ۲ (مذکر) چھوٹا بھائی۔

کَنیسہ (ف۔ مذکر) گرجا۔ معبد یہود اور نصاریٰ کا۔

کُنیف (ع۔ مذکر) ۱ پرزہ ۲ ابن مسعود کا لقب جو حضرت عمر نے ان کو دیا تھا۔

کَنیکا (س۔ مونث) ۱ کنیا۔ لڑکی۔ دوشیزہ ۲ ایک قسم کا ایلوا۔

کنیم (افریقہ) وسط سوڈان میں ایک ملک۔

کَو (ھ۔ حرف) ۱ کا ۲ کو ۳ کب۔

کوِ (س۔ مذکر) ۱ شاعر ۲ دانا آدمی۔ منی۔ رشی۔ **کوِ راج** (مذکر) ۱ ملک الشعرا **کویشور** (مذکر) ملک الشعرا۔

کُو (ف۔ مذکر) ۱ کوچہ۔ گلی ۲ فراخ رستہ ۳ (نف) کہاں ۴ کہ او کا مخفف۔ کون۔ کونسا۔

کو بہ کو (نف) دربدر۔ **کوچہ** (مذکر) تنگ راہ۔ گلی۔ **کوچہ بند** (صفت) وہ (کوچہ) جس کے نکاس پر دروازہ لگا ہو۔ **کوچہ بندی** (مونث) کوچہ کے نکاس پر دروازہ لگانا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **کوچہ بکوچہ** (نف) گلی گلی۔ **کوچہ جھنکانا** (متعدی) گلی کے پھیرے کرنا۔ **کوچۂ خموشاں** (مذکر) قبرستان۔ **کوچہ سربستہ** (مذکر) وہ گلی جو بند ہو۔ **کوچہ گرد** (صفت) گلیوں میں پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔ **کوچہ گردی** (مونث) گلیوں گلیوں پھرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **کوچۂ نافذہ** (مذکر) رستہ جو گلی میں سے گزرے۔ گلیارا۔ وہ گلی جو بند نہ ہو۔ **کوسے** (مذکر) گلی۔ **کوئے یار** (مذکر) دوست کی گلی معشوق کا کوچہ۔

کو (ھ۔ حرف) ۱ علامت مفعول۔ اگر دو مفعول ہوں تو کو مفعول بہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۲ لئے برائے۔ واسطے ۳ طرف ۴ سے ۵ میں۔ اندر ۶ زائد ربط کلام کے لئے جیسے کل کو آنا یعنی کل آنا۔

کو (ز... حرف) ۱ کون ۲ کوئی۔

کوّا (ھ۔ مذکر) ۱ ایک سیاہ رنگ کا پرند جو ہندوستان میں عام ہوتا ہے۔ زاغ۔ کاگ۔ ۲ وہ گوشت کا ٹکڑا جو آدمی کے حلق میں ہوتا ہے۔ **کوّا اُٹھانا** (متعدی) حلق کا گوشت جب لٹک جائے تو اُسے دبانا۔ **کوا بری** (مونث) بہت سیاہ عورت۔ **کوا پھنسانے کی چال ہے**۔ ہوشیار آدمی کو فریب میں پھنسانے کی ترکیب ہے۔ **کوا ٹینٹھی** (مونث) ایک پھولدار بیل۔ **کوا ڈنڈی** (مونث) کئی پودوں کا نام۔ **کوا گھار** (مونث) کووں کی کائیں کائیں۔ کاگا رول۔ **کوا گھار میں پڑنا** (لازم) کائیں کائیں اور نرغے میں پھنسنا۔ **کوّوں** (مذکر) کوّا کی جمع۔ **کوّوں کی برات** (مونث) بچوں کی زبان میں کووں کا مجمع۔ **کوّے اُڑانی** (مونث) ۱ وہ عورت جس کی خدمت کوّے اُڑانے کی ہو ۲ ذلیل یا حقیر عورت ۳ ادنےٰ درجے کی ملازمہ ۴ دیوانی عورت۔ **کوّے اُڑ جا**۔ یہ کہہ کر عورتیں شگون لیتی ہیں۔ کسی کے آنے کی امید ہو تو یہ کہتی ہیں۔ اگر کوا اُڑ جائے تو سمجھتی ہیں کہ وہ آجائیگا۔ **کوسے کھائے ہیں** ۱ بڑی عمر ہے اور اس پر بال سیاہ ہیں ۲ بہت باتیں کرنے والے کے متعلق بھی کہتے ہیں۔ **کوسے ہکنی** (مونث) دیکھو کوے اڑانی۔

امثال و اقوال۔ کوّا ٹرٹراتا ہے دھان پکتے ہیں۔ باوجود مخالفت کے کام ہو ہی جاتا ہے۔ دشمن کے برا چاہنے سے برا نہیں ہوتا۔ **کوّا چلا ہنس کی چال اپنی چال بھی بھول گیا**۔ کسی کی نقل کر کے نقصان اُٹھانے پر کہتے ہیں۔ جب کوئی ادنےٰ اور بے حیثیت آدمی صاحب حیثیت آدمیوں کی ریس کر کے بگڑ جاتے تو کہتے ہیں۔ **کوّا کان لے گیا**۔ اس بیوقوف کے متعلق کہتے ہیں جو ہر بات پر یقین کر لے۔ **کوّا ناک لے گیا۔ ناک کو نہیں دیکھتے کوّے کے پیچھے دوڑے جاتے ہیں**۔ اس وقت کہتے ہیں جب کوئی شخص کسی غلط بات کی پیروی کئے جائے۔ اور اصل معاملہ کی تحقیقات نہ کرے۔ **کوا ہنس کی چال سیکھتا تھا اپنی بھی چال بھول گیا**۔ دیکھو کوا چلا الخ۔

کوّوں کو انگوری باغ - دیکھو منہ الخ -
کوّوں کے کوسے سے کہیں ڈھور مرتے ہیں - کسی کے بددعا دینے سے لوگوں کو نقصان نہیں پہنچتا - **کوّے کوسا کریں کھیت پکّا کریں** - ناحق کی بددعا کا اثر نہیں ہوتا - دشمن کے بُرا چاہنے سے بُرا نہیں ہوتا - **کوّے کے بیاہ میں گیت گاوت سبیت کے** - نالائق کے سامنے قابلیت کی باتیں کرنا بے محل ہیں -
کوّے کی دم (گانڑ) میں انار کی کلی - کالے رنگ کا آدمی سُرخ لباس پہنے تو کہتے ہیں -
کوّے نے دیا ٹکڑا تو مبیرا گیا ٹھکڑا - کسی کمینے سے بسر اوقات کرنا یا تھوڑی آمدنی سے گزارہ کرنا -

کُوا (ھ - مذکر) ۱ کنواں ۲ کویا -

کواپریٹو سوسائٹی (انگ - مونث) انجمن امداد باہمی - مشترکہ سرمایے سے کام کرنے والی جماعت -

کواتھ (ھ - مذکر) جوشاندہ -

کوار (افریقہ) صحرائے اعظم میں کئی نخلستانوں کا نام -

کُوار (ف - مذکر) ایک شہر شیراز کے قریب -

کُوار (ھ - مذکر) دیکھو کنوار - **کواری** (صفت) ۱ کوار کے متعلق ۲ خریف کی فصل کا ایک حصّہ جس میں دھان - کرودن - مکی - پٹوا - تل - سن اور کپاس ہوتے ہیں -

امثال و اقوال - کوار جاڑے کا دوار - کوار کے مہینے سے جاڑا شروع ہو جاتا ہے - **کوار کا سا جھلا - آیا برسا چلا** - کوار کے مہینے کی بارش کی طرح ہے - بہت تھوڑا سہے -

کُوارٹر (انگ - مذکر) ۱ چوتھا حصّہ - ربع ۲ ایک انگریزی وزن جو ۲۸ پونڈ کا ہوتا ہے ۳ سال کا چوتھا حصّہ - سہ ماہی ۴ مقام جگہ - چھاؤنی ۵ محلہ - ٹولہ - رہنے کا مقام ۶ کوارٹرز کا مخرب - رہنے کا مکان - **کوارٹر گارد** (مونث) چھاؤنی فوج یا پولیس گارد کی حوالات - یہاں ان سپاہیوں کو رکھتے ہیں - جنہیں افسران قید کی سزا دیں - یہاں ہر وقت پہرا رہتا ہے - افسروں کی سلامی لی جاتی ہے - اور دلیل والوں کی نگرانی ہوتی ہے - پاس ہی میگزین اور آرمری ہوتی ہے - جہاں اسلحہ رکھتے ہیں - **کوارٹر ماسٹر** (مذکر) ۱ جنگی محکمہ کا وہ افسر جو فوج کے لئے سامان مہیا کرتا ہے ۲ جہاز کا ایک عہدہ دار جو پتوار پر حاضر رہتا ہے - **کوارٹر ماسٹر جنرل** (مذکر) فوج کا وہ سب سے بڑا افسر جو فوج کے لئے سامان مہیا کرتا ہے -

کوارنا (ھ - متعدی) جڑ سے اکھاڑنا -

کواڑ (ہ - مذکر) ۱ لکڑی کا تختہ جو دروازوں میں لگا ہوا ہوتا ہے (بند کرنا - بھیڑنا - کھولنا وغیرہ کے ساتھ) ۲ چھاتی کا ہر ایک پہلو (س - کپاٹ) **کواڑا** (مذکر) کواڑ - **کواڑ بند ہو جانا** (لازم) خاندان میں سے کسی کا نہ رہنا - سب کا مرجانا - کوئی نہ رہنا جس کی وجہ سے گھر کے کواڑ کھلیں - **کواڑ توڑ توڑ کے کھانا** (متعدی) مصیبت سے دن کاٹنا - **کواڑ دینا** (متعدی) دروازہ بند کرنا - **کواڑ کھٹکھٹانا** (متعدی) گھر والوں کو بلانے کے لئے کواڑ زور سے ہلانا یا کواڑ پر کوئی چیز مارنا - زنجیر کھڑکھڑانا - **کواڑی** (مونث) ۱ چھوٹا دروازہ ۲ دیکھو کواڑ نمبر ۲ ۳ قبا - انگرکھے مرزائی وغیرہ کا وہ کپڑا جو سینے کے دونوں طرف رہتا ہے -

کواسا (ہ - مذکر) نواسے کا بیٹا -
کواسی (مونث) نواسے کی بیٹی -

کواغذ (ع - مذکر) جمع کاغذ کی - کاغذات (غف)

کوافر (ع - مذکر) جمع کافر کی - کفا -

کواکب (ع - مذکر) جمع کوکب کی - **کواکب ثابتہ** (مذکر) وہ ستارے جو ایک ہی جگہ اپنے محور پر گردش کرتے ہیں - یہ بذات خود سورج ہیں - اور ان کے گرد دوسرے سیارے حرکت کرتے ہیں - کئی ان میں سے تاریک ہیں کئی اتنی دور ہیں کہ ان کی روشنی آج تک زمین پر نہیں پہنچی - زیادہ تر سورج سے بھی بڑے ہیں - **کواکب سیارہ** (مذکر) وہ سیارے جو کسی ستارے کے گرد حرکت کریں جس طرح زمین مشتری زحل وغیرہ جو سورج کے گرد حرکت کرتے ہیں - ان کی ایک اور قسم ہے جو سیاروں کے گرد حرکت کرتے ہیں - انہیں قمر یا تابع یا سیارۂ ثانیہ کہتے ہیں -

کُواں (ھ - مذکر) دیکھو کنواں -

کوانتی (چینی - مذکر) جنگ کا دیوتا -

کوانچ (ہ - مونث) ایک درخت اور اس کی پھلی - اس کے چھو جانے سے اِنسان کے بدن پر خارش ہو جاتی ہے -

کوائف (ع - مذکر) کیفیت کی غلط جمع - صحیح کیفیات ہونی چاہئے -

کوب (ف - امر) ۱ کوبیدن کا ۲ (صفت) مارنے والا - کوٹنے والا ۳ (مذکر) مار پیٹ کوٹنا - جیسے زدوکوب - سینہ کوب - **کوباں** (صفت) کوٹتا ہوا - مارتا ہوا - جیسے سینہ کوباں - **کوبہ** (مذکر) ایک لکڑی کا آلہ جس سے مٹی کوٹتے یا ڈھیلے پھوڑتے ہیں - **کوبہ کاری** (مونث) چونا وغیرہ کوٹنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **کوبی** (مونث) مار پیٹ جیسے سینہ کوبی -

کوبالٹ (انگ - مذکر) ایک دھاتی عنصر - پانی سے ۸½ گنا بھاری ہے -

کوبرا (انگ - مذکر) ایک قسم کا سیاہ پھن دار نہایت زہریلا سانپ - افعی -

کُوبڑ (ہ - مذکر) **کُوبڑا** (ھ) بڑھاپے کی وجہ سے پیٹھ کی ہڈی کا نکل آنا -

کُوپ (س - مذکر) ۱ گڑھا ۲ کنواں -
کوپی (مونث) چھوٹا کنواں -

کوپ (س - مذکر) غُصّہ - جوش - کرودھ - ناراضگی -

کوپل (ہ - مذکر) کونپل -

کوپن (انگ - مذکر) کاغذ کا وہ حصّہ جو ملنے سے علیحدہ کر لیا جاتا ہے -

کوپن (س - صفت) ۱ جوشیلا ۲ غصیلا ۳ چڑچڑا - **کوپنا** (مونث) ۱ غصیلی عورت ۲ (ھ - لازم) غُصّے ہونا - ناراض ہونا -

کوپین (س - مذکر) **کوپین** (ھ) ۱ شرمگاہ ۲ (مونث) لنگوٹی -

کوت (ھ - مذکر) ۱ نظم ۲ ایک خاص قسم کے شعر - کبت - **کوتا - کوتائی** (مونث) شاعری - کبتائی -

کُوت (ہ - مونث) ۱ اندازہ تخمینہ

۳ (ھ) ملاحظہ - پڑتال ۳ کام (س گت پھیلنا) ۴ مثلث قائم الزاویہ کا قاعدہ (س کوت)۔ **کوتا** (ف-مذکر) اندازہ یا تخمینہ کرنے والا افسر- **کوتنا** (متعدی) اندازہ یا تخمینہ کرنا- **کوتیا** (مذکر) غلہ اور میوہ کا اندازہ کرنے والا-

کورٹ (انگ- مونث) وہ لکڑی کی الماری جس میں بندوقیں رکھتے ہیں- **کوٹ ہیڈ کنسٹبل** (مذکر) پولیس کا ایک ماتحت ادنے جس کے قبضے میں سرکاری مال رہتا ہے-

مثل- کوت میں بندوق نہ دفتر میں نام - بیکار ہیں نہ نوکری نہ چاکری-

کوتاہ (ف- صفت) دیکھو کوتہ-

کوتاہ فہم (صفت) کم فہم- بے عقل- **کوتاہ ہمت** (صفت) پست ہمت- **کوتاہ ہمتی** (مونث) ہمت پست ہونا- **کوتاہی** (مونث) ۱ کمی ۲ غفلت- لاپروائی ۳ اختصار کرنا ۴ قصور- دریغ (کرنا ہونا کے ساتھ) دیگر محاورات کے لئے دیکھو کوتہ-

کوتک (س- مذکر) ۱ بیحد خواہش- شوق ۲ چہل- دل لگی- خوشی ۳ تیوہار ۴ تماشا- نظارہ ۵ گانا- ناچنا ۶ شادی کے موقعہ پر ایک رسم دھاگے یا چھلے کی ۷ شادی کا دھاگا یا چھلا ۸ (ھ) افعال- لچھن- فعل- افعال ۹ شائستہ- **کوتکی** (صفت) ۱ شوقین ۲ دل لگی باز ۳ کھلنڈرا ۴ شرارتی ۵ مسخرہ-

کوتک (ت- مذکر) ۱ ڈنڈا لاٹھی- عصا ۲ موسل- ہاون- **کوتک کھانا** (متعدی) مار کھانا- ڈنڈے کھانا- **کوتک مارنا** (متعدی) ۱ ڈنڈے مارنا ۲ کوٹنا-

کوتک (ھ- مذکر) الجبرے یا حساب کا کوئی قاعدہ-

کوتل (ت- مذکر) ۱ امیروں کی سواری کا گھوڑا ۲ سواری کا گھوڑا جسے خالی لے جائیں- تاکہ جس وقت مالک کا دل چاہے اس پر سوار ہو جائے ۳ وہ گھوڑا جو ساز سے آراستہ ہر وقت کھڑا رہتا ہے (اصل کُتَل ہے)

کوتل گارد (انگ- مذکر) کوارٹر گارڈ کا محرف-

کوتمبیر (ھ- مذکر) دھنیا-

کوتوال (ف- مذکر) پولیس کا ایک افسر جس کے ماتحت کوتوالی ہو (س کوٹ- قلعہ- پال محافظ) **کوتوالی** (مونث) شہر کا بڑا تھانہ- **کوتوالی چبوترہ** (مذکر) ۱ وہ مقام جہاں مختلف قسم کے جھگڑے پیش ہوں ۲ کوتوال کا دفتر- **کوتوالی چڑھنا** (لازم) ۱ کسی جرم کی وجہ سے کوتوالی میں بلایا جانا ۲ بدمعاشوں میں نام درج ہونا-

کوتہ (ف- صفت) ۱ چھوٹا- کوچک- صغیر ۲ کم- تھوڑا- قلیل ۳ مختصر- مجمل- خلاصہ ۴ تنگ- سکڑا ۵ پستہ- بونا ۶ طے- بیباق- چکتا-

کوتہ اندیش (صفت) ۱ ناعاقبت اندیش- بے سوچے سمجھے کام کرنے والا ۲ کم فہم- چھوٹی سمجھ والا ۳ کم بیں- کم نظر ۴ کم حوصلہ- پست ہمت-

کوتہ اندیشی (مونث) ناعاقبت اندیشی وغیرہ- **کوتہ بیں یا دست** (صفت) دیکھو آخری معنے- **کوتہ بینی یا دستی** (مونث) ۱ ناعاقبت اندیشی ۲ پست ہمتی- **کوتہ پاچہ یا پائے** (مذکر) ۱ ایک چوپایہ جس کے بدن پر دھبے اور ہرن کی طرح سینگ ہوتے ہیں ۲ چھوٹے قد کا کمینہ آدمی- **کوتہ قد** (صفت) پست قد- بونا- **کوتہ قلم** (صفت) کم لکھنے والا- **کوتہ کرنا** (متعدی) ۱ چھوٹا کرنا- کم کرنا ۲ مختصر کرنا ۳ طے کرنا- **کوتہ گردن** (صفت) چھوٹی گردن والا- **کوتہ نظر** (صفت) ۱ ناعاقبت اندیش ۲ غافل- بے خبر ۳ بخیل- کنجوس- **کوتہ نظر** (مونث) ناعاقبت اندیشی- **کوتہی** (مونث) دیکھو کوتاہی-

کوتھر (ھ- مذکر) کام- تعلق- رشتہ- لفظی معنی کیا کام- **کوتھا** (صفت) کونسا- **کوتھی** (صفت) کونسی-

کوتھ (س- مذکر) ۱ سڑاہند- بساند ۲ پھوڑا- ناسور ۳ آنکھ کے کویوں میں زخم یا سوجن ہونا-

کوتھ (ھ- مذکر) ۱ کان میں زخم ۲ اناج کی بال-

کوتھلا (ھ- مذکر) ۱ بورا- تھیلا ۲ مٹی کا بڑا برتن یا کھتہ جس میں اناج ڈالتے ہیں ۳ جیب- کیسہ ۴ معدہ ۵ غلاف- **کوتھلی** (مونث) ۱ بوری ۲ بٹوا ۳ مٹھائی کی تھیلی جو کسی کو بھیجی جاتے-

کوتھمبیر (ھ- مذکر) دھنیا-

کوتھنا (ھ- لازم) ۱ آہ آہ کرنا- کراہنا ۲ بوجھ اٹھاتے ہوئے آواز نکالنا ۳ زور لگانا- بیحد کوشش کرنا-

کوتھی (ھ- مونث) وہ لوہا جو تلوار یا پیش قبض وغیرہ کے میان کے آخیر میں بطور شام کے لگا ہوتا ہے-

کوٹ (ھ- امر) ۱ کوٹنا کا ۲ (مذکر) کٹا ہوا کاغذ- وہ کاغذ جس کا پٹھا بنتا ہے (س کٹ- چورا چورا کرنا) **کوٹ ڈالنا** (متعدی) ۱ کسی چیز سے ضرب لگانا- ضرب لگا کر ٹکڑے کرنا ۲ مارنا- **کوٹ کاٹ کر** (تف) ٹکڑے ٹکڑے کرکے- پیس کر ۲ بخوبی- بکثرت ۳ ازحد- **کوٹ کر رکھے بھر دینا یا بھرنا** (متعدی) اتنا بھرنا کہ برتن میں جگہ نہ رہے- اچھی طرح سے بھر دینا- **کوٹ کر موتی بھرنا** (متعدی) چمک کے واسطے موتیوں کو چورا کرکے بھرنا- آنکھوں کی چمک کی تعریف میں کہتے ہیں- **کوٹ کوٹ کر (رکھے)** (تف) ۱ بخوبی اچھی طرح سے ۲ ازحد- نہایت ۳ ٹھسا ٹھس- کھچا کھچ- **کوٹ کوٹ کر بھرا ہونا** (لازم) کثرت سے ہونا- **کوٹ کوٹ کر موتی بھرنا** (متعدی) ۱ آنکھوں کو چمکدار بنانا ۲ تمام حسن وخوبی کا ایک جا جمع کر دینا- **کوٹ کوٹ کے خوبیاں بھری ہیں**- طنزاً بہت عیب ہیں- **کوٹ کے بھر دینا یا بھرنا** (متعدی) دیکھو کوٹ کوٹ کر بھر دینا- **کوٹ کے بھرا ہونا** (لازم) کوئی خوبی کامل طور پر ہونا- **کوٹنا** (متعدی) ۱ چونے- چھت وغیرہ کو تھاپی سے پیٹنا ۲ کنکروں کو سڑک میں ڈال کر موگری سے دبانا ۳ بالوں پر خرمن کوب کو مار کر اناج نکالنا ۴ مارنا- زدوکوب کرنا ۵ تھاپ لگانا- چوب مارنا- ڈنکا لگانا ۶ عورت سے بیحد زنا کرنا ۷ پیسنا کے ساتھ بطور تابع کے استعمال ہوتا ہے-

مثل- کوٹو تو چونا نہیں تو خاک سے دونا- اگر چونے کو کوٹا جائے- تو بہت پکا ہو جاتا ہے- ورنہ کمزور رہتا ہے-

کوٹ (س- مذکر) ۱ ابھار ۲ اونچائی ۳ پہاڑ کی چوٹی- قلۂ کوہ ۳ سب سے اونچا- نہایت اعلٰے- اوّل ۴ ڈھیر- انبار ۵ گروہ- مجمع ۶ ہرن ۷

ہتھوڑا - موگری - کوبہ ۵ ہرنوں کو پکڑنے کا پھندا ۹ معمہ - پہیلی ۱۰ مشکل امر ۱۱ کوئی فقرہ یا عبارت جو سمجھ نہ آئے ۱۲ سازش - تجویز بہت سے آدمیوں کی ۱۳ ایک صورت سیارہ ۱۴ (مونث) نقل - مسخراپن ۱۵ دھوکا - فریب ۱۶ جھوٹ ۱۷ (صفت) جھوٹا - بے ایمان ۱۸ بے وفا -

کوٹ (س - مذکر) **کوٹا** (ہ) ۱ قلعہ - حصار ۲ مورچہ - رن گڑھ ۳ قلعہ کی دیوار - فصیل ۴ کھیت یا گاؤں کے گرد مٹی کی دیوار - احاطہ ۵ جادو کا حلقہ جو ریت یا راکھ سے بنائیں حصار سمر ۶ بدن جسم ۷ ٹیڑھاپن ۸ پلتھی (آکڑ بیٹھنا) - **کوٹ اُٹھانا** (متعدی) قلعہ بنانا - گڑھ بنانا - **کوٹ باندھ بیٹھنا** (لازم) ۱ پلتھی مار کر بیٹھنا ۲ آرام سے بیٹھنا - **کوٹپال** (مذکر) ۱ حاکم قلعہ - قلعہ کا سردار ۲ قلعہ کا دیوتا - **کوٹ گشتی** (مؤنث) وہ محکمہ جس کا کام شہر میں گشت اور بدمعاشوں کا انتظام کرنا -

کوٹ (انگ - مذکر) ایک قسم کا چغہ جس پر سامنے کی طرف بٹن لگے ہوتے ہیں - اور قمیص یا واسکٹ کے اُوپر پہنا جاتا ہے - جاکٹ (بنانا - بننا - پہنانا - پہننا - سلانا - سینا - کاٹنا وغیرہ کے ساتھ)

کوٹ (انگ - مذکر) کورٹ کا محرف -

کوٹ (ہ - صفت) ۱ زیادہ - بہت لاتعداد ۲ (مذکر) کروڑ -

کوٹ (س - مونث) ۱ سرا - آخیر ۲ چوٹی ۳ کنارا ۴ تلوار کی نوک ۵ ہلال کی نوک ۶ اُونچی جگہ ۷ مثلث قائم الزاویہ کا پہلو ۸ کروڑ -

کوٹا (انگ - مذکر) حصہ - حصۂ رسد جسے کوئی فرد یا جماعت ادا کرنے پر مجبور ہو یا پانے کی مستحق ہو -

کوٹر (س - مذکر) ۱ سوراخ جو درخت میں ہو ۲ غار - سوراخ ۳ ایک قسم کی ترکاری - **کوٹرا** (مونث) ایک قسم کی بیل - **کوٹری** (مونث) ۱ ننگی عورت

کوٹاسک (س - مذکر) ۱ مینڈک ۲ کیڑا -

کوٹل (ہ - صفت) جو کسی طرح نہ مانے اپنی بات یا جگہ پر قائم رہے -

کوٹلا (ہ - مذکر) ۱ چھوٹا قلعہ ۲ محلہ ۳ وہ جگہ جہاں متمول کا مال و اسباب رہتا ہے -

کوٹمب (س - مذکر) رشتہ - تعلق -

کوٹھ (ہ - مذکر) ۱ ایک قسم کا کوڑھ جس میں سفید دھبے پڑ جاتے ہیں ۲ داد -

کوٹھا (ہ - مذکر) ۱ پکی اینٹوں یا پتھروں کا مکان (بنانا - بننا - ہونا وغیرہ کے ساتھ) ۲ گودام - ذخیرہ ۳ اناج کا کھتا ۴ بالاخانہ ۵ کوٹھڑی ۶ دوکان - کوٹھی ۷ اندرونی مکان جس میں امیروں کا خزانہ یا مال و اسباب رہتا ہے ۸ مکان کی اُوپر کی چھت - کوئی منزل ۹ سینہ - بدن کے اُوپر کا حصہ - پیٹ ۱۰ رحم - بچہ دان ۱۱ (مدہ) (کا غذیا فارم پر) ۱۲ پہاڑ - س کوشک - اناج رکھنے کی کوٹھڑی) **کوٹھا بگڑنا** (لازم) معدے میں خلل ہونا - **کوٹھا ٹوٹنا** (لازم) نقب لگنا - **کوٹھا لے کر بیٹھنا - کوٹھے پر بیٹھنا** (لازم) چکلے میں کسب کرنے کے لئے بیٹھنا - **کوٹھڑی** (مونث) ۱ چھوٹا کمرہ جس میں ایک دروازہ ہوتا ہے - حجرہ ۲ چھوٹا مکان ۳ ذخیرہ - گودام ۴ کھتا -

کوٹھی (مونث) ۱ وہ مکان جو عموماً باغ میں ایک منزل کا بنایا جاتا ہے - اس کے اردگرد برآمدے ہوتے ہیں - بعض دفعہ ایک منزل سے زیادہ بھی ہوتا ہے - بنگلہ ۲ محل - قصر - ایوان ۳ کھتا ۴ اناج کا بڑا گلی ظرف جو اوپر سے چھوٹا اور نیچے سے چوڑا ہوتا ہے - اور اناج نکالنے کے لئے نیچے سوراخ ہوتا ہے ۵ لکڑی وغیرہ کا گول چکر جو کنوئیں کی دیوار کے نیچے رکھ کر گلاتے ہیں ۶ وہ اینٹوں اور چونے کا ستون جو پلوں کے نیچے بناتے ہیں ۷ بڑی دوکان - کارخانہ ۸ وہ مکان جو مہاجن روپے کے لین دین کے لئے اور تاجر اپنے سامان تجارت کے لئے بناتے ہیں ۹ صراف یا ساہوکار کی دوکان ۱۰ بندوق کا وہ حصہ جس میں بارود رہتی ہے ۱۱ خزانہ ۱۲ بینک ۱۳ بدن کا کوئی حصہ ۱۴ رحم - بچہ دان ۱۵ جانور یا گاڑی کا پیچھے کا حصہ ۱۶ نیام کی شام ۱۷ قحبہ خانہ - چکلہ - وہ جگہ جہاں خانگیاں جمع ہوں -

کوٹھے (مذکر) ۱ جمع کوٹھا کی ۲ حروف مغیرہ سے پہلے بجائے کوٹھا کے - **کوٹھیا** (مونث) تلفظ کٹھیا - دیکھو کوٹھی ۱۳ - **کوٹھی اُتارنا** (متعدی) **پڑنا** (لازم) **ڈالنا** (متعدی) دیکھو کوٹھی گلانا - **کوٹھی بیٹھ جانا یا بیٹھنا** (لازم) بینک کا دیوالہ نکل جانا - گھاٹا پڑنا - **کوٹھے پر بیٹھنا** (لازم) کسب کرنے کے لئے چکلے میں بیٹھنا - **کوٹھے چڑھنا** (مت) مشہور ہونا - **کوٹھی خانہ** (پ - مذکر) کوٹھی ۸ - **کوٹھی وار** (پ - مذکر) بڑا دکاندار - **کوٹھی کرنا یا کھولنا** (متعدی) ۱ صرافی یا ساہوکاری کی دکان جاری کرنا - بینک کھولنا ۲ سوداگری کی بڑی دکان کھولنا - کارخانہ جاری کرنا - **کوٹھی گھاٹ** (مونث) وہ کوٹھی جو دریا پر بناتے ہیں - **کوٹھی گلانا** (متعدی) کوئیں کی دیوار یا پُل کے ستون کے نیچے سے مٹی نکال کر تہ میں بٹھانا - **کوٹھی وال** (مذکر) ساہوکار - مہاجن - صراف - **کوٹھے والیاں** (مونث) رنڈیاں - کسبیاں -

امثال و اقوال - کوٹھی

اناج کوتوالی راج ۱ گھر میں کھانے کو ہو تو عزت بہت ہوتی ہے ۲ دولت اور حکومت دونو ہیں - **کوٹھے اُوپر لومڑی کیا دیوے گی** لومڑی (لومڑی) لوہڑی کے دن اگر کوٹھے پر کوئی عورت کچھ نہ دے تو کہتے ہیں - **کوٹھے چڑھ کر دیکھا گھر گھر ایک ہی لیکھا** - خانہ داری کے جھگڑے ہر جگہ ایک ہی طرح کے ہیں - **کوٹھی دھوئے کیچ ہاتھ لگے** بُرے کاموں کا نتیجہ بُرا ہوتا ہے - **کوٹھی کٹھلے کو ہاتھ نہ لگاؤ گھر بار (بی بی آپ کا) سب تمہارا** - ان عورتوں کے متعلق کہتے ہیں جو اپنی بہوؤں سے اچھا سلوک نہیں کرتیں - **کوٹھی میں چاول گھر میں اپاس** (بھوک) کنجوس یا بیوقوف کے متعلق کہتے ہیں - **کوٹھی میں دانے کود کود کمانے - ہو لئے دانے رہ گئے نمانے** - پیسہ پاس ہو تو آدمی بہت ہوشیار ہوتا ہے - اگر پاس کچھ نہ ہو تو کسی کام کا نہیں - **کوٹھی میں سے موٹھی نہیں نکلی** - ۱ اس جائداد کے متعلق کہتے ہیں جس میں سے ابھی کچھ خرچ نہ ہوا ہو ۲ اس جوان کے متعلق کہتے ہیں جس کو دنیا کی باتوں کا کچھ پتہ نہ ہو - **کوٹھے والا روئے چھپر والا سوئے** امیر کو ہر وقت فکر لگی رہتی ہے - غریب آدمی کو کوئی پروا نہیں ہوتی -

کوٹی (ہ۔ مونث) ۱ طنز۔
جلی کٹی۔ رنجش کی گفتگو ۲ ہجو۔
کوثر (ع۔ مذکر) ۱ بہشت کی
ایک نہر ۲ ایک حوض۔ جو بہشت کے باہر توقف
میں واقع ہے۔ **کوثر کی دھوئی زبان**
(مونث) پاک اور شستہ زبان۔
کوجاگر (س۔ مذکر) لفظی معنی کون
جاگتا ہے۔ اسوج کے مہینے کی ... کی رات یا
دیوالی۔ اس رات میں لچھمی اُترتی ہے۔ ہندوؤں
کا خیال ہے کہ جو اس رات کو جاگے۔ وہ بڑا
خوش قسمت ہوتا ہے۔ اس لئے ہندو جاگ کر
اور جوا کھیل کر رات گزارتے ہیں۔
کوُچنا (ہ۔ لازم) بولنا۔
کوَچ (انگ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا
پلنگ ۲ گدے دار بڑی کرسی جس پر دو تین آدمی
بیٹھ سکیں۔
کوَچ (س۔ مذکر) ۱ زرہ بکتر ۲ چار
آئینہ۔ جوشن ۳ تعویذ۔ جنتر۔ گنڈا ۴ طبل۔ نقارہ۔
دھونسا ۵ ایک درخت۔ کٹھل ۶ درخت کی چھال۔
کوُچ (ف۔ مذکر) ۱ ایک جگہ سے
دوسری جگہ جانا۔ روانگی ۲ سفر ۳ وفات۔ رحلت
موت۔ **کوچ بکوچ** ۔ پے درپے (جانا) **کوچ
بول دینا** (متعدی) روانگی کا حکم دینا۔ روانہ
ہوجانا۔ **کوچ کا دن** (مذکر) ۱ روانگی کا دن ۲
موت کا دن۔ **کوچ کا نقارہ کرنا** (متعدی)
ہونا (لازم) ۱ فوج کی روانگی کے وقت طبل کا بجنا
۲ مرجانا۔ مرنا۔ **کوچ کرنا** (متعدی) ۱ روانہ ہونا
سفر کرنا۔ وفات پانا ۲ رخصت ہونا۔ **کوچ (و)
مقام** (مذکر) چلنا اور ٹھہرنا۔ سفر اور منزل کرنا۔
کوچ ہونا (لازم) ۱ روانگی ہونا ۲ مرجانا۔
کوُچ (ہ۔ مذکر) ۱ پٹھا جو پاؤں کے پیچھے
ایڑی کے اوپر یا جو پاؤں میں ٹخنے کے نیچے ہوتا ہے۔ اگر کٹ جائے
تو انسان چل پھر نہیں سکتا ۲ جُلاہوں کا بڑا
برش جس سے تانی صاف کرتے ہیں (س کوُرچ۔
گھاس کا مٹھا) **کوچی** (مونث) ۱ سفیدی کرنے
کا موئے کا برش ۲ سونے چاندی کو صاف کرنے
کا برش ۳ داڑھی کو صابون ملنے کا برش ۴ گھوڑے
کا بدن صاف کرنے کا برش ۵ وہ برش جس سے
جلاہے تانی کے دھاگے درست کرتے ہیں ۶ مذاقاً
لمبی اور پتلی ڈاڑھی۔ **کوچی پھرنا** (لازم) **پھیرنا
یا کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) سفیدی ہونا۔ **کوچیں**
(مونث) کوچ کی جمع۔ **کوچیں کاٹنا** (متعدی) ۱
پُرانے زمانے کی ایک سزا ۲ پاؤں قلم کرنا۔
کوُچ (س۔ مذکر) ۱ چھاتی۔ سینہ
۲ عورت کی چھاتی۔
کوچ (انگ۔ مذکر) ۱ پالکی گاڑی ۲
کوچ بکس۔ **کوچ بکس** (مذکر) گاڑی کی وہ جگہ جہاں
کوچوان بیٹھتا ہے۔ یہ عام طور پر آگے اور پیچھے بھی
ہوتی ہے۔ **کوچبان۔ کوچوان** (مذکر) گھوڑا
گاڑی چلانے والا۔ **کوچوانی** (مونث) ۱ کوچوان کا
پیشہ ۲ کمہاروں کی اصطلاح ۔ کچھی۔ فٹن۔
کوُچ (س۔ مذکر) خشک ہوجانا۔
سوکھ جانا۔ دُبلا ہوجانا۔ **کوچاک** (صفت) خشک
سوکھا ہوا۔ دُبلا۔
کوچ (ہ۔ امر) کوچنا کا (س کرش۔
پھاڑنا) **کوچا** (مذکر) کسی نوکدار ہتھیار کا تھوڑا سا
زخم جو آر پار نہ ہو۔ کچوکا۔ **کوچا دینا** (متعدی) ۱
نوکدار چیز چبھونا۔ کچوکا لگانا۔ کچونا۔ کودنا ۲ طعنہ دینا
کوچا کریلا (صفت) جس کے منہ پر بہت سے
چیچک کے داغ ہوں۔ **کوچ دینا۔ کوچنا** (متعدی)
دیکھو کوچا دینا۔ **کوچے** (مذکر) کوچا کی جمع۔ دیکھو
کوچا دینا۔
کوُچارہ (ہ۔ مذکر) املی کی سبز پھلی جسے
نمک مرچ لگا کر کھاتے ہیں۔
کوچانا (ہ۔ متعدی) ۱ جیب میں
ڈالنا۔ کپڑوں میں کہیں رکھ لینا ۲ چُرانا۔
کوُچک (ف۔ مذکر) چھوٹا۔ خرد۔
ننھا۔ کوتہ۔ **کوچکی** (مونث) ۱ چھوٹاپن۔ خوردی ۲
ادوا رنگ۔
کوُچھار (ہ۔ مذکر) گود۔ بغل۔
کوُچیا (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹی املی ۲
کان کی لو۔
کوُد (ہ۔ امر) ۱ کودنا کا ۲ (مونث)
چھلانگ۔ پھلانگ۔ زقند (س کمند۔ توڑنا) **کودانا**
(متعدی) کودنا کا۔ تلفظ کُدانا۔ **کود پڑنا** (لازم)
کسی معاملے میں خواہ مخواہ دخل دینا۔ **کود پھاند**
(مونث) اُچھل کود۔ جست وخیز۔ دوڑ دھوپ۔
کود مارنا (ہ۔ متعدی) کودنا۔ چھلانگ مارنا۔
کودنا (لازم) ۱ اُچھلنا ۲ پھاندنا۔ جست لگانا ۳
پھولے نہ سمانا ۴ اترانا۔ **کودنا پھاندنا** (لازم)
خوشی کے مارے چھلانگیں مارتے پھرنا۔ اُچھلتے کودتے
پھرنا۔ **کودوانا** (ہ م) کودنا کا۔
**امثال و اقوال۔ کود پھڑے
کود نیری نلیوں میں کود۔** جب تک طاقت
ہے شرارتیں کئے جا۔ **کودتے کودتے پنجنیا
ہوجاتا ہے۔** مشق کرتے کرتے کامل ہوجاتا ہے
کود کو مچھلی بگلے کو کھائے۔ اُلٹا زمانہ۔ **کود ہوئے
کود نیری نلیوں میں کود۔ نکل گیا گود تو
رہ گیا مردود۔** جب تک بدن میں طاقت ہے
شرارتیں کئے جا۔ جب طاقت جاتی رہی تو کوئی
تجھے پوچھے گا بھی نہیں۔ **کودے پھاندے
توڑے تان۔ تاکا دنیا راکھے مان۔** جو
دنیا میں شور وغل بہت مچاتے اس کی دنیا بہت
عزت کرتی ہے۔ پرانے زمانے کے لوگوں کو بھی
پروپگنڈا کی وقعت معلوم تھی۔
کودک (ف۔ مذکر) بچہ۔ لڑکا۔ طفل۔
کودکان (مذکر) جمع کودک کی۔ **کودک مزاج**
(صفت) جس کی مزاج میں بچپن ہو۔ طفلانہ مزاج
کودکر (ف۔ مذکر) کھودنے والا
شخص۔
کودن (ف۔ صفت) ۱ کند ذہن
کند فہم ۲ احمق۔ نادان ۳ سست رفتار ۴ (مذکر)
بیوقوف آدمی ۵ لدو گھوڑا ۶ رستہ بھولا ہوا گھوڑا۔
کودنی (مونث) کند ذہنی۔ بیوقوفی۔
کوونڈ (س۔ مذکر) **کوونڈار** (ہ)
۱ کمان۔ قوس ۲ ابرو ۳ [illegible]
کودو۔ کودوں (ہ۔ مذکر) ایک قسم
کا سخت اور باریک غلہ (س کودرَو) **کودوں دلانا**
(متعدی) سخت کام لینا۔ محنت شاقہ کرانا۔ **کودوں
دے کے پڑھنا** (متعدی) کم خرچ کرکے پڑھنا
مفت پڑھنا۔ ناقص تعلیم پانا۔ **کودوں کا بھات**
(مذکر) ادنٰی درجے کا کھانا۔ کم قیمت کھانا۔
مثل۔ **کودوں کا بھات
کن بھاتوں میں۔ جیسا ساس کن سسر
میں۔** [illegible]
کوڈ (انگ۔ مذکر) قانون کی کتاب۔

کوڈ آف کرمنل پروسیجر (مذکر) ضابطہ فوجداری فوجداری کارروائی کے قانون کی کتاب۔

کور (ع۔ مونث) بہتات ۲ افراط۔ زیادتی۔

کور (س۔ مذکر) ۱ بالوں کی لٹ ۲ مینڈھی۔

کور (ھ۔ مذکر) نوالہ۔

کور (س۔ صفت) کڑوا۔ چڑچڑا۔

کور (ھ۔ صفت) ۱ بے رحم۔ ظالم۔ سفاک ۲ (مذکر) بے رحم آدمی ۳ زنا بالجبر کرنیوالا شخص۔

کور (ف۔ صفت) اندھا۔ نابینا۔ **کورانہ** (صفت) ۱ اندھوں کا سا ۲ ناسمجھی کا۔ **کور باطن** (صفت) کندفہم۔ کج طبع۔ کودن۔ ناسمجھ۔ **کور بخت** (صفت) بدنصیب۔ بدبخت۔ **کور بختی** (مونث) بدبختی۔ بدنصیبی۔ **کور چشم** (صفت) اندھا۔ **کور دل** (صفت) دیکھو کور باطن۔ **کور دہ** (مذکر) غیر مشہور گاؤں۔ غیر آباد یا چھوٹا گاؤں۔ **کور دیدہ** (صفت) اندھا۔ **کور مادر زاد** (صفت) جنم کا اندھا۔ پیدائشی اندھا۔ **کور نگاہ** (صفت) اندھا۔ **کور نمک** (صفت) ۱ ناشکرا۔ ناسپاس۔ احسان فراموش ۲ نمکحرام۔ **کور نمکی** (مونث) ۱ ناشکری ۲ نمکحرامی۔ **کور و کر** (صفت) اندھا اور بہرا۔ **کوری** (مونث) اندھاپن۔ مثل۔ **کور خر لنگ خر بسر محر**۔ اندھے اور لنگڑے سے کاروبار ہو سکتا ہے ضعیف سے کچھ نہیں ہو سکتا۔

کور (ھ۔ مونث) ۱ کنارا۔ حاشیہ۔ کنی۔ گوٹ۔ سرا ۲ اُپلے کا چورا ۳ کسی چیز کا ٹوٹا ہوا چھوٹا سا ٹکڑا ۴ کانٹا ۵ کھال کا ٹکڑا جو ناخنوں کے گرد پھوٹ آتا ہے۔ ریشہ ناخن ۶ کوئی معمولی اور چھوٹی سی چیز ۷ تھوڑا سا نقص یا کمی ۸ ایک قسم کا پتلا فیتہ جسے لباس کے گرد لگاتے ہیں ۹ کرڈ کون کوت۔ **کور دبنا** (لازم) مغلوب ہونا۔ عاجز ہونا۔ کنی دبنا۔ **کور کسر** (مونث) عیب۔ نقص۔ کمی۔ **کور کسر نکالنا** (متعدی)، **نکلنا** (لازم) کمی نکلنا۔ نقص جاتا عیب دور ہونا۔

کور (س۔ مذکر ہندی) نگلی کی پور ۲ کنی۔

کور (ھ۔ مونث) رحم۔ بچہ دان۔

کورا (ھ۔ صفت) ۱ مٹی کا جس میں ابھی پانی نہ پڑا ہو (برتن) ۲ نیا۔ غیر مستعمل ۳ بن لکھا سادہ ۴ تازہ بُنا ہوا۔ بغیر شوب پڑا ہوا۔ کلپ دار ۵ ان پڑھ۔ جاہل ۶ جس نے پڑھ لکھ کر بھلا دیا ہو ۷ خالی۔ خالی ہاتھ ۸ صاف۔ نلوہ۔ بے لاگ ۹ احمق۔ بیوقوف۔ نادان ۱۰ غریب۔ مفلس ۱۱ بن دھار کا۔ تیز نہ کیا ہوا ۱۲ تازہ سان رکھا ہوا جس سے ابھی کام نہ لیا ہو ۱۳ نہایت تیز۔ نہایت باڑھ دار ۱۴ خالص نرا ۱۵ بالکل۔ سرتا سر ۱۶ (ب) روکھا۔ بے مروت۔ بہونا۔ ناملنسار ۱۷ (مذکر) وہ کپڑا جس پر رنگ نہ دیا ہو یا جسے سفید نہ کیا ہو (س کومار۔ پاکدامن)۔ **کورا استرا** (مذکر) تازہ سان لگا ہوا استرہ۔ **کورا بچ جانا یا بچنا** (لازم) صاف بچنا۔ کسی آفت یا صدمے کا اثر نہ ہونا۔ بال بیکا نہ ہونا۔ **کورا برتن** (مذکر) ۱ نیا برتن ۲ کنواری لڑکی (عف)۔ **کورا پن** (ھ) ۱ نیا ہونا ۲ دوشیزگی۔ **کورا پنڈا** (مذکر) ۱ اچھوتا جسم ۲ دوشیزہ۔ بن بیاہی عورت۔ کنواری ۳ کنوارا آدمی۔ **کورا نہ زرد** (صفت) بالکل نیا۔ **کورا جانا** (لازم) خالی ہاتھ جانا۔ بالکل خالی جانا۔ **کورا رکھنا** (متعدی)، **رہ جانا** (لازم) ۱ محروم رہ جانا ۲ کچھ ہاتھ نہ آنا ۳ جاہل رہ جانا۔ کچھ نہ سیکھنا۔ **کورا سر** (مذکر) وہ سر جس کے بال نہ مونڈے گئے ہوں۔ **کورا کاغذ** (مذکر) کاغذ جس پر کچھ نہ لکھا ہو۔ **کورا لٹھا** (مذکر) وہ لٹھا جسے سفید نہ کیا ہو۔ **کورا نکل جانا** (لازم) بے لاگ بچ جانا۔ **کوری** (مونث) کورا کی۔ **کورے** (مذکر) ۱ جمع کورا کی ۲ حرف مغیرہ کے بعد بجائے کورا۔ **کوری آنکھ سے نہ دیکھنا** (متعدی) دیدے کی صفائی سے دیکھنا۔ بے حیائی سے دیکھنا۔ **کورے اُسترے سے سر منڈوانا** (مم)، **مونڈنا** (لازم) ۱ سوکھے یا تازہ سے سان لگے ہوئے اُسترے سے سر کے بال اُترنا ۲ رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا ۳ تمام مال و متاع لوٹ لینا۔ **کورے بال** (مذکر) وہ بال جو ابھی منڈے نہ ہوں۔ **کوری بندی** (مونث) ۱ نیا بندوبست ۲ گاؤں یا کھیتوں کی نئی فہرست۔

مثل۔ **کورے گھڑے میں چوہا**۔ ہر طرح سے ناکام۔ ہر طرح مصیبت۔

کوربا (ھ۔ مونث) ۱ خشکی ۲ قحط سالی ۳ امساک باراں۔ خشک سالی۔

کوربان (ھ۔ مذکر) ۱ سختی۔ اکڑ ۲ کلف۔

کورٹ (انگ۔ مذکر) ۱ کچہری۔ عدالت ۲ (متعدی) مرد عورت کا ایک دوسرے سے شادی کے ارادے سے ملنا۔ **کورٹ آف وارڈس** (مذکر) وہ محکمہ جس کے سپرد نابالغوں کی جائداد کا انتظام ہو۔ **کورٹ انسپکٹر** (مذکر) پولیس انسپکٹر جو سرکار کی طرف سے عدالتوں میں مقدمات کی پیروی کرتا ہو۔ پراسیکیوٹنگ انسپکٹر۔ **کورٹ شپ** (مونث) شادی سے پہلے منگیتروں کا ایک دوسرے سے ملاقات کرنا۔ **کورٹ مارشل** (مذکر) فوجی عدالت۔ جنگی یا جہازی افسروں کی پنچایت جو فوجی مجرموں کے مقدمات کا فیصلہ کرے۔ **کورٹ کرنا** (متعدی) کچہری کرنا۔ **کورٹ ہو جانا** (لازم) ۱ کسی کی جائداد کا کورٹ آف وارڈس کے متعلق ہو جانا ۲ قرق ہو جانا۔

کورس (انگ۔ مذکر) نصاب تعلیم۔

کورس (انگ۔ مذکر) سنگت۔

کورک (س۔ مذکر) کلی۔ شگوفہ۔

کورکان (ف۔ مذکر) تیمور کا لقب۔

کورگ (س۔ مذکر) حلقی حروف۔ وہ حروف جو گلے سے نکلیں۔ یہ پانچ ہیں ک۔ کھ۔ گ۔ گھ۔ ن۔

کورم (س۔ مذکر) کچھوا۔

کورم (انگ۔ مذکر) کسی مجلس یا انجمن وغیرہ کے ارکان کی وہ تعداد جس کی موجودگی کے بغیر جلسہ یا انجمن کی کوئی کارروائی جائز نہیں ہو سکتی۔

کورنا (ھ۔ متعدی) ۱ کھودنا ۲ کھرچنا۔

کورنش (ف۔ مونث) ۱ آداب۔ تسلیمات ۲ شاہی سلام جو بہت جھک کر ہوتا ہے۔ **کورنشات** (مونث) سلامیں۔ بار بار سلام کرنا۔ **کورنش بجا لانا** (متعدی) تسلیم عرض کرنا۔

کورنگی (س۔ مونث) چھوٹی الائچی۔

کورنی (ھ۔ مونث) ۱ کڑچھی ۲

کندہ کرنے کا اوزار۔

کورو (ہ۔ مذکر) ۱ شہتیر ۲ (ہ) جب کہ جس سے غریب لوگ چھتیں پاٹتے ہیں۔

کورو (ہ۔ مذکر) دیکھو کُرو۔

کُورہ (ف۔ مذکر) انگیٹھی۔ بھٹی۔

کورہ (ف۔ مذکر) ۱ پانچواں حصہ ۲ ایران کو قدیم زمانے میں پانچ حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔ اردشیر۔ اسطخر۔ داراب۔ شاپور۔ قباد۔ ہر ایک کو کورہ کہتے ہیں۔

کوری (ہ۔ مونث) ۱ انتیج شاخ ۲ وہ تقسیم جس کا خاص نام رکھا جاتے ۳ کرد (؟) تجزیہ لگان چار چیزوں پر۔ ہل۔ آدمی۔ چولھا۔ اور مویشی۔

کُوڑ (ہ۔ صفت) دیکھو کوڑھ۔

کوڑھ پن۔ پنا۔ مغز یا مغزی۔ دیکھو کوڑھ پن وغیرہ۔

کوڑا (ہ۔ مذکر) بڑی کوڑی۔ کوڑا بھر (صفت) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ چٹکی بھر۔ کوڑے کر ڈالنا (متعدی) ۱ اونے پونے بیچ ڈالنا ۲ دوسرے کا مال بیچ کر خود خرچ کر ڈالنا۔

کوڑا (ہ۔ مذکر) ۱ خس و خاشاک۔ خار و خس۔ کرکٹ۔ خاکروبہ۔ بُہارن ۲ خراب اور نکمی چیز۔ الابلا۔ آخور (س) کُرکُٹ) کوڑا پھیلانا (متعدی) خس و خاشاک پھیلانا۔ ایسا کام کرنا جس سے کوڑا ہی کوڑا ہو جائے۔ کوڑا کرکٹ (مذکر) دیکھو کوڑا۔ کوڑا کرکٹ سمجھنا (لازم) فضول خیال کرنا۔ کوئی وقعت نہ سمجھنا۔ کوڑا کرنا (متعدی) دیکھو کوڑا پھیلانا۔ کوڑا لگنا (لازم) کوڑا جمع ہو جانا۔ کوڑی (مونث) وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ ڈالتے ہیں۔

کوڑا (ہ۔ مذکر) ۱ چابک۔ سانٹا ۲ دُرّہ۔ تازیانہ ۳ تنبیہ۔ گوشمالی (س کپرد ک) کوڑا پھٹکارنا (متعدی) ۱ کوڑا مارنا ۲ کوڑے کو زور سے ہلا کر آواز نکالنا۔ کوڑا جڑنا (متعدی) کوڑا مارنا۔ کوڑا کرنا (متعدی) ۱ چابک لگانا ۲ مارپیٹ کرنا ۳ گوشمالی یا تنبیہ کرنا۔ کوڑا کھانا (متعدی) کوڑے کی مار کھانا۔ کوڑا لگانا (متعدی)۔ لگنا (لازم) ۱ مار پڑنا ۲ تنبیہ ہونا۔ کوڑا مارنا (لازم) چابک سے مارپیٹ کرنا۔ کوڑا ہونا (لازم) ۱ چابک لگنا ۲ تنبیہ ہونا ۳ تیزی ہونا۔ اشتعال کا باعث ہونا۔ کوڑے (مذکر) ۱ کوڑا کی جمع ۲ بجائے کوڑا حروف مغیرہ سے پہلے۔ کوڑے کی چوٹی (مونث) ایک قسم کی چوٹی جو کوڑے کی طرح گوندھی جاتی ہے۔

کوڑانا (ہ۔ مم) ۱ کھو کھلا کرانا۔ اندر سے کھدوانا ۲ کھدائی کا کام کروانا۔ کندہ کرانا۔

کوڑائی (ہ۔ مونث) کھدائی یا کندہ کرانے کی اُجرت۔

کوڑ دبنا (ہ۔ لازم) لاچار ہونا۔ دبنا۔ سامنا نہ کر سکنا۔

کوڑنا (ہ۔ متعدی) ۱ کھودنا۔ کھو کھلا کرنا ۲ کھدائی کا کام کرنا۔ کندہ کرانا۔

کوڑوالا (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو کوڑیالا ۲ (صفت) گندھا ہوا ۳ داغدار۔ دھبے دار ۴ وہ جس پر کوڑیوں کے نشان ہوں۔

کوڑھ (ہ۔ صفت) ۱ سست ۲ کند ذہن ۳ بیوقوف۔ احمق۔ پھوہڑ (س۔ کُنٹھ) کوڑھ پن یا پنا (ہ۔ مذکر) ۱ بدسلیقگی۔ بدتمیزی ۲ بیوقوفی۔ حماقت۔ کوڑھ مغز (صفت) ۱ بیوقوف۔ احمق ۲ بے سلیقہ۔ کوڑھ مغزی (مونث) دیکھو کوڑھ پن۔ کوڑھ مغزی کی بات (مونث) بیوقوفی کی بات۔

مثل۔ کوڑھ اور ڈھیٹ۔ بیوقوف اور ضدی۔

کوڑھ (ہ۔ مذکر) ایک بیماری جس سے انگلیاں وغیرہ گل کر گر پڑتی ہیں۔ اور بدن پر جا بجا زخم ہو جاتے ہیں۔ جذام (س۔ ...) کوڑھ ٹپکنا یا چونا (لازم) جذام کی وجہ سے بدن پر زخم ہو کر مواد بہنا۔ کوڑھ ہونا (لازم) جذام ہو جانا۔ کوڑھی (مذکر) ۱ وہ شخص جسے کوڑھ ہو۔ جذامی ۲ سست۔ کاہل۔ کوڑھی کلنکی (صفت) گنہگار۔ پاپی۔ فاسق و فاجر۔

امثال و اقوال۔ کوڑھ میں کھاج۔ مصیبت پر مصیبت۔ کوڑھی ڈر لاگے تھوک سے۔ کوڑھی کی تھوک سے کوڑھ ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ اس لئے کوڑھی کچھ حاصل کرنے کے لئے تھوک سے ڈراتے تھے۔ کوڑھی کٹنیا مُنگرا سن آنتی۔ آر پار بیٹھے گرست دانتی (ہ) سست کھیتی کاٹنے والے کو بڑی بڑی پولیاں ملتی ہیں اور جو بہت کام کرتے ہیں انہیں گرا پڑا۔ بُرے لوگ اچھی حالت میں ہوتے ہیں۔ نیکوں کو تکلیف ہوتی ہے۔ کوڑھی کو دال بھات کماسُت کو پھٹا (ہ) سست کو اچھی چیزیں ملتی ہیں اور محنتی کو کچھ بھی نہیں۔ کوڑھی کے جوں نہیں پڑتی۔ مصیبت میں کوئی ساتھ نہیں دیتا۔ کوڑھی مرے سنگتی چاہے۔ مصیبت زدہ دوسروں کو بھی مصیبت میں دیکھنا چاہتا ہے۔

کوڑھن (ہ۔ صفت) ۱ وہ جسے کوڑھ ہو ۲ (مذکر) کوڑھی ۳ (مونث) کوڑھی عورت۔

کوڑھنا (ہ۔ متعدی) پیر نا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔

کوڑھی (ہ۔ مونث) ۱ اناج کا ڈھیر ۲ مکان ۳ خاندان ۴ مکان پر ٹیکس ۵ حصہ۔ کوڑھی کرنا (متعدی) ۱ ڈھیر لگانا ۲ تقسیم کرنا۔

کوڑی (ہ۔ مونث) ۱ سمندر کے کیڑوں کے چھوٹے چھوٹے خول جو بطور سکہ استعمال ہوتے ہیں۔ خرمہرہ۔ چھوٹا سکہ ۲ سینے کے نیچے کا گڑھا ۳ کٹار کی موٹی نوک ۴ تھوڑے سے تھوڑا مال۔ حیفہ۔ پائی۔ دمڑی ۵ مقدار قلیل ۶ (ہ) روپیہ۔ دولت ۷ قیمت ۸ کمائی ۹ کرایہ ۱۰ غدود۔ گلٹی (س کپرد) کوڑیا (صفت) وہ جو کوڑیاں پہنے ہو۔ کوڑیا غلام (مذکر) پُرانے زمانے میں غلاموں کو کوڑیاں پہنا دیتے تھے جو غلامی کی نشانی تھی۔ مفت کا نوکر۔ بے عزت شخص۔ کوڑیاں (مونث) کوڑی کی جمع۔ کوڑیاں کرنا (متعدی) کوئی جنس سستی فروخت کرنا۔ کوڑی بھر (صفت) تھوڑا سا۔ کوڑی پاس نہ ہونا (لازم) بہت غریب ہونا۔ کوڑی پھرنا (لازم) کسی امر پر چند آدمیوں کا متفق ہو جانا (لشکریوں کی اصطلاح) کوڑی پھیرا کرنا (متعدی) بہت سے پھیرے کرنا۔ بار بار آنا جانا۔ اگلے زمانے میں مزدور ایک مٹی کی ٹوکری ڈال کر چند کوڑیاں لیتے تھے۔ اس سے یہ محاورہ ہوا۔ کوڑی جگن مگن چھپول یا زغند (مذکر) بچوں کا ایک کھیل۔ کوڑی خرچنا (متعدی) تھوڑا سا

خرچ کرنا۔ **کوڑی دانتوں سے اُٹھانا** (متعدی) بہت خست یا کنجوسی کرنا۔ **کوڑی دُکان مانگنا** (لازم) کمال ذلت سے بھیک مانگنا۔ **کوڑی کا کر دینا** (متعدی) بے عزت کرنا۔ ذلیل کرنا۔ **کوڑی کا مال نہیں** خراب مال ہے خریدنے کے قابل نہیں۔ **کوڑی کا ہو جانا** (لازم) نہایت بیقدر ہو جانا۔ نکمّا ہو جانا۔ ذلیل ہو جانا۔ **کوڑی کفن کو نہ ہونا** (لازم) نہایت محتاج اور مفلوک ہونا۔ **کوڑی کوڑی** (تف) ۱ ایک ایک کوڑی ۲ حبہ حبہ۔ دام دام۔ کل رقم ۳ تھوڑا تھوڑا۔ ذرا ذرا۔ **کوڑی کوڑی ادا کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) بالکل ادا ہونا۔ بیباق ہونا۔ **کوڑی کوڑی بھر پانا** (لازم) کل وصول پانا۔ **کوڑی کوڑی بھیک مانگنا** (متعدی) ذلت سے بھیک مانگنا۔ **کوڑی کوڑی پہ جان دینا** (متعدی) بہت سخت کنجوسی کرنا۔ **کوڑی کوڑی پہ دانت رہنا** (لازم) بہت لالچی ہونا۔ **کوڑی کوڑی جوڑنا** (متعدی) نہایت کنجوسی یا خست سے روپیہ جمع کرنا۔ **کوڑی کوڑی کا حساب** (مذکر) چھوٹی سے چھوٹی رقم کی آمدنی و خرچ کا حساب (دینا۔ رکھنا۔ لینا۔ مانگنا وغیرہ کے ساتھ) **کوڑی کوڑی کو تنگ** (حیران) **ہونا** (لازم) بہت مفلس ہونا۔ **کوڑی کوڑی لینا** (متعدی) ۱ سارا قرضہ وصول کرنا ۲ کچھ نہ چھوڑنا۔ سب لے لینا۔ **کوڑی کوڑی ہو جانا** (لازم) بہ قیمت بیقدر یا ذلیل ہو جانا۔ **کوڑی کوس دوڑانا** (متعدی) ۱ بڑی محنت لینا۔ بہت مشقت کرانا ۲ تکلیف دینا۔ **کوڑی کوس دوڑنا** (لازم) ۱ ایک کوڑی کے واسطے کوس کوس بھر دوڑنا۔ نہایت لالچی اور حریص ہونا ۲ نہایت محنت و مشقت کرنا۔ بہت کوشش وسعی کرنا۔ **کوڑی کو نہ پوچھنا** (متعدی) ۱ مفت بھی نہ لینا۔ کچھ قیمت نہ لگانا ۲ ذرا قدر نہ کرنا۔ بات نہ پوچھنا ۳ نہایت حقیر جاننا۔ خاطر میں نہ لانا۔ **کوڑی کو نہ لینا** (متعدی) دیکھو آخری ۱ **کوڑی کی آمد نہ ہونا** (لازم) کچھ بھی آمدنی نہ ہونا۔ **کوڑی کی بات** (عزت) **ہو جانا** (لازم) بہت بے آبروئی ہونا۔ ذرا عزت نہ رہنا۔ بہت بے قدر ہونا

کوڑی کے تین تین (صفت) ۱ نہایت ارزاں۔ بہت سستے۔ ایک کوڑی میں تین ۲ نہایت بے قدر۔ بے وقر۔ ذلیل و خوار (بکنا۔ ہونا کے ساتھ) **کوڑی کے دو دو بکنا** (لازم) نہایت ارزاں اور سستا بکنا۔ **کوڑی کے کام کا** (صفت) نکمّا۔ بیکار۔ [illegible] (نہ ہونا کے ساتھ) **کوڑی کے مول بکنا** (لازم) نہایت سستا بکنا۔ بہت ارزاں بکنا۔ **کوڑی میں تین مزے** ۔ کھٹے کے پھانک بیچنے والوں کی آواز۔ جس سے یہ مراد ہے کہ ایک کوڑی میں کھٹے کی پھانک دیتا ہوں۔ جس میں نمک مرچ اور ترشی ہے۔ **کوڑیا** (مونث) کوڑی کی جمع حروف مغیرہ کے ساتھ۔ **کوڑیوں کے مول یا مولوں** (مذکر) ۱ نہایت سستا ارزاں ۲ کم قدر۔ بے قدر (بکنا۔ بکوانا۔ بیچنا۔ لینا۔ ہونا کے ساتھ) **کوڑیوں کے مول چلنا** (لازم) نہایت سستا فروخت ہونا۔ **کوڑیوں کے مول ڈھالنا** (متعدی) سستا بیچنا۔ ارزاں بیچنا۔ **کوڑیوں کے مول لینا** (متعدی) ارزاں خریدنا۔ سستا لینا۔ **کوڑیوں کے مول نہ لینا** (متعدی) ۱ مفت بھی نہ لینا ۲ بے قدر سمجھنا۔

امثال و اقوال۔ کوڑی

پاس نہیں پڑی افیم کی چاٹ۔ کوڑی پاس نہیں چلے باغ کی سیر۔ غریب آدمی کو بہت خرچ کرنے کی عادت۔ **کوڑی پہ خون نہیں ہوتا۔** معمولی بات کے لئے کوئی کسی کا نقصان نہیں کرتا۔ **کوڑی کوڑی مایا جوڑے جوڑ میں دھرتا ہے جس کا لہنا وہی کھاوے پاپی بر یہ مرتا ہے۔** کنجوس پاپی مشقت بھر کر جوڑتا ہے۔ پھر جس کو نصیب ہوتا ہے وہی کھاتا ہے۔ **کوڑی کوڑی مایا جوڑی کر باتیں چھل کی۔ بھاری بوجھ دھرا سر اور برس بدھ ہو ہلکی۔** دھوکے بازی سے روپیہ جمع کیا اور سر پر گناہوں کا بوجھ لیا۔ اب یہ کسی طرح ہلکا نہیں ہو سکتا۔ **کوڑی کے تین تین ہیں۔** نہایت خوار ذلیل ہیں۔ **کوڑی کے واسطے مسجد ڈھاتے ہیں۔** اس قدر کنجوس ہیں کہ تھوڑی سی بچت کے لئے بہت سا نقصان کرتے ہیں۔ **کوڑی گانٹھ کی جورو ساتھ کی۔** روپیہ وہی اپنا ہے جو پاس ہو اور بیوی وہ جو ساتھ رہے۔ **کوڑی نہ رکھ کفن کو بنجو کی شکل بن رہ۔** فضول خرچ کے متعلق کہتے ہیں۔ **کوڑی نہ ہو تو کوڑی پھر کوڑی کے تین تین ہیں۔** غریب آدمی کی بہت بے قدری ہوتی ہے۔ **کوڑی (نا ہیں) نہیں گانٹھ میں چلے باغ کی سیر۔** دیکھو کوڑی پاس نہیں۔

کُوڑی (ہ۔ مونث) ۱ لوہے کا خود ۲ وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ ڈالا جائے۔ **کوڑی پر پھلیل ڈالنا** (متعدی) بے فائدہ کوئی اچھی چیز ضائع کرنا۔

کوڑمی (ہ۔ مونث) ۱ بیس چیزیں ایک بیسی ۲ (ہ) تالاب کے ایک طرف ڈھلوان پکی جگہ جہاں سے فالتو پانی نکل جاتا ہے (س کوتی)

کوڑیا (ہ۔ مذکر) ۱ ٹوٹا دروازہ۔

کوڑیالا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا کالا سانپ جس کے بدن پر سفید پٹیاں ہوتی ہیں ۲ امیر آدمی۔ متمول آدمی۔

کُوز (ف۔ صفت) خمیدہ۔ ٹیڑھا۔ **کوز پشت** (صفت) کبڑا۔ خمیدہ پشت۔ **کوزہ** (مذکر) ۱ آبخورہ ۲ ڈونگا۔ دستی دار ظرف۔ قلفی ۳ وہ مصری جو مٹی کے آبخوروں میں گول گول ڈلے بنا کر بیچتے ہیں ۵ مٹی کا باسن یا برتن۔ ظروف گلی ۶ ایک قسم کا گلاب ۷ (صفت) ٹیڑھا۔ خمیدہ۔ **کوزہ گر** (مذکر) کمہار۔ **کوزۂ بنات** (مذکر) ۱ مصری کا کوزہ ۲ مجازاً کوئی نہایت میٹھی چیز۔ **کوزے** (مذکر) ۱ کوزہ کی جمع ۲ حروف مغیرہ سے پہلے بجائے کوزہ کے۔ **کوزیاں** (مونث) مٹی کے آبخورے لمبے اور گلے کے بیچ سے پتلے۔ **کوزے میں دریا بند کرنا** (متعدی) کسی بڑے مضمون کو نہایت مختصر کر کے بیان کرنا یا لکھنا۔

مثل۔ کوزے ڈھلیں کے ماٹ۔ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ بوڑھا پہلے مرے یا بچّہ۔

کُوس (ف۔ مذکر) بڑا نقارہ۔ طبل۔ **کوس رحلت یا رحیل** (مذکر) کوچ کا نقارہ۔ **کوس رحلت بجنا** (مذکر) ۱ کوچ

کا نقارہ بجنا ۲ موت کا وقت آنا۔

کوس (ہ۔ مذکر) ۱ ایک فاصلہ جو ۱½ سے دو میل تک ہوتا ہے (س کروش۔ دھا کرش آواز دینا۔ یہ فاصلہ اتنا تھا جہاں تک آواز جاتی تھی) ۲ آستین کا جوڑ یا کف (س کوش)

کوس پڑنا (لازم)، **چڑھانا یا ڈالنا** (متعدی) آستینوں کے آگے جوڑ ڈال کر لمبا کرنا۔ کف لگانا۔ **کوس کھلنا** (لازم) کف کا بخیہ کھل جانا۔ **کوسوں** (تف) دور تک۔ **کوسوں بھاگنا** (لازم) سخت نفرت کرنا۔ **کوسوں پیچھے رہنا** (لازم) بہت پیچھے رہنا۔ **کوسوں تک** (تف) دور تک۔ **کوسوں دور** (تف) بہت دور۔ **کوسوں دور بھاگنا** (لازم) سخت نفرت کرنا۔ **کوسوں دور رہنا** (لازم) نہایت دور رہنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔ وحشت کرنا۔ **کوسوں دور ہونا** (لازم) ۱ بہت دور ہونا ۲ پاس تک نہ جانا۔ الگ رہنا۔ بچنا۔

امثال۔ کوس چلی نہیں بابا پیاسی۔ کوس نہ چلی بابل پیاسی۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو تھوڑا سا کام کرنے کے بعد تھکاوٹ کی شکایت کرنے لگے۔

کوس (ہ۔ امر) کوسنا کا (کرش چیخنا)

کوسا (مذکر) بد دعا۔ سراپ۔ **کوسا کاٹی** (مونث) بد دعا۔ سراپ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **کوسا کاسی** (ہ۔ مونث) بد دعا۔ سراپ۔ **کوسا کرنا** (متعدی) بد دعا دینا۔ **کوسا لگنا** (متعدی) بد دعا کا اثر ہونا۔ **کوس کوس کے کھا جانا** (لازم) کوسنے دے کر تباہ کر ڈالنا۔ بد دعائیں دے کر مار ڈالنا۔ **کوسم کاٹا** (مونث) ایک دوسرے کو کوسنا۔ **کوسنا** (متعدی) ۱ بد دعا دینا ۲ برا بھلا کہنا ۳ پیٹنا۔ ماتم کرنا ۴ (مذکر) بد دعا۔ سراپ۔ **کوسنا پیٹنا یا کاٹنا** (متعدی) برا بھلا کہنا۔ بد دعا دینا۔ **کوسنا لگ جانا یا لگنا** (لازم) بد دعا کا اثر ہو جانا **کوسنا لینا** (متعدی) ایسی بات کرنا جس کی وجہ سے کوئی بد دعا دے۔ **کوسنے** (مذکر) جمع کوسا کی۔ **کوسنے پڑنا** (لازم) کوسا دیا جانا۔ **کوسنے دینا** (متعدی) بد دعائیں دینا۔ **کوسے** (تف) ۱ کوسنے سے ۲ (صفت) وہ جسے کوسا جائے۔

امثال۔ کوسے جئیں ایسے مریں۔ دنیا کے عجیب معاملات ہیں جنہیں بد دعائیں ملتی ہیں وہ جیتے رہتے ہیں۔ جنہیں لوگ دعائیں دیتے ہیں وہ مر جاتے ہیں۔ **کوسے جئیں نہ مریں ناحق دل ناخوش کریں۔** بد دعائیں دینے سے اچھا برا کچھ نہیں ہوتا۔

کوسا (ہ۔ مذکر) کسی دو دال والے پودے کی پھلی جیسے مٹر۔

کوسک (ہ۔ مذکر) راجپوتوں کی ایک قوم۔

کوسل (ہ۔ مونث) شگوفہ۔ نیا پتا جو پھوٹے۔

کوسہ (ف۔ صفت) وہ جس کی ڈاڑھی نہ ہو یا تھوڑی سی ہو۔

کوش (ف۔ مونث) ایک قسم کا جوتا جس کی ایڑی نہیں ہوتی۔ سلیپر۔

کوش (ف۔ صفت) ۱ کوشش کرنے والا۔ محنت کرنے والا ۲ اقدام کرنے والا مرکبات کے آخر میں۔ **کوشاں** (صفت) کوشش کرنے والا۔ **کوشش** (مونث) ۱ محنت مشقت ۲ دوڑ دھوپ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **کوشی** (مونث) کوشش کرنا۔ محنت کرنا۔ مرکبات کے آخر میں۔

کوش (س۔ مذکر) ۱ برتن۔ ظرف ۲ صندوق۔ ٹرنک ۳ الماری ۴ پانی یا کسی اور مائع کا برتن ۵ گھڑا۔ بالٹی۔ پینے کا پیالہ ۶ بادل ۷ نیام۔ میان ۸ ڈھکنا ۹ غلاف۔ پوشش ۱۰ پودے کا غلاف ۱۱ ذخیرہ۔ گدام ۱۲ خزانہ ۱۳ وہ کمرہ جہاں روپیہ پیسہ یا زیور رکھا جائے ۱۴ ایک قسم کی پٹی جو چوٹوں پر باندھی جاتی ہے ۱۵ لغت۔ ڈکشنری ۱۶ غزلوں یا نظموں کا مجموعہ۔ فقروں کا مجموعہ ۱۷ کلی ۱۸ پھلی۔ ڈوڈا ۱۹ لونگ ۲۰ اخروٹ۔ ناریل وغیرہ کا سخت چھلکا ۲۱ کویا ۲۲ انڈا ۲۳ فوطہ ۲۴ فوطوں کا غلاف ۲۵ رحم۔ بچہ دان ۲۶ اندام نہانی۔ شرمگاہ ۲۷ آلہ تناسل ۲۸ تجویز۔ تحقیقات ۲۹ پانی جس کے ذریعہ آزمائش کریں ۳۰ قسم ۳۱ گیند ۳۲ دھاگوں کا گولا۔

کوشٹھ (س۔ مذکر) ۱ کھتہ۔ اناج کا ذخیرہ ۲ گدام ۳ کمرہ ۴ بڑی آنت۔ رودہ۔

کوشک (س۔ مذکر) ۱ انڈا۔ بیضہ ۲ فوطہ۔

کوشل (س۔ مذکر) ۱ خیر و عافیت خیریت۔ خیر صلاح۔ کھیم کشل ۲ بہتری۔ بھلائی۔ بہبودی ۳ اقبالمندی۔ طالعمندی۔ خوش قسمتی ۴ خوشی۔ فرحت ۵ اچھا واقعہ ۶ کاریگری۔ صناعی ۷ قابلیت۔ لیاقت ۸ تجربہ ۹ منصوبہ۔ تدبیر۔ تجویز۔ **کوشلی** (مونث) ۱ دوستانہ طور پر خیر و عافیت پوچھنا ۲ صاحب سلامت۔ سلام۔ نمستے ۳ نذر۔

کوشی (ف۔ مونث) چھوٹا سلیپر عورتوں کا سلیپر۔ یہ لفظ ہندیوں نے کوش سے بنایا ہے۔ فارسی میں مستعمل نہیں۔

کوفت (ف۔ مونث) ۱ مارنا۔ کوٹنا ۲ سونے کو لوہے میں جڑنا ۳ صدمہ۔ رگڑ ۴ تھکاوٹ ۵ غم۔ رنج ۶ درد ۷ تکلیف ۸ رنجیدگی۔ ملال (کوفتن۔ کوٹنا) **کوفت اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) مصیبت یا صدمہ برداشت ہونا۔ **کوفت پر کوفت اٹھانا** (متعدی) صدمے پر صدمہ برداشت کرنا۔ **کوفت سے دل ہونا** (لازم) ملال ہونا۔ رنجش ہونا۔ **کوفت کا کام** (مذکر) وہ کام جو کٹائی کر کے بنایا جاتا ہے۔ **کوفت کھانا** (لازم) رنج کا برداشت کرنا۔ جی جلانا۔ **کوفت گر** (مذکر) ۱ کوفت کا کام کرنے والا شخص ۲ ملمع گر ۳ سونے کے ورق بنانے والا آدمی۔ **کوفت گری** (مونث) ۱ کوفت کرنا ۲ ملمع ۳ سونے کے ورق بنانا۔ **کوفت گزرنا** (متعدی) رنج اور صدمہ گزرنا۔ **کوفتگی** (مونث) ۱ مارنا۔ کوٹنا ۲ دبانا۔ رگڑنا۔ لتاڑنا ۳ صدمہ۔ ضرر۔ **کوفت و کوب** (مونث) مارنا۔ کوٹنا۔ **کوفتہ** (صفت) ۱ جسے صدمہ یا رنج پہنچا ہو۔ آفت کشیدہ۔ ضرر رسیدہ ۲ (مذکر) قیمے کے گول یا لمبوترے کباب۔ **کوفتہ بیختہ** (تف) کوٹ چھان کر۔ **کوفتے** (مذکر) جمع کوفتہ کی۔ قیمے کے گولے جن کا شوربہ بنایا جائے۔

مثل۔ کوفتہ رانان نہی (حلوائے لبے دو دست) کوفتہ است

منہ پلنے ہوئے شخص کے لئے سوکھی روٹی بھی غنیمت ہے

کُوک (س۔ مذکر) ۱ لکڑبتا ۲ کھبی ۳ لقمہ۔

کُوک (ہ۔ مونث) ۱ آواز۔ صدا ۲ سُریلی آواز ۳ کوئل یا فاختہ کی آواز ۴ آواز بلند ۵ مور کی آواز ۶ چیخ۔ کیک۔ کلکاری ۷ شور غل۔ فغاں ۸ واویلا۔ آہ وزاری۔ آہ و نالہ ۹ وہ آواز جو کوک کے رات کو سلتے وقت ایک دوسرے کو مارتے ہیں (س کُو۔ چیخنا) ۱۰ گھڑی یا باجے وغیرہ میں چابی دینا ۱۱ لپیٹنا جیسے سوت کا (س کُرُنچ۔ گول ہونا) **کوکا** (مذکر) سکھوں کا ایک فرقہ جس کی بنا رام سنگھ نے ۱۸۶۷ء میں رکھی تھی۔ چونکہ یہ تقریر کرتے وقت بہت چیختا تھا۔ اس لئے یہ نام ہوا۔ **کوک اُتر جانا یا اُترنا** (لازم) گھڑی وغیرہ کو چابی کی ضرورت ہونا۔ سپرنگ کھل جانا۔ **کوکا بسٹ** (ہ) بڑیخنا چلانا۔ **کوک چڑھنا** (لازم) گھڑی وغیرہ میں چابی زیادہ لگ جانا۔ سپرنگ۔ زیادہ کس جانا۔ **کوک دینا** (متعدی) ۱ گھڑی یا باجے میں کنجی دینا ۲ آواز یا صدا دینا۔ **کوک کرنا یا مارنا** (متعدی) چیخ مارنا۔ ہانک مارنا۔ آواز لگانا۔ **کوکنا** (لازم) ۱ گھڑی وغیرہ کو چابی لگانا ۲ چیخنا۔ چلانا ۳ درد کی آواز نکالنا ۴ کوئل کا بولنا ۵ فاختہ کا کوکو کرنا ۶ مور کا چنگھاڑنا ۷ بنبیر کو چگانا ۸ لپیٹنا سوت کا۔

مقولہ۔ کوک کروں تو جگ ہنسے چپکے لاگے گھاؤ ایسے کٹھن سینہ کو کے بد کروں اپاؤ۔ عشق کی تعریف ہے اگر آواز نکالوں تو لوگ ہنسیں اور چپ رہوں تو سخت تکلیف ہو۔ اس کا کیا علاج کیا جائے۔

کُوک (ت۔ مذکر) ۱ کچی سلائی۔ ترپائی۔ لمبے لمبے ٹانکے ۲ دھاگا ڈالنا۔ **کوک دینا** (متعدی) **کوکنا** (ہ) کچی سلائی کر دینا۔ ٹانکے دینا۔

کوک (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا کوئلہ جو کوئلے سے تیار کرتے ہیں۔ یہ دھواں نہیں دیتا۔ اس کا کول سے یہی تعلق ہے جو کوئلے کا لکڑی سے۔

کُوک (س۔ مذکر) ۱ کوئل ۲ سرخ راج ہنس ۳ بھیڑیا ۴ مینڈک ۵ چھپکلی ۶ جنگلی کھجور ۷

کوکا (ہ۔ مذکر) ۱ چھوٹی کیل۔ پریگ ۲ (ہ) کلی ۳ سرخ کنول۔ گل نیلوفر ۴ وہ گیھا جو کیلے میں سے نکلتا ہے ۵ کانٹا۔ سُول (س کوک۔ کنول) **کوکا بیلی** (مذکر) گل نیلوفر۔ سرخ کنول۔

کَوکَب (ف۔ مذکر) ستارہ۔ اختر (جمع کواکب) ۲ داستان طلسم ہوشربا میں طلسم نور افشاں کا بادشاہ جو مسلمانوں کا مددگار ہوتا ہے۔ اور آخر کو مسلمان ہو جاتا ہے۔ **کوکب دمدار** (مذکر) دمدار ستارہ جھاڑو۔ **کوکبہ** (مذکر) ۱ ستارہ ۲ جماعت۔ انبوہ۔ بھیڑ ۳ ایک فولادی گولا جو لکڑی کے اوپر لگا ہوتا ہے۔ اور بادشاہوں کے جلوس میں لے کر چلتے ہیں ۴ شاہی جلوس۔ شان وشوکت۔ سواروں کا پرا۔

کُوکر (ہ۔ مذکر) کُتّا۔ سگ۔ کلب (س کُکر) **کوکر بسیرا** (مذکر) تھوڑی دیر ٹھیرنا۔ تھوڑی دیر کے لئے آنا۔ **کوکر بھنگرا** (مذکر) ایک پودا۔ **کوکر چنڈی** (مذکر) ایک جنگلی درخت جس کے موٹے پتے ہوتے ہیں۔ اور ان کا لیپ دیوانے کتے کے کاٹے کے لئے مفید ہے **کوکرمتا** (مذکر) دیکھو کوکرمتا۔ **کوکری** (مونث) کتیا۔

کُوکڑیانا (ہ۔ متعدی) ڈھانپنا۔ بچھانا۔

کوکل (ہ) **کوکل** (س۔ مذکر) ۱ کوئل ۲ ایک قسم کا چوہا ۳ ایک قسم کا سانپ ۴ ایک زہریلا کیڑا ۵ ایک قسم کا کماد ۶ انگارا۔ دہکتا ہوا کوئلہ۔ **کوکلا** (ہ) **کوکلا** (مونث) کوئل۔ **کوکلا آنکھ** (ہ۔ مذکر) ایک پودا۔ **کوکلا بینی** (ہ۔ صفت) کوئل کی آواز والا۔ خوش آواز۔ **کوکلا نین** (مذکر) ایک پودا۔

کوکن (ت۔ مذکر) ۱ الو ۲ کچا بھنا ہوا اناج ۳ دکن کا ایک ساحل۔ کونکن۔

کوکنار (ف۔ مذکر) پوست پوست کا ڈوڈا (کوک کھانسی یا موٹا۔ نار۔ انار)

کوکنی (ہ۔ صفت) ۱ چھوٹا ننھا خورد ۲ ادنے درجے کا۔ گھٹیل (س کوک۔ کلی) **کوکنی بیر** (پ۔ مذکر) جھڑبیری کے بیر۔ **کوکنی کلابتو** (مذکر) گھٹیل کلابتون۔ **کوکنی کیلا** (مذکر) ایک قسم کا چھوٹا کیلا۔ چپا کیلا۔

کوکنی (ت۔ مذکر) ایک رنگ جو شہاب لاجورد اور پھٹکری سے تیار کیا جاتا ہے۔

کوکو (ف۔ مونث) ۱ فاختہ ۲ قمری کی آواز (کو کو کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۳ تلا ہوا انڈا۔ **کوکو پلاؤ** (مذکر) دیکھو کوکو پلاؤ۔

کوکو (ہ۔ مونث) ۱ بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام ۲ بچے کوے کو کہتے ہیں۔ **کوکو آئی۔** وہ انگلیوں کو خم کر کے بچے کی طرف لے جاتے ہیں۔ اور یہ الفاظ کہتے ہوئے انہیں گدگدی کرتے ہیں۔ **کوکو پلاؤ** (مذکر) ۱ وہ پلاؤ جس میں کباب یا سالم انڈے ڈالتے ہیں ۲ بیضہ پلاؤ (دہلی)

کوکو (انگ۔ مونث) ۱ ایک قسم کا سفوف جو ایک درخت کے بیجوں سے تیار کیا جاتا ہے ۲ ایک قسم کی چائے جو اس سفوف سے بناتے ہیں۔

کوکہ (ت۔ مذکر) ۱ رضاعی بھائی ۲ رضاعی بہن۔ **کوکی** (مونث) رضاعی بہن۔

کوکھ (ہ۔ مونث) **کوکھا** (ہ) ۱ پہلو کے نیچے کی وہ جگہ جہاں ہڈی نہیں ہوتی ۲ پیٹ ۳ پہلو ۴ رحم۔ بچہ دان ۵ اولاد (س کُکشی) **کوکھ آباد رہے** (دعا) بچے جیتے رہیں۔ اولاد زندہ رہے۔ **کوکھ** [illegible] اولاد اور خاوند زندہ اور سلامت رہیں۔ **کوکھ اُجڑ جانا** (لازم) ۱ اولاد کا زندہ نہ رہنا ۲ حمل گر جانا۔ حمل نہ رہنا۔ **کوکھ اُجڑی** (صفت) وہ عورت جس کی اولاد مر جائے۔ **کوکھ بند** (صفت) بانجھ عورت۔ عقیمہ۔ **کوکھ بند ہو جانا** (لازم) جننے سے رہ جانا۔ حمل نہ ٹھیرنا۔ **کوکھ پڑنا** (لازم) حاملہ ہونا۔ **کوکھ جلی** (صفت) وہ (عورت) جسے اولاد کے مرنے کا صدمہ پہنچا ہو۔ **کوکھ سے ٹھنڈی ہے۔** صاحب اولاد ہے۔ **کوکھ شاستر** (مذکر) علم غیب۔ **کوکھ کا آزار یا خلل** (مذکر) اسقاط حمل۔ بچوں کا مرجانا۔ **کوکھ کی آنچ یا ماتا** (مونث) محبت مادری۔ **کوکھ** (اور)

مانگ سے بھری پڑی (ٹھنڈی رہے) اسے اولاد اور خاوند جیتے رہیں۔ کوکھ مانگ سے ٹھنڈی رہنا (لازم) اولاد اور خاوند کا جینا رہنا۔ سہاگن اور صاحب اولاد رہنا۔ کوکھ مانگ سے ٹھنڈی ہونا (لازم) سہاگن اور صاحب اولاد ہونا۔ **کوکھیں** (مونث) کوکھ کی جمع۔ **کوکھیں لگ جانا یا لگنا** (لازم) ۱ بھوک کے مارے کوکھوں کا اندر دھنس جانا ۲ بھوکا ہونا۔

مثل۔ کوکھ کی آنچ سہی جاتی ہے۔ پیڑو کی آنچ نہیں سہی جاتی اولاد کے مرنے پر صبر آ جاتا ہے۔ مگر خاوند کی موت کی برداشت نہیں ہوتی۔

کوکئی (ہ۔ مونث) اودا رنگ۔ کوکنہ رنگ۔ کنول کا رنگ۔

کوکین (انگ۔ مونث) کوکا پودے ایک مرکب جو نشہ آور ہے۔ ہندوستان میں شوقین پان میں ڈال کر استعمال کرتے ہیں۔

کول (ہ)، **کول** (س۔ مذکر) ۱ لقمہ۔ نوالہ ۲ کچا اناج جو گنوار ویسے ہی یا بھون کر کھاتے ہیں ۳ اناج کی مقدار جو ایک دفعہ چکی میں پیسنے کے لئے ڈالتے ہیں ۴ (س) غرارہ کی دوا ۵ غرارہ ۶ ایک قسم کی مچھلی۔

کول (س۔ مذکر) ۱ کسی خاندان کا یا اس کے متعلق۔ خاندانی ۲ عالی خاندان۔ عالی نسب۔ اچھے خاندان کا ۳ (مذکر) عالی خاندان آدمی ۴ کشمیری پنڈتوں کی ایک گوت۔

کول (س۔ مذکر) ۱ ڈھلوان سطح ۲ دریا کا کنارا۔ ساحل ۳ کنارا۔ سرا ۴ ڈھیر۔ انبار ۵ جھیل۔ تالاب۔ چشمہ۔

کول (ف۔ مذکر) ۱ تالاب۔ حوض۔ پوکھر۔ جھیل ۲ پیالہ۔

کول (انگ۔ مذکر) پتھر کا کوئلہ۔ **کول ٹار** (مذکر) تار۔ **کول گیس** (مذکر) ایک ہوا جو جلاتے ہیں۔ **کولنگ سٹیشن** (مذکر) وہ مقام جہاں جہاز یا ریل کے انجن کوئلہ لیتے ہوں۔

کول (س۔ مذکر) ۱ سؤر۔ خنزیر ۲ چھاتی۔ سینہ ۳ چوتڑ۔ سرین ۴ بغلگیر ہونا ۵ ہم آغوشی ۶ ایک ہتھیار۔

کول (ہ۔ مذکر) ۱ خلیج۔ کھاڑی ۲ سوراخ۔ غار ۳ گلی۔ لمبا رستہ۔

کولا (ہ۔ مذکر) ۱ گود۔ بغل ۲ دروازہ کے ادھر ادھر کی دیوار ۳ پہلو کی دیوار ۴ کونا۔ گوشہ۔ کھونٹ ۵ وہ اناج کی پولی جو کاٹنے والے … ۶ ایک قسم کی نارنگی ۷ اس قدر بوجھ جو دونوں بازوؤں میں آ جائے ۸ سوراخ۔ چھید۔ غار (س) گیدڑ۔ **کولے** (مذکر) ۱ کولا کی جمع ۲ بجائے کولا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کولے ٹھنڈے کرنا یا سینچنا** (متعدی) دروازے کے دونوں طرف پانی چھڑکنا کہ رد بلا ہو ایک ٹونا ہے۔ **کولے سے لگ کر کھڑا ہونا** (لازم) رنج و غصے کے باعث یا روٹھ کر دیوار کے ساتھ یا کونے میں کھڑا ہونا۔ **کولے کی مٹھائی** (مونث) ایک مٹھائی جو کولا ۶ سے بنائی جاتی ہے۔

کولا (ہ۔ مذکر) چوتڑ۔ سرین۔ پٹھا۔ آزار بندھنے کی جگہ (س کول) **کولا اتر جانا یا اترنا** (متعدی) کولے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے سرک جانا۔ **کولا ڈنکیاں** (مونث) ۱ تھاپائی (جینگا مشتی) (مت) **کولا کاٹنا** (متعدی) ۱ سزا دینا۔ کچھ کر لینا۔ صدمہ پہنچانا ۲ بوٹیاں اڑانا۔ **کولا مار کر چلنا۔ کولا مٹکانا** (لازم) چوتڑوں کو ہلا کر چلنا۔ ناز و نخروں سے چلنا۔

کولا (ہ۔ مذکر) ۱ کوئلہ۔ سوائے لکھنؤ کے متروک ہے ۲ (ھ) گیدڑ ۳ عیار۔ مکار۔ **کولوں** (مذکر) کولا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کولوں کو دغا دینا** (متعدی) موت سے بچ جانا۔

کولاہل (ہ۔ مذکر) ۱ آدمیوں یا حیوانوں کا شور ۲ چیخ و پکار۔ چلانا۔ شور و غل ۳ عیش و عشرت۔ خوشی۔ آنند (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

کولڑا (ہ۔ مذکر) کوڑا۔

کولسا (ہ۔ مذکر) کوئلہ کا مخفف ۱ کوئلا ۲ ایک سیاہ رنگ کا چھوٹا پرند ۳ سکو۔

کولنا (ہ۔ لازم) گڑھنا۔

کولنا (ہ۔ متعدی) ۱ کھودنا۔ کھود کر خالی کرنا ۲ دبانا۔ پیسنا۔

کولو (ہ۔ مذکر) ۱ تیلی ۲ کولھو۔

کولسنا (ہ۔ لازم) ۱ مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا ۲ بے چین ہونا۔ کھجنا ۳ کراہنا۔

کولھو (ہ۔ مذکر) ۱ تیل نکالنے کا آلہ یا کل ۲ رس نکالنے کی کل (س کنڑ) وہ لکڑی جس کے گرد بیل پھرتی ہے۔ رس کٹھرا۔ **کولھو پلنا** (لازم) **پیلنا** (متعدی) کولھو میں ڈال کر تیل نکالنا۔ کولھو چلانا۔ **کولھو چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) ۱ کولھو رواں ہونا ۲ کولھو کا کارخانہ قائم ہونا۔ **کولھو سے پیلنا** (متعدی) بہت ایذا دینا۔ **کولھو کا بیل** (صفت) وہ جو ہر وقت کسی کام میں لگا رہے۔ نہایت محنتی ۲ ایک ہی جگہ چکر کھانے والا ۳ (مذکر) وہ بیل جو کولھو میں جوتا جاتا ہے (رہو جانا ہونا کے ساتھ) **کولھو کے بیل کی طرح پلنا** (لازم) ۱ سخت محنت و مشقت کرنا۔ کسی کام میں ہر وقت مشغول رہنا بہت محنت کرنا ۲ غلاموں کی طرح کام میں لگے رہنا۔ **کولھو کے بیل کی طرح رات دن پھرنا** (لازم) ۱ بہت محنت مشقت کرنا ۲ آوارہ پھرتے رہنا۔ مارے مارے پھرنا۔ **کولھو میں پلوا دینا** (متعدی) ۱ کولھو میں ڈلوا کر مروا دینا۔ اگلے زمانے کی ایک سزا تھی ۲ نہایت سخت سزا دلوانا۔ **کولھو میں پیل ڈالنا یا پیلنا** (متعدی) ۱ کولھو کے ذریعے سے تیل نکالنا ۲ سخت تکلیف دینا۔ سخت سزا دینا۔ **کولھو میں ڈال کر پیس ڈالنا** (متعدی) سخت سزا دینا۔ سخت تکلیف دینا۔

امثال و اقوال۔ کولھو سے کھل اتری بھئی بیلوں جوگ ۱ آدمی بوڑھا ہو کر نکما ہو جاتا ہے ۲ دیکھو اترنا … الخ۔ **کولھو کاٹ (موگرا بنانا) موگری بنائی (تسمے کے واسطے بھینس ماری)** قیمتی چیز کو خراب کر کے کم قیمت چیز بنانا ۲ ادنے کام کے واسطے بڑا کام خراب کرنا ۳ بے وقوفی کا کام کرنا۔ **کولھو کے بیل کو گھر ہی (کوس) پچاس میں منزل ہے** مصیبت زدہ کو گھر میں آرام نہیں ملتا۔

کولھی (ہ۔ مذکر) کولی۔

کولی (ہ۔ مونث) **کولیا** (ہ) ۱

دیکھو کولا (اتا ہے)۔ کولیانا۔ کولی بھر کے لے لینا۔ کولی بھرنا۔ کولی میں (بھر) لینا (متعدی) دونوں ہاتھوں سے گھیر کر بیچ میں لینا۔ کھیچی بھر لینا۔ آغوش میں لینا۔

کولی (ہ۔ مذکر) ۱ ہندوؤں کی ایک ذات جو جلاہے کا کام کرتی اور مچھلیاں پکڑتی ہے ۲ وہ سیاہی جو مہندی لگانے کے بعد حنابستہ ہاتھوں میں نمودار ہو جاتی ہے۔

مثل۔ کولی کا گھر جلے قلندر گانڈا مانگے ۱ کوئی بے موقع بات کرے تو کہتے ہیں ۲ ہر ایک کو اپنے مطلب سے غرض ہے دوسرے کے نقصان کا خیال نہیں۔

کوُلی (س۔ مذکر) ۱ کنول ۲ زمین۔

کوُلیا (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹا الفرہ ۲ تنگ گلی۔ ان معنوں میں واؤ مجہول سے بھی استعمال ہوتا ہے۔

کوُلیس (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا بودا جس کے پتے بہت خوبصورت ہوتے ہیں مگر پھول بہت چھوٹے اور نیلے رنگ کے ہوتے ہیں۔

کوُلین (س۔ صفت) ۱ شریف خاندان کا یا اس سے متعلق یا اس کے لئے مخصوص ۲ گپ۔ افواہ۔

کوُنابا (ہ۔ مونث) بُرا اثر محبت کا نہ رہنا۔

کوُمبھ (ہ۔ مذکر) ایک درخت جس کی چھال دواؤں میں کام آتی ہے۔

کوُمدر (س۔ مذکر) کاتک۔ کومدی (مونث) ۱ چاندنی ۲ تشریح۔ شرح ۳ کاتک کے مہینے میں بدر کا دن۔

کوُمس ۱ (یونانی) عیش وعشرت کا دیوتا۔ یہ ایک پردار مدہوش نوجوان کی شکل کا ہوتا تھا ۲ ایک چھوٹا ناٹک مصنفہ ملٹن۔

کوُمل (ہ۔ مونث) سینہ۔ لقب (دینا لگانا کے ساتھ) کو ملیا (صفت) لقب زن

کوُمل (س۔ صفت) ۱ نرم۔ ملائم ۲ نازک ۳ بچہ۔ نادان۔ کچا ۴ صاف۔ چکنا ۵ نچلا ارتھ حلیم۔ نرم مزاج ۶ خوشگوار۔ مزیدار ۷ نیچا۔

کُومُھل (ہ۔ مذکر) دیکھو کومل۔

کَون (ہ۔ حرف استفہام) ۱ (کی غیر انسان کے لئے سا اور سی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۲ انسان کے لئے بغیر سا اور سی کے ۳ کدام۔ کو۔ کم ۴ کیا چیز۔ بے حقیقت (بے کوئی ٹک) کون امر (مت) کونسا امر۔ کون بات (مت) کونسی بات۔ **کون بات ہے**۔ موقع نہیں ہے۔ بات نہیں۔ **کون بشر ہے** کون شخص ہے۔ ہم نہیں جانتے۔ **کون پرائی آگ میں گرتا ہے**۔ کوئی شخص کسی کے عوض مصیبت میں نہیں پڑتا۔ کوئی کسی کی آفت اپنے سر نہیں لیتا **کون جانے**۔ کوئی نہیں جانتا۔ خدا جانے۔ **کون جانے**۔ میں نہیں جانتا۔ **کون حقیقت** بے حقیقت۔ **کون دن تھے**۔ کیسے اچھے دن تھے۔ کیا اچھا زمانہ تھا۔ **کونسا** (مذکر) ۱ غیر انسان کے لئے۔ کون ۲ کیا ۳ کس قدر۔ کتنا۔ **کونسا دن** (نفت) کس دن۔ کب۔ کون دن۔ **کونسا زہر مل گیا**۔ کیا برائی ہو گئی۔ **کون سنتا ہے**۔ کوئی نہیں سنتا ہے۔ **کونسی** (مونث کے لئے) دیکھو کونسا۔ **کونسا امر** (مذکر) کیا بات۔ **کونسی بات اٹھا رکھی ہے**۔ کیا نہیں کیا۔ **کونسے روز** (نفت) کب۔ کس دن۔ **کونسی شکل** (مونث) **کونسی صورت** (مونث) کیا طریقہ۔ **کون سے قرآن میں لکھا ہے**۔ کس طرح جائز ہے۔ **کونسی کسر باقی رکھی ہے**۔ کیا نہیں کیا۔ **کونسے لعل لگے ہیں**۔ کیا خاص بات ہے۔ **کونسے مرض کی دوا ہو**۔ کس کام کے ہو (خفیف کرتے ہو۔ **کون کسی کی سنتا ہے**۔ کوئی کسی کی فریاد نہیں سنتا۔ **کون کہتا ہے**۔ کوئی نہیں کہتا۔ میں نہیں کہتا۔ **کون کہے** ۱ بیان نہیں ہو سکتا ۲ بے شمار ہیں۔ **کون مدت سے** کتنے زمانے سے۔ **کون مشکل** (مت) کونسی شکل **کون مورت** (مت) کونسی مورت۔ **کون وقت ہوا**۔ دیر ہو گئی۔ مدت ہو گئی۔ **کون وقتوں سے**۔ بڑی دیر سے۔ **کون ہوتا ہے** ۱ کیا تعلق ہے۔ کیا واسطہ ہے ۲ کیا رشتہ ہے۔

امثال واقوال۔ کونا کمائی پر تیل بکوا (پوربی) کس آمدنی پر یہ بناؤ سنگار **کونسا درخت ہے جس کو (جسے) ہوا نہیں لگی**۔ ہر ایک کو رنج وتکلیف پہنچتی ہے۔ **کونسا گھر ہے جس میں موت نہیں آتی** عیب اور تکلیف سے کوئی خالی نہیں۔ **کونسی چکی کا پیسا کھایا ہے**۔ موٹے آدمی کو کہتے ہیں۔ **کون کسی کے آوے جاوے دانا پانی (قسمت لاوے) لاتا ہے**۔ جو بات ہوتی ہے قسمت سے ہوتی ہے۔ **کون کہے راجہ جی ننگے ہوتے ہو (ہیں) کون کہے رانی ڈھانکو**۔ امیر یا زبردست کا کوئی نقص نہیں نکالتا۔ **کون ہر روز ناابلق ہو سمجھانے کا**۔ ایسے بے وقوف کو کون ہر روز سمجھاتا رہے۔ **کونے روپ پر اتنا سنگار** (پوربی) کوئی بدصورت عورت بہت بناؤ سنگار کرے تو کہتی ہیں۔

کَون (ع۔ مذکر) ۱ ہو جانا۔ وجود میں آنا ۲ دنیا۔ جہان۔ عالم موجودات۔ ہستی ۳ حادث ہونے والی چیز (کون۔ ہونا) **کون وفساد** (مذکر) ۱ موجود ہونا اور تباہ ہو جانا۔ بودنی نابودنی ۲ مجازاً فانی۔ **کون ومکان** (مذکر) دنیا۔ جہان۔ **کونین** (مذکر) دنیا اور آخرت۔ **کونیہ** (صفت) دنیا سے نسبت رکھنے والا۔

کَون (ف۔ مونث) گانڈ۔ مقعد۔ **کون خر** (صفت) بیوقوف۔ احمق۔ **کونی** (صفت) گانڈو۔ بوبیا۔

کُون (س۔ مذکر) ۱ زاویہ ۲ کونا ۳ بربط بجانے کا گز ۴ کوئی درمیانی سمت جیسے شمال مشرق ۵ عدد چار تاروں کا ایک باجہ ۷ تلوار کی نوک ۸ ڈنڈا۔ لاٹھی ۹ زحل۔ سنیچر ۱۰ مریخ۔ منگل۔ **کونارک** (مذکر) ایک مقام جو پرشوتم کے نزدیک مقدس ہے۔ **کون ورش** (مذکر) ایک علاقہ

کون (ہ۔ عدد) نو۔ ہندسوں کی اصطلاح۔

کونا (ہ۔ مذکر) ۱ گوشہ۔ زاویہ ۲ کھونٹ۔ طرف۔ جانب ۳ کسی مکان یا راہ کی طرف۔ پہلو۔ پاکھا۔ کولا۔ **کونا کونا جھانکنا یا دیکھ ڈالنا** (متعدی) اچھی طرح تلاش کرنا یا ڈھونڈنا۔ **کونا کھدرا** (ہ) کھترا۔ کھدرا یا دونا (مذکر) کونا۔ کسی جگہ۔ **کونے وار** (صفت)

تیں ہیں کونے یا زاویے ہوں۔ کوسنے کی
خبر مسانا (ف) زبم۔ گھر کی بھلائی چاہنا۔ کونے
میں بیٹھ رہنا (لازم) گوشہ نشین ہو جانا۔
کونے میں پڑا رہنا (لازم) سب سے الگ
ہونا۔

کونائی (ہ۔ مونث) ٹکڑا۔

کونپل (ہ۔ مونث) دیکھو کوپل۔

کونت (ہ۔ مذکر) نیزہ۔ بھالا۔
نوکدار نیزہ۔

کونتنا کونتھنا (ہ۔ متعدی)
۱ پاخانہ کرنے کے لئے زور لگانا ۲ بچہ جننے کے
واسطے عورت کا زور لگانا۔

**مقولہ۔ کونتھ کا زور کیا تو
بھی نہ ٹوٹا پاپڑ۔ ان بوجھ ڈنڈوں پہ
کتنے بخیے سپر توڑیں گے۔** دیکھو اس بہتے
پرتنا پانی۔

کونج (ہ۔ مونث) کونجا (ہ۔ مذکر)
ایک آبی پرند جس کی ٹانگیں بہت لمبی ہوتی ہیں۔
کونجیں سردی کے موسم کے شروع میں قطب شمالی
کی طرف سے آکر سردیوں کا موسم ہندوستان میں
گزارتی ہیں۔ قاز۔ کلنگ (س کرنچ) **کونج کونج
ہماری کوڑی دیجا اپنی کوڑی لیجا۔** بچوں
کا ایک کھیل۔ جب کونجوں کی قطار دیکھتے ہیں تو
دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں باہم رگڑتے ہیں اور
یہ کہتے ہیں۔

کونجڑی (ہ۔ مونث) دیکھو کنجڑی۔

کونچ (انگ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی
گدے دار کرسی جس پر کئی آدمی بیٹھ سکتے ہیں۔
(اصل کوچ)

کونچ (ہ۔ مذکر) ۱ جلاہے کا برش
۲ دیکھو کوچ ۳ (م) گھونگچی ۴ دیکھو کونچ (ف)
کونچ نکل گیا۔ بگڑ گیا۔ طاقت نہ رہی۔ تباہ
حال ہو گیا۔

کونچ (ہ۔ مونث) گھونپ۔ بھونک۔

کونچ (ہ۔ مذکر) ایک درخت جس
کے روئیں بدن پر لگ جانے سے خارش ہو جاتی
ہے۔ **کونچ پھلی** (مونث) اس درخت کی پھلی۔

کونچا (ہ۔ مذکر) کنچے کا بگڑا ہوا۔
بھڑ بھونجے کا کڑچھا۔

کونچا (ہ۔ مذکر) گھاس کا پولا۔

کونچنا۔ کونچی (ہ) دیکھو کوچنا۔
کوچی۔

کوند۔ کوندھ (ہ۔ امر) کوندنا یا
کوندھنا کا ۲ (مونث) بجلی کی چمک ۳ روشنی۔ چمک۔
نور (س چکش۔ آنکھ۔ اندھی۔ اندھا کرنے والی)
کوندا۔ کوندھا (ماضی) ۱ کوندنا یا کوندھنا کی
(مذکر) بجلی۔ بجلی کی چمک جس میں گرج نہ ہو۔ **کوندا
یا کوندھا پڑنا۔ لپکنا۔ لگنا یا ہونا** (لازم)
بغیر گرج کے بجلی کا چمکنا۔ **کوند یا کوندھ جانا۔
کوندنا۔ کوندھنا** (لازم) بجلی کا چمکنا۔

کونڈا (ہ۔ مونث) ۱ ناند۔ کٹھڑا۔
اروک۔ کھٹوتی۔ تغار سفالین۔ کپڑا رنگنے یا دھونے
کا ظرف (س کنڈ) کونڈا (مذکر) ۲ آٹا گوندھنے کا
مٹی کا ظرف۔ پرات۔ تسلا ۳ ناند۔ دودا کٹھرا
۴ بزرگان دین کی نذر و نیاز کی شیرینی یا کھانا ۵
درخت کے گرد مٹی کا گول بند جس کے اندر پانی
ڈالتے ہیں۔ **کونڈا کرنا** (متعدی) ۱ کھانے پر
نیاز یا فاتحہ دلانا۔ کڑاہی کرنا ۲ دو تین آدمیوں
کا کسی سے فعل شنیع کرنا ۳ (پ) نقصان پہنچانا۔
کونڈا ماننا (متعدی) منت ماننا۔ نذر و نیاز کا
وعدہ کرنا۔ **کونڈا ہونا** (لازم) کونڈا کرنا کا۔ **کونڈی**
(مونث) مٹی یا پتھر کا چھوٹا کونڈا۔ بھنگ گھوٹنے
کا برتن۔ دوری۔ **کونڈی جھانکوں آگئی۔** کام
ہونے کو ہے ۲ وقت قریب آگیا ہے۔ **کونڈی
سونٹا** (مذکر) بھنگ گھوٹنے کی دوری اور ڈنڈا۔
کونڈی سونٹا بجانا (متعدی) **بجنا** (لازم)
بھنگ گھٹنا۔ **کونڈلی** (مونث) تلفظ کنڈلی۔
چھوٹا کونڈا۔

**مثل۔ کونڈے کے اس پار
یا اس پار۔** سست آدمی کے متعلق کہتے
ہیں۔

کونڈھا (ہ۔ مذکر) پیٹھا۔

کونرا (ہ۔ صفت) ۱ کائیں کائیں
سے گھبرایا ہوا ۲ بدحواس۔ بے اوسان۔ حیران و
پریشان۔ **کونرا جانا** (لازم) کائیں کائیں سے گھبرا
جانا۔ بدحواس ہو جانا۔ **کونرا کر دینا** (متعدی)
گھبرا دینا۔ بدحواس کر دینا۔

کونسل (انگ۔ مونث) ۱ مشورہ
صلاح ۲ منصوبہ۔ تدبیر کرنا۔ ہونا کے ساتھ
۳ (مذکر) وہ برطانوی افسر جو کسی دوسرے شہر میں
تجارتی معاملات کی حفاظت کرتا ہے ۴ قدیم
روما میں چیف مجسٹریٹ کو کہتے تھے۔

کونسل (انگ۔ مذکر) اصلاح کی
کمیٹی۔ وہ جماعت جو معاملات سلطنت میں صلاح
مشورہ دیتی ہے ۲ وہ جماعت جو کسی راجہ یا
نواب کی نابالغی کے زمانے میں ریاست کا انتظام
کرتی ہے ۳ وکیل۔ مشیر قانونی۔ **کونسلر** (مذکر)
کونسل کا ممبر۔ **کونسل مقرر کرنا** (متعدی)
ہونا (لازم) کسی ریاست کے انتظام کے لئے
جماعت مقرر ہونا۔ **کونسلی** (مذکر) ۱ وکیل۔
بیرسٹر۔ مشیر قانونی ۲ مشیر صلاح کار۔

کونسی (انگ) ۱ ریاست مسوچوسٹ
کا ایک شہر (۲۰) ۲ ریاست الینائیس کا ایک
شہر (۴۰)

کونفیوشس (۵۵۱-۴۷۸ ق م)
ایک چینی پیغمبر۔ اس نے ایک نیا مذہب جاری کیا تھا
جو اس کے نام پر مشہور ہے۔ اس میں آباؤ اجداد
کی پرستش بادشاہ کے لئے لازمی ہے۔

کوں کوں (ہ۔ مونث) کتوں کے
پلوں کی آواز۔

کونہڑا (ہ۔ مذکر) پیٹھا۔

کونین (انگ۔ مونث) ایک سفید
رنگ تلخ سفوف جو بخار کے لئے مفید ہے۔

کووِد (س۔ صفت) تجربہ کار۔
ماہر۔ عالم۔ دانا۔ پنڈت۔

کووِدار (س۔ مذکر) ۱ کچنال ۲
ایک قسم کا آبنوس۔

کوہ (ف۔ مذکر) ۱ پہاڑ۔ پربت۔
جبل ۲ وہ سنگلاخ قلعہ جو سطح زمین سے بلند
ہو ۳ (صفت) متحمل۔ **کوہ آتش (خیز)
فشاں** (مذکر) وہ پہاڑ جس میں سے آگ
کے شعلے اور لاوا نکلتا ہے۔ **کوہ آدم** (مذکر)
لنکا کے پہاڑوں کی ایک چوٹی جس پر آدم بہشت
سے نکالے جانے پر اترے تھے۔ **کوہ آفت
گرنا** (لازم) اچانک مصیبت پڑنا۔ **کوہ اخضر**
(مذکر) ۱ سبز پہاڑ ۲ کوہ قاف۔ **کوہ الم** (مذکر)

الم کا پہاڑ سے استعارہ کرتے ہیں۔ **کوہِ الم ٹوٹ پڑنا یا ٹوٹنا** (لازم) سخت رنج و غم ہونا۔ **کوہامون** (مذکر) پہاڑ جس کی چوٹی پر سطح مرتفع ہو۔ **کوہ برفانی** (مذکر) وہ پہاڑ جہاں ہمیشہ برف جمی رہے۔ **کوہ بکوہ** (تف) پہاڑ سے پہاڑ تک۔ **کوہِ بیستون** (مذکر) وہ پہاڑ جسے فرہاد نے کھود کر نہر نکالی تھی۔ **کوہ پارہ** (مذکر) ۱ پہاڑ کا ٹکڑا ۲ مجازاً گھوڑا۔ **کوہ پایہ** (مذکر) ۱ دامن پہاڑ ۲ پہاڑی علاقہ ۳ قلعہ جو پہاڑ پر بنا ہو ۴ آرمینیہ میں ایک پہاڑ۔ **کوہ پشت** (صفت) کبڑا۔ **کوہ پیکر** (صفت) قوی جثہ۔ **کوہ تفور** (مذکر) تفن کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔ **کوہِ تیغ** (مذکر) ۱ روشنی کا پہاڑ ۲ بیحد روشنی۔ **کوہ ٹوٹنا** (لازم) یکایک مصیبت پڑنا۔ آفت۔ الم۔ ستم۔ غم۔ مصیبت وغیرہ کے ساتھ۔ **کوہ جگر** (صفت) دلیر۔ شجاع۔ بہادر۔ باحوصلہ۔ **کوہِ جلیل** (مذکر) وہ پہاڑی جس پر حضرت ابراہیمؑ رہتے تھے۔ اور جس میں سے پہلے پہل پانی نکلنا شروع ہوا۔ **کوہِ جودی** (مذکر) وہ پہاڑ جس پر حضرت نوحؑ کی کشتی بعد دو پہر ٹھیری تھی۔ اراراٹ۔ **کوہچہ** (مذکر) ابھری ہوئی زمین۔ پہاڑی۔ **کوہِ خر** (مذکر) پہاڑی گدھا۔ **کوہِ رحمت** (مذکر) مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑی۔ **کوہِ رواں** (مذکر) ۱ چلنے والا پہاڑ ۲ مجازاً گھوڑا۔ ہاتھی۔ **کوہسار** (مذکر) ۱ پہاڑی جگہ۔ علاقہ یا ملک ۲ پہاڑ۔ سنگلاخ۔ **کوہستان** (مذکر) ۱ پہاڑی ملک ۲ پہاڑوں کا سلسلہ۔ پہاڑ ۳ ایرانی۔ عراق ۴ سمرقند۔ **کوہستانی** (صفت) پہاڑی۔ **کوہِ ستم** (مذکر) ستم کا کوہ کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں۔ **کوہِ ستم گر پڑنا یا گرنا** (لازم) بیحد ظلم ہونا۔ **کوہ سرین** (صفت) پہاڑ جیسے پٹھوں والا۔ گھوڑے کی تعریف۔ **کوہِ سہند** (مذکر) ایران کے ایک پہاڑ کا نام۔ **کوہِ سیام** (مذکر) ایک پہاڑ جس سے مقنع نے چاند نکالا تھا۔ **کوہِ صفا** (مذکر) مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑی۔ **کوہِ غم** (مذکر) غم کا کوہ کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں۔ **کوہِ غم ٹوٹ پڑنا یا ٹوٹنا** (لازم) بیحد غم ہونا۔ **کوہ فحم** (مذکر) ۱ ایک سیاہ پہاڑ کا نام جس کے پتھروں کو جلا کر صابون بناتے ہیں ۲ پتھر کا کوئلہ۔ **کوہ قاف** (مذکر) ۱ دیکھو قاف

۲ وہ جگہ جہاں آدمی کا گزر نہ ہو سکے۔ **کوہکن** (صفت) ۱ پہاڑ کھودنے والا ۲ فرہاد کا لقب۔ **کوہکنی** (مونث) پہاڑ کھودنا۔ **کوہ کو کاہ سمجھنا** (لازم) سخت سے سخت کام کو بھی آسان سمجھنا۔ **کوہ کوہان** (صفت) (صفت) بڑے کوہان والا۔ **کوہ مروہ** (مذکر) مکہ کے قریب ایک پہاڑی۔ **کوہ نور** (مذکر) ایک مشہور ہیرا جس کے متعلق خیال ہے کہ راجہ کرن پہنا کرتا تھا۔ پھر راجہ بکرما جیت کے پاس پہنچا۔ اور راجگانِ مالوہ کے قبضے میں آیا۔ وہاں کے ایک راجہ نے ہمایوں کی نذر کیا۔ اس زمانے میں اس کا نام کوہ نور رکھا گیا۔ محمد شاہ کے عہد میں نادر شاہ لے گیا۔ اور پھر یہ شاہ شجاع کے قبضے میں آیا۔ جس سے رنجیت سنگھ نے لیا۔ اس کی وفات پر انگریزوں کے قبضے میں آیا۔ انہوں نے اس کو کاٹ کر تین حصے کئے۔ یہ اب شاہان انگلستان کے پاس ہے۔ ایک اور ہیرا دریائے نور تھا۔ جو نادر شاہ لے گیا تھا۔ یہ اب شاہان ایران کے پاس ہے۔ **کوہ نورد** (صفت) پہاڑوں میں سے گزرنے والا۔ پہاڑوں میں پھرنے والا۔ **کوہی** (صفت) پہاڑی۔ کوہستان کا باشندہ۔ کوہ سے منسوب۔

مثل۔ کوہ کندن و کاہ برآوردن ۔ ایسا کام کرنا جس میں محنت بہت ہو اور فایدہ کم۔

کوہ (ہ۔ مذکر) ۱ کرودہ ۲ کون۔

کوہی (صفت) غصیلا۔

کوہار (س۔ مونث) کوہر۔

کوہاب (ہ۔ مذکر) ۱ غصے ہونا۔ ناراض ہونا ۲ نفرت کرنا۔

کوہان (ف۔ مذکر) اونٹ یا بیل کی پیٹھ کی بلندی۔

کوہبر (ہ۔ مذکر) وہ گھر جس میں شادی ہو۔

کوہر (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو کہر ۲ (ہ۔ مذکر) پیٹھا۔

کوہرا (ہ۔ مذکر) کہر۔

کوہڑ (ہ۔ صفت) ناہموار کھردرا۔

کوہڑ (ہ۔ مونث) کوئیں کا کنارا۔

کوہی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا شکاری پرند۔ شکرا۔

کوئل (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو کویل ۲ علی گڑھ کا ایک نام۔

کوئلہ (ہ۔ مذکر) ۱ جلی لکڑی کا بجھا ہوا ٹکڑا ۲ ایک نباتاتی کانی مادہ جسے معمولی کوئلے کی طرح جلاتے ہیں۔ خیال ہے کہ جہاں یہ ملتا ہے وہاں کسی زمانے میں بڑے بڑے جنگلات تھے۔ درخت گرتے رہے اور دب دب کر سخت اور سیاہ ہو گئے۔ (س کوکل۔ کالا) **کوئلوں پر مہر ہونا** (لازم) معمولی باتوں میں کنجوسی ہونا۔ **کوئلوں کا گل** (مذکر) ٹکیہ جو کوئلوں کو پیس کر اور چاولوں کی پیچ ملا کر بناتے ہیں۔ یہ جلد آگ پکڑتی ہے۔ اور حقہ پینے والے استعمال کرتے ہیں۔ **کوئلوں کے مول** (صفت) بہت سستا۔ **کوئلے کا جہاز** (مذکر) وہ جہاز جو کوئلہ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے۔ **کوئلے کی کان** (مونث) وہ کان جس میں پتھر کا کوئلہ نکلتا ہے۔

امثال۔ کوئلوں کی دلالی میں منہ بھی کالا کپڑے بھی کالے (**ہاتھ کالے**)۔ برے کاموں میں پڑنے کا انجام برا ہی ہے۔ **کوئلہ ہوئے نہ اوجلا سجی صابن لائے**۔ جھوٹ سچ نہیں ہو سکتا چاہے کتنی کوشش کی جائے۔

کوؤ (ہ۔ کلمۂ تنکیر) کوئی۔ کسی۔ **کروؤ کو** (تف) کسی کو۔

مثل۔ کوؤ کو کلپائے کے کوؤ کیسے کل پائے۔ کسی کو ستا کر کوئی آرام نہیں پاتا۔

کوئی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا شکاری پرند۔

کوئی (ہ۔ کلمۂ تنکیر) ۱ کچھ ۲ ایک شخص بھی۔ ایک چیز بھی۔ ہیچکس۔ کسے ۳ نامعلوم شخص۔ فرضی شخص ۴ (تف) تخمیناً۔ اندازاً۔ اٹکل سے ۵ استفہام اور سوال کے لئے ۶ استفہام انکاری کے لئے۔ کہیں۔ ممکن ہے یعنی نہیں ہو سکتا ۷ شاذ و نادر۔ اکا دکا۔ خال خال۔ ایک آدھ ۸ کبھی۔ کہاں ۹ چند ۱۰ کسی قدر ۱۱ کسی طرح کا ۱۲

بالکل ۱۳ (صفت) ذرا۔ چھوٹا۔ اک ۱۴ رشتہ دار تعلق رکھنے والا ۱۵ عیار۔ چالاک۔ شریر۔ بد ذات۔ **کوئی آیا نہ گیا**۔ جب مال چوری ہو جائے اور چور کا پتہ نہ چلے۔ تب یہ فقرہ کہتے ہیں۔ **کوئی اپنا** کسی کو اتنی توفیق نہیں۔ **کوئی اویر کوئی سویر**۔ کوئی جلدی کوئی دیر میں۔ **کوئی بات** (مونث) لطف کی بات۔ خاص بات۔ **کوئی بات اُٹھا نہ رکھنا** (لازم) کچھ کسر نہ رکھنا۔ سب کچھ کہہ لینا۔ سب تدبیریں کر چکنا۔ **کوئی بات منہ سے نکل جانا** (لازم) کوئی بے موقعہ بات منہ سے بے اختیار نکل جانا۔ **کوئی بھی** (تف) ایک شخص بھی۔ **کوئی پل** (مذکر) بہت تھوڑی دیر۔ **کوئی پل کا مہمان**۔ جلد مرنے والا۔ **کوئی (پرسان) پوچھتا نہیں**۔ کوئی دریافت نہیں کرتا۔ **کوئی تم بھی تماشا ہو**۔ تم بھی عجیب آدمی ہو۔ **کوئی تو پوچھے (سُنے) گا**۔ کوئی تو دریافت کریگا۔ کسی کو تو رحم آئیگا۔ **کوئی چیز ہے**۔ بیکار چیز ہے۔ **کوئی حاضر ہے**۔ نوکر کو اس طرح پکارتے ہیں۔ **کوئی دم** (مذکر) بہت تھوڑی دیر۔ **کوئی دم کا مہمان** (صفت) جلد مرنے والا۔ مرنے کے قریب۔ **کوئی دم کو** (تف) عنقریب۔ تھوڑی سی دیر میں۔ **کوئی دم میں** (تف) تھوڑی سی دیر میں۔ **کوئی دن** (تف) چند روز۔ **کوئی دن جاتا ہے**۔ عنقریب۔ **کوئی دن کا** (صفت) چند دن کا۔ تھوڑے دنوں کا۔ **کوئی دن کا مہمان** (صفت) ۱ چند روزہ۔ فانی ۲ دو چار دن رہنے والا۔ مہمان چند روزہ ۳ قریب الزوال۔ مرنے کے قریب۔ **کوئی دن کو** (تف) چند روز میں۔ عنقریب۔ **کوئی دن کی ہوا ہونا** (لازم) چند روزہ عروج ہونا۔ **کوئی دن میں** (تف) چند روز میں۔ جلد۔ عنقریب۔ **کوئی دن یاد کروگے** ۱ کچھ دن افسوس کروگے۔ پچھتاؤگے۔ اگر کچھ روز باقی رہے گا ۲ ہماری قدر کچھ روز بعد ہوگی۔ **کوئی دنوں** (تف) چند روز۔ **کوئی سا** (صفت) کئی میں سے ایک۔ کوئی۔ **کوئی سی** (تف) کوئی۔ **کوئی کل سیدھی نہیں** ۱ ہر بات میں پیچ ہے ۲ کوئی پہلو ٹھیک نہیں۔ **کوئی کل نہ بیٹھنا** (لازم) کسی طرح چین نہ لینا۔ **کوئی کم نہ سمجھے**۔ ہیچ بلیچ ہے۔ بڑے بد ذات ہیں۔ **کوئی کور کسر باقی نہ رہی** کسی قسم کا نقص نہ رہا۔ **کوئی کوئی** (تف) شاذ و نادر۔ اکا دُکا۔ **کوئی کہاں سے لائے**۔ مل نہیں سکتا۔ مجبوری ہے۔ **کوئی گھڑی** (مونث) تھوڑی سی دیر۔ **کوئی گھڑی کا مہمان** (صفت) تھوڑی دیر زندہ رہنے والا۔ مرنے کے قریب۔ **کوئی لحظہ یا لمحہ** (مذکر) تھوڑی سی دیر۔ **کوئی نہ کوئی** (تف) ایک نہ ایک۔ **کوئی ہو**۔ کسی کی خصوصیت نہیں۔ کسے باشد۔ **کوئی ہے**۔ نوکر کو اس طرح بلاتے ہیں۔

امثال واقوال۔ کوئی آنکھوں کا اندھا کوئی عقل کا اندھا کوئی جہالت اور بے علمی کی وجہ سے بیوقوف۔ کوئی پڑھا لکھا جاہل۔ **کوئی آئینے میں دیکھے کوئی آرسی**۔ بات ایک ہی ہے کسی نے کسی طرح کرلی کسی نے کسی طرح۔ **کوئی اب بولے کوئی جب بولے میری نکٹی شپاشپ بولے**۔ نہایت بے غیرت اور بیحیائی کی نسبت کہتے ہیں۔ جو بولتا ہی چلا جائے۔ **کوئی بھی ماں کے پیٹ سے تو لیکر نہیں نکلتا ہے**۔ ہر شخص کو سیکھنا پڑتا ہے۔ **کوئی پوچھے نہ پوچھے میرا دھن سہاگن نام**۔ آپ ہی آپ اترانا۔ کوئی پوچھے نہ پوچھے۔ **کوئی تقدیر کے لکھے کو نہیں مٹا سکتا**۔ قسمت کو کوئی بدل نہیں سکتا۔ **کوئی تولوں (بڑا) بھاری کوئی مولوں (بڑا) بھاری**۔ **کوئی تولوں کم کوئی مولوں کم**۔ کوئی کسی سبب سے بڑا ہے کوئی کسی سبب سے۔ ہر شخص اپنی حیثیت کے موافق عزت رکھتا ہے۔ **کوئی جلے تو جلنے دو میں آپ ہی جلتا ہوں**۔ میں آپ ہی مصیبت میں گرفتار ہوں مجھے کسی کی مصیبت سے کیا۔ **کوئی جئے کوئی مرے ان کو اپنے کام سے کام**۔ خود غرض آدمی دوسرے کی تکلیف کی پروا نہیں کرتا۔ **کوئی دم کا دم ہے**۔ زندگی بہت تھوڑی ہے۔ **کوئی دم میں سرسوں پھولتی ہے**۔ تھوڑی سی دیر میں روشن ہو جائیگا۔ **کوئی دم میں مرلیا باجیگی**۔ تھوڑی دیر میں حقیقت معلوم ہوگی۔ تھوڑی دیر میں سزا ملیگی۔ **کوئی سُنے نہ سُنے میں کہتا ہوں**۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو ہر وقت باتیں کرتا رہے۔ **کوئی علم کو دوست رکھتا ہے کوئی روپے کو**۔ بعض آدمی علم کو پسند کرتے ہیں بعض آدمی روپیہ جمع کرنا۔ **کوئی کام کرے دام سے ہم دام کریں کام سے**۔ کوئی روپے کے ذریعے روپیہ کماتا ہے۔ ہم کام کرکے کماتے ہیں۔ **کوئی کسی کی قبر میں نہیں جاتا** کوئی کسی کے بدلے نہیں پکڑا جاتا۔ کوئی کسی کی بلا اپنے ذمہ نہیں لیتا۔ **کوئی کچھ کہتا ہے کوئی کچھ** جتنے منہ اتنی باتیں۔ **کوئی کسی کا درد بانٹ نہیں لیتا**۔ رنج و غم خود ہی برداشت کرنا پڑتا ہے۔ **کوئی کسی کا کچھ نہیں کرسکتا**۔ کوئی کسی پر سختی یا ظلم نہیں کرسکتا۔ اچھی سلطنت کے متعلق کہتے ہیں۔ **کوئی کسی کی آگ میں نہیں گرتا**۔ کوئی شخص دوسرے کی مصیبت کو اپنے سر نہیں لیتا۔ **کوئی کسی کی قبر پر نہیں موتتا** کوئی مرنے پر کسی کو یاد نہیں کرتا۔ **کوئی کسی کی قبر میں نہیں جاتا (جائیگا یا سوتا یا سوئیگا)** کسی کے واسطے بے ایمانی نہیں کیجاتی اس وقت کہتے ہیں جب کوئی عزیز جھوٹی گواہی دینے کے لئے کہے۔ **کوئی کہہ کے سنائے ہم کرکے دکھائیں**۔ ہم باتیں کرنے والے نہیں کام کرنے والے ہیں۔ **کوئی کھینچے لانگ لنگوٹی کوئی کھینچے مونچھریاں کوٹھے چڑھ کے دی دُہائی کوئی مت کریو دو جنیاں** (مث) دو بیویوں کے خاوند کی مٹی خراب ہے۔ **کوئی لے کے اوڑھے یا بچھائے**۔ کوئی کیا کرے۔ **کوئی مال میں مست۔ کوئی حال یا خیال میں (مست)** کوئی کسی بات میں لطف اُٹھاتا ہے۔ کوئی کسی میں۔ کوئی دولت کا مزا اُٹھاتا ہے کوئی اپنے خیالات کا۔ **کوئی مجھ کو نہ مارے تو میں سارے جہان کو ماروں**۔ بزدل کو طنزاً کہتے ہیں۔ **کوئی مرے، کوئی ملہار (ملاریں) گائے** کسی کو صدمہ پہنچے کسی کو خوشی ہو۔ **کوئی مول میں بھاری کوئی تول میں بھاری**۔ دیکھو کوئی تولوں الخ۔ **کوئی نہ پوچھے بات میرا دھن سہاگن نام**۔ کوئی نہ پوچھے

اور خود بخود اتراتی پھرے۔ کوئی نہیں پوچھتا
تیرے مُنہ میں کے دانت ہیں ۱ اچھے
انتظام کی تعریف میں کہتے ہیں ۲ کسی کو کسی سے
غرض نہیں ۳ اس موقع پر بھی کہتے ہیں جہاں کسی
کی پوچھ گچھ نہ ہو۔

کوئی (ہ۔ مونث) ۱ کنول ۲ شریفے
کا گودا۔

کوئیاں (ہ۔ مونث) چھوٹا کنواں۔

کوئیلا (ہ۔ مذکر) دیکھو کوئلا (دہلی)

کوی (س۔ مذکر) شاعر دیکھو کو۔

کویا (ہ۔ مذکر) ۱ آنکھ کا کونا ۲
شریفے یا کٹہل کا دانہ یا گودا ۳ وہ چیز جو بیج
سے سب سے پہلے پھوٹتی ہے ۴ ریشم کے کیڑے
کا خول (س کوشک)

کوبر (س۔ صفت) ۱ بدشکل ۲ بدہیئت
۳ سُست ۴ (مذکر) دولت کا دیوتا۔ خزانوں کا
دیوتا ۵ اصل میں شیطانوں اور بُری روحوں کا
افسر اعلےٰ تھا۔ بعد میں دولت کا دیوتا ہو گیا۔
اس کی تین ٹانگیں اور آٹھ دانت بتلائے گئے ہیں ۶ تُن کا
درخت۔

کوبری (ہ۔ مونث) چھلا جو پاؤں
میں پہنتے ہیں۔

کوئل (ہ۔ مذکر) ایک سیاہ رنگ
کا چھوٹا پرندہ جو آم کے موسم میں ہندوستان میں
آتا ہے (س کوکلا) **کوئل کے پادے کا آم**
(مذکر) وہ آم جس پر سفید گو مرتے پڑے ہوتے
ہیں۔ لوگوں کا خیال ہے کہ یہ کوئل کے پادنے
سے ہو جاتے ہیں۔ **کوئلی** (مونث) دیکھو آخری
کوئلیا (مونث) کوئل کی تصغیر
مثل۔ کوئل بولی اور سہ بندی
ڈوبی۔ کوئل برسات میں آتی ہے اور اس وقت
سہ بندی کے ملازم موقوف ہو جاتے ہیں۔

کوئن (انگ۔ مونث) ملکہ۔

کوئیہ (س۔ مذکر) بزرگوں کی روحوں
کو پانی یا خوراک دینا۔

کوئیہ (ف۔ مذکر) ریشم کے کیڑے
کا خولہ۔ **کوئیہ ابریشم** (مذکر) ریشم کا کویہ۔

کہ (ف: مذکر) کاہ کا مخفف۔ **کہربا**
(مذکر) ایک قسم کا زرد گوند۔ اگر اسے اُون کے کپڑے
سے رگڑیں۔ تو گھاس کے تنکے کو اٹھا لیتا ہے۔

کہربائی (صفت) ۱ کہربا سے منسوب ۲ برق
مقناطیسی۔ **کہکشان** (مذکر) وہ سفیدی جو آسمان
پر شمالاً جنوباً شام کو نظر آتی ہے۔ یہاں بہت
سے ستارے ہیں جو دوری کی وجہ سے نظر نہیں آتے
مگر سب کی روشنی مل کر ایک رستہ سا نظر آتا ہے

کہہ (ہ۔ امر) کہنا کا (س کتھ یا تھ
کرنا) **کہا** (ماضی) ۱ کہنا کا ۲ (مذکر) کہنا۔ قول۔
بچن ۳ کہا ہوا کلمہ۔ گفتہ۔ **کہا ٹالنا** (متعدی)
کہا نہ ماننا۔ **کہہ اُٹھنا** (لازم) بے سمجھے بوجھے
کہہ دینا۔ **کہا چاہیے**۔ کہنا چاہیے۔ **کہا سُنا**
(مذکر) ۱ خطا۔ قصور۔ جرم۔ تقصیر ۲ جو کچھ کسی کی
نسبت مُنہ سے نکلا ہو یا کانوں سے سُنا ہو ۳
گلہ۔ شکوہ۔ **کہا سُنا بخشنا۔ رکھنا یا معاف
کرنا** (متعدی) ۱ کسی سے رخصت ہوتے ہوئے
کہتے ہیں ۲ مرنے والا بھی اپنا قصور یہ کہکر معاف
کراتا ہے۔ **کہا سُنا بخشوانا** (متعدی) کسی
سے اپنا قصور معاف کرانا۔ **کہا سُنی** (مونث)
۱ لگائی بجھائی۔ ادھر کا ادھر کہنا۔ غیبت ۲ بحث
مباحثہ۔ **کہا کرنا یا ماننا** (متعدی) **ہونا**
(لازم) بات مانی جانا۔ کہے پر عمل ہونا۔ **کہا کہی**
(ہ۔ مونث) ۱ بات چیت۔ گفتگو ۲ بحث مباحثہ
جھگڑا۔ **کہانا** (م) ۱ کہنا کا۔ کہلوانا ۲ (لازم)
کہلانا ۳ (ہ۔ مذکر) کہاوت۔ مثل۔ **کہانی**
(مونث) ۱ قصہ۔ داستان ۲ فضول اور لغویات ۳
ذکر۔ بیان۔ حال احوال ۴ سرگزشت بیتی ہوئی
کہانی آنا (لازم) کوئی حکایت یاد ہونا **کہانی
جوڑنا** (متعدی) قصہ بنانا۔ افسانہ جوڑنا **کہانی
کہنا** (متعدی) قصہ بیان کرنا۔ داستان سنانا۔
کہانی لکھنا (متعدی) فسانہ تحریر
کرنا۔ قصہ لکھنا۔ **کہانی ہے**۔
غلط ہے۔ جھوٹ بات ہے۔ گھڑت
ہے۔ صرف کہنے کی بات
ہے۔ **کہاوت** (مونث) مثل
ضرب المثل۔ **کہہ بیٹھنا** (تف)
سشدہ۔ **کہتے سنتے نہ
بنی**۔ کچھ جواب نہ بن پڑا۔ **کہتے
کہتے زبان دبا جانا** (لازم) باتیں
کرتے کرتے کسی بات کو ٹال جانا۔ **کہنے کی زبان
نہیں پکڑی جاتی**۔ کہنے والے کو کوئی روک نہیں
سکتا۔ **کہنے کے ساتھ ہی**۔ دیکھو کہتے
کے ساتھ ہی۔ **کہتے ہیں**۔ روایت
کرتے ہیں۔ **کہہ دینا** (متعدی) ۱ بھید کھول دینا۔
ظاہر کر دینا ۲ بتا دینا۔ جتا دینا ۳ بات سُنا دینا ۴
عرض کر دینا ۵ سمجھا دینا۔ کان کھول دینا۔ **کہہ
دینگے**۔ کسی امر کے ٹالنے یا انکار کرنے کے موقع
پر کہتے ہیں۔ پھر کسی وقت بتا دینگے۔ موقعہ پر بتا دینگے
کیا جلدی ہے۔ **کہہ ڈالنا** (متعدی) بیان کر دینا
کہہ سُنانا (متعدی) بیان کرنا۔ **کہہ سُن دینا**
(متعدی) ۱ پیغام دینا ۲ فہمائش کرنا۔ **کہہ سُن
رکھنا** (متعدی) ۱ کسی کو فہمائش کرنا ۲ وصیت
کرنا۔ **کہہ سُن کے** (تف) ۱ منت کر کے۔ خوشامد
کر کے ۲ بات چیت کر کے۔ **کہہ سُن لو**۔ خاطر جمع
کر لو۔ معاملہ طے کر لو۔ **کہہ سُن لینا** (متعدی)
بات چیت کرنا۔ **کہہ کے پھر جانا** (لازم) وعدہ
کر کے پھر جانا۔ جو بات کہی ہے اس کے مطابق
نہ کرنا۔ **کہہ کے گنہگار ہونا** (لازم) بیجا بات
کہنا۔ بے نتیجہ بات کہنا۔ **کہہ کے مکر جانا یا
مکرنا** (لازم) دیکھو کہہ کے پھر جانا۔ **کہہ گزرنا**
(متعدی) بیان کر دیتے۔ **کہلا بھیجنا** (متعدی)
۱ پیغام بھیجنا۔ کسی کے ذریعے سے اطلاع دینا
کہلا لینا (متعدی) اقرار لینا۔ **کہلانا** (م)
کہنا کا ۱ کسی کی معرفت کہنا۔ پیغام بھیجنا ۲ کسی
عبارت کا مُنہ سے نکلوانا ۳ (لازم) مشہور ہونا۔
نامزد ہونا۔ **کہلوانا** (م) کہلانا کا۔ **کہلوانا**
(م) کہنا کا۔ **کہہ مُکرنی** (مونث) ایک قسم کی
پہیلی۔ **کہن** (مونث) کہنے کا ڈھنگ طرز گفتگو
کہنا (متعدی) سے کے ساتھ ۱ بیان کرنا۔
ذکر کرنا۔ گفتگو کرنا ۲ آگاہ کرنا۔ خبر دینا ۳ عرض
کرنا۔ التماس کرنا ۴ سوال کرنا ۵ حکم دینا ۶
دعا کرنا یا مانگنا ۷ نصیحت کرنا ۸ (شعر وغیرہ)
موزوں کرنا ۹ اقرار کرنا ۱۰ روایت بیان کرنا۔
(صرف کہتے ہیں ہیں) ۱۱ اشارہ کرنا ۱۲ یاد کرنا
۱۳ کو کے ساتھ الزام دینا ۱۴ نام رکھنا۔ ملانا ۱۵
قرار دینا ۱۶ ظاہر کرنا ۱۷ شکوہ کرنا ۱۸ جواب دینا

۱۹ پیام دینا ۲۰ کو اور سے کے ساتھ - پیام دینا ۲۱ (مذکر) بات - مقولہ ۲۲ بیان - ذکر ۲۳ نصیحت - پند ۲۴ حکم - فرمان - **کہنا بجا لانا** (لازم) حکم کی تعمیل کرنا - **کہنا ٹالنا** (متعدی) کہا نہ ماننا - **کہنا ڈالنا** (متعدی) بات یا حکم نہ ماننا - **کہنا سُننا** (متعدی) ۱ بات ماننا ۲ بات چیت کرنا ۳ بحث کرنا - ضد کرنا ۴ بہکانا - ورغلانا ۵ (مذکر) دخل - رسائی - رسوخ ۵ دھوکا - فریب ۶ جھگڑا - بحث مباحثہ - **کہنا سُننا چلنا** (لازم) دخل ہونا - رسائی ہونا - **کہنا (قبول) کرنا** (متعدی) کہنا ماننا **کہنا مان (مانو)** نصیحت پر عمل کر (کرو) کرنا ۲ قابو میں ہونا ۳ حکم ماننا - عمل کرنا - **کہنے پر جانا (چلنا)** کہا ماننا - ہدایت کے موافق کاربند ہونا - **کہنے سُننے میں آجانا** (لازم) لگائی بجھائی پر عمل کرنا - **کہنے کو** (تف) ۱ نام کو - برائے نام ۲ الزام لگانے کے لئے - عیب نکالنے کو ۳ حکم کرنے کو - **کہنے کو بات رہ گئی** وقت گزر گیا شکایت باقی رہ گئی - **کہنے کو ہونا** (لازم) ۱ حکم دینے کو تیار ہونا ۲ الزام لگانے کے لئے تیار ہونا **کہنے کی بات رہ گئی** - الزام باقی رہا شکایت باقی رہ گئی **کہنے کی بات نہیں** - کہنے کے قابل بات نہیں - **کہنے کی بات ہے** - غلط ہے - اس کی کچھ اصلیت نہیں - **کہنے کی باتیں ہیں** صرف زبانی جمع خرچ ہے - **کہنے کے واسطے** - برائے نام **کہنے میں** (تف) مطیع - فرمانبردار - **کہنے میں آجانا** (لازم) کہے کا یقین کر لینا - بہکائے میں آجانا - **کہنے میں ہونا** (لازم) اختیار میں ہونا - **کہیے** ۱ ارشاد کیجئے ۲ مان لیجئے ۳ بتائیے - جواب دیجئے - **کہو** - بتاؤ - **کہوا چھوڑنا** (متعدی) کسی سے کوئی بات زبردستی کہلوانا یا کہلا لینے کے بعد چھوڑنا - **کہوا دینا یا لینا** (متعدی) کہوانا - **کہوانا** (م) کہلوانا - **کہو تو میں گھر چھوڑ دوں** - یہاں سے جائیے - تشریف لے جائیے جب کوئی بہت دیر تک بیٹھا رہے تو کہتے ہیں **کہو ہو** (مت) کہتے ہو - **کہی** (مونث) بات - **کہی سکے** (مذکر) ۱ جمع کہا کی ۲ حروف مغیرہ کے ساتھ سجائے کہا کے - **کہی بدی** (مونث) قول و قرار - دو شخصوں کا آپس میں عہد و پیمان - **کہے تو** (مت) تو کہے گا - **کہے جانا** (لازم) لگاتار کوئی بات کہنا - بار بار کہنا - **کہے دیتے ہیں** - آگاہ کئے دیتے ہیں - **کہے دینا** (متعدی) کسی امر یا کام سے خبردار کر دینا - **کہے رکھنا** (متعدی) ۱ پہلے سے کوئی بات کہہ دینا ۲ اطلاع دینا - **کہی سُنی** (مونث) لوگوں کا کہا سُننا - لگائی بجھائی - **کہے سُنے سے** سمجھانے بجھانے سے - **کہے سے** (تف) کہنے سے - حکم سے - **کہے میں آنا** (لازم) دم میں آجانا **کہے میں ہونا** (لازم) قابو میں ہونا - **کہیں کیا** - کیا بیان کریں - کیا شکایت کریں - قابل بیان نہیں - کچھ مت پوچھو - ایک مجبوری کا کلمہ ہے - **کہیں کچھ کریں کچھ** - ان کی بات کا اعتبار نہیں کہتے کچھ ہیں اور کرتے کچھ ہیں - بے اعتبار آدمی ہیں - **کہیو** (مت) کہو - کہنا - **کہے ہے** (مت) کہتا ہے -

امثال و اقوال - **کہنا آسان کرنا مشکل** - وعدہ کرنا آسان ہوتا ہے مگر اس کا ایفا بہت مشکل ہوتا ہے - **کہنے سے بات پرائی ہوتی ہے** - **کہنے کو منہ میں زبان رکھتے ہیں** ۱ سوال کا جواب دے سکتے ہیں ۲ برائے نام زبان ہے گویائی کے قابل نہیں **کہنے کو ننھی کھا جاوے دھنی** - دیکھنے میں ذراسی اور کھائے بہت - **کہو دن کی سُنے رات کی (کہو کپڑے کی سُنے گات کی) کہو زمین (کھیت) کی سُنے کھلیان کی** - سوال کچھ جواب کچھ - **کہوں تو ماں ماری جائے نہیں تو باپ کُتا کھائے** - ہر طرح مشکل ہے - کہتے ہیں ایک عورت نے خاوند سے ناراض ہو کر اس کے لئے کُتے کا گوشت پکایا - اس کے بیٹے کو پتہ لگ گیا - اگر وہ بتائے تو ماں کو مار پڑتی ہے - نہیں تو باپ کُتے کا گوشت کھاتا ہے - **کہے سُنے دھوبی گدھے پر نہیں چڑھتا (سوار ہوتا)** وہاں کہتے ہیں جب کوئی کسی کے کہنے سے کوئی کام نہ کرے پھر از خود کرے - **کہے سے ضد سوا (سوائی)** ہوتی ہے - اصرار کرنے سے ضد اور بڑھتی ہے - **کہے سے کوئی کنوئیں میں نہیں گرتا** - دوسرے کے کہنے سے کوئی نقصان والا فعل نہیں کرتا - ہر ایک اپنا نیک و بدخوب سمجھتا ہے - **کہیں دن کی الخ** دیکھو **کہو دن کی الخ**

کِہ (ف - استفہام) ۱ کون - کیا ۲ کیوں - کس لئے ۳ (بیانیہ) جملہ بیانیہ کے شروع میں آتا ہے ۴ جو - وہ - جس نے ۵ (حرف ربط) تاکہ - چونکہ ۶ یا ۷ (تف) بلکہ ۸ ناگاہ - دفعتہً - یکایک ۹ یعنی ۱۰ کاف - نتیجہ ۱۱ مقابلہ کے لئے ۱۲ کاف معترضہ ۱۳ کاف صلہ ۱۴ تعریف و توصیف کے لئے ۱۵ ربط کے لئے ۱۶ اگر ۱۷ کاف دعائیہ ۱۸ تب - پھر - **کہ تا** (تف) تاکہ -

امثال - **کہ خر بستہ بہ - گرچہ دزد آشنا ست** - گدھے کا باندھنا بہتر ہے - گو چور دوست ہے - اگرچہ اطمینان ہو احتیاط بہتر ہے - **کہ کرد کہ نیافت** - جس نے کیا اس نے پایا - ہر شخص کو اپنے بُرے فعل کا نتیجہ ملتا ہے -

کِہہ (ف - صفت) چھوٹا - کم رتبہ - **کہتر** (تفضیل بعض) زیادہ چھوٹا - **کہتری** (مونث) ۱ چھوٹا ہونا - خوردی ۲ صغرسنی - نابالغی ۳ کمینگی - رذالت - **کہترین** (تفضیل کلی) سب سے چھوٹا - سب سے حقیر - **کہ و مہ** (صفت) چھوٹے بڑے - **کہیں** (صفت) بہت چھوٹا - **کہیں** (صفت) بہت چھوٹا -

کھَر (س - مذکر) ۱ سوراخ - غار - گڑھا ۲ خلا - خالی جگہ ۳ ہوا ۴ ایتھر ۵ آسمان ۶ صفر - نقطہ ۷ انسانی بدن کے سوراخ جو تعداد میں ۹ ہیں - منہ - دو آنکھیں - دو کان - دو نتھنے اور بول و براز کی جگہیں ۸ جسم کا کوئی عضو ۹ زخم - تیر کا سوراخ ۱۰ پہیے کا درمیانی سوراخ ۱۱ دسواں نکشترہ ۱۲ برہماجی ۱۵ شہر ۱۶ ابرک ۱۷ خوشی ۱۸ کام ۱۹ سمجھ - عقل - **کھا** (مونث) چشمہ - سوتا - کنواں - **کھدُرہ** (مونث) ایک دیوی - **کھگ** (صفت) ۱ ہوا میں حرکت کرنے والا ۲ (مذکر) پرند ۳ گِرد ۴ کوئی ہوا میں اُڑنے والا کیڑا ۵ جھینگر ۶ سورج ۷ ہوا ۸ تیر ۹ دیوتا - **کھگاسن** (مذکر) ۱ مشرقی پہاڑ جہاں سے سورج نکلتا ہے -

کھا (ف۔ حرف استفہام) کیا۔ کون۔ کس۔ کس طرح۔

مثل۔ کہا نہ ابلا کر سکے نہ سندھو سمائے۔ کہا نہ پاوک میں جرے کہا کال نہ کھائے۔ کونسا کام ہے جو عورت نہیں کر سکتی اور کونسی چیز ہیں جو سمندر میں نہیں سما سکتی۔ کونسی چیز ہے جسے آگ نہیں جلا سکتی اور کون چیز ہے جسے موت نہیں آتی۔

کھا (ہ۔ امر) کھانا کا (ہ کھاد۔ کھانا)، **کھا بدنا** (متعدی) ضبط کر جانا۔ خاموش ہو جانا۔ جواب نہ دینا۔ **کھا بیٹھنا** (متعدی) غبن کرنا۔ روپیہ دبا لینا۔ **کھا پی برابر کرنا** (متعدی) سب خرچ کر ڈالنا۔ کچھ نہ رکھنا۔ **کھا پی کر** (نت) ۱ نوش کر کے ۲ خرچ کر کے **کھا پی ڈالنا** (متعدی) خرچ کر دینا۔ اڑا دینا۔ **کھاتا** (صفت) ۱ وہ جو کھائے ۲ وہ جو کھایا جائے ۳ بیش بہا قیمتی ۴ (مذکر) کھانے کا فعل۔ **کھاتا پیتا** (صفت) خوشحال۔ **کھانا دھن** (مذکر) وہ چیز جو ہمیشہ خرچ کرنی پڑے۔ **کھاتے پیتے لاتیں چلانا یا مارنا** (متعدی) خوشحالی میں شکایت کرنا۔ باوجود آسودگی کے شکایت کرنا۔ ناشکری کرنا۔ **کھاتے پیتے رہو۔ کھاتے کھلاتے رہو۔** بیزاؤں کی دعا ہے۔ **کھاتے کماتے رہو** (دعا) خوشحال رہو۔ **کھاتے کھاتے منہ پھر گیا۔** رغبت نہ رہی۔ **کھا جانا** (لازم) ۱ نگل جانا۔ چٹ کر جانا ۲ غبن کرنا۔ مال اڑانا ۳ خرچ ہو جانا ۴ چھوڑ جانا ۵ (نظر کا) اجاڑ دینا۔ تباہ کر دینا۔ بیمار کر دینا۔ مار دینا ۶ (زنگ) لگ جانا ۷ (سردی) سردی کے اثر سے بیمار ہو جانا ۸ (مال) خرچ کرنا۔ غبن کرنا ۹ غائب کر دینا ۱۰ مار ڈالنا۔ قتل کر دینا۔ **کھا ڈالنا** (متعدی) صرف کر ڈالنا۔ **کھا کر کھویا۔** ضعیف و کمزور ہی رہے۔ طاقت پیدا نہ کی۔ **کھا لینا** (متعدی) ۱ نوش کرنا ۲ غبن کر لینا۔ اڑا لینا ۳ (مچھر۔ پسو۔ سانپ وغیرہ) ڈسنا۔ کاٹنا۔ ڈنک مارنا ۴ مار ڈالنا ۵ نگل لینا ۶ پھاڑ کھانا۔ **کھانا** (متعدی) ۱ نوش کرنا۔ تناول کرنا ۲ رشوت لینا ۳ برخواست کرنا ۴ تباہ کرنا۔ برباد کرنا ۵ چاٹنا۔ کھوکھلا کر دینا ۶ زخم کرنا ۷ (غم غصہ وغیرہ) برداشت کرنا۔ سہنا ۸ (جوتے) جوتوں کی مار کھانا۔ بے عزت ہونا ۹ (تلوار۔ پتھر۔ لکڑی وغیرہ) ضرب یا چوٹ کھانا ۱۰ (ہوا) سیر کرنا ۱۱ (کان۔ سر۔ دماغ وغیرہ) پریشان کرنا ۱۲ (اوس۔ دھوپ۔ سردی) اثر قبول کرنا ۱۳ (گالیاں) سننا ۱۴ (رحم۔ ترس) کرنا ۱۵ (مار) پٹنا ۱۶ (جان) تنگ کرنا ۱۷ دکھو کھا جانا اور کھا لینا ۱۸ (مذکر) خوراک۔ خاصہ ۱۹ ضیافت۔ دعوت۔ **کھانا اڑانا** (متعدی) چٹورا پن کرنا۔ خرچ کرنا۔ **کھانا پانی** (مذکر) خورد و نوش۔ **کھانا پانی حرام کر لینا** (متعدی) قطعاً کچھ نہ کھانا۔ **کھانا پچانا** (لازم) ورزش وغیرہ سے غذا ہضم کرنا۔ **کھانا پرسنا** (ہندو) کھانا نکالنا۔ **کھانا پکانا** (متعدی) پکنا (لازم) طعام کا پکنا۔ **کھانا پینا** (متعدی) کھانا اڑانا۔ چٹورا پن کرنا ۲ خو [illegible] نوش کا خرچ برداشت کرنا ۳ (مذکر) خوراک۔ دانہ پانی ۴ خورد و نوش کا خرچ۔ **کھانا پینا لہو کرنا** (متعدی) ایسا رنج دلانا جس سے کھانے کا مزا جاتا رہے۔ رنج دلانا۔ **کھانا جوڑا** (مذکر) وہ کھانا اور دولھا کا بیش قیمت جوڑا جو سسرال سے آتا ہے۔ **کھانا چھاتی پر رہنا** (لازم) کھانا ہضم نہ ہونا۔ **کھانا دانا** (مذکر) دعوت جو برادری کو دی جائے **کھانا دینا** (متعدی) دعوت کرنا۔ **کھانا زہر مار کرنا** (متعدی) کھانا کھانا (تحقیراً) **کھا کمانا** (متعدی) روپیہ حاصل کر کے گزر اوقات کرنے لگنا۔ **کھانا کھانا** (متعدی) غذا کھانا۔ طعام کھانا۔ خاصہ نوش کرنا۔ **کھانا کھلانا** (لازم) روٹی کھلانا۔ دعوت کھلانا۔ **کھانا ہضم کرنا** (متعدی) ہضم ہونا (لازم) کھانے کا معدے میں جا کر تحلیل ہونا۔ **کھانا ہضم نہ ہونا** (لازم) چین نہ پڑنا صبر نہ آنا۔ **کھان پان** (مذکر) کھانا پانی۔ خورد و نوش۔ **کھانے پینے کی قسم** (مونث) کچھ نہ کھانے کا عہد۔ **کھانے کمانے کا ٹھیکرا** (مذکر) روزی کا وسیلہ۔ **کھانے کمانے لگنا** (لازم) گزر اوقات کرنے کے قابل ہونا۔ **کھانے کو دوڑنا** (لازم) بدمزاجی سے پیش آنا۔ **کھانے کھیلنے کے دن** (مذکر) بے فکری کا زمانہ۔ **کھاؤ** (صفت) ۱ بہت کھانے والا۔ پرخور۔ پیٹو ۲ بہت خرچ کرنے والا۔ چٹورا ۳ راشی۔ رشوت خوار۔ **کھاؤ اڑاؤ** (صفت) ۱ فضول خرچ ۲ چٹورا۔ **کھاؤ کھلاؤ** (صفت) اوروں کو مال کھلانے والا۔ سخی۔ **کھاؤ مبیت** (مذکر) کھانے پینے کا دوست۔ مطلب کا یار۔ خود غرض شخص۔ **کھاؤں کھاؤں کرنا ہے۔** بہت غصے میں بھرا ہے۔ **کھائے جانا** (لازم) ۱ تنگ کرنا۔ ستانا۔ تقاضا کرنا ۲ ڈرنا۔ بیحد خوف معلوم ہونا۔ **کھایا پیا اگل دینا** (لازم) ۱ عمر بھر کی کمائی پیش کر دینا ۲ قے کرنا۔ **کھایا پیا انگ نہ لگنا** (لازم) غذا کا جزو بدن نہ ہونا۔ **کھایا پیا نکالنا** (متعدی) ۱ خوب محنت لینا ۲ بہت پیٹنا۔ **کھایا ہوا اگلنا پڑنا** (لازم) جو رقم مار لی تھی۔ اس کا واپس دینا۔

امثال و اقوال

کھانا بھی جائے اور بڑاتا بھی جائے۔ کھاتا ہے اور کھانے میں نقص بھی نکالتا ہے۔ **کھاتے تو کھا گئے پر اب اگلنا پڑا۔** اب مال واپس کرنا پڑا۔ **کھاتے پیتے جگ ملے او سر ملے نہ کوئی۔** خوشحالی میں سب دوست ہوتے ہیں مصیبت میں کوئی ساتھ نہیں دیتا۔ **کھا کے پچھتانا ہے۔ نہا کے نہیں پچھتانا۔** نہانا نقصان نہیں پہنچاتا کھانا بعض وقت نقصان پہنچاتا ہے۔ **کھا کے جلد چلئے کوس۔ مرے آپ دیب کے دوس۔** کھانے کے بعد جلد جلد نہیں چلنا چاہیئے۔ **کھا کے ڈکار نہ لینا۔** پرایا مال بالکل ہضم کر جانا۔ **کھا گیا سو انگ لگ گیا۔ دے گیا سو لے گیا۔ چھوڑ گیا سو کھو گیا۔** جو خرچ کیا اس سے مزے اڑائے۔ جو خیرات کیا وہ آخرت میں کام آئیگا۔ جو چھوڑ گیا وہ دوسرے کھائینگے۔ **کھالے پہن لے سو اپنا** ۱ اس دنیا میں جو کچھ آدمی کھایا پہن لے سو اس کا ہے۔ باقی دوسرے لے جائیں گے ۲ جس کی اولاد نہ ہو اسے بھی کہتے ہیں۔ **کھانا اور اگھانا** (غرانا یا گھرانا) اپنے محسن کا احسان نہ ماننا۔ **کھانا اور اینڈنا۔** کچھ کام نہ کرنا۔ **کھا کے پھرتے رہنا۔ کھانا پرایا ہے تو پیٹ تو اپنا ہے۔** پرایا نہیں ہے جب کوئی شخص بہت کھائے تو کہتے ہیں یا جب

کھانے کے بدہضمی ہو جائے تو کہتے ہیں۔ **کھانا پینا گانٹھ کا اور نری سلام و علیک۔** کسی امیر آدمی سے واقفیت ہو اور اس سے کچھ حاصل ہو تو کہتے ہیں۔ **کھانا شراکت رہنا فراغت۔** یاروں دوستوں کے ساتھ بیٹھ کر کھانا اچھا ہے۔ مگر رہنا اکیلا ہی چاہئے۔ **کھانا کھا کر انگڑائی لیں تو کھایا پیا کُتے کے پیٹ میں چلا جائیگا۔** عورتوں کا وہم ہے۔ **کھانا نہ کپڑا سینت کا بھڑا (کرنا)** (ہ) عورت نکمّے خاوند کے متعلق کہتی ہے کہ خرچ کو کچھ دیتا نہیں نام کا خاوند ہے (بغیر خرچ کے کام چلاتا ہے) **کھانا وہاں کھاؤ تو (پانی یہاں پینا یا ہو) ہاتھ یہاں دھوؤ۔** کسی کو جلد بلانے کے لئے کہتے ہیں۔ فوراً چلے آؤ۔ جلد آؤ۔ **کھانے کو اُود (اُوں یا اُونٹ) کمانے کو مجنوں۔ کھانے کو بسم اللہ کام (کمانے) کو استغفراللہ (نعوذ باللہ) کھانے کو جِچّہ کمانے کو ننھا بچّہ۔** اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو کھانے کو حاضر ہو اور کام سے جی چرائے۔ **کھانے کو پہلے نہانے کو پیچھے۔** محنت سے پہلے مزدوری مانگتا ہے۔ **کھانے کو پیچھے نہانے کو پہلے۔** کھانے سے پہلے نہانا چاہئے۔ **کھانے کو شیر کمانے کو بکری۔** دیکھو کھانے کو بسم اللہ الخ۔ **کھانے کو مُوا پہننے کو اُمُوا** کھانا بہت کم ہے۔ کپڑے قیمتی پہنتا ہے۔ **کھانے کو نہ ملے کھلی۔ نام کو بخت بلی** نام بڑے اور درشن تھوڑے۔ **کھانے کو نہ ملے خیر۔ پر نشے کو ملے۔** جو بہت نشے کی چیزیں کھائے یا پیئے اس کے متعلق کہتے ہیں۔ **کھانے کے دانت اور ہیں دکھانے کے اور۔** ریاکار کے متعلق کہتے ہیں۔ ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ۔ نمائشی چیزیں کام نہیں دیتیں۔ **کھانے کے گال اور نہانے کے بال چھپے نہیں رہتے۔** خوشخور کے گال پھولے پھولے ہوتے ہیں اور گیلے بال صاف نظر آتے ہیں۔ **کھانے میں چٹنی پلنگ پر نٹنی۔** لطف دیتی ہے۔ **کھانے میں شرم کیا اور گھونسوں میں اُدھار کیا۔** کھانا بے تکلف ہو کر کھانا چاہئے اور لڑائی میں گھونسے کے مقابلے پر مُکّے مارنے سے نہیں جھجکنا چاہئے۔ **کھاوے جیسے بکری سوکھے جیسے لکڑی۔ کھاوے پیوے گھر اپنے رہوے ہمارے سنگ۔** خود غرض آدمی کے متعلق کہتے ہیں جو کام نکال لیتا ہے مگر دینا دلانا کچھ نہیں۔ **کھاوے بکری کی طرح سوکھے لکڑی کی طرح۔** باوجودیکہ بہت کھاتا ہے۔ مگر پھر بھی دبلا ہوا چلا جاتا ہے۔ **کھاوے پان ٹکڑے کو حیران۔** غریب ہے مگر شوقین مزاج ہے۔ **کھاوے چنا رہے بنا۔** کھانے پر کم خرچ کرنے سے آدمی امیر ہو جاتا ہے۔ **کھاوے تو آوے۔** کچھ امید ہو تو اطاعت کرے۔ **کھاوے گھوڑا یا کھائے روڑا۔** گھوڑے اور مکان پر بہت خرچ ہوتا ہے۔ **کھاوے موٹ توڑے کوٹ۔** موٹھ کھانے والا بہت طاقتور ہوتا ہے۔ **کھاوے مونگ رہے اونگ۔** جو مونگ کھائے وہ سست ہو جاتا ہے۔ **کھاؤ تو کدو سے نہ کھاؤ تو کدو سے۔** ہمیں کچھ پرواہ نہیں کھاؤ یا نہ کھاؤ۔ **کھاؤں تو گیہوں نہیں رہوں ایہوں** خراب چیز کھانے سے بھوکا رہنا بہتر ہے۔ **کھائے بکری کی طرح سوکھے لکڑی کی طرح۔** بہت کھانے والا اور لاغر۔ **کھائی بھلی کہ مائی۔** کھانا ماں سے زیادہ پیارا ہوتا ہے۔ **کھائے پر کھایا سب (وہ بھی) گنوایا۔** زیادہ حرص کرنے والا اصل سرمایہ بھی کھو دیتا ہے۔ **کھائے تو پچھتائے نہ کھائے تو پچھتائے۔** جو کرے وہ بھی پچھتائے جو نہ کرے وہ بھی پچھتائے کسی طرح انسان کی تسلّی نہیں ہوتی۔ یہ مثل نور کے لڈو کے ساتھ بھی استعمال ہوتی ہے **کھائے تو گھی سے نہیں تو جائے جی سے** خراب کھانا کھانے سے مرجانا بہتر ہے۔ **کھائے تو منہ لال نہ کھائے تو منہ لال۔** اس کے متعلق کہتے ہیں جو چاہے قصور کرے نہ کرے الزام اس پر لگایا جائے۔ یہ مثل ذیل کے ساتھ بھی استعمال ہوتی ہے۔ **کھائے (کھائیے) دل بو لڑے (لڑیئے) سر پھوڑ۔** دونوں میں ہرگز کمی نہ کرے۔ **کھائے کا سا بھر چلے آسا** کھانا بہت ہے کام نہیں کرتا۔ آسا عصا کا مخرب ہے۔ **کھائی کرے کمائی کپڑا کرے سنگار۔** کمائی سے کھانے کو ملتا ہے۔ کپڑے سنگار ہوتے ہیں۔ **کھائے کی بڑیاں ٹانگیں ہیں کھڑیاں۔** بڑیوں میں بہت طاقت ہوتی ہے۔ **کھاتے کے گال نہاتے کے بال نہیں چھپتے۔** دیکھو کھانے کے گال الخ۔ **کھائی مغل کی تارڑی کہاں جائیگی باہری** (ہ) سلطان کا کھانا کھا کر پھر عورت کہیں نہیں جاتی۔ **کھلائے نانا کا کہلاوے دادا کا۔** گو بچّہ نانا کے پاس رہے۔ باپ دادا کے نام سے مشہور ہوتا ہے۔ **کھائیں پئیں گھر اپنے رہیں خضر کی گھاٹ۔** مفت میں کسی سے خبر لینا۔ **کھائیں تو گھی سے نہیں تو جائیں جی سے۔** خراب کھانے سے مرجانا بہتر ہے۔ **کھائیں رگے، کسی کا گائیں رگے کسی کا۔** احسان کوئی کرے شکر گزاری کسی کی کریں۔ **کھائیں نانا کے دودتے کہلائیں دادا کے پوتے** احسان کوئی کرے نام کسی کا ہو۔ **کھاتے نہ کھلائے خالہ دہدوں آگے (آئے) پائے** جو کھانے کو نہ دے اس کے لئے بد دعا ہے۔ **کھائیے من بھاتا پہنئے جگ بھاتا۔** جس چیز کو دل چاہا ہے وہ کھانی چاہئے۔ پہننا فیشن کے مطابق چاہئے۔ **کھایا بڑی کہ مایا۔** کھانا اچھا یا روپیہ جمع کرنا۔ **کھایا پیا انگ لگا۔** جو خرچ کیا اس میں فائدہ ہوا۔ **کھایا سو اپنا رہا سو لگا۔** انسان جو خرچ کرے اس کا اپنا ہوتا ہے۔ اس کے مرجانے پر دوسرے مالک بن جاتے ہیں۔ **کھایا سو کھایا۔** خرچ کیا ضائع کیا۔ خیرات کرے تو کام آتا ہے۔

کھابڑہ (ہ۔ صفت) ناہموار۔ اونچا نیچا۔

کھاپ (ہ۔ مونث) ۱ نیام۔ میان۔ ۲ کیلے کا تنہ ۳ کسی پھل کی پھانک۔

کھاپٹ (ہ۔ صفت) ۱ پرانا۔ قدیم ۲ بوڑھا ۳ (ذکر) بوڑھا آدمی۔ تجربہ کار

شخص -

کھات (ہ - مذکر) کھاد - انسان
یا حیوان کا فضلہ - کوڑا کرکٹ (س کھاد - کھانا)
مثل - کھات پڑے تو
کھیت نہیں بجھوڑ (ریت) کا ریت
کھیت میں فصل کھاد پڑنے سے ہوتی ہے اگر
کھاد نہ ڈالا جائے تو ریت کے جنگل کے برابر
ہے -

کھات (ہ - مذکر) ۱ کھدی ہوئی
زمین یا جگہ ۲ کھائی ۳ گڑھا - غار ۴ نہ خانہ ۵
کھنا ہو نہ خانہ میں ہو - **کھاتا** (مذکر) دیکھو کھات -
کھاتا باڑی (مونث) کھنا جو نہ خانے میں ہو -
کھاتا (ہ - مذکر) ۱ روزنامچہ - ساہوکار
کے روزانہ حساب کی کتاب ۲ حساب - لیکھا لین دین -
(س کشت تقسیم کرنا) **کھاتا بندی** (مونث) ہر ایک گاہک
کے حساب کا خلاصہ - **کھاتا بہی** (مونث) ایک قسم
کی بہی جس میں ہر اسامی کا حساب جدا جدا ہوتا ہے - **کھاتا پڑنا**
(لازم) حساب کتاب یا لین دین شروع ہونا - **کھاتا ڈالنا**
(متعدی) لین دین یا حساب کتاب کسی سے جاری
کرنا - **کھاتا کرنا** (متعدی) روزنامچہ سے چھانٹ
کر بہی میں چڑھانا - **کھاتے باقی** (مونث) بقایا
باقی - **کھاتے پڑنا** (لازم) حساب میں درج
ہونا - روزنامچہ سے پکی بہی میں چڑھایا جانا -

کھاتک (س - مذکر) ۱ کھانے والا
۲ قرض لینے والا - استعمال کرنے والا - مقروض -

کھاٹ (ہ - مونث) ۱ پلنگ - چارپائی ۲ وہ تختہ یا
چارپائی جس پر نعش لے جاتے ہیں ۳ خارش (دف) (س کھٹ) **کھاٹ**
سے اتار لینا یا اتارنا (متعدی) نزع کے
وقت ہندو بیمار کو چارپائی سے زمین پر اتار
لیتے ہیں - **کھاٹ سے لگ جانا** (لازم) بیمار ہونا - صاحب
فراش ہونا - بہت دبلا ہونا - **کھاٹ کاٹ دینا** (متعدی)
کٹ جانا (لازم) بہت بیمار ہو جانے کی وجہ سے بول و براز کے لئے
چارپائی کا کچھ حصہ کاٹ دیا جانا - **کھاٹ کھٹولا** (مذکر) مال و اسباب
- **کھاٹ لگ جانا** (لازم) سخت بیمار ہونا کہ اٹھ
نہ سکے - **کھاٹ نکلنا** (لازم) جنازہ نکلنا -

کھاج (ہ - مونث) کھجلی - خارش
کھاج اٹھنا - مارنا یا ہونا (لازم) خارش کی
بیماری ہونا -

کھاجا (ہ - مذکر) ۱ خوراک ۲ ایک
قسم کی مٹھائی -

کھاد (ہ - مذکر) ۱ دیکھو کھات ۱
(ہ) دیکھو کھات ۲ بیشگی جو کاشتکار کو خوراک کے
لئے دی جائے ۳ وہ روپیہ جو کاشتکار ہل وغیرہ
پر خرچ کریں (س کھاد - کھانا)

کھادر (س - مذکر) ۱ نشیب کی
زمین جس میں پانی جمع ہوتا ہے - اور دھان کی
کاشت ہوتی ہے (س کھن کھودنا) ۲ (ہ)
دیکھو کھادی -

کھادک - کھادی (س - مذکر)
دیکھو کھاتک - **کھادیہ** ۱ (صفت) قابل خوردن
حلال ۲ (مذکر) خوراک - طعام -

کھادی (ہ - مونث) دیکھو کھدر -

کہار (ہ - مذکر) ۱ ہندوؤں کی
ایک ذات جو پانی بھرتی ڈولیاں اٹھاتی یا برتن
مانجھتی ہے ۲ اس قوم کا ایک فرد - دھینور - جھرا
۳ ڈولی اٹھانے والا شخص - پانی بھرنے والا شخص
پالکی بردار (س کند کار) **کہارن - کہارنی**
(مونث) کہار کی مونث ۱ کہاروں کی مزدوری یا
اجرت ۲ کہار کا پیشہ -

کھار (ہ - مذکر) ۱ سجی - شور ۲ شورہ یت
۳ کوئی کاٹ کرنے والی چیز - **کھارا** (صفت) ۱
نمکین - شور - تلخ - کڑوا ۲ (مذکر) جال جس میں
گھاس خربزے وغیرہ رکھتے ہیں ۳ ایک رسم جس
میں نوشہ کو نہلا کر کپڑے بدلوائے جاتے ہیں ۴
سرکی کی تیلیوں یا سرکنڈوں کا ٹوکرا جس پر دولہا
کو بٹھاتے ہیں ۵ (بہاری) نمک - نون (س کشار) **کھار لگنا**
(لازم) شور لگنا - کلر لگنا - **کھاری** (صفت) نمکین
مذکر مونث دونوں کے لئے - **کھاری پانی** (مذکر)
نمکین پانی جو کنوئیں یا چشمے میں سے نکلے - **کھاری**
پن (مذکر) نمکینی - کھاری ہونے کا ذائقہ - **کھارے**
پر بٹھانا (متعدی) **بیٹھنا** (لازم) دیکھو کھارا
۲ و ۴ **کھارے چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا**
(لازم) دولھا کا کپڑے بدلنا - ایک رسم - **کھاری**
شور (صفت) بہت نمکین - **کھاری کنواں**
(مذکر) ۱ وہ کنواں جس کا پانی کھاری ہو ۲ بے فیض
آدمی - **کھاری کنوئیں میں ڈال دینا** (متعدی)
- ضائع کر دینا - کھو دینا ۲ فائدے سے محروم کرنا -
کھاری کنوئیں میں جانا (لازم) کھو جانا -
بے فائدہ جانا - تلف ہو جانا - **کھاری مٹی**
(مونث) وہ مٹی جس میں شور ہو - اس سے قلمی شورہ
نکالتے ہیں - **کھاری نمک یا نون** (مذکر)
ایک قسم کا نمک -
مثل - کھاری کنوئیں پر
ڈول ڈال دینگے کھیرو اور پیو - غریب
آدمی اپنی بیٹی کے بیاہ کی نسبت بیان کرتا
ہے کہ دینا لینا تو کیا - مجھ کو پانی پلانے تک کا
مقدور نہیں ہے - نہایت غریب ہوں -

کھاڑ (ہ - مونث) ۱ خلیج - کھاڑی
کھال ۲ ناہموار زمین - بیہڑ -

کھارکے (ہ - مونث) وہ گائے
بھینس جو پہلے پہل بیائے -

کھاروا (ہ - صفت) ۱ دیکھو
کھارا ۱ - ۲ ملاح ۳ (ہ - مذکر) ایک قسم کا موٹا
سرخ کپڑا -

کھارے (ہ - مذکر) وہ جھریاں
جو عورت کے پیٹ پر حمل کے بعد پڑ جاتی ہیں -

کھاڑوا (ہ - صفت) بوڑھا -
کمزور - ضعیف -

کھاڑی (ہ - مونث) ۱ خلیج ۲
وہ جگہ سمندر سے ملی ہوئی ایک طرف کو جس میں
جہاز لا کر کھڑا کرتے یا بناتے ہیں -

کھاس (ہ - مونث) ۱ بیلوں کی
جالی دار بوری -

کھاگر - کھاگھر (ہ - مونث)
ایک آلہ جس میں ایک تختے پر دستے لگے ہوتے
ہیں - اس سے گھڑے کو دو ڈانے کی مشک کراتے
ہیں -

کھاکسی (ہ - مونث) موٹی موٹی
سفید لکیریں یا نشان جو زچہ کی رانوں پیٹ
یا چھاتیوں پر پڑ جاتے ہیں -

کھاگ (ہ - مذکر) ۱ گینڈے کا
سینگ جو چھرے وغیرہ کے دستوں پر لگایا
جاتا ہے ۲ مرغ کا کانٹا ۳ سؤر کا باہر نکلا ہوا
دانت ۴ سرحد (س کھنگ)

کھال (ہ - مونث) ۱ انسان یا حیوان
کے بدن کا پوست ۲ چمڑا جانور کا ۳ چمڑے کی

دھونکنی ۹ چھال - بچلکے ۱۰ نالی جو پانی کے لئے نہر سے نکالی جائے (ہ) خلیج - کھاڑی کہ دریا - نہر کے کھاڑی (س کھل - کھیلا) **کھالا** (مذکر) ۱ وہ نیچی زمین جس میں بہت ندی نالے ہوں ۲ (رد) دریا ۳ نہر ۴ خلیج - **کھال اُپاڑنا یا اُتارنا** (متعدی) ۱ بدن پر سے کھال علیحدہ کرنا کھال ادھیڑنا ۲ بہت مارنا - چمڑی ادھیڑ دینا ۳ سزا دینا - بدلہ لینا - **کھال اُجیڑ** - بڑا دق کرنے والا - پیچھا نہ چھوڑنے والا - **کھال اُدھڑ جانا یا اُدھڑنا** (لازم) **ادھیڑنا** (متعدی) دیکھو آخری معانی ۲ **کھال اُڑا دینا یا اُڑانا** (متعدی) **اُڑ جانا یا اُڑنا** (لازم) اتنا پٹنا کہ کھال اُڑ جائے - **کھال بدرنا** (لازم) پٹنے کو جی چاہنا - شامت آنا - **کھال کھوسٹ** (صفت) دیکھو کھال اپیڑ - **کھال کھینچنا** (لازم) **کھنچوانا** (م) **کھینچنا** (متعدی) ۱ کھال کو بدن سے زندگی میں علیحدہ کرنا - اگلے زمانے کی ایک سزا زندہ شخص کے بدن سے کھال جدا کر کے بھس بھروا دیتے تھے ۲ جان سے مار ڈالنا **کھال کی جوتیاں بنوا کر پہننا** (لازم) سخت سزا دینا - بہت ذلیل کرنا - **کھال میں مست ہونا** (لازم) اپنی حالت میں خوش ہونا -

کھالت (ف - مونث) سستی غفلت - کچھ نہ کرنا (کہل - بوڑھا ہونا)

کھام (ہ - مذکر) ۱ برجی ۲ بادبان

کہاں (ہ - حرف استفہام) ۱ برائے ظرف مکان - کس جگہ - کدھر - کس مقام پر کجا - کس طرف ۲ استفہام انکاری - نہ - نہیں ۳ (تف) بعد - دوری - تفاوت عظیم - فرق عظیم - خارج از امکان یا نسبت - اس صورت میں دو دفعہ آتا ہے - کہاں یہ کہاں وہ (س کن ستھانو - کس جگہ) **کہاں پر** (تف) کس جگہ - کہاں (مت) **کہاں تک یا تلک** (تف) ۱ کب تک - کس وقت تک - کتنی دیر تک - تا بہ کے ۲ کتنی دور تک - کس حد تک ۳ کس قیمت یا مول پر ۴ کتنا - کس قدر - **کہاں جاتا ہے** ۱ کس کے پاس یا کس جگہ جاتا ہے ۲ کہاں بچ کے جائیگا - ضرور سزا پائیگا - **کہاں جاؤں** - کیا ملاح کروں - کیا تدبیر کروں - **کہاں چلے** - جب کوئی شخص مدت کے بعد یا بے موقع آتا ہے تو کہتے ہیں - کیسے آئے کس غرض سے آئے - کیوں آئے - بے وقت کہاں آئے - **کہاں چلے آتے ہو** ۱ تمہارے آنے کا موقع نہیں ہے ۲ پردہ ہے - پردے والے بیٹھے ہیں - **کہاں سر پھوڑوں** - کیا کروں - کدھر جاؤں - کہاں جاؤں - مجبوری ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں - **کہاں سو رہا** ۱ کہاں دیر لگائی - کسی شخص کی غیر حاضری میں ۲ کیوں دیر کی - کیوں غفلت کی - کسی شخص سے خطاب کر کے - **کہاں سے آیا** - بے وقعت ہے ناچیز ہے - **کہاں سے ٹپک پڑے** - اچانک کہاں سے آ گئے - کدھر سے آ گئے - **کہاں سے کہاں** (تف) ۱ کدھر سے کدھر ۲ بے ٹھکانے ۳ بہت دور - کالے کوسوں ۴ بہت آگے - **کہاں کا** (تف) ۱ کس جگہ کا - کس مقام کا ۲ کس شہر کا - کس ملک کا ۳ کس طرف کا - کس جانب کا ۴ کس کام کا - کس غرض کا - کس مطلب کا ۵ کیسا ۶ کون - کدھر کا - کس کھیت کا - بے تعلقی ظاہر کرنے کو ۷ انوکھا ۸ کونسا ۹ کب کا - کس زمانے کا ۱۰ دشواری یا بے پروائی ظاہر کرنے کے لئے دو مصدروں کے درمیان ۱۱ نیست و نابود ہونے کی جگہ - **کہاں کا آنا کہاں کا جانا** - کیسا ملنا جلنا - کیسی ملاقات - کیسا واسطہ - **کہاں کا ارادہ ہے** - کدھر جاتے ہو - **کہاں کا رہا** - بیکار ہو گیا - **کہاں کا کہاں** ۱ بے ٹھکانے - کس مقام سے ۲ بہت دور - کالے کوسوں - **کہاں کہاں** (تف) ۱ کسی کو دیکھ کر تعجب اور حیرت سے پوچھتے ہیں - کہاں جاتے ہو ۲ کسی کو روکنے یا ڈانٹنے کے لئے بھی کہتے ہیں ۳ کس کس جگہ - **کہاں کہاں کی** (تف) کس کس جگہ کی - **کہاں کی** (تف) دیکھو کہاں کا سوائے معنی ۱ کے - **کہاں کے ارادے ہیں** - کدھر جاتے ہو - کہاں کا قصد ہے - **کہاں کی بلا پیچھے لگی** - کوئی شے ناگوار ہوتی ہے تو تنگ ہو کر یہ کلمہ کہتے ہیں - **کہاں کے تیس مار خاں ہیں** - کہاں کے زبردست دلاور ہیں - **کہاں لا کر پھنسایا** کس عذاب میں ڈالا - **کہاں مر رہا** - کہاں دیر لگائی - کیوں دیر لگائی - **کہاں ہے** ۱ کس جگہ ہے ۲ نہیں ہے -

امثال و اقوال - کہاں

بڑھیا کہاں راج کنیا کہاں بی بی کہاں باندی - ادنیٰ کو اعلیٰ سے کیا نسبت - چہ نسبت خاک را با عالم پاک - **کہاں جاؤ چھجے کا بل نہیں یا** ۱ سخت ناچاری ظاہر کرنے کو کہتے ہیں - کہیں پناہ نہیں ملتی - **کہاں راجہ بھوج کہاں کنگلا (گنگوا) تیلی** - **کہاں رام رام کہاں ٹیں ٹیں** - دیکھو کہاں بڑھیا الخ - **کہاں یہ کہاں وہ** - ان کا کیا مقابلہ -

کھان (ہ - مونث) ۱ کان معدن - وہ جگہ جہاں سے معدنی اشیا برآمد ہوتی ہیں ۲ خزانہ - ذخیرہ - مخزن - مصدر ۳ افراط - بہتات - کثرت (س کھن - کھودنا)

کھانپ (ہ - مونث) قاش - ٹکڑا -

کہانت (ع - مونث) ۱ غیب کی بات بتانا - فال گوئی ۲ (علم) وہ علم جس کے ذریعے غیب کی باتیں بتاتے ہیں - علم نجوم (کہن - پیش گوئی کرنا)

کھانچ - کھانچا (ہ - مذکر) ۱ مرغیوں کے بند کرنے کا اونچا ٹوکرا - ٹاپا ۲ ایک قسم کا پنجرہ ۳ خوانچہ - چھابا - خوان ۴ سرپوش کی قطع کی ایک چیز جیسے کوئی خوان طعام پر ۵ چھوٹا گڑھا جو سڑک یا راستے میں ہو ۶ وقفہ - دیر - ڈھیل ۷ دیوار کا کھانچ ۸ (ہ) پھٹی ہوئی جگہ - **کھونچ** ۹ غار ۱۰ سڑک کا موڑ ۱۱ حساب میں غلطی (س کرش - کھدی ہوئی جگہ) **کھانچہ پڑنا** (لازم) ۱ وقفہ پڑنا - ناغہ ہونا ۲ کسی بات میں فرق آنا - **کھانچی** (مونث) ٹوکری جس پر ڈھکنا ہوتا ہے - **کھانچیوں** (تف) بہت کثرت سے -

کھانچ - کھانچہ (ہ - مذکر) کیچڑ - دلدل (س کچھ)

کھاندنا (ہ - متعدی) ۱ ایک جگہ سے کھود کر دوسری جگہ درخت لگانا ۲ درخت

لگانے کے لئے زمین میں گڑھا کھودنا۔

کھانڈ (ہ۔مذکر) ۱ ایک میٹھا مادہ جو گنا وغیرہ کی رس کو صاف کرکے بنایا جاتا ہے۔ شکر۔ چینی (بنانا۔ بننا کے ساتھ) ۲ (ہ) نالی جو کنوئیں سے کھیت تک جاتی ہے (رس کھنڈ۔ توڑنا) **کھانڈ سازی** (ہ۔ مذکر) کھانڈ بنانے والا۔ **کھانڈسال** (ہ۔صفت) کھانڈ کا کارخانہ۔ **کھانڈ کے کھلونے** (مذکر) ۱ شکر کے کھلونے جو دیوالی پر بنا کر بیچتے ہیں ۲ گاجریں بیچنے والے گاجروں کو کہتے ہیں **کھانڈ گلانا** (ہ۔متعدی) کھانڈ کو اُبال کر سخت کرنا۔

امثال و اقوال۔ کھانڈ

اور رانڈ کا جوبن رات کو۔ میٹھی چیز کا لطف رات کے کھانے کے بعد ہوتا ہے۔ اور رانڈ اگر بدچلن ہو تو رات کو بناؤ سنگار کرتی ہے۔ **کھانڈ بنا سب رانڈ رسوئی** بغیر میٹھی چیز کے کھانے کا کوئی مزا نہیں۔ **کھانڈ کھاری کا ایک بھاؤ ہے** سخت بدانتظامی ہے۔ **کھانڈ کھونڈیگا سو کھانڈ کھائیگا۔** جو محنت کریگا سو مزے اُڑائیگا۔ **کھانڈ کی روٹی جہاں توڑو وہاں میٹھی** اچھی چیز ہر جگہ سے اچھی ہوتی ہے۔

کھانڈا (ہ۔ مذکر) ۱ سیدھی دو رخی تلوار ۲ قصاب کا بغدا ۳ ٹکڑا ۴ مچھلی کا قتلا (رس کھنڈ۔ توڑنا) **کھانڈا بجنا** (لازم) تلوار چلنا۔ **کھانڈ کی دھار پر چلنا** (لازم) ۱ خطرناک کام کرنا ۲ بے تعلق ہونا۔ بے لگاؤ ہونا۔

مثل۔ کھانڈا باجے رن پڑے۔ داننا باجے گھر پڑے تلوار کا چلنا لڑائی کی نشانی ہے اور جھگڑنے سے گھر تباہ ہو جاتا ہے۔

کھانڈنا (ہ۔متعدی) کچلنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ قیمہ کرنا (رس کھنڈ۔ توڑنا)

کھانس (ہ۔ امر) کھانسنا کا (رس کاس۔ کھانسنا) **کھانسنا** (لازم) ۱ کھانسی ہونا۔ کھانسی کی آواز نکالنا ۲ کھنکارنا۔

کھانسی (مونث) ایک بیماری جس کی وجہ سے گلے میں خراش ہوتی ہے۔ اور اسے رفع کرنے کے لئے کھنگار کو نکالنے کی آواز نکالی جاتی ہے۔ سُرفہ۔ کُھرکُھر۔ کھوں کھوں (آنا۔ اُٹھنا۔ ہونا کے ساتھ)

کھانک (س۔ مذکر) کھودنے والا۔ کانکن۔

کھانکھ۔ کھانکر۔ کھانکھر (ہ۔ مذکر) خشک یا سوکھی ہوئی چیز۔

کھانگ (ہ۔ مذکر) دیکھو کھاگ۔

کھانوا (ہ۔ مذکر) ۱ کھائی ۲ نالی جو کھیت کے گرد ہو۔

کہانی (ہ۔مونث) ۱ قصہ۔ افسانہ۔ داستان ۲ حال۔ احوال ۳ ذکر۔ بات۔ بیان ۴ فضول اور لغو بات (کہنا سے) **کہانی آنا** (لازم) کوئی حکایت یاد ہونا۔ **کہانی جوڑنا** (متعدی) قصہ بنانا۔ افسانہ گھڑنا۔ **کہانی کہنا** (متعدی) ۱ قصہ سنانا یا بیان کرنا ۲ حال سنانا۔ واقعات بیان کرنا۔ **کہانی ہے۔** فسانہ ہے غلط ہے۔ جھوٹ ہے۔ **کہانی یہ بڑی ہے** لمبا قصہ ہے۔ طول طویل داستان ہے۔

مقولہ۔ کہانی جیسی جھوٹی نہیں۔ بات جیسی میٹھی نہیں معمولی سی بات ہے نہ بہت اچھی نہ بُری۔

کھاو (ہ۔ مذکر) کھاد۔

کہاوت (ہ۔مونث) ۱ قول۔ بچن۔ مقولہ ۲ ضرب المثل۔ کوئی فقرہ جو زبان زد خلائق ہو۔ اور نظیراً بولا جائے۔

کہاون (ہ۔ مذکر) ۱ ۱۲۸۰ کوڑیوں کا مجموعہ ۲ ایک سکّہ اس قیمت کا۔

کھائی (ہ۔مونث) خندق۔ وہ گڑھا جو قلعہ یا شہر پناہ وغیرہ کے گرداگرد کھود دیتے ہیں (کھدنا۔ کھدوانا۔ کھودنا کے ساتھ)

کھَب (ہ۔ مذکر) ۱ شکن جھری ۲ تہ ۳ نشان۔ لکیر۔

کھُب (ہ۔ امر) کھبنا کا (رس کُشبھ اندر جانا) **کھبا** (ماضی) کھبنا کا۔ **کھبا جانا۔ کھَب جانا۔ کھبنا** (لازم) ۱ چبھ جانا۔ گڑ جانا ۲ پسند آنا ۳ آنکھوں یا نظر کو اچھا لگنا ۴ زیب دینا۔ موزوں ہونا ۵ بس جانا۔ سما جانا۔ منقش ہو جانا۔

کھبّا (ہ۔ صفت) ۱ وہ جو بائیں ہاتھ سے کام کرے ۲ بایاں۔

کھَبَر (ہ۔ مونث) خبر کا منہ۔ **کھبریا** (مونث) کھبر کی تصغیر۔

کھبسا (ہ۔ مذکر) ۱ مٹی۔ خاک۔ تلچھٹ ۲ کیچڑ۔ دلدل۔

کھبشی (ہ۔ مذکر) حبشی۔

کھبھار۔ کھبھارو (ہ۔ مذکر) ۱ جھگڑا۔ تنازعہ۔ بحث ۲ جوش۔ خروش ۳ حیرت۔ پریشانی۔ گھبراہٹ ۴ بوجھ ۵ تکلیف۔ مصیبت۔ رنج۔

کھپ (ہ۔ امر) کھپنا کا (رس کشپ۔ پھینکنا) **کھپا** (ماضی) کھپنا کا۔ **کھپا دینا** (متعدی) دیکھو کھپانا۔ **کھپا ڈالنا** (متعدی) ۱ صرف کر دینا۔ لگا دینا ۲ تباہ کر دینا۔ غارت کر دینا۔ ناس کر دینا۔ **کھپانا** (متعدی) ۱ برتنا لگانا۔ صرف کرنا ۲ برباد کرنا۔ تباہ کرنا ۳ تحلیل کرنا۔ گھلانا ۴ کھونا۔ گنوانا۔ ضائع کرنا ۵ تنگ کرنا۔ ستانا ۶ جذب کرنا۔ پلانا۔ پیوست کرنا ۷ سمانا۔ اٹانا۔ بھرنا ۸ خفیف کرنا۔ کچی کرنا۔ **کھپاؤ** (مذکر) ۱ خرچ۔ صرف ۲ استعمال ۳ ضرورت۔ مانگ۔ **کھپت** (مونث) ۱ صرف خرچ۔ انصراف ۲ سمائی۔ گنجائش ۳ نباہ۔ گزارہ ۴ فروخت۔ **کھپ جانا۔ کھپنا** (لازم) کھپانا کا ۱ دیکھو کھپانا ۲ فروخت ہونا۔ کھپت ہونا ۳ تباہ ہونا۔ گزر ہونا ۴ کام آنا۔ ضائع ہونا۔ **کھپ رہا۔** بیٹھ رہا۔ دیر لگا دی۔

کھپاٹا (ہ۔ مذکر) ۱ بڑا ٹہنا جو ٹوٹ کر درخت سے علیحدہ ہو جاتے ۲ کٹی ہوئی لکڑی کا بڑا ٹکڑا۔ **کھپاٹی** (مونث) کھپاٹا کی تصغیر۔

کھپاچ (ہ۔ مذکر) ۱ بانس کا ٹکڑا ۲ پھانس ۳ نہایت دُبلا آدمی۔

کھپت (ہ۔صفت) ۱ تباہ کیا ہوا۔ کھویا ہوا ۲ بیچا ہوا ۳ گنوایا ہوا ۴ ضائع شدہ ۵ پاگل۔ مجنون۔ **کھپتی** (صفت) ۱ ارادے

کا پکا۔ مستقل مزاج ۲۔ پاگل۔ مجنون۔

کھپٹ (ہ۔ صفت) بوڑھا۔ بوڑھی

کھپٹا (ہ۔ مذکر) ۱۔ لکڑی۔ اینٹ۔ چمڑے یا چھال کا ٹکڑا۔ ٹھیکرا ۲۔ لکڑی کی پھانس ۳۔ تختہ ۴۔ کھرنڈ ۵۔ تختے کی پٹی ۶۔ پھلوں کا چھلکا ۷۔ ٹھیکری ۸۔ پھانک۔ قاش ۹۔ ایک کیڑا جو گیہوں کو لگتا ہے ۱۰۔ کھپرا۔

کھپچ (ہ۔ مونث) ۱۔ بانس کا ٹکڑا ۲۔ کھپاچ ۳۔ پھانس۔ **کھپچا** (مذکر) لکڑی کا کفگیر۔ **کھپچی** (مونث) ۱۔ پھانس۔ کھپاچ ۲۔ پکڑ۔ گرفت کولی۔ گود۔ آغوش۔ **کھپچی بھرنا** (متعدی) ۱۔ آغوش میں لینا ۲۔ دونوں بازوؤں میں پکڑ لینا۔ کولی بھرنا۔

کھپنچی (ہ۔ مونث) ۱۔ بانس کی تیلی یا پچی ۲۔ لاغر۔ دبلا۔

کھپر (ہ۔ مذکر) ۱۔ کھوپری ۲۔ تونبی کا بنا ہوا برتن ۳۔ فقیر کا ٹھیکرا ۴۔ وہ برتن جس میں قربانی کے جانور یا آدمی کا خون لے کر بت کو چڑھایا جاتا ہے۔ **کھپر بھرنا** (مذکر) ۱۔ خیرات دینا۔ جوگی کے برتن میں خیرات ڈالنا ۲۔ دیوتا کو خون چڑھانا۔

کھپرس (س۔ مذکر) پان کی بیل۔

کھپرا (ہ۔ مذکر) ۱۔ دیکھو کھپٹا ۲۔ کھپریل چھاننے کا مٹی کا ظرف۔ تیر جس کا پھل چوڑا ہو۔ **کھپری** (مونث) ۱۔ مٹی کا ٹھیکرا جس پر روٹی پکاتے ہیں ۲۔ چھوٹا کھپرا ۳۔ کھوپری۔ **کھپری منہ میں لگانا** (متعدی)۔ **لگنا** (لازم) تہمت لگنا۔ رسوا ہونا۔

کھپریا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا بھاری ہل جو سخت زمین میں چلایا جاتا ہے۔

کھپریل (ہ۔ مذکر) ۱۔ کھپرا ۲۔ کھپروں کی چھت ۳۔ مکان جسے کھپروں سے پاٹا ہو۔ **کھپریل ڈالنا** (متعدی) کھپروں کی چھت ڈالنا۔ **کھپریل کی جالی** (مونث) کھڑکی جو نصف گول کھپروں سے بنائی جائے۔ **کھپریل والا** (صفت) جس پر کھپرے لگے ہوں (بنگلہ وغیرہ)

کھپسنا (ہ۔ متعدی) ۱۔ گھسیڑنا۔ داخل کرنا ۲۔ چبھونا۔

کھپکھپاٹ (ہ۔ مونث) ۱۔ رشک۔ حسد ۲۔ کھٹک۔

کھپکھپانا (ہ۔ لازم) ۱۔ چبھنا۔ کھبنا۔ بیندھنا۔ چھیدنا ۲۔ کھٹکنا ۳۔ رشک ہونا۔ حسد ہونا ۴۔ گھبرانا۔ بے چین ہونا۔ ۵۔ غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔

کھپلا (ہ۔ مذکر) ۱۔ دیکھو کھپٹا ۲۔ (ہ) کھرنڈ۔

کھپیا (ہ۔ مونث) پھانک۔ قاش

کھتّا (ہ۔ مذکر) ۱۔ زمین دوز گڑھا جس میں اناج بھرا جاتا ہے ۲۔ ذخیرہ ۳۔ برف دبا کر رکھنے کا گڑھا ۴۔ مقتولوں کے ڈالنے کا گڑھا جو لڑائی میں کھود دیا جاتا ہے۔ **کھتّی** (مونث) کھتّا۔ **کھتّے** (مذکر) ۱۔ کھتا کی جمع ۲۔ بجائے کھتا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کھتی بھرنا** (متعدی) کھتی میں غلہ ڈالنا۔ **کھتی کا اناج** (مذکر) خراب اناج۔ **کھتے میں پڑ جانا** (لازم) کھٹائی میں پڑ جانا۔ کسی معاملے کا بغیر میعاد ملتوی ہو جانا۔

کھتّا (ہ۔ مذکر) آنکھوں کے لئے لیپ جس میں افیون پھٹکڑی۔ املی۔ لیموں کا رس وغیرہ ملا کر پکاتے ہیں۔

کھتان (ہ۔ مذکر) روزنامچہ کے حساب کی باقی نکالنا۔

کھتاونی (ہ۔ مونث) دیکھو کھتونی۔

کھترا (ہ۔ مذکر) ۱۔ سوراخ۔ گڑھا۔ اردو میں کونا کا تابع استعمال ہوتا ہے ۲۔ وہ جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں

کھترانی (ہ۔ مونث) کھتری کی۔

کھتری (ہ۔ مذکر) ۱۔ ہندوؤں کی چار بڑی ذاتوں میں سے دوسری ذات چھتری ۲۔ اس قوم کا ایک فرد ۳۔ غلہ فروش۔ بنیا (س کشتری)

امثال۔ کھتری پترم کبھی نہ مترم۔ جب دیکھو جب دگم دگا ۔ کھتریوں کی بیوفائی مشہور ہے۔
کھتری سے گورا سو پنڈ روگی ۔ جو شخص کھتری سے زیادہ گورا ہو اسے برص کا مریض سمجھنا چاہئے۔

کھتربٹا (ہ۔ مذکر) کھتری کا بیٹا۔ نوجوان کھتری۔

کھتوارا (ہ۔ مذکر) کوڑی۔ گھورا

کھتونی (ہ۔ مونث) ۱۔ وہ کاغذ جس میں گاؤں کی زمین کا حساب کتاب مع کیفیت تقسیم وغیرہ درج ہوتی ہے ۲۔ (ہ) بہی۔ کھاتا (کھاتا سے)

کھتّی (ہ۔ مونث) ۱۔ روپے کی تھیلی۔ بٹوا ۲۔ خزانہ۔ دولت ۳۔ (پ) وہ چھوٹا گڑھا جو گلی ڈنڈا کھیلنے کے لئے بناتے ہیں۔

کھتیان (ہ۔ مونث) ۱۔ بہی۔ کھاتا ۲۔ بہی میں اندراج۔ **کھتیانا** (ہ۔ متعدی) رقم کو کھاتے میں درج کرنا۔

کھٹ (ہ۔ مونث) گھاٹ کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **کھٹ بنا** (مذکر) وہ شخص جو چارپائیاں بنے **کھٹ جال** (مذکر) کھاٹ کا بنا ہوا حصہ جن میں سے خاک یا چونا چھانتے ہیں۔ **کھٹ چھپر** (ہ) دیکھو چھپر کھٹ۔ **کھٹ کیرا۔ کیڑا۔ کرڑوا یا گیر** (ہ)۔ **کھٹمل** (مذکر) ایک قسم کا کیڑا جو چارپائیوں میں ہوتا ہے۔ اس کو مارو تو سخت بدبو آتی ہے ۲۔ ایک سیاہ رنگ کا پہاڑی پھل۔ **کھٹ متوا** (صفت) وہ بچہ جو رات کو چارپائی پر پیشاب کرے۔ **کھٹوائی پٹوائی** (مونث) دیکھو اٹوائی کھٹوائی۔ **کھٹوائی لینا** (متعدی) دیکھو اٹوائی کھٹوائی لیکر پڑ رہنا۔ **کھٹولا** (مذکر) **کھٹولی** (مونث) چھوٹی کھاٹ یا چارپائی **کھٹیا** (مونث) ۱۔ پلنگڑی ۲۔ جنازہ۔ **کھٹیا (پر پڑنا) سینا** (لازم) بیمار ہونا۔ صاحب فراش ہونا۔ **کھٹیا نکلنا** (لازم) جنازہ نکلنا۔

کھٹ (ہ۔ مونث) ۱۔ دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز ۲۔ مرکبات میں شور۔ غل۔ **کھٹا پٹ۔ پٹی۔ کھٹ پٹ** (مونث) ۱۔ گھوڑے کی ٹاپوں کی متواتر آواز ۲۔ بوٹ یا کھڑاؤں کی آواز ۳۔ کسی چیز کے متواتر ٹکرانے کی آواز ۴۔ ہتھیاروں کی جھنکار ۵۔ جھگڑا۔ لڑائی فساد۔ نزاع۔ **کھٹا کھٹ** (مونث) دو کڑی چیزوں کے باہم ٹکرانے کی آواز۔ **کھٹ پٹ**

کھٹ پٹ (مونث) جلد جلد یا متواتر ٹاپ پڑنے یا بوٹ پہنے ہوئے چلنے کی آواز کرنا

ہونا کے ساتھ) کھٹ پٹ ہو جانا (لازم) لڑائی جھگڑا ہو جانا۔ کھٹ پٹیا (ھ۔ صفت) ۱ شور مچانے والا ۲ جھگڑالو۔ کھٹ پچھڑا (ھ۔ صفت) ۱ فسادی۔ جو فساد ڈلوائے لگائی بجھائی کرنے والا ۲ سازش کرنے والا۔ فتنہ انگیز۔ کھٹ سے (تف) فوراً۔ اسی دم۔ کھٹ کھٹ (مونث) ۱ دو چیزوں کے متواتر ٹکرانے کی آواز ۲ کوٹے جانے کی آواز ۳ جھگڑا۔ کھٹ کھٹا (ھ۔ مذکر) ۱ جھگڑا۔ لڑائی۔ نزاع ۲ جھگڑے والا کام یا معاملہ۔ بکھیڑا۔ کھٹ کھٹ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز ہونا۔ کھٹ کھٹیا (ھ۔ صفت) دیکھو کھٹ پچڑا۔

مثل۔ کھٹ کھٹ سنار کی۔ ایک چوٹ لوہار کی۔ کمزور کی بہت سی تدبیروں پر زور آور غالب آتا ہے۔

کھٹ (ہ۔ صفت) چھ۔ شش (س۔ شٹ)۔ کھٹ پَد (مذکر) ۱ چھ پیروں والا ۲ بھونرا۔ کھٹ پورا (مذکر) ایک آلہ جس سے مٹی کے بند بنا کر کھیت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بناتے ہیں۔ کھٹ راگ (مذکر) ۱ چھ راگ - بھیروں۔ مالکونس۔ سری میگھ۔ ہنڈول۔ دیپک ۲ سری راگ کا پانچواں پُتر ۳ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ ٹنٹا۔ قضیہ۔ جھمیلا ۴ لغو و بیہودہ باتیں۔ کھٹ راگ پھیلانا (متعدی) جھگڑا پیدا کرنا۔ بکھیڑا پھیلانا۔ شرارت کرنا۔ کھٹ راگ لانا (متعدی) ۱ شور مچانا۔ غل و شور کرنا ۲ جھگڑا پیدا کرنا۔ کھٹ راگ مچانا (متعدی) شور مچانا۔ غل و شور کرنا۔ کھٹ راگ میں پڑنا (لازم) جھمیلے یا بکھیڑے میں پڑنا۔ جنجال میں پڑنا۔ کھٹ راگ نکالنا (متعدی) شرارت کرنا۔ فیل لانا۔ کھٹ رس (مذکر) چھ مزے۔ کڑوا۔ نمکین۔ میٹھا۔ کھٹا۔ کسیلا۔ چرپرا۔ کھٹ شاستر (مذکر) چھ شاستر۔ دیکھو شاستر۔ کھٹ کرم (مذکر) ۱ اشنان۔ دھیان۔ گیان۔ جپ۔ ترپن۔ پوجا ۲ اصطلاحاً وید پڑھنا پڑھانا۔ جگ کرنا کرانا۔ دان دینا۔ لینا۔

کھٹ (ہ۔ صفت) کھٹا کا مخفف۔ **کھٹ مٹھا میٹھا** (صفت) ۱ دیکھو کھٹ میٹھا ۲ (مذکر) ایک پھل جس کا مزا کھٹا اور میٹھا ہوتا ہے۔

کِھٹ (ھ۔ مونث) ۱ مٹی میل ۲ نجاست (رکنی)۔

کھُٹ (ہ۔ مونث) ۱ دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز ۲ کسی چیز کے کھٹکنے کی آواز ۳ لڑکوں کے کٹی کرنے کی آواز۔ دیکھو کٹ ۴ ترک ملاقات۔ کھٹ بڑھئی (مونث) ٹھیٹھوا (?)۔ کھٹ بچڑا۔ تند مزاج۔ زود رنج۔ بدمعاملہ۔ سرکش۔ کھٹ کھٹ (مونث) دو چیزوں کے متواتر ٹکرانے یا کوٹے جانے کی آواز۔

کھٹّا (ہ۔ صفت) ۱ ترش ۲ (مذکر) ایک ترش پھل جس کا رس آلوؤں۔ کابلی چنوں۔ کچالوؤں وغیرہ پر ڈال کر کھاتے ہیں (س۔ کشٹ) ۳ بڑی چارپائی جس کے پائے اونچے ہوتے ہیں (کھاٹ سے)۔ کھٹا چوک یا چونا (صفت) نہایت کھٹا۔ کھٹا کھٹا (صفت) کھٹا۔ کھٹا ساگ (مذکر) ایک قسم کا ساگ۔ کھٹا کھا رہنا (لازم) کسی سے عناد ہونا۔ کسی سے ناراضگی ہونا۔ کسی کو نفرت کی نگاہ سے دیکھنا۔ کھٹا کھانا (متعدی) ۱ گالی کھانا۔ بری بات سننا ۲ زک اٹھانا ۳ غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ کھٹا مٹھا یا میٹھا (صفت) وہ جس میں کھٹا اور میٹھا دونوں مزے ہوں۔ ترش و شیریں۔ کھٹا میٹھا کھانا (متعدی) ۱ کھٹی اور میٹھی چیزیں کھانا ۲ تکلیف اور آرام دونوں صبر سے برداشت کرنا۔ کھٹا میٹھا ہونا (لازم) ۱ جی چاہنا۔ دل للچانا ۲ منہ میں پانی بھر آنا ۳ ناراض ہونا۔ ناچاقی ہونا۔ کھٹا ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ ترش ہونا۔ اچار اٹھ آنا ۲ رکھا رکھا سڑ جانا ۳ (دل، جی) بیزار ہو جانا۔ کھٹی (صفت) مونث کھٹا کی۔ کھٹے (صفت) ۱ ترش ۲ (مذکر، جمع) کھٹا کی۔ کھٹیاں کھانا (متعدی) زک اٹھانا۔ کھٹی پیالی (چیز) کو جی چاہنا (لازم) حاملہ عورت کا ترشی کی رغبت کرنا۔ کھٹے چنے (مذکر) وہ چنے جن میں کھٹائی اور نمک مرچ پڑا ہو۔ کھٹی میٹھی باتیں (مونث) ناراضگی کی باتیں۔ سخت سست۔ بُری بھلی باتیں۔ کھٹے دن (مذکر) ۱ حمل کا زمانہ ۲ بُرے دن۔ کھٹے میٹھے کو جی چاہنا (لازم) ۱ لذیذ غذا کو جی چاہنا ۲ حاملہ عورت کا کھٹائی کھانے کو دل چاہنا۔

کھٹاپن (ھ۔ مذکر) دیکھو کھٹاپن (?) کھٹائی۔

کھٹاس (ہ۔ مونث) ۱ ترشی ۲ کھٹائی ۳ خفگی۔ ناراضگی (کھٹا سے)۔

کھٹّاس (ہ۔ مذکر) نیولا۔ مشک بلاؤ (س۔ کھٹاش)

کھٹاک (ہ) **کھٹاکا** (ہ۔ مذکر) کھڑاکا۔ کھٹاک سے (تف) آواز کے ساتھ۔ کھڑاکے سے۔

کھٹال (ھ۔ مذکر) جوار کا ڈنٹھل (?)

کھٹانا (ہ۔ متعدی) ۱ روکنا۔ مزاحمت کرنا۔ حائل ہونا ۲ کھڑا کرنا ۳ کھڑا کرنے کا موجب ہونا۔ کھڑا کرانا ۴ کمانا (?) ۵ کمانے کا موجب ہونا۔

کھٹاؤ (ھ۔ مذکر) وہ بانس یا کھونٹا جس سے کشتی کو باندھتے ہیں۔

کھٹاہی (ھ۔ مونث) ۱ باندھنا ۲ روکنا۔ ٹھیرانا ۳ کھڑا رہنا۔ ٹکا رہنا۔

کھٹائی (ہ۔ مونث) ۱ ترشی ۲ کچے آم کی سوکھی ہوئی پھانک۔ امچور ۳ کھٹے یا کھٹی چیز کا پانی (کھٹا سے)۔ کھٹائی کا زبان کاٹنا (متعدی) مرکے یا کھٹی چیز کی ترشی کا زبان پر چرکا دینا۔ کھٹائی کھانا (متعدی) ۱ ترشی کھانا ۲ (مذکر) وہ شخص جو کھٹائی کھائے ۳ مجازاً نامرد۔ ہیجڑا۔ جسے کھٹائی کی وجہ سے شہوت کم آئے ۴ بھڑوا۔ قرمساق ۵ بے غیرت۔ بے حیا۔ بے شرم۔ کھٹائی میں پڑنا (لازم) ڈالنا (متعدی) ۱ زیور کو صاف کرنے کے لئے کھٹے کے پانی میں رکھنا ۲ جھمیلے یا بکھیڑے میں ڈالنا ۳ توقف کرنا۔ دیر لگانا۔ ڈھیل ڈالنا۔ تاخیر کرنا ۴ ٹال مٹول کرنا۔ بہانے کرنا۔ یہ محاورہ سناروں سے لیا گیا ہے۔ جب زیور بنانے میں دیر ہو جائے تو وہ بہانہ کرتے ہیں کہ زیور کھٹائی میں پڑا ہے۔

کھُٹائی (ہ۔ مونث) ۱ کھوٹ۔ ملاوٹ ۲ نقص ۳ دغابازی۔ دھوکا بازی ۴ بیوفائی ۵ بدذاتی

۴ نیکی یا عصمت کا نہ ہونا۔ بدچلنی۔ بدمعاشی ۵ دشمنی۔ رنجش (کھوٹ سے)

کھٹڑیا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا کبرا۔

کھٹک (ہ۔ امر) ۱ کھٹکنا سے ۲ (مذکر) خلش چبھن ۳ ٹیس چیس ۴ رنج۔ غم۔ ملال۔ گلہ۔ شکوہ۔ **کھٹکتے رہنا** (لازم) ۱ چبھتا رہنا ۲ بچے رہنا۔ کنارہ کش رہنا۔ الگ الگ رہنا۔ **کھٹک جانا** (لازم) ۱ چبھ جانا ۲ ناگوار ہونا۔ برا لگنا ۳ بگڑ جانا۔ بگاڑ ہو جانا۔ لڑائی ہو جانا۔ ان بن ہو جانا ۴ اُچٹ جانا۔ اکھڑ جانا سنڈلی سے الگ ہو جانا ۵ مشتبہ ہو جانا ۶ دل میں اتر جانا۔ **کھٹک چلنا** (لازم) کنارہ کش ہونا بیزار ہو چلنا۔ **کھٹکنا** (لازم) ۱ چبھنا۔ کھبنا۔ خلش ہونا ۲ ٹیس مارنا۔ درد کرنا ۳ برا لگنا۔ ناگوار گزرنا ۴ بگڑنا۔ ان بن ہونا ۵ بجنا۔ کھڑکنا ۶ رڑکنا۔ کرکرا معلوم ہونا ۷ دبنا۔ ہچکچانا۔ بدکنا ۸ بدظن ہونا ۹ ہوشیار ہو جانا ۱۰ اچٹنا۔ اکھڑنا ۱۱ بیزار ہونا۔ کنارہ کش ہونا ۱۲ ڈرنا۔ خوف کھانا۔ خائف ہونا ۱۳ (بات) تردد اندیشے کے ساتھ کسی بات کا دل میں گزرنا ۱۴ بھلا لگنا۔ بس لگنا

کھٹک وٹک (مذکر) کھٹک وٹک تابع مہمل سب۔

کھٹک (ہ۔ مذکر) دیکھو کھٹبک۔

کھٹک (ہ۔ امر) ۱ کھٹکنا کا ۲ چونچ مارنا ۳ کھٹکھٹانا (کُٹ سے)۔ **کھٹکنا** (لازم) ۱ پرند کے بچے کا انڈے میں چونچ مار کر نکلنا ۲ چلغوزے۔ خربوزے وغیرہ کے بیج کو دانتوں سے دبا کر گری نکالنا۔ چھلکا اتارنا ۳ کسی چیز کا اگلے دانتوں سے توڑنا۔ ذرہ میں کھٹکی دینا۔

کھٹکا (ہ۔ امر) ۱ کھٹکنا کا ۲ ماضی کھٹکنا کا ۳ (مذکر) دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز ۴ خفیف سی آواز جو کسی چیز کے گرنے سے ہو۔ کھڑکا۔ کھٹاکا ۵ پاؤں کی آواز۔ آہٹ ۶ کھٹک۔ خلش ۷ وہ بانس کا ٹکڑا جو پھلدار درختوں میں پرندوں اور جانوروں کے ڈرانے کو باندھ دیتے ہیں (صرف ان معنوں میں باندھنا۔ بندھنا۔ لگانا۔ لگنا۔ ہلانا۔ ہلنا کے ساتھ) ۸ چٹخنی۔ بلّی (رکانا۔ لگنا کے ساتھ) ۹ قفل کا دم حصہ جو اسے بند کر دیتا ہے (گھڑنا۔ لوٹنا وغیرہ کے ساتھ) ۱۰ آواز کا جھٹکا ۱۱ آواز کی گنگری۔ اندیشہ۔ ڈر ۱۲ تردد۔ فکر۔ **کھٹکا پڑ جانا** (لازم) خوف یا اندیشہ ہونا ہر وقت خطرے میں جان رہنا۔ **کھٹکا گذرنا** (لازم) اندیشہ ہونا۔ **کھٹکا لگا رہنا** (لازم) فکر و اندیشہ رہنا ہر وقت خطرے میں جان رہنا **کھٹکا لگنا** (لازم) اندیشہ ہونا۔ فکر رہنا۔ **کھٹکا مٹ جانا۔ کھٹکا مٹنا** (لازم) اندیشہ دور ہونا۔ فکر رفع ہونا۔

کھٹکا ہوا (صفت) ۱ رکا ہوا ۲ کشیدہ خاطر۔ **کھٹکا ہونا** (لازم) ۱ آہٹ ہونا ۲ فکر یا تردد ہونا ۳ خوف یا اندیشہ ہونا۔ **کھٹکانا** (متعدی) کھڑکانا (ست)

کھٹکا (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو کھٹکا ۲ لاٹھی۔ عصا۔

مثل۔ کھٹکے پر سونا جہنم کا اسیر ہے۔

کھٹکار (ہ۔ مؤنث) ۱ آواز جو مچھلی کی شست کو جنبش دینے سے ہوتی ہے۔ **کھٹکارنا** (متعدی) مچھلی کی شست کو جنبش دینا۔

کھٹکھٹا (ہ۔ امر) ۱ کھٹکھٹانا کا ۲ جھگڑا۔ جھمیلا ۳ کام۔ دھندا۔ دکانداری۔ **کھٹکھٹانا** (متعدی) کھڑکھڑانا۔ دستک دینا

کھٹکھٹی (ہ۔ مونث) ہنسی۔ کھلکھل۔

کھٹلا (ہ۔ مذکر) ۱ نااتفاقی۔ ان بن ۲ جھگڑا۔ لڑائی ۳ روک۔ رکاوٹ ۴ چیزیں جو قبضے میں یا ملکیت ہوں ۵ مال و اسباب ۶ سامان سفر ۷ سامانِ خانہ داری ۸ میز کرسی وغیرہ ۹ ڈھیر۔ انبار ۱۰ بیوی بچے۔ خاندان ۱۱ گھربار۔ نوکر چاکر ۱۲ محنت مشقت ۱۳ کام۔ دھندہ۔ کاروبار ۱۴ مشکل کام۔ پیچیدہ امر ۱۵ معاملہ۔ مقدمہ۔

کھٹلے (ہ۔ مذکر) کان کے اوپر کے سوراخ جو عورتیں بالیوں کے پہننے کے لئے چھدواتی ہیں۔

کھٹنا (ہ۔ لازم) ۱ رکنا (آدمی یا کام کا) ۲ کھڑا ہونا ۳ بات پر اڑا رہنا۔ ضد کرنا ۴ اترنا۔ ٹھیرنا ۵ جاری رہنا ۶ بچنا۔ فائدہ ہونا ۷ (متعدی) کمانا۔

مثل۔ کھٹن گئے کماؤ کچھ کھٹ کے بھی لائے، کھٹ کے کیا لائے۔ بانٹو بیوی شیر بنی میاں خیر سے تو آئے۔ کھٹ کے کیا لاتے آپ صحیح سلامت آ گئے یہی غنیمت۔

کھٹو (ہ۔ مذکر) مزدور۔ قلی۔

کھٹو (ہ۔ صفت) شرمندہ۔

کھٹوا (س۔ مونث) ۱ کھاٹ۔ چارپائی۔ پلنگ ۲ جھولا ۳ لیٹنے کا جھولا۔

کھٹواٹ۔ کھٹوائی (ہ۔ مونث) ۱ چارپائی پر جا کر غصے میں لیٹ رہنا ۲ بیماری کا بہانہ کرنا۔

کھٹوانا (ہ۔ مم) کہیں سے کچھ دلوانا۔ کما دینا (کھٹنا سے جو اردو میں استعمال نہیں ہوتا)

کھٹولنا (ہ۔ متعدی) ۱ کھٹولا ۲ پالنا ۳ ایک قسم کا جال۔

کھٹی (ہ۔ مونث) ۱ کھرنڈ ۲ مچھر۔

کھٹی (ہ۔ صفت) کھوٹی۔

کھٹیا (ہ۔ مونث) کھاٹ۔ چارپائی (رغت)

کھڈیا (ہ۔ مونث) ریوڑی۔

کھٹیال (ہ۔ صفت) تلخ مزاج۔ ترشرو۔ بدخو۔ سخت۔ تند۔ زود رنج۔

کھٹیال (ہ۔ صفت) میلا۔ گندا۔ ناپاک۔

کھٹیانا (ہ۔ متعدی) ۱ اعتبار کرنا ۲ ادھار دینا ۳ تعلقات اچھے ہونا۔ دوستانہ طریقے پر رہنا۔

کھٹیاؤ (ہ۔ مذکر) اتفاق۔ میل۔ ملاپ۔ موافقت۔ آشتی۔ سازگاری۔

کھٹیک (ہ۔ مذکر) ۱ ایک ہندو قوم جو جانوروں کو پالتی اور بیچتی ہے ۲ چمڑا رنگنے والی قوم (س۔ کھٹیک)

کھج (ف۔ مذکر) جنگلی اشاری۔

کھج (اردو۔ مذکر) سرین سے ملی ہوئی ران کا گوشت (اصطلاح قصاباں)

کھج (ہ۔ امر) ۱ کھجنا کا ۲ (مرتث)

چڑ۔ چھیڑ ۳ ملال۔ رنج۔ رنجیدگی۔ ناراضگی۔ خنگی (س کِھٹ۔ خفا ہونا) **کھجانا** (متعدی) ۱ چڑانا۔ چھیڑنا ۲ ناراض کرنا۔ خفا کرنا ۳ غصہ دلانا۔ ایسی بات کہنا جو رنجش خاطر کا باعث ہو یا گراں گزرے ۴ مذاقاً کوئی بات کہنا جو بری معلوم ہو ۵ (لازم) شرمندہ ہونا ۶ ناراض ہونا۔ **کھچاوٹ** (ھ) دیکھو کھچ۔ **کھچ پڑنا یا جانا۔ کھچنا** (لازم، کھچانا کا اردو میں متروک ہے) **کھچ نکالنا** (متعدی) چڑ نکالنا چھیڑ مقرر کرنا۔

کھجانا (ہ۔ متعدی) ۱ ناخن یا انگلیوں سے آہستہ آہستہ سہلانا۔ ناخن سے کھرچنا۔ ۲ چل مٹانا ۳ سراہنا۔ تعریف کرنا ۴ (لازم) خارشت ہونا۔ چل ہونا۔ کھجلی ہونا (س کھرج۔ خارش۔ کھرج: تکلیف دینا)

کھجلا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا خستہ پکوان جس میں کئی پرت ہوتے ہیں (کُلتا، پ، رکھا جا سے)

کھجلا (ہ۔ امر، کھجلانا کا) دیکھو کھجانا۔ **کھجلاپن** (ھ۔ مذکر) کھجلاہٹ۔ **کھجلانا** (متعدی) و (لازم) دیکھو کھجانا۔ **کھجلاہٹ** (مونث) خارشت۔ خارش۔ کھجلی۔ چل۔ **کھجلی** (مونث) ۱ خارش۔ کھاج۔ چل۔ خارشت ۲ ایک قسم کی بیماری جس میں بدن یا تو بہت کھجلاتا ہے یا ہاتھوں کی گھاٹیوں وغیرہ میں پھنسیاں ہوتی ہیں۔ اول قسم کو خشک اور دوسری کو تر کھجلی کہتے ہیں۔ **کھجلی اُٹھنا** (لازم) ۱ چل ہونا۔ خارش ہونا ۲ مار کھانے کو دل چاہنا ۳ شامت آنا ۴ شہوت کا زور ہونا۔ **کھجلی ہونا** (لازم) دیکھو آخری۔

کھجلنا (ھ۔ لازم) کھجانا کا۔

کھجوانا (ھ مم) ۱ کھجلانا کا ۲ (متعدی لازم) کھجلانا۔

کھجور (ہ۔ مونث) ۱ ایک درخت بہت لمبا جو عموماً ریگستانوں میں ہوتا ہے۔ اور اس کا پھل بہت میٹھا ہوتا ہے۔ اسے کھاتے ہیں۔ اس کی شکر اور شراب بناتے ہیں۔ اس کی عام طور پر ایک ہی شاخ ہوتی ہے اور سرے پر چند پتے ہوتے ہیں۔ مگر ہم نے کئی درخت دیکھے ہیں جن میں ۵ یا ۶ شاخیں تھیں ۲ اس درخت کا پھل۔ خرما ۳ ایک قسم کی شیرینی (س کھرجور) **کھجورا** (صفت) ۱ کھجور سے منسوب ۲ بلپٹ پڑا ہوا۔ گندھا ہوا ۳ (مذکر) نر کھجور جس میں پھل نہیں لگتا ۴ پھپھر کی مگری۔ مکھ جور ۵ کن کھجوری (رنگالی) **کھجور چھڑی** (مونث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر لہریے دار نشان ہوتے ہیں۔ جیسے کھجور کے تنے پر ہوتے ہیں۔ **کھجور رس** (مونث) تاڑی۔ جنگلی کھجور یا تاڑ کا رس

کھجوری (صفت مونث) ۱ دیکھو کھجورا ۲ مادہ ۳ (مونث) ایک قسم کی شیرینی۔ **کھجوریا** (مونث) ۱ چھوٹی کھجور ۲ چھوٹی کھجور کا درخت۔ **کھجوری چوٹی** (مونث) ایک قسم کی لہردار گندھی ہوئی چوٹی۔ **کھجوری ڈورا** (مذکر) دو بل کا تاگا۔

کھجرا (ھ۔ صفت) بخیل کنجوس۔

کھچ (ھ۔ امر، کھچنا کا ۲ (مونث) بھیڑ کی حالت ۳ مجمع۔ بھیڑ ۴ ڈھیر پھلوں پتوں وغیرہ کا ۵ ضرب۔ دھماکا (س کچ۔ باندھنا) **کھچا** (صفت) ۱ جڑا ہوا۔ ملا ہوا۔ لگا ہوا ۲ بلا ہوا۔ گڈمڈ ہوا ہوا ۳ اکٹھا ہوا ہوا۔ مجمع ۴ جڑا ہوا (جواہرات سے) ۵ جڑا ہوا۔ جواہرات کی طرح جڑاؤ۔ **کھچا کھچ** (ہ۔ صفت) ۱ خوب بھرا ہوا ۲ بکثرت۔ بافراط ۳ (مونث) چقاچاق۔ ہتھیاروں کی جسم پر لگنے اور گوشت میں گھسنے کی آواز۔ **کھچا کھچ بھرنا** (متعدی) ٹھونس ٹھونس کے بھرنا **کھچ کھچ** (ہ۔ مونث) کیچڑ میں چلنے کی آواز۔ **کھچنا** (لازم) ۱ جڑنا۔ ملنا۔ لگنا ۲ چسپاں ہونا ۳ جڑا ہونا۔

کھچ (ہ۔ امر) ۱ کھچنا کا (کھینچنا سے) **کھچا** (ماضی) ۱ کھچنا کا ۲ (امر) کھچانا کا ۳ (صفت) تنا ہوا۔ کسا ہوا۔ جکڑا ہوا ۴ کشیدہ۔ ناراض ۵ گراں۔ مہنگا۔ تیز۔ **کھچا جانا** (لازم) حائل ہوا جانا۔ گراں ہوا جانا ۲ تیزی سے مال کسی مقام کو چلا جانا ۳ کشش کے سبب کسی طرف کو چلا جانا۔ **کھچا چلا آنا** (لازم) ۱ کشش سے آنا ۲ مال کا تیزی کے ساتھ چلا آنا۔ **کھچا رہنا** (لازم) ۱ رکا رہنا۔ الگ رہنا ۲ کشیدہ رہنا۔ آزردہ رہنا۔ **کھچا کھچا** (صفت) کشیدہ خاطر۔ **کھچا کھچا پھرنا** (لازم) ۱ کشمکش میں مبتلا ہونا ۲ مارا مارا پھرنا **کھچانا** (متعدی) کھچنا کا۔ **کھچاوٹ** (مونث) **کھچاؤ** (مذکر) ۱ کسا ہونا۔ کھنچا ہونا ۲ کشش ۳ نبھاؤ۔ مدہ ۴ کھچاوٹ ۵ کساؤ۔ تناؤ ۶ کشیدگی۔ ناراضی۔ **کھچائی** (ھ۔ مونث) ۱ دیکھو کھچاوٹ ۲ کھینچنے کی مزدوری۔ **کھچ پچ** (مونث) کثرت انبوہ۔ **کھچ جانا** (لازم) ۱ نکلنا۔ کشیدہ ہونا (تلوار کا) ۲ ناراض ہونا۔ خفا ہونا ۳ کنارہ کش ہونا۔ بیٹھ رہنا۔ **کھچم کھچا** (مذکر) دو آدمیوں کا ایک ہی چیز کو اپنی اپنی طرف کھینچنا۔ کسی چیز کو جلدی کھینچنا۔ **کھچ کے ملنا** (لازم) صاف دلی سے نہ ملنا۔ **کھچنا** (لازم) ۱ گھسیٹا جانا۔ کھینچا جانا۔ اینچنا ۲ تننا۔ کسا جانا۔ جکڑا جانا ۳ کشیدہ ہونا۔ آزردہ ہونا ۴ رکا رہنا۔ کنارہ کش ہونا۔ ترک ملاقات کرنا ۵ کسی مال کا کسی مقام کی طرف چلا جانا ۶ گراں ہونا۔ مہنگا ۷ کشش ہونا۔ کشش سے رجوع ہونا ۸ (عرق، تیل، شراب وغیرہ) نکلنا۔ کشید ہونا ۹ (نقشہ) اترنا۔ نکل ہونا ۱۰ (عرصہ) طول پکڑنا ۱۱ (صبح شام رات وغیرہ) بدقت گزرنا ۱۲ (تصویر۔ فوٹو وغیرہ) شبیہ اترنا۔ عکس اترنا ۱۳ (روح طاقت) نکلنا۔ خارج ہونا ۱۴ (رگیں) موت کی نشانی ہے۔ کسا جانا ۱۵ (دل) مائل ہونا۔ راغب ہونا ۱۶ برداشت ہونا۔ **کھچوانا** (مم) کھینچنا کا۔ **کھچوائی** (مونث) کھینچنے نکالنے وغیرہ کی مزدوری۔

کھچاکا (ہ۔ مذکر) چقاچاق۔ تلوار کے لگنے کی آواز۔

کھچڑا (ہ۔ مذکر) وہ نمکین کھانا جو اکثر محرم میں پکا کر تقسیم کرتے ہیں۔ اس میں گیہوں اور کئی قسم کی دالیں ہوتی ہیں (س کرشرا) **کھچڑی** (صفت) ۱ ملا جلا۔ خلط ملط (ہونا کے ساتھ) ۲ دال اور چاول ملا کر پکے ہوئے ۳ وہ دال اور چاول چھٹی کے روز زچہ کے واسطے اسکے میکے سے گٹھڑی بندھ کر آتے ہیں ۴ ملی جلی اشرفیاں روپے وغیرہ ۵ خفیہ صلاح۔ مشورہ ۶ سیاہ سفید بال ۷ ناچ کی سائی ۸ ہندوؤں کا ایک تیوہار ۹ بیری کا پھول ۱۰ درختوں میں پھول آنا ۱۱ کئی زبانوں کو ملا کر بولنا ۱۲ مختلف قسم کے محصول۔ اخراجات ۱۳ وہ چالتے جو چیل جھپٹے کے کھیل میں چیل بننے والے لڑکے کے سب لڑکے بٹھاتے وقت مارتے ہیں۔ **کھچڑی آنا** (لازم) ۱ بیری یا دوسرے درختوں میں پھول آنا ۲ کھچڑی ۳ آنا۔ **کھچڑیاں**

(مونث) کھچڑی کی سی۔ کھچڑیاں پک رہی ہیں۔ بڑا شور و غل برپا ہے۔ **کھچڑی پکانا** (متعدی) **پلنا** (لازم) خفیہ یا پوشیدہ صلاح یا مشورہ ہونا۔ سازش ہونا۔ چپ چاپ کسی بات کا تذکرہ ہونا۔ **کھچڑی داڑھی** (مونث) وہ داڑھی جس میں کچھ سیاہ کچھ سفید بال ہوں۔ **کھچڑی کھاتے پہنچا اترنا** (لازم) ۱ بہت نازک ہونا۔ ذرا سی تکلیف سے صدمہ پہنچنا ۲ ناحق کی نزاکت جتانا۔ **کھچڑی کھانا** (متعدی) ۱ کھچڑی کا تناول کرنا ۲ چیل جھپٹے کے کھیل میں چانٹے کھانا۔ **کھچڑی کی سی حالت** (مونث) ملی جلی کیفیت۔ **کھچڑی ہو جانا** (لازم) ۱ مل جانا۔ خلط ملط ہو جانا ۲ بال برے ہو جانا۔ بالوں کا۔ سپید اور سیاہ ہو جانا۔

امثال و اقوال۔ کھچڑی کے کھدبدکھوں۔ فضول حرکت۔ **کھچڑی چلی پکاون کو چرخہ توڑ چلا۔ آیا کتا کھا گیا تو بیٹھی ڈھول بجا۔** اس کے متعلق کہتے ہیں جو کسی اور چیز کی خواہش میں اپنا نقصان کرے۔ **کھچڑی کھاچڑی ہو گیا۔** بنا کام بگڑ گیا۔ **کھچڑی کھاتے پہنچا اترا** ۱ جھوٹی نزاکت ظاہر کرنا۔ نازقلیل سے زیادہ صدمہ پہنچنا۔

کھچیڑنا (ھ۔ متعدی) کھینچنا۔

کھد (ہ۔ امر) کھدنا کا (کھودنا سے) **کھدا** (امر) ۱ کھدانا کا ۲ (ماضی) کھدنا کا۔ **کھدانا** (ھ) دیکھو کھدوانا۔ **کھداوٹ** (ھ) **کھدائی** (مونث) ۱ کھودنے کا فعل کھودنا ۲ کھدوانے کی اجرت یا مزدوری۔ **کھدنا** (لازم) ۱ کھودا جانا ۲ جڑ سے نکلنا ۳ نقش کیا جانا ۴ مسمار ہونا۔ اکھڑنا ۵ کندہ ہونا۔ **کھدنی** (مونث) ۱ کھدائی۔ مال و دولت کی تلاش کے واسطے زمین کا کھودنا ۲ تلاش جستجو۔ پوشیدہ تحقیقات۔ **کھدنی کرنا** (متعدی) ۱ دولت یا مال کے لئے زمین کھودنا ۲ سرنگ کا کھوج لگانے کے لئے زمین کھودنا۔ **کھدوانا** (م) کھودنا کا ۱ کندہ کرانا ۲ نقش کرانا ۳ جڑ سے نکلوانا ۴ یوں توں کرانا۔ زنا کروانا۔ **کھدوائی** (مونث) کھودنے کی اجرت۔

کھدّا (ہ۔ مونث) گڑھا۔ غار (دکنی)

کھدانا (ہ۔ مذکر) وہ گڑھا جس میں سے چکنی مٹی کھودتے ہیں (کھتنا سے)

کھدائی (ہ۔ مذکر) اٹھنی۔ چونی (زنانوں کی اصطلاح)

کھدبھد (ہ۔ مونث) دال یا چاول پکنے کی آواز۔ پکنے کی آواز۔ اناج کے پکنے کی آواز۔ پانی کے ابلنے کی آواز (ابلنے کی آواز) **کھدبدانا** (متعدی) ابلنا پکنے یا ابلنے کی آواز پیدا کرنا۔ **کھدبدی** (مونث) ۱ ہلچل۔ فکر۔ اندیشہ ۲ شوق۔ ہوس۔ **کھدبدی لگی** شوق پیدا ہوا۔ ہوس لگی۔

کھدبدرا (ہ۔ صفت) ناہموار۔ وہ جس میں نشیب و فراز ہو (س کھڈ۔ دبانا)

کھدّر (ہ۔ مذکر) ۱ موٹا سفید دیسی کپڑا۔ کھادی ۲ (صفت) موٹا۔ کھردرا (س کھر۔ کھردرا)

کھدر (س۔ مذکر) کتھے کا درخت۔

کھدروپن (مذکر) کیکر۔ ببول۔

کھدرا (ہ۔ صفت) ۱ کھردرا۔ ناہموار۔ اونچا نیچا ۲ وہ شخص جسکے منہ پر چیچک کے نشان ہوں ۳ (مذکر) کونا کونا کا تابع استعمال ہوتا ہے (س کھر۔ کھردرا)

کھدرانا (ھ۔ متعدی) دلکی چلنا۔

کھدربدر (ہ۔ مونث) **کھدر کھدر** (ھ) دیکھو کھدبد۔

کھدر جانا۔ کھدرنا (ھ۔ لازم) خراب ہونا۔

کھدڑنا (ھ۔ متعدی) دیکھو کھدیڑنا

کھدکھدانا (ہ۔ لازم) کھدبدانا

کھدھا (ھ۔ مونث) بھوک (س کشدھا) **کھدا لگنا** (متعدی) بھوک لگنا۔ بھوکا ہونا۔ **کھدارت** (صفت) ۱ جو بھوک کی وجہ سے تکلیف میں ہو۔ بہت بھوکا ۲ (مذکر) بھوکا آدمی۔

کھدی (ھ۔ مونث) ایک قسم کی گھاس جو نالابوں میں اگتی ہے۔

کھدیا (ھ۔ صفت) بھوکا۔

کھدیڑ (ہ۔ مونث) پیچھا۔ تعقب۔ **کھدیڑنا** (متعدی) ۱ تعقب کرنا۔ پیچھا کرنا۔ رگیدنا ۲ (ھ) شکار کرنا۔

کھڈ (ہ۔ مذکر) ۱ گڑھا۔ غار۔ دو پہاڑوں کے بیچ کا میدان ۲ بوڑھا آدمی۔ (س کھنڈ توڑنا) **کھڈا** (مذکر) ۱ غار۔ گڑھا ۲ چاہ غبغب ۳ گھٹنے کا گڑھا ۴ دندانہ۔ دانتا ۵ (صفت) کبڑا۔ خمیدہ۔ **کھڈی** (پ۔ مونث) جولاہوں کا گڑھا جس میں وہ کام کرتے ہیں۔

کھڈگ (س۔ مذکر مونث) ۱ تلوار شمشیر ۲ گینڈے کا سینگ ۳ گینڈا۔ **کھڈگ مارنا** (متعدی) تلوار چلانا۔ تلوار سے لڑنا۔

کھڈگی (س۔ صفت) ۱ تلوار سے مسلح ۲ تلوریا ۳ گینڈا۔

کھڈی (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹا گڑھا ۲ دراڑ۔ سوراخ ۳ قدمچہ۔ وہ چولھا سا جس پر بیٹھ کر پاخانہ کرتے ہیں ۴ ریخ یا دانتوں کا سوراخ ۵ جگہ جو دانت کے نکل جانے۔ خالی ہو جائے ۶ سر کے بالوں کا پیشانی سے لے کر سر یا چوکرن منڈا ہوا حصہ (س کھنڈ۔ توڑنا)

کہر (ہ۔ مذکر) گھوڑے کا ایک رنگ۔

کُہر (ہ۔ مونث) وہ دھواں سا جو سردی کے موسم میں زمین کے قریب نظر آتا ہے۔ یہ پانی کے بخارات ہوتے ہیں۔ جو سردی کی وجہ سے جم جاتے ہیں اور نظر آنے لگتے ہیں۔ یہ اگر اونچے ہوں تو بادل کی صورت میں نظر آتے ہیں۔ کوہر (س کوہا) **کہرا** (مذکر) کہر۔ **کہرا اٹھنا۔ کہر پڑنا** (لازم) کہر کا نظر آنا۔ کہرا بلند ہونا۔

کھر (ھ۔ مذکر) ۱ گھاس۔ بھوسہ ۲ لمبی گھاس جس کے چھپر بناتے ہیں ۳ جنگلی بوٹیاں ۴ کوڑا کرکٹ (س کھٹ) **کھر گونیا** (صفت) مجازاً ۱ سفلہ۔ رذیل ۲ کم عقل۔ احمق۔

کھر (س۔ صفت) ۱ سخت ۲ کھردرا ۳ دندانہ دار ۴ تیز ۵ نوکدار ۶ چرپرا ۷ ٹھوس ۸ بھربھرا ۹ بھاری یا بھرائی ہوئی (آواز) ۱۰ (مذکر) گدھا ۱۱ سورج کی گرمی۔ **کھربر** (صفت) ۱ کھردرا۔ ناہموار (زمین) ۲ (مونث) کھلبل۔ شور۔ غل۔ غپاڑہ ۳ پیٹ کا بولنا۔

کھُر (ہ۔ مذکر) ۱ گدھے مویشی یا ہرن کا ناخن جو بیچ میں سے چرا ہوا ہوتا ہے۔ جن جانوروں کا چرا نہیں ہوتا اسے سم کہتے ہیں جیسے گھوڑے کا (س کشر یا کھر) **کھرا** (صفت) ۱ کھر

والا ۲ (مذکر) ایڑی۔ **کھر بندی** (مونث) نعلبندی مویشی کی۔ **کھر پکا** (مذکر) مویشی کی ایک بیماری۔ **کھر بلپٹا** (مذکر) ہندوستان کی ایک خانہ بدوش قوم جو بوڑھے بیلوں کے کھر وغیرہ درست کر کے جوان بیل کہہ کر بیچ جاتے ہیں۔ **کھر تار یا تال** (مذکر) کھروں کی آواز۔ **کھر والا** (صفت) وہ جانور جس کے کھر ہوں۔ **کھر کھوج** (مذکر) نشان۔ سراغ۔ پتہ۔ **کھر کھوج کھونا یا مٹانا** (متعدی) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ نام و نشان مٹانا۔ ناس کر دینا۔

کھر (ھ۔ مونث) کھانسی کی آواز۔ **کھر کھر** (مونث) کھانسی کی آواز۔ **کھر کھر کرنا** (متعدی) کھانسنا۔

مقولے۔ کھر کھانسی بنئے کے جائے۔ اس کے گھر گئے گڑ کھائے۔ کھر کھانسی تیری دائی کے گلے میں پھانسی۔ یہ فقرے عورتیں بچے کو کھانسی کی تکلیف یا کھانسنے کے وقت رونے سے بہلانے کے واسطے کہتی ہیں۔ عموماً کھر کھانسی ہی کہہ دیتی ہیں۔

کھرا (صفت) ۱ خالص۔ بے میل ۲ نہایت اچھا۔ نفیس۔ بہترین ۳ اصلی۔ جو نقلی نہ ہو ۴ صاف۔ پاک۔ بے ریا ۵ سچا۔ صادق۔ راستباز ۶ صاف گو۔ منصف مزاج ۷ خوش مزاج۔ لین دین کا صاف ۸ وہ (مٹی کا ظرف) جو زیادہ پک گیا ہو ۹ نقد ۱۰ (ھ)۔ مقررہ جو فیصلہ کیا گیا ہو ۱۱ جائز ۱۲ مستحکم۔ **کھرا پن** (مذکر) خوش معاملگی دیانتداری۔ صاف گوئی۔ خوبی۔ **کھرا پن بگھارنا** (متعدی) خوش معاملگی کی ڈینگ مارنا۔ **کھرا کرنا** (متعدی) روپیہ یا اشرفی پرکھنا۔ **کھرا کھوٹا** (صفت) اچھا برا۔ برا بھلا۔ **کھرا کھوٹا پرکھنا** (لازم) برے بھلے کی آزمائش کرنا۔ **کھرا کھوٹا ہونا** (لازم) ۱ نیت میں فرق آنا۔ نیت بگڑنا ۲ خوبصورت عورت کو دیکھ کر بدنیتی کرنا (جی دل کے ساتھ)۔ **کھرا کھیل** (مذکر) ۱ خوش معاملگی۔ معاملے کی صفائی ۲ (ننف) فوراً۔ جلد۔ **کھری** (صفت۔ مونث) کھرا کا۔ **کھرے** (صفت۔ مذکر) ۱ کھرا کی جمع

۲ حرف مغیرہ کے بعد بجائے کھرا۔ **کھرے آئے۔** بڑے آئے۔ **کھری بات** (مونث) صاف بات۔ بے لگاؤ بات جس میں کسی طرح کی طرفداری نہ ہو۔ **کھری بولی** (مونث) ۱ خالص زبان ۲ ٹکسال کا روپیہ۔ **کھرے دام** (مذکر) پوری قیمت۔ **کھرے رہے۔** فائدے میں رہے۔ **کھری سنانا۔ کھری (کھری) سنانا یا کہنا** (متعدی) ۱ صاف صاف کہنا لگی لپٹی نہ رکھنا ۲ برا بھلا کہنا۔ **کھرے کرنا** (ھ۔ متعدی) نقد روپے وصول کرنا۔ **کھرے کھرے** (صفت) نقد۔ چوکھے۔ بغیر دستوری کے۔ **کھرے ہو جانا** (لازم) نقد کے برابر ہو جانا۔ قائم ہو جانا۔

امثال و اقوال کھرا میں

فرخ آبادی ۱ فرخ آباد میں ٹکسال تھی اور وہاں کا روپیہ بہت کھرا سمجھا جاتا تھا۔ خوش معاملگی اچھی ہے۔ ادھر دام دیئے ادھر کام لیا۔ **کھری مزدوری چوکھا کام۔** جب مزدوری جلد ملتی ہے کام اچھا ہوتا ہے۔ **کھرے سے کھوٹا ایسے کو سراسر ٹوٹا۔** جو شخص نیکوں سے بدی کرے وہ خود نقصان اٹھاتا ہے۔ **کھری کہیا داڑھی جار۔** سچ کہنے والے کو لوگ برا کہتے ہیں۔

کھرّا (ھ۔ مذکر) ۱ مسودہ۔ یادداشت ۲ طومار۔ طول طویل لکھا ہوا مضمون۔ طول طویل خط ۳ کھر کھرا ۴ ایک قسم کا سخت پھوڑا پاؤں کے اوپر ۵ کھرنڈ۔ **کھرے کا کھرا** (صفت) بہت طول طویل۔

کھرا (ھ۔ مذکر) ۱ وہ پکی جگہ جہاں بیٹھ کر نہاتے یا کپڑا دھوتے یا پانی کے گھڑے رکھتے ہیں ۲ کھوج۔ سراغ۔ نقش پا۔

کھرّا (ھ۔ صفت) ۱ کھردرا۔ اونچا نیچا ۲ درشت۔ سخت ۳ درشت خو۔ اکھڑ مزاج۔ بدمزاج ۴ (مذکر) ایک آلہ جس سے کپڑا چھنتے ہیں ۵ ایک مصالحہ جس سے چھاپنے کے پتھر پر سے حرف اڑاتے ہیں۔ کھنگر ۶ چکنے کا ضد ۷ کھانسی ۸ بے فرش کا (تخت یا پلنگ) ۹ (ھ) خراٹا ۱۰ دم گھٹنے کی آواز (س کشر کا بگڑ ڈالنا)۔ **کھرّی** (صفت) ۱ مونث کھرا کا ۲ بے فرش کی (چارپائی)۔ **کھری آواز** (مونث) کرخت آواز (مونث) کرخت آواز۔ **کھرے چارپائی پر سو کے آئے ہو۔** جب کوئی شخص بدمزاجی کی باتیں کرے تو کہتے ہیں۔ **کھری کھاٹ** (مونث) وہ چارپائی جس پر بچھونا نہ ہو۔

کھرّاٹا (ھ۔ مذکر) خراٹا کا مخفف۔ **کھراٹا مارنا** (متعدی) خراٹا مارنا۔

کھرادی (ھ۔ مذکر) خرادی۔

کھرارا (ھ۔ مذکر) کھر کھرا۔

کھراکا (ھ۔ مذکر) کڑاکا۔

کہرام (ہ۔ مذکر) ۱ آہ و زاری۔ رونا پیٹنا۔ ماتم ۲ کئی شخصوں کا اکٹھا ایک ہی مصیبت پر رونا (پڑنا۔ ڈالنا۔ کرنا۔ مچنا۔ ہونا کے ساتھ) (س ک برا۔ رام۔ آرام دینے والا)

کھرانٹ (ہ۔ مذکر) ۱ بہت بوڑھا ۲ تجربہ کار۔ مشاق۔ خرانٹ ۳ مکار۔ عیار ۴ پرانی مٹی۔ وہ مٹی جو مویشی کے پاؤں سے روندی گئی ہو (س کشر۔ کھر۔ آونتر۔ الٹے یا مڑے ہوئے کھروں والا)

کھراند۔ کھراہند (ہ۔ مونث) ۱ پیشاب کی بو ۲ گھاس یا بھوسے کے جلنے کی بو ۳ بری بو ۴ برا مزا۔ جلی ہوئی چیز کا مزا۔ نمکین مزا (س کھر۔ گھاس۔ گندھ۔ بو)

کھرائی (ھ۔ مونث) ۱ اچھائی۔ نیکی ۲ اصلیت ۳ سچائی ۴ وفاداری۔ اعتبار ۵ دیانتداری۔ ایمانداری ۶ صاف دلی۔ صفائی۔ کھرا پن ۷ پاکیزگی۔ پاکی ۸ راستی۔ صحت۔ درستی ۹ (کہاروں کی اصطلاح) گوہ۔ براز۔

کھرب (س۔ مذکر) ۱ بہت بڑا عدد ۲ (صفت) چھوٹے قد کا۔ بونا ۳ (ہ) سوا رب۔

کھرپا (ھ۔ مذکر) ۱ کھڑاؤں ۲ کپڑے کی سیون جو بغل سے دامن تک ہوتی ہے۔

کھرپا (ہ۔ مذکر) ۱ گھاس کھودنے کا آلہ ۲ گھٹنے کی چپنی ۳ کنایتاً بیوقوف۔ احمق (س کشر پر)۔ **کھرپا جالی** (مونث) گھاس کھودنے کا آلہ اور جالی جس میں گھاس باندھتے ہیں۔ **کھرپا جالی سنبھالنا** (متعدی) گھاس

کھودنا اختیار کرنا۔ گھسیارے کا کام کرنا۔ کھرپی (مونث) ۱ چھوٹا کھرپا ۲ انگیا اور پشواز کے مونڈھوں کی تراش ۳ چمڑا تانے کا آلہ۔

کھرپر (س۔ مذکر) ۱ چور۔ سارق۔ بدمعاش ۲ کھوپری ۳ جوگی کا پیالہ ۴ سُرمہ۔

کھرپنا (ہ۔ متعدی) گھاس کھودنا۔ جنگلی بوٹیاں نکالنا۔

کھرپیچ (ہ۔ مذکر) دیکھو کھڑپیچ۔

کھرتل (ہ۔ صفت) ۱ صاف دل۔ صاف۔ کھرا ۲ (ظرف) کھلے طور پر۔ آزادانہ۔ بالکل ۳ دیکھو کھڑتل۔

کھرج (ہ۔ مونث) ایک قسم کا اونچا سُر (س شڈج)

کھرجور (ہ۔ مونث) کھجور۔

کھرچا (ہ۔ مذکر) دانتوں کا خلال

کھرچال (ہ۔ مذکر) لوہے کا برتن جس میں راکھ چھانتے ہیں۔

کھرچ (ہ۔ امر) کھرچنا کا (س کش۔ تیز کرنا) کھرچا (ماضی) کھرچنا کی۔ **کھرچ دینا** (متعدی) دیکھو کھرچنا۔ **کھرچن** (مونث) ۱ وہ چیز جو پکی ہوئی ہانڈی کے پیندے میں لگ جاتی ہے ۲ دودھ کی جمائی ہوئی مٹھائی ۳ (مذاقاً) سب سے آخیر بچہ۔ پیٹ کی پونچھن ۴ (صفت) بچا کھچا۔ پسماندہ۔ **کھرچن باقی ہے** پہلا اندوختہ چلا آتا ہے ۲ ابھی بہت کچھ باقی ہے۔ جائداد میں ابھی بہت ہے ختم نہیں ہوئی۔ **کھرچنا** (متعدی) ۱ چھیلنا ۲ رگڑنا ۳ کریدنا ۴ مونڈنا۔ **کھرچنی** (مونث) ۱ کھرچنے کا آلہ۔ کھرپی ۲ ربڑ۔ غلط بردار۔

مثل۔ کھرچن متھرا کی اور سب نقل۔ متھرا کی مٹھائی بہت مشہور ہے خصوصاً پیڑے۔ قلاقند وغیرہ۔

کھرچھرا (ہ۔ صفت) کھردرا۔ اونچا نیچا۔

کھردرا (ہ۔ صفت) ۱ ناہموار۔ اونچا نیچا۔ دانے دار۔ کھرکھرا ۲ درشت (س کش تیز کرنا۔ درتوڑنا)۔ **کھردراپن** (مذکر) ۱ ناہمواری۔ کھرکھراہٹ ۲ درشتی۔ **کھردری** (صفت مونث) کھردرا کی۔ **کھردری زبان** (مونث) سخت دانے دار زبان جیسے شیر کی۔

کھرسا (ہ۔ مذکر) گرم موسم۔ خشک موسم۔ **کھرسا پڑنا** (لازم) بالکل مینہ نہ برسنا ہر طرف خشکی ہی خشکی نظر آنا۔

مقولہ۔ کھرسا پیارا بیجنا سیالے پیاری آگ برکھا پیاری تین چیز کمبل چھاوا راگ۔ گرمی میں پنکھا اچھا لگتا ہے سردی میں آگ بارش میں کمبل سایہ اور راگ۔

کھرسا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا کھانا۔

کھرسنبل (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی سیم کی پھلی ۲ بیل جس میں یہ لگتی ہے۔

کھرسیلا (ہ۔ صفت) خارشتی۔ کھجلی والا (کتا) (س کھس۔ کھجلی)

کھرکا (ہ۔ مونث) دانتوں کا خلال

کھرکن (ہ۔ مونث) کھڑکی۔

کھرکھرا (ہ۔ صفت) ۱ ناہموار۔ کھردرا ۲ (مذکر) خرخرا (س کھر۔ کھردرا)۔

کھرکھرا (ہ۔ صفت) وہ جو ہموار نہ ہو (س کھر۔ کھردرا) **کھرکھرانا** (متعدی) ۱ ناہمواری یا درشتی ظاہر کرنا ۲ آہستہ آہستہ مالش کرنا۔ **کھرکھراہٹ** (مونث) درشتی۔ ناہمواری **کھرکھری** (صفت مونث) کھرکھرا کی۔

کھرل (ہ۔ مذکر) پتھر کا برتن جس میں دوائیں پیستے یا حل کرتے ہیں۔ **کھرل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ کھرل میں باریک پیسنا ۲ ایک قوم۔

کھرلی (ہ۔ مونث) مویشی کے باندھنے اور کھانے کی جگہ (س کھنڈ۔ توڑنا)

کھرن (ہ۔ مونث) سیاہ حلقہ جو طبلے پر بناتے ہیں۔

کھرنجا (ہ۔ مذکر) اینٹ یا پتھر کا فرش۔ کھڑی اینٹوں کا فرش (لکھنؤ) کھڑنجا۔

کھرنڈ (ہ۔ مذکر) وہ خشک چھلکا جو زخم کے اوپر جم جاتا ہے (اُتارنا۔ اُترنا۔ بندھنا۔ جمنا وغیرہ کے ساتھ)

کھرنی (ہ۔ مونث) ۱ ایک درخت ۲ اس کا پھل۔

کھروا (ہ۔ مذکر) کہاروں کا گانا اور ناچ جو رنڈیاں صبح کو گاتی ہیں۔

کھروٹ (ہ۔ مذکر) ۱ منڈی۔ وہ شہر جس میں منڈی ہو ۲ دامنِ کوہ کا گاؤں۔

کھروٹنا (ہ۔ متعدی) دیکھو کھرچنا۔

کھروج۔ کھروج (ہ۔ مذکر) خارش۔ کھجلی۔ کھاج (س کھرجو)

کھروچ (ہ۔ امر) کھروچنا کا۔ **کھروچا** (ماضی) کھروچنا کی۔ **کھروچا** (مذکر) خراش۔ **کھروچنا** (متعدی) نوچنا۔ کھسوٹنا۔ ناخن سے نوچنا۔ پنجہ مارنا (کھرچنا سے)

کھرونٹ۔ کھرونٹ (ہ۔ مونث) خراش۔ **کھرونٹا** (مذکر) خراش **کھرونٹنا** (متعدی) دیکھو کھروچنا۔

کھرونچا (ہ۔ مذکر) خراش۔

کھرونچنا (ہ۔ متعدی) دیکھو کھروچنا۔

کھرھر (ہ۔ مذکر) گھاس۔ بھوسہ۔ کھر۔

کھرھا (ہ۔ مذکر) خرگوش۔

کھرہارنا (ہ۔ متعدی) جھاڑو دینا۔

کھرہان (ہ۔ مذکر) کھلیان۔

کھرہرا (ہ۔ مذکر) کھرکھرا (کرنا ہونا کے ساتھ)

کھرہک (ہ۔ مذکر) وہ اناج جو فصل کے آخیر میں ملازمان دیہہ کو دیا جائے۔

کھرہی (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی گھاس ۲ انبار۔ ڈھیر ۳ اناج کا ڈھیر۔

کھری (ہ۔ صفت مونث) ۱ کھرا کی ۲ (ہ) ترازو ۳ کھڑی ۴ کھلی ۵ (ہن) گدھی۔

کھری (ہ۔ مونث) ۱ جوتی کے تلے کا وہ حصّہ جو ایڑی کے نیچے رہتا ہے (موچیوں کی اصطلاح) ۲ پھٹا ہوا کھر۔

کھریا (ہ۔ مونث) جال جو کہاروں یا گھسیاروں کے پاس ہوتا ہے۔

کھریا (ہ۔ مونث) ۱ سفید مٹی جس سے سیاہ تختوں پر لکھتے ہیں ۲ (س کھنکا) **کھریا میں کوئلہ** (مذکر) ناموزوں اور بے میل بات۔

کھریا (ہ۔ مونث) ۱ کٹھوری کی شکل

کا آلہ جس سے کپڑا چھنتے ہیں (رس کُشتر) ۲ املی کا بیج جس سے چنت ڈالتے ہیں ۳ چھوٹا ظرف۔ جس میں دہی رکھتے ہیں ۴ گھٹنے کی چپنی (رس گوریز گھٹنا)

کھریرا (رہ۔ مذکر) لوہے کا دندانے دار آلہ جس سے گھوڑے کے بدن سے مٹی صاف کرتے ہیں۔ خرخرا (کھرکھرا سے) کھریرا کرنا (متعدی) کھریرے سے گھوڑے کا بدن صاف کرنا۔

کھریرنا (رہ۔ متعدی) ۱ پیچھے دوڑنا۔ تعقب کرنا ۲ دعوے کرنا۔ نالش کرنا ۳ بڑنا ۴ گھیر لینا (کھدیرنا سے)

کھرسٹ (رہ۔ مذکر) حضرت عیسیٰ (انگریزی کرائسٹ کا منصد) کھرسٹیان (صفت) حضرت عیسیٰ کا یا ان کے متعلق۔

کھرنج۔ کھرنچ (رہ۔ مونث) کھرونٹ۔ کھرنچنا (متعدی) دیکھو کھروچنا۔
کھرڑ (رہ۔ مونث) ۱ ریزۂ جواہرات ۲ کانچ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جس سے سونے چاندی پر جلا کرتے ہیں ۳ گھاس (رس کھر) ۔

کھڑا (رہ۔ صفت) ۱ سیدھا۔ راست ۲ استادہ۔ برپا ۳ کچا۔ ادھ گلا۔ سخت (چاول) ۴ بغیر کٹا ہوا ۵ لنگر ڈالے ہوئے ۶ فوراً ۷ کچی سلائی کیا ہوا ۸ ٹانکا ہوا ۹ نصب۔ برقرار۔ ہونا ۱۰ بہت اونچا یا ڈھلوان نا جو انتظام کرے ۱۱ تیار ۱۲ جاری۔ لگاتار ۱۳ جس کی اونچائی نہ ہو (ہندی) ۱۴ جو حساب میں درج نہ ہو ۱۵ سیدھا ۱۶ جو بہتا نہ ہو۔ (رہ۔ مذکر) عمود (رس سکبھ۔ سہارا دینا) کھڑا بہشت میں گیا۔ سیدھا جنت کو گیا۔ کھڑا پانی (مذکر) وہ پانی جو بہتا نہ ہو۔ کھڑا پانی نہ پینا (لازم) ۱ وہ پانی جو بہتا نہ ہو نہ پینا ۲ کسی سے نفرت کرنا ۳ فوراً چلا جانا۔ کھڑا پچھاڑیں کھانا (متعدی) یکایک کرنی صدمہ پہنچنا۔ کھڑا پڑا (تف) ہر وقت۔ ہر حالت میں۔ کھڑا پڑا پیٹنا (متعدی) اٹھتے بیٹھتے ماتم کرنا۔ کھڑا پیر جانا (لازم) کھڑے کھڑے تیرنا۔ کھڑا ترسنا (متعدی) للچانا۔ خواہش کرنا کسی بات کا ہر وقت منتظر رہنا۔ کھڑا داؤں (مذکر) وہ داؤں جو آخر میں لگایا جائے۔ کھڑا دونا (متعدی) حضرت علیؓ کی نیاز جو مراد پوری ہونے پر فوراً دیجاتی ہے (دینا کے ساتھ) کھڑا دباؤ (رہ۔ مذکر) معمولی دباؤ۔ کھڑا رکھنا (متعدی) ۱ استادہ رکھنا ۲ ہنڈی کو ملتوی رکھنا ۳ حساب چلتا رکھنا۔ کھڑا رہ جانا (لازم) حیرت یا تحیت میں رہنا۔ کھڑا رہنا (لازم) ۱ ٹھیرا رہنا ۲ استادہ رہنا ۳ منتظر رہنا ۴ موجود رہنا ۵ چاول کا سخت رہنا۔ کھڑا زبر (مذکر) عربی رسم الخط میں زبر کی جگہ بعض اوقات کھڑا الف لکھ دیتے ہیں۔ جیسے ادم۔ کھڑا زیر (مذکر) وہ زیر جو مجہول کی طرح پڑھا جائے۔ کھڑا کرکے دکھانا (متعدی) ۱ مانگنے کے جواب میں انگوٹھا دکھانا ۲ انکار کرنا۔ مکر جانا۔ کھڑا کر دینا یا کرنا (متعدی) ۱ استادہ کرنا ۲ ٹھیرانا ۳ کچی سلائی کرنا ۴ حاصل کرنا۔ کمانا ۵ (جھگڑا فساد وغیرہ) برپا کرنا ۶ (جہاز) لنگر کرنا ۷ (مکان عمارت وغیرہ) بنانا ۸ (خیمہ وغیرہ) گاڑنا۔ نصب کرنا ۹ (در دیوار) نصب کرنا ۱۰ (ذکر) استادہ کرنا ۱۱ (گھوڑا گاڑی وغیرہ) ٹھیرانا۔ روکنا ۱۲ (کارخانہ وغیرہ) قائم کرنا۔ جاری کرنا ۱۳ شروع کرنا۔ آغاز کرنا ۱۴ ممبری کے لئے امیدوار بنانا۔ کھڑا کھیت (مذکر) ۱ وہ کھیت جو کاٹا نہ گیا ہو ۲ (رہ) سطح عمودی۔ کھڑا کھیل (مذکر) نرت کا معاملہ۔ ہاتھوں ہاتھ کا کام۔ جلدی کا کام۔ کھڑا کھیل فرخ آبادی دیکھو کھرا کھیل الخ۔ کھڑا گول سکھر (مذکر) نمودی مخروط مستدیر۔ کھڑا نقشہ (مذکر) لمبا چہرہ۔ کھڑا ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ دیکھو کھڑا کرنا ۲ لڑنے کو مستعد ہونا ۳ (دام) حاصل ہونا۔ ۴ تھڑکنا۔ شوآمچ کے ساتھ (گھوڑے کا) چراغپا ہونا۔ کھڑی (صفت۔ مونث) کھڑا کا دیکھو کھڑا ۲ (مونث) ایک قسم کی شادی جس میں سیدھا کھڑا رہتے ہیں یا سیدھے ہوکر صرف پاؤں مارتے جاتے ہیں۔ کھڑے (صفت۔ مذکر) کھڑا کی جمع ۲ حرف مغیرہ ...ت پیلے۔ کھڑی ایڑی (مونث) ایسی ایڑی جس میں خم نہ ہو۔ کھڑی بولی (مونث) ہرنوں کی بولی۔ کھڑے پانی نہ پینا (لازم) فوراً چلے جانا۔ کھڑے پاؤں (تف) فوراً۔ جلد۔ اسی وقت۔ کھڑے پاؤں بیٹھک دینا (متعدی) مراد پوری ہو جانے پر فوراً نیاز دلوانا۔ کھڑی پچھاڑیں کھانا (متعدی) ۱ بچے کا ضد میں ایڑ پٹ کا فرط غم سے زمین پر گر گر پڑنا ۲ کھڑے ہو کر گر پڑنا۔ کھڑی پیرائی (مونث) دیکھو کھڑی ۲۔ کھڑے پیر کا روزہ (مذکر) کھڑا رہنا۔ نہ بیٹھنا (رکھنا ہونا کے ساتھ) کھڑی تال (مونث) چلتی تال۔ چلتی ہوئی لے۔ کھڑی تال کے چربول (مذکر) ایک قسم کا ناٹک جس میں مختلف پیشوں کے لوگ کھڑی تال میں گاتے ہیں۔ کھڑے ترڑے (مذکر) کبھی کبھی۔ گاہ گاہ۔ کھڑی چوٹ (مونث) ۱ سیدھی چوٹ ۲ (تف) فوراً۔ کھڑی چھاپا (مونث) دمارنا رے کا سر۔ کھڑے رہ جانا (لازم) محروم رہ جانا۔ کھڑی سواری (تف) تھوڑی دیر کے لئے۔ کھڑے سوکھا کرنا (متعدی) کسی کے انتظار میں دیر تک کھڑا رہنا۔ کھڑے قد (تف) انسان کے قد کی اونچائی کے برابر۔ کھڑے کا کھڑا رہ گیا۔ حیران رہ گیا۔ کھڑے کرنا (متعدی) نقد لینا۔ حاصل کرنا (دام) کھڑے کونے کا تکھونٹ (مذکر) مثلث قائم الزاویہ۔ کھڑے کھڑے (تف) ۱ فوراً۔ جلدی ۲ کھڑے ہونے کی وجہ سے دیر تک کھڑے رہ کر ۳ تھوڑی دیر کے لئے۔ ذرا کی ذرا۔ کھڑے کھڑے آکر چلا جانا یا آنا (لازم) ذرا کی ذرا آنا۔ تھوڑی دیر کے لئے آنا۔ دیر ٹھیر کر چلا جانا۔ کھڑے کھڑے پھرنا (لازم) مضطرب پھرنا۔ گھبرایا گھبرایا پھرنا۔ بیقرار پھرنا۔ کھڑے کھڑے ہو جانا (لازم) تھوڑی دیر کے لئے مل جانا۔ کھڑے گھاٹ (تف) فوراً۔ فی الفور۔ کھڑے گھاٹ کپڑے دھلوانا (متعدی) ۱ گھاٹ پر جا کر کپڑے دھلوانا ۲ جلدی کے لئے بغیر بھٹی چڑھائے صرف صابون وغیرہ سے مل کر کپڑے دھلوانا۔ جلدی کپڑے دھلوانا۔ کھڑے گھاٹ دھونا (لازم) جلدی دھونا۔ دھوکر حوالے کرنا۔ کھڑے گھاٹ کلپانا یا کلپوانا (متعدی) ۱ کھڑے گھاٹ کپڑے دھلوانا ۲ سردست آزمانا۔ فوراً امتحان کرنا ۳ سردست کوئی کام کرنا۔ سراسری کام لینا

کھڑی لکیر (مونث) عمود۔ سیدھا خط۔ **کھڑی مسور** (مونث) ثابت مسور۔ **کھڑی نیاز دینا** (متعدی) کھڑا دونا دینا۔ **کھڑی ہنڈی** (مونث) وہ ہنڈی جس کا روپیہ نہ ادا ہوا ہو۔ **کھڑے سے ہوکر ٹانگ لگانا** (متعدی) ٹانگ کی لپیٹ سے چت کر دینا۔

امثال۔ کھڑا تختہ بڑا شہتیر دونوں قوت میں برابر ہوتے ہیں۔ **کھڑا کھیل فرخ آبادی۔** دیکھو کھڑا کھیل فرخ آبادی۔ **کھڑا لوٹا بادشاہ کے برابر۔** شہوت کے جوش میں نیک و بد کچھ نہیں سوجھتا۔ **کھڑے رتی بیٹھے کوس کھاتے پیتے تین کوس۔** سفر میں کسی سے کھڑے ہوکر باتیں کرو تو اتنا وقت ضائع ہوتا ہے جتنی دیر میں آدمی ایک رتی کے برابر چلا جائے بیٹھنے میں ایک کوس سفر کرنے کے برابر اور کھانے پینے میں تین کوس سفر کرنے کے برابر وقت ضائع ہو جاتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ وقت ضائع نہیں کرنا چاہئے۔

کھڑا (ہ۔ صفت) جذامی جسے کوڑھ ہوا ہو۔

کھڑ اڑا (ہ۔ مذکر) مرغی خانہ۔ مرغیوں کا کھانچا۔ وہ مکان جس میں پرندے رکھے جائیں۔

کھڑاکا (ہ۔ مذکر) کھنکا۔ کھڑکا۔

کھڑانو۔ کھڑانواں (ہ)

کھڑاؤں (ہ۔ مذکر) لکڑی کی جوتی جو عموماً ہندو استعمال کرتے ہیں (س کاشٹھ۔ لکڑی۔ پادکا پاؤں)

کھڑائی (ہ۔ مونث) سیدھا پن۔ راستی۔ استقامت۔

کھڑ بڑ (ہ۔ مونث) کھٹ کھٹ ٹاپ کی متواتر آواز۔

کھڑ پیچ (ہ۔ مذکر) عیب۔ نقص۔ حجت (نکالنا کے ساتھ)

کھڑتل (ہ۔ صفت) ۱ سخت۔ کرخت۔ درشت ۲ تیز۔ تند ۳ جھگڑالو۔ لڑاکا ۴ برا۔ خراب ۵ کمینہ۔ رذیل ۶ شریر۔ تھکانے والا۔ تنگ کرنے والا ۷ (مذکر) کھٹمل (س کھر تیز۔ بہت تیز)

کھڑ جانا۔ کھڑنا (ہ۔ لازم) ۱ کھنڈنا۔ بکھر جانا۔ تتر بتر ہو جانا ۲ (پ) کھانا۔

کھڑسان (ہ۔ مذکر) تیز کرنے کا پتھر۔ سان۔

کھڑک (ہ۔ امر) ۱ کھڑکنا کا ۲ (مذکر) کھٹکا۔ کھڑکا۔ **کھڑکا** (امر) کھڑکانا کا ۲ (مذکر) آہٹ کھٹکا۔ **کھڑکانا** (متعدی) ۱ کنڈی کھٹکھٹانا۔ دستک دینا۔ زنجیر ہلانا ۲ خبر کرنا۔ خبر لینا ۳ متنبہ کرنا۔ ہوشیار کرنا ۴ ڈرانا۔ دھمکانا ۵ آواز کرنا۔ **کھڑکا نہ ہو۔** کوئی سن نہ لے شہرت نہ ہو **کھڑکا ہونا** (لازم) آہٹ ہونا۔ کھٹکا ہونا۔ **کھڑکنا** (لازم) ۱ درخت کے سوکھے پتوں کا آواز دینا ۲ دیگوں کا بجنا ۳ تلواریں چلنے کی آواز ہونا ۴ بگاڑ ہونا۔ جھگڑا ہونا۔

مثل۔ کھڑکا ہوا اور چور ابھڑا۔ ذرا سی آہٹ ہو تو چور بھاگ جاتا ہے۔

کھڑک (ہ۔ مذکر) مویشی خانہ۔ وہ جگہ جہاں بھیڑ بکریاں رکھی جائیں۔

کھڑکٹ (ہ۔ مونث) کھریا۔ چاک۔

کھڑکھڑ (ہ۔ مونث) ۱ وہ آواز جو کسی چیز کے سخت زمین پر چلنے یا گھسیٹنے سے نکلے ۲ کھڑکھڑے گاڑی وغیرہ کی آواز ۳ ہتھیاروں کی جھنکار ۴ سخت چیزوں کے ٹکرانے کی آواز ۵ سوکھی گھاس کی آواز۔ **کھڑکھڑا** (مذکر) ایک قسم کی گاڑی جس میں بگھی کے گھوڑے سدھلتے ہیں۔

کھڑکھڑاٹ (ہ) دیکھو کھڑکھڑاہٹ **کھڑکھڑا ڈالنا** (متعدی) جھڑک دینا۔ جھڑکنا **کھڑکھڑانا** (متعدی) ۱ کنڈی ہلانا۔ زنجیر کھٹکھٹانا ۲ کواڑ بجانا۔ کھٹ کھٹ کرنا ۳ آڑے ہاتھوں لینا۔ دبانا۔ دھمکانا ۴ زور سے جھٹک دینا یا ہلا دینا ۵ کسی کو خائف کرنا۔ ڈرنے والی باتوں سے آگاہ کرنا۔ **کھڑکھڑاہٹ** (مونث) ۱ دیکھو کھڑکھڑ سوائے ۸ کے ۲ کلپدار کپڑے کی آواز۔ **کھڑکھڑیا** (مذکر) ۱ ایک قسم کی پالکی ۲ کھڑکھڑا ۳ وہ چوکھٹا جس میں چھوٹی چھوٹی تختیاں لگی ہوتی ہیں۔ جو گاڑیوں اور کوٹھیوں میں لگائے جاتے ہیں۔ ایک لکڑی اوپر سے نیچے کی طرف لگی ہوتی ہے اُسے اونچا نیچا کرنے سے تختیاں کھل جاتی ہیں۔ اور روشنی اندر آجاتی ہے۔ جھلملی۔

کھڑکی (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹا دروازہ جو فرش سے کچھ اونچا روشنی یا ہوا کے لئے بنایا جاتا ہے۔ جھروکا۔ غرفہ۔ دریچہ ۲ شہر یا قلعہ کا چھوٹا دروازہ ۳ پنجرے کا دروازہ ۴ چھپا چور دروازہ جو غنیم سے چھپ کر نکلنے کے لئے اور اس پر چھاپا مارنے کے لئے بناتے ہیں ۵ چھوٹے سے کواڑ مع چوکھٹا ۶ پگڑی کے اوپر کا کھلا حصہ ۷ انگرکھے کے سامنے کا کھلا حصہ (س کھنڈ۔ توڑنا) **کھڑکی دار** (صفت) ۱ سامنے سے کھلا ہوا (انگرکھا) ۲ اوپر سے کھلی ہوئی (پگڑی)

کھڑگ (ہ۔ مذکر) تلوار۔

کھڑگنجا (ہ۔ صفت) ۱ سر سے گنجا۔ کریہہ منظر۔ چیچک رو۔ بدصورت ۲ بدہیئت بدحال۔ **کھڑگنجی** (صفت۔ مونث) کھڑگ دلی

کھڑلا (ہ۔ مذکر) ۱ دڑبہ۔ مرغی خانہ ۲ گڑھا ۳ (صفت) سوراخدار۔ ناہموار (س کھنڈ توڑنا)

کھڑمنڈل (ہ۔ مونث) جھگڑا۔ فساد۔ لڑائی۔

کھڑنجا (ہ۔ مذکر) ۱ کھڑی اینٹوں کا فرش ۲ دیوار میں ایک قطار کھڑی اینٹوں کی۔

کھڑنک (ہ۔ صفت) کھڑنکھ (ہ) نہایت دُبلا۔ لاغر۔ بہت سوکھا ہوا۔

کھڑوا (ہ۔ مذکر) ہندو بچوں کے ہاتھ پاؤں کا زیور۔

کھڑھ (ہ۔ مونث) گھاس تنکا۔

کھڑھر۔ کھڑھل (ہ۔ مذکر) ۱ تباہ۔ برباد۔ کھنڈر ۲ (مذکر) گرا ہوا مکان کھنڈر ۳ غار۔ سوراخ۔ کھڈ ۴ اونچی نیچی زمین۔

کھڑی۔ کھڑیا (ہ۔ مونث) دیکھو کھریا (بننا۔ پھیرنا۔ لگانا کے ساتھ)

کھرینچ۔ کھڑینچ (ہ۔ مونث) ۱ خفیف زخم۔ خراش ۲ کھرونچ ۳ کینہ۔ بغض۔ عداوت۔ دشمنی ۴ نکتہ چینی عیب گیری ۵ چھیڑ چھاڑ۔ بیجا تکرار۔ حجت ناحق (کھرچنا سے) **کھڑینچیا** (ہ) ۱ کینہ ور۔ پرکینہ۔ بدخواہ۔ حاسد ۲ نکتہ چین۔ عیب جو۔ **کھڑینچ رکھنا** (متعدی) عداوت رکھنا۔ کینہ رکھنا۔ **کھڑینچ لگنا**

(متعدی) کھونچ لگنا - کھر پنچ نکالنا (متعدی)
نقص نکالنا - عداوت نکالنا - ناحق کی تکرار -
کھساری (ہ - مونث) ایک قسم کا غلہ جس کی دال بنتی ہے (لازم)
کھسانا (ہ - متعدی) ۱ دیوار کا کوئی حصہ گرا دینا (لازم)
گرنا بیٹھ جانا ۲ (قصابوں کی اصطلاح) بھاگ جانا -
کھسانا (ہ - لازم) ۱ ایک طرف ہونا
رستے سے ہٹ جانا ۲ پیچھے ہٹ جانا کھسکنا
۳ شرمندہ ہونا - جھینپنا - کھسائے رہنا
(لازم) ۱ علیحدہ رہنا - الگ رہنا ۲ کھسلنا ۳
شرمندہ ہونا -
کھسایا (ہ - صفت) ۱ ایک طرف
کو ہٹا ہوا ۲ کھسیانا - شرمندہ -
کھس پھس (ہ - مونث) دیکھو
کھسر پسر (کرنا - لگانا - ہونا کے ساتھ)
کھسرا (ہ - مونث) ایک بیماری
جس میں بخار ہوتا ہے اور چھوٹے چھوٹے دانے
بدن پر نکل آتے ہیں (س کھس - خارش)
کھسر پھسر (ہ - مونث) کانا پھوسی
سرگوشی - پھسر پھسر - آہستہ آہستہ آپس میں
باتیں کرنا کہ کوئی نہ سُنے (کرنا - لگانا - ہونا کے
ساتھ)
کھسک (ہ - امر) کھسکنا کا
(س کھچ - باہر نکلنا) کھسکا (امر) ۱ کھسکانا کا ۲
ماضی کھسکنا کی - کھسکانا (متعدی) ۱ ہٹانا -
سرکانا - پرے کرنا ۲ ٹالنا - روانہ کرنا ۳ الگ کرنا -
چھپانا - اُڑانا ۴ رشوت دینا - ہاتھ بڑھا کر پاؤں
کے نیچے یا سامنے رکھنا ۵ ملتوی کرنا - کھسک
جانا یا چلنا (لازم) ۱ سرک جانا - ہٹ جانا ۲
آنکھ بچا کر یا چپکے سے نکل جانا - دبک کر چلا جانا
۳ پھسل جانا - جگہ سے ہٹ جانا کھسکنا
(لازم) ۱ ہٹنا - سرکنا ۲ چپکے سے چل دینا ۳ جگہ
سے ہٹ جانا جنبش کرنا ۴ سرین کے بل چلنا ۵
ایک طرف کو ہو بیٹھنا - کھسکو (امر) جاؤ - دفع
ہو - کھسکو (صفت) وہ جو کھسک جائے -
کھس کھس (ہ - مونث) ۱ گھاس
کٹنے کی آواز ۲ (ہ) خس خس ۳ پوست کا ڈوڈا -
کھسکھس (ہ - مذکر) افیون -
کھس کُھس (ہ - مونث) کھسر پھسر
کھسکھسا (ہ - مذکر) دانتوں کا

پینا - کھسکھسانا (لازم) دانتوں کا پینا -
کھسکھسا (ہ - صفت) کرکرا -
کھسکھسانا (لازم) کرکرانا - کھسکھساہٹ
(مونث) کھسکھسانا -
کھسل (ہ - امر) کھسلنا کا -
کھسلا (امر) ۱ کھسلانا کا ۲ (ماضی) کھسلنا کا
- کھسلانا (متعدی) کھسلنا کا - دیکھو کھسلانا
کھسلاؤ (مذکر) کھسلاہٹ (مونث)
پھسلنا - رپٹنا - کھسل پڑنا (لازم) پھسلنا -
پھسل کر گر پڑنا - کھسلنا (لازم) ۱ پھسلنا -
رپٹنا ۲ جھکنا - کھنچنا - راغب ہونا ۳ بیٹھے بیٹھے
اس طرح آہستہ آہستہ حرکت کرنا کہ زمین کی رگڑ
لگے - کھسلہا (ہ - صفت) چکنا - پھسلنا -
کھسنا (اردو - لازم) بھاگ جانا
(قصابوں کی اصطلاح)
کھسنا (ہ - لازم) ۱ گرنا - ڈھ جانا
۲ تباہ ہونا - برباد ہونا ۳ (ہ) بے عزت ہونا ۴
اپنی جگہ سے ہٹنا - باہر نکلنا ۵ کم ہونا - زوال ہونا
۶ کانپنا - غش ہونا ۷ پرانا ہونا - بڑھا ہونا ۸ گوشت
گل جانا ۹ گھس جانا (س کھچ)
کھس بودڑا (ہ - صفت) بدہیئت
بدصورت - بگڑی ہوئی (چیز) (غف)
کھسوٹ (ہ - امر) ۱ کھسوٹنا
کا ۲ (مونث) نوچنا - اکھاڑنا ۳ خراش - کھونچ -
نوچ - کھسوٹا (ماضی) ۱ کھسوٹنا کا ۲ (مذکر)
کشتی کا ایک داؤں جس سے حریف کو آگے گھسیٹ
لیتے ہیں - کھسوٹنا (متعدی) ۱ نوچنا ۲ بال اکھاڑنا
۳ زبردستی چھین لینا -
کھسیا (ہ - امر) کھسیانا کا - کھسیا
جانا (لازم) ۱ شرمندہ ہو جانا - رونے کو تیار ہو جانا -
کھسیانا (صفت) ۱ شرمندہ - خفیف - خجل -
محجوب ۲ رو دینے والا - رونا - روانسا ۳ شرمندہ
ہونا - جھینپنا ۴ رونے کے قریب ہونا ۵ غصہ
سے دانت پیسنا ۶ گھبرا جانا - بیوقوف نظر آنا -
کھسیانا کرنا (متعدی) ۱ چڑانا - رُلانا - کھجانا ۲
شرمندہ کرنا - نادم کرنا - شرمانا - کھسیانا ہو
جانا یا ہونا (لازم) ۱ رونے کے قریب ہونا -
روانسا ہو جانا ۲ رنجیدہ ہو کر رونے لگنا ۳ شرمندہ
ہونا - کھسیاپت - کھسیانپٹ (مونث)

کھسیاپن - کھسیانپنا (مذکر) کھسیاہٹ
(ہ - مونث) یہ پانچوں لفظ ہندی میں استعمال
ہوتے ہیں ۱ کھسیانا ہونے کی حالت ۲ شرمندگی
خجالت ۳ غصہ - کھسیانی ہنسی (مونث) وہ
ہنسی جو شرمندگی یا غصہ کی وجہ سے ہو - کھسیانی
ہنسی ہنسنا (لازم) رفع خجالت یا غصے کو
چھپانے کے واسطے ہنسنے کا سامنہ بنانا -
مثل - کھسیانی بلی کھمبا نوچے
شرمندہ شخص دوسروں پر اپنی شرمندگی اُتارتا ہے -
کھش (س - مذکر) ۱ ہندوؤں کی
ایک قوم ۲ اس قوم کا ایک فرد ۳ کشتری جو ذات
سے خارج کیا جائے ۴ [illegible] کا بیٹا -
کھف (ع - مذکر) غار - گڑھا -
کھنک (س - مذکر) ۱ دغا - دھوکا -
فریب ۲ ہاتھ کی صفائی -
کہک (ہ - مونث) ۱ کوئل کی
کوک ۲ مور کی آواز - کہکنا (لازم) کوکنا - کوئل
یا مور کی طرح بولنا -
کھکّارہ (ہ - مذکر) ۱ خاکی - وہ پنجابی
سپاہی جسے غدر میں خاکی وردی ملی تھی ۲ (ہ)
بوڑھا آدمی - بزرگ - سردار ۳ (صفت) بوڑھا -
ضعیف - خمیدہ -
کھکّل (ہ - صفت) دیکھو کھکھل -
کھکھ (ہ - صفت) ۱ خالی - کھوکھلا
۲ مفلس - نادار (کھوکھلا سے) کھکّھل (صفت)
کھکھلا (صفت) دیکھو کھکھ -
کھکھوڈل (ہ - صفت) خالی
جگہ جو درخت کے تنے میں ہو -
کھکھورنا (ہ) کھکھوڑنا
(ہ - متعدی) پنجوں سے زمین کھودنا - کریدنا -
(س کھنڈ - توڑنا)
کھکھیڑ (ہ) کھکیڑ (ہ - مونث)
۱ بے فائدہ محنت ۲ مشقت - سختی (اٹھانا کے
ساتھ) ۳ آپس کا لڑائی جھگڑا - کھکھیڑنا کھکیڑنا
(ہ - لازم) ۱ جلدی کرنا - بھاگ دوڑ کرنا - ادھر اُدھر
دوڑنا ۲ بہت کوشش کرنا -
کھگ (ہ - مونث) ۱ ایک قسم
کی ہندوانہ اونچی پگڑی ۲ کوّا -
مثل - کھگ جانے کھگ

ہی کی بھاشا۔ ایک خاندان کے آدمی ایک دوسرے کی باتیں اچھی طرح سمجھتے ہیں۔ دوسرے نہیں سمجھتے

کھگہا (د۔ مذکر) گینڈا

کہَل (ع۔ مذکر) مردمیانہ سال۔ ادھیڑ۔ تیس برس سے لے کر پچاس برس تک (کَہَل۔ بوڑھا ہونا)

کہَل (ع۔ مونث) سستی۔ کاہلی۔

کھَل (س۔ صفت) ۱ کمینہ ۲ شرارتی ۳ خراب ۴ ظالم ۵ (مذکر) پیپڑ ۶ غلہ گدام ۷ گڑھا ۸ تماشا ۹ (ہ۔ مونث) سرسوں یا تلوں کا پھوک جو تیل نکالنے کے بعد باقی رہے۔ **کھلوتکی** (مونث) گالی۔ **کھل کھا کھل** (ہ) دوکانداروں کا محاورہ۔ جب کوئی کم قیمت دے تو کہتے ہیں۔ مطلب یہ ہے۔ کہ تجھے ایسی چیز کے کھانے کا حوصلہ نہیں۔ اس کی بجائے کھل خرید کر کھا جو سستی ملیگی۔ **کھل ہو جانا** (ہ۔ لازم) بودہ۔ بوسیدہ۔ پرانا یا نکما ہو جانا۔ **کھلی** (ہ۔ مونث) دیکھو کھل ۹

کھَل (ہ۔ مونث) مٹی کے برتن کے ٹوٹنے کی آواز۔

کھَلَ (س۔ مذکر) ۱ چکی۔ آسیہ ۲ کھرل یا سل جس پر دوائیاں پیسیں ۳ تھیلی۔

کھَل (ہ۔ مونث) کھال کا مخفف۔ **کھل اپاڑیا اُچیڑ** (صفت) ۱ کھال ادھیڑنے والا ۲ لینے کے واسطے کھال تک میں سے نکال لینے والا ۳ کج بحث ۴ ظالم۔ مارنے والا ۵ وہ تنخواہ جو ہر طرح سے لے کر پیچھا چھوڑے۔ **کھلڑ** (مونث) ۱ وہ بڑھیا جس کے بدن پر کھال ہی کھال رہ گئی ہو ۲ چمڑے کی بقچی چمڑے کی بوری جو مشک کی شکل کی ہوتی ہے۔ پہاڑی لوگ اس میں آٹا وغیرہ بھر کرلے جاتے ہیں۔ **کھلڑا** (مذکر) ۱ کھال کی تصغیر ۲ فقیروں کی چمڑے کی جھولی ۳ دیکھو کھلڑی۔ **کھلڑی** (مونث) کھال کی تصغیر ۲ پوست حیوانات۔ چمڑی کھال ۳ عضو تناسل کے آگے کا چمڑا۔ گھونگھٹ۔ قلفہ۔

کِھل (ہ۔ امر) کھلنا کا (س کریڈ۔ کھیلنا) **کھلا** (امر) ۱ کھلانا کا ۲ (ماضی) کھلنا کی ۳ (صفت) پھول آیا ہوا۔ **کھلا جانا** (لازم) ۱ بہت خوش ہونا۔ باغ باغ ہوا جانا۔ پھولا نہ سمانا **کھلانا** (متعدی) ۱ کلی کو کھولنا۔ پھول لانا۔ شگفتہ کرنا ۲ دانہ دانہ جدا کرنا ۳ کھیلیں کرنا۔ پھلانا۔ بھر بھرا کرنا۔ جھنہ کرنا ۴ دیکھو کھلا کے تحت میں علیحدہ۔ **کھِل جانا** (لازم) بہت خوش ہونا۔ **کِھل کِھل** ۱ (مونث) ہنسی یا قہقہے کی آواز ۲ پھوہڑ پن کی ہنسی۔ **کھل کر ہنسنا**۔ **کھل کھلا پڑنا**۔ **کھل کھلا کر ہنسنا**۔ **کھل کھلانا**۔ **کِھل کِھل کر ہنسنا** (لازم) خوش ہو ہو کے ہنسنا۔ قہقہے مارنا۔ اس طرح ہنسنا کہ دانت کھل جائیں۔ ان محاورات میں کر کی بجائے کے بھی استعمال ہوتا ہے۔ **کھل کھلا کر پھینکنا** (متعدی) چوسر یا جوئے کی کوڑیوں کو خوب ہلا کر پھینکنا۔ **کِھلنا** (لازم) ۱ پھول آنا یا لگنا۔ پھولنا۔ کلی کا شگفتہ ہونا ۲ خوش ہونا ۳ ہنسنا ۴ دانہ دانہ جدا ہونا۔ ۵ زیب دینا۔ پھبنا ۶ پارہ پارہ ہونا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا ۷ بالوں کا نکھرنا ۸ (نشہ) سرور ہونا ۹ (دیوار قبر وغیرہ) شگاف ہونا۔ پھٹ جانا ۱۰ (چاندنی) پھیلنا ۱۱ (شفق) پھولنا ۱۲ (بہار) بارونق ہونا ۱۳ (دل کی کلی) خوش ہونا۔ آرزو بر آنا۔ **کِھلّو** (صفت مونث) ۱ ہر وقت ہنسنے والی ۲ کھلنڈری **کِھلّو باولی** (صفت مونث) بے موقع ہنسنے والی۔

کِھل (ہ۔ مذکر) کیل۔

کھُل (ہ۔ امر) کھلنا کا (س کھڈ۔ توڑنا) **کھلا** (امر) ۱ کھلانا کا ۲ (ماضی) کھلنا کی ۳ (صفت) کشادہ۔ وا۔ بار ۴ وسیع۔ فراخ۔ چوڑا ۵ صاف۔ بے ابر ۶ بے روک۔ بلا مزاحمت ۷ آزاد۔ بے قید ۸ عام۔ مشہور۔ معروف ۹ ظاہر۔ علانیہ ۱۰ دلکشا صحن ۱۱ قفل یا کنڈی نہ لگا ہوا۔ بکس سے باہر نکلا ہوا ۱۲ ننگا۔ عریاں۔ بے حجاب ۱۳ نہ ڈھکا ہوا ۱۴ بکھرا ہوا ۱۵ نہ بندھا ہوا۔ **کھلا پڑا ہونا** (لازم) بکھرا ہونا۔ تتر بتر ہونا۔ **کھلا پھرنا** (لازم) ۱ آزاد پھرنا ۲ نہ بندھا ہوا ہونا۔ **کھلا دشمن** (مذکر) علانیہ دشمن۔ ظاہری دشمن۔ **کھلا رہنا** (لازم) ۱ نہ بند ہونا ۲ نہ بند ہونا۔ مقفل نہ ہونا ۳ خط کا لفافے سے باہر رہنا ۴ ننگا رہنا۔ عریاں رہنا ۵ نہ ڈھکا ہوا ہونا۔ **کھلا کھلا** (صفت) ۱ صاف صاف۔ کھرا کھرا ۲ دور دور۔ فاصلے سے ۳ بے لاگ۔ صاف ۴ وسیع۔ فراخ۔ **کھلا کھلا پھرنا** (لازم) آزادانہ طور پر پھرنا۔ بے روک ٹوک پھرنا۔ **کھلا کھلا لکھنا** (متعدی) دور دور لکھنا۔ اس طرح لکھنا کہ الفاظ فاصلے پر ہوں۔ **کھلانا** (ہ) دیکھو کھلوانا۔ **کھلائی** (مونث) ۱ کسی چیز کا کھلوانا ۲ کھلوانے کی مزدوری۔ **کھلا ہونا** (لازم) ۱ کشادہ ہونا وغیرہ۔ کھلا کے ساتھ تمام معنوں میں ۲ اچھی طرح سے حیض آنا۔ خون حیض کا بخوبی اخراج ہونا۔ **کھل بندی** (مونث) گھوڑے کی نعلبندی اسی نعل کو کھول کر لگانے سے۔ **کھل بیٹھنا** (لازم) ۱ آرام سے بیٹھنا۔ فراغت سے بیٹھنا۔ بافراغت کشادہ ہو کر بیٹھنا ۲ دلی کدورت ظاہر کر دینا **کھل پڑنا** (لازم) ۱ بے حجاب ہو جانا۔ بے تکلف ہو جانا۔ شرم درمیان سے اٹھ جانا ۲ کسی چیز کا کھل کر گر پڑنا۔ **کھلتا ہوا** (صفت) ۱ موزوں ۲ بہت صاف۔ **کھل جانا** (لازم) دیکھو کھلنا۔ **کھل کر (کے)** (تف) ۱ آزادانہ طور پر۔ بے تکلفانہ آزادی سے ۲ اچھی طرح سے ۳ علانیہ۔ ظاہر ۴ حسب دلخواہ۔ مرضی کے موافق **کھل کر بیٹھنا** (لازم) دیکھو کھل بیٹھنا۔ **کھل کھل کے** (تف) دیکھو کھل کر۔ **کھل کھیلنا** (لازم) ۱ علانیہ کرنا۔ جس کام کو پہلے چھپ کر کرتے تھے اب کھلے بندوں کرنا ۲ بالکل آزاد ہو جانا ۳ کسی معیوب امر یا گناہ کو علانیہ طور پر کرنا۔ **کھل کے کہنا** (متعدی) علانیہ کہنا۔ صاف صاف کہنا۔ بے تکلفی سے کہنا۔ **کھلنا** (لازم) ۱ کسی بندھی ہوئی چیز کا وا ہونا ۲ جدا ہونا۔ الگ ہونا ۳ ظاہر ہونا۔ عیاں ہونا ۴ رسی کھلنا ۵ رہائی پانا۔ قید سے چھوٹنا۔ پھندے سے نکلنا ۶ حجاب دور ہونا۔ بے تکلفی سے باتیں کرنا۔ بے تکلف ہونا۔ چوڑا ہونا۔ وسیع ہونا ۸ (راز) افشا ہونا ۹ (عقدہ وغیرہ) حل ہونا ۱۰ (سر) پھٹ جانا ۱۱ (ٹانکا) ادھڑنا۔ بخیہ نکلنا ۱۲ (نالی موری وغیرہ) اڑی ہوئی چیز کا نکلنا ۱۳ (نہر) بہنے لگنا ۱۴ (راہ) جاری ہونا۔ چلنے لگنا ۱۵ (زبان) گویائی بڑھ جانا۔ زبان دراز ہو جانا۔ زبان پر قابو نہ رہنا ۱۶ (ابر۔ آسمان۔ بادل وغیرہ) صاف ہونا آسمان کا ابر گرد و غبار وغیرہ سے ۱۷ (رنگ) موزوں ہونا۔ زیب دینا ۱۸ (تنخواہ پنشن وغیرہ) سلسلہ جاری ہونا ۱۹ (قفل۔ دروازہ۔ کھٹکا۔ پھندا۔ صندوق وغیرہ) وا ہونا ۲۰ (نسبت) طے ہونا ۲۱

(طبیعت) کلفت مٹنا۔ انقباض دور ہونا ۱۲ (قیمت دام) قرار پانا۔ چُپنا ۱۳ (بھوک) بڑھ جانا۔ زیادہ ہونا ۱۴ (قبض) پاخانہ فراغت سے آنا ۱۵ (رنگ) نکھرنا۔ رونق پر آنا ۱۶ (بو) پھیلنا۔ خوشبو دینا ۱۷ دیکھو آنکھ کھلنا ۱۸ دیکھو دفتر کھلنا ۱۹ (پوشاک) زیب دینا۔ موزوں ہونا ۲۰ (مزہ) کیفیت معلوم ہونا۔ بُرا لگنا ۲۱ (گھر شطرنج میں مہرے کے ہٹ جانے سے غنیم کے مہرے کا چل سکنا ۲۲ (چہرہ) پوشش سرکنا۔ دوپٹہ ہٹنا۔ ننگا ہونا ۲۳ (روپے وغیرہ) ضائع ہونا۔ کھویا جانا۔ جوئے میں ہر جانا ۲۴ (گھوڑا) بکنا۔ فروخت ہونا۔ سرقہ ہونا ۲۵ (دھیان وغیرہ) خیال بٹنا ۲۶ (کام) شروع ہونا ۲۷ دیکھو دوکان کھلنا ۲۸ دیکھو قسمت کھلنا ۲۹ (کان) متنبہ ہونا ۳۰ دیکھو دل کھلنا ۳۱ (فصد) بدن سے خون نکالا جانا ۳۲ (ہتھیار) کمر سے جدا ہونا۔ **کھلوانا** (مم) کھولنا کا۔ **کھلی** (صفت مونث) کھلا کی **کھلے** (جمع) ۱ کھلا کی ۲ حرف مغیرہ کے بعد **کھلے بازار** (صفت) کھلم کھلا۔ علانیہ۔ **کھلے بالوں** (تف) بال کھلے ہوئے۔ بے حجابانہ۔ **کھلے بند۔ بندوں یا بندھن** (تف) ۱ بے تکلف۔ علانیہ۔ کھلم کھلا ۲ آزاد۔ بے قید ۳ آ بیٹھنا۔ باتیں کرنا۔ چھیڑنا۔ جانا۔ چلا جانا۔ کرنا۔ کہنا۔ لینا وغیرہ کے ساتھ **کھلے خزانے** (تف) علانیہ۔ ظاہرا۔ ڈنکے کی چوٹ (سُنا۔ کہنا کے ساتھ) **کھلے سر** (صفت) ننگے سر۔ **کھلی سند** (مونث) واضح دلیل۔ **کھلی سُورٹھ کہنا یا گانا** (متعدی) علانیہ یا علی الاعلان کہنا۔ سب کو سُنا کر کہنا۔ **کھلی کمر کا** (صفت) خفیہ پولیس کا مخبر۔ جاسوس۔ **کھلے کھلے** (تف) واضح طور پر۔ **کھلی مٹھی** (تف) مانگتے ہوئے۔ سوال کرتے ہوئے۔ **کھلے موسم میں** (تف) برسات کے گزرنے پر۔ ایسی رت میں جب برسات نہ ہو۔ **کھلے میدان** (تف) علانیہ۔

کہلا (ہ۔ امر) کہلانا کا (کہنا سے) **کہلا بھیجنا** (متعدی) ۱ پیغام بھیجنا۔ سندیسہ بھیجنا ۲ بلا بھیجنا۔ **کہلا لینا** (متعدی) اقرار لینا۔ **کہلانا** (مم) کہنا کا ۱ دوسرے شخص کی معرفت پیغام بھیجنا ۲ کوئی بات مُنہ سے نکلوانا۔ بکوانا ۳ اقرار لینا ۴ دوسری دفعہ پڑھوانا۔ سبق یاد کرانا ۵ (لازم) مشہور ہونا ۶ نامزد ہونا۔ موسوم ہونا (س کاہل) خشک) بھونا۔ خشک کرنا ۲ (کاہل سے) کاہل وجود ہونا۔ الکسانا ۳ ڈرنا۔ خائف ہونا۔

کھلاّ (ہ۔ ذکر) ۱ جوتا (کھال سے) ۲ کھلیان۔ کھتا۔ گیہوں کا ذخیرہ (س کھل)

کھلا (ہ۔ امر) کھلانا کا (س کریڈ کھیلنا) **کھلاڑ** (صفت) ۱ مردوں کیساتھ کھیلنے والی عورت فاحشہ ۲ شوخ چنچل ۳ وہ عورت جو تماش بینی کے کھیلوں سے واقف ہو ۴ (مرد کے لئے) وہ جو کھیل کود کی طرف مائل ہو۔ **کھلاڑپن** (ذکر) چھنال پن۔ اوباشی ۲ شوخ۔ چنچل۔ **کھلاڑن** (صفت مونث) دیکھو کھلاڑ۔ **کھلاڑی** (صفت) ۱ کھیل جاننے والا۔ استاد فن ۲ کھیل کود میں مشغول رہنے والا ۳ جوا کھیلنے میں کامل ۴ سانپ پکڑنے والا ۵ کسی خاص کھیل کا ماہر ۶ مداری۔ شعبدہ باز ۷ مکار۔ فریبی۔ چالاک۔ **کھلاڑیاں** (مونث) اچھل کود کود پھاند۔ **کھلاڑی کا کھیل** (ذکر) قدرت الہی کا کرشمہ۔ **کھلانا** (متعدی) کھیلنا کا ۱ بازی کرانا ۲ بچوں کو کھیل میں لگانا یا بہلانا ۳ سانپ کو منتر کے زور سے خوش کرنا ۴ بھوت پریت کا سر پر لانا۔

امثال۔ کھلاڑی کو کھلاڑی دیکھ کر چپ نہیں رہتا۔ کھلاڑی کو دیکھ کر دوسرے کھلاڑی کے دل میں کھیل کی ہوس پیدا ہوتی ہے یا اپنا جتلانا منظور ہوتا ہے۔ **کھلائے کا نام نہیں رُلائے کا (الزام) نام ہے۔** نیک کام کی کوئی داد نہیں دیتا۔ بُری بات فوراً پکڑی جاتی ہے۔

کھلا (ہ۔ امر) کھلانا کا (س کھاد۔ تناول کرنا) کھلا دینا۔ **کھلانا** (متعدی) کھانا کا ۱ طعام تناول کرانا۔ بھوجن کرانا ۲ ضیافت کرنا دعوت کرنا ۳ کوئی چیز نگلوانا ۴ مال چٹ کرانا (فاحشہ عورت کا) ۵ (مار یا جوتیاں) پٹوانا۔ ضرب لگوانا۔ **کھلاؤ** (صفت) ۱ جو دوسروں کو کھلائے ۲ سخی۔ دریا دل۔ **کھلائی** (مونث) ۱ خوراک۔ خورش ۲ کھانا کھلانے کی اُجرت ۳ خوراک کی قیمت ۴ بچوں کو کھلانے والی عورت ۵ وہ لڑکی جو کسی کی پرورش کی ہوئی ہو۔ **کھلائی پلائی** (مونث) کھانے پینے کی قیمت۔ **کھلایا** (صفت) ۱ خدمتگار جو کسی کی پرورش کرے ۲ کسی کی گود کا پالا ہوا۔

امثال و اقوال۔ کھلاوے بھات مارے لات۔ کھلاوے گھی شکر مارے ایک ٹکر۔ احسان مند کر کے طعنے دینا۔ **کھلائے پلائے اور اپنے قابو میں رکھے۔ کھلائے سونے کا نوالہ دیکھے شیر کی نظر۔ کھلاوے نوالہ سونے کا دیکھے نظر شیر کی۔** اولاد کو کھانا اچھا کھلانا چاہیئے۔ مگر تربیت دینے کے وقت غصے کی نظر رکھنی چاہیئے۔

کھلابلی (ہ۔ مونث) کھلبلی۔

کھلار (ہ۔ ذکر) ۱ گڑھا۔ غار ۲ نیچی زمین ۳ تہ۔

کھلاڑی (ہ۔ مونث) ۱ گڑھا۔ غار ۲ وہ جگہ جہاں نمک بناتے ہیں۔

کھلال (ہ۔ ذکر) ۱ پانی کی آواز ۲ (صفت) گیلا بھیگا ہوا **کھلالا** (ذکر) ۱ وہ ندی یا نالہ جس کا شور بہت ہو ۲ چشمہ ۳ (ہ) بھرے پانی ڈال کر نہانا۔

کھلاوٹ (ہ۔ مونث) سندیسا۔ پیغام۔

کھلاونا (ہ۔ متعدی) دیکھو کھلانا۔

کھل بل (ہ۔ امر) ۱ کھلبلانا کا ۲ (ہ۔ مونث) دیکھو کھلبلی (س کھند گھبرانا) **کھلبلا** (ماضی) کھلبلانا۔ **کھلبلانا** (لازم) ۱ کھولنا۔ اُبلنا۔ جوش میں آنا ۲ گھبرانا بے چین ہونا۔ **کھلبلاہٹ** (مونث) گھبراہٹ۔ اضطراب۔ **کھلبلی** (مونث) ۱ ہلچل۔ ہنگامہ۔ فتور۔ بلوہ ۲ بیقراری۔ گھبراہٹ۔ بے چینی (پڑنا۔ ڈالنا۔ مچنا کے ساتھ)

کھلتا (س۔ مونث) ۱ شرارت ۲ کینہ۔ بغض ۳ بدمعاشی۔ بدچلنی ۴ چالاکی۔ مکاری ۵ گندگی ۶ بے وقعتی۔

کھلٹ (ہ۔ صفت) گنجا۔

کھلسانا (ہ۔ لازم) ناراض ہونا۔ غصہ ہونا۔ جھلانا۔

کھلکھل (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو کھلبل ۲ دیکھو کھڑکھڑ۔ **کھلکھلانا** (لازم) انتڑیوں کا گڑگڑ بولنا۔ پیٹ بولنا۔

کھلگا (ہ۔ ذکر) بھینسا جنگلی بھینسا (دکنی)

کھلمنڈرا (ہ۔ ذکر) کھلنڈرا

بند ہونا۔
کھلُنڈنی (ہ۔مونث) ایک بٹن جو ایک طرف سے دباؤ پڑنے سے بند ہو جاتا ہے اور دوسری طرف سے دباؤ پڑنے سے کھل جاتا ہے۔ واتو۔
کہلَنا (ہ۔لازم) ۱ سوکھنا۔ خشک ہونا ۲ مرجھانا ۳ (متعدی) بھونا۔ خشک کرنا۔
کِھلَندرا۔ کِھلَنڈرا (ہ۔صفت) کھلاڑی۔ کھیل کود میں مشغول رہنے والا۔ **کِھلنڈری** (مونث) کھلنڈرا کا۔
کھَلنگا (ہ۔مذکر) ۱ شکارگاہ۔ رمنا ۲ سیرگاہ۔
کھَلو (س۔نف) یقیناً۔ حقیقت میں۔ ہاں۔
کھَلواٹ (س۔صفت) گنجا۔
کِھلواڑ (ہ۔صفت) کھلاڑی۔ کِھلّو۔
کِھلوانا (ہ۔مم) ۱ کھلانا کا ۲ کھیلنا کا۔
کِھلَوری (ہ۔مونث) ۱ گلوری ۲ (ہ) بن دھنیا بیج وغیرہ کھنی ہوئی چیزیں جو منہ صاف کرنے کے واسطے کھاتے ہیں۔
کِھلَوڑ (ہ۔صفت) کھلاڑی۔
کِھلَونا (ہ۔مذکر) **کِھلونا** (ہ) ۱ کھیلنے کی چیز۔ تماشے کی چیز۔ بچّوں کے کھیلنے کی چیز ۲ نازک اور دکھاوے کی چیز ۳ سہل اور آسان چیز ۴ شکر کی بنی ہوئی چیزیں گھوڑا ہاتھی وغیرہ جو بچّے کھاتے ہیں ۵ وہ خوش مزاج شخص جسے ہر کوئی پسند کرے ۶ عضو تناسل۔ **کھلونا بنا رکھا ہے**۔ کچھ عزّت و توقیر نہیں ہے۔ مسخرا بنا رکھا ہے۔ **کھلونا ہے بھولے بھالوں کا**۔ کھلونے بیچنے والوں کی صدا۔
کھِلی۔ کھَلی (ہ۔مونث) ۱ دیکھو کھل ۲ چاک۔ **کھلی چھونا** (متعدی) پہلا سبق لینا۔ پڑھنا شروع کرنا۔
کِھلی (ہ۔مونث) گلوری۔
کِھلی (ہ۔مونث) ہنسی۔ مذاق۔ تمسخر۔ ٹھٹھا (س کریڈ۔ کھیلنا) **کھلی اُڑانا** (متعدی) ۱ ٹھٹھا اُڑانا۔ کسی پر ہنسنا ۲ احمق بنانا۔ **کھلی باز** (صفت) مسخرہ۔ ضیف۔ **کھلی بازی** (مونث) چھیڑخانی۔ مذاق۔ **کھلی کرنا** (متعدی) دیکھو کھلی اُڑانا۔ **کھلی (کھلیوں) میں اُڑانا۔ کھلیوں میں لینا** (متعدی) مسخرا بنانا۔ ہنسی اڑانا۔
کھَلِیان (ہ۔مذکر) ۱ غلّہ کا انبار ۲ وہ جگہ جہاں غلّہ کا ڈھیر لگاتے ہیں۔ خرمن ۳ انبار ۴ ڈھیر ۵ کھتا۔ اناج گدام۔ کوٹھی (س کھل۔ غلّہ) **کھلیان کر دینا۔ کرنا** (متعدی) **ہو جانا۔ ہونا** (لازم) ۱ ستیاناس ہو جانا۔ تباہ و برباد ہو جانا ۲ ٹوٹ پھوٹ کر ڈھیر ہو جانا ۳ لاشوں کے تودے لگ جانا (مت)
کھَلیانا (ہ۔متعدی) کھال اُتارنا یا ادھیڑنا۔
کھَلبَت (ہ۔مذکر) ۱ جواریا۔ قمارباز ۲ چور۔ گرہ کٹ۔
کھَلیل (ہ۔مذکر) ۱ خوشبودار تیل پھلیل ۲ گڑھا جو بچّے گولیاں کھیلنے کے لئے بناتے ہیں۔
کھَم (ہ) **کھمب** (ہ) **کھمبا** (ہ۔مذکر) **کھمبھ۔ کھمبھا** (ہ) ۱ ستون۔ بھونی ۲ رکن **کھمبے** (مذکر) دو ستون جو زمین میں گاڑتے ہیں اور ان پر موٹی لکڑی گاڑ کر جھولے ڈالتے یا چرخی لگا کر پانی کنوئیں میں سے نکالتے ہیں۔
کھماج۔ کھمارچ (ہ۔مونث) ایک راگنی۔
کھُمبی (ہ۔مونث) ایک قسم کی روئیدگی جو برسات میں اُگتی ہے۔ اسے کھاتے ہیں (س کبھکا)
کھَمچ (ہ۔مذکر) ایک پودہ جس کی پھلی کھاتے ہیں۔
کھَمس (ہ۔صفت) گرم گھمسا۔ اُمس۔
کھَمسائی (ہ۔مونث) گرمی۔ اُمس
کھَمسنا (ہ۔لازم) کھبنا۔
کھُم کھُم (ہ۔مونث) ڈولی کے لچکنے یا رتھ کے چلنے کی آواز۔ رتھ۔
کھَمیلَن (س۔مذکر) ۱ اُونگھ۔ خواب آلودگی ۲ تھکاوٹ۔ آلس۔
کہَن (ہ۔مونث) ۱ کہنے کا طریقہ۔ طرزِ گفتگو۔ کہنا ۲ (ہ) کہاوت۔ مثل۔ **کہن سُنن** (مذکر) گفتگو۔ بحث۔ کہا سنی۔
کہَن (ہ۔حرف) کو۔
کھَن (ہ۔مذکر) لکڑی میں سوراخ کرنا۔
کھَن (ہ۔مونث) جھن۔ جھنکار۔ گھنٹیوں کی آواز (س کھون۔ بجنا) **کھن کھن** (مونث) دیکھو کھن۔ **کھنکھنانا** (متعدی) ۱ روپیہ کو کسی چیز پر مار کر یا انگوٹھے اور انگلی سے اچھال کر آواز نکالنا۔ بجانا۔ جھنجھنانا ۲ (لازم) چینی شیشے یا مٹی کے برتن کا ٹوٹنے سے آواز دینا ۳ بجنا۔ جھنکارنا۔
کھَن (ہ۔مذکر) ۱ تقسیم ۲ چھت۔ منزل۔ درجہ ۳ مکان یا دوکان کا اندرونی حصّہ (س کھنڈ) ۴ کان (س کھن) ۵ لمحہ۔ لحظہ۔ چھین ۶ بدر کا دن ۷ چاند کا گھٹنا بڑھنا۔
کھَن (س۔مذکر) ۱ آسمان۔ فلک ۲ ہوا۔ باد ۳ جہاز کا نیچے کا حصّہ۔
کِھن (س۔صفت) ۱ تکلیف میں گھبرایا ہوا۔ جس کا دل بیٹھا جاتا ہے ۲ تھکا ہوا۔
کُہَن (ف۔مذکر) ۱ پرانا۔ سال خوردہ۔ قدیم ۲ آسمان کی صفت۔ **کہن سال** (صفت) بوڑھا۔ بڑی عمر کا۔ **کہن سالی** (مونث) بڑھاپا۔ ضعیفی۔ **کہنگی** (مونث) ۱ پرانا پن۔ قدامت ۲ بڑھاپا۔ **کہنہ** (صفت) پرانا۔ سال خوردہ۔ **کہنہ سال** (صفت) بوڑھا۔ **کہنہ مشق** (صفت) تجربہ کار۔ مشاق۔
کھَنا (ہ۔مذکر) چھت۔ منزل۔ کھن۔
کِھنا (ہ۔صفت) گھسا ہوا۔ پُرانا۔
کھنال (ہ۔مونث) چھنال۔
کہناوَٹ (ہ۔مونث) کہاوت۔ مقولہ۔ ضرب المثل۔
کھَنتی (ہ۔مونث) زمین کھودنے کا پھاوڑا۔
کھَنج (س۔صفت) لنگڑا۔ لولا۔
کھِنچ (ہ۔امر) ۱ کھنچنا کا ۲ (ہ) کھینچ۔ کشش (کھنچ سے) **کھنچا** (امر) ۱ کھنچانا

کا۔ ۲ (ماضی) کھنچنا کا۔ **کھنچانا** (م) دیکھو کھچانا۔
کھنچاوٹ (ہ) **کھنچاہٹ** (ہ۔ مونث) **کھنچاؤ**
(مذکر) دیکھو کھچاؤ۔ **کھنچائی** (مونث) دیکھو کھچائی۔
کھنچنا (لازم) ۱ دیکھو کھچنا ۲ متفکر ہونا۔ گھبرانا ۳
کنارہ کش ہونا۔ **کھنچوانا** (متعدی) دیکھو کھچوانا۔
کھنچیا (ہ۔ مونث) چھوٹی ٹوکری۔
مُرغیوں کا چھوٹا کھانچا۔
کھندانا (ہ۔ متعدی) ۱ بھگانا۔
دوڑانا ۲ بھیجنا۔ روانہ کرنا۔
کھندانا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ دانت
جو تلوار یا چھری کی دھار میں پڑ جاتا ہے۔ دندانہ ۲
لکڑی یا دیوار کا چھوٹا سا سوراخ ۳ رخنہ جو کسی چیز
میں پڑ جائے ۴ (ہ) گڑھا جہاں سے مٹی کھودی
جائے ۵ نشان جو لکڑی پر آرہ سے کیا جائے
(س کھنڈ۔ توڑنا)
کھنڈرا (ہ۔ مذکر) ۱ فقیری کا کرتہ
یا کوٹ جو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کا بنا ہوا ہوتا ہے
نہالی۔ **کھنڈری** (مونث) ۱ گدڑی ۲ شیر خوار بچے
کا گدّا یا رضائی ۳ فقیر کا بستر۔
کھندل (ہ۔ مذکر) وسیع میدان۔
کھندل (ہ۔ امر) کھندلنا کا۔
(س کھنڈ۔ توڑنا) **کھندلاٹ** (ہ) پاؤں کے
نیچے روندنا۔ **کھندل مارنا** (متعدی) پامال
کرنا۔ روندنا۔ **کھندلنا** (متعدی) ۱ روندنا۔ پامال
کرنا ۲ پاؤں میں ملنا یا مسلنا۔
کھندولی (ہ۔ مونث) دیکھو
کھنڈری۔
کھنڈ (س۔ مذکر) ۱ ٹکڑا۔ حصّہ
۲ مکان۔ ملک یا زمین کا ایک حصّہ ۳ (ہ) کتاب
کا حصّہ۔ باب۔ فصل ۴ (ہ) مکان کا کمرہ ۵ پہلو۔
طرف۔ جانب ۶ (ہ) ضلع۔ علاقہ۔ ملک۔ ان معنوں
میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے بندھیل کھنڈ۔
روہیلکھنڈ ۷ جواہرات میں ایک نقص ۸ ایک قسم
کا گانا جو دھوبی گاتے ہیں ۹ پدماوت کے گانے
۱۰ کھانڈ کا مخفف ۱۱ ایک قوم کا نام۔ **کھنڈ
بھومی** (مونث) ملک کا حصّہ۔ ضلع۔ ریاست
صوبہ۔ **کھنڈ پال** (مذکر) حلوائی **کھنڈ سار**
یا سال (ہ۔ مونث) کھانڈ کا کارخانہ **کھنڈ شیلا**
(مذکر) بدکار بیوی۔
کھنڈ (ہ۔ مونث) ۱ سوراخ۔
چھید ۲ دراڑ۔ ٹوٹی ہوئی جگہ ۳ نشان۔ دندانہ۔
کھنڈ (ہ۔ امر) کھنڈنا کا **کھنڈا**
(امر) کھنڈانا کا ۲ (ماضی) کھنڈنا کا۔ **کھنڈا
جانا** (لازم) دیکھو کھنڈنا۔ **کھنڈانا** (متعدی)
کھنڈنا کا۔ **کھنڈنا** (ہ۔ لازم) ۱ بکھرنا۔ منتشر
ہونا ۲ ضائع ہونا۔ تباہ ہونا۔ **کھنڈوانا** (م)
کھنڈنا کا۔
کھنڈا (ہ۔ مذکر) ۱ کوئی ٹوٹی ہوئی چیز
۲ ٹوٹے ہوئے چاول۔ چاولوں کا چورا۔ کنی
۳ ٹوٹا ہوا تختہ یا لوح (س کھنڈ۔ توڑنا) ۴
(کھانڈ کا مخفف) ایک قسم کی دو رخی تلوار۔
کھنڈا (ہ۔ صفت) کند۔ **کھنڈے
استرے سے سر مونڈنا** (متعدی) تکلیف
دینا۔
**مثل۔ کھنڈا ہتھیار اور
کیا بھٹار کسی کام نہیں آتا۔** کند ہتھیار
اور آشنا بیکار ہوتے ہیں۔
کھنڈت (س۔ صفت) ۱ ٹوٹا
ہوا۔ شکستہ ۲ بکھرا ہوا۔ منتشر ۳ رَد ہوا ۴ وعدہ
وغیرہ ٹوٹا ہوا ۵ روکا ہوا ۶ منسوخ کیا ہوا ۷
بحث کیا ہوا۔ انکار کیا ہوا۔ رد کیا ہوا ۸ ناامید
۹ وہ جس کے ساتھ بیوفائی کی جائے ۱۰ (ہ۔ مونث)
خلل۔ ہرج زیر پڑنا۔ ڈالنا۔ کرنا ہو جانا کے ساتھ)
کھنڈت کی۔ بدمعاملگی کی۔
کھنڈر (ہ۔ مذکر) گرا ہوا مکان۔ ویران مکان
۲ ویران شہر ۳ (ہ) غار۔ کھوہ۔ کھڈ ۴ اونچی نیچی
زمین (س کھنڈ ٹوٹنا) **کھنڈرات** (جمع کھنڈر
کی۔
کھنڈری (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو
کھنڈری ۲ ایک قسم کا پشمینہ جس میں مختلف
قسم کے کپڑے بنے ہوتے ہوتے ہیں۔
کھنڈلا (ہ۔ مذکر) ۱ مچھلی کا قتلہ
۲ قاش۔ پھانک ۳ (ہ) زمین کا ٹکڑا۔
کھنڈلا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ لڑکا جس
کے دودھ کے دانت ٹوٹے ہوں (کھنڈو) کھونٹا
۲ ٹوٹا پھوٹا مکان۔ جھونپڑا ۳ (ہ) کھنڈر ۴
درخت کا سوراخ۔
کھنڈن (س۔ مذکر) ۱ ٹکڑے
ٹکڑے کرنا ۲ توڑنا ۳ تقسیم کرنا ۴ کاٹنا ۵ تباہ
کرنا۔ برباد کرنا ۶ گرانا ۷ روکنا ۸ منسوخ کرنا ۹
رد کرنا ۱۰ (ہ) بھنجن۔ بھنگ ۱۱ تردید۔ تنسیخ ۱۲
بت شکنی (کرنا ہونا کے ساتھ) **کھنڈنا** (متعدی)
کھنڈن کرنا۔
کھنڈھور (ہ۔ صفت) ۱ گھبرایا
ہوا۔ بے چین ۲ جس میں خلل پڑا ہو ۳ گدلا۔
کھنس (ہ۔ امر) ۱ کھنسنا کا ۲
نفرت۔ حقارت ۳ دشمنی۔ بیر۔ عداوت ۴ غصّہ
خشم ۵ حسد۔ رشک۔ **کھنسا** (امر) کھنسانا
کا۔ **کھنسانا** (متعدی) ۱ جلنا۔ حسد کرنا ۲
بیر کرنا۔ دشمنی کرنا ۳ روکھا پھیکا ہونا۔ منہ بنانا۔
تیوری چڑھانا ۴ چغلی کھانا۔ لگائی بجھائی کرنا۔
کھنساہ (ہ) **کھنسی** (ہ) ۱ چڑچڑا۔ لڑاکا ۲
غصّے۔ ناراض ۳ حاسد۔ کینہ ور۔ بیری۔ دشمن۔
کھنسنا (لازم) کھنسانا کا۔
کھنک (ہ۔ امر) ۱ کھنکنا کا ۲
روپے اشرفی کی آواز بجنے کی آواز چینی کی آواز ۳ گانے
والے کی اچھی آواز ۴ (ہ) آندھی (س کون۔
آواز دینا) **کھنکا** (ہ۔ امر) کھنکانا کا **کھنکار**
(مونث) روپے اشرفی کے بجنے کی آواز **کھنکانا**
(متعدی) ۱ روپے اشرفی کو بجانا یا پرکھنے کے
وقت آواز نکالنا ۲ بجانا۔ جھنکارنا۔ کھڑکانا ۳
(ہ) دیکھو کھنکھارنا۔ **کھنکتی ہوئی آواز** (مذکر)
دلفریب آواز۔ **کھنکنا** (لازم) ۱ بجنا۔ روپے
اشرفی کا بجنا ۲ برتنوں کا ٹکرا کر آواز دینا۔
کھڑکنا ۳ شیشے چینی وغیرہ کے ٹوٹے ہوئے
برتن کی آواز نکلنا۔
کھنکڑی (ہ۔ مونث) ۱ کراری
پوری ۲ ایک قسم کا پاپڑ۔
کھنکھ (ہ۔ صفت) ۱ بوڑھا
۲ کمزور۔ ضعیف ۳ سوکھا ہوا۔ خشک ۴ غریب
مفلس ۵ کمبخت۔ بدنصیب۔ دکھیارہ۔ آفت رسیدہ
۶ کمینہ۔ رذیل ۷ کنجوس۔ بخیل ۸ بدمزاج۔ درشت
مزاج۔ تندخو ۹ جوشیلا ۱۰ شریر (گھوڑا) ۱۱ (مذکر)
بوڑھا ضعیف آدمی ۱۲ کمزور زمین جس کی ہر فصل
کے بعد سال بھر کے لئے کاشت بند کی جائے۔

کھنکا: مونث، بوڑھی ضعیف عورت۔ کھنکاؤ
(مذکر) گھوڑے کا نقص۔ کھنکھڑ (صفت) ۱
سخت۔ خشک۔ کھڑکھڑ کرنے والا ۲ سوکھا ہوا۔
مرجھایا ہوا۔ خشک ہوا ہوا ۳ (مذکر) کوئی چیز جو
سخت۔ خشک یا کھڑکھڑ کرنے والی ہو ۴ پنجر۔
کھنکھار (ہ۔ امر) ۱ کھنکھارنا
کا ۲ (مذکر) گلا صاف کرنے کی آواز ۳ بلغم کف
۴ گلے میں بلغم کی آواز (س کھاٹ۔ گلا صاف
کرنے کی آواز) **کھنکارنا** (لازم) ۱ گلا صاف کرنا
۲ گلے کو صاف کرنے کے وقت آواز نکالنا ۳ کھنکار
کر آواز دینا ۴ کھنکار کر اشارہ کرنا ۵ کھنکار کر
اپنی آمد جتانا ۶ پاخانہ میں جاتے ہوئے کھنکارتے
ہیں۔ اگر کوئی شخص اندر ہو تو وہ اپنی موجودگی کھنکار کر
جتاتا ہے۔
کھنکھجورا (ہ۔ مذکر) کنکھجورا۔
کھنکھنا (ہ۔ لازم) ۱ دیکھو کھنکنا
۲ (صفت) ٹوٹا ہوا (مٹی کا برتن)
کھنکھنانا (ہ۔ متعدی) دیکھو
کھنکانا۔
کھن کھن (ہ۔ امر) ۱ کھنکھنانا
کا ۲ (مونث) ناک میں رونے کی آواز۔ **کھنکھنانا**
(لازم) **کھن کھن کرنا** (متعدی) بیماری کے باعث
بچے کا ناک میں رونا۔
کُھنکُھنانا (ہ۔ لازم) دیکھو
کِنکِھنانا
کھنگار (ہ۔ مذکر) ۱ بلغم۔ کف ۲
ایک نیچ ذات (کھنکھار سے) **کھنگارنا** (لازم)
۱ دیکھو کھنکھارنا ۲ دیکھو کھنگالنا۔
کھنگال (ہ۔ امر) کھنگالنا کا۔
کھنگالا (ماضی) کھنگالنا کا۔ **کھنگالا موسل**
(صفت) بے حیا۔ چکنا گھڑا۔ **کھنگال دینا۔
ڈالنا یا کھنگالنا** (متعدی) ۱ کپڑے کا صرف
پانی میں دھونا ۲ کسی برتن میں پانی ڈال کر اسے
اچھی طرح ہلانا کہ صاف ہو جائے ۳ استعمال کرنا
۴ جماع کرنا۔ زنا کرنا ۵ صاف کرنا۔ کدورت نکالنا۔
دھونا۔ **کھنگال ڈالنا** (ہ) چپکے سے قتل کر دینا۔
کھنگر۔ کھنگڑ (ہ۔ مذکر) ۱ کٹی
جلی ہوئی جڑی ہوئی اینٹیں۔ زیادہ جلی ہوئی
اینٹ ۲ دھات کا میل جو پگھلنے کے بعد نکلتا ہے ۳
ایک قسم کا مسالے کا پتھر جس سے چھاپے کے پتھر
کو صاف کرتے ہیں ۴ (صفت) دیکھو کھنکھڑ۔
کھنگر لگ جانا (لازم) دُبلا ہو جانا۔ سوکھ کر
کانٹا ہو جانا۔ ہڈیاں نکل آنا۔
کھنگل (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو کھنگر
۲ دیکھو کھنگیل۔
کھنگلنا (ہ۔ لازم) کھنگالنا کا۔
کھنگیل (ہ۔ صفت) دانتا
بڑے بڑے دانتوں والا۔
کھننا (ہ۔ متعدی) ۱ کھودنا ۲
کریدنا۔ کھرچنا۔
کِھننا (ہ۔ لازم) ۱ گھسنا ۲ لاغر
ہونا۔
کہنی (ہ۔ مونث) ۱ کلائی اور بازو
کا جوڑ ۲ کلائی اور بازو (س کپھنی) **کہنی چلانا**
(متعدی) ۱ کہنی مار کر اشارہ کرنا ۲ کہنی کی ضرب
لگانا۔ کہنی سے ہٹانا۔ **کہنی دار** (صفت) جس کے
بازو ہوں۔ **کہنی دار کرسی** (مونث) وہ کرسی جس
کے داہنے بائیں لکڑیاں لگی ہوں۔ **کہنی مارنا**
(متعدی) دیکھو کہنی چلانا۔
کھنی (ہ۔ مونث) کھتا جس میں
دھان رکھتے ہیں۔
کِھنی (ہ۔ مونث) کھرنی۔
کہو (ہ۔ ف) کہیں۔
کھو (ہ) **کھوہ** (ہ۔ مونث) ۱ غار یا
گڑھا جو پہاڑوں میں ہو ۲ گڑھا ۳ کھتا جس میں
اناج ذخیرہ کریں (س ... ہوا ہونا)
کُھو (ہ۔ مونث) کوئل کی آواز۔ کوکو۔
کہو کہو (مونث) کوئلوں کی آواز۔
کھو (ہ۔ امر) کھونا کا (س کشپ۔
تلف کرنا) **کھوا** (امر) ۱ کھوانا کا ۲ (ماضی) کھونا
کی۔ **کھوا دینا۔ کھوانا** (متعدی) کھونا کا۔ ضائع
کرا دینا۔ **کھو بیٹھنا** (لازم) ضائع کر دینا۔ تباہ
یا برباد کر دینا۔ **کھو جانا** (لازم) ۱ گم ہو جانا ۲
بدحواس ہو جانا۔ سٹ پٹا جانا۔ **کھو دینا** (متعدی)
۱ ضائع کر دینا ۲ کہیں کا نہ رکھنا۔ **کھو کے سیکھنا**
(متعدی) نقصان کر کے تجربہ حاصل کرنا۔ **کھونا**
(متعدی) گم کرنا۔ گنوانا ۲ بھلانا۔ بسرانا ۳ ضائع
کرنا۔ برباد کرنا ۴ بے قابو کرنا۔ قابو میں رکھنا ۵ کھنا
کرنا۔ بگاڑنا ۲ دُور کرنا۔ دفع کرنا۔ زائل کرنا
نہ رکھنا۔ **کھوئے جانا۔ کھویا جانا** (لازم)
۱ حیران ہو جانا۔ سٹ پٹا جانا۔ حواس اُڑ جانا
کھویا کھویا رہنا (لازم) ۱ کسی خیال میں محو
رہنا ۲ طبیعت کا بند رہنا۔ انقباض رہنا۔
کھوا (ہ۔ مذکر) مونڈھا۔ کندھا
(س کنتور) **کھوے رہ جانا** (متعدی) مونڈھے
تھک کر بیکار رہ جانا۔ **کھوے سے کھوا
چھلنا** (مت) بہت بھیڑ ہونا۔ **کھوے لگنا**
(لازم) کشتی میں کندھے کا زمین سے لگ جانا۔
کھوا (ہ۔ مذکر) ۱ باتونی۔ بہت
باتیں کرنے والا ۲ فصیح۔ بلیغ۔
کھوا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک مٹھائی جو دودھ
میں سے رطوبت جلا کر بناتے ہیں۔ کھویا ۲ کٹی ہوئی
اینٹیں۔ سرخی (س کشود)
کھوارا (ہ۔ مذکر) ۱ مقررہ طریقہ
۲ رواج۔ رسم ۳ طریقہ۔ طرز ۴ طاقت دینے والی
یا مقوی خوراک ۵ چوکھٹا جس سے محراب کھل جائے
۶ پھانسی۔
کھوا کھیڑی (ہ۔ صفت)
فضول خرچ۔ بے احتیاط (دہلی)
کھوانا (ہ م) کھلانا۔
کھوبار (ہ۔ مذکر) سوروں کے
رہنے کا مکان۔
کھوپ (ہ۔ مونث) ۱ غار۔ کھوہ
گڑھا ۲ کونا ۳ کھنڈ ۴ لمبی سلائی۔ لمبا بخیہ۔ **کھوپ
بھرنا** (متعدی) لمبا بخیہ کرنا۔ لمبی سلائی کرنا۔
کھوپا (ہ۔ مذکر) جُوڑا۔ کھونپا۔
کھوپا (ہ) **کھوپرا** (ہ۔ مذکر)
۱ ناریل کا مغز ۲ کاسہ۔ سر۔
کھوپری۔ کھوپڑی (ہ۔ مونث)
۱ سر کے اُوپر کا حصہ۔ چندیا ۲ (ہ) سیپ۔
(س کھرپر) **کھوپری چٹخنا یا چٹکنا** (لازم)
۱ حرارت موسمی یا مزاج سے کھوپری کا پھٹا جانا
۲ (ہ) مردے کے جلنے کے وقت کھوپری کا
پھٹ جانا۔ **کھوپری چلچلانا** (لازم) مار کھانے
کو دل چاہنا۔ **کھوپری کھا جانا** (لازم) بک
بک کے بھیجا کھا جانا۔ **کھوپری گنجی کرنا**
(متعدی) **ہونا** (لازم) اس قدر مار پڑنا کہ سر

کے بال اُڑ جائیں۔ بہت مارنا۔

کھوٹ (ہ۔ مذکر) ۱ میل۔ آمیزش ۲ چاندی سونے میں کسی کم قیمت دھات کی آمیزش ۳ نقص۔ عیب ۴ کینہ۔ کپٹ ۵ بدی۔ برائی ۶ شرارت۔ بدذاتی ۷ خطا۔ قصور ۸ نقصان۔ ضرر ۹ دغا۔ فریب ۱۰ بیوفائی۔ ریا ۱۱ غلطی ۱۲ نقصان (تجارت میں) ۱۳ جو کسی کے نام کی نذر نیاز مان کر بھول جانا۔ اور اس کی یا ناپاکی کی وجہ سے خمیازہ اُٹھانا (س کوٹ ٹیڑھاپن) **کھوٹا** (صفت) ۱ جو خالص نہ ہو ۲ سکہ قلب ۳ ناقص نکما ۴ بیوفا۔ ریاکار ۵ بددیانت۔ جھوٹا ۶ بدباطن ۷ شرارتی۔ بدذات۔ **کھوٹا بیٹا** (مذکر) نالائق بیٹا۔ **کھوٹا پن** (مذکر) کھوٹا ہونا۔ **کھوٹا پیسہ** (مذکر) گھسا ہوا پیسہ جو چلنے کے قابل نہ ہو۔ **کھوٹا سکہ** (مذکر) ناقص سکہ **کھوٹا سما** (مذکر) برا وقت۔ برا زمانہ۔ کل جگ۔ **کھوٹا کام** (مذکر) ناقص کام۔ **کھوٹا کھرا پرکھنا** (متعدی) اچھے برے کی تمیز کرنا۔ پرکھنا **کھوٹا کھرا دیکھنا** (متعدی) برے بھلے کی آزمائش کرنا۔ پرکھنا **کھوٹا کھرا ہونا** (لازم) نیت کا ڈانواںڈول ہونا۔ **کھوٹا مال** (مذکر) ناقص مال۔ **کھوٹائی** (مونث) کھوٹا ہونا۔ **کھوٹ کرنا** (متعدی) ۱ برائی کرنا۔ بدی کرنا ۲ دغا کرنا۔ بیوفائی کرنا ۳ نقصان یا ضرر پہنچانا۔ **کھوٹ ملا دینا یا ملانا** (متعدی) ۱ خالص سونا یا چاندی میں ادنےٰ دھات ملا دینا ۲ نقص کرنا۔ خلل ڈالنا ۳ برائی کرنا۔ **کھوٹ نکالنا** (متعدی) عیب نکالنا۔ نقص ظاہر کرنا۔ **کھوٹی** (صفت مونث) ۱ کھوٹا کا ۲ قحبہ۔ بدکار۔ زانیہ **کھوٹے** (صفت۔ مذکر) ۱ جمع کھوٹا کی ۲ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **کھوٹی بات** (مونث) ۱ دھوکے کی بات ۲ بری بات۔ ناقص بات۔ **کھوٹی بولنا** (لازم) ۱ چغلی کھانا ۲ بری بات زبان پر لانا ۳ برا بھلا کہنا۔ گالی دینا۔ **کھوٹی جڑنا** (لازم) کسی کے حق میں برا کہنا۔ **کھوٹی چال** (مونث) ناقص وضع۔ **کھوٹی راہ چلنا** (مونث) بدوضعی کرنا۔ **کھوٹے روپے** (مذکر) ۱ سکہ قلب ۲ وہ روپے جس میں نقص ہو اور نہ چلیں۔ **کھوٹی سُنانا** (متعدی) **سُننا** (لازم) گالیاں سننا۔ برا بھلا سننا۔ **کھوٹے عمل** (مذکر) ناقص نیک کام جو قبول نہ ہوں۔ **کھوٹی کرنا** (متعدی) برائی کرنا۔ **کھوٹی کھری سنانا** (متعدی) برا بھلا کہنا۔ گالیاں دینا۔ **کھوٹے کھرے کو پرکھنا** (متعدی) **پرکھوانا** (لازم) نیک و بد کی بابت دریافت کرنا۔ **کھوٹی کہنا** (متعدی) کسی کے حق میں برا کہنا۔ **کھوٹی کی** (صفت) بدی کی۔ **کھوٹی گھڑی** (مونث) بری گھڑی برا وقت **کھوٹی ہنڈی** (مونث) جعلی ہنڈی۔

امثال و اقوال۔ کھوٹا پیسہ کھوٹا بیٹا وقت پر کام آتا ہے۔ کھوٹا پیسہ برے وقت پر بھی کبھی کام آتا ہے۔ نکمی چیز بھی ضرورت کے وقت مفید ثابت ہوتی ہے۔

کھوٹنا (ہ۔ متعدی) ۱ اکٹھا کرنا۔ چننا۔ بیننا ۲ اکھاڑنا۔

کھوٹھی (ہ۔ مونث) کھنڈ۔

کھوج (ہ۔ مذکر) ۱ نشان۔ پتہ۔ سراغ ۲ جستجو۔ تلاش ۳ قدم۔ پیر ۴ خبر۔ تفتیش ۵ بیخ و بنیاد۔ نام و نشان (س کشد۔ لتاڑنا) **کھوج پانا** (متعدی) **پڑنا** (لازم) پتہ لگنا۔ نشان ملنا۔ **کھوج ڈھونڈنا** (متعدی) پتہ یا سراغ لگانا۔ ٹھکانا معلوم کرنا۔ خبر لگانا۔ **کھوج کرنا** (متعدی) جستجو یا تلاش کرنا۔ پتہ لگانا۔ **کھوج کھاج** (مذکر) ۱ تفتیش۔ دریافت ۲ (ہ) بے حد کوشش ۳ رنجیدگی۔ بیزاری۔ **کھوج کھونا** (متعدی) ۱ نشان مٹانا ۲ سراغ گنوا دینا ۳ ستیاناس کرنا۔ کسی کام کا نہ رکھنا۔ **کھوج لگانا** (متعدی) ۱ پتہ لگانا۔ سراغ لگانا ۲ تفتیش کرنا۔ **کھوج لگنا** (لازم) ۱ پاؤں کا نشان ملنا ۲ بعد جستجو کے کسی بات کا پتہ ملنا۔ **کھوج لینا** (متعدی) سراغ لگانا۔ پتہ دریافت کرنا۔ **کھوج مٹا** (صفت) خانہ خراب۔ **کھوج مٹانا** (متعدی) مٹ جانا۔ **مٹنا** (لازم) ۱ نام و نشان مٹنا۔ نیست و نابود ہونا۔ معدوم ۲ پاؤں کے نشان معدوم ہونا۔ **کھوج ملنا** (لازم) ۱ سراغ ملنا۔ پتہ ملنا۔ خبر ملنا ۲ پاؤں کے نشانات کا مل جانا۔ **کھوج میں رہنا** (لازم) کسی شخص میں نقص نکالنے کے درپے رہنا۔ **کھوج نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم)۔ پتہ لگنا ۲ سراغ ملنا۔ **کھوج نہ پانا** (لازم) پتہ نہ پانا۔ سراغ نہ ملنا۔ **کھوج ہاتھ آنا** (لازم) پتہ لگنا۔ سراغ ملنا۔ **کھوجی کھوجیا** (مذکر) سراغی۔ کھوج نکالنے والا۔ سراغرساں۔

کھوجڑ (ہ۔ مذکر) پھوک۔

کھوجڑا (ہ۔ مذکر) کھوج کی تصغیر **کھوجڑا جانا** (لازم) اُجڑنا۔ ستیاناس جانا۔ تباہ و برباد ہونا۔ **کھوجڑا جائے**۔ برباد ہو جائے۔ **کھوجڑا ہو** (بددعا) برباد ہو۔ تباہ ہو۔ ستیاناس جائے۔ **کھوجڑا ہونا** (متعدی) ستیاناس کرنا۔ بگاڑنا۔ **کھوجڑے پیٹا یا گیا** (صفت) ۱ خانہ خراب۔ ستیاناس ۲ (بددعا) موا۔ غارتی۔ نگوڑا۔ اجڑا۔ **کھوجڑی پیٹی** (صفت مونث) نگوڑی۔

کھوجک (ہ۔ مذکر) کھوجی۔

کھوجنا (ہ۔ متعدی) ۱ تلاش کرنا ۲ دریافت کرنا۔ **کھوجن ہار۔ کھوجنے والا۔ کھوجنی ہار** (مذکر) تلاش کرنے والا۔ دریافت کرنے والا۔

کھوجھا (ہ۔ مذکر) ۱ تلچھٹ ۲ پھپھوندی جو سر کے کو لگ جائے۔

کھوچڑ (ہ۔ صفت) ۱ ہوتے ہوئے کام کو روکنے والا۔ خلل انداز۔ رخنہ انداز۔ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانے والا ۲ فسادی۔ مفسد۔ کھوٹا۔ بدسرشت۔ بدباطن۔

کھود (ہ۔ مونث) ۱ تلچھٹ ۲ دیکھو خوید ۳ کھلی۔

کھود (ہ۔ امر) ۱ کھودنا کا ۲ (ہ۔ مونث) ۱ کھودنا۔ دھکا ۲ کھوچ۔ بھونک۔ گھونپ (س کشد۔ مارنا) **کھودا** (ماضی) کھودنا کا **کھودانا** (متعدی) دیکھو کھدانا۔ **کھود کر (کے)** (ہ۔ ق) ۱ زمین کو اکھاڑ کر ۲ خوب چھان بین کر کے۔ اچھی طرح دریافت کر کے ۳ دھیان سے۔ غور سے۔ **کھود (کھود) کر (کے) پوچھنا** (متعدی) خوب چھان بین کرنا۔ نہایت تفحص اور تجسس کرنا کسی بات کو طرح طرح کے سوالات کر کے دریافت کرنا۔ **کھود ڈالنا۔ کھودنا** (متعدی) ۱ زمین اکھاڑنا۔ گڑھا کرنا ۲ کھوکھلا کرنا۔ خالی کرنا ۳ کریدنا۔ کھرچنا ۴ کندہ کرنا۔ نقاشی کرنا۔ منبت کاری کرنا۔ مہر چپڑاس وغیرہ میں حرف کندہ کرنا ۵ تفتیش تجسس یا تفحص

کرنا ۴ (گھاس درخت وغیرہ) جڑ سے اکھاڑنا ۶
(مذکر) گالی کے اس لفظ کی نقل جو بچے ماں بہنوں
کو دیں۔ **کھودنی** (ھ۔ مونث) ۱ کھودنا ۲ تلاش
۳ تفتیش ۴ کھودنے کا اوزار ۵ پھاوڑا۔ کسّی۔
بیلچہ ۶ کندہ کرنے کے اوزار۔ **کھودنی کرنا** (ھ۔
متعدی) ۱ کھود کر تلاش کرنا ۲ خزانہ کی تلاش میں
کھودنا ۳ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا ۴ تفتیش کرنا۔ دریافت
کرنا۔ **کھودَو** (ھ۔ مونث) دیکھو کھودنی **کھودوانا**
(ھ مم) دیکھو کھدوانا۔ **کھودی** (ھ۔ مونث) ۱
کھودنا۔ اکھاڑنا ۲ کاشت۔

کھودَر (ھ۔ صفت) ۱ کھردرا۔
اونچا نیچا ۲ پیچک رو ۳ (مذکر) گھوڑے کی ایک
چال۔

کھوڈَر (ھ۔ مذکر) غار۔ گڑھا۔
کھور (ھ۔ مذکر) ۱ لکڑی کا ٹکڑا۔
خصوصاً صندل یا کسی اور خوشبودار لکڑی کا ۲
دیشی کے کُٹی کھانے یا پانی پینے کی ناند (لگانا لگنا
ہونا کے ساتھ)

کھور (ھ۔ مذکر) ۱ غار۔ کھوہ ۲ چھوٹی
وادی ۳ گلی۔ راستہ ۴ ڈھکنا۔ چپنی۔ سرپوش ۵ خول
۶ لحاف۔ رضائی ۷ باریک جھلّی جو آنتوں پر ہوتی ہے
۸ گائے بھیڑ کی آنتیں جو صاف کرکے زچہ کو دودھ
بڑھانے کے لئے دیتے ہیں۔ **کھورا** (مذکر) ۱ غار
کھوہ ۲ گڑھا۔ **کھوری**۔ دیکھو کھور ۲ تا ۵۔
کھورا (ھ۔ مذکر) بھیڑوں کی ایک
بیماری جس میں بال گر جاتے ہیں۔
کھورا (ھ۔ صفت) لنگڑا۔ لنگڑاتا
ہوا۔

کھورُو (ھ۔ مذکر) بیل کا کھر سے
مٹی اٹھانا۔ کھُر زمین پر مارنا (کرنا۔ ہونا
کے ساتھ) **کھورو لانا** (متعدی) ۱ فساد کرنا ۲ شرارت
کرنا۔ بدی کرنا ۳ غل مچانا۔
کھوری (ھ۔ مونث) شرارت۔
خرابی۔

کھوڑ (ھ۔ مذکر) تلک کا نشان
جو برہمن صندل زعفران وغیرہ سے بدن پر لگاتے
ہیں۔
کھوُڑ (ھ۔ مذکر) بل کا نشان۔
کھوڑ (ھ۔ مذکر) دیکھو کھوٹ ۱

صندل یا کسی اور خوشبودار لکڑی کا ٹکڑا ۲ لکڑی کا
کندہ (س کشوڈ) ۳ دبنا یا روح کا سہرا پ ۵ منحوس
وقت ۶ مٹی کی ناند جس میں بیل کُٹی کھائیں یا پانی پئیں
کھوڑا (مذکر) ۱ کاٹھ جس میں ملزموں کے پاؤں دیتے
ہیں ۲ ہتھکڑی بیڑی ۳ لکڑی کا ٹکڑا جو ویشی کے
گلے میں باندھ دیتے ہیں۔ **کھوڑکا** (مذکر) ۱ لکڑی کا
کندہ ۲ درخت کا تنا جس کی شاخیں تراش دی گئی
ہوں ۳ خشک درخت۔ **کھوڑی** (مونث) دیکھو
کھوڑ و کاوڑا۔

کھوڑِل (ھ۔ صفت) ۱ قابلِ الزام
۲ زبون۔ معیوب۔ ذلیل۔
کھوس (ھ۔ امر) **کھوس دینا**
(متعدی) اُلجھا دینا۔ اُڑس دینا۔ لگا دینا۔ **کھوس
لینا** (متعدی) چھین لینا۔ جھپٹ لینا۔ اچک لینا **کھوسنا**
(متعدی) ۱ چھیننا ۲ بال کھسوٹنا ۳ (ھ) اُلجھا دینا۔ اٹکا دینا۔
کھوسا (ھ۔ صفت) ۱ جس کی داڑھی
مونچھیں نہ ہوں (ف کوسہ) ۲ (مذکر) چھلکا ۳ ایک
قوم جو سندھ کی سرحد پر رہتی ہے اور لوٹ مار کرتی ہے (کھوسلیہ)
کھوُسٹ (ھ۔ صفت) ۱ نکما۔
بوڑھا۔ ضعیف۔ کمزور ۲ (مذکر) اُلّو۔
کھوسڑا (ھ۔ مذکر) پرانی ٹوٹی ہوئی جوتی
کھوکرا (ھ۔ صفت) ۱ کھوکھلا ۲
ایک قسم کا جال ۳ وہ آواز جو ٹوٹے ہوئے برتن سے نکلے۔
کھوکھا (ھ۔ صفت) ۱ کھوکھلا ۲
(مذکر) ننکاری ہوئی ہنڈی ۳ بچہ لڑکا۔ چھوکرا
۴ ہلکی لکڑی کا صندوق جس میں مال و اسباب
بند کرتے ہیں۔ **کھوکھی** (مونث) لڑکی طفلکہ چھوکری۔
کھوکھل (ھ) **کھوکھلا** (ھ۔ صفت)
۱ پولا۔ خالی۔ کھکّل ۲ (ھ) سڑا ہوا۔ کھایا ہوا ۳
ٹوٹا ہوا ۴ کیڑا لگا ہوا (دانت) (س کش تلف کرنا)
کھُوکھی (ھ۔ مونث) ایک کیڑا جو
گیہوں اور جَو کو بہت بارش کے بعد لگ جاتا ہے۔
کھَول (ھ۔ امر) ۱ کھولنا کا (س۔ کھڈ
غمگین ہونا) **کھولا** (امر کھولانا کا ۲ ماضی کھولنا کا **کھولتا**
(لازم) ۱ ابلنا ۲ جوش دینا ۳ جلانا غم دینا۔ **کھولتا ہوا** (صفت)
ابلتا ہوا **کھولن** (مونث) ابال جوش سوزش جلن کھ۔ ینالازم)
۱ ابلنا جوش کھانا ۲ نہایت گرم ہونا ۳ دل ہی دل میں غم کھانا
۴ زخم یا پھوڑے میں جلن یا ٹیس ہونا۔
کھَول۔ کھولا۔ کھُولا کھولا

(ھ۔ مذکر) ۱ مچھلی کا چھلکا ۲ سیہ کا کانٹا۔ **کھول
مانجا یا مانجر** (مذکر) سیہ۔
کھول (ھ۔ امر) ۱ کھولنا کا ۲
مکان (زنانوں کی اصطلاح) (س کھڈ توڑنا)
کھولا (ماضی) کھولنا کا **کھول کر** (کے)
(الف) ۱ ظاہر کرکے۔ واضح کرکے ۲ بخوبی جیسا
چاہئے **کھول کر کہنا** (متعدی) واضح کرکے کہنا۔
کھول کھال کے (نف) کھول کے **کھول
دینا**۔ **کھولنا** (متعدی) کھلنا کا۔ دیکھو کھلنا۔
کھولنے والا (صفت) ہار (ھ) وہ جو کھولے۔
امثال واقوال۔ **کھول کیسہ
کھا ہریسہ**۔ جو خرچ کرے وہ مزے اُڑاتا ہے۔
کھول گھڑا کر دھڑا۔ اس کے متعلق کہتے
ہیں جس کے پاس کچھ نہ ہو۔ اور حکم چلاتا پھرے۔
کھولَر۔ کھولَڑ۔ کھولڑا (ھ۔
مذکر) ۱ غار۔ کھوہ ۲ گڑھا۔
کھولی (ھ۔ مونث) ایک قسم کی مچھلی
کھومنا (ھ۔ لازم) بوڑھا ہونا۔
کھونپ (ھ۔ مونث) ۱ لمبی سلائی۔
لمبے ٹانکے۔ سیون ۲ کپڑے کا شگاف جو پھٹنے
سے ہو جائے۔ **کھونپ بھرنا** (متعدی) ۱ کپڑے
کے پھٹے ہوئے حصّے کو سینا ۲ موٹا موٹا سینا۔
کھونپا (ھ۔ مذکر) جوڑا۔
کھونتا۔ کھونتھا (ھ۔ مذکر)
پرند کا گھونسلا۔
کھونٹ (ھ۔ مذکر) ۱ کونا۔ گوشہ
۲ حصّہ ۳ پہلو۔ طرف۔ جانب ۴ مقام ۵ کان کا
میل ۶ (ھ) درمیانی نقطہ ۷ پھول ۸ ستہ ۹ روٹیاں
جو دیوی کو چڑھائی جائیں ۱۰ (نف) طرف۔ جانب۔
کھونٹا (ھ۔ مذکر) ۱ میخ ۲ گھوڑا
وغیرہ باندھنے کی میخ ۳ چکّی کا ہتھا ۴ کولھو کی
لاٹھ۔ **کھونٹا سا بیٹھ جانا** (لازم) جم کے
بیٹھ جانا۔ نہایت درست آنا۔ **کھونٹے پر
کودنا** (متعدی) کسی کی حمایت پر اترانا۔ کسی کے
بھروسے پر گھمنڈ کرنا۔ **کھونٹے پر مارنا**
(متعدی) ۱ پروا نہ کرنا۔ خاطر میں نہ لانا ۲ عضو
مخصوص پر مارنا۔ **کھونٹے سے باندھنا**
(متعدی)۔ **بندھنا** (لازم) ۱ میخ سے بندھنا
۲ نکاح ہونا۔ شادی ہونا ۳ پابندی ہونا۔

کھونٹے کے بل کودنا (متعدی) دیکھو کھونٹے پر کودنا۔ **کھونٹی** (مونث) ۱ چھوٹی میخ ۲ کیل یا لکڑی کا ٹکڑا جو دیواروں میں چیزیں لٹکانے کو لگا دیتے ہیں ۳ بالوں کی جڑیں ۴ سارنگی یا ستار کا کان ۵ گھوڑے کا تند۔ **کھونٹی بکھرنا** (لازم) بالوں کی جڑوں کا گرنا۔ **کھونٹی کسنا** (متعدی) سارنگی یا ستار کا تار کھینچنا۔ **کھونٹی لینا** (متعدی) بال اچھی طرح مونڈنا کہ بالکل صفائی معلوم ہو۔ **کھونٹی مروڑنا** (متعدی) ۱ سارنگی یا ستار کا تار کھینچنا ۲ گوشمالی کرنا۔ **کھونٹی مونڈنا** (متعدی) دیکھو کھونٹی لینا **کھونٹی نہ چھوڑنا** (متعدی) اچھی طرح مونڈنا صفائی سے حجامت بنانا خوب لوٹنا صفایا کر دینا۔

کھونچ (ہ۔ مونث) انجلی۔

کھونچ (ہ۔ مونث) ۱ کپڑے کا شگاف جو کیل یا کانٹے سے الجھ کر پڑ جائے (آنا۔ لگانا۔ لگنا کے ساتھ) ۲ بدن کا وہ حصہ جو کسی صدمے سے پھٹ جائے۔ **کھونچا** (مذکر) ۱ بڑی کھونچ ۲ گھونپ۔ بھونک۔ **کھونچا کھانچی** (مونث) جھگڑا۔ دھینگا مشتی۔

کھونچا کھونچا (ہ۔ مذکر) ۶ ۱/۲ ساڑھے چھ۔

کھونچیا لنا (ہ۔ متعدی) کھونچنا۔

کھونچڑ (ہ۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو خواہ مخواہ کسی بات میں دخل دے ۲ کمینہ آدمی۔

کھونچنا (ہ۔ متعدی) ۱ پھاڑنا۔ کھونچ لگانا ۲ کھونسنا ۳ بھونکنا۔ گھسیڑنا۔ گھسنا۔ چھیدنا۔

کھوندا۔ کھوندھا (ہ۔ مذکر) گھونسلا۔

کھوندنا (ہ۔ متعدی) روندنا۔ پاؤں سے کچلنا۔

کھوندنا (ہ۔ متعدی) ۱ کھودنا ۲ پاؤں سے کام کرنا ۳ گھوڑے کی طرح پاؤں مارنا ۴ روندنا۔

کھونڈر (ہ۔ مذکر) گرا پڑا اناج جو پیڑوں پر رہ جائے۔

کھونڈکل (ہ۔ مذکر) درخت کے اندر خلا۔

کھونڈلا (ہ۔ صفت) ۱ سڑا ہوا

۲ کھوکھلا ۳ پوپلا۔

کھونسڑا (ہ۔ مذکر) پرانا ٹوٹا ہوا جوتا۔

کھونسنا (ہ۔ متعدی) دیکھو کھوسنا۔

کھونکھنا (ہ۔ متعدی) کھانسنا کھوں کھوں کرنا۔

کھوں کھوں (ہ۔ مونث) کھانسی کی آواز (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

کھونکھیانا (ہ۔ متعدی) بندر کا غصہ سے بولنا۔

کھونکھی۔ کھونکی (ہ۔ مونث) ۱ دمہ ۲ کھانسی۔

کھونو۔ کھوؤ (ہ۔ صفت) فضول خرچ۔

کھوہ (ہ۔ مونث) دیکھو کھوہر

کھوئی (ہ۔ مونث) ۱ گنے کا پھوک ۲ بھنے ہوئے چاول۔ کھیل ۳ (ہ) پھوک فضلہ ۴ چھلکا۔ **کھوئیا** (مونث) دیکھو آخری۔

کھوئی (ہ۔ مونث) ۱ چھپر جو چھوٹے پودوں کے اوپر سردی سے بچانے کے لئے ڈالتے ہیں ۲ کپڑا جسے مینہ سے بچنے کے لئے پہنتے ہیں ۳ کپڑے جو تہ کرکے سر پر مینہ سے بچاؤ کے لئے رکھ لیں۔

کھویا (ہ۔ صفت) بولنے یا کہنے والا۔

کھویا (ہ۔ صفت) بہت کھانے والا۔

کھویّا (ہ۔ مذکر) ناؤ چلانے والا۔ ملاح۔

کھویا (ہ۔ مذکر) ۱ دودھ کا مادہ ۲ پکی اینٹ کا موٹا چور ۳ اینٹیں بنانے کا گارا۔

کہی (ہ۔ تت) ۱ دیکھو کہیں ۲ (مذکر) کسّی۔ ایک آلہ جس سے زمین کھودتے ہیں۔ جس کا منہ چوڑا ہوتا ہے۔

کہی (ف۔ مونث) ۱ گھاس۔ چارہ ۲ وہ دستہ فوج کا جو چارہ اکٹھا کرنے کے لئے جائے ۳ ڈاکوؤں کا گروہ۔

کھے (ہ۔ مونث) **کھے۔ کھئی** (ہ) ۱ خاک دھول ۲ گندگی۔ **کھے کھانا** (متعدی) جھک مارنا۔ جھوٹ بولنا۔

کہی (ہ۔ مونث) کوہی۔

کھیات (س۔ مونث) ۱ نام۔ اسم ۲ شہرت۔ شہرہ۔

کھیارہ (ہ۔ صفت) دغاباز۔ دھوکے باز۔

کھیاس (ہ۔ مونث) خشکی جو سر پر ہو جاتی ہے۔

کھیال (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا گانا ۲ ایک بحر یا وزن ۳ کھیل۔ تماشا۔

کھیانا (ہ۔ لازم) ۱ گھسا ہوا ہونا رگڑا ہوا ہونا ۲ (متعدی) گھسنا۔ رگڑنا ۳ ملنا۔

کھیپ (ہ۔ مونث) ۱ بوجھ ۲ مال لادنا ۳ اینٹ یا مٹی وغیرہ کے بوروں کو چوپاؤں پر بدفعات لادنا ۴ سفر ایک جگہ سے دوسری جگہ کو آمد و واپسی۔ بحری سفر۔ دریائی سفر ۵ بار جہاز۔ بھرتی ۶ (ہ) خاص خاص اوقات پر اناج یا سوداگری کے مال کا لانا ۷ کم قیمت دھات کا ٹکڑا جو سکے میں ڈالا جائے ۸ کمرہ ۹ (الجبرا) کوئی مقدار جو میزان میں جمع کی جائے ۱۰ کثیف **کھیپ بھرنا** (متعدی) لادنا (ہ) بوجھ لادنا۔ دساور کے واسطے بہت سا مال لادنا۔ **کھیپ ہارنا** (متعدی) مال جو ایک موقعہ پر لیجائیں۔ اس میں نقصان اٹھانا۔ گھاٹا پڑنا۔

کھیپیا (مذکر) وہ جو سفر پر جائے۔ جاتری۔

مثل۔ کھیپ ہاری جنم نہیں ہارا۔ نقصان اٹھایا مگر دل نہیں ہارا۔

کھیپا (ہ۔ صفت) ۱ گھبرایا ہوا۔ بے چین ۲ بیوقوف احمق۔

کھیپنا (ہ۔ متعدی) ۱ پیچھا چھڑانا ۲ چھوڑ دینا۔ دے دینا ۳ گزارنا۔

کھیت (ہ۔ مذکر) ۱ زمین کا ٹکڑا جس میں زراعت کی جائے ۲ کھیتی ۳ میدان جنگ۔ کارزار ۴ چاندنی کا ظاہر ہونا یا پھیلنا ۵ تلوار کا وہ حصہ جو قبضے سے اوپر اور پیپے سے نیچے ہو ۶ گھوڑے یا سانپوں کی پیدائش کی جگہ ۷ اصل نسل ۸ ملک۔ دیس۔ زمین ۹ کھلا میدان۔ چوڑا میدان ۱۰ (ہ۔ علم ہندسہ) سطح ۱۱ مقدس مقام تیرتھ۔ **کھیت آنا** (لازم) قتل ہونا (مست) **کھیت اٹھانا** (متعدی) کھیت لگان پر دینا۔ **کھیت بانٹ یا بٹ** (مذکر) گاؤں کی زمین

کی تقسیم جو کھیتوں کے اعتبار سے ہو۔ **کھیت بونا** (متعدی) زمین کاشت کرنا۔ **کھیت بھر** (صفت) ایک کھیت کے فاصلے سے۔ **کھیت پتر** (مذکر) زمین کا رہن نامہ۔ **کھیت پڑنا** (متعدی) لڑائی میں بہت سے آدمیوں کا قتل ہونا۔ **کھیت جوتنا** (متعدی) ہل چلانا۔ **کھیت چٹھا** (مذکر) خسرہ۔ پٹواریوں کی کتاب۔ **کھیت چھوڑنا** (متعدی) لڑائی میں بھاگ جانا۔ **کھیت دار** (صفت) کاشتکار۔ **کھیت رکھنا** (متعدی) زندہ نہ جانے دینا۔ مار رکھنا۔ **کھیت رہنا** (لازم) لڑائی میں مارا جانا۔ **کھیت سبز ہونا** (لازم) کامیابی ہونا۔ پھولنا پھلنا۔ **کھیت کاٹنا** (متعدی) **کٹنا** (لازم) فصل کا درو کرنا۔ **کھیت کا لکھا پڑھا** (صفت) گنوار، دہقان کسان۔ **کھیت کرنا** (متعدی) ۱۔ شب کو چاندنی نکلنا ۲۔ بونا۔ جوتنا۔ **کھیت کمانا** (متعدی) کھیت کی زمین کو محنت کرکے پیداوار کے قابل بنانا۔ **کھیت کیار کرنا** (متعدی) کھیتی باڑی کا کام کرنا۔ **کھیت لہلہانا** (لازم) کھیت کا سرسبز اور شاداب ہونا۔ **کھیت مرانا** (ہ) دیکھو کھیت نرانا۔ **کھیت ناپ** (مذکر) علم مساحت۔ **کھیت نکالنا** (متعدی) اونچی نیچی زمین کو برابر کرکے کاشت کے قابل بنانا۔ **کھیت نرانا۔ نکالنا یا نلانا** (متعدی) کھیت میں سے جنگلی بوٹیاں اور گھاس نکالنا۔ **کھیتوا** (ہ) کھیت (تصغیر)۔ **کھیت وار** (ف) ۱۔ فی کھیت ۲۔ کھیت بہ کھیت۔ ایک ایک کھیت کرکے ۳۔ کھیتوں کے بموجب۔ **کھیت ہاتھ رہنا یا ہونا** (لازم) فتحیابی ہونا۔ پالا جیتنا۔ **کھیتی** (مونث) ۱۔ کھیت کی پیداوار۔ زراعت فصل ۲۔ آل اولاد۔ **کھیتی باڑی** (مونث) کاشتکاری (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **کھیتی پھلنا** (لازم) کامیابی ہونا۔ **کھیتی کرنا** (متعدی) کاشت کرنا۔ زراعت کرنا۔

امثال و اقوال۔ کھیت بارانی جیسے نیم راجانی۔ بارانی کھیت اسی طرح ناقابل اعتبار ہے جیسے راجہ کی مہربانی۔ **کھیت بگاڑے کھرتوا اور سبھا بگاڑے دوت** (ہ) جس طرح کھیت کو جنگلی بوٹیاں خراب کرتی ہیں اسی طرح مجلس کو چغلخور خراب کرتا ہے۔ **کھیت پڑے کسائی**۔ بن آئی کی بات ہے۔ **کھیت کٹا یا ان داتا پایا**۔ ساری برکت اناج کی ہے۔ **کھیت کھائے چڑی اور تول کے سر پڑی**۔ **کھیت کھائے گدھا مارا جائے جولاہا**۔ قصور کوئی کرے سزا کسی کو ملے۔ **کھیت کھایا ہے کاٹو تو لہو نہیں**۔ بے برکتی کی جگہ پر بولتے ہیں۔ **کھیت گئے کسان**۔ انسان کا پیشہ اس کے کام سے معلوم ہوتا ہے۔ **کھیت نباشد کہ گیل سوکھ گئی**۔ جو کچھ تم سمجھے تھے وہ یہ بات نہیں ہے۔ **کھیتی پاتی بینتی اور گھوڑے کا تنگ۔ اپنے ہاتھ سنوارئے چاہے لاکھوں ہوں سنگ**۔ اگر تم کام اچھا چاہتے ہو تو خود کرو۔ کھیتی کرنا چٹھی لکھنا اپنی ضرورت کو پورا کرنا یا گھوڑے کے تنگ کو ٹھیک خود ہی کرنا چاہئے۔ **کھیتی خصم سیتی**۔ کھیتی مالک کی خبرداری سے ہوتی ہے۔ دوسروں پر چھوڑنے سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ **کھیتی راج رجائے کھیتی بھیک منگائے**۔ جب پیداوار بہت ہو تو کسان مزے اُڑاتا ہے۔ جب فصل نہ ہو تو بھیک مانگتا ہے۔ **کھیتی رکھے باڑ کو اور باڑ رکھے کھیتی کو**۔ کھیتی کی وجہ سے کسان باڑ کو درست رکھتا ہے اور باڑ کی وجہ سے کھیتی درست رہتی ہے۔ **کھیتی کرکے ہم مرے بھورہے کے کوٹھے بھرے**۔ کسان کی محنت کی کمائی ساہوکار کے گھر جاتی ہے۔ **کھیتی کرے نہ بنجے جائے۔ بدیا کے بل بیٹھا کھائے**۔ علم آموزی سب سے بہتر ہے۔ **کھیتی کنواں تو پک ہتیار اس کلجگ کا یہی بیوہار**۔ اس زمانے میں ناحق بھی فساد ہو جاتے ہیں۔

کھیٹک (ہ۔ مذکر) شکار۔

کھیٹکی (مذکر) شکاری۔

کھیٹک (س۔ مذکر) ۱۔ ڈھال ۲۔ گرز ۳۔ گاؤں۔

کھیچ (ہ۔ مونث) ۱۔ غصہ۔ ناراضگی ۲۔ کھچاوٹ۔ **کھیجنا۔ کھیجنا** (لازم) ۱۔ چڑنا۔ کھجنا ۲۔ غصہ ہونا۔ ناراض ہونا۔

کھیچ (ہ۔ مونث) نفرت۔ کراہت۔ حقارت۔

کھیچر (س۔ مذکر) ۱۔ پرند ۲۔ سیارہ ۳۔ دیوتا ۴۔ جن۔

کھید (س۔ مذکر) ۱۔ سستی۔ کاہلی۔ آلس ۲۔ غشی ۳۔ تھکاوٹ ۴۔ تکلیف۔ درد ۵۔ بیماری مرض۔ **کھید دینا** (متعدی) ۱۔ تکلیف دینا ۲۔ رنج پہنچانا ۳۔ **کھید کرنا۔ کھیدنا** (متعدی) ۱۔ تنگ کرنا۔ ستانا ۲۔ شکار کرنا ۳۔ رنج کرنا۔ افسوس کرنا ۴۔ خطرناک ہونا ۵۔ مزاج کے موافق نہ ہونا ۶۔ تھکاوٹ۔

مثل۔ کھیدی گلوانت پیڑ کے تلے ہی نیچے آتی ہے۔ تھک تھکا کر انسان آخر گھر کو ہی آتا ہے۔

کھیدا (ہ۔ مذکر) ۱۔ ہاتھیوں کے پکڑنے کا گڑھا ۲۔ وہ پرند جو دوسروں کو مار کر نکال دے۔ **کھیدائی** (مونث) کھیدا کا یا اس کے متعلق۔ **کھیدائی اخراجات** (مذکر) ۱۔ اخراجات جو ہاتھیوں کے پکڑنے پر ہوں ۲۔ ایک محصول جو اس کام کے لئے لگایا جاتا تھا۔

کھیر (ہ۔ مونث) ایک میٹھا کھانا جو دودھ اور چاولوں سے پکاتے ہیں۔ شیر برنج (پکانا پکنا کے ساتھ) (س کشیر۔ دودھ) **کھیر چٹانا** (متعدی) بچے کو پہلی دفعہ کھانا کھلانے یا پانی پلانے سے پہلے کھیر کھلانا۔ **کھیر چٹائی** (مونث) ایک رسم۔ بچے کو دودھ چھڑانے پر کھانا پانی دینے سے پہلے کھیر زبان پر رکھتے ہیں۔ **کھیر کا دلیہ ہو جانا** (لازم) قسمت اُلٹ جانا۔ کچھ سے کچھ ہو جانا۔ **کھیر کھلوانا** (متعدی) شادی کی ایک رسم جس میں دولہا دلہن کو پاس بٹھا کر کھیر کھلاتے ہیں۔

مقولہ۔ کھیر پکائی جتن سے چرخہ دیا جلا۔ آیا کتا کھا گیا تو بیٹھی ڈھول بجا۔ امیر خسرو ایک دفعہ ایک کوئیں کے پاس سے گزرے پیاس لگی ہوئی تھی۔ چار عورتیں پانی بھر رہی تھیں۔ ان سے پانی مانگا۔ انہوں نے پہچان کر کہا کہ اگر ہمارے لئے شعر کہو تو پانی پلاتی ہیں۔ ایک نے کھیر کے دوسری نے چرخے کے تیسری نے کتے کے اور چوتھی نے ڈھول کے متعلق کہا تو امیر خسرو نے یہ انمل فی البدیہہ

کھدیا۔ اور آخیر میں کھانا یا پانی پلایا۔
کھیر۔ کھیرا (ھ۔ مذکر) کتھا کتھے
کا درخت۔
کھیرا (ھ۔ صفت) ۱ بھورا یا
خاکی رنگ۔ کتھے کا رنگ ۲ (مذکر) کتھا ۳ ایک
قسم کا کبوتر ۴ اُلٹا ہاتھ۔ دست چپ ۵ ایک قسم
کی مچھلی (س کھدر۔ کتھے کا درخت)
کھیرا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی چھوٹی
اور موٹی لکڑی (س کشیرک) کھیرا لکڑی کرنا
(متعدی) بے دھڑک یا بیدردی سے کوسنا کوسنے
دینا۔ کھیرے کی لکڑی کی طرح کاٹنا (متعدی)
کٹنا (لازم) جلد جلد کٹنا۔
کھیرا (ھ۔ مذکر) ملا جلا اناج۔
کھیرنا (ھ۔ متعدی) ۱ دوڑنا۔
گرنا ۲ بہنا ۳ مر جانا۔
کھیروک (ھ۔ مذکر) تپ دق۔
کھیری (ھ۔ مونث) جانوروں کے
تھنوں سے اوپر کا گوشت (س کشیر۔ دودھ)
کھیری (ھ۔ مونث) وہ جھلی جس
میں جنین لپٹا ہوتا ہے۔
کھیڑ (ھ۔ مونث) شکاری کا شکار
سے خالی ہاتھ واپس آنا۔
کھیڑا۔ کھیڑا (ھ۔ مذکر) ۱ لکیر۔
سطر ۲ ہل کا نشان ۳ جھری۔
کھیڑا (ھ۔ مذکر) ۱ چھوٹا گاؤں۔
(اُجاڑنا اجڑنا بسانا بسنا کے ساتھ) ۲ وہ ٹیلہ یا
مٹی کا ڈھیر جس سے معلوم ہو کہ یہاں پہلے آبادی
تھی ۳ کئی قسم کا ملا ہوا اناج جو کبوتروں کو کھلاتے
ہیں ۴ (ھ) زمین۔ کھیت۔ کھیڑا پتی (مذکر)
مالک دیہہ۔ گاؤں کا چودھری۔ وہ برہمن جو گاؤں
میں مذہبی رسومات کے ادا کرنے کے لئے مقرر کیا جائے
کھیڑے کی دوب (مونث) ۱ گاؤں کے ارد گرد
کی گھاس جو روندن میں آتی ہے ۲ (صفت)
غریب مسکین مفلس۔
کھیڑی (ھ۔ مونث) ایک قسم کا
عمدہ لوہا۔
کھیڑ بالو (ھ۔ مذکر) کاشتکار کسان
کھیس (ھ۔ مذکر) ۱ دانت نکالنا
۲ بندر کی طرح چڑچڑانا ۳ غصے میں یا کھسیانے
ہو کر ہنسنا ۴ نقصان۔ گھاٹا ۵ پیوسی۔ وہ گاڑھا
دودھ جو بچہ پیدا ہونے کے بعد تین دن تک نکلتا
ہے۔ اور جسے گرم کرنے سے کھیلیں سی بن جاتی
ہیں۔ کھیس خوری (مونث) کنجوسی۔ کھیسنا
(لازم) کھسیانا ہو کر یا دانت نکال کر ہنسنا۔ کھیس
یا کھیسیں نکالنا (متعدی) اس طرح ہنسنا کہ
دانت نظر آئیں۔
کھیس (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا موٹا
کپڑا جو اوڑھنے اور بچھونے کے کام آتا ہے۔
کھیسا (ھ۔ مذکر) ۱ جیب۔ پاکٹ
۲ تھیلی۔ کیسہ۔ خریطہ ۳ ایک قسم کی تھیلی جسے ہاتھ
پر پہن کر بدن صاف کرتے ہیں ۴ پیوسی (ف۔
کیسہ سے) کھیسا کرنا (متعدی) کھیسے سے
بدن صاف کرنا۔
کھیسا (ھ۔ مذکر) کُہر۔
کھیسڑا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا
کپڑا۔
کھیکھٹا (ھ۔ مذکر) ۱ تکلیف دہ
معاملہ یا کام ۲ تکلیف دہ یا آزار رساں چیز ۳
وہ شخص جو مخل یا حارج ہو ۴ سختی۔ مصیبت۔
بیماری۔ کھیکھٹا پڑنا (لازم) مصیبت پڑنا۔
آفت آنا۔
کھیکری (ھ۔ مونث) ایک قسم کی
پتلی خستہ روٹی۔
کھیکسا (ھ۔ مونث) ۱ نشان۔ دھبہ
۲ بدن پر نشان جو دباؤ سے پڑ جائے۔
کھی کھی (ھ۔ مونث) ہنسنے کی
ناگوار آواز (کرنا ہونا کے ساتھ)
کھے کھے (ھ۔ مونث) جھگڑا۔ ٹنٹا۔
کھیکھیر (ھ۔ مذکر) لومڑی۔
کھیل (ھ۔ مونث) ۱ بھنے ہوئے
چاول یا اناج جو پھول گیا ہو ۲ (کھلنا سے) ۲ کیل
۳ تھوڑی سی چیز۔ چھوٹی سی چیز ۴ بھنا ہوا
سہاگہ یا پھٹکری جو آگ کی گرمی سے کھل جاتا
ہے (س کیلا) کھیل اُڑ کر منہ میں نہ پڑنا
یا جانا (لازم) کچھ نہ کھانا۔ بالکل نہ کھانا۔ کھیل
کا دانہ (مذکر) ایک کھیل۔ کھیل کھیل کر دینا
(متعدی) ہو جانا (لازم) ریزہ ریزہ ہو جانا۔
ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ خستہ ہو جانا۔ کھیل ہونا
(لازم) بھن کر کھیل کی طرح ہو جانا۔ کھیلیں (مونث)
۱ جمع کھیل کی بھنے ہوئے چاول ۲ وہ چیزیں جو
بھن کر کھل جائیں (بنانا۔ بننا۔ کھانا۔ خریدنا۔ لانا وغیرہ
کے ساتھ)

امثال اقوال کھیل بتاشوں

کا مینہ ہے بہت موزوں ہیں ۱ اچھی جوڑی ملی
ہے۔ کھیل بتاشوں کا مینہ۔ اس مقام پر
کہتے ہیں جہاں کوئی غیر معین زمانہ بتائے۔ کہتے
ہیں کہ ایک دفعہ شیخ چلی نے چوری کی اور مال
ماں کو لا دیا۔ اس نے کچھ کھیل اور بتاشے لا کر
کوٹھے پر بکھیر دئے اور شیخ چلی کو کہا کہ ان کا مینہ
برسا ہے۔ چند دن کے بعد جب کسی نے شیخ چلی
کو چوری کی بابت پوچھا تو اس نے اقبال کر لیا۔
لوگ اسے پکڑ کر اس کی ماں کے پاس لے گئے۔
اس نے شیخ چلی سے پوچھا کہ کب چوری کی تھی۔
تو اس نے جواب دیا جس دن کھیل بتاشوں کا
مینہ برسا تھا۔ اس پر لوگ ہنستے ہوئے چلے گئے
کھیل (ھ۔ اس) ۱ کھیلنا کا ۲ تماشا
سوانگ ۳ بازی ۴ وہ کام جو لوگ تفریح طبع یا کسرت
کے لئے کریں ۵ سیر۔ شغلہ۔ شغل ۶ کرشمہ۔
عجائبات قدرت ۷ کام۔ کارسازی ۸ وہ ناند
یا حوض جس میں مویشی کو پانی پلاتے ہیں ۹ جماع
بھوگ ۱۰ ایک بات ۱۱ آسان یا سہل بات ۱۲ وہ تماشا جو تربیت
کرکے دکھایا جائے جیسے شعبدہ بازی۔ مداری یا نٹ کا کام
(س کریڈ) کھیل اُتارنا (متعدی) کھیل ختم ہو جانا۔ کھیل
بازی (ھ۔ مونث) کھیل تماشا۔ کھیل ۱۳ کھیل بگاڑ دینا یا بگاڑنا
(متعدی) بگڑ جانا یا بگڑنا (لازم) بنے ہوئے
کام کا بگڑ جانا۔ کھیل بکھیڑا ہونا (لازم) کام
بگڑنا۔ کاروبار بگڑنا۔ کاروبار بگڑنا۔ کارخانہ بند
ہونا۔ کھیل بنانا (متعدی) ۱ کام بنانا ۲ مجامعت
کرنا۔ کھیل بن کر بگڑ جانا (لازم) کسی کام کا
درست ہو کر خراب ہو جانا۔ کھیل بننا (لازم) کام
بننا۔ کاربراری ہونا۔ کھیل بھٹر بھنڈ کر دینا
(متعدی) کھیل خراب کر دینا۔ بنے ہوئے کام کو
بگاڑ دینا۔ کھیل بھنڈ یا بھنگ کر دینا
(متعدی) کام خراب کرنا۔ مزے میں خلل ڈالنا۔
کھیل تماشا (مذکر) ۱ کھیل کی باتیں۔ تفریح
کا مشغلہ ۲ آسان کام۔ معمولی کام۔ کھیل جانا (لازم)
۱ مر جانا۔ ہلاک ہو جانا ۲ رجحان۔ سر عزت یا غیرہ

پنا) ایسا کام کرنا جس میں ہلاکت کا خطرہ ہو۔ ۳ گنجفہ کے سب سر پتوں کو کھیل جانا۔ کھیل جانا (لازم) آسان سمجھنا۔ کھیل ڈالنا (متعدی) ہرت لینا۔ کام جس سے آنا۔ کھیل سمجھنا (لازم) سہل جاننا۔ کھیل کرنا (متعدی) ۱ کھیلنا ۲ کسی کام کو کام کی طرح نہ کرنا۔ کھیل کود (مونث) اچھل کود لہو ولعب۔ کھیل کود کے گزارنا (متعدی) گزرنا (لازم) کھیل کود میں وقت کٹنا۔ کھیل کھانا (متعدی) آوارگی اور بدچلنی میں زندگی بسر کرنا۔ کھیل کھلاڑی کا قدرت الہی کی نیرنگ سازی۔ کھیل کھلانا (لازم) ۱ بازی کرانا ۲ کھیل کسی کے ساتھ کھیلنا ۲ ستانا۔ دق کرانا حیران کرنا۔ کھیل کھیلنا (متعدی) ۱ بازی کرنا ۲ کوئی کام بے توجہی یا بے پروائی سے کرنا ۳ وقت کاٹنے کے لئے کوئی شغل کرنا۔ کھیل کے دن (مذکر) لڑکپن کا زمانہ۔ کھیل نکالنا (متعدی) نیا کھیل ایجاد کرنا۔ کھیل نہیں۔ آسان نہیں۔ دشوار نہیں۔ کھیل ہاتھ لگنا (لازم) شغلہ ہاتھ آنا۔ کھیل ہے ۱ ایک ادنیٰ بات ہے۔ سہل ہے آسان ہے ۲ تماشا ہے۔ سیر ہے۔ کھیلا کھایا (صفت) کارکردہ۔ تجربہ کار۔ کھیلنا (متعدی)۔ باری کرنا۔ کھیل کھیلنا ۲ اچھلنا کودنا ۳ شطرنج گنجفہ وغیرہ کا کھیل کھیلنا ۴ کام کرنا۔ کوئی امر یا فعل کرنا ۵ گزرنا۔ بیتنا ۶ قمار بازی کرنا۔ جوا کھیلنا ۷ کسی بھوت پریت یا جن کے اثر سے سر ہلانا ۸ کبوتر کا حالت پرواز میں قلابازیاں کھانا ۹ تھیٹر کی کمپنی کا تماشا کرنا ۱۰ سانپ کے کاٹے ہوئے کا منتر کے اثر سے باتیں کرنا ۱۱ دیکھو کھل کھیلنا ۱۲ (رنگ) ایک دوسرے پر ڈالنا ۱۳ دل بہلانا۔ کھیلنا کھانا (متعدی) لطف اٹھانا۔ کھیلی کھائی (صفت مونث) ۱ دنیا کے کام سے واقف ۲ کام دیتی ہوئی (عورت) فاحشہ۔

امثال و اقوال

کھیل کھلاڑی کا بھگتنت بھیاجی کی۔ کھلاڑی مشق سے اچھا کھیلنے لگ جاتا ہے۔ لیکن خدا کی یاد دل سے ہونی چاہئے۔ کھیل کھلاڑی کا پیسہ مداری کا۔ کام کوئی کرے فائدہ کوئی اٹھائے۔ کھیل کھلاڑیوں کے اور گھوڑے سوداگروں کے۔ پرائے مال سے نفع اٹھانا۔ کھیل لڑکوں کا موت چڑیوں کی۔ ایک شخص کے لئے تماشا ہوتا ہے دوسرے کے لئے مصیبت ہوتی ہے۔ کھیل میں رووے سو کوا۔ کھیل میں کوئی رووے تو بچے کہتے ہیں۔ کھیل نہ جانے (مرغ) مرغی کا اڑانے لگا باز۔ معمولی کام تو کر نہیں سکتا۔ بڑے بڑے کاموں میں ہاتھ ڈالتا ہے۔ کھیلے پوت بلالے میّا۔ ماں محبت کے مارے بلائیں لیتی ہے۔

کھیلا (ھ۔ مذکر) بچھڑا۔ جوان بیل۔

کھیلت (ھ۔ صفت) ۱ کھیلنے والا ۲ کھلاڑی ۲ چنچل۔ شوخ۔

کھیلنی (اردو۔ مونث) ہرن یا گائے بیل کی شاخ جسے ایڑی کے نیچے رکھ کر جوتا پہنتے ہیں۔

کھیلی (ھ۔ مونث) بیڑا۔ گلوری۔

کھیٹا (ھ۔ مذکر) ایک وزن یا بحر۔

کہیں (ہ۔ تف) ۱ کسی جگہ۔ کسی موقع یا مقام پر ۲ دوسری جگہ اور جگہ ۳ غیر معین مقام پر ۴ کسی طرف۔ کسی جانب ۵ مبادا ایسا نہ ہو ۶ شاید ۷ کیا۔ کوئی ۸ کاش۔ کاشکے ۹ بہت۔ زیادہ۔ بہت زیادہ ۱۰ کسی طرح کسی حال میں ۱۱ تاکید۔ تنبیہ کے لئے ۱۲ صرف۔ کہیں اور (تف) کسی اور جگہ۔ دوسری جگہ۔ کہیں سنا ہے تعجب کی بات ہے۔ کہیں سے (تف) کسی جگہ سے۔ کہیں سے کہیں (تف) بہت دور۔ دور دراز۔ کہیں زیادہ (صفت) بہت زیادہ۔ کہیں کا (صفت) ۱ کسی جگہ کا ۲ عجیب۔ نئے نمونے کا۔ کہیں کا کہیں (تف) بہت فرق یا فاصلہ ظاہر کرنے کے لئے۔ کہیں کا نہ رہنا (لازم) کسی کام کا نہ رہنا محض نکما ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔ کہیں کا ہو جانا یا رہنا (لازم) کسی جگہ یا کسی کے پاس ہمیشہ رہنا۔ کسی جگہ رہ پڑنا۔ کہیں کہیں (تف) بعض جگہوں پر۔ تھوڑی جگہ پر تھوڑا سا۔ کہیں نہ کہیں کسی نہ کسی جگہ یا مقام پر۔ ضرور۔ کہیں نہیں کسی جگہ نہیں۔ بالکل پتہ نہیں۔ کہیں نہیں گیا ۱ یہیں ہے ۲ ضرور ملیگا یا حاصل ہوگا۔

امثال و اقوال

کہیں اوس سے (اوسوں) پیاس بجھتی ہے۔ کسی طرح تھوڑی چیز کافی نہیں ہو سکتی۔ کہیں بوڑھے توتے بھی پڑھتے ہیں۔ دیکھو بوڑھے توتے الخ کہیں پاؤں گھٹنے میں کہیں پڑتا ہے۔ نشہ۔ ضعیف یا گھبراہٹ میں یہ حالت ہے کہ ہر قدم پر لڑکھڑاتے جاتے ہیں۔ کہیں تل رکھنے کو جگہ نہیں۔ بہت ہجوم ہے۔ بالکل جگہ نہیں۔ کہیں تو سوہی چنری اور کہیں ڈھیلے لات۔ شادی شدہ عورت کے متعلق کبھی تو عیش و آرام کی زندگی بسر کرتی ہے کبھی سخت مصیبت میں ہوتی ہے۔ کہیں تھوک سے بھی ستو سنتے ہیں۔ دیکھو تھوک میں الخ کہیں خیر خوبی کہیں ہائے ہائے۔ زمانے کے ہیں کہیں عیش و آرام کہیں رنج و ملال۔ کہیں دائی سے پیٹ چھپتا ہے۔ راز اپنوں سے نہیں چھپتا۔ کہیں ڈوبے بھی ترے ہیں۔ بگڑے کو سنورنا مشکل ہے۔ کہیں سوکھے درخت بھی ہرے ہوتے ہیں۔ ناممکن بات کبھی ممکن نہیں ہوتی۔ جو ایک دفعہ برباد یا تباہ ہو جائے پھر عروج حاصل نہیں کرتا۔ کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا۔ بے میل رشتہ جتانے کے موقع پر کہتے ہیں۔ کہیں گرجیں کہیں برسیں۔ ناراض کسی سے ہوں غصہ کسی پر نکالیں۔ ایک کا غصہ دوسرے پر نکالیں۔ کہیں ناخن سے بھی گوشت جدا ہوتا ہے۔ اپنے نہیں چھوٹ سکتے۔ کہیں ہاتھوں کی لکیریں بھی مٹتی ہیں۔ نوشتہ تقدیر نہیں مٹتا۔

کھینا (ہ۔ متعدی) کشتی چلانا۔ ڈانڈا لگانا۔ ناؤ چلانا۔

کھینٹنا (ھ۔ متعدی) ۱ گزارنا۔ پار اتارنا ۲ رستے سے ہٹا دینا۔ دھکیل دینا ۳ نیچے سے اوپر کر دینا (ج)

کھینچ (ہ۔ امر) کھینچ کھینچ (ھ) ۱ کھینچنا کا ۲ (مونث) ۱ کشش کھنچاؤ ۲ کمی قلت ۳ قحط گرانی ۵ (ھ) علیحدگی کھنچا رہنا ۲ نفرت۔ حقارت ۳ دیر تاخیر۔ کھینچا تانی۔ کھانچی (رغف) کھینچ کھسیٹ (ہ) کھینچ (مونث) کھینچی (رغف) کشمکش۔ کشاکش۔ اینچا تانی۔ کھینچ بلانا (متعدی) زبردستی بلانا۔ کھینچ تان کے۔ کوشش کر کے کسی نہ کسی طرح۔ اینچ تان کے۔ کھینچ دینا (متعدی) ۱ سولی پر چڑھا دینا ۲ کھینچنا۔ کھینچ ڈالنا (متعدی) جلدی جلدی گھسیٹنا۔ کھینچ کرنا (متعدی) کمی کرنا۔

رکاوٹ کرنا۔ **کھینچ لانا** (متعدی) [1] گھسیٹ لانا۔ پکڑ لانا۔ زبردستی لے آنا [2] اینچ لانا۔ **کھینچ لینا۔ کھینچنا** (متعدی) [1] گھسیٹنا۔ کسی چیز کو اپنی طرف لانا [2] اینچنا۔ تاننا [3] جذب کرنا۔ چوسنا [4] (عرق شراب وغیرہ) کشید کرنا۔ تقطر کرنا [5] غرور کرنا۔ نخوت کرنا۔ نخوت سے علیحدہ رہنا [6] (خط لکیر نشان) بنانا۔ قلمزد کرنا [7] (مشکیں) جکڑ باندھنا [8] (حسرت) عرصے تک برداشت کرنا [9] (آہ) بھرنا۔ ٹھنڈی سانس لینا [10] (حصار) حلقہ بنانا [11] (زائچہ) زائچے کا نقش بنانا [12] (طول عرض وغیرہ) پکڑنا۔ دیر لگانا [13] (اناج وغیرہ) گراں کرنا۔ مہنگا بیچنا [14] (تلوار) میان سے نکالنا [15] (رنج۔ شرم۔ مصیبت وغیرہ) برداشت کرنا۔ اٹھانا [16] (ہاتھ) روکنا۔ سمیٹنا [17] (فوٹو۔ تصویر۔ نقشہ وغیرہ) بنانا [18] (حرف اضافت وغیرہ کو) بڑھا کر پڑھنا [19] (روپیہ مال وغیرہ) سمیٹنا۔ کمانا۔ اکٹھا کرنا [20] (سولی یا دار پر) چڑھانا۔ لٹکانا [21] (پانی) کنوئیں سے باہر نکالنا۔ اُوپر چڑھانا [22] (کھال وغیرہ) چمڑا اُدھیڑنا۔ مارنا [23] (تیر وغیرہ) باہر نکالنا [24] (سر) اندر کی طرف کرنا۔ ہٹا لینا [25] عدالت میں لے جانا۔ گرفتار کرانا۔ پکڑانا [26] جذب یا کشش سے کسی کو اپنی طرف رجوع کرنا [27] جلدی جلدی لکھنا [28] (بال کی کھال) موشگافی کرنا۔ باریک بات نکالنا [29] (دم) حقّہ کا کش لینا۔ چپ ہو رہنا [29] (زبان) جڑ سے نکال دینا [30] (قسمت دانہ پانی وغیرہ کا) لے آنا۔ زبردستی لانا [31] (بال) جڑ سے نکالنا۔ نوچنا۔ **کھینچ نکالنا** (متعدی) زبردستی باہر نکالنا۔ جڑ سے نکالنا۔

امثال و اقوال۔ کھینچا تانی

وہ بھرے جو پرائے بیچ میں پڑے کھینچا کھینچا وہ پھرے جو پرائے بیچ میں پڑے۔ جو دوسروں کی باتوں میں دخل دے اسے مارا مارا پھرنا پڑتا ہے۔ **کھینچونگا وہ بال کہ جس کی خبر دُور ہوگی** – ایسے عیبوں کا اظہار کرونگا کہ سخت ذلت اور رسوائی ہوگی۔ **کھینچو نہ کمان بنو نہ پٹھان**۔ بغیر ہنر دکھائے توقیر نہیں ہوتی۔

کھیوا (ہ۔ مذکر) [1] دریا کے پار اُترنا [2] ناؤ کا کرایہ [3] ناؤ۔ کشتی [4] کشتی میں بیٹھنے والوں کا گروہ (س کشیپ) **کھیوا پار کرنا یا لگانا** (متعدی) بیڑا پار کرنا۔ نجات۔ **کھیوا پار ہونا** (لازم) [1] کنارے پر پہنچنا [2] مصیبت دُور ہونا [3] کام بن جانا۔

مطلب پُورا ہونا۔

کھیوٹ (ہ۔ مونث) وہ سرکاری رجسٹر جس میں گاؤں کے مالکوں کا نام درج ہوتا ہے [2] مالگذاری کا حصّہ (س کشیتر سے) **کھیوٹ دار** (صفت) گاؤں کا حصہ دار۔ **کھیوٹ کھتونی** (مونث) وہ سرکاری رجسٹر جس میں زمینوں کے حقوق کی تقسیم درج ہوتی ہے۔

کھیوٹ۔ کھیوٹیا کھیوک (ہ۔ مذکر) ملاح۔ کشتی چلانے والا۔ کھویا۔

کھیسہ (ہ۔ مونث) سجی۔ ریہ۔

کھیئی (ہ۔ مونث) [1] سُوکھی ہوئی کانٹے دار ٹہنیاں۔ کٹی ہوئی کانٹے دار جھاڑیاں جو باڑ لگانے یا جلانے کے کام آتی ہیں [2] ایسی جھاڑیوں کی باڑ۔

کئی (ہ۔ صفت) چند۔ کتنے ہی۔ دو چار۔ **کئی ایک** (صفت) چند۔ چند ایک۔ دو چار۔ **کئی بار** (تف) چند مرتبہ۔ چند بار۔ اکثر۔ بارہا۔ **کئی ہاتھ** (تف) چند ہاتھ۔ بہت سا۔

کیے (ہ۔ مذکر) دیکھو کیے۔

کی (ہ۔ حرف اضافت) [1] مونث سے پہلے بجائے کا۔ جب مضاف مونث ہو تو اضافت کا کام دیتا ہے۔ مضاف الیہ خواہ مذکر ہو یا مونث۔ **کی خاطر** (ت) کے واسطے۔

کے (ہ۔ استفہام) کتنے۔ کس قدر۔ **کے بار** (مذکر) کتنی دفعہ۔ **کے دن کے راتیں** – ابھی بہت ہی تھوڑا زمانہ ہوا ہے۔ **کے دن کے لئے** – چند روز کے واسطے **کے فاقوں میں سیکھے ہو** (عو) جب کوئی شخص بدزبانی کرتا ہے یا طعنے دیتا ہے تو اُسے طنزاً کہتے ہیں۔

کے (ف۔ استفہام) کب۔

مثل – کے آمدی وکے پیر شدی [1] کب آئے اور کب بڈھے ہوئے جب کوئی جلدی کرے تو کہتے ہیں [2] ابھی ناتجربہ کار۔

کے (ف۔ مذکر) [1] بادشاہ۔ خاندان کیانیاں کا بادشاہ۔ **کیاں** (مذکر) کے کی جمع۔ ایران کے خاندان کیانیاں کے بادشاہ۔ **کیانی** (صفت) کے کی طرف منسوب۔

کے (ہ۔ حرف عطف) [1] یا۔ کوئی ایک [2] کہ۔

کے (ہ۔ حرف جر) [1] کا کی جمع۔ الفاظ جمع کے پہلے بجائے کا کے استعمال ہوتا ہے [2] برائے اظہار عطف دو فعلوں کے درمیان بجائے کر جیسے آ کے گیا۔ لے کے جانا [3] اس کے ساتھ واحد اور جمع سے پہلے۔

کے (ہ۔ کلمۂ تنکیر) کوئی۔

مثل – کے کرنی کرے۔ کیکرا سرے بیتے – کوئی کرتا ہے کسی اور کو بھگتنا پڑتا ہے۔

کیا (ہ۔ استفہام) [1] چہ [2] نہیں [3] کونسا۔ کونسی [4] کس قدر۔ کتنا [5] خفیف تھوڑی سی [6] اظہار عظمت کے لئے۔ تعریف کے قابل [7] بہت زیادہ [8] آیا [9] تحقیر کے واسطے۔ کچھ نہیں [10] کس لئے۔ کیوں [11] حیرت تعجب افسوس ظاہر کرنے کے لئے [12] طنز سے [13] کثرت اور افراط ظاہر کرنے کے لئے [14] اچھی طرح۔ خوب [15] ہیچ ہے [16] کچھ فائدہ نہیں [17] کیا واسطہ۔ کیا مطلب۔ کیا حاصل کی جگہ [18] قابل اعتبار نہیں [19] کسی بات کے انحصار کے واسطے [20] مبارک یا مسعود ظاہر کرنے کے لئے [21] ایسا ہی۔ گویا [22] یا [23] کون سی بڑی بات ہے۔ کونسا فخر ہے [24] برائے تحسین و آفرین [25] جب مقرر آئے تو مساوات ظاہر کرتا ہے [26] اور کبھی خواہ کے معنی دیتا ہے (س کتک)

کیا آدمی ہے [1] خوب آدمی ہے [2] طنزاً کیسا شریر ہے۔ **کیا آسمان کے تارے ہیں** – ایسی چیز نہیں جو نہ مل سکے۔ **کیا آگ لگاؤں۔ کیا آگ لینے آئے تھے** جب کوئی شخص جلد جانے لگے تو طنزاً کہتے ہیں۔ **کیا آنکھوں میں خاک ڈالتے ہو** – صریح دھوکا دیتے ہو۔ **کیا آئے کیا چلے** [1] کوئی دوست آکر تھوڑی دیر بعد جانے لگے تو کہتے ہیں [2] بہت تھوڑی دیر ٹھہرے۔ دُنیا فانی ہے **کیا اجارہ ہے** – دیکھو اجارہ کیا ہے۔ **کیا ادھار کی ماں مری ہے** جب کوئی قرض دینے میں حیلہ حوالہ کرے تو کہتے ہیں۔ **کیا اصل ہے** – کیا حقیقت ہے۔ **کیا اُکھاڑ سکتا ہے** – کیا نقصان کر سکتا ہے۔ اس میں کے بعد ستم محذوف ہے۔ **کیا امکان** – ممکن نہیں۔ اس کو کرنے کی جُرأت نہیں۔ کیا

اندیشہ ہے۔ کچھ پروا ڈر یا مضائقہ نہیں۔
کیا انہیں کے سر ٹیکا (سہرا) ہے۔
اس کا مدار ان پر ہی نہیں دوسرے بھی کر سکتے
ہیں۔ انہیں کی بجائے تیرا میرا تمہارا ہمارا اس
اس کا بھی استعمال ہوتے ہیں۔ **کیا ایسی بلا**
ہے۔ کچھ نہیں۔ ہیچ نہیں۔ **کیا ایسے لعل**
لگے ہیں۔ کونسی خوبی ہے۔ **کیا بات (ہے**
! کیا کہنا۔ شاباش۔ خوب۔" آسان ہے مشکل
نہیں۔" کیا سبب ہے" طنزاً بھی استعمال
کرتے ہیں۔ **کیا بات تھی۔** کوئی بڑی بات
نہ تھی۔ **کیا بات رہی۔** کیا آبرو رہی۔ **کیا**
بُرا تھا۔ بہت اچھا تھا۔ غنیمت تھا۔ **کیا**
بُرائی ہے۔ کچھ عیب نہیں۔ **کیا بڑا کام**
ہے۔ آسان کام ہے۔ بہت سہل ہے۔ کچھ
مشکل نہیں۔ **کیا بڑی عمر ہے۔** کسی کا ذکر ہو
اور وہ آجائے تو کہتے ہیں۔ **کیا بساط ہے۔**
کچھ حقیقت نہیں۔ **کیا بکتا ہے۔** غلط کہتا
ہے۔ بیہودہ بکتا ہے۔ **کیا بگاڑا۔** کیا نقصان
کیا۔ کیا ضرر پہنچایا۔ **کیا بگڑنا۔** کیا نقصان
ہونا۔ **کیا بلا ہے۔** کچھ نہیں۔ کوئی چیز نہیں
ہیچ ہے۔ **کیا بلی نے چھینک دیا۔** تم
کیوں اس کام سے باز رہے۔ جاہل چھینک کو
منحوس سمجھتے ہیں۔ **کیا بنایا۔** کیا اہم کام کیا۔
کیا بڑا کام کیا۔ **کیا بُور کے لڈو ہیں۔** کچھ
نایاب چیز نہیں ہے۔ **کیا بھاڑ میں جھونکیں**
بیکار ہے۔ فضول ہے۔ **کیا بھروسہ ہے** کیا
اعتبار ہے۔ **کیا بھنگیڑ خانہ مچایا ہے۔**
کیا لایعنی غل غپاڑا کر رکھا ہے۔ **کیا بھولا**
ہے! کتنا کم فہم ہے" تعجب کے واسطے بھی
کہتے ہیں۔ **کیا بیل چلے گا۔** کیا کام آئیگا کیا
پاؤ گے۔ کچھ نہیں ملے گا۔ کیا حاصل ہوگا **کیا**
پایا۔ کچھ فائدہ نہ ہوا۔ کیا ملا۔ **کیا پٹاک**
پڑے تھے۔ کیا خوشحالی یا رونق ہوئی تھی کچھ
بھی نہ تھا۔ **کیا پروا ہے۔** کچھ ڈر نہیں۔ کچھ
مضائقہ نہیں۔ **کیا پکار کریگا۔** کیا مدد کریگا۔ کیا
کام آئیگا۔ **کیا پوچھنا (ہے)۔** "کیا کہنا ہے"۔
طنزاً بھی استعمال ہوتا ہے۔ **کیا پکار کریگا۔**
کیا مدد کریگا۔ کیا کام آئیگا۔ **کیا پوچھنا (ہے)**
! کیا کہنا ہے! طنزاً بھی استعمال ہوتا ہے **کیا**

پھبن ہے۔ کیا زیب و زینت ہے۔ **کیا پھولا**
پھرتا ہے۔ کیوں اس قدر مغرور ہے۔ **کیا**
پھولا ہے۔ کس قدر موٹا ہوگیا۔ **کیا تار بیٹھنا**
ہے۔ یہ کام کیل کر ہوتا ہے۔ کیا پیش آتا ہے۔
کیا تاک لگائی ہے (مت) کس قدر عزت
آبرو پیدا کی ہے۔ **کیا تعلق۔** کیوں۔ کس لئے۔
کوئی تعلق نہیں۔ **کیا تمہارا خدا ہے ہمارا**
خدا نہیں۔ جب کوئی شخص ظلم کرے تو کہتے
ہیں۔ **کیا تمہارے سرخاب کا پر لگا ہے۔**
کیا تم سب سے بڑھ کر ہو۔ **کیا تو۔** یا تو۔ **کیا**
تھا کیا ہوا (ہوگیا)! زمانہ دگرگوں ہوگیا!
بنا ہوا کام یا بات بگڑ گئی۔ **کیا ٹوٹکا کرنے آئی**
تھیں۔ کوئی عورت آکر جلد جانے لگے۔ تو کہتی
ہیں۔ **کیا ٹھکانا۔** کچھ حد نہیں۔ انتہا نہیں۔ **کیا**
جاتا۔ کچھ نقصان نہ ہوتا۔ **کیا جاتی دنیا دیکھی**
جب کوئی غیر معمولی اچھی بات یا کام کرے تو کہتے
ہیں۔ **کیا جان (رہائی) رکھتا ہے۔** کیا تاب
یا مجال ہے۔ کچھ طاقت نہیں۔ **کیا جانئے**
(جانے) معلوم نہیں۔ خدا معلوم۔ **کیا جائیگا**
کچھ نقصان نہ ہوگا۔ **کیا جلدی پڑی ہے۔**
دیر ہونے میں کچھ نقصان نہیں۔ **کیا جوڑ۔** بے جوڑ
ہے۔ کچھ نسبت نہیں۔ **کیا چاہئے۔** کس چیز
کی حاجت ہے۔ **کیا چلائی۔** کیا کہنا ہے۔ کیا
بات ہے۔ **کیا چنتا ہے۔** کچھ فکر نہیں۔
کیا چوڑیاں (چھوٹ) (ٹوٹ) جائینگی۔
جب کوئی کسی کام کے کرنے میں سستی کرے تو
طنزاً کہتے ہیں۔ **کیا چھاتی ہے۔** بڑا حوصلہ
ہے۔ **کیا چیز ہے۔** بے حقیقت ہے۔ کچھ
حقیقت نہیں۔ **کیا حاصل ہوگا۔** کچھ نہیں
ملیگا۔ کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ **کیا حال کیا۔** کیسا
برتاؤ کیا۔ **کیا حال ہوگا۔** کیسی گزریگی کیسی
حالت ہوگی۔ **کیا حال ہے** کیسی حالت
ہے۔ مزاج شریف۔ **کیا حساب ہے۔**
بے شمار ہے۔ **کیا حقیقت ہے۔** ذلیل
ہے کچھ حقیقت نہیں۔ **کیا حوصلہ ہے۔**
کچھ حوصلہ نہیں۔ ہمت نہیں۔ **کیا خاک**
رہا۔ کچھ نہیں بچا۔ **کیا خاک لٹنی تھی۔** کیا
تقسیم ہوا تھا۔ **کیا خاک ہے۔** کیا چیز ہے
کیا خبر۔ کیا معلوم۔ کچھ خبر نہیں۔ **کیا خدا**

ہے۔ کیا بہت زبردست ہے۔ **کیا خدائی**
ہے۔ خدا کی قدرت یا شان ہے۔ **کیا خوب**
! واہ۔ شاباش" کس قدر موزوں ہے (شعر
کی تعریف میں)" کیسا اچھا ہے" تعجب ہے
" (طنزاً) چہ خوش۔ ہوش میں آؤ۔ **کیا خوب**
آدمی تھا خدا مغفرت کرے) کسی اچھے
آدمی کے مرجانے پر کہتے ہیں۔ **کیا خوب آدمی**
ہے۔ نہایت اچھا شخص ہے۔ **کیا خوب**
سمجھتے ہیں (طنزاً) بالکل نہیں سمجھتے۔ سخت
احمق ہیں۔ **کیا خو نکالی ہے۔** بُری عادت
سیکھی ہے۔ **کیا درجہ کر رکھا ہے۔** بُری گت
بنا رکھی ہے۔ **کیا دل میں آئی۔** کیا بات
ذہن میں آئی۔ **کیا دم کا بھروسہ ہے۔**
زندگی کا کچھ اعتبار نہیں۔ **کیا دم ہے۔**
بہت دم ہے۔ اچھی طاقت ہے۔ سانس
نہیں پھولتی۔ **کیا دن تھے۔** کیسا اچھا زمانہ
تھا۔ **کیا دور ہے۔** کچھ تعجب نہیں۔ **کیا**
دھاڑا کر رکھا ہے۔ بُری گت بنا رکھی
ہے۔ **کیا دھاند ہے۔** کیا شوق یا ہوس
ہے۔ **کیا دھرا ہے۔** دیکھو کیا رکھا ہے۔
کیا ڈر ہے۔ کچھ ڈر نہیں۔ کچھ ہرج یا
مضائقہ نہیں۔ **کیا ڈھالا۔** کیا خطا کی۔ **کیا**
ڈھنگ ہے۔ کیا حال ہے۔ **کیا ذکر**
ہے۔ ذکر تک نہیں۔ کوئی تذکرہ نہیں قطعی
انکار ہے۔ **کیا رات ہے۔** کیا عمدہ مبارک
اور مسعود رات ہے۔ **کیا رات تھی۔** کیسی
اچھی شب تھی جس کا اب افسوس آتا ہے **کیا**
رار اسے۔ کیا بحث تکرار ہے! کچھ بڑی
بات نہیں۔ **کیا رکھا ہے!** کچھ باقی نہیں
! کونسی انوکھی بات یا خوبی ہے۔ **کیا رنگ**
ہے (رہی) کیسی حالت ہے۔ کیا حال ہے
کیا رہا! کچھ حالت باقی نہیں رہی۔ وقت
نزع ہے" آس ٹوٹ گئی۔ تو قع جاتی رہی
" کچھ کسر باقی نہیں رہی" پاس کچھ نہیں رہا۔
سب کچھ جاتا رہا۔ **کیا ری۔** کیا ری کا تخفف
تو کیا کہتی ہے۔ **کیا زمانہ ہے۔** کیسا بُرا
وقت ہے۔ کیا انقلاب ہے۔ **کیا زندگی**
کا بھروسہ ہے۔ زندگی کا کچھ اعتبار نہیں۔
کیا سبب۔ کس وجہ سے۔ کیوں کس غرض

ہے۔ کیا ستم ہے۔ اندھیر ہے۔ قہر ہے۔ کیا سمجھا تھا۔ شاید کچھ اور سمجھا تھا۔ جیسا مشاہدے اور تجربے میں آیا ویسا سمجھا تھا۔ کیا سمجھ کر (تف) عبث۔ ناحق۔ اپنی بساط اور فہم کے خلاف سمجھ کر۔ کیا سوجھی۔ کیا خیال پیدا ہوا۔ کیا دھن بندھی ہے۔ کیا سے کیا انقلاب۔ کچھ کا کچھ (پیدا کرنا یا ہونا۔ ہو جانا یا ہونا کے ساتھ) کیا شاخ نکالی ہے ۱ کونسی انوکھی اور فخر کی بات ظاہر ہوئی ہے ۲ ایسی کونسی شان اور شیخی زیادہ ہوگئی ہے۔ کیا شک ہے۔ یقینی ہے۔ کیا شے (ہے) ۱ عجب چیز ہے ۲ بے وقعت ہے۔ کیا صرافے کا ٹکا ہے۔ یہ اصراف مناسب حال نہیں۔ کیا صلاح ہے۔ کیا مشورہ ہے کس امر میں مصلحت سمجھتے ہو۔ کیا ضرور ہے۔ کچھ ضرورت نہیں۔ کیا ضرورت ہے۔ کیوں۔ کس لئے۔ کیا طاقت ہے۔ دیکھو کیا تاب ہے۔ کیا علاج (ہے) کچھ چارہ نہیں۔ کوئی تدبیر نہیں۔ کیا غرض (ہے) کیوں۔ کس لئے۔ کیا غضب کیا۔ بڑا فتنہ کیا۔ بڑا ستم کیا۔ کیا غضب ہے ۱ اندھیر ہے۔ قہر ہے۔ ستم ہے۔ کیا غم (ہے) ۱ کچھ پروا یا فکر نہیں۔ کیا اندیشہ ۲ کچھ مضائقہ یا ڈر نہیں۔ کیا فائدہ۔ بے فائدہ ہے کچھ فائدہ نہیں۔ کیا فرض ہے۔ کچھ ضرور نہیں۔ یہ فرض نہیں۔ کیا فوں فاں کرتے ہو۔ کیا دھمکاتے ہو۔ کیا قاضی جی کی گدھی چرائی ہے۔ کیا ہم نے کچھ قصور کیا ہے۔ کیا قہر ہوا۔ غضب ہوا۔ کیا قہر ہے۔ اندھیر ہے۔ ستم ہے۔ کیا قیامت کی۔ غضب کیا۔ بڑا ستم کیا۔ کیا قیامت کی گھڑی تھی۔ سخت مصیبت کا وقت تھا۔ کیا قیامت ہے۔ کیسا ستم یا غضب ہے۔ کیا کام (ہے) ۱ کچھ کام نہیں۔ واسطہ نہیں ۲ بڑے لوگوں کے پاس کوئی جائے تو وہ پوچھتے ہیں۔ کس مطلب کے لئے آئے۔ کیا کانٹوں میں ہاتھ پڑتا ہے۔ کیا عیب لگتا ہے۔ کیا نقصان ہوتا ہے۔ کیا کچھ (تف) کس قدر۔ کتنا۔ بہت کچھ۔ کیا کچھ سنا چاہتے ہو (استفہامیہ) گالیاں سننے

کو دل چاہتا ہے۔ کیا کرتا ہے (کرتے ہو) ۱ غلط کام کرتا ہے۔ بیجا کرتا ہے۔ نہ کر ۲ کیا مشغلہ رکھتا ہے۔ کیا کام کرتا ہے۔ کیا کر لیا۔ کیا نقصان پہنچایا۔ کچھ نقصان نہ پہنچا سکا۔ کیا کروں ۱ حیران ہوں کچھ سمجھ میں نہیں آتا ۲ کس کام میں لاؤں۔ بیکار ہے ۳ کس لئے کروں۔ کیا کرے ۱ مجبور ہے ۲ کیا علاج کرے۔ کچھ نہیں ہو سکتا۔ کیا کر لے (کرے) گا۔ کچھ نہیں کر سکتا۔ کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ کیا کمی ہے۔ سب کچھ ہے بہت کچھ ہے۔ کیا گندہ کر سکتا ہے۔ کچھ نہیں کر سکتا۔ کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتا۔ کیا (کھا کر) کوسوں۔ نہایت غصے اور دل جل جانے کے موقع پر کہتے ہیں۔ کیا کوئی آگ لگائے۔ بالکل بیکار ہے۔ کیا کوئی شاخ نکلی ہے۔ کیا کوئی انوکھی بات ہے۔ کیا کہا۔ جب کوئی بے موقع اور فضول بات کہے تو کہتے ہیں کیا کیا کھا کے۔ کس برتے پر۔ کیا کہتا ہے ۱ کیا بات کہتا ہے ۲ غلط بات کہتا ہے ۳ کیا انعام لگاتا ہے۔ کیا کہہ کے۔ کیا عذر کر کے کیا کلمات تشفی کہہ کے۔ کیا کہنا (ہے) ۱ کلمۂ تحسین۔ سبحان اللہ۔ شاباش ۲ کیا بات ہے۔ کیا پوچھنا ہے ۳ طنزاً یا بطور ہجو ملیح۔ کیا کہنے ہیں۔ دیکھو آخری۔ کیا کہوں۔ مجبور ہوں۔ کیا کہئے۔ بیان کے قابل نہیں کیا کہیں ۱ مجبوری ہے ۲ کیا شکایت کریں۔ قابل بیان نہیں۔ کیا کہیں گے ۱ برا کہیں گے شبہ کریں ۲ کچھ کا کچھ خیال کریں گے۔ کیا کیا (تف) ۱ کون کونسا۔ کون کون چیز ۲ بہت کچھ ۳ کس قدر ۴ کیسے کیسے۔ انواع و اقسام کے ۵ کون کون ۶ کہاں کہاں ۷ تجاہل کرنا ۸ کس کس طرح۔ کیا کیا ۱ بڑا ستم یا غضب کیا ۲ بڑے شرم کی بات ہے۔ بڑی حیرت ہے۔ کیا کیا ارادے تھے۔ بہت ارادے تھے۔ حسرت نہ نکلی۔ کیا کیا ارمان رہ گئے بہت ارمان رہ گئے۔ حسرتیں نہ نکلیں۔ کیا کیا ارمان ساتھ لے گیا۔ زندگی میں حسرتیں پوری نہ ہوئیں۔ کیا کیا کچھ ۱ کون کونسی بات یا چیز ۲ بہت کچھ۔ کیا کیا گزرا

(گزری) کیا مصیبت یا واقعہ پیش آیا۔ کیا کیا نہ کیا۔ سب کچھ کیا۔ کونسی بات نہ کی یا نہ اٹھا رکھی۔ کیا کیا نہ ہوا ۱ کونسی بات رہ گئی ۲ کونسی رسوائی نہ ہوئی۔ کیا کیجئے (کیجے) کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ کیا گاتے ہو۔ کیا بکواس کرتے ہو۔ کیا بکتے ہو۔ کیا گپ چپ کے لڈو کھائے ہیں۔ خاموش کیوں ہو۔ بولتے کیوں نہیں۔ کیا گت ہوگئی۔ کیا حالت ہوگئی۔ کیا گزر رہی ۱ کیونکر بسر ہوئی کیسی گزری ۲ کیا واقعہ پیش آیا ۳ کیا دقت پیش آئی۔ کیا گزر گئی۔ کیا حالت ہوگئی۔ کیا گل پھولا (کھلا) ہے ۱ کونسی عجیب بات ظہور میں آئی ہے ۲ کیا فتنہ برپا ہوا ہے۔ کیا خرابی نکلی ہے کیا لعل لگے ہیں۔ کونسی خوبی ہے۔ کیا لطف ہو۔ بڑا لطف ہو۔ کیا لگتا ہے ۱ کیا خرچ یا نقصان ہوتا ہے ۲ کچھ تعجب نہیں ۳ کیا رشتہ ہے۔ کیا لو گے۔ کیا فائدہ حاصل ہوگیا۔ کیا پاؤ گے۔ کیا لیا۔ کیا فائدہ حاصل ہوا۔ کیا پایا۔ کیا لیتا ہے۔ کچھ نقصان نہیں کرتا کیا نقصان پہنچتا ہے۔ کیا مارا ۱ کچھ نہ مارا ۲ سوالیہ طور پر۔ کونسی چیز ماری ۳ اچھا مارا خوب مارا۔ کیا مال ہے۔ بے حقیقت چیز ہے۔ حقیر ہے۔ کچھ حقیقت نہیں۔ کیا مجال (ہے) کچھ طاقت نہیں۔ کچھ حوصلہ نہیں۔ کیا حوصلہ ہے۔ کیا مذکور ۱ کیا تعریف ہو ۲ کچھ موقع نہیں۔ محل نہیں۔ کیا مزہ رہ جائے۔ بے لطفی ہو۔ لطف نہ رہے۔ کیا مزہ ہو۔ عجب لطف ہو۔ بڑا مزہ ہو۔ کیا مزے کی بات ہے۔ کیسی پر لطف بات ہے کس قدر حیرت انگیز امر ہے۔ کیا مصیبت ہے۔ بڑی مشکل ہے۔ کیا معرکہ مارا۔ بڑی فتح حاصل کی۔ کیا معنی ۱ کیا وجہ۔ کیا سبب۔ کیا باعث کیوں ۲ کیا غرض۔ کیا موقع ۳ کیا ممکن۔ کیا مقدور۔ کیا تاب۔ کیا مجال کیا مل جائیگا کیا فائدہ ہوگا۔ کیا ممکن۔ ناممکن ہے۔ دشوار ہے۔ کیا منہ۔ کیا مجال۔ کیا رتبہ۔ کیا حقیقت کیا منہ پر پھٹکار (لعنت) برستی ہے۔

کیسا بے رونق چہرہ ہے۔ چہرے سے بُرائی ظاہر ہوتی ہے۔ کیا مُنہ دکھاؤ گے۔ کیا جواب دوگے۔ کس طرح سرخرو ہوگے۔ کیا مُنہ دکھائیں بڑے۔ شرمندہ ہیں۔ سخت منفعل ہیں۔ کیا مُنہ سے پھول جھڑتے ہیں! کس قدر خوش بیان ہے! طنزاً جب کوئی بدکلامی کرے۔ کیا مُنہ کا نوالہ ہے۔ کام آسان نہیں۔ بہت مشکل کام ہے۔ کیا مُنہ لے کر جاؤں۔ جاتے ہوئے شرم آتی ہے۔ کس مُنہ سے جاؤں کیا مُنہ ہے! کیا حقیقت ہے۔ کیا اصل ہے! کیا مجال ہے۔ کیا طاقت ہے۔ کیا موقوف ہے (ان پر۔ تم پر۔ کسی پر۔ نام وغیرہ کے ساتھ) ان کی ہی یہ حالت نہیں۔ ان پر ہی اثر نہیں۔ کیا ناک لے کر (بات کرتے) بولتے ہو۔ بات کرتے ہوئے شرم نہیں آتی۔ شرماؤ۔ کس غیرت اور شرم سے مُنہ سامنے کرتے ہو۔ کیا نام (رجی) بقالوں کا تکیہ کلام۔ کیا نشہ پیا ہے۔ کیوں بہکی بہکی باتیں کرتے ہو۔ کیا نہ چاہیئے! کیا کہنا ہے۔ کیا بات ہے! سب کچھ چاہیئے! سب کچھ موجود ہے! کام بن گیا۔ پھر کسی چیز کی ضرورت نہیں۔ کیا واسطہ! (یا تعلق۔ کیا علاقہ! کیوں۔ کیا سبب۔ کیا ہاتھوں میں مہندی لگ رہی ہے۔ کام کیوں نہیں کرتے۔ کیا ہستی ہے۔ کچھ حقیقت نہیں۔ کمینہ ہے۔ کیا ہو! تمہاری کیا حقیقت! اب کیا کیا جائے۔ کیا ہوا! کیا حال گزرا۔ کیسی بیتی! کیا کر لیا۔ کونسا نقصان ہوا! کیا بات یا معاملہ ہے! کچھ تعجب نہیں۔ کوئی انوکھی بات نہیں! کیا ڈر ہے کیا اندیشہ ہے! کہاں گیا۔ گم ہوگیا! گویا۔ کیا ہوا تھا۔ حواس کہاں تھے۔ عقل کیا ہوئی تھی کس خیال میں تھا۔ کیا ہوتا! کیا اثر ہوتا۔ کیا فائدہ ہوتا۔ کون سا کام بن جاتا! کیا نقصان ہوتا۔ کیا بگڑ جاتا! کیسی مصیبت ہوتا۔ کیسی بُری بنتی! کیا خوب ہوتا۔ کیا اچھا ہوتا! کس مرتبے پر ہوتا۔ کون شے ہوتا! کچھ بھی نہ ہوتا۔ کیا ہوگا! کیا پیش آئیگا! کیا بگڑیگا۔ کچھ نہیں ہوگا! کچھ اثر نہیں ہوگا۔ کچھ فائدہ نہیں ہوگا۔ کیا ہوگیا! افسوس تعجب اور حیرت کے موقعہ پر کہتے ہیں! خبط ہوگیا۔ سودا ہوگیا! انقلاب عظیم ہوگیا! کونسا مرض ہوا! کیا نقصان ہوگیا۔ کیا فائدہ ہوا۔ کیا ہونا ہے! کچھ فائدہ نہیں ہوگا۔ بیکار ہے! کیا نتیجہ ہوگا! کیا انقلاب ہونا ہے۔ کیا ہی (رقت)! کس قدر! عمدہ۔ مبارک۔ کیا ہے! کیا بات یا معاملہ ہے! کونسی چیز ہے! کس بات کا ہے! کونسی بات ہے۔ کس چیز کا نام! بے حقیقت ہے۔ بے وقعت ہے! نہیں ہے! اور کیا چاہتا ہے۔ یہی ہے! کیوں ہے۔ کس واسطے ہے۔ کیا کہتے ہو۔ کیوں بُلایا ہے۔ بلانے کے جواب میں کہتے ہیں کیا یاد (رکھو) کروگے! مدت تک یاد کرتے رہوگے یا احسانمند رہوگے۔ کیا یاد رکھیں (کریں) گے۔ مدت تک یاد رکھینگے یا احسانمند رہیں گے۔

امثال و اقوال۔ کیا ادھا کی ماں مری ہے۔ قرض لینے سے مل ہی جاتا ہے۔ کیا بالو کی بھیت کیا اوچھے کی پریت۔ پریت کرے گمبھیر سے جنم جنم جا بیت (ہ) اوچھے کی دوستی ریت کی دیوار کی طرح ہے۔ شرابت کی دوستی تمام عمر قائم رہتی ہے۔ کیا بھیڑ کیا بھیڑ کی لات۔ کمزور کیا کریگا۔ بے حقیقت۔ بے اصل شے ہے۔ کیا بھروسا ہے زندگانی کا۔ آدمی بلبلا ہے پانی کا۔ انسان فانی ہے۔ زندگی کا کوئی اعتبار نہیں۔ کیا پانی متھنے سے بھی گھی پیدا ہوتا ہے۔ بے فائدہ کام یا فضول باتوں سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ کیا پدڑی (پدی) اور کیا پدڑی (پدی) کا شوربا بے حقیقت کے متعلق بولتے ہیں۔ کمزور کیا کرسکتا ہے۔ کیا پردیسی کی پیت (کیا پھوس کا تاپنا۔ دیا کلیجہ کاڑھ ہوا نہیں آپنا) پردیسی کی محبت کا کوئی اعتبار نہیں۔ رہا ہے اس سے کتنی محبت ہو وہ کبھی وفا نہیں کرتا۔ اسی طرح پھوس جلا کر تاپنے سے آدمی گرم نہیں ہوتا) کیا تماشے کی بات ہے جس کا جائے وہی چور کہلائے۔ جس کا نقصان ہو اسی کے سر الزام ہو۔ پولیس والے جب چوری کا سراغ نہ چلے تو یہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ مدعی نے مال ادھر اُدھر کر دیا۔ کیا جانے گنوار گھونگھوا کا یار۔ گنوار کیا جانے کس طرح عشق بازی کرتے ہیں۔ کیا چندن کی چٹکی کیا گاڑی بھر کاٹھ تھوڑی عمدہ چیز بہت خراب چیز سے اچھی ہے ایک شریف سو کمینوں سے بہتر ہے۔ کیا خاک تیری ارواح چولھے میں سے نکل بھاڑ میں جا۔ جو کوئی باوجود سمجھانے کے نقصان والا کام کرے اسے کہتے ہیں۔ کیا خوب سودا نقد ہے اس ہاتھ دے اس ہاتھ لے۔ اس دنیا میں ہر کام کا بدلہ فوراً ملتا ہے۔ کیا دال بھات کا نوالہ ہے۔ کچھ آسان بات نہیں ہے۔ کیا دنڈی کا کوچ کیا مقام۔ دیکھو دنڈی الخ۔ کیا دن جانے دیکھے۔ کوئی بہت مدت کے بعد آئے تو کہتے ہیں۔ کیا سانپ سونگھ گیا۔ کیوں نہیں بولتے۔ کیا سانپ کا پاؤں دیکھا ہے۔ جب کوئی ناممکن بات ہو تو کہتے ہیں۔ کیا سو روپے کی پونجی اور کیا ایک بیٹے کی اولاد۔ سو روپے بہت تھوڑی پونجی ہے۔ اور ایک بیٹا کافی اولاد نہیں۔ کسی وقت مر جائے۔ کیا سووے راجہ کا پوت کیا سووے جوگی کا اَدھوت۔ چین سے یا تو راجہ کا پوت سوتا ہے، یا جوگی کا بیٹا۔ کیا شان میں بٹہ لگ جائیگا، جھنتے پڑ جائینگے۔ اس کو کہتے ہیں جو کسی کام کے کرنے سے عار کرے۔ کیا قاضی کی گدھی چرائی ہے۔ کیا کوئی جرم کیا ہے جو ڈریں۔ کیا قاضی گلہ کریگا۔ کوئی طعن و تشنیع یا گلہ نہیں کریگا۔ کوئی شکوہ و شکایت نہیں کریگا۔ کوئی منہ پر نہیں لائیگا۔ کیا کابل میں گدھے نہیں ہوتے۔ بیوقوف ہر جگہ ہوتے ہیں۔ کیا کریگا دَولہ۔ جسے دے مولا۔ جسے خدا دے اسے ملے۔ اس میں کوئی کچھ نہیں کرسکتا شاہ دولہ مشہور فقیر تھے۔ ان کا مقبرہ گجرات پنجاب میں ہے۔ انہیں کوئی دعا کے لئے کہتا تو وہ یہ جواب دیا کرتے تھے کیا کوٹلوں کی ناؤ ڈوب جائیگی۔ معمولی نقصان ہوگا۔ کیا گومتی کا پانی پیا ہے۔ اس شخص سے کہتے ہیں جو زبان نہ بند کرے۔ اہل لکھنؤ پر طنز ہے۔ دریائے گومتی لکھنؤ کے پاس بہتا ہے۔ کیا گونگے کا گڑ

کھایا ہے ۔ کیوں نہیں بولتے ۔ **کیا گھاس میں سانپ نہیں چلتا** ۔ یہ ناممکن بات نہیں ۔ **کیا لڑے سورما کیا لڑے انجان** یا بہادر لڑتا ہے یا بیوقوف ۔ **کیا لے گیا شیر شاہ کیا لے گیا سلیم شاہ** ۔ جب کوئی دولت کا غرور کرے تو کہتے ہیں ۔ دولت کسی کے ساتھ نہیں جاتی ۔ **کیا مچھلیاں (رہیں جو) سڑی جاتی ہیں** ۔ کیا جلدی تھی ۔ کس بات کی جلدی پڑی تھی ۔ جب کوئی جوان بیٹیوں کی شادی کرنے کیلئے کے تو عورتیں کہتی ہیں ۔ **کیا مکھی نے چھینک دیا** ۔ کیوں کام نہیں کرتے ۔ اگر کوئی چھینک دے تو ہندو کوئی کام شروع نہیں کرتے ۔ **کیا منہ اور کیا مسالا** ۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو ایسا کام اپنے ذمے لے جسے وہ کر نہ سکے ۔ **کیا منہ میں (زنجیری بھری ہے) گھونگنیاں ہیں** ۔ بولتے کیوں نہیں ۔ **کیا میں تیری پٹی کے نیچے پیدا ہوئی ہوں** ۔ میں تجھ سے کمتر نہیں ہوں ۔ **کیا ننگی نہائے گی کیا نچوڑیگی** مفلس کے پاس کیا دھرا ہے ۔ **کیا ہاڈوں ہی ڈھیری کیا داموں ہی ڈھیری** ۔ نفع ہے یا نقصان ۔ مرگئے یا مالا مال ہوگئے ۔ **کیا ہیجڑوں نے راہ ماری ہے** ۔ کیا ہیجڑے راہ مارتے ہیں ۔ کیوں آنے سے ڈرتے ہو ۔ **کیا ہی ہٹھی ہیجڑی ہے** بہت طاقتور ہے ۔

کیا (ہ ۔ ماضی) ۱ کرنا کا ۲ (مذکر) کام ۔ فعل ۔ بُرے افعال ۔ **کیا آگے (سامنے) آنا** (لازم) بُرے اعمال کی سزا ملنا ۔ کئے کا پھل پانا ۔ **کیا پانا** (لازم) دیکھو آخری ۔ **کیا دھرا** (مذکر) افعال کرتوت ۔ **کیا دھرا اکارت جانا (ہونا)** (لازم) جو کچھ کیا تھا سب بیفائدہ جانا ۔ **کیا کرنا** (متعدی) لگاتار کوئی کام کرنا ۔ **کئے** (مذکر) کیا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے ۔ **کئے کا پاس** (مذکر) اپنے فعل کا لحاظ ۔ **کئے کا پھل پانا ۔ کئے کی سزا پانا** (لازم) بُرے اعمال کی سزا ملنا ۔

مثل ۔ کیا اور کر نہ جانا میں ہوتی تو کر دکھاتی ۔ ہماری صلاح پر چلتے تو نقصان نہ اُٹھاتے ۔ یہ مثل الف لیلہ کی ایک کہانی سے لی گئی ہے ۔

کیّاد (ع ۔ صفت) مکار ۔ عیّار ۔ مکر کرنے والا ۔ فریبی (کَید ۔ مکر کرنا)

کیاری (ہ ۔ مونث) ۱ کھیت یا باغ کا چھوٹا حصّہ جس کا مینڈ بناتے ہیں ۲ زمین کا ٹکڑا جس میں نمک بناتے ہیں ۳ تختہ باغ خیابان ۔ قطعۂ باغ ۔

کیاست (ف ۔ مونث) دانائی عقلمندی ۔ سمجھ ۔ فہم ۔ فراست ۔

کیّال (ع ۔ مذکر) ۱ اناج کا ایک پیمانہ ۲ تولنے والا ۔ تولا ۔ **کیالی** (مونث) تولنے والے کی اُجرت ۔

کیاں (ہ ۔ مذکر) کے ہاں کا مخفف ۱ کے گھر ۲ کا ۔ سے ۳ نزدیک ۔ پڑوس میں ۔

کیانگ (ہ ۔ مذکر) تبت کا گدھا یہ گدھوں میں سب سے بڑی قسم کا ہے ۔ اس کے کان چھوٹے ہیں ۔

کیبن (انگ ۔ مذکر) کوٹھڑی ۔ کٹیا ۔ کمرۂ جہاز ۔ صندوقچہ ۔

کیپ (ہ ۔ مونث) وہ آلہ جس سے مائعات بوتل میں ڈالتے ہیں ۔

کیپ (انگ ۔ مونث) راس ۔

کیپیٹل (انگ ۔ مذکر) دارالسلطنت راجدھانی ۔ دارالخلافہ ۔

کیپیٹول (اٹلی) ۱ روما کی سات پہاڑیوں میں سے ایک ۲ جیو پیٹر دیوتا کا مندر جو اس پہاڑی پر تھا ۳ ایک محل جو آج کل اس پہاڑی پر ہے ۴ وہ قصر جس میں ریاستہائے متحدہ کی مجلس واضعان قوانین اپنے جلسے کرتی ہے ۵ کسی دیگر ایسی مجلس کے جلسوں کا مکان ۔

کیت (ہ ۔ مذکر) ۱ مجرم کے مارنے کا تازیانہ یا کوڑا ۲ کیتھ اور کیتھا ۔

کیتُ (ہ ۔ مذکر) ۱ دمدار ستارہ کیتو ۲ دیکھو کیت ملا ۔

کیتا (ہ ۔ صفت) ۱ کرتا ۲ (پ) کیا ۔

کیتا ۔ کیتک ۔ کیتنا (ہ) ۔ استفہام) کتنا ۔

کیتک (س) **کیتکی** (ہ ۔ مونث) کیوڑے کی قسم کا ایک پھول ۔ ہندو شاعر اسے بھونرے کا معشوق سمجھتے ہیں ۔

کیتلی (انگ ۔ مونث) ایک ٹونٹی دار دستے والا برتن جس میں پانی گرم کرتے ہیں (اصل کیٹل)

کیتو (س ۔ مذکر) ۱ نشان ۲ جھنڈا ۳ علم ۴ کوئی عجیب مشاہدہ ۵ دمدار ستارہ ۔ جاڑو ۶ شہاب ثاقب ۷ وہ دمدار ستارہ جسے ساتواں ستارہ شمار کیا جاتا ہے ۔ ہندو اسے سنہیکا کا بدن سمجھتے ہیں ۔

کیتھ (ہ ۔ مذکر) **کیتھا** (مذ) ۱ ایک درخت ۲ اس کا پھل جو بیل سے مشابہ ہوتا ہے

کیتھا (ہ ۔ مذکر) ایک قسم کی شراب جو کیتھ سے بنائی جاتی ہے ۔

کیتھی (ہ ۔ مونث) دیکھو کایتھی

کیٹ (ہ ۔ مذکر) ۱ میل جو تیل کی تہ میں بیٹھ جائے ۲ حقّے کا میل ۳ چراغ کی گل ۴ (ہ) کیڑا ۔

کیجا (ہ ۔ مذکر) بچوں کی زبان میں کلیجہ ۔ **کیجا جان** (مونث) ۱ دائی ۔ دایہ ۲ وہ عورت جسے مثل دایہ سمجھتے ہیں ۳ نہایت عزیز ۔

کیچ ۔ کیچڑ (ہ ۔ مونث) ۱ گارا ۔ دلدل ۔ گیلی مٹی ۲ آنکھ کا میل ۳ تلچھٹ (رس مل ہٹی) **کیچڑ اچھالنا** (متعدی) ۱ کسی پر کیچڑ پھینکنا ۲ اتہام لگانا ۔ بدنام کرنا ۔ **کیچڑ کی کوڑی دانتوں سے اُٹھانا** (متعدی) بہت بخیل ہونا ۔ **کیچڑ میں پھنسنا** (لازم) ۱ دلدل میں پھنسنا ۲ کسی جھگڑے میں مبتلا ہونا ۔ **کیچڑ میں لوٹنا** (متعدی) ۱ شراب کے نشے میں کیچڑ میں جاگرنا ۲ بھینس کا کیچڑ میں لیٹنا ۔ **کیچڑی** (مونث) بہت گاڑھی (بھنگ)

کیچل ۔ کیچلی (ہ ۔ مونث) دیکھو کینچل اور کینچلی ۔ **کینچلی کا موباف** (مذکر) ایک قسم کا موباف ۔

کیچوا (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک لمبا کیڑا جو برسات میں پیدا ہوتا ہے ۔ اسے کنڈیوں میں

لگاکر مچھلیاں پکڑتے ہیں ۲ ایک قسم کا کیڑا جو پیٹ میں پیدا ہو جاتا ہے۔

کَید (ع۔ مذکر) ۱ دھوکا۔ دغا۔ فریب ۲ مکر (کَید۔ دھوکا دینا)

کیدار (س۔ مذکر) ۱ کھیت جس میں پانی بھرا ہو یا زیر کاشت ہو ۲ کیاری۔

کِدھر (ہ۔ تف) کدھر (مت)

کِیر (ھ۔ مذکر) دیکھو کریہ۔

مقولہ۔ کِیر سے آملے نہیں ہوتے ۔ بُری چیز عمدہ اور کمینہ شریف نہیں ہوسکتا۔

کِیر (س۔ مذکر) ۱ طوطا ۲ گوشت ۳ کشمیر۔

کیر (ف۔ مذکر) آلہ تناسل مذکر۔ **کیر خر یا خرا** (مذکر) وہ شخص جس کا ذکر گدھے کے ذکر کے برابر ہو۔

مثل۔ کیر مگس چہ خفتہ وچہ بیدار۔ کمزور کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔

کَیرا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ جس کی آنکھ نیلی یا فاختہ کے رنگ کی ہو ۲ بھینگا۔ **کیری آنکھ** (مؤنث) نیلی یا فاختہ کے رنگ کی آنکھ۔ کرنجی آنکھ۔

کیراَنک (س۔ مذکر) ایک قسم کا نباتاتی زہر۔

کِیرَت (س۔ مونث) ۱ نیکی ۲ دیکھو کیرتی۔ **کیرتن۔ کیرتنا** (مذکر) ۱ بتانا۔ کہنا ۲ ذکر ۳ گفتگو۔ بات ۴ خوشی کے نعرے لگانا ۵ زور سے لگانا ۶ تعریف کرنا ۷ شہرت۔ **کیرتی** (مؤنث) ۱ ذکر ۲ تعریف ۳ شہرت ۴ ایک نام۔ **کیرتی کرنا** (متعدی) شہرت حاصل کرنا۔

کِیرک (ھ۔ مذکر) طوطا۔

کَیرَو (س۔ مذکر) ۱ جواری۔ قمار باز ۲ دغاباز۔ مکار ۳ دشمن ۴ سفید کنول۔

کیری (ہ۔ مؤنث) ۱ کچا آم ۲ ایک قسم کا ظرف جس میں عطر رکھتے ہیں۔ یہ آم کے مشابہ ہوتا ہے ۳ مصنوعی پھول جو کیری کی شکل کے بناتے ہیں ۴ دیکھو کیرا کے تحت میں۔

کِیرڑ (ہ۔ مذکر) کیڑا کا مخفف۔ مرکبات میں۔ **کیڑا** (مذکر) ۱ جانوروں کی چوتھی قسم۔ رینگنے والے جانور۔ کرم۔ گھن۔ دیمک ۲ سانپ۔ بچھو ۳ ننھا بچہ ۴ وہ کیڑا جس کی وجہ سے علت اُبنہ ہو جائے ۵ جمع کی صورت میں۔ جوں کھٹمل (س کیٹ) **کیڑا اُچھلنا** (لازم) علت ابنہ کا زور ہونا۔ **کیڑا دبانا** (متعدی) ابنہ والے کی خواہش مٹانا۔ چل مٹانا۔ **کیڑا سا** (صفت) چھوٹا سا۔ دُبلا پتلا۔ **کیڑا سی** (صفت) دبلی پتلی۔ چھوٹی سی۔ **کیڑا کلبلانا** (لازم) خواہش نفسانی کا زور ہونا۔ چل مٹوانے کو دل چاہنا۔ **کیڑا لگنا** (لازم) ۱ ریشمی یا اونی کپڑے کو کیڑے کا کھا جانا ۲ دانت میں کیڑے کا سوراخ کرنا ۳ دیمک کا چاٹ جانا ۴ گھن لگنا۔ **کیڑ کھایا** (ہ) وہ جسے کیڑے پڑ جائیں۔ وہ جسے جوئیں پڑ جائیں ۲ چیچک رو ۳ اجڈ۔ گنوار۔ **کیڑوں** (مذکر) کیڑا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے **کیڑوں کا گھر** (مذکر) وہ سوراخ جو کیڑے بنا لیتے ہیں۔ **کیڑی** (مؤنث) ۱ چیونٹی ۲ جونک۔ **کیڑیاں** (مونث) کیڑی کی جمع۔ **کیڑیاں لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) جونکیں لگنا۔ **کیڑے** (مذکر) ۱ کیڑا کی جمع ۲ جوئیں۔ کھٹمل۔ **کیڑے پڑنا** (لازم) کسی چیز میں سڑ جانے کی وجہ سے کیڑے پیدا ہو جانا ۲ نقص ہونا۔ عیب ہونا ۳ خراب ہونا۔ برباد ہونا۔ **کیڑے پڑیں** (بد دعا) خراب ہو۔ تباہ ہو۔ برباد ہو۔ **کیڑے ڈالنا** (متعدی) عیب نکالنا۔ **کیڑے کا چاٹ جانا** (لازم) کیڑے کا کسی چیز کو تباہ کرنا۔ **کیڑے مکوڑے** (مذکر) چھوٹے بڑے کیڑے۔ **کیڑے مغز کے اُڑنا** (لازم) دماغ کا پریشان یا پراگندہ ہونا۔ سر میں درد ہونا۔ **کیڑی والی** (مؤنث) جونکیں لگانے والی۔

کَیڑا (ہ۔ صفت) ۱ سخت ۔ درشت ۲ تند مزاج ۳ سخت گیر ۴ محکم مضبوط (غالباً کڑا سے)۔

کَیڑا (ھ۔ مذکر) نیا پودا۔ نئی شاخ۔

کِیڑھا (ہ۔ صفت) ۱ جس میں کیڑے پڑے ہوں ۲ سڑا ہوا۔

کِیس (ع۔ مذکر) ف کیسہ سے۔ تھیلی۔ بٹوا ۲ وہ جھلی جس میں جنین لپٹا ہوتا ہے ۳ جھری ۴ تہ۔ شکن۔ **کیسہ** (مذکر) ۱ جیب۔ پاکٹ ۲ تھیلی۔ خریطہ۔ **کیسہ بُر** (صفت) جیب کترا۔ **کیسۂ پُر زر** (مذکر) اشرفیوں سے بھری ہوئی تھیلی۔ **کیسۂ کمر** (مذکر) ایک قسم کی پیٹی جو کمر میں باندھتے ہیں۔ اور جسمیں شکار یا لڑائی کا سامان لگا لیتے ہیں۔

امثال۔ کیسے میں روپیہ مُنہ میں گرُ۔ بہت خوش قسمت ہے۔ روپیہ پاس ہو تو انسان مزے اُڑاتا ہے۔ **کیسے میں نہیں کھل کی ڈلی۔ بانکا (چھبیلا) پھرے گلی گلی**۔ غلسی میں اتانا۔

کیس (ہ۔ مذکر) ۱ سر کے بال۔ ۲ سکھوں کے لمبے بال۔ **کیسوں میں تمباکو** (گالی) جو سکھوں کو دی جاتی ہے۔ سکھ تمباکو کو حرام اور کیسوں کو مقدس سمجھتے ہیں۔

کیس (انگ۔ مذکر) ۱ مقدمہ ۲ ڈھکنا۔ خانہ۔ بکس ۳ سانچہ۔ فریم۔

کَیسا (ہ۔ صفت) ۱ کس قسم یا طرح کا ۲ کس بات کا۔ کس چیز کا ۳ کس قدر۔ کتنا ۴ کس کام کا۔ بیکار ۵ کہاں کا۔ کس کا ۶ کس طرح۔ کس ڈھنگ سے ۷ کیا ذکر یا مذکور ۸ کیوں۔ کس لئے ۹ بہت۔ نہایت ۱۰ تعجب ظاہر کرنے کے لئے ۱۱ چاہے جس طرح کا ۱۲ مختلف حالت دکھانے کے لئے دو دفعہ آتا ہے۔ جیسے کبھی حال کیسا ہے کبھی کیسا ۱۳ مزاج پُرسی کے لئے (س کیدشک۔ کس چیز کے مانند) **کیسا ٹھیک (درست) بناتا ہوں**۔ دھمکی کے طور پر کہتے ہیں۔ بہت سزا دونگا۔ **کیسا بیوقوف ہے**۔ بہت بیوقوف ہے **کیسا علاج کرتا ہوں**۔ دیکھو کیسا ٹھیک الخ **کیسا کیسا** (تف) ہر طرح پر۔ **کیسا ہی** (تف) ۱ کسی قدر۔ کتنا ہی ۲ کسی قسم کا۔ **کیسی** (صفت مونث) دیکھو کیسا کا **کیسے** (صفت) ۱ کیسا کی جمع ۲ (تف) کیونکر۔ **کیسی بنے**۔ کیا معاملہ پیش ہو۔ **کیسی دھرپٹ اُڑی**۔ خوب پیٹا۔ ذلیل ہوا۔ **کیسے کالے تل چابے ہیں**۔ جس کے بال سفید نہ ہوں اسے کہتے ہیں۔ **کیسے کیسے** (تف) کس کس طرح کے

کیسی گزری ۱ کیا واقعہ پیش آیا ۲ کس طرح زندگی بسر ہوئی ۳ کیا مصیبت آئی **کیسی ہو** - بہت بُرا ہو - بُرا نتیجہ ہو - **کیسے ہو** - مزاج کیسا ہے - **کیسی ہی** (تف) کیسا ہی یہ مونث کے لئے ہے -

مثل کیسی مسجد کیسا مندر جب دیکھو (جو دیکھو وہ دل) (وہ تو ہے) **من کے اندر** - سب کچھ دل میں موجود ہے - خدا ہر جگہ موجود ہے یہ وحدت وجود والوں کا قول ہے -

کیسانیہ (ع - مذکر) شیعوں کا ایک فرقہ جس کے بانی المختار خیال کئے جاتے ہیں - یہ حضرت علیؓ کے ایک غلام کیسان کے نام پر ہے -

کیسپین (ایشیا) بحیرہ خضر - کھاری پانی کی سب سے بڑی جھیل رقبہ ۱۷۰۰۰ - دریائے والگا - ارال وغیرہ اسمیں گرتے ہیں -

کیسر (ہ - مذکر) ۱ زعفران ۲ زعفران کا پودا ۳ زعفران کا رنگ **کیسری** **کیسریا** (صفت) زعفران کے رنگ کا - زعفرانی - نارنجی - زرد **کیسری یا کیسریا بانا** (صفت) ۱ زعفرانی ۲ (مذکر) زعفرانی پوشاک راجپوتوں میں دستور تھا کہ جب جنگ پر جاتے - تو زعفرانی لباس پہن کر جاتے - مطلب یہ ہوتا کہ یا فتح کر کے آئیں گے یا جان دینگے -

کیسری (ہ - مذکر) شیر ببر -

کیسن - کیسو - کیسوں (ہ - تف) کیسا -

کیسن - کیسی (س - مذکر) ایک راکھشس جس نے اندر کے ہاتھ سے شکست کھائی تھی - اس نے گھوڑا بن کر کرشن جی پر حملہ کیا - مگر انہوں نے قتل کر دیا -

کیسوویری (انگ - مذکر) آسٹریلیا کا ایک پرند جو شتر مرغ سے ذرا چھوٹا ہوتا ہے -

کیش (انگ - مذکر) ۱ نقدی - روپیہ پیسہ ۲ (صفت) نقد **کیش بک** (مونث) روکڑ بہی - **کیش بکس** (مذکر) نقدی کا صندوق - پیٹی -

کیش (ف - مذکر) ۱ دین - مذہب ۲ عادت - خو ۳ طریقہ - روش ۴ وصف - صفت مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے کافر کیش ۵ ترکش - تیر دان -

کیش (س - مذکر) ۱ سر کے بال ۲ ایال ۳ کلغی - **کیشر** (مذکر) ۱ ایال ۲ کنول یا کسی نباتات کی جھلی ۳ کئی پودوں کا نام **کیشرن** (مذکر) شیر ببر - **کیشری** (صفت) جس کے ایال ہوں ۲ (مذکر) شیر ببر - **کیشن** (مذکر) دیکھو کیشی **کیشنی** (مونث) ۱ وہ عورت یا لڑکی جس کے بال بہت گھنے ہوں ۲ ایک پودا **کیشو** (صفت) - لمبے اور خوبصورت بالوں والا **کیشی** (صفت و مذکر) ۱ دیکھو کیشو ۲ جس کے ایال ہوں - ۳ شیر ۲ (مونث) سر کے بالوں کا گچھا - چوٹی -

کیف (ع - مذکر) ۱ نشہ - سرور ۲ کیفیت - لطف ۳ وہ جو تقسیم قبول نہ کرے (کَیف - کاٹنا) **کیف و کم** (صفت) کیسا اور کتنا **کیفی** (صفت) مخمور - سرشار - مدہوش **کیفیت** (مونث) ۱ حالت - حقیقت - ماجرا ۲ مزا - لطف ۳ بہار - رونق ۴ نشہ - سرور ۵ شرح تفصیل ۶ رنگ ڈھنگ ۷ (خانہ) نقشوں میں ایک خانہ جس میں کیفیت درج کرتے ہیں **کیفیت آنا** (لازم) **اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) لطف حاصل ہونا - **کیفیت بیان کرنا** (متعدی) حال بتانا - **کیفیت جب ہے** - لطف اس وقت ہے - **کیفیت حاصل ہونا** (لازم) لطف آنا - **کیفیت دکھانا یا دینا** (متعدی) لطف دکھانا - تماشا دکھانا - فرما دینا **کیفیت دیکھنا** (متعدی) ۱ بہار یا رونق دیکھنا ۲ حالت دیکھنا - **کیفیت رکھنا** (لازم) با مزہ ہونا - لطیف ہونا - **کیفیت سے اطلاع دینا** (متعدی) حقیقت لکھ بھیجنا - **کیفیت طلب کرنا** (متعدی) استفسار کرنا دریافت کرنا - **کیفیت کرنا** (متعدی) لطف دکھانا - **کیفیت کھلنا** (لازم) لطف ظاہر ہونا - **کیفیت کی جگہ** (مونث) لطف کا مقام - **کیفیت گزرنا** (متعدی) ۱ واقع ہونا ۲ رپورٹ ہونا - استفسار کا جواب ملنا - **کیفیت لکھنا** (متعدی) تحریری رپورٹ کرنا - **کیفیت لوٹنا** (متعدی) مزے اڑانا - **کیفیت ملنا** (لازم) مزہ ملنا - **کیفیت میں رہنا** (لازم) نشہ میں رہنا - **کیفیتیں** (مونث) کیفیت کی جمع **کیفیتیں دیکھنا** (متعدی) لطف اٹھانا - مزے کرنا -

کیف (ع - تف) کیونکر کس طرح -

کیفر (ف - مذکر) بُرے کام کا بدلہ - بدی کا عوض - بد اعمالی کی سزا - **کیفر کردار** (مذکر) دیکھو کیفر **کیفر کردار کو پہنچنا** (لازم) بد اعمالی کی سزا پانا -

کیک (ف - مذکر) پسّو -

کیک (ہ - مونث) چیخنا - دیوانوں کی طرح چیخ مارنا - **کیک مارنا** - **کیکنا** (متعدی) چیخ مارنا - چیخنا -

کیک (انگ - مذکر) ایک انگریزی مٹھائی جو آٹے - انڈے - شکر اور میوے سے بنائی جاتی ہے (بنانا - بنوانا - پکانا - پکنا - پکوانا - تیار کرنا یا ہونا - دینا - کاٹنا - کھانا وغیرہ کے ساتھ)

کیکر (ہ - مذکر) ۱ ایک درخت جس کے پتّے بہت باریک اور کانٹے لمبے ہوتے ہیں - پھول زرد رنگ کے خوشبودار ہوتے ہیں - چھال دیسی شراب بنانے اور چمڑا رنگنے کے کام آتی ہے - اس کی داتن مفید ہوتی ہے - ببول - **کیکر کا درخت** (مذکر) دیکھو کیکر - **کیکر کا گوند** (مذکر) اس درخت کا گوند جو بہت لیسدار ہوتا ہے - **کیکر کی پھلی** (مونث) پھلی جو اس درخت میں لگتی ہے - **کیکری** (مونث) ۱ چھوٹا کیکر ۲ ایک قسم کی سلائی جو کپڑے کو کتر کر کنگرے سے بناتے چلے جاتے ہیں - اس کی شکل کیکر کی پھلی کی طرح ہوتی ہے -

کیکر (ہ - تف) ۱ جو کچھ - کچھ ۲ (صفت) بھینگا - **کیکرا** (صفت) دوسرا کوئی اور -

مثل - کیکر کیکر دھر وناؤں اکمرا اوڑھ لے سارا گاؤں - بات ایک

ہی۔ کسی کو کسی نام سے پکارلو۔ سارا گاؤں اسی کو استعمال کرتا ہے۔

کیکڑا (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک قسم کا آبی کیڑا ۲۔ سرطان ۳۔ برج سرطان۔ **کیکڑا منڈل** (مذکر) خط سرطان۔

کیل (ہ۔ امر) ۱۔ کیلنا کا ۲۔ (مونث) میخ۔ پریگ۔ لوہے کی کھونٹ ۳۔ جمی ہوئی پیپ جو مہاسوں کو دبانے سے نکلتی ہے ۴۔ لمبی کتری ہوئی چھالیا یا لونگ جو گلوری بند رہنے کے لئے لگاتے ہیں ۵۔ سونے چاندی کا لونگ کی شکل کا زیور جو عورتیں ناک میں پہنتی ہیں ۶۔ لوہے کی سلاخ جو چکی میں لگی ہوتی ہے ۷۔ آم جو درخت پر سب سے چھوٹا ہو ۸۔ مسام (س کیل۔ باندھنا) **کیلا** (ماضی) ۱۔ کیلنا کی ۲۔ لکڑی کی میخ ۳۔ گوشت خور جانوروں کے کاٹنے کے دانت۔ **کیلا جانا** (لازم) منتر سے بند کیا جانا۔ **کیل ٹھکنا** (لازم) **ٹھونکنا** (متعدی) کسی سخت چیز میں کیل داخل ہونا۔ **کیلچی** (مونث) چھوٹی کیل۔ **کیل دینا** (متعدی) کیلنا۔ **کیل ڈالنا** (متعدی) ۱۔ کیل پر منتر پڑھ کر اس کے ذریعے سے قابو کرنا ۲۔ بس میں لانا ۳۔ سانپ کو منتر پڑھ کر کاٹنے سے روکنا۔ **کیل کا کھٹکا نہ ہونا** (لازم) ۱۔ کسی شے کا اندیشہ یا کھٹکا نہ ہونا۔ ذرا اندیشہ نہ ہونا ۲۔ ایسا انتظام ہونا کہ کوئی کیل تک چرا نہیں سکتا۔

کیل کانٹا (مذکر) ۱۔ ہتھیار۔ اوزار۔ اسلحہ۔ سامان ۲۔ ایک قسم کا زیور ۳۔ بلحاظ گمیشتان خط ۴۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں کوئلے سے لکیریں کاڑھتے ہیں **کیل کانٹے سے درست ہونا** (لازم) اپنا سامان لے کر تیار ہو جانا۔ **کیل کانٹے سے ہوشیار رہنا** (لازم) اپنے سامان کی حفاظت کرنا۔ تیار رہنا۔ **کیل گاڑنا** (لازم) کسی نرم چیز میں کیل داخل کرنا۔

کیل لگانا (متعدی) **لگنا** (لازم) کسی سوراخ میں کیل پڑنا یا ٹھکنا۔ **کیل نکالنا** (متعدی) ۱۔ گڑی ہوئی میخ کو نکالنا ۲۔ مہاسے کو دبا کر پیپ نکالنا ۳۔ بہت مارنا۔ پیٹنا۔ **کیل نکلنا** (لازم) مہاسے سے پیپ نکلنا۔ **کیلنا** (متعدی) ۱۔ منتر سے سانپ کو کاٹنے سے روک دینا ۲۔ مکان کے کونوں میں منتر پڑھ کر کیلیں گاڑنا تاکہ وہاں آسیب کا اثر نہ ہو ۳۔ کیلیں جڑنا یا ٹھونکنا ۴۔ آنے جانے سے روک دینا ۵۔ قابو میں لانا۔ بس میں کرنا ۶۔ (منہ) جادو یا منتر کے زور سے کسی شخص کو اپنے خلاف بولنے سے باز رکھنا۔ منہ بند کرنا۔ **کیلی** (مونث) ۱۔ لکڑی کی کھونٹی ۲۔ کیل ۳۔ وہ کھونٹی جو کنواں چلاتے وقت لاؤ کی رسی اور جوتے کے درمیان لگاتے ہیں ۴۔ لوہے کی لاٹھ ۵۔ وہ لوہے کی لاٹھ جو مہرولی میں قطب مینار کے پاس ہے ۶۔ کشتی کا ایک داؤں ۷۔ وہ کیل جو دھرے میں پہیئے کو باہر نکلنے سے روکنے کے لئے لگاتے ہیں۔ **کیلیا** (مذکر) جوتیا۔ کنوئیں کے بیل چلانے والا۔ **کیلیاں** (مونث) ایک قسم کا گیت جو مالی گاتے ہیں۔ **کیلی بارا چلانا** (متعدی) کوئیں کا پانی بیلوں کے ذریعے نکالنا۔ لاؤ چلانا۔ کنواں چلانا۔ وہ بارہ گانا ہے جو چرسہ نکالتے وقت گاتے ہیں۔

کیلی کا کھٹکا نہ ہونا (لازم) دیکھو کیل کا کھٹکا نہ ہونا۔ **کیلی کرنا** (متعدی) پہلوانوں کا کیلی کا داؤ کرنا۔ **کیلی والا** (صفت) ۱۔ کنوئیں کے بیل چلانے والا ۲۔ پانی کا چرس نکالنے والا۔ بارے والا۔ **کیلی والا لال** (مذکر) بارے والے کی آواز جو راگ کے ساتھ نکالی جاتی ہے۔

کیل (ہ) **کیل** (س۔ مونث) ۱۔ کھیل۔ تماشا ۲۔ ناز۔ نخرے ۳۔ اختلاط ۴۔ جماع۔

کیلا (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک مشہور پودا ۲۔ اس کا تنہ نرم ہوتا ہے۔ اور ایک ایک پتہ کر کے سرے سے پھوٹتا ہے۔ آخر کو پھولوں کا گچھا نکلتا ہے اور لمبا اور گول پھل نکلتا ہے ۳۔ اس کا پھل (س کدل) کیلے کی پھلی (مونث) ایک کیلا۔ **کیلے کی گوب** یا **گیل** (مونث) کیلے کی پھلیوں کا گچھا۔

کیلاس (س۔ مذکر) **کیلاش** (ہ) کوہ ہمالیہ کی ایک اونچی چوٹی۔ اس پر کوبیر دیوتا رہتے ہیں۔ اور شوجی بھی آتے رہتے ہیں۔ **کیلاس پربت** (مذکر) کیلاس۔

کیلسیم (انگ۔ مذکر) ایک دھاتی عنصر جو پانی سے ۱٫۵۴۸ گنا بھاری ہے۔

کیلن (ہ۔ مونث) بہو۔

کیلنڈر (انگ۔ مذکر) سالانہ تاریخوں کا نقشہ جو دنوں کے حساب سے مرتب کیا جاتا ہے۔ جنتری۔ تاریخیں دیکھنے کا نقشہ یا کتاب۔ تقویم

کیلوس (یو۔ مذکر) غذا کا معدے میں پہلا ہضم۔

کیلومل (انگ۔ مذکر) ایک دست آور دوا مگر دانتوں کو نقصان پہنچاتی ہے۔

کیمخت (ف۔ مذکر) گھوڑے یا گورخر کی پیٹھ کا چمڑا جس کے سبز جوتے بناتے ہیں۔ **کیمختی** (صفت) کیمخت کا بنا ہوا۔

کیمرہ (انگ۔ مذکر) وہ آلہ جس سے عکسی تصویریں لی جاتی ہیں (اصل کیمیرہ آبسکیورہ)

کیمسٹ (انگ۔ مذکر) ۱۔ کیمیا دان ۲۔ دوائی فروش۔ **کیمسٹری** (مونث) علم کیمیا۔

کیموس (یو۔ مذکر) غذا کا معدے میں دوسرا ہضم جو کیلوس کے بعد ہوتا ہے۔

کیمیا (یو۔ مونث) ۱۔ اکسیر۔ رسائن ۲۔ سونا بنانے کی صنعت ۳۔ (علم) وہ علم جس سے مادی چیزوں کے اجزا کا حال معلوم ہوتا ہے۔ یعنی یہ چیز کن عناصر سے مرکب ہے۔ مثلاً پانی آکسیجن اور ہائیڈروجن

سے - نمک سوڈیم اور کلورین سے ۴ (صفت) نہایت مفید - مفید مطلب - حصول مقاصد کا ذریعہ ۵ نایاب - **کیمیا آنا** (لازم) علم کیمیا جاننا - چاندی سونا بنانا جاننا - **کیمیا بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) ۱ چاندی سونا بننا ۲ مطلب حاصل ہونا ۳ آسانی سے روزی کمائی جانا - **کیمیا ساز یا گر** (صفت) کیمیا بنانے والا - **کیمیا سازی یا گری** (مونث) سونا بنانا - **کیمیائے احمر** (مونث) سرخ گندھک جس سے تانبے کا سونا بناتے ہیں -

مثل - کیمیا گر کیسا جو مانگے پیسا - یہ دھوکا بازی ہے - کیمیاگر کے پاس تو روپیہ ہونا چاہئے نہ کہ وہ مانگے -

کِیں (ھ - مونث) بانس کا شگوفہ یا ٹہنی -

کِیں (ف - مذکر) بغض - عداوت کینہ - بیر - کپٹ ۲ مکر - فریب - دغا **کینہ** (مذکر) دیکھو کیں ۱ **کینہ پرور - توز - جو - خواہ** (صفت) کینہ یا بغض رکھنے والا - **کینہ رکھنا** (متعدی) دشمنی یا بغض رکھنا **کینہ کش یا ور** (صفت) دیکھو کینہ پرور **کینہ وری** (مونث) بغض - عداوت - **کینیا** (صفت) مکار - فریبیا - خودغرض (لکھنؤ)

کِیں (ف - تف) کہ این کا مخفف ۱ جو ۲ کیونکہ - اس لئے ۳ یہ کہ -

کینن (ہند) ایک نالہ جو دریا ہے جمنا کا معاون ہے -

کینا (انگ - مذکر) دیکھو گل تسبیح -

کینا (ھ - متعدی) کرنا - بتانا -

کینتوا (ھ - صفت) قحط زدہ -

کینچل کینچلی (ھ - مونث) ۱ سانپ کے بدن کی خشک جھلی جو وہ سردیوں کے بعد جسم سے اتار دیتا ہے ۲ مجازاً پوشاک - لباس (س کنچکا) **کینچلی اتارنا** (متعدی) کینچلی جھاڑنا - **کینچلی بدلنا** (متعدی) ۱ کینچلی جھاڑنا ۲ حالت بدلنا ۳ دوسرا رنگ اختیار کرنا ۴ پوشاک بدلنا - **کینچلی بھرنا** (لازم) سانپ کے کینچلی جھاڑنے کا وقت آنا - **کینچلی جھاڑنا (چھوڑنا یا ڈالنا)** سانپ کا سردیوں کے بعد خشک جھلی کو چھوڑ دینا - **کینچلی سی اتر جانا** (لازم) ۱ کسی پوشاک کا ڈھیلا ہونے کی وجہ سے اتر جانا ۲ خوبصورت نکل آنا - **کینچل کا لچکا** (مذکر) ایک قسم کا لچکا جو کھینچنے سے لمبا ہوجاتا ہے - **کینچلی میں آنا** (لازم) سانپ کا کینچلی جھاڑنے کو ہونا -

کینچوا (ھ - مذکر) دیکھو کیچوا -

کینڈر (س - مذکر) ۱ درمیان مرکز ۲ قطب ۳ وہ جگہ جہاں محدب شیشے میں سے گزر کر شعاعیں جمع ہوں -

کینڈو (س - مذکر) ایک قسم کا آبنوس -

کینڈا (ھ - مذکر) ۱ تخمینہ - سرسری پیمائش ۲ سانچہ ۳ نمونہ - ڈھچ - ڈول ۴ پیمانہ - **کینڈا کرنا** (متعدی) تخمینہ لگانا - سرسری پیمائش کرنا - **کینڈا لینا** (متعدی) خاکہ اتارنا - **کینڈا ہی نیا ہے** - طرز ہی جداگانہ ہے -

کینڈی ٹفٹ (انگ - مذکر) ایک پودا اور اس کا پھول - ان پڑھ اسے چانڈی ٹپ کہتے ہیں -

کینْنا (ھ - متعدی) خریدنا -

کینیری (انگ - مذکر) ایک جانور جو گاتا ہے -

کیوان (ف - مذکر) ۱ زحل سنیچر ۲ پرانے زمانے میں زحل ستارہ ساتویں آسمان پر اور سب سے اونچا ستارہ خیال کیا جاتا تھا - اس لئے مجازاً ساتواں آسمان - **کیوانی** (صفت) ۱ زحل کے متعلق ۲ (ہند) ضلع کھیری میں ایک نالہ -

کیوانچ (ھ - مونث) ایک پودا -

کیوٹ (ھ - مذکر) ملاح - کشتیبان - مچھلیاں پکڑنے والا -

کیوٹی (ھ - مونث) ملی ہوئی دالیں -

کیوڑا (ھ - مذکر) ۱ ایک پودا اور اس کا پھول جو بہت خوشبودار ہوتا ہے ۲ اس پھول کا عرق (س کیتک) **کیوڑے** (مذکر) ۱ کیوڑا کی جمع ۲ بجائے کیوڑا حروف مغیرہ سے پہلے - **کیوڑے کا عرق** (مذکر) وہ عرق جو کیوڑے کے پھول سے کشید کرتے ہیں -

کیوکی (ھ - مونث) دیکھو کیوٹی - **کیوکی دال** (مونث) دیکھو کیوٹی -

کیول (س - صفت) ۱ ایک - اکیلا - واحد ۲ عجیب ۳ نایاب ۴ تمام - کل ۵ (تف) بالکل - صرف ۶ (مذکر) یہ عقیدہ کہ تمام روحیں ایک ہیں ۷ کل دنیا کے واحد ہونے کا علم - علم وحدانیت **کیول گیان** (مذکر) علم وحدانیت - توحید - **کیول گیانی** (مذکر) موحد - توحیدیا **کیولی** (مذکر) ۱ وہ شخص جو کیول عقیدے کو مانے ۲ جینیوں میں ارہت کو کہتے ہیں ۳ (ھ) جنم پتری -

کیولیہ (س - مذکر) ۱ مکتی - نجات ۲ خدا کی روح کے ساتھ مل جانا ۳ خصوصیت -

کیوں (ھ - حرف استفہام) ۱ کس لئے - کس واسطے - کس سبب سے ۲ تاکید کے لئے - **کیوں آسمان پر ڈھیلے پھینکتا ہے** - کیوں ناشکری کرتا ہے - **کیوں آنکھوں میں خاک ڈالتے ہو** - کس لئے دھوکا دینے کی کوشش کرتے

ہو - کیوں بہشت میں لاتیں مارتے ہو - کیوں گناہ کرتے ہو - کیوں بُرے افعال سے باز نہیں آتے - کیوں بے [1] تحقیراً اپنے سے کم درجے والے سے کچھ پوچھتے ہیں تو کہتے ہیں [2] ندا کا جواب بھی ہوتا ہے [3] اگر کوئی کام قول کے مطابق ہو جائے تو کہتے ہیں - کیوں جاتا ہے - کس کام کے لئے جاتا ہے کیوں جان جاتی ہے - کس لئے گھبراتا ہے - کس لئے مضطرب ہے - کیوں جان کھاتا ہے - کس لئے دق کرتا ہے - کیوں جھڑتا ہے - کیوں افسوس کرتا ہے - کیوں جی [1] اپنے برابر والے سے پُوچھتے ہیں تو کہتے ہیں - اپنے سے بڑے کو اس طرح خطاب نہیں کرتے [2] ندا کا جواب بھی ہوتا ہے - کیوں چبا چبا کر باتیں کرتا ہے (کرتے ہو) [1] کس لئے طنز آمیز گفتگو کرتا ہے [2] کس واسطے اس قدر اتراتا ہے - کیوں چیں چیں کرتا ہے - کیوں شکوہ شکایت کرتا ہے - کیوں دانت نکالتا ہے - بے محل کیوں ہنستا ہے - کیوں دم نکلتا ہے - دیکھو کیوں جان جاتی ہے - کیوں سیر (ھ) کس بھاؤ - کیوں صاحب - دیکھو کیوں جی - کیوں صاحب نہ کہو گے - ہم نے ایسا کام کیا کہ آفرین چاہئے فخریہ کہتے ہیں - کیوں کانٹوں میں گھسیٹتے ہو - کس لئے شرمندہ کرتے ہو - کیونکر (تف) کس طرح - کیسے - کس وجہ سے کیونکر عرض کردں - عرض نہیں کر سکتا کیونکر ہو - کیا تدبیر ہو [1] کیا کیا جائے - کیونکہ (تف) اس لئے کہ - اس طرح پر کہ - اس واسطے کہ [2] اس وجہ سے کہ - کیوں کے - دیکھو کیونکر - کیوں کیسی کہی - کیسی انوکھی بات کہی - کیوں گولر کا پیٹ پھڑواتا ہے - پوشیدہ عیب کس لئے ظاہر کرواتا ہے - کیوں گو کھاتا ہے - کیوں جھوٹ بولتا ہے - کیوں (مرا جاتا ہے) مرے جاتے ہو - کیوں گھبراتا ہے - جلدی کیا ہے - کیوں مغز کھاتا ہے - چپ رہو - بک بک نہ کرو - کیوں نہ ہو [1] شاباش - کیا کہنا [2] بیشک - ضرور [3] خواہ وہی ہو - کیوں نہیں [1] یقیناً - ضرور - سوال منفی کے جواب میں کہتے ہیں [2] سوال مثبت کے جواب میں بھی کہتے ہیں [3] کس لئے انکار کرتے ہو - کیا سبب - کیا وجہ [4] ایسی ہی ہو - کون انکار کر سکتا ہے - کیوں ہتیا دیتا ہے (ھ) اس شوخی پر مارونگا - کیوں گناہگار کرتا ہے - کیوں ہم نہ کہتے تھے - آخر وہی بات ہوئی جو ہم کہتے تھے -

امثال و اقوال کیوں اندھا

(نیوتا کیوں دو بلائے) نیوتے جو دو کھانے پر آئیں - اس وقت بولتے ہیں جب کوئی اپنی بیوقوفی سے نقصان اُٹھائے ایک اندھے کو بلاؤ تو دو کھانے پر آتے ہیں - کیونکر ری تو اُترى پار - کیونکر ری تو چالی باٹ - کیونکر ری تو نے یہ گھر جانا - کیونکر ری تُو نے مجھے پہچانا - عورتوں کے بہت باتیں کرنے پر طنز ہے - کوئی مہمان آئے تو بجائے اس کے کہ اس کی خاطر تواضع کی جائے سوالوں کی بھرمار کی جاتی ہے - کیوں کہی اور کیوں کہائی - سخت باتیں کہیں تو جواب میں سخت باتیں سُنیں - جیسی کہوگے ویسی سنوگے - کیوں گود میں ڈھیلا ڈالو - کیوں چھینٹیں لو - کیوں کسی سے چھیڑ فساد کرکے مصیبت اپنے سر لو - کیوں نہ ہووے چڑیل بنیی جس کے بڑے مہاجن ہیں - یہ لفظ مہاجن پر مذاق ہے - جس کے بزرگ بڑے جن ہوں وہ یقیناً چڑیل ہوگی - جیسے بزرگ ویسی اولاد -

کَیہر - کیہری (ھ - مذکر) شیر ببر -

کَیہو (ھ - ضمیر) کوئی - کسی کا -

مثل - کیہو کے جیٹھ پُوت کیہو کے لیکھے کنوا - کوئی اسے بڑا بچّہ سمجھتا ہے - کوئی اسے بچّہ خیال کرتا ہے - کوئی اپنی اولاد کو گو بچّہ ہی ہو عقلمند خیال کرتا ہے - دوسرے نادان سمجھتے ہیں -

گ

گ (ہ۔ مذکر) تلفظ گاف ۱۔ اردو کا انتیسواں۔ فارسی کا چھبیسواں حرف اور بیسرا وینجن ہے ۲۔ اسے کاف عجمی یا فارسی کہتے ہیں ۳۔ عربی میں یہ حرف نہیں ۴۔ ابجد میں کاف شمار ہوتا ہے اور بیس عدد مقرر کئے گئے ہیں۔

گ (س۔ صفت) ۱۔ جانے والا۔ (گم۔ جانا) ۲۔ گانے والا (گے۔ گانا ہر دو معنوں میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے کھگ۔ اڑنے والا یعنی پرندہ۔

گا (ہ۔ حرف) مستقبل کے صیغوں کے آخر میں آتا ہے۔ جیسے آئیگا۔ کھائے گا ۲۔ بعض کلمات میں نسبت کے معنی دیتا ہے۔ جیسے اڑنگا۔ (س۔ انگ کا مخفف)

گا (ہ۔ امر) گانا کا (س گے۔ دنا) گا بجا کے اپنا کیا۔ ہر طرح مال ہضم کر لیا۔ گاتیاں تھیں (مت) گاتی تھیں گانا (متعدی) ۱۔ الاپنا۔ راگ منہ سے نکالنا ۲۔ بکنا۔ بیہودہ باتیں کہنا ۳۔ سراہنا۔ تعریف کرنا ۴۔ اپنے مطلب کی بات کہنا ۵۔ کوئی واقعہ یا قصہ بیان کرنا ۱۔ (مذکر) نغمہ۔ راگ گانا آنا (م) گانے سے واقفیت ہونا۔ گا سکنا۔ گانا بجانا (مذکر) راگ رنگ۔ گانا۔ گان کرنا (ہ) گانا۔ گائن ودیا (مونث) علم موسیقی۔ گاؤ (امر۔ جمع) گانا کا۔ گایا ماضی گانا۔

امثال واقوال۔ گانے

گانے کلاونت ہو ہی جاتا ہے۔ کام کرتے کرتے انسان ماہر ہو ہی جاتا ہے۔ گانا اُتم بجانا مدھم۔ گانا ساز بجانے سے بہتر ہے۔ گانا (اور) رونا کس کو نہیں آتا۔ ایسی باتیں سب جانتے ہیں۔ گانا نہ بجانا پاد پاد کے رجھانا۔ باتوں سے خوش کرتے ہیں عیش و عشرت کا کوئی سامان نہیں۔ گانے والے کا منہ (نہیں رہتا) ناچنے والے کا پاؤں (پیر) نہیں رہتا۔ محنتی اور کام کرنے والے آدمی سے رہا نہیں جاتا۔ پہلا فقرہ اکیلا بھی استعمال ہوتا ہے۔ گاؤ بجاؤ رہنے کے تو ہو ہی نہیں (میاں کے وہی نہیں) ۱۔ چاہے کتنا کام کرو وہاں سے کچھ ملنے کا ہی نہیں۔ لاکھ کہو سنو اس پر کوئی اثر ہی نہیں ہوتا ۲۔ بڑا پست ہمت ہے۔ گاؤں نہ گاؤں تو برہا گاؤں اول تو کوئی کام نہیں کرتا جو کرتا ہے تو وہ بھی فضول۔ گاؤ یا بجاؤ میاں منکتے ہی نہیں۔ کچھ بھی کہو سنو اثر ہی نہیں ہوتا۔ گاؤ یا بجاؤ (میاں) میراں ہلکے نہیں ہوتے۔ جس شخص کا غصہ کسی طرح فرو نہ ہو یا جس پر کوئی بات اثر نہ کرے اس کی نسبت کہتے ہیں۔

گاب (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک درخت جس کے پھل میں سے لیسدار گوند نکلتا ہے جس سے کاغذ جوڑتے یا کشتیوں کے سوراخ بند کرتے ہیں ۲۔ گودا۔ مغز ۳۔ گابھ ۴۔ پیڑ کا نیا پتا (س گربھ)

گابھ (ہ۔ مذکر) ۱۔ حمل خصوصاً جانوروں کا ۲۔ (دکھو گابھا (س۔ گربھ۔ حمل۔ گربھ حرکت کرنا) گابھا (مذکر) نیا پتا جو کیلے کے درمیان سے پھوٹے ۲۔ شگوفہ ۳۔ پھوں کا کٹورہ ۴۔ پہلی فصل۔ کچی بال ۵۔ لکڑی کا گودہ ۶۔ درختوں کے پوست کا تازہ حصہ خصوصاً کیلے کا ۷۔ پرانی روئی جو لحاف میں سے نکالیں ۸۔ وہ جگہ جہاں سے درخت کی دو یا زیادہ شاخیں ہوں۔ گابھ ڈالنا۔ گرانا (متعدی) گرنا (لازم) جانور کا حمل گرنا۔ گابھن۔ گابھنی (مونث) ۱۔ حیوان جس کے پیٹ میں بچہ ہو۔ ۲۔ حاملہ عورت۔ گابھنا (ہ) رعب ڈالنا۔ دبانا۔ گابھنی گابھ ڈال دیتی ہے۔ بہت رعب و دبدبہ ہے۔ گابھیلن (ہ) وہ جھلی جس میں جنین لپٹا ہوا ہوتا ہے۔

گابھی (ہ۔ مونث) جہاز یا ناؤ کا ایک پردہ جو بادبان کی طرح ہوتا ہے۔

گاتر (س۔ مذکر) ۱۔ عضو ۲۔ بدن۔ گاتروَنت (صفت) جس کا بدن خوبصورت ہو۔

گاتھ (س۔ مذکر) گانا۔ راگ۔ گاتھا (مونث) ۱۔ نظم۔ ہند ۲۔ گانا۔ گیت ۳۔ وزن یا بحر ۴۔ شعر۔ گاتھن (صفت) ۱۔ گانے کا واقف۔ گویا ۲۔ (مذکر) دیکھو گاردھن۔

گاتی (ہ۔ مونث) دوپٹے کو اوڑھنے کا ایک طریقہ جس میں دوپٹے کو دونوں کندھوں کے اوپر اور نیچے سے گزار کر سامنے گانٹھ باندھ لیتی ہیں۔ آج کل بن لگا لیتی ہیں (باندھنا۔ لگانا۔ مارنا کے ساتھ)

گاٹ۔ گاٹا۔ گاٹھ (ہ۔ مونث) ۱۔ گاہ کے لئے بیلوں کا اکٹھا جوئے میں جوتنا ۲۔ برہمن یا بنیا جو کسی سے ناجائز تعلق پیدا کرے۔ ۳۔ زمین کا ٹکڑا۔ گاؤں کا حصہ ۴۔ (صفت) ضدی۔ ہٹی ۵۔ سخت دل۔ گاٹا بندی۔ گاؤں کی تقسیم گاٹوں میں ۲۔ ایک قسم کا تقسیم زمین کا طریقہ جس کے موجب مالکوں کے کھیت ایک جگہ نہیں ہوتے۔ گاٹیوارا (صفت) ۱۔ گاٹوں کے بموجب ۲۔ (مونث) ایسی تقسیم۔

گاٹھ (ہ۔ مذکر) ۱۔ کاٹھ یا گاٹا ۲۔ (مونث) گانٹھ۔ گاٹھی (مونث) گانٹھ۔

گاج (ہ۔ امر) ۱۔ گاجنا کا ۲۔ بجلی۔ صاعقہ۔ برق۔ گرج ۳۔ غصہ۔ قہر۔ غضب ۴۔ دھمکی (س۔ گرجا) ۵۔ کانچ کی چوڑی (س کاچ۔ شیشہ) ۶۔ جھاگ۔ پھین گاج گرے (بددعا) خدا کا قہر نازل ہو۔ بجلی گرے۔ گاج مارا (صفت) ۱۔ جس پر بجلی پڑے ۲۔ بدقسمت۔ بدبخت۔

گاجل (ہ۔ صفت) کانچ کی چوڑیاں بیچنے والا۔

گاجن (ہ۔ مذکر) گاجنا (متعدی) ۱۔ گرجنا ۲۔ آواز دینا ۳۔ شیر کا بولنا ۴۔ (لازم) خوش ہونا مزے کرنا۔ عیش کرنا۔

گاجا (ہ۔ مونث) چاول کی پہلی فصل جو بیساکھ میں بوئی اور بھادوں میں کاٹی جائے دوسری فصل جسے بھوا کہتے ہیں۔ جیٹھ میں بوئی اور کوار میں کاٹی جاتی ہے۔ تیسری جسے رسوتا یا رتیا کہتے ہیں۔ اساڑھ یا ساون میں بوئی اور کاتک میں کاٹی جاتی ہے۔

گاجا باجا (ہ۔ مذکر) دیکھو باجا گاجا

گاجر (ہ۔ مونث) ایک ترکاری جسے کچی کھاتے ہیں۔ اسکا مربہ بناتے اور اچار ڈالتے ہیں۔ اس کا حلوہ بہت مقوی ہوتا ہے (س گارجر)

گاجر بھت یا گاجر بھتا (ہ) ایک کھانا جو گاجر اور چاولوں سے بنایا جاتا ہے۔ گاجر گٹا (مذکر) ہوائی بندوق۔ گاجر کی تشکل (صفت) مخروطی۔ گاجر مولی (صفت) مجازاً بیوقعت۔ بے قدر (سمجھنا کے ساتھ) گاجر مولی کی طرح کاٹ کر رکھ دینا / کاٹنا (متعدی) بہت سے آدمیوں

کو قتل کر دینا۔

امثال۔گاجر کی پونگی بجی تو بجی نہیں تو توڑ کھائی۔ معمولی چیز ہے ایک کام نہ آئی دوسرے آ جائیگی جس کام میں کچھ نفع نقصان نہ ہو وہاں کہتے ہیں۔ **گاجروں میں گٹھلیاں ملا دیں۔** اچھا بنا ہوا کام بگاڑ دیا۔

گاچ (انگ۔ مونث) ایک بہت باریک کپڑا (اصل۔ گاز)

گاچھ (ھ۔ مذکر) ایک درخت۔

گاچ مرچ (مونث) ایک قسم کی مرچ۔

مثل۔گاچھ میں کٹھل ہونٹ پر تیل۔ کٹھل کھانے سے پہلے ہونٹ پر تیل مل لیتے ہیں۔ کٹھل ابھی درخت پر ہی اور ہونٹوں پر تیل مل لیا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ چیز ابھی ملی نہیں اس کے استعمال کی تیاری شروع کر دی۔

گاچھی (ھ۔ مونث) ایک قسم کا گدا جو جانوروں پر ڈالتے ہیں۔

گاد (ہ۔ مونث) ۱ تلچھٹ۔ تیل کے نیچے بیٹھی ہوئی مٹی ۲ نیل کے ماٹ کا گندہ پانی (س۔ گرد۔) **گاد اٹھانا** (متعدی) مٹی گھولنا۔ نیچے بیٹھی ہوئی مٹی کو پھر ملا دینا **گاد بیٹھنا** (لازم) تلچھٹ بیٹھ جانا۔ **گاد نیل** (مذکر) ایک قسم کا نیل۔

گادا (ہ۔ مذکر) ۱ خام گیہوں اور جو کی بھنی ہوئی بال ۲ گیہوں اور جو جو خوشے میں قریب پختگی کے ہوگئے ہوں۔

گادر (ہ۔ صفت ۱) (ھ) کچا ۲ (مذکر) ڈسپیر۔ کفتا۔

گادر (ھ۔ مونث) بڑی چمگادڑ باڈر۔

گادڑ (ھ۔ مونث) ۱ بھیڑ ۲ ایک قسم کی خس۔

مثل۔گادڑ آئی اون کو بیٹھی چرے کپاس۔ کام فائدے کے لئے کیا تھا۔ الٹا نقصان ہوا۔

گادنا (ہ۔ متعدی) ۱ دبانا ۔ بھینچنا ۲ ٹھونسنا۔ بھرنا۔

گادی (ھ۔ مونث) ۱ بوریا گدی

۔گدیلا ۲ وہ جگہ جس پر بیٹھ کر کوئیں کے بیلوں کو چلاتے ہیں۔

گاڈ (انگ۔ مذکر) خدا **گاڈ فادر** (مذکر) مذہبی باپ۔ انگریزوں میں جب کسی بچے کو بپتسمہ دیتے ہیں تو کوئی رشتہ دار یا دوست اس کا مذہبی باپ بنتا ہے۔

گاڈر (انگ۔ مذکر) لوہے کے بڑے شہتیر جو مکانوں پلوں وغیرہ پر ڈالتے ہیں۔ (انگ گرڈر)

گاڈرو (ھ۔ مذکر) ۱ سانپ یا زہر کا منتر ۲ مداری سانپ پالنے والا۔

گاذرت (ف۔ مذکر) دھوبی۔

گار (ہ۔ مونث) ۱ اولے۔ ژالہ ۲ کہرا۔ پالا۔

گار (ف۔ صفت) مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۱ کرنیوالا جیسے خدمتگار۔ گنہگار ۲ بنانے والا۔ صانع ۳ سبب جیسے یادگار ۴ لائق جیسے ستمگار۔ **گاری** (مونث) بنانا۔ کرنا وغیرہ۔ مرکبات میں جیسے ستمگاری۔ خدمتگاری۔

گارا (ہ۔ مذکر) ۱ گندھی ہوئی مٹی جس سے اینٹیں چنتے یا بناتے ہیں۔ پلستر کرتے ہیں یا برتن بناتے ہیں گاڑھا کیچڑ ۲ ایک راگنی کا نام (غالباً گاڑھا سے) **گارا بنانا یا کرنا** (متعدی) مٹی گوندھنا۔ مٹی میں پانی ملانا **گارا گانا** (متعدی) ۱ گارا راگنی گانا ۲ لمبی کہانی کہنا۔ لمبا قصہ بیان کرنا۔

گارد (انگ۔ مذکر) ۱ سپاہیوں کا دستہ جو حفاظت کیلئے ہو ۲ پہرے والا۔ پہرا (اصل گارڈ) **گارڈ روم** (مذکر) وہ کمرہ جہاں پہرے والے رہیں۔

گارڈ (انگ۔ مذکر) ۱ وہ ریل کا عہدیدار جو گاڑی کے ساتھ حفاظت کے لئے ہوتا ہے۔ جب تک یہ سگنل نہ دے گاڑی نہیں چلتی۔ یہ آخری گاڑی یا بریک میں رہتا ہے۔ ۲ حفاظت کرنا۔ **گارڈین** (مذکر) محافظ۔ ولی۔

گارڈن (انگ۔ مذکر) باغ **گارڈن پارٹی** (مونث) وہ دعوت جو عموماً پچھلے پہر باغ میں دی جاتی ہے۔ اور جس میں چائے مٹھائی پھل وغیرہ مہمانوں کو مہیا کیا جاتا ہے۔

گارڈین (انگ۔ مذکر) ولی۔ محافظ۔

گارڈینیا (انگ۔ مذکر) ۱ ایک پودہ جس کا سفید پھول بہت خوشبودار ہوتا ہے۔ ۲ اسکا پھول۔

گارڑو (ھ۔ مذکر) مداری سانپ پالنے والا۔

گارڑی (ھ۔ صفت) ۱ زہر کے اثر کو رفع کرنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جو سانپ پالے۔ مداری ۳ زہر کھینچنے والا شخص۔

گارلا (ھ۔ صفت) نیلی آنکھوں والا۔

گارنا (ھ۔ متعدی) ۱ چھاننا۔ کپڑے میں سے نکالنا ۲ دبانا۔ بھینچنا ۳ دودھ دوہنا

گارنٹی (انگ۔ مونث) ۱ ضمانت۔ کفالت ۲ کسی خاص مدت فروخت کنندہ کا فروخت شدہ چیز کو ٹھیک رکھنے کا ضامن ہونا۔

گاڑ (ہ۔ امر) گاڑنا کا رس گاہ۔ داخل ہونا **گاڑ توپ یا ٹھوپ** (مونث) دفن کرنا ۲ قبر (مت) **گاڑ دینا۔ گاڑنا** (متعدی) ۱ دفن کرنا۔ دبانا ۲ ٹھونکنا ۳ (آگ) راکھ رکھ کر دبانا ۴ پودہ لگانا **گاڑنا توپنا** (متعدی) دفن کرنا۔

گاڑا (ہ۔ مذکر) ۱ گڑھا۔ غار ۲ خندق ۳ نیچی زمین جس میں پانی دیر تک ٹھہرے ۴ گھات۔ کمین گاہ۔ شکار کے لئے چھپنے کی پوشیدہ جگہ (س۔ گرت) ۵ دیکھو گاما ۶ ایک قسم کا موٹا کپڑا۔ گاڑھا۔

گاڑھ (ہ۔ مونث) ۱ مصیبت۔ آفت ۲ مشکل۔ دشواری (س۔ گاند) **گاڑھ پڑنا** (لازم) مصیبت پیش آنا۔ مشکل پڑھنا۔

گاڑھا (ہ۔ صفت) ۱ موٹا گھنا ۲ کثیف ۳ چالاک ۴ مضبوط۔ پکا (دوست یا یار) ۵ گہرا (تیند یا رنگ) ۶ بھاری۔ موٹا ۷ مشکل ۸ بہادر۔ دلیر ۹ (مذکر) ایک قسم کا موٹا کپڑا۔ کھدر ۱۰ لڑائی کا مست ہاتھی ۱۱ (ھ) گڑھا (س گاہ داخل ہونا) **گاڑھا پردہ** (مذکر) پردہ جو بناوٹ کے لئے کیا جائے۔ **گاڑھا پسینہ** (مذکر) محنت و مشقت۔ **گاڑھا پن** (مذکر) کثافت۔ موٹا ہونا۔ **گاڑھا**

وھوتر (مذکر) موٹا کپڑا۔ گاڑھا وقت (مذکر) مشکل اور مصیبت کا زمانہ۔ گاڑھی (صفت۔ مونث) گاڑھا کی۔ گاڑھے (صفت) ۱ گاڑھا کی جمع ۲ حرف مغیرہ سے پہلے۔ گاڑھے بیٹھنا (متعدی) گھات میں بیٹھنا (ٹھگوں کی اصطلاح) گاڑھے پسینے کا پیسا (کی کمائی) (مونث) وہ کمائی جو محنت اور مشقت سے کی گئی ہو۔ گاڑھی چھننا (لازم) ۱ بھنگ کا خوب گاڑھا چھانا جانا ۲ محبت ہونا۔ بہت میل جول ہونا ۳ بے تکلفی اور مذاق میں ایک دوسرے کو گالیاں دینا ۴ بھنگ پی کر خوب نشے میں ہونا اور بکواس کرنا۔ گاڑھی دوستی (مونث) پکا یارانہ۔ بہت میل جول۔ گاڑھی کمائی (مونث) وہ مال جو بڑی محنت و مشقت سے حاصل کیا ہو۔ گاڑھی نیند (مونث) گہری نیند (مت)

مقولہ۔ گاڑھی چھنے گی آج

کسی سبزہ رنگ سے۔ بھنگ پینے والے بھنگ پیتے ہوئے گاتے ہیں۔ آج کسی معشوق سے بہت بے تکلفی ہوگی۔

گاڑھنا (ھ۔ متعدی) گھڑنا۔ کسی دھات کو کوٹ کر بنانا۔

گاڑی (ہ۔ مونث) ۱ وہ لکڑی وغیرہ کی چیز جو پہیوں پر چلتی ہے۔ اور اس پر سوار ہوتے یا سامان لاتے ہیں ۲ ٹرین۔ ریل گاڑی (س گم۔ حرکت کرنا) گاڑی آنا (لازم) ریل گاڑی کا سٹیشن پر پہنچنا۔ گاڑیبان یا وان (مذکر) گاڑی چلانے والا نوکر۔ کوچوان۔ گاڑی بھر (صفت) ۱ جتنا گاڑی پر آجائے ۲ وہ جس پر سے گاڑی گذر سکے (رستہ) گاڑی بھر راستہ (مذکر) اتنا رستہ جس پر گاڑی چل سکے۔ گاڑی جوتنا (متعدی) ۱ گاڑی میں گھوڑا یا بیل لگانا ۲ کرایہ پر گاڑی چلانا۔ گاڑی چلانا (متعدی) کوچوانی کرنا۔ گاڑی ہانکنا ۱ کرایہ پر گاڑی دینا یا خود چلانا۔ گاڑی چھوٹنا (لازم) ۱ ریل گاڑی کا سٹیشن سے روانہ ہونا ۲ مسافر کے پہنچنے سے پہلے گاڑی کا چلا جانا۔ گاڑی خانہ (مذکر) گاڑی رکھنے کا مکان۔ بگھی خانہ۔ گاڑی سا ڈیل گھل جانا (لازم) موٹے آدمی کا دبلا ہو جانا۔ گاڑی کاٹنا (متعدی) کٹنا (لازم) ۱ ٹرین میں سے ایک گاڑی کا علیحدہ کیا جانا ۲ گاڑی سے مال چوری ہو جانا۔ گاڑی کھینچنا (متعدی) کنبہ کا بوجھ یا کوئی ذمہ واری اپنے سر لینا۔ گاڑی لیٹ ہونا (لازم) ریل گاڑی کا وقت مقررہ کے بعد پہنچنا یا کسی سٹیشن سے روانہ ہونا۔ گاڑی ہانکنا (متعدی) گاڑی کے بیلوں کا چلانا۔

امثال واقوال۔ گاڑی بھر آشنائی نہ جو بھر ناتا۔ تھوڑی سے رشتہ داری بہت دوستی سے بہتر ہوتی ہے۔ وقت پر رشتہ دار کام آتے ہیں۔ گاڑی دیکھ کر پاؤں پھولتے ہیں۔ گاڑی کو (دیکھ لاڑی) کے پاؤں پھولے ۱ جب گاڑی نظر آئے تو جس کا پیدل چلنے کو دل نہ چاہے کہہ دیتا ہے کہ چلتے چلتے پاؤں پھول گئے ۲ آرام کے لئے بہانہ چاہئے ۳ جب کوئی خود ہمت نہ کرے اور دوسروں کے سہارے چلے تو کہتے ہیں۔ گاڑی راہ سو گاڑی راہ۔ ہر بات اپنے قرینے سے ہوتی ہے۔

گازُر (ف۔ مذکر) دھوبی۔ گازری (مونث) دھوبی کا کام یا پیشہ۔

گاس (انگ۔ مذکر) ۱ ہوا۔ ہوا کی قسم کی کوئی سیال شے جو حجم اور شکل بدل سکے ۲ وہ ہوا جسے جلاتے ہیں یہ پتھر کے کوئلے سے بنائی جاتی ہے ۳ عنصر گاسیں۔ آکسیجن۔ ہائیڈروجن۔ نائیٹروجن۔ کلورین۔ فلورین۔ آرگون۔ نیون۔ کرپٹون۔ ہیلیم وغیرہ ہیں مشہور مرکب گاسیں۔ کاربانک ایسڈ گاس۔ کول گاس کاربن مانکسائیڈ وغیرہ ہیں۔

گاف (ہ۔ مذکر) ۱ حرف گ کا تلفظ اور نام ۲ بکواس۔ بیہودہ باتیں ۳ حد سے بڑھ جانا۔

گاف (انگ۔ مذکر) ایک کھیل جس میں ایک چھوٹی سی گیند کو لکڑیوں سے مار کر گڑھوں میں ڈالتے ہیں۔

گاگر (ہ۔ مونث) ۱ پانی رکھنے کا مٹی یا دھات کا ایک خاص قسم کا گھڑا ۲ وہ مٹی کا ظرف جس میں شربت رکھ کر اور اوپر سے سرخ کپڑا باندھ کر پھول ہار ڈالکر مزاروں پر چڑھاتے ہیں (س گرگری) گاگری گاگر یا (ھ) دیکھو گاگر۔

گال (ہ۔ مذکر) ۱ رخسار ۲ گفتگو باتیں ۳ (ھ) لقمہ۔ گھونٹ ۴ اناج کی مٹھی جو چکی میں ڈالیں ۵ روٹی کا ٹکڑا (پراکرت گل س گنڈ) گالا (ھ) دیکھو گال ۶ گال بجانا (متعدی) ۱ بیہودہ بکنا ۲ شیخی مارنا ۳ منہ سے بم بم کی آواز نکالنا۔ گال چٹخ۔ پٹک یا پچک جانا (لازم) گالوں کا بیٹھ جانا۔ دبلا ہو جانا۔ گال پر گال چڑھ جانا یا چڑھنا (لازم) گالوں کا مٹاپے سے پھول جانا۔ بہت موٹا ہو جانا۔ گال پر گال رکھ دینا یا رکھنا (متعدی) پیار کرنا۔ گال پھلانا (متعدی) ۱ گالوں میں ہوا بھر کر اونچا کرنا ۲ رنجیدہ ہونا۔ غصہ کرنا۔ منہ سُجانا۔ گال توڑنا (متعدی) دیکھو گال کاٹنا۔ گال چھونا (متعدی) گال کو ہاتھ سے مس کرنا۔ گال کاٹنا (متعدی) ۱ رخسار پر دانت مارنا۔ زور سے بوسہ لینا کہ گال کٹ جائے ۲ گال پر چٹکی لینا ۳ نقصان پہنچانا۔ گال سجانا (متعدی) منہ سجانا۔ روٹھ جانا۔ غصے میں ہونا۔ گال سوجنا (لازم) کسی کیڑے کے کاٹنے یا پھنسی کی وجہ سے یا تھپڑ لگنے وغیرہ سے گال کا متورم ہونا۔ گال سے گال جدا نہ ہونا (لازم) وصل میں ہم آغوش ہونا۔ گال ملنا (متعدی) ہاتھ کو گال پر پھیرنا۔ گال نیلے ہونا (لازم) زیادہ بوسوں کی وجہ سے گالوں کا نیلا ہو جانا۔ گالو (صفت) ۱ بہت باتیں کرنے والی۔ بکی ۲ شیخی خورا۔ گالوں (مونث) گال کی جمع۔ گالوں میں چاول بھرنا (متعدی) کوئی شخص ڈینگ کی لے یا طعن و طنز کی گفتگو کرے تو کہتے ہیں۔ گال ہنس بول لینا (متعدی) دو کے ساتھ ہنسی مذاق کی باتیں کرنا۔

امثال واقوال۔ گالو الا (گالوں کا) جیتے مال والا ہارے۔ جو بہت باتیں بنائے وہ فائدے میں رہتا ہے زباندراز کے آگے بھلے مانس کو چپ رہنا پڑتا ہے۔ گالوں میں چاول (بھرے ہیں) چبا چبا کے باتیں کرتا ہے۔ صاحب مقدور ہے اس لئے ایسی باتیں کرتا ہے۔

گال (ہ۔ مونث) گالی (س گالِ) گال کرنا (متعدی) گالی دینا۔ گالی (مونث) بدزبانی۔ دشنام۔ گالیاں (مونث) ۱ گالی کی جمع ۲ وہ دشنام جو بیاہ میں سمدھیانے والوں کو دی جاتی ہیں۔ گالیاں کھانا (متعدی) پانا۔ پڑنا (لازم) دینا (متعدی) فحش باتیں کہنا۔ بدزبانی کرنا

دشنام دینا۔ برا بھلا کہنا۔ **گالیاں سرمُکھ سنانا** (متعدی) سامنے کھڑے ہو کر گالیاں دینا۔ **گالیاں سنانا** (متعدی) گالیاں دینا۔ **گالیاں سہانیاں** (مونث) پیاروں یا معشوقوں کی گالیاں جو اچھی معلوم ہوتی ہیں۔ **گالیاں کھانا** (متعدی) دشنام سننا۔ **گالیاں گھڑ گھڑ کے دینا** (متعدی) نئی نئی گالیاں دینا۔ **گالیاں ملنا** (لازم) گالیاں پڑنا۔ **گالی چڑھانا** (متعدی) ایسا کلمہ کہنا جس سے سسرال کا فرضی رشتہ قائم ہوتا ہو۔ **گالی دینا۔ سنانا** (متعدی) دیکھو گالیاں دینا **گالی سنوانا** (م) گالی سنانا کا۔ **گالی گفتار۔ گلوچ یا واپی** (مونث) باہمی دشنام دہی یا بدزبانی (کرنا ہونا کے ساتھ) **گالی ملنا** (لازم) **گالی دی جانا گالی نہیں**۔ بری بات نہیں۔ معیوب نہیں۔ برا منانے کے قابل نہیں۔ **گالیوں** (مونث) ۱ جمع گالی کی۔ احروف مغیرہ سے پہلے **گالیوں پہ اُتر آنا** / **چھوٹنا** (لازم) برا بھلا کہتے لگنا گالیاں دینے لگنا۔ **گالیوں پر زبان (منہ) کھلنا** (لازم) **کھولنا** (متعدی) گالیاں دینا۔ **گالیوں کا جھاڑ باندھنا۔ گالیوں کی بوچھاڑ کرنا** (متعدی) لگاتار گالیاں دیتے جانا۔ **گالیوں کی بھرمار** (مونث) **گالیوں کے لچھے** ۔ (مذکر) بیحد لگاتار گالیاں

امثال۔ گالی اور ترکاری کھانے کیواسطے ہیں) ۱ اگر کوئی گالی دے اور جھگڑا نہ بڑھانا ہو تو یہ کہہ کر ٹال دیتے ہیں ۲ جب کوئی بزدلی کیوجہ سے چپ رہے تو منافاً کہتے ہیں۔ **گالی دئے سے گنگا بولی** (**گونگا بولے**) بری بات کی کسی کو سہار نہیں ہوتی۔

گالا (ف۔ مذکر) ۱ دھنکی اور صاف کی ہوئی روئی کی مقدار جو ہاتھ بھر کے برابر ہو ۲ (دیکھو گال) (۵) کے تحت ہیں۔

امثال۔ گالے تریں پتھر ڈوبیں۔ نیک کامیاب ہوتے ہیں برے ناکامیاب۔ **گالے ڈوبیں گے پتھر تریں گے**۔ شریف ذلیل و خوار اور کمینے کامیاب ہوں گے۔

گام (ف۔ مذکر) ۱ قدم۔ پاؤں۔ **گامچی** (مونث) ساز کا ایک حصہ جو کام میں لگایا جاتا ہے۔ **گامزن** (صفت) ۱ تیز رو (قاصد) ۲ تیز رفتار (گھوڑا) **گامزن ہونا** (لازم) تیز چلنا **گام فرسائی** (مونث) تیز چلنا۔

گام (ھ۔ مذکر) ۱ گاؤں۔ دیہ ۲ شہر۔ قصبہ ۳ ضلع۔

گاں (ف۔ صفت) مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۱ والا۔ صاحب جیسے شائیگاں ۲ تین عدد کے لئے جیسے دوگاں ۳ جب اسم یا صفت ہائے ہوز پر ختم ہو تو جمع کی نشانی ہے۔ جیسے مردگاں۔ راندگاں۔

گانتھ (ھ۔ امر) گانتھنا کا **گانتھک** (مذکر) معمار۔ راج مستری۔ **گانتھنا** (متعدی) اینٹیں لگانا۔ روا رکھنا۔

گانٹھ (ھ۔ امر) ۱ گانٹھنا کا ۲ (مونث) گرہ ۳ جوڑ۔ بند ۴ گٹھڑی ۵ ان بن۔ ناراضگی۔ کشیدگی ۶ ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کی گرہ ۷ گنے کی گرہ ۸ لکڑی کی گرہ ۹ جڑ ۱۰ معاہدہ۔ وعدہ ۱۱ بڑی غدود ۱۲ جیب۔ پاکٹ ۱۳ بٹوا ۱۴ مشکل۔ دقت ۱۵ ناف ۱۶ گٹھلی کا گودا ۱۷ وہ محدود چار خانہ جسے لکڑی کے اڈے پر چڑھا کر عورتیں طرح طرح کے کشیدے کاڑھتی ہیں ۱۸ سازش۔ اتفاق ۱۹ بیاہ۔ شادی (س۔ گرنتھا) **گانٹھا** (مذکر) ۱ گانٹھ ۲ بھوسہ اور اناج ۳ گرہ دار حصہ۔ **گانٹھ اُکھڑنا** (لازم) جوڑ ہل جانا۔ **گانٹھ باندھنا** (متعدی) ۱ یاد رکھنا ۲ بیاہ کرنا۔ **گانٹھ پڑ جانا** (لازم) ان بن ہو جانا **گانٹھ پڑھنا** (لازم) ۱ گرہ لگ جانا ۲ ملائم کھانے کا بستہ ہو جانا ۳ ان بن ہو جانا **گٹھ جوڑ** (نسبت ہونا منگنی ہونا)۔ **گانٹھ جوڑنا** (متعدی) بیاہ کرنا۔ **گانٹھ چڑھنا** (لازم) ناف پڑنا۔ **گانٹھ دار** (صفت) جس میں گرہیں ہوں۔ **گانٹھ دینا** (متعدی) ۱ گرہ دینا ۲ گانٹھنا **گانٹھ ڈالنا** (متعدی) کسی چیز میں گرہ ڈال دینا۔ **گانٹھ سا ہے**۔ موٹا تازہ زور آور آدمی ہے۔ **گانٹھ سرکنا** (ھ) ناف بڑھنا۔ **گانٹھ سے جانا** (لازم) روپے کا نقصان ہونا۔ جیب سے روپیہ نکل جانا۔ **گانٹھ کا** (صفت) ذاتی اپنے پاس کا۔ **گانٹھ کا پُورا** (صفت) دولتمند۔ مال دار۔ **گانٹھ کا پورا** (مذکر) گنے کا وہ پورا جس میں گرہ ہو۔ **گانٹھ کا پیسا** (مذکر) ذاتی روپیہ اپنا روپیہ **گانٹھ کاٹنا** (متعدی) جیب کترنا۔ ٹھگنا۔ **گانٹھ کا کھونا** (متعدی) ۱ اپنا نقصان کرنا ۲ فضول خرچی کرنا۔ **گانٹھ کترا** (صفت) جیب کترنے والا۔ گٹھ کترا۔ **گانٹھ کترنا** (متعدی) جیب سے چوری کرنا۔ چرانا۔ **گانٹھ کٹنا** (لازم) جیب سے چوری ہو جانا۔ **گانٹھ کرنا** (متعدی) ۱ اپنی جیب میں رکھنا ۲ غبن کرنا ۳ جمع کرنا۔ جوڑنا ۴ سازش کرنا۔ اتفاق کرنا۔ **گانٹھ کھولنا** (متعدی) ۱ گرہ کھولنا ۲ کینہ دور کرنا۔ صفائی کر لینا ۳ خوب خرچ کرنا۔ **گانٹھ گرہ** (مونث) جیب۔ پاکٹ۔ **گانٹھ گرہ کچھ نہیں** مفلس ہے۔ **گانٹھ گرہ میں ہونا** (لازم) کسی کے پاس روپیہ ہونا۔ **گانٹھ گٹھیلا** (مذکر) وہ چیز جس میں بہت گرہیں ہوں۔ **گانٹھ لینا** (متعدی) ۱ لے لینا۔ قبضے میں کر لینا۔ ملا لینا۔ ہم خیال کر لینا۔ **گانٹھ میں باندھنا** (متعدی) ۱ لے لینا۔ اپنے قبضے میں کرنا ۲ عبرت حاصل کرنا۔ نصیحت یاد رکھنا۔ **گانٹھ میں پیسہ نہ رکھنا** (متعدی) **رہنا** (لازم) سب خرچ ہو جانا۔ **گانٹھ میں رکھنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) اپنے قبضے میں ہونا۔ جیب میں ہونا۔ **گانٹھنا** (متعدی) ۱ باندھنا ۲ جوڑنا ۳ جوتا سینا۔ جوتے کی مرمت کرنا ۴ دانوں وغیرہ کو دھاگے میں ایک دوسرے سے برابر فاصلے پر پرونا ۵ حریف کو قابو میں لانا ۶ کسی کو ساتھ ملا لینا یا متفق کر لینا ۷ حریف کی ضرب کسی چیز پر روکنا ۸ (مضمون) تیار کرنا۔ لکھنا ۹ بری طرح سینا ۱۰ باقاعدہ سلسلے میں جوڑنا **گانٹھی** (ھ) دیکھو گانٹھ۔

امثال واقوال۔ گانٹھ جدا گھر ساجھلا کنبہ بارہ بانٹ۔ گر ایک گھر میں سب بھائی اکٹھے رہیں مگر کمائی جدا جدا رکھیں۔ تو آپس میں جھگڑے شروع ہو جاتے ہیں۔ **گانٹھ کا پورا آنکھ (ہیٹے) کا اندھا**۔ **گانٹھ کا پورا مت کا ہینا**۔ بیوقوف مالدار۔ **گانٹھ کا دیدے پر پیچ میں نہ پڑے**۔ ضامن ہونا اچھا نہیں نقد دیجئے۔ **گانٹھ کا دیتا لڑائی مول لینا** قرض دینا جھگڑا پیدا کرنا ہوتا ہے۔ **گانٹھ کھلے نہ ٹھہر یا ڈبرس** (ھ) ہندوؤں میں چونکہ طلاق نہیں عورت ڈوبی۔ برے خاوند کی بیوی کے متعلق کہتے ہیں۔ **گانٹھ (گرہ) میں پیسہ (کوڑی) نہیں بانکے پور کی سیر**۔ مفلس شوقین۔

گانٹھ میں پیسہ نہیں پتر یا دیکھ روائی آئے (ھ) شادی کرنے کو دل چاہتا ہے مگر پیسہ پاس نہیں۔ گانٹھ نہ مٹھی پھڑ پھڑاتی اٹھی پلس کچھ نہیں خرچ کرنے کو دل چاہتا ہے۔ گانٹھ میں نہ گرہ میں اور جو نپوار کا بھاڑ۔ ۱ مفلسی میں شوقین مزاجی۔

گانجا (ہ۔ مذکر) ۱ بھنگ کا پودہ ۲ اس کے بیج جو چلم میں رکھ کر پیتے ہیں۔ اس کی پھنک۔ **گانجو** (صفت) جو بہت گانجا پئے۔ **گانجے کا دم۔** گانجے کا کش یا دھواں۔ **گانجے والا** (صفت) گانجا پینے والا۔ گانجا بیچنے والا۔

گانجر (ھ۔ مونث) ایک قسم کی گھاس۔

گانجنا (ھ۔ متعدی) ۱ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا ۲ ڈھیر کرنا ۳ ہلانا۔ پھینٹنا ۴ بلونا۔

گانجنا۔ گانجھنا (ہ۔ متعدی) مل دل ڈالنا ۲ کپڑے کی تہیں خراب کر دینا۔

گاندھار (س۔ مذکر) ۱ تیسرا سُر ۲ ایک قوم ۳ اس قوم کا ملک۔ قندھار۔

گاندھرو (س۔ صفت) ۱ گندھرو کا یا ان کے متعلق ۲ گانے کا۔ موسیقی کا ۳ (مذکر) ایک طریقہ شادی کا جس میں زبانی اقرار ہوتا ہے ۴ گندھرو کا ہنر۔ گانا بجانا۔ ناچنا۔ **گاندھرو وید** (مذکر) علم موسیقی۔

گاندھک (س۔ مذکر) ۱ دیکھو گندھی ۲ ایک کیڑا جس میں سخت بدبو ہوتی ہے۔

گانڈ (ہ۔ مونث) بدن کا وہ سوراخ جس سے پاخانہ خارج ہوتا ہے۔ مقعد۔ کون۔ گانڑ (س گنڈ۔ پہلو) **گانڈو** (مذکر) ۱ وہ شخص جو گانڑ مرائے ۲ ڈرپوک۔ بزدل ۳ نامرد۔ دیگر محاورات اور امثال کے لئے دیکھو گانڑ۔

امثال۔ گانڈو کا حمائتی بھی مارا جائے۔ نامرد کا ساتھی بھی زک پاتا ہے۔ **گانڈو ہاتھی اپنی فوج کو مارتا ہے** اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو مقابلے سے بھاگ جائے اور اپنے ہمراہیوں کو نقصان پہنچائے۔

گانڈا (ھ۔ مذکر) گنا۔

گانڈر۔ گانڈل (ھ۔ مونث) ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ خس کہلاتی ہے۔

گانڑ (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو گانڈ ۲ (عو) آلہ تناسل۔ **گانڑ الا ہو کر پڑنا** (لازم) بے خبر ہو کر سونا۔ **گانڑ پونچھنا** (متعدی) ۱ بچے کی مقعد کو کپڑے سے صاف کرنا ۲ انگریزی طریقے پر کاغذ سے مقعد کو صاف کرنا۔ **گانڑ پھاڑنا** (متعدی) ۱ ناک میں دم کرنا۔ ستانا۔ دق کرنا ۲ ڈرانا۔ **گانڑ پھٹ کر حوض ہو جانا** (لازم) ۱ بہت ڈرنا ۲ دوا لا نکل جانا۔ **گانڑ پھٹنا** (لازم) ۱ کسی سے بہت ڈرنا ۲ تنگ ہونا۔ دق ہونا۔ **گانڑ چاٹنا** (متعدی) سخت خوشامد کرنا۔ **گانڑ چلنا** (لازم) دست آنا۔ **گانڑ دھونا** (متعدی) ۱ پاخانہ کرنے کے بعد پانی سے مقعد صاف کرنا ۲ خوشامد کرنا۔ **گانڑ دھونا نہ آنا** (لازم) ۱ بالکل بے تمیز ہونا۔ ذرا سلیقہ نہ ہونا ۲ معمولی کام سے بھی واقفیت نہ ہونا۔ **گانڑ کاٹنا** (متعدی) ختنہ کرنا (عو) **گانڑ کٹانا** (متعدی) مخنث ہو جانا۔ **گانڑ رگڑنا** (متعدی) ۱ سخت محنت کرنا ۲ کوئی کام مدت تک کرنا ۳ خوشامد کرنا۔ **گانڑ سے رکھوڑا کھولنا۔ گل کترنا** (متعدی) ناممکن کام کے لئے بیجا کوشش کرنا۔ **گانڑ غلامی** (مونث) بے حد محنت کرنا۔ ہونکیا۔ **گانڑ کی خبر نہ رہنا** (لازم) بے خبر ہو کر سونا۔ **گانڑ گردن ایک ہونا** (لازم) ۱ محنت کرتے کرتے تھک جانا ۲ بہت موٹا ہو جانا۔ **گانڑ گلے میں آجانا** (لازم) ۱ اپنے ہاتھوں آپ بلا میں پھنسنا ۲ تنگ آجانا۔ عاجز آجانا۔ **گانڑ مارنا** (متعدی) مرانا۔ مروانا (عو) ۱ اغلام کرانا ۲ زنا کرانا۔ **گانڈ مرانی** (صفت) فاحشہ۔ بدکارہ۔ **گانڑ مراؤ** (ھ) گانڈو۔ **گانڈ گردن ایک ہونا** (لازم) ۱ محنت کرتے کرتے تھک جانا ۲ بہت موٹا ہو جانا۔ **گانڑ میں گھسا جانا یا گھس جانا** (لازم) خوشامد کرنا۔ **گانڑ میں لنگوٹی تک نہ رہنا یا ہونا** (لازم) سخت مفلس ہونا۔

امثال و اقوال۔ گانڑ پھٹ جائے مگر چھتر نہ ہٹے۔ کچھ بھی ہو مستقل مزاجی میں فرق نہ آئے۔ **گانڑ چلے من مکھتوں کو** (ھ) بیماری سے مرے جاتے ہیں ثقیل چیزیں کھانے کو دل چاہتا ہے۔ **گانڑ لنگوٹی نام فتح خاں** مفلسی میں شیخی۔ **گانڑ میں گوہ نہیں اور کوّے مہمان** مفلسی میں فضول خرچی۔ **گانڑ میں لنگوٹی نہ سر پر ٹوپی۔** نہایت مفلس۔ **گانڑ نہ دھوئے سوا وچھا ہوئے۔** جادوگر گانڑ نہیں دھوتے ناپاک رہتے ہیں۔ **گانڑ نہ ہوتی تو اولیا ہو جاتے۔** جاہلوں کا خیال ہے کہ ولیوں کی مقعد نہیں ہوتی کوئی کسی بات کی پیشین گوئی کرے تو کہتے ہیں۔

گانسا (ہ۔ مذکر) انگوٹھے اور انگلیوں کے درمیان کا حصہ یا زاویہ۔

گانس لینا۔ گانسنا (ہ۔ متعدی) ۱ پھانسنا۔ گھیر لینا۔ پھنسانا ۲ آر پار سوراخ کرنا۔ پرمانا ۳ چھوڑنا ۴ سیخ پر چڑھانا ۵ پرونا (س گرس۔ منہ سے پکڑنا)

گانسی (ہ۔ مونث) تیر کا لوہے کا پھل۔

گانگر (ھ۔ مذکر) ۱ روٹی جو کوئلوں پر پکائی جائے ۲ ارہر اور دیگر دالوں کی روٹی۔

گانگ (س۔ صفت) گنگا میں گنگا پر۔ گنگا کے متعلق۔ گنگا کا۔ گنگا سے نکلا ہوا۔

گانگن (ہ۔ مذکر) دنبل پھوڑا جس کا منہ نہ ہو۔

گانو (ھ)، **گانوں** (ہ۔ مذکر) گاؤں (لکھنؤ)

گانو نا (ھ۔ متعدی) گانا۔

گانہ (ف۔ صفت) مرکبات میں اعداد کے ساتھ آکر گنا کا معنی دیتا ہے جیسے دوگانہ۔ پنجگانہ۔ گونہ کا مخفف ہے۔

گاؤ (ہ۔ مونث) دیکھو گئے۔

گاوا (صفت) گائے کا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **گاوا دودھ** (مذکر) گائے کا دودھ۔ **گاوا گوشت یا مانس** (مذکر) گائے کا گوشت۔ **گاوا گھی** (مذکر) گائے کا گھی۔ **گاوا مکھن** (مذکر) گائے کا مکھن۔ **گاو پروادی** (مذکر) گھر کا پلا ہوا بیل موٹا تازہ بیل۔ **گاو پیکر** (مذکر) خرپیل کا گرز۔ **گاو خراس** (مذکر) چکی یا کولھو کا بیل۔ **گاو زر یا زریں** سونے کا پیالہ جس کی شکل گائے کی طرح ہوتی ہے۔ **گاو سامری۔ گاو زمین** ہونٹم

بقول ہندوؤں کے وہ گائے جس کے سینگ پر زمین کھڑی ہے جب تھک کر ایک سینگ سے دوسرے سینگ پر بدلتی ہے تو بھونچال آتا ہے۔ گاؤ سامری (مونث) وہ بچھڑا جو سامری نے سونے کا بنایا تھا۔ اور حضرت جبرائیلؑ کے پاؤں کی مٹی اس کے منہ میں ڈالی تھی جس کی وجہ سے وہ بولتا تھا۔ جب حضرت موسیٰ کوہ طور پر گئے تو اس نے بنی اسرائیل کو اس بچھڑے کی پوجا پر لگا دیا۔ گاؤ شید (مذکر) ایک اژدہا جسے کیخسرو نے قتل کیا تھا۔ پھر اس کی یادگار میں ایک بڑا آتش کدہ بنایا تھا۔ گاؤ فلک یا گردوں (مونث) برج ثور۔ برکھ۔ گاؤ ماہی (مونث) ۱۔ ایک جانور جو نصف مچھلی اور نصف بیل ہے۔ جس کے سینگ پر زمین کھڑی ہے ۲۔ ایک مچھلی جس کے اوپر وہ گائے کھڑی ہے جس کے سینگ پر زمین ہے۔

گاوارا (ف۔ مذکر) گہوارہ۔

گاؤ نگر (ہ۔ مذکر) گویا۔

گاہ (ف۔ مونث) ۱۔ جگہ۔ مکان۔ مقام ۲۔ وقت ۳۔ باری ۴۔ مرکبات میں جیسے شکار گاہ۔ صبحگاہ۔ ناگاہ (بے وقت) کبھی گاہ بگاہ یا بیگاہ (بے وقت) وقت بے وقت۔ کبھی کبھی۔ گاہ گاہ (تعف) کبھی کبھی گاہے (تعف) کبھی گاہے گاہے یا ماہے (تعف) کبھی کبھی۔ بہت کم۔

مقولہ (گاہ) گاہے باشد
کہ کودکے ناداں زِ غلط بر ہدف زند
تیرے شیخ سعدی کا شعر ہے۔ بعض وقت نادان بچہ غلطی سے تیر نشانے پر مارتا ہے جب کوئی شخص اتفاقیہ صحیح بات کہتا ہے۔ یا صحیح رائے قائم کرتا ہے تو کہتے ہیں۔ گاہے تولہ گاہے ماشہ متلون مزاج شخص کے متعلق کہتے ہیں۔ دم دم طبیعت بدلتا ہے۔

گاہ (ہ۔ مونث) ۱۔ بپتا ۲۔ مصیبت ۲۔ (ہ) کوئی خونخوار آبی جانور۔ مگرمچھ۔ گھڑیال نہارک۔

گاہ بار (ف۔ مذکر) پارسیوں کے عقیدے کے بموجب چھ دن یا زمانے جس میں خدا نے دنیا کو پیدا کیا تھا۔ پہلا زمانہ چالیس دن کا تھا اس میں آسمان پیدا ہوئے۔ دوسرا زمانہ ساٹھ دن کا تھا۔ اس میں پانی پیدا ہوا۔ تیسرا زمانہ ۷۵ دن کا تھا۔ اس میں زمین پیدا ہوئی۔ چوتھا زمانہ ۳۰ دن کا تھا اس میں درخت اور گھاس پیدا ہوئے۔ پانچواں زمانہ ۸۰ دن کا تھا۔ اس میں جانور پیدا ہوئے چھٹا زمانہ ۷۵ دن کا تھا اس میں انسان پیدا ہوئے

گاہک (ف۔ مذکر) گاہنک بنئ خریدار گاہکی (مونث) خریداری گاہکی پٹنا (لازم) سودا بن جانا۔ معاملہ ہو جانا۔

مثل۔ گاہک اور موت کا ٹھیکانا نہیں کب آوے ۔ دونوں کے آنے کا کوئی وقت نہیں کسی وقت آ جائیں۔

گاہن (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک قسم کا سراؤن جس سے ہل چلاتے ہوئے کھیت کی گھاس نکالتے ہیں۔ (س گرہن)

گاہن (س۔ مذکر) پانیوں کودنا۔ نہانا۔

گاہنارہ (متعدی) ۱۔ بالیوں کو کچل کر گیہوں نکالنا ۲۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا ۳۔ ڈھونا ۴۔ پھرنا ۵۔ پکڑنا (س گرہ۔ پکڑنا)۔

گاہوارہ (ف۔ مذکر) گہوارہ۔

گاہی (ہ۔ مونث) پانچ کا مجموعہ

گاین (ہ۔ مونث) گانے والی عورت (گانا سے)

گائیجا (جا) دیکھو گیانا۔

گاؤ (ف۔ مونث) ۱۔ دیکھو گائے ۲۔ ایک برج کا نام۔ برج ثور ۳۔ (صفت) بڑا۔ کلاں۔ گاؤ بہل (مونث) بہلی گاؤ پچھاڑ (مذکر) ۱۔ کشتی کا ایک داؤ جس میں حریف کی گردن پکڑ کر مروڑ کر گرا لیتے ہیں ۲۔ ایک طریقہ جس سے قصاب گائے کو پچھاڑتے ہیں۔ گاؤ پشت (صفت) ۱۔ مخروطی ۲۔ آسمان گاؤ پلنگ (مذکر) زرافہ گاؤ پیکر (صفت) ۱۔ گائے کے بدن کا ۲۔ فریدوں کے گرز کا نام گاؤ تکیہ (مذکر) بڑا اور لمبا تکیہ جس کو پس پشت لگا کر بیٹھتے ہیں۔ گاؤ چرائی (مونث) ۱۔ چراگاہ ۲۔ چرانے کی فیس ۳۔ محصول جو چراگاہ سے لیں۔ گاؤ چشم (مذکر) ۱۔ ایک پھول جسے انگریزی میں ڈیزی کہتے ہیں ۲۔ (صفت) بڑی بڑی آنکھوں والا۔ گاؤ چہرہ (صفت) ۱۔ جس کا چہرہ گائے کی طرح ہو ۲۔ (مذکر) فریدوں کے گرز کا نام۔ گاؤ خانہ (مذکر) ۱۔ مواشی گھر ۲۔ وہ جگہ جہاں مردہ جانوروں کا چمڑا اتاریں گاؤ خورد ہونا (لازم) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ ضائع ہونا۔ گاؤ دارو (مذکر) دیکھو گاؤ زہرہ گاؤ دشتی (مذکر) جنگلی بیل۔ گاؤ دل (صفت) بیوقوف۔ احمق۔ گاؤ دم (صفت) ۱۔ مخروطی ۲۔ (مونث) نرمی۔ قرنا ۳۔ مخروط گاؤدی (صفت) بیوقوف۔ احمق۔ کند ذہن گاؤ دیدہ (صفت) ایک قسم کی روئی جو گائے کی آنکھ کے مشابہ ہوتی ہے۔ گاؤ رنگ (صفت) گائے کے رنگ کا ۲۔ فریدوں اور زال کے گرزوں کا نام گاؤ زبان (مونث) ایک مشہور دوائی ۲۔ ایک قسم کا پراٹھا جو تنور میں پکایا جاتا ہے۔ گاؤ زور (صفت) ۱۔ طاقتور۔ شہزور ۲۔ (مذکر) وہ شخص جو داؤ پیچ نہ جانتا ہو۔ مگر طاقتور ہو۔ گاؤ زوری (مونث) ۱۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ شہزوری (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲۔ کشتی کے ایک پیچ کا نام گاؤ زوریاں دکھانا (متعدی) طاقت کے کرتب دکھانا طاقت آزمانا گاؤ زہرہ (مذکر) تکون پتھری جو گائے کے پتے میں سے نکلتی ہے۔ یہ دواؤں میں کام آتی ہے گاؤ سار یا سر (صفت) ۱۔ گائے کے سر کی شکل کا ۲۔ فریدوں کا گرز گاؤ شماری (مونث) مولشی کو گننا۔ گاؤ عنبر (مذکر) عنبر جسے ایرانی سمندر کی گائے کا جما ہوا دودھ سمجھتے ہیں گاؤ کشی (مونث) گائے کو ذبح کرنا۔ گاؤ گھپ (مذکر) ۱۔ دغا باز آدمی ۲۔ غبن (کرنا ہونا کے ساتھ) گاؤ گھپو (ہ) ۱۔ خوشامدی ۲۔ موہ لینے والا ۳۔ دغا باز۔ وہ جو غبن کرے گاؤلی (مذکر) گوالہ۔ گائیں چرانے والا۔ گاؤ مادہ (مونث) گائے۔ گاؤ مکھ (مذکر) ۱۔ پٹا بازی میں ایک خاص طریقے پر کھڑا ہونے کا نام ۲۔ گائے کا چہرہ جو اکثر پہاڑوں میں پانی نکلنے کی جگہ بناتے ہیں۔ گاؤ مکھ درچج (مذکر) تلوار و سپر لیکر دونوں ہاتھوں کو برابر اور کشادہ رکھ کر حریف کی طرف خم دیکر دونوں ہاتھوں کو حرکت دیکر دھوکے سے حریف پر چوٹ کرنا۔

مقولہ۔ گاؤ گاہ گاہ ماہی
ہر ماہ بزہر ہر پگاہ۔ طبیبوں کا قول ہے کہ گائے کا گوشت کبھی کبھی۔ مچھلی مہینے میں ایک بار اور بکری کا گوشت روز کھانا چاہئے۔

گاؤں (ہ۔ مذکر) موضع۔ دیہ بستی (س گرام) گاؤں استھان (ہ) گاؤں کی آبادی کی جگہ چاہے آباد ہو یا غیر آباد گاؤں باسی (ہ) گاؤں میں رہنے والا۔ دہقان۔ کسان

گاؤں باٹ۔ بانٹ یا بٹ (مونث) ۱۔ گاؤں کی تقسیم ۲۔ گاؤں میں تعلقہ کی تقسیم **گاؤنٹا** (مذکر) دیکھو گاؤں خرچ **گاؤنٹی** (صفت) گاؤں کی۔ **گاؤں جن** (ھ) گاؤں کے لوگ۔ **گاؤں خرچ یا خرچہ۔ گاؤں کا اٹھاؤ** (مذکر) وہ خرچ جو نمبردار کو مالگزاری تحصیل کرنے یا کسی اور وجہ سے گاؤں کے متعلق کرنا پڑتا ہے۔ **گاؤں کی آبادی** (مونث) ۱۔ آبادی دیہ۔ گاؤں کے لوگ ۲۔ وہ زمین جس میں گاؤں آباد ہے اور کاشت ہوتی ہے۔ **گاؤں کی بولی** (مونث) وہ بولی جو گاؤں والے بولتے ہیں **گاؤں واسی یا والا** (ھ) دیکھو گاؤں باسی۔

امثال واقوال۔ گاؤں اور کا ناؤں اور کا۔ بیگانی چیز سے اپنی شہرت **گاؤں بسنتے بھوتلے۔ شہر بسنتے دیو۔** گاؤں میں جنّ بستے ہیں اور شہر میں دیوتا۔ دیہاتیوں کی شرارتوں اور جھگڑوں پر طنز ہے۔ **گاؤں بھاگے مکھیا لاگے** فصل پکی ہے اور گاؤں والے غیر حاضر ہیں زمینداروں کی لاپرواہی پر طنز ہے **گاؤں تمہارا ناؤں ہمارا۔** خرچ کسی کا شہرت کسی کی **گاؤں ڈوبا جائے سوانے کی لڑائی۔** زمیندار معمولی جھگڑوں میں بہت سا روپیہ لگا دیتے ہیں۔ **گاؤں کا جوگی جوگنا ان گاؤں کا سِدّھ** وطن میں انسان کی قدر نہیں ہوتی۔ **گاؤں کے گنوار منہ میں خاک پیٹ میں ڈھیلے** (روڑے) گاؤں کے لوگ عموماً غریب ہوتے ہیں۔ **گاؤں گیا سوتا جاگے** جس طرح سوئے ہوئے کا پتہ نہیں کب جاگے اسی طرح مسافر کے واپس آنے کا کوئی پتہ نہیں **گاؤں گئے کی بات ہے۔** جب تک دیکھیں نہیں یقین نہیں آتا **گاؤں مرا بلا سے ہاتھی تو دیکھا۔** ذرا سے نفع کیواسطے بہت سا نقصان برداشت کرنا **گاؤں میں پڑی مری اپنی اپنی سب کو پڑی** مصیبت کے وقت کوئی کسی کی مدد نہیں کرتا سب کو اپنی اپنی پڑی ہوتی ہے۔ **گاؤں میں دھوبی کا چھیل۔** دھوبی کا لڑکا گاؤں میں بانکا ہوتا ہے۔ کیونکہ اس کے کپڑے سفید ہوتے ہیں۔ **گاؤں میں گھر نہ جنگل میں کھیتی۔** سخت مفلس ہے۔ **گاؤں ناؤں ٹھاؤں۔** اپنا پتہ بتاؤ۔

گائے (ہ۔ مونث) ۱۔ بیل کی مادہ۔ ایک مشہور چوپایہ جو سفید۔ زرد۔ سیاہ یا ان ملے جلے رنگوں کا ہوتا ہے اس کا دودھ عموماً پیتے ہیں اس لئے ہندو اسے ماتا کہتے ہیں اور اس کی پوجا کرتے ہیں۔ اسکا پیشاب اور گوبر آدمیوں اور جگہوں کو پوتر کرنے کے کام آتا ہے ۲۔ (صفت) غریب۔ بے زبان (س گاؤ۔ گا) **گائے ذبح کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) گاؤکشی ہونا۔ **گائے دوں** (مذکر) دیکھو گاؤزہرہ **گائے کھانا** (متعدی) **کھلانا** (م) گائے کا گوشت نوش کرانا۔ ہندوؤں میں سخت گالی سمجھی جاتی ہے۔ **گائے کی طرح کانپنا** (متعدی) بہت ڈرنا۔ ڈر سے لرزنا۔ **گائے گوٹھ** (ھ) مویشی خانہ **گائے مانس** (مذکر) گائے کا گوشت۔

امثال واقوال۔ گائے جب دوب سے سلوک کرے کیا کھائے۔ جو آدمی کسی کا لحاظ کرے نقصان اٹھاتا ہے۔ **گائے کا دودھ سو مائے کا دودھ۔** گائے کا دودھ ماں کے دودھ کی طرح مفید ہے۔ **گائے کا لوارہ مرگیا تو کھلڑا دیکھ پنہائی۔** گائے کا بچھڑا مرجائے تو اس کی کھال میں بھس بھر کر اسے دکھاتے ہیں تو وہ دودھ دیتی ہے اس موقع پر کہتے ہیں جب اصل چیز ضائع ہوجائے۔ یا کوئی مرجائے تو اس کی نشانی دیکھ کر یاد کریں۔ **گائے کو اپنے سینگ بھاری نہیں ہوتے۔** انسان کو اپنے اہل وعیال کی پرورش ناگوار نہیں ہوتی۔ **گائے نہ آوے بچھوے لاج۔** اپنی اولاد چاہے کیسی بدشکل ہو بری نہیں معلوم ہوتی۔ **گائے نہ بچھی نیند آوے اچھی۔** مفلسی میں آدمی کو چوروں کا ڈر نہیں ہوتا بیفکر سوتا ہے۔ **گائے نہ ہو تو بیل دوہو۔** جس طرح ہو گزارا کرنا چاہئے۔

گائیدہ (ف۔ صفت) وہ جس نے اپنی بکارت کھودی ہو۔ (گائیدن۔ زنا کرنا)

گائیڈ (انگ۔ مذکر) راہنما۔ رہبر۔

گائی۔ (س۔ مذکر) گانا۔ گاین (مذکر) ۱۔ گویا ۲۔ گانا۔

گائیتری (س۔ مونث) ۱۔ ویدوں کا ایک وزن یا بحر ۲۔ اس بحر میں ایک منتر ۳۔ ویدوں کا ایک منتر جو برہمن صبح شام جپتے ہیں۔

گب (ھ۔ مذکر) ۱۔ حمل۔ گربھ ۲۔ (مونث) گائے۔

گبّا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا روئی دار ملائم بچھونا (س گربھت۔ بھرا ہوا)

گبدا (ہ۔ صفت) بیوقوف۔ احمق۔ کم عقل۔

گبدارا (صفت) **گبدل** (ھ) موٹا تازہ گوشت سے بھرا ہوا (س گربھت۔ بھرا ہوا)

گبدو (ہ۔ صفت) موٹا تازہ آدمی (س گربھت۔ بھرا ہوا)

گبر (ف۔ مذکر) آتش پرست پارسی۔

گبرآباد (مذکر) اصفہان کا ... شہر۔

گبر (ھ۔ صفت) ۱۔ مغرور۔ متکبر ۲۔ امیر۔ دولتمند۔

گبرو (ہ۔ صفت) ۱۔ جوان۔ نوخیز جس کی داڑھی ابھی نہ اگی ہو ۲۔ (مذکر) بچہ۔ طفل ۳۔ دولھا (س گربھ۔ روپ) **گبرو جوان** (مذکر) نوجوان آدمی۔ مرد جوان۔

مثل۔ گبرو جوان بڑی آن بان۔ خوبصورت اور شکیل کی بڑی شان اور بڑے دماغ ہوتے ہیں۔

گبروتا (ہ) **گبروٹا** (ھ) **گبرورا۔ گبرولا** (ہ) **گبروندا۔ گبری۔ گبریلا۔ گبریلا** (ھ۔ مذکر) ایک سیاہ کیڑا جو گوبر کے گول ٹکڑے کاٹ کرلے جاتا ہے اور ان میں انڈے دیتا ہے۔ (گوبر سے)

گبرگبر (ھ۔ مذکر) وہ آواز جو نگلنے میں نکالی جائے۔

گبرون (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا موٹا کپڑا۔

گب گب (ھ۔ مذکر) گھبر گھبر۔

گبن (ملایا۔ مذکر) سب سے چھوٹی قسم کا بندر۔

گبھّا (ہ۔ مذکر) روئی دار نرم بچھونا۔ گبا (س گربھت بھرا ہوا)

گبھانا (ھ۔ متعدی) ۱۔ چبھونا۔ گھونپنا۔ گھسیڑنا۔ چھیدنا ۲۔ جڑ لگانا ۳۔ ٹکس لگانا۔

گبھرو (ہ۔ صفت و مذکر) دیکھو گبرو۔

گبھوارے (ھ۔ مذکر) نوزائیدہ بچے کے بال۔

گبھونا (ھ۔ متعدی) دیکھو گبھانا۔

گبھونی (ہ۔ مونث) وہ زمین جو گاؤں کے اردگرد ہو۔

گبھیر (ھ۔ صفت) ۱ دیکھو گمبھیر ۲ منو بھونیا یا رسبھ کا ایک بیٹا۔

گبھیلا (ھ۔ صفت) ۱ سخت گولیاں بنا ہوا۔ سخت گولیوں سے مرکب ۲ (مذکر) سخت گولی جیسے پاخانہ کی **گُرنڈا لبھیلے** (مذکر) گُرنڈے جو قبض کی وجہ سے پڑ جائیں۔

گبھیلن (ہ۔ مونث) محبت جو رحم کی وجہ سے ہو (پھڑکنا کے ساتھ)

گپ (ہ۔ مونث) ۱ گفتگو بات چیت ۲ جھوٹی بات۔ افواہ ۳ شیخی۔ ڈینگ ۴ سرگذشت۔ افسانہ۔ داستان ۵ بکواس۔ بک بک (س جلپ یا فارسی گفتن سے) **گپ اڑانا** (متعدی) **اڑنا** (لازم) جھوٹی خبریں مشہور ہونا۔ بے تکی باتیں ہونا۔ **گپ شپ** (مونث) دل لگی کی باتیں ہنسی مذاق کی باتیں (اڑانا۔ اڑنا کے ساتھ) **گپ مارنا یا ہانکنا** (متعدی) ۱ جھوٹ بولنا ۲ شیخی یا ڈینگ مارنا **گپّی** (صفت) ۱ جھوٹا فضول باتیں کرنے والا ۲ شیخی باز۔ **گپیں** (مونث) گپ کی جمع (مارنا یا ہانکنا کے ساتھ)

گُپ (ھ۔ صفت) ۱ چھپا ہوا ۲ پوشیدہ۔ مخفی ۳ اندھا۔ **گپ چُپ** (صفت) ۱ دیکھو گپ ۲ (نعت) چپکے سے۔ مخفی طور پر ۳ (مونث) چپ۔ خاموشی ۴ راز **گپ چُپ کے لڈو** (مذکر) **کی مٹھائی** (مونث) ۱ ایک قسم کی مٹھائی (کھانا کے ساتھ) ۲ اس کے متعلق کہتے ہیں جو بالکل چپ رہے۔

گپاّ (ہ۔ مذکر) دھوکا۔ فریب (دینا کھانا وغیرہ کے ساتھ)

گپا گپ (ہ۔ مذکر) ۱ جلد جلد کھانے اور نگلنے کی آواز ۲ (نعت) بافراط۔ بکثرت (کھانا کے ساتھ)

گُپت (س۔ مذکر) گُپت (نعت) ۱ محفوظ۔ بچا ہوا ۲ چھپا ہوا۔ پوشیدہ ۳ خفیہ ۴ جو نظر نہ آئے۔ نہاں ۵ (صرف و نحو) جو بیان نہ کیا جائے۔ جو سمجھا جائے ۶ (مذکر) ویش قوم کے بعض ناموں کے آخر میں آتا ہے ۷ مگدھ کے راجوں کا ایک خاندان **گپت آمدنی** (مونث) بالائی آمدنی وہ آمدنی جو ظاہر نہ ہو۔ جیسے رشوت۔ **گپت دان** (مذکر) خیرات جو خفیہ طور پر کی جائے۔ وہ پیسہ جو نہانے کے بعد تالاب میں ڈالا جائے **گپت رہنا** (لازم) چھپ رہنا۔ نظر نہ آنا۔ **گپتک** (مذکر) ایک راجہ **گپت کرنا** (صفت) چھپانا۔ اڑانا۔ **گپت مار** (مونث) ۱ وہ مار جسکا نشان نہ پڑے۔ ۲ طنز۔ **گپت ہونا** (لازم) چھپنا۔ ظاہر نہ ہونا۔ **گپتی** (مونث) ۱ حفاظت۔ بچاؤ ۲ چھپانا۔ پوشیدگی ۳ حفاظت کا ذریعہ ۴ (ہ) وہ تلوار جو دستی چھڑی میں پوشیدہ ہوتی ہے ۵ چھپی ہوئی تلوار ۶ پوشیدہ مال ۷ چھپا ہوا زمانہ ۸ (صفت) پوشیدہ (ان معنوں میں کرنا ہونا کے ساتھ)

گُپت (۴ تا ۵ صدی) ایک خاندان جو شمالی ہندوستان میں حکمران رہا۔ چندر گپت اسکا بانی تھا۔ اس کے بیٹے سمدرگپت نے دکن بھی فتح کر لیا تھا۔ مگر اس کی وفات پر حکومت صرف مگدھ میں رہ گئی جہاں اس خاندان کے راجہ ۳۵ سال تک حکومت کرتے رہے۔

گپچول (ھ۔ مذکر) ۱ بچوں کا ایک کھیل ۲ گپ چپ۔

گپڑ (ہ۔ مونث) گپ چوتھ (مونث) وہ بات جو سمجھ میں نہ آئے **گپڑ شپڑ** (مونث) گپ شپ۔ بیہودہ باتیں۔

گپسا (ھ۔ مذکر) سفید سخت زمین۔

گپکا (ھ۔ مذکر) ۱ وہ لقمہ جو آواز سے نگلا جائے ۲ جلد جلد نگلنا ۳ رشوت یا ڈالی جو ہضم کی جائے ۴ کسی چیز کے مارنے کی آہستہ آواز۔

گپکنا (ہ۔ متعدی) ۱ نگلنا۔ جلدی جلدی کھانا ۲ پکڑنا۔ ہوا میں جاتی گیند کو لے لینا۔ لپکنا (س گرہ۔ بھرنا)

گپکنار (ہ۔ متعدی) دیکھو آخری ۲۔

گپ گپ (ہ۔ نعت) گپا گپ جلدی جلدی (کھانا کے ساتھ)

گپھا (ہ۔ مذکر) ۱ غار۔ کھوہ ۲ چھپنے کی جگہ (گپ۔ چھپانا) **گپھا میں بیٹھنا** (لازم) ۱ چھپ جانا ۲ دنیا سے کنارہ کش ہو جانا۔

گپھّا (ہ۔ مذکر) پھندنا جو ٹوپی یا چوٹی میں لگاتے ہیں ۲ پھولوں کا گچھا (س گمپھ۔ اکٹھا باندھنا)

گپھّے (مذکر) سر کے سامنے کے اٹھے ہوئے بال جو عورتیں زینت کے لئے اٹھا دیتی ہیں (بنانا بننا کیا تھا)

گپھیدار (صفت) جس کے اوپر بالوں یا کسی چیز کا گپھا ہو۔

گپیا (ھ۔ صفت) گپ مارنے والا۔ گپّی۔

گت (ہ۔ مونث) گت (س) ۱ حرکت۔ حرکت کرنا۔ جانا ۲ حالت۔ طرز ۳ سازوں کے بجانے کی طرز ۴ سرگم جس سے ناچ یا راگ کا اندازہ ہوتا ہے ۵ ایک قسم کا ناچ ۶ مردے کے جلانے کی رسمیں ۷ (س) چال۔ خرام ۸ کوچ۔ روانگی ۹ راہ۔ راستہ ۱۰ خوشی۔ فرحت ۱۱ جلوس ۱۲ اڑان۔ پرواز ۱۳ سیارے کی روزانہ حرکت ۱۴ اجرام فلکی کی گردش ۱۵ چال۔ ڈھنگ۔ وضع ۱۶ پہنچ۔ دسترس ۱۷ اختتام۔ انجام ۱۸ ذریعہ کامیابی کا ذریعہ ۱۹ مکتی۔ نجات ۲۰ تناسخ۔ آواگون ۲۱ زندگی کا زمانہ بچپن۔ جوانی بڑھاپا **گت بجانا** (متعدی) **بجنا** (لازم) ۱ باجے پر سرگم بجنا ۲ ساز کا ایک انداز سے بجنا **گت بنا دینا۔ بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم)۔ وضع اختیار کرنا۔ ڈھنگ بنانا ۲ برا درجہ ہونا۔ خراب حال ہونا ۳ خوب پٹنا۔ مار کھانا ۴ ایسی وضع بننا جس پر لوگ ہنسیں ۵ باجے کے سر کا گانے کے بول کے موافق بننا۔ سازوں کے بجانے کا نیا طرز ایجاد کرنا۔ **گت بھرنا** (ست) **گت ناچنا** (متعدی) راگ کے اصول کے موافق ناچنا۔ رقص کرنا۔ **گت چلنا** (لازم) گت پر ناچنا **گت کا** (صفت) وضع کا۔ ڈھنگ کا۔ اچھا۔ عمدہ **گت کرانا** (مم) ۱ بری حالت کرانا۔ **گت کر دی**۔ سزا دیدی۔ مدد کر دی۔ سامان مہیا کر دیا۔ **گت کرنا** (متعدی) ۱ بری حالت کرنا ۲ مارنا پیٹنا ۳ کام میں لانا ۴ کریا کرم کرنا **گمت گت کرنا** (متعدی) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ **گت لیجانا** (لازم) تال لینا **گت ہونا** (لازم) ۱ دیکھو گت کرنا ۲ مکتی ہونا۔ نجات ہونا ۳ بک جانا ۴ خرچ ہو جانا۔ **گتیا** (صفت) طبلہ بجانے والا۔ **گتی** (س) دیکھو گت۔

گتّا (ہ۔ مذکر) وہ موٹا پٹھا جس سے کتابوں کی جلدیں باندھتے ہیں۔ (س گا ترک)

گُرتی (ہ - مذکر) ۱. بیچنے مہیا کرنے وغیرہ کا پورا حق ۲. ٹھیکہ - اجارہ ۳. آمدنی کا ٹھیکہ ۴. زمین کا ٹھیکہ

گُتنا (ھ - متعدی) ۱. پرونا ۲. الجھانا ۳. دھاگا لپیٹنا ۴. پریشان کرنا - گھبرانا ۵. مشغول ہونا ۶. مقرر کرنا ۷. تدبیر کرنا - جتن کرنا -

گُتھ (ہ - امر) گتھنا کا (س گرنتھ ہجڑنا)،

گُتھ جانا (لازم) بھڑ جانا - لڑ پڑنا - گتم گتھا ہو جانا **گُتم گتھا** (مذکر) غٹ پٹ - کشتم کشتا (ہو جانا، ہونا کے ساتھ) **گُتھنا** (متعدی) لڑائی میں دو آدمیوں - جانوروں یا پرندوں کا باہم لپٹ پڑنا - بھڑنا ۲. پرویا جانا - نتھی ہونا ۳. محو ہونا - جذب ہونا ۴. پھنس جانا **گُتھواں** (صفت) ۱. بٹا ہوا - ملا ہوا ۲. پرویا ہوا ۳. گندھا ہوا - **گتھوانا** (م) گتھنا کا **گُتھی** (مونث) ۱. الجھاؤ - گرہیں جو دھاگے میں پڑ جاتی ہیں ۲. پیچیدہ مشکل جو کسی معاملے میں پڑ جائے ۳. پہیلی **گتھی پڑنا** (لازم) ۱. سوت کا الجھنا - سوت میں گرہ پڑ جانا ۲. معاملے میں پیچ پڑنا ۳. الجھ جانا - الجھاؤ پیدا ہونا ۴. دل میں گرہ پڑنا - رنجش ہو جانا **گتھی سلجھانا** (متعدی) **سلجھنا** (لازم) پڑی ہوئی گرہ کھلنا ۲. عقدہ حل ہونا -

گُتی (ہ - مونث) ۱. سپاہیوں کی چھوٹی پگڑی ۲. بچوں کا ایک کھیل - چھپلی -

گتے (ھ - تعف) ۱. آہستہ سے نرمی سے ۲. رفتہ رفتہ - **گتے گتے** (تعف) گتے -

گَٹ (ہ - مذکر) فوج - گروہ - ہجوم - اژدہام - فت (س گھٹا - مجمع - گھٹ - جوڑنا) **گَٹ پَٹ** (مونث) ۱. باہم گتھ جانا ۲. (ھ) ڈھیر - انبار - تودہ ۳. غلط ملط - بے ترتیبی - الجھیڑا ۴. (تعف) اکٹھا کر ۵. ڈھیر ہو کر غلط ملط ہو کر **گَٹ کے گَٹ** (تعف) گروہ کے گروہ - فوجیں -

گَٹ (ھ - مونث) تالاب یا دریا کا کنارہ -

گَٹ (ھ - مذکر) ۱. بوتل صراحی وغیرہ سے پانی نکلنے کی آواز ۲. کسی رقیق شے کی جلد جلد پینے کی آواز **گَٹ گَٹ** (تعف) گٹ گٹ کی آواز کے ساتھ - بہت جلد **گَٹ گَٹ** (ہ - مونث) دیکھو گٹ -

گَٹ (انگ - مونث) تانت -

گَٹّا (ہ - مذکر) ۱. ٹخنے یا کلائی کا جوڑ ۲. وہ حصہ حقہ کا جو نیچے میں پھنستا ہے اور جہاں دو نل ملا کر دھاگوں سے موٹا باندھتے ہیں ۳. گھٹا - وہ نشان جو بہت سجدہ کرنے سے پڑ جاتا ہے ۴. الماس یا زمرد کا بڑا ٹکڑا ۵. گرہ جو گلی کبوتر کی دم میں ہوتی ہے ۶. ٹاٹ - کاگ ۷. ایک قسم کی شیرینی ۸. (ھ) سختی جو پاؤں کی انگلیوں پر ہو جاتی ہے - ڈیل - گوکھرو ۹. سخت ڈلا - ڈھیلا ۱۰. گھوڑے کا پُٹھا ۱۱. پرانے چونے کا ڈھیلا (س گرنتھیکا - گانٹھ گرنتھ - جوڑنا) **گَٹّا سی جان** (مونث) پیاری جان - شیریں جان **گٹے پڑنا** (لازم) ۱. سجدے کے نشان پڑنا ۲. پاؤں کی انگلیوں پر ڈیل پڑنا **گٹے لگ جانا** (لازم) کسی چیز کا نذر ہو جانا -

گُٹّا (ہ - مذکر) ۱. کنکر یا اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا - جیسی جوتے کے قالب کا ایک حصہ - موچیوں کی اصطلاح ۲. (صفت) پست قد - بونا - (س گُٹ - ٹکڑا) **گٹے کھیلنا** (متعدی) بچوں کا کنکروں سے گٹے کا کھیل کھیلنا -

گٹّا پَرچا (انگ - مذکر) ربڑ کی مثل ایک مادہ جو کئی درختوں کے دودھ سے بنایا جاتا ہے - اسی سے برقی تاروں کے لئے انسولیٹر بناتے ہیں -

گَٹ بَنگَن (ہ - مذکر) دیکھو بھٹ کٹیا -

گَٹ پَٹ (ہ - مذکر) دیکھو غٹ پٹ **گَٹ پَٹ ہو جانا** (لازم) ۱. دو چیزوں کا بخوبی مل جانا ۲. ہمبستر ہونا - گتھ جانا - لڑ جانا

گَٹ پَٹ (ہ - مونث) انگریزی زبان چونکہ انگریز ت کی جگہ ٹ بولتے ہیں - اس لئے ہندوستانیوں نے انگریزی کا یہ نام رکھ دیا (کرنا ہونا کے ساتھ)

گَٹّخ - گَٹَک (ہ - مذکر) ۱. بونا ٹھنگنا ۲. مٹی کا ٹکڑا جو تمباکو کے نیچے چلم میں رکھتے ہیں (س گُٹک - گولی)

گُٹرگوں (ہ - مذکر) غٹرغوں (کرنا - ہونا کے ساتھ)

گَٹَرمل گُٹَّرمل (ھ - مذکر) بندر کا لقب -

گَتَنک (ھ - مذکر) ڈاٹ سکاک

گُٹکا (ھ - مذکر) دیکھو گُٹّا -

گُٹکا (ہ - مذکر) ۱. گولی - گیند ۲. جادو کی گولی جس کے متعلق خیال ہے کہ اگر منہ میں رکھ لی جائے تو انسان نظر سے غائب ہو جاتا ہے یا عجیب و غریب کام کر سکتا ہے ۳. بہت چھوٹی کتاب جسے بطور تعویذ استعمال کریں ۴. رسالہ - چھوٹی تقطیع کی کتاب جو جیب میں ڈال سکیں ۵. شطرنج کا مہرہ ۶. پان کا ٹکڑا ۷. ایک مسالہ جو پان کی جگہ کھاتے ہیں ۸. ایک قسم کی شیرینی ۹. (ھ) لقمہ ۱. گھونٹ ۲. کنکریاں جن سے بچے کھیلتے ہیں (س گُٹک - گیند)

گٹکاری - گٹکری - گٹکری

(ہ - مونث) وہ عجیب آواز جو گویے گانے کے وقت گلے سے نکالتے ہیں - (س گورو - کودنا) **گٹکری لینا یا نکالنا** (متعدی) گویے کا یہ آواز نکالنا -

گٹکری (ہ - مونث) روڑا - اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا -

گٹک جانا (ہ - متعدی) نگل جانا

گٹکنا (متعدی) ۱. کھانا - نگلنا - پینا ۲. فاختہ کا کوکو کرنا - کبوتر کا بولنا -

گٹکوری (ھ - مونث) روڑا -

گٹکینی (ھ - صفت و مذکر) گٹی

گٹگٹانا (ہ - لازم) مستی کی حالت میں کبوتر کا بولنا -

گُٹنا (ھ - مذکر) گٹّا

گٹوارا - گٹوارہ (ھ - مذکر) جاٹوں کی ایک گوت -

گَٹھ (ہ - امر) ۱. گٹھنا کا ۲. (مذکر) بلا بقچہ ۳. (مونث) گانٹھ کا ان معنوں میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۴. روئی یا کپڑے کا بڑا بقچہ (س گرنتھ باندھنا - **گٹھا** (امر) ۱. گٹھانا کا ۲. (ماضی) گٹھنا کا **گٹھا** (مذکر) بڑا بقچہ - پشتارہ ۲. بوجھ - گھاس وغیرہ کا پشتارا ۳. پیاز یا لہسن ۴. جریب کا بیسواں حصہ یا تین الہی گز یا ۱۰۵ انچ کا پیمانہ ۵. پنے کی زنجیر یا رسی کی گانٹھ یا تقسیم ۶. (ھ) کلائی یا ٹخنے کا جوڑ ۷. گھوڑے کا پچھا - **گٹھانا** (م) گانٹھنا کا - سلوانا - جوتے وغیرہ کی مرمت کرانا - پیوند لگوانا **گٹھانی** (مونث) ایک قسم کا محصول جو زمیندار کاشتکاروں سے وصول کرتے ہیں **گٹھاؤ** (ھ - مذکر) **گٹھاوٹ** (ھ - مذکر) **گٹھبٹ** (ھ) ۱.

ملانا۔ جوڑنا ۲ ملنے کی وجہ۔ جوڑ ۳ بنانا۔ بناوٹ تعمیر ۴ تدبیر۔ مشورہ۔ سازش **گٹھاؤ باندھنا** (متعدی) ۱ تعلق پیدا کرنا ۲ انجمن بنانا ۳ مشورہ یا سازش کرنا ۴ اپنا کام نکالنا **گٹھ بندھا** (صفت) سازش کا۔ مل کر کیا ہوا۔ **گٹھ بندھا چوری** (مونث) بہت سے آدمیوں کا مل کر چوری کرنا **گٹھ بندھن** (مذکر) ۱ دولہا دولھن کے آنچلوں کی وہ گرہ جو پھیروں کے وقت لگائی جاتی ہے ۲ دو آدمیوں کا ایک دل ہونا **گٹھ جانا** (لازم) دیکھو گٹھنا۔ **گٹھ جوڑ** (صفت) ۱ ملا ہوا۔ جڑا ہوا ۲ (مذکر) دیکھو گٹھ بندھن ۱۔ (باندھنا کے ساتھ)، **گٹھڑ** (مذکر) ۱ بڑی گٹھری ۲ (صفت) گانٹھدار ۳ موٹا۔ فربہ۔ تنومند۔ مضبوط **گٹھڑا** (مذکر) گٹھڑ۔ گٹھڑی۔ **گٹھڑی** (مونث) **گٹھڑی** (ھ) **گٹھڑیا** (ھ) ۱ چھوٹا بقچہ۔ ایسا بقچہ جس کے اوپر باہر کے کپڑے کو گانٹھ دی گئی ہو ۲ پارسل بنڈل پیکٹ ۳ گناہوں کا بار ۴ ہاتھ پاؤں گھس کر باریک ہو جانا ۵ روپے کی تھیلی جو مالگذاری وغیرہ ادا کرنے کے لئے دی جائے ۶ میزان ۷ رقم ۸ دولت جائداد ۹ انجمن سبھا۔ مجمع **گٹھڑی باندھنا** (متعدی) ۱ چیزوں کا ایک کپڑے میں باندھنا ۲ مال جمع کرنا۔ **گٹھڑی کرنا** (متعدی) ۱ مال جمع کرنا۔ جوڑنا ۲ ہاتھ پاؤں باندھ دہرا کر دینا ۳ حریف کو کشتی میں دہرا کر لینا ۴ (ھ) میزان کرنا۔ جوڑنا۔ جمع کرنا **گٹھڑی مارنا** (متعدی) لوٹنا ٹھگنا۔ مال مارنا **گٹھڑی مٹھری** (مونث) گٹھڑی ۱ مٹھری تابع مہمل ہے۔ **گٹھ کٹ** یا **گٹھ کٹا** (مذکر) جیب کترا۔ **گٹھ کٹی** (مونث) گانٹھ کاٹنا جیب کترنا **گٹھنا** (لازم) ۱ سیا جانا۔ دوخت ہونا پیوند لگنا ۲ شریک ہونا۔ مل جانا ۳ بندھنا ۴ کھانا ۵ (مضمون) بندھنا۔ برجستہ ہونا۔

گٹھوا (ہ۔ صفت) ۱ بندھا ہوا ۲ گانٹھدار ۳ (مذکر) کپڑے یا روئی کی گانٹھ ۴ دیکھو گٹھ بندھن۔ **گٹھوانا** (لازم) گانٹھنا کا۔ **گٹھوانسی** (مونث) کٹھا کا بیسواں حصہ جو پانچ انچ کے برابر ہوتا ہے **گٹھوائی** (مونث) گانٹھنے کی اجرت **گٹھوت** (مونث) سازش مشورہ میل جول **گٹھوت گانٹھنا** (متعدی) سازش کرنا مشورہ کرنا۔ **گٹھونڈ** (مذکر) امانت جو تھیلی میں رکھی ہو۔ تحویل **گٹھی** (مونث) ۱ گرہ۔ گانٹھ ۲ پیاز لہسن کی گرہ ۳ کسی چیز کا چھوٹا بنڈل ۴ جوڑبند

۵ گٹا جو گھوڑے یا گدھے کی پیٹھ پر رکھتے ہیں۔ ۶ گولا۔ گولی **گٹھیا** (مونث) ۱ چھوٹا بقچہ ۲ بوری ۳ ٹوکرا ۴ بڑی گٹھڑی جس میں غلہ باندھتے یا روئی رکھتے ہیں ۵ دیکھو گٹا ۶ جوڑوں کا درد۔ وجع المفاصل **گٹھیا بائے** (مونث) دیکھو گٹھیا ۶ **گٹھیا کھلنا** (متعدی) حاملہ ہونا **گٹھیلا** (مونث) ۱ گانٹھوں والا گرہ دار ۲ خوب مضبوط۔ **گٹھیلا بدن** (مذکر) مضبوط بدن۔

امثال واقوال۔ گٹھڑی بندھی

ڈھول کی رہی پوّن سے پھول۔ گانٹھ جتن کی کھل گئی انت ڈھول کی ڈھول (ھ) آدمی کی طرف اشارہ ہے۔ **کٹھڑی حلال بقچہ حرام** تھوڑے میں راستبازی اور بہت میں بے ایمانی۔ **کٹھیا کھلا ٹبیا پارس** (ھ) عورت جب حاملہ ہو تو اس کی بڑی قدر ہوتی ہے۔

گٹھا (ہ۔ مونث) گرہ۔

گٹھل (ہ۔ صفت) ۱ گانٹھدار ۲ ڈھیلے دار ۳ سخت ۴ جما ہوا۔ لبستہ ۵ بڑی گٹھلی والا ۶ (مذکر) بڑی گانٹھ ۷ بڑا ڈھیلا ۸ گومڑا ۹ آماس ۱۰ جما ڈ ۱۱ غدود (س گرنتھ۔ گانٹھ)۔

گٹھلا (ہ۔ امر) ۱ گٹھلانا کا ۲ (مذکر) دیکھو گٹھل اور گٹھلی (س گرنتھ۔ گانٹھ) **گٹھلانا** (لازم) ۱ گند ہونا ۲ دانتوں کی ترشی کی وجہ سے کاٹنے کے قابل نہ ہو۔ **گٹھلی** (مونث) ۱ گانٹھ ۲ پھل کا سخت بیج ۳ غدود ۴ سُدّہ جو دستوں میں نکلتا ہے ۵ وہ گرہ جو گندھے ہوئے آٹے میں پڑ جاتی ہے ۶ سوجی ہوئی غدود جو پھوڑے یا درد کی وجہ سے کسی جوڑ میں پڑ جاتی ہے۔ گلٹی ۷ آماس۔ گومڑا ۸ سخت پھوڑا ۹ عورت کے پستانوں کی گلٹی ۱۰ پھوڑے کا سخت حصہ

گٹی (ہ۔ مونث) ۱ نیل کا ٹکڑا جو مربع کاٹا جاتا ہے ۲ (ھ) مٹی کا ڈھیلا ۳ (ھ) پرانے چونے کا ڈلا ۴ (ھ) دریا یا تالاب کا کنارہ (س گرنتھِکا۔ گانٹھ)

گٹھی (ہ۔ مونث) ۱ ریل جس پر تاگا لپیٹا جاتا ہے ۲ ٹھیکری خصوصاً چلم کی (گٹّا سے)

گٹیا (ہ۔ مونث) ٹھیکری۔ روڑا اینٹ یا کنکر کا چھوٹا ٹکڑا (س گرنتھِکا۔ گانٹھ)

گٹیاں (ہ مونث) گٹھے جو نماز

پڑھنے سے ماتھے یا ہاتھ پاؤں پر پڑ جائیں۔ (س گرنتھِکا۔ گانٹھ)

گج (س۔ مذکر) ۱ ہاتھی ۲ آٹھ اطراف کے آٹھ ہاتھیوں میں سے کوئی ایک ۳ عدد ۸ ۴ ایک ماپ۔ گز ۵ سلاخ ۶ مٹی کا ٹیلا جس پر مکان بنائیں۔ **گجا** (مونث) ہتھنی **گجپال** (مذکر) فیلبان **گجپتی** (مذکر) ۱ وہ شخص جو ہاتھی رکھے ۲ بادشاہ ۳ بہت بڑا ہاتھی ۴ ہاتھیوں کے گلّے کا وہ بڑا ہاتھی جس کا سب حکم مانیں ۵ فیلبان **گجپورا** (مذکر) ہستناپور۔ **گج دنت** (مذکر) ہاتھی دانت **گجراج** (مذکر) بہت بڑا ہاتھی **گجگاہ** (مذکر) سراگاؤ کی دم کے بالوں کے پھندے جو ہاتھی کے چہرے کے دونوں طرف سجاوٹ کے لئے لگاتے ہیں **گج موتی** (مذکر) ۱ بہت بڑا موتی ۲ ہندؤں کا خیال ہے کہ سب سے بڑا موتی ہاتھی کے سر سے نکلتا ہے۔ **گجنال** (مذکر) بڑی توپ یا بندوق **گجی** (مونث) ہتھنی۔

گجا (ھ۔ مذکر) ۱ گاڑی کا ایک حصہ ۲ ایک قسم کی مٹھائی۔ خرما۔ بالوشاہی۔

گجال (ھ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی مچھلی ۲ کھونٹی جس پر کپڑے ٹانکتے ہیں۔

گجپاٹل (ھ۔ مذکر) کاجل۔

گجر (ہ۔ مذکر) ۱ چار آٹھ اور بارہ بجے گھنٹوں کا جلد جلد بجنا۔ پہلے صرف چار بجے گجر بجاتے تھے (لازم (بجانا بجنا کے ساتھ) ۲ صبح صادق کا وقت (س گرج سنور سے آواز نکالنا) ۳ گیہوں اور جو یا سرخ و سفید گیہوں ملے ہوئے (گیہوں اور جو کا مخفف) ۴ گاجر کا مخفف **گجر بجے** یا **دم** (تعـ) علی الصبح صبح سویرے۔ تڑکے۔ **گجر بھت** یا **بھتا** (مذکر) ملی ہوئی گاجریں **گجر بھتا بنانا** (متعدی) خلط ملط کر دینا۔ اچھے برے کو ملا دینا۔ **گجر کا وقت** (مذکر) صبح صادق کا وقت۔ چار بجے صبح کا وقت **گجر دار** (صفت) جس میں الارم ہو (گھڑی)

گجرا (ہ۔ مذکر) ۱ پھولوں کا زیور جو عورتیں کلائیوں میں پہنتی ہیں ۲ ایک قسم کا زیور سونے کی پہنچی یا گلے کا ہار ۳ گاجر ۴ ایک قسم کا ریشمی کپڑا مشروع ۵ مشروع کی لہریئے دار دھاریاں

(س) گرجَر۔ گاجر۔ **گجرا** ہار (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا ہار۔ **گجری** (مونث) ایک قسم کا کلائی کا زیور۔

گُجرنی (ھ) **گجری** (ہ۔ مونث) دیکھو گوجری۔

گجگا (ھ۔ مذکر) ۱بعض پودوں کا بیج ۲ایک قسم کی آتش بازی۔

گجگجا (ہ۔ صفت) اگیلا۔ گلگلا نرم جو ناگوار ہو۔ پھسپھسا۔

گجگجانا (ہ۔ متعدی) ۱کھڑکنا ۲بھنبھنانا۔ بھن بھن کی آواز نکالنا ۳اکٹھے ہونا۔ جمع ہونا ۴بہت آباد ہونا ۵بہت کاروبار ہونا۔ چہل پہل ہونا ۶پھسپھسا ہونا ۷(ہ) بیج کا پھلی میں آواز کرنا۔

گجگجانا (ہ۔ لازم) کلبلانا۔ بِنگنا۔

گجنی (ھ۔ مونث) ڈھیلا مٹی۔

گجوا (ہ۔ مذکر) ناک کا میل یا چوہا۔

گجھا (ہ۔ مذکر) ۱ڈھیر۔ انبار ۲بہتات۔ افراط ۳خزانہ دبا ہوا۔ دولت جو کہیں جمع کی ہوئی ہو۔ (گنج سے) **گجھا دبا بیٹھنا یا مارنا** (متعدی) بے ایمانی سے مال حاصل کرنا۔ کسی کا مال دبا لینا۔

گجھا (ھ۔ صفت) ۱چھپا ہوا ۲پوشیدہ خفیہ ۳جو نظر نہ آئے گپت۔ **گجھی مار** (مونث) ایسی مار جس کا نشان بدن پر نہ ہو۔

گجھن (ھ۔ صفت) گھنا۔

گجھن (ھ۔ صفت) ۱گھنا ۲(لف) پاس پاس۔

گجھٹی (ھ۔ مونث) کن سلائی۔

گجئی (ہ۔ مونث) گیہوں اور جو ملے ہوئے۔ **گجئی کی روٹی** (مونث) گیہوں اور جو کے آٹوں کو ملا کر پکی ہوئی روٹی۔

گجیا (ھ۔ صفت) ۱کرن پھول ۲ایک قسم کی مٹھائی ۳کن سلائی۔

گچ (ف۔ مونث) ۱ایک قسم کی سفیدی جسے چونے کے ساتھ ملا کر پلستر کرتے ہیں۔ ۲چونا پلستر جو دیوار وں سے اکھڑے ۳پکا فرش یا چھت جس پر گچ کا پلستر ہو ۴اوکھلی ۵(صفت) گاڑھا۔ سخت۔ ہضم نہ ہونے والا۔ **گچکاری** (مونث) ۱گچ کا کام ۲چونے کا کام بنانا۔

گچ (ہ۔ مونث) ۱وہ آواز جو تلوار نیزہ۔ چھری یا چاقو کے گوشت میں گھسنے سے پیدا ہوتی ہے ۲کیچڑ میں چلنے کی آواز ۳(صفت) گنجان۔ گھنا۔ **گچا گچ** (مونث) دیکھو گچ ۴گچ پچ (مونث) دیکھو گچ گچ۔ **گچ گنا** (ھ) ۱خوب بھرا ہوا ۲موٹا فربہ۔ چھوٹے قد کا اور موٹا آدمی۔ **گچی** (صفت) گچ کا بنا ہوا جس پر پلستر ہوا ہو۔

گچ پچ (ہ۔ مونث) ۱اژدہام ۲(صفت) گھنا۔ گنجان ۳(لف) بکثرت۔ آس پاس کھچا کھچ۔ **گچپچیا** (ھ) عقد ثریا۔ پروین سات سہیلیوں کا گچھا۔

گچ پارہ کھیلنا (اردو۔ متعدی) ناجائز لہو و لعب میں وقت گذارنا۔ عیاشی کرنا۔

گچھا (ھ۔ مذکر) ۱چند پھل یا پھول جو ایک ہی ٹہنی میں پاس پاس لگے ہوں۔ خوشہ ۲اناج کی بالی ۳چند ستارے جو ایک جگہ نکلیں جھمکا ۴چند چیزوں کا اکٹھا گندھا ہونا ۵بہت سی کنجیاں جو کٹھی بندھی ہوئی یا ایک ہی حلقہ میں پڑی ہوئی ہوں ۶پھندنا۔ گچھا۔ بنڈل۔ پارسل ۷بالوں کا ڈھیر ۸(ھ۔ صفت) اکٹھا۔ مجموعہ ۹گندھا ہوا۔ کسا ہوا ۱۰مضبوط۔ تنومند ۱۱چست ۱۲چندھا خمار آلودہ (س۔ گچھ) **گچھا تارا** (مذکر) عقد ثریا۔ **گچھی** (مونث) ۱گیہوں اور جو ملے ہوئے ۲(صفت) چندھی خمار آلود۔ **گچھے وار** (صفت) وہ جس میں گچھے پڑے ہوئے ہوں۔

گچی (ھ۔ مونث) سو پانوں کا بنڈل

گچھی (ھ۔ مونث) ۱جوہڑ۔ گنڈ ۲ڈابر ۳سوراخ۔ غار۔ گڑھا ۴(صفت) دیکھو گچھی۔ **گچی پالا** (مذکر) بچوں کا ایک کھیل جس میں گٹھا نکا کر کھیلتے ہیں۔

گد (ہ۔ مونث) ۱مارنے کی آواز ۲زمین پر دے مارنے کی آواز۔ **گدا بد یا گد بد** (مونث) اوپر تلے یا پے در پے گرنے کی آواز۔ لگاتار مارنے کی آواز ۲(لف) متواتر لگاتار (س گد۔ بولنا) **گدا گد گرنا** (لازم) تلے اوپر یا پے در پے گرنا۔

گد بد یا پد (مونث) دیکھو گدابد ...۔

گدر (ہ۔ صفت) چالاک اور کہن سال (عف)

گدرس - مذکر) ۱بولی۔ گفتگو ۲لفظ ۳فقرہ ۴جادو۔ ٹونا ۵بیماری۔ مرض ۶ڈوہر سم۔ **گدا** (مونث) ۱فقیروں کا سلسلہ ۲لاٹھی ڈنڈا۔ سونٹا۔ گرز ۳بجانے کا ایک ساز ۴ایک صورت سیارہ۔ **گدادھر** (صفت) گرز سے لڑنے والا۔

گدا (ھ۔ مذکر) شر۔

گدھ (ہ۔ مذکر) ۱ایک مردار خور پرندہ جو چیل سے بڑا ہوتا ہے اس کی گردن لمبی اور بغیر پروں کے ہوتی ہے تا کہ مردار کے بدن کے اندر چونچ ڈالنے سے پر نہ بھیگیں ۲ایک قسم کا پتنگ (س گردھر۔ گردھ۔ لالچی ہونا)

گدرس - مذکر) **گدا** (ھ) ۱مقعد ۲انتظار بال۔

گدا (ف۔ مذکر) ۱فقیر بھکاری منگتا بھچک ۲(صفت) غریب مفلس۔ **گداگر** (مذکر) دیکھو گدا۔ **گداگری۔ گدائی** (مونث) بھیک مانگنے کا فعل۔ **گدا یانہ** (صفت) فقیروں کی طرح بھیک مانگنا۔ کرنا ہونا کے ساتھ)

مثل۔ گدا اگر تواضع کند خوئے اوست۔ تواضع کرنا فقیر کی عادت ہے۔ تواضع اور انکساری کے موقع پر بولتے ہیں۔

گدارا (ہ۔ مذکر) ۱روئی دار بستر ۲گدی۔ گدیلا ۳چری کا پولا ۴گیہوں وغیرہ کا خوشہ جو پکنے کے قریب ہو ۵ہاتھی کا چار جامہ ۶قیاس اس معنی میں لگانا لگنا کے ساتھ ۷فریب۔ دھوکا دکھانا کے ساتھ (س گادھ۔ بھرنا) **گدے بازی** (مونث) عقل دوڑانا۔

گدا (ہ۔ مذکر) ۱درخت کی موٹی شاخ ۲منگا (دینا کے ساتھ) ۳(ھ) شیر خوار بچہ ۴گڑیا۔ پتلی ۵ٹڈا۔ موتزا۔

گداختہ (ف۔ صفت) پگھلا ہوا۔ گلا ہوا۔ **گداختن** - پگھلنا)

گداز (ف۔ صفت) ۱پگھلانے والا مرکبات میں جیسے دلگداز ۲نرم۔ ملائم ۳موٹا تازہ (مذکر) پگھلنا ۵نرمی ۶سوز۔ ۔ **گدازی** (مونث) گداز

ہونا۔

گَدا کا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ آواز جو ایک چیز کے دوسری چیز پر گرنے سے ہوتی ہے ۲ بدن کی موٹائی یا نرمی ۳ کنایۃً نرم بدن کا معشوق۔

گَدالا (ہ۔ مذکر) ۱ بڑی کدال جس سے مٹی کھودتے ہیں ۲ (دکنی) ہاتھی کا گدّا۔

گُدام (انگ۔ مذکر) ذخیرہ۔ وہ مکان جس میں کسی چیز کا ذخیرہ رکھیں (اصل لفظ گاڈاؤن ہے)

گَدبدا (ہ۔ صفت) موٹا۔ فربہ۔ جسیم

گَدبدا (ہ۔ امر) گدبدانا کا۔ گدبدا کے (صفت) ۱ خوشی سے۔ بسروچشم ۲ کھلے طور پر۔ آزادی سے ۳ یقیناً۔ ضرور۔ گدبدانا (لازم) رنج و غم سے بول نہ سکنا ۲ خوش ہونا۔

گَدَر (ہ۔ مذکر) گدی جس پر بیل ہانکنے والا رہٹ چلانے کے وقت بیٹھتا ہے۔

گَدَر۔ گدرا (ہ۔ صفت) ۱ ادھ پکا۔ ادھ کچرا ۲ وہ پھل جو پک جانے کے قریب ہو ۲ (ہ) بھرا ہوا۔ موٹا۔ فربہ ۳ نرم۔ ملائم **گدرانا** (لازم) ۱ پھل کا پک جانے کے قریب پہنچنا۔ نیم پختہ ہونا۔ نیم رسیدہ ہونا ۲ جوانی میں بھرنا۔ جوبن پر آنا ۳ بھر بھرا بدن ہونا۔ بدن بھرنا۔ گہدا ہونا ۴ آنکھ میں گدلا پن ہونا۔ آنکھ دکھنے آنا ۵ (ہ) بالغ ہونا ۶ پھولنا۔ پھلنا۔ گدراہٹ (مونث) پکنے کے قریب ہونے کی حالت۔ گدرایا ہوا بدن (مذکر) گداز بدن بھر بھرا بدن۔ جوانی میں بھرا ہوا جسم۔

گُدڑ خیل (اردو۔ صفت) بدصورت دیکھنے میں حقیر یا نیچ قوم کی (لکھنؤ)

گُدڑی (ہ۔ مونث) ۱ فقیروں کا لباس جس میں رنگ برنگ کے پرانے پٹے پیوند لگے ہوتے ہیں۔ دلق۔ خرقہ۔ گودڑی ۲ پھٹا پرانا کپڑا لحاف یا رضائی ۳ مختلف بے میل چیزوں کا مجموعہ ادھر اُدھر سے مانگی ہوئی چیزوں کا ذخیرہ ۴ حوصلہ طاقت۔ مجال۔ گدڑ کی تصغیر ۵ گدڑی کا مہینہ۔ وہ بازار جو شام کے وقت سرِ راہ پرانی چیزیں بیچنے کے لئے لگایا جاتا ہے۔ **گدڑی کا لال** (مذکر) ۱ نہایت عزیز ۲ غریب کا لائق بیٹا۔ **گدڑی میں لال** (مذکر) نالائقوں میں صاحب لیاقت۔ گدڑی والا (مذکر) وہ شخص جو پھٹے پرانے کپڑے بیچے۔

امثال و اقوال۔ گدڑی سے بیوی آئیں۔ شیخ جی کنارے ہو۔ سارا دن تو بازار میں پھرتی رہی گھر آکر پردہ یاد آیا۔ **گدڑی سے بیوی آئیں شیخ جی کنارے ہوئے** ۔ کوئی کام کرکے پچتانا۔ **گدڑی میں لال نہیں چھپتا** بُروں میں اچھا نظر آجاتا ہے۔

گُدڑیا (ہ۔ مذکر) ۱ دلق پوش وہ شخص جو گدڑی پہنے رہے۔ گودڑ بیچنے والا۔ پھٹے پرانے کپڑے بیچنے والا ۲ خیمہ اور فرش کرائے پر چلانے والا ۳ پھٹے حال سے رہنے والا ۴ (مونث) گدڑی کی تصغیر۔ **گدڑ یا پیر** (مذکر) شاہراہوں اور گذرگاہوں پر کسی درخت پر چیتھڑے باندھ کر اسے پیر قرار دیتے اور منتیں مانگتے ہیں۔ **گدڑ یا فقیر** (مذکر) خرقہ پوش درویش۔

گَدکا (ہ۔ مذکر) چمڑے کا مڑھا ہوا ڈنڈا (س گدا۔ لاٹھی)

گَدگَد (ہ۔ مونث) ۱ ابلنے کی آواز کھدبد ۲ سوجن (س گدگند) **گدگدانا** (لازم) ۱ محبت یا جوش پیدا ہونا ۲ دم رکنا ۳ بہت کانپنا ۴ سسکیاں بھر کر رونا ۵ گوگو کی آواز نکالنا ۶ کھبلانا

گَدگدا (ہ۔ مذکر) ۱ بھنی ہوئی مکی یا جوار ۲ ایک پودے کے بیج۔

گُدگُدا (ہ۔ امر) ۱ گدگدانا کا (س گرد۔ کھجانا) ۲ (صفت) نرم۔ ملائم ۳ موٹا۔ فربہ اگودا سے) **گدگدا بدن** (مذکر) موٹا اور نرم بدن **گدگدا بستر یا بچھونا** (مذکر) نرم اور موٹا بستر۔ **گدگدانا** (متعدی) ۱ انگلیوں سے بغل پاؤں یا پیٹ کو اس طرح چھونا کہ ہنسی آئے ۲ چھیڑنا۔ ستانا ہنسانا ۳ ابھارنا۔ برانگیختہ کرنا ۴ گھوڑے کے پیٹ کو پاؤں سے چھونا کہ وہ جست و خیز کرے۔ **گدگداہٹ** (مونث) **گدگدائی** (ہ) ۱ دیکھو گدگدی ۲ گدگدانا ۳ گدگدی کا اثر۔ **گدگدی** (مونث) ۱ وہ کیفیت جو گدگدانے سے پیدا ہوتی ہے ۲ کھجلی اور سوزش جو پھوڑے یا بدن میں گرمی کی زیادتی کی وجہ سے ہوتی ہے ۳ شہوت خواہش نفسانی ۴ شوق۔ امنگ۔ جوش ۵ خود بخود ہنسی آنا جی میں خوشی پیدا ہونا۔ **گدگدی دل میں ہونا** (لازم) خود بخود ہنسی آنا۔ شوخی جی میں آنا **گدگدی دینا** (ہ) **کرنا** (متعدی) گدگدانا۔

مثل۔ گدگدائے وہاں تک جہاں تک ہنسی آئے ۔ مذاق اور دل لگی وہیں تک اچھی ہے جہاں تک ناگوار نہ گزرے۔

گَدگدی (ہ۔ مونث) بھنی ہوئی جوار۔ گھنگنیاں۔

گَدگرا (ہ۔ مذکر) ۱ زمین جس میں گڑھے ہوں۔ ناہموار زمین ۲ نمدار زمین۔

گَدگول (ہ۔ صفت) ۱ میلا۔ گدلا ۲ (مذکر) گدلا پانی۔

گَدلا (ہ صفت) ۱ میلا ۲ گاڑھا۔ غلیظ (کرنا ہونا کے ساتھ) (س کرد۔ کیچڑ) ۳ دگلا۔ **گدلا پن** (مذکر) میلا اور گاڑھا ہونے کی حالت **گدلانا** (لازم) مائع شے کا مٹی ملنے کی وجہ سے غلیظ یا گدلا ہونا۔ **گدلائی** (ہ) گدلا پن۔

گَدَم (ہ۔ مذکر) دلدلی زمین۔ نمدار زمین۔

گُدما (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا ملائم موٹا پشم دار کمبل۔

گُدنا (ہ۔ لازم) ۱ گودنا کا ۲ (مذکر) وہ نشان جو گودنے سے بدن پر پیدا ہو۔ **گدنا گدوانا** (متعدی) بدن پر بیل بوٹے بنوانا۔

گُدودٹ (ہ۔ مونث) گیدڑ کی آواز۔ گدودٹ مچا دی۔ شور و غل مچا دیا۔ چور جنگل میں گیدڑ کی طرح بول کر اپنے ہمراہیوں کو اپنا آنا جتلاتا ہے۔ اس آواز کے بعد دوسرے گیدڑوں کی آواز نہیں آتی۔ یہ اس کی نشانی ہے۔

گِدھ (ہ۔ مذکر) دیکھو گِد۔

گَدھا (ہ۔ مذکر) ایک سفید یا خاکستری رنگ کا جانور جو گھوڑے سے چھوٹا ہوتا ہے اور بوجھ لادنے یا سواری کے کام آتا ہے۔ خر ۲ بوجھ جو گدھے پر لدا ہو۔ بار خر ۳ (صفت) بیوقوف۔ احمق۔ گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے (س گردَھب گرد۔ آواز نکالنا) **گدھاپن** (مذکر) بیوقوفی۔ حماقت۔ نادانی۔ **گدھا چند** (صفت) بیوقوف آدمی۔ **گدھا دلدل میں پھنسنا** (لازم) کسی کا ایسے جھگڑے میں پھنسنا جس سے نکلنا مشکل ہو۔ گدھا

کھیاون ہے۔ ہر ایک دوسرے کے ساتھ وہ معاملہ کرتا ہے جو وہ اس کے ساتھ کرتا ہے۔ **گدھا گدھی یا ہنیچو** (مذکر) لڑکوں کا ایک کھیل۔ **گدھا لوٹن** (مذکر) وہ جگہ جہاں گدھوں کے لوٹنے کے نشان ہوں۔ جاہلوں کا خیال ہے کہ اس کے اوپر سے گزرنے سے پاؤں میں درد ہو جاتا ہے۔ گدھا زمین پر نکان اتارنے کے لئے لوٹتا ہے۔ وہ نکان اس شخص کو چڑھ جاتی ہے۔ **گدھوں** (مذکر) گدھا کی جمع جو حروف مغیرہ کے پہلے استعمال ہوتی ہے ۲ کثرت اور افراط ظاہر کرنے کو بولتے ہیں (عف) **گدھوں بخار چڑھنا** (لازم) شدت سے تپ ہونا۔ **گدھوں سیتلا نکلنا** (لازم) شدت سے چیچک نکلنا۔ **گدھوں کے ہل پھروانا یا چلنا** (لازم) چلوانا (متعدی) اجاڑ دینا۔ ویران کر دینا۔ کسی جگہ کو ایسا ویران کر دینا کہ وہاں گدھے چرتے پھریں۔ **گدھی** (مونث) ۱ مادہ خر ۲ (صفت) بیوقوف۔ احمق (عورت) **گدھے** (مذکر) ۱ گدھا کی جمع ۲ حرف مغیرہ سے پہلے مفرد میں الف یائے سے بدل جاتا ہے۔ **گدھیا** (مونث) گدھی۔ مادہ خر **گدھے کو چڑھانا یا سوار کرنا** (متعدی) معمولی معنوں میں۔ بے عزت کرنا۔ بدنام کرنا۔ **گدھے پر چڑھنا یا سوار ہونا** (لازم) گدھے کی سواری کرنا۔ **گدھے پر کتابیں لادنا** (متعدی) لدنا (لازم) ۱ بیوقوف کو علم ہونا۔ علم سیکھنا گر عمل نہ ہونا ۲ نااہل کو اعلیٰ کام ملنا۔ **گدھیڑی** (مونث) نہایت بھوہڑ عورت۔ بے تمیز اور بے سلیقہ عورت۔ **گدھی (گدھے) کا بچہ** (صفت) ۱ بچہ خر (صفت) بیوقوف گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ **گدھے کو آدمی بنانا** (متعدی) ۱ بیوقوف کو عاقل بنانا ۲ اس کے متعلق جونپور کے قاضی کا مشہور قصہ ہے۔ **گدھے کو باپ بنانا** (متعدی) کام نکالنے کے لئے بیوقوف کی خوشامد کرنا۔ **گدھے کو حلوا کھلا کے لاتیں کھانا** (متعدی) بدوں کے ساتھ بھلائی کر کے نقصان اٹھانا۔ **گدھے کے ہل چلوانا** (متعدی) ۱ کسی شہر کو غارت کرنا ۲ آباد جگہ کو اجڑوانا ۳ قلع قمع کرنا۔ **گدھی گدھے کا بیاہ** (مذکر) جب دھوپ میں بارش ہو تو بچے یہ کہتے ہیں۔ **گدھیلا** (مذکر) وہ شخص جس کے پاس گدھے بکثرت ہوں گدھے والا (صفت) وہ شخص جو کرائے کے لئے گدھے رکھتا ہے۔

امثال و اقوال۔

گدھا برسات میں بھوکا مرے۔ بیوقوف آدمی اپنے خیالات کی وجہ سے مصیبت میں پڑتا ہے۔ لوگوں کا خیال ہے کہ برسات میں چونکہ گھاس بکثرت ہوتی ہے۔ گدھے کے کھانے سے کوئی فرق نہیں پڑتا تو اسے خیال ہوتا ہے کہ اسنے کچھ نہیں کھایا۔ اس وہم میں وہ بھوکا رہتا ہے اور لاغر ہو جاتا ہے۔ اصل وجہ یہ ہے کہ مکھیوں وغیرہ کی تکلیف سے برسات میں گدھا دبلا ہو جاتا ہے **گدھا پانی پیئے گھنگول کے۔** گدھا بھی پانی کو صاف کر کے پیتا ہے۔ گندے آدمی کو نصیحت کے طور پر کہتے ہیں۔ **گدھا پیٹے گھوڑا نہیں ہوتا۔** بیوقوف کو ادب دینے سے سمجھ نہیں آتی۔ رذیل سے شریف نہیں ہو سکتا۔ **گدھا دھوئے سے بچھڑا (بچھیرا) نہیں ہوتا۔** کمینہ لباس سے شریف نہیں بن سکتا۔ زیبائش و آرائش سے بری چیز اچھی نہیں بن سکتی۔ **گدھا کھر سا ہیں موٹا ہوتا ہے۔** احمق مفلسی میں بھی دبلا نہیں ہوتا۔ جاہلوں کا خیال ہے کہ گدھا جب خشک موسم میں چرتا ہے تو سمجھتا ہے کہ اسنے سب گھاس کھالی۔ اس خیال سے وہ موٹا ہو جاتا ہے۔ **گدھا کیا جانے زعفران کی قدر۔** بیوقوف اچھی چیز کی قدر نہیں جانتا۔ چہ داند بوزنہ لذات ادرک۔ **گدھا کے کھائے کھیت۔ نہ ہر لوکے نہ پرلوکے** (ھ) نالائق کے ساتھ سلوک کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ ہندوؤں میں اگر گائے کھا جائے تو پن سمجھا جاتا ہے۔ **گدھا گرے پہاڑ سے مرغی کے ٹوٹے کان۔** ناممکن بات۔ گدھا کبھی پہاڑ سے نہیں گرتا۔ مرغی کے کان ہی ایسے نہیں جو ٹوٹ سکیں **گدھا گھوڑا (ایک بھاؤ) برابر یا یکساں** ۱ اچھی بری چیز کا ایک نرخ۔ نیک و بد میں تمیز نہیں بے انصافی اور بیقدری کے موقع پر بولتے ہیں۔ **گدھا گیا تو گیا رسی بھی لے گیا۔** چیز بھی گئی اور دوسرا نقصان بھی ہوا۔ **گدھا مرے کمہار کا دھوبن ستی ہو۔** نقصان کسی کا ہو اور افسوس کوئی کرے۔ **گدھوں سے ہل چلیں تو بیل کیوں بسائیں۔** نادانوں سے اگر کام نکلیں تو ہنرمندوں کو کون پوچھے **گدھی بھی جوانی میں بھلی لگتی ہے۔** جوانی کے زمانے میں بدشکل بھی خوبصورت معلوم ہوتا ہے۔ **گدھے کا جینا تھوڑے دن بھلا۔** نالائق یا مصیبت زدہ جلد مر جائے تو اچھا ہے۔ **گدھے کا کھایا نہ پاپ (میں) نہ پن (میں)** دیکھو گدھا کے الخ۔ **گدھے کا ماس کتے کے دانت** گوشت خر دندان سگ کا ترجمہ۔ گدھے کے گوشت کو کتا ہی کھاتا ہے۔ جب برے آدمی آپس میں لڑیں تو کہتے ہیں۔ **گدھے کو انگوری باغ (کی کیا قدر)** انگوری باغ کی بجائے پوری حلوہ۔ خشکہ۔ زعفران یا گلقند بھی استعمال ہوتا ہے۔ بیوقوف رتبہ نالائق کو اچھی چیز۔ **گدھے کو حلوا کھلا کر لاتیں کھانا۔** نااہل کو سر چڑھا کر خفت اٹھانا۔ بدوں کے ساتھ بھلائی کر کے خفت اٹھانا۔ **گدھے کو گدھا کھجاتا ہے۔** احمق کو احمق ہی سراہتا ہے۔ **گدھے کو دیا نمک اسنے کہا میری آنکھیں پھوٹیں۔ گدھے کو نون دیا اسنے کہا میری آنکھیں دکھتی ہیں۔ گدھے کی آنکھوں میں نون دیا اسنے کہا میری آنکھیں پھوڑیں** بیوقوف کے ساتھ احسان کرو تو وہ سمجھتا ہے کہ بد سلوکی ہوئی۔ **گدھے کو کھلائے کا پاپ نہ پن۔** دیکھو گدھا کے الخ۔ **گدھے کے منہ کو خشکا۔** نااہل کو کوئی اچھی چیز دینے کے موقع پر کہتے ہیں۔ **گدھے کی یاری لات کی سنسناہٹ** بیوقوف کی دوستی میں نقصان ہوتا ہے۔

گدھری (ھ۔ مونث) چنے کا کچا ڈوڈا۔

گدھوئی (ہ۔ مونث) حاملہ ناقہ

گدی (س۔ صفت) گرز بردار۔ عصا بردار۔

گدی (ہ۔ مونث) ۱ گدا۔ گدیلا ۲ مسند ۲ کاغذ یا کپڑے کی تہ ۳ وہ کپڑا جس کی چند تہیں کر کے زخم پر رکھ کر پٹی باندھتے ہیں ۴ وہ دوہرا کپڑا جس کے بیچ میں روئی رکھ دیتے ہیں اور گدے کے قبضے سی رکھتے ہیں ۵ روئی دار سیاہوا کپڑا جو سپر میں رکھتے ہیں ۶ روئی دار کپڑا جو گھوڑے یا ہاتھی کی پیٹھ پر باندھتے ہیں۔ چارجامہ ۷ خفیف کا لقا ۸ تخت شاہی۔ مسند حکومت ۹ پیروں وغیرہ کی نشستگاہ ۱۰ کاغذ کے دس دستوں کا بنڈل ۱۱

وہ گدا جس پر ساہو کار بیٹھتے ہیں ۲؎ اناج کا مٹھا ۳؎ (مذکر) مسلمانوں میں ایک قوم جو دودھ دہی گھی وغیرہ بیچتے ہیں ۴؎ ہندو پہاڑیوں کی ایک قوم جو بھیڑیں رکھتے ہیں (س گادھ۔ ڈھیر لگانا)

گدی پر بٹھانا (متعدی) **بیٹھنا** (لازم) ۱؎ راجہ یا بادشاہ ہونا ۲؎ کسی بزرگ کا جانشین ہونا۔ **گدی رکھنا** (متعدی) گدی ۳؎ پائے استعمال کرنا۔ **گدی سے اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) بادشاہت سے معزول ہونا۔ **گدی نشین** (صفت) ۱؎ وہ جو حکومت کی گدی پر بیٹھے ۲؎ وہ جو مسند پر بیٹھے ۳؎ وہ جو کسی پیر یا گرو وغیرہ کا جانشین ہو۔ **گدی نشینی** (مونث) ۱؎ تخت نشینی ۲؎ پیر یا گرو وغیرہ کی جانشینی۔

گدی (ہ۔ مونث) وہ سایہ دار جگہ جہاں کشتیوں کی مرمت ہوتی ہے۔

گدی (ہ۔ مونث) سر یا گردن کا پچھلا حصہ (س گر نتھکا) **گدی بھانا** (متعدی) دھپ لگانا۔ گدی پر تمانچہ مارنا۔ **گدی سے زبان کھینچنا** (متعدی) زبان کسی اوزار سے نکال لینا۔ پرانے زمانے کی ایک سزا۔ **گدی سے زبان نکالنا** (متعدی) گردن کے پچھلے حصے کو چیر کر اس سے زبان باہر کھینچ لینا۔ سزائے موت دینا۔

گدیجیٹ (ہ۔ مونث) ایک قسم کی گھاس جو دوب کی طرح کی مگر تین گنا چوڑی ہوتی ہے اور بطور چارہ کے استعمال کی جاتی ہے۔

گدیڑی (ہ۔ مونث) گدھی کی تصغیر نہایت پھوہڑ اور بدسلیقہ عورت۔

گدیل۔ گدیل (ہ۔ مذکر) شیر خوار بچہ۔

گدیلا (ہ۔ مذکر) ۱؎ روئی کا گدا یا توشک ۲؎ ہاتھی کے اوپر رکھنے کی گدی (گدا سے)

گدیہ (ف۔ مذکر) گدائی کرنا۔ بھیک مانگنا۔

گدیہ (س۔ مذکر) مقفےٰ اور مسجع عبارت۔ نثر۔

گڈ (ہ۔ مونث) ۱؎ گاڑی کا مخفف (پ) مال لادنے کی گاڑی ۲؎ چند آدمیوں کا باہمی اتفاق ۳؎ مجموعہ ۴؎ ملے جلے کاغذ۔ کاغذوں کا مجموعہ ۵؎ (ہ) سرحد۔ حد کا نشان یا برجی۔ **گڈ بڈ** (لکھنؤ) **گڈ مڈ** (صفت) ملا جلا۔ گڑبڑ (دہلی) **گڈ مڈ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱؎ ملجانا۔ مخلوط ہونا ۲؎ گتھنا۔ جڑنا۔

گڈ (ہ۔ صفت) دیکھو گڈا یا گتا۔

گڈ (انگ۔ مذکر) ۱؎ اچھا۔ عمدہ۔ نفیس۔ خوب ۲؎ نیک۔ پارسا ۳؎ شریف۔ بھلا مانس ۴؎ مبارک۔ سبھ ۵؎ فائدہ مند۔ مفید ۶؎ معقول ۷؎ کھرا ۸؎ (حرف ندا) بہتر۔ خوب۔ اچھا۔ **گڈ آفٹر نون** (مونث) تیسرے پہر کا سلام۔ **گڈ ایوننگ** (مونث) شام کا سلام۔ **گڈ بائی** (مونث) گاڈ بی وِ دیُو کا مخفف۔ خدا حافظ۔ کچھ دنوں کے لئے رخصت ہونے کا سلام۔ **گڈ بائے** (مذکر) ۱؎ اچھا لڑکا ۲؎ کوئی تعریف یا خدمت گزاری کا کام کرے تو کہتے ہیں۔ شاباش۔ **گڈ فرائیڈے** (مذکر) عیسائیوں کا ایک تہوار ہوتا ہے عیسائیوں کے خیال میں اس روز حضرت عیسےٰ کو صلیب دی گئی تھی۔ **گڈ مارننگ** (مونث) صبح کا سلام۔ **گڈ مین** (مذکر) ۱؎ نیک آدمی ۲؎ طنزاً جب کوئی غلط بات کہے تو کہتے ہیں اس وقت مائی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **گڈ نائیٹ** (مونث) وہ سلام جو رات کو سونے کے لئے رخصت ہوتے وقت کرتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اب اس دن ملاقات نہیں ہوگی۔

گڈا (ہ۔ مذکر) بوجھ لادنے کی گاڑی۔ چھکڑا (گاڑی سے)

گڈا (ہ۔ مذکر) ۱؎ مٹی کا ڈھیلا ۲؎ مٹی کا ڈھیر۔ ٹیلا ۳؎ برجی۔ حد کا نشان ۴؎ سوجے ہوئے غدود ۵؎ گٹھلی ۶؎ جڑ کی گانٹھ ۷؎ گڑھا کا مخرب۔ (غف)

گڈا (ہ۔ صفت) دیکھو گتا۔

گڈا (ہ۔ مذکر) ۱؎ گڑیا کا مذکر۔ کپڑے کا بنا ہوا آدمی جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں ۲؎ بت۔ پتلا ۳؎ کپڑے کا پتلا جو بھاٹ کسی بخیل کی شکل کا بنا کر لئے پھرتے ہیں اور ہجو کرتے جاتے ہیں ۴؎ کپڑے کا پتلا جو بوڑھے سمدھی کے مرنے پر عورتیں بنا کر لے جاتی ہیں اور ظرافت کے گیت گاتی جاتی ہیں (س گدک۔ گیند) **گڈا بنانا** (متعدی) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ **گڈے گڑیا کی شادی** (مونث) لڑکیوں کا ایک کھیل جس میں گڈے اور گڑیا کا بیاہ کرتی ہیں۔

گڈا لکا (ہ۔ مونث) وہ بھیڑ جو گلے کے آگے چلے۔

گڈامی (انگ۔ مونث) گوڈیم یو کا مخفف۔ جس کے معنی ہیں جاؤ تم پر لعنت ہو ۱؎ ملعون۔ مردود ۲؎ لعنتی۔ پاجی ۳؎ مشرک ۴؎ بیہودہ۔ لغو۔ **گڈامی بولی** (مونث) ۱؎ انگریزی زبان ۲؎ کرشانوں کی اردو۔ **گڈامی جوتا** (مذکر) **جوتی** (مونث) انگریزی جوتی۔ **گڈامیر** (صفت) ۱؎ مخلوط ۲؎ بیہودہ۔ لغو ۳؎ پاگل۔

گڈبڈ (ہ۔ صفت) دیکھو گڑبڑ۔

گڈریا (ہ۔ مذکر) ۱؎ چرواہا۔ راعی۔ شبان۔ چوپان۔ گوالا ۲؎ بھیڑوں اور بکریوں کے ریوڑ چرانے والا (س گاڈر۔ بھیڑ) **گڈریا پران** (مذکر) گڈریوں کے قصے کہانیاں جو گڈریئے سنائیں۔ **گڈریوں کا گیت** (مذکر) وہ گیت جو گڈریئے گائیں۔

گڈس (انگ۔ مذکر) مال۔ اسباب۔ سامان۔ **گڈس ٹرین** (مونث) مال گاڑی۔ **گڈس شڈ** (مذکر) وہ چھت دار جگہ جہاں بلٹی کیا ہوا مال رکھا جائے۔ **گڈس کلرک** (مذکر) مال گودام کا بابو۔ محرر مال۔

گڈنک (ہ۔ مذکر) گودام۔ ذخیرہ۔

گڈورا (ہ۔ مذکر) گڑھا۔

گڈولنا (ہ۔ مذکر) بچے کے کھیلنے کی گاڑی۔

گڈھ (ہ۔ مذکر) ۱؎ دیکھو گڑھ۔ (مونث) ۲؎ گڈھی بمعنی گاڑی کا مخفف ۳؎ گھر۔ خانہ۔ کدہ۔

گڈھا (ہ۔ مذکر) دیکھو گڑھا۔

گڈھلا (ہ۔ مذکر) گڑھا۔ غار۔

گڈی (ہ۔ مونث) ۱؎ ترکاری کا گٹھا۔ پولی۔ بنڈل ۲؎ کاغذ کے دس دستوں کا مجموعہ ۳؎ پڑاقوں کا کاغذ ۴؎ آتشبازی کے پڑاقے جو بکھا ہوں ۵؎ سونے یا چاندی کے ورقوں کی تھئی جس میں ڈھائی سو ورق ہوتے ہیں ۶؎ چھلکے پھولوں کا دونا (غف)

٤ (پ) گاڑی۔ چھکڑا (س گرنتھ۔ گٹھا)

گڈّی (ہ۔ مونث) ١ ایک قسم کا مربع پتنگ جس میں پنچھالہ نہیں ہوتا۔ تلنگی ٢ ہڈیوں کا جوڑ ٣ پرندوں کے پروں کو اس طرح آپس میں الجھا دینا کہ وہ نہ اڑ سکیں ٤ ایک قسم کا چھوٹا حقہ۔ ٹھڈّی۔

گذار۔ گذارا۔ گذارش۔ گذارنا۔ گذاشتنی۔ گزاف۔ گذر۔ گذران۔ گزرانا گذرگاہ۔ گذرنامہ۔ گذرنا۔ گذری۔ گذشتنی۔ گذشتہ (ف۔ مت) دیکھو گز ار وغیرہ۔

گَر (ف۔ صفت) ١ گار کا مخفف۔ بنانے والا۔ کرنے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے صورت گر۔ کاریگر۔ قلعی گر۔ زرگر وغیرہ ٢ صاحب۔ مالک۔ خداوند۔ جیسے تونگر ٣ بجائے لفظ باز۔ جیسے لونڈے گر (مت) گری (مونث) بنانا۔ کرنا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے صنعت گری۔ کاریگری وغیرہ۔

گَر (ف۔ حرف شرط) اگر کا مخفف۔

گرچہ (حرف شرط) اگرچہ کا مخفف۔

امثال و اقوال۔ گر بدولت برسی مست نہ گردی مردی۔ بادہ نوشیدن و **ہشیار نشستن سہل است۔** مرد وہی ہے جو دولت کے نشے میں مست نہ ہو۔ شراب پی کر ہشیار رہنا آسان ہے۔ **گر بر سر و چشم من نشینی نازت بکشم کہ نازنینی۔** اگر میرے سر اور آنکھوں پر بیٹھے تو میں تیرے ناز اٹھاؤں کیونکہ تو خوبصورت ہے۔ خوبصورت کے سب ناز اٹھاتے ہیں۔ **گر جاں طلبی مضائقہ نیست۔ زر مے طلبی سخن درین ست** اگر جان طلب کرے تو مضائقہ نہیں۔ مگر بات یہ ہے کہ تو زر طلب کرتا ہے۔ بخیل کو روپیہ جان سے زیادہ عزیز ہوتا ہے۔ **گر ضرورت بود روا باشد۔** ضرورت کے وقت سب کچھ جائز ہے۔ **گر قبول افتد زہے عز و شرف۔** نذر یا تحفہ پیش کرتے وقت کہتے ہیں کہ اگر قبول ہو تو کیا ہی عزت و شرف ہے۔ **گر نبود سے چوب تر۔ فرماں نبردے گاؤ خر۔** اگر گیلی لکڑی نہ ہو تو گائے اور گدھا حکم نہ مانیں۔ جب تک کسی کا خوف و ڈر نہ ہو کوئی کسی کی اطاعت نہیں کرتا۔ **گر نہ** ستانی بہ ستم میبرسد۔ بغیر خواہش کسی چیز کے ملنے کے لئے مستعمل ہے۔ **گر ہمیں مکتب است و ایں ملا۔ کار طفلاں تمام خواہد شد۔** جب بڑوں کی یہ حالت ہے تو چھوٹوں کا خدا حافظ ہے۔

گَر (ھ۔ مونث) گھوڑے کے گلے کی خارش جو ایک مہلک بیماری ہے۔

گَر (س۔ مذکر) ١ پینے کی چیز۔ مائع ٢ زہر جو چیزوں کو ملا کر بنایا جائے۔ کوئی زہر۔ ٣ تریاق ٤ بیماری۔

گِر (ہ۔ امر) گرنا کا (س گری۔ گرنا)

گِرا (امر) ١ گرانا کا ٢ (ماضی) گرنا کی ٣ (صفت) محتاج غریب۔ ذلیل۔ **گرا پڑا** (صفت) زمین پر گرا پڑا ہوا ٢ افتادہ ٣ کمینہ۔ رذیل۔ ذلیل۔ خوار۔ **گرا پڑنا** (لازم) ٹوٹا پڑنا۔ کسی چیز پر حد سے زیادہ رغبت کرنا۔ **گرا جانا** (لازم) گھبرا جانا۔ کمزوری محسوس ہونا (جی دل کے ساتھ) **گرا جماؤ** (مذکر) کمہاروں کی اصطلاح۔ لکھوری اینٹ کا کھرنجہ۔ **گرا دینا** (متعدی) گرانا۔ **گرا کہ گرا۔** اب بہت جلد گرا چاہتا ہے۔ **گرا لینا** (متعدی) زمین پر ڈال لینا۔ دے مارنا۔ پٹک دینا۔ **گرانا** (متعدی) ١ نیچے ڈالنا پھینکنا ٢ پٹک دینا۔ دے مارنا ٣ مسمار کرنا۔ ڈھانا ٤ درجہ کم کرنا یا توڑنا۔ مرتبہ گھٹانا ٥ قیمت کم کرنا۔ مول گھٹانا ٦ مضمحل کرنا۔ نڈھال کرنا ٧ بکھیرنا۔ لنڈھانا ٨ (پانی۔ دودھ وغیرہ) بہانا۔ رواں کرنا ٩ (خون) زخمی کرنا۔ رواں کرنا ١٠ (حمل) اسقاط کرنا۔ بچہ نکالنا ١١ (جی دل وغیرہ) بے حوصلہ کر دینا یا ہو جانا ١٢ (روپیہ وغیرہ) کھونا۔ فضول طور پر خرچ کر دینا ١٣ (کنگل) نیچا کرنا۔ **گراؤ** (صفت) گرنے والا۔ گرنے کے قابل۔ گرنے کو تیار۔ **گر پڑ کر** (تف) ١ بمشکل تمام چوں توں کر کے۔ افتاں خیزاں ٢ گر کے ٣ منت سماجت کر کے ٤ مصیبت اٹھا کر۔ **گر پڑ کے ملنا** (لازم) بے دقعتی سے ملنا۔ **گر پڑنا** (لازم) ١ نیچے آ رہنا۔ زمین پر آ پڑنا ٢ مکان کا گر جانا۔ دیوار کا بیٹھ جانا ٣ نہایت کمزور اور نحیف ہو جانا۔ بیماری کے سبب مضمحل ہو جانا ٤ مائل ہو جانا ٥ سنبھلنے یا پہنچنے کے قابل نہ رہنا ٦ تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔ **گرتا پڑتا** (تف) ١ افتاں خیزاں۔ گر پڑ کر ٢ بمشکل تمام ٣ جلد و شتاب۔ دوڑتا اور لپکتا ہوا۔ **گر جانا** (لازم) ١ نیچے گرنا ٢ بچھڑ جانا ٣ تلف ہونا۔ برباد ہونا ٤ غریب ہو جانا۔ **گر کر سودا یا معاملہ کرنا** (متعدی) زبردستی کوئی چیز کسی کو دینا۔ خلاف مرضی کسی کے پاس کوئی چیز بیچنا۔ **گرنا** (لازم) ١ اوپر سے نیچے آ پڑنا ٢ پھل وغیرہ کا جھڑنا ٣ پھسلنا۔ لڑھکنا ٤ مضمحل ہونا۔ ناطاقت ہونا ٥ ہارنا۔ شکست کھانا ٦ بیہوش ہونا۔ کام آنا۔ لڑائی میں مارا جانا ٧ بیمار ہونا ٨ دولت و ثروت میں کم ہونا۔ کم مایہ ہو جانا ٩ بچھڑنا۔ مغلوب ہونا ١٠ پڑنا ١١ گھسنا۔ اندر جانا۔ داخل ہونا ١٢ (آنسو) ٹپکنا۔ ڈھلکنا ١٣ (مکان دیوار وغیرہ) مسمار ہونا۔ بیٹھ جانا ١٤ (درخت) جڑ سے اکھڑ جانا ١٥ (نزلہ فالج وغیرہ) اترنا۔ نزول کرنا ١٦ (کبوتر) دوسرے شخص کی تہ یا چھتری پر اتر آنا ١٧ (پر) جھکنا ١٨ لالچ کرنا ١٩ عاشق ہونا۔ مفتون ہونا ٢٠ ہجوم کرنا۔ ٹوٹنا۔ آدمی پر آدمی ٹوٹنا ٢١ (حمل) اسقاط ہونا ٢٢ (بھاؤ نرخ) کم ہونا۔ گھٹنا ٢٣ (آفت مصیبت وغیرہ) نازل ہونا۔ وارد ہونا ٢٤ (بہری عقاب وغیرہ) جھپٹا لگانا ٢٥ (مینہ برف وغیرہ) برسنا ٢٦ (نظروں سے) ذلیل ہونا۔ خفیف ہونا۔ قدر نہ رہنا ٢٧ (درجہ عہدہ مرتبہ وغیرہ) گھٹنا۔ ٹوٹنا۔ کم ہونا ٢٨ (میں) کام میں لگ جانا۔ مصیبت میں پڑنا ٢٩ (کوئیں میں) جا پڑنا۔ ڈوبنا۔ خودکشی کرنا ٣٠ (خون) زخمی ہونا ٣١ (جی دل) گھبرانا۔ بے حوصلہ ہونا ٣٢ (بجلی) صاعقہ کا کسی چیز پر آ پڑنا ٣٣ مصیبت پڑنا ٣٤ (دانت) دانت کا جڑ سے نکل جانا۔ **گِروانا** (م) گرانا کا۔ **گرے پڑنا** (لازم) الٹے پڑنا۔ ہجوم کرنا۔ **گرے پڑے کا سودا** (مذکر) وہ معاملہ جو خوشامد درآمد کر کے کیا جائے۔ **گرے پڑے وقت کا ٹکڑا** (مذکر) اس چیز کو کہتے ہیں جو مصیبت کے وقت کام آئے۔

امثال و اقوال۔ گرا نہیں سنبھلتا۔ ذلت پا کر پھر عزت حاصل نہیں ہوتی **گر پڑے کی ہر گنگا۔** جس کو تکلیف پہنچے وہ خدا کو یاد کرتا ہے۔ **گری پڑی (چیز) کے یار گندا۔** لاوارثی چیز کو جو چاہے لے لیتا ہے۔ **گرے گئے دانت آم (کے) کھانے سے۔** تعجب۔ خلاف قیاس۔ **گرے کا کیا گرے گا۔** جو پہلے ہی تباہ ہو چکا ہو۔ اس کا اور کیا نقصان ہوگا۔ **گرے گھم بلان بھاری۔** ساری مصیبت غریب ہی کے لئے ہوتی ہے۔

گِر (س۔ مذکر) **گِر** (ھ) ١ پہاڑ۔ کوہ

پربت - جبل - پہاڑی ۲ چٹان - پتھر ۳ بلندی - اونچائی - ارتفاع ۴ عدد ۸ ۵ بادل ۶ آنکھوں کی ایک بیماری ۷ پارے کا ایک نقص - گردھارن (مذکر) پہاڑ کو اٹھانا (کرنا ہونا کے ساتھ) گردھاری (ھ) (مذکر) ۱ پہاڑ کو اٹھانے والا ۲ کرشن جی ۳ ایک نام ہندوؤں میں - گرراج - رائے یا رائے (مذکر) ۱ پہاڑوں کا راجہ ۲ شاہی پہاڑ ۳ کوہ میرو ۴ کوہ ہمالیہ - گرسار (مذکر) ۱ لوہا ۲ قلعی۔

گُر (ف - مذکر) ایک دریا -

گُر (ہ - مذکر) ۱ مختصر قاعدہ ۲ کلیہ - اصول - قاعدہ ۳ نکتہ - باریک بات ۴ حساب کا قاعدہ جس میں غلطی نہ ہو (بتانا سکھانا سیکھنا وغیرہ کے ساتھ) گر میں بتادوں - تدبیر مجھ سے پوچھو -

گُرو (ہ - مذکر) دیکھو گرو - گر بھائی (مذکر) ۱ پیر بھائی - ایک گرو کے چیلے ۲ ایک ہی استاد کے شاگرد ۳ ہم جماعت - ہم مکتب - گردوارا (مذکر) ۱ گرو کے رہنے کا مکان ۲ سکھوں کا مندر - جہاں گرنتھ صاحب رکھا رہتا ہے - گر گیان (مذکر) وہ دینی علم جو مرشد اپنے مرید کو بتائے - گرگیانی (مذکر) عقلمند آدمی - دانا شخص - گرماتا (مونث) گرو کی بیوی - گرمکھ ہونا (لازم) ۱ گرو سے پہلا منتر سیکھنا ۲ گرو کا چیلا ہونا - گرمکھی (مونث) ۱ وہ رسم الخط جس میں سکھوں کی پنجابی کتابیں لکھی جاتی ہیں - مسلمان اردو رسم الخط میں لکھتے ہیں ۲ وہ زبان جو گرو بولتا ہے ۳ وہ ہدایات جو گرو نے اپنی زبان سے دی ہوں - گرمنتر (مذکر) ۱ وہ منتر جو برہمن پہلی دفعہ جنیو پہنا کر سکھائے ۲ گرو کی نصیحت -

امثال واقوال - گر بن بیکل

چیلوا کنٹھو بن باور گیت (ھ) بغیر گرو کے چیلا اس طرح ہے جیسے گیت بغیر آواز کے - گر بن ملے نہ گیان - بھاگ بن ملے نہ سمپت - بغیر استاد کے علم نہیں حاصل ہوتا - اور بغیر قسمت کے دولت نہیں ملتی - گر تو ایسا چاہیئے جوں صقلی گر ہوئے - جنم جنم کا مورچہ چھن میں ڈالے کھوئے - گرو صقلی گر کی طرح ہونا چاہیئے جو سالہا سال کے زنگار کو پل میں صاف کر دے - گرو بہت قابل شخص ہونا چاہیئے - گر سے لپٹ منتر سے چوری - یا ہو نردھن یا ہو کوڑھی - گرو کو جو دھوکا دے اور دوست کی چوری کرے وہ غریب ہوگا یا کوڑھی - گر گر بدیا سر سر گیان (ھ) ہر گرو کا سکھانے کا طریقہ مختلف ہے - اور ہر انسان کی عقل مختلف ہوتی ہے - گر گڑ ہی رہے چیلے شکر ہو گئے - چیلے گرو سے بڑھ گئے - شاگرد استاد سے بڑھ گئے -

گرّا (ہ - مذکر) ۱ سرخی مائل سیاہ رنگ ۲ گھوڑے کا ایک رنگ - کمیت ۳ کبوتر کا ایک رنگ ۴ سفیدی جو گھوڑے کی پیشانی پر ایک درم سے زیادہ ہو - گرّا گیا - جوان ہو گیا -

گِرا (س - مونث) ۱ گفتگو ۲ بول چال ۳ آواز - نظم ۴ سرسوتی کا ایک نام ۵ (ھ) واقعہ - حادثہ -

گرَاب (انگ - مذکر) وہ توپ کا گولہ جس میں بہت سی گولیاں چھرّا رال وغیرہ بھری ہوتی ہے (اصل گریپ شاٹ - باریک چھرّہ)

گرَازہ (ھ - مذکر) ۱ قنات ۲ احاطہ کی دیوار -

گراری (ہ - مونث) ۱ ایک آلہ جس سے دھاگا یا رسی بٹتے ہیں ۲ دھاگا لپیٹنے کا ریل ۳ کوئیں کی چرخی ۴ پہیئے کی شکل کا ایک پرزہ جو اکثر مشینوں میں ہوتا ہے ۵ (ھ) سڑک پر پہیوں کا نشان ۶ وہ نشان جس پر چونا باریک کرنے والا پہیہ پھرتا ہے (س گرہ - پکڑنا)

گراز (ف - مذکر) ۱ نر سؤر ۲ بہادر - شجاع - گرازہ (مذکر) ایک ایرانی پہلوان -

گراس (ھ - امر) ۱ گرسنا کا ۲ (مذکر) لقمہ ۳ روٹی کا ٹکڑا ۴ مویشی کا چارہ - گراسا (ماضی) ۱ گرسنا کی ۲ (مذکر) دیکھو گراس - گراسنا (لازم) کھانا - نگلنا -

گِراس (انگ - مذکر) گھاس - گراس فارم (مذکر) وہ مقام جہاں فوجوں کے گھوڑوں کے لئے چارہ بوتے ہیں - گراس کٹ (مذکر) گھسیارہ - گراس وڈو (مونث) وہ عورت جس کا خاوند مدت سے کہیں چلا گیا ہو -

گرام (س - مذکر) گرام (ھ) ۱ گاؤں دیہ - قریہ - نگلا - پورہ - چک - کھیڑا - بستی - موضع پنڈ - گام - گانو ۲ کھیتوں کے درمیان رہنے کی جگہ - مزرعہ ۳ گاؤں کا باشندہ - دیہاتی - روستائی گنوار ۴ راگ کی اٹھان - اس کے تین درجے ہیں کھرج گرام درجہ ادنے - مدھ گرام یا مدھم درجہ اوسط اور نکھاد گرام درجہ اعلےٰ - پھر ہر درجہ کو سات سروں پر تقسیم کیا ہے ۵ مرکبات کے اخیر میں - گروہ - جماعت - فوج ۶ مجموعہ ۷ ڈھیر ۸ گھر کی بوڑھی عورت - گرام کوٹ (مذکر) نمبردار - گاؤں کا چودھری - گرامنی (مذکر) ۱ گاؤں کا چودھری - سردار - مالک - زمیندار ۲ نائی - حجام - گرامی (صفت) ۱ گاؤں کا - گاؤں کے متعلق ۲ گنوار ۳ (مذکر) دہقانی - روستائی - دیہاتی

گراموفون (انگ - مذکر) دیکھیے گریموفون -

گرامی (ف - صفت) ۱ بہت عزیز پیارا - محبوب ۲ بزرگ - مکرم - معظم - مخدوم ۳ مرغوب خاطر - من بھاتا - دلپسند - ہر دلعزیز - گرامی قدر (صفت) بزرگوں کی طاقت والا ۲ بزرگوں کی تعریف میں استعمال کرتے ہیں - گرامی منش (صفت) بزرگ طبیعت - گرامی نامہ (مذکر) بڑے کا خط -

گراں (ف - صفت) ۱ مہنگا ۲ بیش قیمت - انمول ۳ وزنی - بھاری - ثقیل ۴ ناگوار - اجیرن ۵ سخت - درشت - کڑا ۶ مشکل - دشوار ۷ سست - کاہل ۸ کثرت اور خوبی ظاہر کرنے کے لئے - جیسے گراں پایہ ۹ کراہت یا بدی ظاہر کرنے کے لئے جیسے سرگراں - گرانبار (صفت) ۱ بوجھ سے لدا ہوا ۲ پھل دار - باردار ۳ حاملہ ۴ امیر - دولتمند - گرانباری (مونث) زیر باری - زیر بار ہونا - گرانبہا (صفت) بیش قیمت - قیمتی - گراں پایہ (صفت) بڑا آدمی - صاحب قدر و منزلت - گراں جان (صفت) ۱ سخت جان ۲ سست - کاہل ۳ نہایت بوڑھا - بے حیا زندگی والا ۴ بیمار - جان سے تنگ ۵ فقیر - گراں جانی (مونث) ۱ سخت جانی ۲ بے حیائی - گراں خاطر (صفت) ۱ دو بھر - اجیرن - ناگوار طبع ۲ ناراض - رنجیدہ - گراں خاطر گزرنا (لازم) ناگوار ہونا - گراں خواب (صفت) ۱ بہت سونے والا ۲ گہری نیند سونے والا ۳ غافل - گراں خوابی (مونث)

غفلت۔ گراں سر (صفت) متکبر۔ مغرور۔ گراں سرشت (صفت) ۱ صاحب وقار ۲ مغرور متکبر۔ گراں سنج (صفت) وزنی۔ بیش قیمت۔ گراں قدر (صفت) عالی مرتبہ۔ صاحب اعزاز۔ گراں کرنا (متعدی) بھاؤ چڑھانا۔ مہنگا کرنا۔ گراں گزرنا (متعدی) ناگوار گزرنا۔ دو بھر ہونا ۲ دل پر بوجھ معلوم ہونا۔ ناپسند خاطر ہونا۔ گراں گوش (صفت) بہرا۔ گراں گوشی (مونث) بہرا پن۔ گراں گیر (صفت) سخت گیر۔ گراں مائگی (مونث) ۱ سرداری۔ بزرگی ۲ دولتمندی۔ گرانمایہ (صفت) ۱ قیمتی۔ بیش بہا ۲ بڑا۔ بزرگ ۳ صاحب قدر و منزلت۔ گراں معلوم ہونا (لازم) دیکھو گراں گزرنا۔ گراں ہونا (لازم) ۱ مہنگا ہونا ۲ بھاری ہونا ۳ برا لگنا۔ ناگوار ہونا۔ گرانی (مونث) ۱ مہنگا ہونا۔ بھاؤ تیز ہونا ۲ کی۔ قلت۔ توڑ ۳ بدہضمی۔ غذا نہ ہضم ہونے سے بھاری پن ہونا ۴ سر بھاری معلوم ہونا ۵ وزن زیادہ ہونا ۶ قیمت کی زیادتی۔ بیش قیمت ہونا ۷ ناگوار ہونا۔ گرانی خاطر یا طبع (مونث) طبیعت کی ناگواری۔

مقولہ۔ گراں بہ حکمت ارزاں بعلت۔ بیش قیمت چیز میں کوئی خوبی ہوتی ہے اور سستی چیز میں کوئی نقص۔

گرانا (ہ۔ مذکر) دفن کرنا۔ گاڑنا۔ گڑانا۔

گرانٹ (انگ۔ مونث) عطیہ۔ منظوری۔

گرانڈ (انگ۔ صفت) ۱ بڑا۔ عالیشان ۲ (ندا) شاباش۔ گرانڈ ٹرنک روڈ (مونث) شاہی سڑک۔ شاہراہ۔ گرانڈ جیوری (مونث) بڑی پنچایت جس میں ۱۲ سے کم اور تیئیس سے زیادہ آدمی نہ ہوں اور جو کسی مقدمہ کے فیصلہ کرنے کے لئے مقرر کی جائے۔

گراؤن (ہ۔ مذکر) ۱ جانور کے گلے کی رسی (س کلک دامن) ۲ دفن کرنا۔ گاڑنا دگرانا سے) ۳ ایک قسم کا نمک (گلانا سے)

گراوا (ہ۔ مذکر) ہلکی زمین۔ وہ زمین جو کاشت کے لئے اچھی نہ ہو۔

گراہ (س۔ مذکر) گِراہ (ہ) ۱ مگرمچھ گھڑیال۔ نہنگ۔ مگر ۲ شارک۔ کوئی بڑا بحری جانور ۳ پکڑنا۔ گرفت کرنا۔ جھپٹنا۔ مارنا ۴ لینا۔ منظور کرنا منظوری ۵ چور۔ ڈاکو۔ راہزن ۶ پھوڑا ۷ بیماری۔ مرض ۸ مرض کا دورہ۔ بیہوشی۔ غشی و کار عظیم۔ مہم (س گرہ۔ پکڑنا)

گراؤ (ہ۔ مذکر) ۱ بہت سے مٹھے۔ مٹھوں کا ذخیرہ ۲ گنڈاسا۔

گراؤنڈ (انگ۔ مذکر) ۱ زمین میدان ۲ بنیاد یا وجہ۔ گراؤنڈ پلین (انگ۔ مذکر) ۱ زمین کا نقشہ۔

گرب (ہ۔ مذکر) کہاروں کی اصطلاح قفس کے چار کہاروں میں سے اگلا۔

گرُب (ہ۔ مذکر) ۱ کھودنا ۲ جنگلی بوٹیاں اکھاڑنا ۳ باجرے کے کھیت میں ہل چلانا جب باجرے کے پودے ایک فٹ اونچے ہوں۔ گربنا (متعدی) ۱ کھودنا ۲ جنگلی بوٹیاں نکالنا۔

گُربہ (ف۔ مونث) بلی۔ ہربرہ۔ مارجار۔ بلار۔ بلائی۔ پوسی۔ چار پاؤں کا ایک جانور جو ایک فٹ کے قریب اونچا اور دو فٹ کے قریب لمبا ہوتا ہے۔ مختلف رنگ کا ہوتا ہے۔ چوہے مارنے کے لئے پالتے ہیں۔ گربۂ آبی (مونث) اود بلاؤ۔ گربۂ اجل (مونث) اجل کا گربہ سے استعارہ کرتے ہیں۔ گربہ چشم (صفت) ازرق چشم۔ کرنجا۔ بلی کی آنکھوں والا۔ ایسا شخص بیوفا سمجھا جاتا ہے۔ گربہ مسکیں (صفت) دیکھنے میں غریب اور افعال میں شریر۔ مسمی صورت والا۔ ظاہر میں مسکین باطن میں شریر۔ مکار۔ فریبی۔

امثال و اقوال۔ گربہ کشتن روز اول۔ رعب شروع ہی میں جمانا چاہیئے۔ پانچ دوستوں کی شادیاں ہوئیں تو انہیں بیویاں بدمزاج ملیں۔ ایک دن اکٹھے ہو کر ان کی بدمزاجیوں کی شکایت کر رہے تھے۔ تو ایک نے کہا کہ میری بیوی تو مطیع اور فرمانبردار ہے۔ سب نے اس کا سبب پوچھا تو اس نے کہا کہ پہلے دن کھانے پر ایک بلی آگئی۔ اس کے ہٹانے پر نہ ہٹی تو اسنے اسے مار ڈالا۔ اس بات کا بیوی پر رعب جم گیا۔ جب دوسروں نے ایسا کرنے کی کوشش کی تو بیویوں نے پروا نہ کی۔ انہوں نے شکایت کی تو اس دوست نے یہ فقرہ کہا۔ گربۂ مسکیں اگر پر داشتے۔ تخم کنجشک از جہاں برداشتے۔ سعدی کا شعر ہے۔ اگر ظالموں کو خدا طاقت دیتا تو وہ بہت ظلم و ستم کرتے۔ گربۂ مسکیں بنے ہیں۔ ظاہر میں بہت بھلے مانس دکھائی دیتے ہیں۔ مگر بہت شریر ہیں۔

گربھ (س۔ مذکر) ۱ بچہ دان۔ رحم ۲ پیٹ ۳ کسی چیز کا اندرونی حصہ ۴ مضغہ۔ جنین ۵ حمل۔ بار۔ پیٹ ۶ پودوں کا پھل ۷ شگوفہ ۸ دریا کا پاٹ جب پوری طرح بھرا ہو خصوصاً گنگا کا۔ اصلی پاٹ کو تیر کہتے ہیں ۹ عورت کے ماہواری دن ۱۰ ایک رشی۔ گربھ پات یا پاتن (مذکر) چوتھے مہینے کے بعد حمل گر جانا۔ اسقاط حمل (کرنا ہونا کے ساتھ) گربھ رہنا (لازم) حاملہ ہونا۔ پیٹ سے ہونا۔ گربھ سے ہونا (لازم) حاملہ ہونا۔ گربھ گرانا (متعدی) گرنا (لازم) حمل گرنا۔ گربھ داس (مذکر) بچہ دان۔ رحم۔ گربھ داس کرنا (متعدی) اوتار کا رحم میں رہنا۔ گربھ وتی یا ونتی (صفت) حاملہ۔ گربھ ہونا (لازم) حاملہ ہونا۔ گربھی (صفت) ۱ حاملہ ۲ باردار۔ گربھ (ہ۔ مذکر) غرور۔ تکبر۔

امثال۔ گربھ کا سر نیچا۔ گربھ کرنتے راون ہارے۔ غرور کرنے والا آخر میں ذلیل ہوتا ہے۔

گرت (س۔ مذکر) ۱ سوراخ۔ غار۔ گڑھا۔ کھائی۔ نالی۔

گرِتا (س۔ مونث) گرتا (ہ) ۱ وزن۔ بوجھ۔ بھاری پن ۲ تکلیف۔ محنت۔ مشقت ۳ سنجیدگی۔ گمبھیرتا ۴ قدر۔ منزلت۔ فضیلت ۵ اہمیت۔

گرتھاپن (س۔ مونث) خانہ داری۔

گرتی (ہ۔ مونث) گرہستن عورت۔ نیک عورت۔ پاکدامن عورت۔

گرج (ہ۔ امر) ۱ گرجنا کا ۲ (مونث) بجلی کی آواز۔ کڑک۔ رعد۔ صاعقہ ۳ شیر کی آواز ۴ ہاتھی کی چنگھاڑ ۵ زور کی آواز۔ چیخ (س گرج۔ زور سے آواز نکالنا) گرجا (ماضی) ۱ گرجنا کی ۲ (مذکر) وہ موتی جس میں بال پڑا ہوا ہو۔ گرجاٹ (مونث) گرج۔ گرجا ہوا موتی (مذکر) وہ موتی جس میں بال پڑا ہوا ہو۔ گرج کر بولنا (متعدی)

زور سے بولنا ۔ چیخ کر بولنا ۔ **گرجنا** (لازم) ۱ زور سے بولنا ۔ چیخنا ۔ کڑک کر بولنا ۲ بادل کا آواز دینا ۔ کڑکنا ۳ شیر کا دھاڑنا ۴ ہاتھی کا چنگھاڑنا ۵ باجے کا زور سے بجنا ۶ موتی میں بال پڑ جانا ۔

امثال و اقوال ۔ گرجتے ہیں (سو) وہ برستے نہیں ۔ کہتے ہیں وہ کرتے نہیں ۔ لاف زن کچھ کر نہیں سکتا ۔ **گرجی تو ری پڑی تو سہی** ۔ جس مصیبت کی دہشت زیادہ ہو اور پڑے پر اس کی برداشت سہل ہو اس کی نسبت کہتے ہیں ۔

گُرج (ع ۔ مذکر) ۱ گرجستان ۲ وہاں کا باشندہ ۔ **گرجستان** (مذکر) علاقہ قاف میں ایک صوبہ جسے جارجیہ بھی کہتے ہیں ۔ **گرجی** (صفت) ۱ گرجستان کی ۔ وہاں کا رہنے والا ۔ گرجستان سے منسوب ۲ (مذکر) گرجستان کا باشندہ ۳ ایک قسم کا کتا ۴ نوکر لڑکا ۔ نوکر زادہ ۵ چھوکرا ۔

گِرجا (پُر ۔ مذکر) عیسائیوں کا معبد ۔ کلیسا (اصل اگریجا ۔ یو ۔ اکلیسا)

گَرجَن (س ۔ مذکر) ۱ آواز ۔ شور ۔ غل ۲ غرانا ۳ گرج ۴ غصہ ۔ جوش ۔ طیش ۔ **گرجن کرنا** (متعدی) دیکھو گرجنا ۔

گُرجنا (ہ ۔ لازم) ۱ غرانا ۔ غرش کرنا ۲ گھر کنا ۔

گُرجوا (ہ ۔ مذکر) ایک قسم کی ترکاری جس کے متعلق خیال ہے کہ گرج کی آواز سے بڑھتی ہے ۔

گُرُچ (ہ ۔ مونث) ایک قسم کی بیل یا گھاس جو بیل کی طرح پھیلتی ہے ۔

گَرد (ف ۔ صفت) ۱ پھرنے والا ۔ چکر کھانے والا ۔ سفر کرنے والا ۔ مرکبات میں جیسے آوارہ گرد ۔ جہاں گرد ۲ بے حقیقت ۔ ہیچ ۳ (مونث) غبار ۔ خاک ۔ دھول ۴ رنج و ملال ۵ (ف) زمین کرہ زمین ۶ قسمت (گردیدن ۔ پھرنا) **گردا** (مذکر) ۱ گرد ۔ دھول ۔ خاک ۲ ریت ۔ بالو ۔ **گرد آفتاب** (مونث) ذرات جو کرنوں میں نظر آتے ہیں ۔ **گرد آلود یا آلودہ** (صفت) غبار آلودہ ۔ جس پر دھول پڑی ہوئی ہو ۔ **گرد اباد** (صفت) ۱ غبار آلود ۲ مبہوت ۔ بیہوش ۔ بے خبر ۳ ویران ۔ تسلیم کرنا ہونا کے ساتھ) **گرد اٹھنا** (لازم) ہوا کے زور میں غبار کا زمین سے بلند ہونا ۔ **گرد اڑا دی** ۔ سب کچھ کھو دینا ۔ خرچ کر ڈالنا ۔ **گرد اڑانا** (متعدی) ۱ غبار اڑانا ۲ مضحکہ اڑانا ۳ تباہ کرنا ۔ **گرد اڑائی** (مونث) ایک محصول جو پہلے مسافروں کو دینا پڑتا تھا ۔ **گرد اڑنا** (لازم) غبار کا ہوا میں پریشان ہونا ۔ **گرد باد** (مذکر) ۱ بگولا ۲ ہوا جس میں گرد و غبار ملا ہوا ہو ۔ **گرد باد بیٹھ جانا** (لازم) اڑی ہوئی خاک کا بیٹھ جانا ۔ **گرد برد** (صفت) تباہ ۔ برباد ۔ بے رونق (کرنا ہونا کے ساتھ) **گرد بیٹھنا** (لازم) غبار کا زمین پر پڑ جانا ۔ خاک کا نیچے جمنا ۔ **گرد پڑنا** (لازم) خاک کا اڑ کر کسی شخص پر یا چیزوں پر پڑنا ۔ **گرد پونچھنا** (متعدی) کسی چیز سے غبار صاف کرنا ۔ **گرد جمنا** (لازم) کسی چیز یا مقام پر خاک پڑ جانا ۔ **گرد جھاڑنا** (متعدی) **جھڑنا** (لازم) ۱ دھول سے صاف ہونا ۲ سزا ملنا ۔ مار پڑنا ۔ **گرد چھٹنا** (لازم) کسی چیز سے خاک کا علیحدہ ہونا ۔ **گرد دبانا** (متعدی) **دبنا** (لازم) پانی کے چھڑکنے سے دھول کا اڑنے کے قابل نہ رہنا ۔ **گردِ شب** (مونث) رات کی تاریکی ۔ **گردِ کدورت** (مونث) کدورت کا گرد سے استعارہ کرتے ہیں ۔ جمنا وغیرہ (دور ہونا ۔ رفع ہونا کے ساتھ) **گرد کرنا** (متعدی) ۱ ماند ہونا ۔ بے نور ہونا ۲ مات کرنا ۔ ہرانا ۔ **گردِ کلفت** (مونث) دیکھو گردِ کدورت ۔ **گرد کو نہ پہنچنا** (لازم) **لگنا** (مت) برابری نہ کر سکنا ۔ ہمسر نہ ہو سکنا ۔ یہ محاورہ بھاگنے سے لیا گیا ہے ۔ بھاگنے سے گرد اڑتی ہے ۔ اس قدر تیز بھاگتا ہے کہ تعاقب کرنے والا گرد تک بھی نہیں پہنچ سکتا ۔ **گرد لپٹنا** (لازم) غبار کا جسم پر جم جانا ۔ **گردِ ماہ** (مونث) چاندنی ۔ **گردِ ملال** (مونث) دیکھو گرد کدورت ۔ **گردناک** (صفت) گرد آلود ۔ **گرد نامہ** (مذکر) وہ مربع کاغذ کا ٹکڑا جس پر دعائیں لکھ کر گھر کے ستون میں یا کسی درخت کے گرد باندھ دیتے ہیں تاکہ مسافر جلد واپس آ جائے ۔ **گرد نہ پانا یا چھو سکنا** (لازم) دیکھو گرد کو نہ پہنچنا ۔ **گرد نہ نظر آنا** (لازم) بھاگنے والے کا پتہ نہ ملنا ۔ **گرد و غبار** (مذکر) خاک ۔ دھول ۔ **گرد ہونا** (لازم) ۱ مٹی یا غبار پڑا ہونا ۲ مات ہونا ۳ بے رونق ہونا ۔ بے حقیقت ہونا ۔ **گرد ہے** ۔ بے حقیقت ہے ۔ ناچیز ہے ۲ ماند ہے ۔ بے معلق ہے ۳ مات ہے ۔ عاجز ہے ۴ شرمندہ ہے ۔ خجل ہے ۔ **گردی** (مونث) ۱ پھرنا ۔ سفر کرنا ۔ مرکبات میں جیسے آوارہ گردی ۲ انقلاب ۔ افراتفری جیسے بادشاہ گردی ۳ زوال ۔ تنزل ۔ جیسے اشراف گردی ۴ دور دورا ۔ عہد ۔ حملہ آوری ۔ جیسے نادر گردی ۔ پٹھان گردی ۔ **گردِ یتیمی** (مونث) موتی کی آب ۔

گَرُد (س ۔ عص) ایک پرند جو نصف انسان اور نصف پرند ہے ۔ شو جی اس پر سواری کرتے ہیں ۔ یہ دکش کی بیٹی ونتا اور کشیپ کا بیٹا ہے ۔ یہ سانپوں کا دشمن ہے کیونکہ سانپوں کی ماں کدرو اور ونتا کے درمیان سخت دشمنی تھی ۔ دونوں سگی بہنیں اور سوکنیں تھیں ۔ **گرد پران** (مذکر) ایک پران جس میں ۱۹ ہزار اشلوک ہیں ۔

گِرد (ف ۔ تف) آس پاس ۔ ادھر ادھر ۲ نزدیک ۔ قریب ۳ (ف ۔ مذکر) گولائی ۴ چکر ۔ دائرہ ۔ کنڈل ۵ گھیرا ۔ محیط دائرہ ۶ ارد گرد کا حصہ ۔ **گرداب** (مذکر) بھنور ۔ **گرداگرد** (تف) چاروں طرف ۔ اردگرد ۔ **گرداور** (مذکر) ایک عہدیدار جو پھر کر پٹواری کا کام دیکھتا ہے ۔ **گرداوری** (مونث) ۱ گرداور کا عہدہ ۲ گشت ۔ دورہ ۔ نگرانی (ختم کرنا یا ہونا ۔ کرنا ۔ ہو چکنا ہونا وغیرہ کے ساتھ) **گرد باد** (مذکر) بگولا ۔ **گرد بالش** (مذکر) وہ چھوٹا تکیہ جو امیر لوگ سوتے وقت رخسار کے نیچے رکھتے ہیں ۔ **گرد پھرنا** (لازم) ۱ تصدق ہونا ۔ طواف کرنا ۲ خواہش کرنا ۔ آرزو کرنا ۔ **گرد پھٹکنا** (لازم) پاس آنا ۔ قریب آنا ۔ **گرد پھٹکنے نہ دینا** (متعدی) پاس نہ آنے دینا ۔ **گرد پیش** (تف) آس پاس ۔ اردگرد ۔ قریب ۔ **گرد رہنا** (لازم) کسی کو گھیرے رہنا ۔ پیچھے پڑا رہنا ۔ **گرد گھتا** (مذکر) ۱ آوارہ گرد ۲ آوارہ پھرنے والا ۳ مفلس ۔ بے زر ۴ قلاش ۔ بے زر بشنی ۵ طفیلیا ۔ **گرد نامہ** (مذکر) دیکھو گرد نامہ ۔ **گرد و پیش** (تف) دیکھو گرد پیش ۔ **گرد و نواح** (مذکر) سواد شہر ۔ آس پاس کا علاقہ ۔ قرب و جوار ۔ **گرد ہونا** (لازم) ۱ آس پاس ہونا ۔ قریب ہونا ۲ سر ہونا ۔ پیچھے پڑنا ۔

گُرد (ف ۔ صفت) ۱ مضبوط ۔ تنومند ۲ بہادر ۔ شجاع ۔ دلیر ۔ **گرد زابل** (مذکر) رستم ۔ **گرد گیر** (صفت) بہادروں کو زیر کرنے والا ۔

گَردا (ہ ۔ مذکر) کھانے کا تمباکو ۔

(زنانوں کی اصطلاح)

گُردا (ھ - مذکر) ۱ کفگیر چھنی جس سے گڑ کو گڑ ہاؤ کی تہ میں بیٹھنے نہیں دیتے ۲ ایکھ کا کولھو یا بیلن -

گَرداں (ف - صفت) ۱ پھرنے والا گھومنے والا - دوّار مرکبات میں جیسے بلا گرداں - سرگرداں ۲ الٹا ہوا - پلٹا ہوا - مرکبات میں جیسے روگرداں ۳ گردانیدن پھرنا بدلنا

گَردان (ف - صفت) ۱ ہر پھر کر اپنی جگہ پر آنے والا ۲ سدھا ہوا - ہلا ہوا - مانوس - گردیدہ ۳ (مذکر) وہ کبوتر جو ہر طرف اڑ کر پھر اپنے گھر پر آجائے - اور کہیں اور نہ بیٹھے - نہ کا سچا کبوتر ۴ عاشق کے متعلق بھی استعمال کرتے ہیں ۵ (مونث) ۱ دور - پھراؤ - لوٹاؤ ۲ صیغوں کو ترتیب سے پڑھنا - صیغوں کی تصریف ۳ صیغوں کی ترتیب ۴ قرآن شریف کا دور ۵ قرآن شریف کو دہرانا یا باری باری سے اس طرح پڑھنا کہ ایک دفعہ ایک قاری ہو دوسرا سامع اور دوسرا قاری ہو (گردانیدن پھرنا - بدلنا) **گردان کبوتر** (مذکر) دیکھو گردان ۳ - **گردان کبوتر ہے** - اپنی جگہ کو نہیں بھولتا آہی رہتا ہے - **گردان کرنا** (متعدی) صرف کے صیغوں بالترتیب زمانہ اور وحدت اور جمع کے لحاظ سے کہنا - **گردانا** (متعدی) ۱ دیکھو گردان کرنا ۲ دہرانا - تکرار کرنا - دور کرنا ۳ سمجھنا - خیال کرنا - خیال میں لانا ۴ تسلیم کرنا - ماننا ۵ قدر جاننا یا اکرنا ۶ لپیٹنا - جزدان کے اندر رکھنا ۷ (طبیعت) متوجہ کرنا ۸ (دامن) کمر میں لپیٹنا - باندھنا - کسنا - سمیٹنا ۹ پھنسانا - لپٹنا - شریک حال کرنا ۱۰ کتاب کا بند کرنا - **گردان ہونا** (لازم) ہلنا - مانوس ہونا - کبوتر کا اپنے گھر کو ہمیشہ آنا - **گردانی** (مونث) ۱ پھرنا - چکر کھانا مرکبات میں جیسے سرگردانی ۲ الٹنا - پلٹنا - مرکبات میں جیسے روگردانی -

گِردانی (اردو - مونث) عورتیں نماز پڑھتے وقت خاص طریقے سے دوپٹہ اوڑھتی ہیں - اسے گردانی کہتے ہیں -

گَرداوا (ف - مذکر) گشت - طلایہ -

گَردَبھ (س - مذکر) گدھا - خر -

گُردَچھنا (ھ - مذکر) دیکھو گردو دشتا جس کا یہ تھبند ہے -

گَردِش (ف - مونث) ۱ چکر کھانا - پھرانا ۲ دورہ - پھیر - گھماؤ ۳ مدور صورت میں حرکت کرنا ۴ انقلاب - تغیر ۵ بدنصیبی - بد اقبال - ادبار - قسمت کی برگشتگی - زمانے کا ہیر پھیر ۶ مصیبت - آفت - (بپتا گردیدن - پھرنا) **گردشِ آسمان** (مذکر) آسمان کا پھرنا - آسمان کا چکر کھانا - نظام فیثاغورث کے موافق پہلے لوگوں کا خیال تھا کہ آسمان پھرتا ہے - **گردشِ ایام یا بخت** (مونث) دنوں کی گردش - بدقسمتی - **گردش پڑنا** (لازم) افتاد پڑنا - **گردشِ چرخ** (مونث) دیکھو گردشِ فلک - **گردشِ چشم** (مونث) ۱ آنکھ کا دیکھنے میں پھرنا ۲ دیکھنا - توجہ سے دیکھنا ۳ اشارہ - **گردشِ دوراں** (مونث) زمانے کی گردش - بدقسمتی - **گردش زدہ** (صفت) قسمت یا مصیبت کا مارا - **گردشِ زمانہ** (مونث) زمانے کا چکر - بدقسمتی - بدنصیبی - **گردشِ زمین** (مونث) زمین کی دو گردشیں ہیں - ایک تو سورج کے گرد جو ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ اور ۱۲ سیکنڈ میں پوری ہوتی ہے - دوسری اپنے محور کے گرد جو ۲۳ گھنٹے ۵۶ منٹ اور ۵ سیکنڈ میں پوری ہوتی ہے - **گردشِ فلک** (مونث) آسمان کی گردش - انقلاب زمانہ - زمانہ کی گردش - **گردش کرنا** (متعدی) پھرنا - گھومنا - چکر کھانا - **گردش کھانا** (متعدی) ۱ چکر کھانا ۲ مصیبت میں گرفتار یا مبتلا ہونا - **گردشِ لیل و نہار** (مونث) ۱ زمانے کی گردش - دن رات کا بار بار آنا ۲ مجازاً مصیبت - آفت - بدقسمتی - **گردش میں آنا** (لازم) مصیبت میں پھنسنا - **گردش میں ہونا** (لازم) ۱ مصیبت میں ہونا ۲ طالع یا ستارے کا اپنے گھر سے باہر ہونا -

گِردگان (ف - مذکر) ۱ اخروٹ ۲ غلّہ - غلولہ -

گَردَن (ف - مونث) ۱ گلا - گلو - عنق - ناڑ ۲ کسی برتن کا اوپر کا بہت پتلا حصہ جیسے صراحی کا (گردیدن - پھرنا) **گردنا** (مذکر) ۱ نہایت موٹی اور فربہ گردن ۲ مذبوحہ بکری بھیڑ وغیرہ کی گردن کا گوشت ۳ دصول - تھپڑ - یا نٹا جو گدی پر لگایا جائے (جڑنا - دینا - سہی کرنا - لگانا کے ساتھ) **گردن اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) گردن بلند ہونا - سر اونچا ہونا - سر اٹھا کر دیکھا جانا - **گردن اڑا دینا** یا **اڑانا** (متعدی) **اڑنا** (لازم) قتل ہونا گردن بدن سے جدا ہونا - **گردن اکڑ (اینٹھ) جانا** اکڑنا یا اینٹھنا (لازم) گردن کے پٹھے سخت ہو جانا گردن کا سخت ہو کر ہل نہ سکنا - عموماً پسینہ آنے کے بعد ہوا لگ جانے سے یا نس پر نس چڑھ جانے سے ایسا ہوتا ہے - **گردن اینٹھی رہنا** (لازم) خفا رہنا - کھنچا کھنچا رہنا - **گردن بند** (مذکر) ایک زیور کا نام - **گردن پر احسان ہونا** (لازم) مرہون منت ہونا - اپنے اوپر احسان ہونا - شرمندہ احسان ہونا - **گردن پر بوجھ رہنا** (لازم) ۱ بار احمال یا گناہ کا ذمہ ہونا - عذاب سر پر رہنا - برائی ذمہ رہنا ۲ بار احسان ہونا - احسانمند ہونا ۳ گراں خاطر گزرنا ناگوار ہونا ۴ سرگرانی کا موجب ہونا - گرانبار ہونا - بار دوش ہونا - **گردن پر بوجھ لینا** (متعدی) ۱ کسی کام کی ذمہ داری اپنے سر لینا ۲ ممنون احسان ہونا - احسانمند ہونا - **گردن پر بوجھ ہونا** (لازم) دیکھو گردن پر بوجھ رہنا - **گردن پر جوا رکھنا** (لازم) ۱ کوئی اہم کام ذمہ ڈالنا - بار ڈالنا ۲ بوجھ اٹھانا ۳ مستعد ہونا - اپنی مدد آپ کرنا ۴ اطاعت قبول کرنا - تابعداری کرنا ۵ شادی کرنا - قبیلہ دار بنانا - **گردن پر چھری پھیرنا** (متعدی) **چلنا** (لازم) ذبح ہونا - حلال ہونا ۲ صریح ظلم ہونا - حق تلفی ہونا - **گردن پر حق رہنا** (لازم) کسی کے ذمہ کسی کا حق رہنا - **گردن پر حق ہونا** (لازم) کسی کے ذمہ قرض ہونا - **گردن پر خط کھینچنا** (متعدی) کھریا مٹی یا کوئلے سے گردن پر لکیر کھینچنا - جب کسی شخص کو تلوار سے قتل کرنے لگتے تھے تو ایسا کرتے تھے - **گردن پر خنجر چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) بہت ظلم ہونا - **گردن پر خون رہنا** (لازم) کسی کے قتل کا وبال سر پر رہنا - **گردن پر خون سوار ہونا** (لازم) دیکھو خون گردن الخ - **گردن پر خون لینا** (متعدی) قتل کا وبال اپنے ذمہ لینا - **گردن پر خون ہونا** (لازم) کسی نے قتل کیا ہونا - **گردن پر سوار ہونا** (لازم) ۱ کسی کی گردن پر چڑھنا ۲ پیچھے پڑ جانا ۳ سخت تقاضا کرنا ۴ کسی کو کسی کام پر مجبور کرنا - **گردن پر لہو رہنا** (لازم) کسی کے ذمہ قتل کا وبال رہنا - **گردن پر وبال ہونا** (لازم) کسی کے ذمہ عذاب ہونا - کسی گناہ کا بار جب تک کفارہ نہ ادا کیا جائے ہونا - **گردن پکڑ (کر) نکال دینا** (متعدی) گردن میں ہاتھ ڈال کر نکال دینا - بےعزت

کرکے نکال دینا۔ **گردن پھنسانا** (متعدی) **پھنسنا** (لازم) ۱ خطرے میں پڑنا۔ بلا میں گرفتار ہونا ۲ مقید ہونا۔ مجبور ہونا ۳ ذمہ دار ہونا۔ جوابدہ ہونا۔ **گردن پھیرنا** (لازم) منحرف ہونا۔ سرکش ہونا۔ نافرمان ہونا۔ **گردن توڑنا** (متعدی) ۱ گردن کی ہڈی شکستہ کردینا ۲ مارنا۔ سزا دینا ۳ مغلوب کرنا۔ **گردن تیار ہونا** (لازم) گردن کا موٹا ہونا۔ فربہ ہونا۔ **گردن ٹوٹ گئی** ۱ تباہ ہوگیا ۲ حوصلہ نہ رہا ۳ ضعیف ہوگیا۔ **گردن ٹوٹنا** (لازم) ۱ گردن کی ہڈی کا شکستہ ہونا ۲ تباہ ہونا۔ **گردن جھکا کر چلنا** (لازم) نیچی گردن کرکے چلنا۔ **گردن جھکانا** (متعدی) **جھکنا** (لازم) ۱ گردن خم یا نیچی ہونا۔ سر جھکنا ۲ سلام کے لئے سر جھکنا ۳ زیر بار احسان ہونا۔ مرہون منت ہونا ۴ شرمندہ ہونا ۵ مطیع ہونا ۶ عاجزی ظاہر ہونا۔ فروتنی ظاہر ہونا۔ **گردن جھکوانا** (م) اطاعت کرانا۔ سر جھکوانا۔ **گردن چھڑانا یا چھوڑانا** (متعدی) ۱ کسی کے ہاتھ سے اپنی گردن رہا کرنا ۲ آزاد ہونا ۳ مصیبت سے نجات پانا (م) ۲ آزاد کرانا ۳ مصیبت سے رہائی دلانا۔ **گردن حلال کرنا** (متعدی) ۱ ظلم کرنا۔ حق تلفی کرنا ۲ ذبح کرنا۔ قتل کرنا۔ مار ڈالنا۔ **گردن خم کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) گردن جھکنا۔ **گردن دبانا** (متعدی) مغلوب کرنا۔ قابو کرنا۔ **گردن دبی ہونا** (لازم) ممنون احسان ہونا۔ مرہون منت ہونا۔ **گردن ڈالنا** (متعدی) تھکاوٹ شرمندگی عاجزی یا مجبوری سے گردن نیچی کرنا۔ **گردن ڈھلکنا یا ڈھلنا** (لازم) منکا ڈھلنا۔ مرنے کے قریب ہونا۔ **گردن زدنی** (مونث) مار ڈالنے کے قابل۔ واجب القتل۔ **گردن زن** (مذکر) جلاد۔ **گردن زنی** (مونث) قتل کرنا۔ گردن مارنا۔ **گردن زمین** (مونث) خاک نائے۔ **گردن سے جوا اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) ۱ کسی ذمہ داری سے سبکدوش ہونا ۲ آزاد ہونا۔ فرمانبرداری سے آزادی پانا۔ **گردن سیدھی ہونا** (لازم) گردن میں خم نہ رہنا۔ **گردن سیدھی نہ ہونا** (لازم) مغرور ہونا۔ **گردن شرم سے خم ہونا** (لازم) شرم کی وجہ سے گردن نیچی رہنا۔ **گردن فراز** (صفت) ۱ سرکش۔ باغی ۲ متکبر۔ مغرور۔ **گردن کا بوجھ** (مذکر) ۱ وہ بار جو کسی کے ذمہ ہو۔ احسانمندی قرضہ یا اعمال کا بار ۲ گراں۔ ناگوار طبع یا خاطر۔ **گردن کا بوجھ اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) ذمہ داری سے سبکدوش ہونا۔ **گردن کاٹنا** (متعدی) ۱ سر کو بدن سے جدا کرنا۔ قتل کرنا ۲ ظلم کرنا۔ حق تلفی کرنا۔ **گردن کا ڈورا** (مذکر) ۱ وہ سیاہ ڈورا جو نظر بد کے خیال سے گلے میں پہنتے ہیں ۲ رگ گردن ۳ گردن کا ناپ ۴ رقاصہ یا معشوقہ کی گردن کی جنبش۔ **گردن کا منکا ڈھلکنا یا ڈھلنا** (لازم) دیکھو گردن ڈھلکنا۔ **گردن کٹنا** (لازم) گردن کاٹنا کا (لازم)۔ **گردن کش** (صفت) دیکھو گردن فراز۔ **گردن کشی** (مونث) ۱ غرور۔ تکبر ۲ بغاوت۔ نافرمانی ۳ شوخی۔ شرارت ۴ قوت۔ طاقت۔ قدرت ۵ گستاخی۔ **گردن کی زنجیر** (مونث) ۱ وہ زنجیر جو دیوانے کی گردن میں ڈالتے ہیں ۲ ایک قسم کا سونے یا چاندی کا زیور۔ **گردن گاہ** (مونث) ۱ سڑک جو پہاڑ کی چوٹی پر ہو ۲ ایران میں ایک مقام جو کہ کی سڑک پر واقعہ ہے۔ **گردن گھونٹنا** (متعدی) گلا گھونٹنا یا دبانا کہ سانس بند ہو جائے۔ **گردن مارا جانا** (لازم)، **مارنا** (متعدی) ۱ گردن کاٹنا ۲ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا ۳ تکلیف دینا۔ نقصان پہنچانا۔ **گردن مروانا** (م) قتل کروانا۔ **گردن مروڑنا** (متعدی) ۱ گلا گھونٹنا ۲ یورپ میں پرندے کو ذبح کرنے کی بجائے گردن مروڑ کر مارتے ہیں ۳ خون کرنا ۴ خراب کرنا ۵ گردن توڑنا۔ **گردن مینا** (مونث) صراحی کی گردن۔ صراحی کا اوپر کا پتلا حصہ۔ **گردن میں پڑنا** (لازم) گردن میں پہنایا جانا۔ **گردن میں تسبیح ڈالنا** (متعدی) پرہیزگار بننا۔ **گردن میں ڈالنا** (متعدی) گردن میں پہنانا۔ **گردن میں ہاتھ پڑنا** (لازم) ہم آغوش ہونا۔ **گردن میں ہاتھ دیکے نکالنا** (متعدی) گردن پکڑ کے نکال دینا۔ بے عزتی سے نکالنا۔ **گردن میں ہاتھ دینا** (متعدی) ۱ نکالنے کے لئے گردن پکڑنا ۲ پیار کرنا۔ محبت ظاہر کرنا۔ **گردن میں ہاتھ ڈالنا** (متعدی) ہم آغوش ہونا۔ **گردن ناپنا** (متعدی) ۱ درزی کا گردن کی پیمائش کرنا ۲ گردن پکڑ کے نکال دینا ۳ مار ڈالنا۔ **گردن نیچی ڈالنا** (متعدی) شرم سے گردن جھکا لینا۔ **گردن نیچی کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ گردن جھکنا ۲ شرمندگی ہونا ۳ غرور ٹوٹ جانا۔ **گردن نہ اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) شرمندگی سے آنکھ سامنے نہ ہوسکنا ۲ اف نہ ہونا۔ دم نہ مارا جانا۔ **گردن ہلانا** (لازم) ۱ انکار کرنا۔ اس صورت میں دائیں سے بائیں طرف گردن ہلاتے ہیں ۲ ہاں کرنا۔ اقرار کرنا اس صورت میں اوپر سے نیچے کو گردن ہلاتے ہیں ۳ تعریف کرنا۔ اس صورت میں دائیں سے بائیں کو ہلاتے ہیں مگر آہستہ آہستہ ۴ کسی کو اچھا سمجھونگا کہہ کر بھی گردن اوپر سے نیچے کو ہلاتے ہیں۔ **گردن ہلنے لگنا** (لازم) بڑھاپے کی وجہ سے گردن میں رعشہ ہو جانا۔ نہایت بوڑھا ہو جانا۔ **گردنی** (مونث) گھوڑے پر ڈالنے کا کپڑا جو گردن سے پٹھے تک ہوتا ہے۔ **گردنی دینا** (متعدی) ۱ گردن میں ہاتھ دے کر نکال دینا ۲ گدی پر چانٹا لگانا۔ **گردنی مارنا** (متعدی) گردن پر ہاتھ مارنا۔

امثال و اقوال۔ گردن از مو باریک ہے۔ یعنی اگر میں جھوٹ کہوں تو بیشک گردن ماردینا۔ **گردن مارو گریبان میں منہ ڈالو**۔ نقصان کرکے چاپلوسی کرو۔ مقدس بنکر لوگوں کو ٹھگو۔ **گردن وہاں مارے جہاں پانی نہ ملے**۔ دیکھو اس کی گردن الخ۔

گردوار (ف۔ مذکر) ۱ گشت۔ طلایہ ۲ پولیس یا محصول کا انسپکٹر (گرد سے)۔ **گرد واری** (مونث) گشت کرنے والوں کا فرض یا نوکری۔

گردوڑا (ہ۔ مذکر) چھوٹا گڑھا۔

گردوں (ف۔ مذکر) ۱ آسمان۔ چرخ۔ فلک۔ اکاس ۲ رتھ۔ بہلی ۳ گاڑی چھکڑا ارابہ ۴ چرخی۔ پہیا ۵ جرثقیل کے ایک آلہ کا نام جس سے درختوں کو جڑ سے اکھیڑتے ہیں ۶ بچوں کا گڈولنا جس سے وہ چلنا سیکھتے ہیں ۷ اتفاق۔ قسمت (گردیدن پھرنا)۔ **گردوں اساس** (صفت) دیکھو فلک اساس۔ **گردوں اقتدار** (صفت) زبردست۔ صاحب قدرت۔ **گردوں پر دماغ ہونا** (لازم) دیکھو آسمان پر دماغ ہونا۔ **گردوں پر کلاہ پھینکنا** (متعدی) ٹوپی اچھالنا۔ خوشی سے اترانا یا فخر کرنا۔ **گردوں پناہ** (صفت) جو آسمان کی حفاظت

نیں ہو۔ بادشاہوں کی صفت میں استعمال ہوتا
ہے۔ گردوں تمکیں (صفت) عزت یا طاقت
میں آسمان کے برابر۔ گردوں رکاب یا سریر
(صفت) بادشاہوں کی صفت۔ گردوں حشمت
(صفت) ١. باوقار ٢. متکبر۔ مغرور ٣. ناموافق۔
گردوں کا چکر کھانا (متعدی) انقلاب زمانہ
ہونا۔ گردوں کا ستایا (صفت مذکر) کی ستائی
(مونث) مصیبت زدہ۔ فلک کا ستایا۔ گردونِ
گردان (مذکر) چرخ دوّار۔ پھرنے والا آسمان۔
گردوں وقار (صفت) بڑے اختیار یا مرتبے
والا۔ گردوں ہمت (صفت) بلند ہمت۔

مثل۔ گردوں پہ تھوکے
اسی پر پڑے۔ دیکھو آسمان کا تھوکا الخ۔

گردوں (ف۔ مذکر) گردہ کی جمع
حروف مغیرہ سے پہلے۔

مثل۔ گردوں (کا ہار پہن)
کی تسبیح بلی حج کو چلی۔ ظالم کی پارسائی سے بھی
ظلم ظاہر ہوتا ہے۔

گردہ (ف۔ مذکر) ١. ایک قسم کا
سفوف جو مصور استعمال کرتے ہیں ٢. خاک

گردہ (ف۔ مذکر) ١. کوئی گول چیز ٢.
قرص۔ ٹکیہ ٣. خمیری اور موٹی چھوٹی روٹی ٤. وہ گول
کپڑا جو عورتیں پاندان کی تھیلی میں رکھتی ہیں ٥. وہ گول
کپڑا جس پر حقہ رکھتے ہیں ٦. ڈھول کا خول ٧. ایک قسم کا
چھوٹا گول تکیہ ٨. ایک چاندی کا سکہ جو پانچ پیسے کا
ہوتا تھا ٩. سر کے وہ بال جو تینوں طرف اور بیچ میں
سے ماتھے تک منڈے ہوتے ہیں ١٠. گول تشتری ١١.
نعلی یا دائرے کا چوبی حلقہ جس پر کھال منڈھی ہوتی
ہے ١٢. احاطہ۔ دور ١٣. پٹاری کے اوپر کا گول سلا ہوا
کپڑا ١٤. دائرہ ١٥. محیط ١٦. سورج چاند وغیرہ کا قرص۔
دگردے۔ گردہ بالش (مونث) چھوٹا گول تکیہ۔
گردۂ چرخ (مذکر) چاند۔ سورج۔ گردہ کوہ
(مذکر) کردستان میں ایک پہاڑ۔

گردہ (ف۔ مذکر) ١. دو عضو جو
حیوانات کے پہلوؤں کے اندر ہوتے ہیں۔ ان کا
فعل خون میں سے یورک ایسڈ یا پیشاب کو نکال کر
مثانہ میں بھیجنا ہے۔ ان کے کمزور ہو جانے سے بڑی
خطرناک بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں ٢. ایک قسم کی
چھوٹی لگام ٣. جرات۔ حوصلہ۔ دلیری ٤. کلمہ تنفر جو
عورتیں استعمال کرتی ہیں۔ جیسے تیرا گردہ۔ تیرا سر ٥.
دیکھو گُردا ٦. ایک قسم کا کنگرہ۔ گردہ نما (صفت)
گردہ کی شکل کا۔ گردے (مذکر) ١. جمع گردہ کی ٢.
بجائے گردہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ گردے کا
درد (مذکر) ایک بیماری جس میں گردے کے
اندر پتھری پیدا ہو جاتی ہے اور سخت درد ہوتا
ہے۔ گردے کی سوجن (مونث) ایک بیماری
جس میں گردے سوج جاتے ہیں۔

گردھر (س۔ صفت) ١. لالچی۔ حریص
٢. (مذکر) گدھ ٣. گردھرا (صفت) لالچی۔ حریص۔

گردیدہ (ف۔ صفت) ١. پھرا ہوا۔
مڑا ہوا ٢. بدلا ہوا ٣. ناراض (گردیدن۔ پھرنا)

گرڑ (س۔ مذکر) گرڑ (ہ) ١. نیل
کنٹھ ٢. (عص) دیکھو گردا ٣. گد۔ گرس ٤. ایک قسم کا
بڑا بگلا۔ ہڑگلا ٥. فوج کو آراستہ کرنے کا ایک طریقہ ٦.
چودھواں کلپ ٧. کرشن جی کا ایک بیٹا۔ گرڑاگرج
(مذکر) گرڑ کا بڑا بھائی ارن جو سورج کا رتھبان ہے۔
گرڑ پران (مذکر) سترھویں پران کا نام جو ہندوؤں
کی وفات پر پڑھا جاتا ہے۔

گرز (ہ۔ مذکر) لگڑ بگڑ۔ چرخ۔

گرز (ف۔ مذکر) ایک ہتھیار کا نام جو
اوپر سے گول اور موٹا ہوتا ہے اور نیچے دستہ لگا ہوتا
ہے۔ دشمن کے سر پر مارتے ہیں۔ ہندوستان میں
جیتے ہوئے پہلوان کو انعام ملتا ہے۔ گرز بردار
(صفت) گرز اٹھانے والا۔ گرز گاؤ سر (مذکر) ١. وہ
گرز جس کی شکل گائے کے سر کی ہو ٢. فریدوں کے
گرز کا نام۔ گرز مار (مذکر) مسلمان فقیروں کا ایک
فرقہ جو گرز لئے پھرتے ہیں اور اگر کوئی خیرات نہ دے
تو اپنے آپ کو زخمی کر لیتے ہیں۔

گرزن۔ گرزیں (ف۔ مذکر) قدیم
ایرانی بادشاہوں کا تاج۔

گرس (انگ۔ مذکر) بارہ درجن یا
۱۴۴ چیزوں کا مجموعہ یا بنڈل۔

گرست (ہ۔ صفت) دیکھو گرہست
گرستی (مونث) دیکھو گرہستی۔

گرسد (ہ۔ مذکر) تحفہ۔ عطیہ۔ پیشکش

گرسل (ہ۔ مونث) ایک قسم کی
چھوٹی مینا۔ گرائی۔

گرسنا (ہ۔ متعدی) ١. نگلنا۔ کھانا
٢. پکڑنا۔

گرسنا (ہ۔ لازم) ١. دم بند کر کے
رونا ٢. سسکیاں لینا۔

گرسنگی (ف۔ مونث) بھوک۔ اشتہا۔

گرسنہ (ف۔ صفت) بھوکا۔ گرسنہ
چشم (صفت) ١. بخیل۔ کنجوس ٢. کمینہ ٣. ندیدہ۔
حریص ٤. قحط زدہ۔ فقیر۔ گدا۔ گرسنہ چشمی (مونث)
١. حرص۔ لالچ ٢. گدائی۔

گرفت (ف۔ مونث) ١. پکڑ ٢. قبضہ
دستہ۔ پکڑنے کی جگہ۔ موٹھ ٣. کھیچی۔ گوئی ٤. اعتراض۔
نکتہ چینی۔ حرف گیری ٥. مزاحمت۔ ٹوک ٦. بازپرس۔
مطالبہ (کرنا ہونا کے ساتھ) (گرفتن۔ پکڑنا) گرفتار
(صفت) ١. پکڑا ہوا۔ اسیر۔ قید ٢. پھنسا ہوا ٣.
عاشق۔ فریفتہ (کرنا ہونا کے ساتھ) گرفتار رہنا
(لازم) پھنسا رہنا۔ مقید رہنا۔ گرفتار شدہ (صفت)
گرفتار۔ اسیر۔ گرفتاری (مونث) ١. پکڑ۔ مواخذہ ٢.
قید۔ نظربندی ٣. الجھاؤ۔ جنجال۔ گرفتگی (مونث)
١. پکڑ۔ مواخذہ ٢. انقباض۔ رکاؤ ٣. گھٹاؤ ٤. لکنت۔
تتلاہٹ۔ آواز کا بھاری پن ٥. ملول ہونا۔ مبتلا
ہونا۔ گرفتگی آواز (مونث) آواز پڑنا۔ گلا پڑنا۔
گرفتگی شکم (مذکر) قبض۔ گرفت میں آنا (لازم)
١. چنگل میں آنا۔ پکڑا جانا ٢. قابو میں آنا۔ گرفتہ (صفت)
١. پکڑا ہوا ٢. مرکبات میں جیسے اجل گرفتہ۔ گرفتہ
خاطر یا دل (صفت) رنجیدہ خاطر۔ ملول۔ ناخوش

گرکھٹی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا زمین کا
رہن جس میں مرتہن کو تین چوتھائی مالگزاری دینی پڑتی
ہے۔

گرگ (ف۔ مذکر) بھیڑیا۔ ذئب۔
گرگ آشتی (مونث) جھوٹی صلح۔ گرگ آشنائی
(مونث) ظاہری دوستی۔ بظاہر دوستی اور باطن میں
دشمنی۔ گرگِ اجل (مذکر) اجل کا گرگ سے
استعارہ کرتے ہیں۔ گرگِ باراں دیدہ (صفت)
کہتے ہیں کہ جب بھیڑیئے پر ایک دفعہ بارش ہو جائے
تو پھر وہ بارش میں باہر نکلنے پر نہیں جھجکتا۔ مجازاً (مونث)
تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ برے معنوں میں استعمال

ہوتا ہے۔ **گرگ بغل یا بغلی** (صفت) ۱ وہ جو دوست بن کر دھوکا دے۔ **گرگ زادہ** (مذکر) بھیڑیئے کا بچہ۔ **گرگ کہن** (صفت) مجازاً خرانٹ۔ پرانا تجربہ کار۔ بڑا بھاری مکار۔ ذم کا پہلو لئے ہوتا ہے۔

مثل۔ گرگے دہن آلودہ و یوسف ناخوردہ (؟) رانہ دریدہ۔ بے خطا ناحق تہمت میں گرفتار ہوا۔

گرگا (ہ ۔ مذکر) ۱ گرو کی ٹہل کرنیوالا۔ چھوکرا ۲ چیلا ۔ مرید ۔ شاگرد ۳ کمینہ نوکر۔ برتن مانجنے یا دھونے والا ۴ خدمتگار ۔ ٹہلوا ۵ بدکار۔ بدوضع ۶ شریر شیطان ۷ (ہ) گھٹنے کا جوڑ۔

گرگابی (ہ ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی انگریزی جوتی جو فیتوں کے بغیر پنجوں تک ہوتی ہے (ف ۔ گرگاو) ۲ ایک قسم کا موزہ۔

گرگٹ (ہ ۔ مذکر) چھپکلی کی شکل کا ایک جانور جو دھوپ میں اپنا رنگ بدلتا رہتا ہے شاعر اسے سورج کا عاشق سمجھتے ہیں کیونکہ یہ عموماً اس کی طرف منہ کرکے بیٹھتا ہے۔ حربا۔ **گرگٹ کا جنم لینا** (متعدی) اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو ایک بات یا حالت پر قائم نہ رہے۔ **گرگٹ (کے سے) کی طرح رنگ بدلنا** (متعدی) ۱ ایک حال پر نہ رہنا۔ بدلتے رہنا ۲ انقلاب پر انقلاب ہونا۔ تغیر تبدل ہونا ۳ نہایت متلون مزاج ہونا ۴ غصے کے مارے لال پیلا ہونا۔ نیلی پیلی آنکھیں ہونا۔ **گرگٹ کی طرح کبھی (کالا کبھی لال) لال کبھی کالا ہونا** (لازم) غصہ سے چہرے کا رنگ بدلنا۔

مثل۔ گرگٹ کی دوڑ بٹورے تک ۔ بٹورا گندگی کے ڈھیر کو کہتے ہیں۔ ہر شخص اپنے مربی پر بھروسا کرتا ہے ۔ ہر شخص اپنے ٹھکانے پر جا کر پناہ گزیں ہوتا ہے۔

گرج (ہ ۔ مذکر) ۱ قلعہ ۔ برج ۲ پانڈ ۔ پہلوان ۳ شجاع ۔ بہادر ۔ پہلوان (س گرنج)

گرگر (س ۔ مذکر) ۱ کھنڈر ۔ گرداب ۲ بلونی ۔ وہ برتن جس میں دودھ بلوئیں۔ **گرگری** (مونث) پانی کا گھڑا ۔ گاگر۔

گرگر (ف ۔ مذکر) ۱ خدا کا ایک نام ۲ تخت۔

گرگر (ف ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا چھوٹا چنا ۲ ایک قسم کی پھلی۔

گرگرانا (ہ ۔ لازم) ۱ گڑ گڑانا ۲ قلقل کی آواز نکلنا ۳ گڑگڑانا ۔ گڑ گڑ کرنا۔

گرگری (ہ ۔ مونث) جاڑے کا بخار ۔ تپ لرزہ۔

گرگریا (ہ ۔ مونث) چڑیا کنجشک (عف)

گرگوا (ہ ۔ مذکر) ایک قسم کی گھاس جو بارشوں میں نیچی زمین میں اگتی ہے۔

گرگھا (ہ ۔ مذکر) گھٹنے کا جوڑ۔

گرگھی ۔ گرگی (ہ ۔ مونث) کچھا ۔ نصف پاجامہ جو گھٹنوں تک ہوتا ہے۔

گرگیا (ہ ۔ مونث) چڑیا۔

گرل (انگ ۔ مونث) لڑکی طفلکہ۔

گرل اسکاوٹ (مونث) ایک قسم کے اسکاوٹ جو لڑکیاں بنتی ہیں۔ **گرل اسکول** (مذکر) لڑکیوں کا مدرسہ۔

گرل (س ۔ مذکر) ۱ زہر ۔ سم ۔ بس۔ **گرلی** (صفت) زہریلا۔

گرم (ف ۔ صفت) ۱ تتا ۔ سوزاں ۔ محرق ۔ جلتا ہوا ۔ حار ۔ حریق ۔ آتشی ۲ مزاج میں گرم ۔ وہ جس کا اثر گرم ہو ۳ لال ۔ دہکتا ہوا ۴ سریع الحرکت ۔ تیز رفتار ۵ سرگرم ۔ مستعد ۔ تیار ۶ معروف ۔ مشغول ۷ تند ۔ تیز ۸ ناگوار ۔ سخت ۔ ناملائم ۹ خفا ۔ ناراض ۱۰ شوخ ۔ شرارتی ۔ چلبلا ۱۱ صفرادی ۔ پت کا ۱۲ بارونق ۔ پررونق ۱۳ سرخ و سپید ۔ بھبوکا ۱۴ فائق ۔ غالب ۱۵ پرزور ۔ پرمضمون ۔ پراثر ۔ گرما گرم ۱۶ (دھار) کے لئے تیز ۔ پراثر ۱۷ بہت زیادہ ۱۸ اختلاط رکھنے والا ۔ مختلط ۔ خلا ملا ۱۹ (تف) جلد ۔ شتاب ۲۰ (ندا) خوب ۔ کھرے ۔ مچو کھے۔ **گرما** (مذکر) گرمی کا موسم ۔ **گرمابہ** (مذکر) گرم حمام۔ **گرما جانا** (لازم) دیکھو گرمانا ۔ **گرم اختلاطی** (مونث) گہری دوستی ۔ نہایت ربط ضبط ۔ ازحد بے تکلفی۔ **گرم افزا** (مذکر) یزدجرد کا تیسرا مہینہ ۔ **گرما گرم** (صفت) ۱ جلتا ہوا ۔ تتا ۔ بھاپ اٹھتا ہوا ۔ بہت گرم (پراٹھا پلاؤ پھلکا حلوا ۔ سالن وغیرہ کے ساتھ) ۲ تازہ بہ تازہ ۔ نو بنو ۔ ترت کا ۳ پرجوش ۔ پراثر ۴ رقت خیز ۔ رلانے والا ۔ ولولہ انگیز ۔ وجد آور ۵ شوخ و شنگ ۔ چلبلا ۶ جوانی کا جوش بھرا ہوا ۷ لطیفہ گو ۔ بذلہ سنج ۸ چرب زبان ۔ طرار ۔ فرار ۹ (تف) برجستہ ۔ تڑاق پڑاق ۔ ترت ۔ بلاتصنع ۔ **گرما گرم آدمی** (مذکر) لطیفہ گو یا بذلہ سنج آدمی ۔ **گرما گرم باتیں** (مونث) شوخ باتیں ۔ **گرما گرم لطیفے** (مذکر) برجستہ مذاق ۔ **گرما گرمی** (مونث) شوخی ۔ تیزی ۔ **گرما گرمی سے** (تف) بڑے تپاک سے ۔ تیزی اور جوش کے ساتھ **گرمانا** (لازم) ۱ گرم ہو جانا ۲ ناراض ہونا ۔ خفا ہونا ۔ غصے میں آنا ۔ مستانہ ۔ جوش میں آنا ۳ مادہ چارپایہ کا مستی پر آنا ۴ برسات کے موسم میں گرمی ہونا ۵ حرارت میں بھر کر تیز دوڑنا ۶ شباب ہونا ۔ **گرماوہ** (مذکر) گرم حمام ۔ **گرماہٹ** (مونث) ۱ گرمی ۔ حرارت ۔ تپش ۲ شوخی ۔ شرارت (مت) **گرمائی** (مونث) ۱ گرمی ۔ تپش ۔ حرارت (عف) ۲ (پ) دوائے گرم (عف) ۔ **گرمائی آنا** (لازم) جوش آنا ۔ تیزی آنا ۔ غصہ آنا ۲ گرم ہونا ۔ تتا ہونا ۔ **گرمایہ** (مذکر) گرم حمام ۔ **گرم بازاری** (مونث) ۱ بہت بکری ۔ بےحد خریداری ۔ کثرت خرید و فروخت ۲ ہجوم خلائق ۔ رونق بازار ۳ لین دین اور بنج بیوپار کی کثرت ۔ **گرم بغل کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) دیکھو بغل گرم کرنا یا ہونا ۔ **گرم بولنا** (لازم) غصے کے ساتھ بات کرنا ۔ تند خوئی سے پیش آنا ۔ بدمزاجی سے جواب دینا ۔ **گرم پانی** (مذکر) ۱ کھولتا پانی ۲ (پ) منی ۔ بیرج ۔ ان معنوں میں (نکالنا نکلنا کے ساتھ) **گرم پانی گرانا** (متعدی) نامطبوع عورت سے جماع کرکے خواہش نفسانی پوری کرنا ۔ **گرمجوشی** (مونث) ۱ ربط ضبط ۔ تپاک ۔ اختلاط ۔ محبت ۲ سرگرمی ۔ ولولہ ۔ جوش ۔ شوق ۳ کوشش ۔ سعی ۔ **گرم جولاں** (صفت) تیز دوڑنیوالا (رہنا ہونا کے ساتھ) **گرمخانہ** (مذکر) ۱ وہ مکان جہاں سردیوں میں نازک پودوں کو رکھیں ۲ وہ مکان جہاں سردیوں کا موسم گزاریں ۔ **گرم خبر** (مونث) عام خبر ۔ افواہ ۔ دھوم ۔ **گرم خو** (صفت) تندخو ۔ غضبناک ۔ **گرم خوبان چمن** (مذکر) پھول اور شگوفے ۔ **گرم خیز** (صفت) تیز چلنے والا ۔ چالاک ۔ **گرم دستی** (مونث) تیزدستی ۔ **گرم دلاں** (مذکر) عاشقاں ۔ **گرم رفتار یا رو**

(صفت) ۱ تیز رفتار۔ تیز رو ۲ سرگرم۔ مستعد۔ **گرم رفتاری** (مونث) تیز چلنا۔ **گرم سخن** (صفت) باتوں میں مشغول۔ **گرم سرد** (صفت) ۱ تتا اور ٹھنڈا۔ مار اور بارد ۲ خیر گرم ۳ برا بھلا۔ نرم سخت۔ نیک و بد ۴ (مذکر) حوادث زمانہ (اٹھانا دیکھنا سہنا کے ساتھ) **گرم سفر** (صفت) سفر میں سرگرم۔ **گرم سیر** (صفت) وہ جس کی آب و ہوا گرم ہو (ملک) **گرم شتاب** (صفت) جلدی کرنے والا۔ تیزی کرنے والا۔ **گرم صحبت** (صفت) دیکھو گرم اختلاط۔ **گرم عنان** (صفت) گھوڑا۔ تیز دوڑنے والا۔ **گرم فغاں** (صفت) رونے دھونے میں مصروف۔ **گرم فقرہ** (صفت) شوخ فقرہ۔ مذاق۔ (چست کرنا۔ سوجھنا وغیرہ کے ساتھ) **گرم کپڑے** (مذکر) اونی کپڑے۔ جاڑے کے موسم کی پوشاک۔ روئی دار کپڑے۔ **گرم کرنا** (متعدی) ۱ تتا کرنا۔ کسی چیز کو آگ پر رکھ کر اس میں حرارت پیدا کرنا ۲ غصہ دلانا۔ جوش دلانا ۳ (گھوڑا) تیز کرنا۔ دوڑانا۔ **گرم کھاؤ**۔ ابھی لو۔ **گرم گرم** (صفت) ۱ گرم کی تاکید۔ بہت گرم ۲ (تف) تازہ بہ تازہ۔ نو بنو ۳ جلد جلد۔ شتاب شتاب۔ **گرم مزاج** (صفت) تیز مزاج۔ تند خو۔ **گرم مزاجی** (مونث) بد مزاجی۔ تند خوئی۔ **گرم مسالا** (مذکر) ۱ ایک سفوف جو زیرہ سیاہ مرچ لونگ الائچی دارچینی وغیرہ کے مجموعہ کو کوٹ کر بناتے ہیں۔ اور سالن کو خوشبودار اور چٹ پٹا بنانے کے لئے ڈالتے ہیں ۲ (خف) معشوق گریا گرم۔ **گرم مقال** (صفت) باتوں میں مشغول۔ **گرم ملنا** (لازم) ۱ چلتے چلتے ملنا۔ رواروی کی ملاقات کرنا (مت) ۲ تپاک اور اختلاط کے ساتھ ملنا۔ **گرم و سرد** (مذکر) حوادث زمانہ۔ رنج و راحت۔ **گرم و سرد اٹھانا۔ دیکھنا یا سہنا** (متعدی) ۱ مصیبتیں سہنا۔ برا بھلا وقت دیکھنا ۲ تجربہ حاصل کرنا تجربہ کار ہونا۔ **گرم و سرد زمانہ چشیدہ** (صفت) تجربہ کار۔ معمر جس نے رنج و راحت اٹھایا ہو۔ **گرم ہونا** (لازم) گرم کرنا کا۔ دیکھو ۲ رونق پکڑنا۔ بارونق ہونا ۳ (وحنیہ) ان کا مستی پر آنا۔ **گرمی** (مونث) ۱ حرارت تپش۔ حدت ۲ جلن۔ سوزش۔ آگ۔ فرقت ۳ گرمی کا موسم۔ گرما۔ تابستان ۴ اختلاط۔ گرمجوشی۔ تپاک۔ سر

گرمی ۵ شوخی۔ طراری۔ اچپلاہٹ ۶ تیزی تندی ۷ غصہ۔ ناراضگی۔ تیہا ۸ شہوت۔ خواہش نفسانی ۹ شباب جوانی۔ امنگ ۱۰ آتشک ۱۱ ولولہ۔ جوش ۱۲ محبت الفت۔ عشق۔ انس ۱۳ گرمی دانے اور چھوٹی چھوٹی پھنسیاں ۱۴ ہاتھی گھوڑے کے پیشاب میں خون ۱۵ اندرونی حرارت۔ مزاج کی حدت ۱۶ دپ اپسینا۔ **گرمی آنا** (لازم) پسینا آنا ۔ دپ ۔ **گرمیاں** (مونث) گرمی کی جمع ۲ گرمجوشیاں۔ تپاک ۳ موسم گرما ۴ شوخی شرارت ۵ ظرافت۔ مذاق ۶ خفگیاں۔ غصے۔ **گرمیاں آنا** (لازم) گرمی کے موسم کا آنا۔ **گرمیاں جتانا** (متعدی) نمائشی اختلاط کرنا۔ **گرمیاں کرنا** (متعدی) ۱ شوخیاں کرنا۔ ناز و نخرے کرنا ۲ مذاق کرنا ۳ تپاک ظاہر کرنا۔ محبت جتانا۔ **گرمی بازار** (مونث) ۱ رونق بازار۔ خریداری۔ گاہکی۔ بکری۔ خرید و فروخت کا زور و شور ۲ شہرت۔ ناموری۔ دھوم دھام ۳ شہرہ ۳ قدر و منزلت۔ عزت و آبرو۔ **گرمی پڑنا** (لازم) شدت کی گرمی ہونا۔ دھوپ پڑنا۔ **گرمی چڑھ جانا** (لازم) دماغ میں خلل آنا۔ **گرمی چھانٹنا** (متعدی) مزاج کی گرمی نکالنا ۲ حرارت دفع کرنا۔ حرارت کا دفعیہ کرنا۔ **گرمی دانے** (مذکر) وہ چھوٹے چھوٹے دانے جو گرمی اور برسات میں بدن پر نکل آتے ہیں۔ پت۔ گھام۔ **گرمی سخن** (مونث) سخن کی خوبی۔ **گرمی سے جواب دینا** (متعدی) غصے سے جواب دینا۔ **گرمی کا پھونکے دینا** (متعدی) ۱ بیحد گرمی ہونا ۲ کسی چیز کے شوق یا انتہا کا بیحد ہونا۔ **گرمی کا موسم** (مذکر) موسم گرما۔ **گرمی کرنا** (متعدی) ۱ بدن میں گرمی بڑھا دینا ۲ طبیعت میں حدت کا زیادہ کرنا۔ دل کو حرارت پہنچانا ۳ شوخی کرنا۔ شرارت کرنا ۴ جوش بڑھانا۔ ولولہ پیدا کرنا۔ **گرمی کے دن** (مذکر) گرمی کا موسم۔ **گرمی کی دوپہر** (مونث) سخت گرم دوپہر۔ گرمی کے موسم میں دوپہر کو بہت گرمی ہوتی ہے۔ **گرمی کے رنگ** (مذکر) ایسے ہلکے رنگ جن کا گرمی میں رواج ہو مثلاً آبی۔ گلابی۔ بادامی۔ پیازی۔ خشخاشی۔ دودیا۔ سیندوری۔ لاگیری وغیرہ۔ **گرمی کے کپڑے** (مذکر) ٹھنڈی پوشاک۔ موسم گرما کی پوشاک۔ **گرمی مضمون** (مونث) مضمون کی شوخی۔ **گرمی نکالنا** (متعدی) جماع کی خواہش مٹانا۔ **گرمی نکلنا** (متعدی) ۱ آتشک کا مرض ہونا۔ **گرمیوں** (مونث) گرمی کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **گرمیوں کی رات** (مونث) سخت گرم رات۔ موسم گرما کی رات۔ **گرمی ہونا** (لازم) ۱ تپش ہونا۔ گرمی پڑنا ۲ خواہش جماع کا غلبہ ہونا۔ مجامعت کا خواہشمند ہونا ۳ آتشک ہونا۔

امثال و اقوال۔ گرمی سبزہ رنگوں سے اور گھر میں بھونی بھنگ نہیں غربت میں عیاشی کا شوق۔ **گرمیوں میں کشمیر جنت ہے**۔ کشمیر میں سخت گرمی کے موسم میں بھی سردی ہوتی ہے۔

گرنتھ (س۔ مذکر) ۱ کتاب پوتھی۔ پستک ۲ سکھوں کی مقدس کتاب جس میں گورونانک صاحب اور دیگر گروؤں اور مقدس آدمیوں کی تصنیف کردہ حمدیں ہیں دگرنتھ۔ باندھنا **گرنتھ صاحب** (مذکر) گرنتھ ۲ **گرنتھک** (مذکر) ایک رسم الخط جس میں سنسکرت دکن میں لکھی جاتی ہے۔ **گرنتھی** (صفت) ۱ کتاب کا۔ کتاب کے متعلق ۲ عالم۔ فاضل۔ ودیادان ۳ (مذکر) کتاب پڑھنے والا شخص ۴ وہ شخص جس کے پاس بہت سی کتابیں ہوں ۵ مصنف۔ مولف ۶ گرنتھ کا پڑھنے والا شخص۔ سکھوں کا ملا۔

گرنٹ (انگ۔ مونث) ایک کپڑے کا نام (اصل گرانٹ)

گرنجن (س۔ مذکر) ۱ لہسن ۲ گانجا ۳ زہر ملا ہوا گوشت۔

گرندا (ھ۔ صفت) ۱ گالیاں دینے والا۔ بدزبانی کرنے والا ۲ برا۔ خراب۔

گرنڈ (ہ۔ مذکر) چکی کا وہ مٹی کا بنا ہوا احاطہ جس میں آٹا گرتا ہے۔

گرو (س۔ مذکر) غرور۔ تکبر۔ ابھیمان۔ فخر۔ شیخی (کرنا ہونا کے ساتھ)

گرو (ف۔ صفت) ۱ رہن۔ گروی گہنے۔ بندھک۔ جاکڑ۔ دھروڑ ۲ مطیع۔ مقید۔ گرفتار۔ مبتلا ۳ (ف) شرط بازی۔ داؤں ۴ شے مکفولہ یا مرہونہ۔ **گرو گرو** (مذکر) دریائے جیہوں پر ایک شہر۔

گرو (س۔ صفت) ۱ بھاری۔

وزنی۔ بوجھل ۲۔ بڑا۔ لمبا (اعراب) ۳۔ سخت بھاری (لہجہ) ۴۔ مشکل۔ دقت طلب ۵۔ اعلےٰ درجے میں۔ اونچا ۶۔ بہت۔ زیادہ۔ سخت ۷۔ سنگین۔ شدید ۸۔ ضروری۔ اہم ۹۔ قیمتی۔ عزیز ۱۰۔ معزز۔ عزت دار ۱۱۔ اعلےٰ۔ نفیس ۱۲۔ بہترین۔ نہایت اچھا ۱۳ (ہ۔ طنزاً) بدمعاش۔ لچا۔ غنڈا۔ متفنی۔ بدذات۔ فتنہ انگیز۔ شریر۔ کائیاں۔ حرانٹ۔ ہوشیار۔ چالاک۔ گھاگ ۱۴ (مذکر) قابل عزت شخص جیسے ماں باپ استاد بزرگ ۱۵ وہ استاد جو پہلا منتر سکھائے ۱۶ ہادی دین۔ رہنمائے دین۔ پیر۔ مرشد۔ اچارج۔ دھرم سکھانیوالا ۱۷ استاد۔ معلم ۱۸ ماہر فن۔ کامل فن۔ جگت استاد ۱۹ برہسپت یا مشتری جو دیوتاؤں کا استاد سمجھا جاتا ہے ۲۰ دانا شخص۔ عقلمند آدمی۔ رشی۔ منی ۲۱ درون اچارج۔ گرو دچھنا یا دکشنا (مونث) ۱۔ وہ نذرانہ جو گرو کو دیا جائے ۲۔ وہ جاگیر جو گرو کو دیجائے۔ گرو دوارہ (مذکر) ۱۔ گرو کے رہنے کا مکان ۲۔ سکھوں کا معبد۔ گرو سیوا (مذکر) گرو کی خدمت۔ گرو کرنا لینا (متعدی) دیکھو گرمکھ ہونا۔ گرو کشیپ (مذکر) ایک راجہ۔ گرو گھنٹال (ہ۔ مذکر) ۱۔ وہ گرو جو اپنے گلے میں گھنٹہ ڈالے ہو۔ وہ مہنت جس کے آگے گھنٹہ بجتا چلے۔ وہ پرستش کرنے والا جو گھنٹہ بجائے ۲۔ بہت کامل استاد۔ پیر مرشد ۳۔ بدمعاشوں کا سرغنہ۔ بڑا چالاک اور حرانٹ۔ گرو گھنٹال ہے۔ مفسد ہے۔ شرارت میں سب کا پیشوا ہے۔

امثال واقوال۔ گرو بڑا کہ چیلا۔ ایک سے ایک بڑھ کر۔ گرو بید اور جوتشی دیو منتری اور راج۔ انہیں بھینٹ بن جو ملے ہوئے نہ پورن کاج۔ گرو۔ طبیب۔ جوتشی۔ دیوتا۔ وزیر اور راجہ جب تک ان کو نذر نہ دو کام نہیں ہوتا۔ گرو جو گڑ تھا وہ تو گڑ ہوگیا۔ ولے اس کا چیلا شکر ہوگیا۔ دیکھو گرو گڑ الخ۔ گرو جی چیلے بہت ہوگئے کہا (بچہ) بھوکے مریں گے آپ چلے جائیں گے۔ دیکھو باباجی چیلے الخ۔ گرو سے پہلے چیلا مار کھائے۔ چیلے کو مانگنے کے لئے بھیجدیتے ہیں۔ سو اگر کہیں جھگڑا ہو جائے تو چیلا پٹتا ہے۔ گرو شکر کی بادلی رہے سنیچر چھائے۔ کہے گھاگ سن گھاگنی تے برسے نہیں جائے۔ جمعرات سے سنیچر تک جو ابر چھایا رہے وہ ضرور برستا ہے۔ گرو کیجے جان کے پانی پیجے چھان کے۔ گرو سوچ سمجھ کر بنانا چاہئے اور پانی کو چھان کر پینا چاہئے۔ گرو گڑ کا گڑ رہا چیلا شکر ہوگیا۔ گرو گڑ ہی رہے چیلے چینی (شکر) ہوگئے۔ شاگرد استاد سے بڑھ گئے۔

گروا (ہ۔ صفت) ۱۔ بھاری۔ وزنی ۲۔ ضروری ۳۔ معزز۔ عزت دار ۴۔ بھیگی بلی۔ گربہ مسکیں۔ گروا پن (مذکر) گروائی (مونث) ۱۔ بوجھ۔ وزن۔ ثقالت ۲۔ اہمیت۔ ضرورت ۳۔ عزت۔ قدس ۴۔ شرم۔ لاج۔

گروپ (انگ۔ مذکر) ۱۔ مجمع۔ جھنڈ ۲۔ کئی آدمیوں کی تصویر ۳۔ کئی چیزوں کا مجموعہ۔ گروپ فائرنگ (مذکر) ایسی چاندماری جس میں بہت سی گولیوں کے قریب قریب لگنے پر نمبر دئے جائیں۔ گروپنگ (مذکر) چاندماری میں بہت سے نشانے قریب قریب لگانا۔

گرور (س۔ مذکر) پہاڑ۔ پربت۔ کوہ۔

گروِنی (س۔ مونث) حاملہ عورت کا بھن۔

گروہ (ف۔ مذکر) ۱۔ جماعت۔ منڈلی ٹولی۔ طائفہ ۲۔ جرگہ۔ فرقہ ۳۔ قسم۔ نوع۔ ذات ۴۔ پرندوں کی جماعت۔ جھنڈ۔ غول۔ پرا۔ ٹکڑی ۵۔ لشکر فراہم شدہ۔ عسکر۔ گروہا گروہ (مذکر) غول کے غول۔ گروہ بندی (مونث) گروہ بنانا۔ گروہ درگروہ (مذکر) غول کے غول۔ گروہ شرکا (مذکر) حصہ داروں کی جماعت۔ کمپنی۔ شریکوں کا جتھا۔ پتی داران۔ گروہ شہدا (مذکر) شہیدوں کا ڈھیر۔ بہت سے شہید۔ گروہ شیاطین (مذکر) ۱۔ شرارتی آدمیوں کی جماعت ۲۔ بچے۔

گروی (ف۔ صفت) ۱۔ رہن۔ گرو۔ بندھک ۲۔ (مونث) وہ چیز جو گرو رکھی جائے ۳۔ شے مرہونہ۔ گروی پتر (ہ) گروی نامہ۔ گروی دار (مذکر) وہ شخص جس کے پاس کوئی چیز گروی رکھی جائے۔ گروی دھرنا (ہ) رکھنا (متعدی) رہن رکھنا۔ گروی دھرنے (ہ) رکھنے والا (صفت) وہ جس کے پاس گروی رکھا جائے۔ راہن۔ گروی سے چھڑانا (متعدی) گروی چیز کو اصل روپیہ مع سود ادا کرکے واپس لینا۔ گروی ضبطی (مونث) گروی چیز کا ضبط کرلینا۔ گروی گانٹھا (مذکر) قرض دام۔ گروی گانٹھا کرنا (متعدی) قرض دام لینا۔ گروی نامہ (مذکر) کسی چیز کے گروی رکھنے کی دستاویز۔

گروی (ہ۔ صفت) ایک قسم کا کیڑا جو فصلوں کو لگ جاتا ہے جس سے کھیت زرد ہو جاتے ہیں اور دانہ نہیں پڑتا۔ (لگنا کے ساتھ)

گروی (س۔ صفت) ۱۔ حاملہ ۲۔ گرو کی بیوی۔

گرویا (ہ۔ مونث) چڑیا۔

گرویدگی (ف۔ مونث) فریفتگی۔ شیفتگی (گرویدن۔ رغبت کرنا)

گرویدہ (ف۔ صفت) فریفتہ۔ شیفتہ۔ مائل۔ راغب۔ رغبت کرنے والا۔ (گرویدن۔ رغبت کرنا)

گرہ (س۔ مذکر) گرہ (ہ) ۱۔ وہ طاقت جو سورج یا چاند کو گرہن لگاتی ہے۔ راہو ۲۔ سیارہ ۳۔ قطب کا ستارہ ۴۔ مگرمچھ ۵۔ چمچا جس سے بڑے برتن سے کوئی مائع چیز نکالیں۔ گرہ آنا (لازم) ۱۔ منحوس دن آنا۔ منحوس ستاروں کے اثر کے نیچے آنا ۲۔ خبیث روح کا سایہ ہونا۔ گرہ دیکھنا (متعدی) جنم پتری دیکھنا۔ گرہ کنڈلی (مونث) جنم پتری۔

مقولہ۔ گرہ اپنا پھل کرہی جاتا ہے۔ منحوس ستاروں کا اجتماع اپنا اثر دکھاتا ہے۔

گرہ (ف۔ مونث) ۱۔ گانٹھ۔ عقدہ۔ بندھن ۲۔ مشکل۔ دقت۔ دشواری ۳۔ جیب۔ کیسہ۔ پاکٹ ۴۔ کنڈلی ۵۔ گچھا۔ خوشہ ۶۔ گز کا سولھواں حصہ ۷۔ بند۔ جوڑ ۸۔ کدورت۔ رنج۔ ملال ۹۔ سدہ ۱۰۔ غدود ۱۱۔ گلٹی ۱۲۔ گنے یا بانس کی گانٹھ اور رگ وغیرہ کی جڑ۔ گٹھی ۱۳۔ برچھی کا وہ حصہ جہاں سناں لگی ہوئی ہوتی ہے ۱۴۔ بند کے اخیر کا شعر۔ مصرعہ لگاکر جو شعر بنایا جائے ۱۵۔ مال۔ دولت ۱۶

عقد یا بیاہ سے پہلے برادری میں جن سے نیوتہ کا لین دین ہوتا ہے۔ ان کے گھر گرہ بھیجا کرتے ہیں۔ یہ ان کے بلاوے کی نشانی اور نیوتہ کا مطالبہ ہوتا ہے۔ (صفت) بندھا ہوا۔ بستہ ۲ بند بند۔ سربستہ ۳ دامنگیر۔ سربگریباں۔ گرہ ابرو (مونث) ۱ چین ابرو۔ پیشانی کی شکن ۲ مجازاً ترشروئی۔ تیوری چڑھانا۔ گرہ باز (مذکر) ایک قسم کا کبوتر جو پرواز میں قلابازیاں کھاتا ہے۔ گرہ باندھنا (متعدی) ۱ یادداشت کے لئے رومال یا کسی چیز میں گانٹھ باندھنا۔ گرہ لگانا ۲ یاد رکھنا ۳ احتیاط سے رکھنا۔ سنبھال کر رکھنا۔ گرہ پڑجانا یا پڑنا (لازم) ۱ گتھی پڑنا۔ الجھنا ۲ دلوں میں رنجش پیدا ہونا۔ عداوت ہونا ۳ مشکل ہوجانا۔ کسی کام میں پیچیدگی پیدا ہوجانا۔ گرہ پر گرہ پڑنا (لازم) ۱ رنج پر رنج بڑھنا۔ رنجیدگی زیادہ ہونا ۲ پیچ پر پیچ پڑنا۔ بل پر بل پڑنا۔ گرہ پیشانی (صفت) تیوری چڑھائے ہوئے۔ ترشرو۔ گرہ ٹٹولنا (متعدی) دوسرے کا مال لینے کی کوشش کرنا۔ گرہ دار (صفت) وہ چیز جس میں گانٹھیں ہوں۔ گنٹھیلا۔ گرہ دینا (متعدی) ۱ دیکھو گانٹھ باندھنا ۲ [illegible] سالگرہ کی تقریب پر ایک گرہ اور [illegible] تاگے میں باندھنا۔ گرہ ڈالنا ۱ گتھی ڈالنا ۲ دیکھو گرہ باندھنا ۱۔ گرہ سے (تف) پاس سے۔ گرہ سے (کا) جانا (لازم) اپنا نقصان ہونا۔ جیب سے خرچ ہونا۔ گرہ سے دینا (متعدی) ۱ اپنے پاس سے دینا ۲ نقصان اٹھانا۔ گرہ سے کھو بیٹھنا (متعدی) نقصان اٹھانا۔ گرہ کا بل (مذکر) دولت یا مال کا گھمنڈ۔ گرہ کاٹنا (متعدی) پیسے میں سے چوری کرنا۔ گانٹھ کاٹنا۔ گرہ کا خسارا (مذکر) ذاتی نقصان۔ گرہ کا کھل جانا یا کھلنا (لازم) ذاتی نقصان ہونا۔ پلے یا گانٹھ سے جانا۔ گرہ کا کھول لینا (متعدی) کسی سے کوئی چیز لے لینا۔ گرہ کا کھونا (متعدی) اپنا نقصان کرنا۔ گرہ کا کیا جاتا ہے) کھل گیا۔ کسی کا کیا گیا یا نقصان ہوا۔ گرہ کاٹ یا کٹ (صفت) جیب کترا۔ گرہ کٹنا (لازم) چوری ہوجانا۔ گانٹھ کٹنا۔ گرہ کرنا (متعدی) کبوتر کا پلٹے کھانا۔ گرہ کشا (صفت) مشکل کشا۔ اڑے وقت میں کام آنے والا۔ گرہ کھلنا (لازم) ۱ مشکل کام سہل ہونا۔ عقدہ کشائی ہونا ۲ الگ ہوجانا ۳ دل کی کدورت یا رنجش دفعہ ہونا۔ ملال خاطر کا دھو ڈالنا۔ گرہ کھولنا (متعدی) ۱ عقدہ واکرنا۔ گانٹھ کھولنا ۲ (دل کی) کدورت اور رنجش دور کرنا ۳ (کلی غنچہ کی) کھلا دینا ۴ مشکل حل کرنا۔ گرہ گانٹھ میں (تف) قبضہ میں۔ کسی کے پاس۔ گرہ گیر (صفت) ۱ گرہ دی ہوئی ۲ بل کھاتے ہوئے۔ پیچیدہ۔ گرہلا۔ گرہلی (صفت) گرہ دار۔ گانٹھ دار۔ گرہ لگ گئی۔ بات طے ہوگئی۔ معاملہ ٹھیر گیا۔ قیمت مقرر ہوگئی۔ گرہ لگانا (متعدی) ۱ گانٹھ باندھنا ۲ مضبوط کرنا ۳ مصرع پر مصرع لگانا۔ گرہ لگنا (لازم) ۱ گانٹھ لگنا ۲ مصرع پر مصرع لگنا ۳ عمر کا سال شروع ہونا۔ گرہ موئے کمر (مونث) ناف۔ گرہ میں (تف) قبضہ میں۔ پاس۔ گرہ میں باندھنا (متعدی) ۱ اپنے قابو میں کرلینا ۲ یاد رکھنا۔ گرہ میں پیسا (دام) ہونا (لازم) روپیہ پاس ہونا۔ مالدار ہونا۔ دولتمند ہونا۔ گرہ میں رکھنا (متعدی) قبضہ میں رکھنا۔ پاس موجود ہونا۔ گرہ میں رہنا (لازم) پاس رہنا۔ قبضہ میں رہنا۔ گرہ میں زر ہونا (لازم) روپیہ پیسہ پاس ہونا۔ گرہ میں کچھ (مال) ہونا (لازم) امیر ہونا۔ مالدار ہونا۔ گرہ میں ہونا (لازم) پاس ہونا۔ قبضہ میں ہونا۔ گرہ نکلنا (متعدی) گتھی سلجھنا۔ پیچ دور ہونا۔

امثال و اقوال۔ گرہ کا دیجئے پر ضامن نہ ہوجئے۔ ضمانت کی مذمت۔ گرہ کا دیجئے پر عقل نہ دیجئے۔ مشورہ نہیں دینا چاہئے روپیہ دیدینا چاہئے۔ گرہ کٹ کا بھائی گٹھ کٹ۔ ایک جیسے بدمعاش۔ سگ زرد برادر شغال۔ گرہ میں کوڑی نہیں بازار کی سیر۔ مفلسی میں امیرانہ وضع۔

گرہ (س۔ مذکر) گرہ۔ گرہ (ھ) ۱ گھر۔ مکان۔ محل۔ قصر ۲ خاندان۔ بال بچے ۳ بیوی ۴ نوکر۔ ملازم ۵ وہ مکان جس میں پودے رکھے جائیں ۶ برج۔ راس ۷ نکشترہ خصوصاً چوتھا ۸ شطرنج کی بساط کا خانہ ۹ نام۔ اسم ۱۰ (دیوتاؤں کے نام کے ساتھ) مندر۔ گرہستھ (صفت) ۱ گھر میں رہنے والا ۲ مکان والا ۳ قابل اعتبار ۴ (مذکر) مالک مکان۔ خاندان کا سردار ۵ برہمن جو عمر کے دوسرے درجے میں ہو ۶ کاشتکار۔ زمیندار۔ گرہستھی (صفت) ۱ مالک مکان کے متعلق یا اس کا ۲ خانہ داری کے متعلق ۳ (مذکر) مالک مکان۔ دنیادار۔ قبیلہ دار ۴ کاشتکار۔ زمیندار ۵ (مونث) ۱ دنیادار کے فرائض ۲ قبیلہ داری۔ خانہ داری ۳ گھربار کے کام کاج ۴ دنیاوی معاملات ۵ کاشت۔ زمینداری۔ گرہن (مذکر) دیکھو گرہستھی۔ گرہ ورما (مذکر) ایک راجہ۔ گرہی (مذکر) دیکھو مالک مکان۔ گرہیہ (صفت) ۱ گھر کا۔ گھر کے متعلق ۲ پالتو۔ پلا ہوا ۳ کسی فریق کا ۴ (مذکر) ایک کتاب جس میں گھربار کے کاروبار یا رسوم کے متعلق ہدایات ہوں۔

گرہا (س۔ مونث) سرزنش۔ تنبیہہ۔ الزام۔

گرہست (ہ۔ مذکر) دیکھو گرہستھ گرہ کے تحت میں۔ گرہستن (مونث) ۱ خاوند والی عورت ۲ بیوی۔ زوجہ ۳ پردے میں بیٹھنے والی عورت۔ نیک بیوی ۴ کنبے والی عورت۔ قبیلہ دار عورت ۵ سگھڑ عورت۔ سلیقے والی عورت ۶ کفایت شعار عورت۔ گرہستی (مذکر) ۱ دیکھو گرہستھی ۲ گھر کا اسباب۔ گرہستی کا اٹالہ (مذکر) گھر کا مال و اسباب۔ اساس البیت۔ بوریا بدھنا۔

امثال۔ گرہست دھرم برابر کوئی دھرم نہیں۔ اپنی آل اولاد کی پرورش سب سے بہتر مذہب ہے۔ گرہستی کا کام رانڈ کا چرخا ہے۔ گرہستی کا دھندہ ختم نہیں ہوتا۔

گرہن (س۔ مذکر) ۱ پکڑنا۔ گرفت کرنا ۲ گرفتاری۔ قید ۳ لینا۔ قبول کرنا۔ قبولیت ۴ حاصل کرنا۔ حصول ۵ خرید ۶ پہننا ۷ حفاظت ۸ سمجھنا ۹ مطالعہ ۱۰ احساس۔ سمجھ ۱۱ سنانا۔ کہنا ۱۲ سورج یا چاند کا سیاہ ہوجانا۔ بدر کا دن اگر زمین سورج اور چاند کے درمیان آجائے تو زمین کا سایہ چاند پر پڑتا ہے تو سارا چاند یا اس کا کچھ حصہ سیاہ ہوجاتا ہے یہ چاند گرہن ہے مستیا کی رات اگر چاند زمین اور سورج کے درمیان آجائے تو سورج یا اس کا کچھ حصہ نظر نہیں آتا یہ سورج گرہن ہے۔ پرانے زمانے کے ہندوؤں کا خیال تھا کہ راہو سورج یا چاند کو اپنے منہ میں لے لیتا ہے اس لئے ان کو چھڑانے کے لئے وہ اس موقعہ پر دان پن کرتے ہیں۔ اور اس کی نحوست رفع کرنے کیلئے اشنان

کرتے ہیں۔ مکمل چاند یا یہ سورج گرہن خاص خاص جگہ پر نظر آتا ہے۔ **گرہن کرنا** ۔ **گرہنا** (ھ۔ متعدی) ۱؎ پکڑ لینا۔ لینا ۲؎ قبول کرنا۔ ماننا ۳؎ حاصل کرنا ۴؎ سمجھنا ۵؎ سونگھنا۔

گرہن (ہ۔ مذکر) دیکھو گرہن ۱ تا ۱۲ (پڑنا ہونا لگنا کے ساتھ)

گرہور (ھ۔ مذکر) گوبر کا ڈھیر۔

گرئی (ہ۔ مونث) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

گرری (ہ۔ مونث) ۱؎ چرخی جس پر ڈول کی رسی لپٹتی یا چلتی ہے ۲؎ ریل یا چرخی جس پر دھاگا لپٹتے ہیں ۳؎ سوکھی گھاس کا ڈھیر ۴؎ گیہوں یا جو کا انبار ۵؎ وہ چھوٹا پشتہ جو گیہوں اور کھوسے کے درمیان بنائیں (گرگر کی آواز سے)

گری (ہ۔ مونث) ۱؎ بیج کا مغز ۲؎ ناریل کا مغز ۳؎ پھلوں کا گودہ۔

گری (ف۔ مذکر) گرے (عف) گردن۔ عنق۔ اردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا۔

گریبان (مذکر) یائے معروف سے صحیح اور فصیح۔ یائے مجہول سے زبانوں پر ہے۔ لباس یا کرتے کا وہ حصہ جو گلے کے نیچے اور چھاتی کے اوپر رہتا ہے جیب **گریباں پرزے کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو گریبان پھاڑنا و پھٹنا۔ **گریبان پکڑ کے لانا** (متعدی) زبردستی لانا گریبان میں ہاتھ ڈال کر کھینچ کر لانا۔ **گریبان پکڑ کر گھسیٹنا یا پکڑنا** (متعدی) تقاضا کرنا۔ **گریبان پھاڑنا**۔ تار تار کرنا۔ ٹکڑے کرنا۔ **چاک (چاک) کرنا** (متعدی) **پھٹنا** تار تار ہونا۔ ٹکڑے ہونا۔ **چاک ہونا** (لازم) وحشت کے سبب کپڑے کھٹنا۔ دیوانہ ہونا سودائی ہونا۔ **گریباں دری** (مونث) گریبان پھاڑنا۔ **گریباں دریدہ** (صفت) جس کا گریبان پھٹا ہوا ہو۔ **گریبان کوہ** (مذکر) وہ جگہ جو پہاڑ کے درمیان ہو۔ **گریبان کھینچنا** (متعدی) حاکم کے پاس پیش کرنے یا زبردستی کوئی کام لینے کے لئے گریبان سے پکڑ کر کھینچتے ہیں۔ **گریباں گیر** (صفت) ۱؎ مدعی۔ دعویدار۔ الزام لگانے والا ۲؎ روکنے والا مزاحم مقابلہ کرنے والا۔ **گریبان میں سر جھکانا۔ ڈالنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) شرمندہ ہونا۔ آنکھیں نیچی ہونا۔ **گریبان میں منہ چھپانا** (متعدی) ۱؎ شرمندہ ہونا۔ آنکھیں نیچی کرنا ۲؎ بچے ڈر کر یا شرمندگی سے ماں کے گریبان میں منہ چھپاتے ہیں۔ **گریبان میں منہ ڈالکر دیکھنا۔ ڈالنا** (متعدی) ۱؎ اپنے قصور یا عیب کو دیکھ کر شرمندہ ہونا۔ اپنے قصور کا معترف ہونا۔ شرم سے گردن نیچی کر لینا ۲؎ سر جھکا کر غور کرنا۔ **گریبان میں ہاتھ ڈالنا** (متعدی) ۱؎ کسی کا گریبان پکڑنا ۲؎ تقاضا کرنا۔ **گریبان نکلنا** (متعدی) گریبان پھٹنا۔

گرّی۔ گرہی۔ گرے (ھ۔ مونث) بھنے ہوئے جو۔

گریا (ھ۔ مونث) ۱؎ شیشے کا موتی ۲؎ تسبیح یا ہار کا دانہ یا موتی ۳؎ (ہ) پیٹھ کی ہڈیوں کا مجموعہ ۴؎ سانپ کا پنجر۔

گریار (ھ۔ مذکر) وہ بیل جو کام کرتا کرتا بیٹھ جائے۔

گریاں (ف۔ صفت) روتا ہوا۔ نالاں (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

گریٹ (انگ۔ صفت) بڑا۔ عظیم۔ اعظم۔ **گریٹ برٹن** (یورپ) برطانیہ کلاں۔

گریجویٹ (انگ۔ مذکر) واؤ کی آواز ہمزہ کی ہے۔ وہ شخص جس نے بی اے یا بی ایس سی پاس کیا ہو۔

گریڈ (انگ۔ مذکر) مرتبہ۔ رتبہ۔ پایا۔

گریر (ھ۔ مذکر) ۱؎ چکر۔ گردا ۲؎ (لف) گرد۔ اردگرد۔

گریز (ف۔ صفت) ۱؎ دوڑنے والا۔ بھاگنے والا۔ مرکبات میں ۲؎ (مونث) بھاگنا دوڑنا ۳؎ فرار ۴؎ اجتناب۔ پرہیز ۵؎ تمہید کے بعد اصل مضمون پہ آنا۔ ایک مضمون سے دوسرے مضمون کی طرف توجہ کرنا ۶؎ نفرت۔ کراہیت۔ (گریختن بھاگنا) **گریزاں** (صفت) ۱؎ بھاگنے والا بھاگتا ہوا ۲؎ متنفر۔ **گریزپا** (صفت) ۱؎ بھاگنے والا۔ مفرور ۲؎ متوحش ۳؎ بے ثبات۔ ناپائیدار ۴؎ وہ لونڈی یا غلام جو اکثر گھر سے بھاگ جائے۔ **گریز کرنا** (متعدی) ۱؎ بھاگنا۔ دوڑنا ۲؎ پرہیز کرنا۔ اجتناب کرنا ۳؎ متنفر ہونا ۴؎ رُکنا۔ کسی بات کا نہ کرنا۔ **گریزگاہ** (مونث) ۱؎ بھاگنے کا وقت یا جگہ ۲؎ جگہ یا موقعہ جہاں سے بھاگ جانا مناسب ہو ۳؎ وہ جگہ جہاں بھاگ کر انسان جائے پناہ۔ **گریز ہونا** (لازم) گریز کرنا کا۔

گریس (انگ۔ مذکر) یونان۔

گریسز (یو۔ خص) زیئس دیوتا کی تین بیٹیاں جو خوبصورتی اور حسن کی دیویاں ہیں۔

گریشم (س۔ مذکر) **گریکھم** (ھ) ۱؎ گرمی۔ حرارت ۲؎ موسم گرما۔ ہندوؤں کے چھ موسموں میں سے دوسرا جو جیٹھ اور اساڑھ میں ہوتا ہے۔

گریشم (س۔ صفت) ۱؎ موسم گرما کا یا اس کے متعلق ۲؎ وہ جو گرما میں بویا یا کاشت کیا جائے۔ **گریشمی** (صفت) دوہری فصلی یا مرتبا۔

گریک (انگ۔ صفت) ۱؎ یونان کا ۲؎ (مونث) یونانی زبان ۳؎ (مذکر) یونان کا باشندہ **گریک چرچ** (مذکر) عیسائی مذہب کا ایک فرقہ جس کے پیرو یونان۔ بلقان۔ رومانیہ روس اور ایشیائے کوچک میں ہیں۔

گریمر (انگ۔ مونث) ۱؎ صرف و نحو ۲؎ صرف و نحو کی کتاب۔

گریموفون (انگ۔ مذکر) ایک مشین جو آواز کو دہراتی ہے۔ اس پر پلیٹ رکھی جاتی ہے۔ جو ایک سپرنگ کے ذریعے پھرتی ہے۔ اس پر ایک سوئی رکھتے ہیں جو آواز پیدا کرتی ہے۔

گرین (انگ۔ صفت) ۱؎ سبز۔ ناتجربہ کار

گرینٹ (ہ۔ مونث) وہ لکڑی جس پر کوئیں کی چرخی چلتی ہے۔

گرین لینڈ (شا) انتہائی شمال میں ایک بہت بڑا جزیرہ جو ولندیزوں کے قبضے میں ہے رقبہ پچاس ہزار (۱۵) بیشتر حصہ منطقہ باردہ شمالی میں ہے۔

گرینیا (ھ۔ مذکر) زمین جو ایک خاص وقت کے لئے رہن ہو یا اس وقت تک جب کہ اس کی آمدنی سے سارا قرضہ بیباق ہو جائے۔

گریو (س۔ مذکر) گلے کا زیور۔ کالر۔ ہار۔

گریوا (س۔ مونث) ۱؎ گردن۔ عنق ۲؎ گردن کا پچھلا حصہ ۳؎ گردن کا پٹھا۔

گریہ (ف - مذکر) رونا - زاری -
اشکباری - آبدیدگی - رقت - آنسو بہانا - رول
رول (آنا - کرنا ہونا کے ساتھ) (گریستن - رونا)
گریہ سر کرنا (متعدی) رونے لگنا - گریہ وزاری
کرنا - **گریۂ شادی** (مذکر) خوشی کی وجہ سے رونا
گریۂ شبنم (مذکر) اوس پڑنا - **گریۂ شمع** (مذکر)
موم بتی کے قطرے جو جلنے کے وقت گرتے ہیں -
گریۂ شیشہ (مذکر) دیکھو گریۂ مینا - **گریہ کناں**
(صفت) روتا ہوا - روتا پیٹتا - نالاں - **گریۂ**
مستانہ (مذکر) شراب کی مستی میں رونا - **گریۂ مینا**
(مذکر) شراب کا صراحی سے جام میں گرنا - **گریہ ناک**
(مذکر) رونیوالا - اشکبار - آبدیدہ -
نالاں ۲ گریاں - **گریہ و (بُکا) زاری** (مونث)
روناپیٹنا - ماتم - واویلا (کرنا ہونا کے ساتھ) -

گڑ (ہ - امر) گڑنا کا (س گاہ - دور
تک داخل ہونا) **گڑا** (ماضی) ۱ گڑنا کی ۲ (صفت)
گڑا ہوا - **گڑا جانا** (لازم) شرمندہ ہوا جانا -
گڑا ہوا مال (مذکر) وہ مال جو دفن کر دیا گیا ہو -
گڑا دینا - **گڑانا** (ہ) گاڑنا کا امر - **گڑ جانا** - **گڑنا**
(لازم) ۱ دفن ہونا ۲ تپنا - دبنا ۳ (کانٹا وغیرہ)
چبھنا ۴ (جھنڈا) نصب ہونا - کھڑا ہونا ۵ (جھنڈے)
شہرت یا شہرہ ہونا ۶ (زمین میں) شرمندہ ہونا
۷ دفن ہونا ۸ پنہاں ہونا ۹ (آنکھیں) اندر گھسنا
دھسنا ۱۰ (نظر) قائم ہونا - جمنا ۱۱ (غیرت یا خجالت
سے) شرمندہ ہونا - **گڑواٹ** (ہ) ۱ گاڑنا -
دفن کرنا ۲ کھودنا - **گڑوانا** (مم) گاڑنا کا - **گڑوتے**
کا پان (مذکر) وہ پان جو ریت میں دفن کر کے
پکا کرتے ہیں - **گڑونا** (متعدی) ۱ چبھونا ۲ چھیدنا
۳ گاڑنا - گھسانا - **گڑے (کوئلے) مُردے**
اکھاڑنا یا اکھیڑنا (متعدی) **اکھڑنا** (لازم)
۱ پرانی باتوں کا ذکر ہونا ۲ سوئے ہوئے فتنے جاگنا
۳ کسی کے مرے ہوئے بزرگوں میں عیب نکالنا -

گُڑ (ہ - مذکر) ۱ وہ مادہ جس کی گنے کے
رس کو پکا کر بھیلیاں بناتے ہیں - قندِ سیاہ ۲ مٹھاس
شیرینی ۳ (صفت) میٹھا - شیریں - **گڑ امبا کو** (مذکر)
گڑ ملا ہوا تمباکو - **گڑ انبہ** (مذکر) ۱ کچے آم کی پھانکیں
جو گڑ کے شیرے میں پکاتے ہیں ۲ آم کا میٹھا اچار جس
میں سرکہ گڑ وغیرہ پڑتا ہے - **گڑ بیٹھ جانا** (لازم)
مرطوب ہوا سے گڑ کا نرم ہو جانا - **گڑ دھانی** (مونث)
۱ بھنے ہوئے چاول یا گیہوں کا مرنڈا جو گڑ ملا کر بناتے
ہیں - **گڑ کلھیا میں پھوٹنا** (لازم) ۱ کسی بات یا
کام کا پوشیدگی میں ہونا - خفیہ مشورہ ہونا - **گڑیا** (ہ)
گڑ بیچنے والا -

امثال و اقوال

گڑ بھرا ہنسیا (کھاتے بنے نہ اگلتے) نہ نگلتے بن پڑتا ہے
نہ اگلتے - ہر طرح مشکل ہے کام کریں یا نہ کریں -
گڑ چراوے تو پاپ تیل چراوے تو پاپ
چوری معمولی چیز کی بھی گناہ ہے - **گڑ دئے سے**
مرے تو زہر کیوں (دو) دیجے - **گڑ سے مرے**
تو بس کاہے کو دیجئے - **گڑ سے مرے تو زہر**
سے کیوں مارے - جو کام نرمی سے نکلے تو اس
میں سختی کیوں کی جائے - **گڑ سے بیگن ہو گئے**
اس وقت کہتے ہیں جب کوئی مہنگی چیز سستی ہو جائے
گڑ کھائے گی تو اندھیرے میں آئے گی
لالچ کھینچ لائے گا - **گڑ کھائیں (پوئے میں**
چھپ کر یں) گلگلوں سے پرہیز ۱ بڑی
بات کو کرنا - چھوٹی سے پرہیز کرنا ۲ بڑی بدنامی کا خیال
نہ کرنا چھوٹی سے پرہیز کرنا ۳ ادنےٰ برائی سے بچنا اور
اعلےٰ برائی کرنا ۴ بڑوں سے ملنا اور چھوٹوں سے دور
رہنا - **گڑ کہنے سے منہ میٹھا نہیں ہوتا** - باتوں
سے کام نہیں چلتا - خرچ کرنا چاہئے - **گڑ نہ دے**
تو گڑ کی سی بات تو کہے - فائدہ نہ پہنچا سکے تو
میٹھی باتیں تو کرے - **گڑ نہ دیا بھیلی دی** - **گڑ**
نہ دے گڑ کی بھیلی دے - معمولی کام سے
انکار کرتا ہے اور بڑا کام کر دیتا ہے - **گڑ ہر بار**
میٹھا ہوتا ہے - نیک کام ہمیشہ اچھا ہوتا ہے -
گڑ ہوگا تو مکھیاں بہت آ جائیں گی - دولت
ہوگی تو حاجتمند بہت آ جائینگے -

گڑا (ہ - مذکر) ۱ بڑا پولا - اناج کا بنڈل
۲ انبار - ڈھیر - تودہ - کھلیان - **گڑا بٹائی** (مونث)
پولیوں کے ڈھیر کی تقسیم -

گڑاسی (ہ - مونث) گنڈاسی -
گڑانا (ہ - مم) گوڑنا کا ۱ کھدانا - گڑھا
بنوانا ۲ کھودنا -
گڑاؤ (ہ - مذکر) ایک آلہ جس سے
جوار کے ڈنٹھلوں کا کترا کرتے ہیں - ٹکوا -

گڑبڑ (ہ - صفت) ۱ گڈمڈ - ملا جلا ۲ درہم
برہم ۳ (ہ) ناہموار یا کھردری (زمین) ۴ (مونث)
قراقر - پیٹ بولنے کی آواز ۵ بے انتظامی - بےترتیبی
کھلبلی ۶ جھمیلا - افراتفری - بکھیڑا - جلدی ۷ (ہ)
گھبراہٹ - پریشانی ۸ شور - غل (س گھٹا - مجمع)
گڑبڑا (امر) ۱ گڑبڑانا کا ۲ (ہ - مذکر) دیکھو گڑبڑ -
گڑبڑانا (لازم) ۱ گھبرانا - پریشان ہونا - ڈر جانا ۲
پیٹ کا بولنا - **گڑبڑاہٹ** (ہ - مونث) دیکھو
گڑبڑ - **گڑبڑ جھالا** (مذکر) ۱ ابر و باد - مینہ اور
آندھی - بوندا باندی ۲ دیکھو گڑبڑ ۵ - **گڑبڑ کرنا**
(متعدی) ۱ پیٹ بولنا - قراقر ہونا ۲ گڈمڈ کرنا ۳ گول
مال کرنا ۴ جھگڑا پھیلانا - بکھیڑا ڈالنا - **گڑبڑ ہونا**
(لازم) ۱ گڑبڑ کرنا ۲ بلوہ ہونا - بدانتظامی ہونا - **گڑ**
بڑی (مونث) ۱ کھلبلی ۲ اضطراب - گھبراہٹ -

گڑپ (ہ - مونث) ۱ جلدی سے
ملائم چیز میں گھس جانے - ڈبکی لگانے - ڈوب جانے یا
نگل جانے کی آواز - ہڑپ ۲ (تف) جلدی سے
جھٹ - جلدست - **گڑپ دیسی یا دینی** (تف) جلدی سے -

گڑپنکھ (ہ - مذکر) ۱ بڑے پروں والا
جانور ۲ ڈھیلی پوشاک پہننے والا آدمی -
گڑتی (ہ - مونث) دوست -
گڑچا (ہ - مذکر) ۱ گھنا جنگل ۲ گاڑھا
پن - کثافت ۳ مجمع ۴ (تف) گھنے طور پر - پاس
پاس - بھڑے ہوئے -
گڑری - گڑاری (ہ - مونث)
گھاس کا گول چھلا جو گھڑوں کے نیچے رکھتے ہیں -
انڈوئی - چونا -
گڑریا (ہ - مذکر) ۱ بکریاں چرانیوالا
۲ چرواہا - گوالا - گڈریا کا معرب -
گڑڑ (ہ - مذکر) نیل کنٹھ -
گڑگج (ہ - مذکر) قلعہ کا وہ برج
جس پر توپیں چڑھاتے ہیں - دیکھو گرگج -
گڑگڑ (ہ - مونث) ۱ حقہ یا صراحی سے
پانی نکلنے کی آواز ۲ توپوں کے لگاتار چھوٹنے کی آواز
۳ بجلی یا بادلوں کی کڑک - **گڑگڑا** (مذکر) ایک
قسم کا بڑا حقہ - **گڑگڑاٹ** (ہ) گڑگڑاہٹ -
گڑگڑانا (لازم) ۱ گرجنا - کڑکنا - رعد کا بولنا ۲
پیٹ کا بولنا ۳ توپوں کا لگاتار چھوٹنا - **گڑگڑاہٹ**

(مونث) ۱ پیٹ کے بولنے کی آواز ۲ بادلوں کی آواز - کڑک ۳ گاڑی اکے کے چلنے کی آواز ۴ حقہ کی آواز - گڑگڑاہٹ زیادہ مستعمل ہے -

گڑگڑ (ہ - مونث) ۱ حقہ کی آواز ۲ پیٹ کے بولنے کی آواز - قراقر - گڑگڑا (مذکر) ایک قسم کا بڑا حقہ - گڑگڑانا (لازم) ۱ حقہ سے آواز نکالنا ۲ پیٹ کا بولنا - قرقرانا - گڑگڑاہٹ (مونث) حقہ پینے کی آواز - گڑگڑی (مونث) ایک قسم کا چھوٹا حقہ -

گڑگڑا (ہ - امر) گڑگڑانا کا - گڑگڑا کر (تقف) منت کرکے - عاجزی سے - گڑگڑانا (لازم) منت کرنا - زاری کرنا - الحاح کرنا - عاجزی کرنا - التجا کرنا - گڑگڑاوا (مذکر) گڑگڑاہٹ، گڑگڑی (ہ - مونث) منت - الحاح وزاری منت سماجت - التجا -

گڑگودڑ (ہ - مذکر) پھٹے پرانے کپڑے چیتھڑے (گڑ تابع مہمل ہے)

گڑلون (ہ - مذکر) پہاڑی نمک (س گڑھ - مالوے میں ایک علاقہ - لون نمک)

گڑم (ہ - مذکر) وہ ورم جو چوٹ سے سر پر ہو جاتا ہے -

گڑن (ہ - مونث) دلدل -

گڑفت (ہ - مونث)، گڑنتھ (ہ - مذکر) ایک کھیل - گلی ڈنڈا گڑنت گاڑنا (متعدی) مذکورہ بالا کاموں کے لئے منتر پڑھ کر پتلا یا کاغذ جس پر شخص مذکور کا نام لکھا ہوا ہو گاڑنا -

گڑنگ (ہ - مونث) ڈینگ - شیخی - بڑائی - لاف - گڑنگ مارنا یا ہانکنا (متعدی) شیخی مارنا - اترانا - ڈینگ مارنا - گڑنگی یا گڑنگیا (مذکر) شیخی باز - ڈینگیا -

گڑوا (ہ - مذکر) ۱ پانی کا چھوٹا برتن - آبخورا - یہ عموماً بڑے برتنوں میں سے پانی نکالنے کے کام آتا ہے ۲ لوٹا - آفتابہ ۳ آبخورہ جس میں سرسوں کے پھولوں کا گلدستہ رکھ کر ڈوم ڈھاری بسنت کے دن امیروں کے یہاں لیجاتے اور انعام پاتے ہیں - گڑوی (مونث) چھوٹا گڑوا جو ہندو پانی کے لئے استعمال کرتے ہیں -

گڑوڑنا (ہ)، **گڑولنا** (ہ - مذکر) ایک قسم کی چھوٹی سی گاڑی جس پر بچے کو چلنا سکھاتے ہیں - گڈولنا -

گڑھ (ہ - مذکر) ۱ قلعہ - برج ۲ ایک قسم کا آلہ جس کی آڑ میں قلعہ کے پاس پہنچ جاتے ہیں ۳ شہروں کے ناموں میں آتا ہے - جیسے علی گڑھ، فتح گڑھ - گڑھ توڑنا (متعدی) قلعہ فتح کرنا - گڑھ جیتنا (متعدی) ۱ قلعہ فتح کرنا ۲ مشکل امر میں کامیابی حاصل کرنا - کوئی بڑا کام کرنا ۳ ازالۂ بکر کرنا - عورت سے پہلی دفعہ جماع کرنا - گڑھ کپتان (مذکر) ۱ افسر قلعہ - قلعہ دار ۲ قلعوں کی مرمت کرنے والا انجنیر ۳ میر عمارت - انجنیر - گڑھ کپتانی (مونث) ۱ محکمۂ تعمیر فوجی - ملٹری ورکس ڈیپارٹمنٹ ۲ وہ محکمہ جس کے سپرد سرکاری تعمیر کا کام ہوتا ہے - پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ محکمہ بارک ماسٹری - گڑھ کھائی (مونث) قلعہ کی خندق یا کھائی - گڑھی (مونث) چھوٹا سا قلعہ - کوٹلہ - مٹی کا چھوٹا قلعہ - گڑھیا (مونث) گڑھی کی تصغیر ۱ چھوٹی سی گڑھی ۲ کوڑا - گندگی وغیرہ پڑنے کی جگہ - گڑھی بتند (مذکر) بندیل کھنڈ میں ملکیت زمین کا ایک طریقہ جس میں مقررہ سالانہ خراج یا مالگزاری دینی پڑتی ہے - گڑھی پھاندنا (متعدی) کار نمایاں کرنا - گڑھی بول جانا (لازم) قوت ہو چکنا - کام تمام ہونے کو ہونا - گڑھی جیتنا (متعدی) گڑھ جیتنا - گڑھی خالی ہونا (لازم) شکست کھا کر قلعہ کو خالی کر دینا - گڑھی فتح کرنا (متعدی) دیکھو گڑھ جیتنا -

مثل - گڑھ تو چتوڑ گڑھ اور سب گڑھیاں ہیں - چتوڑ کے قلعہ کی تعریف میں کہتے ہیں -

گڑھا (ہ - مذکر) ۱ غار - قعر - مغار ۲ کھڈ - کھائی ۳ وہ بڑا سوراخ جو زمین کھود کر بنایا جائے (کھدانا کھدنا - کھدوانا - کھودنا کے ساتھ) ۴ قبر - گور ۵ وہ نیچی جگہ جو آنکھوں کے گرد بیماری کی وجہ سے ہو جاتی ہے ۶ وہ نیچی جگہ جو گھرنڈ اترنے سے بدن پر ہو جاتی ہے ۷ مجازاً پیٹ - معدہ - گڑھا آنٹنا (متعدی) دیکھو گڑھا بھرنا - گڑھا بھر جانا یا بھرنا (لازم) ۱ گڑھے کا پر ہونا ۲ سامان پورا ہونا - گھاٹا پورا ہونا - گڑھا بھر دینا یا بھرنا (متعدی) ۱ گڑھے کو مٹی سے پر کرنا ۲ کمی یا گھاٹا پورا کرنا - ٹوٹا بھرنا ۳ روکھا سوکھا پیٹ میں ڈالنا - بری بھلی چیز سے پیٹ بھرنا - گڑھا پر کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) گڑھے میں مٹی وغیرہ پڑ کر بھر جانا - گڑھا پڑ جانا یا پڑنا (لازم) ۱ پانی کے گرنے یا کسی وجہ سے بغیر کھودنے کے زمین میں گڑھا ہو جانا - گڑھے (مذکر) ۱ گڑھا کی جمع ۲ بجائے گڑھا حروف مغیرہ سے پہلے - گڑھے بیٹھنا (لازم) گھات میں بیٹھنا - کمین گاہ میں بیٹھنا - گڑھے پڑنا (لازم) ۱ زمین میں جابجا سوراخ ہو جانا ۲ زخموں کے گھرنڈ اترنے سے بدن پر داغ پر جانا ۳ (آنکھوں میں) آنکھوں کے گرد بدن کا نیچا ہو جانا - گڑھے گیر ہونا (لازم) دیکھو گلے گیر ہونا جسکا یہ مخرب ہے - گڑھے میں پڑا ہونا یا پڑنا (لازم) ۱ دفن ہونا ۲ دبا جانا ۳ ضائع ہو جانا - تلف ہو جانا - گڑھے میں گرنا (لازم) ۱ گڑھے میں جا پڑنا ۲ نقصان اٹھانا -

مقولہ - گڑھے کے پانی میں منہ دھو کر آؤ ۱ جب کوئی شیخی مارے تو اسے کہتے ہیں ۲ مذاقاً کہتے ہیں جب کسی کو کسی چیز کے دینے سے انکار کرنا مقصود ہو -

گڑھا (ہ - مذکر) ۱ شہتیر ۲ جہاز یا کشتی کا بیچ کا شہتیر -

گڑھانا (ہ - متعدی) ۱ دیکھو گھڑانا ۲ دیکھو گڑانا -

گڑھاونا (ہ - متعدی) دیکھو گڑھانا -

گڑھائی (ہ - مونث) ۱ دیکھو گھڑائی ۲ دبانا - دفن کرنا -

گڑھت (ہ - مونث) گھڑنا - گھڑنے کا انداز -

گڑھل (ہ)، **گڑھل** (ہ - مذکر) ایک پودہ اور اس کے پھول جو بہت خوبصورت عموماً سرخ مگر اور کئی رنگ کے اکہرے اور دوہرے ہوتے ہیں -

گڑھنا (ہ - متعدی) ۱ دیکھو گھڑنا ۲ (ہ) دیکھو گڑنا -

گڑھنت (ہ - مونث) ۱ گڑھنا بات بنانا ۲ شکل - صورت - بناوٹ -

گرڑھوار۔ گرڑھواڑ (ھ۔صفت) ۱ موٹا (کپڑا) ۲ فربہ۔ موٹا۔

گرڑھوانا (ہ۔م) گرڑھنا کا۔

گرڑھی۔ گرڑھیا (ھ) گرڑھیا (ہ۔مونث) ۱ گرڑھا کی تصغیر ۲ بہت بڑا گرڑھا نشیب ۳ کوڑا کرکٹ پڑنے کی جگہ۔

مقولہ۔ گرڑھیا میں منہ دھو ڈالو (رکھو) مذاقاً کہتے ہیں جب کسی کو کسی چیز کے دینے سے انکار کرنا مقصود ہو۔

گرڑھیا (ھ۔مونث) ۱ چھوٹا نیزہ ۲ آنکس۔ گجک۔

گرڑھیا (ہ۔مذکر) ۱ گاڑنے والا۔ دفن کرنے والا ۲ (مونث) دیکھو گرڑھی کے تحت میں۔

گرڑھیلا (ھ۔مذکر) ۱ گرڑھا۔ سوراخ۔ غار ۲ خندق۔ کھائی ۳ کھڈ۔

گرڑی (ھ۔مونث) ۱ پھونک۔ پتول۔ گھاؤ ۲ گھسنا۔ چبھنا۔ دخول (گرڑنا سے) ۳ دوست۔ یار ۴ دیکھو گرڑھی۔

گرڑیا (ہ۔مذکر) ایک قسم کا چھوٹا نیزہ۔

گرڑیا (ہ۔مونث) ۱ گڈی۔ پتلی لعبت وہ کپڑے کی بنی ہوئی پتلی جس سے لڑکیاں کھیلتی اور خانہ داری کی باتیں سیکھتی ہیں (بنانا بننا کے ساتھ) (س گڈا۔ چھوٹی گیند) ۲ غریب اور حقیری بیوی ۳ کوئیں کی گھرنی یا چرخی کی کھونٹی۔ **گرڑیا سنوار دینا یا سنوارنا** (متعدی) اپنے مقدور کے موافق بیٹی کا بیاہ کر دینا۔ **گرڑیا گڈے کی شادی** (مونث) لڑکیوں کا کھیل جس میں ایک لڑکی کے گڈے کا دوسری لڑکی کی گڑیا سے بیاہ ہوتا ہے۔ **گرڑیاں** (مونث) جمع گرڑیا کی۔ **گرڑیاں کھیلنا** (متعدی) ۱ لڑکیوں کا کپڑے کی پتلیوں کے ساتھ کھیلنا ۲ ناتجربہ کار ہونا۔ **گرڑیوں** (مونث) گرڑیا کی جمع۔ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **گرڑیوں کا آلہ** (مذکر) وہ طاقچہ جہاں لڑکیاں گڑیوں کو رکھتی ہیں۔ **گرڑیوں کا بیاہ** (مذکر) ۱ گڈے گڑیا کی شادی ۲ غریبوں کا بیاہ۔ **گرڑیوں کا کھیل** (مذکر) ۱ لڑکیوں کا گڑیوں سے کھیلنا ۲ آسان بات سہل۔ **گرڑیوں کا میلا** (مذکر) ہندوؤں کے ایک میلے کا نام جو لکھنؤ میں ہوتا ہے۔ گرڑیوں کو رنگین کپڑے پہنا کر میلے پر لے جاتے ہیں۔ پہلوانوں کی کشتیاں بھی ہوتی ہیں۔

مثل۔ گرڑیا (گرڑیوں) کے بیاہ میں چیتوں کی بیل۔ چیاالی کی گٹھی کو کہتے ہیں ۱ جیسا موقعہ ویسا خرچ۔ جیسا دیکھنا ویسا برتنا ۲ سب کام سرے سے بے اصل۔

گرڑیار (ھ۔صفت) ۱ ڈھیٹ۔ ضدی۔ اڑیل۔ ہٹی۔ متمرد۔ دلیر۔ حوصلے والا۔ **گرڑیاری** (مونث) ضد۔ ہٹ ۲ دلیری۔ حوصلہ۔

گرڑیرن (ھ۔مذکر) وہ جگہ جہاں گنوں کو پیلنے سے پہلے رکھتے ہیں۔

گرڑیری (ھ۔مونث) دیکھو گنڈیری۔

گرڑیریا (ھ۔مذکر) گڈریا۔

گرز (ف۔مذکر) ۱ لوہے کی سلاخ ۲ ایک پیمانہ جو سولہ گرہ یا ۳۶۔ ۱ انچ کا ہوتا ہے ۳ وہ آلہ جس سے سارنگی یا ستار بجاتے ہیں ۴ وہ لوہے کی سلاخ یا لکڑی جس سے بندوق کو صاف کرتے یا ڈاٹ لگاتے ہیں ۵ ایک قسم کا لبے پر اور بے پیکاں تیر۔ **گرز الٰہی** (مذکر) اکبری گز جو ۴۱ انچ کا ہوتا ہے۔ **گز اور سکہ جاری کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ جب کوئی ملک فتح ہو تو فاتح اپنے نام کا گز اور سکہ جاری کرتا ہے ۲ شاہی رعب وداب قائم ہونا **گز بنا دیا۔** مارتے مارتے سیدھا کر دیا۔ **گز بن** (ہو) **جانا** (لازم) مارا مارا پھرنا۔ **گز بھر** (مذکر) ایک گز۔ **گز بھر کا باکی** (صفت) بہت لمبا۔ چھوٹی چیز کے لئے جیسے زبان۔ چھوٹا سا۔ بڑی چیز کے مقابلے پر جیسے گز بھر کا آدمی۔ **گز بھر کی زبان** (مونث) جو لڑکی بہت باتیں کرے۔ اس کے متعلق کہتے ہیں۔ **گز سے گز** (مذکر) مربع گز **گز کر دیا۔** سیدھا کر دیا۔ راستی پر لے آئے۔

امثال واقوال۔ گز بھر ہنسیانہ نگلتے بنے نہ اگلتے۔ دیکھو گز بھر الخ۔ **گز کن بابا گز کن۔** ایک مذاقیہ فقرہ جو سنیوں نے شیعوں کے متعلق گھڑا ہوا ہے۔ کہ مردے کو نہلاتے وقت مقعد کو گز سے صاف کرتے ہیں۔

گزا (ف۔صفت) نقصان پہنچانیوالا کاٹنے والا۔ ڈنک مارنے والا۔ مرکبات میں جیسے جانگزا۔

گزار (ف۔امر) گزارنا کا (گزاشتن چھوڑنا) ادا کرنے والا۔ مرکبات میں جیسے شکرگزار۔ رسائی۔ گزر (مت)۔ **گزارا** (مذکر) دیکھو گزارہ (مت)۔ **گزارش** (مونث) ۱ درخواست۔ التجا ۲ عرض۔ بیان۔ عرضداشت ۳ خبر۔ اطلاع (سننا کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **گزارش پذیر** (صفت) جو گزارش کے لائق ہو (بات)۔ **گزارش گر** (صفت) عرض کرنے والا۔ **گزارشنامہ** (مذکر) خط جو چھوٹے کی طرف سے بڑے کو ہو۔ **گزارنا** (متعدی) ۱ ادا کرنا۔ بجالانا ۲ چھوڑنا۔ ترک کرنا ۳ رہا کرنا ۴ مہلت دینا ۵ (عمر) بسر کرنا ۶ (عرضی) داخل کرنا۔ دینا ۷ (وقت رات وغیرہ) کاٹنا۔ صرف کرنا ۸ گنوانا۔ ضائع کرنا ۹ (نذر) پیش کرنا۔ سامنے رکھنا۔ **گزارہ** (مذکر) ۱ راہ۔ رستہ ۲ گزر۔ نباہ۔ بسر ۳ گھاٹ دریا سے اترنے کی جگہ ۴ پل یا کشتی سے دریا عبور کرنا ۵ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا کسی مقام سے گزرنا ۶ گنجائش۔ سمائی ۷ رسائی۔ دخل ۸ رقم جو گذر اوقات کے لئے ملے۔ وجہ معیشت۔ **گزارہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ بسر اوقات ہونا۔ وقت کٹنا ۲ کفایت سے گزران ہونا ۳ نباہ ہونا۔ نبھنا ۴ آنے جانے کا اتفاق ہونا۔ **گزارے** (مذکر) ۱ جمع گزارہ کی مگر استعمال نہیں ہوتا ۲ گزارہ حرف مغیرہ کے بعد **گزارے کا جھونپڑا** (مذکر) وہ مکان جس میں مشکل سے گزارہ ہو۔ **گزارے کی شکل (صورت) نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) کمائی کی صورت نکلنا۔ نوکری کی تدبیر ہونا۔ فکر معاش ہونا۔ **گزارے کی ناؤ** (مونث) وہ کشتی جس میں بیٹھ کر مسافر پار اتریں۔

گزاشت (ف۔مونث) اردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا۔ اصل میں گزاشتن کی ماضی ہے۔ چھوڑی ہوئی چیز۔ مرکبات میں جیسے واگزاشت۔ فروگزاشت۔ **گزاشتنی** (صفت) ترک کر دینے یا چھوڑ دینے کے قابل۔ **گزاشتہ** (صفت) چھوڑا ہوا۔ ترک کیا ہوا۔

گزاف (ف۔مذکر) بولنے میں بافتح ہے ۱ بیہودہ گفتگو۔ بکواس۔ جھوٹ ۲ ڈینگ۔ شیخی۔ اردو میں لاف وگزاف کی ترکیب سے مستعمل ہے۔

گزال (ف۔صفت) انتخاب کرنیوالا

پینے والا۔ اختیار کرنے والا۔ مرکبات میں۔

گزٹ (انگ۔ مذکر) ١ اخبار۔ روزنامہ جیسے سول اینڈ ملٹری گزٹ ٢ وہ گزٹ جس میں ملازمان سرکار کا تغیر تبدل۔ ترقیاں وغیرہ چھپیں۔ جیسے پنجاب گزٹ۔ گزٹ آف انڈیا۔ **گزٹ ہوجانا** (لازم) کسی معاملہ کا گزٹ میں چھپ جانا۔

گزر (ف۔ مونث) گاجر۔

گزر (ہ۔ امر) ١ گزرنا کا ٢ (مذکر) ١ پہنچ۔ رسائی ٢ آمد و رفت ٣ راستہ۔ سڑک راہ ٤ گھاٹ ٥ نباہ۔ گزران ٦ عبور۔ پار جانا ٧ چارہ۔ تدبیر ٨ (مونث) بسر اوقات (گزشتن گزرنا) **گزرا** (ماضی) گزرنا کی۔ **گزران** (مونث) گزارا۔ بسر اوقات (کرنا ہونا کے ساتھ) گزران (صفت) گزر جانے والا۔ ناپائیدار۔ **گزران دینا**۔ **گزراننا** (متعدی) پیش کرنا۔ **گزر بسر** (مونث) بسر اوقات۔ **گزر جانا** (لازم) ١ چلا جانا۔ نکل جانا ٢ بیت جانا۔ تمام ہوجانا ٣ مرجانا۔ فوت ہوجانا۔ **گزر جائیگی**۔ عمر کٹ جائے گی یا بسر ہو جائے گی۔ گزر عام (مذکر) شارع عام۔ عام رستہ **گزر کرنا** (متعدی) ١ جا نکلنا۔ اتفاق سے چلا جانا ٢ کفایت شعاری سے گزارہ کرنا۔ بسر اوقات کرنا ٣ نباہنا۔ انجام پر پہنچانا ٤ جانا۔ گزرنا۔ **گزر کی صورت** (مونث) گزارے کا ذریعہ یا تدبیر۔ بسر اوقات کی تدبیر یا ذریعہ۔ **گزرگاہ** (صفت) ١ راہ۔ راستہ ٢ شارع عام۔ **گزرگاہ عام** (مذکر) شارع عام۔ عام راستہ۔ شاہراہ۔ **گزر گئی** ١ عمر بسر ہوگئی ٢ مرگئی۔ **گزر گیا** ١ بیت گیا ٢ مرگیا۔ **گزرنا** (لازم) ١ جانا۔ نکلنا ٢ بیتنا۔ منقضی ہونا ٣ مرنا۔ انتقال کرنا ٤ کٹنا۔ بسر ہونا ٥ آجانا۔ اتفاق سے کسی جگہ آنکلنا ٦ چلا جانا۔ جا نکلنا ٧ رخصت ہونا۔ وداع ہونا ٨ پار ہونا۔ بیچ میں سے نکل جانا ٩ باز آنا ١٠ ہوچکنا ١١ مل جانا۔ شریک ہوجانا ١٢ (خبر اطلاع وغیرہ) پہنچنا۔ ہونا ١٣ (حد سے) زیادہ ہوجانا۔ بہت بڑھ جانا ١٤ (دل جی وغیرہ میں) خیال آنا ١٥ (دل جی وغیرہ پر) تکلیف پہنچنا۔ رنج ہونا ١٦ (دن رات وغیرہ) ختم ہونا۔ کٹنا ١٧ (سامنے نگاہوں وغیرہ سے) سامنے آنا۔ دکھائی دینا ١٨ (مشیت میں) مرضی ہونا ١٩ (عمر وغیرہ) ضائع ہونا۔ رائگاں جانا ٢٠ (دریا وغیرہ سے) عبور کرنا۔ اترنا ٢١ گزرے ہوئے زمانہ میں ہونا ٢٢ وقت تمام ہوجانا ٢٣ (زمانہ) مدت ہونا ٢٤ (معاملہ) واقعہ ہونا ٢٥ (درخواست عرضی وغیرہ) پیش ہونا ٢٦ ترک کر دینا ٢٧ رک جانا ٢٨ تنزل ہونا ٢٩ بڑھ جانا سبقت لے جانا ٣٠ ختم ہونا۔ ہوچکنا۔ **گزرنامہ** (مذکر) راہداری کا پروانہ۔ **گزر نہ ہونا** (لازم) گزارہ نہ ہونا گزر نہیں۔ چارہ نہیں۔ تدبیر نہیں۔ **گزر ہونا** (لازم) ١ کسی طرف جا نکلنا ٢ اوقات بسر کرنا۔ **گزری** (ماضی) ١ صیغہ واحد مونث ٢ مصیبت پیش آئی ٣ (مونث) شام کا بازار۔ گزری ٤ وہ مقام جہاں کسی راہ کے کنارے شام کو سودا بیچنے والے آکر بیٹھ جاتے ہیں۔ **گزری جو کچھ گزری**۔ سخت مصیبت پیش آئی۔ مصیبت قابل بیان نہیں۔ **گزری سو دل پر گزری**۔ دل پر صدمے اٹھائے زبان سے اف تک نہ کی۔ **گزری لگانا** (متعدی)۔ **لگنا یا لگی ہونا** (لازم) شام کا بازار لگنا۔

مثل۔ گزر گئی گزران کیا جھونپڑا جھونپڑی کیا میدان۔ جب عمر کا بڑا حصہ گزر چکا ہے تو اچھا برا برابر ہے۔

گزشت (ف۔ ماضی) گزشتن کی۔ گزرا۔ **گزشتنی** (صفت) گزرنے والا۔ نہ ٹھیرنے والا ناپائیدار۔ **گزشتہ** (صفت) گزرا ہوا (زمانہ) ٢ پچھلا۔

اقوال۔ گزشت آنچہ گزشت

جو کچھ ہونا تھا ہوگیا آئندہ احتیاط رکھنا ٢ بڑا صدمہ ہوا جو ناقابل بیان ہے۔ **گزشتہ را صلوٰۃ** (آئندہ را احتیاط) گزری باتوں کا خیال نہ کرو آئندہ کے لئے احتیاط کرو۔

گزک (ف۔ مونث) ١ وہ چیز جو شراب کے ساتھ تبدیل ذائقہ کے واسطے کھاتے ہیں نقل ٢ خوشبودار چیز جو منہ صاف کرنے کے واسطے کھانے کے بعد کھائی جائے ٣ میٹھی چیز جو افیون یا بھنگ کے بعد کھائی جائے ٤ گجک۔ تل شکری ٥ ناشتہ۔ تھوڑی سی چیز۔ چٹنی۔ **گزکدان** (مذکر) گزک رکھنے کا برتن۔ **گزک کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) نقل ہونا۔ ناشتہ ہونا۔ چٹ ہونا۔

گزند (ف۔ مونث و مذکر) ١ ایذا۔ تکلیف دکھ ٢ صدمہ۔ آفت۔ بلا ٣ نظربد۔ چشم زخم ٤ ضرر نقصان۔ خسارہ۔ ٹوٹا ٥ رنج (گزیدن۔ ڈسنا) **گزند پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا** (لازم) ضرر پہنچنا صدمہ پہنچنا۔ نقصان ہونا۔ **گزند رساں** (صفت) نقصان پہنچانے والا۔ ضرر پہنچانے والا۔ **گزند ہونا** (لازم) صدمہ ہونا۔ نقصان ہونا۔

گزندہ (ف۔ صفت) کاٹنے والا۔ ڈسنے والا۔ ڈنک مارنے والا جیسے سانپ۔ بچھو وغیرہ۔

گزی (ف۔ مونث) ایک قسم کا موٹا سوتی کپڑا۔ **گزی گاڑھا** (مذکر) موٹا کپڑا۔ **گزی گاڑھا پہننا** (متعدی) موٹا جھوٹا کپڑا پہن کر گزارہ کرنا۔

گزیدہ (ف۔ صفت) ڈسا ہوا۔ ڈنک مارا ہوا۔ مرکبات میں جیسے مار گزیدہ۔

گزیدہ (ف۔ صفت) پسند کیا ہوا۔ انتخاب کیا ہوا۔ چھانٹا ہوا (گزیدن پسند کرنا)

گزیر (ف۔ مذکر) ١ مالگزاری اکٹھی کرنے والا عہدہ دار ٢ منیجر۔ مہتمم ٣ کمانیر۔ جرنیل ٤ شجاع ہیرو۔ پہلوان ٥ چوکیدار۔

گزیر (ف۔ مذکر) ١ علاج۔ تدبیر۔ چارہ ٢ بچاؤ۔ اردو میں صرف ناگزیر کی ترکیب سے مستعمل ہے۔

گزیں (ف۔ صفت) ١ پسندیدہ۔ دلچسپ ٢ پسند کرنے والا۔ مرکبات میں جیسے خلوت گزیں (گزیدن۔ پسند کرنا)

گسا (ہ۔ مذکر) لقمہ۔ نوالہ۔

گسار (ف۔ صفت) مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ١ دور یا رفع کرنے والا جیسے غمگسار ٢ کھانے والا۔ پینے والا جیسے میگسار (گساردن۔ کھانا)

گسانئی۔ گسائی (ہ) **گسائیں** (ہ۔ مذکر) ١ گایوں کا مالک۔ کرشن جی کا لقب ٢ خدا۔ ایشور ٣ سنیاسی۔ سادھو۔ سوامی۔ سنت۔ جوگی ٤ مہنت۔ سائیں ۔

گستاخ (ف۔ صفت) ١ بے ادب بےشرم ٢ شوخ۔ شریر ٣ ناشائستہ۔ غیرمہذب۔ **گستاخانہ** (صفت) بےادبانہ۔ شوخی سے۔ بیباکانہ (بات جواب طرز طریقہ وغیرہ کے ساتھ) گستاخ

بنایا کر دینا (متعدی) اسقدر آزادی دینا کہ دوسرا گستاخ ہو جائے۔ **گستاخی** (مونث) ۱۔ بے ادبی۔ بیباکی ۲۔ بے شرمی۔ بیحیائی ۳۔ شوخی۔ شرارت ۴۔ حقارت۔ تحقیر (کرنا ہونا کے ساتھ) **گستاخی معاف** جب کوئی خلاف ادب اخلاق تہذیب کوئی بات کہنا چاہئے تو معافی کے طور پر پہلے یہ الفاظ کہتا ہے مقصود معاف۔ خطا معاف۔

گستانگر (اردو۔ صفت) ۱۔ بیوقوف۔ احمق بےشعور۔ جاہل ۲۔ ناشائستہ۔ غیر مہذب۔ (مولوی سید احمد دہلوی اسے گھاس کھانے والا ڈانگر کا مخفف بتاتے ہیں۔ فارسی میں گست کے معنی کمینہ اور رذیل ہیں۔ ایک صاحب گشت کو اس کا مخرج بتاتے ہیں)

گستر (ف۔ صفت) پھیلانے والا۔ کسی چیز کی افراط کرنے والا۔ مرکبات میں جیسے کرم گستر۔ سخن گستر (گستردن۔ پھیلانا) **گستردہ** (صفت) وہ (چیز) جو بچھائی جائے۔ پھیلایا ہوا۔ **گستری** (مونث) پھیلانا۔ افراط کرنا۔ مرکبات میں جیسے کرم گستری۔

گسستگی (ف۔ مونث) ۱۔ توڑنا۔ شکستہ کرنا ۲۔ شکستگی۔ ٹوٹنا ۳۔ دخل۔ اٹکاؤ۔ روک (گسستن۔ توڑنا)

گسستہ (ف۔ صفت) ۱۔ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ ۲۔ رکا ہوا۔ **گسستہ عناں** (صفت) ۱۔ بے قید۔ کھلا (گھوڑا۔ اونٹ) ۲۔ آزاد۔ وہ آدمی جو جو چاہے کرے۔

گسل (ف۔ صفت) تباہ کرنے والا۔ توڑنے والا۔ مرکبات میں جیسے جانگسل (گسیختن۔ تباہ کرنا)

گسلا (ہ۔ مذکر) بچہ جو گائے کے پیٹ میں مر گیا ہو۔ گوسالہ کا مخرب۔ قصابوں کی اصطلاح۔

گسیاں (ہ۔ مذکر) گسائیں۔

گشت (ف۔ مونث) ۱۔ پھرنا۔ چکر لگانا ۲۔ دورہ۔ چکر۔ سیر ۳۔ دورہ۔ روند (گشتن۔ پھرنا) **گشت پھرنا** (مت) کرنا۔ لگانا۔ مارنا (متعدی) ۱۔ روند پر جانا ۲۔ دورہ کرنا ۳۔ چکر لگانا۔ گھومنا۔ پھرنا۔ **گشتہ۔ دینا** (متعدی) پھرانا۔ **گشت سلامی** (مونث) وہ نذرانہ جو حاکم کو دورے کے وقت دیا جاتا ہے۔ **گشت ناچنا** (متعدی) برات کے آگے آگے کنچنیوں کا ناچنا۔ **گشتہ** (صفت) پھرا ہوا۔ الٹا ہوا۔ بدلا ہوا۔ بنا ہوا۔ آیا ہوا۔ مرکبات میں جیسے برگشتہ۔ **گشتی** (صفت) ۱۔ پھرنے والا۔ گشت کرنے والا ۲۔ وہ (پروانہ چٹھی یا حکم) جو تمام افسروں کے پاس یکے بعد دیگرے جائے اور ہر ایک اس پر دستخط کردے۔ **گشتیا** (مذکر) ۱۔ چوکیدار ۲۔ روند ۳۔ محصول اکٹھا کرنے والا۔

گشٹ۔ گشٹی (ہ۔ مونث) ۱۔ جلسہ۔ مجمع۔ انجمن ۲۔ سازش۔ وہ میل جول یا اتفاق جو کسی کی نقصان رسانی یا مخالفت کیلئے کیا جائے۔

گف (ف۔ مذکر) موٹا۔ گاڑھا۔ ٹھونک کر بنا ہوا (ف گبز کا مہند)

گفت (ف۔ ماضی) گفتن کی۔ بمعنی کہنا ۱۔ (مونث) بات چیت۔ لفظ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **گفتار** (مونث) ۱۔ گفتگو۔ بول چال ۲۔ (صفت) کہنے والا۔ برسنے والا۔ مرکبات میں جیسے شیریں گفتار۔ تلخ گفتار۔ **گفتگو** (مونث) ۱۔ بول چال۔ بات چیت ۲۔ بیان۔ تقریر۔ مقالہ ۳۔ ذکر اذکار ۴۔ بحث و تکرار (کرنا ہونا کے ساتھ) **گفتگو آنا** (لازم) ۱۔ بات چیت ہونا ۲۔ تکرار ہونا۔ **گفتگو بڑھ جانا** (لازم) ۱۔ زبانی جھگڑا ہو جانا۔ تکرار ہونا ۲۔ تقریر میں طوالت ہو جانا۔ دیر تک بات چیت ہونا۔ **گفتگو درمیان آنا** (لازم) بات چیت ہونا۔ **گفتنی** (صفت) کہنے کے لائق۔ **گفت و شنود۔ شنود یا شنید** (مونث) ۱۔ کہی سنی۔ کہنا سننا ۲۔ ذکر اذکار۔ بات چیت ۳۔ بحث۔ تکرار۔ رد و بدل۔

گگر (ہ۔ مونث) **گگرا** (ہ۔ مذکر) گاگر۔ پیتل تانبے یا لوہے کا گھڑا جو نیچے سے چپٹا ہوتا ہے (س گرگر) **گگری** (مونث) چھوٹی گاگر۔ **مثل۔ گگری دانہ سود اوتانا۔** پیٹ بھر کھانا ملنے سے غرور ہو جاتا ہے۔

گگل (س۔ مذکر) ۱۔ ایک درخت جس کا گوند خوشبو دار ہوتا ہے ۲۔ اس کا گوند۔ گوگل۔

گگن (س۔ مذکر) ۱۔ گرہ ہوا۔ ہوا ۲۔ آسمان۔ فلک ۳۔ موج۔ لہر۔ پانی کا اچھلنا۔ تموج ۴۔ (صفت) نہایت اونچا۔ **گگن کھیلنا** (متعدی) ۱۔ پانی کا بلند ہونا۔ پانی کا اچھلنا۔ پانی میں تموج ہونا۔ **گگن کے نیچے والی مرغی** (مونث) سات سہیلیوں کا گچھا۔ پروین۔ عقد ثریا۔ **گگن ہونا** (لازم) بلند ہونا۔ اونچا ہونا۔

گل (ہ۔ مذکر) ۱۔ گال کا مخفف ۲۔ گلا کا مخفف ۳۔ گالی کا مخفف۔ ہر سہ معانی مرکبات میں ۴۔ پھانسی۔ دار۔ سولی ۵۔ لقمہ ۶۔ (پ) بات سخن ۷۔ معاملہ۔ **گل سری** (مونث) دیکھو گلبندڑا۔ **گلباہ۔ گلباہی۔ گلبہی** (ہ) **گلبہیاں۔ گلبیاں** (مونث) گلے میں باہیں ڈال کر محبت یا پیار جتانے کی حالت۔ معانقہ (ڈالنا کے ساتھ) **گلبوٹی** (ہ) ۱۔ نرخرہ ۲۔ معدہ ہوا انتڑیاں۔ **گلبھنگ** (ہ) گلے کا بیٹھ جانا۔ **گلپٹا** (ہ) گال کی ہڈی بیٹھ جانا۔ **گلپھٹاکی** ۱۔ شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا ۲۔ شیخی۔ ڈینگ۔ لاف زنی ۳۔ جھوٹ ۴۔ غرور۔ تکبر ۵۔ کلہ درازی۔ زباندرازی (کرنا ہونا کے ساتھ)

گلپھڑا (مذکر) مچھلی کا وہ عضو مخصوص جس سے وہ سانس لیتی ہے۔ پرندوں کا وہ گوشت جو چونچ کے نیچے لٹکتا رہتا ہے۔ **گل پھوٹ** (مونث) ۱۔ لاف وگزاف شیخی۔ ڈینگ ۲۔ کلہ درازی۔ زباندرازی ۳۔ جبڑا۔ منہ کا کونہ۔ **گل پھولا** (صفت) وہ جس کے گال پھولے پھولے ہوں۔ **گل پھیڑ** (مذکر) گلے کی گلٹی جو سوج کر بہت تکلیف دیتی ہے۔ گردن کی گٹھلی۔ **گلتاڑ** (ہ۔ مذکر) ہیولا کے جوے کی ایک اندرونی کیل۔ **گل تکیہ** (مذکر) وہ گول چھوٹا تکیہ جو گالوں کے نیچے رکھتے ہیں۔ **گل تنگ ہونا** (لازم) بہت بے خبر ہونا۔ نہایت غافل ہونا۔ سرت نہ ہونا۔ **گلتنی** (مونث) ۱۔ بیلوں کے گلے کی رسی جو جوے کے ساتھ باندھی جاتی ہے ۲۔ گھوڑے کا لکنہ۔ سرد وال۔ **گلٹنگ ہونا** (لازم) ۱۔ تباہ یا برباد ہونا ۲۔ مردہ ہونا۔ **گلٹوا** (ہ) حلق۔ گلا۔ **گلٹوا دینا** (متعدی) گلا گھونٹنا۔ **گلجندڑا** (مذکر) وہ رومال یا کپڑا جسے گلے میں گرہ دے کر لٹکائے رکھتے ہیں ۲۔ گلے کا ہار۔ گلوگیر ۳۔ ہمزاد سائے کی طرح ساتھ رہنے والا (س گل نیتر) **گل جوٹ** (مذکر) ۱۔ وہ لکڑی یا رسی جو دو بیلوں کو آپس میں جتے رہنے کے واسطے ڈالتے ہیں ۲۔ گٹھ جوڑا گلے کا ہار۔ گلوگیر۔ **گلخپ** (مذکر) ۱۔ جھگڑا۔ تکرار مباحثہ۔ ہاتھا پائی۔ باہمی تکرار جو دو شخصوں میں ہو ۲۔ دست بگریباں۔ گلوگیر ۳۔ رنجش آمیز گفتگو (کرنا ہونا کے ساتھ) گل اور کھپچی کا مرکب ہے۔ **گلخپ ہو گیا۔** برا ماننا۔ لڑ پڑا۔ **گلخور** (مونث) وہ حلقہ دار رسی جو

مویشی کے گلے میں ڈالتے ہیں۔ گل دینا (متعدی) ۱ پھانسی دینا ۲ مجازاً کسی چیز کو کنڈی میں لگا دینا۔ گل ڈَب کرنا (متعدی) ۱ گلے سے اتار جانا۔ کھا جانا۔ کھاجانا ۲ خورد برد کرلینا۔ گل سری (مونث) گلے کا ایک زیور۔ گلکا (ھ) پھوڑا۔ گلے کا پھوڑا۔ خناق۔ گل کَٹ یا کٹّا (مذکر) ۱ وہ شخص جس کا کسی نے گال کاٹ کھایا ہو ۲ گلا کاٹنے والا ۳ بوچڑ۔ قصاب۔ گل گردنی کرنا (متعدی) بے فائدہ گلا پھاڑنا۔ بہت شور مچانا۔ گل گل چوتھ (کرکے کھانا) منانا (متعدی) ۱ کھا کھا کر خوشی منانا مزے کرنا ۲ تر مال کھانا۔ گل گَنڈا (مذکر) دیکھو گل جنڈرا۔ گل لگانا (متعدی)، لگنا (لازم) پھانسی لگنا۔ گل مالا (مذکر) ۱ گلے کا ہار ۲ کالر۔ گل مُچھّے (مذکر) وہ بال جو ٹھوڑی منڈا کر گالوں پر رکھ لیتے ہیں۔ گل ہار (مذکر) دیکھو گل مالا۔ گلہڑ (مذکر) گلے کی ایک بیماری جس میں گلے میں ایک گولا سا باہر نکل آتا ہے۔ گِلڑ۔

گل (ہ۔ امر) گلنا کا (س۔ گل۔ گرنا۔ ٹپکنا) گلا (امر) ۱ گلانا کا ۲ (ماضی) گلنا کی ۳ (صفت) سڑا ہوا ۔ پگھلا ہوا۔ ملائم وغیرہ دیکھو گلانا و گلنا کے تمام معانی کے لئے۔ گلا دینا۔ گلانا (متعدی) ۱ گوشت ترکاری وغیرہ کو اتنا پکانا کہ گل جائے۔ گداز کرنا ۲ چاندی وغیرہ کا آگ سے پگھلانا ۳ سڑانا ۴ بیماری یا غم کا لاغر کر دینا ۵ ضائع کرنا ۶ گھلانا ۷ اجزا کو ریشہ ریشہ کرنا ۸ بوسیدہ کرنا۔ آٹا آٹا کرنا ۹ (کوٹھی) اتارنا بٹھانا ۱۰ (گولا) دھنسانا ۱۱ (داؤں) کھونا۔ جائز نہ رکھنا ۱۲ ٹھٹھرنا۔ سن ہونا ۱۳ پھل کو سڑانا۔ گلانے والا (صفت) ۱ وہ چیز جس سے دوسری چیز گل یا گھل جائے ۲ (ھ) مہینے کے مہینے ہونے والا ۳ ایام ماہواری۔ گلاوَٹ (مونث) ۱ وہ چیز جس سے گوشت وغیرہ گل جائے ۲ گھلاوٹ۔ ملائمت۔ تحلیل۔ گلاؤُ (صفت) ۱ گلنے والا ۲ گھلنے والا۔ تحلیل ہونیوالا ۳ وہ (پھل) جو جلد سڑ جانے والا ہو۔ گلاؤ (مذکر) تحلیل۔ حل ۲ گلاوٹ۔ پگھلاہٹ۔ گلائی (مونث) دیکھو گلاوٹ اور گلاؤ۔ گل جانا۔ گلنا (لازم) ۱ گلانا کا۔ دیکھو گلانا تمام معنوں کے لئے ۲ (روپے وغیرہ) ضائع ہونا ۳ گوشت کا سڑ جانا۔ عضو کا بیکار ہونا ۴ (پ) اجڑنا۔ برباد ہونا۔ گلنا سڑنا (لازم) بوسیدہ ہو جانا۔ گل کے خراب ہو جانا۔ گلی مٹی (مونث) ایسی مٹی جس میں پیداوار اچھی ہو۔

گَل (س۔ مذکر) ۱ گلا ۲ گانٹھ۔ گرہ ۳ پھانسی۔ دار ۴ مچھلی کا کانٹا ۵ قلابہ۔ کنڈا (گل۔ کھانا)

گِل (ف۔ مونث) ۱ گیلی مٹی۔ گارا ۲ کیچڑ۔ دلدل۔ گلابہ۔ گلاوا (مذکر) گارا۔ گلِ ارمنی (مونث) ایک قسم کی مٹی جو سرخی مائل بہ سیاہی ہوتی ہے۔ کہتے ہیں یہ طاعون کے لئے مفید ہے۔ گل اندازی (مونث) ۱ سڑک وغیرہ پر مٹی ڈالنا ۲ پشتہ بندی ۳ مٹی ڈلوائی کی اجرت۔ پشتہ بندی کی مزدوری۔ گلِ حکمت (مونث) مٹی یا ملتانی مٹی میں کپڑے کو لت کر کے کسی چیز کا منہ بند کرنا۔ کپڑ وٹی (کرنا ہونا کے ساتھ) گِل در گِل (مونث) ۱ دفنانے کا ایک طریقہ قبر میں پتلا گارا بھر کر اس میں نعش کو ڈال دیتے ہیں ۲ مٹی میں مل کر مٹی ہو جانا۔ گل شاہ (مذکر) ۱ شاہ زمین ۲ کیومرث کا لقب ۳ آدم۔ گلنی۔ گلی (صفت) مٹی کی۔

گُل (ف۔ مذکر) ۱ پھول۔ پشپ ۲ گلاب کا پھول ۳ معشوق۔ دلبر ۴ حسین شخص ۵ وہ پھول جو کپڑے پر کاڑھتے ہیں ۶ وہ مصنوعی پھول جو جوتوں میں لگاتے ہیں ۷ چمڑا جو جوتی میں ایڑی پر لگاتے ہیں ۸ وہ نشان جو دھات کو گرم کرکے بدن پر دیتے ہیں۔ معشوق کے گرم چھلے کا نشان ۹ انگر۔ انگارا ۱۰ بجھا ہوا انگارا۔ جلی ہوئی چیز ۱۱ بتی کا جلا یا ہوا یا جلتا ہوا سرا ۱۲ حقہ کا جلا ہوا تمباکو ۱۳ وہ گول چیز جو کوئلوں کو پیس کر بناتے ہیں۔ اس کی آگ دیر تک قائم رہتی ہے ۱۴ وہ چونے کا گول نشان جو کنپٹی پر آشوب چشم کے لئے لگاتے ہیں ۱۵ وہ نشان جو آگ میں جلنے سے بدن پر پڑ جاتا ہے ۱۶ آنکھ کا ٹینٹ یا پھلی۔ ناخنہ ۱۷ آنکھ کی پتلی ۱۸ وہ پر جو رنگ کے خلاف مور یا کبوتر میں نکلے ۱۹ کار چوبی بنی ہوئی چکدار ٹکلی جو عورتیں یا معشوق خوبصورتی کے لئے کنپٹیوں پر لگالیتے ہیں ۲۰ زیور۔ وہ چیز جو باعث رونق ہو ۲۱ گول سرخ نشان۔ گلِ آتشی (مذکر) ایک قسم کا بہت سرخ گلاب۔ گلِ آسمان (مذکر) سورج۔ گلِ آفتاب (مذکر) سورج مکھی کا پھول۔ گلاب (مذکر) ۱ ایک خوشبودار پھول جو اصل میں گلابی رنگ کا تھا مگر آجکل سوائے نیلے یا سیاہ کے اور ہر رنگ کا ہوتا ہے ۲ گلاب کے پھولوں کا عرق ۳ چہرے کی رنگت کو گلاب سے تشبیہ دیتے ہیں۔ گلاب افشاں (مذکر) وہ صراحی نما ظرف جس میں گلاب بھر کر چھڑکتے ہیں۔ گلاب باڑی (مونث) صحیح گلال باڑی ہے۔ گلاب پاش (مذکر) دیکھو گلاب افشاں۔ گلاب پاشی (مونث) گلاب چھڑکنا (کرنا ہونا کے ساتھ) گلاب پانی یا جل (ھ۔ مذکر) گلاب ۲۔ گلاب جامن (مذکر) ایک قسم کی جامن جس میں سے گلاب کی خوشبو آتی ہے ۲ ایک قسم کی جامن کی شکل کی مٹھائی جو کھوئے سے بناتے ہیں۔ گلاب چھڑکنا (متعدی) گلاب کا عرق محفل میں یا بیہوش کے چہرے پر ڈالنا۔ گلابدان یا زن (مذکر) دیکھو گلاب افشاں۔ گلاب سے کلّی کرنا (متعدی) کوئی مقدس ذکر کرنے سے مراد ہوتی ہے۔ گلاب کا پھول (مذکر) پھول جو گلاب کے پودے میں آتا ہے۔ گلاب کا عرق (مذکر) وہ عرق جو گلاب کے پھول کی پتیوں سے کشید کیا جائے۔ گلاب کھنچنا۔ کھنچوانا (مم) کھینچنا (متعدی) گلاب کا عرق کشید کرنا۔ گلاب کی پتی یا پنکھڑی (مونث) ۱ برگ گل ۲ کنایتاً معشوق کے نازک اور پتلے ہونٹ۔ گلاب کے پھول (مذکر) کنایتاً بچے۔ نازک اور خوبصورت بچے۔ گلاب نیر (ھ۔ مذکر) گلاب ۲۔ گلابی (مذکر) ۱ ایک قسم کا رنگ جو ہلکا سرخ ہوتا ہے ۲ (صفت) گلاب کے پھول کے مانند ۳ (مونث) شراب کا گلاس۔ ساغر ۴ چھوٹی رنگین بوتل جس میں شراب یا گلاب رکھتے ہیں۔ گلابی آنکھیں (مونث) آنکھیں جو نشے۔ رونے یا بیماری سے گلابی ہو جائیں۔ گلابی اردو (مونث) وہ اردو جو طلا رموزی لکھا کرتے ہیں۔ گلابی باغ (مذکر) ایک بہت بڑا باغ جو شہر لاہور اور شالامار کے درمیان تھا۔ یہ بہت خوبصورت تھا۔ مگر سکھوں کے زمانے میں تباہ ہو گیا۔ اب دروازہ اور چند برج باقی ہیں۔ گلابی پوش (صفت) گلابی کپڑے پہننے والا شخص۔ گلابی جاڑا (مونث) ۱ سردی کا موسم جب سردی کم پڑے ۲ موسم بہار کے شروع کا جاڑا۔ گلابی رنگ یا رنگت (مونث) ہلکا سرخ رنگ۔ گلابی ریوڑی یا ریوڑیاں (مونث) خستہ ریوڑیاں جن میں عرق گلاب ڈالا جائے۔ گلِ احمر (مذکر) ایک قسم کا بہت سرخ گلاب۔

گلاچینی (مذکر) ایک قسم کا پھول۔ گل اشرفی (مونث) ایک قسم کا نارنجی رنگ کا پھول۔ گیلنڈولہ (انگ) گل افشاں (صفت) ۱ پھول بکھیرنے والا ۲ خوش بیان ۳ (مذکر) چھوٹی شیشی جس میں گلاب یا شراب رکھتے ہیں ۴ پھول جھاڑنے والا چراغ ۵ ایک قسم کی آتشبازی۔ گل افشانی (مونث) ۱ خوش بیانی ۲ طعن طنز کی گفتگو۔ بیہودہ باتیں (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ گل انار (مذکر) انار کا پھول۔ گل اورنگ (مذکر) ایک اودے سفید یا زرد رنگ کا چھوٹا گول پھول جو سائے میں خشک کرکے سال بھر تک رکھا جا سکتا ہے۔ گل تکمہ۔ گمفرینا (انگ) گل اندام (صفت) خوبصورت حسین۔ گل بادام (مذکر) بادام کا پھول۔ گلبار (مذکر) اصفہان کے قریب ایک شہر۔ گلباز (صفت) وہ جو پھول اچھالے یا پھولوں سے کھیلے۔ گلبازی (مونث) پھولوں سے کھیلنا۔ پھول ایک دوسرے کی طرف پھینکنا (کرنا ہونا کے ساتھ) گل بازی (مذکر) وہ پھول جو ایک دوسرے کی طرف پھینکا جائے۔ گلبانگ (مونث) ۱ آواز ۲ بلبل کی نغمہ سرائی ۳ شادی کی دھوم دھام ۴ شور ۵ نعرۂ جنگ ۶ خوشخبری۔ مژدہ ۷ دھوم۔ افواہ۔ گلبدن (صفت) ۱ خوبصورت ۲ معشوق ۳ ایک قسم کا دھاریدار ریشمی کپڑا۔ گل بدنامی (مذکر) سوزاک۔ آتشک۔ گلبرگ (مذکر) گلاب کی پتی یا پنکھڑی۔ گل بکاؤلی (مونث) ۱ ایک سفید پھول کا نام جو کہتے ہیں امر کنٹک کے جنگل میں ہوتا ہے اور آنکھوں کی بیماریوں کے لئے مفید ہے ۲ ایک مشہور قصہ جسے نسیم لکھنوی نے مثنوی گلزار نسیم کے نام سے منظوم کیا ہے۔ گلبن (مذکر) پھلواری۔ گلبن (مذکر) ۱ گلاب کا پودہ ۲ گلاب کے پودے کی جڑ ۳ کسی درخت کا وہ حصہ جو زمین کے ساتھ لگا ہوتا ہے اور تنے سے کچھ چوڑا ہوتا ہے۔ گل بندھ جانا یا بندھنا (متعدی) ۱ چراغ کی بتی کے سرے کا خوب جل جانا ۲ لکڑی وغیرہ کا خوب سلگ جانا ۳ کچھ پونجی جمع ہو جانا ۴ کچھ پلے ہو جانا۔ گل بوٹا (مذکر) ۱ پھول اور اس کا پودا ۲ بیل بوٹا ۳ زیب و زینت۔ گلبو (مونث) گلاب کے پھول کی خوشبو۔ گل بوٹے جمانا (متعدی) پھولدار پودے ترتیب سے لگانا۔ گل بوٹے کترنا (متعدی) ۱ کاغذ یا کپڑے وغیرہ کے پھول پتیاں تراشنا ۲ تعجب انگیز یا انوکھا کام کرنا۔ اچنبھے کا کام کرنا ۳ (مت) برائی کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ برا بھلا کہنا ۴ (مت) بد زبانی کرنا۔ گالیاں دینا۔ گل بیخار (مذکر) ۱ وہ گلاب جس پر کانٹے نہ ہوں ۲ مجازاً شراب۔ گل بیگانہ (مذکر) خودرو پھول۔ گل پاپوش (مذکر) ابریشم اور کلابتون کے پھول جو زنانی جوتیوں پر ٹانکے جاتے ہیں۔ گل پایگان (مذکر) ایرانی عراق میں ایک شہر۔ گل پلاس (مذکر) ڈھاک کا پھول جو سرخ ہوتا ہے۔ گلپوش (صفت) پھولوں سے چھپا ہوا ۱ بہت پھول نکلے ہوئے۔ گل پھلانا (متعدی) ۱ فساد کا بیج بونا۔ لڑائی کرنا ۲ فتنہ یا قیامت برپا کرنا ۳ تعجب خیز کام کرنا۔ اچنبھے کی بات کرنا۔ گل پھول (مذکر) پھول۔ گل پھول کاٹنا (متعدی) کسی کے حق میں برائی کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ افترا پردازی کرنا (مت) گل پھولنا (لازم) ۱ پھول کھلنا۔ غنچہ شگفتہ ہونا ۲ کسی عجیب و غریب بات کا ظہور میں آنا۔ انوکھا یا اچنبھے کا کام ہونا ۳ نئی آفت برپا ہونا۔ تازہ فتنہ کھڑا ہونا۔ گل پھینکنا (لازم) پھول پھینکنا۔ پھول مارنا۔ پھول دینا۔ گل پیادہ (مذکر) ۱ ایک قسم کا گلاب جس میں خوشبو نہیں ہوتی ۲ جنگلی گلاب ۳ کوئی پھول جو چھوٹے پودے پر نکلے۔ گل پیرہن (مذکر) پھولوں کے لباس والا۔ کنایتاً معشوق۔ گل پیرہنی (مونث) نزاکت۔ گل تر (مذکر) ۱ تازہ پھول ۲ خوبصورت چہرہ۔ حسینوں کا چہرہ ۳ معشوق۔ حسین شخص۔ گلتراش (مذکر) شمع کی بتی کترنے کی قینچی۔ گلگیر۔ گلتراشنا (متعدی) بتی یا شمع کا جلا ہوا حصہ قینچی یا گلگیر سے کترنا۔ گل تسبیح (مذکر) ۱ تسبیح کا امام ۲ ایک پھول جو عقیق یا اکل بہار کے پودے پر لگتا ہے۔ یہ اصل میں چھوٹا سا سرخ رنگ کا پھول تھا اور اس کے بیج کے تسبیح کے دانے بنتے ہیں۔ مگر آج کل اس کی سیکڑوں قسمیں بڑے بڑے پھولوں والی پیدا کی گئی ہیں گینا (انگ) گل تکمہ (مذکر) دیکھو گل اورنگ۔ گل تکیہ (مذکر) گال کے نیچے رکھنے کا چھوٹا اور نرم تکیہ۔ گل جعفری (مذکر) گیندے کی ایک قسم۔ گل جھڑنا (متعدی) شمع کی راکھ گرنا۔ چراغ کی ٹیم یا بندوق کے جلے ہوئے توڑے کا گرنا۔ گل چاندنی (مونث) ایک قسم کا سفید پھول جو چاندنی رات میں کھلتا ہے۔ گل مہتاب۔ گل چراغ (مذکر) دیکھو گل ۸ گل چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) قبر وغیرہ پر پھول چڑھائے جانا۔ گل چشم (مذکر) وہ داغ جو آنکھ کی پتلی میں ہو۔ گل چشم (صفت) وہ جس کی آنکھ میں پھلی ہو۔ گل چکاں (مذکر) ہوا کا پھول۔ گل چگان (مذکر) ایک قسم کی آتشبازی۔ گل چمن (مونث) لونڈی باندیوں کا نام۔ گلچہرہ یا چہرہ (مذکر) ۱ پھول سے چہرہ والا۔ کنایتاً معشوق ۲ اورنگ کی معشوقہ کا نام۔ گلچیں (صفت) ۱ پھول چننے والا۔ مالی۔ باغبان ۲ فائدہ اٹھانے والا گلچینی (مونث) ۱ پھول چننا ۲ ایک قسم کا پھول (کرنا ہونا کے ساتھ) گلچینی گلشن جمال کرنا (متعدی) معشوق کی طرف دیکھنا۔ معشوق کے حسن کو دیکھ کر لطف اٹھانا۔ گل حجر (مذکر) آگ چنگاری۔ گل خار (مذکر) بھٹ کٹیے کا پھول گل ختمی یا خطمی (مذکر) ایک نیلے رنگ کا پھول۔ گلخن (مذکر) ۱ آتشخانہ۔ تنور بھٹی۔ چولھا ۲ کوڑا کرکٹ کا ڈھیر۔ گلخن افروز (صفت) بھٹی جلانے والا گلخن تاب (مذکر) جو حمام کو گرم کرے۔ گلخن تابی (مونث) حمام کو گرم کرنا۔ گل خنداں (مذکر) کھلا ہوا پھول۔ گل شگفتہ۔ گل خندہ (صفت) منہ کھول کر ہنسنا۔ قہقہہ۔ ٹھٹھا۔ گل خودرو (مذکر) ایسے پھول جو جنگل وغیرہ میں خود بخود اگیں۔ جنگلی پھول۔ گل خوردہ (مذکر) ۱ داغ کھائے ہوئے ۲ جسے داغ لگا ہو۔ گلخیرا یا خیرو (مذکر) ایک پودا اور اس کا پھول۔ اس کے پتے اور پھول دونوں بڑے ہوتے ہیں اور پھول سفید۔ گلابی سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔ ہولی ہاک (انگ) گلخیر ہونا (لازم) ۱ ناراض ہونا۔ خفا ہونا (عف) گلدار (صفت) ۱ نقشدار۔ دھبے دار ۲ وہ چیز جس میں پھول بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ گلدام (مذکر) ۱ چھوٹا سا جال۔ پھندا ۲ مجازاً قفس۔ پنجرا۔ گلدان (مذکر) وہ ظرف جس میں پھول لگائے جائیں۔ پھولدان۔ گل داؤدی (مذکر) ایک قسم کا بڑا پھول جو بہت سے رنگوں کا ہوتا ہے۔ پودے کی شاخیں توڑ کر عموماً ایک یا دو پھول درمیانی شاخ پر رہنے دیتے ہیں تو بہت بڑا پھول ہوتا ہے۔ پودے کو خشک ٹہنی کا ٹکڑا باندھ دیتے ہیں یہ پھول موسم سرما میں اپنے جوبن پر ہوتا ہے۔ کرسنتھیمم (انگ) مالی صرف کو سنتی بھی کہتے ہیں۔ گلدستہ (مذکر) ۱ پھولوں کا گچھا (باندھنا۔ بندھنا وغیرہ کے ساتھ)

۲۔غزلوں کا رسالہ (شائع کرنا ہونا نکالنا کے ساتھ) طاق یا محراب جہاں اذان ہو۔ گلدُم (مذکر) ایک قسم کا بلبل جس کی دم کے نیچے سرخ داغ ہوتا ہے۔ گل دوپہر۔ دوپہری یا دوپہریا (مذکر) ۱۔ ایک قسم کا پھول جو گرمیوں میں دوپہر کو کھلتا ہے پورمُولا کا (انگ) ۲۔ شریر آدمی۔ بدخصال شخص گلدوز (صفت) وہ جس پر پھول بوٹے گئے ہوں۔ گل دینا (متعدی) ۱۔ داغ دینا یا لگانا۔ گلرخ یا رخسار (صفت) خوبصورت۔ حسین۔ جس کے رخسارے گلاب کی طرح سرخ ہوں۔ معشوق۔ گلرخش (مذکر) رستم کے گھوڑے کا نام۔ گل رعنا (مذکر) ۱۔ معشوق ۲۔ ایک قسم کا سرخ اور زرد پھول۔ گلرنگ (صفت) سرخ۔ لال۔ ارغوانی۔ گلرو (صفت) حسین۔ خوبصورت۔ معشوق۔ گلریز (صفت) ۱۔ پھول بکھیرنے والا ۲۔ (مذکر) ایک قسم کا کپڑا ۳۔ پھلجھڑی ۴۔ پت جھڑ کا موسم جو سخت سردیوں میں ہوتا ہے۔ گلزار (مذکر) ۱۔ باغ۔ چمن۔ گلشن۔ پھلواری ۲۔ رونق ۳۔ ایک راگ کا نام ۴۔ پرفزا۔ با رونق۔ گلزارِ ابراہیم۔ ابراہیمؑ خلیل اللہ یا خلیل (مذکر) کہتے ہیں جب نمرود نے حضرت ابراہیمؑ کو آگ میں ڈلوا دیا تو آگ گلزار بن گئی۔ گلزار (بنا ہوا) ہے۔ نہایت آباد جگہ ہے۔ اس جگہ بہت چہل پہل ہے۔ گلزارِ جہاں یا عالم (مذکر) جہان کا استعارہ گلزار سے کرتے ہیں۔ گلزارِ قالی (مذکر) پھول بوٹے جو قالین پر بنے ہوتے ہیں۔ گل زریون (مذکر) ترکستان میں ایک شہر اور دریا گل زمین (مذکر) زرخیز یا سرسبز خطۂ زمین گلستان (مذکر) ۱۔ باغ۔ گلزار۔ گلشن۔ چمن۔ بوستان۔ باڑی۔ پھلواری ۲۔ (مونث) شیخ سعدی کی مشہور کتاب۔ گلستانِ عالم (مذکر) عالم کا گلستاں سے استعارہ کرتے ہیں۔ گلِ سرخ (مذکر) ۱۔ سرخ رنگ کا گلاب کا پھول ۲۔ آفتاب۔ گل سرسبد (مذکر) پھول جو بہترین قسم کا ہو۔ گل سرنجان (مذکر) سرنجان کا پھول۔ گلِ سفید (مذکر) سفید گلاب کی ایک قسم۔ گل سوری (مذکر) نہایت خوشبودار گلاب کی ایک قسم کا پھول جسے زبان سے تشبیہہ دیتے ہیں۔ کیونکہ کلی اس شکل کی نکلتی ہے۔ اکثر نیلا رنگ ہوتا ہے۔ مگر آج کل ہر رنگ کا پھول پیدا کیا گیا ہے۔ للی (انگ) گلشاہ یا شہ (مذکر) ورقہ کی معشوقہ۔ گل شب افروز (مذکر) ایک قسم کا پھول جو رات کو کھلتا ہے اور خوشبو دیتا ہے۔ لیڈی آف دی نائیٹ۔ گل شبّو (مذکر) ایک قسم کا اکہرا اور دوہرا پھول جو رات کو زیادہ خوشبو دیتا ہے۔ ٹیوبروز (انگ) گلِ شکر یا شکری (مذکر) ۱۔ گلقند ۲۔ ایک قسم کی مٹھائی جسے شکر اور گلاب کے پھول ملا کر بناتے ہیں۔ گلشن (مذکر) ۱۔ دیکھو گلستاں ۱ ۲۔ پھولوں کا تختہ ۳۔ خوبصورت جگہ ۴۔ وہ جگہ جہاں عیش و عشرت منایا جائے ۵۔ (صفت) خوشگوار۔ پرفضا۔ گلشن آرا (مذکر) باغبان۔ گلشنِ آفاق۔ جہاں یا عالم (مذکر) آفاق وغیرہ کا گلشن سے استعارہ کرتے ہیں۔ گلشنِ ایجاد (مذکر) دنیا۔ گلشن سرا (مذکر) وہ مکان جو باغ میں ہو گلشنِ شداد (مذکر) شداد کا باغ۔ بہشت شداد۔ گلشن فروز یا طراز (مذکر) باغبان۔ گلشنِ قدس (مذکر) عالم جبروت۔ گلشن لوٹ یا لیسٹ (مذکر) ایک قسم کا پھولدار وجالیدار کپڑا۔ گلشنِ نگارین (مذکر) سجا ہوا باغ۔ گلشنِ نیلوفری (مذکر) آسمان۔ گلشنہ (مونث) افراسیاب کے جرنیل۔ پیران ویسا کی بیوی کا نام۔ گل صبح (مذکر) پوپھٹنا۔ گلِ صدبرگ (مذکر) ہزارا۔ گیندا۔ میری گولڈ (انگ) گلِ طرّہ (مذکر) ایک قسم کا سرخ و زرد پھول۔ کلغہ۔ کاکس کوم (انگ) گل عبّاسی (مذکر) ایک پھول جو سفید سرخ زرد رنگوں کا ہوتا ہے اور چار بجے کے قریب کھلتا ہے مارول آف پیرو یا فور او کلاک فلاور (انگ) گل عجائب (مذکر) گڑھل۔ ہبسکس (انگ) گلعذار (صفت) سرخ رخساروں والا۔ حسین۔ خوبصورت معشوق۔ گل عشر (مذکر) قرآن شریف کی دس آیتیں جو بچوں کے لئے دائرے میں لکھتے ہیں۔ گل عصفر (مذکر) کسم کا پھول۔ گلفام (مذکر) ۱۔ گلاب کے رنگ کا ۲۔ حسین۔ خوبصورت معشوق ۳۔ اندر سبھا میں سبز پری کا معشوق۔ گل فرنگ (مذکر) ایک اکہرہ پھول جو سفید اور گلابی رنگ کا ہوتا ہے اور ہر موسم میں ہوتا ہے۔ سدا بہار۔ ونکا (انگ) گلفشاں (صفت) ۱۔ پھول بکھیرنے والا ۲۔ خوش بیان ۳۔ (مذکر) چراغ جس سے پھول جھڑیں ۴۔ چھوٹی شیشی جس میں عرق گلاب ڈال کر چھڑکتے ہیں۔ گلفشانی (مونث) خوش بیانی (کرنا ہونا کے ساتھ) گلقند (مذکر) ایک دوائی جو شکر اور گلاب کی پتیوں سے بناتے ہیں۔ گل کاٹنا (متعدی) دیکھو گل تراشنا (مت) گلکار (مذکر) وہ چیز جس پر بیل بوٹے بنے ہوں ۲۔ وہ چیز جس سے پھول نکلیں۔ گلکاری (مونث) کشیدہ کاری۔ نقاشی۔ چکن سازی۔ بیل بوٹے کا کام (دکھانا کے ساتھ) گلکاری کرنا (متعدی) ۱۔ پھول یا بیل بوٹے بنانا۔ کشیدہ کاڑھنا ۲۔ کاریگری کرنا۔ گلِ کاغذی (مذکر) کاغذ کے پھول۔ گل ہنسنا (مذکر) پھول کھلنا۔ گل کترنا (متعدی) ۱۔ کاغذ وغیرہ کے پھول کترنا ۲۔ شمع یا چراغ کی بتی تراشنا ۳۔ انوکھی یا اچنبے کی باتیں۔ نئے نئے شعبدے یا چلے ایجاد کرنا تعجب آمیز باتیں کرنا ۴۔ شرارت کرنا۔ فتنہ برپا کرنا غضب ڈھانا ۵۔ کوئی ایسی بات کرنا جس سے فساد برپا ہو اور آپ علیحدہ رہے ۶۔ سبقت لے جانا ۷۔ کسی کے حق میں بدی کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ اتہام لگانا۔ لگائی بجھائی کرنا۔ چغلی کھانا۔ گلکدہ (صفت) باغ۔ پھلواری۔ گل کرنا (متعدی) بجھانا۔ گلِ کفش (مذکر) گل پاپوش۔ گلِ کوزہ (مذکر) ۱۔ جنگلی گلاب ۲۔ سیوتی۔ نسرین۔ گل کھانا (متعدی)۔ معشوق کے چھلے کو گرم کرکے بدن پر داغ لگانا ۲۔ رشک کرنا۔ حسد کرنا ۳۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ۴۔ نزلے کے واسطے کنپٹیوں پہ داغ دلوانا۔ گل کھلانا (متعدی) ۱۔ پھول پیدا کرنا۔ پھول کھلانا۔ پھولوں سے مزین کرنا ۲۔ نئی بات کرنا۔ شعبدہ دکھانا۔ کوئی عجیب و غریب کام کرنا ۳۔ فساد برپا کرنا۔ آفت لانا ۴۔ تہمت دھرنا۔ بدنام کرنا۔ گل کھلنا (لازم) ۱۔ پھول کھلنا۔ کلی شگفتہ ہونا ۲۔ راز افشا ہونا۔ بھید کھلنا ۳۔ کوئی عجیب یا انوکھی بات ہونا ۴۔ فتنہ برپا ہونا۔ آفت ہونا ۵۔ شور مچنا۔ دھوم ہونا ۶۔ طوفان اٹھنا۔ بہتان لگنا۔ بدنام ہونا۔ گل کیس یا کیش (مذکر) دیکھو گل طرہ۔ گل کی طرح کھلے جاتے ہیں۔ بہت خوش ہیں۔ گلِ گلاب (مذکر) گلاب کا پھول گلگشت (مذکر) سیر باغ۔ سیر چمن۔ سیر۔ گلگوں (صفت) ۱۔ گلاب کے رنگ کا۔ گلفام۔ گل رنگ ۲۔ شیریں کے گھوڑے کا نام ۳۔ گھوڑا۔ گلگوں پوش (صفت) سرخ پوش۔ گلگوں چرخ (مذکر) آسمان گلگونہ

(مذکر) ایک قسم کا اُبٹنا یا غازہ جو ایران میں عورتیں منہ پر ملتی ہیں۔ **گلگیر** (مذکر) مقراض جس سے گل کترتے ہیں۔ **گلِ لالہ** (مذکر) ۱ پوست کا پھول جو سرخ رنگ کا ہوتا ہے اور جس کے اندر سیاہ رنگ ہے آج کل اکہرا دوہرا دونوں قسم کا ہوتا ہے اور کئی رنگوں کا ہوتا ہے۔ پاپی (انگ) ۲ ہندوؤں کا گھٹ۔ **گل لالہ کھلنا** (لازم) بہار ہونا۔ رونق ہونا۔ **گلِ لخنہ** (مذکر) گوبھی کا پھل۔ **گل لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ کنپٹیوں کا دغنا ۲ جسم میں داغ لگنا۔ **گل لینا** (متعدی) شمع یا چراغ کی بتی کترنا۔ **گل مخمل** (مذکر) دیکھو گل تکمہ۔ **گل مشکیں** (مذکر) نرگس۔ **گل معصفر** (مذکر) کسم کا پھول۔ **گل مکرر** (مذکر) شربت گلاب۔ شربت قند۔ **گل مہتاب** (مذکر) ۱ ایک قسم کا گلاب کا پھول ۲ چاندنی رات میں درختوں کا سایہ۔ **گلِ مہندی** (مذکر) ایک مختلف رنگ کا اکہرا دوہرا پھول جو موسم بہار میں ہوتا ہے۔ بالسم (انگ) **گل میخ** (مذکر) ایک قسم کی میخ جس کا سر چوڑا ہوتا ہے۔ **گلِ میزاں** (مذکر) سیاہ زیرہ۔ **گلِ میزان** (مذکر) ایک اکہرہ پھول جس کا اندرونی حصہ زرد اور باہر کا ہلکا اودا ہوتا ہے۔ کرسمس ڈیزی (انگ) **گلنار** (مذکر) ۱ انار کا پھول ۲ (صفت) سرخ (گل انار کا مخفف) **گلنارِ پارسی** (مذکر) ایک نہایت سرخ گلاب کے پھول کا نام۔ **گلنار چہرہ** (صفت) سرخ چہرے والا۔ حسین۔ **گلنار گوں** (صفت) سرخ رنگ کا۔ **گلناری** (صفت) سرخ رنگ کا **گلناری رنگ** (مذکر) ۱ شوخ سرخ رنگ ۲ ایک پھول جو اکہرا اور دوہرا ہر رنگ کا موسم بہار میں ہوتا ہے۔ کارنیشن (انگ) **گلِ نافرمان** (مذکر) بنفشہ کا ارغوانی پھول جو نہایت خوشبودار ہوتا ہے اور سردیوں کے موسم میں ہوتا ہے۔ وایولٹ (انگ) **گلِ نسریں** (مذکر) جنگلی گلاب۔ سیوتی۔ **گلِ نشاط** (مذکر) شراب۔ **گل نکالنا** (متعدی) باتیں بنانا۔ **گلِ نیلوفر** (مذکر) کنول۔ لوٹس (انگ) **گل و بلبل** (مذکر) عاشق و معشوق۔ ایشیائی شاعروں نے گل کو بلبل کا معشوق باندھا ہے۔ **گلِ وَرد** (مذکر) گلاب کا پھول۔ **گلوش** (مذکر) معشوق۔ **گل و لالہ** (مذکر) ۱ معشوق لوگ ۲ ارباب نشاط۔

گل ہزارا (مذکر) گیندا۔ دوہرا گل لالہ۔ **گل ہوا** (مذکر) دیکھو گل یوسف۔ **گل ہونا** (لازم) ۱ بجھنا ۲ رونق۔ محفل یا زیب مجلس ہونا۔ **گلی** (صفت) گلدار۔ پھولدار (مذکر) ایک قسم کا کبوتر جس کے پروں پر داغ ہوتے ہیں۔ **گلی کبوتر** (مذکر) دیکھو آخری ۲ **گلِ یک چشم** (مذکر) آلہ تناسل (ایرانی لونڈے بازوں کی اصطلاح) **گلِ یوسف** (مذکر) گل ہوا۔ شقائق نعمان۔ انیموں (انگ)

امثال۔ گل بتاراج رفت

خار بماند۔ اچھے لوگ مر گئے برے رہ گئے۔ **گلِ دیگر شگفت**۔ نئی بات ظہور میں آئی۔ **گلستاں بوستاں پڑھ کر نہ پایا شیخ کا مطلب** پڑھنے کو تو پڑھ گئے پر بات کی تہ کو نہ پہنچے۔

گُل (ہ۔ مذکر) ۱ گولہ کا مخفف ۲ گولی کا مخفف ۳ گانٹھ۔ گرہ ۴ گٹھلی ۵ عقدہ۔ گنجلک۔ **گلا پا** (مذکر) گول ہونا۔ **گلائی** (مونث) گول ہونا۔ **گلتھی** (مونث) گرہ۔ **گلتھی** (مونث) ۱ وہ چیز جو رقیق کئے میں گٹھلی دار ہو جائے ۲ ابلے ہوئے نرم چاول ۳ (صفت) نرم۔ ملائم۔ **گلجھٹی یا جھڑی** (مونث) ۱ عقدہ۔ گنجلک۔ وہ گرہ جو ڈورا یا تاگوں میں پڑ جاتی ہے ۲ شکن۔ بل۔ چین ۳ کدورت۔ انقباض خاطر۔ فکر رنجی (پڑنا ہونا کے ساتھ) **گلجھڑی جی یا دل کی** (مونث) ملالِ طبع۔ کدورت خاطر۔ **گلجھٹی یا جھڑی نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱ سلجھنا۔ گرہ کھلنا ۲ کدورت نکلنا۔ دل صاف ہونا۔ **گل چلا** (مذکر) گولنداز۔ توپچی۔ توپ چلانے والا۔ **گلچھرے** (مذکر) گولی اور چھرے کا مخفف۔ ہمیشہ جمع استعمال ہوتا ہے پہلے بیل لوگ بہت وقت اور روپیہ سیر و شکار میں صرف کر دیتے تھے۔ اس لئے گلچھرے عیش و عشرت کے معنوں میں استعمال ہونے لگا۔ **گلچھرے اڑانا** (متعدی) **اڑنا** (لازم) عیش اڑانا۔ عیش و عشرت ہونا۔

گَلا (ہ۔ مذکر) ۱ گردن۔ گنٹھ۔ گلو۔ حلق ۲ آواز ۳ سر ۴ کرتے وغیرہ کا حصہ جو گلے میں ہوتا ہے گریبان (س گل۔ کھانا) **گلا آنا** (لازم) حلق کے کوے کا لٹک آنا۔ گلے میں چھالے پڑنا۔ ورم آنا۔ **گلا اٹھانا** (متعدی) حلق کے کوے کو اس کی جگہ پر لے آنا۔ کوے کو انگوٹھے سے دبانا کہ اپنی جگہ پر آ جائے **گلا باندھنا** (متعدی) ۱ گلے پر رومال یا پٹی باندھنا ۲ ضروری اخراجات روک کر یا پیٹ کاٹ کر روپیہ جمع کرنا۔ **گلا بندھانا یا بندھوانا** (متعدی) ۱ قرض لینا۔ قرض میں گرفتار ہونا ۲ پیٹ کاٹ کر روپیہ جوڑنا ۳ روپے کا ضامن ہونا۔ ذمہ دار ہونا اپنے اوپر بوجھ لینا۔ اپنی گردن پر جوا رکھنا ۴ اپنے کو کسی کا وابستہ کرنا۔ پابند ہونا ۵ نکاح پڑھا لینا۔ شادی کر لینا۔ جورو بنا۔ **گلا بندھنا** (لازم) ۱ قرضدار ہونا ۲ ضامن ہونا۔ ذمہ دار ہونا۔ **گلا بیٹھ جانا۔ بیٹھنا۔ پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) آواز کا بھاری ہونا یا بھرانا۔ بہت گانے یا ذکام کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے۔ **گلا پکڑنا** (متعدی) ۱ گلا پکڑ کر دبانا۔ گردن پکڑنا۔ ٹینٹوا لینا ۲ کسیلی چیز کا گلے کو دبانا ۳ تیز عرق کا گلے میں خارش پیدا کرنا ۴ تیز تمباکو کا گلے میں سوزش پیدا کرنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا ۵ مجبور کرنا۔ **گلا پھاڑ کر چیخنا یا چلانا** (متعدی) بہت زور سے چیخنا، باتیں کرنا یا پڑھنا۔ **گلا پھاڑ کر بولنا یا پھاڑنا** (متعدی) چلانا۔ چیخ کر بولنا۔ زور سے گلے سے آواز نکالنا۔ **گلا پھانسنا** (متعدی) ۱ کسی چیز سے گلا باندھ یا دبا دینا ۲ قرض لینا۔ مقروض ہونا ۳ پابند کرنا۔ **گلا پھٹ جانا یا پھٹنا** (لازم) ۱ آواز کا زور سے نکلنا ۲ آواز کا بے سرا ہونا ۳ گلا بھرانا۔ **گلا پھرنا** (لازم) آواز کا حسب مراد گانے میں گردش کرنا۔ گانے میں آواز کے اتار چڑھاؤ کا ٹھیک ادا کیا جانا۔ **گلا پھولنا** (لازم) گلے میں ورم ہو جانا **گلا تھکانا** (متعدی)، **تھکنا** (لازم) چیختے چیختے تھک جانا۔ گلا بیٹھنا۔ نہایت چیخنا۔ **گلا ٹیپنا** (لازم)، دیکھو گلا دبانا (عف) **گلا خشک رہنا** (لازم) پیاس کا غالب ہونا۔ **گلا خشک ہونا** (لازم) ۱ چلاتے چلاتے گلے میں خشکی آ جانا ۲ پیاس کا غلبہ ہونا۔ **گلا دبنا** (لازم) ۱ گلے کو دبانا ۲ بولنے سے روکنا۔ **گلا دبانا** (لازم) ۱ گلا گھونٹنا۔ ٹینٹوا لینا ۲ زبردستی کرنا ۳ بات نہ کرنے دینا۔ بولنے سے روکنا۔ **گلا دبایا جانا** (لازم) ۱ ظلم ہونا۔ زبردستی کی جانا ۲ بولنے سے روکا جانا۔ **گلا ریتنا** (متعدی) نقصان کر دینا۔ **گلا کاٹ ڈالنا۔ کاٹنا** (متعدی) ۱ خودکشی کرنا ۲ ذبح کرنا۔ گردن اڑانا۔ سر قلم کرنا ۳ ظلم کرنا۔ ستانا ۴ حق تلفی کرنا۔ زبردستی کسی کا حق چھیننا۔ **گلا کاٹ لینا یا مرنا** (لازم) خودکشی کرنا۔ **گلا کاٹی** (مونث) ایک باجہ جو سارنگی سے مشابہ ہوتا ہے۔ **گلا کٹانا یا کٹوانا**

(متعدی) کاٹنا (لازم) ۱ مقتول ہونا - ذبح ہونا ۲ حق تلفی ہونا - حق مارا جانا - گلا کرنا (متعدی) گلا اٹھانا - گلا کھل جانا (لازم) پڑی ہوئی آواز کا صاف ہونا - گلا کھولنا (متعدی) ۱ گلے کا پھندا یا رسی دور کرنا ۲ آواز صاف کرنا - کھنکار کر گلا صاف کرنا - گلا گھٹنا (لازم) گھونٹنا یا مسوسنا (متعدی) ۱ گلا دبانا ۲ بولنے نہ دینا - گلا گھونٹ کے شل رکھنا (متعدی) مار ڈالنا - گلا ملانا (متعدی) آواز ملانا - گلا ہلانا (متعدی) آواز پھرانا - گٹکری لینا - گلے باز (صفت) اچھی آواز والا - خوش آواز - گلے باندھنا (متعدی) ۱ کسی کو زبردستی کوئی چیز دینا ۲ زبردستی نکاح کر دینا - گلے بندھنا (لازم) ۱ ذمہ پڑنا - بلا خواہش ملنا ۲ مرضی کے برخلاف نکاح ہونا - گلے بندھوانا (م) ۱ ذمہ ڈلوانا - سر کروانا ۲ واپس کرنا - کسی چیز کو الٹا سر مارنا - گلے پر چھری (خنجر) پھرنا یا چلنا (لازم) پھیرنا یا چلانا (متعدی) ۱ ظلم کرنا - جبر کرنا ۲ حق تلفی کرنا - گلے پڑ کر دینا (متعدی) زبردستی دینا - بلا مرضی کوئی چیز سر کرنا گلے پڑ کے سودا کرنا (متعدی) زبردستی بیچنا مرضی کے برخلاف کوئی چیز دینا - گلے پڑنا (لازم) ۱ بغیر خواہش یا مرضی کے کوئی چیز دی جانا ۲ ذمہ پڑنا - سر ہونا ۳ بے خواہش یا خلاف مرضی نکاح ہونا ۴ ناراض آدمی سے زبردستی کا سودا - مجبوری کا معاملہ - گلے تک بھرنا (متعدی) کسی چیز کو لبالب بھرنا لبریز کرنا - گلے تک پانی آجانا (لازم) ۱ پانی کا چڑھتے چڑھتے گلے تک آجانا ۲ سزا کا وقت قریب آجانا گلے تک پانی ہونا (لازم) ۱ سوائے سر کے سارا بدن کھڑے ہوئے پانی میں ہونا ۲ ڈوبنے کے قریب ہونا - گلے چپکنا یا ڈالنا (متعدی) دیکھو گلے باندھنا - گلے سے اتارنا (متعدی) اترنا (لازم) ۱ نگلا جانا - کھایا جانا ۲ سمجھ میں آنا - گلے سے بندھنا (لازم) گلے بندھنا - گلے سے گھونٹ نہ اترنا (لازم) پیا نہ جانا - گلے سے لپٹانا یا لگانا (متعدی) گلے سے لپٹنا (لازم) سینے سے لپٹ جانا - پیار کرنا - گلے سے لگنا (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ صفائی کر لینا - ملال دور ہونا - گلے کا تعویذ (مذکر) ۱ وہ تعویذ جو گلے میں ڈالتے ہیں ۲ گلے کا ہار - ہر وقت ساتھ رہنے والا - گلے کا تعویذ بنانا (متعدی) بننا (لازم) گلے کا ہار ہونا - ہر وقت ساتھ رہنا -

گلے کا توڑا (مذکر) گلے میں پہننے کی زنجیر - گلے کا جوڑا (مذکر) وہ لباس جو بدن میں ہو - گلے کا ڈھولنا (مذکر) ۱ دیکھو گلے کا تعویذ ۲ ناگوار چیز - بوجھ ۳ ناگوار خاطر - چھاتی کا جم - پاؤں کی بیڑی - گلے کا ہار (مذکر) ۱ موتیوں یا پھولوں کا جو عورتیں گلے میں پہنتی ہیں - گلے کا ایک زیور ۲ (صفت) وہ جو ہر وقت ساتھ رہے - وہ جو کسی وقت جدا نہ ہو ۳ نہایت عزیز - پیارا ۴ اجیرن - ناگوار خاطر ۵ سر ہو جانے والا ۶ وہ بچہ جو ہر وقت ماں سے چمٹا رہے - گلے کا ہار بنانا (متعدی) ہر وقت ساتھ رکھنا - گلے کا ہار رہنا (لازم) ۱ ہر وقت ساتھ رہنا - کسی وقت پیچھا نہ چھوڑنا ۲ اجیرن ہونا - ناگوار خاطر ہونا - گلے کا ہار رہنا (لازم) ۱ سر رہنا - پیچھا نہ چھوڑنا ۲ گلوگیر رہنا - گریباں گیر رہنا - گلے کا ہار رکھنا (متعدی) ایسا ہمدم بنانا کہ عمر بھر جدا نہ ہو - دم کا ساتھی بنانا - گلے کا ہار ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ طوق گلو بن جانا - گلوگیر ہو جانا ۲ سر ہو جانا گرد ۳ جانا - پیچھے لگ جانا - پیچھا نہ چھوڑنا ۴ ناگوار ہونا - اجیرن ہونا ۵ درپئے آزار ہونا - وبال جان ہونا - گلے کی رگیں پھلانا (متعدی) غصے ہونا - ناراض ہونا - گلے کی رگیں پھول جانا یا پھولنا (لازم) گلا سوج جانا - گلے گلے (تف) گلے تک - گلے گلے پانی (مذکر) اتنا پانی جس میں انسان گلے تک ڈوب جائے - گلے گیر ہونا (لازم) گریباں گیر ہونا (عف) گلے لگانا (متعدی) لگنا (لازم) ۱ بغلگیر ہونا - چھاتی سے لگنا ۲ زبردستی کوئی چیز سر پڑنا - گلے لگ (لگ) کر رونا (متعدی) مل کر رونا - دو دردمندوں کا مل کر اظہار ہمدردی کرنا - گلے مڑھنا یا منڈھنا (لازم) زبردستی کوئی چیز حوالے کرنا - گلے ملنا (لازم) ۱ گلے لگنا - ہم آغوش ہونا ۲ صفائی ہو جانا - گلے ملوا دینا (متعدی) صلح یا صفائی کر دینا - گلے میں اترنا (لازم) پیٹ میں جانا - حلق سے اترنا گلے میں اٹکنا (لازم) ۱ کسی ناگوار کھانے کا حلق سے نہ اترنا ۲ ناگوار ہونا ۳ گلے میں پھنسنا گلے میں باہیں ڈالنا (متعدی) پیار سے گلے لگانا - ہم آغوش کرنا - گلے میں پانی ٹپکانا (متعدی) موت کے وقت گلے میں پانی چوانا - گلے میں پھانسی ہونا (لازم) پھانسی پانا - گلے میں

پہنا دینا (م) پہننا (متعدی) ہار یا کوئی اور چیز گلے میں ڈالنا - گلے میں پھنسنا (لازم) دیکھو گلے میں اٹکنا - گلے میں تحریر ہونا (لازم) گٹکری لینا - گلے میں جان اٹکنا (لازم) نزع کا عالم ہونا - گلے میں ڈالنا (متعدی) پیرہن یا ہار وغیرہ پہننا - گلے میں زنجیر پڑنا (لازم) ۱ کتخدا یا بیاہ ہونا ۲ مقید ہونا - پابند ہونا - گلے میں زنجیر ڈالنا (متعدی) ۱ دیوانے کو زنجیر سے جکڑنا ۲ بیاہ کرا دینا - پابند کر دینا - گلے میں طوق پڑنا (لازم) دیوانے کا زنجیروں سے جکڑا جانا - گلے میں کانٹا پڑنا (لازم) حلق خشک ہونا - گلے میں گرہ ہونا (لازم) آواز نہ نکلنا گلے میں گھنگرو بولنا (لازم) نزع کا وقت ہونا گلے میں ہاتھ پڑنا (لازم) گلے میں باہیں ڈالی جانا گلے میں ہاتھ ڈالنا (متعدی) گردن میں ہاتھ ڈال کر تقاضا کرنا - گلے میں ہڈی نہیں - اس کے متعلق کہتے ہیں جس کی آواز بہت اچھی ہو - اور گانے میں ماہر ہو - گلے میں ہونا (لازم) پوشاک پہنے ہوئے -

امثال - گلا یا تلا - طوائف اگر بدکاری شروع کر دے تو اچھا گا نہیں سکتی - گلے پڑی بجائے سدھ - مصیبت پڑے تو برداشت کرنی ہی پڑتی ہے -

گلا (ہ - مذکر) ۱ وہ صندوقچی جس میں دکاندار روپیہ پیسا ڈالتے ہیں (ف - فلہ کا مہنہ) ۲ (ھ) جیب - پاکٹ ۳ پچھلی کوٹھڑی ۴ پانی کا ذخیرہ ۵ اناج - دانہ - غلہ ۶ جائے ضرور - پاخانہ -

گلا (ھ - مذکر) ۱ گیند ۲ گولا - گوبی ۳ دھاگے کا ریل ۴ کپاس کا ڈوڈا ۵ بالوں کا گھونگر -

گلا (ھ - مذکر) ۱ گولی ۲ غلہ - گلوا ۳ کھیلنے کی گولی -

گلاچی (ھ - مونث) گھوڑے یا بیل وغیرہ کے گلے کی رسی -

گلالہ (ھ - مذکر) ۱ ٹنیا طوطی - طوطا جس کے گلے میں سرخ طوق ہو ۲ ایک قسم کی مینا -

گلاس (انگ - مذکر) ۱ شیشہ - کانچ ۲ پانی پینے کا لمبا برتن - ساغر - پیالہ ۳ ایک قسم کی فیرینی سے بھرا ہوا لمبا ظرف جو شمع یا کنول میں لگایا جاتا ہے ۵ جیبی گھڑی کا شیشہ ۶ عینک کا شیشہ - آتی گلاس ۷ آئینہ - مرآت - درپن - لکنگ گلاس یعنی کشمیری گلاک

لذیذ پھل۔ گلاس چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) ۱: پانی یا شربت کثرت سے پیا جانا ۲: گلاس سے شمع پر لگایا جانا۔ گلاس لنڈھانا (متعدی) پانی یا شربت کثرت سے پینا۔

گلاسی (ھ۔ مونث) دیکھو گلاچی۔

گلاکسینیا (انگ۔ مذکر) ایک نہایت خوبصورت پھول اور اس کا پودہ۔

گلال (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا سرخ سفوف جو ہولی کے دنوں میں ہندو لوگ آپس میں پھینکتے ہیں۔ سنگھاڑے چاول یا جو کے آٹے اور سرخ رنگ اور خوشبو کا مرکب ہوتا ہے۔ اُڑانا، اُٹھانا پھینکنا۔ ملنا وغیرہ کے ساتھ۔ (س گنڈ۔ پینا) گلال باڑا یا باڑی (مونث) شاہی باغ جو شاہی محل کے ملحق ہو۔ وہ باغ جو مکان کے ملحق ہو۔ گلال لٹین (مونث) وہ لالٹین جو قنات پر لگائی جاتی ہے۔ گلال تلسی (مونث) ایک قسم کی تلسی۔ گلال چشم (صفت) سرخ آنکھوں والا۔ گلالی (صفت) ۱: گلال کے رنگ کا سرخ ۲: (مونث) ایک پودہ یا بوٹی۔

گلالا (ھ۔ مذکر) غرارہ۔

گلاث (س۔ صفت) ۱: تھکا ہوا ۲: کمزور۔ دبلا ۳: بیمار۔

گلان (س۔ مونث) گلان۔

گِلان۔ گلانی (ھ) ۱: تھکاوٹ۔ تکان ۲: کمزوری سستی ۳: بیماری۔

گلاوا (ھ) **گِلاوہ** (ف۔ مذکر) تیار کی ہوئی مٹی۔ گارا۔

گلبال (ھ۔ مذکر) وہ کمان جس سے غلہ پھینکتے ہیں۔

گلپھڑ (س۔ مذکر) ۱: ٹخنہ ۲: وہ شخص جس کا ٹخنہ اونچا ہو۔

گلپھُندنا (ھ۔ مذکر) ایک خود رو پودہ جو فصل خریف کے ساتھ اگتا ہے۔

گلت (س۔ صفت) ۱: گرا ہوا ۲: دھنسا ہوا ۳: پگھلا ہوا ۴: دبلا۔ لاغر ۵: خراب۔ سڑا ہوا۔ گلا ہوا۔

گلتا (ھ۔ مذکر) غلاف۔

گلتان (ہ۔ مذکر) کمہاروں کی اصطلاح غار۔ گڑھا۔

گلتنس (ھ۔ صفت) وہ جو بغیر اولاد کے مر جائے۔

گلٹ (ہ۔ مونث) بڑی گلٹی۔

گلٹ (انگ۔ مذکر) ملمع۔

گلٹی (ہ۔ مونث) ۱: غدود ۲: وہ گرہ جو پھوڑے درد یا طاعون کی وجہ سے جوڑوں کے پاس بدن میں پڑ جاتی ہے ۳: گلے کے اندر کا پھوڑا۔ خناق (غالباً گٹھلی کا مخرب ہے)

گلڈاگ (انگ۔ مذکر) بلڈاگ کا مہتہ۔ ایک قسم کا انگریزی کتا جس کا منہ بیل کی طرح ٹانگیں چھوٹی اور بدن مضبوط ہوتا ہے۔

گلڑی (ھ۔ مونث) چھوٹا گول اپلا۔

گلسرین (انگ۔ مونث) ایک مادہ جو چربیوں سے تیار کیا جاتا ہے اور میٹھا ہوتا ہے دواؤں میں کام آتا ہے۔

گلسیا (ہ۔ مونث) چھوٹا گلاس۔

گلگل (ف۔ مذکر) ۱: ایک قسم کا بڑا نیبو جو اس قدر تیز ہوتا ہے کہ اگر سوئی اس میں ڈال دیں تو گل جاتی ہے اور کوڑی آٹا ہو جاتی ہے ۲: ایک قسم کی مینا ۳: ایک مسالا جو چونے اور السی کے تیل سے تیار کیا جاتا ہے۔ اور چیزوں کا منہ بند کرنے کے کام آتا ہے ۴: (ہ) صراحی سے پانی نکلنے کی آواز۔ نل میں سے پانی گرنے کی آواز۔ قُلقُل ۵: (ھ) کھانے یا پینے کی آواز۔ گلگل چوتھ منانا (ھ۔ متعدی) مزے اڑانا۔ عیش و عشرت کرنا۔

گلگلا (ہ۔ صفت) نرم تر۔ گیلا۔ (گیلا سے) گلگلا سا (صفت) گیلا سا۔

گلگلا (ہ۔ مذکر) ۱: ایک قسم کا پکوان جو میدے میں میٹھا گھول کر گولیاں بنا کر تلتے ہیں ۲: (صفت) نرم۔ گدگدا۔ گلگلا سا (صفت) گول مول۔ پسندیدہ۔ وضع سنے کے متعلق کہتے ہیں۔ گلگلاسی ناک (مونث) موٹی ابھری ہوئی ناک۔ پکوڑا سی ناک۔

گلگلانا (۔۔ متعدی) نرم کرنا۔ ملائم کرنا۔

گلگلاہٹ (ھ۔ مونث) ۱: نرم کرنے کا فعل ۲: نرمائش۔ ملائمت۔

گلگلی (ھ۔ مونث) چھوٹا گلگلا۔

گلگلیا (ھ۔ مونث) کوا۔

گلگوتھنا (ہ۔ صفت) ۱: فربہ۔ موٹا۔ وہ جس کے گال موٹے ہوں ۲: (ھ) غصے سے گال پھلانا۔ روٹھنا۔ جھگڑنا۔

گلم (ہ۔ مذکر) وہ سختی جو سر یا ماتھے پر چوٹ سے آجاتی ہے۔

گلما (ہ۔ مذکر) دیکھو گلما۔

گلمہ (س۔ مذکر) ۱: درختوں کا جھنڈ ۲: جھاڑی ۳: فوج کی ایک تقسیم جس میں نو دستے ہوتے ہیں اور ہر دستے میں نو ہاتھی۔ نو رتھ۔ ستائیس گھوڑے اور ۴۵ پیدل سپاہی ہوتے ہیں ۴: تلی ۵: تلی کا بڑھ جانا۔ کسی اندرونی غدود کا بڑھ جانا جو باہر سے معلوم ہو سکے۔

گلنچہ (س۔ مذکر) گلو۔

گلنڈا (ھ۔ صفت) وہ شخص جو گالیاں دے۔ بدزبان۔ زبان دراز۔

گلنڈرا (ھ۔ صفت) وہ شخص جس کی آواز بہت اونچی ہو۔

گلنی (ھ۔ مونث) تپ دق۔ (گلنا سے)

گلو۔ گلوہ (ہ۔ مذکر) ایک بیل جو بخار کے لئے بہت مفید ہوتی ہے۔

گلو (ہ۔ مونث) ۱: گلہری کا مخفف ۲: چھوٹی لڑکیوں کو خطاب کرتے ہیں۔ گلو پیڑا مانگتی ہے۔ تمہاری کون مشتاق ہے (بازاری) گلو گلہری کیا کھائےگی ادھی کا پیڑا منگا کھائےگی چھوٹے بچوں کو کھلانے اور بہلانے کا فقرہ ہے۔

گلو (ف۔ مذکر) ۱: گردن۔ گلا۔ حلق۔ کنٹھ ۲: آواز۔ مرکبات میں جیسے خوش گلو۔ گلو بریدہ (صفت) گلا کٹا ہوا۔ گلو۔ گلو بستہ (صفت) خاموش۔ چپ۔ ساکت۔ گلو بند (مذکر) ۱: گلے میں باندھنے کا اونی یا ریشمی پٹکا ۲: ایک زیور جو گلے میں باندھتے ہیں۔ گلو خلاصی (مونث) چھٹکارا۔ رہائی۔ نجات (لکھنو) گلو سوز (صفت) وہ (چیز) جو نہایت شیریں اور لذت دار ہو۔ گلوگیر (صفت)

۴ گردن پکڑنے والا۔ گریبان گیر۔ دامنگیر ۵ کسیلی چیز جو گلا پکڑ لیتی ہے ۶ الزام لگانے والا ۷ سر ہونے والا ۸ طامع۔ لالچی۔ گلوے بریدہ (مذکر) کٹا ہوا گلا۔

گلو (ہ۔ مذکر) مہوے کی گٹھلی۔

گلوب (انگ۔ مذکر) کرۂ زمین۔

گلوٹین (فر۔ مونث) ایک آلہ جس کے ذریعے انسان کا سر علحدہ کر دیتے تھے۔

گلوری (ہ۔ مونث) بنا ہوا پان۔ جسے اسطرح لپیٹتے ہیں کہ تین کونے ہو جاتے ہیں۔ پان کا بیڑا (بنانا۔ بننا۔ بنوانا۔ چبانا۔ دینا۔ کھلانا۔ کھانا۔ لگانا۔ لگنا۔ لگوانا وغیرہ کے ساتھ) (س گری۔ منہ سے پھینکنا) گلوریاں (جمع گلوری کی۔ گلوری کا آچار (مذکر) ایک قسم کا آم کا اچار جو اس کے ورق اتار کر گلوری کی شکل کا بناتے ہیں۔

گلوگا (ہ۔ مذکر) بندر کا پیٹ۔

گلوندا (ہ۔ مذکر) گلوندی (مونث) مہوے کا پھول یا اس کی کلی۔

گلہ (ف۔ مذکر) ۱ جھنڈ۔ غول۔ گروہ۔ ۲ ریوڑ۔ گلہ بان (مذکر) بھیڑ بکری۔ گائے وغیرہ چرانے والا چرواہا۔ گڈریا۔ گلہ بانی (مونث) چوپانی۔ گڈریا پن۔ ریوڑ کی رکھوالی

گلہ (ف۔ مذکر) شکوہ۔ شکایت۔ الاہنا۔ گلہ ٹپکنا (لازم) شکوہ ظاہر ہونا۔ شکایت مترشح ہونا۔ گلہ زبان پر لانا (متعدی) شکایت کرنا۔ گلہ شکوہ (مذکر) شکوہ۔ شکایت۔ الاہنا۔ گلہ کرنا (متعدی) شکوہ کرنا۔ گلہ گزاری (مونث) شکوہ وشکایت (کرنا ہونا کے ساتھ)

گلہرا (ہ۔ مذکر) ۱ گلہری کا نر ۲ پان رکھنے کا ظرف۔

گلہری (ہ۔ مونث) ۱ ایک چوہے کی قسم کا جانور جس کے بدن اور لمبی دم پر لمبے لمبے نرم بال ہوتے ہیں۔ جن کے نقاشوں اور مصوروں کے استعمال کیلئے برش بنائے جاتے ہیں۔ بدن پر دھاریاں ہوتی ہیں۔ یہ درختوں پر رہتا ہے۔ گلہرو۔ رو کھی۔ موشک پران ۲ انسان کے بدن کا وہ حصہ جو پیڑو اور ران کے درمیان ہوتا ہے ۳ ننھا سا بچہ گلہریا۔ (مذکر) وہ پتنگ جس میں دھاریاں ہوتی ہیں۔

مثل۔ گلہری کا پیڑ ٹھکانا۔ ہر شخص اپنے آرام کی جگہ پہنچتا ہے۔

گلہڑ (ہ۔ مذکر) گلے کا پھولا ہوا غدود۔ گلے کی ایک بیماری۔

گلہی (ہ۔ مونث) کشتی کا اگلا حصہ۔ جہاز کا اگلا حصہ۔ گلہیا (مذکر) جہاز کا ایک عہدیدار۔ سرہنگ۔

گلٹی (ہ۔ صفت) ۱ مٹی کی۔ گلمی ۲ گلہری ۳ گلی۔

گلی (ہ۔ مونث) تنگ کوچہ یا محلہ جس کے بیچ میں سے عموماً گندے پانی کی نالی گزرتی ہے (س گل۔ بہنا) گلیارا (مذکر) وہ گلی جس میں سے عام وخاص گزریں۔ گلیاری (ہ) ۱ تنگ گلی ۲ رستہ۔ پگ ڈنڈی۔ گلیاں (مونث) گلی کی جمع۔ گلیاں جھانکنا (متعدی) جھکانا یا جھنکانا (م) آوارہ پھرانا۔ حیران وسرگرداں کرنا۔ گلیاں چھاننا (متعدی) کسی کی تلاش میں مارا مارا پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ گلی کوچہ (مذکر) ۱ تنگ کوچہ ۲ ہر ایک گلی یا کوچہ۔ گلی گلی (تف) کوچے کوچے ہر ایک گلی یا کوچے میں۔ گلیوں (مونث) گلی کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے استعمال ہوتی ہے۔ گلیوں کی خاک چھاننا (متعدی) مارا مارا پھرنا۔

گلی (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو گلی شے مع محاورات کے ۲ گلہری۔

گلی (ہ۔ مونث) ۱ مکی کی دانے نکلی ہوئی لکڑی۔ ٹکا (پ) ۲ کیوڑے کا پھول ۳ بہال کی وہ جگہ جس میں شہد ہوتا ہے۔ شہد کی لکڑی ۴ وہ لکڑی کا ٹکڑا جو دونوں طرف سے پتلا اور بیچ میں سے موٹا ہوتا ہے۔ جس سے لڑکے کھیلتے ہیں۔ دہلی میں گلیہر ہے ۵ وہ گول لکڑی جو خول کے اندر دی جاتی ہے کہ کھمبا ۶ چاندی سونے کا ڈلا ۷ صیقل کرنے کا آلہ ۸ سلاح نقرہ (س جیہر طلائی ونقرئی رنگ کرتے ہیں ۹ گھوڑے کی دم کی ہڈی ۱۰ (ہ) وہ حلقہ جو انگوٹھے اور کلمہ کی انگلی کو ملانے سے بنے ۱۱ ایک قسم کی مینا ۱۲ ایک قسم کا کبوتر ۱۳ (س) گولی۔ کوئی گول چھوٹی چیز۔ ڈھیلا ۱۴ چھوٹک گلیاں گھڑنا (متعدی) تضیع اوقات کرنا۔ بے فائدہ کام کرنا۔ گلی باندھنا (متعدی) ۱ ڈھیلا یا گولی سی بن جانا۔ ڈلا بننا ۲ طاقتور ہونا۔ جوان ہونا۔ گلی بندھنا (لازم) ۱ ڈلا بننا ۲ منی جم کر ڈلا بننا۔ بلوغت کو پہنچنا۔ جوان ہونا ۳ شہد کا چھتا میں پک جانا یا جمع ہو جانا ۴ روپیہ پیسہ پاس ہونا۔ گلی ڈنڈا (مذکر) ایک کھیل جو گلی اور ڈنڈے سے کھیلا جاتا ہے۔ گلی ڈنڈا کھیلنا (متعدی) ۱ گلی ڈنڈے کا کھیل کھیلنا ۲ وقت ضائع کرنا۔ تضیع اوقات کرنا ۳ آوارہ پھرنا ۴ بیفائدہ کام کرنا۔

گلیا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ بیل جو کام کرتا ہوا بیٹھ جائے۔ تھکا ہوا بیل ۲ کام چور۔ حیلہ جو۔ گلیا بیل ہے۔ بے ہمت کاہل وجود ہے۔

گلیانا (ہ۔ متعدی) ۱ گالی دینا ۲ زبردستی گلے سے اتارنا۔ جیسے گھوڑے بیل وغیرہ کو دوائی دیتے ہیں۔

گلیر (ہ۔ صفت) ۱ بوسیدہ ۲ سست ۳ پھوہڑ ۴ غلیظ۔

گلیشر (انگ۔ مذکر) برف کا تودہ جو حرکت کرے۔

گلیل (ہ۔ مونث) دیکھو غلیل۔

گلیم (ف۔ مونث) ۱ کمبل۔ کملی۔ لوئی دھسا۔ اوڑھنے کا اونی کپڑا۔ گلیم پوش (مذکر) کملی پوش۔ کمبل پوش۔ وہ جو کمبل اوڑھے۔ گلیم گوش (مذکر) وہ جس کے کان بہت بڑے بڑے ہوں۔ گلیم گوشان (مذکر) ایک قوم جس کا ذکر قصے کہانیوں میں آتا ہے ان کے کان اتنے بڑے تھے کہ ایک کو بچھونے اور دوسرے کو اوڑھنے کے کام میں لاتے تھے۔

گم (ف۔ صفت) ۱ کھویا ہوا۔ مفقود ۲ گیا ہوا ۳ ضائع۔ رائگاں ۴ پوشیدہ۔ غائب۔ غیر حاضر ۵ ناپید۔ ناپدید ۶ مفرور۔ بھاگا ہوا ۷ حیران پریشان۔ حواس باختہ ۸ مغرور۔ گمانا (متعدی) ۱ گم کرنا ۲ ضائع کرنا۔ گنوانا ۳ چرانا۔ گمراہ۔ گمرہ (لازم) ۱ راستہ بھولا ہوا۔ بھٹکا ہوا ۲ بددین۔ کافر۔ منحرف۔ گمراہی۔ گمرہی (مونث) بھول چوک۔ ضلالت ۲ لامذہبی۔ بددینی۔ تمرد ۳ سرکشی۔ گم رہنا (لازم) غائب رہنا۔ غیر حاضر رہنا۔ پوشیدہ رہنا۔ گم شدگی (مونث) کھویا جانا۔ گم شدہ (صفت) ۱ کھویا ہوا ۲ بھاگا ہوا ۳ بھولا ہوا۔ حواس باختہ تلف شدہ۔ ضائع شدہ ۴ پوشیدہ۔ گم شدہ۔ گم صم

صفت) ۱ گونگا۔ بہرا ۲ خاموش۔ حیران۔ ششدر۔
گم صم رہجانا (لازم) ۱ خاموش اور چپ رہ جانا ۲ حیران و ششدر رہجانا۔ **گم کردہ** (صفت) کھویا ہوا۔ **گم کردۂ آشیاں** (صفت) گھر بھولا ہوا۔ **گم کرنا** (متعدی) ۱ چھپانا ۲ ضائع کرنا۔ کھونا ۳ گنوانا۔ رائگاں کرنا ۴ چرانا ۵ بھلانا۔ **گم گشتہ** (صفت) گم شدہ۔ **گمنام** (صفت) ۱ غیر مشہور۔ بے نام و نشان ۲ جس کا نام معلوم نہ ہو ۳ پوشیدہ۔ مخفی ۴ اظہار نام کے بغیر۔ بغیر نام (ان معنوں میں چٹھی۔ خط۔ درخواست۔ شکایت۔ عرضی وغیرہ کے ساتھ) ۵ معدوم۔ نیست و نابود۔ **گمنام چٹھی یا خط بھیجنا** (متعدی) بغیر اپنا نام لکھے ایسا خط بھیجنا جس میں کسی کی شکایت ہو۔ **گمنامی** (مونث) ۱ بے نام و نشان ہونا ۲ اخفا۔ پوشیدگی ۳ معدومی۔ نامعلومی۔ کس مپرسی۔ **گم ہونا** (لازم) ۱ غائب ہونا۔ پوشیدہ ہونا ۲ ضائع ہونا۔ جاتا رہنا ۳ بے خبر ہونا۔ کسی خیال میں محو ہونا ۴ بدحواس ہونا۔

گما (ہ۔ مونث) ایک قسم کی موٹی اور بڑی اینٹ جو ڈبل اینٹ۔

گماشتگی (ف۔ مونث) گماشتہ گری۔

گماشتہ (ف۔ صفت) ۱ وہ شخص جس کے سپرد کوئی کام ہو ۲ نائب۔ کارندہ۔ ایجنٹ کارپرداز۔ مختار۔ منیجر۔ عامل۔ منیم۔ وکیل۔ قائمقام۔ **گماشتہ کرنا** (متعدی) نائب بنانا۔ منیجر مقرر کرنا۔ ایجنٹ مقرر کرنا۔ **گماشتہ گری** (مونث) گماشتہ کا عہدہ۔ منیجری۔ نیابت۔ وکالت۔ کارندگی۔ ایجنٹی۔ مختاری۔ ایجنسی۔

گمان (ف۔ مذکر) شک۔ شبہ۔ ظن۔ احتمال۔ بھرم ۲ وہم۔ وسواس۔ خیال۔ قیاس۔ رائے ۳ (ہ) غرور۔ تکبر۔ **گمان اور گزرنا** (لازم) کچھ شک و شبہ ہونا۔ **گمان بھرا** (صفت) مغرور۔ متکبر۔ **گمان پڑنا** (لازم) شک ہونا۔ **گمان غالب یا قوی** (مذکر) احتمال قوی۔ پکا خیال۔ **گمان کرنا** (متعدی) ۱ خیال کرنا۔ قیاس کرنا ۲ فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔ گھمنڈ کرنا ۳ اینٹھنا۔ بل کرنا۔ زور دکھانا۔ **گمان گزرنا یا ہونا** (لازم) ۱ شبہ گزرنا۔ شک ہونا ۲ خیال ہونا۔ قیاس میں آنا۔ **گمان ہے**۔ اغلب ہے۔ یقین ہے۔ **گمانی** (صفت) ۱ شبہ کرنے والا۔ شک کرنے والا ۲ رشک کرنے والا۔ حاسد ۳ مغرور۔ متکبر۔

گمانا (ہ۔ متعدی) وقت گزارنا۔

گمبھیر (س۔ صفت) ۱ گہرا۔ عمیق ۲ بڑی آواز والا ۳ عقلمند۔ دانا ۴ فہیم۔ دور اندیش ۵ سنجیدہ۔ متین ۶ متحمل۔ بردبار ۷ بھاری بوجھل۔ وزنی ۸ ایک قسم کا اندرونی پھوڑا۔

گمت (ہ۔ مذکر) رستہ۔ سڑک

گمت (س۔ مذکر) ۱ وقت اچھا یا مزے میں گزرنا ۲ کوئی اچھا کام یا چیز ۳ رائے صلاح۔ مشورہ ۴ گون۔ مطلب۔ غرض ۵ منڈلی جتھا۔ سوسائٹی ۶ لطف۔ مزا۔ کھیل کود۔ تماشا ۷ پیشہ۔ کام ۸ فائدہ۔ نفع۔ **گمتی** (صفت) ۱ پر لطف مزیدار ۲ کھیلنے کودنے والا۔

گمنٹ (ہ۔ مذکر) ۱ گنبد ۲ برج۔ گرگج۔

گمٹا (ہ۔ مذکر) گمڑا۔ گومڑا۔

گمٹی (انگ۔ مونث) ایک قسم کا موٹا کپڑا (اصل ڈمٹی)

گمٹی (ہ۔ موث) چھوٹا گنبد۔ مٹھ۔

گمچھا (ہ۔ مذکر) انگوچھا۔

گمچی (ہ۔ مونث) گھونگچی۔

گمڑ (اردو۔ مذکر) غرور۔ تکبر۔ مان۔ (کرنا ہونا کے ساتھ)

گمڑا (ہ۔ مذکر) ۱ سوجن ۲ گومڑا ۳ خراش۔

گمسا (ہ۔ صفت) گلا ہوا۔ سڑا ہوا۔

گمک (ہ۔ مونث) ۱ زور کی یا اونچی آواز ۲ کسی ساز کی آواز ۳ گرج۔ کڑک۔ بادل کی آواز ۴ وہ گونجدار آواز جو گانے والوں کے منہ سے بھاری نکلتی ہے (سننا سنانا۔ ہونا کے ساتھ) (س گمک گم۔ حرکت کرنا) ۵ تصادم۔ صدمہ۔ تھاپ ۶ (ہ) خوشبو۔ مہک۔

گمکا (ہ۔ مذکر) بڑے منہ کا مٹی کا برتن۔ ناند۔

گمکیلا (ہ۔ صفت) خوشبودار۔ مہک دار۔

گمگٹ (ہ۔ مونث) ۱ بھاری آواز جو گانے میں گلے سے نکلتی ہے ۲ ڈھول بین وغیرہ کی آواز۔

گملا (ہ۔ مذکر) مٹی کا ظرف جس میں پودے بوتے ہیں۔ اس کا اوپر کا حصہ نیچے کے حصے سے جوڑا ہوتا ہے (گمٹھہ۔ مٹی کا برتن)

گمن (س۔ مذکر) ۱ جانا۔ جانے کا عمل ۲ چلنے کا طریقہ۔ چال ۳ پہنچنا۔ قریب جانا ۴ میل جول۔ **گمنا گمن** (مذکر) ۱ آنا جانا۔ آمد و رفت ۲ ادھر ادھر پھرنا ۳ شارع عام۔ **گمن پتر** (مذکر) پاسپورٹ۔ ممالک غیر میں سفر کرنے کا اجازت نامہ۔ **گمن کرنا** (متعدی) ۱ جانا۔ گزرنا۔ حرکت کرنا ۲ جماع کرنا۔

گمن (س۔ مذکر) مسافر۔ سواری۔

گمنا (ہ۔ لازم) ۱ جانا۔ گزرنا ۲ وقت گزرنا ۳ گم ہونا ۴ گمراہ ہونا ۵ ٹالنا۔ لیت و لعل کرنا۔

گمی (س۔ مذکر) مسافر۔ راہرو۔ سواری۔

گن (س۔ مذکر) ۱ گروہ ۲ جماعت گلہ۔ ریوڑ ۳ افراط۔ کثرت۔ وفور ۴ قسم۔ نوع ۵ مجموعہ۔ زمرہ ۶ قوم۔ ذات۔ فرقہ۔ **گنپت** (مذکر) گروہ یا جماعت کا سردار۔

گن (انگ۔ مونث) توپ۔ **گن بوٹ** (مونث) دیکھو گن بوٹ۔ **گن پاوڈر** (مذکر) بارود۔ **گنر** (مذکر) توپخانے کا سپاہی۔ **گن کاٹن** (مذکر) ایک مادہ جو روئی اور شورے کے تیزاب سے تیار کیا جاتا ہے۔ اور بارود کی طرح استعمال ہوتا ہے۔

گن (ہ۔ امر) گننا کا (س گن۔ گننا)
گنا (امر) گنانا کا ۲ ماضی گننا کی۔ **گنا جانا** (لازم) گنتی ہونا۔ شمار ہونا۔ **گنا دینا** (متعدی) دیکھو گنوا دینا۔ **گنا گنایا** (صفت) گنا ہوا۔ **گنانا** (متعدی) شمار کرانا۔ گنوانا۔ **گنتی** (مونث) ۱ شمار۔ تعداد۔ اندازہ حساب ۲ حاضری ۳ جائزہ۔ معائنہ ۴ حاضری کا رجسٹر۔ اسم نامہ۔ **گنتی کے** (تف) تھوڑے سے۔ چند۔ **گنتی کے دن** (مذکر) زندگی کے چند دن۔ **گنتی کیا ہے** بے شمار ہیں۔ **گنتی گنانا یا گنوانا** (متعدی) برائے نام شمار کرانا۔ نمائشی خانہ پری کر کے دکھانا۔ **گنتی لینا** (متعدی) حاضری لینا۔ **گنتی میں لانا** (متعدی) ۱ شمار میں لانا۔ حساب میں داخل کرنا ۲ بات پوچھنا۔ خاطر میں لانا۔ **گنتی ہونا** (لازم) شمار ہونا۔ شامل ہونا۔

گن دینا یا ڈالنا (متعدی) دیکھو گننا۔ **گن گن کر یا کے** (ف) ۱ شمار کر کے ۲ ایک ایک کر کے ۳ سنبھال سنبھال کے ۴ چھانٹ چھانٹ کے ۵ جوں توں کر کے۔ بڑی مشکل سے۔ **گن گن کے بکھاننا** (متعدی) چن چن کر ہر ایک کو گالیاں دینا **گن گن کے دن کاٹنا یا گزارنا** (متعدی)، **کٹنا یا گزرنا** (لازم) مصیبت سے دن پورے ہونا یا عمر گزرنا۔ **گن گن کے سنانا** (متعدی) علانیہ گالیاں دینا۔ چن چن کر گالیاں دینا۔ **گن گن کے قدم رکھنا** (متعدی) ۱ آہستہ آہستہ چلنا۔ چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا ۲ ناز سے خرام کرنا ۳ بہت احتیاط کرنا۔ دور اندیشی سے کام کرنا۔ **گن گن کے گالیاں دینا** (متعدی) کنبے کے ہر ایک آدمی کو نام لے کر گالیاں دینا۔ **گن لینا** (متعدی) شمار کر لینا۔ **گننا** (لازم) ۱ شمار کرنا گنتی کرنا ۲ جانچنا۔ اندازہ کرنا ۳ ماننا۔ جاننا۔ سمجھنا **گنوانا** (مم) گننا کا۔

امثال واقوال۔ گن پوئیں

سنبھال کھائیں یعنی مشکل سے گزارہ ہونے کے موقع پر کہتے ہیں۔ **گن گن کر آوے ٹوٹا پاوے** باوجود بہت احتیاط کے بھی نقصان ہوتا ہے۔ **گنی بوٹی میپا** (نپا) **شوربا۔ گنی ڈلی نپا شوربا گنی ڈلیاں ہیں** ۱ سخت کنجوس ہے ۲ آمدنی خرچ کے برابر نہیں ۳ تنخواہ کے علاوہ اور کچھ آمدنی نہیں **گنی گائے میں چوری نہیں ہو سکتی**۔ احتیاط کرنے سے نقصان نہیں ہوتا۔ **گنے گناوے ٹوٹا پاوے**۔ باوجود بہت احتیاط کے بھی نقصان ہوتا ہے۔

گُن (ہ۔ مذکر) ۱ وصف۔ صفت جوہر ۲ تعریف۔ توصیف حمد ۳ خوبی۔ عمدگی ۴ نیکی بھلائی۔ اعمال نیک ۵ عادت۔ خصلت۔ سبھاؤ۔ لپکا ۶ کرتوت۔ فعل۔ لچھن ۷ ہنر۔ کمال۔ فن۔ سلیقہ (اپجنا۔ باقی رہنا جانا۔ سننا۔ سیکھنا وغیرہ کے ساتھ) ۸ اثر۔ تاثیر ۹ رسی جس سے ملاح کشتی کھینچتے ہیں ۱۰ احسان۔ مہربانی عنایت ۱۱ (ہ) بار۔ مرتبہ مرکبات میں (دس گن)، **گنا** (صفت) چند۔ بار۔ مرتبہ۔ مرکبات میں جیسے دوگنا۔ چوگنا۔ **گن بھرے ہونا** (لازم) ۱ وصف ہونا۔ خوبیاں ہونا ۲ ہنر ہونا ۳ شرارت بھری ہونا۔ **گن کرنا** (متعدی)، باثر ہونا۔ مفید ہونا۔ **گن گانا** (متعدی) تعریف کرنا۔ اوصاف بیان کرنا۔ **گن ماننا** (متعدی) احسان ماننا۔ مشکور ہونا۔

امثال واقوال۔ گن سیکھ کے

اوگن سیکھے۔ نیک کاموں کے بعد برے کام کرتا ہے۔ **گنوں نہ گوتھوں میں دولہا کی خالہ** کوئی بات پوچھے یا نہ پوچھے خواہ مخواہ خصوصیت اور عزیزداری جتانا۔ **گنیا تو گن کہے۔ نرگنیا دیکھ گھنائے**۔ نیک آدمی اچھی باتیں کرتا ہے اور برا آدمی ان سے نفرت کرتا ہے۔

گُنْ (س۔ مذکر) **گُن** (ہ) ۱ دیکھو گن (ہ) ۲ رسی۔ دھاگا ۳ ساز کا دھاگا یا تار ۴ کمان کی تانت ۵ (علم ہندسہ) قوس کا وتر ۶ (حساب) ضرب ۷ حاصل ضرب ۸ کسی کام کا غیر ضروری یا چھوٹا حصہ ۹ فائدہ۔ نفع ۱۰ عقل۔ سمجھ ۱۱ چالاکی۔ فن ۱۲ زیادتی ۱۳ کمی (بیماری وغیرہ کی) ۱۴ (منطق) عرض۔ قائم بالغیر ۱۵ حواس۔ اندری ۱۶ دگنا نہ مرکبات میں ۱۷ عنصروں کی خاصیت ۱۸ اشیا کی خاصیت۔ جو میں بیان ہوئی ہیں ۱۹ اعراب کی پہلی آواز ۲۰ حواس خمسہ میں سے کوئی ایک ۲۱ باورچی۔ رسویا۔ **گنا گن یا گن اوگن** (متعدی) وقت گزارنا۔ **گنانواد۔ گناواد** (مذکر) خوبیاں بیان کرنا۔ **گن گانا** (کرنا یا گانا کے ساتھ)۔ **گن چھانٹنا** (متعدی) خوبیاں چھوڑ دینا۔ گن بیان نہ کرنا۔ **گن دینا** (متعدی) ۱ نیکی یا خوبی عطا کرنا ۲ فائدہ یا نفع پہنچانا ۳ موثر ہونا۔ اثر کرنا۔ **گن کا پلٹا دینا** (متعدی) احسان اتارنا۔ بدلہ اتارنا۔ **گن گاں** (مذکر) تعریف کرنا۔ توصیف کرنا۔ گن گانا (کرنا ہونا کے ساتھ) **گن گنتی زنجیر** (مونث) سلسلۂ ہندسیہ (الجبرا) **گن مان** (صفت) دیکھو گن وان **گنی** (صفت) ۱ وہ جس میں اچھے گن یا خاصیتیں ہوں ۲ جسے کوئی صنعت یا گن آتا ہو ۳ نیک۔ صالح۔ قابل ۴ ماہر۔ صناع۔ استاد ۵ (مذکر) سنت۔ نیک آدمی ۶ عامل۔ جادوگر۔ سیانا ۷ سانپ پکڑنے والا۔

گَنّا (ہ۔ مذکر) نیشکر۔ پونڈا۔ ایک پودا جس کے موٹے ڈنٹھلوں میں سے رس نکال کر گڑ اور شکر بناتے ہیں اور پھر انہیں صاف کر کے کھانڈ اور چینی تیار کرتے ہیں (س۔ گنڈک) **گنوں** (جمع) گنا کی حرف مغیرہ سے پہلے۔ **گنے** (مذکر) ۱ جمع گنا کی ۲ واحد حرف مغیرہ سے پہلے۔ **گنے کی پھاندی** (مونث) گنوں کا بنڈل۔

گُنا (ہ۔ صفت) دیکھو گُن (ہ) کے تحت میں۔

گُناونا (ہ۔ متعدی) تعریف کرانا۔

گُناہ (ف۔ مذکر) ۱ برا کام۔ وہ کام جس سے دوسرے کو ناجائز نقصان پہنچے۔ وہ کام جس کی وجہ سے انسان کو خدا کی طرف سے سزا ملے۔ عصیان۔ پاپ۔ اپرادھ ۲ معصیت ۳ خطا۔ قصور۔ دوش ۴ جرم۔ خلاف ورزی قانون۔ **گناہ آمرز یا بخش** (صفت) ۱ گناہ بخشنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ۔ **گناہ بخشنا** (متعدی) خطا یا قصور معاف کرنا۔ **گناہ بخشوانا** (مم) خطا یا قصور معاف کرانا۔ **گناہ بے لذت** (مذکر) وہ گناہ جس کے کرنے میں کسی قسم کا فائدہ نہ ہو۔ **گناہ دھو جانا** (لازم) **دھونا** (متعدی) گناہ مٹانا یا محو کرنا۔ **گناہ رکھنا** (متعدی) کسی پر جھوٹا الزام لگانا۔ **گناہ سر لینا** (متعدی) دیکھو گناہ لینا۔ **گناہ سمیٹنا** (متعدی) گناہ کا وبال سر پر لینا۔ **گناہ سے بچنا** (لازم) گناہ نہ کرنا۔ بری باتوں سے پرہیز کرنا۔ **گناہِ صغیرہ** (مذکر) ادنے گناہ۔ وہ گناہ جسے توبہ سے خدا تعالےٰ معاف کر دے گا۔ **گناہِ عظیم یا کبیرہ** (مذکر) بھاری جرم۔ سخت گناہ۔ وہ گناہ جس کی سزا قرآن شریف یا شرع میں مقرر ہو۔ فرائض مذہبی کا نہ ادا کرنا۔ **گناہ کا وبال پڑنا** (لازم) قصور کی سزا پانا۔ جرم کا خمیازہ بھگتنا۔ **گناہ کرنا** (متعدی) ایسا فعل کرنا جس کی مذہبا ممانعت ہو۔ **گناہگار** (صفت) ۱ عاصی۔ پاپی ۲ مجرم۔ خطاوار ۳ بدکار۔ **گناہگار بنانا یا کرنا** (متعدی) ۱ گناہ میں مبتلا کرنا ۲ شریک کرنا۔ ملزم بنانا۔ **گناہگار ٹھیرانا** (متعدی)، **ٹھیرنا** (لازم) مجرم ہونا۔ قصوروار تجویز ہونا۔ ملزم ہونا۔ **گناہگار ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ ایسے فعل کا مرتکب ہونا جو جائز نہ ہو ۲ ملزم ہونا مجرم ہونا ۳ گرفتار بلا یا مصیبت ہونا۔ عذاب میں پڑنا۔ **گناہگاری** (مونث) ۱ خطا۔ قصور

جرم ۔ جرمانہ ۔ تاوان ۔ گھاٹا ۔ خسارہ ۔ نقصان ۔ وہ
تاوان جو مالی عدالت کی طرف سے وصول کیا جائے
گناہگاری دینا (متعدی) ۱ جرمانہ دینا ۔
تاوان بھرنا ۔ ٹوٹا بھرنا ۔ خسارہ دینا ۔ گناہگاری
عطا کرنا ۔ **گناہ لینا** (متعدی) اپنے ذمہ الزام
لینا ۔ اپنی گردن پر وبال لینا ۔ **گناہوں کی گٹھڑی**
(مونث) بہت سے گناہوں کا بوجھ ۔

گُنبَد (ف ۔ مذکر) ۱ مدور چھت جس
میں آواز گونجتی ہے ۔ عموماً مسجد یا مقابر پر ہوتی
ہے ۔ برج ۔ (عف) حاملہ کا بیٹا ۔ **گنبد آبنوس** (مذکر)
بیضوی شکل کا گنبد ۔ گنبد جو اوپر سے قبرنما ہو ۔ **گنبد
ازرق ۔ بے در خضرا ۔ دولابی یا فیروزہ
رنگ** (مذکر) آسمان ۔ **گنبد کی آواز یا صدا**
(مذکر) ۱ گونج ۔ وہ آواز جو گنبد میں آواز دینے
سے تھوڑی دیر بعد سنائی دیتی ہے ۔ آواز ہوا میں سے
گزرتی ہے ۔ اگر سامنے کوئی روک ہو تو آواز لوٹ
آتی ہے ۔ گنبد کی گولائی کی وجہ سے روک چاروں
طرف ہوتی ہے ۔ بعض ایسے مکانات ہوتے ہیں جن
میں کئی دفعہ آواز سنائی دیتی ہے کیونکہ بار بار دونوں
طرف سے لوٹتی ہے ۔ جیسا کہنا ویسا سننا ۔ **گنبد کی
آواز ہے** ۔ جیسا کہو گے ویسا سنو گے ۔ **گنبد گردان**
مینا یا مینائی (مذکر) آسمان ۔ **گنبدی** (مذکر) ۱ ایک
ستون کا ایک ستون کا گول خیمہ ۔ (صفت) مدور ۔ گول
گنبد کی شکل کا ۔

**مثل ۔ گنبد کی آواز جیسے کہو
ویسی سنو** ۔ برابر کے آدمی سے تحمل نہیں ہوتا ۔

گنتھوانا (ہ ۔ م) گونتھنا کا ۔

گُنٹا (ہ ۔ مذکر) ۱ موسم بہار ۔ چشمہ ۔
جھیل ۔ تالاب ۔ ڈابر ۔ گڑھا ۔ غار ۔

گنٹھرا (ہ ۔ مذکر) ۱ اصل زر ۔
پونجی ۔ بینک ۔ کوٹھی ۔

گنٹھم (ہ ۔ مذکر) لوہے کا قلم جس سے
کھجور کے پتوں پر لکھتے تھے ۔

گنٹھی (ہ ۔ مونث) پیاز یا لہسن کی
گانٹھ ۔

گنٹھیا (ہ ۔ مونث) دیکھو گٹھیا ۔

گنج (ف ۔ مذکر) ۱ خزانہ ۔ دفینہ ۔
مال کثیر ۔ دولت عمیق ۔ مال و دولت ۔ ذخیرہ ۔
گدام ۔ انبار خانہ ۔ مخزن ۔ غلہ خانہ ۔ کوٹھی ۔ اناج منڈی
گولہ ۔ تودہ ۔ انبار ۔ ڈھیر ۔ وہ چاقو جس میں پھل
قینچی ۔ موچنا وغیرہ ہو ۔ وہ زمین جس میں لوگوں کو
آباد کرتے ہیں ۔ جیسے پہاڑ گنج ۔ کشن گنج ۔ جواہرات
کی کان ۔ جواہر خانہ ۔ **گنج افراسیاب** (مذکر) خسرو کا
چوتھا خزانہ ۔ مجازاً خدا کے احکامات ۔ قرآن شریف
۔ صبر ۔ قناعت ۔ **گنج باد (آور یا آورد)**
۱ چھپا ہوا خزانہ ۔ کوئی چیز جو مفت مل جائے ۔ خسرو کا
تیسرا خزانہ جو اصل میں قیصر روم کا تھا ۔ اور راستے
کشتیوں میں جاتا ہوا مل گیا تھا ۔ باربد کا سولھواں
سُر ۔ **گنج بار** (مذکر) خسرو کا آٹھواں خزانہ ۔
گنج بان (مذکر) خزانچی ۔ **گنج بخش** (صفت) ۱
فیاض ۔ مخیر ۔ لکھوانا ۔ قطب الدین ایبک کا لقب
۔ مخدوم علی ہجویری کا لقب دیکھو داتا گنج بخش ۔ **گنج
حکیم** (مذکر) سورۂ فاتحہ ۔ **گنج خاکی** (مذکر) ۱
حضرت آدم ۔ ان کی اولاد ۔ آدمی ۔ **گنج خضرا**
(مذکر) خسرو کا چھٹا خزانہ ۔ **گنج دار** (مذکر) ایک
سُر کا نام ۔ **گنج دیبا** (مذکر) خسرو کا تیسرا خزانہ ۔
گنج دیوار لیست (مذکر) وہ خزانہ جس کا ذکر
قرآن شریف میں آتا ہے ۔ **گنج ڈالنا** (متعدی)
۱ منڈی قائم کرنا ۔ انبار لگانا ۔ **گنج سوختہ** (مذکر)
۱ خسرو کا پانچواں خزانہ ۔ اٹھارھواں سُر ۔ **گنج
شادآورد** (مذکر) خسرو کا ساتواں خزانہ ۔
گنج شایگان (مذکر) ۱ خسرو کا دوسرا خزانہ ۔ بہت
بڑا خزانہ ۔ **گنج شہیداں** (مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں شہیدوں کو
اکٹھا دفن کرتے ہیں ۔ مردوں کا ڈھیر ۔ بہت سی
ملی جلی چیزوں کا انبار ۔ **گنج عروس** (مذکر) خسرو کا
پہلا خزانہ ۔ **گنج فریدوں** (مذکر) ایک سُر ۔ **گنج
قارون** (مذکر) قارون کا خزانہ ۔ **گنج کا چاقو**
(مذکر) دیکھو گنج ۔ **گنج کاؤس** (مذکر) ساتواں
سُر ۔ **گنج گاؤ (دیش)** ۱ جمشید کا آٹھواں خزانہ ۔
ایک سُر ۔ **گنج لگانا** (متعدی) ڈھیر لگانا ۔ انبار
لگانا ۔ **گنجور** (مذکر) صاحب خزانہ ۔ **گنجینہ** (مذکر)
۱ خزانہ ۔ گنج ۔ دفینہ ۔ قیمتی مال ۔ **گنجینہ خرد** (مذکر)
ایک کتاب کا نام ۔ **گنجینہ دار یا سنج** (مذکر) خزانچی

مثل ۔ گنج بغیر (بے) رنج نہیں
امیر آدمی کو سیکڑوں فکریں ہوتی ہیں ۔

گنج (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک بیماری جس سے
سر پر بال نہیں ہوتے ۔ بال خورا ۔ بازار ۔ منڈی ۔
گنجا (مذکر) وہ شخص جس کے سر پر بال نہ ہوں ۔
گنجی (مونث) ۱ گنجا کی ۔ شکر قند ۔ **گنجے** (مذکر) ۱
جمع گنجا کی ۔ واحد حروف مغیرہ سے پہلے ۔

**امثال و اقوال ۔ گنجا مر اکھجاتے
کھجاتے** ۔ غریب بیچارہ ساری عمر تکلیف میں گزارتا
ہے ۔ **گنجی پنہاری (کونجڑی) اور گوکھرو کا
اینڈوا** ۔ اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام ۔ **گنجی ستی
اوت پجاری** ۔ جیسا آدمی ہوتا ہے اسی طرح کا
اس کے ساتھ سلوک ہوتا ہے ۔ **گنجی کبوتری محل
میں ڈیرا** ۔ بدقسمت اور بدصورت کا یہ رتبہ ۔
**گنجے کو خدا ناخن نہیں دیتا یا نہ دے جو
سر کھجائے**) ۱ نااہل کو خدا با اختیار نہیں کرتا ۔
خدا کمینے کو صاحب ثروت نہ کرے ۔ **گنجے کے
ایک رگ زیادہ ہوتی ہے** ۔ گنجا بہت
شرارتی ہوتا ہے ۔

گنج (ہ) **گنجا** (س ۔ مونث) ۱ گونج
گنبد کی آواز ۔ بھنبھناہٹ ۔ سائیں سائیں ۔ (مذکر)
گھونگچی ۔ **گنج مال یا ہار** (مذکر) گھونگچیوں کا ہار ۔

گنجان (ف ۔ صفت) ۱ گھنا ۔ پاس
پاس ۔ متصل ۔ موٹا دگنجیدن ۔ سمانا ۔ **گنجانی** (مونث)
پاس پاس ہونا ۔

گنجانا (ہ ۔ متعدی) ہاتھ سے ملانا ۔

گنجائش ۔ گنجایش (ف ۔ مونث) ۱
سمائی ۔ ٹھکانا ۔ جگہ ۔ بساط ۔ مقدور ۔ فائدہ ۔
بچت ۔ کفایت ۔ منفعت ۔ قابل وصول مالگزاری
وہ خراج جو وصول ہو سکے ۔ **گنجائش پذیر** (صفت)
سمانے کے قابل ۔ جو سما سکے ۔ **گنجائش رکھنا** (متعدی)
اتنی جگہ ہونا کہ اس میں سما سکے ۔ **گنجائشی** (صفت)
۱ وہ جس میں گنجائش ہو ۔ وہ اراضی جس میں اضافہ کی
گنجائش ہو ۔

گنجائی (ف ۔ مونث) کنسلائی ۔ ایک
کیڑا جو برسات میں پیدا ہوتا ہے ۔

گنجت (س ۔ صفت) بھنبھناہٹ

گنجرنا (ہ ۔ مذکر) ۱ گونجنا ۔ دھاڑنا
گرجنا ۔ غرانا ۔

گنجفہ (ف ۔ مذکر) ۱ تاش کا ایک
کھیل اس کے پتے گول ہوتے ہیں اس میں ۹۶ پتے

اور آٹھ رنگ ہوتے ہیں اور تین کھلاڑی کھیلتے ہیں یا ۲ گنجفے کے ورق (کھیلنا کے ساتھ) **گنجفہ ابتر ہونا** (لازم) گنجفے کے ناقص پتے حصے میں آنا۔ **گنجفہ باز** (مذکر) ۱ گنجفہ کھیلنے والا ۲ مکار۔ فریبی۔ چالباز۔ **گنجفہ بجھ جانا** (لازم)۔ بکسی کی بازی میں سر نہ رہنا۔ **گنجفہ ساز** (مذکر) گنجفہ بنانے والا۔ **گنجفہ کا ورق** (مذکر) گنجفہ کا پتہ۔ **گنجفہ کھیل جانا**۔ (متعدی) گنجفے کے وہ پتے جو سر ہوں ایک بار کھیل جانا۔

مثل۔ گنجفے کے تینوں کھلاڑی روتے ہیں۔ گنجفے کا ہر ایک کھلاڑی نقصان میں رہتا ہے۔ ہر ایک شکایت کرتا ہے کہ اس کے پتے اچھے نہیں۔

گنجلک (ف۔ مونث) ۱ شکن سلوٹ ۲ گانٹھ۔ گرہ۔ عقدہ ۳ مطالب کی پیچیدگی ۴ الجھن۔ الجھیڑ۔ جھگڑا۔ بکھیڑا (پڑجانا۔ پڑنا۔ مٹھانا۔ ڈنا وغیرہ کے ساتھ) **گنجلک کی باتیں** (مونث) پیچیدہ باتیں۔

گنجن (ھ۔ مذکر) ۱ حقارت۔ نفرت ۲ برا برتاؤ ۳ حقارت آمیز زبان یا الفاظ ۴ گالی۔ دشنام۔ **گنجنا** (متعدی) ۱ حقارت کا برتاؤ کرنا۔ بے عزتی کرنا۔ برا برتاؤ کرنا ۲ گالی دینا ۳ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔

گنجنی (ھ۔ مونث) ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔

گنجھا (ھ۔ صفت) ۱ سنجیدہ۔ گمبھیر ۲ معزز۔ بزرگ۔

گنجھیل (ھ۔ صفت) گانجا پینے والا۔

گنجی (ھ۔ مونث) ایک پودہ۔

گنجیا (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹا تھیلا ۲ بوری ۳ گاڑیبان یا گھسیارے کے اوزاروں کا تھیلا (گنج سے)۔

گنجیا (ہ۔ مونث) کانوں کی بالی۔ (س گنجک)۔

گنجیڑی۔ گنجیلی (ہ۔ مذکر) گانجا پینے والا۔

گند (ف۔ ہ۔ مونث) ۱ بدبو۔ عفونت ۲ نجاست۔ ناپاکی۔ غلاظت ۳ جھگڑا۔ بکھیڑا ۴ (پ) خراب اور نکمی چیز۔ کوڑا ۵ خس و خاشاک۔ کوڑا کرکٹ ۶ خرابی۔ **گندا** (صفت) ۱ ناپاک۔ نجس۔ غلیظ ۲ میلا ۳ بدبودار ۴ بگڑا ہوا سڑا ہوا ۵ بدزبان۔ فحش۔ وہ جو گالیاں دے ۶ چڑچڑا۔ برا۔ بد ۷ خراب۔ ناکارہ۔ نکما ۸ بیہودہ۔ **گندا آدمی** (مذکر) ۱ وہ شخص جو میلا رہے ۲ بدزبان آدمی ۳ وہ آدمی جو معاملے کا خراب ہو۔ **گندا انڈا** (مذکر) ۱ وہ انڈا جو بگڑ گیا ہو ۲ مجازاً بدچلن یا خراب بیٹا۔ **گندا پانی** (مذکر) ۱ میلا یا غلیظ پانی ۲ شراب ۳ پیشاب ۴ آنسو ۵ منی۔ **گندا پانی نکالنا** (متعدی) زنا کرنا۔ **گندا موبہ** (مذکر) ۱ وہ زرد چھوٹے چھوٹے بال جو طائروں کے بچوں کے نکلتے ہیں ۲ وہ بال جو اطفال کے بدن پر سب سے پہلے نکلتے ہیں۔ **گند بکنا** (پ۔ متعدی) گالیاں دینا۔ **گند پاک کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) دیکھو گند کاٹنا یا کٹنا۔ **گند پڑنا** (لازم)، **ڈالنا** (متعدی) ۱ میلا کرنا۔ کوڑا کرکٹ پھیلانا ۲ جھگڑا بکھیڑا ڈالنا۔ شرارت کرنا ۳ بد انتظامی کا موجب ہونا۔ **گند کاٹنا** (متعدی)، **کٹنا** (لازم) ۱ جھگڑا پاک ہونا فیصلہ ہونا ۲ پاپ کٹنا۔ مصیبت۔ رنج۔ محنت یا مشقت کا دور ہونا۔ **گندگی** (مونث) ۱ بدبو عفونت۔ سڑاندھ۔ بساندھ ۲ غلاظت۔ نجاست ناپاکی۔ میلاپن ۳ پاخانہ۔ لید۔ گوبر۔ **گندگی پھیلانا** (متعدی)، **پھیلنا** (لازم) ۱ نجاست پھیلنا۔ کسی مقام کا گندا ہونا ۲ بدبو پھیلنا۔ سڑاند ہونا ۳ برے خیالات کا پھیلنا ۴ نامہذب گفتگو کرنا۔ **گند نہ سہانا** (متعدی) کسی سے نفرت کرنا۔ کسی کی صحبت سے بھاگنا۔ **گندہ** (صفت) دیکھو گندا۔ **گندہ انڈا** (مذکر) دیکھو گندا انڈہ۔ **گندہ بروزہ** (مذکر) چیڑ کے درخت کا گوند۔ **گندہ بہار** (مونث) وہ بارش جو موسم سرما میں ہو۔ **گندہ پانی** (مذکر) دیکھو گندا پانی۔ **گندہ دماغ** (صفت) مغرور۔ متکبر۔ سرکش۔ **گندہ دہاں یا دہن** (صفت) وہ جس کے منہ سے بو آئے۔ **گندہ دہنی** (مونث) منہ کا بدبودار ہونا۔ **گندہ کام** (مذکر) ۱ میلا یا غلیظ کام ۲ خراب یا برا کام۔ حرام۔ زنا۔ بدکاری (کرانا۔ کرنا ہونا کے ساتھ) **گندہ کرنا** (متعدی) ۱ میلا کرنا ناپاک کرنا ۲ خراب کرنا ۳ زنا کرنا ۴ عصمت میں داغ لگانا۔ آبرو میں بٹا لگانا ۵ آلودۂ جرم کرنا۔ کسی جرم کی سزا میں قید یا جرمانہ کرنا۔ **گندہ کس** (صفت) وہ عورت جس کے اندام نہانی سے پانی جاری ہونے کی وجہ سے بو آتی ہو۔ **گندہ ہونا** (لازم) ۱ انڈے کا خراب ہو جانا ۲ ناقص ہو جانا۔ **گندی** (صفت مونث) ۱ گندا کی ۲ ایک قسم کی گالی جو لونڈی باندیوں کو دی جاتی ہے۔ **گندی بات** (مونث) ۱ شرم کی بات۔ غیر مہذب بات ۲ فحش بات۔ گالی۔ **گندی روح** (مونث) ۱ ناپاک روح۔ نجس روح ۲ وہ شخص جو ہر وقت گندی باتوں کی طرف متوجہ رہے **گندی زبان کرنا** (متعدی) فحش بکنا۔ گالیاں بکنا۔ **گندی گندی باتیں کرنا** (متعدی) ۱ گالیاں بکنا۔ بدزبانی کرنا ۲ بری بری باتیں زبان پر لانا۔ بے شرمی کی باتیں کرنا۔

مثل۔ گندی بوٹی کا گندہ شوربا ۱ بدوں کی بد اولاد ۲ برے کام کا برا نتیجہ

گندر (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا کیڑا جو چنے اور ارہر کو لگتا ہے۔

گندروپن (ھ۔ مونث) ہندو طوائف یا رقاصہ۔

گندک (ہ۔ مذکر) دیکھو گندھک۔

گندگی (س۔ مونث) دریائے گنڈک۔

گندگی (ف۔ مونث) موٹائی۔ کثافت۔

گندم (ف۔ مذکر) ۱ گیہوں۔ کنک ۲ بقول مسلمانوں کے وہ اناج جو حضرت آدم نے بہشت میں کھایا تھا۔ **گندم با** (مذکر) ایک قسم کا کھانا۔ حلیم۔ **گندم بریاں** (مذکر) بھنے ہوئے گیہوں۔ **گندم رنگ یا گوں** (صفت) گندمی گندم کے رنگ کا۔ سانولا۔ **گندم نما** (صفت) دھوکے باز۔ مکار۔ **گندم نما جو فروش**۔ وہ جس کا ظاہر کچھ اور ہو باطن کچھ اور۔ ریاکار۔ مکار۔ دغاباز۔ **گندم نمائی** (مونث) فریب۔ دغابازی۔ **گندمی** (صفت) گندم کے رنگ کا۔ سانولا۔

امثال واقوال۔ گندم از گندم بروید جو ز جو۔ جیسے اچھے برے افعال ہوتے ہیں ویسا ہی نتیجہ بھگتنا پڑتا ہے۔ **گندم اگر بہم نرسد**

دیکھیں) جو غنیمت اُست - بہت فائدہ نہ ہو تو تھوڑا ہی سہی -

گندنا (ف - مذکر) ایک ترکاری جو لہسن سے مشابہ ہوتی ہے -

گندوڑا (ہ - مذکر) کھانڈ کی ٹکیا جو خمیری نان کے برابر ہوتی ہے اور شادی کے موقع پر تقسیم کرتے ہیں -

گندہ (ف - مذکر) ۱ دیکھو گند کے تحت میں ۲ موٹا - دبیز ۳ فربہ - موٹا - **گندہ بدن** (صفت) فربہ - موٹا -

گندھ (س - مذکر) (ہ - مونث) ۱ بو - باس - مہک - سُگندھ ۲ کوئی خوشبودار چیز ۳ گھسا ہوا صندل ۴ صندل کا ٹیکا ۵ گندھک ۶ ہندی ۷ تھوڑی سی چیز - کسی چیز کی بو ۸ تعلق - رشتہ ۹ ہمسا ۱۰ غرور - تکبر - **گندھ بیل** (مونث) ایک قسم کی خوشبودار گھاس - لیمن گراس (انگ) **گندھراج** (مذکر) - ایک قسم کی چنبیلی - **گندھ سار** (مذکر) ۱ صندل کی لکڑی ۲ ایک قسم کی چنبیلی - **گندھوتی** (مونث) ۱ ایک قسم کی چنبیلی ۲ ایک قسم کی خوشبو

گندھار (س - مذکر) ۱ تیسرا سُر ۲ قندھار ۳ ایک قوم کا نام جو قندھار میں آباد تھی -

گندھاوٹ (ہ - مونث) بالوں کے گوندھنے کا انداز -

گندھرب - گندھرو (س - مذکر) ۱ راجہ اندر کے دربار کا گویا - یہ لوگ نصف دیوتا ہیں اور تمام دیوتاؤں کے یہاں جا کر گاتے بجاتے ہیں ۲ روح موت کے بعد اور دوسرے جنم سے پہلے ۳ ایک قسم کا گھوڑا ۴ ایک قسم کا ہرن ۵ رشی - منی ۶ وہ عمدہ گانے والا شخص - مغنی -

گندھرب بیاہ (مذکر) عورت اور مرد کا اپنی مرضی سے بغیر کسی رسم کے بیاہ کرنا - **گندھرو دیا یا وید** (مذکر) علم موسیقی - **گندھرو واہ** (مذکر) ایک قسم کی شادی جس میں رسومات یا رشتہ داروں کی مرضی کی ضرورت نہیں ہوتی - اس کی چھتریوں کو اجازت ہے -

گندھک (ہ - مونث) ایک غیر دھاتی عنصر جو سفید - زرد یا سرخ رنگ کا ہوتا ہے پانی سے ۲۰۰ گنا بھاری ہوتا ہے ۲ دیا سلائیوں کی نوکوں پر لگاتے ہیں اور بارود کا ایک جزو ہوتا ہے - کبریت - گوگرد - گندک - **گندھک کا تیزاب یا تیل یا عطر** (مذکر) ایک قسم کا تیزاب جو بہت تیز ہوتا ہے - **گندھکی** (مونث) کوئی کیڑا جس میں بدبو ہو -

گندھنا (ہ - لازم) گوندھنا کا -

گندھوانا (ہ - مم) گوندھنا کا -

گندھی (ہ - مذکر) ۱ عطر فروش - خوشبو ساز ۲ ہ - دیکھو گندھگی -

گندھیل (ہ - مونث) ایک پودا جسے گندھ بیل بھی کہتے ہیں -

گندھیلا (ہ - صفت) ۱ بودار - خوشبو دار - بدبودار ۲ ہندوؤں کی ایک رذیل قوم جو آوارہ پھرتی ہے -

گندی (ہ - مذکر) ۱ دیکھو گندھی ۲ دیکھو گند کے تحت میں -

گندیلا (ہ - مذکر) دیکھو گندر -

گندیلا (ہ - مذکر) ۱ گوند نکالنے والا ۲ وہ درخت جس میں سے گوند نکلے -

گنڈ (ہ - مذکر) گلے کا اگلا اوپر کا حصہ جو جبڑے کے نیچے ہوتا ہے -

گنڈ (ہ - مونث) گانڈ کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - **گنڈی - گنڈیا** (مذکر) ۱ گانڈو ۲ بزدل شخص ۳ کمزور آدمی - نامرد ۴ ایک گالی ۵ (صفت) نامرد - بزدل -

گنڈ (س - مذکر) ۱ گال ۲ چہرے کی ایک طرف ۳ پھوڑا - مہاسہ ۴ گلٹ - گھینگا ۵ نشان - داغ ۶ گینڈا (جانور) ۷ دسواں یوگ

گنڈ گوپال (مذکر) ایک شاعر - **گنڈ مالا** (مونث) گلے کے غدودوں کا پھول جانا -

گنڈا (ہ - مذکر) ۱ چھلا - کڑا - جوڑی ۲ حلقہ ۳ چار عدد (کوڑی پیسے روپے اشرفیوں کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے) ۴ وہ ڈورا جس میں منتر پڑھ کر گرہ دیتے جاتے ہیں ۵ وہ ڈورا جو بچوں کے ہاتھ پاؤں میں دفع نظر بد یا بیماری کے لئے باندھتے ہیں ۶ قد کی لمبائی کے کچے نیلے رنگ کے سات یا اکیس تار لے کر اس پر کچھ دم کیا جاتا ہے اور پھر گلے یا کمر میں باندھا جاتا ہے ۷ وہ نیلا ڈورا جو بٹ کر ہاتھ پاؤں میں باندھتے ہیں ۸ سفید پر جو کبوتر کے بازوؤں میں نکلتے ہیں ۹ وہ طوق جو پرندوں کے گلے میں ہوتا ہے ۱۰ گھوڑے کا پٹہ ۱۱ کوڑیوں اور گھونگروؤں کا حلقہ جو جانوروں کے گلے میں ڈالتے ہیں ۱۲ موقوف منحصر ۱۳ فرق - تفاوت ۱۴ نشان - داغ یا چوٹ ۱۵ سرکنڈا گھنا ۱۶ دائرہ یا حلقہ جو جادو کو روکنے کے لئے زمین پر کھینچ دیتے ہیں ۱۷ دھاگا جو گویّے - رقاصہ یا مداری اپنے شاگردوں کے بازوؤں پر باندھ دیتے ہیں (س - گنڈک)

گنڈا باندھنا (متعدی) گنڈا ۱، ۴، ۵، ۷، ۹، ۱۰، ۱۶ گلے میں لٹکانا - **گنڈا پٹا** (مذکر) گنڈا ۱۰ - **گنڈا پہنانا** (متعدی) **پہننا** (لازم) گنڈا گلے میں ڈالنا **گنڈا تعویذ** (مذکر) منتر جنتر - جادو ٹونا - جھاڑ پھونک (کرنا ہونا کے ساتھ) **گنڈے دار** (صفت) ۱ حلقہ دار ۲ دھاری دار ۳ بیچ میں سے سفید چھوٹا ہوا ۴ بغیر تسلسل - بے سلسلہ - بے ترتیب ۵ (تف) کبھی کبھی - **گنڈے دار آواز** (مونث) وہ آواز جو تان لیتے وقت ٹوٹ جائے - اور گویا چالاکی سے دوسرا پہلو پیدا کر کے اس کو آخر تک پہنچائے -

گنڈے دار نماز پڑھنا (متعدی) باقاعدہ نماز نہ پڑھنا - ناغہ کی نماز پڑھنا -

گنڈرا (ہ - صفت) لچا - شہدا - بدمعاش - غنڈا -

مثل - گنڈے چلے بزار ہنولے ڈھانک رکھیو - بدمعاش کوئی چیز نہیں چھوڑتے -

گنڈاسا (ہ - مذکر) ۱ چارہ کاٹنے کا اوزار ۲ تبر - پھرسا - **گنڈاسی** (مونث) چھوٹا گنڈاسا -

گنڈچا (س - مونث) وہ جگہ جہاں رتھ یاترا کے بعد جگن ناتھ جی کا بُت رکھا جاتا ہے -

گنڈرارا - گنڈرالا (ہ - مذکر) وہ جگہ جہاں بیلنے سے پہلے گنے رکھیں -

گنڈری (ہ - مونث) دیکھو ایندھوا -

گنڈک (س - مذکر) ۱ گینڈا (جانور) ۲ ایک قوم -

گنڈلا (ہ - مذکر) دیکھو گنڈلی - دائرہ -

حلقہ۔ گُنڈلی (مونث) ۱ وہ دائرہ جو سانپ بناکر بیٹھتا ہے ۲ حلقہ۔ کنڈلی۔ **گُنڈلی مار کر بیٹھنا** (لازم) سانپ کا حلقہ زن ہو کر بیٹھنا۔ **کُنڈلی مار کر سونا** (لازم) سکڑ کر سونا۔ گٹھڑی بن کر سونا۔ **گُنڈلی مارنا** (متعدی) سانپ کا حلقہ زن ہونا۔

گَنڈِھیلا (ھ۔ مذکر) ایک آوارہ گرد قوم۔

گَنڈی (ھ۔ مونث) ۱ جادو کا حلقہ ۲ وہ مٹی کا بند جو تالاب کے گرد بناتے ہیں۔

گَنڈیری (ہ۔ مونث) ۱ گانٹھ۔ گرہ ۲ چھلے ہوئے گنے کا چھوٹا سا ٹکڑا ۳ وہ گرہیں جو حقے میں نیچے کی بناوٹ میں لگائی جاتی ہیں۔ (س گنڈ۔ جوڑ) **گنڈیری دار** (صفت) ۱ رنگ برنگ کی چیز ۲ وہ حقے کا نیچا جس میں گرہیں ہوں ۳ حلقہ دار۔ دھاری دار۔

گَنڑ (ہ۔ مونث) گانڑ کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے (عف) **گنڑ پتر** (مذکر) گانڑ سے بنا ہوا لڑکا جو ناممکن بات ہے۔ **گنڑ جھپ** (صفت) گانڑ کی طرف جھکنے والا۔ گانڑ کے رخ کی کنی۔ **گنڑ جھپ کھانا** (متعدی، مجازاً) شرمانا۔ لجانا۔ کنیانا۔ **گنڑ چتڑیاں لڑانا** (متعدی) چوتڑ سے چوتڑ لڑانا۔ **گنڑ سل** (مذکر) گانڈو۔ **گنڑ غمزہ** (مذکر) بھونڈا غمزہ۔ **گنڑ گھسنی** (مونث) ۱ گھیسی۔ پاخانہ کرکے چوتڑوں کو زمین سے رگڑنا ۲ خوشامد۔ چاپلوسی (کرنا ہونا کے ساتھ) **گنڑیل** (مذکر) ۱ گانڈو ۲ (صفت) بزدل۔

گنڑاسا (ہ۔ مذکر) گنڈاسا۔

گَنَک (س۔ مذکر) گنک (ھ) ۱ وہ شخص جو گنے یا شمار کرے۔ حساب دان ۲ نجومی۔ منجم ۳ جنم پتریاں بنانے والا نجومی۔ **گنکی** (مونث) نجومی کی بیوی۔

گُنَک (ھ۔ مونث) مضروب فیہ۔

گَنکا (س۔ مونث) ۱ رنڈی۔ طوائف ۲ فاحشہ عورت ۳ ایک قسم کی چنبیلی۔

گَنکاٹا یا گَنکٹا (ھ۔ مذکر) وہ آدمی جو بیلن میں دینے کے لئے گنے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرے۔

گَنگ (س۔ مونث) ۱ گنگا ۲ ندی دریا۔ نالا۔ **گنگ برآر یا برآمد** (مونث) وہ زمین جو دریا سے نکلے خصوصاً گنگا سے۔ **گنگ اس** (مذکر) ایک مصنف۔ **گنگ ادت** (مذکر) مینڈکوں کا راجہ۔ **گنگ شکست** (مونث) وہ زمین جسے دریا بہالے جائے۔ **گنگوتری۔ گنگودبھیا** (مذکر) گنگا کا منبع۔ **گنگودک** (مذکر) گنگا جل۔ **گنگیش** (مذکر) تتوچنتامنی کا مصنف۔

مثل۔ **گنگ جہاں رنگ** جہاں گنگا کا پانی پہنچتا ہے۔ وہاں زمین بہت زرخیز ہوجاتی ہے اور لوگ مرفہ الحال ہوجاتے ہیں۔

گُنگ (ف۔ صفت) گونگا **گنگائی** (مونث) گونگا پن۔

گُنگ (ھ۔ مذکر) کانوں میں سائیں سائیں کی آواز۔

گَنگا (ہ۔ مونث) ۱ ایک دریا جو گنگوتری میں سے نکلتا ہے اور صوبجات متحدہ۔ بہار اور بنگال میں سے گزر کر خلیج بنگالہ میں جاگرتا ہے۔ لمبائی ۱۶۸۰ میل ہے۔ دریائے جمنا۔ گھاگرا۔ گنڈک۔ کوسی۔ سون۔ برہم پتر وغیرہ اس کے معاون ہیں۔ ہندو اسے بہت مقدس سمجھتے ہیں۔ ان کے بڑے بڑے میلے اس کے کنارے پر لگتے ہیں۔ مردوں کی ہڈیاں یہاں لاکر پھینکتے ہیں۔ اس میں سے دو بڑی نہریں نکلتی ہیں ۲ ہندو ناموں میں آتا ہے۔ جیسے گنگا رام گنگا دیوی۔ **گنگا اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) ۱ گنگا کو عبور کرنا ۲ کوئی مشکل کام کرنا۔ **گنگا اٹھانا** (متعدی) گنگا جلی ہاتھ میں لے کر قسم کھانا۔ **گنگا اشنان** (مذکر) گنگا میں نہانا۔ **گنگا الٹی بہنا** (لازم) الٹی بات یا کام ہونا۔ **گنگا باسی** (مذکر) دریا گنگا کے متصل رہنے والا شخص جو متبرک خیال کیا جاتا ہے **گنگا بہانا** (متعدی) کسی کام سے فراغت پانا۔ **گنگا بہنا** (لازم) فیض جاری ہونا۔ **گنگا پار** (تف) ۱ گنگا کی دوسری طرف ۲ (مذکر) وہ علاقہ جو گنگا کے دوسری طرف (اترنا جانا وغیرہ کے ساتھ) **گنگا پار** آتار دینا۔ دکھلا دینا۔ کر دینا یا کرنا (متعدی) جلاوطن کرنا۔ **گنگا تیلی** (مذکر) وہ تیلی جو راجہ بھوج کو ہاتھ پاؤں کٹنے کے بعد اٹھا کر لے گیا تھا۔ **گنگا جل** (مذکر) دریائے گنگا کا پانی جسے پوتر سمجھا جاتا ہے اور جاتری اپنے ہمراہ لے جاتے ہیں۔ **گنگا جلی** (مونث) وہ ظرف جس میں گنگا کا پانی رکھا جاتا ہے۔ **گنگا جلی اٹھانا** (متعدی) قسم کھانا۔ **گنگا جمنا** (مذکر) دو دریاؤں کا نام۔ جمنا گنگا کی معاون ہے۔ اور دونوں مقدس مانی جاتی ہیں۔ جمنا دوسرے درجے پر مقدس ہے ۲ (صفت) دو رنگا ملا جلا۔ **گنگا جمنی** (صفت) ۱ دو رنگا۔ ملا جلا ۲ سنہری روپہلی۔ سونے چاندی کا بنا ہوا ۳ (مونث) وہ چیز جس پر سونا اور چاندی کا کام ہو ۴ کان کا ایک زیور ۵ بیلوں کی دو رنگی جھول ۶ گھوڑوں کی دو رنگی گردنی، سیاہ اور سفید رنگ۔ ابلق ۷ ملی جلی دال۔ **گنگا دہائی** (مونث) گنگا جی کی قسم یا فریاد۔ **گنگا رام** (مذکر) ایک بہت بڑا لمبا جوتا جو اکثر تحصیلدار یا کوتوال رکھتے ہیں اور مالگزاری نہ دینے والوں اور ملزموں کو اس سے پیٹتے ہیں۔ اکبر کے زمانے سے اس کا رواج ہوا اور اب تک ہے۔ جس جوتے سے مسلمانوں کو مارتے ہیں اسے مولابخش کہتے ہیں۔ **گنگا ساگر** (مذکر) ۱ دہانۂ گنگ۔ وہ جگہ جہاں گنگا سمندر سے ملی ہے ۲ ہندوؤں کے استعمال کا ٹونٹی دار برتن۔ **گنگا کا میلہ** (مذکر) ۱ کوئی بڑا میلہ جو دریائے گنگا کے کنارے پر ہوتا ہے ۲ ہردوار کا میلہ۔ **گنگا کی مائیں پینڈ ہونا** (لازم) گنگا کی جانب قدم اٹھا کر قسم کھانا۔ **گنگا لابھ ہونا** (لازم) ۱ گنگا پر جاکر مرنا ۲ مکت ہونا۔ نجات پانا۔ **گنگالہ** (مذکر) وہ زمین جہاں تک دریائے گنگا کا چڑھاؤ پہنچتا ہے **گنگا ماتا یا مائی** (مونث) گنگا کو عزت سے کہتے ہیں۔ **گنگا مائی کی جے**۔ جاتری دریائے گنگا کے میلوں کو جاتے ہوئے یہ نعرے لگاتے ہیں۔ **گنگا مدار کا ساتھ**۔ ہندو مسلمانوں کا اتحاد **گنگا میں چراغ بہانا** (متعدی) ہندوؤں کا گنگا میں چراغ جلا کر چھوڑ دینا۔ ایک قسم کی منت ہے۔ **گنگا نصیب ہونا** (لازم) گنگا جی پر مرنا بیکنٹھ ہوجانا۔ **گنگا نہا آئی**۔ پاک و صاف ہوگئی۔ **گنگا نہان** (مذکر) دیکھو گنگا اشنان۔ **گنگا نہانا** (متعدی) ۱ دریائے گنگا میں اشنان کرنا ۲ کسی مشکل کام کو انجام پر پہنچانا ۳ گناہ سے پاک ہونا۔ پاپ دور ہونا ۴ قرضہ سے سبکدوشی حاصل ہونا ۵ بیٹی کے فرض سے ادا ہونا ۶ ثواب کمانا۔ پن کمانا۔ **گنگا نہائے** ۱ بڑا پاپ کٹا۔ بڑی مہم طے ہوئی ۲ بڑا پن یا ثواب کمایا۔ **گنگا ہاتھ پر رکھنا** (متعدی) گنگا جلی کی شیشی ہاتھ

پر رکھ کر قسم کھانا - گنگا یاترا (مونث) ۱ گنگا کو نہانے کے لئے جانا ۲ قریب المرگ آدمی کو دریائے گنگا کے کنارے پر پہنچانا -

امثال واقوال - گنگا بھی جائے کلوارن چھاتی پیٹے - کلواروں پر طنز ہے کہ اتنا پانی ضائع ہو رہا ہے کاش وہ شراب میں ملاکر بیچتی - گنگا جان ہار بھاگیرتھ کے سر پڑی - دیکھو گنگا کو ۲ نالخ - گنگا کس کی کھدائی ہے ۱ یہ کام آپ ہی ہوا ہے یا بغیر تدبیر کے ہوا ہے ۲ بیوقوفی کا سوال - گنگا کو آنا تھا - بگیرتھ کو (کے سر) جس ہوا - کوئی بات ہونیوالی تھی مگر ناموری قسمت سے کسی کی ہوگئی - کہتے ہیں کہ راجہ بھاگیرتھ کے بیٹے قتل ہوگئے تھے - اس نے ان کی مکتی کے لئے تپسیا کی کہ آکاس گنگا زمین پر آجائے - چنانچہ اس کی دعا سے وہ زمین پر آئی اور شوجی نے اسے اپنے سر پر لیا تاکہ زمین شق نہ ہو جائے - گنگا کے میلے میں چکی رہے (کا کیا کام) کو کون پوچھے - ۱ بے محل اور بے موقع کام کی قدر نہیں ہوتی ۲ بڑوں کے مجمع میں ادنے کو کوئی نہیں پوچھتا - گنگا گئے منڈ آئے بدھ (سر) جہاں سے آدمی بلا نقصان نہ آئے وہاں کہتے ہیں - کچھ نہ کچھ کھو کر نئے - گنگا نہائے پھل ہوئے تو مینڈک مچھلیاں تر جائیں - دیکھو گنگا نہائے مکت لخ - گنگا نہائے کیا پھل پائے - مونچھ منڈائے گھر کو آئے - طنز ہے کہ گنگا میں نہانے سے کیا ہوتا ہے - صرف مونچھیں منڈ جاتی ہیں - گنگا نہائے مکت ہوئے تو مینڈک مچھلیاں - مونڈ منڈائے سدھ ہوئے تو بھیڑ کپٹیاں - اگر گنگا میں نہانے سے مکتی ہوتی ہے تو مینڈک اور مچھلیوں کی ہونی چاہئے جو اسی میں رہتے ہیں - اگر سر منڈانے سے ہوتی ہے تو بھیڑ کی ہونی چاہئے جو ہر سال منڈتی ہے مذہب کی ظاہری باتوں پر طنز ہے -

گنگال (ہ - مذکر) پانی کا دھات کا بنا ہوا بڑا برتن -

گن گن (ہ - مونث) ۱ آہستہ آہستہ گانا یا پڑھنا ۲ بھنبھناہٹ ۳ اپنے آپ باتیں کرنا ۴ ناک میں بولنا - گنگناٹ - گنگناہٹ (مونث) گن گن -

گنگنا (ہ - امر) ۱ گنگنانا کا ۲ (صفت) وہ جو ناک میں بولے ۳ نیم گرم (س کوزن - آواز نکلنا) گنگنانا (متعدی) ۱ ناک میں بولنا ۲ آہستہ آہستہ گانا یا پڑھنا ۳ خود بخود باتیں کرنا - گنگنا بولنا (متعدی) ناک میں بولنا - غنغنانا - گنگناپن (مذکر) تھوڑی سی گرمی -

گنگوتری (ہند) ریاست گڑھوال میں دریائے گنگا کے منبع کے قریب ایک مندر جو سطح سمندر سے ۱۰۳۱۹ فٹ کی بلندی پر ہے -

گنم (ہ - مذکر) منہ کی بدبو - بودار سانس -

گننا (ہ - متعدی) ۱ تعریف کرنا - ثنا کرنا ۲ سوچنا - غور کرنا ۳ مشق کرنا ۴ ضرب دینا -

گنوا (ہ - امر) گنوانا کا (س گم - کھونا) گنوا دینا - گنوانا (متعدی) کھونا - برباد کرنا - ضائع کرنا - گنواؤ (صفت) ضائع کرنے والا گنوانیوالا فضول خرچ -

گنوار (ہ - صفت) ۱ گاؤں کا رہنے والا ۲ بیوقوف - مورکھ - نادان ۳ ان پڑھ - جاہل ۴ وحشی جنگلی ۵ اجڈ - اکھڑ ۶ بے تمیز - ناشائستہ ۷ بے سلیقہ پھوہڑ ۸ ناتجربہ کار - ناواقف - اناڑی ۹ (مذکر) دہقان - روستائی - کسان - زمیندار (گانو سے) گنوارپن (مذکر) ۱ جہالت - اناڑی پن ۲ بے سلیقگی پھوہڑپن ۳ بیوقوفی - نادانی ۴ بدتہذیبی - ناسمجھی گنوار کا لٹھ (مذکر) ۱ دیہات کی بڑی اور موٹی لاٹھی ۲ (صفت) ناتراشیدہ - غیر مہذب - کندہ ناتراش ۳ بے تمیز - بے سلیقہ - پھوہڑ ۴ جاہل - اجڈ ۵ بیوقوف احمق - گنوارو (مذکر) ۱ گنوار ۲ (صفت) گنواروں کا سا - بدنما - بھدا - بدزیب - گنواری (صفت و مونث) ۱ گنوار کی ۲ گنوار کی سی - گنواری باتیں (مونث) دہقانوں کی سی باتیں - گنواری بولی (مونث) گنواروں کی بولی - کچی بولی - دہقانی زبان -

امثال واقوال - گنوار کا بانسا توڑ دے ہانسہ - گنوار کا ہانسہ توڑے پانسا - بیوقوف کا مذاق نقصان دہ ہوتا ہے گنوار کو گانٹھ کا دیجے عقل نہ دیجے - گنوار کو نقد دیدینا چاہئے نصیحت نہیں کرنی چاہئے کیونکہ اس پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوتا - گنوار کی عقل گدی میں ہوتی ہے - جب تک جوتے نہ لگیں سیدھا نہیں ہوتا - گنوار گنا نہ دے بھیلی دے - بیوقوف خست کر کے نقصان اٹھاتا ہے - گنوار گوں کا یار - خودغرض آدمی اپنے مطلب کا یار ہوتا ہے - گنوار گنتوں کا یار - خودغرض کی نسبت کہتے ہیں -

گنور (ہ - مذکر) گنوار کا مخفف - مرکبات میں - گنوردل (مذکر) گنواروں کا مجمع -

گنوری (ہ - مونث) ۱ بڑا ناگر موتھا ۲ سر گنڈہ - سر - نے -

گنہ (ف - مذکر) گناہ کا مخفف - مرکبات کے لئے دیکھو گناہ کے تحت میں -

گنی (س - مونث) ۱ گنتی - شمار - حساب لگانا ۲ اندازہ ۳ فیصلہ -

گنی (انگ - مونث) بوری (گنی بیگ کا مخفف -

گنی (انگ - مونث) سونے کا ایک سکہ جو ۲۱ شلنگ کا ہوتا ہے -

گنی (ہ - متعدی) ایک قسم کا کپڑے کا کوڑا جس سے عورتیں ایک دوسری کو ہولی کے موقع پر مارتی ہیں -

گنیا (ہ - مذکر) ۱ بڑھئی کا ایک اوزار جو لکڑی کا کونا سا بنا ہوتا ہے جس سے لکڑی کے کونوں یا دیواروں کو سدھ کرتے ہیں ۲ ایک اوزار جس سے چیزوں کو سیدھا کرتے ہیں ۳ مضروب فیہ - (س گنیہ)

گنیل (ہ - مونث) ایک قسم کی گھاس جس کے چھپر باندھتے ہیں -

گو (ف - مذکر) ۱ کھائی ۲ غار - سوراخ گڑھا ۳ جنگلی جانور کا بھٹ ۴ شجاع - پہلوان ۵ سردار - حاکم ۶ سوراج -

گو (دکنی - مذکر) چار کوس -

گو (ہ - مونث) گائے - گوپال (مذکر) گائے کو پالنے والا - گوپتر (صفت) سادہ لوح - بیوقوف - گوسال - سالہ - شال یا

شالہ (مذکر) گایوں کے رہنے کا مکان۔ گواری۔
گوکوس (مذکر) وہ فاصلہ جہاں تک گائے کی آواز
سنائی دے۔ **گوگھاٹ** (مونث) دریا یا تالاب
کی وہ جگہ جہاں گائیں پانی پئیں۔ **گولوچن** (مذکر)
ایک زرد رنگ جو گائے کے پیشاب یا پت سے
تیار کرتے ہیں۔ اس کا تلک لگاتے ہیں اور دوائیوں
میں استعمال کرتے ہیں۔ **گوماس** (مذکر) گائے کا
گوشت۔ **گومکھ** (مذکر) ۱ گانے کا ایک ساز ۲
ایک قسم کی سیند یا نقب جو چور لگاتے ہیں ۳ تھیلی
جس میں مالا رکھتے ہیں۔ **گوموتر** (مذکر) گائے کا
پیشاب جو ہندو بہت متبرک سمجھتے ہیں۔ اور
خاص خاص موقعوں پر پیا جاتا ہے۔ **گوہتیا** (مونث)
گائے کشی۔ گائے کو مارنے کا گناہ۔

گو (ہ۔ مذکر) انسان کا پیخانہ۔ چرک
گوہ۔ براز۔ فضلہ۔ میلا۔ چھی چھی۔ نجاست۔ غلاظت
۔ پلیدی (س گ۔ پاخانہ کرنا) **گو اٹھانا** (متعدی)
۱ پیخانہ کمانا۔ نجاست ہٹانا ۲ بہت خدمت کرنا۔
نہایت اعتقاد کی وجہ سے ذلیل کام کرنا۔ **گو اٹھنا**
(لازم) ذلیل خدمت ہونا۔ **گو اچھالنا** (متعدی)
بری بات کی شہرت کرنا۔ بدنام کرنا۔ **گو اچھلنا**
(لازم) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔ **گو اچھلوانا**
(م) ۱ رسوائی کرانا۔ بدنام کرانا ۲ بدنامی لینا۔ رسوائی
لینا۔ **گو پر مٹی ڈالو**۔ فتنہ فساد دبا دو۔ جانے دو۔
طے کر دو۔ **گو تھاپتے پھرنا** (لازم) دیوانہ وار
پھرنا۔ سودائی بنا پھرنا۔ **گو تھاپنا** (متعدی) دیوانہ
ہونا۔ پاگل ہونا۔ ہوش میں نہ رہنا۔ **گودر گو**
(صفت) خراب سے خراب۔ برے سے برا۔
نہایت نجس۔ نہایت پلید۔ **گو سے گھناؤنا**
کرنا (متعدی) بہت ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ کراہیت
کی نظر سے دیکھنا۔ **گو سے نکال کر موت میں**
ڈالنا (متعدی) بہت ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔
گو کا پتلا ہے۔ ابھی چھوٹا بچہ ہے۔ **گو کا ٹوکرا**
(مذکر) ۱ گو سے بھرا ہوا ٹوکرا ۲ بدنامی کا ٹوکرا۔ بیجا
بدنامی۔ **گو کا ٹوکرا سر پر اٹھانا** (متعدی)
برائی سر پر لینا۔ **گو کا ٹوکرا سر سے اتارنا یا**
پھینکنا (متعدی) بدنامی کی بات دور کرنا۔ بدنامی
رسوائی یا ذلت سے بچنا۔ **گو کا چوتھ** (مذکر) ۱ میلے کا
ڈھیر ۲ بدنما ڈھیر۔ گوبر گنیش۔ **گو کا کیڑا** (مذکر) ۱ وہ
کیڑا جو فضلہ میں پیدا ہوتا ہے۔ کرم ۲ انسان کا چھوٹا
نوزائیدہ بچہ۔ **گو کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ بگنا
۲ میلا کر دینا۔ **گو کھانا** (متعدی) ۱ نجاست کھانا
۲ دروغ گوئی کرنا۔ جھوٹ بولنا ۳ جھک مارنا۔
بکنا ۴ زنا کرنا۔ اغلام کرنا۔ برا کام کرنا ۵ رشوت
کھانا ۶ غیبت کرنا۔ نندا کرنا ۷ چوسر کی گوٹ کا
اس خانے میں آ جانا جہاں سے چال شروع ہوتی ہے۔
اور پھر بغیر پو آئے نہ اٹھنا یا دوسرے کے پو آنے پر
مر جانا۔ **گو کی طرح چھپانا** (متعدی) بہت
چھپانا۔ کمال احتیاط سے رکھنا۔ چھپاتے پھرنا۔
گو موت کرنا (متعدی) بچے کی بہت خدمت
کرنا۔ چھوٹے بچے کا گو موت دھونا۔ **گو منہ میں**
دینا (متعدی) جھوٹا ثابت کرنا۔ ذلیل کرنا۔ **گو**
میں گھسیٹا۔ ذلیل کر دیا۔ خوار کیا۔ طعنے دیئے۔
گو میں نہانا (لازم) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔
گو میں نہلانا (متعدی) ۱ فضیحت کرنا۔ ذلیل
کرنا ۲ شرمندہ کرنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ **گو نکال دیا**۔
مار اپیٹا۔ **گو نہ کھا** ۱ جھوٹ نہ بول ۲ بکواس نہ کر۔
جھک نہ مار ۳ غیبت نہ کر۔ **گو ہو جانا** (لازم)
میلا ہو جانا۔

امثال و اقوال

گودر گو مرغی کا گو۔ سب سے خراب۔ **گو کا پوت**
نوسادر۔ سگ زرد برادر شغال۔ دونوں ایک
جیسے ہیں۔ **گو کا کیڑا گو ہی میں خوش رہتا**
ہے ۔ جو شخص جیسی صحبت میں پلا ہوتا ہے۔ ویسی
ہی صحبت اسے بھلی معلوم ہوتی ہے۔ **گو کھائے**
کال نہیں کٹتا۔ ایمان بگاڑنے سے مصیبت
دور نہیں ہوتی۔ **گو کی دارو موت اور موت**
کی دارو گو۔ **گو کی دوا موت**۔ اُدنے کا بدلہ
لوہے کو لوہا کاٹتا ہے۔ **گو میں ڈھیلا پھینکو**
(ڈالیں) نہ چھینٹیں پڑیں۔ **گو میں ڈھیلا**
پھینکیگا سو چھینٹے کھائے گا۔ **گو میں ڈھیلا**
ڈالے نہ چھینٹیں پڑیں۔ رذالے کو چھیڑے گا
سو گالیاں سنے گا۔ شریر یا رذیل سے مقابلہ کرے
نہ ذلت اٹھائے۔ **گو میں کوڑی گرے تو دانتوں**
سے اٹھاتا ہے۔ بہت بخیل ہے۔ از حد کنجوس
ہے۔ **گو میں کوڑی گری تو دانتوں سے**
اٹھا لونگا۔ اپنا حق نہ چھوڑونگا۔ کوڑی کوڑی
وصول کرونگا۔ **گو نہیں چھی چھی**۔ دونوں
طرح کی ذلت یا رسوائی میں کوئی فرق نہیں۔

گو (س۔ مذکر) ۱ بیل ۲ گایوں کا ریوڑ
۳ گائے کی بھینٹ ۴ بجلی صاعقہ ۵ آسمان ۶ بہشت
۔ سرگ ۷ سورج ۸ چاند ۹ کوئی عضو ۱۰ بدن کے
بال ۱۱ پانی ۱۲ (جمع) سورج کی کرنیں ۱۳ (مونث)
گائے ۱۴ بولنا۔ گفتگو ۱۵ زمین۔ دنیا ۱۶ ماں ۱۷
طرف یا جانب جیسے مشرق۔ مغرب وغیرہ ۱۸ آنکھ
۔ تیر ۱۹ گوری ۲۰ پایا ہوا۔ حاصل کیا ہوا ۲۱ حلیم۔ نیک
۲۲ بے ضرر۔ بے زبان ۲۳ سادہ۔ **گوپ** (مذکر)
ہندوؤں میں ایک ذات جو گوالوں کا کام کرتی ہے
۔ اہیر۔ گوجر۔ گوالا۔ اس قوم کا ایک فرد ۲ دودھ
دہی بیچنے والا ۳ محافظ ۴۔ **گوپال** (مذکر) ۱ گوالا ۲
راجہ۔ **گوپالکا** (مونث) ۱ گوالن ۲ گوبر کا کیڑا۔
گوپتی (مذکر) ۱ گایوں کا سردار۔ راجہ ۲ بیل ۳
گوالوں کا سردار۔ **گوپورہ** (مذکر) شہر کا دروازہ
۲ مندر کا دروازہ ۳ پھاٹک۔ **گوپی** (مونث)
گوپ کی بیوی ۲ گوالوں کی لڑکیاں جن کے ساتھ
کرشن جی بچپن میں کھیلا کرتے تھے ۳ دودھ بیچنے والی
عورت۔ گوالن۔ **گوترا** (مونث) گائیوں کا گلہ
۔ **گوتر دیوتا** (مذکر) خاندان کا دیوتا۔ **گودان**
(مذکر) گائے کی خیرات۔ **گودھن** (مذکر)
۱ مویشی کی ملکیت ۲ گائیوں کے رہنے کا مقام
۳ چوڑے پیکان کا تیر۔ **گورکش** (مذکر) ۱ گائیوں کو
پالنا یا ان کی حفاظت کرنا ۲ گوالا ۳ گورکھا ۴
گورکشا (مونث) ۱ گائیوں کی حفاظت کرنا۔
گائیوں کو پالنا ۲ گوالے کا پیشہ **گوستھان** (مذکر)
گائیوں کے رہنے کی جگہ۔ **گوسوامی** (مذکر) ۱
گائیوں کا مالک ۲ گسائیں۔ **گوشالہ** (مذکر)
گائیوں کے رہنے کی جگہ۔ **گوشٹھ** (مذکر) گوشالہ
۲ گوشٹھی (مونث) جلسہ۔ **گوکرن** (مذکر) گائے
کا کان ۲۔ **گوکل** (مذکر) ۱ گائیوں کا ریوڑ ۲
گوشالہ۔ **گوکھا** (مونث) گائے کی کھال
(موچیوں کی اصطلاح) **گومت** (صفت) ۱ جس
کے پاس بہت سی گائیں ہوں ۲ جہاں بہت گائیں

ہوں ۲ گائیوں کی ملکیت **گومتی** (مونث) وہ جگہ جہاں بہت سی گائیں ہوں **گووند** (مذکر) گائیوں کا رکھوالا - گوالا ۲

مثل - گوکل میں کانہا - نہایت موزوں -

گو (ف - امر) ۱ گفتن کا - کہو ۲ (صفت) کہنے والا - بتانے والا مرکبات میں جیسے خوش گو - داستان گو ۳ (مذکر) گیند ۴ تکمہ ۵ (حرف ربط) ہر چند اگرچہ - **گومگو** (صفت) ۱ ناگفتنی - نہ کہنے کے قابل ۲ خفیہ - پوشیدہ - مخفی ۳ مبہم - مشتبہ - مشکوک ۴ (مذکر) شک و شبہ - پس و پیش ۵ (تف) چھپ کر در پردہ - **گومگو رکھنا** (متعدی) خفیہ رکھنا - پردے میں رکھنا - **گوئی** (مونث) ۱ کہنا - بولنا ۲ گفتگو - بات چیت (مرکبات میں جیسے راست گوئی) ۳ نعت - **گوئے** (مذکر) گیند - مرکبات میں بجائے گو اضافت کے ساتھ - **گوئے باز** (صفت) ۱ گیند کھیلنے والا ۲ (ف) پینے کے ... کا نام - **گوئے بازی** (مونث) ۱ گیند کھیلنا ۲ مارا مارا پھرنا - **گوئے ساکن** (مذکر) زمین - **گوئے سبقت لیجانا** (متعدی) بڑھ جانا - کسی کام میں فوقیت لیجانا - **گوئے زر** (مذکر) سورج - **گوئے سیم** (مذکر) چاند - **گوئے گریبان** (مذکر) گریبان کا تکمہ - **گویا** (صفت) ۱ بولنے والا ۲ خوش گفتار ۳ (تف) غالباً ظاہراً ۴ مانند - مثل - ہو بہو ۵ تسلیم کرو - فرض کرو ۶ (مذکر) حیوان ناطق - انسان - **گویائی** (مونث) ۱ بولنے کی طاقت - گفتار - نطق ۲ گفتگو - بول چال بات چیت - **گوینده** (صفت) ۱ کہنے والا ۲ (مذکر) مخبر - جاسوس -

امثال - گویا ان تلوں میں تیل نہیں - روکھے اور بے مروت ہیں - طوطا چشم ہیں - **گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل** - کرتے دھرتے کچھ نہیں بنتی - اس وقت کہتے ہیں جب کسی بات کے کہنے یا نہ کہنے میں نقصان ہو -

گوا - گوآ (ھ - مذکر) ۱ گوبر ۲ (صفت) حفاظت کیا ہوا - محفوظ ۳ خفیہ - نہاں ۴ (مونث) تیاری -

گوار (ف - صفت) ۱ ہضم ہونے کے قابل - جلد گلے سے اتر جانے والا ۲ مزاج کے موافق - پسند - مرکبات میں جیسے خوشگوار - ناگوار (گواریدن ۳ ہضم کرنا) **گوارا** (صفت) ۱ ہاضم زود ہضم ۲ خوش ذائقہ - لطیف ۳ پسندیدہ - مرغوب **گوارا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ برداشت ہونا - سہا جانا ۲ منظور ہونا - مانا جانا - **گوارش** (مونث) کوئی چیز جو ہضم کرائے - چورن -

گوار (ہ - مونث) ایک پودہ اور اس کی پھلی جو مویشی کو دودھ زیادہ کرنے کے لئے دی جاتی ہے (س - گوپالی) **گوار کی پھلی** (مونث) اس پودے کا پھل - **گواری** (مونث) گوار -

مثل - گوار کھائے گنوار - آدمی کی خوراک اس کی حیثیت کے موافق ہوتی ہے -

گواری (ھ - مونث) ۱ گوشالہ گائیوں کے رہنے کی جگہ ۲ مکان - محل ۳ خاندان - کنبہ -

گواسا (ھ - مونث) وہ جگہ جہاں مویشی کو ذبح کریں - مذبح خانہ -

گواک (س - مذکر) سپاری کا درخت -

گوال (ھ - مذکر) وہ زمین جہاں مویشی چریں -

گوال - گوالا (ہ - مذکر) ۱ ہندوؤں کی ایک ذات جو گائیں رکھتی ہے اور دودھ دہی گھی وغیرہ بیچتی ہے ۲ گائیوں کا رکھوالا (س گو - گائے) **گوالا (گوال) بال** (ھ) گوالے کا بچہ **گوال لوگ** (ھ) گوالے - **گوالن** (مونث) **گوالنی** (ھ) گوالا قوم کی عورت ۲ گوالے کی بیوی - دودھ دہی بیچنے والی **گوالی** (مونث) ۱ گوالن ۲ گوالے کا پیشہ ۳ (مذکر) گوالا -

امثال واقوال - گوالن اپنے دہی کو کھٹا نہیں کہتی - اپنی چیز کو کوئی برا نہیں کہتا - **گوالے کا دہی حھتوں کی بھینٹ** کام کسی کا تعریف کسی کی -

گوانو (انگ - مذکر) پرندوں کی بیٹ کا کھاد جو جنوبی امریکہ اور بحر الکاہل کے جزیروں میں پایا جاتا ہے -

گواہ (ف - مذکر) ۱ شہادت دینے والا - شاہد - **گواہ بلانا** (متعدی) پولیس یا مجسٹریٹ کا شہادت کے لئے گواہ طلب کرنا - **گواہ بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) ۱ شاہد ٹھیرنا - شہادت دینے کے لئے تیار ہونا ۲ جھوٹا گواہ بننا - **گواہ بے لوث** (مذکر) وہ گواہ جسے کسی فریق کی طرفداری منظور نہ ہو - **گواہ تعلیمی** (مذکر) سکھایا ہوا گواہ - **گواہ توڑ لینا یا توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) ۱ گواہ کا بگڑ جانا - فریق مخالف سے سازش کر لینا ۲ کسی کے گواہ کا اس کے خلاف گواہی دینا - **گواہ حاشیہ** (مذکر) وہ گواہ جو کسی تحریر کے حاشیہ پر اپنے دستخط کر دیتا ہے - **گواہ دینا** (متعدی) اپنے دعوے کے ثبوت میں گواہ پیش کرنا - **گواہ رکھنا** (متعدی) کسی دعوے کے ثبوت کے لئے گواہ پہنچا سکنا - **گواہ رویت** (مذکر) وہ گواہ جس نے اپنی آنکھ سے کوئی واقعہ دیکھا **گواہ سماعی یا سمعی** (مذکر) وہ گواہ جو سنی ہوئی بات کی شہادت دے - **گواہ شاہد** (مذکر) دیکھو گواہ رویت معاملہ دیکھا ہو - **گواہ طلب کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) گواہ کا عدالت میں بلایا جانا - **گواہ کا نکر جانا** (لازم) گواہ کا شہادت نہ دینا - **گواہ کا مل جانا** (متعدی) گواہ کا فریق ثانی سے سازش کر جانا **گواہ کرنا** (متعدی) ۱ کسی کو کسی امر میں شاہد بنانا ۲ آگاہ کرنا - جتانا - **گواہ لانا** (متعدی) کسی معاملے کی شہادت پیش کرنا - **گواہی** (مونث) گواہ کا بیان - شہادت - شاہدی - **گواہی الٹی ہو جانا** (لازم) شہادت کا برخلاف ہونا - **گواہی دینا** (متعدی) شہادت دینا - اظہار دینا - **گواہی شاہدی** (مونث) گواہی - **گواہی کرنا یا لکھنا** (متعدی) کسی دستاویز پر اپنی شہادت کے دستخط بنانا - **گواہ مشاہدہ** (مذکر) دیکھو گواہ رویت -

مثل - گواہ چست مدعی سست - جس کا کام ہے وہ پروا نہیں کرتا - دوسرے کو فکر ہے -

گوائی (ہ - مونث) گانے کی اجرت (گانا سے)

گوبر (ہ - مذکر) ۱ گائے بھینس کا فضلہ - سرگیں - اس کے اپلے بنا کر جلاتے ہیں اور مٹی میں ملا کر پلستر کرتے ہیں - ہندو گائے کے گوبر کا پلستر چوکے میں کرتے ہیں پھر کھانا کھاتے ہیں ۲ (صفت) بدمزہ - پھیکا (عف) (س گو - گائے) **گوبرار** (ھ - مذکر) وہ جگہ جہاں گوبر جمع کرتے ہیں - گوبر کا ڈھیر - **گوبر کرنا** (متعدی) گائے یا بھینس کا ہگنا - **گوبر کی سانجھی** (مونث) خشک گوبر کی چھوٹی سی مورتی جو ہندو لڑکیاں

بھادوں کے مہینے میں بناتی ہیں۔ **گوبر گنیش** (مذکر) ۱گنیش جی کا گوبر کا بت جو ہندو کوئی کام شروع کرنے سے پہلے بنا کر پوجتے ہیں ۲مضغہ گوشت۔ ہیولا ۳مفت نہایت بدصورت۔ بدنما۔ بے ڈول۔ بھدا ۴سست کاہل۔ مجہول ۵موٹا۔ فربہ ۶بیوقوف۔ احمق۔ **گوبر نکال دیا**۔ بہت سزا دی۔ **گوبروئی** (ھ۔ مونث) اپلوں کا ڈھیر۔ بٹوری۔ **گوبروندا** (مذکر) دیکھو گوبریلا۔ **گوبری** (مونث) بہت پتلی مٹی جس میں گوبر ملا کر پوتا پھیرتے ہیں (پھیرنا کرنا کے ساتھ) **گوبریلا** (مذکر) گوبر کا کیڑا۔

مقولہ۔ گوبر کی سانجھی بھی پھریا اوڑھے اچھی لگتی ہے۔ بدشکل سے بدشکل بھی بناؤ سنگار کی وجہ سے خوبصورت معلوم دیتی ہے۔

گوبند (ہ۔ مذکر) دیکھو گووند جس کا یہ مخرب ہے۔

گوبھی (ہ۔ مونث) **گوبی** (ھ) ۱ایک ترکاری کا نام جو کئی قسم کی ہوتی ہے ۱پھول گوبھی اس میں درمیان سے ایک بڑا پھول نکلتا ہے۔ جسے ابال یا پکا کر کھاتے ہیں۔ کالی فلاور (انگ) ۲بند گوبھی یا کرم کلا اس میں بجائے پھول کے سبز پتوں کا نوکدار یا گول گیندسا درمیان میں بن جاتا ہے۔ ان پتوں کو ساگ کی طرح پکاتے ہیں۔ کیبیج (انگ) ۳گانٹھ گوبھی۔ اس میں تنا بیچ میں سے پھول کر گول ہو جاتا ہے۔ اس گول حصے کو شلغموں کیطرح پکاتے ہیں۔ کول ربی (انگ) ۴بٹن گوبھی۔ اس میں ہر پتے کے پاس چھوٹے چھوٹے گیند سے پھوٹتے ہیں جو پتوں کا مجموعہ ہوتے ہیں۔ انہیں ساگ کی طرح پکاتے ہیں۔ یہ سب سے زیادہ لذیذ ہوتے ہیں۔ مگر ان کا رواج ہندوستان میں کم ہے۔ برسلز سپروٹ (انگ) گنجفہ میں ایک اصطلاح۔

گوپ (ھ۔ مونث) ۱سونے چاندی کے تاروں کی گندھی ہوئی زنجیر ۲سونے کا ہار ۳سونے چاندی یا صرف سونے کی پہنچی ۴گندھے ہوئے ریشم کا کمربند ۵زنجیرے کی سلائی ۶دیکھو گو کے تحت میں۔

گوپال (ف۔ مذکر) ۱لڑائی کا ایک ہتھیار۔ گرز۔ عمود۔ لوہے یا لکڑی کا تخت ۲ایک تورانی کا نام۔

گوپال (س۔ مذکر) دیکھو گو۔ کے تحت میں۔

گوپن (س۔ مذکر) **گوپنا** (مونث) ۱حفاظت کرنا ۲حفاظت۔ بچاؤ ۳چھپانا۔ اخفا۔

گوپن۔ گوپھن (ہ۔ مذکر) **گوپھنا** (ھ) **گوپھیا** (ھ) **گوپیا**۔ فلاخن۔ وہ رسی کا بنا ہوا ہتھیار جس میں پتھر رکھ کر دشمن پر پھینکتے تھے۔ اب مٹی کی گولی رکھ کر جانوروں کو مارتے ہیں۔ (س۔ گوپن۔ حفاظت کرنا)

گوت (ہ۔ مذکر) **گوتا** (ھ) ۱خاندان نسل۔ سلسلہ۔ حسب نسب۔ گھرانہ ۲خاندانی نام ۳ذات ۴ایک ذات کی تقسیم ۵قسم۔ نوع (س گوتر) **گوتی۔ گوتیا** (صفت) ۱خاندان کا۔ خاندان کے متعلق ۲ایک ہی خاندان یا نسل کا ۳رشتہ دار۔ نزدیکی۔ **گوتی بھائی** (مذکر) رشتہ میں بھائی۔

مثل۔ گوتی ناتی قلیا چپاتی۔ قرابتی مہمان کی تواضع کو قلیا چپاتی کافی ہے۔ تکلف کی حاجت نہیں۔

گوتا (ھ۔ مذکر) رائی کا دانہ۔

گوتر۔ گوترا (ھ۔ مذکر) دیکھو گو کے تحت میں۔ گوت۔

گوتھ (ہ۔ امر) گوتھنا کا ۲(مذکر) ۱دھاگے کی گیند ۲کسی چیز کا دھاگا (س گرتھ۔ پرونا) **گوتھنا** (متعدی) ۱پرونا۔ لڑی بنانا ۲گوندھنا ۳سینا۔ برے طریقے سے موٹا موٹا سینا ۴سوچنا۔ دل میں کسی بات کی تشویش کرنا۔

گوتھ (ھ۔ مذکر) پنچالی۔

گوٹ (ہ۔ مونث) ۱حاشیہ۔ سنجاف۔ کنارہ۔ مغزی۔ وہ کپڑے کا لمبا ٹکڑا جو رضائی۔ دوپٹہ انگرکھا وغیرہ کے گرد لگاتے ہیں ۲چوڑی ۳وہ لکڑی جو تخت اور صندوقچہ کے گرد لگاتے ہیں۔ (س کوٹ۔ کنارہ) ۴جمع۔ جماعت۔ گروہ۔ منڈلی ۵دعوت ضیافت۔ کھانا۔ مہمانی ۶کیمپ۔ وہ مقام جہاں لوگ اترے ہوئے ہوں ۷گاؤں۔ موضع۔ دیہ قریہ (س کوٹ۔ جھونپڑی۔ قلعہ) ۸چوسر یا پچیسی کی نرد (ان معنوں میں اٹھانا۔ اٹھنا۔ بٹھانا۔ بیٹھنا۔ پٹنا۔ پیٹنا۔ مارنا۔ مرجانا۔ مرنا وغیرہ کے ساتھ) (س گٹکا۔ ٹیڑھا) ۹(پ) وہ لکڑی کا ریل جس پر دھاگا لپیٹا ہوا ہوتا ہے۔ **گوٹ بستی** (مونث) وہ جگہ جہاں اصل گاؤں آباد ہو۔ **گوٹ لال ہونا** (لازم) پچیسی کی گوٹ کا سب خانوں میں پھر کر لال ہو جانا۔ **گوٹیگا** (مذکر) گاؤں کا بڑا ملبدار۔

گوٹا (ہ۔ مذکر) ۱چاندی سونے اور ریشم کے تاروں سے بنا ہوا کم عرض فیتا۔ کناری۔ لچکا۔ پٹھا۔ دھنک ۲مصالحہ جو محرم میں بجائے پان کے کھاتے ہیں۔ پستہ۔ بادام۔ دھنیا۔ کھوپرے الائچی وغیرہ سے مرکب ہوتا ہے (س کوٹک۔ کنارہ) **گوٹا کناری** (مونث) ۱گوٹا ۲کناری گوٹے سے ذرا چوڑی ہوتی ہے۔ **گوٹے کا ہار** (مذکر) ایک قسم کا ہار جو تقریبات اور شادی وغیرہ میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ **گوٹے کی تھالی** (مونث) وہ کپڑا جس پر گوٹا ٹانک کر خاصدان کی تھالی میں بچھا دیتے ہیں۔

گوٹارا (ھ۔ مذکر) گاؤں کے ارد گرد کی زرخیز زمین۔

گوجر (ہ۔ مذکر) ۱راجپوتوں کی ایک ادنےٰ ذات جو زمیندار ہیں اور مویشی رکھتے ہیں اور مویشی کی چوری کرتے ہیں۔ پنجاب میں گجرات اور گوجرانوالہ کے اضلاع ان کے نام پر ہیں۔ چونکہ یہ لوگ گائیں چراتے یا چُراتے تھے اس لئے یہ نام ہوا۔ (س گرجر) ۲گوالا۔ اہیر۔ دودھ فروش۔ **گوجرنی** (ھ۔ مونث) دیکھو گوجری ۱و ۲و ۳۔ **گوجری** (مونث) ۱گوجر ذات کی عورت ۲گوجر کی بیوی ۳دودھ بیچنے والی۔ گوالن۔ گھوسن ۴ایک راگنی کا نام ۵ہاتھ یا پاؤں کا ایک بھاری زیور جو گوجر عورتیں پہنتی ہیں۔

امثال و اقوال۔ گوجر انگھڑ دو کتا بلی دو۔ یہ چاروں نہ ہوں تو کھلے کواڑوں سو۔ یہ چاروں چور ہیں۔ **گوجر سے اوجڑ بھلی اوجڑ سے بھلی اجاڑ۔ جہاں گوجر کو دیکھئے وہیں دیجے مار۔** گوجروں کی مذمت میں کہتے ہیں۔

گوجر (ھ۔ مذکر) کن کھجورا۔ **گوجری** (مونث) کن کھجورا۔ گوجٹی۔

گوجرا (ہ۔ مذکر) ملے ہوئے گیہوں اور جو جو بوئے جاتے ہیں۔

گوجھا (ہ - مذکر) ۱ ایک قسم کا پکوان۔ سموسہ ۲ ایک قسم کی گھاس ۳ جیب۔ پاکٹ ۴ (صفت) چھپا ہوا۔ خفیہ۔

مثل۔ گوجھے کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ۔ گھر کی تکلیفوں کو گھر والے ہی جانتے ہیں۔

گوجئی (ہ - مونث) کن کھجورا۔

گوجی۔ گوبجی (ہ - مونث) چھڑی۔ عصا۔ لاٹھی۔

گوچری (ہ - مونث) وہ بھیک جو گھر گھر پھر کر مانگی جائے بھکشا۔

گوچڑی (ہ - مونث) چچڑی جو مویشی کو پڑ جاتی ہے۔

گوچنا (ہ - متعدی) ۱ پکڑنا۔ لپکنا۔ ہوا میں پھینکی ہوئی یا گرتی ہوئی چیز کو ہاتھوں سے اس طرح پکڑنا کہ نیچے نہ گرے ۲ کسی چیز کا ہوا کے رخ پر اس طرح پکڑنا کہ زمین پر گرنے نہ پائے (س گلچ چرانا)

گوچنا (مذکر) **گوچنی** (ہ - مونث) ۱ گیہوں اور چنے ملے ہوئے ۲ گیہوں اور چنے ملا کر بوئے ہوئے۔

گوچھٹی۔ گوچھی (ہ - مونث) شگوفہ۔ کلی۔

گوچھی۔ گوچی (ہ - مونث) ۱ گڑھا۔ سغار۔ سوراخ ۲ گائے کے کھر کا نشان۔

گود (ہ - مونث) ۱ آغوش۔ پہلو۔ کنار۔ بر۔ کولی ۲ دونوں ہاتھ پھیلا کر کسی کو زانوؤں پر بٹھانا ۳ آنچل۔ دامن ۴ مٹھائی ناریل وغیرہ جو ہندو دلہن کی گود میں ڈالتے ہیں ۵ متبنے کرنا۔ لے پالک بنانا ۶ (ہ) گڑھا جس میں درخت لگاتے ہیں (س کروڈ) **گود بٹھانا** (متعدی) متبنے کرنا۔ لے پالک بنانا۔ **گود بھرا** (ہ - مذکر) صاحب اولاد۔ **گود بھرنا** (متعدی) حمل کے ساتویں مہینے حاملہ عورت کی گود میں سات قسم کے پھل اور سات قسم کی ترکاریاں ڈالنا۔ ایک رسم۔ **گود بھری** (مونث) صاحب اولاد۔ بچے والی۔ آس اولاد والی۔ **گود بھری جانا** (لازم) گود بھرنا کا۔ **گود بھری رہے۔** (دعا) اولاد زندہ سلامت رہے۔ گود میں ہر وقت بچہ رہے۔ **گود پسار کے کوسنا** (متعدی) دامن پھیلا کے کسی کے واسطے بد دعا کرنا۔ بری طرح سے کوسنا۔ **گود پسارنا یا پھیلانا** (متعدی) ۱ کسی چیز کے لینے کو دامن پھیلانا ۲ مانگنا۔ سوال کرنا ۳ بچے کے لینے کو دونوں ہاتھ آگے کرنا۔ **گود پھیلا کے دعا مانگنا** (متعدی) گڑگڑا کر یا عجز سے یا دل سے دعا مانگنا۔ **گود پھیلنا** (لازم) ۱ کسی چیز کے لینے کو دامن پھیلنا ۲ گڑھا کشادہ ہونا۔ **گود دینا** (متعدی) اپنے بچہ کو متبنے یا لے پالک بنانے کے لئے دوسرے کو دینا۔ **گود کا** (صفت) ۱ وہ (بچہ) جو گود میں ہو ۲ دودھ پیتا۔ ننھا سا۔ شیر خوار۔ **گود کا بچہ** (مذکر) ۱ شیر خوار بچہ۔ ننھا بچہ ۲ وہ بچہ جو گود میں ہو ۳ گود کا کھلایا بچہ۔ **گود کا پالا** (صفت) بہت پیارا۔ **گود کا کھلایا** (صفت) وہ جسے گودیوں میں رکھا ہو (بچہ) گود میں پالا ہوا۔ **گود کڑا** (مذکر) گود۔ **گود کڑے میں چڑھائے رکھنا** (متعدی) ہر وقت گود میں لئے رہنا (عو) **گود کھلانا** (متعدی) ۱ بچہ کی پرورش کرنا ۲ بچے کو گود میں لے کر بہلانا ۳ گود میں پالنا ۴ بچہ کو دودھ پلانا۔ بچہ کی دایہ گری کرنا۔ **گود کھلائی** (صفت مونث) گود کی کھلائی ہوئی **گود لیتے گرا پڑتا ہے۔** باوجود ہر طرح کی خاطر داری کے سیدھا نہیں ہوتا۔ **گود لے لیا۔** متبنے بنا لیا۔ **گود لینا** (متعدی) متبنے بنانا۔ لے پالک بنانا۔ **گود میں لینا** (متعدی) ۱ آغوش میں لینا کولھے پر چڑھانا ۲ دونوں زانوؤں پر بٹھانا۔ **گودوں کھلائی** (صفت مونث) گود کی کھلائی ہوئی۔

گودی (مونث) دیکھو گود (ہو) **گودی بھرنا** (متعدی) کوئی چیز بہت سی پلے میں ڈالنا۔ **گودی پھیلا پھیلا کر دعا دینا** (متعدی) دل سے دعا دینا۔ **گودی کا پالا یا پلا** (صفت) گود کا پالا ہوا **گودی میں کھیلنا** (متعدی) بچپن سے واقف ہونا۔ چھوٹے کے متعلق کہتے ہیں۔ **گودی میں لینا** (متعدی) گود میں لینا۔ **گودیوں میں کھلانا** (متعدی) اپنے سے چھوٹے کو بچپن سے جاننا۔

امثال واقوال۔ گود کا چھوڑ (ڈال یا کھو) کر پیٹ (کے) کی آس۔ موجود چیز کو کھو کر آئندہ نفع کی امید کرنا۔ **گود کا کھلایا گود میں نہیں رہتا۔** انسان کی ہمیشہ ایک سی کیفیت نہیں رہتی۔ **گود میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا۔** اس چیز کی تلاش جو پاس ہی پڑی ہو۔ **گودی کا لڑکا مر جائے پیٹ آگ بجھائے۔** رنج و غم کے بعد کھانے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ **گودی میں بیٹھ کے (آنکھ میں انگلی) ڈاڑھی نوچے۔** بہت گستاخ ہے۔ جس سے فائدہ ہو اسی کی بے عزتی کرے۔

گود (س - مذکر) ۱ گودا ۲ (ہ) سوجن ۳ ٹانگوں کی بیماری جس میں ٹانگیں سوج جاتی ہیں۔

گود (ہ - مذکر) ہر چیز کا مغز خصوصاً ہڈی کا (س گود۔ بھیجا) **گودا** (مذکر) ۱ مغز۔ بھیجا۔ دماغ ۲ کسی پھل کا وہ حصہ جو چھلکا اتارنے کے بعد اندر سے نکلے ۳ کسی چیز کا اندرونی حصہ ۴ پودوں کے بیج کی نس ۵ لب لباب۔ خلاصہ ۶ گری۔ گٹھلی کے اندر کا مغز ۷ موٹی روٹی کا اندرونی حصہ ۸ ہڈی کے اندر کی نرم چیز۔ **گودا اجھاڑنا یا نکالنا** (متعدی) ہڈی کا مغز باہر نکالنا۔ **گود کی ہڈی** (مونث) وہ ہڈی جس میں گود ہو۔ **گودے دار** (صفت) وہ چیز جس میں گری ہو۔

گودام (انگ - مذکر) دیکھو گدام۔

گودر (ف - مذکر) جنگلی گائے کا بچہ۔

گودر (ہ - صفت) ۱ موٹا۔ فربہ ۲ نرم۔

گودڑ (ہ - مذکر) ۱ پھٹا پرانا کپڑا۔ کپڑوں کی دھجیاں۔ چیتھڑے ۲ پرانی روئی جو لحاف وغیرہ سے نکالی جائے ۳ پرانے کپڑوں کی پوٹلی ۴ آنکھوں کا میل ۵ نیند کا خمار۔ گرانی خواب ۶ (ہ) ایک قسم کا نہایت نرم ریشمی کپڑا (گودا سے) **گودڑ خیل** (صفت) پھوہڑ۔ بدسلیقہ۔ **گودڑ سے پیٹ بھر دیا۔** حیلہ حوالے سے باتیں بنا کر راضی کر دیا۔ **گودڑ کا لعل** (مذکر) ۱ اچھوں میں برا۔ جاہلوں میں عالم ۲ غربت میں شریف و نجیب ۳ پھٹے پرانے کپڑوں میں حسین ۴ خراب مقام میں اچھی چیز ۵ وہ اہل کمال یا عالم جس کا حال معلوم نہ ہو۔ چھپا رستم۔ **گودڑ کا ڈر** (مذکر) پھٹا پرانا کپڑا۔ چیتھڑے گودڑے۔ **گودڑ گانٹھنا** (متعدی) پھٹے پرانے کپڑوں میں پیوند لگانا۔ پرانے کپڑوں کو سینا۔ **گودڑیں گندوڑا** (مذکر) ۱ جاہل کے

ہاں عالم ۲ ادنٰی لوگوں میں لائق آدمی ۳ بروں میں اچھا۔ ہندو گند وڑا اسی مٹھائی کو کہتے ہیں جو بجرے میں آئے۔ عورتیں اسے نظر بد سے بچانے کے لئے پھٹے پرانے کپڑوں میں باندھ کر رکھتی ہیں۔

امثال۔ گوڈر میں سے گندوڑا نکلا۔ جاہل کے ہاں عالم پیدا ہونا۔ **گوڈر میں لال نہیں چھپتا** ۱ قابل آدمی چاہے غریب ہی ہو۔ شہرت پا جاتا ہے ۲ سچائی چھپ نہیں سکتی۔

گودنا (ہ۔ متعدی) ۱ سوراخ کرنا۔ چھیدنا ۲ چبھونا۔ زخم دینا۔ بیندھنا ۳ کچوکے دینا سوئی یا کسی نوکدار چیز سے آم یا آنولے میں سوراخ کرنا ۴ جسم پر سوئی سے گود کے نیل یا سرمہ بھرنا ۵ پھاوڑے۔ کدال یا کھرپی سے تھوڑا تھوڑا کھودنا ۶ طعن و تشنیع کی باتوں سے کسی کو رنج پہنچانا۔ طعنے مہنے دینا ۷ (مذکر) جسم کے وہ نشان جو نشتر وغیرہ سے دیئے گئے ہوں ۸ طعنے مہنے ۹ ایک اوزار جس سے نیشکر کھودتے ہیں۔ **گودنا گودنا** (متعدی) ۱ بدن پر سوئی سے نشان ڈالنا ۲ طعنے مہنے دینا۔

گودھ (ہ۔ مذکر) ۱ کیلے کی شاخ جس میں پھل ہوں۔ گیل ۲ آم انگور کھجور وغیرہ کی شاخ جس پر پھل ہوں۔

گودھا (ہ۔ مونث) ۱ چمڑے کا ٹکڑا جو تیر انداز بائیں بازو پر باندھتے ہیں تاکہ کمان کی تانت سے زخم نہ لگے ۲ گوہ۔

گودھڑ (ہ۔ مذکر) جنگلی بوٹیاں اور گھاس جو کھیتوں میں سے نکالی جائیں۔

گودھڑا (ہ۔ مذکر) **گودھڑی** (مونث) شاخ۔ ٹہنی۔

گودھم۔ گودھوم (س۔ مذکر) گیہوں۔

گودھورا (ہ۔ مذکر) شام۔ غروب آفتاب کا وقت۔

گودیا (ہ۔ صفت) خواہشمند۔ آرزو مند۔ شائق۔

گوڈ (س۔ صفت)۔ کھانڈ سے بنا ہوا۔

گوڈا (ہ۔ مذکر) گھٹنا۔ ٹانگ کا درمیانی جوڑ (مت) **گوڈوں میں سر دے دینا** (متعدی) ۱ کسی کی گردن پکڑ کر سر کو جھکا کر اس کے گھٹنوں میں لے آنا ۲ غمگینی کی صورت بنانا۔ رنج و غم ظاہر کرنا (مت)

گوڈری (ہ۔ مونث) اینڈوا۔

گوڈنا (د۔ متعدی) ۱ خلال کرنا ۲ (پ) گوڑنا۔ کھودنا۔

گوڈھر (ہ۔ مذکر) گھاس اور بوٹیاں جو ہل چلانے کے بعد کھیت میں سے اکٹھی کی جائیں۔

گوڈیشیا (انگ۔ مذکر) ایک پھول اور اس کا پودا۔

گور (س۔ صفت) ۱ سفید۔ پیلا ۲ گورے رنگ کا ۳ زرد۔ سرخ۔ زردی مائل سرخ ۴ (مذکر) ایک قسم کا بیل ۵ چاند ۶ سفیدائی ۷ کنول کی جھلی ۸ زعفران ۹ چاولوں کی ایک قسم ۱۰ **گوری** (مونث) ۱ ایک قسم کی گائے ۲ زمین ۳ املی ۴ ایک راگنی۔

گور (ہ۔ مونث) ہندوؤں کی ایک رسم جس میں بیاہ ہونیوالی لڑکی کی پوجا کرتے ہیں۔

گور (ف۔ مونث) ۱ وہ گڑھا جس میں مردے کو دفن کرتے ہیں۔ قبر۔ لحد۔ تربت۔ مزار۔ مرقد۔ سمادھ ۲ قبرستان۔ وہ جگہ جہاں مردوں کو دفن کرتے ہیں ۳ جنگل۔ صحرا ۴ جنگلی گدھا ۵ ساسانی خاندان کے ایک بادشاہ بہرام کا لقب کیونکہ وہ گورخر کے شکار کا بہت شائق تھا ۶ (ف) شراب ۷ خوشی۔ عیش و عشرت ۸ دسترخوان کے مزے ۹ کنجوس۔ **گوراب** (مذکر) ۱ گنبد جو قبر پر بنائیں ۲ شراب ۳ ایک شہر۔ **گورابہ** (مذکر) ۱ آخری ۲ ایک مقام جہاں رستم کے آباو اجداد دفن ہیں۔ **گوراسب** (مذکر) زبرا۔ **گور بنانا** (متعدی)، **بننا** (لازم) ۱ قبر کھدنا ۲ کسی کی تباہی کا سامان ہونا۔ **گور پر چونا پھیرنا** (متعدی) مرے ہوئے کا نام روشن کرنا یا یاد تازہ کرنا۔ **گور پر رونا** (متعدی) کسی کی اچھی صفتیں یاد کر کے رونا۔ **گور پرست** (صفت) قبر کی پرستش کرنے والا۔ **گور پرستی** (مونث) قبر کی پرستش کرنا۔ **گور پر گور ہونا** (لازم) ایک شخص کا قبضہ ہوتے ہوئے دوسرے کا قبضہ کرنے کی کوشش کرنا۔ **گور جھانک آنا** (لازم) مرتے مرتے بچنا۔ **گور جھکانا** (متعدی) مرنے کے قریب کر دینا۔ **گور چشم** (مذکر) ایک قسم کا کپڑا جس میں گورخر کی آنکھ کی طرح نشان بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ **گور خاں** (مذکر) چین کا ایک شہنشاہ۔ **گور خانہ** (مذکر) ۱ مقبرہ۔ قبر ۲ غار۔ گڑھا ۳ کوٹھڑی جس میں کھڑکی نہ ہو۔ **گورستان** (مذکر) قبرستان۔ **گور سے پیٹھ نہ لگنا** (لازم) مرنے کے بعد بھی چین نہ پڑنا یا آرام نہ ہونا۔ **گور غریباں** (مذکر) زمین کا وہ ٹکڑا جہاں مسافروں کو دفن کرتے ہیں۔ **گور کا گڑھا** (مذکر) قبر کا اندرونی حصہ۔ قبر کی اندرونی شکل۔ **گور گور کا منہ جھانک (آنا)، کر پھرنا یا جھانکنا** (لازم) مرتے مرتے بچنا۔ مہلک بیماری سے نجات پانا۔ سخت بیمار ہو کر اچھا ہونا۔ **گور کفن** (مذکر) تجہیز و تکفین۔ **گور کفن کرنا** (متعدی) مردے کی تجہیز و تکفین کرنا۔ **گورکن** (مذکر) وہ شخص جس کا پیشہ قبر کھودنا ہو۔ **گور کنارے** (صفت) قریب المرگ۔ جاں بلب۔ **گور کنارے آجانا۔ آلگنا۔ پہنچنا۔ جا لگنا۔ لگ جانا یا ہونا** (لازم) ۱ جاں بلب ہونا۔ قریب المرگ ہونا۔ نہایت کمزور ہونا۔ بہت بوڑھا ہونا۔ **گور کھائے** (بد دعا) مرے۔ **گور کھدنا** (لازم) **کھودنا** (متعدی) قبر کھدنا۔ **گور کے سوتے** (مذکر) مردے۔ **گور کے کنارے آلگنا** (لازم) قریب مرگ ہونا۔ **گور کے کنارے پہنچانا** (متعدی) مرنے کے قریب کر دینا۔ مار رکھنا ۲ قبر تک مردے کو لیجانا۔ **گور کے کنارے پہنچنا یا جا لگنا** (لازم) دیکھو گور کنارے آجانا۔ **گور کی گود میں پلنا** (لازم) سخت تکلیف یا افلاس میں پرورش پانا۔ **گور کے مردے اکھاڑنا یا اکھیڑنا** (متعدی) ۱ پرانی باتیں یاد کرنا۔ گزرے ہوئے لوگوں کا ذکر کرنا ۲ پرانے جھگڑے نکالنا۔ دبی ہوئی باتوں کو ابھارنا۔ **گور کے مردے سے بدتر ہو جانا** (لازم) کمال لاغر اور ضعیف ہو جانا۔ **گورگاں** (صفت) ۱ عیش و عشرت کرنے والا ۲ تیمور کا لقب ۳ کسی بادشاہ کو کہہ سکتے ہیں۔ **گور گڑھا** (مذکر) تجہیز و تکفین۔ کریا کرم۔ **گور و کفن** (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **گور میں انگارے بھرنا** (متعدی) جلن

پیدا کرنا۔ **گور میں پاؤں رکھنا۔ لٹکا کے بیٹھنا یا لٹکانا** (متعدی) ۱: مرنے کے قریب ہونا۔ چند روز کا مہمان ہونا ۲: بہت بوڑھا ہونا۔ آخر عمر ہونا۔ **گور میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں** ۱: مرنے پر تیار ہیں۔ چند روزہ مہمان ہیں ۲: بہت بوڑھے ہیں۔ عمر رسیدہ ہیں۔ **گور میں پاؤں لٹکتے ہیں**۔ پیر فرتوت مرنے کے نزدیک ہے۔ **گور میں دھواں اٹھنا** (لازم) عذاب قبر ہونا۔ **گور میں کیڑے پڑیں** (بددعا) جسم سڑ کے قبر میں کیڑے ہو جائیں۔ **گور میں لات مار کر کھڑا ہونا** (لازم) سخت بیماری سے شفا پانا۔ مر مر کر بچنا۔ **گور نہ پانا ملنا یا ہونا**۔ مر کر نام و نشان نہ رہنا۔ قبر کا نشان نہ ملنا۔

مثل۔ گور پر گور نہیں ہوتی۔ ایک شخص کے قابض ہوتے ہوئے دوسرا قبضہ نہیں کر سکتا۔ **گور میں چھوٹے بڑے سب برابر** مرنے کے بعد امیر غریب سب ایک جیسے ہوتے ہیں۔

گور (ہ۔ صفت) گورا کا مخفف۔ مرکبات میں۔

گورا (ہ۔ صفت) ۱: سفید رنگ کا صبیح ۲: حسین۔ خوبصورت ۳: سرخ۔ جب گائے کے متعلق استعمال ہو ۴: (مذکر) یورپین۔ فرنگی۔ انگریز ۵: ادنے درجے کا فرنگی۔ انگریز سپاہی ۶: (ہ) شوخی (س گور۔ سفید) **گورا بدن** (مذکر) سفید رنگ کا جسم۔ **گورا بھبوکا** (صفت) نہایت سفید رنگ کا صبیح۔ **گورا پن** (مذکر) سفیدی۔ صباحت۔ **گورا پنڈا** (مذکر) ۱: سفید جسم۔ گورا بدن ۲: حسین خوبصورت **گورا چٹا** (صفت) ۱: سفید۔ گورا ۲: خوبصورت۔ حسین۔ **گورا چمڑا** (مذکر) سفید چمڑا۔ حسن نمکین **گورا دیہ** (مذکر) گاؤں کے ارد گرد کی زمین۔ **گورا رنگ** (مذکر) سفید رنگ۔ رنگ صبیح۔ **گورا شاہی** (مذکر) گوروں کے استعمال کا۔ مضبوط عموماً بوٹ کے متعلق کہتے ہیں۔ **گورا لمٹا** (صفت) دیکھو گورا چٹا۔ **گورا گورا** (صفت) ۱: سفید۔ صبیح ۲: حسین (کھڑا کے ساتھ) **گوری** (صفت) ۱: گورا کی ۲: معشوق۔ حسین عورت ۳: سرخ رنگ کی گائے۔ **گوری چمڑی** (مونث) ۱: سفید چمڑا ۲: گوری رنگت۔ پھیکا حسن۔

امثال و اقوال۔ گوری تیرے رنگ میں گئی عمر یا بیت۔ اب چالی سنگ چھوڑ کے یہ نہ ریت پریت (ھ) قریب المرگ آدمی روح کو خطاب کرتا ہے **گورے چمڑے پہ نہ جا یہ چھچھوندر سے بدتر ہے**۔ نوجوان آدمی جو رنڈی پر عاشق ہو جائے اسے بطور نصیحت کہتے ہیں۔ **گوری مت کر گورے رنگ پہ گمان۔ یہ ہے کوئی دم کا مہمان** (ھ) حسن پر غرور نہ کر یہ عارضی ہے **گوری کا جوبن (حسن) چٹکیوں میں جائے** ۱: حسن یا خوبی یونہی رائیگاں جاتی ہے ۲: تھوڑے میں کوئی چیز ختم ہو جائے تو کہتے ہیں ۳: مال کے ستیاناس ہو جانے کے موقع پر بھی کہتے ہیں۔

گورک دھندا (ہ۔ مذکر) گورکھ (گورگ) دھندا (دھندھا) (ھ) ۱: ایک قسم کا قفل جو بغیر چابی کے کھلتا ہے۔ مگر بہت مشکل سے ۲: ایک آلہ جس میں سے ایک طرف سے ایک رنگ کا دھاگا نکلتا ہے دوسری طرف سے دوسرے رنگ کا ۳: جھگڑا بکھیڑا۔ پیچیدہ معاملہ۔ بکھیڑے کا کام ۴: (ھ) رہنے کا طریقہ۔ رہائش ۵: کئی قسم کے پیچیدہ کھلونے ۶: بھول بھلیاں۔ **گورکھ دھندا لگ رہا ہے**۔ پیچیدہ معاملہ در پیش ہے۔

گوریلا (افریقہ) دنیا کا سب سے بڑا بندر۔ کھڑا ہو تو چھ فٹ کے قریب اونچا ہوتا ہے۔ لاٹھی سے لڑتا ہے رنگ عموماً سیاہ ہوتا ہے بدن پر بال ہوتے ہیں۔

گورمنٹ (انگ۔ مونث) ۱: سرکار۔ حکمران۔ فرمانروا ۲: سلطنت۔ حکومت۔ راج۔ بادشاہی ۳: حکمرانی۔ عملداری۔ فرمانروائی۔ طرز۔ حکومت ۴: انتظام۔ سیاست (اصل گورنمنٹ) **گورمنٹ آفسر** (مذکر) وہ دفتر جو گورنر کے متعلق ہوں۔ سکریٹریٹ۔ **گورنمنٹ انگلشیہ** (مونث) سرکار انگریزی۔ **گورمنٹ ہاؤس** (مذکر) وہ مکان جس میں گورنر رہے۔

گورنڈ (ہ۔ مذکر) وہ شخص جو دھرم کا ناس کرے۔ وہ جو اعتقاد کو خراب کرے۔

گورنر (انگ۔ مذکر) ۱: صوبہ کا فرمانروا ۲: مشین کا لٹو ۳: (انگ) داروغہ جیل ۴: باپ۔ **گورنران کونسل** (مذکر) گورنر۔ گورنر مع مجلس شوریٰ۔ ان کی طرف سے احکامات وغیرہ جاری ہوتے ہیں۔ **گورنر جنرل** (مذکر) ملک کا حاکم اعلےٰ۔ وائسرائے انگریزوں کی سلطنت میں آسٹریلیا۔ کینیڈا۔ جنوبی افریقہ اور ہندوستان میں گورنر جنرل ہیں۔ **گورنری** (مونث) گورنر کا عہدہ۔ حکومت یا عہد۔

گورو (ہ۔ مذکر) **گوروا** (ھ) گائے بھینس۔ چوپائے۔

گوروت (ھ۔ مذکر) دو کوس کا فاصلہ۔

گوریا۔ گوریا (ھ۔ مونث) ۱: چڑیا ۲: (مذکر) مٹی کا چھوٹا حقہ۔

گوڑ (ہ۔ امر) گوڑنا کا۔ **گوڑ دینا یا گوڑ کے رکھ دینا** (لازم) ۱: خراب کر دینا ۲: پڑھا لکھا بھلا دینا۔ **گوڑنا** (متعدی) ۱: ہل چلانا زمین کھودنا ۲: کام خراب کرنا۔

گوڑ (ھ۔ مذکر) پاؤں۔ ٹانگ۔ پنڈلی ٹخنہ۔ گھٹنا۔ **گوڑ پڑنا** (لازم) دیکھو پاؤں پڑنا۔ **گوڑ ٹوٹنا** (لازم) ۱: ٹانگ ٹوٹنا ۲: تھکاوٹ کی وجہ سے ٹانگوں کا رہ جانا ۳: ناامید ہونا۔ سارا جوش جاتا رہنا۔ **گوڑ لگنا** (لازم) دیکھو پاؤں پڑنا۔ **گوڑنا** (متعدی) اناج صاف کر کے کبس نکالنا۔ **گوڑے** (مذکر) گوڑ کی جمع۔ گھٹنے۔ **گوڑے گوڑے پڑنا** (متعدی) پاؤں پڑنا۔ **گوڑے پسار دینا یا پسارنا** (متعدی) ۱: پاؤں پھیلانا ۲: مر جانا ۳: ہمت ہار دینا۔ جی چھوڑ دینا ۴: کاہل یا سست ہو جانا۔ **گوڑے توڑنا** (متعدی)، **ٹوٹ جانا یا ٹوٹنا** (لازم) ۱: گھٹنے ٹوٹ جانا ۲: چلتے چلتے ٹانگیں تھک جانا۔ تھک کر چور ہو جانا ۳: ہمت نہ رہنا۔ جی ہار جانا ۴: مایوس ہو جانا۔ ناامید ہو جانا۔

گوڑھ (ھ۔ صفت) ۱: ڈھنپا ہوا ۲: چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ خفیہ ۳: نقاب پوش ۴: بھیس بدلے ہوئے ۵: مشکل۔ دقت طلب ۶: دقیق۔ پیچیدہ۔

گوڑھا (ھ۔ مذکر) ۱: دیکھو گڑھا ۲: (پ) گہرا۔ تیز (رنگ)

گوڑھا (ھ۔ مذکر) ۱: وہ کھیت جو گاؤں کے قریب ہو ۲: مکان۔ گھر۔

گوڑھل (ھ۔ صفت) اچھی طرح کوٹا ہوا۔ اچھی طرح گاہا ہوا۔ **گوڑھنا** (ھ۔ متعدی) ۱۔ کھرچنا۔ کریدنا ۲۔ کھودنا ۳۔ کھرچ کر کھوکھلا کرنا۔
گوڑھیا (ھ۔ مونث) دیکھو گوڑھا۔
گوڑی (س۔ مونث) ۱۔ گڑ کی شراب ۲۔ ایک راگنی۔
گوڑی (ھ۔ مونث) ۱۔ لینا۔ لیجانا ۲۔ چھکا لینا ۳۔ چوری ۴۔ نفع۔ فائدہ ۵۔ وہ مال جو بغیر محنت کے ہاتھ لگے ۶۔ لوٹ۔ **گوڑی جمانا** (متعدی) ٹھڑ جمانا۔ **گوڑی کرنا** (متعدی) ۱۔ کمانا ۲۔ فائدہ اٹھانا۔ **گوڑی ہاتھ سے جانا** (لازم) کچھ ہاتھ نہ لگنا۔ موقع ہاتھ سے جاتا رہنا۔ کمائی نہ ہونا۔
گوڑیت (س۔ مذکر) ۱۔ چوکیدار ۲۔ مخبر۔
گوز۔ گوز۔ گوز (ف۔ مذکر) اخروٹ۔ گری کی گٹھلی کی جیسے چلغوزہ جو بگڑ کر چلغوزہ ہو گیا ہے۔
گوز (ف۔ مذکر) ہوا جو بآواز مقعد سے خارج ہو۔ پاد۔ ریح۔ پھسکی۔ **گوز اڑانا** (متعدی) ۱۔ پادنا ۲۔ بیکاری میں وقت ضائع کرنا۔ **گوزاک** (مذکر) وہ سوزاک جو اغلامیوں کو ہوجاتا ہے۔ **گوز شتر** (صفت) بے بنیاد۔ بے وقعت۔ **گوز شتر سمجھنا** (لازم) بے وقعت خیال کرنا۔ خیال میں نہ لانا۔ **گوز شتر کر دینا** (متعدی) خیال میں نہ لانا۔ توجہ نہ کرنا کسی بات کو یونہی اڑادینا۔ **گوز مارا کرنا** (متعدی) بیکار وقت ضائع کرنا۔ نکما پڑا رہنا۔ **گوز مارنا** (متعدی) دیکھو گوز اڑانا۔
امثال۔ گوز پر گوز وضو پر وضو۔ بڑے مکار کی نسبت بولتے ہیں۔ **گوز شتر زمین کا نہ آسمان کا۔** بے تکی بات۔
گوزن (ف۔ مونث) بارہ سنگھا۔ سانبھر۔ پہاڑی یا جنگلی بیل۔
گوسا (ھ۔ مذکر) ۱۔ گوبر ۲۔ اپلا۔
گوسالہ (ف۔ مذکر) گائے کا یک سالہ بچہ۔ بچھڑا۔ **گوسالۂ فلک** (مذکر) برج ثور۔
مثل۔ گوسالۂ من پیر شد و گاؤ نشد۔ بڑھے ہوگئے مگر بچپنا نہ گیا۔

گوسائیں (ہ۔ مذکر) دیکھو گوسوامی۔
گوسپند۔ گوسفند (ف۔ مونث) بھیڑ۔ دنبہ۔ مینڈھا۔ بکری۔ بکرا۔ نر مادہ دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
گوش (ف۔ مذکر) کان۔ سمع۔ اذن۔ کرن۔ **گوش بدر۔ بردر۔ برآواز۔ برراہ** (صفت) کسی بات کے سننے کا منتظر۔ کسی خبر کا امیدوار (بیٹھنا رہنا ہونا کے ساتھ) **گوش بریدہ** (صفت) کان کٹا ہوا۔ کن کٹا۔ **گوش بہ فریاد** (صفت) فریاد سننے پر متوجہ۔ **گوش بھرنا** (متعدی) کان بھرنا (مت) **گوش توجہ** (مذکر) کمال توجہ۔ **گوش دل سے سننا** (متعدی) ذوق شوق سے سننا۔ **گوش رہنے لگنا** (لازم) سننے کے انتظار میں رہنا۔ **گوش زد** (صفت) وہ بات جو سنی جائے۔ مسموع (کرنا ہونا کے ساتھ) **گوش شنوا** (مذکر) سننے والا کان۔ جو سن کر کہا مانے۔ جو نصیحت حاصل کرے۔ **گوش کرنا** (متعدی) سننا۔ توجہ کرنا۔ **گوش کھولنا** (متعدی) ۱۔ سننے کے لئے متوجہ ہونا ۲۔ آگاہ کرنا۔ مطلع کرنا۔ **گوش گزار کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱۔ سنانا ۲۔ کانوں میں کہا جانا ۳۔ مطلع کرنا۔ آگاہ کرنا۔ **گوش گزاری** (مونث) اطلاع۔ خبر۔ رپورٹ۔ **گوش لگے رہنا** (متعدی) گوش برآواز ہونا۔ سننے کے منتظر رہنا۔ **گوشمال** (مونث) تنبیہ۔ تادیب (دینا کے ساتھ) **گوشمالی** (مونث) ۱۔ تنبیہ۔ تادیب (دینا ہونا کے ساتھ) ۲۔ مشکل کام کرنے کے لئے استاد کا نام لے کر کان پکڑنا۔ **گوشوارہ** (مذکر) ۱۔ کان کا آویزہ۔ بالا ۲۔ میزان۔ خلاصہ حساب۔ جوڑ ۳۔ نقشہ یا رجسٹر کی پیشانی ۴۔ بڑا موتی ۵۔ زردوزی پٹی جو دستار پر باندھی جاتی ہے۔ **گوش ہوش** (مذکر) ہوشیاری۔ **گوش ہوش سے سننا** (لازم) غور سے سننا۔ نصیحت پکڑنا۔
گوشت (ف۔ مذکر) ۱۔ کسی جانور کے بدن کا وہ حصہ جو چمڑے کے نیچے اور ہڈیوں کے اندر گرد ہوتا ہے۔ لحم۔ ماس۔ گودا۔ مغز ۲۔ پھل کا گودا ۳۔ سالن۔ پکا ہوا گوشت (بنانا۔ بننا۔ بیچنا پکانا۔ پکنا۔ خریدنا۔ دینا۔ کھانا۔ لینا وغیرہ کے ساتھ) **گوشت پوست** (مذکر) تمام اعضا۔

گوشت خر (مذکر) بیکار چیز۔ **گوشت خوار** (صفت) گوشت کھانے والا۔ **گوشت خوار جانور** (مذکر) شیر۔ بھیڑیا وغیرہ۔ **گوشت سے ناخن جدا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱۔ دوستوں میں تفرقہ پڑنا ۲۔ کسی امر دشوار کا واقعہ ہونا۔ عموماً نفی کے ساتھ۔ **گوشت کا ٹکڑا** (مذکر) بوٹی۔ **گوشت کا لوتھڑا** (مذکر) ۱۔ مضغہ ۲۔ گوشت کا بڑا ٹکڑا ۳۔ موٹا اور بیوقوف آدمی۔ **گوشت لڑانا** (متعدی) مجامعت کرنا (بازاری) **گوشت میں بھرا ہونا** (لازم) تیار رہونا جانور کا۔ فربہ ہونا۔ پرگوشت ہونا۔ **گوشتیں** (صفت) موٹا۔ فربہ۔
امثال و اقوال۔ گوشت خر دندان سگ۔ ۱۔ جب دو برے شخص آپس میں لڑیں تو کہہ سکتے ہیں ۲۔ جب کوئی بری چیز کسی لالچی آدمی کو ملے تو کہتے ہیں۔ **گوشت کھالیتے ہیں ہڈیاں پھینک دیتے ہیں۔** اچھی چیز استعمال کرنی چاہیئے۔ **گوشت کھائے گوشت بڑھے ساگ کھائے اوجھڑی۔** گوشت کھانے سے آدمی موٹا ہوتا ہے۔ ترکاریاں کھانے سے پیٹ بڑھتا ہے۔ اصل مثل دیکھو ماس کھائے الخ۔ **گوشت کھائے گوشت بڑھے گھی کھائے بل ہوئے۔ ساگ کھائے اوجھ بڑھے تو بل کہاں سے ہوئے۔** گوشت کھانے سے آدمی موٹا ہوتا ہے۔ گھی کھانے سے طاقت آتی ہے۔ سبزیاں کھانے سے پیٹ بڑھتا ہے مگر طاقت نہیں آتی۔ **گوشت کھائے گوشت لڑائے گوشت ہی پر سوئے۔** عیاشوں کا مقولہ ہے۔ گوشت کھانا چاہیئے۔ جماع کرنا چاہیئے اور عورت کو ساتھ لے کر سونا چاہیئے **گوشت ناخونوں سے کہیں جدا ہوتا ہے۔** رشتہ داروں اور عزیزوں سے آدمی جدا نہیں ہوسکتا
گوشٹ (ھ۔ مونث) سازش۔ بغاوت۔
گوشجات (ف۔ مذکر) گوشہ کی جمع (مت)
گوشہ (ف۔ مذکر) ۱۔ کونا۔ کھونٹ۔ زاویہ ۲۔ طرف۔ جانب۔ سمت۔ پہلو ۳۔ علیحدگی تنہائی۔ خلوت۔ کنارہ ۴۔ کمان کا سرا۔ **گوشۂ تنہائی**

(مونث) تنہائی کی جگہ۔ خلوت۔ **گوشۂ جنوب و مشرق** (مذکر) وہ سمت جو عین پورب اور دکن کے درمیان ہے۔ اگنی کون۔ **گوشۂ جنوب و مغرب** (مذکر) وہ سمت جو عین دکن اور پچھم کے درمیان ہے۔ نیرت کون۔ **گوشۂ جگر** (مذکر) جگر کا کونا۔ **گوشۂ چشم** (مذکر) آنکھ کا کونا۔ **گوشہ دار** (صفت) کونے والا۔ **گوشۂ دل** (مذکر) دل کا کونا۔ **گوشۂ دل میں جگہ دینا** (متعدی) یاد رکھنا۔ **گوشۂ دہن** (مذکر) منہ کا کونا۔ **گوشۂ زمین** (مذکر) زمین کا کونا۔ زمین کا ٹکڑا۔ **گوشۂ زنجیر** (مذکر) زنجیر کا حلقہ۔ **گوشۂ شمال و مشرق** (مذکر) وہ سمت جو اُترا اور پورب کے درمیان ہے۔ ایشان کون۔ **گوشۂ شمال و مغرب** (مذکر) وہ سمت جو اُترا اور پورب کے درمیان ہے وایوکون۔ **گوشۂ عافیت** (مذکر) وہ جگہ جہاں امن و اماں ہو یا کوئی جھگڑا نہ ہو۔ **گوشہ کشادہ** (صفت) وہ لفافہ یا کوئی چیز جس کے کنارے کھلے ہوں۔ **گوشۂ کمان** (مذکر) کمان کی نوک جس میں تانت اٹکی رہتی ہے۔ **گوشہ گیر یا گزیں** (صفت) خلوت نشین۔ تنہائی میں رہنے والا۔ تارک الدنیا۔ **گوشہ میں** (ظف) تنہائی میں۔ خلوت میں۔ **گوشہ میں بیٹھنا** (متعدی) اعتکاف میں بیٹھنا یعنی معتکف ہونا۔ دنیا کے بکھیڑوں سے الگ ہو کر خدا کی عبادت کسی محفوظ جگہ میں کرنا۔ **گوشہ نشین** (صفت) دیکھو گوشہ گیر۔ **گوشہ نشینی** (مونث) تنہائی۔ خلوت نشینی۔ عزلت۔ علیحدگی۔ خانہ نشینی۔

گوکل (ہ۔ مذکر) گائیوں کا ریوڑ دیکھو گو کے تحت میں۔

گوکھ (ہ۔ مذکر) ۱ ڈیوڑھی ۲ چھجا۔

گوکھا (ہ۔ مذکر) ۱ گائے کا چمڑا ۲ (صفت) بیوقوف۔ احمق۔ کودن۔

گوکھرو (ہ۔ مذکر) ۱ ایک پودوں کا نام ۲ ایک قسم کا سہ گوشہ کانٹا جسے خسک بھی کہتے ہیں۔ بھکھڑا (پ) ۳ وہ آہنی کانٹا جو لڑائی میں بکھیر دیتے ہیں تاکہ دشمنوں یا ان کے گھوڑوں کے پاؤں میں چبھیں ۴ وہ سخت جگہ جو پاؤں پر ہو جاتی ہے۔ ڈیل کٹا ۵ کان کا ایک زیور ۶ ہاتھ کا ایک زیور۔ چوہے دتیاں۔ کنگن (آخری دو معنوں میں بنانا بنوانا۔ پہننا وغیرہ کے ساتھ) ۷ مقیش وغیرہ کا تکھونٹا موڑا ہوا گوٹا جو دوپٹہ وغیرہ پر ٹانکتے ہیں (بنانا بننا۔ ٹانکنا وغیرہ کے ساتھ) ۸ کانٹے جو مویشی کے کھروں میں گھس جاتے ہیں ۹ ایک مرض جو مویشی کے کھروں یا انسان کے تلوے میں ہوتا ہے۔

گوگا (ہ۔ مذکر) خاکروبوں کا پیر۔ بیان ہوتا ہے کہ ایک راجہ کا لڑکا تھا۔ جو فقیر ہو گیا۔ اور محمود کی آمد سے پہلے مسلمان ہو گیا تھا۔ بہت سی کرامتیں بیان ہوتی ہیں۔ **گوگا پیر** (مذکر) عزت سے گوگا کو کہتے ہیں۔ ظاہر پیر۔ **گوگا پیر کا میلا یا گوگا کی چھڑیاں** (مونث) خاکروبوں کا ایک میلا جو گوگا پیر کے سماد ھ کے دن جمع ہو کر چھڑیاں نکالتے اور گوگا کے مزار تک مرادیں لے کر جاتے ہیں۔ جہاں میلہ لگتا ہے۔

مثل۔ گوگا بڑا کہ بھگوان۔ ادنیٰ اعلیٰ کی برابری نہیں کرسکتا۔

گوگرد (ف۔ مونث) گندھک۔ کبریت۔ **گوگرد احمر** (مونث) سرخ گندھک۔

گوگل (ہ۔ مذکر) ۱ ایک درخت ۲ اس کا گوند جو خوشبودار ہوتا ہے۔ اور ہندو ہوا صاف کرنے کے لئے جلاتے ہیں۔

گوگل۔ گوگلا (ہ۔ مذکر) گوگلی (مونث) گھونگا۔

گول (ہ۔ مونث) چھوٹی نالی جس سے کھیتوں میں پانی پہنچاتے ہیں (رس گلیا)

گول (ہ۔ صفت) ۱ مدور۔ چکردار۔ کروی۔ مستدیر ۲ مبہم۔ مشکوک۔ مشتبہ۔ مذبذب ۳ پیچیدہ۔ وہ جو سمجھ میں نہ آئے ۴ (مذکر) مٹی کا بڑا مٹکا ۵ کوئی مدور چیز۔ گیند۔ کرہ۔ دائرہ ۶ مویشی کا غول جو دوسرے گاؤں یا دریا کے کنارے یا پہاڑ کے دامن میں جہاں گھاس زیادہ ہو چرنے کے لئے جائے (س گرل)۔ **گولا** (مذکر) ۱ بڑی گول گیند جو عموماً پتھر یا لوہے کی ہوتی ہے۔ اور اسے پھینکتے ہیں۔ جو سب سے دور پھینکے وہ جیتتا ہے ۲ لوہے کی بڑی گولی جو توپ میں ڈالتے ہیں ۳ گھیرا۔ منڈل ۴ ڈور کا پنڈا ۵ کرہ۔ گیند ۶ تاگوں کی گولی۔ پیچک ۷ کرہ زمین۔ وہ مصنوعی گیند نما چیز جو کرہ زمین کی شکل بناتے ہیں ۸ ستون کے گرد کا ابھرا ہوا حلقہ ۹ ایک قسم کا گول مول کبوتر ۱۰ پگڑی کا قالب ۱۱ ٹوپی کا قالب ۱۲ نادلی کے اندر کی گری ۱۳ اناج کی منڈی ۱۴ مٹی کے ظرف اور اناج بیچنے کا بازار ۱۵ کوٹھی مخروطی شکل کی جو پختہ اینٹوں سے گول حلقہ بنا کر پیٹے کے اوپر کنوئیں کی تہ میں رکھتے ہیں ۱۶ پکا کنواں۔ وہ کنواں جو اندر باہر سے پکا اور استرکاری کا اونچا منڈیر دار بنا ہو ۱۷ گول شہتیر۔ لٹھا ۱۸ ایک قسم کی آتشبازی ۱۹ جلانے کی لکڑی کا کندا جو چیرا نہ گیا ہو ۲۰ وہ ریح جو انسان کے پیٹ میں گھومتی ہے ۲۱ پختہ سڑک کا وہ بیچ کا حصہ جس کو کسی قدر مدور رکھتے ہیں ۲۲ سوجن۔ آماس ۲۳ ڈھوروں کا غول ریوڑ ۲۴ پیل پایہ۔ ستون ۲۵ اناج کا کوٹھا۔ کھتا ۲۶ ایک پرانا رسم جس میں سچائی ظاہر کرنے کو جلتا ہوا لوہے کا ٹکڑا ہاتھ سے اٹھاتے تھے۔ **گول آنا** (لازم) مویشی کے ریوڑوں کا دریا یا پہاڑ کی طرف سے چرائی کے بعد واپس آنا۔ **گولا اٹھانا** (متعدی) دیکھو گولا ۲۶۔ **گولا باڑی** (ہ) اناج کی کوٹھی۔ کھتا۔ **گولاپا** (مذکر) دیکھو گولائی۔ **گولا پھروا** (ہ) بیج جس سے گول منڈا ہوا۔ **گولا پھینکنا** (متعدی) ۱ مقابلہ کے لئے گولا ۲ پھینکنا ۲ توپ کا گولہ کسی جگہ پہنچانا۔ گولہ باری کرنا۔ **گولا چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) ۱ توپ چھوٹنا ۲ کوٹھی کنوئیں میں اترنا۔ **گولادار** (ہ) اناج کا سوداگر۔ **گولادن** (صفت) موٹا تازہ۔ فربہ۔ سنڈ مسنڈ۔ توپ کے گولے کی مانند۔ دن توپ کی آواز کو کہتے ہیں۔ **گولادن بنا ہوا ہے۔** موٹا تازہ ہے۔ **گولا دھار** (صفت) موسلا دھار زور کی بارش)۔ **گولا دھار برسنا** (متعدی) زور سے بارش ہونا۔ **گولا ڈنڈا** (مذکر) دیکھو گلی ڈنڈہ۔ **گولاز** (ہ) ۱ گول شکل۔ گولائی ۲ گولا۔ کرہ۔ **گولارا** (ہ) گول۔ مدور۔ کروی۔ **گولا لاٹھی کرنا** (متعدی) ہاتھ پاؤں باندھ کر اور گھٹنوں میں لاٹھی دے کر اٹھانا۔ ایک سزا جو مکتب کے ملا دیا کرتے تھے۔ اس طرح لڑکا مار کھانے سے بھاگ نہیں سکتا تھا۔ **گولا مارنا** (متعدی) توپ چھوڑنا۔ گولہ باری کرنا۔ **گول انداز** (مذکر) دیکھو گولنداز۔ **گولائی** (مونث) دور۔ چکر۔ گول پن۔ گول ہونا کسی چیز کا۔ **گول بات** (مونث) مبہم بات۔ جو بات ٹھیک طرح سمجھ نہ آئے۔ پیچیدہ بات۔ **گول بدن** (مذکر) ۱ جسم جو مٹاپے کی وجہ سے گول ہو ۲ بھرا ہوا بدن۔ بھرا بھرا جسم۔ **گول پن** (مذکر) گولائی۔ **گول پھل** (ہ۔ مذکر) نوط۔ گول

جانا (لازم) مویشی کے گول کا چرائی کے لئے جانا۔ دیکھو گول۔ **گول چلا** (مذکر) گولنداز۔ **گول ٹوپ** (ہ ۔) گول۔ گول شکل کا۔ **گول سا** (صفت) گول۔ مدور۔ **گول سلجھر** (ہ ۔) مخروط مستدیر۔ **گول شاخ** (مونث) ابھری ہوئی شاخ جو کسی جانب دبی ہوئی نہ ہو۔ **گول کٹا** (صفت) دندانے دار۔ جس کے دندانے گول ہوں (علم نباتات)۔ **گول کھمبیت** (مذکر) مدور سطح کروی سطح۔ **گول گرارہ** (مذکر) کوئیں کا گول چرخ۔ **گول گول** (صفت) ۱۔ مبہم۔ مشتبہ۔ مشکوک ۲۔ مدور۔ گول ۳۔ سب مدور۔ **گول گول بات** (مونث) ۱۔ مبہم بات۔ مذبذب بات ۲۔ پہلو دار بات۔ **گول گول رکھنا** (متعدی) کسی بات کا مبہم رکھنا۔ **گول گول کہنا** (متعدی) ۱۔ مافی الضمیر صاف نہ کہنا۔ مبہم کہنا ۲۔ ایسی بات کہنا جس میں کئی پہلو ہو سکیں۔ **گول گھر** (مذکر) تہہ خانہ۔ **گول مال** (مذکر) ۱۔ ملا جلا۔ غلط ملط ۲۔ غبن۔ خیانت ۳۔ سازش۔ آنٹ سانٹ ۴۔ غائب۔ الوپ۔ چوری۔ غائب غلہ ۵۔ مشتبہ۔ مشکوک۔ دل میں کالا رکھنا ہونا کے ساتھ۔ **گول متھول** (صفت) دیکھو گول مول۔ **گول مرچ** (مونث) ۱۔ کالی مرچ ۲۔ ایک قسم کی چھوٹی گول سرخ مرچ۔ دکنی مرچ۔ **گول مول** (صفت) ۱۔ موٹا۔ فربہ پیپے کی طرح۔ موٹا تازہ اور ٹھگنا ۲۔ موٹا بیوقوف ۳۔ پیچیدہ۔ مبہم۔ **گول مول جواب** (مذکر) مبہم جواب۔ پیچیدہ جواب۔ **گول مول ہو رہنا** (لازم) خاموش ہو رہنا۔ جواب نہ دینا۔ **گول منہ یا گول منہ** (مذکر) آفتابی چہرہ۔ طباقی چہرہ۔ چوڑا چکلا منہ۔ **گولنداز** (مذکر) توپچی۔ توپ چلانے والا۔ **گولندازی** (مونث) توپ چلانا۔ گولہ باری۔ **گولہ** (مذکر) ۱۔ توپ کا گولہ ۲۔ گلولہ ۳۔ قند ۴۔ گیند ۵۔ (انٹا) گوپیے میں چلانے کا گولہ ۶۔ کرہ۔ **گولہ باری** (مونث) کسی مقام پر توپ کے گولے بکثرت پھینکنا۔ **گول ہو رہنا** (لازم) خاموش ہو رہنا۔ جواب نہ دینا۔ **گولی** (مونث) گولا کی تصغیر ۱۔ سیسہ یا لوہے کا مدور ٹکڑا جو بندوق کی نال میں ڈالا جاتا ہے ۲۔ دوا کا چھوٹا گول ٹکڑا۔ حب۔ بٹی ۳۔ بچوں کے کھیلنے کی لاکھ شیشے یا پتھر کی گول چھوٹی چیز۔ انٹا ۴۔ گول دانہ۔ روا ۵۔ آٹے کا گول ٹکڑا جس میں تعویذ وغیرہ رکھ کر دریا میں ڈالتے ہیں ۶۔ افیون کا چونا سا ٹکڑا ۷۔ مٹی کا ظرف جس میں پانی یا غلہ رکھتے ہیں ۸۔ کوئی چھوٹی سی گول چیز ۹۔ گیند۔ کرکٹ کی گیند **گولے** (مذکر) جمع گولا کی۔ **گولی اڑ جانا** (لازم) ۱۔ ازبرن کی گولی کھا جانا۔ **گولی اڑانا** (متعدی) مداری کا پیالہ میں سے گولی غائب کر دینا۔ **گولیاں** (مونث) ۱۔ جمع گولی کی ۲۔ اندر سے کی گولیاں۔ **گولیاں چلانا یا مارنا** (متعدی) **چلنا** (لازم) بندوق سے گولیاں چلائی جانا۔ **گولیاں کھیلتے ہیں**۔ ابھی نادان ہیں۔ بچے ہیں۔ **گولیاں کھیلنا** (متعدی) ۱۔ گولیوں کا کھیل کھیلنا ۲۔ بچپن کا زمانہ ہونا۔ **گولی بچا جانا یا بچانا** (لازم) ۱۔ کسی مشکل کام سے کنارہ کش ہو جانا ۲۔ مصیبت کے وقت پہلو تہی کر جانا ۳۔ چالاکی سے مشکل کام یا آفت سے بچ جانا۔ **گولی بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) کسی چیز کا مدور شکل میں بننا۔ **گولی بیٹھ جانا** (لازم) بندوق کی گولی کا کسی جگہ لگ جانا۔ **گولی پر گولی اڑانا** (متعدی) لگاتار گولیاں چلانا۔ **گولی پلانا** (متعدی) ۱۔ بندوق میں گولی بھرنا ۲۔ گولی چلانا یا مارنا ۳۔ کسی کے بدن میں گولی داخل کرنا۔ **گولی پھینکنا** (متعدی) کرکٹ میں گیند کرنا۔ **گولی چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) بندوق سے گولی سر ہونا۔ بندوق چلانا۔ **گولی چوکنا** (لازم) گولی کا نشانے پر نہ لگنا۔ **گولے دار پگڑی** (مونث) ایک قسم کی گول بندھی ہوئی پگڑی جسے باندھ کر گلے بادشاہوں کے وقت میں دربار میں جانے کا دستور تھا۔ **گولی دینا** (متعدی) دوا کی گولی کسی کو دینا۔ **گولی ڈھالنا** (متعدی) سانچے میں گولی کا بنانا۔ **گولے رڑھا رہا ہے**۔ جھوٹی سچی باتیں کہہ کر لوگوں میں فساد پھیلاتا ہے۔ فتنہ گر ہے۔ لوگوں کو لڑاتا ہے۔ **گولی کا ٹپا** (مذکر) وہ فاصلہ جہاں تک بندوق سے نکلی ہوئی گولی جا سکے۔ یہ اس زمانہ کا محاورہ ہے جب بندوقوں کو منہ کی طرف سے بھرتے تھے۔ اب تو پانچ میل تک گولی جا سکتی ہے۔ **گولی کان پر سے نکل جانا** (لازم) کسی آفت کا بال بال لگ رہ جانا۔ کسی صدمے یا آفت سے بال بال بچ جانا۔ **گولی کھانا** (متعدی) ۱۔ گولی کی چوٹ کھانا۔ گولی کا بدن میں لگنا ۲۔ دوا کی یا افیم کی گولی نگل جانا۔ **گولی کھایا** (عو) بددعا کے طور پر کہتی ہیں۔ **گولی کے کباب** (مذکر) ایک قسم کے گول گول کباب۔ **گولی لگانا** (متعدی) حریف شکار یا نشانے پر بندوق چلانا۔ **گولی لگنا** (لازم) ۱۔ بندوق کا نشانہ لگنا ۲۔ گولی کا صدمہ پہنچنا۔ گولی کی ضرب یا زخم آنا۔ **گولی لگے** (بددعا) بندوق سے مارا جائے۔ مرے۔ **گولی لیا** (عو) غصے میں بطور بددعا کے کہتی ہیں۔ **گولی مارنا** (متعدی) ۱۔ بندوق چلانا۔ فایر کرنا۔ گولی چلانا ۲۔ گولی سے جان لینا۔ جان سے مارنا۔ **گولی مارو** (تنفر) دفع کرو۔ چولھے میں ڈالو۔ آگ لگاؤ۔ لعنت بھیجو۔ ایسے کا نام نہ لو۔ **گولیوں کا مینہ برسانا** (متعدی) **برسنا** (لازم) بندوقوں کے متواتر فائروں سے علی الاتصال گولیاں پڑنا۔

امثال و اقوال۔ گولا (گولی) بارود کہیں جائے طلب (یلنے) سے کام۔ کسی کا کام بگڑے بنے انہیں اپنے فائدے سے غرض مردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں اپنے حلوے مانڈے سے کام۔ **گولی اندر دم باہر**۔ نیم حکیمی کی دوائیوں کے متعلق کہتے ہیں۔

گول (ف۔ صفت) بیوقوف۔ احمق۔ کودن۔

گول (انگ۔ مذکر) ۱۔ فٹ بال، ہاکی، پولو وغیرہ کے کھیل میں وہ لکڑی کا بڑا پالا جس میں سے گیند نکالتے ہیں ۲۔ علت غائی۔ مقصد۔ **گول کیپر** (انگ۔ مذکر) گولچی۔ گول ہونے سے بچانے والا۔

گول (س۔ مذکر) ۱۔ گیند ۲۔ کرہ ۳۔ زمین کا نصف کرہ۔

گولڈ (انگ۔ مذکر) سونا۔ زر۔

گولر (ہ۔ مذکر) ۱۔ انجیر کی قسم کا ایک درخت۔ گومر۔ تیمر ۲۔ کپاس کا ڈوڈا (س گڈر) **گولر کا پھول** (مذکر) ۱۔ عوام کا خیال ہے کہ گولر کا پھول دیوالی کی رات کو نکلتا ہے اور اس کو پریاں لے جاتی ہیں ۲۔ کنایتاً نایاب چیز۔ (صفت) کمیاب۔ ناپید۔ **گولر کا پھول پھولنا یا کھلنا** (لازم) کوئی عجیب واقعہ ہونا۔ **گولر کا پیٹ پھاڑنا** (متعدی) **پھڑوانا** (مع) **پھوٹنا** (لازم) بھید

کھلنا - راز فاش ہو جانا - **گولر کا کیڑا** (مذکر) ۱۔ ایک کیڑا جو گولر میں سوراخ کر کے انڈے دیتا ہے جب بچے نکلتے ہیں تو وہ گولر کو دہ کھاتے ہیں۔ گولر کے پھٹنے پر نکل کر اڑ جاتے ہیں ۲۔ وہ شخص جس نے گھر سے نکل کر باہر کی ہوا نہ کھائی ہو - چار دیواری سے باہر نہ نکلنے والا۔ گھر گھسڑو - گھر گھسنا - **گولر کباب** (مذکر) ایک قسم کے کباب جو ابلے اور پسے ہوئے گوشت کے اندر مسالا بھر کر پکاتے ہیں۔ **گولر گپکینا** (متعدی) ۱ چبا چبا کر بات کرنا ۲ مری آواز سے بولنا - منہ میں گھنگنیاں بھر لینا۔

مقولہ - گولر کا پھول پیپل کا مدھ - گھوڑی کی جگالی کبھی نہ پاوے اور پاوے تو رین دیوالی - یہ باتیں ناممکن ہیں۔

گولڑا (ہ - مذکر) ران کے اندر کا گوشت - قصابوں کی اصطلاح۔

گولک (ہ - مذکر) غولک - وہ ظرف جس میں سوراخ ہوتا ہے اور اس میں دکاندار روز کی آمدنی ڈالتے جاتے ہیں (غولک کا معہند)

گولک (س - مذکر) ۱ گیند ۲ آنکھ کا گڑھا ۳ بیوہ کا حرامی لڑکا!

گولکا (س - مونث) بیوہ کی حرامی لڑکی۔

گوم (ہ - مذکر) ۱ گھوڑے کے بالوں کا پیچیدہ ہونا جو منحوس سمجھا جاتا ہے ۲ کنکھجورا - (دکنی)

گوما - گوما (ہ - مذکر) ۱ ایک درخت اور اس کا پھل ۲ ایک دوا کا نام جو اس درخت سے بنتی ہے اور کان کے درد - اور کپکپی کے لئے مفید ہے۔

گوماچھی (ہ - مونث) گھوڑوں کو کاٹنے والی مکھی - ڈانس۔

گومڑ - گومڑا (ہ - مذکر) ۱ سوجن۔ ورم جو سر پر کسی قسم کی ضرب کا ہو ۲ درخت کے تنے پر ایک قسم کی بڑھوتی ۳ پھوڑا - دنبل ۴ گڈا ہے۔ **گومڑا پڑنا** (لازم) چوٹ کے سبب سے ورم یا سوجن کا آ جانا - **گومڑی** (مونث) پھنسی - دانہ (عف)

گوں (ہ - مونث) ۱ موقع - فرصت گھات - داؤں ۲ مطلب - غرض - مقصد ۳ لائق قابل ۴ خواہش - رغبت ۵ ضرورت - حاجت (س گن - رستہ - امکان) **گوں پڑنا** (لازم) کام پڑنا مطلب پڑنا - **گوں کا** (صفت) مطلب کا غرض کا - **گوں کا یار** (مذکر) مطلب کا یار - خود غرض - **گوں گانٹھنا** (متعدی) مطلب نکالنا - مطلب براری کرنا - کام نکالنا - **گوں گانٹھیا** (متعدی) چاپلوسی کر کے مطلب نکال لینے والا - **گوں گیریا گیرا** (صفت) وہ شخص جو اپنے مطلب کے واسطے خوشامد کرے اور کام نکل جانے کے بعد بے اعتنائی کرے - **گوں نکالنا** (متعدی) نکل جانا یا نکلنا (لازم) مطلب نکل جانا - غرض نکلنا - مطلب براری ہونا - **گونی** (مونث) موقعہ (دکنی)

مثل - گوں نکل گئی آنکھ بدل گئی - خود غرض کی نسبت کہتے ہیں - جو مطلب حاصل ہونے کے بعد بے مروتی کرے۔

گوں (ہ - مذکر) ۱ دیکھو گمن ۲ خلوت گاہ - گوشہ - آشرم - تخلیہ ۳ کھیت میں سایہ دار جگہ جہاں بیل باندھتے ہیں۔

گوں (س صفت) ۱ غیر ضروری ۲ دوسری - ماتحت ۳ گھٹیا - کمتر ۴ مجازی - نقلی - تمثیلی - تشبیہی۔

گون (انگ - مونث) ۱ ایک قسم کا عورتوں کا انگریزی لباس جو کرتی اور گھگھرے دونوں کا کام دیتا ہے - اور لمبی کرتی کی طرح ہوتا ہے - پہلے ٹخنوں تک ہوتا تھا - اب گھٹنوں تک پہنچ گیا ہے ۲ جبہ جو وکیل پروفیسر جج اور ڈگری لینے کے وقت طالب علم پہنتے ہیں ۳ وہ پوشاک جو رات کی پوشاک کے اوپر یا نہا کر پہنتے ہیں - پہلی کو نائیٹ گون اور دوسری کو بیڈنگ گون کہتے ہیں ۴ ایک قسم کا کپڑا (اصل گئون)

گون (ہ - مذکر) دیکھو گمن - جانا - آوا گون کی ترکیب سے مستعمل ہے۔

گوں (ف - مذکر) ۱ رنگ - برن - گون - طرز - روش - ڈھنگ - مرکبات میں جیسے لاگوں - نیلگوں - **گوناگوں** (صفت) رنگ برنگ کا - طرح طرح کا - سا انواع و اقسام کا۔

گونہ (مذکر) ۱ دیکھو گون ۲ (صفت) کسی قدر ۳ طرح کا - وضع کا - **گونہ گونہ** (صفت) دیکھو گوناگون۔

گون (ہ - مونث) ۱ ٹاٹ کی بوری ۲ وہ تھیلا جس میں غلہ بھر کر گدھوں پر لادتے ہیں - دو رخی بوری ۳ ایک قسم کی گھاس جس سے چٹائی بناتے ہیں (س گونی) **گونی** (مونث) دیکھو گون ۱۔ ۲۔

گونا (ہ - مذکر) بیاہ کے بعد دلھن کے سن بلوغت کو پہنچنے پر دولھا کا اسے اپنے گھر لانا - مکلاوا - دونا ۲ شب زفاف - تخت کی رات - شب عروسی (س - گمن - جانا) **گونا ولی** (ہ - مونث) دلھن جو سن بلوغت پہنچنے پر سسرال لائی جائے - **گونا کرنا** (متعدی) ۱ دلھن کو وداع یا رخصت کرنا ۲ دلھن کو وداع کر کے لانا - **گونا کرنے جانا** (لازم) بیاہ کے بعد دلھن کے سن بلوغت کو پہنچنے پر دولھا کا اس کو میکے سے جا کر لانا۔

گوٹا (ہ - مذکر) ۱ طلائی رنگ جو شیشیوں صندوقچوں اور تلواروں پر کرتے ہیں ۲ طلائی روغن یا سفوف جس سے کوئی شے مطلا بنائی جائے۔

گونتھنا (ہ - متعدی) ۱ دیکھو گوتھنا ۲ ریشم کے تاروں کو آپس میں لپٹنا - گوندھنا۔

گونٹا (ہ - مذکر) گاؤں کے اخراجات۔

گونٹھ (ہ - مذکر) وہ زمین جو مذہبی کاموں کے لئے جاگیر دی جائے۔

گونٹھ (ہ - مذکر) ایک قسم کی چوڑی سلائی۔

گونٹھا (ہ - مذکر) آپلا۔

گونٹیا (ہ - مذکر) لمبردار - پٹیل۔

گونج (ہ - مونث) ۱ آواز بازگشت آواز ہوا کے ذریعہ ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتی ہے جب پیدا ہوتی ہے تو چاروں طرف پھیلتی ہے - مگر اس کو سننے کے لئے کانوں کا ہونا ضروری ہے جب گنبد یا پہاڑ کے پاس آواز دی جائے تو وہ واپس آتی ہے - اور پھر گول حصے سے ٹکرا کر واپس جاتی ہے اور کئی بار ایسا ہوتا ہے یہاں تک کہ آہستہ آہستہ بند ہو جاتی ہے - یہ گونج ہے ۲ گرج ۳ ڈھول ستارہ وغیرہ کی آواز ۴ شیر کی آواز ۵ کبوتر اور قمری کی آواز ۶

بھن بھناہٹ ۴ بالے یا نتھ کی نوک جو موڑ دیتے ہیں ۵ سانپ کی پھنکار (س۔ گنجا) **گونج اٹھنا** (لازم) ۱ آواز سے بھر جانا۔ آواز ہی آواز سنائی دینا ۲ شور و فغاں سے بھر جانا ۳ نقارے ڈھول وغیرہ کی آواز سے دشت و جبل کا بھر جانا۔ **گونجنا** (لازم) ۱ آواز سے مکان کا بھر جانا۔ آواز ہی آواز سنائی دینا ۲ نقارے دہل وغیرہ کی آواز سے مکان گنبد کوہ فضا کا آواز سے بھر جانا۔ یا پر آواز ہونا ۳ شیر کا گونجنا ۴ کبوتر یا قمری کا مستی میں بولنا ۵ سانپ کا پھنکارنا ۶ کپڑے کو ہاتھ سے مل کر شکن ڈالنا ۷ کسی کھانے کی چیز کو اس طرح ہاتھ سے ملنا کہ دیکھ کر نفرت ہو۔

گونجھ (ہ۔ مونث) دیکھو گونج۔ **گونجھنا** (لازم) گونجنا۔

گونچ (ہ۔ مونث) ۱ گھونگچی۔ رتی ۲ ایک قسم کی مچھلی۔

گونچنا (ہ۔ متعدی) گوچنا۔

گوند (ہ۔ مذکر) **گوند** (خف) ۱ چیپ دار مادہ جو درختوں سے نکل کر جم جاتا ہے ۲ کھانڈ کے قوام میں بھون کر ملایا ہوا گوند اور تال مکھانے جو زچہ کو کھلاتے اور رشتہ داروں میں تقسیم کرتے ہیں (س گندا) **گوندپنجیری یا مکھانے** (مذکر) دیکھو گوند ۲۔ **گوند دانی۔ گوندانی** (مونث) وہ ظرف جس میں گوند بھگو کر لفافے وغیرہ جوڑنے کے لئے رکھتے ہیں۔ **گوند کش** (مذکر) وہ آلہ جس سے گوند پھیلاتے ہیں۔

مثل۔ گوندپنجیری اور ہی کھائیں زچہ رانی پڑی کراہیں۔ تکلیف کوئی سہے فائدہ کوئی اٹھائے۔

گوندا (ہ۔ مذکر) ۱ بھونے ہوئے چنوں کا گندھا ہوا آٹا جو بلبل کو کھلایا جاتا ہے ۲ گندھی ہوئی مٹی کا گوندا ۳ گلتھی۔ کوندا سا۔ **گوندا دکھانا** (متعدی) ۱ پرندوں کو لڑانے کے لئے گوندا ایک کو دکھا کر دوسرے کو دیدینا تاکہ غصے سے آپس میں لڑیں ۲ اکسانا بھڑکانا۔ لڑوانا ۳ چھیڑنا۔ چڑانا ۴ شہ دینا۔ **گوندا کر دینا** (متعدی) گلتھی کر دینا۔ **گوندے کا حلوا سوہن** (مذکر) ایک قسم کا ملائم حلوا سوہن۔ **گوندے کی دیوار** (مونث) وہ دیوار خام جو گارے کے ردے رکھ کر بناتے ہیں۔

مثل۔ گوندا دے کر بلبل پکڑتے ہیں۔ لالچ کی وجہ سے آدمی پھنستا ہے۔

گوندنی (ہ۔ مونث) ۱ ایک درخت اور اس کا پھل جو کوکن بیر کے برابر مگر زرد رنگ کا نہایت لیسدار ہوتا ہے (گوندسے) گوندی ۲ (ہ) ایک قسم کی گھاس جس کی چٹائیاں بناتے ہیں۔ **گوندنی سا لدنا** ۱ پھلوں سے بخوبی پھلنا ۲ کثرت سے سیتلا نکلنا۔ بہت آبلے نکلنا۔ **گوندنی کی طرح لدا ہونا** (لازم) بہت زیورات پہنے ہونا۔

گوندھ (ہ۔ امر) ۱ گوندھنا کا ۲ گوندھنے کا فعل۔ **گوندھان** (ہ) **گوندھن** (ہ۔ مذکر) ۱ گوندھنا ۲ گندھی ہوئی چیز ۳ بننا۔ مینڈھی کرنا چوٹی کرنا۔ **گوندھنا** (متعدی) ۱ آٹے میں پانی ڈال کر دیر تک ملنا تاکہ وہ لیسدار ہو جائے۔ اس طرح کرنے سے روٹی اچھی بنتی ہے۔ آٹا ملنا۔ ماندنا۔ سوندھنا ۲ مہندی گھولنا ۳ سر کے بالوں کی لڑیاں بنا کر باہم گوندھنا مینڈھی کرنا۔ چوٹی کرنا ۴ موتیوں یا پھولوں کی لڑیاں بنانا۔ پرونا ۵ کسی باریک چیز میں پانی یا شربت ملا کر ملنا ۶ (سہرا) تیار کرنا۔ بنانا۔

گوندی (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو گوندنی ۲ بدن پر سجاوٹ کے لئے نشان بنانا۔ گودنا۔

گونڈ (ہ۔ مذکر) ۱ ہندوستان کے اصلی باشندوں کی ایک قوم جو وندھیاچل کے شرقی حصے میں آباد ہے اور نیم وحشی ہے ۲ اس قوم کا ایک فرد (س گونڈ) **گونڈ ملار** (مذکر) ایک راگنی۔ **گونڈوانا** (مذکر) وہ علاقہ جہاں گونڈ رہتے ہیں۔

گونڈا (ہ۔ مذکر) **گونڑا** (ہ) ۱ گاؤں۔ دیہ۔ قریہ ۲ گاؤں کے قریب کے کھیت ۳ گاؤں کی سڑک۔ شاہراہ۔ گاڑی کی سڑک ۴ نچھاور جو دلھن پر سے کی جاتی ہے (س گرام) **گونڈا سینچنا** (متعدی) شادی کے موقع پر خیرات کرنا۔ نچھاور کرنا۔

مثل۔ گونڈے آئی برات بہو کو لگی ہگاس۔ وقت پر تکلیف ہو گئی۔

گونڈا (ہ۔ مذکر) ۱ گوالوں کی ایک ذات ۲ گوالوں کے رہنے کی جگہ ۳ گائیوں کے رہنے کی جگہ ۴ بھیڑوں کے رہنے کی جگہ۔

گونڈرا۔ گونڑا (ہ۔ مذکر) اونچا تالاب جس میں نچلے تالاب سے پانی چڑھاتے ہیں۔

گونڑا (ہ۔ مذکر) جہاز یا کشتی کا درمیانی شہتیر۔

گونگا (ہ۔ صفت) ۱ وہ شخص جو بول نہ سکے۔ بے نطق۔ بے زبان۔ گنگ ۲ چپ چاپ خاموش (آواز سے جو گونگے نکالتے ہیں) **گونگائی** (ہ) گونگا ہونا۔ **گونگی** (صفت مونث) گونگا کی۔ **گونگے** (صفت) ۱ جمع گونگا کی ۲ حرف مغیرہ سے پہلے بجائے گونگا کے۔ **گونگی پہیلی** (مونث) وہ پہیلی جو اشاروں سے بتائی جائے جیسے ماتھے اور گال کی طرف اشارہ کرنے سے کرم کلّا ہوا۔ کھٹ کی آواز نکالنے اور ہاتھ کے ملنے کے اشارے سے کھٹمل۔ **گونگے کا اشارہ** (مذکر) وہ اشارہ جو گونگا کرے۔ گونگے اشاروں سے باتیں کرتے ہیں۔ **گونگے کا خواب یا سپنا** (مذکر) ۱ وہ بات جو انسان دیکھے اور زبان سے نہ کہہ سکے۔ پوشیدہ بات ۲ مبہم بات جس کا سمجھنا مشکل ہو۔ **گونگے کا گڑ** (مذکر) لذت جو بیان نہ کی جاسکے۔ **گونگے کا گڑ کھانا** (متعدی) کچھ بیان نہ کر سکنا۔ چپ سادھنا۔ **گونگے کا گڑ کھلانا** (متعدی) قابل بیان نہ رکھنا کہنے سے عاجز کر دینا۔ خاموش کر دینا۔ **گونگے کی مٹھائی** (مونث) وہ لطف اور مزا جو بیان نہ کیا جاسکے۔ وہ بات جس کے بیان کرنے سے زبان قاصر ہو۔

امثال واقوال۔ گونگا اندھا چگ ڈھڑیا اور کانا کہیں کبیر سنو بھئی سادھو انکو نا پتیانا (ہ) گونگے اندھے تھوڑی داڑھی والے اور کانے کا ہرگز اعتبار نہ کرنا۔ **گونگی جورو بھلی گونگا ناریل نہ بھلا۔** حقہ وہ مزے دار ہوتا ہے جس میں سے گڑگڑ کی آواز نکلے۔ **گونگے کا اشارہ گونگا ہی (خوب پاتا ہے) سمجھے۔** ہر جنس اپنی ہی جنس سے میل کھاتی ہے۔ کند ہم جنس باہم جنس پرواز۔ **گونگے کا گڑ کھٹا نہ میٹھا۔** کسی بات کے اظہار سے عاجز ہونے کے وقت کہتے ہیں۔ ناقابل اظہار۔ **گونگے نے سپنا دیکھا من ہی میں پچھتائے۔** وہ بات جس کے بیان کرنے کو دل چاہے۔ مگر بیان نہ ہو سکے۔ دیکھو آخری۔

گون متصون (اردو۔ صفت)

منہ پھلا کر چپ ہو جانے والا۔

گونٹھ (ہ۔ مونث) لگاتار کوشش محنت۔

گونہار (ہ۔ مذکر) وہ لوگ جو دولھا کے ہمراہ گونے کے لئے جاتے ہیں۔

گونہجا (ہ۔ مذکر) ۱۔ گنوار۔ دیہاتی ۲۔ بیوقوف۔ احمق ۳۔ سسرا۔

گونہائی (ہ۔ مونث) دلھن جو گونے کے موقع پر سسرال آئے۔

گونیا (ہ۔ مذکر) ایک مثلث شکل کے اوزار کا نام جس سے معمار دیوار کی کجی درست کرتے ہیں۔ معماروں کی ڈوری۔

گونونا (ہ۔ متعدی) چھپانا۔ خفیہ رکھنا۔ پوشیدہ کرنا۔

گوہ (ہ۔ مذکر) دیکھو گو۔

گوہ (ہ۔ مونث) ایک صحرائی جانور چھپکلی کی شکل کا مگر بہت بڑا۔ یہ زمین میں بھٹ بنا کر رہتا ہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ چندن گوہ جو پتلی ہوتی ہے اور بڑا گوہ جو چوڑی ہوتی ہے۔ (س گودھ)

گوہا (ہ۔ مذکر) گوبر (پ)

گوہار (ہ۔ مونث) ۱۔ ہانک۔ پکار داویلا۔ شور۔ فریاد ۲۔ گالی گلوچ ۳۔ پٹا بازی میں ایک شخص کا بہت سے آدمیوں سے مقابلہ کرنا ۴۔ لڑائی کے وقت بہت سے آدمیوں کا برائے امداد پہنچنا ۵۔ ایک آدمی کا کئی آدمیوں کو گالی گلوچ کا جواب دینا ۶۔ ٹھٹھا۔ مذاق۔ پھکڑ بازی ۷۔ گنواروں کا لاٹھیوں سے لڑنا (س گھوش۔ شور) گوہار آنا (لازم) بہت سے آدمیوں کا لڑائی میں مدد کے واسطے آنا۔ گوہار لڑنا (متعدی) ۱۔ ایک آدمی کا بہت سے آدمیوں سے لڑنا ۲۔ ایک آدمی کا بہت سے آدمیوں کے مذاق کا جواب دینا۔ گوہارنا (متعدی) آواز دینا۔ شور مچانا۔ فریاد کرنا۔ گوہاری (مونث) ساتھی۔ مددگار

گوہاری (ہ۔ مونث) بہت زرخیز زمین۔

گوہال (ہ۔ مونث) مویشی کا مکان گوشالہ۔

گوہان (ہ۔ مذکر) وہ گاؤں جو کسی شخص کو دوامی بندوبست پر بحیثیت زمیندار دیا جائے۔ گوہانی (مونث) ۱۔ گاؤں ۲۔ گاؤں کی زمین جو گاؤں کے قرب وجوار میں ہو ۳۔ وہ زمین یا کھیت جس میں مویشی چریں۔

گوہانجنی (ہ۔ مونث) دیکھو گوہائی۔

گوہائی (ہ۔ مونث) آنکھ کی پھنسی جو پلکوں کے نیچے ہو جاتی ہے (نکلنا کے ساتھ)

گوہائی (ہ۔ مونث) ۱۔ بیلوں سے گُندوا کر دانے نکالنا۔ گاہنا۔ دائیں چلانا ۲۔ گاؤں کی زمین۔

گوہر (ف۔ مذکر) ۱۔ دیکھو موتی ۲۔ جوہر۔ قیمتی پتھر ۳۔ جوہر۔ سرنہانی ۴۔ تلوار کا جوہر ۵۔ ذات۔ اصل۔ نسل۔ جڑ۔ مادہ۔ ماہیت ۶۔ بیٹا۔ فرزند ۷۔ عقل۔ گوہر آبدار (مذکر) ۱۔ چمکدار موتی ۲۔ کسی کی تعریف کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ گوہر آگیں (صفت) وہ چیز جس میں جوہر جڑے ہوں۔ گوہر افشاں (صفت) ۱۔ موتی برسانے والا ۲۔ فیض پہنچانے والا ۳۔ خوش بیان۔ گوہر بار (صفت) موتی برسانے والا۔ ابر قلم اور زبان کی تعریف۔ گوہر بند (مذکر) کمربند جس پر موتی ٹکے ہوں۔ گوہر بیندھنا (متعدی) موتی میں سوراخ کرنا۔ گوہر تاب (مذکر) ایک کپڑا جو عورتیں گرمی میں پہنتی ہیں۔ یہ بہت باریک ہوتا ہے اور بدن اس میں سے نظر آتا ہے۔ گوہر تر (مذکر) ۱۔ آنسو ۲۔ اچھی باتیں۔ گوہر پرور (صفت) وہ عورت جو خوبصورت بیٹی کی ماں ہو۔ گوہر جان (مونث) مسلمان طوائفوں کا ایک نام۔ گوہر خانہ (مذکر) خزانہ جس میں موتی وغیرہ رکھے جائیں۔ گوہردار (صفت) چمکدار۔ جوہردار۔ گوہر دل (صفت) بہادر۔ شجاع۔ گوہر ریز (صفت) دیکھو گوہر بار۔ گوہرستان (مذکر) وہ جگہ جہاں موتی بہت ہوں۔ گوہر سفتہ (مذکر) ۱۔ چھدا ہوا موتی ۲۔ جو بات مشہور ہو۔ گوہر سنج (صفت) خوش بیان۔ گوہر شب تاب یا چراغ (مذکر) ایک قسم کا لعل جو رات کو روشنی دیتا ہے۔ گوہر غلطاں (مذکر) اعلیٰ قسم کا گوہر۔ گوہر فروش (صفت) گوہر بیچنے والا۔ گوہر فشاں (صفت) دیکھو گوہر افشاں۔ گوہر گرجنا (متعدی) موتی میں بال پڑ جانا۔ گوہر مقصد (مذکر) مقصد کا گوہر سے استعارہ کرتے ہیں۔ گوہر نگار (صفت) جڑاؤ۔ موتیوں سے جڑا ہوا۔ مرصع۔ گوہری (مذکر) ۱۔ جوہری۔ موتی بیچنے والا سوداگر ۲۔ گوہر کی آب وتاب ۳۔ اصلی۔ جبلی ۴۔ شریف۔ فیاض ۵۔ اچھی نسل کا۔

گوہر (ہ۔ مذکر) ۱۔ مویشی کا راستہ (س گودھر) ۲۔ جنگ کی تیاری کا حکم۔ الارم (گوہار سے) ۳۔ گوبر۔ اپلا۔ گوہرا (مذکر) گوبر۔ اپلا۔

گوہری (مونث) گوبر۔ اپلا۔

گوہرا۔ گوہرہا (ہ۔ مذکر) ۱۔ وہ جسے مدد کے لئے بلایا جائے۔ وہ جو مدد کیلئے آئے ۲۔ مددگار۔ معاون۔ امدادی۔

گوہری (ہ۔ مونث) خسارہ۔ ہرج

گوہڑا (ہ۔ صفت) گہرا۔ بہت۔ گوہڑا یار ہے۔ بہت دوست ہے۔

گوہڑیا (ہ۔ مذکر) وہ ڈھیر یا جگہ جہاں گندگی پھینکیں۔

گوہن (ہ۔ مذکر) وہ ڈھلواں رستہ جس پر بیل چرسے کو کھینچنے کے وقت چلتے ہیں۔

گوہوں (ہ۔ مذکر) گیہوں۔

گوہونا (ہ۔ مذکر) بڑا سانپ یا اژدہا جو مویشی کو مار کر کھا جاتا ہے۔

گوہی (ہ۔ مونث) وہ جگہ جو گوہ سے پلید ہوا ہو۔

گوئٹھا (ہ۔ مذکر) اپلا۔ کنڈا۔

مثل۔ گوئٹھا جلے گوبر ہنسے۔ بیوقوف کے متعلق کہتے ہیں جو دوسروں کے نقصان پر ہنسے۔ حالانکہ اس کا اپنا نقصان بھی اسی طرح ہونے والا ہوتا ہے۔

گوئی (ہ۔ مونث) ۱۔ دو بیل جو ہل میں جتیں ۲۔ وہ مقدار۔ وئی کی جو ایک بار گھٹلیا سے توجی جائے (س گو۔ گہائے)

گوئی۔ گوی (ہ۔ مونث) گچھا۔

گوئیٹھا (ہ۔ مذکر) اپلا۔

گوئیاں (ہ۔ مونث) سہیلی۔

وہ عورتیں جو آپس میں دوست ہوں ۲ عورتیں اپنی ہم نشینوں کو پکارتی ہیں ۳ کھیل میں ساتھی۔ (غالباً فارسی گویاں کا مہند)

گوئیں (ہ۔ مذکر) بیلوں کی جوڑی خصوصاً وہ جو ہل میں جوتی جائے۔

گوئینٹھا۔ گوئینٹھا (ہ۔ مذکر) اپلا جو جنگل میں سوکھا ہوا ملے۔ کنڈا۔

گوئینڈ۔ گوئینڈ۔ گوئینڈا۔ گوئینڈ۔ گوینڈ۔ گوینڈا۔ گوینڈا (ہ۔ مذکر) ۱ گاؤں ۲ گاؤں کا قرب وجوار ۳ گاؤں کے قریب کی زمین جس میں کھاد بہت پڑتا ہے ۴ جھونپڑا۔ مکان۔

گوئینڑا (ہ۔ مذکر) گاؤں کے قریب کی زمین۔

مثل۔ گوئینڑا کھیتی۔ سیکھا سانپ مائی بھٹے کا رن۔ بادی باپ۔ گاؤں کے قریب کی زمین۔ آدمخور سانپ۔ لڑاکا ماں۔ اور بدمزاج باپ برے ہوتے ہیں۔

گوئیہ (س۔ صفت) ۱ گائے کا یا اس کے متعلق۔ گائے سے نکلا ہوا ۲ (مذکر) پانچ چیزیں جو گائے سے حاصل ہوتی ہیں۔ دودھ۔ مکھن۔ پنیر۔ دہی۔ گھوا۔ ہنود آخری دو کی بجائے پیشاب اور گوبر شمار کرتے ہیں۔

گہ (ف۔ مونث) گاہ کا مخفف۔

گہ (ہ۔ امر) گہنا کا (س۔ داخل ہونا دور تک) گہ پانا۔ گہنا (متعدی) ۱ پکڑنا۔ زور سے پکڑنا ۲ گہن لگنا ۳ زور شور سے کوئی کام ہونا۔ گہ کر (تف) پکڑ کر۔

گہ (ہ۔ مونث) ۱ کمرے کی بلندی۔ کوٹھی کی اونچائی۔ ارتفاع مکان ۲ مکان کی منزل طبقہ۔ درجہ ۳ ہتھیار کے پکڑنے کی جگہ۔ قبضہ۔ دستہ۔ **گہ باندھنا** (متعدی) قبضہ شمشیر پر لتا باندھنا **گہ بیٹھنا** (متعدی) جم کر بیٹھنا ۲ تلوار کے قبضے کا ہاتھ میں جم جانا **گہ گیر** (صفت) سرکش گھوڑا۔

گہ (ہ۔ مذکر) گیہ یا گرہ کا مخفف مکان۔

گہ (ہ۔ مذکر) دیکھو گو۔

گہہ (س۔ مذکر) ۱ غار۔ کھوہ ۲ چھپنے کی جگہ۔ خفیہ جگہ ۳ کسی چیز کا اندرونی حصّہ ۴ دل

گھابر۔ گھابرا (ہ۔ صفت) گھبرایا ہوا۔ ڈرا ہوا۔ خوفزدہ۔

گھات (ہ۔ مونث) ۱ کسی کام کے لئے مناسب وقت۔ موقع۔ داؤں۔ تاک ۲ فریب دھوکا ۳ چال۔ پیچ ۴ آن۔ ادا۔ سج دھج۔ انداز ۵ قابو۔ اختیار ۶ ارادہ۔ بچار۔ عندیہ ۷ مقصد۔ مطلب۔ مدعا۔ منشا ۸ وہ جگہ جہاں دشمن یا شکار کے لئے چھپ کر بیٹھیں۔ داؤں کی جگہ۔ کمیں گاہ ۹ جادو۔ ٹونا۔ منتر ۱۰ دشمنی۔ دغا (س کشیپ۔ تباہ کرنا)

گھات پانا (متعدی) ۱ قابو حاصل کرنا ۲ موقع پانا۔ **گھات پر آنا یا چڑھنا** (لازم) قابو میں آنا۔ چال میں آنا۔ داؤں پر چڑھنا۔ **گھات تکنا** (متعدی) موقع ڈھونڈنا۔ **گھات چلانا** (متعدی) جادو کرنا۔ **گھات چلنا** (لازم) چالبازی کا کارگر ہونا۔ **گھات سوجھنا** (لازم) موقع ذہن میں آنا۔ تدبیر سوجھنا۔ **گھات کرنا** (متعدی) ۱ داؤں لگانا۔ موقع تاکنا ۲ قتل کرنا۔ مار ڈالنا ۳ ذبح کرنا۔ **گھات کھیلنا** (متعدی) دوسرے کو غافل پاکر اپنا مطلب نکالنا۔ **گھات لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) تاک میں بیٹھا ہونا۔ **گھات میں بیٹھنا** (لازم) کمیں گاہ میں بیٹھ کر موقع تاکنا۔ کسی کے مارنے کی فکر میں ہونا۔ **گھات میں رہنا** (لازم) موقع تاکنا۔ **گھات میں لگا ہونا** (لازم) کسی کی فکر اور تجسس میں ہونا۔ تاک میں ہونا۔ **گھات میں ہونا** (لازم) موقع تاکنا۔ تاک میں ہونا۔ فکر میں ہونا۔ **گھاتو** (ہ۔ صفت) ۱ گھات لگانیوالا ۲ دغاباز۔ مکار۔ **گھاتوں میں آنا** (لازم) فریب میں آنا۔ چالوں میں آنا۔ **گھاتی** (صفت) ۱ موقع تاکنے والا۔ داؤں گھات رکھنے والا ۲ چھلیا بھگلیا ۳ چالباز۔ چالیا ۴ خود غرض۔ مطلبی۔ **گھاتیا** (صفت) ۱ وہ جو کسی چیز یا کسی آدمی کی گھات میں رہے ۲ خود غرض۔ خود مطلب۔ **گھاتیں** (مونث) گھات کی جمع۔ **گھاتیں بتانا** (متعدی) چالیں بتانا یا سکھانا۔ چالبازیاں سکھانا۔ **گھاتیں یاد ہونا** (لازم) طریقے معلوم ہونا۔ ڈھنگ یاد ہونا۔

گھاتَ (س۔ مذکر) ۱ قتل کرنا۔ مار ڈالنا ۲ قتل۔ غارت۔ تباہی ۳ زخمی کرنا۔ ضرب لگانا ۴ صدمہ۔ ضرب ۵ (حساب) حاصل ضرب۔

گن پھل۔ **گھاتک** (صفت) ۱ قتل کرنے والا۔ مارنے والا ۲ تباہ کرنے والا۔ برباد کرنے والا ۳ ملزم۔ مجرم ۴ ظالم۔ سفاک ۵ خونخوار۔ وحشی ۶ شرارتی۔ بدذات ۷ برا (وقت) بدشگون ۸ (مذکر) قاتل ۹ جلاد۔ قصاب ۱۰ وہ شخص جو زخمی کرے ۱۱ مارنے کا ہتھیار۔ **گھات کرنا** (متعدی) ۱ مار ڈالنا۔ قتل کرنا ۲ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔

گھاتا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ چیز جو خریدنے کے بعد دی جائے ۲ ایک قسم کا کھلونا۔

گھاٹ (ہ۔ مونث) ۱ دریا پر وہ مقام جہاں سے کشتی میں چڑھیں یا اتریں ۲ جہاں سے دریا کو پیدل عبور کریں ۳ تالاب پر وہ جگہ جہاں جانور پانی پئیں یا ۴ وہ مقام جہاں سے پانی لیں ۵ وہ مقام جہاں دھوبی کپڑے دھوتے ہیں ۶ تلوار کی وہ جگہ جہاں سے خم شروع ہوتا ہے۔ باڑھ سے اوپر کا حصہ۔ خم شمشیر ۷ طرف۔ جانب۔ سمت رخ ۸ انگیا کا گریبان ۹ راہ۔ رستہ ۱۰ میلہ جو بعد ہولی کے شہروں میں ہوتا ہے ۱۱ پہاڑ کا درہ۔ گھاٹی ۱۲ (ہ) ناکامیابی۔ ضرورت ۱۳ نقصان ۱۴ کمی۔ گھاٹا ۱۵ عیب۔ نقص ۱۶ جرم ۱۷ جو کی ثابت نکلی ہوئی گری جو نرمی دے کر نکالتے ہیں ۱۸ دلھن کا لہنگا ۱۹ ناؤ کا کرایہ۔ اجرت کشتی ۲۰ پل کا محصول ۲۱ (صفت) کم۔ چھوٹا ۲۲ گھٹیا۔ ادنٰے ۲۳ ناقص (س گھٹ حرکت دینا) ۲۴ (مذکر) تراش خراش۔ قطع وضع ۲۵ طرز۔ ڈھنگ۔ انداز (س گھٹ۔ بنانا) ۲۶ گلا۔ حلقوم۔ حلق (س۔ گھاٹا)، **گھاٹا** (مذکر) ۱ کمی۔ نقصان۔ خسارا ۲ (ہ) ڈھلوان سطح۔ چڑھائی۔ اترائی ۳ درہ ۴ ایک کھانا جو جوار اور دال ملا کر پکایا جاتا ہے **گھاٹا آنا** (لازم) نقصان ہونا۔ **گھاٹا اٹھانا** (متعدی) نقصان یا خسارہ برداشت کرنا۔ **گھاٹا بھرنا** (متعدی) نقصان کی تلافی کرنا۔ **گھاٹا پڑنا** (لازم) خسارہ یا نقصان ہونا۔ **گھاٹ اتارنا** (متعدی) ۱ دریا سے پار لیجانا ۲ (تلوار کی) قتل کر دینا۔ **گھاٹ اترنا** (لازم) گھاٹ کو عبور کرنا۔ **گھاٹا دیکھنا** (متعدی) خسارے کا اندیشہ ہونا۔ **گھاٹانی** (ہ) دیکھو گھاٹ باری۔ **گھاٹا ہونا** (لازم) خسارہ یا نقصان ہونا۔ **گھاٹ باری** (مونث) محصول جو گھاٹ پر لیا جاتا ہے۔ **گھاٹ تولنا**

(متعدی) کم تولنا۔ **گھاٹ کرنا** (متعدی) ہٹا کرنا۔ دھوکا کرنا۔ **گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا** (متعدی) تجربہ کار ہونا۔ جگہ جگہ پھر کر تجربہ حاصل کرنا۔ **گھاٹ لگنا** (لازم) بہت سے آدمیوں کا دریا سے پار ہونے کے لئے کنارے پر جمع ہونا۔ **گھاٹ مار** (صفت) جو گھاٹ سے اترنے کا محصول نہ دے۔ **گھاٹ مارنا** (متعدی) گھاٹ کا محصول نہ دینا۔ محصولی مال چھپا لینا۔ **گھاٹ مانجھی** (مذکر) وہ ملاح جو کشتیوں کے کرائے کا انتظام اور سواریوں کی فراہمی کا کام کرتا ہے۔ **گھاٹ واری** (مونث) دیکھو گھاٹ باری۔ **گھاٹ وال** (مذکر) وہ برہمن جو اشنان کراتا اور ٹیکا لگاتا ہے۔ **گھاٹی** (مونث) ۱۔ راہ دشوار گزار۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ۔ درہ ۲۔ پہاڑوں یا پہاڑیوں کے درمیان خشکی کا قطعہ ۳۔ پہاڑوں کا نشیب ۴۔ پروانہ راہداری۔ چالان۔ **گھاٹیا** (مذکر) دیکھو گھاٹ وال۔

گھاٹ (س۔ مذکر) گھڑا۔

گھار (ہ۔ مونث) دیکھو گوہار۔

گھاری (مذکر) مددگار۔ معاون۔

گھار (ہ۔ مذکر) ۱۔ زمین جو پانی بہا لے جائے ۲۔ وادی ۳۔ نیچی زمین جہاں پانی کھڑا رہے (س گھرش پینا) **گھاری** (مونث) ۱۔ وادی ۲۔ گوشالہ ۳۔ مصیبت۔ آفت۔

گھاڑ (ہ۔ مونث) گلا۔ حلق۔ حلقوم۔ گھاٹ۔

گھاس (ہ۔ مونث) ایک نباتات جو خودرو زمین سے اگتی ہے اور پتوں کی بجائے باریک تنکے سے ہوتے ہیں۔ کاہ۔ گیاہ ۲۔ اناج۔ نیشکر اور بانس گھاس کی قسمیں ہیں مگر عام قسمیں بہت ہیں ۳۔ تنکا۔ کوڑا۔ پھوس ۴۔ چارہ ۵۔ ساگ۔ پات۔ سبزی ۶۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا (س گھاس) **گھاس اکھاڑنا** (متعدی) **اکھڑنا** (لازم) گھاس کا ہاتھوں سے کھینچ کر نکالا جانا۔ گھاس کھودی جانا۔ **گھاس پات** (مذکر) خس و خاشاک۔ **گھاس پھوس** (مذکر) ۱۔ کوڑا کرکٹ ۲۔ داڑھی کے بال ۳۔ موئے زہار۔ **گھاس پھوس ہے**۔ سیدھا سادھا ہے۔ بے زیب و زینت ہے۔ **گھاس کاٹنا** (متعدی) ۱۔ گھاس کو تراشنا ۲۔ بے سمجھے بوجھے کوئی کام کرنا ۳۔ بددلی اور بے سلیقگی سے کوئی کام کرنا ۴۔ جلدی جلدی پڑھنا ۵۔ اس طرح پڑھنا یا بولنا کہ سمجھ نہ آسکے **گھاس کھا جانا یا کھانا** (متعدی) ۱۔ بے عقل یا بیوقوف ہونا ۲۔ حیوان بننا۔ حیوانوں میں شمار ہونا۔ **گھاس کھودنا** (متعدی) ۱۔ گھاس کھرپے سے زمین سے نکالنا ۲۔ باغ کی روشوں پر سے گھاس اکھاڑ کر صفائی کرنا ۳۔ ذلیل کام کرنا۔ عقل کے برخلاف کوئی کام کرنا۔ **گھاس والا** (صفت) گھاس کاٹنے یا بیچنے والا۔ گھسیارہ۔

امثال و اقوال۔ گھاس کھا گھاس۔ گھاس کھاؤ۔ جب کوئی گاہک بہت سستی چیز مانگے۔ تو دوکاندار اس کے جواب میں کہتا ہے۔ مطلب یہ ہوتا ہے کہ تو اس کی قدر کیا جانے۔ **گھاس کھائے دن کٹے تو سب کوئی کھائے**۔ اگر زندگی معمولی باتوں سے آرام سے کٹے تو تمام لوگ آرام سے عمر کاٹیں۔ **گھاس میں کیا سانپ نہیں پھرتا**۔ ہر جگہ تکلیف ہوتی ہے۔ **گھاس کے گٹھے میں سے سوئی کا ڈھونڈنا** (متعدی) مشکل ہے۔ عبث محنت ہے۔

گھاگ۔ گھاگھ (ہ۔ صفت) ۱۔ پرانا اور تجربہ کار آدمی۔ بوڑھا۔ خرانٹ ۲۔ جہاندیدہ۔ کار آزمودہ ۳۔ سیانا۔ ہوشیار۔ **گھاگ ہے**۔ خرانٹ ہے۔ ہوشیار یا چالاک ہے (س گرگ)

گھاگر (ہ۔ مذکر) ۱۔ وہ رسی جو ہاتھی کے پاؤں کو باندھتے ہیں ۲۔ (ہ۔ مذکر) بڑے قد کا پہاڑی بٹیر۔

گھاگرا۔ گھاگھرا (ہ۔ مذکر) ۱۔ لہنگا پشواز وہ لباس جو ہندو عورتیں پہنتی ہیں ۲۔ ایک قسم کا کبوتر ۳۔ ایک کھلونا۔ جھنجھنا۔ **گھاگھرا پلٹن** (مونث) انگریزی فوج کی ایک پلٹن جو اپنی کمروں کے گرد رنگدار کمبل گھٹنوں تک لپیٹتی ہے۔ اس فوج کے سپاہی سکاٹلینڈ کے باشندے ہوتے ہیں۔ **گھاگھر اگول یا گھول** (ہ) ۱۔ اوپر تلے۔ گڈمڈ ۲۔ گھبرایا ہوا۔ پریشان ۳۔ (مذکر) گھبراہٹ۔ پریشانی۔ بے چینی ۴۔ بدانتظامی۔

گھاگس۔ گھاگھس (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا دوغلا مرغ۔

گھال (ھ۔ مذکر) گوشالہ۔ گائیوں کے رہنے کی جگہ۔

گھال (ہ۔ مذکر) **گھالا** (مونث) ۱۔ شرارت۔ نقصان۔ حرج ۲۔ مصیبت۔ آفت۔ صدمہ ۳۔ تباہی۔ بربادی (س گھٹ۔ مار ڈالنا) **گھال میل** (مذکر) ۱۔ کسی چیز سے مناسبت۔ ربط ضبط۔ میل ملاپ۔ تال میل ۲۔ گڈمڈ۔ **گھال میل رکھنا** (متعدی) میل ملاپ رکھنا۔ اتحاد رکھنا۔ **گھال میل کر دینا یا کرنا** (متعدی) گڈمڈ کر دینا۔ ملا جلا دینا۔ کھچڑی کر دینا۔ غلط سلط ہونا۔ **گھالنا** (متعدی) ۱۔ ڈالنا ۲۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ ان معنوں میں اردو میں گھر گھالنا کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے ۳۔ (ہ) گھسیڑنا۔ دخول کرنا ۴۔ بندوق چلانا ۵۔ بنیاد رکھنا ۶۔ پھیلانا ۷۔ مقرر کرنا ۸۔ ملانا۔ گڈمڈ کرنا ۹۔ کپڑے پہننا ۱۰۔ دعوت کرنا ۱۱۔ کسی کام پر لگانا۔

گھالک (ہ۔ صفت) ۱۔ تکلیف لانے والا۔ شرارت کرنے والا ۲۔ تباہ کرنے والا۔ برباد کرنے والا ۳۔ شرارتی۔

گھام (ہ۔ مونث) ۱۔ دھوپ۔ سورج کی روشنی ۲۔ سورج کی کرنیں ۳۔ سورج کی گرمی۔ حدت۔ تپش ۴۔ حبس۔ امس۔ گمس۔ گمکا ۵۔ پسینہ ۶۔ گرمی دانے (س گھرم۔ گرمی) **گھام کھانا یا لینا** (متعدی) دھوپ تاپنا۔

گھامڑ (ہ۔ صفت) ۱۔ کم عقل۔ بیوقوف۔ احمق۔ سادہ لوح ۲۔ بدسلیقہ۔ پھوہڑ ۳۔ سست۔ کاہل۔ جھول ۴۔ گرمی کی ماری ہوئی (گائے) (س گھرم۔ گرمی)

گھان (ہ۔ مذکر) ۱۔ وہ اناج جو ایک دفعہ چکی میں ڈالا جائے ۲۔ سرسوں تل وغیرہ کی مقدار جو یکبارگی کولھو میں ڈالی جائے ۳۔ کٹے ہوئے گنے کی مقدار جو ایک دفعہ پیلنے کے لئے مشین میں جھونکی جائے ۴۔ گنے کے رس کی وہ مقدار جو گڑ بنانے کے واسطے کڑاہی میں ڈالی جائے ۵۔ پکوان کی وہ مقدار جو ایک دفعہ کڑاہی میں تلی جائے ۶۔ دفعہ۔ باری۔ وار ۷۔ دولت جو ایک دم ہاتھ آجائے ۸۔ (ہ) تھوک (س گھن۔ کوئی چیز جو اکٹھی لی جائے)

گھانا (ہ۔ مذکر) ۱۔ وہ تختہ جس پر مشین کا رولر

پھرتا ہے ۲ دیکھو گھان۔ گھان اتارنا (متعدی) اترنا (لازم) گھان کا تیار ہونا۔ گھان پڑنا (لازم) ڈالنا (متعدی) ۱ ایک دفعہ تلے جانے کی مقدار کڑھائی میں چھوڑنا ۲ کوئی کام شروع کرنا ۳ کسی معین مقدار کا چکی (کھلی) کولھو میں یا کڑاہی میں ڈالنا۔ گھانی (ہ۔ مونث) تلوں یا سرسوں کی وہ مقدار جو ایک بار کولھو میں پیلنے کے لئے ڈالی جائے ۲ مٹی کا تغار ۳ تیل پیلنے کی مشین ۴ گنے کی مشین ۵ گھان ڈالنے یا کولھو چلانے والا۔ گھانی کرنا (لازم) کولھو چلانا۔ تیل نکالنا۔ تل یا سرسوں پیلنا۔

گھانٹی (ہ۔ مونث) ۱ گلا۔ حلق ۲ حلقوم ۳ حلق کا کوا (س گھاٹ۔ گلا) ۴ گانٹھ کئی رنگ کے چیتھڑے جو محرم کے فقیر پاؤں میں باندھتے ہیں۔ گھانٹی کرنا (متعدی) بچے کے حلق کے کوئے کو انگلی سے اٹھانا۔

مثل۔ گھانٹی تلے مانٹی۔ مالک ہر وقت کام کرا لیتا ہے۔

گھانجنی (ہ۔ مونث) آنکھ کی پھنسی گوہانجنی۔

گھانس (ہ۔ مونث) گھاس گھانس کا چکا (مذکر) مٹی کا مربعہ ٹکڑا جس پر گھاس ہو۔ ایسے ٹکڑے کھود کر جہاں گھاس کا میدان تیار کرنا ہو ساتھ ساتھ لگا دیتے ہیں پھر پانی دیتے ہیں تو بہت جلد میدان تیار ہو جاتا ہے۔ گھانسی (مونث) ایک قسم کی جالی دار اوڑھنی جو لہنگے کے ساتھ استعمال کی جاتی ہے۔

گھانگرا (ہ۔ مذکر) دیکھو گھاگھرا۔

گھانگھر (ہ۔ مذکر) دیکھو گھاگھرا۔

گھاؤ (ہ۔ مذکر) ۱ گہرا زخم۔ ریش۔ چیر ۲ نقصان۔ ٹوٹا۔ خسارہ (س۔ گھات) گھاؤ آنا (لازم) زخمی ہونا۔ گھاؤ بھرنا (لازم) ۱ زخم کا اچھا ہو کر برابر ہونا ۲ نقصان کی تلافی ہونا۔ گھاؤ پڑنا (لازم) زخم پڑنا۔ گھاؤ سینا (متعدی) زخم کو ٹانکے لگانا۔ گھاؤ کرنا (متعدی) زخم ڈالنا۔ گھاؤ کھانا (متعدی) زخمی ہونا۔ گھاؤ میں لون مرچ لگانا (متعدی) دکھ پہنچانا مصیبت زدہ کو اور تکلیف دینا۔ جس کا نقصان ہوا ہے اسے طعن و تشنیع کرنا۔

گھاؤ گھپ (ہ) گھاؤ گھپ (ہ۔ صفت) ۱ نہایت فضول خرچ۔ کھاؤ اڑاؤ مسرف۔ لکھ لٹ ۲ وہ گھر جس میں جو کچھ آئے صرف ہو جائے ۳ بلا چٹ۔ بلانوش۔ چٹورا ۴ غبن کرنے والا۔ خائن۔ لوگوں کا مال کھا جانیوالا۔

گھائی (ہ۔ مونث) لگام پہنے یا دائیں چلانے کا فعل۔

گھائی (ہ۔ مونث) بچوں کا پیخانہ کیٹی۔

گھائی (ہ۔ مونث) ۱ انگلیوں کے بیچ کی جگہ ۲ وہ زاویہ جو درخت کے تنے اور شاخ سے پیدا ہوتا ہے ۳ چولھے کی وہ جگہ جہاں پھلکا سینکنے کے لئے رکھتے ہیں ۴ (ہ) پنجہ۔ پانچ ۵ پانچ کا مجموعہ (س گرس گھانا یا گرہ پکڑنا) ۶ پٹے بازی میں چند ضربوں کا نام (س گھات۔ مارنا) ۷ موقع۔ باری ۸ دھوکا۔ مغالطہ ۹ فریب۔ جل۔ دغا ۱۰ (ہ) کمیں گاہ (گھات)۔ گھائیاں یا گھائی بتانا (متعدی) ۱ فریب دینا۔ دھوکا دینا ۲ ٹالنا ۳ وار بچانا۔ حملہ رد کرنا۔

گھائیں (مونث) ۱ طرف۔ جانب ۲ ساتھی۔ ہمراہی۔ طرفدار ۳ (ق) طرف سے۔ جانب۔ گھائیں مائیں کر دینا (متعدی) اڑا دینا۔ غائب کر دینا ۲ ٹال مٹول کرنا۔ وعدہ وعید کرنا۔

مثل۔ گھائی کی میری تو ٹے کی تیری۔ خود غرضی۔ جو سینکنے کی جگہ پر ہے وہ میری جو توے پر ہے وہ تو لینا۔

گھائل۔ گھایل (ہ۔ صفت) ۱ زخمی۔ مجروح بسمل ۲ عشق کا مارا۔ دلفگار ۳ ایک قسم کا سرخ کنکوا (س گھات۔ مارنا) گھائل کا سوانگ (مذکر) ایک قسم کا سوانگ جس میں سوانگی اپنے بدن میں چھریاں کٹاریاں بھونک لیتا ہے۔ گھائل کر دینا یا کرنا (متعدی) ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ زخمی ہونا ۲ عاشق ہونا۔

مثل۔ گھائل کی گت گھائل ہی جانے۔ مصیبت زدہ کی قدر مصیبت زدہ ہی جانتا ہے۔

گھائیں گھائیں (ہ۔ ق) خفیہ طور پر۔ پوشیدگی میں۔

مثل۔ گھائیں گھائیں تورا منہا باجے مورا۔ عورت اپنے خاوند کی آشنا سے کہتی ہے کہ وہ ظاہر طور پر تو میرا ہے۔ خفیہ طور پر تونے اس بچے یارانہ کر لیا تو کیا ہوا۔

گھبرا (ہ۔ امر) گھبرانا کا (گرد بڑانا)

گھبراجانا (لازم) ہوا [illegible] ہو جانا ست پٹاجانا گھبرا دینا یا لینا (متعدی) [illegible] (لازم) ۱ حواس باختہ ہو جانا۔ ست پٹاجانا ۲ مضطر ہونا۔ بیقرار ۳ اچاٹ ہونا۔ بے کیف ہونا ۴ خفقان ہونا یا اچھلنا ۵ عاجز یا بیچارہ ہونا ۶ ہکا بکا ہونا بھوچک رہنا ۷ بے اوسان کر دینا ۸ مضطرب کر دینا۔ سراسیمہ کرنا ۹ ڈرانا۔ خوفزدہ کرنا۔ گھبرا کر (رکے) بے چین ہو کر اضطراب میں۔ گھبراہٹ (مونث) بے چینی۔ اضطراب۔ بیقراری ۲

مثل۔ گھبرائی ڈومنی پھر پھر سہلے گائے۔ گھبراہٹ میں عقل ٹھکانے نہیں رہتی۔

گھبری (ہ۔ مونث) ۱ گھبراہٹ ۲ خفقان ۳ جلدی۔ شتابی۔

گھپ (ہ۔ صفت) وہ جو سدھا ہوا یا گاڑی یا سواری میں نکلا ہوا ہو گھوڑا گدھا یا خچر)

مثل۔ گھپ گھوڑا۔ روٹھا چاکر ان کا اعتبار نہیں۔ گھوڑا جو سدھا ہوا نہ ہو اور نوکر جو ناراض ہو نقصان پہنچاتے ہیں۔

گھپ (ہ۔ صفت) بہت۔ بیحد سخت (اندھیرا)

گھپلا (ہ۔ مذکر) ۱ گھبراہٹ۔ گڑبڑ ۲ غلطی۔ سہو ۳ جھگڑا۔ بکھیڑا ۴ دغا۔ دھوکا فریب ۵ تعلق ناجائز۔ گھپلا ڈالنا (متعدی) گڑبڑ کر دینا۔ گھپلے میں پڑجانا (لازم) التوا میں پڑجانا (عف)

گھت (ہ۔ صفت) ۱ ڈھپا ہوا۔ چھپا ہوا (س گوہ۔ چھپانا) ۲ پرونے والا۔ دھاگا ڈالنے والا ۳ گوندھنے والا (س گتھ۔ پرونا)

گھتیا (ہ۔ مذکر) قاتل۔

گھٹ (س۔ مذکر) ۱ بدن ۲ دل جی۔ من ۳ روح۔ آتما ۴ خیال ۵ گھڑا۔ مٹکا۔ گھٹا ٹوپ (ہ۔ مذکر) ۱ گاڑی پالکی یا کرسی وغیرہ

پرڈالنے کا کپڑا۔ غلاف ۳ بہت سیاہ (اندھیرا)

گھٹ (ہ۔ مونث) گھاٹ کا مخفف۔ **گھٹوار یا وال** (مذکر) گھاٹ والا۔ ملاح۔ کشتیبان۔

گھٹ (ہ۔ امر) گھٹنا کا۔ **گھٹا** (امر) ۱ گھٹانا کا ۲ (ماضی) گھٹنا کی۔ **گھٹانا** (متعدی) ۱ کم کرنا ۲ نرخ کم کرنا۔ بھاؤ اتارنا ۳ کم تولنا ۴ دبلا کرنا ۵ تفریق کرنا۔ وضع کرنا ۶ درجہ توڑنا۔ مرتبہ کم کرنا۔ **گھٹاؤ** (مذکر) ۱ کمی۔ قلت۔ کسر۔ تخفیف ۲ تفریق۔ منہائی ۳ دریا کا اتار۔ **گھٹاؤ بڑھاؤ** (مذکر) کمی بیشی۔ **گھٹ بڑھ** (مذکر) کمی بیشی۔ **گھٹت** (ھ۔ صفت) کم۔ گھٹا ہوا۔ دبلا۔ **گھٹتی** (مونث) ۱ کمی۔ قلت۔ تخفیف ۲ زوال۔ تنزل۔ انحطاط۔ **گھٹتی کا پہرا** (مذکر) زوال کے دن۔ کمی کا زمانہ۔ زمانۂ تنزل۔ **گھٹ جانا** (لازم) ۱ گھٹنا ۲ (پالیوں کی اصطلاح) بٹیر یا مرغ کا مقابلے میں ہار جانا۔ **گھٹ کا مال** (مذکر) ادنیٰ درجے کا مال۔ کم قیمت مال۔ **گھٹنا** (لازم) ۱ کم ہونا ۲ اترنا۔ چڑھاؤ کم ہونا ۳ تنزل ہونا۔ زوال ہونا ۴ دبلا ہونا۔ لاغر ہونا ۵ چھوٹا ہونا۔ کوتاہ ہونا ۶ بھاؤ اترنا۔ نرخ کم ہونا۔ **گھٹنا بڑھنا** (لازم) کم و بیش ہونا۔ **گھٹنت** (مونث) کمی۔ تخفیف۔ **گھٹنیہ** (ھ) جس میں کمی کی ضرورت ہو۔ **گھٹوانا** (متعدی) کم کرانا۔ تخفیف کرانا۔ **گھٹی** (مونث) کمی۔ **گھٹیا** (صفت) ۱ کم درجہ کا ۲ ادنیٰ۔ کمینہ۔ نیچ ۳ کم قیمت۔ ارزاں۔ سستا۔ **گھٹی کرنا** (متعدی) ۱ کمی کرنا۔ موقع پر کمی کرنا۔ دغا دینا۔ **گھٹیل** (صفت) دیکھو گھٹیا۔

گھٹ (ھ۔ صفت) ۱ گھٹنا سے۔ سخت۔ پکا۔ مضبوط ۲ گھنا ۳ سخت۔ کڑا ۴ گف۔ گاڑھا ۵ مضبوط بدن۔ طاقتور۔ گٹھا ہوا۔

گھٹ (ہ۔ امر) گھٹنا کا (س گھرش۔ ملنا) **گھٹا** (امر) ۱ گھٹانا کا ۲ (ماضی) گھٹنا کی۔ **گھٹانا** (لازم) ۱ چکنا کرانا ۲ پالش کرنا ۳ سر کے بال بالکل صاف کرانا۔ سر منڈانا۔ **گھٹاؤ** (مذکر) ۱ حبس۔ انقباض۔ ضیق۔ تنگیٔ نفس ۲ امس گمس۔ گمکا۔ **گھٹا ہوا** (صفت) ۱ وہ (سر) جس کے بال پوری طرح سے منڈے ہوئے ہوں ۲ تجربہ کار۔ ہوشیار ۳ چالاک۔ عیار۔ چلتا ہوا۔ **گھٹا ہوا ہونا** (لازم) چالاک و ہشیار ہونا۔ **گھٹائی** (مونث) ۱ پالش کرنا ۲ پالش۔ چکناہٹ۔ صفائی۔ **گھٹ گھٹ کے** (تف) سانس رک رک کے۔ ضیق سے۔ **گھٹ گھٹ کے جان دینا یا مرنا** (متعدی) تنگی اور تکلیف برداشت کرکے جان دینا۔ رنج و غم سے مرنا۔ تنگی اور بے کسی کی حالت میں مرنا۔ **گھٹ گھٹ کے رہجانا** (لازم) رک رک کے رہ جانا۔ مجبوری سے چپ رہنا۔ کچھ کہہ نہ سکنا۔ **گھٹن** (مونث) ۱ گرمی جو ہوا بند ہونے سے ہو ۲ دم گھٹنا۔ **گھٹنا** (لازم) ۱ پسنا۔ حل ہونا۔ کھرل ہونا ۲ ایک جان ہونا۔ دوسری چیز کے ساتھ ایک چیز کا مل جانا۔ گھل مل جانا ۳ رگیں مال ہونا۔ رگڑا جانا۔ پالش ہونا ۴ (سر) منڈنا۔ صفایا ہونا ۵ (دم) سانس رکنا۔ ضیق ہونا۔ جی گھبرانا ۶ (دھواں وغیرہ) بھرنا۔ سمانا۔ پر ہونا ۷ چپ رہنا خاموش رہنا ۸ نبھنا۔ گزرنا۔ موافقت ہونا ۹ گھل مل کر باتیں کرنا ۱۰ تنگ و تاریک جگہ میں ۱۱ مصروفیت ہونا۔ باتوں میں مشغول ہونا۔ **گھٹوانا** (متعدی) ۱ حل کرانا۔ کھرل کرانا ۲ سر اور داڑھی کو اس طرح منڈوانا کہ گھونٹی نہ رہے۔

گھٹا (ہ۔ مونث) ۱ کالی بدلی۔ سیاہ بادل۔ ابر۔ سحاب۔ گگن۔ میگھ ۲ غبار۔ کدورت ہجوم ۳ (ھ) اجتماع۔ مجموعہ ۴ گروہ۔ ہجوم ۵ ہاتھیوں کا ہجوم جو جنگ کے لئے ہو ۶ بادلوں کا اکٹھا ہونا۔ ابر آلود ہونا (س گھٹا) **گھٹا آنا یا اٹھنا** (متعدی) ابر کا آسمان پر نمایاں ہونا۔ بادلوں کا آنا۔ سحاب کا نمودار ہونا۔ بدلی چھانا۔ **گھٹا اڈنا یا امنڈنا** (متعدی) بادلوں کا گھر آنا۔ ابر کا کثرت سے چھانا بادل گھرنا۔ **گھٹا ٹوپ** (صفت) دیکھو گھٹ کے تحت میں۔ **گھٹا جھومتی آنا** (لازم) گھٹا کا چاروں طرف سے گھرنا۔ **گھٹا جھومنا** (لازم) بادلوں کا چھانا یا گھرنا۔ **گھٹا چھانا یا گھرنا** (لازم) ابر کا چاروں طرف سے آنا۔ ابر محیط آسمان ہونا۔

گھٹا (ہ۔ مذکر) ۱ نقب۔ سیندھ ۲ رخنہ۔ چھید ۳ دراڑ۔ شگاف (س۔ گھٹ، ۴ گٹا) ہے۔ ماتھے کا نشان جو سجدوں کی کثرت سے پڑ جاتا ہے ۵ وہ سیاہ نشان جو ہاتھ پاؤں گھٹنوں پر گھٹنے سے پیدا ہو جاتا ہے ۶ کاگ۔ ڈاٹ ۷ (پ) خاک۔ دھول۔ **گھٹا کھلنا** (متعدی) ۱ شگاف ہونا۔ دراڑ پڑ جانا ۲ پھٹنا۔ کھلنا ۳ سر کا پھٹ جانا ۴ نقصان ہونا۔ ٹوٹا آنا۔ گھاٹا ہونا ۵ دیوالہ نکلنا۔

گھٹک (س۔ صفت) ۱ کوشش کرنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جو شجرۂ نسب بناتا ہے اور شادیاں کراتا ہے ۳ ایلچی۔ قاصد۔

گھٹکا (س۔ مونث) ۱ گھڑا۔ مٹکا ۲ بالٹی ۳ وقت کا ایک پیمانہ جو ۲۴ منٹ کا ہوتا ہے ۴ مہورت یا دن کا تیسواں حصہ ۵ گھنٹہ۔

گھٹکنا (ھ۔ متعدی) ۱ نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔ کھانا ۲ غبن کرنا۔ اڑالینا۔

گھٹ گھٹ پینا (ہ۔ متعدی) غٹ غٹ پینا۔ آواز کے ساتھ کسی چیز کو پینا۔ یہ لفظ جلدی پینے پر جو آواز نکلتی ہے اس سے بنایا گیا ہے۔ ھ گٹ۔ پینے کی آواز)

گھٹن (س۔ مذکر) ۱ کوشش کرنا ۲ کوشش ۳ واقعہ۔ وقوع ۴ بنانا۔ کرنا۔ تکمیل ملانا۔ ترکیب دینا ۵ ملاپ ۶ ترکیب۔ **گھٹنا** (متعدی) ۱ بنانا۔ کرنا ۲ ملانا۔ جوڑنا۔

گھٹن (ھ) **گھٹنا** (ہ۔ مذکر) ٹانگ کا درمیانی جوڑ۔ ران اور پنڈلی کا جوڑ (س گھنٹ ملانا) **گھٹنوں** (مذکر) جمع گھٹنا کی حروف مغیرہ سے پہلے۔ **گھٹنوں کے بل چلنا** (لازم) ۱ بچوں کا دونوں گھٹنوں کے بل چلنا ۲ بچے کا رینگنا آہستہ آہستہ چلنا۔ **گھٹنوں گھٹنوں** (مذکر) گھٹنوں تک۔ **گھٹنوں میں سر دے کے بیٹھنا** (لازم) متفکر یا غمگین ہو کر بیٹھنا۔ نہایت سوچ کرنا۔ سوچ میں بیٹھنا۔ **گھٹنوں میں سر دینا** (متعدی) ۱ گردن پکڑ کر گھٹنوں میں دیدینا ۲ مایوس ہونا۔ **گھٹنوں میں سر دے لینا** (متعدی) شرما جانا۔ سرنگوں ہو جانا۔ شرمندگی کے باعث گردن نیچی کر لینا۔ **گھٹنے** (مذکر) جمع گھٹنا کی ۲ حروف مغیرہ سے پہلے بجائے گھٹنا کے۔ **گھٹنے ٹوٹنا** (متعدی) ۱ گھٹنوں پر چوٹ لگنا ۲ جب کوئی آدمی اٹھ کر کام نہ کرے یا سست ہو تو کہتے ہیں۔ **گھٹنے ٹیک دینا** (متعدی) ۱ گھٹنے زمین سے لگا دینا ۲ پورا زور لگانا۔ قوت صرف کرنا۔ **گھٹنے سے لگا کر بیٹھنا** (متعدی) ۱ پاس

سے نہ جانے دینا۔ جدا نہ ہونے دینا (عموماً بیٹی کے متعلق استعمال ہوتا ہے) **گھٹنے سے لگائے بیٹھے رہنا** (لازم) پاس سے جدا نہ ہونے دینا دیکھو آخری۔ **گھٹنے سے لگا بیٹھا رہنا گھٹنے سے لگ کر بیٹھنا** (لازم) ۱ پاس سے جدا نہ ہونا۔ ہر وقت پاس رہنا ۲ سست یا کاہل ہونا۔ **گھٹنے سے لگی بیٹھی رہتی ہے۔** ہر وقت پاس رہتی ہے۔ کسی وقت جاتی نہیں۔ چم چچڑ ہو گئی ہے۔ **گھٹنوں چلنا** (لازم) ۱ دیکھو گھٹنوں چلنا ۲ رینگنا۔ گھسٹ کر چلنا ۳ آہستہ آہستہ کوئی کام کرنا ۴ سستی کے ساتھ ترقی کرنا ۵ سچ بولنا۔ ان معنوں میں تمہارے بچے بھی کبھی گھٹنیوں چلیں گے۔

مثل گھٹنے نیوینگے تو پیٹ کی طرف۔ انسان اپنے عزیزوں کی امداد اور طرفداری کرتا ہے۔

گھٹنا (ہ۔ مذکر) ۱ گھٹنوں تک کا پاجامہ جو ٹخنے سے لمبا ہوتا ہے ۲ تنگ موہری کا پاجامہ جو ٹخنوں سے اوپر رہتا ہے۔ پوشش زیر پاجامہ جو اکثر ڈھیلے پاجامے کے نیچے عورتیں پہنتی ہیں (گھٹنا سے)

گھٹنیہ (س۔ صفت) ۱ جس کا واقع ہونا ممکن ہو۔ واقعہ ہونا ۲ ممکن۔

گھٹور (ہ۔ صفت) ۱ چپ۔ خاموش ۲ کام چور۔

گھٹیہا (ہ۔ مذکر) مجرم۔ گناہگار۔

گھٹی (س۔ مونث) گھڑیال۔

گھٹی (س۔ مونث) ۱ دریا کا چھوٹا گھاٹ ۲ سیڑھیاں جو مکان سے دریا کی طرف بنائی جائیں۔

گھٹی (ہ۔ مونث) وہ دست آور دوا جو نوزائیدہ بچوں کا پیٹ صاف کرنے کے لئے پلاتے ہیں۔ یہ دو قسم کی ہوتی ہے ایک تو سادی جس میں بادیان۔ باؤ بڑنگ۔ بادکھنبہ۔ نرکچور۔ چھوٹی بڑی ہڑ۔ منقےٰ۔ کالا نون۔ عناب ہوتے ہیں۔ دوسرے مغلئی جس میں گلاب کے پھول۔ گلاب کا زیرہ۔ انار کی کلی۔ مصری۔ املتاس ۲ خمیر۔ سرشت۔ فطرت ۳ خو۔ خصلت۔ عادت (گھِرِش۔ ملنا۔ کوٹنا) **گھٹی پلانا یا دینا** (متعدی) بچے کو پیٹ صاف ہونے کی دوا پلانا۔ **گھٹی میں پڑنا** (لازم) سرشت میں داخل ہونا۔ عادت میں ہونا۔ خمیر میں ہونا۔ **گھٹی میں پلانا** (متعدی) ۱ بطور گھٹی کے دینا ۲ بچپن سے کسی بات کا عادی کرنا۔ **گھٹی میں ڈالنا** (متعدی) عادت ڈالنا۔ سرشت میں داخل کرنا۔ **گھٹی میں ملنا** (لازم) ۱ گھٹی میں پڑ کر کسی چیز کا پلایا جانا ۲ سرشت میں داخل ہونا۔ **گھٹی میں ہونا** (لازم) بچپن سے کسی بات کا عادی ہونا۔ کسی امر کا جبلی ہونا۔

گھچاگھچ (ہ۔ مونث) ۱ گوشت پر تلوار کے برابر پڑنے کی آواز۔ گوشت کے اندر ہتھیار کے متواتر گھسنے اور نکلنے کی آواز۔ غچاغچ۔ گچاگچ۔

گِھچ پچ (ہ۔ مونث) ۱ کثرت۔ بھیڑ۔ جمگھٹ۔ انبوہ۔ ازدہام۔ کھٹ ۲ بہت گنجان یا پاس پاس لکھا ہوا۔

گھچکی (ہ۔ مونث) ملنا۔ رگڑنا۔

گھچولنا (ہ۔ متعدی) ۱ دونوں ہاتھوں سے ملنا ۲ پانی یا کسی رقیق چیز میں ہاتھ ڈالکر ہلانا ۳ مسلنا۔ کچلنا۔

گھر (ہ۔ مونث) کیلے کی پھلی۔

گھر (ہ۔ مذکر) ۱ مکان۔ خانہ۔ دار۔ بیت۔ محل۔ قصر۔ کدہ۔ گرہ ۲ مسکن۔ رہنے کی جگہ۔ ڈیرہ۔ دولت سرا۔ محل سرا۔ شبستان ۳ جگہ۔ جا۔ ٹھور۔ ٹھکانا ۴ مقام۔ پڑاؤ ۵ صدر ۶ دفتر۔ آفس جیسے تار گھر ۷ حجرہ۔ دالان۔ کمرہ۔ کوٹھا۔ مکانیت ۸ وطن۔ دیس ۹ مولد۔ زاد بھوم ۱۰ خاندان۔ گھرانا۔ کنبہ۔ جنس۔ گوت۔ خانوادہ ۱۱ مخزن۔ خانہ۔ گودام ۱۲ منبع۔ سرچشمہ ۱۳ بھٹ۔ کھوہ ۱۴ بل ۱۵ گھونسلا۔ آشیانہ ۱۶ سوراخ۔ چھید۔ روزن ۱۷ چار دیواری۔ احاطہ ۱۸ چوسر یا شطرنج کا خانہ ۱۹ میز۔ الماری وغیرہ کا خانہ۔ دراز ۲۰ نقش۔ تعویذ۔ خانۂ زائچہ ۲۱ مقام سیارہ۔ راس۔ برج ۲۲ گڑھا۔ قعر۔ گہرائی۔ غار ۲۳ میان۔ غلاف۔ نیام ۲۴ مقام سُر۔ راگ کا مقام ۲۵ خوش الحان۔ پرند کی آواز۔ چہچہا ۲۶ خانہ داری۔ گرہست پن ۲۷ اثاثہ۔ اثاث البیت ۲۸ ساز و سامان۔ سامان خانہ داری ۲۹ گرہ۔ جیب۔ ڈب ۳۰ آقا۔ مالک۔ سرکار ۳۱ خاوند۔ بر۔ دولہا ۳۲ زوجہ۔ جورو۔ بیوی ۳۳ رونق خانہ ۳۴ امن کی جگہ۔ جائے پناہ۔ ملجا۔ ماوا ۳۵ گنجائش۔ سمائی ۳۶ انگوٹھی کی وہ جگہ جہاں نگینہ جڑا جاتا ہے ۳۷ فریم۔ چوکھٹا۔ مرقعہ ۳۸ عینک کا خانہ ۳۹ گھات۔ موقع ۴۰ داؤ۔ پیچ۔ بندکشتی ۴۱ موقع۔ ضرب۔ چوٹ ۴۲ کھڑکی۔ ضلع۔ دلا جن میں آئینہ جڑتے ہیں ۴۳ حلقہ چشم۔ حدقہ۔ چشم خانہ ۴۴ (بازاری) کون۔ مقعد۔ گانڈ ۴۵ (دقف) نزدیک۔ قریب۔ پاس جیسے دہلی سے شاہدرہ تو گھر ہے (س گرہ) **گھر آباد کرنا** (متعدی) دیکھو گھر آباد ہونا ۱ و ۲ **گھر آباد ہونا** (لازم) ۱ گھر میں بسنا ۲ شادی یا بیاہ ہونا ۳ دولھن کے ساتھ ہم بستر ہونا ۴ سہاگن ہونا۔ خاوند زندہ ہونا۔ **گھر آپڑنا** (لازم) کسی کے گھر میں جا کر ٹھیر جانا۔ **گھر آنا** (لازم) ۱ کسی کا اپنے گھر ملاقات کے لئے تشریف لانا ۲ اپنے گھر واپس آنا۔ **گھر آئے کی شرم یا لاج** (مونث) گھر پر آنے کا پاس یا لحاظ۔ **گھر اجاڑنا** (متعدی) ۱ خانہ ویران کرنا۔ گھر تباہ کرنا ۲ مال و دولت برباد کرنا **گھر اجڑنا** (لازم) ۱ گھر تباہ یا برباد ہونا ۲ گھر لٹنا۔ گھر کا مال برباد ہونا ۳ میاں بیوی میں نا اتفاقی ہونا ۴ خاوند یا جورو کا مر جانا ۵ گھر خالی ہونا۔ گھر کا غیر آباد ہونا۔ **گھر اکھڑوا کے پھنکوانا** (متعدی) گھر منہدم کرانا۔ **گھر بار** (مذکر) ۱ گھر۔ خانہ۔ مسکن ۲ اسباب خانہ داری۔ اثاث البیت ۳ عیال و اطفال۔ بال بچے ۴ کنبہ۔ خاندان ۵ خاوند۔ شوہر۔ **گھر بار بسا لینا یا بسانا** (متعدی) بسنا (لازم) شادی۔ **گھر بار چھوڑنا** (متعدی) خانہ ویران ہونا گرستی کے سب تعلقات چھوڑنا۔ دیس چھوڑنا۔ **گھر بار خالصے لگ جانا** (لازم) ۱ ضبط ہونا ۲ برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔ **گھر بار کا دھندا** (مذکر) خانہ داری کا کام۔ **گھر بار کا ہونا** (لازم) بیاہا جانا۔ کتخدا ہونا۔ شادی ہونا۔ گھر کا بوجھ سر پر ہونا۔ عورت کے لئے کا کی بجائے کی۔ **گھر بار لٹانا** (متعدی) مال و دولت اجاڑ دینا یا برباد کر دینا۔ **گھر بارو** (صفت) ۱ وہ جو گھر اور اہل و اطفال رکھتا ہو ۲ معتمد۔ قابل اعتبار۔ **گھر بار ہونا** (لازم) اہل و عیال ہونا۔ **گھر باری** (صفت) ۱ عیالدار۔ کنبے والا ۲ دنیادار۔ گرہستی ۳ (مذکر) صاحب خانہ۔ مالک مکان۔ **گھر باہر** (مذکر) ۱ مکان کے باہر۔ کوچہ۔ بازار۔ چوک۔ میدان وغیرہ ۲ (ظرف) دیس پردیس۔ گھر کے اندر اور گھر کے باہر۔ ہر جگہ۔ **گھر براؤ** (مذکر) گھر کا سامان۔ اثاث البیت۔ **گھر برباد کرنا** (متعدی) مال و دولت اجاڑ دینا۔ **گھر برباد**

ہونا (لازم) ۱ مال و دولت اجڑ جانا۔کنبہ تباہ ہونا ۲ شوہر یا بیوی کا مرجانا۔کسی سرپرست اور بزرگ کا سر سے اٹھ جانا۔ **گھر بسا** (صفت) ۱ وہ جو گھر سے نہ نکلے۔ وہ جو ہر وقت گھر میں بیٹھا رہے ۲ سست۔کاہل۔ **گھر بسانا** (متعدی) دیکھو گھر آباد ہونا۔ **گھر بس گیا**۔ بیاہ ہوگیا۔ **گھر بسنا** (لازم) ۱ گھر آباد ہونا ۲ شادی ہوجانا۔بیاہ ہونا ۳ بچپن کی گوٹ کا خانے میں رکھا جانا ۴ دولھا دولھن کا ہم بستر ہونا ۵ گھر کا کام کاج چلنا۔گھر کا خرچ چلنا۔ **گھر بسی** (مونث) ۱ زوجہ۔جورو ۲ سہاگن۔خاوند والی ۳ طنزاً خانہ خراب۔خانہ برباد ۴ بیوی۔ رانڈ۔ نخصمی۔ **گھر بگاڑنا** (متعدی) دیکھو گھر بگڑنا ۱ تا ۳۔ **گھر بگڑ گیا**۔گھر کا کوئی خبر گیراں نہ رہا۔ **گھر بگڑنا** (لازم) ۱ گھر تباہ ہونا۔خانہ ویرانی ہونا ۲ میاں بیوی میں نااتفاقی ہونا ۳ اغوا ہونا ۴ بیوی کا مرجانا **گھر بنا لینا** (متعدی) ۱ مکان تعمیر کرلینا ۲ رسائی حاصل کرلینا۔ **گھر بنانا** (متعدی) ۱ مکان بنانا۔ مکان کی تعمیر کرنا ۲ قدم جمانا۔ پاؤں جمانا۔قیام پذیر ہونا ۳ گھر بھرنا۔گھر میں دولت جمع ہونا ۴ گھر سنوارنا گھر سجانا۔گھر درست کرنا ۵ گھر کا انتظام یا بندوبست کرنا ۶ شادی کرنا۔بیاہ کرنا ۷ ٹھکانا بنانا۔ٹھکانا کرنا ۸ گھونسلا بنانا۔کسی جانور کا اپنے رہنے کے واسطے بل یا بھٹ بنانا۔ **گھر بند کرنا** (متعدی) ہوجانا **ہونا** (لازم) ۱ شطرنج یا چوسر میں کسی مہرے کا کسی خانہ میں نہ جاسکنا ۲ گھر کو قفل لگنا ۳ گھر کا کوئی والی وارث نہ رہنا ۴ جورو کا مرجانا۔ **گھر بندی** (مونث) وہ لونڈی جو خانہ زاد ہو۔ **گھر بول اٹھنا** (لازم) آثار سے ظاہر ہوجانا۔ رونق آجانا۔ **گھر بولنا** (لازم) بلبل کا چہچہانا۔خوش الحان پرند کا چہکنا۔ **گھر بھائیں بھائیں کرتا ہے**۔گھر سے خوف آتا ہے۔ **گھر بھر** (مذکر) گھر کے تمام لوگ **گھر بھر کر باہر بھرے** (دعا) اس قدر دولت ہو کہ گھر میں رکھنے کے لئے جگہ نہ ہو۔ **گھر بھر جانا** (لازم) لوگوں کا مکان میں جمع ہونا۔ **گھر بھر دینا یا بھرنا** (متعدی) ۱ مکان کو اسباب یا غلہ سے پر کرنا ۲ دوسرے کی دولت چرا چرا کر اپنے گھر میں بھرنا۔مال مارنا۔ ۳ اپنے گھر کو آسودہ کرنا ۴ مالامال کردینا ۵ گھاٹا پورا کرنا ۶ (لازم) مہمانوں یا لوگوں کا مکان میں جمع ہونا ۷ سوراخ یا چھید

بند ہونا۔ **گھر بہ گھر** (تف) در بہ در۔ گھر گھر۔ **گھر بھول جانا** (لازم) بالکل بھول جانا کہیں کہیں جانے کا رستہ یاد نہ رہنا۔ **گھر بیٹھ جانا یا بیٹھنا** (لازم) ۱ مکان کا بارش سے یا یکایک گر پڑنا ۲ خانہ نشینی یا تنہائی اختیار کرنا ۳ نوکری یا کام چھوڑنا۔ بیکار ہونا ۴ کسی کسبی کا کسی سے شادی کرلینا یا گھر پڑجانا۔ مدخولہ ہونا ۵ عورت کا بیوہ یا مطلقہ ہوکر کسی اور سے شادی کرلینا۔چادر ڈال لینا۔ **گھر بیٹھے** (تف) ۱ خانہ نشینی کی حالت میں۔ گھر میں ۲ کہیں جانے کے بغیر اپنے ہی مکان پر ۳ بلا تردد۔ بے سعی و کوشش۔ بے فکر۔ **گھر بیٹھے بیر دوڑانا** (متعدی) ۱ جادو کے زور سے کسی کو اپنے گھر بلانا۔ گھر میں بیٹھ کر تسخیر کا عمل کرنا ۲ زبردستی کسی کو بلانا۔ **گھر بیٹھے پانا** (لازم) بغیر محنت و مشقت پانا۔ **گھر بیٹھی روٹی** (مونث) ۱ وظیفہ۔پنشن ۲ وہ رزق جو گھر بیٹھے مفت ملے۔ **گھر بیٹھے کی تنخواہ یا نوکری** (مونث) وہ تنخواہ جو بغیر خدمت ملے۔ **گھر بیٹھے مول لینا** (متعدی) ۱ گھر کے دروازے پر سودا خریدنا ۲ مفت کی ذمہ داری لینا۔خواہ مخواہ سر لینا۔ **گھر بے چراغ ہونا** (لازم) ۱ گھر کا ویران ہونا ۲ والی وارث مرجانا۔بیٹے کا مرجانا۔ **گھر پتی** (مونث) ایک قسم کا محصول جو گھروں پر لگتا تھا۔ ہاؤس ٹیکس۔ **گھر پر (پہ) آنا** (لازم) کسی کا اپنے گھر ملاقات کے لئے تشریف لانا۔ **گھر پر جانا** (متعدی) کسی کے گھر ملاقات کے لئے جانا۔ **گھر پڑا رہنا** (لازم) ۱ گھر سے باہر جانا ۲ کسی کے گھر ہر وقت رہنا۔ **گھر پڑتی** (تف) فی گھر۔ فی مکان۔ **گھر پڑنا** (لازم) ۱ عورت کا خود شادی نکاح کرنا ۲ خرچ ہونا۔ سارا خرچہ ڈال کر قیمت ٹھہرنا ۳ گھر میں آنا یا داخل ہونا۔ **گھر پکڑنا** (متعدی) کسی جگہ ٹھہر جانا۔ جمنا۔قیام کرنا۔جگہ پکڑنا۔ **گھر پورا کرنا** (متعدی) ۱ گھر کی ضرورتیں رفع کرنا ۲ اپنا نقصان پورا کرنا۔ **گھر پھاندنا** (متعدی) بدکاری کے لئے کسی کے گھر جانا۔ **گھر پھٹنا** (لازم) ۱ مکان میں درز آنا۔ دراڑ پڑنا ۲ ناگوار ہونا۔ برا لگنا ۳ دو بھر ہونا۔ بھاری ہونا ۴ گانڈ پھٹنا۔ سفرہ چرنا (عف) ۵ بچہ پیدا ہونا (عف) ۶ مصیبت پڑنا ۷ (پ) ان بن ہونا۔ نفاق ہونا۔ **گھر پھوڑنا** (متعدی) نقب

یا سیندھ لگانا۔ **گھر پھونک تماشا دیکھنا** (متعدی) ۱ روپیہ برباد کرکے آتشبازی چھوڑنا ۲ عیش و عشرت میں دولت ضائع کرنا۔فضول خرچی کرکے گلچھرے اڑانا ۳ اپنا نقصان کرکے تجربہ حاصل کرنا۔ **گھر پیچھے** (تف) فی مکان۔ فی گھر۔ **گھر تاکنا** (متعدی) ۱ گھر ڈھونڈنا ۲ سیندھ لگانے کے لئے کوئی گھر تلاش کرنا۔ **تباہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) گھر اجڑنا۔ گھر برباد ہونا۔ **گھر تجنا** (متعدی) ۱ گھر کو چھوڑ دینا۔ تارک الدنیا ہوجانا ۲ گھر تباہ یا برباد کرنا۔ **گھر تک پہنچا دینا یا پہنچانا** (متعدی) ۱ کسی کو گھر تک جاکر چھوڑ آنا ۲ انجام تک پہنچانا۔اخیر تک پہنچانا ۳ قائل کردینا۔کوئی حجت باقی نہ رکھنا۔ **گھر تک پہنچنا** (لازم) ۱ کسی کے مکان تک جانا ۲ ماں بہن کی گالی دینا۔ **گھر جانا** (لازم) ۱ اپنے مکان کو جانا ۲ گھر تباہ یا برباد ہونا۔گھر اجڑنا ۳ گھر بگڑنا۔میاں بیوی کا قطع تعلق ہونا ۴ دوستی یا تعلق نہ رہنا۔محبت چھوٹنا۔ **گھر جانے کا راستہ نہ ملنا** (لازم) گھبرا جانا۔سٹ پٹا جانا۔ **گھر جگت** (مونث) خانگی کفایت شعاری۔خانہ داری سگھڑ **گھر جلنا** (لازم) گھر میں آگ لگنا۔ **گھر جمنا** (لازم) گھر کا ساز و سامان سے درست ہونا۔ **گھر جنوائی** (مذکر) ۱ گھر میں رکھا ہوا داماد ۲ (مونث) داماد کو اپنے گھر رکھنا۔ **گھر جوت** (مونث) اپنی کھیتی گھر کی کھیتی۔ ذاتی زراعت۔ **گھر جھانکنا** (متعدی) گھر میں قدم رکھنا۔گھر میں تھوڑی دیر کے لئے آنا۔ **گھر جھکنی** (مونث) وہ عورت جو اپنے گھر آرام سے نہ بیٹھے بلکہ دوسرے لوگوں کے گھروں میں ماری ماری پھرے۔ **گھر جہنم ہے**۔گھر رہنے کے قابل نہیں ہے۔ **گھر چار دہ کرنا** (متعدی) گھر تباہ یا برباد کرنا۔ **گھر چرنا** (لازم) گانڈ پھٹنا (بازاری) **گھر چھٹنا** (لازم) گھر میں آمد و رفت نہ رہنا۔تعلق نہ رہنا۔ **گھر چڑھ کر لڑنا یا لڑنے آنا** (لازم) کسی کے مکان پر جاکر لڑنا۔ **گھر چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) خانہ داری کا انتظام ہونا۔ گھر کا خرچ ہونا۔ **گھر چھوڑ دینا یا چھوڑنا** (متعدی) ۱ مکان میں رہائش نہ رکھنا ۲ بود و باش چھوڑ دینا ۳ گھر میں آمد و رفت نہ رکھنا ۴ کرایہ دار کا مکان خالی کردینا **گھر چھوڑ کر نکل جانا** (لازم) مکان سے نکل کر کسی طرف چلے جانا۔ **گھر خاک سیاہ کردینا یا کرنا**

(متعدی)، **ہو جانا یا ہونا** (لازم) گھر تباہ یا برباد
ہونا۔ **گھر خاک میں ملانا** (متعدی) گھر تباہ کرنا
گھر خالی کرنا (متعدی)، **ہونا** (لازم) ١ گھر میں سے
مال و اسباب نکالا جانا ٢ کرایہ دار کا مکان چھوڑ دینا
گھر خراب ہونا (متعدی)، گھر یا خاندان برباد
یا تباہ ہونا۔ **گھر دار** (صفت) گھر والا۔ دنیا دار۔
بال بچے والا۔ **گھر داری** (مونث) خانہ داری۔
گرہستی پن۔ **گھر داماد** (مذکر) گھر جنوائی۔ **گھر داماد
لینا** (متعدی)، بیٹی کو اس اقرار پر بیاہنا کہ داماد
خسر کے گھر آ رہے۔ عموماً وہاں ہوتا ہے جب خسر
کی اولاد نرینہ نہ ہو۔ **گھر در** (مذکر) شوہر۔ شوہر کا
گھر۔ **گھر دوار** (مذکر) گھر بار۔ **گھر دواری**
(مونث) ایک محصول جو فی گھر فی دکان یا چولھے
پیچھے لیا جاتا تھا۔ **گھر دکھانا** (متعدی)، ١ کسی کو مکان پر
لیجا کر رستہ دکھانا تاکہ دوسری دفعہ آتا ہوا راستہ نہ
بھولے ٢ کرایہ دار کو مکان کا ملاحظہ کرانا ٣ کسی کو
مکان پر جلنے کے لئے مجبور کرنا۔ **گھر دیکھ پانا** (لازم)
گھر دیکھ لینا۔ **گھر دیکھ رکھنا** (متعدی) گھر تاک رکھنا
گھر دیکھ لینا یا دیکھنا (متعدی)، ١ کسی کے گھر
بار بار جانا ٢ مکان دیکھ لینا۔ گھر سے واقف ہو جانا
٣ مانوس ہو جانا۔ ہل جانا ٤ کسی کے مکان پر اس
غرض سے جانا کہ راستہ معلوم ہو جائے ٥ کرایہ دار کا
مکان ملاحظہ کرنا۔ **گھر ڈبونا** (متعدی)، **ڈوبنا**
(لازم) ١ گھر برباد یا تباہ ہونا ٢ خاندان یا کنبہ کو
داغ لگنا۔ خاندان کی بدنامی ہونا۔ **گھر ڈھانا** (متعدی)
مکان گرانا۔ گھر منہدم کرنا۔ **گھر دوئی** (صفت مونث)
دویا (مذکر) خانہ خراب۔ نگوڑا۔ بے وارثا۔ **گھر
سبیل** (مونث) روپیہ جو سرکار کی طرف سے
زمینداروں کو گھر بنانے کے لئے دیا جائے۔ **گھر سجایا**
(متعدی) **سجنا** (لازم) مکان کا فرش فروش سے
آراستہ ہونا۔ **گھر سر پر اٹھا لینا یا اٹھانا**
(متعدی) بہت شور و غل مچانا۔ شور برپا کرنا۔ **گھر
سنبھالنا** (متعدی) گھر کا ٹھیک ٹھیک انتظام
کرنا۔ **گھر سونا ہو جانا یا ہونا** (لازم) جس کی
رونق تھی اس کا گھر سے چلا جانا۔ بہت آدمیوں کا
گھر سے چلا جانا۔ **گھر سے** (تف) ١ مکان سے ٢ گرہ
سے۔ اپنے پاس ٣ اندرون خانہ سے۔ بیوی کی طرف
سے ٤ وطن سے ٥ سرکار سے (ان معنوں میں بڑے
کے ساتھ)۔ **گھر سے آنا** (لازم) ١ وطن سے آنا ٢
مکان سے آنا۔ **گھر سے اٹھنا** (لازم) گھر سے نکلنا
گھر سے باہر آنا (لازم) گھر سے نکلنا۔ برآمد ہونا
گھر سے (باہر) پاؤں (قدم) نکالنا (متعدی)
نکلنا (لازم) ١ گھر سے باہر جانا ٢ حد سے بڑھ جانا۔
بساط سے بڑھ کر چلنا۔ **گھر سے باہر کرنا** (متعدی)
گھر سے نکالنا۔ گھر میں نہ رکھنا۔ **گھر سے باہر نکلنا**
(متعدی) گھر سے نکلنا یا برآمد ہونا۔ **گھر سے باہر
نہ جانا** (لازم) گھر میں بیٹھا رہنا۔ گھر کے اندر بیٹھا
رہنا۔ **گھر سے باہر نہ نکلنا** (متعدی) وطن نہ
چھوڑنا۔ پردیس نہ جانا۔ **گھر سے باہر نہ نکلنا**
(متعدی) وطن نہ چھوڑنا۔ پردیس نہ جانا۔ **گھر سے
بنجانا یا بننا** (لازم) کسی امیر آدمی کی امداد سے
مالدار ہو جانا۔ **گھر سے بے گھر کرنا** (متعدی)، **ہونا**
(لازم) گھر سے باہر نکالا جانا۔ خانہ برباد کرنا۔ خانماں
خراب ہونا۔ تباہ و برباد ہونا۔ **گھر سے پاؤں
نکالنا** (متعدی) ١ اپنے پاس سے دینا۔ گرہ سے
عطا کرنا ٢ نقصان اٹھانا۔ ٹوٹا بھرنا ٣ تاوان دینا
ڈنڈ دینا۔ **گھر سے فالتو** (صفت) گھر میں زائد
گھر سے کافور ہو۔ گھر سے نکلو۔ **گھر سے
کھونا** (لازم) گرہ سے خرچ کرنا۔ ضائع کرنا ٢
نقصان اٹھانا۔ **گھر سے لڑ کر تو نہیں چلے** کوئی
خواہ مخواہ لڑتے [illegible] ہیں۔ **گھر سے مرتے
دم نکلنا** (لازم) ساری عمر گھر میں رہنا۔ **گھر سے
نکالنا** (متعدی) گھر میں نہ رہنے دینا۔ **گھر سے
نکلنا** (لازم) گھر سے باہر جانا۔ **گھر سے نکلوانا**
(م) ١ کسی کو کہہ کر کسی اور کو اس کے گھر آنے جانے
سے رکوا دینا ٢ اپنے گھر سے کسی ملازم کے ذریعہ
سے کسی کو زبردستی گھر سے باہر کرا دینا ٣ کسی کو کہہ کر
کرایہ دار کو مکان میں نہ رہنے دینا۔ **گھر سینا** (متعدی)
١ ہر وقت گھر میں پڑا رہنا ٢ نکما بیٹھا رہنا۔ بیکار
پڑا رہنا ٣ سست ہو جانا۔ کاہل ہو جانا۔ **گھر
صاف کر دینا یا کرنا** (متعدی)، **ہو جانا یا ہونا**
(لازم) ١ گھر کے باشندوں میں سے کوئی زندہ نہ
رہنا ٢ جھاڑو سے گھر کی صفائی ہو جانا۔ **گھر کا**
(صفت) ١ خانگی۔ گھر کے متعلق ٢ اپنا ذاتی۔ نج کا
٣ پالتو۔ گھر میں پلا ہوا ٤ زر خرید ٥ اپنا۔ آپس کا
٦ کنبے کا۔ قبیلے کا۔ رشتے کا۔ **گھر کا آدمی** (مذکر)
١ رشتہ دار۔ کنبہ کا آدمی ٢ نج کا ملازم۔ ملازم خاص ٣
خاوند۔ شوہر ٤ جورو۔ بیوی ٥ بندہ۔ مملوک ٦
(صفت) جان پہچان۔ واقف۔ **گھر کا آنگن ہو جانا
یا ہونا** (لازم) ١ گھر تباہ ہو جانا۔ خانہ ویرانی ہونا
(مذاقاً) عورت کے بچہ ہو جانا۔ بچے دار ہو جانا۔
گھر کا اجالا (مذکر) ١ بیٹا۔ لڑکا۔ نور چشم (صفت)
نہایت عزیز۔ جس سے گھر کی رونق ہو۔ **گھر کا اسباب**
(مذکر) متاع خانہ۔ اثاث البیت۔ مال و اسباب۔
گھر کا بامن (مذکر) خاندان کو پروہت۔ برہمن
گھر کا بھر اپرا (صفت) خاندانی امیر۔ **گھر کا
بوجھ اٹھانا یا سنبھالنا** (متعدی)، **اٹھنا یا
سنبھلنا** (لازم) ١ گھر کا انتظام ہونا۔ امور خانہ داری
کا سرانجام ہونا ٢ گھر کا خرچ اپنے ذمہ لینا۔ اخراجات
خانہ کا کفیل ہونا۔ **گھر کا بوجھ پڑنا** (لازم) امور
خانہ داری میں گرفتار ہونا۔ گھر کے کام کاج میں
مشغول ہونا۔ امور خانگی میں مبتلا ہونا۔ **گھر کا
بہادر** (مذکر) وہ شخص جو گھر میں شیر ہو۔ **گھر کا
بھاڑا** (مذکر) کرایۂ مکان۔ **گھر کا بھولا**
(صفت) نادان۔ گھر میں سب سے زیادہ بیوقوف
سیدھا سادھا۔ **گھر کا بھیدی** (مذکر) وہ شخص
جو گھر کے حالات سے واقف ہو۔ ہمدم۔ محرم۔
ہمراز۔ رازداں۔ **گھر کاٹ کھانے (کاٹنے)
کو دوڑتا ہے**۔ گھر میں رہنا خوش نہیں آتا۔
بھیانک یا ویران معلوم ہوتا ہے۔ مطلق جی
نہیں لگتا۔ کسی عزیز کے مر یا چلے جانے پر یا غیر
آباد اور ویران مکان کے متعلق کہتے ہیں۔ **گھر
کاٹے کھانا** (لازم) مکان میں جی نہ لگنا۔ **گھر کا
چراغ** (صفت) ١ خاندان کا نام روشن کرنے والا
٢ دیکھو گھر کا اجالا۔ **گھر کا حساب** (مذکر) ١ نج کا
حساب کتاب۔ خانگی لین دین ٢ اپنی مرضی کا حساب
یا لیکھا۔ **گھر کا خرچ** (مذکر) خانگی اخراجات۔
گھر کا دھندا (مذکر) گھر کا کام کاج۔ امور خانگی۔
کاروبار خانہ داری۔ **گھر کا راستہ یا رستہ**
(مذکر) ١ وہ راستہ جو کسی کے گھر کو جائے۔ راہ خانہ
٢ وہ زمین جو اپنی طرف سے آمد و رفت کے لئے
چھوڑی گئی ہو۔ ذاتی سڑک یا راستہ ٣ کار سہل
آسان کام۔ **گھر کا راستہ سمجھنا** (متعدی)
آسان کام سمجھنا۔ **گھر کا راستہ یا رستہ بتانا**
(متعدی) ٹالنا۔ بے نیل و مرام رخصت کرنا۔
گھر کا راستہ یا رستہ بھول جانا (لازم) ١

بدحواسی سے گھر کا رستہ یاد نہ رہنا ۲ کہیں ایسا
جی لگنا کہ گھر جانے کا خیال بھی نہ آنا ۔ **گھر کا رستہ
لو** ۔ دور ہو ۔ چلتے پھرتے نظر آؤ ۔ دفع ہو ۔ **گھر
کا رستہ لینا** (متعدی) چلا جانا ۔ گھر کو واپس جانا ۔
بے نیل و مرام گھر کو واپس ہونا ۔ **گھر کا کام کاج**
(مذکر) سارا کنبہ ۔ گھر کے تمام لوگ ۲ سارا گھر ۔
گھر بھر ۳ اثاث البیت ۔ گھر کا سامان ۔ **گھر کا
گھروا کر دینا** (متعدی)، **ہو جانا** (لازم) ۱ لغوی
معنی بڑے گھر کا چھوٹا گھر ہو جانا ۲ برباد ہو جانا ۔ تباہ
ہو جانا ۳ غبن یا خیانت سے گھر تباہ ہو جانا ۔ **گھر
کا مال** (مذکر) ۱ گھر کی دولت ۔ مال و متاع ۲
اثاث البیت ۔ اسباب خانہ ۳ ملکیت ۔ ملک
مقبوضہ ۴ ذاتی روپیہ ۔ ذاتی دولت ۔ **گھر کا مالک**
(مذکر) ۱ خاوند ۔ شوہر ۲ مالک مکان ۔ گھر والا ۔
گھر کا مرد (مذکر) ۱ دیکھو آخری ۲ خاندان یا
قبیلے کا آدمی ۳ وہ شخص جو گھر میں شیر ہو ۔ گھر کا
بہادر ۔ **گھر کا نام اچھالنا یا ڈبونا** (متعدی)
خاندان کی عزت ڈبونا ۔ خاندان کو بدنام کرنا یا
بٹا لگانا ۔ کنبہ کو بدنام کرنا ۔ **گھر کا نائی** (مذکر) خاندانی
نائی ۔ قدیمی حجام ۔ **گھر کا نہ گھاٹ کا** (صفت)
کہیں کا نہیں ۔ گھر کا ہوا نہ در کا ۔ کہیں کا نہ
رہا ۔ نکما ہو گیا ۔ **گھر کتی کا** (صفت) ۱ گھر کا کتا
ہوا ۲ گھر کے کتے ہوئے سوت کا ۳ مفت کا ۔
بن داموں ۔ **گھر کرنا** (متعدی) ۱ جگہ نکالنا ۔ جگہ
پیدا کرنا ۲ سمائی کرنا ۔ گنجائش کرنا ۳ رہ پڑنا ۔
قیام کرنا ۴ اثر کرنا ۔ سرایت کرنا ۵ کھبنا ۔ بیٹھنا ۔
چبھنا ۶ گھر بنانا ۔ مسکن بنانا ۷ گھونسلا ۔ بل یا بھٹ
بنانا ۸ چھید کرنا ۔ سوراخ کرنا ۹ خاوند کے گھر میں
نکنا ۔ گھر آباد کرنا ۔ گھر بسا کر رہنا ۱۰ امور خانہ داری کو
انجام دینا ۔ کفایت شعاری سے گھر کا انتظام کرنا ۱۱
بیاہ کرنا ۔ نکاح کرنا ۔ باہم عقد کرنا ۱۲ عورت کو گھر
میں ڈالنا ۱۳ (ضعیف) چراغ بجھا دینا ۔ **گھر کھا لینا**
(متعدی) کسی کو لوٹنا ۔ تباہ برباد کرنا ۔ کسی کا مال
کھا جانا ۔ **گھر کھائے جاتا ہے** ۔ دیکھو گھر کاٹنے
الخ ۔ **گھر کھوج مٹا** (صفت مذکر) **مٹی** (مونث)
خانہ خراب ۔ خانہ ویران ۔ خانماں برباد ۔ **گھر کھوج
کرنا** (متعدی) مٹانا ۔ برباد کرنا ۔ **گھر کھوج مٹے**
(بددعا) خانہ خراب ہو ۔ تباہ ہو ۔ برباد ہو ۔ **گھر

کھود کر میدان کر دینا** (متعدی) ۱ گھر گرا دینا
یا منہدم کر دینا ۲ برباد کر دینا ۔ تباہ کر دینا ۔ **گھر
کھو کر تماشا دیکھنا** (متعدی) عیش و عشرت میں
مال و دولت اجاڑنا ۔ **گھر کھونا** (متعدی) گھر اجاڑنا
یا برباد کرنا ۲ خاوند سے بگاڑ کرنا ۔ **گھر کی** (صفت
مونث) ۱ ذاتی ۔ نج کی ۔ خانہ ساز ۲ گھر کے متعلق
۳ آپس کی ۔ آپسداری کی ۔ **گھر کے** (صفت) جمع
گھر کا ۔ **گھر کے آدمی** (مذکر) ۱ مردمان خانہ ۲
بیوی ۔ اہلیہ ۳ بال بچے ۔ کنبہ ۔ **گھر کی بات**
(مونث) ۱ گھر کا بھید ۔ راز خانہ ۲ آپس کی یا آپسداری
کی بات ۳ سہل یا آسان کام ۔ اپنے اختیار کا کام ۔
گھر کی پتلی (مونث) کسی بات کی ناپسندیدگی پر
کہتے ہیں ۔ **گھر کی ٹہل** (مونث) خانہ داری کا
کام ۔ **گھر کے پاس نہ پھٹکنا** (لازم) گھر نہ آنا ۔
گھر کی طرف رخ نہ کرنا ۔ **گھر کی پونجی** (مونث)
اثاث البیت ۔ گھر کا سرمایہ ۔ مال و متاع ۔ **گھر
کے جالے لیتے پھرنا** (لازم) گھر کے کونے
کونے جھانکتے پھرنا ۔ نکما پھرنا ۔ بے فائدہ کام کرنا ۔
گھر کی راہ لینا (متعدی) دیکھو گھر کا رستہ
لینا ۔ **گھر کی راہ نہ ملنا** (لازم) ایسا بدحواس
ہونا کہ اپنے گھر کا راستہ بھول جانا ۔ **گھر کی طرح
بیٹھنا** (لازم) آرام یا فراغت سے بیٹھنا ۔ **گھر کی
طرح رہنا** (لازم) بے تکلفی سے بسر کرنا ۔ اپنا سا
گھر سمجھ کر رہنا ۔ **گھر کی عقل** (مونث) اپنی عقل ۔
ذاتی عقل ۔ **گھر کی کنیز** (مونث) ۱ مطیع لونڈی ۔
ملکیت ۔ وہ چیز جو ترکے میں ملے ۔ **گھر کے کوئلے**
(مذکر) شب برات کو اگر کسی بچے کی آتشبازی اچھی
نہیں چلتی تو یہ کہکر دوسرے بچے اسے چڑاتے ہیں ۔
گھر کی کھیتی (مونث) ۱ نج کی کھیتی باڑی ۔
مالک زمین کی اپنی بوئی ہوئی کھیتی ۲ اپنا مال ۔
موروثی مال ۳ کنایتاً داڑھی ۔ **گھر کے گودڑیے**
(مذکر) کسی چیز یا بات کو ناپسند کر کے بطور مذاق
بولتے ہیں ۔ **گھر کے گھر** (مذکر) ۱ بہت سے لوگ
یا خاندان ۲ (تف) گھر کے اندر ۔ گھر ہی میں ۳ نفع
میں نہ نقصان میں ۔ برابر برابر ۔ **گھر کے گھر بند
ہو گئے** ۔ ۱ اسقدر لوگ مر گئے کہ کوئی گھر میں
رہنے والا نہ رہا ۔ بہت سے گھر بے چراغ ہو گئے
۲ حاکم کے ظلم سے گاؤں کے گاؤں ویران ہو گئے ۔

گھر کے گھر بیٹھ گئے یا بیٹھے ۔ بارش کی وجہ
سے بہت سے گھر گر گئے ۔ **گھر کے گھر تباہ کرنا**
(متعدی)، **ہونا** (لازم) بہت سے گھر برباد ہو جانا ۔
گھر کے گھر رہنا (لازم) نہ نفع ہی ہونا نہ نقصان
گھر کے گھر صاف ہو جانا (لازم) بہت سے
گھروں کا ویران اور برباد ہو جانا ۔ **گھر کے گھر
میں** (تف) آپس میں ۔ باہمی طور پر ۔ **گھر کے
لوگ** (مذکر) دیکھو گھر کے آدمی ۔ **گھر کی لونڈی**
(مونث) دیکھو گھر کی کنیز ۔ **گھر کی مری** ۔ تم سے
کچھ سے کچھ نہ ہو سکا ۔ یہ کیا کیا ۔ **گھر کے ہوئے
نہ در کے** ۔ کہیں کے نہ رہے ۔ **گھر کے ہی نہ
گھیرتے** ۔ کسی لائق ہوتے تو اپنا ہی کام نہ سنبھالتے ۔
گھر گرستی (مونث) خانہ داری ۔ گھر کا انتظام ۔ **گھر
گنگا آئی** ۔ مطلب بے محنت پورا ہوا ۔ **گھر گھاٹ**
(مذکر) ۱ طور طریق ۔ چال ڈھال ۲ ٹھاٹ باٹھ ۔
طرح وضع ۔ رنگ ڈھنگ ۳ عادت ۔ خو ۔ خصلت ۔
سبھاؤ ۴ نشان ۔ پتہ ۵ جائے سکونت ۔ مقام رہائش ۔
گھر ۔ **گھر گھاٹ معلوم ہونا** (لازم) ۱ کوئی امر
پوشیدہ یا مخفی نہ رہنا ۔ سب بھید جاننا ۲ داؤں گھات
معلوم ہونا ۔ طور طریق معلوم ہونا ۔ **گھر گھالنا** (متعدی)
۱ کسی کا گھر برباد کرنا ۲ لوٹنا ۔ بیسوا کی طرح کچھ نہ
چھوڑنا ۳ شیدا کرنا ۔ فریفتہ کرنا ۔ عاشق بنانا ۔ **گھر
گھر** (تف) ۱ سب جگہ ہر جگہ ۔ خانہ بخانہ ۔ ہر گھر میں
۲ سب کے ہاں ۔ ہر کس و ناکس کے گھر میں ۔ **گھر گھر
پھرنا** (لازم) مارا مارا پھرنا ۔ **گھر گھر تاکتے پھرنا**
(لازم) بھیک مانگنا ۔ گدائی کرنا ۔ **گھر گھر جھانکنا**
(لانا) ہر جگہ جانا ۔ ہر گھر میں جانا ۔ **گھر گھر (گھی کے)
چراغ جلنا** (لازم) ہر گھر میں خوشی ہونا ۔ ہر جگہ خوشی
ہونا ۔ **گھر گھر عید ہونا** (لازم) عالمگیر خوشی ہونا ۔
ہر جگہ کے لوگوں کا خوش ہونا ۔ **گھر گھر کے جالے
لینا** (لازم) ہر ایک کے گھر جانا ۔ گھر گھر پھرنا ۔ **گھر
گھر کے مزے چکھنا** (متعدی) ۱ بہت جگہ
ملازمت کرنا ۔ ملازمہ کے متعلق کہتے ہیں ۲ تجربہ کار
ہونا ۔ **گھر گھر مانگتے پھرنا** (لازم) در بدر بھیک
مانگنا ۔ **گھر گھسڑو یا گھسنا** (صفت) ہر وقت
عورتوں میں بیٹھنے والا ۔ خلوت گزیں ۔ وہ مرد جو
وقت زنانخانہ میں رہے ۔ **گھر گئی** (صفت مونث)
۱ خانہ خراب ۔ لاوارثی ۔ ناٹھی ۔ گھر اجڑی ۲ بیوہ ۔
رانڈ ۔ **گھر گیا** (صفت مذکر) خانہ خراب ۔ اجڑا ۔

خانماں برباد۔ ننگوٹا۔ **گھر گیل** (صفت) دیکھو گھر پیچھے۔ **گھر لٹانا** (متعدی) ضرورت سے زیادہ داد و دہش کرنا۔ بہت فضول خرچی کرنا۔ **گھر لٹ جانا** (لازم) ۱ صاحب مکان کا لوٹا جانا ۲ کسی کی موت سے گھر برباد ہونا۔ **گھر لگا ہونا** (لازم) گھر کا ملحق ہونا۔ **گھر لینا** (متعدی) ۱ مکان مول لینا ۲ مکان کرائے پر لینا۔ **گھر ملحق ہونا** (لازم) گھر کے ساتھ گھر بنا ہونا۔ **گھر معمور رہونا** (لازم) گھر آباد ہونا۔ **گھر میں** (تف) ۱ گھر کے اندر ۲ (مونث) کنایتاً زوجہ۔ **گھر میں آگ لگانا** (متعدی) لگنا (لازم) ۱ گھر جلنا ۲ تباہ اور برباد ہونا۔ **گھر میں آنا** (لازم) ۱ مکان میں داخل ہونا ۲ حاصل ہونا۔ فائدہ پہنچنا ۳ کسی سیارے کا برج میں داخل ہونا ۴ چیسی کی گوٹ کا کسی خانے میں داخل ہونا۔ **گھر میں اتارنا** (متعدی) گھر میں جگہ دینا۔ گھر میں رکھنا۔ **گھر میں بھونی بھانگ نہیں**۔ گھر میں کچھ نہیں۔ بھنگ خود رو اگتی ہے اور جو چاہے مفت لیجا سکتا ہے۔ **گھر میں بیٹھ رہنا** (لازم) گوشہ نشین ہو جانا۔ **گھر میں بیٹھنا** (لازم) دیکھو گھر بیٹھنا۔ **گھر میں بیٹھے شکار کرنا یا کھیلنا** (متعدی) ۱ گھر میں مزے اڑانا ۲ گھر بیٹھے مال مارنا۔ گھر میں لوگوں کو موسنا۔ **گھر میں پاؤں (نہ) رکھنا** (متعدی) گھر میں داخل نہ ہونا۔ **گھر میں پڑنا** (لازم) کسی عورت کا خود خاوند کر لینا یا مدخولہ ہو کر رہنا۔ **گھر میں خاک اڑانا** (متعدی) **اڑنا** (لازم) سخت مفلسی ہونا۔ **گھر میں ڈالنا** (متعدی) زوجہ کی طرح رکھنا۔ بیاہتا بیوی کے علاوہ دوسری عورت کو بیوی بنا لینا۔ **گھر میں قدم جانا** (لازم) مکان میں داخل ہونا۔ **گھر میں کودنا** (متعدی) دیکھو گھر پھاندنا۔ **گھر میں نہ سمانا** (متعدی) گھر میں نہ آسکنا۔ مکان کا گنجائش سے کم ہو جانا۔ **گھر نہ ہوا کوئی ویرانہ ہوا**۔ گھر کی وقعت ویرانے کے برابر کر دی۔ **گھر نہ ہونا** (لازم) خانہ داری کا انتظام نہ ہونا۔ **گھرنی** (ھ) گھر والی۔ گھر کی مالک بیوی۔ **گھروا** (مذکر) چھوٹا گھر۔ جھونپڑا۔ **گھرواس** (ھ) رہنے کی جگہ۔ مکان۔ **گھروالا** (مذکر) ۱ صاحب خانہ۔ مالک مکان ۲ خاوند۔ شوہر۔ میاں۔ **گھروالی** (مونث) ۱ گھر کی مالکہ ۲ بیوی جورو۔ **گھرواہا۔ گھروایا** (مذکر) دیکھو گروا۔ **گھروندا** (مذکر) ۱ مٹی کا چھوٹا گھر جو لڑکیاں گڑیاں کھیلنے کے لئے بناتی ہیں ۲ (صفت) کنایتاً ناپائیدار۔ بے وقت۔ **گھر ویران کرنا** (متعدی) ۱ گھر اجاڑنا۔ گھر تباہ اور برباد کرنا ۲ گھر کے تمام آدمی مار دینا۔ **گھر ویران ہونا** (لازم) ۱ گھر اجڑنا ۲ بیوی کا مرنا ۳ میاں بیوی میں نااتفاقی۔ **گھر ہو آؤ**۔ یہ کار یا معاملہ تمہاری خواہش کے مطابق نہیں ہوگا۔ **گھر ہونا** (لازم) ۱ موافقت ہونا۔ نباہ ہونا۔ میاں بیوی کا سلوک ہونا ۲ اپنا مکان ہونا ۳ گرہستی پن ہونا۔ خانہ داری ہونا ۴ گنجائش ہونا۔ سمائی ہونا ۵ جمنا۔ قیام ہونا ۶ جگہ ہونا۔ جا ہونا ۷ چھید ہونا۔ سوراخ ہونا۔ **گھریو** (ھ) ۱ گھر یا خاندان کے متعلق ۲ گھریلو۔ گھر کا۔ **گھریلا** (ھ) **گھریلو** (صفت) ۱ گھر کا۔ گھر سے متعلق یا منسوب۔ خانگی ۲ گھر کا بنا ہوا۔ خانہ ساز ۳ گھر کا پلا ہوا (طائر خصوصاً کبوتر)

امثال و اقوال

گھر آئے بیری کو بھی نہ ماریئے۔ **گھر آئی کتیا (گھر آئے کتے) کو بھی نہیں نکالتے**۔ جو شخص گھر آئے اس سے برا برتاؤ نہیں کرتے۔ **گھر آئی لچھمی کو لات مارنا اچھا نہیں ہوتا**۔ جو ملتا ہو اسے نہیں چھوڑنا چاہئے۔ **گھر آئے پیر نہ پوجے باہر پوجن جا۔ گھر آئے (آیا) ناگ نہ پوجے بانبی پوجن جا۔ گھر آیا نہ پوجئے بمی پوجن جا**۔ قابو کے وقت کام نہ کرنا پھر تدبیریں کرتا پھرنا۔ گھر آئی دولت چھوڑ کر دوسری جگہ تلاش کو جانا۔ **گھر بار تمہارا کوٹھی کٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا**۔ دیکھو کوٹھی کٹھلے الخ۔ **گھر بھاڑے کھاٹ بھاڑے پونجی کو لگے بیاج پونجی کو لگے بیاج۔ نیم بیٹھار وٹیاں جھاڑے دوالا کاڑھے کائیں لاج** (ھ) ہندوؤں میں عام طور پر دوالا بہت نکالتے ہیں۔ ان پر طنز ہے۔ **گھر بھر ہنسیا نہ نگلنے کا نہ تھوکنے کا**۔ گھر میں سارا فضول سامان بھرا ہے جو کسی کام کا نہیں۔ **گھر بیاہ بہو پیلیوں** ۱ سخت بدانتظامی ہے ۲ جب والدین چین کریں اور اولاد مصیبت بھگتے تو بولتے ہیں۔ **گھر بیٹھے آدھا بھلا**۔ دیکھو گھر کی آدھی الخ۔ **گھر بھی بیٹھوا ور جان بھی کھاؤ**۔ نکمٹو خاوند یا بیٹے کو کہتی ہیں۔ **گھر پر گنگا آئی**۔ مقصد بے مشقت حاصل ہو گیا۔ **گھر پھٹے گنوار لوٹے**۔ گھر میں نااتفاقی ہو تو غیر لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں۔ **گھر پھونک کر بڑا (بھڑ) مارنا**۔ بے حد بے احتیاطی کرنا۔ **گھر پھونک (کر) تماشا دیکھنا**۔ نقصان کر کے تجربہ حاصل کرنا۔ **گھر تنگ بہو جبر جنگ**۔ اپنی بساط سے بڑھ کر کام کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ **گھر تنگ روزی فراخ**۔ روزی فراخ چاہئے گھر کی تنگی بسر ہو سکتی ہے۔ **گھر جانی من مانی**۔ اپنی خواہش کے مطابق ہر کام کرنا۔ **گھر جل گیا تب چوڑیاں پوچھیں**۔ شیخی خورے کے متعلق کہتے ہیں۔ ایک عورت نے نئی چوڑیاں پہنی مگر کسی نے ان کے متعلق دریافت نہ کیا۔ اس نے غصے میں گھر کو آگ لگا دی اور جب ایک ہمسائی کو ہاتھ آگے کر کے حالات بتانے لگی تو اسنے چوڑیاں دیکھیں اور اس نے پوچھا کہ چوڑیاں کب پہنیں تو اس عورت نے یہ فقرہ کہا۔ **گھر جلے تو جلے پر چال نہ بگڑے**۔ نقصان ہو تو ہو مگر وضع میں فرق نہ آئے۔ **گھر جلے کسی کا تاپے کوئی**۔ نقصان کسی کا ہو فائدہ کوئی اٹھائے۔ **گھر جلے گنڈا تا پے**۔ دیکھو آخری۔ **گھر جلے گھور (دھواں) بتاوے**۔ لاپرواہ آدمی کے متعلق کہتے ہیں جو نقصان ہو بھی رہا ہو تو اس کے روکنے کی کوشش نہیں کرتا۔ **گھر چھوٹا سمدھیانہ بڑا**۔ حیثیت کم شہرہ زیادہ۔ **گھر چھوڑ خطیرہ قائم**۔ مکان چھوڑ کر جھونپڑا اختیار کرنا۔ نفع چھوڑ کر نقصان کی طرف دوڑنا۔ **گھر چین تو باہر چین**۔ گھر میں آرام ملے دل خوش ہو تو ہر چیز اچھی معلوم ہوتی ہے۔ **گھر دو رجھروٹا بھاری**۔ گھر فاصلہ پر اور بوجھ بہت۔ سخت مصیبت ہے۔ **گھر رہے تو گھر کو کھائے۔ باہر رہے تو باہر کو کھائے**۔ سست اور کاہل کے متعلق کہتے ہیں۔ **گھر رہے نہ تیرتھ گئے مونڈ منڈائے فضیحت بھئے**۔ مفت کی بدنامی ہوئی۔ **گھر سکھ تو باہر چین**۔ دیکھو گھر چین الخ۔ **گھر سے آئے کوئی سندیسا دے کوئی۔ گھر سے آئے ہیں۔ سندیسا لائے ہیں**۔ جس شخص پر کوئی مصیبت ہو اس سے زیادہ کوئی اور ستانا چاہے تو کہتے ہیں۔ **گھر سے باہر بھلا**۔ لڑاکے خاوند کے متعلق کہتی ہیں۔ **جو گھر سے کھوئیں تو آنکھیں ہوئیں**۔ نقصان اٹھا کر تجربہ حاصل ہوتا ہے۔ **گھر سے کھویا تو آنکھیں کھلیں**۔ کچھ کھو کر تجربہ حاصل ہوتا ہے۔ **گھر عید تو باہر بھی عید**۔ دیکھو

گھر چین الخ - گھر کا آٹا کون گیلا کرے - اپنی گرہ سے کون خرچ کرے - گھر کا اور دل کا بھید ہر ایک کے سامنے نہ کہے - گھر کا باوا آدم نرالا ہے - دیکھو اس گھر کا الخ - گھر کا بھید جبھی پایا - چوک پورن کو ڈھکنا آیا (ھ) معمولی چیزوں سے گھر کی حیثیت ظاہر ہو جاتی ہے - گھر کا پرسیا اندھیری رات (ھ) اپنوں کی مدارات اپنوں میں - گھر کا کاج بہو گیندوں کو (ھ) جو عورت کام کاج سے جی چرائے اس کے متعلق کہتی ہیں - گھر کا جوگی جوگنا - ان گاؤں کا سیدھ - انسان کی وطن میں قدر نہیں ہوتی - اپنے گاؤں میں نفیر ہوتا ہے - دوسرے گاؤں میں اونیا سمجھا جاتا ہے - گھر کر (گھر کر) ستر بلا سر دھر - دنیاداری بڑا بکھیڑا ہے مصیبتیں ہوتی ہیں - گھر کھودے ایندھن بہت - امیر غریب بھی ہو جائے تو اس کے پاس کچھ نہ کچھ ضرور رہتا ہے - گھر کھیر تو باہر بھی کھیر - آسودہ حال کی باہر بھی خاطر ہوتی ہے - گھر کی آدھی بھلی باہر کی ساری کچھ نہیں - گھر کی آدھی نہ باہر کی ساری - وطن کی تھوڑی آمدنی پردیس کی بہت آمدنی سے بہتر ہے - گھر کی تھوڑی آمدنی باہر کی بہت آمدنی سے اچھی ہے - گھر کی بلا گھر ہی میں - وہاں کہتے ہیں جہاں کسی بیوہ عورت سے اس کے متوفی خاوند کا بھائی شادی کرلے یہ رسم ہندو نیچ قوموں سکھوں اور جاٹوں میں ہے - گھر کی بلی اور گھر ہی میں شکار - گھر میں جھگڑے فساد کے موقع پر کہتے ہیں - گھر کی بی بی بانڈنی گھر کتوں جوگا - جب گھر کی مالکہ ادھر ادھر پھرتی تو گھر میں کتے ہی لوٹیں گے - گھر کی پشکی (کے ٹکڑے) باسی ساگ - گھر کی مری اور مرا ساگ - شیخی مارنے والے کے متعلق کہتے ہیں کہ سوائے مٹی کے برتن اور باسی ساگ کے گھر میں کچھ نہیں اور یہ اس قدر شیخی - گھر کے بیروں کو تیل کا ملیدہ - اپنوں سے کم سلوک کرنے اور غیروں کی بہت کچھ مدد اور خاطر تواضع کرنے کے موقع پر مستعمل ہے - گھر کی جورو (چور) کی چکسی کہاں تک - اپنے گھر میں رہنے والے شخص کی نگہبانی کرنا بہت مشکل ہے - گھر کی جلی (کے جلے) بن میں گئی (گئے) بن میں لاگی آگ - بن بچارا

کیا کرے (جو کرموں لاگی آگ) یعنی ہمارے بھاگ - بدنصیب کا کہیں ٹھکانا نہیں جہاں جائے گا وہیں سختی اٹھائے گا - گھر کے روویں باہر کے کھائیں دعا دیتے قلندر جائیں - دیکھو گھر کے بیروں الخ - گھر کی سوبھا گھر والی کے ساتھ - بیوی کے ساتھ گھر کی رونق ہوتی ہے - گھر کی سوبھا گھر والے کے سنگ - مکان کی زیب و زینت صاحب خانہ سے ہوتی ہے - گھر کی کھانڈ کرکری - چوری کا گڑ میٹھا - لوگ حلال کی کمائی کی طرف متوجہ نہیں ہوتے - حرام کو پسند کرتے ہیں - گھر کے کھیر کھائیں (کھانے ہیں) اور دیوتا بھلا منائیں - اوروں کے نام سے اپنا کام نکالنا - دوسرے پر احسان دھر کے اپنا مقصد حاصل کرنا - گھر کی مرغی دال برابر - گھر کی عمدہ چیز کی قدر نہیں ہوتی - جب کوئی شخص اپنی خوبصورت بیوی کو چھوڑ کر رنڈی بازی کرے یا جب اپنے عزیزوں یا ملازموں پر دوسرے معمولی آدمیوں کو ترجیح دے تو کہتے ہیں - گھر کی مری اور مرا ساگ - دیکھو گھر کی پشکی الخ - گھر کی مونچھیں ہی مونچھیں ہیں - قلاش آدمی کے متعلق کہتے ہیں - گھر گھر ایک ہی لیکھا - سب کا حال یکساں ہے - گھر گھر پیت نہ کیجے تو گاؤں گاؤں تو کیجیے - اگر بہت لوگوں سے دوستی نہیں ہوسکتی تو چند آدمیوں سے ہی سہی - گھر گھر شادی گھر گھر چین - اچھی سلطنت کے متعلق کہتے ہیں - گھر گھر شادی - گھر گھر غم - کہیں خوشی ہے تو کہیں ماتم - گھر گھر کا ساتھ نرکا - گھر اپنا بنتا ہے اور دوست بہادر آدمی ہونا چاہئے - گھر گھر کے جالے بُہارتی پھرتی ہیں - اس کے متعلق کہتے ہیں (۱) جو بہت دفعہ گھر بدلے (۲) جو عورت ادھر ادھر ماری ماری پھرے یا (۳) جو ہر ایک کی خوشامد کرے - گھر گھر والی سے - دیکھو گھر کی سوبھا الخ - گھر گھر یہ ہی لیکھا - ہر جگہ یہی باتیں ہیں - خانہ داری کے جھگڑے ہر جگہ ہیں - گھر گھر (یہ ہی) مٹیالے چولھے ہیں - سب ایک جیسی ہی حالت میں ہیں - گھر گھوڑا گاڑی ان تینوں کے دام کھرا کھری - ان تینوں کی قیمت فوراً ادا ہونی چاہئے ادھار نہیں ہونا چاہئے - گھر گھوڑا نخاس

مول - بے دکھائے کسی چیز کی تعریف کرنے پر کہتے ہیں - گھر تنگا تو باہر مچیا - غربت اور افلاس ہے مچیا چھوٹی سی چارپائی کو کہتے ہیں - گھر ملتا ہے تو بر نہیں ملتا بر ملتا ہے تو گھر نہیں ملتا - بیٹیوں کے لئے اچھا رشتہ نہ ملنے پر کہتی ہیں - گھر میں آئی جوئے ٹیڑھی پگڑی سیدھی ہوئے - بیاہ ہوتے ہی ساری شیخی جاتی رہتی ہے اور بانکپن بھلا جاتا ہے - گھر میں اناج نہیں ملک کا کریں راج - پاس کچھ نہیں شیخی بڑی - گھر میں (بلوتی) بلی باگھ - معمولی آدمی بھی گھر میں بڑا بہادر ہوتا ہے - گھر میں بھونی بھانگ نہیں - بالکل مفلس اور قلاش ہے - گھر میں بھونی بھانگ نہیں اور الفت سبزہ رنگوں سے - جو باوجود افلاس کے بہت سی خواہشیں رکھے اس کے متعلق کہتے ہیں - گھر میں بھونی بھانگ نہیں اور باہر نہوتے سات - اس کے متعلق کہتے ہیں جو باوجود غریب ہونے کے حیثیت سے بڑھ کر کام کرے - گھر میں بی بی لکھوا تار باہر میاں تھانے دار - گھر میں بی بی ولی بن کر لوٹیں باہر میاں حکومت جتا کر لوٹیں - گھر میں غربت ہے اور میاں شیخی خورے ہیں - گھر میں نکیں چوہے اور باہر کہیں پائے - مفلس شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں - گھر میں جورو کا نام (بہو) بیگم (رکھ لو) گھر میں جورو کا نام بہو بیگم رکھ لینے سے کیا ہوتا ہے - اپنی عزت اپنے منہ سے نہیں ہوتی - گھر میں جو شہد ملے تو کاہے بن کو جائیں - اگر بغیر محنت مشقت کے روزی ملے تو پھر دوڑ دھوپ کی ضرورت کیوں پڑے - گھر میں چراغ نہیں باہر مشعل - غریب آدمی جب دکھاوے کے لئے خرچ کرے تو کہتے ہیں - گھر میں چنے کا چون نہیں گیہوں کی دو پلاٹیو - غریب شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں - گھر میں چوہے ڈنڈ کرتے قلابازیاں کھاتے، لوٹتے ہیں - گھر میں خرچ نہ ڈیوڑھی پر ناچ - مفلس شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں - گھر میں خرچ نہیں اونٹھی پھرتی - پکھراج جڑل سو کھڈا ہائے (ھ) گھر میں کچھ نہیں اور پکھراج کی انگوٹھی دکھاتی پھرتی ہے - گھر میں دوا ہائے ہم مرے - بیوقوف

آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ جس کے پاس چیز ہو اور اسے اس کا استعمال معلوم نہ ہو۔ **گھر میں دھان نہ پان بی بی کو بڑا گمان** مفلسی میں غرور کرنے اور شیخی بگھارنے والے کو کہتے ہیں۔ **گھر میں دیا نہ باتی منڈوے کھپرے انراتی**۔ دیکھو آخری **گھر میں دیا تو مسجد میں دیا**۔ پہلے گھر والوں سے سلوک ہونا چاہئے پھر باہر۔ **گھر میں دیکھو چھلنی نہ چھاج باہر میاں تیر انداز**۔ غریب شیخی خورے کے متعلق کہتے ہیں۔ **گھر میں رہے نہ تیرتھ گئے۔ مونڈ منڈا کر جوگی بنے**۔ دھوکے باز سادھوؤں کے متعلق کہتے ہیں۔ **گھر میں رہے نہ تیرتھ گئے مونڈ منڈا فضیحت بنے**۔ مفت کی بدنامی اٹھائی۔ **گھر میں سوت نہ کپاس جلاہے سے لٹھم لٹھا**۔ دیکھو سوت نہ کپاس الخ۔ **گھر میں شیر باہر بھیڑ**۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو گھر والوں پر بیجا رعب جمائے۔ اور باہر والوں سے دبے۔ بجائے **گھر میں کھانے کو نہیں اٹاری پر دھواں** شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں۔ **گھر میں گڑ تو باہر شکر**۔ گھر والوں کی نسبت باہر والوں سے اچھا سلوک کرتا ہے۔ **گھر میں گھر اچھا نہیں ہوتا** گھر کے اندر دوسرا گھر بنانا منحوس سمجھا جاتا ہے۔ **گھر میں گھر لڑائی کا ڈر**۔ اگر ایک گھر میں دوسرا گھر بنا دیا جائے تو ہمیشہ لڑائی جھگڑا رہتا ہے۔ **گھر نہیں اناج ملک کا کریں راج**۔ **گھر میں نہیں نور بیٹا مانگے موتی چور**۔ **گھر میں تاگا البیلا مانگے پاگا**۔ **گھر میں نہیں دانے (اماں یا بڑھیا) بی بی چلی بھنانے**۔ **گھر میں ہل نہ بلدیہ مانگے ایکہ ہلدیہ** (ھ) مفلس شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں۔ **گھر نہ بار (دوار) میاں محلہ دار**۔ بیجا شیخی مارنیوالے کے متعلق کہتے ہیں۔ **گھر نہ بر**۔ اکیلی عورت کے متعلق کہتے ہیں۔ **گھر نہنیوں نے لیا**۔ اولاد ہو تو خرچ ہوتا ہے۔ ورنہ روپیہ کام کا نہیں۔ **گھر ہی میں بید مرے کیسے**۔ کیوں نقصان ہوا جب انتظام ہو سکتا تھا۔ **گھر والے کا ایک گھر نگھرے کے سو گھر** ۱ بے نام و ننگ بد معاش کو روکنا مشکل ہے ۲ آزاد اور فقیر جہاں

پڑ گیا وہیں گھر ہے۔ **گھرہ نہ درہ روے ڈھا ڈھی جرا**۔ جس کا کوئی گھر بار نہیں بد قسمت ہے۔ **گھر یار کے پوست بھٹار کے** عیاش آدمی کے متعلق کہتے ہیں جس کی اولاد رنڈیوں کے یہاں ہوتی ہے اور گھر بار کوئی نہیں ہوتا۔

گھِر (ہ۔ امر) گھرنا کا۔ **گھر آنا** (لازم) چھا جانا۔ جھوم کر آنا۔ ہجوم کر لینا۔ **گھر جانا** (لازم) ۱ محصور ہو جانا ۲ دشمن کی فوج کے حلقہ میں آ جانا ۳ رنج والم میں مبتلا ہونا۔ **گھر کر آنا** (لازم) دیکھو گھر آنا۔ **گھرنا** (لازم) گھیرنا کا۔ دیکھو گھر جانا۔

گَہَر (ف۔ مذکر) گوہر کا مخفف۔ محاورات کے لئے دیکھو گوہر۔

گہرا (ہ۔ صفت) ۱ عمیق۔ مقعر۔ اگم۔ ڈونگھا ۲ غرقاب۔ ڈباؤ۔ اتھاہ ۳ کھودا ہوا ۴ گفنا۔ گاڑھا۔ غلیظ ۵ شوخ۔ اتنا زیادہ کہ اس میں سیاہی کی جھلک ہو (رنگ) ۶ مضبوط۔ پکا ۷ رسا۔ صائب۔ دور کا۔ پُرمغز ۸ از حد۔ حد سے زیادہ۔ بے حد ۹ مضبوط۔ پکا ۱۰ نہایت تیز ۱۱ بڑا لمبا (س گمبھیر) **گہرا اخلاص** (مذکر) بیحد محبت۔ از حد تپاک۔ نہایت ارتباط۔ **گہرا پا** (مذکر) گہرائی۔ **گہرا پردہ** (مذکر) وہ شرم و حجاب جو حد سے زیادہ ہو۔ **گہراپن** (مذکر) گہرا ہونا۔ **گہرا خیال** (مذکر) دور کا خیال۔ **گہرا دوست** (مذکر) سچا دوست بے تکلف دوست۔ **گہرا رنگ** (مذکر) وہ رنگ جس میں سیاہی نمودار ہو۔ **گہرا زخم** (مذکر) بھاری گھاؤ۔ کاری زخم۔ زخم جو دور تک ہو۔ **گہرا سہاگ** (مذکر) ۱ میاں بیوی کا از حد سلوک۔ زن و شوہر میں محبت اور موافقت ۲ بہت میل جول۔ ربط ضبط۔ **گہرا کٹا** (ھ۔ علم نباتات) وہ پتا جس کا کنارہ بہت کٹا ہوا ہو۔ **گہرا کرنا** (متعدی) ۱ بہت نیچے تک کھودنا۔ نیچا کرنا ۲ شوخ رنگنا۔ **گہرا گڑھا** (مذکر) وہ غار جو بہت دور تک ہو۔ **گہرا گھونگٹ** (مذکر) لمبا گھونگٹ۔ **گہرا نشہ** (مذکر) بہت نشہ۔ مدہوشی۔ **گہرا ہاتھ لگانا** (متعدی)، **لگنا** (لازم) ۱ زور کا ہاتھ پڑنا۔ بھاری ضرب لگنا ۲ زخم کاری لگنا۔ مہلک ضرب لگنا۔ **گہرا ہاتھ مارنا** (متعدی) ۱ دیکھو گہرا ہاتھ لگانا ۲ خوب ہاتھ رنگنا۔ بہت سامال مارنا ۳ بھاری چوری کرنا ۴ بہت سا نفع کمانا ۵ کسی اچھے خاندان کی یا بہت حسین عورت کو بھگا لیجانا۔ **گہراؤ** (مذکر)، **گہرائی** (مونث) عمق۔ گہرا ہونا۔ **گہرا یار** (مذکر) بہت دوست **گہرا یارانہ** (مذکر) بے حد دوستی۔ پکا یارانہ۔ **گہری** (مونث) گہرا کی۔ **گہرے** (مذکر) ۱ گہرا کی جمع ۲ حروف مغیرہ سے پہلے بجائے گہرا کے **گہری بات** (مونث) دقیق خیال۔ مشکل بات۔ باریک خیال۔ صائب رائے۔ **گہرے چلو**۔ ٹھگوں کی اصطلاح۔ جلدی سے چل کر مار دو۔ راہ گیر یا مسافر کا کام تمام کرو۔ **گہری چھننا** (لازم) ۱ نہایت گاڑھی بھنگ گھٹ چھن کرتیار ہونا ۲ گاڑھی دوستی ہونا۔ کمال میل جول اور ربط ضبط ہونا ۳ بے حد لڑائی ہونا۔ بڑی تھکا فضیحتی ہونا ۴ مناظرہ ہونا۔ **گہرے دوست ہیں**۔ دیکھو گہرے یار ہیں۔ **گہری دوستی** (مونث) بیحد یارانہ **گہری سانس بھرنا یا لینا۔ گہرے سانس بھرنا** (متعدی) دیر تک سانس لئے جانا۔ آہ سرد بھرنا۔ ٹھنڈے سانس لینا۔ لمبے سانس کھینچنا۔ **گہری گنتی** (ھ۔ مونث) الجبرا۔ جبر و مقابلہ۔ **گہری گھٹنا** (متعدی) گاڑھی چھننا۔ **گہرے کرنا** (متعدی) ۱ مال مارنا ۲ بہت نفع اٹھانا۔ خاطر خواہ فائدہ اٹھانا۔ **گہری نیند** (مونث) ایسی نیند جو بڑی مشکل سے کھلے۔ **گہری نیند سونا** (لازم) نہایت بے خبر اور غافل ہو کر سونا۔ **گہرے ہو گئے**۔ خوب فائدہ ہوا۔ **گہرے ہونا** (لازم) خوب کمانا۔ بہت نفع ہونا۔ **گہرے یار ہیں**۔ بہت دوست ہیں۔ دلی یا جانی دوست ہیں۔ ہم نوالہ و ہم پیالہ ہیں۔

مقولہ۔ گہری لالی دیکھ کر پھول گمان بہے۔ کیتے باگ جہان میں لگ لگ سوکھ گئے (ھ) خوبصورتی یا حسن کا غرور نہیں ہونا چاہئے۔ سیکڑوں باغ دنیا میں لگ کر سوکھ جاتے ہیں۔

گَہَرا (ھ۔ مذکر) ۱ اناج کی بالوں کا بڑا گٹھا جس میں دس سیر اناج ہوتا ہے ۲ فصل کاٹنے والوں کی روزانہ مزدوری ۳ پولا۔ پولی۔ بنڈل ۴ مٹھا۔

گھَرّا (ہ ۔ مذکر) ۱ وہ آواز جو حالتِ نزع میں گلے میں سے نکلتی ہے ۔گھونگرو بولنا ۲ ایک قسم کا ضماد جو آشوبِ چشم کے واسطے لگاتے ہیں ۳ موت کی تکلیف (س گھر گھر) گَھرّاٹا (ھ) ۱ خرّاٹا ۲ دیکھو گھر گھر ۔ گھرا چلنا (لازم) حالتِ نزع ہونا۔ گھونگرو بولنا ۔ جانکنی کا وقت ہونا ۔ گھَرّا لگانا (مذکر) گھرّا ۲ لگانا ۔ گھَرّا لگنا (متعدی) ۱ دیکھو گھرا چلنا ۲ گھرّا ۲ لگنا۔

گہَرانا (ہ ۔ متعدی) ۱ گہرا کرنا ۔ عمیق کرنا ۲ (لازم) گہرانا ۔ عمیق ہونا ۳ (ھ) غرّاٹا ہونا (گہرا سے)

گھَرانا (ہ ۔ مذکر) ۱ خاندان ۔ گھر ۔ دودمان ۲ کنبہ ۔ قبیلہ ۳ سلسلہ ۔ نسب ۔ پُشت ۴ نسل ۔ اولاد (گھر سے)

گہُرانا (ہ ۔ متعدی) بلند آواز سے بلانا ۔ زور سے پکارنا۔

گھَرّانا (ہ ۔ لازم) غرّانا ۔

گِھرانْد (ہ ۔ مونث) بو ۔ بدبو ۔ پیشاب کی بو (س گھرا ۔ سونگھنا)

گِھرائی (ھ ۔ مونث) وہ جرمانہ اور خرچ خوراک جو مویشی کو پھاٹک میں دینے پر لیتے ہیں۔

گھُرباہا (ھ ۔ مذکر) سائیس۔

گھَرَت (ھ ۔ مذکر) پھاٹک مویشی۔

گھَرَرْڈ (ھ ۔ مذکر) خشک چنے یا موٹھ جو مویشی کو بطور چارہ دیتے ہیں۔

گھَرشَن (ھ ۔ مذکر) ۱ ملنا ۲ پیسنا ۔ کوٹنا ۳ رگڑ ۔ گھرشنی (مونث) املی ۔

گھُرَک (ہ ۔ امر) گھرکنا کا (س گھر آواز سے ڈرانا) گھرک بیٹھنا (لازم) گھرکی دینا ۔ گھرکنا (متعدی) ڈانٹنا ۔ ڈپٹنا ۔ دبانا تنبیہ کے لئے سخت آواز سے بولنا ۔ جھڑکنا ۔ سرزنش کرنا ۔ دھمکانا جھڑکی دینا ۔ دھتکارنا ۔ گھُرکی (مونث) جھڑکی ۔ دھمکی ۔ ڈانٹ ۔ ڈپٹ ۔ گھرکی جھڑکی (مونث) گھرکی ۔ گھرکی دینا (متعدی) دیکھو گھرکنا ۔ گھرکی کھانا ۔ [illegible]نا (متعدی) گھرکی برداشت کرنا۔

گِھرکا (ھ ۔ مذکر) ۱ لڑکوں کا ایک کھیل جس میں ایک لکڑی زمین میں گاڑتے ہیں اور دوسری اس کے اوپر رکھ کر دو لڑکے اس کے سروں پر بیٹھ کر اس کو چلاتے ہیں ۲ وہ آلہ جس پر یہ کھیل کھیلا جاتا ہے (گھیرنا سے)

گھَرگھَٹ (ھ ۔ مذکر) ایک قسم کی مچھلی ۔

گھَرگھَر (ہ ۔ مونث) وہ کرخت آواز جو چکی مشین یا گاڑی کے چلنے سے نکلتی ہے (آواز سے) گھرگھراہٹ (مونث) گھرگھر کی آواز گھرگھر ۔

گھُرگھُرا (ھ ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا جھینگر ۲ ایک قسم کا پھوڑا ۳ کنٹھ پھوڑے کی ایک قسم ۔

گھُرگھُرانا (ھ ۔ لازم) غرّانا ۔

گھَرَم (س ۔ مذکر) ۱ گرمی ۲ دھوپ ۳ موسم گرما ۴ پسینہ ۔

گھِرنا (س ۔ مونث) ۱ نفرت ۔ حقارت ۲ سستی ۔ کاہلی ۔

گھُرنانا (ھ ۔ متعدی) غرانا ۔

گِھرنائی ۔ گھرنٹی (ہ ۔ مونث) ایک قسم کی ناؤ جو گھڑوں سے بناتے ہیں (س کھٹ گھڑا ناؤ ۔ کشتی)

گِھرنی (ہ ۔ مونث) ۱ چرخی ۔ گھمانے کا آلہ ۔ پلی (انگ) ۲ رسی بٹنے کی کل ۳ سر کا چکر ۔ دوران سر ۴ ایک آبی پرند ۵ لوٹن کبوتر (س گھرن ۔ پھرنا حرکت کرنا) گھرنی کھانا (متعدی) گھومنا ۔ چکر کھانا ۔ لوٹنی لینا ۔ گھرنیوں کی جوٹ (مونث) چرخیوں کا سلسلہ ۔ بوجھ کو اوپر کھینچنے کے لئے چرخیوں سے بہت سہولت ہوتی ہے ۔ ایک چرخی سے نصف طاقت سے بوجھ اوپر کھینچا جا سکتا ہے ۔ دو سے چوتھا حصہ طاقت سے ۔ علیٰ ہٰذا القیاس ۔

گھُرنی (ھ ۔ مونث) ۱ لڑھکنا ۲ چکر کھانا گھومنا ۳ سر کا چکر ۔

گہَری ہ ۔ مونث ۱ رک رہنا ۲ دیر ۔ تاخیر (س گرہ پکڑنا) ۳ نیچی دلدلی زمین (گہرا سے)

گھَرّی (ھ ۔ مونث) ایڑی ۔ گھریاں گھسنا (لازم) ایڑیاں رگڑنا ۔

گھَریا (ہ ۔ مونث) مٹی کی کلھیا جس میں چاندی سونا گلاتے ہیں ۔ کٹھالی (س گھٹکا)

گِھریا (ہ ۔ مونث) نرغہ (گھرنا سے) گھریا میں گھرنا (متعدی) نرغے میں پھنسنا۔

گھَڑ (ہ ۔ امر) گھڑنا کا ۔ گھڑا (امر) ۱ گھڑانا کا ۲ (ماضی) گھڑنا کا ۔ گھڑانا (م) گھڑوانا (عف) گھڑاوَن (مونث) گھڑنے کی اجرت ۔ گھڑائی (مونث) ۱ گھڑنے کی اجرت ۲ ساخت بناوٹ ۳ بنائی ہوئی بات ۔ ایسی بات جس کی کچھ اصلیت نہ ہو ۔ گھڑ دینا ۔ گھڑنا (متعدی) دیکھو گھڑ دینا ۔ گڑھنا ۔ گھڑنْت (ھ ۔ مونث) گھڑت گھڑوانا (م) دیکھو گڑھوانا ۔

مثل ۔ گھڑے کمہار (برتے) بھرے سنسار ۔ معمولی آدمیوں کے کام سے ساری دنیا فائدہ اٹھاتی ہے ۔

گھُڑ (ہ ۔ مذکر) گھوڑا کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ گھڑ باہا (مذکر) سائیس ۔ گھڑبہل یا بہلی (مونث) ایک قسم کا رتھ جس کو گھوڑے کھینچتے تھے ۔ گھڑ چڑھا (صفت) ۱ گھوڑے پر چڑھا ہوا ۲ عمدہ سواری کرنے والا ۔ گھوڑے پر خوب بیٹھنے والا ۳ (مذکر) سوار ۔ پکا سوار ۴ ایک قسم کا سوانگ جس میں سوانگ کرنے والا اپنی کمر سے کاٹھ کے گھوڑے کا ڈھانچ اس طرح باندھ لیتا ہے کہ گویا گھوڑے پر چڑھا ہوا ہے ۔ گھڑچڑھی (مونث) ۱ ایک ہندوؤں کی رسم جس میں دولھا گھوڑے پر سوار ہو کر دلھن کے گھر جاتا ہے ۲ ایک قسم کی چھوٹی توپ جسے گھوڑے پر سوار ہو کر چلاتے ہیں ۳ وہ توپ جسے گھوڑے پر رکھ کر ہر جگہ آسانی سے لے جا سکتے ہیں ۔ خچر باتری ۔ تفنگ اسپی ۴ رسالہ ۔ سواروں کی فوج ۔ گھڑ دوڑ (مونث) ۱ گھوڑوں کا شرط بد کر دوڑانا ۲ وہ میدان جہاں گھوڑوں کی دوڑ ہو ۔ گھڑ دوڑ کا گھوڑا (مذکر) وہ گھوڑا جسے گھڑ دوڑ میں دوڑاتے ہیں ۔ گھڑسار (ھ) سال (مذکر) سالہ (ھ) اصطبل ۔ گھڑسیم (مونث) ایک قسم کی بڑی سیم ۔ گھڑمکھی (مونث) وہ بڑی مکھی جو گھوڑے کو کاٹتی ہے ۔ گھڑمنہا (صفت) ۱ وہ شخص جس کا منہ گھوڑے کے منہ سے مشابہت رکھتا ہو ۔ لمبے منہ کا آدمی ۔ گھڑنال (مونث) توپ ۔ دہکلا ۔ وہ توپ جسے گھوڑے پر لیجائیں ۔ گھڑیا (مونث) چھوٹے

قد کی گھوڑی۔

گھڑا (ہ۔ مذکر) پانی رکھنے کا برتن شکا۔ سبوچہ (بھرنا۔ بھروانا۔ اٹھانا۔ اٹھنا۔ اٹھوانا۔ بتانا۔ بننا۔ بنوانا۔ بیچنا۔ توڑنا۔ ٹوٹنا۔ خریدنا۔ لیجانا۔ لانا وغیرہ کے ساتھ) (س۔ گھٹ۔ گھڑا) **گھڑوں پانی پڑجانا** (لازم) بہت شرمندہ ہونا۔ **گھڑے** (مذکر) ۱ جمع گھڑا کی ۲ حروف مغیرہ کے بعد بجائے گھڑا۔ **گھڑے لنڈھانا** (متعدی) **لنڈھنا** (لازم) **لنڈھنا** (لازم) ۱ گھڑوں کا پانی بہنا ۲ کمال شرمندہ ہونا۔

مثل۔ گھڑے سے گھڑا نہیں بھرا جاتا۔ دیکھو قبر پر قبر نہیں بنتی۔

گھڑا (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو گھرا ۲ ایک قسم کا ضماد جو آنکھوں پر کرتے ہیں۔

گھڑچ (ہ۔ مونث) موسیقی کے کسی ساز کی گھوڑی۔

گھڑسنا (ہ۔ متعدی) ۱ پیچ دینا۔ مروڑنا ۲ (لازم) بل کھانا۔

گھڑکانا۔ گھڑکنا (ہ۔ متعدی) دیکھو گھرکنا۔

گھڑگھڑ (ہ۔ مونث) گھڑگھڑاہٹ۔ **گھڑگھڑانا** (لازم) گھڑگھڑ کی آواز پیدا ہونا۔ گرجنا۔ **گھڑگھڑاہٹ** (ہ۔ مونث) پہیا۔ گرج۔ گاڑی یا مشین کی آواز۔ گڑگڑ۔

گھڑولا (ہ۔ مذکر) چھوٹا گھڑا۔

گھڑونچا (ہ۔ مذکر) **گھڑونچی** (ہ۔ مونث) لکڑی کا چوکھٹا جس پر پانی کے گھڑے رکھے جاتے ہیں (س گھٹ۔ کنجک)

گھڑی (ہ۔ مونث) ۱ ۲۴ منٹ کا وقفہ۔ گھنٹہ کا ⅖ اور دن رات کا ساٹھواں حصہ ۲ وقت۔ سماں۔ زمانہ ۳ ساعت ۴ لمحہ لحظہ۔ تھوڑا سا وقفہ ۵ وقت بتانے کا آلہ۔ اس کی کئی قسمیں ہیں۔ جیبی گھڑی۔ کلائی پر باندھنے کی گھڑی۔ ٹائم پیس۔ کلاک۔ دھوپ گھڑی۔ آبی گھڑی۔ ریت کی گھڑی وغیرہ (س گھٹکا) **گھڑیاں** (جمع) گھڑی کی۔ **گھڑیاں گننا** (متعدی) بہت انتظار ہونا۔ **گھڑی بجنا** (متعدی) گھڑی کا وقفہ پورا ہونے پر گھڑیال بجنا۔ **گھڑی بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) **بنوانا** (م) گھڑی درست کروانا گھڑی کی مرمت کرانا۔ **گھڑی بھاری ہونا** (لازم) وقت گزرنا دوبھر ہونا۔ گھڑی کا زمانہ گزرنا شاق ہونا۔ **گھڑی بھر** (تف) ۱ ایک گھڑی۔ ایک ساعت ۲ لمحہ بھر۔ لحظہ بھر۔ ذرا۔ یکدم۔ **گھڑی بھر دن آنا** (لازم) تھوڑا سا دن چڑھنا۔ دن گھڑی بھر آنا۔ **گھڑی بھر میں** (تف) دم بھر میں۔ ایک لمحہ میں۔ آناً فاناً۔ فوراً۔ جلدی۔ ابھی۔ **گھڑی پر گھڑی** (تف) ہر وقت۔ **گھڑی پہاڑ ہونا** (لازم) گھڑی کا گزرنا نہایت شاق ہونا۔ **گھڑی ٹلنا** (لازم) وقت گزرنا۔ ساعت گزرنا۔ **گھڑی ٹھیک یا درست کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) گھڑی کا وقت درست کرنا۔ **گھڑی دو گھڑی** (تف) تھوڑی دیر۔ **گھڑی ساز** (صفت) گھڑی کی مرمت یا درستی کرنے والا۔ **گھڑی ساعت پر ہونا** (لازم) قریب المرگ یا جاں بلب ہونا۔ **گھڑی ساعت کا (مہمان)** (صفت) کوئی دم کا مہمان۔ قریب المرگ۔ **گھڑی ساعت (کا) (نقشہ) ہونا** (لازم) کوئی دم کا مہمان ہونا۔ جاں بلب ہونا۔ **گھڑی صاف کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) گھڑی کے پرزوں کا میل صاف ہونا۔ **گھڑی کو چابی دینا یا کوکنا** (متعدی) گھڑی کا سپرنگ کوکنا۔ واچ۔ ٹائم پیس اور کلاک میں ایک لوہے کا بہت لمبا پترا ہوتا ہے۔ جیسے کول لپیٹا ہوا ہوتا ہے اس کے بیچ میں ایک پتلی سلاخ ہوتی ہے جس کے سرے پر گھنڈی سی ہوتی ہے۔ اس گھنڈی کو انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے مروڑتے ہیں تو سپرنگ کسا جاتا ہے۔ اسے چابی دینا کہتے ہیں۔ کیونکہ پہلے پہل بجائے گھنڈی کے چابی ہوا کرتی تھی۔ ٹائم پیس اور کلاک میں اب بھی چابی ہوتی ہے۔ **گھڑی کو کی جانا** (لازم) گھڑی کو چابی لگنا۔ **گھڑی گھڑی** (تف) ۱ دم بدم۔ لحظہ بلحظہ ۲ پے در پے۔ بار بار۔ **گھڑی ملانا** (متعدی) گھڑی کا وقت صحیح کرنا۔ **گھڑیوں** (مونث) ۱ جمع گھڑی کی ۲ (تف) دیر تک۔ عرصہ تک۔

امثال واقوال۔ گھڑی بھر کی بیشرمی سارے دن کا آدھار۔ بے شرم کچھ نہ کچھ حاصل کر ہی لیتا ہے۔ عموناً رنڈیوں کے متعلق کہتے ہیں۔ **گھڑی پل کی آس نہیں کرے کال کی بات۔** دم بھر کا بھروسا نہیں کل کی بات کرتا ہے۔ **گھڑی تولہ گھڑی ماشہ** دم دم میں طبیعت بدلنے والا۔ غیر مستقل مزاج۔ **گھڑی میں اولیا گھڑی میں بھوت۔** ذرا سی بات میں خوش ذرا سی بات میں ناراض۔ **گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ۔** دیکھو گھڑی تولہ الخ **گھڑی میں گاؤں (گھر) جلے نو گھڑی (کا) بھدرا** ۱ مصیبت ایک دم میں آتی ہے۔ خوشی کی گھڑی بہت دیر میں آتی ہے ۲ یہ نجومیوں پر طنز ہے ۳ ایک آفت نے تو کام تمام کر دیا۔ آئندہ کی آفت کو کس طرح جھیلا جائے گا۔ **گھڑی میں گھڑیال (گھڑیاول) ہے** دم بھر میں کچھ سے کچھ ہے۔ ہندوؤں میں مردے کو گھڑیال بجاتے لے جاتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ مرتے دیر نہیں لگتی۔ زمانے کے انقلابات سے ڈرنا اور مصیبتوں سے پناہ مانگنی چاہئے۔

گھڑی (ہ۔ صفت) ۱ تہ کیا ہوا ۲ چنین۔ پلیٹ۔

گھڑیا (ہ۔ مونث) ۱ مٹی کا چھوٹا برتن ۲ کٹھالی جس میں سونا چاندی پگھلاتے ہیں ۳ شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا چھتہ۔ تھال ۴ رحم۔ بچہ دان۔

گھڑیال (ہ۔ مذکر) ۱ پیتل وغیرہ کا قرص جس کو موگری مار کر بجایا جاتا ہے۔ عموماً گاردوں یا امیروں کے گھروں پر ہر گھنٹہ کے بعد بجاتے ہیں گھنٹہ۔ جرس (بجانا بجنا کے ساتھ) (گھڑی سے) ۲ مگرمچھ۔ نہنگ۔ مگر (س کھگرکا) **گھڑیالا** (ہ۔ مذکر) گھڑیال بجانے والا۔ **گھڑیال کا کٹورا** (مذکر) ایک کٹورا جس کی پیندی میں باریک سوراخ اس انداز کا ہوتا ہے کہ پانی کی ناند میں چھوڑنے پر ایک گھنٹہ میں کٹورا پانی سے بھر جاتا ہے۔ جب بھر کر ڈوب جائے تو گھڑیال بجایا جاتا ہے۔ **گھڑیال گننا** (متعدی) انتظار کرنا۔ **گھڑیالی** (صفت) گھڑیال یا گھنٹہ بجانے والا۔ ساعت نواز۔

گھس (ہ۔ مونث) گھاس کا مخفف گھس کھدا۔ گھسیارا (مذکر) ۱۔ گھاس کھودنیوالا۔ گراس کٹ۔ چرکٹا ۲۔ گھاس بیچنے والا۔ کاہ فروش ۳۔ (صفت) کمینہ۔ رذیل ۴۔ بدشکل۔ بدہیئت۔ بدحیثیت ۵۔ اناڑی۔ جاہل مطلق۔ غیر مہذب۔ ناشائستہ ۶۔ احمق۔ بیوقوف۔ نادان۔ گھسوا (ہ۔ مذکر) گھاس (مخفف) گھسیا (صفت) جو صرف گھاس پر پلے۔ گھسیارن۔ گھسیاری (مونث) گھاس کھودنے یا بیچنے والی عورت۔ گھسیلا (صفت) ۱۔ گھاس والا ۲۔ جہاں بہت گھاس ہو ۳۔ جہاں سے گھاس بہت ملے۔

مثل۔ گھسیا گھوڑا روٹیا چاکر۔ کسی کام کے نہیں ہوتے۔

گھس (ہ۔ امر) ۱۔ گھسنا کا ۲۔ (ہ) دیکھو گھِستا (س گھرش۔ رگڑنا) گھِسا (امر) ۱۔ گھسانا کا ۲۔ (ماضی) گھسنا کی ۳۔ (صفت) گھسا ہوا۔ پرانا۔ کہنہ۔ مستعمل ۴۔ (ہ۔ مذکر) دیکھو گھِسّا (مذکر) ۱۔ رگڑ رگڑا ۲۔ پتنگ کی ڈور کی رگڑ جو دوسری پتنگ کی ڈور کو لگے ۳۔ گھوڑے کو سدھانے کی لکڑی ۴۔ ذکر کا فرج میں ایک دفعہ آنا جانا۔ گھسا بیٹھنا (لازم) گہرا رگڑا لگنا۔ رگڑ کا اندر تک پہنچنا۔ گھسا پڑنا (لازم) رگڑا لگنا۔ رگڑ کا نشان ہونا۔ گھسا جمنا (لازم) دیکھو گھسا بیٹھنا۔ گھسا دینا (متعدی) رگڑا دینا۔ گھسا لگنا (لازم) رگڑ آنا۔ رگڑ لگنا۔ گھسے کا نشان پڑنا۔ گھسا مارنا (پ۔ متعدی) ذکر کو فرج میں ڈال کر ایک دفعہ اندر باہر کرنا گھسا میری (مونث) بچوں کا ایک کھیل جس میں ڈور میں ڈور ڈال کر گھستے ہیں۔ گھساوٹ (مونث) گھساؤ (مذکر) گھسائی (مونث) رگڑ۔ فرسودگی گھس پٹے (مذکر) گھسنا اور پٹنا سے۔ مار پیٹ رگید (دینا کرنا کے ساتھ) گھس پس کر اترنا (لازم) کپڑے کا پھٹ کر اترنا۔ بے تمیزی کی نسبت کہتی ہیں۔ گھس پس کے اترے (پرانا ہو) نئے لباس کے پہننے پر بطور دعا کہتے ہیں۔ گھس جانا (لازم) ۱۔ رگڑ جانا۔ رگڑ کھا کر پتلا ہو جانا ۲۔ رگڑ کھا کر پس جانا۔ گھس ڈالنا (متعدی) رگڑ ڈالنا۔ گھس کر لگانے کو نہ ہونا (لازم) ۱۔ ذرا بھی نہ ہونا ۲۔ مفقود ہونا۔ گھسکی (ہ) گھساوٹ۔ گھس گھس کر کے چلنا (لازم) کپڑے یا جوتے کے مدت تک چلنے اور مضبوط اور پائیدار ہونے کے لئے مستعمل ہے۔ گھس گھس کرنا (متعدی) ۱۔ کسی کام کے کرنے میں دیر لگانا ۲۔ کانا پھوسی کرنا۔ گھستم گھسا (مذکر) ۱۔ ایک دوسرے کو زمین پر رگڑنا ۲۔ ایک پتنگ کی ڈور کا دوسرے پتنگ کی ڈور کو رگڑنا ۳۔ گھسائی ۴۔ مساحقہ۔ گھِسن (مونث) رگڑ نیکا فعل۔ گھِسنا (متعدی) ۱۔ کسی چیز کو رگڑنا ۲۔ آدمی کو زمین پر گرا کر رگڑنا ۳۔ پتھر پر رگڑنا۔ کھرل کرنا ۴۔ (لازم) لباس جوتے وغیرہ کا پرانا ہونا ۵۔ کسی چیز کا رگڑ کھا کر پرانا ہونا ۶۔ وزن میں کم ہو جانا ۷۔ ضرر پہنچانا ۸۔ (ہ) گھساؤ۔ رگڑ ۹۔ (صفت) گھسنے کے قابل۔ گھسن پٹی (مونث) مار کٹائی۔ زدو کوب (دینا کرنا کے ساتھ) گھسنی (ہ) گھسانا ۲۔ (رنڈیوں کی اصطلاح) کم آمدنی کا شخص جو امساک زیادہ رکھتا ہو۔ گھسنی چلنا (لازم) زمین پر بچے کا چلنے سے پہلے گھسٹ کر حرکت کرنا۔ گھسوانا (مم) گھسنا کا۔

گھُس (ہ۔ امر) گھسنا کا (س گھش داخل ہونا) گھسا (امر) ۱۔ گھسانا کا ۲۔ (ماضی) گھسنا کی۔ گھس آنا (لازم) بغیر اجازت اندر آ جانا۔ گھسا دینا۔ گھسانا (متعدی) گھسنا کا ۱۔ داخل کرنا ۲۔ گھسیڑنا ۳۔ بھرنا (عف) گھس بیٹھنا (متعدی) ۱۔ پاس پاس بیٹھنا ۲۔ چھپ جانا۔ اندر جا بیٹھنا۔ گھس پڑنا (لازم) ۱۔ بے کھٹکے کسی مکان میں داخل ہونا ۲۔ بے اندیشہ کسی کام میں ہاتھ ڈال دینا۔ گھس پل جانا (لازم) جہاں جگہ نہ ہو وہاں زور سے گھس جانا۔ گھس پل کے (تف) زور کے ساتھ گھس کے۔ گھس پل کر نکل جانا (لازم) چیر پھاڑ کر کہیں سے نکل بھاگنا۔ گھس پیٹھ (مونث) دخل۔ رسائی۔ گھس پیٹھ کر (کے) رسائی پیدا کر کے۔ یارانہ گانٹھ کر۔ یار بنا کر۔ گھس کر بیٹھنا (لازم) پاس پاس بیٹھنا۔ مل کے بیٹھنا۔ گھسنا (لازم) ۱۔ اندر جانا۔ داخل ہونا ۲۔ حریف کی فوج میں داخل ہونا ۳۔ مداخلت کرنا۔ دخل دینا۔ بیچ میں پڑنا ۴۔ مکان میں بے حکم داخل ہونا ۵۔ کسی چیز کا دوسری چیز میں داخل ہونا۔ گھسنے نہ دینا (متعدی) کسی جگہ آنے نہ دینا۔ آنے سے روکنا گھسوانا (مم) گھسنا کا۔

گھُستا (ہ۔ صفت) ۱۔ جا ہوا۔ زائیدہ نطفہ (گھِسنا سے تبدیل حرکت بنایا گیا ہے) ۲۔ (پ) گھسّا ۳۔

گھُسائن (ہ۔ مونث) ۱۔ گھوسی قوم کی عورت ۲۔ گھوسی کی بیوی۔

گھِسٹ (ہ۔ امر) گھٹنا کا۔ گھٹا (ماضی) گھٹنا کی۔ گھسٹ آنا (لازم) کھنچ آنا۔ گھسٹنا (لازم) گھیٹنا کا۔ گھسٹے گھسٹے پھرنا (لازم) ۱۔ کھنچے کھنچے پھرنا۔ پکڑے پکڑے پھرنا ۲۔ دربدر پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔

گھسڑ پسڑ (ہ۔ مونث) گنجلک۔ گھسڑ پسڑ کرنا (متعدی) معاملے میں گنجلک رکھنا (عف)

گھسڑ پھسڑ (ہ۔ مونث) ۱۔ گھسر پسر ۲۔ (ہ) بھرنا۔ لبریز کرنا۔

گھسیڑنا (ہ۔ لازم) گھسیڑنا کا۔ گھسنا۔ داخل ہونا۔

گھُسکی (ہ۔ مونث) ۱۔ بے حیا عورت بے شرم عورت ۲۔ فاحشہ عورت۔

گھسمر (ہ۔ صفت) پیٹو۔ بہت کھانے والا۔

گھُس مُس (ہ۔ مونث) گھسہ پھسر (کرنا ہونا کے ساتھ)

گھِسیانا (ہ۔ متعدی) گھسیٹنا کھینچ کر لے جانا۔

گھَسیٹ (ہ۔ امر) ۱۔ گھسیٹنا کا ۲۔ نشان جو زمین پر کسی چیز کے گھسٹنے سے پڑ جائے (س گھرش۔ رگڑنا) گھسیٹا (ماضی) ۱۔ گھسیٹنا کی ۲۔ ایک قسم کی گاڑی جس سے گھوڑے کو بگھی کھینچنے کی مشق کراتے ہیں ۳۔ مردوں کا ایک نام۔ کسی کے بچے مر جانے پر اور بچہ پیدا ہو تو اسے ٹوکری میں ڈال کر گھسیٹتے ہیں۔ یہ ایک قسم کا ٹونا ہوتا ہے ہندوؤں میں گھسیٹا رام اور مسلمانوں میں میاں گھسیٹا کہتے ہیں۔ گھسیٹا گھساٹی (مونث) اینچا تانی۔ کھینچا کھینچی۔ گھسیٹ دینا (متعدی) جلدی جلدی لکھ دینا۔ گھسیٹن (مونث) گھسیٹنے کا نشان کسی چیز کے کھینچنے کا وہ نشان جو زمین پر بن جاتا

ہے۔ **گھسیٹنا** (متعدی) ۱۔ زمین سے رگڑتے ہوئے لیجانا۔ کشاں کشاں لے جانا ۲۔ جلدی جلدی لکھ دینا ۳۔ کوئی چیز زمین پر کھینچنا ۴۔ پکڑوا بلانا ۵۔ (تلوار) نیام سے نکالنا ۶۔ (ساتھ) ہمراہ لے جانا ۷۔ (کانٹوں پر یا میں) آزار دینا۔ تکلیف دینا۔

گھسیٹ (ہ۔ امر) گھسیٹنا کا۔ **گھسیٹ دینا۔ گھسیٹرنا** (متعدی) ۱۔ اندر داخل کرنا ۲۔ بھرنا۔ ٹھونسنا ۳۔ ایک چیز کو دوسری چیز میں زور سے داخل کرنا ۴۔ ذکر کو فرج میں داخل کرنا۔

گہک (ہ۔ مونث) ۱۔ خوشی کی لہر یا ولولہ ۲۔ خوشی۔ مسرت ۳۔ نشہ کی لہر ۴۔ جوش زور۔ تیزی۔ **گہک کر بولنا** (لازم) ۱۔ خوشی سے بولنا ۲۔ زور سے بولنا۔ تیزی سے یا ترش ہوکر بولنا۔ **گہکنا** (لازم) ۱۔ خوش ہونا۔ مسرور رہنا ۲۔ نشے کے جوش میں ہونا۔ نشے کی وجہ سے گھبرانا ۳۔ تیز ہوکر بولنا۔ چہکنا۔ چمکنا۔

گھگرا (ہ۔ مذکر) دیکھو گھاگھرا۔ **گھگری۔ گھگریا** (مونث) گھگرا کی تصغیر ۱۔ چھوٹا گھاگھرا ۲۔ ایک قسم کا پیتل کا کھوکھلا چھلا جس میں پیتل کے دانے ہوتے ہیں اور جو ہلانے سے بجتا ہے۔ **گھگھریا پلٹن** (مونث) ہالینڈ والوں کی پلٹن جو نکر کے اوپر ایک کپڑا لپیٹ کر اس پر پیٹی باندھ لیتے ہیں۔

گھگو (ہ۔ مذکر) ۱۔ الّو۔ بوم ۲۔ ایک مٹی کا کھلونا جو پھونکنے سے بجتا ہے ۳۔ دخانی کارخانوں کے انجن کی آواز ۴۔ (ہ) الو کی ٹہوک ۵۔ فاختہ کی کوکو (س گھوک۔ الّو)

گہگہانا (ہ۔ لازم) ۱۔ ہلانا جنبش دینا ۲۔ لہرانا۔ ہلورین لینا۔ موج مارنا۔

گھگی (ہ۔ مونث) ۱۔ روتے روتے سانس کا رک کر نکلنے لگنا۔ ہچکی۔ ہبکی ۲۔ خوف یا دہشت کے مارے سکتے کا عالم۔ خوف سے منہ سے گھی گھی کی آواز نکلنا (س کرک۔ حلق) **گھگی بندھ جانا** (لازم) ۱۔ روتے روتے سانس رک جانا ۲۔ ڈر کے مارے بول نہ سکنا۔ خوف یا دہشت سے سکتے کا عالم ہو جانا۔ **گھگیانا** (لازم) ۱۔ دیکھو آخری ۲۔ منت سماجت کرنا۔ عاجزی کرنا۔

گھگی (ہ۔ مونث) ۱۔ فاختہ۔ ٹوٹرو ۲۔ کمبل یا چادر کو اس طرح لپیٹ کہ سر پر ڈال کر آنکھوں کے اوپر چونچ سی نکل آئے۔ جھبہ۔ چوٹ۔

گہگیر (ف۔ صفت) ان تند ھا۔ (گھوڑا)

گہل (ہ۔ مونث) انگوروں۔ کھجوروں یا کیلوں کا گچھا۔

گھل (ہ۔ امر) گھلنا کا (س گھورن ادھر ادھر حرکت کرنا) **گھلا** (امر) گھلانا کا ۲۔ (ماضی) گھلن کی ۳۔ (صفت) دیکھو گھلا ہوا۔ **گھلا جانا** (لازم) فکر و اندیشے سے دبلا ہوا جانا۔ **گھلا ہوا** (صفت) ۱۔ بےتکلف ۲۔ خوب ملا ہوا۔ حل کیا ہوا۔ **گھلانا** (متعدی) ۱۔ گداز کرنا۔ پگھلانا ۲۔ ملایم کرنا ۳۔ دبلا کرنا۔ لاغر کرنا ۴۔ کوئی چیز پانی میں گھسنا ۵۔ (سرمہ، کاجل) لگانا ۶۔ (روح وغیرہ) مضمحل کرنا۔ تحلیل کرنا ۷۔ (آم۔ برف کی قلفی وغیرہ) پتلا کرنا۔ رقیق کرنا۔ کسی چیز کو منہ میں پلپلا کر رس لینا۔ چوسنا ۸۔ (برسوں، مہینوں وغیرہ) گزارنا۔ بتانا۔ **گھلاوٹ** (مونث) ۱۔ ملائمت نرمی۔ گدازپن۔ پلپلاہٹ ۲۔ کاجل کی زیبائش۔ **گھلاوٹ کی آنکھ** (مونث) محبت کی نگاہ۔ وہ نظر جو اپنی طرف مائل کرے۔ **گھلا ہوا** (صفت) ۱۔ گداز۔ ملائم۔ پلپلا ۲۔ پگھلا ہوا۔ **گھلاؤ** (ہ صفت) ۱۔ پگھلنے والا ۲۔ گھلنے والا ۳۔ مفتون کرنے والا ۴۔ شیدا بنانے والا ۵۔ دھوکے باز۔ دغاباز۔ **گھلاہٹ** (ہ۔ مونث) دیکھو گھلاوٹ۔ **گھل جانا** (لازم) ۱۔ پگھل جانا ۲۔ نرم ہو جانا۔ گداز ہو جانا۔ پلپلا ہو جانا ۳۔ پانی ہو جانا۔ پتلا ہو جانا ۴۔ حل ہو جانا۔ تحلیل ہو جانا ۵۔ تھک جانا۔ مضمحل ہو جانا ۶۔ دبلا ہو جانا۔ لاغر ہو جانا ۷۔ پتلا پڑ جانا ۸۔ (داؤں) جاتا رہنا۔ برابر ہو جانا ۹۔ (برسوں مہینوں وغیرہ) گزر جانا۔ بیت جانا ۱۰۔ گھل مل جانا۔ مل جل جانا۔ **گھل کر بیٹھنا** (لازم) گھل مل کر بیٹھنا۔ **گھل گھل کر (کے)** (تف۔) تحلیل ہو ہو کر۔ دبلا ہو ہو کر۔ **گھل گھل کر (کے) آخر یا تمام ہونا** (لازم) دبلا یا لاغر ہو کر مرنا۔ غم بیماری یا عشق کی وجہ سے ایذا اٹھا کر مرنا۔ **گھل گھل کے کانٹا ہو جانا** (لازم) فکر یا بیماری کے سبب دبلا ہو جانا۔ **گھل گھل مر جانا یا مرنا** (لازم) دیکھو گھل گھل کر آخر ہونا۔ **گھل گیا**۔ ضعیف ہو گیا۔ بدن میں کچھ نہیں رہا۔ **گھل مل جانا** (لازم) ۱۔ آپس میں بہت میل ملاپ یا اخلاص و ارتباط پیدا ہو جانا۔ دوستی ہونا ۲۔ بالکل آمیز ہو جانا۔ ایک جان ہو جانا۔ **گھل مل کر (کے)** ۱۔ مل جل کے ۲۔ پیار محبت سے۔ اخلاص پیار سے ۳۔ میل جول سے۔ مل جل کے۔ **گھل مل کر (کے) باتیں کرنا** (متعدی) پیار اخلاص اور محبت سے بولنا۔ **گھل مل کر (کے) بیٹھنا** (لازم) مل جل کر بیٹھنا۔ بےتکلف ہونا۔ پیار اخلاص سے بیٹھ کر بات چیت کرنا۔ محبت سے پاس جا کر بیٹھنا۔ **گھل مل کر (کے) رہنا** (لازم) پیار اخلاص سے رہنا۔ مل جل کر رہنا۔ محبت سے بسر کرنا۔ **گھلن** (ہ) ۱۔ پگھلنا۔ گھلنا ۲۔ پانی ہونا ۳۔ پگھلاوٹ۔ گلاوٹ۔ **گھلنا** (لازم) ۱۔ دیکھو گھل جانا ۲۔ (پیچ کشتی) لڑانا ۳۔ لڑنا جھگڑنا۔ **گھلنا ملنا** (لازم) ۱۔ آپس میں خوب میل جول رکھنا ۲۔ بےتکلف ہونا۔ **گھلوانا** (دم) گھولنا کا۔ **گھلو مٹھو ہو جانا** (لازم) مل جل جانا۔ میل جول ہو جانا۔ اخلاص پیار بڑھ جانا۔

گھلوا (ہ۔ مذکر) وہ چیز جو سودے کے بعد دیں۔ سینت۔ رونگن۔

گھما گھم۔ گھما گھم (ہ۔ صفت) ۱۔ گاڑھا۔ موٹا۔ کثیف ۲۔ جہاں بہت بھیڑ ہو ۳۔ بہت پھیلا ہوا ۴۔ (مذکر) گاڑھا پن۔ کثافت ۵۔ تیزی۔ پھیلاوٹ خوشبو کی ۶۔ (ہ) آدمیوں کی کثرت۔ بھیڑ ۷۔ چہل پہل ۸۔ رونق ۹۔ دھوم دھام۔ **گھما گھم** (مونث) وہ آواز جو کوئیں میں ڈول کے جنبش دینے سے پیدا ہوتی ہے۔ **گھما گھمی** (مونث) دیکھو گھما گھم ہونا۔

گھما (ہ۔ امر) گھمانا کا (س گھورت حرکت دینا) **گھما دینا** (متعدی) غائب کر دینا۔ اڑا لینا۔ **گھمانا** (متعدی) گھومنا کا ۱۔ پھرانا۔ چکر دینا ۲۔ گشت کرانا۔ سیر کرانا ۳۔ کسی کو پھرا کر حیران و سرگشتہ کرنا ۴۔ گمراہ کرنا ۵۔ دھوکا دینا ۶۔ جانور کو پھرانا ۷۔ چرانا۔ گمانا (دکھنی) ۸۔ **گھماؤ** (مذکر) ۱۔ پھیر۔ چکر ۲۔ زمین کی وہ مقدار جسے بیلوں کی ایک جوٹ دن بھر میں جوت ڈالتی ہے۔

گھمانا (ہ۔ متعدی) ۱۔ دھوپ سینکنا ۲۔ دھوپ میں رکھنا۔ دھوپ میں رکھ کر گرم کرنا۔

گھمبیر (ھ - صفت) دیکھو گمبیر۔

گھمرا (ھ - مذکر) ۱ ایک پودہ ۲ ایک کیڑا۔

گھمر گھمر (ہ - مونث) چکی کے چلنے کی آواز۔

گھمرول (ھ - مونث) ۱ بھیڑ - جم غفیر ۲ لڑائی - دنگا - جھگڑا - فساد - کشتی ۳ گھبراہٹ حیرانی - پریشانی۔

گھمرانا (ھ - لازم) ۱ گھومنا ۲ (متعدی) گھمانا۔

گھمرنا (ھ - لازم) گھومنا۔

گھمرکی (ہ - مونث) دوران سر - چکر (س گھورت - حرکت کرنا) (س گھورن - ادھر ادھر حرکت کرنا)، گھمرکیاں لینا (متعدی) چکر کھانا - گرد پھرنا۔

گھمس (د - مونث) حبس - بارش کے بعد ہوا کا بند ہونا اور سخت گرمی ہونا (س - گھرم - گرمی) (س گھر - جلنا) گھمسی (- مونث) دیکھو گھمس (غلط)

گھمسان (ہ - مذکر) ۱ لڑائی - رن - جنگ - رزم - یدھ - یدل - کارزار ۲ قتل عام - خونریزی ۳ تباہی - بربادی - ویرانی ۴ مقتولوں کا ڈھیر - گنج شہیداں ۵ کثرت جنگ اور خونریزی کے اظہار کے لئے - بہت - بے حد - بھاری ۶ انبوہ - بھیڑ - ہجوم - اژدحام ۷ (صفت) زیر و زبر - اوپر تلے (س گھور خوفناک - شمشان - مرگھٹ) گھمسان پڑنا (لازم) کشت و خون ہونا، گھمسان کا رن پڑنا (لازم) سخت جنگ ہونا - بڑی بھاری لڑائی ہونا - کشتوں کے پشتے لگ جانا۔ گھمسان کرنا (متعدی) ۱ کشت و خون کرنا - خونریزی کرنا ۲ جان توڑ کر لڑنا ۳ کشتوں کے پشتے لگانا۔ گھمسان کی (صفت) بہت زور کی - بڑے معرکہ کی - گھمسان کی لڑائی (مونث) جنگ عظیم - بھاری لڑائی - جنگ مغلوبہ - گھمسان ہو جانا (لازم) ۱ کشتوں کے پشتے لگ جانا - مقتولوں کا ڈھیر لگ جانا ۲ فوج کا ہجوم ہو جانا - لشکر کا اکٹھا ہو جانا - سپاہ کا مجتمع ہو جانا۔

گھمکا (ھ - مذکر) حبس - گھمس - امس۔

گھم گھم (ہ - صفت) گول (بات)

گھم گھم (ہ - مونث) ۱ رتھ کے چلنے کی آواز ۲ کہاروں کی وہ آواز جو ڈولی لیجاتے ہوئے نکالتے ہیں۔

گھمگھا (ھ - امر) ۱ گھمگھانا کا ۲ (مذکر) چکر کھانا - گھومنا ۳ گردش - چکر ۴ بہانہ - عذر ۵ شک - شبہ (س گھورن - حرکت کرنا) گھمگھانا (لازم) ۱ چکر کھانا - گھومنا ۲ بہانہ کرنا - عذر کرنا ۳ جھوٹ بولنا ۴ ادھر ادھر کی باتیں کرنا - مطلب پر نہ آنا۔ گھمگھی (مونث) دیکھو گھمرکی

گھمکھانا (ھ - لازم) ۱ خوشبو پھیلنا ۲ خوشبودار ہونا۔

گھمنا (ھ - لازم) گھومنا کا۔

گھمنی (ھ - مونث) دیکھو گھمرکی۔

گھمنڈ (ہ - مذکر) ۱ غرور - تکبر - عجب - کبر - نخوت - گمان - تمکنت - پندار - گرب - مان - ابھیمان ۲ خودنمائی - خودبینی - خودپسندی - خودستائی ۳ فخر - ناز - شیخی - مشیخت - بڑائی - اکڑ - اینٹھ - اترانا ۴ نمود - دکھاوا - خودآرائی - نمائش - سجاوٹ ۵ بل - زور - حمایت - برتا - طاقت ۶ بھروسا - سہارا - آسرا - امید - سہانتا (س گھرن) گھمنڈ پر آجانا یا آنا (لازم) مغرور ہونا - تکبر کرنا - اترانا - شیخی سے بھر جانا - گھمنڈ پر ہونا (لازم) مغرور ہونا - متکبر ہونا - نازاں ہونا - اترانا۔ گھمنڈ رکھنا (متعدی) غرور کرنا - تکبر کرنا - گھمنڈ کرنا (متعدی) ۱ تکبر کرنا - غرور کرنا ۲ شیخی کرنا ۳ ناز کرنا - فخر کرنا - گھمنڈ معلوم ہونا (لازم) بڑا بول سامنے آنا - بڑے بول کا سر نیچا ہونا - گھمنڈ نکال دینا (متعدی) نکل جانا (لازم) تکبر جاتا رہنا - شیخی نکل جانا - بل نکل جانا - گھمنڈ ہونا (لازم) غرور ہونا - فخر ہونا - تکبر ہونا۔ گھمنڈی (صفت) ۱ متکبر - خودپسند ۲ شیخی خورا - ڈینگیا ۳ خودبیں - خودپسند ۴ فخر کرنے والا - اترانے والا - نازاں۔

گھمنڈ (ہ - مذکر) بادلوں کا ہجوم بادلوں کا جمگھٹا - ابر چھانا - گھٹا (غالباً گھومنا ۔ گھمنڈنا (لازم) بادلوں کا گھرنا - ابر چھانا - بادل گھرنا -

گھمنی (ہ - مونث) سر گھومنا - گھمرکی (گھومنا سے)

گھموانا (ھ - مم) گھمانا کا۔

گھموری (ھ - مونث) گرمی دانہ (س گھرم - گرم)

گھموئی (ھ - مونث) ۱ گھام ۲ ایک کانٹے دار پودہ - کٹیل۔

گھمیر - گھمیری (ہ - مونث) گھمرکی دوران سر - چکر (س گھورن - حرکت کرنا)

گہن (ہ - مذکر) دیکھو گرہن (س گرہ پکڑنا)، گہنانا (لازم) ۱ چاند یا سورج کی روشنی کا گہن کی وجہ سے ماند پڑ جانا ۲ گہن لگنا ۳ کسی عضو کا بدقطع یا ناقص ہونا - لوگوں کا خیال ہے کہ یہ حمل کے دوران میں گہن کی وجہ سے ہوتا ہے - گہن پڑنا (لازم) سورج یا چاند گرہن ہونا - کسوف یا خسوف ہونا - گہن چھٹنا (لازم) گہن کا اثر کم ہونا - چاند یا سورج میں بعد گہن روشنی آنے لگنا - گہن سے چھوٹنا (لازم) گہن کا اثر دور ہونا - گہن لگنا (لازم) ۱ سورج یا چاند کا سیاہ ہو جانا - کسوف یا خسوف ہونا ۲ عیب لگنا - دھبہ لگنا ۳ رسوائی ہونا - بدنامی ہونا ۴ کسی وجہ سے بدشکل یا بدنما ہو جانا - گہن میں آنا (لازم) ۱ کسوف یا خسوف ہونا ۲ کسی عضو کا بدقطع یا ناقص ہونا دیکھو گہنانا ۳ - گہنی (مونث) ۱ بدشکل گائے جو چاند گرہن کے دوران میں پیدا ہو ۲ چھوٹی بدقطع گائے۔

گہن (س - صفت) ۱ گہرا ۲ موٹا - کثیف - دبیز ۳ جس میں کوئی چیز داخل نہ ہو سکے ۴ مبہم - ناقابل تشریح ۵ زبردست ۶ بڑا ۷ (مذکر) چھپنے کی جگہ ۸ جنگل ۹ غار ۱۰ نہایت سخت اندھیرا تاریکی۔

گھن (ہ - مذکر) ۱ لوہے کا ہتھوڑا ۲ گرز - عمود ۳ وہ ہتھوڑا جس سے گرم لوہے کو کوٹتے ہیں ۴ اہرن - نہائی - سندان ۵ جھانجھ ۶ گھنٹہ - گھڑیال ۷ کوئی ٹھوس چیز یا مادہ ۸ بادل ۹ بادلوں کا جمگھٹا ۱۰ گرج - کڑک ۱۱ ٹھوس جسم ۱۲ کعب ۱۳ پھیلاؤ - انتشار ۱۴ اجتماع - مجموعہ ۱۵ گروہ - تعداد ۱۶ ڈھیر۔

تودہ ۱۱ مقدار ۱۲ سختی۔ سنگینی۔ مضبوطی ۱۳ ایک خوشبودار گھاس ۱۴ جسم۔ بدن۔ دیہ۔ سریر ۱۵ جسامت ۱۶ شمار۔ تعداد۔ گنتی ۱۷ وسعت۔ فراخی کشادگی ۱۸ بلغم۔ کف ۱۹ ابرق۔ طلق ۲۰ ایک قسم کا رقص ۲۱ مندروں کی ایک شکل ۲۲ رگ وید اور یجر وید کے پڑھنے کا ایک طریقہ ۲۳ (صفت) ٹھوس مضبوط۔ سخت ۲ موٹا۔ بھدا۔ بھاری ۳ سخت کڑا ۴ مضبوط۔ مستحکم ۵ گاڑھا۔ دبیز۔ گندا ۶ بھرا ہوا۔ پُر۔ معمور ۷ کثیر۔ بافراط۔ بہت ۸ مبارک۔ سعید۔ شبھ ۹ مستقل۔ دائمی ۱۰ گنجان۔ گھنا رس گھن، **گھنا** (صفت) ۱ گنجان۔ گھندار۔ گھن کا ۲ بہت سا۔ ازحد۔ نہایت۔ وافر ۳ وہ جس کی شاخیں پاس پاس ہوں (درخت) ۴ (ہ۔ مذکر) شکارگاہ۔ رمنا۔ **گھن پڑنا** (لازم) ۱ ہتھوڑے کی چوٹ لوہے پر پڑنا ۲ صدمہ پہنچنا۔ روحانی تکلیف ہونا۔ **گھن**۔ جوالا ۲ بجلی۔ صاعقہ۔ **گھن چکر** ۱ گردش۔ چکر ۲ سورج مکھی کا پھول ۳ چرخی۔ چکر ۴ ایک قسم کی آتشبازی کا چکر جو آگ دینے پر گردش کرتا ہے ۵ (صفت) آوارہ گرد ۲ مورکھ۔ بیوقوف۔ احمق۔ نادان۔ کم عقل۔ **گھن چکر میں آنا** (لازم) ۱ مصیبت میں پھنسنا۔ گردش میں آنا ۲ گھبرانا۔ شپٹا جانا۔ **گھن چکر ہے**۔ بے فہم۔ پریشاں گو پریشان حال ہے۔ **گھن دار** (صفت) گنجان۔ گھنا۔ جس کی شاخیں پاس پاس ہوں (درخت) **گھن سار** (مذکر) کافور **گھن شیام** (صفت) ۱ بہت سیاہ۔ کالا ۲ (مذکر) کالی گھٹا۔ سیاہ بادل ۳ **گھن کا** ۱ گنجان۔ گھنا ۲ شاخ در شاخ اور سایہ دار (درخت) **گھن کا سکہ** (مذکر) رائج سکہ۔ **گھن کی چوٹ** (مونث) ۱ ضرب شدید۔ صدمہ سخت۔ بھاری چوٹ۔ گہری ضرب ۲ ہتھوڑے کی دو دستی ضرب۔ **گھن کے روپلے** (مذکر) رائج سکے کے روپے۔ **گھن گرج** (مونث) ۱ بادلوں کی گرج۔ بجلی کی کڑک۔ رعد کی آواز ۲ غوغائے عظیم۔ نہایت غل و شور ۳ بھاری۔ وزنی **گھن گھن** (مذکر) کعب کا کعب۔ **گھنگھور** (صفت) ۱ مہیب یا خوفناک آواز والا۔ زور کی آواز والا ۲ غلیظ۔ تیرہ و تار (ابر) ۳ (مذکر) بادل کی گرج۔ رعد کی آواز ۲ بادلوں کا اجتماع۔ ابرآلودگی **گھنگھور گھٹا** (مونث) نہایت سیاہ اور ڈراؤنی گھٹا۔ کالی اور مہیب گھٹا۔ بہت برسنے والی گھٹا۔ ایسی گھٹا جس کی وجہ سے تاریکی ہو جائے (آنا برسنا چھانا وغیرہ کے ساتھ) **گھنگھور لڑائی** (مونث) محاربۂ عظیم۔ بڑی بھاری لڑائی۔ **گھن مُول** (مذکر) جزء الکعب۔ **گھن ورگ** (مذکر) کعب کا مربع۔

گِھن (ہ۔ مونث) ۱ کراہیت۔ اکراہ۔ تنفر۔ کراہت ۲ متلی۔ جی تلے اوپر ہونے کی کیفیت (س گھرنا۔ نفرت) **گھن آنا۔ گھنانا** (لازم) کراہت آنا۔ نفرت آنا۔ **گھناؤنا** (صفت) دیکھو گھنونا۔ **گھن کرنا یا کھانا** (متعدی) نفرت کرنا۔ کراہت کرنا۔ **گھنونا** (صفت) ۱ مکروہ۔ میلا ۲ قے لانے والا۔ **گھنونا کرنا** (متعدی) کسی چیز کو مکروہ صورت کر دینا۔ **گھنیانا** (لازم) کسی مکروہ چیز سے طبیعت کا گھن کھانا۔ گندی چیز سے کراہت کرنا۔ **گھنیائی** (مونث) وہ چیز جس سے گھن آئے۔

گُھن (ف گُھن) (ہ۔ مذکر) ۱ ایک کیڑا جو لکڑی میں سوراخ کر دیتا ہے ۲ وہ کیڑا جو اناج میں لگجاتا ہے۔ سُرسُری۔ دھورا ۳ وہ برادہ جو کیڑے کے لکڑی میں سوراخ کرنے سے جھڑتا ہے ۴ پرانا مرض۔ پرانی بیماری ۵ غم۔ فکر۔ رنج (س گھن) **گھنا** (صفت) ۱ جسے گھن لگا ہو ۲ کھوکھلا ۳ اندر سے سڑا ہوا۔ **گھن جانا** (لازم) لکڑی یا غلہ کا گھن کے سبب سے گل سڑ جانا۔ تھوتھا ہو جانا۔ **گھن جوانی کو لگ جانا** (لازم) ۱ عالم شباب میں ایسا مرض لگجانا جس سے رونق شباب جاتی رہے ۲ آتشک ہونا۔ تپ دق ہونا۔ **گھن جھڑنا** (لازم) کرم خوردہ لکڑی کا برادہ چھن چھن کر گرنا۔ **گھن دل کو لگ جانا** (لازم) ۱ عشق کا آزار ہونا ۲ دل کا کسی فکر یا خیال میں ہر وقت مبتلا رہنا۔ **گھن لگ جانا یا لگنا گھننا۔ گھنانا** (لازم) ۱ گھن کا لکڑی یا غلہ کو کھا جانا ۲ روگ لگ جانا۔ ایسا دکھ لگنا جو دم کے ساتھ جائے ۳ تپ دق ہونا ۴ آتشک ہونا ۵ غم جانکاہ یا فقیر لگ جانا۔

کُھن (ہ۔ مذکر) حسد۔ کینہ۔ عناد۔ بغض۔ کاوش۔ لاگ۔

گہنا (ہ۔ مذکر) ۱ زیور۔ ٹوم۔ بھوشن (بنانا بنوانا۔ بیچنا۔ پہننا۔ خریدنا۔ دینا۔ لینا وغیرہ کے ساتھ) ۲ (پ) گروی۔ رہن ۳ (متعدی) دیکھو گرہن کے تحت میں ۴ (ہ۔ مذکر) وہ بھاری لکڑی جو ہل چلانے کے بعد کھیت پر بیلوں کے ذریعے کھینچتے ہیں تاکہ ڈھیلے پھوٹ جائیں ۵ سہاگا (س گرہ۔ پکڑنا) **گہنا پاتا** (مذکر) گہنا۔ پاتا تابع مہمل ہے۔ **گہنا پتر** (مذکر) گرہن رکھنے کی تحریر۔ **گہنے رکھنا** (متعدی) گروی یا رہن رکھنا۔ **گہنے کا تار باقی نہیں**۔ کسی قسم کا زیور باقی نہیں گہنے کر دیا۔ رہن رکھدیا۔

امثال و اقوال۔ گہنا پہن کر ڈھک چلے۔ پوت جن کر نیو چلے۔ اترانا کسی حال میں اچھا نہیں۔ **گہنوں میں گہنا بیل کی نتھ**۔ بہت غریب ہیں۔

گُہنا (ہ۔ متعدی) پرونا۔ گوتھنا۔

گُھنّا (ہ۔ صفت) ۱ بات کو سمجھ کر انجان بننے والا ۲ وہ جو بات کو سمجھے اور جواب نہ دے۔ مگرا۔ ان بولا ۳ کینہ ور۔ منافق۔ دل میں بات رکھنے والا (س گھرن۔ تیز مزاج) **گھنا پن** (مذکر) مگراپن۔ **گھنّی** (صفت مونث) ۱ گھنا کی ۲ (مونث) مگراپن۔ **گھنّی سادھنا** (لازم) خاموشی اختیار کرنا۔ جواب نہ دینا۔ **گھنّی مسّی** (صفت) مگری۔ کپٹ رکھنے والی (عورت)

گھَنٹ (ہ۔ مذکر) وہ گھنٹہ جو ہاتھی کی گردن میں لٹکتا ہے اور چلتے ہوئے بجتا ہے (س گھنٹ۔ بولنا یا چکنا) **گھنٹا۔ گھنٹہ** (مذکر) ۱ بجانے کا آلہ۔ گھڑیال ۲ گھنٹی جو بیل اونٹ وغیرہ کے گلے میں باندھتے ہیں ۳ ساٹھ منٹ کا وقت ۴ بڑی گھڑی۔ کلاک ۵ (عف) آلہ تناسل **گھنٹہ بجانا** (متعدی) ۱ گھنٹے پر چوٹ لگانا۔ گھڑیال بجانا ۲ گھڑی کا ۱۵ منٹ نصف گھنٹہ یا گھنٹہ کے بعد آواز دینا۔ **گھنٹہ بجنا** (لازم) گھڑیال بجنا۔ گھنٹے پر چوٹ لگنا۔ **گھنٹہ گھر** (مذکر) وہ اونچا مینار جس پر گھنٹہ ۲ لگاتے ہیں۔ **گھنٹہ ہلانا** (متعدی) ۱ پوجا پاٹ کے لئے گھنٹہ بجانا ۲ بیفائدہ کام کرنا۔ وقت گزارنا۔ **گھنٹی** (مونث) ۱ چھوٹا گھنٹا ۲ دھات کا چھوٹا برتن۔ **گھنٹے** (مذکر) ۱ گھنٹہ کی جمع ۲ بجائے گھنٹہ حروف مغیرہ کے بعد۔ **گھنٹے مور چھل سے اٹھانا** (متعدی) بوڑھے آدمی کا جنازہ بڑی دھوم دھام اور باجے گاجے کے ساتھ مرگھٹ لیجانا۔

گھنٹالی (ھ۔ مونث) گھنٹی۔
گھنٹکا (ھ۔ مونث) حلق کا کوا۔
گھنٹو (س۔ مذکر) گھنٹیوں کا ہار جو بیلوں کے گلے میں باندھتے ہیں۔
گھنچ (ھ۔ مذکر) ۱ گردن۔ گلا ۲ حلق ۳ نرخرہ۔

گھنڈی (ہ۔ مونث) ۱ وہ کپڑے یا دھاگے کا مدور بٹن جس سے کرتے کے گریبان کو بند کرتے ہیں (کھلنا۔ کھولنا۔ لگانا۔ لگنا وغیرہ کے ساتھ) ۲ دھان کی جڑ جو دوبارہ پھوٹتی ہے **گھنڈی لگانا** (متعدی) ۱ گھنڈی کو حلقہ میں کرنا ۲ گھنڈی کا سینا۔
گھنچی (ہ۔ مونث) سرخ رتی۔ یہ ایک پودے کا بیج ہوتا ہے جس کا منہ سیاہ ہوتا ہے۔ اس سے سونا تولتے ہیں (س گنچکا)
گھنگرالا (ہ۔ صفت) گھونگروالا۔ بل کھائے ہوئے (بال) **گھنگرالے** (صفت) جمع گھونگرالا کی۔ **گھنگرالے بال** (مذکر) وہ بال جو بل کھائے ہوئے ہوں۔

گھنگرو (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا گول زیور جو چلنے میں بجتا ہے۔ زنگلہ ۲ جانکنی کی آواز جو گلے سے نکلتی ہے ۳ وہ خول جس میں چنا رہتا ہے۔ ڈوڈا ۴ سنی کا پھل جس کے اندر اس کے بیج رہتے ہیں جو خشک ہو کر بجتے ہیں ۵ بچوں کے پاؤں کا ایک زیور (س گھر۔ آواز دینا) **گھنگرو باندھنا** (متعدی) ۱ ناچنے کی تیاری کرنا ۲ ناچنے میں شاگرد بنانا۔ **گھنگرو بجنا** (لازم) ۱ چلنے میں گھنگرو کا آواز دینا ۲ جانکنی کی آواز نکلنا **گھنگرو بند بھائی** (مذکر) ناچنے گانے والے آپس میں ایک دوسرے کو کہتے ہیں **گھنگرو بولنا** (لازم) ۱ گھنگرو کا آواز دینا۔ زنگلہ پا کا صدا دینا ۲ گھرا لگنا۔ جانکنی ہونا ۔ جانکنی کے وقت سانس کا رک رک کے چلنا۔ **گھنگرو سا لدا ہونا یا لدنا۔ گھنگرو کی طرح لدنا** (لازم) کثرت سے پھنسیاں نکلنا یا آبلے پڑنا۔ سیتلا کا خوب بھر کر نکلنا۔ **گھنگرو لگنا** (لازم) دیکھو گھنگرو بولنا۔ **گھنگرو ہونا** (لازم) دیکھو گھنگرو سا لدا ہونا۔

گھنگریا (ہ۔ مونث) ایک قسم کا چھوٹا لہنگا جو بچے پہنتے ہیں۔
گھنگنی (ہ۔ مونث) ابالا ہوا غلہ جسے نمک ملا کر کھاتے ہیں۔ چنے مٹر یا گیہوں کے متعلق استعمال ہوتا ہے (س۔ گھورن۔ حرکت دینا) **گھنگنیاں** (مونث) جمع گھنگنی کی۔ **گھنگنیاں منہ میں بھر کر بیٹھنا** (متعدی) خاموشی اختیار کرنا۔ چپ سادھنا۔
گھنگول (ھ۔ مذکر) کنول۔ نیلوفر۔
گھنگول (ہ۔ امر) گھنگولنا کا (س گھورن۔ حرکت دینا) **گھنگول دینا گھنگولنا** (متعدی) ۱ پانی یا کسی رقیق چیز میں ہاتھ ڈال کر ہلانا۔ پانی گدلا کر دینا ۲ گھولنا۔ ہلانا ۳ الٹ پلٹ کرنا۔
گھنگونا (ھ۔ مذکر) ایک بجنے والا کھلونا۔ جھنجھنا۔
گھنگھانا (ھ۔ مذکر) گڑگڑانا۔ گھگھیانا۔
گھنگھن (ہ۔ مونث) پہیے یا چرخی کے چلنے کی آواز۔ **گھنگھنانا** (متعدی) چرخی یا پہئے کا آواز دینا۔
گھنگھنا (ھ۔ صفت) گھناؤنا۔
گھنگھنانا (لازم) گھن کھانا۔
گھنگھورنا (ھ۔ متعدی) گھنگولنا۔
گھنیا (ھ۔ صفت) کپٹی۔ کینہ رکھنے والا۔
گھنیانا (ھ۔ لازم) دیکھو گھنانا۔
گھنیر (ھ) **گھنیرا** (ہ۔ صفت) گھنا۔
گھنیس گھنیش (ھ۔ مذکر) ایک آبی پرند جس کی چونچ چوڑی اور بڑی ہوتی ہے۔
گھنیلا (ھ۔ صفت) ۱ ٹھوس۔ گاڑھا ۲ گھنا۔ گھندار ۳ جس کے دندانے پاس پاس ہوں (اترہ) ۴ بہت زیادہ۔ بے حد۔
گھوا (ھ۔ مذکر) چمٹا۔ سنسنی۔ موچنا۔
گھوآ (ہ۔ مذکر) ۱ ایک کیڑا جو پانی کے کنارے رہتا ہے اور مچھلیاں پکڑنے کے لئے کنڈے میں لگاتے ہیں ۲ ایک کیڑا جو لکڑی میں سوراخ کرتا ہے۔ گھن ۳ پھوئی سرکنڈے کے اوپر کا پھول جو روئی کی طرح ہوتا ہے ۴ مدار کی روئی ۵ سینبل کی روئی۔
گہوارہ (ف۔ مذکر) ۱ بچوں کو سلانے کا جھولا۔ پالنا۔ پنگورہ۔ ہنڈولہ۔ مہد ۲ وہ چارپائی جس پر محراب نما لکڑیاں باندھ کر عورتوں کا جنازہ لے جاتے ہیں۔
گھوال (ہ۔ صفت) جس میں بہت گھی ہو۔ گاڑھا (دودھ) (گھی سے)

گھوپا (ھ۔ مذکر) دیکھو گھگی۔
گھوٹ (ہ۔ امر) ۱ گھوٹنا کا ۲ (مذکر) گھوٹنا۔ پالش (س گھرش۔ ملنا) **گھوٹا** (ماضی) ۱ گھوٹنا کی ۲ (مذکر) گھوٹنے کا مہرا یا اوزار ۳ چار ابرو کا صفایا سر داڑھی موچھوں کو اس طرح منڈوانا کہ کھونٹی نہ رہے (پھرنا پھروانا پھیرنا کے ساتھ) (ندھ) گھٹی ہوئی بھنگ۔ ٹھنڈائی ۵ بھنگ گھوٹنے کا ڈنڈا۔ موسل۔ **گھوٹنا** (متعدی) ۱ کھرل یا کونڈی میں خوب باریک کرنا۔ کچلنا۔ رگڑنا۔ حل کرنا ۲ کسی چیز سے رگڑ کر خوب چکنا کرنا۔ مہرا کرنا۔ مہرے سے صفائی کرنا ۳ خوب یاد کرنا۔ بار بار پڑھ کر ذہن نشین کرنا ۴ (گلا) دبانا ۵ (ھ) کوشش کرنا۔ محنت کرنا ۶ تفتیش کرنا۔ دریافت کرنا ۷ (دودھ) ابالنا ۸ گھولنا۔ ملانا ۹ (مذکر) گھوٹا ۳۔ **گھونٹی** (ھ۔ مونث) گھوٹا ۳۔ **گھوٹو** (صفت) خوشامد یا چاپلوسی کے الفاظ **گھوٹوانا** (م) استرے سے اس طرح منڈوانا کہ کھونٹی تک باقی نہ رہے۔

گھوٹی (ھ۔ مونث) ۱ تختہ ۲ وہ زمین جس میں گذشتہ فصل دھان کی بوئی گئی ہو۔
گھوٹی (ھ۔ مونث) دیکھو آخری ۲۔
گھور۔ گھور (ھ۔ مونث) انگور کھجور یا کیلوں کا گچھا۔
گھور (س۔ صفت) ۱ گہرا۔ عمیق ۲ گھنا ۳ جس میں کوئی چیز داخل نہ ہو سکے ۴ مبہم۔ مشکوک ۵ (مذکر) گہرائی ۶ جنگل۔ نخلستان ۷ خفیہ راز۔ راز جو معلوم نہ ہو سکے ۸ پہیلی۔ بجھارت۔
گھور (ہ۔ امر) ۱ گھورنا کا ۲ (مذکر) تاکنا۔ نظر بازی ۳ غصے کی نظر۔ تیز نظر۔ **گھور گھما** (مونث) گھورا گھاری۔ **گھور گھور کر دیکھنا**

(متعدی) نظر تند سے دیکھنا۔ گھور م گھارا (مذکر)
گھورا گھاری۔ **گھورنا** (متعدی) ۱ ٹکٹکی باندھکر
دیکھنا ۲ تیز نگاہ سے کسی کو دیکھنا۔ غصے کی نظر سے
دیکھنا ۳ محبت کی نظر سے دیکھنا۔ نظر بازی کرنا
۴ نظر بد سے دیکھنا۔ بری نظر سے دیکھنا۔

گھور (ہ۔ مذکر) ۱ کوڑا کرکٹ۔ دیکھو
گھورا ۲ ریتلی نرم زمین۔ **گھورا** (ہ۔ مذکر)
۱ کوڑا کرکٹ۔ میلا۔ گوہ۔ غلاظت ۲ وہ جگہ جہاں
کوڑا کرکٹ پھینکیں۔ کھتا۔ کناسہ۔ سباط ۳ (ہ)
عارضی چولہا۔ انگیٹھی۔

گھور (س۔ مذکر) ۱ خوفناک ہستی۔
شوجی کا لقب ۲ دہشت۔ ہیبت۔ خوف۔ ڈر ۳
خوفناک کام ۴ ڈھول کی آواز ۵ گرج۔ کڑک۔
(ہ) میل۔ غلاظت ۶ گہرا رنگ (بھیڑ یا گھوڑے
کا) ۷ (ہ۔ صفت) خوفناک۔ بھیانک۔ ڈراؤنا ۹
گہرا (رنگ) **گھوری** (مونث) ۱ درگاجی کی ایک پرستار
۲ ہیبت۔ دہشت ۳ زہرہ ۴ (ہ۔ مذکر) اگھوری ۵
(صفت) میلا۔ گندا غلیظ۔ **گھوریا** (ہ۔ مذکر)
وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ پھینکیں۔

گھورا (ہ۔ مذکر) مویشی کے رہنے
کی جگہ۔

گھورچی (ہ۔ مونث) گلچھٹی۔ اُبھیڑا۔

گھورنا (ہ۔ مونث) ایک قسم کا
شربت۔

گھوری (ہ۔ مونث) ہرجا۔ ہرجانہ
خسارہ۔

گھوڑ (ہ۔ مذکر) دیکھو گھود۔

گھوڑ (ہ۔ مذکر) گھوڑا کا مخفف
مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ دیکھو گھڑ۔ **گھوڑا**
(مذکر) ۱ ایک چوپایہ جو کئی رنگ کا ہوتا ہے اور
سواری کے کام آتا ہے۔ اس کے مشہور رنگ
یہ ہیں۔ نقرہ (بالکل سفید) سبزہ (سفید اور دم ایال
وغیرہ میں سیاہ بال) کمیت (سرخ) سرنگ (ہلکا
سرخ) سمند (بادامی) تیلیا کمیت (سیاہی مائل
سرخ) مشکی (بالکل سیاہ) ابلق (جس کے بدن پر
دوسرے رنگ کے داغ ہوں) اسپ۔ خنگ۔
ترنگ۔ اشو۔ توسن۔ مرکب۔ فرس ۲ شطرنج کا
وہ مہرہ جو ڈھائی گھر چلتا ہے اور کنارے سے
دوسرے گھر میں رکھا جاتا ہے ۳ بندوق کا کتا یا
طوطا ۴ کپڑے رکھنے کا لکڑی کا آلہ (س گھوٹک)
گھوڑا آگے لانا یا لے جانا (لازم) گھوڑے کو
چلا کر اگلی طرف کرنا۔ **گھوڑا اتارنا** (متعدی)
گھوڑے کو دریا کے پار کرنا۔ **گھوڑا اٹھانا
یا اڑانا** (متعدی) گھوڑا دوڑانا۔ سرپٹ چھوڑنا۔
بگٹٹ دوڑانا۔ **گھوڑا اڑنا** (لازم) گھوڑے کا
اپنی جگہ سے نہ سرکنا۔ سرکشی کرنا۔ **گھوڑا اکھڑجانا
یا اکھڑنا** (لازم) گھوڑے کا قدم برابر نہ پڑنا۔
انداز میں فرق آنا۔ **گھوڑا الانگنا** (متعدی)
نئے گھوڑے پر پہلی مرتبہ سواری کرنا۔ **گھوڑا الٹنا**
(لازم) گھوڑے کا واپس مڑجانا یا روگرداں ہونا۔
گھوڑا بڑھانا (متعدی) ۱ گھوڑے کو آگے
کرنا ۲ گھوڑا تیز چلانا۔ دوڑانا۔ **گھوڑا بڑھیانا**
(لازم) گھوڑے کا سبقت لیجانا۔ **گھوڑا بھر جانا**
(لازم) گھوڑے کا پسینہ پسینہ ہو کر بیکل جانا ۔
گھوڑے کا بند بند تھک کر جکڑ جانا (چابکسواروں کا
محاورہ) **گھوڑا پائے پر چڑھانا** (متعدی)
بندوق کے کتے کو اٹھانا۔ بندوق کی چانپ کو
پٹلخے پر صدمہ پہنچانے کے لئے اٹھا کر اس کے
پائے پر لانا۔ **گھوڑا پالانا** (متعدی) گھوڑے
پر کاٹھی یا زین رکھنا۔ **گھوڑا پھیرنا** (متعدی)
۱ گھوڑے کو سدھانا یا نکالنا ۲ گھوڑے کو رو
گرداں کرنا۔ **گھوڑا پھینکنا** (متعدی) گھوڑا
دوڑانا۔ گھوڑے کو کسی چیز کے پیچھے دوڑانا ۔
ڑا تیز (رو) کرنا (متعدی) گھوڑے کو
تیز چلانا یا دوڑانا۔ **گھوڑا تھمنا** (لازم) گھوڑے کا
کھڑا ہو جانا۔ گھوڑے کا کودنے کے واسطے رکجانا
گھوڑا چراغ پا ہونا (لازم) گھوڑے کا پچھلی
ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا۔ **گھوڑا چڑھانا** (متعدی)
بندوق کا گھوڑا اونچا کرنا۔ **گھوڑا چمکانا**
(متعدی) گھوڑے کو تیز رو کرنا۔ **گھوڑا چھوڑنا**
(متعدی) ۱ گھوڑا دوڑانا ۲ گھوڑے کو اس کی
مرضی پر چھوڑنا ۳ گھوڑے کو چرنے کے لئے چھوڑنا ۴
گھوڑے کو گھوڑی سے جفت کرانا ۵ جتے ہوئے
گھوڑے کو گاڑی سے نکالنا ۶ اشومیدھ جگ
کرنا۔ **گھوڑا چھیڑنا** (متعدی) گھوڑے کو تیز
کرنا۔ ایڑ دینا یا دوڑانا۔ **گھوڑا داغ ہونا**
(لازم) مجازاً زمرہ سواران میں نوکر ہونا۔ شاہی
زمانے میں فوجی سواروں کے گھوڑوں کو داغ
دیتے تھے۔ **گھوڑا دوڑانا** (متعدی) گھوڑا بھگانا
گھوڑے کو سرپٹ کرنا۔ گھوڑا تیز چلانا۔ **گھوڑا
دینا** (متعدی) دیکھو گھوڑا چھوڑنا۔ **گھوڑا ڈالنا**
(متعدی) ۱ گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا ۲ گھوڑے کو
کسی کے پیچھے دوڑانا ۳ گھوڑے کو اس کی مرضی پر
چھوڑ دینا۔ **گھوڑا ران کے نیچے ہونا**
(لازم) گھوڑے کی سواری کرنا۔ **گھوڑا کسنا**
(متعدی) گھوڑے پر زین ڈالنا۔ **گھوڑا گُد
گُدایا**۔ تیز ہانکا۔ **گھوڑا مار دینا** (متعدی) گھوڑے
کو اتنا دوڑانا کہ موت کے قریب ہو جائے **گھوڑا
مارنا** (متعدی) گھوڑا دوڑانا یا بھگانا۔ ایڑ لگانا
۔ **گھوڑا ملا تو کوڑا بھی مل جائے گا**۔ بڑا کام
ہو تو چھوٹے کی کیا فکر ہے وہ بھی ہو جائے گا۔ **گھوڑا
نکالنا** (متعدی) **نکل آنا یا نکل جانا یا نکلنا**
(لازم) ۱ گھوڑا سواری یا گاڑی کے واسطے سدھانا
۲ گھوڑا آگے نکلنا۔ گھوڑا بڑھنا ۳ محرم میں اہل
تشیع کا دلدل نکلنا۔ **گھوڑوں** (مذکر) گھوڑا کی
جمع جو حروف مغیرہ سے پہلے استعمال ہوتی ہے۔
گھوڑی (مونث) ۱ گھوڑے کی مادہ۔ اسپ
مادہ ۲ سویاں بنانے کا آلہ ۳ کپڑے ڈالنے کی چوبی
تپائی ۴ وہ لکڑی جو تارکش تار کے نیچے کھڑی رکھتے
ہیں یا گوٹا بننے والے گوٹے کے نیچے رکھتے ہیں ۵ وہ
بچہ جس کی چڈھی چڈھول یا چدر چھپول وغیرہ میں
چڈھی لیں ۶ وہ چھوٹی سی زیچ میں سے چری ہوئی
لکڑی جس سے ختنے کے وقت کھال دبا کر کاٹتے
ہیں تاکہ کھال برابر کٹے ۷ وہ لکڑی جس پر زین
رکھیں ۸ بیاہ کے گیت جو بیاہ سے پہلے گائے
جاتے ہیں ان معنوں میں جمع استعمال ہوتی ہے
گھوڑے (مذکر) ۱ گھوڑا کی جمع ۲ حروف مغیرہ
سے پہلے بجائے گھوڑا۔ **گھوڑیاں** (مونث)
۱ گھوڑی کی جمع ۲ وہ گیت جو بیاہ سے پہلے گائے
جاتے ہیں (گانا کے ساتھ) **گھوڑے بیچ کر
سونا** (لازم) بے فکر ہو کر سونا۔ پاؤں پھیلا کر
سونا۔ گھوڑوں کے سوداگر کو جب تک گھوڑے
بک نہ جائیں رات کو ان کی خبرداری کرنی
پڑتی ہے تاکہ چوری نہ ہو جائیں۔ اس کے علاوہ
نہ بکنے کی وجہ سے فکر سے نیند نہیں آتی **گھوڑی**

ٹَپا (مذکر) پنجابی کا ایک کھیل۔ گھوڑے سے جوڑے سے نی خیر (دعا) میاں بیوی اور سواری کا گھوڑا سلامت رہیں۔ **گھوڑی چڑھانا** (متعدی)، چڑھنا (لازم) ۱۔ ختنوں کے بعد صحت ہونے پر مختون کا گھوڑی پر چڑھ کر کسی مزار پر یا مسجد کو شکریہ ادا کرنے کے لئے جانا ۲۔ چری ہوئی لکڑی سے مقام مخصوص کی کھال پکڑ کر ختنہ ہونا ۳۔ دولھا بننا۔ شادی ہونا۔ **گھوڑے دوڑانا** (متعدی) ۱۔ بہت کوشش کرنا۔ سعی بلیغ کرنا ۲۔ (خیال کے) بہت سوچنا۔ دور کی باتیں سوچنا۔ **گھوڑے دوڑ چکے** (لئے خواہش) طاقت یا قوت ختم ہونا۔ **گھوڑے سوار** (مذکر) ۱۔ گھڑچڑھا۔ اسپ سوار۔ راکب ۲۔ (صفت) جلد باز۔ **گھوڑے کو سرپٹ پھینکنا** (متعدی) گھوڑا بہت تیز دوڑانا۔ **گھوڑے کی شادی کرنا** (متعدی) گھوڑے کے بیچنا۔ بیچنے کا لفظ منحوس سمجھا جاتا ہے۔ **گھوڑے کے پیٹ کی آواز** (مونث) وہ آواز جو بعض گھوڑوں کے پیٹ سے چلتے ہوئے نکلتی ہے **گھوڑے کے دانت کی سیاہی** (مونث) وہ سیاہی جو گھوڑے کے دانتوں پر زیادہ عمر ہونے کی وجہ سے آجاتی ہے۔ اس سے گھوڑے کی عمر کا اندازہ ہوسکتا ہے۔ **گھوڑے کی گردنی** (مونث) وہ کپڑا یا کمل جو گھوڑے پر ڈالتے ہیں۔

امثال و اقوال۔ گھوڑا اور رکیھوڑا جتنا دولو اتنا ہی بڑھے۔ دونوں پر ہاتھ پھیرا جائے تو بہت بڑھتے ہیں۔ گھوڑا چاہیئے بادنگی کو ذرا پھرتا سا آئیو۔ دولھا کے واسطے گھوڑے کی ضرورت ہے جلدی لانا حاجتمند کو بہلانے سے ٹالنا۔ گھوڑا (دولنے) گھاس سے آشنائی کرے گا تو کھائے گا کیا۔ گھوڑا گھاس سے آشنائی کرے تو بھوکا مرے۔ اگر کوئی شخص اپنے نفع کی پروا نہ کرے تو گزارہ مشکل ہے۔ مزدور مزدوری نہ لے تو بھوکا مر جائے۔ گھوڑا گھر سال ہی میں قیمت پاتا ہے۔ ہر چیز کی قدر اپنے محل پر ہوتی ہے۔ ہر شخص کی اپنے گھر پر خوب قدر ہوتی ہے۔ گھوڑا ابھی ملا کوڑا ابھی مل جائے گا۔

بڑا اور اہم کام ملا تو چھوٹا بھی ہو جائیگا۔ گھوڑوں راج بیلوں اناج۔ فوج کے وسیلے سے حکومت اور زمینداروں کے ذریعے سے ملک کی بہبودی ہوتی ہے۔ گھوڑوں کو گھر کتنی دور۔ گھوڑوں کے آگے مسافت اور فاصلہ کچھ چیز نہیں۔ گھوڑے بھینسے کی لاگ سخت دشمنی۔ گھوڑا اور بھینسا اگر ایک دوسرے کے قریب ہوں تو ضرور لڑتے ہیں۔ گھوڑے پر سر سے کفن باندھکر بیٹھنا چاہئے۔ گھوڑے کی سواری خطرناک ہوتی ہے۔ گھوڑے کا گرا سنبھلتا ہے نظروں کا گرا نہیں سنبھلتا جس کی ساکھ جاتی رہے وہ کبھی نہیں سنبھلتا۔ گھوڑے کو اشارہ کافی ہے گدھے کو لاٹھیاں پیٹا کرو۔ گھوڑے کو اشارہ گدھے کو لٹھ مارا۔ شریف اشارے سے مانتا ہے۔ کمینے مار کھا کر بھی مشکل سے راہ پر آتا ہے۔ گھوڑے کو کیا دور ہے۔ چالاک شخص اپنا مطلب جلد نکال لیتا ہے۔ گھوڑے کو لات اور آدمی کو بات۔ گھوڑے کو تنگ اور مرد کو جنگ۔ گھوڑے کو ٹانگ مرد کو بانگ۔ نادان کو مار پیٹ مگر سمجھدار کو اشارہ کافی ہے۔ گھوڑے کی دم بڑھے گی تو اپنی ہی مکھی اڑائے گی۔ اگر دولت زیادہ ہوگی تو دولتمند خود ہی فائدہ اٹھائے گا۔ اگر ترقی کریگا تو اس کا اپنا ہی فائدہ ہے۔ گھوڑے کی سواری چلتا جنازہ۔ گھوڑے کی سواری خطرناک ہے۔ گھوڑے کی ہنسی اور بلک کا دکھ جانا نہیں پڑتا۔ کیونکہ یہ بول نہیں سکتے گھوڑے گھوڑے لڑیں موچی کا زین لوٹے۔ زبردست لڑیں غریبوں کا نقصان ہو۔ کرے کوئی بھرے کوئی۔ گھوڑے (مر) گئے گدھوں کا راج آیا۔ شریف مر گئے رذیل رہ گئے۔

گھوڑت (ھ۔ مذکر) لکڑی یا ستون جو چھت کے نیچے کھڑا کریں۔

گھوس (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک قسم کا بڑا چوہا ۲۔ رشوت (گھسنا سے) **گھوس پچیڑ** (مذکر) رشوت۔ منہ بھرائی (دینا کے ساتھ) **گھوس دان** (مذکر) چوہے دان۔

گھوسی (ھ۔ مذکر) ۱۔ دودھ بیچنے والوں کی ایک ذات ۲۔ اس قوم کا ایک فرد ۳۔ گوالا۔ **گھوسن** (د۔ مونث) ۱۔ مسلمان گوالن یا دودھ بیچنے والی گھوسی کی بیوی۔ **گھوسی** (مذکر) مسلمان گوالا۔ گائے بھینس رکھنے چرانے اور ان کا دودھ بیچنے والا۔

گھوست (ھ۔ مذکر) الو کا بچہ۔ جوان الو۔

گھوسم گھاسا (ہ۔ مذکر) مکا مکی۔ ایک دوسرے کو مکے مارنا۔

گھوش (س۔ مذکر) ۱۔ شور۔ غل ۲۔ ڈھول کی آواز ۳۔ دھاڑ۔ چنگھاڑ ۴۔ زبان ۵۔ گوالوں کے رہنے کا مقام ۶۔ گوالوں کی ایک ذات ۷۔ کمان کی تانت کی آواز ۸۔ آگ کے جلنے کی آواز ۹۔ کان کی سائیں سائیں ۱۰۔ گرج کڑک ۱۱۔ پانی کی آواز ۱۲۔ طوفان کا شور **گھوشنا** (مونث) ۱۔ زور سے بولنا۔ شور مچانا ۲۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔ منادی کرنا (ہندی میں متعدی) **گھوشنا کرنا** (متعدی) ۱۔ منادی کرنا ۲۔ دھرم کا پرچار کرنا۔

گھوکنا۔ گھوکھنا (ھ۔ متعدی) دیکھو گھوشنا۔

گھوگس (ھ۔ مذکر) برج جو شہر کے دروازے پر بنایا جائے۔ برج فصیل۔ کنگرہ۔

گھول (ہ۔ امر) گھولنا کا (س گھول ملانا) **گھولا** (ماضی) ۱۔ گھولنا کی ۲۔ (صفت) پانی میں حل کیا ہوا ۳۔ (مذکر) پانی میں حل کی ہوئی افیون ۴۔ مرکب۔ عرق ۵۔ ایک قسم کی مچھلی **گھول پینا** (متعدی) ۱۔ پانی میں ملا کر پی جانا ۲۔ کچھ حقیقت نہ سمجھنا۔ کچھ خیال نہ کرنا ۳۔ مار ڈالنا۔ مار رکھنا۔ **گھول کر (کے) پلانا** (متعدی) ۱۔ کوئی چیز پانی میں حل کر کے پلانا ۲۔ کسی کو بہت جلدی تعلیم دینا یا سکھانا۔ **گھول کر (کے) پی جانا** (لازم) نیست و نابود کر دینا۔ مار ڈالنا۔ **گھول گھال کے** (تف) گھول کے پانی میں حل کر کے۔ **گھولا کو** (مذکر) ٹال مٹولے۔ حیلے حوالے **گھولم گھالا** (مذکر) ۱۔ گھولی ہوئی افیون ۲۔ کسی مشکل میں پھنس جانا۔ **گھول میل** (مذکر) میل ملاپ۔ تال میل۔ میل جول۔ **گھولنا** (متعدی) ۱۔ پانی

کسی رقیق چیز میں حل کرنا یا ملانا۔ رس لینا۔ چوسنا
گھولوا (مذکر) ۱ پانی میں حل کی ہوئی افیون ۲ مٹی کا ظرف جس میں پانی پیتے ہیں ۳ کسی دوا کا عرق
مکسچر ۴ کسی بات کا بار بار ذکر ۵ شوربا۔ آش۔
دلیا ۶ پیچ۔ مانڈی۔ پساؤ ۷ حریرا۔ کوئی رقیق پکی
ہوئی چیز۔ گھولوا پڑنا (لازم) کسی کام میں دقت
پیش آنا۔ گھولوا پینا (متعدی) کسی رقیق بدمزا
چیز کا پینا۔ دوائی پینا۔ گھولوا گھولنا (متعدی)
۱ گھول کر پتلا کرنا۔ رقیق بنانا۔ شوربا سا کرنا ۲ دیر
کرنا یا لگانا۔ ڈھیل کرنا۔ گھولے میں پڑنا
(لازم) بکھیڑے میں پڑ جانا۔ گھولے میں
ڈالنا (متعدی) ۱ ٹال مٹولے کرنا۔ لیت و
لعل کرنا ۲ ہیر پھیرے کرانا۔ کسی کام کے
وعدے پر دوڑانا ۳ الجھاؤ میں ڈالنا۔ بکھیڑے
میں پھنسانا۔ کشمش و پنج میں ڈالنا۔

گھول (س۔ مذکر) چھاچھ۔

گھوم (ہ۔ امر) ۱ گھومنا کا ۲ (مذکر)
چکر ۳ لڑکوں کا ایک کھیل جس میں ایک ستون
یا لٹھے کے گرد چکر کھاتے ہیں (س گھورن۔ ادھر
ادھر حرکت کرنا) گھوما (ماضی) گھومنا کی۔ گھومانا
(متعدی) گھومنا کا۔ گھمانا۔ پھرانا۔ حیران و سرگشتہ
کرنا۔ گھومتا (ماضی شرطیہ) ۱ گھومنا کی ۲ (صفت)
پھرتا ہوا۔ چکر کھاتا ہوا۔ گھومتا تارہ (مذکر) سیارہ۔
گھومتا گھامتا (صفت) پھرتا پھراتا۔ گھومتی
لکیر (مونث) نصف قطر۔ گھوم جا (کہاروں
کی اصطلاح) کاندھا بدل لو۔ گھوم جانا (لازم)
چوری جانا۔ گھوم گھام (مونث) ۱ آوارہ گردی
بیہودہ اور بیفائدہ پھرنا ۲ وہ راہ جس میں پھیر ہو۔
گھوم گھمالا یا گھمیلا (ہ۔ صفت) ۱ چکر کھانیوالا۔
پھرنے والا ۲ گول ۳ جس کا چکر یا دور بہت بڑا ہو
۴ کھلا۔ بھاری دگھا گرا) گھوم گھمانا (ہ۔ متعدی)
ہیر پھیرے کرانا۔ کسی کام کے وعدے پر دوڑانا۔
گھومنا (لازم) ۱ پھرنا۔ چکر لگانا۔ گرد پھرنا ۲
مارا مارا پھرنا ۳ واپس پلٹنا ۴ (سر) چکر آنا ۵
محور پر پھرنا جیسے لٹو ۶ (مذکر) گھومنے کا فعل۔
گھومنا گھامنا (مذکر) چکر لگانا۔ دورہ کرنا۔ گھومنی
(مونث) دوران سر۔

گھون (ہ۔ مذکر) دشمنی۔ مخاصمت
کینہ۔ دیکھو گھن۔ گھونا (ہ۔ صفت) ہوشیار۔
پختہ کار۔ تجربہ کار۔ خرانٹ۔ گھونی (صفت
مونث) گھونا کی۔ گھونی مسمسی (صفت)
مسکین صورت مگر خرانٹ۔

گھونپ (ہ۔ امر) ۱ گھونپنا کا
۲ بھونک۔ گھونپا (ماضی) گھونپنا کی۔ گھونپ
دینا۔ گھونپنا (متعدی) ۱ گھسیڑنا۔ ہولنا بھونک
دینا ۲ بری طرح سے سینا۔ شلنگے بھرنا۔

گھونٹ (ہ۔ امر) گھونٹنا کا۔
(س گھرس۔ پینا۔ توڑنا) گھونٹا (ماضی) گھونٹنا
کی۔ گھونٹ جانا (لازم) کسی کی واجب الادا
رقم کو ہضم کر جانا۔ نہ دینا۔ گھونٹ گھونٹ کر
رکھنا (متعدی) مجبور کر کے رکھنا۔ مجبور کرنا۔
گھونٹ گھونٹ کر مارنا (متعدی) ۱ جلا جلا
کر مارنا۔ رنج دے دے کر مارنا ۲ اندرونی مار دینا
گھونٹنا (متعدی) ۱ گلا دبانا۔ دم روکنا۔ سانس
روکنا ۲ تنگ کرنا۔ بند کرنا۔ دق کرنا۔

گھونٹ (ہ۔ مذکر) ۱ پانی یا کسی
رقیق کی وہ مقدار جو ایک دفعہ حلق سے اترے
جرعہ۔ چسکی ۲ کسی رقیق چیز کی بہت کم مقدار ۳
حقہ کا دم۔ کش (س گرس۔ منہ میں لینا) گھونٹ
اتارنا (متعدی) گھونٹ حلق کے نیچے لے جانا۔
گھونٹ بھرنا (متعدی) ۱ گھونٹ پینا چسکی بھرنا
۲ حقہ کا دم یا کش لگانا۔ گھونٹ پھینکنا (متعدی)
ایک گھونٹ کی مقدار شراب زمین پر ڈالنا۔ شرابی
پینے سے پہلے تھوڑی سی شراب گرا دیتے ہیں تا کہ
نظر نہ لگ جائے۔ گھونٹ پی کر رہ جانا
(لازم) غصہ ضبط کرنا۔ گھونٹ پینا (متعدی)
۱ جرعہ پینا۔ چسکی لگانا ۲ غصہ ضبط کرنا ۳ حقہ کا دم
لگانا۔ گھونٹ گھونٹ کر کے اتارنا یا
پینا (لازم) تھوڑا تھوڑا کر کے پینا۔ ذرا ذرا پینا
گھونٹ لگانا (متعدی) لگنا (لازم) حقہ کا
دم لگنا۔ گھونٹ لہو کے پینا (متعدی) غم و
غصہ کھانا۔ دل ہی دل میں جلنا۔ گھونٹ لینا
(متعدی) ۱ پانی کے گھونٹ پینا ۲ حقہ کا دم لینا۔
گھونٹنا (متعدی) حلق کے نیچے اتارنا۔

گھونٹ۔ گھونٹا۔ گھونٹنا۔
گھونٹوانا (ہ) دیکھو گھوٹ وغیرہ۔

گھونٹی (ہ۔ مونث) دیکھو گھٹی۔

گھونس (ہ۔ مذکر) دیکھو گھوس۔
گھونسی۔ گھونسیا (مذکر) رشوت خوار۔ راشی۔
گھونس (پیچڑ) دینا (متعدی) رشوت دینا۔

گھونسا (ہ۔ مذکر) ۱ انگلیاں کف
دست سے زور سے ملی ہوئیں ۲ مکا۔ مشت۔
ڈک۔ دھوکا (س گھرش۔ توڑنا) گھونسا پلانا
(عف) چلانا۔ سہی کرنا۔ لگانا (متعدی)
لگنا (لازم) مارنا (متعدی) مکا لگانا۔ ڈک مارنا۔
گھونسم گھاسا (مذکر) زد و کوب۔ گھوسم گھاسا۔
گھونسوں (مذکر) گھونسا کی جمع۔ گھونسوں
لڑنا (متعدی) خوب لڑنا۔ مکوں سے لڑنا۔

مثل۔ گھونسوں کا کیا ادھار۔
مار کے عوض اسی وقت مار لینا چاہئے۔ پاداش
اور بدلے میں کیا تکلف۔

گھونسلا (ہ۔ مذکر) ۱ پرندوں کا گھر۔
آشیانہ ۲ جھونپڑا۔ چھوٹا سا گھر (س گھش۔ داخل ہونا)
گھونسلا اجاڑنا (متعدی) پرندوں کے گھر کا
پھونس نوچ کر پھینک دینا۔ آشیانہ ویران کرنا۔
گھونسلا بنانا (متعدی) ۱ پرندوں کا گھر یا آشیانہ
ساخت کرنا ۲ چھوٹا سا گھر تعمیر کرنا۔ گھونسلا رکھنا
(متعدی) پرند کا پھونس لا کر رکھنا۔ آشیانہ بنانا۔
بسیرے کی جگہ قرار دینا۔ گھونسلا نوچنا (متعدی)
دیکھو گھونسلا اجاڑنا۔ گھونسلا ہونا (لازم) ۱
آشیانہ ہونا ۲ چھوٹا سا گھر ہونا۔

گھونگا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک دریائی
یا سمندری کیڑا ۲ اس کا گھر جس سے چونا بناتے ہیں
۳ سنکھ۔ خرمہرہ ۴ اینٹھا ۵ کان کا وہ باہر کا حصہ جو
گھونگے کے مشابہ ہوتا ہے (س گھورن۔ ادھر
ادھر حرکت کرنا)

مثل۔ گھونگے میں پکایا پپی
میں کھایا۔ نہایت غربت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

گھونگر (ہ۔ مذکر) بالوں کا چکر (س
گھورن کرا دھر ادھر حرکت کرنے والا) گھونگر
کرنا (ہ۔ متعدی) بالوں کو گھونگر والا بنانا۔ گھونگر
والے یا گھونگریالے بال (مذکر) سر کے
پیچدار بال۔

گھونگھٹ (ہ۔ مذکر) ۱ چادر یا

دوپٹہ کا کنارا جو منہ کے اوپر کھینچ لیا جائے - پردہ - نقاب - برقع - مقنع ۲ حجاب - روک ۳ دروازے کی اندرونی دیوار جو پردے کے لئے بناتے ہیں ۴ شرم - حیا ۵ عضو تناسل کے آگے کا چمڑا ۶ گھوڑے یا سقے کی اندھیری ۷ بڑا ہوا منہ - گھوڑے کا گردن اونچی کرکے سر جھکانا (س گھورن - آگے پیچھے ہونا) **گھونگھٹ اٹھانا** (متعدی) **کا اٹھنا** (لازم) ۱ عروس کا چند دنوں تک خاوند اور اس کے نزدیکی رشتہ داروں سے پردہ دور کرنا ۲ بے حجاب ہونا - پردہ دور کرنا **گھونگھٹ الٹنا** (متعدی) ۱ دولھن کا بے حجاب ہونا ۲ چادر یا دوپٹے کا کنارہ اونچا کر دینا **گھونگھٹ کا چراغدان** (مذکر) ایک قسم کا چراغدان جس میں روشنی ایک طرف پڑتی ہے - **گھونگھٹ کاڑھنا** (متعدی) دوپٹے سے منہ ڈھانکنا - نقاب ڈالنا - منہ چھپانا - دوپٹے کا کنارہ منہ پر کھینچ لانا - **گھونگھٹ کرنا** (متعدی) ۱ دوپٹے سے منہ چھپانا - پردہ کرنا ۲ لحاظ کرنا - شرم کرنا ۳ گھوڑے کا گردن اونچی کرکے سر پیچھے کی طرف کرنا ۴ فوج کا پسپا ہونا - شکست کھانا - میدانِ جنگ سے بھاگ جانا - **گھونگھٹ کھولنا** (متعدی) گھونگھٹ اٹھانا - پردہ یا حجاب دور کرنا - منہ دکھانا - منہ سامنے کرنا - **گھونگھٹ کی دیوار** (مونث) وہ دیوار جو دروازے کے آگے پردے کے لئے کھینچ دیتے ہیں **گھونگھٹ لینا** (متعدی) گھونگھٹ چہرے پر لینا - منہ چھپانا - پردہ کرنا - **گھونگھٹ مارنا** (متعدی) گھونگھٹ کاڑھنا (عف) **گھونگھٹ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) دوپٹے کے کنارے کا کھینچ کر منہ تک لایا جانا - **گھونگھٹ والی** (مونث) ۱ پردہ دار یا برقعہ پوش عورت ۲ حیا والی یا باشرم عورت ۳ دولھن - عروس - **گھونگھٹی** (ھ - صفت) ۱ گھونگھٹ نکالنے والی ۲ جو دکھاوے کے لئے گھونگھٹ نکالے -

گھونگھی - گھونگی (ھ - مونث) ۱ گھونگھا اور گھونگا کی تصغیر ۲ دیکھو گھگی ۳ بوری - بورا - تھیلی ۴ جیب - کیسہ ۵ (ہ) مٹی کا پکایا ہوا گھونگے کی شکل کا ٹکڑا جس کو کھپروں کے بیچ میں کھپریل میں رخنہ بندی کرنے کے لئے رکھتے ہیں ۶ ایک کیڑے کا نام -

گھونیا - گھونیاں (ھ - مونث) اروی -

گھوئی (ھ - مونث) ایک قسم کی بوٹی جو بارش میں اونچی زمین پر اگتی ہے -

گھویا (ہ - مذکر) وہ جو زبردستی کوئی چیز لے -

گھوئیا (ھ) **گھوئیاں** (ہ - مونث) **گھویا** (ھ) **گھویاں** - ارویاں -

گہہ (س - صفت) وہ جس کی پرورش خفیہ جگہ میں ہوئی ہو -

گھہر (ھ - مونث) گرج - کڑک -

گھہرانا - گھہرنا (لازم) ۱ کڑکنا - گرجنا ۲ زور سے بولنا -

گھئی - گھے (ھ - مونث) ۱ مٹی کا چبوترا جس پر اناج کے پولے یا گٹھے رکھتے ہیں ۲ سہارا - اڑواڑ - ٹیکن -

گھے (ف - تف) دیکھو گاہے -

گھی (ہ - مذکر) ۱ پگھلا ہوا مکھن - تایا ہوا مکھن - روغن زرد ۲ نرم - ملائم (س گھرت) **گھی اٹھانا** (متعدی) گھی جذب کرنا - **گھی چپڑنا** (متعدی) روٹی یا کسی چیز پر تھوڑا سا گھی لگانا - **گھی داغ کرنا** (متعدی) گھی کڑکڑانا - تڑکا لگانا گھی میں پیاز ڈال کر آگ پر گرم کرنا اور پھر ہانڈی میں ڈالنا خصوصاً دال میں - **گھی سا** (صفت) بہت نرم یا ملائم - **گھی کا ڈورا** (مذکر) وہ گھی جو کسی پکانے میں دھار باندھ کر ڈالا جائے - **گھی کا کپا لڑھنیا لنڈھنا** (لازم) کسی رئیس یا حاکم کا مر جانا - **گھی کڑکڑانا** (متعدی) دیکھو گھی داغ کرنا - **گھی کھچڑی** (مونث) شیر و شکر - نہایت گہرے دوست - گھلے ملے - **گھی کھچڑی لانا** (متعدی) ننہیال والوں کا چھٹی میں گھی اور کھچڑی لے کر آنا - ایک رسم ہے - **گھی کھچڑی ہونا** (لازم) شیر و شکر ہونا - گھل مل جانا - **گھی کے چراغ جلانا** (متعدی) **جلنا** (لازم) مراد پوری ہونے پر خوشی منائی جانا - بزرگان دین کی قبروں پر بجائے تیل کے گھی ڈال کر مراد پوری ہونے پر چراغ جلاتے ہیں - **گھی کے ڈبے** (مذکر) دہلی کے شلغم فروشوں کی آواز - **گھی کے سے گھونٹ آنا** (لازم) بہت گھی پڑا ہونا - **گھی کے کپتے سے جا لگنا** (لازم) کسی مالدار کے پاس رسائی ہونا - سونے کی چڑیا ہاتھ آنا - **گھی کی دوکان** (مونث) وہ دوکان جہاں گھی بکے - **گھی کی منڈی** (مونث) ۱ وہ منڈی جہاں صرف گھی فروخت ہو ۲ وہ شہر جہاں گھی کی تجارت ہو - **گھی نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱ مکھن یا مسکہ کا گرم ہو کر گھی بننا ۲ کسی برتن سے گھی نکالا جانا - **گھی والا** (صفت) گھی بیچنے والا - روغن فروش -

امثال و اقوال - گھی بھی کھاؤ اور پگڑی بھی رکھو - فضول خرچی نہ کرو - مزے بھی اڑاؤ اور عزت بھی قائم رکھو - **گھی جاٹ کا تیل ہاٹ کا** - گھی زمینداروں سے خریدنا چاہئے کیونکہ وہ خالص اور تازہ ہوتا ہے - اور تیل دوکان سے کیونکہ وہ کچھ دن رکھنے کے بعد اچھا ہوتا ہے تازہ اچھا نہیں ہوتا - **گھی دیت باہمن نریائے** (ھ) گھی دیتے ہوئے برہمن گھبراتا ہے - اچھی چیز دینے کو دل نہیں چاہتا - **گھی سنوارے (سالن کو اور) کام بڑی بہو کا نام** - کام کوئی کرے نام کوئی پائے - **گھی کا لڈو ٹیڑھا بھی بھلا** - اچھی چیز جو ظاہرا اچھی نہ ہو اس بری چیز سے جو ظاہرا اچھی ہو بہتر ہے - **گھی کہاں گیا کھچڑی میں (اور کھچڑی کہاں گئی یاروں کے پیٹ میں)** جس نقصان یا خرچ سے اپنوں کو فائدہ ہو اس کے متعلق کہتے ہیں - کہ ہمارا مال اپنوں ہی کے کام آیا - **گھی کھاوت بل تن میں آوے - گھی آنکھن کی جوت بدھاوے** (ھ) گھی کھانے سے بدن میں طاقت اور آنکھوں میں نور آتا ہے - **گھی کھچڑی میں دعوے ہے** - اس کے متعلق کہتے ہیں جسے بہت کچھ مل جائے اور وہ باقی پر بھی ہاتھ مارے - **گھی کے سے گھونٹ آتے ہیں** - اس چیز میں بہت گھی پڑا ہوا ہے - یہ چیز بہت خوش ذائقہ ہے - **گھی گر پڑا گیا مجھے سوکھی ہی بھاتی ہے** - مجبوری اور شرمندگی کو چھپانے اور شیخی مارنے کے موقع پر کہتے ہیں - **گھی مسالہ کام کرے اور بڑی بہو کا نام** - دیکھو گھی سنوارے الخ -

گھیا (ہ - مذکر) ۱؎ دیکھو کدو ۲؎ (صفت) نرم - ملائم - گھی کی طرح کا ۳؎ (س گھرتک - گھی کی طرح، **گھیاتری یا توری** (مونث) ایک قسم کی لمبی ترکاری - **گھیا کدو** (مذکر) ایک قسم کا لمبا کدو - **گھیاکش** (مذکر) کدوکش -

گھیار (ہ - صفت) جس میں سے بہت دودھ نکلے

گھیپنا (ہ - متعدی) ۱؎ انگلیوں یا چمچی سے اٹھانا ۲؎ ملانا - آمیزش کرنا ۳؎ کھرچنا - پھیلنا ۴؎ آٹے میں پانی ڈال کر لئی سی بنانا -

گھیتلا (ہ - مذکر) ایک قسم کا جوتا جو آگے سے مڑا ہوا ہوتا ہے اور ایڑی یا نعل نہیں ہوتے (س گرہ پکڑنا)

گھیٹنا (ہ - متعدی) ۱؎ آمیز کرنا - ملانا ۲؎ گوندھنا -

گھیچ (ہ - مذکر) گردن - گلا - حلق -

گھیر (ہ - امر) ۱؎ گھیرنا کا ۲؎ دور - گھیرا گروہ - محیط - چکر - گھماؤ ۳؎ گرداگرد ہر چیز کا خصوصاً انگرکھے چوغہ درخت وغیرہ کا ۴؎ حلقہ - دائرہ - احاطہ ۵؎ (ہ) بہتان - الزام ۶؎ شکایت ۷؎ تنبیہہ ۸؎ (ہ - صفت) گول ۹؎ کھلا - چوڑا ۱۰؎ گھیرے ہوئے ۱۱؎ (ہ نف) گرداگرد - اردگرد (س گرہ - پکڑنا) **گھیرا** (مذکر) ۱؎ حلقہ - گردا - کنڈل - دائرہ - دور - مدور چیز جو کسی چیز کو احاطہ کرے ۲؎ کنارہ ۳؎ باڑا - محیط - دور - چکر - منڈل - ارارہ ۴؎ چاردیواری - احاطہ - فصیل ۵؎ نرغہ - محاصرہ ۶؎ پلنگ کی نواڑ کھول کر چادر بچھاتے ہیں - جو بیٹھے گر پڑتا ہے - **گھیر اڈالنا** (متعدی) محاصرہ کرنا - نرغہ میں کرنا - چاروں طرف سے گھیر لینا - حلقہ کر لینا - **گھیردار** (صفت) فراخ - کشادہ - گھوم گھمیلا - ڈھیلا ڈھالا - **گھیر ڈالنا** (متعدی) لباس کے ڈھیلا کرنے کے لئے اس کا دور کھلا بنانا - **گھیر گھار** (مذکر) ۱؎ لباس کی چوڑائی اور ڈھیلا پن ۲؎ (مونث) محاصرہ ۳؎ روک ٹوک ۴؎ اکٹھا کرنا - گھیرنا - **گھیر گھار کر** (تف) چاروں طرف سے اکٹھا کرکے - ایک جگہ کرکے - **گھیر گھار کر لے آنا یا لانا** ۱؎ چاروں طرف سے اکٹھا کرکے لانا جیسے شکار کو ۲؎ کسی شخص کو مجبور کرکے لے آنا ۳؎ کسی بیان کو ہر طرف سے اپنے حسب مراد لاڈالنا - **گھیر گھار کرنا** (متعدی) ۱؎ روک ٹوک کرنا ۲؎ محاصرہ کرنا - **گھیر لینا - گھیرنا** (متعدی) ۱؎ احاطہ کرنا - محاصرہ کرنا ۲؎ راہ روکنا ۳؎ باڑ لگانا - جنگلہ لگانا - چاردیواری بنانا ۴؎ احاطہ کرنا - محاصرہ کرنا ۵؎ حراست میں لینا - گرفتار کرنا ۶؎ پکڑنا - جکڑنا ۷؎ مجبور کرنا - پیچھے پڑنا ۸؎ کسی عورت کو گھر میں ڈال لینا - مدخولہ بنانا - بیوہ سے شادی کرنا ۹؎ قبضہ کرنا - تصرف کرنا (مکان یا زمین پر) ۱۰؎ محدود کرنا - حدبندی کرنا - حد باندھنا ۱۱؎ مویشی چرائی کے واسطے لینا - مویشی کے چرانے کا ذمہ دار ہونا - **گھیرنا گھارنا** (متعدی) گھیرنا - **گھیرنی** (ہ) چرخہ چلانے کا ہتھا - **گھیروا** (مذکر) زمین کا رہن جس میں بجائے سود کے زمین پر قبضہ کیا جاتا ہے -

گھیری (ہ) دوران سر - **گھیرے میں آنا** (لازم) گھر جانا - محصور ہو جانا - قلعہ بند ہو جانا -

گھیرا (ہ - مذکر) ایک قسم کا زہردار گرگٹ (س گودھیرک)

گھیسلا (ہ - مذکر) ۱؎ لاٹھی - ڈنڈا سونٹا - عصا ۲؎ بال سے اناج نکالنے کا آلہ - خرمن کوب ۳؎ موٹی روٹی - کلچہ -

گھیکنوار (ہ) **گھیکوار** (ہ - مذکر) کنوار گندل -

گھیگرا - گھیگھرا (ہ - مذکر) ۱؎ اناج کی کچی بال ۲؎ کپاس کا کچا ڈوڈا -

گھیل (ہ - مذکر) ۱؎ لغو اور پوچ آدمی ۲؎ نکمی چیز - خراب چیز -

گھیلا (ہ - مذکر) ایک قسم کا جنگلی بیل -

گھینٹ (ہ - مذکر) گلا - حلق -

گھینٹا (ہ - مذکر) سور - سور کا بچہ - **گھینٹی** (مونث) ۱؎ مادہ سور ۲؎ دیکھو گھیگھرا -

گھینچ (ہ - مذکر) گلے کا اگلا اور نیچے کا حصہ -

گھینگ (ہ - مذکر) ایک قسم کا کیڑا -

گھینگا - گھینگھا (ہ - مذکر) ۱؎ گلے کا ایک مرض - گلھڑ ۲؎ (ہ) ایک کھانا جو آٹے اور چاول سے بناتے ہیں -

گھیو (ہ - مذکر) گھی -

گھیور (ہ - مذکر) ایک قسم کی مٹھائی جو آٹے گھی کھانڈ - دودھ اور ناریل کی آمیزش سے بنائی جاتی ہے (گھی سے)

گھیورا (ہ - مذکر) ایک چھوٹی قسم کا کھیرا -

گئو (ہ - مونث) گائے - دیکھو گو محاورات کے لئے بھی -

گئی (ہ - ماضی صیغہ واحد مونث) ۱؎ جانا کا ۲؎ (صفت) گزری ہوئی ۳؎ (مونث) درگذر - معافی - تغافل (کرنا ہونا کے ساتھ) **گئے** (ماضی صیغہ جمع مذکر) جانا کی - **گئی اور آئی** - فوراً واپس آؤنگی - **گئی چودھراہٹ پھری ہے** - **گئی ہوئی عزت دوبارہ ملی ہے** - **گئے درجے** (تف) آخرکار - کم سے کم - **گئی کرنا** (متعدی) ۱؎ چشم پوشی کرنا - درگذر کرنا ۲؎ کوتاہی کرنا - چوکنا - **گئی گزری** (صفت) ۱؎ حقیر - بے وقعت ۲؎ پرانی - بھولی ہوئی - **گئے گزرے** (صفت) ۱؎ بیکار - ناکارہ ۲؎ بے وقعت - حقیر - **گئی گزری بات** (مذکر) پرانی - بھولی ہوئی بات - **گئے گزرے زمانے (وقت) میں** (تف) برے وقت میں - مفلسی میں - تنگدستی میں - **گئیں** (ماضی مونث جمع) جانا کی - **گئے وقت میں** (تف) دیکھو گئے گذرے وقت میں -

امثال واقوال - گئے

بچارے روزے (رہ گئے لواور بیس) رہے ایک کم تیس - پہلا روزہ گزرنے پر مذاقاً کہتے ہیں - کوئی کام جب شروع ہو گیا تو جلد ختم ہو جائے گا - **گئی لو تو دارکی اور رہ گئی کھال کی کھال** - رتبہ کھو کر ویسے کے ویسے رہ گئے

بن کر بگڑ گئے۔ **گئے تھے روزے چھڑانے نماز گلے پڑی** ۔ دیکھو گئے تھے نماز الخ ۔ **گئی جوانی پھر نہ باہورے لاکھ ملیدا کھاؤ** ۔ جوانی ایک دفعہ جا کر نہیں آتی چاہے کچھ کرو ۔ **گئے جوبن بھٹار** ۔ جوانی جانے کے بعد خاوند۔ وقت گزر جانے کے بعد ضرورت کی چیز کا ملنا۔ **گئے دکن وہی کرم کے لکھن** ۔ کہیں جاؤ قسمت ساتھ رہتی ہے ۔ **گئے کٹک رہے اٹک** ۔ اگلے زمانے میں کٹک جا کر واپس آنا بہت مشکل تھا ۔ وہاں بولتے ہیں جہاں کسی کے واپس آنے کی امید کم ہو ۔ **گئے کناگت ٹوٹی آس باہمن روویں چولھے پاس** ۔ کناگت کے دنوں میں برہمن مزے اڑاتے ہیں ۔ ان کے گزرنے پر پچھتاتے ہیں۔ **گئے نماز بخشوانے روزے گلے پڑے** ۔ ایک مصیبت سے بچنے کی کوشش کی دوسری اس سے زیادہ پڑی۔

گی ۔ گے (ہ ۔ حرف) مضارع کے آگے لگا کر مستقبل کا صیغہ بنانے ہیں۔

گی (ف ۔ حرمت) ۱ علامت حاصل مصدر جیسے بخشندگی ۔ رفتگی ۲ وہ علامت جو فارسی اسم یا کلمہ کے آگے لگا کر معنی مصدری پیدا کرتے ہیں ۔ جیسے ہمسائیگی ۔ بندگی ۔ زندگی۔

گے (س ۔ مذکر) ۱ کوئی چیز جو حاصل کی جائے ۔ گھر ۔ مال ۔ کنبہ ۔ جائیداد ۲ ایک قسم کا بیل۔

گے (ہ ۔ ندا) او ۔ اے ۔

گیا (ہ ۔ ماضی) ۱ جانا کا ۲ (صفت) گزشتہ ۔ سابقہ ۔ رفتہ ۳ گزرا ۔ جاتا رہا ۴ تباہ ۔ برباد ہوا ۵ مرگیا ۔ **گیا اور آیا** ۔ بہت جلد آیا ۔ فوراً واپس آیا ۔ **گیا بیتا** (صفت) ۱ گزشتہ پچھلا ۔ گزرا ہوا ۲ نکما ۔ بیکار ۔ خراب ۔ ناقابل استعمال ۔ **گیا جان سے** ۔ مرگیا ۔ فنا ہوگیا جیتا نہ بچا ۔ **گیا گزرا** (صفت) ۱ رفتہ ۔ گذشتہ ۔ بیتا ہوا ۔ گزرا ہوا ۲ نکما ۔ ناقص ۳ ناقابل استعمال ۴ معدوم ۔ مفقود ۔ کالعدم ۵ از کار رفتہ ۔ عضو معطل ۶ نہایت کمزور ۔ ناتوان ۷ کم حوصلہ ۔ بزدل ۸ بے قدر ۔ بے حیثیت ۔ ناچیز ۹ بے حیا ۔ بے غیرت ۱۰ خستہ حال ۔ تباہی کی حالت میں ۱۱ زبوں ۔ خراب ۔ برا ۱۲ بدچلن ۔ بداطوار ۔ بد وضع ۱۳ مفلس ۔ غریب ۔ مفلوک الحال ۱۴ ناقابل وصول ۱۵ (تف) افلاس میں ۔ تنگ دستی میں ۔ مفلسی میں ۱۶ کم سے کم ۔ گئے درجے ۱۷ بٹے کھلتے ۱۸ (ماضی) بیکار ہوگیا ۔ کسی کام کا نہیں رہا ۔ **گیا گزرا ہوا** ۔ رائیگاں گیا ۔ **گیا گزرا ہونا** (لازم) ۱ بیکار ہونا ۔ نکما ہونا ۲ کمزور ہونا ۔ ناطاقت ہونا ۳ رقم ڈوب جانا ۴ تباہ و برباد ہونا وغیرہ دیکھو گیا گزرا ۔ **گیا گوایا** (صفت) گزرا اور بیتا ہوا ۔ جو گزر چکا ہے ۔

امثال و اقوال ۔ گیا سو گیا رہا سو رہا ۔ جو نقصان ہوگیا وہ گیا ۔ جو بچ رہا اسے غنیمت سمجھنا چاہئے ۔ **گیا گاؤں جہاں ٹھاکر ہنسا ۔ گیا رکھ جہاں بگلا بسا ۔ گیا تال جہاں اپجی کائی ۔ گیا کوپ جہاں بھٹی اٹھائی** (ہ) جس گاؤں کے مالک نے عیش و عشرت میں زندگی گزاری وہ اجڑ جاتا ہے ۔ جس درخت پر بگلے نے گھونسلا بنایا ہو وہ سوکھ جاتا ہے جس تالاب میں کائی اگے وہ کبھی نہیں رہتا جس کنوئیں کی تہ بیٹھ جائے وہ بیکار ہو جاتا ہے ۔ **گیا مرد جن کھائی کھٹائی ۔ گئی رانڈ جن کھائی مٹھائی** ۔ کھٹائی کھانے سے آدمی نامرد ہو جاتا ہے ۔ اور مٹھائی کھانے والی عورت بدچلن ہو جاتی ہے ۔ **گیا وقت پھر (نہیں آتا) ہاتھ آتا نہیں** ۔ جو موقع ہاتھ سے نکل جائے پھر میسر نہیں آتا ۔ **گیا ہے سانپ نکل اب لکیر پیٹا کر** ۔ موقع نکل گیا اب پچھتانے کے سوا اور کچھ نہیں ہو سکتا۔

گیارہ (ہ ۔ صفت) دس اور ایک ۔ ۱۱ ۔ **گیارھواں** (صفت) ۱ گیارہ سے منسوب ۲ دسویں کے بعد کا ۔ یازدہم ۔ **گیارھویں** (مونث) ۱ گیارہ سے منسوب ۲ (مونث) حضرت غوث اعظم کی نیاز جو گیارھویں ربیع الثانی کو ہوتی ہے ۔ بعض لوگ ہر مہینے کی گیارھویں تاریخ کو کرتے ہیں ۔

گیاری ۔ گیال ۔ گیالی (ہ ۔ مذکر) ۱ وہ زمین جو بیوہ دار کے مر جانے سے لاوارث رہ جائے ۲ وہ زمین جو اسامی کے بھاگ جانے سے مالگذار کے قبضے میں آجائے ۔

گیان (س ۔ مذکر) ۱ علم ۔ واقفیت ۔ دانش ۲ عقل ۔ فہم ۔ فراست سمجھ ۔ دانائی ۔ خرد ۔ زیرکی ۔ بدھ ۔ چترائی ۳ علم معرفت ۔ علم الٰہی ۴ حواس خمسہ ظاہری ۔ **گیان چرچا** (مذکر) ۱ علمی بحث ۔ مباحثہ علمی ۔ ذکر و اذکار دینی یا مذہبی ذکر ۔ دھرم شاستر کا بکھان ۔ **گیانی چوسر** (مونث) ایک قسم کی چوسر جو کاغذ پر چھپی ہوئی ہوتی ہے ۔ اور پانچ یا سات کوڑوں سے کھیلی جاتی ہے ۔ **گیان دوڑانا** (متعدی) عقل دوڑانا ۔ سوچنا ۔ غور کرنا ۔ **گیان گدڑی** (مونث) سادھوؤں کی گدڑی ۔ **گیان وان** (صفت) ۱ گیانی ۔ پنڈت ۔ ودمان ۔ بدھی وان ۔ عالم ۔ فاضل ۲ ہنرمند ۔ دانشمند ۔ **گیان ہوجانا** (لازم) ۱ واقفیت ہوجانا ۲ معرفت حاصل ہونا ۔ **گیانی** (مذکر) ۱ عقیل ۔ عقلمند ۔ دانا ۲ ہوشیار ۔ چالاک ۳ عالم ۔ عارف ۔ بدھی وان ۔ گیان وان ۴ وہ جسے دھرم شاستروں سے پوری واقفیت ہو ۵ فلسفہ دان ۔ فلاسفر ۶ منی ۔ رشی ۷ نجومی ۔ جوتشی ۔ رمال ۔

امثال ۔ گیان بڑھے سوچ سے ۔ روگ بڑھے بھوگ سے ۔ عقل سوچنے سے بڑھتی ہے اور بیماری جماع کرنے سے ۔ **گیان گنی وہ مورکھ مارے وہ جیتے جو پہلے مارے** ۔ عقلمند آدمی بیوقوف کو مار لیتا ہے ۔ جو پہلے حملہ کرے وہ جیت لیتا ہے ۔

گیاہ (ف ۔ مونث) گھاس ۔ کاہ ۔

گیبر (ھ۔ مذکر) ایک پرندہ۔
گیپا (ف۔ مذکر) ۱ ایک کھانا جو چاول اور قیمہ ملا کر بھیڑ یا بکری کی انتڑیوں میں بھر کر پکایا جاتا ہے ۲ ایک قسم کا پلاؤ۔ **گیپا سے** (مذکر) گیپا بیچنے والا۔
گیپا (ھ۔ مذکر) ۱ بھٹنی۔ سرپتان ۲ ڈنٹھل۔ ڈالی۔
گیت (ہ۔ مونث) ۱ گانا۔ راگ۔ نغمہ۔ سرود ۲ وہ چیز جو گائی جائے شعر۔ چھند۔ غزل۔ دوہرہ۔ نظم۔ بھجن۔ پد وغیرہ **گیت بدھائی** (ھ) پیدائش کا گانا۔ **گیت گانا** (متعدی) ۱ راگ الاپنا۔ سرود خوانی کرنا۔ نغمہ سرائی کرنا ۲ طول طویل بیان کرنا۔ رام کہانی کہنا ۳ تعریف کرنا۔ گن گانا۔ مداحی کرنا۔ **گیتوں** (مذکر) گیت کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے — **گیتوں کی پستک** (ھ۔ مذکر) گانوں کی کتاب۔
مثل۔ گیت سوہے بھاٹ نے اور کھیتی سوہے جاٹ نے۔ جو جس کام کا ہے وہ اس سے خوب ہوتا ہے۔
گیتا (س۔ مونث) مقدس نظم۔ گیتا کئی ہیں۔ مثلاً رام گیتا۔ شو گیتا۔ بھاگوت گیتا اگستیہ گیتا وغیرہ مگر عام طور پر بھاگوت گیتا کو کہتے ہیں۔ **گیتا گریاں** (مونث) وہ عورتیں جو گانے بناتی ہیں۔
گیتی (ف۔ مونث) ۱ دنیا۔ جہان عالم۔ جگت۔ سنسار ۲ زمانہ۔ دہر۔ **گیتی آرا** (صفت) ۱ دنیا کو آراستہ کرنے والا ۲ نہایت خوبصورت ۳ (مذکر) بادشاہ ۴ ایک قسم کا گلاب جو بصرے میں پیدا ہوتا ہے اس کی خوشبو مشک اور عنبر کی طرح ہوتی ہے۔ اور اس کی پتیاں دیر تک تر و تازہ رہتی ہیں۔ سوکھنے پر کپڑوں کے درمیان رکھ دی جاتی ہیں ۵ (مونث) عورتوں کا ایک نام۔ **گیتی آفریں** (صفت) ۱ عالم کا پیدا کرنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ۔ **گیتی افروز** (صفت) ۱ جہان کو روشن کرنے والا۔ عالمتاب ۲ (مذکر) آفتاب۔ سورج۔ **گیتی بان** (صفت) ۱ دنیا کا محافظ ۲ (مذکر) ہفت اقلیم کا بادشاہ۔ **گیتی پژدہ** (صفت) ۱ دنیادار۔ طالب ۲ (مذکر) بادشاہ۔ **گیتی پناہ** (صفت) ۱ دنیا کو پناہ دینے والا ۲ (مذکر) بادشاہ۔ **گیتی خرام** (صفت) ۱ سیر کرنے والا ۲ (مذکر) سورج ۳ سکندر ۴ گھوڑا۔ **گیتی ستاں** (صفت) ۱ دنیا کو فتح کرنے والا ۲ (مذکر) بادشاہ۔ **گیتی ستانی** (مونث) دنیا کی فتح۔ **گیتی فروز** (صفت) گیتی افروز۔ **گیتی نما** (صفت) ۱ دنیا کو دکھانے والا ۲ اس آئینہ کی تعریف جو سکندر کے پاس تھا۔ اور جس میں سارا جہان نظر آتا تھا۔ **گیتی نورد** (صفت۔ مذکر) دیکھو گیتی خرام۔
گیٹس (انگ۔ مذکر) ۱ کپڑے یا چمڑے کی پٹی جسے پنڈلیوں پر بٹنوں یا بندوں سے سواری کے وقت کس لیتے ہیں (اصل گیٹرز) ۲ ربڑ یا سوت کا فیتا جو جرابوں پر چڑھا دیا جاتا ہے۔ کہ وہ نیچے نہ اتریں (اصل گارٹرز)
گیٹم (ھ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا موٹا اونی کپڑا ۲ ایک قسم کی خود رنگ دری۔
گیج (انگ۔ مذکر) ۱ مختلف قسم کے ماپنے کے آلوں کا نام۔ جیسے واٹر گیج سٹیم گیج پٹرول گیج ۲ ریل کے متعلق لائن کی چوڑائی کو کہتے ہیں۔
گید (ھ۔ مذکر) چیل۔ گدھ۔
مثل۔ گید گید گلوندا کھائے بیر بیر مہوے تلے آئے۔ مہوا پھول ہے گلوندا اسی درخت کا پھل ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جب کسی چیز کا چسکا پڑ جائے تو ڈر جاتا رہتا ہے۔
گیدا (ھ۔ مذکر) ۱ پرند کا بچہ جس کے پر ابھی نہ نکلے ہوں ۲ چوزہ ۳ مجازاً انسان کا بچہ ۴ مضغہ ۵ ڈھیلا ۶ ایک قسم کی ملین خوراک۔
گیدرا (ھ۔ صفت) ۱ بھدا۔ بدنما ۲ جاہل۔ گنوار ۳ احمق۔ بیوقوف۔
گیدڑ (ہ۔ مذکر) ایک درندہ جو بھورے رنگ کا اور کتے سے ذرا چھوٹا ہوتا ہے۔ شغال (س گردھر۔ لالچی) **گیدڑ بولتے ہیں۔** مکان اجاڑ ہے۔ ہو کا مقام ہے۔ **گیدڑ بولنا** (متعدی) گیدڑ کا اپنے خاص طریقے پر آواز نکالنا۔ یہ کسی کام کے شروع میں منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ **گیدڑ بھبکی** (مونث) ۱ دکھاوے کا ڈراوا۔ اوپری دھمکی۔ گھرکی ۲ خالی خولی دھمکی۔ غصے کا جوش جس کی مخالف پروا نہ کرے۔ **گیدڑ بھبکی دکھانا** (متعدی) جھوٹ موٹ ڈرانا۔ **گیدڑ کی مہمانی** (مونث) عبث بے فائدہ۔ **گیدڑنی۔ گیدڑی** (مونث) گیدڑ کی مادہ۔ **گیدڑی دوڑ گئی** ۱ خوف پیدا ہو گیا ۲ پوشیدہ بات پھیل گئی۔

امثال و اقوال۔ گیدڑ
اچھلا اچھلا جب انگور کے خوشے تک نہ پہنچا تو کہا اخ تھو کھٹے ہوتے ہیں۔ جب کوئی تدبیر بن نہیں پڑتی تو اپنی شرمندگی مٹانے کو دوسروں کا قصور بتاتے ہیں۔ **گیدڑ اوروں کو سوں بتائے آپ کتوں سے پھڑوائے۔ گیدڑ دوسروں کو شگون بتائے آپ اپنی گردن کتوں سے تڑوائے۔** اپنی مصیبت کی خبر نہیں۔ دوسروں کا شگون دیکھتے پھرتے ہیں۔ **گیدڑ (جب جھیرے میں گرا) گرا جھیرے تو کہا آج یہیں مقام ہے۔** شرمندہ ہوئے مگر بات وہی رکھی۔ مجبوری میں بھی شیخی نہ گئی۔ **گیدڑ کی جمعداری اٹکی ہوئی ہے۔** زبردستی کی حکومت ہے۔ **گیدڑ کی شامت (کمبختی) آتی ہے (آئے) تو گاؤں کی طرف بھاگتا ہے (بھاگے)** جب دن برے آتے ہیں تو بری ہی سوجھتی ہے۔ **گیدڑ کے کہنے سے بیر نہیں پکتے۔** ایسا حسب مراد نہیں ہوا کرتیں۔
گیدھ (ھ۔ مونث) گدھ۔ **گیدھنا** (متعدی) چسکا پڑ جانا۔ حریص ہو جانا۔
گیدی (ف۔ صفت) ۱ بے غیرت۔ بے ہمیت ۲ بھڑوا۔ دیوث ۳ مخنث۔ ہیجڑا۔ نامرد ۴ بزدل۔ کم حوصلہ ۵ احمق۔ نادان۔ بیوقوف ۶ بے تمیز ۷ لالچی ۸ گید یعنی چیل سے منسوب۔ لوگوں کا خیال ہے کہ چیل چھ مہینے نر اور چھ مہینے مادہ رہتی ہے۔ **گیدی خر** (مذکر) ۱ بہت بڑا بیوقوف ۲ نہایت بے غیرت۔
گیر (ف۔ امر) گرفتن کا۔ لے۔ پکڑ

اسم کے ساتھ مل کر اسم فاعل ترکیبی کے معنی دیتا ہے۔ جیسے عالمگیر۔ دست گیر۔ **گیرا۔ گیرال** (صفت) لینے والا۔ پکڑنے والا۔ مرکبات میں جیسے میراث گیرا۔ خبر گیراں۔ **گیرائی** (مونث) ۱ پکڑ۔ گرفتگی ۲ محکمہ ٹھگی ۳ محکمہ کار خاص۔ **گیرودار** (مونث) ۱ پکڑ دھکڑ ۲ جنگ و جدل۔ لڑائی ۳ حکومت۔ حکمرانی۔ سیاست ۴ شان و شکوہ۔ تزک و احتشام۔ **گیری** (مونث) پکڑنا۔ لینا۔ مرکبات میں جیسے ملک گیری۔ دست گیری

گیرامانی (ھ۔ مونث) چکنی مٹی کی کیچڑ۔

گیرجا۔ گیرزا (ھ۔ مذکر) پہاڑی تیتر۔ چکور (دکنی)

گیرنا (ھ۔ متعدی) ۱ دیکھو گرانا ۲ داخل کرنا۔ ڈالنا ۳ (اچار) بنانا۔ تیار کرنا ۴ (کاجل سرمہ) لگانا۔ سارنا۔

گیرو (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی سرخ مٹی۔ اس سے جوگیوں کے کپڑے رنگے جاتے ہیں گل ارمنی۔ **گیروا** (صفت) ۱ گیرو کے رنگ کا جوگیا ۲ وہ جسے گیرو میں رنگا ہو۔ **گیروا لباس** (مذکر) جوگیا کپڑے (پہننا کے ساتھ) **گیروی** (صفت) ۱ جوگیا ۲ (مونث) ایک قسم کا سرخ کیڑا جو اناج کو لگ جاتا ہے۔

گیروان (س۔ مذکر) دیوتا۔

گیری (ھ) **گیڑی** (ہ۔ مونث) وہ لکڑی جس سے لڑکے کھیلتے ہیں۔ ایک لکیر کھینچ دیتے ہیں۔ اور دوسرا شخص چوٹ لگا کر لکیر سے پار کرتا اور جیت لیتا ہے۔ **گیڑیاں** (مونث) گیڑی کی جمع۔ **گیڑیاں کھیلنا** (متعدی) ۱ لکڑیوں سے کھیلنا ۲ نادان ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ بے ہنر ہونا۔

گیسو (ف۔ مذکر) ۱ عورتوں کے لمبے بال جو سر کے دونوں طرف ہوتے ہیں ۲ کاکل۔ لٹ۔ **گیسو بریدہ** (صفت) ایک گالی۔ بے حیا۔ فاحشہ۔ **گیسو چھٹنا** (لازم) بالوں کا بکھر کر شانے پر لہرانا۔ **گیسو دار** (صفت) ۱ گیسو والا ۲ پیرزادہ۔ **گیسو دراز** (صفت) ۱ وہ جس کے گیسو بہت لمبے ہوں ۲ دیکھو محمد گیسو دراز۔ **گیسو کترنا** (متعدی) بالوں کو کاٹنا۔ **گیسو کمند** (صفت) وہ معشوق جس کے بال دل عاشق کے لئے کمند کا کام کریں۔ **گیسو کھل جانا یا کھلنا** (لازم) بالوں کا بکھرنا۔ **گیسوؤں والا** (صفت) معشوق۔ **گیسوئے شمع** (مذکر) موم بتی کا دھواں۔

گیگٹا (ھ۔ مذکر) کیکڑا۔

گیگلا (ھ۔ صفت) ۱ سادہ لوح۔ بھولا۔ احمق۔ بیوقوف (عورت) ۲ پھوہڑ۔ بلی۔

گیل (ہ۔ مونث) ۱ رستہ۔ راہ۔ باٹ۔ پگ ڈنڈی (س گم۔ چلنا) ۲ کیلے کی پھلیوں یا کھجوروں کا گچھا ۳ (تف) ساتھ۔ ہمراہ۔ سنگ (جانا کرنا لینا کے ساتھ) (س گیل) **گیل گیل** (تف) سنگ سنگ۔ ساتھ ساتھ۔ **گیل لگے پھرنا** (لازم) ۱ ساتھ ساتھ رہنا۔ ہمراہ رہنا ۲ پیچھے پیچھے پھرنا ۳ درپے ہونا۔ پیچھا نہ چھوڑنا

گیل (ھ۔ مونث) گیلاپن۔ نمی سیل۔ **گیلائی۔ گیل سیل** (مونث) دیکھو گیل

گیلا (ہ۔ صفت) نم۔ تر۔ بھیگا ہوا (کرنا ہونا کے ساتھ) **گیلا پن** (مذکر) گیلا ہونا (س کلد۔ گیلا ہونا) **گیلا سیلا** (صفت) سیل کی وجہ سے نم۔ تر۔

امثال و اقوال۔ گیلے سوکھے دونوں جلتے ہیں۔ گیلی سوکھی سب جلتی ہے ۔ سخت اندھیر ہے۔ **گیلی لکڑی سیدھی ہو سکتی ہے** ۔ بچے کی تربیت ہو سکتی ہے۔

گیلری (انگ۔ مونث) ۱ گربجے۔ مکان یا تھیٹر میں بیٹھنے کی اونچی جگہ ۲ تصویر خانہ۔ نگار خانہ۔

گیلڑ (ہ۔ مذکر) پہلے خاوند کا وہ بچہ جسے عورت اپنے ساتھ دوسرے خاوند کے گھر لائی ہو۔ ربیب (س گم۔ جانا)

گیلن (انگ۔ مذکر) رقیق شے ماپنے کا ایک پیمانہ جو چار کوارٹ کے برابر ہوتا ہے۔

گیلو (... مذکر) ایک پہاڑ۔

گیلھو (... مذکر) مسافر۔ راہرو۔

گیلیم (انگ۔ مذکر) ایک دھاتی عنصر جو پانی سے ۵۰۹۵ گنا بھاری ہے۔ ۱۸۷۵ء میں لکاک دابوابودراں نے دریافت کیا تھا۔

گیں (ف۔ صفت) ۱ آگیں کا مخفف پُر۔ بھرا ہوا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے اندوہگیں۔ غمگین ۲ والا۔ صاحب۔ جیسے شرمگیں

گینا (ہ۔ مذکر) ۱ چھوٹے قد کا بیل ۲ جوماڑی۔

گینت۔ گینتی (ہ۔ مونث) زمین کھودنے کا ایک نوکدار اوزار۔ کدال۔ کسی۔

گینٹھ (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی مچھلی۔

گینٹھی (ھ۔ مونث) گٹھڑی۔

مثل۔ گینٹھی سنبھار مدھری چال آج نہ پہنچو پہنچو کال ۔ آہستہ آہستہ کام ہو جائے گا۔

گینج (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا کھانا جو محرم میں پکتا ہے۔ ملیدا۔ **گینجنا** (متعدی) ہاتھ سے مل ڈالنا۔ مل کے خراب کر دینا۔

گینجن (ھ۔ مذکر) گڈنڈ۔ گچ پچ۔

گینڈ۔ گینڈ (ھ۔ مذکر) ہاتھی۔ گج۔

گیند (ہ۔ مونث) لکھنو اور پنجاب میں مذکر ہے ۱ چمڑے۔ کپڑے یا ربڑ کا وہ گولا جس سے کھیلتے ہیں۔ گوئے ۲ ٹوپیوں کے رکھنے یا پگڑی باندھنے کا قالب ۳ جلانے کی گیند جسے میدان جنگ یا دیوالی میں روشن کرتے ہیں۔ تیل کپتی سے ایک دھاگے کے ذریعے پہنچتا ہے ۴ جوان عورت کی سخت اور گول چھاتیاں (اچھالنا اچھلنا پھینکنا کھلانا کھیلنا وغیرہ کے ساتھ) (س۔ گینڈ) **گیند بلا** (مذکر) دیکھو کرکٹ۔ **گیند تڑی** (مونث) بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک دوسرے کو گیند مارتے ہیں۔ جسے لگ جائے وہ چور ہوتا ہے۔ **گیند دھڑکا** (مذکر) گیند کا کھیل۔ ایک کا دوسرے کی طرف گیند پھینکنا۔ **گیند گھر** (مذکر) وہ مکان جس میں راکٹ کا کھیل کھیلا جاتا ہے۔

گیند (ہ۔ مذکر) گیندا کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **گیندا** (مذکر) ایک پودہ جس کا پھول زرد و نارنجی ہوتا ہے ۲ اس کا پھول۔ صد برگ۔ **گیندا کھیلنا** (متعدی) گیندے کے پھولوں کو ایک دوسرے کی طرف پھینکنا۔ لڑکے لڑکیوں کا ایک کھیل۔ **گیند کپڑا** (مذکر) زرد

رنگ کا کپڑا جو کرشن جی کے پیرو پہنتے ہیں۔ **گیند گھوارہ** (مذکر) پھول جو بت کو چڑھاتے ہیں۔
گیندئی (صفت) گیندے کے رنگ کا۔ زرد۔
گیندی (مونث) چھوٹے پھول کا گیندا۔ **گیندے کا پھول** (مذکر) گل صد برگ۔

گیندوا (ھ۔ مذکر) ۱ تکیہ۔ سرہانہ ۲ کیڑا جو پیٹ میں پیدا ہو جاتا ہے ۳ دیکھو گیندا۔

گینڈا (ہ۔ مذکر) ایک سیاہ رنگ کا چوپایہ جو بڑے بھینسے کے برابر ہوتا ہے۔ اس کے ماتھے میں سینگ ہوتا ہے۔ اس کی کھال موٹی اور سخت ہوتی ہے اور اس کی سپر اور چھڑیاں بناتے ہیں (س۔ گنڈک)

مثل۔ گینڈے کی ڈھال اور بجلی کی تلوار۔ دونوں بہت اچھی ہوتی ہیں تلوار بنانے والے کہتے ہیں کہ وہ تلواریں بجلی سے گرم کر کے بناتے ہیں۔

گینڈک (ھ۔ مذکر) گینڈا۔

گینڈلی (ھ۔ مونث) ۱ کنڈلی ۲ لچھی۔ سوت کا لچھا۔ **گینڈلی مار کر بیٹھنا** (لازم) کنڈلی مار کر بیٹھنا۔

گینڈو (س۔ مذکر) گیند۔

گینگٹا (ہ۔ مذکر) کیکڑا۔

گینی (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹے قد کی گائے۔ موٹی گائے ۲ ایک قسم کی چھوٹی گاڑی جسے گینے بیل کھینچتے ہیں

گیہ (س۔ مذکر) گھر۔ مکان۔

گیہان (ف۔ مذکر) ۱ جہان ۲ زمانہ روزگار۔ **گیہان خدیو** (مذکر) جہان کا بادشاہ۔

گیہری (ھ۔ مونث) ہرجانہ نقصان

گیہواں (ہ۔ صفت) گیہوں کے رنگ کا گندمی۔

گیہوں (ہ۔ مذکر) ۱ گھاس کی قسم کا ایک پودہ جس کے بیج بطور غلہ استعمال ہوتے ہیں۔ یہ جنگلی حالت میں اب کہیں نہیں پایا جاتا ۲ اس کا بیج جو پیس کر آٹا بنا کر روٹیاں پکاتے ہیں۔ تمام دنیا میں یہ استعمال ہوتا ہے۔ کہتے ہیں کہ اسے کھانے پر حضرت آدم بہشت سے نکالے گئے تھے۔ مگر عیسائی کہتے ہیں کہ انہوں نے سیب کھایا تھا (اگنا۔ بونا۔ بیچنا۔ پسوانا۔ پینا۔ خریدنا) (س گودھوم)

امثال و اقوال

گیہوں دیکر گاجریں کھائیں۔ عمدہ چیز دے کر ادنٰی لینا بیوقوفی ہے۔ **گیہوں کی بال نہیں دیکھی**۔ ابھی ناتجربہ کار ہے۔ گھر کی چار دیواری سے بھی نہیں نکلے۔ **گیہوں کی روٹی کو فولادی پیٹ چاہئے** نعمت کھا کر پچانے کو بڑا حوصلہ چاہئے۔ یہ اسوقت کی ضرب المثل بنی ہوئی ہے۔ جب گیہوں صرف امیر آدمی کھاتے تھے۔ اور غریب باجرے پر گزارہ کرتے تھے۔ **گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس (جاتا ہے) گیا**۔ زبردست کے ساتھ کمزور بھی مارا گیا۔ **گیہوں کے کھیت میں کر نجوا اگا**۔ بھلائی کی جگہ برائی پلے پڑی۔

ل

ل (ہ۔ مذکر) تلفظ لام۔ ۱ اردو کا تیسواں فارسی کا ستائیسواں۔ عربی کا تیسواں حرف اور ناگری اسم الخط کا انٹھائیسواں وینجن ہے۔ ابجد میں اس کے ۳۰ عدد مقرر کئے گئے ہیں ۲ یہ حرف اُردو مصادر میں آکر متعدی بناتا ہے۔ جیسے جینا سے جلانا۔ رونا سے رلانا ۳ کبھی متعدی کے الف سے پہلے فائدہ تاکید کا دیتا ہے۔ جیسے دکھانا سے دکھلانا۔ بتانا سے بتلانا ۴ آخر الفاظ میں مصدریت کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے دیکھ بھال۔ بول چال ۵ کبھی نسبت کے واسطے آتا ہے۔ جیسے بوجھل۔ گھٹیل ۶ عربی میں برائے لئے کے معنی میں کلمہ کے اوّل میں آتا ہے۔ جیسے لِلّٰہ ۷ اور شوال کا مخفف ہے ۸ فارسی میں بعض وقت۔ اور کاف تازی سے سے بدل جاتا ہے ۹ ہندی میں بعض وقت اب پ ت ٹ ج چ د ڈ ر ڑ س ک گ م ن و ی سے بدل جاتا ہے ۱۰ دیوناگری میں تیسرا حرف علت ہے۔

لِ (ع۔ حرف جر) لئے۔ واسطے

لِلّٰہ ۱ خدا کے لئے یا واسطے ۲ خدا کے نام پر خیر خیرات کی طرح۔ **لِلّٰہِ الحمد**۔ اُردو میں لِلّٰہ کا دوسرا لام بغیر الف کے ہے ۱ خدا تعالےٰ سب تعریف کے قابل یا لائق ہے ۲ خدا کا شکر ہے۔ خدا کی مہربانی ہے۔ **لِلّٰہ الحمد والمنتہ**۔ خدا کا شکر اور احسان ہے۔ **لِلّٰہ فی اللّٰہ**۔ خدا کے واسطے۔ خدا کی راہ میں۔ **لِمَن الملک**۔ کس کا ملک ہے۔ قرآن شریف کی آیت ہے۔ لمن الملک والیوم۔ قیامت کے دن خدا تعالےٰ فرمائیگا۔ کہ آج کا کس کا ملک اور دن ہے۔ اُردو میں خودستائی فخر اور ناز بیجا کے موقعہ پر استعمال ہوتا ہے۔

مثل۔ ہر کُلِّ فرعونٍ موسےٰ۔ ہر بذات کے واسطے سرکوب موجود ہے۔

لا (ہ۔ امر) ۱ لانا کا ۲ مرکبات میں مصادر کے ساتھ لاکر کی جگہ جیسے لا اتارنا۔ لا دینا ۳ آ کی جگہ استعمال ہوتا تھا۔ اب متروک ہے۔ **لا اتارنا** (متعدی) کسی مکان میں لاکر رکھنا۔ **لا بٹھانا** (متعدی) کسی جگہ لاکر بٹھا دینا۔ **لا دینا** (متعدی) کوئی چیز لاکر دینا۔ **لا رکھنا** (متعدی) کوئی چیز لاکر کسی جگہ رکھ دینا۔ **لانا** (لازم) ۱ لے آنا کا مخفف ۲ ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا ۳ حاضر کرنا۔ پیش کرنا ۴ سامنے کرنا۔ روبرو کرنا ۵ اٹھانا۔ برپا کرنا۔ ۶ خریدنا۔ مول لینا ۷ (تماشا سوانگ وغیرہ) دکھانا ۸ (خدا کا) آنے دینا۔ دکھانا ۹ (فیل) جھگڑا کھڑا کرنا ۱۰ (رنگ) رنگ پکڑنا۔ غضب کرنا ۱۱ (عورتیں وغیرہ) کٹنا پا کرنا ۱۲ (زندگی دل وغیرہ) لے کر پیدا ہونا ۱۳ (صحیح ورق وغیرہ) شامل کرنا ۱۴ (برداشت تاب وغیرہ) برداشت کرنا ۱۵ (ہیبت وغیرہ) لگانا۔ جوڑنا ۱۶ (ڈھب پر) اپنے مطلب کے موافق بنانا یا کرنا ۱۷ (کام) کسی کے کرنے کے واسطے کوئی کام پیش کرنا ۱۸ (دل) موقع پیدا کرنا۔ (ھ) چھونا۔ لگانا۔ مس کرنا۔ **لانا بندی** (مونث) ہلوں کی تعداد پر مالگزاری۔ **لانا لگانا** (متعدی) زر قرضہ کے عوض مویشی لے لینا (د) ۱ تھ۔ کسی کام کی داد لینے کے واسطے کہتے ہیں۔ کیا کہنا۔ واہ واہ۔ سبحان اللّٰہ۔ **لاؤ** (امر جمع) ۱ دو۔ مجھکو دو ۲ لے آؤ ۳ ساتھ لے کر آؤ ۴ حسن کلام کے لئے زائد جیسے لاؤ دیکھوں تو۔ **لائے** (ماضی جمع) لانا کی۔ **لائے جھاگ**۔ بکواس شروع کی۔ ٹرپن شروع کی۔ جھینی مارنی شروع کی۔ **لایا** (ماضی واحد) لانا کی۔

امثال و اقوال۔

لاؤ کواں میں ڈوبوں۔ جب کوئی بے حیا کو بے حیائی کے کام پر تنبیہ کرے اور کہے کہ ڈوب مر تو وہ کہتا ہے۔ **لاؤ سیپی کھکھور بھیتی۔ میرے سیاں پر اتنی بیتی** (پوربی) مجھے سیپی دو۔ تاکہ میں دیوار کھرچوں۔ میرے خاوند کا نقصان نہیں ہونا چاہئے اس مقام پر کہتی ہیں۔ جب کوئی نیا نوکر آکر اچھا کام کرے۔ **لائے دام بنے کام**۔ روپے سے ہر کام ہو جاتا ہے۔ **لائے گا دارا تو کھائے گی داری۔ نہ لائیگا دارا تو پڑیگی خواری**۔ میاں کمائے تو بیوی خرچ کرتی ہے نہ کمائے تو فساد ہوتا ہے۔

لا (ہ۔ کلمہ نسبت) ۱ نسبت رکھنے والا۔ کا۔ والا۔ دار جیسے اگلا۔ پچھلا ۲ تصغیر کے لئے۔ جیسے کوٹھی سے کٹھا۔ کھاٹ سے کھٹولا ۳ تصغیر بالتحقیر۔ جیسے بھانڈ سے بھنڈیلا ۴ تصغیر بالمحبت۔ جیسے مور سے مُرلا ۵ بھوجپوری زبان میں علامت ماضی جیسے آئیلا۔ آیا۔ گئیلا۔ گیا۔

لا (ف۔ مذکر) ۱ پردہ۔ تہ۔ جیسے یک لا۔ دولا ۲ مقراض غالباً لا کی مشابہت کی وجہ سے ۳ لاف و گزاف کا مخفف۔ **لائی** (مونث) تہ۔ پردہ۔ مرکبات میں جیسے دولائی

لا (ع۔ حرف نفی) ۱ نہ۔ نہیں۔ بغیر۔ بنا۔ ان ۲ (مذکر) الجبر میں مقدار مجہول یا نامعلوم **لااُبالی** ۱ میں پروہ نہیں کرتا ۲ (ف) رند مشرب آزاد منش۔ شوخ۔ گستاخ ۳ نڈر۔ بیباک بےخوف ۴ غافل۔ بے پروا۔ بےفکر۔ **لااُبالی کارخانہ** (مذکر) بہت بد انتظامی۔ **لااُحصی**۔ میں شمار نہیں کر سکتا۔ مفصلہ ذیل حدیث نبوی کی طرف اشارہ ہے۔ **لااُحصی ثناءً علیک انت کما اثنیت علی نفسک**۔ میں تیری صفات شمار نہیں کر سکتا۔ تجھ میں وہ سب صفات موجود ہیں جو تونے اپنی نسبت بیان کی ہیں۔ **لا اعلم یا ادری** ۱ مجھے معلوم نہیں ۲ جب کسی شاعر کا تخلص معلوم نہیں ہوتا۔ تو نام کی جگہ یہ لکھ دیتے ہیں۔ **لا اِلٰہ**۔ لا الٰہ الا اللّٰہ کا مخفف۔ اردو میں معاذ اللّٰہ۔ توبہ ہے کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔ **لا الٰہ الا اللّٰہ محمد الرّسول اللّٰہ** (کلمہ طیب) نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللّٰہ کے اور محمدؐ اس کے بھیجے ہوئے ہیں۔ **لا اُمّتی** ۱ نہیں ہے میری امت ۲ (مذکر) کافر۔ بیدین۔ مشرک ۳ امت سے خارج۔ دین اسلام پھرا ہوا ۴ بےپیر۔ بے استاد۔ بے مرشد ۵ ناقابلِ اعتبار۔ خود منڈا۔ **لا باس بہ**۔ کچھ مضائقہ نہیں۔ **لا بُد** (تف) بیشک۔ بالضرور۔ یقیناً۔ مجبوراً۔ **لا بُدی** (صفت) ضروری۔ یقینی۔ **لا پتا** (صفت) وہ جس کا پتہ نہ ہو۔ **لا پروا** (صفت) بےپروا۔ **لا تُحصی۔ تُعَدیا تعداد** (صفت) بے شمار۔ بے حساب۔ **لا ثانی** (صفت) جس کا ثانی یا دوسرا نہ ہو۔ یکتا۔ یگانہ۔ بےمثل۔ بے نظیر۔ فرد۔ **لا جرعہ** (صفت) بغیر گھونٹ کے۔ وہ (رقیق چیز) جو ایک سانس میں یا بغیر دم لئے پی جائے۔ **لا جرم** (تف) کوئی چارہ نہیں۔ یقیناً

بے شک - لاجُنبش (صفت) جو جنبش نہ کرسکے۔ غیر متحرک۔ ثابت۔ قائم - لاجواب (صفت) ۱ خاموش۔ چُپ ۲ دیکھو لا ثانی ۳ عاجز۔ قائل مغلوب ۴ جھوٹا۔ کاذب۔ باطل (کر دینا کرنا ہو جانا یا ہونا کے ساتھ) لاچار (صفت) بے بس۔ مجبور۔ ترکیب صحیح نہیں لا عربی چار فارسی ہے ۲ لا علاج۔ ناگزیر۔ ناچار ۳ محتاج۔ اپاہج ۴ بے سروسامان - بے کس۔ بے نوا۔ بدنصیب ۵ غریب مفلس ۶ قدرت نہ رکھنے والا۔ دسترس سے معذور - (تف) مجبوراً۔ ضرورتاً (کردینا کرنا ہو جانا ہونا کیساتھ) لاچاراگی لاچاری (مونث) ۱ مجبوری۔ بے بسی۔ ناچاری ۲ غربت۔ بیکسی ۳ معذوری۔ بے بسی ۴ مصیبت بے نصیبی ۵ بے مقدوری۔ بے سروسامانی -

لاحاصل (صفت) ۱ بیفائدہ۔ بے سود۔ بے منفعت ۲ فضول۔ نکما ۳ غیر بارور۔ بے بر۔ بنجر ۴ وہ (اراضی) جس سے کوئی آمدنی نہ ہو۔ بنجر۔ اور سرِ ناکارگرہ (تف) اکارت۔ یونہی۔ بے سود لاحل (صفت) جو حل نہ ہو سکے۔ دشوار۔ مشکل غامض۔ دقیق۔ کٹھن۔ لاحولَ (وَلا قوّۃ) (الّا باللہ) ۱ نہیں ہے قدرت (اور طاقت) (کسی میں سوائے اللہ تعالٰے کے) ۲ ان تینوں صورتوں میں شیطان اور خبیث روحوں کو بھگانے کے لئے زبان پر لاتے ہیں ۳ جب کوئی چیز جاتی رہے تو اس کے پا جانے کی امید میں بولتے ہیں ۴ اظہار نفرت و حقارت کے کلمات ۵ بری بات پر تاسف ظاہر کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں ۶ مجازاً پہلی صورت میں۔ لعنت۔ پھٹکار ۷ مکمل صورت میں بجائے معاذاللہ ۸ یا ایسا نہیں ہو سکتا کی جگہ۔ لاحول بھیجنا (متعدی) ۱ لعنت بھیجنا ۲ نفرت ظاہر کرنا ۳ پرواہ نہ کرنا۔ خیال نہ کرنا ۴ شیطان سے بچانے کی خدا سے دعا کرنا۔ لاحول پڑھنا (متعدی) ۱ شیطان یا ارواح خبیثہ کو بھگانے کے لئے لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھنا ۲ نفرت اور کراہیت ظاہر کرنا۔ لاحول ولا۔ بعض آدمی لاحول الخ کی بجائے یہ الفاظ کہتے ہیں۔ لاخراج (مونث) ۱ وہ زمین جس پر سرکاری محصول نہ ہو۔ معافی ۲ (صفت) وہ جس پر سرکاری مالگزاری نہ ہو۔ لاخراجداری (صفت) وہ شخص جو معافی کا قابض ہو۔ معافی دار۔ لادعوے (مذکر) ۱ فارغ خطی۔ دست برداری ۲ دستاویز عدم دعوے۔ لادعوے دینا یا لکھنا (متعدی) کسی حق یا دعوے کو چھوڑ دینا۔ لادوا (صفت) لاعلاج۔ جس کی دوا نہ ہو سکے۔ لاریب (تف) بلاشک بلاشبہ۔ یقیناً۔ بیشک۔ لازوال (صفت) ۱ جس کو زوال نہ ہو۔ ہمیشہ رہنے والا ۲ غیر فانی۔ ازلی۔ ابدی ۳ قدیم۔ لاسخن (صفت) ۱ خاموش بیزبان۔ چپ ۲ ناملائم بات۔ نامناسب اور بیجا بات۔ غیر مہذب کلام ۳ گالی۔ دشنام بدزبانی۔ گستاخی۔ برا بھلا کہنا نکالنا کے ساتھ) لاشریک (صفت) جس کا کوئی شریک نہیں مجازاً خدا۔ لاشے (صفت) ہیچ۔ بیوقعت۔ لاطائل (صفت) بے سود۔ بیفائدہ۔ لاطائل فضول گفتگو۔ دلیل۔ وجہ وغیرہ کے ساتھ) لا علاج (صفت) ۱ جس کا کوئی علاج نہ ہو۔ لادوا (مرض بیماری وغیرہ کے ساتھ) ۲ (تف) ناچار۔ لاعلاجی (مونث) علاج یا دوا کا نہ ہونا۔ لاعلم (صفت) ۱ بے علم۔ کسی بات کا نہ جاننے والا ۲ غافل۔ بے خبر۔ لاعلمی (مونث) کسی بات کا علم نہ ہونا۔ بے خبری۔ لاکلام (صفت) ۱ وہ جس میں جائے گفتگو نہ ہو ۲ (تف) یقیناً۔ ضرور۔ البتہ۔ بیشک لاکلامی (مونث) بات نہ کرنا۔ چپ رہنا ۲ (صفت) یقینی جس میں شبہ نہ ہو۔ لامحال یا محالہ (تف) یقیناً بالضرور۔ لامذہب (صفت) ۱ دہریہ - زندیق۔ کافر۔ بے ایمان ۲ بے دین۔ جس کا کوئی دین نہ ہو۔ ملحد۔ لامکان (مذکر) عالم قدس۔ عالم الٰہی۔ وہ مقام جو مکانیت کی تشخیص نہ ہو۔ لامکان پرواز یا سیر (صفت) عالم بالا تک پہنچنے والا۔ لامکان پروازی (مونث) ۱ عالم قدس تک پہنچنا ۲ بہت اعلیٰ اور بلند پایہ ہونا۔ لانسلم ہم نہیں مانتے۔ لا وارث یا وارثا (صفت) ۱ وہ (مال) جس کا کوئی داکف حقدار یا وارث نہ ہو ۲ وہ شخص جس کا کوئی رشتہ دار یا وارث نہ ہو ۳ لنگوڑا۔ تو تھا لاوارثی (مونث) وہ مال جس کا کوئی دعوے دار نہ ہو۔ بے وارثی چیز۔ لاوارثی چٹھی (مونث) خط (مذکر) وہ خط جو مکتوب کا پتہ نہ چلنے کی وجہ سے کہیں جا نہ سکے یا واپس آئے۔ لاوارثی مال (مذکر) وہ مال جس کا کوئی وارث نہ ہو۔ لاولد (صفت) بے اولاد۔ جس کے کوئی اولاد نہ ہو۔ لاونعم (تف) ہاں۔ نہیں۔ آرے بلے ۔ لاہُوت (مذکر) عالم بذات الٰہی جس میں سالک کو فنافی اللہ کا مقام ہوتا ہے۔ (لاہ بمعنی اللہ) لایجوز۔ نہیں جائز ہے۔ لایُحصی (صفت) بیشمار۔ ان گنت۔ لاتعداد۔ لایزال (صفت) ۱ نہ زائل ہونے والا۔ ہمیشہ رہنے والا ۲ دائمی۔ قدیمی ۳ خدا تعالےٰ کی تعریف۔ لایعقل (صفت) حیوان کی صفت۔ بے عقل۔ لایعلم (صفت) بیعلم۔ بے عقل۔ حیوان کی صفت۔ لایعنی (صفت) ۱ لغو۔ بیہودہ۔ پوچ ۲ بیفائدہ ۳ بے نتیجہ۔ لاحاصل۔ فضول۔ لایموت (صفت) ۱ نہ مرنے والا۔ غیر فانی ۲ وہ جس کی وجہ سے مر نہ سکے جیسے قوت لایموت۔

امثال و اقوال۔ لاچاری میں بچار نہیں۔ لاچار آدمی جو کرے اس پر نکتہ چینی نہیں ہو سکتی۔ لاچاری پربت سے بھاری۔ ادنے مصیبت بھی بہت بھاری ہوتی ہے۔ لافتیٰ الّا علی لاسیف الّا ذوالفقار۔ کوئی بہادر نہیں سوائے علی کے اور کوئی تلوار نہیں سوائے ذوالفقار کے حضرت علیؓ کی شان میں یہ حدیث ہے۔

لا رانگ۔ مذکر۔ قانون۔ لاکورٹ (مذکر) عدالت۔

لابہ (ف۔ مذکر) ۱ درخواست۔ گزارش ۲ خواہش۔ مرضی ۳ دعا۔ التجا ۴ طنز ۵ مذاق ۶ خوشامد۔ چاپلوسی۔

لابھ (س۔ مذکر) ۱ فائدہ۔ نفع۔ ۲ بالائی آمدنی۔ رشوت ۳ لالچ۔ طمع۔ حرص ۴ گیارھواں نکشترہ۔

امثال و اقوال۔ لابھ بغیر ہر کے نہیں۔ لابھ بنا نہیں ہر کے۔ بڑے خود غرض ہیں۔ بغیر فائدے کے عبادت نہیں کرتے۔ لابھے لوہا ڈھوئے۔ بن لابھ نہ ڈھوئیے روئی۔ فائدے کے واسطے نہایت مشقت کا کام کیا جا سکتا ہے۔ بیفائدہ معمولی بھی نہیں ہو سکتا۔

لاپھنا (ھ۔ لازم) کودنا۔ اچھلنا

تھلانگ مارنا۔

لات (ہ۔ مونث) ٹھوکر۔ لگد۔ پاؤں کی ضرب (س لتا) بدن کا کوئی نچلا حصہ) **لات بھی نہ مارنا** (متعدی) بہت بیزار ہونا۔ **لات جانا** (لازم) گائے بھینس وغیرہ کا دودھ ہٹ جانا۔ جب دودھ نہ رہے تو یہ جانور دودھ نکالنے والے کو لات مار کر ہٹاتے ہیں۔ **لات چلانا** (متعدی) لات سے مارنا۔ لات مارنا۔ ٹھوکر مارنا۔ پاؤں کی ضرب لگانا۔ **لات دینا** (متعدی) لات سے مارنا۔ **لات کھانا** (متعدی) پاؤں کی ضرب لگنا۔ **لات لگانا** (متعدی) ۱ ٹھوکر مارنا۔ ٹھکرانا۔ پاؤں کی ضرب لگانا ۲ بے عزتی کرنا۔ گستاخی کرنا۔ **لات مار کر کھڑا ہونا** (لازم) (پلنگ کو) جن کر تندرستی کے ساتھ اٹھنا۔ جننے سے بخیریت فراغ پانا۔ **لات مارنا** (متعدی) ۱ پاؤں کی ضرب مارنا۔ ٹھوکر مارنا ۲ (پر) ترک کر دینا۔ دست بردار ہونا ۳ نفرت ظاہر کرنا۔ بیزار ہونا۔ خفگی سے ٹھوکر مارنا۔ **لات مکی** (مونث) وہ لڑائی جو لاتوں اور گھونسوں سے ہوتی ہے۔ جنگ لگد مشت۔ (چلنا کرنا ہونا کے ساتھ) **لاتوں** (مونث) حروف مغیرہ سے پہلے لات کی جمع۔ **لاتیں** (مونث) لات کی جمع۔ **لاتیں چلانا** (متعدی) ۱ لاتوں سے مارنا۔ ٹھوکریں لگانا ۲ دولتیاں چلانا۔ لاتیں مارنا۔ **لاتیں چلنا** (لازم) ایک دوسرے کو لاتیں مارنا۔ **لاتیں کھانا** (متعدی) لاتوں سے پٹنا۔ دولتیا مارنا۔ **لاتیں لگانا یا مارنا** (متعدی) (دیکھو لاتیں کھانا)۔

امثال و اقوال۔ لات کا آدمی (بھوت یا دیو) باتوں سے نہیں مانتا۔ لاتوں کے بھوت (دیو) باتوں سے نہیں مانتے۔ لاتوں کی دیوی باتوں سے نہیں مانتی (عو) اس کے متعلق کہتے ہیں جس کی شرارت اور سرکشی بغیر سختی کے نہ جائے۔ شرارتی آدمی جوتے یا مار سے ہی ٹھیک رہتا ہے۔ **لات ماری جھونپڑی چوڑھے میاں سلام**۔ آوارہ گرد قوموں کے متعلق کہتے ہیں۔ جن کا گھر بار نہیں ہوتا۔

لات (ع۔ مذکر) عرب کے تین بڑے بتوں میں سے ایک۔ جسے حضرت شعیب کی قوم پوجتی تھی۔

لاٹ (ہ۔ مونث) ۱ (دیکھو لاٹھ) ۲ لو۔ شعلہ۔ جوالا مکھی پہاڑ کی لپٹ **لاٹ نکلنا** (لازم) شعلہ نکلنا۔ **لاٹوں** (مونث) جمع لاٹ کی۔ **لاٹوں والی** (مونث) جوالا مکھی۔ **لاٹیں** (مونث) جمع لاٹ کی۔ **لاٹیں نکلنا** (لازم) شعلے نکلنا۔

لاٹ (انگ۔ مذکر) ۱ لارڈ کا مہند ۲ امیر۔ رئیس ۳ اعلیٰ حاکم۔ حاکم صوبہ ۴ (بڑا) گورنر جنرل۔ وائسرائے ۵ (جنگی) کمانڈر انچیف۔ سپہ سالار افواج ہند ۶ (چھوٹا) گورنر۔ لفٹنٹ گورنر ۷ لوٹ کا مہند۔ مختلف چیزوں کا ڈھیر۔ مال جو ایک دفعہ نیلام کے لئے رکھا جائے۔ کل جائداد کا وہ حصہ جو الگ کر کے نیلام کے لئے رکھا جائے۔ **لاٹ بندی** (مونث) چیزوں کے علحدہ علحدہ انبار لگا دینا۔ **لاٹ پادری** (مذکر) بڑا پادری۔ صوبے کا سب سے بڑا پادری۔ **لاٹری** (مونث) ایک قسم کی قرعہ اندازی۔ بہت سے آدمی مل کر تھوڑا تھوڑا روپیہ دے کر بہت سی رقم جمع کرتے ہیں۔ پھر قرعہ کے ذریعہ یا گھوڑدوڑ کے نتیجے پر جن کا نام نکلے ان کو مقررہ تعداد میں دے دیتے ہیں (پڑنا ڈالنا نکلنا وغیرہ کے ساتھ) **لاٹ صاحب** (مذکر) لفٹنٹ گورنر۔ گورنر۔ گورنر جنرل۔ **لاٹ صاحب کا دفتر** (مذکر) وہ دفتر جہاں لاٹ صاحب کے سیکریٹری کام کریں۔ سکریٹریٹ۔ **لاٹ صاحب کے تن کے محافظ** (مذکر) باڈی گارڈ۔ وہ فوج جو لاٹ صاحب کی حفاظت کرے۔ **لاٹ مصاحب** (مذکر) لاٹ صاحب کا ایڈی کانگ۔ مشیر سلطنت۔ **لاٹ صاحب ہے**۔ طنزاً بہت بڑا آدمی ہے۔

لاٹا (س۔ صفت) ۱ پرانا۔ گھسا ہوا۔ میلا (کپڑا) ۲ (مذکر) کپڑے۔ پوشاک ۳ پرانے کپڑے ۴ بچپن کی باتیں۔ فضول باتیں۔

لاٹا (ہ۔ مذکر) کٹے ہوئے میوے اور چاول یا دیگر اناجوں کا مرکب جو غریب لوگ کھاتے ہیں۔

لاٹھ (ہ۔ مذکر) ۱ لاٹھی۔ عصا ۲ کھمبا۔ ستون ۳ اینٹوں۔ پتھر یا لوہے کا یادگاری ستون ۴ چکی کا محور یا دھرا ۵ کولھو کی لمبی اور موٹی لکڑی۔ جس کے دباؤ سے تیل نکلتا ہے۔ کولھو کا لٹھا ۶ چرخے کی سب سے لمبی اور درمیانی کھونٹی ۷ موسل۔ دستہ۔ موگری ۸ تنبیہاً لمبے قد کا یا طویل القامت آدمی ۹ (انگ) دیکھو لاٹ (س پشتیٖ۔ لاٹھی) **لاٹھی** (مونث) عصا۔ ہاتھ کی لکڑی یا جریب۔ چوب دستی۔ **لاٹھی اٹھانا** (متعدی) مارنے کے لئے عصا کو اونچا کرنا۔ **لاٹھی پاٹھی** (مونث) مار پیٹ۔ زدوکوب۔ پاٹھی تابع مہمل ہے (کرنا کھانا کے ساتھ) **لاٹھی پونگا** (مذکر) ۱ لاٹھی اور بانس یا سونٹا ۲ زدوکوب۔ مارپیٹ (کرنا ہونا کے ساتھ) **لاٹھی ٹیک کر چلنا** (متعدی) لاٹھی کے سہارے چلنا۔ **لاٹھی لٹھول** (مونث) مارپیٹ۔ ہوتی بیزار۔ جوتم جوتا۔ زدوکوب۔ **لاٹھی والا** (صفت) وہ جس کے پاس لاٹھی ہو۔

امثال و اقوال۔ لاٹھی ٹوٹے نہ باسن پھوٹے۔ اس طرح کام لینا جس میں کسی کا نقصان نہ ہو۔ نرمی سے کام نکالنا۔ **لاٹھی کپاڑ سے بھیٹ نہیں جھوٹوں باپ باپ**۔ ناحق کی واویلا۔ بلاسبب دہائی۔ **لاٹھی کے ہاتھ مالگزاری بیباق**۔ مارپیٹ سے جلدی دام وصول ہوتے ہیں۔ **لاٹھی لئے پاؤں پر خاک**۔ مسافر کے متعلق کہتے ہیں۔ **لاٹھی مارنے سے (مارے) پانی جدا نہیں ہوتا**۔ عزیزوں کے درمیان بہکانے سکھانے سے قرابت یا رشتہ نہیں ٹوٹ جاتا۔ گوشت ناخن سے جدا نہیں ہوتا۔ اسوقت کہتے ہیں جب کوئی دو رشتہ داروں میں لڑائی کرانے کی کوشش کرے۔ **لاٹھی میں آواز نہیں**۔ دیکھو اس کی لاٹھی الخ۔ **لاٹھی ہاتھ کی بھائی ساتھ کا**۔ لاٹھی وہی اچھی ہے جو ہاتھ میں ہو اور بھائی وہ جو ساتھ دے۔

لاج (ہ۔ مونث) ۱ شرم۔ حیا۔ لحاظ۔ حجاب ۲ خجالت۔ شرمندگی۔ غیرت ۳ ننگ۔ عار ۴ عزت۔ آبرو۔ حرمت۔ پت۔ (س لجا) **لاج آنا** (لازم) شرم آنا۔ **لاجا ئوجی**

(مونث) خوشامد۔ للّو پتّو۔ **لاج رکھنا** (متعدی) ۱ عزت بچانا۔ عزت بنی رکھنا ۲ شرم رکھنا۔ **لاج سے مرنا** (لازم) شرم آنا۔ لحاظ آنا۔ غیرت کے مارے بیٹھے جانا یا زمین میں گڑنا۔ **لاج کرنا یا لاج کھانا** (متعدی) شرم کرنا۔ **لاج کھونا یا گنوانا** (متعدی) شرم جاتی رہنا۔ بے حیا بے شرم ہو جانا۔ **لاج لجانا** (لازم) شرمانا۔ **لاج لگنا** (لازم) شرم آنا۔ **لاجنا** (لازم) شرم آنا۔ شرمندہ ہونا۔ جھینپنا۔ **لاجونت یا ونتا** (صفت مذکر) باحیا۔ شرم و لحاظ والا۔ غیرت مند۔ **لاجونتی** (مونث) ۱ باحیا۔ شرم والی ۲ پاکدامن۔ باعصمت ۳ نیک بخت ۴ ہندوؤں میں عورتوں کا ایک نام ۵ ایک قسم کی چھوتی موئی۔ **لاجوں** (مونث) لاج کی جمع۔ **لاجوں مرنا** (متعدی) دیکھو لاج سے مرنا۔

مثل۔ لاج کی آنکھ جہاز سے بھاری۔ جہاز اپنی جگہ چل سکتا ہے۔ مگر لحاظ کی آنکھ اونچی نہیں ہو سکتی۔ شرم والے کی شکل ہے۔ شرمیلا آدمی ہر طرح سے نقصان اٹھاتا ہے۔

لاج (س۔ مذکر) بھنا ہوا اناج۔ گیلا اناج۔ **لاجا** (مذکر) بھنا ہوا اناج۔

لاجَوَرد (ف۔ مذکر) ۱ نیلے رنگ کا ایک قسم کا پتھر جس کے نگینے بناتے ہیں اور پیس کر تصویروں یا کتابوں پر اس کا رنگ چڑھاتے ہیں ۲ ایک قسم کا نیلا رنگ یا ولایتی نیل۔ **لاجوردی** (صفت) نیلا۔ نیلے رنگ کا۔

لاچھا (ھ۔ مذکر) ۱ رس ۲ چٹنے یا چکھنے کی قوت ۳ لسلساہٹ۔ چپچپاہٹ ۴ منی۔

لاحق (ع۔ صفت) ۱ پہنچنے والا۔ چھونے والا ۲ پیچھے سے آکر ملنے والا۔ بعد میں شریک ہونے والا ۳ ملا ہوا۔ پیوست چسپاں۔ چمٹا ہوا۔ جڑا ہوا ۴ کسی چیز کے پیچھے لگا ہوا ۵ (مذکر) تتمہ۔ تکملہ۔ ضمیمہ ۶ وہ لفظ جو کسی لفظ کے شروع یا بعد میں درج ہو (لَحَق۔ چھونا) **لاحق ہونا** (لازم) ۱ ملنا۔ لپٹنا۔ وابستہ ہونا چمٹنا ۲ (مرض) بیمار ہو جانا۔ کوئی بیماری ہو جانا۔ **لاحقہ** (صفت) پیچھے لگا ہوا۔ چمٹا ہوا۔ وابستہ۔ ملحقہ۔ موجودہ۔

لاد (ہ۔ امر) ۱ لادنا کا ۲ (مذکر) بوجھ بار ۳ گدھے یا خچر وغیرہ کا بوجھ۔ لدا ہوا بوجھ۔ (س۔ لدھ) **لادا** (ماضی) لادنا کی۔ **لاد پھاند** (مونث) اسباب کا باندھنا اور بار کرنا۔ **لاد پھاند کے** (تف) اسباب ساتھ لئے ہوئے۔ **لاد چلنا** (لازم) کوچ کرنا۔ اسباب باندھ کر رخصت ہونا۔ **لادنا** (متعدی) ۱ اسباب بھرنا۔ بوجھ رکھنا ۲ کسی جانور پر بوجھ رکھنا ۳ گاڑی چھکڑے کشتی وغیرہ میں اسباب بھرنا ۴ بہت سا بوجھ آدمی پر رکھ دینا ۵ (پہلوانوں کی اصطلاح) کندھے پر اٹھا لینا ۶ کسی کو بہت کام یا خدمات سپرد کر دینا۔ **لادنا پھاندنا** (متعدی) اسباب بار کرنا۔ رخت سفر باندھنا۔ سافرت کا قصد کرنا۔ بدھنا بوریا سنبھالنا۔ **لادُو** (صفت) ۱ وہ (حیوان) جس پر بوجھ لادیں ۲ دیکھو لدّو۔ **لادی** (مونث) ۱ لد جانے کے قابل بوجھ۔ بار۔ بوجھا۔ ۲ دھوبیوں کی گٹھڑی۔ پشتارہ گاذراں۔ **لادے پھرنا** (لازم) بوجھل چیز لئے پھرنا۔ **لادیا** (صفت) بوجھ یا چھکڑے لاد کر لیجانے والا۔ بار بردار۔ بارکش۔

مثل۔ لاد (دو) دے لدا (دو) دے لادنے والا ساتھ (دو) دے جو شخص ہر قسم کا بوجھ دوسرے پر ڈالے اس کے متعلق کہتے ہیں۔

لادا (ہ۔ مذکر) دیکھو لاڈا۔

لادَن (ف۔ مذکر) ایک چیپدا مادہ جو ایک درخت کے پتوں اور شاخوں سے نکلتا ہے۔

لاڈ (ہ۔ مذکر) ۱ محبت۔ پیار۔ اخلاص ۲ چاؤ چوچلا۔ ناز۔ لاڑ (اس کا تلفظ بھی لاڑ ہے) (س لڈ۔ چاہنا) **لاڈا** (صفت) ۱ پیارا محبوب معشوق ۲ وہ جسے بڑے ناز و نعمت سے پالا ہو ۳ (مذکر) عاشق ۴ دولہا ۵ کسی ناٹک میں کوئی شخص ۶ ایک سوانگ ۷ نیل کا کچا پودہ جسے کارخانے میں لاتے ہیں۔ **لاڈا لاڈی** (مونث) ۱ عاشق معشوق ۲ دولہا دلھن۔ لاڑا لاڑی بنا بنی۔ **لاڈا لاڈی کا سوانگ** (مذکر) ایک قسم کا تماشا جس میں دولہا دلھن کا سوانگ بناتے ہیں۔ **لاڈ پیار یا دُلار** (مذکر) پیار۔ محبت۔ اخلاص۔ **لاڈلا** (صفت) پیارا۔ دلارا۔ عزیز از جان۔ ناز پروردہ۔ وہ جسے ماں باپ نے نہایت محبت اور ناز و نعمت سے پرورش کیا ہو۔ **لاڈ لڈانا** (متعدی) ناز و نعمت سے پالنا۔ چاؤ چوچلے میں پرورش کرنا۔ **لاڈلی** (صفت مونث) لاڈلی۔ **لاڈو** (صفت مونث) ۱ لاڈلی ۲ دلھن۔ عروس۔ بنی ۳ عزیز۔ پیاری۔ پیار سے لڑکیوں کو کہتی ہیں۔

امثال و اقوال۔ لاڈلا پوت کٹورے موت۔ لاڈلا بچہ خراب ہو جاتا ہے۔ **لاڈلا بچہ جواری (گانڈو) لاڈلی لڑکی چھنال**۔ لاڈ سے بچے خراب ہو جاتے ہیں۔ **لاڈ کا نام بھنبھاڑ خاتون**۔ لاڈ سے اولاد خراب ہو جاتی ہے۔ **لاڈ میں آوے گگڑی بل بل جاوے کوا**۔ دیکھو جیسی روح ویسے فرشتے۔

لار (ہ۔ مونث) ۱ اونٹوں کی قطار ۲ قطار۔ صف۔ پرا ۳ (ھ) تھوک۔ رال ۴ دیکھو لاڑ۔ **لارا لیری** (مونث) ٹال مٹول۔ حیلے حوالے۔ آئے بائے۔ لیت و لعل (کرنا۔ لگانا کے ساتھ)

لارا (ہ۔ مذکر) حیلہ۔ بہانہ۔ **لارا لیری** (مونث) عذر۔ معذرت۔ حیلہ بہانہ۔ **لارا لیری کیا ہے**۔ عذر معذرت حیلہ بہانہ کیا ہے **لارا لیری لگانا** (متعدی) آجکل کرنا۔

مثل۔ لارا لیری کا یار کبھی نہ اُترا پار۔ حیلہ ساز فضول گو کبھی کامیاب نہیں ہوتا۔

لاڑ (ھ۔ مذکر) دیکھو لاڈ۔ **لاڑھیا** (صفت) ۱ محبت کرنے والا۔ مشتاق ۲ چیز کی تعریف کر کے بکوا دینے والا دلال ۳ جھوٹا خریدار بن کے دھوکا دینے والا۔ جو فروش گندم نما ۴ مکار۔ جعلساز۔ فریبی۔ دغاباز۔ **لاڑھیا پن** (ہ۔ مذکر) ۱ بیچنے والے سے ملکر مال کی تعریف کرنا کہ گاہک اسے خرید لے ۲ مکاری۔ جعلسازی۔ دغابازی۔ دھوکے بازی۔ فریب۔ دغا۔ **لاڑیلا۔ لاڑیلیا** (صفت) لاڈلا۔

لازِب (ع ۔ صفت) ۱۔ چمٹنے والا ۲۔ چپکنے والا ۳۔ سخت ۔ پکا ۴۔ مشکل (کزب چمٹنا)

لازم (ع ۔ صفت) ۱۔ لگا ہوا ۲۔ چمٹا ہوا ۔ ملحق ۔ وابستہ ۳۔ واجب ۔ فرض ۔ ضرور ۔ انسب ۔ لابد ۴۔ ذمہ ۔ تعلق ۔ سر ۵۔ (صرف و نحو) وہ فعل جو صرف فاعل ہی پر ختم ہو جاتے ۔ اور مفعول کو نہ چاہے جیسے آنا ۔ جانا (لزم) ۔ ضروری ہونا ۔ **لازم آنا** (لازم) ضروری ہونا ۔ یقینی نتیجہ نکلنا ۔ **لازم الاحترام** (صفت) عزت کرنے کے قابل ۔ **لازم پڑنا** (لازم) ضروری ہونا ۔ کسی کام پر مجبور ہونا ۔ **لازم ماننا** (متعدی) ضروری سمجھنا ۔ **لازم کرنا** (متعدی) کسی بات کو فرض مقرر کرنا ۔ کسی بات کو کرنے کے لئے مجبور کر دینا ۔ **لازم ملزوم** (صفت) ۱۔ ایک دوسرے کے متعلق ۲۔ وہ دو چیزیں جن میں ایک دوسرے کی جدائی ناممکن ہو ۳۔ واجب ۔ ضرور ۔ لابد ۔ **لازم ہونا** (لازم) ضروری ہونا ۔ فرض ہونا ۔ **لازمہ** (مذکر) سامان ۔ جوڑ ۔ میل ۔ **لازمی** (مونث) دیکھو لازم جو صحیح ہے ۔ چونکہ لازم اسم فاعل کا صیغہ ہے ۔ اس پر یائے زیادہ کرنا ضروری نہیں غلط العام ہے ۔

لاس (س ۔ مذکر) ۱۔ کھیلنا ۔ کودنا ۔ ناچنا ۲۔ کھیل ۔ کود ۔ ناچ ۳۔ اختلاط ۔ حساس ۴۔ شوربہ ۔ پکی ہوئی دال یا مٹر ۔ سالن ۔ **لاسک** (مذکر) ۱۔ ناچنے والا ۔ بھان متی ۔ ایکٹر ۲۔ مور ۔ **لاسکا** (مونث) طوائف ۔ ناچنے والی عورت **لاسیہ** (مذکر) ۱۔ ناچ ۲۔ اختلاط ۳۔ ایکٹر ۔ بھان متی

لاسا (ہ ۔ مذکر) ۱۔ ایک لیسدار مادہ جو بڑ کے درخت سے چھوٹے پرندے کو پکڑنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔ ایک قسم کا سریش ۲۔ عادت ۔ چسکا ۔ جھگڑا ۳۔ (س لاس شوربہ) **لاسا لگا رہنا** (لازم) اشتیاق رہنا ۔ **لاسا لگانا** (متعدی) ۱۔ کسی چیز پر لاسا ملنا ۲۔ جھگڑا کرانا ۔ دو شخصوں کو لڑانا ۳۔ پھانسنا ۔ پھنسانا ۔ پھندے میں لانا ۔ دام میں پھنسانا ۔ دام میں لانا ۴۔ کسی کے پیچھے کوئی بلا یا جھگڑا لگا دینا ۔ **لاسا لگنا** (لازم) ۔ لاسا ملا چپکنا ۔ **لاسا ہو جانا** (لازم) چپک جانا ۔ **لاسے پر لگانا** (متعدی) ۱۔ مانوس کرنا ۔ ہلانا ۲۔ گرویدہ بنانا ۔ فریفتہ کرنا ۳۔ پھنسانا ۔ جال میں پھنسانا ۔ **لاسے میں لگ** جانا (لازم) دیکھو آخری ۔

لاسانی (ھ ۔ صفت) لسلسا ۔

لاسنا (ھ ۔ لازم) ۱۔ چمکنا ۔ روشن ہونا ۔ دمکنا ۲۔ لسلسا ہونا ۔ چپچپا ہونا ۔

لاش (ف ۔ مونث) ۱۔ مردہ جسم ۔ نعش ۔ میت ۔ تن مردہ (اٹھانا ۔ اٹھنا ۔ اکھاڑنا ۔ اکھڑنا ۔ دفن کرنا ہونا ۔ گاڑنا ۔ گڑنا ۔ نہلانا ۔ نکلنا وغیرہ کے ساتھ) **لاش پٹی** (مونث) سبب موت کی اطلاعی رپورٹ ۔ **لاش پر آنا** (لازم) کسی کے لانے پر دفن کرنے کیلئے آنا ۔ **لاش پڑنا** (لازم) مردہ ہو کر گرنا ۔ مارا جانا ۔ ہلاک ہونا ۔ **لاش ڈالنا** (متعدی) مار کر ڈھیر کرنا ۔ قتل کرنا ۔ مار ڈالنا ۔ **لاش گلیوں میں کھنچوانا** (متعدی) تشہیر اور ذلت کے لئے ایسا کرتے ہیں ۔ **لاشوں کے پشتے لگنا** (لازم) لاشوں کا ڈھیر لگ جانا ۔ **لاشہ** (مذکر) ۱۔ زبوں لاغر ۔ دبلا یا ضعیف بدن ۲۔ جسم ۔ تن ۔ بدن ۳۔ دیکھو لاش (اٹھانا ۔ اٹھنا ۔ اکھاڑنا ۔ اکھڑنا ۔ دفن کرنا ہونا ۔ کفن دینا ۔ گاڑنا ۔ گڑنا ۔ نکلنا ۔ نہانا وغیرہ کے ساتھ) **لاشۂ بے سر** (مذکر) دھڑ بغیر سر کے ۔

لاطینی (ع ۔ مونث) وہ زبان جو روما اور اس کے گرد و نواح میں آغاز سن عیسوی میں بولی جاتی تھی ۔ اب مردہ زبانوں میں شمار ہوتی ہے ۔ (اصل لیٹن جس کا یہ معرب ہے) **لاطینی زبان** (مونث) دیکھو لاطینی ۔

لاغر (ف ۔ صفت) ۱۔ دبلا ۔ پتلا ۔ نزار ۔ مرزا سوکھا ۲۔ نحیف ۔ ضعیف ۔ **لاغری** (مونث) ۱۔ دبلاپن ۔ پتلا ہونا ۲۔ کمزوری ۔ ناتوانی ۔ ناطاقتی ۔ ضعف ۔

لاف (ف ۔ مونث) خود ستائی ڈینگ ۔ شیخی ۔ تعلی ۔ بڑائی ۔ **لاف زن** (صفت) شیخی باز ۔ ڈینگیا ۔ خود ستا یا مرا ۔ **لاف زنی** (مونث) شیخی مارنا ۔ ڈینگ ۔ لاف ۔ **لاف زنی کرنا** ۔ **لاف مارنا** (متعدی) شیخی مارنا ۔ ڈینگ مارنا ۔ تعلی کرنا (رت) **لاف و گزاف** (مذکر) شیخی ۔ ڈینگ ۔ تعلی ۔ لاف ۔ **لاف ہونا** (لازم) شیخی ماری جانا ۔ ڈینگ ماری جانا ۔

لاک (ف ۔ مذکر) ۱۔ ایک مادہ جس سے سرخ رنگ کے کیڑے پیدا کرتے ہیں ۲۔ مہر لگانے کی لاکھ ۳۔ رنگنے کا برتن ۴۔ آٹا گوندھنے کا برتن ۵۔ کچھوا ۔ **لاک پشت** (مذکر) کچھوا ۔

لاکشا (س ۔ مونث) ۱۔ لاکھ ۲۔ لاکھ کا رنگ ۳۔ لاکھ کا کیڑا ۔

لاکن (ف ۔ تف) لیکن ۔

لاکھ (ہ ۔ مونث) ۱۔ ایک قسم کی گوند جو لاکھ کے کیڑے پیدا کرتے ہیں ۔ یہ پانچ قسم کی ہوتی ہے ۔ لکڑی کی لاکھ ۔ دانہ دار لاکھ ۔ کٹھلی لاکھ ۔ چپڑا لاکھ ۔ گھنڈی دار لاکھ ۲۔ مہر لگانے کی لاکھ (س لاکشا) **لاکھا** (مذکر) ۱۔ لاکھ کا سرخ رنگ جسے عورتیں خوبصورتی کے لئے ہونٹوں پر لگاتی ہیں ۲۔ پان یا شہاب کی سرخی جو اکثر عورتیں لگاتی ہیں ۳۔ ایک سرخ کا جنگلی مرغ ۴۔ رپ ، سرخ رنگ کا گھوڑا ۔ **لاکھا جمانا یا لگانا** (متعدی) ہونٹوں کو لاکھے سے رنگنا ۔ مسی کی دھڑی لگا کر ہونٹوں پر پان لاکھے یا شہاب کی سرخی جمانا ۔ **لاکھ کا** (صفت) ۱۔ لاکھ کا بنا ہوا ۲۔ لاکھ سے منسوب ۔ **لاکھ کا کیڑا** (مذکر) وہ کیڑا جو لاکھ پیدا کرتا ہے ۔ **لاکھ کی بتی** (مونث) مہر لگانے کی لاکھ ۔ **لاکھ کی چوڑیاں** (مونث) وہ چوڑیاں جو لاکھ کو پگھلا کر بنائی جاتی ہیں جو تیں اسے سہاگ کی نشانی سمجھتی ہیں ۔ **لاکھ لگانا** (متعدی) ۱۔ مہر لگانا ۲۔ (ھ) چپ کرانا ۔ چھپانا ۔ **لاکھنا** (متعدی) کسی چیز پر لاکھ لگانا ۔ **لاکھی** (صفت) ۱۔ لاکھ کا بنا ہوا ۲۔ (مذکر) گھوڑے کا ایک رنگ جو سرخی مائل ہوتا ہے ۳۔ ایک قسم کا سرخ رنگ جو لاکھ سے بنایا جاتا ہے ۔ **لاکھی طباق** (مذکر) لاکھ کا طباق ۔

مثل ۔ لاکھ لکھیرے کے ہاں یا لیباڑی کی زبان پر ۔ مقدور سے زیادہ مانگنا ۔ جھوٹی لن ترانیاں ۔ بے بنیاد شیخی ۔ کسی مہاجن کے گماشتے نے چٹھی بھیجی کہ ایک لاکھ روپیہ بھیجدو ۔ اس نے جواب دیا ۔

لاکھ (ہ ۔ صفت) ۱۔ سو ہزار ۱۰۰۰۰۰ ۲۔ بہت ۔ بیحد ۔ بے انتہا ۳۔ (تف) ہر چند کتنا ہی بہتیرا ۔ (س لکش) **لاکھ بات کی ایک بات** (مونث) مختصر پر مغز بات ۔ **لاکھ باتیں** (مونث) مختلف قسم کے امور ۔ **لاکھ بسوے** (تف) مجازاً یقیناً ۔ بالضرور ۔ بلاشبہ ۔ بالتحقیق ۔

لاکھ پاکھر ہوا ۱ معاملہ صاف کر دیا کچھ باقی نہیں ۲ بیفکر ہو گیا۔ لاکھ پر بھاری ہونا (لازم) ۱ لاثانی ہونا۔ بے نظیر ہونا ۲ کسی کا مقابلہ میں نہ آسکنا۔ لاکھ پردوں میں چھپا کر رکھنا (متعدی) بہت احتیاط کرنا۔ باہر نہ نکلنے دینا۔ لاکھ پردوں میں چھید کرنا (متعدی) عورت کا آوارہ ہونا۔ لاکھ ٹکے کا (صفت) بہت قیمتی۔ لاکھ جان (جی) سے (تف) ہزار جان سے۔ بہت شوق سے۔ بدل و جان۔ لاکھ جان سے فدا یا نثار ہونا یا قربان جانا۔ لاکھ جی سے فدا ہونا (لازم) بیحد محبت ہونا۔ دل و جاں سے فدا ہونا۔ لاکھ دو لاکھ کی پرواہ نہ کرنا (متعدی) معمولی روپے کو خاطر میں نہ لانا۔ لاکھ دو لاکھ میں ایک (صفت) منتخب روزگار۔ لاکھ سر کا ہونا (لازم) ۱ نہایت زبردست ہونا۔ قوی ہیکل ہونا۔ بہادر یا شجاع ہونا ۲ کامل فن۔ یکتائے زمانہ۔ کامل ہنر ۳ ہٹ کرنا۔ ضد کرنا۔ ڈھیٹ ہو جانا۔ ایک نہ ماننا (عف) لاکھ طور سے (تف) ہزاروں طریقوں سے۔ لاکھ کا گھر خاک کر دینا یا کرنا۔ ملا دینا (متعدی) ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ تمام دولت و ثروت خاک میں مل جانا۔ تمام دولت و عزت برباد ہو جانا ۲ مفلس ہو جانا۔ بگڑ جانا ۳ بنا بنایا کام بگڑ جانا۔ کھیل بکھیڑا ہو جانا۔ کی کرائی محنت و مشقت کا ضائع ہو جانا۔ لاکھ کا گھر لٹانا (متعدی) لاکھ کا گھر خاک کر دینا۔ لاکھ کو خاک سمجھنا (لازم) بہت دیانتدار ہونا۔ دولت کی کچھ حقیقت نہ سمجھنا۔ لاکھ کوس (تف) بہت دور۔ بیحد فاصلے پر۔ لاکھ کوئی کہے۔ ہر چند کوئی کہے۔ لاکھ لاکھ (صفت) بیحد۔ بے انتہا۔ لاکھ لاکھ بناؤ دینا (متعدی) نہایت زیب دینا۔ نہایت بھلا لگنا۔ لاکھ لاکھ سمجھانا (متعدی) بہت ہدایت کرنا۔ لاکھ لاکھ شکر (مذکر) خدا کا بیحد شکر۔ لاکھ لاکھ شکریہ (مذکر) کسی کا بہت شکریہ۔ لاکھ لاکھ کوس (تف) بیحد فاصلے پر۔ بہت دور۔ لاکھ من کا (صفت) بہت وزنی۔ بہت قیمتی۔ لاکھ من کا احسان (مذکر) بڑا بھاری احسان۔ لاکھ من کا ہونا (لازم) ۱ بہت بھاری یا بوجھل ہونا۔ نہایت وزنی ہونا ۲ بات میں استقلال ہونا ۳ بھاری بھرکم اور باوقار ہونا۔ صاحب عزت و توقیر ہونا۔ لاکھ میں (تف) ۱ ہزاروں میں۔ سینکڑوں میں۔ کروڑوں میں ۲ سب کے سامنے۔ علی الاعلان ۳ یقیناً۔ بالضرور۔ بیشک۔ لاکھ میں ایک (صفت) منتخب۔ چنا ہوا۔ لاکھ میں کہنا (متعدی) سب کے سامنے کہنا۔ علی الاعلان کہنا۔ لاکھواں (صفت) لاکھ کی نسبت رکھنے والا۔ لاکھوں (جمع صفت) ۱ جمع لاکھ کی ۲ بہتیرے۔ بہت سے۔ بکثرت۔ لاکھوں بلائیں لینا (متعدی) بہت صدقے قربان ہونا۔ لاکھوں پر بند نہ ہونا (لازم) ۱ بہت سے لوگوں کے مقابلے پر عاجز نہ ہونا ۲ عورت کا بہت بدچلن ہونا۔ لاکھوں پر بھاری ہونا (لازم) دیکھو لاکھ پر بھاری ہونا۔ لاکھوں تدبیریں کرنا (متعدی) بہت تجویزیں سوچنا۔ لاکھوں جوتیاں پڑنا (لازم) بہت ذلیل خوار ہونا۔ لاکھوں گھڑے پانی پڑنا (لازم) بہت شرمندہ ہونا۔ نہایت خفیف ہونا۔ لاکھوں میں (تف) دیکھو لاکھ میں۔

امثال و اقوال۔ لاکھ تدبیر ایک طرف ایک تقدیر ایک طرف چاہے کتنی تدبیریں کی جائیں قسمت کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔ لاکھ چوہے کھا کر بلی حج کو چلی۔ بہت سے گناہ کر کے توبہ کا ارادہ کیا۔ لاکھ ہاتھی لٹے پھر بھی سوا لاکھ ٹکے کا۔ دیکھو ہاتھی ہزار لٹے الخ۔

لاگ (ہ۔ مونث) ۱ تعلق۔ لگاؤ۔ نسبت۔ علاقہ۔ وابستگی ۲ انس۔ محبت۔ لگن عشق ۳ چاٹ۔ چسکا۔ مزا۔ لپکا ۴ شوق۔ امنگ۔ خواہش۔ رغبت ۵ عداوت۔ دشمنی۔ بغض۔ کینہ ۶ مدد۔ امداد ۷ ضد۔ ہٹ۔ اڑ ۸ رشک۔ حسد۔ جلن ۹ کرتب۔ شعبدہ۔ طلسم۔ حیرت انگیز بات ۱۰ نفرت۔ وحشت۔ گریز ۱۱ چشمک۔ شکر رنجی ۱۲ توجہ ۱۳ پہنچ۔ دسترس۔ رسائی ۱۴ سازش۔ سازباز ۱۵ جادو۔ منتر۔ ٹونا ۱۶ سہارا۔ ٹیک ۱۷ دھیان۔ لو۔ توجہ۔ خیال ۱۸ راز۔ بھید۔ اسرار ۱۹ مار۔ ضرب۔ چوٹ۔ صدمہ ۲۰ لاگت۔ خرچ۔ صرف ۲۱ ساتھ۔ سنگ (حف) ۲۲ ایک مکان کا دوسرے سے اس طرح ملحق ہونا کہ ایک مکان سے دوسرے میں چلے جائیں ۲۳ (پ) شادی کا انعام جو کمیوں کو دیا جاتا ہے ۲۴ کشتہ۔ ماری ہوئی دھات ۲۵ (تف) مانند۔ مثل۔ جوں (س۔ لگ۔ چمٹنا) لاگا (ت) دیکھو لگا۔ لاگ باندھنا (متعدی) بیر باندھنا۔ دشمنی کرنا۔ لاگ پر (تف) مقابلے پر۔ چوٹ پر۔ لاگ پیدا کرنا (متعدی) دشمنی یا عداوت پیدا کرنا۔ لاگت (مونث) ۱ اصل خرچ جو کسی چیز کی تیاری پر آئے۔ صرف۔ اٹھاؤ ۲ قیمت۔ مول۔ نرخ۔ بھاؤ۔ لاگت آنا بیٹھنا یا لگنا (لازم) خرچ اٹھنا۔ دام لگنا۔ صرف ہونا۔ لاگ جانا (لازم) عف ۱ لگ جانا ۲ عاشق ہو جانا۔ لاگ دار (ہ) ۱ رشتہ دار ۲ بہنوئی ۳ دوست۔ لاگ ڈانٹ (مونث) بغض۔ عداوت۔ ان بن۔ نزاع۔ عداوت۔ عناد۔ چشمک۔ لاگ رکھنا (متعدی) ۱ تعلق رکھنا۔ نسبت رکھنا ۲ دل میں کینہ رکھنا۔ عداوت رکھنا۔ لاگ سے (تف) مدد سے۔ سہارے سے۔ لاگ کرنا (متعدی) دیکھنے میں کچھ اور معلوم ہونا۔ اور ہونا کچھ اور۔ لاگ کھلانا (متعدی) ۱ کوئی جادو کی ہوئی چیز کھلانا۔ کوئی ایسی دوا کھلانا جس سے آدمی دیوانہ یا حواس باختہ ہو جائے ۲ جادو کرنا۔ ٹونا کرنا ۳ (پ) کشتہ کھلانا۔ لاگ لپیٹ (مونث) ۱ طرفداری۔ پاسداری۔ رو رعایت۔ جانبداری۔ حمایت ۲ مکر۔ فریب۔ دغا۔ چھل بٹا۔ لاگ لگنا (لازم) ۱ عشق ہونا۔ محبت ہونا ۲ شوق ہونا ۳ نیا رشتہ پڑنا یا نکلنا ۴ پاپ لگنا۔ لاگ لگی ہوئی ہے ۱ آپس میں دشمنی ہے ۲ بہت خواہش تگ و دو ہے۔ لاگن (مذکر) لاگو۔ لاگنا (متعدی) ۱ لگنا ۲ عشق ہونا (عف) لاگو (صفت) ۱ چاہنے والا خواہشمند۔ آرزومند مشتاق ۲ وہ جو کسی کے درپے رہے۔ دشمن ۳ ساتھی۔ یار ۴ غرض سے ساتھ دینے والا ۵ طرفدار۔ جانبدار ۶ خریدار۔ مشتری۔ گاہک ۷ کسی خاص مقام پر چوٹ کرنے کی تاک میں بیٹھنے والا ۸ وہ جانور جس کو خون کا چسکا پڑ گیا ہو۔ لاگو ہونا (لازم) ۱ لاگو کے ساتھ تمام معنوں میں ۲ جان کے ساتھ۔ دشمن ہونا۔ قتل کرنے

کے درپے ہونا یا کسی کے پیچھے پڑ جانا۔

امثال۔ لاگ لگی (لگتی یا ہوئی) تب لاج کہاں۔ عشق میں خیال ننگ و ناموس نہیں رہتا۔

لاگڑ (ھ۔ مذکر) دھیان یا تپا کی پنیری۔ **لاگڑ کا گڑ** (مذکر) عمدہ گڑ جو تپاک میں پڑتا ہے۔

لال (ف۔ ہ۔ مذکر) ۱ سرخ رنگ ۲ ایک قسم کا قیمتی پتھر جو سرخ رنگ کا ہوتا ہے ۳ ایک سرخ رنگ کا پرندہ جسے شوقین پالتے ہیں۔ اور بٹیروں کی طرح لڑاتے ہیں ۴ گھونگچی ۵ (صفت) سرخ۔ سوہا ۶ دہکتا ہوا ۷ غصے میں بھرا ہوا۔ غضبناک ۸ (مذکر) لڑکا بالا چھوکرا۔ ۹ (صفت) گونگا نا پیارا۔ لاڈلا۔ نازپروردہ۔ رس لل۔ پیار کرنا۔ زبان ہلانا۔ کمیلنا ۱۱ ہندوؤں کے نام کا ایک جز جیسے رام لال رس لل۔ تمنا رکھنا ۱۲ (مونث) رال۔ **لال اگلنا** (متعدی) ۱ خوش گفتار یا خوش کلام ہونا ۲ ملنسرا ۳ بدزبانی کرنا فحش کلامی کرنا۔ **لال املی** (مونث) ایک قسم کی املی جس کا رنگ سرخ ہوتا ہے۔ **لال انچھو** (مذکر) ایک پودہ جو کوہ ہمالیہ پر ہوتا ہے اس کا پھل رس بھری سے مشابہ ہوتا ہے۔

لال اندرائن (مونث) ایک قسم کی بیل

لال انگارا (مذکر) ۱ سرخ دہکتا ہوا انگارا ۲ (صفت) نہایت سرخ۔ انگارے کی طرح سرخ ۳ غصے میں بھرا ہوا غضبناک۔ **لال بچلا** (مذکر) ایک قسم کا ساگ پوئی۔ **لال بجھکڑ** (مذکر) ۱ وہ بیوقوف جو اپنے آپ کو بہت عقلمند سمجھے ۲ اگلے زمانے کا ایک بیوقوف شخص جسے لوگ بہت عقلمند سمجھتے اور مشکل امور میں اس کی رائے پوچھا کرتے تھے۔ اور وہ عجیب طرح کے جواب دیا کرتا تھا۔ اس کے مقولوں کے لئے دیکھو اقوال کے تحت میں۔ **لال بخار** (مذکر) ایک قسم کا بخار جس میں بدن سرخ ہو جاتا ہے۔ **لال بلنگا** (مذکر) ایک پودہ جو ہچکی اور قبض کے لئے مشہور ہے۔ **لال بھبوکا** (صفت) ۱ نہایت سرخ ۲ غصے کی وجہ سے سرخ چہرہ کے لئے۔ **لال بھڑک** (ھ) بہت سرخ۔

لال بیگ (مذکر) ۱ چوہڑوں کا پیر ۲ اس کا مقبرہ جو چوڑھے اپنی رہائش کے محلے میں بناتے ہیں ۳ ایک پردار کیڑا۔ **لال بیگی یا بیگیا** (مذکر) لال بیگ کا پیرو۔ خاکروب۔ چوہڑا۔ بھنگی۔ حلال خور۔ **لال پانی** (مذکر) ۱ سرخ رنگ کی شراب ۲ حیض کا خون ۳ سرخاب۔ وہ چشمہ جس کا پانی سرخ مٹی یا سرخ کیڑوں کی وجہ سے سرخ نظر آئے۔ **لال پردہ** (مذکر) ۱ سرخ رنگ کا پردہ جو بادشاہوں کے محلوں پر لٹکا رہتا ہے۔ **لال پری** (مونث) ۱ سرخ کپڑے پہننے والی عورت ۲ اندر سبھا کی ایک پری کا نام ۳ شراب سرخ رنگ۔ **لال پری کی بیٹھک** (مونث) ایک قسم کی نیاز جو عورتیں دیتی ہیں اور بالوں سے زمین جھاڑتی ہیں تاکہ شوہر اور اولاد زندہ رہے۔ **لال پڑ جانا** (لازم) ۱ سرخ ہونا ۲ غضبناک ہونا ۳ پختگی پرآنا۔ پک جانا ۴ جھینپ جانا۔ **لال پڑیا** (مونث) سرخ پڑیا جس میں مہندی رکھتے ہیں۔ **لال پلکا** (مذکر) ایک قسم کا سرخ کبوتر جس کا پوٹا دم اور بازو سفید ہوتے ہیں۔ **لال پوتھ** (مذکر) سرخ نگینہ۔ **لال پوست** (مذکر) لالہ۔ وہ پوست جس کا پھول سرخ ہوتا ہے۔

لال پیلا (صفت) غضبناک خشمناک۔ غصے میں رنگ بدلنے والا۔ **لال پیلا ہو جانا یا ہونا** (لازم) نہایت خفا ہونا۔ غصہ میں بھرا ہونا

لال پیلی آنکھیں کرنا یا نکالنا یا دیدے نکالنا (متعدی) غصے سے دیکھنا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ **لال جوڑا** (مذکر) ۱ سرخ رنگ کی پوشاک ۲ وہ پوشاک جو بادشاہ پہن کر حکم قتل سنایا کرتے تھے ۳ سرخ پوشاک جو بعض خاندانوں میں دلھن کے لئے دولھا کی طرف سے بھیجی جاتی ہے۔ **لال چترا یا چترمول** (مذکر) ایک بوٹی جو پہاڑوں میں ہوتی ہے۔ **لال چمک** (ھ۔ مونث) سرخ شعلہ۔ **لال چندن** (مذکر) سرخ صندل۔ **لال چیونٹی** (مونث) سرخ چیونٹی۔

لال خاں (مذکر) ۱ مسلمانوں میں ایک نام ۲ ایک شخص جس نے مجرموں کو سزا دینے کے لئے کاٹھ مارنے کا طریقہ ایجاد کیا تھا۔ **لال خاں کا لکڑا** (مذکر) ۱ ایک بڑا شہتیر جو بیچ میں سے چرا ہوا ہوتا ہے۔ اس میں مجرم کے پاؤں رکھ کر دونوں ٹکڑوں کو ملا کر قفل لگا دیتے تھے۔ اور مجرم کو بازار میں بٹھا دیتے تھے۔ وہ کہیں آ جا نہیں سکتا تھا۔ اور اس کی اس ذلیل حالت کو عوام الناس دیکھتے تھے ۲ وہ لکڑی جس سے مجرم کو باندھ کر بید یا کوڑے لگاتے ہیں۔ **لال خاں کے لکڑے سے باندھنا یا جکڑنا** (متعدی) باندھا جانا۔ **بندھنا یا جکڑا جانا** (لازم) ۱ کاٹھ مارا جانا ۲ خوب کوڑے لگنا۔ سزا ملنا۔ **لال ڈورا** (مذکر) سرخ دھاگا

لال ڈورے (مذکر) سرخ رگیں جو آنکھ میں دکھائی دیتی ہیں۔ **لال رکابی** (مونث) حضرت فاطمہؓ کی نیاز۔ صحنک۔ **لال رکابی میں شریک رکھنا** (متعدی) **رہنا** (لازم) باعصمت رہنا۔ نیک و پارسا رہنا صحنک میں صرف باعصمت عورتوں کو حصہ ملتا ہے۔ **لال رگ۔** رشہ رگ۔ وہ رگ جس نے تمام بدن میں خون پہنچتا ہے۔ **لال روئی** (مونث) وہ روئی جو پک کر سرخ ہو گئی ہو۔ **لال رہو** (دعا) سرخ و سفید رہو۔ بنے رہو۔ خوش و خرم رہو۔ **لال لڑی** (مونث) ۱ اچھوتا لال یا یاقوت ۲ تام ۳ ایک قسم کا بنا ہوا اچھوتا مونگا ۴ سرخ نگینہ ۵ لال پوتھ ۶ اوری یا سرخ گاجر۔ **لال ساگ** (مذکر) ایک قسم کا ساگ۔ لال چولائی۔ مرسا ساگ

لال سرا (مذکر) ایک قسم کا کبوتر جس کا تمام بدن سفید اور سر سرخ ہوتا ہے۔ **لال سرس** (مذکر) ایک قسم کا سرس جو کوہ ہمالیہ میں پایا جاتا ہے۔ اس کے پھول گلابی رنگ کے ہوتے ہیں۔

لال سوداگر (مذکر) وہ تھوڑی پونجی والا سوداگر جو ادھر مال لے اور اُدھر تھوڑے نفع پر فروخت کردے۔ ٹٹ پونجیا سوداگر۔ **لال سی جان** (مونث) ننھی سی جان پیاری جان۔

لال قمرہ یا کدو (مذکر) ایک قسم کا سرخ رنگ کا کدو۔ **لال قند** (مذکر) ایک سرخ کپڑے کا نام۔ **لال کتاب** (مونث) ۱ ایک سرخ رنگ کی کتاب جو لال بجھکڑ نے رکھی ہوئی تھی جس میں سے دیکھ کر وہ لوگوں کے سوالوں کا جواب دیا کرتا تھا ۲ وہ کتاب جس میں جاہلوں کے نزدیک تمام باتوں کا جواب حسب مرضی یا

سوال ﻞ جاتے ۲ پٹواریوں کی ایک کتاب جس میں دیہات کے شجرہ اور خسرہ کی کیفیت مندرج ہوتی ہے ۳ پیدائش کا رجسٹر جس کی جلد سرخ ہوتی ہے ۴ وہ بیاض جس میں یادداشت لکھ رکھی ہو۔ کھاول۔ **لال کرتی** (مونث) ۱ گوروں کی ایک پلٹن جو سرخ رنگ کا کوٹ پہنا کرتی تھی، اب تمام فوج کی وردی خاکی ہو گئی ہے۔ ۲ وہ مقام جہاں یہ پلٹن رہا کرتی تھی۔ **لال کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ سرخ کرنا ۲ مالا مال کر دینا ۳ لوہے کو آگ میں ڈال کر خوب سرخ کرنا۔ **لال کرنے والا** (صفت) وہ جو دولت جو سرخ کر دے۔ **لال کنیر** (مونث) ایک قسم کی کنیر جس کا پھول سرخ ہوتا ہے۔ **لال گولا** (مونث) سرخ رنگ کی ریتلی زمین۔ **لال لال** (صفت) سرخ۔ **لال لنگوٹ لنگوٹے والا** (مذکر) شبندر۔ بوزنہ۔ شادی ۲ ہنومان جی کا لقب **لال مرچ** (مونث) ہیج پلپل دراز۔ **لال مُرغا** (مذکر) ایک پودہ جس کا پھول سرخ اور بہت بڑا ہوتا ہے۔ کلغا۔ **لالوں** (مذکر) لال کی جمع۔ **لالوں کا لال** (مذکر) ۱ سرخ و سفید رنگ و روغن والا ۲ نہایت پیارا۔ لاڈلا ۳ خوش بشاش **لالوں کے لال بن رہے ہیں**۔ مزے میں ہیں۔ لطف سے زندگی گزارتے ہیں۔ **لالوں کی لال رہنا** (لازم) خاوند کی پیاری رہنا۔ **لالوں لال** (صفت) ۱ نہایت سرخ و شاداب۔ نہایت شوخ ۲ مالا مال۔ **لالوں لال بنا پھرنا** (لازم) ۱ خوش و خرم رہنا ۲ موٹا تازہ ہونا۔ سرخ و سپید ہونا۔ **لالہ** (مذکر) ایک قسم کا سرخ پھول نام جس کے اندر سیاہ داغ ہوتا ہے۔ اس کی بہت سی قسمیں ہیں۔ آل۔ الوند۔ باری۔ پیکانی۔ خطائی۔ جو غاصی۔ خودرو۔ داغدار۔ دختری۔ دل سوختہ۔ دل سوز۔ دورو۔ رومی۔ زرد۔ سپید۔ سرخ۔ سرنگوں۔ صحرائی۔ صد برگ۔ عباسی۔ قرمزی۔ گلبوسے۔ مقراض۔ نعمان وغیرہ ۲ پوست کا پھول ۳ ہر قسم کا سرخ خودرو پھول (پھولنا کے ساتھ) ۴ شمع جو شاعر کے سامنے رکھی جاتی ہے ۵ لب معشوق ۶ عاشق بباعث داغ دل۔

لالہ بدن (صفت) جس کا بدن سرخ و سپید ہو۔ **لالہ برگ** (مذکر) ۱ لالہ کی پتی ۲ معشوق کی سرخ گال۔ **لالہ بناگوش** (صفت) جس کی کان کی لو سرخ ہو۔ معشوق کی تعریف۔ **لالہ پھولنا** (لازم) گل لالہ کا شگفتہ ہونا۔ **لالہ رخ۔ رخسار۔ رو یا عذار** (صفت) سرخ چہرے والا۔ معشوق کی تعریف۔ **لالہ رنگ** (صفت) جس کا رنگ سرخ ہو۔ **لالہ زار** (مذکر) لالے کا تختہ یا باغ۔ **لالہ ساں** (صفت) لالے کی طرح۔ **لالۂ طُور** (مذکر) آتش طور جو حضرت موسیٰ نے دیکھی تھی۔ **لالہ فام یا گوں** (صفت) سرخ۔ لال۔ **لالۂ موم** (مذکر) موم کا بنا ہوا لالہ کا پھول۔ **لالہ وَش** (صفت) لالے کی طرح۔ **لال ہو جانا۔ ہونا** (لازم) ۱ سرخ ہونا ۲ غضبناک ہونا۔ غصے ہونا ۳ کسی پھل کا پختگی پر آنا ۴ (گوٹ) پچیسی کی گوٹ کا سب خانوں میں پھر کر اٹھ جانا۔ **لالی** (مونث) ۱ سرخی ۲ شہاب کا سفوف جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں (جمانا لگانا کے ساتھ) ۳ آبرو۔ عزت۔ سرخروئی ۴ پیاری۔ عزیزہ ۵ سرخی جو بلبل کی دم کے نیچے ہوتی ہے ۶ (ھ) پیچش میں جو سرخ مادہ نکلتا ہے ۷ آنکھوں کی سرخی ۸ سرخ انتڑی ۹ بہن۔ ہمشیرہ۔ خواہر ۱۰ سرخی بجری۔

امثال و اقوال۔ لال بجھکڑ بوجھیاں اور نہ بوجھا کوئے۔ پیر میں چکی باندھ کے کوئی ہرنا کودا ہوئے رات کو گاؤں کے پاس سے ہاتھی گزرا۔ اس کے پاؤں کا نشان دیکھ کر لوگ بہت حیران ہوئے۔ لال بجھکڑ نے یہ فیصلہ دیا کہ کوئی ہرن پاؤں میں چکی باندھ کر کودا ہے۔ **لال بجھکڑ بوجھیاں اور نہ بوجھا کوئے۔ کڑی بڑنگا توڑ کے اوپر ہی کو لو**۔ ایک لڑکا ایک ستون کو دونوں بازوؤں سے پکڑے ہوئے تھا۔ باپ نے چنے دیئے تو اس نے دونوں ہاتھ پھیلا کر لے لئے پھر ہاتھ نہ نکل سکے۔ لال بجھکڑ کو بلایا گیا۔ اس نے کہا کہ چھت اتار کر لڑکے کو اوپر کھینچ لو۔ **لال پیارا تو اس کا خیال بھی پیارا**۔ جو دل کو پسند ہو اس کی ہر شے پسند ہوتی ہے۔ اپنوں کے عیب بھی پسند ہوتے ہیں۔ **لال خاں کی چادر بڑی ہوگی تو اپنا بدن ڈھانکے گی کسی کو کیا**۔ امیر ہوگا تو خود اسی کو فائدہ ہوگا۔ جب کوئی کسی امیر کی دولت و ثروت کا ذکر کرنے تو کہتے ہیں۔ **لال کتاب اٹھ بولی یوں تیلی بیل لڑا ئیا کیوں۔ کھل کھلا کے کیا سنڈ۔ بیل کا بیل اور ڈنڈ کا ڈنڈ**۔ ایک قاضی اور ایک تیلی کا بیل آپس میں لڑ پڑے۔ تیلی کو پکڑ کر قاضی صاحب کے پاس لے گئے تو انہوں نے مذکورہ بالا فقرہ کہا۔ اتنے میں خبر آئی کہ قاضی صاحب کے بیل نے تیلی کے بیل کو مار دیا۔ تو قاضی صاحب نے فرمایا کہ جانور ہی تو تھا۔ **لال گودڑ میں نہیں چھپتا** ۱ اچھی چیز چھپانے نہیں چھپتی ۲ شرافت کو تنگ دستی چھپا نہیں سکتی۔ **لال نیچ نہ بچن کا باندھ دیت سو بار۔ بھیڑ پونچھ بھادوں ندی۔ کو گہ اترے یار**۔ میرے دوست کمینہ آدمی سو بار وعدہ کرتا ہے۔ مگر اس کا اعتبار نہیں ہوتا۔ کیا بھیڑ کی پونچھ پکڑ کر کوئی بھادوں میں چڑھے ہوئے دریا سے پار اتر سکتا ہے۔ **لالوں کی سی لڑائی ہے**۔ عورت پر لڑتے ہیں۔ **لالوں کی ہم لاڑھی لال ہمارا رنگ۔ کالا منہ جب سے ہوا تلی نیچ کے سنگ**۔ دیکھو سونا کہے سنار الخ۔

لالہ (ف۔ مذکر) ۱ وہ ملازم جو مالک کے بچوں کی تربیت کرے ۲ خادم۔ بندہ۔ غلام ۳ وہ شخص جو ہمیشہ بزرگوں کی اولاد کی خدمت کرے ۴ (صفت) روشن چمکنے والا۔ سرلولو کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **لالہ شاہی** (مذکر) پینے کا تمباکو جو شیرے میں ملا کر بناتے ہیں۔

لالا (س۔ مذکر) تھوک۔ پیک۔

لالِت (س۔ صفت) ۱ وہ جس سے لاڈ یا پیار کیا جائے ۲ وہ جسے اغوا کیا جائے ۳ معشوق۔ محبوب۔ **لالِتیہ** (مذکر) ۱ خوبصورتی۔ حسن۔ نزاکت۔ لطافت ۲ حلم۔ شرافت ۳ خوش مزاجی۔

لالٹین (انگ۔ مونث) ۱ دستی لمپ جسے ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ لے

جائیں۔ یہ اس طرح بنا ہوا ہوتا ہے کہ ہوا سے نہیں بجھتا اور پکڑنے کے لئے اوپر سلاخ لگی ہوئی ہوتی ہے ۳ قندیل۔ فانوس (اصل لین ٹرن)

لالچ (ہ۔ مذکر) ۱ حرص۔ طمع۔ آز۔ لوبھ ۲ ترغیب۔ پھسلاوا۔ بہلاوا (س لالسا) **لالچ خورا** (صفت) لالچی۔ **لالچ دینا** (متعدی) طمع دینا۔ ترغیب دینا۔ پھسلانا۔ **لالچ کرنا** (متعدی) ۱ طمع کرنا۔ حرص کرنا ۲ للچانا۔ حریص ہونا ۳ فائدہ دیکھنا۔ لوبھ کرنا۔ **لالچ میں آنا** (لازم) ۱ دام حرص میں پھنسنا۔ طمع میں آنا۔ لوبھ میں آنا ۲ دم میں آنا۔ **لالچ ہونا** (لازم) حرص ہونا۔ طمع ہونا۔ لوبھ ہونا۔ **لالچی** (صفت) حریص۔ طامع۔ لوبھی۔ **لالچی بندہ** (صفت) بندۂ زر۔ مطلب کا یار۔ لوبھی۔ خود غرض۔ طامع۔

امثال و اقوال۔ لالچ بُری بلا ہے۔ حرص سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔ **لالچ بس پرلوک نسائے۔** لالچ انسان کو دوزخ میں بھیجتا ہے۔ **لالچ پشیمان ہے۔** لالچ شرمندگی کا باعث ہوتا ہے۔ **لالچی کو جہان تنگ۔** حریص شخص کی نظر کبھی نہیں بھرتی۔

لالس۔ لالسا (س۔ مونث) ۱ اشتیاق۔ خواہش۔ آرزو ۲ کسی غیر شخص کا اشتیاق ۳ لالچ ۴ خواہش جو حاملہ عورت کی ہوتی ہے ۵ افسوس۔ رنج۔ پشیمانی ۶ کسی شخص کا یاد آنا۔ ۷ مانگنا ۸ اختلاط۔ مساس۔

لالہ (ہ۔ مذکر) ۱ صاحب۔ جناب۔ میاں۔ حضرت۔ بابو۔ مسٹر ۲ ہندوؤں میں عزت کا خطاب جو عموماً ویش قوم کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۳ بنیا۔ مہاجن۔ ساہوکار۔ ہندو مرد ۴ ہندوؤں میں والد کا خطاب۔ آبا۔ باوا۔ پتا ۵ خسر۔ سسر ۶ (صفت) بودا۔ کمزور۔ ڈرپوک۔ بزدل۔ دیکھو لال کے تحت میں **لالہ بھائی** (مذکر) ۱ ہندوؤں کو عزت سے یا ہندو رئیسوں کو کہتے ہیں ۲ ذی عزت یا شریف آدمی۔ بھلا مانس شخص ۳ (صفت) کفایت شعار۔ جز و رس۔ چلن کا ۴ بودا۔ ڈرپوک۔ کمزور۔ **لالہ بھائی یا بھیا کرنا یا کہنا** (متعدی) ۱ خوش اخلاقی اور نرمی سے بات چیت کرنا۔ عزت کے الفاظ سے خطاب کرنا ۲ محبت کرنا۔ پیار کرنا۔ **لالہ بھیا کر کے سلانا** (متعدی) ۱ تھپک کر چمکار کر سلانا ۲ لوری دے کر سلانا۔ **لالہ جی** (مذکر) ۱ ہندوؤں خصوصاً بنیوں کا اعزازی لقب ۲ خسر۔ سسر **لالی** (مونث) ۱ مذاقاً ہندو عورت کو کہتے ہیں ۲ (پ) قمری۔ **لالی رہ جانا** (لازم) عزت بچ جانا۔ بات بنی رہنا۔

امثال و اقوال۔ لالہ باعتبا ٹکینک۔ جب کوئی شخص دوسروں کے بھروسے رہے اور خود کچھ نہ کرے تو کہتے ہیں۔ **لالہ کا گھوڑا کھائے بہت چلے تھوڑا۔** پیٹو اور کام نہ کرنے والا۔

لالے (ہ۔ مذکر) ۱ ارمان۔ امید تمنا۔ آرزو۔ اشتیاق ۲ کمال مایوسی۔ نہایت ناامیدی۔ نراس۔ **لالے پڑنا** (لازم) ۱ ارمان ہونا۔ آرزو ہونا ۲ مایوسی یا ناامیدی ہونا ۳ از حد قلت ہونا۔ کمی ہونا ۴ مصیبت میں پھنسنا آفت میں آنا ۵ دو بھر ہونا۔ دشوار ہونا۔ **لالے ہونا** (لازم) کسی امر کا مشکل ہو جانا۔

لام (ع۔ مذکر) ۱ حرف ل کا تلفظ ۲ زلف سے اس کو تشبیہ دیتے ہیں ۳ لاف و گزاف کا مخفف۔ **لام الف** (مذکر) ۱ بعض لوگ اسے عربی زبان کا انیسواں حرف کہتے ہیں۔ یہ الف ساکن کو ظاہر کرتا ہے۔ الف متحرک کو ہمزہ کہتے ہیں۔ **لام کاف** (مذکر) ۱ لاف و گزاف کا مخفف ۲ کسی کو لعنت کرنا اور کافر کہنا ۳ طعن و تشنیع۔ لعنت ملامت ۴ گالی گفتار۔ برا بھلا۔ گالی گلوچ۔ **لام کاف کہنا** (متعدی) ۱ بدزبانی کرنا ۲ لعنت ملامت کرنا۔ **لام کاف نکلنا** (متعدی) بدزبانی کرنا۔ فحش کلامی کرنا۔ برا بھلا کہنا۔ **لامی** (صفت) **لامیہ** (صفت۔ مونث) لام کے متعلق۔ لام کا حرف کے آخیر کا۔

لام (فر۔ مذکر) فوج کا دستہ۔ بریگیڈ۔ سوار اور پیدل فوج اور توپ خانہ۔ پلٹنوں کا مجموعہ (اصل لازم) **لام باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) ۱ فوج کا معہ سامان چڑھائی کے واسطے جمع ہونا۔ لڑائی کا سامان ہونا۔ جنگی تیاریاں ہونا ۲ پیاپے پہنچنا یا جمع ہونا۔

لاما (ہ۔ مذکر) بدھ مذہب والوں کا پیشوائے مذہب یا گروہ۔ **لاما گرو** (مذکر) بدھ مذہب والوں کا بڑا گرو جو لاسہ میں رہتا ہے۔ ان کا اعتقاد ہے کہ وہ مرتا نہیں صرف چولا بدلتا ہے۔

لامس (ع۔ صفت) چھونے والا۔ (لَمس۔ چھونا) **لامسہ** (مونث) وہ قوت جس سے نرمی سختی گرمی سردی وغیرہ کا احساس ہوتا ہے۔

لامع (ع۔ صفت) چمکنے والا۔ روشن درخشاں (لمع۔ چمکنا)

لامبا (ہ۔ صفت) ۱ لمبا۔ طویل ۲ دراز قد (لکھنؤ)

لانپ (ہ۔ مونث) کود۔ پھاند۔ پھلانگ۔ زقند۔

لان ٹینس (انگ۔ مذکر) دیکھو ٹینس۔

لانچ (ہ۔ مونث) رشوت۔ **لانچ خور** (صفت) راشی۔ رشوت خوار۔

لانچھن (س۔ مذکر) ۱ نشان۔ نقش۔ علامت ۲ داغ۔ دھبا ۳ کلنک کا ٹیکا۔ بدنامی کا دھبا ۴ نام۔

لانڈ (ہ۔ مذکر) دیکھو لنڈ۔

لانڈا (ہ۔ صفت) ۱ دم کٹا ۲ وہ جس کا سرا ٹوٹ گیا ہو ۳ ختنہ کیا ہوا۔ مختون ۴ چھوٹا۔ **لانڈی** (صفت) لانڈا کی مونث ۱ تھوڑی سی چیز۔

مقولہ۔ لانڈی کا مورا کیا لیگا پلوتا چورا۔ گھر میں کچھ بھی نہیں چور سسرا کیا لے جائیگا۔

لانڈری (انگ۔ مونث) وہ کارخانہ جہاں کپڑے دھوئے جائیں۔

لانڈ گا (ھ۔ مذکر) بھیڑیا۔
لانڑ (ہ۔ مذکر) دیکھو لنڈ۔
لانک (ہ۔ مونث) ۱ ڈھیر۔انبار
تودہ ۲ مقدار ۳ کٹے ہوئے اناج کا ڈھیر۔کھلیان
خرمن ۴ بھس۔ بھوسا ۵ (ھ) کر۔صدب ۶ لاسا۔
چیپ ۷ ایک اناج۔ لانک ڈالنا (متعدی)
اناج کو کاٹ کر ڈھیر لگانا۔
لانگ (ہ۔ مذکر) ۱ دھوتی کا وہ
حصّہ جو آگے لٹکتا رہتا ہے یا جس کو پیچھے گھرس
لیتے ہیں ۲ سو۔ صد (چابکسواروں کی زبان)
لانگ باندھنا (متعدی) دھوتی باندھ کر
ایک سرا پیچھے گھرس لینا۔ لانگ ماسا (مذکر)
سو روپیہ لانگ مالی دیکھے (مذکر) سات سو روپے
(دلالوں کی اصطلاحیں)
لانگ (انگ۔ صفت) لمبا۔
لانگا ٹیر (ھ۔ مونث) ۱ سلسلہ تسلسل
تواتر ۲ قطار۔ صف یا پرا۔
لانگل (س۔ مذکر) ۱ ہل ۲ ہل کی
شکل کا شہتیر ۳ کھجور کا درخت ۴ آلہ تناسل۔
لانگل۔ لانگول (س۔ مذکر) ۱ دُم
۲ گچھے دار دُم ۳ آلہ تناسل۔
لانگھن۔ لانگھن (ہ۔ مذکر) دیکھو
الانگھن (س لنگھ۔ اوپر سے کود جانا) لانگھ جانا
(لازم) دیکھو لانگنا ۱ و ۲۔ لانگھن میں آنا
(لازم) اُلانگا جانا۔ لانگنا۔ لانگھنا (متعدی)
۱ اوپر سے جانا یا گزرنا ۲ کودنا۔ پھاندنا۔ چھلانگ
مارنا ۳ گھوڑے پر پہلی دفعہ سواری کرنا۔
لاوا (ھ۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو فصل
کاٹے ۲ لوا۔ ایک پرندہ (س لاوک) ۳ کھیل
(س لاجا) ۴ (مونث) لوا ۵ دیکھو لا کے تحت
میں لاوا لتراہے (ہ) غماز ہے۔ بچو لیا ہے۔
لاوا (انگ۔ مذکر) وہ پگھلا ہوا
مادہ جو آتش فشاں پہاڑ سے نکلتا ہے۔
لاوڑ (ہ۔ مذکر) ۱ میرٹھ کے علاقے کا گڑ ۲ تمباکو
یا دھان کی پود۔
لاون (ہ۔ مذکر) ۱ وہ چیز جس سے لگا کر
روٹی کھائی جائے۔ سالن (لگاونا سے) ۲ دامن کا محرب۔
لاون (س ہمات) نمکین۔ کھاری جیسے نمک پڑا

ہوا ہو (لون نمک)۔
لاوہ (ف۔ مذکر) ۱ درخواست
التماس ۲ دھوکا۔ دغا ۳ مذاق۔ لطیفہ ۴ خوشامد۔
ھوچتو ۵ گلی ڈنڈا۔
لاہ (ھ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا ریشمی کپڑا
جو جالی کے مانند ہوتا ہے ۲ لاکھ جس سے
مہریں لگاتے ہیں۔
لاہ۔ لاہا (ھ۔ مذکر) نفع۔ فائدہ۔
لابھ۔ حصول۔
لاہن (ہ۔ مذکر) خمیر شراب
جو کیکر۔ بیری۔ بڑ اور پیپل کے درختوں کی
چھال سے اٹھایا جاتا ہے۔ عام طور پر کیکر کی
چھال استعمال کی جاتی ہے۔
لاہی (ہ۔ مونث) ۱ ایک پودہ
۲ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۳ ایک قسم کی سرسوں ۴
سرخ سیاہی مائل رنگ۔
لاہے (ھ۔ مونث) ۱ شراب
۲ تلچھٹ۔
لائبریری (انگ۔ مونث) کتب خانہ
۔کتاب گھر۔
لائٹ (انگ مونث) ۱ روشنی۔
نور۔ چمک ۲ (صفت) ہلکا۔ لائٹ ہاؤس
(مذکر) ۱ روشنی کا گھر ۲ وہ مینار جو سمندر میں خطرناک
چٹانوں پر بنایا جاتا ہے۔ رات کو اس میں روشنی
ہوتی ہے۔ اور جہاز اس سے دور رہتے ہیں ۳
مذاقاً لمبے قد کا آدمی۔
لائح (ع۔ صفت) ۱ چمکنے والا۔
چمکدار۔ روشن۔ منور ۲ ظاہر۔ واضح۔ صاف۔
(لَوح۔ چمکنا) لائحہ (صفت) ۱ دیکھو آخری ۲
(مذکر) کوئی چمکدار چیز ۳ کوئی ظاہر یا واضح چیز ۴
صفائی ۵ ثبوت ۶ شان و شوکت۔ لائحۂ عمل
(مذکر) وہ کام جس پر عمل کیا جائے۔
لائسنس (انگ۔ مذکر) اجازت نامہ۔
حکم نامہ۔ پروانہ۔ اجازہ۔
لائق (ع۔ صفت) ۱ قابل۔ وہ جس
میں قابلیت ہو ۲ واجب۔ زیبا۔ سزاوار۔
مناسب۔ موزوں ۳ ٹھیک۔ بجا۔ درست ۴
کافی۔ مکتفی۔ حسب ضرورت۔ جتنا چاہیے ۵ ہنرمند
ذی ہنر۔ گنی ۶ اہل ۷ مستعد ۸ دانا۔ ہشیار ۹

گرامی قدر۔ والا منزلت (لَیَق۔ موزوں ہونا)
لائق اعتبار (صفت) قابل اعتبار۔ بھروسے
کے قابل۔ لائق انعام (صفت) انعام کے
قابل۔ لائق پذیرائی (مونث) مان لینے کے
قابل۔ لائق پسند (صفت) قابل پسند۔ پسندیدہ۔
لائق تحسین (صفت) شاباش کے قابل۔
مان لینے کے قابل۔ لائق سزا (صفت)
جسے سزا ملنی چاہیئے۔ سزاوار۔ لائق شادی
(صفت) شادی کے قابل۔ لائق طور سے۔
(تف) ٹھیک طریقے سے درست طور سے
لائق فائق (صفت) بہت قابل یا لائق۔
لائق قبول کے نہیں۔ ماننے کے قابل
نہیں۔ لائق کرنا (متعدی) ۱ قابل بنانا ہوشیار
کرنا ۲ مقدور بخشنا۔ لائق مند (صفت) لائق۔
لائق ہونا (لازم) ۱ قابل ہونا۔ ہوشیار ہونا ۲
سزاوار ہونا۔ مستحق ہونا۔ مستوجب ہونا ۳ موزوں
ہونا۔ پھبنا۔ سجنا ۴ صاحب جوہر ہونا ۵ گرامی
قدر ہونا ۶ کافی ہونا۔ مکتفی ہونا۔ لائقی (مونث)
لیاقت۔ صرف نالائقی میں مستعمل ہے۔
مثل۔ لائق افسر نہ باشد
ہر سرے۔ ہر شخص سرداری کے قابل
نہیں ہے۔
لائم (ع۔ صفت) ملامت کرنے
والا (لَوم ذلیل ہونا)
لائن (انگ۔ مونث) ۱ لکیر۔ خط ۲
ریل کی سڑک ۳ ڈوری۔ رسی ۴ وضع۔ طرز۔
انداز۔ لائین اختیار کرنا (متعدی) وضع یا
انداز اختیار کرنا۔ کسی خاص طریقے پر چلنا۔
لاؤ (ہ۔ مذکر) ۱ موٹا رسا۔ چرس
کھینچنے کی موٹی رسی ۲ وہ زمین جو ایک چرس سے
ایک دن میں بھری جائے ۳ کشتی باندھنے کی
رسی ۴ مانگ۔ مطالبہ۔ طلب ۵ وہ قرضہ جو کسی
چیز کو رہن کرکے لیا ہو ۶ سفیدی جو دیواروں
پر کی جاتی ہیں ۷ خوشامد۔ لاؤ اٹھانا (متعدی)
چیز رہن رکھ کر قرضہ لینا۔ لاؤ چرس (مذکر)
رسا اور چرس۔ لاؤ چلانا (متعدی) چرس کے
ذریعے سے پانی نکالنا۔ کنواں چلانا۔ لاؤ لپیٹ
کی باتیں (مونث) ظاہرداری کی باتیں۔ لاؤ
لگانا (متعدی) ۱ حق جتانا ۲ کسی سے قرضے کے

عوض جاندا دلینا ۳ (مذکر) ادائگی مال سے۔
لاؤ (ھ۔ مذکر) ! کاٹنا ۲ فصل کاٹنا ۳ ہوا ۴ فائدہ۔ لابھ۔ لاؤ ساؤ (مذکر) فائدہ۔ نفع۔ لابھ۔
لاؤ (ع۔ مذکر) ہوا کا محرب۔ جھنڈا۔ علم۔ لاؤ لشکر (مذکر) لشکر اور اس کا سامان اور بھیڑ بھنگاہ۔
لاونا (ھ۔ متعدی) لانا۔
لاونی (ہ۔ مونث) ! فصل کاٹنا۔ درو۔ لانی ۲ فصل کاٹنے کی مزدوری یا اجرت۔ ۳ معاملہ۔ مالگزاری۔ خراج ۴ ایک قسم کا گیت، جس میں لمبے قصّے گائے جاتے ہیں۔ مرہٹی (رس لو۔ کاٹنا) لاونی کرنا (متعدی) فصل کاٹنا۔
لائی (ہ۔ مونث) ! فصل کاٹنا (رس لو کاٹنا) ۲ خود رو یا جنگلی چاول ۳ میٹھی کھیلیں۔ بھنا ہوا اناج (رس لاج۔ بھونا) ۴ ایک کلمہ ہے کہ آخر کلمات میں آکر مزدوری اور اجرت کے معنی دیتا ہے جیسے دھلائی۔ سلائی۔
لائے (ہ۔ مذکر) ! بھنا ہوا اناج ۲ بھنی ہوئی پھٹکڑی ۳ ایک قسم کی سستی شیرینی جسے اطفال کھاتے ہیں ۴ (ھ) دیکھو لاہے۔
لائے۔ لائے (ف۔ مذکر) ! سیاہ کیچڑ ۲ تلچھٹ ۳ تہ۔
لائبریری (انگ۔ مذکر) دیکھو لائبریری۔
لائین (ھ۔ صفت) جھکا ہوا۔ ٹیڑھا۔ خمیدہ۔ (لکڑی کے لئے)
لایا (ہ۔ مذکر) دیکھو لائے (ہ) ما تا ہما۔
لایک (ھ۔ صفت) لانے والا۔ حاصل کرنے والا۔ دینے والا۔ مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے۔
لاینا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا اناج۔
لب (ف۔ مذکر) ! ہونٹ۔ منہ کے اوپر یا نیچے کا ۲ کنارا۔ طرف۔ جانب ۳ ساحل۔ کراڑا ۴ حاشیہ۔ دور۔ پلو۔ کنی ۵ منڈیر ۶ تھوک۔ لعاب دہن ۷ عورت کے مقام مخصوص کے دونوں کنارے ۸ پہاڑ کا کنارہ ۹ (مونث) ہونٹ کے اوپر کے بال۔ لب آب (مذکر) ندی۔ دریا۔ تالاب۔ حوض وغیرہ کا کنارہ۔ لبالب (صفت) لبریز۔ پُر۔ بھرا ہوا۔ منہ یا کناروں تک بھرا ہوا۔
لب بام (صفت) کوٹھے یا چھت کا کنارہ۔
لب بستگی (مونث) منہ بند کرنے کی حالت۔
لب بستہ (صفت) منہ بند۔ لب بندھنا (متعدی) منھاس سے ہونٹوں کا چپک جانا۔
لب بند کرنا (متعدی) منہ بند کرنا۔ چپ ہونا۔
لب بند ہو جانا یا ہونا (لازم) ! منھاس سے ہونٹوں کا چپک جانا ۲ چپ ہونا۔ لب بہ لب (صفت) منہ سے منہ ملاتے ہوئے۔
لب پر آنا (لازم) کچھ کہا جانا۔ کہنا۔ لب پر آہ ہونا (لازم) گلہ شکوہ کیا جانا۔ لب پر دم ہونا (لازم) قریب مرگ ہونا۔ لب پر رکھا ہونا (لازم) کہنے کے لئے تیار ہونا لب پر لانا (متعدی) کہنا۔ تذکرہ کرنا۔ لب پر مہر کرنا یا لگانا (متعدی) سکوت کرنا۔ چپ یا خاموش ہو جانا۔ لب تر کرنا (متعدی) ہونا (لازم) تھوڑا سا پانی پینا۔ لب تشنہ (صفت) ! پیاسا ۲ آرزومند۔ لب تقریر (مذکر) تقریر۔ لب تیغ (مذکر) تلوار کی دھار لب جام (مذکر) گلاس کا کنارا۔ لب جو (مذکر) ندی کا کنارہ۔ لب چوسنا (متعدی) ! اپنے ہونٹ کو دانتوں میں لے کر چوسنا۔ ۲ دوسرے کے ہونٹ کو اپنے ہونٹوں میں لے کر چوسنا۔ لب خا (صفت) ! وہ جو اپنے ہونٹوں کو کاٹے ۲ چڑچڑا۔ خفا۔ ناخوش ۳ نازک مزاج۔ عالی دماغ ۴ چھیل چھبیلا۔ بانکا۔ لب خشک ہونا (لازم) ! ہونٹوں کا خشک ہو جانا ۲ بیحد تعریف کرنا۔ لب دریا (مذکر) ساحل۔ دریا کا کنارہ۔ لب دیوار (مذکر) دیوار کا اوپر کا سرا۔ لبریز (صفت) بھرا ہوا۔ پُر۔ لبالب (کرنا ہونا کے ساتھ) لبریزی (مونث) ! پُر ہونا ۲ افراط۔ بہتات۔ لب سڑک (مذکر) ! سڑک کا کنارا ۲ (تمف) سڑک پر۔ لب سوفار (مذکر) سوفار کا کنارہ۔ لب سے لب لگانا (متعدی) ! پینے کے لئے برتن کو ہونٹوں کے قریب لانا ۲ تھوڑا سا پینا۔ لب سے لب ملانا (متعدی) ملنا (لازم) لبوں کا بوسہ لیا جانا۔ لب سے لگانا (متعدی) پینے کے لئے گلاس وغیرہ ہونٹوں سے لگانا۔ لب سینا (متعدی) بولنے نہ دینا۔ چپ کرا دینا۔ لب شکایت (مذکر) شکایت کرنا (کھولنا وا کرنا وغیرہ کے ساتھ)
لب شمشیر (مذکر) تلوار کی دھار۔ لب شیریں (مذکر) ! میٹھے ہونٹ ۲ معشوق کے ہونٹ ۳ شیریں زبانی۔ لب فرش (مذکر) فرش کا کنارہ۔ بڑے آدمی کسی معزز مہمان کو فرش کے کنارے تک لینے آتے ہیں اور یہ بڑی عزت سمجھی جاتی ہے۔ لب فریاد (مذکر) فریاد کرنا (کھولنا وا کرنا وغیرہ کے ساتھ)، لب کھلنا (لازم) کھولنا (متعدی) بات کرنا۔ بولنا۔ لب گور پہنچانا (متعدی) پہنچنا۔ ہونا (لازم) مرنے کے قریب ہونا۔ لب گویا (مذکر) بولنے والا لب۔ لب لعل یا لعلیں (مذکر) ! معشوق کے سرخ لب ۲ سرخ لب۔ لب لگانا (متعدی) تھوک لگانا۔ لبلوس (صفت) خوشامدی۔ لب معشوق (مذکر) حقہ۔ واجد علی شاہ کا رکھا ہوا نام۔ لب معشوق ہو جانا یا ہونا (لازم) پورا تیر بیٹھنا۔ سوفار تک تیر کا گھس جانا۔ لب نان (مذکر) روٹی کا ٹکڑا۔ لقمہ۔ لب نوشیں (مذکر) ! لب شیریں ۲ معشوق کے لب ۳ شیریں سخنی۔
لب نہ ہلانا (متعدی) نہ بولنا۔ چپ رہنا۔ خاموش رہنا۔ لب و لہجہ (مذکر) ! طرز کلام گفتگو یا تکلم ۲ تلفظ ۳ خوش گفتاری۔ خوش کلامی لبوں (مذکر) لب کی جمع۔ لبوں پر آنا (لازم) انتہا کو پہنچنا۔ کناروں پر پہنچنا۔ لبوں پر جان (دم) آنا۔ پہنچنا یا ہونا (لازم) ! مرنے کے قریب ہونا۔ جانکنی کی حالت ہونا ۲ نہایت تنگ ہونا۔ عاجز ہونا۔ لبوں پر جان (دم) اٹکنا (لازم) جان بلب ہونا۔ مرنے کے قریب لبوں پر معاملہ ہونا۔ دیکھو لبوں پر جان ہونا۔ لبوں پر ہونا (لازم) اختتام پر ہونا۔ کنارہ پر پہنچنا۔ لبوں تک آنا (لازم) ! زبان پر آنا۔ کہا جانا ۲ (دم) حالت نزع ہونا۔ لبوں سے لگانا (متعدی) ! پینے کا گلاس وغیرہ ہونٹوں کے پاس لانا ۲ بچانے کے لئے

بانسری وغیرہ ہونٹوں سے لگانا ۳ کسی چیز کو چومنے کے لئے ہونٹوں سے لگانا۔ **لب ہلنا** (لازم) کچھ کہنا۔ **لبیں** (مونث) ۱ لب کی جمع۔ دونوں لب ۲ موچھوں کے بال جو مسلمان کترواتے ہیں۔ **لبیں بڑھ جانا** (لازم) موچھیں بڑھ جانا ہونٹوں کے اوپر کے بالوں کا بڑا ہو جانا **لبیں بند ہونا** (لازم) شیرینی کے سبب۔ ہونٹوں کا ایک دوسرے سے چپک جانا۔ **لبیں لینا** (متعدی) ہونٹوں کے اوپر کے بال کتروانا۔

لُبّ (ع۔ مذکر) ۱ خلاصہ۔ انتخاب ۔ست ۔سنکشیپ ۲ مغز۔ گودا ۳ دل ۔روح ۔ ۴ اندر کا حصہ ۵ سمجھ۔عقل ۶ درخت کا گودا ۷ کسی چیز کا بہترین حصہ ۔عطر (لُبّ چھلکا اتارنا) **لباب** (صفت) ۱ خالص ۔ بےمیل ۲ ستھرا۔ صاف ۳ (مذکر) دیکھو لُبّ ۔**لب لباب** (مذکر) ۱ خلاصے کا خلاصہ ۔مغز کا مغز۔ ۲ ماحصل ۳ مغز۔ گری۔ گودہ ۔ اصل مادہ ۴ عطر۔ ست ۔ نت (نکالنا ہونا وغیرہ کے ساتھ)

لِبّا (ھ۔ مذکر) تھپڑ۔ تمانچا۔

لَبّاب (ع۔ صفت) لبیب کی جمع۔ عقلمند۔ دانا۔ ہوشیار۔

لَبّاد (ع۔ مذکر) نمدہ بنانے یا بیچنے والا (لَبَد۔ نمدا)

لَبادَہ (ف۔ مذکر) روئی دار چغہ۔ دگلا۔ جُبّہ۔

لَبار (ھ) **لَباڑ** (ہ۔ صفت) ۱ جھوٹا ۔بے ایمان ۔گپّی ۔بد دیانت ۲ بیوفا ۳ بد معاش ۔لچّا ۔گنڈا ۴ (مونث) دیکھو لباڑی (س لپ۔ باتیں کرنا) لباڑنا (ھ۔ متعدی) لوٹنا چھین لینا۔ **لباڑی** (صفت) ۱ دیکھو لباڑ ۲ جھوٹ گپ بے ایمانی۔ بد دیانتی ۳ لوٹ۔ لوٹ مار ۴ دھوکا جعلسازی ۵ کمینگی رزالت ۶ بیوقوفی۔ حماقت۔ لباڑیا (صفت) دیکھو لباڑ۔

لِباس (ع۔ مذکر) ۱ وہ چیز جو پہنی جائے۔ کپڑے۔ پوشاک۔ پوشش۔ جامہ ۲ بھیس۔ روپ شکل ۳ برقعہ۔ نقاب ۴ جعلسازی (لَبِس۔ کپڑا پہننا) **لباس پہننا** (متعدی) پوشاک یا کپڑے پہننا۔ **لباسِ دیوی** (مذکر) دنیاداروں کا سا لباس۔ **لباسی** (صفت) ۱ نقابدار۔ برقعہ پوش ۲ ظاہردار۔ دکھاوے کا ۳ بناوٹی۔ جعلی۔ جھوٹا ۴ لفافہ۔

لُبان (ع۔ مذکر) دیکھو لوبان۔

لِبد (ع۔ مذکر) ۱ نمدا ۲ گھوڑے کا زین پوش یا فرش جو نمدے کا بنا ہوا ہو ۳ کمبلی (لَبَد۔ اون یا بالوں کا نمدا بنانا)

لُبَد (ع۔ صفت) ۱ زیادہ ۔بہت۔ (دولت) ۲ (مذکر) دولت ۳ قوم عاد کے سفیر لقمان کی سات گدھوں میں سے آخری (لَبَد۔ کسی چیز کو بھرنا)

لَبدار (ھ۔ مذکر) ۱ کیچڑ ۲ وہ مٹی جو دریا چھوڑ جائے۔

لَبدھ (س۔ مذکر) ۱ لیا ہوا۔ حاصل کیا ہوا ۲ فائدہ اٹھایا ہوا ۳ جیتا ہوا۔ **لبدھ پُتر** (مذکر) لے پالک۔ پسر خواندہ۔

لُبدھ (س۔ صفت) ۱ خواہشمند ۲ لالچی۔ حریص ۳ (مذکر) شکاری ۴ کنجوس آدمی ۵ عیّاش آدمی۔

لَبَدھڑ (ہ۔ صفت) غلیظ۔ گاڑھا۔

لُبدی (ہ۔ مونث) ۱ لُپڑی پلستر گدی ۲ پکے ہوئے چاولوں اور کٹے ہوئے شیشے کا مرکب جس سے ڈور پر مانجھا دیتے ہیں ۳ کسی گیلی پسی ہوئی چیز کی گولی ۴ کتے کا کو (س لپ۔ پکڑنا) **لبدھی باندھنا** (متعدی) پلستر یا لپڑی باندھنا۔

لِبرٹی (انگ۔ مونث) آزادی۔ حرّیت۔

لِبرَل (انگ۔ صفت) ۱ فیاض۔ دریا دل سخی۔ کریم ۲ (مذکر) وہ شخص جس کی رائے انتظام ملکی میں امور فائدہ عام کے حق میں ہو۔ خیر خواہ خلائق۔

لَبَڑ (ہ۔ صفت) لباڑ کا مخفف۔ اس کی بجائے مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ لبڑا (صفت) ۱ دیکھو لباڑ ۲ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ کھبّا ۳ بھدا۔ بیڈول۔ لبڑ خنڈرا (صفت) ۱ جھوٹا۔ گپّی۔ بیہودہ گو ۲ خوشامدی۔ **لبڑ خنڈی** (مونث) ۱ جھوٹی یا بیہودہ عورت ۲ پھوہڑ عورت ۳ خوشامدی عورت **لبڑ چٹائی** (مونث) ۱ خوشامدی۔ للو پتو ۲ زٹل۔ گپ (کرنا ہونا کے ساتھ) **لبڑ دھول دھول** (مذکر) ۱ غل۔ شور۔ ہنگامہ ۲ تکرار۔ جھنجھٹ ۳ بدانتظامی۔ بدنظمی۔ بدعملی ۴ بے ایمانی۔ بد دیانتی۔ **لبڑ سبڑ** (مونث) ۱ بیہودگی۔ گپڑ چوتھ ۲ بدسلیقگی پھوہڑ پن۔ **لبڑنا** (ھ) ۱ جھوٹ بولنا۔ دروغ گوئی کرنا ۲ بیہودہ باتیں کرنا۔ بکواس کرنا **لبڑو** (صفت۔ مونث) جھوٹی۔ لپاڑی۔ گپّی بیہودہ باتیں کرنے والی۔ بکواسن۔ لسان **لبڑ ہتھا** (صفت) بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔

لَبکارہ (۔ مذکر) لپکا۔ عادت۔ لت (مث)

لَبَلَب (ہ۔ صفت) ۱ کم عقل۔ بیوقوف ۲ (مذکر) لس۔ چپچپاہٹ۔ سلساہٹ چیپ ۳ سنگدان پتھری (س لپ۔ چپکنا) لبلبا (صفت) چیپدار۔ لسدار۔ لبلباہٹ (مونث) لسدار ہونا۔ لزوجت۔ چپیدگی۔

لُبلُب (ع۔ صفت) مہربان (جانوروں یا ہمسایوں پر)

لَبلَبی (ہ۔ مونث) لِبلبی (ھ) بندوق اور پستول کا وہ پرزہ جس کے دبانے سے گھوڑا گرتا ہے۔

لَبوس (ہ۔ صفت) مانگا۔ بچا ۲ بیوقوف۔ کودن ۳ (ف) دیکھو لب کے تحت میں۔

لُبنان (شام) ۱ دو پہاڑ ۲ ان پہاڑوں کے درمیان ایک علاقہ (۷۹۲) دارالسلطنت بیروت۔

لَبَن (ع۔ مذکر) دودھ۔ شیر (لَبَن۔ دودھ پینے کے لئے دینا)

لِبنَہ (ف۔ مذکر) ۱ اینٹ۔ کھپرا ۲ ایک آلہ جسے دوائر فلک کی قوسیں ناپنے کیلئے دیواروں میں لگاتے ہیں۔

لَبنی (ہ۔ مونث) وہ بدھنی یا مٹی کی چھوٹی سی ٹھلیا جس میں تاڑی یا سیندھی رس رس کر جمع ہوتی ہے (س لُبھ۔ لینا۔ پانا)

لُبُوب (ع۔ مذکر) ۱ لب کی جمع۔ ۲ ایک قسم کی معجون جس میں مغزیات اور طاقت کی دوائیں ملی ہوتی ہیں۔ **لبوب کبیر**

(مذکر) ایک مشہور طاقت کی دوا۔

لبھا (ہ۔ امر) لبھانا کا (س لُبھ۔ خواہش کرنا) **لبھا لینا۔ لبھانا** (متعدی) ۱ اُبھارنا۔ ترغیب دینا۔ اکسانا ۲ لالچ دینا۔ للچانا ۳ پھسلنا۔ بہکانا۔ ورغلانا ۴ فریفتہ کرنا۔ عاشق بنانا۔ موہنا۔ مائل کرنا ۵ (لازم صرف) بھانا کی صورت میں۔ بھانا۔ پسند کرنا۔ **لبھاونا** (ہ لبھانا۔ **لبھاؤ** (مذکر) ۱ لالچ۔ ترغیب۔ کشش ۲ موہ۔ لوبھ ۳ رُوکن۔ رونگا۔ کوئی چیز جو سودے کے بعد مفت دی جائے **لبھایا** (ماضی) لبھانا کا۔

لبھیڑا (ہ۔ مذکر) لسوڑا۔

لبھیہ (س۔ صفت) ۱ جو ملنے کے ۲ وہ جو حاصل کیا جا سکے ۳ موزوں۔ مناسب۔ لائق ۴ (مذکر) لابھ۔ فائدہ۔ نفع ۵ سود۔ منافع۔

لبی (ہ۔ مونث) گنے کا ابلا ہوا رس۔ راب۔

لبّے آجانا (ہ۔ لازم) آنا ورم ہو جانا۔

لبیب (ع۔ صفت) ۱ عقلمند۔ دانا ۲ محنتی۔ جفاکش (سمجھدار ہونا)

لبیدا (ہ۔ مذکر) ۱ لاٹھی۔ سونٹا۔ لٹھ۔ ۲ (ہ) مال واسباب آدمی اور جانور جو سفر میں ساتھ ہوں (س لبھ۔ پانا)

لبیرا (ہ۔ مذکر) ۱ چیتھڑا۔ دھجی ۲ لسوڑا (س لمپ۔ چمٹنا) **لبیری** (مونث) چھوٹی دھجیاں۔ **لبیرے** (مذکر) جمع لبیرا کی **لبیریاں** (مونث) لبیری کی جمع۔ **لبیریاں یا لبیرے لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) دھجیاں لگنا۔

لبیک (ع۔ مونث) ۱ حاضر ہوں۔ موجود ہوں ۲ عرب میں پکارنے کے جواب میں کہتے ہیں۔ جی ۳ حاجی عرفات میں بار بار یہ کلمہ کہتے ہیں (کہنا کے ساتھ) ۴ بعض مذکر استعمال کرتے ہیں ؎ کہا بڑھ کے لبیک یزدانیوں نے (حالی)

لبیل (ہ۔ صفت) ۱ جس کے ہونٹ ہوں ۲ کنارے دار۔

لپ (ہ۔ مونث) وہ مقدار جو دونوں ملی ہوئی ہتھیلیوں میں آ جائے۔ مٹھی بھر مقدار۔ **لپ بھر** (صفت) مٹھی بھر۔ **لپ کاڑھ کے** (تف) مٹھی بھر کر کے (عف) گنوار۔ ترکاری وغیرہ خریدیں تو اس کے بدلے اناج دیتے ہیں کوئی دو چھٹے اناج لیکر دیتا ہے کوئی برابر تول دیتا ہے کوئی صرف ایک لپ نکال کر دیتا ہے۔

لپ (ہ۔ امر) لپنا کا (س لپ چمٹنا) **لپا** (امر) ۱ لپانا کا ۲ ماضی لپنا کی ۳ (صفت) لپا ہوا۔ **لپا ہونا** (لازم) بھرا ہونا۔ لگا ہونا۔ **لپانا** (متعدی) ۱ لپائی کرانا ۲ چھڑکانا۔ لپوانا فصیح ہے۔ **لپائی** (مونث) ۱ استرکاری۔ پلستر۔ گوبری۔ کہگل۔ پتائی (کرانا کرنا ہونا کے ساتھ) **لپائی پتائی لینا** (لازم) پلستر ہونا۔ پوتا پھرنا۔ استرکاری ہونا۔ **لپوانا** (لازم) لپنا کا۔ **لپوائی** (مونث) دیکھو لپائی **لپے میں آجانا** (لازم) ۱ مشکل میں پھنس جانا ۲ دم میں آجانا۔

لپ (س۔ مونث) ۱ چھڑکنا۔ ملنا ۲ لیپ کرنا۔ پلستر کرنا ۳ لکھنا ۴ نقاشی کرنا۔ تصویر بنانا ۵ تحریر۔ لکھائی ۶ چٹھی۔ خط۔ کتاب۔ مسودہ ۷ الف ب۔

لپاٹن (ہ۔ مونث) جھوٹی باتیں بنانے والی عورت (س لپ۔ بولنا)

لپاٹی (ہ۔ صفت) ۱ دیکھو لباڑی ۲ (مونث) جھوٹ۔ دروغ (س لپ۔ بولنا) **لپاٹیا** (صفت) دیکھو لباڑی۔

لپاڑیا (ہ۔ صفت) دیکھو لباڑی۔

لپالپ (ہ۔ تف) جلد جلد جھٹ پٹ۔ فوراً۔

لپانک (ہ۔ صفت) ۱ پتلا۔ لاغر ۲ نازک۔

لپتا (س۔ مونث) درجہ کا ساٹھواں حصہ۔

لپٹ (ہ۔ مونث) ۱ لپک۔ شعلہ۔ لو۔ آنچ۔ بھپک۔ گرمی۔ لاٹ۔ جوت۔ جوالا ۲ ہوا کا جھونکا یا لہر ۳ خوشبو جو ہوا کے ساتھ آئے مہک۔ باس۔ سوگندھ ۴ گرم ہوا۔ لو۔ باد سموم۔ (لپٹنا سے) **لپٹ آنا** (لازم) ۱ جھونکا آنا ۲ خوشبو کی لہر آنا۔ **لپٹ چلنا** (لازم) گرم ہوا چلنا۔ لو چلنا۔ **لپٹ دینا** (متعدی) خوشبو دینا۔ مہک دینا۔ **لپٹ لگ جانا یا لگنا** (لازم) ۱ لو لگنا ۲ آگ کی گرمی پہنچنا۔ شعلہ کا جلا دینا۔

لپٹیں (مونث) لپٹ کی جمع۔ **لپٹیں آنا** (لازم) خوشبو کی لہریں آنا۔ **لپٹیں کی لپٹیں چلی آرہی ہیں۔** خوشبو کی لہریں لگاتار آرہی ہیں۔

لپٹ (ہ۔ امر) ۱ لپٹنا کا ۲ (ہ مونث) لپٹ (س لپ۔ چمٹنا) **لپٹا** (امر) ۱ لپٹانا کا ۲ (ماضی) لپٹنا کی۔ **لپٹا جانا** (لازم) زبردستی کسی سے چمٹنا جانا **لپٹا لینا** (متعدی) ۱ چمٹا لینا ۲ کٹے ہوئے پتنگ کی ڈور کو اڑتے ہوئے پتنگ سے الجھا لینا۔ **لپٹانا** (متعدی) ۱ چمٹانا۔ بدن سے لگانا ۲ جوش محبت میں چھاتی سے لگانا۔ گلے لگانا۔ پیار کرنا ۳ حساس کرنا ۴ الجھانا۔ چڑھانا ۵ ساتھ لگانا یا ملانا ۶ چپکانا ۷ پیچھے لگانا۔ سر کرنا۔ بھڑانا ۸ کسی مقدمے میں پھنسانا ۹ کسی علت میں پھنسانا۔ آلودہ کرنا۔ ناکشتی کرنا۔ لڑانا ۱۰ لپیٹنا۔ پیچک بنانا ۱۱ معروف کرنا مشغول کرنا ۱۲ ملفوف کرنا ۱۳ گنگو ۱۴ الجھانا دیکھو لپٹا لینا ۱۵ شادی کرانا۔ **لپٹ پڑنا** (لازم) گتھ جانا۔ **لپٹ جانا** (لازم) ۱ جوش محبت میں گلے سے لگ جانا ۲ دیکھو لپٹنا اور لپٹانا تمام معنوں میں۔ **لپٹ کر** (تف) ہم بغل ہو کر۔ **لپٹ کر رونا** (لازم) ہم بغل ہو کر رونا۔ **لپٹ کر سونا** (لازم) ہم آغوش ہو کر سونا۔ **لپٹنا** (لازم) ۱ دیکھو لپٹانا ۲ عاشق ہونا۔ مفتون ہونا۔ فریفتہ ہونا ۳ آشنائی ہونا۔ دوستی ہونا ۴ بل کھانا ۵ پیچ کھانا ۶ تہ ہونا ۷ ساتھ ہونا ۸ ہمراہ ہونا ۹ مصیبت یا آفت میں پھنسنا ۱۰ کسی بات پر اصرار کرنا۔ **لپٹنٹ** (مونث) ۱ ہم آغوشی۔ بغلگیری ۲ کشتی۔ گاوزوری۔ زور آزمائی۔

لپٹا (ہ۔ مذکر) ۱ لپسی۔ موٹے آٹے کا حلوا ۲ ایک قسم کا پتلا شیرا۔ راب ۳ ایک قسم کی گھاس ۴ (عف) رشتہ۔ ناتہ۔ قرابت (س

لپ ۔ چمٹنا) **لپٹی** (مونث) ۱ موٹے آٹے کا حلوا ۲ کوئی لیسدار میٹھی خوراک ۔

لپٹیا (ھ ۔ مذکر) دیکھو لباڑی ۔

لپ جھپ (ہ ۔ مونث) ۱ تیزی پھرتی ۔ جلدی ۲ چالاکی ۔ عیاری ۳ ہاتھ کی چالاکی ۔ چوری ۔ وزدی ۴ زود رفتاری ۔ تیز رفتاری ۵ (صفت) تیز ۔ چالاک ۔ ہشیار ۶ (تف) ترت ۔ فوراً ۔ جلد ۔ شتاب (لپکنا جھپکنا سے) **لپ جھپ چال** (مونث) تیز بے ڈھنگی چال ۔

لپچھنی (ہ ۔ مونث) ۱ خوشامد کرنیوالی عورت ۲ بیہودہ گو ۔

لپچی (ہ ۔ مونث) ایک قسم کی مچھلی ۔

لپری (ھ ۔ مونث) دیکھو لپڑی ۔

لپڑ (ہ ۔ مونث) دیکھو لپڑ لپڑ

شپڑ (مونث) ۱ ایسی بات جو سمجھ میں نہ آئے ۲ جلدی جلدی بولنا ۔ گپڑ شپڑ ۳ خلط ملط ۔ گڈ مڈ ۔ ۴ ٹال مٹول ۔ جیلے حوالے ۵ گھبراہٹ کا کام ۶ بیڈھنگا پن ۔ **لپڑ لپڑ** (مونث) ۱ بیڈھنگے پن سے کھانے پینے کی آواز ۲ بیہودہ باتیں ۔ بکواس کرنا ۔ ہرزہ گوئی کرنا ۔

لپٹر (ہ ۔ مذکر) تھپڑ ۔ چانٹا (جڑنا ۔ دینا ۔ لگانا لگنا مارنا وغیرہ کے ساتھ) (غالباً تھپڑ سے بگڑا ہوا ہے)

لپڑی (ھ ۔ مونث) ۱ پھٹا پرانا صافہ پگڑی ۲ کپڑا ۔ جامہ ۔

لپڑی (ہ ۔ مونث) ۱ روغنی آٹے کی گولی جس سے نوزائیدہ بچے کا بدن صاف کرتے ہیں ۲ پلٹس ۔ لیپ ۔ ضماد ۳ میدے وغیرہ کی پوٹلی جس سے ٹکور کرتے ہیں ۴ سر کی پگڑی یا سپینٹا ۔ ٹوپی (س لپ ۔ توڑنا) **لپڑی باندھنا** (متعدی) ۱ پلٹس باندھنا ۔ ضماد کرنا ۲ پھینٹی باندھنا ۔

لپسی (ہ ۔ مونث) ۱ گیہوں کے آٹے کا کم گھی کا پتلا حلوا ۔ سیرا ۲ بہت بوڑھا آدمی ۔ پیر فرتوت (س لپسکا)

لپک (ہ ۔ امر) ۱ لپکنا کا ۲ (مونث) جھپٹ ۔ کود ۔ چھلانگ ۳ چمک ۔ روشنی ۔ کوندا (بجلی کی) ۴ شعلہ ۔ لو ۔ لپٹ ۵ دھڑک جنبش ۶ تڑپ ۷ ٹیس ۔ سوزش ۸ لچک ۔ اچھلنے دبنے مڑنے وغیرہ کی قوت (س لپھ) **لپکا** (امر) ۱ لپکانا کا ۲ (ماضی) لپکا کی ۳ (مذکر) عادت ۔ خو ۔ لت ۴ بری عادت خوئے بد ۵ چاٹ ۔ مزا ۔ چسکا ۶ (ھ) چھلانگ ۔ کود ۷ چھینا جھپٹی ۔ جھپٹ ۸ بدمعاش ۔ شہدا ۔ **لپکا اس بات کا ہے** (عو) بیحد خواہش جماع ہے ۔ ہر روز ہم بستر ہونے کی خواہش ہے **لپکا پڑنا** (لازم) ۱ بری عادت پڑنا ۔ لت پڑنا ۲ چسکا پڑنا ۔ مزہ پڑنا ۔ **لپکا چھٹنا** (لازم) عادت جاتی رہنا ۔ **لپکا لگنا** (لازم) لپکا پڑنا ۔ **لپکانا** (متعدی) ۱ دوڑانا ۔ بھگانا ۔ جھپٹانا ۲ کتے کو شکار پر دوڑانا ۳ (ہاتھ) جلدی سے آگے کرنا ۔ پھیلانا ۔ بڑھانا ۔ **لپکا ہونا** (لازم) کسی برے کام کی عادت ہو جانا ۔ چسکا پڑ جانا ۔ عادی ہو جانا ۔ **لپک جانا** (لازم) دوڑ جانا ۔ جھپٹ جانا ۔ **لپک جھپک** (مونث) ۱ چستی ۔ پھرتی ۔ چالاکی ۲ جلد بازی ۔ جلدی **لپک جھپک سے** (تف) پھرتی سے ۔ چالاکی سے ۔ **لپک کر** (تف) دوڑ کر ۔ جھپٹ کر ۔ جلدی سے ۔ **لپک کر آنا** (لازم) دوڑ کر آنا ۔ جلدی آنا ۔ **لپک لینا** (متعدی) ۱ جھپٹ کر لینا چھین لینا ۲ اچھلتی ہوئی چیز کو ہاتھوں پر لینا ۔ اچک لینا ۔ **لپکنا** (لازم) ۱ دوڑنا ۔ جلد چلنا ۔ جھپٹنا ۲ چھین لینا ۳ آنچ کا تیز ہونا ۔ شعلے کا بھڑکنا ۴ دیکھو لپک لینا ۵ ٹیس پڑنا ۔ تپکنا ۶ بجلی کوندنا ۔ چمکنا ۷ اچھلنا ۔ پھڑکنا ۔ دھڑکنا ۸ چھلانگ مارنا ۔ چوکڑی بھرنا ۔ پھلانگنا ۹ کسی چیز کے لینے کو دوڑنا ۔ بھاگ جانا ۱۰ چلا جانا ۔ تیزی سے جانا ۱۱ حملہ کرنا ۔ حربہ کرنا ۔ **لپکی** (مونث) ۱ لمبا ٹانکا ۔ کچی سلائی ۔ شلنگا ۲ گوٹ ۔ کنارہ ۔ **لپکی بھرنا یا مارنا** (متعدی) لمبا ٹانکا بھرنا ۔ کچی سلائی کرنا ۔

لپکی (ھ ۔ مونث) ۱ ڈر ۔ خوف ۔ دہشت ۲ ڈر سے چھپ جانا ۔

لپ لپ (ہ ۔ مونث) ۱ کتے کے کھانے یا پینے کی آواز ۲ زبان سے چاٹنے یا پوپلے منہ سے بغیر چبانے نگلنے کی آواز ۳ دل کی دھڑکن (خوف سے) ۴ (تف) جلد جلد ۔ جھپ جھپ ۔ **لپ لپ کرنا** (متعدی) ۱ پوپلوں کیطرح کھانا ۔ ہپ ہپ کرنا ۲ بیہودہ بکنا ۔ بکواس کرنا **لپ لپ کھانا** (متعدی) جلدی جلدی کھانا ۔ کتے کیطرح کھانا ۔ کچھ چبانا اور کچھ نگلنا ۔

لپ لپ (ہ ۔ مونث) ۱ کسی ملائم چیز کے بند ہونے اور کھلنے کی آواز ۲ مقعد کے بند ہونے اور کھلنے کی آواز ۳ دیکھو لپ لپ ۱ تا ۳ لپ لپانا ۔ **لپ لپ کرنا** (متعدی) ۱ سکڑنا اور کھلنا ۔ ڈر کے مارے مقعد سکیڑنا ۲ ڈرنا ۔ خوف کھانا ۔ دھڑکنا ۔

لپو (ہ ۔ مت) پگڑی ۔

لپوڑیا (ھ ۔ مذکر) خوشامدی ۔ منت کرکے کام نکالنے والا ۔

لپیٹ (ہ ۔ امر) ۱ لپیٹنا کا ۲ (مونث) ۳ پیچ ۔ بل ۔ تہ ۴ پوشش ۔ غلاف ۔ بندھن ۵ دور محیط ۔ گردہ ۔ گھیرا ۶ مکر ۔ فریب ۔ دغا ۔ دھوکا ۔ چھل ۷ پیچدار یا ذو معنی بات ۸ الجھیڑا ۔ جنجال ۔ الجھاؤ ۹ مصیبت ۔ بپتا ۔ آفت ۱۰ جھپٹ ۱۱ ضمن ۔ شمول ۔ (س لپ ۔ چمٹنا) **لپیٹا** (ماضی) ۱ لپیٹنا کی ۲ (ھ) دیکھو لپیٹ ۱ تا ۳ ۳ شیشے کی چوڑی جس پر سنہری یا روپہلی تار لپٹا ہوا ہو ۔ **لپیٹ جھپیٹ یا نپیپ** (مونث) فند فریب ۔ داؤ ۔ پیچ ۔ **لپیٹ کی باتیں** (مونث) چالاکی اور فریب کی باتیں ۔ **لپیٹ لپاٹ کر** (تف) تہ کرکے باندھ کے ۔ **لپیٹ لینا** (متعدی) ۱ تہ کر لینا ۔ پیچیدہ کر لینا ۲ لگا لینا ۔ الجھا لینا ۳ پھنسا لینا ۔ جرم میں شریک کرنا ۔ **لپیٹ میں آجانا** (لازم) پھنس جانا ۔ مصیبت میں شامل ہو جانا ۔ **لپیٹن** (مذکر) ۱ لپیٹنے کا کپڑا ۔ بیٹھن ۔ پیچ ۲ وہ گول لکڑی جس پر اونی کپڑا لپیٹ کر صاف کرتے ہیں ۳ چرخ یا بیلن جس پر جلاہے کپڑا بنتے ہیں ۴ روئی کے بیلن کا آہنی پیچ ۔ **لپیٹنا** (متعدی) ۱ تہ کرنا ۔ سمیٹنا ۲ باندھنا ۔ کسنا ۳ لتھیڑنا ۔ آلودہ کرنا ۴ گرفتار کرنا ۔ مبتلا کرنا ۵ عاشق بنانا ۔ مائل کرنا ۶ الجھنا ۔ پھانسنا ۔ شامل کرنا ۷ کسی کپڑے میں پوشیدہ کرنا ۔ ڈھانکنا ۸ الزام میں شامل کرنا ۔ الزام دینا ۹ آمادہ کرنا ۔ راضی کرنا ۱۰ پیچ میں لانا ۔ فریب میں لانا ۔ **لپیٹواں** (صفت) ۱ شامل ۔ ملا ہوا ۲ پیچیدہ ۔ ملفوف ۳ در پردہ ۔ پوشیدہ ۴ پیچدار ۔ بلدار ۔ خمیدہ ۵ (تف) دھوکے سے ۔ فریب سے ۶ (مذکر) سونے کی چوڑی جس پر سونے یا چاندی کا تار لپٹا ہوا ہو **لپیٹواں بات** (مونث) چال کی بات ۔ گول

مول بات۔ فریب کی بات **پیپیٹے** (مذکر) ایک خاص قسم کی چنے کی موٹی روٹی۔ **پیٹیں یاد ہونا** (لازم) فند فریب کی باتیں یاد ہونا۔ مکرو فریب کی باتوں کی مشق ہونا۔

لَت (ہ۔ مونث) لات کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے **لت خور یا خورا** (صفت) ۱ لاتیں کھانے والا۔ ذلیل۔ کمینہ ۲ (مذکر) غلام۔ بندہ۔ بردہ ۳ دہلیز۔ آستانہ ۴ (لکھنو) تختہ جو دروازے کی دہلیز کے نیچے رکھتے ہیں ۵ دری یا قالین جو باورچی خانہ میں بچھائیں۔ زیادہ تر لت خورا استعمال ہوتا ہے۔ **لت روندن** (مونث) پائمالی۔ **لت کُندن** (مذکر) برا سلوک۔ بےعزتی۔ **لت کوب** (صفت) لاتیں مارنے والا۔ **لت کھانا** (متعدی) دولتی کھانا۔ مار کھانا۔ **لت مرا** (صفت) دیکھو لت خور۔ **لت سردن یا مردنی کرنا** (متعدی) ۱ پامال کرنا۔ روندنا ۲ دولتیاں مارنا۔ **لت مردن میں پڑنا** (لازم) ۱ پامال ہونا ۲ بےعزت ہونا۔ **لَتّو** (ہ) **لتہا** (صفت) لاتیں مارنے والا گھوڑا) **لتہاؤ** (مذکر) لاتیں مارنا ایک دوسرے کو لاتیں مارنا۔ **لَتّی** (صفت) ۱ منسوب بہ لات۔ مرکبات میں جیسے دولتی ۲ (مونث) پیر سے یں لاتیں چلانے کی حرکت ۳ لٹو کی ڈوری ۴ وہ کپڑا جو بانس کی چھڑ پر کبوتروں کو بلانے کے لئے لگایا جاتا ہے ۵ موباف۔ سربند۔ چوٹی بند ۶ وہ لمبی دھجی جو کنکوے کے پچھاڑے میں باندھ دیتے ہیں ۷ پگڑی۔ دستار۔ **لتیانا** (متعدی) لاتیں مارنا۔ **لتیا بیج** (مذکر) آپس کی لڑائی۔ **لتیّت** (ہ) لاتیں مارنے والا گھوڑا یا بیل۔ **لتّی کرنا** (ہ۔ متعدی) ۱ لاتیں مارنا ۲ بھاگ جانا۔

لَت (ہ۔ مونث) ۱ عادت۔ خو۔ خصلت ۲ آمیزش۔ آلودگی ۳ لپکا۔ چسکا۔ علت ۴ (صفت) ملاجلا۔ گڈمڈ (س لیپ۔ چھڑکنا) **لَت پَت** (صفت) ۱ بھرا۔ آلودہ۔ شور بور ۲ خراب حال۔ خستہ حال ۳ صاحب فراش۔ **لت پتا** (صفت) تباہ۔ خستہ حال۔ خراب حال۔ **لت پت کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ آلودہ کر دینا۔ بھر دینا ۲ تر کر دینا۔ شور بور کرنا۔ **لت پت ہو جانا** (لازم) ۱ آلودہ ہو جانا۔ بھر جانا۔ ملوث ہونا ۲ شور بور ہونا۔ تر ہونا ۳ خراب یا خستہ حال ہونا۔ **لت پڑنا** (لازم) عادت پڑنا۔ **لت پیچھے لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) خوگر ہونا۔ کسی بات کی عادت کر لینا۔ **لت ڈالنا** (متعدی) بری عادت کا خوگر ہونا۔ **لت کرنا** (متعدی) کوئی چیز پانی گھی وغیرہ میں اتنا بھگونا کہ مل جائے۔ **لت گھت** (مونث) عادتیں۔ خصلتیں۔ **لت لگنا** (لازم) لت پڑنا۔ عادت ہونا۔ **لت ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ عادت ہونا۔ لپکا پڑنا ۲ گڈمڈ ہونا۔ مل جانا دو چیزوں کا۔ **لتی لتیا** (صفت) عادی۔ خوگر۔

لَت (ہ) **لَتا** (س۔ مونث) بیل۔ انگور کی بیل۔ بیل کی لٹکتی ہوئی شاخ۔

لَتّا (ہ۔ مذکر) ۱ کپڑے کا ٹکڑا۔ چیتھڑا ۲ پارچہ۔ کپڑا (س تکتک) **لتّے** (مذکر) ۱ لتا کی جمع ۲ بجائے لتا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **لتّے کا سانپ بن جانا** (لازم) بیحد مبالغہ ہونا۔ **لتّے لینا** (متعدی) ۱ کپڑے اتارنا یا چھیننا ۲ دھجیاں اڑانا۔ پرخچے اڑانا ۳ خبر لینا۔ آڑے ہاتھوں لینا ۴ سرزنش کرنا ۵ تنگ کرنا۔ عاجز کرنا ۶ فضیحت کرنا۔ ذلیل کرنا۔

لَتا پَتا (ہ۔ مذکر) مال واسباب۔ اثاثہ۔ استر بستر۔

لَتّا پَتّا (ہ۔ صفت) دبلا پتلا۔ زار و نزار۔

لَتاڑ (ہ۔ امر) ۱ لتاڑنا کا ۲ (مونث) لعنت ملامت۔ سرزنش۔ فضیحت۔ ذانٹ ڈپٹ ۳ تکلیف۔ مصیبت۔ عذاب۔ آفت۔ دقت ۴ کام کی زیادتی۔ کثرتِ کار ۵ دوڑ دھوپ۔ بھاگ دوڑ ۶ پھٹکار۔ دھتکار ۷ دباؤ ۸ محنت مشقت۔ تھکاوٹ ۹ پائمالی۔ روندن **لتاڑنا** (متعدی) ۱ لاتیں مارنا۔ روندنا۔ پامال کرنا ۲ سرزنش کرنا یا ملامت کرنا ۳ ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ فضیحت کرنا ۴ پھٹکار دینا۔ دھتکارنا ۵ چشم نمائی کرنا ۶ دھمکانا۔ دھمکی دینا۔ **لتاڑ میں آنا** (لازم) گردش میں آنا۔ مصیبت یا بلا میں گرفتار ہونا۔ **لتاڑ میں رہنا** (لازم) زیر مشق رہنا۔ زیر استعمال رہنا۔

لُتپُتا (ہ۔ صفت) مزیدار لطیف چٹ پٹا (کھانا)

لَتَر (ہ۔ مونث) پرانا جوتا۔

لُترا (ہ۔ صفت) ۱ نکالا ہوا۔ بدر کیا ہوا۔ دفع کیا ہوا ۲ چغلخور۔ غماز۔ ادھر کی ادھر لگانے والا ۳ خوشامدی۔ چاپلوسی ۴ طوطا چشم۔ بےوفا۔ بےمروت ۵ بکواسی۔ بکّی (س لپ۔ بولنا) **لترایا۔ لتراپن** (مذکر) ۱ چغلخوری۔ غمازی ۲ نندا۔ غیبت ۳ شرارت۔ فساد کرانا۔ بات کا ادھر سے ادھر جا لگانا۔ **لتری** (مونث) وہ عورت جو ادھر کی باتیں ادھر جا لگائے چغلخور عورت۔

مقولہ۔ لتری کان کٹری۔
اس عورت کے متعلق کہتے ہیں جو ادھر کی باتیں ادھر جا لگائے کہ وہ اس قابل ہے کہ اس کے کان کاٹ دئے جائیں۔

لَتَرہ (ہ۔ صفت) ۱ پرانا پھٹا ہوا ۲ بہت موٹا یا کاہل آدمی (لتا سے)

لَتری (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی دال ۲ پرانی جوتی۔

لَتھر (ہ۔ مونث) آمیزش۔ آلودگی (س لیپ۔ چھڑکنا) **لتھر** (صفت) ۱ بھرا ہوا۔ آلودہ۔ ملوث۔ شور بور ۲ خراب حال۔ خستہ حال **لتھاڑنا** (ہ۔ متعدی) لتھیڑنا۔ **لتھر (پتھ) کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) آلودہ ہونا۔ بھرنا۔ ملوث ہونا۔ شور بور ہونا۔ **لتھڑ** (امر) ۱ لتھڑنا کا ۲ (ہ صفت) بھرا ہوا۔ آلودہ ملوث ۳ میلا۔ گندا ۴ لتھڑا ہوا۔ شرابور۔ **لتھڑا** (ماضی) ۱ لتھڑنا کا ۲ (ہ۔ صفت) دیکھو لتھڑ۔ **لتھڑنا** (لازم) ۱ آلودہ ہونا۔ ملوث ہونا۔ بھرنا ۲ آمیز ہونا۔ مخلوط ہونا۔ ملنا۔ اردو میں عام طور پر بکسر اول استعمال ہوتا ہے **لتھڑنا** (متعدی) ۱ آلود کرنا۔ شور بور کرنا ۲ آمیز کرنا۔ مخلوط کرنا ۳ لیپ کرنا۔ لیپ لگانا۔

لَتّہ (ہ مذکر) دیکھو لتا۔

لِتھاڑنا (ہ) **لِتھڑنا** (ہ) دیکھو لتھاڑنا و لتھڑنا۔

لَٹ (ہ۔ امر) ۱ لٹنا کا ۲ (مونث) بالوں کا لٹ۔ چند بال جن کو عورتیں گوندھتی ہیں۔

جٹا ۱ رسی۔ ڈوری۔ لڑ۔ رسی کی وہ لڑی جس
کو دوسری لڑیوں سے ملاکر موٹی رسی بناتے ہیں۔
۳ الجھیڑا بشکل ۵ مینڈک کا بچہ (س لٹ لپیٹنا)
۶ لاٹ کا مخفف۔ وہ دھوئیں کا سلسلہ جو مسلسل
دھاری کی صورت میں نکلے۔ لٹا (امر) ۱ لٹانا کا
۲ (ماضی) لٹنا کی ۳ الجھا ہوا۔ پیچیدہ ۴ دبلا
پتلا۔ لاغر ۵ غریب ۶ جٹا۔ لٹ ۷ پیچیدہ حالت
الجھیڑا۔ دقت۔ لٹا پٹا (ھ) ۱ دیکھو لٹ پٹا
۲ مال و اسباب۔ بستر بستر۔ انگڑ کھنگڑ۔ لٹا
جانا (ھ) دبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ لٹا دھاری
(مذکر) وہ جوگی جس کے لمبے لمبے بال اور جٹائیں
ہوں۔ لٹ بھر (مونث) ۱ اسباب۔ سامان۔
(لکھنو) ۲ دنیا کے کام دھندے۔ ضرورتیں اور
تعلقات۔ لٹ پٹ یا پٹا (صفت) ۱ الجھا
ہوا۔ پیچ در پیچ ۲ اڑا۔ ترچھا۔ بے ترتیبی سے لپیٹا
یا تہ کیا ہوا ۳ جھومتا ہوا۔ کھلا ہوا ۴ بانکا۔ رنگیلا۔
البیلا۔ چھبیلا ۵ متوالا۔ سرمست ۶ ڈگمگاتا ہوا۔
لڑکھڑاتا ہوا ۷ ہکلا۔ توتلا ۸ خوش مزاج۔ خوش
طبع ۹ چٹخارے دار۔ چٹ پٹا ۱۰ گھلا ملا گاڑھا ۱۱
(مذکر) صرف لٹ پٹا کی صورت میں۔ قلیہ جس میں
شوربا ہو (لکھنو) لٹپٹانا (لازم) ۱ لڑکھڑانا۔
ڈگمگانا ۲ خراماں خراماں چلنا۔ اٹکھیلیوں سے
چلنا ۳ لرزنا۔ کانپنا ۴ (متعدی) دیر کرنا۔ ٹالنا۔
۵ لکنت کرنا۔ تتلانا ۶ نقصان کرنا ۷ ہلانا۔ لٹ
پٹی (صفت۔ مونث) لٹ پٹا۔ لٹ پٹے
(صفت) تکلیف کے۔ مصیبت کے۔ مشکل کے۔
لٹ پٹی پگڑی یا دستار (مونث) بے ترتیبی
سے لپیٹی ہوئی پگڑی۔ پیچ در پیچ اور رنگا رنگ
دستار۔ لٹ پٹی چال (صفت) مستانہ چال
اٹکھیلیوں کی چال۔ خرام ناز۔ لٹ پٹے
دن (مذکر) مصیبت کے دن۔ برے بھلے دن۔
سختی کے دن۔ لٹ دینا (لازم) قابو میں ہونا۔
بس میں ہونا۔ لٹ دھونا (متعدی) ۱ بالوں
کی لٹ کو پانی میں دھونا ۲ شادی اور چھٹی کی
کی ایک رسم جس میں لٹ دودھ سے دھوتی
جاتی ہے۔ اور نیگ حقداروں کو ملتا ہے۔
لٹ دھلائی (مونث) وہ نیگ جو دولہا کی
بہن کو چھٹی کے دن دیا جاتا ہے۔ لٹ کترنا
(متعدی) ۱ لٹ کو قینچی سے کاٹنا ۲ ایک ٹوٹکا جس

میں بانجھ عورتیں کمسن بچے کی لٹ کتر کے جلاکر
گڑ میں ملاکر کھاتی ہیں۔ اس سے خیال ہوتا ہے
کہ وہ بچہ تو مر جائیگا اور ان کے اولاد ہو جائے
گی۔ لٹ جانا (لازم) لٹنا۔ لٹن (مونث)
وہ فصل جو موسم سے پہلے بوئی جائے۔ یہ اچھی
طرح نہیں اگتی۔ اس لئے مجازاً خراب یا نکمی فصل۔
لٹ جانا۔ لٹنا (لازم) ۱ دبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔
۲ کمزور ہونا ۳ (ھ) الجھنا۔ گتھی پڑنا ۴ غریب ہونا
۵ لت پڑنا۔ عادی ہونا۔

امثال واقوال۔ لٹا ہاتھی
(ٹھوراسا) ٹھورے برابر۔ امیر تباہی اور
بربادی کی حالت میں بھی بہت کچھ سہارا رکھتا
ہے۔ لٹا ہاتھی سوا لاکھ ٹکے کا۔ کیا گزرا
امیر بھی اوروں سے بہتر ہے۔ لٹے پٹے دن
کاٹنے تکلیف کے دن جس طرح سے ہو سکیں کاٹنے
چاہئیں۔ لٹے پٹے دن کاٹتے رہئے
گھام میں سو۔ وا کے تلے نہ بیٹھیئے
جا پیڑ پات نہ ہو تکلیف میں دن کاٹنا
اور گرمی میں سو رہنا بہتر ہے لیکن ایسے درخت
کے نیچے جس پر پتے نہ ہوں ہرگز سونا نہ چاہئے
ایسا درخت سوکھا ہوا اور کھوکھلا ہوتا ہے
اور اس کے ٹوٹنے کا ڈر ہوتا ہے۔ لٹے کو
مارے شاہ مدار۔ کمزور کو ہر شخص ستاتا
ہے۔ لٹے کی جوئے سرگاؤں کی
مرہج۔ دیکھو غریب کی جورو الخ۔
لٹ (س۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو بیہودہ
کی باتیں کرے۔ بیوقوف آدمی ۲ نقص۔
عیب
لُٹ (ہ۔ امر) لٹنا کا (س لُنٹ۔
لوٹنا) لٹا (امر) ۱ لٹانا کا ۲ (ماضی) لٹنا کا۔
لٹا پٹا (صفت) لوٹا ہوا۔ جسے لوٹا جائے۔
لٹا لٹا کر مارنا (متعدی) خوب پٹکنیاں دینا۔
زمین پر گرا گرا کر مارنا۔ بیدردی سے مارنا۔ خوب
مارنا پیٹنا۔ نہایت ذلت سے سزا دینا۔ لٹانا
(متعدی) لوٹنا کا ۱ اپنا مال ضائع کرنا۔ روپیہ
برباد کرنا ۲ غارت کرنا۔ برباد کرنا ۳ فضول خرچی
کرنا۔ اسراف کرنا ۴ بکھیر کرنا۔ روپیہ پیسہ پھینکنا
۵ بانٹ دینا۔ لوگوں کو دیدینا ۶ لوٹنا کا متعدی
زمین پر غلطاں کرنا۔ زمیں پر بار بار گرانا ۷ مضطرب
کرنا۔ بیقرار کرنا ۸ خوب ہنسانا۔ پھڑکانا۔ ہنسی کے
مارے پیٹ میں بل ڈالنا۔ لٹاؤ (صفت) فضول
خرچ۔ اڑاؤ۔ کھاؤ۔ لٹ جانا۔ لٹنا (لازم)
۱ تباہ ہونا۔ برباد ہونا ۲ لوٹا جانا ۳ کچھ باقی نہ
رہنا۔ صفایا ہونا ۴ چوری ہونا ۵ مال غارت ہونا
خرید و فروخت میں نقصان اٹھانا ۶ گھر اجڑنا یا
ویران ہونا۔ لٹوانا (لازم) لوٹنا کا ۱ غارت کرانا۔
تباہ کرانا ۲ برباد کروانا۔ ویران کروانا ۳ نقصان
کرانا ۴ مہنگا سودا دلوانا ۵ خرچ کرانا۔ لٹویا
(ھ۔ مذکر) لوٹنے والا شخص۔ لٹیرا۔ قزاق۔ لٹے
پٹے دن کاٹنا (متعدی) مشکل سے گزر اوقات
کرنا۔ مصیبت کے دن کاٹنا۔ بپتا کاٹنا۔ لٹیرا
(صفت) ۱ لوٹ مار کرنے والا۔ راہزن۔ قزاق
۲ دغاباز۔ ٹھگ ۳ کم تولنے والا۔ اڑے مار۔
مثل۔ لٹا یا ربگانا مال (مال
بگانا ہندی کا دل دریا (عو) دوسروں کا
مال بیدردی سے خرچ کرنے کے موقع پر
کہا جاتا ہے۔
لِٹا (ہ۔ امر) لٹانا کا۔ لٹا دینا
(متعدی) لٹا ل دینا۔ لٹا لینا (عف) لٹانا
(متعدی) لیٹنا کا ۱ فرش چارپائی وغیرہ پر چت
پٹ یا کروٹ کے بل ڈالدینا ۲ چت ڈالنا۔
پچھاڑنا ۳ کسی کھڑی ہوئی چیز کو سیدھا کرکے
زمین پر ڈالنا ۴ قبر میں ڈالنا ۵ بچے کو سلانا۔
لٹائی (ہ۔ مونث) ڈور لپیٹنے کی چرخی
پرپٹی۔
لٹڑ (ہ۔ مذکر) بیہودہ آدمی۔ منحوس
شخص (لکھنو)۔
لُٹس (ہ۔ مونث) ۱ لوٹ مار۔
لوٹ کھسوٹ۔ چھینا جھپٹی ۲ لوٹ۔ غنیمت۔
(لوٹنا سے) لٹس مچانا (متعدی) لوٹ مچانا
لوٹ لینا۔ غارت گری کرنا۔ غدر مچا دینا۔
لٹک (ہ۔ امر) لٹکنا کا ۲ (مونث)
آویزش۔ لٹکاؤ ۳ ناز و انداز۔ چلنے، بولنے یا گانے
کا انداز ۵ لہر۔ موج۔ ترنگ ۶ جن و پری کا اثر۔
سایہ۔ بھوت۔ پریت ۷ دیوانگی یا جنون کا اثر
۸ (ھ) لت۔ عادت ۹ لاپرواہی یا عشق محبت
۱۰ پردہ۔ جھالر (ہونا کے ساتھ) (س لذ۔ پھینکنا)
لٹکا (امر) لٹکانا کا ۲ (ماضی) لٹکنا کی ۳ (صفت)

وہ جو لٹک رہا ہو ۷ (مذکر) کسی کو اپنے سے الجھا لینے کا منتر۔ موہنی۔ عمل حب ۸ منتر۔ جادو۔ سحر۔ ٹونا ۹ شعبدہ۔ کرتب۔ عجیب بات۔ چٹکلہ۔ گن۔ ہنر ۱۰ داؤں۔ پیچ۔ گھات ۱۱ طور۔ طریقہ۔ جتن۔ تدبیر ۱۲ شغل۔ دل بہلاؤ۔ مشغلہ۔ کھیل۔ دھندا ۱۳ مکر۔ فریب۔ چھل۔ پھند ۱۴ تیر بہدف دوا۔ اکسیر۔ چلتا ہوا نسخہ ۱۵ ہاتھ کی چالاکی۔ چلتر۔ عیاری۔ **لٹک آنا** (لازم) ۱ آویزاں ہو کر کسی جگہ آ جانا۔ **لٹکا چل جانا** (لازم) منتر یا جادو کا کارگر ہونا۔ **لٹکا دینا** (متعدی) دیکھو لٹکانا۔ **لٹکا رکھنا** (متعدی) ۱ آویزاں رکھنا ۲ حیلہ حوالہ کر کے امیدوار رکھنا اور مایوس نہ ہونے دینا ۳ کسی کام کی تکمیل نہ کرنا۔ تکمیل میں تاخیر کرنا ۴ حکیم ڈاکٹر وغیرہ کا بیمار کو ارادتاً اچھا نہ ہونے دینا۔ **لٹکا رہنا** (لازم) آویزاں رہنا وغیرہ دیکھو لٹکنا۔ **لٹکا سیکھنا** (متعدی) داؤ۔ طور یا طریقہ سیکھنا۔ **لٹکانا** (متعدی) ۱ آویزاں کرنا۔ معلق کرنا۔ ٹانگنا ۲ پھانسی دینا۔ سولی چڑھانا ۳ اٹکائے رکھنا۔ تاخیر کرنا۔ تعویق میں ڈالنا ۴ امید میں رکھنا۔ انتظار میں رکھنا ۵ کھڑا رکھنا ۶ مقدمہ کا التوا رکھنا یا طوالت دینا۔ **لٹکا ہاتھ آنا یا لگنا** (لازم) آسان تدبیر سوجھنا۔ **لٹکاؤ** (ھ۔ مذکر) آویزاں ہونا۔ لٹکنا۔ **لٹکا یاد ہونا** (لازم) ۱ منتر یا جادو کی مہارت ہونا ۲ آسان تدبیر معلوم ہونا۔ **لٹک جاتی رہنا** (لازم) ۱ بانکپن جاتا رہنا۔ ناز و انداز نہ رہنا۔ **لٹک جانا** (لازم) ۱ دیکھو لٹکنا ۲ دیکھو لٹک جاتی رہنا۔ **لٹک چال** (لازم) مستانہ چال۔ جھومتی ہوئی چال۔ **لٹک چلی جانا** (لازم) ۱ امید قائم ہونا ۲ عادت نہ چھوٹنا۔ **لٹک کر چلنا** (لازم) ناز و ادا سے چلنا۔ ناز و نخرے سے قدم اٹھانا۔ جھوم کر چلنا۔ مستانہ انداز سے چلنا۔ **لٹک کی چال** (مونث) ناز و ادا کی چال۔ **لٹک میں آنا** (لازم) موج میں آنا۔ ترنگ آنا۔ **لٹکن** (مذکر) ۱ لٹکنا ۲ کوئی چیز جو لٹک رہی ہو ۳ ناک کا ایک زیور جو نتھ میں ڈالا جاتا ہے ۴ کان کا ایک زیور۔ جھمکا ۵ گھنٹے کا پنڈلم۔ فانوس ۶ لٹکنے والا لمپ ۷ وہ قمقمہ جو شیشے کے جھاڑ میں لٹکایا جاتا ہے ۸ وہ انگرا جس میں گھنٹا لٹکاتے

ہیں ۹ ایک بیل کا نام جس سے زرد رنگ نکلتا ہے ۱۰ جھاڑ۔ فانوس۔ قلمیں۔ آویزے ۱۱ جھولا ۱۲ تھا لینے کا لنگر ۱۳ گھڑونچی ۱۴ ایک پرندہ جو پنجوں سے الٹا لٹکتا ہے۔ **لٹکنا** (لازم) لٹکانا کا ۱ دیکھو لٹکانا ۲ رکنا۔ اٹکنا ۳ مدتوں بیمار رہنا ۴ آگے نہ بڑھنا۔ پیچھے رہنا ۵ لاغر ہونا۔ دبلا ہونا ۶ آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ۷ منتظر رہنا۔ راہ تکنا ۸ جھولنا۔ **لٹک نہ جانا** (لازم) ناز و ادا قائم رہنا۔ آن بان رہنا۔ **لٹکوا** (ھ۔ مذکر) دیکھو لٹکن۔ **لٹکوانا** (لازم) لٹکانا کا۔ **لٹکے** (مذکر) جمع لٹکا کی۔ **لٹکے آنا** (لازم) فریب آنا۔ چالیں یاد ہونا۔ **لٹکے بتانا** (متعدی) ترکیبیں یاد ہونا۔ **لٹکے یاد ہونا** (لازم) دیکھو لٹکا یاد ہونا۔ **لٹکی ہوئی چال** (مونث) مستانہ یا معشوقانہ چال۔

لٹو (ہ۔ مذکر) ۱ ایک کھلونا جسے ہاتھ سے یا دھاگا لپیٹ کر پھراتے ہیں تو دیر تک پھرتا رہتا ہے ۲ سیدھ معلوم کرنے کا آلہ۔ شاقول ۳ گول بنی ہوئی چیز ۴ گول لکڑی کے ٹکڑے جو کرسیوں وغیرہ میں خوبصورتی کے لئے لگاتے ہیں ۵ دروازے کا گول دستہ ۶ انجنوں کا ایک پرزہ ۷ (صفت) مجازاً شیفتہ۔ فریفتہ (س لٹ۔ لپیٹنا) **لٹو پٹو** (مذکر) مال و اسباب۔ **لٹودار** (صفت) گول۔ **لٹودار پگڑی** (مونث) گول پگڑی۔ **لٹو سلار و جمع ہو رہے ہیں**۔ تمام ہم نشین بے توقیر بے اعتبار ہیں۔ **لٹو ہونا** (لازم) ۱ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ۲ محو ہونا ۳ مستغرق ہونا ۴ چکرانا۔ چکر کھانا۔ پھرکی بننا۔

لٹوا (ھ۔ مذکر) دیکھو لٹو۔

لٹورا (ہ۔ مذکر) ۱ لٹ۔ جٹا ۲ جونڈا۔ سر۔ (لٹ سے) **لٹوروں** (جمع) لٹورا کی۔ **لٹوروں والی** (مونث) ۱ لٹوں والی عورت ۲ ڈائن۔ چڑیل۔ بھتنی ۳ ساحرہ۔ جادوگرنی۔ **لٹوری** (مذکر) چھوٹی لٹ۔ **لٹورے** (مذکر) جمع لٹورا کی۔ **لٹورے اپاڑنا یا لینا** (لازم) سر ہونا۔ پیچھے پڑ جانا۔ **لٹورے اتروانا** (متعدی) بچے کے بال اتروانا۔ مونڈن کرانا۔ **لٹورے کھولے پھرنا** (لازم) ننگے سر پھرنا۔ بال کھولے پھرنا جو بدتمیزی سمجھی جاتی ہے۔ **لٹورے لے ڈالنا** (متعدی) ۱ سر مونڈ ڈالنا۔ جونڈا

مونڈنا ۲ بال نوچ لینا۔ **لٹوریوں والی** (مونث) دیکھو لٹوروں والی۔

لٹورا (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو لٹورا معہ دیگر محاورات۔ **لٹوری** (مونث) چھوٹی لٹ۔ **لٹوریا** (مونث) ۱ چھوٹی لٹ ۲ (مذکر) لٹوں والا جوگی۔ جٹا دھاری (صفت) گیسو دار۔

لٹورا (ہ۔ مذکر) ایک شکاری پرند جو فاختہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔ **لٹوری** (مونث) اس پرند کی مادہ۔

لٹوری (ہ۔ مونث) سر کی ایک پوشاک۔

لٹھ (ہ۔ مذکر) ۱ لکڑی۔ سونٹا۔ عصا۔ لاٹھی ۲ مجازاً درشت کلام ۳ (پ) چرخے کی لاٹھ۔ (س یشٹی) **لٹھا لاٹھی یا لاٹھم** (ھ۔ مذکر) لاٹھیوں سے لڑنا۔ ایک دوسرے کو لاٹھیوں سے مارنا۔ **لٹھ باز** (صفت) لاٹھی سے لڑنے والا۔ لاٹھی باندھنے والا۔ **لٹھ بازی** (مونث) لاٹھیوں سے لڑنا۔ **لٹھ بند** (صفت) لاٹھی باندھنے والا۔ **لٹھ (سا) مار دینا** (متعدی) نہایت درشت جواب دینا۔ گنواروں کی طرح بات چیت کرنا۔ **لٹھ مار** (مذکر) وہ کسان جو آبپاشی کے لئے بند باندھے۔ **لٹھ مونگر** (صفت) زور آور۔ کم فہم۔ **لٹھیا** (مونث) لاٹھی کی تصغیر۔ چھوٹی لاٹھی۔ چھڑی۔ ہاتھ کی لکڑی۔ **لٹھیا ٹیکنا** (متعدی) لٹھیا کے سہارے چلنا۔ **لٹھیانا** (متعدی) لاٹھیوں سے خبر لینا۔ پیٹنا۔ **لٹھیت** (مذکر) ۱ لاٹھیوں سے لڑنے والا۔ لٹھ باز ۲ (صفت) سینہ زور۔ شہ زور ۳ ضدی۔ ہٹی۔ **لٹھیت لڑکا** (صفت) ڈھیٹ یا ضدی لڑکا۔

لٹھا (ہ۔ مذکر) ۱ شہتیر۔ چھت کی کڑی ۲ سلیپر۔ لکڑی کے چوڑے ٹکڑے ۳ جریب کا دسواں حصہ (س یشٹی۔ لاٹھی)

لٹھا (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا سفید دبیز کپڑا (اصل لانگ کلاتھ)

لٹھر (ھ۔ صفت) سست۔ کاہل۔

لٹی (ھ۔ مونث) ۱ فاحشہ۔ رنڈی۔ طوائف۔ بیسوا۔ کسبی ۲ محصول۔ ٹیکس۔ **لٹی کا** (صفت) بدچلن عورت کا بچہ۔ حرامی۔ حرامزادہ۔

لٹی (ھ۔ مونث) چھوٹی روٹی جو

کوٹلوں پر بکائی جائے۔

لٹیا (ہ۔ مونث) ۱ لوٹے کی تصغیر چھوٹا سا لوٹا ۲ پیتل کا چھوٹا پانی پینے کا ظرف۔ **لٹیا ڈبونا** (متعدی) ڈوب جانا یا **ڈوبنا** (لازم) ۱ لٹیا کا پانی میں غرق ہو جانا۔ پانی بھرنے کا ظرف کوئیں میں گر پڑنا ۲ تباہ ہونا۔ برباد ہونا ۳ ناکامیاب ہونا ۴ عزت جانا۔ آبرو جاتا۔ بے عزت ہونا ۵ نقصان اٹھانا۔ گھاٹا بھرنا۔ دوالہ نکالنا ۶ ہمت ہارنا۔ جی چھوڑنا۔

مقولہ۔ لٹیا ڈوبی اسے سرداس۔ گھوڑی دانہ کھائے نہ گھاتیں۔ کام بالکل بگڑ گیا اب سدھرنے کی امید نہیں۔

لٹیرو (ہ۔ مذکر) ۱ لٹیرا ۲ فضول خرچ۔

لثات (ع۔ مذکر) جمع لثہ کی۔

لثہ (ع۔ مذکر) سوڑا۔

لج (ہ۔ مونث) لاج کا مخفف۔ **لجا** (امر) لجانا کا۔ **لجّا** (مونث) شرم۔ حیا۔ لاج۔ **لجا دھار** (س) ایک پہاڑ۔ **لجا دھر** (صفت) شرمیلا۔ **لجالو** (س) ۱ شرمیلا۔ حیادار ۲ پودہ لاجونتی۔ **لجانا** (لازم) ۱ شرمانہ۔ شرمندہ ہونا۔ خجل ہونا۔ جھینپنا ۲ (متعدی) شرمندہ کرنا ۳ (ہ) شرمیلا۔ حیادار۔ **لجاؤ** (صفت) ۱ شرمیلا۔ شرمگیں۔ حیادار ۲ غیرت مند۔ غیرت والا۔ **لجوانا** (ہ) لجانا کا مم۔ شرمندہ کرانا یا کرنا۔ **لجونی** (ہ) دیکھو لاجونتی۔ **لجیا** (س) شرم۔ حیا۔ لاج۔ **لجیانا** (ہ) لجانا۔ **لجیلا** (صفت) شرمیلا۔ باحیا۔ حیادار۔

لجاجت (ع۔ مونث) ۱ عاجزی ۲ خوشامد۔ منت سماجت (لجّ۔ زبردستی مانگنا)

لجام (ع۔ مونث) لگام۔ باگ۔ عنان۔

لجلاج (ہ۔ مذکر) ۱ شطرنج کے موجد ۲ شطرنج یا چوسر کا استاد ۳ (ف) صاف شدہ سیماب ہو۔

لجلجا (ہ۔ صفت) **لجلجلا** (ہ) ۱ گلگلا۔ پلپلا ۲ لچکدار۔ نرم۔ ملائم ۳ لبس دار۔ چپدار۔ لسلسا۔ لجلجا۔ **لجلجانا** (لازم) ۱ نرم ہونا۔ لجلجا ہونا ۲ (متعدی) نرم کرنا۔

لجونتی۔ لجونی (ہ۔ صفت و مونث) دیکھو لاجونتی۔

لجّہ (ع۔ مذکر) ۱ پانی کی گہری جگہ۔ منجدھار ۲ دریا۔ ندی ۳ بہت پانی ۴ گہرا غار جو پانی سے بھرا ہوا ہو۔ اتھا۔ **لجۂ آفت** (مذکر) سخت مصیبت۔ **لجۂ خیزی** (مونث) پانی سے بھرے ہوئے غار میں حرکت ہونا۔ **لجہ مصیبت** (مذکر) بیحد مصیبت۔

لجھڑی (ہ۔ مونث) آنون تال۔

لچ (ف۔ صفت) لوچ کا مخفف۔ ۱ ننگا۔ عریاں۔ برہنہ ۲ بدچلن۔ بدوضع۔ بداطوار ۳ بدکار۔ بدمعاش۔ **لچّا** (صفت) ۱ بے شرم۔ بے حیا۔ بے باک ۲ اوباش۔ بدمعاش۔ بدوضع ۳ شریر۔ فتنہ انگیز۔ فسادی۔ جھگڑالو ۴ اچکا۔ ٹھگ۔ اٹھائی گیرہ ۵ قمارباز۔ جواری ۶ عیبی۔ عیب دار ۷ (مذکر۔ عف) حقہ۔ **لچّاپن** (مذکر) ۱ بیحیائی۔ بے غیرتی۔ بے شرمی ۲ بدچلنی۔ بدراہی ۳ بدکاری۔ بدمعاشی ۴ فساد۔ شرارت ۵ اچکاپن۔ **لچا گنڈا** (صفت) دیکھو لچّا۔ **لچّامی** (ہ۔ مونث) **لچّاؤن** (ہ۔ مذکر) **لچّائی** (ہ۔ مونث) لچّاپن۔ **لچپن۔ لچپنا** (مذکر) دیکھو لچّاپن۔ **لچ بہادر** (مذکر) بدمعاش۔ شہدا۔ **لچنی** (ہ) بدمعاش عورت۔ آوارہ عورت۔ **لچّی** (مونث) ۱ شہدی۔ بدچلن ۲ بدخو۔ ترشرو ۳ لڑاکا۔ جنگجو ۴ فضول خرچ۔ چٹوری ۵ بیہودہ۔ بدنام ۶ شہدے پن کی۔ **لچی بات** (مونث) شہدے پن کی بات۔ فحش بات۔

لچانا (ہ۔ متعدی) ۱ جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا۔ لچکانا ۲ کمزور کرنا۔ مغلوب کرنا۔

لچاؤ (ہ۔ مذکر) ۱ جھکاؤ۔ خم ۲ لچک۔

لچر (ہ۔ صفت) ۱ بیہودہ۔ لغو۔ مہمل۔ پوچ ۲ بیوقوف۔ احمق۔ اناڑی ۳ بے تکی۔ بے معنی۔ بے ربط (بات) ۴ کمزور۔ جس میں زور نہ ہو (س۔ لس کھیلنا) **لچر آدمی** (مذکر) بیہودہ شخص۔ بیوقوف آدمی۔ **لچر بات** (مونث) بے تکی بات۔ بیہودہ بات۔ **لچر حرکت** (مونث) بیہودہ حرکت۔ **لچر عبارت** (مونث) وہ عبارت جسمیں زور نہ ہو۔

لچُرا (ہ۔ مذکر) ۱ ٹکڑی ۲ (دکنی) لترا۔

لچک (ہ۔ امر) ۱ لچکنا کا ۲ (مونث) ۱ وہ قوت جس سے اجسام جھک کر اپنی اصلی حالت پر آجاتے ہیں ۲ جھکاؤ۔ خمیدگی ۳ کسی چیز کا نزاکت سے جھک جانا ۴ جھٹکا۔ ہچکولا۔ ضرب ۵ ملائمت۔ نرمی (س۔ لس۔ اٹھنا) **لچکا** (مذکر) ۱ جھٹکا۔ ضرب۔ ہچکولا ۲ چک۔ موچ ۳ ایک قسم کا پتلا گوٹا۔ **لچک آجانا** (لازم) جھٹکا آجانا۔ چک آجانا۔ **لچکا کھانا** (متعدی) لچک جانا۔ **لچکانا** (متعدی) نرم چیز کو ہلانا یا جھکانا۔ **لچک جانا** (لازم) ۱ بل کھانا۔ مڑ جانا ۲ لرز جانا۔ کانپ جانا۔ **لچکدار** (صفت) ۱ وہ جس میں لچک ہو ۲ لرزاں۔ جنباں۔ **لچکنا** (لازم) ۱ نرم شے کا جھک کر اپنی جگہ آجانا ۲ مڑنا۔ بل کھانا ۳ نزاکت سے بل کھانا۔ **لچکے کھانا** (متعدی) دیکھو لچکا کھانا۔ **لچکے کی تیلی** (مونث) کناروں پر دونوں طرف برابر سیاہ ہوا لچکا ہو۔

لچلچ (ہ۔ مونث) لچکنے کی آواز۔ (س۔ لس۔ چکنا) **لچلچا** (صفت) لعابدار سالن ایسا سالن جس میں نہ شوربہ ہو نہ وہ بالکل خشک ہو صرف گھی ہو۔ **لچلچانا** (لازم) ۱ لیسدار ہونا۔ لعابدار ہونا۔ لسلسانا ۲ لچکدار ہونا۔ **لچ جانا۔ لچنا** (ہ۔ لازم) ۱ جھکنا۔ خمیدہ ہونا۔ ٹیڑھا ہونا ۲ فروتنی کرنا۔ متواضع ہونا۔ (س۔ لس۔ کھیلنا)

لچھا (ہ۔ مذکر) ۱ سوت یا ریشم کی انٹی ۲ ریشم یا تاگوں کا بنا ہوا حلقہ جو اکثر بچوں کے ہاتھوں میں ڈالتے ہیں ۳ پاؤں اور ہاتھوں کا ایک زیور جس میں بہت سے تار یا زنجیریں ہوتی ہیں ۴ گلے کا ایک زیور جو گلے کے ساتھ چپٹا رہتا ہے ۵ بہت باریک کتری ہوئی چیز جیسے ادرک یا پیاز ۶ مسلسل لپٹے ہوئے تار تاگے یا ڈورے ۷ ایک قسم کی مٹھائی جس میں مثل ریشم کے کھانڈ کے باریک تار ہوتے ہیں جنہیں ریشم کے لچھے کہتے ہیں ۸ مسلسل چیز۔ پیچیدہ چیز۔ ڈورے ۹ گھنگری۔ آواز کی پیچیدگی ۱۰ الجھی ہوئی ڈور ۱۱

مسلسل تقریر یا نغمہ ۲ جو چیز مسلسل با افراط نکلے جیسے آنسوؤں کے لچھے ۳ متواتر ضرب جو ایک ہی تلوار سے لگائیں (س نئیبک) **لچھا باندھنا** (متعدی)، **بندھنا** (لازم) مسلسل کہنا۔ **لچھے دار** (صفت) ۱ پیچیدہ۔ پیچدار۔ پیچ در پیچ ۲ مسلسل۔ سلسلہ وار۔ متواتر ۳ مزیدار۔ پر لطف۔ (جواب، منطق وغیرہ کے ساتھ) **لچھے دار آواز** (مونث) مسلسل آواز جو کہیں رکے نہیں۔ **لچھے دار باتیں** (مونث) ۱ پیچدار باتیں ۲ مسلسل باتیں ۳ مزیدار باتیں۔ **لچھے سے** (صفت) نرم۔ ملائم۔ لچھوں کی مانند **لچھے کا آزار بند** (مذکر) ایک قسم کا آزار بند۔ **لچھے کا مربا** (صفت) ایک قسم کا مربا جس میں آم وغیرہ کے لچھے ہوتے ہیں۔ **لچھیانا** (متعدی) دھاگے، ڈور وغیرہ کا لپیٹنا۔ ریل پر لپیٹنا۔ چرخی پر لپیٹنا۔

لچھمی (ہ۔ مونث) ۱ دھن۔ دولت مال۔ زر۔ ثروت ۲ دولت کی دیوی۔ **لچھمی گھر میں آنا یا اترنا** (لازم) ۱ دولت کا گھر میں آنا ۲ کسی صاحب اقبال کا گھر میں آنا۔ ۳ خود صاحب اقبال ہونا ۴ مبارک قدم ہونا کا گھر میں آنا ۵ بیٹی کا پیدا ہونا۔ **لچھمی نارائن کرنا** (متعدی) کھانا شروع کرنا۔ ہندو بجائے بسم اللہ کرنا کے کہتے ہیں۔ سدھ داتا گنیش کرنا۔

امثال و اقوال لچھمی بن آدر کون کرے ۱ دولت کے بغیر کوئی نہیں پوچھتا دولت کی لوگ قدر کرتے ہیں۔ غریب کی عزت نہیں ہوتی ۲ بیوی کے بغیر کوئی خاطرداری نہیں کرتا۔ **لچھمی سے بھینٹ نا۔ دلدر سے بیر:** بدقسمت آدمی ہے۔ بہت غریب ہے۔

لچھن (ہ۔ مذکر) ۱ نشان۔ علامت۔ انداز۔ آثار ۲ چال ڈھال۔ طور طریق۔ رنگ ڈھنگ ۳ افعال۔ کرتوت۔ قول فعل۔ کام۔ کردار ۴ حال۔ حالت۔ کیفیت۔ وضع ۵ عادت۔ خصلت۔ سیرت۔ کردار ۶ اعمال۔ کرم کر یا دس لکشن۔ **لچھن پکڑنا** (متعدی) ۱ بری عادت سیکھنا ۲ وضع یا طریقہ اختیار کرنا۔ **لچھن جھڑ جانا یا جھڑنا** (لازم) ۱ برے دن آنا۔ ادبار آنا۔ بد اقبالی ہونا ۲ بیقدر ہونا۔ نظروں سے گرنا ۳ بگڑنا۔ ابتر یا خراب ہونا زوال پذیر ہونا ۴ چہرے کی رونق جاتی رہنا۔ چہرے پر تازگی نہ رہنا۔ رنگ روپ جاتا رہنا۔ ۵ بد صورت ہو جانا **لچھن سے چھڑ پڑنا یا جانا** (لازم) ۱ بے رونق ہو جانا۔ تروتازگی جاتی رہنا۔ رنگ روپ نہ رہنا ۲ صرف دوسری صورت میں۔ توقیر گھٹ جانا۔ پہلی سی بات نہ رہنا **لچھن سیکھنا** (متعدی) دیکھو لچھن پکڑنا۔

لچھنا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا اناج۔

لچھی (ہ۔ مونث) ۱ لچھی کا مخرب ۲ خون اور پانی ملنا ۳ پنجابی زبان کا ایک گانا۔

لچھٹی (ہ۔ مونث) میدے کی ملائم اور نرم پوری۔

لچیلا (ہ۔ صفت) ۱ لوچدار۔ لسدار ۲ نرم۔ ملائم۔ نازک (س لس۔ کھینچنا)

لحاظ (ع۔ مذکر) ۱ کسی چیز کو غور سے دیکھنا۔ خیال رکھنا۔ دھیان رکھنا ۲ خیال۔ دھیان۔ توجہ ۳ پاسداری۔ جانب داری۔ طرفداری ۴ ملاحظہ۔ پاس۔ مروت۔ رعایت ۵ شرم۔ حیا۔ حجاب۔ پردہ ۶ توجہ۔ رجحان۔ لحاظ ۷ پاس۔ ادب۔ حفظ مراتب ۸ پرہیز۔ احتیاط۔ اجتناب۔ عذر ۹ نظر۔ نگاہ ۱۰ (آنکھ کا) غیرت۔ حمیت (لحظ۔ نیم باز آنکھوں سے دیکھنا۔ **لحاظ آجانا یا آنا** (لازم) ۱ مروت آجانا۔ پاس ادب ہونا ۲ شرم آجانا۔ **لحاظ اٹھا دینا یا اٹھانا** (متعدی) **اٹھ جانا** (لازم) ۱ بے شرم ہو جانا۔ بے حیا ہو جانا ۲ وقر کی پرواہ نہ کرنا۔ بے ادب ہو جانا۔ **لحاظ توڑنا** (متعدی)، **ٹوٹنا** (لازم) حجاب نہ رہنا۔ شرم دور ہونا۔ **لحاظ رکھنا** (متعدی) ۱ خیال رکھنا۔ دھیان رکھنا ۲ پاس ادب کرنا۔ برائی رکھنا ۳ شرم کرنا۔ حیا کرنا۔ حجاب رکھنا ۴ پرہیز کرنا۔ اجتناب کرنا۔ **لحاظ رہنا** (لازم) ۱ شرم یا حیا کا قائم رہنا ۲ مروت رہنا۔ پاس رہنا۔ **لحاظ سے** (تف) پاسداری کی وجہ سے۔ پاس سے۔ ملاحظے سے۔ **لحاظ کرنا** (متعدی) ۱ پاس کرنا۔ ملاحظہ کرنا۔ مروت سے پیش آنا ۲ شرم کرنا۔ حیا کرنا ۳ پردہ کرنا۔ حجاب کرنا۔ منہ چھپانا ۴ پاسداری کرنا۔ رعایت کرنا ۵ خیال کرنا ۶ دھیان کرنا ۷ پرہیز کرنا۔ احتیاط کرنا۔ **لحاظ کھو دینا یا کھونا** (متعدی) ادب۔ شرم۔ پاس وغیرہ کا قائم نہ رہنے دینا۔ **لحاظ کے قابل** (صفت) قابل التفات یا خیال۔ توجہ دینے کے لائق۔ **لحاظ نہ کرنا** (متعدی) ۱ ادب نہ کرنا۔ حفظ مراتب کا خیال نہ رکھنا ۲ شرم نہ کرنا۔ حیا نہ کرنا ۳ مروت سے پیش نہ آنا۔ پاس نہ کرنا ۴ خیال میں نہ لانا۔ **لحاظ والا** (صفت) ۱ بامروت۔ مروت والا ۲ شرم و حیا والا ۳ (پ) واقف۔ جان۔ پہچان۔ ملاقاتی۔

مثل۔ لحاظ کی آنکھ جہاز سے بھاری: خجالت نہیں اٹھائی جاتی۔

لحاف (ع۔ مذکر) ۱ روئی سے بھرا ہوا رات کو اوپر لپیٹنے کا کپڑا جو رضائی سے موٹا اور بڑا ہوتا ہے ۲ وہ دوا جو کشتہ کرنے کے وقت کسی دوا کے اوپر رکھی جاتی ہے ۳ مجازاً بیوی (اوڑھنا لپیٹنا وغیرہ کے ساتھ) (لحف۔ کپڑے میں کسی شخص کو لپیٹنا)

لحد (ع۔ مونث) ۱ قبر کے اندر کا وہ گڑھا جس میں مردہ رکھا جاتا ہے ۲ قبر۔ مزار۔ تربت ۳ وہ گڑھا جو مردہ نہلانے کے لئے گھر میں کھود لیتے ہیں (لحد۔ دفن کرنا) **لحد بھرنا** (متعدی) قبر کو مٹی سے بھرنا۔ **لحد سے اٹھنا** (لازم) قیامت کے دن مردے کا زندہ ہو کر قبر سے نکلنا۔ **لحد میں اتارنا** (متعدی) مردے کو قبر میں رکھنا۔ **لحد میں اترنا** (لازم) ۱ مردے کا قبر میں رکھا جانا ۲ کسی آدمی کا مردے کو قبر میں رکھنے کے لئے لحد میں اترنا۔

امثال و اقوال۔ لحد میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں۔ دیکھو قبر میں پاؤں الخ۔ **لحد میں تین دن بھاری** دیکھو قبر میں تین دن بھاری۔

لحظہ (ع۔ مذکر) پل۔ لمحہ۔ پلک جھپکنے کا عرصہ۔ دم کے دم۔ دم بھر (لحظ۔ نیم باز آنکھوں سے دیکھنا) **لحظہ بھر** (تف) دم بھر۔ دم کے دم کو۔ لمحے کے واسطے۔ **لحظہ بہ لحظہ** (تف) ۱ دم بدم۔ ساعت بساعت۔ لمحہ بہ لمحہ ۲ ہر گھڑی۔ ہر دم۔

لحم (ع۔ مذکر) گوشت۔ ماس۔ (لحَم۔ ٹھوس ہونا) لحم البقر (مذکر) گائے کا گوشت لحم الخنزیر (مذکر) سور کا گوشت لحم الضّان (مذکر) بھیڑ یا بکری کا گوشت۔

لحن (ع۔ مذکر) ۱ آواز۔ صدا۔ صوت۔ شبد۔ ندا۔ سر ۲ سرے۔ خوش آوازی ۳ خوش نوائی۔ آہنگ۔ ترانہ۔ نغمہ۔ راگ ۴ خوش خوانی۔ خوش الحانی۔ خوش گفتاری ۵ قرآن شریف کو خوش الحانی اور قرات کے ساتھ پڑھنا ۶ تلفظ کی غلطی ۷ ایک قسم کا معیوب قافیہ (لحَن۔ غلط عربی بولنا) لحن داؤدی (مذکر) ۱ حضرت داؤد بہت خوش آواز تھے ۲ اعلیٰ درجے کی سریلی آواز لحن داؤدی رکھنا (متعدی) ہونا (لازم) بہت خوش آواز یا خوش الحان ہونا۔

لحوق (ع۔ مذکر) دو یا زیادہ چیزوں کا مل جانا (لحق۔ ملنا)

لحیت۔ لحیہ (ع۔ مونث) داڑھی۔ مونچھیں۔ لحیۃ التیس (مونث) ایک پودہ۔

لحیم (ع۔ صفت) موٹا۔ فربہ۔ (لحُم۔ ٹھوس ہونا) لحیم و شحیم (صفت) فربہ اندام۔ موٹا تازہ۔

لخت (ف۔ مذکر) پارہ۔ حصہ۔ ٹکڑا لختِ جگر (مذکر) ۱ جگر کا ٹکڑا ۲ عزیز محبوب۔ اولاد۔ کے متعلق استعمال ہوتا ہے ۳ شعر یا بیت نظم۔ سخن لختِ دل (مذکر) دل کا ٹکڑا۔ لختِ جگر کھانا (متعدی) کمال ایذا برداشت کرنا۔ لختہ (مذکر) منجمد خون۔ خون کا لوتھڑا۔ لختے (مذکر) جمع لختہ کی اردو محاورات میں جمع استعمال ہوتا ہے۔ لختے خون کے جم جانا یا جمے ہونا (لازم) خون کا کسی جگہ یا کسی کے جسم پر پڑ کر جم جانا۔

لخلخ (ف۔ صفت) ۱ دبلا۔ لاغر۔ دبلا پتلا ۲ (مونث) وہ آواز جو بھوک یا پیاس میں حلق کی خشکی کے باعث گلے سے نکلتی ہے۔ لخلانا۔ لخلخ کرنا (متعدی) بھوک یا پیاس سے نڈھال ہونا۔ حلق کا خشک ہونا۔ بھوک میں پھڑکنا یا تڑپنا۔

لخلخہ (ع۔ مذکر) ۱ چند خوشبودار چیزوں مثل عنبر مشک عود وغیرہ کا مجموعہ جو مریضوں کو سنگھاتے ہیں ۲ وہ ظرف جس میں یہ خوشبودار چیزیں رکھی جاتی ہیں ۳ قمقمہ۔ قندیل (لخلخ۔ کسی چیز کو ہلانا) لخلخہ سائی (مونث) لخلخہ کی خوشبو۔ لخلخہ سائی کرنا (متعدی) ہونا (لازم) لخلخہ سنگھایا جانا۔ خوشبو سونگھنا۔ لخلخہ سنگھانا (لازم) سونگھنا (متعدی) لخلخہ ملے کو ناک کے قریب لا کر خوشبو لینا۔ لخلخہ عنبر گلاب یا مشک (مذکر) وہ برتن جس میں چیزیں رکھی جائیں۔

لَد (ہ۔ امر لدنا کا) لدا ۱ امر لدنا کا ۲ (ماضی) لدنا کی۔ لدا پھندا (صفت) ۱ خوب لدا ہوا۔ نہایت بھرا ہوا۔ بوجھ میں دبا ہوا اسباب ساتھ لئے ہوئے۔ لدا دینا۔ لدانا (م) لدوانا۔ بار کرا دینا۔ گاڑی یا چھکڑے وغیرہ پر اسباب دھروانا۔ لداو (مذکر) وہ بوجھ جو کسی چیز پر لادا جائے۔ لداو دینا (متعدی) بوجھ لادنا۔ بوجھ اٹھانا۔ لداؤ (مذکر) ۱ بوجھ۔ بھار۔ بار ۲ دیکھو لداؤ کی چھت۔ لداؤ کی چھت (مونث) وہ چھت جس پر کڑیاں نہ ہوں۔ ڈاٹ دار چھت۔ گنبد نما چھت۔ لد لئے ہے ۱ مبتلا ہے ۲ بیوقوف ہے۔ لد پھندا (ہ۔ مذکر) ۱ باندھنا اور لادنا ۲ ایک قسم کی گانٹھ جو ملاح دیتے ہیں۔ لد جانا (لازم) ۱ بوجھ رکھا جانا۔ بوجھ سے پر ہو جانا۔ اسباب بھرا جانا ۲ پھلوں پھولوں سے بھر جانا ۳ پھیپیوں سے پر ہو جانا ۴ بھر جانا۔ اٹ جانا ۵ گزر جانا۔ بیت جانا ۶ (پ) مر جانا۔ انتقال کر جانا ۷ (مذاقاً) سوار ہو جانا۔ لد لینا (متعدی) ۱ اپنے اوپر بوجھ رکھ لینا ۲ سوار ہو جانا۔ لدنا (متعدی) ۱ اسباب رکھا جانا۔ بوجھ رکھا جانا۔ بھرا جانا ۲ بھرنا۔ پر ہونا ۳ پھلنا۔ بہت سا پھل پھول ہونا۔ لدنی (ھ) لدو۔ لدنیا (ھ) بوجھ اٹھانے یا لے جانے والا۔ مزدور۔ لدو (صفت) ۱ بار برداری کے لائق۔ بوجھ اٹھانے کے قابل ۲ وہ حیوان جو بار برداری کے کام آتے۔ اونٹ۔ بیل۔ ٹٹو۔ خچر۔ گدھا۔ گھوڑا وغیرہ کے ساتھ۔ لدوا (امر) لدوانا کا ۲ (ہ۔ صفت) لدو۔ لدو کرنا (متعدی) بار برداری کے قابل بنانا۔ سواری کے قابل نہ رکھنا۔ لدوانا (م) بار کروانا۔ لدوائی (مونث) لادنے کی اجرت۔ لدّی (ھ) لدو۔ لدی پھندی (صفت۔ مونث) ۱ دیکھو لدا پھندا ۲ بہت گہنا پاتا پہنے ہوئے۔

لُدالُد (ہ۔ مونث) ۱ بلندی سے کسی چیز کے گرنے کی آواز ۲ درختوں کے پھل گرنے کی آواز ۳ دیوار کے گرنے کی آواز ۴ اسباب لادنے کی آواز ۵ کوئیں میں گرنے کی آواز ۶ (تف) پے درپے۔ لگاتار۔ لدالد گرنا (لازم) آواز کے ساتھ پے درپے گرنا۔

لَدُنی (ع۔ صفت) وہ (علم) جو بغیر سکھائے جانے یا جو خدا تعالیٰ کسی کو بغیر محنت اور سعی کے عطا فرمائے یا جو وحی یا الہام سے حاصل ہو (لدُن۔ نرم ہونا)

لدّھڑ (ہ) لدّھڑ (ہ۔ صفت) ۱ بوجھل۔ بھاری۔ وزنی ۲ وہ (چیز) جو بہت پیوندوں کی وجہ سے بھاری ہو گئی ہو یا جسے بہت پیوند لگے ہوں ۳ موٹا۔ بدوضع (کاغذ یا کپڑا) ۴ بھدا اور بھاری ۵ بدنما اور بھاری ۶ کند ذہن۔ موٹی سمجھ کا (لدنا سے)

لُدھنیا (ہ۔ مونث) ۱ لودھی قوم کی عورت ۲ لودھی کی بیوی۔

لڈو (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی مٹھائی جو گول ہوتی ہے۔ یہ کئی قسم کی ہوتی ہے۔ عام طور پر بوندی یا موتی چور کی ہوتی ہے۔ مگر ملائی، کھوئے، بیسن یا بورہ وغیرہ کے لڈو بھی بناتے جاتے ہیں ۲ ڈھیلا۔ ینڈ۔ ڈلا ۳ نفع۔ فائدہ۔ لابھ ۴ اصلی پونجی۔ مول دس۔ لڈک۔ لڈو آنا (لازم) کسی کے گھر لڈو بھیجے جانا۔ لڈو بانٹنا (متعدی) کسی خوشی یا منت کی تقریب پر دوستوں اور رشتہ داروں میں لڈو تقسیم کرنا۔ لڈو بٹنا (لازم) فائدہ ہونا۔ نفع ہونا۔ لڈو باندھنا یا بنانا (متعدی) کسی چیز کو گول گول باندھنا۔ لڈو کھانا (متعدی) کھلانا (لازم) ۱ ضیافت کرنا ۲ مٹھائی کھلانا۔ منہ میٹھا کرنا ۳ رشوت دینا۔ لڈو ملنا (لازم) فائدہ ہونا۔ کچھ ہاتھ لگنا۔

امثال و اقوال۔ لڈو کے سے منہ میٹھا نہیں ہوتا۔ ... دیتے

کام نہیں نکلتا۔ باتوں ہی باتوں سے مطلب براری نہیں ہوتی کچھ خرچ کرنا پڑتا ہے۔ لڈو لڑے چورا جھڑے۔ امیر آدمیوں کے جھگڑوں میں لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے۔ لڈو نہ توڑ چورا جھاڑ کھاؤ۔ اصل پونجی کو خرچ نہ کرو۔ نفع کھاؤ۔

لَڈوارہ۔ مذکر) چھوٹا لڈو۔

لَذّات (ع۔ مونث) لذت کی جمع **لذاتِ نفسانی** (مونث) دیکھو لذائذ نفسانی۔

لَذائِذ (ع۔ مذکر) لذت کی جمع۔ لذت دار چیزیں۔ **لذائذ نفسانی** (مذکر) حظ نفسانی نفس کے مزے شہوت پرستی۔

لَذّت (ع۔ مونث) ۱ مزہ۔ ذائقہ ۲ حظ۔ لطف (آنا۔ اٹھانا۔ اٹھنا۔ پانا۔ چکھنا۔ دینا ملنا۔ ہونا وغیرہ کے ساتھ) (لَذّ۔ میٹھا ہونا) **لذت آشنا** (صفت) لذت حاصل کرنے والا۔ لذت کا خوگر۔

لَذِیذ (ع۔ صفت) ۱ خوش ذائقہ۔ مزیدار ۲ پیارا۔ عزیز ۳ پرلطف۔ خوشگوار (لَذّ۔ میٹھا ہونا) **مثل۔ لذیذ بود حکایت دراز تر گفتم**۔ دلچسپ بات کو بڑھا کر کہنا بیجا نہیں۔

لَرزہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا گز جس سے زمین ناپی جاتی ہے۔ یہ ½ ۴ سے ½ ۱ فٹ تک لمبا ہوتا ہے۔

لَرچھارہ۔ مذکر) سوت کی انٹی۔

لَرز (ف۔ امر) لرزنا کا (لرزیدن۔ کانپنا) **لرز اٹھنا** (لازم) خوف سے کانپ جانا **لرزاں** (صفت) کانپنے والا۔ خوف سے کانپنے والا۔ **لرزانا** (متعدی) ہلا دینا۔ کپکپا دینا۔ **لرز جانا** (لازم) ۱ تھرا جانا۔ کانپ اٹھنا ۲ ڈر جانا۔ **لرزش** (مونث) تھرتھراہٹ۔ کپکپی۔ رعشہ۔ جنبش۔ **لرزنا** (لازم) ۱ کانپنا تھرتھرانا ۲ ڈرنا ۳ ہلنا۔ جنبش کرنا۔ **لرزہ** (مذکر) ۱ رعشہ۔ تھراہٹ۔ لرزش ۲ وہ کپکپی جو خوف یا بیماری کی وجہ سے ہوتی ہے ۳ تھرتھر کانپنا ۴ زلزلہ۔ بھونچال۔ **لرزہ آنا** (لازم) ۱ کانپنا ۲ بھونچال آنا۔ زلزلہ آنا ۳ خوف چھانا۔ **لرزہ چڑھنا** (لازم) ۱ تپ لرزہ ہونا۔ بیماری سے تھرتھر کانپنا ۲ کمال خوف معلوم ہونا۔ ڈرنا۔ **لرزے سے بخار آنا** (لازم) تپ لرزہ ہونا۔ کپکپی اور بخار ہونا۔

لَڑ (ہ۔ مونث) ۱ ہار۔ لڑی۔ سلک ۲ دھاگا۔ ڈور۔ ڈوری ۳ رسی یا ڈور کا بل۔ وہ بٹا ہوا دھاگا جسے دوسرے دھاگے یا کئی دھاگوں سے ملا کر رسی یا ڈور بناتے ہیں ۴ دھاگا جس میں کئی موتی پروئے ہوئے ہیں ۵ سلسلہ۔ واسطہ۔ وسیلہ۔ رشتہ۔ تعلق ۶ زنجیر۔ زنجیرہ۔ چین ۷ جماعت ٹولی ۸ (پ) دامن۔ پلہ۔ کنارہ ۹ گرہ۔ گانٹھ (س یشٹ۔ پتلی اور لمبی چیز) **لڑا** (مذکر) لڑی۔ سلک۔ مرکبات میں جیسے دولڑا۔ سہ لڑا۔ **لڑ باندھنا** (پ) ۱ دامن باندھ دینا ۲ شادی کر دینا۔ ہندوؤں میں جب شادی کے پھیرے ہوتے ہیں تو عورت کے دوپٹے کا ایک کونا مرد کے دوپٹے کے ایک کونے سے باندھ دیتے ہیں۔ **لڑ بندھنا** (لازم) ۱ واسطہ ہونا۔ تعلق ہونا ۲ (پ) شادی ہونا۔ **لڑ لگانا** (متعدی) ۱ کسی جگہ وسیلہ پیدا کرنا۔ تعلق پیدا کرنا ۲ (پ) شادی کرنا۔ بیاہنا۔ **لڑ لگنا** (پ) (لازم) شادی ہونا۔ بیاہ ہونا۔ **لڑ ملانا** (متعدی) **ملنا** (لازم) ۱ میل جول۔ تعلق یا سلسلہ پیدا ہونا ۲ (پ) سینے کے واسطے دونوں کناروں کا ملایا جانا۔ **لڑ میں رہنا** (لازم) ۱ کسی کا طرفدار بنا رہنا ساتھ دینا۔ کسی کے کہنے میں رہنا ۲ (پ) جیب میں ہونا۔ گرہ یا گانٹھ میں ہونا۔ **لڑی** (مونث) ۱ موتیوں کا ہار ۲ وہ دھاگا جس میں موتی پروئے ہوئے ہوں (پرونا کے ساتھ) ۳ سلسلہ۔ تسلسل جھڑی۔ **لڑیاں** (مونث) لڑی کی جمع۔ **لڑیانا** (متعدی) لڑی پرونا۔ ہار کو نتھنا گتھیانا۔

لَڑ (ہ۔ امر) لڑنا کا (س رٹ۔ چیخنا) **لڑا** (امر) ۱ لڑانا کا ۲ (ماضی) لڑنا کا۔ **لڑا بھڑا ہوا** (صفت) لڑائی میں مشاق۔ **لڑاک۔ لڑاکا۔ لڑاکو** (صفت) ۱ جنگجو۔ جھگڑالو ۲ شریر۔ مفسد ۳ بد مزاج تند خو۔ بد خو۔ ۴ بہادر۔ جنگی۔ لڑنے والا۔ **لڑا مرتا ہے**۔ لڑ لڑ کر جان دے دیتا ہے۔ خواہ مخواہ جھگڑتا ہے۔ **لڑانا** (متعدی) ۱ لڑائی کرانا۔ جنگ کرانا۔ بھڑانا ۲ مقابلہ کرانا ۳ کشتی کرانا ۴ فساد کرانا ۵ دو چیزوں کو باہم ٹکرانا ۶ (آنکھ نظر) ملانا۔ سامنے کرنا۔ گھورنا ۷ (پیسے روپے وغیرہ) ملانا۔ ساجھا ملانا ۸ (پنجہ) زور آزمائی کرنا۔ زور کرنا۔ ۹ (پتنگ) پیچ کرانا۔ گھسا بازی کرانا ۱۰ (جان) متوجہ کرنا۔ مصروف کرنا۔ بیحد کوشش کرنا ۱۱ (طبیعت) لگانا۔ متوجہ کرنا ۱۲ (حساب) مطابق کرنا۔ میزان کرنا ۱۳ قمار بازوں کی اصطلاح۔ داؤں پر لگانا۔ **لڑاؤ** (صفت) ۱ لڑنے کے قابل ۲ ڈور جو ایک دفعہ لڑنے کے قابل ہو۔

لڑائی (مونث) ۱ جنگ۔ رزم۔ معرکہ۔ بھیڑ ۲ جھگڑا۔ تکرار۔ فساد ۳ مار پیٹ۔ مار کٹائی جوتی پیزار۔ گالی گلوچ ۴ خصومت۔ دشمنی۔ عداوت ۵ شکر رنجی۔ بدمزگی۔ ان بن۔ خفگی۔ رنجش۔ بگاڑ ۶ کشتی۔ زور آزمائی۔ گاؤزوری ۷ مقابلہ۔ مٹھ بھیڑ۔ سامنا۔ **لڑائی باندھنا** (متعدی) ۱ جنگ کی ٹھیرانا۔ دعوت جنگ کرنا ۲ جھگڑا مول لینا۔ جھگڑا کھڑا کرنا ۳ دشمنی ٹھاننا۔ دشمنی کرنا۔ خصومت اختیار کرنا۔ **لڑائی بڑھانا** (متعدی) **لڑائی بڑھنا** (لازم) ۱ جنگ کو طوالت ہونا ۲ جھگڑا بڑھنا ۳ عداوت یا خصومت کو ترقی ہونا۔ **لڑائی بگڑ جانا** (لازم) جنگ میں حریف سے شکست کھانا۔ شکست ہونا۔ **لڑائی بھڑائی** (مونث) ۱ دنگا۔ فساد۔ جھگڑا ۲ جنگ و جدل۔ **لڑائی پر اُتر آنا** (لازم) جھگڑے یا لڑائی پر آمادہ ہونا۔ **لڑائی پر اُٹھنا** (لازم) جنگ پر آمادہ ہونا۔ **لڑائی پر جانا یا چڑھنا** (لازم) میدان جنگ کو لڑنے کے لئے جانا۔ لام پر جانا۔ مہم پر جانا۔ **لڑائی پڑنا** (لازم) آپس میں فساد ہو جانا۔ جھگڑا ہو جانا۔ **لڑائی ٹل جانا یا کٹھن جانا** (لازم) ۱ لڑائی ٹھیر جانا۔ لڑائی کی قرارداد ہو جانا ۲ جنگ و جدل کے لئے تیار ہو جانا۔ **لڑائی ٹلنا** (لازم) لڑائی کا سر پر آجانا۔ **لڑائی ٹھاننا** (متعدی) لڑائی باندھنا۔ **لڑائی چھیڑنا** (متعدی) لڑائی کی ابتدا ہونا۔ **لڑائی ڈالنا** (متعدی) ۱ جھگڑا ڈالنا۔ ٹنٹا کھڑا کرنا ۲ جنگ کرنا۔ لڑانا ۳ لوگوں میں لڑائی کرانا۔ دشمنوں یا پرندوں کو لڑانا۔ **لڑائی سر پر مول لینا** (متعدی) اپنے ذمہ جھگڑا لینا۔ عذاب مول لینا۔ لڑائی

سر کرنا (متعدی) ہونا (لازم)، لڑائی فتح کرنا۔ غنیم کو شکست دینا۔ لڑائی سی لڑائی (مونث) بہت لڑائی۔ از حد جھگڑا۔ لڑائی کا باجا (مذکر) ۱۔ جنگی باجا ۲۔ طبل جنگ۔ لڑائی کا جہاز (مذکر) جنگی جہاز۔ لڑائی کا سامان (مذکر) سامان جنگ اسباب حرب۔ لڑائی کا کھیت (مذکر) میدان جنگ۔ لڑائی کا گھر (مذکر) ۱۔ فساد کی جڑ۔ بانئے فساد۔ بناتے فساد ۲۔ فسادی۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ انگیز ۳۔ فساد کرنے والا۔ جھگڑا ڈالنے والا۔ لڑائی کا گیت (مذکر) وہ گیت جو بوقتِ جنگ بہادروں کی تعریف میں گایا جاتا ہے۔ رجز۔ ساکھا۔ رزمیہ اشعار۔ لڑائی کا میدان (مذکر) وہ میدان جہاں لڑائی ہو۔ لڑائی کرنا (متعدی) ۱۔ جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔ جھگڑنا ۲۔ جنگ کرنا۔ معرکہ آرائی کرنا ۳۔ دشمنی رکھنا۔ عداوت رکھنا۔ لڑائی کی پوٹ (مونث) جھگڑالو۔ لڑاکا۔ لڑائی لڑنا (متعدی) جنگ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ لڑائی مارنا (متعدی) حریف کو شکست دینا۔ لڑائی میں فتح پانا۔ لڑائی مول لینا (متعدی) ۱۔ خواہ مخواہ جھگڑے میں پڑنا۔ خود مصیبت میں پھنسنا ۲۔ خواہ مخواہ دوسرے سے لڑنا۔ خود چھیڑ کر جھگڑا پیدا کرنا۔ لڑائی ناندھنا (متعدی) جھگڑے اور لڑائی کا سلسلہ جاری رکھنا۔ لڑائی وڑائی (مونث) لڑائی۔ وڑائی تابع مہمل ہے۔ لڑائی ہونا (لازم) ۱۔ جنگ ہونا ۲۔ جھگڑا ہونا۔ تنازع ہونا۔ تکرار ہونا۔ فساد ہونا ۳۔ ان بن ہونا۔ شکر رنجی ۴۔ دشمنی ہونا۔ بیر ہونا۔ لڑ بیٹھنا یا پڑنا (لازم) لڑنا۔ خواہ مخواہ لڑنے لگ جانا۔ لڑت (مونث) دیکھو لڑنت۔ لڑ جانا (لازم) ۱۔ بگڑ جانا ۲۔ مقابل ہو جانا۔ لڑ مرنا (لازم) ۱۔ لڑ کر مر جانا ۲۔ جھگڑنا۔ تکرار کرنا۔ لڑنا (لازم) لڑانا کا ۱۔ دیکھو لڑانا ۲۔ غٹ پٹ ہونا۔ بھڑ جانا ۳۔ ضد کرنا۔ اڑ کرنا ۴۔ مباحثہ کرنا۔ مناظرہ کرنا ۵۔ (قسمت وغیرہ) یاور ہونا ۶۔ (خیال مضمون ہونا) موافق ہونا۔ ملنا۔ مطابق ہونا ۷۔ (ھ۔ پ) ڈسنا۔ ڈنگ مارنا۔ کاٹنا۔ لڑنا بھڑنا (متعدی) ۱۔ جنگ و جدل کرنا ۲۔ جھگڑا فساد کرنا ۳۔ بحث و تکرار کرنا۔ لڑنا جھگڑنا (متعدی) آپس میں دنگا فساد کرنا۔ بحث و تکرار کرنا۔ لڑنت (مونث) کشتی۔ پہلوانی۔ زور آزمائی۔

لڑنتیا (ھ۔ صفت) ۱۔ لڑاکا۔ جھگڑالو ۲۔ کسرتی۔ کسرت کرنے والا ۳۔ پہلوان (کرنا ہونا کے ساتھ) لڑنے مرنے کو تیار (صفت) لڑائی پر آمادہ۔ لڑوا دینا یا لڑوانا (لازم) لڑانا کا۔ فساد کرا دینا۔ لڑوکر (ھ۔ صفت) دیکھو لڑاکا۔ لڑویا (ھ) لڑہبت (صفت) دیکھو لڑنتیا۔ لڑے مرنا (متعدی) لڑتے وقت یہ خیال رکھنا کہ چوٹ لگے گی یا نوبت بہ ہلاکت پہنچے گی۔

امثال و اقوال۔ لڑائی اور آگ کا بڑھانا کیا۔ ان دونوں کے بڑھانے میں کسی خاص تدبیر کی ضرورت نہیں۔ ان کا بڑھانا بہت آسان ہے۔ لڑائی کا پیچھا بھاری ہونا ہے۔ لڑائی کا دور آخر میں ہوتا ہے۔ لڑائی کا گھر ہانسی (بیماری) روگ کا گھر کھانسی۔ لڑائی کی ابتدا ہنسی مذاق سے ہوتی ہے اور بیماری کی کھانسی سے۔ لڑائی میں لڈو نہیں بٹتے۔ مٹھائی نہیں بٹتی لڑائی کوئی خوشی کا مقام نہیں۔ لڑائی میں بہت تکالیف ہوتی ہیں۔ لڑاکے کے چار کان لڑنے والے شخص کو ذرا سا بہانا چاہیئے۔ وہ ہر بات پر اور ہر طرف کان لگاتے رکھتا ہے۔ لڑتوں کے پیچھے اور بھاگتوں کے آگے۔ بہت بزدل ہے۔ لڑتے نہیں موتے مارتے ہیں (ع) غیبت کرنے والے کے متعلق کہتی ہیں۔ لڑے (سپاہی) فوج نام سردار کا رکاٹے باڑھ نام تلوار کا)۔ ماتحت کام کرتے ہیں۔ افسر نام پاتے ہیں۔ چھوٹوں کا کام بڑوں کا نام۔ کام کوئی کرے ناموری کسی کی ہو۔ لڑیں سانڈ باڑی کا بھرکس (ھ) بڑے لوگوں میں لڑائی ہو اور غریبوں کا نقصان ہو۔ لڑیں نہ بھڑیں (ترکش) زرہ (بکتر) پہنے پھریں۔ دیکھنے کے بہادر ہیں۔ دلیر یا شجاعت بالکل نہیں۔

لڑامنی (ھ۔ مونث) چراگاہ۔ لڑوانی۔

لڑباؤلا (ہ۔ صفت) احمق۔ بیوقوف۔ ابلہ۔

لڑبڑا (ہ۔ صفت) ۱۔ لجلجا۔ لزج ۲۔ چپلا اور نرم۔ لسلسا ۳۔ ڈھیلا۔ نامرد۔ ہیجڑا ۳۔ ڈگمگاتا ہوا۔ لڑکھڑاتا ہوا ۴۔ لکنت کرتا ہوا۔ (لکنش۔ چٹنا) لڑبڑانا (لازم) ۱۔ زبان میں لکنت ہونا۔ تتلانا۔ ہکلانا۔ رک رک کر بولنا ۲۔ ڈگمگانا۔ لڑکھڑانا۔

لڑبڑا (ہ۔ صفت) دیکھو لڑبڑا۔

لڑک (ہ۔ مذکر) لڑکا کا مخفف۔ مرکبات میں جیسے لڑکپن (س لٹ۔ رونا۔ لکا۔ رونے والا) لڑکا (مذکر) ۱۔ انسان کا نر بچہ۔ طفل۔ کودک۔ چھوکرا ۲۔ بچہ۔ کمسن بچہ ۳۔ بیٹا۔ پسر ۴۔ (صفت) نادان۔ ناتجربہ کار ۵۔ چھوٹا۔ کمسن۔ لڑکا بالا (مذکر) بچہ۔ لڑکا۔ لڑکا بالا ہونا (لازم) بچہ پیدا ہونا۔ لڑکا بننا (متعدی) نادانی کی باتیں یا حرکت کرنا۔ لڑکا بے دودھ پالنا (متعدی) طال مٹولے کرنا اور کبھی امید پوری نہ کرنا۔ لڑکا گود لینا (متعدی) لے پالک بنانا۔ متبنّے کرنا۔ لڑکائی (مت) لڑکپن یا پنا (مذکر) ۱۔ بچپن طفلی۔ طفولیت۔ خرد سالی۔ صغر سنی ۲۔ ہنگام طفلی۔ بچپن کا زمانہ۔ لڑک بدھ (مذکر) ۱۔ بچے کی سمجھ۔ بال بدھ ۲۔ عقل ناقص یا خام۔ لڑکپن کا کھیلنا (متعدی) کم عمری کا زمانہ ہونا۔ کم عمر ہونا۔ لڑکپن کی باتیں (مونث) ناسمجھی کی باتیں۔ لڑکوری (مونث) صاحب اولاد عورت لڑکوں (مذکر) لڑکا کی جمع حروف مغیرہ کے بعد۔ لڑکوں کا (بابا) باوا ہے۔ لڑکوں سے زیادہ شریر ہے۔ بہت شریر ہے شیطان ہے۔ لڑکوں کا کھیل (مذکر) ۱۔ بچوں کا کھیل بازیچۂ اطفال ۲۔ بچوں کا دل بہلاوا ۳۔ آسان کام۔ سہل بات۔ لڑکوں کا کھیل نہیں۔ دشوار بات ہے۔ غور طلب امر ہے۔ لڑکوں کھروندا (مذکر) بے ثبات چیز۔ لڑکوں میں کھیلنا (متعدی) لڑکوں کے ساتھ کھیلنا۔ لڑکی (مونث) لڑکا کی ۱۔ چھوکری۔ طفلکہ۔ کنیا ۲۔ بیٹی۔ دختر ۳۔ (صفت) کم سن۔ نادان ۴۔ بن بیاہی کنواری ۵۔ نادان۔ کم سمجھ۔ ناتجربہ کار۔ لڑکے (مذکر) ۱۔ جمع لڑکا کی ۲۔ بجائے لڑکا حروف مغیرہ سے پہلے۔ لڑکے بالے (مذکر) اہل و عیال۔ عیال و اطفال۔ بیوی بچے۔ کنبہ۔ لڑکی والا (مذکر) دلہن کا باپ۔ پدر عروس۔ لڑکے والا (مذکر) دولہا کا باپ۔

امثال واقوال۔ لڑکا جنے بیوی اور پٹی باندھیں میاں۔ دکھ بھرے کوئی اور فائدہ کوئی اٹھائے۔ لڑکا رووے بالوں کو۔ نائی رووے منڈائی کو۔ ہر شخص اپنا ہی دکھ روتا ہے لڑکوں کا کھیل چڑیوں کا مرن۔ ناسمجھ کے آگے جانبازی اور جاں نثاری کی کوئی قدر نہیں۔ لڑکوں میں لڑکا بوڑھوں میں بوڑھا جو ہر قسم کے آدمیوں سے مل جل جائے والا)۔ لڑکی تیرا بیاہ کردیں۔ کہاں ہیں کیسے کہوں جہاں کسی بات کی خواہش ہو اور کہہ نہ سکیں وہاں بولتے ہیں۔ لڑکے کو جب بھیڑیا لے گیا تب ٹٹی باندھی۔ جب نقصان ہو چکا تب احتیاط شروع کی۔ لڑکے کو منہ لگاؤ تو داڑھی کھسوٹے (کتے کو منہ لگاؤ تو منہ چاٹے) کمینہ منہ لگانے سے سر چڑھتا ہے لڑکے کے پاؤں پالنے میں پہچانے جاتے ہیں ۱ ہونہار لڑکے کے متعلق کہتے ہیں ۲ معاملے کا انجام ابتدا ہی سے معلوم ہوتا ہے۔

لڑکنا۔ لڑکنا پڑکنا۔ لڑکنی (ہ)! دیکھو لڑھکنا وغیرہ۔

لڑکھ جانا۔ لڑکھنا (ہ۔ لازم) دیکھو لڑھکنا۔

لڑکوری (ہ۔ موئنث)۔ زن بچہ دار۔

لڑکھڑا (ہ۔ امر لڑکھڑانا (س لڈ۔ زبان ہلانا) لڑکھڑا کر چلنا (لازم) ۱ ٹھوکریں کھا کر چلنا۔ مستانہ چال سے چلنا۔ ڈگمگا کر چلنا ۲ اٹھلا کر چلنا۔ مستانہ چال سے چلنا۔ لڑکھڑانا (لازم) ۱ پاؤں کانپنا۔ ڈگمگانا۔ پاؤں کا اپنی جگہ پر نہ پڑنا ۲ مستانہ چال سے چلنا ماٹھلا کر چلنا ۳ چوکنا۔ دھوکا کھانا ۴ بے راہ ہونا۔ بہکنا۔ گمراہ ہونا ۵ نیت بگڑنا۔ ایمان میں فرق آنا۔

لڑکھڑی (ہ۔ موئنث) ۱ لڑکھڑانا ڈگمگانا ۲ کپکپانا۔ لرزنا۔ کانپنا ۳ (صرف ضم کی صورت میں) پاؤں پر گرنا۔ منت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ خوشامد

لڑھ (ہ۔ امر) لڑھانا کا (س لُٹ۔ لڑھکنا) لڑھا (امر) لڑھانا کا ۲ ماضی لڑھنا کی۔ لڑھانا (متعدی) لڑھکانا۔ لڑھکانا۔

پھسلانا ۲ جان سے مارنا۔ نشانہ بنانا۔ بندوق یا توپ سے گرانا ۳ (پانی وغیرہ) بہانا۔ گرانا۔ لڑھ پڑھکر (تف) لوٹ پوٹ کے۔ گر پڑ کر۔ افتاں وخیزاں۔ لڑھتا پڑھتا (صفت) لوٹتا پوٹتا۔ افتاں وخیزاں۔ لڑکتا پڑکتا۔ لڑھنا (لازم) لڑھانا کا۔

لڑھا (ہ۔ مذکر) لڑھی۔ لڑھیا (موئنث) ایک قسم کی بیل گاڑی۔

لڑھک (ہ۔ امر) لڑھکنا کا۔ (س لُٹ۔ لڑھکنا) لڑھکا (امر) ۱ لڑھکانا کا ۲ (ماضی) لڑھکنا کی۔ لڑھکانا (متعدی) لڑھکنا کا۔ کسی چیز کو گھمانا۔ لڑھکتا ہوا پھینکنا۔ لڑھکنا (لازم) ۱ گھومنا۔ ڈھلکنا۔ لڑھنا۔ غلطاں ہونا ۲ لیٹنا۔ پڑنا۔ سونا ۳ مرنا۔ انتقال کرنا۔ لڑھکنی (موئنث) لوٹ۔ لوٹنی غلطیدگی۔ لڑھکنا کا فعل۔ قلابازی (کھانا کے ساتھ)

لڑھیانا (ہ۔ متعدی) ۱ موتی پرونا۔ لڑیانا۔ دیکھو لڑ کے تحت میں۔

لڑھیانا (ہ۔ متعدی) مروڑی دیکر سینا۔ کنارہ سینا۔ سی کر کنارہ دبانا۔

لڑی (ہ۔ موئنث) دیکھو لڑکے تحت میں۔

لزج (ع۔ صفت) لسدار۔ چیپ دار۔ لعاب دار (لَزَج۔ نکالا جانا)

لزوجت (ع۔ موئنث) لیس۔ چیپ۔ لعاب۔ چپچپاہٹ (لَزَج۔ نکالا جانا)

لزوم (ع۔ مذکر) ۱ لازم ہونا ۲ واجب۔ لازم۔ ضرور ۳ کسی منشی یا شاعر کا کسی مصرع یا فقرے میں کسی چیز یا چند چیزوں کا لانا۔ (لَزَمَ۔ ضروری ہونا)

لس (ہ۔ مذکر) ۱ چیپ۔ لعاب ۲ لیس۔ چپچپاہٹ۔ لزوق (لیس سے)۔ لسّا (ہ۔ مذکر) دیکھو لس۔ لسدار (صفت) چیپ دار۔ چپچپا۔ لعاب دار۔ لسلسا (صفت) ۱ چیپ دار۔ لعابدار ۲ (مذکر) لسوڑا۔ سپستان (لکھنو) لسلسات (ہ۔ موئنث) دیکھو لس۔ لسلسانا (لازم) چپ چپانا۔

لساع (ع۔ صفت) ڈنگ مارنے والا۔ کاٹنے والا (بھڑ بچھو سانپ وغیرہ) (لَسَعَ۔ ڈنگ مارنا)

لسّان (ع۔ صفت) ۱ بہت بولنے والا۔ بکی جھکی ۲ چرب زبان۔ چکنی چپڑی باتیں بنانے والا ۳ فصیح الکلام۔ خوش گفتار۔ شیریں زبان (لَسَّ۔ چاٹنا)۔ لسانی۔ لسانیت (موئنث) ۱ گویائی ۲ تیز زبانی۔ فصاحت۔ خوش کلامی ۳ زبانداری۔ چرب زبانی۔ بکواس۔

لِسان (ع۔ موئنث) ۱ زبان۔ جیب ۲ بولی۔ بھاشا۔ لسانُ الثور (موئنث) کھردرے پتوں والا پودہ۔ لسان الحمل (موئنث) کیلا۔ لِسانُ الصِّدق (موئنث) بیحد تعریف مناسب مدح۔ لسانُ العَصافیر (موئنث) ایک درخت کا بیج۔ لسانُ العصر (صفت) اپنے وقت کا خوش بیان۔ لسانُ الغیب (موئنث) ۱ غیب کی زبان ۲ حافظ شیرازی کا لقب کیونکہ ان کے دیوان سے لوگ فال دیکھتے ہیں۔ لِسانُ الکلب (موئنث) ایک پودہ۔ لِسانُ النار (موئنث) آگ کا شعلہ۔

لَسَت (س۔ صفت) ۱ چمکنے والا۔ درخشاں۔ منور ۲ کھیلنے والا۔ کھلاڑی ۳ موزوں۔ مناسب۔

لسِت (ہ۔ صفت) دیکھا ہوا ظاہر۔ عیاں۔

لس جانا (ہ۔ لازم) دیکھو لینا۔

لسرکا (ہ۔ صفت) تھوڑا سا تعلق سروکار۔ واسطہ (لکھنو)

لسن (ہ۔ مذکر) ۱ ایک پودہ جس کی جڑ چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کا مجموعہ ہوتی ہے۔ اسے گوشت کی بو رفع کرنے کے لئے سالن میں ڈالتے ہیں۔ لسن۔ بہیر۔ تُوم۔ تَوم ۲ وہ سرخ و سیاہ داغ جو جسم پر پڑ جاتے ہیں (س۔ لشن)

لسنا (ہ۔ لازم) ۱ چمکنا ۲ خوبصورت معلوم ہونا ۳ موزوں ہونا ۴ تنگ ہونا ۵ سخت ہونا ۶ دیکھو بسنا۔

لسنا (ہ۔ لازم) ۱ لتھڑنا۔ آلودہ ہونا ۲ چپاں ہونا۔ موزوں ہونا ۳ پلستر ہونا۔ لیپنا۔

لسوڑا (ہ۔ مذکر) لسوڑا (ہ) ۱ ایک درخت جس کا پھل بیر کے برابر مگر بہت لیسدار ہوتا ہے ۲ اس درخت کا پھل (س شلیش چپکنا)

لسّی (ہ ۔ مونث) ۱ پلستر ۔ کہگل ۲ وہ بیماری جو آم یا کسی اور درخت کے مول میں ہو جاتی ہے ۔
لسّی (ہ ۔ مونث) ۱ دودھ جس میں بہت سا پانی ملا ہوا ہو ۲ (پ) چھاچھ ۳ (پوربی) آلا یا کچا زخم ۴ بہتا پھوڑا ۔
لش (ہ ۔ مونث) کتے کو کسی پر جھپٹانے کا اشارہ کرنے کی آواز ۔ **لش پش ہونا** (لازم) **لشت پشت ہونا** (لکھنو) تھک کر چور ہونا ۔ مضمحل ہونا ۔ کام یا سفر سے تھک جانا ۔ **لشکارنا ۔ لش لش کرنا** (متعدی) کتے کو کسی پر جھپٹانے کا اشارہ کرنا ۔ **لشی لشی ہونا** (لازم) دیکھو لش پش ہونا ۔
لشادُ (ہ ۔ مذکر) نشان ۔ علامت ۔ چینہہ ۔
لشتر (اردو ۔ صفت) ناکارہ ۔ ست (لکھنو)
لشم پشم (ہ ۔ صفت) **لشتم پشتم** (عو) ۱ مشکل سے ۔ وقت سے ۲ بہر طور ۔ بہر حال ۳ بری بھلی طرح ۔ جس طرح ہوسکا ۔
لشکر (ف ۔ مذکر) ۱ فوج ۔ عسکر (اردو) سینا ۔ سپاہ ۔ کٹک ۔ قشون ۲ ہجوم ۔ بھیڑ ۔ دل ۔ اژدہام ۔ انبوہ ۔ پٹھہ ۔ جمگھٹ ۔ جم غفیر ۔ بھیڑ بھاڑ ۳ چھاؤنی ۔ کیمپ کے لوگ ۔ (ع عسکر کا معرب) **لشکر آرا** (صفت) لشکر آراستہ یا تیار کرنے والا ۔ وہ جو لشکر کو ترتیب کرتا جانے ۔ **لشکر اترنا** (لازم) فوج کا کہیں پڑاؤ کرنا ۔ **لشکر اکٹھا کرنا** (متعدی) ۱ فوج جمع کرنا ۔ سپاہ فراہم کرنا ۲ بہت سے آدمی جمع کرنا ۔ **لشکر لشکر امڈنا** (لازم) فوج کا ہجوم کرنا یا جمع ہونا ۔ **لشکر پڑنا** (لازم) دیکھو لشکر اترنا ۔ **لشکر ٹوٹ پڑنا یا ٹوٹنا** (لازم) تمام فوج کا غنیم کو مارنے یا اس کا مال لوٹنے کے لئے یکلخت حملہ کرنا ۔ **لشکر جرار** (مذکر) بڑا بھاری لشکر ۔ لشکر کثیر ۔ **لشکر جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) فوج کو ترتیب دینا ۔ فوج کا لڑائی کے لئے باقاعدہ کھڑا ہونا ۔ **لشکر جمع کرنا** (متعدی) دیکھو لشکر اکٹھا کرنا ۔ **لشکر چڑھا لانا** (متعدی) لشکر کو حملہ کرنے کے واسطے لانا ۔ **لشکر خلاص** (مونث) بیسوا ۔ قحبہ ۔ کسبی ۔ **لشکر شکن** (صفت) دلیر ۔ بہادر ۔ شجاع ۔ **لشکر کا** (صفت) ۱ لشکر کے متعلق ۔ لشکر سے منسوب ۲ فوجی ۔ **لشکر کا بیڑا** (مذکر) اہل سپاہ ۔ فوج ۔ رسالہ ۔ گروہ ۔ **لشکر کا لشکر** (مذکر) دیکھو لشکر ۲ ۔ **لشکر کٹنا** (لازم) لشکر کا قتل ہونا ۔ **لشکر کشی** (مونث) ۱ چڑھائی حملہ ۔ دھاوا ۲ بھرتی ۔ فراہمی سپاہ ۔ **لشکر کی بولی** (مونث) لشکری زبان ۔ وہ بولی جس میں کئی زبانوں کے لفظ ملے ہوتے ہوں ۔ **لشکر گاہ** (مونث) ۱ چھاؤنی ۔ کیمپ ۔ لشکر کا پڑاؤ ۲ خیمہ ڈیرہ اور فوج ۔ **لشکر گرنا** (لازم) فوج کا حملہ کرنا ۔ **لشکر نویس** (مذکر) فوج میں تنخواہ تقسیم کرنے والا افسر ۔ **لشکر والا** (صفت) صاحب لشکر ۔ بادشاہ ۔ راجہ ۔
لشکری (صفت) ۱ لشکر کا ۔ فوجی ۔ جنگی ۲ سپاہی ۔ تلنگا ۔ فوجی ۔ ملازم ۳ چھاؤنی کے رہنے والے ۴ لچے ۔ شہدے ۔ **لشکری بولی یا زبان** (مونث) وہ زبان جو لشکر والے بولتے ہیں ۔ یہ عموماً مختلف زبانوں کا مجموعہ ہوتی ہے ۔

امثال و اقوال ۔ لشکر کی
اگاڑی آندھی کی پچھاڑی ۔ بہت خطرناک ہوتے ہیں ۔ **لشکر میں اونٹ بدنام** ۔ خوامخواہ کی بدنامی ۔

لشن (ہ ۔ مذکر) ۱ لکشن ۲ لکشن ۔ ۳ لکھنا
لشن (س ۔ مذکر) لسن ۔
لشنا (ہ ۔ مونث) ۱ لکشنا ۲ لکھنا ۔
لطافت (ع ۔ مونث) ۱ باریکی ۔ پتلاپن ۔ رقت ۲ عمدگی ۔ خوبی ۳ پاکیزگی ۔ صفائی ۴ نرمی ۔ ملائمت ۵ خوبصورتی ۔ نزاکت ۶ رونق بہار ۔ جوبن ۷ تازگی ۔ طراوت ۸ لطف ۔ مزا ۔ ذائقہ ۔ لذت ۔ حلاوت ۹ نکتہ ۔ باریکی ۱۰ فصاحت ۔ بلاغت ۔ سلاست ۱۱ شائستگی ۔ سلیقہ ۔ خوش وضعی (لطف ۔ چھوٹا ہونا) **لطافت دکھانا** (متعدی) خوبی ظاہر کرنا ۔ **لطافت نشان** (صفت) وہ جس میں لطافت ہو ۔
لطائف (ع ۔ مذکر) لطیفہ کی جمع ۔ **لطائف الحیل** (مذکر) حیلے یا بہانے جو دوسرے کو ناگوار نہ گزریں ۔ **لطائف ستہ** (مذکر) وہ چھ لطیفے جو سالکوں کو حاصل کرنے چاہئیں ۔ ۱ لطیفۂ نفس ۲ لطیفۂ قلب ۳ لطیفۂ روح ۴ لطیفۂ سر ۵ لطیفۂ خفی ۶ لطیفۂ اخفیٰ ۔ **لطائف غیبی** (مذکر) وہ مہربانیاں جو خدا کی طرف سے بلا واسطہ پہنچیں ۔
لطف (ع ۔ مذکر) ۱ لذت ۔ بہار ۲ خوشی ۔ فرحت ۳ عنایت ۔ مہربانی ۴ خوبی عمدگی ۵ نرمی ۔ ملائمت ۶ تازگی ۔ تراوت ۷ حظ ۔ ذائقہ ۔ مزہ ۸ ظرافت ۔ خوش طبعی ۔ مزاح ۹ حلاوت ۔ کیفیت (لطف ۔ چھوٹا ہونا) **لطف اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) لطف حاصل ہونا ۔ لطف ملنا ۔ **لطف تب تھا** ۔ مزا اس وقت ملتا ۔ بہار اس وقت ہوتی ۔ **لطف جانا** (لازم) بدمزگی ہونا ۔ بے لطفی ہونا **لطف دینا** (متعدی) بہار دینا ۔ مزہ دینا ۔ **لطف رکھنا** (متعدی) ۱ کسی چیز میں کوئی خوبی ہونا ۲ بہار رکھنا لطف ہونا ۔ **لطفِ زندگی** (مذکر) زندگی کا مزہ ۔ عیش و عشرت ۔ **لطف فرمانا یا کرنا** (متعدی) مہربانی کرنا ۔ عنایت کرنا ۔ **لطف ملنا** (لازم) مزہ حاصل ہونا ۔ لذت پانا ۔ **لطفی** (صفت) تسبیہئے ۔ بے پاک ۔ **لطف یہ ہے** ۱ خوبی یہ ہے ۔ عمدگی یہ ہے ۲ تعجب یہ ہے ۳ (طنز) طرہ یہ ہے ۔ بہت نادانی یا عقل مندی ہے ۔

مثل ۔ لطف کن لطف کہ بیگانہ شود حلقہ بگوش ۔ لوگوں سے مہربانی سے پیش آؤ ۔ تو بیگانے بھی فرمانبردار ہو جاتے ہیں ۔

لطمہ (ع ۔ مذکر) ۱ تھپیڑ ۔ چانٹا ۔ طمانچہ ۔ مکا ۲ پانی کا تھپیڑا ۔ دریا کا طمانچہ ۔ (لطم ۔ تھپیڑ مارنا)
لطیف (ع ۔ صفت) ۱ باریک پتلا ۔ مہین ۔ رقیق ۲ ہلکا ۔ سبک ۳ صاف ستھرا ۔ پاکیزہ ۴ شفاف ۵ خوب ۔ عمدہ ۶ لذیذ ۔ مزیدار ۔ ۷ پاک ۔ مقدس ۸ خوش ذائقہ ۔ خوشگوار ۹ نرم ملائم ۱۰ زود ہضم ۱۱ نفیس ۱۲ مہربان ۱۳ باریک بین ۔ پوشیدہ بات کو جاننے والا ۱۴ (مذکر) خدا کا ایک نام ۔ **لطیف الطبع یا طبع** (صفت) ۱ ستھری طبیعت والا ۔ نازک مزاج ۲ خوش مزاج ۔

زندہ دل ۳ سلیم الطبع ۔حلیم۔ رحم دل ۔**لطیف غذا** (مونث) غذا جو جلد ہضم ہو جاتے ۔ہلکی غذا۔ زود ہضم ۔**لطیف مزاج** (صفت) دیکھو لطیف الطبع ۔**لطیفہ** (مذکر) ۱ خوبی نکوئی ۲ نازک اور عمدہ چیز ۳ چٹکلا۔ دلچسپ بات ۔ظرافت کی بات ۴ تعجب انگیز بات ۔شگوفہ ۵ عجوبہ ۔انوکھی بات ۔طرفہ معجون ۶ ان چھ باتوں میں سے کوئی ایک جو سالک کو حاصل کرنی پڑتی ہیں۔ دیکھو ذیل **لطیفہ اخفیٰ** (مذکر) کاسہ سر سے لفظ اللہ نکلنا۔ **لطیفہ باز** (صفت) ظریف ۔بذلہ سنج ۔خوش مزاج ۔**لطیفہ چھوڑنا** (متعدی) شگوفہ یا چٹکلا چھوڑنا انوکھی بات بیان کرنا ۔**لطیفہ خفی** (مذکر) پیشانی سے لفظ اللہ کا نکلنا۔ **لطیفۂ روح** (مذکر) سینے کی داہنی طرف سے لفظ اللہ کا نکلنا۔ **لطیفۂ سِرّ** (مذکر) معدہ سے لفظ اللہ کا نکلنا۔ **لطیفہ طراز یا گو** (صفت) دیکھو لطیفہ باز ۔ **لطیفۂ قلب** (مذکر) دل سے لفظ اللہ کا نکلنا ۔**لطیفۂ نفس** ۔ ناف کے مقام سے لفظ اللہ کا نکلنا۔

لَظیٰ (ع ۔صفت) ۱ ایک دوزخ کا نام ۲ دوزخ ۳ آتش دوزخ (لظی ۔آگ کا دہکنا)

لُعاب (ع ۔ مذکر) ۱ تھوک ۔ آبدہن ۲ لس ۔چیپ ۳ کسی چیز کا وہ رس جس میں لیس ہو جیسے بیدانے کا (لعب ۔رال بہنا) **لعابدار** (صفت) لسدار چیپ دار ۔ **لعابی** (صفت) لعابدار۔

لُعاق (ع ۔ مذکر) ہونٹ یا دانت چوسنا (لعق ۔کسی چیز کو چاٹنا)

لِعان (ع ۔ مذکر) قاضی کے سامنے خاوند اور بیوی کا ایک دوسرے پر لعنت بھیجنا۔ جب شوہر اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگائے تو وہ چار دفعہ قسم کھائے اور پانچویں دفعہ یہ کہے کہ مجھ پر خدا کی لعنت ہو اگر میں جھوٹ بول رہا ہوں۔ پھر عورت اپنی برأت کی قسم کھائے اور پانچویں مرتبہ یہ کہے کہ مجھ پر خدا کا غضب ہو اگر یہ تہمت درست ہو جس عورت سے لعان کے بعد تفریق ہو جائے اس سے پھر نکاح کرنا حرام ہو جاتا ہے (لعن ۔کوسنا)

لَعِب (ع ۔ مذکر) ۱ کھیل ۔کود ۔لہو ۲ سیر تماشا ۳ دل بہلاوا ۔

لُعبَت (ع ۔ مونث) ۱ گڑیا ۔گڈیا پتلا پتلی ۲ مورت ۔ بت ۳ تصویر ۔ فوٹو ۴ کھیل بازیچہ ۵ کھیلنے کی چیز ۔کھلونا (لعب ۔کھیلنا) **لعبتانِ دیدہ** (مونث) پتلیاں ۔**لعبتانِ فرنگ** (مونث) خوبصورت میمیں ۔**لعبت باز** (صفت) ۱ پتلیوں کا تماشہ دکھلانے والا ۲ ایکٹر ۔بھان متی ۳ مداری ۔شعبدہ باز ۔**لعبت بازی** (صفت) پتلیوں کا کھیل۔

لَعل (ف ۔ مذکر) ۱ ایک سرخ رنگ جواہر ۲ معشوق کے ہونٹ ۔**لعلِ آبدار** (مذکر) چمکدار لعل ۔**لعل اکھاڑ ۔توڑ یا چھڑا لینا** (متعدی) شان گھٹانا ۔نقصان پہنچانا ۔ **لعل اُگلنا** (لازم) ۱ خوش گفتار ہونا ۔خوش کلام ہونا ۲ شعر کہنا ۔مضمون لکھنا ۳ دولت بخشنا ۔ فائدہ پہنچانا ۴ باتوں سے فیض پہنچانا ۵ (طنزاً) بدزبانی کرنا ۔فحش کلامی کرنا ۔گالی گلوچ بکنا ۔ نامہذب الفاظ منہ سے نکالنا ۔ **لعلِ بدخشاں** (صفت) بدخشاں کا لعل۔ زمانہ وسطی میں بدخشاں کے علاقے کے لعل مشہور تھے ۔ یہ خاص شہر میں سے تو نہیں نکلتے دریائے کوکچا کے منبع کے اردگرد کے علاقے سے نکلتے ہیں ۔ اور اس کا اجارہ سلطنتِ افغانستان کے ہاتھ میں ہے ۔**لعلِ پیکانی** (مذکر) پیکان کی سی شکل کا لعل جو عورتیں کان میں پہنتی ہیں ۔ **لعل جڑے ہونا** (لازم) انوکھا ہونا ۔ **لعلِ خوشاب** (مذکر) ۱ وہ لعل جس میں آب بہت ہو ۲ لب معشوق ۔**لعلِ خفتان** (مذکر) ۱ سرخ پوشاک ۲ شاہ حمزہ کے ایک امیر کا نام ۳ سیارہ مریخ ۴ داستان امیر حمزہ میں قاسم کا لقب ۔**لعلِ دوشابی** (مذکر) شربت کے رنگ کا لعل ۔شربتی لعل ۔ **لعلِ رُمّانی** (مذکر) نہایت سرخ رنگ کا لعل ۔**لعلِ رواں یا شُفتہ** (مذکر) سرخ شراب ۔**لعلِ سفید** (مذکر) ہیرا ۔ یہ جواہرات میں سے قیمتی ہوتا ہے ۔**لعلِ شب چراغ** (مذکر) نہایت سرخ رنگ کا لعل جو رات کو بہت چمکتا ہے ۔**لعل منکمہ** بار (صفت) لبِ معشوق ۔**لعلِ فلک** (مذکر) سورج ۔**لعل قبا** (صفت) ۱ وہ جو سرخ پوشاک پہنے ۲ (مونث) سرخ قبا ۳ خون ۴ جگر ۵ سرخ شراب ۔**لعل کا چھلّا** (مذکر) لعل کا بنا ہوا چھلا معشوق کے منہ کا استعارہ کرتے ہیں۔ **لعل گودڑ کا** (مذکر) دیکھو گودڑ کا لعل ۔ **لعل گوں** (صفت) لعل کے رنگ کا ۔کمال سرخ ۔ **لعلِ لب** (مذکر) ۱ ہونٹوں کی سرخی ۲ (بغیر اضافت) سرخ ہونٹ ۔لب سرخ ۳ (صفت) سرخ ہونٹوں والا ۔ یاقوت لب ۴ کنایتاً معشوق **لعل لگانا** (متعدی) قدر بڑھانا ۔بہار بڑھا دینا **لعل لگ جانا یا لگنا** (لازم) ۱ جواہرات سے مرصع ہونا ۔قیمتی ہونا ۲ انوکھا پن ہونا ۔ کوئی عجیب بات ہونا ۳ ممتاز ہونا ۔عالی مرتبہ ہونا ۔**لعل لگے ہونا** (لازم) انوکھا ہونا کوئی عجیب بات ہونا ۔عموماً کونسے یا کیا ایسے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔**لعلِ ناسُفتہ** (مذکر) ۱ لعل جس میں سوراخ نہ ہو ۲ نیا یا تازہ کلام ۔ اصل تصنیفات ۔**لعلی ۔لعلیں** (صفت) منسوب بہ لعل ۔ لعل کی طرح کا ۔لعل کے رنگ کا۔

مثل ۔لعل گودڑ میں نہیں چھپتا ۔عمدہ وصف کبھی پوشیدہ نہیں رہتا ۔

لَعن (ع ۔ مذکر) ۱ پھٹکار ۔نفرین ۲ سرزنش ۔ ملامت ۔جھڑکی ۔زجر و توبیخ ۳ دعائے بد ۔ سراپ (لعن ۔کوسنا) **لعنت** (مونث) پھٹکار نفرین ۔**لعنت برسنا** (لازم) ۱ لعنت کی بوچھار ہونا ۲ (چہرے پر) بے رونقی ہونا ۔**لعنت بھیجنا** (متعدی) ۱ برا بھلا کہنا ۔نفرین کہنا ۲ بددعا دینا ۔ کوسنا ۳ پرہیز کرنا ۔اجتناب کرنا ۔نفرت سے ترک کرنا ۔**لعنت بھیجو** ۔نام نہ لو ۔ذکر نہ کرو ۔ جانے دو ۔ **لعنتِ خدا** (مونث) خدا کی پھٹکار **لعنت کا شروا پھٹ پھٹ کی روٹی** (مونث) نہایت بے وقری اور بے عزتی کی روٹی ۔**لعنت کا طوق** (مذکر) ذلت رسوائی ۔**لعنت کا طوق پڑنا** (لازم) ۱ راندہ جانا ۲ ذلیل ہونا ۔ رسوا ہونا (گردن میں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ جب شیطان نے حضرت آدم کو بحکم خدا سجدۂ تعظیم کرنے سے انکار کیا تو اس کو راندہ گیا ۔ اور ایک طوق اس کے گلے میں ڈالا

گیا۔ **لعنت کا طوق ملنا** (لازم) ۱ ذلت حاصل ہونا۔ رسوائی ہونا ۲ راندہ جانا۔ **لعنت کا مارا** (صفت) ۱ ملعون۔ مردود ۲ بدبخت۔ بدنصیب ۳ (مو) اس موقعہ پر کہتی ہیں جب کوئی چیز مقدار میں تھوڑی آئے۔ **لعنت کرنا** (متعدی) لعنت بھیجنا ۲ **لعنت کی بوچھاڑ** (مونث) مسلسل اور بیحد لعنت۔ **لعنت کی روٹی پھٹ کا شوروا**۔ دیکھو لعنت کا شوروا الخ۔ **لعنت ملامت** (مذکر) ۱ سرزنش۔ زجر و توبیخ ۲ برا بھلا۔ سخت سست۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **لعنتی** (صفت) دیکھو لعنت کا مارا (۱)(۲) **لعنتی طوق پہننا** (لازم) رسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ **لعنتی مارا** (صفت) لعنت کا مارا ۲ **لعن لعن** (مذکر) ۱ لعن و تشنیع۔ لعنت ملامت۔ پھٹکار۔ سرزنش زجر و توبیخ ۲ برا بھلا۔ سخت سست (کرنا ہونا کے ساتھ)

اقوال۔ لعنۃ اللہ علے

الکاذبین۔ جھوٹ بولنے والوں پر خدا کی لعنت ہے **لعنت بر ہیچ**۔ فضول۔ نامعقول ملعون۔ کسی پر صاف صاف لعنت نہ بھیجنا چاہیں تو اس طرح کہہ دیتے ہیں۔ **لعنت بر پدرش یا بہزار پشت**۔ کسی کے متعلق سخت ناراضگی کی حالت میں کہتے ہیں۔ **لعنت بکار شیطان** کسی شوق یا فعل سے بیزاری ظاہر کرنے کے مستعمل ہے۔

لَعُوق (ع۔ مذکر) چاٹ [illegible] ہدار دوائی (لعق۔ چاٹنا)

لَعِین (ع۔ صفت) جس پر لعنت کی جائے۔ ملعون۔ مردود۔ لعنتی۔ راندہ ہوا۔ (لعن۔ کوسنا)

لُغات (ع۔ مذکر) لغت کی جمع۔ ۱ الفاظ۔ زبانیں ۲ وہ کتاب جس میں الفاظ کے معانی ایک جگہ دئے جائیں۔ فرہنگ۔ کوش۔ ڈکشنری (لغو۔ بولنا)

لُغام (ف۔ مذکر) لگام (مخف)

لَغایت (ع۔ تف) ۱ آخیر تک۔ انجام تک۔ اس سرے تک۔ اصل لفظ لغایۃ تھا۔ جس کے معنی اس کی انتہا تک ہیں ۲ مشتمل۔ شامل مشمول۔ داخل (الی۔ تک۔ غایت۔ آخر)

لُغت (ع۔ مذکر) ۱ لفظ۔ کلمہ۔ مفرد۔ شبد ۲ بولی۔ زبان۔ بھاکھا۔ بھاشا ۳ فرہنگ۔ کوش۔ ڈکشنری۔ لغات (لغو۔ بولنا) **لغت تراش** (صفت) ۱ لغت گھڑنے والا ۲ لفاظ۔ لسان۔ **لغت تراشنا یا گھڑنا** (متعدی) ۱ اپنی طرف سے لفظ بنانا ۲ مشکل اور دقیق الفاظ اپنی گفتگو یا تحریر میں استعمال کرنا۔ لفاظی کرنا۔ **لغت تراشی** (مونث) الفاظ مشکل دقیق کا استعمال۔ **لغت جھاڑنا** (متعدی) ۱ علمیت جتانا ۲ مشکل الفاظ استعمال کرنا۔ **لغت چھانٹنا** (متعدی) دقیق اور غیر موزوں الفاظ استعمال کر کے علمیت جتانا۔ **لغت نگار یا لغت نویس** (مذکر) لغات مرتب کرنے والا۔

لُغز (ف۔ مونث) پہیلی۔ چیستان۔ بجھارت (لغز۔ بگاڑنا)

لَغزِش (ف۔ مونث) ۱ پھسلن ۲ جنبش۔ لرزش ۳ لڑکھڑاہٹ۔ ڈگمگاہٹ ۴ کپکپاہٹ۔ کپکپی۔ ۵ غلطی۔ خطا۔ سہو۔ بھول چوک ۶ بہکنا۔ گمراہ ہونا۔ پھرنا (لغزیدن۔ پھسلنا) **لغزش آنا** (لازم) ۱ پھسلنا۔ رپٹنا ۲ بہکنا۔ گمراہ ہونا ۳ لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا ۴ کانپنا ۵ استقلال میں فرق آنا ۶ اظہار یا بیان میں فرق آنا۔ **لغزش کرنا** (متعدی) ۱ بہکنا۔ گمراہ ہونا ۲ لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا ۳ کانپنا ۴ بھول چوک ہو جانا۔ **لغزش کھانا** (متعدی) دیکھو آخری ۲ و ۳۔

لَغو (ع۔ صفت) ۱ بیہودہ۔ پوچ۔ واہیات ۲ بے معنی۔ مہمل ۳ بیفائدہ۔ بیکار ۴ بعید القیاس۔ نامعقول ۵ (مونث) بیہودہ بات یا فعل (جمع میں ان معنوں میں استعمال ہوتا ہے) ۶ (مذکر) بیہودہ آدمی (لغو۔ بولنا) **لغو بکنا** (متعدی) بیہودہ باتیں زبان پر لانا۔ ہرزہ گوئی کرنا۔ **لغویات** (مونث) بیہودہ باتیں۔ بیہودہ افعال و حرکات۔ **لغویّت** (مونث) بیہودگی۔

لُغوی (ع۔ صفت) ۱ لغت سے منسوب ۲ اصلی۔ حقیقی۔ **لغوی معنی** (مذکر) اصلی معنی۔

لَفّ (ع۔ صفت) ۱ لپٹا ہوا۔ تہ کیا ہوا ۲ شامل۔ منسلک (کرنا ہونا کے ساتھ) (لف۔ تہ کرنا) **لف حریر** (مذکر) شیعوں کے متعلق ایک مسئلہ جو سنیوں نے ان کے چڑانے کے لئے گھڑا ہوا ہے۔ **لف و نشر** (مذکر) پراگندہ اور منتشر چیزوں کو لپیٹنا۔ علم بیان کی اصطلاح میں وہ صنعت کہ اول چند چیزوں کا مفصل یا مجمل ذکر کیا جائے اور پھر چند چیزیں بیان کی جائیں جو پہلی چیزوں سے بغیر ترتیب یا ترتیب وار نسبت رکھتی ہوں۔ اس کی دو قسمیں ہیں **لف و نشر غیر مرتب** (مذکر) وہ صنعت جس میں لف کے مقابل نشر نہ ہو۔ بلکہ اس کی ترتیب میں اختلاف ہو۔ **لف و نشر مرتب** (مذکر) وہ صنعت جس میں نشر کی ترتیب لف کے مطابق ہو۔

لَفّاظ (ع۔ صفت) ۱ مبالغہ آمیز باتیں کرنے والا۔ لسان۔ چرب زبان۔ باتونی ۲ خوش بیان۔ فصیح۔ شیریں زبان۔ **لفاظی** (مونث) ۱ لسانی۔ چرب زبانی۔ بکواس۔ بک بک ۲ خوش بیانی۔ شیریں زبانی۔ فصاحت ۳ شیخی۔ ڈینگ۔ **لفاظی چھانٹنا** (متعدی) باتیں بنانا۔

لِفافہ (ع۔ مذکر) ۱ اوپر کا خول۔ کاغذ کا غلاف یا تھیلی ۲ وہ کاغذ کا غلاف جس میں چٹھی لکھ کر ڈالتے ہیں ۳ جامہ بیرونی جو مردے پر لپیٹتے ہیں ۴ پوشش ۵ دکھاوا۔ بناوٹ۔ ظاہری سامان ۶ دھوکے کی ٹٹی۔ دھوکا ۷ ملمع۔ قلعی۔ جھول ۸ نازک یا جلد ٹوٹنے والی چیز ۹ بھید۔ راز۔ پوشیدہ امر (لف۔ تہ کرنا) **لفافہ بدلنا** (متعدی) وضع بدلنا۔ **لفافہ بنا رکھنا** (متعدی) ۱ ظاہری ٹیپ ٹاپ رکھنا۔ ٹھاٹھ بنا رکھنا ۲ دھوکا دینا۔ دھوکے کی ٹٹی بنا رکھنا۔ **لفافہ بنانا** (متعدی) ۱ چٹھی کا غلاف تیار کرنا۔ تھیلی سینا۔ پوشش بنانا ۲ ٹیپ ٹاپ کا کام کرنا۔ ہلکا سا ملمع کر دینا ۳ دھوکا دینا۔ **لفافہ سربمہر کرنا** (متعدی) لفافہ بند کر کے اس پر مہر لگانا۔ **لفافہ کرنا** (متعدی) ۱ چٹھی کو لفافہ میں رکھنا۔ خط کو تھیلی میں ڈالنا۔ خط بند کرنا ۲ دکھاوا کرنا ۳ ہلکا سا خول یا ملمع چڑھانا۔ **لفافہ کھل جانا یا کھلنا** (لازم) ۱ کسی دوسرے آدمی کے ہاتھ سے لفافہ کا کھولا جانا ۲ چٹھی کے مضمون کا ظاہر ہو جانا ۳ راز افشا ہو جانا۔ بھید ظاہر ہو جانا ۴ حقیقت کھل جانا۔ قلعی کھل جانا۔ **لفافیہ** (صفت) جوتی یا زیور وغیرہ جو کمزور

ہو۔

لفٹن۔ لفٹننٹ (انگ۔ صفت) ۱: نائب۔ حاکم ۲: (طنزاً)۔ بڑا حکم ۳: (مذکر) فوج میں ایک افسر جو کپتان کے ماتحت ہوتا ہے ۴: بحری فوج کا ایک افسر جو کپتان کے ماتحت کام کرتا ہے (اصل لفٹننٹ) **لفٹننٹ جنرل** (مذکر) ایک فوجی افسر جو جنرل سے چھوٹے درجہ کا ہوتا ہے۔ **لفٹننٹ کمانڈر** (مذکر) ایک فوجی افسر جس کا عہدہ لفٹننٹ اور کمانڈر کے درمیان ہوتا ہے۔ **لفٹننٹ گورنر** (مذکر) صوبے کا حاکم جو گورنر جنرل کے ماتحت ہندوستان کے بعض صوبوں میں ہُوا کرتا تھا۔ اب ہر صوبے میں گورنر ہوگیا ہے۔

لفظ (ع۔ مذکر) ۱: وہ بامعنی کلمہ جو انسان کے منہ سے نکلے ۲: کلمہ۔ بات (لفظ۔ منہ سے نکالنا) **لفظاً** (تف) لفظ کے اعتبار سے۔ **لفظاً لفظاً۔ لفظ بہ لفظ** (تف) ۱: ایک ایک لفظ۔ ایک ایک کلمہ۔ حرف بہ حرف ۲: ہو بہو ۳: صاف صاف۔ تفصیل وار۔ **لفظ ٹپکنا** (لازم) زبان سے لفظ کا بے اختیار نکلنا۔ **لفظ ٹوٹ ٹوٹ کر نکلنا** (لازم) ۱: منہ سے لفظ اٹک اٹک کر یا مشکل سے نکلنا ۲: اس طرح کسی لفظ کا منہ سے نکلنا کہ ہر حرف الگ ہو جائے۔ **لفظی** (مونث) ۱: لغوی۔ اصلی۔ ٹھیک۔ لفظ بلفظ (ترجمہ معنی وغیرہ کے ساتھ) ۲: باتوں کی (الفاظ کی رد بحث تکرار وغیرہ کے ساتھ)

لفطہ (ع۔ مذکر) گری پڑی چیز جو راستے سے اٹھائی جائے۔

لفنگ (اردو۔ صفت) ۱: بد وضع۔ بد اطوار۔ لچہ۔ شہدا۔ اوباش۔ رند ۲: شیخی باز۔ لاف زن ۳: (مونث) لاف زنی (غالباً ف لاف سے بنایا گیا ہے) **لفنگا** (صفت) دیکھو لفنگ۔ **لفنگانہ** (تف) شہدوں کے مانند۔ اوباشانہ۔ رندانہ۔ **لفنگیا** (صفت) دیکھو لفنگ۔

لفیف (ع۔ صفت) ۱: لپٹا ہُوا۔ ۲: تہ کیا ہُوا ۳: جمع کیا ہُوا ۴: پیچیدہ ۵: (مذکر) مختلف لوگوں کا مجمع۔ ہجوم ۶: دوست۔ یار۔ آشنا۔ واقف۔

لقا (ف۔ مذکر) **لقّا** (اردو) ۱: چیل۔ گدھ ۲: ایک قسم کا کبوتر جس کی دم پنکھے کی طرح اور اوپر کو اٹھی ہوتی ہے اور گردن پیچھے کو جھکی ہوتی ہے۔

لِقا (ع۔ صفت) ۱: ملاقات دیدار۔ دید۔ درشن۔ نظارہ ۲: چہرہ۔ صورت۔ شکل۔ مرکبات میں جیسے مہ لقا۔ خورشید لقا (لقی۔ ملنا) **لقاءُ اللہ**۔ مجازاً موت۔ وصال۔

لُقّا (ف۔ صفت) ۱: خود پسند۔ شیخی باز۔ گھمنڈی ۲: شرارتی۔ شریر ۳: بدچلن۔ بدمعاش۔

لُقّا (ف۔ صفت) بدمعاش۔ لچا۔ شہدا۔ لقندرا۔

لقّات (ف۔ صفت) ۱: کمزور۔ ناتواں ۲: دبلا۔ لاغر (اصل لکات) **لقّات ہوگیا**۔ نہایت دبلا لاغر ہوگیا۔

لَقَب (ع۔ مذکر) وہ نام جو کسی وصف صفت یا عزت کی وجہ سے پڑ گیا ہو یا مدح یا ذم کو ظاہر کرے۔ جیسے خلیل اللہ۔ کلیم اللہ (لقّب۔ دوسرے کا نام رکھنا)

لَقلق (ع۔ مذکر) ایک آبی پرند جس کی ٹانگیں بہت لمبی اور چونچ بہت چوڑی اور لمبی ہوتی ہے۔ سارس (ف لک لک کا معرب) **لقلقہ** (مذکر) ۱: سارس کی آواز ۲: حوصلہ۔ ظرف۔ ہمت ۳: رعب۔ رعب داب۔ دبدبہ ۴: اثر۔ رسوخ ۵: خوش الحانی۔ خوش بیانی ۶: تلفّظ۔

لُقمان (ع۔ مذکر) ۱: ایک حکیم جس کا ذکر قرآن شریف میں آیا ہے۔ اس نے اپنے بیٹے کو چند نصیحتیں کی تھیں۔ جو سورہ لقمان میں درج ہیں۔ اس کا درست حال معلوم نہیں بعض مصنفین اسے حبشی غلام بتاتے ہیں۔ بعض باعور کا بیٹا اور بعض حضرت داؤد کا وزیر۔ اس کی حکایات بہت مشہور ہیں۔ انگریزی میں حکایات لقمان کو ایسپز فیبلز کہتے ہیں۔ مگر ایسپ ایک یونانی حکیم تھا ۲: مجازاً بہت دانا۔ ازحد عقلمند۔ بڑا تجربہ کار۔ **لقمانِ زمان** (صفت) دیکھو لقمان ۲: **لقمان کو حکمت سکھانا** (متعدی) عقلمند کو تدبیر بتانا۔ بیوقوفی کی بات کہنا۔ بیوقوف بننا۔ لغو کام کرنا۔ **لقمان کے پاس دوا نہ ہونا** (لازم) مرض کا لاعلاج ہونا۔

لُقمہ (ع۔ مذکر) ۱: کھانے کی وہ مقدار جو ایک دفعہ منہ میں ڈالی جاتی ہے۔ نوالہ۔ کور۔ گراس ۲: کسی چیز کی وہ مقدار جو دوسری چیز میں ایک دفعہ ڈالی جائے (لقم۔ نگلنا) **لقمہ اجل ہونا** (لازم) مارا جانا۔ مرجانا۔ قتل ہونا۔ طعمۂ اجل ہونا۔ **لقمہ پھنسنا** (لازم) حلق میں نوالہ کا پھنسنا کھانا نہ کھایا جانا۔ **لقمۂ حرام** (مذکر) حرام کا مال۔ حرام کی آمدنی۔ **لقمہ حلق سے نہ اترنا** (لازم) کچھ کھایا نہ جانا۔ اس موقعہ پر کہتے ہیں جب کسی کی عدم موجودگی ناگوار ہو۔ **لقمۂ چرب** (مذکر) لذیذ غذا۔ **لقمۂ خشک** (مذکر) وہ لقمہ جو خشکی کی وجہ سے حلق سے نہ اترے۔ **لقمہ دینا** (متعدی) ۱: کسی کے منہ میں نوالہ دینا ۲: رشوت دینا ۳: دوسرے کی بات میں بول اٹھنا۔ بات کاٹنا ۴: حمام تنور میں ایندھن لکڑیاں کوئلہ وغیرہ ڈالنا ۵: قران شریف سناتے وقت جو بھول چوک ہوا سے بتانا ۶: کسی کو کوئی بات کہہ کر دوسرے کے برخلاف اکسانا کسی کے معاملے میں کوئی ایسی بات کہنا جو اس کا نقصان کرے ۷: (غف) کسی چھید یا سوراخ میں میخ ٹھوکنا **لقمہ کر جانا** (متعدی) نگل جانا۔ اڑا جانا۔ چٹ کر جانا۔ کھا جانا۔ **لقمہ کھانا** (متعدی) ۱: نوالہ نگل جانا ۲: حافظ کا پڑھتے پڑھتے چوک جانا۔ **لقمۂ گور ہونا** (لازم) مر جانا۔

لُقندرا (ہ۔ صفت) ۱: بدمعاش۔ لچا۔ شہدا۔ بدچلن۔ بدوضع۔ رند ۲: آوارہ پھرنے والا۔ (قلندر کا محرّب) **لقندری** (صفت۔ مونث) قلندرائی۔

لَق دَق (ف۔ مذکر) چٹیل میدان۔ ویرانہ۔ بنجر۔ وہ مقام جہاں درخت اور گھاس نہ ہو (ف لَک۔ گنجا۔ ننگا + دَق ملا ہوا۔ رگڑا ہُوا)

لَقوَہ (ع۔ مذکر) ایک بیماری جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔ **لقوہ مار جانا** (لازم) لقوے کے مرض سے منہ ٹیڑھا ہو جانا۔ **لقوہ ہو جانا** (لازم) ۱: لقوے کا مرض لاحق ہو جانا ۲: منہ پھر جانا یا ٹیڑھا ہو جانا۔ **لقوے** (مذکر) ۱: جمع لقوہ کی ۲: بجائے لقوہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **لقوے کا آزار** (مذکر) فالج جس میں اعضا ٹیڑھے ہو جاتے ہیں۔

لک (ف۔ صفت) ایک لاکھ۔

لک (ہ۔ صفت) ۱: صاف ۲: چمکدار روشن ۳: (مذکر) چمک۔ کوند۔ دمک۔ **لک دے** (دکنی۔ تف) ۱: چمک کے ساتھ ۲: فوراً۔ یکایک۔ یکلخت۔ **لک کرنا** (متعدی) ۱: صاف کرنا۔ پاک کرنا ۲: روشن کرنا۔ چمکانا۔ پالش کرنا۔ لکلکانا **لک لک کرنا** (لازم) چمکنا۔ دمکنا۔

لُک (ہ۔امر) لُکنا کا۔ لُکا (امر) ۱ لکانا کا ۲ (ماضی) لُکنا کی ۳ (صفت) چھپا ہُوا۔ **لکا دینا۔ لکانا** (متعدی) چھپانا۔ مخفی کرنا۔ پوشیدہ کرنا (مع) **لکا بخن** (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا سرمہ جس کے لگانے سے آدمی نظر نہیں آتا۔ **لکاونا** (ھ) لکانا۔ **لکاؤ** (ھ) چھپانا۔ اخفا۔ **لکاؤنا** (ھ) لکانا۔ **لُک جانا۔ لُکنا** (لازم) چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔ مخفی ہونا۔

لَک (ع۔ مذکر) ۱ وارنش۔ جلا۔ روغن (پھیرنا۔ پھرنا۔ کرنا کے ساتھ) (لَکّ۔ دبانا) **لکدار** (صفت) چمکدار جس پر وارنش ہو۔ **لکدار چمڑا** (مذکر) پیٹنٹ لیدر۔ وہ چمڑا جس پر لک یا وارنش ہو۔

لُک (ہ۔ مذکر) ۱ آگ کا شعلہ یا چنگاری ۲ شہاب ثاقب۔ آسمان پر کوئی روشنی جو بھٹی کی لو ۳ (ھ) گرم ہوا۔ لو (س اُلکا) **لکاٹھی۔ لکاری** (مونث) جلتی ہوئی لکڑی۔ **لکنی لکٹی** (مونث) ۱ جلتی ہوئی لکڑی ۲ چولھے کی ادجلی لکڑی جس سے دوسری کو کریدتے ہیں ۳ لڑائی کرا دینے والی عورت۔

لُک (س۔ مذکر) ۱ کاٹنا۔ توڑنا ۲ اخراج۔ نکاس۔

لَکّا (ھ۔ مذکر) ٹکڑا۔ ڈلا۔

لِکّا (ھ۔ مونث) چھوٹی جوں۔ لیکھ۔

لَکاتَہ (ف۔ مونث) فاحشہ عورت۔

لُکان (ہ۔ مذکر) ایک داؤ کشتی میں حریف کو ٹکان دیکر نیچے لانا۔

لَکتَکہ (س۔ مذکر) ۱ لاکھ ۲ کتا۔

لُکُٹ (س۔ مذکر) لاٹھی۔ عصا۔ ڈنڈا۔

لَکُٹیا (ھ۔ مونث) ۱ چھوٹا ڈنڈا ۲ کرشن جی کا لقب۔

لَکُچ (س۔ مذکر) ایک قسم کا درخت۔

لکچر (انگ۔ مذکر) ۱ تقریر۔ بیانِ زبانی ۲ درس۔ سبق۔ تلقین۔ تدریس (دینا ہونا کے ساتھ) **لکچرار** (مذکر) ۱ زبانی بیان کرنیوالا شخص۔ مقرر ۲ پروفیسر۔ استاد۔

لَگد (ف۔ مونث) ۱ دولتی ۲ لات ۳ ٹھوکر۔ **لگد زن** (صفت) دولتی۔ لات مارنے والا۔ **لگد زنی** (مونث) دولتی یا لات مارنا۔

لِکَر (انگ۔ مذکر) شراب۔

لکڑ (ہ۔ مونث) ۱ لکڑی۔ مرکبات میں ۲ شہتیر۔ کڑی ۳ لٹھا۔ (س لکُٹ۔ ڈنڈا) **لکڑ باز** (صفت) لکڑی سے لڑنے والا۔ بنوٹ باز۔ **لکڑ بازی** (مونث) لکڑی سے لڑنا۔ بنوٹ بازی۔ **لکڑ پھوڑ** (مذکر) کٹھ پھوڑا۔ **لکڑ ہارا** (مذکر) لکڑیا بیچنے یا لکڑیاں چیرنے پھاڑنے والا۔

لَکَڑ (ہ۔ مذکر) دیکھو لکڑ۔ **لکڑ پھوڑ** (مذکر) کٹھ پھوڑا۔ **لکڑ توڑ** (صفت) ۱ سخت (کلام، ثقیل (الفاظ) ۲ مضبوط۔ قوی۔ **لکڑ ساں** (مذکر) لکڑیوں کا ڈھیر۔ انبار ہیزم۔

لَکڑا (ہ۔ مذکر) ۱ بڑی لکڑی۔ کندہ۔ لکڑا ۲ نہایت سوکھا ہُوا۔ نہایت سخت اور کرخت (لکڑی سے)

لَکڑا (ھ) **لَکڑ بگھا** (ہ۔ مذکر) لگڑ بگڑ۔

لَکڑی (ہ۔ مونث) **لکڑیا** (ھ) ۱ درختوں کے تنوں اور ٹہنیوں کا وہ سخت حصہ جو سبز نہیں رہتا اور سوکھنے پر جلانے یا چیزیں بنانے کے کام آتا ہے۔ ہیزم۔ کاٹھ۔ چوب (توڑنا۔ چھیلنا۔ چیرنا۔ کاٹنا وغیرہ کے ساتھ) ۲ عصا۔ لاٹھی۔ چھڑی۔ سونٹا ۳ پٹا۔ بنوٹ۔ چوب بازی ۴ سہارا۔ مدد۔ آسرا ۵ ڈانڈ گنکا ۶ (صفت) سخت۔ کڑا ۷ سوکھا ہُوا۔ لاغر (لکُٹ۔ ڈنڈا) **لکڑی آگ پر سیدھی کرنا** (متعدی) آگ کی گرمی پہنچا کر لکڑی سیدھی کرنا۔ **لکڑیاں** (مونث) جمع لکڑی کی (بیچنا۔ پھاڑنا۔ توڑنا۔ چننا۔ چیرنا۔ خریدنا۔ کاٹنا وغیرہ کے ساتھ) **لکڑیاں چلنا** (لازم) لکڑیوں سے مارپیٹ ہونا۔ **لکڑیاں دینا** (متعدی) ۱ چتا میں لکڑیاں ڈالنا۔ مردے کو جلانا ۲ کریا کرم کرنا۔ **لکڑیاں کھانا** (متعدی) لاٹھیوں سے پٹنا یا مار کھانا۔ **لکڑی پکڑانا** (لازم) سہارا دینا۔ مدد دینا۔ **لکڑی پکڑنا** (متعدی) ۱ چلنے کے لئے لکڑی ہاتھ میں لینا ۲ مدد لینا۔ سہارا لینا ۳ کسی اندھے کو رستہ دکھانے کے لئے اس کی لکڑی پکڑ کر چلنا۔ **لکڑی پھینکنا** (متعدی) پٹا کھیلنا۔ **لکڑی کھیلنا** (متعدی) پٹا کھیلنا۔ پٹا بازی۔ **لکڑی کا گٹھا** (مذکر) اکٹھی بندھی ہوئی لکڑیاں۔ **لکڑی کی گانٹھ** (مونث) وہ گرہ جو ٹہنی پھوٹنے کی وجہ سے لکڑی میں پڑ جاتی ہے۔ **لکڑی لیکر سیدھا ہو جانا** (لازم) لکڑی سے مارنے کو آمادہ ہونا۔ **لکڑی والا** (صفت) لکڑی بیچنے والا۔ **لکڑی ہاتھ میں پکڑا دینا** (متعدی) سہارا دینا۔ **لکڑی ہو جانا یا ہونا**۔ نہایت دبلا یا لاغر ہونا (عموماً سوکھ کر کے ساتھ)

امثال و اقوال۔ لکڑی پر فقیر۔ ظاہر نمود۔ **لکڑی کے بل (بندری) لکڑی کے نلچے۔** حمایتی کے بھروسے پر ہر ایک کودتا ہے۔ **لکڑی لئے بسیر خاک۔** آوارہ گرد۔ ہاتھ میں لکڑی پیروں پر خاک پڑی ہوئی حالت میں پھرنا۔ **لکڑی (مارنے سے) مارے پانی نہیں ہوتا۔** دیکھو لاٹھی الخ۔

لَکش (س۔ مذکر) ۱ ایک لاکھ ۲ نشانہ۔ ہدف ۳ وہ چیز جس پر نشانہ لگایا جائے ۴ بھیس ۵ دھوکا۔ دغا۔

لَکشمَن (س۔ صفت) ۱ وہ جس پر نشانات ہوں۔ ۲ خوش قسمت۔ خوش نصیب ۳ (مذکر) نشان

لَکشمی (س۔ مونث) ۱ نشان۔ علامت ۲ آثار ۳ اچھا آثار۔ اچھی قسمت۔ خوش نصیبی۔ سہاگ۔ سعادت ۴ کامیابی ۵ خوشی ۶ دولت ۷ خوبصورتی۔ حسن ۸ چمک۔ دمک ۹ حسن اور خوبصورتی کی دیوی **لکشمی پوجن** (مذکر) لکشمن کی پوجا جو دولہا دولھن دولہا کے گھر آنے کے بعد کرتے ہیں۔ **لکشمی پھل** (مذکر) بیل کا درخت۔ **لکشمی چھایا** (مذکر) لچھمی کا سایہ۔ خوش قسمتی۔ خوش نصیبی۔ سہاگ۔ **لکشمی گھر میں آنا یا اترنا** (ہ۔ لازم) خوش قسمت یا خوش نصیب ہونا۔ عروج ہونا۔ پھلنا پھولنا۔

لَکشَن (س۔ مذکر) ۱ نشان۔ علامت ۲ آثار ۳ خاصیت۔ خصوصیت ۴ لکیر ۵ اچھا نشان۔ خوش قسمتی کی علامت ۶ بیماری کی علامت ۷ چھپی۔ ڈوبی ۸ درست کیفیت۔ تعریف ۹ مقرر محصول ۱۰ نام۔ اسم ۱۱ قسم۔ نوع ۱۲ کسی چیز کا نشانہ کرنے کا فعل ۱۳ وجہ۔ موقعہ ۱۴ مثال۔ تمثیل۔ تشبیہ ۱۵

دیکھنا۔ ملاحظہ کرنا۔ نظارہ۔ **لکشا** (مونث) ۱ مطلب مقصد۔ مراد ۲ اشارہ۔ کنایہ ۳ علم کلام کی ایک صفت۔ مجاز ۴ مجازی معنی۔

لکنت (ع۔ مونث) ہکلاہٹ۔ توتلاپن۔ ہکلاپن۔ رک رک کر بولنے کی عادت (آنا پڑنا ہونا کے ساتھ)

لکھ (ہ۔ عدد) لاکھ کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **لکھ بخش یا داتا** (صفت) ۱ بہت فیاض یا سخی ۲ قطب الدین ایبک کا لقب **لکھ پتی** (صفت) ۱ وہ جس کے پاس لاکھ روپے کا سرمایہ یا جائیداد ہو ۲ دولتمند۔ امیر۔ **لکھ پیڑا** (مذکر) ۱ وہ باغ جس میں بہت سے درخت ہوں ۲ آموں کا وہ باغ جہاں کثرت سے آم ہوں۔ **لکھ لٹ** (صفت) بہت فضول خرچ۔ مسرف۔ **لکھّی** (صفت) ۱ لاکھ روپے کا خریدا ہوا ۲ لکھ پتی۔ ۳ بیش قیمت (ہاتھی یا گھوڑا)

مثل۔ لکھ چوری گکھ چوری ۱ چوری چاہے تھوڑی ہو چاہے زیادہ چوری ہے ۲ زبان اور قلم دونوں سے چوری کرتا ہے۔

لکھ (ہ۔ امر) لکھنا کا۔ **لکھا** (امر) ۱ لکھانا کا ۲ (ماضی) لکھنا کی۔ **لکھاسی** (مونث) دیکھنے اور محسوس کرنے کی خواہش **لکھانا** (متعدی) ۱ دکھانا ۲ محسوس کرانا **لکھاوٹ** (صفت) **لکھاؤ** (مذکر) دیکھنے کا فعل۔ **لکھاؤ** (صفت) ۱ وہ جو دیکھا جائے۔ ظاہر صریح۔ آشکار۔ **لکھائی** (مونث) ۱ دیکھنا ۲ ظہور۔ دکھائی۔ **لکھنا** (متعدی) ۱ دیکھنا۔ محسوس کرنا ۲ سمجھنا ۳ (لازم) ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا۔ **لکھیا** (مذکر) دیکھنے یا مشاہدہ کرنے والا شخص۔ ناظر۔ تماشائی ۲ تماشبین۔ آوارہ۔ ہرزہ گرد

لِکھ (ہ۔ امر) لکھنا کا۔ **لکھا** (امر) ۱ لکھانا کا ۲ (ماضی) لکھنا کی ۳ (صفت) رقم زدہ۔ لکھا ہُوا۔ اس معنی میں جلال نے بالتشدید بھی استعمال کیا ہے۔ **لکھّا** (مذکر) ۱ نوشتہ۔ تحریر ۲ حکم ازلی۔ حکم قضا و قدر۔ تقدیری اور شدنی امر۔ تقدیر۔ قسمت۔ بعض شعرا نے اس معنی میں بلا تشدید بھی استعمال کیا ہے ۳ خط۔ دستخط۔ لکھنے کی صفائی ۴ درجہ۔ گت۔ **لکھا آگے آنا** (لازم) اس امر کا پیش آنا جو قسمت میں ہے۔ **لکھّا پڑھا** (صفت) ۱ تعلیم یافتہ۔ خواندہ۔ ودیاوان ۲ سیکھا ہُوا ۳ (مذکر) تحریری اقبال۔ **لکھّا پڑھی** (صفت) تحریر۔ نوشتہ۔ دستاویز۔ **لکھّا پورا کرنا** (متعدی) مصیبت کا زمانہ بسر کرنا۔ برے دن کاٹنا۔ کرم بھولنا۔ مصیبت کے دن پورے کرنا۔ **لکھّا پورا ہونا** (لازم) ۱ نوشتۂ تقدیر کا عمل میں آنا۔ قسمت کا لکھا سامنے آنا۔ امر شدنی کا واقع ہونا ۲ نکاح ہونا۔ شادی ہونا۔ پلے بندھنا ۳ گت بننا۔ درگت ہونا۔ **لکھات** (ہ) دیکھو لکھاوٹ۔ **لکھّا جانا** (لازم) ۱ تحریر ہونا۔ رقم کیا جانا ۲ نوشتۂ تقدیر ہونا ۳ کسی زمرے میں تقسیم کیا جانا ۴ درج رجسٹر ہونا۔ طے شدہ ہونا۔ **لکھانا** (م) ۱ لکھوانا جو زیادہ فصیح ہے ۲ (مکان دکان وغیرہ) اپنے نام کرانا۔ **لکھاوٹ** (ہ) ۱ لکھنے کا فعل ۲ تحریر۔ نوشتہ ۳ لکھنے کا طریقہ یا ڈھنگ۔ **لکھاونا** (م) لکھوانا (مت) **لکھّا ہے**۔ تحریر ہے۔ روایت ہے۔ **لکھاؤ** (ہ) دیکھو لکھاوٹ۔ **لکھائی** (مونث) ۱ کار تحریر ۲ اجرت تحریر ۳ لکھنے کی مزدوری ۴ لکھنے کی محنت۔ **لکھائی پڑھائی** (مونث) لکھنے اور پڑھنے کا فعل۔ لکھنا پڑھنا۔ تعلیم و تربیت۔ **لکھائی چھپائی** (مونث) کتابت اور چھاپے کا کام لکھو پڑھو لو یکا کام کرو تکرار باقی نہ رہے۔ **لکھت** (مونث) ۱ تحریر۔ نوشت ۲ دستاویز۔ اقرار نامہ۔ تمسک۔

لکھت پڑھت ہونا (لازم) تحریری اقرار و مدار یا عہد و پیمان ہونا **لکھتم** (مونث) تحریر۔ نوشت۔ **لکھ دینا** (متعدی) ۱ تحریر کر دینا۔ نوشتہ کر دینا ۲ بیعنامہ لکھ دینا ۳ نوشتۂ تقدیر کر دینا ۴ معین کر دینا موت یا عمر کا۔ **لکھ رکھو**۔ یاد رکھو۔ یقینی سمجھو۔ **لکھ لینا** (متعدی) ۱ کتابت ختم کرنا ۲ نوٹ کر لینا ۳ رجسٹر میں درج کرنا ۴ زمرے میں شامل کرنا۔ **لکھن** (ہ۔ مذکر) ۱ لکھنے کا فعل ۲ تحریر۔ نوشتہ۔ مسودہ ۳ قسمت۔ نصیبا۔ لکھا۔ **لکھنا** (متعدی) ۱ تحریر کرنا۔ نوشت کرنا ۲ کتابت کرنا ۳ کسی کی قسمت میں مقرر کرنا ۴ زمرے میں لکھنا ۵ بنانا۔ تصنیف کرنا ۶ مضمون بنانا۔ رائے لکھنا ۷ خاکہ اتارنا۔ لکیرنا ۸ قلم کاری کرنا ۹ خط کی مشق کرنا۔ خوشنویسی کرنا ۱۰ تحریری عہد کرنا۔ نوشتہ دینا۔ تمسک کر دینا ۱۱ خط یا چٹھی بھیجنا ۱۲ درج رجسٹر کرنا۔ بہی پر چڑھانا ۱۳ (مذکر) تحریر۔ خط۔ نوشت ۱۴ تحریر کا ڈھنگ۔ سواد تحریر۔ **لکھا آنا یا جاننا** (لازم) تحریر کرنے کا فن آنا۔ لکھ سکنا۔ **لکھنا پڑھنا** (مذکر) ۱ نوشت و خواند۔ لکھائی پڑھائی۔ تعلیم و تربیت ۲ کتابت اور خواندگی۔ **لکھنت** (ہ۔ مذکر) ۱ تحریر۔ لکھت ۲ قسمت۔ نصیبا۔ لکھا۔ **لکھنی** (مونث) قلم۔ خامہ۔ **لکھنی چند یا داس** (مذکر) ۱ ہندو کلرک یا محرر ۲ خصوصاً کائستھوں کو تحقیراً کہتے ہیں۔ **لکھوا لینا**۔ **لکھوانا** (م) لکھنا کا۔ دیکھو لکھنا تمام معانی کے لئے۔ **لکھّی** (مونث) ۱ لکھی ہوئی۔ معین۔ مقرر ۲ عموماً موت۔ **لکھی فلانے کی**۔ ہندی تحریر کی ہوتی فلانے کی۔ فلانے کی جگہ نام لکھا جاتا ہے **لکھی فلانے کے اوپر**۔ فلانے کے نام پر لکھی ہوئی۔ فلانے کی جگہ نام لکھا جاتا ہے اور وہ رقم ادا کرتا ہے۔ **لکھے کو رونا** (لازم) قسمت کا گلہ یا شکوہ کرنا۔

امثال و اقوال

لکھا ہُوا نہیں مٹتا ۱ تقدیر نہیں ٹلتی ۲ لکھ کر انکار نہیں ہو سکتا۔ **لکھتم کے آگے بکھتم نہیں چلتی**۔ تحریر کا زیادہ اعتبار ہے۔ تحریری شہادت تقریری شہادت سے زیادہ قابل اعتبار ہوتی ہے۔ **لکھ لوڑھا پڑھ پتھر**۔ لکھ پڑھ کر بھی سخت نالائق ہے۔ **لکھنا آوے نہ پڑھنا آوے۔ محمد فاضل نام بتاوے**۔ ایسے شخص کے متعلق کہتے ہیں جو عالمانہ وضع رکھے اور پڑھا لکھا نہ ہو۔ **لکھنا آوے نہیں مٹاویں دونوں ہاتھ**۔ کام کرتے نہیں بگاڑتے ہیں۔ **لکھے عیسے پڑھے موسے**۔ دیکھو لکھے موسے الخ۔ **لکھے مساحت نہ ملے بادشاہت**۔ استحکام سلطنت کے لئے ملک کی پیمائش کرانا اور بندوبست کا محکمہ قائم کرنا نہایت ضروری ہے۔ **لکھے موسے پڑھے خدا**۔ بعض کا خیال ہے کہ موسے اصل میں مُوسا ر بال کی طرح) اور خدا خود آ ہے۔ **لکھے نہ پڑھے دودھ مارے کڑھے**۔ لیاقت کچھ نہیں مگر مزے اڑاتا ہے۔ **لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل**۔ ایسے شخص کے متعلق کہتے ہیں جو عالمانہ وضع رکھے اور پڑھا لکھا نہ ہو۔

لکھادہ۔ صفت مونث۔ غماز۔ چغلخور۔ غیبت کرنے والی عورت۔

لُکھٹی (ہ۔ مونث) دیکھو لُکٹی (لکھنو)

لکھلکھانا (ہ۔ لازم) گرمی کی وجہ سے سانس پھول جانا یا ہانپنا۔

لکھّو (ہ۔ مونث) بچّوں کا بندریا کے لئے ایک مذاقیہ نام۔ لکھو بندریا چاہیے پان اڑگئی چٹیا رہ گئے کان۔ بندریا کو دیکھ کر بچے کہتے ہیں۔

لکھوٹ (ہ۔ مذکر) لوکاٹ۔

لکھوٹا (ہ۔ مذکر) ! پان یا شہاب کی سیاہی مائل سرخی جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں۔ لاکھا (جمانا۔ جمنا۔ ہونا کے ساتھ) ۲ لاکھ کی مہر جو لفافوں اور پارسلوں پر لگاتے ہیں (کرنا ہونا کے ساتھ) (لاکھ سے)

لکھوری (ہ۔ مونث) ! ایک قسم کی پختہ چھوٹی اینٹ ۲ ایک قسم کی چھوٹی بھڑ جو مٹی کا گھر بناتی ہے۔ کمہاری۔

لکھی (ہ۔ مونث) لکشمی۔

لکھیا (ہ۔ مونث) ! چغلخور یا غماز عورت۔ ادھر کی ادھر لگانے والی عورت۔ لکھا ۲ بیسوا۔ فاحشہ۔ بدکار یا قحبہ عورت۔ رنڈی ۳ آوارہ پھرنے والی عورت۔ ہرزہ گرد عورت ۴ نہایت چالاک یا عیار عورت۔ چاتر۔ چلتر باز عورت۔

لکھیرا (ہ۔ مذکر) ! وہ شخص جو لاکھ کا یا لاکھ چڑھانے کا کام کرتا ہے یا لاکھ کی چیزیں بناتا یا بیچتا ہے (لاکھ سے)

لکھیرن (ہ۔ مونث) ! لکھیرے کی بیوی ۲ وہ عورت جو لکھیرے کا کام کرے۔

لکیر (ہ۔ مونث) ! لمبا نشان جو کاغذ سلیٹ وغیرہ پر کھینچیں۔ خط۔ لیک۔ لائین ۲ وہ لمبا نشان جو کسی چیز سے زمین پر پڑ جائے ۳ سانپ کے چلنے کا نشان ۴ دھاری ۵ چھکڑوں اور گاڑیوں کے پہیوں کے نشان جو سڑکوں یا زمینوں پر پڑ جاتے ہیں ۶ قطار۔ سلسلہ ۷ سطر ۸ پرانا دستور۔ قدیم رسم (س لیکھا) **لکیر پر چلنا** (لازم) ! پرانے طریقے پر چلنا۔ دستور قدیم کو نہ چھوڑنا۔ رسم و رواج کا پابند ہونا۔ **لکیر پر فقیر** (صفت) پرانے رسم و رواج یا پرانی وضع کا پابند۔ **لکیر پر فقیر ہو کر بیٹھنا** ہونا (لازم) ! پرانی رسم کے موافق چلنا۔ پرانی رسم یا وضع کا پابند ہونا ۲ کسی کے عشق میں فقیر ہو جانا ۳ مسر رہنا۔ گرویدہ ہونا۔ **لکیر پیٹنا** (متعدی) ! لکیر پر چلنا ۲ افسوس کرنا۔ پچھتانا۔ ہاتھ ملنا۔ وقت نکل جانے کا افسوس کرنا۔ **لکیر کا فقیر** (مذکر) ! پرانی روش کا دلدادہ ۲ رسم و رواج کا پابند ۳ کسی شے پر فریفتہ (بنا ہونا کے ساتھ) **لکیر کرنا** (متعدی) خط کھینچنا۔ **لکیر کھنچنا** (لازم) **کھینچنا** (متعدی) خط کھینچنا۔ لکیر کاڑھنا۔ رول کرنا ۲ دھاری بنانا ۳ حد بندی کرنا۔ حد باندھنا ۴ قلم پھیرنا۔ قلم سے کاٹ دینا ۵ توبہ کرنا۔ کان پکڑنا۔ عہد کرنا۔ قسم کھانا (پنجاب میں دستور ہے کہ جب کوئی قصور کرتا ہے اور پھر معافی مانگتا ہے۔ تو اس سے ناک سے لکیریں کھنچواتے ہیں) ۶ برا بھلا لکھ لینا۔ **لکیرنا** (متعدی) ! خط کھینچنا۔ لکیریں کھینچنا ۲ لیکنا۔ نشتر سے محدود کرنا ۳ خاکہ بنانا۔ ڈول بنانا۔

لگ (ہ۔ امر) ! لگنا کا ۲ (حرف جر) قریب۔ پاس ۳ تک۔ تا رس لگ۔ چمٹنا۔ ملنا (لگا (امر) : لگانا کا ۲ ماضی لگنا کی ۳ (صفت) ملا ہوا۔ ساتھ۔ ہمراہ ۴ ملحق۔ پیوستہ۔ چسپاں ۵ گا (سٹرا پھل) ۶ جلا ہوا۔ داغ لگا ہوا ۷ مرکبات کے آخیر میں جیسے منہ لگا۔ **لگا آنا** (لازم) شکایت کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ **لگا بندھا** (صفت) ! مطیع۔ فرمانبردار ۲ مقرر کیا ہوا۔ ٹھیرایا ہوا ۳ آشنا۔ یار ۴ وابستہ۔ متعلق ۵ قیدی۔ پابند ۶ گرفتار۔ مبتلا۔ **لگا بیٹھنا** (متعدی) ! مارنا۔ وار کرنا ۲ مل کر بیٹھنا (دیوار پردہ چلمن وغیرہ کے ساتھ) ۳ (دل) محبت کرنا۔ عاشق ہونا۔ **لگاتار** (نعت) ! تابڑ توڑ۔ دباد ب۔ پے در پے۔ متواتر۔ پیہم ۲ علی الاتصال۔ بلا فرق ۳ پاس پاس۔ متصل۔ **لگا جانا** (لازم) ! تعاقب کئے جانا۔ پیچھے پیچھے چلا جانا۔ پیچھا کر لینا ۲ سر ہو جانا۔ پیچھے پڑے رہنا ۳ ساتھ نہ چھوڑنا۔ چمٹے جانا۔ **لگا چلنا** (لازم) ! ساتھ ساتھ چلنا۔ ہمراہ چلنا ۲ (جوتیاں وغیرہ) مارنا یا لگانا شروع کرنا۔ **لگا دینا** (متعدی) دیکھو لگانا۔ **لگا رکھنا** (متعدی) ! مصروف رکھنا۔ مشغول رکھنا ۲ ساتھ رکھنا۔ پاس سے جدا نہ ہونے دینا ۳ اٹھا رکھنا۔ بچا رکھنا وقت بیوقت کے لئے رکھ چھوڑنا ۴ امیدوار رکھنا۔ مایوس نہ ہونے دینا ۵ اپنی طرف مائل رکھنا ۶ مسلسل کوئی کام کئے جانا ۷ کسی مقصد کے لئے چھپا کر رکھنا۔ **لگا رہنا** (لازم) ! ساتھ رہنا۔ ہمراہ رہنا ۲ پیچھے پیچھے رہنا ۳ لپٹا رہنا۔ چمٹا رہنا ۴ مصروف رہنا۔ مشغول رہنا ۵ جاری رہنا۔ ہوتا رہنا ۶ جما رہنا۔ برقرار رہنا۔ ٹکا رہنا۔ قائم رہنا ۷ مقرب یا مصاحب بنا رہنا ۸ گھات میں رہنا۔ تاک میں رہنا ۹ چھپ کر موجود رہنا ! دیکھو گند۔ **لگا کر لے آنا** (متعدی) دیکھو لگا لانا ۱ و ۲۔ **لگا کر لے جانا** (لازم) ! ہمراہ لے جانا۔ ساتھ لیجانا ۲ بھگا لیجانا۔ ورغلا کر لے جانا۔ **لگا لانا** (متعدی) ! ساتھ لے آنا۔ ہمراہ لے آنا ۲ بھگا لے لانا۔ ورغلا کر لے آنا۔ پھسلا کر یا دم دلاسا دے کر لے آنا ۳ حیوانات کا اپنے ہم جنس کو دام میں پھنسانے کے لئے ساتھ لے آنا۔ **لگا لپٹا رہنا** (لازم) مشغول رہنا۔ **لگا لگایا** (صفت) ! بنا بنایا۔ لگا ہوا ۲ صرف شدہ۔ خرچ میں آیا ہوا ۳ جما جمایا۔ ہوا ہوایا ۴ مقرر شدہ۔ لگا بندھا ۵ درست۔ آراستہ۔ بنا سنورا۔ **لگا لیجانا یا لے چلنا** (متعدی) ! پھسلا کے ہمراہ لے جانا ۲ مائل کر کے لے جانا۔ **لگا لینا** (متعدی) ! ساتھ کر لینا۔ ہمراہ لے آنا ۲ بلا لینا۔ مانوس کر لینا ۳ گرویدہ کر لینا۔ مائل کر لینا ۴ ڈھب پر لے آنا۔ اپنا کر لینا ۵ شروع کر لینا ۶ مشغول کر لینا۔ مصروف کر لینا ۷ متوجہ کر لینا۔ مخاطب کر لینا ۸ گنتی میں شامل کر لینا۔ گن لینا ۹ مجرا کر لینا۔ محسوب کر لینا ۱۰ حساب کے سوال کو حل کر لینا۔ **لگا مارنا** (متعدی) الزام یا تہمت لگانا۔ بدنام کرنا۔

لگان (مذکر) ! وہ چیز جو لگائی جائے ۲ وہ آمدنی جو مالک کو زمین سے وصول ہو۔ وہ چیز جو اسامی بابت اراضی مقبوضہ مالک کو دے ۳ وہ جگہ جہاں گھاٹ پر کشتیوں کو باندھتے ہیں ۴ کشتیوں کو گھاٹ پر باندھنا ۵ (ع) الزام۔ تہمت۔ بہتان۔ **لگان مقرری** (مذکر) محصول جو زمین کے لئے ایک دفعہ مقرر کر دیا جائے۔ **لگانا** (متعدی) لگنا کا ! ملانا۔ جوڑنا۔ چسپاں کرنا ۲ پاس لانا۔ ساتھ لگانا۔ بھڑانا ۳ شامل کرنا۔ منحصر کرنا ۴ سینا۔ ٹانکنا ۵ اکسانا۔ بھڑکانا ۶ چغلی کھانا۔ غمازی کرنا ۷ مشغول رکھنا ۸ گھات میں لگانا۔ شکار کے واسطے خبر لینے کو بٹھانا ۹ قیمت لینا۔ مول لینا ۱۰ صرف کرنا۔

خرچ کرنا ۱۸ برتنا۔ کام میں لگانا ۱۹ محسوب کرنا۔ حساب میں برابر کرکے اپنا کرلینا ۲۰ سگائی کرانا۔ نسبت ٹھیرانا ۲۱ بیچنا۔ فروخت کرنا ۲۲ ساجھا ملانا۔ شراکت کرنا ۲۳ الف (پہر) مانوس کرنا۔ ہلانا۔ سدھانا۔ (ب) عادت ڈالنا۔ عادی کرنا۔ (ج) داؤ پر رکھنا۔ بازی پر رکھنا۔ بدنا ۲۴ (کھیت وغیرہ میں) بونا۔ کاشت کرنا ۲۵ (درخت پودا وغیرہ) نصب کرنا۔ جمانا ۲۶ (بیج) زمین میں ڈالنا ۲۷ (چابک لکڑی وغیرہ) مارنا۔ جڑنا ۲۸ (سرمہ کاجل وغیرہ) ڈالنا۔ گھالنا۔ سارنا ۲۹ (مسی لاکھا) ملنا۔ جمانا ۳۰ (دل) عاشق ہونا ۳۱ (چت من وغیرہ) مصروف کرنا۔ مائل کرنا ۳۲ (اسباب سامان وغیرہ) ترتیب سے رکھنا ۳۳ (سینے سے) لپٹانا۔ چمٹانا ۳۴ (محصول وغیرہ) مقرر کرنا۔ ذمہ دھرنا ۳۵ (نام کو وغیرہ) اتہام دھرنا۔ تہمت رکھنا ۳۶ (آگ بتی وغیرہ) جلانا۔ سلگانا۔ بھڑکانا۔ دیکھو علحدہ ۳۷ (نشتر وغیرہ) چبھونا۔ گھونپنا۔ کچوکا دینا ۳۸ (چاقو استرا وغیرہ) تیز کرنا۔ دھار رکھنا ۳۹ (کشتی جہاز۔ ناؤ وغیرہ) کنارے پر لانا۔ لنگر کرنا ۴۰ (بلا عذاب وغیرہ) سر منڈھنا۔ سر کرنا ۴۱ (بستر جال وغیرہ) بچھانا۔ پھیلانا۔ جمانا۔ ۴۲ (مال دولت روپیہ وغیرہ) اٹھانا۔ صرف کرنا۔ خرچ کرنا ۴۳ (دام قیمت وغیرہ) دام دینا۔ قیمت تجویز کرنا ۴۴ (کواڑ کنڈی وغیرہ) بند کرنا۔ بھیڑنا۔ موندنا ۴۵ (چوکھٹ وغیرہ) نصب کرنا۔ کھڑا کرنا ۴۶ (رائے عقل وغیرہ) تجویز کرنا۔ ٹھیرانا ۴۷ (کام) شروع کرنا ۴۸ الف (اشتہار وغیرہ) چسپاں کرنا (ب) آویزاں کرنا۔ لٹکانا ۴۹ (اپنے پیچھے) ذمہ لینا۔ سر لینا۔ ۵۰ (عذاب روگ وغیرہ) سر لینا۔ بسانا۔ خریدنا ۵۱ (تل) نشان بنانا ۵۲ (لیپ مہندی وغیرہ) تھوپنا۔ لیسنا ۵۳ (مٹی) لیپنا۔ پوتنا۔ مرمت کرانا ۵۴ (تلوار تیر ہاتھ وغیرہ) وار کرنا۔ ضرب لگانا ۵۵ (بندوق وغیرہ) سر کرنا۔ چلانا ۵۶ (توپ) قائم کرنا۔ رکھنا ۵۷ (مرہم گھی وغیرہ) چپڑنا۔ ملنا ۵۸ (روٹی نان) تنور میں چپکانا ۵۹ (جرم دفعہ فرد وغیرہ) عائد کرنا۔ تجویز کرنا ۶۰ (مچھلی) پھانسنا۔ پکڑنا ۶۱ (نگینہ وغیرہ) جڑنا ۶۲ (نر کو مادہ سے) جفت کرنا۔ ملانا ۶۳ (نعل) ٹھوکنا۔ جڑنا ۶۴ (بیت) محبت کرنا ۶۵ (ڈھیر انبار وغیرہ) کرنا ۶۶ (مہر چھاپ وغیرہ) نقش اٹھانا۔ چھاپنا ۶۷ (پنچایت سبھا وغیرہ) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا ۶۸ گھوڑا پالکی وغیرہ سواری کے لئے لا کر کھڑا کرنا ۶۹ (تنخواہ ٹکڑا وغیرہ) مقرر کرنا ۷۰ الف (ہاتھ) چھونا (ب) ضرب لگانا ۷۱ (آنکھ) آشنائی کرنا ۷۲ (پان) بنانا ۷۳ (چونا) رنگ دینا ۷۴ (دم کش) پینا۔ دھواں اندر لیجانا ۷۵ (منہ) دیکھو علیحدہ ۷۶ (داغ دھبہ وغیرہ) ڈالنا۔ میلا کرنا ۷۷ (تار) کسی کام کو لگاتار کئے جانا۔ سلسلہ باندھنا۔ دیگر محاورات کے لئے دیکھو اصل جگہ۔

لگانا بجھانا (متعدی) ۱ جھگڑا کراکے صلح کرادینا۔ لڑا کر ملاپ کرادینا ۲ لڑائی جھگڑا کرانا۔ فتنہ انگیزی کرنا۔ بھڑکانا ۳ غمازی کرنا۔ غیبت یا بدگوئی کرنا ۴ بہکانا۔ کان بھرنا۔ لگانے میں آنا (لازم) لگائی بجھائی سے متاثر ہو جانا۔ **لگانے والا** (صفت) چغل خور۔ غیبت کرنے والا۔ درانداز۔ غماز۔ **لگاوَٹ** (مونث) ۱ لگاؤ۔ تعلق۔ علاقہ۔ نسبت ۲ التفات۔ اخلاص۔ پیار۔ ربط۔ میل ملاپ۔ میل جول۔ راہ و رسم ۳ سازش۔ سنگا ۴ دوستی۔ آشنائی۔ یارانہ ۵ نخرہ۔ غمزہ۔ ناز ۶ معشوقہ کا اپنی اداؤں خوش اختلاطی وغیرہ سے لوگوں کو اپنی طرف مائل کرنا۔ سازش کرنے کا انداز یا باتیں ۷ رجحان۔ میل خاطر ۸ (ھ) عشق بازی۔ تعلق ناجائز ۱۰ جماع۔ بھوگ۔ **لگاوٹ باز** (صفت) یارانہ لگانے والا۔ عاشقوں سے راہ و رسم پیدا کرنے والا۔ لگاوٹ کرنے میں مشاق۔ **لگاوٹ بازی** (مونث) لگاوٹ کرنا۔ **لگاوٹ دکھانا** (متعدی) التفات ظاہر کرنا۔ **لگاوٹ کرنا** (متعدی) ۱ اپنی طرف مائل کرنا۔ محبت ظاہر کرنا ۲ انس کرنا۔ محبت جتانا۔ چاہنا ۳ ناز کرنا۔ غمزہ کرنا۔ **لگاوٹ کی باتیں** (مونث) ایسی باتیں جن سے دوسرے کے دل میں محبت پیدا ہو۔ پھسلا لینے والی باتیں۔ **لگاوٹ کی گالی** (مونث) وہ گالی جو ناز کی حالت میں دی جائے **لگاوٹ ہونا** (لازم) ظاہرداری ہونا۔ نمائشی محبت کا اظہار ہونا۔ **لگاوَن** (ھ۔ مونث) کوئی چیز جو روٹی کے ساتھ کھائی جائے۔ لاون۔ سالن لگاونا۔ دیکھو لگانا۔ **لگاؤ** (ھ۔ مذکر) لگانے والا۔ جبنے والا۔ **لگاؤ** (مونث) ۱ لگاوٹ ۲ اتا ۳ اور ۴ ۔ ۸ ۔ ۲ رسائی۔ پہنچ۔ دخل گزر۔ باریابی ۳ رشتہ۔ ناتہ۔ قرابت ۴ مناسبت۔ مطابقت۔ مشابہت ۵ جوڑ۔ ہمسری ۶ آمیزش۔ لاگ۔ لاوٹ ۷ شراکت۔ شرکت ۸ ایما۔ اشارہ ۹ تہمت۔ اتہام ۱۰ ایسا برتاؤ جس سے التفات پایا جائے ۱۱ عشق۔ محبت ۱۲ ایک مکان سے دوسرے میں آمد و رفت ہو سکنا۔ متصل ہونا۔ **لگاؤ ہونا** (لازم) تعلق ہونا۔ نسبت ہونا۔ **لگائی** (مونث) ۱ لگاؤ ۲ (ھ) اتہام۔ الزام۔ بہتان ۳ لگان۔ محصول۔ **لگائی بجھائی** (مونث) ۱ فتنہ انگیزی۔ فتنہ پردازی ۲ ادھر کی بات ادھر جا سنانا ۳ درانداز۔ آتش افروزی ۴ غیبت۔ غمازی (کرنا ہونا کے ساتھ) **لگائی لتری** (مونث) لگائی بجھائی۔ ایک کی برائی دوسرے سے کہنا۔ **لگا ہُوا** (صفت) ۱ ملا ہوا۔ پیوستہ ۲ پاس۔ قریب ۳ مصروف۔ مشغول ۴ ہلا ہوا۔ سدھا ہوا ۵ عادی۔ خوگر ۶ داغی۔ **لگائیتی** (ھ) بے تکلف دوست یار۔ غار۔ **لگ بھگ** (تف) ۱ ملتا جلتا۔ مشابہ ۲ قریب قریب۔ **لگ بیٹھنا** (لازم) قریب ہو کر بیٹھنا۔ مل کر بیٹھنا۔ **لگ پڑنا** (مت) پیچھے لگ جانا۔ سر ہو جانا۔ **لگت** (ھ۔ تف) ۱ لگاتار۔ پے در پے ۲ لگ کر۔ جڑ کر ۳ بغیر رکنے کے ۴ فوراً۔ **لگتا** (صفت) ۱ چھوتا ہوا۔ ملا ہوا۔ چسپاں ۲ ملتا جلتا۔ مطابق ۳ مشابہ ۴ چبھنے یا کھبنے والا ۵ کاٹ کرنے والا۔ زخم ڈالنے والا ۶ خراب۔ گندہ ۷ قرین قیاس ۸ ناگوار ۹ موثر ۱۰ (ھ۔ مذکر) لگان۔ محصول۔ **لگتا تار** (مت) لگاتار۔ پے در پے۔ **لگتا لگت** (ھ۔ تف) ۱ لگاتار۔ پے در پے ۲ مل کر۔ جڑ کر ۳ بار بار۔ **لگتا ہُوا** (صفت) دیکھو لگتا۔ لگتا ہے۔ قیاس سے معلوم ہوتا ہے۔ **لگتی** (مونث صفت) ۱ لگتا کی ۲ (ھ۔ مونث) لگن۔ محبت پیار۔ **لگتی کہنا** (متعدی) ۱ چبھتی ہوئی بات کہنا ۲ موثر بات کہنا ۳ (ایمان خدا) پسندیدہ بات کہنا۔ ٹھیک ٹھیک کہنا۔ **لگتی لگائی بات** (مونث) ۱ وہ بات جو قرین قیاس ہو یا کسی موقع پر چسپاں ہو ۲ چبھتی ہوئی بات۔ **لگتے ہاتھ** (تف) دیکھو لگے ہاتھوں۔ **لگ جانا** (لازم) ۱ چھو جانا ۲ شروع ہو جانا ۳ ملنا۔ جڑنا ۴ آجانا۔ عاید ہو جانا ۵ (کوئی چیز) بھر جانا۔ ۶ (داغ وغیرہ) آجانا ۷ (کیڑا دیمک وغیرہ) کھا جانا ۸ (کوئی فعل یا عادت) ہو جانا ۹ الف (دل طبیعت وغیرہ) بہل جانا۔ رجوع ہو جانا۔ (ب) مائل ہو جانا

۱۰ (لاٹھی وغیرہ) چوٹ یا ضرب ۱۱ (دن۔ مہینہ وغیرہ) شروع ہو جانا ۱۲ (ہوا) اثر ہو جانا ۱۳ (مرض بیماری وغیرہ) عارض ہو جانا ۱۴ (چاول سالن وغیرہ) جل جانا ۱۵ (الزام تہمت وغیرہ) آ جانا ۱۶ (دل کو) اثر کر جانا۔ کھب جانا ۱۷ دیکھو لگنا۔ **لگ چلنا** (لازم) ۱ ہمراہ ہو لینا۔ ساتھ ہو لینا ۲ پاس ہو کر چلنا۔ چھو کر چلنا۔ مل کر چلنا ۳ اخلاص بڑھانا۔ راہ و رسم پیدا کرنا ۴ دوستی کرنا۔ یارانہ رکھنا ۵ دوستی میں حد سے زیادہ بے تکلف ہو جانا ۶ محبت جتانا۔ عشق ظاہر کرنا۔ **لگ لپیٹ کر** (تف) کوشش کر کے۔ محنت کر کے۔ **لگ کے** (تف) لگاتار۔ پے در پے۔ بغیر ناغہ کئے۔ برابر۔ **لگما ترا** (مذکر) دھگڑا۔ یار۔ آشنا۔ **لگن** (مونث) ۱ لگاؤ۔ نسبت تعلق ۲ شوق۔ اشتیاق۔ چاؤ۔ امنگ ۳ خواہش۔ آرزو تمنا ۴ دھن۔ خیال ۵ پیار۔ محبت۔ عشق ۶ وقت ساعت۔ گھڑی۔ مہورت ۷ شادی کی تاریخ اور وقت کا تقرر ۸ سورج کے کسی برج میں داخل ہونے کا وقت خصوصاً برج حمل یا میکھ راس میں ۹ وہ نقطہ جہاں افق اور راس چکر ملتے ہیں ۱۰ کسی برج کا افق سے اوپر آنا ۱۱ نیک ساعت اچھی گھڑی ۱۲ (ھ۔ صفت) ملا ہوا۔ جڑا ہوا۔ لگا ہوا ۱۳ مشغول۔ مصروف۔ **لگنا** (لازم) ۱ لگانا کا۔ دیکھو لگانا تمام معنوں میں ۲ ٹکرانا۔ ٹکر کھانا ۳ جماع کرنا۔ ہمبستر ہونا ۴ دھن ہونا ۵ مصادر کے ساتھ شروع ہونا کے معنی ہیں۔ جیسے کرنے لگنا۔ کہنے لگنا ۶ محبت کرنا ۷ لگاؤ دکھانا ۸ دھن ہونا ۹ گائے بھینس وغیرہ کا دودھ دینا ۱۰ الف (آنکھ) سو جانا (ب) محبت ہونا۔ عشق ہونا ۱۱ (پانی) نقصان پہنچانا ۱۲ (چور) چوری کے لئے آنا۔ اس معنی میں لگتا ہے۔ اور لگتے ہیں استعمال ہوتے ہیں ۱۳ (کون کیا) باہم رشتہ ہونا۔ ۱۴ کھٹا میٹھا وغیرہ ۱۵ (ذائقہ) معلوم ہونا ۱۶ (دوائی مرہم وغیرہ) سوزش پیدا کرنا ۱۷ (گھات میں) تاک میں ہونا ۱۸ (داؤں پر) رکھا جانا ۱۹ (پیٹ) بیٹھ جانا ۲۰ (شراب تمباکو وغیرہ) تیزی اور تندی دکھانا ۲۱ (ٹونا جادو وغیرہ) اثر کرنا ۲۲ (بھوک پیاس جاڑا وغیرہ) محسوس ہونا۔ معلوم ہونا ۲۳ (گاڑی گھوڑے وغیرہ کا) لگایا جانا۔ جتنا۔ جڑنا ۲۴ (کوئی پھل) داغا جانا۔ سڑنا ۲۵ (شیرہ وغیرہ)

آمد و رفت ہونا ۲۶ (دعا بد دعا وغیرہ) قبول ہونا۔ مستجاب ہونا ۲۷ (پیچھے) سر ہونا گلے پڑنا ۲۸ (انگ) جزو بدن ہونا ۲۹ (غذا) ہضم ہونا ۳۰ (روگ مرض وغیرہ) عارض ہونا ۳۱ (کوئی) مقابل ہونا۔ ہمسر ہونا۔ برابر ہونا ۳۲ (برا بھلا وغیرہ) معلوم دینا۔ گزرنا دیگر محاورات کے لئے دیکھو اصل الفاظ۔ **لگن بری آنا** (لازم) بری گھڑی آنا۔ بری ساعت آنا۔ **لگنت** (مذکر) جماع۔ ہم بستری۔ بھوگ۔ **لگنت بدّیا** (مونث) وہ علم جس میں مجامعت کے طریقے بتلائے جاتے ہیں۔ کوک شاستر۔ **لگن دھرنا** (متعدی) شادی کا دن مقرر کرنا۔ **لگن کنڈلی** (مونث) جنم پتری زائچہ۔ **لگن لگا دینا۔ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ محبت ہونا۔ تعشق ہونا۔ عشق ہونا ۲ خیال یا تصور بندھنا۔ لو لگنا۔ دھیان لگنا۔ **لگ نہ لگنا** (لازم) پاس نہ آنا۔ مل کر نہ بیٹھنا۔ قریب نہ آنا۔ خاموش ہونا۔ **لگ نہ لگنے دینا** (متعدی) پاس نہ پھٹکنے دینا۔ الگ تھلگ رہنا۔ **لگن ہونا** (لازم) ۱ خیال ہونا۔ دھن ہونا ۲ (خدا سے) ہر وقت خدا کی طرف دھیان ہونا۔ **لگوّ** (مذکر) ۱ دوست۔ آشنا۔ یار ۲ دھگڑا۔ عورت کا یار۔ **لگوا** (مذکر) **لگواڑ** (ھ) ۱ دیکھو لگوّ ۲ ابن الوقت۔ مطلب کا یار۔ خود غرض۔ **لگوانا** (م) لگانا کا۔ فصحا اس لفظ کے استعمال سے پرہیز کرتے ہیں۔ **لگو لگٹی** (عو) غصے میں بولتے ہیں۔ بڑا خراب ہوا جاتا ہے۔ **لگی** (مونث) ۱ خواہش۔ آرزو ۲ محبت۔ عشق ۳ بھوک۔ اشتہا ۴ طرفداری۔ پاس خاطر۔ لاگ لپیٹ ۵ تپش۔ سوز۔ آگ ۶ (صفت) بنی۔ بنی ہوئی **لگے** (ا ر) پڑے۔ مارو ۲ (تف) پاس۔ نزدیک۔ قریب ۳ ساتھ۔ ہمراہ **لگے انگلی پکڑتے پونہچا پکڑنے**۔ تھوڑی سی رعایت سے زیادہ حاصل کرنے کی کوشش کرنے لگے۔ تھوڑا سا سہارا پا کر قدم جمانا شروع کیا۔ **لگی بجھانا** (متعدی) **بجھنا** (لازم) ۱ آرزو یا خواہش پوری یا فرو ہونا ۲ بھوک رفع ہونا۔ پیٹ میں روٹی پڑنا ۳ غصہ فرو ہونا ۴ جھگڑا مٹنا۔ فتنہ و فساد بند ہونا۔ **لگی بری ہوتی ہے**۔ عشق میں برا بھلا کچھ نہیں سوجھتا۔ عشق بری بلا ہے۔ عشق میں آدمی اندھا ہوتا ہے۔

لگے بغلیں جھانکنے۔ کچھ نہ سوجھا۔ **لگے جانا** (لازم) ۱ ساتھ ساتھ جانا ۲ پیچھے پیچھے جانا ۳ پیچھے پڑ جانا۔ پیچھا نہ چھوڑنا ۴ جماع یا مجامعت کئے جانا۔ **لگے رہنا** (لازم) دیکھو لگا رہنا۔ **لگی کو بجھانا** (متعدی) دیکھو لگی بجھانا۔ **لگی کہنا** (متعدی) ۱ خوشامد کی بات کہنا ۲ طرفداری کی بات کہنا۔ **لگی لپٹی** (مونث) ۱ طرفداری۔ رعایت۔ پاسداری ۲ خوشامد کی۔ کسی کے دل کی سی ۳ بچی ہوتی ۴ گول مول بات ۵ (دبا رکھنا رہنا کہنا کے ساتھ بیشتر نفی کے ساتھ) **لگی لگائی** (صفت) لگی ہوتی۔ مقرر۔ **لگے لگے** (تف) ۱ ساتھ ساتھ۔ پاس پاس۔ متصل۔ قریب قریب ۲ جلد جلد ۳ بندروں کو ڈرانے کا کلمہ۔ مارو مارو۔ **لگی میں اور لگانا** (متعدی) مصیبت پر مصیبت ڈالنا۔ **لگی نہ رکھنا** (متعدی) ۱ کسر نہ رکھنا۔ لاگ لپیٹ نہ رکھنا ۲ پاس نہ کرنا۔ طرفداری نہ کرنا ۳ ذرا سا تعلق باقی نہ رکھنا۔ بگاڑ لینا۔ قطع تعلق کر لینا ۴ کہنے میں لحاظ یہ مروت نہ کرنا۔ **لگی نہ رہنا** (لازم) آخری کا۔ **لگے ہاتھ یا ہاتھوں** (تف) ساتھ کے ساتھ۔ اسی وقت۔ اسی سلسلے میں۔ **لگی ہوئی بات** (مونث) نسبت۔ منگنی۔ **لگی ہونا** (لازم) ۱ دھن ہونا۔ محبت ہونا ۲ ناجائز تعلق ہونا۔ **لگی ہوئی کہنا** (متعدی) ۱ رو رعایت کی کہنا۔ طرفداری کی کہنا ۲ صاف نہ کہنا۔ حق نہ کہنا ۳ کسی کے دل کے موافق کہنا۔

امثال و اقوال۔ **لگا تو تیر نہیں تو تکا (ہی سہی)** کوشش کرنی چاہئے چاہے کام ہو نہ ہو۔ **لگا سو بھگا**۔ جو کام شروع ہوا وہ انتہا کو پہنچا۔ زمانے کو گزرتے دیر نہیں لگتی۔ **لگ گئی جوتی اڑ گئی کھیہ۔ پھول پان سی ہو گئی دیہ** (ھ) بے شرم آدمی کے متعلق کہتے ہیں کہ جوتیاں لگنے سے مٹی جھڑ گئی اور بدن ہلکا ہو گیا۔ **لگن تو لگی ہے اللہ (خدا) راس لائے**۔ ارادہ تو کیا ہے خدا پورا کرے۔ **لگے آگ تو بوجھے جل سے۔ جل میں لگے تو بوجھے کہو کیسے**۔ جب مدد کرنے والا خود مصیبت میں گرفتار ہو تو کون مدد کرے۔ **لگے انگلی پکڑتے پہنچا پکڑنے**۔ تھوڑا سا سہارا پا کر قدم جمانے کی

کوشش کرے۔ لگی بُری ہوتی ہے۔ محبت میں بُرا بھلا کچھ نہیں سوجھتا۔ لگے طوطے بھیتوں بولنے (ھ) راز فاش ہوگیا۔ لگے دم مٹے غم۔ چرسیوں وغیرہ کا مقولہ ہے۔ لگے رگڑا مٹے جھگڑا۔ بھنگ پینے والوں کا مقولہ۔ بھنگ پینے کے بعد آدمی جھگڑتا نہیں۔ لگے کو نبڈارے نا۔ بن لگے کو بلاٹیے نا۔ دوست کو چھوڑنا نہیں چاہئے۔ اور اجنبی کو دوست نہیں بنانا چاہئے۔ لگی میں اور لگتی ہے۔ جہاں ایک دفعہ چوٹ لگی ہو دوبارہ لگتی ہے۔ مصیبت پر مصیبت آتی ہے۔ لگے ہلد ہووے بلد۔ کھیتی کرنے والے بیل کی طرح ہو جاتا ہے۔

لگا (ہ۔ مذکر) ۱ لاگ۔ پریم۔ پیار۔ محبت۔ الفت۔ عشق ۲ آشنائی۔ دوستی ۳ تعلق۔ واسطہ۔ ربط ۴ برابری۔ ہمسری۔ مشابہت ۵ ڈھنگ۔ ڈول ۶ آغاز ۷ رسائی۔ پہنچ۔ دخل ۸ نظیر۔ ثانی ۹ لمبی چھڑ۔ لمبا بانس ۱۰ ٹیڑھی لکڑ جو لمبی لکڑ کے آگے باندھ کر میوہ توڑنے کا کام لیتے ہیں ۱۱ وہ بانس جس میں پتلی لکڑیاں باندھ کر پتنگ لوٹتے ہیں ۱۲ چپّو۔ ڈانڈ ۱۳ ناؤ کا لمبا بانس۔ ناؤ کی بلی (س لگ رچٹنا۔ ملنا) **لگا سگا** (مذکر) ۱ میل جول۔ میل ملاپ۔ ربط ضبط ۲ واقفیت۔ رسائی ۳ محبت۔ علاقہ۔ رابطہ **لگا کھانا** (متعدی) ۱ ٹکر کھانا۔ برابری کرنا۔ ہمسری کرنا ۲ مقابل ہونا۔ ہمسر ہونا۔ برابر ہونا۔ اکثر منفی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے **لگا لگانا** (متعدی) ۱ آشنائی کرنا۔ دوستی پیدا کرنا۔ یارانہ گانٹھنا ۲ شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ آغاز کرنا ۳ ڈھنگ ڈالنا یا لگانا۔ موقعہ نکالنا۔ **لگا لگ جانا یا لگنا** (لازم) ۱ شروع ہونا۔ ابتدا ہونا ۲ میل جول ہونا۔ میل ملاپ ہونا ۳ صرف لگنا کی صورت میں ہم پلہ ہونا۔ ہمسر ہونا۔ مشابہ ہونا۔ اکثر منفی کے ساتھ ہر سہ معانی میں استعمال ہوتا ہے۔ **لگا نہ ہونا** (لازم) کچھ نسبت یا مناسبت نہ ہونا۔ بہت بڑا فرق نہ ہونا۔ **لگا ہونا** (لازم) نسبت ہونا۔ تناسب ہونا ۲ آشنائی ہونا۔ تعلق ہونا۔ دوستی ہونا ۳ محبت ہونا۔ عشق ہونا۔ **لگتی** (مونث) ۱ دیکھو لگا ۹ تا ۱۲ ۲ وہ لمبی دھجی جو کنکوے میں باندھتے ہیں۔

لگام (ف۔ مونث) وہ چمڑا جس کا ایک سرا سوار کے ہاتھ میں ہوتا ہے اور دوسرا گھوڑے کے دہانے کے ساتھ بندھا ہوتا ہے۔ عنان۔ باگ۔ **لگام اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) گھوڑے کے منہ سے لگام نکالی جانا۔ **لگام پر ہاتھ ڈالنا** (متعدی) کسی آدمی کا سوار کو روکنے کے لئے لگام پکڑنا۔ **لگام پکڑنا** (متعدی) ۱ گھوڑے پر چڑھنے کے لئے لگام ہاتھ میں لینا ۲ کسی شخص کا گھوڑے کی لگام پکڑنا تاکہ سوار گھوڑے پر آسانی سے سوار ہوسکے ۳ بعض اشخاص انصاف طلب کرنے کے لئے حاکم کے گھوڑے کی لگام پکڑ لیتے ہیں۔ **لگام ٹوٹ جانا یا ٹوٹنا** (لازم) زور سے کھینچنے کی وجہ سے لگام کا دو ٹکڑے ہو جانا یہ بہت خطرناک ہوتا ہے اور گھوڑا سوار کو لے کر بھاگ جاتا ہے۔ **لگام چڑھانا یا دینا** (متعدی) ۱ گھوڑے کے منہ میں دہانہ چڑھانا ۲ روکنا۔ تھامنا۔ **لگام چھوڑ دینا یا ڈھیلی رکھنا** (متعدی) ۱ لگام کو کھینچ کر نہ رکھنا۔ گھوڑے کو قدم قدم چلانے کے لئے یا سرپٹ دوڑانے کے لئے ایسا کرتے ہیں ۲ قابو نہ رکھنا۔ قابو سے باہر جانے دینا۔ آزاد کرنا۔ **لگام کا پوودھا** (مذکر) وہ جگہ جہاں سے لگام پکڑی جائے۔ **لگام کھینچنا** (متعدی) اختیار کرنا **لگام لئے پھرنا** (لازم) تلاش کرتے پھرنا۔ ڈھونڈتے پھرنا۔ کسی کو قابو کرنے کے لئے پیچھے پیچھے پھرنا جب کوئی گھوڑا بھاگ جائے تو اسے پکڑنے کے لئے لگام لے کر جاتے ہیں۔ **لگام ہاتھ میں لینا** (متعدی) سوار کا لگام پکڑنا۔

لگائی (ہ۔ مونث) ۱ عورت ۲ بیوی۔ زوجہ ۳ آشنا۔ مدخولہ ۴ بیسوا۔ رنڈی۔ قحبہ۔ **لگائی کرنا** (مذکر) ۱ بیاہ کرنا۔ شادی کرنا ۲ رانڈ کو گھر میں ڈالنا۔ بیوہ سے نکاح کرنا۔ **لگائی والا** (مذکر) بیاہا۔ گرہستی۔ بیوی والا۔

مثل۔ لگائی رہے تو آپ سے نہیں جائے باپ سے۔ اگر عورت بدچلن ہو جائے تو کسی سے رک نہیں سکتی۔

لگدی (ہ۔ مونث) کسی لسی ہوئی گیلی چیز کی گولی یا ٹکیا (بنانا بننا کے ساتھ)

لگڑ (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا باز یا شکرا جس کے بدن پر دھاریاں ہوتی ہیں جو لوہے کی سلاخ کی طرح ہوتی ہیں ۲ ڈنڈا۔ سونٹا۔ چھڑی ۳ وہ سونٹا جس پر لوہے کے حلقے چڑھے ہوں ۴ لوہے کی سلاخ (س لگڈ) لگڑا۔ **لگڑ بھگ** (ھ) **بھگّا** (مذکر) ایک درندہ جو کتے سے بڑا ہوتا ہے۔ اور اس کے بدن پر دھاریاں ہوتی ہیں۔ چونکہ یہ دھاریاں لوہے کی سلاخ کی طرح ہوتی ہیں اس سبب سے یہ نام ہوا۔

لگڑا (ہ۔ مذکر) ۱ پھٹا پرانا کپڑا چیتھڑا ۲ کپڑا۔ کرتا ۳ بستہ (رُج۔ توڑنا)

لگڑنا (ھ۔ متعدی) **لگڑنا** (لازم) رگڑنا۔

لگسی (ہ۔ مونث) لمبی لکڑی جس کا سرا مڑا ہوا ہوتا ہے۔ اور جس سے پھل توڑتے ہیں۔

لگن (ف۔ مونث) ۱ طشت۔ تسلا طاس۔ پرات ۲ ہاتھ پاؤں دھونے کا برتن۔ سلیمچی ۳ شمع دان۔ اگر دان ۴ (ہ) دیکھو لگنا کے تحت میں۔ **لگنی** (مونث) چھوٹا لگن۔

لگوا (ہ۔ مذکر) دیکھو لگڑا۔

لگونہا۔ لگونہاں۔ لگوہا (ھ۔ مذکر) ۱ نزدیک۔ متصل۔ قریب ۲ گنجان۔ لگاتار ۳ خوشگوار۔ دلپسند۔

لل (ہ۔ صفت) لال کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **لال آنک** (مذکر) سرخ چشم کبوتر۔ **لل پرا** (مذکر) ۱ ایک پردار سرخ رنگ کا کیڑا ۲ ایک قسم کا کنکوا جس کے دونوں کندے سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔ **لل پلکا** (مذکر) کبوتر جس کی پلکیں سرخ ہوتی ہیں۔ **لل پوٹیا** (مذکر) کبوتر جس کا پوٹا سرخ ہوتا ہے۔ **لل چتا یا چترا** (مذکر) ایک پودہ جو زہریلا ہوتا ہے۔ **لل دُما** (مذکر) کنکوا جس کی دم سرخ کاغذ کی ہوتی ہے۔ **لل دمبو** (ھ) ۱ اکنیر ۲ کنیر کا پھول۔ **لل گنڈا** (ھ) **گنڈی** (مونث) بندر و بندریا۔ **للیانا** (لازم) سرخ ہونا۔ لال ہونا۔

لَلّا (ہ۔ مذکر) ۱ بچہ۔ لڑکا۔ طفل ۲ بیٹا۔ پسر۔ پوت ۳ کرشن جی کا لقب ۴ لاڈلا۔ پیارا ۵ کمسن۔ نادان ۶ احمق۔ بیوقوف (س لل۔ کھیلنا) **لَلّا بدایوں کے** (مذکر) دیکھو بدایوں۔
لَلاٹ (س۔ مذکر) **لِلاٹ** (ہ۔ مونث) ۱ ماتھا۔ پیشانی ۲ بھاگ۔ نصیب۔
لَلام (س۔ مذکر) ۱ دیکھو للا ٹیکا ۲ داغ۔ دھبا ۳ سجاوٹ۔ زینت ۴ جھنڈا۔ علم ۵ قطار۔ صف ۶ ایال ۷ دُم۔
لِلانا (ہ۔ لازم) سخت خواہش کرنا للچانا۔
لَلِت (س۔ مذکر) ۱ شوخ۔ طناز۔ چنچل۔ اچپل ۲ حسین۔ خوبصورت ۳ خوشگوار۔ دلپسند۔ دلپذیر ۴ (ہ۔ مونث) ہنڈول راگ کی تیسری راگنی۔ **للت پور** (ہند) دیکھو لات پور۔
لَلچا (ہ۔ امر) للچانا کا۔ لالچ سے **للچانا** (لازم) ۱ لالچ کرنا۔ حرص کرنا۔ طمع کرنا۔ لابھ کرنا ۲ خواہش کرنا۔ آرزو کرنا۔ تمنا کرنا۔ رغبت کرنا۔ چاہنا ۳ (متعدی) طمع دینا۔ لالچ دینا۔ لبھانا۔ **للچاہٹ** (مونث) ۱ لالچ۔ حرص۔ طمع ۲ خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔ رغبت۔
للسانا (ہ۔ لازم) للچانا۔
لَلَک (ہ۔ مونث) ۱ کسی مائع کا زور سے نکلنا ۲ فوری جوش پانی کا ہو یا کسی خواہش کا ۳ امنگ۔ ولولہ۔ شوق۔ خواہش ۴ خیال۔ دھن۔ لو ۵ لہر۔ موج ۶ لالچ۔ طمع۔ حرص (س لَل۔ خواہش کرنا) **للکانا** (ہ) ۱ کسی شخص میں شوق یا خواہش پیدا کرنا ۲ لڑانا۔ حملہ کرانا ۳ اکسانا۔ جھگڑا کرانا **للکنا** (ہ) ۱ خواہش ہونا۔ شوق ہونا ۲ حرص ہونا۔ لالچ ہونا ۳ حملہ کرنا۔
لَلکار (ہ۔ امر) ۱ للکارنا کا ۲ (مونث) وہ آواز جس سے ڈر یا رعب پڑے۔ نعرہ۔ ہلہلہ۔ آوازِ سخت ۳ ڈپٹ۔ دھمکی۔ جھڑک ۴ حملے کے وقت پکارنے کی آواز ۵ شکار کو اٹھانے کی آواز ۶ کمک کے واسطے پکارنے کی آواز ۷ ڈرا دینی آواز سے پکارنا ۸ پکار۔ ہانک (س لَل۔ کھیلنا۔ کری۔ کرنا) **للکارنا** (متعدی) ۱ پکارنا۔ ہانک لگانا یا مارنا ۲ نعرہ مارنا۔ آواز لگانا ۳ غصے سے بولنا۔ کڑک کر بولنا۔ غضبناک آواز سے پکارنا ۴ دھمکانا۔ دھمکی دینا ۵ شکار کو ہوشیار کرنا۔ سوتے شکار کو اٹھانا ۶ حملہ کرنے کے واسطے بلند آواز نکالنا۔ نعرہ مارنا۔ مقابلے کے لئے کسی کو بلند آواز سے طلب کرنا ۷ کتے کو شکار پر دوڑانے کے لئے آواز دینا۔
لَلَن (س۔ مذکر) ۱ کھیل۔ تماشا ۲ خوشی۔ انبساط ۳ زبان نکال کر ہلانا ۴ سال کا درخت ۵ اخلاص۔ بوس و کنار۔ **للنا** (مونث) ۱ عورت ۲ بیوی ۳ عاشق مزاج عورت۔ عیاش عورت۔ فاحشہ عورت۔ بدکار عورت ۴ (ہ) لڑکا بچہ۔ طفل۔ ننھا
لَلّو (ہ۔ مذکر) ۱ لڑکا۔ طفل۔ بچہ ۲ ہندوؤں میں ایک نام یا کنیت۔
لَلّو (ہ۔ مذکر) ۱ زبان۔ جیب ۲ گفتگو۔ بولی۔ زبان ۳ چٹورا پن۔ چاٹ ۴ (ہ) قوت ذائقہ ۵ خواہش۔ تمنا۔ شوق (س لَل۔ بولنا) **للو بند ہونا** (لازم) ۱ زبان بند ہونا۔ بول نہ سکنا ۲ کسی کے حق میں کچھ کہہ نہ سکنا۔ **للّو پتّو یا مسّو** (مونث) خوشامد۔ چاپلوسی۔ چکنی چپڑی باتیں (کرنا ہونا کے ساتھ) **للّو پتّو آنا** (لازم) خوشامد کرنے کا طریقہ جاننا۔ **للّو پتّو میں لگے رہنا** (لازم) جا بیجا خوشامد کرتے رہنا۔ چاپلوسی کرتے رہنا۔ **للّو میں سانپ ڈسے** (بددعا) بدفال یا جھوٹے کے متعلق کہتے ہیں کہ ایسے الفاظ بولنے والے کی زبان میں سانپ ڈسے۔ **للو نہ رہنا** (لازم) زبان تالوے نہ لگنا۔ بن بولے نہ رہنا۔
لَلوا (ہ۔ مذکر) لڑکا۔ طفل۔ بچہ۔
لَلی (ہ۔ مونث) ۱ للا کی۔ لڑکی ۲ وہ مرد جو عورت پر قادر نہ ہو۔ نامرد۔ ہیجڑا (لکھنو)
لِلی (انگ۔ مونث) ایک قسم کا پھول۔ سوسن۔
لِلی (ہ۔ صفت) نیلی کا مخرب۔ (رعف) **للی گھوڑی** (مونث) دیکھو نیلی گھوڑی۔
لَلیانا (ہ۔ متعدی) ۱ منت سماجت کرنا۔ چاپلوسی کرنا ۲ خواہش کرنا۔ آرزو کرنا ۳ دیکھو لل کے تحت میں (س لَل۔ خواہش کرنا)۔
لَم (ع۔ حرف نفی) نہ۔ **لم یزل یا یزلی** (صفت) ہمیشہ رہنے والا۔ لازوال غیر فانی۔ خدا تعالیٰ۔
لَم (ہ۔ صفت) لمبا کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **لمبا** (صفت) ۱ اوپر کی طرف یا اور کسی طرف دور گیا ہوا۔ دراز۔ طویل ۲ بلند۔ اونچا۔ مرتفع ۳ دراز قد۔ طویل القامت ۴ بہت۔ کثیر۔ زیادہ۔ وافر ۵ احمق۔ بیوقوف۔ نادان (س لَمب۔ لٹکنا) **لمبا بننا** (لازم) چل دینا۔ بھاگ جانا۔ چلا جانا۔ جانا۔ **لمبا چوڑا** (صفت) ۱ فراخ۔ کشادہ۔ کھلا۔ وسیع ۲ طول طویل۔ طویل و عریض۔ **لمبا چوڑا پردہ لگانا** (متعدی) دکھاوے کے لئے پردہ کرنا۔ **لمبا چوڑا کام** (مذکر) وہ کام جس میں بہت دیر لگے۔ بہت بڑا کام۔ **لمبا دفتر** (مذکر) طول طویل مضمون۔ **لمبا سفر** (مذکر) ۱ دور کی مسافت۔ مسافت بعیدہ ۲ مرنا۔ دنیا سے کوچ یا سفر۔ سفر عقبیٰ (کرنا ہونا کے ساتھ) **لمبا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ دراز ہونا۔ طویل ہونا ۲ چلا جانا۔ چل دینا۔ رخصت ہونا۔ **لمبان** (مذکر و مونث) لمبائی۔ **لمبانا** (ہ۔ متعدی) لمبا کرنا۔ **لمبان چوڑان** (مذکر و مونث) لمبائی چوڑائی۔ **لمباؤ** (مذکر) ۱ طول۔ درازی۔ بڑائی ۲ بلندی۔ ارتفاع۔ **لمبائی چوڑائی** (مونث) ۱ عرض و طول۔ لمبان چوڑان ۲ قد و قامت۔ جسامت۔ **لمبو۔ لمبوا** (صفت) ۱ لمبا ۲ (مذکر و مونث) وہ شخص جس کی ٹانگیں بہت لمبی ہوں۔ **لمبوت** (مونث) لمبی کشتی یا ناؤ۔ بوت غالباً انگریزی بوٹ کا مخرب ہے۔ **لمبوترا** (صفت) جو چوڑا کم ہو اور لمبا زیادہ ہو۔ بیچ میں سے چوڑا اور ایک طرف یا دونوں طرف سے لمبا۔ کتابی۔ **لمبی** (صفت مونث) ۱ لمبا کی ۲ (مونث) گھوڑے کا لمبا قدم ۳ گھوڑے کی ایک چال۔ **لمبے** (صفت) ۱ لمبا کی جمع ۲ حروف مغیرہ سے پہلے بجائے لمبا کے۔ **لمبیاں** (مونث) لمبی کی جمع **لمبیاں کرنا** (متعدی) ۱ گھوڑے کو دوڑانا یا نچانا ۲ گھوڑے یا پرند کا اس طرح اڑنا

کر نظر سے غائب ہو جاتے۔ **لمبیاں لینا** (متعدی) ۱ تیز چلنا ۲ بہت مبالغہ کرنا ۳ اترانا۔ ڈینگ مارنا۔ لمبے ہو۔ جاؤ۔ چلتے ہو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔ جلد دو۔ **لمبی تان کر سونا** (متعدی) بے فکر ہو کر سونا۔ اطمینان سے سونا **لمبی تاننا** (لازم) ۱ بیفکری سے سو جانا۔ بیخبر ہو کر دیر تک سونا ۲ دور کا سفر کرنا۔ اپنے وطن سے دور نکل جانا ۳ مدت تک باہر رہنا۔ برسوں اپنے ملک میں نہ آنا ۴ مرجانا۔ فوت ہو جانا ۵ بہت بیخبر ہونا۔ **لمبی چوڑی ہانکنا** (لازم) ڈینگ یا شیخی مارنا۔ **لمبی داستان** (مونث) طول طویل قصہ۔ **لمبے لمبے ڈگ بھرنا** (لازم) چلنے میں ایک پاؤں دوسرے سے بہت فاصلے پر رکھنا۔ **لمبی (لمبے) سانس بھرنا یا لینا** (متعدی) ۱ گہرا سانس لینا۔ ہر ایک سانس معمولی سے زیادہ دیر تک نکالنا ۲ آہ بھرنا یا کھینچنا ۳ مرتے وقت بڑے بڑے سانس لینا ۴ افسوس کرنا۔ تاسف کرنا۔ پچھتانا۔ **لمبے ہاتھوں لینا** (متعدی) خوب ذلیل کرنا۔ طعنے دینا۔ دھمکانا۔ **لم پرا** (صفت) لمبے پروں والا۔ **لم پری** (مونث) ۱ لمبی دم والی پری۔ دم دراز پری ۲ گدھی یا مادۂ خر (عف) **لم تڑانگ** (ھ) **تڑنگا** (صفت) دراز قد۔ طویل القامت۔ **لم ٹنگا** (صفت) بڑی بڑی لمبی ٹانگوں والا۔ **لم ٹنگو** (صفت) ۱ بڑی بڑی اور لمبی ٹانگوں والا ۲ (مذکر) کلنگ۔ سارس۔ لک لک ۳ لمبی ٹانگوں کا گد۔ **لم چونچا** (صفت) وہ پرند جس کی چونچ لمبی ہو۔ **لم چھڑ** (صفت) ۱ لمبا۔ دراز قد۔ طویل القامت ۲ (مونث) لمبی چھڑی جس سے کبوتر اڑاتے ہیں۔ لمبا بانس ۳ لمبی بندوق۔ **لم چھڑا** (صفت) لمبا۔ دراز قد۔ **لم چھوا** (صفت) لمبوترا۔ **لم دراز** (مذکر) ایک قسم کا سفید کپڑا۔ جس کا عرض بڑا ہوتا ہے۔ **لم دُمار** (صفت) جس کی دم لمبی ہو۔ **لم ڈڑھیا** (صفت) لمبی داڑھی والا۔ ریش دراز۔ ریشائیل۔ **لم ڈِگو** (صفت) لمبے قد کا آدمی۔ دراز قد۔ **لم ڈور** (مونث) وہ لمبی ڈور جس سے مچھلی پکڑتے ہیں۔ ڈگن ۲ لمبی دم والا پرند۔ **لمڈورا** (مذکر) لمبی ڈور جو پتنگوں کے بڑھانے میں چھوٹتی ہے۔

لمڈورا لڑانا (متعدی) پتنگوں کو بڑھا کر لڑانا۔ **لمڈورا لڑنا** (لازم) ۱ پتنگوں کو بڑھا کر لڑایا جانا ۲ بہت میل جول ہونا۔ **لم ڈھینگ** (صفت و مذکر) ۱ دیکھو لم ٹنگو ۲۔ ۲ (صفت) بیوقوف۔ احمق۔ کم عقل۔ **لم قد** (صفت) لمبے قد کا۔ دراز قد کا۔ **لم کنّا** (صفت) ۱ دراز گوش۔ لمبے کان والا ۲ (مذکر) خرگوش۔ **لم گردنا** (صفت) دراز گردن۔ لمبی گردن والا۔

امثال و اقوال

لمبا گھونگھٹ مدری چال۔ یہ آئیں کس کا گھر گھال: اس بدچلن عورت کے متعلق کہتے ہیں۔ جو گھونگھٹ تو لمبا نکالے اور اس میں سے اشارہ بازی کرے **لمبے گھونگھٹ والی سے ڈریئے۔** جو عورت بہت لمبا گھونگھٹ نکالے وہ عموماً بدچلن ہوتی ہے۔

لَم (ہ۔ مونث) ۱ بہتان۔ افترا ۲ ناحق کا الزام یا سرزنش۔ **لم لگانا** (متعدی) بہتان لگانا۔

لَمبَ (س۔ صفت) ۱ دیکھو لمبا (۵) ۲ لٹکتا ہوا۔ آویزاں ۳ (مذکر) عمود ۴ شطرنج وغیرہ کی ایک چال ۵ رشوت۔ چٹی ۶ (علما) عرض بلد کا ایک حصہ **لمبا** (مونث) لمب کی ۱ ایک قسم کی ککڑی یا کھیرا ۲ رشوت **لمب ڈالنا** (متعدی) عمود گرانا۔ **لمب رُوپ** (صفت) جو (خط) قائم الزاویہ بنائے۔ عمودی۔ **لمب نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) عمود گرایا جانا۔ **لمبودَر** (صفت) ۱ بڑے پیٹ والا جس کی توند نکلی ہوئی ہو (گنیش جی کی تعریف) ۲ ایک راجہ ۳ ایک منی۔ **لمبودری** (مونث) ۱ ایک راکھشی ۲ ایک دریا۔

لَمبارَا (ھ۔ مذکر) ۱ ایک قوم جو اناج وغیرہ ڈھوتی ہے۔ بنجارہ ۲ اس قوم کا ایک فرد ۳ اس قوم کا ایک گروہ جو کسی جگہ اترا یا جا رہا ہو۔

لَمبَر (ھ۔ مونث) لومڑی۔

لَمبَر (انگ۔ مذکر) ۱ عدد۔ ہندسہ۔ نمبر۔ رقم۔ آنک ۲ وہ نمبر جو امتحانات کے پرچوں پر دیئے جاتے ہیں ۳ درجہ۔ عہدہ۔ رتبہ۔ منصب ۴ نوبت۔ باری ۵ وقت ۶ علامت۔ مقررہ نشان ۷ گنتی۔ شمار۔ تعداد ۸ (عف) خروت۔ کھیل۔ ڈولا (اصل نَمبَر) **لمبر آنا** (لازم) ۱ باری آنا۔ نوبت آنا ۲ امتحان میں نمبر پانا۔ **لمبر بدل جانا۔ بدلنا** (لازم) وقت تبدیل ہونا۔ **لمبر پانا** (لازم) امتحان میں نمبر حاصل کرنا۔ **لمبر پر قائم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ایک طرفہ خارج شدہ مقدمہ یا درخواست کا بحال ہونا۔ **لمبر چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) ۱ نمبروں کا جو امتحان کے پرچے میں ملے ہوں درج رجسٹر ہونا ۲ درجے میں ترقی پانا **لمبردار** (مذکر) گاؤں کا ایک عہدے دار جس کے فرائض مالگزاری وصول کر کے خزانے میں داخل کرنا جرائم وغیرہ کی رپورٹ تھانے میں بھیجنا وغیرہ ہیں۔ پٹیل۔ **لمبرداری** (مونث) لمبردار کا عہدہ یا کام (کرنا ہونا کے ساتھ) **لمبر دینا** (متعدی) امتحان کے پرچے پر یا پرچے کے ہر سوال پر نمبر درج کرنا۔ **لمبر سے خارج ہونا** (لازم) ۱ فہرست یا مثل سے خارج ہونا ۲ داخل دفتر ہونا۔ **لمبر قائم رہنا** (لازم) پہلی ہی مثل پر کارروائی ہونا۔ پہلی ہی مثل قائم رہنا۔ **لمبر کھینچ جانا۔ کھینچنا** (متعدی) ۱ مقدمہ کا طول پکڑنا۔ مقدمہ بڑھنا ۲ مقدمہ کی تاریخ بڑھنا۔ مقدمہ ملتوی ہونا۔ **لمبر لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) امتحان کے پرچے پر نمبر درج ہونا۔ **لمبر وار** (صفت) باری باری سے۔ درجہ بدرجہ سلسلہ وار۔ **لمبری** (صفت) ۱ نمبر کے مطابق۔ سلسلہ وار۔ ترتیب وار ۲ نشان لگا ہوا ۳ سرکار کی طرف سے مقرر کیا ہوا (پیانہ) ۴ احمق بیوقوف ۵ پولیس کے رجسٹر پر چڑھا ہوا۔ بدمعاش ۶ مشہور۔ **لمبری احمق** (صفت) ایسا احمق جس کی حماقت میں کسی کو کلام نہ ہو۔ **لمبری باٹ یا بٹ** (مذکر) سرکار کی طرف سے مقرر کیا ہوا بٹ **لمبری بیل یا گھوڑا** (مذکر) وہ بیل یا گھوڑا جس پر سرکاری نشان داغا گیا ہو۔ **لمبری دعوے۔ مقدمہ** (مذکر) **نالش** (مونث) وہ دعوے مقدمہ یا نالش جو صیغہ متفرقات میں نہ ہو۔ نالش عام۔ دعوے عام۔ سلسلہ وار نالش۔ **لمبری گز** (مذکر) سرکار کی طرف سے مقرر کیا ہوا گز۔

لمبشا (س۔ صفت) گلے کا زیور جس میں سات ہار ہوں۔
لمبھا (س۔ مونث) ۱ ایک قسم کا احاطہ ۲ (ھ۔ مذکر) خرگوش۔
لمپ (انگ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا دیا جس پر شیشے کی چمنی لگاتے ہیں ۲ چنڈو پینے والوں کا چراغ جس کی لو کا دھواں کھینچتے ہیں (بجھانا بجھنا جلانا جلنا روشن کرنا یا ہونا وغیرہ کے ساتھ)
لمپٹ (ہ۔ مذکر) بند آنچ جس کا شعلہ دھات کو گلا دیتا ہے۔
لمپٹ (س۔ صفت) ۱ لالچی۔ حریص ۲ بدچلن۔ بدکار۔ زانی ۳ شہدا۔ لچا۔ بدمعاش ۴ جھوٹا۔ دروغ گو۔
لمحہ (ع۔ مذکر) ۱ پل۔ منٹ ۲ آنکھ جھپنے کا وقفہ۔ چشم زدن۔ طرفۃ العین ۳ بجلی کی کوندیا چمک ۵ بہت تھوڑا وقت (لمح۔ نظر ڈالنا) لمحہ بھر (تف) تھوڑی دیر۔ لمحہ لمحہ میں (تف) ہر گھڑی۔
لمس (ع۔ مذکر) ۱ مس۔ چھونا۔ ہاتھ لگانا۔ کسی چیز کو ہاتھ یا کسی عضو سے چھونا ۲ چھونے کی قوت۔ قوت لامسہ (لمس: چھونا)
لمعات (ع۔ مذکر) لمعہ کی جمع۔ لمعات نور (مذکر) روشنی کی کرنیں۔
لمعان (ع۔ صفت) چمکنے والا۔ (لمع۔ چمکنا)
لمعہ (ع۔ مذکر) ۱ چمک۔ چمکارا۔ کوند ۲ روشنی۔ نور۔ شعاع۔ کرن (لمع: چمکنا)
لمکانا (ھ۔ متعدی) ہاتھ یا پاؤں لمبا کرنا۔
لمکنا (ہ۔ لازم) جھپٹنا۔ لپکنا۔ دوڑنا۔ لپک کر جانا۔ لمبے لمبے ڈگ بھرنا۔
لن (ع۔ حرف نفی) نہ۔ مت۔
لن ترانی (مونث) خودستائی۔ شیخی۔ ڈینگ۔ تعلّی۔ لفظی معنی "تو مجھے نہیں دیکھ سکے گا۔" یہ حضرت موسیٰ کے قصّے کی طرف تلمیح ہے۔ جب حضرت موسیٰ کوہ طور پر گئے۔ اور خدا سے گفتگو کی تو اس اثنا میں کہا "ربّ ارنی انظر الیک۔ اے میرے رب تو مجھے اپنا دیدار دکھا تاکہ میں تجھے دیکھوں" جواب ملا "لن ترانی تو مجھے نہیں دیکھ سکے گا" (رہنا۔ سننا۔ کرنا ہونا وغیرہ کے ساتھ) لن ترانیاں (مونث) لن ترانی کی جمع شیخیاں (سننا کرنا ہونا وغیرہ کے ساتھ) لن ترانیاں ہانکنا۔ لن ترانی کی لینا (متعدی) شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ دون کی لینا۔
لنبا (ہ۔ صفت) دیکھو لمبا۔ لنبو (صفت) لنبا (عف) لنبو بیڈول (صفت) مذاقاً دراز قد آدمی کو کہتے ہیں۔
لنٹک (س۔ مذکر) ایک قسم کی ترکاری۔
لنٹھ (ھ۔ مذکر) احمق۔ بیوقوف۔
لنج (ھ) لنجا (ہ۔ صفت) ۱ ہاتھ پاؤں سے معذور جس کے ہاتھ پاؤں نہ ہوں ۲ وہ جس کے ہاتھ کی انگلیاں کچھ ہوں اور وہ نیچے سے کوئی کام نہ کر سکے ۳ لنگڑا۔ لولا۔ پابریدہ۔ لنجی (صفت) مونث لنجا کی۔
لنڈھارا۔ لنجھیڑا (ہ۔ مذکر) دنیا کے بکھیڑے۔ دنیاوی تعلقات۔ مال و اسباب۔
لنڈا پھندا (ہ۔ صفت) مال و اسباب کے ساتھ۔ لدا پھندا۔
لنڈ پھند (ھ) لندے پھندے (ہ۔ مذکر) فند فریب۔ مکروفریب۔
لنڈ (ہ۔ مذکر) آلہ تناسل۔ ذکر۔ قضیب۔ کیر۔ اندری۔ لنگ۔ لوڑا (س لُڈیا ٹل۔ ہلانا) لنڈا (ھ) وہ جس کا لنڈ ہو۔
لنڈی (صفت) حقارتاً ۱ نامرد۔ بزدل۔ زنانہ ۲ نفرت یا حقارت سے عورت کے لئے موتی۔ خیبانی۔ قطامہ۔ لنڈیت (صفت) ۱ وہ جس کا لنڈ بڑا ہو۔ کیرداز ۲ نہایت تماشبین۔ بڑا بھاری زانی۔ شہوت پرست۔
لنڈ (ہ۔ صفت) ۱ کٹا ہوا ۲ بن سر کا یا سر کٹا ہوا (جسم) ۳ ٹھنٹ۔ بن پتوں اور بن شاخوں کا (درخت یا ٹہنا) (س لُنٹھ۔ جز پہنچانا) لنڈا (صفت) ۱ وہ جس کی دم کٹی ہو (حیوان) دم کٹا۔ لنڈورا۔ باندا۔ دم بریدہ ۲ وہ جس میں شاخیں اور پتے نہ ہوں (درخت) ۳ بے یار و آشنا بگوڑا۔ ناٹھا۔ وہ جس کا کوئی ساتھی نہ ہو ۴ وہ جس کے دامن چھوٹے ہوں (انگرکھا یا پیراہن) ۵ (مذکر) برتن مانجھنے کا گھاس یا مونجھ کا مٹھا ۶ گھاس کا حلقہ جو گھڑوں کے نیچے رکھتے ہیں۔ جونا۔ لنڈ منڈ (صفت) ۱ وہ جس کا سر اور ڈاڑھی مونچھیں سنڈی ہوئی ہوں۔ چار ابرو کا صفایا۔ صفاچٹ ۲ بن پتوں اور بن شاخوں کا (درخت) ۳ بے تعلق۔ بگوڑا۔ ناٹھا۔ بے یار و آشنا ۴ مفلس۔ تنگ دست ۵ بے دست و پا (انسان) ۶ بے بال و پر (پرند) لنڈی (صفت۔ مونث) لنڈا کی۔
امثال۔ لنڈی چڑی کھوپڑی ماؤں۔ کچھ ہو نہیں سکتا حوصلہ بڑا۔ لنڈی چڑی مسیت میں ڈیرا۔ بدحقیقی میں۔ خرد ماغی۔
لنڈکڑی (ہ۔ مونث) لڑھکنی۔ قلابازی۔ لنڈکڑیاں یا لنڈکڑی کھانا (متعدی) قلابازی کھانا۔ لوٹ پوٹ ہو جانا۔ لڑھکنی کھانا۔
لنڈورا (ہ۔ صفت) ۱ دم بریدہ۔ لنڈا (پرند) ۲ بے یار و آشنا۔ بے کس ۳ گنجا (رُنڈا سے) لنڈورا رہ جانا (لازم) بے یار و آشنا رہ جانا۔ لنڈوری (صفت مونث) لنڈورا کی۔ لنڈوری فاختہ (مونث) ۱ وہ عورت جس کا کوئی سہارا نہ ہو۔ بیکس۔ بگوڑی۔ ناٹھی ۲ گنجی۔
لنڈھانا (ہ۔ متعدی) ۱ دیکھو لڑھانا ۱ و ۲ ۳ شراب بے ضرورت یا بہت خرچ کرنا ۴ الٹ دینا۔ دیکھو لڑھانا۔
لنڈھکنا (ہ۔ لازم) لنڈھکنا کا دیکھو لڑھکنا۔
لنڈھنا (ہ۔ لازم) لنڈھانا کا۔
لنڈیانا (ھ۔ لازم) لڑھکنا۔
لنگ (ہ۔ مذکر) ۱ انبار۔ ڈھیر۔ تودہ ۲ افراط۔ بہت سی مقدار ۳ زمانہ۔ مدت ۴ (ھ) کر۔ مُنقلب۔ کولا ۵ لگام۔ عنان۔ لنگ لگنا۔ ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ انبار ہونا۔ ڈھیر لگنا ۲ حرف لگنا ۳ حرف لگنا کی صورت

ہیں۔ مدت گزرنا۔ عرصہ ہونا۔

لنکا ایک جزیرہ

امثال۔ لنکا میں جسے دیکھا وہ باون گز کا۔ لنکا میں چھوٹا سو باون (رہی) گز کا۔ لنکا میں چھوٹے سے چھوٹا سو بھی باون گز کا۔ لنکا میں سب بڑے لنکا میں سے جو نکلا سو باون گز کا۔ وہاں بولتے ہیں جہاں سب شریر فتنہ انگیز مغرور اور متفنی ہوں۔

لنکلاٹ (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا موٹا کپڑا جس کا عرض بڑا ہوتا ہے۔ لٹھا (اصل لانگ کلاتھ)

لنگ (ف۔ صفت) ۱ وہ جو پاؤں دبا کر چلے۔ وہ جو ٹھیک نہ چل سکے۔ اپاہج۔ لنگڑا۔ لولا ۲ (مذکر) لنگڑا پن۔ پاؤں یا ٹانگ کا نقص۔ **لنگ جاتا رہنا** (لازم) پاؤں میں نقص نہ رہنا۔ صاف چلنے لگ جانا۔ **لنگ کرنا** (متعدی) لنگڑا کر چلنا۔ لنگڑانا۔ **لنگ ہونا** (لازم) پاؤں میں نقص ہونا۔

مثل۔ لنگِ خر کور خر بیر مخر۔ لنگڑا اور اندھا کچھ نہ کچھ کام دے سکتے ہیں مگر بوڑھا کچھ نہیں دے سکتا۔

لنگ (ہ۔ مذکر) لنگڑا پن۔ لنگڑانا (س لنگ) **لنگڑ** (صفت) لنگڑا کا مخفف۔ **لنگڑا** (صفت) وہ جس کے پاؤں میں نقص ہو۔ اپاہج۔ لولا ۲ کمزور۔ فضول۔ بودا ۳ (مذکر) ایک قسم کا بہت اعلیٰ آم جو بنارس حاجی پور وغیرہ میں ہوتا ہے۔ **لنگڑا کر** (تف) پاؤں دبا کر۔ لنگڑوں کی طرح **لنگڑا کر چلنا**۔ **لنگڑانا** (متعدی) لنگ کرنا پاؤں برابر نہ چلنا۔ **لنگڑ پیچ** (مذکر) بچے کنکر یا پتھر کا ٹکڑا ڈور میں باندھ کر آپس میں لڑاتے ہیں۔ اسے لنگر پیچ کہتے ہیں۔ **لنگڑ دین** (صفت) مذاقاً لنگڑا۔ **لنگڑی** (صفت) لنگڑا مونث۔

امثال و اقوال۔ لنگڑی

کنگو آسمان پہ گھونسلا۔ اپنی لیاقت سے بڑھ کر کام کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔ **لنگڑی گھوڑی مسور کا دانہ۔** دیکھو بڈھی گھوڑی الخ۔ **لنگڑے لولے گئے برات (بھات کے برپا کھائیں لات)** دو دو جوتے دو دولات۔ اگر کوئی ایسا کام کرے جو اس کی حیثیت سے بڑھ کر ہو تو کہتے ہیں۔ (لنگڑی) **لنگڑے نے چور پکڑا۔ دوڑیو (بے اندھے) میاں اندھے۔** دیکھو اندھوں نے گاؤں مارا الخ۔

لنگ (ہ۔ مذکر) ۱ صف۔ قطار۔ سلسلہ ۲ جانب۔ طرف۔ سمت۔ سرا۔ کنارہ ۳ دھوتی کا وہ حصہ جو آگے لٹکتا ہے ۴ (پ) سکانو کی قطار ۵ دیوار۔ قنات۔ اوٹ۔ پردہ۔

لنگ (ہ۔ مذکر) پہلو۔ طرف۔

لنگ (س۔ مذکر) ۱ تعلق۔ اتحاد۔ اتفاق ۲ عاشق۔ یار آشنا۔

لِنگ (س۔ مذکر) **لِنگ** (ہ) ۱ نشان۔ علامت ۲ بیماری کے آثار ۳ (منطق) استدلال نتیجہ ۴ (صرف و نحو) تذکیر تانیث ۵ آلہ تناسل ۶ مورتی۔ بت ۷ مذہبی نشان ۸ مذہب کے طالب علم کا درجہ ۹ قدوت ۱۰ روح یا وہ چیز جو موت سے تباہ نہیں ہوتی **لنگا پوجن** (مذکر) انگ کی پوجا۔

لنگی (مذکر) ۱ شو لنگ کی پوجا کرنے والا شخص۔ مہادیو کا پجاری ۲ (مذکر) پیشاب۔ بول۔ موت۔ ہندو بچے پیشاب کے واسطے بولتے ہیں۔

لُنگ (ف۔ مذکر) ۱ تہبند جو گھٹنوں تک ہو۔ دھوتی۔ لنگوٹی ۲ آلہ تناسل۔ **لنگی** (مونث) ۱ تہبند جو گھٹنوں یا پنڈلیوں تک ہوتا ہے۔ لنگ۔ دھوتی ۲ سر سے باندھنے کا رنگین دھاریدار صافہ جس کا رواج پہلے پٹھانوں اور ایرانیوں میں تھا۔ اب عام ہے۔

مثل۔ لُنگ کے زیر لُنگ کے بالا۔ نے غم درد نے غم کالا۔ بے سروساماں کو چور کا کیا ڈر۔

لُنگارا (ہ۔ صفت) **لنگاڑا** (لکھنو) لونگر کی تصغیر ۱ بے ننگ و نام۔ بے شرم۔ بے حیا ۲ بدمعاش۔ لچا۔ شہدا۔ اوباش۔ آوارہ ۳ شریر بدذات ۴ فسادی۔ دنگئی۔ **لنگارا پن** (مذکر) **لنگاڑا پن** (لکھنو) **لنگاڈپن** (ہ) ۱ بے غیرتی۔ بے حیائی ۲ بدمعاشی۔ لچپن۔ آوارہ پن ۳ بدذاتی حرامزدگی۔ شرارت۔

لنگٹ (ہ۔ صفت) بے شرم۔ بے حیا۔

مثل۔ لنگٹ پڑے اکھاڑے کے پالے۔ دونوں ایک جیسے ہیں۔

لنگر (ف۔ مذکر) ۱ لوہے کا ایک لوکدار وزن جو جہاز میں رسے یا زنجیر سے باندھ کر رکھ رہتا ہے۔ جہاں جہاز کھڑا کرنا ہوا وہاں اسے سمندر میں گرا دیتے ہیں۔ جہاز پھر اپنی جگہ سے نہیں ہٹتا ۲ وہ جگہ جہاں فقرا کو کھانا تقسیم ہوتا ہے۔ خانقاہ ۳ تمکین۔ وقار ۴ وہ کھانا جو روز فقرا کو بانٹا جائے۔ سدابرت۔ خیرات ۵ پشت و پناہ۔ محافظ۔ نگہبان ۶ بڑے آدمیوں کا باورچی خانہ جہاں نوکر چاکر کھانا کھاتے ہیں ۷ (ف) مکار۔ حیلہ گر۔ سرکش۔ ناگوار طبع (لنگ بمعنی ٹھیرنا) ۸ (ہ) خیمہ کھڑا کرنے کا موٹا رسا ۹ دھڑ کے نیچے کا حصہ ۱۰ پہلوانوں کا لنگوٹ ۱۱ بوجھ۔ وزن ۱۲ مجرموں کے پاؤں کا وزنی زنجیر ۱۳ گھڑی کا لٹکن۔ پنڈلم۔ شاقول ۱۴ سیون۔ وہ رگ جو عضو تناسل سے مقعد تک ہوتی ہے ۱۵ وہ پتھر کا ٹکڑا اور ڈور جو بچے آپس میں لڑاتے ہیں (س لانگل۔ ہل) **لنگر اٹھانا** (متعدی) ۱ لنگر کو سمندر میں سے کھینچ کر جہاز میں رکھ لینا جب جہاز کو چلانا ہوتا ہے تو ایسا کرتے ہیں ۲ جہاز روانہ کرنا یا چلانا ۳ جہاز روانہ ہونا۔ **لنگر اٹھانا** (لازم) جہاز روانہ ہونا۔ **لنگر اکھاڑنا** (متعدی) اکھڑ جانا یا **اکھڑنا** (لازم) ۱ وزنی چیز کا جنبش میں آنا ۲ وزنی چیز کا ہلکا ہو جانا ۳ پہلوان کا کشتی میں اپنی جگہ سے اٹھا لیا جانا۔ **لنگر بانٹنا** (متعدی) **بٹنا** (لازم) روزمرہ کھانا تقسیم ہونا۔ سدابرت بٹنا۔ **لنگر باندھنا** (متعدی) ۱ پہلوانوں کا لنگوٹ باندھنا۔ کاچھا کسنا ۲ تجرد اختیار کرنا۔ مجامعت سے پرہیز کرنا۔ **لنگر پر ہونا** (لازم) جہاز پر لنگر ڈالے ہونا۔ **لنگر توڑنا** (متعدی) ۱ ایک پہلوان کا دوسرے پہلوان کو زمین پر سے اٹھا لینا ۲ مغلوب کرنا۔ **لنگر جاری کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) خیرات تقسیم کرنا۔ سدابرت جاری ہونا۔ **لنگر جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) کشتی میں پہلوان کا ایسا جم کر کھڑا ہونا کہ دوسرا پہلوان اسے اپنی جگہ سے نہ ہلا سکے۔ **لنگر چھوڑنا** (متعدی) لنگر ڈالنا (مت) **لنگر خانہ** (مذکر) ۱ سدابرت۔ فقرا کو کھانا تقسیم ہونے کی جگہ۔ خیرات خانہ۔ محتاج

خانہ ۲ باورچی خانہ۔ رسوئی ۳ (ف) خانقاہ۔ امام باڑہ۔ **لنگر خرچ** (مذکر) وہ خرچ جو لنگر خانے کے متعلق ہو۔ **لنگر دار** (صفت) ۱ بھاری۔ وزنی ۲ دریا کی تعریف۔ وہ جس کا پانی بہت آہستہ چلے **لنگر ڈالنا** (متعدی) ۱ جہاز کے لنگر کو دریا یا سمندر میں پھینکنا ۲ جہاز کھڑا کرنا یا ٹھیرانا ۳ جہاز کا ٹھیر جانا ۴ بوجھ ڈالنا ۵ مجرم کے پاؤں میں بھاری زنجیر ڈالنا ۶ کسی پر کام کا اتنا بوجھ ڈالنا کہ وہ دوسرا کام نہ کر سکے ۷ عو۔ دوردور بخیہ کرنا۔ **لنگر سنبھالنا** (متعدی) **سنبھلنا** (لازم) بوجھ کی برداشت ہونا۔ **لنگر شمشیر** (مذکر) تلوار کا وزن یا بوجھ۔ **لنگر کا بوجھ** (مذکر) بہت وزنی۔ لنگر بہت بھاری ہوتا ہے۔ آجکل مشینری کے ذریعے سے اسے اٹھاتے یا گراتے ہیں۔ **لنگر کا ٹکڑا یا کھانا** (مذکر) وہ کھانا جو لنگر خانہ سے ملتا ہے۔ **لنگر کرنا** (متعدی) ۱ جہاز کو ٹھیرانا ۲ جہاز کا ٹھیرنا۔ **لنگر گاہ** (مونث) جہازوں کے ٹھیرنے کی جگہ۔ **لنگر لنگوٹا** (مذکر) پہلوانوں کا لنگوٹ۔ **لنگر لنگوٹا آگے رکھنا یا دینا** (متعدی) کسی پہلوان کا شاگرد ہونا۔ **لنگر لنگوٹہ باندھنا یا کسنا** (متعدی) ۱ کشتی کے لئے تیار ہونا۔ **لنگر مارنا** (متعدی) بوجھ کا دباؤ ڈالنا۔ **لنگر ہونا** (لازم) کشتی کا ٹھیرنا۔ **لنگری** (مونث) ۱ لنگر سے منسوب ۲ (مذکر) وہ شخص جو لنگر خانے میں کھانا تقسیم کرے ۳ ایک قسم کا بڑا تشت ۴ پاؤں رکھنے کی چھوٹی گہری تھالی ۵ وہ تھالی جس میں لنگر کا کھانا بانٹتے ہیں۔

لَنگرَوا (ہ۔ مذکر) لونگر کی تصغیر ۱ ڈھیٹ۔ بے حیا۔ بے غیرت ۲ بیباک۔ شوخ چشم ۳ بدمعاش۔ اوباش۔ بدچلن۔

لنگڑ۔ لنگڑا (ہ) دیکھو لنگ کے تحت میں۔

لِنگن (س۔ مذکر) ۱ گلے لگانا ۲ پیار کرنا۔

لَنگوٹ (ہ۔ مذکر) ۱ وہ چھوٹا تہ بند جو پہلوان کشتی لڑنے کے وقت باندھ لیتے ہیں ۲ کشتی کا ایک داؤ ۳ پتے بازی کا ایک ہاتھ ۴ وہ رنگین مثلث یا لمبا کاغذ جو کنکوے کے نیچے لگاتے ہیں (س۔ لِنگ۔ آلہ تناسل) **لنگوٹا** (مذکر) لنگوٹ جو نقرا اور مساکین باندھتے ہیں باندھنا یا کسنا۔ کھینچنا کے ساتھ۔ **لنگوٹ باندھنا** (متعدی) ۱ لنگوٹ کسنا ۲ کشتی کے لئے تیار ہونا۔ **لنگوٹ بند** (مذکر) ۱ لنگوٹ باندھنے والا شخص ۲ مجرد وہ جو عورت کے قریب نہ جائے۔ **لنگوٹ پھاڑ ڈالنا یا پھاڑنا** (متعدی) کشتی کرنا ترک کر دینا **لنگوٹ پھل** (مذکر) ۲ آلہ تناسل۔ ذکر۔ قضیب۔ **لنگوٹ دار** (صفت) جس کے نیچے رنگین مثلث یا لمبا کاغذ لگا ہو (پتنگ یا کنکوا)۔ **لنگوٹ کا سچا** (مذکر) ۱ وہ آدمی جو زنا سے بچا ہے ۲ پارسا۔ پرہیزگار۔ مجرد **لنگوٹ کسنا یا کھینچنا** (متعدی) دیکھو لنگوٹ باندھنا۔ **لنگوٹ کھولنا** (متعدی) ۱ کسا ہوا لنگوٹا اتارنا ۲ کشتی کرنا چھوڑ دینا ۳ جماع کرنا۔ مجامعت کرنا ۴ ننگا کرنا ۔ عریاں کرنا۔ **لنگوٹی** (مونث) چھوٹا لنگوٹ۔ ایک رسّی کے درمیان گرہ ڈیڑھ گرہ چوڑا کپڑا سی دیتے ہیں۔ پھر رسی کو کمر میں باندھ کر اس ٹکڑے کو سرین کے بیچ میں سے نکال کر سامنے رسی اور بدن کے درمیان میں سے گزار کر پھر سرین سے نکال کر پیچھے گھرس لیتے ہیں۔ **لنگوٹے** (مذکر) ۱ لنگوٹ یا لنگوٹا کی جمع ۲ بجائے لنگوٹا حروف مغیرہ سے پہلے **لنگوٹیا** (صفت) ۱ لنگوٹ بند ۲ لنگوٹ والا۔ بچپن کا یار **لنگوٹیا یار** (مذکر) وہ دوست جو بچپن سے ساتھ کھیلا ہو۔ **لنگوٹی باندھ لینا یا باندھنا** (متعدی) ۱ مفلس ہو جانا ۲ دنیاوی لذتوں کا ترک کرنا **لنگوٹی باندھے پھرنا** (لازم) ۱ نہایت غربت کے باعث ننگا پھرنا ۲ ندی کسلی جوننگا دھڑنگا پھرنا ۳ حالت طفولیت میں پھرنا۔ کمسنی اور بچپنے کی طرف کنایہ ہے **لنگوٹی بندھوا دینا** (متعدی) ۱ لوٹ لینا۔ کچھ پاس نہ چھوڑنا۔ چور اور ٹھگ مال لوٹ کر ایک لنگوٹ بندھوا دیا کرتے تھے ۲ فقیر بنا دینا۔ محتاج کر دینا۔ **لنگوٹے کا ڈھیلا** (صفت) عیاش۔ بدکار ۔ زانی۔ **لنگوٹے کا سچا** (صفت) دیکھو لنگوٹ کا سچا **لنگوٹی کھلنا** (لازم) ۱ لنگوٹ کا کھل جانا ۲ راز فاش ہو جانا ۳ پردے کی دیوار کا گر جانا۔ **لنگوٹی (لنگوٹے) میں پھاگ کھیلنا** (متعدی) عزت میں عیش و عشرت اور بے فکری کی زندگی بسر کرنا۔ **لنگوٹی میں مست** غربت کی حالت میں خوش رہنے والا۔

لَنگوچا (ہ۔ مذکر) آنت جس میں مصالح دار قیمہ بھر کر تلتے ہیں گلُما (س۔ لِنگ سے)

لَنگور (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا بندر جس کا منہ سیاہ اور دُم بہت لمبی ہوتی ہے معمولی بندر اسے دیکھ کر بھاگ جاتے ہیں (س۔ لانگولِن) **لنگوری** (مونث) ۱ مال مسروقہ کی برآمدگی میں امداد ۲ چھپکڑ وانے یا نکالنے کا انعام۔ ٹھینگہ ۳ گھوڑے کی ایک چال۔

لنگھانا (ہ۔ متعدی) لنگھنا کا۔ پار اتارنا۔ عبور کرانا (س۔ لنگھ۔ کودنا۔ عبور کرنا)

لنگھن (س۔ مذکر) ۱ کودنا ۲ پار اترنا ۳ حد سے بڑھ جانا ۴ سوار ہونا ۵ جماع کرنا ۶ (ہ) فاقہ ۷ برت۔ روزہ ۸ مرض جو اڑ کر لگ جائے خصوصاً آتشک جس کے متعلق خیال ہے کہ اس مرض والے کے پیشاب پر سے گزر جانے سے ہو جاتا ہے **لنگھن پڑنا** (لازم) ۱ جاری ہونا۔ آغاز ہونا۔ شروع ہونا ۲ رستہ پڑنا۔ رسم پڑنا۔ بنیاد پڑنا۔ **لنگھن کرنا** (متعدی) فاقہ کرنا۔

لنگھنا (ہ۔ لازم) ۱ پار اترنا۔ عبور کرنا ۲ الانگھنا کسی چیز پر سے پھلانگ جانا۔

لُننا (ہ۔ متعدی) کاٹنا۔ فصل کاٹنا (س۔ لُو۔ کاٹنا)

لینولیم (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا روغنی کپڑا جو فرش وغیرہ کے کام آتا ہے۔

لنیاں پنیاں ہو کے دوڑنا۔ (اُردو۔ لازم) بیگمات کا محاورہ کسی کے اشتیاق میں دوڑا جانا۔ خوشی میں لڑکتے پڑکتے جانا۔ بے تابانہ دوڑنا۔

لو (ہ۔ مونث) ۱ شعلہ۔ لپٹ آگ۔ شمع یا چراغ کا شعلہ (س۔ لوک دیکھنا) ۲ کان کی نیچے کی نوک۔ بناگوش (س۔ لُنا۔ لٹکتی ہوئی چیز) ۳ دھیان۔ خیال۔ توجہ ۴ امید۔ آسا۔ آرزو۔ خواہش۔ توقع ۵ یک سوئی۔ یکجہتی ۶ دھن۔ کسی بات کو بار بار کہنا (س۔ لوک۔ دیکھنا) **لو آنا** (لازم) شعلہ نکلنا۔ **لو اٹھانا** (متعدی) ۱ شعلہ نکالنا ۲ شعلہ بلند کرنا ۳ چرس کا دم لگانا۔ چرس پینا۔ **لو اُٹھنا** (لازم) شعلہ نکلنا۔ بلند ہونا یا نمایاں ہونا۔ **لو بجھنا** (لازم) ۱ شعلہ فرو ہونا ۲ خواہش مٹنا۔ **لو بھڑکنا** (لازم) چراغ کا تیل ختم ہونے کے وقت لو کا زور سے اٹھنا کیونکہ اس وقت بتی کی روئی کو آگ لگ جاتی ہے۔ **لو ٹپک پڑنا** (لازم) جلتے ہوئے تیل کا لو سے ٹپک پڑنا۔ جب تیل زیادہ ہو تو ایسا ہوتا ہے۔ **لو جی بھلا**۔ فدا انصاف

کرو۔ اور کیا کرتا۔ لو چراغ کی اڑا او بازاری محاورہ جب کوئی شخص بجائے انکار کے لو ڈا کہتا ہے تو دوسرا جواب میں یہ کلمہ کہتا ہے۔ لَو دینا (متعدی) شعلہ نکالنا۔ بجد چمک دکھانا۔ عموماً جواہرات کے لئے استعمال ہوتا ہے خصوصاً یاقوت کے لئے لَو لگانا (متعدی) ۱ تصور باندھنا۔ دھن باندھنا۔ خیال باندھنا ۲ عبادت میں غرق رہنا ۳ عاشق ہونا۔ محبت کرنا ۴ توجہ دینا۔ متوجہ ہونا۔ محو ہونا ۵ خواہش کرنا ۶ آرزومند ہونا ۷ آسرا رکھنا۔ توقع کرنا۔ لَو لگنا (لازم) لگانا کا ۱ دیکھو لو لگانا ۲ شعلہ لگنا۔ لپٹ لگنا ۳ آگ لگنا۔ جلنا ۴ کسی کا نام بار بار لینا عموماً بیماری میں یا حالت نزع میں بیمار خدا یا معشوق کا نام بار بار لیتا ہے لو نکلنا (لازم) شعلہ اٹھنا۔ لاٹ نکلنا

لَو (ع۔ حرف شرط) اگر لولاک۔ حدیث۔ لولاک لما خلقت الافلاک کی طرف اشارہ ہے کہ اگر نہ ہوتی تیری ذات تو میں آسمانوں کو پیدا نہ کرتا۔

لَو (س۔ مذکر) ۱ کاٹنے کا فعل ۲ اناج کاٹنا درو کرنا ۳ پھول چُننا ۴ کوئی چیز جو کاٹی گئی ہو ۵ پشم۔ بال ۶ کسی چیز کا ٹکڑا ۷ وقت کا بہت چھوٹا حصہ لمحہ۔

لُو (ہ۔ مذکر) ۱ وہ گرم ہوا جو موسم گرما میں چلتی ہے۔ بادِ گرم۔ سموم (س اُلکا۔ آگ جو آسمان سے اترے۔ اُش۔ جلنا) لو چلنا (لازم) گرم ہوا کا چلنا۔ لو کا مارا (صفت) ۱ وہ پھل جسے لو خشک کر ڈالے۔ لو کا مارا آم ۲ وہ آم جسے لو خشک کر دے ۳ سوکھے جھریاں پڑے ہوئے چہرے کو تشبیہ دیتے ہیں۔ لو لگنا (لازم) ۱ گرم ہوا سے ضرر پہنچانا ۲ لو کے اثر سے بیمار پڑ جانا یا مر جانا۔ لو مارجانا (لازم) لو لگنا۔ ۲ لوں (منش لو دیت)

لو (ہ۔ امر) ۱ جمع حاضر لینا کا ۱ پکڑو۔ سنبھالو۔ قابو کرو ۲ وصول کرو ۳ خطاب یا ندا کے لئے سنو۔ متوجہ ہو۔ دیکھو۔ خیال کرو ۴ تیار رہو۔ آؤ۔ اٹھو ۵ واہ۔ کیا خوب ۶ تعجب اور حیرت ظاہر کرنے کے لئے جیسے لو کیا سے کیا ہو گیا ۷ اپنے قول کو تصدیق کرانے کے لئے جیسے لو یہ وہاں کب تھے ۸ کوئی بات پوچھنے کے لئے جیسے لو سچ کہو کیا خرچ کیا ۹ دل لگی سے کوئی بات کہنے کے موقع پر جیسے لو ہم ان کے مددگار ہیں۔ ۱۰ آگاہی یا ہوشیار کرنے کے واسطے جیسے لو اب میں جاتا ہوں ۱۱ گواہ رکھنے کے لئے۔ لو سنتے جاؤ یہ کیا کہتے ہیں ۱۲ زائد حسن کلام کے لئے جیسے آؤ چلو۔ خدا کو مانو ۱۳ بعض شخصوں کا تکیہ کلام ہوتا ہے۔ لو آؤ چلو چلو بھی۔ لو اور تماشا دیکھو۔ لو اور سنو۔ حیرت انگیز بات سنانے کے موقع پر کہتے ہیں۔ لو جی یا صاحب (کی بجائے تعجب ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ لو کیا سے کیا ہو گیا کسی ہیبت کے موقع پر تعجب ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

لو (ہ۔ حرف جر) تک۔ تلک۔

لَوا (ہ۔ مذکر) بٹیر کی قسم کا ایک چھوٹا پرند

لِوا (ع۔ مذکر) جھنڈا۔ علم۔ نشان۔ (لِوا کھڑا کرنا جھنڈا نصب کرنا)

لِوا (ہ۔ امر) لوانا (متعدی) ۱ اٹھوا لانا۔ لانا ۲ حاصل کرنا۔ لوا لیجانا (متعدی) ساتھ لیجانا۔ ہمراہ لیجانا۔ لوانا (لازم) لینا کا ۱ اٹھوانا۔ اٹھوا لانا ۲ خرید کروانا۔ مول لے دینا ۳ دکرودٹ) بدلوانا۔

لَواحِق (ع۔ مذکر) لاحق کی جمع ۱ رشتہ دار بھائی بند۔ خویش و اقربا۔ متعلقین ۲ نوکر چاکر ۳ مضافات

لَواحِقین (مذکر) لاحق کی جمع الجمع۔ گھر کے لوگ۔ عیال و اطفال۔ بال بچے۔

لَوازِم (ع۔ مذکر) لازم کی جمع ۱ ضروری چیزیں۔ اسباب۔ سامان ۲ ضروری نتائج۔ لوازمات (مذکر) لازم کی جمع الجمع۔ دیکھو لوازم لوازمہ (مذکر) لازم کی جمع دیکھو لوازم۔

لِواطَت (ع۔ مونث) اغلام۔ لونڈے بازی۔ امرد بازی (حضرت لوط کے نام سے کیونکہ ان کی قوم یہ کام کرتی تھی)

لَواک (س۔ مذکر) کاٹنے کا آلہ۔ درانتی۔

لِوایح (ع۔ مذکر) لائحہ کی جمع۔ روشنیاں۔ انوار۔

لَوائی (ہ۔ مونث) محبت۔ الفت۔ پیار۔

لُوبا (ف۔ مذکر) لوبیا۔

لُوبان (ع۔ مذکر) ایک درخت کا خوشبودار گوند۔ جسے خوشبو کے لئے آگ پر ڈالتے ہیں اس کی اچھی قسم کو شیا لوبان ہے (جلانا۔ چڑھانا وغیرہ کے ساتھ۔ لوبانی (صفت) ۱ لوبان کا ۲ جس میں لوبان ہو ۳ جس سے لوبان نکلے ۴ لوبان کی طرح کا ۵ دودھ کی طرح سفید۔ بہت سفید۔ لوبانی عود (مذکر) ایک قسم کا سفید عود۔

لوبھ (ہ۔ مذکر) لوبھ (س) ۱ طمع۔ لالچ۔ حرص ۲ خواہش۔ تمنا ۳ آرزو (س۔ لُبھ۔ خواہش کرنا) لوبھ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ لالچ یا حرص ہونا لوبھنا (ہ۔ لازم) ۱ آرزو یا خواہش ہونا ۲ عاشق ہونا ۳ فریفتہ ہونا۔ لوبھی (صفت) ۱ لالچی۔ حریص۔ طامع ۲ بخیل۔ کنجوس ۳ قوم ۴ مشتاق۔ خواہشمند ۵ آرزومند۔

لوبھیا (ہ) لوبیا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی پھلی جسے ترکاری کی طرح پکا کر کھاتے ہیں۔

لوپ (ہ۔ صفت) لوپ (س) ۱ مخفی۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا ۲ نیست و نابود۔ معدوم ۳ (س۔ مذکر) ۱ کاٹنا ۲ تباہی بربادی ۳ بھول چوک ۴ مفقودگی۔ غائب ہونا ۵ اخراج ۶ منسوخ ۷ حرف۔ (نحو) ازالہ۔ حذف۔ لوپ رہنا (لازم) چھپا رہنا۔ غائب رہنا۔ لوپ ہونا (لازم) غائب ہونا۔ چھپ جانا۔

لُوپ لُور (ایشیا) دیکھو لوب نور۔

لُوتا (س۔ مونث) ۱ کڑی ۲ چیونٹی ۳ ایک بیماری جس کے متعلق خیال ہے کہ کڑی کے چاٹ جانے سے ہوتی ہے۔

لوتھ (ہ۔ مونث) لاش۔ نعش۔ تن مردہ۔ کشتہ کالاشہ (س۔ لُشت مٹی کا ڈھیلا) لوتھ پڑنا (لازم) لاش پڑنا۔ مردہ ہو کر گرنا۔ لوتھ پڑی ہونا (لازم) لاش زمین پر گری ہوئی ہونا۔ لوتھ ڈال دینا یا ڈالنا (متعدی) مار کر گرا دینا۔ مار کر ڈھیر کر دینا۔ لوتھڑا (ہ) لوتھری (ہ) لوتھڑا لنگا لوتھڑی (ہ) ۱ گوشت کا ٹکڑا جس میں ہڈی نہ ہو ۲ منجمد خون کا ٹکڑا۔

لوتھا (ہ۔ مذکر) بڑی بہنسا۔

لُوتھڑا (ہ۔ مذکر) ہندوؤں کی ایک ذات۔

لَوٹھی (ہ۔ مونث) لاٹھی ۲ گانٹھ دار عصا

لَوٹ (ہ۔ امر) لوٹنا کا لوٹا (امر) لوٹنا کا ۲ (ماضی) لوٹنا کی لوٹا دینا۔ لوٹانا (متعدی) ۱ واپس کرنا۔ پھیرنا ۲ الٹ۔ روگرداں کرنا۔ اوپر کا نیچے اور نیچے کا اوپر کرنا ۳ کسی آدمی کو اُلٹا پھیرنا یا واپس بھیج دینا لوٹ پوٹ (مونث) ۱ کسی ورق کو دونوں طرف چھاپنا (چھاپنا۔ چھپنا کے ساتھ) ۲ رتف) الٹ پلٹ لوٹنیول کو (رتف) واپسی پر لوٹ جانا (لازم) لوٹنا لوٹنا (لازم) پلٹنا۔ واپس ہونا۔ مراجعت کرنا (متعدی) الٹنا پلٹنا۔ روگرداں کرنا۔ کپڑے کا رخ بدلنا۔

لُوٹ (ہ۔ امر) ۱ لوٹنا کا ۲ (مونث) ۱ وہ مال جو چھین جھپٹ کر لیا جائے۔ مال غنیمت ۲ غارت گری۔ تاراج ۳ زبردستی یا ظلم سے کسی کا مال لینا ۴ ظلم۔ تعدی ۵ حصول بالجبر۔ زیادہ

ملبں۔ رشوت رس لُش۔ لوٹنا، **لوٹا** (ماضی) لوٹنا کی **لوٹا کھسوٹا**
(صفت) وہ جس کا مال لوٹ لیا ہو۔ لٹا ہوا **لوٹا لوٹ** (مونث)
۱۔ لوٹ مار۔ لوٹ کھسوٹ۔ چھینا جھپٹی ۲۔ راہزنی۔ قزاقی۔ غارتگری
۳۔ اندھیر۔ ظلم۔ نا پرساں حالی **لوٹ پر کمر باندھنا** (متعدی)
لوٹنے کی تیاری کرنا **لوٹ پر گرنا** (لازم) مال غنیمت پر بہت
جلدی قبضہ کرنا **لوٹ پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) ۱۔ جو جس کے ہاتھ
لگے لے بھاگنا۔ غارتگری ہونا ۲۔ ظلم ہونا۔ اندھیر مچنا ۳۔ رشوت کا
بازار گرم ہونا **لوٹ ڈالنا** (متعدی) لوٹ لینا **لوٹ کا مال**
(مذکر) ۱۔ مال غنیمت ۲۔ چوری کا مال ۳۔ مفت کا مال۔ رشوت کا مال ۴۔ سستا
مال **لوٹ کھانا** (متعدی) کسی کا مال زبردستی لے لینا **لوٹ
کھسوٹ** (مونث) غارت گری۔ راہزنی۔ قزاقی۔ ڈاکہ زنی۔
لوٹ لینا (متعدی) ۱۔ مال چھین لینا ۲۔ چوری کر لینا سال مار
لینا ۳۔ تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا ۴۔ فریفتہ کر لینا۔ عاشق کر لینا **لوٹ
مار** (مونث) دیکھو لوٹ کھسوٹ **لوٹ مچانا** (متعدی) **مچنا** (لازم)
دیکھو لوٹ پڑنا **لوٹم لاٹ یا لوٹ** (مونث) عو۔ باہمی لوٹ مار۔
ایک دوسرے کو لوٹنا **لوٹ میں پڑنا** (لازم) لٹا جانا ۲۔
لوٹ کے حصے میں اور زیادہ دیا جانا۔ **لوٹنا** (متعدی) ۱۔ زبردستی
چھیننا۔ غارت گری کرنا۔ تاراج کرنا ۲۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا ۳۔ اجاڑنا
ویران کرنا ۴۔ اڑانا۔ مائل کرنا ۵۔ عاشق بنانا۔ فریفتہ کرنا ۶۔ مہنگا
بیچنا۔ گراں فروخت کرنا ۷۔ مال مارنا۔ غبن کرنا۔ رشوت لینا ۸۔
(جوبن) لطف حاصل کرنا۔ **لوٹے جانا** (لازم) لگاتار دوسرے
کا مال غبن کرتے جانا۔ رشوت لیتے جانا۔

امثال واقوال لوٹ بنولوں کی

گھاؤ گدھیا کا۔ نقصان بہت فائدہ کم **لوٹ کا موسل
بھی بہت**۔ **لوٹ کے ترپھل بھی بھلے**۔ **لوٹ کے
موسل بھی بھلے**۔ مفت کی ادنیٰ چیز بھی اچھی ہے
کوئلوں کی۔ مار برچھی کی۔ نقصان بہت فائدہ کم
لوٹ لائے کوٹ کھایا۔ مفت کا مال حاصل کیا اور مزے
اڑائے **لوٹ میں چرخہ بھی غنیمت ہے** (نفع) مفت
کی ادنی چیز بھی اچھی ہوتی ہے **لوٹو رے گھر کوئی نہیں
ہنڈیا ہے تو ڈوئی نہیں**۔ جہاں بدانتظامی ہو جو چاہو سو
لو۔ **لوٹے مارے جو ہاتھ آجائے**۔ **چھینے جھپٹے جو کچھ
مل جائے**۔

لوٹ (ہ) ۔ امر۔ لوٹنا کا ۲۔ (مونث) ۱۔ لڑکنی
۔ لوٹنی۔ غلطیدگی ۳۔ کروٹ۔ پہلو ۴۔ عاشق۔ فریفتہ۔ مفتون ۵۔ للعہ
کسی چیز کی خواہش میں بیقرار ۶۔ پرندوں کے لوٹنے کی جگہ
پہلوانوں کے کشتی کرنے کی جگہ۔ اکھاڑہ (س) لُٹ۔ لوٹنا،
لوٹا (ماضی) لوٹنا کی **لوٹا لوٹا پھرنا** (لازم) ۱۔ درد یا صدمہ
سے تڑپنا۔ بے تابانہ پچھاڑیں کھانا۔ مضطربانہ تجنیاں کھانا۔

۲۔ لڑھکتا پھرنا **لوٹ پوٹ** (صفت) پوٹ تابع مہمل ہے
۱۔ غلطاں۔ لڑکتا پڑکتا۔ لوٹنیاں کھاتا ہوا ۲۔ عاشق۔ مفتون ۳۔
مضطرب۔ بیقرار ۴۔ اوپر تلے۔ الٹ پلٹ **لوٹ پوٹ** (بیٹ)
کر اٹھ کھڑا ہونا (لازم) عو۔ بیمار ہو کر اچھا ہو جانا **لوٹ
پوٹ ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱۔ غلطاں پیچاں ہونا۔ لڑکنیاں
کھانے لگنا ۲۔ بیتاب ہو جانا۔ مضطرب ہو جانا ۳۔ فریفتہ ہو جانا۔
عاشق ہو جانا ۴۔ صاحب فراش ہو جانا ۵۔ دفعتہً مر جانا۔ تڑپ کر
مر جانا۔ **لوٹتا پھرنا** (لازم) ۱۔ تڑپتا پھرنا۔ مضطربانہ پھرنا۔ بیقرار
رہنا ۲۔ زمین پر لڑھکنا پھرنا **لوٹ جانا** (لازم) ۱۔ لڑھکنا۔ لڑکنی
کھانا ۲۔ لوٹ ہو جانا ۳۔ مکر جانا۔ بے ایمانی کر جانا **لوٹ لگانا**
(متعدی) ۱۔ لڑھکنا۔ لڑکنی کھانا ۲۔ لیٹ جانا ۳۔ (دیہ) فریفتہ ہونا۔
کسی چیز پر عاشق ہونا ۴۔ ضد کرنا۔ مچلنا **لوٹن** (صفت) ۱۔ لوٹنے والا۔
تڑپنے والا۔ پھڑکنے والا۔ پچھاڑیں کھانے والا ۲۔ قلا بازیاں
کھانے والا ۳۔ (مذکر) ایک قسم کا کبوتر جسے ہاتھ لگا کر چھوڑ دیں تو
وہ لوٹنیاں کھاتا ہے ۴۔ (مونث) ایک قسم کی عمدہ گلابی سی ۵۔
ایک قسم کی بیل ۶۔ کبوتروں کے لوٹنے کی جگہ ۷۔ پہلوانوں کے
کشتی لڑنے کی جگہ **لوٹنا** (لازم) ۱۔ لڑکنیاں کھانا۔ غلطاں ہونا
۲۔ کروٹیں بدلنا ۳۔ زمین پر تڑپنا ۴۔ خاک یا مٹی میں لیٹنا ۵۔ ضد کرنا۔
مچلنا ۶۔ ہنسی یا مستی میں زمین پر لیٹنا یا لڑکا لڑکا پھرنا ۷۔ صدمے یا
درد سے تڑپنا پھڑکنا ۸۔ مضطرب ہونا۔ بیقرار ہونا ۹۔ عاشق ہونا۔
فریفتہ ہونا ۱۰۔ لیٹنا۔ پڑنا۔ سونا ۱۱۔ آرام لینا۔ ستانا ۱۲۔ دفعتاً
مر جانا ۱۳۔ وجد میں آنا۔ وجد کرنا۔ حال آنا۔ رقص کرنا ۱۴۔ نہایت
خوش ہو جانا۔ پھڑک جانا ۱۵۔ سراہنا۔ عش عش کرنا ۱۶۔ رشک کرنا۔
حسد کرنا ۱۷۔ مکر جانا۔ انکار کر جانا ۱۸۔ (قسمت۔ نصیب وغیرہ) برگشتہ
ہونا۔ پھرنا ۱۹۔ (کوٹھی۔ بنک وغیرہ) ٹوٹنا۔ دوالہ نکلنا ۲۰۔ پیروں
میں گرنا۔ پڑنا۔ بچھنا۔ **لوٹنا پوٹنا** (لازم) پوٹنا تابع مہمل ہے۔
سونا۔ لیٹنا۔ بے تکلف ۔ جہاں چاہنا پڑ رہنا **لوٹن سجی**
(مونث) دیکھو لوٹن ۵۔ **لوٹن کبوتر** (مذکر) دیکھو لوٹن ۳۔ **لوٹنی**
(مونث) ۱۔ قلا بازی۔ لڑکنی ۲۔ صاف جواب۔ صاف انکار **لوٹنیاں**
(مونث) لوٹنی کی جمع **لوٹنیاں کھانا** (متعدی) ۱۔ تڑپنا۔ پھڑکنا۔
بیقرار ہونا ۲۔ قلابازیاں کھانا **لوٹنے کی جائے ہے** ۱۔ بڑا لطف
ہے۔ عجب سیر تماشا ہے ۲۔ پھڑکنے کا مقام ہے ۔ دلچسپی کا
موقع ہے **لوٹنی لینا** (متعدی) بالکل انکار کرنا۔ صاف کرنا ۔
بے ایمانی کرنا۔ **لوٹ ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱۔ کسی اچھی چیز کو
دیکھ کر وجد میں آجانا ۲۔ مشتاق ہونا ۳۔ (پر) عاشق ہونا۔ فریفتہ
ہونا۔

لوٹ (ہ۔ ت) ۔ مذکر، ٹوٹ کا مخفف۔

لوٹا (ہ) ۔ مذکر۔ ۱۔ ایک قسم کا ٹونٹی دار پانی کا برتن
جو کلی یا دھات کا ہوتا ہے ۲۔ بڑی لٹیا چیل کا گڑوا (س) لُٹ۔

لوٹنا، **لوٹا اٹھانا** (متعدی) ۱۔ ذلیل خدمت کرنا ۲۔ ادنے درجے
کی خدمتگاری کرنا **لوٹا اُٹھوانا** (لازم) ذلیل کام لینا۔ **لوٹا بھی
نہ اٹھوانا یا رکھوانا** (متعدی) سخت نفرت ظاہر کرنے کے موقع
پر کہتے ہیں۔ لوٹا جو کی پر نہ رکھواؤں یا اس سے ذلیل سے
ذلیل کام بھی نہ لوں۔ **لوٹا رکھنا** (متعدی) دیکھو لوٹا اٹھانا۔
لوٹا رکھوانا (لازم) ذلیل کام لینا **لوٹا سجی یا کھار** (مونث)
دیکھو لوٹن سجی۔ لوٹ کے تحت میں **لوٹے** (مذکر) لوٹا کی جمع ۔ حروف
مغیرہ سے پہلے بجائے لوٹا کے **لوٹے ڈالنا** (متعدی) نہانا۔ غسل
کرنا۔ **لوٹے میں نمک ڈالنا یا گھولنا** (متعدی) ۱۔ جب ہندو
کوئی عہد کرتے ہیں تو پانی کے لوٹے میں نمک کی کنکری ڈالتے ہیں
مطلب یہ ہوتا ہے کہ اگر بدعہدی کروں تو اس طرح گھل جاؤں
جیسے نمک کی کنکری ۲۔ مجازاً سخت قسم کھانا بخت عہد کرنا۔

لُوٹائی۔ لُوٹی۔ لُوٹیا (ہ) ۔ مونث، لوٹ۔

لَوٹھا (ہ) ۔ صفت ۱۔ ہٹا کٹا۔ موٹا تازہ۔ موٹا
مشنڈا ۲۔ کنبہ ناتراش (س) لونت۔ مٹی کا ڈھیلا، **لوٹھا
مشنڈا** ہے (عو) موٹا تازہ ہے **لوٹھی** (صفت۔ مونث) لٹھا
کی۔

لُوث (ع) ۔ مذکر ۱۔ آمیزش۔ ملاوٹ ۲۔ داغ۔
دھبہ۔ عیب ۳۔ آلودگی (لوث۔ آلودہ ہونا) **لوث دینا** (مذکر)
دنیا کی محبت۔

لُوچ۔ لُوچ (ف) صفت ننگا۔ برہنہ **لوچ
لاچ کرنا** (متعدی) ننگا کرنا۔ برہنہ کرنا۔ کپڑے اتار لینا۔

لُوچ۔ لوچ (ف) صفت، بھینگا۔

لوچ (ہ) ۔ مذکر ۱۔ نرمی۔ ملائمت ۲۔ لچک۔
نزاکت ۳۔ حسن خوبصورتی (س) رُچ۔ چکنا ۴۔ لیس۔ چیپ ۵۔ چیپ چپا
چیپیدگی۔ لیس کا بگڑا ہوا ۶۔ بالوں کو راکھ لگا کر اکھاڑنے کو
کہتے ہیں۔ بالوں کا نوچنا۔ نوچ کا بگڑا ہوا۔ **لوچدار** (صفت) ۱۔
نرم۔ ملائم ۲۔ لچکدار۔ نازک۔ لطیف ۳۔ لیسدار **لوچ دینا** (متعدی)
آٹے کو گھی دے دے کر لیس پیدا کرنا۔ **لوچ ہونا** (لازم)
۱۔ لچک ہونا ۲۔ نرمی ہونا ۳۔ لس ہونا۔

لوچا۔ لوچک (ہ) ۔ مذکر ۱۔ گوشت کا لوتھڑا
۲۔ دوسری صورت میں۔ کاجل ۳۔ ایک زیور۔

لوچن (س) ۔ صفت ۱۔ چمکدار ۲۔ دخشاں۔ منور ۳۔
(مذکر) ایک مصنف ۴۔ (مونث) آنکھ ۵۔ (ہ) دیکھنا **لوچنا** (مونث)
ایک بدھ دیوی۔

لوچن (ہ) ۔ مذکر، اوچھن۔

لوچنا (ہ) ۔ مذکر، دیکھو لوچا۔

لوچہ (ہ) ۔ مذکر، دیکھو لوچ ۵۔

لَوح (ع) ۔ مونث ۱۔ لکھنے کی تختی ۲۔ تختی ۳۔ ورق

۲۔ ٹائیٹل پیج۔ کتاب کا پہلا ورق جس پر کتاب اور مصنف کا نام ہوتا ہے۔ ۳۔ وہ بیل بوٹا جو کسی کتاب کے شروع میں بناتے ہیں ۴۔ سرنامہ۔ عنوان ۵۔ پتھر کی چوڑی سل جو قبر کے سرہانے لگاتے اور جس پر مدفون کا نام تاریخ وفات وغیرہ لکھے یا کندہ کئے ہوتے ہیں ۶۔ وہ تختی جس میں طلسم فتح کرنے کا طریقہ درج ہوتا ہوتا ہے ۷۔ لوح محفوظ (تر) خ۔ ظاہر ہونا۔ **لوحِ پاک** (مونث) کوری پٹی یا تختی جس پر ابھی کچھ لکھا نہ گیا ہو **لوحِ پیشانی** (مونث) پیشانی کا لوح سے استعارہ کرتے ہیں کیونکہ خیال ہے کہ پیشانی کی لکیریں قسمت کی تحریریں ہیں **لوحِ تربت** (مونث) دیکھو لوح نمبر ۵ **لوحِ تعلیم** (مونث) تختی۔ پٹی۔ **لوحِ جبیں** (مونث) دیکھو لوح پیشانی **لوحدار** (مذکر) وہ جس کے قبضے یا حفاظت میں لوح طلسم ہو۔ **لوحِ دل** (مونث) لوح کا دل سے استعارہ کرتے ہیں کیونکہ خیال ہے کہ باتیں دل پر نقش ہو جاتی ہیں زمانۂ حال کی تحقیق نے یہ خاصیت دماغ میں ثابت کی ہے۔ **لوحِ دل پر کندہ (نقش) ہونا** (لازم) دل پر کسی بات کا ایسا اثر ہونا کہ کبھی نہ بھولے **لوحِ زبرجد** (مونث) توریت بیان کیا جاتا ہے کہ جب حضرت موسیٰ کوہ طور سے واپس آئے تو وہ دو لوحیں ہمراہ لائے جن پر ۱۰ احکامات کھدے ہوئے تھے۔ جب انہوں نے بنی اسرائیل کو گوسالہ کی پرستش کرتے دیکھا تو ان کو زمین پر دے مارا اور ایک لوح ٹوٹ گئی **لوحِ طلسم** (مونث) دیکھو لوح ۶۔ **لوحِ قبر۔ مرقد یا مزار** (مذکر) دیکھو لوح ۵۔ **لوحِ محفوظ** (مونث) مسلمانوں کے اعتقاد میں ایک تختی جس پر انسان کے تمام افعال لکھے ہوئے ہیں جس میں کوئی ردوبدل نہیں ہو سکتا۔ اس سے مراد علم الٰہی ہے۔ **لوحِ مشق** (مونث) لکھنے کی پٹی یا تختی **لوح نویس** (مذکر) کتابوں کے سرورق بنانے والا۔ نقاش۔ مصور۔ **لوح و قلم** (مونث) ۱۔ تختی اور قلم ۲۔ لوح محفوظ اور قلم قدرت۔

لَود (ھ) مذکر) چھڑی۔ بید۔ عصا۔ لاٹھی **لودڑا** (مذکر) دیکھو لود۔

لودا (ھ۔ مذکر) مٹی کا ڈھیلا۔

لودھ (ہ۔ مذکر) ۱۔ درخت لودھ کی چھال جو دوائیوں میں پڑتی ہے ۲۔ ایک قسم کی بوٹی جو دوائیوں کے کام آتی ہے **لودھر** (مذکر) ایک درخت جو کوہ ہمالیہ پر ہوتا ہے **لودھرہ** (مذکر) دیکھو لودھ ۱۔

لَور۔ لور۔ لَوَر (ھ۔ مذکر) شعلہ۔ لپٹ۔

لُور (ھ۔ مونث) چھوٹائی۔ چھوٹاپن۔

لَوَر (۱۷۷۱ء۔ ۱۸۶۸ء) ہمبول۔ آئرش ناول نویس اور گانے لکھنے والا۔

لُور (ھ۔ مذکر) عقل سمجھ۔

مثل۔ لورند اور چلا میاں جگدیش

پلُور۔ کوئی اپنی لیاقت سے بڑھ کر کام کرے تو کہتے ہیں۔

لور (ھ۔ مذکر) ۱۔ آنسو ۲۔ دیکھو لول۔

لُورا (ھ۔ مذکر) آوارہ مرد۔ ڈومنیوں کی اصطلاح **لوری** (مونث) آوارہ عورت۔

لُوری (ھ۔ مونث) ایک قسم کا بڑا طوطا۔

لُوری (ف۔ مونث) کوڑھ۔

لوری (ھ۔ مونث) وہ گانے جو عورتیں بچوں کو سلانے کے لئے دھیمے سُروں میں گاتی ہیں (س لولا۔ زبان) **لوریاں یا لوری دینا** (متعدی) بچوں کو سلانے کا گیت گانا۔

لوری (ف۔ صفت) ۱۔ گستاخ۔ بے حیا ۲۔ نازک ۳۔ بانکا ۴۔ (مذکر) ایران میں ایک آوارہ گرد قوم جو افغانستان کی سرحد پر آباد ہے۔

لوڑ (ھ پ۔ مونث) ضرورت۔ حاجت۔ خواہش۔ طلب۔

لَوڑا (ھ۔ مذکر) ۱۔ آلۂ تناسل تفنیب مذکر لنڈ ۲۔ (ھ) لونڈا (س لُن یا لُنڈ۔ ہانا) **لوڑا پیلا کرنا** (متعدی) گالی گلوچ کرنا۔ گالیاں دینا۔ فحش بکنا۔ بدزبانی کرنا (عف) **لوڑا جھوڑی** (مونث) لڑائی جھگڑا۔ چھینا جھپٹی ۲۔ فحش کلامی۔ ۳۔ بدتہذیبی کی تکرار (عف)

لوڑھ (ہ۔ مونث) خواہش۔ آرزو **لوڑھنا** (متعدی) خواہش کرنا۔ چاہنا۔

لوڑھ (ہ۔ امر) لوڑھنا کا **لوڑھنا** (متعدی) ۱۔ کپاس سے بنولے علیحدہ کرنا ۲۔ (ھ) کترنا ۳۔ سینا ۴۔ بینا ۵۔ چننا ۶۔ دیکھو لوڑھ ۵ (مذکر) خوشہ چینی **لوڑھی** (مونث) ۱۔ کپاس سے بنولے علیحدہ کرنے کی مشین ۲۔ کنارے کی سلائی۔ سلائی کا جوڑ **لوڑھیا** (مونث) دیکھو آخری ۲۔

لوڑھا (ہ۔ مذکر) ۱۔ سل بٹا ۲۔ مہاجنوں کی ایک گوت **لوڑھیا** (مذکر) لوڑھا ۱ کی تصغیر چھوٹا سل بٹا۔

لَوز (ع۔ مونث) ۱۔ بادام ۲۔ بادام اور پستہ مفرح تراشی ہوئی مٹھائی (تن ز۔ باداموں سے بھرنا) **لوزات** (مونث) لوزیات کا مخفف (کترنا کے ساتھ) **لوزات کی گوٹ** (مونث) ایک قسم کی گوٹ جو مفرح تراش کر رضائی وغیرہ میں لگاتے ہیں۔ سموسے کی گوٹ **لوزیات** (مونث) ۱۔ لوز کی جمع ۲۔ بادام کا حلوا۔ **لوزینہ** (مذکر) ۱۔ بادام کا حلوا ۲۔ ایک قسم کی مٹھائی جس میں بادام پستہ ڈالتے ہیں۔

لُوس (انگ۔ اردو) مذکر) لیس کا محرف۔ لشکری زبان میں روپہلی یا سنہری فیتہ۔ کلبتو یا تاروں کا چوڑا فیتہ۔

لُوس (ع۔ مذکر) ۱۔ چکھنا ۲۔ مزا (تر س۔ چکھنا)

لُوسَرن (انگ۔ مونث) ایک قسم کی گھاس جو گھوڑوں کے لئے مفید ہے۔ ایک دفعہ بونے سے کئی سال تک کام دیتی ہے۔

لوشٹ (س۔ مذکر) ۱۔ مٹی کا ڈھیلا ۲۔ لوہے کا زنگار۔ لوہ چون

لَوط (ع۔ مذکر) ۱۔ ملانا۔ جوڑنا ۲۔ دوستوں میں صلح و ملاپ کرانا ۳۔ پیارا ہونا ۴۔ کوئی چیز جو چمٹے ۵۔ کوئی چیز جو پسند ہو ۶۔ رجحان ۷۔ محبت۔ الفت ۸۔ وہ آدمی جو کاروبار میں مشتاق ہو ۹۔ چنجہ (لَوط۔ ملانا)

لُوک (ھ۔ مذکر) ۱۔ شعلہ۔ لپٹ ۲۔ آگ ۳۔ آنچ ۴۔ گرم ہوا۔ لُو (س۔ اُلکا)

لوک (س۔ مذکر) دنیا۔ عالم۔ طبقہ۔ پردہ **لوکالوک** (مذکر) پہاڑ کا وہ فرضی سلسلہ جو ساتوں سمندروں کے گرداگرد خیال کیا جاتا ہے اور دنیا کی حد سمجھا جاتا ہے۔ **لوک پال** (مذکر) دنیا کا محافظ

لَوکا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا کدو۔ گھیا کدو ۲۔ (مذکر) بجلی۔ برق۔

لُوکا (ہ۔ مذکر) ۱۔ شعلہ۔ لپٹ۔ لو۔ لاٹ ۲۔ آگ۔ آنچ ۳۔ لکڑی کا جلتا ہوا ٹکڑا۔ جھلسا۔ جلتی ہوئی لکڑی (لوکنا سے) **لوکا اُٹھنا** (لازم) شعلہ بلند ہونا **لوکا پڑنا یا دینا** (لازم) لوکا لگنا (مت) **لوکا لگا دینا** (متعدی) آگ لگا دینا۔ جلا دینا۔ جھلس دینا۔ پھونک دینا۔ بتی لگا دینا۔ **لوکا لگانا** (متعدی) ۱۔ دیکھو آخری ۲۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا ۳۔ خراب کرنا۔ ناس کرنا ۴۔ شرمندہ کرنا۔ خفیف کرنا ۵۔ جھگڑا پیدا کرنا۔ فساد ڈالنا **لوکا لگاؤں** (کلمہ تنفر) آگ لگاؤ۔ نام نہ لو **لوکا لگ جائے یا لگے** (بددعا) مرے۔ غارت ہو۔ چولھے میں جائے **لوکا لگنا** (لازم) ۱۔ جلنا۔ آگ لگنا ۲۔ غارت ہونا۔ برباد ہونا۔

لُوکاٹ (ہ۔ مذکر) تلفظ لُکاٹ۔ ایک میوہ جو پہلے پہل چین اور جاپان سے آیا تھا۔

لوکارِتھم (یو۔ مذکر) حساب کا ایک سلسلہ جس سے حساب مختصر ہو جاتا ہے۔

لُوکٹ (ہ۔ مونث) ادھ جلی لکڑی۔ لکٹی۔ لوکا۔ لُکٹ۔

لُوکٹی (ھ۔ مونث) لومڑی۔

لوکڑا (ھ۔ مذکر) ۱۔ لڑکا طفیل ۲۔ وہ لڑکا جو دیوتا یا کسی دیوی کی خدمت کیلئے مقرر ہوتا ہے ۳۔ وہ لڑکا جسے دیوی کی پوجا کے بعد اس کے نام پر کھانا کھلایا جاتا ہے۔

لوکڑی (ھ۔ مونث) ۱۔ دیکھو لکڑی ۲۔ لومڑی۔
لوکڑیا (ھ۔ مذکر) ۱۔ دیکھو لوکڑا ۲۔ بھیروں کا لقب۔
لوکِک (س۔ صفت) **لوکِک** (ھ) ۱۔ دنیاوی۔ ارضی ۲۔ مشہور۔ معروف۔ معلوم ۳۔ معمولی۔ رسمی۔ عام۔
لوکل (انگ۔ مذکر) ایک جگہ کے متعلق مقامی۔
لوکل بورڈ (مذکر) ایک محکمہ جو صحت عامہ کے لئے بنایا گیا تھا اب بعض ملکوں میں وزارت صحت مقرر کی گئی ہے **لوکل ٹرین** (مونث) ریل گاڑی جو بہت آہستہ آہستہ چلتی ہے اور ہر چھوٹے اسٹیشن پر ٹھہری ہوتی ہے۔ یہ عموماً ایک بڑے اسٹیشن سے دوسرے بڑے سٹیشن تک جاتی ہے **لوکل سیلف گورنمنٹ** (مونث) مقامی حکومت خود اختیاری۔ ڈسٹرکٹ بورڈ، میونسپل کمیٹیوں کا انتظام جو منتخب ممبران کرتے ہیں۔ اس کے اخراجات کے لئے علیحدہ ٹکس ہوتے ہیں۔ اور مالگزاری میں سے اس پر کچھ خرچ نہیں کیا جاتا۔

لوکنا (ھ۔ لازم) ۱۔ بجلی چمکنا۔ چمکنا۔ روشن ہونا (س لوک۔ دیکھنا) ۲ (ھ) گیند لپکنا (س لُپ۔ پکڑنا)
لُوکنا (ھ۔ لازم) ۱۔ دھوپ سے جلنا ۲۔ لو لگنا۔ گرم ہوا کا اثر ہونا ۳۔ سرسام۔ جھلسا لو (لوک سے ہے) (متعدی) دیکھنا۔ ملاحظہ کرنا (س لوک۔ دیکھنا)
لوکنا (ھ۔ متعدی) ۱۔ دیکھنا (س لوک دیکھنا) ۲۔ گیند لپکنا (س۔ لُپ۔ پکڑنا)
لوکنی (ھ۔ مونث) ملازمہ۔ خادمہ۔
لوکواہی۔ لوکوائی (ھ۔ مونث) آگ لگنا۔ آتشزدگی۔ اگواہی۔
لُوکھ (ہ۔ مونث) شعلہ۔ لوکا لوکھ (پ) یا۔ (متعدی) ۱۔ آگ پھونک کر بھڑکانا ۲۔ فریفتہ کرنا۔ عاشق بنانا۔
لوکھٹی (ھ۔ مونث) لومڑی۔
لوکھر (ھ۔ مذکر) ۱۔ لوہے کا اوزار ۲۔ لوہے کا سامان ۳۔ پرانا لوہا ۴۔ مال واسباب۔ اگڑ کھنگڑ۔
لوکھری۔ لوکھڑی (ھ۔ مونث) لومڑی۔
لَوکی (ہ۔ مونث) ۱۔ لمبا کدو ۲۔ ایک قسم کی آتشبازی۔
لوکی (سویڈن نارو سے ز عس) ایک طویل القامت قوم جو دیوتاؤں سے پہلے حکمران تھی۔
لوگ (ہ۔ مذکر) ۱۔ آدمی۔ اشخاص۔ مردم خلایق جمع استعمال ہوتا ہے ۲۔ ذات۔ قوم ۳۔ خاوند۔ شوہر۔ پتی (مخف ہ س لوک) **لوگ گنتی** (ھ) مردم شماری **لوگ لاج** (مونث) لوگوں کی عزت۔ ذرا سا کہ **لوگ باگ** (مخف۔ مذکر) عوام۔ عام لوگ **لوگ لگائی** (مذکر) زن ومرد۔ عورت مرد۔ **لوگو** (ندا) اے لوگ۔ **لوگوں** (مذکر) بجائے لگ حرف ربط سے بنے **لوگ ہنسائی** (مونث) جگ ہنسائی۔
لُوگا (ہ۔ مذکر) ۱۔ کپڑا۔ لتا۔ پارچہ ۲۔ لپیٹنے کا کپڑا۔ پٹی لپیٹن۔
لوَل (س۔ صفت) **لول** (ھ) ۱۔ کانپتا ہوا۔ لرزاں ۲۔ گھبرایا ہوا۔ حیران۔ پریشان ۳۔ ہلانے والا ۴۔ بیوفا۔ متلون مزاج ۵۔ خواہشمند۔ حریص۔ لالچی ۶۔ پُر شہوت ۷ (مذکر) تموج۔ ہلورا۔ لہر ۸۔ ہلکی سی رنجش یا جھاگ ۹۔ آنسو جو آنکھوں میں ڈبڈبا آئیں ۱۰۔ جھمکا۔ آویزہ ۱۱۔ کنول ۱۲۔ آلہ تناسل۔ **لولا** (مونث) ۱۔ زبان ۲۔ بجلی ۳۔ حلق کا کوا۔
لُولا (ہ۔ صفت) ۱۔ جس کے ہاتھ بیکار ہوں۔ لنجا ۲۔ لکھنؤ، لنگڑا۔ پیروں سے اپاہج۔
لُولاس (ھ۔ مذکر) ۱۔ نشانی ۲۔ مہربانی۔ عنایت **لولاسی** (مونث) پھولوں کی جھڑیاں جو سالیاں دولہا کو بہت زور سے مارتی ہیں۔ جب وہ پہلی دفعہ زنانے مکان میں جاتا ہے (کھیلنا۔ مارنا کے ساتھ)
لولُپ (س۔ صفت) ۱۔ بہت خواہشمند ۲۔ آرزومند ۳۔ حریص۔ لالچی۔
لولک (ھ۔ مذکر) ۱۔ جھمکا۔ آویزہ ۲۔ بالا ۳۔ ننھا **لولکی** (مونث) ۱۔ چھوٹا آویزہ ۲۔ بنا گوش۔
لولکا (س۔ مونث) کھٹا ساگ۔ چوکا۔ ترسا۔
لولنا (ھ۔ متعدی) ہلانا۔ حرکت دینا۔
لُولُو (ع۔ مذکر) بڑا موتی۔ موتی (لالا۔ چمکنا۔ لآلی جمع) **لولوے لالا** (مذکر) چمکنے والا موتی۔
لُولُو (ف۔ مذکر) ۱۔ ایک ڈراؤنی شکل جو بچوں کو ڈرانے کے لئے بناتے ہیں ۲۔ وہ مہیب آواز جس سے بچوں کو ڈراتے ہیں ۳۔ ایران کی ایک قومی گرجی ۴۔ ایک قسم کی بڑی چیچک ۵ (صفت) بیوقوف ۱۔ احمق ۲۔ پاگل۔ باؤلا۔ سودائی۔ **لولو بنانا** (متعدی) بن جانا۔ **بننا** (لازم) کر دینا (متعدی) ۱۔ بیوقوف بنانا۔ احمق بنانا ۲۔ لولو کہہ کر چھیڑنا **لولو** ہے کسی کو چھیڑنے کے لئے پیچھے سے آوازیں دیتے ہیں۔
لولو (ہ۔ مذکر) بچوں کا آلہ تناسل (س ٹل ہٹنا)
لُولی (ف۔ مونث) ۱۔ رنڈی قحبہ ۲۔ ناچنے والی عورت۔ رقاصہ۔ طوائف **لولی فلک یا گردوں** (مونث) ستارہ زہرہ۔
لولی (ھ۔ مونث) لوری
لَولِین (ہ۔ صفت) کسی بات میں ڈوبا ہوا۔ مستغرق۔ محو۔ غرق۔
لُوم (ع۔ مذکر) ۱۔ الزام لگانا۔ مورد الزام کرنا ۲۔ تنبیہہ کرنا ۳۔ الزام۔ بہتان ۴۔ تنبیہہ۔ سرزنش۔ ملامت۔ دلوم۔ الزام لگانا **لومت** (مونث) ملامت۔ ملامت کرنا۔
لُوم (ع۔ مذکر) ۱۔ کمینہ پن۔ رذالت ۲۔ حرص ولالچ ۳۔ بری عادت۔ عیب۔ (لائم۔ الزام لگانا)
لُوَم (س۔ مذکر) **لوم** (ھ) دُم۔ گچھے دار دُم۔
لُوم (س۔ مذکر) ۱۔ چھوٹے بال ۲۔ اون۔ پشم ۳۔ گچھے دار دم بجائے لومن کے مرکبات میں استعمال ہوتا ہے
لوم (ھ۔ مذکر) ۱۔ مثلث کا قاعدہ ۲۔ بہرہ ۳۔ ینتری طلایہ۔
لُومڑ (ہ۔ مذکر) **لومڑی** (مونث) ۱۔ ایک درندہ جو بلی سے بڑا ہوتا ہے۔ اس کی دم گچھے دار ہوتی ہے۔ روباہ۔ ثعلب ۲ (صفت) مجازاً۔ مکار۔ عیار۔ فریبی (س لوم گچھے دار دُم)

مثل۔ لومڑی کے شکار کو جائیے تو شیر کا سامان کیجئے، شیر کا سامان چاہیئے چھوٹے سے کام کے لئے بھی بہت سا انتظام کرنا چاہیئے۔

لُومنا (ہ۔ لازم) ۱۔ گھٹا ۲۔ بادلوں کا جھوم کر آنا ۲۔ منحصر ہونا۔
لَون (ع۔ مذکر) ۱۔ رنگ ۲۔ خط ۳۔ شکل ۴۔ چہرے کی رنگت ۵۔ قسم۔ نوع۔
لَون۔ لُون (ھ) **لون** (ہ۔ مذکر) ۱۔ نمک ۲۔ ب فصاحت میں کم بولتے ہیں ۳ (ھ) نمکینی ۴۔ کھاری سمندر ۵ (صفت) نمکین۔ لونا۔ لونا (صفت) ۱۔ سلونا۔ نمکین ۲۔ کھاری۔ شور ۳ (مذکر) وہ شور جو دیواروں یا زمین پر پیدا ہو جاتا ہے **لوناپن** (ھ) ۱۔ نمکینی ۲۔ مزہ۔ چاٹ ۳۔ ملاحت ۴۔ نفاست۔ **لوناچاری** (مونث) بنگال کی ایک مشہور جادوگرنی۔ **لونار** (مذکر) وہ زمین جس میں نمک پیدا ہوتا ہے۔ **لونائی** (ھ) دیکھو لوناپن **لون چھڑکنا** (متعدی) دیکھو نمک چھڑکنا **لون مرچ آنکھوں میں بھرنا** (لازم) دیکھو آنکھوں میں لون الخ **لون مرچ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱۔ بات بڑھا کر بیان کی جانا ۲۔ حاشیہ چڑھنا ۳۔ بھڑکنا۔ اکسایا جانا **لونی** (مونث) ۱۔ شور۔ کھار ۲۔ وہ نمک مٹی جو مکانوں سے جھڑتی ہے۔ **لونیا** (مذکر) ایک قسم کا ساگ جو نمکین اور کسی قدر ترش ہوتا ہے۔ اور از قسم خرفہ ہوتا ہے ۲۔ نمک ساز۔ نمک بنانیوالا شخص ۳۔ نمک فروش وہ بنجارہ جو صرف نمک کی تجارت کرتا ہے **لونی جھڑنا** (لازم) شور والی مٹی دیواروں سے گرنا **لونی لگنا** (لازم) شور پیدا ہونا۔ کھار ہونا۔

مثل لونے کا لون گرا دونا ہوا نیلی کا تیل گرا بیننا ہوا۔ کسی کام میں ایک کو فائدہ ہے دوسرے کو نقصان۔

لَوَن (س۔ مذکر) ۱۔ کاٹنا۔ فصل کاٹنا۔ درو کرنا ۲۔ نمک۔ زن ۳۔ (صفت) نمکین۔ ملیح ۴۔ حسین۔ خوبصورت **لونا** (صفت) ۱۔ نمکین۔ لونا ۲۔ خوبصورت۔ ملیح ۳۔ (مونث) ۱۔ دشمنی۔ زرہ۔

لَوں۔ لوں (ہ) حرف جار۔ تک۔ تک۔ تگ۔

لُوَن (س۔ صفت) ۱۔ کٹا ہوا ۲۔ چنا ہوا ۳۔ زخمی۔ تباہ **لونی** (مونث) ۱۔ کاٹنا۔ درو کرنا۔ چاول۔

لوں (ہ۔ مونث) (دیکھو لونگ مت)

لونبَڑ (ہ۔ صفت) طویل القامت ۱۔ احمق۔ لمبا بیوقوف۔ دراز قد اور احمق۔

لَونجی (ہ۔ مونث) کچے آموں کی پھانکوں کا اچار۔

لونچنا (ہ۔ متعدی) نوچنا (خف)

لَوَند (ہ۔ مذکر) ۱۔ وہ مہینہ جو ہر تیسرے برس ہندو نسی حساب میں بڑھایا جاتا ہے ۲۔ (صفت) کہ پتہ نابید۔ فضول (س ٹوٹنا کاٹنا) **لوندا** گیلی چیز یا مٹی کا ڈلا۔ تگدا **لوند کا موسل** (مذکر) خواہ مخواہ دخیل لونڈی۔ **لونڈری** (ہ) چھوٹا ڈلا۔

لونڈرف۔ صفت ۱۔ آزاد۔ خود مختار ۲۔ جس کی کوئی رہنے کی جگہ نہ ہو ۳۔ غافل۔ جاہل۔ بیوقوف ۴۔ جسے نہ خوف خدا ہو نہ لوگوں کا ڈر ہو ۵۔ عیاش۔ بدکار ۶۔ (مذکر) سپاہی۔

مثل۔ لوند شود خصم خدائی۔ جس عورت کا کوئی روکنے ٹوکنے والا نہ ہو اور وہ آزاد پھرے۔

لوندھ۔ لوندھا (ہ) دیکھو لوند۔ لونڈا۔

لونڈا (ہ۔ مذکر) ۱۔ وہ لڑکا جس کی داڑھی مونچھ نہ نکلی ہو ۲۔ کا طفل۔ بچہ ۳۔ بیٹا۔ پسر۔ پوت ۴۔ غلام۔ بردہ ۵۔ کام کاج کرنے والا لڑکا ۶۔ اغلام کرانے والا لڑکا جو لونڈے باز رکھتے ہیں۔ مفعول ۷۔ معشوق۔ یار۔ شاہد ۸۔ نادان ناتجربہ کار بچہ ۹۔ سفلہ۔ چھچھورا (س لُنڈ۔ حرکت کرنا) **لونڈاپن** (مذکر) لڑکپن۔ بچھوراپن **لونڈوں** (مذکر) لونڈا کی جمع **لونڈوں کھدیری یا گھیری** (مونث) ۱۔ وہ عورت جسے لڑکوں سے بدفعلی کرانے کا شوق ہو ۲۔ وہ عورت جو لونڈوں کے پیچھے پیچھے پھرے۔ زن بچہ باز۔ **لونڈوں ہائی** (صفت) ۱۔ لڑکوں سے رغبت یا صحبت رکھنے والی (عورت) ۲۔ طفل مزاج **لونڈھائی** (صفت۔ مونث) ۱۔ لڑکوں سے منسوب ۲۔ وہ عورت جو لڑکوں سے صحبت رکھے۔ **لونڈھائی صحبت** (مونث) لونڈوں کی محبت یا مجمع **لونڈھیلا** (صفت۔ مذکر) لڑکوں سے منسوب۔ لڑکوں سا ۲۔ وہ جو لڑکوں سے محبت رکھے **لونڈھایا کارخانہ** (مذکر) بچوں کا سا کھیل ۲۔ وہ کارخانہ جس میں ابتری ہو **لونڈی** (مونث) ۱۔ باندی۔ کنیز۔ داسی۔ چیری ۲۔ خدمت کرنے والی عورت۔ ٹہلنی ۳۔ (صفت) فرمانبردار۔ مطیع ۴۔ احسانمند **لونڈے** (مذکر) ۱۔ لونڈا کی جمع ۲۔ بجائے لونڈا حرف مغیرہ سے پہلے **لونڈیا** (مونث) لڑکی۔ بچی۔ چھوری۔ چھوکری۔ صبیہ ۲۔ بیٹی۔ دختر **لونڈے باز** (مذکر) اغلامی۔ بچہ باز۔ لوطی **لونڈے بازی** (مونث) اغلام (لواطت) کرنا ہونا کیسا تھ **لونڈی بچہ**۔ بچہ کا جنا۔ کے پیٹ کا (مذکر) ۱۔ وہ بچہ جو لونڈی کے بطن سے ہو۔ پرستار زادہ خانہ زاد غلام۔ کنیزک زادہ **لونڈے لاڑیئے** (مذکر) ۱۔ ناتجربہ کار بچے ۲۔ دغا باز لونڈے **لونڈے لپاڑیئے** (مذکر) کچی لونڈے۔

امثال واقوال۔ لونڈی اور کے پیر دھوئے اپنے دھوتی لجائے اوروں کے کام میں چستی اپنے میں سستی۔ لونڈی ڈائن سے بری۔ اگر جرم بن جائے۔ لونڈی کو لونڈی کہا رو دی بیوی کو لونڈی کہا ہنس دی کمینے کو کمینہ کہا جائے تو وہ برا مانتا ہے اور عالی خاندان کو کمینہ کہا جائے تو وہ ہنس کے ٹال دیتا ہے۔ شریف عالی حوصلہ ہوتا ہے لونڈی بن کر کمانا اور بیوی بن کر کھانا ۱۔ محنتی آدمی اپنی گزران امیرانہ کرتا ہے **لونڈے کا یار** شدخوار لونڈے باز ہمیشہ ذلیل رہتا ہے۔ **لونڈی کی خوشامد سے سسرال میں بس** کارندوں کو خوش رکھنے سے آقا بھی راضی رہتا ہے **لونڈی کی ذات کیا۔ رنڈی کا ساتھ کیا۔ بھیڑ کی لات کیا۔ عورت کی بات کیا**۔ لونڈی بچاری کی ذات کا کیا پوچھنا۔ رنڈی کا اعتبار کچھ نہیں۔ بھیڑ کی لات لگنے سے کیا نقصان ہوتا ہے۔ عورت کی بات قابل وقعت نہیں ہوتی **لونڈی نے دار پایا۔ پٹیوں کو تیل لگایا**۔ ذرا موقع ملا اور مال اڑا لیا۔ **لونڈی ہو کر کمانا۔ بی بی بن کر کھانا**۔ کما کر انسان مزے اڑاتا ہے۔

لَونڈر (انگ۔ مذکر) ۱۔ ایک خوشبودار بوٹی ۲۔ اس بوٹی کا عطر ۳۔ کوئی انگریزی عطر۔

لَونکڑا (ہ۔ مذکر) لڑکا۔ لونڈا۔

لَونگ (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک درخت جو لنکا اور جزائر شرق الہند میں ہوتا ہے ۲۔ اس کی کلی جسے سکھا کر مسالوں میں ڈالتے ہیں۔ اور جادوگر اس پر جادو کر کے کھلاتے ہیں۔ ۳۔ ناک کا ایک زیور جو اس کی شکل کا ہوتا ہے (س۔ لَوَنگ) **لونگ چڑے** (مذکر) ۱۔ بیسن کی پھلکیاں ۲۔ ایک قسم کے کباب جن میں بیسن کی آمیزش ہوتی ہے۔

لووا۔ (ہ۔ مذکر) لوٹڑ۔

لوہ (ہ۔ مذکر) ۱۔ لوہا کا مخفف ۲۔ لوہے کی تختی ۳۔ (دیکھو) توا جس پر کئی روٹیاں ایک وقت باآسانی پک سکتی ہیں (س) ۳۔ سرخ ہونا چونکہ زنگ لگ جانے سے سرخی مائل ہو جاتا ہے **لوہا** (مذکر) ۱۔ ایک مفرد دھات جو پانی سے ۷ گنا بھاری ہے۔ یہ سب دھاتوں سے مفید دھات ہے اصل حالت میں نہیں ملتی۔ کانوں میں آکسائیڈ آف آئرن کی شکل میں ملتی ہے اور اس سے آکسیجن جدا کر کے لوہا نکالتے ہیں۔ اس سے اوزار ہتھیار مشینیں اور اکثر کارآمد چیزیں بنتی ہیں۔ حدید۔ آہن ۲۔ ایک قسم کی چھوٹی استری جو درزی استعمال کرتے ہیں ۳۔ تلوار شمشیر ۴۔ (صفت) مضبوط۔ سخت (س لوہ) **لوہا بجانا** (حاشیہ) تلوار چلانا۔ شمشیر زنی کرنا۔ **لوہا برسنا** (لازم) تلوار چلنا۔ شمشیر زنی ہونا۔ جنگ ہونا۔ باہم جنگ ہونا **لوہا تیز ہونا** (لازم) ۱۔ تلوار تیز ہونا ۲۔ چھری تیز ہونا ۳۔ بس چلنا۔ قابو چلنا ۴۔ غالب ہونا ۵۔ زور دل پر ہونا **لوہا دینا یا کرنا** (متعدی) استری کرنا۔ کپڑے کی شکن گرم استری سے مٹانا **لوہار** (مذکر) ۱۔ وہ شخص جو لوہے کی چیزیں بنائے۔ آہنگر۔ حداد ۲۔ ہندوستان کی ایک قوم جو لوہے کا کام کرتی ہے۔ **لوہارخانہ** (مذکر) کارخانہ آہن۔ وہ جگہ جہاں لوہار کام کرتے ہیں۔ **لوہار خانہ میں سوئیاں بیچنا** (متعدی) ۱۔ بیوقوفی کا کام کرنا۔ لغو حرکت کرنا ۲۔ بیقدری کرنا **لوہار کی بھٹی** (مونث) وہ بھٹی جس میں لوہار آگ جلا کر لوہا گرم کرتا یا پگھلاتا ہے۔ **لوہارن**۔ **لوہانی** (دکھنی) **لوہاری** (دہلی) ۱۔ لوہار کی بیوی ۲۔ لوہار قوم کی عورت۔ **لوہا لاٹ یا لاٹھ** (صفت) ۱۔ بہت سخت۔ بہت مضبوط ۲۔ شکل کا فیئے ردیف یا زمین کے **لوہا لاٹھ ہو جانا یا لوٹنا** (لازم) ۱۔ تلوار کا مڑ جانا۔ شمشیر کا خمیدہ ہو جانا ۲۔ تلوار کا کارگر نہ ہونا۔ پورا ہاتھ نہ بیٹھنا ۳۔ قسمت لوٹ جانا۔ تقدیر پھوٹ جانا۔ **لوہا مان جانا یا ماننا** (لازم) ۱۔ کسی کی دلیری یا شجاعت کا قائل ہونا۔ کسی کو زبردست تسلیم کرنا۔ رعب ماننا۔ ڈرنا ۲۔ کسی کی استادی یا ہنر کا قائل ہونا۔ **لوہانگی** (مونث) ۱۔ وہ لاٹھی جس پر لوہے کے کیل اور حلقے لگے ہوئے ہوتے ہیں ۲۔ لوہے کی سلاخ۔ **لوہ بندا** (مذکر) ۱۔ دیکھو لوہانگی ۲۔ (صفت) لوہا لگا ہوا۔ **لوہ چون** (مذکر) لوہے کا چورا۔ برادۂ آہن۔ **لوہ سار** (مذکر) ۱۔ لوہے کی دکان ۲۔ بجائے لوہا حروف مغیرہ سے پہلے **لوہیا** (صفت) ۱۔ لوہے کا بنا ہوا ۲۔ (مذکر) لوہا لوہے کی چیزیں بیچنے والا۔ **لوہے ٹھنڈے ہو گئے**۔ امنگ جاتی رہی۔ ارادہ موقوف رہا۔ **لوہے کا پانی** (مذکر) آب جو تلوار خنجر وغیرہ کے پھل پر ہوتی ہے۔ **لوہے کا پل** (مذکر) وہ پل جس میں بہت سا لوہا لگا ہوا ہو۔ **لوہے کا**

دل (مذکر) سخت دل نڈر ہونے کی طرف کنایہ ہے۔ **لوہے کا کوٹنا** (متعدی) لوہے کو گرم اور سرخ کر کے نرم ہو جانے پر ہتھوڑے کی ضربیں لگانا۔ **لوہے کا میل** (مذکر) زنگ جو لوہے کو لگ جاتا ہے۔ خبث الحدید **لوہے کے چنے** (مذکر) مشکل کام۔ نہایت کٹھن کام (چبانا) چبانا ہونا کے ساتھ۔ **لوہے کی چھاتی** (مونث) سخت دلی کی طرف کنایہ ہے۔ **لوہے کی چھاتی (اور پتھر کا جگر) کر لینا** (متعدی) مصیبت جھیلنے کے قابل ہو جانا۔ سختی برداشت کرنے کا خوگر ہو جانا۔ سخت دل ہو جانا۔ پتھر کی چھاتی ہو جانا **لوہے کی لاٹ اتارنا** (متعدی) قتل کرنا۔ جان سے مارنا۔ مایوس کرنا۔ ناامید کرنا۔ **لوہے لگنا** (لازم) کسی بات کا یقین آنا **لوہے لگے** (صفت) تکلیفیں پیش آئیں۔ سختیں اٹھائیں۔ **لوہے میں ڈوبا ہونا** (لازم) پورے طور پر مسلح ہونا۔ زرہ بکتر پہنے اور ہتھیار لگے ہونا۔ ہتھکڑیاں۔ بیڑیاں وغیرہ پہنے ہونا۔

امثال۔ لوہا جانے لوہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے اصل معاملہ ان لوگوں کو ہی معلوم ہوتا ہے جن کے متعلق ہوتا ہے **لوہا ٹھنڈا گرم لوہے کو کاٹتا ہے۔** دیکھو ٹھنڈا لوہا الخ **لوہا کرے اپنی بڑائی ہم بھی ہیں مہادیو کے بھائی** وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی معمولی آدمی اپنی رشتہ داری بڑے آدمیوں کے ساتھ جتائے۔ **لوہار کی کونچی کبھی آگ میں کبھی پانی میں** سب سے ایک جیسا برتاؤ۔ **لوہے کے چنے علم کا سیکھنا** علم سیکھنا بڑی محنت کا کام ہے۔ **لوہے کی منڈی میں مار ہی مار** دیکھو سانپوں کی سبھا الخ

لوہار (ہ۔ مذکر) بے خودی۔ وجد۔ حال۔

لوہرا۔ لوہرا۔ لوہڑا۔ لوہڑا (ہ۔ صفت) چھوٹا۔ خورد۔ صغیر۔ بچہ۔ طفل۔

لوہو (ہ۔ مذکر) دیکھو لہو۔

لوہی (ہ۔ مونث) ۱۔ دیکھو لوئی ۲۔ سرخی جو آسمان پر دن نکلنے سے پہلے ہوتی ہے ۳۔ صبح ۴۔ چہرے کی رونق ۵۔ عزت۔ سرخروئی ۶۔ ایک قسم کا رنگین کپڑا (س لوہ۔ سرخ)

لوئر (انگ۔ صفت) ۱۔ نچلا۔ کم درجہ کا۔ گھٹیا ۲۔ ماتحت ۳۔ ابتدائی (دیکھی تفصیل بعض) **لوئر اسکول** (مذکر) ابتدائی مدرسہ یا اسکول۔ چھوٹا مدرسہ **لوئر پرائمری** (صفت) پہلی اور دوسری جماعت کو کہتے ہیں۔ **لوئر کلاس** (مونث) ابتدائی جماعت یا درجہ **لوئر گریڈ** (مذکر) گھٹیا درجہ۔ چھوٹا رتبہ **لوئر مڈل** (مذکر) پانچویں اور چھٹی جماعت کو کہتے ہیں

لوئی (ہ۔ مونث) ۱۔ اونی چادر۔ باریک کمبل ۲۔ گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا ۳۔ عزت کا کپڑا (س۔

لومیا) ۴۔ دپ (علی الصبح۔ منہ اندھیرے۔ (س لوہ۔ سرخ) **لوئی اترنا** (لازم) بے عزت ہونا۔

لوسے (ہ۔ مذکر) لوگ۔

لوسے (ہ۔ تف۔ دیہ) ۱۔ کو ۲۔ نزدیک قریب۔

لویا (ہ۔ مذکر) فصل کاٹنے والا شخص۔

لویا (ہ۔ مذکر) لینے والا شخص۔

لوین (ہ۔ مونث) آنکھ۔ چشم۔

لہاب (ع۔ مذکر) جلنا۔ دھکنا ۲۔ شعلہ گرمی۔

لہار (ہ۔ مذکر) **لہارن** (مونث) دیکھو لوہار۔ لوہارن۔ لوہ کے تحت میں۔

لہاڑا (ہ۔ صفت) ۱۔ لین دین کا کھوٹا۔ نادہند ۲۔ کمینہ۔ رذیل ۳۔ لیچڑ۔ لے کر نہ دینا والا ۴۔ وہ جو قرض کے دام نہ دینے والا۔

لہاس (ہ۔ مذکر) ۱۔ موٹا رسا۔ لاؤ کا رسا ۲۔ جہاز کا رسا ۳۔ بڑا ٹوکرا۔ **لہاسی** (مونث) چھوٹی رسی جس سے کشتی کھینچتے ہیں۔

لہان (ہ)، **لہان** (ہ۔ صفت)

لہان (ہ) خون آلودہ۔ خون سے بھرا ہوا۔ (س لوہ سرخ)

لہائی (ہ۔ مونث) ایک قسم کی لئی جو املی کے بیجوں کو کوٹ کر بنائی جاتی ہے اور جلد ساز استعمال کرتے ہیں۔

لہب (ع۔ مذکر) ۱۔ شعلہ بغیر دھوئیں کے ۲۔ سرخی ۳۔ اڑتی ہوئی مٹی (لہب۔ جلنا)

لہبر (ہ۔ مذکر) ۱۔ لمبی اور ڈھیلی پوشاک جبہ۔ لبادہ ۲۔ ایک قسم کا طوطا ۳۔ نیزہ ۔ چھریرا ۴۔ علم۔ جھنڈا۔ نشان۔ **لہبری** (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا طوطا۔

لہٹ (ہ۔ امر) لہٹنا کا **لہٹنا** (ہ۔ لازم) طبیعت کا مائل ہونا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ **لہٹی ہے** فریفتہ ہے۔ عاشق ہے (دکھنی)

لہجہ (ع۔ مذکر) ۱۔ بولنے کا خاص طریقہ جو صرف اہل زبان ہی ادا کر سکتے ہیں۔ وضع تکلم۔ طرز کلام ۲۔ تلفظ الفاظ کی آواز ۳۔ زبان۔ بول چال۔ محاورہ ۴۔ آواز یا الحان خوش ۵۔ لے۔ سر (لہج۔ عادی ہونا)

لہچون (ہ۔ مذکر) دیکھو لوہچون۔

لہذا (ع۔ تف) اسی واسطے۔ اسی لئے ۲۔ اس واسطے۔ بنابراں ۳۔ الحاصل۔ قصہ کوتاہ۔ الغرض۔

لہر (ہ۔ امر) ۱۔ لہرنا کا ۲۔ (مونث) ۱۔ وہ سلسلہ آب جو ہوا سے یا کسی چیز کے پانی میں گرنے سے پیدا ہوتا ہے۔ موج۔ ترنگ۔ موجوں کا تلاطم ۲۔ وہم۔ خیال بیہودگی ۳۔ دیوانگی۔ سودا۔ جنون ۵۔ امنگ۔ ترنگ۔ ولولہ۔ شوق۔ ۶۔ وہ اعضا کی جنبش جو کتے یا سانپ کے کاٹے ہوئے کے جسم میں ہوتی ہے ۷۔ سوزش۔ جلن ٹیس ۸۔ کشیدے کی دھاری ۹۔ دھیان۔ یاد ۱۰۔ کسی لچکدار چیز کا لہرانا ۱۱۔ جوش شہوت۔ زور مستی۔ خواہش جماع ۱۲۔ لہریا ۱۳۔ وہ گوٹے یا لچکے وغیرہ کی لہردار ٹنکائی جو ضائی یا دوپٹوں پر کی جاتی ہے ۱۴۔ لہرے پودوں کی جنبش ۱۵۔ ایکھ کے پودے۔ چھوٹے چھوٹے گنے ۱۶۔ ہوا کا جھونکا ۱۷۔ دھاریاں جو بعض سانپوں کے سر کے نیچے ہوتے ہیں۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ جتنی لہریاں ہوں اتنی دفعہ کاٹے ہوئے آدمی کو جنبش ہوتی ہے (س لہری۔ لس۔ کودنا۔ ناچنا۔ کھیلنا)

لہرا (ہ۔ امر) ۱۔ لہرانا کا ۲۔ ماضی لہرنا کی ۳۔ (مذکر) چلتی ہوئی لے ۴۔ سر۔ آواز۔ ترانہ۔ نغمہ ۵۔ سارنگی بجنے کی آواز ۶۔ جوتیاں مارنا جس سے تڑتڑ کی آواز نکلے۔ **لہر آجانا** (لازم) ۱۔ خواہش کا غلبہ ہونا ۲۔ دھن بندھنا خیال آجانا۔ **لہر آنا** (لازم) ۱۔ موج اٹھنا۔ تلاطم ہونا ۲۔ امنگ پیدا ہونا۔ شوق ہونا ۳۔ دھیان یا خیال آنا ۴۔ سانپ یا کتے کے کاٹے ہوئے کے بدن میں لہر اٹھنا۔ **لہر اٹھنا** (لازم) ۱۔ موج آنا۔ تموج ہونا۔ تلاطم ہونا ۲۔ ولولہ اٹھنا۔ جوش ہونا۔ امنگ اٹھنا ۳۔ ارادہ ہونا۔ خیال پیدا ہونا۔ **لہرا اڑانا یا بجانا** (متعدی) ۱۔ سریلی آواز سے گانا ۲۔ خوب مارنا پیٹنا۔ **لہرا لگانا** (متعدی) ۱۔ ہانکنا۔ زیادہ کرنا ۲۔ آواز سے کہنا۔ پکار کر بولنا ۳۔ سریلی آواز سے بات کہنا۔ بہ آواز کلام کرنا۔ **لہرا لینا** (لازم) آڑے ہاتھوں لینا۔ خوب خبر لینا۔ ذلیل کرنا۔ بے عزت کرنا **لہرانا** (لازم) ۱۔ موج مارنا۔ موجزن ہونا۔ ہلوریں لینا ۲۔ ہلنا جنبش کرنا ۳۔ لہلہانا۔ کھیتی کا جنبش کرنا ۴۔ اڑنا۔ ہوا میں پھرنا ۵۔ پھر پھرانا۔ بال ہو جانا ۶۔ سانپ یا زلف کا جنبش کرنا۔ سانپ کا چلنا۔ زلف کا ہلنا ۷۔ بھڑکنا۔ شعلہ زن ہونا ۸۔ نازاں ہونا۔ اترانا ۹۔ دل فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ **لہر بہر** (مونث) ۱۔ افراط۔ کثرت ۲۔ خوش اقبالی۔ اقبال مندی۔ خوش حالی ۳۔ چین ۴۔ خوشی۔ آنند۔ خرسندی۔ **لہر بہر کر رہی ہے۔** بڑے عیش اور خوشی میں گزرتی ہے **لہر بہر ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱۔ ہر چیز کی افراط ہونا ۲۔ خوشی و خرسندی کا حاصل ہونا۔ اقبال یاور ہونا ۳۔ خوب بارش ہونا۔ کھل کر

برسانا ۲ فارغ البالی ہونا۔عسرت اور تنگی کا زمانہ نکل جانا۔ **لہر چڑھنا** (لازم) ۱ موجوں کا زور پر ہونا۔ پانی کا ساحل پر آجانا ۲ سانپ یا کتے کی زہر سے اعضا کا ہلنا۔ **لہر چھوٹنا** (لازم) ۱ امنگ پیدا ہونا۔ شوق ہونا ۲ خواہش جماع ہونا۔غلبۂ شہوت ہونا۔ مستی چھوٹنا۔ چل اٹھنا۔ **لہر لینا** (متعدی) دریا کا موج مارنا یا موجزن ہونا۔ **لہرنا** (ھ۔ لازم) ۱ لہرانا ۲ اونچا نیچا ہونا۔ **لہروں** (مونث) لہر کی جمع حروف وغیرہ سے پہلے۔ **لہریا** (مذکر) ۱ پے در پے نشان۔ وہ بیلیں جو کپڑوں پر متواتر بناتے ہیں ۲ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں آڑی ترچھی دھاریاں ہوتی ہیں ۳ (صفت) دھاری دار **لہریں آنا** (لازم) دیکھو لہر آنا۔ **لہریں اٹھنا** (لازم) دریا یا سمندر میں تلاطم ہونا۔ **لہریں گننا** (لازم) بیکاری اور بے شغلی میں رہنا۔فضول کام کرنا۔ تضیع اوقات کرنا۔ وقت ضایع کرنا۔ **لہریں لینا** (متعدی) ۱ ہلنا۔جنبش کرنا ۲ دریا کا موجیں مارنا۔ہلور سے لینا ۳ دل ہی دل میں مزے لینا۔آپ ہی آپ خوش ہونا۔

لہرّا۔ (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا باجرا۔

لہسن (ھ۔ مذکر) ایک پودا جس کی جڑ سے اوپر بلب ہوتا ہے۔جو چھوٹے چھوٹے پلیوں سے مرکب ہوتا ہے۔اس کی بو بہت تیز ہوتی ہے۔اور یہ سالنوں میں گوشت کی بو مارنے کے لئے ڈالا جاتا ہے۔پرانے زمانے کے رشی اس سے تپ دق کا علاج کرتے تھے۔ (س لشُن) **لہسنی** (صفت) لہسن کی۔لہسن کی بنی ہوئی۔ **لہسنی ہینگ** (مونث) ایک قسم کی ہینگ جو پیاز کی آمیزش سے بنائی جاتی ہے۔ **لہسنیا** (مذکر) ۱ ایک قسم کا قیمتی پتھر جو لہسن کے رنگ کا ہوتا ہے ۲ ایک قسم کا داغ جو بچوں کے بدن پر پڑ جاتا ہے **لہسنیا کا سوت** (مذکر) وہ خط جو لہسنیا پر ہوتا ہے۔

لہسوڑا۔ (ھ۔ مذکر) دیکھو لسوڑا۔

لہک (ھ۔ امر) ۱ لہکنا کا ۲ (مونث) چمک۔ دمک۔ آب ۳ شعلہ۔لپٹ۔ لہر۔ لاٹ ۴ جوش۔ سرسبزی۔ بہار۔ جوبن ۵ خوشبو جو ہوا کے ساتھ پھیلے۔مہک۔ (س۔ لس۔ کھیلنا۔کودنا۔ناچنا) **لہکا** (امر) ۱ لہکانا کا ۲ (ماضی) لہکنا کی ۳ (مذکر) ہنڈولا۔ گوٹا۔

دھنک۔ لچک۔ **لہکانا** (متعدی) ۱ چمکوانا۔ صیقل کرانا ۲ آگ بھڑکانا۔ دھکانا۔ سلگانا ۳ اکسانا۔ بھڑکانا۔ ابھارنا۔ اشتعالک دینا ۴ کسی پرند کی بولیاں بلوانا۔ **لہکاوٹ** (ھ) دیکھو لہک ۲،۳،۴۔ **لہک لہک کر** (تف) خوش ہو ہو کر (امنگ کے ساتھ بولنا گانا کے ساتھ) **لہکنا** (لازم) ۱ چمکنا۔ روشن ہونا ۲ جلنا۔ دھکنا۔شعلہ زن ہونا ۳ چہکنا۔ چہچہانا ۴ لہلہانا۔ لہرانا۔ گھاس یا سبزے کا افراط سے اگنا۔ **لہکیلا** (صفت) چمکدار۔ درخشاں۔ پر نور۔

لہکارنا (ھ۔ متعدی) گھوڑے کو چمکارنا۔تھپکنا یا تھپکی دینا۔ پٹھے پر ہاتھ پھیرنا (س۔ لس۔ کھیلنا)

لہکور (ھ۔ مذکر) چاول اور دودھ جو دلھن کو کھانے کے لئے دیا جاتا ہے (س لاس شوربا)

لہلوٹ (ھ۔ صفت) ۱ بے قرار۔ بےتاب ۲ وہ جو کسی چیز کو دیکھ کر بیتاب ہو جائے۔ اور جس طرح بنے سے کر رہے ۳ قرضہ لے کر نہ دینا ۴ وہ شخص جو قرضہ لے کر نہ دے۔

لہلہا (ھ۔ امر) ۱ لہلانا کا ۲ (صفت) لہراتا ہوا۔ موجیں مارتا ہوا ۳ سرسبز۔ ہرا بھرا۔ تر و تازہ۔ شاداب (س لس کھیلنا۔کودنا۔ناچنا) **لہلاتا** (صفت) ۱ لچکتا ہوا۔ ہلتا ہوا۔ جنبش کرتا ہوا ۲ سرسبز۔ شاداب۔ ہرا بھرا۔ تر و تازہ۔ شگفتہ۔ **لہلہانا** (لازم) ۱ کھیت یا سبزہ کا ہوا سے ہلنا ۲ سرسبز و شاداب ہونا۔ تر و تازہ ہونا ۳ کھلنا۔شگفتہ ہونا۔ پھلنا پھولنا۔ **لہلہاہٹ** (مونث) ۱ سرسبزی۔شادابی ۲ لہر۔موج۔کھیت یا سبزے کا ہوا سے ہلنا۔

لہلہی (ھ۔ مونث) سخت کیچڑ۔

لہنا (ھ۔ متعدی) ۱ پانا۔ لینا ۲ تجربہ کرنا۔ برداشت کرنا ۳ (لازم) اچھی حالت میں ہونا۔ سرسبز ہونا۔ پھلنا۔ پھولنا ۴ حاصل ہونا۔ ملنا ۵ ظاہر ہونا۔ مفید ہونا ۶ (ھ۔ مذکر) نفع۔ فائدہ ۷ نصیب۔قسمت۔ بخت۔ بھاگ۔ ۸ ساجھا۔ شراکت۔ حصہ (دسے کے ساتھ) اردو میں مصدر استعمال نہیں ہوتا (س لبھ۔ پانا) **لہنا بہنا** (ھ۔ مذکر) ۱ قسمت کا ساجھا ۲ حاصل حصول ۳ نصیب۔قسمت۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **لہنا پاؤنا** (صفت) خوش قسمت۔ خوش نصیب۔

لہنج (ھ۔ مذکر) ۱ وہ پتھر یا تختہ جس پر دھوبی کپڑے مارتے ہیں ۲ سان ۳ گانے کا کوئی ساز (دکنی) **لہنجہ**۔ (مذکر)۔ بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ (دکنی)

لہنڈا (ھ۔ مذکر) گلہ۔ ریوڑ۔

لُہنڈا (ھ۔ مذکر) لوہے کا گھڑا۔

لہنگا (ھ۔ مذکر) ۱ گھگرا۔ گھاگرا۔ ہندو عورتوں کے بدن کے نچلے حصے کی پوشاک۔ اس میں پاجامہ کی طرح دونوں ٹانگوں کے لئے علیحدہ علیحدہ پائنچے نہیں ہوتے۔ ایک لمبا کپڑا ہوتا ہے۔جس کے دونوں کنارے آپس میں سئے ہوئے ہوتے ہیں۔ **لہنگا پہن لینا یا پہننا** (متعدی) زنانہ لباس پہننا۔ عورت کا بھیس بدلنا۔ **لہنگا لگرا اتارنا** (متعدی) ۱ ذلیل لباس اتار کر شریفانہ لباس پہنانا ۲ عزت بخشنا۔ مرتبہ بخشنا۔

لہو (ع۔ مذکر) ۱ کھیل۔ بازی ۲ جماع۔ مجامعت۔مباشرت۔ بھوگ۔ ہمبستری ۳ واہیات۔ لغو (لہو۔ کھیلنا) **لہو و لعب** (مذکر) کھیل کود۔ سیر تماشہ۔ عیش و نشاط۔ ہنسی مذاق۔

لہو (ھ۔ مذکر) ۱ وہ سرخ مایع جو انسان کے دل اور رگوں میں پھرتا ہے۔ اس کے ذریعے بدن کے حصوں کو خوراک پہنچتی ہے اور زہریلا اور ردی مادہ خارج ہوتا ہے۔ ریڑھ کی ہڈی والے جانوروں میں یہ سرخ

ہوتا ہے۔ اور دوسروں میں پانی کے
رنگ کا۔ سرخ خون کا اصلی رنگ بھی
یہی ہے۔ مگر اس میں چھوٹے چھوٹے سرخ
جراثیم ہوتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ
سرخ نظر آتا ہے۔ خون۔ رکت۔ دم
۲ قریب کا رشتہ دار۔ ایک دادا
کی اولاد۔ یگانا۔ اپنا ۳ (کڑوا) وہ
لہو جسے خون پینے والے کیڑے کوڑے پسند نہ
کریں ۴ (میٹھا) وہ لہو جسے کیڑے کوڑے
شوق سے پئیں ۵ (ہلکا) جو جلد اثر قبول کرے۔
جس کو خون دیکھ کر غش آجائے یا جسے جلد نظر
لگ جائے تو عورتیں کہتی ہیں اس کا لہو ہلکا
ہے۔ پہلے یہ لفظ لہُو بولا جاتا تھا۔ متقدّمین
کے اشعار میں پایا جاتا ہے (س لوہ۔ سرخ)
لہو آنا (لازم) ۱ کسی جگہ سے خون نکلنا ۲
دستوں کے ساتھ خون آنا ۳ تھوک کے ہمراہ
خون نکلنا۔ **لہو اُبلنا** (لازم) سخت غصہ آنا۔
لہو ابھر آنا یا ابھرنا (لازم) کسی جگہ سے
لہو تھوڑا تھوڑا اکر کے نکلنا۔ **لہو اُتر آنا یا
اترنا** (لازم) ۱ خون کا نیچے کی طرف نزول
کرنا ۲ بھر آنا۔ جمع ہونا ۳ سرخ ہو جانا۔
لال ہو جانا۔ **لہو اُگلنا** (متعدی) لہو تھوکنا۔
لہو اونٹانا (متعدی)، **اونٹنا** (لازم)
لہو میں غم و غصے کے باعث جوش پیدا ہونا۔
لہو کھولنا۔ **لہو برسانا** (متعدی) **برسنا** (لازم)
۱ خون ٹپکنا۔ غصے کی حالت میں آنکھیں سرخ
ہو جانا ۲ خون کی کثرت ہونا ۳ خون کی بارش
ہونا۔ **لہو بگڑنا** (لازم) ۱ خون کا خراب
ہو جانا ۲ کوڑھ ہو جانا ۳ آتشک ہونا۔ **لہو
بند کرانا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) لہو نہ بہنا۔
لہو کا بہنا رک جانا۔ **لہو بند کرنے والا
یا والی** (صفت) وہ جس کی وجہ سے لہو کا
بہنا رک جائے۔ **لہو بن کے دوڑنا**
(لازم) رگ و پے میں دوڑ جانا۔ **لہو بولنا**
(لازم) قتل کا خود بخود ظاہر ہو جانا۔ قتل
کا ثابت ہونا۔ **لہو بہانا** (متعدی) ۱ خون نکالنا۔
خون جاری کرنا ۲ قتل یا خونریزی کرنا۔
جان سے مارنا ۳ ہلاک کرنا ۴ رلانا۔ جان
مرنا۔ اپنے آپ کو ہلاک کرنا۔ **لہو بہنا**
(لازم) خون جاری ہونا یا نکلنا۔ **لہو بھرا**
(صفت) خون آلودہ۔ خون میں لتھڑا ہُوا۔
لہو بھرنا (متعدی) خون آلود ہونا۔ **لہو
بیٹھنا** (لازم) دستوں کے ساتھ خون نکلنا۔
لہو پانی ایک کرنا (متعدی) ۱ سخت
مصیبت اٹھانا ۲ سخت محنت کرنا۔ از حد
جد و جہد کرنا ۳ خون اور پانی ملانا۔ خونناخہ
کرنا ۴ بے حد رنج اٹھانا۔ اپنے آپ کو
کمال تکلیف دینا ۵ تکلیف دینا۔ ستانا۔
دکھ دینا ۶ کسی کو نہایت غصہ دلانا۔ غضبناک
کرنا۔ جلانا۔ رنج دینا۔ تکلیف دینا۔
لہو پانی ایک ہونا (لازم) ۱ آخری
کا ۲ غصے کے مارے کھایا پیا انگ نہ لگنا۔
لہو پانی کرنا (متعدی) ۱ دیکھو لہو پانی
ایک کرنا ۲ کسی مرض کے سبب لہو کی سرخی
کا زائل ہو جانا۔ **لہو پانی ہونا** (لازم) ۱
خون کا رقیق ہونا۔ خون کا پتلا پڑنا ۲ نہایت
رنج ہونا۔ جی جلنا۔ رنج و غصے میں مبتلا
ہونا ۳ جان پہ بننا۔ آفت آنا۔ **لہو پسینا
ایک کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم)، دیکھو
لہو پانی ایک کرنا یا ہونا۔ **لہو پسینے پر گرانا**
(متعدی) بے حد جانفشانی کرنا۔ **لہو پھٹنا**
(لازم) ۱ خون خراب ہونا۔ کوڑھ ہو جانا۔
لہو پی پی کے رہ جانا (لازم) غم و
غصے کو خاموشی سے برداشت کرنا یا ضبط کرنا۔
لہو پی جانا (لازم)، **لینا** (متعدی) ۱ قتل
کر دینا ۲ مار کر خون پی لینا۔ **لہو پی جاؤنگا۔**
ایک قسم کی دھمکی ہے جو غصے میں دی جاتی
ہے۔ **لہو پینا** (لازم) ۱ خون پینا۔ خون
چوسنا ۲ تکلیف دینا۔ دق کرنا۔ ستانا ۳
قتل کرنا۔ مارنا۔ خون بہانا۔ **لہو پیئے۔**
عزیز عزیز کو قسم دینے کے موقع پر کہتا ہے۔
خون پیئے۔ جنازہ دیکھے (میرا ہمارا
کے ساتھ)، **لہو تھوکنا** (لازم) ۱ خون
ڈالنا۔ خون کی قے کرنا ۲ تپ دق ہونا۔
سل ہونا۔ **لہو ٹپکنا** (لازم) ۱ لہو کے قطرے
گرنا۔ لہو نکلنا ۲ نہایت سرخ و سپید ہونا۔
بدن میں خون کی زیادتی ہونا ۳ جلد کی مرض
کا سبب خون کے قطرے نکلنا ۴ کوڑھ
ہونا۔ **لہو جوش کھانا** (متعدی) خون
کا جوش میں آنا۔ **لہو چاٹنا** (متعدی) ہونا
۱ لہو کا مزہ لینا ۲ (تیغ۔ تلوار۔ خنجر وغیرہ
کو) قتل کرنا۔ **لہو چاٹنا** (مم)، دیکھو آخری
۲۔ **لہو چڑھنا** (لازم) قاتل کے افعال
سے لہو کا اثر ظاہر ہونا۔ **لہو چونا** (لازم)
دیکھو لہو ٹپکنا۔ **لہو چھوٹنا** (متعدی)
خون کا دھبا دھو یا جانا۔ **لہو خشک کر
دینا** (لازم) ڈرا دینا۔ خوف دلانا۔
رنج۔ رعب وغیرہ سے لاغر کر دینا **لہو خشک ہو جانا
یا ہونا** (لازم) ۱ ڈر خوف یا رعب چھا جانا۔ خون سوکھ جانا۔
جان نکلنے لگنا ۲ نہایت رنج یا صدمہ پہنچنا۔ جان پر بننا۔
لہو دینا (متعدی) فصد کھلتے وقت رگ سے خون کا
نکلنا **لہو ڈالنا** (متعدی)، دیکھو لہو تھوکنا **لہو رونا** (لازم)
آنکھوں سے بجائے اشک خون نکلنا نہایت رونا **لہو سر
پر پکارنا** (متعدی) قاتل کا ایسے افعال کرنا جن سے خون
کرنا ثابت ہو **لہو سفید ہو جانا یا ہونا** (لازم) محبت یا مروت
نہ ہونا۔ رحم نہ رہنا **لہو سوکھ جانا یا سوکھنا** (لازم)، دیکھو لہو
خشک ہو جانا **لہو سیروں بڑھ جانا** (لازم) کسی بات کی بہت
خوشی ہونا **لہو کا بگاڑ** (مذکر) خون کی بیکاری۔ فساد خون **لہو
کا پکارنا** (متعدی)، دیکھو لہو سر پر **لہو کا پیاسا** (شخص)
تشنۂ خون۔ جانی دشمن۔ جان کا بیری **لہو کا جوش** (مذکر)
ماستا۔ مادری محبت۔ خاندانی الفت: بھائی بہن ماں باپ
کی محبت (کرنا ہونا کے ساتھ) **لہو کا جوش کھانا** (متعدی)
۱ خون میں حدت بڑھ جانا۔ خون میں حرارت کا زیادہ ہونا ۲
ماں باپ بھائی بہن کی محبت کا زور کرنا **لہو کا جوش مارنا**
(متعدی)، دیکھو آخری ۲ **لہو کا کڑوا ہونا** (لازم) لہو کا تلخ
ہونا جس کے باعث پسّو کھٹمل وغیرہ کاٹ نہیں سکتے **لہو
کا گھونٹ پی کے رہ جانا** (لازم) غم و غصہ ضبط کرنا۔
لہو کا میٹھا ہونا (لازم) خون کا شیریں ہونا جس کے باعث
پسو کھٹمل وغیرہ خوب کاٹتے ہیں **لہو کا مینہ برسنا** (لازم)
سخت خونریزی ہونا **لہو کا ہلکا** (صفت) وہ جس کا خون جلدی
اثر قبول کرے۔ وہ جو خون یا صدمہ دیکھ کر غش کھا جائے **لہو کا
ہلکا ہونا** (لازم) ۱ نرم دل ہونا ۲ کم حوصلہ ہونا ۳ خون یا صدمہ
دیکھ کر غش آجانا **لہو کٹ پڑنا** **کٹنا** (لازم) ۱ بطن کے دست
آنا ۲ فرج کے راستے خون کا بافراط بہنا **لہو کرنا** (متعدی)
۱ تلخ کرنا۔ غصہ دلا کر مزا کھونا۔ انگ نہ لگنے دینا۔ پینا۔ کھانا وغیرہ
کے بعد ۲ صدمہ پہنچانا۔ تکلیف دینا **لہو کم ہونا** (لازم)
۱ لاغر ہونا۔ دبلا ہونا **لہو کو پانی کرنا** (متعدی) ۱ کسی مرض کا
خون کو پتلا کر دینا۔ خون کی سرخی کا جاتا رہنا ۲ دق کرنا۔ ستانا

لہو کے آنسو پینا (متعدی) غم و غصے کو ضبط کرنا۔ نہایت رنج و غم کھانا لہو کے آنسوؤں سے رونا (متعدی) بے انتہا غم کرنا غم کی وجہ سے بے حد رونا۔ **لہو کی چھینٹ** تک نہیں نہ ہونا (لازم) چہرے پر سرخی کا نشان تک نہ ہونا۔ رنگت زرد یا سفید پڑجانا **لہو کی دھار چھوٹنا** (لازم) لہو کا بدن سے دھار باندھ کے نکلنا **لہو کے سے گھونٹ** پینا (لازم) ۱ غم کھانا۔ سخت مصیبت برداشت کرنا ۲ صدمہ یا تکلیف اٹھانا ۳ غصے اور غم کو ضبط کرنا۔ رنج و غم کی برداشت کرنا **لہو کی قسم** جو جان کی قسم **لہو کی قسمیں دینا** (متعدی) لہو کی قسمیں کھلانا۔ عورتیں ایسا کرتی ہیں **لہو کے گھونٹ** (مذکر) رنج اور صدمے کا ضبط **لہو کے گھونٹ پینا یا گھونٹنا** (متعدی) دیکھو لہو کے سے گھونٹ پینا **لہو کی ندیاں بہا دینا یا بہانا** (متعدی) بہ جانا یا **بہنا** (لازم) ۱ کثرت سے خون جاری ہونا ۲ نہایت کشت و خون ہونا۔ **لہو گرانا** (متعدی) **گرنا** (لازم) لہو بہنا۔ **لہو گھونٹنا** (لازم) غم کھانا۔ رنج کرنا **لہو لگا کر مل کے شہیدوں میں داخل ہونا، ملنا** (لازم) ۱ ذرا سا کام کرکے اپنے آپ کو بڑا کام کرنے والوں میں شمار کرنا۔ زبردستی ناموروں میں شمار ہونا ۲ تھوڑی مناسبت سے اپنے آپ کو پورا حقدار سمجھنا ۳ بے سبب اور بلا وجہ اپنے کو مصیبت میں پھنسانا۔ آفت میں پڑنا ۴ دوسرے کی محبت یا وضع اختیار کرنا۔ **لہو لوانا** (متعدی) فصد کھلوانا۔ خون نکلوانا۔ **لہو لوٹ ہونا** (لازم) فریفتہ ہو جانا **لہو لہان** (صفت) ۱ خون آلود۔ خون میں لتھڑا ہوا ۲ وہ شخص جس کو مجروح ہونے سے تمام بدن خون سے بھرا ہوا کر دیا گیا ہو (جانا ہونا کے ساتھ) **لہو لینا** (متعدی) ۱ فصد کھولنا ۲ فصد کھلوانا **لہو ملنا** (لازم) میل جول ہونا۔ **لہو منہ سے ڈالنا** (لازم) خون کی قے کرنا **لہو موتنا** (متعدی) پیشاب کے ساتھ خون آنا **لہو منہ کو لگنا** (لازم) مزہ پڑ جانا۔ چرس لگ جانا **لہو میں ڈوبنا** (متعدی) ۱ خون میں آلودہ یا غرق ہونا ۲ جو وبدن نہ ہونا۔ انگشت لگنا **لہو میں لال ہونا** (لازم) شہید ہونا۔ قتل ہونا **لہو میں تھیڑنا** (متعدی) خون آلودہ کرنا۔ خون میں نہلانا **لہو میں نہانا** (متعدی) بہت زخمی ہونا۔ لہو میں نہلانا (رحم) **ہاتھ رنگنا** (متعدی) کسی کو قتل کرنا **لہو نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) **نکلوانا** (مم) ۱ فصد کھلوانا ۲ خون جاری کرانا۔ خون بہانا **لہو ہلکا ہونا** (لازم) خون کا جلد اثر کرنا اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو خون دیکھ کر ڈر جائے **لہو ہو کر بہ جانا** (لازم) دل جگر وغیرہ کا خون ہو کر بہ جانا۔ شاعرانہ تخیل ہے۔ **لہو ہونا** (لازم) ۱ مجروح ہونا۔ زخمی ہونا ۲ سرخ ہونا۔ لال ہونا۔

لہوآ (ھ۔ مذکر) ایک پودا۔

لہیسنا (ھ۔ متعدی) چھپر کرنا۔ پلستر کرنا۔

لہینڈی (ھ۔ مونث) ٹوکرے کے ذریعے پانی نیچی جگہ سے اونچی زمین کو پہنچانا (س لہہ یا لپ چھڑکنا)

لئی (ھ۔ مونث) آٹے کو پانی میں گھول کر اور بھوک نکال کر آگ پر پکاتے ہیں تو وہ لیسدار ہو جاتا ہے اس سے کاغذ جوڑتے ہیں۔ لیٹی (بنانا بننا لگانا۔ لگنا وغیرہ کے ساتھ) (لیٹی سے)

لئے (ھ۔ حرف) ۱ واسطے۔ برائے۔ جہت۔ کارن ۲ (ماضی) بجائے لیا کے جب مفعول جمع مذکر ہو اور تکمیل فعل کے واسطے جیسے کیا آپ نے سب آم کھا لئے ۳ (تف) لے کر۔ ساتھ لے کر۔ گرفتہ ۴ مجبور۔ ناچار ۵ مصادر کے ساتھ معنی نمبر ۲ میں **لئے بیٹھنا** (صفت) ہٹ کرنا۔ ضد کرنا **لئے پڑا رہنا** (لازم) ۱ ساتھ لے کر لیٹے ہونا ۲ بیماری سے صاحب فراش ہونا **لئے پھرنا** (لازم) ۱ ساتھ لیکر پھرنا ۲ بار بار ذکر کرنا **لئے جانا** (لازم) ۱ کسی کو ساتھ لے کر کہیں جانا ۲ شرمندہ ہونا ذلیل ہونا ۳ مجبور ہونا۔ ناچار ہونا **لئے جانا** کرو۔ بیکار چیز کے متعلق کہتے ہیں کہ سنبھال کر رکھنا **لئے رہنا** (لازم) خود داری کرنا **لئے مرنا** (لازم) الزام۔ اتہام یا بہتان لگانا **لئے ہونا** (لازم) خود داری رکھنا۔

لے (ھ۔ مونث) ۱ شوق۔ آرزو۔ تمنا ۲ دھن۔ رٹ ۳ آواز۔ سر۔ لحن ۴ سلسلہ۔ تسلسل (س لئے) **لے بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) ۱ شوق زیادہ ہونا۔ مزہ بڑھنا ۲ عادت پڑنا۔ عادی ہونا **لے بھول جانا** (لازم) عادت بھول جانا **لے پڑنا** (لازم) آواز کا گونج جانا **لے کھلنا** (لازم) چھپی بات کا معلوم ہونا۔ بھید کھلنا **لے لگنا** (لازم) ہر وقت کسی بات کا خیال رہنا۔ رٹ لگانا **لے لینا** (متعدی) گانا شروع کرنا۔ سر نکالنا۔ الاپنا **لے میں ڈوبی آواز** (مونث) سریلی آواز۔

لی (ھ۔ ماضی) واحد جب مفعول مونث ہو جیسے اس نے ایک دھوتی لی **لیں** (ماضی) جمع مفعول مونث ہو۔ جیسے اس نے گاجریں لیں۔

لے (ھ۔ امر) ۱ لینا کا ۲ پکڑ۔ گرفت کر ۳ سنبھال۔ قابو کر ۴ سن۔ متوجہ ہو۔ جان۔ آگاہ ہو ۵ دیکھ ۶ (تف) لے کر۔ ساتھ لیکر ۷ حرف جر۔ اول سے۔ ابتدا سے۔ شروع سے ۸ بس۔ بس۔ لیجئے۔ پانا **لیا** (ماضی) لینا کی **لے آنا** (لازم) ۱ جا کر کسی کو ساتھ لانا ۲ اٹھا لانا ۳ باہر سے لانا۔ دوسرے ملک سے لانا **لیا جانا** (لازم) ۱ لینا کا ۲ مغلوب کرکے پکڑا جانا **لیا دیا** (مذکر) ۱ نیک کاموں کا پھل۔ اعمال کا نتیجہ ۲ کیا کرایا۔ وہ نیکی جو کبھی کی ہو ۳ (ماضی) نقصان کیا ۴ وہ جو لیا ہوا تھا واپس کیا **لیا دیا آڑے آگے آنا** (لازم) نیکی کا بچا لینا۔ کسی نیکی کے کام کا برے نتیجے سے بچا لینا **لے اڑنا** (متعدی) ۱ لے کر بھاگ جانا یا چلدینا ۲ اڑا لیجانا۔ بھگا لیجانا ۳ تیزی کے ساتھ چلانا ۴ بڑھا دینا۔ بجڑکا دینا ۵ مدہوش کر دینا۔ متوالا کر دینا ۶ بیخود کر دینا۔ ہوش و حواس کھو دینا ۷ مزا دوبالا کر دینا۔ لطف بڑھا دینا ۸ رونق بڑھا دینا۔ خوب موزون کر دینا ۹ نقل یا طرز اڑا لینا **لے پہنچا** دینا۔ پہنچا دینا **لیا گیا** (ماضی) ۱ لیا جانا کی ۲ شرمندہ ہوا۔ خجل ہوا ۳ ذلیل ہوا۔ رسوا ہوا **لیا ہی نہیں پڑتا** (دلی) مزاج کی کوئی حد نہیں۔ بہت ہی مغرور ہے **لیا ہی نہیں جاتا** (دہلی) سنبھالے نہیں سنبھلتا۔ منائے نہیں منتا۔ موٹا نہیں کھاتا **لے بھاگنا** (متعدی) ۱ کوئی چیز لے کر بھاگ جانا ۲ کسی کی طرز اڑا لینا ۳ بغیر سیکھے کوئی بات حاصل کر لینا ۴ قانون، ۱۶ سال سے کم عمر کی عورت کو اغوا کرکے لیجانا۔

لے بھاگو یا بھگو (صفت) ۱ طرز اڑا لینے والا ۲ بغیر سیکھے کوئی بات حاصل کرنے والا۔ عطائی **لے بھائی یا بھئی** ۱ (ندا) سنو بھائی۔ دیکھو بھائی ۲ برائے تعجب۔ بڑا تعجب ہے ۳ بعض لوگوں کا تکیہ کلام ہوتا ہے **لے بیٹھنا** (متعدی) ۱ اپنے ساتھ لیکر گرنا ۲ کسی کو لے کر تہ میں جا بیٹھنا۔ دبا لینا ۳ اپنے ساتھ دوسرے کو تباہ کرنا ۴ دبا بیٹھنا ۵ بالینا ۶ کسی عورت کو گھر میں ڈال لینا ۷ کوئی کام شروع کرنا ۸ بے محل تذکرہ کرنا **لے پالک** (مذکر) وہ بچہ جسے لیکر پال لیا ہو۔ گود لیا ہوا متبنیٰ۔ لڑکا یا لڑکی جو گود لی ہوئی ہو۔ **لے پالک کرنا** (متعدی) **لے پالنا** (متعدی) گود لیکر پرورش کرنا۔ متبنیٰ کر لینا **لے پڑنا** (متعدی) ۱ کسی بچے کو ساتھ لیکر لیٹنا ۲ کسی عورت سے زبردستی ہم بستر ہونا۔ عورت کو گرا کر اس پر سوار ہو جانا ۳ اپنے ساتھ دوسرے کی بھی بے عزتی کروانا **لیتا** (ماضی ناتمام) لینا کا **لے جانا** (متعدی) ۱ ٹھہرنے یا رہنے نہ دینا ۲ لے کر چلے جانا۔ بہکا کر ہمراہ سے کر روانہ ہونا ۳ ایک جگہ سے دوسری جگہ ہمراہ لیکر روانہ ہونا ۴ دوسرے ملک کو مال لادنا ۵ مار ڈالنا۔ جینے نہ دینا **لے ڈوبنا** ۱ گرو دینا ۲ گرا دینا ۳ ڈھا دینا ۴ لے لینا۔ سلب کر لینا ۵ بہا دینا ۶ دل مائل بنا لینا ۷ رجھگا۔ دیکھو بھگا کے تحت ہیں ۸ اڑا چوری کر لینا **لے چلنا** (متعدی) ۱ ساتھ لیجانا۔ ہمراہ لیجانا ۲ لیکر بھاگنا **لے دوڑنا** (متعدی) ۱ جلدی سے لیکر آجانا ۲ فوراً لیجانا۔ لیکر بھاگ جانا ۳ بیان کرنے لگنا۔ ذکر چھیڑ دینا ۴ منہ سے بات توڑ لینا ۵ کسی کی نسبت گمان کرنے لگنا **لے ڈھیلے کی۔** اور **لے نتیجہ بھگت** (لکھنو) **لے دے** (مونث) ۱ لینا دینا ۲ دوڑ دھوپ۔ جد و جہد۔ سعی و کوشش ۳ سرزنش۔ لعنت ملامت۔ ڈانٹ ڈپٹ ۴ مار پیٹ۔ جھگڑا۔ تقاضہ۔ تکرار اکثر ہونا کے ساتھ **لے دیکر** (تف) ۱ نہایت کوشش

سے۔ جد و جہد سے۔ محنت سے۔ بمشکل۔ نہایت کوشش سے۔ بڑی مشکل سے ۔ بیبیانی کر کے۔ مٹے دلاکر۔ کاٹ کوٹ کر۔ صرف فقط کلہم۔ امینہ کیلئے برسنا سے پہلے۔ نہایت شدت سے۔ سب میں سے۔ مجملہ۔ تمام سارا۔ بچا کھچا باقی لیے دے کے یہ ہے بہر حال یہی ہے اور کچھ نہیں۔ لے دینا (متعدی) دلوا دینا۔ خرید دینا۔ مول لیکر دینا لے ڈالنا (متعدی) خرید لینا۔ مول لے لینا۔ عاجز کر دینا۔ ہرا دینا۔ شامل کر لینا۔ تباہ کر دینا۔ آنٹے ہاتھوں لینا۔ باقی نہ چھوڑنا۔ لے لینا۔ انجام پر پہنچا دینا۔ تمام کر دینا۔ مار ڈالنا۔ مار رکھنا۔ جیت لینا۔ کمزور کر دینا۔ مضمحل کر دینا۔ لے ڈوبنا (متعدی) اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا۔ غرق کر دینا۔ ڈبو دینا۔ پانی میں بٹھا دینا۔ لے رکھنا (متعدی) لیکر رکھ چھوڑنا۔ مول لینا۔ خرید کر رکھنا۔ سیکھ لینا۔ ہنر حاصل کر لینا۔ لے رہنا (متعدی) بچھونے سمٹنا۔ لیکر دکھے (لف)۔ شروع کر کے ابتدا سے۔ لے کر بیٹھنا (متعدی) ذکر کرنا۔ بیان کرنا۔ لیکر چاٹنا (متعدی) چاٹو۔ چاٹوں چاٹے یا چاٹیں جب کوئی چیز بیکار ہو جائے تو اس کے متعلق کہتے ہیں۔ لے۔ اسکے (کر) ساتھ لے کر کرنا۔ لیکر چھوڑنا (متعدی) جب تک نہ لینا نہ چھوڑنا۔ ضرور لینا۔ (جان) مار ڈالنا۔ قتل کر دینا۔ مرتے تک پیچھا نہ چھوڑنا۔ لے لوا کر دکرپا کے۔ تف ہے کے۔ لے لوٹ (صفت) نادہند۔ قرض لیکر نہ دینے والا یا مکر جانے والا۔ لے کرنا (متعدی) اشتعال دینا۔ اکسانا۔ ہمت بندھانا یاد لانا۔ لے لے ہونا (لازم) اعتراضات ہونا۔ لے لینا (متعدی) چھین لینا۔ زبردستی لینا۔ مار لینا۔ دبا لینا۔ خرید لینا۔ مول لینا۔ اپنا کر لینا۔ پھیر لینا۔ لوٹا لینا۔ واپس کر لینا۔ پکڑ لینا۔ جا لینا۔ منزل طے کر لینا۔ جا پہنچنا۔ حاصل کر لینا۔ بہم پہنچا لینا۔ اٹھانا۔ برداشت کرنا۔ الگ کر لینا۔ کسی چیز کے لینے کا کام ختم کرنا۔ لے مرنا یہی کہا کہ اپنی ہی ضد پوری کر۔ لے مرنا (متعدی) اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا۔ بہتان یا الزام لگانا۔ کما لینا۔ حاصل کرنا۔ لے لینا۔ دبا لینا۔ مار لینا۔ لین (مذکر) لینا۔ حاصل کرنا۔ لینا (متعدی) اپنے قبضے میں کرنا۔ پکڑنا۔ گرفت کرنا۔ حاصل کرنا۔ پانا۔ جانے نہ دینا۔ روکنا۔ گرفتار کرنا۔ سنبھالنا۔ تھامنا۔ سہارا دینا۔ انتخاب کرنا۔ چھانٹنا۔ اقتباس کرنا۔ خریدنا۔ مول لینا۔ وصول کرنا۔ اگاہنا۔ تحصیل کرنا۔ رشوت کھانا۔ ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ شرم دلانا۔ قائل معقول کرنا۔ فائدہ اٹھانا۔ مار ڈالنا۔ مار رکھنا۔ کام میں لانا۔ خرچ کرنا۔ بگاڑنا۔ نقصان کرنا۔ چرانا۔ چوری کرنا۔ ٹٹانا۔ ہٹانا۔ گھیرنا۔ محصور کرنا۔ واپس کرنا۔ ہٹانا۔ ساتھ لینا۔ ساتھ لگانا۔ لوٹنا۔ مرہنا۔ (سلام مجرا وغیرہ) قبول یا منظور کرنا۔ (بال وغیرہ) کترنا۔ تراشنا۔ مونڈنا۔ (ناخن) کاٹنا۔ (تحریر مچلکہ وغیرہ) کرانا۔ لکھانا۔ (حساب میں دن وغیرہ) گزارنا۔ (کام عدت وغیرہ) کرانا۔ (الف (نام) رٹنا۔ یاد کرنا (ب) زبان سے کہنا۔ (آنکھ۔ ناک وغیرہ) روکنا۔ سد راہ ہونا۔ (مضمون) اختیار کرنا۔ منظور کرنا۔ (عہدہ۔ درجہ وغیرہ) پانا۔ حاصل کرنا۔ (کیا) فائدہ اٹھانا۔ نفع پانا۔ (کی) دعوی کرنا۔ (دسے) پیش آنا۔ (الزام بہتان وغیرہ) لگانا۔ (جنا۔ ثواب عذاب وغیرہ) کمانا۔ حاصل کرنا۔ (آرام۔ صبر وغیرہ) کرنا۔ عمل میں لانا۔ سانس دم وغیرہ بھرنا۔ کھینچنا۔ (منزل) طے کرنا۔ پہنچنا۔ (گھونٹ دم) پینا۔ نوش کرنا۔ چسکی بھرنا۔ (دوکان مکان وغیرہ) کرایہ کرنا۔ (جان۔ جی) نبض کرنا۔ نکالنا۔ (جان) مار ڈالنا۔ قتل کرنا۔ (انتقام بدلہ وغیرہ) نکالنا۔ بھرنا۔ (ٹانگ ٹینٹوا وغیرہ) دبانا۔ پکڑنا۔ (بات) سیکھنا۔ حاصل کرنا۔ (بازی) جیتنا۔ (خون) نکالنا۔ کھینچنا۔ (فصد) خون نکالنا۔ (قسم سوگند وغیرہ) کھلانا۔ کھلوانا۔ (مال وغیرہ) مار لینا۔ غصب کر لینا۔ (الف (بچے کو) بہلانا۔ سد کھنا (ب) گود میں لینا۔ (دکھ مصیبت وغیرہ) سہارنا۔ برداشت کرنا۔ (جوگ فقیری وغیرہ) سادھنا۔ اختیار کرنا۔ (گھر پہنچنا) (مراد وغیرہ) فرض کرنا۔ ماننا۔ (قلعہ مورچہ وغیرہ) فتح کرنا۔ (روپیہ وغیرہ) قرض لینا۔ (دل) آزمانا۔ (الف (غلامی میں) قبول کرنا (ب) دامادبنانا۔ (چٹکیاں) دو انگلیوں کو پکڑ کر تکلیف پہنچانا۔ (بو لینا) سونگھنا۔ سونگھ کر سراغ نکالنا۔ (زبان سند وغیرہ) مستند سمجھنا۔ مستند سمجھکر انتخاب کرنا۔ جماع کرنا۔ مباشرت کرنا (مغض)۔ (ہے کے ساتھ کسی فعل کی تکمیل کیلئے۔ جیسے گن لینا۔ کھا لینا۔ اسکے اس طرح آنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ کچھ کام باقی ہے جسکی تکمیل ہوگی دیگر محاورات کیلئے اصل الفاظ کے ساتھ دیکھو۔ (مذکر) قرضہ۔ وہ روپیہ جو لینا ہو۔ اجارہ۔ دعوی۔ لینا دینا (مذکر) حساب کتاب۔ داد و ستد۔ لین دین۔ لینا لوانا (مذکر) قرضہ۔ جو روپیہ لینا ہو۔ لینا لینا (متعدی) تھامنا۔ پکڑنا۔ گرتے ہوئے کو سنبھالنا۔ بھاگتے ہوئے چور بندر وغیرہ کے تعقب کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ لین دار (صفت) قرضخواہ۔ لین دین (مذکر) داد و ستد۔ حساب کتاب۔ لینا دینا۔ معاملہ۔ بیوپار۔ برتاؤ۔ خرید فروخت۔ تعلق۔ واسطہ۔ سروکار۔ سوداگری۔ تجارت۔ کاروبار۔ لین دین بند کرنا (متعدی) دینا لینا بند کرنا۔ کاروبار بند کرنا۔ لین دین کرنا (متعدی) کاروبار کرنا۔ لے نکلنا (متعدی)۔ لینی (مونث) وہ رسم جو بچے کو دایہ سے واپس لینے میں برتی جاتی ہے۔ لینے آنا (لازم) کسی کے استقبال کے واسطے آنا۔ کسی چیز یا آدمی کو لے جانے کے واسطے آنا۔ لینے جانا (متعدی) کسی کے استقبال واسطے جانا۔ کسی چیز یا آدمی کو لانے کے واسطے جانا۔ لینے چلنا (متعدی) کسی کے استقبال کیواسطے جانا۔ لینے دینے میں نہ ہونا (لازم) بے تعلق اور بے غرض ہونا۔ بے سروکار ہونا۔ کسی کے معاملے کے ساتھ تعلق نہ رکھنا۔ لینے کے دینے پڑ جانا یا پڑنا (لازم) نفع کی نقصان ہونا۔ جان پر بننا۔ مصیبت پڑنا۔ سخت دقت ہونا۔ لیوا (صفت) لینے والا۔ تحصیل (مذکر) لینا۔ دیکھو علیحدہ۔ لیوا دلوی (مونث) دینی (ہ) لین دین۔ لے ہی لو لوگے۔ تم ہرگز نہیں رہ سکتے۔

امثال و اقوال لینا بھو نہ دینا۔ نقد کا

لین دین ہاتھوں ہاتھ کا سودا۔ سیدھا حساب جس میں کوئی اینچ پینچ نہ ہو۔ لیتا مرے کے دینا۔ نادہند کہتا ہے۔ اس وقت ملیگا جب دینے اور لینے والوں میں سے ایک مریگا یعنی نہیں ملیگا۔ لینے دیتے کی دونوں جہان میں خیر۔ مخیر آدمی کی دونوں جہان میں بہتری ہوتی ہے۔ لے دہن جھونپڑا۔ نت اٹھ کرنی رار۔ آدھا بگڑا بھارتی سارا بگڑا بھار۔ لڑاکا ہمسایہ سے الگ ہوتے وقت کہتے ہیں کہ تو ہمیشہ تکرار و فساد کرتا تھا اب تو ہی رہ۔ لے دے آنکھوں میں۔ خود غرض آدمی کے متعلق کہتے ہیں جسے ہر وقت اپنے مطلب کی سوجھتی ہے۔ لے کے دیا کما کے کھایا ایسی تیسی جگت میں آیا۔ جو لے کے دے اور کما کے کمائے اسکے دنیا میں آنے کا کیا فائدہ ہوا۔ بدمعاش اور نادہند لوگوں کے متعلق کہتے ہیں۔ لے لنگڑی چل گدڑی (ع) معمولی تیاری کی اور کسی جگہ چل گئی۔ لے لیا پاتا اور پہنن لگی سلائی تھوڑی سی تیاری کر کے کام شروع کر دیا۔ لینا ایک نہ دینے دو۔ کسی سے کچھ تعلق نہیں۔ لینا دینا ساڑھے بائیس۔ ذمہ دار لینے کے موقع پر کہتے ہیں۔ لینا دینا کام ڈوم ڈھاڑیوں کا۔ محبت عجب چیز ہے۔ ٹالنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔ لینا نہ ایک دینے دو۔ معاملہ کچھ نہیں بالا مفت کی۔ لینا نہ دینا باتوں کا جمع خرچ۔ باتوں سے ٹالنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔ لینا نہ دینا جھوٹوں۔ منہ چھٹول۔ باتیں ہی باتیں ہیں۔ کام کچھ نہیں۔ لینا نہ دینا کا ہے نہ مسلے۔ کچھ حاصل نہ حصول۔ لینا نہ دینا کاٹتے پھرے حسینا۔ خواہ مخواہ دخل دینے کے موقع پر کہتے ہیں۔ لینا نہ دینا گاڑی بھرے جینا۔ مفت میں کوئی جیز سے تو کہتے ہیں۔ لینے دینے کے منہ میں خاک محبت بڑی چیز ہے۔ جب کوئی کچھ مانگے۔ تو بخیل کہتے ہیں۔ لینے کو مچھلی دینے کو کانٹا۔ قرض لیتے وقت بہت نرمی کرنا دیتے وقت اکڑنا۔

رلیا (ھ۔ مذکر) وہ زمین جس پر ہر سال دریا کا پانی پھر جائے۔

لیاپوچی (ہ۔ مونث) پونچی۔

لیارتی۔ لیاریا (ھ۔ مذکر) بھیڑیا۔

لیاقت (ع۔ مونث) قابلیت۔ استعداد۔ ہنر۔ گن۔ جوہر۔ وصف۔ خوبی۔ عمدگی۔ نفسیات۔ حوصلہ۔ ظرف۔ رسائی۔ تہذیب۔ شائستگی۔ تمیز۔ دانائی۔ ہوشیاری۔ جیرائی۔ مقدور۔ استطاعت۔ قدرت۔ کسی چیز کو حاصل کرنے کا مادہ

(لیّتی۔ موزوں ہونا)

لیاں (ہ) مونث، کھیلیں۔

لیبر (ہ) مذکر لعاب دہن جس میں چیپ ہو۔

لیبر (انگ) مونث محنت مزدوری **لیبر پارٹی** (مونث) وہ جماعت جس میں مزدور اور دستکار ہوں **لیبر ڈے** (مذکر) ایک تعطیل جس میں عام طور پر مزدور جلوس وغیرہ نکالتے ہیں۔ یہ عموماً پہلی مئی کو ہوتی ہے **لیبر گورنمنٹ** (مونث) وہ حکومت جس میں لیبر پارٹی برسر اقتدار ہوتی ہے اور اس میں سے وزرا منتخب ہوتے ہیں **لیبر ممبر** (مذکر) پارلیمنٹ کا وہ ممبر جسے مزدور منتخب کریں۔

لیبڑ (ہ) مذکر، آنکھ کا میل۔

لیپ (ہ) امر لیپنا کا۔ **لیپا** (ماضی) لیپنا کی ۲ (مذکر) پلستر کہگل۔ **لیپا پوتا** (مذکر) ۱ لیپا اور پوتا ہوا پلستر اور قلعی ۲ کیا کرایا۔ بنا بنایا۔ **لیپا پوتا بہ جانا** (لازم) کیا کرایا اکارت جانا **لیپ پوت** (مونث) لیپا پوتی۔ **لیپ پوت برابر کرنا** (متعدی) کسی بات کا پوشیدہ کرنا یا چھپا دینا۔ **لیپنا** (متعدی) پلستر کرنا کہگل کرنا۔ پوتنا۔ گوبری کرنا ۲ سفیدی کرنا ۳ چوکا دینا ۴ چھپانا۔ دبانا مخفی کرنا ۵ پڑھا لکھا بھول جانا **لیپنا پوتنا** (متعدی) پلستر کرنا اور پوتا پھیرنا **لیپنے میں آجانا** (لازم) ۱ آلودہ ہو جانا ۲ آٹے کے ساتھ گھن پس جانا ۳ ناگہانی آفت میں پھنس جانا۔ دوسرے کی مصیبت یا بلا میں آپ بھی پھنس جانا۔

امثال واقوال

لیپا لیپا پھر وکھا تو ہاتھ ہی کالے محنت کی اور کچھ ثمرہ نہ پایا۔ **لیپ بہو دیوالی آئی پوت بہو دیوالی آئی چھید چھدالی ماتھے مادری کیوں ساسو یہی دیوالی تھی**۔ یہ ان ساسوں پر طنز ہے جو اپنی بہوؤں کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کرتیں **لیپنے کا نہ پوتنے کا** نکما جو کسی کام کا نہ ہو **لیپول اوٹا مرسے موٹا**۔ اچارجی برہمنوں کے متعلق کہتے ہیں۔ اوٹا ایک مٹی کا دیوتا ہوتا ہے جسے لیپنے سے خیال ہوتا ہے کہ کوئی ایرا دی مرے گا۔

لیپ (انگ) مذکر کودنا **لیپ کا سال** (مذکر) چوتھا سال جو ۳۶۶ دن کا ہوتا ہے۔

لیپ (ہ) مذکر ۱ وہ دوا جو پانی یا روغن میں لگا کر ضماد پلستر ۲ کہگل۔ لپائی ۳ وہ مسالا جو ڈور پر پھیرتے ہیں تاکہ مانجھا (تغیرے اس لیپ)

لیبت (ہ) مذکر ۱ لیپ پلستر ۲ ضماد طلا ۳ ساندے دودھ اور آٹے کی لپسی **لیبتا رنا** (متعدی) ۱ چھڑکنا ۲ زمین پر کھینچنا۔ نتارنا ۳ بند کر دینا ۴ تھکانا

لیترا (ہ) **لیترا** (ہ) مذکر پرانا جوتا پھٹا۔ کھونسڑا (لتر سے)

لیتھڑے مذکر جمع لیتھڑی **لیتھڑے پڑنا** (لازم) جوتیاں پڑنا کھونسڑے لگنا۔ نہایت ذلت سے پٹنا **لیتھڑے لگانا یا مارنا** (متعدی) کھونسڑے مارنا جوتیاں لگانا۔ نہایت ذلیل ہونا **لیتھڑے چیتھڑے** (مذکر) ٹوٹی جوتی پھٹے کپڑے **لیتھڑے کھانا** (متعدی) جوتیاں کھانا۔

لیت ولعل (ع) مذکر ٹال مٹول۔ وعدہ وعید۔ حیلہ حوالہ بہانہ۔ عذر۔ امروز فردا کرنا ہونا کے ساتھ ۱ لیت کاشکے۔ لعل شاید لیت ایسی آرزو کے متعلق استعمال ہوتا ہے جس کا حصول ناممکن ہو اور لعل جس کا حصول ممکن ہو۔ **لیت ولعل میں ڈالنا** (متعدی) ۱ ٹالنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ وعدہ وعید کرکے ٹالنا ۲ جھمیلے میں پھنسانا بکھیڑے میں ڈالنا۔

لیتھڑا (ہ) مذکر، چیتھڑا، پھٹا ہوا کپڑا (لیتر سے)

لیٹ (ہ) امر لیٹنا کا، س۔ لٹ۔ ملو۔ لیٹنا۔ **لیٹا** (ماضی) لیٹنا کا **لیٹ جانا**۔ **لیٹنا** (لازم) ۱ سیدھا ہو کر پڑ جانا۔ دراز ہو جانا ۲ سو جانا۔ استراحت کرنا ۳ اوندھا پڑنا۔ پٹ پڑنا ۴ تھک جانا۔ آگے نہ چل سکنا ۵ ہمت ہار دینا ۶ قدموں پر گرنا۔ عاجزی کرنا عجز وانکسار کرنا ۷ کھڑی کھیتی کا زمین پر گر جانا ۸ بچھ جانا ۹ ہار ماننا مغلوب ہونا ۱۰ اگر ہٹنا ہو جانا **لیٹے جانا** (لازم) ۱ اینچے جانا ۲ پڑے جانا ۳ نہایت خوشامد کرنا ۴ ہمت چھوڑ دینا۔ ہمت ہار دینا۔

لیٹ (انگ) مونث، دیر۔ بے وقت۔ وقت کے بعد **لیٹ فی** (انگ) وہ فیس جو ڈاکخانے والے خصوصاً بعد از وقت تار دینے کیلئے لیتے ہیں **لیٹ کر دینا یا کرنا** (متعدی) **ہو جانا یا ہونا** (لازم) کسی خبر کے پہنچنے یا آنے میں دیر ہو جانا۔

لیٹر (انگ) مذکر ۱ خط چٹھی ۲ حرف۔ **لیٹر بکس** (مذکر) ۱ وہ لمبا سرخ اور گول صندوق جس میں چٹھیاں ڈالی جاتی ہیں۔ اور ڈاک خانے والے انہیں نکال کر روانہ کرتے ہیں ۲ وہ چھوٹا سا صندوقچہ جو گھروں کے باہر لگا ہوتا ہے تاکہ اس میں ڈاکیہ چٹھیاں ڈال جائے **لیٹر رائیٹر** (مذکر) وہ کتاب جس میں خط لکھنے کے نمونے دئے ہوتے ہیں

لیٹی (ہ) مونث، لیپی۔ کاغذ جوڑنے کی چیز جو آٹے سے بنائی جاتی ہے ۲ پتلا اور کچا حلوا۔

لیج (اب) دیکھو لیا۔

لیج (ہ) مونث، لیجر۔ لیجری لیجو (ہ) پانی بھرنے کی رسی یا ڈوری

لیجر (انگ) مذکر، روزنامچہ کھاتہ۔ روزانہ حساب کی کتاب۔

لیجسلیٹو (انگ) صفت، قانون بنانے یا وضع کرنے کے متعلق **لیجسلیٹو باڈی** (مذکر) مجلس واضع قوانین مختلف ملکوں میں اس کے مختلف نام ہیں انگلستان میں پارلیمنٹ۔ امریکہ وغیرہ میں سینیٹ کہتے ہیں۔ **لیجسلیٹو اسمبلی** (مونث) ہندوستان کی مجلس واضع قوانین جس میں تمام صوبوں کے نمائندے شامل ہو کر قانون بنانے اور وزرا پر سوال کرنے میں **لیجسلیٹو کونسل** (مونث) ہندوستان ۱۸ ء کی مجلس واضع قوانین۔

لیجن (ل) مذکر فوج کا ایک دستہ جو ۳۰۰۰ سپاہیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ جو بعد میں ۶۰۰۰ ہزار تک ہو گیا **لیجن آف آنر** (مذکر) ایک تمغہ جو فرانس میں دیا جاتا ہے۔

لیجیو (ہ) امر لینا کا۔ بکھیڑا۔ پکڑنا۔ پنالینا۔ گرفتار کرنا (مت)

لیچھی (ہ) مونث ۱ وہ چیز جو کسی طرح کی تہ میں رہ جائے تلچھٹ ۲ وہ پھوک جو پان کا عرق نکال لینے کے بعد رہ جاتا ہے ۳ وہ فضلہ جو کسم کا رنگ نکال لینے کے بعد بچتا ہے ۴ ہر نکمی اور نرم چیز (س فلش چمٹنا)۔

لیجیو (ہ) امر دیکھو لیجو (مت)

لیجیے (ہ) امر لیجے (مت) لو۔ لے لو۔

لیچ جانا (ہ) لازم ۱ ہار ماننا ۲ ہمت ہارنا ۳ کانپنا۔ ڈرنا۔

لیچڑ (ہ) صفت، ۱ کنجوس بخیل ۲ دیر سے قرضہ ادا کرنے والا سونا دہند۔ لے لوٹ **لیچڑپن** (مذکر) بخل۔ کنجوسی ۲ ادائیگی قرضہ میں تاخیر سونا دہندگی (س لب۔ بگڑنا)

لیچی (ہ) مونث، ایک پودا جو صدی میں چین سے لایا گیا تھا ۲ اس کا پھل جو کے پھل کے برابر اور اس کی شکل کا ہوتا ہے۔ چھلکا اتارنے پر گودا۔ ابلے ہوئے انڈے کے مانند نکلتا ہے جو میٹھا اور ترش ہوتا ہے اس کے اندر ایک گٹھلی لوکاٹ کی گٹھلی کی طرح ہوتی ہے

لید (ہ) مونث، گھوڑے گدھے خچر اور ہاتھی کا فضلہ (س لپ۔ چپڑنا) **لید کرنا** (متعدی) گھوڑے گدھے ہگنا

لیدر (انگ) مونث، چمڑا

لیڈ (انگ) متعدی ۱ آگے ہونا پیشروی کرنا ۲ مونث، تاش میں پہلے کھیلنے کی باری **لیڈر** (مذکر) ۱ سردار۔ سرغنہ۔ سرگروہ ۲ ایڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون۔ **لیڈ کرنا** (متعدی) ۱ پیشروی کرنا ۲ آگے جانا ۳ تاش میں پہلے پتا کھیلنا۔

لیڈی (انگ) مونث، ۱ لارڈ کی بیوی۔ معزز عورت۔ بیگم۔ خاتون۔ **لیڈی ڈاکٹر** (مونث) طبیبہ۔ ڈاکٹرنی۔

لیر (ہ) مونث، دھجی۔ کترن۔ کپڑے کی لمبی اور پتلی دھجی ۲ چیتھڑا (س۔ رش چیر) **لیر لیر کرنا** (متعدی) پھاڑ ڈالنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا **لیر لیر ہو جانا** (لازم)

پھٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ دھجیاں لگ جانا۔ چیتھڑے لگ جانا۔ **لیری** (مونث) ۱. وہ لمبی دھجی جو لنگوٹے کے نیچے ادپر باندھتے ہیں **لیرے** (مذکر) چیتھڑے دھجیاں۔ پرزے ۲. (پ) کپڑے **لیرے لتے** (پ) مسکا کپڑے پھٹے پرانے کپڑے **لیرے لگنا** (لازم) چیتھڑے لگ جانا کپڑے پھٹ جانا **لیریں لٹکنا** (لازم) پھٹا ہوا لباس کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔

لیڑو۔ لیروا (۵) ۔ مذکر، بچھڑا۔

لیڈری (ہ۔ مونث) ۔ وہ ڈول یا ٹوکری جس کے دونوں طرف رسی باندھ کر پانی نشیب سے بلندی کو لے جاتے ہیں (چلانا چلانا کے ساتھ)

لیزم (ف۔ مذکر) ۱. ایک قسم کی کمان جس میں بجائے تانت کے لوہے کی زنجیر ہوتی ہے اور متعدد کڑیاں پڑی ہوتی ہیں پہلوان اور کسرتی آدمی اس سے جسمانی کسرت کیا کرتے ہیں۔ کمان فولاد (ہلانا، ہلانا کے ساتھ) ۲. ایک قسم کی نرم اور لچکدار کمان جس پر کمان چلانے کی مشق کرتے ہیں۔

لیس (۵ ۔ صفت) ۱. تیار۔ مستعد۔ آمادہ ہو کر کسا ہوا۔ کیل کانٹے سے درست ہو وردی یا ہتھیار سے درست ہو کر۔ کامل (بعض کا خیال ہے کہ ان معنوں میں انگ. لفظ ڈریس کا مخرب ہے جس کے معنی ایک خاص قسم کی پوشاک ہے جو سپاہیوں وغیرہ یا دھوتوں سے پہنی جاتی ہے ۲. (مذکر) تیر جس کی نوک لمبی اور بڑی ہوتی ہے ۳. وہ، وہ چیز جس سے کمال حاصل کیا جائے (رس لس چلنا) یہ ایک قسم کا سرکہ (رس اصل رس) دھنی۔ چھوٹی شاخ (رس لیش ہمہ کا حصہ)

لیس (انگ ۔ مونث) ۱. انگریزی فیتہ جو کپڑوں پر لگایا جاتا ہے ۲. کلابتون کا فیتہ جو طلائی اور نقرئی ہوتا ہے۔

لیس (ف ۔ صفت) چاٹنے والا ۔ مرکبات میں جیسے کاسہ لیس۔

لیس (ہ ۔ مذکر) ۱. ایک قسم کی چپکنے والی چیز۔ گوند ۲. چیپ۔ لس ۳. چپچپاہٹ ۴. گہری مٹی اور بھوسے کا پلستر ۵. وہ چیز جو دیوار پر لیپتے ہیں تا کہ سوراخ بند ہو جائیں (س کلش) تکلیف دینا ہلیسا **لیس** (ہ ۔ مذکر) پلستر۔ **لیسائی** (ہ ۔ مونث) پلستر کرنے کا عمل۔ **لیس لوٹ** (مذکر) ۱. لیسنا اور پوٹنا ۲. بگڑی ہوئی بات بنانا **لیسدار** (صفت) لسدار **لیس دینا** (متعدی) چپکا دینا۔ لپیٹ دینا۔ لیسنا (متعدی) پلستر کرنا ۱. لیپنا ۲. بھرنا ۳. بچلانا ۴. جھگڑا کرنا۔ **لیسوال** (صفت) اچھی طرح لیسا ہوا گھنا۔ **لیس** (ہ ۔ مذکر) ۱. چھوٹا پن ۲. چھوٹا حصہ ۳. ذرہ ۔ تھوڑی سی چیز ۴. نشان

لیک (ہ ۔ مونث) ۱. گاڑی کے پہیے کا نشان ۲. سانپ یا چیونٹی وغیرہ کے چلنے کا نشان ۳. راہ پگڈنڈی ۴. رسم و رواج ۔ پورنا۔ دستور ۵. کنیوں کا پنگ جو بیاہ شادی پر دیا جاتا ہے ۶. کلنک ۔ داغ ۔ دھبہ ٹیکہ۔ جوں کا انڈا ۔ لیکھ ۔ **لیک پیٹنا** (لازم) ۱. پرانی رسم پر چلے جانا ۲. کسی بات کو بار بار دہرانا ۳. بحث کیے جانا ۴. ایک ہی بات پر قائم رہنا ۵. ترقی نہ کرنا نیا راستہ نہ کرنا ۔ **لیک سے بے لیک ہونا** (لازم) ۱. سیدھا رستہ چھوڑنا ۲. گمراہ ہونا ۳. قدیم رسم و رواج چھوڑنا **لیک لیک چلنا** (لازم) ۱. راہ چلنا ۲. سنت سے چلنا ۳. سڑک پر جانا ۴. پرانے رسم و رواج کی پابندی کرنا۔

امثال و اقوال۔ لیک کا پیسا ۱. ہاتھ کی لکیریں ہیں ۲. ٹیکہ دینا ہی پڑتا ہے ۳. رہداری کا محصول دینا ہی پڑے گا **لیک لیک گاڑی چلے لیک ہی چلے کپوت لیک چھوڑ تین ہی چلیں گو، سنگھ سپوت۔** گاڑی لیک پر چلتی ہے اور بیٹا قوم لڑکا پرانے رسم و رواج پر چلتا ہے لیکن تین ہیں جو کبھی پرانی لکیر کے فقیر نہیں ہوتے شاعر، شیر اور لائق بیٹا **لیک لیک گاڑی چلے لیک چلے سپوت۔ لیک چھوڑ تین ہی چلیں ساگر سنگھ کپوت** سعادت مند بیٹا بزرگوں کے طریقے پر چلتا ہے لیکن نالائق اولاد باپ دادا کی راہ پر نہیں چلتی۔

لیک (ف ۔ حرف استثنا) لیکن کا مخفف **لیکن** (حرف استثنا) پر۔ الا۔ ولے۔ ولی۔ پرنتو۔ مگر۔

لیکھ (ہ ۔ مونث) ۱. جوں کا انڈا ۲. چھوٹی جوں۔ دھمک (س۔ لیکشا) **لیکھ دیکھ لیک لیکھیں پڑنا** (لازم) سر میں چھوٹی جوئیں ہونا۔

لیکھ (ہ ۔ مذکر) ۱. تحریر۔ لکھی ہوئی چیز ۲. دستخط ۳. نام لکھنا **لیکھا** (ہ ۔ مذکر) ۱. حساب لین دین ۔ حساب ۔ کتاب ۲. بہی ۔ کھاتہ ۳. حساب ۴. حالت درجہ ۔ گت احوال کیفیت ۵. حادثہ ۶. سہاؤ ۔ برتاؤ معاملہ ۔ بہتاؤ ۷. طریقہ دستور اس لکھ ۔ لکیر کھینچنا لکھنا۔ **لیکھا بہی** (مونث) ۱. کتاب حساب۔ لین دین کی بہی ۲. خاص وہ کتاب جس میں کسی کا حساب کتاب جاری ہو **لیکھا پتر** (ہ ۔ مذکر) ۱. تحریر۔ دستاویز ۲. حساب کا کاغذ۔ بل **لیکھا پورا پھرپا کرنا** (متعدی) ۱. ہو رہنا (لازم) ۱. حساب مٹانا ۲. حساب چکتا۔ حساب کا فیصلہ ہونا۔ **لیکھا جوکھا** (مذکر) حساب کتاب ۔ لین ۔ دین۔ **لیکھا ڈالنا** (متعدی) حساب شروع کرنا۔ کسی کا حساب جاری کرنا **لیکھا ڈیوڑھا برابر کرنا** (متعدی) ۱. حساب چکا دینا۔ حساب صاف کر دینا۔ حساب بیباق کر دینا ۲. کسی ہستی مٹا دینا۔ **لیکھا کرنا** (متعدی) حساب کرنا ۔ بقایا نکالنا۔ لین دین کی رقم معلوم کرنا۔ **لیکھا لینا** (متعدی) حساب کتاب دیکھنا بقایا معلوم کرنا۔ **لیکھے** (مذکر) ۱. لیکھا کی جمع ۲. لائف حساب میں نزدیک۔ **لیکھے والا** (مذکر) ۱. حساب جو کا سیو اکاؤنٹنٹ۔

لیکھنا (ہ ۔ متعدی) ۱. لکھنا ۔ لکھنا۔

لیگ (انگ ۔ مونث) ۱. لوگوں، فرقوں یا قوموں کی اتحادی مجلس جس سے ایک دوسرے کا مفاد مقصود ہو ۲. مسلم لیگ کی بجائے **لیگ آف نیشنز** (مونث) ایک مجلس جو دنیا کی قوموں کی امن کے مطلب کے لئے بنائی گئی ہے۔

لیل (ع ۔ مونث) رات۔ شب ۔ تاری مذکیل ۔ رات کے لئے کرائے پر لینا **لیلۃ الاسرا** (مونث) شب معراج **لیلۃ البدر** (مونث) ہر قمری مہینے کی چودھویں رات۔ **لیلۃ القدر** (مونث) ۱. شب قدر ۲. خوشی کی رات متبرک رات **لیل و نہار** (مذکر) رات دن ۔ شب و روز۔

لیل (ہ ۔ مذکر) گیونیل **لیلا** (صفت) ہو کیو نیلا۔

لیلا (س ۔ مونث) ۱. کھیل۔ تماشا لہو و لعب ۲. عیش و نشاط ۔ سیر و تماشا ۔ رنگ رس ۳. تماشائے قدرت ۔ کرتب ۔ مظاہر قدرت ۴. معمولی وہ بات جس کا کرنا آسان ہو ۵. ظاہری نمایش ۔ بناوٹ ۔ دھوکا ۶. خوبصورتی ۔ حسن **لیلا دھاری** (ہ) تماشا گر کھلاڑی ایکٹر۔ **لیلا کرنا** (متعدی) تماشا کرنا ۔ کھیل و کھانا نظارہ دکھانا ۔ **لیلاوت** (صفت) جس میں حسن خوبصورتی یا نزاکت ہو۔ **لیلاوتی** (مونث) خوبصورت اور حسین عورت۔

لیلا (ہ) ۔ مذکر، بکری یا بھیڑ کا بچہ۔ برّہ۔

لیل جانا۔ لیلنا (ہ) ۔ متعدی، نگلنا۔ ہڑپ کر جانا۔ کھا جانا۔

لیلوٹ (ہ) ۔ صفت، دیکھو لے کے تحت میں لبلوٹ کا مرکب ہے۔

لیلی۔ لیلیٰ۔ لیلے (ع) ۔ صفت، ۱۔ رات کے متعلق رات کا ۲۔ (مذکر)، وہ جو رات کو کام کرے ۳۔ (مونث)، مجنوں کی معشوقہ۔

مقولہ۔ لیلیٰ را بچشم مجنوں ببایدید ید۔ معشوق چاہے کیسا ہی بدصورت ہو۔ عاشق کی نظر میں بہت خوبصورت ہوتا ہے۔ اس لئے اسے عاشق کی نظروں سے دیکھنا چاہیئے۔

لیلیانا (ہ) ۔ لازم، بلبلے کی آواز نکالنا۔

لیم (ع) ۔ مذکر، ۱۔ نشا ہر فی۔ میل ۲۔ چاشنی۔

لیمپ (انگ) ۔ مذکر، انگریزی وضع کا چراغ۔

لیموں (ف) ۔ مذکر، ۱۔ ایک درخت ۲۔ اس کا پھل جو ترش ہوتا ہے۔ اس کا اچار ڈالتے ہیں۔ رس کی سکنجبین بنا کر پیتے ہیں۔ نیبو۔ ترنج (س نیبک)، **لیموں** (مذکر) دیکھو نیبو **لیمونی** (صفت)، وہ چیز جس میں لیموں کا رس ڈالا گیا ہو۔

مقولہ۔ لیموں کے چور کا ہاتھ کٹتا ہے۔ بازار ظلم و جفا گرم ہے۔ اندھیر نگری چوپٹ راجہ۔

لیمونیڈ (انگ) ۔ مذکر، لیموں کا میٹھا پانی یا شربت۔ ایک قسم کا انگریزی شربت۔

لین (انگ) ۔ مونث، ۱۔ لکیر۔ خط ۲۔ رسی۔ ڈوری ۳۔ مد۔ حد بندی ۴۔ سطر ۵۔ قطار۔ صف ۶۔ ریل کی سڑک ۷۔ چھاؤنی۔ کیمپ ۸۔ فوج یا پولیس کے رہنے کا مکان (اصل لائن) **لین باندھ کر** (ف)، قطار میں۔ صف میں۔ قطار میں کھڑے ہو کر **لین باندھنا** (متعدی)، قطار میں کھڑے ہونا **لین ٹوٹنا** (لازم)، ریل کی سڑک کا بارش کی وجہ سے بہ جانا **لین ڈوری** (مونث) ۱۔ وہ سامان ذخیرہ جو کوچ سے پیشتر روانہ کیا جاتا ہے۔ ڈیرہ خیمہ۔ ۲۔ (مذکر) جا کر جو لشکر کے آگے جا کر اترنے کا سامان کرتے ہیں۔ ہیر و بنگاہ۔ کسی بات کے ہونے کی علامت ۳۔ کسی کام کے ظہور کی نشانی ۴۔ آمد۔ خبر (ع) ۵۔ **لین کلیئر** (مونث) ۱۔ صفائی راہ۔ سڑک کا قابل گزر ہونا ۲۔ وہ پروانہ جو اسٹیشن ماسٹر انجن ڈرائیور کو سڑک کے قابل گزر ہونے کے متعلق دیتا ہے۔ سڑک کے قابل آمد و رفت ہونے کی سند۔

لین (ع) ۔ مذکر، ہوا ۲۔ وہ یائے تحتانی ساکن جس کا ماقبل مفتوح ہو (لَیْن)۔ نرم ہونا **لینت** (مونث)، نرمی۔ ملائمی۔

لینڈی ۔ مذکر، بندھا ہوا پیخانہ (س لنڈ) **لینڈ** (مونث)، ۱۔ آدمی یا کتے کا بندھا ہوا پیخانہ۔ چھوٹا **لینڈ** ۲۔ بازاری کتا۔ عام کتا ۳۔ (صفت)، بزدل۔ ڈرپوک۔ نامرد۔ **لینڈی پھولنا** (لازم)، مغرور رہنا **لینڈی تر ہونا** (لازم)، ۱۔ مغرور زیادہ ہونا۔ تکبر بڑھنا ۲۔ بہت خوش ہونا (طنزاً) **لینڈی جڑنا** (لازم)، گہری دوستی ہونا **لینڈی دماغ کو چڑھ جانا** (لازم)، مغرور اور متکبر ہو جانا۔ تھوڑی سی بات پر پھول جانا **لینڈی کُتّا** (مذکر)، بازاری کتا۔ عام کتا **لینڈی کتے کی موت مارنا** (متعدی) **مرنا** (لازم)، کمال ذلت سے مارا جانا۔ نہایت تکلیف سے مرنا۔

لینڈرا (ہ) ۔ صفت، ۱۔ نامرد۔ بزدل ۲۔ وہ لڑکا یا بیٹا جو پچھلے خاوند سے ہو۔

لینڈو (انگ) ۔ مونث، ایک قسم کی انگریزی چوپہیہ گاڑی جس کی چھت کھل سکتی ہے۔

لینڈھا (ہ) ۔ مذکر، پھیپھڑی۔

لینہ (ف) ۔ مذکر، ایک قسم کی کھجور۔

لینی (ہ) ۔ مونث، دیکھو لے کے تحت میں۔

لیو (ہ) ۔ مذکر، ۱۔ مٹی کا پلستر ۲۔ وہ پلستر جو پھول کر دیوار سے اتر جائے ۳۔ چولھے کا پلستر **چڑھانا۔ چڑھنا۔ لگانا۔ لگنا** کے ساتھ، (س لیپ۔ ملنا)

لیوا (ہ) ۔ مذکر، ۱۔ دیکھو لے کے تحت میں ۲۔ گائے بھینس۔ بکری کا تھن ۳۔ وہ مٹی جو ہانڈی یا دیگچی کے پیندے پر لگاتے ہیں ۴۔ پلستر۔ لیو (س لیپ ملنا) **لیوا** (ہ) ۱۔ پلستر ۲۔ لیو۔ لیپ **لیواس** (ہ) ۱۔ پلستر ۲۔ استرکاری۔

لیول (انگ) ۔ صفت، ۱۔ ہموار۔ برابر کا ۲۔ (مذکر)، سطح ۳۔ زمین کا نشیب و فراز دریافت کرنے کا آلہ۔

لیہ (س) ۔ صفت، ۱۔ چاٹنے والا۔ پینے والا ۲۔ (مذکر) چاٹنا۔ پینا **لیہن** (مذکر) چاٹنا۔ پینا **لیہنا** (مذکر) چارہ۔

لیہڑ (ہ) ۔ صفت، میلا۔ گندا۔

لیہن (ہ) ۔ مذکر، سہاگا۔

لیہی (ہ) ۔ مونث، لیٹی۔ لیہی جیہی (مونث)، امرا ۲۔ پونجی ۳۔ مادہ۔ جسم۔

لئی (ہ) ۔ مونث، وہ لیس دار مادہ جو آٹے کو پانی میں پکا کر کاغذ وغیرہ جوڑنے کے لئے بناتے ہیں (لیس سے)۔

لئے پونجی (ہ) ۔ مونث، متاع خانہ۔

م

م (ہ - مذکر) تلفظ میم ۱ اُردو کا اکتیسواں۔ فارسی کا اٹھائیسواں عربی کا چھبیسواں حرف اور دیوناگری رسم الخط کا پچیسواں ویجن اور پانچواں حرف شفتی یا دشتی اکثر ہے ۲ ابجد میں اس کے چالیس عدد مقرر کئے گئے ہیں ۳ مغلوں کے زمانے میں شاہی جاگیر، معافی کے حکم کے آخیر میں دیوان حرف میم بطور دستخط کے لکھا کرتا تھا ۴ عربی میں ماہ محرم کا اختصار ہے ۵ میں کے بعد علیہ السلام کا مخفف ہے ۶ جب کسی حرف کے شروع میں بالفتح آتا ہے تو وہاں ظرف ۷ یا مفعول کے معنی دیتا ہے۔ جیسے مجلس، مسجد۔ مظلوم۔ منصور ۸ اسم کے شروع میں بالضم فاعلیت کا کام دیتا ہے۔ جیسے محافظ۔ معاون ۹ فارسی میں دہن معشوق ۱۰ علامت نہی جیسے مکن، مبادا ۱۱ جنتریوں میں اتوار کے روز کی علامت ہے ۱۲ جب اس کے ماقبل پیش ہو تو اعداد میں فاعلیت کے واسطے آتا ہے۔ جیسے یکم، دوم ۱۳ علامت تانیث ہے جیسے بیگم، خانم ۱۴ برائے نسبت جیسے نیلم ۱۵ حروف ذیل سے اپنے اپنے موقع پر بدل جاتا ہے۔ ب پ ٹ ج غ گ ل ن وہ ے۔

مَ (ف - حرف) ۱ نہیں ۲ (ضمیر) کسی اسم کے آخر میں، میرا ۳ اُم کا مخفف ہوں ۴ نا من کا مخفف۔ جیسے سرا ۵ اعداد صفاتی کے آخر میں آکر اعداد ذاتی بناتا ہے۔ جیسے یک سے یکم۔ اس صورت میں اس سے پہلے حرف پر ضم ہوتی ہے۔

امثال۔ مترس از بلائے کہ شب درمیان۔ کسی مصیبت سے ڈرنا نہیں چاہئے۔ خدا جانے کل کیا ہو۔ **مزن بے تامل بگفتار دم۔** بے سوچے لب نہ ہلا۔

ما (ہ۔ مونث) ماں کا مخفف (غف) ما کا دودھ ہے۔ حلال ہے اس میں کوئی عیب نہیں۔

ما (ف۔ ضمیر) ہم۔ **ما بدولت** بادشاہ اپنے متعلق یہ الفاظ استعمال کرتے تھے۔ **ما و شما** (مذکر) ہرکس و ناکس۔ **ما و مَن** (مونث) ۱ خود پسندی خود ستائی ۲ (مذکر) ایرے غیرے۔

امثال و اقوال۔ ما بخیر شما بسلامت۔ ہم خیریت سے تم سلامتی سے۔ ہم الگ تم الگ۔ ہمیں تم سے کچھ غرض نہیں۔ **ما چہ سرائیم و تنبورہٗ ما چہ سراید۔** میں کیا گاتا ہوں اور میرا تنبورہ کیا گاتا ہے۔ بے تکی باتوں کے متعلق کہتے ہیں۔ **ما در چہ خیالیم و فلک در چہ خیال۔** میں کس خیال میں ہوں اور آسمان کس خیال میں ہے۔ جب کوئی بات خلاف امید ہو تو کہتے ہیں۔ **مارا ازیں گیاہ ضعیف ایں گماں نہ بود۔** مجھے اس کمزور گھاس سے یہ امید نہ تھی۔ جب کوئی کمزور شخص ایسا کام کرے جو اس کی ہمت سے زیادہ ہو تو کہتے ہیں۔ **مارا بہ سخت جانی خود ایں گماں نبود۔** مجھے کیا معلوم تھا کہ میں ایسا سخت جان ہوں۔ **مارا چہ ازیں قصہ کہ گاو آمد و خر رفت۔** کسی کے آنے جانے پر بے پروائی ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔ **ماز لطف تو گذشتیم غضب را چہ علاج۔** ہم آپ کی عنایت سے درگذرے لیکن غصّے کو کیا کریں۔

ما (ع۔ حرف نفی) ۱ نہیں۔ نہ۔ مت ۲ (اسم موصول) جو کہ۔ جو کچھ۔ ہر کچھ۔ کوئی چیز ۳ (کلمۂ استفہام) کیا۔ کیا چیز ۴ کون۔ کدام ۵ کیوں کیونکر۔ کیسے۔ **مابعد** (صفت) جو کچھ بعد میں آئے پچھلا۔ پیچھے آنے والا۔ پیچھے کا۔ **ما بقا۔ بقی یا بقیۃ** (صفت) ۱ باقی۔ بقایا۔ بچا ہوا ۲ الش۔ جھوٹا۔ پس خوردہ۔ **ما بہ الاحتیاج** (مذکر) جن چیزوں کی ضرورت پڑے۔ جن کی حاجت ہو۔ **ما بہ الامتیاز** (مذکر) وہ چیز یا سبب جس سے امتیاز ہو سکے۔ باعث امتیاز۔ نشان امتیاز۔ **ما بہ النزاع** (مذکر) وہ بات جس پر جھگڑا اُٹھا ہو۔ باعث خصومت۔ جھگڑے کی بنا۔ **مابین** (تف) ۱ درمیان میں۔ وسط میں۔ بیچ میں ۲ اثنا میں ۳ (صفت) درمیانی۔ وسطی۔ بیچ کا ۴ (مذکر) درمیان۔ وسط۔ بیچ۔ دوران۔ **مابین تحقیقات** (تف) تحقیقات کے دوران میں۔ **مابین فریقین** (تف) ہر دو فریق کے درمیان۔ **ماتحت** (صفت) ۱ زیر حکم۔ تابع فرمان ۲ (مذکر) نائب۔ مددگار۔ معاون۔ وہ ملازم جو زیر حکم کام کرے (رکھنا، ہونا کے ساتھ) **ماتقدم** (صفت) اول کا۔ پہلے کا۔ جو پہلے گزرے۔ مذکورہ بالا۔ **ماجرا** (مذکر) ۱ جو چیز کہ جاری ہو۔ جو کچھ کہ گزر گیا ہو ۲ سرگزشت۔ احوال۔ بیتی ۳ حادثہ۔ واقعہ۔ واردات ۴ حالت۔ درجہ۔ کیفیت ۵ حال احوال۔ خیر خبر۔ ذکر اذکار (پوچھنا، سننا، کہنا وغیرہ کے ساتھ) **ما حاصل** (مذکر) ۱ جو چیز پیدا ہوئی ہو۔ جو نتیجہ نکلا ہو **ما حصل** (مذکر) ۱ جو کچھ کہ حاصل ہو۔ حاصل شدہ ۲ نتیجہ۔ حصول ۳ پھل۔ ثمرہ ۴ نفع۔ منافع۔ فایدہ ۵ پیداوار۔ پیدا ۶ اناج۔ غلہ۔ جنس۔ **ما حضر** (مذکر) ۱ جو کچھ حاضر یا موجود ہو ۲ کھانا جو موجود ہو۔ دال دلیا **ماحول** (مذکر) گرد و پیش۔ **مادام** (تف) ۱ ہمیشہ۔ مدام ۲ جب تک۔ جب کہ۔ **مادام الحیات یا العمر** (تف) تمام عمر۔ عمر بھر۔ تا زیست۔ **مازاد** (مذکر) جو زیادہ ہو۔ **مازاغ** (مذکر) قرآن شریف کی آیت مَازَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی کی طرف اشارہ ہے۔ نہ پھیری آنکھ اور نہ نافرمانی کی۔ **ماسبق** (صفت) جو پہلے گزر چکا ہو۔ سابقہ۔ اول الذکر۔ گزشتہ۔ گزرا ہوا۔ **ماسلف** (صفت) گزرا ہوا۔ گزشتہ۔ بیتا ہوا۔ **ماسوا** (حرف استثنا) ۱ اس کے علاوہ۔ جو کچھ کہ ہوا ہو۔ بجز۔ علاوہ ۲ صوفیوں کی اصطلاح میں خدائے تعالے کے علاوہ ہر چیز ۳ معشوق مجازی (ماسوائے غلط ہے) **ماسوا اللہ** (مذکر) خدا کے سوا ہر چیز۔ **ماشاء اللہ** (کلمۂ دعا) ۱ جو خدا چاہے۔ اگر خدا نے چاہا۔ خدا کی مرضی سے ۲ سبحان اللہ۔ کیا کہنا ۳ خوبصورت چیز کو دیکھ کر کہتے ہیں تاکہ نظر نہ لگے ۴ طنزاً بھی کہتے ہیں۔ **ماصدق** (مذکر) ۱ وہ جو کہ درست ہے ۲ جو ثابت یا تصدیق کرے ۳ مضمون، معنی۔ **مافات** (مذکر) جو فوت ہوا۔ جو گزر گیا۔ **مافوق** (صفت) ۱ جو اوپر ہو۔ جو فوقیت رکھتا ہو۔ اعلیٰ۔ ممتاز ۲ اونچا۔ بلند بالا ۳ فائق ۴ بزرگ تر۔ معظم۔ **مافی الضمیر** (مذکر) جو کچھ دل میں ہو۔ دل کی بات۔ **ما فیہا** (مذکر) جو کچھ اس میں ہے۔ جو کچھ دنیا میں ہے۔ **ماقبل** (صفت) جو پہلے ہو۔ پہلے کا۔ **ماقبل الذکر** (مذکر) جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہو۔ مذکورہ بالا۔ **ماقل و دل** (مذکر) تھوڑا جس کے معنی زیادہ

ہوں۔ **مالاکلام** (مذکر) جس میں کلام یا شبہہ و اعتراض کی گنجائش نہ ہو۔ **مالایُطاق** (مذکر) طاقت سے بڑھ کر کام۔ وہ کام جو کسی کی قدرت یا طاقت سے باہر ہو۔ **مالاینحل** (صفت) جو حل نہ ہو سکے۔ اَدَق۔ ناقابلِ حل۔ **مامضےٰ** (صفت) جو گزر گیا ہو۔ گزشتہ۔ جو ہو چکا ہو۔ **ماوَجَب** (صفت) ۱ جو واجب ہو ۲ (مذکر) سلام۔ دعا۔ **ماوَرا** (تف) سوا۔ بجز۔ اس کے علاوہ۔ **مایتحلّل** (صفت) جو گھل کر غائب ہو گیا ہو۔ **مایحتاج** (مذکر) جس چیز کی انسان کو ضرورت ہو۔ ضروریات۔ **مایُرید** (صفت) ۱ جو کچھ خدا چاہتا ہے ۲ (مذکر) خدا کی مرضی۔ مشیت خداوندی۔ **مایُعرف** (صفت) ۱ جو معلوم ہو ۲ کُل۔ کل شے مقبوضہ۔ **مایُقریٰ** (صفت) وہ جو انسان مشکل سے پڑھ سکے (تحریر) **ماینطق عن الھوا**۔ نہیں بولتے اپنی مرضی سے۔ یہ قرآن شریف کی سورۂ نجم کی آیت ہے۔ جس میں پیغمبر صلعم کے متعلق کہا گیا ہے کہ وہ اپنی طرف سے کچھ نہیں کہتے۔ بلکہ جو کچھ کہتے ہیں خدا کا حکم ہوتا ہے۔ **مایؤل** (صفت) ۱ جو واپس آئے ۲ جو گزرے۔

مَآب (ع۔ مذکر) واپسی کی جگہ۔ جائے بازگشت۔ وہ جگہ جہاں انسان یا کوئی چیز واپس جائے۔ وہ جگہ جس میں کوئی چیز ہو۔ مقررہ جگہ۔ اردو میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے عزّت مآب۔ رسالت مآب وغیرہ (اَوْب۔ لوٹنا)۔

مِآت (ع۔ مذکر) مِأت کی جمع۔ کتی سو۔ صدہا۔

مَآثر (ع۔ مذکر) ماثرۃ کی جمع ۱ اچھے آثار۔ اچھے کام۔ اچھی خصوصیتیں ۲ حدیثیں۔ تاریخیں ۳ نشانیاں۔ یادگاریں۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے ظفر مآثر۔

مآرب (ع۔ مونث) جمع مارِبۃ کی۔ ضروری چیزیں۔ ضروریات۔

مَآل (ع۔ مذکر) ۱ جائے بازگشت۔ لوٹنے کی جگہ۔ مرجع ۲ انجام۔ آخیر۔ خاتمہ۔ نتیجہ ۳ مرکبات میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسے خیر مآل (اَوْل۔ لوٹنا)۔ **مآل اندیش** (صفت) ہر بات کے نتیجے کو سوچنے والا۔ دور اندیش۔ **مآل اندیشی** (مونث) دور اندیشی۔ انجام بینی۔ سوچ بچار۔ **مآل کار** (تف) آخر کو۔ انجام کار۔ **مآل کار** (مذکر) ۱ نتیجہ ۲ کرنی کا پھل۔ نتیجۂ کار۔

مابُون (ع۔ مذکر) ۱ وہ شخص جسے اغلام کرانے کی عادت یا علت ابنہ ہو۔ بوبیبا ۲ قابل الزام ۳ نامرد۔ زنانہ ۴ مشتبہ (اَبَن۔ الزام لگانا)

ماپ (ہ۔ امر) ۱ ماپنا کا ۲ (مذکر) پیمائش۔ ناپ ۳ پیمانہ ۴ جانچ۔ اندازہ ۵ لمبائی چوڑائی کا تخمینہ ۶ جریب کشی۔ رقبہ بندی (س ما۔ پیمائش کرنا)۔ **ماپا** (ماضی) ۱ ماپنا کی ۲ (صفت) جس کی پیمائش کی گئی ہو ۳ پیمائش کرنے والا۔ **ماپا شوربہ اور گنی ڈلیاں** ۱ کھانے پینے کی چیزوں کی کمی ۲ کفایت شعاری۔ خست۔ اب نیا شوربہ اور گنی بوٹیاں استعمال ہوتا ہے۔ **ماپ تول** (مونث) ۱ عرض طول کی پیمائش ۲ جانچ۔ پڑتال۔ **ماپ کا پورا** (صفت) آدمی یا گھوڑا جو فوجی یا پولیس کے قانون کے مطابق فوج یا پولیس میں لیا جا سکے۔ انسان پانچ فٹ چھ انچ اور گھوڑا پانچ فٹ چودہ انچ ہونا چاہئے۔ مگر گورکھوں اور پہاڑی لوگوں پر یہ شرط عاید نہیں ہوتی۔ **ماپ لینا یا ماپنا** (متعدی) ۱ پیمائش کرنا ۲ جانچنا۔ اندازہ کرنا۔ **ماپنے والا** (صفت) پیمائش کنندہ۔ مقولہ۔ **ماپا۔ کنیا اور پٹواری بھینٹ لئے بن کریں نہ یاری**۔ پیمائش کرنے والا۔ مالگزاری تشخیص کرنے والا اور پٹواری بغیر رشوت لئے کام نہیں کرتے۔

ماپھل (ہ۔ مذکر) ماجوپھل۔

ماپی (ہ۔ صفت) متوالی۔

مات (ع۔ مونث) ۱ شکست۔ ہار۔ ہزیمت ۲ شطرنج یا بیت بازی میں ہار ۳ (صفت) عاجز۔ ہارا ہوا۔ مقابلے سے عاجز ۴ بے رنگ۔ بے رونق (مَات۔ مرنا)۔ **مات دینا** (متعدی) ۱ ہرانا۔ شکست دینا۔ مغلوب کرنا۔ زک دینا ۲ نیچا دکھانا۔ شرمندہ کرنا۔ خجل کرنا ۳ شطرنج یا بیت بازی میں ہرا دینا۔ **مات کرنا** (متعدی) ۱ دیکھو مات دینا ۲ کسی کام میں سبقت لے جانا ۳ بے رنگ یا بے رونق کر دینا۔ **مات کھانا** (متعدی) شطرنج یا بیت بازی میں ہار جانا۔ بازی ہار جانا۔ **مات ہو جانا یا ہونا** (لازم) مات کرنا کا۔ مقولہ۔ **مات کردم مات کردم من ترا۔ ناک کاٹوں کان کاٹوں لے چھرا**۔ بیت بازی میں جیتا ہوا لڑکا حریف کو چڑانے کے لئے کہتا ہے۔

مات (ہ۔ مونث) ۱ ماترا کا مخفف ۲ ماٹ یا ماٹھ کا مخرب ۳ ماتا۔ ماں۔ **مات پتا** (مذکر) ماں باپ والدین۔ **مات کی بھاجی** (مونث) دیکھو ماٹ کی بھاجی۔

مِأت (ع۔ مذکر) ایک سو۔ **مِأتین** (مذکر) دو سو۔

ماتا (ہ۔ مونث) ۱ ماں ۲ بڑی عورت کو عزّت سے خطاب کرتے ہیں ۳ چیچک۔ سیتلا (س ماتر۔ ماں) ۴ (صفت۔ مذکر) مدہوش۔ مست ۵ بھرا ہوا۔ بھرپور ۶ شگفتہ۔ شاداب ۷ کامل۔ پورا ۸ بالغ۔ جوان۔ **ماتا پتا** (مذکر) ماں باپ۔ والدین ۲ بزرگ۔ آقا۔ مالک۔ مائی باپ۔ **ماتا پوجنا** (متعدی) سیتلا کی پوجا کرنا۔ **ماتا ری** (مونث) ماں۔ **ماتا سیتلا کے دن** (مذکر) وہ زمانہ جب چیچک کا بہت زور ہو۔

ماتَر (س۔ مذکر) **ماتر** (ہ) ۱ ماپ۔ پیمائش ۲ کل میزان ۳ قد۔ وسعت ۴ تھوڑی سی چیز ۵ ذرہ ۶ عُنصر ۷ لمحہ۔ لحظہ ۸ چھوٹا اعراب جیسے اَ۔ اِ۔ اُ۔ **ماترا** (مونث) ۱ دیکھو ماتر ۲ ہوتا ہے ۳ جز۔ حصّہ ۴ دوائی کی خوراک ۵ وہ وقت جو چھوٹی حرکت کے بولنے میں لگے ۶ اعراب کا نشان ۷ ناگری الفاظ کا اوپر کا حصّہ ۸ مال و متاع۔ جائداد۔ دولت ۹ شیشہ ۱۰ زیور۔ گہنا ۱۱ مادہ۔ **ماترا لگانا** (متعدی) اعراب دینا۔ حروف علت کو حروف صحیح کے ساتھ ملا کر آواز پیدا کرنا۔

ماتری (س۔ مونث) **ماتری** (عف) ۱ ماں ۲ بڑی بوڑھی عورت کو خطاب کرتے ہیں ۳ گائے ۴ زمین ۵ خلا۔ ایتھر۔ ماتر کا (مونث) ۱ ماں ۲ ماتر ۳ دایہ ۴ الف ب ت

ماتسر (س صفت) **ماتسر** (ہ) ۱ خود غرض ۲ حاسد۔ رشک کرنے والا ۳ بیوقوف۔ احمق۔ **ماتسریہ** (مذکر) ۱ خود غرضی ۲ حسد۔ رشک ۳ بیوقوفی۔ حماقت ۴ ناراضگی۔ ناراضا مندی۔ ۵ بے اطمینانی۔

ماتل (ہ۔ صفت) مدہوش۔ مست۔
ماتل (س۔ مذکر) ۱ ماموں ۲ دھتورا۔ **ماتلا۔ ماتلانی۔ ماتلی** (مونث) ماموں کی بیوی ممانی۔ **ماتل پتر** (مذکر) ۱ ماموں کا بیٹا ۲ دھتورے کا پھل۔

ماتم (ع۔ مذکر) ۱ مرنے کا غم۔ گریہ و زاری ۲ سوگ۔ سیاپا۔ شیون ۳ سینہ زنی۔ سینہ کوبی۔ شیعوں کا امام حسینؓ کی عزاداری میں چھاتی پیٹنے کا فعل ۴ آفت۔ مصیبت۔ بپتا ۵ غم۔ رنج۔ الم۔ ملال۔ اندوہ۔ کہرام ۶ عورتوں کا سوگ یا سیاپے کے لئے اجتماع (ع اُتم۔ مصیبت) **ماتم پرسی** (مونث) ورثائے میت کی ہمدردی۔ تعزیت۔ پرسا (کرنا ہونا کے ساتھ) **ماتم پڑنا** (لازم) کسی کی موت پر کہرام ہونا۔ **ماتم خانہ۔ سرا یا کدہ** (مذکر) وہ گھر جس میں کوئی موت ہوگئی ہو۔ سوگ یا غمی کا گھر۔ **ماتمدار** (صفت) ماتمی۔ سوگی۔ سوگوار۔ جس کے گھر میں کوئی موت ہوجائے۔ **ماتمداری** (مونث) ۱ سوگ۔ غم۔ سیاپا ۲ گریہ وزاری۔ آہ ونالہ ۳ اندوہ۔ غم والم۔ کہرام۔ **ماتم دیدہ یا زدہ** (صفت) ماتمی۔ سوگوار۔ **ماتم کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ غم ہونا۔ رنج ہونا ۲ سوگ ہونا۔ مردے کو رویا جانا ۳ سینہ کوبی ہونا۔ سیاپا ہونا ۴ امام حسینؓ کی عزاداری میں سینہ کوبی ہونا۔ **ماتم نشین** (صفت) وہ جس کے گھر میں موت واقعہ ہوئی ہو اور لوگ پرسے کے واسطے اس کے پاس آئیں۔ سوگوار۔ **ماتمی** (صفت) ۱ ماتم کے متعلق۔ ماتم سے تعلق رکھنے والا ۲ ماتم کرنے والا۔ سوگوار۔ **ماتمی باجہ** (مذکر) وہ باجہ جو ماتم کے واسطے بجاتے ہیں۔ **ماتمی پوشاک** (مونث) جامہ۔ کپڑے یا لباس (مذکر) سیاہ یا نیلے رنگ کا لباس جو رنج وغم کی حالت میں پہنا جاتا ہے۔ **ماتمی صف** (مونث) وہ لوگ جو ماتم کے لئے کھڑے ہوں۔ صف ماتم۔

ماتنا (ہ۔ لازم) ۱ مدہوش یا بدمست ہونا ۲ غرور کی وجہ سے اکڑنا یا پھولنا (س مت۔ بدمست ہونا)

ماتنگ (س۔ مذکر) ۱ ہاتھی۔ فیل ۲ پیپل۔

ماتھ (س۔ مذکر) ۱ دوہنا ۲ سڑک۔ رستہ۔

ماتھ (ہ) **ماتھا** (ہ۔ مذکر) ۱ سر کا وہ حصّہ جو بالوں سے نیچے اور بھووں کے اوپر ہے۔ پیشانی۔ جبیں۔ ناصیہ۔ جُبہ ۲ جہاز یا ناؤ کا اگلا حصہ ۳ ذمہ داری (س مَستک) **ماتھا بھڑکنا** (لازم) ۱ پیشانی جلنا یا گرم ہونا ۲ سردرد ہونا۔ (غف) **ماتھا پٹن کرنا** (متعدی) ۱ سر مارنا۔ دیر تک سمجھانا ۲ محنت ومشقت کرنا۔ بیحد کوشش کرنا ۳ (طنزاً) لاپروائی سے سلام کرنا۔ **ماتھا پھوٹنا** (لازم) دیکھو ماتھا پھڑکنا (غف) **ماتھا پیٹنا** (متعدی) ۱ ماتم کرنا۔ سر پیٹنا ۲ افسوس کرنا۔ پچھتانا۔ **ماتھا پیٹن کرنا** (متعدی) ظاہرداری کا سلام کرنا۔ **ماتھا پیٹی** (صفت مونث) وہ (عورت) جس کا ماتھا چپٹا اور بدنما ہو۔ **ماتھا ٹکانا** (متعدی) سر جھکانا۔ ڈنڈوت کرنا۔ آداب بجالانا۔ **ماتھا ٹھنکنا** (لازم) کسی بات فعل یا کام کا برا انجام آثار سے معلوم ہو جانا۔ خیال بد گزرنا (ہندو ٹھنکنا بالکسر اول بولتے ہیں) **ماتھا ٹیکنا** (متعدی) سجدہ کرنا۔ **ماتھا رگڑنا** (متعدی) ۱ خوشامد کرنا۔ عاجزی کرنا ۲ عاجزی سے سجدے پر سجدہ کرنا ۳ جبیں سائی کرنا۔ ناصیہ فرسائی کرنا۔ جبہ سائی کرنا۔ پیشانی گھسنا۔ **ماتھا کوٹنا** (متعدی) ۱ سر پیٹنا ۲ افسوس کرنا۔ عورتیں افسوس کرنے یا پچھتانے کے موقعہ پر ایسا کرتی ہیں۔ **ماتھا گودنا** (متعدی) قیدی یا غلام کے ماتھے پر سوئی سے گود کر نیل بھرنا۔ **ماتھا مارنا** (متعدی) دیکھو سر مارنا۔ **ماتھے** (مذکر) ۱ جمع ماتھا کی ۲ بجائے ماتھا کے حروف مغیرہ سے پہلے۔ **ماتھے بیتنا** (لازم) ۱ کسی کے سر جانا ۲ آفت آنا۔ مصیبت آنا۔ **ماتھے پر افشاں چننا** (لازم) پیشانی پر سنہری ستارے جمانا۔ عورتیں خوبصورتی کے لئے ایسا کرتی ہیں۔ **ماتھے پر الف کھینچنا** (متعدی) فقیر ہو جانا۔ آزاد ہو جانا۔ **ماتھے پر بل پڑنا** (لازم) غصّے ہونا۔ ناراض ہونا۔ چیں بجبیں ہونا۔ **ماتھے پر پسینہ ہونا** (لازم) تکلیف یا غم کی وجہ سے ماتھے پر پسینہ آجانا۔ **ماتھے پر ٹیکا ہونا** (لازم) کسی امر کا کسی پر منحصر ہونا۔ **ماتھے پر چڑھنا** (لازم) سر چڑھنا (ست) **ماتھے پر شکن ہونا** (لازم) غصّے یا رنج کی وجہ سے پیشانی پر بل پڑنا۔ **ماتھے پر صندل لگانا یا ملنا** (متعدی) دردِ سر کے لئے چندن رگڑ کر پیشانی پر لگانا۔ **ماتھے ٹیکا ہونا** (لازم) کسی بات کا فخر ہونا۔ سرخاب کا پر ہونا۔ **ماتھے جانا** (لازم) ۱ ذمہ پڑنا۔ سر لگنا۔ تھپنا ۲ نقصان ہونا۔ **ماتھے رولی چاول چڑھانا** (متعدی)، **چڑھنا** (لازم) ۱ تلک لگنا۔ قشقہ کھینچا جانا ۲ شادی ہونا۔ **ماتھے کا الف** (مذکر) دیکھو الف آزاد کا۔ **ماتھے کا ٹیکا ہے۔** ہر وقت سامنے ہے ٹلتا نہیں۔ **ماتھے کا گھٹّا** (مذکر) وہ نشان جو سجدہ کرتے کرتے پیشانی پر پڑ جاتا ہے۔ **ماتھے کے بال** (مذکر) وہ بال جو ماتھے پر پیدا ہو جاتے ہیں۔ موئے پیشانی۔ **ماتھے گولی لگنا** (لازم) کسی بات کے ہونے سے پہلے اس کی بری علامتیں دکھائی دیجانا۔ **ماتھے مارنا** (متعدی) واپس کرنا۔ لوٹانا۔ خفا ہو کر واپس کرنا۔ **ماتھے مڑھنا** (متعدی) ذمے کرنا۔ **ماتھے ہونا** (لازم) ذمے ہونا۔

امثال و اقوال۔ ماتھ (ماتھے)

پر موتڑی بسنت کے گیت۔ سر پر تو گٹھڑی ہے اور بسنت کے گیت گاتا ہے۔ غریب ہو کر خوشی اور لاپروائی ظاہر کرتا ہے۔ **ماتھ منڈا کے پھیت (فضیحت) بھئے جات پانت دونوں سے گئے** (پوربی) فقیر ہو کر خیال تھا کہ مزے سے گزرے گی مگر کہیں کے بھی نہ رہے۔ ہندوؤں میں جو شخص ایک دفعہ فقیر ہو جائے پھر وہ اپنی ذات میں واپس نہیں آسکتا۔ **ماتھے چاند ٹھوڑی تارا۔** خوبصورتی کی تعریف میں عورتیں کہتی ہیں ماتھا چاند کی طرح اور ٹھوڑی تارے کی طرح روشن ہے۔ **ماتھے کا منڈانا بیل کا کھنا** (پوربی) سر منڈاتے ہی اولے پڑے۔ **ماتھے گٹھڑی مدھری چال آج نہ پہنچیں پہنچیں کال** (پوربی) مزے مزے سے کام کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔

ماتھر (ہ۔ مذکر) ۱ متھرا کا باشندہ ۲ برہمنوں کی ایک ذات۔ چوبے ۳ کائستھوں کی ایک ذات۔

ماتھی (ہ۔ مونث) ماتھا۔ **ماتھی لینا** (متعدی) برابر کرنا۔ ہموار کرنا۔

ماٹ (ہ۔ مذکر) ۱ بڑا مٹکا۔ خم ۲ نیل کا حوض ۳ دیکھو ماٹ کی بھاجی۔ **ماٹ بگڑنا** (لازم) ۱ نیل کا مٹکا خراب ہو جانا ۲ کنایتاً افواہ اُڑنا۔ غلط خبر مشہور ہونا۔ چونکہ غلط خبر اُڑانا نیل کے بگڑے ہوئے ماٹ کا ٹوٹکا خیال کیا جاتا ہے ۳ (پ) کسی راجہ کا مرجانا۔ **ماٹ کا ماٹ بگڑنا** (لازم) آوے کا آوا خراب ہو جانا۔ سب کا ایک ہی حال ہونا۔ سب کی عقل جاتی رہنا۔ کل خاندان کا بدچلن ہو جانا۔ **ماٹ کی بھاجی** (مونث) ایک قسم کی ترکاری جو ہمیشہ سرسبز رہتی ہے۔

ماٹھ (ہ۔ صفت) ۱ بھٹی ۲ دیکھو ماٹ ۳ دیکھو مٹھ۔

ماٹھو (ہ۔ مذکر) ۱ بندر۔ بوزنہ۔ بیموں ۲ مسخرا آدمی۔ ظریف۔ بھانڈ ۳ کم عقل۔ بیوقوف آدمی۔ بھولا آدمی۔

ماٹی (ہ۔ مونث) ۱ مٹی۔ گرد۔ غبار۔ خاک۔ دھول ۲ زمین۔ دھرتی (مت) **ماٹی پھانکنا یا پھکنا** (متعدی) حسد کرنا۔ جلنا۔ دشمنی کرنا۔ بیر کرنا۔ **ماٹی میں رُلنا** (لازم) ۱ مرنا۔ دفن ہونا۔ خاک میں ملنا ۲ برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔ ویران ہونا۔

ماثور۔ ماثورہ (ع۔ صفت) وہ جو حدیث سے معلوم ہو۔ جیسے ادعیہ ماثورہ (اَثر۔ حدیث)

ماجِد (ع۔ صفت) بزرگ۔ بزرگوار۔ قابلِ احترام جیسے والد ماجد (مَجَدَ۔ شان و شوکت میں بڑھ جانا) **ماجدہ** (صفت مونث) ماجد کی۔ بزرگ۔ معظمہ۔ قابلِ تعظیم یا احترام۔ جیسے والدہ ماجدہ۔

ماجنا (ہ۔ مذکر) عزّت۔ آبرو۔ وقار۔

ماجُو (ہ۔ مذکر) ایک درخت کا پھل۔ مازو۔ مائیں۔ **ماجو پھل** (مذکر) ماجو۔

ماجُوج (سریانی۔ مذکر) ایک قوم جس کے متعلق خیال ہے کہ قیامت کے قریب خروج کریگی۔ اس کو روکنے کے لئے ذوالقرنین نے دیوار بنائی تھی۔ یہ قوم یافث بن نوح کی اولاد سے بیان ہوتی ہے۔ اسی قسم کی دوسری قوم یاجوج ہے۔ غالباً یہ مغلوں کی قوم ہے جس کو روکنے کے لئے چین کے ایک شہنشاہ نے دیوارِ چین بنوائی تھی۔

ماجُور (ع۔ صفت) اجر دیا گیا۔ ثواب دیا گیا (اَجَرَ۔ بدلہ دینا)

ماجُوم (ہ۔ مونث) ۱ معجون کا مخرب ۲ ایک مٹھائی جس میں بھنگ وغیرہ ڈال کر بناتے ہیں۔

ماجھ (ہ۔ صفت) ۱ درمیانی۔ بیچ کا ۲ (مذکر) درمیان۔ بیچ ۳ (تف) درمیان میں۔ **ماجھدار** (مونث) منجدھار ۲ (تف) دریا کے درمیان میں۔

ماجھی (ہ۔ مذکر) ملاح۔ کشتی چلانے والا۔

ماچا۔ ماچہ (ہ۔ مذکر) ۱ بڑا پلنگ۔ اُونچی اور بڑی چارپائی ۲ مچان۔ وہ اونچی جگہ جہاں بیٹھ کر پرندوں کو اُڑاتے ہیں (س مَنچک منچ۔ اُونچا ہونا) **ماچا توڑ** (صفت) ۱ وہ جو ہر وقت پلنگ پر پڑا رہے۔ سست۔ کاہل جو ہر وقت چارپائی سے نہ اُٹھے ۲ راجپوت سپاہیوں کی ایک قسم جو بھنگ میں مست پڑے رہتے تھے مگر بوقتِ جنگ بڑی بہادری دکھاتے تھے۔ **ماچا جسم** (صفت) بیوقوف۔ احمق۔ **ماچی** (مونث) ۱ چھوٹی چارپائی۔ پلنگڑی ۲ وہ جالی دار تھیلا جو گاڑی کے پیچھے اسباب رکھنے کے لئے ہوتا ہے ۳ ایک قسم کا بیلوں کا جوا جو دو لکڑیوں سے بنا ہوتا ہے ۴ میبڑا۔ ہینگا ۵ پیڑھی ۶ گاڑی کا صندوق۔ گاڑی کے پیچھے کی وہ جگہ جس پر نوکر یا بچہ بیٹھتا ہے ۷ (دکنی) مکھی۔

ماچھ (ہ۔ مذکر) مچھلی۔ **ماچھی** (مونث) مچھلی۔

ماچھی (ہ۔ مونث) مکھی۔

ماچین (ہ۔ مذکر) ۱ سلطنتِ چین ۲ چینی تاتار (س مہا چین)

ماحی (ع۔ صفت) محو کرنے والا۔ نیست و نابود کرنے والا (مَحْوَ۔ مٹنا)

مأخَذ (ع۔ مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز نکلے ۲ منبع۔ نکاس۔ چشمہ ۳ اصل۔ بنیاد۔ جڑ ۴ مادہ۔ دھاتو۔ مبدا (اَخَذَ۔ لینا)

ماخُوذ (ع۔ صفت) ۱ مبتلا۔ لپٹا ہوا ۲ گرفتار۔ پکڑا ہوا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (اَخَذَ۔ لینا) **ماخوذی** (مونث) گرفتاری۔

ماخولیا (یو۔ مذکر) مانیخولیا کا مخفف (عف)

مادَ (س۔ مذکر) **ماد** (ہ) نشہ۔ بدمستی۔ مدہوشی ۲ شہوت۔ جوش ۳ خوشی۔ انبساط۔ فرحت۔ لطف ۴ عشق۔ محبت ۵ غرور۔ مد۔

مادِح (ف۔ صفت) تعریف یا مدح کرنے والا (مَدَحَ۔ تعریف کرنا)

مادَر (ف۔ مونث) ماں۔ والدہ۔ امّاں۔ ماتا۔ مَیّا (س ماتر۔ ژند و پہلوی ماتر۔ انگ۔ مدر۔ فرانسیسی میر۔ لاطینی میتر۔ ع اُمّ۔ تمام زبانوں میں مادے میں حرف میم آتا ہے۔ اسی طرح باپ کے لئے پ یا ب آتا ہے) **مادرانہ** (صفت) ماں کی طرف منسوب۔ ماں کا۔ **مادر بخطا** (گالی) جس کی ماں نے خطا یعنی زنا کیا ہو۔ حرامی۔ حرام کا۔ ولدالزنا۔ نطفہ حرام۔ **مادرِ پدر** (مونث) دادی۔ **مادر پدر ہونا** (لازم) ایک دوسرے کو گالیاں دینا۔ **مادر چود** (گالی) جس نے اپنی ماں کے ساتھ زنا کیا ہو۔ **مادر (خواہر) خواہی کرنا** (متعدی) ماں بہن کی گالی دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔ **مادرِ رضاعی** (مونث) سوتیلی ماں۔ **مادرِ روزگار** (مونث) قدرت۔ مایا۔ شکتی۔ **مادرزاد اندھا یا نابینا** (صفت) وہ شخص جو اندھا پیدا ہوا ہو۔ جنم کا اندھا۔ کور مادرزاد۔ **مادرِ زن۔ مادرِ شوہر** (مونث) ساس۔ **مادرِ علاتی** (مونث) سوتیلی ماں۔ **مادرِ گیتی** (مونث) زمین۔ گیتی کا استعارہ مادر سے کرتے ہیں۔ **مادرِ مادر** (مونث) نانی۔ **مادری** (صفت) ۱ ماں کی طرف منسوب۔ ماں کا ۲ پیدائشی۔ فطرتی۔ **مادری حق** (مذکر) وہ حق جو کسی جگہ پیدا ہونے کی وجہ سے حاصل ہوا ہو۔ **مادری زبان** (مونث) وہ زبان جو انسان اپنی ماں سے سیکھے۔ ذاتی زبان۔ اپنی بولی۔

مادری (ہ۔ مونث) ۱ ماپ۔ پیمائش ۲ مثال۔ نمونہ۔

مادگی (ف۔ مونث) نسوانی خاصیت۔ عورت ہونا (مادہ سے)

مادَہ (ف۔ مونث) عورت ذات۔

زن-مونث- جانوروں کے لئے استعمال ہوتا ہے **مادۂ خر** (مونث) گدھی- **مادہ گاؤ** (مونث) گائے -

مادّہ (ع- مذکر) ۱ اصل- وہ شے جس سے کوئی چیز بنائی جائے ۲ ماخذ- دھاتو- جڑ- منبع- مخرج- مصدر ۳ بات سمجھنے کی قوت- عقل- سمجھ- دماغ- مغز- فہم- تمیز ۴ بدّھی ۵ جسم- وجود ۶ پیپ- مواد ۷ استعداد- لیاقت- قابلیت- صلاحیت (مدّ- پھیلنا) **مادہ ہونا** (لازم) ۱ استعداد یا لیاقت ہونا ۲ کسی چیز کی اصلیت یا جڑ ہونا- **مادّی** (صفت) ۱ منسوب بہ مادہ ۲ اصلی- جبلی- ذاتی- قدرتی- خلقی- طبعی- **مادّیات** (مونث) مادیت کی جمع- مادی چیزیں و مخلوقات **مادیّت** (مونث) ۱ جسمانیت- جسمیت ۲ مادہ ہونا-

مثل- مادہ برعضوِ ضعیف مے ریزد- مادہ کمزور عضو پر گرتا ہے- جب کسی ضعیف کو نقصان پہنچے تو کہتے ہیں-

مادھری (ھ- مونث) دوہری چنبیلی-

مادھری (س- مونث) **مادھریّہ** (مذکر) ۱ شیرینی- مٹھاس ۲ خوش آہندگی- سہاناپن ۳ نرمی- ملائمت ۴ موہنی- لبھاؤ ۵ سجاوٹ- زیبائش-

مادھو (س- صفت) مادھو- مادھو (ھ) ۱ بہار کے متعلق- بہار کا ۲ (مذکر) بیساکھ کا مہینہ ۳ موسم بہار ۴ شیرینی- مٹھاس-

مثل- مادھو کا دین نہ اودھو (مادھو) کا لین- دیکھو اودھو کا دین-

مادھیَم- مادھیہ (س- مذکر) درمیانی- وسط- بیچ-

مادیان (ف- مونث) ۱ گھوڑی ۲ گدھی-

مادِین (ف- مونث) ۱ مادہ- مونث ۲ ہر حیوان کی مادہ خصوصاً گھوڑی اور مادہ بٹیر-

ماڈرن (انگ- صفت) جدید- آج کل کا-

ماڈل (انگ- مذکر) نمونہ- نقشہ-

ماذُون (ع- مفعول) اجازت دیا گیا (اِذن- اجازت دینا)

مار (ہ- امر) ۱ مارنا کا ۲ (مونث) چوٹ- ضرب- زد و کوب- کوبہ کاری ۳ صدمہ- دھکا- آسیب ۴ عذاب- مصیبت- دکھ- درد- تکلیف- رنج- کوفت ۵ تنگی- مفلسی ۶ نقصان- ٹوٹا- خسارہ- گھاٹا ۷ غصب- حق تلفی- خیانت ۸ لوٹ- غارت- دستبرد ۹ سزا- تعزیر ۱۰ غضب الٰہی- وبال ۱۱ کثرت- بہتات- افراط ۱۲ علاج- دفعیہ- مصلح- بدرقہ ۱۳ لالچ- طمع ۱۴ فریب- دھوکا- چال ۱۵ توڑ- زد ۱۶ کوشش- سعی ۱۷ کاروبار- کام کاج ۱۸ صرف- خرچ ۱۹ لعنت- دھتکار- پھٹکار- بددعا ۲۰ دھمکی- ڈراوا- تہدید- تخفیف ۲۱ ہلاک کرنے والا- مرکبات میں جیسے مردمار ۲۲ پوتنی مٹی ۲۳ چکنی مٹی جس میں دھان پیدا ہوتے ہیں (س- مر- مرنا)

مارا (ماضی) ۱ مارنا کی ۲ کشتہ- مقتول- قتل شدہ ۳ ذبح شدہ- مذبوح ۴ تباہ شدہ- برباد شدہ ۵ ستایا ہوا- دکھی- تکلیف رسیدہ ۶ مارا ہوا- زدہ- **مارا پانی نہ مانگے**- فوراً مر جائے- **مارا پڑنا** (لازم) ۱ قتل ہو جانا ۲ تباہ ہونا- برباد ہونا ۳ گھاٹے میں رہنا ۴ نقصان کی وجہ سے جان پر صدمہ ہونا- **مارا پھرنا** (لازم) دیکھو مارا مارا پھرنا- **مار اُتارنا** (متعدی) ۱ مار ڈالنا- ہلاک کرنا ۲ مرنے کے قریب کر دینا ۳ برباد کرنا- تباہ کرنا ۴ فریفتہ کرنا- عاشق بنا لینا- موہ لینا- **مارا تو کیا مارا**- وہ تو آپ ہی مرا ہوا ہے- ایسے کا مارنا کوئی بڑا کام نہیں- **مارا جانا** (لازم) ۱ قتل یا ہلاک ہو جانا ۲ ضائع ہونا- تلف ہونا ۳ تباہ ہونا- برباد ہونا ۴ غائب ہونا ۵ ذلیل ہونا ۶ لٹ جانا- چوری ہو جانا ۷ بلا میں پھنسنا- مصیبت میں گرفتار ہونا ۸ شامت آنا ۹ (فوج کا) کٹ جانا- قتل ہو جانا ۱۰ (روپیہ) ڈوب جانا- ضائع ہو جانا ۱۱ (صفت) موا- جوانا مرگ- **ماراکوٹی** (ھ) ۱ مارکٹائی ۲ تباہی- بربادی ۳ جاذب کاغذ- سیاہی چوس- **مارا لہر نہ لے**- سانپ کا کاٹا ہوا فوراً مر جائے- **مارا مار** (مونث) ۱ کثرت- افراط- بہتات- زیادتی- افزونی ۲ کوشش- سعی- دوڑ دھوپ- تگاپو ۳ زد و کوب- مار دھاڑ- مار مار- جوتی پیزار ۴ ہل چل- افراتفری- بھاگڑ ۵ محنت- جانفشانی- جفاکشی ۶ کشاکش- کشمکش- دھکا پیل ۷ ظلم و ستم جو ہر طرف سے کسی پر ہو ۸ (ھ) جماع کے وقت عورت و مرد دونوں کا زور زور سے ہلنا ۹ (تف) پیہم- پے در پے- **مارا مارا پھرنا** (لازم) ۱ سرگرداں پھرنا- آوارہ پھرنا- خراب و خستہ پھرنا- دربدر پھرنا ۲ ٹھوکریں کھاتا پھرنا- رلتا ہوا پھرنا ۳ بھٹکتا پھرنا- بھولا بھٹکا پھرنا- **مار مار کر کے** (تف) جلدی کر کے- نہایت کوشش کر کے- بمشکل تمام- **مارا مار کرنا** (متعدی) ۱ بہت کوشش کرنا- دوڑ دھوپ کرنا ۲ نہایت محنت و مشقت کرنا- کمال جانفشانی کرنا ۳ جلدی کرنا- شتابی کرنا- **مارا ہوا** (صفت) ۱ کشتہ- قتل شدہ ۲ تباہ کیا ہوا- برباد کیا ہوا- اجاڑا ہوا- **مار بھگانا** (متعدی) مار کر بھگا دینا- شکست دینا- پدا نا ہرانا- **مار بیٹھنا** (لازم) ۱ بے سوچے سمجھے مارنا- یکایک مارنا ۲ پیٹ دینا- گت بنا دینا- لکڑی سے پیٹ دینا ۳ کسی کا مال دبا بیٹھنا- غصب کر لینا- خیانت کر لینا- قبضہ کر لینا- **مار پٹائی** (مونث) مارپیٹ- **مار پٹنا** (لازم) مارا جانا- زد و کوب ہونا- **مار پڑنا** (لازم) ۱ مار پیٹ ہونا- زد و کوب ہونا ۲ خدا کا غضب ٹوٹنا- آفت آنا ۳ صبر پڑنا- **مار پڑے** (ع و) خدا کا غضب ٹوٹے یا عذاب نازل ہو ۲ زد و کوب ہو- **مار پیٹ** (مونث) زد و کوب- مارکٹائی- لڑائی جھگڑا- **مار پیٹ کے** (تف) دقت سے- مشکل سے- **مارتا** (صفت) ۱ مارنے والا- ضرب لگانے والا ۲ پیٹتا ہوا- زد و کوب کرتا ہوا- **مارتا پیر** (مذکر) ۱ وہ جو دوسرے پر غالب ہو ۲ وہ جو صحت دے سکے- وہ جو سیدھا کر سکے ۳ مدِ مقابل ۴ استاد- **مارتے خاں** (مذکر) زبردست- زورآور ۲ ظالم- سفاک ۳ بہادر- دلیر- **مارتے مارتے بھور (کچلا یا گٹھڑی) کر دینا** (متعدی) بہت مارنا- بری طرح پیٹنا- نہایت سخت مارنا- **مار چلنا** (لازم) مارنا شروع کرنا- **مار دلوانا** (لازم) پٹوانا- زد و کوب کروانا- **مار دھاڑ** (مونث) ۱ زد و کوب- مار پیٹ- لڑائی- جنگ و جدل ۲ ڈانٹ ڈپٹ- زجر و توبیخ- دھاڑ تابع مہمل ہے (کرنا- ہونا کے ساتھ) **مار دینا** (متعدی) ۱ قتل کر دینا- ہلاک کر دینا ۲ مارپیٹ کرنا- **مار بیٹھنا**- دست درازی کر بیٹھنا ۳ شکست دینا- ہرا دینا- **مار ڈالنا** (متعدی) ۱ ہلاک کر دینا- قتل کر دینا ۲ تباہ کرنا- برباد کرنا ۳ عاشق بنا لینا- موہ لینا- فریفتہ

کرنا ۴۔ بیتاب کردینا۔ پھڑکا دینا ۵۔ ہنساتے
ہنساتے لوٹا دینا۔ **مار ذبح کرنا** (متعدی) کام
تمام کرنا۔ قتل و غارت کرنا۔ مار ڈالنا۔ جینا نہ چھوڑنا
مصحفی نے استعمال کیا ہے۔ **مار رکھنا** (متعدی)
۱۔ دیکھو مار ڈالنا ۲۔ ۲۔ دوسرے کے مال پر ناجائز
قبضہ کرنا۔ دبا لینا ۳۔ غائب کردینا۔ نابود کر دینا۔
مار رہنا (لازم) افزونی رہنا۔ بہتات ہونا۔ **مار
سکنا** (لازم) مارنے کے قابل یا لائق ہونا۔ **مار
سے بھاگنا** (لازم) پٹنے کے خوف سے چل دینا
پٹنے سے ڈرنا۔ **مار کٹائی** (مونث) مار پیٹ۔
زد و کوب۔ مار دھاڑ۔ **مار کٹیا** (ہ) جھگڑالو۔
لڑاکا۔ **مار کر پٹرا کر دینا** (متعدی) دیکھو مار کے
الخ۔ **مار کھا جانا** (لازم) دھوکے یا فریب میں آجانا۔
مار کھانا (متعدی) ۱۔ پٹنا۔ سزا پانا۔ ضرب کھانا
۲۔ فریب یا دغابازی سے کمانا ۳۔ ہار جانا۔ شکست
کھانا۔ **مار کھانے کی باتیں** (مونث) سزا کے
قابل باتیں۔ **مار کھانے کی نشانی** (صفت) کمزور
جس میں طاقت نہ ہو۔ **مار کھلوانا** (م) پٹوانا۔
مار کے (تف) ۱۔ ضرب لگا کے۔ زد و کوب کر کے
۲۔ بہت۔ بیحد۔ کثرت سے۔ **مار کے اُلّو بنا دینا**
(متعدی) اتنا مارنا کہ بدن پر نشان پڑ جائیں۔
مار کے بچھا دینا۔ تباہ کر دینا۔ پٹرا کر
دینا۔ ستیاناس کر دینا۔ **لٹا دینا** (متعدی)
۱۔ بہت مارنا ۲۔ تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔ **مار
کے بھگا دینا** (متعدی) اتنا مارنا کہ دوسرا
بھاگ جائے۔ **مار گرانا** (متعدی) مار کر گرا
دینا۔ **مار لانا** (متعدی) ۱۔ شکار کر لانا۔ مار کر
لے آنا ۲۔ غصب کر کے لینا۔ دھوکا دے کر لینا
۳۔ چُرا لانا۔ لوٹ کھسوٹ کے لے آنا۔ **مار لینا**
(متعدی) ۱۔ دبا لینا۔ غصب کر لینا ۲۔ لوٹ لینا۔
تباہ کر دینا ۳۔ غبن کرنا۔ اُڑا لینا۔ ناجائز طور
پر لے لینا ۴۔ پیٹ لینا۔ تھپڑ لگا لینا ۵۔ فتح کر لینا۔
جیتنا۔ مغلوب کر لینا ۶۔ قابو کر لینا۔ مطیع کر لینا ۷۔
کبوتر پکڑ لینا ۸۔ محصور رکھنا ۹۔ (ہاتھ) شرط بدنا۔
مار مار (مونث) ۱۔ ہنکائے جانے کا شور۔ **مار
مار دھول اُڑا دینا** (متعدی) ۱۔ بہت مارنا
۲۔ (تف) مار کر۔ دبا کر۔ ناچار۔ **مار مار رکھنا**
(متعدی) ناچار صبر اختیار کرنا۔ چپ ہو رہنا۔
مار مار کر (کے) بھرکس نکال دینا (متعدی)
بہت مارنا۔ **مار مار کر (کے) سیدھا کرنا**
(متعدی) پیٹ پیٹ کر درست بنانا۔ **مار مار
کرنا** (متعدی) ۱۔ پیٹنے کا حکم دینا ۲۔ جنگ و جدل
پر اکسانا ۳۔ سرزنش کرنا۔ زجر و توبیخ کرنا۔ لتاڑ کرنا ۴۔ نہایت کوشش
کرنا۔ خوب جد و جہد کرنا ۵۔ بہت محنت و مشقت کرنا ۶۔ نہایت جلدی
کرنا۔ شتابی کرنا ۷۔ مار پیٹ کرنا ۸۔ دھتکار کرنا۔ دور دور کرنا۔
پھٹکارنا۔ **مار مار کئے جانا** (متعدی) کوشش
کئے جانا۔ کوشش میں کسر نہ رکھنا۔ **مار مارنا**
(متعدی) پیٹنا۔ زد و کوب کرنا۔ **مار مار ہونا**
(لازم) ۱۔ مار مار کرنا کا ۲۔ بڑا تقاضا یا تاکید ہونا۔
مار مرنا (لازم) دوسرے کو قتل کر کے اپنے آپ
کو ہلاک کرنا۔ خودکشی کرنا۔ **مار میں جانا** (لازم)
۱۔ ڈوبنا۔ ضائع ہونا۔ جاتا رہنا ۲۔ (پ) لٹ جانا۔
غارت جانا۔ تاراج ہونا ۳۔ بٹے کھاتے پڑنا۔
وصول نہ ہونا۔ **مارنا** (متعدی) ۱۔ پیٹنا۔ زد و کوب
کرنا۔ جتیانا۔ لتیانا۔ لٹھیانا۔ بید لگانا۔ کوڑے
لگانا۔ تھپڑ لگانا۔ مکّے مارنا ۲۔ ضرب لگانا۔ چوٹ
لگانا ۳۔ حملہ کرنا ۴۔ سزا دینا۔ ڈانٹنا ۵۔ لگانا۔ جڑنا
۔سہی کرنا ۶۔ وار کرنا۔ حربہ کرنا ۷۔ قتل کرنا۔ ہلاک
کرنا ۸۔ فنا کرنا۔ نیست و نابود کرنا ۹۔ برباد کرنا۔
تباہ کرنا ۱۰۔ فتح کرنا۔ جیتنا۔ تسخیر کرنا ۱۱۔ بازی لینا۔
کشتی جیتنا ۱۲۔ حریف کی بزدیا مہرے کو پیٹنا
۱۳۔ ہنکارنا۔ دھتکارنا۔ دُور کرنا ۱۴۔ اُڑانا۔ بھگانا۔
نکالنا ۱۵۔ دوسرے کا کبوتر پکڑنا۔ پھانسنا ۱۶۔ غبن
کرنا۔ خورد برد کرنا۔ کھا جانا۔ اُڑانا ۱۷۔ پٹکنا۔
دے مارنا ۱۸۔ پچھاڑنا ۱۹۔ مغلوب کرنا۔ قابو میں
کرنا ۲۰۔ (بندوق تیر وغیرہ) چلانا۔ سر کرنا ۲۱۔ (بکرا
مرغی وغیرہ) ذبح کرنا۔ گردن اُڑانا۔ جھٹکہ کرنا ۲۲۔
(کوئی دھات وغیرہ) کشتہ کرنا۔ خاک کرنا ۲۳۔
(بھوک پیاس وغیرہ) برداشت کرنا ۲۴۔ (چاقو
وغیرہ کی دھار) کند کرنا ۲۵۔ (رستہ۔ دھاڑ۔ ڈاکہ
وغیرہ) لوٹنا۔ ڈاکہ ڈالنا۔ مال چھین لینا ۲۶۔ (راہ)
روکنا۔ مانع آنا۔ سدِ راہ ہونا ۲۷۔ (بو) دبانا۔ کم
کرنا۔ رفع کرنا ۲۸۔ (تیزی) کم کرنا ۲۹۔ (کسی چیز
کا کسی چیز کو) زور توڑنا۔ اثر کم کرنا ۳۰۔ (آہ) نکالنا۔
بھرنا ۳۱۔ (نعرہ) زور سے آواز نکالنا۔ جے بولنا
۳۲۔ (دل) پژمردہ کر دینا ۳۳۔ (نشتر خنجر وغیرہ)
بھونکنا۔ گھسیڑنا ۳۴۔ (سر) پٹخنا۔ ٹکرانا۔ رگڑنا
گھسنا۔ دیکھو سر کے تحت میں ۳۵۔ (ڈنک) ڈسنا۔
کاٹنا ۳۶۔ (لنگر) ڈالنا۔ بھاری کرنا ۳۷۔ (غصہ) روکنا۔
ضبط کرنا ۳۸۔ (دم سانس وغیرہ) نکالنا۔ سر کرنا۔
۳۹۔ (جال) بچھانا۔ پھیلانا ۴۰۔ (مٹھیاں) دبانا۔
بھرنا ۴۱۔ (تجارت) کھو دینا۔ مندا کرنا ۴۲۔ (بات)
چھپانا۔ دبانا ۴۳۔ (سکّہ) ٹھپّہ لگانا۔ نقش اُبھارنا۔
چھاپ لگانا ۴۴۔ (شکار) پکڑنا۔ صید کرنا ۴۵۔ (قلم)
چھیلنا۔ کاٹنا۔ مٹانا ۴۶۔ (آنکھ) اشارہ کرنا۔ پھڑکانا
جنبش دینا ۴۷۔ (ڈنڈی) جھونک دینا۔ جھکانا ۴۸۔
(شوق شہوت وغیرہ) بجھانا۔ فرو کرنا ۴۹۔ (کوڑ) ریتنا
گھسنا ۵۰۔ (نوالہ) کھانا۔ نگلنا ۵۱۔ (ہتھے) خوب
کھانا ۵۲۔ (سوئی ٹانکا وغیرہ) سینا۔ درخت کرنا
۵۳۔ (جان) بیحد کوشش کرنا ۵۴۔ (جان سے) قتل
کر دینا ۵۵۔ (بغل میں) دبانا۔ لینا۔ سنبھالنا ۵۶۔
(گانڈ) اغلام کرنا ۵۷۔ (گھنٹہ وغیرہ) بجانا ۵۸۔ (ہاتھ)
دیکھو ہاتھ کے تحت میں ۵۹۔ (جھٹکا) دینا۔ لگانا ۶۰۔
(پودوں درختوں کو) مرجھا دینا ۶۱۔ (حروف) کھرچنا۔
پھیلنا ۶۲۔ (شیخی ڈینگ وغیرہ) کرنا۔ عمل میں لانا۔
لگانا ۶۳۔ (غوطہ) پانی کے اندر جانا ۶۴۔ (نفس کو)
خواہشوں کو روکنا۔ ضبط کرنا ۶۵۔ رسوا کرنا۔ ذلیل
کرنا ۶۶۔ تھکانا۔ مغلوب کرنا ۶۷۔ فریب دینا۔ دھوکا
دینا ۶۸۔ امر کے ساتھ تکمیل فعل کے لئے جیسے
بھگا ملنا۔ بیتا مارنا ۶۹۔ فریفتہ کرنا۔ شیفتہ کرنا ۷۰۔
موہ لینا ۷۱۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔ دق کرنا۔ دیگر محاورات
کے لئے اصل الفاظ کے تحت میں دیکھو۔ **ماروں
ہوں** (مت) مارتا ہوں۔ **مار ہٹانا** (متعدی)
مار کر بھگا دینا۔ شکست دینا۔ **ماری** (مونث)
مار۔ **مارے** (تف) ۱۔ باعث۔ وجہ۔ سبب۔
خاطر۔ لئے۔ واسطے۔ کارن ۲۔ (مضارع) صیغہ
واحد غائب و حاضر ۳۔ (صفت) مارے ہوئے
مرکبات میں جیسے شامت مارے۔ مصیبت
مارے۔ **مارے باندھے** (تف) زبردستی۔
مارے باندھے کا سودا (مذکر) مجبوری کا
معاملہ۔ **ماری پڑنا** (لازم) مار پڑنا۔ شامت
آنا۔ جان پر بننا۔ صدمہ پہنچنا۔ **مارے پھرنا**
(لازم) دیکھو مارا پھرنا۔ **مارے جوتیوں کے
سر پر ایک بال نہ رکھوں**۔ غصّہ ظاہر
کرنے کو کہتے ہیں۔ **ماری کا** (ہ) بیحد۔ بافراط
(عف)۔ **مارے مار کر (کے)** (تف) بہت
پیٹ کر۔ پیٹ پیٹ کر (مت)۔ مارے

مار کر بچھا دینا (متعدی) بہت پیٹنا۔ مارے مارے پھرنا (لازم) دیکھو مارا مارا پھرنا۔ مارے ہنسی کے پیٹ پکڑ کر) لوٹ جانا (لازم) ہنسی کی شدت سے بیتاب ہوجانا۔ مارے ہول کے (تف) ڈر کے مارے۔

امثال و اقوال۔ مار مُنہ طباق آگے دھرا نہ کھائے۔ مارے ہوئے آدمی کا کھانے کو بھی دل نہیں چاہتا۔ مار پیچھے بَید۔ بے ضرورت کام۔ مار پیچھے سنوار (ہوا ہی کرتی ہے) ۱؎ ذلت کے بعد عزت ۲؎ لڑائی کے بعد صلح۔ مارتے خاں سے سب ڈرتے ہیں۔ زبردست سے سب خوف کھاتے ہیں۔ مارتے کا ہاتھ پکڑا جاتا ہے کہتے (کا منہ نہیں پکڑا جاتا) کی زبان نہیں پکڑی جاتی۔ بدزبان کی زبان نہیں روکی جاسکتی۔ کسی کو کوئی بات کہنے سے نہیں روکا جاسکتا۔ مارتے کے پیچھے بھاگتے کے اگاڑی۔ بُزدل کے متعلق کہتے ہیں۔ مارتے کے ہاتھ پکڑے جاتے ہیں کہتے کا مُنہ نہیں پکڑا جاتا۔ دیکھو مارتے کا ہاتھ الخ۔ مار کھاتا جائے اور کہے ذرا مارو تو سہی۔ بُزدل خصوصاً بنیا ایسا کرتا ہے۔ مار کھانا مسجد میں سو رہنا۔ لوٹ مار میں زندگی بسر کرنا۔ مارے سے بھوت بھاگتا ہے۔ مار کے آگے بھوت بھاگتا ہے (بھاگے یا ناچے) مار کے آگے سب سرکشی اور شرارت دُور ہوجاتی ہے۔ مار گیاں تیری آس (ہ) نوکر مالک کو یا بیوی خاوند کو کہتی ہے کہ جتنا چاہے مارے تیں تو تیرے بھروسے پر ہوں۔ مار لات پوٹا پھٹ جائے (عف) (متعدی) اور چالاکی کام میں لا۔ مار مار تو کہے جا۔ نامردی تو خدا نے دی ہے۔ کوشش تو کرے۔ مار مار دھول اُڑانی۔ کسی بات کی شہرت کرنی۔ مار مار کے ستی کرنا۔ زبردستی کام کرانا۔ مار مار کٹے جاؤ فتح داد الٰہی ہے۔ فتح و شکست تو خدا کے ہاتھ ہے۔ کوشش کرنی چاہیئے نتیجہ چاہے کچھ ہو۔ مار سر یا گوبر سنگھانا۔ ظلم کر کے تسلی دینا۔ بچے چوہیا کے پاؤں میں ڈورا باندھ کر کھیلتے ہیں۔ کھینچا تانی میں مرجائے تو گوبر سُنگھاتے ہیں کہ شاید زندہ رہے۔ مار موئے مار تیری ہتریاں پڑائیں (ہتری پڑائے) میری عادت نہ جائے۔ مارنے والے سے جلانے والا بڑا (داتا) ہے۔ جب دشمن نقصان پہنچانے کی کوشش کرچکے اور کچھ نقصان نہ پہنچے تو کہتے ہیں۔ مارے آپ لگاوے تاپ۔ آپ کرے اور کے سر لگائے۔ مارے اور رونے نہ دے۔ زبردست کے متعلق کہتے ہیں۔ جو فریاد بھی نہیں سُنتا۔ مارے سپاہی نام تلوار کا۔ مارے سپاہی نام سردار کا۔ کاٹے تلوار نام باڑھ کا۔ کام کوئی کرے نام کسی کا ہو۔ مارے سے پڑا یا اچھا۔ دھمکی سے کام نکال لینا چاہیئے۔ مارے گھٹنا سر لنگڑا۔ بے تکی باتوں پر بولتے ہیں۔ مارے میہر اور بھاگے پڑوسن (پوبی)۔ تکلیف ایک کو ہو اور دوسرا بھاگ جائے۔ کہ کہیں اس پر بھی ویسی مصیبت نہ آئے۔ مارے نہ چوہی نام فتح خاں۔ صفت میں بہادر مشہور ہوگئے۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جیسے کوئی ایسی چیز مل جائے جس کا وہ اہل نہ ہو۔ مارے نہ کوٹے دل ہی دل میں گھُٹے۔ ہر وقت کسی کے دل کو دکھاتا ہے۔

مار (ف۔ مذکر) سانپ۔ ناگ۔ (ہی) کیڑا۔ سرپ۔ مارِ آستین (صفت) وہ شخص جو دوست بن کر دشمنی کرے۔ مار پیچ (مذکر) ۱؎ سانپ کی سی لہر ۲؎ سیاہ ریشم کا گچھا جو جھنڈے کے سرے پر لگا دیتے ہیں ۳؎ کئی سانپوں کی مانند باہم پیچیدہ تصویر ۴؎ راہ پر پیچ پیچدار رستہ۔ ٹیڑھا راستہ ۵؎ کنایتاً۔ دھوکا۔ فریب۔ چالاکی۔ مار پیچ کی باتیں (مونث) فریب کی باتیں۔ مار پیچ کی راہ (مونث) ٹیڑھا راستہ۔ ہیر پھیر کی راہ۔ مار خور (مذکر) ایک قسم کا جنگلی بکرا۔ مارِ دو زبان (صفت) منافق آدمی۔ مارِ زلف (صفت) زلف کا مار سے استعارہ کرتے ہیں۔ مارِ ضحاک (مذکر) ان دو سانپوں میں سے ایک جو شیطان کو بوسہ دینے سے ضحاک کے دونوں مونڈھوں پر پیدا ہوگئے تھے۔ اور ان کو آدمیوں کا مغز کھلایا جاتا تھا۔ مار گزیدہ (صفت) سانپ کا کاٹا ہوا۔ مارِ گنج (مذکر) ۱؎ وہ سانپ جو خزانے کا نگہبان ہوتا ہے۔ خیال ہے کہ خزانہ دفن کرکے سانپ بطور طلسم اس پر بٹھا دیتے ہیں ۲؎ مالدار بخیل۔ مار ماہی (مونث) ایک قسم کی مچھلی۔ بام۔ مار گیر (مذکر) ۱؎ سانپ پکڑنے والا۔ سپیرا ۲؎ مکار۔ حیلہ ساز۔ دغاباز۔ مار گیسو (مذکر) معشوق کی لٹ۔ گیسو کو مار سے استعارہ کرتے ہیں۔ مار مہرہ (مذکر) وہ مہرا جو سانپ کے سر سے نکلتا ہے۔

امثال۔ مار بر گنج۔ خزانے پر سانپ۔ اس کنجوس کے متعلق کہتے ہیں جو مال جمع کرے اور نہ خود کھائے نہ کسی کو کھانے دے۔ مار گزیدہ از ریسماں می ترسد۔ سانپ کا کاٹا رسّی سے ڈرتا ہے۔ دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے۔

مارِر (س۔ صفت) ۱؎ مارنے والا ۲؎ (مذکر) موت۔ وبا ۳؎ مارنا۔ قتل کرنا ۴؎ رُکاوٹ۔ روک ۵؎ عشق۔ کامدیو ۶؎ بدھ مذہب میں شیطان جو موت کا دیوتا سمجھا جاتا ہے ۷؎ ہتھوڑا۔ مارا (مونث) ۱؎ قتل۔ غارت ۲؎ وبا جسے موت کی دیوی خیال کیا جاتا ہے۔

ماراتھن (یونان) ایک میدان یہاں ملٹیڈیز نے ایرانیوں کو سخت شکست دی تھی۔

مارِب (ع۔ مذکر) ۱؎ کسی ضروری کام کا وقت یا جگہ ۲؎ مقصد۔ انجام ۳؎ وہ چیز جس کی خواہش ہو (ارب۔ حاصل کرنا)

مارتنڈ (س۔ مذکر) ۱؎ سورج ۲؎ سور۔

مار تول (پ۔ مذکر) ہتھوڑا۔ ہتھوڑی۔ موگری۔

مارچ (انگ۔ مذکر) سن عیسوی کا تیسرا مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے۔ اس کا نام لڑائی کے دیوتا مارز کے نام پر رکھا گیا ہے۔

مارسیلیا (فر۔ مذکر) فرانس کا قومی گیت۔

مارش (س۔ مذکر) ۱؎ شریف آدمی ۲؎ تھیئٹر کا منیجر ۳؎ ایک قسم کی ترکاری۔ ماٹ۔

مارشل (انگ۔ مذکر) ۱؎ سپہ سالار ۲؎ (صفت) فوجی۔ ہر دو صورتوں میں ہیجے مختلف ہیں۔ مارشل لا (مذکر) فوجی قانون۔ ملک میں بغاوت ہو تو اسے جاری کرتے ہیں۔

مارفیا (انگ۔ مذکر) افیون کا ست۔
مارک (انگ۔ مذکر) نشان۔ علامت۔
مارکا (مذکر) وہ نشان جو کسی سلطنت کی طرف
سے سلطنت کا نشان بنائیں۔ جیسے شیر برطانیہ
کا اور ریچھ روس کا نشان ہے۔ ۲ کارخانہ یا کمپنی کی
علامت۔ یہ لفظ ہندوستان کی ایجاد ہے۔ مارکر
(مذکر) وہ شخص جو ٹینس کے کھیل میں نشان لگاتا ہے
مارکنگ (مذکر) نشان لگانا۔ مارکنگ اِنک
(مونث) نشان لگانے کی سیاہی جس سے کپڑے
وغیرہ پر نشان لگاتے ہیں۔ جو پانی سے نہیں مٹتا۔
مارکوئیس (انگ۔ مذکر) ایک خطاب جو
ارل سے بڑا اور ڈیوک سے چھوٹا ہوتا ہے۔
مارکیٹ (انگ۔ مونث) بازار۔
منڈی۔
مارگ (س۔ مذکر) ۱ تفتیش۔
تحقیقات۔ دریافت ۲ علاج۔ تدبیر۔ چارہ ۳ رستہ۔
سڑک۔ باٹ۔ راہ ۴ پاخانے کی نالی۔ کوچ ۵ طریقہ
سبیل۔ مسلک۔ روش۔ چال ۶ مذہب۔ ایمان ۷
ستاروں یا ہوا کا رستہ ۸ جنگلی جانوروں کا رستہ
۹ سفر ۱۰ سیر ۱۱ درست رستہ۔ راہ راست ۱۲ بدھ
مذہب کے لئے وہ چار اصول جو بدھ نے زندگی
کی مصیبتوں سے بچنے کے لئے بتائے تھے ۱۳ مقدمہ
کی بنا ۱۴ بولنے یا لکھنے کا طریقہ ۱۵ ناٹک میں طریقہ
بتانا کہ کس طرح ایکٹ ہونا چاہئے ۱۶ ساتواں برج
۱۷ علم ہندسہ میں ایک باب ۱۸ مشک ۱۹ ماگھ کا
مہینہ ۲۰۔ مارگ شر۔ شرس یا شیرشہ (مذکر)
۔ ہندی سال کا دسواں مہینہ۔ ماگھ۔ مارگن
(مذکر) ۱ دریافت تفتیش۔ تحقیقات ۲ مانگنا بھیک
۳ فقیر۔ سادھو۔ بھک منگا ۴ تیر۔ مارگی (مذکر)
مسافر۔ راہرو۔
مارمن (انگ۔ مذکر) ایک عیسائی فرقہ
جو ایک شادی کا پابند نہیں۔
مارو (ہ۔ صفت) ۱ مارنے والا۔ تباہ
کرنے والا۔ زخمی کرنے والا۔ قتل کرنے والا ۲ قاتل۔
مہلک ۳ جنگجو۔ لڑاکا ۴ (مذکر) ایک قسم کا مہلک ہتھیار
جو ہرنوں کے دونوں سینگوں کے آگے لوہے کی
نوکیں لگا کر بناتے ہیں ۵ خاوند۔ شوہر ۶ پیارا۔ عزیز
۷ طبل جنگ۔ نقارہ ۸ (ہ) ایک قسم کا گول اور سیاہ بینگن ۱
ماروبینگن (مذکر) مانند ۸
مارو (ہ۔ مذکر) ماروا (ہ) ۱ ایک
راگنی جو اگن اور پوس میں تیسرے پہر گائی جاتی ہے ۲
ایک گیت جو لڑائی کے وقت گاتے ہیں۔
ماروت (ع۔ مونث) ایک فرشتہ جو
ہاروت کے ہمراہ دنیا میں آیا تھا۔ دونوں ایک طوائف
زہرہ پر عاشق ہوگئے۔ اور اسے آسمان پر جانے کا
علم بتادیا۔ وہ تو زہرہ سیارہ بن گئی۔ اور ان کو یہ سزا
ملی کہ قیامت تک چاہ بابل میں اُلٹے لٹکے رہیں۔ یہ
لوگوں کو جادو سکھاتے ہیں۔
ماڑ (ہ۔ مونث) پیچ (رغف)
ماڑا (ہ۔ مذکر) ۱ کمزور۔ ضعیف ۲
خراب۔ بُرا ۳ نالائق۔ اناڑی ۴ معمولی ۵ کمینہ۔
بزدل۔ ماڑا سا (تف) تھوڑا۔ تھوڑا سا۔
ماڑنا (ہ۔ متعدی) ۱ ملنا۔ رگڑنا ۲ گاہ
ڈالنا۔ پھیلانا۔ چوڑا کرنا۔
ماڑنی (ہ۔ مونث) لئی۔ نشاستہ۔
ماڑی (ہ۔ مونث) ۱ چاولوں کا پانی۔
پیچ ۲ کھجور کی قسم کا ایک درخت ۳ اس درخت کی
شراب ۴ ماڑی کا مخفف۔
ماڑیارہ (صفت) دبلا۔ ضعیف۔ زار
(لکھنؤ)
مازن (ع۔ مذکر) کئی قبیلوں کا نام۔
مازو (ف۔ مذکر) ماجو۔
ماس (ہ۔ مذکر) ۱ گوشت۔ لحم ۲ سالن
۔ تلیہ (س۔ مانس) ماس آدھاری (صفت)
گوشت خوار۔ ماس کھانے والا۔ ماس نوچنا (متعدی)
۱ بوٹیاں کاٹنا۔ بھنبھوڑنا۔ گوشت اُتارنا ۲ کسی کو
دق کرکے روپیہ لینا۔ کھانے کو مانگنا۔
امثال و اقوال۔ ماس بناس
(ساگ) گھاس رسوئی۔ گوشت کے بغیر کھانا
بدمزا ہوتا ہے۔ باقی گھاس ہی گھاس رہ جاتا ہے
ماس سب کوئی کھاتا ہے (ہڈا) ہڈی گلے
میں کوئی نہیں باندھتا۔ لائق سے سب محبت
کرتے ہیں نالائق کو کوئی نہیں پوچھتا۔ ماس کھائے
ماس بڑھے ان کھائے اوجھڑی (دوسرا
مصرع بہت فحش ہونے کی وجہ سے نہیں لکھا گیا)
گوشت کھانے سے بدن پر گوشت زیادہ ہوتا ہے
اور اناج کھائیں تو پیٹ بڑھتا ہے۔ ماس کھائے
ماس بڑھے گھی کھائے بل ہوئے ساگ
کھائے اوجھ بڑھے بُوتا کہاں سے ہوئے۔
گوشت کھانے سے گوشت بڑھتا ہے گھی کھانے
سے طاقت زیادہ ہوتی ہے۔ ساگ کھایا جائے
تو پیٹ بڑھتا ہے۔ مگر طاقت نہیں ہوتی۔
ماس (س۔ مذکر) ماس (ہ) ۱ مہینہ
ماہ۔ ۲ چاند۔
ماسا (ہ۔ مذکر) مہینہ۔ مرکبات میں
استعمال ہوتا ہے جیسے بارہ ماسا۔ چوماسا۔
ماسا (ہ۔ مذکر) ۱ ماشہ ۲ ماس۔ گوشت
مقولہ۔ ماسے بھر کی چار کچوری
کھرما ماسے ڈھائی کا۔ گھر میں روویں
بہن بھانجی باہر رووے نائی کا۔ دھیرے
دھیرے جیموں پنچوں دیکھو عجب کھدائی
کا۔ لالہ جی نے بیاہ رچایا لہنگا بیچ لگائی
کا۔ غریبوں کے بیاہوں پر طنز ہے جو حیثیت
سے بڑھ کر خرچ کر دیتے ہیں۔ ماسے بھر کی چار
کچوریاں بنائیں اور ڈھائی ماسے کا کھرما۔ گھر میں
بہن اور بھتیجی روتی ہے اور باہر نائی روتا ہے۔
براتیوں کو کھانے کو تھوڑا سا ملتا ہے۔ خدا کا غضب
ہے کہ لالہ جی نے بیوی کا لہنگا بیچ کر شادی رچائی
ہے۔ آج کل مسلمانوں پر یہ زیادہ موزوں ہے۔
ماست (ف۔ مذکر) دوغ۔ چھاچھ۔
ماسٹر (انگ۔ مذکر) ۱ اُستاد۔ معلم۔ پاندہ
۲ مالک۔ سردار ۳ بچہ۔ لڑکا۔ ماسٹر آف آرٹ
(مذکر) تعلیم کی ایک ڈگری جس کا مخفف ایم۔ اے
ہے۔ ماسٹر آف لاز (مذکر) قانون کی ایک ڈگری
جس کا مخفف ایل ایل ایم ہے۔ ماسٹر پیس (مذکر) شاہکار۔
ماسٹر جی (مذکر) اُستاد کو عزت سے بلاتے ہیں۔
ماسکہ (ع۔ مذکر) وہ قوت جو غذا
کو ہضم کرتی ہے (مسک۔ پکڑنا)
ماسلا (ہ۔ مذکر) ۱ نمونہ ۲ فیشن۔
طرز۔ شکل۔ بناوٹ۔
ماسن (ہ۔ مذکر) ایک بیج جو دواؤں
میں پڑتا ہے۔
ماسی (ہ۔ مونث) ماں کی بہن۔ خالہ۔

ماشَ (س) **ماش** (ہ۔ مذکر) ۱ ایک پودہ جس میں پھلیاں لگتی ہیں۔ اس کے بیجوں کی دال بناتے ہیں ۲ اس پودے کا بیج۔ ارد ۳ جادوگر۔ کیونکہ جس پر جادو کا اثر ڈالنا چاہتے ہیں اس کو پڑھے ہوئے ماش مارتے ہیں ۴ (س) ایک قسم کی پھنسیاں۔ **ماش کا پتلا** ۱ (صفت) گورا چٹا۔ خوبصورت ۲ عورتیں صدقہ اتارنے کے لئے ماش کا پتلا بنا کر چوراہے میں رکھ دیتی ہیں۔ **ماش کی دال** (مونث) ماش کے بیجوں کو چکّی میں دل کر دال بناتے ہیں جو ہندو بہت کھاتے ہیں۔ اس کی بڑیاں اور کئی قسم کی مٹھائیاں بنتی ہیں۔ **ماش مارنا** (متعدی) اردوں پر منتر پڑھ کر کسی پر پھینکنا یا کسی کو مارنا۔ جادو کرنا۔ ٹونا کرنا

ماشی (صفت) ۱ ماش کے رنگ کا ۲ (مذکر) ایک رنگ جو سیاہی مائل سبز ارد ماش کے رنگ کا ہوتا ہے۔ **ماشی بھورا** (مذکر) ایک قسم کا کبوتر۔

ماشا (ہ۔ مذکر) ۱ بنگالی بابو۔ مسٹر۔ حضرت۔ صاحب (مہاشہ کا بگڑا ہوا) ۲ پھرکی۔ ریل۔ گٹی۔ وہ پھرکی جس پر دبکئے دبکنے کے واسطے تار لپیٹتے ہیں ۳ دیکھو ماش ۴ دیکھو ماشہ۔

ماشُو (ف۔ مذکر) ۱ چھلنی ۲ کڑچھی ۳ ایک قسم کا موٹا اُونی کپڑا جس کی درویشوں کی پوشاک بنتی ہے۔

ماشِوی (ہ۔ مذکر) ایک پرندہ۔

ماشہ (ہ۔ مذکر) ۱ ایک وزن جو آٹھ رتی کا ہوتا ہے۔ اور ۱۲ ماشے کا تولہ ہوتا ہے ۲ دلالوں کی اصطلاح میں چونی۔ چار آنے ۳ کیل۔ کوکہ۔ پریگ ۴ تار کی بندش جس سے ٹوٹے ہوئے چینی کے برتنوں کو جوڑتے ہیں (اس ماشکم) **ماشہ بھر** (صفت) ۱ ایک ماشہ کی مقدار ۲ تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ **ماشہ تولہ ہونا** (لازم) ایک حالت پر نہ رہنا۔ بہت نازک مزاج ہونا۔ متلون مزاج ہونا۔

ماشی (ہ۔ مونث) ۱ شہد ۲ مکھی۔

ماضی (ع۔ صفت) ۱ گزرا ہوا گذشتہ ۲ (مونث) گزشتہ زمانہ ۳ مصدر کا وہ صیغہ جس سے گزشتہ زمانہ ظاہر ہو (مضی۔ گزرنا) **ماضی احتمالی** (مونث) وہ ماضی جس سے گزشتہ زمانے میں فعل کے صادر ہونے کا احتمال پایا جائے جیسے کھایا ہوگا۔ **ماضی استمراری** (مونث) وہ ماضی جس سے زمانہ گزشتہ میں فعل کا تواتر مفہوم ہو جیسے کھاتا تھا یا کھا رہا تھا۔ **ماضی بعید** (مونث) وہ ماضی جس سے دُور کا زمانہ گذشتہ پایا جائے جیسے کھایا تھا۔ **ماضی تمنّائی یا شرطی** (مونث) وہ ماضی جس کے پہلے تمنّا یا شرط کا کلمہ ہو۔ جیسے کاش کھاتا یا اگر کھاتا۔ **ماضی شکّیّہ** (مونث) دیکھو ماضی احتمالی۔ **ماضی قریب** (مونث) وہ ماضی جس سے قریب کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے جیسے کھایا ہے۔ **ماضی مطلق** (مونث) وہ ماضی جس سے مطلق گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے جیسے کھایا۔ **ماضی معطوفہ** (مونث) وہ ماضی جس میں کسی کام یا بات کا بار بار ہونا ظاہر ہو۔ **ماضی ناتمام** (مونث) دیکھو ماضی استمراری۔

ماضِیَہ (صفت) بیتا ہوا۔ گزشتہ۔ پیشتر کا۔

مارغ (ف۔ مذکر) ایک قسم کا کبوتر۔

ماقوتی (ف۔ مونث) ایک قسم کا حلوا۔

ماکڑا (ہ۔ صفت) مکڑی کی طرح۔ دُبلا۔ پتلا۔

ماکِشکَ (س۔ مذکر) ۱ شہد ۲ ایک کانی مادہ جو شہد کی شکل کا ہوتا ہے۔

ماکشی (ہ۔ مونث) مکھی۔

ماکند (س۔ مذکر) آم۔ **ماکندی** (مونث) آملہ۔

ماکول (ع۔ صفت) ۱ کھایا گیا ۲ (مذکر) کھانے کی چیز۔ غذا۔ خوراک (اکل۔ کھانا) **ماکولات** (مذکر) کھانے کے لائق چیزیں۔ **ماکولات و مشربات** (مذکر) کھانے پینے کی چیزیں۔ **ماکول اللحم** (صفت) وہ (جانور) جس کا گوشت کھایا جائے۔

ماکھڑا (ہ۔ صفت) بے وقوف۔ احمق۔ جاہل۔

ماکھن (ہ۔ مذکر) ۱ مکھن ۲ روغن۔ تیل ۳ گاڑھا پکا ہوا دودھ۔ **ماکھن پرکھو چھور یا لال** (مذکر) کرشن جی کا لقب۔

ماکھو (ہ۔ مذکر) جلاہے کی نال۔

ماکھو (ہ۔ مونث) ۱ شہرت۔ افواہ۔ چرچا۔ **ماکھو دوڑ جانا یا دوڑنا** (متعدی) چرچا ہونا۔ افواہ ہونا۔ شہرت ہونا۔ کسی بات کا لوگوں کے مُنہ میں پڑ جانا۔

ماکھی (ہ۔ مونث) مکھی۔

ماکیاں (ف۔ مونث) مرغی۔

ماگ (ہ۔ مذکر) ۱ سڑک۔ راستہ۔ راہ ۲ مانگ۔

ماگدھی (مونث) ۱ مگدھ کی زبان ۲ سفید کھانڈ ۳ ایک قسم کی چنبیلی ۴ لمبی مرچ ۵ سویا۔ سونف۔ زیرہ۔

ماگھَ (س۔ مذکر) **ماگھ** (ہ) ہندوؤں کے دسویں مہینے کا نام۔

امثال و اقوال۔ ماگھ پوس کی بادری اور کنوار کا گھام۔ ان سب کو جھیل کرکرے پرایا کام۔ نوکری میں گرمی سردی برسات سب کو جھیلنا پڑتا ہے۔ **ماگھ تلاتل باڑھے۔ پھاگن گوڑے کاڑھے**۔ ماگھ کے مہینے میں سردی کی وجہ سے انسان سکڑ کر سوتے ہیں۔ اور پھاگن میں گھٹنے پھیلا لیتے ہیں۔ **ماگھ کا جاڑا جیٹھ کی دھوپ**۔ دونوں سخت ہوتے ہیں۔ **ماگھ کا جاڑا جیٹھ کی دُھوپ بڑے کشٹ سے اُپجے اُوکھ (رُوکھ)** ماگھ میں سردی کی وجہ سے اور جیٹھ میں گرمی کی وجہ سے نیشکر بڑی مشکل سے اُگتا ہے۔ **ماگھ ننگے بیساکھ بھوکے۔ ماگھ ننگی بیساکھ بھوکی**۔ بہت غریب۔ سدا مفلس۔ ہمیشہ محتاج۔ **ماگھے جاڑ نہ پوسے جاڑ۔ بتاسے جاڑ**۔ ماگھ یا پوس میں سردی نہیں ہوتی بلکہ ہوا چلنے سے سردی ہوتی ہے۔

ماگھات (ہ۔ مونث) وہ زمین جس میں ماگھ میں ہل چلایا جائے۔ **ماگھات کی فصل** (مونث) وہ فصل جو ماگھ کے مہینے میں بوئی جائے۔

ماگھی (س۔ مونث) ایک قسم کی ترکاری۔

مال (ہ۔ مونث) ۱ وہ ڈور جو چرخے میں تکلے کو متحرک کرنے کے لئے لگی رہتی ہے ۲

مالا۔ ہار ۲ (پ) کوئیں کا موٹا رسہ ۳ وہ رسّہ یا چمڑا
جو کلوں میں پہیوں کو چلانے کے لئے لگایا جاتا
ہے (س مالا) **مال کاکنی یا کنگنی** (مونث)
۱ ایک درخت ۲ اس کے بیج جن کا تیل نکالا جاتا
ہے۔ جو جلانے کے کام آتا ہے اور بطور دوائی
استعمال ہوتا ہے۔

مال (ف۔ امر) ۱ مالیدن کا۔ مل۔ رگڑ۔
پونچھ۔ مروڑ ۲ (صفت) ملنے والا۔ رگڑنے والا۔
پونچھنے والا۔ مروڑنے والا۔ مرکبات میں جیسے
گوشمال۔ رومال۔ **مالی** (مونث) پونچھنا یا مروڑنا۔
مرکبات میں جیسے گوشمالی۔

مال (ع۔ مذکر) ۱ اسباب۔ جائداد۔
سامان ۲ دولت۔ دھن۔ مایہ ۳ سوداگری کی چیزیں
۴ خاص ملکیت جس میں دوسرے کا تصرف نہ ہو ۵
بیش قیمت چیز۔ قیمتی شے ۶ گائے بھینس مویشی
عرب میں اونٹ ۷ جنس۔ چیز۔ اشیا ۸ مالگزاری
لگان ۹ خزانہ۔ خراج ۱۰ پیداوار۔ زراعت۔ آمدنی
۱۱ نفیس کھانا۔ عمدہ طعام ۱۲ اصل۔ حقیقت ہستی
۱۳ ڈاک کی تھیلی یا بیگ ۱۴ وہ عدد جو کسی اور عدد
کو آپس میں ایک دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہوتا
ہے ۱۵ لاٹری کا انعام۔ وہ چیز جس پر چٹھی پڑے
۱۶ نیل جو بکتا ہے ۱۷ دانے دار نیل کی گاد جو
پانی خشک ہو جانے کے بعد رہ جاتی ہے ۱۸
خوبصورت اور نوعمر نوچی۔ حسین عورت ۱۹ خوبصورت
لڑکا (مَوَل۔ بہت اونٹ۔ بھیڑ۔ بکریاں وغیرہ ہونا)
مال آنا (لازم) ۱ سوداگری کا مال دوسری جگہ
سے لایا جانا ۲ خوبصورت نوچی کا کسی طوائف کے
پاس یا بازار میں آنا۔ **مال اڑانا** (متعدی) ۱ لذیذ
اور نفیس چیزیں کھانا ۲ روپیہ خورد برد کرنا۔ خیانت
کرنا ۳ فضول خرچی کرنا۔ **مال اڑ جانا** (لازم)
روپیہ یا دولت خرچ ہو جانا۔ روپیہ برباد ہو جانا۔

مال المال (مذکر) جذر کا جذر۔ کسی عدد کی چوتھی قوت
جیسے ۱۶ دو کا۔ **مالا مال** (صفت) ۱ خوشحال۔ امیر۔
دولتمند ۲ بھرپور۔ بھرا ہوا ۳ زرخیز۔ پیداوار کے
قابل (کرنا ہونا کے ساتھ) **مالِ اموات** (مذکر)
مردوں کا مال۔ لاوارثی مال۔ **مالِ بازیافتہ** (مذکر)
وہ مال جو ملزم سے ملے۔ **مالِ برآمد** (مذکر) ۱ تجارت
کا مال جو ملک سے باہر بھیجا جائے۔ تجارتی مال۔
سوداگری کا مال ۲ مال بازیافتہ۔ وہ چوری کا مال
جو ملزم سے ملے۔ **مال برآمد و درآمد کی وصول باقی**
(مونث) باہر جانے والے اور باہر سے آنے والے
مال کا بقایا۔ **مال برآمدہ** (مذکر) دیکھو مال برآمد
۲ **مال بے کھٹکے** (مذکر) وہ مال جو رہن نہ ہو۔
مال پچا بیٹھنا (متعدی) غبن کرنا۔ خیانت کرنا
مال پچنا (لازم) کسی کا مال ہضم کیا جانا۔ کسی کی دولت
ہضم ہونا۔ مال کا قبضے میں آ جانا۔ **مال پرست**
(صفت) وہ شخص جو ہر وقت مال حاصل کرنے کی
فکر میں ہو۔ بندۂ سیم وزر۔ **مال پڑا پانا** (لازم)
بے محنت و مشقت کوئی چیز ہاتھ آنا۔ **مال تال
یا ٹال** (مذکر) روپیہ پیسہ۔ مال متاع۔ **مال
جوکھوں** (مونث) مال کی جوکھوں (مت)۔ **مال
چکھنا** (متعدی) کسی کا روپیہ اپنے کھانے پینے میں
خرچ کرنا۔ **مال چیرنا** (متعدی) غبن کرنا۔ مال ہضم
کرنا۔ غصب کرنا۔ **مالِ حرام** (مذکر) ۱ ناجائز مال
بری کمائی۔ چوری کا مال ۲ رشوت سے حاصل کیا ہوا
مال۔ حرام کی کمائی ۳ زنا کے ذریعے کمایا ہوا مال۔
خرچی ۴ وہ مال جو شرعاً ناجائز ہو۔ **مال حصہ
داری** (مونث) حصہ داروں کا سرمایہ۔ ساجھے کی
پونجی۔ شراکت کا مال۔ **مال حوالے کرنا** (متعدی)
ہونا (لازم) مال کسی کو دیا جانا۔ امانت میں رکھا جانا۔
مال خانہ (مذکر) ۱ وہ مکان جس میں مال رکھیں۔ گودام۔
ذخیرہ۔ کوٹھی ۲ خزانہ ۳ جنس رکھنے کا مکان۔ **مالدار**
(صفت) دولتمند۔ صاحبِ جائداد۔ تونگر۔ امیر۔
مالدارِ امانت (مذکر) امین۔ جس کے پاس مال
امانت رکھا جائے۔ **مالداری** (مونث) دولتمندی۔
ثروت۔ **مال دھنی** (مذکر) مالک۔ **مال دے
دینا یا دینا** (متعدی) مال کسی دوسرے کے حوالے
کرنا۔ **مال ڈھالنا** (متعدی) سستا مال
بیچ ڈالنا۔ یہ محاورہ تنہا استعمال نہیں ہوتا۔ **مالزادہ**
(مذکر) حرام کا بچہ۔ رنڈی کا بیٹا۔ بھڑوا۔ قرساق
مالزادی (مونث) ۱ زن فاحشہ۔ قحبہ ۲ دلالہ۔
کٹنی۔ نائکہ ۳ ایک گالی۔ **مال سائر** (مذکر)
مالگزاری کے علاوہ دیگر محاصل۔ جیسے چونگی۔
سڑک۔ مدرسہ وغیرہ کا محصول۔ **مال سستے
پر ڈھالنا** (متعدی) سستا مال بیچنا۔ **مال سمجھنا**
(متعدی) باوقعت سمجھنا۔ **مال شراکت** (مذکر) ساجھے
کی پونجی۔ شرکت کا مال۔ **مال صرف کرنا** (متعدی)
ہونا (لازم) مال خرچ ہو جانا۔ مال استعمال ہونا
مال ضامن (مذکر) نقدی کی ضمانت دینے والا۔
وہ شخص جو کسی دوسرے شخص کی یہ ضمانت دے کہ
اگر وہ دوسرا شخص غیر حاضر ہو جائیگا تو میں اس قدر
مال سرکار میں حاضر کر دونگا۔ **مال ضامنی** (مونث)
مال کی ضمانت۔ **مال ضامنی داخل کرنا** (متعدی)
سرکاری خزانے میں ضمانت کا روپیہ داخل کرنا۔
ضمانت کا روپیہ ادا کرنا۔ **مال ضامنی دینا**
(متعدی) ضمانت بھرنا۔ **مال طیّب** (مذکر)
حلال کی کمائی۔ اچھا مال۔ پاکیزہ مال۔ **مال ضبطی**
(مذکر) قرق کیا ہوا مال۔ قرق شدہ مال۔ **مالِ غنیمت**
(مذکر) ۱ دشمن کا مال جو لڑائی میں ہاتھ آئے ۲ لوٹ کا
مال ۳ مفت کا مال۔ **مالِ غیر منقولہ** (مذکر) وہ
مال جو اپنی جگہ سے سرک نہ سکے۔ **مال فرود**
(مذکر) ۱ مال اترنے کی جگہ۔ منڈی ۲ اتارنے
کا مال۔ مودی خانے کا مال۔ کوٹھے یا دوکان کا
مال۔ **مال کا بندوبست** (مذکر) خراج کا انتظام
بندوبست پیداوار کا انصرام۔ مالگزاری کی تجویز۔
مال کاٹنا (متعدی) ۱ چلتی گاڑی میں سے مال نکالنا
گاڑی میں سے چوری کرنا ۲ بہت سا مال خرچ کر دینا
مال کا رسد (مذکر) وہ مال جس کی بازار میں مانگ
نہ ہو اور کم قیمت پر بیچا جائے۔ **مال کٹنا** (لازم) ۱
مال کا چوری جانا ۲ مال کا کثرت سے بکنا۔ **مال
کھانا** (متعدی) مال چکھنا۔ **مال کھلانا** (متعدی)
اچھے اچھے کھانے کھلانا۔ **مال کھینچنا** (متعدی)
مال کمانا۔ مال جمع کرنا۔ **مال کیا ہے**۔ کیا شے
ہے۔ کچھ حقیقت نہیں۔ کیا مال ہے۔ **مال کی جوکھوں**
مال کا نقصان۔ **مال کی رسید** (مونث) بلٹی۔ **مال
گاڑنا** (متعدی) دولت دفن کرنا۔ **مال گاڑی** (مونث)
وہ گاڑی جس میں مال لادا جاتا ہے خصوصاً ریل
کی۔ **مالگزار** (مذکر) وہ شخص جو سرکار کو زمین کا
لگان دے۔ مالگزاری ادا کرنے والا۔ **مالگزاری**
(مونث) زمین کا سرکاری محصول (ادا کرنا ہونا تجویز
کرنا ہونا وصول کرنا ہونا وغیرہ کے ساتھ) **مال
گلنا** ہے۔ مال کثرت سے صرف ہوتا ہے۔
مال گننا (متعدی) وقعت سمجھنا۔ خیال میں لانا
باوقعت خیال کرنا۔ **مالِ لاوارث** (مذکر) وہ

مال جس کا کوئی وارث یا دعویدار نہ ہو۔ خالصہ -
مال مارنا (متعدی) ۱۔ غبن کرنا۔ تصرف بیجا کرنا ۲۔ لوٹ لینا۔ سرقہ کر لینا ۳۔ کسی کو فریب دے کر اس کا مال لے لینا ۴۔ بے محنت و مشقت مال حاصل کرنا۔ مال مارو (صفت) خائن۔ غاصب۔ غبن کرنے والا۔ مال متاع (مذکر) دولت۔ اسباب۔ مال مجرم (مذکر) چور۔ مال کا ملزم۔ مال محمولہ (مذکر) وہ مال جو جہاز یا گاڑی میں لاد کر دوسری جگہ لے جائیں۔ مال مردم خور (صفت) ۱۔ دوسروں کا مال ہضم کرنے والا ۲۔ وہ جو قرضہ لے کر ادا نہ کرے۔ مال مست (مذکر) دولت کے نشے میں مخمور۔ دولت پر مغرور۔ مال مستی (مونث) دولت کا غرور۔ مال مسروقہ (مذکر) وہ مال جو چوری ہو جائے۔ مال مفت (مذکر) محنت یا کوشش بغیر حاصل کیا ہوا مال۔ بن داموں ملا ہوا۔ مال مفروقہ (مذکر) قرق شدہ مال۔ مال منقولہ (مذکر) وہ جائداد جس کی جگہ تبدیل ہو سکے۔ مال نکال دینا (متعدی) گھر سے یا اپنے پاس سے مال نکال کر کسی کو مجبوری دینا۔ مال والا (صفت) دیکھو مالدار۔ مال ور (صفت) مالدار۔ مال و زر (مذکر) دولت۔ روپیہ پیسہ پانا۔ دینا۔ ملنا وغیرہ کے ساتھ۔ مال وقف (مذکر) وہ مال جو خدا کے نام پر عام استعمال کے لئے چھوڑ دیا جائے۔ مال و متاع (مذکر) اسباب اور روپیہ پیسہ۔ مالی (صفت) ۱۔ مال سے منسوب ۲۔ مالگزاری سے منسوب۔ عدالت مال سے منسوب۔ مالی پیشکار (مذکر) مالگزاری کا حساب کرنے والا۔ واصلباقی نویس محرر مالگزاری۔ مالیت (مونث) ۱۔ جمع۔ پونجی۔ سرمایہ ۲۔ دولت۔ دھن ۳۔ مول۔ قیمت ۴۔ قدر و منزلت۔ وقعت ۵۔ مالین ۶۔ مول۔ اصل ۷۔ تشخیص قیمت۔ جانچ۔ مالیت جانچنا (متعدی) قیمت کی تشخیص کرنا۔ مول لگانا۔ تخمینہ کرنا۔ مالی حالت (مونث) روپیہ پاس ہونے کی حالت۔ دولت پاس ہونے کی حالت (اچھی بری خراب ہونا کے ساتھ) مالی کام (مذکر) مالگزاری کے متعلق کام۔ زمین کے متعلق کام کاج۔ مالیہ (مذکر) ۱۔ مالیت ۲۔ مالگزاری۔ خراج۔

امثال و اقوال۔ مال پر زکوٰۃ ہے۔ آمدنی پر ہی خیرات منحصر ہے۔ آمد پر ہی خرچ ہوتا ہے۔ مال حرام بود بجائے حرام رفت۔ اس مقام پر بولتے ہیں۔ جب حرام کا کمایا ہوا مال ضائع ہو جائے۔ مال عرب پیش عرب۔ اپنا مال اپنے ہی قبضے میں اچھا ہے۔ مال کا مُنہ کرتا ہے جان کا مُنہ نہیں کرتا (متعدی) بخیل کی نسبت بولتے ہیں کہ مال کے مقابلے میں جان کی پروا نہیں کرتا۔ مال کا نقصان (کے نقصان میں) جان کی خیر۔ جب کسی کا نقصان ہو جائے تو اس کی تسلی کے لئے کہتے ہیں۔ مال کی خاطر پہاڑ اٹھاتے ہیں۔ مال کے لئے مشکل سے مشکل کام کا ذمہ لیتے ہیں۔ مال لٹے سرکار کا مرزا کھیلیں پھاگ۔ پرائے مال پر عیش بنانا۔ دوسرے کا مال برباد کر کے مزے اُڑانا۔ مال مفت دل بے رحم۔ اس محل پر بولتے ہیں جب پرایا مال بے دریغ خرچ کیا جائے۔ مال موذی نصیب غازی۔ بخیل کا مال کسی کو ملنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ مال والا ہارے گال والا جیتے۔ آج کل کچہریوں میں وہی مقدمہ جیتتا ہے جس کا وکیل بہت بولنے والا ہو۔

مال (انگ۔ مونث) دی ٹھنڈی سڑک اصل میں لنڈن کی ایک سڑک کا نام ہے۔

مالا (ہ۔ مونث) ۱۔ ہار۔ سونے موتی کا ہار ۲۔ عقد۔ حمائل۔ گلوبند۔ سلک ۳۔ بدھی۔ گجرا پھولوں کا ہار ۴۔ ہندوؤں کی تسبیح۔ سمرن ۵۔ وہ نشان جو تلوار کے دونوں طرف ہوتا ہے ۶۔ ایک درخت جس کے سرخ پھول بشکل مرجان ہوتے ہیں اور ان کے ہار بنا کر پہنتے ہیں ۷۔ گل تسبیح ۸۔ (س) الفاظ کی فہرست یا مجموعہ۔ ڈکشنری۔ لغت۔ کوش ۹۔ کتاب ۱۰۔ کھیت ۱۱۔ ناریل

مالا پھل (مذکر) ایک درخت جس کے بیج کی مالا بنتی ہے۔ مالا پھیرنا یا جپنا (لازم) تسبیح پڑھنا۔ سمرن جپنا۔

مالپوا۔ مالپوڑا (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک قسم کی روغنی روٹی ۲۔ گلگلا۔

مالتی (س۔ مونث) ۱۔ کلی۔ شگوفہ ۲۔ دوشیزہ۔ کنواری لڑکی۔ جوان عورت ۳۔ چاندنی ۴۔ رات ۵۔ کئی پودوں کا نام۔ چنبیلی۔ یاسمن وغیرہ مالتی بسنت ایک مفوف جو تپ دق میں دیتے ہیں۔ جس میں سونے کے ورق اور موتی پڑتے ہیں۔ مالتی پھل (مذکر) جائفل۔ مالتی لتا (مونث) ایک بیل۔ مالتی مالا (مونث) ۱۔ چنبیلی کے پھولوں کا ہار ۲۔ ایک وزن یا بحر ۳۔ ایک لغت یا کوش کا نام۔

مالسری (ہ۔ مونث) سری راگ کی پانچویں راگنی جو اگھن پوس میں گائی جاتی ہے۔

مالش (ف۔ مونث) ۱۔ ملنا۔ رگڑنا ۲۔ متلی۔ جی کا متلانا۔ غثیان ۳۔ صیقل۔ جلا ۴۔ کھریرا پھیرنا یا کرنا ۵۔ کسی چیز کو جسم پر مل کر جذب کرنا کرانا ہونا کے ساتھ (مالیدن۔ ملنا)

مالک (ع۔ مذکر) ۱۔ کسی چیز کی ملکیت رکھنے والا شخص۔ والی ۲۔ آقا۔ صاحب۔ خداوند ۳۔ خدا تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ۔ رب۔ ایشور۔ سائیں ۴۔ شوہر۔ خاوند۔ پتی۔ خصم۔ میاں۔ سوامی ۵۔ سردار۔ حاکم۔ افسر۔ عامل ۶۔ ایک فرشتے کا نام جو دوزخ کا نگراں ہے۔ دوزخ کا دربان ۷۔ دیکھو امام مالک ۸۔ وہ سوداگر جس نے حضرت یوسف کو خریدا تھا (صفت) قابض۔ بااختیار ۹۔ صاحب اختیار۔ خود مختار۔ اختیار والا۔ مختار۔ مالک اراضی یا زمین (مذکر) زمیندار۔ جاگیردار۔ کاشتکار۔ مالک الحزین یا الحزین (مذکر) ایک آبی پرندہ۔ بگلا۔ مالک الملک (مذکر) ملک کا مالک۔ بادشاہ۔ راجہ۔ شہنشاہ ۲۔ ملک کا مالک خدا تعالیٰ۔

مالکان (مذکر) مالک کی جمع۔ مالکان دہ (مذکر) وہ زمیندار جو گاؤں کی زمین کے مالک ہوں۔ مالکانہ (مذکر) ۱۔ زمینداری کا حق جو کاشتکار نقد یا جنس کی صورت میں مالک کو ادا کرتا ہے ۲۔ (صفت) مالک کے طور پر۔ مالکانہ خانگی (مذکر) وہ محصول جو مالک کاشتکاروں پر اپنے خانگی اخراجات کے لئے لگاتا ہے۔ مالکانہ رسوم (مونث) ملکیت کا حق۔ حقیت کا روپیہ۔ مالک بنانا (متعدی) دیکھو مالک کرنا۔ مالک بننا (لازم) مالک ہونا۔ کوئی چیز خریدنا۔ قبضے میں لینا۔ مالک حقیقی (مذکر) ۱۔ اصلی مالک ۲۔ خدا تعالیٰ۔

مالک خود کاشت (مذکر) وہ مالک جو اپنی زمین آپ بوتا ہے۔ مالک دہ (مذکر) گاؤں کی زمین کا مالک۔

مالک دینار (مذکر) ایک باخدا ولی اللہ کا لقب۔ کہتے ہیں کہ آپ کشتی پر سوار تھے۔ ناخدا کا ایک دینار گم ہوگیا۔ اس نے آپ پر شبہ کیا۔ آپ نے رونا شروع کر دیا۔ مچھلیوں نے دریا سے دینار نکال کر کشتی میں ڈالنے شروع کر دیئے۔ اگر ناخدا توبہ نہ کرتا تو کشتی غرق ہو جاتی۔ مالک علی الاطلاق (مذکر) ۱۔ مالک مطلق۔ ہر کام کا مالک ۲۔ خدا تعالیٰ۔ مالک کرنا (متعدی) مالک بنانا۔ قبضہ دینا۔ قابض کرنا۔ ذی اختیار بنانا۔ اختیار دینا۔

مالک مکان (مذکر) گھر والا۔ صاحب خانہ۔ گھر کا مالک
مالک ہونا (لازم) ۱۔ وارث ہونا ۲۔ صاحب ملک ہونا۔ والی ہونا ۳۔ مختار ہونا۔ مجاز ہونا ۴۔ سرپرست ہونا۔ مربی ہونا۔ **مالکی** (مونث) ۱۔ ملکیت ۲۔ (مذکر) امام کا پیرو **مالکیت** (مونث) ملکیت۔ ملک ہونا۔

مثل مالک زندہ مال میراث
بدمعاش رو برو ہی لوٹ کر کھائے جاتا ہے۔

مالک (س۔ مذکر) ۱۔ ار بنانیوالا۔ مالی۔ پھول بیچنے والا ۲۔ موسہ نگ ساز ۳۔ ایک پرندہ۔ **مالکا** (مونث) ۱۔ ار۔ مالا ۲۔ قطار۔ سلسلہ ۳۔ گروہ۔ مجمع ۴۔ شہری چنبیلی ۵۔ ایک قسم کی شراب ۶۔ بیٹی (اصل تصغیر)۔

مالکا (س مونث) پھولوں کا ہار۔
مالکوس (ہ۔ مذکر) ایک راگ جو اگھن یا پھاگن میں گایا جاتا ہے (س۔ مالکوش)
مالکھم (ہ۔ مذکر) نیشکر کے بیلن کا کھمبا۔

مالن (ہ۔ مونث) **مالنی** (ہ) ۱۔ مالی کی بیوی ۲۔ پھول بیچنے والی۔

مالنیہ (س۔ مذکر) ۱۔ غلاظت۔ پلیدی۔ ناپاکی۔ گندگی ۲۔ گناہگاری۔ مجرمیت (س۔ مل تیل)
مالو (س۔ مذکر) ۱۔ مالوا کا ملک ۲۔ مالوا کا باشندہ ۳۔ (مونث) ایک راگنی **مالوشری** (مونث) ایک راگنی۔

مالوف (ع۔ صفت) ۱۔ مانوس۔ خوگر۔ عادی ۲۔ انیس۔ عزیز۔ پیارا ۳۔ معمولی۔ رسمی ۴۔ (وطن) پیارا وطن۔ اپنا وطن۔ زادبوم۔ جنم بھوم (الف۔ مانوس ہونا) **مالوفہ** (صفت) دیکھو مالوف

مالی (ہ۔ مذکر) ایک قوم جو باغبانی کا پیشہ کرتی ہے ۲۔ اس قوم کا ایک فرد (س۔ مالک)
مالیخولیا (ی۔ مذکر) خبل دماغ۔ خفقان سودا۔ خیال خام۔ جنون (اصل میلنکولیا)
مالیدہ (ف۔ صفت) ۱۔ ملا ہوا۔ رگڑا ہوا (ف۔ مل کر) ۲۔ (مذکر) ایک قسم کا اونی کپڑا جو مل کر نرم کیا ہوا ہوتا ہے ۳۔ ملیدہ۔ چورما۔ روٹی کو چورا چورا کر کے کھانڈ اور گھی ملانے سے جو چیز تیار ہوتی ہے (مالیدن۔ ملنا)

مام (ہ۔ مذکر) ۱۔ قدرت۔ استطاعت۔ مقدرت۔ مقدور۔ بساط۔ ۲۔ بوتا۔ طاقت۔ حوصلہ ۳۔ حمایت۔

ماما۔ ماماں (ہ۔ مذکر) دیکھو ماموں (ف) **مامی** (مونث) ممانی۔
مام۔ ماما (ف۔ مونث) ۱۔ والدہ۔ ماں۔ ماتا۔ ان معنوں میں انگریزی میں بھی ماما کہتے ہیں ۲۔ بڑھیا۔ بڑھیا عورت ۳۔ کھانا پکانے والی عورت ۴۔ باورچن ۵۔ خادمہ۔ ملازمہ۔ مائی۔ مسلمانوں میں وہ عورت جو گھر کا کام کاج کرے ۶۔ اصیل۔ کنیز۔ لونڈی۔ باندی **ماما اصیل** (مونث) ہندی باندی۔ کنیز **ماما پختریاں یا پختڑیاں** (مونث) ۱۔ ماما کے ہاتھ کی پکی ہوئی روٹیاں ۲۔ بے مشقت ہاتھ آئی ہوئی روٹیاں۔ مفت کی روٹیاں ۳۔ وہ روٹیاں جو ملازمہ عورتیں امیروں کے گھروں سے اپنے بچوں کو بھیجتی ہیں۔ **ماما پختریاں (پختڑیاں) کھانا** (متعدی) ناز و نعمت میں پلنا۔ مفت کا مال اڑانا **ماما حوا** (مونث) اماں حوا۔ حضرت حوا **ماماگری یا گیری** (مونث) ۱۔ عورت کی کھانا پکانے کی ملازمت۔ باورچی گیری۔ ۲۔ خدمت گاری کا پیشہ کرنا ہونا کے ساتھ، **ماماؤ** (مونث) دایہ گری۔ **ماماف** (مونث) دائی۔ دایہ۔ **ماماثی** (مونث) دایہ گری **مامی** (مونث) ۱۔ ماں کی محبت۔ ماں کیسی طرفداری۔ مادرانہ حمایت ۲۔ طرفداری۔ پاسداری۔ حمایت **مامی پیا** (متعدی) طرفداری کرنا۔

مامتا (ہ۔ مونث) ۱۔ ماں کی محبت۔ الفت مادرانہ ۲۔ الفت۔ شفقت۔ پیار (س۔ ممتا) **مامتا ٹھنڈی رہنا** (مونث) ماں کا بچے کی اچھی باتیں دیکھ کر خوش رہنا۔ **مامتا ہونا** (لازم) محبت ہونا۔

مامک (س۔ صفت) ۱۔ میرا ۲۔ خود غرض ۳۔ لالچی۔ حریص ۴۔ کنجوس۔ بخیل ۵۔ ماموں **مامکا**۔ **مامکی** (مونث) ۱۔ خود غرض عورت ۲۔ کنجوس عورت ۳۔ ممانی۔

مامن (ع۔ مذکر) امن کی جگہ۔ پناہ کی جگہ۔ جائے امن۔ ٹھکانا (امن۔ محفوظ ہونا)
مامو (ہ۔ مذکر) ماموں۔
مامور (ع۔ صفت) ۱۔ حکم کیا گیا ۲۔ اجازت کیا گیا ۳۔ مقرر۔ معین۔ مذکر نا ہونا کے ساتھ ۴۔ (ع) رسم رواج۔ (امر۔ حکم دینا)
مامول (ع۔ صفت) امید کیا گیا۔ وہ چیز جس کی امید ہو (امل۔ امید کرنا)
ماموں (ہ۔ مذکر) ۱۔ ماں کا بھائی ۲۔ سانپ۔ جو اس عورتیں رات کو ان کا نام نہیں لیتیں۔
ماموں اللہ بخش (مذکر) عورتوں کا ایک فرضی جن جس کے نام کی نذر نیاز کرتی ہیں۔

مثل۔ ماموں کے کان میں انٹی رانٹیاں یا بالیاں، بھانجا اینڈا اینڈا پھرے۔ اس کے متعلق کہتے ہیں۔ جو اپنے رشتہ داروں کی دولت اور ثروت پر فخر کرے۔ **ماموں منہ میں کاموں** بہت مفلس ہے کاموں ایک سرخ رنگ کا غبار ہے جو پکتے ہوئے چاولوں پر آجاتا ہے۔

مامون (ع۔ صفت) ۱۔ امن کیا گیا ۲۔ محفوظ۔ بے خوف (امن۔ محفوظ ہونا)
مامیران (ف۔ مذکر) دیکھو ممیرا۔
ماں (ہ۔ مونث) ۱۔ وہ عورت جس نے جنا ہو۔ اماں۔ ماتا۔ والدہ۔ مادر ۲۔ والدہ کو پکارنے کا لفظ (س۔ اتر) **ماں باپ** (مذکر) والدین۔ ماتا پتا۔ **ماں۔ باپ کا لاڈلا** (مذکر) ۱۔ وہ لڑکا جسے والدین نے ناز و نعمت میں پالا ہو۔ ۲۔ لاڈلا ۳۔ والدین کا بگاڑا ہوا۔ **ماں باپ کو برا کہوانا** (متعدی) بزرگوں کو پُنوانا۔ **ماں بہن** (مونث) والدہ اور ہمشیرہ **ماں بہن کرنا** (متعدی) ماں بہن کی گالی دینا۔ **ماں جائی** (مونث) بہن جو ماں کے پیٹ سے ہو۔ **ماں جایا** (مذکر) بھائی جو ماں کے بطن سے ہو۔ **ماں جنا** (مذکر) بھائی جو ماں کے پیٹ سے ہو۔ **ماں کا دودھ** (مذکر) ۱۔ دودھ جو ماں پلائے۔ شیر مادر ۲۔ (صفت) مفید مزاج کے مطابق ۳۔ حلال۔ مباح۔ جائز (بنا لینا ہونا کے ساتھ) **ماں کے پیٹ سے لے کر نکلنا** (لازم) سیکھا سکھایا پیدا ہونا۔ بغیر سیکھے کچھ حاصل ہونا۔

امثال و اقوال۔ ماں اپلی باپ تیلی پوت شاخ زعفران ۱۔ کمینہ شیخی باز کے متعلق طنزاً کہتے ہیں ۲۔ جب کوئی ادنیٰ مفرز خاندان ہو جائے تو کہتے ہیں۔ **ماں باپ جیتے حرام کا نہیں کہلاتا** وہ کہتے ہیں جو اپنے حقوق ثابت کرنا چاہتے ہیں۔ **ماں بھٹیاری باپ فتح خاں بیٹا تیر انداز۔ ماں بھٹیاری (بیٹا تیر انداز) پوت فتح خاں**۔ مجہول النسب مغرور آدمی کی نسبت بولتے ہیں **ماں بیٹوں (بیٹیوں) میں لڑائی ہوئی لوگوں نے جانا بیر پڑا**۔ اپنوں میں لڑائی نہیں ہونی چاہیئے **ماں ڈہنی گانے والی، دلھی ڈومنی باپ پوت براتی**۔ غریبوں کی شادی کے متعلق کہتے ہیں۔ **ماں بیٹی میں خلال**

غائب (عف) اپنوں ہی میں کوئی چیز گم ہو جانا۔ **ماں پسنہاری اچھی بھلی باپ ہفت ہزاری** بھلا کچھ نہیں) باپ سے ماں کی محبت زیادہ ہوتی ہے۔ **ماں پسنہاری پوت چھیلا چونڑ پر باندھے پور کا ٹھیلا** غریب کا بیٹا بانکپن کی لے تڑکتے ہیں۔ **ماں پسنہاری باپ کنجر بیٹا مرزا سنجر** مجہول النسب مغرور آدمی کی نسبت کہتے ہیں **ماں پہ پوت پتا پر گھوڑا بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا** اولاد اپنے والدین پر ہوتی ہے **ماں تیلن باپ پٹھان بیٹا شاخ زعفران** دیکھو ماں بلی الخ **ماں ٹینی باپ کلنگ بیٹے نکلے رنگ برنگ**۔ دوغلی اور بد اطوار اولاد یا نالائق خاندان کے متعلق کہتے ہیں **ماں چاہے بیٹی کو اور بیٹی چاہے موئے ڈھینگ کو** جتنی محبت ماں کو بیٹی سے ہوتی ہے اتنی بیٹی کو ماں سے نہیں ہوتی شادی ہو جائے تو بیٹی کو خاوند سے زیادہ محبت ہو جاتی ہے۔ **ماں چھوڑ موسی سے ٹھٹھا** رو، کوئی چھوٹا بدتمیزی کرے تو کہتی ہیں **ماں چیل باپ کوا**۔ دو غلہ کم اصل ہے۔ **ماں دھوبن پوت بزاز**۔ دیکھو ماں بھٹیاری الخ **ماں ڈائن باپ اوچھا**۔ نالائقوں کی نالائق اولاد۔ **ماں ڈائن ہو تو کیا بچوں ہی کو کھائے گی؟** اپنوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچاتا، چاہے غیروں سے کیسا سلوک کرے۔ **ماں روے تلوار لے گھاؤ بٹنے باپ روے تیر کے گھاؤ سے**۔ نالائق اور بد چلن اولاد کے متعلق کہتے ہیں۔ **ماں سارنگی باپ تنبور میراثی**۔ ڈومنی کا بچہ۔ کلاونت کی اولاد **ماں سے سوا چاہے سو پھاپھا کٹنی کہلائے** والدہ سے زیادہ محبت جتانا خالی از علت نہیں ہوتا۔ **ماں سے لے کر کون آیا ہے سب سکھائے ہی سیکھتے ہیں۔ ماں فقیرنی پوت فتح خاں**۔ دیکھو ماں بھٹیاری الخ **ماں کا پوت ساس کا جنوائی** جو شخص والدین کا مطیع اور فرمانبردار ہوگا وہ ساس کا بھی ادب کرے گا۔ **ماں کا پیٹ کمہار کا آوا کوئی کالا کوئی گورا، کوئی گورا کوئی کالا** (ر) وہاں بولتے ہیں جہاں ایک ماں کے بچے بعض خوبصورت اور بعض بدصورت ہوں۔ **ماں کا مان بھلا**۔ ماں کا فخر کرے تو بجا ہے۔ **ماں کو نہ باپ کو جو رٹنے گی سو اپنے آپ کو، ہے سو اپنے آپ کو**۔ ہر شخص اپنے اعمال کا جواب دہ ہے **ماں کھیت میں**

پوت جنیت میں (بیلی) زعفران یا کمب۔ **ماں کے پیرا ہوا بڑپرا عمر کے میں آئی بیڑا** جب بچہ جوان ہوتا ہے ماں خوش ہوتی ہے لیکن حقیقت میں عمر گزرتی جاتی ہے۔ **ماں کے پیٹ سے کوئی سیکھ کر نہیں نکلا ہے۔ لے کر نہیں آیا سیکھا سکھایا** کوئی نہیں پیدا ہوتا۔ کم شوق کو ترغیب دلانے کے لئے کہتے ہیں۔ **ماں کی سوت نہ باپ کی یاری۔ کس ناتے کی تو تمہاری** (ر) کوئی خواہ مخواہ کا رشتہ جتائے تو کہتی ہیں۔ **ماں مارے اور ماں ہی پکارے**۔ اپنا کتنی ہی سختی کرے پھر اپنا ہی ہے۔ اپنے کی سختی بری نہیں معلوم ہوتی **ماں مر گئی پیاسی (بیٹے) پوت کا نام جمنا داس** والدین غریب تھے اولاد دولتمند ہوگئی **ماں مرے بغیر کفن بیٹے کا نام نقچی** (کنجی) کی نسبت کہتے ہیں۔ **ماں مرے موسی جئے**۔ ماں مر جائے تو باپ عموماً سالی سے شادی کر لیتا ہے اور وہ بہن کے بچوں کو پالتی ہے **ماں نا رنگی باپ کولا۔ بیٹا روشن الدولہ**۔ دیکھو ماں بھٹیاری الخ **ماں نہ ماں کا جایا سبھی لوگ پرایا** اجنبی مقام پر بولتے ہیں جہاں کوئی بھی اپنا واقف کار نہ ہو۔

ماں (ہ۔ مذکر) ۱۔ اندر۔ بھیتر۔ بیچ۔ میں (عف) ۲۔ میاں کا مخفف ۳۔ (ھ) مجھے۔

مان (ہ۔ امر) ماننا کا رس من۔ سمجھنا ماننا راضی) ۱۔ ماننا کا تسلیم کیا۔ منظور کیا۔ فرض کیا ۲۔ (صفت، مشابہ رتعف) بالفرض **مانتا** راضی نا تمام) ۱۔ تسلیم کرنا منظور کرنا ۲۔ (مونث) منت۔ اپنے اوپر کسی بات کا فرض کر لینا ۳۔ عقیدہ۔ اعتقاد ۴۔ نیت۔ ارادہ۔ عہد۔ عزم ۵۔ تعظیم و تکریم ۔ آؤ بھگت۔ **بھائی مانتا ہوں** ۔ قایل ہوں تمہاری ہوشیاری اور تمہاری چالاکی تسلیم کرتا ہوں۔ کیا کہنا ہے کیا بات ہے **مان جانا** (لازم) ۱۔ منظور کر لینا تسلیم کر لینا ۲۔ راضی ہو جانا۔ اقرار کر لینا ۳۔ استادی کا قایل ہونا ۴۔ اعتراف کرنا۔ **مان لینا** (متعدی) دیکھو مان جانا ۱ تا ۴۔ **ماننا** (متعدی) ۱۔ تسلیم کرنا۔ منظور کرنا۔ قبول کرنا ۲۔ فرض کرنا۔ قیاس کرنا۔ ٹھہرانا ۳۔ اثر قبول کرنا ۴۔ کاہلی کرنا۔ سستی کرنا ۵۔ لحاظ کرنا۔ پاسداری کرنا ۶۔ عزت کرنا۔ تعظیم کرنا۔ ادب کرنا۔ بزرگ جاننا ۷۔ رضامند ہونا ۸۔ کسی کے ہنر یا کمال کا اقرار کرنا۔ استاد تسلیم کرنا ۹۔ اقرار کرنا۔ اقبال کرنا ۱۰۔ تابع ہونا۔ مطیع ہونا ۱۱۔ خیال کرنا۔ جاننا ۱۲۔ بھروسا کرنا۔ اعتماد کرنا ۱۳۔ اعتقاد رکھنا۔ پرستش کرنا ۱۴۔ خاطر میں لانا۔ سمجھنا ۱۵۔ حکم بجا لانا۔ حکم کی تعمیل کرنا ۱۶۔ (صفت نذر وغیرہ) نذر بھینٹ وغیرہ کا اقرار

کرنا۔ بزرگوں کی ارواح کے واسطے کچھ دینے کا اقرار کرنا ۱۷۔ کہنا (بات وغیرہ) کہا کرنا۔ کسی کی درخواست قبول کرنا ۱۸۔ (حکم) بجا لانا۔ تعمیل کرنا ۱۹۔ دل کا یقین کرنا۔ عقبا بیشتر سلب سے نا دپ) ماننا۔ رچانا۔ عمل میں لانا۔ **ماننے جوگ** (صفت) قابل اعتبار۔ قابل پذیر۔ لایق اعتبار۔ معتبر **مانو** (امر جمع) ۱۔ سمجھو۔ تسلیم کرو۔ فرض کرو۔ **مانو نہ مانو** (تعف) گویا۔ مثلاً گیہوں کا بیج کہ ماننے نہ ماننے کا اختیار ہے **مانی** (صفت مونث) تسلیم کی گئی۔ مانی ہوئی **مانی بات** (مونث) امر بدیہی۔

امثال و اقوال۔ مان نہ مان میں تیرا مہمان۔ بے کہے کسی کی بات میں دخل دینا بے بلائے کسی کی کارروائی میں شریک ہونا۔ زبردستی کسی کی کارروائی میں شریک ہونا۔ زبردستی کسی کے گھر جانا۔ **مان نہ مان میں دولہا کی چچی** (ر) اس کے متعلق کہتی ہیں جو اپنے کسی فائدے کے لئے تعلق ظاہر کرے۔ **مانو تو الشر دیو، نہیں تو پتھر۔ مانو تو دیوتا نہیں پتھر۔ مانو تو دیو نہیں بھیت کا لیو**۔ اعتقاد ہی سے کسی کی عزت اور حرمت ہوتی ہے۔ **جانے نہ جانے میں کبھی نوشہ کی خالہ** (ر) خواہ مخواہ تعلق جتانے کے موقع پر کہتی ہیں **مانے تو دیو نہیں بھیت کا لیو**۔ دیکھو مانو تو الخ

مان (ہ۔ مذکر) ۱۔ اپنے متعلق اچھی رائے۔ غرور۔ گھمنڈ۔ تکبر۔ نخوت۔ کبر۔ ابھمان۔ غرہ۔ بمزاج۔ دماغ ۲۔ فخر۔ ناز بیجا۔ تمکنت ۳۔ ناز۔ نخرہ۔ غمزہ۔ چوچلا ۴۔ ارمان۔ چاؤ۔ شوق۔ تمنا۔ آرزو ۵۔ خفیہ باتیں۔ محبت کی باتیں۔ رس کی باتیں ۶۔ خاطر و تواضع۔ مدارات ۷۔ آؤ بھگت ۸۔ عزت و وقار ۹۔ (س) من۔ سوچنا۔ خیال کرنا۔ **مان بھری** (صفت مونث) ۱۔ آرزو مند۔ مشتاق۔ بھرمان۔ اشتیاق مند ۲۔ متکبر۔ مغرور۔ مدمغ۔ مزاج دار **مان پان** (مذکر) عزت۔ آبرو **مان تان** (مذکر) دیکھو **مان مان** (ر) کسی رسم پر عمل کرنا **مان ڈھینا** (لازم) گھمنڈ جاتا رہنا۔ غرور نہ رہنا **مان رکھنا** (متعدی) ۱۔ بات رکھنا۔ پت رکھنا۔ عزت رکھنا ۲۔ خاطر تواضع کرنا۔ تعظیم و تکریم کرنا ۳۔ تمنا پوری کرنا۔ مراد بر لانا ۴۔ کسی کا کہنا مان لینا۔ بات ماننا۔ **مان رہنا** (لازم) ۱۔ عزت رہنا۔ بات رہنا ۲۔ ماتحت رہنا۔ تابع رہنا۔ **مان کا ہونا** (لازم) اختیار کا ہونا۔ قابو ہونا۔ **مان کرنا** (متعدی) ۱۔ تعظیم و تکریم کرنا۔ آؤ بھگت کرنا ۲۔ تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔ اترانا۔ **مان گمان** (مذکر) گھمنڈ۔ غرور۔ کبر۔ تمکنت۔ **مان گون** (مذکر) ۱۔

جاؤ چوچلا۔ ناز برداری۔ نازونیاز ۲ عزت۔ قدرومنزلت

مان گون رکھنا (متعدی) نازمان پورا کرنا۔ دل رکھنا۔ خواہش مراد پوری کرنا ۲ ناز اٹھانا۔ ناز برداری کرنا ۳ عزت رکھنا۔ بات رکھنا۔

مان گون والی (صفت مونث) عزت والی۔ آن بان والی ۲ ناز نخرے والی۔ جاؤ چوچلے والی **مان لینا** (متعدی) منظور کرنا **مان مرجانا** (لازم) تکبر نہ رہنا۔ گھمنڈ جاتا رہنا ۲ دل مرجانا۔ اُمنگ نہ رہنا ۳ عاجز ہونا جو امر باعث فخر تھا وہ نہ رہنا۔ **مان مہت** (مذکر) ۱ مان گمان ۲ نازونخرہ۔ نازوغمزہ ۳ چاؤ چوچلا۔ ۴ چاؤ ۵ آن تان ۶ ناز بے جا۔ غمزۂ ناز بیا ۷ قدرومنزلت تعظیم و تکریم **مان مہت والی** صفت مونث) ۱ مغرور متکنت والی ۲ ناز و نخرے والی ۳ آن تان والی ۴ چاؤ چوچلے والی۔ ۵ لاڈ چاؤ والی۔

امثال واقوال۔ مان کا آنکس گیان ہے علم سے اعتقاد اور یقین پیدا ہوتا ہے۔ **مان کا بیڑا اسمان ہے۔ مان کا پان بھی بہت ہوتا ہے۔** تھوڑا جو عزت کے ساتھ ملے بہت ہے۔ **مان کا پان ہیرا سمان** عزت کی تھوڑی چیز ہیرے کے برابر ہے **مان کا ماہُر اور ایمان کا لڈو۔** عزت کا زہر بے عزتی کے لڈو سے بہتر ہے۔

مان (س۔ مذکر) ۱ دیکھو مان (ہ) ۲ حق۔ استحقاق۔ دعوے ۳ درجہ۔ عہدہ ۴ چلن۔ رویہ ۵ شہرت ۶ قدر۔ منزلت قیمت ۷ جگہ۔ علاقہ۔ فرض۔ منصب ۸ ہتک عزت کی وجہ سے غصہ یا رنج ۹ عورت کا روٹھنا ۱۰ بیوقوف آدمی ۱۱ دلال۔ ایجنٹ ۱۲ وحشی آدمی ۱۳ رائے۔ مزاج ۱۴ ناپ۔ پیمانہ۔ اندازہ ۱۵ اونچائی ۱۶ وزن ۱۷ جسامت۔ قدوقامت۔ ڈیل ڈول ۱۸ مکان گھر ۱۹ مقدار۔ رقم ۲۰ مقررہ وزن ۲۱ اختیار (س ا۔ اپنا) اجازت ۲۲ درستی۔ مطابقت ۲۳ مشابہت ۲۴ ایک لفظ جو اسما کے ساتھ مل کر صفت بناتا ہے جیسے بدھی مان **مانتا** (مونث) ۱ غرور۔ گھمنڈ ۲ عزت۔ توقیر۔ وقار۔

مان (ہ۔ مذکر) ۱ عزت کرنا تعظیم کرنا ۲ بھنا۔ خیال کرنا ۳ عزت۔ وقار ۴ اطاعت۔ فرمانبرداری۔ ۵ دعویٰ۔ فرض۔ قیاس۔

مانا (ہ۔ لازم) سمانا۔ کسی دوسری چیز میں آجانا۔

مانا (صفت۔ ف) ۱ مانند۔ مشابہ۔ برابر۔ عدتف (ہ) یقیناً ۲ نورا۔ یک لخت ۳ (مذکر) ژند میں خدا کا نام

مانا مت مچانا (ہ۔ متعدی) دیکھو مہنا مت مچانا

مانت (ہ۔ مونث) مشابہت مطابقت

مانت۔ مانتا (ہ۔ مونث) ۱ اطاعت فرمانبرداری ۲ ایمان۔ دھرم ۳ وعدہ۔ عہد ۴ منت جو خود بخود مانی جائے ۵ تجویز۔ تدبیر۔ ارادہ ۶ قبولیت۔ ماننا۔

مانٹ۔ (فر۔ مذکر) پہاڑ **مانٹ بلانک** (یورپ) الپس کی سب سے اونچی چوٹی۔ ۱۵،۷۸۲ فٹ سطح سمندر سے اونچی ہے

مانٹی (ہ۔ مذکر) استاد۔ گرو (مخف)

مانج (ہ۔ مونث) ۱ دلدلی زمین ۲ کچھار۔ ترائی (س) معنیہ۔ دریائی ۳ (ہ) پیپ۔ مادہ ۴ خون کا پانی (س) صیح۔ پانی میں ڈوبنا)

مانج (ہ۔ امر) مانجنا کا (س) تہرج۔ ملنا۔ **مانجا** (ماضی) ۱ مانجنا کا ۲ دیکھو مانجھا **مانجنا** (متعدی) ۱ برتن صاف کرنا۔ جانا۔ جلا کرنا ۲ سونتنا۔ بٹی ہوئی ڈور یا تاگے کو تر کپڑے سے صاف کرنا ۳ کسی کام میں مشق کرنا۔ **مانجنا موتجنا** (ہ) اجنا برتجنا اس کا تابع ہے۔ **مانجے بیٹھنا** (لازم) دیکھو مانجھے بیٹھنا۔ **مانجے کا جوڑا** (مذکر) دیکھو مانجھے کا جوڑا

مانجھ۔ (ہ۔ مونث) ۱ وسط۔ بیچ۔ درمیان ۲ ایک راگنی ۳ ایک قسم کا شعر ۴ (صفت) درمیانی۔ وسطی ۵ رتف ہیں۔ اندر (س) معنیہ۔ درمیانی۔ **مانجھار** مذکر۔ ۱ دلدلی زمین ۲ درخت کا تنا ۳ دیکھو علیحدہ **مانجھدھار** (مونث) دیکھو منجدھار۔

مانجھا (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو مانجھ کے تحت میں ۲ وہ مصالحہ جو پتنگ اڑانے کی ڈور پر ملتے ہیں۔ چاولوں کی لُبدی میں گُٹا اور کپڑ چھان کیا ہوا شیشہ اور رنگ ملا کر بناتے ہیں (ہ) دینا۔ سوتنا کے ساتھ ۳ وہ دعوت جو دولھا کی طرف شادی سے پہلے دی جاتی ہے ۴ وہ زرد پوشاک جو دلھن کو مانیوں میں پہنائی جاتی ہے ایوں کا وہ جوڑا (ہ) دینا پہنانا کے ساتھ) ۵ دولھا دلھن کا شادی سے پہلے گوشے میں بیٹھ جانا ۶ ایک علاقہ جو دریائے راوی اور دریائے چناب کے درمیان واقع ہے۔ اس میں تحصیل قصور۔ تحصیل بٹالہ اور امرت سر کا ضلع ہے ۷ چارپائی۔ کھاٹ (س۔ مرج۔ ملنا) ۸ (صفت) بھینس کا دودھ (دپ مجھ بھینس) ۹ (ہ) درخت کا تنا ۱۰ دہ چکر انجھنا

(متعدی) دیکھو مانجنا **مانجھے بیٹھنا** (لازم) دیکھو مانجھا ۵۔ **مانجھے کا جوڑا** (مذکر) دیکھو مانجھا ۴

مانجھت (ہ۔ مونث) ۱ صفائی چمک۔ پالش ۲ شان وشوکت حشمت تمکنت۔ شان

مانجھن (ہ۔ مونث) ملاح کی بیوی۔ کشتی چلانے والی عورت۔

مانجھی (ہ۔ مذکر) ملاح۔ کشتی چلانے والا ۲ ناخدا۔

مانجی (ہ۔ مونث) وہ گھڑونچی کی قسم کا آلہ جو کسم کا رنگ ٹپکانے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

ماند (ہ۔ صفت) جس کی آب وتاب یا چمک جاتی رہے۔ بے آب وتاب۔ بے رونق۔ غیر مجلا۔ غیر مصفا ۲ مدھم۔ اترا ہوا رنگ (ہ۔ مونث) مدھم رنگ ۳ بھٹ۔ غار۔ کھوہ ۴ گوبر کا ڈھیر سوکھا ہوا گوبر جسے اوپلوں کی طرح جلاتے ہیں۔ (س مند۔ مدھم) **ماند پڑجانا یا پڑنا** (لازم) آب وتاب نہ رہنا۔ مدھم پڑجانا۔ پھیکا پڑجانا۔ **ماند کرنا** (متعدی) آب وتاب کھونا۔ بدرنگ یا بدروپ کر دینا۔ بے رونق کرنا۔ چمک دمک زائل کرنا۔ **ماند مال** (مذکر) وہ مال جس کی چمک دمک ماند پڑ گئی ہو۔ **ماند ہو جانا** (لازم) یا ہونا (لازم)۔ آب وتاب کا نہ رہنا۔ مدھم پڑجانا ۲ رنگ کا پھیکا پڑجانا۔ رنگ اتر جانا یا ہلکا ہو جانا۔

ماند۔ (ف۔ ماضی) ماندن بمعنی تھکنا۔ رہنا۔ **ماندا** (صفت) ۱ بیمار۔ علیل۔ روگی۔ مریض۔ ۲ تھکا ہوا۔ تھکا ماندا کی ترکیب سے مستعمل ہے۔

ماندگی (مونث) ۱ بیماری۔ علالت۔ مرض۔ آزار۔ روگ ۲ تکان۔ کسل۔ سستی۔ **ماند و بود** (مونث) رہنے سہنے کا طریقہ۔ طرز۔ (ایضاً فارسی میں مند و بود ہے) **ماندہ** (صفت) ۱ تھکا ہوا۔ خستہ ۲ بچا ہوا۔ پیچھے رہا ہوا۔ مرکبات میں جیسے باقی ماندہ ہی میں ایک تحصیل

ماندیہ (س۔ مذکر) سستی۔ کاہلی۔ کسل ۲ بیوقوفی۔ کند ذہنی ۳ بے ہوشی۔ غشی ۴ کمزوری۔ نقاہت ۵ بیماری۔ مرض ۶ خرابی۔ کمی (س۔ مند۔ سست)

مانڈ (ہ۔ مذکر) ۱ ابلے ہوئے چاولوں کا پانی۔ پیچ۔ مانڈی ۲ کلف۔ (کذا) ادا ۳ ایک قسم کا مارواڑی گیت (س۔ منڈ۔ پیچ) **مانڈا** (مذکر)

۱ ایک قسم کی پتلی روٹی جو میدے میں گھی ملا کر پکائی جاتی ہے ۲ سفید جالا جو آنکھ پر آجاتا ہے۔ **مانڈا حلوہ** (مذکر) شب برات کو پکا کر بانٹتے اور کھلاتے ہیں **مانڈنا** (ہ) کلف لگانا **مانڈی** (مونث) ۱ پیچ ۲ کلف۔ اہا۔

مانڈل (ہ۔ مونث) آہنی حلقہ جو پانی کے چرس پر لگا ہوتا ہے۔

مانڈنا۔ مانڈھنا (ہ۔ متعدی) ۱ ملنا۔ سانا۔ روندنا۔ کچلنا۔ پامال کرنا ۲ گوندھنا۔ سانندا۔ سونا ۳ (کھیل وغیرہ) ٹھاننا۔ چلتا کرنا۔ چاہنا۔ لچانا ۴ (چٹھی وغیرہ) لکھنا تحریر کرنا ۵ ٹھاننا۔ ارادہ کرنا۔ عزم بالجزم کرنا (س مرد۔ بہراں ہونا)

مانس (ہ۔ مذکر) **مانس** (ہ) آدمی۔ انسان (س۔ مانش) اُردو میں بھلا مانس اور بن مانس میں استعمال ہوتا ہے۔

مقولہ۔ مانس کے سے ہاتھ پاؤں مانس کی سی کایا۔ چار مہینے بَرکھا بیتی چھپر کیوں نہیں چھایا۔ یہ وہ دوہرہ ہے جو بئے نے بندر سے کہہ کر اپنا گھونسلا برباد کرایا تھا دیکھو سیکھ نہ دیجے اندرا الخ

مانس (س۔ صفت) ۱ دل۔ روحانی دل یا روح کے متعلق ۲ جیسے مانسرور کے متعلق یا وہاں کا رہنے والا ۳ دل میں۔ خاموش۔ چپ (دعا) ۴ جو سوچا جائے یا خیال میں آئے ۵ (مذکر) دل۔ جی وہ جگہ جہاں سوچنے کی قوت ہے ۶ ضمیر۔ من ۷ روح ۸ خیال۔ سوچ۔ خواہش **مانسی** (مونث) روحانی عبادت۔ پوجا کے ساتھ۔ اور مورتی پوجا کی ضد

مانسون۔ (انگ۔ مونث) موسمی ہوا جو بارش لاتی ہے۔

مانُش (س۔ مذکر) ۱ آدمی۔ انسان ۲ بروج جوزا۔ میزان۔ سنبلہ کا نام ۳ انسانوں کی حالت۔ طریقہ یا فعل۔ انسان ۴ مردانگی۔ مرد ہونا ۵ (صفت) انسانی۔ انسانوں کا۔ **مانشی** (مونث) عورت۔

مانع (ع۔ صفت) ۱ منع کرنا والا۔ روکنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالیٰ کا نام دیکھو ال کے تحت میں ۳ روک۔ ممانعت۔ اٹکاؤ ۴ منع۔ روکنا **مانعات** (مذکر) جمع مانع کی۔ **مانعین** **مانع آنا** (لازم) روکنا۔ مزاحم ہونا

مانک (س۔ مذکر) اردی مانکچو (مذکر) اُردی۔

مانِک (س۔ مذکر) ۱ لعل۔ یاقوت ۲ جوہر۔ گوہر۔ **مانک ٹیکا** (مذکر) ایک قسم کا ماتھے پر لٹکانے کا زیور جس میں جواہرات جڑے ہوتے ہیں۔ **مانک جوڑ** (مذکر) سفید گردن (لک لک)، **مانک چندر** ایک قسم کی سپاری **مانک مال** (مذکر) گنے پیلنے کی مشین کا ستون۔ **مانکیہ** (مذکر) دیکھو مانک۔

مانکھ (ہ۔ مذکر) دیکھو مانش۔

مانگ۔ (ہ۔ امر) ۱ مانگنا کا ۲ (مونث) گاہکی۔ خریداری ۳ ضرورت۔ طلب ۴ لاڈ لاڈ کی پکار ۵ وہ لڑکی جس کی نسبت ہو گئی ہو۔ منگیتر ۶ خاوند۔ شوہر ۷ (ہ) ہنگنی (س مرگ۔ مانگنا) ۸ سر کے بالوں کے بیچ کی لکیر (س مارگ راستہ)

مانگا (ماضی) ۱ مانگنا کی ۲ (صفت) طلب کیا ہوا۔ مستعار لیا ہوا۔ مطلوبہ **مانگ آنا** (لازم) مانگا جانا۔ خریداری ہونا۔ **مانگا تانگا** عاریتاً لیا ہوا۔ **مانگ اُجڑنا**۔ (لازم) بیوہ ہو جانا۔ رانڈ ہو جانا۔ **مانگ بنانا** (متعدی) دیکھو مانگ نکالنا۔ **مانگ بھرنا**۔ (متعدی) ۱ مانگ میں سیندور لگانا ۲ شادی کر دینا۔ **مانگ بھری** (مونث) ۱ سہاگن ۲ جورو۔ بیوی ۳ (صفت) عزیزہ۔ پیاری **مانگ پٹی** (مونث) سر کے بالوں کی درستی۔ کنگھی چوٹی۔ **مانگ پٹی میں لگا رہنا** (لازم) ہر وقت بناؤ سنگار میں مشغول رہنا۔ **مانگ پھاڑنا** (متعدی) مانگ نکالنا۔ **مانگ تانگ** (جانچ یا چانگ) کر (تف) ادھر اُدھر سے لے کر۔ قرض دام سے۔ **مانگ کر کام چلانا**۔ (متعدی) ادھر ادھر سے لے کر کام نکالنا۔ قرض دام لے کر گزارا کرنا۔ **مانگ تانگ کر کھانا** (متعدی) بھیک۔ پر گزارا کرنا۔ گدائی کر کے کھانا۔ **مانگ جلی** (مونث) بیوہ۔ رانڈ۔ **مانگ چرنا** (مونث) اندالیہ بکر پہونا۔ سر ڈھکا جانا۔ چیرا اونٹنا۔ بینڈھی کھلنا (طوائفوں کی اصطلاح)، **مانگ چیرنا** (متعدی) دیکھو مانگ نکالنا۔ **مانگ دینا** (متعدی) ایک سے لے کر دوسرے کو دینا۔ قرض لے دینا۔ **مانگ سنوارنا** (متعدی) پٹیاں جمانا۔ بالوں کو درست کرنا۔ **مانگ سے ٹھنڈی رہے**۔ (دعا) سہاگن رہے۔ خاوند جیتا رہے۔ **مانگ سے ٹھنڈی ہے**۔ خاوند جیتا ہے۔ سہاگن ہے۔ **مانگ کوکھ سے ٹھنڈی رہے** (دعا) خاوند اور اولاد جیتی رہے۔ سہاگن بنی رہے اور صاحب اولاد ہو۔ **مانگ کھلنا**. (متعدی) ۱ منگیتر لڑکی یا لڑکے کے مر جانے سے رشتہ نہ رہنا ۲ بیاہی ہوئی عورت کا مر جانا۔ **مانگ کیا مانگتا ہے؟** امیر کسی پر مہربان ہو کر کہتے ہیں۔ **مانگ لینا** (متعدی) عاریتاً یا مستعار یا ادھار لینا۔ **مانگ میں سیندور بھرنا** (متعدی) ہندو عورتوں کا ایک سنگار

مانگنا (متعدی) ۱ طلب کرنا۔ سوال کرنا۔ درخواست کرنا ۲ چاہنا۔ خواہش کرنا ۳ نسبت کی درخواست کرنا۔ سگائی چاہنا ۴ تقاضا کرنا ۵ دعا یا التجا کرنا۔ دعا کے لئے ہاتھ اٹھانا ۶ ادھار۔ قرض روپیہ وغیرہ، طلب کرنا۔ قرض لینا۔ **مانگ نکالنا** (متعدی) سر کے بالوں کو کنگھی سے دائیں بائیں کر کے بیچ میں ایک سیدھی لکیر بنانا۔ **مانگ ہونا** (لازم) ضرورت ہونا۔ طلب ہونا۔ **مانگنی** (ہ) ۱ سگائی ۲ وہ چیز جو طلب کی جائے۔ **مانگے** (صفت) ادھار۔ مستعار۔ **مانگے تانگے یا جانچے** (تف) عاریتاً لے کر۔ قرض لے کر۔ **مانگے تانگے کا** (صفت مذکر) **کی** (صفت مونث) مانگا ہوا مانگی ہوئی۔ **مانگے دینا** (متعدی) ۱ مستعار دینا۔ عاریتاً دینا ۲ ادھار دینا۔ قرض دینا۔ **مانگے کا** (صفت مذکر) **کی** (مونث) عاریتاً یا مستعار لیا ہوا یا لی ہوئی۔

امثال و اقوال۔ مانگ جانچ کے گئے جھانجھا۔ مانگ لیں تو لگے لاچار (ہ) اگر دے دیں تو غصہ آئے اور اگر واپس لے لے تو شرم آئے۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو کوئی چیز مجبوری دے۔ **مانگن گئے سو**

مر گئے اور مریں جو مانگن جائیں۔ وہ
نر پہلے ہی مرے جو ہوتے کرو سے
نا میں۔ (برہمنوں کا مقولہ جو مانگتے ہیں یا مانگنے
جائیں بے عزت ہوتے ہیں۔ گر جو ہوتے ہوئے نہ
دیں وہ زیادہ بے عزت ہوتے ہیں۔ **مانگے بھیک**
پوچھے گاؤں کی جمع۔ دیکھو مانگیں الخ **مانگے**
پہ تانگا (اور بڑھیا کی برات) اس سے
مانگنا جس نے آگے مانگا ہوا ہو۔ بڑھیا کی برات
کے برابر ہے۔ جب کوئی شخص ایک چیز مانگ
کر لایا ہو اور دوسرا اس سے مانگے تو کہتے ہیں۔
مانگے تانگے ٹکڑے بازار میں ڈکار
دوسروں کی امداد پر اظہار شیخی۔ **مانگے تانگے**
کام چلے تو بیاہ دکرے بلا، یا بیزار
کیوں کرے۔ اگر آسانی سے کام ہو جائے
زحمت کی کیا ضرورت ہے۔ **مانگے کا تانگا**
اور بڑھیا کی برات۔ پرائی چیز پر شیخی ارنے
والے کے حق میں بولتے ہیں۔ **مانگے کے منگنی**
گڑیا کا سنگار۔ اس وقت کہتے ہیں۔ جب
کوئی پرائی چیز مانگ کر استعمال کرے اور اس
پر اترائے۔ **مانگے میں تانگا**۔ خود تو مانگیں اور
دوسروں کو مارتیا دیں۔ **مانگیں بھیک پوچھیں**
گاؤں کی جمع۔ حالت ذلیل اور حوصلہ بڑا۔
مانگے ہر۔ دے بہیڑا۔ سوال دیگر
جواب دیگر۔ ایک کچھ کہے دوسرا کچھ۔

مانگنی (ہ۔ مونث) نسبت کی درخواست
کرنا۔ سگائی چاہنا۔

ماتم (ہ۔ مونث) ا واویلا۔
شور و شر۔ داد فریاد۔ غل۔ شور۔ ہنگامہ
(مچانا کے ساتھ) (س۔ ان۔ فتنہ۔ تہمت
بہت)

مانِند (ف۔ صفت) ا مثل۔ نظیر۔
مشابہ۔ بالفتح صحیح ہے ۲ ہو بہو۔ بعینہٖ۔

مانو (ہ۔ امر) ا دیکھو مان کے تحت
میں ۲ (مونث) بلی کو پیار سے کہتے ہیں (ف)

مانو (س۔ صفت) ا انسان یا منو
کی اولاد ۲ انسان کا۔ انسانی ۳ انسان۔
آدمی ۴ لڑکا طفل۔ نوجوان آدمی ۵ حقارتاً
چھوٹے قد کا آدمی ۶ سولہ لڑکا ہاتھ۔ نسل انسان
آدمی زاد ۸ انسانوں کا گروہ۔ آدمیوں کا
مجمع۔

مانُوس (ع۔ صفت) ا ہلا ہوا۔
ہلا ملا۔ شیر و شکر ۲ انس کردہ۔ مالوف ۳ مائل
راغب۔ خوگر ۴ پسند۔ مرغوب (انس
بے تکلف ہونا) **مانوس ہو جانا** (لازم)
ہل مل جانا۔

مانجھ۔ مانجھن۔ مانہی۔ مانہیں
(ہ۔ تف) ا بیچ میں۔ درمیان میں ۲ (مونث)
جانب۔ طرف۔

مانی (ہ۔ مونث) ا دایہ۔ آیا۔
بچوں کو کھلانے والی عورت (ماں سے) ۲ وہ
چھوٹی سوراخ دار لکڑی جو چکی کی کیلی میں ڈالی جاتی
ہے ۳ (صفت) دیکھو مان کے تحت میں۔

مانی (س۔ صفت) ا سوچنے والا۔
خیال کرنے والا ۲ جس کی رائے ہو ۳ محتاط
۴ مغرور۔ متکبر۔ ابھیمانی ۵ غصے۔ ناراض۔
۶ (مونث) بدھ مذہب والوں کی ایک
دعا۔

مانِیاں (ہ۔ مونث) ا
ماں کی جمع۔ غریب عورتیں۔ خادمہ عورتیں۔
۲ مانجھا کا معرب۔ شادی کی ایک رسم
جس میں دولھا اور دولھن کو پیلے یا زرد کپڑے
پہنا کر بٹھا دیتے ہیں۔ **مانیوں بٹھانا**
(متعدی) **بیٹھنا** (لازم) ا دیکھو مانجھے بیٹھنا۔
۲ حرف لازم۔ گوشے میں بیٹھنا۔ خلوت
نشین ہونا۔

مانیٹر (انگ۔ مذکر) مدرسے
کا خلیفہ (اصل مونیٹر)

مادہ (ہ۔ مذکر) ا اصل۔
جوہر۔ مادہ ۲ بہتا ہوا دودھ۔ کھویا
۳ انڈی۔ کلف۔ کانجی ۴ سامان۔
مصالح ۵ سرشت۔ خمیر ۶ دودھ نشاستہ
۷ عطاروں کی اصطلاح میں صندل کا عطر
۸ انڈے کی زردی (س اتر کا۔ جوہر)

ماویٰ (ع۔ مذکر) جائے پناہ۔
ٹھکانا۔ گھر (آ ذی۔ پناہ کے لئے جانا)

ماوس (ہ۔ مونث)
اماوس کا مخفف۔

مَاَوّل (ع۔ صفت) ا تاویل
کیا گیا۔ ظاہری معنوں سے پھیرا گیا (کلام)
(تاویل۔ تشریح کرنا)

ماولی۔ ماؤلی (ہ۔ مونث)
ماں۔

ماوی (ع۔ مذکر) دیکھو
(اوا ع)

ماوِی (ف۔ صفت) مائی۔ آبی۔

ماہ (ف۔ مذکر) ا چاند۔ قمر۔ چندرماں۔
ماہتاب۔ سوم ۲ مہینہ۔ ایک ہلال کے دیکھنے
سے دوسرے ہلال کے دیکھنے تک کا عرصہ۔ یہ
۵۳ و ۲۹ دن کا ہوتا ہے اور اس عرصے میں چاند
زمین کے گرد ایک چکر لگاتا ہے ۳ (ف) شمسی مہینے
کے بارھویں دن کا نام ۴ چاند کے برج کا نام ۵
کوئی کام جو بارھویں تاریخ کو کیا جائے ۶ مشرقہ
۷ پہلوی شہر۔ ملک **ماہِ آب** (مذکر) اکتوبر
کا مہینہ **ماہِ آفرید** (مذکر) ایرج کا ایک غلام۔
ماہان (مذکر) ا ماہ کی جمع ۲ کرمان کے قریب
ایک گاؤں **ماہانہ** (صفت) ا وہ جو ہر مہینے کے
بعد دیا جائے ۲ وظیفہ یا تنخواہ جو ہر مہینے کے بعد
دی جائے۔ **ماہانی** (مذکر) ایک قسم کا پتھر جو خراسان
میں پایا جاتا ہے۔ اور دوائیوں میں کام آتا ہے۔
ماہِ برکوہان (مذکر) بارھویں دسویں تیر کا نام **ماہِ
بصرہ** (مذکر) مہادند کا نام **ماہ بماہ** (تف) ہر مہینے
ماہوار۔ ایک مہینے سے دوسرے مہینے تک۔
ماہ پارہ یا پارہ (صفت) ا چاند کا ٹکڑا۔ خوبصورت
حسین ۲ معشوق۔ محبوب۔ دلدار **ماہ پرست**
(مذکر) ا چاند کی پرستش کرنے والا ۲ مجازاً عاشق۔
ماہ پیکر (صفت) وہ جس کا چہرہ چاند کی طرح
خوبصورت ہو۔ معشوق کی تعریف **ماہتاب**
(مذکر) ا چاند کی روشنی۔ چاندنی ۲ چاند ۳ ایک
قسم کی آتشبازی ۴ گنجفہ کا وزیر **ماہ تاباں** (مذکر)
چمکنے والا چاند۔ معشوق کی تعریف۔ **ماہتاب
دینا** (متعدی) توپ کے پلیتے میں آگ دینا **ماہتابی**
(مونث) ا وہ چیز جس پر چاندنی پڑے ۲ ایک
قسم کی آتشبازی ۳ ایک قسم کا تربوز ۴ چکوترا ۵
ایک قسم کا کپڑا جس پر اجرام فلکیہ کی سنہری یا روپہلی
شکلیں بنی ہوئی ہوتی ہیں ۶ کرہ یا چبوترہ جس پر بیٹھ

کر چاندنی کی بہار کی دیکھیں۔ **ماہ جبیں** (صفت) ا۔ وہ جس کی پیشانی چاند کی طرح خوبصورت ہو ۲۔ معشوق کی تعریف ۳۔ (مونث) طلسم ہوشربا میں افراسیاب کی بیٹی؛ ورلسد کی معشوقہ **ماہِ چاردہ** (مذکر) چودھویں رات کا چاند۔ بدر **ماہِ چہار ہفتہ** (مذکر) ا۔ چاند جو ۲۸ دن کے بعد نظر نہیں آتا ۲۔ کوئی معدوم شے۔ **ماہ چہر** (صفت) دیکھو ماہ پیکر **ماہِ خانگی** (مونث) بیوی معشوقہ۔ **ماہ در عقرب** (مذکر) چاند کا برج عقرب میں آنا۔ اس زمانے میں کوئی اچھا کام شروع نہیں کرتے **ماہِ دو ہفتہ** (مذکر) چودھویں رات کا چاند **ماہ رُخ یا رُو** (صفت) ا۔ دیکھو ماہ پیکر ۲۔ (مذکر) سفید رنگ کا کبوتر خیرازی کبوتر۔ **ماہِ روزہ** (مذکر) رمضان کا مہینہ **ماہِ سیام** (مذکر) وہ چاند جو مقنع نے شہر نخشب کے قریب کنوئیں سے ہر شب چار مہینے تک نکالا تھا۔ **ماہ سی روزہ یا مشبہ** (مذکر) کوئی مفقود چیز **ماہِ سیما** (صفت) دیکھو ماہ پیکر **ماہِ شمسی** (مذکر) شمسی سال کا مہینہ **ماہِ صیام** (مذکر) روزوں کا مہینہ۔ رمضان **ماہ طلعت** (صفت) دیکھو ماہ پیکر **ماہِ قمری** (مذکر) دیکھو ماہ ۲ **ماہِ کامل** (مذکر) پورا چاند۔ بدر **ماہِ کنعاں** (مذکر) حضرت یوسفؑ **ماہ لقا** (صفت) دیکھو ماہ پیکر **ماہِ مصر** (مذکر) حضرت یوسفؑ **ماہ مقنع** (مذکر) دیکھو ماہ سیام **ماہِ منیر** (مذکر) ا۔ چمکنے والا چاند ۲۔ معشوق۔ **ماہ نخشب** (مذکر) دیکھو ماہ سیام **ماہِ نَو**۔ مہینے کا پہلا چاند۔ ہلال **ماہِ نیم ماہ** (مذکر) چودھویں رات کا چاند۔ بدر۔ **ماہوار۔ ماہوارہ** (صفت) ا۔ ہر مہینے۔ ماہ بماہ ۲۔ (مذکر) مشاہرہ۔ تنخواہ **ماہواری** (صفت) ا۔ ماہانہ۔ جو ہر مہینے کے بعد ملے ۲۔ (مونث) تنخواہ یا وظیفہ جو ہر مہینے کے بعد دیا جائے ۳۔ (مذکر) وہ ملازم جو ماہ بماہ تنخواہ لیں۔ **ماہ و سال** (ظرف) ہمیشہ۔ مدام **ماہ وش** (صفت) ا۔ چاند سا۔ حسین۔ خوبصورت ۲۔ مجازاً معشوق۔ محبوب۔ **ماہ و ماہی تک زلزلہ پڑ جانا** (لازم) بیحد خور و غلغلہ ہونا۔ مہیب آواز آنا **ماہی** (صفت) ا۔ منسوب بہ ماہ۔ قمری ۲۔ (مونث) دیکھو علیحدہ۔ **ماہیانہ** (مذکر) دیکھو ماہانہ **ماہ یک ہفتہ** (مذکر) ایک ہفتے کا چاند نصف چاند۔ **ماہینہ** (مذکر) دیکھو ماہانہ۔

امثال۔ ماہ ہی ماہ نہیں اگلے ماہ۔ آم کا پھل اگر وقت پر نہ ہو تو پھر اگلے برس ہوگا۔

ماہ میں گگو ڑے۔ بے وقت اور بے موسم کوئی چیز میسر نہیں ہوتی۔

ماما (س) مونث، گائے۔

ماہا تِشک (س۔ صفت) ا۔ عالی ہمت ۲۔ عالی خاندان ۳۔ نیک نام ۴۔ معزز۔

ماہاتمیہ (س۔ مذکر) ا۔ عالی ہمتی ۲۔ بڑائی ۳۔ نیک نامی ۴۔ عزت ۵۔ طاقت ۶۔ کسی دیوتا کے مندر کی خاص طاقت ۷۔ وہ کتاب جس میں مقدس چیز یا مقام کی خوبیاں درج ہوں۔

ماہد (ع۔ صفت) ا۔ جو پھیلاتا ہے ۲۔ خدا کا ایک نام (تمہید۔ پھیلانا)

ماہر (ع۔ صفت) ا۔ تیز فہم۔ زیرک ۲۔ لائق۔ فائق ۳۔ ہنرمند۔ صاحب شعور ۴۔ کامل فن۔ کسی کام میں اُستاد ۵۔ واقف۔ آگاہ۔ تجربہ کار ۶۔ اُستاد (مہر۔ کسی کام میں بڑھ جانا)

ماہُر (ہ۔ مذکر) سم۔ زہر۔

ماہتیہ (س۔ مذکر) ایک ذات جو چھتری باپ اور ویش ماں کی اولاد ہے۔ یہ لوگ مویشی چراتے اور گویّوں اور ہجویوں کا کام کرتے ہیں۔

ماہُو (ف۔ مذکر) کنسلائی۔

ماہُو (ف۔ مذکر) ا۔ سجاوٹ کی کوئی چیز۔ زیور ۲۔ اُونٹوں کو مارنے کی لاٹھی۔

ماہُوں (ہ۔ مذکر) ایک کیڑہ جو کپاس کو کھا جاتا ہے۔

ماہی (ف۔ مونث) ا۔ مچھلی ۲۔ وہ مچھلی جس کی نسبت خیال تھا کہ اس کی پُشت پر زمین ہے ۳۔ ایک بُرج۔ حُوت ۴۔ (صفت) دیکھو ماہ کے تحت میں **ماہیان** (مونث) ماہی کی جمع **ماہیان زمرد پوش** (مونث) طلسم ہوشربا میں افراسیاب کی نانی۔ **ماہی بے آب** (مونث) ا۔ وہ مچھلی جو پانی سے باہر نکال لی جائے ۲۔ (صفت) بہت بیتاب تڑپتا ہُوا۔ **ماہی پُشت** (صفت) ا۔ قُبہ دار۔ محدب جو بیچ میں سے اُونچا اور کناروں سے نیچا ہو ۲۔ (مذکر) بڑا شہلہ ۳۔ ایک قسم کا کارچوب جو مچھلی کی پیٹھ سے مشابہ ہوتا ہے **ماہی پُشت کا پل** (مذکر) پُل جو بیچ میں اُونچا ہو **ماہی توا** (مذکر) ایک قسم کا گہرا توا جس میں مچھلی یا کباب تلتے ہیں۔ **ماہی خوار** (صفت) ا۔ مچھلی کھانے والا ۲۔ (مذکر) بگلا۔ بوتیمار **ماہی دان** (مذکر) وہ تالاب جس میں مچھلیاں رکھتے ہیں۔ **ماہی دنداں** (مذکر) ایک قسم کی مچھلی کا دانت جس سے تلواروں کے قبضے بناتے ہیں **ماہی ترزیں** (مونث) ریت کی مچھلی سقنقور **ماہی زیرِ زمیں** (مونث) ا۔ دیکھو ماہی ۲ ۲۔ دیکھو ماہی زریں **ماہی سپہر** (مونث) برج حوت۔ **ماہی فروش** (مذکر) مچھلی بیچنے والا۔ **ماہی گیر** (مذکر) مچھلی پکڑنے والا مچھوا۔ اچھی۔ **ماہی مراتب** (مذکر) وہ اعزازی نشان جو بادشاہوں کی سواری کے آگے لے کر چلتے ہیں۔

مثل۔ ماہی ماہی را خورد ماہی گیر ہر دو را خورد۔ ایک سے ایک بڑھ کر زبردست ہوتا ہے۔

ماہیات (ع۔ مونث) ماہیت کی جمع خصوصیتیں کیفیتیں۔

ماہیار (ف۔ مذکر) دارا کا قاتل۔

ماہیت (ع۔ مونث) ا۔ اصل۔ مادہ۔ جوہر ۲۔ مغز ۳۔ حقیقت۔ کیفیت۔ خصوصیت ۴۔ حقیقت حال (ع۔ ماہی۔ یہ کیا ہے)

ماء (ع۔ مذکر) ا۔ پانی۔ آب۔ جل ۲۔ عرق (مَیَہ۔ پانی دینا) **ماء البحر** (مذکر) سمندر کا پانی **ماءُ البرد** (مذکر) برف کا پانی **ماءُ الجُبن** (مذکر) وہ پانی جو دُودھ کو پھاڑنے کے بعد رہ جاتا ہے **ماءُ الحیات** (مذکر) ا۔ آب حیات ۲۔ کیمیاگروں کی اصطلاح میں وہ دوائی جسے کشتے کے ساتھ ملاکر آگ پر رکھیں تو وہ اپنی اصلی حالت پر آ جائے۔ **ماءُ الشباب** (مذکر) وہ آب و تاب جو جوان کے چہرے پر ہوتی ہے **ماءُ الشعیر** (مذکر) جو کا پانی۔ جو آش۔ **ماءُ العین** (مذکر) چشمے کا پانی۔ **ماءُ اللحم** (مذکر) گوشت کا عرق جو کشید کر کے نکالا جائے۔ **ماءُ النہر** (مذکر) نہر کا پانی **ماءُ الورد** (مذکر) گلاب کا پانی یا عرق۔ **ماءِ جاری** (مذکر) بہتا ہُوا پانی۔ **ماءِ زُلول** (مذکر) صاف پانی **ماءِ عجُوج** (مذکر) کھاری پانی **ماءِ مَطر** (مذکر) مینہ کا پانی **ماءِ مَعین** (مذکر) جاری پانی۔ صاف اور پاک پانی **مائی** (صفت) آبی۔ پانی سے منسوب۔ **مائیات** (مونث) وہ چیزیں جو پانی کی طرح رقیق ہوں۔

مائت (ع۔ صفت) ا۔ مرنے والا ۲۔ بندہ

مائۃ (ع۔ مذکر) سو۔

مائدہ (ع۔ مذکر) ا۔ دسترخوان یا

میز جس پر کھانا چنا ہوا ہو۔ المائدہ۔ ال ما کے تحت میں داخل مائدت۔ اُستاد۔ کھانا مانگنا)

مائر (ع۔ صفت) (وہ جو دوسرے ملکوں سے غلہ خرید کرائے۔ چاہے فروخت کرنے کے لئے ہو یا اپنے استعمال کے لئے رئیس۔ گھر والوں کے لئے غلہ خرید کرانا)

مائس (ع۔ صفت) (۱ جو غرور سے چلے ۲ جو شانے ہلا کر چلے ۳ (مذکر) اکڑ کر چلنے والا شخص ۴ شانے ہلا کر چلنے والا شخص۔

مائع (ع۔ مذکر) رقیق چیز جو پانی کی طرح ہو۔ جیسے دودھ۔ تیل وغیرہ (میّع۔ بہنا) **مائعات**۔ (مذکر) مائع کی جمع۔

مائل (ع۔ صفت) (۱ متوجہ راغب ۲ میلان رکھنے والا ۳ خمیدہ۔ جھکا ہوا ۴ ڈھلواں ۵ تھوڑا سا ۶ عاشق (میل۔ جھکنا) **مائل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) (۱ متوجہ ہونا ۲ آمادہ ہونا ۳ جھکنا ۴ کسی کی طرف راغب ہونا۔ عاشق ہونا۔

مائن (ع۔ صفت) جھوٹا۔ کاذب (مَین۔ جھوٹ بولنا)

ماؤسا (ہ۔ مذکر) خالو۔ **ماؤسی** (مونث) خالہ۔

ماؤف (ع۔ صفت) (وہ جس کو صدمہ پہنچا ہو (عضو)

ماعون (ع۔ مذکر) ۱ زکوٰۃ ۲ قرآن شریف کی سورت کا نام

مائی (ہ۔ مونث) ۱ ماں۔ والدہ ۲ ماں ۳ بڑھیا۔ ضعیفہ (س۔ ماتر۔ ماں) **مائی باپ** (مذکر) ۱ والدین ۲ ماں باپ ۳ خداوند نعمت۔ ولی نعمت۔ حاکم سردار۔ اَن داتا۔ **مائی کا پوت** (مذکر) ۱ ماں کا بیٹا ۲ بہادر آدمی **مائی کا لال** (مذکر) ۱ ماں کا لاڈلا بیٹا ۲ بہادر۔ شجاع یا دلیر آدمی۔ **مائیں** (مونث) ۱ ماں کی جمع ۲ دھ، ماں۔ مائی ۳ خالہ ۴ کسی عورت کو عزت سے بلاتے ہیں ۵ ماں کا بچپن۔

امثال واقوال۔ **مائی باپ کے لاتیں مارے مہری دیکھ جڑائے۔ چاروں دھام جو پھر آوے تبھوں پاپ نہ جائے۔** جو اپنی بیوی کی خاطر ماں باپ کو مارے اگر وہ ساری دنیا کے تیرتھ پھر آئے تو بھی اس کے گناہ معاف نہ ہونگے۔ **مائیاں تو بہت ملی ہیں پر بابو، بابو کوئی نہیں ملا۔ مائیں مائیں سب ملاں بابو کوئی نہیں ملا۔** تہیں سب کمزور ہی ملے ہیں۔ زبردست سے واسطہ نہیں پڑا۔ سادھو عورت کو مائی اور مرد کو بابو کہتے ہیں۔ عورت انہیں ذرا بھیک دے دیتی ہے مگر مرد نہیں دیتے۔

مائیوں۔ (ہ۔ مونث) دیکھو مانیوں۔

مائی (ف۔ مذکر) کوئی ڈسنے یا کاٹنے والا جانور جیسے سانپ۔ بچھو۔ جونک وغیرہ

مایا (س۔ مونث) ۱ صنعت۔ کاریگری ۲ عقل۔ دانش ۳ خرق عادت۔ معجزہ ۴ قدرت حق تعالیٰ ایشور کی شکتی ۵ ظہور قدرت۔ فطرت۔ نیچر ۶ دھوکا۔ چھل۔ فریب ۷ شعبدہ بازی۔ جادو۔ سحر ۸ رحم۔ کرپا۔ وصن دولت ۹ دُنیا جسے دھوکا سمجھا جاتا ہے ۱۰ عجب چیز۔ اعجوبہ ۱۱ کرامت۔ کرشمہ ۱۲ روح۔ جان ۱۳ تناعا سامان۔ دستگاہ۔ **مایا پاتر** (صفت) دولتمند۔ امیر۔

مایا دھر (مذکر) شعبدہ باز۔ ساحر۔

امثال واقوال۔ **مایا تیرے کے تین نام۔ پرسو۔ پرسا۔ پرسرام** انسان کی عزت دولت کی وجہ سے ہوتی ہے۔ جب غریب تھا تو لوگ پرسو کہتے تھے، جب ذرا حیثیت بنی تو پرسا کہنے لگے۔ اور جب دولت مند ہو گیا تو پرسرام کہلانے لگا۔ مایا سے رکو، **مایا ملے کر کے لمبے ہاتھ۔ تلسی داس غریب کی کوئی نہ پوچھے بات۔** امیر کو امیر بہت اچھی طرح ملتا ہے۔ مگر غریب کو کوئی پوچھتا بھی نہیں۔ **مایا سے مایا ملے کے نیچ سے نیچ۔ پانی سے پانی ملے کیچ سے کیچ۔** دیکھو۔ کند ہم جنس باہم جنس پرواز۔ **مایا گنٹھ طور بدیا کنٹھ** روپیہ اپنے قبضے میں ہونا چاہئے اور علم دماغ میں **مایا کا کیا جوڑنا کھل کھانا کمبل اوڑھنا۔** کنجوس کے متعلق کہتے ہیں جو تکلیف اٹھا کر روپیہ جمع کرتا ہے۔ **مایا کے بھی پاؤں ہوتے ہیں۔ آج میرے کل تیرے۔** دولت کسی کے پاس سدا نہیں رہتی **مایا مری نہ من مرے مر مر گئے سریر۔ آسا ترشنا نام کہہ گئے داس کبیر۔** نہ تو قسمت مرتی ہے نہ دل نہ خواہش نہ اُمید۔ بدن مر جاتا ہے **مایا مجھ کو تجھے ہالے۔ دھرا دھرایا سکر ہرے ہالے** (عف) صرف زبانی اظہار محبت کرنا سلوک کچھ نہ کرنا۔ **مایا میرے رام کی دھرتی پونجی ساہو کار کی جس کوئی کرلے۔** دولت خدا کی ہے۔ جو چاہے خیرات کر کے فائدہ اُٹھالے **مایا ہوئی تو کیا ہوا ہردا ہوا کٹھور۔ نو نیز سے پانی چڑھا تو بھی نہ بھیگی کور۔** دولتمند کا دل اگر پتھر ہے تو کسی کام کا نہیں۔ نو نیزے پانی میں ڈالو تو بھی نہیں بھیگتا۔ کنجوس کے متعلق کہتے ہیں۔

مایوس (ع۔ صفت) (۱ نا امید۔ نراس۔ بے آس ۲ ناکام۔ نامراد ۳ دل شکستہ (کہنا ہوتا کے ساتھ) نکتہ: یہ لفظ فارسیوں نے وضع کیا ہے عربی میں نہیں (یئس۔ نا امید ہونا) **مایوسی** (مونث) ۱ ناامیدی ۲ ناکامی ۳ شکستہ دلی۔

مایہ (ف۔ مونث) (۱ سرمایہ۔ پونجی ۲ اصل۔ راس المال ۳ مادہ۔ ہیولا ۴ بنیاد ہر چیز کی۔ نیو۔ بناء ۵ دولت سند ۶ سامان۔ دستگاہ ۷ مقدار۔ اندازہ ۸ واسطہ سبب ۹ ادین۔ مادہ ۱۰ دہ گائے جس کا دودھ فریدوں نے پیا تھا **مایہ دار** (صفت) دولتمند امیر **مایۂ صدق** (مذکر) حضرت ابوبکرؓ کا لقب **مایۂ ناز** (صفت) ۱ فخر و ناز کا سبب ۲ معشوق۔

مُباح (ع۔ صفت) ۱ جائز۔ روا۔ حلال (شریعت کے موافق) ۲ مَن۔ درست ۳ پاک۔ پوتر۔ شدھ ۴ مذبوح۔ ذبیحہ۔ ذبح کیا گیا۔ (اباحۃ۔ جائز بنانا۔ بَوح۔ ظاہر ہونا) **مباحات** (مذکر) جمع مُباح کی۔ جائز امور۔ **مباح رکھنا** (متعدی) جائز یا روا رکھنا درست تصور کرنا۔ **مباح کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) جائز ہونا۔ حلال ہونا۔

مَباحث (ع۔ مذکر) جمع بحث کی۔

مُباحث (ع۔ مذکر) بحث کرنے والا (بَاحث۔ دوسرے کے ساتھ مل کر دریافت کرنا)

مباحثہ (مذکر) بحث۔ مناظرہ تکرار جواب وسوال (کرنا ہونا کے ساتھ)

مَباحیّت (ع۔ مونث) مباح یا جائز ہونا (اباحۃ۔ کسی چیز کا جائز قرار دینا)

مَباد۔ مبادا (ف۔ ندا) ۱ خدا نہ کرے۔ ایسا نہ ہو۔ خدانخواستہ۔ دُور پار ۲ تف،

کبھی کبھی ۔ اتفاقاً ۔ شاید ۔

مُبَادِر (ع ۔ صفت) ۱ جلدی کرنے والا ۔ تیزی کرنے والا ۲ گذشتہ ۔ سابق ۳ جرأت یا دلیری کرنے والا ۔ بدر ۔ جلدی کرنا) **مُبَادَرَت** (مونث) ۱ جلدی ۔ تیزی ۔ سرعت ۔ شتابی ۔ تعجیل ۔ عجلت ۲ چالاکی ۔ چستی ۔ پھرتی ۔ شتابکاری ۳ سبقت ۔ پیشی ۴ جرأت ۔ دلیری ۔ شجاعت ۔ بہادری ۔ بے باکی ۔ (کرنا ہونا کے ساتھ)

مُبَادَلہ (ع ۔ مذکر) بدلہ ۔ معاوضہ ۔ عوض ۔ ادل بدل ۔ پلٹا (کرنا ہونا کے ساتھ) (بَدَل ۔ بدلنا)

مَبَادِی (ع ۔ مذکر) مبدا کی جمع ۱ ابتدائی امور ۔ آغاز ۔ شروع ۲ اصول ۔ بنیادیں **مبادی الحساب** (مونث) حساب کا ابتدائی حصہ ۔ مبتدیوں کے لئے حساب کی کتاب **مبادی العلوم** (مونث) شروع کی باتیں جن پر علم کا جاننا منحصر ہو ۔ **مبادی عالیہ** (مذکر) فرشتے اور عقول عشرہ ۔

مُبَادِی (ع ۔ صفت) ۱ شروع کرنے والا ۲ جو شروع سے ہو ۳ جو شروع کرے (بَدَا ۔ شروع کرنا) ، **مبادی آداب** (صفت) جس کے اخلاق اچھے ہوں ۔

مُبَاذَرَت (ع ۔ مونث) بیٹ نا کھونا ۔ چھینکنا (بَذَر ۔ پھینکنا)

مُبَارِد (ف ۔ مذکر) پہلوان ۔ گلگلے پور ۔ تکلہ ۔

مُبَارِز (ع ۔ صفت) لڑائی کے لئے تیار ۔ مقابلے پر جرأت کر لڑنے والا ۔ جنگجو ۔ سپاہی ۔ لڑاکا ۔ جنگی بہادر (بارز ۔ مقابلے پر آنا) ، **مبارزت** (مونث) ۱ لڑائی کے واسطے صف سے باہر آنا ۲ لڑائی ۔ جنگ ۔

مُبَارَک (ع ۔ صفت) ۱ برکت دیا گیا ۔ باعث برکت ۲ خوش قسمت خوش نصیب ۔ نیک سعید ۔ شبھ ۳ (مونث) تہنیت ۔ مژدہ ۔ خوشخبری (طنز سنوس ۔ دنما) جب کسی کے گھر لڑکا ہو یا کسی کی شادی ہو یا کوئی خوشی کا موقعہ ہو تو کہتے ہیں (بَرَک ۔ مبارکباد دینا) ، **مُبارکباد** (مونث) ۱ تہنیت ۔ خوشخبری ۔ مژدہ ۲ بدھائی ۔ شادیانہ ۔ بدھاوا ۳ دعائے خیر کلیان ۔ آشیرباد ۴ (دعا) مبارک ہو ۔ نیک ہو ۔ سعید ہو ۔ خدا برکت دے (دینا کہنا کے ساتھ)

مبارکبادی (مونث) دیکھو مبارکباد ۱ ۲ (دینا کہنا کے ساتھ) ، **مبارکبادی گانا** (متعدی) شادی کے گیت گانا ۔ بدھائی گانا ۔ شادیانہ گانا **مبارکت** (مونث) خدا کا انسان کو برکت دینا **مبارک قدم** (صفت) جس کا دم بابرکت ہو ۔ متبرک آدمی **مبارک سلامت** (مونث) ایک دوسرے کو شادی کی مبارکباد دینا ۔ **مبارک سلامت ہونا** (لازم) ایک دوسرے کو مبارکبادی جانا ۔ **مبارک فال** (صفت) جس سے نیک شگون ظاہر ہو ۔ **مبارک قدم** (صفت) جس کا آنا باعث برکت ہو ۔ **مبارک نہاد** (صفت) جس کا مزاج یا طبیعت نیک ہو ۔ **مبارک ہو** (دعا) خدا نیک کرے ۔ راس آئے ۔ **مبارکی** (مونث) ۱ مبارکباد تہنیت ۲ نیکی ۔ سعادت ۳ دعائے خیر ۴ ایک بیماری جس سے نیند بہت آتی ہے ۵ دانے جو تپ محرقہ کے اختتام پر نکلتے ہیں ۔

مُبَاشَرَت (ع ۔ مونث) ۱ جماع ۔ صحبت ۔ ہمبستری ۔ مجامعت (کرنا ہونا کے ساتھ) اردو میں صرف ان معنوں میں استعمال ہوتا ہے ۲ (ع) شروع کرنا ۔ ابتدا کرنا ۳ خوشخبری دینا ۴ انتظام کرنا (بَشَر ۔ شروع کرنا ۔ جماع کرنا)

مُبَاف (ف ۔ مذکر) دیکھو موباف ۔

مَبَالِغ (ع ۔ مذکر) مبلغ کی جمع ۔ اموال ۔

مُبَالِغ (ع ۔ صفت) محنتی ۔ جو بہت محنت سے کام کرے (بَلَغ ۔ پہنچنا)

مُبَالَغہ (ع ۔ مذکر) ۱ حد سے بڑھ کر تعریف یا برائی کرنا ۲ زیادہ گوئی ۔ حد سے بڑھ کر بولنا (کرنا ہونا کے ساتھ)

مَبَانِی (ع ۔ مذکر) مبنیٰ کی جمع ۱ مکانات ۔ عمارتیں ۲ بنیادیں ۔

مُبَاہَات (ع ۔ مونث) ۱ شیخی ۔ فخر ۔ بڑائی ۔ تفاخر ۲ شان و شوکت ۔ عزت (کرنا ہونا کے ساتھ)

مُبَاہَلہ (ع ۔ مذکر) ایک دوسرے کو برا کہنا ۔ ایک دوسرے کے حق میں دعائے بد کرنا (بَہَل ۔ دوسرے کو برا کہنا)

مُبْتَدَا (ع ۔ مذکر) ۱ ابتدا ۔ شروع ۔ آغاز ۲ (نحو) جملہ اسمیہ کا پہلا جز (بَدَا ۔ شروع کرنا) ۔ **مُبتدا و خبر** (مونث) ۱ اول آخر ۔ ابتدا انتہا ۔ سر پیر ۲ اسم اور اس کی خبر ۔ **مبتدا و خبر ندارد** ۔ وہ بات جس کا سر پیر نہ ہو ۔ بے سر و پا بات ۔

مُبْتَدَع (ع ۔ مفعول) انوکھا ۔ نیا ایجاد شدہ ۔ نئی ایجاد (بَدَع ۔ کوئی چیز شروع کرنا) ، **مُبْتَدِع** (فاعل) دین میں نئی بات نکالنے والا ۔ بدعت کرنے والا ۔

مُبْتَدِی (ع ۔ فاعل) شروع کرنے والا ۔ ابجدخواں ۔ نوآموز (بَدَا ۔ شروع کرنا)

مُبْتَذَل (ع ۔ مفعول) ۱ وہ جو روزمرہ استعمال کیا جائے ۲ حقیر ۔ ذلیل ۔ کمینہ ۳ کم قیمت ۔ معمولی (بَذَل ۔ فراغ دلی سے دینا) ، **مُبْتَذِل** (فاعل) جس نے روزمرہ کے کپڑے پہنے ہوں ۲ جو خود اپنا کام کرے ۔

مُبْتَسِم (ع ۔ فاعل) مسکرانے والا (تبسم ۔ مسکرانا)

مُبْتَشِر (ع ۔ فاعل) جس کو اچھی خبر پہنچے (بَشَر ۔ خوش ہونا)

مُبْتَلا (ع ۔ مفعول) ۱ پکڑا ہوا ۔ گرفتار ۔ ماخوذ ۲ پھنسا ہوا ۔ الجھا ہوا ۔ لپٹا ہوا ۔ گھرا ہوا ۳ بلا یا آفت میں پڑا ہوا ۴ معروف ۔ مشغول ۵ عاشق ۔ فریفتہ ۔ مفتون ۔ شیدا ۔ دلدادہ ۔ لٹو (بَلو ۔ آزمانا) ، **مبتلا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ پھنسنا ۔ الجھنا ۔ گرفتار ہونا ۲ عاشق ہونا ۔ مفتون ہونا ۔ **مُبتلائے آفت یا بلا** (صفت) مصیبت میں پڑا ہوا ۔ مصیبت زدہ ۔ آفت زدہ ۔ مصیبت کا مارا ۔ **مُبتلائے عشق** کسی کے دام محبت میں پھنسا ہوا ۔ عاشق ۔ مفتون ۔ شیدا ۔

مُبْتَہِج (ع ۔ فاعل) خوش ۔ مسرور (بَہَج ۔ خوش ہونا)

مَبْثُوث (ع ۔ مفعول) پھیلایا ہوا ۔ منتشر کیا ہوا ۔ افشا کیا ہوا ۔ (بَث ۔ پھیلانا ۔ بات ظاہر کرنا)

مَبْحَث (ع ۔ صفت) ۱ بحث مقام ۲ بحث یا تفتیش کا مقام (بَحَث ۔ تلاش کرنا)

مُتَبَحِّر (ع ۔ صفت) بحر یا سمندر کی طرح نمکین ۔ شور (بَحَر ۔ نمکین ہونا)

مُبَخَّر (ع ۔ مفعول) ۱ جس کو بخارات یا خوشبو دی جائے ۲ جس میں بخارات ہوں (بَخَر ۔ بھاپ نکلنا)

مُتَنَجِّل (ع۔ صفت) بہت بخیل۔ بہت لالچی (تَنَجُّل۔ بخیل ہونا)

مَبدا (ع۔ مذکر) ۱۔ ظاہر ہونے کی جگہ۔ شروع ہونے کی جگہ ۲۔ شروع۔ ابتدا ۳۔ آغاز ۴۔ اصل۔ بنیاد۔ جڑ ۵۔ چشمہ (بَدَاَ۔ شروع ہونا) **مبدءِ فیاض** **فیض یا فیوض** (صفت) فیض کا سرچشمہ۔ مجازاً خدا تعالٰے

مُبدَع (ع۔ مذکر) ۱۔ ایجاد ۲۔ اختراع ۳۔ قصہ کہانی جو خود ساختہ ہو ۴۔ وہ جگہ جہاں کوئی نئی چیز پیدا ہو (اَبدَعَ۔ نئی چیز پیدا کرنا) **مبدِع** (صفت) ۱۔ وہ جو نئی چیز پیدا کرے۔ موجد۔ بغیر نمونہ کے پیدا کرنے والا ۲۔ اللہ تعالیٰ۔

مُبَدَّل (ع۔ مفعول) بدلا ہوا (تَبَدُّل۔ تبدیل ہونا) **مبدل منہ** (مذکر) دیکھو مبتدل ۲۔

مُتَبَدَّل (ع۔ مفعول) ۱۔ بدلا گیا۔ بدلا ہوا ۲۔ تبدیل شدہ۔ متغیر ۳۔ نحو) وہ اسم جس کے بدلے ایک اور اسم کا بدل واقع ہو۔ جیسے آپ کا بیٹا سکندر آیا تھا۔ سکندر بدل اور بیٹا مبدل منہ ہے۔ (تَبَدَّل۔ تبدیل ہونا)

مُبدِی (ع۔ فاعل) ۱۔ شروع کرنے والا۔ وہ جو پہلی دفعہ نئی بات کرے ۲۔ موجد ۳۔ خدا تعالیٰ کا ایک نام (بَدَا۔ شروع کرنا) **مبدئِ بدیع** (صفت) ۱۔ تجربہ کار ۲۔ آزمودہ کار ۳۔ (مذکر) سدھا ہوا گھوڑا ۴۔ تجربہ کار سپاہی۔

مُبَذِّر (ع۔ فاعل) فضول خرچ۔ اسراف کرنے والا (بَذَرَ۔ پھیلانا) **مُبَذِّری** (مونث) اسراف۔ فضول خرچی۔ **مبذرین** (مذکر) مبذر کی جمع۔ فضول خرچ لوگ۔

مَبذُول (ع۔ مفعول) ۱۔ خرچ کیا گیا۔ مصروف ۲۔ لگایا گیا۔ بلطف و کرم ہونا کے ساتھ۔ (خصوصاً توجہ کے ساتھ) (بَذَلَ۔ دینا عطا کرنا) ۳۔ (مذکر) ایک شاعر کا نام ۴۔ (ع) نفیس۔ تحفہ۔

مُتَبَرِّر (ع۔ صفت) ۱۔ مضبوط۔ طاقتور ۲۔ ہوشیار۔ چوکس۔ سیانا (اَبَرَّ۔ بڑھنا۔ زیادہ ہونا)

مُتَبَرّا (ع۔ صفت) پاک۔ بری۔ آزاد۔ صاف ۲۔ معصوم۔ بے عیب۔ بے گناہ ۳۔ بیزار۔ متنفر

(تَبَرِّی۔ آزاد ہونا)

مَبَرَّت (ع۔ مونث) ۱۔ نیکی کرنا ۲۔ اطاعت۔ فرمانبرداری ۳۔ نیکی کا کام جو مسلمان کریں مثلاً سرائے یا کنواں بنانا ۴۔ مدینہ کے قریب ایک پہاڑی (بَرَّ۔ نیکی کرنا)

مُبَرَّد (ع۔ مفعول) ۱۔ ٹھنڈا کیا ہوا۔ سرد ۲۔ ایک نحوی کا نام (بَرَدَ۔ ٹھنڈا ہونا) **مُبَرِّد** (فاعل) سرد کرنے والا۔ **مبردات** (مونث) سرد کرنے والی چیزیں۔

مَبرَز (ع۔ مذکر) ۱۔ مقعد۔ دُبر۔ پاخانہ نکلنے کی جگہ ۲۔ پاخانہ کرنے کی جگہ ۳۔ تماشہ گاہ۔ اکھاڑہ ۴۔ میدان جنگ (بَرَزَ۔ نکلنا)

مُبَرَّز (ع۔ مفعول) شایع کیا گیا۔ (بَرَزَ۔ نکلنا) **مبرِز** (فاعل) شایع کرنیوالا۔

مُبرَم (ع۔ صفت) ۱۔ مضبوط۔ محکم۔ مستحکم ۲۔ استوار ۳۔ لابدّ ۴۔ اٹل۔ اُمٹ۔ جیسے قضائے مبرم (اَبرَمَ۔ مضبوط کرنا کسی چیز کو)

مَبرُود (ع۔ مفعول) ٹھنڈا۔ سرد (بَرَدَ۔ ٹھنڈا ہونا)

مَبرُور (ع۔ مفعول) ۱۔ نیکی کیا گیا۔ گناہوں سے بری کیا گیا ۲۔ نیک۔ پاک۔ مقدس ۳۔ مقبول ۴۔ مرحوم۔ مغفور (بَرَّ۔ نیکی کرنا)

مَبرُوز (ع۔ مفعول) شایع شدہ (بَرَزَ۔ نکلنا)

مَبرُوص (ع۔ مفعول) جسے برص ہوا ہو۔ کوڑھی (بَرَصَ۔ کوڑھی ہونا)

مُبَرهَن (ع۔ مفعول) ثابت ۲۔ واضح ظاہر ۳۔ مضبوط۔ دلایل سے ثابت کیا ہوا (بَرهَنَ۔ ثابت کرنا)

مُنبَسِط (ع۔ مفعول) پھیلا ہوا (اِنبَسَطَ۔ پھیلانا) **مُنبَسِط** (فاعل) پھیلانیوالا۔

مَبسُوط (ع۔ مفعول) پھیلا ہوا۔ کشادہ (بَسَطَ۔ پھیلانا)

مُبَشِّر (ع۔ فاعل) بشارت دینے والا۔ خوشخبری سنانے والا (بَشَّرَ۔ خوشخبری پہنچانا) **مبشرات** (مونث) بارش لانے والی ہوائیں۔ مانسون۔

مُبَصِّر (ع۔ فاعل) ۱۔ دیکھنے والا۔ بینا ۲۔ پرکھنے والا۔ کھرا کھوٹا دیکھنے والا ۳۔ جوہری۔ صراف

(تَقَبَّرَ۔ دوسرے کو بھانا) **مبصر بہی** (قانون) بہی کی پڑتال کرنے والا۔ بہی جانچنے والا۔

مُبطَل (ع۔ مفعول) باطل شدہ۔ منسوخ (اَبطَلَ۔ منسوخ کرنا) **مُبطِل** **مُبَطِّل** (فاعل) ۱۔ باطل کرنیوالا۔ منسوخ کرنیوالا ۲۔ (مذکر) وہ شخص جو ایسی بات کہے جس میں کوئی سچائی نہ ہو۔ وہ شخص جو گفتگو میں بیحد مبالغہ کرے۔

مَبعُوث (ع۔ مفعول) ۱۔ بھیجا گیا۔ پیدا کیا گیا۔ اُٹھایا گیا ۲۔ (ع) مُردہ سے زندہ کیا گیا ۳۔ جگا یا گیا (بَعَثَ۔ بھیجنا۔ جگانا) **مبعوث کرنا** (متعدی ہوتا ولازم) نبی کا بھیجا جانا۔

مُبغَض (ع۔ مفعول) جس سے نفرت ہو (تَبَغُّض۔ نفرت کرنا)

مَبغُوض (ع۔ مفعول) نفرت کیا گیا۔ دشمنی دکھایا گیا۔ قابل نفرت۔ بغض کیا گیا (بَغَضَ۔ نفرت کرنا) **مبغوض ترین** (صفت) سب سے زیادہ قابل نفرت۔ **مبغوض جمیع جہانیاں** (صفت) تمام انسانوں سے زیادہ قابل نفرت۔

مَبغِی (ع۔ فاعل) جس کی آرزو یا خواہش ہو (بَغٰی۔ خواہش کرنا)

مُبکِی (ع۔ فاعل) رلانے والا (بَکٰی۔ رونا)

مُبَلَّد (ع۔ صفت) بہت۔ کثیر۔ زیادہ۔ وافر۔

مَبلَغ (ع۔ صفت) ۱۔ کل۔ تمام کمال ۲۔ تھوڑا۔ اندک ۳۔ کھرا۔ پرکھا ہوا ۴۔ (مذکر) مقدار ۵۔ رقم۔ تعداد زر۔ اُردو میں بمعنی ۵ مستعمل ہے۔ اور رقم کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے مبلغ پانچ روپے (اَبلَغَ۔ پہنچانا)

مُبَلِّغ (ع۔ فاعل) تبلیغ کرنے والا (بَلَّغَ۔ دوسرے کو کوئی چیز پہنچانا)

مُبَنَّج (ع۔ صفت) بھنگ سے مخمور۔ (بَنَّجَ۔ بیہوش کرنا)

مُبَندِق (ع۔ مذکر) بندوقچی۔ بندوق لگانے والا سپاہی (بندوق سے)

مَبنیٰ (ع۔ مذکر) ۱۔ بنیاد۔ نیو ۲۔ عمارت۔ دکان (بَنٰی۔ بنانا)

مَبنِی (ع۔ صفت) ۱۔ جس پر کسی چیز کی بنا رکھی گئی ہو ۲۔ (مونث) علم صرف میں وہ اسم جس کے حرف

آخر میں اختلافِ حال سے تغیر تبدیل نہ ہو (تبنی۔ بنانا)

مُبہَم (ع۔ مفعول) وہ بات جس کا مطلب صاف نہ ہو۔ شکوک۔ مُشتبہ۔ گول۔ مذبذب (اِبہام۔ کوئی چیز چھپانا) **مُبہِم** (فاعل) وہ جو کوئی چیز چھپائے۔

مبہُوت (ع۔ مفعول) حیران۔ متحیر ہو چکا۔ ہکا بکا۔ نشے میں چُور۔ مخمور۔ مدہوش۔ سرشار (بہت۔ حیران ہونا)

مُبہّی (ع۔ فاعل) قوّتِ باہ بڑھانے والا۔ شہوت زیادہ کرنے والا (باہ۔ شہوت) **مُبہیات** (مونث) باہ کو بڑھانے والی چیزیں۔

مَبِیع (ع۔ صفت) خرید کی ہوئی چیز۔ بیچی ہوئی شے (بَیع۔ بیچنا)

مُبَیّن (ع۔ مفعول) بیان کیا گیا۔ جتایا گیا (مذکر) وہ اسم جس کے بعد ایک جملہ اس کی تفسیر میں واقعہ ہُوا ہو (تبیّن۔ ظاہر کرنا۔ مطلب بھلا)

مُبِین (ع۔ صفت) ظاہر۔ صریح۔ آشکار۔ صاف (اِبانَ۔ ظاہر کرنا کسی چیز کو)

مَپ (ہ۔ امر) مپنا کا اس۔ ناپ پیمایش کرنا) مپا (امر) سپانا کا۔ ماضی مپنا کی **مَپان** (مونث) ناپ۔ پیمایش۔ نپان۔ نپائی۔ مقدار۔ پیمانہ۔ مپانا (متعدی) پیمایش کرانا۔ نپوانا۔ ناپ کرانا۔ (مذکر) ناپنے کی چیز۔ پیمانہ۔ **مپائی** (مونث) دیکھو مپان۔ **مپائی ہونا** (لازم) اندازہ کیا جانا **مپت** (مونث) دیکھو ناپ **مپنا** (لازم) ناپا جانا۔ پیمایش ہونا **مپوانا** (م) ناپ کرانا۔ پیمایش کرانا۔

مَت (ہ۔ تف) نہ۔ نہیں (مَت) (س) نہیں اور رات۔ بہت **مَت پوچھو** ناقابلِ بیان نہیں۔ تعریف سے باہر ہے۔ ایسی سخت مصیبت ہے کہ کہنے کے لایق نہیں۔

امثال و اقوال۔ مت اجاڑ اُجڑے ٹابر۔ بنجر پتھریلی زمین میں کچھ بونا نہیں چاہیئے سخت نقصان ہوتا ہے **مت کر ساس برائی تیرے بھی آگے جائی** بہو ساس سے کہتی ہے کہ تو میرے ساتھ برائی کرتی ہے حالانکہ تیری بھی بیٹی ہے اور جیسا تو میرے ساتھ کرتی ہے ویسا کوئی تیری بیٹی کے ساتھ کرے گا۔ **مت کر نند برائی تو بھی کسی کی بھو جائی۔** تو میرے ساتھ بُری طرح پیش آتی ہے۔ تیری نند تجھ سے بُری طرح پیش آئے گی۔ **مت کر وار جو بھگتے کار۔ جب تک آسانی** سے کام نکلے زبردستی نہیں کرنی چاہیئے۔

مَت (ہ۔ مونث) عقل۔ سمجھ۔ فہم۔ بوجھ۔ بُدھ۔ گیان۔ ادراک۔ دانائی۔ ہشیاری۔ انداز۔ وضع۔ طرز۔ عادت۔ رائے (مذکر) مذہب۔ ملت۔ دھرم۔ عقیدہ (س۔ مَتِ) **مت اُلٹنا یا اُلٹی ہونا** (لازم) عقل جاتی رہنا۔ **مت بدلنا** (لازم) طرز بدلنا۔ عقل کا کچھ سے کچھ ہو جانا۔ مذہب تبدیل کرنا **مت پلٹنا** (لازم) سمجھ اُلٹی ہو جانا۔ رائے تبدیل ہونا **مت پھرنا** (لازم) **پھیرنا** (متعدی) عقل مار دینا **مت دینا** (متعدی) نصیحت کرنا۔ عقل کی بات بتانا۔ **مت کُمت ہونا** (لازم) مت ماری جانا۔ **مت کھو جانا** (لازم) عقل زایل ہو جانا۔ **مت کھو دینا یا مار دینا** (متعدی) عقل زایل کر دینا۔ **مت کے متوالے۔** مذہب کے پابند۔ **مَت ماری پڑنا یا جانا** (لازم) عقل ماری جانا۔ بیوقوف بننا۔ **مت میں آنا۔ مت ہونا** (لازم) سمجھ ہونا (م) کسی کی رائے یا عقیدہ قبول کرنا۔

مَت (س۔ مونث) پُوجا۔ پرستش۔ خیال۔ سوچ۔ رائے۔ دھرم۔ ایمان۔ مذہب۔ سمجھ۔ عقل۔ دل۔ ضمیر۔ عزت۔ وقار۔ ایک راجہ (مونث) رانی کی دیوی جو دکش کی بیٹی اور سوم کی استری ہے۔ **مَت ہین** جس کی عقل ماری جائے۔

مُت (ہ۔ مذکر) مُوت کا مخفف۔

متاری۔ متاڑی (ہ) دیکھو متالی۔ **متاس** (مونث) پیشاب کرنے کی خواہش یا حاجت **متاسا** (صفت) وہ جسے پیشاب کرنے کی حاجت ہو۔ **متاس لگنا** (لازم) پیشاب کرنے کی حاجت ہونا **متالی** (مونث) گھوڑوں کے پیشاب کرنے کی جگہ۔ گھاس یا آخور جس پر گھوڑے نے پیشاب کیا ہو۔ **متانا** (م) بچے کو پیشاب کرانا۔ جانور کو ذرا ہشیار کرکے پیشاب کرانا (مذکر) مثانہ۔ پھکنا (مذکر) پیشاب گاہ **متلانے والا** (صفت) پیشاب لانے والا۔ **مُتانے والی دوا** (مونث) مدرِ دوا۔ **متائی** دیکھو متالی۔ گھوڑے کا پیشاب۔

مَتا (ہ۔ مذکر) رائے۔ صلاح۔ مشورہ۔ نصیحت۔ غور **متا ٹھاننا** (متعدی) رائے سے اتفاق کرنا۔ ارادہ کرنا۔ **متا کرنا** (متعدی) نصیحت کرنا۔ مشورہ کرنا۔ سازش کرنا۔

مُتابِع (ع۔ فاعل) پیروی کرنیوالا۔ تابع۔ فرمانبردار۔ پیرو۔ چیلا (تبع۔ پیچھے آنا)

مُتابَعت (ع۔ مونث) پیروی۔ فرمانبرداری۔ تابعداری۔ اطاعت (کرنا ہونا کے ساتھ) (تابع۔ پیچھے آنا) **متابعت و موافقت** (مونث) میل ملاپ۔ سازگاری۔

مُتاثِّر (ع۔ فاعل) اثر پذیر۔ اثر قبول کرنے والا۔ کارگر۔ مؤثر۔ دل پر اثر کرنیوالا۔ رقت انگیز۔ جگر سوز (کرنا ہونا کے ساتھ) (تاثُّر۔ نشان کرنا)

مُتاخِّر (ع۔ فاعل) پیچھے آنیوالا۔ رکا ہُوا۔ جدید (مذکر) وہ آدمی جو پیچھے رہ جائے۔ آخری شخص (تاخّر۔ پیچھے جانا) **متاخرین** (مذکر) پچھلے زمانے کے لوگ۔ اخیر کے زمانے والے۔ متقدمین کا نقیض۔ اس زمانے کے لوگ۔

مُتادِّب (ع۔ فاعل) مہذب۔ شایستہ۔ خوش اخلاق۔ عالم۔ فاضل (تادُّب۔ اخلاق و ادب سیکھنا)

مُتادّی (ع۔ فاعل) تیار۔ ترتیب دیا ہُوا۔ کام کرنیوالا (مذکر) کام کرنے والا آدمی۔ ادا کرنیوالا آدمی۔ ایلچی۔ قاصد (تادّی۔ اپنے آپ کو تیار کرنا)

مُتاذّن (ع۔ صفت) شایع کیا ہُوا۔ ظاہر کیا ہوا (تاذّن۔ اطلاع دینا)

مُتاذّی (ع۔ فاعل) ایذا یا تکلیف پانے والا (تاذّی۔ تکلیف پانا)

مَتاراد (ہ۔ مذکر) جائداد۔ اثاثہ۔ کوئی چیز۔ دولت۔ سوداگری کا مال۔

مَتاری (ہ۔ مونث) ماں (مخفف)

مُتاسِّف (ع۔ فاعل) افسوس کرنے والا (تاسّف۔ افسوس کرنا) **متاسفانہ** (تف) افسوس سے۔

مَتاع (ع۔ مذکر و مونث) مال و اسباب۔ اثاثہ۔ پونجی۔ تجارت یا سوداگری کا مال۔ وہ چیز جس سے نفع ہو (دہلی۔ مونث۔ لکھنؤ مذکر) (متع۔ بڑھنا) **متاعِ رواں** (مذکر) بکنے والا مال۔

مقولہ۔ متاعِ نیک از ہر دکاں کہ باشد۔ نیکی جہاں کہیں سے ملے پسندیدہ

ہے۔

مُتاعب (ع۔ مذکر) جمع متعب کی۔ مشکلات۔ تکلیفیں۔

مُتاعی (ع۔ مونث) شیعوں میں وہ عورت جس سے متاع کیا گیا ہو (متعہ سے)

مُتاکد (ع۔ مفعول) ۱۔ تصدیق کیا ہوا ۲۔ پکا۔ محکم۔ مضبوط ۳۔ دوہرایا ہوا (تاکّد۔ دریافت کرنا) متاکِد (فاعل) ۱۔ تصدیق کرنے والا ۲۔ مضبوط کرنیوالا ۳۔ سخت۔ کڑا۔

مُتالِف (ع۔ فاعل) ۱۔ جو موافقت یا رسوخ پیدا کرے ۲۔ واقف ۳۔ آشنا (تالّف اچھی طرح واقف ہونا)

مُتالِم (ع۔ فاعل) ۱۔ تکلیف پایا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ جسے رنج والم ہو ۲۔ متاسف۔ مغموم ۳۔ بےصبر (تالّم۔ تکلیف برداشت کرنا)

مُتامِر (ع۔ فاعل) وہ جسے حکومت عطا کی گئی ہو (تامّر۔ اختیار لینا)

مُتامِل (ع۔ فاعل) ۱۔ سوچنے والا۔ غور کرنیوالا۔ تامل کرنیوالا ۲۔ دوسروں کی تکلیف کا خیال کرنے والا (تامّل۔ سوچنا)

مُتامِن (ع۔ فاعل) ۱۔ جو کسی کو محرم راز بنائے یا کسی پر اعتبار کرے ۲۔ محفوظ۔ مامون۔ سلامت (تامّن۔ اعتبار کرنا)

مَتانت (ع۔ مونث) ۱۔ سنجیدگی ۲۔ پختگی۔ مضبوطی۔ استواری ۳۔ تہذیب ۴۔ خیالات کی درستی زبان کا بیہودہ الفاظ اور خیالات سے پاک ہونا (متن۔ مضبوط ہونا)

مُتانّث (ع۔ مفعول۔ مونث) عورت ذات (تانّث۔ زنانہ ہونا)

مُتانِس (ع۔ فاعل) ۱۔ انوس۔ ہلا ہوا ۲۔ پالتو۔ گھریلا (تانّس۔ واقف ہونا)

مُتاوِّل (ع۔ فاعل) ۱۔ پہلا۔ اول ۲۔ (مذکر) مترجم۔ شارح (تاوّل۔ شرح کرنا)

مُتاوِّہ (ع۔ فاعل) وہ جو آہ بھرے (تاوّہ۔ آہ کھینچنا)

مُتاہِل (ع۔ فاعل) بیاہا ہوا۔ بیوی بچہ والا۔ کنبہ دار۔ قبیلے دار (تاہّل۔ شادی کرنا)

مُتبادِر (ع۔ فاعل) ۱۔ وہ جو جلدی کرکے آگے بڑھ جائے ۲۔ ذہن میں جلد آنیوالا ۳۔ جلدی نکلنے والا (تبادر۔ جلدی کرنا)

مُتبادِل (ع۔ فاعل) وہ جو باری سے کام کرنا منظور کرے (تبادل۔ چیزیں بدلنا)

متبادلہ (صفت) ۱۔ وہ جو بدلے ۲۔ ادل بدل ۳۔ دیکھو ذاویہ متبادلہ

مُتبادی (ع۔ فاعل) دیہاتی۔ گنوار۔ جنگلی (تبادی۔ جنگل میں رہنا)

مُتبارِز (ع۔ فاعل) وہ شخص جو نکل کر حریف کے مقابلے پر آئے (تبارز۔ حریفوں کا لڑنا)

مُتبارِک (ع۔ فاعل) ۱۔ پاک (خدا کی تعریف) ۲۔ خوش وخرم۔ شاد (تبارک۔ تعریف کرنا۔ بڑھانا)

مُتبارِی (ع۔ فاعل) ایک دوسرے کے مقابل۔ رقیب۔ حریف (تباری۔ انعام کے لئے مقابلہ کرنا)

مُتباسِق (ع۔ فاعل) روشن۔ منور۔ چمکدار۔

مُتباشِر (ع۔ فاعل) ایک دوسرے کو خوشخبری دینے والے (تباشر۔ خوشخبری دینا)

مُتباعِد (ع۔ فاعل) ۱۔ غیر حاضر ۲۔ دور۔ فاصلے پر (تباعد۔ دوسرے کو خوشخبری دینا)

مُتباغِض (ع۔ فاعل) ایک دوسرے کے دشمن (تباغض۔ ایک دوسرے سے نفرت کرنا)

مُتباغی (ع۔ فاعل) ۱۔ گستاخ۔ دیدہ دلیر ۲۔ ایک دوسرے سے لڑنیوالے ۳۔ باغی۔ سرکش (تباغی۔ دوسرے کو نقصان پہنچانا)

مُتباکی (ع۔ فاعل) ۱۔ جو رونے پر مجبور کیا جائے یا ہو ۲۔ جو جھوٹ موٹ روئے (تباکی۔ جھوٹ موٹ رونا)

مُتبایع (ع۔ فاعل) جو ایک دوسرے سے خرید وفروخت کریں (تبایع۔ کسی چیز پر متفق ہونا)

مُتباین (ع۔ فاعل) ۱۔ جدا۔ مختلف ۲۔ دو ایسے مخالف جو ایک دوسرے پر صادق نہ آسکیں ۳۔ (حساب) وہ عدد جس کے اجزائے ضربی نہ ہو سکیں (تباین۔ مختلف ہونا)

مُتبتِّل (ع۔ فاعل) دنیا سے کنارہ کش ہونیوالا (تبتّل۔ خدا کی پرستش میں مشغول رہنا۔ شادی نہ کرنا)

مُتبحِّر (ع۔ فاعل) ۱۔ بہت عالم۔ فاضل۔ علامہ۔ کامل ۲۔ جس نے بہت سی کتابیں پڑھی ہوں ۳۔ بہت ابھرا ہوا ۴۔ عمیق۔ گہرا۔ سمندر کی طرح (تبحّر۔ مغرور ہونا)

مُتبخِّر (ع۔ فاعل) جو اپنے کپڑوں کو خوشبو لگائے (تبخّر۔ اپنے کپڑوں کو خوشبو لگانا)

مُتبدِّع (ع۔ فاعل) ۱۔ موجد۔ مصنف ۲۔ بدعتی (تبدّع۔ دوسرے کو بدعتی سمجھنا)

مُتبدِّل (ع۔ فاعل) ۱۔ بدلا ہوا۔ تبدیل شدہ ۲۔ وہ جو بدلے۔ ادل بدل کرے یا الٹے (تبدّل۔ بدلا ہوا)

مُتبدّی (ع۔ فاعل) ۱۔ مبتدی۔ شروع کرنیوالا ۲۔ وہ جو سامنے یا نظر آئے ۳۔ جنگل میں رہنے والا (تبدّا۔ شروع کرنا)

مُتبذِّل (ع۔ صفت) جو خود اپنے ذلیل کام کرے (تبذّل۔ اپنی عزت کی پروانہ کرنا)

مُتبَّر (ع۔ مفعول) جو تباہ یا برباد ہو چکا ہو (تتبیر۔ ہلاک کرنا) مُتبِّر (فاعل) تباہ کرنیوالا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنیوالا۔

مُتبرّر (ع۔ مفعول) روا رکھا ہوا (تبرّر۔ نیک ہونا) مُتبرِّر (فاعل) ۱۔ نیک۔ پارسا ۲۔ فرمانبردار۔ مطیع ۳۔ سچا۔ منصف۔

مُتبرِّک (ع۔ فاعل) ۱۔ پاک۔ مقدس۔ صاف ۲۔ برکت والا ۳۔ معزز۔ بزرگ (تبرّک۔ برکت پانا) مُتبرِّکہ (صفت) پاک یا برکت والی چیز۔

مُتبرّی (ع۔ مفعول) ۱۔ آزاد۔ بچا ہوا۔ معاف کیا ہوا (تبرّا۔ کسی چیز سے بچنا) مُتبرّی (فاعل) ۱۔ آزاد ۲۔ صاف ۳۔ جو درمیان میں آئے۔

مُتبسِّط (ع۔ فاعل) ۱۔ دور تک پھیلا ہوا ۲۔ جو کھلے بندوں پھرے (تبسّط۔ پھیلایا جانا)

مُتبسِّم (ع۔ فاعل) ۱۔ مسکرانیوالا ۲۔ کھلا ہوا۔ شگفتہ ۳۔ چمکنے والی (بجلی) (تبسّم۔ مسکرانا)

مُتبصِّر (ع۔ فاعل) ۱۔ جو غور سے دیکھے یا سوچے ۲۔ ہوشیار۔ چوکس۔ سیانا ۳۔ وہ جو حلال کو

غور سے دیکھے۔ (تَبَصُّر۔ سمجھنا)

مُتَبَطِّل (ع۔ صفت) بہادر۔ شجاع۔ دلیر (تَبَطُّل۔ بہادر ہونا)

مُتَبَطِّن (ع۔ صفت) ۱۔ اندرونی ۲۔ وہ جو کسی چیز کے درمیان میں سوراخ کرے ۳۔ وہ جو کسی امر کی اصلیت کو سمجھے (تَبَطُّن۔ داخل ہونا)

مُتَّبِع (ع۔ فاعل) ۱۔ تابع۔ پیرو۔ چیلا ۲۔ وہ جو دو چیزوں کو جوڑے ۳۔ جو پیرو بنائے (اِتِّبَاع۔ کسی کو پیچھے چلانا)

مُتَّبِع (ع۔ فاعل) ۱۔ پیرو۔ چیلا ۲۔ بڑے لوگوں سے ملاقاتی ہوتے جو محافظت میں ہوتے۔ مؤکل ۵۔ منشی۔ اردلی (اِتِّبَاع۔ کسی کے پیچھے جانا)

مُتَبَعِّل (ع۔ فاعل) ۱۔ وہ عورت جو اپنے خاوند کی تابعدار ہو ۲۔ وہ جو خاوند کے لئے بناؤ سنگار کرے (تَبَعُّل۔ خاوند کی تابعداری کرنا)

مُتَبَل (ع۔ مذکر) مطلب کا معرب۔

مُتَبَلِّل (ع۔ فاعل) گیلا۔ تر (تَبَلُّل۔ گیلا ہونا)

مُتَبَلِّہ (ع۔ فاعل) ۱۔ جاہل۔ غافل۔ سادہ ۲۔ وہ جو ظاہر میں غفلت کرے (تَبَلُّہ۔ بیوقوفوں کی طرح کام کرنا)

مُتَبَنّٰی (ف۔ مونث) متبنٰی بنانا۔

مُتَبَنِّی (ع۔ فاعل) متبنٰی بنانے والا۔

مُتَبَنّٰی (ع۔ مفعول) لے پالک۔ گود لیا ہوا (کرنا ہونا کے ساتھ) (تَبَنِّی۔ گود لینا)

مُتَبُور (ع۔ مفعول) تباہ۔ برباد۔ (تبور۔ تباہ ہو جانا)

مُتَبُوع (ع۔ مفعول) جس کی پیروی کی جائے۔ پیشوا۔ افسر (تَبَع۔ پیچھے جانا)

مُتَبَوِّل (ع۔ فاعل) ۱۔ وہ جو پیشاب کرے ۲۔ بیحد گالیاں دینے والا (تَبَوُّل۔ پیشاب کرنا)

مُتَبَهِّج (ع۔ صفت) ۱۔ خوش۔ مسرور ۲۔ خوشگوار (تَبَهُّج۔ خوش ہونا)

مُتَبَهِّم (ع۔ فاعل) ۱۔ مشتبہ۔ مشکوک ۲۔ چھپا ہوا۔ پوشیدہ ۳۔ جو نہ سمجھا جائے (تَبَهُّم۔ چھپا ہونا)

مُتَبَیِّن (ع۔ فاعل) ۱۔ جو صاف یا ظاہر کرے ۲۔ صاف۔ ظاہر ۳۔ جس کا مطلب بتایا جائے (تَبَیُّن۔ ظاہر ہونا)

مُتَتَابِع (ع۔ فاعل) ۱۔ ایک دوسرے کے بعد آنیوالا ۲۔ سلسلہ وار ۳۔ مسلسل ۴۔ لگاتار (تَتَابُع۔ ایک دوسرے کے بعد آنا)

مُتَتَالِی (ع۔ فاعل) ۱۔ ایک دوسرے کے پیچھے لگاتار جانیوالا ۲۔ جو کسی چیز کا نتیجہ ہو (تَتَالِی۔ لگاتار آنا)

مُتَتَبِّع (ع۔ فاعل) ۱۔ بہت متلاشی ۲۔ تلاش کرنیوالا ۳۔ نقل کرنے والا (تَتَبُّع۔ بار بار مانگنا)

مُتَتَلِّی (ع۔ فاعل) ۱۔ وہ جو اپنا حق ثابت کرے ۲۔ لگاتار۔ سلسلہ وار (تَتَلِّی۔ کسی چیز کے حاصل کرنے کی کوشش کرنا)

مُتَثَاقِل (ع۔ فاعل) ۱۔ بھاری۔ وزنی ۲۔ سست ۳۔ زمین کی طرف آنیوالے ۴۔ لڑنے سے انکار کرنے والا۔ بزدل۔ (تَثَاقُل۔ سست ہونا)

مُتَثَبِّت (ع۔ فاعل) مقررہ تعیین شدہ۔ مقرر کیا ہوا (تَثَبُّت۔ ثابت ہونا)

مُتَثَنِّی (ع۔ فاعل) ۱۔ تہ کیا ہوا۔ دوہرا کیا ہوا ۲۔ وہ جو جھک کر چلے ۳۔ پیچیدہ۔ الجھا ہوا (تَثَنِّی۔ دوہرا ہونا)

مُتَجَادِل (ع۔ فاعل) آپس میں لڑنے والے (تَجَادُل۔ جھگڑنا)

مُتَجَاذِب (ع۔ صفت) ایک دوسرے کو کھینچنے والے (تَجَاذُب۔ کھینچا تانی کرنا)

مُتَجَارِی (ع۔ فاعل) ۱۔ وہ جو دوسرے کے ساتھ جائے ۲۔ جھگڑالو۔ لڑاکا (تَجَارِی۔ مقابلہ کرنا)

مُتَجَاسِر (ع۔ فاعل) ۱۔ بہادر۔ شجاع ۲۔ دلیر ۳۔ نیاض ۴۔ لڑائی میں تند (تَجَاسُر۔ بہادر ہونا)

مُتَجَالِس (ع۔ فاعل) وہ جو اکٹھے بیٹھے ہوئے ہوں (تَجَالُس۔ بیٹھا ہونا)

مُتَجَانِب (ع۔ فاعل) وہ جو ایک دوسرے سے الگ رہیں (تَجَانُب۔ دوسرے سے الگ رہنا)

مُتَجَانِس (ع۔ فاعل) وہ جو ایک دوسرے سے الگ رہیں (تَجَانُس۔ دوسرے سے الگ رہنا)

مُتَجَانِف (ع۔ فاعل) ۱۔ وہ جو راستی سے بھٹکے ۲۔ وہ جو غلطی پر ہو (تَجَانُف۔ گناہ کرنیکا ارادہ کرنا)

مُتَجَانِن (ع۔ فاعل) ۱۔ وہ جو ظاہر طور پر پاگل ہو ۲۔ وہ جو پاگل بنے (تَجَانُن۔ جنون کے آثار ظاہر کرنا)

مُتَجَاوِب (ع۔ فاعل) ایک دوسرے کو جواب دینے والے (تَجَاوُب۔ آپس میں باتیں کرنا)

مُتَجَاوِر (ع۔ فاعل) ۱۔ پاس رہنے والا ۲۔ نزدیک (تَجَاوُر۔ ایک دوسرے کے قریب رہنا) **مُتَجَاوِرَات** (مونث) جمع متجاورت کی ۱۔ ہمسائے ۲۔ قرب و جوار کے مقامات۔ **مُتَجَاوِرَہ** (صفت) نزدیک کے۔ پاس رہنے والے۔

مُتَجَاوِز (ع۔ فاعل) حد سے گزر جانیوالا۔ تجاوز کرنیوالا (تَجَاوُز۔ حد سے بڑھ جانا) **مُتَجَاوِز اَز حَد** حد سے بڑھ کر۔ پرے۔ اوپر۔ زیادہ۔

مُتَجَاوِل (ع۔ فاعل) ایک دوسرے کے گرد پھرنے والے۔ جیسے لڑنے والے (تَجَاوُل۔ لڑائی میں ایک دوسرے کے گرد پھرنا)

مُتَجَاهِد (ع۔ فاعل) کوشش کرنے والا (تَجَاهُد۔ کسی چیز کی کوشش کرنا)

مُتَجَاهِل (ع۔ فاعل) جو جان بوجھ کر جاہل بنے (تَجَاهُل۔ جاہل بننا)

مُتَجَدِّد (ع۔ فاعل) ۱۔ نیا۔ جدید ۲۔ جس کی تجدید کی جائے (تَجَدُّد۔ نیا کیا جانا)

مُتَجَر (ع۔ مذکر) مال تجارت (اِتِّجَار۔ تجارت کرنا) **مُتَّجِر** (مذکر) تاجر۔

مُتَجَرَّد (ع۔ مفعول) ۱۔ وہ جسے ننگا کیا جائے ۲۔ ننگا ہونا۔ ننگ (تَجَرُّد۔ ننگا ہونا)

مُتَجَرِّد (فاعل) ننگا۔ برہنہ ۲۔ ہموار (زمین)

مُتَجَرِّم (ع۔ فاعل) ۱۔ جھوٹا الزام لگانے والا ۲۔ گنہگار (تَجَرُّم۔ جرم کا جھوٹا الزام لگانا)

مُتَجَسِّد (ع۔ مفعول) ۱۔ مجسم۔ جسمانی ۲۔ موٹا۔ فربہ (تَجَسُّد۔ جسم اختیار کرنا)

مُتَجَسِّس (ع۔ فاعل) ۱۔ تلاش کرنے والا۔ جستجو کرنیوالا ۲۔ جاسوس (تَجَسُّس۔ خبر دریافت کرنا)

مُتَجَسِّم (ع۔ مفعول) دیکھو متجسد (تَجَسُّم۔ موٹا ہونا)

مُتَجَلِّد (ع۔ فاعل) ۱۔ ضدی۔ ڈھیٹ۔ اڑیل ۲۔ سخت (تَجَلُّد۔ برداشت کا اظہار کرنا)

مُتَجَلَّل (ع۔ مفعول) جس کی بہت تعریف کی جائے (تَجَلُّل۔ بڑا ہونا) **مُتَجَلِّل** (فاعل) ۱۔ جلیل۔ بزی

نشان ۔ ۵ الانفس (ع) ، وہ جو بہترین چیز لے ۔

مُتَجَلّی (ع ۔ فاعل) ۱ ۔ روشن ۔ درخشاں ۲ ۔ عالیشان ۔ عظیم الشان ۳ ۔ وہ جو ظاہر یا منکشف ہو ۔ ۴ ۔ وہ جس نے صورت بدلی ہو یا تبدیل ہیئت کی ہو ۔ (تَجَلّی ۔ خدا کا اپنے آپ انسان پر ظاہر کرنا)

مُتَجَمِّد (ع ۔ مفعول) جا ہوا ۔ منجمد ۔ بستہ (تَجَمُّد ۔ جما ہونا)

مُتَجَمِّع (ع ۔ فاعل) اکٹھا کیا ہوا ۔ مجتمع (تَجَمُّع ۔ اکٹھا ہونا)

مُتَجَنِّب (ع ۔ فاعل) ۱ ۔ اجنبی ۲ ۔ وہ جو پیچھے ہٹ جائے ۳ ۔ وہ جو پرہیز کرے (تَجَنُّب ۔ پرہیز کرنا)

مُتَجَنِّن (ع ۔ فاعل) ۱ ۔ جنونی ۔ پاگل ۲ ۔ غصّے ناراض (تَجَنُّن ۔ جنون کے آثار ظاہر کرنا)

مُتَجَوِّز (ع ۔ فاعل) ۱ ۔ وہ جو بے زرجہی سے کوئی کام کرے ۲ ۔ بے پرواہ ۔ غافل ۔ اچیت ۳ ۔ وہ جو فضول باتیں کرے ۴ ۔ اغماض کرنیوالا ۔ چشم پوشی کرنیوالا (تَجَوُّز ۔ صبر سے برداشت کرنا)

مُتَجَوِّع (ع ۔ فاعل) ، وہ جو اپنے آپ کو بھوکا مارے (تَجَوُّع ۔ بھوک برداشت کرنا)

مُتَجَوِّف (ع ۔ فاعل) خالی ، کھوکھلا (تَجَوُّف ۔ خالی ہونا)

مُتَجَهِّز (ع ۔ فاعل) ، تیار ۔ لیس (تَجَهُّز ۔ کسی بات کے لئے تیار ہونا)

مُتَحَاجی (ع ۔ فاعل) ایک دوسرے سے پہیلیاں کہنے یا سوال پوچھنے والے (تَحَاجی ۔ ایک دوسرے سے پہیلیاں بوجھوانا)

مُتَحَادِث (ع ۔ فاعل) ایک دوسرے سے باتیں کرنیوالے (تَحَادُث ۔ آپس میں باتیں کرنا)

مُتَحَارِب (ع ۔ فاعل) ایک دوسرے سے لڑنے والے (تَحَارُب ۔ ایک دوسرے سے لڑنا)

مُتَحَاسِب (ع ۔ فاعل) حساب کرنے والا (تَحَاسُب ۔ آپس میں حساب کرنا)

مُتَحَاسِد (ع ۔ فاعل) ایک دوسرے سے حسد کرنیوالے (تَحَاسُد ۔ ایک دوسرے سے حسد کرنا)

مُتَحَالِف (ع ۔ فاعل) حلیف ۔ وہ جو قسم ، وعدے یا معاہدے کے پابند ہوں (تَحَالُف ۔ حلیف بننا)

مُتَحَبِّب (ع ۔ فاعل) پیار کرنیوالا ۔ فریفتہ ۔ شیفتہ (تَحَبُّب ۔ پیار کرنا)

مُتَحَجِّر (ع ۔ مفعول) سخت ، پتھر کی طرح (پتھر) (تَحَجُّر ۔ سخت کرنا)

مُتَّحِد (ع ۔ فاعل) اتحاد رکھنے والا ۔ متفق (اِتِّحَاد ۔ ایک ہونا ۔ ضرع وغیرہ) **متحد البطن** (مذکر) ایک پیٹ کا ۔ **متحد المفہوم** (صفت) ، وہ جس کا مطلب ایک ہو ۔ **مُتَّحِدہ** (صفت) اکٹھا ۔ متفق ۔

مُتَحَدِّث (ع ۔ فاعل) ۱ ۔ حدیث بیان کرنیوالا ۲ ۔ مورخ ۳ ۔ کوئی چیز جو نئی واقع ہو (تَحَدُّث ۔ بیان کرنا)

مُتَحَرِّفہ (ع ۔ مذکر) محصول جو بیشہ ورں سے لیا جاتا ہے (حرفہ سے بنایا گیا ہے ۔ عربی میں ان معنوں میں استعمال نہیں ہوتا)

مُتَحَرِّق (ع ۔ فاعل) جلا ہوا ۔ سوزاں (تَحَرُّق ۔ جلا ہونا)

مُتَحَرِّک (ع ۔ فاعل) حرکت کرنے والا جاری ۔ رواں ۲ ۔ وہ جس پر حرکت یعنی زبر زیر یا پیش ہو (تَحَرُّک ۔ حرکت دیا جانا)

مُتَحَرِّم (ع ۔ فاعل) ۱ ۔ حرام ۔ ممنوع ۲ ۔ جس کی عزت کی جائے (تَحَرُّم ۔ ممنوع ہونا)

مُتَحَصِّل (ع ۔ فاعل) اکٹھا کرنیوالا ۔ جمع کرنیوالا (تَحَصُّل ۔ حاصل ہونا) **متحصلات** (مونث) پیداوار ۔

مُتَحَصِّن (ع ۔ فاعل) ، وہ جو قلعہ بند ہو جائے (تَحَصُّن ۔ قلعہ بند ہونا)

مُتَحَفِّظ (ع ۔ فاعل) خبردار ۔ ہوشیار (تَحَفُّظ ۔ کسی سے اپنی حفاظت کرنا)

مُتَحَقَّق (ع ۔ مفعول) ٹھیک ۔ درست ۔ سچا (تَحَقُّق ۔ ثابت ہونا) **مُتَحَقِّق** (فاعل) ٹھیک اور درست کرنیوالا ۔

مُتَحَکِّم (ع ۔ مذکر) شہنشاہ (تَحَکُّم ۔ جو چاہنا کرنا)

مُتَحَلّی (ع ۔ فاعل) آراستہ ہونے والا ۔ زیور پہننے والا (تَحَلّی ۔ سجا ہوا)

مُتَحَمَّد (ع ۔ صفت) ۱ ۔ جس کی تعریف کی جائے ۔ قابل تعریف ۲ ۔ وہ جو دوسرے پر احسان کرے (تَحَمُّد ۔ تعریف کرنا)

مُتَحَمِّل (ع ۔ فاعل) ۱ ۔ بُرد بار ۔ برداشت کرنیوالا ۔ مستقل مزاج (تَحَمُّل ۔ بوجھ اٹھانا) **متحمل مزاج** صفت ، بردبار ۔

مُتَحَیِّر (ع ۔ فاعل) حیران ۔ حیرت زدہ ۔ حواس باختہ ۔ متعجب (تَحَیُّر ۔ حیران ہونا)

مُتَحَیِّرہ (ع ۔ صفت) دیکھو حُسہ کے تحت میں

مُتَخَاصِم (ع ۔ فاعل) ۱ ۔ لڑنے والا ۔ جھگڑالو ۲ ۔ دشمن ۔ عدو (تَخَاصُم ۔ ایک دوسرے سے لڑنا)

مُتَخَالِف (ع ۔ فاعل) مخالف ۔ مقابل ۔ سامنے (تَخَالُف ۔ ایک دوسرے کے مخالف ہونا)

مُتَّخَذ (ع ۔ مفعول) وہ جو لی جائے (اِتِّخَاذ ۔ چُن کر لینا) **مُتَّخِذ** (فاعل ، لینے والا ۔ منتخب کرنیوالا ۔ شروع کرنیوالا ۔

مُتَخَرِّق (ع ۔ فاعل) ۱ ۔ پھٹا ہوا ۔ چھدا ہوا ۲ ۔ جھوٹا ۳ ۔ فیاض (تَخَرُّق ۔ پھٹا ہونا) **متخرقہ** (مونث) رحم سے جسے نقصان پہنچا ہو اور اس لئے حمل نہ قرار پکڑتا ہو ۔

مُتَخَشّی (ع ۔ فاعل) ڈرا ہوا ۔ خوف زدہ (تَخَشّی ۔ دوسرے سے ڈرنا)

مُتَخَلْخَل (ع ۔ مفعول) ۱ ۔ وہ جو پاؤں میں خلخال پہنے ہو (تَخَلْخُل ۔ خلخال پہننا) ۲ ۔ دُردہ ، خالی کھوکھلا ہونا ۔ رغالباً خالی ۔ سے گھڑ گیا)

مُتَخَلِّص (ع ۔ فاعل) ۱ ۔ بچا ہوا ۔ چھڑایا ہوا ۲ ۔ تخلص رکھنے والا (تَخَلُّص ۔ آزاد ہونا)

مُتَخَلِّف (ع ۔ فاعل) ۱ ۔ جو پیچھے رہ گیا ہو ۔ جسے پیچھے چھوڑ دیا گیا ہو ۲ ۔ وعدہ توڑنے والا ۳ ۔ مخالف ۔ مقابل (تَخَلُّف ۔ کسی کے پیچھے رہنا)

مُتَخَلِّل (ع ۔ فاعل) ۱ ۔ وہ جو خلال کا استعمال کرے ۲ ۔ خلل انداز (تَخَلُّل ۔ خلال استعمال کرنا)

مُتَخَلّی (ع ۔ فاعل) آزاد ۔ خالی (تَخَلّی ۔ بچنا)

مُتَخَوِّف (ع ۔ فاعل) ڈرا ہوا ۔ خوف زدہ (تَخَوُّف ۔ ڈرنا)

مُتَخَیَّل (ع ۔ مفعول) خیال کیا گیا (تَخَیُّل ۔ خیال کرنا) **مُتَخَیِّل** (ع ۔ فاعل) ۱ ۔ وہ جو سوچے ۔ خیال کرے یا شبہ کرے ۲ ۔ خیالی ۔ وہمی ۔ **مُتَخَیِّلہ** (صفت) ۱ ۔ خیالی ۔ وہمی ۲ ۔ (مذکر) خیال ۔ وہم ۳ ۔ دیکھو قوت متخیلہ ۔

مُتَخَیِّم (ع ۔ فاعل) وہ جس نے خیمہ لگایا ہو ۔ خیمہ زن (تَخَیُّم ۔ خیمہ لگانا)

مُتَدَاخِل (ع ۔ فاعل) ۱ ۔ ایک دوسرے

کے اندر دیا ہُوا۔ جیسے چولی ۲ مضبوط پکا۔ (تداخل۔ داخل ہونا)

مُتَدارِس (ع۔ فاعل) ہم مکتب (تدارس اکٹھا پڑھنا)

مُتَدارِک (ع۔ فاعل) اٹھارواں وزن یا بحر جو بعد میں ایجاد ہو کر ایزاد ہُوا (تدارک۔ اکٹھا ہونا)

مُتَداعی (ع۔ فاعل) جو ایک دوسرے سے لڑنے جھگڑنے یا چھیڑ چھاڑ کرنے میں مشغول ہوں۔ مدعی، مدعلیہ (تداعی۔ ایک دوسرے کو بُلانا)

مُتَدافِع (ع۔ فاعل) جو ایک دوسرے کو ہٹانے، روکنے یا رد کرنے میں مشغول ہوں (تدافع۔ ہاتھا پائی ہونا)

مُتَدانی (ع۔ فاعل) نزدیک۔ پاس (تدانی۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا)

مُتَداوَل (ع۔ مفعول) (۱) وہ جو باری باری سے لیا جائے۔ دست بدست پہنچا ہُوا ۲ مروج رائج الوقت ۳ معمولی۔ رسمی۔ عام (تداوَل۔ باری باری سے کرنا یا لینا) متداولہ (صفت۔ دیکھو متداول۔)

مُتَدَبِّر (ع۔ فاعل) ۱ مدبر۔ وہ جو کسی بات کو غور سے سوچے یا سمجھے ۲ اچھی طرح ترتیب دیا ہُوا (تدبّر۔ کسی بات کے نتیجے کو سوچنا)

مُتَدَخِّل (ع۔ فاعل) ۱ جسے داخل ہونے کی اجازت ہو۔ جسے پیش یا داخل کیا جائے ۲ وہ جو تھوڑا تھوڑا کر کے داخل ہو (تدخّل۔ آہستہ آہستہ داخل ہونا)

مُتَدَفِّن (ع۔ فاعل) ۱ دفن شدہ۔ دبا ہُوا۔ چھپایا ہُوا (تدفّن۔ دفن ہونا)

مُتَدَیِّن (ع۔ فاعل) ۱ مومن۔ ایماندار دین دار۔ راسخ الاعتقاد ۲ دیانتدار ۳ امانتدار امین۔ معاملہ کا سچا۔ بات کا پورا (تدیّن۔ مذہب کا اقرار کرنا)

مُتَذَبذِب (ع۔ صفت) تذبذب میں پڑنے والا (اصل مذبذب ہونا چاہیئے، عربی میں یہ استعمال نہیں ہوتا (ذبذبۃ۔ لٹکنا)

مُتَذَکِّر (ع۔ فاعل) ۱ یاد رکھنے والا ۲ وہ جو نصیحت کو یاد رکھے ۳ وہ جو یاد رکھا جائے (تذکّر۔ ذکر کرنا) **متذکرہ** (صفت) وہ جو یاد رکھا جائے۔ وہ جس کا ذکر کیا جائے **متذکرہ بالا** (صفت) وہ جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہو۔ **متذکرہ ذیل** (صفت) وہ جس کا ذکر آگے کیا جائے گا۔

مُتَذَلِّل (ع۔ فاعل) ۱ عاجز۔ ناچیز ۲ حلیم مسکین (تذلّل۔ اطاعت کرنا)

مُتَذَمِّم (ع۔ فاعل) شرمندہ۔ شرمیلا۔ باحیا (تذمّم۔ الگ رہنا)

مِتْرَس (۔ مذکر) متراس (ہ) ۱ دوست۔ یار آشنا۔ حبیب ۲ مصاحب ہمنشین جلیس ۳ مترا (مونث) عورت دوست **مترائی** (مونث) دوستی۔ دوستانہ

مُتَّر (ہ۔ مذکر) ۱ وہ لڑکا جو کھیل میں سردار بنایا جائے۔ سرگروہ۔ سرغنہ ۲ دوست۔ مددگار۔ مصاحب۔

مُتَراجِع (ع۔ صفت) واپس کیا ہُوا، واپس لایا گیا (تراجع۔ آہستہ آہستہ واپس ہونا)

مُتَرادِف (ع۔ فاعل) ۱ ہم معنی۔ ایسے لفظ جن کے معنی ایک ہی ہوں ۲ ہم ردیف ۳ لگاتار پیہم (ترادُف۔ ایک دوسرے کے پیچھے آنا)

مُتَراسِل (ع۔ فاعل) ۱ ایک دوسرے کو خبریں پہنچانیوالا ۲ وہ جو ایک دوسرے کو خط لکھیں (تراسُل۔ ایک دوسرے کو خط لکھنا)

مُتَراضی (ع۔ فاعل) وہ جو ایک دوسرے کے ساتھ راضی ہوں (تراضی۔ دوسرے کے ساتھ خوش ہونا)

مَتَراک (ف۔ مذکر) ایک منزل قمر۔

مُتَراکِب (ع۔ فاعل) ۱ ایک دوسرے کے اوپر رکھا ہُوا ۲ مضبوط۔ پکا (تراکُب۔ بادلوں کا اکٹھا ہونا)

مُتَراکِم (ع۔ فاعل) ۱ اکٹھا کیا ہُوا ۲ ڈھیر کیا ہُوا ۳ جما ہُوا (تراکُم۔ ڈھیر ہونا)

مُترانا (ہ۔ متعدی) ترغیب دینا۔ راغب کرنا۔

مُتَرَتِّب (ع۔ فاعل) ترتیب دیا ہُوا۔ درست کیا ہُوا (کرنا ہونا کے ساتھ) (ترتّب۔ باقاعدہ رکھا ہونا)

مُتَرجَم (ع۔ مفعول) ترجمہ کیا گیا (مُترجَم غلط ہے) (ترجَم۔ ترجمہ کرنا) **مُتَرجِم** (فاعل) ترجمہ کرنیوالا ۔ **مترجمین** (مذکر) ترجمہ کرنیوالے۔

مُتَرَجّی (ع۔ فاعل) امیدکرنیوالا ۔ امیدوار (ترجّی۔ کسی چیز کی امید کرنا)

مُتَرَحِّم (ع۔ فاعل) رحم کرنیوالا (ترحّم۔ رحم کرنا)

مُتَرَخِّص (ع۔ فاعل) رخصت ہونے والا (ترخّص۔ اجازت دینا)

مُتَرَدِّد (ع۔ فاعل) ۱ فکرمند متفکر ۲ مضطرب بیقرار۔ پریشان ۳ پس و پیش کرنے والا ۴ آنے جانے والا، تردد کرنے والا ۵ جو رد کیا جائے۔ انکار کیا گیا (تردّد۔ واپس کیا جانا)

مُتَرَزّی (۱۱۴۴ – ۱۲۱۳) ابوالفتح ناصر بن عبدالسید خوارزم کا ایک ادیب اور فقیہہ۔ مصنف المُغرب فی اللغۃ المصباح فی النحو۔

مُتَرَسِّل (ع۔ فاعل) خط بھیجنے والا (ترسّل۔ خط بھیجنا)

مُتَرَّش (ف) **مُہَتَرَّش** (اردو صفت) ڈاڑھی منڈانے والا (غالباً ترا شیدن سے۔ یہ لفظ عربی طرز پر فارسیوں اور اُردو دانوں نے تراشا ہے)

مُتَرَشِّح (ع۔ فاعل) ۱ ٹپکنے والا ۲ ظاہر۔ عیاں (ترشّح۔ پانی برسنا)

مُتَرَصِّد (ع۔ فاعل) ۱ امیدوار۔ منتظر۔ متوقع (ترصّد۔ انتظار کرنا)

مُتَرَضّی (ع۔ فاعل) ۱ وہ جس کے کام سے تسلی ہو ۲ وہ جو مانگے (ترضّی۔ خوش کرنا)

مُتَرَغِّب (ع۔ فاعل) منتظر (ترغّب۔ خواہش پیدا کرنا)

مُتَرَقِّب (ع۔ فاعل) امیدوار۔ منتظر (ترقّب۔ انتظار کرنا) **مترقّبہ** (صفت) جس کا انتظار کیا جائے۔

مُتَرَقِّص (ع۔ صفت) اوپر نیچے حرکت کرنے والا (ترقّص۔ اوپر نیچے ہونا زمین کا)

مُتَرَقِّق (ع۔ صفت) رحم دل۔ نرم دل والا (ترقّق۔ دوسرے پر رحم کرنا)

مُتَرَقّی (ع۔ فاعل) ۱ چڑھا ہُوا ۲ بڑھا ہُوا (ترقّی۔ پہاڑ پر چڑھنا)

مُتَرَکَّب (ع۔ مفعول) جڑا ہُوا۔ لگا ہُوا۔ مرصع (ترکّب۔ جڑا ہونا) **مُتَرَکِّب** (فاعل) ۱ وہ جو دوسرے پر سوار ہو ۲ مرکب۔ ملاجلا۔

مُتَرَنِّم (ع۔ فاعل) ۱ گانیوالا۔ گیت ۲ گو کرنے والا (ترنّم۔ گانا)

مَتروک (ع۔ مفعول) ۱ چھوڑا ہوا ۲ ترک کیا ہُوا ۳ وہ مال جو مردے کی وراثت میں باقی رہے ۴ وہ لفظ جو پہلے استعمال ہوتا تھا۔ مگر اب نہ ہو۔ (ترک۔ چھوڑ دینا) **متروکات** (مونث) چھوٹی ہوئی چیزیں **متروک الاستعمال** یا **متروک رسم** (صفت) جو چھوڑ دیا گیا ہو جس کا استعمال نہ ہو۔ **متروکہ** (صفت مونث) دیکھو متروک۔

مُتَزَائِد (ع۔ فاعل) بڑھنے والا۔ زیادہ ہونے والا (تَزَائُد۔ زیادہ ہونا قیمت میں)

مُتَزَلزَل (ع۔ مفعول) وہ جو زلزلے سے ہل گیا ہو (تَزَلزُل۔ زمین کا ہلنا) **مُتَزَلزِل** (ع۔ فاعل) جنبش کرنیوالا۔ ڈگمگانے والا۔ ہلنے والا۔ کانپنے والا۔

مُتَزَوِّج (ع۔ فاعل) وہ جو عورت سے بیاہ کرلے (تَزَوُّج۔ عورت سے شادی کرنا)

مُتَزَهِّد (ع۔ فاعل) زاہد۔ پارسا (تَزَهُّد۔ پارسا ہونا)

مُتَزَیَّد (ع۔ فاعل) ۱۔ بڑھا ہوا۔ زیادہ کیا ہوا۔ زیادہ کیا ہوا (چیز) ۲۔ بڑھا ہوا ۳۔ وہ جو شرح یا ضمیمہ ایزاد کرے (تَزَیُّد۔ قیمت میں زیادہ ہونا)

مُتَزَیِّن (ع۔ فاعل) سجا ہوا۔ مزین (تَزَیُّن۔ سجا ہونا)

مُتَسَاوِی (ع۔ فاعل) برابر۔ ایک دوسرے کے مساوی (تَسَاوِی۔ برابر ہونا دو چیزوں کا) **مُتَسَاوِی الزَّاوِیَہ** (صفت) جسکے زاویے برابر ہوں **مُتَسَاوِی الاَضْلَاع** (صفت) جسکے اضلاع برابر ہوں **مُتَسَاوِی السَّاقَین** وہ جسکے دو اضلاع برابر ہوں **مُتَسَاوِی الْعَرْض** ایک چوکور شکل جسکے کوئی دو ضلعے متوازی ہوں جیسے کرن، چستو قیم۔

مُتَسَر (س۔ صفت) ۱۔ خوش ۲۔ مشہور ۳۔ کینہ ور۔ حاسد۔ بدخواہ ۴۔ خود غرض ۵۔ لالچی۔ حریص ۶۔ مخالف۔ رقیب ۷۔ شریر۔ بدذات ۸۔ (مذکر) خوش کرنیوالی چیز ۹۔ موسم کی تعریف ۱۰۔ کینہ۔ حسد ۱۱۔ خود غرضی ۱۲۔ لالچ۔ ہوس ۱۳۔ مخالفت، رقابت ۱۴۔ غصہ کرودھ ۱۵۔ کسی چیز سے محبت۔

مُتَسَرِّع (ع۔ فاعل) اچالاک۔ چست ۲۔ جلدی کرنے والا (تَسَرُّع۔ جلدی کرنا)

مُتَّسِع (ع۔ فاعل) وہ جو کشادہ ہو (اتِّسَاع۔ کشادہ ہونا)

مُتَّسَع (ع۔ مفعول) کھلی جگہ۔ جیسے چوڑا حصہ (اتِّسَاع۔ فراخ ہونا۔ فَرَاغ۔ وَسْع) **مُتَّسِع** (ع۔ فاعل) فراخ۔ وسیع۔ چوڑا۔ پھیلا ہوا۔

مُتَّسَع (ع۔ مفعول) گنجائش جیسے اس میں متسع نہ ہونا

مُتَسَقِّف (ع۔ فاعل) ۱۔ چھت دار۔ سقف والا ۲۔ پادری بنا ہوا (تَسَقُّف۔ پادری بنایا جانا)

مُتَسَکِّن (ع۔ فاعل) ہزیت۔ مفلس (تَسَکُّن۔ غریب ہونا)

مُتَسَلسِل (ع۔ فاعل) ۱۔ اجزا جڑا ہوا۔ بالا ہوا ۲۔ لگاتار بننا ۳۔ پانی کا (تَسَلسُل۔ دھار بن کر گرنا پانی کا)

مُتَسَلَّط (ع۔ مفعول) وہ جس پر غلبہ پائیں، مقرر کیا ہوا (تَسَلُّط۔ غلبہ ہونا) **مُتَسَلِّط** (ع۔ فاعل) قبضہ کرنیوالا۔ غلبہ پانے والا۔

مُتَسَلّی (ع۔ فاعل) خوش۔ بے غم۔ تسلی یافتہ (تَسَلِّی۔ تسلی پانا)

مُتَسَمِّع (ع۔ فاعل) سننے والا (تَسَمُّع۔ سننا)

مُتَسَمّی (ع۔ فاعل) ۱۔ مسمی ۲۔ بنام ۳۔ اونچا (تَسَمّی۔ بلایا جانا)

مُتَسَوِّی۔ (ع۔ صفت) ۱۔ سیدھا ۲۔ برابر۔ ہموار (تَسَوِّی۔ برابر ہونا)

مُتَسَهِّل (ع۔ صفت) آسان سہل (تَسَهُّل۔ آسان ہونا)

مُتَسِی (س۔ مذکر) آسان ہونا۔ دیکھو متسیہ۔

مَتسیار (مونث) ۱۔ مادہ مچھلی۔ متسیہ (مذکر) ۱۔ مچھلی۔ ماہی ۲۔ بارھواں برج۔

مُتَشَابِہ (ع۔ فاعل) ۱۔ ہم شکل ۲۔ ہم صورت ۳۔ مثل۔ نظیر۔ یکساں۔ مانند۔ موافق ۴۔ مشکوک۔ مشتبہ۔ جس کی معنی میں کچھ شبہ ہو ۵۔ (مذکر) بھول چوک۔ شبہ ۶۔ وہ شبہ جو قرآن کے حافظ کو ایک جیسی آیات کے متعلق ہو جاتا ہے۔ اور وہ کہیں سے کہیں پڑھ جاتے ہیں ۷۔ حروف جو ایک شکل کے ہیں۔ تشبیہ (تَشَابُہ۔ مانند ہو جانا۔ **مُتَشَابِہات** (مونث) وہ آیتیں جن کے معنی سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا **متشابہ لگنا** (متعدی) شبہ پڑنا۔ قرآن شریف کہیں سے کہیں پڑھنے لگ جانا۔ بھول میں پڑنا۔ چوکنا (یہ محاورہ صرف قرآن شریف کے متعلق ہے)

مُتَشَارِک (ع۔ فاعل) وہ جو شرکت رکھیں۔ حصہ دار (تَشَارُک۔ حصہ دار ہونا)

مُتَشَاعِر (ع۔ فاعل) وہ جو اپنے آپ کو شاعر سمجھے چھوٹا شاعر (تَشَاعُر۔ اپنے آپ کو شاعر ظاہر کرنا)

مُتَشَاغِل (ع۔ فاعل) وہ جو ایک دوسرے کو مشغول رکھیں (تَشَاغُل۔ ہٹایا جانا)

مُتَشَاکِل (ع۔ فاعل) لایق۔ قابل۔ سزاوار۔ موزوں (تَشَاکُل۔ ایک دوسرے سے ملنا)

مُتَشَاکِی (ع۔ فاعل) ایک دوسرے سے جھگڑنے والے۔ ایک دوسرے کی شکایت کرنے والے (تَشَاکِی۔ ایک دوسرے سے شکایت کرنا)

مُتَشَاوِر (ع۔ فاعل) ایک دوسرے سے مشورہ کرنے والے۔ وہ جو مشورہ کرنے میں مشغول ہوں (تَشَاوُر۔ ایک دوسرے سے مشورہ کرنا)

مُتَشَبِّہ (ع۔ فاعل) مانند۔ مشابہ (تَشَبُّہ۔ دوسرے سے ملنا)

مُتَشَرِّب (ع۔ فاعل) ۱۔ پینے والا ۲۔ پھیلانے والا ۳۔ لگنے والا۔ چھونے سے ہو جانے والا (مرض) (تَشَرُّب۔ گیلا ہونا)

مُتَشَرِّع (ع۔ فاعل) ۱۔ پکا دیندار۔ پابند شریعت ۲۔ پارسا۔ پرہیزگار ۳۔ جو شرع کا عالم ہو (تَشَرُّع۔ شرع سے بنایا گیا۔ قانون مقرر کرنا)

مُتَشَکِّر (ع۔ فاعل) ۱۔ شکر ادا کرنیوالا۔ شکرگزار ۲۔ مشکور (تَشَکُّر۔ شکر کرنا)

مُتَشَکِّک (ع۔ فاعل) شبہ کرنیوالا۔ شک کرنے والا (تَشَکُّک۔ شبہ کرنا)

مُتَشَکَّل (ع۔ مفعول) ۱۔ بنایا گیا۔ بنایا ہوا ۲۔ پیدا کیا ہوا ۳۔ شکل بدلا ہوا ۴۔ خوبصورت (تَشَکُّل۔ دوسری شکل اختیار کرنا) **مُتَشَکِّل** (فاعل) ۱۔ ملتا جلتا۔ مانند ۲۔ شکل اختیار کرنیوالا۔ کوئی صورت اختیار کرنے والا۔

مُتَشَکِّی۔ (ع۔ فاعل) ۱۔ شکایت کرنے والا ۲۔ جھگڑنے والا ۳۔ تکلیف زدہ (تَشَکِّی۔ دوسرے سے شکایت کرنا)

مُتَشَوِّش (ع۔ فاعل) پراگندہ۔ پریشان (تَشَوُّش۔ بیمار ہونا)

مُتَصَادِم (ع۔ فاعل) ایک دوسرے سے ٹکرا جانیوالا (تَصَادُم۔ کسی چیز سے ٹکر کھانا)

مُتَصَاعِد (ع۔ فاعل) ۱۔ بہتر۔ برتر ۲۔ اوپر چڑھنے والا (تَصَاعُد۔ چڑھنا)

مُتَصَبِّر (ع۔ فاعل) صبر کرنے والا (تَصَبُّر۔ صبر کرنا)

مُتَصَدِّع (ع۔ فاعل) تکلیف دینے والا (تَصَدُّع۔ پھٹنا)

مُتَصَدِّی (ع۔ فاعل) ۱۔ وہ جو منہ پھیرے یا اعتراض یا مخالفت کرے ۲۔ وہ جو کوشش۔ جرأت یا ارادہ کرے ۳۔ کسی کام کا ذمہ دار ۴۔ اہلکار ۵۔ محرر۔ کاتب۔ ان معنوں میں منشی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۶۔ محاسب۔ نائب۔ گماشتہ (تَصَدِّی۔ کسی کام میں لگنا) **متصدی گری** (مونث) متصدی کا پیشہ۔

مُتَصَرِّف (ع۔ فاعل) تصرف کرنیوالا ۲۔ قابض۔ قبضہ کرنیوالا (تَصَرُّف۔ قبضہ کرنا) **متصرفات** (مونث) مقبوضات۔ جائداد **متصرفہ** (صفت) وہ جو قبضہ یا تصرف میں آگیا ہو

مُتَصَّف (ع۔ مفعول) ۱۔ تعریف کیا گیا۔ ۲۔ موصوف۔ (اِتِّصَاف۔ ذکر ہونا۔ فرع وَصْف) **مُتَّصِف** (فاعل) صفت رکھنے والا۔

مُتَّصِل (ع - صفت) ۱. قریب - نزدیک - برابر ۲. ملنے والا ۳. نف - لگاتار - پے در پے - متواتر (تَّصَل - ملنا - فرع وَصل) **مُتَّصِلاً** (نف) لگاتار - پے در پے **مُتَّصِل کا** (صفت) نزدیکی - قریب کا - برابر -

مُتَصَنِّع (ع - فاعل) بناوٹ کرنیوالا - تصنع کرنیوالا - (تَصَنُّع - بناوٹ کرنا)

مُتَصَوَّر (ع - مفعول) تصور کیا گیا خیال میں لایا گیا (تَصَوُّر - خیال کرنا) **مُتَصَوِّر** (ع - فاعل) سوچنے والا تصور کرنیوالا -

مُتَصَوِّف (ع - فاعل) ۱. مختب ۲. مبہم ۳. صوفی (تَصَوُّف - صوفی ہونا)

مُتَضَاحِک (ع - فاعل) ایک دوسرے پر ہنسنے والا (تَضَاحُک - ہنسنا)

مُتَضَاد (ع - فاعل) ۱. اُلٹ - برعکس خلاف - منافی ۲. ایک صفت کا نام جس میں برعکس معنی کے الفاظ پائے جاتے ہیں - جیسے بہشت و دوزخ - برا بھلا (تَضَادّ - ایک دوسرے کے مخالف ہونا)

مُتَضَاعِف (ع - فاعل) دگنا بڑھا ہوا - دگنا (تَضَاعُف - دونا ہونا)

مُتَضَبِّط (ع - فاعل) وہ جو زبردستی لے (تَضَبُّط - پکڑ زبردستی پکڑنا)

مُتَضَحِّک (ع - فاعل) ہنسنے والا - ٹھٹھا کرنے والا (تَضَحُّک - ہنسانا)

مُتَضَرِّب (ع - فاعل) ۱. مارا گیا - پٹیا گیا ۲. گھبرایا ہوا - پریشان ۳. ملنے والا (تَضَرُّب - اپنے آپ کو بہت مارنا)

مُتَضَرِّر (ع - فاعل) ضرر رسیدہ مظلوم (تَضَرُّر - نقصان اٹھانا)

مُتَضَرِّع (ع - فاعل) زاری کرنے والا - گڑگڑانے والا (تَضَرُّع - منت کرنا)

مُتَضَعِّف (ع - فاعل) ۱. جسے کمزور سمجھا جائے ۲. حقیر - ذلیل (تَضَعُّف - دوسرے کو کمزور پانا)

مُتَضَمِّن (ع - فاعل) شامل - داخل - مشمول (تَضَمُّن - شامل رکھنا)

مُتَضَیِّق (ع - فاعل) ۱. وہ جسے تنگ کیا جائے ۲. گھبرایا ہوا ۳. غریب (تَضَیُّق - تنگ ہونا جگہ کا)

مُتَطَابِق (ع - فاعل) موزوں - لایق - مطابق (تَطَابُق - ملنا)

مُتَطَاہِر (ع - فاعل) پاک ... (تَطَاہُر - پاک ہونا)

مُتَطَوِّف (ع - فاعل) جو پھرے یا طواف کرے (تَطَوُّف - گرد پھرنا)

مُتَطَوِّق (ع - فاعل) جس کی گردن میں طوق پڑا ہوا ہو (تَطَوُّق - طوق پہننا)

مُتَطَہِّر (ع - فاعل) ۱. صاف - ستھرا ۲. دھویا ہوا ۳. پاک - طاہر - پوتر (تَطَہُّر - پاک ہونا)

مُتَطَیِّب (ع - فاعل) جسے خوشبو دی جائے (تَطَیُّب - خوشبودار ہونا)

مُتَظَفِّر (ع - فاعل) فاتح - مظفر - فتح مند (تَظَفُّر - فتح پانا)

مُتَظَلِّم (ع - فاعل) فریادی - دادخواہ - ظلم کی شکایت کرنے والا (تَظَلُّم - دوسرے کے ظلم کی شکایت کرنا)

مُتَظَنِّن - مُتَظَنِّی (ع - فاعل) ۱. سوچنے والا ۲. رائے دینے والا ۳. شک کرنے والا (تَظَنُّن - تَظَنِّی - رائے قایم کرنا - سوچنا)

مُتَظَہِّر (ع - فاعل) طلاق دینے والا (تَظَہُّر - ظہر - پیٹھ)

مَتَع (ع - مذکر) ۱. دن کا بڑھنا ۲. زاند کا جھکنا ۳. فائدہ اٹھانا - مزا اڑانا (مَتَع - بڑھنا)

مُتَعَادِل (ع - فاعل) جو ایک دوسرے کے متوازی ہوں (تَعَادُل - ایک دوسرے کے متوازی ہونا)

مُتَعَادِی (ع - فاعل) ایک دوسرے کے برخلاف (تَعَادِی - دشمن ہونا)

مُتَعَارِض (ع - فاعل) ۱. ایک دوسرے کے برخلاف ۲. ایک دوسرے کی نقل کرنے والے ۳. متضاد - برعکس (تَعَارُض - دوسرے کی نقل یا مخالفت کرنا)

مُتَعَارِف (ع - فاعل) ۱. ایک دوسرے سے واقف - ایک دوسرے سے تعارف رکھنے والے ۲. مشہور - معروف (تَعَارُف - ایک دوسرے سے واقف ہونا) **مُتَعَارَف** (مذکر) مشہور - معروف -

مُتَعَاقِب (ع - فاعل) ۱. پیچھے دوڑنے والا - تعاقب کرنے والا ۲. بعد میں آنے والا - پچھلا - مؤخر (تَعَاقُب - ایک دوسرے کے پیچھے باری باری جانا) **مُتَعَاقِبُ الوُرُود** (صفت) ایک دوسرے کے بعد آنے والا -

مُتَعَاقِد (ع - فاعل) آپس میں عہد و پیمان کرنیوالا (تَعَاقُد - آپس میں عہد و پیمان کرنا) **مُتَعَاقِدِین** (تثنیہ) فریقین - باہم معاہدہ کرنیوالے -

مُتَعَاکِس (ع - فاعل) اُلٹا - اوندھا (تَعَاکُس - کسی چیز کو اُلٹنا)

مُتَعَال (ع - صفت) ۱. اُونچا - بلند - عالی ۲. بزرگ - برتر - جیسے خدائے مُتعال (تَعَالی - اُونچا ہونا - فرع عُلُو) **مُتَعَالی** (صفت) دیکھو مُتعال ۲. خدا تعالیٰ کا ایک نام -

مُتَعَالِم (ع - فاعل) ایک دوسرے کے واقف (تَعَالُم - کوئی بات اکٹھا سیکھنا)

مُتَعَانِق (ع - فاعل) وہ جو ایک دوسرے سے ہم بغل ہوں (تَعَانُق - ایک دوسرے سے بغلگیر ہونا)

مُتَعَاوِض (ع - فاعل) وہ جو عوض لینا قبول کرے (تَعَاوُض - عوض دینا)

مُتَعَاوِن (ع - فاعل) ایک دوسرے کی مدد کے لئے عہد کرنیوالے (تَعَاوُن - ایک دوسرے کی مدد کرنا)

مُتَعَاہِد (ع - فاعل) ۱. معاہدہ کرنے والا - عہد و پیمان کرنے والا ۲. ٹھیکہ دار (تَعَاہُد - ایک دوسرے سے معاہدہ کرنا) **مُتَعَاہِدِین** (مذکر) متعاہد کی جمع - معاہدہ کرنیوالے -

مُتْعَب (ع - مفعول) تھکا ہوا - ماندہ (اِتْعَاب - تھکانا) **مُتْعِب** (فاعل) وہ جو تھکائے یا زیادہ کام لے -

مُتَعَبَّد (ع - مذکر) عبادت کی جگہ (تَعَبُّد - خدا کی پرستش کرنا) **مُتَعَبِّد** - خدا کی عبادت کرنیوالا ۲. متعصب ۳. وہ جو ذکر لازم رکھے **مُتَعَبَّدَات** (مونث) وہ رسوم اور قربانیاں جو حج کے دوران میں ادا کی جاتی ہیں -

مُتَعَتِّب (ع - فاعل) ناراض - غصے (تَعَتُّب - غصے ہونا)

مُتَعَجِّب (ع - فاعل) ۱. حیران - متحیر - تعجب کرنے والا ۲. تعجب سے بھرا ہوا ۳. عجیب (تَعَجُّب - حیران ہونا) **مُتَعَجِّبَانَہ** (صفت) تعجب انگیز - چنبھے کا -

مُتَعَجِّل (ع - فاعل) ۱. جلدی کرنے والا ۲. وہ جو جلدی سے پکڑ لے (تَعَجُّل - جلدی کرنا)

مُتَعَدِّد (ع - فاعل) ۱. گنے ہوئے - چند ۲. بہت - کئی - بہتیرے - ہزار سے زیادہ ۳. مختلف - متفرق - جدا جدا (تَعَدُّد - بہت ہو جانا)

مُتَعَدِّم (ع - صفت) کم - تھوڑا - قاصر (تَعَدُّم - کمی ہونا)

مُتَعَدّی (ع - فاعل) ۱۔ جو ایک سے دوسرے کو لگے ۲۔ تجاوز کرنے والا ۳۔ وہ فعل جو مفعول کو چاہے ۴۔ بدمعاش۔ گنہگار۔ بدچلن۔ (تَعَدّی۔ حد سے بڑھ جانا)

مُتَعَذِّر (ع - فاعل) ۱۔ عذر کرنے والا ۲۔ مشکل۔ دشوار (تَعَذُّر۔ عذر پیش کرنا)

مُتَعَرِّب (ع - فاعل) جو عربوں میں رہے اور ان کے مانند ہو جائے۔ عرب بنا ہوا (تَعَرُّب۔ عربوں کے طریقے اختیار کرنا)

مُتَعَرِّض (ع - فاعل) ۱۔ روکنے والا تعرض کرنیوالا۔ مانع۔ مزاحم ۲۔ مخالفت کرنیوالا ۳۔ وہ جو تکلیف دے (تَعَرُّض۔ روکنا)

مُتَعَرِّف (ع - فاعل) ۱۔ اعتراف کرنے والا۔ اقبال کرنے والا ۲۔ وہ جو واقفیت یا تعارف پیدا کرے ۳۔ وہ جو دوسروں کے راز معلوم کرے (تَعَرُّف۔ واقفیت پیدا کرنا)

مُتَعَرِّق (ع - فاعل) جسے پسینہ آ رہا ہو (تَعَرُّق پسینہ آنا)

مُتَعَزِّل (ع - فاعل) موقوف شدہ۔ نوکری سے ہٹایا ہوا (تَعَزُّل۔ موقوف ہونا)

مُتَعَسِّر (ع - فاعل) ۱۔ دشوار۔ مشکل ۲۔ جس کی وجہ نہ بیان ہو سکے ۳۔ نہایت سخت ضرورت (تَعَسُّر۔ مشکل ہونا) **مُتَعَسِّرُ الحُصُول** (صفت) مشکل سے حاصل ہونیوالا **مُتَعَسِّرُ المُرُور** (صفت) مشکل سے برداشت ہونے یا گزرنے والا۔

مُتَعَشِّق (ع - فاعل) عاشق (تَعَشُّق۔ محبت ظاہر کرنا)

مُتَعَصِّب (ع - فاعل) ۱۔ مذہب یا قوم کی پچ کرنیوالا۔ تعصب کرنے والا (تَعَصُّب۔ مدد دینا)

مُتَعَطِّر (ع - فاعل) خوشبودار۔ معطر (تَعَطُّر۔ خوشبودار ہونا)

مُتَعَطِّش (ع - فاعل) ۱۔ وہ جو پیاسا ہونا ظاہر کرے ۲۔ خواہشمند (تَعَطُّش۔ پیاس برداشت کرنا)

مُتَعَفِّف (ع - فاعل) متقی۔ پارسا عفت والا (تَعَفُّف۔ پارسا ہونا)

مُتَعَفِّن (ع - فاعل) ۱۔ سڑا ہوا۔ گلا ہوا ۲۔ بدبودار (تَعَفُّن۔ بدبودار ہونا۔ سڑا ہونا)

مُتَعَقِّب (ع - فاعل) جسے قصور کی سزا دی جائے (تَعَقُّب۔ نقص نکالنا)

مُتَعَقِّد (ع - فاعل) ۱۔ بندھا ہوا ۲۔ مضبوط کیا ہوا (تَعَقُّد۔ بندھا ہونا)

مُتَعَقِّل (ع - فاعل) عقلمند۔ دانا (تَعَقُّل۔ عقلمندی ظاہر کرنا)

مُتَعَلِّق (ع - فاعل) ۱۔ تعلق رکھنے والا۔ لگاؤ رکھنے والا ۲۔ شامل۔ منسلک ۳۔ تابع۔ وابستہ۔ ماتحت (تَعَلُّق۔ لٹکنا) **مُتَعَلِّقات** (مونث) متعلق کی جمع وہ چیزیں جو کسی دوسری چیز سے وابستہ ہوں **مُتَعَلِّق ذات خاص** (صفت) نج کا۔ خانگی۔ اپنا **مُتَعَلِّق فعل** (مذکر) وہ حرف جو فعل کے واقعہ ہونے کا طریقہ ظاہر کرے۔ یا جگہ وقت۔ طریقہ۔ خاصیت یا عدد کا تعلق ظاہر کرے یا کسی خاصیت کو محدود کرے۔ یعنی فعل۔ صفت یا متعلق فعل کو محدود کرتا ہے ۔ تابع فعل **مُتَعَلِّق کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱۔ لگنا۔ جلنا ۲۔ شامل ہونا ۳۔ چسپاں ہونا۔ ساتھ لگنا ۴۔ سپرد ہونا۔ سونپا جانا۔ **مُتَعَلِّقہ** (صفت) وابستہ۔ تعلق ۲۔ ذکر چکا۔ مذکورہ **مُتَعَلِّقِین** (مذکر) متعلق کی جمع ۱۔ گھر کے لوگ ۔ بال بچے۔

مُتَعَلِّم (ع - فاعل) وہ جو سکھایا گیا ہو تعلیم پانے والا شاگرد۔ طالب علم (تَعَلُّم۔ سیکھنا)

مُتَعَلّی (ع - فاعل) ۱۔ اونچا۔ بلند ۲۔ جو آہستہ آہستہ چڑھے (تَعَلّی۔ اونچا ہونا)

مُتَعَمِّد (ع - فاعل) ۱۔ متوجہ۔ ملتفت ۲۔ سرگرم۔ مشتاق (تَعَمُّد۔ ارادہ کرنا)

مُتعوب (ع - مفعول) ۱۔ تھکا ہوا ۲۔ مظلوم ۳۔ رنجیدہ (تَعَب۔ غصے ہونا)

مُتعہ (ع - فاعل) ۱۔ شیعہ مذہب میں کچھ مدت کے واسطے نکاح کر لینا۔ عارضی شادی ۲۔ عورت جس سے متعہ کیا جائے ۳۔ استعمال ۴۔ فائدہ۔ نفع (تَمَتُّع۔ استعمال کرنا)

مُتَعَهِّد (ع - فاعل) ۱۔ لگاتار کام میں مشغول ۲۔ ذمہ دار ۳۔ عہد کرنیوالا ۴۔ ٹھیکیدار ۵۔ وہ سرکاری ملازم جو دوایت سے عہدنامہ دے کرتے ہیں (تَعَهُّد۔ ملاحظہ کرنا۔ عہد کرنا)

مُتَعَیِّش (ع - فاعل) ۱۔ وہ جس کے پاس زندگی گزارنے کے لئے کافی ہو ۲۔ وہ جو محنت کر کے گزارہ کرے (تَعَیُّش۔ زندگی کا گزارہ تلاش کرنا)

مُتَعَیَّن (ع - صفت) کسی کام پر لگایا گیا مقرر کیا گیا (تَعَیُّن۔ لگایا جانا) **مُتَعَیَّن کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱۔ مقرر ہونا۔ تعینات ہونا ۲۔ نوکر ہونا۔ کام پر لگنا ۳۔ نامزد ہونا۔ **مُتَعَیَّنہ** (صفت) جو تعین کیا جائے۔

مُتَغَافِل (ع - فاعل) وہ جو اپنے آپ کو غافل ظاہر کرے (تَغَافُل۔ اپنے آپ کو غافل ظاہر کرنا)

مُتَغَالِب (ع - فاعل) جو باری باری سے فتحمند ہوں (تَغَالُب۔ ایک دوسرے پر فتحیاب ہونا)

مُتَغَایِب (ع - فاعل) غیر حاضر (تَغَایُب۔ چپکے چلا جانا)

مُتَغَایِر (ع - فاعل) الگ۔ جدا (تَغَایُر۔ مختلف ہونا)

مُتَغَضِّب (ع - فاعل) ناراض۔ غصے (تَغَضُّب۔ غصے ہونا)

مُتَغَفِّل (ع - فاعل) ۱۔ غافل۔ بے پروا ۲۔ وہ جو غفلت اور لاپرواہی اسادہ ظاہر کرے (تَغَفُّل۔ لاپرواہی ظاہر کرنا)

مُتَغَلِّب (ع - فاعل) ۱۔ وہ جو غلبہ پائے ۔ فاتح۔ فتحمند ۲۔ طاقتور۔ زبردست۔ سخت گیر (تَغَلُّب۔ غلبہ پانا)

مُتَغَنّی (ع - فاعل) ۱۔ گانے والا۔ گویا ۲۔ شائستہ۔ مہذب ۳۔ محبت کرنیوالا ۴۔ پرشہوت ۵۔ قانع۔ صابر ۶۔ تعریف کرنے والا۔ ثنا کہنے والا ۷۔ برا کہنے والا۔ اہانت کرنے والا (تَغَنّی۔ گانا)

مُتَغَیِّب (ع - فاعل) غائب۔ غیر حاضر (تَغَیُّب۔ اپنے آپ کو غیر حاضر کرنا)

مُتَغَیِّر (ع - فاعل) ۱۔ ایک حالت سے دوسری حالت میں ہو جانیوالا۔ بدلنے والا ۲۔ بے ثبات۔ غیر مستقل ۳۔ حیران۔ پریشان۔ گھبرایا ہوا (تَغَیُّر۔ بدلا جانا)

مُتَغَیِّظ (ع - فاعل) غضبناک۔ ناراض (تَغَیُّظ۔ غصے ہونا)

مُتَفَاحِش (ع - فاعل) فحش باتیں کہنے والا (تَفَاحُش۔ کسی کے برخلاف فحش باتیں کہنا)

مُتَفَاخِر (ع - فاعل) ایک دوسرے پر فخر کرنے والا (تَفَاخُر۔ دوسرے سے فخر کرنے میں مقابلہ کرنا)

مُتَفَاعِل (ع - مفعل) اس وزن

ان افعال کے مفعول آتے ہیں جو بر وزن تفاعل ہوں
مُتَفاعِل (فاعل) اس وزن پر ان کے افعال کے فاعل آتے ہیں۔
مُتَفاوِت (ع۔ فاعل) جدا۔ مخالف۔ الگ۔ دور (تَفاوُت۔ جدا ہونا)
مُتَفَتِّح (ع۔ فاعل) کھلا۔ وا۔ باز (تَفَتُّح۔ کھولا جانا)
مُتَفَتِّش (ع۔ فاعل) ڈھونڈھنے والا تلاش کرنے والا (تَفَتُّش۔ تلاش کرنے والا)
مُتَفَحِّص (ع۔ فاعل) جس سے پوچھا یا سوال کیا جائے (تَفَحُّص۔ دریافت کرنا)
مُتَفَخِّر (ع۔ فاعل) مغرور۔ متکبر (تَفَخُّر۔ اپنے آپ کو بڑا ظاہر کرنا)
مُتَفَرِّد (ع۔ فاعل) اکیلا۔ تنہا (تَفَرُّد۔ اکیلا ہونا)
مُتَفَرِّع (ع۔ فاعل) ۱۔ پیدا ہونے والا ۲۔ بہت شاخوں والا درخت ۳۔ پیوند لگا ہوا ۴۔ منحصر (تَفَرُّع۔ درخت کا شاخیں نکالنا) **مُتَفَرِّعات** (مذکر) ۱۔ شقات ۲۔ ضمانات ۳۔ متعلقات۔
مُتَفَرِّغ (ع۔ فاعل) ۱۔ خالی ۲۔ جسے فرصت ہو (تَفَرُّغ۔ کام سے بچا ہونا)
مُتَفَرِّق (ع۔ فاعل) ۱۔ جدا جدا۔ الگ الگ۔ پراگندہ ۲۔ منتشر ۳۔ پھیلنے والا۔ بکھرنے والا (تَفَرُّق۔ جدا ہونا) **مُتَفَرِّقات** (مذکر) ۱۔ مختلف چیزیں ۲۔ حساب کی مختلف رقمیں ۳۔ زمین کے جدا جدا حصے جو ایک گاؤں یا املاک میں شامل ہوں۔ **مُتَفَرِّقہ** (صفت) ۱۔ دیکھو متفرق ۲۔ سوار نیزہ باز یا تیر انداز جو بادشاہ کے ہمراہ سفر کریں ۳۔ قدیم ترک سلطانوں کے محافظ۔
مُتَفَعَّل (ع۔ مفعول) اس وزن پر ان افعال کے مفعول آتے ہیں جو تفعل کے وزن پر ہوں۔ **مُتَفَعِّل** (فاعل) اس وزن پر ان افعال کے فاعل آتے ہیں۔
مُتَّفِق (ع۔ فاعل) ۱۔ اتفاق کرنے والا ۲۔ شامل ۔ اکٹھا ۳۔ لگا ہوا۔ ملا ہوا۔ جڑا ہوا ۴۔ رضامند۔ موافق ۵۔ ایک رائے۔ ہم خیال۔ ہم مشورہ (کرنا ہونا کے ساتھ) (اِتِّفاق۔ اتفاق کرنا) **مُتَّفِقاً** (تف) اکٹھے ایک ہی وقت **مُتَّفِقُ الرّائے** (صفت) ایک رائے۔ ہم مشورہ۔ ہم صلاح **مُتَّفِقُ الکلمہ یا اللفظ** (صفت) ۱۔ یکزبان ۲۔ ہم رائے۔ ہم مشورہ **مُتَّفَق علیہ** (صفت)

جس پر اتفاق کیا ہو۔ سب کی رائے اور مرضی کے موافق۔ **مُتَّفَقہ** (صفت۔ مونث) دیکھو متفق۔ **مُتَّفَقہ کوششیں** (مونث) وہ کوششیں جو بہت سے آدمی مل کر کریں۔ **مُتَّفِق ہو کر** (تف) ہم زبان ہو کر۔ ایک رائے ہو کر۔
مُتَفَقِّد (ع۔ فاعل) وہ جو کسی گمشدہ چیز کی تلاش میں ہو (تَفَقُّد۔ گمشدہ چیز کو ڈھونڈنا)
مُتَفَکِّر (ع۔ فاعل) ۱۔ فکرمند۔ مغموم ۲۔ ملول ۳۔ وہ جو سوچے یا فکر کرے (تَفَکُّر۔ سوچنا) **مُتَفَکِّرہ** (صفت۔ مونث) دیکھو متفکر جیسے قوت متفکرہ۔ سوچنے کی قوت۔
مُتَفَنِّن (ع۔ فاعل) جسے بہت سے فنون آتے ہوں (تَفَنُّن۔ بہت سے فن جاننا)
مُتَفَنِّی (ع۔ فاعل) مکار۔ فریبی۔ عیار۔ بدذات (تَفَنِّی۔ مکار ہونا)
مُتَقابِل (ع۔ فاعل) ۱۔ باہم مقابلہ کرنے والا۔ حریف۔ مخالف ۲۔ آمنے سامنے (تَقابُل۔ آمنے سامنے ہونا)
مُتَقاتِل (ع۔ فاعل) ایک دوسرے کو قتل کرنیوالا (تَقاتُل۔ ایک دوسرے سے لڑنا)
مُتَقادَم (ع۔ مفعول) اتنا وقت جس سے سزا سے بچ جائیں (تَقادُم۔ پرانا ہونا) **مُتَقادِم** (فاعل) قدیم۔ پرانا۔
مُتَقارِب (ع۔ فاعل) ۱۔ ایک دوسرے کے نزدیک ۲۔ (عروض) ایک بحر کا نام۔ فعولن آٹھ دفعہ (تَقارُب۔ دوسرے کے قریب ہونا)
مُتَقاسِم (ع۔ فاعل) ۱۔ حلیف۔ مددگار۔ شریک ۲۔ وہ جس نے آپس میں جائیداد تقسیم کرنے کا عہد کر لیا ہو (تَقاسُم۔ آپس میں تقسیم کرنا)
مُتَقاصِر (ع۔ فاعل) ۱۔ وہ جو کوئی کام کرنے کے قابل نہ ہو ۲۔ وہ جو اپنے آپ کو چھوٹے قد کا ظاہر کرے (تَقاصُر۔ اپنے آپ کو چھوٹا کرنا)
مُتَقاضی (ع۔ فاعل) مانگنے والا۔ تقاضا کرنیوالا۔ طلب کرنے والا (تَقاضی۔ طلب کرنا)
مُتَقاطِر (ع۔ فاعل) ۱۔ جو قطرہ قطرہ ہو کر ٹپکے ۲۔ ایک دوسرے کے بعد آنے والا (تَقاطُر۔ پہلو بہ پہلو چلنا)
مُتَقاطِع (ع۔ فاعل) ۱۔ ایک دوسرے سے جدا ۲۔ ایک دوسرے کو کاٹنے والا (تَقاطُع۔ مدتی

توڑنا)
مُتَقَدَّر (ع۔ فاعل) ۱۔ وہ جس کا ماپ کیا جائے ۲۔ وہ جو تقدیر میں ہو ۳۔ تیار (تَقَدُّر۔ تیار ہونا)
مُتَقَدِّس (ع۔ فاعل) مقدس۔ پاک۔ (تَقَدُّس۔ پاک ہونا)
مُتَقَدِّم (ع۔ فاعل) ۱۔ آگے بڑھنے والا ۲۔ وہ جو رستہ دکھائے ۳۔ اعلیٰ۔ بہتر ۴۔ پرانا۔ قدیم ۵۔ سردار۔ صدر ۶۔ افسر اعلیٰ۔ گورنر ۷۔ تحفہ (تَقَدُّم۔ بڑھنا) **مُتَقَدِّماً** (تف) پرانے زمانے میں۔ مدت گزری **مُتَقَدِّمین** (مذکر) پہلے زمانے کے لوگ۔
مُتَقَرِّب (ع۔ فاعل) ۱۔ وہ جو خدا کے نزدیک ہو یا اس سے ڈرے ۲۔ وہ جو بادشاہ کے پاس آزادی سے جا سکے ۳۔ شاہی رشتہ دار یا مصاحب ۴۔ نزدیک۔ قریب۔ ملتا جلتا (تَقَرُّب۔ نزدیک ہونا)
مُتَقَرِّر (ع۔ فاعل) ۱۔ فیصل شدہ ۲۔ مقرر کیا ہوا ۳۔ مقررہ۔ معین (تَقَرُّر۔ مقرر ہو جانا)
مُتَقَسِّم (ع۔ فاعل) ۱۔ پھیلنے یا بکھیرنے والا ۲۔ وہ جو بکھیرا جائے یا پھیلے (تَقَسُّم۔ تقسیم ہونا)
مُتَقَشِّر (ع۔ فاعل) ۱۔ جس کا چھلکا اتارا جائے ۲۔ وہ درخت جس کی چھال اتاری جائے (تَقَشُّر۔ چھال اترنا)
مُتَقَضّی (ع۔ فاعل) وہ جو ختم ہو جائے یا انجام کو پہنچ جائے۔ (تَقَضّی۔ انجام کو پہنچنا)
مُتَقَطِّر (ع۔ فاعل) وہ جس سے اچھی خوشبو آئے ۔ معطر (تَقَطُّر۔ خوشبو لگانا اپنے آپ کو)
مُتَقَطِّع (ع۔ فاعل) ۱۔ وہ جسے چند حصوں میں کاٹا گیا ہو ۲۔ پانی ملی ہوئی شراب (تَقَطُّع۔ کاٹا جانا)
مُتَقَفّی (ع۔ فاعل) وہ جو دوسروں کی نقل کرے۔ نقال (تَقَفّی۔ نقل کرنا)
مُتَقَلِّب (ع۔ فاعل) ۱۔ وہ جو الٹا کیا جائے۔ اندر سے باہر کیا جائے ۲۔ الٹا۔ منقلب ۳۔ وہ جو کاروبار میں ہوشیار ہو (تَقَلُّب۔ بدلنا)
مُتَّقی (ع۔ فاعل) ۱۔ پرہیزگار۔ زاہد۔ عابد۔ پارسا ۲۔ گناہوں سے بچنے والا۔ خدا سے ڈرنے والا۔ خلاف شرع باتوں سے پرہیز کرنے والا (اِتِّقا۔ اپنے آپ کو بچانا۔ خدا سے ڈرنا)
مُتَقَیِّد (ع۔ فاعل) ۱۔ محنتی۔ جفاکش۔ ۲۔ وہ جو اپنے آپ کو روکے (تَقَیُّد۔ کام میں رکنا)
مُتَکَبِّر (ع۔ فاعل) ۱۔ وہ جو تکبر یا غرور

کرے۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ خود پسند۔ بزرگ منش۔ کمال بزرگی والا۔ خدا کا ایک نام (تکبّر۔ مغرور ہونا)

مُتَکَفِّل (ع۔ فاعل) ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار (تکفّل۔ ضامن ہونا)

مُتَکَلِّف (ع۔ فاعل) تکلیف برداشت کرنیوالا۔ تکلیف دینے والا (تکلّف۔ کوئی تکلیف دہ کام کرنا)

مُتَکَلَّم (ع۔ مفعول) بولنے کی جگہ (تکلّم۔ بولنا) **مُتَکَلِّم** (فاعل) بولنے والا۔ تقریر کرنیوالا۔ علم کلام کا ماہر۔ (حرف) اسم ضمیر جو بولنے والے کے متعلق ہو۔ **مُتَکَلِّمِین** (مذکر) علم کلام کے ماہر۔ وہ لوگ جو مذہبی امور کو عقلی دلایل کے ساتھ ثابت کرسکتے ہیں۔ خوش کلام۔ شیریں زبان۔

مُتَلاشی (ع۔ فاعل) تلاش کرنیوالا۔ ڈھونڈنے والا (ف۔ تلاش سے بنایا گیا ہے)

مُتَلاطِم (ع۔ فاعل) موجزن دریا۔ تھپیڑے مارنیوالا (تلاطم۔ ایک دوسرے کو تمانچہ مارنا)

مَتلانا (ہ۔ لازم) قے کرنے کو دل چاہنا (س۔ متی۔ حرکت کرنا)

مَتلاہٹ، مَتلاہی (ہ۔ مونث) دیکھو متلی۔

مُتَلَبِّس (ع۔ فاعل) جس نے لباس پہنا ہو۔ ملبوس (تلبّس۔ کپڑے پہننا)

مُتَلَذِّذ (ع۔ فاعل) لذت اٹھانے والا۔ مزا چکھنے والا۔ لطف اٹھانے والا (تلذّذ۔ لطف اٹھانا)

مُتَلَطِّف (ع۔ فاعل) مہربان۔ مہربانی کی نظر رکھنے والا (تلطّف۔ دوسرے کو مہربانی دکھانا)

مُتَلَعِّب (ع۔ فاعل) جو ہر وقت کھیل میں مشغول رہے (تلعّب۔ کھیلنا)

مُتَلَفِّظ (ع۔ فاعل) تلفظ کرنے والا۔ لفظ بولنے والا (تلفّظ۔ الفاظ بولنا)

مُتَلَقِّب (ع۔ فاعل) لقب والا۔ ملقّب (تلقّب۔ لقب رکھا جانا)

مُتَلَقّی (ع۔ فاعل) پہنچنے ملنے یا ملاقات کرنے والا (تلقّی۔ کسی سے لینا)

مُتَلکا (س۔ مونث) اچھی قسم کی بہترین چیز۔ خوبی۔ خوشبو کا ایک وزن یا بحر۔

مُتَلَمِّس (ع۔ فاعل) باربار پوچھنے والا۔ عرب کا ایک مشہور شاعر (تلمّس۔ مانگنا)

مُتَلَوِّث (ع۔ فاعل) میلا۔ داغدار۔ گندہ (تلوّث۔ میلا ہونا)

مُتَلَوِّن (ع۔ فاعل) بدلنے والا۔ جس کے مزاج میں استقلال نہ ہو۔ مختلف رنگ اختیار کرنے والا (تلوّن۔ رنگ بدلنا)۔ **متلون الطبع یا المزاج۔ متلون مزاج** (صفت) وہ شخص جس کا مزاج بدلتا رہے۔ غیر مستقل مزاج۔

مَتلی (ہ۔ مونث) طبیعت کا مالش کرنا۔ قے کی خواہش ہونا۔ ابکائی (س۔ متی۔ حرکت کرنا)

مُتَماس (ع۔ فاعل) جو ایک دوسرے کو چھوئیں (تماس۔ ایک دوسرے کو چھونا)

مُتِمان (س۔ صفت) ذہین۔ ہوشیار۔ عقلمند۔ دانا۔

مُتَمَتِّع (ع۔ فاعل) فائدہ یا نفع اٹھانے والا۔ خوش ہونیوالا۔ جو حج کے بعد مکہ میں رہ کر عمرہ بجالائے (تمتّع۔ دیرتک فائدہ اٹھانا)

مُتَمَثِّل (ع۔ فاعل) تمثیل یا تشبیہ دینے والا۔ نقل کرنیوالا۔ مانند۔ مثل۔ وہ جو بدل لے (تمثّل۔ کسی چیز کی مثل ہونا)

مُتَمَدِّح (ع۔ فاعل) جو مدح کا خواہشمند ہو۔ جو تعریف کرانا چاہے۔ شیخی یا ڈینگ مارنیوالا (تمدّح۔ تعریف ہونا)

مُتَمَرِّد (ع۔ فاعل) نافرمان۔ سرکش۔ باغی (تمرّد۔ باغی ہونا)

مُتَمَکِّن (ع۔ فاعل) جگہ پکڑنے والا۔ قرار پکڑنے والا۔ طاقتور۔ صاحب اختیار۔ اسم متمکن (صرف) جس کی گردان ہوسکے (تمکّن۔ اختیار ہونا)۔ **مُتَمَکِّنان** (مذکر) رہنے والے۔ مکیں۔

مُتَمَلِّق (ع۔ فاعل) خوشامدی۔ چاپلوسی کرنیوالا۔ ہاں میں ہاں ملانیوالا (تملّق۔ دوسرے کی خوشامد کرنا)

مُتَمَّم (ع۔ مفعول) درمیانی سے اوپر (تتمیم۔ ختم کرنا) **مُتَمِّم** (فاعل) تمام کرنیوالا۔

مُتَمَنِّع (ع۔ فاعل) وہ جو روکے یا منع کرے۔ نفع مند۔ فائدہ مند۔ بہادر۔ شجاع۔ مضبوط۔ پکا (تمنّع۔ رکنا)

مُتَمَنّی (ع۔ فاعل) آرزو۔ تمنا یا خواہش کرنیوالا (تمنّی۔ خواہش کرنا) **مُتَمَنِّیات** (مونث) خواہش کی چیزیں۔

مُتَمَوِّج (ع۔ فاعل) لہریں مارنیوالا۔ موجزن۔ ابل پڑنے والا۔ بھر کر بہ جانیوالا (تموّج۔ سمندر میں لہریں اٹھنا)

مُتَمَوِّل (ع۔ فاعل) امیر۔ دولتمند۔ مالدار (تموّل۔ امیر ہونا)

مُتَمَیِّز (ع۔ فاعل) جدا ہونے والا۔ علیحدہ۔ الگ (تمیّز۔ الگ کرنا)

مَتْن (ع۔ مذکر) کتاب کی اصل عبارت۔ وسطی یا درمیانی حصہ۔ سڑک۔ کتاب یا کپڑے کا (متن۔ مارنا)

مَتْنا (ہ۔ مذکر) بیلکر کی ایک قسم (س۔ بیٹھا)

مَتْنا (ہ۔ متعدی) مشورہ کرنا۔ صلاح کرنا۔ اتفاق کرنا۔ متفق ہونا (س۔ من۔ سوچنا)

مُتْنا (ہ۔ مذکر) وہ بچہ جو بستر پر پیشاب کردے۔ (متنا۔ موت سے)

مُتَنازَع (ع۔ مفعول) جھگڑا کیا گیا۔ وہ چیز جس کے متعلق جھگڑا ہو (تنازع۔ جھگڑا کرنا) **مُتَنازِع** (فاعل) وہ جو ایک دوسرے سے جھگڑنے میں مشغول ہوں۔ وہ جو دونوں مل کر ایک چیز کو پکڑیں۔ **متنازع فیہ** (صفت) **متنازعہ** (صفت مونث) وہ چیز جس کے متعلق جھگڑا ہو۔

مُتَنازِل (ع۔ فاعل) وہ جو اکٹھے اکھاڑے میں اتریں۔ وہ جو آپس میں لڑیں (تنازل۔ لڑنے والوں کا اونٹوں سے اتر کر گھوڑوں پر سوار ہونا)

مُتَناسِب (ع۔ فاعل) باہم نسبت رکھنے والا۔ تناسب رکھنے والا (تناسب۔ متفق ہونا)

مُتَناقِص (ع۔ فاعل) ناقص۔ گھٹنے والا (تناقص۔ کم ہونا)

مُتَناقِض (ع۔ فاعل) ایک دوسرے کا نقیض۔ مخالف (تناقض۔ بے ربط ہونا)

مُتَناہی (ع۔ فاعل) انتہا یا حد کو پہنچا ہوا (تناہی۔ رکنا)

مُتَنَبِّہ (ع۔ فاعل) خبردار۔ ہوشیار۔ چوکس (تنبّہ۔ نیند سے جاگنا) **متنبہ کرنا** (متعدی) آگاہ کرنا۔ لازم۔ جاننا۔ خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا۔

مُتَنَبّی (ع۔ فاعل) نبوت کا دعوی کرنے والا۔ وہ جو اپنے آپ کو نبی کہے (تنبّی۔ اپنے آپ کو نبی کہنا)

مُتَنَجِّم (ع - فاعل) نجومی - ماہر علم فلک (تَنَجُّم - ستاروں کو ملاحظہ کرنا)

مُتَنَجَّن (ع - مذکر) ایک قسم کا میٹھا پلاؤ جس میں لیموں کا رس ڈالا جاتا ہے (غالباً مُتَجَّن کا معرب جس کے معنی کڑاہی میں بھُنا ہوا ہیں۔ **مُتَنَجَّن پلاؤ** (مذکر) دیکھو آخری **مُتَنَجَّن گوسپندی** (مذکر) وہ متنجن جس میں گوشت پڑا ہوا ہو۔

مُتَنَدِّم (ع - فاعل) نادم - پشیمان (تَنَدُّم نادم ہونا)

مُتَنَزِّہ (ع - فاعل) خوشبودار - معطر - مہکیلا (تَنَسُّم - خوشبو سونگھنا)

مُتَنَشِّر (ع - فاعل) باہر پھیلا ہوا (تَنَشُّر - پھیلنا)

مُتَنَظِّر (ع - فاعل) (۱) وہ جو تاخیر کی اجازت دے (۲) وہ جو انتظار کرے (۳) دیکھنے والا (تَنَظُّر - ملاحظہ کرنا)

مُتَنَظِّم (ع - فاعل) ترتیب سے رکھا ہوا - آراستہ کیا ہوا (تَنَظُّم - ترتیب سے رکھنا)

مُتَنَفِّر (ع - فاعل) نفرت کرنیوالا - بیزار (تَنَفُّر - نفرت کرنا)

مُتَنَفِّس (ع - فاعل) (۱) سانس لینے والا - جاندار (۲) انسان - آدمی - بشر (تَنَفُّس - سانس لینا) **مُتَنَفِّس نہ رہنا** (لازم) کسی شخص کا نہ رہنا - سب کا چلا جانا ؛

مَتَنگ (س - مذکر) (۱) ہاتھی (۲) بادل

مُتَنَکّی (ھ - مؤنث) وہ جس کا انحصار عقد میں شقوں پر ہو۔

مُتَنَوِّر (ع - صفت) روشن - منور (تَنَوُّر - چمکنا)

مُتنی (ھ - مؤنث) آلہ تناسل (موت سے)

مُتَواتِر (ع - فاعل) لگاتار - مسلسل - پیہم - سلسلہ وار (۲) (مؤنث) حدیث کی قسم - ایک جس کے بیان کرنے والوں کا سلسلہ نہ ٹوٹے (تَواتُر - ایک دوسرے کے بعد آنا)

مَتوارا (ھ - صفت) دیکھو متوالا -

مُتَوارِث (ع - فاعل) جو وراثت کی وجہ سے وارث ہو (تَوارُث - ورثہ میں ملنا)

مُتَوارِد (ع - فاعل) ایک دوسرے کے بعد آنے والا (تَوارُد - ایک دوسرے کے بعد آنا ؛

مُتَواری (ع - فاعل) چھپا ہوا - گھات میں بیٹھا ہوا (۲) حیران - پریشان (تَوَرّی - اپنے آپ کو چھپانا)

مُتَوازِن (ع - فاعل) وزن میں برابر (تَوازُن - وزن میں برابر ہونا)

مُتَوازی (ع - فاعل) (۱) ایک دوسرے سے برابر فاصلے پر آنے والا (۲) (خطوط) علم ہندسہ میں وہ خطوط جن کو دونوں طرف خواہ کتنا ہی بڑھائیں - وہ آپس میں نہ ملیں (تَوازی - ایک دوسرے سے برابر فاصلے پر ہونا) **مُتَوازی الاضلاع** (مذکر) وہ چوکون جس کے مقابل کے اضلاع متوازی ہوں - کھیت برابر کون -

مُتَواصِل (ع - فاعل) ملا ہوا - جڑا ہوا (تَواصُل - ملا ہوا ہونا)

مُتَواضِع (ع - فاعل) (۱) عاجزی کرنے والا - فرمانبردار (۲) تواضع یا خاطر مدارات کرنیوالا (تَواضُع - عاجزی کرنا) **مُتَواضِعانہ** (ف) خاطر مدارات سے -

مُتَوافِر (ع - فاعل) بہت - لاتعداد (تَوافُر - بڑھنا)

مَتوال (ھ - صفت) متوالا کا مخفف

متوالا (صفت) (۱) مخمور - مست نشہ میں چور (۲) فخر کرنیوالا - تیرانے والا (۳) وہ بڑا پتھر جسے قلعے کی دیواروں سے دشمن پر لڑھکاتے ہیں - کوئی بڑا پتھر (س مد - کوئی مشتی چیز) **متوالا کر دینا یا کرنا** (متعدی) ہوجانا یا ہونا (لازم) مخمور ہو جانا - مست ہو جانا - **متوالین** (ھ) نشہ میں موتی **مَتوالی** (صفت - مؤنث) مخمور (عورت) **مَتوالی کودوں** (مؤنث) ایک قسم کی کودوں جس میں مخمور کرنے کی خاصیت ہوتی ہے - **مَتوالی گھٹا** (مؤنث) وہ گھٹا جو برسا ہی چاہتی ہے **مَتوالے لگانا** (متعدی) پتھر لڑھکانا۔

مُتَوالی (ع - فاعل) پے در پے آنے والا - لگاتار - پیہم - متواتر - متوارد (تَوالی - ایک دوسرے کے بعد آنا) **مُتَوالیات** (مذکر) نتیجے -

مَتوَت (س) **مَتوَت** (ھ - فاعل) مخمور - مست -

مُتَوَجِّہ (ع - فاعل) (۱) توجہ کرنے والا - مخاطب (۲) مہربان - عنایت کرنے والا (تَوَجُّہ - منہ پھیرنا) **مُتَوَجِّہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مخاطب ہونا - توجہ کرنا -

مُتَوَحِّش (ع - فاعل) (۱) وحشت میں ڈالنے والا (۲) غیر مانوس - وحشت میں پڑنے والا (۳) نفرت کرنیوالا - متنفر (تَوَحُّش - اُجاڑ ہونا)

مُتَوَرِّع (ع - فاعل) پارسا - پرہیزگار - عابد (تَوَرُّع - رُکن گناہ سے)

مُتَوَرِّم (ع - فاعل) سُوجا ہوا - ابھرنے والا (تَوَرُّم - سُوجا ہونا)

مُتَوَرّی (ع - فاعل) چھپا ہوا - پوشیدہ - خفیہ (تَوَرّی - چھپا ہونا)

مُتوڑا (ھ - مذکر) وہ جو بستر پر پیشاب کر دے (موت سے)

مُتَوَسِّط (ع - فاعل) (۱) درمیانی - بیچ کا - میانہ (۲) اوسط درجے کا (۳) نزدیکی چاہنے والا - سبب ڈھونڈنے والا (تَوَسُّط - درمیان میں ہونا) **متوسط الحال** (صفت) وہ جس کی حالت اوسط درجے کی ہو - **متوسطہ** (مذکر) مسلمانوں کا ایک فرقہ **متوسطین** (مذکر) جمع متوسط کی - متوسط درجے کے لوگ -

مُتَوَسِّل (ع - فاعل) (۱) وسیلہ ڈھونڈنے والا (۲) وسیلہ ہونے والا - مربی (۳) نزدیکی چاہنے والا - رغبت کرنے والا (۴) وسیلہ بنانیوالا (تَوَسُّل - اپنی سفارش کرنے کی کوشش کرنا) **مُتَوَسِّلان** (مذکر) جمع متوسل کی - **مُتَوَسِّلین** (مذکر) جمع متوسل کی -

مَتوسلح (عبر - مذکر) حضرت ابراہیمؑ کے دادا تھے - بقول انجیل ۹۶۹ سال کی عمر پائی -

مُتَوَصِّل (ع - فاعل) ملا ہوا - مڑا ہوا (تَوَصُّل - ملا ہونا)

مُتَوَضِّح (ع - فاعل) کھلا - صاف - روشن (تَوَضُّح - صاف ہونا)

مُتَوَطِّن (ع - فاعل) رہنے والا - اصلی باشندہ (تَوَطُّن - اپنے رہنے کی جگہ مقرر کرنا)

مُتَوَفِّر (ع - فاعل) بہت - لاتعداد - کثیر - بافراط (تَوَفُّر - بھر جانا - بہت ہو جانا)

مُتَوَفِّق (ع - فاعل) کامیاب - سرسبز - پھلتا پھولتا (تَوَفُّق - کسی بات میں کامیاب ہونا)

مُتَوَفّیٰ (ع - فاعل) مرا ہوا - وفات یافتہ - آنجہانی (تَوَفّی - خدا کا اپنے قبضے میں لینا) **متوفی آنجہانی** (صفت) ہندو متوفی اشخاص کے متعلق لکھا جاتا ہے - مسلمان کے لئے مرحوم و مغفور ہے۔

مُتَوَقِّع (ع - فاعل) توقع رکھنے والا - اُمیدوار (تَوَقُّع - اُمید رکھنا)

مُتَوَقِّف (ع۔ فاعل) ۱۔ ٹھیرنے والا ۲۔ توقف کرنیوالا۔ دیر کرنیوالا (تَوَقُّف۔ ٹھیرنا۔ دیر کرنا)

مُتَوَکِّل (ع۔ فاعل) ۱۔ بھروسا کرنے والا ۲۔ توکل پر رہنے والا۔ صابر (تَوَکُّل۔ بھروسا کرنا) **مُتَوَکِّلاً علی اللّٰہ** خدا پر بھروسا کرکے۔

مُتَوَلِّد (ع۔ فاعل) پیدا ہونے والا (تَوَلُّد۔ پیدا ہونا)

مُتَوَلّی (ع۔ فاعل) ۱۔ انتظام کرنیوالا ۲۔ جائداد یا وقف کا منتظم۔ مسجد کا منتظم۔ ٹرسٹی ۳۔ والی۔ گورنر (تَوَلّی۔ مقرر ہونا) **متولی چیرہ زبان** (مذکر) عطار د۔ بُدھ۔

مَتونا (ھ۔ مذکر) دیکھو متوالی کودوں۔

مُتَوَہَّم (ع۔ مفعول) وہم کیا گیا جس کا وسواس کیا جائے (تَوَہُّم۔ وہم کرنا) **مُتَوَہِّم** (فاعل) وہم کرنے والا۔ وسواسی۔ **مُتَوَہِّمات** (مونث) متوہم کی جمع۔ اوہام۔

مَتھ (ھ۔ امر) متھنا کا (س متھ۔ ہلانا) **متھا** (ماضی) متھنا کی **متھانی** (مونث) وہ لکڑی جس سے دہی بلوتے ہیں۔ بلونی **متھنا** (متعدی) ۱۔ ہلانا۔ بلونا۔ چکر دینا ۲۔ دل میں کسی بات کو بار بار سوچنا ۳۔ (ھ) تفتیش کرنا۔ دریافت کرنا ۴۔ گوندھنا۔ (بانا رس متھ۔ ہلانا۔ بلونا) **متھنی** (مونث) دیکھو متھانی۔

مَتھّا (ھ۔ مذکر) ماتھا۔ پیشانی **متھا پھٹول** (مذکر) معمولی صاحب سلامت۔

مُتَہاجِر (ع۔ فاعل) جُدا۔ الگ۔ علیحدہ کیا ہوا (تَہاجُر۔ چھوڑ دینا)

مُتَہاوِن (ع۔ فاعل) ۱۔ غافل۔ سستی کرنے والا ۲۔ حقیر۔ خوار (تَہاوُن۔ نفرت کرنا)

مُتِہَر (ھ۔ مذکر) بھوسہ گھاس وغیرہ جس پر گھوڑے نے پیشاب کیا ہو۔ اصطبل کا کوڑا کرکٹ۔

مَتھرا (ہند) اصوبجات متحدہ میں ایک ضلع جو دریائے جمنا کے بائیں کنارے دہلی اور آگرہ کے درمیان ہے۔ **متھرا کا چوبا** ہے بیار یوار ہے موٹا۔

مثل۔ متھرا کی بیٹی گوکل کی گائے کرم پھوٹے تو باہر جائے۔ متھرا والے بیٹی کو اور گوکل کے باشندے گائے کو باہر نہیں دیتے۔

مُتھرا (ھ۔ صفت) اکند (چاقو چھری وغیرہ) ۲۔ (ھ) بیوقوف۔ احمق (س۔ مہ۔ بیہوش ہونا)

مُتھری (ھ۔ مونث) وہ جگہ جو اصطبل میں گھوڑوں کے پیشاب کے لئے بناتے ہیں (مُوت سے)

متھریا (ھ۔ مذکر) متھرا کے برہمنوں کی ایک ذات۔

مُتَّہَم (ع۔ فاعل) ۱۔ کسی پر تہمت لگانے والا ۲۔ بدنام (اِتِّہام۔ شبہ ہونا)

مَتھن (س۔ مذکر) ۱۔ بلونا ۲۔ ایک درخت **متھن سندھو** (مذکر) سمندر کا بلونا جس سے امرت وغیرہ پیدا ہوئے تھے **متھنیا** (مذکر) وہ برتن جس میں دہی بلویا جائے۔

مِتھن (س۔ مذکر) ۱۔ متعمی ۲۔ آلۂ تناسل۔

مِتھن (س۔ مذکر) ۱۔ قران۔ میل ۲۔ جماع۔ بھوگ ۳۔ تیسری راس ۴۔ جوڑا جوڑا ۵۔ برج جوزا جو تیسرا برج ہے۔ **متھنی بھاو** (مذکر) جماع۔ بھوگ۔

مَتھوٹ (ھ۔ مذکر) ۱۔ محصول ۲۔ چندہ۔

مُتَہَوِّر (ع۔ فاعل) ۱۔ تُند۔ تیز۔ سخت ۲۔ گذرا ہوا۔ گزشتہ (تَہَوُّر۔ کسی معاملے میں بے سوچے سمجھے دخل دینا) **مُتَہَوِّرانہ** (ف) بہادری سے۔ تندی سے۔

مَتھورا (ھ۔ مذکر) چھاتا۔ چھتری۔

مِتھیا (س۔ صفت) ۱۔ جھوٹا ۲۔ غلط ۳۔ ناانصاف ۴۔ نقلی۔ جعلی ۵۔ غیر مفید ۲ (مذکر) جھوٹ ۲۔ انکار ۳ (ف) غلطی سے۔ دھوکے سے ۳۔ جھوٹ بول کر ۴۔ بیفائدہ

مَتی (س۔ مونث) دل۔ ضمیر۔ سمجھ۔ دیکھو مت۔

مِتی (س۔ مونث) ۱۔ ماپنا۔ تولنا ۲۔ ماپ۔ تول ۳۔ خاص مقدار۔ تعداد ۴۔ قیمت ۵۔ ثبوت ۶۔ شہادت۔

مِتی (ھ۔ مونث) ۱۔ تاریخ۔ تتھ ۲۔ سود ۳۔ کمیشن۔ دستوری **متی پڑ گنا** (ھ۔ لازم) سود کا قابل ادائی ہوجانا **متی چڑھانا یا ڈالنا** (متعدی) ۱۔ تاریخ دینا ۲۔ خط یا تحریر ختم کرنا **متی کاٹا** (مذکر) وہ قاعدہ جس سے سود یا کمیشن نکالتے ہیں۔ **متی کاٹنا** (متعدی) کمیشن کا روپیہ وضع کرنا۔ سود کاٹنا **متی وار** (صفت) تاریخ وار۔

مَتِیرا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا چھوٹا مگر بہت میٹھا تربوز۔

مَتِیسا (ز۔ صفت) وہ غلام۔ دونسلا (راجپل مانیسے)

مُتَیَقِّن (ع۔ فاعل) ۱۔ یقین کرنے والا ۲۔ وہ امر جس کا یقین ہو ۳۔ یقینی۔

مُتَیَمِّم (ع۔ فاعل) وہ جو تیمم کرے (تَیَمُّم۔ ریت سے وضو کرنا)

مَتِین (ع۔ فاعل) ۱۔ پکا۔ مضبوط۔ استوار ۲۔ قوی ۳۔ خدا تعالیٰ کا ایک نام ۴۔ مستقل مزاج۔ سنجیدہ ۵۔ دقیق۔ مشکل (مَتن۔ زور سے مارنا)

مَتیئی (ھ۔ مونث) ساس۔

مَٹ (ھ۔ مذکر) ۱۔ دیکھو مٹھ ۲۔ مٹی کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے **مٹیالا۔ مٹکوٹھا** (مذکر) مٹی کا مکان **مٹولا** (مذکر) مٹی کا ڈھیر۔ تودہ ۲۔ وہ ٹیلا سا جو زمین ناپنے والے بناتے ہیں۔

مِٹ (ھ۔ امر) مٹنا کا (س مرج۔ مٹانا) **مٹا** (امر) مٹانا کا ۲۔ ماضی مٹنا کی **مٹا دینا۔ مٹانا** (متعدی) ۱۔ کھُرچنا۔ چھیلنا۔ صاف کرنا ۲۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا ۳۔ معدوم کرنا۔ نابود کرنا۔ منسوخ کرنا۔ رد کرنا۔ **مٹا ہوا** (صفت) ۱۔ محو کیا ہوا ۲۔ اٹھا ہوا ۳۔ عاشق **مٹ جانا** (لازم) ۱۔ تباہ ہوجانا۔ برباد ہوجانا ۲۔ بے نشان ہوجانا ۳۔ محو ہوجانا ۴۔ عاشق ہوجانا ۵۔ نثار ہوجانا ۶۔ ذلیل ہوجانا۔ **مِٹ کے کوئی کام کرنا** (متعدی) نہایت محنت اور جانفشانی سے کوئی کام کرنا **مِٹ گیا** (صفت۔ مذکر) بد دعا۔ اُجڑا۔ خانہ خراب **مٹنا** (لازم) ۱۔ مٹانا کا۔ دیکھو مٹانا ۲۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ۳۔ کسی امر میں بہت سی محنت اور مشقت کرنا۔ مستعد ہونا ۴۔ آمادہ ہونا **مٹوا دینا یا مٹوانا** (م) مٹانا کا۔

مثل۔ مٹتی نہیں کرم کی ریکھا۔ تقدیر کا لکھا نہیں بدلتا۔

مُٹ (ھ۔ صفت) موٹا کا مخفف۔

مُٹاپا (صفت۔ مذکر) فربہی۔ موٹاپن۔ جسامت **مٹاپا چڑھنا** (لازم) فربہ ہونا۔ موٹا ہونا۔ جسم پھول جانا **مٹانا** (ھ۔ لازم) موٹا ہونا۔ **مٹائی** (مونث) فربہی موٹاپن۔ مٹاپا۔ **مثل۔ مُٹلا** (صفت) موٹا۔ فربہ۔ جسیم۔

مُٹ بھیڑ (ھ۔ مونث) دیکھو مڈبھیڑ۔

مَٹَر (ھ۔ مذکر) ایک بیلدار پودہ جسے پھلیاں لگتی ہیں اور جس کے دانے یا بیج ترکاری کے طور پر استعمال ہوتے ہیں (س مَرت) **مٹراد** (مذکر) **مٹر مٹرالا** (مذکر) دیکھو مٹریلا۔

مٹر سی آنکھیں (مونث) ۱۔ بے پیدے ۲ (مذکر) چھوٹی چھوٹی آنکھیں **مٹر پکانا** (ھ) بڑی پریشانی ہونا۔ وقت میں پڑنا **مٹر گشت** (مذکر) ۱۔ سیر۔ ہواخوری ۲۔ آوارہ گردی۔ مارا مارا پھرنا (کرنا۔ لگانا۔ ہونا)۔

کے ساتھ۔ مٹری (مونث) چھوٹا مٹر۔ مٹرپلا (مذکر) مٹر اور جو جو ملا کر بوئے جائیں۔ مٹرپلا چنا (مذکر) چنا جس میں مٹر ملا ہوا ہو۔

مُٹر مُٹر (اردو تعف) چھوٹے بچوں کے جلد جلد کام کرنے یا دیکھنے کے متعلق کہتے ہیں۔ مٹر مٹر دیکھنا (متعدی) چھوٹے بچے کا حیرت یا تعجب سے دیکھنا یا چپکے پڑے ہوئے دیکھنا۔ مٹر مٹر کام کرنا (شفقۃً) بچے کا اپنی بساط کے موافق جلد جلد کام کرنا۔

مُٹری (ہ۔ مونث) چھوٹی گٹھڑی اردو میں صرف گٹھڑی کا تابع استعمال ہوتا ہے۔

مَٹک (ہ۔ امر) ۱۔ مٹکنا کا ۲۔ (مونث) ناز نخرہ۔ چونچلا ۳۔ (ہ) نخرے کی چال (س مٹھ بلا) مٹکا (امر) ۱۔ مٹکانا کا ۲۔ (ماضی) مٹکنا کی۔ مٹکانا (متعدی) ۱۔ پھیرا۔ گردش دینا۔ چمکانا ۲۔ کوئی لباس زیب تن کرنا ۳۔ مٹک کر چلنا۔ ناز سے اٹھلا کر چلنا ۴۔ کسی کے ساتھ تمسخر آمیز حرکتیں کرنا ۵۔ ہاتھ ہلانا نچانا۔

مٹک چال (مونث) ناز نخرے کی چال۔

مٹک چٹک (مونث) باتیں کرنے میں نخرے سے سر اور آنکھوں کو حرکت دینا۔ مٹکن (ہ) دیکھو مٹک۔ مٹکنا (لازم) ۱۔ سر یا اعضا کو غصے یا تعجب یا تمسخر سے حرکت دینا ۲۔ زنانہ یا تمسخر آمیز حرکتیں کرنا ۳۔ معشوقانہ ادا دکھانا۔ مٹکو (مونث) ۱۔ وہ عورت جو ناز و نخرے سے چلے۔ مٹکنے والی عورت ۲۔ وہ عورت جو ہاتھ ہلا ہلا کر اور آنکھیں مٹکا مٹکا کر باتیں کرے۔

مٹکا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا بڑا گھڑا (س۔ مارتِکا۔ مٹی کا) مٹکی (مونث) چھوٹا مٹکا یا گھڑا۔ ٹھلیا ۲۔ شراب کا گھڑا یا خم ۳۔ دہی جمانے یا بلونے کا برتن۔ چاٹی۔ مٹکینا (مذکر) مٹی کا آبخورا۔

مٹکلا۔ مٹکلا (ہ۔ مذکر) ۱۔ اتنا خمیرا آٹا جو مٹھی میں آجائے ۲۔ ایک قسم کا گلگلا۔

مٹکنا (ہ۔ مذکر) چھوٹا آبخورا۔ مٹکینا (س مارتِکا۔ مٹی کا)

مُٹکنا (ہ۔ صفت) چھوٹا۔ پستہ۔ بیاد قد۔ چھوٹا مگر خوبصورت (موٹا سے) مٹکنا باغ (مذکر) چھوٹا مگر گنجان باغ۔ باغیچہ۔ چھوٹا سا خوبصورت باغ مٹکنا قد (مذکر) درمیانہ اور موزوں قد۔

مَٹن (انگ۔ مذکر) بھیڑ یا بکری کا گوشت (فر۔ موٹوں۔ بھیڑ) مٹن چاپ (مونث) انگریزی وضع کے پسندے جو سینے کے گوشت کے بنائے جاتے ہیں۔

مٹولنا (ہ۔ مذکر) حقہ (زنانوں کی اصطلاح)

مَٹھ (ہ۔ مذکر) ۱۔ جھونپڑا ۲۔ خانقاہ صومعہ۔ ہندو فقیروں کی جھونپڑی ۳۔ مذہبی مدرسہ۔ پاٹ شالہ (س مٹھ) ۵۔ نیل کا حوض۔ ۶۔ اٹھ کا مخفف۔ مٹھ دھاری (مذکر) ۱۔ مہنت ۲۔ جوگی۔ بیراگی۔ مٹھ مارا جانا (لازم) ۱۔ نیل کا حوض خراب ہو جانا ۲۔ بگڑ جانا ۳۔ ستیاناس ہو جانا۔ مٹھ مار دینا (متعدی) خراب کر دینا۔ بگاڑ دینا۔ ستیاناس کر دینا۔

مِٹھ (ہ۔ صفت) میٹھا کا مخفف۔ شیریں۔ مٹھاس (مونث) ۱۔ شیرینی۔ میٹھاپن۔ حلاوت۔ مٹھائی ۲۔ شیرینی کا مزا۔ مٹھائی (مونث) ۱۔ وہ پکوان جس میں مٹھاس ہو اور جو عام طور پر حلوائیوں کی دکان پر بکتا ہے۔ شیرینی۔ جیسے لڈو۔ پیڑا۔ جلیبی وغیرہ ۲۔ مٹھاس۔ میٹھاپن ۳۔ (گنوار) گڑ (راب) سیرا۔ مٹھائی بانٹنا (متعدی) کسی منت کے پورا ہونے یا کوئی اچھا کام ہونے کے موقع پر شیرینی تقسیم کرنا۔ مٹھائی بٹنا (لازم) ۱۔ شیرینی تقسیم ہونا ۲۔ نعمت ملنا۔ فائدہ ہونا۔ مٹھائی چڑھانا (متعدی)، چڑھنا (لازم) قبروں اور مزاروں پر مٹھائی رکھی جانا۔ مٹھائی سے منہ بھر دینا (متعدی) دل خوش کر دینا۔ مٹھائی کی ڈلی (مونث) شیرینی کا ٹکڑا۔ مٹھ بولا یا بولنا (صفت) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔ شیریں کلام۔ مٹھڑی (مونث) میٹھی خستہ تلی ہوئی ٹکیاں۔ یہ بالفتح بھی ہے۔ مٹھلونا (صفت) کم نمک کا۔ پھیکا۔ سیٹھا۔ مٹھو (مذکر) ۱۔ بولنے والا طوطا۔ میاں مٹھو ۲۔ پیاری پیاری باتیں کرنے والا بچہ۔ مٹھو بنگ، مٹھی (مونث) بوسۂ اطفال۔ ببی۔ چمّا (دینا۔ لینا کے ساتھ)

مُٹھ (ہ۔ مذکر) مُوٹھ کا مخفف۔ ۱۔ مشت۔ مکا۔ گھونسا ۲۔ مٹھی پنجہ۔ چنگل ۳۔ قبضہ۔ دستہ۔ گرفت ۴۔ دب، مشت زنی۔ جلق۔ مٹھولا۔ مٹھا (مذکر) ۱۔ مٹھی۔ لپ ۲۔ بنڈل۔ گٹھا۔ گڈا۔ گڈی ۳۔ قبضہ۔ دستہ۔ گرفت ۴۔ کاغذ کا بنڈل۔ پشتارہ ۵۔ ندافوں کا وہ اوزار جسے تانت پر مار مار کر روئی دھنتے ہیں ۶۔ کپڑے کی گدی جو لوگ اپنے بازوؤں کی نرہی دکھانے کے لئے لپیٹ لیتے ہیں۔ مٹھا باندھنا (متعدی) ۱۔ بنڈل یا گٹھا باندھنا ۲۔ مٹھا لپیٹنا۔ خراب ہونا۔ مٹھ بھیڑ (مذکر) ۱۔ مقابلہ۔ آمنا سامنا۔ دو بدو ہو جانا ۲۔ گتھ جانا ۳۔ اتفاقیہ ملاقات۔ مٹھ مارا جانا (لازم) خراب ہونا۔ مٹھ مار دینا (متعدی) خراب کرنا۔ مٹھ مارنا (متعدی) جلق کرنا۔ مٹھ مرد (مذکر) مضبوط آدمی۔ قوی ہیکل شخص۔ مٹھ مردی (مونث) ۱۔ شہ زوری۔ زور آوری۔ طاقت۔ قوت ۲۔ سینہ زوری۔ زبردستی۔ جبر و تعدی ۳۔ جور و ستم کرنا۔

مٹھی (مونث) ۱۔ بند ہاتھ۔ مشت۔ چنگل ۲۔ مکی ۳۔ لپ بھر۔ ایک مشت کے برابر مقدار ۴۔ گرفت۔ پکڑ ۵۔ بند ہاتھ کی مقدار جو اپنے میں استعمال کی جاتی ہے ۶۔ وہ لپ بھر غلہ یا آٹا جو بطور خیرات نکالتے ہیں ۷۔ وہ لکڑ جو بچے کو چوسنے کے لئے دیتے ہیں۔ چُسنی ۸۔ بندھا ہوا جوڑا ۹۔ گھوڑے کے سُم اور ٹخنے کے بیچ کا جوڑ ۱۰۔ گھوڑے کے ٹخنے کی الٹی طرف کے بال ۱۱۔ مالش۔ واک۔ بدن کو ہاتھ سے پکڑ کر دبانا۔ مٹھیا (صفت) ۱۔ مٹھی کے برابر چھوٹا ۲۔ (مذکر) موٹھ۔ قبضہ ۳۔ ہل کی موٹھ ۴۔ کمان کی وہ جگہ جہاں ہاتھ رہتا ہے ۵۔ گڑ کی بٹی ۶۔ سونے چاندی کا ڈھولنا جس میں تعویذ رکھ کر بازو پر باندھتے ہیں ۷۔ وہ آدمی جو گنے کی مشین میں گنے کے ٹکڑے ڈالتا جاتا ہے۔

مٹھیا جن یا دیو (مذکر) چھوٹے قد کا بد شکل آدمی۔ مٹھیا قلم (مذکر) قلم جو مٹھی سے چھوٹا ہو۔ کہتے ہیں کہ اس سے استاد پر گالی پڑتی ہے۔ مُٹھیاں (مونث) جمع مٹھی کی۔ مُٹھیانا (متعدی) ۱۔ مٹھی میں پکڑنا۔ ہاتھ میں رکھنا ۲۔ قبضے میں لانا۔ مٹھی میں لینا ۳۔ بٹیر کو ہاتھ میں پکڑ کر ہلاتے رہنا ۴۔ مشت زنی کرنا۔ آلہ تناسل ہاتھ میں لینا ۵۔ مٹھیاں بھرنا۔ مٹھیاں بھرنا (لازم) چپی کرنا۔ پاؤں دبانا۔ بدن کی مالش کرنا۔ ونگ زنی کرنا۔ مٹھی باندھنا (متعدی) ہاتھ کا پنجہ

بند کرنا۔ اُنگلیاں بند کرنا۔ **مٹھی برابر ہڈیاں**
اور دعوے یہ۔ کمزور آدمی ہو کر ایسا دعویٰ
کرتا ہے۔ **مٹھی بھر** (صفت)، وہ مقدار جو
مٹھی میں آجائے۔ لپ بھر۔ **مٹھی بھر کی**
جان (مونث) کمسن بچہ۔ **مٹھی بھرنا**
(متعدی) دیکھو مٹھیاں بھرنا۔ **مٹھی کھلی ہونا**
(لازم) سوال کرنا۔ مانگنا۔ **مٹھی گرم کرنا**
(متعدی) ۱ کسی کے ہاتھ میں کچھ نقدی دینا
۲ رشوت دینا ۳ ناجائز فائدہ اُٹھانا۔ **مٹھی**
مٹھی (تف) مٹھی بھر۔ **مٹھی ملنا** (مونث)
رشوت پہنچنا۔ **مٹھی میں** (تف)، قبضے میں۔
پنجے میں۔ قابو میں۔ **مٹھی میں آنا** (لازم)
قبضے میں آنا۔ قابو میں آنا۔ **مٹھی میں دل**
لینا (متعدی) دل پر قابو حاصل کرنا۔ **مٹھی**
میں دھرا ہونا (لازم) پاس ہونا۔ نزدیک
ہونا۔ **مٹھی میں دینا** (متعدی) کسی کے ہاتھ
میں دینا۔ **مٹھی میں طاق ہونا** (لازم)
استخارے میں طاق کا نکلنا۔ اس میں کام کرنے
کی اجازت ہوتی ہے۔ **مٹھی میں ہوا بند**
کرنا (متعدی) ناممکن کام کرنے کی کوشش
کرنا۔ **مٹھی میں ہونا** (لازم) قبضے یا
قابو میں ہونا۔ **مٹھیوں** (صفت)، بہت۔
بیحد۔ **مٹھیوں خاک پڑنا** (لازم) ۱
بہت دھول پڑنا ۲ مقابلہ میں خفت
ہونا۔

مَٹھا۔ (ھ۔ مذکر) وہی جو سکہ نکل
جانے کے بعد رہ جاتا ہے۔ چھاچھ۔ دوغ
(س۔ مَتھ۔ بلونا)

مَٹھارہ (صفت) ۱ سست۔
ڈھیلا ۲ جو آہستہ چلے۔ دھیما ۳ غبی۔ کند ذہن۔
موٹی سمجھ کا ۴ کند۔ گھسا ہوا ۵ (مذکر)
گھوڑا جو سست چلے (س) مرش۔ پروانہ
کرنا) ۲ دیکھو مٹھا۔ **مٹھا گھوڑا** (مذکر)
وہ گھوڑا جو تیز نہ چلے۔ **مٹھاپن** (مذکر) ۱
سستی۔ کاہلی ۲ مجہول پن ۳ کند ذہنی ۴ آہستہ
چلنا۔

مَٹھار (ھ۔ امر) مٹھارنا کا (س
مرش۔ چھڑکنا) **مٹھارا** (ماضی) مٹھارنا کی
مٹھار مٹھار کر باتیں کرنا (متعدی) ۱
چبا چبا کر باتیں کرنا۔ مزے لے لے کر باتیں کرنا ۲ تمکنت سے بولنا۔ **مٹھارنا**
(متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ باتیں بنانا۔ بنا بنا
کر باتیں کرنا ۳ برتن کوٹ کوٹ کر گول یا موزوں کرنا یا
اونچی نیچی جگہیں برابر کرنا ۴ آٹے میں لس پیدا
کرنا۔ لوچ دینا۔ تکی دینا ۵ پھیلانا۔ چوڑا کرنا
۶ مفصل بیان کرنا۔ شرح کرنا ۷ دھار مارنا۔
کند کرنا ۸ باتوں سے پھسلانا۔

مٹھالا (ھ۔ مذکر) زمین کی قدرتی نمی
جو پیداوار کے لئے بہت مفید ہوتی ہے۔

مَٹھڑی (ھ۔ مونث) میٹھی اور نمکین
تلی ہوئی خستہ ٹکیاں (س مِشٹ) میٹھا **مٹھڑیاں**
(مونث) وہ ہچکیاں جو دودھ پینے بچے کو آتی
ہیں۔ مشہور ہے کہ انتڑیاں بڑھتی ہیں (آنت
کے ساتھ)

مَٹھَل (ھ۔ صفت) نافہم۔ بے
تمیز۔ کم عقل۔

مَٹھَور (ھ۔ مذکر) لمبا خم جس میں تیل
یا شراب رکھتے ہیں۔ خُم دراز (س مار تنگا۔ مٹی
کا)

مَٹھوری (ھ۔ مونث) دیکھو مٹھور۔

مٹھُوس (ھ۔ صفت) ۱ مغموم رنج
و غم کی وجہ سے خاموش ۲ مجہول **مٹھوسا** (مذکر)
۱ وہ شخص جو کسی فکر یا رنج کی وجہ سے خاموش
رہے اور بات چیت نہ کرے ۲ وہ شخص جو اپنے
دل کا حال کسی سے نہ کہے **مٹھوساپن** (مذکر)
مٹھوسا ہونے کی حالت۔ مٹھوسا ہونا **مٹھوسر**
(صفت) مٹھوس (دیکھو)

مَٹھولا (ھ۔ مذکر) **مَٹھولی** (ھ۔ مونث)
مُشت زنی۔ جلق۔ ہتھرس (س مَتھ۔ بلونا) **مٹھولے**
(جمع) مٹھولا کی۔ **مٹھولیا** (مذکر)، وہ شخص جو مُشت
زنی کرے۔

مُٹھی (س۔ مونث) مٹھ۔ خانقاہ۔
صومعہ۔

مَٹّی (ہ۔ مونث) بالکسر زیادہ فصیح ہے
۱ وہ مادہ جو زمین پر بچھا ہوا ہے۔ یہ مختلف مادوں کے
باریک ذروں کا مرکب ہے۔ جو مختلف قسم کی
مٹیوں میں مختلف تناسب سے ملے ہوتے ہیں۔
مٹی عناصر اربعہ میں شمار ہوتی ہے مگر اصل میں عنصر
نہیں ۲ خاک۔ دھول۔ ریت۔ گرد۔ غبار
۳ کیچڑ ۴ راکھ۔ خاکستر ۵ زمین۔ دنیا۔ پرتھی ۶ گُشتہ
۷ خمیر۔ سرشت۔ مادہ ۸ میت۔ نعش۔ لاش ۹
گوشت۔ ماس ۱۰ وہ خاک جو مُردے پر اس کے
رشتہ دار ڈالتے ہیں ۱۱ صندل کی ۱۲ جو عطر کے واسطے
دی جاتی ہے ۱۳ گوہ۔ براز ۱۴ مکان بنانے کی چکنی
مٹی۔ چولھے بنانے کی سیاہ مٹی ۱۵ (صفت) میلا۔
گندا ۱۶ بے رونق۔ بیکار ۱۷ ٹھنڈا۔ سرد ۱۸
کنایہ ہے مردہ دلی اور افسردگی کے ساتھ (س
مرتکا) **مٹی اُٹھنا** (لازم) مرنا۔ وفات پانا۔
مٹی اُڑانا (لازم) ۱ خاک اڑانا ۲ بار بار کہیں
جانا **مٹی برباد کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم)
بدنام ہونا۔ ذلیل و خوار ہونا۔ **مٹی پا پڑنا**
(لازم) دفن ہونا۔ **مٹی پر لڑنا** (لازم) زمین
پر جھگڑا کرنا۔ **مٹی پکڑنا** (متعدی) ۱ زمین پکڑنا۔
جگہ پکڑنا ۲ جم جانا۔ ڈٹ جانا۔ **مٹی پلید**
(تباہ) **کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ تجہیز و تکفین
اچھی طرح نہ ہونا۔ کریا کرم نہ ہونا ۲ بدنام ہونا۔
رسوا ہونا۔ ذلیل ہونا۔ خوار ہونا ۳ تباہ
ہونا۔ برباد ہونا ۴ ہنسی اُڑنا۔ تضحیک ہونا ۵
ستایا جانا۔ تکلیف پانا۔ دق ہونا۔ پریشان
ہونا ۶ کسی چیز کو بگاڑنا یا خراب کرنا ۷ صرف
لازم کی صورت میں قدر نہ ہونا۔ بیقدری ہونا ۸
آوارہ ہونا۔ سرگرداں ہونا۔ **مٹی تھوپنا**
(متعدی) پلستر کرنا۔ کہگل کرنا **مٹی ٹھکانے**
لگانا (متعدی) تجہیز و تکفین بموجب قاعدہ یا
بموجب رواج یا رسم ہونا۔ کریا کرم ہونا۔ اچھی
طرح سے دفن ہونا۔ **مٹی ٹھکانے رسے**
لگ جانا، لگنا (لازم) ۱ اچھی طرح تجہیز
و تکفین ہونا۔ کریا کرم ہونا ۲ اطمینان کے ساتھ
مرنا۔ **مٹی خراب (خوار) کرنا** (متعدی)
ہونا (لازم) دیکھو مٹی پلید ہونا۔ **مٹی دلوانا**
(مم)، **دینا** (متعدی) ۱ دفن کرنا۔ دفنانا ۲
بعد دفن حاضرین کا تھوڑی تھوڑی مٹی ڈالنا۔
مٹی ڈالنا (متعدی) ۱ خاک کا کسی جگہ
اکٹھا کرنا۔ جب کسی کی کوئی چیز جاتی رہے
تو وہ ان تمام لوگوں سے جن پر شبہ ہو مٹی ڈلواتا
ہے۔ اس طرح جس کے پاس وہ چیز ہوتی ہے
وہ مٹی میں ڈال دیتا ہے ۲ پردہ پوشی کرنا۔
چھپانا ۳ درگزر کرنا۔ معاف کرنا ۴ لعنت بھیجنا۔

خاک ڈالنا۔ **مٹی ڈلوانا** (م، دیکھو آخری ماتم) **مٹی ڈھونا** (متعدی) ا مٹی ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ مزدوری کرنا ۲ سخت مصیبت اٹھانا ۳ بے فائدہ کام کرنا۔ **مٹی ڈھے جانا** (لازم) ا بدن قابو میں نہ رہنا۔ جسم کا گوشت مر جانا ۲ مرنے کے دن قریب آ جانا۔ **مٹی سوارت کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو مٹی ٹھکانے لگنا۔ **مٹی سونگھانا** (متعدی) بیہوش آدمی کے ناک پاس پانی ڈال کر مٹی لانا۔ اس کی خوشبو سے ہوش آ جاتا ہے۔ یہ وہاں کرتے ہیں جہاں ہوش میں لانے کی دوائی میسر نہ آئے۔ **مٹی سے مٹی مل جانا** (لازم) میت کا دفن ہو جانا۔ **مٹی سے گھی نکالنا ہے**۔ سوالیہ۔ بڑا بخیل مسک ہے۔ **مٹی عزیز کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ا دفن میں شامل ہونا ۲ دفن ہونا۔ گڑنا ۳ مٹی خراب کرنا (فال بد کی بجائے فال نیک) **مٹی کا برتن** (مذکر) وہ برتن جو کمہار مٹی سے بنا کر پزاوے میں پکاتے ہیں۔ کچی برتن۔ **مٹی کا پتلا یا پنجر** (مذکر، مجازاً انسان) **مٹی کا پنجر** (مذکر) خاک کا پتلا۔ انسان کا بدن۔ **مٹی کا تھوا** (یا) **دھوندا** (مذکر) بھدا کم عقل آدمی **مٹی کا تیل** (مذکر) ایک قسم کا مایع جو زمین سے نکلتا ہے اور کنووں یا نلوں کے ذریعے نکالتے ہیں۔ یہ روشنی کے لیمپوں میں جلاتے ہیں۔ اسے صاف کر کے مشینوں موٹروں وغیرہ میں جلاتے ہیں۔ اس صورت میں اسے پٹرول کہتے ہیں۔ پٹرولیم **مٹی کا عطر** (مذکر) ایک قسم کا عطر **مٹی کا دیکھنچ لانا** (متعدی) تقدیر کا اس جگہ لانا جہاں مرنا ہے **مٹی کا مادھو** (صفت) بیوقوف۔ احمق **مٹی کر دینا یا کرنا** (متعدی) ا خراب کرنا ۲ بگاڑنا ۳ برباد کرنا۔ ضایع کرنا ۴ میلا کر دینا۔ مٹی کے رنگ کا کر دینا (کھانا وغیرہ) ٹھنڈا کر دینا۔ بے لطف کر دینا۔ **مٹی کھانا** (متعدی) ا بچے اور عورتیں ایسا کرتی ہیں ۲ گوشت کھانا (بقول ہنود) **مٹی کے برابر** (تف) بے وقعت۔ بیقدر (کرنا ہونا کے ساتھ) **مٹی کی ٹکیا** (مونث) ملتانی مٹی یا چکنی مٹی کی پکائی ہوئی ٹکیہ جو عورتیں حمل کے زمانے میں کھاتی ہیں۔ **مٹی کے مادھو** (صفت) بیوقوف۔ احمق **مٹی کی مورت** (مونث) ا قالب خاکی۔ جسم انسان ۲ بیوقوف آدمی۔ بھولا بھالا شخص ۳ وہ شخص جس میں شوخی یا تمیز نہ ہو۔ **مٹی کے مول یا مولوں** (تف) بہت سستا۔ ارزاں۔ **مٹی کے مول بیچ ڈالنا** (متعدی) نہایت سستا فروخت کرنا۔ **مٹی کے مہادیو** (صفت) بیوقوف۔ احمق۔ **مٹی گر جانا** (لازم) دیکھو مٹی ڈھے جانا۔ **مٹی لے ڈالنا** (متعدی) بار بار آنا جانا۔ **مٹی ماس کھانے والے** (صفت) ا گوشت خوار ۲ مجازاً مسلمان۔ **مٹی مانگنا** (متعدی) کسی سے تبرک دفن اور مٹی دینے کی تمنا کرنا۔ **مٹی میں اٹنا یا سننا** (لازم) مٹی سے بھرا جانا۔ وصول پڑنا۔ **مٹی میں رنگنا** (متعدی) ملتانی مٹی میں رنگنا۔ **مٹی میں لوٹنا** (لازم) خاک پر لوٹنا۔ خاک میں لوٹنا۔ **مٹی میں مٹی ملانا** (متعدی) **ملنا** (لازم) دفن ہونا۔ پیوند خاک ہونا۔ **مٹی میں ملانا** (متعدی) ا دفن کرنا۔ دبانا ۲ مٹانا۔ برباد کرنا ۳ ناپید کرنا۔ بے نشان کرنا ۴ گنوانا۔ ضایع کرنا۔ **مٹی میں مل جانا** (لازم) ا خاک میں مل جانا ۲ جسم کا خاک ہو جانا ۳ خراب ہو جانا۔ بگڑ جانا۔ ستیاناس ہو جانا۔ **مٹی ہو جانا یا ہونا** (لازم) ا مٹی ہونا۔ مٹی کرنا۔ خاک ہونا۔ راکھ بننا۔ خاک میں ملنا ۲ دفن ہونا ۳ گلنا۔ سڑنا۔ بوسیدہ ہونا ۴ بے رونق ہونا۔ پھیکا پڑنا۔ ماند پڑنا ۵ شرمندہ ہونا ۶ طبیعت کا افسردہ ہونا۔

امثال واقوال (مٹی پر ہاتھ ڈالتا ہے سونا ملتا ہے، مٹی پکڑے سونا ہوتا ہے۔ ایسا خوش اقبال ہے کہ جس کام میں ہاتھ ڈالے اس میں سے روپیہ کماتا ہے۔ **مٹی کا گھڑا بھی ٹھوک بجا کر لیتے ہیں** آدمی چیز بھی دیکھ بھال کر لینی چاہیئے۔ جو کام کرنا چاہیئے سوچ سمجھ کر اور احتیاط سے کرنا چاہیئے۔

مٹیا (ہ) صفت) ا مٹی کا بنا ہوا ۲ خاکی۔ مٹی سے منسوب ۳ جس میں مٹی ملی ہوئی ہو ۴ مذکر، چکنی مٹی کی زمین جس میں اکثر دھان پیدا ہوتے ہیں ۵ کچا کنواں۔ **مٹیا پھوس** (صفت) ا نہایت بوڑھا اور ناتواں ۲ نکما۔ بیکار ۳ لاغر ۴ کم طاقت ۵ بے مقدور **مٹیا پھوس صاحب** (مذکر) بڑھا انگریز یا عیسائی مفلس بوڑھا عیسائی۔ غریب بوڑھا عیسائی **مٹیا لُس** (صفت) کاہل سست۔ کام چور **مٹیار** (صفت) ا گدلا۔ ۲ کدر ۳ (مذکر) دیکھو مٹیا **مٹیا سانپ** (مذکر) مٹی کے رنگ کا سانپ جس پر کالی چتیاں ہوں۔ **مٹیال** (ہ) مذکر) گڑھا جس میں سے مٹی کھودی جائے ۲ (صفت) دیکھو مٹیالا۔ **مٹیالا** (صفت) ا مٹی کے رنگ کا۔ بھورا۔ بھورنسلا ۲ مٹی کا۔ خاکی **مٹیا محل** (مذکر) دہلی کا ایک محلہ، جب شاہجہان کے زمانے میں دلی کی تعمیر شروع ہوئی تو پہلے کچے عارضی مکان اس موقع پر بنائے گئے تھے۔ **مٹیا میل کرنا** (متعدی) دیکھو ملیا میٹ کرنا۔ **مٹیانا** (ہ۔ متعدی) ا مٹی سے ملنا یا صاف کرنا ۲ مٹی کا پلستر کرنا۔ مٹی چھڑکنا ۳ (لازم) مٹی ہو جانا ۴ برابر ہونا۔ ہموار ہونا ۵ بجھ جانا۔ **مٹیلا** (ہ) ا مٹی کا بنا ہوا ۲ بیکار۔ فضول ۳ سست۔ کاہل۔

مٹیا (ہ۔ امر) مٹیانا کا (س۔ مرش، بھولنا) **مٹیانا** (لازم) ا دیکھو مٹیا کے تحت میں ۲ چشم پوشی کرنا۔ درگزر کرنا ۳ سُن کر ٹال جانا **مٹیاؤنا** (متعدی) دیکھو مٹیانا۔

مٹیا (ہ۔ مونث) ایک چھوٹا گلی ظرف جس میں دودھ۔ دہی وغیرہ رکھتے ہیں (مٹی سے)

مٹیرنا (ہ۔ متعدی) دیکھو مٹ۔نا۔

مَثاب (ع۔ مذکر) کوئیں کی وہ جگہ جہاں پانی نکالنے والا کھڑا ہوتا ہے (ثوب۔ واپس آنا) **مثابہ** (مذکر) ا وہ جگہ جہاں کوئی بار بار واپس جائے ۲ (صفت) مانند۔ مشابہ۔

مثاقیل (ع۔ مذکر، جمع مثقال کی۔

مثال (ع۔ مونث) ا نظیر ۲ تمثیل ۳ تصویر صورت۔ تمثال ۴ مشابہت۔ شباہت ۵ نمونہ ۶ حکمنامہ۔ فرمان بادشاہی۔ حکمنامہ قاضی ۷ ایک عالم کا نام جو اس عالم اور عالم ارواح کے درمیان ہے۔ جو کچھ عالم ظاہری میں پایا جاتا ہے اس میں بھی موجود ہے۔ عالم خواب (شکل۔ مقابلہ کرنا۔ ملانا) **مثال دینا** (متعدی) نظیر دینا۔ تمثیل دینا۔ **مثالی** (صفت) ا مثال عالم کے متعلق ۲ مانند۔ مشابہ۔

مثانہ (ع۔ مذکر) وہ جھکنا جس کے اندر پیشاب جمع رہتا ہے (شکن۔ مثانہ کا زخمی ہونا)

مثانی (ع۔ مذکر) یہ لفظ قرآن شریف میں آیا ہے اور سبع المثانی سے سورہ فاتحہ مراد لی جاتی ہے ایک جگہ قرآن شریف سے بھی مراد ہے۔

مُثبت (ع۔ مفعول) ا جو نفی نہ ہو۔ جس میں فعل کا ہونا پایا جائے ۲ مستقہ تصدیق کیا گیا۔

ثبت کیا گیا۔ لکھا گیا۔ نوشتہ (اَثبَتَ۔ قایم رہنا) **مُثبِت** (فاعل) ۱۔ ثابت کرنیوالا۔ مقرر کرنیوالا ۲۔ تصدیق کرنیوالا۔ منظور کرنیوالا ۳۔ اثباتی۔ اقراری ۴۔ مدلل۔ قاطع **مثبتہ** (صفت) دیکھو مُثبت۔

مُثبَت۔ (ع۔ مفعول) ۱۔ مقرر شدہ ۲۔ ثابت۔ ثابت شدہ ۳۔ تصدیق شدہ ۴۔ لکھا ہوا۔ تحریری ۵۔ مہر لگا ہوا۔ اسٹام لگا ہوا۔ نشان کیا ہوا (اَثبَتَ۔ مقرر کرنا) **مثبتہ** (صفت) دیکھو مثبت **مثبتہ اسٹام** (مذکر) وہ کاغذ جس پر اسٹام لگایا گیا ہو۔

مِثقال (ع۔ مذکر) ۱۔ ساڑھے چار ماشے کا وزن ۲۔ ایک سونے کا سکہ جو عرب میں رائج ہے۔

مَثَل (ع۔ مونث) ۱۔ کہاوت۔ ضرب المثل ۲۔ قصہ۔ کہانی۔ داستان ۳۔ مثال۔ تمثیل۔ نظیر ۴۔ مانند۔ سمسر (مَثَلَ۔ مقابلہ کرنا) مثلاً (ظرف) گویا۔ جس طرح **مثل لانا** (متعدی) ۱۔ کہاوت کا استعمال کرنا ۲۔ مثال دینا۔

مِثل (ع۔ مونث) ۱۔ مانند۔ موافق۔ نظیر ۲۔ ثانی۔ عدیل ۳۔ روئداد مقدمہ۔ مقدمہ کی کارروائی کے کاغذات جو ایک جگہ منسلک ہوں۔ آج کل ان معنوں میں مسل لکھا جاتا ہے (مَثَلَ۔ مقابلہ کرنا) دیکھو محاورات کیلئے مسل **مثل نہ ہونا یا رکھنا** (متعدی) بے نظیر ہونا۔ لاثانی ہونا۔ بے مثل ہونا **مثلی** (صفت) دیکھو مسل۔

قول مثل طوطا آنکھ پھیرتا ہے۔ بہت بے وفا ہے۔

مُثَلَّث (ع۔ مونث) ۱۔ سہ گوشہ۔ تکون۔ تکونٹ ۲۔ وہ جگہ جو تین خطوط مستقیم سے گھری ہو۔ جیسے △ تین ضلعوں کی شکل ۳۔ تین تین مصرعوں کا بند ۴۔ علم، وہ علم جس میں مثلث بنا کر سطح پیمایش کی جاتی ہے۔ زاویوں کی پیمایش کا علم ۵۔ علم عروض کے ایک وزن کا نام جس میں تین رکن ہوتے ہیں ۶۔ ایک قسم کا تعویذ جس میں سہ در سہ نو خانے ہوتے ہیں۔ اسے مربع کی نسبت زیادہ موثر خیال کیا جاتا ہے ۷۔ ایک خوشبو کا نام جس کے سہ گوشہ ترص ہوتے ہیں۔ یہ صندل۔ کافور اور مشک سے تیار کی جاتی ہے **مثلث حادّ الزّاویہ** (مونث) وہ تکون جس کا ہر زاویہ قائمہ ہو **مثلث قایم الزّاویہ** (مونث) وہ تکون جس کا ایک زاویہ قائمہ ہو **مثلث متساوی الاضلاع** (مونث) وہ مثلث جس کے تینوں ضلعے آپس میں برابر ہوں۔ **مثلث متساوی الساقین** (مونث) وہ مثلث جس کے دونوں ضلع آپس میں برابر ہوں **مثلث مختلف الاضلاع** (مونث) وہ تکون جس کے تینوں ضلع برابر نہ ہوں۔ **مثلث منفرجۃ الزّاویہ** (مذکر) وہ مثلث جس میں ایک زاویہ قائمہ سے بڑا ہو **مثلثی** (صفت) تکونا۔ تین کھونٹ جس کے تین ضلع یا زاویے برابر ہوں۔

مُثمِر (ع۔ فاعل) ۱۔ پھلدار۔ باروار ۲۔ امیر۔ دولتمند (اَثمَرَ۔ پھل لگنا)

مُثَمَّن۔ (ع۔ مفعول) ۱۔ ہشت پہلو۔ جس کے آٹھ ضلعے ہوں ۲۔ (مذکر) آٹھ ضلعوں کی شکل ۳۔ (مونث) علم عروض میں وہ بیت جس کے آٹھ رکن ہوں (ثَمَّنَ۔ آٹھ ہونا) **مثمن برج** قلعہ کا وہ برج جس کے آٹھ پہلو ہوں۔ دہلی۔ آگرہ۔ لاہور کے قلعوں میں ایسے برج ہیں۔

مَثمور (ع۔ مفعول) بہت۔ افراط (دولت) ۲۔ بے انتہا۔ لاتعداد لوگ (ثَمَرَ۔ امیر ہونا)

مَثنات (ع۔ مونث) ۱۔ تہ۔ شکن ۲۔ بیت ۳۔ گانا ۴۔ یہودیوں کی ایک مقدس کتاب علاوہ توریت کے (ثَنَّیٰ۔ تہ کرنا)

مثنوی (ع۔ مونث) ۱۔ ایک قسم کی نظم جس میں وزن تو ایک ہی ہوتا ہے۔ مگر ہر بیت کا قافیہ جدا ہوتا۔ ہر بیت کے دونوں مصرع ہم قافیہ ہوتے ہیں شعروں کی تعداد مقرر نہیں۔ یہ سات بحروں میں کہی جاتی ہے ۲۔ مولانا روم کی مشہور کتاب (ثَنّیٰ۔ تہ کرنا) **مثنویاں** (مونث) جمع مثنوی کی **مثنوی بدر منیر سحر البیان میر حسن** (مونث) اردو زبان کی ایک مشہور مثنوی مصنفہ سید میر غلام حسن دہلوی **مثنوی غنیمت** (مونث) دیکھو مثنوی نیرنگ عشق **مثنوی گلزار نسیم** (مونث) اردو زبان کی ایک بہت مشہور مثنوی مصنفہ پنڈت دیا شنکر نسیم **مثنوی مولوی معنوی** (مونث) دیکھو مثنوی ۲ **مثنوی نیرنگ عشق** (مونث) مولوی غنیمت کی مشہور فارسی مثنوی۔

مُثَنّیٰ (ع۔ مفعول) ۱۔ دوگنا۔ دوہرا ۲۔ دو ٹکڑے کیا ہوا ۳۔ دوسرا ۴۔ وہ جس پر دو اعراب ہوں ۵۔ (مذکر) نقل۔ نقل مطابق اصل۔ دوسری نقل ۲۔ پرت ۳۔ تثنیہ۔ (ثَنّیٰ۔ دوگنا) **مثنّے بہ** (صفت) جس سے نقل کی گئی ہو۔ اصل۔

مَجّ (ع۔ صفت) ۱۔ نرم۔ ملایم ۲۔ پکا ہوا۔

مَجّا (س۔ مونث) ۱۔ گودا ۲۔ ہڈی کا گودا ۳۔ درختوں کا رس۔

مُجاب (ع۔ مفعول) ۱۔ جواب دیا گیا ۲۔ منظور کیا گیا (جَوّبَ۔ جواب دینا) **مجاب الدعوات** (مذکر) وہ شخص جس کی دعائیں قبول کی گئی ہوں۔

مُجادِل (ع۔ فاعل) لڑنے والا۔ جھگڑنے والا (جادَل۔ لڑنا) **مجادلہ** (مذکر) ۱۔ لڑائی۔ جنگ۔ پیکار۔ خونریزی۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ قضیہ۔ بکھیڑا ۲۔ دشمنی۔ خصومت۔ نزاع ۳۔ بحث۔ تکرار۔

مجاذیب (ع۔ مذکر) جمع ہے مجذوب کی۔

مَجاز (ع۔ صفت) ۱۔ وہ جس کی اصلیت نہ ہو۔ حقیقت کے برخلاف ۲۔ (مذکر) وہ کلمہ جو اپنے حقیقی معنی کے علاوہ اور معنوں میں استعمال ہو۔ جیسے مٹی کے اصلی معنی خاک اور مجازی معنی موت۔ مگر ان معنوں کا اصل سے کچھ نہ کچھ تعلق ضرور ہونا چاہیئے۔ ۳۔ (ظرف) مزاج کا مخرب (جَوَزَ۔ پاس سے گزرنا) **مجازاً** (ظرف) ۱۔ فرضاً۔ مراداً ۲۔ حسب قانون۔ قانوناً ۳۔ روئے شروع۔ **مجاز مرسل** (مذکر) علم بیان میں اس صفت بیانیہ سے مراد ہے۔ جس میں سبب سے مسبب۔ کل سے جز۔ لازم سے ملزوم ذکر سے صاحب ذکر اور ظرف سے مظروف مراد لئے جا سکتے ہیں۔ **مجازی** (صفت) ۱۔ غیر اصلی۔ غیر حقیقی ۲۔ فرض کیا ہوا۔ فرضی۔ مرادی ۳۔ نقلی۔ جعلی۔ مصنوعی۔

مُجاز۔ (ع۔ مفعول) ۱۔ اختیار دیا گیا۔ جائز (جَوَزَ۔ پاس سے گزرنا) **مجاز سماعت**۔ (صفت) سننے یا منظور کرنے کا اختیار رکھنے والا۔

مَجال۔ (ع۔ مونث) قدرت۔ طاقت۔ بساط۔ حوصلہ مقدور۔ تاب۔ بس۔ قابو (جَالَ۔ ملک میں پھرنا) ان معنوں میں عربی میں استعمال نہیں ہوتا۔ **مجال رکھنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) کسی بات کی تاب و طاقت رکھنا۔ قدرت رکھنا۔

مَجالِس۔ (ع۔ مونث) مجلس کی جمع۔

مُجالَست۔ (ع۔ مونث) مل کر بیٹھنا۔ ہم نشینی۔ ہم صحبت ہونا (جالَسَ۔ باہم مل کر بیٹھنا)۔

مَجاہِر (ع۔ مذکر) مجہر کی جمع۔

مجامع - (ع - مذکر) مجمع کی جمع -

مُجامَعَت (ع - مونث) جماع - ہمبستری - مباشرت - صحبت - بھوگ - لڑنا بھڑنا کے ساتھ (جامع - ساتھ لیٹنا)

مُجانَبَت (ع - مونث) نزدیک یا پہلو میں ہونا - قربت - دور ہونا - ہٹ جانا - اجتناب (جانب - پہلو میں ہونا) -

مُجانَست (ع - مونث) ہم جنس ہونا - ہم جنسیت - ہم قومی (جانس - ہم جنس ہونا)

مَجانِق - مَجانیق (ع - مونث) منجنیق کی جمع -

مَجانِین (ع - مذکر) مجنون کی جمع -

مُجاوِب (ع - فاعل) جواب دینے والا - مدعا علیہ (جاوب - سوال کا جواب دینا) **مجاوبت** (مونث) ایک دوسرے کو جواب دینا - سوال و جواب -

مُجاوِر (ع - فاعل) ۱ قریب کا - نزدیکی ۲ جو مسجد میں رہے ۳ (مذکر) کسی خانقاہ یا درگاہ کا جھاڑو دینے والا یا خادم ۴ پڑوسی ہمسایہ (جاوَر - ہمسایہ ہونا) **مجاورانِ فلک** (مذکر) ۱ سات سیارے ۲ ستارے -

مجاورت (مونث) ۱ ہمسائگی - قرب ۲ بے تکلفی ۳ مسجد میں بطور مجاور رہنا -

مجاوری (مونث) ۱ مجاور کا عہدہ ۲ مجاور کا حق -

مُجاوِز (ع - فاعل) ۱ حد سے بڑھنے والا ۲ (صرف و نحو) (لازم) (جاوَز - حد سے بڑھنا)

مُجاہِد (ع - فاعل) ۱ کوشش کرنے والا ۲ کافروں سے جہاد کرنے والا (جاہَدَ - بہت کوشش کرنا) **مجاہدت** (مونث) **مجاہدہ** (مذکر) ۱ ریاضت - نفس کشی - جانفشانی ۲ جہاد - کافروں سے لڑائی ۳ کوشش کرنا - **مجاہدین** (مونث) مجاہد کی جمع -

مُجاہِر (ع - فاعل) دولتمند تاجر (جاہَرَ - کسی کو اشیا دینا) **مجاہر اَرواح** (مذکر) ۱ خدا تعالٰے کا ایک نام ۲ پیغمبر صلعم کا ایک نام - **مجاہر کان** (مذکر) سورج -

مَجاہیل (ع - مذکر) مجہول کی جمع -

مَجبُور (ع - مفعول) ۱ ناچار - بے بس - تنگ - دق ۲ (قف) مجبوراً (کرنا ہونا کے ساتھ) (جَبَرَ - ناچار کرنا) **مجبوراً** (قف) مجبور ہو کر - بے اختیاری کی حالت میں - تنگ آ کر - **مجبورت** (مونث) شہد بینہ **مجبوری** (مونث) عاجزی - بے بسی - ناچاری -

مُجتَبیٰ (ع - مفعول) ۱ چنا ہوا - چیدہ - برگزیدہ ۲ پیغمبر صلعم کا لقب (اجتبیٰ - چننا)

مُجتَثّ (ع - مونث) علم عروض کی ایک بحر (اجتث - کاٹنا)

مُجتَمِع (ع - مفعول) اکٹھا کیا گیا جمع کیا گیا (اجتمع - اکٹھا ہونا) **مجتمِع** (فاعل) اکٹھا ہونے والا - **مجتمعاً** (قف) مجموعی حالت میں -

مُجتَنَب (ع - مفعول) جس سے اجتناب کیا جائے (اجتنب - پرہیز کرنا) **مجتنِب** (فاعل) اجتناب کرنے والا - پرہیز کرنے والا - دور رہنے والا -

مُجتَہِد (ع - فاعل) ۱ کوشش کرنے والا - جدوجہد کرنے والا ۲ راہ صواب پیدا کرنے والا - ٹھیک اور درست راستہ نکالنے والا ۳ منکروں سے جہاد کرنے والا ۴ اجتہاد کرنیوالا کتاب اور سنت سے مذہبی مسائل نکالنے والا ۵ جو دلیل کے ساتھ ایک بات کا قائل ہو ۶ (مذکر) شیعوں کا فقیہہ - امام یا پیشوا ۷ مذہب (اجتہَدَ - کوشش کرنا) **مجتہدانہ** (قف) مجتہدوں کے طریقے پر - **مجتہدین** (مذکر) مجتہد کی جمع دیکھو ۶ -

مُجحَر (ع - مذکر) چھپنے کی جگہ - پناہ گاہ (اَجحَرَ - بل میں گھسنا)

مَجد (ع - مذکر) ۱ بزرگی - عظمت - بڑائی - شان ۲ وہ عزت جو بزرگوں کی وجہ سے ہو ۳ ایک قبیلے کی جدّہ کا نام -

مجدا (ھ - مذکر) ایک قسم کی مٹی جس میں چکنی مٹی اور ریت ملی ہوئی ہوتی ہے -

مُجَدَّد (ع - مفعول) ۱ از سر نو پیدا کیا گیا - تجدید کیا گیا ۲ نیا - جدید ۳ مرمت کیا گیا (جَدَّدَ - نیا بنانا) **مُجَدِّد** (فاعل) تجدید کرنے والا - پرانے کو نیا کرنے والا - از سر نو کوئی کام کرنے والا - **مجدداً** (قف) از سر نو - **مجددِ الفِ ثانی** (مذکر) دوسرے ہزار برس کا مجدد - شیخ احمد سرہندیؒ لقب - دیکھو احمد کے تحت میں - **مجددِ وقت** (صفت) وہ ولی کامل جو ہر سو برس کے بعد شروع صدی میں پیدا ہوتا ہے -

مَجذُوب (ع - مفعول) ۱ جذب کیا گیا - کھینچا گیا ۲ محبت خدا میں کھینچا گیا - خدا کی محبت میں غرق - صاحب جذبہ ۳ مست - بے ہوش - بے خبر ۴ سڑی - پاگل - دیوانہ ۵ ایک فقیروں کی قسم جو ننگے رہتے اور بے سروپا باتیں کرتے ہیں اور عوام انہیں ولی سمجھتے ہیں (جَذَبَ - کھینچنا) **مجذوب کی بڑ** (مونث) بے معنی باتیں - بے سروپا باتیں - عوام کا خیال ہے کہ مجذوب جو بکواس کرتے ہیں اس میں سائل کی بات کا جواب دیتے ہیں -

مَجذُور (ع - مفعول) مربع - حاصل ضرب جو کسی عدد کو اپنی نفسہ ضرب دینے سے پیدا ہو - وہ عدد جذر کہلاتا ہے (جَذَرَ - جڑ سے نکالنا کاٹنا)

مَجذُوم (ع - مفعول) کوڑھی - جذامی - وہ جسے جذام ہو گیا ہو (جُذِمَ - جذام ہو جانا)

مَجرا (ع - مذکر) ۱ جاری ہونے کی جگہ ۲ دریا کا راستہ ۳ نہر - نالی - بدرو (جَرَیٰ - بہنا) **مجرائے آب** (مذکر) ۱ پانی جاری ہونے کی جگہ - نہر - نالی ۲ پیشاب کا راستہ - **مجرائے آبِ عملی** (مذکر) پانی بہنے کی رو جو آدمی نے بنائی ہو - جیسے نہر - بدرو - **مجرائے آبِ قدرتی** (مذکر) پانی بہنے کی رو جو آدمی نے نہ بنائی ہو جیسے دریا - ندی - **مجرائے ماء** (مذکر) دیکھو مجرائے آب ۱ - **مجرائے نہر** (مذکر) دریا کا راستہ -

مَجَرّ (ع - مذکر) کہکشاں -

مُجرا (ع - مفعول) ۱ جاری کیا گیا - رواں کیا گیا ۲ حساب میں لیا گیا ۳ (مذکر) کٹوتی -

منہائی ۷ ادب سے سلام کرنا ۸ ناچنے گانے والوں کا محفل میں بیٹھ کر گانا۔ رقص و سرود۔ صرف صبح یا شام کا ناچ ۹ وہ مرثیہ جو رباعی۔ غزل۔ قصیدہ یا قطعہ کی طرز پر کہا جاتا ہے۔ اور اس کے مطلع میں لفظ مجرا یا سلام لایا جاتا ہے ۱۰ بادشاہوں یا امرا کا سلام ۱۱ باریابی۔ ملازمت (اَجرَیٰ۔ بہانا) **مجرا پانا** (متعدی) ۱ روپیہ وصول پانا۔ بھر پانا ۲ روپیہ بہی میں درج ہونا ۳ باریابی پانا۔ **مجرا طلبی** (مونث) دعوے بالمقابل۔ الٹا دعوے **مجرا دینا** (متعدی) حساب میں لگا دینا۔ وضع کر دینا۔ حساب میں محسوب کر دینا۔ کاٹ دینا **مجرا عرض کرنا** (متعدی) سلام کرنا۔ **مجرا کرنا** (متعدی) ۱ محسوب کرنا۔ حساب میں لگانا ۲ وضع کرنا۔ منہا کرنا۔ کاٹ دینا ۳ آداب بجا لانا۔ بادب سلام کرنا ۴ ناچنا گانا۔ محفل میں ناچ کرنا۔ **مجرا گاہ** (مونث) بادشاہوں کے دربار میں وہ جگہ جہاں لوگ کھڑے ہو کر مجرا عرض کرتے تھے **مجرا لینا** (متعدی) کاٹ لینا۔ حساب میں لگا لینا **مجرا ہونا** (لازم) مجرا کرنا کا۔ **مجرائی** (مذکر) ۱ مجرا بجا لانے والا۔ سلام کرنے والا ۲ منصب دار۔ درباری۔ وہ لوگ جو صرف سلام کرنے کی تنخواہ پاتے ہیں ۳ مرثیہ کا سلام پڑھنے والا۔ وہ شاعر جو سلام نظم میں کہے۔ مرثیہ گو ۴ منہائی۔ کٹوتی۔ **مجرئی** (مذکر) ۱ دیکھو مجرائی ۲ تا ۳ ناچنے اور گانے والا۔ **مجرے کو خم ہونا** (لازم) سلام کرنے کے لئے جھکنا۔ سلام کرنا۔

مُجَرَّب (ع۔ مفعول) ۱ تجربہ کیا گیا۔ آزمایا گیا۔ آزمودہ ۲ کارگر۔ موثر۔ تیر بہدف (جَرَّبَ۔ آزمانا) **مُجَرِّب** (فاعل) آزمانے والا۔ تجربہ کرنے والا۔ **مُجَرَّبات** (مذکر) ۱ تجربہ کی ہوئی دوائیاں۔ آزمائے ہوئے نسخے درج ہیں۔ جیسے مجربات بو علی سینا مجربات اکبری۔

مُجَرَّد (ع۔ مفعول) ۱ اکیلا۔ تنہا ۲ بن بیاہا۔ ناکتخدا ۳ بے زن و فرزند۔ آزاد ۴ وہ شخص جو دنیا سے الگ ہو گیا ہو۔ تارک الدنیا ۵ وہ شے جو مادہ سے پاک ہو (جَرَّدَ۔ ننگا کرنا) **مجرّداً** (تف) ۱ اکیلا۔ تنہا ۲ حرف۔ **مجرّدات** (مذکر) ۱ غیر مادی چیزیں ۲ فرشتے۔ ارواح۔ **مجرد رہنا** (لازم) شادی نہ کرنا۔ عورت کے بغیر رہنا۔ آزاد رہنا۔ **مجردی** (مونث) ۱ تجرد کنوارا پن ۲ تنہائی۔ آزادی۔

امثال واقوال۔ مجرد سب سے اعلےٰ جس کے (سسرا نہ سالا) لڑکا نہ بالا۔ مجرد سب سے اعلےٰ ہے نہ سسرا ہے نہ سالا ہے۔ بن بیاہا آدمی بہت اچھا ہوتا ہے۔ آزاد ہوتا ہے اور دنیا کے دھندوں سے بچا رہتا ہے۔

مُجرِم (ع۔ مذکر) ۱ جرم کرنے والا۔ قصوروار۔ خطادار۔ گنہگار ۲ (قانون) وہ شخص جسے جرم ثابت ہونے پر عدالت سے سزا ملے۔ اس سے پہلے یہ ملزم کہلاتا ہے (اَجرَمَ۔ گناہ کرنا) **مجرم اشتہاری** (مذکر) وہ مجرم جو مفرور ہو گیا ہو اور اس کے برخلاف کارروائی زیر دفعہ ۵۱۲ ضابطہ فوجداری ہو چکی ہو۔ **مجرمان** (مذکر) مجرم کی جمع۔ **مجرم ٹھہرانا۔ قرار دینا یا گرداننا** (متعدی) **ٹھہرنا** (لازم) قصوروار قرار دیا جانا گنہگار ثابت ہونا۔ **مجرم ثابت کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) عدالت میں جرم ثابت ہو کر قصوروار قرار دیا جانا۔ **مجرم عادی** (مذکر) وہ شخص جو بار بار جرم کرے۔ **مجرم فراری** (مذکر) وہ مجرم جو بھاگ جائے۔ **مجرم ہونا** (لازم) ملزم ہونا۔ خطاوار ہونا۔ قصوروار ہونا۔

مَجرُوح (ع۔ مفعول) ۱ وہ شخص جسے زخم لگا ہو۔ زخمی۔ گھائل ۲ کنایتاً عاشق ۳ وہ بیان جو ناقابل قبول ہو (کرنا ہونا کے ساتھ) (جَرَحَ زخمی کرنا)

مَجرُور (ع۔ مفعول) وہ اسم جس کو حرف جر کسی فعل کی طرف کھینچ کر پہنچائے۔ جیسے وہ گھر سے آیا۔ سے حرف جر۔ گھر مجرور ہے۔ اردو میں یہ حروف جر سے پہلے آتا ہے۔ عربی اور فارسی میں بعد کو آتا ہے (جَرّ۔ کھینچنا)

مُجرِی (ع۔ فاعل) ۱ وہ جو بہاتا ہے بہانے والا ۲ وہ جو حکم کی تعمیل کراتا یا سزا دیتا ہے ۳ خدا تعالےٰ کا ایک نام (اَجریٰ۔ سزا دینا)

مَجزُوم (ع۔ مفعول) ۱ کٹا ہوا ٹوٹا ہوا ۲ جس پر جزم ہو۔

مُجِسٹریٹ (انگ۔ مذکر) وہ حاکم جسے مجرمان کو سزا دینے کے اختیارات ہوں۔ مجسٹریٹ کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ مجسٹریٹ با اختیارات زیر دفعہ ۳۰ ضابطہ فوجداری انہیں سات سال تک سزا دینے کے اختیارات ہیں۔ مجسٹریٹ درجہ اول کو تین سال تک۔ مجسٹریٹ درجہ دوم کو ۶ مہینے تک اور مجسٹریٹ درجہ سوم کو ۳ مہینے تک۔ **مجسٹریٹی** (مونث) ۱ مجسٹریٹ کا عہدہ ۲ اختیار۔ حکومت۔

مُجَسطی (یو۔ مونث) یونانی زبان میں حکیم بطلیموس کی مشہور کتاب جس کا عربی ترجمہ محقق طوسی نے کیا تھا۔

مُجَسَّم (ع۔ مفعول) ۱ جسم دار۔ جسمی۔ وہ جس میں طول عرض اور عمق ہو ۲ بھاری۔ بوجھل ٹھوس ۳ موٹا۔ فربہ۔ جسیم ۴ سراپا (جَسَّمَ۔ بڑا بنانا) **مجسّمات** (مذکر) مجسّم کی جمع۔ **مجسّم ساز** (مذکر) سنگتراش۔ بت ساز **مجسّم عَدَس** (مذکر) محدب جسم۔ قبہ دار جسم۔ وہ جسم جو بیچ میں سے ابھرا ہوا ہو۔ **مجسّم مُتساوی** (مذکر) ٹھوس جسم۔ مکعب مکسّر۔ **مجسّمہ** (مذکر) بت۔ صنم **مجسّمۂ گچ** (مذکر) بت جو پلاسٹر سے بنایا گیا ہو۔ بت ساز پتھر یا دھات کا بت بنانے سے پہلے پلاسٹر کا بناتے ہیں جب وہ ٹھیک بن جاتا ہے تو اصل بت کو بناتے ہیں **مجسّمۂ مومی** (مذکر) موم کا بت۔ اس قسم کے بت مشہور آدمیوں کے بنا کر عجائب خانوں میں رکھتے ہیں۔ **مجسّمۂ نصف تن** (مذکر) چھاتی اور اس سے اوپر کے حصے کا بت۔ اوپر کے دھڑ کا مجسمہ۔

مُجَصَّص (ع۔ مفعول) پلستر کیا ہوا (جَصّ پلستر کرنا)

مُجَعَّد (ع۔ مفعول) ۱ گھونگر یالا ۲ خستہ (جَعَّدَ۔ بل کھانا)

مُجکودہ (تف) دیکھو مجکو مجھ کے تحت میں (مت)

مُجَلّا (ع۔ مفعول) جلا کیا ہوا۔ چمکایا ہوا۔ چمکدار (جَلّیٰ۔ صاف کرنا)

مُجَلَّد (ع۔ مفعول) جلد بندھا ہوا جلد بندی کیا ہوا (جَلَّدَ۔ چمڑے سے منڈھنا)

مَجلِس (ع۔ مونث) ۱ بیٹھنے کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں بہت سے آدمی جمع ہوں ۲

مجمع - انجمن - بزم - جلسہ - سبھا - سماج - کونسل - کانفرنس - پنچایت ۳ شہدائے کربلا کی فاتحہ اور ماتم کا جلسہ (جلس - بیٹھنا) **مجلس آرا یا افروز** (صفت) ۱ مجلس کو رونق دینے والا ۲ (ف - مذکر) جلتی ہوئی موم بتیاں ۳ شراب ۴ ایک تمر کا نام۔

مجلس برہم ہونا (لازم) مجمع منتشر ہوجانا صف بندی میں فرق آنا - **مجلس پٹوانا** (متعدی) مجلس میں تہلکہ ڈال دینا **مجلس حفظِ صحت** (مونث) وہ مجلس جو حفظ صحت کے کام کے لئے مقرر کی جائے سینیٹری کونسل - **مجلس حکومت** (مونث) وہ کچہری جہاں فیصلے سنائے جائیں - **مجلس حیران** (مونث) ایک قسم کی عمدہ مستی (لکھنؤ) **مجلس خانہ** (مذکر) ۱ مجلس جمع ہونے کا مقام - وہ جگہ جہاں مجلس کے لوگ جمع ہوتے ہیں - کسی بزرگ کے آستانے کا وہ مقام جہاں لوگ قوالی سنتے ہیں ۲ دربار - دیوان عام - ٹاؤن ہال ۳ امام حسین کے ماتم کی مجلسیں ہونے کا مقام - **مجلس رقص (و سرود)** (مونث) ۱ ناچ گانے کی محفل - غیر موزوں لفظ ہے - محفل رقص و سرود ہونا چاہیئے ۲ (ف) بال روم - ناچ کا کمرہ ۳ ناچ - **مجلس شوریٰ** (مونث) وہ مجلس جس میں انتظام کے لئے صلاح و مشورہ کیا جائے **مجلس عام** (مونث) دیوانِ عام - بادشاہوں کی وہ مجلس جس میں عام لوگ مدعو ہوں - **مجلس علمی** (مونث) علمی سوسائٹی مجلس علوم - **مجلس کرنا** (متعدی) ۱ جلسہ کرنا - سبھا کرنا - لوگوں کو جمع کرنا ۲ مرثیہ خوانی **مجلس کی رونق** (صفت) مسخرا - رونق محفل - **مجلس گاہ** (مذکر) دیوان عام - ٹاؤن ہال - **مجلس گرم ہونا** (لازم) ۱ مجلس میں رونق ہونا - بہت لوگوں کا جمع ہونا ۲ مجلس والوں پر رقت طاری ہونا - **مجلس لحد** (مونث) قبر - مقبرہ - **مجلس واضعانِ قوانین** (مونث) وہ مجلس جو قانون بنائے - پارلیمنٹ لیجسلیٹو کونسل یا اسمبلی - **مجلس ہوائی** (مونث) ایک تماشے کا نام جس میں ہیولا کا اکھاڑہ ہوا میں جمع ہوتا ہے - **مجلسی** (مذکر) وہ شخص جو مجلس میں شامل ہو - اہل مجلس۔

مثل مجلس میں شیخ شلتے ہیں
منیخ - دونوں خرابی کرتے ہیں۔

مجلّی (ع - فاعل) صاف کرنے والا ۱ جلا دینے والا (جلو - صاف کرنا) **مجلیات** (مونث) مصفیٰ دوائیں۔

مجمّد (ع - مفعول) جما ہوا - منجمد (جمد - جم جانا)

مجمر (ع - مذکر) ۱ وہ برتن جس میں خوشبو دار چیزیں جلاتے ہیں - اگردان - عود دان ۲ ایک صورت کو کبہ (جمر - کوئلے ڈالنا) **مجمرِ آتش** (مذکر) ۱ دیکھو مجمر ۲ سورج۔

مجمع (ع - مذکر) ۱ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ - مجلس - جلسہ - محفل ۲ انبوہ - بھیڑ - ہجوم جمگھٹ - جم غفیر - اژدحام - اکھاڑہ (جمع - اکٹھا ہونا) **مجمع اخلاق** (صفت) اخلاق کا مجموعہ - نہایت خلیق آدمی - **مجمع البحرین** (مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں دو سمندر یا دریا ملتے ہوں ۲ وہ جگہ جہاں حضرت خضر اور حضرت موسےٰ کی ملاقات ہوئی تھی **مجمع الجزائر** (مذکر) ٹاپوؤں کا جھنڈ - بہت سے جزیرے جو پاس پاس ہوں - ویسے تو سیکڑوں مجمع الجزائر ہیں مگر سب سے مشہور شرق الہند اور غرب الہند ہیں - اول الذکر ایشیا کے جنوب میں اور ہندوستان کے جنوب مشرق کی طرف واقع ہیں - اور موخرالذکر وسطی امریکہ کے مشرق کی طرف جب کولمبس یہاں پہنچا تو اسے خیال ہوا کہ وہ ہندوستان میں پہنچ گیا ہے - اس لئے اس نے ان جزائر کا نام مجمع الجزائر غرب الہند رکھ دیا - **مجمع النہرین** (مذکر) دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ - خصوصاً دجلہ اور فرات کے **مجمع چھٹنا** (لازم) لوگوں کا منتشر ہوجانا - بھیڑ ہٹ جانا **مجمع خلافِ قانون** (مذکر) پانچ یا پانچ سے زیادہ اشخاص کا مجمع جو کسی امر خلاف قانون کیلئے جمع ہوا ہو - دیکھو تعزیرات ہند دفعہ ۱۴۱ - **مجمع خلاف قانون کو منتشر کرنا** (متعدی) جب کوئی ایسا مجمع ہوجائے تو مجسٹریٹ موقع پر جاکر ان لوگوں کو مجمع خلاف قانون قرار دیتا ہے - پھر ان کو منتشر ہوجانے کا حکم دیتا ہے - اگر وہ منتشر نہ ہوں تو پھر پولیس کو حکم دیتا ہے کہ بہ جبر منتشر کیا جائے - پھر لاٹھیاں برسنی شروع ہوتی ہیں - اگر اس پر بھی نہ منتشر ہوں تو بندوق چلانے کا حکم دیا جاتا ہے۔
مجمع عام (مذکر) عام لوگوں کا اژدحام - میلا - جلسہ عوام - **مجمع عام میں مخل ہونا** (لازم) عام لوگوں کے جلسے میں خلل ڈالنا - میلا درہم برہم کرنا - میلے میں کھنڈت ڈالنا۔

مجمل (ع - مفعول) ۱ جو تفصیل کا محتاج ہو - اجمال کیا گیا ۲ انتخاب - خلاصہ - اختصار (اجمل - اکٹھا کرنا) **مجملاً** (تف) اجمالاً - بطور انتخاب - مختصراً - **مجمل حساب** (مذکر) وہ حساب جو تفصیل کے ساتھ نہ ہو - گوشوارۂ حساب۔

مجموع (ع - مفعول) جمع کیا گیا - تمام - کل - سب (جمع - اکٹھا کرنا) **مجموعہ** (صفت) ۱ جمع کیا ہوا - اکٹھا کیا ہوا ۲ (مذکر) ذخیرہ - خزانہ - مخزن ۳ جملہ - کلیات ۴ بنڈل - گٹھا - پشتارہ ۵ مرکب عطر - وہ عطر جس میں بہت سے عطر اور خوشبوئیں ملی ہوئی ہوں ۶ حاصل جمع - **مجموعہ تعزیرات** (مذکر) وہ قانون جس میں جرائم کی سزاؤں وغیرہ کا بیان ہے - **مجموعہ ضابطہ دیوانی** (مذکر) قانون کی وہ کتاب جس میں دیوانی مقدمات کرنے کے طریقے دئے ہوئے ہیں - **مجموعہ ضابطہ فوجداری** (مذکر) قانون کی وہ کتاب جس میں فوجداری مقدمات کے فیصلہ کرنے کے طریقے دیئے ہوئے ہیں - **مجموعۂ قوانین** (مذکر) قوانین کا ذخیرہ - وہ کتاب جس میں بہت سے قانون ہوں - یہ فوجداری اور دیوانی دونوں ہوتے ہیں **مجموعہ کا عطر** (مذکر) دیکھو مجموعہ ۵ **مجموعی** (صفت) اجمالی - تمام - کلی - **مجموعی رپورٹ** (مونث) وہ رپورٹ جو چند آدمی مل کر کریں - **مجموعی قیمت** (مونث) اکٹھی قیمت جو بہت سی چیزوں کے بغیر علیحدہ علیحدہ قیمت مقرر کئے ہوئے دیجائے - کل مالیت - **مجموعی نمبر** (مذکر) کل حاصل شدہ نمبر۔

مجن (س - مذکر) ۱ نہانا - غوطہ لگانا ۲ ڈوبنا۔

مجنون (ع - صفت) ۱ پاگل - سودائی - باؤلہ - دیوانہ - سڑی - جنونی - خبطی مخبوط الحواس ۲ عاشق - شیدا - مفتون - فریفتہ ۳ قیس عامری کا لقب ۴ نہایت دبلا اور کمزور آدمی ۵ (مذکر) ایک درخت جسے بید مجنوں کہتے ہیں ۶ کئی اردو شاعروں کا نام (جن - جن کا سر پر سوار ہونا) **مجنون بنانا یا کردینا** (لازم) پاگل کردینا دیوانہ بنادینا - سودائی کردینا - **مجنون دوری**

(مذکر) وہ جو ہمیشہ پاگل نہ رہے۔ مجنوں کا ٹیلا (مذکر) نواح دہلی میں ایک پہاڑی اس نام سے مشہور ہے۔ مجنوں کی صورت بن جانا (لازم) دیوانہ ہو جانا۔ مجنونیّت (مونث) پاگل پن۔ دیوانگی۔ جنون۔ مثل۔ مجنوں کو لیلی کا کتا بھی پیارا۔ جس سے محبت ہو اس کی ہر چیز اچھی معلوم ہوتی ہے۔

مجوُر۔ مجوُرا (مذکر) مجوُری (ھ۔ مونث) دیکھو مزدور۔ مزدورا۔ مزدوری۔

مجوّز (ع۔ مفعول) جائز کیا گیا۔ تجویز کیا گیا (جَوز۔ گزارنا۔ مشہور ہونا) مجوّز (فاعل) ۱۔ تجویز کرنے والا ۲۔ جائز رکھنے والا ۳۔ فیصلہ دینے والا ۴۔ اصرار کرنے والا۔ مُصر۔ مجوّزانِ قانون (مذکر) قانون بنانے والے۔ واضعان قانون پارلیمنٹ لیجسلیٹو کونسل۔ مجوّزہ (صفت) تجویز کیا گیا۔ مقرر کیا گیا۔ پیش کیا گیا۔ معینہ۔

مجوُس (ع۔ مذکر) مجوسی کی جمع غالباً زندگیوس کا معرب ہے۔ مجوسی (مذکر) آتش پرست۔ گبر۔ زردشت کا پیرو۔

مجوُسا (اردو۔ مذکر) لکڑی جو چھت کے نیچے کھڑی کرتے ہیں۔

مجوّف (ع۔ مفعول) کھوکھلا۔ پولا۔ کھوتھلا۔ اندر سے خالی۔ جوف کیا گیا (تجویف کھوکھلا کرنا)

مجھ (ہ۔ ضمیر) بجائے میں حروف مغیرہ سے پہلے بولا جاتا ہے۔ اور اپنی ذات پر دلالت کرتا ہے (س ہندی۔ میرا) مجھ جیسے کو (مفعول) مجھے۔ مجھ سا (تف) میرے مانند۔ مجھ سے (تف) میری ذات سے۔ مجھ سے بھی ٹال نچ لائے۔ مجھ سے بھی ناحق فساد کیا۔ مجھ کو (مفعول) مجھے۔ مجھ کو پیٹے (قسم) میرا ماتم کرے۔ یہیں کھائے۔ مجھ میں (تف) میری ذات میں۔ مجھ میں آیا۔ میرا ذمہ ہوا۔ میں ذمہ دار ہوں۔ میں دونگا۔ مجھ میں دم نہیں۔ نہایت ناتوان ہوں۔ مجھ میں کیا باقی ہے۔ عنقریب مرنے والا ہوں۔ مجھی۔ مجھ ہی کا مخفف۔ مجھے (مفعول) مجھ کو۔ میری ذات کو۔ میرے تئیں۔ مجھے بیٹھویا گاڑو۔ دیکھو مجھ کو بیٹھو۔ مجھے تو کھو دیا۔ تباہ کر دیا۔ مجھے کیا۔ مجھے مطلب نہیں۔ مجھے کیا نہیں آتا۔ میں ہر علم و ہنر سے واقف ہوں۔ مجھے کیا کہتا ہے میرا اس میں کوئی دخل نہیں مجھے کیوں الزام دیتا ہے۔ مجھے کیا ہوا ہے۔ میں کس حال میں مبتلا ہوں۔ میری کیا حالت ہوگئی ہے۔

امثال و اقوال۔ مجھ کو پاتا ہے تو تلوار کو (چھری) نہیں پاتا۔ جان کا دشمن ہے۔ کچھ اختیار نہیں چلتا۔ مجھ کو نہ مارے تو سارے جہان کو مار آؤں۔ دیکھو کوئی مجھ کو الخ۔ مجھے اور تجھے ٹھور ۱۔ مجھے تیرے بغیر اور تجھے میرے بغیر چین نہیں ۲۔ نہ مجھے برداشت نہ تجھے اور دونوں کو یکجائی۔ مجھے بڑھیا نہ کہیو کوئی۔ میں نے جوانوں کی بھی عقل کھوئی۔ چالاک ضعیف اپنے متعلق کہتا ہے۔ مجھے تو بھیرویں بھاوے۔ خوامخواہ واقفیت جتانا۔ مجھے دے سوپ تو ہاتھوں پھونک۔ نہایت خود غرضی کے موقع پر کہتے ہیں۔ مجھے کوئی نہ مارے تو سارے جہان کو مار آؤں۔ نامرد کے متعلق کہتے ہیں۔

مجھار (ہ۔ مذکر) ۱۔ اندرمیان۔ وسط ۲۔ (تف) درمیان میں۔ وسط میں (س مَدھی) مجھارا (صفت) درمیانی۔ وسطی۔ منجھلا۔ بیچ کا مجھارے (تف) درمیان میں۔

مجھایکر (ھ۔ تف) درمیان میں سے۔ بیچ میں سے۔

مجھلا (ھ۔ صفت) درمیانی۔ وسطی۔

مجہلہ (ع۔ مذکر) ۱۔ کوئی چیز جو غفلت یا جہالت ظاہر کرے ۲۔ کوئی چیز جو بیوقوفی کی بات یا کام کرائے ۳۔ جھمیلہ۔ جھگڑا۔ ٹنٹا (جَہل۔ ناواقف ہونا)

مجہود (ع۔ مفعول) ۱۔ جسے رنج یا تکلیف ہو ۲۔ جسے محنت یا مشقت برداشت کرنی پڑے ۳۔ مصیبت زدہ ۴۔ تھکا ہوا۔ ماندہ ۵۔ (مذکر) تکلیف۔ مصیبت ۶۔ کوشش۔ محنت۔ مشقت (جَہد۔ تکلیف دینا)

مجہول (ع۔ مفعول) ۱۔ نامعلوم۔ غیر معروف ۲۔ کاہل۔ سست۔ نکما ۳۔ آرام طلب۔ نکھٹو ۴۔ (مذکر) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو ۵۔ واؤ کا نام جب اس کی آواز اس طرح نکلے جیسے کوئیں میں ۶۔ ے کا نام جب اس کی آواز اس طرح نکلے جیسے کے یا کے میں ۷۔ (جبر و مقابلہ) وہ مقادیر جن کی قیمت معلوم کرنی ہو۔ نامعلوم رقم (جَہل۔ ناواقف ہونا) مجہول النسب (مذکر) وہ شخص جس کے باپ دادا یا خاندان کا کوئی پتہ نہ ہو۔ مجہول مطلق (صفت) سخت جاہل اور سست۔

مجھولا (ہ۔ صفت) ۱۔ درمیانی۔ وسطی۔ منجھلا۔ میانہ۔ متوسط ۲۔ (مذکر) ایک قسم کا دیگچہ جو دیگ سے چھوٹا ہوتا ہے۔ اور اس میں دیگ کی مقدار سے نصف چاول یا سالن آتا ہے (س مَدھی درمیان)

مجھولی (صفت) ۱۔ وسطی۔ درمیانی۔ منجھلی ۲۔ (مونث) ایک قسم کی چھوٹی بہلی۔

مجھیلا (ہ۔ مذکر) جھگڑا۔ قضیہ۔ جھمیلا۔ ٹنٹا (غالباً جھمیلا کا معرب) مجھیلا پڑنا (لازم) ڈالنا (متعدی) جھگڑا اٹھانا۔ قضیہ کسی مقدمے یا معاملے کو پیچ در پیچ بنانا۔

مجھیلا (ھ۔ صفت) دیکھو مجھولا (س مَدھی) مجھیلی (مونث) ۱۔ دیکھو مجھولی ۲۔ دوپہر آدھی رات مجھیلی رات (مونث) آدھی رات۔

مجیب (ع۔ صفت) ۱۔ جواب دینے والا ۲۔ قبول کرنے والا ۳۔ خدا تعالےٰ کا نام چونکہ وہ دعا کا جواب دیتا ہے۔ یعنی قبول کرتا ہے ۴۔ (طب) اجابت لانیوالی دوا (اِجابَۃ۔ جاب۔ جواب دینا) مجیب الدعوات (مذکر) دعائیں قبول کرنے والا۔ خدا تعالےٰ۔

مجیت (ھ۔ صفت) ۱۔ گھسا ہوا۔ رگڑا ہوا ۲۔ میلا۔ گندا ۳۔ جو نیا نہ ہو۔ پرانا۔ مستعمل ۴۔ سستا۔ جو کم قیمت پر بیچا یا خریدا جائے۔

مجیٹھ (ھ۔ مونث) ۱۔ ایک درخت جس کی جڑ سے ایک قسم کا سرخ رنگ نکلتا ہے (س منجِشٹھا)

مجید (ع۔ صفت) ۱۔ بزرگ۔ بزرگوار

۲ خدا تعالیٰ کا ایک نام۔ قرآن مجید کی ترکیب سے بھی استعمال ہوتا ہے (مَجَدَ۔ بڑا ہونا) **مجیدیّہ** (مذکر) ۱ ایک ترکی سکّہ ۲ وہ سکّے جن کی اصلاح سلطان عبد المجید کے عہد میں ہوئی ۳ ایک تمغہ جو سلطان دیا کرتے تھے۔

مَجیرا (ہ۔ مذکر) پیتل کی چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ تال دینے کے واسطے دونوں ہاتھوں سے بجاتے ہیں (س منج بجانا)

مَچ (ہ۔ امر) مچنا کا (س مَچ۔ کوٹنا)

مچا (امر) ۱ مچانا کا ۲ (ماضی) مچنا کی۔ **مچا دینا۔ مچانا** (متعدی) ۱ برپا کرنا۔ کرنا۔ عمل میں لانا۔ رچانا ۲ گاڑی میں جوتنا۔ **مچاونا** (ہ) مچانا۔ **مچاؤ** (ہ) کرنے والا۔ مچانے والا۔ مرکبات کے آخیر میں۔ **مچنا** (لازم) ۱ ہونا۔ عمل میں آنا ۲ چکنا جانا۔ رچنا بسنا۔

مُچ (ہ۔ مونث) ۱ بھول۔ چوک فراموشی ۲ غفلت۔ جہالت ۳ بے توجہی۔ لاپرواہی ۴ نیند کا خمار ۵ سونے کا ٹکڑا جو نمونے کے طور پر پرکھنے کے لئے لیا جائے۔

مَچا (ہ۔ مذکر) مچان (عف)

مُچّا (ہ۔ مذکر) گوشت کا بڑا ٹکڑا (س مچ۔ کوٹنا)

مَچاچَج (ہ۔ صفت) ۱ لبریز۔ بھرا ہوا بھرپور۔ لبالب۔ کھچا کھچ ۲ گنجان۔ پاس پاس ۳ (مونث) چارپائی کی چوں چوں یا چرچرانے کی آواز (س مچ۔ کوٹنا۔ حرکت کرنا)

مَچان۔ مَچانا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ تختے جو دیوار میں اونچی جگہ اسباب وغیرہ رکھنے کے لئے لگا دیتے ہیں ۲ وہ تختوں کی اونچی جگہ جس پر بیٹھ کر باغ یا کھیت سے پرندوں یا جنگلی جانوروں کو ہنکاتے ہیں ۳ وہ بلند جگہ جہاں شیر کے شکار کے لئے بیٹھتے ہیں ۴ وہ جگہ جو شاخوں سے ملتی ہوئی لکڑیوں کی تھونیوں پر چھوٹی چھوٹی لکڑیاں باندھ کر درختوں کی قلمیں لینے کے لئے بناتے ہیں (س مَچ تاڑنا)

مُچانا (ہ۔ متعدی) بند کرانا۔ تڑوانا

مچرانا (ہ۔ متعدی) خوراک کو الٹ پلٹ کرنا۔ بغیر بھوک کے کھانا۔

مُجَرَّب (اردو۔ صفت) یہ فاص ہندوستان کی ایجاد ہے چربی سے عربی چہار حرفی مفعول کے وزن پر بنا یا گیا ہے۔ چرب کیا گیا۔ چربی والا۔

مچر مچر (ہ۔ مذکر) بغیر بھوک کے کھانا (کرنا کے ساتھ)

مُچَرس (ہ۔ مذکر) ۱ ایک دوا کا نام ۲ ایک جانور۔

مَچک (ہ۔ امر) ۱ مچکنا کا ۲ (مونث) لچک۔ **مچکا** (امر) ۱ مچکانا کا ۲ (ماضی) مچکنا کی ۳ (مذکر) مندا ہو جانا بیوپار کا ۴ ارزانی۔ سستاپن ۵ فرق۔ تفاوت۔ ۶ وقفہ۔ ڈھیل۔ **مچکا پڑنا یا کھا جانا** (لازم) ۱ بازار کا مندا پڑنا ۲ سستا ہونا قیمت گھٹ جانا ۳ آمد کا کم ہو جانا ۴ وقفہ پڑ جانا ڈھیل پڑ جانا۔ **مچکانا** (متعدی) ۱ لچکانا۔ لرزاں لرزاں کرنا۔ جنبش دینا۔ ہلانا ۲ جھکانا۔ **مچکنا** (لازم) ۱ لچکنا۔ لرزنا۔ تھرتھرانا۔ کانپنا ۲ چارپائی کا چوں چوں کرنا۔ چرچرانا۔ بولنا (س مچ۔ حرکت کرنا)

مچکارنا (ہ۔ متعدی) کھنگالنا دھونا۔

مچکانا (ہ۔ متعدی) آنکھیں جلدی جلدی کھولنا اور بند کرنا۔ آنکھ مارنا (س مِش آنکھ مارنا)

مچکاونا۔ مچکاؤنا (ہ۔ متعدی) دیکھو مچکانا۔

مچکر (ہ۔ صفت) چکر لگانے والا (مست)

مچکند۔ مچکُند (ہ) **مچکند** (س۔ مذکر) ایک پودہ جس کے پھول درد سر کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

مَچل (ہ۔ امر) ۱ مچلنا کا ۲ (ہ صفت) دیکھو مچلا (س مَتسَر۔ غصہ) **مچلا** (امر) ۱ مچلانا کا ۲ (ماضی) مچلنا کی ۳ (صفت) لگرا۔ گھنا۔ ڈھیٹ ۴ ضدی۔ ہٹی۔ ہٹیلا ۵ شوخ۔ نٹ کھٹ۔ **مچلا پن** (مذکر) ۱ لگراپن۔ گھنا پن۔ ڈھٹائی ۲ ضد ہٹ۔ اڑ۔ **مچلانا** (متعدی) ۱ لگراپن کرنا ۲ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا ۳ ٹال مٹول کرنا۔ حیلے حوالے کرنا۔ **مچلاہا** (ہ۔ صفت) دیکھو مچلا۔ **مچلاہٹ** (ہ) **مچلائی** (مونث) ۱ دیکھو مچلاپن ۲ شوخی **مچل پڑنا** (لازم) ضد پر آجانا۔ ہٹ پر آجانا۔ **مچلپن** (ہ۔ مذکر) دیکھو مچلاپن۔ **مچل جانا** (لازم) ضد پر آجانا۔ ہٹ کرنا کسی چیز کے لینے کے لئے ضد کرنا۔ **مچلنا** (لازم) ۱ دیکھو مچلانا ۲ رونا۔ بلکنا۔ گریہ کرنا ۳ کسی چیز کے نہ دینے کی ہٹ کرنا۔ مطلق انکار کرنا۔ **مچلی** (مونث) مچلا کی ۱ شوخ۔ ڈھیٹ۔ ضدن ۲ حیلہ باز۔ گھنّی مگری ۳ سست۔ کاہل

مچلانا (ہ۔ لازم) ۱ مالش ہونا۔ غشیاں ہونا۔ متلانا ۲ ابکائی آنا۔ قے آنا۔ قے کی حاجت ہونا۔

مُچلکا۔ مُچلکہ (ت۔ مذکر) ۱ کسی کام کے نہ کرنے کا عہد جو ملزم کی طرف سے ہو۔ ملزم اقرار کرتا ہے کہ بصورت خلاف ورزی وہ اس قدر روپیہ بطور جرمانہ دے گا۔ اگر ملزم کی طرف سے کوئی اور شخص یہ اقرار کرے تو اسے ضمانت کہتے ہیں ۲ عہد نامہ۔ قول و قرار (دینا لکھانا۔ لکھ دینا۔ لکھنا۔ لکھوالینا۔ لے لینا۔ لینا وغیرہ کے ساتھ) **مچلکا نکلنا** (متعدی) مچلکا لینے کا حکم صادر ہونا۔

مَچمَچ (ہ۔ مونث) ۱ چارپائی کی چوں چوں ۲ کھلانے کی آواز جو جبڑوں سے نکلتی ہے (مچمچانا سے) **مچمچی** (مونث) دیکھو مچمچاہٹ۔

مچمچا (ہ۔ امر) مچمچانا کا (س مچ تر یہ ہونا) **مچمچا جانا** (لازم) مستی پر آجانا۔ **مچمچا کر** (قت) مستی کے جوش میں۔ کچکچا کر (لپٹنا کے ساتھ) **مچمچانا** (لازم) ۱ زور جوانی کے سبب مستی پر آنا۔ پرشہوت ہونا۔ مستی میں ہچکی باندھنا۔ کچکچانا۔ مستانا۔ گرمانا بکرے کی طرح جوش مستی میں بولنا ۲ (۔۔) چارپائی کا چوں چوں کرنا ۳ بھر جانا۔ پر ہو جانا۔ **مچمچاہٹ** (مونث) ۱ زور شہوت۔ مستی۔ مستی یا شہوت کے جوش میں دانت پیسنا ۲ جانور کا مستی پر آنا ۳ چارپائی کی چوں چوں۔

مچنا (ہ۔ لازم) میچنا کا۔ بند ہونا مندنا۔

مچنا (ہ۔ مذکر) موچنا کا مخفف۔

مچنگ (ہ - مونث) بجانے کا ایک ساز (منہ - چنگ کا مخفف)

مچوا (ہ - مونث) کشتی - مچھوا۔

مچوانا (ہ - مم) بیچنا کا - بند کرانا۔

مچوڑنا (ہ - متعدی) ۱ مروڑنا۔ مروڑکر توڑنا۔

مچول (ہ - امر) مچولنا کا - **مچولنا** (متعدی) آنکھیں بند کرنا (س مش - آنکھ جھپکنا) **مچولی** (مونث) **مچولیا** (مذکر) آنکھیں بند کرنا۔ یہ دونوں لفظ اردو میں آنکھ مچولی یا مچولیا کی ترکیب سے استعمال ہوتے ہیں - تنہا نہیں ہوتے۔

مچھ (ہ - مذکر) ۱ بڑی مچھلی ۲ وشن جی کا پانچواں اوتار - دیکھو اوتار ۳ اردو میں مگرمچھ کی ترکیب سے استعمال ہوتاہے (س متسیہ) دیکھو مکش - **مچھراند** (مونث) مچھلی کی بو۔

مچھاسیہ (ہ - مذکر) دریا کے کنارے کے گاؤں کی زمین کی ملکیت کا وہ طریقہ جس کی رو سے دریا جو زمین چھوڑے اس کے مالک زمین کے ٹکڑوں کے باشندے ہوتے ہیں جدھر زمین چھوٹے۔

مچھر (ہ - مذکر) ایک بہت چھوٹا اڑنے والا کیڑا - جو عموماً برسات میں ہوتا ہے اور آدمیوں اور جانوروں کا خون پیتاہے - اس کی کئی قسمیں ہیں - جن میں سے ایک قسم **ملیریا بخار کے** جراثیم ایک انسان کے بدن سے دوسرے انسان کو پہنچاتی ہے - پشہ (س مکش - جیسے ہونا یا مکھی) **مچھر کی جھول** (مونث) نہایت ادنٰے اور کم قیمت چیز حقیر چیز۔

امثال واقوال - مچھر

چھانٹے اور اونٹ نگل جائے - تھوڑے میں راستبازی اور بہت میں بے ایمانی - **مچھر کی جھول کا چور ہے** ۱ ادنٰے درجے کی چیز چرانے والا - اٹھائی گیرا - اچکا ۲ بڑا بادی چور ہے -

مچھرک (ہ - مونث) چھوٹی چھوٹی مونچھیں۔ بسیں -

مچھرنگا (ہ - مذکر) ایک آبی پرند جو مچھلیاں پکڑ پکڑ کر کھاتا ہے۔

مچھری (ہ - مونث) مچھلی -

مچھلی (ہ - مونث) ۱ ایک آبی جانور جو لمبوترا ہوتاہے - اس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں - مگر عموماً سیاہی مائل سفید ہوتاہے بعض کے بدن پر گول چھلکے ہوتے ہیں - اس کا گوشت کھایا جاتا ہے - اس میں اور دوسرے جانوروں میں یہ فرق ہے کہ اس کے پھیپھڑے نہیں ہوتے اور یہ گلپھڑوں کے ذریعے سانس لیتا ہے - اس کا خون سرد ہوتا ہے - ٹانگوں کی بجائے پر ہوتے ہیں اور دم کے ذریعے مڑتا ہے - اس کی ہزاروں قسمیں ہیں پانی سے نکالنے پر مرجاتی ہے - ماہی - حوت ۲ ایک برج ۳ انسان کے بازو کا گوشت جو کسی قدر ابھرا ہوتا ہے ۴ ہتھیلی کا اندرونی گوشت - عضلہ ۵ مچھلی کی صورت کا کان کا ایک زیور ۶ ناک میں پہننے کا بلاق جو مچھلی کی صورت کا ہوتا ہے ۷ مچھلی کی شکل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو بعض زیورات میں لگائے جاتے ہیں ۸ بچوں کا ایک کھیل جس میں مچھلی کی شکل کا کھلونا پانیوں میں پرتے اور نچاتے ہیں ۹ وہ گوشت جو رانوں کے جوڑ میں ہوتا ہے ۱۰ ساق حیوانات کا گوشت ۱۱ ایک قسم کا پتنگ جو مچھلی کی شکل کا ہوتا ہے ۱۲ بادشاہوں کا ایک نشان جو جلد میں ہوتا ہے ۱۳ مچھلی کی شکل کا پیپر ویٹ ۱۴ مچھلی کی شکل کے ٹکڑے جو جنبر کی زنجیر میں لگاتے ہیں ۱۵ مچھلی جو سکے میں بناتے ہیں (بیچنا - پکانا - خریدنا - کھانا وغیرہ کے ساتھ) (س متسی) **مچھلیاں** (مونث) مچھلی کی جمع - **مچھلیاں پڑنا** (لازم) کسرت کی وجہ سے ڈنڑوں کا ابھر آنا - ورزش کے باعث رانوں یا بازوؤں کا بھر جانا - **مچھلی بندر** (مذکر) ایک شہر سلی پٹم - **مچھلی پکڑنا** (متعدی) مچھلی کا شکار کرنا - بنسی یا ڈور لگاکر مچھلی پانی سے نکالنا - ڈور کے سرے پر کنڈا ہوتا ہے - اس کے ساتھ گوشت آٹے وغیرہ کا ٹکڑا لگاکر پانی میں ڈالتے ہیں - مچھلی اسے کھاتی ہے - تو کنڈا اس کے حلق میں پھنس جاتا ہے - پھر اسے کھینچ کر پانی سے باہر نکال لیتے ہیں - **مچھلی پکڑنے کا کانٹا** (مذکر) وہ کنڈا جس میں چارہ لگاکر مچھلی پکڑتے ہیں بنسی - **مچھلی کا بجرا** (مذکر) مچھلی کی شکل کی کشتی - **مچھلی کا تیل** (مذکر) کاڈ مچھلی کا تیل جو دق اور سل کی بیماریوں کے لئے مفید سمجھا جاتا ہے - **مچھلی کا چارا** (مذکر) وہ چیز جس کو کانٹے میں لگاکر مچھلی پکڑتے ہیں - عموماً گوشت یا آٹے کا ٹکڑا یا کینچوا ہوتا ہے - یورپ میں دھات کے رنگدار ٹکڑوں کا بھی استعمال کرتے ہیں - **مچھلی کا کانٹا** (مذکر) ۱ مچھلی کی ہڈیاں جو خاردار ہوتی ہیں ۲ ایک قسم کی دوخت جو کیس یا چادر سے پر کرتے ہیں - **مچھلی کا گلپھڑا** (مذکر) مچھلی کے گلے میں وہ مقام جس کے ذریعے وہ سانس لیتی ہے - **مچھلی کھانا** (متعدی) ایک قسم کی نیاز - عورتیں پکے ہوئے چاولوں پر مچھلی کے کباب رکھ کر بعد نیاز حضرت سلیمان کھاتی اور تقسیم کرتی ہیں - **مچھلی کی طرح تڑپنا** (مذکر) ازحد تڑپنا - بے حد بیقرار رہنا - بے چین ہونا - **مچھلی والا** (مذکر) ۱ ماہی گیر ۲ مچھلیاں بیچنے والا - **مچھلیوں کا شکار کھیلنا** (متعدی) دیکھو مچھلی پکڑنا -

امثال واقوال مچھلیاں

(مچھلی) **تو نہیں کہ سڑ جائینگی** - ایسی کیا جلدی ہے - عموماً بیٹی کی شادی کے متعلق کہتے ہیں - **مچھلی کے بچے جاؤں) جائے کو تیرنا کون سکھائے** - **مچھلی کے پوت کو کون تیرنا سکھاوے** - اپنے خاندانی یا آبائی کام سے ہر شخص واقف ہوتاہے -

مچھندر (ہ - صفت) ۱ بڑی بڑی مونچھوں والا ۲ (مذکر) چوہا - موش ۳ بدوضع یا وہ گو آدمی - مسخرا - دیوث (مونچھ سے)

مچھوا (ہ - مذکر) ۱ مچھلیاں پکڑنے والا - شخص جو بیچنے کے لئے مچھلیاں پکڑے ۲ ماہی فروش ۳ ایک قسم کی چھوٹی کشتی - ڈونگا (س متسیک)

مچھونی (ہ - مونث) ماہی گیر کی بیوی - ماہی گیر عورت -

مچھی (ہ - مونث) ۱ مچھلی ۲ بوسہ (س متسی) **مچھیاں** (مونث) مچھی کی جمع **مچھیاں لینا** (متعدی) بوسے لینا - **مچھی بھون** (مذکر) بادشاہوں اور امرا کے محل میں اور آج کل چڑیا گھروں میں وہ تالاب جس میں مچھلیاں رکھی جاتی ہیں - **مچھی دینا** (متعدی) بوسہ دینا - **مچھی لینا** (مذکر) بوسہ لینا - **مچھی مچھول** (مذکر) بوسہ بازی

مچھیل (ہ - مذکر) بڑی بڑی مونچھوں والا (مونچھ سے)

مچیا (ہ - مونث) ۱ چھوٹی چارپائی

۲۔ کرسی۔ تپائی۔ مونڈھا۔ پیڑھی۔ پیڑھا (س منچ اونچا ہونا)

مچباؤ (ف۔ مذکر) شہد۔

محابا (ع۔ مذکر) ۱۔ مروت۔ لحاظ ۲۔ اعانت ۳۔ فرگذاشت ۴۔ احتیاط ۵۔ ڈر۔ خوف اردو میں بے محابا کی ترکیب سے مستعمل ہے (مابیٰ۔ لحاظ کرنا۔ مدد کرنا)

محاذ (ع۔ تف) سامنے۔ مقابل (حاذی۔ مقابل ہونا) **محاذات** (مذکر) ۱۔ مقابلہ کرنا ۲۔ جواب دینا۔ روبرو ہونا ۳۔ ایک چیز کا دوسری چیز کے برابر ہونا **محاذی** (صفت) ۱۔ برابر ہونے والا ۲۔ روبرو۔ سامنے۔ مقابل ۳۔ متوازی۔

محارب (ع۔ مذکر) ۱۔ لڑنیوالا شخص۔ شجاع ۲۔ کئی عرب قبیلوں کا نام (حارب۔ جنگ کرنا) **محاربات** (مذکر) جمع محاربہ کی۔ **محاربہ** (مذکر) لڑائی۔ جنگ۔ مجادلہ۔ کارزار۔ معرکہ۔ یدھ۔

محارز (ع۔ مذکر) محافظ۔ گورنر (حرز۔ مال کی حفاظت کرنا) **محارز حسن** (مذکر) قلعہ کا گورنر۔

محارم (ع۔ مذکر) ۱۔ حرام چیزیں ۲۔ خطرناک زمانے ۳۔ محرم کی جمع۔ محرم کے مہینے ۴۔ محرمت کی جمع۔ بیویاں ۵۔ (صفت) پردہ دار۔ رازدار (حرم۔ منع کرنا کسی چیز کا)

محاریب (ع۔ مونث) محراب کی جمع۔

محاسب (ع۔ صفت) ۱۔ حساب کرنے والا۔ پڑتال کرنے والا ۲۔ واقف علم حساب۔ حساب داں ۳۔ اکونٹنٹ (حاسب۔ حساب کرنا) **محاسبہ** (مذکر) ۱۔ پڑتال۔ حساب۔ شمار ۲۔ حساب کا فیصلہ ۳۔ حساب کے متعلق پوچھ گچھ۔ بازپرس۔ مواخذہ اخراجات۔ **محاسبہ دار** (صفت) وہ جس کے حساب کی پڑتال ہو رہی ہو۔ **محاسبہ طلب** (صفت) وہ جو حساب کرنے کا مطالبہ کرے۔ **محاسبہ طلب کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) حساب مانگا جانا۔ **محاسبہ کرنا** (متعدی) ۱۔ حساب مانگنا۔ روپے کی بازپرس کرنا ۲۔ مطالبہ کرنا **محاسبہ لینا** (مذکر) حساب مانگنا۔ حساب کتاب لینا پرسش کرنا۔

محاسن (ع۔ مذکر) حسن کی جمع ۱۔ خوبیاں۔ نیکیاں۔ بھلائیاں۔ نیک خصائل ۲۔ فائدے ۳۔ بدن کے خوبصورت حصے۔ داڑھی اور مونچھیں۔ **محاسن شماری** (مونث) مردے کی خوبیاں بیان کرنا۔

محاصر (ع۔ صفت) محاصرہ کرنیوالا (حاصر۔ گھیرلینا) **محاصرہ** (مذکر) ۱۔ گھیراڈالنا۔ گھیر لینا ۲۔ قلعہ بند کردینا۔ ناکہ بندی۔ گھیرا۔ انحصار۔ تسخیر۔ **محاصرہ اٹھالینا یا اٹھانا** (متعدی) ناکہ بندی چھوڑ دینا۔ گھیراڈالنے والی فوج کو ہٹالینا **محاصرہ کرلینا یا کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) چاروں طرف سے گھرجانا۔ **محاصرے میں آجانا** (لازم) ہر طرف سے گھیرا جانا۔ قلعہ بند ہوجانا **محاصرین** (مذکر) قلعہ بند لوگ۔

محاصل (ع۔ مذکر) محصول کی جمع مگر اردو میں واحد استعمال ہوتا ہے [illegible] ۱۔ مالگزاری۔ خراج ۲۔ پیداوار۔ حاصل۔ آمدنی ۳۔ نفع۔ پھل۔ نتیجہ۔ فائدہ۔ **محاصلات** (مذکر) محصول کی جمع الجمع۔ **محاصل خام** (مذکر) کل پیداوار اصل حالت میں۔ کچی نکاسی ۲۔ کچی آمدنی۔ غیر مستقل آمدنی۔ **محاصل دہ** (مذکر) ۱۔ گاؤں کی آمدنی ۲۔ مالگزاری۔ زرلگان۔ زرمعاملہ۔

محاضر (ع۔ صفت) ۱۔ وہ جو سامنے کھڑا ہو ۲۔ تیار۔ حاضر (حضر۔ موجود ہونا) **محاضرت** (مونث) ۱۔ کسی کے مقابلے میں پیش ہونا ۲۔ قاضی کے روبرو کسی کے برخلاف دعوے کرنا یا کسی پر کوئی الزام لگانا ۳۔ بادشاہ کی گستاخی کرنا ۴۔ صوفیوں کے طریقے میں خدا کی یاد کا ایک درجہ۔

محاط (ع۔ صفت) ۱۔ گھیرا گیا۔ احاطہ کیا گیا۔ محاصرہ کیا گیا ۲۔ سمجھا گیا ۳۔ مشہور (احاطہ گھیرلینا)

محافظ (ع۔ مفعول) جس کی حفاظت کی جائے۔ جس کو بچایا جائے (حافظ۔ بچانا) **محافظ** (فاعل) ۱۔ حفاظت کرنے والا۔ نگراں۔ پاسبان۔ چوکیدار ۲۔ ولی۔ سرپرست۔ مربی۔ **محافظت** (مونث) ۱۔ حفاظت۔ رکھوالی ۲۔ پاسبانی۔ چوکیداری ۳۔ اہتمام۔ سرپرستی۔ **محافظ حقیقی** (مذکر) اصلی حفاظت کرنے والا۔ خدا تعالے۔ **محافظ خانہ** (مذکر) وہ دفتر جس میں فیصلہ شدہ مثلیں رکھی جاتی ہیں۔ **محافظ دفتر** (مذکر) محافظ خانے کا نگراں۔ ریکارڈ کیپر۔ نگران دفتر۔ **محافظ مجلس** (مذکر) داروغہ جیل۔ جیل خانے کا داروغہ۔

محافل (ع۔ مونث دہلی مذکر لکھنؤ) جمع محفل محفلیں۔ مجلسیں۔

محافہ (ع۔ مذکر) وہ پردہ دار سواری جس میں عورتیں بیٹھتی ہیں۔ ڈولی۔ فنس (محفّہ کا معرب خفّ۔ گھیرنا)

محاق (ع۔ مذکر) ۱۔ چاند کا گھٹنا ۲۔ چاند کے گھٹنے کے دن جو ہندی ۲۸ویں تاریخ سے شروع ہوتے ہیں ۳۔ وہ دن جن میں چاند نظر نہیں آتا۔ سیاہ کی راتیں۔ **محاق میں آنا** (لازم) چاند کا گھٹنا شروع ہونا۔

محاکات (ع۔ مذکر) ۱۔ باہم حکایت کرنا۔ آپس میں بات چیت کرنا۔ ایک دوسرے کو بتانا ۲۔ ایک دوسرے سے ملنا۔ مشابہ ہونا ۳۔ نقل کرنا [illegible] افعال واقوال کی نقل کرنا ۴۔ مضبوط گانٹھ باندھنا (حکی۔ بیان کرنا)

محاکمہ (ع۔ مذکر) ۱۔ قاضی کے پاس جانا۔ کسی فیصلے کے لئے حاکم کے پاس جانا ۲۔ انصاف طلبی۔ دعوے ۳۔ منصف بن کر جھگڑے کا فیصلہ کرنا (حکم۔ فیصلہ سنانا)

محال (ع۔ مذکر) محل کی جمع۔ اردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے ۱۔ وہ جائیداد غیر منقولہ یا اراضی جس میں بہت سی پٹیاں ہوں اور جس پر مالگزاری علیحدہ تشخیص ہو ۲۔ محکمہ ۳۔ (اردو) شہد کی مکھیوں کا چھتا۔ ان معنوں میں ہندوستان کی پیداوار ہے۔ **محال آبکاری** (مذکر) شراب کا محکمہ **محال حضور** (مذکر) بسا محال جس کے مالک کو براہ راست مالگزاری خزانہ صدر میں داخل کرنے کی اجازت ہو۔

محال (ع۔ صفت) ۱۔ مشکل۔ دشوار۔ کٹھن ۲۔ ناممکن۔ غیر ممکن۔ ان ہونی (احال۔ ناممکن ہونا) **محالات** (مذکر) محال کی جمع ۱۔ وہ کام یا باتیں جن کا ہونا ناممکن ہو ۲۔ مشکلات۔ دشواریاں **محال مطلق** (صفت) قطعاً ناممکن۔

محامد (ع۔ مذکر) محمدت کی جمع۔ اچھی خصلتیں۔ نیک اوصاف (حمد۔ تعریف کرنا)

مُحاوَرات (ع ۔ مذکر) محاورہ کی جمع۔

مُحاوَرَہ (ع ۔ مذکر) ۱: وہ کلمہ یا کلام جسے اہل زبان نے لغوی معنی کی مناسبت، یا غیر مناسبت سے کسی خاص معنی کے لئے مخصوص کر دیا ہو ۲: بول چال ۔ بات چیت ۔ باہمی گفتگو ۳: مشق ۔ عادت ۔ لپکا ۔ مہارت (ماوَر: گفتگو کرنا) **محاورہ پڑنا** (لازم) روزمرہ پڑنا ۔ مشق ہوجانا ۔ سبھاؤ پڑجانا ۔ عادت ہوجانا ۔ **محاورہ ڈالنا** (متعدی) ۱: عادت ڈالنا ۔ مشق کرنا ۲: مہارت پیدا کرنا ۔ **محاورے** (مذکر) ۱: محاورے کی جمع ۲: بجائے محاورہ حروف مغیرہ سے پہلے ۔ **محاورے میں گفتگو کرنا** (متعدی) کسی خاص قوم کی طرح باتیں کرنا ۔ اس کی زبان بولنا ۔

مُحِب (ع ۔ فاعل) محبت کرنے والا ۔ دوست ۔ یار ۔ مشفق ۔ شفیق (اَحَبّ: محبت کرنا) **محبّ الوطن** (صفت) وہ جسے اپنے وطن سے بہت محبت ہو ۔ وطن دوست ۔ **محبّ الوطنی** (مونث) محبت وطن ۔ وطن کی محبت ۔

مَحَبّت (ع ۔ مونث) بالفتح غیر فصیح ہے ۱: پیار ۔ الفت ۔ چاہ ۔ لاڈ ۔ پریم ۔ پریت ۔ موہ ۔ پیت ۔ مہر ۔ انس ۔ حُبّ ۲: دوستی ۔ آشنائی یارانہ ۔ اخلاص ۔ ملاپ ۔ یاری ۔ ہِت ۳: عشق ۔ لگن ۔ نہو ۔ لَو (لگنا) ۔ نیہ ۴: شہر مدینہ (حُبّ: پیارا ہونا) **محبت آمیز** (صفت) محبت بھرا ۔ محبت الفت آمیز ۔ پیار سے ملا ہوا **محبت آجانا یا آنا** (لازم) پیار آنا ۔ پیار کرنے کو دل چاہنا ۔ **محبت اُچھلنا** (لازم) محبت کا جوش مارنا پیار کا ولولہ اٹھنا ۔ **محبتانہ** (صفت) محبت والا ۔ پرالفت ۔ **محبت بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) ۱: دوستی زیادہ ہونا ۔ آپس میں اخلاص بڑھنا ۲: پیار یا محبت زیادہ ہونا ۔ **محبت پیدا ہونا** (لازم) کسی کے دل میں کسی کے لئے محبت کا آغاز ہونا ۔ **محبت جتانا** (لازم) اظہار محبت کرنا ۔ الفت ظاہر کرنا ۔ **محبت دلی یا قلبی** (مونث) ۱: بے حد محبت ۔ سچا عشق ۔ **محبت رکھنا** (متعدی) ۱: چاہنا ۔ پیار کرنا ۲: دوستی رکھنا ۔ **محبت کا بھوکا** (صفت) الفت کا خواہشمند ۔ وہ شخص جو یہ چاہے کہ اس کے دوست اس سے محبت رکھیں ۔ **محبت کا جوش** (مذکر) بے حد محبت ۔ ولولہ عشق ۔ **محبت کا دم بھرنا** (متعدی) ۱: عاشق ہونا اظہار عشق کرنا ۲: کسی کی دوستی اور محبت کا دعوےٰ کرنا ۔ **محبت کا دم مارنا** (متعدی) الفت یا یا عاشقی کا دعوےٰ کرنا ۔ **محبت کا مزا** (مذکر) پیار کا لطف ۔ **محبت کرنا** (متعدی) ۱: چاہنا ۔ پیار کرنا ۲: عاشق ہونا ۔ **محبتِ کُل** (مونث) سب سے یکساں محبت کرنے کا مرتبہ (صوفیوں کی اصطلاح) **محبتِ مشارکہ** (مونث) وہ محبت جو دونوں طرف سے ہو ۔ **محبت کی نظر** (نگاہ) (مونث) نظر التفات ۔ الفت یا پیار سے دیکھنا توجہ یا پیار کی نظر ۔ **محبت نامہ** (مذکر) چٹھی یا خط کسی دوست یا عزیز کی طرف سے)

اقوال ۔ محبت دل لگی نہیں

عشق آسان کام نہیں ۔ محبت کے مارے سدا گور کنارے ۔ عاشق ہمیشہ تکلیف میں رہتے ہیں ۔

مَحْبَس (ع ۔ مذکر) زندان ۔ قید خانہ جیل خانہ (حَبس ۔ بند ہونا) **محبس دیوانی** (مذکر) وہ قید خانہ جس میں ان شخصوں کو رکھتے ہیں جو قرضہ ادا نہیں کر سکتے ۔

مَحْبُوب (ع ۔ مفعول) ۱: معشوق دلدار ۔ منظور نظر ۔ دلآرام ۔ دلپسند ۔ چاہیتا ۲: پیارا عزیز ۔ محب ۔ دوست ۳: ایک ترک طلائی سکہ کا نام ۔ زرمحبوب کا مخفف ہے (حُبّ پیارا ہونا) **محبوبِ الٰہی** (مذکر) ۱: خدا کا پیارا ۲: نظام الدین اولیا کا لقب ۳: مسلمانوں میں ایک نام ۔ **محبوبانہ** (صفت) معشوق کی طرح ۔ **محبوبِ خدا یا کبریا** (مذکر) پیغمبر صلعم ۔ **محبوبہ** (مونث) محبوب کی ۱: معشوقہ ۲: حسین عورت ۳: شہر مدینہ ۴: بیوی ۔ **محبوبیت** (مونث) معشوق ہونا ۔

مَحْبُوس (ع ۔ مفعول) ۱: وہ جو قید کیا جائے ۲: قیدی ۔ اسیر ۔ مقید (حبس قید ہونا)

مَحَبَّہ (ع ۔ مذکر) مدینہ ۔

مُحْتاج (ع ۔ صفت) ۱: حاجتمند ۔ ضرورت مند ۔ آرزومند ۔ خواہشمند ۲: غریب مفلس ۳: طلبگار ۔ خواہاں ۴: فقیر ۔ بھکاری ۔ منگتا ۔ گدا ۵: ہاتھ پاؤں یا آنکھوں سے معذور ۔ وہ شخص جس کے کسی عضو میں نقص ہو ۶: دست نگر ۔ دوسرے کا ہاتھ تکنے والا ۷: پابند ۔ وابستہ ۔ منحصر ۔ موقوف (اِحتیاج: ضرورت ہونا) **محتاج الیہ** (مذکر) وہ شخص جس کا کوئی دست نگر ہو ۔ **محتاج خانہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں غریب اور مفلس پرورش پاتے ہیں ۔ غریب خانہ ۔ **محتاج کرنا** (متعدی) ۱: غریب کرنا ۔ مفلس بنانا ۲: کسی عضو سے بیکار کر دینا ۔ **محتاج نکلنا** (لازم) منحصر ہونا ۔ موقوف ہونا ۔ **محتاج ہونا** (لازم) ۱: حاجتمند ہونا ۲: غریب ہونا ۳: دست نگر ہونا ۴: اپاہج ہونا ۵: پابند ہونا ۔ وابستہ ہونا ۔ **محتاجگی** دیکھو **محتاجی** (مونث) ۱: حاجت ۔ احتیاج ۔ ضرورت ۲: ناچاری ۔ مجبوری ۳: مفلسی ۔ غربت ۔ غریبی ۔ تنگدستی ۴: دست نگری ۔ دوسرے کا ہاتھ تکنا ۔

مُحْتاط (ع ۔ صفت) احتیاط رکھنے والا ۔ وہ جو بہت احتیاط رکھے ۔ ہوشیار (اِحتیاط: گھیر لینا)

مُحْتال (ع ۔ صفت) ۱: دغاباز ۔ دھوکے باز ۔ فریبی ۔ مکار ۔ حیلہ گر ۲: (قانون) وہ شخص جو کسی شخص کے مطالبے کی ذمہ داری اپنے ذمہ لے (اِحتیال ۔ دعوکا دینا) **محتال الیہ** (مذکر) وہ شخص جس پر کسی مطالبے یا قرضے کی ذمہ داری عاید کی گئی ہو ۔ **محتالہ** (مونث) مکار یا دغاباز عورت ۔ دلالہ کٹنی ۔ فاحشہ ۔

مُحْتَجِب (ع ۔ فاعل) پوشیدہ ۔ پنہاں (اِحتجاب)

مُحْتَذِر (ع ۔ فاعل) محتاط ۔ ہوشیار (اِحتذار ۔ محتاط ہونا)

مُحْتَرِز (ع ۔ فاعل) محتاط ۔ ہوشیار ۔ پرہیز کرنے والا ۔ اپنے آپ کو بچانے والا (اِحتراز ۔ کسی سے بچانا)

مُحْتَرِف (ع ۔ فاعل) ۱: اہل حرفہ ۔ پیشہ ور ۔ **محترفہ** (مذکر) ۱: پیشہ ور لوگ ۔ کاریگر ۲: محصول جو اہل حرفہ پر لگایا جائے (اِحتراف ۔ کوئی پیشہ کرنا)

مُحْتَرِق (ع ۔ صفت) جسے آگ لگی ہو ۔ جلا ہوا (اِحتراق ۔ جلایا جانا)

مُحْتَرَم (ع ۔ مفعول) عزت کیا گیا ۔ معزز ۔ بزرگ (اِحترام ۔ عزت کرنا) **محترم ذات** وہ جو اپنی عزت قائم رکھے ۔

مُحْتَسِب (ع ۔ فاعل) ۱: احتساب لینے

والا۔ (مذکر) وہ حاکم جو خلاف شرع باتوں کی ممانعت کرے۔ کوتوال جو اوزان اور پیمانوں کی پڑتال کرے اور خلاف شرع باتوں کو روکے (اِحْتِسَاب۔ کسی چیز کو شمار میں لینا) مُحْتَسِبِی (مونث) محتسب کا کام۔
امثال۔ محتسب را درون خانہ چہ کار۔ کسی کو دوسرے کے گھر کے معاملات میں دخل دینے کا اختیار نہیں۔ **محتسب گر مے خورد معذور دارد مست را۔** اگر کوئی شخص خود برا کام کرے تو وہ دوسرے شخص کو ایسا ہی برا کام کرنے پر گرفت نہیں کرتا۔

مُحْتَشِم (ع۔ فاعل) ۱ صاحب خدم و حشم۔ احتشام والا۔ جاہ و جلال والا ۲ امیر۔ دولتمند۔ رئیس۔ نواب (اِحْتِشَام۔ بہت سے نوکروں اور متعلقین کا مالک ہونا)

مُحْتَشِی (ع۔ فاعل) بھرا ہوا۔ لبالب۔ پُر (اِحْتِشَی۔ بھرا ہونا)

مُحْتَقِر (ع۔ فاعل) حقیر۔ ذلیل کمینہ (اِحْتِقَار۔ کسی کو حقیر سمجھنا)

مُحْتَکِر (ع۔ فاعل) وہ غلہ فروش جو غلے کو گرانی کی وجہ سے بند رکھے (اِحْتِکَار۔ غلہ اکٹھا کرنا اور نہ بیچنا)

مُحْتَکِم (ع۔ فاعل) حاکم۔ سردار۔ گورنر (اِحْتِکَام۔ دوسرے کو مغلوب کرنا)

مُحْتَلِم (ع۔ فاعل) ۱ جسے احتلام ہو جائے ۲ جو سن بلوغت کو پہنچ جائے (اِحْتِلَام۔ خواب دیکھنا)

مُحْتَمَل (ع۔ مفعول) ۱ گمان کیا گیا۔ شبہ کیا گیا۔ مشتبہ ۲ (ع) برداشت کرنے والا۔ صبر کرنے والا ۳ قابل سماعت۔ روا۔ جائز (اِحْتِمَال۔ بوجھ اٹھانا) مُحْتَمِل (فاعل) ۱ بوجھ اٹھانے والا ۲ جو ذمہ داری لے ۳ قیدی کو خریدنے والا ۴ صابر ۵ جس کی امید ہو۔ ممکن مُحْتَمَلَات (مذکر) شبہات مُحْتَمِلُ الضِّدَّیْن (صفت) وہ جس کے دو متضاد معنی ہو سکیں۔

مُحْتَوِی (ع۔ فاعل) گھیر لینے والا۔ محیط کرنے والا (اِحْتِوَی۔ گھیر لینا)

مَحْجُوب (ع۔ مفعول) ۱ پردے میں۔ چھپا ہوا۔ مخفی ۲ وہ جو کسی کی میراث پانے سے محروم ہو ۳ وہ جو پیدائشی اندھا ہو ۴ وہ جسے داخل ہونے کی ممانعت ہو ۵ شرمندہ۔ منفعل۔ اردو میں آخری معنوں میں استعمال ہوتا ہے (حَجْب۔ چھپانا۔ نقاب لینا)

مَحْجُوج (ع۔ مفعول) کعبہ (حَجّ۔ حج کرنا)

مَحْجُور (ع۔ مفعول) روکا ہوا۔ ممنوع۔ حرام (حَجْر۔ روکنا)

مُحَدَّب (ع۔ مفعول) قبہ دار۔ گنبد نما۔ بیچ میں سے ابھرا ہوا (حَدَب۔ قبہ دار بنانا)
محدب شیشہ (مذکر) ایک قسم کا گول بیچ میں سے ابھرا ہوا شیشہ۔ اس میں سے چیزیں بڑی نظر آتی ہیں اور اگر اسے سورج کے سامنے رکھا جائے تو سورج کی کرنیں اس میں سے گزر کر ایک مرکز پر جمع ہوتی ہیں۔ اور اگر وہاں کوئی نازک چیز رکھی جائے تو فوراً جل اٹھتی ہے۔

مُحَدِّث (ع۔ فاعل) حدیث کا علم جاننے والا (حَدَّثَ۔ بتانا۔ ذکر کرنا)

مُحْدِث (ع۔ فاعل) ۱ وہ جو اتفاق سے بے وضو ہو جائے اور نماز کے قابل نہ رہے ۲ زانی ۳ کوئی چیز جو نئی اور عجیب ہو (اَحْدَث۔ واقع ہونا)

مَحْدُود (ع۔ مفعول) ۱ رکا ہوا۔ حد کیا گیا ۲ گھرا ہوا ۳ جدا کیا ہوا۔ ختم کیا ہوا ۴ محصور ۵ مقید ۶ مقررہ۔ معینہ (کرنا ہو کے ساتھ) (حَدّ۔ حد مقرر کرنا) **مَحْدُودَات** (مذکر) شرعی سزائیں۔ تازیانہ۔

مَحْذَر (ع۔ مذکر) ڈر۔ خطرے اور احتیاط مصیبت یا لڑائی کی جگہ (حَذَر۔ ڈرنا)

مَحْذُوف (ع۔ مفعول) ۱ حذف کیا گیا۔ گرایا گیا۔ نکالا گیا۔ علیحدہ کیا گیا۔ الگ کیا گیا (حرف) ۲ (عروض) وہ رکن جس کے سبب خفیف یا دو حرف گرا دئے جائیں (حَذْف۔ کاٹ دینا)

مِحْرَاب (ع۔ مونث) ۱ وہ قوس نما جگہ جہاں مسجد میں امام کھڑا ہو کر نماز پڑھاتا ہے ۲ مسجد میں وہ کمان دار جگہ جو قبلہ رخ بنی ہوتی ہے ۳ ڈاٹ۔ گول دروازہ ۴ کمرے میں سب سے اونچی بیٹھنے کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں بادشاہ یا بڑے آدمی بیٹھتے ہیں ۵ شاہی خلوت گاہ۔ خلوت خانہ۔ حجرہ (حَرْب۔ لڑنا۔ لڑائی کرنا) چونکہ مسلمانوں کا خیال ہے کہ امام یہاں کھڑا ہو کر شیطان سے جنگ کرتا ہے اس لئے محراب کے لفظی معنی لڑنے کی جگہ ہیں **محراب تیغ** (مونث) شمشیر کا ٹیڑھا پھل۔ **محراب جمشید** (مذکر) دیکھو جام جم۔ **محراب دار** (صفت) قوس نما۔ کمان کے مانند۔ **محرابگہ** (مونث) مسجد میں سجدہ کرنے کی جگہ۔ **محرابی** (صفت) ۱ محراب دار ۲ محراب کی شکل میں کٹی ہوئی (داڑھی) ۳ (مونث) مسجد ۴ ایک قسم کی شمشیر۔

مُحْرَاق (ع۔ مذکر) آتش زدگی کا سبب یا وجہ جیسے بجلی (حَرْق۔ جلنا)

مُحَرَّر (ع۔ مفعول) لکھا ہوا۔ تحریر شدہ (تَحْرِیر۔ لکھنا) **مُحَرِّر** (فاعل) ۱ لکھنے والا۔ کاتب۔ نویسندہ۔ تحریر کنندہ ۲ منشی۔ **مُحَرِّرَان** (مذکر) محرر کی جمع۔ **محرران فلک** (مذکر) سات سیارے۔ **محرر پھاٹک** (مویشیاں) (مذکر) ایک عہدہ دار جو مویشی پھاٹک میں داخل کرتا اور جرمانہ وصول کرتا ہے۔ یہ ڈسٹرکٹ بورڈ کا ملازم ہوتا ہے۔ اگر یہ کام پولیس کے سپرد ہو تو نائب محرر تھانہ کرتا ہے جسے کچھ الاؤنس ملتا ہے۔ **محرر پیشی** (مذکر) ایک عہدہ دار جو کسی افسر کے احکامات تحریر کرتا ہے۔ **محرر تھانہ** (مذکر) تھانے کا ایک عہدہ دار جو عموماً ہیڈ کنسٹبل ہوتا ہے۔ یہ تمام رپورٹیں درج کرتا ہے اور تھانے کے رجسٹر لکھتا ہے اور مال سرکار کا محافظ ہوتا ہے۔ **محرر گودام** (مذکر) ایک عہدہ دار جس کے سپرد مال سرکار ہوتا ہے اور وہ اس کے متعلقہ رجسٹرات میں اندراج کرتا ہے **مُحَرَّرَہ** (صفت) لکھا ہوا۔ تحریر شدہ **مُحَرِّرِی** (مونث) ۱ محرر کا کام۔ لکھنے کا پیشہ ۲ لکھنے کی اجرت۔

مُحَرَّف (ع۔ مفعول) ۱ پھیرا گیا۔ تحریف کیا گیا ۲ ٹیڑھا۔ کج ۳ الٹا کیا گیا ۴ بدلا گیا (حرف) ۵ خراب کیا گیا (زبان) (تَحْرِیف۔ لفظ کی شکل بدلنا یا زبان کو خراب کرنا) **مُحَرِّف** (فاعل) تحریف کرنے والا۔ بدلنے والا۔ وہ جو مذہب کو اپنے مفاد کا ذریعہ بنائے۔

مُحْرِق (ع۔ فاعل) جلا دینے والا (اِحْرَاق۔ جلانا) **مُحْرِقَاً** (لف) جلتا ہوا۔ **مُحْرِقَہ** (صفت مونث) ۱ جلا دینے والا ۲ (تپ) ایک قسم کا بخار جو ایک خاص میعاد تک رہتا ہے۔

عموماً ۱۴ یا ۲۱ دن تک رہتا ہے۔ اس کا کوئی علاج نہیں۔ اگر مہلک ثابت نہ ہو تو میعاد پوری ہونے کے بعد خود بخود اتر جاتا ہے۔ تلسی کا پانی دینے سے تیز نہیں ہوتا۔

مُحْرِق (ع۔ فاعل) ۱: جلنے والا ۲: (مذکر) وہ شخص جو آتش زدگی کا مرتکب ہو (حَرَق۔ جلانا)

مُحَرِّک (ع۔ فاعل) ۱: حرکت دینے والا۔ ہلانے والا ۲: ابھارنے والا۔ اکسانے والا۔ شہ دینے والا ۳: وہ جو اعراب لگائے۔

مَحْرَم (ع۔ صفت) ۱: حرام۔ ممنوع ۲: راز دار۔ ہمراز ۳: جان پہچان۔ واقف۔ روشناس ۴: (مذکر) وہ شخص جس سے پردہ جائز نہ ہو جیسے خاوند۔ دیور ۵: وہ شخص جس سے نکاح جائز نہ ہو جیسے باپ۔ بھائی ۶: خاوند۔ شوہر ۷: (مونث) انگیا کی کٹوری ۸: انگیا۔ سینہ بند (حَرَم۔ ممنوع ہونا) **محرمِ اسرار یا راز** (صفت) راز دار۔ ہمراز۔ واقف حال۔ **محرم کار** (صفت) کسی کام سے واقف۔ ماہر۔ تجربہ کار۔ عورتیں بغیر اضافت بولتی ہیں۔ **محرم کرتی** (مونث) انگیا۔ کرتی۔ **محرم کرنا** (متعدی) راز دار بنانا **محرم ہونا** (لازم) واقف ہونا۔ جاننا۔

مُحَرَّم (ع۔ مفعول) ۱: حرام کیا گیا ممنوع ۲: (مذکر) مسلمانوں کے سال کا پہلا مہینہ۔ اس مہینے کی دسویں تاریخ کو امام حسینؑ کی شہادت ہوئی تھی۔ اس لئے اہلِ تشیع اسے ماتم میں گزارتے ہیں ۳: کنایتاً غم کا زمانہ ۴: خانہ کعبہ کی چار دیواری (حَرَّم۔ منع کرنا) **مُحَرَّمات** (مذکر) ممنوع اشیا۔ **محرم آ رہا ہے**۔ غم میں مبتلا ہے۔ **محرم کا سپاہی** (مونث) وہ لڑکا جسے عورتیں محرم میں سبز کپڑے پہناتی ہیں۔ جن عورتوں کے لڑکے مر جاتے ہوں وہ منت مانتی ہیں کہ اگر ان کا لڑکا زندہ رہا تو وہ اسے محرم کا سپاہی بنائیں گی۔ **محرم کا مسالا** (مذکر) ایک قسم کا مسالا جس میں بھنا ہوا ناریل اور دھنیا شامل ہوتا ہے۔ اسے محرم میں بجائے پان کے کھاتے ہیں۔ **محرم کی پیدائش** (صفت) وہ شخص جو ہمیشہ غمگین رہتا ہو۔

مُحَرَّمات (ع۔ مونث) ۱: ایک قسم کا ریشمی یا سوتی کپڑا جس پر سرخ دھاریاں ہوتی ہیں ۲: سلمے ستارے وغیرہ سے مرصع کپڑا ۳: پشمینے کی ایک قسم (مُحَرَّمات کا مخرب ہے)

مَحْرُوب (ع۔ مفعول) لُٹا ہوا (حَرَب۔ لوٹنا)

مَحْرُوث (ع۔ مفعول) جس پر ہل چلایا گیا ہو (کھیت یا زمین) (حَرَث۔ ہل چلانا اور بونا)

مَحْرُور (ع۔ مفعول) ۱: گرم ۲: گرم مزاج ۳: وہ جسے غلامی سے آزادی دی گئی ہو ۴: مست۔ پرشہوت (حَرّ۔ گرم یا آزاد ہونا) **محرور المزاج** (صفت) گرم مزاج۔ تیز طبیعت

مَحْرُوس (ع۔ مفعول) محفوظ۔ حفاظت کیا گیا (حَرَس۔ حفاظت کرنا) **محروسہ** (صفت) ۱: نگہبانی کیا گیا۔ حفاظت کیا گیا۔ ماتحت کیا گیا ۲: (مذکر) محفوظ جگہ۔ قلعہ بند جگہ۔

مَحْرُوص (ع۔ مفعول) جس چیز کی حرص یا بے حد خواہش ہو (حَرَص۔ کسی چیز کی خواہش ہونا)

مَحْرُوف (ع۔ مفعول) الٹا کیا ہوا۔ بدلا ہوا (حَرْف۔ الٹنا)

مَحْرُوق (ع۔ مفعول) جلا ہوا (حَرَق۔ جلنا) **محروقہ** (صفت) ۱: جلا ہوا ۲: (مذکر) ایندھن۔

مَحْرُوم (ع۔ مفعول) ۱: روکا گیا۔ باز رکھا گیا ۲: ممنوع۔ منع کیا گیا۔ حرام کیا گیا ۳: بے نصیب۔ مایوس۔ ناکام۔ ناامید (حَرْم۔ منع کرنا) **محروم الارث** (صفت) وہ جو وراثت سے خارج کیا گیا۔ **محروم پھرنا یا چلنا** (لازم) مایوس ہو کر واپس جانا۔ **محروم رکھنا** (متعدی) ۱: باز رکھنا۔ روک رکھنا ۲: مایوس کرنا۔ ناامید کر دینا۔ **محروم رہنا** (لازم) مطلب حاصل نہ ہونا۔ **محروم کرنا** (متعدی) ۱: حق مار لینا۔ حق نہ دینا ۲: کسی کام سے روکنا۔ **محرومی محرومیت** (مونث) ۱: ناامیدی۔ ناکامی۔ مایوسی ۲: بدنصیبی۔ بدطالعی۔

مَحْزُون (ع۔ مفعول) غمگین۔ رنجیدہ۔ مغموم (حَزَن۔ مغموم ہونا)

مُحْسِن (ع۔ فاعل) ۱: احسان کرنے والا۔ بھلائی کرنے والا۔ سلوک کرنے والا ۲: سخی۔ فیاض ۳: مددگار۔ معاون۔ سرپرست۔ مربی (اِحْسَان۔ نیکی کرنا) **محسن کش** (صفت) احسان کرنے والے کے ساتھ برائی کرنے والا۔ **محسن کشی** (مونث) احسان کرنے والے کے ساتھ برائی کرنا۔ **محسنی** (صفت) محسن کے متعلق۔ اخلاق محسنی کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔

مُحْسِنات (ع۔ مونث) ۱: نیکیاں۔ خوبیاں۔ بھلائیاں ۲: سلوک۔ احسانات ۳: خوبصورت اور نیک عورتیں۔

مَحْسُوب (ع۔ مفعول) ۱: شمار کیا گیا۔ گنا گیا۔ حساب کیا گیا ۲: حساب میں لگایا گیا مجرا دیا گیا (حَسْب۔ گننا)

مَحْسُود (ع۔ مفعول) ۱: حسد کیا گیا۔ رشک کیا گیا ۲: (مذکر) پٹھانوں کی وزیری قوم کی ایک شاخ۔

مَحْسُوس (ع۔ مفعول) ۱: وہ شے جو کسی حس کے ذریعے سے معلوم ہو ۲: ظاہر۔ آشکارا۔ معلوم ۳: پہچانا گیا (کرنا ہونا کے ساتھ) (حَسّ۔ معلوم کرنا) **محسوسات** (مذکر) محسوس کی جمع۔ وہ چیزیں جو محسوس ہو سکیں۔

مَحْشَر (ع۔ مذکر) ۱: وہ جگہ جہاں لوگ جمع ہوں ۲: مجازاً قیامت کا دن۔ حشر۔ پرلو ۳: ہنگامہ (حَشْر۔ اکٹھا ہونا لوگوں کا) **محشر آرا** (صفت) لوگوں کو اکٹھا کرنے والا قیامت کے دن مجازاً خدا تعالیٰ۔ **محشر بپا ہونا** (لازم) قیامت برپا ہونا۔ **محشر پناہ** (صفت) وہ جو قیامت کے دن پناہ دے۔ **محشر تک** (تف) ہمیشہ کے لئے۔ **محشر خرام یا قد** (صفت) جس کا چلنا یا قد محشر بپا کرے۔ کنایتہً معشوق۔ محبوب۔ **محشر زا** (صفت) محشر برپا کرنے والا۔ **محشر کی چال** (مونث) قیامت کی چال۔ وہ چال جس سے ہنگامہ برپا ہو۔ **محشر میں گواہی دینا** (متعدی) قیامت کے روز بر خلاف شہادت دینا۔ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ لوگوں کے بر خلاف ہر چیز قیامت کے دن شہادت دے گی۔ **محشری** (مذکر) وہ لوگ جو محشر کے دن جمع ہوں گے۔

مَحْشُور (ع۔ مفعول) جو قیامت کے میدان میں اٹھایا جائے گا۔ حشر کیا گیا (حَشْر۔ اکٹھا کرنا لوگوں کو)

محشّے (ع ۔ مفعول) حاشیہ چڑھایا ہوا ۔ شرح لکھی ہوئی (حشی ۔ شرح حاشئے پر لکھنا)

محشّی (ع ۔ فاعل) وہ جو کپڑے پر جھالر یا لیس لگائے (حشی ۔ حاشیہ لکھنا)

محصّل (ع ۔ فاعل) وصول کرنیوالا ۔ محصول وصول کرنے والا ۔ ٹیکس اگاہنے والا ۔ تحصیل کا سپاہی ۔ تحصیلدار (حصّل ۔ حاصل کرنا) **محصلانہ** (مذکر) **محصلی** (مونث) محصل کی فیس ۔

محصن (ع ۔ مفعول) ۱۔ جس کی حفاظت کی جائے ۔ جسے بچایا جائے ۲ پاکدامن ۔ نیک ۔ پارسا ۳ شادی شدہ ۔ بیاہتا (احصن بچانا) **محصِن** (فاعل) ۱۔ بچانے والا ۔ حفاظت کرنیوالا ۲ پارسا ۔ پاکدامن ۔ **محصنات** (مونث) محصنہ کی جمع ۔ نیک بیویاں ۔ **محصنہ** (مونث) زن پارسا ۔

محصّن (ع ۔ مفعول) جس کے گرد دیوار ہو (حصّن ۔ گاؤں کے گرد دیوار بنانا) **محصّن** (فاعل) ۱۔ وہ جو دیوار بنائے یا حفاظت کرے ۔ دیوار بنانے والا ۔ حفاظت کرنے والا ۲ محافظ ۔ داروغہ ۳ پارسا ۔ پاکدامن ۴ وہ جو پاکدامن رہنے کے لئے شادی کرے ۔

محصور (ع ۔ صفت) گھیرا ہوا ۔ روکا ہوا ۔ مقید ۔ قلعہ بند (کرنا ہونا کے ساتھ) (حصَرَ ۔ گھیرنا) **محصورین** (مذکر) محصور کی جمع ۔ گھرے ہوئے قلعہ بند لوگ ۔

محصول (ع ۔ مفعول) ۱۔ اکٹھا کیا گیا ۔ حاصل کیا گیا ۲ ٹیکس ۔ لگان ۔ ڈنڈ ۳ حاصل ۔ خراج ۔ مالگزاری ۴ کرایہ ۔ اجرت ۵ آمدنی (حصّل ۔ حاصل ہونا) **محصول آبکاری** (مذکر) وہ آمدنی جو شراب اور دیگر منشیات پر ٹیکس لگانے سے ہو ۔ **محصول ادا کرنا** (متعدی) ٹیکس دینا ۔ لگان یا مالگزاری ادا کرنا ۔ **محصول اگاہنے والا** (صفت) وہ جو محصول اکٹھا کرے ۔ تحصیل کا پیادہ ۔ **محصول پرمٹ** (مذکر) بحری لگان ۔ **محصول چکانا** (متعدی) ٹیکس ادا کرنا ۔ **محصول چنگی** (مذکر) وہ محصول جو میونسپل کمیٹیاں کسی شہر میں نئی اشیا لیجانے یا شہر سے لیجانے کے موقعہ پر وصول کرتی ہیں ۔ **محصول دینا** (متعدی) ٹیکس لینے والے کو ٹیکس ادا کرنا ۔ **محصول ڈاک** (مذکر) ڈاک کی آمدنی ۔ پوسٹیج ۔ **محصول سائر** (مذکر) مختلف قسم کے محصول ۔ **محصول سڑک** (مذکر) سڑک پر سے گزرنے کا ٹیکس ۔ **محصول کی آمدنی** (مونث) وہ آمدنی جو ٹیکسوں کے ذریعے ہو ۔ **محصول لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ٹیکس عاید ہونا ۔ ٹیکس دیا جانا ۔ **محصول مار لینا یا مارنا** (متعدی) ٹیکس ادا نہ کرنا ۔ چھپاکر کوئی چیز لے جانا کہ ٹیکس نہ دینا پڑے ۔ **محصول مال برآمد** (مذکر) باہر جانے والے مال کا محصول یا ٹیکس ۔ **محصول نہر** (مذکر) آبیانہ ۔ **محصول وصول کرنا** (متعدی) لوگوں سے ٹیکس لینا ۔ **محصولہ** (مونث) محصول کی ۔ **محصولی** (مونث) ۱۔ وہ زمین جس کی مالگزاری سرکار کو ادا کی جاتی ہے ۲ قابل محصول شے ۳ بیرنگ ۔

محض (ع ۔ صفت) ۱۔ خالص ۔ نرا ۲ (تف) صرف ۔ فقط ۳ تمام ۔ بالکل ۔ سراسر (محض ۔ خالص دودھ ہونا) **محض بیوقوفی** (مونث) سراسر حماقت **محض دستخط** (مذکر) ایک قسم کی دستاویز جس پر صرف دستخط کئے جاتے ہیں ۔ دوسرا شخص جو چاہے لکھ لے ۔ **محض دستخط کرنا** (متعدی) صرف دستخط کرکے دستاویز دینا ۔ بغیر دستخط کے اور کچھ نہ لکھنا ۔ **محض شرارت** (مونث) سراسر شرارت ۔ **محض غلط** (صفت) بالکل غلط ۔ **محض غیر ممکن** (صفت) بالکل ناممکن ۔ **محض فقرہ بازی** (مونث) صرف باتیں ہی باتیں ۔ بالکل دھوکا بازی یا فریب **محض قید** (مونث) وہ قید جس میں ساتھ محنت نہ ہو ۔ **محض ناچیز** (صفت) بالکل ادنے ۔ بالکل معمولی ۔

محضر (ع ۔ مونث) ۱۔ حاضر ہونے کی جگہ ۲ وہ کاغذ جس پر قاضی کی مہر لگی ہو ۳ (اردو) وہ نوشتہ جس پر بہت سے لوگ دستخط کرکے یا مہریں لگاکر کسی حاکم کے پاس بھیجیں (حضر ۔ موجود ہونا) **محضر خانہ** (مذکر) لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ ۔ عدالت ۔ تھانہ ۔ **محضر کرنا** (متعدی) محضر ۳ بھیجنا ۔ **محضر نامہ** (مذکر) ۱۔ وہ نوشتہ جس پر بہت سے دستخط یا مہریں ہوں ۲ نوشتہ ۔ عرض حال ۔ عرضداشت (بھیجنا ۔ دستخط کرنا یا مہر لگانا ۔ پیش کرنا وغیرہ کے ساتھ)

محظور (ع ۔ مفعول) ۱۔ ممنوع ۔ حرام ۲ مقید ۔ بند (حظر ۔ منع کرنا) **محظورات** (مذکر) ممنوعات ۔

محظوظ (ع ۔ مفعول) حظ یافتہ ۔ خوش ۔ مسرور (حظ ۔ خوش قسمت ہونا)

محفل (ع ۔ مونث) ۱۔ مجلس ۔ جلسہ ۔ آدمیوں کا مجمع ۔ انجمن ۔ سبھا ۔ دیکھو مجلس (حفل ۔ اکٹھا کرنا) **محفل برخاست کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) جلسہ ختم ہونا ۔ **محفل برہم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) **بگاڑنا** (متعدی) **بگڑنا** (لازم) محفل کا بدمزہ ہوجانا ۔ محفل کا خراب ہونا ۔ لوگوں کا چلا جانا ۔ **محفل پر چھانا** (متعدی) اہل محفل پر رعب جمالینا یا رنگ جمانا ۔ **محفل تہ و بالا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو محفل برہم کرنا ۔ **محفل جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) جلسہ لگنا ۔ **محفل درہم برہم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو محفل برہم کرنا ۔ **محفل رقص و سرود** (مونث) ناچ اور گانے کی مجلس ۔ **محفل سرد پڑنا** (لازم) محفل بے رونق ہوجانا ۔ **محفل سے اٹھانا ۔ بدر کرنا یا نکالنا** (متعدی) **اٹھنا ۔ بدر ہونا یا نکلنا** (لازم) جلسے سے بے عزت ہوکر نکلنا ۔ **محفل سے اٹھنا** (لازم) محفل سے چلا جانا ۔ **محفل عروسی** (مونث) شادی کا جلسہ ۔ **محفل کرنا** (متعدی) ۱۔ پیغمبر صلعم کا ذکر خیر کرنے کے لئے لوگوں کو بلانا یا جمع کرنا ۲ رقص و سرود کیلئے لوگوں کو اکٹھا کرنا ۔ ناچ دیکھنا ۔ ناچ کی مجلس کرنا ۔ **محفل گرم رکھنا** (متعدی) محفل بارونق رکھنا ۔ **محفل گونج اٹھنا** (لازم) محفل میں بہت تعریف ہونا ۔

محفوظ (ع ۔ مفعول) ۱۔ حفاظت کیا گیا ۔ بچایا گیا ۲ صحیح ۔ سلامت ۔ معنون ۔ ملتوی ۳ یاد ۔ حفظ (رکھنا رہنا ہونا کے ساتھ) (حفظ ۔ بچانا) **محفوظ رکھے** (دعا) امن میں رکھے ۔ بچائے ۔ سلامت رکھے ۔ **محفوظہ** (صفت) حفاظت میں رکھی ہوئی کوئی شے ۔

محق (ع ۔ مذکر) ۱۔ مٹانا ۔ منسوخ کرنا محو کرنا ۲ بلانا (محق ۔ منسوخ کرنا)

محقّ (ع ۔ فاعل) ۱۔ سچ بولنے والا ۲ درست کام کرنے والا ۔ انصاف کرنے والا ۳ یقینی طور پر جاننے والا ۴ حقدار ۵ مقرر کرنیوالا ۔

قائم کرنے والا (حق - سچ بولنا)

مُحَقَّر (ع - مفعول) ۱ حقیر سمجھا گیا ذلیل کیا گیا ۲ حقیر - ذلیل - کمینہ (حقر - ذلیل کرنا)

مُحَقَّق (ع - مفعول) ۱ تحقیق کیا گیا یقین کیا گیا - تسلیم کیا گیا - مانا گیا ۲ گاڑھا بنا ہوا (کپڑا) ۳ فیصل شدہ - یقینی ۴ درست - صحیح - پاکیزہ (زبان یا گفتگو) ۵ (مذکر) ایک قسم کا خط (حقق - سچائی - انصاف یا حق کے مطابق درست کرنا)

مُحَقِّق (فاعل) ۱ تحقیق کرنے والا - جو کسی بات کو ثبوت سے ثابت کرے ۲ فلسفہ دان - فلاسفر ۳ صوفیوں کی اصطلاح - وہ جو درجۂ حقیقت کو پہنچ گیا ہو ۴ وہ جو صرف قرآن کو دلیل میں پیش کرے حدیث کو نہ کرے - **محققانہ** (صفت) از روئے تحقیق و صداقت - **محقق طوسی** (مذکر) طوسی کا لقب - **محققین** (مذکر) جمع محقق کی۔

مَحَک (ع - مذکر و مونث) ۱ کسوٹی وہ پتھر جس پر سونے کو کس کے دیکھتے ہیں ۲ پرکھ - آزمائش - جانچ (محک - رگڑنا) **محکِ زر ایمان** (مذکر و مونث) حجر اسود - **محکِ زرّیں** (مذکر مونث) ۱ کسوٹی ۲ حجر اسود - **محکِ صبر** (مذکر مونث) صبر کی کسوٹی۔

مُحکَم (ع - مفعول) پکا - مضبوط - مستحکم - پائیدار - مستقبل (احکم - پکا کرنا) **محکمات** (مونث) کلام الٰہی کی وہ آیتیں جو صریح ہوں **محکمی** (مونث) مضبوطی - پائیداری - استحکام -

مُحکَمات (ع - مذکر) محکمہ کی جمع.

مُحکَّمات (ع - مذکر) مسلمانوں کا ایک فرقہ۔

مَحکَمہ (ع - مذکر) ۱ حکم کرنے کی جگہ ۲ عدالت - کچہری - دربار ۳ صیغہ - سررشتہ - ڈیپارٹمنٹ (حکم - حکم دینا) **محکمۂ آبکاری** (مذکر) وہ محکمہ جو ناجائز شراب کی کشید یا منشی اشیا کے تیار کرنے کو روکنے کے لئے بنایا گیا ہے - **محکمۂ ابتدائی** (مذکر) وہ عدالت جس میں مقدمے کی ابتدائی سماعت ہو **محکمۂ اپیل** (مذکر) وہ عدالت جس میں محکمہ ابتدائی کے حکم کی اپیل ہوسکے - **محکمۂ انکم ٹیکس** (مذکر) وہ محکمہ جو آمدنی پر محصول تجویز کرتا ہے.. **محکمہ انہار** (مذکر) وہ محکمہ جو نہریں بناتا اور ان کا انتظام کرتا ہے - **محکمۂ اوقاف** (مذکر) وہ محکمہ جو اوقاف کا انتظام کرے - **محکمہ بارک ماسٹری** (مذکر) وہ محکمہ جو مکانات وغیرہ بناتا ہے - **محکمۂ پولیس** (مذکر) وہ محکمہ جو تفتیش و تحقیق جرائم کرتا ہے یا سڑکوں وغیرہ پر آمد و رفت کا انتظام کرتا ہے - **محکمۂ تار** (مذکر) وہ محکمہ جو تاروں کے بھیجنے کا انتظام کرتا ہے - **محکمۂ تعلیم** (مذکر) وہ محکمہ جو بچوں کی تعلیم و تربیت کا انتظام کرتا ہے - **محکمہ جنگلات** (مذکر) وہ محکمہ جو جنگلات کا انتظام کرتا ہے - **محکمۂ جیل** (مذکر) وہ محکمہ جو جیل خانوں کا انتظام کرتا ہے - **محکمۂ زراعت** (مذکر) وہ محکمہ جو زمینداروں کو اچھا بیج مہیا کرنے کا انتظام کرتا ہے - **محکمۂ صنعت و حرفت** (مذکر) وہ محکمہ جو صنعت و حرفت کی بہتری کے لئے انتظام کرتا ہے - **محکمۂ نہر** (مذکر) دیکھو محکمہ انہار۔

مَحکُوک (ع - مفعول) ۱ چھیلا گیا - محو کیا گیا ۲ (مذکر) نگینہ جس پر کچھ کندہ ہو (حک - مٹانا)

مَحکُوم (ع - مفعول) ۱ حکم دیا یا کیا گیا ۲ ماتحت تابع - زیر فرمان ۳ رعایا - رعیت ۴ نوکر - چاکر - ملازم (حکم - روکنا) **محکومہ** (صفت مونث) حکم دی یا کی گئی۔

مَحَل (ع - مذکر) ۱ اترنے کی جگہ - ٹھکانا - جگہ ۲ بڑا مکان - بادشاہوں یا امیروں کا مکان - قصر - ایوان ۳ موقع - وقت ۴ رانی - ملکہ - بیگم - بیوی (حل - اترنا) **محلات** (مذکر) ۱ محل کی جمع ۲ محلہ کی جمع - **محل اٹھانا** - عالیشان مکان بنانا - **محل بنانا** (متعدی) ۱ بیوی بنانا - شادی کرنا ۲ محل کی تعمیر کرنا - **محل بنوانا** (م) محل تعمیر کرانا - **محل پانا** (متعدی) موقع پانا - **محل چنوانا** (متعدی) محل بنوانا - **محلِ خاص** (مذکر) سب بیگموں میں سے افضل - بڑی بیگم - چاہیتی بیگم - بڑی رانی - **محلِ خانہ** (مذکر) رئیسوں کا مکان **محلِ خطر** (مذکر) خطرے کا موقع - خطرے کی جگہ **محلدار** (مذکر) ایک عہدہ دار جو محل کا انتظام اور حفاظت کرتا تھا - **محلدارنی** (مونث) وہ عورت جو محل کا انتظام کرتی ہے اور تمام ملازمانِ محل کی افسرہ ہوتی ہے - محافظِ محل - **محلسرا** (مذکر) ۱ محل ۲ حرم سرا - **محل کی بولی یا زبان** (مونث) وہ زبان جو بیگمات بولیں - **محلِ نظر** (صفت) ۱ جائے تامل - مقام فکر ۲ جائے اعتراض. **محلی** (مذکر) ۱ خواجہ سرا جو حرم سرائے میں رہتا ہے اور خدمت نظارت پر ممتاز ہوتا ہے ۲ (صفت) محل کے متعلق۔

مثل - محل آیا جی محل آیا سر مونڈی دو باندیاں - اسباب آیا جی اسباب آیا گلا ٹوٹی دو ہانڈیاں - دھوم دھام یہ کچھ اور دیا کچھ نہیں۔

مَحَلّ الاکبر - محلِ کبیر (مصر) دریائے نیل کے ڈیلٹے میں ایک شہر (۵۰) یہاں روئی کی تجارت ہے۔

مُحَلِّل (ع - صفت) گھلا دینے والا - تحلیل کرنے والا (حلل - گھلا دینا) **محللات** (مذکر) محلل کی جمع - وہ دوائیں جو تحلیل کریں۔

مَحلُوج (ع - مفعول) بیج سے صاف کی گئی - تومی ہوئی (حلج - روئی تومنا)

مَحلُوف (ع - مفعول) حلف دیا گیا (حلف - قسم اٹھانا) **محلوف الیہ** (مذکر) وہ چیز جس کے متعلق حلف اٹھایا جائے۔

مَحلُول (ع - مفعول) حل کیا ہوا. گھلا ہوا (حل - گھولنا کسی چیز کو)

مَحَلّہ (ع - مذکر) **محلّہ** (خف) ۱ شہر یا قصبے کا ایک حصہ - آبادی کا علیحدہ حصہ - پورہ - ٹولہ - گلی - کوچہ ۲ اترنے کی جگہ - منزل - فرود گاہ - کیمپ ۳ محلے کے لوگ ۴ (ف) فوج کا ملاحظہ (حل - اترنا) **محلہ آباد کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) شہر یا قصبے میں نئی آبادی ہونا - نیا محلہ بننا **محلہ اجڑنا** (لازم) کسی محلے کا غیر آباد ہونا - **محلۂ خموشاں** (مذکر) قبرستان - **محلہ دار** (مذکر) ۱ محلہ کا چودھری - میر محلہ ۲ مالک مکان ۳ خاکروب - بھنگی - مہتر - **محلہ داری** (مونث) محلہ دار ہونا - محلہ میں رہنے کا فعل - **محلہ دیکھنا** (متعدی) ۱ فوج کا ملاحظہ کرنا ۲ بھنگیوں کی اصطلاح علاقے میں جا کر صفائی کرنا - **محلہ کمانا** (متعدی) دیکھو آخری ۲ - **محلے** (مذکر) ۱ جمع محلہ کی ۲ بجائے محلہ حروف مغیرہ سے پہلے۔

مثل - محلے میں آئی برات پڑوسن کو لگی گھبراہٹ - وہاں کہتے ہیں جو کوئی غیر زیادہ خیر خواہی جتائے۔

مُحَلّٰی (ع - مفعول) ۱ کپڑے پہنا گیا - ملبوس کیا گیا (حلی - کپڑے پہنانا) ۲ میٹھا - شیریں (حلی - میٹھا ہونا) **محلّی** (فاعل) ۱ وہ جو تلوار کے قبضے یا نیام کو سجائے ۲ میٹھا کرنے والا۔

مُحَمَّد (ع - مفعول) تعریف کیا گیا - سراہا گیا (حَمد - بہت یا بار بار تعریف کرنا) **مُحَمَّدی** (مونث) حضرت محمدؐ سے نسبت رکھنے والا - حضرت محمدؐ کا پیرو - مسلمان - **محمدیہ** (مذکر) کئی فرقوں کا نام -

مُحَمَّدؐ (۵۷۰ - ۶۳۲ء) صلی اللہ علیہ وسلم بن عبداللہ بن عبدالمطلب - پیغمبر اسلام نبی آخر الزماں رسول خدا بی بی آمنہ کے بطن سے پیدا ہوئے - ابھی بطن مادر میں تھے کہ والد نے رحلت کی - صغر سنی میں والدہ نے انتقال کیا - کچھ عرصہ دادا نے پرورش کی، ان کی وفات کے بعد پھر آپ کے چچا ابوطالب نے آپ کی پرورش کا ذمہ لیا - ۶۱۰ء میں پہلی دفعہ آپ پر وحی نازل ہوئی - ۶۱۱ء میں اعلان نبوت کیا - سب سے پہلے حضرت خدیجہ ایمان لائیں - پھر حضرت ابوبکر اور پھر حضرت علی نے اسلام قبول کیا - ۶۲۲ء میں مدینہ کو ہجرت فرمائی - ۶۳۰ء میں مکہ فتح ہوا - ۶۳۲ء میں وفات پائی

مَحمِل (ع - مذکر) کجاوہ - ایک قسم کی ڈولی جو اونٹ پر باندھتے ہیں - ناصر نے مونث بھی باندھا ہے (باندھنا - بندھنا - کسنا کے ساتھ) (حَمل - اٹھانا) **مَحمِل کش** (صفت) محمل اٹھانے والا - **محمل نشیں** (صفت) محمل میں بیٹھنے والا -

مَحمُود (ع - صفت) ۱ تعریف کیا گیا - سراہا گیا ۲ پیغمبر صلعم (حَمد - تعریف کرنا) **محمودی** (مونث) ۱ ایک قسم کی باریک ململ ۲ (مذکر) عرب کا ایک نقرئی سکہ جو ۲½ آنے کا ہوتا ہے ۳ افغانیوں کی ایک قوم -

مثل - محمود کے رہے مسعود کے انڈے دے - آرام کسی سے پائے فائدہ کسی سے اٹھائے -

مَحمُول (ع - مفعول) ۱ لادا گیا - اٹھایا گیا ۲ قیاس - گمان یا ظن کیا گیا ۳ وہ خبر جو مبتدا کے مقابل واقع ہوتی ہے (حَمل - اٹھانا) **محمول علیہ** (صفت) جس پر قیاس کیا جائے - **محمولہ** (صفت مونث) دیکھو محمول ۱ و ۲ -

مِحَن (ع - مذکر) ۱ محنت کی جمع ۲ بلائیں - تکلیفیں -

مِحنَت (ع - مونث) ۱ مشقت - ریاضت ۲ کوشش - سرگرمی - تندہی - جانفشانی ۳ رنج - تکلیف - دکھ ۴ مزدوری - کام کاج - دستکاری ۵ اجرتِ کار - مزدوری - روزینہ - کام کی اجرت (مَحَن - کوشش کرنا) **محنت آباد** (صفت) مصیبتوں یا تکلیفوں سے بھرا ہوا ۲ (مذکر) مصیبتوں اور تکلیفوں کی جگہ - **محنت اٹھانا** (متعدی) ۱ تکلیف برداشت کرنا - دکھ سہنا ۲ جان مارنا - کوشش کرنا - **محنت اکارت (برباد) جانا** (لازم) کیا کرایا خراب ہو جانا - محنت رائیگاں جانا - **محنتانہ** (مذکر) ۱ اجرت - مزدوری - صلہ ۲ وکیل کی فیس - **محنت برباد کرنا** (متعدی) محنت کا کچھ صلہ نہ ملنا - **محنت ٹھکانے لگنا** (لازم) کوشش کا صلہ ملنا - کسی کام میں کوشش کرکے کامیاب ہونا - **محنت سے عاجز آنا** (لکھنو) دیکھو پچ مرنا - **محنتِ شاقہ** (مونث) سخت محنت یا جانفشانی - کار دشوار - سعی بلیغ - **محنتِ شب و روزی** (مونث) دن رات کی محنت - **محنت کا پھل** (مذکر) کام کا صلہ - مزدوری - (ملنا کے ساتھ) **محنت کرنا** (متعدی) ۱ کوشش کرنا - سعی کرنا ۲ مزدوری کرنا - کام کرنا ۳ قلبہ رانی کرنا - ہل چلانا - کاشت کرنا ۴ کرئی دستکاری کا کام کرنا - **محنت کش** (صفت) جفا کش - محنتی - **محنت کشی** (مونث) ۱ محنت یا تکلیف کی برداشت ۲ مصیبت - تکلیف - **محنت کھینچنا** (متعدی) صبر کرنا - برداشت کرنا - اپنے آپ کو رد کنا (مست) **محنت مزدوری** (مونث) مزدوری اجرت پر محنت کا کام - کاروبار - کام کاج - **محنت مشقت** (مونث) سخت محنت کا کام - مزدوری - **محنت نہ ملنا** (لازم) ۱ کام نہ ملنا ۲ مزدوری نہ ملنا - **محنت وصول ہونا** (لازم) محنت کا صلہ ملنا - **محنتی** (صفت) ۱ محنت کرنیوالا - جفاکش ۲ مزدور - قلی - **محنتی آدمی** (مذکر) ۱ مزدور - قلی ۲ وہ جو دست کاری کا کام کرے -

امثال واقوال - محنت آرام کی کنجی ہے - جو شخص محنت کرے گا وہ آرام سے رہے گا - **محنت برباد گناہ لازم -** محنت اکارت گئی الٹا الزام آیا - **محنت کرے مرغا مرے - بچے کھائے بلائی** - مشقت سے مال کوئی جمع کرے اڑا دے کوئی - **محنت کو راحت ہے** - بغیر محنت ترقی نہیں ہوتی -

مَحو (ع - صفت) ۱ زائل - معدوم - مٹا ہوا ۲ کسی خیال میں مستغرق - متحیر - حیران ۳ (اصطلاح تصوف) اوصاف بشری کا گم ہونا ۴ شیفتہ - فریفتہ - عاشق ۵ چھیلا ہوا - مٹایا ہوا - کھرچا ہوا - دھویا ہوا (کر دینا کرنا ہو جانا ہونا کے ساتھ) (مَحو چھیلنا) **مَحوِیَّت** (مونث) محو ہونا (عربی میں نہیں بولا جاتا ہندوستان کی اختراع ہے) **محو دیدار یا نظارہ** (مذکر) دیکھنے میں مشغول خصوصاً معشوق کو (بنانا ہونا کے ساتھ)

مِحوَر (ع - مذکر) ۱ دھری جس پر پہیہ گردش کرتا ہے ۲ وہ فرضی خط جس پر کوئی جرم فلکی گردش کرے - اس کے سرے قطب شمالی و جنوبی یا قطبین کہلاتے ہیں (حَوز - پھرنا) **محورِ زمین** (مذکر) زمین کا وہ فرضی خط جس کے گرد زمین پھرتی ہے - یہ سورج کے محور کے متوازی نہیں بلکہ اس کے ساتھ ۲۳½ درجے کا زاویہ بناتا ہے اور اس وجہ سے موسموں کا تغیر تبدل اور دنوں کا چھوٹا بڑا ہونا وقوع میں آتا ہے - **محور کے گرد پھرنا یا گردش کرنا** (متعدی) کسی چیز کا اپنے محور کے گرد حرکت کرنا - **محوری** (صفت) محور کے متعلق - محور کے گرد - **محوری گردش** (صفت) وہ گردش جو کوئی کرہ اپنے محور کے گرد کرتا ہے -

مَحُوط (ع - مفعول) گھرا ہوا - جس کے گرد دیوار ہو (حَوط - گھیرنا) **مُحَوِّط** (صفت) گھیرنے والا - وہ جو دیوار احاطہ بناتا ہے - **مُحَوَّطہ** (صفت) ۱ گھرا ہوا ۲ (مذکر) احاطہ - کھیت - **مُحَوِّطہ** (صفت) ۱ گھیرنے والا - احاطہ بنانے والا ۲ دیوار - جنگلا -

مُحَوَّل (ع - مفعول) ۱ سپرد کیا گیا - حوالے کیا گیا ۲ بدلا گیا ۳ حلا کیا گیا ۴ (مذکر) بغداد کے مشرقی حصے کا نام (حَوّل - گرد پھرنا) **محولہ** (صفت مونث) سپرد کی گئی - **محولۂ حاشیہ** (صفت) جو حاشئے پر لکھا گیا ہو - جس کا حوالہ حاشئے پر دیا گیا ہو -

مُحیی (ع - صفت) زندہ کرنے والا - **مُحیِ الدِّین** (صفت) دین کو زندہ کرنے والا - نام

مُحَیِّر (ع - فاعل) وہ جو حیران کر دے (حَیّر - حیران کرنا) **مُحَیِّرُ العُقُول** (صفت) عقول کو حیران کرنے والا - عجیب - نادر -

مُحِیط (ع - صفت) ۱ احاطہ کرنیوالا - گھیرنے والا ۲ دریا ۳ (اقلیدس) دائرہ - دائرے کا

گول خط ؛ گروہ - دورا - احاطہ - گھیرا (ا ؛ ذ ط - گھیرنا) **محیط ہونا** (لازم) ؛ اوپر ؛ غالب ہونا - حاوی ہونا ؛ (ابر) چھانا -

مخیل (ع - صفت) حیلہ گر - مکار - آسمان کی صفت میں استعمال ہوتا ہے (ا) دحال ؛ مکاری کی باتیں کرنا -

محیی (ع - فاعل) ؛ مخلوق کو زندہ کرنے والا ؛ خدا تعالےٰ کا ایک نام (احیاء - مردے کو زندہ کرنا)

مخ (ع - مذکر) مغز سر - گودا (مخ - گودا نکالنا) **مخ البیض** (مذکر) انڈے کی زردی

مخا (عرب) مغربی کنارے پر ایک شہر -

مخاتل (ع - فاعل) دغاباز - دھوکے باز - عیار - مکار (ختل - آہستہ آہستہ نزدیک پہنچنا) **مخاتلت** (مونث) دغابازی - دھوکے بازی -

مخادع (ع - مفعول) جسے دھوکا دیا گیا (خدع - دھوکا دینا) **مخادع** (فاعل) دھوکا دینے والا -

مخادم (ع - مذکر) [illegible] صدر [illegible] -

مخادیم (ع - مذکر) [illegible] کی -

مخارج (ع - مذکر) جمع مخرج کی -

مخازن (ع - مذکر) جمع مخزن کی -

مخاصم (ع - فاعل) ؛ مخاصمت - مقابل ؛ دشمن - عدو (خاصم - لڑنا) **مخاصمانہ** (صفت) ؛ دشمنی - **مخاصمت** (مونث) دشمنی عداوت - مخاصمت -

مخاطب (ع - مفعول) وہ جسے خطاب کیا جائے - وہ جس سے بات کی جائے (خطاب - باتیں کرنا کسی سے) **مخاطب** (فاعل) ؛ خطاب - بات کرنے والا ؛ متوجہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **مخاطبات** (مذکر) جمع مخاطبہ کی - **مخاطبہ** (مذکر) آمنے سامنے بات کرنا - **مخاطبین** (مذکر) خطاب یا باتیں کرنے والے بولنے والے -

مخاطرہ (ع - مذکر) ؛ خطرہ - ڈر - خوف - اندیشہ ؛ وہ بات جو ذہن میں آ جائے ؛ خطرے میں پڑنا - اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا (خاطر - اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا)

مخافات (ع - مونث) جمع مخافت کی -

مخافت (ع - مونث) جائے خوف - خطرہ - اندیشہ - ڈر (خاف - ڈرنا)

مخالطت (ع - مونث) ؛ میل جول - اختلاط - دوستی ؛ ایک دوسرے سے باتیں کرنا (خالط - ملنا جلنا)

مخالف (ع - صفت) ؛ برخلاف - الٹا - برعکس ؛ خلاف کرنے والا ؛ دشمن - عدو (خالف - برعکس کرنا) **مخالف ہونا** (لازم) ؛ برخلاف ہونا ؛ باغی ہونا ؛ برعکس ہونا (خالف - برعکس کرنا)

مخالفت (ع - مونث) ؛ دشمنی عداوت ؛ اختلاف - ایک دوسرے کے خلاف کرنا ؛ ضد - ہٹ ؛ کشیدگی - مغائرت (کرنا ہونا کے ساتھ)

مخبط (ع - فاعل) پاگل (خبط - پاگل بنانا) **مخبط فطری** (مذکر) پیدائشی پاگل -

مخبر (ع - فاعل) ؛ خبر دینے والا ؛ جاسوس - خفیہ نویس - رپورٹر (اخبر - اطلاع دینا) **مخبر صادق** (مذکر) پیغمبر صلعم - **مخبری** (مونث) جاسوسی ؛ خفیہ خبریں دینا -

مخبوط (ع - مفعول) پاگل - خبطی دیوانہ - مجنون - بدحواس (خبط - پاگل بنا دینا) **مخبوط الحواس** (صفت) دیکھو آخری -

مختار (ع - مفعول) ؛ اختیار دیا گیا منتخب کیا گیا ؛ بااختیار - مجاز ؛ آزاد ؛ سرپرست سربراہ کار ؛ ایجنٹ - گماشتہ - نمبر ؛ ایک قسم کا [illegible] (اختار - منتخب کرنا) **مختار حق** (مذکر) پیغمبر صلعم - **مختار ریاست** (مذکر) کسی ریاست یا جائداد کا منتظم - **مختار عام** (مذکر) وہ شخص جس کے نام مختار نامہ عام ہو - **مختار عدالت** (مذکر) کچہری کا مختار - پبلک اٹرنی - **مختار کار** (مذکر) کام کرنے کا مجاز - سربراہ کار - مہتمم - **مختارکاری** (مونث) سربراہی ؛ گماشتہ گری - **مختار کرنا** (متعدی) ؛ مختار مقرر کرنا ؛ [illegible] دینا - **مختار کل یا مطلق** (مذکر) جسے [illegible] اختیار ہو - مدار المہام - **مختار نامہ** (مذکر) وہ تحریر جس کے ذریعے کسی شخص کو مختار بنایا گیا ہو - **مختار نامہ خاص** (مذکر) کسی خاص کام کے لئے وثیقہ یا نوشتہ - **مختار نامہ عام** (مذکر) عام امور کی نسبت اختیارات دینے کی تحریر - **مختار ہونا** (لازم) مجاز ہونا - بااختیار ہونا - مالک ہونا - **مختاری** (مونث) سربراہی مختار کا پیشہ یا کام - **مختاری کرنا** (متعدی) ؛ مختار کا کام کرنا ؛ انتظام کرنا ؛ مختار کا پیشہ کرنا -

مختال (ع - صفت) مغرور - متکبر جو اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھے (اختال - مغرور ہونا) **مختالہ** (مذکر) دھوکا دینے والا - دغاباز -

مختان (ع - مفعول) جسے دھوکا دیا گیا ہو (اختان - دھوکا دینا)

مختتم (ع - مفعول) ختم کیا گیا (اختتم - ختم کرنا) **مختتم** (فاعل) ختم کرنے والا -

مخترع (ع - مفعول) ؛ ایجاد کیا گیا ؛ وہ (چیز) جو ایجاد کی جائے - وہ لفظ جو گھڑا جائے ؛ (مونث) ایجاد - دریافت (اخترع - بنانا) **مخترع** (فاعل) موجد - بانی - ایجاد کرنے والا **مخترعات** (مذکر) وہ چیزیں جو ایجاد کی گئی ہوں -

مختص (ع - مفعول) ؛ خاص کیا گیا ؛ خاص - نچ کا ؛ منتخب - چنا گیا (اختص - خاص ہونا) **مختص المقام** (صفت) ؛ وہ جو کسی خاص مقام کے لئے ہو ؛ (قانون) وہ قانون جو کسی خاص مقام پر عائد ہو -

مختصر (ع - مفعول) ؛ خلاصہ کیا گیا - اختصار کیا گیا ؛ خلاصہ - انتخاب - چھوٹا (اختصر - انتخاب کرنا) **مختصراً** (تف) اختصار کے ساتھ - خلاصتاً **مختصر (سی) بات** (مونث) وہ بات جس میں طوالت نہ ہو - **مختصر طور پر** (تف) بالاختصار - قصہ کوتاہ - **مختصر کرنا** (متعدی) ؛ خلاصہ کرنا - اختصار کرنا ؛ گھٹانا - کم کرنا -

مختصم (ع - فاعل) جھگڑنے والا - بحث کرنے والا (اختصم - جھگڑنا)

مختفی (ع - فاعل) چھپا ہوا - پوشیدہ خفیہ (اختفی - چھپا ہونا)

مختل (ع - مفعول) بگڑا ہوا - درہم برہم (اختل - درہم برہم) **مختل الحواس** (صفت) حواس باختہ مخبوط الحواس -

مختلط (ع - مفعول) ملا ہوا - گڈمڈ (اختلط - ملنا) **مختلط** (فاعل) ؛ اختلاط کرنے والا

۲ (ع) نامعلوم - غیر مشہور - گمنام (شجرۂ نسب)
۲ کالا (کاروبار)

مختلف (ع - فاعل) ۱ جدا - جو باہم نہ ہو علیحدہ ۲ قسم قسم کا - طرح طرح کا (اختلاف علیحدہ ہونا) **مختلف الاضلاع** (صفت) جس کے اضلاع یا پہلو ایک جیسے نہ ہوں (مثلث) **مختلف الطبائع** (صفت) قسم قسم کی طبیعتوں کے - **مختلف العقائد** (صفت) جدا جدا عقیدوں کے - **مختلف اوقات میں** (وقت) علیحدہ علیحدہ وقتوں پر - **مختلف فیہ** (صفت) وہ جس پر اتفاق نہ ہو - وہ جس کے متعلق مختلف رائیں ہوں

مختوم (ع - مفعول) ۱ مہر شدہ - سربستہ کیا گیا ۲ بند کیا گیا - مقفل (ختم - مہر کرنا)

مختون (ع - مفعول) ختنہ کیا گیا (ختن - کسی چیز کو کاٹنا)

مختیار (اردو - مذکر) مختار کا مخرب (عف)

مخدّر (ع - مفعول) پردے میں رکھا ہوا - برقعہ پوش - چھپا ہوا (خدر - چھپانا) **مخدِّر** (فاعل) ۱ سن کر دینے والا - بے حس و حرکت کر دینے والا ۲ خواب آور - نیند لانے والا **مخدّرات** (مونث) پردہ نشین عورتیں - نیک بخت یا پارسا عورتیں - **مخدّرات** (مونث) سن کر دینے والی دوائیں - خواب آور دوائیں - **مخدّرات پردۂ عصمت یا عصمت مآب** (مونث) پارسا عورتیں - عفیفہ عورتیں - **مخدّرات مقدسہ** (مونث) اسرار الٰہی -

مخدوش (ع - مفعول) خدشے سے بھرا ہوا - وسوسہ کیا ہوا - یہ ہندوستانیوں کی اختراع ہے - عربی میں ان معنوں میں استعمال نہیں ہوتا (خدش نوچنا)

مخدوم (ع - مفعول) ۱ خدمت کیا گیا ۲ قابل تعظیم ۳ آقا - مالک ۴ صاحبزادہ پیر (خدم - خدمت کرنا) **مخدومہ** (صفت) مخدوم کی مونث - **مخدومی** (مذکر) میرے مخدوم -

مخرِب (ع - صفت) خراب کرنیوالا ویران کرنے والا (خرب - خراب کرنا)

مخرَب (ع - مفعول) خراب شدہ بگڑا ہوا (لفظ) (خرب - ویران کرنا) **مخرِّب** (فاعل) ویران کرنے والا - برباد کرنے والا -

مخرج (ع - مذکر) ۱ نکلنے کی جگہ - منبع - مصدر ۲ اصل - جڑ - مادہ (خروج - نکلنا)

مخروط (ع - مفعول) ۱ گاؤدم - گاجر کی شکل کا ۲ چھیلا گیا - تراشا گیا ۳ گاؤدم چیز - گجرڈول جو چوپہل مینار (خرط - خراد پر چڑھانا) **مخروطات** (مونث) مخروط کی جمع ۱ گاؤدم چیزیں - گجرڈول یا کمر ۲ علم ریاضی کی ایک شاخ جس میں گاؤدم چیزوں کے متعلق بحث ہے - **مخروطِ قائم** (مونث) مخروط جو سیدھی ہو - کھڑا سکمر - **مخروطِ مائل** (مونث) مخروط جو ٹیڑھا ہو - ترچھا سکمر - **مخروطِ مجسّم** (مونث) مخروط جو ٹھوس ہو - ٹھوس گجرڈول - **مخروطِ متضلع** (مونث) چوپہل مینار جیسے مینار مصر - **مخروطی** (صفت) گاجر کی شکل کا - گاؤدم -

مخزن (ع - مذکر) ۱ جمع کرنے کی جگہ - خزانہ - ذخیرہ - گدام ۲ رسالہ میگزین (خزن - جمع کرنا) **مخزن الاسرار** (مذکر) وہ جسے بہت سے راز معلوم ہوں - **مخزن العلوم** (مذکر) ایک قسم کی کتاب جس میں مختلف علوم کا تذکرہ ہو -

مخزوم (ع - مفعول) جس کی ناک چھدی ہوئی ہو - نتھو (خزم - ناک چھدی ہونا)

مخزون (ع - مفعول) خزانے میں رکھا گیا (خزن - جمع کرنا) **مخزونہ** (مونث) خزانے میں رکھی ہوئی چیز - گڑی ہوئی چیز -

مخشی (ع - فاعل) ڈراؤنا - ہیبتناک خوفناک (خشی - ڈرانا)

مخصوص (ع - مفعول) ۱ خاص کیا گیا ۲ نامزد کیا گیا (خص - خاص کرنا) **مخصوص کرنا** (متعدی) ۱ خاص کرنا ۲ نامزد کرنا -

مخضّب (ع - مفعول) خضاب کیا گیا - رنگا گیا - اردو میں داڑھی کے متعلق استعمال ہوتا ہے (خضب - رنگنا) **مخضِّب** (فاعل) خضاب کرنے والا - رنگنے والا -

مخضّر (ع - مفعول) ۱ سبز - سرسبز ۲ مبارک - بابرکت (خضر - سبز ہونا)

مخضرم (ع - مفعول) ۱ لونڈی کا بچہ - جسے اپنا باپ معلوم نہ ہو ۲ وہ جو ابتدائے اسلام کے وقت پہلے کافر تھا اور پھر مسلمان ہو گیا

مخطاط (ع - مذکر) ۱ وہ رول یا مسطر جس سے لکیریں کھینچیں ۲ تختی جس پر لکیریں یا تصویریں بنائیں (خط - لکیر کھینچنا)

مخطّط (ع - مفعول) ۱ دھاری دار لکیروں والا ۲ (ع) خوبصورت حسین ۳ سبزہ آغاز - جس کی مسیں بھیگ رہی ہوں (خطط - لکیریں کھینچنا)

مخطوب (ع - مفعول) منسوب وعدہ کیا گیا (خطب - عورت سے شادی کی درخواست کرنا) **مخطوبہ** (مونث) منگیتر - وہ عورت جس کی منگنی ہو چکی ہو -

مخطور (ع - مفعول) ۱ وہ جس میں خطرہ ہو - خطرناک - خوفناک ۲ خیال کیا گیا - سوچا گیا (خطر - دل میں آنا) **مخطورات** (مذکر) دل کے خطرے - دلی خیالات -

مخطوط (ع - مفعول) دھاری دار لکیروں والا - جھری دار (خط - لکیر کھینچنا)

مخطی (ع - فاعل) وہ جو غلطی سے خطا کرے - جس سے بے ارادہ خطا ہو جائے (خطی خطا کرنا)

مخفّف (ع - مفعول) ۱ تخفیف کیا گیا - گھٹایا گیا - کم کیا گیا ۲ اختصار کیا گیا ۳ (مذکر) وہ لفظ جس میں سے کوئی حرف گھٹا یا جائے ۴ وہ حرف صحیح جس پر بجائے لمبے کے چھوٹا اعراب دیا جائے یا تشدید رفع کی جائے (خفف - ہلکا کرنا) **مخففہ** (مونث) تخفیف کیا گیا - مخفف -

مخفی (ع - مفعول) ۱ چھپا ہوا - پوشیدہ - خفیہ ۲ نورجہاں بیگم اور زیب النسا بیگم کا تخلص (خفی - نامعلوم ہونا) **مخفی رکھنا یا کرنا** (متعدی) چھپانا - خفیہ رکھنا - پوشیدہ رکھنا یا ڈھانپنا **مخفی رہنا** (لازم) خفیہ رہنا - **مخفی نہ رہے** پوشیدہ نہ رہے - واضح ہو - معلوم ہو -

مخِل (ع - فاعل) ۱ خلل ڈالنے والا - حارج ۲ مفسد - فتنہ پرداز ۳ (ع) جو اپنا وعدہ پورا نہ کرے - جو ادائگی نہ کرے (اخل - پورا نہ کرنا) **مخل ہونا** (لازم) حارج ہونا - خلل انداز ہونا.

مخلّا (ع - مفعول) اصل لفظ مخلی تھا فارسیوں نے یہ شکل اختیار کر لی - دیکھو مخلّی -

مخلخل (ع - مذکر) وہ جگہ جہاں خلخال پہنی جائے - ٹخنہ (خلخل - ہلانا)

مخلّد (ع - مفعول) ۱ ہمیشگی کا۔ دائمی ۲ (ع) وہ جو بڑھاپے میں بھی کام کے لائق ہو

مخلَص (ع - مفعول) خالص - بے داغ (خَلَص - صاف کرنا) مخلِص (فاعل) ۱ خالص - سچا - صادق - باوفا ۲ (مذکر) سچا دوست یار صادق - مخلصانہ نصیحت (مونث) وہ نصیحت جو سچے دل سے کی جائے مخلصی (مونث) رہائی - آزادی - چھٹکارا - نجات - خلاصی (دلانا - دینا - ہونا کے ساتھ)

مخلّط (ع - مفعول) اچھی طرح ملا ہوا (خَلَط - ملانا)

مخلّع (ع - مفعول) خلعت دیا گیا خلعہ - پہنایا گیا (خَلَع کسی کو خلعت دینا)

مخلوط (ع - مفعول) ملا ہوا - ملا جلا - گڈمڈ (خلط - ملانا) مخلوط النسل (صفت) دوغلا وہ شخص جو ایک نسل سے نہ ہو۔

مخلوق (ع - مفعول) ۱ پیدا کیا گیا - پیدا کیا ہوا ۲ (مونث) دنیا - کائنات - خلقت - خلق (خلق - پیدا کرنا) مخلوقات (مونث) مخلوق کی جمع - دنیا - جو چیزیں دنیا میں ہیں مخلوقہ (مونث) مخلوق - مخلوقیت (مونث) پیدا کی جانے کی حالت۔

مخلّٰی (ع - مفعول) ۱ خالی کیا گیا ۲ آزاد یا رہا کیا گیا (خلی - خالی چھوڑنا) مخلّی بالطبع (صفت) ۱ بے تکلف ۲ آزاد ۳ وہ جسے اس کی طبیعت پر آزاد چھوڑ دیا جائے۔

مخمّر (ع - مفعول) خمیر کیا گیا - گوندھا گیا (خمّر - خمیر کرنا) مخمِّر (فاعل) خمیر کرنے والا۔

مخمّس (ع - مفعول) ۱ پانچ ضلعوں والی شکل - پنج گوشہ ۲ (مذکر) وہ نظم جس میں ہر بند پانچ مصرعوں کا ہو (خمّس - پانچ بنانا) مخمّسات (مونث) جمع مخمس کی - پانچ ضلعوں والی شکلیں - مخمّسہ (مذکر) ماں بہن یا دادے کے متعلق تقسیم جائداد کا ایک مسئلہ جس پر پانچ اصحاب حضرت علیؓ - حضرت عثمانؓ - ابن مسعود - زید اور ابن عباس کا اختلاف تھا۔

مخمصہ (ع - مذکر) ۱ جھمیلا - جھگڑا - بکھیڑا ۲ غم جس سے دل مضطرب ہو ۳ بھوک (خمص - پیٹ خالی ہونا) مخمصے میں پڑنا (لازم) عذاب میں مبتلا ہونا - جھگڑے میں پھنسنا - مخمصے میں ہونا (لازم) جھگڑے میں مبتلا ہونا۔

مخمل (ع - مونث) عربی میں مَخمل ہے - بعض شعرانے مذکر بھی باندھا ہے ۱ ایک قسم کا کپڑا جس کی ایک طرف نہایت نرم اور روئیں دار ہوتی ہے ۲ (گل) ایک پھول جو جولائی کے پودے پر لگتا ہے ۳ (صفت) ملائم - نرم (اَخمل - روئیں دار ہونا) مخمل دو خوابہ (مونث) وہ مخمل جس کے دونوں طرف روئیں دار ہوتی ہیں - مخمل سا (صفت) بہت نرم یا ملائم - مخمل کاشانی (مونث) ایک اعلیٰ قسم کی مخمل - مخملی (صفت) ۱ مخمل کا ۲ مخمل سا۔ مخمل کی طرح کا۔

مخمور (ع - مفعول) مست - نشے میں چور - مدہوش - متوالا (رہنا - کر دینا - ہو جانا - ہونا کے ساتھ) (خمر - مست ہونا)

مخنّث (ع - مفعول) ہیجڑا - زنخہ - نامرد (خَنَث - نرم یا زنانہ بنانا) مخنث کرنا (متعدی) ہیجڑا بنانا - خصیے نکال دینا - مخنث ہونا (لازم) ہیجڑا ہونا - نامرد ہونا۔

مخنوق (ع - مفعول) گلا گھونٹا ہوا (خنق - گلا گھونٹنا)

مخوف (ع - مفعول) ڈرا ہوا - خوف زدہ (خوف - ڈرانا) مخوِّف (فاعل) ۱ خوف دلانیوالا - ڈرانے والا ۲ خوفناک - خطرناک

مخول (اردو - مونث) مذاق - ٹھٹھا - چھیڑ خانی - ہنسی ٹھٹھا - یہ لفظ پنجابی زبان سے آیا ہے اور مذکر ہے (کرنا ہونا کے ساتھ) مخولیا (مذکر) ۱ مسخرا - ظریف ۲ وحشی - خبطی - گھبرایا ہوا آدمی (ان معنوں میں غالباً مالی خولیا کا مخفف ہے)

مخیلنا (ہ - متعدی) ۱ مارنا - پیٹنا ۲ مطیع بنانا - قابو میں لانا (مت) (سخت سے)

مخیّر (ع - مفعول) ۱ اختیار دیا گیا ۲ لاپروا (خیّر - انتخاب کرنے کا اختیار دینا) مخیِّر (فاعل) ۱ اختیار دینے والا ۲ خیرات کرنے والا - نیکی کرنے والا ۳ سخی - فیاض - مخیّر بازار (مذکر) کسی چیز کی فروخت اس شرط پر کہ اگر خریدار چاہے تو مقررہ وقت کے اندر چیز واپس کر دے۔

مخیّل (ع - مفعول) خیال کیا گیا سوچا گیا (خیّل - سوچنا) مخیّلہ (مذکر) خیال کی قوت قوت خیالی۔

مَد (ع - مذکر) ۱ کشش - چڑھاؤ - جوار سمندر کے پانی کا چڑھاؤ - یہ چاند کی کشش کی وجہ سے ہوتا ہے - جس طرف چاند جاتا ہے اسی طرف پانی کا چڑھاؤ ہوتا ہے ۲ الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت (~) ان معنوں میں مونث بھی استعمال ہوتا ہے ۳ (مونث) وہ لمبا خط جسے کھینچ کر نیچے حساب لکھنا شروع کرتے ہیں ۴ عرض میں وہ خط جسے کھینچ کر مضمون لکھنا شروع کرتے ہیں ۵ وہ لکیر جو ہر مضمون کو ختم کر کے دوسرا مضمون شروع کرنے سے پہلے بناتے ہیں ۶ عنوان سرنامہ - سرخی ۷ محکمہ - دفتر - نوکری کا صیغہ - صیغۂ ملازمت ۸ اندراج ۹ خانہ ۱۰ باب - فصل ۱۱ رقم (مَدّ - پھیلانا) مدات (مونث) مد کی جمع ۱ عنوان - سرخیاں ۲ اندراجات ۳ خانے - مد امانت (مونث) ۱ رقم امانت ۲ حساب امانت ۳ بصیغہ امانت - مد سرمہ (مونث) سرمہ کا خط جو آنکھوں میں کھینچا جاتا ہے - تحریر سرمہ - مد فاضل (مونث) ۱ وہ مد جو بیکار ہو ۲ فضول اور بیکار چیز مد کھینچنا (متعدی) خط کھینچنا - مد مقابل (صفت) ۱ برابر کا دعویدار - مخالف - حریف - رقیب ۲ برابر کی چوٹ یا جوڑ ۳ برابر کا خط - جمع اور خرچ کی مد جو ایک دوسرے کے محاذی ہوتی ہے ۴ دو سوداگروں کا باہمی کھاتا - مد نظر (مونث) ۱ وہ چیز جو نظروں کے سامنے ہو - پیش نظر - مدنگاہ ۲ قصد ارادہ - مقصود دلی ۳ منظور نظر - محبوب - وہ چیز جو آنکھوں میں کھبی ہوئی ہو - مد نگاہ (مونث) دیکھو آخری ۱ - مد و جزر (مذکر) جوار بھاٹا۔

مُدّ (ع - لازم) ۱ پھیلنا ۲ (متعدی) لمبا کرنا - مد ظلکم ظلّہ (العالی) (خدا) اس کا (تمہارا) سایہ (عاطفت) لمبا کرے - بزرگوں کے القاب۔

مَدّ (ہ - صفت) بدبودار - جس میں تیل یا چربی کی بو ہو۔

مَد (س - مذکر) (مَد مخفف) ۱ کوئی نشہ چیز شراب - مے - دارو ۲ نشہ - خمار - مستی - مدہوشی - کیف سرشاری ۳ دیوانگی - جنون - سودا ۴ شہوت مستی - جوش - جذبہ - ولولہ ۵ خواہش - شوق - عشق ۶ مشک ۷ خوشی - انبساط - فرحت - آنند ۸ تکبر - غرور - مان - گرب ۹ منی - نطفہ ۱۰ شہد - انگبین ۱۱ پانی جو مستی کی حالت میں پستانوں سے ٹپکے ۱۲ پانی جو

درختوں سے ٹپکے ۱۲ پانی جو مست ہاتھی کی کنپٹی سے ٹپکے ۱۳ ندی۔ دریا۔ بحر ۱۴ کوئی خوبصورت چیز۔ مدبھرا (صفت) مست۔ نشیلی۔ مدبھرے نیناں (مذکر) مست آنکھیں۔ نشیلی آنکھیں۔ مد پر آنا (لازم) ۱۔ مستی پر آنا۔ مست ہونا ۲ جوان ہونا۔ جوبن پر آنا۔

مد کی ماتی (صفت۔ مونث) ۱۔ مخمور۔ بدمست۔ نشیلی ۲ پرشہوت۔ شہوت سے بھری ہوئی۔ مدماتا (صفت مذکر)، ماتی (صفت مونث) ۱۔ پرشہوت۔ مست ۲ مخمور۔ سرشار ۳ جوبن پر۔ بہار پر ۴ پرشوق۔ خواہشمند۔ عاشق ۵ مغرور۔ متکبر۔ خودبین۔ البیلی۔

مُدّ (ع۔ مذکر) خشک چیزوں کا ایک پیمانہ جو وزن میں دو رطل ہوتا ہے۔

مَد (س۔ مونث) ۱۔ بیوی ۲ خوشی۔ فرحت۔ انبساط ۳ آنند ۴ نشہ۔ خمار۔ مستی۔ مدا (مونث) دیکھو آخری معنے

مَدّا (ہ۔ صفت) ارزاں۔ کم قیمت (عفف)، مدا پڑنا (لازم) کساد بازاری ہونا۔

مَدّاح (ع۔ صفت) تعریف کرنیوالا ثناخواں (مَدح۔ تعریف کرنا)، **مداحی** (مونث) ثناخوانی۔ تعریف کرنے کا فعل۔

مَداخِل (ع۔ مذکر) مدخل کی جمع آمدنی۔ محاصل۔ معاملہ۔ خراج۔ **مداخل مخارج** (مذکر) آمدنی وخرچ۔ روپیہ کی درآمد و برآمد۔

مُداخلَت (ع۔ مونث) ۱۔ دخل دست اندازی ۲ مزاحمت۔ تعرض ۳ قابو۔ تصرف (دَخل۔ داخل ہونا)، **مداخلت بلا مرضی** (مونث) بلا اجازت دخل کرنا یا کسی کے گھر میں گھس آنا۔ **مداخلت بیجا** (قانون) کسی دوسرے کی زمین پر بغیر اس کی اجازت کے جرم کرنے یا کسی کو بےعزت کرنے یا رنج دینے کے لئے جانا کرنا ہونا کے ساتھ)، **مداخلت بیجا بخانہ** (مونث) وہ مداخلت بیجا جو گھر میں داخل ہونے سے کیجائے **مداخلت بیجا بخانہ بشب** (مونث) وہ مداخلت بیجا بخانہ جو رات کے وقت کی جائے یہ سب جرائم ہیں۔ **مداخلت صریح** (مونث) کھلم کھلا دست اندازی۔ کسی کے گھر میں در آنا۔ گھس آنا۔ **مداخلت کرنا** (متعدی) ۱۔ دست اندازی کرنا ۲ بیچ میں بولنا۔

مِدَاد (ع۔ مونث) ۱۔ پھیلاؤ ۲ وسعت ۳ سیاہی۔ روشنائی ۴ (ع) کھاد ۵ نمونہ۔ مشابہت ۶ رستہ۔ سڑک ۷ مذہبی فرقہ ۸ رسد (مَدّ۔ پھیلنا)، **مدادِ سماوات** (مونث) آسمانوں کی وسعت یا التعداد۔

مَدار (ہ۔ مذکر) آک کا درخت (س۔ مندار)، **مدار کا ڈنڈا** (مذکر) دیکھو آنکھ پھوڑ ٹڈا۔ **مدار کی بڑھیا** (مونث) دیکھو آک کی بڑھیا۔

مَدار (ع۔ مذکر) ۱۔ گردش کی جگہ۔ پھرنے کا مقام ۲ چاند یا سیاروں کے گردش کرنے کی جگہ ۳ قطب ۴ چول۔ دھری۔ کیلی ۵ دائرہ۔ دورہ حلقہ ۶ جس پر کوئی چیز ٹھیری ہو۔ انحصار ۷ قرار۔ ٹھیراؤ۔ قیام (دَوَر۔ چکر کھانا۔ پھرنا)، **مدار ارضی** (مذکر) زمین کا مرکز۔ **مدار الجدی** (مذکر) دائرہ راس الجدی۔ خط جدی۔ **مدار السرطان** (مذکر) دائرہ راس السرطان۔ خط سرطان۔ **مدار المہام** (مذکر) وہ شخص جس پر امور سلطنت کا انحصار ہو۔ وزیر اعظم۔ **مدارِ ساعت** (مذکر) خط نصف النہار۔ **مدارِ کار** (مذکر) کسی کام کا انحصار۔

مَدار (اردو۔ مذکر) ۱۔ دیکھو غازی میاں ۲ سو۔ جمادی الاول کا مہینہ۔ **مدار صاحب** (مذکر) مدار ۲۔ **مدار (صاحب) کی انکھیاں** (مونث) سونے چاندی کی آنکھیں جو عورتیں منت پوری ہونے پر مدار کے مزار پر چڑھاتیں ہیں۔ **مداری** مداریا (صفت) ۱۔ مدار کا۔ مدار کے متعلق ۲ (مذکر) مدار کا پیرو۔ **مداریا حقہ** (مذکر) ایک قسم کا حقہ۔

مَدار (س۔ مذکر) ۱۔ ہاتھی ۲ سور ۳ بدمعاش۔ دغاباز۔

مُدارا (ع۔ مذکر) مدارات کا مخفف۔ (دارَی۔ نرمی سے برتاؤ کرنا)، **مدارات** (مونث) خاطر داری۔ تواضع ۲ آؤبھگت۔ **مدارات کرنا** (متعدی) خاطر تواضع کرنا ۲ آؤ بھگت کرنا۔

مَدارِج (ع۔ مذکر) مدرج کی جمع درجے۔ رتبے۔ مناصب۔

مَدارِس (ع۔ مذکر) مدرسہ کی جمع۔

مَداری (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک قسم کا شعبدہ باز جو ہاتھ کی چالاکیوں سے کھیل کرتا ہے۔ بندر یچھ سانپ کا تماشہ دکھانے والا ۲ بھانمتی۔ نٹ۔ بازیگر (س۔ مَد۔ خوش کرنا)

مُداعی (ع۔ فاعل) ۱۔ وہ جو بلاتا ہے ۲ جھگڑالو۔ لڑاکا (دَاعیٰ۔ بلانا)

مُدافَع (ع۔ مفعول) ۱۔ جو روکا جائے ۲ جس کی مخالفت کی جائے (دافِعْ۔ ہٹانا)، **مدافِع** (فاعل) ہٹانے والا۔ دفع کرنے والا۔ **مدافعت** (مونث) ۱۔ دفعیہ۔ دفعہ کرنا ۲ روکنا روک ۳ تردید۔

مُدام (ع۔ مفعول) ۱۔ ہمیشہ۔ نت سدا۔ دائم ۲ لگاتار۔ متواتر (اَدام۔ جاری کرانا)

مُداوا (ع۔ مذکر) مداوات کا مخفف جو فارسیوں نے کیا ہے (کرنا ہونا کے ساتھ)، **مداوات** (مونث) ۱۔ علاج۔ معالجہ۔ دوا۔ درماں ۲ تدبیر چارا (کرنا ہونا کے ساتھ) (داوَیٰ۔ علاج کرنا)

مَداوتی (ہ۔ مونث) وہ عورت جو شادیاں کرائے۔

مُداوَمَت (ع۔ مونث) ہمیشگی دوام۔ ثبات۔ قیام (دَاوَمَ۔ جاری رہنا)

مُداہَنَت (ع۔ مونث) ۱۔ جھوٹ چرب زبانی ۲ خوشامد ۳ جو دل میں ہو اس کے برخلاف ظاہر کرنا ۴ سستی کرنا (دَہن۔ دوسرے کو دھوکا دینا)

مَدائح (ع۔ مذکر) مدیحہ کی جمع تعریفیں۔ مدحیں۔

مَدائِن (ع۔ مذکر) ۱۔ مدینہ کی جمع ۲ عراق میں ایک شہر جو نوشیرواں کا دار السلطنت تھا اسے۔ **مدائن کسرا** (مذکر) بھی کہتے ہیں۔

مُداین (ع۔ فاعل) ۱۔ قرضخواہ ۲ مقروض (دایَنَ۔ قرضہ دینا)

مُدایَنَت (ع۔ مونث) قرضہ کا لین دین (دایَنَ۔ قرضہ دینا)

مُدبِر (ع۔ صفت) ۱۔ واپس آنے یا جانیوالا وہ جو پیٹھ پھیرے ۲ وہ جسے اس کے نصیبے نے پیٹھ دکھائی ہو۔ بدبخت۔ بدنصیب۔ واژوں بخت (اَدبَرَ۔ مڑنا)، **مدبری** (مونث) بدبختی۔ کمبختی۔ بدنصیبی۔

مُدَبَّر (ع۔ مفعول) ۱۔ اچھی طرح کیا ہوا۔ قابلیت سے انصرام کیا ہوا ۲ وہ دوا جس کی اصلاح اور درستی کی گئی ہو (دَبَّر۔ انتظام کرنا۔ تجویز کرنا)

مُدَبِّر (صفت) ۱: تدبیر کرنے والا۔ عقلمند۔ دانشمند ۲: مشیر۔ صلاح کار ۳: (مذکر) منتظم۔ وزیر۔ گورنر۔ ۴: ترکشر۔ مدبّر امور جمہور (مذکر) وزیر امور عامہ۔ مدبّران سلطنت (مذکر) وزرا امرا۔ اراکین سلطنت۔ مدبّران فلک (مذکر) سبع سیارات۔ سات ستارے۔ شمس قمر زحل عطارد زہرہ مشتری مریخ۔ مدبّری (مونث) ۱: انتظام انصرام ۲: مدبّر کا عہدہ۔

مُدّت۔ مُدّة (ع۔ مونث) ۱: عرصہ دراز عرصہ۔ دیر ۲: وقت۔ زمانہ ۳: میعاد مہلت ۴: دفعہ۔ ڈھیل ۵: قرن۔ یگ (مُدّ۔ پھیلنا) مدّة العمر (تف) تمام عمر۔ عمر بھر۔ تا بہ زیست۔ مدّت پنج روزہ (مونث) قلیل مدت۔ مدّت حیات تمام ہو جانا (لازم) زندگی کا ختم ہو جانا۔ مدّت مدّت (صفت: مونث) دیکھو عدّت۔ مدّت کا (صفت) دیر کا۔ پرانا۔ مدّت گزرنا (متعدی) زمانہ گزرنا۔ میعاد گزرنا۔ مدّت مدید (مونث) عرصہ بعید یا دراز۔ بہت دیر۔ مدّت مقررہ (مونث) میعاد مقررہ۔ معمولی وقت۔ مدّت میں (تف) بہت عرصے میں۔ مدّتوں (تف) عرصہ دراز تک۔ مدّتوں سے (تف) زمانہ دراز سے۔ مدّتوں کی بات (مونث) بہت عرصے کی بات۔ پرانی بات۔ مدّت ہونا (لازم) عرصہ ہونا۔ دیر ہونا۔ مدّت ہوئی۔ عرصہ ہوا بہت زمانہ ہوا۔

مُدَثِّر (ع۔ صفت) ۱: وہ جسنے کمل لپیٹا ہوا ہو ۲: (دال) قرآن شریف کی ایک سورت (دثر۔ سوتے ہوئے پر کمل ڈالنا)

مَدح (ع۔ مونث) ۱: تعریف۔ توصیف ثنا۔ مدحت۔ ستائش۔ استتی ۲: وہ نظم جس میں کسی کی تعریف ہو (مدح۔ تعریف کرنا) مدح خواں یا سرا (صفت) تعریف کرنے والا۔ ثناخواں۔ مدح خوانی یا سرائی (مونث) تعریف گوئی توصیف خوانی۔ مدح کرنا (متعدی) تعریف کرنا۔ مدح و ذم (مونث) تعریف اور بدی۔

مِدحت (ع۔ مونث) دیکھو مدح ۱: (مدح۔ تعریف کرنا) مدحت سرا (صفت) تعریف کرنے والا۔ گن گانے والا۔

مَدخَل (ع۔ مذکر) ۱: داخل ہونے کی جگہ۔ دروازہ۔ پھاٹک۔ ڈیوڑھی ۲: داخل ہونے کا وقت ۳: آمدنی۔ محاصل (دخل۔ اندر جانا)

مُدخَل (ع۔ مفعول) ۱: داخل کیا گیا وہ جو داخل کیا جائے ۲: داخل دفتر کیا گیا (اُدخل۔ داخل کرنا) مُدخِل (فاعل) داخل کرنے والا۔ داخل ہونے والا۔ مدخلہ (صفت مونث) مدخل کی

مُدخَن (ع۔ مذکر) وہ جگہ جہاں سے دھواں نکل رہا ہو (دخن۔ دھواں دینا)

مَدخُول (ع۔ مفعول) داخل کیا گیا (دخل۔ اندر جانا) مدخولہ (صفت مونث) وہ عورت جسے گھر میں ڈال لیا ہو۔ وہ عورت جس سے صحبت کی جائے۔

مَدَد (ع۔ مونث) ۱: امداد۔ اعانت۔ کمک۔ حمایت ۲: رسد۔ خوراک ۳: وہ فوج جو امداد کے لئے بھیجی جائے ۴: وہ روپیہ جو کسی کو امداد کے طور پر دیا جائے ۵: راج مزدور ۶: مدد کرنیوالا شخص۔ امداد کرنیوالا شخص ۷: مزدوری۔ اجرت (مدّ۔ دینا۔ مدد کرنا) مدد الجیش (مونث) فوج کی امداد۔ مدد جو فوج بھیج کر کی جائے۔ مدد اللہ۔ آزاد فقیروں کے سلام کا جواب۔ مدد بانٹنا (متعدی) راج مزدوروں کو ان کی مزدوری تقسیم کرنا۔ اجرت دینا۔ مدد پہنچانا (متعدی) رسد پہنچانا۔ مدد خرچ (مونث) ۱: وہ رقم جو خرچ کے لئے بطور امداد دی جائے ۲: خرچ میں مدد کرنا ۳: پیشگی روپیہ۔ تقاوی۔ مدد دینا (متعدی) کمک پہنچانا۔ اعانت کرنا۔ دستگیری کرنا۔ مدد کرنا (متعدی) ۱: امداد کرنا۔ اعانت کرنا ۲: دفع ہونا۔ براز یا مواد کا۔ مدد گار (صفت) مدد کرنے والا۔ حامی۔ معاون۔ مدد لگانا (متعدی) لگنا (لازم) مزدوروں معماروں کا تعمیر وغیرہ کے کام پر لگنا۔ مدد محرّر (مذکر) نائب محرر۔ اسسٹنٹ محرر۔ وہ شخص جو تحریر میں اپنے افسر کی مدد کرے۔ مدد معاش (مونث) ۱: کھانے پینے کا سہارا۔ پرورش کا وسیلہ ۲: پنشن۔ وظیفہ ۳: وہ جاگیر جو کسی خاص مصرف کے لئے وقف کر دی جائے ۴: وہ جاگیر جو کسی کو بادشاہوں کی طرف سے ملے۔ مدد ہونا (لازم) امداد ہونا۔ سہارا ہونا۔ مدد دے۔ مدد کیجئے جیسے یا علی مدد دے۔

مَدَر (س۔ مذکر) ایک پودہ جو دوائیوں میں کام آتا ہے اس کے پھول سرخ ہوتے ہیں۔ نیار۔

مُدِر (ع۔ فاعل) پیشاب لانے والی دوا (اَدَرّ۔ بہت بہانا) مُدِرّات (مذکر) جمع مدر کی۔

مَدَر (س۔ مذکر) ۱: بادل ۲: عاشق ۳: عیاش۔

مَدرا (س۔ مذکر) ایک ملک جو بیاس اور چناب کے درمیان تھا۔ اس کا دارالسلطنت شکل تھا۔

مَدرا (س۔ مونث) ۱: شراب ۲: کوئی نشی چیز ۳: ممولا۔ جھانپو۔

مُدرا (س۔ مونث) ۱: مہر۔ چھاپ ۲: مہردار انگوٹھی ۳: انگوٹھی۔ چھلا ۴: مہر کا نشان ۵: سکہ ۶: تمغہ ۷: ایک قسم کا بالا ۸: پوجا میں ہاتھوں کی انگلیوں کو ایک دوسرے میں ڈالنے کا ایک طریقہ ۹: کالر۔ پٹہ ۱۰: پروانہ راہداری جس پر مہر ہو ۱۱: آنکھوں کو کھولنا اور بند کرنا ۱۲: قفل۔ تالا۔ کھڑکا ۱۳: انگلیوں گننا ۱۴: بھنا ہوا اناج جو بعض رسومات میں استعمال ہوتا ہے ۱۵: ایک قسم کا ناچ ۱۶: چیزوں کو درست نام سے پکارنا۔

مُدَرَّس (ع۔ مفعول) ۱: تجربہ کار ۲: اچھا تعلیم یافتہ ۳: طالب علم (درس۔ پڑھنا سکھانا) مُدرِّس (فاعل) ۱: پڑھانے والا۔ درس دینے والا ۲: (مذکر) استاد۔ معلم۔ پروفیسر۔ مدرّسی (مونث) پڑھانے کا پیشہ۔ معلمی۔

مَدرَسہ (ع۔ مذکر) پڑھانے کی جگہ۔ مکتب۔ سکول۔ دبستان۔ پاٹ شالہ (دَرس۔ پڑھنا) مدرسۂ ابتدائی (مذکر) پرائمری سکول وہ مدرسہ جس میں پہلی تین یا چار جماعتیں ہوں۔ مدرسۂ توپ خانہ (مذکر) وہ سکول جہاں توپ چلانے کی تعلیم ہو۔ مدرسہ چھوڑنا (متعدی) سکول جانا بند کر دینا۔ مدرسۂ عمدہ (مذکر) ہائی سکول۔ مدرسۂ نظامی (مذکر) فوجی تعلیم کا سکول مدرسۂ وسطی (مذکر) مڈل سکول۔ مدرسے جانا (لازم) سکول میں حاضر ہونا۔ پڑھنے کے لئے سکول جانا۔ مدرسے سے آنا (لازم) سکول سے پڑھ کر گھر آنا۔ مدرسے اٹھنا (لازم) مدرسہ چھوڑنا۔ مدرسہ کی اینٹ (مونث) وہ طالب علم جو مدت سے مدرسے میں پڑھتا ہو اور ترقی نہ کرے۔ مدرسے میں پڑھنا (متعدی)

سکول میں تعلیم حاصل کرنا۔

مُدرِک (ع۔صفت) ۱ سمجھنے والا ۲ دانا۔عقیل۔فہیم۔ذہین (اِدْرَاک پہنچنا) مدرکات (مذکر) جمع مدرکہ کی ۔عقلیں۔ **مُدرَکہ** (مذکر) ۱ وہ قوت جس سے انسان اشیا کی حقیقت دریافت کر سکے ۲ ذہن۔عقل۔ذکا۔

مُدری (ھ۔مونث) دیکھو مُدرا۔

مَدریا (اردو۔مذکر) مٹی کا حقہ۔

مُدَّعا (ع۔مذکر) ۱ مقصد۔مراد۔مطلب غرض۔خواہش۔مرضی ۲ وہ چیز جس پر دعوے تھا۔ مال۔مال مسروقہ۔ملکیت ۳ مطلوبہ۔وہ عورت جس کی خواہش ہو (اصل لفظ مُدّعٰی تھا جو اِدّعٰی بمعنی دعوے کرنا سے مفعول ہے) **مدعا برآنا** (لازم) مقصد پورا ہونا۔ **مدعا بہا** (بہ) وہ چیز جس کے لئے دعوے کیا گیا ہو۔ **مدعا پکڑنا** (متعدی) چوری پکڑنا۔مال مسروقہ برآمد کرنا (قانون) **مدعا پورا (حاصل) ہونا** (لازم) مراد برآنا۔ **مدعا علیہ** (مذکر) **علیہا** (مونث) **علیہم** (جمع مذکر) وہ جس پر نالش کی گئی ہو۔فریق ثانی۔ **مدعا علیہ ترتیبی** (مذکر) وہ شخص جو بغرض ترتیب مقدمہ مدعا علیہ کیا گیا ہو۔جس کے مقابلے میں کوئی داد رسی مطلوب نہ ہو۔ **مدعا علیہ گرداننا** (متعدی) ملزم ٹھیرانا۔الزام دھرنا۔مجرم قرار دینا۔ **مدعا نکلنا** (لازم) چوری برآمد ہونا۔مال مسروقہ پکڑا جانا (قانون) **مدعا ہونا** (لازم) مقصد ہونا مراد ہونا۔مطلب ہونا۔

مَدعو (ع۔صفت) بلایا گیا۔دعوت دیا گیا (دَعْو۔ بلانا) **مدعو کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دعوت پر بلانا۔بلانا۔

مُدَّعی (ع۔فاعل) ۱ دعوے کرنیوالا۔ نالش کرنے والا۔مستغیث ۲ غیر ۳ رقیب۔حریف ۴ دشمن۔عدو ۵ جھوٹا دعوے کرنے والا۔جھوٹا دعویدار (اِدّعٰی۔دعوے کرنا) **مدعی مدعا علیہ** (مذکر) متخاصمین۔فریقین۔مخالفین۔ **مدعیہ** (مونث) دعویدار عورت۔مستغیثہ۔ **مدعی ہونا** (لازم) ۱ دعویدار ہونا۔نالشی ہونا ۲ دامنگیر ہونا۔کسی معاملے کا پرسان ہونا۔ **مدعیہ** (مونث) مدعی کی۔دعوے کرنیوالی عورت۔

امثال۔ مدعی سست گواہ چست۔ وہاں بولتے ہیں جہاں مدعی تو تساہل کرے اور دوسرے اس کی تائید میں کوشش کریں۔ **مدعی مدعا علیہ ناؤ میں۔ شاہد (پیرتے) تیرتے جائیں**۔ اپنے حمایتی کی بیقدری کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

مُدغَم (ع۔مفعول) جو ادغام کئے گئے ہیں جن پر تشدید دی گئی ہو۔ایک جنس کے دو حرف ملا کر پڑھے جاتے ہیں۔ان میں سے صرف ایک لکھ کر تشدید دیتے ہیں۔جیسے حمّام کا پہلا میم۔ اصل میں حم مام ہے پہلے اور دوسرے میم کی بجائے ایک میم لکھ کر اس پر تشدید لکھتے ہیں (اِدْغَام۔ ایک حرف کو دوسرے کے ساتھ ملانا) **مُدغِم** (فاعل) دو حرفوں کو ملانے والا۔

مَدفَن (ع۔مذکر) دفن کرنے کی جگہ۔ وہ گڑھا جس میں مردہ دفن کیا جائے (دَفَن۔گاڑنا)

مَدفوع (ع۔مفعول) دفع کیا گیا (دَفعَ۔ہٹانا)

مَدفون (ع۔مفعول) ۱ دفن کیا گیا گاڑا ہوا ۲ پوشیدہ۔نہاں۔مخفی (دَفَن۔گاڑنا)

مُدَقّق (ع۔مفعول) ۱ کٹا ہوا۔باریک کیا ہوا ۲ وہ جو تحقیق کے بعد ثابت ہو گیا ہو (دَقّق بہت غور سے امتحان کرنا) **مدقِّق** (فاعل) ۱ باریک باتیں پیدا کرنے والا ۲ دوربیں۔دقیقہ رس ۳ جو کسی معاملے کی باریکیوں سے واقف ہو۔

مَدقوق (ع۔مفعول) دق کا مریض وہ شخص جسے مرض دق ہو گیا ہو (دَقّ۔توڑنا)

مَدک (ہ۔مونث) افیون اور پان کا مرکب۔اس کی گولیاں چنے کے برابر بنا کر خشک کر لیتے ہیں۔اور ایک گولی چلم کے توے پر رکھتے ہیں اور اس کے اوپر انگارا رکھتے ہیں اور حقے کے کش سے کھینچتے ہیں (س مَد۔مست کرنا) **مدکی** (ھ) **مدکیا یا مدکبا** (صفت) مدک پینے والا۔ **مدک پینا** (متعدی) مدک کی گولی کو چلم کے توے پر رکھ کر اور اس پر انگارا رکھ کر حقے کے کش سے کھینچنا۔

مُدگَر (س۔مذکر) ۱ ایک قسم کی دال مونگ ۲ ڈھکنا۔چپنی۔سرپوش ۳ ایک بحری پرندہ **مدگر** (مذکر) ۱ ہتھوڑا۔موگرا۔موسل۔گرز ۲ کلی ۳ ایک قسم کا موتیا۔موگرا ۴ ایک ناگ (مہابھارت) ۵ ایک قسم کی مچھلی ۶ ایک ناگ ۷ دسواں نکشتر۔

مُدَل (س۔مذکر) ۱ سرمایہ۔پونجی ۲ اصل زر ۳ اصل سرمایہ ۴ ذخیرہ۔گدام۔کھتہ۔

مُدَلّل (ع۔مفعول) ۱ دلیل سے ثابت کیا ہوا ۲ معقول۔واجب (دَلّ۔دوسرے کو دکھانا)

مَدلول (ع۔مفعول) بتلایا گیا۔ دلالت کیا گیا (دَلّ۔ دوسرے کو ہدایت کرنا)

مُدَمّغ (اردو۔صفت) یہ لفظ دماغ سے گھڑا گیا ہے۔عربی میں نہیں ہے۔ہندوستان کی اختراع ہے۔عربی میں دَمّغ کے معنی چربی یا چکناہٹ لگانا ہے۔اس کا اس سے کوئی تعلق نہیں۔مغرور۔ متکبر۔ابھیمانی۔

مُدَن (س۔مذکر) ۱ مست کرنے یا خوش کرنے کا فعل ۲ خوش ہونا ۳ محبت۔عشق۔جوش۔ شہوت ۴ شہد کی مکھی ۵ موسم بہار ۶ ہم بغل ہونے کا ایک طریقہ۔ **مدنا** ۷ نشہ آور کوئی نشی پینے کی چیز۔شراب۔ **مدن تنتر** (مذکر) علم تعلق مرد و زن۔

مَدَن (ھ۔مذکر) دیکھو مدن (س)

مدن بان (مذکر) ۱ نگاہ۔نظر ۲ آنکھ ۳ (ہ) ایک قسم کا پھول جو بیلے کی قسم سے ہے۔ **مدن گور** (ہ۔مونث) ایک قسم کا خوش آواز پرند۔

مُدُن (ع۔مذکر) مدینہ کی جمع۔بہت سے شہر۔

مَدَنی (ع۔مذکر) ۱ مدینہ کا باشندہ ۲ شہر سے منسوب۔ **مدنی الطبع** (صفت) مل جل کر رہنے والا۔انسان کی صفت۔

مَدَو (ھ) **مَدّو** (ہ۔مذکر) وہ زخم جو گھوڑے کی پیٹھ پر ہو۔

مَدّو (ہ۔مذکر) ۱ کوہان۔اونٹ یا سانڈ کی پیٹھ کا ابھرا ہوا حصہ ۲ دیکھو آخری۔ **مدو شاہی پیسا** (مذکر) ایک قسم کا موٹا پیسہ جس کا رواج اب جاتا رہا ہے۔ **مدو لگنا** (لازم) گھوڑے کی پیٹھ کا زخمی ہونا۔

مُدَوّرا (ع۔صفت) گول۔دائرہ نما (دَوّر۔گول بنانا)

مُدَوّل۔ مُدَوّلا (ھ۔مذکر) ۱ بند کرنا ۲ مہر لگانا ۳ ڈھانپنا۔

مُدَوّن (ع۔مفعول) جمع کیا ہوا (دَوّن۔کسی چیز کو درج کرنا) **مدوِّن** (فاعل) جمع کرنے والا۔

مَدھ (ھ۔ مذکر) ۱ شہد ۲ پھولوں کا رس ۳ شراب۔ کوئی نشی چیز ۴ غرور۔ تکبر ۵ موسم بہار ۶ موہ۔ فریفتگی ۷ (ہ) عنفوان شباب ۸ مستی۔ نشہ ۹ وہ رطوبت جو درختوں سے نکلتی ہے (س مَدھ) **مدھ پان کرنا** (متعدی) شراب پینا۔ **مدھ پر آنا** (ہ۔ لازم) ۱ جوان ہونا ۲ پھل کا پکنے پر آنا۔ **مدھ مات** (مونث) ایک راگنی۔ **مدھ ماتا** (مونث) نشہ جوانی یا نشہ شراب سے مست **مدھ میں آنا** (لازم) دیکھو مدھ پر آنا۔

مَدّھ۔ مَدھ (ہ۔ صفت) ۱ درمیانی وسطی۔ بیچ کا ۲ متوسط ۳ (مذکر) درمیان۔ وسط ۴ کمر ۵ اوسط ۶ مزاج۔ طبیعت ۷ وقف درمیان میں۔

مَدھ۔ مدھو (س۔ صفت) ۱ میٹھا۔ شیریں ۲ خوشگوار ۳ (مذکر) کوئی میٹھی چیز ۴ سوم رس ۵ دودھ یا دودھ کی بنی ہوئی کوئی چیز ۶ شراب یا کوئی میٹھی چیز ۷ کھانڈ ۸ پانی ۹ ایک براہمنہ ۱۰ ایک وزن یا بحر ۱۱ سال کا پہلا مہینہ ۱۲ موسم بہار۔ **مدھ مَت** (صفت) ۱ میٹھا جس میں مٹھاس ہو ۲ جو خوشگوار ہو ۳ جس میں شہد بہت ہو

مَادھر (س۔ صفت) ۱ میٹھا شیریں ۲ خوشگوار۔ رسیلا ۳ (مذکر) مٹھاس۔ شیرینی ۴ ایک قسم کا آم ۵ سرخ گنا ۶ ایک قسم کا چاول۔ **مدھر بولنا** (ہ۔ لازم) میٹھا بولنا۔ شیریں گفتاری۔ **مدھر سولر** (صفت) شیریں گفتار۔ **مادھری** (مونث) ۱ ایک ساگ ۲ (مذکر) مٹھاس ۳ زہر ۴ الگ ۵ دوستانہ طریقہ اخلاص ۶ خلق کی حالت جس کی وجہ سے میٹھی آواز نکلتی ہے ۷ (ہ۔ صفت) میٹھا۔ شیریں۔ **مدھری بانی** (ہ۔ مونث) شیریں گفتگو۔ میٹھی بات۔ **مدھری چال** (ہ۔ مونث) مستانہ چال۔ خرام ناز۔

مَدّھم (ہ۔ صفت) ۱ آہستہ۔ دھیما ۲ میانہ۔ متوسط۔ درمیانی ۳ نیچا۔ کم ۴ ہلکا۔ خفیف ۵ پھیکا ۶ بے آب۔ ماند ۷ (مذکر) ایک سُر ۸ کم قیمت سونا یا چاندی (س مَدھیم) **مدھم بیچنا** (متعدی) کم قیمت پر فروخت کرنا۔ **مدھم پرش** (مذکر) صیغہ واحد حاضر۔ **مدھم کٹھا ٹھ** (مذکر) ستار کا وہ ٹھاٹھ جو مدھم سر پر قائم کیا جائے۔

مَدہُوش (ع۔ صفت) ۱ حیران۔ متحیر۔ ہکا بکا۔ سرگشتہ۔ بھوچکا ۲ دہشت زدہ۔ خوف زدہ ۳ بیہوش۔ متوالا۔ بدمست۔ مخمور (دَہش۔ گھبرا جانا) **مدہوشی** (مونث) بیہوشی۔ بدمستی۔ متوالا پن۔

مَدھوکری۔ مدھوکڑی (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی روٹی جو فقیر کونڈوں پر پکاتے ہیں ۲ وہ خوراک جو جاتریوں کو پن سمجھ کر دی جاتی ہے۔

مَادھیے (س۔ صفت) ۱ درمیانی۔ وسطی۔ بیچ کا ۲ دو کے درمیان کھڑا ہوا ۳ جو کسی کا طرفدار نہ ہو۔ بے غرض ۴ اوسط درجے۔ قسم۔ قد یا قامت کا ۵ کم درجے کا۔ بہت برا ۶ (مذکر) بدن کا درمیانی حصہ ۷ عورت کی کمر ۸ سلسلہ کا درمیانی عدد۔ **مدھیا** (مونث) ۱ بالغ لڑکی۔ نوجوان عورت ۲ درمیانی انگلی ۳ ایک خاص سُر ۴ ایک وزن یا بحر ۵ (مذکر) درمیانی حصہ ۶ آسمان کا درمیانی حصہ ۷ بھنوؤں کے درمیان کی خالی جگہ ۸ دوپہر ۹ سمت الراس۔ نصف النہار ۱۰ درمیانی حالت ۱۱ پیٹ ۱۲ گھوڑے کی بکھی یا کوکھ ۱۳ زمانے میں اوسط وقت ۱۴ ایک بہت بڑا عدد ۱۵ ٹھیراؤ۔ وقفہ۔ **مدھیدیش** (مذکر) ۱ درمیانی ملک ۲ کسی چیز کا درمیانی حصہ ۳ دھڑ پیٹ ۴ وہ ملک جس کے شمال میں کوہ ہمالیہ جنوب میں کوہ وندھیاچل مغرب میں ونشن (کروکشیتر) اور مشرق میں پریاگ ہے۔ **مَدھیم** (صفت) ۱ دیکھو مدھم ۲ تین بھائیوں میں سے دوسرا ۳ معمولی اچھا یا برا ۴ درمیانی ملک۔

مَدّسے (ہ۔ مذکر) بقالوں کی اصطلاح بابت حساب۔

مَدِیح (ع۔ مونث) ۱ تعریف۔ ستائش ۲ قابل تعریف کام (مَدح۔ تعریف کرنا)

مَدِید (ع۔ صفت) ۱ پھیلا ہوا۔ لمبا۔ دراز ۲ وسیع ۳ دراز قد ۴ ایک وزن یا بحر (مَد۔ پھیلنا)

مُدِیر (ع۔ مذکر) ۱ اخبار کا مہتمم ۲ صوبے کا حاکم (اِدار۔ انتظام کرنا)

مَدیرا (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی مرغابی ۲ ایک قسم کی شراب۔

مَدیَن (ع۔ مذکر) ۱ حجاز میں ایک شہر ۲ حضرت شعیب کا شہر۔ اسے مدین شعیب بھی کہتے ہیں۔ **مَدیَنی** (صفت) مدین کا باشندہ۔

مَدِینَة۔ مَدِینَہ (ع۔ مذکر) ۱ شہر (دَین۔ قبضے میں ہونا) ۲ (عرب) حجاز میں ایک شہر۔ یہاں پیغمبر صلعم کا مزار شریف ہے (۳۰) **مدینۃ الحکما** (مذکر) ایتھنز یا لندن دار الخلافہ یونان۔ یہاں بہت سے حکیم ہوئے ہیں۔ **مدینۃ الزہرہ** (ہسپانیہ) قرطبہ کے امیہ خلفا کا دار السلطنت تھا۔ **مدینۃ السلام** (مذکر) بغداد۔ **مدینۃ العلم** (مذکر) پیغمبر صلعم کا لقب۔ **مدینۃ النبی** (مذکر) شہر مدینہ۔

مَدِینی (ع۔ صفت) مدینہ کے سوا کسی اور شہر کا باشندہ۔ مدینہ کے باشندے کو مدنی کہتے ہیں۔

مَدیُون (ع۔ مفعول) مقروض۔ قرضدار (دَین۔ قرضہ لینا)

مُڈاسا (ہ۔ مذکر) منڈاسا۔ پگڑی۔ سر کا پھینٹا۔

مِڈل (انگ۔ صفت) درمیانی۔ وسطی۔ **مڈل اسکول یا سکول** (مذکر) وہ سکول جس میں آٹھویں جماعت تک تعلیم ہوتی ہو **مڈل پاس** (مذکر) جس نے مڈل کا امتحان پاس کیا ہو۔ **مڈلچی** (مذکر) وہ جس نے صرف مڈل کا امتحان پاس کیا ہو (تحقیراً) **مڈل کلاس** (مونث) آٹھویں جماعت۔ پانچویں اور چھٹی جماعتوں کو لوئر مڈل اور ساتویں اور آٹھویں جماعت کو اپر مڈل کہتے ہیں۔

مُڈّھ (ہ۔ مذکر) سردار۔ سرغنہ۔

مُڈھا (ہ۔ مذکر) ۱ چھپر جس پر بیلیں چڑھاتے ہیں ۲ عارضی عمارت یا شامیانہ جو شادی کے موقع پر لگاتے ہیں۔ اور پھولوں وغیرہ سے سجاتے ہیں۔ (س منڈپ) ۳ دیکھو مڑھا۔

مُڈّھا (ہ۔ مذکر) ۱ مونڈھا ۲ پٹھا۔ سرین ۳ (ہ) پتنگ کا دایاں یا بایاں کونا۔

مُڈھ بھیڑ (ہ۔ مونث) دیکھو مٹھ بھیڑ (اصل منڈ بھیڑ ہے)

مُڈّھی (ہ۔ مونث) ۱ لکڑی کا گندا ۲ درخت کے جڑ کے قریب کی سالم لکڑی۔

مُڈھیا (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹا مڈھا

۲ جھونپڑی۔

مَدّتی (ھ۔مونث) ۱ تلچھٹ۔ وہ چیز جو مائیات کی تہ میں بیٹھ جاتی ہے ۲ (صفت) بیوقوف۔ احمق۔

مَدّتیپنا (مونث) بیوقوفی۔ حماقت۔

مُذ (ف۔مذکر) مالک۔ حاکم۔ آقا۔ جیسے اسفندیار مذ۔

مُذاب (ع۔مفعول) پگھلا ہوا۔ گھلا ہوا۔ مائع جیسے لعل (یاقوت) مذاب یعنی سرخ شراب (ذاب۔ پگھلنا)

مَذابح (ع۔مذکر) مذبح کی جمع۔

مَذاق (ع۔مذکر) ۱ چکھنے کی جگہ۔ محل ذائقہ ۲ مزا۔ ذائقہ۔ چسکا۔ لذت ۳ ہنسی ٹھٹھا دل لگی۔ ظرافت۔ آپس کی چہل ۴ سلیقہ۔ مادہ ۵ دلچسپی۔ رغبت۔ میلان۔ رجحان ۶ قوت ذائقہ (ذَوق۔ چکھنا) **مذاقاً** (تف) مذاق سے۔ ہنسی دل لگی سے۔ **مذاق اڑانا** (متعدی) **اڑنا** (لازم) ہنسی ہونا۔ تمسخر ہونا۔ **مذاق سخن** (مذکر) شعر وسخن کا سلیقہ۔ **مذاق سے** (تف) ہنسی سے ٹھٹھے سے۔ مذاق کے طور پر۔ **مذاق کا آدمی** (مذکر) ظریف۔ خوش طبع۔ زندہ دل۔ **مذاق میں اڑانا** (متعدی) ہنسی میں ٹالنا۔ **مذاقیا** (صفت) مسخرہ۔ ظریف (غف) **مذاقیہ** (صفت) مذاق کے طور پر ہنسی سے۔ مذاقاً۔

مُذاکرہ (ع۔مذکر) باہم ذکر کرنا۔ مباحثہ (ذکر۔ ذکر کرنا)

مَذاہب (ع۔مذکر) جمع مذہب کی۔

مُذاہنت (ع۔مونث) جھگڑنا بحث کرنا (دہن۔ جھگڑنا)

مَذبح (ع۔مذکر) ذبح کرنے کی جگہ (ذبح۔ قتل کرنا)

مُذبذب (ع۔مفعول) ۱ لٹکا ہوا ۲ ادھر ادھر حرکت کرتا ہوا۔ آویزاں ۳ ڈانواں ڈول۔ غیر مستقل ۴ مشتبہ۔ مشکوک (ذبذب۔ لٹکانا)

مَذبوح (ع۔مفعول) ذبح کیا ہوا۔ جانور جو ذبح کیا جائے (ذبح۔ قتل کرنا) **مذبوحات** (مذکر) جانور جو ذبح یا قربانی کئے جائیں۔ **مذبوحی** (مونث) مذبوح ہونے کی حالت۔

مَذبور (ع۔مفعول) لکھا ہوا (ذَبَرَ۔ لکھنا)

مَذحج (ع۔مذکر) ایک قبیلہ۔

مِذراع (ع۔مذکر) وہ شہر جو آباد علاقہ اور ریگستان کے درمیان ہو (ذرع۔ ناپنا)

مُذکّر (ع۔مفعول) ۱ نر۔ مرد ۲ (صرف ونحو) ایک صیغہ (ذکر۔ مرد بنانا) **مذکِّر۔ مذکِر** (فاعل) ۱ یاد کرنے والا ۲ نصیحت کرنے والا۔ تنبیہہ کرنے والا۔ یاد دلانے والا ۳ خدا کا ذکر کرنے والا۔ خدا کی یاد میں مشغول ہونے والا (اول ذکر۔ دوسرا ذکر۔ یاد کرانا)

مَذکَرہ (ع۔مذکر) ۱ کوئی چیز قابل یادگار ۲ ذکر کرنا۔ بیان کرنا (ذکر۔ بیان کرنا)

مَذکور (ع۔مفعول) ۱ ذکر کیا گیا۔ بیان کیا گیا ۲ ذکر۔ چرچا۔ شہرت ۳ پتہ۔ نام نشان (ذکر۔ بیان کرنا) **مذکور آنا** (لازم) ذکر آنا۔ بیان ہونا۔ **مذکور کرنا** (متعدی) ذکر کرنا۔ حال بیان کرنا۔ **مذکور نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ذکر ہونا۔ ذکر چھڑنا۔ **مذکورۃ۔ مذکورہ** (صفت) ذکر کیا ہوا۔ **مذکورۃ الصدر۔ مذکورہ بالا۔ مذکورۂ صدر** (صفت) جس کا ذکر اوپر آچکا ہو۔ جس کا ذکر اوپر کی عبارت میں آچکا ہو۔ **مذکوری** (مذکر) ۱ سمنوں وغیرہ کی تعمیل کرنے والا سپاہی ۲ وہ بلا تنخواہ چپڑاسی جو مالگزاری اگاہنے پر تعینات ہو اور جسے طلبانہ سے اجرت دی جاتی ہو۔

مُذِل (ع۔فاعل) ۱ ذلیل کرنیوالا۔ ذلت دینے والا ۲ خدا تعالیٰ کا ایک نام (ذَلّ۔ ذلیل ہونا)

مَذلّت (ع۔مونث) ذلت۔ خواری۔ رسوائی۔ بدنامی۔ بےقدری۔ اہانت (ذلّ۔ ذلیل ہونا)

مَذمّت (ع۔مونث) برائی۔ ہجو بنندا۔ بدی (کرنا ہونا کے ساتھ) (ذمّ۔ الزام دینا)

مَذموم (ع۔مفعول) ۱ برا۔ خراب۔ بد۔ زشت۔ قبیح ۲ وہ جس کی برائی یا نندا کی جائے (ذمّ۔ الزام دینا) **مذمومہ** (صفت مونث) بری۔ خراب۔

مُذنب (ع۔فاعل) گناہ کرنے والا۔ گنہگار (ذنب۔ گناہ کرنا) **مذنبین** (مذکر) مذنب کی جمع۔ گنہگاران۔

مَذہب (ع۔مذکر) ۱ راہ۔ راستہ۔ طریقہ۔ پنتھ ۲ دین۔ ایمان۔ دھرم۔ عقیدہ (مت) ۳ اس وقت دنیا کے بڑے بڑے مذاہب عیسائی۔ بدھ مسلمان۔ ہندو۔ یہودی۔ اور پارسی ہیں۔ کہیں کہیں بت پرستی بھی ہے ۴ ملت۔ کیش۔ مشرب ۵ رائے (ذَہَب۔ جانا) **مذہب بدلنا** (لازم) دوسرا مذہب اختیار کرنا۔ **مذہب پھیلانا** (متعدی) **پھیلنا** (لازم) بہت لوگوں کا دین اختیار کرنا۔ دین کو ترقی ہونا۔ **مذہب کی تجدید کرنا** (متعدی) مذہب کو نئے سرے سے زندہ کرنا۔ لوگوں میں مذہب پر چلنے کی تحریک کرنا۔ **مذہب میں ملانا** (متعدی) دین میں شامل کرنا۔ **مذہب نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) نئے مذہب کا رواج پانا۔ **مذہب وملت** (مونث) دین وایمان۔ **مذہبی** (صفت) ۱ مذہب سے منسوب ۲ (مذکر) چوہڑا جو سکھ ہو گیا ہو۔ **مذہبی آزادی** (مونث) ۱ اپنے مذہب کی پیروی کرنے کی آزادی ۲ کسی کام کو کرنے کی اجازت جو مذہب نے دی ہو۔ **مذہبی جنگ یا لڑائی** (مونث) جہاد۔ صلیبی جنگ۔ **مذہبی سکھ** (مذکر) دیکھو مذہبی ۲۔

مُذَہّب (ع۔مفعول) سونا چڑھا ہوا۔ سونے کا ملمع کیا ہوا (ذَہّب۔ ملمع کرنا)

مَذہج (ع۔مذکر) یمن کا ایک عرب قبیلہ۔

مَذی (ع۔مونث) وہ مادہ جو عورت کے ساتھ مساس کرنے یا شہوت کے غلبہ سے نکلتا ہے یہ منی سے پتلا ہوتا ہے (مذی۔ گھوڑے کو چرنے چھوڑنا)

مَر (ہ۔امر) ۱ مرنا کا ۲ (تف) مرکر۔ اس معنی میں دوسرے افعال کے ساتھ استعمال ہوتا ہے جیسے مرٹنا ۳ (ھ) مرنا۔ مری (س مَر۔ مرنا)

مرا (امر) مرانا کا ۴ (ماضی) مارنا کی۔ اس کا استعمال فصیح نہیں سمجھا جاتا کیونکہ ذم کا پہلو ہے۔ سوا استعمال کرتے ہیں ۵ فوت ہوا ۶ خشک۔ مرجھایا ہوا ۷ غریب۔ بدنصیب۔ بدبخت ۸ (ھ۔مذکر) مردہ۔ نعش ۹ بدبخت شخص۔ کھوٹی دعا۔ **مرا جانا** (لازم) بیتاب ہوا جانا۔ کسی کام کے لئے جلدی کرنا۔ **مرا مرا جانا یا**

چلنا (لازم) نہایت آہستہ سے چلنا۔ آہستہ آہستہ
جانا۔ مرانا (متعدی) ۱ اغلام کرانا۔ بدفعلی کرانا۔
مراہوا (صفت) ۱ فوت شدہ ۲ خشک۔ مرجھایا
ہوا ۳ غریب۔ بدنصیب۔ مربُھکّا (صفت) بُھوکا
(مت) ۱ وہ جو کھانے سے کبھی سیر نہ ہو۔ پیٹو ۲ قحط زدہ
بھوکوں کا مارا۔ کنگال۔ مربھی (امر) سوجا۔ مر
پٹ کر۔ مرپٹک کر (تف) بمشکل تمام۔ بڑی
دقت سے۔ نہایت کوشش سے۔ نہایت محنت
سے۔ مرپچنا (لازم) سخت محنت کرنا۔ جان
توڑ کر کوشش کرنا۔ نہایت جانفشانی کرنا۔ مرتا
(ماضی ناتمام) ۱ مرنا کی ۲ (صفت) مرنے والا۔ وہ جو
مر رہا ہو۔ مرتا ہے ۱ بڑا شوقین ہے ۲ آخری وقت
ہے۔ مرتے (صفت) ۱ جمع مرتا کی ۲ بجائے
مرتا حروف مغیرہ کے بعد۔ مرتے جیتے (تف)
بری بھلی طرح۔ جس طرح ہو سکا۔ جوں توں۔ مرتے
جیتے بسر ہونا (لازم) کسی طرح زندگی کے دن
گزرنا۔ مرتے دم (تف) بوقت مرگ۔
حالت نزع میں۔ مرتے دم تک (تف)
ساری عمر۔ جب تک مر نہ جائے۔ مرتے رہنا
(لازم) عاشق ہوتا رہنا۔ شیفتہ رہنا۔ کسی پر جان
دیتے رہنا۔ مرتے کو مارنا (متعدی) مصیبت
زدہ کو اور مصیبت میں ڈالنا۔ غریبوں کو تنگ
کرنا۔ تکلیف دینا۔ مرتے مرتے (تف) مرنے
کے وقت۔ حالت نزع میں۔ اخیر وقت میں
مرتے مرگیا۔ یہاں تک نوبت پہنچی کہ مرگیا۔
مرجانا (لازم) ۱ انتقال کرنا۔ فوت ہوجانا۔
دنیا سے چلا جانا۔ گزر جانا۔ دم نکل جانا۔ فنا ہوجانا
ہلاک ہوجانا۔ ہو چکنا ۲ عاشق ہوجانا۔ فریفتہ ہونا
۳ تباہ ہوجانا۔ برباد ہوجانا۔ لٹ جانا ۴ نقصان
ہوجانا۔ ٹوٹا آجانا ۵ شرمندہ ہوجانا۔ شرم سے پسینہ
پسینہ ہوجانا ۶ محنت برداشت کرنا۔ محنت و مشقت
کرنا ۷ کہیں جا کر بیٹھ رہنا ۸ (پھول پتے وغیرہ)
مرجھا جانا۔ کملا جانا ۹ (بھوک) زائل ہوجانا۔ جاتی رہنا
۱۰ (چونہ سہاگا وغیرہ) خراب ہوجانا۔ بگڑ جانا۔ طاقت
نہ رہنا ۱۱ (کوئی دھات یا دیگر مادہ) کشتہ ہوجانا۔ راکھ
ہوجانا۔ خاکستر ہوجانا ۱۲ (پیاس) بجھ جانا۔ فرو ہوجانا ۱۳
(مہرہ گوٹ) پٹ جانا ۱۴ (کسی کھیل میں) کھیلنے کے قابل نہ
رہنا۔ ہار جانا ۱۵ (دل طبیعت) افسردہ ہوجانا ۱۶ (آرزو)
مٹ جانا ۱۷ (اسامی روپیہ وغیرہ) ڈوبنا۔ وصول نہ

ہونا۔ مرجھلا (عف) مرجیا (صفت) وہ شخص
جو مر کر بچا ہو۔ نہایت سست اور کاہل شخص۔ مرجیوا
(حد) جیونا (صفت) دیکھو مریل اور مرجیا۔ مرچکنا
(لازم) مر کر ختم ہوجانا۔ مرچلنا (لازم) مرنے لگنا۔
مرنے کے قریب ہونا۔ مرجانا۔ مررہنا (لازم) ۱ مرنا
۲ کہیں جا کر بیٹھ رہنا۔ دیر لگا دینا۔ مرکر یا کے
(تف) ۱ مردہ ہوکر۔ مرنے کے بعد ۲ مرنے کے قریب
پہنچ کر ۳ مشکل سے۔ دقت سے۔ مرکر یا کے بچنا
(لازم) ۱ ہلاکت کے قریب پہنچ کر بچ جانا ۲ مشکل سے
بچنا۔ مرکر یا کے چھوٹنا (لازم) ۱ موت کے بعد
نجات پانا ۲ زندگی بھر ہمراہ رہنا۔ مرکر یا کے
رہ جانا (لازم) ۱ مرجانا ۲ آنے میں دیر لگانا۔ کہیں
جا کر بیٹھ رہنا۔ مرکھپ جانا یا مرکھپنا (لازم)
مرجانا۔ مرکھنا (مذکر) ۱ سینگ مارنے والا جانور ۲
خواہ مخواہ مارنے پیٹنے والا۔ مرکھیں (کلمہ تنفر)
۱ دور ہو۔ دفان ہو ۲ (بددعا) غارت ہو۔ ناپید
ہو۔ اجڑ جا۔ مرگیا (ماضی) ۱ مرجانا کی ۲ (بددعا)
مرجانے والا۔ غارت ہونے والا۔ مرگئے پر
(مت) مرجانے پر۔ مرلینا (لازم) مرجانا۔ جان
دیدینا۔ مرمٹا (صفت) ۱ جو فنا ہوگیا ہو۔ جو
تباہ اور برباد ہوگیا ہو ۲ عاشق۔ شیفتہ۔ مرمٹنا
(لازم) ۱ قتل ہونا۔ مرجانا ۲ فنا ہوجانا۔ تباہ ہوجانا
برباد ہوجانا ۳ محنت و مشقت برداشت کرنا ۴ عاشق
ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ کسی پر جان دینا۔ مرمر۔ مرمرکر
یا کے (تف) ۱ بہت مشکل سے۔ بڑی دقت سے
بمشکل ۲ بڑی محنت سے۔ جانکاہی سے ۳ جان توڑ
کر۔ بڑی کوشش سے۔ مرمر جانا (لازم) بار
بار مرنا۔ مرمر کے بچنا یا جینا (لازم) ۱ مرنے کے
قریب پہنچ کر جانبر ہونا۔ مشکل سے بچنا ۲ مرض
مہلک سے نجات پانا۔ مرمر کے دن گزارنا
(متعدی) ۱ بڑی مشکل سے دن کاٹنا ۲ بمشکل گزارہ
کرنا۔ مرموئے (بددعا) عو ۱ غارت ہو کمبخت
تجھے خدا کی مار ۲ ناز معشوقانہ سے بھی کہتی ہیں۔ مرن
(مونث) ۱ موت۔ اجل۔ قضا۔ مرگ ۲ مرنا۔ جان
دینا ۳ مرنے کا وقت ۴ آفت۔ مصیبت۔ تباہی۔
مرنا (لازم) ۱ دیکھو مرجانا ۲ کوشش کرنا۔ خواہاں
ہونا ۳ دعوے کرنا ۴ سونا۔ آنکھ جھپکانا ۵ راغب
ہونا۔ ملتفت ہونا۔ متوجہ ہونا ۶ جان جوکھوں میں
ڈالنا ۷ کوشش کرنا۔ سعی کرنا ۸ (قماربازوں کی اصطلاح)

ہارنا ۹ (پانی) جذب ہونا۔ اندر جانا ۱۰ حسد سے جان
دینا۔ حسد کرنا۔ جلنا ۱۱ افسوس کرنا۔ رونا پیٹنا ۱۲ (مذکر)
آفت۔ مصیبت ۱۳ موت۔ مرگ۔ مرنا بھرنا (لازم)
۱ مصیبت جھیلنا ۲ مرتے دم تک نباہنا۔ اخیر تک نباہنا۔
مرنا جینا (لازم) ۱ موت اور زیست ہونا۔ شادی
غمی ہونا ۲ (مذکر) موت زیست۔ مرنا جینا لگ
رہا ہے۔ زندگی کا کچھ اعتبار نہیں۔ شادی و غم توام
ہے۔ مرنا مٹنا (لازم) تباہ ہونا۔ نیست و نابود
ہونا۔ مرنے تک کی فرصت نہیں۔ بےحد
کام ہے۔ سخت مشغولیت ہے۔ مرنے جوگ یا
جوگا (کوسنا) عو۔ موت کے قابل۔ قابل نفرت۔ مرنے
سے بدتر ہوجانا (لازم) نہایت تکلیف اٹھانا۔
نہایت مضمحل ہوجانا۔ مرنے کو۔ موت کے لئے تیار۔
قبر میں پاؤں لٹکائے ہوئے۔ مرنے کو بیٹھا ہے۔
مرنے کے لئے تیار ہے۔ چند روز کا مہمان ہے۔ نہایت
بوڑھا۔ قبر میں پاؤں لٹکائے ہے۔ مرنے کی
بھی فرصت (نہ ملنا نہ ہونا) نہیں۔ دیکھو
مرنے تک الخ۔ مرنے کی ٹھاننا (لازم) جان
دینے پر مستعد ہونا۔ آمادۂ مرگ ہونا۔ مرنے کے
نام سے موت آنا (لازم) موت سے ڈرنا۔
مرنے لگنا (لازم) ۱ عاشق ہوجانا۔ فریفتہ ہوجانا
۲ جان دینے لگنا۔ مرنے والا (صفت) ۱ وہ شخص
جو مرگیا ہو۔ مرحوم۔ متوفی۔ آنجہانی۔ مغفور ۲ عاشق۔
شیدا۔ شیفتہ ۳ جانباز۔ جان پر کھیلنے والا۔ شجاع۔ دلیر۔
بہادر ۴ آمادۂ مرگ۔ موت پر آمادہ۔ مرنے پر مستعد۔
مروں (امر) صیغہ واحد متکلم ہیں کے ساتھ۔ مروں
(مذکر) مرا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ مردے۔
مری (ماضی مونث واحد) ۱ مردہ ہوئی۔ ماری
گئی ۲ (صفت) مردہ۔ کشتہ۔ موئی ۳ (مونث) وبا
طاعون۔ ہیضہ۔ چیچک ۴ وبائے حیوانات ۵ موت کا
موت واقع ہونا۔ مرگا مرگ۔ مرے (صفت)
۱ جمع مرا کی ۲ بجائے مرا حروف مغیرہ سے پہلے۔ مرے
بیٹھنا (لازم) آمادہ ہونا۔ مری پڑنا (لازم)
۱ وبا پھیلنا ۲ کثرت سے موتیں ہونا۔ مرے پیچھے۔
مرنے کے بعد۔ مرے جانا (لازم) ۱ جلدی کرنا۔
مضطرب ہونا ۲ فریفتہ ہونا۔ مری جول (صفت)
نہایت سست۔ کاہل۔ مرے کو مارنا (متعدی)
مرتے کو مارنا۔ مری مٹی (مونث) مرا ہوا شخص۔
مردہ ۲ لاش۔ نعش۔ مری مٹی کی نشانی
(مونث) مرے ہوئے شخص کی نشانی۔ مرے

مرد ے اکھیڑنا (متعدی) پرانی فضول باتوں کا ذکر کرنا۔ موے ہوئے ہونا (لازم) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

امثال واقوال۔ مرار اون فضیحت ہو۔ ظالم ذلیل ہو کر مرتا ہے۔ مرے چور پرائے دھن پر۔ پرائے مال کی خاطر جان دینا حماقت ہے۔ بیگانہ مال مارنا آسان نہیں مرتا کیا نہ کرتا۔ بے بسی کی حالت میں سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔ جس کی جان پر آبنے وہ سب کچھ کرتا ہے۔ مرتے کو (مارے شامت زدہ) ماریں شاہ مدار۔ غریب کو ہر شخص ستاتا ہے مصیبت پر مصیبت آتی ہے۔ شاہ مدار شامت زدہ کا مخرب ہے۔ مرتے کے ساتھ مرا نہیں جاتا۔ موت میں کوئی کسی کا ساتھ نہیں دیتا۔ کسی عزیز کی موت کی وجہ سے دنیا کے دھندے نہیں چھوٹتے۔ مرتے مر گئے پر چونچلوں سے نہ گئے۔ بے عزت ہو کر بھی غرور نہ گیا۔ مر کھنا بیل جی کا جلا پا۔ ناقص چیز کوئی نہیں لیتا اور مجبوراً اپنے پاس رکھنی پڑتی ہے۔ مر گیا (گئے) مردود جس (جن) کی فاتحہ نہ درود۔ نکمے بدمعاش آدمی کے متعلق کہتے ہیں مر مر ڈوم گیت گاوے۔ دتار کو ہانسی آوے۔ ڈوم تو محنت کر کے مر رہا ہے۔ سننے والے کو پسند نہیں آتا۔ کسی کو خوش کرنا بہت مشکل ہے۔ خصوصاً جس سے کچھ لینا ہو۔ مر مر نہ جاتے تو بھر گھر ہوتے۔ موت نے خاندان کو تباہ کر دیا۔ مرنا بھلا بدیس کا جہاں نہ اپنا کوئی۔ پردیس میں مرنا چاہئے جہاں کسی کو مرنے کا رنج نہ ہو۔ بھگتوں کا مقولہ ہے۔ مرنا جینا سب کے ساتھ ہے۔ دنیا کے جھگڑے بکھیڑے کسی کو نہیں چھوڑتے۔ مرنا ہے بد نیک کو جینا ناپ سدا۔ بہتر ہے جو جگت میں نیک نام رہ جا۔ اچھے کام کرنے چاہئیں تاکہ دنیا میں نام رہ جائے۔ ویسے تو نیک بد سب کو مرنا ہے۔ مرن چلی اور سوکھ سامنے۔ حماقت کی بات۔ سوکھ شکر ستارے کو کہتے ہیں۔ سفر کو جاتے ہوئے اس کا سامنے ہونا منحوس سمجھا جاتا ہے۔ مرنے کے واسطے شگون دیکھنا حماقت نہیں تو کیا ہے۔ مرنے پہ ڈوم راجنبہ۔ ہندوؤں میں جب کوئی مرجاتا ہے تو سیاپے کے وقت پہلے الفاظ ڈومنی بولتی ہے۔ موت پر کمینے لوگوں کا فائدہ ہوتا ہے۔ مرنے جائیں ملہار گائیں! بے پروا آدمی کی نسبت کہتے ہیں جو مصیبتوں اور آفتوں کی پروا نہ کرے۔ بے شیخی خورے کی نسبت بھی کہتے ہیں۔ مرنے سے کیا ڈرنا۔ موت سے کسی طرح چھٹکارہ نہیں ہو سکتا اس لئے اس سے ڈرنا نہیں چاہئے۔ مرنے کو (جی چاہے) چلے اور کفن کا توٹا۔ فضول بہانہ۔ مر ہوں پر تر ہوں نہیں (ہ) مر جاؤں پر اپنی بات سے نہ ٹلوں۔ مرنے کو کیا ہاتھی گھوڑے جڑتے ہیں۔ موت کسی وقت آ جائے اس کے لئے تیاری نہیں ہو سکتی۔ زندگی کا کوئی اعتبار نہیں۔ مرو یا جیو ہم کو اپنے حلوے مانڈے سے کام۔ خود غرضوں کا مقولہ ہے کوئی مرے یا جئے ان کا فائدہ ہو۔ مری بچھیا بامن کے دان۔ نکمی چیز دینے کے موقع پر کہتے ہیں۔ مرے پر سو دُرّے۔ مصیبت زدہ پر اور مصیبت آ پڑے تو کہتے ہیں۔ مرنے پہ بید۔ وقت گزر جانے پر کوشش کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ مرے تو شہید۔ مارے تو غازی۔ ہر حالت میں بہتری ہے مسلمان اگر جہاد میں قتل ہو جائے تو شہید اور اگر زندہ آ جائے تو غازی کہلاتا ہے۔ مرے جائیں ملاریں گائیں۔ پیٹ سے فاقہ مگر کوئی پروا نہیں۔ مری جب دم نہ آیا۔ جب بالکل بربادی ہو گئی تب آپ کو معلوم ہوا۔ مرے چور پرائے دھن پر۔ چور پرائے مال پر جان کھو دیتا ہے۔ مرے کا کوئی نہیں جیتے جی کے سب لاگو ہیں۔ دوستی رشتہ داری سب زندگی کے ساتھ ہے۔ موت کے بعد کوئی ساتھ نہیں دیتا۔ مرے کو ماریں شاہ مدار دیکھو مرتے کو ماریں الخ۔ مرتے کو مر جانے دے حلوا پوری کھانے دے۔ خود غرض اپنا ہی فائدہ چاہتا ہے۔ مرتی کیوں سانس نہ آیا۔ اظہار مصیبت کے وقت بولتے ہیں۔ مرے ماں جیوے ماسی۔ اگر ماں مر جائے اور خالہ جیتی رہے تو بچے پل جاتے ہیں۔ کیونکہ اس کی محبت بھی ماں کے برابر ہوتی ہے۔ مرے نہ پیچھا چھوڑے۔ مرے نہ جئے ہڑ ہڑ کرے (ہ) مرے نہ ماچھا لے (ہ) بوڑھے آدمی کے متعلق کہتے ہیں جو بیمار ہو اور مرے نہیں۔

مَرُ۔ مَرُو (س۔ مذکر) ۱ ریگستان۔ ۲ صحرا۔ ویرانہ ۳ پہاڑ۔ چٹان ۴ کوئی چیز پینے سے پرہیز۔ ایک قسم کی تپسیا ۵ ایک پودہ ۶ ہرن۔ بارہ سنگھا۔ مر بھو (مذکر) مارواڑ۔ مر بھوم (مذکر) ایک قوم۔ مر بھوم (مذکر) ۱ ریگستان ۲ مارواڑ۔ مرو دھر (مذکر) ایک ملک ۳

مَرّ (ع۔ مذکر) تہذیبی۔

مرا (ف۔ حرف) مجھکو۔

امثال واقوال۔ مرا بخیر تو امید نیست بد مرساں۔ مجھے تجھ سے نیکی کی امید نہیں۔ بدی نہ کر۔ مرا بہ تجربہ معلوم شد بہ آخر حال۔ کہ قدر مرد بہ علم است و قدر علم بہ مال۔ مجھ کو آخر کار تجربہ سے معلوم ہوا کہ مرد کی قدر علم سے ہے اور علم کی قدر مال سے ہے۔ مرا بہ سادہ دلیہائے من تواں بخشید کہ جرم کردہ ام و چشم آفریں دارم۔ میں اپنے بھولے پن کی بدولت بخشا جا سکتا ہوں کہ جرم کیا ہے اور شاباش کی امید رکھتا ہوں۔ مرا دردیست اندر دل اگر گویم زبان سوزد۔ وگر دم در کشم ترسم کہ مغز استخواں سوزد۔ میرے دل میں ایک درد ہے اگر کہوں تو زبان جلتی ہے۔ اور اگر چپ رہوں تو ڈرتا ہوں کہ ہڈیوں کا گودا آگ جل جائے گا۔ عاشق کی حالت ظاہر کرتا ہے۔

مِرا (ہ۔ ضمیر) میرا کا مخفف۔ صرف نظم میں استعمال ہوتا ہے۔ مرا مردہ دیکھے (عو) ایک قسم۔ جب کسی کو کسی کام سے روکنا ہو تو کہتی ہیں۔ مرا یار۔ بے تکلف دوست کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ مری بھتی کھائے (عو) دیکھو مرا مردہ دیکھے۔ مرے ہوتے۔ مری موجودگی میں۔ مرے یار۔ دیکھو مرا یار۔

مُرا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

مُرّا (ہ۔ مذکر) بولی۔ ہجو۔

مُرابحت (ف۔ مونث) ۱ فائدہ اٹھانا ۲ فائدہ۔ نفع کسی چیز کی فروخت میں

(رَبِحَ - فائدہ اٹھانا تجارت میں)

مِرآت (ع - مونث) ۱۔ آئینہ۔ شیشہ۔ آرسی ۲۔ دوربین کا شیشہ (رَاَیٰ - دیکھنا)

مَرّات (ع - مونث) مَرّت کی جمع۔ باریاں۔ اوقات۔

مَراتِب (ع - مذکر) جمع مرتبہ کی۔ ۱۔ درجے۔ رتبے۔ مرحلے۔ مدارج۔ مناصب ۲۔ معاملات۔ واقعات۔ امور ۳۔ اوقات۔ **مراتبات** (مذکر) مرتبہ کی جمع الجمع۔ **مراتبِ ابتدائی یا تمہیدی** (مذکر) ابتدائی امور۔ **مراتب طے کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱۔ سارے مرحلے طے ہونا ۲۔ دریافت طلب امور کا فیصلہ ہونا۔

مَراثی (ع - مذکر) جمع مرثیہ کی۔

مراجعت (ع - مونث) واپسی لوٹنا۔ واپس آنا۔ رجوع (فرمانا کرنا ہونا کے ساتھ) (رَجَعَ - واپس آنا)

مَراحِل (ع - مذکر) جمع مرحلہ کی۔ **مراحل طے کرنا** (متعدی) ۱۔ سارے مرحلے طے کرنا ۲۔ سارے امتحان پاس کر لینا ۳۔ تمام مشکلات پر قابو پالینا ۴۔ ہر قسم کے تجربے حاصل کر لینا۔

مَراحِم (ع - مذکر) مرحمت کی جمع۔ مہربانیاں۔ شفقتیں۔ **مراحمِ خسروانہ** (مذکر) عنایات شاہی۔ بادشاہی بخششیں۔ عطیات شاہی۔

مُراد (ع - مونث) ۱۔ مطلب۔ مقصد۔ ارادہ۔ مدعا ۲۔ آرزو۔ خواہش۔ تمنا ۳۔ بھوگ۔ منت ۴۔ (اصطلاح صوفیاں) وہ شخص جس نے جاذبۂ الٰہی کے بعد درویشی اور سلوک اختیار کیا ہو۔ اور مرید وہ شخص ہے جو سلوک کے بعد جذب کے مرتبے کو پہنچا ہو ۵۔ ایک عرب قبیلہ (اَرادَ - خواہش کرنا اسی سے یہ مفعول ہے) **مرادات** (مونث) مراد کی جمع۔ **مراد آنا یا بر آنا** (لازم) مقصد پورا ہونا۔ خواہش پوری ہونا ارمان نکلنا۔ **مراد بخش** (صفت) مراد پوری کرنے والا۔ **مراد بر لانا** (متعدی) کسی کا مقصد پورا کرنا۔ **مراد پانا** (لازم) مقصد کو پہنچنا۔ مقصد پورا ہونا۔ مطلب بر آنا۔ **مراد پر آنا** (لازم) ۱۔ کسی چیز کا کام کے لائق ہونا ۲۔ بالغ ہونا۔ شباب پر آنا۔ **مراد پر ہونا** (لازم) پھولوں پھلوں کا قابل استعمال ہو جانا۔ **مراد پوری کرنا** (متعدی) مطلب پورا کرنا۔ کام نکالنا۔ مطلب بر لانا۔ **مراد پوری ہونا** (لازم) ۱۔ مقصد پورا ہونا۔ مطلب نکلنا۔ کام ہونا ۲۔ منت پوری ہونا۔ **مراد حاصل ہونا** (لازم) مقصد پورا ہونا۔ مطلب بر آنا۔ کام بننا۔ **مراد دکھلانا** (متعدی) تمنا پوری کرنا۔ امید بر لانا خدا کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ **مراد دلی** (مونث) دل کی تمنا۔ امید۔ دلی مطلب۔ **مراد دینا** (متعدی) مراد پوری کرنا۔ **مراد رکھنا** (متعدی) قیاس کرنا۔ نتیجہ نکالنا۔ معنی لینا۔ **مراد کو پہنچنا** (لازم) فائز المرام ہونا۔ دل کی خواہش پوری ہونا۔ تمنا بر آنا۔ **مراد لینا** (متعدی) ۱۔ دیکھو مراد رکھنا ۲۔ مطلب یا مقصد پورا کرانا۔ کام بنوانا۔ **مراد مانگنا** (متعدی) مقصد پورا ہونے کے لئے دعا مانگنا۔ **مراد ماننا** (متعدی) منت ماننا۔ نذر و نیاز دینا۔ **مراد ملنا** (لازم) دل کا مقصد پورا ہونا۔ **مراد مند** (صفت) ۱۔ مراد ماننے والا۔ خواہشمند ۲۔ محتاج۔ حاجتمند۔ درماندہ۔ **مرادوں** (مونث) مراد کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **مرادوں کے دن** (مذکر) ایام جوانی۔ عہد شباب۔ **مرادی** (صفت) ۱۔ منشا کے مطابق۔ خواہش کے موافق ۲۔ اصطلاحی۔ فرضی۔ مجازی ۳۔ آفو کے بجائے موازی بعض جگہ یہ لفظ استعمال ہوتا ہے۔ **مرادیات** (مونث) اپنی خواہشیں حاصل کرنا۔ **مرادیں** (مونث) مراد کی جمع — **مرادیں بر آنا۔ مانگنا۔ ماننا۔** دیکھو مراد بر آنا۔ مانگنا۔ ماننا۔

مُرادِف (ع - صفت) ہم معنی مترادف۔ ذو معنی۔ ایک ارتھی (ردَفَ - دوسرے کے پیچھے آنا)

مَرارت (ع - مونث) ۱۔ کڑوا پن۔ کسالت ۲۔ پِتّا (مَرّ - کڑوا ہونا) **مرارت الموت** (مونث) موت کی کڑواہٹ۔

مُراسَلات (ع - مذکر) مراسلہ کی جمع۔

مُراسَلت (ع - مونث) ۱۔ باہمی خط و کتابت۔ ایک دوسرے کو چٹھیاں لکھنا ۲۔ (قانون) اطلاع نامہ۔ سمن۔ طلبی (رَاسَلَ - ایک دوسرے کو خط بھیجنا)

مُراسَلہ (ع - مذکر) ۱۔ دیکھو مراسلت ۲۔ چٹھی۔ خط۔ نامہ (آنا بھیجنا کے ساتھ) (راسَلَ - ایک دوسرے کو خط بھیجنا)

مَراسِم (ع - مذکر) مرسوم کی جمع۔ جو اردو میں مستعمل نہیں ۱۔ رسومات۔ آئین۔ نشانات ۲۔ میل جول۔ برتاؤ (رَسَمَ - نشان چھوڑنا)

مِراثی (ھ - مذکر) ۱۔ مسلمان گانے بجانے والوں کی ایک قوم۔ ڈوم ۲۔ (پ) وہ جو طوائف کے پیچھے ساز بجائے۔

مُراعات (ع - مونث) رعایت۔ سلوک۔ مروت۔ لحاظ۔ توجہ (رَاعیٰ - کسی کی طرف دیکھنا) **مراعات النظیر** (مونث) علم بدیع میں ایک صنعت جس میں کئی چیزوں کا جن میں مناسبت ہو ایک جگہ ذکر کرتے ہیں۔ صنعت تناسب۔ **مراعات ہونا** (لازم) نظر عنایت ہونا۔

مُراغبات (ع - مونث) مراغبت کی جمع۔

مُراغبت (ع - مونث) خواہش آرزو۔ رغبت (راغَبَ - بہت خواہش کرنا)

مُرافِعہ (ع - مذکر) اپیل۔ ایک حاکم کے فیصلے پر مطمئن نہ ہو کر اس سے بڑے حاکم کے پاس دادخواہی چاہنا۔ نظر ثانی (رافَعَ - حاکم کے پاس لانا) **مرافعۂ آخر** (مذکر) آخری اپیل۔ وہ اپیل جس کے بعد اور اپیل نہ ہو سکے۔ **مرافعۂ اوّل یا اُولیٰ** (مذکر) وہ عدالت جس میں ابتدا دعوے یا اپیل ہو۔

مَرافِق (ع - مذکر) مرفق کی جمع جو اردو میں مستعمل نہیں ۱۔ وہ اشیا جن سے فائدہ حاصل کریں ۲۔ گھر کے متعلق آرام کی چیزیں جیسے باورچی خانے۔ غسل خانے۔ نالیاں وغیرہ ۳۔ (ع) کہنیاں۔ کہنیوں کے جوڑ (رَفَقَ - مفید ہونا)

مُرافقت (ع - مونث) ۱۔ ہمراہ سفر کرنا ۲۔ باہمی رفاقت۔ میل جول۔ سنگت۔ ساتھ (رافَقَ - دوسرے کے ہمراہ جانا)

مِراق (ع - مذکر) اصل لفظ مَراق ہے ۱۔ وہ جھلی جو جلد شکم کے نیچے اور عضلات شکم کے اوپر واقعہ ہے ۲۔ مالیخولیا۔ جنون۔ سودا جو اکثر دماغی محنت۔ خوف۔ جریان یا کسی ناکامی کی وجہ سے ہوتا ہے (رَقَّ - مبتلا ہونا) **مراقی** (صفت) وہ جو مرضِ مراق میں مبتلا ہو۔

مُراقِب (ع - صفت) مراقبہ کرنے والا (راقَبَ - انتظار کرنا) **مراقبہ** (مذکر) ۱۔ تصور۔ غور۔ دھیان۔ سوچ بچار۔ گیان۔ استغراق

٢ دوسری چیزوں کا خیال چھوڑ کر خدا کی طرف دل لگانا - مراقبے میں جانا (لازم) اور چیزوں کا دھیان چھوڑ کر خدا کی طرف دل لگانا - حضوری دل سے خدا کا دھیان کرنا -

مَراقِد (ع - مذکر) مرقد کی جمع -

مَراکِب (ع - مذکر) مرکب کی جمع - سواریاں -

مَرال (س - صفت) ١ نرم - ملائم - نازک - گدگدا ٢ (مذکر) ایک قسم کا ہنس جس کی ٹانگیں اور چونچ سرخ ہوتی ہیں ٣ بطخ ٤ اناروں کا باغ ٥ بادل - ابر ٦ کاجل ٧ بدمعاش آدمی - بدچلن شخص -

مَرام (ع - مذکر) ١ مطلب - مقصد - مرام ٢ خواہش - آرزو (ع - رَوم - کسی چیز کی بہت خواہش کرنا)

مَرامِر (نامعلوم) ابن مرت - عرب حروف کا موجد -

مَرانا (ھ - متعدی) مرنا کا -

مَراوَدَت (ع - مونث) ١ مانگنا - چاہنا ٢ خواہش - تمنا - آرزو ٣ اچھے تعلقات - میل جول - آمدورفت (رَوَدَ - چاہنا)

مَراہِق (ع - مذکر) بلوغ کو پہنچنے والا لڑکا (راہق - سن بلوغت کو پہنچنا)

مَراہِم (ع - مذکر) مرہم کی جمع -

مَراؤ (ھ - مذکر) **مَرائی** (مونث) ترکاری بیچنے یا بونے والا - کنجڑا - کاچھی - ارائیں -

مُرائی (ع - صفت) منافق - جو ظاہر میں کچھ ہو باطن میں کچھ (رُائی - دیکھنا)

مَرایا (ع - مونث) ١ دودھ کی نالیاں جن سے دودھ جاری ہوتا ہے ٢ مرآت کی جمع - آئینے - شیشے -

مُرایات (ع - مونث) ١ شان و شوکت دکھانا ٢ منافقت کرنا ٣ منافقت - ظاہرداری - دورُوئی (رُائی - منافقت کرنا)

مُرَبّا (ع - مذکر) اصل لفظ مُربّیٰ ہے وہ میوہ جو پکا کر قند کے شیرے میں ڈالا گیا ہے - جام (رَبّی - شیرے میں محفوظ کرنا) **مربا ڈالنا** (متعدی) میوے کو قند کے شیرے میں پرورده کرنا - جام بنانا - **مربہ** (مذکر) دیکھو مربا - **مربہ جات** (مذکر) جمع مربّا یا مربہ کی - **مربہ ساز** (صفت) مربہ ڈالنے والا -

مُرَبَّع (ع - مذکر) ١ وہ چوکون سطح جس کے چاروں ضلع برابر اور چاروں زاویے قائمے ہوں ٢ ہر چوکون چیز جس کا طول و عرض برابر اور زاویے قائمے ہوں ٣ ایک قسم کی نشست جس میں چار زانو بیٹھتے ہیں (رَبَّع - چار بنانا)

مَربوط (ع - مفعول) ربط کیا گیا - لگایا ہوا - بندھا ہوا - وابستہ (رَبَطَ - باندھنا)

مُرَبّی (ع - فاعل) ١ پرورش کرنے والا - تربیت کرنے والا ٢ سرپرست - پشت و پناہ - دستگیر - حامی - مددگار ٣ ولی نعمت (رَبّیٰ - پالنا) **مربی بنانا** (متعدی) سرپرست قرار دینا - معاون بنانا - **مربی بننا یا ہو جانا** (لازم) مددگار ہونا - پشت و پناہ ہونا -

مثل - مربی بیار و مربہ بخور - کوئی مددگار رہو تو زندگی مزے میں گزرتی ہے - کہاں؟ اسوقت ہوتی ہے جب کوئی مددگار رہو -

مَرُت (س - مذکر) ١ ہوا - آندھی ٢ سانس ٣ ایک پودہ ٤ سونا ٥ طوفان کے دیوتا - ویدوں کے بموجب یہ ١٨٠ ہیں - زور اور ر پرشنی کے بیٹے ہیں - اور سونے کے ہتھیاروں سے مسلح ہیں - اور سونے کے رتھوں پر سوار ہیں جن کے آگے سرخ گھوڑے جتتے ہیں - وسطی آسمان کے دیوتا سمجھے جاتے ہیں - اور اندر کے مصاحب ہیں پرانوں کے بموجب تعداد میں سات ہیں اور دِتی کے بیٹے ہیں ٦ آندھی کا دیوتا - ہنومان اور بھیم کا والد ٧ شمال مغربی گوشے کا موکل ٨ ایک سادھیہ ٩ راجہ برہدرتھ -

مِرت (ھ - مونث) موت - اجل - قضا - کال - **مرت دان** (مذکر) وہ خیرات جو بستر مرگ پر کی جائے -

مِرت (س - صفت) ١ مردہ - متوفی - آنجہانی ٢ موت کی طرح - بیہوش ٣ غیر مفید ٤ نیست نابود - فنا شدہ ٥ راکھ ہوئی ہوئی - کشتہ ٦ (مذکر) موت - اجل ٧ بھیک مانگنا ٨ بھیک (مر - مرنا) **مرتا** (مونث) مردہ عورت - **مرت گرنتھ** (مذکر) وہ الفاظ جو گوتم بدھ کے منہ سے نکلے تھے - **مِرتی** (مونث) ١ موت - اجل ٢ مرنا - **مرتیو** (مذکر) ١ موت - اجل - قضا ٢ موت کا دیوتا - یم ٣ سترھواں نکشترہ - **مِرتیہ** (مذکر) ١ موت - اجل قضا -

مُرتاض (ع - مفعول) ریاضت کرنے والا - عبادت میں مشقت کرنے والا (رَاضَ سدھایا جانا)

مَرّۃ المُسَلسَلہ (ع - مونث) ایک شمالی صورت کوکبہ -

مُرَتَّب (ع - مفعول) ترتیب دیا گیا - باقاعدہ درست کیا گیا (کرنا ہونا کے ساتھ) (رَتَّبَ - چیزوں کو باقاعدہ لگانا) **مُرَتِّب** (فاعل) ترتیب دینے والا - باقاعدہ چننے والا -

مَرتبان (ع - مذکر) ١ مٹی یا چینی برتن جس پر لاکھ کا روغن کیا گیا ہو - ایک خاص قسم کا روغنی برتن جس میں کوئی زہریلی چیز ڈالنے سے ہر کا اثر جاتا رہتا تھا - اس کا ذکر الف لیلا میں آتا ہے (رَتَّبَ - ترتیب دینا) بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہ سنسکرت اَمرِتوان یعنی آب حیات کا برتن کا معرب ہے - اور بعض اسے جزیرہ مرتبان کا بنا ہوا ہونے کے سبب سے اس کا یہ نام سمجھتے ہیں -

مَرتَبَت (ع - مذکر) ١ مرتبہ - رتبہ مرکبات میں جیسے فلک مرتبت - عالی مرتبت (رَتَبَ - پکا ہونا)

مَرتَبَہ (ع - مذکر) ١ درجہ - رتبہ ٢ عہدہ منصب ٣ بار - دفعہ (رَتَبَ - پکا ہونا) **مرتبہ بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) درجہ یا عہدہ زیادہ ہونا - ترقی ہونا -

مِرت بیائی (ہ - مونث) ١ عورت - وہ عورت جس کے سب بچے مرجائیں اور ایک زندہ رہے (س مرت موت) **مرت بیائی کا** - مرت بیائی عورت کا بچہ -

مُرتَد (ع - مذکر) اسلام سے پھرا ہوا شخص - مسلمان جو کافر ہو جائے (اِرتَدَّ - واپس جانا) **مرتد ہونا** (لازم) مسلمان کا مذہب بدل لینا -

مُرَتَسِم (ع - مفعول) نشان کیا گیا - مہر لگایا گیا - تصویر یا نقشہ کھینچا گیا (کرنا ہونا کے ساتھ) (اِرتَسَمَ - نشان ہونا)

مُرتَشی (ع - فاعل) رشوت کھانے

پالینے والا ۔ راشی ۔ کھاؤ (اِرتشا ۔ رشوت لینا)

مُرتَضَوی (ع ۔ صفت) مرتضیٰ سے منسوب ۔

مُرتَضیٰ (ع مفعول) ا پسند کیا گیا منتخب کیا گیا ۲ پسندیدہ ۔ مقبول ۳ حضرت علیؓ کا ایک لقب (اِرتضیٰ ۔ چننا ۔ پسند کرنا)

مُرتَعِش (ع ۔ فاعل) ا کانپنے والا لرزاں ۔ رعشہ والا (اِرتعاش ۔ کانپنا)

مُرتَفَع (ع ۔ مفعول) ا اٹھایا گیا ۲ رفع کیا گیا ۔ دور کیا گیا ۳ بلند ۔ اونچا (اِرتفاع ۔ اونچا کرنا) مُرتَفِع (فاعل) اونچا ۔ بلند ۔

مِرتَک (س ۔ مذکر) مردہ ۔ نعش لاش ۔

مِرتِکا (ہ ۔ مونث ہ مرتکا (س) مٹی ۔ خاک ۔ تازہ مٹی ۔ چکنی مٹی ۔ خوشبودار مٹی ۔

مُرتَکِب (ع ۔ فاعل) ا کسی فعل کا کرنے والا ۔ ارتکاب کرنے والا ۲ پسند کرنے والا ۳ مجرم ۔ قصوروار ۔ گنہگار (اِرتکاب ۔ جرم کرنا ۔ سوار ہونا ۔ کرنا) مرتکب ہونا (لازم) کرنا ۔

مَرتل (ہ ۔ صفت) مرتیلیا ۔ مریل ۔

مِرتو (ہ ۔ مذکر) موت ۔ اجل ۔ قضا (س ۔ مرتیو)

مُرتَہَن (ع ۔ مفعول) رہن رکھا گیا ۔ گرو رکھا گیا (اِرتہان ۔ گروی رکھنا) مُرتَہِن (فاعل) گرو رکھنے والا ۔ رہن رکھنے والا ۔

مرتیل (ہ) مرتیلیا (ہ ۔ صفت) مریل ۔ دبلا ۔ لاغر ۔ کمزور (س مرت ۔ موت)

مُرَٹ (ہ ۔ صفت) ضدی ہٹی ہٹیلا ۔

مَرثیے (ع ۔ مذکر) مرثیہ کی جمع ۔

مَرثیہ (ع ۔ مذکر) ا وہ نظم یا اشعار جس میں کسی شخص کی وفات یا شہادت کا حال اور ان کی مصیبتوں کا ذکر ہو خصوصاً شہدائے کربلا کا ۔ یہ نظم مسمط یا ترجیع بند یا ترکیب بند کے طور پر ہونی چاہئیے ۔ اگر رباعی ۔ قطعہ ۔ غزل یا قصیدے کے طور پر ہو اور مطلع میں بجائے اسلام ۔ سلامی یا مجرائی کا لفظ آئے تو اسے سلام کہتے ہیں ۔ اگر مستزاد کی وضع پر ہو تو اسے نوحہ کہیں گے ۲ اوصاف مردہ ۔ میت کی صفت ۳ ماتم ۔ سیاپا ۔ رونا ۔ پیٹنا (رُثی ۔ رونا) مرثیہ پڑھنا (متعدی) ا مرثیہ خوانی کرنا ۔ نوحہ پڑھنا ۲ ماتم کرنا ۔ مردے کے اوصاف بیان کرنا ۔ رونا پیٹنا ۔ مرثیہ خواں (صفت) ا مرثیہ پڑھنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جو مجلس عزا میں جا کر مرثیے پڑھتا ہے مرثیہ خوانی (مونث) مرثیے پڑھنا ۔ نوحہ خوانی (کرنا ہونا کے ساتھ) مرثیہ کہنا (متعدی) کسی شخص کی وفات یا یادگار میں نظم لکھنا ۔

مَرَج (ع ۔ مذکر) ا خرابی ۔ تباہی بربادی ۲ بے آرامی بے چینی ۔ جب یہ ہرج کے ساتھ بولا جاتا ہے تو ر ساکن ہو جاتی ہے ۔

مَرجاد مرجادا مرجادک (ہ ۔ مونث) دیکھو مریاد وغیرہ ۔

مَرجان (ف ۔ مذکر) دیکھو مونگا ۔ مرجانی (صفت) مونگے کی ۔

مُرَجَّح (ع مفعول) ا ترجیح دیا گیا ۲ فائق ۔ افضل ۔ غالب (رُجحان ۔ حق میں رائے دینا) مُرَجِّح (فاعل) ترجیح دینے والا ۔

مُرَجَّز (ع ۔ مفعول) نثر کی ایک قسم جس میں دو فقروں کے کلمات باہم ہموزن ہوں اور قافیہ رکھتے ہوں (رَجز ۔ شعر پڑھنا)

مَرجِع (ع ۔ مذکر) ا واپس آنے کی جگہ ۔ جائے رجوع ۔ جائے بازگشت ۲ ملجا ۔ ماوا ٹھکانا ۔ مامن ۔ جائے پناہ (رُجوع ۔ لوٹنا) مرجع خلائق یا عام (مذکر) ا تمام خلقت کا ٹھکانا ۲ وہ شخص یا وہ جگہ جہاں سب رجوع ہوں مرجعیت (مونث) مرجع ہونا ۔ مرکز ہونا ۔

مَرجُوع (ع مفعول) ا رجوع کیا گیا ۔ لوٹایا گیا ۲ عدالت میں پیش کیا گیا (رُجوع لوٹنا) مرجوعہ (صفت) ۱ دیکھو مرجوع ۲ (مذکر) رجوع ۔ لوگوں کا آنا ۔ مرجوعہ کم ہونا (لازم) لوگوں کا آنا کم ہو جانا ۔

مُرجھانا (ہ ۔ لازم) ا کملانا ۔ سبزے یا پھولوں کا پژمردہ ہونا ۲ خشک ہونا ۔ سوکھنا ۳ غمگین ہونا ۔ اداس ہونا ۔ کڑھنا ۴ دبلا ہونا ۔ لاغر ہونا ۵ (متعدی) افسردہ کرنا ۔ مغموم کر دینا (س مرچھہ ۔ بیہوش ہونا)

مُرجھن (ہ ۔ مونث) ا مرجھانا ۔ کملانا ۲ بیہوش ہو جانا ۔ غش ہونا ۔

مُرجِئہ (ع ۔ مذکر) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو خارجیوں کے بالکل برعکس تھا ۔

مُرجی (ع ۔ فاعل) ا وہ جو وعدہ کرکے ٹال مٹول کرے ۲ (مذکر) فرقہ مرجیہ کا ایک فرد ۳ ایک قبیلے کا نام (اُرجا ۔ ٹال دینا) مرجیہ (مذکر) ایک فرقہ جس کا عقیدہ ہے کہ نجات کے لئے ایمان کافی ہے نماز روزے کی ضرورت نہیں ۔

مِرچ (ہ ۔ مونث) ا ایک پودہ جس کا پھل عام طور پر سرخ ہوتا ہے ۔ مگر زرد سیاہ اور سفید بھی ہوتا ہے ۔ اس کا مزہ بہت تیز ہوتا ہے ۲ اس پودے کا پھل ۳ (صفت) بہت تیز بہت تند ۔ مرچیا جن (مذکر) چھوٹا اور پست قد جن ۔ مرچیں (مونث) مرچ کی جمع ۔ مرچیں آنکھوں میں بھر لینا (متعدی) آنکھوں میں مرچیں ڈال لینا تاکہ نیند نہ آئے ۔ مرچیں سی لگ اٹھنا یا جانا یا لگنا (لازم) ا کسی بات کا ناگوار گزرنا ۔ برا معلوم ہونا ۔ برا لگنا ۲ رشک سے جل جانا ۔

مُرچا (مذکر ہ مرچانی مرچائی (ہ ۔ مونث) مرچ ۔

مُرچا (ہ ۔ مذکر) مورچہ کا مخفف ۔ مرچابندی (مونث) مورچہ بندی ۔

مُرچایا (ہ ۔ صفت) زنگ آلودہ ۔

مُرچِڑا (ہ ۔ صفت) ا ضدی ہٹیلا ۲ (مذکر) ایک قسم کا فقیر جو اپنا سر زخمی کرکے بھیک مانگتا ہے ۔ مرچڑاپن (مذکر) ضد ۔ ہٹیلاپن ۔ سرزوری ۔ مرچڑاپن دکھانا یا کرنا (متعدی) ضد کرنا ۔ ہٹ کرنا ۔

مِرچن (ہ ۔ مذکر) دیکھو برچن ۔

مَرچنٹ (انگ ۔ مذکر) سوداگر تاجر ۔

مُرچنگ (ہ ۔ مونث) ایک قسم کا باجہ جس کے چھوٹے سرے کو دانتوں کے درمیان رکھ کر انگلیوں سے بجاتے ہیں ۔

مَرحَبا (ع ۔ ندا) شاباش ۔ آفرین ۔ کیا کہنا ۔ واہ واہ ۔ سبحان اللہ ۔ یہ رَحُبَت لک دار مرحبا کا مخفف ہے ۔ عرب اسے مہمان کی تعظیم کے موقع پر بولتے ہیں ۔ ایرانی اور ہندوستانی شاباش آفرین وغیرہ کے موقع پر (رَحب ۔ وسیع ہونا)

مرحلہ (ع ۔ مذکر) ۱۔ دن بھر کا سفر ۔ منزل ۔ بارہ میل کی مسافت ۲۔ سفر کی جگہ یا وقت منزل یا کوچ کی جگہ ۳۔ وہ جگہ جہاں مسافر سفر کے بعد قیام کریں ۴۔ قلعہ کے گرد ایک قسم کی عمارت جس پر بیٹھ کر جنگ کرتے ہیں ۵۔ بڑی مسافت ۶۔ قصے کہانیوں کی کتابوں میں وہ ملک جس کا فتح کرنا طلسم کا فتح کرنا منحصر ہوتا ہے ۷۔ اہم کام ۔ مشکل معاملہ ۸۔ درجہ مرتبہ (رحل ۔ کوچ کرنا) **مرحلہ دار** (مذکر) وہ چوکیدار جو دو پڑاؤں کے درمیان کے رستے کا محافظ ہو ۔ **مرحلہ طلسمی** (مذکر) مرحلہ ۶ ۔ **مرحلہ طے کرنا** (متعدی) ۱۔ منزل پوری کرنا ۲۔ درجہ طے کرنا ۳۔ اہم کام کرنا ۔ مشکل کام نبٹانا ۔ مشکل معاملہ حل کرنا ۔ **مرحلہ فتح کرنا** (متعدی) مرحلہ ۶ کو تسخیر کرنا ۔

مرحمت (ع ۔ مونث) مہربانی عنایت ۔ الطاف ۔ کرم ۔ کرپا ۔ دیا ۔ نوازش (رحم ۔ مہربانی کرنا) **مرحمت فرمانا یا کرنا** (متعدی) عنایت کرنا ۔ عطا فرمانا ۔ بڑے کا چھوٹے کو کچھ دینا **مرحمت نامہ** (مذکر) بڑے کا خط چھوٹے کے نام عنایت نامہ (صادر ہونا ۔ شرف صدور لانا وغیرہ کے ساتھ)

مرحوم (ع ۔ مفعول) ۱۔ رحمت کیا گیا ۔ بخشا گیا ۔ مغفور ۔ جنتی ۔ سرگباشی ۔ آنجہانی ۲۔ متوفی ۔ فوت شدہ ۔ مرا ہوا ۳۔ کوئی چیز جو ضائع ہو گئی ہو (رحم ۔ مہربانی کرنا) **مرحومہ** (مونث) دیکھو مرحوم ۔

مرخص (ع ۔ مفعول) رخصت کیا گیا ۔ روانہ کیا گیا ۔ اجازت دیا گیا (رخص ۔ اجازت دینا) **مرخص ہونا** (لازم) رخصت ہونا ۔ جانا ۔ روانہ ہونا ۔

مرخم (ع ۔ مفعول) ۱۔ نرم کیا گیا ۲۔ وہ کلمہ جس کا آخری حرف گرا دیا گیا ہو (رخم ۔ حرف کو چھوٹا کرنا)

مرد (ف ۔ مذکر) ۱۔ نر ۔ مذکر ۲۔ آدمی ۔ بشر ۔ شخص ۔ آدم زاد ۔ متنفس ۔ نفس ۔ منکھ ۔ مانس ۳۔ خاوند ۔ شوہر ۴۔ قوم ۔ ذات ۔ برن ۵۔ (صفت) بہادر ۔ شجاع ۶۔ شریف ۔ خاندانی ۔ عالی خاندان ۔ لائق ۔ **مرد آدمی** (مذکر) ۱۔ شریف آدمی ۔ بھلا مانس ۲۔ اشراف ۳۔ (ندا) دوسرے کو خطاب کرتے ہیں ۔ **مرد آزما یا افگن** (صفت) قوی شہ زور ۔ **مرد آسا** (صفت) مرد کی طرح ۔ **مردامردی** (مونث) زبردستی ۔ سینہ زوری زور آوری ۔ سرزوری ۔ **مردانا** (مذکر) دیکھو مردانہ ۔ **مردان** (مذکر) ۱۔ مرد کی جمع ۔ دلاور آدمی بہت سے پہلوان ۔ **مردان خدا** (مذکر) ۱۔ خدا کے خاص بندے ۔ باخدا لوگ ۲۔ بہادر لوگ ۔ شجاع ۔ **مردان علوی** (مذکر) سیارے ۔ **مردان مرد** (مذکر) وہ لوگ جو مرد کہلانے کے قابل ہیں ۔ بہادر آدمی ۔ **مردانگی** (مونث) بہادری دلیری ۔ شجاعت ۔ جوانمردی ۔ **مردانہ** (صفت) ۱۔ دلیر ۔ بہادر ۔ شجاع ۔ جوانمرد ۲۔ مرد سے نسبت رکھنے والا ۔ مرد کا سا ۳۔ وہ جو مردوں کی ملکیت ہو ۴۔ (مذکر) وہ جگہ جہاں مرد جمع ہوں ۵۔ نامحرم لوگوں کا مجمع ۶۔ مردانہ نشستگاہ ۔ دیوان خانہ ۔ بیٹھک ۷۔ (تف) ۱۔ مردوں کا سا ۔ مردوں کے مانند ۔ دلیری سے ۔ جرات سے ۔ **مردانہ بھیس** (مذکر) مردوں کا سا لباس یا صورت ۔ **مردانہ جوڑا** (مذکر) مردوں کے پہننے کا لباس یا جوتا ۔ **مردانہ چال** (مونث) مردوں کی سی رفتار ۔ **مردانہ کام** (مذکر) مردوں کا کام ۔ بڑی ہمت کا کام ۔ **مردانہ کرانا** (م) عورتوں کو ہٹا کر مردوں کو بلانا ۔ نامحرم مردوں کا گھر میں پردہ ہو کر آنا ۔ **مردانہ مکان** (مذکر) وہ مکان جس میں مرد جمع ہوں ۔ مردوں کے بیٹھنے کا مکان ۔ بیٹھک ۔ دیوان خانہ ۔ **مردانہ وار** (صفت) ۱۔ مردوں کی طرح سے ۔ مردوں کے مانند ۲۔ بہادری سے ۔ دلیری سے ۔ دلیرانہ ۔ **مردانہ ہونا** (لازم) عورتوں کا پردے میں جا کر مردوں کا آنا ۔ **مردانی** (صفت مونث) مردانہ کی ۱۔ وہ جو اپنے آپ کو مردوں کے مشابہ بنالے ۲۔ چالاک ۳۔ مردوں کے سے کام کرنیوالی (عورت) **مردانے** (مذکر) مردانہ کی جمع ۔ **مردانے آدمی** (مذکر) بہادر اشخاص ۔ بہادران شجاعان ۔ **مردانیت** (مونث) **مردپن** (مذکر) آدمیت انسانیت ۔ مرد کی خاصیت ۔ **مرد باز** (صفت) فاحشہ ۔ زانیہ ۔ مستانی ۔ **مرد بازی** (مونث) عورت کا مرد سے زنا کرانا ۔ **مرد بچہ** (صفت) مرد کا بچہ ۔ بہادر ۔ دلیر ۔ شجاع ۔ **مرد بننا** (لازم) حوصلہ کرنا ۔ جرات دکھانا ۔ **مرد تازہ ز ولایت** (مذکر) ۱۔ وہ شخص جو حال میں ولایت سے آیا ہو ۲۔ وہ شخص جو ہندوستانیوں سے وحشت کرے ۳۔ وحشی ۔ **مرد حق** (مذکر) ولی ۔ عارف ۔ پارسا ۔ **مرد خدا** (مذکر) ۱۔ ولی ۔ عارف ۔ پارسا ۲۔ شریف آدمی ۔ بزرگ شخص ۳۔ حسن کلام کے واسطے ۴۔ طنزاً ۵۔ کسی کو باتیں کرتے ہوئے خطاب کرتے ہیں ۔ **مرد رغن** (مذکر) منی ۔ نطفہ ۔ (غف) **مردشناس** (مونث) دیکھو مردم شناسی ۔ **مرد کار آمد یا کاری** (مذکر) وہ شخص جو کاموں کو اچھی طرح انجام دے ۔ **مرد کی ذات یا صورت** (مونث) مرد ۔ مرد کی جنس ۔ **مرد کی صورت نہ دیکھنا** (متعدی) عورت کا مرد سے ہمبستری نہ کرنا ۔ مرد کے پاس تک نہ جانا ۔ **مردک** (مذکر) ۱۔ مرد کی تصغیر ۲۔ حقیر مرد ۔ ادنے مرد ۔ **مردم** (مذکر) یہ لفظ واحد اور جمع دونوں طرح استعمال ہوتا ہے ۱۔ عام لوگ ۔ انسان ۲۔ شائستہ آدمی تہذیب یافتہ آدمی ۔ وہ شخص جو اہل ہو ۳۔ آنکھ کی پتلی ۔ **مردم آبی** (مذکر) جل مانس ۔ دریائی آدمی ۔ پرانے زمانے میں خیال تھا کہ انسانوں کی ایک قسم پانی میں بھی رہتی ہے ۔ جن کی دم ہوتی ہے ۲۔ انسانی صورت کی مچھلیاں جو سمندروں میں ہوتی ہیں ۔ ان کے چہرے کی شکل انسان سے ملتی جلتی ہے ۔ **مردم آزار** (صفت) آدمیوں کو ستانے والا ۔ ظالم ۔ جلاد ۔ موذی ۔ ستم گر ۔ بے رحم ۔ **مردم آزاری** (مونث) لوگوں کو ستانا ۔ ظلم کرنا ۔ تکلیف یا ایذا دینا (کرنا کے ساتھ) **مردم آمیز** (مذکر) خلیق ۔ متواضع ۔ **مردمان** (مذکر) مردم کی جمع ۔ **مردمانس** (مذکر) مرد ۔ مرد کی ذات ۔ **مردم بازاری یا بازاری** (مذکر) بازاری لوگ ۔ **مردم چشم** (مذکر) آنکھ کی پتلی ۔ **مردم خاکی** (مذکر) انسان **مردم خوار** (مذکر) آدمیوں کو کھانے والا ۔ آدم خوار ۔ وہ درندہ جو آدمیوں کو کھائے **مردم خیز** (صفت) وہ خطہ جہاں لائق آدمی پیدا ہوں ۔ وہ جگہ جہاں آدمی کثرت سے پیدا ہوں ۔ **مردم در** (صفت) آدمیوں کو ہلاک کرنے والا ۔ درندہ ۔ **مردم دیدہ** (مذکر) آنکھ کی پتلی ۔ **مردم زاد** (مذکر) آدمی زادہ ۔ انسان **مردم مسلمان** (مذکر) مسلمان آدمی ۔ **مردم شماری** (مونث) آدمیوں کی گنتی ۔ آج کل ہر ملک میں ہر دس سال کے بعد لی جاتی ہے (کرنا ہونا کے ساتھ) **مردم شناس** (صفت) آدم شناس ۔ وہ شخص جو آدمیوں کی قابلیت کو جانچ لے ۔ **مردم شناسی**

(مونث) اچھے برے آدمی کی شناخت۔ **مردم قالی یا قالین** (مذکر) انسان کی تصویر جو قالین پر بناتے ہیں۔ **مردمک** (مذکر) آنکھ کی پتلی۔ **مردم کش** (صفت) انسانوں کو قتل کرنے والا **مردم گیا یا گیاہ** (مذکر) ایک قسم کا چینی پودہ یا گھاس جو انسان کی شکل کی ہوتی ہے۔ **مردم ماہی** (مونث) ایک قسم کی مچھلی جس کا دھڑ انسان کی شکل کا ہوتا ہے۔ **مردمی** (مونث) بہادری۔ شجاعت۔ دلیری۔ جوانمردی۔ انسانیت۔ مروت۔ خلق۔ وفا۔ **مرد میدان** (مذکر) جو لڑائی میں بہادری دکھائے۔ بہادر۔ دلیر۔ حریف۔ مقابل۔ **مردوا** (مذکر) مرد کی تصغیر بالتحقیر (دعو) مرد بیگانہ۔ غیر شخص۔ شوہر خاوند۔ بہادر شخص۔ **مرد و زن** (مذکر) مرد اور عورت۔ عام لوگ۔ **مردوں** (مذکر) مرد کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **مردوں کی چیز** (مونث) آلۂ تناسل۔ **مردوے** (مذکر) مردوا کی جمع بجائے مردوا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **مرد ہونا** (لازم) بہادر ہونا۔ دلیر ہونا۔ **مردی** (مونث) مردانیت۔ مردپن۔ آدمیت۔ انسانیت۔ بہادری۔ مردانگی۔ قوت باہ۔ رجولیت۔

امثال و اقوال۔ **مرد آخر بیں مبارک بندہ ایست**۔ عاقبت اندیش آدمی بہت بہتر ہے۔ **مرد باید کہ گیرد اندر گوش۔ ار نوشت است پند بر دیوار**۔ آدمی کو چاہئے کہ نصیحت سن لے چاہے دیوار پر لکھی ہو یعنی اچھی بات جس طرح بھی معلوم ہو اور جس سے بھی معلوم ہو اسے یاد رکھنا چاہئے۔ اور اس پر عمل کرنا چاہئے۔ **مرد باید کہ ہراساں نہ شود۔ مشکلے نیست کہ آساں نہ شود**۔ آدمی کو چاہئے کہ ہراساں نہ ہو۔ کوئی مشکل نہیں جو آسان نہ ہو جائے۔ **مرد بے برگ و نوا را سبک از جائے نگیر۔ کوزہ بے دست چو بینی بہ دو دستش بردار**۔ کسی بے سر و سامان آدمی کو حقارت سے نہ اٹھاؤ۔ جب بے دستے کا قدح دیکھو تو اسے دونوں ہاتھوں سے اٹھاؤ۔ **مرد بے توشہ بر نگیرد گام**۔ بغیر غذا کے ہاتھ پیر کام نہیں کرتے۔ **مرد جیکڑا گانٹھ روپیہ** (دعو) مرد وہ ہے جس کے پاس روپیہ ہے

مرد چو پیر شود حرص جواں می گردد۔ بڑھاپے میں حرص زیادہ ہوتی ہے۔ **مرد عورت راضی تو کیا کرے گا قاضی**۔ دیکھو میاں بیوی الخ **مرد کا دکھایا نہ کھائیے۔ مرد کا لایا کھائیے**۔ عورتوں کے لئے نصیحت ہے کہ مرد کے سامنے کھانا نہ چاہئے۔ جو کچھ وہ لے آئے کھانا چاہئے۔ **مرد کا کیا ہے ایک جوتی پہنی ایک اتار دی**۔ مرد جب چاہے عورت کو طلاق دیدے۔ **مرد کا نہانا عورت کا کھانا برابر ہے**۔ دونوں ان کاموں میں جلدی کرتے ہیں۔ **مرد کا نام مرد سے بہتر ہے**۔ آدمی کے نام کا رعب بہت ہوتا ہے۔ **مرد کا نوکر مرے برس بھر میں۔ رنڈی کا نوکر مرے چھ مہینے میں**۔ عورت ملازموں سے بہت کام لیتی ہے۔ **مرد کا ہاتھ پھرا اور عورت ابھری** مرد کا ہاتھ لگنے سے عورت کے پستان بڑھنے شروع ہوتے ہیں۔ **مرد کو گرد ضرور ہے**۔ مرد کو محنت کرنی پڑتی ہے۔ **مرد کو ہوشیاری لازم ہے** انسان کو ہر وقت چوکنا رہنا چاہئے۔ **مرد کی بات اور گاڑی کا پہیہ آگے کو چلتا ہے** شریف کا اقرار پختہ ہوتا ہے۔ شریف جو کہتا ہے وہ کرتا ہے۔ **مرد کے چار نکاح درست ہیں**۔ مسلمانوں میں مرد ایک وقت چار بیویاں رکھ سکتا ہے۔ **مرد کی موت نامرد کے ہاتھ** کبھی کمزور بھی طاقتور کو مار لیتا ہے۔ **مرد مارے مرد کو نامرد مارے بنئے کو**۔ نامرد کمزور سے لڑتا ہے۔ **مرد مانس گھر ہی بھلے** مرد کو زیادہ وقت گھر میں ہی گزارنا چاہئے۔ **مردوں کا ایک قول ہوتا ہے**۔ مرد جو کہتے ہیں وہ کرتے ہیں۔ **مرد وہ ہے جو دے اور لے۔ نیم مرد وہ جو دے اور نہ لے نامرد وہ جو نہ دے نہ لے**۔ بزرگوں کا قول ہے۔ **مردے از غیب بروں آید و کارے بکند**۔ جب کوئی کام ہونے والا ہوتا ہے تو اس کا سامان غیب سے پیدا ہو جاتا ہے۔ **مرد بے برگ و نوا را سبک از جائے۔ کوزہ بے دست چو بینی بہ دو دستش بردار**۔ کسی بے سر و سامان آدمی کو حقارت سے نہ اٹھاؤ۔ جب بے دستے کا قدح دیکھو تو دونوں ہاتھوں سے اٹھاؤ۔ **مرد بیت بازماند انگہ زن کن**۔ آدمی پہلے اپنا حال جانچ لے پھر کسی کام کی جرات کرے۔

مَرَد (ع۔ مذکر) ہٹ۔ ضد (رَدّ۔ ہٹانا)

مُرداد (ف۔ مذکر) پانچواں ایرانی شمسی مہینہ جو بھادوں کے مقابلے پر آتا ہے۔

مُردار (ف۔ صفت) مرا ہوا۔ مردہ۔ ناپاک۔ نجس۔ (دعو) نابکار۔ نالائق۔ فاحشہ۔ (مذکر) مری ہوئی چیز۔ لاش۔ نعش۔ جو جانور خود بخود مرگیا ہو۔ (دعو) حقارت کا کلمہ (مرن مرنا)۔ **مردار پڑ جانا** (لازم) جسم کے کسی حصے کا بے حس ہو جانا۔ **مردار خوار** (صفت) مردار کھانے والا۔ **مردار سنگ** (مذکر) دیکھو مردہ سنگ۔ **مردار مال** (مذکر) حرام مال۔ ناجائز مال۔ **مردار ہڈی پر لڑنا** (لازم) حرام مال پر تکرار کرنا۔ **مردار ہو جانا** (لازم) حرام ہو جانا۔ ذبح ہونے سے پہلے مرجانا۔ **مرداری** (مونث) چھپکلی۔ چلپاسہ۔

مُرداسنگ (ف۔ مذکر) سیسے کا ایک مرکب جو دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

مَردُود (ع۔ مفعول) رد کیا گیا۔ تردید کیا گیا۔ واپس کیا گیا۔ لوٹایا گیا۔ گھبرایا ہوا۔ پریشان۔ حیران۔ تباہ۔ برباد۔ مردود (رَدّ۔ ہٹانا)۔ واپس کرنا۔ **مُرَدِّد** (فاعل) رد کرنیوالا ہٹانے والا۔ ادھر ادھر کرنے والا۔ دل میں سوچنے والا۔

مُردگان (ف۔ مذکر) مُردہ کی جمع۔

مَرْدُل (س۔ صفت) نرم۔ حلیم۔ (مذکر) پانی۔ **مردل سوبھاؤ** (مذکر) نرم طبیعت سلیم الطبع۔

مَردَن (س۔ صفت) توڑنے والا کوٹنے والا۔ تباہ کرنے والا۔ (مذکر) ملنا۔ تیل لگانا۔ چھونا۔ رگڑنا۔ کوٹنا۔ توڑنا۔ پینا۔ تاڑنا مرونا۔ **مردن کرنا** (متعدی) دیکھو مردن کرنا۔ **مردنی۔ مردنیا** (مذکر) وہ جس کا پیشہ بدن پر تیل وغیرہ کی مالش کرنا ہو۔

مُردَن (ف۔ لازم) مرجانا۔ مرنا۔ فوت ہونا۔ فارسی کے چند مصدروں میں سے ایک

ہے جو اردو میں مصدری صورت میں استعمال کئے گئے ہیں۔ **مُردنی** (مونث) ۱؎ مرگ کی علامت جو چہرے پر چھائی ہوئی ہوتی ہے ۲؎ (ھ) موت قضا ۳؎ میت۔ مرنا۔ **مردنی پھر جانا۔ پھرنایا چھاجانا یا چھانا** (لازم) چہرے سے مرگ کی علامت ظاہر ہونا۔ **مردنی میں جانا** (ھ) میت کے لیجانے میں شریک ہونا۔ مرنے میں جانا مردے کو مرگھٹ میں لے جانا۔

مثل۔ مردن بہ عزت بہ از زندگانی بذلت۔ عزت و آبرو کے ساتھ مرنا ذلیل زندگانی سے بہتر ہے۔

مَرِدَنگ (س۔ مذکر) **مِرِدَنگ** (ہ۔ مونث) ۱؎ ایک قسم کی ڈھولک جو طبلے کی طرح ایک طرف سے بجائی جاتی ہے۔ پکھاوج ۲؎ ایک قسم کا شیشے کا فانوس ۳؎ (علم ہندسہ) مردنگ کے نمونے کی ایک شکل۔ **مِرَدنگی۔ مِردنگیا** (مذکر) مردنگ بجانے والا۔

مِردُو (س۔ صفت) ۱؎ نرم۔ حلیم ۲؎ مہربان ۳؎ چپ ۴؎ کمزور ۵؎ سست۔ ہلکا ۶؎ پالتو ۷؎ درمیانی شدت۔ (مر۔ مرنا) **مردو بھاشن** (صفت) شیریں کلام **مردو بھاؤ** (مذکر) نرمی۔ حلم۔ **مردوِد** (مذکر) سوا پھلک کا ایک بیٹا۔

مَردُود (ع۔ مفعول) ۱؎ رد کیا گیا ۲؎ نکالا گیا۔ کسی جگہ سے خارج کیا گیا ۳؎ ملعون۔ نالکا راندا گیا ۴؎ نالائق۔ کمبخت۔ بدنصیب ۵؎ نکما۔ بے نام ونشان (رَدّ۔ ہٹانا) **مردودِ درگاہِ خداوندی** (صفت) اللہ کی درگاہ سے راندا گیا شیطان۔ ابلیس۔ **مردودہ** (مونث) مطلقہ عورت جو باپ کے گھر واپس آئے۔ **مردود ہوجانا** (لازم) باہر کیا جانا۔ نکالا جانا۔ ملعون ہوجانا۔

مُردوں (ف۔ مذکر) جمع مردہ کی حروف مغیرہ سے پہلے۔ **مردوں سے شرط (باندھ کر) بد کے سونا** (لازم) نہایت غفلت کی نیند سونا۔ نہایت بے خبر ہوکر سونا۔ **مردوں کو اوندھا ڈال رکھنا** (متعدی) مردوں کی فاتحہ درود نہ کرنا۔ شب برات کا تیوہار نہ کرنا۔ **مردوں کی ہڈیاں اکھیڑنا** (متعدی) ۱؎ مردوں کی بُرائی کرنا۔ مرے ہوئے لوگوں کے عیب نکالنا ۲؎ شعرائے گذشتہ کے کلام میں نقص نکالنا ۳؎ پرانے مضامین باندھنا۔ اگلے لوگوں کا تتبع کرنا۔ **مردوں کی ہڈیاں بیچوڑنا** (متعدی) بزرگوں کے کاموں پر ناز کرنا۔

مُردَہ (ف۔ صفت) ۱؎ مرا ہوا۔ بے جان ۲؎ کمزور۔ نحیف۔ لاغر۔ دبلا ۳؎ نہایت بوڑھا۔ عمر رسیدہ ۴؎ مرجھایا ہوا۔ کملایا ہوا۔ پژمردہ ۵؎ کمبخت۔ بدنصیب۔ نامراد ۶؎ کشتہ۔ مری ہوئی۔ (دھات) ۷؎ (آرزو ہے) جو مٹ گئی ہو ۸؎ (طبیعت) افسردہ ۹؎ (زمین) جس میں کچھ نہ اُگے ۱۰؎ (خون) جو کسی چوٹ سے بدن میں جمع ہوجائے ۱۱؎ (مذکر) میت لاش۔ جنازہ۔ نعش۔ لاشہ۔ **مردہ اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) جنازہ اٹھنا۔ جنازے کو دفن کرنے کے لئے لیجایا جانا۔ **مردہ بنادینا** (متعدی) **بن جانا** (لازم) بے جان ہوجانا۔ کمزور ہوجانا **مردہ بھاری کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱؎ جنازے کا بھاری یا وزنی ہونا ۲؎ مردے کا دوبھر ہونا ۳؎ باوجود کمزوری یا بے استطاعتی حریف پر غالب ہونا ۴؎ عوام میں مشہور ہے کہ بہت گنہگار کا جنازہ بھاری ہوجاتا ہے۔ اس لئے نہایت گنہگار مرنا۔ سخت عاصی کا رنا **مردہ پسند** (صفت) مردے کی تعریفیں کرنے والا۔ **مردہ جلانا** (متعدی) **جلنا** (لازم) مردے کو لکڑیوں پر رکھ کر آگ لگا کر راکھ کرنا۔ یہ ہندوؤں کا طریقہ ہے۔ یورپ میں بجلی کے ذریعے دو منٹ میں راکھ ہوجاتا ہے۔ **مردہ جلانا** (متعدی) مردے کو زندہ کرنا۔ حضرت عیسےٰ کا ایک معجزہ۔ **مردہ خراب کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱؎ مردے کی مٹی پلید ہونا۔ میت کا رسوا ہونا ۲؎ رسوائے خلق ہونا۔ **مردہ خوار** (صفت) ۱؎ مردہ کھانے والا ۲؎ غیبت کرنے والا۔ **مردہ دل** (صفت) افسردہ دل۔ دل گیر۔ **مردہ دلی** (مونث) افسردہ دلی۔ افسردگی۔ **مردہ دیکھنا** (متعدی) کسی کو مرا ہوا دیکھنا۔ جنازہ دیکھنا۔ **مردہ دیکھو یا دیکھے** (عو) سخت قسم۔ عموماً میرا یا ہمارا کے ساتھ۔ **مردہ زندہ ہونا** (لازم) خوش بیانی کی طرف اشارہ ہے۔ **مردہ سا پڑا رہنا** (لازم) سست پڑا رہنا۔ **مردہ سنگ** (مذکر) دیکھو مردا سنگ۔ **مردہ شو** (مذکر) مردے کو نہلانیوالا شخص۔ غسّال۔ مردے کو غسل دینے والا۔ **مردہ شو (کے حوالے) لے جائے یا جائیں** (عو) بددعا یا کوسنا۔ مرجائے۔ موت آجائے۔ **مردہ فروش** (مذکر) ایران میں ایک قوم جو مردوں کو اٹھا کر لیجانے کا پیشہ کرتی ہے۔ **مردۂ صد سالہ** (صفت) بہت ضعیف یا کمزور۔ نہایت بوڑھا۔ **مردہ کر دینا یا کر ڈالنا** (متعدی) ۱؎ مار ڈالنا۔ ذبح کرنا۔ حلال کرنا ۲؎ نہایت کمزور کر دینا۔ مردہ سا بنا دینا۔ **مردہ ملنا** (لازم) راستے میں جاتے ہوئے سامنے سے لوگوں کا میت لے کر گزرنا۔ **مردہ نکلنا** (متعدی) جنازے کا کسی راہ سے گزرنا۔ **مردہ نکلے** (عو) بددعا یا کوسنے۔ مرجائے۔ **مردہ ہے**۔ ضعیف سست یا نکما ہے۔ **مردہ ہونا** (لازم) ۱؎ مرجانا ۲؎ کمزور یا ضعیف ہوجانا۔ **مردے** (مذکر) ۱؎ مردہ کی جمع ۲؎ بجائے مردہ کے حروف مغیرہ سے پہلے۔ **مردے اٹھنا** (لازم) مردوں کا زندہ ہوجانا قیامت کے دن ایسا ہوگا۔ **مردے اچھل پڑنا** (لازم) مردوں کا بیتاب ہوجانا۔ مردوں کا زندہ ہوجانا۔ **مردے پر تین دن بھاری**۔ مسلمانوں کا اعتقاد ہے کہ تین دن تک مردے سے سوال و جواب ہوتے ہیں۔ **مردے پر رونا** (لازم) ماتم کرنا۔ سیاپا کرنا۔ **مردے جلانا** (متعدی) مردے زندہ کرنا۔ **مردے جی اٹھنا** (لازم) مردہ زندہ ہوجانا۔ **مردے زندہ کرنا** (متعدی) اپنی کرامت سے مردوں کو دوبارہ زندگی عطا کرنا۔ حضرت عیسےٰ کا معجزہ بیان ہوتا ہے۔ یا قیامت کے دن خدا ایسا کرے گا۔ شعرا نے معشوق کو بھی یہ طاقت عطا فرمائی ہے۔ **مردے سے بدتر**۔ بہت ضعیف یا کمزور۔ **مردے کا مال** (مذکر) ۱؎ وہ مال جو بزندگی مردہ آدمی کی ملکیت تھا۔ مال متروکہ ۲؎ بے وارث مال۔ **مردے کا مال ڈھونڈتے ہیں**۔ مفت یا ارزاں شے تلاش کرتے ہیں۔ **مردے کا مال نہیں ہے**۔ مفت یا ارزاں نہ ملیگا **مردے کی گور پہچاننا** (متعدی) دوسرے کی چالاکیوں اور داؤ فریب کو اچھی طرح سمجھنا۔ بہت ہوشیار ہونا۔ **مردے کی نیند سونا** (لازم) بے خبر یا غافل ہوکر سونا۔ **مردے میں جان آجانا** (لازم) کمزور کا طاقتور ہونا۔

امثال واقوال۔ مردہ آنست

کہ نامش بہ نکوئی نہ برند۔ مردہ وہ ہے جس کا ذکر نیکی کے ساتھ نہ ہو۔ **مردہ بدست زندہ** غریب اور کمزور ظالم کے ہاتھ میں لاچار ہے۔ **مردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں اپنے حلوے مانڈے سے کام** خود غرض کو اپنے مطلب سے کام ہے چاہے دوسرا مرے یا جئے۔ **مردے پر جیسے سو من مٹی ویسے ہزار من**۔ مصیبت چاہے تھوڑی ہو چاہے بہت مصیبت ہی ہے۔ **مردے کو بیٹھ کر روتے ہیں روزی کو کھڑے ہو کر**۔ روزگار کا غم مردے کے غم سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔ **مردے کی گانڈ میں لگا دو تو اُٹھ بیٹھے**۔ یہ خاص سرخ مرچ کی تلخی اور ترش چیز کی ترشی انتہا کا بیان ہے۔

مِردھا (ہ۔ مذکر) ۱ مکھیا۔ چودھری نمبردار۔ مقدم ۲ چوبداروں یا قاصدوں کا سردار ۳ پیادہ۔ جریب کش ۴ بادشاہوں کے دربار میں ایک ادنیٰ افسر جو پیادوں کا کام دیا کرتا تھا (ف۔ میرِ دہ کا مخفف گاؤں کا سردار)

مَردی (ہ۔ مونث) ۱ مالش۔ چپتی ۲ (ہ) دیکھو مرد کے تحت میں۔

مَرز (ف۔ مذکر) حد۔ سرحد۔ ڈانڈا مینڈا۔ سیما۔ سوانا۔ **مرزبان** (مذکر) ۱ آتش پرستوں کا سردار ۲ زمیندار۔ مالک زمین ۳ سرحد کا افسر۔ سرحدی صوبے کا گورنر ۴ صوبیدار حاکم ۵ شاہ۔ شاہزادہ۔ **مرز بوم** (مذکر) ۱ رہنے کی جگہ۔ جائے پیدائش ۲ حدودِ ملک ۳ سلطنت مملکت۔ **مرز و کشور** (مذکر) ۱ ملک۔ علاقہ ۲ سلطنت۔ مملکت۔

مِرزا (ت۔ مذکر) ۱ میرزا۔ شہزادہ۔ امیرزادہ ۲ ایرانیوں اور مغلوں کا لقب۔ آجکل خصوصاً مغلوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۳ خاندان تیموریہ کے شہزادوں کا لقب ۴ جب نام کے بعد آئے تو اس کے معنی شاہزادہ کے ہوتے ہیں۔ جیسے عمر و شیخ مرزا۔ جب نام سے پہلے آئے تو شریف آدمی۔ تعلیم یافتہ آدمی یا مغل کے۔ جیسے مرزا محمد سعید ۵ پیار سے بھی نام کے بعد لگاتے ہیں ۶ (صفت) نازک۔ نازک طبع (میرزا یا میرزا کا مخفف) **مرزا بے پروا** (مذکر) ۱ نہایت بے پروا یا غافل آدمی۔ از حد بے فکر آدمی ۲ وہ تین زنجیریں جس سے ٹیکہ کو بالوں پر باندھتے ہیں **مرزا پھویا یا پھوہا** (مذکر) ۱ دبلا پتلا نازک اندام آدمی ۲ سست آدمی کاہل آدمی۔ آرام طلب شخص ۳ بیوقوف شہزادہ **مرزا چھبیلا** (مذکر) چھیل چھبیلا۔ رنگیلا آدمی۔ **مرزا مزاج** (صفت) ۱ نازک مزاج۔ تنک مزاج۔ دماغ دار ۲ شہزادوں کے سے مزاج والا۔ **مرزا منش** (صفت) نازک مزاج۔ نازک طبع۔ تنک مزاج۔ **مرزا منشی** (مونث) نازک مزاجی۔ نازک طبعی۔ **مرزا نہین** (صفت) دبلا پتلا۔ نازک اندام۔ نازک بدن۔ **مرزائی** (مونث) ۱ بزرگی۔ بزرگ منشی۔ شہزادگی ۲ بڑے حکومت۔ حاکمانہ مزاجی ۳ تکبر۔ غرور ۴ سرداری۔ حکومت ۵ ایک قسم کا پیرہن جو کمر تک ہوتا ہے۔ کمری۔ صدری واسکٹ۔ جیکٹ۔ یہ مغلوں کی ایجاد ہے ۶ (مذکر) مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو۔ **مرزائی کی بو** (مونث) حکومت کا نشہ۔ سلطنت کا گھمنڈ **مرزائی کرنا** (متعدی) تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔ آخری ہر دو محاورے زیادہ تر میرزائی کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں۔

مَرزَبان (ف۔ مذکر) ساسانیوں کے عہد میں صوبے کے گورنر کا لقب۔

مِرزَم (ف۔ مذکر) تین ستارے۔ ایک صورت جبار کے بازو میں۔ دوسرا صورت کلب اکبر کی پچھلی بائیں ٹانگ میں اور تیسرا کلب اصغر کی گردن میں ہے۔ **مرزمان۔ مرزمیں** (مذکر) آخری دو مرزم ستارے۔

مرزوق (ع۔ مفعول) رزق دیا گیا (رَزَق کسی کو کھانے کو دینا غذا کا)

مِرزَئی (ف۔ مونث) دیکھو مرزائی

مَرَس (ع۔ مونث) جمع مرست کی رسیاں۔

مَرَس (ع۔ مونث) ۱ طرز۔ طریقہ فیشن ۲ نادرت ۳ رسم۔ رواج (مَرَس۔ کسی کام کی مشق کرنا)

مِرسا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا ساگ چولائی

مُرسَب (ع۔ مذکر) ۱ پیغمبر صلعم کی ایک تلوار ۲ ان تلواروں میں سے ایک جو بلقیس نے حضرت سلیمان کو بھیجی تھی۔

مُرسَل (ع۔ مفعول) ۱ بھیجا گیا ارسال کیا گیا ۲ (مذکر) وہ نبی جو صاحب کتاب ہو۔ رسول ۳ ایلچی۔ قاصد ۴ پیغمبر صلعم جیسے نبی مرسل ۵ (مونث) وہ حدیث جس کا راوی تابعی ہو اور جس کا سلسلہ کسی صحابی سے نہ چلتا ہو ۶ (صفت) لٹکنے والا جیسے ریش مرسل (اَرسَلَ۔ بھیجنا) **مرسِل** (فاعل) بھیجنے والا۔ **مرسَل الیہ** (صفت جس کی طرف بھیجا جائے۔ **مرسَلہ** (صفت مونث) ۱ بھیجی گئی ۲ (مذکر) چٹھی۔ خط۔ رقعہ ۳ گلے کا ہار۔ قلاوہ۔ **مرسلہ بند** (مذکر) ہار کا کنڈا۔ **مرسلین** (مذکر) مرسل کی جمع۔ بہت سے رسول یا پیغمبر۔

مَرسُول (ع۔ مفعول) **مرسولہ** (صفت) دیکھو مُرسَل و مُرسلہ۔

مَرسُوم (ع۔ مفعول) ۱ نشان شدہ دستخط شدہ ۲ مشہور۔ مذکور ۳ کھینچا ہوا۔ نقشہ اتارا ہوا ۴ عادی ۵ مقررہ۔ معینہ ۶ (مذکر) چٹھی۔ خط ۷ حکم۔ فرمان ۸ تنخواہ۔ طلب۔ مشاہرہ (رَسَمَ۔ نشان لگانا) **مرسوم امان** (مذکر) امان یا معافی کی چٹھی معافی نامہ۔ **مرسوم داغِ وفاداری** (صفت) وفادار۔ قابل اعتبار۔ **مرسوم خوار** (صفت) مشاہرہ خوار۔ وظیفہ دار۔

مُرشا (ہ۔ مذکر) رائی۔

مِرشا (س۔ تف) ۱ بیفائدہ فضول لاحاصل ۲ غلطی سے ۳ جھوٹ موٹ۔ دغا بازی سے۔ بے ایمانی سے ۴ (مونث) جھوٹ جسے دھرم کی بیوی سمجھا جاتا ہے (مِرش پروا نہ کرنا)

مرشال (ف۔ مذکر) مارشل۔ سپہ سالار (انگ۔ مارشل کا مفرس)

مُرشَد (ع۔ مذکر) ۱ سیدھا راستہ۔ درست راستہ ۲ پکا ارادہ ۳ اردو میں مرشِد کی جگہ استعمال ہوتا ہے (اَرشَدَ۔ سیدھے راستے پر لگانا) **مُرشِد** (مذکر) ۱ سیدھا راستہ دکھانے والا شخص۔ ہدایت کرنے والا شخص ۲ ہادی۔ پیر ۳ (صفت) استاد۔ چالاک۔ ہوشیار۔ عیار۔ **مرشدِ راہ** (مذکر) صوفیوں کی اصطلاح۔ جو ہدایت کے رستے پر لگائے۔ **مرشد زادہ** (مذکر) ۱ پیر کا بیٹا ۲ بادشاہ کا رشتہ دار۔ **مرشد کلاں** (صفت) نہایت چالاک

(عف) **مرشدی** (مونث) ۱ راہ راست دکھانا ۲ مذہبی امورات کی تعلیم ۳ پیر ہونے کا پیشہ۔ اردو میں عموماً پیری کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

مثل۔ مرشد ایسا چاہئے صقلی گر سا ہو جنم جنم کے مورچے پل میں ڈالے کھو۔ کامل کو پیر بنانا چاہئے۔

مُرَصَّع (ع۔ مفعول) ۱ جڑا ہوا۔ سجا ہوا (جواہرات سے) ۲ آراستہ۔ سونا لگا ہوا ۳ وہ (نثر یا نظم) جس میں ہر لفظ کے مقابل میں دوسرا لفظ اسی وزن یا قافیہ کا آیا ہو ۴ خوش بیانی سے آراستہ (رَصَع۔ جڑنا) **مرصع رقم** (صفت) ۱ نہایت خوبصورت لکھنے والا۔ خوشنویس کاتب کی تعریف ۲ (مذکر) نو طرز مرصع کے مصنف کا نام۔ **مرصع زبان** (صفت) شیریں گفتار **مرصع ساز یا کار** (مذکر) دیوار میں نگینے یا جواہرات جڑنے والا۔ جڑیا۔ **مرصع سازی یا کاری** (مونث) جڑنے کا کام۔ جڑائی۔ **مرصع نگار** (صفت) دیکھو مرصع رقم ۱۔

مَرَض (ع۔ مذکر) ۱ بیماری۔ آزار علالت۔ روگ۔ دکھ ۲ عادت۔ لت (مَرِض۔ بیمار ہونا) **مرضا۔ مرضیٰ** (مذکر) مریض کی جمع۔ **مرضِ اشد** (مذکر) بہت سخت بیماری۔ **مرضِ اصلی۔ جبلی یا ذاتی** (طب) وہ مرض جو خود پیدا ہو اور کسی دوسرے مرض کے تابع نہ ہو۔ **مرضِ الموت** (مذکر) وہ مرض جس سے آدمی مر جائے۔ **مرض اٹھ کھڑا ہونا** (لازم) مرض پیدا ہونا۔ **مرض بڑھنا** (لازم) بیماری کا زیادہ ہونا۔ **مرض بگڑنا** (متعدی) بیماری کا بڑھ جانا۔ مریض کی حالت خراب ہو جانا **مرضِ حاد** (مذکر) شدید مرض۔ خطرناک مرض۔ تیز مرض وہ مرض جو تھوڑی مدت میں ختم ہو جائے۔ بلحاظ اختلاف مدت اس کے کئی درجے ہیں **حادّ المزمنات** (مذکر) وہ مرض جو ستائیس سے چالیس روز تک رہے **حادّ جدًّا** (مذکر) وہ مرض جو سات سے گیارہ دن تک رہے۔ **حادّ فی الغایت** (مذکر) وہ مرض جو چار سے سات دن تک رہے۔ **حادّ فی الغایت القصویٰ** (مذکر) وہ مرض جو ایک سے چار دن تک رہے۔ **حادّ مزمن** (مذکر) وہ مرض جو چالیس روز سے زیادہ رہے۔ **حادّ مطلق** (مذکر) وہ مرض جو چودہ سے ستائیس دن تک رہے **مرض خانہ** (مذکر) بیماری کا گھر۔ بیماروں کے رہنے کا مکان۔ **مرض دفع کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بیماری میں تخفیف ہونا۔ بیماری سے آرام یا صحت ہونا۔ **مرض عارض (لاحق) ہونا** (لازم) بیماری پیچھے لگ جانا۔ **مرض کا طوطا پالنا** (متعدی) بکھیڑے میں پڑنا۔ عموماً اس کے اور نفی کے ساتھ۔ **مرض کی دوا ہونا** (لازم) کسی کام کا ہونا۔ عموماً کس کے ساتھ **مرضِ لاحقہ** (مذکر) موجودہ بیماری۔ مرض جو عارضی ہو۔ **مرض لادوا** (مذکر) وہ مرض جس کا کوئی علاج نہ ہو۔ مجازاً عشق کو بھی کہتے ہیں۔ **مرضِ متعدی** (مذکر) وہ بیماری جو ایک سے دوسرے کو لگ جائے۔ **مرضِ مقامی** (طب) وہ مرض جو کسی خاص مقام سے مخصوص ہو۔ **مرض موروثی** (طب) وہ مرض جس کا اثر ماں باپ سے پہنچے **مرضِ مہلک** (مذکر) وہ بیماری جس میں جان کا خطرہ ہو **مرض میں تخفیف ہونا** (لازم) بیماری سے افاقہ یا آرام ہونا۔

مُرْضِع (ع۔ مذکر) چوچی۔ پستان (اَرضَع۔ دودھ پلانا)

مُرْضِعہ (ع۔ مونث) بچے کو دودھ پلانے والی عورت (اَرضَع۔ دودھ پلانا)

مَرضی (ع۔ مفعول) ۱ جو خوشگوار یا پسندیدہ ہو ۲ خوشگوار۔ پسندیدہ ۳ جس چیز کے کرنے میں خوشی حاصل ہو ۴ (مونث) رضا۔ خوشی رضامندی۔ پسندیدگی۔ قبولیت ۵ اجازت ۶ مرضی خواہش۔ امید ۷ پسند مزاج (رَضُوَ یا رَضِیَ۔ خوش ہونا) **مرضیات** (مونث) مرضی کی جمع۔ پسندیدہ چیزیں **مرضی پٹنا** (ہ۔ لازم) اتفاق رائے ہونا۔ میزان پٹنا۔ **مرضی رب یا مولیٰ** (مونث) خدا کی مرضی۔ مشیت ایزدی۔ **مرضی سے** (تف) ارادتاً عموماً اپنی کے ساتھ۔ **مرضی کے موافق** (تف) حسب اطمینان۔ خاطر خواہ۔ **مرضی ملنا** (لازم) اتفاق رائے ہونا۔ دل ملنا۔ باہم رضامند ہونا۔ **مرضی ملے کا سودا ہے۔** رضامندی کا معاملہ ہے۔ رضامندی پر موقوف ہے۔ **مرضی میں آنا** (لازم) رائے میں آنا۔ رائے کے موافق آنا۔

مقولہ۔ مرضی مولیٰ از ہمہ (سب سے) اولیٰ۔ مالک کی رائے سب سے بہتر ہے۔ خدا جو چاہے سو کرے۔

مَرْطُوب (ع۔ مفعول) بھیگا ہوا تر۔ گیلا۔ نم۔ رطوبت دار۔ سیلا ہوا (رَطُبَ۔ گیلا ہونا)

مَرْعُوب (ع۔ مفعول) رعب میں آیا ہوا۔ ڈرا ہوا (رُعِبَ۔ ڈر سے کانپنا)

مَرعی (ع۔ صفت) ۱ رعایت کیا گیا۔ لحاظ کیا گیا ۲ عاید کیا گیا ۳ حکومت کیا گیا۔ (رَعیٰ۔ رعایت کرنا۔ حکومت کرنا)

مُرغ (ف۔ مذکر) ۱ پرند۔ طائر۔ اڑنے والا جانور ۲ مرغا۔ خروس (ان معنوں میں فارسی میں نہیں بولا جاتا) (س مرگ۔ اونچا اڑنیوالا پرندہ) **مرغا** (مذکر) ۱ خروس۔ مرغی کا نر ۲ تحقیراً انسان۔ **مرغ آب** (مذکر) پانی کا پرندہ۔ آبی پرندہ۔ **مرغ آتشبار یا آتش زن** (مذکر) ایک قسم کی آتش بازی۔ **مرغ آتش خوار** (مذکر) کبک۔ چکور۔ **مرغ آتش سوار** (مذکر) وہ مرغ جسے آگ پر کباب کیا جا رہا ہو۔ **مرغ آمین** (مذکر) ایک فرشتہ جو ہوا میں اڑتا رہتا ہے اور آمین کہتا رہتا ہے جس شخص کی آمین اس کی آواز کے ساتھ مل جائے اس کی دعا قبول ہوتی ہے۔ **مرغاب** (مذکر) ایک دریا جسے مرو رود بھی کہتے ہیں۔ **مرغابی** (مونث) ۱ ایک آبی پرندہ جس کا اکثر شکار کیا جاتا ہے۔ یہ قد میں مرغی کے برابر ہوتا ہے ۲ ایک پودہ۔ **مرغابی کا شکار** (مذکر) وہ شکار جس میں صرف مرغابیاں ماری جائیں۔ مرغابیاں ہندوستان میں برسات کے بعد اور موسم سرما کے شروع میں آتی ہیں۔ اور سردیوں میں ان کا شکار کھیلتے ہیں۔ **مرغان** (مذکر) مرغ کی جمع۔ پرندے۔ طائران۔ **مرغانِ اولی (اَجنحہ) الاَجنحہ** (مذکر) ۱ اڑنے والے پرندے ۲ فرشتے **مرغانِ سدرہ یا عرشی** (مذکر) فرشتے۔ **مرغانِ چمن** (مذکر) ۱ باغ کے پرند ۲ بلبل۔ **مرغ انداز** (مذکر) ۱ [illegible] جس کو مرغ کی طرح بغیر چبائے نگل جائیں۔ **مرغ باز** (صفت) مرغ لڑانے والا۔ **مرغ بازی** (مونث) مرغ لڑانا۔ **مرغ باغ** (مذکر) بلبل۔ **مرغ**

یامر (مذکر) ۱ بلبل ۲ فاختہ ۔ قمری ۔ مرغِ بسم اللہ
(مذکر) مرغ کی تصویر جس میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
اس طرح لکھا جائے کہ تصویر بن جائے ۔ مرغِ چمن
(مذکر) ۱ جنگلی پرند ۲ بلبل ۔ مرغِ چمن زاد (مذکر)
وہ پرند جو باغ میں پیدا ہوا ہو ۔ مرغِ حق گو
(مذکر) ایک پرند جو الٹا لٹک کر رات بھر حق حق کہتا
رہتا ہے ۔ یہاں تک کہ خون اس کے منہ سے نکلنے
لگ جاتا ہے ۔ مرغِ خانگی (مذکر) مرغا مرغی ۔
مرغِ خوش الحان (مذکر) وہ پرند جس کی آواز
سریلی ہو ۔ مرغِ خوش خواں (مذکر) بلبل
مرغِ خیال (مذکر) خیال کا مرغ سے استعارہ
کرتے ہیں ۔ مرغِ دست آموز (مذکر) وہ پرند
جو ہاتھ پر بیٹھنا سیکھ جائے ۔ مرغِ دل (مذکر)
دل کا مرغ سے استعارہ کرتے ہیں ۔ مرغِ دیبا
(مذکر) ریشم کے دھاگے سے کپڑے پر بنایا ہوا مرغ ۔
مرغِ رنگین تاج (مذکر) ۱ مرغا ۲ ایک قسم کا
جنگلی مرغ ۔ مرغِ روز (مذکر) سورج ۔ مرغِ
زر (مذکر) ۱ سورج ۲ سونے کا پیالہ جس کی شکل
مرغ کی ہو ۔ مرغِ زریں بال (مذکر) ۱ ایک
قسم کا خوبصورت پرندہ ۲ سورج ۔ مرغِ زریں
بن بیٹھنا یا بننا (لازم) خوب زرق برق کی پوشاک
پہنے ہونا ۔ نہایت آراستہ پیراستہ ہو کر بیٹھنا ۔ مرغ
زند خواں (مذکر) بلبل ۔ مرغِ زیرک ساز
(مذکر) ایک سیاہ رنگ کا خوش الحان پرند ۔ مرغِ
سبزوار (مذکر) ایک قسم کی مرغی جس کے حلق کے
نیچے سرخ رنگ گوشت ہوتا ہے اور پر مختلف
رنگ کے ہوتے ہیں ۔ اس کے انڈوں کو سخت ہونے
کی وجہ سے بیضہ بازی کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔
مرغِ سحر (مذکر) ۱ مرغا ۲ بلبل ۳ فاختہ ۴ وہ بارسا
شخص جو بہت صبح اٹھے ۔ مرغِ سحر خواں
(مذکر) دیکھو آخری تینوں ۔ مرغِ سدرہ (مذکر)
حضرت جبرائیل ۔ مرغِ سلیمان (مذکر) ہدہد
کیونکہ یہ ملکہ بلقیس کی خبر حضرت سلیمان کے پاس
لایا تھا ۔ مرغِ شانہ سر (مذکر) ہدہد ۔ مرغِ
شب آویز (مذکر) دیکھو مرغِ حق گو ۔ مرغِ
شب آہنگ یا شب خیز (مذکر) بلبل ۔
مرغِ شب خواں (مذکر) ۱ بلبل ۲ مرغا ۔
مرغِ شب و روز (مذکر) سورج اور چاند ۔
مرغِ صبح (مذکر) دیکھو مرغِ سحر ۔ مرغِ صبح
خواں (مذکر) ۱ بلبل ۲ خروس ۔ مرغِ طرب
(مذکر) ۱ بلبل ۲ گویا ۔ مغنی ۳ خط لیجانے والا کبوتر ۔
مرغِ عیسےٰ (مذکر) وہ پرند جسے مٹی کا بنا کر حضرت
عیسےٰ نے اس میں دم پھونکا تھا ۔ مرغِ فلک
(مذکر) فرشتہ ۔ مرغِ قبلہ نما (مذکر) وہ مرغ جو
قبلہ نما کے اندر قبلہ کی سمت ظاہر کرنے کو لگایا جاتا ہے ۔
طائر قبلہ نما ۔ مرغِ قناری (مذکر) ایک خوش الحان
پرند جو جزیرہ قناری میں پایا جاتا ہے ۔ مرغِ
کاغذی (مذکر) پتنگ ۔ کنکوا ۔ مرغِ گوشت
ربا (مذکر) چیل ۔ مرغِ لب (مذکر) لفظ جو
منہ سے نکلے ۔ مرغ لڑانا (متعدی) دو شخصوں کا
اپنے اپنے مرغ لڑانا ۔ یہ ایک قسم کا کھیل جس پر شرطیں
بدی جاتی ہیں ۔ مرغِ مجنوں (مذکر) وہ پرند جس نے
مجنوں کے سر پر گھونسلا بنایا تھا ۔ مرغِ مسیحا (مذکر)
دیکھو مرغِ عیسےٰ ۔ مرغِ مصلی (مذکر) وہ شخص جو
ظاہر میں پرہیزگار اور نمازی ہو اور باطن میں مکار
مرغِ مطرب (مذکر) ۱ بلبل ۲ گویا ۔ مرغِ مگس
(مذکر) ایک پرندہ جس کے اڑنے کے وقت مکھی کی
طرح بھنبھناہٹ کی آواز آتی ہے ۔ مرغِ نامہ
(بر) (مذکر) وہ کبوتر جس کے گلے میں چٹھی باندھ کر
بھیجیں ۔ مرغِ نامہ آور (مذکر) ۱ ہدہد ۲ دیکھو
آخری ۳ قاصد ۔ پیک ۔ مرغِ نوگرفتار (مذکر)
وہ طائر جو نیا پکڑا گیا ہو ۔ مرغوں (مذکر) مرغا کی
جمع حروف مغیرہ سے پہلے ۔ مرغِ ہمایوں فال
(مذکر) ہما ۔ مرغی (مونث) مرغے کی مادہ ۔ مرغے
(مذکر) ۱ مرغا کی جمع ۲ بجائے مرغا حروف مغیرہ سے
پہلے ۔ مرغیاں (مونث) جمع مرغی کی ۔ مرغیاں
پالنا (مذکر) مرغیاں گھر میں رکھنا ۔ مرغی بٹھانا
(متعدی) مرغی کو انڈوں پر بٹھانا ۔ مرغی پکانا
(متعدی) پکنا (لازم) مرغی کا گوشت پکایا جانا ۔
مرغی حلال یا ذبح کرنا (متعدی) ہونا (لازم)
مرغی کا مسلمانوں کے طریقے پر چھری سے مارا جانا ۔ مرغی
کا (صفت) مرغی کا جنا ۔ بطور گالی استعمال ہوتا
ہے ۔ مرغی کا گو (مذکر) ناکارہ یا نکمی چیز ۔ مرغی
کھانا (متعدی) مرغی کا گوشت کھانا ۔ مرغی مچھر
(مذکر) مذاقاً مرغیاں لانے والا ۔ مرغیوں کا سوداگر
مرغی والا (صفت) ۱ مرغی بیچنے والا ۲ دیکھو
مرغی کا ۔ مرغیوں (مذکر) مرغی کی جمع حروف
مغیرہ سے پہلے ۔

امثال و اقوال ۔ مرغا بانگ
نہ دے گا تو کیا صبح نہ ہو گی ۔ مرغا نہ ہو گا
تو کیا اذان نہ ہو گی ۔ کوئی بات کسی کی ذات پر
منحصر نہیں ۔ دنیا میں ہر کام ہو ہی جاتا ہے ۔ مرغا
پشم بھیڑ ہضم ۔ جو بڑی چیز اڑا لیتا ہے ۔ اس
کے سامنے چھوٹی چیز کا کیا ہے ۔ مرغا ہضم بکری
پر دم ۔ چھوٹی چیز لے کر بڑی پر نظر ہے ۔ لالچی آدمی
کے متعلق کہتے ہیں ۔ مرغ (مرغے) کی ایک
ہی ٹانگ ۔ وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی اپنی
غلط بات پر اڑا رہے ۔ ایک خانساماں مرغ کی
ایک ٹانگ آپ کھا گیا ۔ مالک نے کھانے کے وقت
پوچھا تو کہا کہ اصیل مرغ کی ایک ہی ٹانگ ہوتی ہے
ایک دن دونوں جا رہے تھے ۔ تو ایک جگہ ایک
مرغا ایک ہی ٹانگ پر کھڑا تھا ۔ خانساماں نے
مالک کو دکھایا ۔ اس نے ہش ہش کیا تو مرغ نے
دوسری ٹانگ بھی نکالدی ۔ اس پر خانساماں نے کہا
کہ حضور اگر دسترخوان پر بھی اسی طرح کرتے تو مرغا
دوسری ٹانگ نکالدیتا ۔ مرغ سر بریدہ بانگ
نمی دہد ۔ سر کٹا مرغ بانگ نہیں دیتا ۔ دشمن کو
قتل کرنا ہی بہتر ہے ۔ مرغوں کے خواب
میں دانہ ہی دانہ ۔ انسان ہر وقت اپنے
مطلب ہی کی باتیں سوچتا ہے ۔ مرغوں کی
سی لڑائی ہے ۔ بے لاگ ہے کوئی مطلب
نہیں ۔ مرغی اپنی جان سے گئی کھانیوالے
کو سواد (مزا) نہ آیا ۔ ایک آدمی تو دوسرے
کے لئے کوشش کرتا مر گیا ۔ اس نے قدر نہ کی مرغی
کو تکلے کا گھاؤ بس (بہت ۔ کافی)
ہے ۔ غریب کو تھوڑا نقصان ہی بہت ہے ۔
کمزور کو معمولی صدمہ بھی بہت ہے ۔ مرغی کی
اذان (بانگ) کون سنتا ہے ۔ مرغی
کی بانگ کا کیا اعتبار ۔ مرغی کی بانگ
کو کون صحیح کہتا ہے ۔ عورت کی بات کا
کوئی اعتبار نہیں ۔ اگر مرغی کی بجائے مرغے کہا جائے
تو بکواسی کی ڈینگ کا کیا اعتبار ۔ مرغی کی بانگ
روا نہیں ۔ عورتوں کی مردوں میں قدر نہیں ۔
مرغی کے خواب میں دانہ ہی دانہ ۔ دیکھو
مرغوں کے الخ ۔

مَرغَز (ف ۔ مذکر) ایک شہر ۔ بعض
مرو کو بھی کہتے ہیں ۔ مرغزی (مذکر) مرغز یا مرو کا باشندہ

مَرغزار (ف - مذکر) سبزہ زار - چراگاہ - وہ جگہ جہاں کثرت سے دوب گھاس ہو (ع مَرغ - دوب)

مُرَغَّن (اردو - صفت) فارسی روغن سے مفعول کا صیغہ بنایا گیا ہے - وہ جس میں بہت ساگھی پڑا ہو -

مَرغُوب (ع - مفعول) ۱ پسندیدہ - دلپسند - من بھاتا - جس سے رغبت ہو ۲ دلکش - دلربا - پیارا - عزیز ۳ خوبصورت - سہانا ۴ مزیدار - لذیذ (رَغَبَ - خواہش کرنا) **مرغوب آنا** (لازم) پسند آنا - رغبت ہونا - مرغوب ہونا **مرغوبات** (مذکر) مرغوب چیزیں - **مرغوب الطبع** (صفت) جو دل کو بھائے ۲ دل پسند -

مَرغُول - مَرغُولَہ (ف - صفت) ۱ بل کھائے ہوئے - پیچیدہ ۲ ٹیڑھا - مڑا ہوا - خمدار ۳ گھونگریالہ ۴ (مذکر) ڈنڈی دار یا کنگرے دار طرّہ ۵ گول یا مدوّر تحریر ۶ پیچیدہ آواز - گٹکری -

مَرغولنا (ھ - لازم) ۱ گانا - چہچہانا ۲ پرندوں کی طرح بولنا (دکنی)

مَرغیاں (ف - مذکر) زردک کے پیرو -

مرفا (ف - مذکر) ایک قسم کا تاشہ یا ڈھول -

مِرفَق (ع - مذکر) ۱ وہ چیز جس سے کوئی فائدہ اٹھائے ۲ فائدہ - نفع ۳ تعلق - متعلقات ۴ آرام - آسائش - تکیہ ۵ کہنی (رَفَق - اچھی طرح سے کرنا) **مرفق** (مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں کوئی کہنی رکھ کر جھکے ۲ پرنالہ -

مَرفُوع (ع - مفعول) ۱ بلند کیا گیا اٹھایا گیا ۲ وہ جس پر پیش دیا گیا ہو (حرف) وہ جس کے راویوں کا سلسلہ پیغمبر صلعم تک پہنچے (حدیث) (رَفَعَ - اٹھانا) **مرفوع القلم** (صفت) وہ شخص جس کا جرم قابل بازپرس نہ ہو - جیسے دیوانہ - تعزیرات ہند میں ایسے مفصلہ ذیل اشخاص ہیں ۱ سات برس سے کم عمر کا بچہ ۲ سات سے بارہ برس کا بچہ جس کے قوٰے ابھی پختگی پر نہ پہنچے ہوں ۳ دیوانہ -

مُرَفَّہ (ع - مفعول) آسودہ - خوشحال - خوش معاش - کھاتا پیتا - دال روٹی سے خوش (رَفُہ - خوشحال ہونا) **مرفہ البال یا الخاطر** (صفت) فارغ - خوش دل - **مرفہ احوال - مرفہ الحال یا مرفہ حال** (صفت) ۱ خوشحال - آسودہ ۲ امیر - دولتمند -

مَرقَب (ع - مذکر) ۱ اونچا مینار جہاں سے دشمن کی دیکھ بھال ہو سکے ۲ کئی قلعوں کا نام (رَقَبَ - دیکھنا)

مَرقَد (ع - مونث) ۱ سونے کی جگہ ۲ مجازاً قبر - تربت (رَقَدَ - سونا)

مُرَقَّع (ع - مفعول) ۱ مرمت شدہ - جس میں پیوند لگے ہوں ۲ جس نے چیتھڑے پہنے ہوں ۳ لاجواب جیسے مرقع نسخہ ۴ تصویروں کی کتاب البم ۵ مجازاً تصویر - فوٹو ۶ قطعات رکھنے کی کتاب - ۷ فقیروں کی گدڑی (رَقَعَ - پیوند لگانا) **مرقع** (فاعل) پیوند لگانے والا - **مرقع اتروانا** (متعدی) تصویر کھنچوانا - **مرقع الٹ جانا یا برہم ہونا** (لازم) عالم تہ و بالا ہونا - **مرقع بنجانا** (لازم) حیران ہو جانا - متحیر ہو جانا - **مرقع درہم برہم ہونا** (لازم) دوستوں یا ہمنشینوں کا تتر بتر ہو جانا - ہجوم کا منتشر ہو جانا **مرقع کھینچنا** (متعدی) تصویر کھینچنا - **مرقع دہر** (مذکر) زمانے کا مرقع یعنی دنیا کی شکلیں -

مَرقُوم (ع - مفعول) لکھا ہوا - لکھا گیا (رَقَمَ - لکھنا - نشان لگانا) **مرقوم الحاشیہ** (صفت) حاشیہ پر لکھا ہوا - **مرقوم الذیل** (صفت) نیچے لکھا ہوا - **مرقوم کرنا** (متعدی) لکھنا - **مرقومہ** (صفت) لکھا ہوا - تحریر شدہ - **مرقومہ بالا** (صفت) اوپر لکھا ہوا - **مرقوم ہونا** (لازم) لکھا ہونا -

مَرَک (س - مذکر) ۱ وبا - طاعون ۲ مری ۳ ایک قوم -

مَرَک (س - مذکر) ۱ ہوا جو بدن میں ہوتی ہے ۲ بدن ۳ بندر ۴ بھتنا ۵ گرہن ۶ اسروں کا پروہت جو شکر کا بیٹا ہے ۷ ایک اسر جو بیماریاں لاتا ہے ۸ ایک بکنس -

مُرکانا (ہ - متعدی) ۱ مروڑنا - بل دینا - موڑنا ۲ (ھ - لازم) دیکھو مُرکنا (س مَد - باندھنا)

مَرکَب (ع - مذکر) ۱ کوئی سواری کی چیز - سواری ۲ کوئی جانور یا کشتی جس پر سوار ہوں (رَکِبَ - سوار ہونا) **مرکب تازی** (مذکر) عربی گھوڑا - **مرکب چوبیں** (مذکر) تابوت -

مُرَکَّب (ع - مفعول) ۱ اکٹھا کیا گیا - ترکیب دیا گیا - کئی چیزوں کو ملا کر بنایا ہوا ۲ مخلوط - آمیختہ ۳ ملا ہوا ۴ (مذکر) کئی چیزوں سے مل کر بنی ہوئی چیز یا دوا ۵ فقرہ جس میں کئی مفرد فقرے ہوں ۶ سیاہی - روشنائی (رَکَّبَ - ملانا) **مرکبات** (مذکر) جمع مرکب کی - **مرکب کرنا** (متعدی) کئی چیزوں کو ملا دینا -

مَرکَت (س - مذکر) زمرد -

مَرکَٹ (س - مذکر) **مَرکَٹ** (ھ) ۱ بندر - لنگور ۲ مکڑی ۳ بڑا بگلا ۴ ایک قسم کا زہر - **مرکٹی** (مونث) ۱ بندریا ۲ (مذکر) چھوٹا بندر -

مَرکَچا (ھ - مذکر) وہ جگہ جہاں مکان کی ڈھلوان چھت کے کونے ملیں -

مَرکَرا (ھ - مونث) ۱ غار - گڑھا ۲ برتن - ہنڈیا ۳ بانجھ عورت -

مَرکَس (س - مذکر) بے مزا شراب -

مَرکَز (ع - مذکر) ۱ ایک مقررہ جگہ یا مقام ۲ دائرے کے اندر وہ نقطہ جس سے اس کے محیط تک تمام خطوط راست برابر ہوں ۳ مقام ٹھہرنے کی جگہ - کیمپ ۴ صدر مقام - دارالخلافہ ۵ کسی چیز کا درمیانی حصہ - وسط - قلب ۶ دھری - کیلی - مدار - وہ شے جس کے گرد کوئی چیز گھومے ۷ کسی چیز کے کھڑا کرنے کی جگہ (رَکَزَ - گاڑنا) **مرکز ثقل** (مذکر) کسی جسم کا وہ نقطہ جس پر اس کے سارے اعضا جب اس کو کسی نوکدار چیز پر سہارا جائے تو تلے رکھیں **مرکز چرخ** (مذکر) زمین - پہلے لوگوں کا خیال تھا کہ تمام عالم کا مرکز زمین ہے **مرکز خورشید** (مذکر) ۱ چوتھا آسمان ۲ دنیا **مرکز خاک** (مذکر) زمین - **مرکز دولت** (مذکر) دارالسلطنت **مرکز زمین** (مذکر) زمین کا وسطی نقطہ - مدار ارضی **مرکز قائم کرنا** (متعدی) کسی نقطے کو دائرے کا مرکز بنانا یا سمجھنا - **مرکزی** (صفت) درمیانی وسطی -

مُرکنا (ہ - لازم) ۱ بل کھانا - مڑنا ۲ ٹوٹنا ۳ موچ آنا ۴ (ھ) مڑ جانا - منہ پھیر لینا ۵ جھینپنا - ترمانا (س مَد - باندھنا)

مرکوز (ع - مفعول) ۱- گڑا ہوا -
محکم کیا ہوا ۲- منظور شدہ - منظور - دلنشین ۳- پوشیدہ
کیا ہوا - چھپا ہوا ۴- دبا ہوا - دفن کیا ہوا ۵- سمجھا ہوا
۶- (مذکر) خواہش - آرزو (رکز - گاڑنا) مرکوزِ
خاطر (صفت) دلنشین - دل میں بیٹھا ہوا -
مرکونا (ھ - متعدی) ۱- اناج پر
پانی چھڑکنا ۲- گیلا کرنا - نم کرنا -
مرکونڈی (ھ - مونث) ۱- بیٹھنے
یا لیٹنے کا ایک طریقہ ۲- اس طرح بیٹھنا کہ سر گھٹنوں ۳-
ہو اور ہاتھ گھٹنوں کے گرد ہوں یا گردن گھٹنوں میں
دے کر سر بہت نیچا کرنا ۳- (تلف) سر گھٹنوں پر
رکھ کر - سر نیچا کر کے - مرکونڈی مارنا (متعدی)
۱- سر گھٹنوں پر رکھ کر بیٹھنا ۲- بستر میں دوہرا
ہو کر لیٹنا ۳- صاحب فراش ہونا -
مرکھنڈا (ھ - مذکر) کوئیں کی
مینڈ -
مرکی (ہ - مونث) ۱- کان کا ایک
زیور - چھوٹی بالی ۲- کان کی لو (مرکنا سے) مرکیاں
(مونث) جمع مرکی کی -
مرگ (ف - مونث) ۱- موت - قضا -
اجل - کال (س مر - مرنا) مرگِ آساں (مونث)
۱- وہ موت جو آسانی سے آجائے یا جس میں فوراً دم
نکل جائے - دل کی حرکت بند ہونے سے ایسا ہوتا
ہے - مرگِ اتفاقی (مونث) وہ موت جو اچانک
کسی حادثے سے واقع ہو - بیماری - خودکشی یا قتل سے
نہ ہو - مرگ پیچ (مذکر) پگڑی کا ایک خاص قسم کا
پیچ جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس پیچ کا باندھنے والا
مرنے پر تیار ہے - مرگِ تازہ (مونث) دیکھو مرگِ
نو - مرگِ جوانانہ (مونث) جوانی کی موت -
مرگِ مفاجات - ناگہاں یا ناگہانی (مونث)
ناگہانی موت - بے وقت کی موت - وہ موت جو
اچانک آجائے - مرگِ نو (مونث) نیا حادثہ -
نیا غم - مرگِ نوجوانی (مونث) جوانی کی
موت -

امثال واقوال - مرگ
انبوہ جشنے دارد - عام مصیبت کا رنج نہیں
ہوتا - دوسروں کو بھی اسی مصیبت میں مبتلا
دیکھ کر انسان کا رنج کم ہو جاتا ہے - مرگِ نو
مبارک باد - اس وقت کہتے ہیں جب
کوئی تازہ حادثہ پیش آئے -

مرگ (س - مذکر) ۱- ہرن - آہو
۲- کوئی حیوان ۳- پانچواں نکشترہ ۴- ایک قسم کا ہاتھی
جس پر خاص نشان ہوتے ہیں ۵- تصویر جو چاند میں
نظر آتی ہے ۶- ایک بہت اونچا اڑنے والا پرندہ ۷- ایک
قسم آدمیوں کی جن کا جماع کا طریقہ ہرن سے ملتا ہے
مرگانک (مذکر) ۱- چاند ۲- کافور ۳- ہوا - آندھی
۴- ایک تلوار - مرگ چکر (مذکر) راس چکر یا
منڈل - منطقات البروج - مرگ داو (مذکر)
وہ مقام جہاں گوتم بدھ نے پہلا اپدیش دیا تھا مرگ
ماس (مذکر) ماگھ کا مہینہ - مرگ وتی (مونث) ایک
عورت جس کی اولاد بے بیچے ہیں - مرگی (مونث)
ہرنی - مرگیشور (مذکر) ۱- شیر ۲- برج اسد -
مرگیندر (مذکر) ۱- شیر - شیر ببر ۲- برج اسد -
مرگ (ہ - مذکر) ۱- ہرن - آہو ۲-
(ھ) دیکھو مرگ - مرگ چڑا (مذکر) ۱- ایک
پرندہ جو ہرن کی شکل کا ہوتا ہے ۲- ایک کیڑا جو دریا
کے کناروں میں رہتا ہے - مرگ چھالا (مذکر)
ہرن کا پوست مع بالوں کے - جسے جوگی یا تپسی بچھا کر
کا کام لیتے ہیں یا پوجا کے وقت آسن بناتے ہیں -
مسلمان جانماز بناتے ہیں - مرگ سالا (مذکر)
رضا - ہرنوں کے رہنے کی جگہ - مرگ کی آنکھ
(مونث) بڑی بڑی اور خوبصورت آنکھ - مرگ
مارنا (متعدی) ۱- ہرن کا شکار کھیلنا ۲- ایک
رسم ہے جس میں لڑکا پیدا ہونے کے بعد باپ زچہ
کی چارپائی پر کھڑا ہو کر چھت میں تیر لگاتا ہے -
مرگ نین (مذکر) ۱- بڑی بڑی اور خوبصورت
آنکھ ۲- (صفت) وہ جس کی آنکھیں بہت خوبصورت
ہوں -

اقوال - مرگ بندر تیتر چور
یہ چاروں کھیت کے چور - ہرن بندر
تیتر اور چور کھیتی کو نقصان پہنچاتے ہیں - مرگ
کی سی آنکھیں چیتے کی سی کمر - خوبصورت
عورت کی تعریف میں کہتے ہیں -

مرگانک (ہ - مذکر) کسی دھات
کا کشتہ -
مرگج (ہ - مذکر) ایک جواہر کا نام -
مرگل (ھ - صفت) ۱- دبلی ہوئی
(مچھلی) ۲- (مذکر) تلی ہوئی مچھلی کے ٹکڑے ۳-
گھوئیاں کے مسالے دار تلے ہوئے پتے -
مرگنگ (ھ - مذکر) دریا کا خشک
راستہ -
مرگھٹ (ہ - مذکر) ۱- وہ جگہ
جہاں ہندو مردوں کو جلاتے ہیں - مسان - مردوں کا
گھاٹ ۲- (صفت) منحوس - کمبخت (خفف)
مرگھٹ کا بھتنا (مذکر) مسان کا آسیب -
پریت - سایہ -
مرگی (ہ - مونث) ایک بیماری
جس میں آدمی بیہوش ہو جاتا ہے - اور منہ سے
جھاگ آنے لگتی ہے صرع (س - مرگی) مرگی آنا (لازم)
صرع کے مرض کا دورہ ہونا - مرگیا (مذکر) وہ شخص
جسے مرگی کا دورہ ہو -
مرل (ھ - مذکر و مونث) ایک
قسم کی دریائی مچھلی -
مرلا (ھ - مذکر) ۱- مور ۲- (صفت)
بے دانت - جس کے دانت نہ ہوں - پوپلا -
مرلی (ہ - مونث) بانسری - نے -
الغوزہ (س مرلی) مرلیا (مونث) مرلی کی تصغیر
مرلیا باجنا (لازم) ۱- مرلی بجنا ۲- دست آنا -
دست لگنا ۳- کیفیت معلوم ہونا - مزا ملنا - سزا پانا
مرلی بجانا (متعدی) بانسری بجانا - مرلی بجنا
(لازم) ۱- بانسری بجنا ۲- طوطی بولنا - عیش کے ساتھ
گزرنا ۳- دست آنا - دست لگنا - مرلی دھر
(مذکر) کرشن جی کا لقب - مرلی دھن (مونث)
بانسری کی دلکش اور سریلی آواز - مرلی منوہر
(مذکر) کرشن جی کا لقب -
مرم (س) مرم (ھ - مذ) ۱- بدن
کی کوئی نازک جگہ - نازک عضو ۲- کسی چیز کا اندرونی
حصہ ۳- جوڑ ۴- کوئی چیز جو مخفی رکھی جائے - خفیہ نقص
یا عیب ۵- خفیہ مقصد یا ارادہ - مدعا - راز - بھید
۶- باطن - دل - بھیتر - اندر ۸- دل کی حقیقت -
حقیقت حال ۹- حال - احوال - کیفیت - سر
گزشت - بیتی ۱۰- علم - دانش - گیان - بدھ - بچار
مرم (ھ - مذکر) ۱- وہ چکنی مٹی جو کنکر
سے جھاڑ کر حاصل کرتے ہیں اور چھتوں پر بارش
کے دنوں میں درزیں بھرنے کے واسطے ڈالتے
ہیں - کنکریلی مٹی ۲- بھربھری چٹان ۳- ٹوٹے ہوئے
پتھر - روڑی -

مَرَمّت (ع ۔ مونث) ۱ ٹوٹے پھوٹے مکان کی درستی ۲ ٹوٹی پھوٹی چیز کی درستی ۳ پھٹے پرانے کپڑے کی درستی ۴ اصلاح ۔ درستی ۵ (عف) سزا ۔ گوشمالی ۔ مارپیٹ (کرانا کرنا ہونا کے ساتھ) (رَمّ ۔ درستی کرنا) **مرمت طلب** (صفت) قابل مرمت یا درستی ۔ ٹوٹا پھوٹا ۔ اصلاح طلب ۔ **مرمتی** (صفت) قابل مرمت ۔ مرمت طلب (عف)

مَرمَر (یو ۔ مذکر) ایک قسم کا سفید ۔ زرد ۔ نیلگوں یا سرخ پتھر جو پالش کرنے سے خوب چمکتا ہے (مرمیرو ۔ چمکنا)

مُرمُر (ہ ۔ امر) ۱ مرمرانا کا ۲ مرمرے چبانے کی آواز ۔ **مرمرا** (مذکر) بھنا ہوا چاول ۔ **مرمروں** (مذکر) مرمرا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے ۔ **مرمروں کا تھیلا** (مذکر) ۱ مرمروں کی بوری ۲ موٹا یا فربہ آدمی ۔ تن و توش والا آدمی ۔ **مرمروں کے ستّو** (مذکر) پسے ہوئے مرمرے جنہیں کھانڈ کے ساتھ پانی میں گھول کر مریضوں کو دیتے ہیں ۔ **مرمرے** (مذکر) مرمرا کی جمع ۔ **مرمرے کا گوکھنڑو** (مذکر) ایک قسم کا پتلا اور مڑا ہوا گوٹا ۔

مُرَمَّم (ع ۔ مفعول) ترمیم شدہ ۔ ٹھیک یا درست کیا گیا ۔ اصلاح کیا گیا (رَمّ ۔ مرمت کرنا) **مرممہ** (صفت مونث) مرمم کی ۔

مِرنال (س ۔ مذکر) کنول کی ریشہ دار شاخ ۔ **مرنالنی** ۱ کنولوں کا جھنڈ ۲ وہ جگہ جہاں کنول اگیں ۔ **مرنالی** (مذکر) ۱ کنول ۲ (مونث) کنولوں کا جھنڈ ۳ کنول کا ریشہ ۔

مَرنج ۔ مَرنگ (ف ۔ مذکر) ہندوستان میں ایک قلعہ ۔

مَرَنڈا (ہ ۔ صفت) ۱ سوکھا ہوا ۔ چڑمڑ ۲ دوہرا ۔ تہ کیا ہوا ۳ بندھا ہوا ۴ عاشق ۔ فریفتہ ۵ ایک قسم کے لڈو جو گڑ گھی اور بھنے ہوئے گیہوں سے بنائے جاتے ہیں اور بچوں کے دانت نکلنے پر تقسیم کئے جاتے ہیں ۶ (ھ) پیٹ کا درد ۷ بچہ جو انڈے میں مر جائے ۸ ایک قسم کی جنگلی کڑوی ترکاری ۹ دوہرا کرنا (غالباً مروڑنا سے) **مرنڈا کر ڈالنا یا کرنا** (متعدی) ۱ مروڑنا ۔ توڑ مروڑ کر لڈو سا کر دینا ۔ گٹھڑی بنا دینا ۲ بھون ڈالنا ۔ چرمر کر دینا ۔ سکھا دینا ۳ موہ لینا ۔ فریفتہ کر لینا ۔ عاشق بنا لینا ۴ خوب پیٹنا ۔ **مرنڈا ہونا** (لازم) ۱ چرمر ہونا ۔ بیماری سے کمزور ہونا ۲ سادگی کی پابندی پر قناعت گزیں ہونا ۳ غیر متحرک ہونا ۴ عاشق ہونا ۔ **مرنڈے کی رسم** (مونث) جب بچہ پانچ مہینے کا ہو کر مٹھیاں بند کرنے لگتا ہے تو نانی کے گھر سے مرنڈا آتا ہے اور رشتہ داروں میں تقسیم کیا جاتا ہے ۔

مَروا (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک خوشبودار پودہ ۲ ایک قسم کی خوشبودار گھاس (س مَرُوک) ۔

مُروا (ہ ۔ مذکر) وہ لکڑی جو دیوار پر رکھتے ہیں اور اس پر سے کھپریل ڈالتے ہیں ۔

مُروا (ف ۔ مذکر) فال نیک ۔ خوشی کی پیشین گوئی ۔ **مروائے نیک** (مذکر) ۱ نیک فال ۲ باربد کا بائیسواں سُر ۔

مَروارید (ف ۔ مذکر) موتی ۔ گوہر ۔ دُر ۔ لولو ۔ **مروارید ناسفتہ** (مذکر) ان بندھا موتی ۔ درناسفتہ ۔

مُرُوَّت (ع ۔ مونث) ۱ مردانگی ۔ مردی ۔ مردمی ۔ بہادری ۔ جوانمردی ۲ فیاضی سخاوت ۔ دریا دلی ۳ انسانیت ۔ بھلمنسائی ۔ نیک نہادی ۴ خلق ۔ اخلاق ۵ رعایت ۔ لحاظ ۔ پاس خاطر (مَرُوَ ۔ بہادر ہونا) **مروت برتنا** (متعدی) اخلاق یا انسانیت سے پیش آنا ۔ انسانیت کا برتاؤ کرنا ۔ **مروت توڑنا** (متعدی) رکھائی کرنا ۔ بداخلاقی سے پیش آنا ۔ انسانیت ملحوظ نہ رکھنا ۔ **مروت کرنا** (متعدی) رعایت کرنا ۔ لحاظ کرنا ۔ ملاحظہ کرنا ۔ **مروت والا ۔ مروتی** (صفت) ۱ بااخلاق ۲ ملاحظہ کا ۔ لحاظ کرنے والا ۳ رحم دل ۔ دیانت دار ۔

مَروٹ (ھ ۔ مذکر) ۱ جاگیر جو مقتول ملازمان کے وارثوں کو دی جائے ۲ وہ روئی کی لکیر جو دولہا دولھن کے ماتھے اور ٹھوڑی پر کھینچ دیتے ہیں ۔

مَروَج (ہ ۔ مونث) سہاگ پڑے کی خوشبودار چیزیں جو دولھن کی مانگ میں بھری جاتی ہیں ۔

مُرَوَّج (ع ۔ مفعول) ۱ رائج کیا گیا ۲ جاری ۔ مستعمل ۔ رائج الوقت ۳ رسمی ۔ معمولی (کرنا ہونا کے ساتھ) (رَوج ۔ کسی چیز کو قابل رغبت بنانا ۔ سکہ کو رائج کرنا) **مُرَوِّج** (فاعل) رائج کرنے والا ۔ رواج دینے والا ۔ **مروّجہ** (صفت) دیکھو مروج ۔

مِروَحہ (ع ۔ مذکر) دستی پنکھا (رَوح ۔ ہوا لگنا) **مروحہ جنبانی** (مونث) پنکھا جھلنا (کرنا ہونا کے ساتھ)

مُرُور (ع ۔ مذکر) گزرنا ۔ منقضی ہونا (مَرّ ۔ گزرنا)

مَروڑ (ہ ۔ امر) ۱ مروڑنا کا ۲ (مذکر) پیچ ۔ بل ۔ خم ۳ پیٹ کا بل یا پیچ ۴ پیچش ۵ ہاتھ پاؤں یا گردن کو کج کرنا ۶ اینٹھن ۔ تشنج ۷ توڑ موڑ ۔ موڑ توڑ ۸ قراقر ۔ قرقری ۹ غصہ ۔ تیہا ۱۰ اینٹھ ۔ غرور ۔ تمکنت (س مرو ۔ بھینچنا) **مروڑا** (ماضی) ۱ مروڑنا کی ۲ (مذکر) پیچش ۳ اینٹھن ۴ وہ درد جو پاخانہ آنے کے وقت ہو ۔ **مروڑا اٹھنا** (لازم) پیٹ میں پیچ و تاب ہونا ۔ قراقر ہونا ۔ **مروڑ اٹھنا** (لازم) پیٹ میں پیچش ہونا ۔ **مروڑ باز** (صفت) اکڑباز ۔ اینٹھے خاں ۔ **مروڑ پھلی** (مونث) ایک قسم کی پھلی جو پیچش کی دوائی میں پڑتی ہے ۔ **مروڑ پھینکنا** (متعدی) موڑ توڑ کر پھینک دینا ۔ **مروڑ دینا یا ڈالنا** (متعدی) پھیر دینا ۔ موڑ دینا ۔ کلا دینا ۔ **مروڑ کر پھینک دینا** (متعدی) توڑ موڑ کر یا چرمر کر کے پھینک دینا ۔ **مروڑ کی بات** (مونث) ۱ اینچ پیچ کی بات ۲ اینٹھ کی بات ۔ اکڑپنے کی بات ۳ طعن وطنز کی بات ۔ طعنے مہنے کی بات ۔ **مروڑ لینا** (متعدی) نچوڑنا ۔ مسوسنا ۔ **مروڑ میں رہنا** (لازم) اکڑے رہنا ۔ نخوت کرنا ۔ **مروڑ میں مرا جانا** (لازم) سخت غصے میں ۔ پیچ وتاب کھانا ۔ **مروڑنا** (متعدی) ۱ بل دینا ۔ پھیرنا ۔ موڑنا ۲ اینٹھنا ۔ ہاتھ پاؤں یا گردن کو کج کرنا ۳ دبانا ۔ دبوچنا ۴ نچوڑنا ۔ مسوسنا ۵ روٹیاں کھانا ۔ توڑنا ۶ (کان) اینٹھنا ۔ اینٹھنا ۷ گردن مار ڈالنا ۔ **مروڑی** (مونث) ۱ آٹے یا میل کی بتی جو ہاتھوں کو آپس میں ملنے سے بن جاتی ہے ۲ بل ۔ پیچ ۳ گانٹھ ۴ چوڑی دار یا پیچ دار چیز ۵ گرہ ۔ گلجھٹی ۔ گنجلک ۔ **مروڑے** (مذکر) مروڑا کی جمع ۔ **مروڑے اٹھنا** (لازم) پیچ اٹھنا ۔ پیچش کم ہونا ۔ **مروڑیاں** (مونث) جمع مروڑی کی ۔ **مروڑیاں کھانا** (متعدی) پیچ وتاب کھانا ۔ **مروڑی دے کر دھونا**

(متعدی) بل دے کر دھونا۔ **مروڑی دے کر سینا** (متعدی) موڑ کر سینا۔ بل دے کر سینا۔ **مروڑی دینا** (متعدی) بل دینا۔ مروڑنا۔ **مروڑی کھانا** (متعدی) بل کھانا۔ پیچ کھانا۔ **مروڑے کے درد کھانا** (متعدی) جننے کے وقت کی تکلیف اٹھانا۔

مِروڑ (ہ۔ مذکر) دیکھو مروڑ۔ بیگمات کی زبان پر ہے۔

مَروڑی (ع۔ مونث) محبت۔ شفقت۔ مروہی۔

مُرَوَّق (ع۔ مفعول) صاف کیا ہوا۔ مصفا۔ خالص۔ مقطر (رَوَّق۔ شراب کو صاف کرنا)

مَرول (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو مروڑ ۲ (مذکر) ایک سمندری جانور جسے نکر بھی کہتے ہیں **مرولی** (مذکر) دیکھو آخری۔

مَرونا (ہ۔ لازم) ۱ شان وشوکت سے روانہ ہونا ۲ دورہ کرنا ۳ پھرنا۔ سیر کرنا۔

مَروَہ (ع۔ مذکر) ۱ مکہ معظمہ میں ایک پہاڑی ۲ (ف) ایک خوشبودار گھاس۔

مَروَہ (ہ۔ مونث) ۱ الفت۔ محبت۔ شفقت ۲ مہربانی۔ عنایت۔ کرم ۳ رحم۔ **مروہی** (صفت) ۱ شفیق ۲ مہربان۔ مکرم ۳ رحیم۔ رحم کرنے والا ۴ (مذکر) شفیق یا رحیم شخص۔

مَروی (ع۔ مفعول) روایت کیا گیا۔ بیان کیا گیا (رَوَیٰ۔ بیان کرنا)

مَرَّہ (ع۔ مذکر) ۱ ایک دفعہ۔ ایک بار ۲ (تف) ایک دفعہ (مَرَّ۔ گذرنا)

مَرہا (ہ۔ مذکر) ۱ یتیم۔ جس کے ماں باپ مر گئے ہوں ۲ بیوقوف آدمی ۳ مور ۴ چکر۔ مروڑ ۵ (صفت) شریر۔ بدمعاش۔ نٹ کھٹ ۶ نگوڑا۔ ناٹھا۔ موا۔ نگوڑا ۷ بدمعاش۔ بدچلن ۸ ٹیڑھا۔ خمیدہ ۹ پھرا ہوا۔ مروڑا ہوا ۱۰ بیوقوف۔ احمق۔ **مرہی** (صفت مونث) مروڑی ہوئی۔ پھری ہوئی۔

مَرہٹا۔ مَرہٹہ (ہ۔ مذکر) **مرہٹا** (ہ) ۱ ایک قوم جو مہاراشٹر صوبہ بمبئی میں آباد ہے ۲ اس قوم کا ایک فرد (س مہا۔ بڑا راشٹر قوم × س مہاراشٹرک۔ مہاراشٹر کا) **مرہٹوں** (مذکر) جمع مرہٹا کی حروف مغیرہ سے پہلے۔ **مرہٹوں کی حکومت** (مذکر) مرہٹا قوم کی سلطنت۔ **مرہٹی** (مونث) ۱ مرہٹوں کی زبان ۲ مرہٹوں کی عملداری ۳ مجازاً بدعملی۔ بدانتظامی ۴ ایک قسم کا گیت یا لاؤنی ۵ (صفت) مرہٹوں کے متعلق۔ مرہٹوں کی۔ **مرہٹے** (مذکر) ۱ جمع مرہٹا کی ۲ بجائے مرہٹہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **مرہٹی ساڑی** (مونث) ایک قسم کی ساڑی جس میں پنڈلیاں ننگی رہتی ہیں۔ **مرہٹی کرنا** (ہ) لوٹ مار کرنا۔ **مرہٹی گھس گھس** (مونث) ابتری۔ بدانتظامی۔ سکھا شاہی۔

مَرہَم (ف۔ مونث) ۱ وہ گاڑھی نرم اور چکنی دوا جو زخم پر لگائی جاتی ہے ۲ زخم کا علاج۔ وہ چیز جو تسکین دے ۳ لیپ۔ ضماد۔ پلستر **مرہم پٹی** (مونث) مرہم لگانا اور پٹی باندھنا۔ زخم کا دوا دارو یا علاج (کرنا ہونا کے ساتھ) **مرہم دان** (مذکر) مرہم کی ڈبیا۔ مرہم کا ڈبہ یا بکس۔ **مرہم رکھنا** (متعدی) زخم پر مرہم لگانا۔ **مرہم زنگار** (مذکر) ایک خاص قسم کا مرہم جو سبز رنگ کا ہوتا ہے **مرہم کافور** (مذکر) ایک قسم کا مرہم جس میں کافور ڈالا جاتا ہے۔ **مرہم کی بتی** (مونث) دوا کی بتی جو زخم میں مواد صاف کرنے کے لئے رکھی جاتی ہے۔ **مرہم لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) زخم پر مرہم چپڑا جانا۔ زخم پر لیپ ہونا۔ پھاہے پر مرہم لگا کر زخم پر رکھا جانا۔ **مرہم نہ** (صفت) مرہم لگانے والا۔

مُرہَن (ہ۔ مذکر) تمباکو کا چورا۔ بھک (مُرنا سے)

مَرہُون (ع۔ مفعول) رہن یا گرو رکھا گیا (رَہَن۔ گروی رکھنا) **مرہونِ منت** (مذکر) احسانمند۔ ممنون۔ شکرگذار۔ **مرہونہ** (صفت مونث) گروی رکھی ہوئی۔ رہن کی ہوئی۔

مَرئی (ع۔ مفعول) دیکھی گئی۔ جو چیز دیکھنے میں آئے۔ جس کو دیکھ سکیں (رَأیٰ۔ دیکھنا) **مرئیات** (مذکر) وہ چیزیں جو دیکھی جا سکیں۔

مُرئی (ہ۔ مونث) مُولی (مخفف)

مُری (ع۔ مونث) ۱ گلے سے معدے تک کی نلی ۲ استخوان نرم۔ مرکنی ہڈی (مَرا۔ چکھنا)

مَری (بلوچستان) ایک قوم۔

مِری (ہ۔ مونث) میری کا مخفف۔ **مری جان** (مونث) میری جان کا مخفف۔ جان من۔ عزیز من۔

مِرّی (ہ۔ مونث) میری کا مخفف ۱ جیتا ہوا ۲ سرگروہ۔ میر (کھیلوں میں)

مُرّی (ہ۔ مونث) گرہ۔ پھندا۔ گنجلک۔ گلجھٹی۔ **مری کھل جانا** (لازم) ۱ سوت کی گنجلک کھل جانا ۲ صفائی ہو جانا۔ دل کا پیچ نکل جانا

مَریا (س۔ مونث) نشان۔ حد۔ سرحد۔ **مریاد** (مذکر) منصف امپائر۔

مَریادا (س۔ مونث) ۱ حد۔ سرحد کنارا۔ ڈانڈا۔ سیما ۲ آخیر۔ اختتام۔ انجام ۳ قانونی حد۔ رسومات یا قانون کی پابندی ۴ رسم۔ رواج ۵ حد میں رہنا۔ سلیقہ۔ شائستگی۔ تہذیب۔ انسانیت ۶ دیانتداری۔ ایمانداری۔ سچائی۔ صداقت ۷ عزت سے پیش آنا۔ تعظیم۔ عزت۔ قدر ۸ شہرت نیک نامی ۹ درجہ۔ عہدہ۔ رتبہ۔ مرتبہ ۱۰ عہد۔ پیمان۔ معاہدہ ۱۱ ایک قسم کی انگوٹھی جو بطور گنڈے یا تعویذ کے استعمال کرتے ہیں۔

مَریٹھا (ہ۔ صفت) ۱ مڑا ہوا۔ مروڑا ہوا ۲ لپیٹا ہوا۔ بندھا ہوا۔

مِرِیچ (س۔ مذکر) مرچ سیاہ۔ مرچ۔ مرچ کا پودا۔

مَریچ (س۔ مذکر) **مَریچی** (ہ) ۱ کرن۔ شعاع۔ چاند یا سورج کی کرن ۲ دب اکبر کے سات ستاروں میں سے تیسرا جو سات رشی سمجھے جاتے ہیں

مِرّیخ (ع۔ مذکر) ایک سیارہ منگل۔ جلاد فلک۔ یہ بہت منحوس سمجھا جاتا ہے۔ فاصلے کے لحاظ سے سورج سے چوتھا ہے اور اس سے ۱۴ کروڑ ۱۵ لاکھ میل کے فاصلے پر ہے۔ زمین سے ساڑھے تین کروڑ میل ہے اس کا قطر ۴۲۳۰ میل ہے۔ ۲۴ گھنٹے، ۳ منٹ ۲۲ سیکنڈ میں اپنے محور کے گرد پھرتا ہے۔ اس کا سال ۹۸۶۔۱۶۸۶ دن کا ہوتا ہے۔ اس کی سطح زمین سے ایک چوتھائی ہے اس کے دو بہت چھوٹے چاند ہیں۔ ماہران علم افلاک کا خیال ہے کہ اس میں آبادی ہے (مَرَخ۔ بدن کو تیل لگانا) **مریخ کی نہریں** (مونث) دوربین سے مریخ پر سیدھی لکیریں نظر آتی ہیں۔ بعض ماہرین کا خیال ہے کہ یہ نہریں ہیں لیکن بعض کہتے ہیں کہ یہ سبزی ہے

جو ان نہروں کے کناروں پر اگی ہوئی ہے۔ ان کی چوڑائی بڑھتی اور گھٹتی رہتی ہے۔

مَرِید (ع۔ صفت) ۱ ڈھیٹ ضدی ۲ گستاخ۔ نافرمانبردار۔ باغی ۳ مغرور۔ متکبر (مَرُدَ۔ ملنا)

مُرِید (ع۔ فاعل) ۱ خواہشمند خواہاں۔ مشتاق ۲ ارادہ کرنے یا رکھنے والا ۳ مطیع۔ فرمانبردار ۴ پیرو۔ معتقد ۵ (مذکر) دینی شاگرد۔ چیلا۔ بالکا۔ سیوک (کرنا ہونا کے ساتھ) (اَرَوَدَ۔ خواہش کرنا) **مُریدی** (مونث) ۱ پیروی ۲ شاگردی ۳ مرید ہونا۔

مُریرا (ھ۔ صفت) بیوقوف۔ احمق۔ کوڑمغز۔

مَرِیض (ع۔ صفت) بیمار۔ روگی۔ علیل (مرض۔ بیمار ہونا) **مَرِیضَہ** (صفت مونث) بیمار (عورت)

مَرِیَل (ہ۔ صفت) ۱ دبلا۔ پتلا۔ لاغر ۲ کمزور۔ ناتوان۔ ضعیف ۳ افسردہ ۴ سست رفتار (س۔ مر۔ مرنا) **مَرِیَل ٹٹو** (ہ صفت) ۱ نہایت سست ۲ (مذکر) دبلا پتلا چھوٹا گھوڑا۔

مَرِیلا (ھ۔ مذکر) مور۔ مور کا بچہ۔

مَریَم ۱ (ا) حضرت عیسیٰ کی والدہ ماجدہ تھیں۔ اور یوسف سے ان کی شادی ہوئی تھی بموجب انجیل ان کے اور بھی بچے تھے اور یہ حضرت عیسیٰ کے صلیب پر چڑھائے جانے کے وقت موجود تھیں۔ ان کی وفات کا ذکر کہیں نہیں آیا ۲ (۔ ۶۳۸) بنت شمعون پیغمبر صلعم کی ایک زوجہ مطہرہ۔ مقوقس شاہ سکندریہ نے بطور ہدیہ انہیں آپ کی خدمت میں بھیجا تھا۔ آپ امہات المومنین میں داخل ہوگئیں آپ قبطی تھیں۔ آپ سے ایک فرزند ابراہیم پیدا ہوئے تھے جو بچپن میں ہی انتقال فرماگئے۔

مَرِینَہ (ہسپانوی۔ مذکر) ایک قسم کا اونی کپڑا جو مرینو بھیڑ کی اون سے بنایا جاتا ہے (اصل مرینو)

مُڑ (ہ۔ امر) مڑنا کا (س مرد بھینچنا) **مُڑا** (ماضی) ۱ مڑنا کی ۲ (صفت) مڑا ہوا۔ پھرا ہوا۔ **مڑ آنا** (لازم) لوٹ آنا۔ واپس آجانا۔ الٹا چلا آنا۔ **مڑ جانا** (لازم) ۱ واپس ہوجانا۔ پھر جانا ۲ خمیدہ۔ تاب کھانا۔ **مڑ کر نہ دیکھنا** (متعدی) توجہ نہ دینا۔ **مڑ کے کروٹ نہ لینا** (متعدی) کچھ خبر نہ لینا۔ **مڑ مڑ کر دیکھنا** (متعدی) ۱ پھر پھر کر دیکھنا۔ منہ پھیر کر دیکھنا ۲ کسی کا جاتے ہوئے اپنے عزیزوں کو بار بار دیکھنا۔ جدائی کا افسوس ظاہر کرنا۔ **مڑنا** (لازم) ۱ بل کھانا۔ خمیدہ ہونا ۲ واپس ہونا۔ لوٹنا۔ پھرنا ۳ دوسری طرف متوجہ ہونا ۴ پیچھے پھر کر دیکھنا ۵ دھار کر پھر جانا یا خمید ہونا ۶ چیچک۔ خسرہ وغیرہ کا مرجھانا **مڑوانا** (مم) ۱ واپس کروانا۔ الٹا پھروانا ۲ بل دلوانا خمید کرانا ۳ لوٹانا۔ **مڑی ڈنڈی** (مونث) وہ ڈنڈی جو کناروں سے مڑی ہوئی ہو۔

مُڑار (ھ۔ مونث) پرانے کوئیں کا گڑھا۔

مُڑاسا (ھ۔ مذکر) دیکھو منڈاسا۔

مُڑک (ہ۔ امر) مڑکنا کا ۱ (مونث) بل۔ کجی۔ ٹیڑھ ۲ اینٹھ۔ اکڑ ۳ سازباز۔ توڑ جوڑ۔ چال۔ تدبیر۔ حکمت عملی ۴ کلیہ قاعدہ۔ گر (مُرَک سے) **مڑکنا** (لازم) ۱ چٹخنا۔ ٹوٹنا۔ چٹ چٹ ٹوٹنا ۲ ہاتھ یا پاؤں کا کج ہونا ۳ کپڑے کا چٹخ جانا۔

مُڑلا (ھ۔ صفت) منڈا ہوا۔

مَڑوا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی مچھلی۔

مَڑوا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا اناج راگی۔

مَڑوانا (ھ۔ مذکر) شادیوں پر ایک محصول۔

مَڑور (ہ۔ امر) دیکھو مروڑ۔

مَڑھ (ہ۔ امر) مڑھنا کا (س مرش چھڑکنا) **مڑھا** (ماضی) ۱ مڑھنا کی ۲ (صفت) ڈھنپا ہوا۔ چڑھا ہوا۔ **مڑھن** (ھ) پوشش۔ کھال جو چڑھائی جائے۔ **مڑھنا** (متعدی) کھال چڑھانا۔ پوشش کرنا۔ منڈنا ۲ زبردستی کسی کے حوالے کرنا عموماً سر کے ساتھ۔ **مڑھوانا** (مم) پوشش کرانا۔ کھال چڑھانا۔

مَڑھی (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹی جھونپڑی جوگی کی جھونپڑی ۲ چھوٹا مندر۔ صومعہ۔ معبد (س مٹھ) **مڑھیا** (مونث) دیکھو مڑھی۔

مَڑھیانا (ھ۔ لازم) ۱ مڑنا ۲ پیچ تاب کھانا۔

مَڑی (ھ۔ مونث) ۱ کنارہ۔ حد ۲ ساحل ۳ تقسیم ۴ چھوٹا کھیت جس میں کاشت ہو ۵ باغ کا تختہ۔

مُڑیا (ھ۔ مذکر) ۱ سرمنڈا آدمی ۲ گنجا آدمی ۳ دیوناگری رسم الخط اگر بغیر اوپر کی لکیر کے لکھا جائے ۴ بیراگیوں یا گسائیوں کو مقارتاً کہتے ہیں کیونکہ وہ سر منڈاتے ہیں۔

مَڑیانا (ھ۔ متعدی) چپکانا۔ لگانا۔

مَزا (ف۔ مذکر) دیکھو مزہ۔

مِزاج (ع۔ مذکر) ۱ لفظی معنی کوئی ملی ہوئی چیز ۲ طبیعت۔ سرشت۔ خمیر ۳ گن۔ خاصیت۔ خاصہ۔ طبیعت ۴ عادت۔ خو۔ خصلت۔ سبھاؤ ۵ مادہ۔ اصلیت۔ ماہیت۔ جوہر۔ حقیقت ۶ تکبر۔ غرور۔ کبر۔ فخر۔ دماغ ۷ آمیزش۔ ترکیب۔ بناوٹ ساخت۔ امتزاج ۸ ناز۔ نخرہ۔ چونچلا ۹ (طب) وہ کیفیت جو مختلف چیزوں یا اربع عناصر کے ملنے سے پیدا ہوجائے اس لئے بمعنی طبیعت (مَزَجَ۔ ملنا) **مزاجاً** (تف) از روئے مزاج۔ خاصیت کے اعتبار سے۔ **مزاج آشنا** (لازم) دیکھو مزاج شناس۔ **مزاج آگ کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) مزاج میں زیادہ گرمی پیدا ہونا۔ **مزاج آنا** (لازم) ۱ طبیعت کا مائل ہونا ۲ تمکنت آنا۔ نخوت ہونا۔ دماغ ہونا۔ فرہنگ آصفیہ میں اسے بھوپال کا محاورہ لکھا ہے۔ مگر مصحفی نے بھی اسے استعمال کیا ہے۔ ؎

مزاج اس کا سیاہ پوشی میں گر آتا محرم میں
تو میرا ذکر کیا ہے رنگ عالم کا بدل جاتا

مزاج اٹھانا (متعدی) **اٹھنا** (لازم) بدمزاجی یا نازک مزاجی کی برداشت ہونا۔ **مزاج اچھا** (ہے) مزاج پرسی کا کلمہ ہے جو ملاقات کے وقت کہا جاتا ہے۔ **مزاج اچھا تو ہے** ۱ خیر و عافیت دریافت کرنے کے لئے کہتے ہیں۔ جب دوسرے کی شکل سے بیماری یا اداسی ظاہر ہو ۲ طنزاً بھی کہتے ہیں۔ **مزاج اصلاح پر آنا** (لازم) ۱ بدمزاجی کم ہوجانا ۲ مرض میں افاقہ ہونا۔ اچھا ہونا۔ تندرست ہونا۔ **مزاج اصلاح پر ہونا** (لازم) طبیعت درست ہونا۔ **مزاج اعتدال پر ہونا** (لازم) طبیعت میں تیزی یا سستی نہ ہونا۔ مزاج درست ہونا۔ **مزاج**

ایک حال پر رہنا (لازم) طبیعت یکسو رہنا
طبیعت میں کوئی تبادلہ نہ ہونا۔ مزاج ایک
ہونا (لازم) طبیعت ایک جیسی ہونا۔ طبیعت کا
حال ایک طرح کا ہونا۔ مزاج بحال ہونا
(لازم) بیمار کی حالت میں افاقہ ہونا۔ بیمار کا رو
بصحت ہونا۔ مزاج بدلا ہونا (لازم) طبیعت
کی حالت مختلف ہونا۔ مزاج بدل جانا یا
بدلنا (لازم) انداز طبیعت اور ہو جانا۔ مزاج
بدمزہ ہونا (لازم) بیمار ہونا۔ طبیعت ناساز ہونا
مزاج بد (برا) ہونا (لازم) بدمزاج ہونا۔
مزاج برہم کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) منغض
ہونا۔ ناراض ہونا۔ مزاج برہم نہ ہونے
دینا (متعدی) طبیعت درست رکھنا۔ مزاج
بگاڑنا (متعدی)، بگڑنا (لازم) ۱: عادت خراب
ہونا یا بگڑنا ۲: بدخو ہونا۔ بدخلق ہونا ۳: غصے میں آنا۔
مزاج میں غصہ یا تیزی ہونا۔ مزاج برہم ہونا۔ مزاج
بنا دینا (متعدی)، بننا (لازم) ۱: مزاج کی اصلاح
ہونا ۲: خاصیت پیدا ہونا۔ مزاج بہکنا (لازم)
خلل دماغ ہونا۔ دیوانہ ہو جانا۔ مزاج بہلنا
(لازم) طبیعت کا دوسری طرف متوجہ ہونا۔
طبیعت کا کسی اور کام میں لگ جانا۔ مزاج بے
مزا ہونا (لازم) بیمار ہونا علیل ہونا۔ ناساز
ہونا۔ مزاج پانا (متعدی) حو: توجہ پانا۔ رخ
پانا ۲: مزاج شناسی ہونا۔ مزاج پچھوانا (م)
پرسی کرنا۔ پوچھنا (متعدی) ۱: طبیعت کا
حال دریافت کرنا ۲: خبر لینا۔ سزا دینا۔ مزاج
پہچاننا (متعدی) کسی کی عادت سے واقف
ہونا۔ روش پہچاننا۔ مزاج پھر جانا (لازم)
پاگل ہو جانا۔ مزاج پھڑک جانا (لازم)
طبیعت کا خوش ہو جانا۔ مزاج پھیرنا (متعدی)
طبیعت برگشتہ کردینا۔ مزاج پیٹی (صفت) عو
دماغ دار۔ مدفع۔ نک چڑھی۔ مزاج پیدا
کرنا (متعدی) خاصیت یا کیفیت پیدا کرنا۔ مزاج
تولہ ماشہ ہونا (لازم) مزاج دم بدم بدلتے رہنا
بہت نازک مزاج ہونا۔ مزاج تیز ہونا
(لازم) بہت غصیلا ہونا۔ ذرا سی بات پر ناراض
ہو جانا۔ مزاج ٹیڑھا ہونا (لازم) نازک
مزاج ہونا۔ مزاج چل[illegible]نا (لازم) دیوانہ یا
پاگل ہو جانا۔ خلل دماغ ہو جانا۔ مزاج چوتھے

فلک پر ہونا (لازم) بہت مغرور ہونا۔ مزاج
چھپنا (لازم) مزاج کی حالت نہ معلوم ہو سکنا۔
مزاج خفا ہونا (لازم) ناراض ہونا۔ مزاج
دار (صفت) خود پسند۔ دماغدار۔ مغرور۔ متکبر۔
مزاج داں (صفت) طبیعت یا مزاج سے
واقف یا آگاہ۔ مزاج درست رکھنا
(متعدی) طبیعت میں ناراضگی نہ پیدا ہونے دینا۔
مزاج درست ہونا (لازم) غصہ نہ ہونا۔
طبیعت ٹھیک حالت پر ہونا۔ مزاج دیکھنا
(متعدی) طبیعت کو دیکھنا کہ خوش ہے یا ناخوش۔
مزاج راہ پر آنا (لازم) دیکھو مزاج اصلاح پر
آنا۔ مزاج رنگین ہونا (لازم) طبیعت
میں شوخی ہونا۔ مزاج ساتویں آسمان
پر ہونا (لازم) بہت مغرور یا متکبر ہونا۔ مزاج
سامان میں ہونا (لازم) ۱: طبیعت درست ہونا۔
بیشتر نفی کے ساتھ ۲: طبیعت قابو میں ہونا۔ مزاج
سرد ہونا (لازم) خاصیت سرد ہونا۔ مزاج
سمجھ میں نہ آنا (لازم) طبیعت کا حال معلوم نہ
ہو سکنا۔ مزاج سودائی ہونا (لازم) طبیعت
میں باؤلا پن ہونا۔ مزاج سیدھا رہنا (لازم)
غصہ نہ آنا۔ مزاج سیدھا ہونا (لازم) ۱: طبیعت
درست ہونا ۲: غصہ جاتا رہنا۔ خفگی دور ہونا ۳: مزاج
باہم موافق ہونا۔ طبیعت ایک جیسی ہونا۔ مزاج
سے موافق آنا (لازم) دیکھو مزاج کے الخ۔ مزاج
شاد ہونا (لازم) طبیعت خوش ہونا۔ مزاج
شریف یا عالی۔ ان کلمات سے مزاج پوچھتے ہیں۔
مزاج شناس (صفت) طبیعت کی حالت جاننے
والا۔ مزاج شناسی (مونث) کسی کی طبیعت
کی حالت جاننا۔ مزاج عرش (فلک) پر
ہونا یا عرش سے پرے ہونا (لازم) بہت
متکبر یا مغرور ہونا۔ مزاج قابو میں ہونا (لازم)
طبیعت کا اختیار میں ہونا۔ مزاج قائم نہ ہونا
(لازم) طبیعت میں استقلال نہ ہونا۔ مزاج قوی
ہونا (لازم) ۱: خاصیت قوت دینے والی ہونا ۲:
طبیعت قوی ہونا۔ مزاج کا بے اختیار رہنا
(لازم) طبیعت قابو میں نہ ہونا۔ مزاج کا تیز
(لازم) غصہ ور۔ مزاج کا مطابق ہونا (لازم)
طبیعت کا مل جانا۔ مزاج کا نقشہ بگڑنا (لازم)
کسی بات کا ناگوار ہونا۔ مزاج کرنا (متعدی)

غرور کرنا۔ اترانا۔ نخوت کرنا۔ مزاج کو آگ
(تیز) کرنا (لازم) طبیعت میں تیزی پیدا کرنا۔
مزاج کھوٹا ہونا (لازم) طبیعت میں دغا
بازی ہونا۔ مزاج کی افتاد (مونث) طرز
طبیعت۔ فطرت (پڑنا کے ساتھ) مزاج کیسا
ہے ۱: مزاج پرسی کا کلمہ ۲: طنزاً بھی کہتے ہیں مزاج
کی لینا (لازم) ڈینگ مارنا۔ فخر کرنا۔ مزاج
کے مارے (تف) تکبر یا غرور کے سبب سے۔
نخوت سے۔ مزاج کے مارے مرے جانا
(لازم) بہت غرور کرنا۔ مزاج کے موافق
(لازم) طبیعت کے لئے مفید ہونا۔ مزاج لڑ جانا
(لازم) دو شخصوں کے مزاج کا مطابق آنا۔ مزاج
مبارک یا معلّٰی۔ ان کلمات سے مزاج پوچھتے
ہیں۔ مزاج ملجانا یا ملنا (لازم) طبیعت کا
دوسرے کی طبیعت کے مطابق ہونا۔ مزاج
میں آنا (لازم) دل میں کسی بات کا خیال آنا۔
طبیعت میں آنا۔ مقصد ہونا۔ مزاج میں استقلال
نہ ہونا (لازم) طبیعت کا ایک بات پر قائم نہ
رہنا۔ مزاج کا بدلتے رہنا۔ مزاج میں برودت
ہونا (لازم) خاصیت سرد ہونا۔ مزاج میں
برہمی ہونا (لازم) ۱: طبیعت کا ناساز ہونا ۲:
ناراضگی ہونا۔ خفا ہونا۔ مزاج میں چڑھ جانا
(لازم) عادی ہونا۔ مزاج میں خودی سمانا
(لازم) غرور ہونا۔ طبیعت میں خود پسندی ہونا۔
مزاج میں دخل۔ درخور یا رسائی ہونا
(لازم) کسی کے ساتھ رسوخ ہونا۔ دوسرے کی
طبیعت پر قابو ہونا۔ مزاج میں شوخی ہونا
(لازم) طبیعت شوخ ہونا۔ مزاجن (ع۔ صفت
مونث) مزاج دار عورت۔ مغرور۔ متکبر۔ مزاج
نازک ہونا (لازم) نازک مزاج ہونا۔ معمولی
بات کو برا محسوس کرنا۔ مزاج ناساز ہونا
(لازم) ۱: بیمار ہونا ۲: طبیعت کا کسلمند ہونا ۳: مزاج
میں برہمی ہونا۔ ناراض ہونا۔ مزاج نہ پانا (متعدی)
ملنا (لازم) ۱: مغرور یا متکبر ہونا۔ اترانا ۲: مارے
غرور کے کسی سے بات یا التفات نہ کرنا ۳: غرور
کے سبب طبیعت کا حال نہ معلوم ہو سکنا۔ مزاج
سمجھ میں نہ آنا۔ مزاجو (ع۔ صفت مونث) دیکھو
مزاجن۔ مزاج والا (صفت مذکر)، والی
(صفت مونث) مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔ مزاج

ہاتھ سے جاتا رہنا (لازم) طبیعت بے قابو
ہو جانا۔ مزاج ہوا پر ہونا (لازم) بہت
مغرور ہونا۔ مزاج ہونا (لازم) مغرور یا متکبر
ہونا۔ مزاجی (صفت) دیکھو مزاج دار (عف)
مزاج یکسو ہونا (لازم) مزاج کا پریشان نہ ہونا
امثال و اقوال۔ مزاج عالی
نہ توشک نہ نہالی۔ جب کوئی شخص غربت
میں مزاج کرتا ہے تو کہتے ہیں۔ مزاج کبھی تولہ
کبھی ماشہ: نازک مزاجی کی طرف اشارہ ہے
: طبیعت ہر وقت بدلتی رہتی ہے۔ مزاج
کیا ہے کہ اک تماشہ۔ گھڑی میں تولہ
گھڑی میں ماشہ۔ دیکھو آخری۔
مُزاح (ع۔ مذکر) مذاق، ہنسی،
ٹھٹھا، خوش طبعی، چہل، ظرافت (کرنا ہونا کے
ساتھ) (مَزح۔ مذاق کرنا)
مُزاحَف (ع۔ مفعول) گری
ہوئی۔ اصل سے دور (چیز) : (علم عروض) وہ
رکن جو سالم نہ رہا ہو اور اس میں کچھ تغیر پیدا ہو گیا
ہو۔ وہ شعر جس کے کسی لفظ میں سے کوئی حرف
گر گیا ہو (زَحف۔ تیر کا نشانے تک نہ پہنچنا)
مزاحفات (مذکر) وہ بحور جن میں زحاف
واقع ہوا ہو۔
مُزاحِم (ع۔ فاعل) روکنے والا۔
مزاحمت کرنے والا۔ مانع۔ حائل۔ خارج۔ سدِّ
راہ (زاحَم۔ بھینچنا)
مُزاحَمت (ع۔ مونث) روک
ٹوک۔ ممانعت (کرنا ہونا کے ساتھ) (زاحَم۔
بھینچنا) مزاحمت بالارادہ (قانون) وہ
روک ٹوک جو ارادتاً کی جائے۔
مُزاخ (ع۔ مذکر) غالباً مزاح
یا مذاق کا معرب (عف) مزاخیں کرنا (متعدی)
: مذاق کرنا۔ چہل کرنا (عف)
مَزار (ع۔ مذکر) : زیارت
کرنے کی جگہ۔ درگاہ۔ آستانہ: قبر۔ مقبرہ (بنانا
بننا گرانا گرنا وغیرہ کے ساتھ) (زَور۔ دیکھنے
جانا) مزار ہلا دینا (متعدی) ہل جانا (لازم)
ایسا فعل ہونا جس سے صاحب مزار پر اثر ہو۔
مزارِع (ع۔ مذکر) مزرعہ کی جمع۔
مُزارِع (ع۔ فاعل) کھیتی یا زراعت
کرنے والا کاشتکار (زارَع۔ کاشت کرنا) مزارع
تابع مرضی مالک (مذکر) وہ کاشتکار جسے مالک
جب چاہے نکال دے۔ مزارع چھپر بند
(مذکر) وہ کاشتکار جس کا حق قدیم سے چلا آتا ہے۔
مزارع خود کاشت (فاعل) وہ کاشتکار جو
خود بیج بونے جوتنے کا کام کرتا ہو۔
مَزالِف (ع۔ مذکر) مزلفہ کی جمع :
وہ گاؤں جو صحرا اور آباد علاقے کے درمیان ہوں :
سیڑھیاں۔
مَزامیر (ع۔ مذکر) : مزمار کی جمع۔
بانسریاں۔ مرلیاں۔ مطربوں کے ساز۔ باجے : مزمور
کی جمع۔ دعائیں۔ بھجن۔
مُزاوَجت (ع۔ مونث) زوج
ہونا۔ شادی۔ بیاہ (زاوَج۔ جوڑا ہونا)
مُزاوَلت (ع۔ مونث) : کسی
کام کا روزمرہ کرنا۔ مشق۔ مہارت : سعی۔ کوشش
: علاج۔ درمان : خواہش کرنا۔ مانگنا (زاوَل۔
علاج کرنا۔ کوئی خواہش پوری کرنے کی کوشش کرنا)
مَزبَل (ع۔ مذکر) وہ جگہ جہاں کچرا
ڈالتے ہیں (زَبَل۔ گوبر کرنا)
مَزبور (ع۔ مفعول) : لکھا ہوا :
اوپر لکھا ہوا۔ مذکورہ بالا (زَبَر۔ لکھنا)
مُزَخرَف (ع۔ مفعول) : سجایا
ہوا۔ آراستہ کیا ہوا : جھوٹی بات جو سچ کی طرح
آراستہ کی گئی ہو۔ دغابازی۔ دھوکا (زَخرَف۔
سجانا) مزخرفات (مونث) جھوٹی اور
واہیات باتیں۔ بیہودہ باتیں : چکنی چپڑی باتیں
(بکنا وغیرہ کے ساتھ)
مُزد (ف۔ مونث) مزدوری۔ اجرت۔
صلہ۔ کام کا معاوضہ۔
مَزدور (ف۔ مذکر) اجرت پر
کام کرنے والا۔ مزدوری پر کام کرنے والا۔ قلی عموماً
بوجھ اٹھانے والے کے متعلق استعمال ہوتا ہے (لگنا
لگانا۔ لگوانا کے ساتھ۔ ذم کا پہلو نکلتا ہے) (مُزد۔
اجرت۔ بر۔ اٹھانے والا) مزدوری (مونث)
اجرت۔ صلہ۔ کام کا معاوضہ : محنت۔ مشقت۔
بوجھ اٹھانا (ان معنوں میں کرنا ہونا کے ساتھ)
مزدوری پر جانا (لازم) محنت مشقت کرنے
کے لئے جانا۔ اجرت لے کر بوجھ اٹھانے کا کام کرنا۔
مزدوری کر کے کھانا (متعدی) محنت مشقت
کر کے کما کر گزارہ کرنا۔ بوجھ اٹھا کر کمانا۔
امثال۔ مزدور خوش دل کند
کار بیش۔ کام کا صلہ پانے والا زیادہ کام کرتا ہے۔
مزدور کو شہر بھینس کو ڈہر۔ ہر شخص کو وہ
بات پسند ہوتی ہے جس میں اس کا فائدہ ہو۔ مزدوری
لنڈوری۔ مزدوری کا کوئی اعتبار نہیں کبھی ملتی
ہے کبھی نہیں ملتی۔
مَزرا (ہ۔ مذکر) مزرعہ کا مخفف۔
مَزرَع (ع۔ مذکر) مزرعہ کا مخفف
(زَرَع۔ بونا) مزرعِ آخرت (مذکر) آخرت
کی کھیتی۔ بھلائی نیکی۔ مزرعہ (مذکر) : کھیتی کھیت
: چھوٹا گاؤں۔ رندنے مونث بھی کہا ہے۔ ؎
آبیاری ابر رحمت نے نہ کی ایک برس۔ مزرعِ امید
اپنی خشک، بے پانی ہوئی۔
مَزروع (ع۔ مفعول) بویا گیا۔
جو بویا یا کاشت کیا جائے (زَرَع۔ بونا) مزروعہ
(صفت) : کاشت کیا ہوا : بویا ہوا : بویا ہوا
کھیت۔ کاشت کی ہوئی زمین۔
مُزَعفَر (ع۔ مفعول) : زعفران
سے رنگا ہوا۔ زرد۔ نارنگی۔ زعفرانی : زعفران
میں رنگے ہوئے میٹھے چاول کا پلاؤ (زَعفَر۔ زعفران
میں رنگنا)
مُزَکّٰی (ع۔ مفعول) : پاک کیا گیا
: زکوٰۃ دیا گیا (زَکّٰی۔ صاف کرنا)
مَزَلّت (ع۔ مونث) پھسلنے
کی جگہ۔ لغزش کی جگہ (زَلّ۔ پھسلنا)
مُزَلَّف (اردو۔ صفت) زلفوں
سے گھرا ہوا۔ زلفوں والا (عربی میں زلف بالیں
کے معنوں میں استعمال نہیں ہوتا اور زلف کے معنی
لمبا کرنا ہیں۔ زلف سے مزلف ہندیوں کی ایجاد
معلوم ہوتی ہے فارسی میں مُزلف ہے۔ فارسی زلف
عربی زلف سے مشتق معلوم نہیں ہوتا)
مِزمار (ع۔ مونث) : بانسری
نے : باجہ (زَمَر۔ بجنے بجانا)
مُزَمَّل (ع۔ مفعول) : کپڑوں
سے ڈھنپا ہوا یا چھپا ہوا : (مونث) قرآن شریف
کی ایک صورت (زَمَّل۔ کپڑوں میں لپیٹنا)
مُزمِن (ع۔ فاعل) دیرکا۔ پرانا

کہنہ (اَزمَن ۔ دیر تک رہنا) **مَزمِنہ** (صفت مونث) پرانی ۔ کہنہ ۔

مَزمُور (ع ۔ مونث) ثنا ۔ بھجن ۔ گیت (زَمر ۔ نے بجانا)

مُزمَّہ (ع ۔ فاعل) غالباً مزمّمہ کا مخفف ہے ۔ وہ چمڑے یا رسی کا حلقہ جو گھوڑے کی گامچی میں پچھاڑی کی رسی کے ساتھ بندھا ہوا ہوتا ہے تاکہ گھوڑا آگے نہ بڑھ سکے (زَمّ ۔ باندھنا) **مزمّہ لگانا** (متعدی) ۱ پچھاڑی باندھنا ۲ روک لگانا ۔ ڈاٹ لگانا (عف) ۳ ایک چیز کھا کر اوپر سے دو ,, چیز کھانا ۔ **مزمّہ یا مزمّے لینا** (متعدی) ۱ مزمّہ پڑنا ۲ پکڑنا ۔ روکنا ۳ آڑے ہاتھوں لینا ۔ خبر لینا ۔ ٹھیک بنانا ۔

مِزواد ۔ مِزوَد (ع ۔ مونث) توشے کا تھیلا (زَوَدَ ۔ زادِ سفر مہیا کرنا)

مَزوُر (اردو ۔ مذکر) مزدور کا مخفف ۔ قلی ۔

مُزَوَّر (ع ۔ مفعول) ۱ جھوٹا کیا گیا ۔ جھوٹا ۲ کھوٹا ۔ ملایا گیا ۔ آمیزش کیا گیا ۳ ٹیڑھا خمیدہ ۴ جھوٹ ۔ دروغ (زَوّر ۔ جھوٹا بنانا) **مزوِّر** (فاعل) ۱ جھوٹا ۔ دروغگو ۲ بدمعاش ۔ بدچلن ۔ لچا ۔ شہدا ۔

مَزَہ (ف ۔ مذکر) ۱ ذائقہ ۔ لذت ۔ سواد ۔ وہ کیفیت جسے زبان محسوس کرے یا جو چکھنے سے محسوس ہو ۲ چسکا ۔ چاٹ ۳ لطف ۔ حظ ۔ رس ۔ بہار ۴ جوبن ۔ شباب ۵ عیش ۔ عشرت ۶ لت ۔ عادت ۔ دھت ۷ خوشی ۔ فرحت ۸ سیر ۔ تماشا ۹ حالت ۔ کیفیت ۔ درجہ ۔ گت ۱۰ سزا ۔ جزا ۔ پاداش ۔ مکافات ۔ **مزہ آجانا یا آنا** (لازم) ۱ لطف حاصل ہونا ۔ حظ اٹھنا ۲ حقیقت کھل جانا ۔ کیفیت معلوم ہونا ۳ آفت میں مبتلا ہونا ۔ لینے کے دینے پڑ جانا ۔ **مزہ اتر جانا** (لازم) بے لطف ہو جانا ۔ لطف نہ آنا ۔ **مزہ اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) ۱ لطف حاصل ہونا ۔ حظ اٹھانا ۲ سزا ملنا ۔ برے کام کی پاداش ملنا ۳ رنج اٹھانا ۔ تکلیف برداشت ہونا ۔ **مزہ اڑانا** (متعدی) **اڑنا** (لازم) ۱ حظ حاصل ہونا ۔ لطف اڑنا ۲ بہار لوٹی جانا ۔ جوبن لٹنا ۔ **مزہ بھولنا** (لازم) ذائقہ یاد نہ رہنا ۔ **مزہ پانا** (متعدی) دیکھو مزہ اٹھانا ۔ **مزہ پڑنا** (لازم) ۱ چسکا پڑنا ۔ چاٹ لگنا ۲ عادت پڑنا ۔ خوگر ہونا ۔ **مزہ تو یہ ہے** لطف اس میں ہے ۔ **مزہ ٹپکنا** (لازم) لطف کا نمایاں ہونا ۔ **مزہ جانا** (لازم) لطف جانا ۔ **مزہ جاننا** (متعدی) لطف حاصل کرنا ۔ **مزہ جب ہے** ۔ لطف اس صورت میں ہے ۔ **مزہ چکھانا** (متعدی) ۱ ذائقہ چکھانا ۔ کسی چیز میں سے تھوڑا سا یہ دیکھنے کے لئے کھلانا کہ سواد ٹھیک ہے ۲ سزا دینا ۔ کیفر کردار کو پہنچانا ۔ **مزہ چکھ لینا** (متعدی) نتیجہ بھگتنا ۔ **مزہ چکھنا** (لازم) ۱ لذت پانا ۔ لطف اٹھانا ۲ ذائقہ چکھنا ۳ سزا پانا ۔ خمیازہ بھگتنا ۔ رنج اٹھانا ۔ **مزہ حاصل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) لطف حاصل ہونا ۔ **مزہ دکھانا** (متعدی) ۱ لطف دکھانا ۔ بہار دکھانا ۲ سزا دینا ۔ **مزہ دیکھنا** (متعدی) ۱ ذائقہ معلوم کرنا ۲ سیر دیکھنا ۔ تماشا دیکھنا ۳ سزا پانا ۔ **مزہ دینا** (متعدی) ۱ کسی چیز کا لذت دینا ۲ لطف دینا ۔ **مزہ زہر ہونا** (لازم) ذائقہ تلخ ہونا ۔ **مزہ فراموش ہونا** (لازم) لطف بھول جانا ۔ **مزہ کرکرا کر دینا یا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) **کھنڈت کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بے لطفی ہونا ۔ لطف جانا ۔ رنگ میں بھنگ ہونا ۔ عیش میں خلل پڑنا ۔ **مزہ کرنا** (متعدی) انوکھی یا تماشے کی بات کرنا ۔ **مزہ کھلنا** (لازم) ناگوار گزرنا ۔ **مزہ کھینچنا** (متعدی) لطف حاصل ہونا ۔ **مزہ لٹ جانا** (لازم) لطف جاتا رہنا ۔ **مزہ لگا ہونا** (لازم) چسکا ہونا ۔ **مزہ لگ جانا** (لازم) چسکا پڑ جانا ۔ **مزہ لوٹنا** (متعدی) ۱ لطف اٹھانا ۔ لذت حاصل کرنا ۲ بہار لوٹنا ۔ جوبن لوٹنا ۳ عیش منانا ۔ لطف حاصل کرنا ۔ **مزہ لینا** (متعدی) دیکھو آخری ۲ ۔ **مزہ ملنا** (لازم) ۱ لطف حاصل ہونا ۔ حظ آنا ۔ لذت آنا ۲ سزا پانا ۔ کار بد کا عوض ملنا ۔ **مزہ نکلنا** (لازم) نتیجہ یا فائدہ حاصل ہونا ۔ **مزہ نہ بھولنا** (متعدی) کسی بات کا لطف یاد رکھنا ۔ **مزہ ہونا** (لازم) ۱ لطف ہونا ۲ تماشہ ہونا ۔ سیر ہونا ۔ **مزہ ہے** ۔ بڑا لطف ہے عجب کیفیت ہے ۔ **مزے آنا** ۔ اٹھانا ۔ اٹھنا ۔ اڑانا ۔ اڑنا ۔ بھولنا ۔ پڑنا ۔ چکھنا ۔ دیکھنا ۔ دینا ۔ کرنا ۔ لوٹنا ۔ دیکھو مزہ آنا وغیرہ ۔ **مزیدار** (صفت) ۱ لذت والا ۔ لذیذ ۔ باذائقہ ۲ پرلطف ۳ خوش طبع ۔ ظریف ۔ **مزیداری** (مونث) ۱ لذت ۔ مزہ ۔ حظ ۔ حلاوت ۲ لطف ۔ کیفیت ۔ **مزیداری دیکھنا** (متعدی) لطف اٹھانا ۔ کیفیت دیکھنا ۔ **مزیداری سے** (تف) لطف سے ۔ کیفیت کے ساتھ ۔ لذت کے ساتھ ۔ **مزیداری نکلنا** (لازم) لطف ہونا ۔ کیفیت ہونا ۔ **مزیداری ہونا** (لازم) ۱ لذت ہونا ۔ مزا ہونا ۲ دیکھو آخری ۔ **مزے سے گزرنا** (لازم) زندگی کا عیش سے بسر ہونا ۔ **مزے کا** (صفت) ۱ بامزہ ۔ لذیذ ۔ لطیف ۲ تماشے کا ۔ **مزے کی بات** (مونث) تماشے کی بات ۔ لطف کی بات ۔ **مزے کے مارے** (تف) لطف کے باعث ۔ لذت کے سبب سے ۔ **مزے میں** (تف) لطف کے ساتھ ۔ بے تکلف ۔ **مزے میں آنا** (لازم) ۱ خوشی میں آنا ۔ مسرور کرنا ۲ اترانا ۔ ناز کرنا ۔ **مزے میں گزرنا** (لازم) عیش و عشرت میں زندگی گزرنا ۔ عیش و آرام سے بسر ہونا ۔ **مزے ہونا** (لازم) لطف سے زندگی گزرنا ۔ لطف ہونا ۔ **مزے ہی مزے ہیں** ۔ بن آئی ہے مطلب حاصل ہو گیا ۔ لطف ہے ۔

مُزَیَّب (ف ۔ صفت) سجا ہوا ۔ زیبا ۔ زیب سے عربی طریقے پر مفعول بنایا گیا ہے فصیح نہیں ہے ۔

مَزِیَّت (ع ۔ مونث) ۱ زیادتی ۔ افراط ۔ بہتات ۲ خوبی ۔ گن ۔ جوہر ۔ عمدگی (مَزَیَ ۔ مغرور ہونا)

مَزید (ع ۔ مفعول) ۱ زیادہ ۔ فالتو ۔ زائد ۲ (مذکر) زیادتی ۔ افزونی ۔ بیشی ۔ اضافہ ۔ (مصدر میمی زَیَدَ ۔ بڑھنا سے) **مزید برآں** (تف) ماسوا ۔ علاوہ بریں ۔ اس کے سوا ۔ **مزید تحقیقات تفتیش یا دریافت** (مونث) زیادہ دریافت ۔ دوبارہ تحقیقات کرنا ۔ **مزید حیات** (مذکر) بادشاہ جب پانی پی چکتے تھے تو حاضرین یہ کلمہ دعائیہ کہتے تھے ۔ **مزید علیہ** (مذکر) زیادہ کیا گیا لفظ ۔ اوپر بڑھایا گیا لفظ ۔ جیسے صبحگاہاں ہجراں مزید علیہ ہیں صبح اور ہجر کے ۔ **مزید فیہ** (صفت) زیادہ ۔ فالتو ۔ زائد ۔ **مزید کرنا** (متعدی) ۱ زیادہ کرنا ۔ بڑھانا ۲ دسترخوان بڑھانا ۔ **مزید کوشش** (مونث) اور کوشش ۔ زیادہ کوشش ۔ **مزید مال** (مذکر) ۱ وہ شے جو استعمال ہو کر بطور شے زائد کے پڑی ہو ۔ مستعمل چیز ۲ سستا مال ۔ ارزاں مال ۔

مُزبِیر (ع - صفت) ۱ مضبوط - پکا ۲ بہادر - شجاع - دلیر ۳ نڈر - بیخوف (مُزَز - ناراض ہونا)

مُزبِل (ع - صفت) کسی بیپنے کے آثار کا دور کرنے والا (زبل - ختم ہونا)

مُزَیَّن (ع - صفت) ۱ آراستہ - مکلف - سجا - سجایا - سجایا گیا - سنوارا گیا ۲ بادشاہ کے دستخط یا مہر کیا ہوا (کرنا ہونا کے ساتھ) (زیَن - سجانا)

مُزَینہ (ع - مذکر) ایک عرب قبیلہ۔

مُزد (ف - مذکر) ۱ سیارہ مشتری ۲ خوشخبری۔

مَزدک (پ) ایک پارسی مذہبی مصلح جس نے قباد والد نوشیرواں کے زمانے میں ایک فرقہ نکالا۔ بہت لوگ بلکہ بادشاہ تک اس کے پیرو ہوگئے۔ مگر نوشیرواں نے اسے اور اس کے اسی ہزار پیرووں کو قتل کرادیا۔ ان کے اصول بالشوکوں سے ملتے جلتے تھے۔

مُژدہ (ف - مذکر) ۱ خوشخبری - بشارت ۲ نوید ۳ مبارک - مبارکباد - مژدہ باد - مبارک ہو - **مژدہ پہنچانا** (متعدی) خوشخبری دینا **مژدہ رساں** (صفت) خوشخبری پہنچانے والا - **مژدہ سنانا** (متعدی) خوشخبری لاکر دینا - **مژدہ ہو** - مبارک ہو۔

مقولہ - مژدہ باد اے مرگ عیسیٰ آپ ہی بیمار ہے - جس سے امداد کی توقع تھی وہ خود ہی بیمار پڑا ہے۔

مژگاں (ف - مونث) مژہ کی جمع - پلکیں - مگر اردو میں مفرد بھی استعمال ہوتا ہے جیسے

ہجوم اشک سے مژگاں اگر اونچی نہیں ہوتی
تعجب کیا کہ شاخ برثمر اونچی نہیں ہوتی

مژہ (ف - مونث) پلک۔

مَس (ع - مذکر) ۱ چھونا - چھونے کا فعل - لمس ۲ جماع - بھوگ - ہم بستری (کرنا ہونا کے ساتھ) ۳ رغبت - لگاؤ - میل - رجحان (ہونا کے ساتھ)

مَس (ہ - مونث) مونچھوں کا رواں - سبزہ کا آغاز - واحد استعمال نہیں ہوتا (س مشرو) **میں** (مونث) جمع مس کی - **میں بھیگنا** (لازم) سبزہ آغاز ہونا - مونچھیں نکلنا۔

مِس (ہ - مونث) ۱ سیاہی - روشنائی - مسی (مشبہ - مرکب ہونا) ۲ بہانہ - حیلہ ۳ دھوکا - چالاکی ۴ جیسے - ایسے - کی طرح (س - مش - دھوکا)

مِس (ف - مذکر) تانبا - **مس خام** (مذکر) کچا تانبا - تانبا جو ابھی صاف نہ کیا گیا ہو - **مس گر** (مذکر) ٹھٹھیرا - کسیرا - تانبے کے برتن بنانے والا - **مس لاطل** (مذکر) وہ تانبا جو بالکل صاف اور خالص ہو - **مسی** (صفت) تانبے کا بنا ہوا - تانبے کا - **مسی جوش** (مذکر) تانبے کا پکا ٹانکا (کرنا لگانا کے ساتھ)

مِس (انگ - مونث) ۱ کنواری لڑکی - دوشیزہ ۲ بن بیاہی لڑکیوں کو ان کے باپ کے نام سے پہلے یہ لفظ لگا کر بلاتے ہیں ۳ بھول - چوک - سہو - **مس یا مسی بابا** (مونث) شاگرد پیشہ - انگریزوں کی بن بیاہی لڑکی کو کہتے ہیں **مس کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) چوک ہوجانا سہو ہوجانا۔

مَسا مَسّا (ہ - مذکر) ۱ وہ سخت کالا دانہ جو بدن پر پڑجاتا ہے - خال کلاں ۲ زائد گوشت جو بواسیر کی وجہ سے مقعد میں پیدا ہوجاتا ہے ۳ بندوق کی مکھی ۴ گھنڈی - ابھرا ہوا دانہ جو گھڑیوں کے ڈھکنوں یا ڈبیوں وغیرہ پر ہوتا ہے (س مانس گوشت) **مسے مستے** (مذکر) مسا کی جمع - **مسے پر بال باندھنا** (متعدی) مسے کو کاٹنے کے لئے گھوڑے کا بال باندھ دیتے ہیں اور ہر روز تھوڑا سا کس دیتے ہیں - یہاں تک کہ وہ بغیر تکلیف کے جھڑ جاتا ہے - **مسے کاٹنا** (متعدی) **کٹوانا** (مم) بواسیر کے مسوں کو بذریعہ اپریشن دور کرانا۔

مَسا (ع - مونث) شام - سانجھ۔

مَسا (ہ - تف) بمشکل - بشکل سے اردو میں صرف مسا کر کے میں استعمال ہوتا ہے (س مرشا - بے فائدہ) **مسا کر کے** (تف) ۱ وقت سے - بمشکل تمام ۲ تخمیناً - تقریباً۔

مِسا (ہ - مذکر) ۱ موٹا اناج - غریبوں کے کھانے کا اناج عموماً موٹھ - مونگ - چنے - لوبیے مٹر وغیرہ پر اور خصوصاً چنے پر اس کا اطلاق ہوتا ہے ۲ سستا اناج ۳ (صفت) ملا جلا (س مشر - مرکب ہونا)

مَساکُسا (مذکر) موٹا چھوٹا اناج - **مسی کسی** (صفت) موٹا چھوٹا - غریبانہ - **مسی کسی روٹی** (مونث) موٹی جھوٹی روٹی۔

مَساجِد (ع - مونث) مسجد کا مذکر - مسجدیں۔

مَسّاح (ع - مذکر) ماپنے والا - پیمائش کرنے والا (مَسح - ماپنا) **مساحی** (مونث) پیمائش کرنا - ماپنا۔

مَساحت (ع - مونث) ۱ ماپنا - پیمائش کرنا ۲ علم ریاضی کی ایک شاخ جس میں زمین کے ماپ کے متعلق بحث ہوتی ہے (مَسح - ماپنا)

مُساحقہ (ع - مذکر) چپٹی کھیلنا (سحق رگڑنا)

مَسار (ع - مذکر) ایک قلعہ کا نام۔

مَسار (س - مذکر) زمرد۔

مُساری (ع - مذکر) ۱ شیر ۲ ایک مقام۔

مَساس (ع - مذکر) ۱ چھونا - ہاتھ پھیرنا ۲ شہوت پیدا کرنے کے واسطے عورت کے جسم کو ملنا ۳ جماع - بھوگ (کرنا ہونا کے ساتھ) (مَس چھونا)

مُساعِد (ع - فاعل) ۱ مدد کرنے والا - مددگار - معاون (ساعد - مدد کرنا)

مُساعدت (ع - مونث) مدد - معاونت - یاری (ساعد - مدد کرنا) **مساعدت زمانہ** (مونث) زمانے کی مدد - اتفاق حسنہ۔

مَساعی (ع - مونث) مسعاۃ کی جمع جو اردو میں استعمال نہیں ہوتا - کوششیں (سعی - کوشش کرنا) **مساعی جمیلہ** (مونث) نیک کوششیں۔

مَسافت (ع - مونث) ۱ بُعد - دوری - فاصلہ ۲ سفر کی تکان (سَوف - سونگھنا عرب - زمین سونگھ کر کسی مقام کا فاصلہ بتلاتے ہیں) **مسافت اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) سفر کی تکان برداشت ہونا - **مسافت پڑنا** (لازم) فاصلہ ہونا - **مسافت طے کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) سفر ہونا - فاصلہ طے ہونا۔

مُسافحت (ع - مونث) زنا - حرام کاری - چھنالا - بدکاری (کرنا ہونا کے ساتھ) (سافح - زنا کاری)

مُسافِر (ع - مذکر) سفر کرنے والا شخص سیاح - راہ گیر - بٹاؤ - سیاح - جاتری - پردیسی (سافر - سفر کرنا) **مسافر اترا ہے** - جب کسی کی بیوی حاملہ ہو تو مذاقاً کہتے ہیں یعنی حاملہ ہو گئی ہے - **مسافران** (مذکر) مسافر کی جمع - **مسافرانِ عدم** (مذکر) مرے ہوئے لوگ - مردے - **مسافرانہ** (صفت) مسافروں کی طرح - پردیسیوں کے مانند - **مسافرانہ گزران** (مونث) پردیسیوں کی طرح گزارا - گزر اوقات - **مسافرت** (مونث) ۱ سفر - مسافری - سیاحت ۲ پردیس - **مسافر خانہ** (مذکر) مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ - سرائے - **مسافر کی گٹھڑی بنا ہوا ہے** - سردی سے سکڑا پڑا ہے - **مسافر گاڑی** (مونث) وہ ریل کی گاڑی جس میں مسافر سوار ہوتے ہیں - سواری گاڑی - پسنجر ٹرین - **مسافری** (مونث) ۱ سفر سیاحی ۲ سفر کی حالت ۳ پردیس - سفر ٹریہ (؟) ایک دیلمی خاندان جو آذربائیجان - اران اور آرمینیا میں حکمراں رہا -

مَساکت (ع - مونث) لالچ - حرص (مسک - زور سے پکڑنا)

مَساکِن (ع - مذکر) مسکن کی جمع - رہنے کی جگہیں - مقاماتِ سکونت - مکانات -

مَساکِین (ع - مذکر) مسکین کی جمع - غریب لوگ - غربا - محتاج - مفلس - کنگال -

مَسالا (اردو - مذکر) مصالح کا مہند ۱ سامان - ہر ایک چیز کی تیاری کی ضروریات ۲ نمک مرچ وغیرہ جو سالن میں ڈالا جاتا ہے ۳ گوٹا - کناری وغیرہ ۴ چونا - سرخی وغیرہ ۵ ایک قسم کا مرکب جس میں چکنی ڈلی - الائچی - لونگ وغیرہ ڈالتے ہیں اور چونے کتھے کے ساتھ پان کے عوض کھاتے ہیں ۶ ایک مرکب جس میں بھنا ہوا ناریل اور دھنیا ہوتا ہے اور محرم میں پان کی جگہ کھاتے ہیں ۷ ایک مرکب جس سے بال صاف کرتے ہیں ۸ وہ کتابیں جن میں تالیف سے مدد مل سکے ۹ مضامین وغیرہ جن سے رسالہ تیار ہو سکے ۱۰ (عف) نوخیز عورت - پٹاخہ - **مسالا بنانا** (متعدی) مسالا مرکب کرنا - مسالا تیار کرنا - **مسالا پڑنا** (لازم) سالن میں گرم مسالا پڑنا - **مسالا پیسنا** (متعدی) مسالے کو سل پر رگڑنا - **مسالا ٹانکنا** (متعدی) کپڑوں میں گوٹا - ٹھپا - کناری وغیرہ لگانا - **مسالہ ڈالنا** (متعدی) کھانے میں گرم مسالہ ڈالنا - **مسالہ رگڑنا** (متعدی) مسالہ پیسنا - مسالہ سل پر رگڑنا - **مسالے دار** (صفت) وہ چیز جس میں مسالا پڑا ہوا ہو - چٹپٹا - **مسالے کا تیل** (مذکر) ایک قسم کا مرکب تیل جس کی خوشبو تیز ہوتی ہے - **مسالے کی سل** (مونث) مسالہ پیسنے کی سل - **مسالے کی شاعری** (مونث) چٹپٹی شاعری -

مَسالِک (ع - مذکر) مسلک کی جمع - راہیں - راستے - سڑکیں -

مَسام (ع - مذکر) عربی میں بتشدید میم ثانی ہے اور مَسَمّ کی جمع ہے جو اردو میں استعمال نہیں ہوتا - مسام واحد اور جمع دونوں طرح استعمال ہوتا ہے - بدن کے چھوٹے چھوٹے سوراخ جن میں سے پسینہ نکلتا ہے (سَمّ - گزرنا - سوراخ کرنا) **مسامات** (مذکر) مسام کی جمع - **مسامات یا مسام بند ہو جانا** (لازم) سردی یا میل کی وجہ سے بدن کے چھوٹے سوراخوں کا بھر جانا - **مسامات کا کھل جانا** (لازم) گرمی یا نہانے کی وجہ سے بدن کے چھوٹے سوراخوں کے منہ صاف ہو جانا -

مُسامَحَت (ع - مونث) ۱ کسی چیز کو حقیر سمجھ کر اس کی طرف خیال نہ کرنا - غفلت کرنا ۲ سستی - کاہلی ۳ معاف کرنا - چشم پوشی کرنا - کسی کا عیب ظاہر نہ کرنا ۴ کسی سے نرمی کا برتاؤ کرنا (سَامَحَ - فیاض ہونا)

مَسان (ہ - مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں مردوں کو جلاتے ہیں - مرگھٹ ۲ بچوں کی ایک بیماری جس میں بچہ سوکھتا جاتا ہے - ام الصبیان ۳ سفلی عمل جس سے خبیث روح کو قابو کرتے ہیں - منتر جنتر ۴ خبیث - بھوت (س شمشان) **مسانیا** (ہ - مذکر) ۱ وہ جو جلی ہوئی لاش کی ہڈیاں اور راکھ اٹھائے ۲ وہ جو خبیث ارواح کو نکالے -

مُسان (ہ - مذکر) خاک کا ڈھیر (س شمشان) **مُسانیا** (مذکر) وہ جو مُسان پر رہے جوگی -

مُسانا (ہ - متعدی) چوری کروانا -

مُسانڈ (ہ - مذکر) ۱ زور سے جھپٹنا - سر نیچا کر کے اور بدن کو جھکا کر ۲ ہلہ - حملہ ۳ کوشش (عف)

مَسانی (ہ - مونث) سات دیویوں میں سے ایک جو سیتلا - خسرا - سرخ بخار - کالی کھانسی وغیرہ کا باعث ہوتی ہیں -

مُساوات (ع - مونث) ۱ حالت کا برابر ہونا - باہم - برابر کرنا ۲ ہمسری ۳ برابری - تعدیل ۴ (الجبرا) ایک قاعدہ جس کے ذریعے نا معلوم مقدار کی قیمت معلوم کی جاتی ہے - جیسے ا + ۵ = ۷ تو ا ۲ کے برابر ہوا - نشان مساوات = ہے - سمیکرن (ہ) ایکویشن (انگ) ۵ لاپرواہی - بے پرواہی ۶ معمولی معاملہ جو عام طور پر وقوع پذیر ہوتا ہے ۷ بے سروکاری - علیحدگی - پچھلے تینوں معنوں میں بالفتح میم مستعمل ہے (ساوَیٰ - برابر ہونا) **مساوات حل کرنا** (متعدی) دیکھو مساوات نکالنا - **مساوات درجۂ اول** (مونث) وہ مساوات جس میں نامعلوم مقدار درجہ اول کی ہو (جیسے ا + ۲ = ۶) **مساوات درجہ دوم** (مونث) وہ مساوات جس میں نامعلوم مقدار درجہ دوم کی ہو جیسے اٗ + ۵ - بٗ + ۲ ب = ۰ و اٗ + ۷ اب + ۱۲ بٗ = ۰ - **مساوات درجہ سوم** (مونث) وہ مساوات جس میں نا معلوم مقدار تیسرے درجہ کی ہو جیسے اٗ + ۳ اٗب + ۳ ابٗ + بٗ = ۰ - **مساوات ذاتی** (مونث) وہ مساوات جس میں حرف مجہول کی قیمت کوئی سی کیوں نہ ہو مساوات برابر رہتی ہیں - **مساوات شرطی** (مونث) وہ مساوات کہ اس میں جب تک حرف مجہول کی کوئی خاص قیمت مقرر نہ کریں مساوات کی شرط پوری نہ ہو - **مساوات کا درجہ** (مذکر) وہ درجہ جو مساوات کے عدد مجہول کی قوت پر منحصر ہوتا ہے - اگر عدد مجہول کا قوت نما ۲ ہے تو وہ درجہ دوم کی مساوات کہلائیگی - اگر تین ہے تو درجہ تین کی - **مساوات کی تحویل** (مونث) ایک مساوات کی بجائے اسی قیمت کی دوسری مساوات بدل دینا - **مساوات نکلنا** (متعدی) مساوات کی نامعلوم مقدار کی قیمت دریافت کرنا -

مساوَدَت (ع - مونث) مقابلہ کرنا - ہمسری کرنا - کسی چیز پر قبضہ کرنے کے لئے جھگڑا کرنا (ساوَدَ - مقابلہ کرنا)

مُساوی (ع - فاعل) بجائے مُساوِی کے - برابر - یکساں - ہم وزن - عدیل (ساوَیٰ - برابر ہونا) **مساویُ الاضلاع** (صفت) وہ

شکل جس کے سب ضلع برابر ہوں (اقلیدس)

مُسَاہَلَت (ع ۔ مونث) ۱ تساہل کرنا ۔ سستی کرنا ۲ تساہل ۔ سستی ۔ غفلت (سَاہَل ۔ آسان ہونا)

مُسَاہَمَت (ع ۔ مونث) شرکت ۔ ساجھا (سَاہَم ۔ جیتنا)

مَسَائِل (ع ۔ مذکر) جمع مسئلہ کی ۔

مُسَبَّب (ع ۔ مفعول) سبب کیا گیا ۔ سبب ۔ باعث (سَبَّبَ ۔ وجہ مقرر کرنا) **مسبِّب** (فاعل) سبب بنانے والا ۔ **مسبِّبُ الاسباب** (مذکر) سبب پیدا کرنے والا ۔ خدا تعالےٰ ۔ **مسبِّب حقیقی** (مذکر) اصلی سبب پیدا کرنے والا ۔ خدا تعالےٰ ۔

مُسَبِّح (ع ۔ صفت) تسبیح پڑھنے والا ۔ سبحان اللہ کہنے والا ۔ خدا تعالےٰ کو پاکی سے یاد کرنیوالا (سَبَّحَ ۔ خدا کی تعریف کرنا) **مسبحانِ ملاءِ اعلےٰ** (مذکر) فرشتے ۔ **مُسَبِّحَہ** (مونث) انگشتِ شہادت ۔

مُسَبِّرد (ھ ۔ مذکر) مستا ۔

مُسَبَّع (ع ۔ مفعول) ۱ سات حصے کیا گیا ۔ سات کیا گیا ۲ سات کا ۔ سات کے متعلق ۳ (مذکر) سات برابر ضلعوں کی شکل ۴ سات مصرعوں کے بند والے شعر (سَبَّعَ ۔ ساتواں ہونا)

مَسبُوق (ع ۔ مفعول) ۱ گزرا ہوا ۔ گذشتہ ۔ سابقہ ۲ (مذکر) فقہ میں اس شخص کو کہتے ہیں جس کی کچھ رکعت نماز کی جاتی رہی ہو ۔ یعنی جب جماعت ایک رکعت یا دو رکعت پڑھ چکے تو وہ آکر ملے (سَبَق ۔ پہلے جانا) **مسبوق الذکر** (مذکر) جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہو ۔

مَست (ف ۔ صفت) ۱ نشے میں چور ۔ متوالا ۔ سرشار ۔ مخمور ۔ سرمست ۲ بیخود ۔ بیہوش ۔ مدہوش ۳ مجنوں ۔ دیوانہ ۔ پاگل مجذوب ۴ جوانی سے بھرا ہوا ۔ پرشہوت ۵ بے پروا ۶ خوش خرم ۔ بشاش ۔ فارغ البال ۔ غیر محتاج ۷ متکبر مغرور ۸ (مذکر) شرابی ۹ مغرور آدمی ۱۰ پاگل آدمی ۱۱ وہ جانور جو مستی پر آیا ہوا ہو (س مَتّ) **مست آدمی** (مذکر) وہ آدمی جو نشے میں چور ہو ۔ مخمور آدمی **مست آواز** (مونث) مست کر دینے والی آواز ۔ وہ آواز جو سننے والوں کے دل میں اثر کرے یا ان کے دلوں میں سرور اور نشہ سا پیدا کرے ۔ **مستاجانا** (لازم) دیکھو مستانا ۔ **مستِ ازل یا الست** (مذکر) وہ جو قدرتی طور پر مست ہو ۔ مجذوب کامل **مست الست** (مذکر) الست الست کا مخرب ۔ دیکھو آخری ۔ **مستان** (صفت) مست ۔ مجذوب ۔ دیوانہ ۔ مجنوں ۔ **مستانا** (لازم) مست ہونا ۔ مستی پر آنا ۔ مدھ پر آنا ۔ گرما جانا ۔ **مستان شاہ** (مذکر) گدائے مجذوب ۔ مست فقیر ۔ **مستانہ** (صفت) ۱ مست کی طرح یا مانند ۔ متوالے کی طرح ۔ مست وار ۲ وہ شخص جس کی حرکات و سکنات مست کی طرح ہوں ۔ **مستانہ چال** (مونث) متوالے کی سی لڑکھڑاتی چال ۔ جھومتی چال ۔ **مستانہ نگاہ یا نگہ** (مونث) مستی سے بھری ہوئی نظر ۔ **مستانہ وار** (صفت) مستانہ ۔ مست کے مانند ۔ **مستانی** (مونث) ۱ شہوت میں بھری ہوئی عورت ۔ مرد کی خواہشمند عورت ۲ (صفت) باؤلی ۔ دیوانی ۔ مجنونہ ۔ **مست بُوک** (مذکر) وہ بکرا جو مستی سے بھرا ہوا ہو ۔ **مست شرابِ غرور** (صفت) ۱ مغرور ۔ متکبر ۲ جلد باز ۔ تند ۔ تیز ۔ **مست مہینہ** (مذکر) پھاگن کا مہینہ ۔ ہولی کا مہینہ ۔ فروری ۔ **مست مولا** (مذکر) **ناتھ** (ھ) لاپروا آدمی ۔ بے سدھ آدمی ۔ **مستِ ناز** (مذکر) معشوق ۔ **مست وار** (صفت) مستانہ ۔ مست کے مانند ۔ **مستوں** (صفت) مست کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے ۔ **مستوں کے گھوڑے** (صفت) نہایت احمق ۔ بہت بیوقوف ۔ **مست ہاتھی** (مذکر) ہاتھی جو مستی میں دیوانہ ہو ۔ اس حالت میں یہ بہت خطرناک ہوتا ہے ۔ **مست ہوجانا** (لازم) ۱ شہوت میں بھر جانا ۔ مستاجانا ۲ مغرور ہونا ۳ مخمور یا سرشار ہونا ۴ بیہوش ہونا ۵ خوش ہونا ۔ مگن ہونا ۔

مستی (مونث) ۱ وہ کیفیت جو نشے والی چیز پینے یا کھانے سے ہوتی ہے ۔ خصوصاً شراب سے ۔ نشہ ۔ خمار ۲ بیہوشی ۔ مدہوشی ۳ شہوت کا جوش ۔ خواہش نفسانی ۴ خوشی کی حرکتیں ۵ وہ پانی جو جوشِ مستی میں حیوانوں کے کان یا گردن یا آنکھ کے قریب سے ٹپکتا ہے ۶ وہ پانی جو درختوں سے ٹپکتا ہے ۔ مدھ ۷ وہ پانی جو پہاڑوں کے پتھروں سے نکلتا ہے ۔ سلاجیت کو پہاڑوں کی مستی کہتے ہیں ۸ وہ حالت جو پرندوں اور حیوانوں کی شہوت کے وقت عارض ہوتی ہے ۹ حیوانات کی منی ۱۰ غرور ۔ تکبر ۔ **مستی آنا** (لازم) مستانا ۔ شہوت میں بھرنا ۔ **مستی اٹھنا** (لازم) مجامعت کو جی چاہنا ۔ جماع کی خواہش ہونا ۔ شہوت کا زور کرنا ۔ **مستی ٹپکنا** (لازم) ۱ مستی کا رس رس کر گرنا ۲ مستی کا چونا ۳ خمار ظاہر ہونا ۔ نشیلا پن پایا جانا ۴ حرکات و سکنات سے جوشِ شہوت یا جوشِ جوانی کا ظاہر ہونا ۔ **مستی جھاڑنا** (متعدی) ۱ شہوت بجھانا ۲ نشہ دور کرنا ۔ خمار اتارنا ۳ شرارت نکالنا ۔ **مستی جھڑنا** (لازم) ۱ نشہ ہرن ہونا ۔ خمار اترنا ۲ شرارت نکلنا ۔ حرمزدگی دور ہونا ۳ اوسان درست ہونا ۔ آپے میں آنا ۔ **مستی چڑھنا** (لازم) ۱ متوالا ہونا ۔ نشے میں ہونا ۲ مستی میں بھرنا ۔ شہوت کا جوش پر ہونا ۔ **مستی چھانا** (لازم) ۱ نشے میں ہونا ۲ بیہوش ہونا ۔ غش آنا ۔ **مستی چھوٹنا** (لازم) دیکھو مستی اٹھنا ۔ **مستی کا عالم** (مذکر) نشے کی حالت ۔ **مستی کرنا** (متعدی) خوش فعلیاں کرنا ۔ **مستی میں آنا** (لازم) دیکھو مستانا ۔ **مستی میں بھرنا** (لازم) شہوت کا جوش پر ہونا ۔ **مستی نکالنا** (متعدی) ۱ دیکھو مستی جھاڑنا ۲ منی نکالنا ۳ ٹھیک بنانا ۔ درست کرنا ۔ **مستی نکلنا** (لازم) دیکھو مستی جھڑنا ۔ **مستی ہونا** (لازم) دیکھو مستی اٹھنا ۔

مِستا (ھ ۔ مذکر) وہ جگہ جو پیڑ ڈالنے کے لئے ہموار کی جائے ۔

مُستاپ (ھ ۔ مذکر) بد دعا ۔ سراپ ۔ لعنت ۔

مُستاجِر (ع ۔ فاعل) ۱ اسامی ۔ کاشتکار ۔ زمیندار ۲ ٹھیکہ دار ۔ اجارہ دار (اِستاجَر ۔ کرایہ پر کرنا) **مستاجر سرکاری** (مذکر) سرکاری ٹھیکہ دار ۔ **مستاجری** (مونث) ٹھیکہ داری یا اجارہ داری (دینا لینا کے ساتھ)

مُستاخِر (ع ۔ فاعل) جو پیچھے رہ جائے (اِستاخَرَ ۔ پیچھے رہ جانا)

مُستاذِن (ع ۔ فاعل) جو اجازت طلب کرے (اِستاذَنَ ۔ اجازت مانگنا)

مُستاصَل (ع ۔ مفعول) جڑ سے اکھڑا ہوا ۔ برباد ۔ تباہ (اِستاصَلَ ۔ جڑ سے اکھاڑنا) **مستاصِل** (فاعل) جڑ سے اکھاڑنے والا ۔ تباہ کرنے والا ۔ استیصال کرنے والا ۔

مُستاغ (ایضاً) دیکھو کراکورم ۔

مُستامِن (ع ۔ فاعل) پناہ مانگنے

والا - امن چاہنے والا (استامن - امن مانگنا)

مُستانِس (ع - فاعل) ۱ الفت رکھنے والا - انس رکھنے والا ۲ خوگر - عادی ۳ آرام پانے والا ۴ پلا ہوا (جانور) ۵ واقف (استئناس - انس رکھنا)

مُستاہِل (ع - فاعل) اہل - لائق - قابل (استاہل - قابل ہونا)

مُستبحِر (ع - فاعل) ۱ پھیلا ہوا - وسیع ۲ باتونی - بہت باتیں کرنے والا (استبحر - پھیلنا)

مُستبِد (ع - فاعل) ۱ جو اکیلا کام کرے ۲ وہ جو کسی حق کا بلاشرکت غیرے دعویدار یا مستحق ہو (استبد - اکیلا کام کرنا)

مُستبعَد (ع - مفعول) ۱ دور بعید ۲ مشکل - ناممکن الحصول (استبعد - کسی چیز کو دور سمجھنا)

مُستتِر (ع - فاعل) چھپنے والا - پنہاں - پوشیدہ (استتر - چھپنا)

مُستثنٰی (ع - مفعول) ۱ استثنا کیا گیا - چنا گیا - علیحدہ کیا گیا ۲ منتخب - ممتاز - برگزیدہ ۳ (نحو) وہ اسم جو حرف استثنا کے بعد واقع ہو - وہ جو حکم ماقبل سے الگ کیا گیا ہو ۴ وہ چیز یا وہ شخص جو علیحدہ کیا گیا ہو (استثنٰی - علیحدہ کرنا) **مُستثنیات** (مذکر) وہ امور جو الگ کئے گئے ہوں **مستثنٰی کرنا** (متعدی) الگ کرنا - علیحدہ کرنا - کسی کو جدا کرنا - **مستثنٰی منہ** (مذکر) وہ چیز یا شخص جس میں سے مستثنٰی کو الگ کر دیا گیا ہو -

مُستجاب (ع - مفعول) جواب دیا گیا - سنا گیا - قبول کیا گیا (استجاب - جواب دینا) **مستجاب الدّعوات** (مذکر) وہ شخص جس کی دعا قبول ہوتی ہو -

مُستجمَع (ع - مفعول) ۱ جمع کیا گیا - اکٹھا کیا گیا ۲ (مذکر) جمع کرنے کی جگہ - جائے جمع - (استجمع - جمع کرنے کی خواہش کرنا) **مستجمِع** (فاعل) جمع کرنے والا - اکٹھا کرنے والا - **مستجمع الصّفات** (صفت) جس میں تمام خوبیاں اکٹھی کی گئی ہوں -

مُستجیب (ع - صفت) دعا قبول کرنے والا - جواب دینے والا (استجاب - جواب دینا) **مُستجیب الدّعوات** (صفت) دعائیں قبول کرنے والا - خدا تعالےٰ کی تعریف ہے -

مُستحاضہ (ع - صفت مونث) وہ عورت جسے معمول سے زیادہ خون حیض آئے (استحاض - خون حیض آنا)

مُستحَب (ع - مفعول) ۱ محبت کیا گیا - پسندہ ۲ وہ فعل جس کے کرنے پر ثواب ہو اور نہ کرنے پر کچھ عذاب نہ ہو ۳ عبادتوں میں سے وہ عبادت جسے پیغمبر صلعم نے پسند فرما کر خود کیا ہو اور اس کا ثواب بیان فرمایا ہو (استحب - پسند کرنا)

مُستحسَن (ع - مفعول) ۱ اچھا سمجھا گیا - پسند کیا گیا ۲ پسندیدہ - نیک - خوب - بہتر ۳ وہ عبادت جس کو پیغمبر اسلام نے بہتر فرمایا ہو (استحسن - اچھا سمجھنا)

مُستحضَر (ع - مفعول) ۱ جس کی موجودگی کی ضرورت یا خواہش ہو ۲ جس کو حاضر ہونے کے لئے بلایا گیا ہو ۳ یاد رکھا ہوا - وہ جو یاد ہو ۴ حاضر تیار ۵ حاصل کیا ہوا (استحضر - حاضری چاہنا)

مُستحق (ع - مفعول) ۱ حقدار - حق رکھنے والا ۲ سزاوار - لائق - قابل ۳ زکوٰۃ کے قابل - فقیر - مسکین - نادار - درویش (استحق - حق مانگنا) **مستحق ٹھیرانا** (متعدی) ٹھیرنا (لازم) حقدار قرار دیا جانا - **مستحق ہونا** (لازم) ۱ حقدار ہونا ۲ سزاوار ہونا - لائق ہونا - **مُستحقّین** (مذکر) مستحق کی جمع -

مُستحکَم (ع - مفعول) ۱ پکا - مضبوط پائدار - سخت - قائم رہنے والا - اٹل (استحکم - پکا ہونا) **مستحکم کرنا** (متعدی) پکا کرنا - مضبوط کرنا **مستحکم ہونا** (لازم) ۱ پکا ہونا - مضبوط کرنا ۲ اٹل ہونا - قائم رہنے والا ہونا -

مُستحیل (ع - فاعل) ۱ بدلا ہوا ایک حال سے دوسرے حال میں پھرنے والا ۲ محال ناممکن (استحال - بدلنا)

مُستخبِر (ع - فاعل) خبر پوچھنے والا - دریافت کرنے والا (استخبر - خبر پوچھنا) **مُستخبرانِ احوال** (مذکر) حالات پوچھنے والے - واقعات دریافت کرنے والے -

مُستخرَج (ع - مفعول) نکالا ہوا خارج کیا ہوا (استخرج - نکالنا) **مُستخرِج** (فاعل) نکالنے والا -

مُستخفی (ع - فاعل) وہ جو اپنے آپ کو چھپائے (استخفی - چھپانا)

مُستخلَص (ع - مفعول) ۱ رہائی دیا گیا - رہا کیا گیا ۲ اپنے قبضے میں لیا ہوا (استخلص نکالنا - خود لینا)

مُستدام (ع - مفعول) ۱ مدام - ہمیشہ - دائم ۲ پرانا ۳ قدیم ۴ محنتی - لتن (استدام جاری رہنا)

مُستدعی (ع - فاعل) چاہنے والا - درخواست کرنے والا - خواہشمند (استدعی - بلانا) **مُستدعیہ** (مونث) درخواست کرنے والی عورت -

مُستدیر (ع - فاعل) گول - مدور - (استدار - گول ہونا)

مُسترخی (ع - فاعل) سست ڈھیلا (استرخا - کاہل ہونا)

مُستَرد (ع - فاعل) واپس کیا گیا رد کیا گیا - لوٹایا گیا کرنا ہونا کے ساتھ (استرد - واپسی کی خواہش کرنا)

مُسترشِد (ع - فاعل) سیدھی راہ کی خواہش کرنے والا - ہدایت کی طلب کرنے والا (استرشد - سیدھے رستے پر ہونا)

مُسترشی (ع - فاعل) ۱ رشوت مانگنے والا - راشی ۲ وہ دوسرے کی مرضی کا تابع ہو (استرشٰی - رشوت مانگنا)

مُسترہِن (ع - فاعل) وہ جو اپنے پاس کوئی چیز رہن رکھے - وہ جو یرغمال طلب کرے (استرہن - گروی رکھنا)

مِستری (اردو - مذکر) ۱ کاریگر - کسی پیشے کا کاریگر خصوصاً معمار لوہار یا نجار کا ۲ اہل حرفہ کا استاد یا افسر (غالباً انگریزی ماسٹر یا مسٹر کا مفسد ہے)

مُستسری (ع - مذکر) شیر (استسری - رات کو سفر کرنا)

مُستزاد (ع - مفعول) ۱ بڑھایا گیا افزوں - زیادہ کیا گیا ۲ (مذکر) عروض میں وہ غزل جس کے ہر مصرع کے بعد ایک ایسا زائد ٹکڑا لگا ہو جو اسی مصرع کے رکن اول اور رکن آخر کے برابر ہو - اور جس مصرع کے بعد آئے کلام میں اس سے ربط رکھے

لیکن شعر کے معنی اس کے بغیر بھی درست ہوں۔ انشا
ہے جی میں فقیروں کی طرح کیجیے لنگوٹا اور باندھ کے ہمت
جا کنج خرابات میں تک گھونٹیے سبزا یوں کیجیے عبادت
(اِستِزاد۔ زیادتی چاہنا)

مُستَسقی (ع۔ فاعل) اصل مُستَسقی ہے
زیادہ پانی مانگے۔ وہ جسے استسقا کی بیماری ہو (اِستِسقا۔
پانی مانگنا)

مُستَشار (ع۔ مفعول) وہ جس سے
مشورہ کیا جائے (اِستِشارہ۔ مشورہ کرنا) **مُستَشار
قانونی** (مذکر) جس سے قانونی معاملات کا مشورہ
لیا جائے۔ وکیل۔

مُستَشرِق (ع۔ مذکر) ماہر شرقیات۔
وہ فرنگی جو مشرقی زبانوں اور علوم کا ماہر ہو۔

مُستَطاب (ع۔ مفعول) ۱۔ نیک۔
اچھا۔ مبارک۔ سعید۔ خجستہ ۲۔ بامزہ۔ خوشگوار ۳۔
عمدہ۔ افضل ۴۔ خالص۔ پاک ۵۔ مہربان۔ شفیق۔
(اِستِطابَ۔ نیک ہونا)

مُستَطِیع (ع۔ فاعل) استطاعت
رکھنے والا (اِستِطاعَت۔ قابل ہونا)

مُستَطِیل (ع۔ فاعل) ۱۔ لمبا
طویل ۲۔ (مذکر) وہ چار ضلعوں کی شکل جس کے زاویے
قائمے اور مقابل کے ضلع برابر ہوں (اِستِطالَ۔
لمبا ہونا)

مُستَظہَر (ع۔ مفعول) جس کی مدد چاہے
امداد کیا گیا (اِستِظہار۔ مدد چاہنا) **مُستَظہِر** (فاعل)
۱۔ وہ جو مدد مانگے۔ مدد مانگنے والا۔ خواہاں ۲۔ سہارا ۳۔
قوی پشت۔ پشت پناہ کی طلب کرنے والا۔

مُستَعار (ع۔ صفت) مانگا ہوا۔
ادھار لیا ہوا (دینا لینا کے ساتھ) (اِستِعارہ۔ ادھار
مانگنا)

مُستَعان (ع۔ مفعول) ۱۔ جس کی
مدد مانگی جائے ۲۔ (مذکر) خدا تعالےٰ (اِستِعانَت۔ مدد
مانگنا)

مُستَعجِل (ع۔ فاعل) جلدی کرنیوالا
تعجیل کرنے والا۔ جلد باز (اِستِعجال۔ جلدی کرنا) **مُستَعجِلاً**
(تف) جلدی کر کے۔

مُستَعِد (ع۔ فاعل) ۱۔ تیار۔ آمادہ
کمربستہ ۲۔ موجود۔ مہیا ۳۔ چست۔ چالاک۔ ہشیار۔ تیز
۴۔ لائق۔ قابل۔ پڑھا لکھا ۵۔ لیس کیل کانٹے سے درست
(اِستِعداد۔ اپنے آپ کو تیار کرنا) **مُستَعِد رہنا** (لازم)
تیار رہنا۔ ہوشیار رہنا **مُستَعِد کرنا** (متعدی) آمادہ
کرنا۔ تیار کرنا **مُستَعِد ہونا** (لازم) ۱۔ آمادہ ہونا
تیار ہونا کمربستہ ہونا ۲۔ موجود ہونا ۳۔ لائق ہونا۔ قابل
ہونا **مُستَعِدی** (مونث) ۱۔ تیاری۔ آمادگی ۲۔
چالاکی۔

مُستَعصی (ع۔ فاعل) ۱۔ سرکش۔
نافرمان۔ باغی ۲۔ ضدی۔ ڈھیٹ ۳۔ گنہگار (اِستِعصیٰ
حکم نہ ماننا)

مُستَعفی (ع۔ فاعل) ۱۔ معافی
چاہنے والا ۲۔ استعفا دینے والا۔ نوکری چھوڑنے والا۔
(اِستِعفیٰ۔ معافی چاہنا)

مُستَعمَل (ع۔ مفعول) استعمال کیا
گیا۔ کام میں لایا ہوا۔ برتا ہوا۔ مروج (اِستِعمال۔ برتنا)

مُستَعِین (ع۔ فاعل) مدد چاہنے والا
امداد طلب کرنے والا (اِستِعانَت۔ مدد مانگنا)

مُستَغاث (ع۔ مفعول) وہ جس
کے پاس فریاد لے جائیں۔ وہ جس سے فریاد چاہیں
(اِستِغاثہ۔ مدد چاہنا) **مُستَغاث علیہ** (صفت)
مدعا علیہ۔ فریق ثانی۔

مُستَغرَق (ع۔ مفعول) ڈوبا ہوا
غرق شدہ ۲۔ کسی کام میں نہایت مصروف ۳۔ (قانون)
وہ چیز جو کسی قرضے میں کفول کر دی جائے۔ (اِستِغراق
مصروف ہونا) **مُستَغرِق** (فاعل) غرق ہونیوالا۔

مُستَغفِر (ع۔ فاعل) معافی مانگنے
والا۔ گناہوں سے مغفرت چاہنے والا۔ استغفار
کرنے والا (اِستِغفار۔ معافی مانگنا خدا سے)

مُستَغنی (ع۔ فاعل) ۱۔ آزاد۔
بری ۲۔ لاپروا۔ بے پروا ۳۔ دولتمند۔ امیر۔ مالدار ۴۔
آسودہ حال۔ فارغ البال مطمئن ۵۔ غیر محتاج۔ جو
ضروریات سے بے نیاز ہو (اِستِغنیٰ۔ ضرورت سے
آزاد ہونا) **مُستَغنیانہ** (تف) آزادی سے۔
امیرانہ۔

مُستَغِیث (ع۔ فاعل) ۱۔ استغاثہ
دائر کرنے والا ۲۔ دادخواہ۔ نالشی۔ فریادی ۳۔ عدالت
فوجداری میں دعوے کرنے والا۔ مدعی۔ دعویدار
(اِستِغاثہ۔ مدد چاہنا) **مُستَغیث الیہ** (صفت)
جس پر دعوے کیا جائے۔ مدعا علیہ۔

مُستَفاد (ع۔ مفعول) ۱۔ جو حاصل
ہو۔ حاصل کیا ہوا ۲۔ سمجھا ہوا ۳۔ جو مطلب ہو۔ جو
ارادہ ہو ۴۔ (مذکر) فائدہ۔ حصول (اِستِفادہ۔ فائدہ
اٹھانا)

مُستَفتی (ع۔ فاعل) فتوے کا
جواب چاہنے والا (اِستِفتیٰ۔ فتوے کی درخواست
کرنا)

مُستَفسِر (ع۔ فاعل) ۱۔ پوچھنے والا
استفسار کرنے والا ۲۔ تحقیق کرنے والا۔ محقق (اِستِفسار
پوچھنا)

مُستَفِید (ع۔ فاعل) ۱۔ فائدہ چاہنے
والا۔ فائدہ اٹھانے والا۔ فائدے کی طلب کرنیوالا
۲۔ مفید۔ فائدہ مند۔ فائدہ پہنچانے والا ۳۔ طالب
علم (اِستِفادہ۔ فائدہ اٹھانا) **مُستَفِید کرنا**
(متعدی) فائدہ پہنچانا۔ **مُستَفِید ہونا** (لازم)
فائدہ اٹھانا۔

مُستَفِیض (ع۔ فاعل) فیض چاہنے
والا۔ فیض کا خواہاں (اِستِفاضَہ۔ پھیلانا)

مُستَقبَل (ع۔ مفعول) وہ تصویر
جو سامنے کے رخ سے کھینچی گئی ہو۔ تصویر دوچشمی
(اِستِقبال۔ ملنے کے لئے جانا) **مُستَقبِل** (فاعل) ۱۔
آگے آنے والا۔ آئندہ ۲۔ (مذکر) زمانہ آئندہ
۳۔ صیغۂ آئندہ زمانے کا۔ وہ فعل جو آنے والے
زمانے سے تعلق رکھے۔

مُستَقَر (ع۔ مفعول) ٹھہرنے کی جگہ
ٹھکانا۔ جائے قرار (اِستِقرار۔ مضبوط ہونا) **مُستَقِر**
(فاعل) قرار پانے والا۔ ٹھیرنے والا **مُستَقَرُ الخِلافَۃ**
(مذکر) ۱۔ دارالسلطنت۔ دارالخلافہ۔ دارالحکومت
۲۔ اکبر کے زمانے میں آگرہ کا لقب تھا۔

مُستَقِل (ع۔ فاعل) ۱۔ ہمیشہ۔ دوام
مدام۔ استمرار ۲۔ پکا۔ مضبوط۔ مستحکم۔ اٹل۔ پائیدار
استوار ۳۔ قائم۔ برقرار ۴۔ جو عارضی نہ ہو بلکہ اپنی
ملازمت پر پکا ہو۔ اور جسے افسر کی مرضی پر موقوف
نہ کیا جا سکے (اِستِقلال۔ اٹھانا۔ پوری طاقت ہونا)
مستقل ارادہ (مذکر) پکا ارادہ۔ عزم بالجزم
مستقل اسامی (مونث) ۱۔ پکی اسامی ۲۔ پائیدار
نوکری۔ پکی نوکری **مستقل جگہ** (مونث) پکی
نوکری۔ وہ جگہ جو عارضی نہ ہو۔ **مستقل رہنا**
(لازم) قائم رہنا۔ جما رہنا۔ برقرار رہنا **مستقل
کرنا** (متعدی) کسی اسامی پر مستقل طور پر مقرر کرنا
پکا کرنا **مستقل مزاج** (صفت) ۱۔ جس کے

مزاج میں استقلال ہو۔ متین۔ دھیما۔ **مستقل ہونا** (لازم) ۱: پکا ہونا ۲: پائیدار ہونا ۳: قائم ہونا۔ برقرار ہونا ۴: ملازمت پر پکا ہونا۔

مُستقیم (ع۔ فاعل) ۱: سیدھا۔ درست ۲: راست ۳: سیدھا کھڑا ہوا۔ عمود دار (استقامۃ۔ سیدھا کھڑا ہونا) **مستقیم الاضلاع** (صفت) وہ جس کے ضلعے راست ہوں۔ **مستقیمۃ الخطین** (صفت) وہ شکل جس میں دو یا تمام ضلع راست ہوں۔ **مستقیمہ** (صفت) مستقیم کی مونث۔

مَستک (س۔ مذکر) ۱: ماتھا۔ پیشانی ۲: سر۔ کھوپری ۳: کسی چیز کا اوپر کا حصہ ۴: پہاڑ کی چوٹی ۵: شوجی کی ایک خاص شکل ۶: (ہ) ہاتھی کی پیشانی۔

مستکی (ہ۔ صفت) سر کے متعلق۔

مَستک (س۔ مذکر) ۱: ایک خوشبودار گھاس ۲: ایک نباتاتی زہر۔

مُتکبر (ع۔ فاعل) مغرور۔ گھمنڈی (استکبار۔ غرور کرنا)

مُستلزِم (ع۔ فاعل) کوئی چیز اپنے اوپر لازم کر لینے والا (استلزام۔ کسی چیز کو ضروری سمجھنا) **مستلزم التعزیر** (صفت) قابل سزا۔ سزا کا مستوجب۔ واجب التعزیر۔

مُستمِد (ع۔ فاعل) مدد مانگنے والا۔ امداد چاہنے والا (استمداد۔ مدد مانگنا)

مُستمِر (ع۔ فاعل) ہمیشہ رہنے والا۔ مضبوط۔ پائیدار۔ مستقل۔ دائم۔ استوار۔ رواں۔ پیوستہ (استمرار۔ جاری رکھنا)

مُستمِع (ع۔ فاعل) سننے والا۔ گوش گزار کرنے والا (استماع۔ سننا)

مُستمنْد (ف۔ صفت) ۱: غمگین۔ مغموم ۲: حاجتمند (مست۔ غم۔ مند۔ صاحب)

مُستنَد (ع۔ مفعول) ۱: سند پایا ہوا ۲: سند یافتہ۔ مصدقہ۔ تصدیق کیا ہوا ۳: سند کے لائق۔ معتبر (استناد۔ سہارا لینا کسی پر)

مُستنبط (ع۔ مفعول) اخذ کیا گیا۔ چھانٹا گیا۔ چنا گیا (استنباط۔ ظاہر ہونا)

مُستنیر (ع۔ فاعل) روشنی طلب کرنے والا۔ روشن (استنارہ۔ روشنی چاہنا)

مُستوجب (ع۔ فاعل) ۱: واجب کرنے والا ۲: واجب۔ لائق۔ قابل۔ سزاوار ۳: لازم ہونے والا۔ عاید ہونے والا ۴: (مذکر) موجب۔ وجہ (استیجاب۔ ضروری ہونا) **مستوجب الادا** (صفت) قابل ادائگی۔ قابلِ وصول۔ پافتنی۔ **مستوجب الثواب** (صفت) قابل انعام۔

مَستُور (ع۔ مفعول) چھپا ہوا۔ چھپایا گیا۔ خفیہ۔ مخفی (ستر۔ چھپانا) **مستورات** (مونث) مستورہ کی جمع۔ پردہ نشین عورتیں۔ **مستورہ** (صفت) ۱: چھپا ہوا ۲: پردہ نشین۔

مُستوفی (ع۔ فاعل) ۱: پورا لینے یا دینے والا (قرضہ وغیرہ) ۲: (مذکر) محاسب اعلیٰ۔ آڈیٹر۔ اکونٹنٹ ۳: دیوان۔ بخشی۔ تنخواہ تقسیم کرنے والا۔ خزانچی ۴: دیکھو حمد اللہ۔ (استیفا۔ پورا لینا)

مَستُول (پر۔ مذکر) بادبان۔ جہاز یا کشتی کا ستون (گرانا۔ گرنا۔ لگانا۔ لگنا وغیرہ کے ساتھ) مستول کئی ہوتے ہیں۔ سب سے درمیانی کو بیچ کا مستول کہتے ہیں۔ جو آگے ہوتا ہے اسے اگلا مستول کہتے ہیں۔

مُستولی (ع۔ فاعل) غالب۔ قابض۔ زورآور (استیلا۔ طاقت رکھنا)

مُستوی (ع۔ فاعل) ۱: برابر۔ ہموار ۲: سیدھا۔ راست ۳: معتدل (استوا۔ برابر ہونا)

مُستہام (ع۔ مفعول) سرگشتہ۔ حیران۔ پریشان (استہام۔ حیران ہونا)

مُستہلک (ع۔ مفعول) برباد۔ تباہ۔ ضائع (استہلاک۔ برباد ہونا) **مستہلِک** (فاعل) ۱: موت کا متلاشی ۲: موت کی طرف لیجانے والا ۳: تباہ کن۔ برباد کرنے والا ۴: فضول خرچ۔ مُسرف۔

مستی (ف۔ مونث) دیکھو مست کے تحت میں

مستیسا (ہ۔ مذکر) دوغلا عیسائی۔ یوریشین (پر۔ مستیچو۔ یار دوست عیسے)

مُستیمن (ع۔ فاعل) ۱: کامیاب۔ اقبال مند۔ بختاور ۲: خوش قسمتی سے واقع ہونے والا (استیمن۔ خوش ہونا۔ بابرکت ہونا)

مَسٹ (ہ۔ مونث) سکوت۔ چپ (ہ مشٹ) **مسٹ مارنا** (متعدی) عو۔ سوتا بن جانا۔

مِسٹر (انگ۔ مذکر) انگریزوں میں تعظیمی خطاب۔ نام سے پہلے استعمال ہوتا ہے۔ لفظ ماسٹر سے ماخوذ ہے۔ صاحب۔ جناب۔

مُسٹنڈا (ہ۔ صفت) موٹا۔ فربہ۔ ہٹا کٹا۔ مشٹنڈا (س مشٹ۔ مٹھی) **مسٹنڈی** (صفت مونث) مسٹنڈا کی۔ موٹی۔ فربہ۔ ہٹی کٹی۔ مشٹنڈا۔

مَسجِد (ع۔ مونث) سجدہ کرنے کی جگہ۔ نماز پڑھنے کی جگہ۔ مسلمانوں کا عبادت خانہ۔ خانہ خدا (سجدہ۔ عبادت کے لئے ماتھا زمین پر رکھنا) **مسجد آدینہ** (مونث) جامع مسجد۔ **مسجد ابابیل** (مذکر و مونث) ایک پرند۔ **مسجد اقصیٰ** (مونث) یروشلم میں وہ مسجد جو حضرت سلیمان نے بنائی تھی لفظی معنی دور کی مسجد۔ چونکہ مکہ سے بہت دور ہے۔ **مسجد ٹھنڈی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مسجد گرنا یا منہدم ہونا۔ **مسجد جامع** (مونث) جامع مسجد۔ **مسجد حرام یا شریف** (مونث) کعبہ۔ **مسجد ڈھانا** (متعدی) ۱: مسجد گرانا ۲: گناہ عظیم کرنا۔ **مسجد شہید کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) **گرانا** (متعدی) **گرنا** (لازم) **منہدم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مسجد کی عمارت کا گر جانا۔ **مسجد کا ملانا**۔ مینڈھا۔ مذکر۔ مسجد کی روٹیاں کھانے والا۔ قل اعوذیا۔ ملانا۔ مسجد کا ملا۔ **مسجد میں اینٹ الٹ کر یا اوندھا کر کے رکھنا** (متعدی) سخت قسم کھانا۔ مسجد میں جا کر اینٹ الٹی رکھدیتے ہیں۔ مطلب یہ ہوتا ہے کہ اگر جھوٹ بولیں تو اپنا تختہ الٹ جائے۔ **مسجد میں چونا لگانا** (لازم) سخت قسم کھانا۔ مسجد میں جا کر آنکھوں میں مسجد کا چونا لگاتے ہیں۔ مطلب یہ ہوتا ہے کہ اگر جھوٹ بولیں تو آنکھیں سفید ہو جائیں۔ **مسجد میں چراغ جلانا** (متعدی) ۱: منت کے لئے مسجد کے طاق میں چراغ روشن کرنا ۲: روشنی کے لئے مسجد میں چراغ روشن کرنا۔ **مسجد نبوی** (مونث) وہ مسجد جو مدینہ طیبہ میں پیغمبر صلعم کے مزار کے متصل ہے۔

امثال۔ مسجد ڈھا کر امام باڑہ بنانا۔ فرض کام کو چھوڑ کر مستحب و سنت پر آ رہنا۔ **مسجد ڈھے گئی محراب رہ گئی** ۱: کل میں سے جز باقی رہ گیا۔ اصل میں سے نشان باقی رہ گیا ۲: اعلے جاتے رہے ادنے رہ گئے۔

مُسجّع (ع۔ مفعول) وہ جس کے الفاظ

آپس میں ہم قافیہ ہوں (عبارت یا مضمون) قافیہ بند۔ مقفیٰ۔ اس صورت میں قافئے فقرے کے آخر میں ہونے چاہئیں۔ یہ لفظ نثر کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔ اگر قافئے درمیان میں اور آخر میں آجائیں تو نثر مرصّع کہلاتی ہے (سَجْع۔ قافئے دار عبارت استعمال کرنا)

مُسْتَجَل (ع۔ مفعول) ۱ عدالت کا فیصلہ کیا ہوا۔ قاضی کی مہر لگا ہوا ۲ مجازاً درست۔ صحیح۔ ثابت شدہ (سَجْل۔ فیصلہ لکھنا)

مَسْجُود (ع۔ مفعول) سجدہ کیا گیا۔ جسے سجدہ کریں (سُجُود۔ عبادت کے لئے ماتھا زمین پر رکھنا)

مَسْح (ع۔ مذکر) ۱ پونچھنا۔ چھونا۔ ہاتھ ملنا ۲ وضو یا غسل کرتے ہوئے کسی خاص عضو پر ہاتھ پھیرنا ۳ وضو میں دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر ناک سے سر تک لگانا (کرنا ہونا کے ساتھ) (مَسْح۔ پونچھنا) **مَسْحی** (مونث) صابر یا چمڑے کا موزہ جس پر مسح جائز ہے۔ یعنی اسے اتارا نہیں جاتا بلکہ پاؤں دھونے کی بجائے ہاتھ بھگو کر اس پر پھیر لیتے ہیں۔

مَسْحُور (ع۔ مفعول) جس پر جادو یا سحر کیا جائے (سِحْر۔ جادو کرنا)

مَسْحُوق (ع۔ مفعول) گھسا ہوا۔ رگڑا ہوا۔ پسا ہوا۔ کٹا ہوا (سَحْق۔ گھسنا)

مَسْخ (ع۔ مذکر) ۱ اچھی صورت سے بری میں آجانا۔ اعلےٰ سے ادنےٰ ہو جانا ۲ مزیدار چیز کا بدمزا ہو جانا ۳ انسان سے بندر یا اور کوئی جانور بن جانا (کر دینا کرنا ہو جانا ہونا کے ساتھ) (مَسْخ بدلنا)

مُسَخَّر (ع۔ مفعول) تسخیر کیا گیا۔ فتح کیا گیا۔ تابع کیا گیا۔ قبضہ کیا گیا (کرنا ہونا کے ساتھ) (تَسْخِیر۔ مجبور کرنا۔ قابو کرنا)

مَسْخَرا (ع۔ صفت) دیکھو مسخرہ۔ (ع سخرت کا معرب) (سُخْر۔ مذاق کرنا) **مَسْخَراپن** (مذکر) دیکھو مسخراپن۔ **مَسْخَرُ الذّی** (عف) احمق بیوقوف۔ مسخرہ۔ **مَسْخَرگی** (مونث) تمسخر۔ ہنسی ٹھٹھا۔ ٹھٹھول (عف) **مَسْخَرہ** (ع۔ مذکر) ظریف ٹھٹھے باز۔ **مسخرہ بازی** (مونث) **پن** (مذکر) ہنسی ٹھٹھا۔ تمسخر (کرنا ہونا کے ساتھ) **مَسْخَری** (مونث) دیکھو آخری۔ **مَسْخَری باز** (صفت) مسخرہ (مت۔

مسخری کرنا (متعدی) تمسخر کرنا۔ مذاق کرنا۔ **مسخری میں اڑانا یا ڈالنا** (مت) کسی بات کا جواب دینے کی بجائے اسے مذاق سے ٹال دینا۔

مُسَدَّس (ع۔ مذکر) ۱ چھ ضلعوں کی شکل جس کے سب ضلع اور زاوئے برابر ہوں (علم ہندسہ) ۲ وہ نظم جس میں چھ مصرعے کے بند ہوں۔ چھ مصرعوں کا بند (سُدْس۔ چھ بنانا) **مسدس حالی** (مذکر) مولانا الطاف حسین حالی پانی پتی کی شہرہ آفاق نظم۔

مَسْدُود (ع۔ مفعول) ۱ بند کیا گیا۔ روکا گیا ۲ بند۔ رکا ہوا (کرنا ہونا کے ساتھ) (سَدّ روکنا)

مِسَر (س۔ مذکر) مسور۔ **مِسَرا** (مونث) ۱ مسور ۲ فاحشہ۔ قحبہ۔ رنڈی۔

مِسر۔ مِسرانی (ھ) دیکھو مشر۔ مشرانی۔

مَسَرّات (ع۔ مونث) مسرت کی جمع۔ **مسرات امید** (مونث) خوشیوں کا تقرر جس سے آئندہ مستفید ہونے کی امید ہو۔ **مسرات بدخواہی** (مونث) وہ خوشیاں جو دشمنوں کی تکلیف دیکھ کر ہوں۔ **مسرات تعلق** (مونث) خوشیاں جو اصل چیز کی وجہ سے نہ ہوں مگر کسی اور متعلقہ شے کی وجہ سے ہوں۔ **مسرات تمدنی** (مونث) خوشیاں جو ایک شہر یا ملک میں رہنے کی وجہ سے ہوں۔ **مسرات جدت** (مونث) خوشیاں جو نئی چیزوں کے دیکھنے سے پیدا ہوں۔ **مسرات طبعی** (مونث) وہ خوشیاں جو قدرتی ہوں۔ **مسرات علمی** (مونث) وہ خوشیاں جو کسی علمی تحقیقات یا معلومات کی وجہ سے ہوں۔ **مسرات نجات** (مونث) غم سے رہائی پانے کی خوشیاں۔

مَسَرَّت (ع۔ مونث) خوشی۔ فرحت شادمانی (سُرُور خوش ہونا)

مُسْرِف (ع۔ فاعل) فضول خرچ بہت خرچ کرنے والا۔ کٹاؤ۔ کھاؤ۔ اڑاؤ (اِسْرَاف بہت خرچ کرنا)

مسرنگی (ھ۔ مونث) ایک قسم کی بھنی ہوئی دال۔

مَسْرُور (ع۔ مفعول) خوش۔ شاد شادمان۔ مگن (سُرُور۔ خوش کرنا)

مَسْرُوق (ع۔ مفعول) چرایا گیا چوری کیا گیا (سَرِق۔ چوری کرنا) **مسروقہ** (صفت) دیکھو آخری جیسے مال مسروقہ۔ چوری شدہ مال۔

مُسَطَّح (ع۔ مفعول) ۱ سطح کیا گیا ۲ بچھا ہوا۔ پھیلا ہوا ۳ ہموار ۴ چوڑا۔ کھلا۔ فراخ (سَطْح پھیلانا) **مسطحہ** (صفت) دیکھو آخری جیسے سطح مسطحہ۔ ہموار سطح۔

مِسْطَر (ع۔ مذکر) ۱ وہ کاغذ جس پر سطریں کھینچنے کے لئے ڈورے لگا دیتے ہیں ۲ وہ آلہ جس سے جدول کھینچتے ہیں ۳ وہ کاغذ جس پر موٹی سیاہ لکیریں کھنچی ہوئی ہوتی ہیں اور اس پر دوسرا کاغذ رکھ کر لکھتے ہیں۔ بلیک لائین (سَطْر۔ لکیر کھینچنا) **مسطر بنانا** (متعدی) مسطر تیار کرنا **مسطر کرنا یا کھینچنا** (متعدی) مسطر سے لکیریں کھینچنا۔ ایک دوسرے کے محاذی خط کھینچنا۔

مَسْطُور (ع۔ مفعول) ۱ لکھا گیا تحریر کیا گیا۔ مرقوم ۲ سطر کیا گیا۔ سطر بندی کیا گیا ۳ مذکورہ مذکورہ بالا (سَطْر۔ لکھنا) **مسطورات** (مذکر) مسطورہ کی جمع۔ مذکورہ بالا یا مرقومہ بالا چیزیں۔ **مسطورہ** (صفت) دیکھو مسطور۔

مَسْعُود (ع۔ مفعول) ۱ نیک۔ مبارک سعید ۲ خوش قسمت۔ بختاور۔ سعادتمند (سَعْد۔ خوش قسمت ہونا)

مَسْقَط (ع۔ مذکر) ۱ گرنے کی جگہ ۲ جائے پیدائش (سَقْط۔ گرنا) **مسقط الراس** (مذکر) پیدا ہونے کی جگہ۔ چونکہ پیدا ہونے کے وقت بچہ سر کے بل نکلتا ہے۔ **مسقط کا حلوا** (مذکر) ایک قسم کا حلوہ جو مسقط میں اونٹنی کے دودھ سے تیار کیا جاتا ہے۔

مُسَقَّف (ع۔ مفعول) چھت دار جس پر چھت ڈالی گئی ہو۔ چھت ڈالی گئی (مُسَقَّف۔ گھر پر چھت ڈالنا)

مَسَک (ہ۔ امر) ۱ مسکنا کا ۲ (مونث) کپڑے کا ذرا سا پھٹ جانا۔ چاک۔ چیرہ دبانا بھینچنا **مسکا** (امر) ۱ مسکانا کا ۲ (ماضی) مسکنا کی ۳ (ھ۔ مذکر) دیکھو مسک نمبر ۲ **مسکا مسکی** (ھ۔ مونث) دبانا اور بھینچنا۔ **مسکانا** (متعدی) ۱ کپڑے کو ایسا پھاڑنا کہ تاگے کے تار الگ نہ ہوں ۲ نچنے والوں کا اپنے بدن کو لچکانا **مسک جانا** (لازم) کپڑے کا خفیف سا پھٹ جانا مل جانا دریدہ ہو جانا۔ **مسک لینا** (متعدی) چھین لینا۔ فریب

سے لینا مسکنا (لازم) ۱ پھٹنا۔ چاک ہونا۔ چرنا۔ چلنا۔ دریدہ ہونا اسطرح کہ تانے کے تار نہ ٹوٹیں (س مَش۔ ضرر پہنچانا) ۲ بات کا جواب دینا۔ عذر کرنا ۳ دبانا کھینچنا ۴ چھونا مس کرنا (مرش۔ پکڑنا چھونا) ۵ (ھ) جنبش کرنا۔ اپنی جگہ سے ہٹنا (س مَنک۔ حرکت کرنا۔ جانا)

مِسک (ع۔ مذکر) مشک (مَسک۔ مشک لگانا)

مُسک (ہ۔ امر) ۱ مُسکنا کا ۲ (ھ) نشک (س مَش۔ ضرر پہنچانا) **مُسکا** (امر) مُسکانا کا ۲ (ماضی) مسکنا کی **مسکا جانا** (لازم) ٹوٹنا۔ چٹ پٹ ہونا **مُسکان** (ھ۔ مونث) مسکراہٹ ہنسی **مسکانا** (متعدی) ۱ توڑنا ۲ (لازم) مسکرانا **مسکاہٹ مسکائی مسکٹی** (ھ۔ مونث) مسکراہٹ **مسکٹی مارنا** (ھ۔ متعدی) مسکرانا **مسک جانا** مسکنا (لازم) ٹوٹ جانا۔ تڑکنا۔ کڑکنا۔ چٹ چٹ ہونا

مُسکن (ھ۔ مونث) مسکراہٹ۔

مَسکَا (ہ۔ مذکر) وہ چھینکا جو بیلوں کے منہ پر چڑھاتے ہیں (س مرش۔ پکڑنا)

مُسکِر (ع۔ فاعل) نشہ پیدا کرنیوالا۔ مستی لانیوالا۔ (اسکر۔ نشہ لانا) **مسکرات** (مذکر) مُسکر کی جمع۔ نشہ لانیوالی چیزیں۔

مُسکَرا (ہ۔ امر) مُسکرانا کا (ھ مُسکر۔ منہ)

مسکراٹ (ھ۔ مونث) دیکھو مسکراہٹ **مسکرانا** (لازم) اسطرح ہنسنا کہ آواز نہ نکلے۔ تبسم کرنا۔ یہ حالت منہ کو بغیر کھولے جوڑا کرنے سے ہوتی ہے **مسکراہٹ** (مونث) وہ ہنسی جس میں دانت نہ کھلیں **مُسکرائی** (ھ) مسکراہٹ۔

مَسکَرن مَسکری (س۔ مذکر) ۱ سادھو فقیر ۲ برہمن چوتھی حالت میں ۳ چاند۔

مَسکَن (ع۔ مذکر) ۱ رہنے کی جگہ۔ جائے سکونت ۲ گھر۔ مکان۔ ٹھکانا (سَکَن۔ رہنا ٹھیرنا) **مسکن بنانا۔ بنانا۔ رکھنا یا کرنا** (متعدی) کسی جگہ رہنا **مسکن گزیں ہونا** (لازم) رہنا۔ رہائش رکھنا۔

مُسَکِّن (ع۔ فاعل) ۱ چپ کرانیوالا۔ تسکین دینے والا ۲ (مذکر) تسکین بخش دوا (سَکَن۔ بے حرکت کرنا) **مسکنات** (مونث) تسکین بخش دوائیں۔

مَسکَنَت (ع۔ مونث) ۱ غربت۔ مفلسی ۲ عاجزی (سَکَن۔ بے حرکت ہونا)

مِسکوٹ (انگ۔ مونث) ۱ کھانا۔ طعام ۲ ایک دسترخوان پر کھانا کھاتے والے لوگ۔ گروہ۔ جماعت ۳ مشورہ۔ صلاح (اصل مَس۔ مل کر کھانا) **مسکوٹ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) صلاح ہونا۔ مشورہ ہونا۔

مَسکوڑا (ھ) **مسلوڑا** (ہ۔ مذکر) کروٹ کا دھچکا (مسکنا سے) **مسکوڑا لینا یا مارنا** (متعدی) دھچکے سے کروٹ لینا۔ دفعتہً پہلو بدلنا۔

مَسکوک (ع۔ مفعول) جس پر سکّہ لگا ہو سرکاری چھاپ کا (سَکّ۔ روپیہ بنانا)

مَسکون (ع۔ مفعول) ۱ آباد ۲ رہنے کے قابل۔ عموماً ربع کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (سَکَن۔ رہنا)

مَسکہ (ف۔ مذکر) ۱ تازہ نکلا ہوا مکھن۔ مکھن ۲ (کیمیاگروں کی اصطلاح) پارہ جو دواؤں سے بستہ یا منجمد کیا گیا ہو۔

مُسکیان (ھ۔ مونث) مُسکراہٹ **مسکیانا** (متعدی) مسکرانا۔

مِسکین (ع۔ صفت) ۱ غریب۔ مفلس۔ کنگال۔ نادار ۲ عاجز۔ ناتواں۔ بیچارہ ۳ حلیم بردبار ۴ بھوکا۔ فاقہ زدہ ۵ اصطلاح شرع میں وہ شخص جس کے پاس کچھ نہ ہو (سَکَن۔ ٹھیرنا) **مسکین صورت** (صفت) ۱ وہ جس کی صورت پر مسکینی اور غربت یا بھولاپن برستا ہو ۲ وہ جو حقیقت میں شرارتی ہو ظاہر ا بھولا بھالا ہو **مسکین طبع** (صفت) حلیم بردبار فروتن۔ وہ شخص جس کی طبیعت میں شرارت نہ ہو **مسکینی** (مونث) ۱ مسکین ہونا ۲ حلم۔ بھولاپن ۳ مفلسی۔ ناداری ۴ عاجزی۔

مقولہ مسکین خر اگرچہ بدتمیز است چوں بار ہمی برد عزیز است بیچارہ گدھا اگرچہ بے تمیز ہے مگر چونکہ بوجھ اٹھاتا ہے۔ اس لئے پیارا ہے۔ کام کرنیوالا اچھا سمجھا جاتا ہے۔

مَسَل (ہ۔ امر) مسلنا کا **مَسلا** (ماضی) مسلنا کی ۲ (ھ) مسلنا۔ کچلنا۔ دبانا (س مرش۔ پکڑنا) **مسلا دسلی** (ھ۔ مونث) دبانا اور کھینچنا **مسل ڈالنا** (متعدی) ۱ کچل ڈالنا۔ روند ڈالنا ۲ پیس ڈالنا ۳ توڑنا۔ مروڑنا ۴ مل ڈالنا **مسل کر** (تف) توڑ مروڑ کر۔ کچل کر۔ مل کر۔ **مسل کر رکھ دینا** (متعدی) ۱ توڑ مروڑ ڈالنا۔ کچل کچلا کر رکھ دینا ۲ روند ڈالنا ۳ پیس کر رکھ دینا۔ مل ڈالنا ۴ (آٹا) گوندھنا **مسلنا** (متعدی) ۱ ہاتھوں سے ملنا یا رگڑنا ۲ کچلنا۔ روندنا ۳ توڑنا۔ مروڑنا ۴ پیسنا۔ دبانا ۵ (آٹا) گوندھنا۔

مِسل (ع۔ مونث) روئیداد مقدمہ۔ مقدمہ کی کارروائی کے کاغذات جو ایک جگہ منسلک ہوں (اصل لفظ مثل ہے) (اڑا لینا۔ بھیجنا۔ پھاڑنا۔ جلا دینا۔ جلنا۔ غائب کر دینا یا ہونا۔ گم کر دینا۔ گم ہونا۔ مانگنا۔ منگوانا۔ نکالنا۔ نکلوانا وغیرہ کے ساتھ) **مسل برآمد کرانا** (مم) **کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مقدمے کی سماعت دوبارہ شروع ہونا **مسل بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) تیار یا مرتب کرنا (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ مقدمے کے کاغذات ترتیب وار لگانا ۲ مقدمے کی سماعت ہونا۔ **مسل داخل دفتر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ مسل کا محافظ خانے میں بھیجا جانا ۲ مقدمے کی کارروائی کو ختم کر دینا۔ **مسل دبا لینا** (متعدی) ۱ مسل کو اپنے پاس رکھ چھوڑنا ۲ مقدمے کا تصفیہ نہ ہونے دینا۔ **مسل مکمّل** (مونث) وہ مسل جس میں سب کاغذات مکمل ہوں۔ **مسلی** (صفت) ۱ وہ جس کی مسل بنی ہوئی ہو۔ سزا یافتہ ۲ عادی۔ پرانا (بدمعاش۔ چور اچکا کے ساتھ)

مِسل (ع۔ مونث) فوج کا ایک حصہ جس میں کئی پلٹنیں ہوتی تھیں۔ خصوصاً رنجیت سنگھ کی فوج مسلوں میں تقسیم کی گئی تھی۔ **مسل در مسل** (تف) ہر ایک مسل علیحدہ علیحدہ۔

مُسَل (س۔ مذکر) ۱ لمبا بھاری لکڑی کا ڈنڈا جس سے دھان کوٹتے ہیں۔ کوبہ۔ سونٹا ۲ گرز۔ عمود ۳ بائیسویں منزل قمر کا نام۔ **موسل دھار** (مذکر) ۱ بلدیو کا لقب ۲ سخت زور کی بارش (ان معنوں میں برسنا کے ساتھ)

مُسلا (ھ۔ مذکر) تحقیراً مسلمان کو کہتے ہیں۔

مِسلاء (ع۔ مذکر) پگھلا ہوا مکھن۔

مِسلاق (ع۔ مذکر) چرب زبان۔ شیریں زبان (سَلَق۔ شیریں زبان ہونا)

مُسَلّح (ع۔ مفعول) اسلحہ بند ہتھیار بند۔ ہتھیار لگائے ہوئے۔ کمربستہ۔ (سَلَّح۔ ہتھیار لگانا) **مسلح جنگ** (صفت) لڑائی کے لئے کمربستہ **مسلح کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ہتھیار لگائے ہونا۔ ہتھیار باندھ کر لڑنے کے لئے تیار ہونا۔ کمربستہ

ہونا -

مُسلَحِب (ع - صفت) کشادہ - چوڑا - کھلا (سڑک راستہ وغیرہ)

مَسلَخ (ع - مذکر) وہ جگہ جہاں جانوروں کو ذبح کرکے کھال اتارتے ہیں - کمیلا - مذبح - ذبح خانہ - قصاب خانہ - بوچڑ خانہ (سَلخ - کھال اتارنا)

مُسلَخِم (ع - صفت) مغرور - دماغ والا - متکبر -

مُسَلسَل (ع - مفعول) ۱ سلسلہ بندی کیا گیا - زنجیرہ بند ۲ مجازاً پے در پے - پیہم - متواتر - یکے بعد دیگرے ۳ (مونث) ایک قسم کا گوٹا یا جھالر (سَلسَلَ - ملا ہونا)

مُسَلَّط (ع - مفعول) ۱ مغلوب کیا گیا - فتح کیا گیا ۲ مقرر کیا گیا - تعینات کیا گیا ۳ (مذکر) حاکم ۴ فتح (سَلَّطَ - غالب کرنا) **مُسلِّط** (فاعل) ۱ تسلط یا قبضہ کرنے والا - قابض ۲ غالب ہونے والا - غالب ۳ زور آور - طاقتور ۴ فاتح - حاکم - **مسلط کرنا** (متعدی) ایک کو دوسرے پر غالب کرنا - **مسلط ہونا** (لازم) ۱ سر پر سوار رہنا ۲ چھایا ہوا - قابو یافتہ ہونا -

مِسلَع (ع - مذکر) سرگروہ - سردار - لیڈر (سَلَعَ - راستہ بنانا)

مُسلَعِف (ع - صفت) موٹا - دبیز -

مُسلِف (ع - مونث) پینتالیس سال کی عورت (سَلَفَ - پرانا ہونا)

مَسلَک (ع - مذکر) ۱ راستہ - راہ ۲ طریقہ - قاعدہ - دستور - رسم و رواج (سَلَکَ - گزرنا - سفر کرنا)

مُسَلکَت (ع - مذکر) وہ لباس جس کے کنارے پھٹے ہوئے ہوں (سَلَکَ - گزرنا)

مُسلِم (ع - مذکر) مسلمان - مذہب اسلام کا پیرو (اَسلَمَ - محفوظ کرنا) **مُسلِمین** (مذکر) مسلم کی جمع -

مُسَلَّم (ع - مفعول) ۱ تسلیم کیا گیا - مانا گیا ۲ صالم رکھا گیا - برقرار رکھا گیا ۳ پورا - کامل - ثابت - سب - سارا ۴ بحال - برقرار ۵ ماننے کے قابل - اعتراض سے بری ۶ بیشک - درست - ٹھیک - بجا ۷ ضرور - واجب - فرض ۸ اعتبار کیا گیا - باور کیا گیا ۹ سپرد کیا گیا - سونپا گیا ۱۰ (مذکر) چھت پاٹنے کا تختہ (سَلَّمَ - محفوظ رکھنا)

مُسلمان (ع - مذکر) مذہب اسلام کا پیرو - مُسلِم (اس لفظ کے متعلق مختلف رائے ہیں - بعض کہتے ہیں کہ یہ مسلمین کا مخرب ہے - بعض اسے فارسی جمع بتلاتے ہیں اور بعض کا خیال ہے کہ یہ الفاظ مسلم ماں کا مخفف ہے - **مسلماناں** (مذکر) مسلمان کی جمع - **مسلمان کرنا** (متعدی) غیر مذہب کے آدمی کو کلمہ پڑھا کر مذہب اسلام میں شامل کرنا - اسلام میں لانا - **مسلمانی** (مونث) مسلمان کی - **مسلمان ہونا** (لازم) اسلام لانا - دین اسلام قبول کرنا - **مسلمانی** (مونث) ۱ اسلام ہونا ۲ اسلام - اسلامیت - ختنہ - ختنے کی تقریب ۳ بچوں کا آلہ تناسل ۴ (ھ) مسلمان عورت - **مسلمانیاں** (مونث) ۱ ختنے - سنتیں (واحد کے واسطے بولتے ہیں) ۲ (ھ) مسلمان عورتیں - **مسلمانی کرنا** (متعدی) ختنہ کرنا -

امثال واقوال - مسلمان

در گور و مسلمانی در کتاب - مسلمان مرگئے اور اسلام کتابوں میں رہ گیا - پکے مسلمانوں کے نہ ہونے پر بطور افسوس کہتے ہیں - **مسلمانی آبادانی** مسلمانی باعث برکت ہے - **مسلمانی اور آنا کانی - مسلمانی میں (آنا کانی کیا) کیا آنا کانی** - مسلمان ہونے کے باوجود ہمدردی سے پہلوتہی - اپنے ہم جنس سے بیر تھی -

مُسلَن (س - صفت) موسل سے مسلح -

مُسلَنی (ہ - مونث) مُسلی کی بیوی -

مَسلُوب (ع - مفعول) ۱ سلب کیا گیا - چھین لیا گیا ۲ مٹایا گیا - نیست و نابود کیا گیا (سَلَبَ - لے لینا زبردستی لے جانا) **مسلوب الحواس** (صفت) ۱ جس کے حواس ٹھکانے نہ ہوں - سٹرا بہترا ۲ دیوانہ - پاگل - مخبوط الحواس **مسلوب العقل** (صفت) ۱ جس کی عقل سلب ہوگئی ہو ۲ بے عقل - لایعقل - فاترالعقل ۳ دیوانہ - مجنوں - پاگل -

مَسلُوس (ع - صفت) احمق - بے وقوف - کودن -

مَسلُوف (ع - مونث) ہموار (زمین)

مَسلُوک (ع - مفعول) ۱ جاری کیا گیا - جس پر آمد و رفت ہو (رستہ) ۲ سلوک یا احسان کیا گیا ۳ (صف) سلوک کرنے والا (سَلَکَ - سفر کرنا)

مَسلُول (ع - مفعول) ۱ سل کی بیماری والا - دق کا مریض ۲ باہر نکالا ہوا - کھینچا ہوا - نیام سے کھینچا ہوا (سَلَّ - سل ہونا)

مَسلَہ (اردو - مذکر) دیکھو مسئلہ -

مُسلی (س - صفت) ۱ دیکھو مُسلن ۲ (مونث) ایک پودہ ۳ چھپکلی -

مُسلی (ہ - مذکر) مسلمانوں کی ایک قوم جو چوہڑوں سے مسلمان ہوئی ہے (غالباً مسلمان کا مخرب)

مُسَمّات - مُسَمّاۃ (ع - مونث) اُسمٰی کی ۱ نام رکھی گئی ۲ یہ لقب عورتوں کے ناموں کے پیشتر استعمال ہوتا ہے - خصوصاً سرکاری کاغذات میں -

مِسماح (ع - صفت) سخی - سخاوت کرنے والا -

مِسمار (ع - مذکر) ۱ میخ - کھونٹی ۲ (اردو اور فارسی میں) گرایا ہوا - منہدم (سَمَرَ - گرم میخوں سے آنکھیں نکالنا) **مسمار کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ گرپڑنا - ٹوٹ پھوٹ جانا ۲ تباہ ہونا - برباد ہونا -

مِسمَح (ع - مونث) چوڑائی

عرض۔

مِسمَریزم (انگ - مذکر) ڈاکٹر مسمر کا ایجاد کیا ہوا ایک علم جس میں تصور یا خیال کا اثر دوسرے کے دل پر کیا جاتا ہے - اب اسے ہپناٹزم کہتے ہیں (اصل مِسمَر زم)

مَسمَسا (ھ - مذکر) ایک پودے کا نام۔

مُسمُسا (ھ - صفت) گھنا۔ مسکین صورت - اردو میں استعمال نہیں ہوتا۔ **مِسمِسی** (ہ - مونث) مُسمُسا کی رنگینی - مسکین صورت - مِسمِسی صورت (صفت) غریب صورت - مسکین صورت گربہ مسکین۔

مُسمُسانا (ھ - لازم) بامشکل سے سانس لینا جیسا کہ گھبراہٹ یا جوش میں ہوتا ہے؛ آہستہ آہستہ یا چپکے چپکے رونا؛ بڑبڑ کرنا؛ نہایت ناراض ہونا؛ سخت تنگ آنا؛ ڈر کے مارے اپنے خیالات ظاہر نہ کرنا۔

مُسَمَّت (ع - مذکر) بکھرا ہوا۔ پریشان، پراگندہ؛ پراگندگی - پریشانی (شمس بکھرا ہوا ہونا)

مُسَمَّط (ع - مونث) ایک نظم جس میں ... کا وزن باقی سے مختلف ہوتا ہے۔

مُسَمَّکات (ن - مذکر) آسمان - چرخ۔

مُسَمَّن (ع - مفعول) موٹا کیا گیا موٹا - فربہ (سَمَن - موٹا ہونا) مُسَمِّن (فاعل) موٹا کرنا۔

مَسمُوط (ع - مذکر) وہ ذبح شدہ بکرا جس کے بال گرم پانی سے اتارے جائیں۔

مَسمُوع (ع - مفعول) سنا گیا - قبول کیا گیا (کرنا - ہونا کے ساتھ) (سَمَعَ - سننا) مسموعہ (صفت) سنا گیا۔

مَسمُوک (ع - صفت) لمبا، اونچا، مضبوط (رسا)

مَسمُوکات (ع - مذکر جمع مسکات) کی آسمان۔

مَسمُوم (ع - مفعول) ۱ زہر دیا گیا - وہ جس نے زہر کھالیا ہو؛ زہریلا (سَم - کسی چیز میں زہر ڈالنا)

مُسَمَّہ (ع - صفت) بے وقوف کودن - جاہل۔

مُسَہِّل (ع - فاعل) وہ جس کی کمر باریک ہو - تنگ کمر والا۔

مُسَمّٰی (ع - مفعول) ۱ نام رکھا گیا - نام رکھا گیا - موسوم - مردوں کے نام کے پہلے آتا ہے اور عوام مسمی بولتے ہیں (سَمّٰی - نام رکھنا - بلانا)

مَسَن (ہ - مذکر) ایک پودہ جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔

مَسَن (ھ - مذکر) ایک قسم کی زمین جس میں ریت اور مٹی ملی ہوتی ہو۔

مُسِن (ع - فاعل) ۱ معمر - عمر رسیدہ - بوڑھا؛ تجربہ کار - دانا (سِنّ - عمر میں زیادہ ہونا)

مَسنا (ھ - لازم) ۱ کٹنا - پسنا؛ برا مُرا ہونا۔

مُسنا (ہ - لازم) عو - لُٹنا - لوٹا جانا۔

مُسنِت (ع - مونث) بنجر (زمین)

مُسنَّت (ع - مونث) بڑھی عمر رسیدہ۔

مَسند (ف - صفت) ۱ بدمعاش لچا یا لالچی - حریص۔

مَسنَد (ع - مونث) ۱ لفظی معنی وہ جگہ جس پر آدمی سہارا لے کر بیٹھے - تکیہ لگا کر بیٹھنے کی جگہ؛ وہ اونچا فرش جس پر امرا - پیر وغیرہ بیٹھتے ہیں - نوشہ کے بیٹھنے کی جگہ - چار بالش؛ گدی - تخت (سَنَد - سہارا لینا) مسند آرا (سے) (صفت) ۱ مسند پر بیٹھنے والا؛ بادشاہ **مسندِ حکومت یا سلطنت** (مونث) تخت شاہی - **مسند طراز** (صفت) دیکھو مسند آرا - **مسند کا گدھا** (صفت) بیوقوف امیر - **مسندگاہ** (مونث) سہارا - پناہ گاہ - جائے پناہ - ملجا۔ **مسند لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) مسند بچھنا - **مسند نشین** (صفت) ۱ مسند پر بیٹھنے والا؛ بادشاہ - راجہ - **مسند نشین ہونا** (لازم) گدی پر بیٹھنا - تخت نشین ہونا - **مسند نشینی** (مونث) تخت نشینی - **مسندی** (صفت) مسند کے متعلق - مسند کا۔

مُسنَد (ع - مفعول) ۱ وہ جو دوسرے کی سند سے بیان کیا گیا - سہارا دیا گیا؛ (نحو) خبر (اَسنَد - سہارا دینا) **مسند الیہ** (نحو) مبتدا - وہ جس کی طرف کوئی خبر منسوب ہو - **مسند بہ** (نحو) خبر۔

مُسنِف (ع - مذکر) وہ گھوڑا جو گلے کے آگے چلے۔

مُسنِگ (ف - مذکر) ۱ دھوکے میں دھوکا کرنا؛ شیخی۔

مَسنُو (ع - مونث) وہ زمین جسے پانی دیا گیا ہو۔

مَسنُون (ع - مفعول) ۱ تیز کیا ہوا - سان پر لگایا ہوا؛ صاف کیا ہوا پالش کیا ہوا؛ وہ فعل جس کا کرنا شرع میں سنت ہو اور جسے پیغمبر صلعم نے خود کیا ہو؛ جائز - درست - سنت (سَن - تیز کرنا)

مَسنی (ع - مفعول) وہ زمین جسے پانی دیا گیا ہو۔

مَسوارہ (ہ - مذکر) چلّے کا نہان جو بعد ایام نفاس کے عورتیں نہاتی ہیں۔

مِسواط (ع - مذکر) وہ گھوڑا جو بغیر چابک کے نہ بھاگے۔

مِسواک (ع - مونث) دانت صاف کرنے کی ریشے دار لکڑی؛ داتن یہ عموماً نیم - کیکر یا پھلاہی کی ہوتی ہے (سَوک رگڑنا)

مُسَوَّد (ع - مذکر) سیاہ - تاریک (چہرہ جو رنج یا غصے سے ہو) (سَوَد - سیاہ ہونا)

مُسَوَّدَہ (ع - مفعول) مُسَوَّدَہ

مُسَوَدَہ - مُسَوَّدَہ (عف) ۱ وہ تحریر جو سرسری لکھی جائے اور بعد کو اس میں تصحیحات کی جائیں ۲ کسی کتاب یا مضمون کی اصل تحریر جو مصنف نے لکھی ہو ۳ منصوبہ (سَوَّدَہ - سیاہ کرنا) **مسودہ گانٹھنا** (متعدی) ۱ مضمون بنانا ۲ منصوبہ باندھنا۔

مَشْوَر (ع - مذکر) وہ راستہ یا سڑک جس پر آمدورفت رہے۔

مَسُور (ہ - مذکر) ۱ ایک پودہ ۲ اس کا بیج جس کی دال بنائی جاتی ہے (س مَسُوْر) **مسورا** (س) ۱ مسور ۲ فاحشہ - رنڈی - طوائف - **مسور کی دال** (مونث) دال جو مسور سے بنائی جاتی ہے۔

مسورکا (س - مونث) ۱ ایک قسم کی چیچک ۲ رنڈی - فاحشہ - طوائف -

مَسُوری (ھ - مونث) ۱ دیکھو مسور ۲ دیکھو مسورکا ۱ - **مسوریا** (ھ - مونث) ایک قسم کی چیچک -

مَسُوڑا - مَسُوڑھا (ہ - مذکر) دانتوں کے اوپر کا گوشت (س - مانس)

مُسَوِّس (ع - مذکر) وہ درخت جسے کیڑا کھا گیا ہو۔

مَسُوس (ہ - امر) ۱ مسوسنا کا ۲ (مونث) مروڑ - پیچ - بل (س مرش پکڑنا) **مسوسا** (ماضی) ۱ مسوسنا کی ۲ (مذکر) پچھتاوا - ندامت - پشیمانی ۳ (ھ) نقصان جو چپکے برداشت کیا جائے ۴ دباؤ - بوجھ - زور ۵ جوش جس کو دبایا جائے **مسوسا دے دے رہنا** (ھ - لازم) صبر سے برداشت کرنا - شکوہ زبان پر نہ لانا - **مسوس کرنا** (ھ) **مسوسنا** (متعدی) ۱ مروڑنا - نچوڑنا ۲ دبانا - بھینچنا ۳ پچھتانا - افسوس کرنا ۴ (کلیجہ جگر دل وغیرہ) دل میں غم کھانا - شکوہ زبان پر نہ لانا ۵ (ھ) کسی جوش یا ولولے کو دبانا۔

مَسْوَن (ع - صفت) صحت مند تندرست (سَوَنَ - تندرست

ہونا)

مَسْتَہ (ہ - مذکر) مَتّا -

مُسْہِب (ع - مذکر) وہ گھوڑا جو لمبے لمبے قدم اٹھائے عموماً ایسے گھوڑے تیز رفتار ہوتے ہیں (سَہَب - تیز دوڑنا)

مُسَہَّد (ع - مفعول) بیدار کیا گیا - جگایا گیا (سَہَدَ - جاگنا)

مَشَہَر (ھ - مونث) مسہری۔

مَسَہَر (ھ - مذکر) جنگلی آدمی - بن مانس۔

مَسہری (ہ - مونث) ۱ جالی کا پردہ جو مچھروں سے بچنے کے لئے پلنگ پر لگاتے ہیں ۲ ایک قسم کا پلنگ جس کے پایوں کے ساتھ لوہے کے حلقے لگے ہوتے ہیں - جن میں مسہری ۱ کے بانس لگائے جاتے ہیں لیکن آج کل ان کی بھی ضرورت نہیں رہی ایک طرف کے دونوں بانسوں کو آڑا کر کے پایوں میں پھنسا دیتے ہیں اور معمولی پلنگ کی مسہری بنا لیتے ہیں ۳ پھولوں کا جال جو فقیروں کی قبروں پر لگاتے ہیں (س مش بھنبھنانا - ہری پکڑنا) **مسہری چڑھانا** (متعدی) چڑھنا (لازم) مسہری ۳ کا فقیروں کی تربت پر لگایا جانا - **مسہری لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ مسہری ۱ کا پلنگ پر باندھا جانا ۲ مسہری ۲ کا بچھایا جانا -

مُسْہِف (ع - فاعل) پیاس لگانے والا (سَہَف - پیاسا ہونا)

مُسْہِل (ع - فاعل) ۱ دست آور - دست لانے والا ۲ (مذکر) دست آور دوائی (اَسْہَلَ - نرم ہونا انتڑیوں کا) **مسہل دینا** (متعدی) جلاب دینا - دست آور دوا استعمال کرنا - **مسہل لینا** (متعدی) دست آور دوا کھانا - جلاب لینا -

مَسْئَلَہ (ع - مذکر) ۱ سوال ۲ وہ سوال جو فقہ کے مطابق ہو ۳ معاملہ پیچیدہ (حل کرنا یا ہونا کے ساتھ) (سَئَلَ - پوچھنا) **مسئلہ بتانا یا بیان کرنا** (متعدی) فقہ کے مسئلے کا سمجھانا - **مسئلہ کرنا**

(متعدی) سوال کرنا - **مسئلہ کھل جانا** (لازم) ۱ مسئلہ حل ہو جانا ۲ کسی معاملے کی پیچیدگی کا حل ہونا۔

مَسْئُول (ع - مفعول) سوال کیا گیا - مانگا گیا (سَئَلَ - سوال کرنا)

مَسّی (س - مونث) سیاہی **مسی پاتر** - دان **دھان** (مذکر) **دھانی** (مونث) دوات -

مِسّی (س - مونث) ایک قسم کا سویا۔

مِسّی (ف - صفت) ۱ دیکھو مس کے تحت میں ۲ پیتی۔

مِسّی (ہ - صفت) ماش کی بنی ہوئی یا چھوٹے اناج کی بنی ہوئی - چنے کے آٹے کی بنی ہوئی **مسی لسی یا روٹی** (مونث) ۱ موٹے چھوٹے اناج کی روٹی - دال دلیا ۲ وہ روٹی جو ماش مونگ یا چنے کے آٹے سے بناتے ہیں۔

مِسّی - مِسّی (ہ - مونث) ۱ ایک قسم کا منجن جسے عورتیں بطور سنگار استعمال کرتی ہیں - اور دانتوں کو ملتی ہیں - تا کہ رنگ لاکھا ہو جائے ۲ کسبیوں کی اصطلاح ایک تقریب شادی - اس دن سے کسبیاں مسی ملنی شروع کرتی ہیں جس روز یہ رسم ہوتی ہے اس روز بڑا جشن ہوتا ہے اور جو اس رقم کا کفیل ہوتا ہے وہ اس کے مصارف کا بار اٹھاتا ہے اور مسی لگانے والی رنڈی کا ازالہ بکارت کرتا ہے (س بشر - ملانا) **مسی اُدھڑنا یا چھوٹنا** (لازم) دانتوں پر مسی نہ رہنا **مسی دان** (مذکر) وہ برتن جس میں مسی رکھتے ہیں **مسی سرمہ یا کاجل** (مذکر) عورتوں کا سنگار کرنا ہونا کے ساتھ **مسی کرنا** (متعدی) ۱ نوچی کا ازالہ بکر کرانا ۲ نوچی کے سر ڈھکے جانے کی خوشی میں برادری کو دعوت دینا **مسی کی انگلی** (مونث) وہ انگلی ۔ چھنگلیا کے ساتھ ہے اس سے عورتیں مسی لگاتی ہیں۔ **مسی کی دھڑی** (مونث) مسی کی تہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں - **مسی کی لکیر** (مونث) وہ سیاہ خط جو مسی لگانے سے دانتوں کے درمیان ظاہر ہوتا ہے۔ **مسی لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) دانتوں اور لبوں پہ مسی ملی جانا **مسی ملنا** (متعدی) ۱ دانتوں پر مسی لگوانا **مسی ملوانا** (متعدی) دوسری عورت سے دانتوں پر مسی لگوانا **مسی ہونا** (لازم) ۱ مسی لگی ہونا ۲ نوچی کا ازالہ بکر ہونا ۳ نوچی کے سر ڈھکے جانے کی خوشی میں برادری کی دعوت ہونا۔

مثل - **مسی کاجل کس کو میاں چلے بھس کو** ۱ جب قدردان نہ ہو تو ہنر بیکار رہے ۲ وہ خود

کنگال ہے دوسروں کو کیا دے گا۔

مَسِیت (ہ۔ مونث) مسجد۔

مَسِیح (ع۔ صفت) ا: تیل ملا ہوا ۲: (مذکر) حضرت عیسیٰ کا لقب (مَسَحَ۔ تیل ملنا) **مسیحا** (مذکر) ا: حضرت عیسیٰ ۲: (کنایتاً) معشوق **مسیحا دم یا نفس** (صفت) ا: وہ جس میں اعجاز مسیحا ہو۔ بقول عیسائیوں کے حضرت عیسیٰ پھونک مار کر مردوں کو زندہ کر دیتے تھے ۲: حکیم حاذق اور معشوق کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **مسیحا نفسی** **مسیحائی** (مونث) مسیح کی معجزے والی طاقت۔ اعجاز نمائی۔ حیات بخشی **مسیحائی چلنا** (لازم) مسیحائی کارگر ہونا۔ مردہ زندہ ہونا۔ بیمار کا اچھا ہونا۔ **مسیحائی کا دم بھرنا** (لازم) مسیحائی کا قائل ہونا۔ مسیحائی کا دعوائی کرنا۔ **مسیحائی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ا: معجزہ یا اعجاز دکھایا جانا زندہ ہونا۔ ۲: مرتے کا بچ جانا۔ جاں بلب کا تندرست ہو جانا۔ **مسیح دم یا نفس** (صفت) دیکھو مسیحا دم **مسیحی** (صفت) ا: مسیح کی طرف منسوب ۲: (مذکر) عیسائی۔ نصرانی۔

مَسِیر (ع۔ مذکر) ا: جانا۔ چلنا۔ سیر کرنا۔ سفر کرنا ۲: سیر کی جگہ ۳: مرکبات میں جیسے فلک مسیر (سَیَر۔ جانا۔ سفر کرنا)

مَسِیں (ہ۔ مونث) مس کی جمع جو واحد استعمال نہیں ہوتی۔ دیکھو مس۔

مَسِین۔ مِسینا (ہ۔ مذکر) ا: دال، رنگ، زہر وغیرہ کے لئے استعمال ہوتا ہے ۲: السی۔

مَش (س۔ مذکر) مچھر۔ مشا (مذکر) مچھر۔

مِش (ہ۔ مذکر) ا: رقابت۔ مقابلہ ۲: رشک۔ حسد ۳: دھوکا۔ دغا۔ فریب ۴: بہانہ۔ عذر ۵: معافی ۶: وہ چیز جس کی اصلیت نہ ہو (لفظ) بہانے سے ۸: دوسری شکل اختیار کر کے۔

مُش (س۔ مونث) ا: چرانا۔ سرقہ کرنا ۲: چوری۔ سرقہ۔

مُشابِہ (ع۔ فاعل) ا: مانند۔ مثل۔ مطابق (شابَہ۔ مطابق ہونا۔ ملنا) ۲: (مذکر) شُبہَ کی جمع مشابہتیں ۳: شکلیں۔ صورتیں۔ **مشابہ بہ** امر کے مانند اس کے مقابلے پر۔

مُشابَہت (ع۔ مونث) ا: مطابقت۔ موافقت ۲: شکل۔ شبیہہ ۳: مقابلہ ایک جیسی چیزوں میں (شابَہ۔ ملنا) **مشابہت پائی جانا** (لازم) ایک دوسرے سے ملنا۔ مطابق معلوم ہونا **مشابہت رکھنا** (متعدی) دوسری چیز کے مانند ہونا۔ مطابق ہونا۔ **مشابہت ہونا** (لازم) ایک دوسرے سے ملنا۔ مطابق ہونا۔ مانند ہونا۔

مُشاتَمت (ع۔ مونث) گالیاں دینا۔ برا بھلا کہنا۔ بدنام کرنا (شَتَمَ۔ گالی دینا)

مُشاجَرہ (ع۔ مذکر) منازعت۔ مخالفت (شجر۔ ایک طرف ہو جانا)

مُشار (ع۔ مفعول) اشارہ کیا گیا۔ بتایا گیا (اشارۃ۔ انگلی سے بتانا) **مشار الیہ** (صفت) ا: وہ جس کی طرف اشارہ کیا جائے ۲: ذی عزت۔ معتبر ۳: (علم صرف نحو) وہ لفظ جس کی بجائے صرف اشارہ استعمال کیا جائے۔

مَشارِب (ع۔ مذکر) ا: مشرب کی جمع ۲: مشربت کی جمع۔ کھانے کے کمرے ۳: وہ جگہیں جہاں سے پانی لایا جائے ۴: مشربت کی جمع پینے کی چیزیں ۵: پینے کے برتن۔

مُشارَبت (ع۔ مونث) کسی کے ساتھ مل کر پینا (شَرِبَ۔ پینا)

مُشارِجات (ع۔ مونث) ہم عمر لڑکیاں۔

مشارَجت (ع۔ مونث) ایک دوسرے سے ملنا۔ مشابہت (شَرَجَ۔ ملنا)

مَشارِف (ع۔ مذکر) ا: مُشرف کی جمع۔ اونچی جگہیں ۲: دریائے فرات پر کئی گاؤں۔

مَشارِق (ع۔ مذکر) مشرق کی جمع۔

مُشارِک (ع۔ فاعل) شریک۔ حصے دار (شارَکَ۔ حصے دار ہونا)

مُشارَکت (ع۔ مونث) ا: شرکت۔ حصہ داری ۲: سوسائٹی۔ عوام۔ جمہور (شارَکَ۔ حصہ دار ہونا)

مَشاطگی (ف۔ مونث) ا: مشاطہ کا پیشہ ۲: بناؤ سنگار کرانا۔

مَشاطَہ (ع۔ مونث) ا: وہ عورت جو مردوں عورتوں کی نسبتیں اور شادیاں کرائے۔

مَشاطَہ (ع۔ مونث) وہ عورت جو عورتوں کو بناؤ سنگار کرائے (مَشَطَ۔ بالوں کو کنگھی کرنا)

مَشاعِر (ع۔ مذکر) شعر کی جمع ا: مکہ معظمہ کے مقدس مقامات ۲: حواس خمسہ۔

مُشاعَرہ (ع۔ مذکر) ا: شعرا کا جمع ہو کر شعر خوانی کرنا ۲: وہ جگہ جہاں نظمیں پڑھی جائیں ۳: شعر خوانی میں بہت اعلیٰ ہونا ۴: دو شخصوں کا ایک لحاظ میں سونا (شاعَرَ۔ شعر خوانی میں مقابلہ کرنا) **مشاعرہ اکھڑ جانا** (لازم) شعر و سخن کا جلسہ درہم برہم ہو جانا۔ **مشاعرہ پڑھنا** (لازم) مشاعرے میں شعر خوانی کرنا **مشاعرہ جمنا** (لازم) شعر و سخن کا جلسہ لگنا۔ **مشاعرہ ہونا** (لازم) شعر و سخن کا جلسہ ہونا۔

مَشاغِل (ع۔ مذکر) مشغلہ کی جمع **مشاغل لایعنی** (مذکر) بیکار اور فضول شغلے۔

مُشافِہہ (ع۔ مذکر) ا: رو برو ہو کر باتیں کرنا ۲: رو در رو گفتگو کرنا (شافَہَ۔ رو در رو گفتگو کرنا)

مَشّاق (ع۔ صفت) ا: مہارت رکھنے والا جسے بہت مشق ہو ۲: ماہر استاد (مَشَقَ۔ جلدی کوئی کام کرنا) **مشاقی** (مونث) ا: مہارت۔ مشق ۲: تجربہ۔

مَشال (ہ۔ مونث) دیکھو مشعل۔

مَشام (ع۔ مذکر) ا: مشم کی جمع۔ اردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے ا: قوت شامہ کی جگہ۔ دماغ (شَمَّ۔ سونگھنا) **مشام جان** (مذکر) دماغ۔

مُشاوَرت (ع۔ مونث) باہم صلاح کرنا مشورہ کرنا (شاوَرَ۔ مشورہ کرنا)

مُشاہَد (ع۔ مفعول) دیکھا گیا۔ ملاحظہ کیا گیا (شاہَدَ۔ دیکھنا) **مشاہِد** (فاعل) ا: دیکھنے والا۔ ملاحظہ کرنے والا ۲: تماشائی **مُشاہَدات** (مذکر) مشاہد کی جمع۔ **مشاہدات غیبیہ** (مذکر) مستقبل۔ غائب یا نظر نہ آنے والی چیز کے متعلق سوچ بچار کرنا **مشاہَدہ** (مذکر) ا: دیکھنا۔ ملاحظہ کرنا ۲: دید۔ نظارہ۔ معائنہ۔ ملاحظہ ۳: تجربہ۔ دلیل بصری ۴: (اصطلاح صوفیاں) انوار الٰہی کا نظارہ ۵: (ع) الہام۔ وحی ۶: شہادت۔ گواہی **مشاہدہ کرنا** (متعدی) ا: دیکھنا ملاحظہ کرنا ۲: تجربہ میں آنا ۳: انوار الٰہی کا نظارہ کرنا **مشاہدہ ہونا** (لازم) دیکھنے میں آنا۔

مُشاہَرہ (ع۔ مذکر) ا: ماہواری تنخواہ۔ طلب۔ ماہیانہ ۲: وظیفہ (شاہَرَ۔ مہینے کے لئے رکھنا) **مشاہرہ بالمقطع** (مذکر) کل روپیہ جو کسی کام کے لئے دینے کے واسطے مقرر کیا جائے۔ **مشاہرہ مقرر ہونا** (لازم) تنخواہ لگنا۔

مَشاہِیر (ع۔ مذکر) مشہور کی جمع۔ نامور لوگ۔ مشہور اشخاص۔ نامی آدمی۔ **مشاہیر عالم** (مذکر) دنیا کے مشہور آدمی **مشاہیر ملک** (مذکر) ملک کے مشہور آدمی **مشاہیر ہند** (مذکر) ہندوستان کے مشہور آدمی۔ ہند کی بجائے کسی ملک کا نام ہو سکتا ہے۔

مَشایِخ (ع۔ مذکر) شیخ کی جمع اور شیخ کی جمع الجمع ا: بزرگ لوگ۔ اکابرین۔ صوفیاں۔ علما ۲:

صاحب حال لوگ مشائخاں ۔ مشائخین (مذکر) مشائخ کی جمع ۔

مشائین (ع ۔ مذکر) مشائر کی جمع ۔ وہ حکما جو ایک دوسرے کے پاس جا کر تحصیل علم کیا کرتے تھے ۔

مشایعت (ع ۔ مونث) کسی کے رخصت کرنے کے لئے تھوڑی دور تک جانا ۔ جنازے کے ساتھ جانا (شایع ۔ پیچھے جانا)

مشبک (ع ۔ مفعول) جالی دار ۔ وہ چیز جس میں بہت سے سوراخ ہوں (کر دینا کرنا ہو جانا ہونا کے ساتھ) (شبک ۔ سوراخ دار بنانا)

مشبہ (ع ۔ مفعول) تشبیہ دیا گیا ۔ نسبت دیا گیا (تشبیہ ۔ ملانا) مشبہ بہ (مذکر) وہ چیز جس سے نسبت دیں ۔

مشبت (ف ۔ صفت) بھرا ہوا ۔ لبالب بھوٹا ۔ وہ چیز جو غزنیں کے قریب ایک شہر ۔

مشت (ع ۔ مونث ۔ مذکر) مضاف الیہ کی تذکیر و تانیث کا تابع ہوتا ہے ۔ مٹھی ۔ مکا ۔ گھونسا ۔ تھوڑی جماعت ۔ تھوڑی چیز ۔ مرکبات میں آتا ہے جیسے کیشت شور لالوں کی اصطلاح ۔ پانچ دس مشت **مشت استخواں** (مذکر) مٹھی بھر ہڈیاں ۔ کنایتاً بہت لاغر ۔ نہایت دبلا پتلا **مشت پر** (مذکر) تھوڑے سے پر کنایتاً مرد و پرند **مشت خاک** (مونث) مٹھی بھر خاک ۔ دنیا ۔ زمین ۔ انسان **مشت زن** (مذکر) گھونسوں سے لڑنے والا ۔ مکا مارنے والا ۔ کشتی لڑنے والا ۔ پہلوان ۔ دارو ۔ جلق زن ۔ جلق **مشت زنی** (مونث) گھونسوں سے لڑنا ۔ مکے مارنا ۔ پہلوانی ۔ دارو ۔ جلق ۔ مٹھ مارنا **مشت سنگ** (مذکر) وہ پتھر جسے ہاتھوں میں رکھ کر پھینکیں **مشت غبار** (مذکر) تھوڑا سا غبار ۔ مراد انسان کی مٹی جو بدن کے گل سڑ جانے کے بعد رہ جاتی ہے **مشت گل** (مونث) تھوڑی سی مٹی ۔ انسان **مشت مال یا مالی** (مونث) مالش ۔ جو پہلوان بدن کو سخت بنانے کے لئے کراتے ہیں ۔ مالش جو حمامی کرتے ہیں (کرنا ہونا کے ساتھ) **مشتوارہ** (مذکر) مٹھی بھر چیز ۔ مٹھی بھر جو گیہوں کی بالیاں ۔

امثال و اقوال ۔ مشتے کہ بعد از جنگ (بیاد آید) برکلہ باید ، یاد آید بر کلہ خود زن باید زد ۔ موقعہ نکل جانے کے بعد پچھتانا بے فائدہ ہے مشتے نمونہ از خروارے ذرا سے نمونے سے کل چیز کی حالت کا اندازہ ہو سکتا ہے ۔

مشت (ف ۔ صفت) چرایا ہوا ۔ چوری کیا ہوا ۔ آزاد ۔ بچایا ہوا ۔ جس سے کوئی چیز لے لی گئی ہو ۔

مشتاق (ع ۔ صفت) خواہشمند ۔ آرزومند خواہاں ۔ طالب ۔ شایق ۔ متمنی ۔ منتظر ۔ انتظار کرنیوالا (اشتیاق خواہشمند ہونا) **مشتاقانہ** (تف) خواہشمندانہ ۔ آرزومندانہ ۔ مشتاق کے مانند **مشتاق ہونا** (لازم) خواہشمند ہونا ۔ خواہاں ہونا ۔ متمنی ہونا ۔ منتظر ہونا ۔

مشتبہ (ع ۔ فاعل) شک کیا گیا ۔ جس میں شبہ ہو ۔ جس پر شبہ ہو ۔ مشکوک ۔ مذبذب ۔ اصل لفظ بالکسر جیا رہم ہے (اشتباہ ۔ گھبرا جانا ۔ شک پڑ جانا) **مشتبہ الوصول** (صفت) جس کے وصول ہونے میں شبہ ہو **مشتبہ ٹھہرانا** (متعدی) کسی پر شبہ کرنا **مشتبہ ہونا** (لازم) مشکوک ہونا ۔ مذبذب ہونا ۔ کسی مقدمے میں شبہ ہونا کہ اس نے جرم کیا ہے ۔

مشتبہات (ع ۔ مونث) مشتبہت کی جمع ۔ وہ جن کے معنی واضح نہ ہوں (رنفرسے) مشکوک واقعات ۔ پیچیدہ معاملات ۔

مشترک (ع ۔ مفعول) شریک کیا گیا (اشتراک ۔ حصہ لینا ۔ شامل ہونا) **مشترک** (فاعل) شریک ۔ (مذکر) وہ لفظ جس کے کئی معنی ہوں **مشترکاً** (تف) شرکت کے طور پر ۔ ساجھے میں اور علیحدہ علیحدہ **مشترکہ** (صفت) شریک کیا گیا ۔

مشتری (ع ۔ فاعل) خریدنے والا ۔ خریدار ۔ (مذکر و مونث) ایک سیارہ جو سورج سے ۴۸ کروڑ ۳۰ لاکھ میل کے فاصلہ پر ہے ۔ ۱۲ سال میں اپنا چکر پورا کرتا ہے اس کا قطر ۸۸۷۰۰ میل ہے ۔ اس کے ۸ چاند ہیں ۔ اس کے متعلق خیال ہے کہ یہ ابھی پگھلی ہوئی حالت میں ہے ۔ بڑ مبیت رہیں ۔ شاعروں نے مذکر و مونث دونوں طرح باندھا ہے ۔ اصطلاح کیمیا گراں ، رانگ ۔ قلعی ۔ تاریخوں میں زہرہ کے ساتھ جہاں مشتری کا لفظ آئے وہاں دولھا مقصود ہوتا ہے (اشترا ۔ خریدنا) **مشتری بیع مشترط** (مذکر) شرط پر چیز خریدنے والا ۔

مشتعل (ع ۔ فاعل) بھڑکتا ہوا ۔ بھڑکنے والا ۔ سوزاں ۔ شعلہ زن (اشتعال ۔ جلنا)

مشتغل (ع ۔ فاعل) مشغول ہونیوالا ۔ مصروف ۔ متوجہ ۔ منہ پھیرنے والا ۔ نفرت کرنیوالا ۔ متنفر (اشتغال ۔ مشغول ہونا)

مشتق (ع ۔ مفعول) عربی میں قاف بتشدید ہے ۔ وہ جو کسی دوسرے لفظ یا مصدر سے بنایا گیا ہو (لفظ ماخوذ) (مذکر) اسم مشتق ۔ وہ اسم جو کسی مصدر سے بنایا جائے (اشتقاق ۔ نکالنا)

مشتمل (ع ۔ فاعل) شامل ۔ شریک ۔ متعلق ۔ شمولہ (اشتمال ۔ لپٹنا ۔ ڈھانپنا) **مشتمل برحالات** (تف) حالات کے متعلق ۔

مشتنگ (ف ۔ مذکر) چور ۔ سارق ۔ لٹیرا ۔ راہزن ۔ غریب ۔

مشتہر (ع ۔ مفعول) شہرت دیا گیا ۔ مشہور کیا گیا ۔ منادی کیا گیا ۔ مشہور کرنا ۔ ہونا کے ساتھ (اشتہار ۔ مشہور ہونا) **مشتہر** (فاعل) مشہور کرنیوالا ۔ شہرت دینے والا ۔ اشتہار دینے والا ۔ مشہور ۔

مشتہی (ع ۔ فاعل) آرزومند ۔ خواہشمند ۔ خواہش کرنیوالا ۔ رغبت کرنیوالا ۔ بھوک لگانیوالا ۔ طاقت دینے والا ۔ یہ معنی درست نہیں ان کے لئے مشہی ہونا چاہیئے مگر اردو میں اسی طرح مستعمل ہے (اشتہا ۔ خواہش کرنا) **مشتہیات** (مونث) خواہشیں ۔ آرزوئیں **مشتہیات نفسانیہ** (مونث) نفسانی خواہشیں ۔

مشٹ (ھ ۔ مونث) چپ ۔ خاموشی ۔ گم گوئی **مشٹ مارنا** (متعدی) چپ رہنا ۔ خاموش رہنا **مشٹ مارے جانا** (لازم) چپ چاپ چلے جانا ۔

مشٹ (س ۔ صفت) اچھا ۔ کھانا ۔ گیا ۔ عمدہ ۔ میٹھا ۔ خمیرس ۔ لذیذ ۔ خوشگوار ۔ (مذکر) مٹھائی ۔ لذیذ کھانا **مشٹان** (مذکر) مٹھائی ۔ لذیذ کھانا ۔

مشٹ (ھ ۔ مونث) مٹھی ۔ چوری ۔ سرقہ ۔ لوٹ مار (س مشٹ) **مشٹ آنا** (لازم) مٹھی میں آنا ۔ قبضہ میں آنا ۔ پکڑا جانا **مشٹا مشٹی** (مونث) مکوں کی لڑائی ۔ ہاتھا پائی **مشٹ مار** (مذکر) چور ۔ سارق **مشٹ مار کر بیٹھنا** (لازم) دوہرا ہو کر بیٹھنا ۔ گھٹنوں پر سر رکھ کر دو ہاتھوں کو گھٹنوں کے گرد رکھ کر بیٹھنا **مشٹنڈا** (مذکر) موٹا ۔ فربہ اندام آدمی ۔ قوی ہیکل شخص **مشٹی** (مونث) مٹھی ۔ مشت ۔ مکا ۔ گھونسا ۔ پکڑ ۔ گرفت ۔ تلوار کا دستہ ۔ چوری ۔ سرقہ **مشٹی مشٹی** (مونث) دیکھو مشٹا مشٹی ۔

مشٹ (س ۔ مونث) دیکھو مشٹی (ھ) **مشٹک** (مذکر) ہاتھوں کی ایک خاص صورت ۔ سنار ۔ ایک اسرکا نام جسے کرشن جی نے قتل کیا تھا ۔

مشجر (ع ۔ مفعول) بوٹے دار ۔ وہ جس پر درختوں ۔ پتوں وغیرہ کی تصویر بنی ہوں ۔ (مذکر) پھول دار کپڑا ۔ بوٹے دار کپڑا ۔ وہ کپڑا جس پر بیل بوٹے بنے ہوں ۔

نیشتری (انگ) ہو ایک قسم کا پتھر جس پر درختوں وغیرہ کی تصویریں بنی ہوتی ہیں (شجر - بیل بوٹے بنانا)

مُشجر (ع - فاعل) وہ زمین جس میں درخت اور جھاڑیاں پیدا ہوتی ہوں - وہ جگہ جہاں بہت درخت ہوں (اشجر - درخت پیدا کرنا)

مَشحُون (ع - مفعول) بھرا گیا - پُر کیا گیا (شحن - بھرنا)

مُشخّص (ع مفعول) تشخیص کیا گیا تجویز کیا گیا - اندازہ کیا گیا ذکر ناہونا کے ساتھ تشخص، تخمینہ کرنا، **مشخص** (فاعل) تشخیص کرنیوالا **مشخص جمع** تشخیص کی ہوئی اگلہ فرد **مشخصہ** (صفت) تجویز کیا گیا -

مُشدّد (ع مفعول) باندھا گیا مضبوط کیا گیا - تشدید دیا گیا (حرف) دو کرنا ہونا کے ساتھ (تشدد - مضبوط بنانا)

مُشّر (ع - صفت) ناخنوں سے چلنے والا (شر - چلنا)

مشہر (ع - صفت) ملا جلا گڈ مڈ مخلوط - مرکب - **مشر** معزز عزت دار (مذکر) عزت کا خطاب جو معزز آدمیوں کے ناموں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے - ایک قسم کا ہاتھی - ایک مُشر حکیم طبیب - بید - پنڈت - برہمن کا لقب - وہ برہمن جنہیں کرشن جی اپنے بیٹے کے علاج کیلئے لائے تھے **مشرانی** (**مشرائن**) (مونث) مشر کی بیوی - پنڈتانی -

مَشرب (ع - مذکر) پانی پینے کی جگہ جوہڑ حوض چشمہ جھیل - دین - مذہب - ملت - طور - طریق - ڈھنگ (شرب - پینا) **مشرب** (مذکر) پینے کی جگہ - پینے کا کوزہ (مذکر آدھ)

مشربہ (ع - مذکر) پینے کا برتن - پیالہ (شرب - پینا)

مشترح (ع مفعول) شرح کیا گیا تشریح کیا گیا - کھلا ہوا واضح صاف - بالترتیب تفصیل وار ذکر ناہونا کے ساتھ (تشریح - تشریح کرنا سمجھانا)

مُشرّف (ع - مفعول) شرف دیا گیا - عزت دیا گیا - معزز - بلند کیا گیا جیسے عمارت مینار وغیرہ سے بلند ہونا کے ساتھ (شرف - عزت دار بننا) **مشرف باسلام ہونا** (لازم) مسلمان ہونا - مسلمان ہونے کی عزت حاصل کرنا **مشرف کرنا** (لازم) (متعدی) ممتاز حاصل ہونا - عزت پانا

مُشرف (ع - فاعل) بلندی سے جھانک کر طرف نگاہ ڈالنے والا - خبردار نگران - ناظر - بلندی پر چڑھنے والا - بلند ہونیوالا - مشاہدہ کرنیوالا کسی بڑے یا بھلے کام کے قریب پہنچنے والا (مذکر) صدر محرر - چیف محرر - سپرنٹنڈنٹ - خزانے کا عہدہ دار (اشراف - اونچا ہونا)

مَشرِق (ع - مونث) وہ طرف جدھر سے سورج چڑھتا ہے - پورب - لکھنؤ میں مذکر ہے - جائے طلوع (شرق - نکلنا) **مشرقی** (صفت) مشرق سے منسوب - پوربی - ایشیائی چونکہ ایشیا یورپ سے مشرق کو ہے اس لئے یہ معنی ہوئے **مشرقی خیالات** (مذکر) ایشیائی خیالات مجازاً پرانے دقیانوسی خیالات **مشرقی زبانیں** (مونث) عربی فارسی - ترکی - اردو ہندی - سنسکرت - چینی - جاپانی وغیرہ ایشیا کی زبانیں **مشرقی ممالک** (مذکر) وہ ممالک جو یورپ کے مشرق میں ہیں یا ایشیا کے ملک **مشرقین** (مذکر) مشرق کا تثنیہ - یہ لفظ قرآن شریف میں آیا ہے بعض مترجم اس کے معنی مشرق و مغرب کرتے ہیں بعض ان جگہوں سے مراد لیتے ہیں جہاں سے سورج موسم گرما و سرما میں طلوع ہوتا ہے -

مثل مشرق و مغرب (ف) آنچہ نصیب است کم نشود یک جو - بیش - بیاد بجہد جاہ جو قسمت میں ہے جو کچھ کم نہ ہوگا جو قسمت میں لکھا ہے وہی ہوگا اس میں ذرہ برابر فرق نہ ہوگا -

مُشرِک (ع - فاعل) شریک کرنیوالا - وہ جو خدا کے ساتھ دوسرے معبود کو شریک کرے - کافر بت پرست - قبر پرست (اشراک - حصہ دار بنانا)

مَشروح (ع - مفعول) کھول کر بیان کیا گیا - تشریح کیا گیا (شرح - بیان کرنا) **مشروحاً** (تف) واضح طور پر - کھول کر تشریح کے ساتھ - بتفصیل -

مَشروط (ع - مفعول) شرط کیا گیا - کسی شرط پر موقوف - (مذکر) دس فیصدی مالگزاری جو زمینداروں کی معاف کی جائے (شرط کسی بات کو کسی امر کے لئے ضروری قرار دینا) **مشروط بامتحان** (مذکر) وہ کام جس کے امتحان کی شرط ہو -

مَشروع (ع - مفعول) شرع کے موافق - جائز - ایک قسم کا کپڑا جس کے پائجامے وغیرہ بنتی ہیں (شرع - شروع کرنا)

مُشعبد (ع - فاعل) مداری - شعبدہ باز (شعبدہ - مداری کا پیشہ کرنا)

مَشعر (ع - مذکر) ظاہری حس جیسے باصرہ یا سامعہ (شعر - جاننا) **مشعر الحرام** (مذکر) عرب میں وہ مقام جہاں مکہ معظمہ میں حج کے زمانے میں قربانی کرتے ہیں **مشعرہ** (مذکر) مشاعرہ -

مُشعِر (ع - فاعل) بتانے والا - جتلانے والا - خبر دہندہ - اطلاع دہندہ - ظاہر کرنیوالا (اشعار - جتلانا)

مَشعل (ع مونث) کپڑے کی بڑی گول بتی تیل میں تر کرکے لکڑی کے سرے پر باندھتے ہیں یہ مشعل ہے اور شادی بیاہوں میں رات کے وقت جلاتے ہیں - آج کل یہ کام عموماً گیس کے لیمپوں سے لیا جاتا ہے (بجھنا جلانا جلنا روشن کرنا یا ہونا وغیرہ کے ساتھ) **مشعل بردار** **مشعلچی** (مذکر) مشعل دکھانے یا جلانے والا **مشعل دکھانا** (متعدی) راہنمائی کرنا - **مشعل کے نیچے سے نکلا ہوا ہے** (تف) نازش کے ساتھ ناچا ہوا ہے - بچنپ - **مشعل لے کر ڈھونڈھنا** (متعدی) بہت تلاش کرنا **مشعلہ** (مذکر) مشعل **مشعلیں** (مونث) مشعل کی جمع -

امثال مشعلچی آپ ہی اندھا ہے - مشعلچی اندھا ہوتا ہے - اس کے متعلق کہتے ہیں - جو دوسروں کی رہنمائی کرے اور خود گمراہی میں پڑا رہے **مشعل کی بو دماغ میں سمائی ہے** - غریبی میں تمکنت رکھتا ہے -

مَشغلہ (ع - مذکر) کام - کاج - شغل - دل بہلاوا - دلبستگی - دل لگی - تفریح - کھیل - تماشہ - ہنسی ٹھٹھا - چہل (شغل - مصروف ہونا) **مشغلہ سلطانی** (مذکر) وہ بکس جو بادشاہ کی سواری کے ساتھ ہوتا تھا کہ فریادی اپنی درخواستیں اس میں ڈال دیں **مشغلہ ہاتھ آنا** (لازم) ہنسی اڑانے کا موقعہ ملنا **مشغلہ ہونا** (لازم) کام ہونا شغل ہونا کھیل ہونا - تماشا ہونا دل بہلاوا ہونا -

مَشغول (ع - مفعول) مصروف - کام میں لگا ہوا - شغل میں لگا ہوا (شغل - لگا ہونا) **مشغول رہنا** (لازم) کام میں لگا رہنا **مشغولہ** (تف) مشغلہ کا معرب **مشغولی** (مونث) مصروفیت - کام میں لگا ہونا - مصروف ہونا -

مُشفِق (ع - فاعل) شفیق - مہربان - شفقت کرنیوالا - دردمند - دوست - رفیق (شفق - مہربان ہونا) **مشفقانہ** (صفت) دوستانہ - دردمندانہ - ہمدردی سے **مشفق بندہ یا من** (مذکر) میرے دوست - میرے مہربان خطوں میں بطور القاب لکھتے ہیں بول چال میں دوسرے کو خطاب کرتے ہیں یا مخاطب طنزاً بھی کہتے ہیں **مشفقہ** (صفت مونث)

عورت کو خطاب کرتے ہیں

مَشق رع۔ مونث) ۱۔ مہارت۔ عادت۔ ربط۔ مشاقی ۲۔ کسی کام کی مداومت یا مزاولت ۳۔ بار بار لکھنا یا کوئی کام کرنا کسی کام کو ہر روز کرنا ۴۔ تختی یا کاغذ جس پر مشق کی جائے (رَشق۔ جلدی کام کرنا) **مشق بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) کسی کام کو زیادہ یا روزمرہ کرنے سے مہارت پیدا ہونا **مشق چڑھی ہونا** (لازم) بہت مہارت ہونا **مشق رہنا** (لازم) کسی کام کی عادت رہنا مہارت رہنا **مشق زوروں پر چڑھنا** (لازم) بہت مہارت ہونا۔ مشاقی ہونا **مشق سخن** (مذکر) شعر و سخن کی مہارت۔ شعر کہنا **مشق کرانا** (متعدی) **کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱۔ مہارت ہونا ۲۔ لگاتار کوئی کام ہونا۔ بار بار لکھا جانا **مشقی** (صفت) ۱۔ مشق کیا ہوا۔ منجھا ہوا ۲۔ (مونث) مشق کرنے کی وصلی۔

مُشقاب (ت۔ مونث) بڑی قاب بڑا طباق۔ چاول ڈالنے کا بڑا برتن۔

مَشَقَّت (ع۔ مونث) ۱۔ محنت۔ ریاضت ۲۔ کام کاج۔ مزدوری ۳۔ تکلیف۔ دکھ۔ جانفشانی (کرنا ہونا کے ساتھ) (رَشق۔ تکلیف ہونا) **مشقت اٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) ۱۔ محنت ہونا ۲۔ تکلیف برداشت ہونا **مشقت بحالتِ قید** (مونث) وہ محنت جو قیدی سے کرائی جائے **مشقت برباد ہونا** (لازم) محنت رائگاں جانا **مشقت کرنا** (متعدی) بہت محنت کرنا۔

مَشک (ف۔ مونث) ۱۔ پانی بھرنے کی کھال۔ بکری یا بھیڑ کی کھال جسے سی کر پانی بھرتے ہیں ۲۔ بھینس کی کھال جس میں ہوا بھر کر چھاتی کے نیچے رکھ کر دریا عبور کرتے ہیں (س۔ مَشک) **مشک اٹھانا** (متعدی) سقے کا کام کرنا **مشک بھرنا** (متعدی) مشک میں پانی ڈالنا۔ **مشک چھوڑ دینا یا چھوڑنا** (متعدی) ۱۔ مشک کا پانی کسی کے نام پر بہانا۔ مثلاً تعزیئے کے نیچے سیتلا کے مندر میں یا دلہن کے آگے۔ **مشک خالی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مشک میں پانی نہ ہونا۔ مشک نہ ہونا۔ مشک سے پانی گر جانا **مشک نبیڑنا** (متعدی) مشک خالی کرنا (دہلی) **مشک ہے دریاؤ کی۔** بچوں کا ایک کھیل جس میں چھوٹے بچے کو پیٹھ پر اٹھا کر یہ فقرہ کہتے ہیں۔ جب کوئی بچہ پانی مانگے تو کہتے ہیں، ہاتھ کی اوک کر جب وہ کرتا ہے۔ تو چھوٹا بچہ تھوک دیتا ہے۔ **مشکیزہ** (مذکر) چھوٹی مشک۔ **مشکیں** (مونث) جمع مشک کی **مشکیں چھوٹنا** (لازم) ۱۔ بہت دست آنا ۲۔ بہت خون حیض آنا۔

مَشک (س۔ مذکر) مچھیرو ۲۔ ایک قسم کا پھوڑا۔

مُشک (ف۔ مذکر) ۱۔ ایک قسم کی خوشبو جو ایک قسم کے ہرن کی پیٹ کی تھیلی میں سے نکلتی ہے ۔ یہ جما ہوا خون ہوتا ہے اور تھیلی میں سے کھرچ کر نکالتے ہیں اس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے ۔ کہتے ہیں کہ زخم میں مشک بھرنے سے زخم خراب ہو جاتا ہے ۔ کستوری ۲۔ (صفت) سیاہ کالا۔ (س مُشک۔ ع مِسک) **مشکِ اَذفر** (مذکر) خالص نہایت خوشبودار کستوری **مشک افشاں** (صفت) معطر کرنے والا **مشکبار** (صفت) بہت خوشبودار۔ کمال معطر **مشک بلاؤ** (مذکر) ایک قسم کا جنگلی بلا جس سے خوشبو آتی ہے ۔ یہ معمولی بلے کے برابر ہوتا ہے **مشکبو** (صفت) خوشبودار۔ مشک کی خوشبو کا۔ معطر **مشک بید** (مذکر) ایک قسم کا بید جو مصر میں پایا جاتا ہے ۔ اس کا پھول **مشکبیر یا پاش** (صفت) معطر۔ خوشبودار **مشکِ پُختہ** (مذکر) خالص **مشکِ تاتاری** (مذکر) تاتار کا مشک **مشکِ تبّت یا تبّتی** (مذکر) تبت کا مشک جو بہت اعلیٰ ہوتا ہے ۔ **مشکِ ترکان** (مذکر) ایک درخت جو لسوڑے کی قسم کا ہے اور اس کا پھل دواؤں میں پڑتا ہے **مشک ترکمانی** (مذکر) ایک پودہ جس کی جڑ ادرک کی طرح ہوتی ہے۔ **مشک چھڑکنا** (متعدی) زخم پر مشک ڈالنا تاکہ وہ نہ بھرے۔ **مشکِ چین، ختن یا ختا** (مذکر) مشک کی تین اعلیٰ قسمیں **مشک دانہ** (مذکر) ۱۔ ایک درخت کا پھل جو دواؤں میں پڑتا ہے ۲۔ بار بدکا باکیسواں لحن **مشکِ دم** (مذکر) ایک سیاہ رنگ کا گانے والا پرندہ **مشک رنگ** (صفت) ۱۔ مشک کے رنگ کا۔ سیاہ۔ کالا ۲۔ معشوق کے سیاہ بالوں کی صفت **مشکسا** (صفت) مشک کے مانند **مشکسار یا سارا** (مذکر) نہایت اعلیٰ قسم کا مشک۔ **مشک فام** (صفت) ۱۔ مشک کے رنگ کا سیاہ فام ۲۔ معشوق کے سیاہ بالوں کی صفت **مشک فشاں** (صفت) معطر کرنے والا **مشک طرا** (مذکر) ایک قسم کا پہاڑی پودہ **مشک کا ہرن** (مذکر) ایک قسم کا ہرن جس کے پیٹ پر ایک تھیلی سی ہوتی ہے جس میں خون جم جاتا ہے۔ اسے کھرچ لیتے ہیں۔ یہ مشک ہے۔ یہ ہرن تبت، چین اور تاتار کی پہاڑیوں میں ملتا ہے۔ **مشک ناب** (مذکر) خالص مشک **مشک نافہ** (مذکر) مشک کے ہرن کی وہ تھیلی جس میں مشک جم جاتا ہے **مُشکی** (صفت) ۱۔ مشک کے رنگ کا۔ سیاہ۔ کالا ۲۔ (مذکر) سیاہ رنگ کا گھوڑا **مُشکیں** (صفت) ۱۔ مشک کے مانند سیاہ۔ کالا ۲۔ مشک کی سی خوشبو کا۔ مشک آلودہ **مشکیں پرند** (صفت) سیاہ بادل یا رات کی صفت **مشکیں خط یا عذار** (صفت) وہ جس کے منہ پر سیاہ تل ہو **مشکیں کلاہ** (مذکر) ۱۔ سیاہ ٹوپی ۲۔ معشوق **مشکیں کمند** (صفت) وہ جس کے سیاہ بال کمند کے مانند ہوں **مشکیں مو** (صفت) سیاہ بال والا۔ **مشکیں مہرہ** (مذکر) زمین۔

مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید۔ اچھی چیز خود ہی نظر آ جاتی ہے تعریف کی ضرورت نہیں۔

مُشک (س۔ مذکر) ۱۔ فوطہ۔ خصیہ ۲۔ بیضوں کی تھیلی۔ انڈکوش ۳۔ ایک قسم کا درخت ۴۔ چور ۵۔ بھیڑ۔ ہجوم مجمع ۶۔ ڈھیر۔ تودہ ۷۔ بازو۔

مُشَک (س۔ مذکر) چوہا۔ دیکھو موشک۔

مُشَکَّل (ع۔ مفعول) ۱۔ بنایا گیا۔ لایا گیا ۲۔ شکل میں لایا گیا ۳۔ خوبصورت۔ حسین (شکل۔ بنانا)

مُشکِل (ع۔ فاعل) ۱۔ دشوار۔ کٹھن۔ سخت ۲۔ تکلیف دہ ۳۔ پیچیدہ ۴۔ تنگی۔ مشکوک ۵۔ مبہم۔ گول مول ۶۔ (مونث) سختی۔ دشواری۔ دقت ۷۔ مصیبت ۸۔ پیچیدگی (اشکل۔ مشکوک ہونا) **مشکل آ پڑنا** (لازم) دقت یا دشواری یکایک پیش آنا **مشکل آسان کرنا** (متعدی) ۱۔ سختی دور کرنا۔ مصیبت سے بچانا ۲۔ جانکنی سے چھڑانا۔ جان نکال لینا **مشکل آسان ہونا** (لازم) ۱۔ مصیبت دور ہونا۔ سختی رفع ہونا ۲۔ جان نکلنا۔ دم نکلنا۔ مرنا۔ **مشکل بات** (مونث) پیچیدہ معاملہ۔ دقیق بات **مشکل آنا** (لازم) ۱۔ مصیبت آنا۔ کم بختی آنا ۲۔ دقت پیش آنا **مشکلات** (مونث) عربی طرز پر مشکل کی جمع **مشکل بننا یا پڑنا** (لازم) ۱۔ دشوار ہونا ۲۔ مصیبت پڑنا ۳۔ دقت پیش آنا ۴۔ جان پر بننا۔ دم پر بننا۔ لالے پڑنا **مشکل پسند** (صفت) وہ جو نظم و نثر میں ادق اور مشکل الفاظ استعمال کرے۔ دقت پسند **مشکل حل کرنا** (متعدی) دیکھو مشکل آسان کرنا۔ **مشکل حل ہونا** (لازم) دیکھو مشکل آسان ہونا **مشکل راستہ** (مذکر) وہ راستہ جس پر سفر کرنے میں تکلیف ہو۔ کٹھن راستہ **مشکل سے** (ف، وقت سے۔ بدقت، دشواری کے ساتھ **مشکل سے مشکل** (صفت) بہت مشکل، بہت پیچیدہ۔ **مشکل سے نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) مصیبت سے بچانا یا چھوٹنا۔ تکلیف سے بچنا **مشکل کام** (مذکر) وہ کام جس میں دقت ہو۔ **مشکل کٹ جانا** (لازم) دیکھو مشکل آسان ہو جانا **مشکل کر دینا** (متعدی) کسی کام کو دقت طلب یا کٹھن کر دینا **مشکل کشا** (صفت) ۱۔ مشکل

حل کرنے والا۔ عقدہ کشا۔ مصیبت دور کرنے والا۔ وہ چیز جو دشوار ہے۔ کہتے ہیں حضرت علیؓ کا لقب **مشکل کشا** کا کھڑا ہونا (متعدی) حضرت علیؓ کی فاتحہ جس سے مشکل حل ہو جائے پر دی جاتی ہے دو دینا کے ساتھ **مشکل کشائی** (مونث) مشکل آسان کرنا۔ **مشکل کشائی کا وقت** (مذکر) سخت مصیبت کا وقت **مشکل کشائی کرنا** (متعدی) کسی کا کام بنانا۔ مصیبت دور کرنا۔ **مشکل کی بات** (مونث) کٹھن معاملہ۔ پیچیدہ بات **مشکل میں پڑنا** (لازم) دشواری میں پڑنا۔ مصیبت میں پھنسنا **مشکل میں کام آنا** (لازم) مصیبت میں مدد دینا **مشکل میں مشکل ہونا** (لازم) سخت مشکل ہونا **مشکلوں** (مونث) مشکل کی جمع وغیرہ سے **پیدا مشکلوں سے** (صفت) وقت سے دشواری سے **مشکل ہونا** (لازم) دشوار ہونا۔ دقت ہونا **مشکلیں** (مونث) مشکل کی جمع **مشکلیں پڑنا** (لازم) دقتیں پیش آنا۔

اقوال۔ مشکلے دارم ز دانشمند مجلس بازپرس۔ توبہ فرمایاں چرا خود توبہ کمتر می کنند۔ مجھے ایک مشکل آپڑی ہے اس مجلس میں جو عقلمند ہو اس سے پوچھنا کہ توبہ کا حکم دینے والے خود کیوں بہت کم توبہ کرتے ہیں۔ **مشکلے نیست کہ آساں نشود مرد باید کہ ہراساں نشود**۔ کوئی مشکل ایسی نہیں جو آسان نہ ہو جائے مرد کو گھبرانا نہیں چاہئیے۔ مصیبت کی حالت میں تسکین دیتے ہیں۔ ہر مشکل رفع ہو جاتی ہے۔ انسان کو ہمت نہ ہارنا چاہئیے کوشش کرنی چاہئیے۔

مشکوٰۃ (ع۔ مونث) (۱) دیوار میں چیزیں رکھنے کی چھوٹی سی جگہ۔ آلا۔ طاق (۲) مشکوٰۃ المصابیح کا مخفف۔ **مشکوٰۃ المصابیح** (مونث) حدیثوں کی ایک مشہور کتاب جو صحاح ستہ کا خلاصہ ہے **مشکوٰۃ شریف** (مونث) مشکوٰۃ المصابیح کا نام عزت سے لیتے ہیں۔

مشکور (ع۔ مفعول) (۱) شکر کیا گیا (۲) پسندیدہ (۳) شکر گزار۔ ممنون۔ احسان مند۔ ان معنوں میں عربی میں استعمال نہیں ہوتا۔ (۴) شکر۔ تعریف کرنا **مشکور ہونا** (لازم) شکر گزار ہونا۔ **مشکوری** (مونث) شکر گزاری (صفت)

مشکوک (ع۔ مفعول) شک کیا گیا۔ مشتبہ۔ احتمال کیا گیا۔ گمان کیا گیا (شک۔ شبہ کرنا) **مشکوک بنا دینا یا کر دینا** (متعدی) اس طرح کام کرنا کہ اس کے درست ہونے میں شبہ پڑ جائے۔ **مشکوک معاملہ** (مذکر) ایسا معاملہ جس کے درست ہونے میں شبہ ہو **مشکوک ہونا** (لازم) مشتبہ ہونا۔

مُشکو مُشکُوئے (ف۔ مذکر) (۱) بتخانہ۔ (۲) محلسرا۔ امراء و سلاطین کا محل۔ قصر شاہی (۳) بالاخانہ۔ کوٹھا (۴) شیریں و خسرو کا خلوت خانہ **مشکوئے زریں** یا **معلیٰ** (مذکر) بادشاہوں کا محلسرا **مشکوئے معلیٰ میں فرزند ارجمند (اقبالمند) پیدا ہونا** (لازم) بادشاہ کے گھر بیٹا پیدا ہونا۔

مُشکیں (ف۔ مونث) دونوں بازو یا شانے (س) مُشک۔ بازو **مشکیں باندھ کر مارنا** (متعدی) دونوں شانے یا بازو باندھ کر مارپیٹ کرنا بے بس کر کے (۱) **مشکیں باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) **بندھوانا** (لازم) (۱) دونوں بازووں یا ہاتھوں کو رسی یا زنجیر وغیرہ سے جکڑنا (۲) گرفتار کرنا (۳) مجبور کر دینا **مشکیں کسنا** (متعدی) مشکیں باندھنا۔

مَشلُول (ع۔ مفعول) خشک۔ سوکھا ہوا (شلل) قابل حرکت نہ رہنا)

مُشمَّس (ع۔ مفعول) جو دھوپ میں پڑا رہے (جس پر دھوپ پڑی ہو (شمس۔ دھوپ میں رکھنا۔ **مُشمش** (ع۔ مذکر) زرد آلو۔ **مُشمّع** (ع۔ مفعول) (۱) موم چپڑا ہوا (۲) موم لگا ہوا (۳) (مذکر) موم جامہ (۴) موسیوں کی اصطلاح میں گندھک کا موم کی طرح نرم ہو جانا (شمع۔ کسی چیز کو موم لگانا)

مَشمُول (ع۔ مفعول) (۱) شامل کیا گیا۔ (۲) شریک کیا گیا (۳) گھیر لیا گیا۔ محیط کیا گیا (شمل۔ شامل کرنا) **مشمولہ** (صفت۔ مونث) (دیکھو مشمول)۔

مَشمُوم (ع۔ مفعول) (۱) سونگھا گیا (۲) خوشبودار معطر (شم۔ سونگھنا)

مِشن (انگ۔ مذکر) (۱) پیغمبری۔ رسالت (۲) عیسائیوں کے کسی فرقے کی تبلیغی انجمن (۳) پادریوں کے رہنے کی جگہ (۴) سفارت۔ ایلچیگری۔ وفد **مشن اسکول** (مذکر) وہ اسکول جو کوئی مشن بنائے **مشنری** (مذکر) پادری **مشن ہسپتال** (مذکر) وہ ہسپتال جو مشن نے بنائے۔

مشورہ (مونث) **مَشُوْرَہ** (ع۔ مذکر) صلاح مشورہ۔ باہمی تجویز (شاور۔ باہم صلاح کرنا) **مشورہ دینا** (متعدی) صلاح دینا **مشورہ رہنا** (لازم) کسی سے وقتاً فوقتاً صلاح ہوا کرنا **مشورہ یا مشورہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) صلاح ہونا۔ آپس میں بات چیت ہونا **مشورہ لینا** (متعدی) (۱) اصلاح لینا (۲) صلاح لینا۔ تدبیر پوچھنا (۳) اصلاح لینا۔ نظم و نثر میں۔

مُشوّش (ع۔ مفعول) (۱) پریشان کیا گیا (۲) پریشان۔ مضطرب۔ حیران (تشویش۔ حیران کرنا) **مُشوِّش** (فاعل) پریشان کرنے والا۔ گھبرا دینے والا۔

مَشوی (ع۔ فاعل) بھنا ہوا۔ بریاں (شی۔ بھونا)

مَشہَد (ع۔ مذکر) (۱) حاضر ہونے کی جگہ (۲) شہید ہونے کی جگہ۔ شہادت گاہ (۳) شہیدوں کا قبرستان (۴) مقبرہ۔ مزار (شہد۔ گواہی دینا)

مَشہُود (ع۔ مفعول) (۱) حاضر کیا گیا۔ ثابت کیا گیا (۲) موجود۔ ظاہر۔ مقصود (شہد۔ گواہی دینا)

مَشہُور (ع۔ مفعول) (۱) شہرت کیا گیا۔ معروف۔ نامی۔ نامور۔ طشت از بام۔ الم نشرح (۲) (مونث) وہ حدیث جس کے راوی دو یا دو سے زیادہ ہوں (شہر۔ شہرت دینا) **مشہور کرنا** (متعدی) شہرت دینا **مشہور و معروف** (صفت) نامی۔ جسے سب جانتے ہیں **مشہور ہونا** (لازم) (۱) شہرت ہونا۔ نام پانا۔ ناموری حاصل کرنا (۲) ظاہر ہونا۔ طشت از بام ہونا۔ **مشہور ہے**۔ افواہ ہے۔ چرچا ہے۔ کہتے ہیں۔

مَشہی (ع۔ فاعل) (دیکھو مشتہی)۔

مَشی (ع۔ مونث) پیادہ پا چلنا (مشی۔ چلنا)

مَشی (س۔ مونث) (۱) سیاہی (۲) ارنگھار کی ڈبیا۔

مَشِیّت (ع۔ مونث) (۱) خواہش۔ مرضی۔ ارادہ (۲) خدا تعالیٰ کی مرضی۔ ارادہ الٰہی (۳) تقدیر (شئی۔ کوئی بات چاہنا) **مشیت ایزدی** (مونث) خدا تعالیٰ کی مرضی۔ تقدیر الٰہی **مشیت میں گزرنا** (متعدی) خدا کی مرضی ہونا۔

مَشِیخَت (ع۔ مذکر) (۱) شیخ کی جمع (۲) (مونث) بزرگی (۳) شیخی۔ گھمنڈ۔ غرور۔ آخری دونوں معنوں میں عربی میں استعمال نہیں ہوتا **مشیخت پناہ** (صفت) شیخی خورا **مشیخت کرکری ہو جانا** (لازم) شیخی کرکری ہونا **مشیخت مآب** (صفت) شیخی خورا (۲) غرور اور شیخی سے بھرا ہوا۔

مُشِیر (ع۔ فاعل) (۱) مشورہ دینے والا۔ صلاح کار۔ تدبیر بتانے والا۔ رائے دینے والا (۲) اشارہ کرنے والا (۳) مصاحب۔ کارکن۔ کارپرداز۔ دیوان۔ وزیر (اشارہ انگلی سے بتانا) **مشیر الدولہ** (مذکر) سلطنت کا صلاح کار۔

ایک خطاب جو بڑے بڑے امرا اور وزرا کو دیا جاتا ہے۔
مشیران (مذکر) مشیر کی جمع۔ **مشیرانِ سلطنت** (مذکر) ارکین سلطنت۔ وزرا۔ **مشیر جلسہ** (مذکر) ممبر کونسل ۲۔ امرا۔
مشیر خاص (صفت) ۱۔ مصاحب خاص ۲۔ پرائیویٹ سیکرٹری
مشیر مال (مذکر) وزیر مال محکمہ مال کا افسر۔
مُتَمَکِّن (ع۔ مفعول) ۱۔ شاندار۔ تمکنت والا۔ رعب داب والا ۲۔ وجیہہ۔ خوبصورت (شان۔ کوئی کام اچھی طرح سے کرنا)
مشین (انگ۔ مونث) ۱۔ کل۔ وہ آلہ جس کے ذریعے کوئی کام آسانی سے اور جلدی کیا جائے ۲۔ پرزہ جنتر ۳۔ چرخی۔ آلہ ۴۔ جر ثقیل ۵۔ سینے کی کل ۶۔ چھاپنے کی کل ۷۔ کارتوس بنانے کا آلہ ہر قسم کی کل کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔
مشین گن (مونث) ایک قسم کی بندوق جس میں سے گولیاں بہت جلد جلد چلتی ہیں۔
مُصَابَرَت (ع۔ مونث) صبر کرنا۔ صبر سے برداشت کرنا (صابر۔ صبر سے کام لینا)
مَصَابِیح (ع۔ مونث) مصباح کی جمع ۱۔ بہت سے چراغ ۲۔ مشکوٰۃ کا نام۔
مُصَاحِب (ع۔ فاعل) ۱۔ ہم صحبت۔ خاص دوست۔ ساتھی۔ رفیق۔ ندیم (صاحب۔ میل جول رکھنا) **مصاحبان** (مذکر) مصاحب کی جمع۔
مُصَاحَبَت (ع۔ مونث) ساتھ رہنا۔ ہم نشینی۔ میل جول۔ اٹھنا بیٹھنا (صاحب۔ میل جول رکھنا)
مَصَاحِف (ع۔ مذکر) مصحف کی جمع۔
مَصَادِر (ع۔ مذکر) مصدر کی جمع۔
مُصَادِم (ع۔ مذکر) ۱۔ مارنا۔ ایک دوسرے کو مارنا ۲۔ ٹکر لڑنا (صادم۔ ٹکر مارنا)
مَصَارِف (ع۔ مذکر) جمع مصرف کی ۱۔ اخراجات ۲۔ صرف کرنے کے موقعے **مصارف بیجا** (مذکر) غیر ضروری خرچ۔ فضول خرچ۔ بیجا اخراجات۔
مَصَاف (ع۔ مذکر) مصف کی جمع یعنی صف باندھنے کی جگہ عربی میں تشدید آخر ہے۔ اردو میں تخفیف اور مفرد استعمال ہوتا ہے ۱۔ لڑائی کا میدان ۲۔ لڑائی۔ جنگ۔ پیکار۔
مُصَافَحَہ (ع۔ مذکر) ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ پکڑنا۔ ہاتھ ملانا (کرنا ہونا کے ساتھ)
مَصَالِح (ع۔ مذکر) مصلحت کی جمع ۱۔ مصلحتیں ۲۔ دیکھو مسالا۔

مُصَالَحَت (ع۔ مونث) ۱۔ میل ملاپ ۲۔ باہمی صلح ۳۔ آپس میں صلح کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) (صالح۔ صلح کرنا) **مصالحت نامہ** (مذکر) صلح نامہ۔ راضی نامہ۔
مُصَالِحَہ (ع۔ مذکر) دیکھو مصالحت (صفت)
مُصَاہَرَت (ع۔ مذکر) خسر کرنا۔ داماد کرنا (صاہر۔ شادی کا رشتہ ہونا)
مَصَائِب (ع۔ مونث) مصیبت کی جمع۔ لکھنؤ میں مُصائب ہے۔
مِصْبَاح (ع۔ مذکر) ۱۔ چراغ ۲۔ صبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ (صَبَحَ۔ روشن ہونا)
مُشَبَّر (اردو۔ مذکر) ایلوا (ع۔ صبر۔ تلخ ہونا) کا رس عربی میں یہ لفظ نہیں۔ ہندوستان کی ایجاد ہے۔
مُصَحِّح (ع۔ فاعل) صحیح یا درست کرنیوالا۔ تصحیح کرنیوالا یا صحت کرنیوالا (صَحَّحَ۔ ٹھیک بنانا)
مُصْحَف (ع۔ مفعول) ۱۔ جمع کیا گیا ۲۔ (مذکر) وہ چیز جس میں لکھے ہوئے کاغذوں کے ٹکڑے جمع کئے جائیں ۳۔ کتاب۔ جلد ۴۔ صفحہ۔ لکھا ہوا ورق ۵۔ مجازاً قرآن مجید ۶۔ مجازاً رخسار معشوق (اصحف۔ لکھے ہوئے کاغذوں کے ٹکڑے جمع کرنا) **مصحف اُٹھانا** (متعدی) قرآن شریف کی قسم کھانا **مصحف بغلی** (مذکر) چھوٹی تقطیع کا قرآن **مصحف مجید یا مقدس یا ناطق** (مذکر) قرآن شریف تعظیماً کہتے ہیں۔
مَصْحُوب (ع۔ مفعول) ہمراہ۔ ساتھ (صحب۔ ہمراہ ہونا)
مِصْدَاق (ع۔ مذکر) ۱۔ وہ جو کسی چیز کی سچائی ثابت کرے ۲۔ صدق ۳۔ ثبوت صداقت ۴۔ وہ شئے جس پر کوئی معنی بولے جاسکیں (بننا ہونا کے ساتھ) ۵۔ تصدیق کنندہ شخص ۶۔ گواہ ۷۔ شہادت۔ گواہی ۸۔ وہ بات جسے آدمی سچ سمجھیں ۹۔ دلیل راستی سخن (صَدَقَ۔ درست ہونا)
مَصْدَر (ع۔ مذکر) ۱۔ صادر ہونے کی جگہ۔ نکلنے کی جگہ ۲۔ چشمہ۔ بنیاد۔ جڑ۔ اصل ۳۔ وہ جگہ جہاں کوئی جائے یا جہاں سے پھرے ۴۔ سبب۔ باعث ۵۔ صرف وہ لفظ جس سے کرنا۔ ہونا یا سہنا بغیر تعلق زمانہ سمجھا جائے۔ اور جس سے افعال۔ صفات اور بعض اسما نکلیں اردو میں اس کی نشانی صرف نا ہے جو اخیر آتا ہے جیسے آنا جانا کھانا وغیرہ جب مفعول کسی فعل کا مونث ہو تو دہلی میں نا کے الف کو یائے معروف سے بدل دیتے ہیں لیکن لکھنؤ میں اب ایسا نہیں کرتے۔ گو متقدمین اس کے پیرو تھے (صدر۔ لوٹنا۔ واپس آنا) **مصدر غیر وضعی** (مذکر) وہ مصدر جس کے الفاظ فارسی و عربی پر علامت مصدر ہندی یا مصدر ہندی بڑھا کر مصدر بنالیں جیسے آزمانا۔ فرمانا۔ شور کرنا۔ غصے ہونا یا الفاظ ہندی پر جو مصدر نہ ہوں علامت مصدر بڑھا کر مصدر بنالیں۔ جیسے پتھر سے پتھرانا **مصدر لازم** (مذکر) وہ مصدر جو صرف فاعل پر تمام ہو جائے۔ جیسے آنا جانا اس کی ماضی کے ساتھ وہ آتا ہے۔ **مصدر متعدی** (مذکر) وہ مصدر جو فاعل اور مفعول دونوں کو چاہے جیسے کھانا پینا اس کی ماضی کے ساتھ اس نے آتا ہے جیسے اس نے کھایا۔ اس نے پیا لیکن یہ قاعدہ مرکب مصادر پر ہر وقت عائد نہیں ہوتا جیسے وہ کھا گیا **مصدر وضعی** (مذکر) وہ مصدر جو واصل مصدری معنی کے واسطے موضوع ہوا ہو۔ **مصدری** (صفت) ۱۔ مصدر کا۔ مصدر سے منسوب ۲۔ جس کے معنی مصدر کے ہوں ۳۔ اصل یا بنیاد کے متعلق۔
مُصَدِّع (ع۔ صفت) تکلیف دینے والا۔ تکلیف دہندہ۔ دردسر پیدا کرنیوالا (صَدَّعَ۔ سردرد پیدا کرنا)
مُصَدَّق (ع۔ مفعول) تصدیق کیا گیا۔ آزمایش کیا گیا۔ جانچا گیا۔ پڑتال کیا گیا۔ تصدیق کیا ہوا (صَدَّقَ۔ سچا ثابت کرنا) **مُصَدِّق** (فاعل) تصدیق کرنے والا۔ ثابت کرنے والا۔ گواہی دینے والا **مُصَدَّقہ** (صفت) دیکھو مصدق۔
مَصْدُور (ع۔ مفعول) نکالا گیا۔ صادر کیا گیا (بفتح صَدَرَ۔ لوٹنا) **مصدورہ** (صفت) دیکھو مصدور۔
مِصْر (ع۔ مذکر) ۱۔ شہر۔ قصبہ۔ دیار ۲۔ ملک ۳۔ حد فاصل ۴۔ مصر کی تلوار ۵۔ تیزی۔ کاٹ ۶۔ افریقہ شمال مشرق میں ایک ملک رقبہ ۳۸۳۰۰۰ (۱۴۱۰۸۷) (مصر۔ حد و حدود بنانا) **مصران** (مذکر) کوفہ اور بصرہ۔ بیشتر ال کے ساتھ **مصر کا بازار** (مذکر) وہ بازار جہاں حضرت یوسف کو قافلے والوں نے فروخت کیا تھا۔ **مصر کی روشنی** (مونث) مصر کے علوم و فنون **مصری** (صفت) ۱۔ مصر کا۔ مصر سے منسوب ۲۔ (مذکر) مصر کا باشندہ ۳۔ (مونث) مصر کی زبان ۴۔ شکاری چاقو ۵۔ ایک قسم کی تلوار ۶۔ مصری نبات۔ نبات۔ چینی کو پانی میں گھول کر جالیتے ہیں۔ یہ مصری ہے **مصری کا کوزہ** (مذکر) ۱۔ مصری کا گول گول ڈلا۔ چینی کو پانی میں گھول کر مٹی کے کوزوں میں بھر دیتے ہیں۔ اور ان میں دھاگے لٹکا دیتے ہیں۔ تو دھاگوں کے گرد مصری کی بلوریں قلمیں جم جاتی ہیں۔ اور تہ میں مصری گول شکل میں اکٹھی ہو جاتی ہے۔ مٹی کے کوزوں کو توڑ دیتے ہیں۔ تو مصری کا ڈلا نکل آتا ہے۔ یہ مصری کا کوزہ ہے۔ اور اس مصری کو کوزے کی مصری کہتے ہیں ۲۔ میٹھا خربوزہ۔

مصری کھلانا (متعدی) منگنی رسم ادا کرنا۔ قبل کرنا۔ مصری کی ڈلی (مونث) مصری یا نبات کا ٹکڑا۔ نہایت شیریں۔ نبات کے مزے کا۔ شیریں کلامی سے کنایہ ہے۔

مُصِر (ع۔ فاعل) اصرار کرنیوالا کسی بات پر اڑ جانے والا (اِصرار۔ اڑ جانا کسی بات پر)

مُصَرَّح (ع۔ مفعول) تصریح کیا گیا۔ تعیین کیا گیا (صَرَح۔ ظاہر ہونا)

مِصراع (مث مصرع۔ مصرعہ (ع۔ مذکر) دروازے کا ایک پٹ۔ کواڑ۔ (عروض) آدھا شعر بیت یا فرد کا نصف۔ (صَرَعَ۔ پھینکنا) **مصرع اول یا اولٰے** (مذکر) شعر کا پہلا نصف حصہ **مصرع برجستہ** (مذکر) وہ مصرع جو بے ساختہ بن جائے **مصرع پیچیدہ** (مذکر) وہ مصرع جس کا مضمون دقیق ہو۔ **مصرع تر** (مذکر) عمدہ مصرع **مصرع ثانی یا ثانیہ** (مذکر) شعر کا دوسرا نصف حصہ **مصرع دولخت ہونا** (لازم) شعر کے دونوں مصرعوں کے درمیان ربط نہ ہونا **مصرع سَرو** (مذکر) مصرع کا سرو کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں **مصرع طرح** (مذکر) وہ مصرع جو بحر قافیہ اور ردیف بتانے کے لئے بطور طرح تجویز کیا جاتا ہے **مصرع طرح کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) طرح کے لئے مصرع تجویز ہونا۔ **مصرع قد** (مذکر) قد کا استعارہ مصرع سے کرتے ہیں۔ **مصرع لڑنا** (مذکر) ایک شاعر کے مصرع کا دوسرے شاعر کے مصرع کے مطابق ہونا **مصرع لگانا** (متعدی) گرہ لگانا۔ ایک مصرع میں دوسرا مصرع لگا کر پورا شعر کرنا۔

مَصرَف (ع۔ مفعول) خرچ کرنے کی جگہ۔ خرچ کا موقع۔ کام۔ مطلب۔ غرض۔ (صَرَف۔ خرچ کرنا) **مصرف کا ہونا** (لازم) کام کا ہونا (عموماً کس کیساتھ استعمال ہوتا ہے)

مُصرِف (ع۔ فاعل) خرچ کرنیوالا۔ صرف کرنیوالا۔ بیجا فضول خرچ۔ اڑاؤ۔ لٹاؤ (اَصرَف۔ خرچ کرنا)

مَصرُوع (ع۔ مفعول) پھینکا ہوا۔ مرگی کا بیمار۔ مریض (صَرَعَ۔ پھینکنا زمین پر)

مَصرُوف (ع۔ مفعول) صرف کیا گیا پھیرا گیا۔ مشغول کام یا دھیان میں لگا ہوا اور رہنا کرنا ہونا کے ساتھ (صَرَف۔ پھیرنا۔ خرچ کرنا)

مصروفیت (مونث) مصروف ہونا۔ مشغول ہونا کسی کام میں لگا ہونا (رہنا ہونا کے ساتھ)

مُصطَفوِی (ع۔ صفت) مصطفٰے سے منسوب۔

مُصطَفٰے (ع۔ مفعول) اچھا ہوا۔ منتخب۔ چیدہ۔ برگزیدہ۔ (مذکر) پیغمبر صلعم کا لقب (اِصطِفَا۔ منتخب کرنا)

مَصطَکی۔ مَصطَگی (ف۔ مونث) ایک قسم کا زرد گوند جو پستے کے درخت سے نکلتا ہے رومی مصطکی۔ مسو۔ دبا کر نکالنا۔ **مصطکی رومی** (مونث) ایک قسم کی مصطکی جو روم سے آتی ہے

مُصطَلَح (ع۔ مفعول) اصلاح کیا گیا۔ بطور مجاز (مذکر) محاورہ۔ اصطلاح۔ اردو میں واحد استعمال نہیں ہوتا (اِصطَلَح۔ کسی معاملے میں اتفاق کرنا) **مصطلحات** (مذکر) کی جمع۔ محاورے۔ اصطلاحیں۔

مُصَفّا (ع۔ مفعول) صاف کیا گیا۔ صاف پاک۔ نتھرا ہوا (صَفّٰی۔ صاف کرنا) **مُصَفّی** (فاعل) صاف کرنیوالا۔ نتھارنیوالا۔ **مصفّی خون** (صفت) خون کو صاف کرنیوالا۔

مِصقَل (ع۔ مذکر) صیقل کرنیکا آلہ۔ (صَقَل۔ پالش کرنا) **مصقلا۔ مصقلہ** (مذکر) دیکھو مصقل۔

مَصقُول (ع۔ مذکر) صیقل کیا ہوا پالش کیا ہوا۔ (صَقَل۔ پالش کرنا)

مُصَلّا۔ مُصَلّٰے (ع۔ مذکر) نماز پڑھنے کی جگہ۔ جانماز۔ بوریا۔ دری۔ صف وغیرہ جس پر نماز پڑھیں۔ آسن۔ عیدگاہ۔ خصوصاً شیراز کی (صَلّٰی۔ نماز پڑھنا)

مُصلِح (ع۔ فاعل) اصلاح کرنیوالا۔ درستی کرنیوالا۔ نیکی کی طرف یا راستی پر لانیوالا۔ (طب) ضرر سے بچانیوالا۔ ریفارمر (اَصلَحَ۔ اچھا بنانا)

مَصلَحت (ع۔ مونث) نیک صلاح یا تجویز۔ بھلائی۔ بہتری۔ خوبی۔ صلاح۔ مشورہ۔ مناسب تجویز یا پالیسی۔ حکمت۔ مرضی۔ حیثیت۔ (صَلَحَ۔ نیک ہونا) **مصلحت ایزدی** (مونث) خدا کی مرضی۔ خدا کی حکمت **مصلحتاً** (تف) از روئے مصلحت۔ بتقاضائے وقت **مصلحت آمیز** (صفت) جس میں کوئی مصلحت یا بھلائی ہو **مصلحت اندیش** (صفت) مناسب بات سوچنے والا۔ **مصلحت خواہ** (صفت) خیرخواہ **مصلحت دید** (مونث) نیک بات سوچنا بھلائی بہتری **مصلحت دیکھنا** (متعدی) بہتری یا خوبی دیکھنا۔ (..) سب سمجھنا **مصلحت کار** (صفت) نیک یا بھلا کام کرنیوالا۔ جو معاملات میں ماہر ہو۔ مشورہ دینے کے قابل **مصلحت کرنا** (متعدی) صلاح کرنا۔ مشورہ کرنا **مصلحت ملکی** (مونث) معاملات سلطنت کے مطابق کام۔ تدبیر مملکت۔ پالیسی۔ راج نیتی **مصلحت وقت** (مونث) وقت کے مطابق کام۔ مقتضائے وقت۔

مقولہ مصلحت نیست کہ از پردہ بروں افتد راز۔ ورنہ در محفل رنداں خبرے نیست کہ نیست۔ جانتے ہم سب کچھ ہیں لیکن بعض مصلحتوں کی وجہ سے کہہ نہیں سکتے۔

مَصلُوب (ع۔ مفعول) صلیب پر چڑھایا گیا (صَلَب۔ سولی پر چڑھانا)

مُصَلّی (ع۔ فاعل) نماز پڑھنے والا۔ نمازی نماز گزار۔ چوہڑا جو مسلمان ہو جائے۔ وہ مساکین جو مردے کے دسویں بیسویں یا چالیسویں کا کھانا کھائیں۔

مُصَمَّم (ع۔ مفعول) مقرر کیا ہوا۔ ارادہ کیا ہوا۔ پکا۔ مضبوط۔ استوار۔ محکم۔ پختہ۔ مستقیم (تَصَمَّمَ۔ کسی چیز یا مطلب کو ہمیشہ کے لئے رکھنا) **مصمم ارادہ** (مذکر) پکا ارادہ۔ عزم بالجزم۔ پختہ مقصد۔

مُصَنَّع (ع۔ مفعول) بنایا ہوا۔ مصنوعی (تَصَنَّعَ۔ بنانا)

مُصَنَّف (ع۔ مفعول) لکھا گیا۔ تصنیف کتاب (صَنَّفَ۔ کتاب لکھنا) **مُصَنِّف** (فاعل) کتاب تصنیف یا تالیف کرنیوالا۔ **مصنفات** (مذکر) مصنف کی جمع تصنیفات کتابیں۔ **مصنَّفہ** (صفت) تصنیف کیا ہوا۔ لکھا ہوا **مصنِّفہ** (مونث) مصنف عورت **مصنف ہے**۔ باتیں دل سے گھڑ لیتا ہے۔

مَصنُوع (ع۔ مفعول) بنایا ہوا۔ صنعت کیا ہوا۔ کاریگر کا بنایا ہوا۔ (صَنَعَ۔ بنانا) **مصنوعات** (مذکر) مخلوقات۔ بنائی ہوئی چیزیں۔ **مصنوعی** (صفت) ساختہ بنایا ہوا۔ جو قدرتی نہ ہو۔ بناوٹی۔ نقلی۔ جعلی۔

مُصَوِّر (ع۔ فاعل) تصویر بنانے یا کھینچنے والا۔ رنگ آمیزی کرنیوالا۔ بیل بوٹے بنانے والا۔ نقاش۔ فوٹوگرافر۔ خدا تعالیٰ کا ایک نام (صَوَّرَ۔ شکل بنانا) **مصور آفرینش** (مذکر) خدا تعالیٰ۔ **مصوری** (مونث) تصویر بنانے کا کام یا پیشہ۔ نقاشی۔ تصویر کشی (کرنا ہونا کے ساتھ)

مَصئُون (ع۔ مفعول) اصل لفظ مَصُون یا مَصوُون۔ اردو میں مصئون غلط العام ہے۔ محفوظ۔ نگہبانی کیا گیا۔ بچایا ہوا (صَوَن۔ بچانا) **مصئونہ** (صفت) دیکھو آخری۔

مُصِیب (ع۔ صفت) صواب کو پہنچنے

والا۔ ٹھیک سمجھنے والا۔ (مقرب۔ سیدھا جانا)

مُصِیبَت (ع۔ مؤنث) ا تکلیف۔ دکھ۔ رنج ۲ آفت۔ بلا۔ شامت۔ بپتا ۳ حادثہ۔ صدمہ ۴ نحوست ادبار۔ بد اقبالی ۵ دقت۔ مشکل۔ سختی۔ دشواری (مقرب۔ نیچے اترنا) **مصیبت اُٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) تکلیف برداشت ہونا۔ دکھ جھیلا جانا۔ سختی اٹھانا **مصیبت انگیز ہونا** (متعدی) مصیبت برداشت کرنا۔ دکھ اٹھانا۔ سختی جھیلنا۔ **مصیبت برداشت کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) تکلیف اٹھانا۔ دکھ سہا جانا **مصیبت بن جانا** (لازم) مبتلائے آفت یا بلا ہونا۔ بپتا پڑ جانا **مصیبت بھرنا یا بھگتنا** (متعدی) تکلیف اٹھانا۔ دکھ برداشت کرنا **مصیبت بھولنا** (متعدی) کسی وجہ سے اپنی تکلیف کا خیال نہ رہنا **مصیبت پڑنا** (لازم) آفت آنا۔ سختی میں مبتلا ہونا **مصیبت پیٹنا یا جھیلنا** (لازم) تکلیف اٹھانا سختی برداشت کرنا ۲ تنگی سے گزر اوقات کرنا۔ مشکل بسر کرنا۔ سخت محنت و مشقت کرنا **مصیبت پیش آنا** (لازم) تکلیف ہونا **مصیبت ہونا** **مصیبت دیکھنا** (متعدی) تکلیف میں رہنا۔ مصیبت برداشت کرنا۔ **مصیبت زدہ** (صفت) آفت زدہ۔ آفت کا مارا۔ بدبخت۔ بدنصیب **مصیبت سہنا** (متعدی) تکلیف اٹھانا یا برداشت کرنا **مصیبت سے جان چھوٹنا** (لازم) آفت یا جھگڑے سے نجات پانا **مصیبت کا پہاڑ** (مذکر) مصیبت کا پہاڑ سے استعارہ کرتے ہیں۔ بڑی مصیبت۔ سخت تکلیف ٹوٹنا کے ساتھ **مصیبت کاٹنا** (متعدی) مصیبت برداشت کرنا۔ مصیبت کا زمانہ بسر کرنا **مصیبت کا زمانہ** (مذکر) سختی کے دن۔ تکلیف کا وقت **مصیبت کا سامنا پڑنا** (لازم) مصیبت پیش آنا **مصیبت کا مارا** (صفت) آفت زدہ۔ بدبخت۔ بدنصیب **مصیبت کٹ جانا** (لازم) مصیبت کا زمانہ گزرنا **مصیبت کدہ** (مذکر) مصیبت کا گھر۔ مجازاً دنیا **مصیبت کڑی ہونا** (لازم) مصیبت کا ناقابل برداشت ہونا **مصیبت کے دن** (مذکر) سختی کا زمانہ۔ تکلیف کا زمانہ **مصیبت کے دن بھرنا، ۔لنا یا کاٹنا** (متعدی) سختی کے دن گزارنا یا ایام غم زمانہ وہ کو بسر کرنا۔ تکلیف اٹھانا **مصیبت کے روز کاٹنا** (متعدی) دیکھو آخری ذوق نے استعمال کیا ہے **مصیبت مارا** (صفت) دیکھو مصیبت زدہ **مصیبت مول لینا** (متعدی) کوئی جھگڑا خواہ مخواہ اپنے ذمہ لینا۔ **مصیبت میں پڑنا یا پھنسنا** (لازم) آفت یا جھگڑے میں مبتلا ہونا **مصیبت ناک** (صفت) مصیبت زدہ۔ مصیبت میں مبتلا **مصیبت ناگہانی** (مؤنث) وہ مصیبت یا تکلیف جو دفعتہً پیش آئے **مصیبت نہ بھولنا** (لازم) سختی یا تکلیف کا یاد رہنا

مُصَیقَل (ع۔ مفعول) ا صیقل کیا گیا۔ زنگ وغیرہ سے صاف کیا گیا۔ روشن کیا گیا (صَیقَل۔ پالش کرنا) **مُصیقِل** (فاعل) صیقل کرنے والا۔ صاف کرنیوالا۔

مَضَار (ع۔ مذکر) جمع مضرت کی۔

مُضَارَبَت (ع۔ مؤنث) ا نفع کی امید پر مال کسی کو دینا ۲ تجارت میں شریک کرنا ۳ لڑائی۔ جنگ (ضرب۔ مارنا)

مُضَارِع (ع۔ فاعل) ا مشابہ۔ مانند ۲ فعل کا وہ صیغہ جس میں حال اور مستقبل دونوں معنی پائے جائیں ۳ (مؤنث) ایک بحر یا وزن۔ مفاعیل فاعلاتن مفاعیلن فاعلاتن۔

مُضَاعَف (ع۔ مفعول) ا دگنا کیا گیا ۲ دگن۔ دوچند۔ دونا۔ دوہرا ۳ (صرف) وہ کلمہ جس کے آخر میں ایک جنس کے دو حرف آئیں (ضاعف۔ دوگنا کرنا)

مُضَاف (ع۔ مفعول) ا زیادہ کیا گیا۔ ۲ اضافہ کیا گیا ۳ نسبت کیا گیا ۴ متعلق کیا گیا۔ ملایا گیا ۵ جڑا ہوا۔ ملا ہوا۔ ملحق کیا ہوا۔ شامل۔ منسلک ۶ منسوب۔ متعلق ۷ (نحو) وہ اسم جو کسی دوسرے اسم کے ساتھ لگایا جائے۔ جیسے گلاب کا پھول۔ اس میں گلاب مضاف اور پھول مضاف الیہ ہے (اضاف۔ ۱ نا کہیں ٹھیرنا۔ سہارا دینا) **مضافات** (مذکر) مضاف کی جمع ۱ متعلقات۔ ضمیمہ ۲ متعلقہ۔ منسوبات ۳ قرب و جوار۔ گرد و نواح۔ اطراف و جوانب ۴ مضافات شہر۔ نواحی شہر کے قصبے اور گاؤں **مضافاتِ شہر** (مذکر) شہر کے آس پاس کی آبادی یا گاؤں **مضاف الیہ** (مذکر) وہ اسم جس کی طرف کوئی دوسرا اسم منسوب کیا جائے جیسے مسعود کی کتاب میں کتاب مضاف الیہ ہے

مَضَامِین (ع۔ مذکر) مضمون کی جمع معانی مطالب

مُضَایِقَہ۔ مُضَائِقَہ (ع۔ مذکر) ا تنگی۔ تھوڑا ۲ حرج۔ قباحت۔ پرواہ ۳ ڈر۔ خوف۔ عموماً بکسر ہمزہ بولا جاتا ہے جو غلط ہے (ضایق۔ تنگ کرنا) **مضایقہ نہیں**۔ کچھ پروا نہیں کچھ ڈر نہیں۔ (عموماً کچھ یا کوئی کے ساتھ)۔

مَضبُوط (ع۔ مفعول) ا ضبط کیا گیا ۲ قبضہ کیا گیا ۳ مستحکم۔ پکا۔ پائدار۔ دیرپا ۴ طاقتور۔ زور۔ طاقتور ۵ توانا۔ تندرست۔ ہٹا کٹا ۶ متین۔ مستقل مزاج ۷ ثابت قدم (ضبط۔ مضبوطی سے پکڑنا) **مضبوط آدمی** (مذکر) طاقتور آدمی **مضبوط بدن** (صفت) ہٹا کٹا۔ تندرست **مضبوط رہنا** (لازم) ا ثابت قدم رہنا ۲ مستقل مزاج رہنا۔ قوی دل رہنا ۳ ہشیار رہنا۔ قائم رہنا **مضبوط کرنا** (متعدی) ا پکا کرنا ۲ جمانا ۳ آمادہ کرنا **مضبوط ہونا** (لازم) ا پکا ہونا۔ پائدار ہونا ۲ قوی ہونا۔ طاقتور ہونا **مضبوطی** (مؤنث) ا پائداری ۲ طاقت توانائی ۳ استقلال۔ ہمت۔ جرأت ۴ دعویٰ اطمینان۔ دلجمعی۔ تسلی۔

مُضحِک (ع۔ فاعل) ہنسانے والا۔ (ضحک۔ ہنسانا) **مضحکات** (مذکر) مضحک کی جمع۔ ہنسانیوالی باتیں۔ وہ باتیں یا لطیفے جنہیں سن کر ہنسی آئے۔

مَضحَکَہ (ع۔ مذکر) ا ہنسی۔ تمسخر۔ ٹھٹھا۔ مذاق ۲ وہ شخص جس پر لوگ ہنسیں۔ مسخرا ۳ وہ جس کا مضحکہ اڑائیں (ضحک۔ ہنسانا) **مضحکہ اڑانا** (متعدی) ا ہنسنا۔ ٹھٹھا کرنا ۲ قہقہہ اڑانا ۳ کسی کو ٹھٹھا کرنا۔ مسخرا بنانا **مضحکہ کرنا** (متعدی) کسی کا ٹھٹھا اڑانا۔ مسخرا بنانا **مضحکہ ہونا** (لازم) ٹھٹھا ہونا۔ قہقہہ اڑنا۔

مُضِر (ع۔ فاعل) (عربی میں تشدید آخر ہے) ضرر پہنچانے والا۔ نقصان دہ۔ ضرر رساں ۲ غیر مفید۔ زبوں (ضرر۔ ضرر پہنچانا) **مُضِرّات** (مؤنث) ضرر رساں چیزیں **مضر نتائج** (مذکر) نقصان پہنچانے والے نتیجے۔

مِضرَاب (ع۔ مؤنث) ا وہ لوہے کا چھلا جس سے تار بجاتے ہیں۔ زخمہ۔ ڈنکا۔ ناخنہ۔

مَضَرَّت (ع۔ مؤنث) ا ضرر۔ نقصان۔ زیان پہنچانا ۲ پہنچانا کا ہونا (مشتق۔ ضرر۔ نقصان پہنچانا) **مضرت رساں** (صفت) نقصان یا ضرر پہنچانے والا۔ **مضرت رسانی** (مؤنث) ایذا رسانی۔ نقصان دہی۔ ضرر رسانی **مضرت واصلی** (مؤنث) وہ ضرر جو اصل میں پہنچے گو ظاہری صورت کوئی اور ہو۔ جیسے مکان جلا کر روپیہ لوٹ لینا۔

مَضرُوب (ع۔ مفعول) ا ضرب کھایا ہوا۔ چوٹ کھایا ہوا ۲ وہ شخص جس کو ضرب لگی ۳ (حساب) وہ عدد جسے ضرب دیا جائے ۴ سکہ لگایا گیا ۵ ذکر کیا ہوا (ضرب۔ مارنا) **مضروب فیہ** (مذکر) وہ عدد جس سے ضرب دی جائے۔ ۴ × ۵ = ۲۰ اس میں ۴ مضروب ہے ۵ مضروب فیہ اور ۲۰ حاصل ضرب ہے۔

مُضطَر (ع۔ مفعول) ا ضرر پہنچایا گیا ۲ بے چین بیتاب۔ بیقرار۔ پریشان (اضطرار۔ ضرر پہنچانا)

مُضطَرِب (ع۔ فاعل) ا اضطراب والا۔ بے چین بیقرار (اضطرب۔ ادھر ادھر حرکت کرنا) **مضطرب الحال**

(صفت) پریشان حال۔ گھبرایا ہوا۔ مضطرب بانہ (تف) بیقراری کی حالت میں بےچینی سے۔ مضطرب رہنا (لازم) بیقرار رہنا۔ بےچین رہنا۔

مُضعِف (ع۔ فاعل) ضعیف یا کمزور کرنیوالا (اَضعف۔ کمزور کرنا)

مُضغَہ (ع۔ مذکر) ۱ گوشت کا ٹکڑا۔ لوتھڑا۔ ۲ وہ جنین جس میں ابھی جان نہ پڑی ہو۔ ۳ لقمہ۔ نوالہ۔ ۴ بیٹھ شخص (مَضغ۔ چبانا) **مضغۂ گوشت** (مذکر) ۱ گوشت کا ٹکڑا۔ لوتھڑا ۲ نکما او پھیکا آدمی۔

مُضِل (ع۔ فاعل) گمراہ کرنیوالا۔ عربی میں تشدید آخر ہے (اَضَلّ۔ گمراہ کرنا)

مِضمار (ع۔ مذکر) ۱ میدان۔ وسیع جگہ۔ ۲ وہ جگہ جہاں گھوڑا دوڑاتے ہیں ۳ رزمگاہ۔ میدانِ جنگ (ضَمَر۔ دبلا ہونا گھوڑے کا)

مُضمحِل (ع۔ فاعل) عربی میں تشدید آخر ہے ۱ محو ہونے والا۔ گم ہونے والا ۲ سست ۳ کمزور نحیف ناتواں ۴ دبلا۔ لاغر ۵ اداس غمگین۔ دلگیر (اِضمحل۔ چلا جانا محو ہو جانا) **مضمحل کر دینا۔ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کمزور ہونا۔ ناتواں ہونا۔ نڈھال ہونا۔

مُضمَر (ع۔ مفعول) ۱ چھپا ہوا۔ دل میں پنہاں پوشیدہ ۲ سمجھا ہوا (اَضمَر۔ چھپانا۔ دل میں پوشیدہ رکھنا) **مُضمِر** چھپانیوالا۔ پوشیدہ رکھنے والا۔

مَضمَضَہ (ع۔ مذکر) کلی (کرنا ہونا کے ساتھ) (مَضمَض۔ منہ میں پانی کو حرکت دینا)

مُضَمَّن (ع۔ مفعول) شامل کیا گیا (ضَمَّن۔ شامل کرانا) **مَضمُوم** (ع۔ مفعول) ضمہ دیا گیا۔ مضموم۔ وہ حرف جس پر پیش ہو (ضمّ۔ ملانا) **مَضمُون** (ع۔ مفعول) ۱ ضمن میں لیا ہوا۔ درمیان میں ڈالا ہوا ۲ وہ عبارت یا تحریر جو کسی خاص بحث پر یا خط میں لکھی جائے ۳ مطلب۔ معنی ۴ بات۔ سخن۔ بچن۔ قول ۵ آرٹیکل۔ جواب مضمون۔ ایڈیٹوریل۔ انشا (ضَمَن۔ شامل کرنا) **مضمون آفریں** (صفت) انئی بات پیدا کرنے یا نکالنے والا **مضمون آفرینی** (مونث) نئی بات نکالنا یا پیدا کرنا۔ **مضمون باندھنا** (متعدی) کسی مطلب کو شعر میں نظم کرنا۔ **مضمون بٹھانا** (متعدی) مضمون کو عبارت میں تحریر کرنا یا مناسب موقع پر جگہ دینا **مضمون بند کرنا** (مت) دیکھو مضمون باندھنا **مضمون بندھنا** (لازم) مطلب کا نظم کیا جانا **مضمون پست ہونا** (لازم) مطلب حقیر ہونا مضمون گھٹیا ہونا **مضمون پھیکا ہونا** (لازم) مضمون میں کچھ لطف نہ ہونا۔ مضمون کا اپنے رتبے سے گرا ہونا **مضمون تراش** (صفت) مطلب نکالنے والا۔ وہ جو کسی مضمون کے معنی نکالے **مضمون ٹپکنا**۔ (لازم) مطلب ظاہر ہونا **مضمون تلاش کرنا** **مضمون چرانا** (متعدی) دوسرے کے مضمون کو اپنا ظاہر کرنا **مضمون چھن جانا** (لازم) محنت سے مضمون کا صاف اور پرلطف ہو جانا **مضمون دور رہونا** (لازم) اعلیٰ یا بلند مضمون ہونا **مضمون ڈھلنا** (لازم) مضمون کا اچھی عبارت میں لکھا جانا **مضمون روشن ہونا** (لازم) مطلب صاف ہونا **مضمون سست ہونا** (لازم) مضمون میں کچھ لطف نہ ہونا۔ مضمون پھیکا ہونا **مضمون سلجھنا** (لازم) مضمون کی پیچیدگی جاتی رہنا **مضمون سوجھنا** (لازم) مضمون خیال میں آنا **مضمون کھپنا** (لازم) مضمون کا ٹھیک بیٹھنا۔ مضمون کا راست آ جانا **مضمون کی بندش** (مونث) مضمون کی بناوٹ **مضمون گانٹھنا** (متعدی) **گٹھنا** (لازم) مطلب حاصل ہونا **مضمون گڑھنا** (متعدی) تہمت لگانا۔ اپنی بنانا **مضمون لڑنا** (لازم) ۱ اچھا مضمون سوجھنا ۲ مضمون کا کسی دوسرے کے مضمون سے یکساں ہونا **مضمون مبتذل ہونا** (لازم) مضمون کا اپنے رتبے سے گرا ہونا **مضمون نکالنا** (متعدی) مطلب سمجھنا۔ بات نکالنا **مضمون نگار یا نویس** (صفت) مضمون لکھنے والا **مضمون نویس** **مضمون نگاری یا نویسی** (مونث) مضمون لکھنا **مضمون واحد ہونا** (لازم) ۱ مدعا ایک ہونا ۲ ایک حال میں ہونا ۳ ایک ہی غرض میں دونوں شخصوں کا مبتلا ہونا **مضمون ہاتھ آنا یا لگنا** (لازم) نئی بات کا خیال میں آنا۔ نیا مضمون سوجھنا)۔

مَضٰی (ع۔ ماضی) گزرا ہوا۔ گزر گیا۔ بیتا ہوا (مَضَیٰ۔ گزرنا) **مضٰی ما مضٰی**۔ جو ہوا سو ہوا۔ جو گزرا سو گزرا۔

مَطا (ع۔ مذکر) مہربانی۔ عنایت ۲ حفاظت۔ پناہ (مَطَوَ۔ دوست سے ملنا)

مَطالِع (ع۔ مذکر) مطبع کی جمع۔

مُطابِق (ع۔ فاعل) ۱ مانند۔ مشابہ۔ یکساں ۲ موافق۔ برابر۔ ہم صورت۔ ہم رنگ ۳ (ف) بموجب۔ بلحاظ۔ حسب۔ مناسب ۴ (مذکر) وہ کاپی جو تصحیح کرنے کے بعد چھاپی جائے (طابَق۔ یکساں ہونا) **مطابق پانا** (متعدی) مشابہ۔ مانند یا ہم صورت دیکھنا **مطابق کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ یکساں ہونا۔ برابر ہونا ۲ ملنا۔ لڑنا۔ ٹھیک کھانا ۳ مشابہ ہونا۔ موافق ہونا ۴ مقابلہ ہونا۔

مُطابَقت (ع۔ مونث) موافقت۔ مشابہت۔ یکسانیت۔ برابری ۲ تطابق (طابَق۔ یکساں ہونا)

مُطارَحَہ (ع۔ مذکر) مباحثہ۔ مشورہ۔ گفتگو۔

مُطاع (ع۔ مفعول) اطاعت کیا گیا۔ جس کی اطاعت کی جائے (اَطاعَ۔ اطاعت کرنا)

مَطاعِن (ع۔ مذکر) مطعن کی جمع ۱ دشمن جو نیزوں سے زخمی کریں ۲ طعنے ۳ عیوب۔

مَطاف (ع۔ مذکر) طواف کی جگہ۔ گرد اگرد پھرنے کی جگہ (طَیف۔ گرد پھرنا)

مَطالِب (ع۔ مذکر) جمع مطلب کی۔

مُطالَبَہ (ع۔ مذکر) ۱ اپنا حق چاہنا ۲ دعوے۔ درخواست ۳ مانگنا۔ تقاضہ کرنا۔ محاسبہ (کرنا ہونا کے ساتھ) (طالَبَ۔ کوئی چیز مانگنا)

مَطالِع (ع۔ مذکر) مطلع کی جمع۔ ستارں کے چڑھنے کے مقامات۔

مُطالَعَہ (ع۔ مذکر) ۱ کسی چیز کو اس سے واقفیت پیدا کرنے کے لئے دیکھنا۔ غور۔ توجہ۔ دھیان خیال۔ خوض۔ تامل ۲ بچار ۳ کتاب بینی ۴ سبق پڑھنے سے پیشتر طالب علموں کا معنی سمجھنا اور مطالب پر غور کرنا (طالَعَ۔ ملاحظہ کرنا) **مطالعہ دیکھنا** (متعدی) دیکھو آخری معنی **مطالعہ کرنا** (متعدی) کتاب کو پڑھنا لکھی ہوئی عبارت کو پڑھنا۔ کتاب بینی کرنا۔

مَطارِح (ع۔ مذکر) مطرح کی جمع۔ نظارے تماشے۔

مُطاوَعَت (ع۔ مونث) اطاعت کرنا فرمانبرداری کرنا (طاوَعَ۔ اطاعت کرنا)

مُطايَبَہ (ع۔ مذکر) مذاق۔ ٹھٹھا۔ چہل ظرافت۔ خوش طبعی (طایَبَ۔ مذاق کرنا)

مَطَب (ع۔ مذکر) ۱ دکان جہاں طبیب بیماروں کا علاج معالجہ کرے ۲ حکیم کا دیوان خانہ (طَبَّ۔ طبابت کرنا) **مطب سرد ہونا** (لازم) مطب کا بے رونق ہونا۔ بیماروں کا حکیم کے پاس نہ آنا **مطب گرم ہونا** (لازم) مطب میں مجمع ہونا۔ رونق ہونا۔

مَطبَخ (ع۔ مذکر) کھانا پکانے کی جگہ۔ باورچی خانہ (طَبَخَ۔ پکانا) **مطبخی** (صفت) ۱ مطبخ کا یا اس کے متعلق ۲ (مذکر) باورچی۔ نان بائی۔

مِطبَخ (ع۔ مذکر) کھانا پکانے کا آلہ ۔ برتن (طَبَخَ۔ پکانا)

مَطبَع (ع۔ مذکر) چھاپنے کی جگہ۔ چھاپہ خانہ

پریس (طَبَعَ۔ چھاپنا)

مَطْبُوخ (ع۔ مفعول) ۱۔ آگ پر پکائی ہوئی۔ ۔ پکی ہوئی ۲۔ جوش دی ہوئی چیز (طَبَخَ۔ پکانا)۔

مَطْبُوع (ع۔ مفعول) ۱۔ چھاپا ہوا۔ طبع شدہ ۲۔ پسندیدہ۔ مرغوب۔ دلپسند (طَبَعَ۔ چھاپنا)

مَطَر (ع۔ مذکر) بارش۔ باراں (مَطَرَ۔ بارش ہونا۔ امطار۔ جمع)

مُطْرِب (ع۔ فاعل) ۱۔ خوش کرنے والا ۲۔ گانیوالا۔ قوال مغنی۔ گویا (اصطلاح صوفیاں) پیر روشن ضمیر ۔ مرشد کامل (اَطْرَبَ۔ خوش کرنا) **مُطْرِبہ** (صفت مونث) ۱۔ گانیوالی ۲۔ (مونث) گویا عورت۔

مُطَّرِد (ع۔ مفعول) عام۔ عالمگیر ۔ جس پر سب عمل کریں (اِطَّرَدَ۔ بہنا) **مُطَّرِد** (فاعل) ۱۔ بغیر رکے جانے یا بہنے والا ۲۔ چلتا۔ جاری۔ رائج ۳۔ بے روک۔ بے وقفہ۔ اعلیٰ النوع ۴۔ خوشحال ۔ امیر۔ دولت مند ۵۔ عام۔ اکثر۔

مَطْرُوح (ع۔ مفعول) ۱۔ پھینکا ہوا۔ نکالا ہوا ۲۔ دور کیا ہوا۔ رد کیا ہوا ۔ مردود ۳۔ (مذکر) کا فرضہ بقایا (طَرَحَ۔ پھینکنا) **مطروحات** (مذکر) وہ چیزیں جو پھینک دی جائیں یا رد کی جائیں۔

مَطْرُود (ع۔ مفعول) ۱۔ نکالا ہوا۔ دھتکارا ہوا ۲۔ ٹھہر بدر کیا ہوا۔ دور بھیجا ہوا (طَرَدَ۔ نکال دینا)

مَطْعُوم (ع۔ مفعول) کھانے کے قابل کوئی چیز (طَعِمَ۔ کھانا) **مطعومات** (مونث) کھانے کے قابل چیزیں۔

مَطْعُون (ع۔ مفعول) ۱۔ عیب لگایا گیا۔ بدنام کیا گیا ۲۔ بدنام۔ رسوا (کرنا ہونا کے ساتھ) (طَعَنَ۔ نیزے سے زخمی کرنا) **مطعونِ خلایق** (صفت) وہ جسے عالم سب لوگ لعنت ملامت کریں۔

مُطَلّا (ع۔ صفت) سنہری۔ طلائی۔ زریں (طلا سے عربی طریقے پر مفعول بنا لیا گیا ہے)

مَطْلَب (ع۔ مذکر) ۱۔ طلب کی جگہ ۲۔ مقصد ارادہ۔ منشا ۳۔ غرض۔ گوں ۔ مراد ۴۔ کیا مطلب کی بجائے۔ کیا غرض۔ فائدہ یا سروکار ۵۔ مضمون۔ معنی ۶۔ خود غرضی۔ نفسانفسی (طَلَبَ۔ تلاش کرنا) **مطلب اٹکنا** (لازم) غرض اٹکنا۔ خواہش پوری نہ ہونا **مطلب الٹ دینا** (متعدی) بجا نا (لازم) مضمون کچھ کا کچھ ہو جانا **مطلب برعکس ہو جانا** **مطلب براری** (مونث) کار براری۔ کام نکالنا۔ حصول مقصد۔ حاجت روائی **مطلب براری کرنا** (متعدی) کام نکالنا۔ حاجت روائی کرنا۔ مقصد پورا کرنا **مطلب بر آنا** (لازم) **بر لانا** (متعدی) مطلب پورا ہونا۔ مراد پوری ہونا **مطلب پر آنا** (لازم) تمہید کے بعد اپنے منشا کی بات کہنا یا لکھنا۔ **مطلب پورا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱۔ مراد بر لانا ۲۔ مقصد میں کامیاب ہونا ۳۔ جماع ہونا۔ وصل ہونا **مطلب چھپا جانا** (لازم) صاف صاف مطلب ظاہر نہ کرنا **مطلب نہ چلنا** (لازم) مطلب سمجھ میں آنا۔ کاربراری ہونا **مطلب حل ہونا** (لازم) مطلب سمجھ میں آنا **مطلب خبط ہونا** (لازم) عبارت کا بے معنی ہو جانا۔ اصل مطلب جاتا رہنا۔ بے مطلب ہو جانا **مطلب رکھنا** (متعدی) غرض رکھنا۔ واسطہ رکھنا **مطلب سمجھنا** (لازم) ۱۔ معنی سمجھنا ۲۔ مدعا پا لینا۔ **مطلب سے گرنا** (لازم) کسی خاص غرض سے کسی کی طرف مائل ہونا **مطلب سے مطلب ہونا** (لازم) اپنے کام سے کام ہونا **مطلب فوت کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مقصد حاصل نہ ہونا **مطلب کا آشنا غرضی یا یار** (مذکر) خود غرض ۔ مطلبی۔ جو صرف اپنا مطلب نکالے **مطلب کو پہنچانا** (متعدی) کام بنا دینا۔ کامیاب رکھنا۔ مراد کو پہنچانا **مطلب کو پہنچنا** (لازم) ۱۔ مراد کو پہنچنا ۲۔ مطلب سمجھنا۔ **مطلب کھل جانا** (لازم) مطلب ظاہر ہو جانا۔ منشا کھل جانا **مطلب کہنا** (متعدی) ۱۔ اصل مقصود بیان کرنا ۲۔ غرض بیان کرنا **مطلب کی (بات)** (مونث) ۱۔ اپنے غرض کی بات۔ کار آمد بات ۲۔ وصل کی درخواست (پوچھنا ۔ کہنا ۔ سننا ۔ وغیرہ کے ساتھ) **مطلب کی بات چبا جانا** (لازم) جان بوجھ کر اصل بات کا ذکر نہ کرنا **مطلب کی سنانا** (متعدی) اپنی غرض کی بات کہنا **مطلب کی سننا** ۔ مطلب کی بات پر کان دھرنا **مطلب کی سوجھنا** (لازم) مطلب کی بات خیال میں آنا۔ اپنے فائدے کی بات سوچنا **مطلب کی گھات چلنا** (لازم) اپنا فائدہ دیکھنا۔ اپنے فائدے کو مدنظر رکھنا **مطلب نکال رکھنا** (متعدی) سبق پڑھنے سے پہلے کتاب کی عبارت کو دیکھ کر اور لغت میں الفاظ کے معنی دیکھ کر مطلب سمجھ لینا **مطلب نکالنا** (متعدی)، **نکلنا** (لازم) ۱۔ مقصد یا غرض حاصل ہونا ۲۔ مضمون واضح ہونا **مطلب ہو جانا** (لازم) کام بن جانا۔ مراد پوری ہو جانا۔ کامیاب ہو جانا **مطلبی** ۔ **مطلبیا** (صفت) خود غرض ۔ ابن الوقت مطلب کا آشنا یا یار۔

اقوال مطلب سعدی دیگر است۔

ظاہر بات یوں ہے گردلی نشا اور ہے مطلب کے واسطے گدھے کو باپ بناتے ہیں مطلب کے واسطے ہر ایک کی خوشامد کرتے ہیں۔

مَطْلَع (ع۔ مذکر) ۱۔ طلوع ہونے کی جگہ مشرق ۲۔ غزل یا قصیدہ کے شروع کے بیت یا شعر جس کے دونوں مصرعوں میں قافیہ ہوتا ہے۔ (کہنا۔ لکھنا کے ساتھ) (طَلَعَ۔ چڑھنا) **مطلع ثانی** (مذکر) قصیدے یا غزل کا کوئی اور شعر جس کے دونوں مصرعوں میں قافیہ ہو۔ **مطلع صاف کرنا** (متعدی) گرد و غبار سے صاف کرنا۔ بالکل صاف کر دینا۔ **مطلع صاف ہونا** (لازم) ۱۔ ابر و غبار سے آسمان کا صاف ہونا ۲۔ کسی جگہ ایک آدمی بھی نہ ہونا۔ جگہ خالی ہونا ۳۔ کسی چیز کا اپنی جگہ نہ ہونا ۴۔ کنپٹیاں داڑھی مونچھ کا نہ ہونا ابھی سبزہ نہ آغاز ہونا **مطلع صبح** (مذکر) افق کا وہ مقام جہاں صبح کی روشنی پہلے پہل ظاہر ہوتی ہے۔

مُطَّلَع (ع۔ مفعول) اطلاع دیا گیا۔ واقف آگاہ ۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) (اِطَّلَعَ۔ دیکھنا) **مُطَّلِع** (فاعل) اطلاع دینے والا۔ خبر دینے والا۔ خبر دہندہ۔

مُطْلَق (ع۔ مفعول) ۱۔ آزاد کیا گیا۔ جاری یا رواں کیا گیا ۲۔ آزاد۔ بے قید۔ خود مختار ۳۔ بے تعلق ۴۔ بالکل قطعی ۵۔ (مذکر) قرآن شریف کی وہ آیت جہاں ٹھہرنا چاہیئے (اَطْلَقَ۔ آزاد کرنا) **مطلقاً** (ف) بالکل قطعی۔ اصلاً۔ **مطلق الرجلین** (مذکر) وہ گھوڑا جس کے پاؤں سفید ہوں یا پاؤں کا رنگ بدن کے رنگ سے مختلف ہو **مطلق العنان** (مونث) ۱۔ جس کی باگ چھوٹی ہوئی ہو ۲۔ آزاد و مختار خود سر۔ بیباک **مطلق العنانی** (مونث) آزادی۔ خودسری **مطلق الیدین** (مذکر) وہ گھوڑا جس کے اگلے پاؤں سفید ہوں **مطلق الیسار** (مذکر) وہ گھوڑا جس کے بائیں دونوں پاؤں سفید ہوں **مطلق الیمین** (مذکر) وہ گھوڑا جس کے دائیں پاؤں سفید ہوں **مطلق خرام** (صفت) دیکھو مطلق العنان **مطلق وکالت نامہ** (مذکر) وہ تحریر جو ایجنٹ کو مکمل اختیار دے۔

مُطَلَّق (ع۔ مفعول) ۱۔ وہ جس کا غم کم ہو گیا ہو ۲۔ وہ جسے طلاق دیا گیا ہو (طَلَّقَ۔ طلاق دینا) **مطلقہ** (صفت مونث) وہ عورت جس کو طلاق دی گئی ہو۔ طلاق دی ہوئی عورت۔

مَطْلُوب (ع۔ مفعول) ۱۔ طلب کیا گیا۔ مانگا گیا۔ خواہش کیا گیا ۲۔ جس چیز کی طلب یا خواہش ہو ۳۔ کنایۃً معشوق۔ محبوب (طَلَبَ۔ مانگنا) **مطلوبہ** (صفت مونث) ۱۔ مطلوب کی ۲۔ کنایۃً معشوقہ۔

مَطْمَح (ع۔ مفعول) ۱۔ اٹھا یا گیا۔ اوپر کو اٹھا ہوا ۲۔ (مذکر) نظر پڑنے کی جگہ۔ منتہائے مقصود ۳۔ (ع) مطمح نظر تماشا گاہ (طَمَحَ۔ آنکھ اٹھانا) **مطمح نظر** (مذکر) ۱۔ مرکز نگاہ ۲۔ مقصد اصلی۔ مقصود۔

مُطَّمَع (ع۔ مفعول) وہ جس کی خواہش کی جائے (طَمَعَ۔ لالچی بنانا)
مُطْمَئِن (ع۔ فاعل) عربی میں تشدید آخر ہے ۱۔ اطمینان پانیوالا۔ سکون گیرندہ۔ تسکین پانیوالا ۲۔ بے فکر۔ آسودہ۔ پخت دکرنا۔ ہونا کے ساتھ) (اطمانَ۔ آرام پانا)
مُطَوِّف (ع۔ فاعل) طواف کرنے والا (طَوَّفَ۔ گرد پھرنا)
مُطَوَّق (ع۔ مفعول) گردن میں طوق ڈالا گیا قید کیا گیا۔ (طَوَّقَ۔ طوق ڈالنا)
مُطَوَّل (ع۔ مفعول) ۱۔ طول دیا گیا ۲۔ لمبا دراز (طَوَّلَ۔ لمبا کرنا)
مُطَهَّر (ع۔ مفعول) ۱۔ پاک کیا گیا۔ صاف کیا گیا ۲۔ پاک۔ صاف۔ پوتر ۳۔ معصوم بےگناہ (طَهَّرَ۔ صاف کرنا) **مُطَهِّر** (فاعل) پاک یا صاف کرنیوالا **مُطَهَّرات** (مونث) مطہرہ کی جمع۔ پاک عورتیں **مُطَهَّرَہ** (صفت) مونث مطہر کی۔
مَطْهَرَہ (ع۔ مذکر) وضو کرنیکا لوٹا۔ آفتابہ۔
مُطَيَّب (ع۔ مفعول) ۱۔ خوشبو دیا گیا ۲۔ پاک کیا گیا ۳۔ مذکر پیغمبر صلعم کے ایک فرزند جو حضرت خدیجہؓ کے بطن سے تھے۔ بچپن میں ہی فوت ہو گئے (طَيَّبَ۔ خوشبودار کرنا) **مُطَيِّب** (فاعل) ۱۔ خوشبودار کرنیوالا خوشبو دینے والا۔ معطر۔ خوشبودار ۲۔ پاک ہونیوالا۔ **مطیّبہ** مذکر شہر مدینہ۔
مَطِير (ع۔ صفت) برسنے والا (مَطَرَ۔ برسنا)۔
مُطَيَّر (ع۔ مفعول) ۱۔ تانہ ۲۔ (مذکر) لکڑی۔ تانہ ٹوٹی ہوئی شاخ (طَيَّرَ۔ اڑانا)
مُطِيع (ع۔ فاعل) اطاعت کرنیوالا۔ فرمانبردار۔ ماتحت۔ تابعدار۔ حکم بردار (بنانا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (اَطاعَ۔ فرمانبردار ہونا)
مَظالِم (ع۔ مذکر) مظلمہ کی جمع ۱۔ ظلم۔ سختیں۔ بے انصافیاں۔ جفاکاریاں ۲۔ وہ مقامات جہاں ظالموں کو سزائیں دی جائیں۔
مَظاهِر (ع۔ مذکر) مظہر کی جمع ۱۔ نظارے ۲۔ ظاہر ہونے کی جگہیں۔
مُظاهَرَہ (ع۔ مذکر) ۱۔ مدد دینا۔ حمایت کرنا ۲۔ کسی خاص امر کے اظہار تائید یا مخالفت کیلئے مجمع کرنا۔ مجمع کر کے گشت کرنا یا بازاروں میں پھرنا (کرنا۔ ہونا کیساتھ) (ظَاهَرَ۔ مدد کرنا)
مُظَفَّر (ع۔ مفعول) فتحمند۔ فتحیاب۔ ظفریاب۔ منصور۔ ملک گیر۔ غالب۔ فتح نصیب (ظَفَّرَ۔ فتح دینا) **مُظفور** (صفت) فتحمند دیکھو مظفر۔
مُظَلَّل (ع۔ مفعول) سایہ کیا گیا جس پر سایہ کیا جائے (ظَلَّلَ۔ سایہ کرنا)
مُظْلِم (ع۔ فاعل) ۱۔ تاریک۔ سیاہ ۲۔ مخفی۔ پوشیدہ ۳۔ وہ شخص جو تاریکی میں چل سکے (اَظْلَمَ۔ اندھیرا ہونا)
مَظْلَمَہ (ع۔ مذکر) ۱۔ ظلم۔ ستم۔ جور۔ جفا ۲۔ بےانصافی اندھیر ۳۔ وبال ۴۔ دادخواہی (ظَلَمَ۔ بے انصافی کرنا)
مظلوم (ع۔ مفعول) جس پر ظلم کیا جائے ظلم کیا گیا ظلم یا ستم رسیدہ۔ ستم زدہ۔ ستایا ہوا (ظلم۔ بے انصافی کرنا)
مظلومی۔ مظلومیّت (مونث) ۱۔ ظلم۔ ستم۔ جور۔ جفا ۲۔ مظلوم ہونے کی حالت۔
مَظْنُون (ع۔ مفعول) ظن کیا گیا۔ مشتبہ۔ مشکوک۔
مَظِنَّہ (ع۔ مذکر) ۱۔ گمان کرنے یا ہو جانے کی جگہ۔ شبہ کرنے کی جگہ۔ شبہ کا موقع ۲۔ گمان۔ خیال۔ قیاس احتمال کسی چیز یا خاصیت کے ہونے کی شہادت یا علامت (ظَنَّ۔ سوچنا)
مَظْهَر (ع۔ مذکر) ظاہر ہونے کی جگہ جائے ظہور ۲۔ تماشاگاہ۔ تھیئٹر۔ سٹیج۔ اکھاڑہ ۳۔ کسی فعل یا کام کے ہونے کی جگہ ۴۔ ظہور۔ اظہار پرکاش ۵۔ نظارہ (ظَهَرَ۔ ظاہر ہونا) **مظہر احسان و الطاف** (مذکر) وہ شخص جس پر احسان اور مہربانیاں ہوں **مظہر جلالِ الٰہی** (مذکر) وہ شخص جگہ یا چیز جس پر خدا کا غضب نازل ہو **مظہر نور خدا** (مذکر) خدا کے نور کا ظہور۔ پیغمبر یا ولی کے متعلق کہتے ہیں۔
مُظْهَر (ع۔ مفعول) ۱۔ ظاہر کیا گیا ۲۔ بیان کیا گیا ۳۔ نمایاں۔ واضح۔ عیاں (اَظْهَرَ۔ دکھانا) **مُظْهِر** (فاعل) ۱۔ بیان کنندہ۔ بیان کرنیوالا ۱۔ اظہار دہندہ ۲۔ شاہد۔ گواہ ۳۔ خبر دہندہ۔ مخبر۔ جاسوس۔ خبر رساں **مظہرہ** (صفت۔ مونث) مظہر کی جمع۔ **مظہرہ** (صفت مونث) مظہر۔
مَع (ع۔ حرف جار) ساتھ۔ ہمراہ۔ سنگ۔ بشمول **معاً** (ف) ساتھ ہی۔ ایک ساتھ۔ فوراً **مع الحدیث یا القصہ** (ف) الحاصل۔ القصہ۔ الغرض **مع الخیر** (ف) خیریت سے۔ سلامتی سے بخیر و عافیت **معہٰذا۔ مع ہٰذا** (ف) باوجود اس کے علاوہ بریں۔ ساتھ اس کے **مع شئے زائد** کچھ زیادتی کے ساتھ **معہ** (حرف جار) دیکھو مع **مَعِیّت** (مونث) ہمراہی۔ رفاقت۔ ساتھ
معا (ع۔ مذکر) انتڑی ۲۔ آنت (مِعَیٰ۔ انتڑی)
مَعابِد (ع۔ مذکر) معبد کی جمع۔
مَعابِر (ع۔ مذکر) معبر کی جمع۔
مُعاتَب (ع۔ مفعول) عتاب کیا گیا۔ سرزنش کیا گیا۔ معتوب۔ وہ جس پر خفگی ہو (عاتَبَ۔ ناراض ہونا)
مُعاتِب (ع۔ فاعل) عتاب یا سرزنش کرنے والا **مُعاتَبَت** (مونث) سرزنش۔ عتاب۔ خفگی۔
مَعاجِین (ع۔ مذکر) معجون کی جمع
مَعاد (ع۔ مذکر) لوٹ کر جانے کی جگہ واپس جانے کا مقام ۲۔ مجازاً۔ عاقبت۔ آخری عقبےٰ (عود۔ واپس جانا)
معادِل (ع۔ فاعل) برابر۔ مساوی (عادَلَ۔ برابر کیا)
مُعادَلَت (ع۔ مونث) برابری۔ مساوات۔ (عادَلَ۔ برابر کرنا)
مَعادِن (ع۔ مذکر) معدن کی جمع۔
مَعاذ (ع۔ مونث) جائے پناہ۔ بچاؤ یا حفاظت کی جگہ (عَوَذَ۔ جائے پناہ تلاش کرنا) **معاذ اللہ** اعوذ۔ معاذ اللہ کا مخفف ہے۔ پناہ چاہتا ہوں میں خدا سے پناہ چاہتی ! خدا کی پناہ۔ خدا بچائے۔ خدا محفوظ رکھے جب کوئی گستاخی کی بات خدا یا اس کے رسولوں کی شان میں کہے تو کہتے ہیں ۲۔ خدا نہ کرے ۳۔ کسی چیز کی کثرت یا شدت ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۴۔ توبہ توبہ۔
مُعارِض (ع۔ فاعل) جھگڑا کرنیوالا۔ مخالف۔ مخاصم۔ حریف۔ مدعی۔ مقابل۔ عارض (عارَضَ۔ مخالفت کرنا)
مُعارَضَہ (ع۔ مذکر) جھگڑا۔ مناقشہ۔ ٹنٹا۔ تعرض (عارَضَ۔ مخالفت کرنا)
مَعارِف (ع۔ مذکر) معرفت یا معرفہ کی جمع۔ علوم مختلف۔ علوم و فنون۔ ہنر۔
مَعارِک (ع۔ مذکر) معرکہ کی جمع۔ لڑائی کے میدان۔
مُعارَکَہ (ع۔ مذکر) لڑائی۔ جنگ۔ جدل (عارَکَ۔ لڑنا)
مَعاش (ع۔ مونث) ۱۔ وہ شئے جس سے بسر اوقات کی جائے ۲۔ روزی۔ رزق۔ خوراک ۳۔ بسر اوقات گزران۔ گزارا اوقات ۴۔ جائے زندگانی۔ دنیا۔ وہ جگہ جہاں کوئی رہے ۵۔ جائداد۔ زمین۔ اراضی ۶۔ جاگیر (عَيْش۔ زندہ رہنا) **معاشدار** (صفت) ۱۔ صاحب جائیداد ۲۔ جاگیردار۔
مُعاشَرَت (ع۔ مونث) ۱۔ آپس میں مل جل کر زندگی بسر کرنا۔ اوقات بسری ۲۔ سوسائٹی۔ سنگت۔ صحبت میل جول ۳۔ کسی کے ہمراہ عیش کرنا (عاشَرَ۔ مل جل کر رہنا)
مُعاصِر (ع۔ صفت) ہم عہد۔ اپنے زمانے کا۔ ہم عصر (عاصَرَ۔ ہم عہد ہونا) **معاصرین** (مذکر) معاصر

کی جمع۔ بہت سے ہم عصر یا ہم عہد۔
مَعاصی (ع۔ مونث) معصیت کی جمع بہت سے گناہ۔
مُعاصی (ع۔ صفت) ۱۔ گنہ گار۔ مجرم۔ پاپی۔ اپرادھی ۲۔ باغی (عاصَی ۔ حکم نہ ماننا)
مُعاطَفَت (ع۔ مونث) مہربانی۔ عنایت الطاف۔ کرم (عَطَف۔ جھکنا)
مُعاف (ع۔ مفعول) ۱۔ عفو کیا گیا۔ چھوڑا گیا۔ بخشا گیا ۲۔ بری ۳۔ آزاد ۴۔ عفو۔ بخشش۔ درگزر ۵۔ (مونث) وہ زمین جس کی مالگزاری معاف ہو (عافیٰ ۔ بخشنا۔ اصل لفظ معافی تھا) معاف تو ایک کوڑی نہ ہوگی۔ بطور انکار کہتے ہیں۔ جب کوئی معافی مانگے معاف کرانا (رحم) کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) ۱۔ بخشا جانا ۲۔ عفو ہونا۔ درگزر ہونا ۳۔ چھوٹنا۔ چھوڑا جانا معاف کرو۔ اجازت۔ شفقت ہو۔ سدھارو ۲۔ پیچھا چھوڑو ۳۔ فقیر ولی کو جب کچھ دینا نہ ہو تو کہتے ہیں۔ ادھر طرف جاؤ۔ آگے دیکھو۔
معافی (مونث) ۱۔ بخشش۔ نجات۔ رہائی۔ خلاصی۔ مغفرت ۲۔ وہ زمین جس کا معاملہ سرکار سے معاف ہو۔ جاگیر۔ انعامی جاگیر۔ ملک واگذاشت۔ معافیات (مونث) معافی کی جمع۔ معافی استمراری (مونث) دیکھو معافی دائمی۔ معافی باقی (مونث) بقایا کی معافی۔ معافی چاہنا (لازم) عفو چاہنا۔ خیر خواہی کرنا۔ معذرت کرنا معافی میں حیات (مونث) وہ زمین جو کسی کی زندگی بھر کے لئے معاف کی جائے۔ معافی دار (صفت) جاگیر دار۔ معاف شدہ زمین کا مالک۔ معافی دائمی (مونث) دوامی جاگیر۔ وہ زمین جو ہمیشہ کے لئے معاف کر دی جائے۔ معافی کا پروانہ (مذکر) معافی کی سند۔ معافی مانگنا (متعدی) دیکھو معافی چاہنا۔ معافی نامہ (مذکر) معافی کی تحریر۔
مُعاقَبَت (ع۔ مونث) ۱۔ سزا ۲۔ ڈنڈ ۳۔ سیاست ۴۔ عقوبت۔ عذاب۔ (عاقَبَ۔ سزا دینا)
مُعاقِد (ع۔ فاعل) ۱۔ عہد و پیمان کرنیوالا ۲۔ عقد کرنیوالا۔ نکاح کرنیوالا (عاقَدَ۔ معاہدہ کرنا)
مُعالِج (ع۔ فاعل) علاج کرنیوالا۔ حکیم۔ طبیب وید۔ ڈاکٹر (عالَجَ۔ علاج کرنا) معالجات (ع۔ مذکر) معالجہ کی جمع علاج کرنا
مُعالَجَہ (ع۔ مذکر) دوا دارو۔ دوا دہش (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (عالَجَ۔ علاج کرنا)
مَعالی (ع۔ مذکر) معلات کی جمع۔ اونچائیاں بلندیاں۔
مُعامَلات (ع۔ مذکر) معاملہ کی جمع۔ امور کاروبار معاملات ملکی (مذکر) امور ملکی۔ سلطنت کے کام شاہی کاروبار۔ پولیٹکل امور۔
مُعامَلَت (ع۔ مونث) دیکھو معاملہ ۱، ۲ (عامَلَ۔ کاروبار کرنا)۔
مُعامَلَہ (ع۔ مذکر) ۱۔ باہم کوئی کام کرنا۔ عمل۔ کاروبار۔ کام کاج۔ دھندا ۲۔ بیچ بیوپار۔ لین دین خرید و فروخت ۳۔ وہ بات جو عمل میں آئے۔ واقعہ ۴۔ باہم مل کر فیصلہ کرنا۔ قول و قرار کرنا ۵۔ بات۔ جھگڑا۔ قضیہ ۶۔ خاص بات تعلق۔ واسطہ۔ سابقہ۔ برتاؤ ۷۔ مقدمہ ۸۔ مالگزاری جمع۔ خراج ۹۔ (بازاری) معشوقہ۔ منظور نظر۔ مطلوب ۱۰۔ جوان لڑکی۔ رنڈی۔ کسبی ۱۱۔ مباشرت۔ جماع۔ بھوگ (عامَلَ۔ کاروبار کرنا) معاملہ ادا کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) مالگزاری دی جانا معاملہ باندھنا (متعدی)، واقعات کو نظم کرنا معاملہ بنانا (متعدی) بننا (لازم) ۱۔ کام بننا۔ کام درست ہونا۔ بات ٹھیک ہونا ۲۔ سودا پٹنا۔ چکنا۔ ۳۔ ہونا ۴۔ راضی رضا ہونا۔ بات چیت ہونا ۵۔ مباشرت ہونا۔ جماع ہونا۔ معاملہ بن جانا (لازم) کام بن جانا۔ مقصد حاصل ہونا۔ معاملہ پڑنا (لازم) ۱۔ واسطہ پڑنا۔ تعلق ہونا۔ سابقہ پڑنا۔ معاملہ پکا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) بات طے ہونا۔ قطعی فیصلہ ہونا۔ سودا پختہ ہونا۔ معاملہ پردازی (مونث) ۱۔ کوئی کام کرنا۔ کاروبار کرنا۔ بیوپار کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) معاملہ پیش کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) فیصلے کے لئے کسی کے پاس معاملے کا جانا معاملہ خارج بحث (صفت) خارج از بحث بات۔ غیر متعلق بات۔ معاملہ دان (س) شناس یا فہم (صفت) تجربہ کار۔ بات کی تہ کو پہنچنے۔ کاروبار سے واقف معاملہ دانی (رسی) شناسی یا فہمی (مونث) بات کی تہ کو پہنچنا۔ کاروبار سے واقف معاملہ دانی۔ رسی۔ شناسی یا فہمی (مونث) بات کی تہ کو پہنچنا۔ کاروبار سے پوری واقفی ہونا معاملہ ڈالنا (مت) رجوع کرنا (متعدی) کسی کے پاس فیصلے کے لئے معاملہ پیش کرنا۔ معاملہ رکھنا (متعدی) کسی پر منحصر رکھنا (پر کے ساتھ) معاملہ سنگین (مذکر) اہم بات امر عظیم معاملۂ فاسد (مذکر) بے ایمانی کی بات۔ بددیانتی کا معاملہ معاملہ کا سچا یا کھرا (صفت) خوش معاملہ۔ دیانتدار بات کا پورا۔ لین دین کا کھرا۔ معاملہ کا کھوٹا (صفت) بے ایمان۔ دغاباز۔ خائن۔ لین دین کا کھوٹا۔ بات کا کچا معاملہ کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) ۱۔ لین دین ہونا۔ سودہ ہونا۔ بھاؤ چکنا۔ نرخ بننا ۲۔ بات چیت ہونا۔ کام درست ہونا۔ بات ٹھیک ہونا ۳۔ کسی امر کی بابت گفتگو طے ہونا کسی امر کا فیصلہ ہونا ۴۔ عہد و پیمان ہونا۔ قول و قرار ہونا ۵۔ مباشرت ہونا جماع ہونا۔ صحبت ہونا۔ وصل ہونا۔ معاملہ کھٹائی میں پڑ جانا (لازم) معاملہ بے طلب ہو جانا معاملے میں تاخیر ہونا معاملہ کی حقیقت حال (مونث) ۱۔ بات کی اصلیت ۲۔ اصل واقعہ ۳۔ حقیقت حال۔ روئداد مقدمہ۔ معاملہ مکمل ہونا (لازم) دیکھو معاملہ پکا ہونا۔
مُعانِد (ع۔ فاعل) دشمنی کرنیوالا۔ عناد رکھنے والا۔ دشمن۔ عدو۔ مخالف۔ مخاصم (عانَدَ۔ مخالفت کرنا)
مُعانَدَت (ع۔ مونث) باہمی عداوت۔ دشمنی۔ جھگڑا (عانَدَ۔ مخالفت کرنا)۔
مُعانَقَہ (ع۔ مذکر) گلے سے لگانا۔ بغلگیر کرنا (عانَقَ۔ دوسرے کی گردن پر ہاتھ رکھ کر گلے سے لگانا)
مَعانی (ع۔ مذکر) معنی کی جمع ۱۔ مطالب مقاصد۔ مرادیں ۲۔ ایک علم جس سے الفاظ کا محل استعمال اور معانی کا درست اور موزوں ہونا معلوم ہوتا ہے۔ علم بیان۔ علم بدیع اس کی شاخیں ہیں۔
مُعاوَدَت (ع۔ مونث) واپسی۔ لوٹ آنا۔ واپس آنا۔ لوٹنا (عاوَدَ۔ بار بار واپس آنا)۔
مُعاوَضَت (ع۔ مونث) معاوضہ (مذکر) ۱۔ بدلا۔ عوض۔ مبادلہ۔ پلٹا۔ تاوان۔ اجر۔ مکافات۔ تلافی ۲۔ وہ روپیہ جو کسی کام یا جائداد کے عوض میں دیا جائے ۳۔ قیمت۔ مول۔ زرثمن ۴۔ ہرجہ (عاوَضَ۔ بدلے میں دینا) معاوضہ پانا (متعدی) ۱۔ عوض پانا ۲۔ ہرجہ پانا ۳۔ قیمت حاصل کرنا ۴۔ کام یا جائداد کے عوض میں روپیہ لینا۔ معاوضہ دلانا (لازم)، دینا (متعدی)، ہرجہ دینا معاوضہ کرنا (متعدی) عوض میں کوئی چیز لینا معاوضہ لینا (متعدی) ملنا (لازم) ۱۔ عوض ملنا۔ بدلا ملنا ۲۔ قیمت یا زرثمن ملنا ۳۔ کسی کام یا فائدہ کے عوض روپیہ ملنا۔
مُعاوِن (ع۔ فاعل) ۱۔ مدد دینے والا۔ مددگار دستگیر ۲۔ حمایت کرنیوالا۔ حمایتی۔ سہارا دینے والا ۳۔ اسسٹنٹ۔ ماتحت ۴۔ وہ دریا جو دوسرے دریا میں جاکر ملے۔ جیسے جمنا گنگا کا معاون ہے (عاوَنَ۔ مدد کرنا) معاون جرم (مذکر) شریک جرم۔ مجرم کا مددگار۔
مُعاوَنَت (ع۔ مونث) مدد۔ حمایت۔ سہارا۔ تائید۔ (کرنا ہونا کے ساتھ)
مُعاہِد (ع۔ فاعل) عہد و پیمان یا قول و قرار کرنیوالا (عاہَدَ۔ قول و قرار کرنا) **مُعاہَدَہ** (مذکر) ۱۔ قول و قرار عہد و پیمان ۲۔ بچن ۳۔ قسما قسمی ۴۔ اقرار نامہ۔ عہدنامہ (کرنا ہونا کے ساتھ) معاہدۂ ساقط النفاذ (مذکر) ناجائز اقرار نامہ۔ رد اقرار نامہ

جو جاری نہ ہو سکے معاہدۂ ممکن الانفساخ (مذکر) ایسا معاہدہ جو فسخ ہو سکے

مَعائِب (ع۔ مذکر) جمع معاب و معابت کی۔ نقائص۔ عیوب۔ خرابیاں۔

معائِنہ۔ مُعایَنہ (ع۔ مذکر) اپنی آنکھوں سے دیکھنا۔ ملاحظہ۔ پڑتال۔ جانچ۔ مشاہدہ۔ مطالعہ (کرنا ہونا کے ساتھ) (معاون۔ مدد کرنا)

مَعبَد (ع۔ مذکر) عبادت گاہ۔ عبادت خانہ۔ جائے پرستش۔ گرجا۔ کلیسا۔ مندر۔ شوالا۔ مسجد کے لئے اردو میں استعمال نہیں ہوتا (عَبَدَ۔ پرستش کرنا) معبدہ (مذکر) معبد۔

مُعَبِّد (ع۔ مذکر) پجاری۔ پرستش کرنیوالا (عَبَدَ۔ پوجا کرنا)۔

مَعبَر (ع۔ مذکر) دریا سے عبور کرنے کی جگہ۔ گھاٹ۔ گذر۔ پل (عَبَرَ۔ گزرنا۔ عبور کرنا)

مِعبَر (ع۔ مذکر) وہ چیز جس سے دریا پار اتریں۔ کشتی۔ جہاز۔ ناؤ۔ ڈونگا (عَبَرَ۔ عبور کرنا)

مُعَبِّر (ع۔ فاعل) خواب کی تعبیر کرنے والا (عَبَّرَ۔ خواب کی تعبیر کرنا) معبّری (مونث) خواب کی تعبیر کرنا)

مَعبُود (ع۔ مفعول) (۱) پرستش کیا گیا پوجا گیا عبادت کیا گیا (۲) اللہ تعالیٰ۔ خداوند کریم۔

مُعتاد (ع۔ مفعول) (۱) عادت کیا گیا۔ عادی۔ خوگر (۲) معمولی۔ مروجہ۔ جاری (۳) (مذکر) مقدار خوراک (۴) مقدار مقرر جو کوئی اثر پیدا کرے (۵) مقررہ طاقت (۶) مقدار۔ وزن۔ حجم۔ قد و قوت۔ طاقت (۷) رسم۔ رواج (اعتاد۔ عادی ہونا) معتاد پر پہنچنا (لازم) اس مقدار پر پہنچنا جس کا کوئی خاص اثر ہو۔

مُعتَبَر (ع۔ مفعول) (۱) اعتبار کیا گیا۔ بھروسہ کیا گیا (۲) معتمد علیہ۔ قابل اعتبار (۳) درست۔ ٹھیک۔ راست (اعتبر۔ بہت اچھا سمجھنا) معتبر آدمی (مذکر) وہ آدمی جو قابل اعتبار ہو معتبر جاننا (متعدی) (۱) درست سمجھنا۔ صحیح سمجھنا (۲) قابل اعتبار سمجھنا معتبر خبر (مونث) ٹھیک خبر۔ درست خبر معتبری (مونث) قابل اعتبار ہونا (۲) اعتبار۔ ساکھ۔

مُعتَدّ (ع۔ مفعول) گنا گیا۔ شمار یا حساب کیا گیا۔ عربی میں تشدید آخر ہے (اعتدّ۔ گنا جانا) معتدہ (صفت) (۱) معتبر۔ قابل اعتبار (۲) معقول۔ بہت سا تعداد یا مقدار میں زیادہ۔

مُعتَدِل (ع۔ فاعل) (۱) اوسط درجہ کا۔ درمیانی۔ متوسط (۲) اعتدال والا (۳) نہ گرم نہ سرد (۴) مساوی المزاج جس میں افراط تفریط نہ ہو (اعتدل۔ برابر ہونا) معتدل المزاج (صفت) مساوی المزاج۔ جس کا مزاج اعتدال پر ہو۔ معتدلہ (صفت) دیکھو معتدل معتدل ہونا (لازم) اوسط درجہ پر ہونا۔ موافق ہونا۔

مُعتَرِض (ع۔ فاعل) اعتراض کرنیوالا۔ گرفت کرنیوالا۔ روک ٹوک کرنیوالا۔ مزاحم (اعترض۔ مخالفت کرنا۔ روکنا) معترض ہونا (لازم) (۱) اعتراض کرنا (۲) روکنا۔ مزاحم ہونا۔ سد راہ ہونا۔

مُعتَرِف (ع۔ فاعل) (۱) ماننے والا۔ اعتراف یا اقرار کرنیوالا۔ حامی بھرنے والا (۲) اقبالی۔ اقراری (اعترف۔ ماننا) معترف ہونا (لازم) ماننا۔ اقبال کرنا۔

مُعتَزِل (ع۔ فاعل) جدا ہونیوالا۔ علیحدہ ہونیوالا۔ اختلاف کرنیوالا۔ مخالف (اعتزل۔ علیحدہ جانا۔ اپنے آپ کو جدا کرنا) معتزلہ (مذکر) مسلمانوں کا ایک فرقہ معتزلی (مذکر) معتزلہ فرقہ کا پیرو۔

مُعتَصِم (ع۔ فاعل) (۱) بھروسہ رکھنے والا۔ توکل رکھنے والا۔ تکیہ کرنیوالا۔ اعتبار کرنیوالا (۲) خدا کا بندہ۔ بندۂ خدا (اعتصم۔ مضبوط پکڑنا)

مُعتَضِد (ع۔ فاعل) انصاف کی درخواست کرنیوالا۔ مدعی (اعتضد۔ انصاف چاہنا) معتضد باللہ (مذکر) اللہ سے انصاف چاہنے والا۔

مُعتَقَد (ع۔ مفعول) اعتقاد کیا گیا۔ مانا گیا۔ (اعتقد۔ ماننا) معتقِد (فاعل) (۱) اعتقاد رکھنے والا۔ ماننے والا (۲) کسی فرقے کا پیرو معتقدات (مذکر) جمع معتقد کی عقائد عقیدے۔ معتقد ہونا (لازم) ماننا۔ ایمان لانا۔ پیروی کرنا۔

مُعتَقِد ولہ (ع) مان خاں۔ اودھ میں بانی والا جاہ شاہ بادشاہ دہلی کا بھائی تھا۔

مُعتَکِس (ع۔ فاعل) اُلٹا۔ اوندھا۔ مقلوب (اعتکس۔ الٹا جانا)

مُعتَکِف (ع۔ فاعل) اعتکاف میں بیٹھنے والا۔ عبادت کے لئے علیحدہ جگہ میں بیٹھنے والا مسجد میں بیٹھنے اور وہاں سے نہ نکلنے والا۔ گوشہ نشین (اعتکف۔ عبادت کے لئے گوشہ نشین ہونا)

مُعتَل (ع۔ مفعول) (۱) کمزور۔ ضعیف۔ بیمار (۲) (صرف) وہ فعل جس کا درمیانی حرف حرف علت ہو۔ عربی میں تشدید آخر ہے (اعتلّ۔ بیمار ہونا۔ حرف علت ہونا)

مُعتَمَد (ع۔ مفعول) اعتماد یا اعتبار کیا گیا معتبر۔ بھروسا کیا گیا (اعتمد۔ بھروسا کرنا) معتمِد (فاعل) بھروسا کرنیوالا معتمد علیہ (صفت) بھروسے کا۔ جس پر بھروسا کیا جائے۔ معتبر۔

مَعتُوب (اردو۔ مفعول) عتاب کیا گیا۔ وہ شخص جس پر عتاب ہو۔ یہ لفظ عتاب سے بنایا گیا ہے عربی میں نہیں۔

مُعجِب (ع۔ فاعل) مغرور۔ متکبر۔ خود پسند (اُعجب۔ اپنی تعریف کرنا)

مُتَعَجِّب (ع۔ فاعل) تعجب میں ڈالنے والا۔ حیران کرنیوالا (عجّب۔ حیران کرنا)

مُعجِز (ع۔ فاعل) (۱) عاجز کرنیوالا (۲) طاقت بشری سے باہر۔ فوق العادت (۳) (مذکر) معجزہ (اعجز۔ بے طاقت کر دینا) معجز آثار (صفت) نہایت عجیب معجزات (مذکر) معجزہ کی جمع معجز بیان (صفت) خوش بیان فصاحت اور بلاغت سے تقریر کرنیوالا معجز بیانی (مونث) اعلیٰ درجے کی خوش بیانی۔ کمال فصاحت و بلاغت معجز نگار (صفت) بے مثل مضمون لکھنے والا معجز نما (صفت) معجزہ دکھانے والا معجزہ (مذکر) (۱) وہ خرق عادت جو نبی سے ظاہر ہو (۲) وہ کام کرنا جو انسانی قوت سے باہر ہو۔ اعجاز معجزہ دکھانا (متعدی) نبی کا خرق عادت کام کرنا معجزہ کرنا (متعدی) قوت انسانی سے باہر کام کرنا معجزۂ مسیح (مذکر) (۱) مردہ کو زندہ کرنا کیونکہ یہ حضرت عیسیٰؑ کے معجزوں میں سے ایک تھا (۲) وہ کھانے کا خوان جو حضرت عیسیٰؑ پر اترا کرتا تھا (۳) حضرت عیسیٰؑ کا کوئی معجزہ۔

مُعَجَّل (ع۔ مفعول) (۱) جلدی میں کیا گیا۔ جلدی کیا گیا (۲) وہ مہر جس میں مہلت نہ ہو یعنی نکاح کے بعد فوراً ادا کیا جائے (عجّل۔ جلدی کرنا) مُعَجِّل (فاعل) جلدی کرنیوالا۔ تعجیل کرنیوالا۔ جلد باز۔

مُعجَم (ع۔ مفعول) حروف تہجی میں سے نقطے والا حرف۔ منقوط۔ منقوطہ۔ جب ایک شکل کے دو یا زیادہ حروف ہوں تو شبہ رفع کرنے کے لئے لفظ معجم کا استعمال ہوتا ہے۔ جیسے خائے معجم (اعجم۔ نقطہ لگانا) معجمہ (صفت مونث) دیکھو معجم۔

مَعجُون (ع۔ مفعول) (۱) گوندھا گیا (۲) (مذکر) مرکب دوا جو کئی دواؤں کو آٹے کی طرح گوندھ کر بناتے ہیں (۳) وہ قوام جو کھانڈ اور بھنگ سے مثل لوزے جمایا جائے (۴) (صفت) مرکب۔ ملی ہوئی۔ آمیختہ (عجن۔ گوندھنا) معجونات (مونث) معجون کی جمع معجون جالینوس (مونث) ایک قسم کی معجون جس کا نسخہ جالینوس نے تجویز کیا تھا اور اس نے اس کے خواص لکھے ہیں معجون فلاسفہ (مونث) ایک قسم کی معجون جو امراض بارده اور بوڑھوں کے لئے مفید ہے معجون کش (صفت) معجون نکالنے

کی کھرچنی معجون کا مچہ **معجون مُفَرِّحُ الارواح** رخوش ایک قسم کی معجون جو قوت باہ کے لئے مفید ہے۔

مَعَد (ع۔ مذکر) ۱: شانوں کا گوشت ۲: پیغمبر صلعم کے اجداد میں سے ایک جو عدنان کے فرزند تھے ۳: کئی قبیلوں کا نام۔

مَعدِل (ع۔ فاعل) ۱: پھرنے کی جگہ ۲: واپسی کی جگہ ۳: خلوت گاہ ۴: تشرم (ز عَدل۔ سیدھا کرنا) **معدلُ النَّہار** (مذکر) وہ دائرہ جو خط استوا کے محاذات میں آسمان پر ہے۔ جب آفتاب اس پر ہوتا ہے تو رات دن برابر ہوتے ہیں۔

مَعدِلَت (ع۔ مؤنث) عدل ۱: انصاف (عَدل۔ انصاف کرنا)

مَعدَن (ع۔ مذکر) کان۔ وہ جگہ جہاں زمین کھود کر دھاتیں۔ کوئلہ۔ نمک وغیرہ نکالیں (عَدَن۔ اپنی جگہ پر رہنا) **معدنی** (صفت) معدن سے منسوب۔ کانی فلزاتی۔ دھاتی۔ **معدنیات** (مؤنث) کانی چیزیں ۱: دھات فلزات۔

مَعدُود (ع۔ مفعول) ۱: گنا گیا۔ شمار کیا گیا ۲: چند گنتی کے تھوڑے سے کچھ (عَدّ۔ گننا)۔

مَعدُول (ع۔ مفعول) ۱: موڑا ہوا۔ مڑا ہوا ۲: چھوڑا ہوا (عَدل۔ راستے سے پھرنا) **معدولہ** (صفت مؤنث) واؤ جو لکھنے میں آئے پڑھنے میں نہ آئے جیسے خوش خود خویش کی واؤ۔

مَعدُوم (ع۔ مفعول) ۱: اٹھایا گیا۔ نیست نابود کیا گیا۔ فنا کیا گیا ۲: ناپید۔ نابود۔ کالعدم (کرنا ہونا کیساتھ) (عَدَم۔ نہ ہونا۔ نہ ملنا) **معدومُ البصر** (صفت) اندھا۔ نابینا۔ کور۔

مِعدَہ (ع۔ مذکر) بدن کا ایک اندرونی عضو جس میں کھانا جاکر ہضم ہوتا ہے (مَعَد۔ جلدی سے کھینچنا یا پکڑنا) **معدہ قوی ہونا** (لازم) معدے کا کھانے کو جلدی اور اچھی طرح ہضم کرنا **معدہ کمزور ہونا** (لازم) معدے کا کھانے کو اچھی طرح اور جلدی ہضم نہ کر سکنا۔

مَعدی (ع۔ مذکر) ۱: گزرنے کی جگہ ۲: راستہ ۳: راہ (عَدَو۔ گزر جانا۔ چھوڑنا)

مُعَذَّب (ع۔ مفعول) ۱: سزا دیا گیا۔ تکلیف دیا گیا۔ تشدد کیا گیا ۲: ستایا گیا (عَذَّب۔ سزا دینا)

مَعذِرَت (ع۔ مؤنث) عذر ۱: حیلہ۔ بہانہ (قبول فرمانا یا کرنا۔ کرنا ہونا کیساتھ) (عَذر۔ معاف کرنا)

مَعذُور (ع۔ مفعول) ۱: عذر کیا گیا۔ بہانہ کیا گیا ۲: مجبور ناچار ۳: جس کو کسی بات میں عذر ہو ۴: معاف کیا گیا ۵: قابل معافی ۶: ہیچ (عَذَر۔ معاف کرنا) **معذور الخدمت** (صفت) ۱: نوکری سے معاف کیا گیا۔ جیسے نوکری معاف ہوئی ۲: بیمار ۳: پنشن یافتہ **معذور رکھنا** (متعدی) معاف کرنا۔ قابل عذر سمجھنا **معذور سمجھنا** (متعدی) قابل معافی سمجھنا **معذور ہونا** (لازم) مجبور رہنا **معذوری** (مؤنث) مجبوری۔

مُعَرّا (ع۔ مفعول) ۱: ننگا۔ برہنہ۔ عریاں ۲: خالی۔ سادہ ۳: وہ کتاب جس پر حاشیہ نہ چڑھا ہو ۴: پاک۔ صاف ۵: آزاد۔ کھلا ہوا ۶: قرآن شریف جس کیساتھ ترجمہ نہ ہو ۷: وہ نثر جو مقفٰی نہ ہو اور سادہ ہو۔

مِعراج (ع۔ مؤنث) ۱: سیڑھی۔ کوئی چیز جس سے انسان چڑھے ۲: مسلمانوں کے اعتقاد میں پیغمبر صلعم کا آسمان پر جانا اور تجلیات الٰہی کا نظارہ کرنا ۳: مجازاً انتہائی عروج یا ترقی (عَرَج۔ چڑھنا) **معراج کی رات** (مؤنث) ۲۷ رجب کی رات جب پیغمبر صلعم کو معراج ہوئی تھی **معراج مل جانا یا ہو جانا** (لازم) انتہائی ترقی کا مرتبہ حاصل ہونا۔

مُعَرَّب (ع۔ مفعول) ۱: عربی بنایا گیا ۲: وہ لفظ جو دراصل کسی اور زبان کا ہو اور اس کو تھوڑی سی تبدیلی کیساتھ عربی بنالیا ہو۔ جیسے پیل سے فیل۔ مشک سے مسک (تَعرِیب۔ عربی بنانا)

مَعَرَّت (ع۔ مؤنث) ۱: جرم ۲: گناہ ۳: ایک ستارہ۔

مَعرِض (ع۔ مذکر) ۱: ظاہر ہونے کی جگہ ۲: دوران (عَرض۔ ظاہر ہونا) **معرض التوا میں پڑنا یا ہونا** (لازم) ملتوی ہونا **معرضِ بیع** (مذکر) بیچنے کا دوران۔ وہ وقت جب کسی چیز کا سودا ہو رہا ہو۔

مُعَرَّف (ع۔ مفعول) ۱: جتلایا گیا۔ تعریف کیا گیا ۲: نشان دہی کیا گیا ۳: بتایا گیا۔ ظاہر کیا گیا ۴: وہ حرف جو معرفہ بنایا گیا ہو (عَرَّف۔ بتانا) **مُعَرِّف** (مفعول) ۱: تعریف کرنیوالا ۲: وہ شخص جو دربار میں ہر ایک درباری کو اس کے درجے اور نمبر پر بٹھاتا ہے ۳: وہ شخص جو کسی آدمی کو بادشاہ کے پاس پیش کر کے اس کا حال بیان کرتا ہے۔

مَعرِفَت (ع۔ مؤنث) ۱: شناخت۔ پہچان ۲: علم الٰہی۔ قانون قدرت یا فطرتی اشیا کی واقفیت ۳: خداشناسی ۴: ذریعہ۔ سبب۔ وسیلہ ۵: وہ کلام جس میں عرفان کے مضامین ہوں (عَرَف۔ جاننا) **معرفتِ الٰہی** (مؤنث) خداشناسی **معرفت کی محفل** (مؤنث) وہ محفل جس میں ایسے اشعار گائے جائیں جن کے مضامین عرفان الٰہی کے ہوں۔

مَعرِفَہ (ع۔ مذکر) وہ اسم جو ایک معین شے کے واسطے وضع کیا گیا ہے دیکھو اسم معرفہ (عَرَف۔ جاننا)

مُعَرِّق (ع۔ مؤنث) السینہ لانیوالی دوا۔

مَعرَکَت۔ مَعرَکہ (ع۔ مذکر) ۱: وہ جگہ جہاں لوگ اکٹھے ہوں ۲: میدان جنگ۔ رزمگاہ۔ جنگ گاہ ۳: لڑائی کا کھیت ۴: لڑائی جنگ۔ جدل ۵: نزاع جھگڑا ۶: قضیہ ۷: قصہ ۸: جھگڑا ۹: بھیڑ اژدہام ۱۰: انبوہ خلائق ۱۱: مقابلہ جھگڑا ۱۲: ہنگامہ (عَرَک۔ ملنا بھینچنا۔ رگڑنا) **معرکہ آرا** (صفت) راؤں کا ئمل اختلاف اردو میں معرکہ آرا کی جگہ استعمال ہوتا ہے **معرکہ آرا** (صفت) ۱: صف آرا جنگجو۔ جنگ آور ۲: زبردست۔ پرزور ۳: معرکہ کو رونق دینے والا۔ زینت میدان جنگ۔ ہنگامہ زیب **معرکہ آرا ہونا** (لازم) لڑائی کیلئے تیار رہنا۔ صف آرا ہونا **معرکہ آرائی** (مؤنث) ۱: معرکہ آرا ہونا ۲: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ صف آرائی ۳: ہنگامہ آرائی ۴: لڑائی جنگ۔ جنگ آزمائی۔ **معرکہ پڑنا یا پیش آنا** (لازم) لڑائی ہونا **معرکہ کھیلنا** (متعدی) لڑائی لڑنا۔ مقابلہ کرنا **معرکہ جیتنا یا سر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مقابلے میں فتح حاصل ہونا۔ **معرکہ کا یا معرکے کا** (صفت) ۱: دشوار مشکل ۲: بھاری۔ عظیم ۳: قابل توجہ قابل غور ۴: دھڑلے کا ۵: صوم دھام کا **معرکہ گاہ** (مؤنث) معرکہ کی جگہ۔ میدان جنگ **معرکہ گرم ہونا** (لازم) جھگڑا ہونا۔ مقابلہ ہونا۔ لڑائی ہونا۔ لڑائی کا زور ہونا **معرکہ گرم ہونا** (لازم) معرکے میں چہل پہل ہونا۔ لڑائی کا زور ہونا **معرکہ مارنا** (متعدی) ۱: مقابلے میں کامیابی حاصل کرنا ۲: کسی اہم کام میں کامیابی حاصل کرنا ۳: مقدمہ جیتنا **معرکہ ہونا** (لازم) لڑائی ہونا۔ ہنگامہ ہونا۔ مقابلہ ہونا **معرکے** (مذکر) ۱: معرکہ کی جمع ۲: بجائے معرکہ حروف مغیرہ سے پہلے **معرکے کا آدمی** (مذکر) ۱: بہادر آدمی سر و میدان ۲: بڑا آدمی ۳: جنگ آزمودہ آدمی ۴: بڑی لیاقت یا رعب داب کا آدمی۔ **معرکے کا مقدمہ** (مذکر) بھاری مقدمہ۔ سنگین مقدمہ۔

مَعرُوض (ع۔ مفعول) ۱: عرض کیا گیا۔ کہا گیا پیش کیا گیا ۲: لکھا گیا تحریر کیا گیا ۳: (مذکر) عرض۔ درخواست التماس۔ گزارش (عَرض۔ پیش کرنا) **معروضہ** (صفت مؤنث) دیکھو معروض۔

مَعرُوف (ع۔ مفعول) ۱: مشہور۔ معلوم۔ ظاہر۔ الم نشرح ۲: (مذکر) نیکی۔ نیک بات ۳: (صرف) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو۔ جیسے مسعود نے سعید سے کہا۔ اس میں مسعود فاعل ہے اور کہا معروف ہے۔ لیکن سعید سے کہا گیا۔ اس میں فاعل یعنی کہنے والے کا پتہ نہیں۔ کہا گیا مجہول ہے ۴: وہ واو جس کے پہلے ضمہ ہو اور وہ کھینچ کر پڑھا جائے جیسے رُوم۔ رُوس ۵: وہ یائے جس کے پہلے کسرہ ہو اور وہ کھینچ کر پڑھا جائے۔ جیسے پیر۔ فقیر (ضد الجرا) ضد معلوم (عَرَف۔ جاننا)۔

مُعِزّ (ع۔ فاعل) ۱: عزت دینے والا ۲: خدا کا ایک نام (اِعزَاز۔ عزت دینا) **مُعَزُّ الیہ** (صفت) وہ جس کی عزت کی جائے۔ موصوف۔

مُعَزَّز (ع۔ مفعول) ۱؎ عزت کیا گیا۔ عزت دار ۲؎ بزرگ۔ بڑا ۳؎ صاحب عزت۔ شریف ۴؎ باوقعت۔ (عَزَّز۔ عزت کرنا) **معزز آدمی** (مذکر) عزت دار شخص۔ **معزز خدمت** بزرگ باوقعت کام۔ **معزز عہدہ** (مذکر) عزت کا عہدہ۔ بڑا عہدہ۔

معززین (مذکر) معزز کی جمع۔

مَعزُول (ع۔ صفت) ۱؎ موقوف کیا گیا۔ نوکری سے برطرف کیا گیا ۲؎ بے روزگار۔ بیکار ۳؎ تخت یا گدی سے اتارا گیا (عَزَلَ علیحدہ کرنا) **معزولی** (مونث) معزول ہونا۔

مثل۔ معزول شوند معقول شوند معزول ہو کر ٹھیک ہو جاتے ہیں نہیں تو نشہ چڑھا رہتا ہے۔

مُعَسکَر (ع۔ مذکر) لشکر اترنے کی جگہ۔ چھاؤنی۔ کیمپ۔ لشکرگاہ (عَسکَر۔ چھاؤنی ڈالنا۔ اکٹھا ہونا)

مَعشَر (ع۔ مذکر) ۱؎ آدمیوں کا گروہ ۲؎ سوسائٹی۔ جھونپڑ پر جا (عَشَرَ۔ دس)

مُعَشَّر (ع۔ مفعول) ۱؎ دس سے منسوب دس کا۔ دس کا بنا ہوا ۲؎ دس پہلو کا۔ دس ضلعوں کا۔ دس گوشوں کا ۳؎ (مذکر) نظم کی ایک قسم۔

مَعشُوق (ع۔ مفعول) ۱؎ عشق کیا گیا۔ دوست رکھا گیا ۲؎ وہ جس پر کوئی عاشق ہو۔ محبوب۔ عزیز۔ پیارا۔ دلربا دلبر۔ صنم (عَشَقَ۔ بہت محبت کرنا) **معشوقانہ** (صفت) ۱؎ معشوق سے منسوب۔ معشوق کے مانند ۲؎ دلفریب۔ دلکش۔ طرار۔ زنانہ۔ **معشوقانہ ادا یا انداز** (مذکر) دل لبھانے والی ادائیں۔ **معشوق پن یا پنا** (مذکر) دلربائی۔ دلبری۔ **معشوق حقیقی** (مذکر) خدا۔ **معشوقہ** (مونث) وہ عورت جس پر کوئی شخص عاشق ہو۔ **معشوقی** (مونث) ۱؎ دلفریبی۔ دلربائی۔ دلبری ۲؎ دوستی۔ محبت۔ محبوبیت ۳؎ معشوق پن۔ **معشوقیت** (مونث) معشوق پن۔ دلربائی۔ دلفریبی۔

مقولہ۔ معشوق کی ذات بیوفا ہے معشوق وفادار نہیں ہوتے۔

مُعَصفَر (ع۔ مفعول) کسم سے رنگا ہوا (عَصفَرَ۔ کسم سے رنگنا)

مَعصُوم (ع۔ مفعول) ۱؎ بیگناہ۔ بےقصور۔ گناہ سے بچا ہوا۔ پاکدامن ۲؎ بھولا۔ سیدھا سادھا ۳؎ ننھا۔ چھوٹا۔ کمسن (بچہ) ۴؎ (مذکر) کمسن بچہ۔ ننھا بچہ (عَصَمَ۔ حفاظت کرنا۔ بچانا) **معصوم صفت** ۱؎ نیک مزاج ۲؎ (کنایۃً) احمق۔ بیوقوف۔ نادان **معصومی** (مونث) معصوم ہونا۔ بیگناہی۔ پاکدامنی **معصومیت** (مونث) لڑکپن۔ بھولا پن۔ بچپنا **معصومین** (مذکر) معصوم کی جمع۔

مَعصِیَت (ع۔ مونث) ۱؎ گناہ۔ خطا قصور۔ پاپ ۲؎ نافرمانی۔ حکم عدولی ۳؎ انحراف (عَصَیٰ۔ حکم نہ ماننا۔ نافرمانی کرنا)

مُعَطَّر (ع۔ مفعول) خوشبو میں بسا ہوا۔ خوشبودار۔ مہکتا ہوا (عَطَّرَ۔ خوشبودار کرنا)

مُعَطَّل (ع۔ مفعول) ۱؎ بیکار ۲؎ بے شغل کام سے خالی ۳؎ سست۔ ڈھیلا۔ کاہل ۴؎ نکما۔ جس سے کام نہ ہو سکے ۵؎ کچھ دنوں کے لئے یا ایام سفر وغیرہ تک بیکار ۶؎ بنجر۔ زمین شور۔ غیر مزروعہ۔ ناآبادہ (عَطَّلَ۔ کسی کو بیکار کر دینا) **معطل ڈال رکھنا** (متعدی) بیکار رکھنا۔ کسی کام نہ لانا **معطل کرنا** (متعدی) ۱؎ سست کر دینا ۲؎ نکما کرنا ۳؎ کچھ عرصے کے لئے بیکار کر دینا۔ جب کسی ملازم سرکار کے برخلاف دریافت کرنی ہوتی ہے تو اسے معطل کر دیتے ہیں۔ اس عرصے میں اس سے کوئی کام نہیں لیا جاتا۔ اور اسے تنخواہ کا ½ حصہ ملتا ہے **معطل ہونا** (لازم) کچھ دنوں کے لئے کام سے موقوف ہونا یا کام نہ لیا جانا۔ **معطلی** (مونث) معطل ہونا۔

مَعطُوف (ع۔ مفعول) ۱؎ پھیرا گیا۔ لپٹا ہوا۔ موڑا گیا۔ جھکایا ہوا ۲؎ (مذکر) نحو میں وہ کلمہ جو حرف عطف کے بعد واقع ہو (عَطَفَ۔ ٹیڑھا ہونا) **معطوف علیہ** (مذکر) وہ کلمہ یا کلام جو حرف عطف سے پہلے واقع ہو اور جس پر عطف کیا جائے۔ **معطوفہ** (صفت مونث) دیکھو معطوف۔

مُعطِی (ع۔ فاعل) ۱؎ عطا کرنے والا ۲؎ (مذکر) خدا تعالیٰ کا نام (اَعطیٰ۔ دینا) **معطی لہ** (صفت) جس کے لئے کچھ عطا کیا گیا ہو۔

مُعَظَّم (ع۔ مفعول) بزرگی دیا گیا۔ بزرگ۔ بڑا۔ شریف۔ واجب التعظیم (عَظَّمَ۔ بڑا بنانا۔ بزرگی دینا) **معظمہ** (صفت مونث) ۱؎ بزرگ عورت ۲؎ مکہ شریف۔

مُعَقَّد (ع۔ مفعول) پیچیدہ۔ بل کھائے ہوئے (عَقَّدَ۔ دقیق ہونا)

مَعقُول (ع۔ مفعول) ۱؎ عقل دیا گیا۔ عقل میں لایا گیا ۲؎ قرین عقل۔ پسندیدۂ عقل ۳؎ مناسب۔ واجب۔ ٹھیک۔ بجا۔ درست ۴؎ بھلا اچھا۔ پسندیدہ ۵؎ مہذب۔ فہمیدہ۔ شائستہ۔ سنجیدہ ۶؎ قابل۔ لائق۔ لیئق۔ تعلیم یافتہ ۷؎ حسب اطمینان خاطر خواہ ۸؎ موزوں۔ زیبا۔ شایاں۔ پھبتا ہوا ۹؎ نہ ماننا۔ نافرمانی کرنا) کافی ۱۰؎ قائل۔ ماننے والا ۱۱؎ مقابلہ سے عاجز۔ بند۔ لاجواب ۱۲؎ وہ جو حواس پنجگانہ سے محسوس نہ ہو ۱۳؎ طنزاً کیا خوب ۱۴؎ (مونث) فلاسفہ۔ فلسفہ منطق (عَقَلَ۔ سمجھ ہونا) **معقول آدمی** (مذکر) ۱؎ سمجھدار آدمی۔ شائستہ آدمی ۲؎ بھلا آدمی۔ مرد آدمی۔ **معقولات** (مونث) معقول کی جمع۔ فلسفہ اور حکمت کی کتابیں۔ **معقول تنخواہ** (مونث) بڑی تنخواہ۔ خاطر خواہ تنخواہ۔ اچھی تنخواہ۔ **معقول کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) قائل ہونا۔ لاجواب ہونا۔ تسلیم کرنا۔ **معقولیت** (مونث) انسانیت۔ سمجھ بوجھ۔ سنجیدگی۔

مثل۔ معقول میشوند چو معزول میشوند۔ انسان جب اپنے عہدے پر نہیں رہتا اس میں انسانیت آجاتی ہے۔

مَعکُوس (ع۔ مفعول) ۱؎ الٹا۔ اوندھا ۲؎ عکس کیا گیا ۳؎ ٹیڑھا ۴؎ (طالع) برا۔ خراب۔ منحوس ۵؎ آسمان کی صفت میں بھی مستعمل ہے (عَکَسَ۔ الٹنا)

مُعَلَّق (ع۔ مفعول) ۱؎ لٹکایا ہوا۔ آویزاں۔ لٹکا ہوا ۲؎ ادھر ۳؎ وہ جو کسی طرح ٹل جائے (موت) (عَلَّقَ۔ لٹکانا) **معلقہ** (صفت مونث) وہ عورت جسے خاوند نہ طلاق دے۔ نہ اس سے تعلق رکھے۔

مُعَلِّم (ع۔ فاعل) ۱؎ علم سکھانے والا۔ استاد۔ اخوند۔ ادیب۔ گورو۔ پاٹھک۔ پانڈہ۔ ملا۔ مولوی۔ ٹیچر۔ پروفیسر۔ منشی۔ مدرس۔ میاں جی ۲؎ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں وہ شخص جو دعائیں پڑھاتا ہے ۳؎ ملاح (عَلَّمَ۔ سکھانا) **معلم الملکوت** (مذکر) شیطان جو اصل میں قوم جن سے تھا۔ اور عبادت کی وجہ سے فرشتوں کا استاد مقرر کیا گیا تھا۔ **معلم اول** (مذکر) ارسطو کا لقب ۲؎ (رغف) شیطان۔ **معلم ثالث** (مذکر) بوعلی سینا کا لقب جس نے سو کتابوں کے قریب تصنیف کی ہیں **معلم ثانی** (مذکر) ابونصر فارابی کا لقب جس نے ارسطو کی کتب حکمت عربی میں ترجمہ کر کے تعلیم دینی شروع کی **معلم گری یا گیری** (مونث) بچوں کو پڑھانے کا پیشہ۔ **معلم ملائک یا ملائکہ** (مذکر) شیطان۔ **معلمہ** (مونث) پڑھانے والی عورت۔ استانی۔ **معلمی** (مونث) بچوں کو پڑھانے کا پیشہ۔

مُعلِن (ع۔ فاعل) اعلان کرنیوالا۔ اشتہاروں میں بعض وقت لفظ المعلن لکھ کر اعلان کرنے والے کا نام لکھتے ہیں (اعلَن کسی چیز کو مشہور کرنا)

مَعلُوف (ع۔ مفعول) ۱ بھوسہ دیا گیا۔ وہ جانور جسے بھوسہ ڈالا جائے ۲ فربہ۔ موٹا (جانور) (عَلَف۔ چارہ دینا) **معلوفہ** (صفت مونث) معلوف کی۔

مَعلُول (ع۔ مفعول) ۱ علت کیا گیا ۲ وہ جس کا کوئی باعث یا سبب ہو۔ وہ جسے علت یا اسباب سے ثابت کریں ۳ (مذکر علم منطق میں) پھل۔ ثمرہ۔ نتیجہ (عَلّ۔ دہرانا)

مَعلُوم (ع۔ مفعول) ۱ جانا گیا۔ تمیز کیا گیا ۲ ظاہر۔ واضح۔ روشن۔ آشکارہ۔ نمودار۔ پرگھٹ ۳ مشہور۔ معروف ۴ ناممکن۔ دشوار ۵ (مذکر) معروف۔ وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو ۶ وہ عدد جس کی قیمت معلوم ہو۔ جانی ہوئی مقدار (عَلِمَ۔ جاننا) **معلومات** (مونث) معلومۃ کی جمع ۱ واقفیت۔ تجربہ۔ علمی لیاقت۔ علم ۲ محسوسات۔ **معلومات کا ذخیرہ** (مذکر) کل واقفیت یا علمیت **معلوم شد**۔ معلوم ہو گیا۔ ظاہر ہو گیا۔ **معلوم دینا** (متعدی) نظر آنا۔ دکھائی دینا۔ سوجھنا **معلوم کرنا** (متعدی) ۱ جاننا۔ سمجھنا ۲ دریافت کرنا۔ پتہ لگانا ۳ پہچاننا۔ شناخت کرنا۔ تاڑنا ۴ آزمائش کرنا امتحان کرنا **معلوم نہیں**۔ خدا جانے۔ خبر نہیں میں نہیں جانتا۔ **معلوم نہیں تم کون ہو**۔ تجاہلِ عارفانہ۔ میں نہیں جانتا تم کون ہو۔ بہت خوب آدمی ہو۔ **معلومہ** (صفت۔ مونث) جانی گئی۔ جس کا حال پہلے سے معلوم ہو۔ **معلوم ہوتا ہے** خیال گزرتا ہے۔ نظر آتا ہے۔ **معلوم ہونا** (لازم) ۱ ظاہر ہونا۔ بھید کھلنا ۲ نظر آنا۔ سوجھنا۔ دکھائی دینا ۳ شناخت ہونا۔ پہچان میں آنا ۴ محسوس ہونا ۵ خیال میں آنا۔ خیال گزرنا ۶ تجربے یا قیافے سے دل میں پیدا ہونا ۷ سزا ملنا۔ پاداش کو پہنچنا ۸ وقت پیش آنا۔ قدر عافیت کھلنا۔ خبر پڑنا ۹ آنکھوں سے دکھائی دینا۔ بصارت ہونا۔

مقولہ۔ معلوم شد معلوم شد ذات شما یا فندگی۔ حال کھل گیا۔ اصلیت ظاہر ہو گئی۔

مُعَلّٰے (ع۔ مفعول) ۱ بلند یا اونچا کیا گیا ۲ بلند۔ رفیع۔ اونچا۔ عالی ۳ بزرگ۔ معظم۔ (علّٰی۔ اونچا کرنا)

مُعَمّا (ع۔ مفعول) ۱ چھپایا گیا۔ پوشیدہ کیا گیا ۲ مخفی۔ مبہم ۳ (مذکر) چیستان۔ پہیلی ۴ وہ بات جو بذریعہ رمز بیان کی جائے۔ رمز پوشیدہ ۵ پیچیدہ بات۔ پیچیدہ معاملہ۔ پیچیدہ مسئلہ۔ عقدۂ سربستہ (عمّٰی۔ چھپانا) **معمات** (مذکر) جمع معمہ کی۔ **معمّا حل کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ پہیلی یا چیستان کا جواب ملنا ۲ پوشیدہ یا مشکل بات سلجھنا۔ یا سمجھنا بھید کھلنا **معمّا کھلنا** (لازم) عقدہ کھلنا۔ پوشیدہ راز ظاہر ہونا۔ مشکل بات کا حل ہونا۔

مِعمار (ع۔ مذکر) عمارت بنانے والا راج۔ مستری (عَمَرَ۔ بنانا) **معماری** (مونث) معمار کا پیشہ۔

مَعمَر (ع۔ مذکر) بن المثنّٰی۔ دیکھو ابو عبیدہ۔

مُعَمَّر (ع۔ مفعول) عمر رسیدہ۔ بوڑھا بڑی عمر کا۔ کہن سال (عَمَّرَ۔ زندگی بڑھانا)

مُعمِل (ع۔ فاعل) کام کرانے والا (اَعمَل۔ کام کرانا)

مُعَمِّل (ع۔ فاعل) کام کرانے والا (عَمَّلَ۔ کام کرانا) **معمّل بہ** (صفت) جس پر عمل کیا جا سکے۔

مَعمُور (ع۔ مفعول) ۱ بھرا گیا۔ بھرا ہوا لبریز۔ پُر ۲ بند۔ مقفل ۳ آباد۔ بسا ہوا ۴ اچھی حالت میں ۵ بہت۔ افراط سے (عَمَرَ۔ آباد ہونا) **معمور کرنا** (متعدی) ۱ بھرنا۔ پُر کرنا ۲ آباد کرنا۔ بسانا ۳ بند کرنا۔ بھیڑنا۔ کنڈی لگانا۔ **معمورہ** (مذکر) ۱ آبادی۔ بستی ۲ مزروعہ زمین۔ کاشت شدہ زمین۔ **معمور ہو جانا** (لازم) بھر جانا۔ بند ہو جانا (دروازے کے لئے) **معمور ہونا** (لازم) ۱ بھرنا۔ لبریز ہونا ۲ آباد ہونا۔ بسنا۔ **معموری** (مونث) ۱ بھرا ہونا۔ لبریز ہونا ۲ آبادی۔ آباد ہونا ۳ دروازہ بند ہونا۔

مَعمُول (ع۔ مفعول) ۱ عمل کیا گیا ۲ (مذکر) وہ شخص جس پر عمل کیا گیا ہو ۳ وہ بات جو روزمرہ کی جائے ۴ رواج۔ دستور۔ قاعدہ ۵ وہ رقم جس کے دینے کا دستور ہو ۶ عادت۔ ربط ۷ وہ شخص جس پر مسمریزم یا ہپنوٹزم کرتے ہیں (عَمِلَ۔ کرنا۔ بنانا) **معمولات** (مونث) جمع معمولت کی ۱ روزمرہ کی باتیں۔ وہ باتیں جن کی عادت ہو ۲ وہ رقمیں جن کے دینے لینے کا دستور ہو۔ **معمول باندھنا** (متعدی) رویہ اختیار کرنا۔ قاعدہ مقرر کرنا۔ دستور باندھنا۔ **معمول بموجب** (تف) قاعدے کے طور پر۔ معمول کے موافق۔ حسب دستور۔ **معمول بندھنا** (لازم) دستور بندھنا۔ قاعدہ مقرر ہونا۔ **معمول پڑنا** (لازم) کسی کام کے کرنے کی عادت ہونا۔ روز کی عادت ہو جانا **معمول سے** (تف) معمول کے موافق۔ حسب دستور۔ **معمول سے ہونا** (لازم) حیض سے ہونا۔ **معمول کے دن** (مذکر) حیض آنے کے دن۔ ایام ماہواری۔ **معمول کے دن ٹل جانا** (لازم) حیض نہ آنا۔ حیض کے دنوں کا ٹل جانا۔ **معمول کے موافق** (تف) حسب معمول۔ حسب دستور۔ **معمولہ** (صفت مونث) عمل کیا گیا۔ قافیہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ دیکھو قافیہ معمولہ۔ **معمولی** (صفت) مقررہ مروجہ۔ رسمی۔ حسب عادت۔ **معمولی بات** (مونث) ادنیٰ بات۔ رسمی بات۔ **معمولی کارروائی** (مونث) کارروائی جو عام طور پر ہوتی ہے۔ ضابطے کی کارروائی۔

مُعَمّہ (ع۔ مذکر) دیکھو معمّا۔

مُعَنبَر (ع۔ مفعول) ۱ عنبر آمیز۔ عنبر کیا گیا ۲ عنبر کی خوشبو سے بسا ہوا ۳ معطر۔ خوشبودار (عنبر سے)

مُعَنقَہ (ع۔ مذکر) کپڑا جو گردن کے گرد لپیٹا جائے۔ کالر۔ گلوبند (عُنق سے)

مَعنُون (ع۔ مفعول) ۱ پاگل۔ دیوانہ ۲ نامرد ۳ مسحور (عَنّ۔ ایک طرف مڑنا)

مُعَنوَن (ع۔ مفعول) ۱ عنوان کیا گیا دیباچہ کیا گیا ۲ (اردو) نامزد کیا گیا۔ کسی کے نام سے منسوب کیا گیا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (عَنوَن۔ کسی کتاب کا نام رکھنا)

مَعنوِی (ع۔ صفت) ۱ منسوب بہ معنی ۲ اصلی۔ ذاتی۔ حقیقی ۳ اندرونی۔ باطنی ۴ واقعی۔ تحقیقی۔ یقینی ۵ مفہومی۔ تصوری۔ الہامی

۴ (مونث) علم بدیع کی دوسری قسم جس میں صنعت ابہام۔مبالغہ۔تلمیح وغیرہ شامل ہیں۔ ۵ مثنوی مولانا روم کا لقب (معنی سے)

مَعنیٰ۔مَعنی (ع۔مذکر) اُردو میں جمع استعمال ہوتا ہے ۱ مطلب۔منشا۔ارادہ ۲ مقصد ۳ لفظ کا وہ محل جہاں وہ استعمال کیا جائے ۴ مضمون ۵ علم بیان ۶ سبب۔وجہ۔باعث ۷ خوبی۔لطف ۸ اصلیت حقیقت۔ماہیت ۹ باطن۔اندرون (عربی میں معنے ہے عنی متعلق ہونا) **معناً** (تف) معنی کے اعتبار سے صحیح املا معنی ہے۔ **معنی الٹ دینا** (متعدی) معنی کچھ کے کچھ کر دینا۔ **معنی بیان کرنا** (متعدی) مطلب سمجھانا۔ترجمہ کرنا۔ **معنی بیگانہ** (مذکر) وہ اچھے معنی جو پہلے کسی نے نہ باندھے ہوں۔ **معنی پیچیدہ** (مذکر) ایسا مضمون جس کو بغیر غور و فکر نہ سمجھا جا سکے۔ **معنی دینا** (متعدی) ۱ بیان کرنا۔معنی لکھنا ۲ دلالت کرنا۔جتانا۔ **معنی رکھنا** (متعدی) مطلب رکھنا۔ظاہر کرنا۔ **معنی کر** (تف) وجہ سے۔مطلب سے (اس کے ساتھ) **معنی کھلنا** (لازم) معنی ظاہر ہونا۔ **معنی مشلے یا مطلب** (مذکر) معنی اور مقصد (زبانا) سمجھنا۔واقف ہونا کے ساتھ **معنیں** (مذکر) جمع معنی کی۔

مُعَوَّد (ع۔مفعول) ۱ عادی کیا گیا عادی۔خوگر ۲ سدھایا گیا۔سدھایا ہوا (عَوَّدَ۔عادی کرنا)

مُعَوَّذ (ع۔مفعول) وہ جو خدا کے پاس پناہ لے (عَوَّذَ خدا سے پناہ مانگنا) **معوذتا** (مونث) قرآن شریف کی آخری دو سورتیں۔

مَعُون (ع۔مذکر) **مَعُونت** (مونث) مدد۔امداد۔اعانت۔حمایت (عَوْن۔مدد کرنا)

مَعْہُود (ع۔مفعول) ۱ عہد کیا گیا اقرار کیا گیا ۲ مشروط ۳ مقرر۔معمولی ۴ پرانا۔قدیم ۵ مشہور۔معروف۔نامی۔نامور۔نامزد۔خاص (عَہْد۔اقرار کرنا) **معہود خارجی** (مذکر) وہ نکرہ جو کسی خاص وجہ سے ذات معین پر دلالت کرے۔جیسے کلیم سے ذات حضرت موسیٰ اور مسیح سے ذات حضرت عیسیٰ مراد لئے جاتے ہیں۔

معہود ذہنی (مذکر) وہ اسم نکرہ جو ذہن متکلم یا مخاطب میں کسی خاص شخص کے متعلق ہو جیسے دوست یا دشمن سے کوئی خاص شخص معین ہو سکتا ہے

مِعیار (ع۔مذکر) ۱ ماپنے یا وزن کرنے کا آلہ ۲ پرکھ۔جانچ ۳ اندازہ۔پیمانہ۔قاعدہ ۴ نصاب۔کورس ۵ کسوٹی۔محک۔کھرا کھوٹا دیکھنے کا پتھر (عَیْر۔تولنا۔سکوں کا جانچنا)

مَعیشت (ع۔مونث) ۱ زندگی ۲ زندگانی۔زیست۔جینا ۳ روزگار۔روزی ۴ عیش (عَیْش۔زندہ رہنا)

مُعین (ع۔صفت) ۱ مددگار ۲ محافظ۔خدا کا ایک نام (اعون۔مدد کرنا)

مُعَیَّن (ع۔مفعول) ۱ مقرر کیا گیا ٹھہرایا گیا۔معمول کیا گیا ۲ مقررہ۔مفروضہ۔معہود ۳ (علم ہندسہ) وہ چوکونی شکل جس کے اضلاع تو چاروں برابر ہوں۔مگر زاویے قائمے نہ ہوں (عَیَّنَ۔مقرر کرنا) **معین کرنا** (متعدی) مقرر کرنا۔ٹھہرانا۔قائم کرنا۔ **معین مخمس** (مذکر) وہ شش پہلو مخروط مستوی جس کی ہر سطح متوازی الاضلاع ہو **معینہ** (صفت۔مونث) مقرر کی گئی۔ **معین ہونا** (لازم) مقرر ہونا۔ٹھہرنا۔قرار پانا۔

مَعیُوب (ع۔مفعول) عیب دار ۱ عیب کیا گیا ۲ برا۔نکما۔عیبی ۳ قابل شرم۔باعث خفت۔موجب سبکی ۴ قابل الزام (عَیْب۔ناقص ہونا)

مُغ (ف۔مذکر) ۱ آتش پرست۔گبر۔پارسی۔مجوسی ۲ کلال۔مے فروش کلوا۔ **مغاں** (مذکر) مغ کی جمع ۱ آتش پرست لوگ ۲ شراب خانہ کلال کا مے خانہ ۳ آذر بائیجان میں ایک علاقہ۔ **مُغ بچہ** (مذکر) ۱ آتش پرست یا مجوسی کا لڑکا۔مے فروش کا لڑکا۔ساقی بچہ ۲ بھنگ پینے والوں کی اصطلاح میں بھنگ کا بیچ ۳ خوبصورت بچہ یا لڑکا۔

مُغار (ع۔مذکر) ۱ غار۔کھو۔گڑھا ۲ کھڈ۔کھائی ۳ ہرنوں کے رہنے کی جگہ (غَوْر۔داخل ہونا) **مغارہ** (مذکر) غار۔کھو ۲ کھائی۔

مَغارِب (ع۔مذکر) غرب کی جمع۔ **مغاربہ** (مذکر) مغربی کی جمع۔مراکو یا مغربی افریقہ کے باشندے۔

مَغازی (ع۔مذکر) مغزی کی جمع ۱ لڑائیاں۔جنگ۔کافروں کے ساتھ جنگ۔خصوصاً وہ لڑائیاں جن میں پیغمبر صلعم خود بدولت موجود تھے ۲ جنگی خوبیاں یا خاصیتیں۔غازیوں کے اوصاف کا بیان۔مناقب۔

مَغاک (ف۔مذکر) ۱ غار۔کھڈ۔کھوہ ۲ گڑھا۔کھائی ۳ دوزخ۔جہنم ۴ (صفت) گہرا۔ **مغاک خاک** (مذکر) ۱ زمین ۲ انسان کا بدن۔ **مغاک غار** (مذکر) قبر۔ **مغاک قبور** (مذکر) قبروں کا گڑھا۔ **مغاک ہولناک** (مذکر) خوفناک کھڈ یا غار۔

مُغالطہ (ع۔مذکر) ۱ کسی کو غلطی میں ڈالنا ۲ دھوکا۔دغا۔فریب (غالط۔ایک دوسرے کو دھوکا دینے کی کوشش کرنا) **مغالطہ دہی** (مونث) دھوکا دینا۔ **مغالطہ دینا** (متعدی) ۱ دھوکا دینا۔فریب دینا ۲ گمراہ کرنا۔غلط بتانا۔ **مغالطہ ڈالنا** (متعدی) غلطی ڈالنا۔شبہ ڈالنا۔

مَغانِم (ع۔مذکر) مغنم کی جمع۔لوٹ کے مال۔مال غنیمت۔

مَغانی (ع۔مذکر) مغنیہ کی جمع ۱ گانے گیت ۲ گانے والی عورتیں ۳ مغنیٰ کی جمع۔اچھے گھر۔محلات۔

مَغایر (ع۔مذکر) مغارت کی جمع۔غار۔کھوہیں)

مُغایَبت (ع۔مونث) ۱ غیر حاضر ۲ غیر حاضر آدمی کا ذکر کرنا (غَیْب۔غیر حاضر ہونا)

مُغایر (ع۔صفت) ۱ مختلف ۲ مخالف (غایر۔مختلف ہونا)

مُغایَرت (ع۔مونث) ۱ بیگانگی۔ناموافقت۔غیریت۔اجنبیت ۲ جدائی۔مفارقت ۳ مخالفت۔باہم غیر ہونا ۴ تبادلہ۔لین دین (غایَرَ۔مختلف ہونا۔لین دین کرنا) **مغایرت برتنا** (متعدی) بیگانگی ظاہر کرنا۔غیر سمجھنا۔

مُغتَنَم (ع۔مذکر) ۱ مال غنیمت ۲ غنیمت (اغتنم۔کسی چیز کو مال غنیمت سمجھنا) **مغتنمات** (صفت) مغتنمہ کی جمع۔ **مغتنمہ** (صفت۔مونث) غنیمت۔

مَغرِب (ع۔مذکر) ۱ سورج چھپنے کی جگہ۔غرب۔پچھم ۲ مغربی ممالک۔افریقہ۔بربر۔

مراکو وغیرہ ۳ نماز شام۔ صلوٰۃ المغرب (غرب۔ ڈوبنا سورج کا) **مغربان** (مذکر) تثنیہ کا صیغہ ہے مشرق و غرب۔ **مغرب سے آفتاب نکلنا** (لازم) قیامت کے آثار نمودار ہونا۔ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ قیامت کے قریب سورج مغرب سے نکلیگا اور توبہ کا دروازہ بند ہو جائیگا۔ **مغرب کی نماز** (مونث) شام کی نماز۔ **مغربی** (صفت) ۱ مغرب سے منسوب۔ مغرب کا ۲ (مذکر) مغرب کا باشندہ۔ افریقہ یا مراکو کا باشندہ ۳ سونے کا ایک سکہ ۴ (مونث) مغرب کی زبان۔ **مغربیت** (مونث) اجنبیت۔ غیریت۔ **مغربین** (مذکر) تثنیہ کا صیغہ ہے۔ مشرق و غرب۔

مُغَرَّق (ع۔ مفعول) ۱ پانی میں ڈوبا ہوا ۲ جگمگاتا ہوا۔ چمکتا ہوا۔ سونے چاندی میں لپا ہوا (غرق۔ غرق کرنا)

مَغرُوت (ع۔ مفعول) زبردستی لیا ہوا۔ لوٹا ہوا (غارت سے بنایا گیا ہے)

مَغرُور (ع۔ مفعول) متکبر۔ گھمنڈی۔ مدمغ۔ خود بیں۔ خود پرست (غر۔ دھوکا دینا) **مغرور ہونا** (لازم) متکبر ہونا۔ شیخی میں آنا۔ اترانا۔ **مغروری** (مونث) نخوت۔ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔

مَغز (ف۔ مذکر) ۱ کسی چیز کا اندرونی حصہ ۲ بھیجا ۳ گری۔ گودا ۴ عقل سمجھ۔ فہم۔ فراست ۵ اصل۔ خلاصہ۔ انجام ۶ دماغ۔ خیال۔ دھن ۷ غرور۔ تکبر ۸ بہترین قسم کا موتی (دہلوی مرگ۔ ژند۔ مزگہ۔ س مجا) **مغز اُڑا جانا** (لازم) دماغ پریشان ہوا جانا۔ **مغز اُڑانا** (متعدی) اُڑ جانا۔ اُڑنا (لازم) دماغ پریشان ہونا۔ **مغز استخوان** (مذکر) ہڈی کا گودا۔ **مغز بھنّانا** (متعدی) سر چکرانا۔ **مغز بھونکانا** (متعدی) دیکھو مغز پھرانا۔ **مغز پاش پاش کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) مغز کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ **مغز پچانا یا پچی کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم)، **پھرانا** (متعدی) کسی کو دیر تک سمجھائے جانا۔ مغز مارنا۔ بک بک کرنا۔ سر مارنا۔ **مغز پچی** (مونث) بک بک۔ بحث۔ تکرار۔ **مغز پلپلا کر دینا** (متعدی) خوب مارنا۔ **مغز پھرا ہے**۔ خلل دماغ ہو۔ **مغز پھر جانا۔ پھرنا** (لازم) ۱ خلل دماغ ہونا ۲ پاگل ہونا ۳ سنتے سنتے تھک جانا۔ **مغز تر ہونا** (لازم) بات کرنا۔ بولنا۔ گویائی کی قوت ہونا۔ **مغز ٹل جانا** (لازم) دیکھو مغز چل جانا۔ **مغز جان تازہ ہونا** (لازم) تفریح ہونا۔ **مغز چاٹ لینا۔ چاٹنا** (متعدی) دماغ کھانا۔ دماغ خالی کر دینا۔ باتوں سے دق کرنا۔ جان کھانا۔ **مغز چٹ** (صفت) بک بک کرنے والا۔ بکی۔ بکواسی۔ **مغز چٹّی** (مونث) بک بک۔ جھک جھک۔ بکواس۔ **مغز چٹّی کرنا** (متعدی) دیکھو مغز چاٹنا۔ **مغز چُن لینا** (متعدی) دیکھو مغز چاٹ لینا۔ **مغز چلانا** (متعدی) **چل جانا یا چلنا** (لازم) غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔ مغرور ہو جانا۔ **مغز خالی کرنا** (متعدی) دیکھو مغز پھرانا۔ **مغز خالی ہونا** (لازم) دماغ پریشان ہونا۔ دماغ تھک جانا۔ **مغز دار** (صفت) ۱ گری والا۔ گودے والا (پھل) ۲ چرب فصیح (زبان)۔ **مغز روشن** (مذکر) نسوار۔ **مغز زنی کرنا** (متعدی) دیکھو مغز مارنا۔ **مغز سخن** (مذکر) بات کی تہ۔ **مغز سے اتارنا** (متعدی) دماغ سے بات نکالنا۔ نئی بات اختراع کرنا۔ نہایت عمدہ بات نکالنا۔ **مغز سے دماغ خالی ہونا** (لازم) کم عقل ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ **مغز سے کیڑے جھاڑنا** (متعدی) ۱ کسی مغرور کا غرور مٹانا ۲ کسی کو جوتے مارنا۔ **مغز سے نکالنا** (متعدی) دیکھو مغز سے اتارنا۔ **مغز کا** (صفت) سمجھدار۔ عالی دماغ عقلمند۔ **مغز کو چڑھ جانا یا چڑھنا** (لازم) ۱ کسی نشے تمباکو وغیرہ کا دماغ پر اثر کرنا۔ نشہ ہو جانا۔ مستی ہونا۔ خمار ہونا ۲ غرور ہونا۔ نخوت ہونا اترا جانا ۳ پاگل ہو جانا۔ بادلا ہو جانا ۴ دماغ کو بخارات چڑھنا۔ **مغز کھا جانا۔ کھا لینا۔ کھانا** (متعدی) بکواس کرنا۔ بک بک سے دماغ چاٹنا۔ غل مچانا۔ شور کرنا۔ **مغز کھپانا** (متعدی) سمجھانے کی کوشش کرنا۔ کسی دماغی کام میں محنت کرنا۔ **مغز کے کیڑے اُڑانا** (متعدی) بکواس کرنا۔ دماغ پریشان کرنا۔ سر پھرانا۔ بک بک سے درد سر کر دینا۔ **مغز کے کیڑے اُڑ جانا** (لازم) دماغ پریشان ہو جانا۔ سر پھر جانا۔ باتیں سن کر درد سر ہو جانا۔ **مغز کے کیڑے جھاڑنا** (متعدی)، **جھڑنا** (لازم) ۱ سزا پانا ۲ درست ہونا۔ سیدھا ہونا۔ ٹھیک ہو جانا ۳ غرور ڈھ جانا۔ تکبر جاتا رہنا۔ **مغز کے کیڑے نہ اُڑاؤ**۔ دماغ نہ کھاؤ بک بک مت کرو۔ دماغ پریشان نہ کرو۔ **مغز کی کیل نکالنا** (متعدی)، **نکلنا** (لازم) گھمنڈ نکلنا۔ غرور ڈھ جانا۔ **مغز کی نکل جانا یا نکلنا** (لازم) جوش جوانی کم ہو جانا۔ جوش شہوت فرو ہونا۔ جوش اور ولولہ جاتا رہنا۔ **مغز مارنا** (متعدی) کوشش کرنا۔ سر پھرانا۔ **مغز میں کیڑا ہونا** (لازم) خبط یا جھکی ہونا۔ **مغزی** (مونث) ایک قسم کی گوٹ جو لباس یا رضائی کے گرداگرد لگاتے ہیں۔

مَغزیٰ (ع۔ مذکر) ۱ لڑائی۔ جنگ ۲ میدان جنگ ۳ مطلب۔ معنی (غزو۔ لڑنے جانا)

مُغتَسَل (ع۔ مذکر) ۱ نہانے کی جگہ یا برتن ۲ کپڑے دھونے کی جگہ ۳ مردے نہلانے کی جگہ (غسل۔ نہانا) **مغسلہ** (مذکر) مدینہ منورہ میں ایک مقام جہاں کپڑے دھوئے جاتے ہیں۔

مَغسُول (ع۔ مفعول) دھویا ہوا (غسل۔ دھونا)

مَغشُوش (ع۔ مفعول) ۱ کھوٹا۔ عیب دار۔ غیر خالص ۲ دغاباز۔ دھوکے باز ۳ بے ترتیب ۴ ریاکار۔ بے وفا (غش۔ دھوکا دینا) **مغشوش طبیعت** (صفت) جس کی طبیعت قدرتی طور پر دغاباز ہو۔

مَغضُوب (ع۔ مفعول) غصہ کیا گیا غضب کیا گیا۔ جس پر غصہ ہو۔ زیر عتاب (غضب غصے ہونا) **مغضوب الیہ** (صفت) ۱ جس پر غصہ کیا جائے ۲ جس پر خدا کا غضب نازل ہو۔

مِغفَر (ع۔ مذکر) ۱ لوہے کی جالی جو خود کے اندر پہنی جاتی ہے ۲ خود۔ لوہے کا ٹوپ جو لڑائی میں پہنتے ہیں (غفر۔ ڈھانپنا)

مَغفِرَت (ع۔ مونث) ۱ نجات۔ چھٹکارا۔ مخلصی۔ رہائی ۲ معافی۔ بخشش۔ برئیت (غفر۔ گناہ کو ڈھانپنا یا معاف کرنا) **مغفرت کا وسیلہ** (مذکر) وہ شخص یا چیز جس کے ذریعے سے معافی ہو۔ **مغفرت کرنا** (متعدی) معاف کرنا بخشنا۔ **مغفرت کی دعا** (مونث) دعا جو کسی کے گناہوں کی معافی کے لئے مانگی جائے۔ **مغفرت ہونا** (لازم) بخشا جانا۔

مَغفُور (ع۔ مفعول) ۱ بخشا گیا۔

مغفرت کیا گیا ۲ مرحوم۔ جنتی۔ بہشتی ۳ کوئی چیز جو مفقود ہو گئی ہو (غفر۔ بخشنا)

مُغَل (ف۔ مذکر) ایک قوم جو اصل میں منگولیا کی رہنے والی ہے جو چین اور تاتار کے شمال میں ایک ملک ہے۔ چنگیز خاں کے زمانے میں اس قوم نے خروج کیا اور تاتار۔ چین۔ ایران۔ افغانستان اور روس کو فتح کیا۔ چنگیز خاں کے پوتے ہلاکو خاں کے عہد میں بغداد فتح ہوا۔ اس کے ایک امیر کی اولاد سے امیر تیمور تھا جس کی نسل سے بابر نے ہندوستان فتح کر کے سلطنت مغلیہ قائم کی۔ اب یہ مسلمانوں کی مشہور چار قوموں میں سے ایک سمجھی جاتی ہے۔ اس وقت دنیا کے کسی خطے میں اس قوم کی حکومت نہیں۔ خاص منگولیا کے مغل بدھ مذہب کے پیرو ہیں۔ باقی سب نے اسلام اختیار کر لیا ہوا ہے۔ **مغلا** (مذکر) مغل کی تصغیر۔ **مغلانی** (مونث) ۱ مغل قوم کی عورت ۲ حرم سرا میں رہنے والی ملازمہ۔ خادمہ۔ ماما ۳ کپڑے سینے والی عورت۔ درزن۔ خیاطہ۔ اصل میں اس عورت کو کہتے ہیں جو خاندان مغلیہ میں ان کی خاص وضع اور تراش کے کپڑے سیا کرتی تھی۔ **مغلانیاں** (مونث) مغلانی کی جمع۔ **مغلائی** (صفت) دیکھو مغلئی۔ **مغل پٹھان** (مذکر) ایک کھیل جو خانے کھینچ کر سولہ کنکریوں سے کھیلا جاتا ہے۔ **مغل پٹھان لڑنا** (لازم) کھد بد ہونا۔ کھدر بدر ہونا۔ بیمار بچوں کے لئے کھچڑی پکنے میں دیر ہو تو ان کو بہلانے کے لئے عورتیں کہتی ہیں: کہ مغل پٹھان لڑ رہے ہیں۔ **مغلئی** (صفت) مغلائی کا مخفف ۱ مغل سے منسوب ۲ مغلیہ خاندان کا ۳ مغلوں کی طرز کا۔ مغلوں کے فیشن کا۔ **مغلئی ٹوپی** (مونث) ایک قسم کی اونچے اونچے گوشوں کی ٹوپی۔ **مغلئی ہاڑ** (مذکر) زبردست ہڈی۔ مضبوط ہڈی۔ چوڑی چکلی ہڈی۔ مغلوں کا چہرہ اور بدن کی ہڈیاں چوڑی ہوتی ہیں۔ **مغلی** (صفت) ۱ مغلوں سے منسوب ۲ مغلوں کی طرز کا ۳ (مونث) دیکھو مغلی بیماری۔ **مغلی بیماری** (مونث) بچوں کا مرض جس میں ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو جاتے ہیں۔ ام الصبیان۔ پسلی کا خلل۔ مسان کا خلل۔ **مغلی پیچ** (مذکر) مغلوں کے داؤ گھات۔ مغلوں کی عیاری۔ **مغلئی گھٹی** (مونث) ایک قسم کی خاص گھٹی جو مغلوں میں بچہ پیدا ہونے پر اس کا پیٹ صاف کرنے کے لئے دی جاتی ہے۔ **مغلیہ** (صفت) ۱ مغلوں سے منسوب ۲ مغلوں کے خاندان کے متعلقہ۔ **مغلیہ خاندان** (مذکر) دہلی کے بادشاہوں کا ایک خاندان جس کی بنا بابر نے رکھی تھی۔

مُغَلَّظ (ع۔ مفعول) ۱ موٹا۔ دبیز۔ ۲ گندا۔ میلا۔ گدلا ۳ گاڑھا۔ جما ہوا ۴ نجس۔ ناپاک ۵ فحش ۶ مضبوط (غلظ۔ گاڑھا ہونا) **مغلظات** (مونث) مغلظ کی جمع۔ فحش باتیں۔ گالیاں۔ قابل شرم باتیں۔ خراب باتیں۔ رذالت کی باتیں (بکنا۔ سنانا کے ساتھ)

مُغْلَق (ع۔ مفعول) ۱ بند کیا گیا۔ بند کیا ہوا۔ مقفل۔ بستہ ۲ ادق۔ مشکل۔ دقیق۔ دور از فہم (اغلاق۔ بند کرنا)

مُغْلِم (ع۔ فاعل) اغلام کرنے والا۔ لوطی (غلم۔ شہوت پیدا کرنا)

مَغْلُوب (ع۔ مفعول) ۱ غلبہ کیا گیا ۲ ہارا ہوا ۳ دبا ہوا۔ عاجز۔ زیر ۴ مفتوح۔ شکست خوردہ (غلب۔ غالب ہونا) **مغلوب الغضب** (صفت) وہ شخص جو جلد غصے میں آ جائے۔ تیز مزاج۔ تند مزاج۔ بدمزاج۔ **مغلوب کرنا** (متعدی) ۱ دبانا۔ ہرانا۔ عاجز کرنا ۲ فتح کرنا۔ تابع کرنا۔ زیر کرنا۔ مطیع کرنا ۳ تھکانا۔ **مغلوبہ** (صفت مونث) وہ جو آپس میں بھڑ کر زیر کریں (جنگ) **مغلوب ہونا** (لازم) ۱ دبنا۔ ہرنا۔ عاجز ہونا ۲ فتح ہونا۔ تابع ہونا۔ زیر ہونا۔ مطیع ہونا ۳ تھکنا۔ **مغلوبیت** (مونث) اطاعت۔ عاجزی۔ دباؤ۔ فرمانبرداری۔

مَغْمُوم (ع۔ مفعول) ۱ غمگین۔ غمزدہ۔ حزین۔ محزون ۲ ملول۔ آزردہ۔ رنجیدہ۔ دردمند۔ اداس ۳ متفکر۔ فکرمند۔

مُغْنِی (ع۔ فاعل) ۱ بے نیاز کرنے والا۔ حاجت سے آزاد کرنے والا۔ امیر یا آزاد کرنے والا ۲ خدا تعالیٰ کا ایک نام (اغنیٰ۔ امیر بنانا)

مُغَنّی (ع۔ فاعل) گانے والا۔ گویا۔ ڈوم۔ کلاونت (غنیٰ۔ گانا) **مغنیہ** (صفت مونث) گانے والی۔ میراثن۔ ڈومنی۔

مُغوشار (ع۔ مذکر) ۱ آتش پرستوں کا ایک فرقہ ۲ آتش پرستوں کا ایک پادری۔

مِغْوَل (ع۔ مذکر) ۱ وہ ہتھیار جس سے کسی چیز کو تلف کیا جائے ۲ چاقو یا لوہے کا ٹکڑا جو چھڑی یا چابک میں رکھا جائے ۳ گپتی ۴ لمبی اور پتلی تلوار ۵ نیزے کی سنان جو آگے سے مڑی ہو ۶ ایک آدمی کا نام (غول۔ پناہ کرنا)

مُغَیَّب (ع۔ مفعول) چھپایا گیا۔ غائب۔ پوشیدہ۔ نہاں۔ گپت (تغیب۔ چھپانا)

مُغَیَّر (ع۔ مفعول) بدلا گیا۔ بدلا ہوا۔ تبدیل کیا ہوا (تغیر۔ بدلنا)

مُغِیرہ (ع۔ مذکر) ۱ سوار جو دشمن کے ملک پر حملہ آور ہو ۲ دیکھو المغیرہ۔

مُغِیلاں (ع۔ مذکر) کیکر۔ ببول (اُم۔ ماں + غیلاں۔ جمع غول۔ بھوت پریت چونکہ لوگوں کا خیال تھا کہ اس پر جن بھوت رہتے ہیں) **مغیلاں زار** (مذکر) **گاہ** (مونث) ۱ دنیا ۲ وقت ۳ قسمت۔

مَفاتِح۔ مَفاتِیح (ع۔ مذکر) مفتح کی جمع۔ چابیاں۔ کنجیاں۔

مُفاجات (ع۔ صفت) اچانک۔ ناگاہ۔ فوراً۔ یکایک آنے والی۔ اردو میں مرگ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ اصل لفظ مفاجات ہے (فجأ۔ اچانک واقع ہونا)

مَفاخِر (ع۔ مذکر) جمع مفخرہ ۱ بزرگیاں ۲ اعلیٰ کام ۳ فخر کی باتیں۔ **مفاخر الاماثل والاقران** (مذکر) اپنے ہم چشموں میں سے بہترین امرائے سلطنت۔ افسران سرکار۔

مُفاخَرت (ع۔ مونث) فخر۔ ناز۔ بڑائی۔ ڈینگ۔ بزرگی جتانا۔ کسی ہنر پر اترانا (تفاخر۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا)

مَفاد (اردو۔ مذکر) فائدہ (فائدہ سے بنایا گیا ہے)

مُفارَقت (ع۔ مونث) جدائی ۲ فراق۔ فرقت۔ علیحدگی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (فارق۔ جدا ہونا۔ جانا)

مَفاسِد (ع۔ مذکر) مفسدہ کی جمع۔ فساد۔ خرابیاں۔ فتنے۔

مَفاصِل (ع۔ مذکر) مفصل کی جمع ہڈی کے جوڑ۔ بند۔ **مفاصلات** (مذکر) انگلیوں

کے جوڑ۔

مُفاصَلہ (ع۔ مذکر) ۱ باہمی فرق ۲ بُعد۔ دُوری۔ فاصلہ۔ مسافت ۳ وقفہ۔ دیر۔ وقت۔ عرصہ (فاصَل۔ اپنے آپ کو جُدا کرنا)

مَفالیج (ع۔ مذکر) مفلوج کی جمع

مَفاوِضات (ع۔ مذکر) جمع مفاوَضہ کی

مُفاوَضَت (ع۔ مونث) مُفاوَضہ (مذکر) ۱ کسی سے کام ہونا ۲ کسی سے کسی کام کے متعلق مشورہ کرنا ۳ کسی کو کوئی بات سمجھانا ۴ اتفاق کرنا ۵ چٹھی۔ خط جو اعلیٰ سے ادنیٰ کی طرف ہو ۶ بات چیت۔ گفتگو ۷ میل جول لین دین ۸ مشورہ ۹ حصہ داری ۱۰ برابری (فاوض۔ برابر ہونا)

مُفت (ف۔ صفت) ۱ بلاقیمت بن داموں۔ بلا معاوضہ ۲ (تف) ناحق۔ بیفایدہ۔ بے سود۔ لاحاصل۔ خواہ مخواہ ۳ ضائع۔ اکارت رائگاں ۴ بلاوجہ۔ بلاسبب۔ بلاقصور ۵ بے محنت بے مشقت ۶ سستا۔ **مفت آنا** (لازم) کوئی چیز بلاقیمت ملنا۔ **مفت بَر** (صفت) یونہی لے جانے والا۔ مفت خورا۔ **مفت بہا دینا** (متعدی) قیمتی چیز سستی بیچ دینا۔ **مفت بھی نہ پوچھنا** (متعدی) بہت بیقدری کرنا۔ **مفت جان جانا** (لازم) ناحق مارا جانا۔ **مفت خدا** (تف) خدا واسطے۔ بیکار۔ **مفت خور یا خورہ** (صفت) بلامحنت اور بلا اجرت مال کھا جانیوالا بن داموں کھانے والا ۲ طفیلی۔ نیبو نچوڑ۔ رکابی مذہب۔ ہر دگی چچہ۔ **مفت دینا** (متعدی) بلاقیمت دینا۔ یونہی دے ڈالنا۔ **مفت ستانی** (مونث) کوئی چیز مفت لینا۔ **مفت کا** (صفت وتف) دیکھو مفت ملا و ۲ و ۳۔ **مفت کا دردِ سر** (مذکر) بے فائدہ تکلیف۔ **مفت کا شکار ہے**۔ بے محنت مشقت حاصل ہوتا ہے۔ **مفت کا مال** (مذکر) وہ چیز جو مفت ملے۔ **مفت کی** (صفت مونث) دیکھو مفت ملا ۲ و ۳۔ **مفت کی ٹھائیں ٹھائیں** (مونث) بے فائدہ جھگڑا۔ **مفت کی زحمت** (مونث) بے فائدہ تکلیف۔ **مفت کی شراب** (مونث) مال مفت۔ بے داموں کی چیز۔ **مفت کی ہائے ہُو**۔ ناحق کا شور۔ **مفت گناہگار کرنا** (متعدی) خواہ مخواہ جھگڑے میں پھنسا دینا۔ **مفت لینا** (متعدی) بغیر معاوضہ لینا۔ بلامحنت حاصل کرنا۔ **مفت مارا جانا** (لازم) بے وجہ نقصان برداشت کرنا۔ **مفت ملنا** (لازم) کوئی چیز بلاقیمت ملنا۔ **مفت میں** (صفت وتف) دیکھو صفت ۲۔ **مفت میں کام کرانا**۔ بلا اجرت کام کرانا۔ بیگار میں کام لینا۔ **مفت میں کام ہو جانا** (لازم) بغیر خرچ کے کام ہو جانا۔ **مفت ہاتھ آنا** (لازم) بلاقیمت مل جانا۔ بلامحنت و مشقت حاصل ہونا۔ **مفت ہے**۔ بہت ارزاں ہے۔

امثال و اقوال۔ مفت را چہ گفت۔ جو چیز مفت ملے اس کا کیا کہنا۔ **مفت کا چندن گھسے جا بللی**۔ مفت کی چیز آدمی بیدردی سے خرچ کرتا ہے۔ **مفت کا سرکہ شہد سے میٹھا**۔ مفت کی چیز بہت اچھی معلوم ہوتی ہے۔ **مفت کا کرنا اور دُور لے جانا**۔ دوہری مصیبت ایک تو بیگار اور دوسرے دور کی۔ **مفت کا کھائیں گیت گائیں**۔ دیکھو مفت کی کھائیں الخ۔ **مفت کا مال کس کو بُرا لگتا ہے**۔ جو چیز مفت ملے اسے کوئی نہیں چھوڑتا۔ **مفت کرم داشتن**۔ خواہ مخواہ کا احسان کرنا۔ **مفت کے چڑوا بھربھر پھنکے** (پوربی) جو چیز مفت ملے اسے انسان بیدردی سے خرچ کرتا ہے۔ **مفت کی دعوت ہیں فقط روٹی ہی گوشت ہے**۔ مفت کی معمولی چیز بھی اچھی ہوتی ہے۔ **مفت کی شراب قاضی (کو بھی حلال ہے) نے بھی حلال کی ہے**۔ مفت کی چیز لینے میں کوئی جائز ناجائز کا خیال نہیں کرتا۔ **مفت کے کھانے والے ہم اور ہمارے بھائی** (عو) وہاں کہتی ہیں جہاں کوئی بے شرمی سے لوگوں کا مال کھائے۔ **مفت کی کھائیں گیت گائیں**۔ بے فکروں اور مفت خوروں کی نسبت کہتے ہیں۔ **مفت کی گنگا نہائیں گے غوطے**۔ مفت کا مال جتنا چاہو خرچ کرو۔ **مفت میں نکلے کام تو کاہے کو دیجئے دام**۔ جو چیز مفت ملتی ہو اس پر روپیہ نہیں خرچ کرنا چاہیئے۔

مِفتاح (ع۔ مونث) قفل کھولنے کا آلہ۔ چابی۔ کُنجی۔ تالی (فتح۔ کھولنا)

مُفتتح (ع۔ فاعل) ۱ کھولنے والا ۲ فتح کرنے والا فاتح ۳ (مذکر) وہ دوا جو سدوں کو خارج کرے (فتح۔ کھولنا) **مفتّحات** (مونث) وہ دوائیں جو پتھری سدے وغیرہ کو گھلا دیتی ہیں۔

مُفتخِر (ع۔ فاعل) فخر کرنے والا۔ ڈینگیا۔ لاف زن۔ شیخی باز (افتخر۔ فخر کرنا) **مفتخر فرمانا** (متعدی) عزت دینا۔

مفترَضات (ع۔ مذکر) مفترضہ کی جمع۔ وہ چیزیں جو فرض کی گئی ہیں۔

مُفتَری (ع۔ فاعل) ۱ الزام دھرنے والا۔ افترا پرداز۔ بہتان لگانے والا ۲ شریر مفسد ۳ دغاباز۔ فریبی ۴ جھوٹی حدیثیں بنانے والا (افترٰی۔ جھوٹ بنانا)

مُفتِّش (ع۔ فاعل) ۱ تفتیش کرنے والا۔ دریافت کرنے والا ۲ سپرنٹنڈنٹ۔ ممتحن۔ نگراں ۳ ملاحظہ کرنے والا (فتّش۔ دریافت کرنا۔ ملاحظہ کرنا)

مُفتقِر (ع۔ فاعل) ۱ غریب یا فقیر ہونے والا ۲ فقیر۔ محتاج ۳ درخواستوں اور عرضیوں میں المفتقر لکھ کر اپنا نام لکھتے ہیں (افتقر۔ غریب ہونا)

مَفتوح (ع۔ مفعول) ۱ فتح کیا گیا زیر کیا گیا ۲ وہ جس پر زبر دیا گیا ہو (حرف) (فتح۔ کھولنا) **مفتوحات** (مذکر) فتح کئے ہوئے مقامات۔ **مفتوحہ** (صفت مونث) دیکھو مفتوح ملا

مَفتُون (ع۔ مفعول) ۱ فتنے میں ڈالا ہوا ۲ مبتلا۔ شیفتہ۔ فریفتہ۔ شیدا۔ عاشق (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (فتن۔ آگ میں ڈال کر پرکھنا)

مُفتی (ع۔ فاعل) فتویٰ دینے والا۔ شرعی حاکم۔ فقیہ۔ قانونِ محمدی کا حاکم۔ قاضی سے اوپر کا عہدے دار۔

مَفخَر (ع۔ مذکر) مایۂ ناز۔ جس پر فخر کیا جاسکے۔ قابلِ فخر چیز (فخر۔ ناز کرنا)

مُفخَّر (ع۔ مفعول) ۱ فخر کیا گیا ۲ بہت بزرگ۔ جلیل القدر۔ معزز (فخّر۔ دوسرے سے خوبی میں بڑھ جانے کے لئے اس کی خوبیوں کو جانچنا)

مُفخَّم (ع۔ مفعول) بزرگ رکھا گیا۔ بزرگ (فخم۔ کسی کی رائے میں بڑا ہونا)

مَفَر (ع۔ مذکر) ۱ بھاگنے کی جگہ۔ جائے فرار ۲ چارۂ کار۔ عربی میں تشدید آخر ہے (فرّ۔ بھاگ جانا) لکھنؤ کے بعض شعرا نے مونث بھی باندھا ہے۔

مُفرِّح (ع ـ فاعل) ۱ فرحت بخشنے والا خوش کرنے والا ـ فرحت بخش ۲ (طب) وہ دوا جو خوش ذائقہ، شیریں، لذیذ اور خوشبودار ہو ـ اور دل و جگر کو قوت دے (فَرَحَ ـ خوش ہونا) **مفرحات** (مذکر) مفرح ۲ کی جمع ـ **مفرح القلوب** (مذکر) دلوں کو خوشی بخشنے والا ـ **مفرح قلب** (صفت) وہ جو دل کو خوشی اور طاقت بخشے (دوا)

مُفرَد (ع ـ صفت) ۱ تنہا ـ اکیلا ـ علیحدہ ۲ واحد ـ ایک ۳ غیر مرکب ۴ یگانہ ـ یکتا ـ منفرد (فَرَد ـ ایک بنانا) **مفردات** (مذکر) مفردہ کی جمع ۲ حروف تہجی جب الگ الگ لکھے جائیں ۳ مفرد دوا ۴ (مونث) وہ کتاب جس میں مفرد دوائیوں کا حال ہو ـ **مفرد سوار** (مذکر) وہ سوار جو اکیلا میدان جنگ میں لڑے ـ یکہ تاز ـ **مفردہ** (صفت مونث) دیکھو مفرد ـ

مُفرَّس (ع ـ مفعول) فارسی بنایا گیا ـ غیر زبان کا لفظ جسے فارسی بنالیں (فارسی سے بنایا گیا ہے)

مُفرِط (ع ـ فاعل) زیادتی میں حد سے گزرنے والا ـ حد سے زیادہ ـ افراط سے ـ کثرت سے (اَفرَطَ ـ حد سے زیادہ بڑھنا)

مَفرِق (ع ـ مذکر) ۱ سر کی وہ جگہ جہاں بال دو حصے ہوں ـ مانگ ۲ سر کا درمیانی حصہ ـ کھوپری (فَرَقَ ـ جدا ہونا)

مَفرُوح (ع ـ مفعول) خوش ـ مسرور ـ شاد (فَرِحَ ـ خوش ہونا)

مفرُور (ع ـ مفعول) ۱ بھاگا ہوا ـ فراری ـ روپوش ۲ (قانون) وہ شخص جو کوئی جرم کرکے بھاگ جائے ـ اور اس کا نام رجسٹر مفروراں میں درج ہو (فَرَّ ـ بھاگنا) **مفرورہ** (صفت مونث) دیکھو مفرور ـ **مفروری** (مونث) ۱ بھاگ جانا ـ فرار ۲ وہ وقت جو فرار ہوئے گزر گیا ہو ـ

مَفرُوش (ع ـ مفعول) بچھایا گیا (فَرَش ـ بچھانا)

مَفرُوض (ع ـ مفعول) ۱ فرض کیا گیا ـ مانا گیا ـ تسلیم کیا گیا ۲ قیاسی ـ فرضی (فَرَضَ موجود کرنا) **مفروضات** (مذکر) ۱ وہ امور جو مان لئے گئے ہوں ۲ وہ امور جن کی کچھ اصلیت نہ ہو ـ **مفروضہ** (صفت مونث) دیکھو مفروض ـ

مَفرُوغ (ع ـ مفعول) فارغ (عف) (فَرَغ ـ کام سے خالی یا آزاد ہونا)

مَفرُوق (ع ـ مفعول) ۱ جدا کیا گیا ـ تقسیم کیا گیا ۲ تفریق کیا گیا ـ وہ عدد جو کسی عدد میں سے خارج یا منہا کیا گیا ہو (فَرَق ـ جدا کرنا) **مفروق منہ** (مذکر) وہ بڑے اعداد جن میں سے چھوٹے اعداد تفریق کریں ـ

مُفسِد (ع ـ فاعل) ۱ فاسد کرنیوالا ۲ فساد کرنے والا ـ فسادی ـ فتنہ انگیز ـ ہنگامہ پرداز جھگڑالو ـ مفتری ـ سرکش ـ متمرد ۳ بغاوت کرنیوالا ـ باغی ـ منحرف ۴ دو شخصوں کو لڑا دینے والا ـ آتش زن آگ لگاؤ (اَفسَدَ ـ خراب کرنا) **مفسدانہ** (ف) ۱ مفسدوں کی طرح یا مانند ۲ باغیانہ ـ **مفسدین** (مذکر) شرارت ـ فتنہ انگیزی ـ فساد (عف)

مَفسَدہ (ع ـ مذکر) ۱ بلوہ ـ فساد ـ جھگڑا ـ دنگا ـ ہنگامہ ۲ امر جو خلاف مصلحت ہو ۳ تباہی ـ بدی ـ شرارت (اَفسَدَ ـ خراب کرنا) **مفسدہ اٹھانا یا برپا کرنا** (متعدی) جھگڑا کھڑا کرنا ـ فساد اٹھانا ـ ہنگامہ برپا کرنا ـ شرارت کرنا ـ **مفسدہ پرداز** (صفت) جھگڑالو ـ فسادی ـ دنگئی ـ فتنہ انگیز ـ شریر ـ **مفسدہ پردازی** (مونث) فتنہ انگیزی ـ دنگا ـ شرارت ـ فساد ـ

مُفَسِّر (ع ـ فاعل) ۱ معنی بیان کرنے والا ـ تفسیر کرنے والا ـ شارح ۲ قرآن شریف کے معنی اور مطالب بیان کرنے والا (فَسَّرَ ـ بیان کرنا)

مَفصِل (ع ـ مذکر) ۱ اعضا کا جوڑ ۲ اعضا کے جوڑوں کے درمیان فاصلہ (فَصَلَ ـ جدا کرنا)

مُفَصَّل (ع ـ مفعول) ۱ تفصیل کیا گیا ۲ صاف ـ واضح ۳ کھول کر بیان کیا گیا ـ مشرح ۴ واشگاف ـ کھلا ہوا ۵ (مذکر) تشریح ـ تفصیل ۶ ضلع کا ایک حصہ ـ صدر کا نقیض ۷ علاقہ (ان معنوں میں اردو میں جمع استعمال ہوتا ہے) (ف) بالتفصیل ـ تفصیل وار ـ کھول کر (فَصَّلَ ـ جدا کرنا) **مفصلاً** (ف) دیکھو مفصل ۸ ـ **مفصلات** (مذکر) ۱ شہر کے اردگرد کے گاؤں ـ مضافات ۲ دیہات ـ قریات ـ قصبات ـ **مفصل بیان کرنا یا کہنا** (متعدی) تفصیل وار بیان کرنا ـ کھول کر بیان کرنا ـ **مفصل جمع** (مذکر) لگان کی وہ مجموعی رقم جو زمیندار اور مالگزار کاشتکاران وغیرہ سے وصول کرکے سرکار میں داخل کرتے ہیں ـ **مفصلہ** (صفت مونث) دیکھو مفصل ـ **مفصلہ ذیل** (صفت) وہ جن کی تفصیل نیچے لکھی ہو ـ

مُفَضَّل (ع ـ مفعول) فضیلت یا بزرگی دیا گیا (فَضَّلَ ـ بزرگ ہونا)

مُفطِر (ع ـ فاعل) روزہ توڑنے والا ـ

مَفعُول (ع ـ مفعول) ۱ فعل یا کام کیا گیا ۲ (مذکر) وہ اسم جس پر کوئی فعل کیا گیا ہو ۳ (صفت) برا کام یا بدفعلی کرانے والا (فَعَلَ ـ کرنا) **مفعول بہ** (مذکر) وہ مفعول جس پر فاعل کا کوئی فعل واقع ہوا ہو ـ مسعود نے سعید کے ساتھ صبح کھانا گھر پر کھایا ـ اس میں مسعود فاعل کھایا فعل کھانا مفعول صبح اور گھر پر مفعول بہ سعید مفعول معہ ہیں ـ **مفعول ثانی** (مذکر) دوسرا مفعول ـ جیسے سلیم نے مٹھائی اور پھل خریدا ـ اس میں مٹھائی مفعول بہ اور پھل مفعول ثانی ہے ـ **مفعول فیہ** (مذکر) وہ مفعول جو وقوع فعل کے محل اور زمانے پر دلالت کرے ـ دیکھو مفعول بہ **مفعول لہ** (مذکر) وہ مفعول جو فاعل کے کام کرنے کا سبب ہو ـ جیسے مسعود نے پھل کھانے کے لئے خریدا ـ کھانے کے لئے مفعول لہ ـ **مفعول مطلق** (مذکر) وہ حاصل مصدر جو فعل کے ساتھ بطور مفعول مذکور ہو ـ **مفعول معہ** (مذکر) وہ مفعول جو مفعول بہ کا شریک حال ہو ـ دیکھو مفعول بہ ـ **مفعول منہ** (مذکر) وہ مفعول جو فعل کے آلہ ہونے پر دلالت کرے ـ جیسے چابک سے مارا ـ چابک سے مفعول منہ ہے ـ

مَفقُود (ع ـ مفعول) ۱ کھویا گیا ـ کھویا ہوا ۲ غائب ـ ناپید ـ الوپ ـ ندارد ۳ وہ شخص جس کے متعلق پتہ نہ ہو کہ زندہ ہے یا مر گیا ہے (فَقَدَ ـ کھونا) **مفقود الخبر** (صفت) وہ شخص جس کے متعلق کوئی خبر نہ ملے ـ گم شدہ ـ **مفقود ہونا** (لازم) گم ہونا ـ کھویا جانا ـ غائب ہونا ـ ناپید ہونا ـ

مُفَکِّر (ع ـ صفت) فکر کرنے والا ـ

سوچنے والا (ذنکہ۔ سوچنا)
مُفلِس (ع۔ فاعل) ۱۔ غریب محتاج
بے زر۔ نادار۔ تہیدست ۲۔ (رنگریزوں کی اصطلاح)
بن بیاہا۔ کنوارا (اَفلَس۔ غریب ہونا) **مفلسا بیگ**
(صفت) نہایت مفلس۔ نادار۔ محتاج بھوکا (عف)
مفلس بنا دینا۔ کر دینا یا کرنا (متعدی) غریب
کر دینا۔ محتاج بنا دینا۔ کوڑی پاس
نہ چھوڑنا۔ لوٹ کر کھا جانا۔ **مفلس کا مال ہے**
(بیچنے والوں کی آواز) سستا مال ہے۔ ارزاں
مال ہے۔ **مفلسی** (مونث) غربت۔ ناداری۔ افلاس
تہیدستی۔ غریبی۔ محتاجی۔ **مفلسی آنا یا چھانا** (لازم)
غریب ہونا۔ ناداری میں پھنسنا۔ فلاکت میں گرفتار
ہونا۔ **مفلسی میں شوق نباہنا** (متعدی) غربت
میں اسراف کرنا۔ لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا۔

امثال و اقوال **مفلس تو**
خوش کہ زر نداری ۔ مفلس تو ہی اچھا
ہے کہ دولت نہیں رکھتا۔ دولتمند کو ہر وقت فکر
رہتی ہے۔ **مفلس سے سوال حرام ہے** غریب
کو تکلیف دینا جائز نہیں۔ **مفلس کا چراغ روشن
نہیں ہوتا۔ مفلس کی جورو سدا ننگی**۔ غریب
کے پاس کچھ نہیں ہوتا۔ **مفلس ہمیشہ خوار**۔ غریب
آدمی ہمیشہ ذلیل ہوتا ہے۔ **مفلسی اور فالسے کا
شربت۔ مفلسی اور ہاٹ کی سیر**۔ غریب کا
فضول خرچی کرنا۔ لنگوٹی میں پھاگ۔ **مفلسی سب
بہار کھوتی ہے۔ مرد کا اعتبار کھوتی ہے**۔
غربت میں زندگی کا کوئی مزا نہیں۔ آدمی بے اعتبار
ہو جاتا ہے۔ **مفلسی میں آٹا گیلا**۔ غربت
میں خرچ کا موقع نکل آنا۔ حالت افلاس میں ایسے
مصارف کا پیش آنا جس سے گریز محال ہو۔ مشکل میں
پڑنا۔ دقت میں پھنسنا۔

مَفلُوج (ع۔ مفعول) وہ جس پر فالج
گرا ہو۔ فالج زدہ۔ جھولا مارا ہوا۔ جسے ادھرنگ ہو
(فلج۔ ادھرنگ ہونا)

مَفلُوک (ع۔ مفعول) مفلس۔ تباہ
حال۔ خستہ حال۔ فلک زدہ (فلاکت سے بنایا گیا ہے
جو مشتق ہے فلک سے۔ عربی میں ان معنوں میں مستعمل
نہیں ہوتا) **مفلوک الحال** (صفت) خستہ حال
تباہ حال۔

مُفَوَّض (ع۔ مفعول) سپرد کیا گیا
تفویض کیا گیا۔ امانت رکھا ہوا۔ حوالہ کیا گیا (تفویض
سپرد کرنا) **مُفَوِّض** (فاعل) سپرد کرنے والا۔ **مفوضہ**
(صفت مونث) دیکھو مفوّض۔

مَفہُوم (ع۔ مفعول) ۱۔ سمجھا گیا۔ دل
میں مانا گیا۔ جو سمجھ میں آئے ۲۔ (مذکر) مطلب۔ منشا۔
مقصد۔ مدعا۔ ارادہ۔ منصوبہ ۳۔ سمجھ۔ رائے۔ عقل
(فہم۔ سمجھنا) **مفہوم معقول** (مذکر) مناسب معنی یا
مطلب۔ **مفہوم ہونا** (لازم) سمجھا جانا۔ معلوم ہونا۔
خیال میں آنا۔

مُفِید (ع۔ فاعل) فائدہ مند۔ فائدہ
دینے والا۔ سود مند۔ فائدہ بخش (افادہ۔ فائدہ دینا)
مفید پڑنا یا ہونا (لازم) ۱۔ سود مند ہونا۔ فائدہ بخش
ہونا ۲۔ موافق پڑنا۔ **مفید مطلب** (صفت) موافق
یا مناسب حال (بات کرنا یا کہنا کے ساتھ)

مُفِیض (ع۔ صفت) فیض پہنچانے
والا (افاضہ۔ فیض پہنچانا)

مُقابا (اردو۔ مذکر) عربی مُقوّیٰ کا مخرب
ہے۔ سنگاردان۔

مَقابِر (ع۔ مذکر) مقبرہ کی جمع۔ وہ جگہ
جہاں بہت سے مقبرے یا قبریں ہوں۔

مُقابِل (ع۔ فاعل) ۱۔ سامنے آنے
والا ۲۔ خلاف ۳۔ مخالف۔ دشمن ۴۔ نظیر۔ مثل۔ مانند ۵۔
برابر۔ مساوی ۶۔ (کنایۃً) معشوق ۷۔ (ظرف) آمنے سامنے۔
روبرو (قابل۔ سامنے کھڑا ہونا) **مقابل ہو جانا**
(لازم) لڑنے کو سامنے کھڑا ہو جانا۔ سامنا کر بیٹھنا۔
برسر پرخاش ہونا۔ **مقابل ہونا** (لازم) ۱۔ سامنے ہونا
روبرو ہونا۔ دو بدو ہونا ۲۔ دیکھو آخری ۳۔ گستاخی کرنا
گستاخی سے پیش آنا ۴۔ ہمسر ہونا۔ نظیر ہونا۔

مُقابَلہ (ع۔ مذکر) ۱۔ آمنا سامنا۔
مٹھ بھیڑ ۲۔ برابری۔ ہمسری ۳۔ مخالفت۔ ضد۔
اختلاف ۴۔ مطابقت۔ تطبیق ۵۔ جانچ۔ پڑتال ۶۔ ایک
عبارت کا دوسری عبارت سے ملانا۔ کاپی یا پروف
کا ملانا ۷۔ جنگ۔ جدل۔ لڑائی۔ مجادلہ ۸۔ بحث۔ تکرار
۹۔ (نجوم) ایک ستارے کی دوسرے ستارے کی طرف
ایک سو اسّی درجے کے فاصلے سے نظر۔ ایک ستارے
کا دوسرے ستارے کے سامنے ہونا (قابل۔ سامنے
کھڑا ہونا) **مقابلہ بدنا** (متعدی) شرط بد کے مقابلہ
کرنا۔ **مقابلہ کرنا** (متعدی) ۱۔ ملانا۔ مطابقت کرنا ۲۔ لڑائی
کرنا۔ جنگ کرنا ۳۔ تکرار کرنا۔ بحث کرنا ۴۔ سامنے آنا۔
برابری کرنا ۵۔ گستاخی کرنا ۶۔ پڑتال کرنا۔ جانچ کرنا ۷۔
مخالفت کرنا۔ ضد کرنا ۸۔ دھڑا باندھنا۔ **مقابلہ ہونا**
(لازم) مقابلہ کرنا کا۔ **مقابلے پر آنا** (لازم) ۱۔ فوج کا
لڑنے کے واسطے سامنے آنا ۲۔ لڑنے کو کھڑا ہونا۔
سامنے آنا ۳۔ مزاحم ہونا۔ سدِّ راہ ہونا ۴۔ معترض ہونا۔
مقابلے پر کھڑا ہونا (لازم) الیکشن میں کسی کا انتخاب
کے لئے پہلے منتخب شدہ ممبر کے ساتھ مقابلہ کرنا۔
مقابلے پر مستعد ہونا (لازم) لڑنے کے لئے تیار
ہونا۔ خم ٹھونک کر سامنے آنا۔ لڑائی کے لئے موجود
ہونا۔ **مقابلے میں آنا** (لازم) ۱۔ سامنے آنا۔ سامنے
کھڑا ہونا۔ مقابل ہونا۔ دوبدو ہونا ۲۔ لڑائی کے لئے
سامنے آنا۔

مُقابہ (اردو۔ مذکر) دیکھو مقابا۔

مُقاتِل (ع۔ فاعل) کسی کے ساتھ
لڑنے والا۔ ہم نبرد (قتال۔ لڑنا)

مُقاتَلہ (ع۔ مذکر) لڑائی۔ جنگ۔ کشت
خون۔ خونریزی (قتال۔ لڑنا)

مَقادِیر (ع۔ مونث) مقدار کی جمع۔
مقادیر البعاد (مذکر) بہت دور کے فاصلے۔ **مقادیر
غیر متماثلہ** (مونث) وہ مقداریں جن کے حروف مختلف
ہوں۔ **مقادیر متماثلہ** (مونث) وہ مقداریں جن کے حروف
یکساں اور اعداد مختلف ہوں۔ **مقادیر مجہولہ** (مونث)
غیر معلوم مقداریں۔ **مقادیر معلومہ** (مونث) جانی ہوئی
مقداریں جو مقداریں معلوم ہوں گفتگو میں یہ سب مذکر بولے جاتے
ہیں۔

مُقارَبَت (ع۔ مونث) ۱۔ نزدیک
آنا ۲۔ قرب۔ قربت۔ نزدیکی ۳۔ صحبت۔ ہمبستری
(تقارب۔ نزدیک آنا)

مُقارِن (ع۔ فاعل) ۱۔ نزدیک۔ قریب
۲۔ درمیان۔ اثنا (قارن۔ دو ستاروں کا ایک برج
میں اکٹھا ہونا)

مُقارَنَت (ع۔ مونث) ۱۔ نزدیک ہونا
۲۔ (علا) دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا (دیکھو
مقارن)

مَقاصِد (ع۔ مذکر) مقصد کی جمع۔

مُقاطَعہ (ع۔ مذکر) ۱۔ کاٹنا ۲۔ میل ملاپ
چھوڑ دینا۔ مل کر کام نہ کرنا۔ نہ مل ورتن۔ نان کوآپریشن

(قطع - کاٹنا) مقاطعہ جوئی (مونث) بھوک ہڑتال کسی بات پر ناراضگی ظاہر کرنے کی وجہ سے بھوکا رہنا۔

مَقاعِد (ع - مذکر) مقعد کی جمع۔

مُقاعِد (ع - مذکر) ۱ ولی - سرپرست محافظ ۲ جو کچھ پیچھے رہ جائے یا بعد کو آئے (ہرن یا پرندے کے) (قاعد - ساتھ بیٹھنا)

مَقال (ع - مذکر) بات چیت - کلام - گفتگو (قول - کہنا) مقالات (مذکر) مقالہ کی جمع مقالہ (مذکر) ۱ قول - مقولہ - کلام - کہی ہوئی بات ۲ کتاب - کتاب کا حصہ - باب فصل ۳ تحریر اقلیدس کا ہر ایک حصہ۔

مَقالِید (ع - مونث) جمع مقلاد یا مقلد کی چابیاں کنجیاں۔

مَقام (ع - مذکر) ۱ ٹھیرنے یا کھڑا ہونے کی جگہ - جائے قیام ۲ ٹھہرنا - قیام - ٹھیراؤ ۳ اُترنے کی جگہ - پڑاؤ - منزل ۴ موقع - محل - وقت ۵ درجہ - مرتبہ ۶ مکان - گھر - مسکن ۷ (اصطلاح صوفیاں) مرتبہ فقر و فنا - سلوک کے آغاز میں بندہ کا عبادت میں قیام کر کے درجہ بدرجہ ترقی حاصل کرنا ۸ (موسیقی) پردہ - سرود - یعنی نمبر ۲ و ۳ میں اُردو میں بضم اول استعمال ہوتا ہے (قوم - کھڑا ہونا) مقام ابراہیم (مذکر) بیت اللہ میں اس جگہ کا نام جہاں حضرت ابراہیم نے نماز ادا کی تھی۔ مقامات (مذکر) ۱ مقام کی جمع ۲ احکام - قواعد ۳ کئی کتابوں کا نام جن میں سے مقاماتِ حریری بہت مشہور ہے ۴ علم موسیقی کے بارہ پردے جو بروج کے موافق قرار دئے گئے ہیں۔ اور ساعات روز و شب کے مطابق ۲۴ شعبے ہیں۔ مقاماتِ مخصوص (مذکر) آٹھوں آسمان یا بہشت۔ مقام بولنا (لازم) ٹھہرنے کا حکم دینا - ٹھہرنا - ہالٹ کرنا۔ مقام پردہ (مذکر) انسان کے بدن کے وہ حصے جنہیں چھپانا لازمی ہے مقام دینا (متعدی) سیاپے جانا - تعزیت کے لئے جانا - ماتم پرسی کے لئے جانا - ہندوؤں کا محاورہ ہے۔ مقامِ سیاست (مذکر) وہ جگہ جہاں ملزموں کو سزا دی جائے - آج کل جیلخانہ ہے۔ مقام صدر (مذکر) اونچی جگہ - مجلس میں وہ جگہ جہاں سب سے بڑے آدمی کو بٹھائیں - ایسی جگہ پر قالین وغیرہ بچھا کر تکیے وغیرہ لگا دیتے ہیں یا اچھی بڑی سی کرسی بچھا دیتے ہیں۔ مقام عمدہ (مذکر) اچھی جگہ۔ مقام کرنا (متعدی) ٹھہرنا - قیام کرنا - اُترنا - ہالٹ کرنا۔ مقامِ گفتگو (مذکر) محل اعتراض - شبہ کی گنجائش۔ مقامِ محمود (مذکر) ۱ حسانات کا سب سے اعلیٰ درجہ ۲ مرتبہ شفاعت جس کا پیغمبر صلعم سے وعدہ کیا گیا تھا ۳ اس مقام کا نام جہاں پیغمبر صلعم شب معراج میں پہنچے تھے۔ مقامِ مُصلّےٰ (مذکر) دیکھو مقام ابراہیم۔ مقامِ مُعیّن (مذکر) مقررہ جگہ - خاص مقام۔ مقامِ ہُو (مذکر) ہُو کا مقام - سناٹے کی جگہ۔ مقام ہونا (لازم) ٹھہرنا - قیام ہونا - ہالٹ ہونا۔ مقامی (صفت) ۱ ٹھہرا ہوا ۲ کسی خاص جگہ کے متعلق - لوکل ۳ ساکن - قائم۔ مقامی افسران (مذکر) وہ افسران جو کسی خاص شہر میں رہیں۔ مقامی بیماری (مونث) ایسی بیماری جو کسی خاص جگہ پر رہنے کی وجہ سے ہو۔ مقامی خبریں (مونث) کسی خاص جگہ کے متعلق خبریں - اس شہر کے متعلق خبریں جہاں سے کوئی اخبار نکلتا ہے۔ مقامی عدالت (مونث) وہ عدالت جو کسی خاص شہر یا قصبے میں اجلاس کرے۔

مثل - مقام عیش میسر نمی شود بے رنج - آرام کی جگہ بغیر تکلیف اٹھائے میسر نہیں ہوتی۔

مُقامِر (ع - فاعل) ۱ جوئے میں برخلاف کھیلنے والا ۲ قمار باز - جواری - جوئے باز (قامر - جوئے میں مقابلہ کرنا)

مَقاوِل (ع - مذکر) مقول کی جمع ۱ زبانیں ۲ شاہان قبیلہ حمیر۔

مُقاوَمَت (ع - مونث) مقابلہ کرنا - مقابلے کے لئے آمادہ ہو جانا - مقابلہ (قاوم - آمنے سامنے کھڑا ہونا)

مَقبَرہ (ع - مذکر) ۱ جائے قبر - گور مردہ ۲ روضہ - مزار - درگاہ - مرقد - تربت - آستانہ (رہنا - بننا - تیار کرنا یا ہونا - گرنا - گرانا - مرمت کرانا کرنا یا ہونا وغیرہ کے ساتھ) (قبر - دفن کرنا) مقبرے (مذکر) جمع مقبرہ کی۔ مقبرے کی جالی (مونث) وہ سوراخدار غرفہ یا دروازہ جو مقبرے کی دیواروں میں بناتے ہیں۔

مَقبَری (ع - مذکر) ۱ وہ شخص جو قبرستان میں رہے ۲ محدثوں کی ایک قسم (قبر - دفن کرنا)

مُقبَل (ع - مفعول) قبول کیا گیا - کسی کے مُنہ چڑھا - وہ جس کی بات حاکم مانے - مقبول (اقبل - عزت کرنا) مُقبِل (فاعل) ۱ خدا تعالےٰ کا فرمان قبول کرنے والا ۲ کسی طرف متوجہ ہونے والا ۳ اقبالمند - دولتمند - صاحب اقبال ۴ سال آئندہ۔

مَقبُوضہ (ع - صفت) قبضہ کیا گیا - وہ چیز جس پر قبضہ کیا جائے (قبض - پکڑنا)

مَقبُول (ع - مفعول) ۱ قبول کیا گیا مانا گیا ۲ پسندیدہ - منظور (قبل - ماننا) مقبول بارگاہ (بارگاہِ سلطانی) (مذکر) خدا کا پیارا بندہ - محبوب الٰہی۔ مقبول کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ قبول ہونا - منظور ہونا ۲ پسند ہونا - پسندیدہ ہونا۔ مقبولیّت (مونث) قبولیت - منظوری۔

مُقتَبِس (ع - صفت) ۱ روشنی چننے والا - روشنی لینے والا - آتشگیر ۲ دوسرے شخص سے فائدہ حاصل کرنے والا ۳ اقتباس کرنے والا - دوسرے کا قول نقل کرنے والا۔

مُقتَدا - مُقتَدےٰ (ع - مفعول) ۱ پیروی کیا گیا - وہ شخص جس کی لوگ پیروی کریں ۲ پیشوا - امام - رہنما - پیش امام (اقتدیٰ - پیروی کرنا) مقتدی (فاعل) ۱ پیروی کرنے والا - پیرو - مقلد ۲ امام کے پیچھے کھڑا ہونے والا۔

مُقتَدِر (ع - فاعل) ۱ طاقتور - قوی زورآور - زبردست ۲ با اقتدار - اقتدار رکھنے والا قدرت رکھنے والا ۳ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔

مُقتَرَب (ع - فاعل) نزدیک لایا گیا پہنچا گیا (اقترب - نزدیک ہونا)

مُقتَصِر (ع - فاعل) ۱ اختصار کرنے والا - مختصر کرنے والا ۲ تھوڑے پر صبر کرنیوالا (اقتصر - روکنا)

مُقتَضا (ع - مفعول) اصل مقتضیٰ ۱ خواہش کیا گیا - تقاضا کیا گیا - چاہا گیا ۲ مصلحت ۳ مراد - مطلب ۴ موقع - مناسب (اقتضیٰ - چاہنا) مقتضائے انصاف (مذکر) انصاف کی رو سے انصاف کے موافق مقتضائے سن (مذکر) عمر کے مطابق یا مناسب۔ مقتضائے طبیعت (مذکر) طبیعت کی خواہش کے مطابق مقتضائے

وقت (مذکر) ۱ مصلحت وقت کے مطابق۔ حسب تقاضائے وقت ۲ مصلحت وقت۔ پالیسی۔

مُقتَضَب (ع۔ مفعول) ۱ کاٹا گیا نکالا گیا ۲ (مذکر) ایک بحر یا وزن جس کے ارکان مفعولات مستفعلن چار بار ہیں (اِقتِضَاب۔ کاٹنا شاخ کا)

مُقتَل (ع۔ مذکر) ۱ قتل کی جگہ۔ قتل گاہ ۲ مذبح ۳ آدمی کے بدن کی وہ جگہ جہاں زخم لگنے سے موت واقع ہو (قَتل۔ مار ڈالنا)

مَقتُول (ع۔ مفعول) ۱ مارا گیا۔ قتل کیا گیا ۲ عاشق۔ فریفتہ ۳ قتیل۔ مذبوح (قتل مار ڈالنا)

مِقدار (ع۔ مونث) ۱ ماپ۔ تول۔ وزن ۲ جسامت۔ ڈیل ڈول ۳ اندازہ۔ شمار ۴ تعداد۔ رقم ۵ مجموعہ۔ میزان۔ جوڑ۔ حاصل ۶ پھیلاؤ۔ وسعت ۷ وقفہ۔ فاصلہ ۸ مقررہ تنخواہ یا وظیفہ ۹ نرخ ۱۰ مدۃ العمر (قَدَرَ۔ ماپنا) **مقدار مثبتہ** (الجبرا) وہ مقدار جس کی دہنی طرف جمع کی علامت ہو۔ **مقدار مجہول** (الجبرا) وہ مقدار جس کی قیمت معلوم نہ ہو۔ نا معلوم رقم۔ **مقدار مرکّب** (الجبرا) وہ مقدار جس کے کئی اجزا ہوں اور ہر ایک جزو کے دہنی طرف علامت جمع یا نفی ہو **مقدار معروف** (مونث) مقدار معلومہ۔ رقم معلومہ۔ **مقدار مقررہ** (مونث) مقرر کی ہوئی رقم۔ تجویز کی ہوئی رقم۔ بالمقطع رقم۔ **مقدار منفیہ** (الجبرا) وہ مقدار جس کی دہنی طرف نفی کی علامت ہو۔

مُقَدَّر (ع۔ مفعول) ۱ اندازہ کیا گیا۔ تقدیر کیا گیا ۲ وہ (حرف) جو عبارت میں نہ ہو۔ مگر اس کے معنی لئے جائیں۔ محذوف ۳ (مذکر) قسمت کا لکھا تقدیر۔ نصیب۔ سرنوشت۔ بھاگ۔ ہونی۔ ہونہار ۴ مشیت ایزدی (قَدَرَ۔ حکم دینا) **مقدّر آزمانا** (متعدی) قسمت کا امتحان کرنا۔ نصیبے کی آزمائش کرنا۔ **مقدر آزمائی** (مونث) قسمت آزمائی۔ تقدیر کا امتحان۔ **مقدر بدلنا** (لازم) ۱ تقدیر کا بدل جانا ۲ (متعدی) نوشتہ تقدیر بدل دینا۔ **مقدر بننا** (لازم) تقدیر ہونا۔ قسمت کا بنایا جانا۔ **مقدر برگشتہ ہونا** (لازم) قسمت بگڑنا یا پلٹنا۔ تقدیر برخلاف ہونا۔ **مقدر پر پتھر پڑنا** (لازم) بدقسمتی ہونا۔ **مقدّر پلٹنا** (لازم) تقدیر برگشتہ ہونا یا پلٹنا۔ **مقدر پھرنا** (لازم) تقدیر پھر جانا۔ **مقدر پھوٹنا** (لازم) تقدیر پھوٹنا۔ **مقدر پھوڑنا** (لازم) تقدیر آزمائی کرنا۔ **مقدر جاگنا یا چمکنا** (لازم) نصیبہ جاگنا۔ دن پھرنا۔ اقبال کا یاور ہونا۔ اچھے دن آنا۔ **مقدر ڈھیلوں سے پھوڑنا** (متعدی) بدقسمتی ہونا۔ **مقدر رستے پر آنا یا سامنے آنا یا ہونا** (لازم) دیکھو مقدر جاگنا۔ **مقدر سو جانا** (لازم) تقدیر برخلاف ہونا۔ تقدیر سو جانا۔ **مقدر سے** (تف) تقدیر سے **مقدر سیدھا ہونا** (لازم) دیکھو مقدر جاگنا۔ **مقدر کا** (تف) تقدیر کا۔ **مقدر کا پیچ یا چکّر** (مذکر) تقدیر کا پھیر۔ بدنصیبی۔ **مقدر کا چکّر کھانا** (متعدی) تقدیر کا برگشتہ ہونا۔ **مقدر کا دکھانا** (متعدی) کسی امر کا تقدیر کی وجہ سے پیش آنا۔ **مقدر کا دینا** (متعدی) تقدیر کی وجہ سے کسی کا ملنا۔ نصیبے کا دینا۔ **مقدر کا کرنا** (متعدی) تقدیر کا دکھانا۔ قسمت کا کرنا۔ **مقدر کا کروٹ لینا** (لازم) اقبال کا یاور ہونا۔ قسمت کا بدلنا۔ **مقدر کا لکّھا** (مذکر) نوشتۂ تقدیر۔ **مقدر کا ہیٹا** (مذکر) بدقسمت بدنصیب۔ **مقدر لڑنا** (لازم) اقبال یاور ہونا۔ **مقدر میں لکھا ہونا** (لازم) نوشتۂ تقدیر ہونا۔ **مقدر میں ہونا** (لازم) قسمت میں ہونا۔ تقدیر میں ہونا۔

اقوال۔ **مقدر سے زور نہیں چلنا**۔ تقدیر میں جو کچھ ہے وہ ضرور ہوتا ہے۔ تقدیر بدلی نہیں جا سکتی۔ **مقدر کا لکھا نہیں مٹتا**۔ نوشتۂ تقدیر ضرور ہو کر رہتا ہے۔ **مقدر کے آگے کسی کی نہیں چلتی**۔ نوشتۂ تقدیر کے برخلاف کچھ نہیں ہو سکتا۔ **مقدر میں جو کچھ ہے ہو رہے گا**۔ قسمت میں جو لکھا ہے ضرور ہوگا۔ **مقدر میں جو ہے ملتا ہے**۔ جو کچھ قسمت میں ہے ملتا ہے۔ کمی بیشی نہیں ہو سکتی

مَقدِرَت (ع۔ مونث) ۱ طاقت قدرت۔ قوت ۲ بساط۔ حیثیت (اَقدَرَ۔ قابل کرنا)

مَقدِس (ع۔ مذکر) پاک جگہ (قَدَسَ پاک ہونا) **مقدسی** (مذکر) بیت المقدس کا باشندہ۔

مُقَدَّس (ع۔ مفعول) ۱ پاک کیا گیا پوتر کیا گیا ۲ پاک۔ پوتر ۳ معصوم۔ بے گناہ۔ بری ۴ بزرگ۔ پارسا۔ فرشتہ خصلت (قَدَّسَ۔ پاک کرنا) **مقدس کتاب** (مونث) وہ کتاب جسے کسی مذہب کے آدمی آسمانی سمجھیں۔ جیسے توریت۔ انجیل قرآن شریف۔ وید۔ ژند واستا۔ زبور وغیرہ **مقدسہ** (صفت۔ مونث) ۱ دیکھو مقدس ۲ (مونث) پاک عورت۔ **مقدس ہستی** (مونث) نیک آدمی۔ پارسا شخص۔ فرشتہ خصلت آدمی۔ پیغمبر۔ ولی۔ رشی۔ مُنی وغیرہ۔

مَقدَم (ع۔ مذکر) ۱ آمد۔ ورود۔ تشریف آوری۔ رونق افزوزی۔ قدم رنجہ فرمائی ۲ وہ جگہ جہاں سے کوئی آئے ۳ پاؤں رکھنے کی جگہ۔ قدم رکھنے کی جگہ ۴ مرکبات میں جیسے خیر مقدم۔

مُقَدَّم (ع۔ مفعول) ۱ آگے کیا گیا۔ پیش کیا گیا ۲ پہلا۔ اگلا۔ گزشتہ۔ قدیم۔ سابقہ ۳ ضروری۔ لازمی۔ واجب۔ فرض ۴ مناسب۔ موزوں ۵ معزز۔ بزرگ۔ اعلےٰ۔ افضل ۶ (مذکر) جسم کا اگلا حصّہ ۷ آگے کا حصّہ۔ اگلا حصّہ ۸ گاؤں کا چودھری نمبردار۔ سرکردہ ۹ ایک عزّت کا لقب جس سے اکثر زمینداروں کو مخاطب کیا جاتا ہے۔ (غف) ۱۰ (حساب) پہلی رقم ۱۱ (نحو) موصول ۱۲ (منطق) شرط کا پہلا جزو۔ قضیہ ۱۳ (نجوم) قمر کی چھبیسویں منزل اُترا بھادر پد ۱۴ (قصابوں کی اصطلاح) ران کا وہ حصّہ جو چڈّے سے ملحق ہے (قَدَّمَ۔ ترجیح دینا۔ پیش کرنا) **مقدِّم** (فاعل) ۱ آگے چلنے والا ۲ پیش کرنے والا۔ ترجیح دینے والا ۳ پہلا۔ شروع کا۔ گزشتہ ۴ خدائے تعالےٰ کا ایک نام۔ **مقدّماً** (تف) ۱ اوّلاً۔ سب سے پہلے ۲ قدیم سے۔ اس سے بہت پہلے۔ **مقدّمات** (مذکر) مقدمہ کی جمع۔ **مقدِّمَۃ** (مذکر) مقدمہ۔ **مقدِّمَۃُ الجَیش** (مذکر) ۱ وہ تھوڑی سی فوج جو لشکر کے آگے آگے چلے۔ ہراول ۲ وہ لشکر جو آگے بھیج دیا گیا ہو۔ پیش خیمہ ۳ وہ شخص جو نہایت بہادری کے سبب لشکر کا پیش رو ہو ۴ سرغنہ۔ گروہ ۵ سپہ سالار۔ کمانڈر انچیف۔ **مقدّم جاننا یا سمجھنا** (لازم) ۱ کسی کام کا سب سے اوّل خیال کرنا۔ ترجیح دینا ۲ اچھا جاننا۔ مستحسن سمجھنا۔ واجب جاننا۔ لازم سمجھنا۔ **مقدَّمہ** (مذکر) ۱ آغاز۔ شروع۔ ابتدا ۲ تمہید۔ دیباچہ۔ عنوان۔ سرنامہ۔ وہ عبارت جو مضمون کتاب شروع کرنے سے پہلے لکھی جائے ۳ واردات۔ حادثہ۔ وقوعہ۔

واقعہ۔ ماجرا۔ ۲ موقعہ۔ معاملہ ۵ مسئلہ۔ بات۔ **مقدّمہ** (صفت مونث) ۱ آگے جانے والا پیش کرنیوالا ۲ (مذکر) دیباچہ۔ تمہید۔ **مقدمہ اُٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) جھگڑا کھڑا کرنا۔ **مقدمہ باز** (صفت) وہ شخص جسے مقدمہ بازی کا بہت شوق ہو۔ **مقدمہ بازی** (مونث) عدالت میں مقدمہ لڑنا۔ نالش کرنا۔ **مقدمہ بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) ۱ جھوٹا مقدمہ بنانا۔ ۲ مقدمہ کھڑا ہو جانا۔ **مقدمہ جتانا** (م) **جیتنا** (متعدی) عدالت میں دعوے میں کامیابی حاصل کرنا۔ **مقدمہ داخل دفتر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مقدمہ کی کارروائی بند ہو جانا۔ **مقدمہ قابلِ دست اندازی پولیس** (مذکر) وہ مقدمہ جس میں پولیس افسر بغیر وارنٹ کے گرفتار کر سکے۔ **مقدمہ کھڑا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دعوے پیدا ہونا۔ جھگڑا اُٹھنا۔ **مقدمہ لڑانا** (متعدی) **لڑنا** (لازم) استغاثہ ہونا۔ دعوے پیش ہونا۔ نالش ہونا۔ **مقدمہ مرتب کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مقدمہ ترتیب دیا جانا۔ **مقدمہ ناقابلِ دست اندازی پولیس** (مذکر) وہ مقدمہ جس میں پولیس افسر بغیر وارنٹ کے گرفتار نہ کر سکے۔ **مقدمہ ہارنا** (متعدی) **ہر جانا یا ہرنا** (لازم) مقدمہ میں ناکامیاب ہونا۔ **مقدمی** (صفت) ۱ مقدمہ کے متعلق ۲ مقدمہ کا پیشہ یا عہدہ ۳ مقدمہ کے حقوق۔

مَقدُور (ع۔ مفعول) ۱ [illegible] دیا گیا وہ چیز جس میں قدرت اور توانائی ہو [illegible] طاقت قوت۔ زور۔ بل بشکتی۔ بوتا۔ ۳ حوصلہ۔ تاب۔ مجال۔ ۴ حیثیت۔ بساط۔ گنجائش۔ قابلیت۔ سمائی ۵ بس۔ قابو۔ دسترس۔ اختیار۔ ۶ رسائی۔ پہنچ ۷ وسیلہ۔ ذریعہ سہارا ۸ جرأت۔ دلیری ۹ دولت۔ ثروت۔ مایہ۔ پونجی (قدر)۔ کرنے کی طاقت رکھنا۔ **مقدور بھر** (تعت) جہاں تک ممکن ہو سکے۔ حتی الوسع حتی المقدور تا بمقدور۔ **مقدور چلنا** (لازم) قابو چلنا بس چلنا زور چلنا۔ **مقدور رکھنا** (متعدی) ۱ قدرت رکھنا ۲ طاقت رکھنا ۳ حوصلہ رکھنا ۴ حیثیت رکھنا ۵ قابو رکھنا ۶ پہنچ ہونا ۷ سہارا ہونا ۸ جرأت ہونا ۹ دولتمند ہونا۔ **مقدور سے باہر پاؤں رکھنا** (متعدی) بساط سے باہر قدم رکھنا۔ بڑھ کر چلنا۔

مقدور کی بات (مونث) روپیہ کا کھیل۔ دولت کی بات۔ **مقدور نہ رکھنا** (متعدی) ۱ دولت نہ ہونا۔ نادار ہونا ۲ تاب نہ رکھنا۔ مجال نہ ہونا ۳ قابو نہ رکھنا۔ بس نہ ہونا۔ ناچار ہونا۔ **مقدور نہ ہونا** (لازم) ۱ حوصلہ نہ ہونا۔ جرأت نہ ہونا ۲ حیثیت نہ ہونا۔ مقدرت نہ ہونا۔ **مقدور والا** (صفت) صاحب مقدور۔ دولتمند۔ امیر۔ **مقدور ہونا** (لازم) دیکھو مقدور کے تمام معنوں کے ساتھ۔ **مقدوری** (مونث) دیکھو مقدور (عف)

مثل۔ مقدور کی ماں گوڑے رگڑتی ہے۔ تمہارا مقدور کچھ نہیں چلیگا۔

مَقَرّ (ع۔ مذکر) عربی میں بتشدید آخر ہے۔ جائے قرار۔ مسکن۔ ٹھیرنے کی جگہ۔ مقام جائے قرار۔ ۲ آرامگاہ۔ قرارگاہ (قَرّ۔ ٹھیرنا۔ آرام کرنا)۔ **مقرِ خلافت** (مذکر) دار السلطنت۔ [illegible] پایۂ تخت۔ صدر مقام۔

مُقِرّ (ع۔ فاعل) عربی میں بتشدید آخر ہے۔ اقرار کرنے والا۔ تسلیم کرنے والا۔ اعتراف کرنے والا۔ ماننے والا۔ اقبالی۔ معترف (اردو) وہ شخص جو کسی قسم کی دستاویز لکھے (اقرّ۔ اقرار کرنا)۔ **مقر جرم** (صفت) جرم سے اقبالی۔ وہ مجرم جس نے اپنے جرم کا اقبال کر لیا ہو۔ **مقر ہونا** (لازم) اقرار کرنا۔ اقبال کرنا۔ ماننا۔

مِقراض (ع۔ مونث) کترنے کا اوزار۔ قینچی (قَرض۔ کاٹنا)۔ **مقراض کرنا** (متعدی) کترنا۔ **مقراض کی طرح زبان چلنا** (لازم) بہت تیز بولنا۔ **مقراضہ** (مذکر) ۱ ایک قسم کا تیر جس کا پھل دوشاخہ ہوتا ہے ۲ گلتراش۔ گلگیر ۳ ایک قسم کا حلوا جو تراش کر کھایا جاتا ہے۔

مُقَرَّب (ع۔ مفعول) ۱ قریب کیا گیا نزدیک کیا گیا۔ بزرگی دیا گیا۔ ۲ وہ شخص جسے قربت حاصل ہو۔ مصاحب۔ خاص دوست۔ ہمراز۔ ۳ منہ لگا۔ محرم راز (قَرّب۔ نزدیک کرنا)۔ **مقرّبان** (مذکر) جمع مقرب۔ **مقربانِ الٰہی** (مذکر) خاصانِ خدا۔ خدا کے پیارے بندے۔ **مقربانِ حضرت** (مذکر) بادشاہ کے رشتہ دار یا اقربا۔ **مقرب بارگاہ یا درگاہ** (مذکر) وہ شخص جسے دربار میں آنے جانے کی اجازت ہو۔ بادشاہ کے پاس رہنے والا۔ باریاب حضوری۔ معزز درباری۔ **مقرب بارگاہِ (درگاہِ) الٰہی** (مذکر) خدا کا خاص بندہ۔ نیک بندہ۔ **مقرب بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) مصاحب ہونا۔ منہ لگنا۔ **مقرّبین** (مذکر) جمع مقرب کی۔ **مقرّبینِ دائرۂ ہمایوں** (مذکر) بادشاہ کے محافظ۔

مُقَرَّر (ع۔ مفعول) ۱ اقرار کیا گیا۔ ۲ ٹھہرایا گیا۔ ۳ چکایا گیا۔ بالمقطع ۳ متعین کیا گیا تعینات مامور۔ (تعف) بالضرور۔ یقیناً۔ بلا شک۔ بلاشبہ (قَرّ۔ ٹھہرانا)۔ **مقرِّر** (فاعل) تقریر کرنے والا۔ **مقرِّرِ دعوے** (مذکر) وکیل۔ **مقرر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ ٹھہرانا متعین ہونا ۲ قرار پانا۔ چکتا۔ تہ ہونا ۳ تعینات ہونا۔ نوکر ہونا ۴ تجویز ہونا۔ تشخیص ہونا ۵ قرار دیا جانا۔ **مقرّرہ** (صفت مونث) دیکھو مقرر۔

مُقَرَّض (ع۔ مفعول) قینچی سے کاٹا ہوا (قَرّض۔ کاٹنا)

مُقَرنَس (ع۔ مذکر) ۱ اونچی گول عمارت جس پر گول سیڑھیوں سے چڑھتے ہیں۔ اور اس میں تصویریں لگی ہوتی ہیں۔ ۲ ایک قسم کی پگڑی ۳ (مفعول) گونا گون۔ بوقلمون ۴ جس پر ملمع ہو۔ منقوش۔

مَقرُوض (ع۔ مفعول) قرض دیا ہوا۔ وہ جس پر قرض ہو۔ قرضدار۔ مدیون (رکنا۔ ہونا کے ساتھ) (قَرض۔ روپیہ قرضہ دینا)

مَقرُوق۔ مَقرُوقہ (اُردو۔ صفت) قرق کیا گیا (ترکی قرق سے عربی مفعول کے وزن پر بنایا گیا ہے)

مَقرُون (ع۔ صفت) ۱ نزدیک کیا گیا۔ پاس۔ قریب۔ ملا ہوا۔ ۲ وہ عدد جس کے ساتھ اس کا معدود بھی ہو (قَرن۔ ملانا)

مُقرِی (ع۔ فاعل) ۱ وہ جو پڑھائے یا پڑھوائے ۲ مسجد کا مُلّا یا متولّی (اِقرا۔ پڑھانا)

مُقسِط (ع۔ فاعل) ۱ عادل۔ منصف ۲ خدا تعالےٰ کا ایک نام (اَقسط۔ انصاف کرنا)

مَقسَم (ع۔ مذکر) حصہ۔ بخرہ (قَسم۔ تقسیم کرنا)

مَقسِم (ع۔ مذکر) تقسیم کرنے کی جگہ (قَسم۔ تقسیم کرنا)

مُقسَم (ع۔ مفعول) ۱ قسم دیا گیا ۲ (مذکر) قسم ۳ وہ جگہ جہاں قسم کھائی جائے (اَقسَم۔

قسم کھانا) **مُقسِم** (فاعل) قسم کھانے والا۔

مُقَسَّم (ع۔ مفعول) ۱ تقسیم کیا گیا جس کی تقسیم کی جائے ۲ منتشر کیا گیا۔ بکھیرا گیا ۳ وہ جس کا چہرہ خوبصورت ہو (قسم۔ تقسیم کرنا) **مُقَسِّم** (فاعل) تقسیم کرنے والا۔ بانٹنے والا۔

مَقسُوم (ع۔ مفعول) ۱ تقسیم کیا گیا ۲ (مذکر) حصّہ۔ بخرہ ۳ نصیب۔ تقدیر۔ بخت۔ مقدر۔ بھاگ۔ کرم ۴ وہ عدد جس کو تقسیم کیا ہو (قَسَم۔ تقسیم کرنا) **مقسوم پر پتھر پڑنا** (لازم) قسمت پھوٹ جانا تقدیر پلٹ جانا **مقسوم جاگنا یا چمکنا** (لازم) اقبال یاور ہونا۔ نصیب جاگنا۔ دن پھرنا **مقسوم علیہ** (مذکر) وہ عدد جس پر کوئی عدد تقسیم کیا جائے **مقسوم علیہ اعظم** (مذکر) عادِ اعظم۔ وہ بڑے سے بڑا عدد جو کئی عددوں کو پورا تقسیم کردے۔ **مقسوم کا** (صفت) قسمت کا۔ مقدر کا۔ **مقسوم کا اترنا** (لازم) رزق کا جو قسمت میں ہو ملنا **مقسوم کا لکھا** (مذکر) ۱ نوشتۂ تقدیر۔ سرنوشت۔ کرم لیکھ ۲ (عو) اس وقت بولتی ہیں جب یہ کہنا ہو کہ جو کچھ قسمت میں تھا پورا ہوا اب صبر شکر کرنا چاہیے۔

مُقَشَّر (ع۔ مفعول) چھیلا ہوا چھلکا اتارا ہوا۔ پوست آتارا ہوا (قشر۔ چھلکا اتارنا)

مَقصَد (ع۔ مذکر) عربی میں بکسر صاد ہے بمعنی جائے قصد۔ ارادہ۔ مطلب۔ مدعا مقصود (قصد۔ ارادہ کرنا) **مقصد بر آنا یا پورا ہونا** (لازم) مراد حاصل ہونا۔ مطلب پیدا ہونا **مقصد کھلنا** (لازم) منشا ظاہر ہونا۔ **مقصد ملنا** (لازم) مطلب حاصل ہونا۔ **مقصد ور** (صفت) کامیاب۔ **مقصد ہونا** (لازم) کام بننا۔ مدعا حاصل ہونا۔

مَقصُود (ع۔ مفعول) قصد کیا گیا۔ غرض۔ مدعا۔ مطلب (قصد۔ ارادہ کرنا) **مقصود بالذات** (مذکر) وہ چیز جو خود مقصود ہو **مقصود کن فکاں** (مذکر) پیغمبر صلعم کی ذات پاک۔

مَقصُور (ع۔ مفعول) ۱ کم کیا گیا۔ چھوٹا کیا گیا ۲ وہ الف جس پر مدنہ ہو (قصر۔ چھوٹا کرنا) **مقصورہ** ۱ (صفت مونث) دیکھو مقصور ۲ (مذکر) وہ الف جس پر مدنہ ہو ۳ مسجد میں امام کے کھڑا ہونے کی جگہ۔

مِقَطّ (ع۔ مذکر) وہ لکڑی ہڈی یا ہاتھی دانت کا ٹکڑا جس پر قلم کو قط لگائیں (قط۔ کاٹنا)

مُقَطَّر (ع۔ مفعول) ٹپکایا ہوا۔ قطرہ قطرہ کرکے ڈالا ہوا۔ بوند بوند کرکے ٹپکایا اور صاف کیا ہوا (تقطر۔ ٹپکانا)

مَقطَع (ع۔ مذکر) غزل یا قصیدے کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص آتا ہے (قطع۔ کاٹنا) **مقطع کا بند** (مذکر) نظم کا آخری بند جس میں شاعر کا تخلص آتا ہے۔

مِقطَع (ع۔ مذکر) کاٹنے کا آلہ۔ قینچی۔

مُقَطَّع (ع۔ مفعول) ۱ کٹا ہوا۔ تراشا ہوا۔ چھانٹا ہوا۔ آراستہ کیا گیا ۲ مہذب۔ شائستہ ۳ متین۔ سنجیدہ ۴ معتمد۔ قابل اعتماد (قطع۔ کاٹنا) **مقطّعات** (مذکر) ۱ کپڑے کے ٹکڑے۔ کترن چھوٹے چھوٹے ریشمی کپڑے کے ٹکڑے ۲ شعر کے سَبَب وزن۔ اشعار بحر رجز ۳ وہ حروف جو قرآن شریف کی بعض صورتوں کے شروع میں آتے ہیں۔ جیسے الم۔ یٰس۔ حٰم وغیرہ۔ **مقطع بننا** (لازم) مہذب یا شائستہ بننا۔ سنجیدہ یا متین بننا۔ **مقطع داڑھی** (مونث) شرع کے مطابق ترشی ہوئی داڑھی۔ **مقطع صورت** (مونث) مہذب صورت۔

مَقطُوع (ع۔ مفعول) کاٹا گیا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا (قطع۔ کاٹنا)

مَقعَد (ع۔ مونث) ۱ بیٹھنے کی جگہ۔ نشستگاہ ۲ دبر۔ گانڈ (قعد۔ بیٹھنا) اردو میں زبانوں پر بکسر ہے جو غلط ہے۔

مُقَعَّر (ع۔ مفعول) ۱ قعر کیا گیا۔ گہرا کیا گیا ۲ گہرا ۳ کھودا ہوا ۴ محدّب (تقعر۔ گہرا کرنا)

مُقَفَّل (ع۔ مفعول) قفل لگایا ہوا۔ بند (قفل۔ بند کرنا) **مقفل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) قفل لگنا۔ تالا بند ہونا۔

مُقَفّٰی (ع۔ مفعول) قافیہ کیا گیا۔ قافیہ دار۔ مسجع (قفی۔ ایک چیز کو دوسری کے پیچھے لیجانا)

مُقل (ع۔ مذکر) گوگل۔

مُقَلِّب (ع۔ صفت) بدلنے والا۔ پھیرنے والا۔ پلٹنے والا۔ ہٹا دینے والا (قلب۔ بدلنا) **مُقلّب القلوب** (صفت) ۱ دلوں کو پھیرنے والا۔ ارادہ بدل دینے والا ۲ خدا تعالیٰ۔

مُقَلَّد (ع۔ مفعول) ۱ جس کی نقل کیجائے ۲ بے شل ۳ (مذکر) مونڈھے کی وہ جگہ جہاں تلوار لٹکائی جائے ۴ جس نے گلے کا ہار یا زنجیر پہنی ہو ۵ جو نوکر رکھا گیا ہو۔ **مقلِّد** (فاعل) ۱ مرید چیلا۔ پیرو۔ ۲ وہ (عورت) جس نے گلے کا ہار پہنا ہو ۳ نقال مسخرہ۔

مَقلُوب (ع۔ صفت) ۱ الٹ ہوا۔ پلٹا ہوا ۲ (مذکر) علم بیان کی ایک صنعت جس کی عبارت الٹی سیدھی یکساں سمجھی جائے (قلب۔ بدلنا) **مقلوب بعض** (مذکر) وہ صنعت مقلوب جس میں کہیں کہیں حروف ملاکر عبارت موزوں کرلیں۔ جیسے اسم سے سام بن جاتا ہے **مقلوب کل** (مذکر) وہ صنعت مقلوب جس میں حرف کی تبدیلی بالترتیب ہو جیسے نام مان۔ اناج جانا۔ درم مرد وغیرہ۔ **مقلوب مستوی** (مذکر) وہ صنعت مقلوب جس میں لفظ یا کلام کو تمام الٹ کر پڑھ سکیں۔ جیسے درد۔ ساس۔ قلق۔ شاباش۔ نازاں وغیرہ۔

مِقناطِیس (یو۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے ۲ لوہے کو مقناطیس پر رگڑ کر یا بجلی کے ذریعے مقناطیس بنا لیتے ہیں۔ مقناطیس کی سوئی کی ایک نوک ہمیشہ شمال کی طرف بلکہ قطب کے ستارے کی طرف رہتی ہے (اصل مگناٹیس)

مِقنَع۔ مِقنَعَہ (ع۔ مذکر) ۱ وہ باریک کپڑا جو دلہن کے سہرے کے نیچے باندھتے ہیں ۲ باریک چادر جو عورتیں منہ چھپانے کے لئے چہرے پر ڈالتی ہیں ۳ دیکھو المقنع (قنع۔ نیچے لٹکانا)

مُقَنِّن (ع۔ فاعل) قانون بنانیوالا۔ قانون جاننے والا (تقنن۔ رسم مقرر کرنا)

مُقَوقِس (ع) ایک شخص جو مصر کا حاکم تھا۔ اور جس کے پاس پیغمبر صلعم نے فتح مکہ کے بعد سفیر بھیجا تھا۔

مَقُولات (ع۔ مذکر) جمع مقولہ کی۔

مِقوَد (ع۔ مونث) ۱ ناگا۔ رسّی۔ ڈوری ۲ ریسمان ۳ جہاز کا رسہ۔ کشتی کا رسہ (قود۔ گھوڑے کو رسّی باندھکر لیجانا)

مُقَوَّس (ع۔ مفعول) ۱ خمیدہ کیا گیا ۲ وہ جو کمان کی طرح خمیدہ ہو ۳ آسمان کی صفت (تَقَوُّس۔ ٹیڑھا ہونا)

مَقُولہ (ع۔ مذکر) ۱ کہا گیا ۲ بات۔ قول سخن۔ بچن۔ دوسرے کا قول ۳ ایسا قول یا فقرہ جو مقبول ہونے کی وجہ سے زبان زد ہو گیا ہو۔ یہ کہاوت یا مثل کی حد تک نہیں پہنچتا۔ جیسے بزرگی بعقل است نہ بسال۔ شیخ سعدی کے بہت سے اقوال فقرے یا مصرعے زبان زد ہیں (قَوْل۔ کہنا)

مُقَوِّم (ع۔ فاعل) ۱ سیدھا کرنیوالا۔ درست کرنے والا ۲ ترتیب دینے والا درست کرنیوالا (تَقْوِیم سیدھا کرنا)

مُقَوِّی (ع۔ فاعل) طاقت دینے والا قوت بخشنے والا (تَقْوِیَۃ مضبوط کرنا) **مُقَوِّیات** (مونث) وہ دوائیں جو طاقت دیں (باہ۔ بدن۔ بصر۔ دل۔ دماغ معدہ وغیرہ کے ساتھ) **مُقَوِّی باہ** (صفت) وہ جو شہوت بڑھائے (دوا) **مُقَوِّی بدن** (صفت) وہ جو بدن کو طاقت دے (دوا) **مُقَوِّی بَصَر** (صفت) وہ جو بینائی کو زیادہ کرے (سرمہ وغیرہ) **مُقَوِّی دِل** (صفت) وہ جو دل کو طاقت دے (دوا) **مُقَوِّی دِماغ** (صفت) وہ جو دماغ کو طاقت دے (دوا) **مُقَوِّی مِعدہ** (صفت) وہ جو بھوک کو زیادہ کرے یا ہاضمے کی طاقت بڑھائے (دوا)

مُقَوّٰی (ع۔ مفعول) ۱ مضبوط کیا گیا ۲ موٹا کاغذ جو کاغذ کوٹ کر بنایا جاتا ہے اور کتابوں کی جلدوں پر لگاتے ہیں۔ دفتی۔ وصلی ۳ کوٹ کے کاغذ کا بنا ہوا بکس جس میں کاغذات رکھتے ہیں۔ خصوصاً وہ جو گول اور لمبا ہو (تَقْوِیَۃ مضبوط کرنا)

مَقْہُور (ع۔ مفعول) قہر کیا گیا۔ جس پر قہر ہو (قَہْر۔ قابو پانا)

مُقِیء (ع۔ فاعل) قے لانے والی (دوا) (اِقاءَۃ۔ قے لانا)

مِقْیاس (ع۔ مذکر) ۱ اندازہ ۲ پیمانہ ۳ وہ آلہ جس سے کسی چیز کا اندازہ کریں ۴ گھڑی کی سوئی ۵ وہ آلہ جس سے زخم کی گہرائی کا ماپ کریں (قَیْس ماپ کرنا) **مِقیاس الحرارت** (مذکر) گرمی معلوم کرنے کا آلہ۔ تھرمامیٹر۔ **مِقْیاسُ اللَّبَن** (مذکر) دودھ میں ملا ہوا پانی معلوم کرنے کا آلہ۔ **مقیاس الماء** (مذکر) وہ آلہ جس سے پانی کے اتار چڑھاؤ کا اندازہ کیا جا سکتا ہے بنسال۔ **مِقْیاسُ المَوْسِم** (مذکر) دیکھو مقیاس الہوا۔ **مِقْیاسُ النِّیل** (مذکر) دریائے نیل کا اتار چڑھاؤ معلوم کرنے کا آلہ۔ **مقیاس الہوا** (مذکر) ہوا کا دباؤ معلوم کرنے کا آلہ جس سے موسم کا تغیر و تبدل معلوم ہوتا ہے۔ بیرومیٹر۔

مُقِیت (ع۔ فاعل) ۱ طاقت والا ۲ قوت یا روزی پہنچانے والا ۳ محافظ۔ بچانے والا ۴ خدا تعالے کا ایک نام (اِقاتَۃ۔ روزی پہنچانا۔ صاحب قوت ہونا۔ بچانا)

مُقَیَّد (ع۔ مفعول) ۱ قید کیا گیا۔ قیدی اسیر۔ پابند ۲ قید لگایا گیا۔ مشروط (تَقْیِید۔ باندھنا۔ بیڑی پہنانا)

مُقَیَّش (اُردو۔ مذکر) ۱ سونے چاندی کے تار۔ دبکا ہوا تار۔ بادلہ ۲ سونے چاندی کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا۔ زربفت۔ زری۔ تمامی۔ تاش (بجائے قیش جو قیش سنسکرت کیش سے عربی مفعول کے وزن پر بنا لیا گیا ہے) **مُقَیَّشی** (صفت) مقیش کا۔ زربفت کا۔ بادلے کا۔ سونے چاندی کے تاروں کا۔ **مُقَیَّشی گوکھرو** (مذکر) ایک قسم کا باریک گوکھرو جو صرف تاروں کو موڑ کر بنایا جاتا ہے۔

مُقِیم (ع۔ فاعل) ۱ ٹھہرنے والا۔ ۲ بود باش ہونے والا۔ رہنے والا۔ اقامت کرنے والا ۳ قائم۔ قیام پذیر۔ منزل گزیں ۴ (مذکر) وہ شخص جو کسانوں کی ترکاریاں اور پھل بطور آڑھتی نیلام کرتا ہے۔ سبزی کا تھوک فروش (اَقام۔ ٹھہرنا۔ رہنا) **مقیم ہونا** (لازم) ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔ رہنا۔ بسنا۔ بود باش ہونا۔ اترنا۔

مُک (ہ۔ مذکر) مُکّا کا مخفف۔

مَکّا (ہ۔ مذکر) بڑی جوار کی۔ مکئی۔ بھٹہ مکئی۔

مُکّا (ہ۔ مذکر) بندھی مٹھی جب اس سے ضرب لگائی جائے (س مُشک۔ چھوٹا چوہا) **مُکّا چلانا** (متعدی) چلنا (لازم) مکے سے مار پیٹ ہونا **مکا سا لگانا** (متعدی) لگنا (لازم) **مارنا** (متعدی) مثلاً لگنا۔ گھونسا لگنا۔ ضرب لگنا۔ صدمہ پہنچنا۔ **مُکّا مارنا** (متعدی) ۱ مشت زنی کرنا ۲ گھونسا لگانا۔ ضرب لگانا۔

مُکابَرہ (ع۔ مذکر) ۱ غرور۔ گھمنڈ۔ تکبر ۲ شیخی ۳ لڑائی۔ جھگڑا۔ فساد۔ تعصب ۴ منازعہ ۵ مقابلہ۔ مجادلہ۔ بحث۔ مباحثہ (کابَر۔ اُٹھانا۔ جھگڑنا)

مَکاتِب (ع۔ مذکر) مکتب کی جمع۔

مُکاتَب (ع۔ مذکر) وہ غلام جو اپنی قیمت خود ادا کر کے اپنے آپ کو آزاد کرلے (کاتَب کسی کے ساتھ مل کر لکھنا۔ کسی کے ساتھ خط و کتابت کرنا) **مُکاتِب** (ع۔ فاعل) لکھنے والا۔ خط و کتابت کرنیوالا **مُکاتَبات** (مذکر) مکاتبہ کی جمع۔ **مُکاتَبَت** (مونث) باہم خط و کتابت **مُکاتَبہ** (مذکر) خط۔ نامہ۔

مَکاتِیب (ع۔ مذکر) جمع مکتوب کی

مَکّار (ع۔ مذکر) مکر کرنے والا۔ فریبی۔ دغا باز۔ دھوکے باز۔ عیار (مَکْر۔ دھوکا دینا) **مَکّارہ** (صفت۔ مونث) مکار عورت۔ **مکّارپن** (ہ۔ مذکر) **مکّاری** (مونث) دغا۔ فریب۔ دھوکا۔ مکر کرنا۔

مَکارِم (ع۔ مذکر) مکرمت کی جمع جو اُردو میں استعمال نہیں ہوتا ۱ بزرگیاں ۲ خوبیاں۔ محاسن۔ اوصاف حمیدہ۔ قابل تعریف کام ۳ نوازشیں عنایتیں۔ مہربانیاں

مَکارِہ (ع۔ مذکر) مکروہ کی جمع۔ مکروہات۔

مُکاشَفہ (ع۔ مذکر) کشف۔ کرامات انکشاف۔ اسرار۔ رازوں کا اظہار۔ ولی اللہ کو امور غیبی کا اظہار ہو جانا (کاشَف۔ ظاہر کرنا)

مُکافات (ع۔ مونث) ۱ بدلہ۔ عوض معاوضہ ۲ سزا۔ انتقام۔ تاوان (کافی۔ بدلہ دینا) **مکافات عمل** (مذکر) کام کا بدلہ۔ گناہ کی سزا۔ **مکافات کو پہنچنا** (لازم) کئے کی سزا پانا۔ **مکافات ملنا** (لازم) پھل ملنا۔ سزا ملنا۔ کئے کو پہنچنا۔ **مکافات میں** (تمت) بدلے میں۔ عوض میں۔ سزا میں۔

مُکالَمہ (ع۔ مذکر) ہمکلامی۔ گفتگو۔ بات چیت۔ ناٹک۔ ڈرامہ (کالَم۔ دوسرے سے باتیں کرنا)

مَکان (ع۔ مذکر) گھر۔ مسکن۔ رہنے کی جگہ۔ خانہ۔ بود و باش کی جگہ (کَوْن۔ ہونا) **مکانات** (مذکر) مکان کی جمع۔ **مکان بدلنا** (متعدی) تبدیل مکان کرنا۔ ایک مکان سے دوسرے مکان میں جانا **مکان بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) **بنوانا** (م) تعمیر کرانا (م) **کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) گھر بننا۔ گھر کی عمارت بننا۔ **مکان بیٹھ جانا یا بیٹھنا** (لازم)

سیل یا بارش کی شدت سے مکان کا گر پڑنا۔ **مکان بکنا** (لازم) بیچنا (متعدی) گھر فروخت کر دینا۔ **مکان چھوڑ دینا** (لازم) مکان سے چلا جانا۔ گھر بدل دینا۔ **مکان خریدنا** (متعدی) گھر مول لینا۔ **مکان دار** (صفت) گھر والا۔ مالک مکان۔ **مکان دُور ہونا** (لازم) ایک شخص کے گھر کا دوسرے کے گھر سے فاصلے پر ہونا۔ **مکان دیکھنا** (متعدی) کرائے پر لینے یا خریدنے کے لئے گھر کی تلاش کرنا۔ **مکان دینا** (متعدی) ۱ گھر کرائے پر دینا۔ گھر مانگے دینا۔ ۲ ٹھہرانا۔ اتارنا۔ ٹکانا۔ **مکان روشن ہونا** (لازم) ۱ مکان میں اندھیرا نہ ہونا ۲ مکان وسیع ہونا ۳ مکان کا بارونق ہونا۔ **مکان ضرور** (مذکر) بیت الخلا۔ پاخانہ۔ **مکان قریب یا نزدیک ہونا** (لازم) ایک شخص کے گھر کا دوسرے کے گھر کے پاس ہونا۔ **مکان گرانا** (متعدی) **گرنا** (لازم) گھر کا گر پڑنا۔ **مکان لینا** (متعدی) ۱ گھر کرائے پر لینا ۲ مکان خریدنا۔ گھر مول لینا۔ **مکان مول لینا** (متعدی) گھر خریدنا۔ **مکان ہلا دینا** (متعدی) بہت غل مچانا۔ **مکانِ ہُو** (مذکر) سناٹے کی جگہ۔

مَکائِد (ع۔ مذکر) مکیدت کی جمع جو اُردو میں استعمال نہیں ہوتا۔ مکر۔ فریب چھل بٹا۔ مغالطے۔ بداندیشیاں (کَید۔ پھنسانا)

مُکَبِّر (ع۔ فاعل) تکبیر کہنے والا۔ اللہ اکبر کہنے والا (کَبَّر۔ خدا کی تعریف کرنا)

مُکت (س۔ فاعل) ۱ چھوٹا ہوا ۔۔ رہا۔ آزاد ۲ گناہ کی سزا سے بچا ہوا۔ نجات پایا ہوا ۳ (مذکر) آزاد شخص ۴ روح جو بار بار پیدا ہونے کے جھگڑے سے چھوٹ کر روح اعلےٰ میں جا ملی ہو۔ رِچ۔ رہا ہونا۔ **مکتا** (مونث) ۱ وہ طرف جہاں سے سورج گزر گیا ہو ۲ موتی ۳ بدکار عورت ۴ ایک دیا۔ **مکتا پھل** (مذکر) ۱ ایک درخت کا پھل ۲ کافور۔ **مکت پانا** (لازم) ۱ نجات پانا۔ نجات حاصل کرنا ۲ رہائی پانا۔ چھٹکارا پانا۔ **مکت داتا** (مذکر) نجات دہندہ۔ شفیع۔ **مکت ہونا** (لازم) نجات پانا۔ مغفرت ہونا۔

مُکتِ (س۔ مونث) ۱ آزاد ہونا۔ چھوٹنا۔ رہا ہونا ۲ نجات ۳ قرضہ ادا کرنا ۴ ستیہ کی بیوی۔ **مکت کشیتر** (مذکر) وہ جگہ جہاں مکتی یا نجات حاصل ہے۔

مُکتا (ھ۔ صفت) بہت سا۔ من مانا۔ کافی۔ بافراط۔

مَکتَب (ع۔ مذکر) ۱ لکھنے پڑھنے کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں بچوں کو ابتدائی کتابیں پڑھائی جاتی ہیں۔ سکول۔ مدرسہ ۲ بچوں کو مکتب میں بٹھانے کی تقریب۔ بسم اللہ کی رسم (کَتَب۔ لکھنا) **مکتب بٹھا دینا یا بٹھانا** (لازم) سکول میں داخل کرانا۔ **مکتب پڑھانا** (متعدی) سکول میں تعلیم دینا۔ **مکتب خانہ** (مذکر) ۱ مکتب ۲ (قمار بازوں کی اصطلاح) جُوا کھیلنے کی جگہ۔ قمار خانہ۔ **مکتب کا یار** (مذکر) ہم مکتب۔ **مکتب کے لڑکے** (مذکر) وہ لڑکے جو کسی مکتب میں پڑھیں۔ **مکتب گاہ** (مونث) مکتب۔ **مکتب ہونا** (لازم) بچوں کو مکتب میں بٹھانے کی تقریب ہونا۔

مُکتَحِل (ع۔ فاعل) جس میں سرمہ لگا ہوا ہو (آنکھ) (اِکتحَل۔ آنکھوں میں سرمہ لگانا)

مُکتَسِب (ع۔ فاعل) ۱ کسب کرنیوالا۔ اپنی کوشش سے حاصل کرنے والا ۲ فائدہ اٹھانے والا۔ نفع حاصل کرنے والا (اِکتسَب۔ کمانا) **مکتسبہ** (صفت مونث) مکتسب کی۔

مُکتَفِی (ع۔ فاعل) کافی۔ پورا (اِکتفیٰ۔ کافی ہونا)

مَکتُوب (ع۔ مفعول) ۱ لکھا گیا۔ مرقوم ۲ (مذکر) خط۔ نامہ ۳ بہت سے جڑے ہوئے خطوں کا مٹھا جو مبتدی قلمی عبارت کے پڑھنے کے لئے جوڑ کر لپیٹ لیتے ہیں (کَتَب۔ لکھنا) **مکتوبات** (مذکر) مکتوب کی جمع۔ خطوط۔ تحریریں۔ **مکتوب اِلَیہ** (مذکر) وہ شخص جس کو خط لکھا جائے۔ **مکتوب الیہا** (مونث) وہ عورت جس کو خط لکھا جائے۔ **مکتوب نصف الملاقات** خط انصف ملاقات کے برابر ہوتا ہے خط سے کچھ کچھ ملاقات کا لطف حاصل ہوتا ہے۔ دیکھو ملنامہ۔

مَکتُوم (ع۔ مفعول) چھپا ہوا۔ مخفی (کتم۔ چھپانا)

مُکتی (ھ۔ مونث) دیکھو مکت۔

مُکُٹ (س۔ مذکر) **مکُٹ** (ھ) ۱ تاج۔ اکلیل ۲ وہ تاج جو ہندوؤں میں دولھا کے سر پر رکھتے ہیں۔

مُکشا (ھ۔ مونث) پوجا کرنے کی ریشمی دھوتی۔

مَکث (ع۔ مذکر) دیر۔ وقفہ۔ تاخیر۔ تامل۔ توقف (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (مَکَث۔ دیر کرنا)

مِکحَل (ع۔ مذکر) سرمہ لگانے کا آلہ (کَحَل۔ سرمہ لگانا)

مُکَحَّل (ع۔ مفعول) سرمہ لگی ہوئی (آنکھ) (کَحَّل۔ سرمہ لگانا)

مَکحُول (ع۔ مفعول) سرمہ لگی ہوئی (آنکھ) (کَحَل۔ سرمہ لگانا)

مُکدا۔ مُکدھا (ھ۔ صفت) ۱ غافل۔ جاہل ۲ بیوقوف۔ احمق ۳ گونگا (دکنی)

مُکَدَّر (ع۔ مفعول) ۱ میلا کیا گیا ۲ میلا گدلا۔ تیرہ ۳ ناخوش۔ ملول۔ غمگین (کَدَّر۔ میلا کر دینا)

مَکر (ع۔ مذکر) ۱ دغا۔ فریب۔ دھوکا۔ چھل ۲ چالاکی۔ عیاری ۳ حیلہ۔ بہانہ ۴ کذب۔ جھوٹ۔ خلاف واقعہ ۵ ریا۔ نفاق۔ دو رنگی ۶ تبدیل لباس۔ بہروپ بھیس (مَکَر۔ دھوکا دینا) **مکر چاندنی** (مونث) ۱ پچھلی رات کی دھندلی چاندنی جو صبح ہونے کا دھوکا دیتی ہے صبح کاذب ۲ وہ فعل یا چیز جو دوسروں کو دھوکے میں ڈالے۔ **مکر چکر** (مذکر) دغا۔ فریب۔ حیلہ بہانہ۔ چھل بٹہ۔ فند فریب۔ دھوکا دھڑی۔ **مکر فریب** (مذکر) حیلہ حوالہ۔ دھوکا بازی۔ چال کی باتیں (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **مکر کرنا یا گانٹھنا** (متعدی) فریب کرنا۔ دھوکا دینا یا کھنڈ کرنا۔ **مکر بائی** (ھ۔ مونث) دغا باز یا فریبی عورت **مکریٹہ** (ھ۔ مذکر) دغاباز آدمی۔ فریبی۔ مکار۔ **مکری** (صفت) دغاباز۔ مکار۔ فریبی (عف)

مثل۔ مکر چکر کی کہانی آدھا تیل آدھا پانی - فریب کی باتیں جن میں آدھا جھوٹ اور آدھا سچ ہوتا ہے۔

مَکَر (س۔ مذکر) ۱ ایک خیالی سمندری جانور جو مگرمچھ یا شارک سے مشابہ ہوتا ہے اور کامدیو کا نشان ہے ۲ دسواں آسمانی برج۔ جدی۔ اس کا بدن اور دم مچھلی کا اور اگلی ٹانگیں گردن اور سر بارہ سنگھے کا ہوتا ہے ۳ فوج کی ایک ترتیب جو مکر کی شکل کی ہوتی ہے ۴ فوج کے مارچ کرنے کا ایک طریقہ ۵ ہر دائرے کی دسویں قوس جو ۳۰ درجے کی ہوتی ہے ۶ ایک قسم کا کان کا بالا ۷ ایک منتر جو ہتھیاروں پر پڑھتے ہیں ۸ اپنے ہاتھوں کو ملا کر رکھنے کا ایک طریقہ جو مکر کی شکل کا ہوتا ہے۔ **مکر دھوج** (مذکر) ۱ کامدیو ۲ سمندر ۳ فوج کی ایک ترتیب ۴ ایک مرکب دوا۔

مُکَرا (ھ۔ امر) مُکرنا کا (رِنا لُبا مُکر سے بگڑ کر بنا ہے) **مُکرا** (امر) ۱ مکرانا کا ۲ (ماضی) مکرنا کی۔ **مکرا لینا۔ مکرانا** (متعدی) جھٹلانا۔ سچے کو جھوٹا بنانا۔ جھوٹا یا

باطل ثابت کرنا۔ مکر جانا یا مکرنا (لازم) ۱۔ انکار کرنا۔ منکر ہونا ۲ قول سے پھر جانا ۳ مال مار لینا۔ بے ایمانی کرنا۔

مُکُر (س۔ مذکر) ۱۔ آئینہ ۲ کلی۔ شگوفہ ۳ کمہار کی لکڑی جس سے وہ چاک پھراتا ہے ۴ دوہرا موتیا۔ موگرا ۵ مولسری۔

مُکَرَّر (ع۔ مفعول) دہرایا گیا۔ بار بار کہا گیا ۲ (تف) دوبارہ۔ پھر۔ بار دگر (کرّ۔ دہرانا) مکرّر سہ کرّر (تف) دوبارہ سہ بارہ۔ کئی بار۔ بار بار۔ پھر پھر کر۔ ہر پھر کر۔

مُکَرَّم (ع۔ مفعول) عزّت والا۔ بزرگ معظم۔ محترم۔ معزز (کرَم۔ عزت کرنا) مکرّم بندہ (مذکر) بندہ پرور۔ بندہ نواز۔ جناب من۔ خطوں میں بطور القاب استعمال ہوتا ہے۔ مکرّمہ (صفت مونث) مکرم کی۔ مُکرّمی (مونث) میرے مکرم۔ میرے بزرگ۔ خطوں میں بطور القاب لکھتے ہیں۔

مَکرُمَت (ع۔ مونث) ۱۔ بزرگی۔ عزت اعزاز۔ شرافت ۲ نوازش۔ عنایت۔ مہربانی فیاضی (کرَم۔ عزت میں بڑھ جانا)

مُکرَند (س۔ مذکر) ۱۔ پھولوں کا رس۔ شہد ۲ ایک قسم کی چنبیلی ۳ ایک قسم کا خوشبودار آم ۴ شہد کی مکھی ۵ کوئل ۶ موسیقی میں ایک سُر کی مصنوعی کا نام ۷ پھولوں کی جھلی خصوصاً کنول کی ۸ ایک باغ۔

مُکرنی (ہ۔ مونث) دیکھو مکری۔ مکرنیاں (مونث) مکرنی کی جمع۔

مکرونا (ہ۔ متعدی) تر کرنا۔ گیلا کرنا۔

مَکرُوہ (ع۔ مفعول) ۱۔ کراہت کیا گیا کریہ۔ نفرت انگیز ۲ گھناؤنا۔ برا۔ بدنما۔ نامرغوب ۳ ناجائز ۴ (مذکر) ناجائز کام۔ وہ چیز جو بعض اماموں کے نزدیک حلال اور بعض کے نزدیک ناجائز ہے (کرہ۔ ناپسند کرنا) مکروہات (مذکر) ۱۔ وہ چیزیں جن سے کراہت آئے۔ نفرت انگیز چیزیں۔ گھناؤنی چیزیں ۲ واہیات بیہودہ کام۔ دنیوی جھگڑے۔ جھگڑے بکھیڑے۔ مخمصے۔ مکروہات شرعی (مذکر) وہ باتیں جو شرع کی رو سے ناجائز ہیں۔ مکروہ تحریمہ (مذکر) وہ مکروہ جو تقریباً حرام ہو۔ بالکل ناجائز۔

مُکری (ہ۔ مونث) ایک قسم کی چومصرعی پہیلی۔ جس کے پہلے دو مصرعے اور دوسرے دو مصرع ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ پہلے تین مصرعوں میں جو بیان ہوتا ہے وہ عاشق پر صادق آتا ہے۔ مگر چوتھے مصرع میں اور بات معلوم ہوتی ہے۔ اسے کہہ مکرنی بھی کہتے ہیں۔ اس کے موجد امیر خسرو تھے۔ مثلاً

لونڈی بھیج اسے بلوایا — ننگی ہو کر میں لگوایا
ہم سے اس سے ہو گیا میل — اے سکھی ساجن نہ سکھی تیل
آٹھ انگل کا ہے وہ اصلی — اس کی ہڈی نہ اس کی پسلی
لٹا دھاری گرو کا چیلا — اے سکھی ساجن نہ سکھی کیلا
سگری رین چھتیں پر راکھا — انگ روپ سب دا کا چاکھا
بھور بھئی جب دیا اتار — اے سکھی ساجن نہ سکھی ہار

چونکہ تیسرے مصرع میں سکھی کا لفظ آتا ہے۔ اس لئے اسے سکھی بھی کہتے ہیں (مکرنا سے) مکریاں (مونث) مکری کی جمع۔ کہہ مکریاں۔ سکھیاں۔

مکر بیڑا (ہ۔ مذکر) تِکی کا خشک ڈنٹھل۔

مَکڑ (ہ) مکڑ (ہ۔ مذکر) ۱۔ بڑی مکڑی۔ مکڑی کا نر۔ لمبی لمبی ٹانگوں والا دبلا پتلا آدمی (س مرکٹ) مکڑا (ہ۔ مذکر) دیکھو مکڑ۔ مکڑا کر چلنا (لازم) ۱۔ اینٹھ کر چلنا۔ اترا کر چلنا ۲ ٹیڑھا چلنا۔ مکڑانا (لازم) مکڑی کی طرح چلنا۔ اکڑ کر چلنا ۲ اترانا۔ غرور کرنا ۳ گھمنڈ کرنا ۴ ٹنگ کرنا ۵ مچلانا ۶ سرتابی کرنا۔ سرکشی کرنا۔ مکڑائی (مونث) سرتابی۔ سرکشی۔ مکڑی جالا کا گھر (مذکر) وہ جالا جو مکڑی بناتا ہے۔ عورتیں اسے خون بند کرنے کے لئے لگاتی ہیں۔ مکڑا کر چلنا (لازم) دیکھو مکڑانا۔ مکڑنا (لازم) ۱۔ اکڑنا۔ اینٹھنا ۲ کنارہ کرنا۔ کھنچنا۔ مکڑی (مونث) ایک کیڑا جو دیواروں پر جالا بنا کر رہتا ہے۔ اپنے لعاب سے جالا تنتا ہے اور مکھیاں اور بھنگے جو جالے میں پھنس جاتے ہیں کھاتا ہے۔ اس کی ٹانگیں بہت لمبی ہوتی ہیں۔ مکڑی جالا پور گئی۔ برسات کے دن ہو لئے۔ اب مینہ کی امید نہیں۔ مکڑی کا جالا (مذکر) ۱۔ تار عنکبوت۔ وہ جالا جو مکڑی تنتی ہے ۲ باریک بنا ہوا کپڑا ۳ بہت باریک اور بودی چیز۔ مکڑی کی طرح جھاڑ ڈالنا (متعدی) ۱۔ پھینک دینا۔ نقصان پہنچانا ۲ برا بھلا کہنا عیب گننا۔ مکڑی مل جانا (لازم) مکڑی کا بدن کے نیچے پس کر چیپ بدن کو لگ جانا۔ اس سے دانے نکل آتے ہیں۔

مَکس (ع۔ مذکر) ۱۔ نیلام میں بول دینا ۲ سستا کرنا۔ قیمت کم کرنا ۳ کمی ۴ نقصان دہی ۵ ظلم۔ ستم ۶ دغابازی۔ دھوکا دہی ۷ روپیہ جمع کرنا ۸ محصول یا خراج اکٹھا کرنا (مَکس۔ بولی دینا)

مُکَسَّر (ع۔ مفعول) ۱۔ توڑا گیا۔ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ ۲ مربع۔ مکعب ۳ عرض طول اور موٹائی کا حاصل ضرب (کسر۔ توڑنا)

مکسوبہ (ع۔ صفت) حاصل کیا گیا۔ حاصل کیا ہوا۔ وہ (جائداد) جو خود حاصل کی ہو (کسب حاصل کرنا)

مکسور (ع۔ مفعول) زیر دیا ہوا۔ وہ جس کے نیچے زیر دی ہو (کسر۔ زیر دینا) مکسورہ (صفت مونث) دیکھو مکسور۔

مَکش (س۔ مذکر) ۱۔ ظاہرداری۔ ریاکاری ۲ دو روئی ۳ غصہ۔ ناراضگی ۴ گروہ۔ بڑی تعداد۔

مکشکار (س۔ مونث) مکھی۔ شہد کی مکھی۔

مکشوف (ع۔ مفعول) کھولا گیا۔ واضح۔ ظاہر (کشف۔ کھولنا)

مکعّب (ع۔ مفعول) ۱۔ چارگوشہ کیا گیا ۲ وہ جس کا طول عرض اور عمق یکساں ہو ۳ (مذکر) وہ عدد جو کسی عدد کو تین دفعہ آپس میں ضرب دینے سے حاصل ہو (کعب۔ چارگوشہ بنانا)

مکفول (ع۔ مفعول) کفالت میں دیا گیا ضمانت میں رکھا گیا۔ گرو رکھا گیا (کفل۔ ضامن ہونا) مکفول کرنا (متعدی) ضمانت میں دینا۔ گروی رکھنا۔

مُکُل (س۔ مذکر) ۱۔ کلی۔ شگوفہ ۲ کھلتی ہوئی کلی ۳ پھول ۴ بدن ۵ روح۔

مُکلاوہ (ہ۔ مذکر) ۱۔ ہندوؤں میں شادی کے بعد دولہا کا دلہن کو پہلی مرتبہ گھر لے جانا۔ گونا۔ چالا۔ بہوڑا ۲ مسلمانوں میں شادی کے بعد میکے واپس آکر دوسری دفعہ دلہن کا سسرال جانا۔

مکلّف (ع۔ مفعول) ۱۔ تکلیف دیا گیا۔ مشغول ۲ اچھی طرح بنا ہوا۔ احتیاط سے کیا ہوا ۳ مزین۔ بھڑکیلا۔ خوش اسلوب ۴ پُرتکلف۔ آراستہ (کلّف۔ تکلیف دینا) مکلّف (فاعل) ۱۔ تکلیف دینے والا ۲ بلانے والا۔ دعوت دینے والا ۳ دعوت کے رقعوں میں المکلف کہہ کر اپنا نام لکھتے ہیں۔

مکلّل (ع۔ مفعول) ۱۔ سر پر تاج رکھا گیا۔ تاجدار ۲ ملمع کیا گیا۔ چمکایا گیا ۳ چمکیلا۔ چمکدار۔ بھڑکیلا۔ مرصّع۔ جڑاؤ (کلّل۔ تاج پہنانا)

مکمّل (ع۔ مفعول) کامل کیا گیا۔ پورا کیا گیا۔ ثابت۔ تمام۔ کامل۔ بکل (کمّل۔ پورا کرنا)

مُکنت (ع - مونث) ۱ قدرت - طاقت توانائی - شکتی ۲ حکومت - اختیار - تمکن - درجہ یا عہدہ رکھنا)

مُکند (س - مذکر) "آزادی دینے والا" ۱ وشن جی کا ایک نام ۲ ایک قسم کا قیمتی پتھر ۳ ایک قسم کا گوند -

مکنون (ع - مفعول) ۱ چھپا ہوا - پوشیدہ خفیہ ۲ بیش قیمت ۳ (مذکر) پوشیدہ بات - راز ۴ دلی منشا - دکن - دُعا - منا - **مکنونِ خاطر** (مذکر) دل کی پوشیدہ بات -

مکو (ہ - مذکر) ۱ ایک بوٹی جس کے پتوں کو پانی میں اُبال کر اس پانی سے چوٹوں کو دھوتے ہیں - یہ کئی بیماریوں میں بطور دوائی استعمال ہوتی ہے ۲ اس کا پھل - تیاری (س مارکنڈ) **مکو کی بھجیا** (مونث) مکو کے اُبلے ہوئے پتے جو اکثر بیماروں کو کھلائے جاتے ہیں -

مکوڑا (ہ - مذکر) بڑا چیونٹا یا کیڑا (س مکر)

مُکوکب (ع - مفعول) ۱ چمکتا ہوا - روشن ۲ وہ جس پر ستارے جڑے ہوں - وہ جس میں سونے کی کیلیں جڑی ہوں -

مکول (ہ - مونث) چاک - کھریا مٹی -

مکوّن (ع - مفعول) پیدا کیا گیا - خلق کیا گیا (کون) - پیدا کرنا - **مکوّنات** (مذکر) مخلوقات - موجودات -

مکھ (س - مذکر) ۱ قربانی - صدقہ - بھینٹ ۲ تیوہار - دعوت ۳ شجاع - لڑنے والا - سپاہی - **مکھ گرو** (مذکر) وہ برہمن جو بھینٹ کے موقع پر ہدایات دیتا ہے

مکہ (عرب -) ایک شہر جہاں پیغمبر صلعم کی ولادت ہوئی تھی - آج کل عرب کی سلطنت کا دارالخلافہ ہے - جدہ سے ۴۵ میل ہے - ہر سال حج کے موقع پر مسلمان لاکھوں کی تعداد میں یہاں جمع ہوتے ہیں (۸۵) **مکہ معظمہ** (مذکر) مسلمان عزت سے مکہ کو کہتے ہیں -

امثال - مکہ گئے نہ مدینہ گئے بیچ ہی بیچ میں ہمپیر (حاجی) ہے - بے محنت و مشقت اپنا کام کرلیا - **مکہ میں رہتے ہیں پر حج نہیں کیا** - اس کے متعلق کہتے ہیں جو اغماض کرے -

مکھ (س - مذکر) ۱ منہ ۲ چہرہ ۳ چونچ - منقار ۴ سامنے کا حصہ ۵ جہاز یا کشتی کا آگا - ماتھا یا بیرہ ۶ سوراخ ۷ دروازہ - در ۸ شروع - آغاز ۹ کسی چیز کا سرا یا نوک ۱۰ فرج کا اگلا حصہ - میمنہ ۱۱ دریا کا دہانہ ۱۲ کلہاڑی کی دھار ۱۳ سرپستان ۱۴ (الجبرا) کسی سلسلے کی پہلی رقم ۱۵ (ناٹک) تماشے کی اصل وجہ ۱۶ (علم ہندسہ) قاعدے کے سامنے کی طرف - **مکھ تال** (مونث) وہ آواز جو گویئے منہ سے نکالتے ہیں - **مکھ چند** (صفت) چاند جیسے چہرے والا - نہایت حسین - **مکھ رکھنا** (متعدی) ۱ منہ کرنا - سامنے ہونا ۲ کسی طرف رجوع کرنا - **مکھ کرنا** (متعدی) کسی طرف منہ کرنا - سامنے ہونا

مکھ منڈی (مونث) سکند کی ایک ماتری - **مُکھیہ** (صفت) ۱ منہ یا چہرہ کا ۲ منہ سے نکلا ہوا ۳ سرے پر یا شروع میں ہونے والا ۴ اصل - بڑا ۵ شروع کا - ابتدائی - پہلا ۶ مشہور - شہرہ آفاق ۷ بڑا عظیم ۸ شریف عالی خاندان ۹ ضروری ۱۰ (مذکر) سردار - حاکم ۱۱ جہاز کا کپتان -

مثل - مکھ میں رام پیٹ میں چھری - ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ - ظاہر نیک باطن بد

مکھنا (ہ - مذکر) بڑی مکھی - نیلے رنگ کی بڑی مکھی -

مکھانا (ہ - مذکر) کنول کا سوکھا ہوا بیج یہ بھون کر کھایا جاتا ہے (س مکھ بھینٹ)

مُکھڑی (ہ - مونث) کلی - شگوفہ -

مکھڑا (ہ - مذکر) مکھ کی تصغیر منہ - چہرہ - **مکھڑا تلووں کو نہ پہنچے** - انسان کی رنگت کی تعریف میں کہتے ہیں کہ ایک شخص اس قدر خوبصورت ہے کہ دوسرے شخص کا منہ اس کے تلووں کا مقابلہ نہیں کر سکتا -

مکھن (ہ - مذکر) وہ سفید مادہ جو دودھ یا دہی کو بلونے سے نکلتا ہے - کچا گھی - روغن تازہ (س مرکش - ملنا) **مکھن چور** (ہ) کرشن جی کا لقب - **مکھن سیم** (مونث) ایک قسم کی سیم - **مکھن لال** (مذکر) کرشن جی کا لقب - **مکھن نکالنا** (متعدی) دودھ یا دہی کو بلو کر سفید مادہ نکالنا - **مکھنیا** (مذکر) مکھن فروش - مکھن نکال کر بیچنے والا -

مکھنا (ہ - مذکر) ۱ بن دانت کا ہاتھی ۲ ایک قسم کا بڑا ہاتھی جو جھوم جھوم کر چلتا ہے ۳ وہ مرغ جس کے خار نہ نکلے ہوں یا ٹوٹ گئے ہوں (س منکن - بے دانت کا ہاتھی) **مکھنا دیو** (مذکر) بے سینگوں کا بڑا دیو - **مکھنا ہاتھی** (مذکر) بے دانت کا ہاتھی -

مکھنڈ (ہ - صفت) ۱ بڑا - عظیم ۲ صاحب اختیار ۳ طاقتور - قوی - مضبوط ۴ سردار - حاکم ۵ ذکی - لڑا کا (س مکھ - منہ) **مکھنڈپنا** (مذکر) طاقت - قوت شکتی -

مکھو (ہ - مونث) افواہ - چرچا - ادائی -

مکھی (ہ - مونث) ۱ ایک پردار کیڑا - جو اکثر گرمیوں اور برسات کے موسم میں گھروں میں اُڑتا پھرتا ہے - ہیضے اور دیگر وبائی بیماریوں کے جراثیم کو پھیلاتا ہے - مکس ۲ بندوق یا پستول کا وہ نشان جسے گھوڑے کی سیدھ میں رکھ کر نشانہ باندھتے ہیں (س مکش) **مکھی اڑا دینا** (متعدی) چپتا ہوا سلام کرنا - **مکھی اُڑانا** (متعدی) بیٹھی ہوئی مکھی کو دور کرنا - **مکھیاں** (مونث جمع مکھی کی) - **مکھیاں اُڑنا** (متعدی) ۱ مکھیاں دور کرنا - مکھیاں ہٹانا ۲ خوشامد کرنا ۳ خوشامد سے مکھیاں جھلنا ۴ وقت ضائع کرنا - خالی رہنا - بیکار رہنا ۵ بدن پر زخم ہونا ۶ آتشک میں مبتلا ہونا - مکھی پر نشانہ لگانا ۷ کمینے یا رذیل کا کام کرنا - **مکھیاں بھنکنا** (لازم) ۱ مکھیوں کا کسی چیز پر بھن بھن کرنا - سر بازاری ہونا - کسا جانا - ہونا - ارزاں ہونا - بچکل ہونا - **مکھیاں جھلنا** (متعدی) دیکھو مکھیاں اُڑانا ۲ پنکھے یا رومال سے مکھیاں ہٹانا - چنور کرنا

مکھیاں مارنا (متعدی) دیکھو مکھیاں اُڑانا - **مکھیاں ہانکنا** (متعدی) مکس رانی کرنا - مکھیاں ہٹانا - **مکھی بال سب دیکھ لو** - بھلائی برائی عیب نقص سب ملاحظہ کر لو - **مکھی چیتی کی خدمت** (مونث) مکھیاں اُڑانے اور پاؤں دبانے کی نوکری - **مکھی چوس** (صفت) کنجوس بخیل - وہ شخص جو سالن میں مکھی گرے تو اسے چوس کر پھینک دے - **مکھی چھوڑنا اور ہاتھی نگلنا** (متعدی) چھوٹی باتوں میں ایمانداری اور بڑی باتوں میں بے ایمانی کرنا - **مکھی کا چھینک جانا** (لازم) بدشگونی کا ہو جانا - کسی بدشگون معاملے کا پیش آجانا **مکھی کی طرح نکال ڈالنا** (متعدی) دودھ سے مکھی کی طرح نکال دینا - **مکھی پر مکھی مارنا** (متعدی) پوری طرح نقل کرنا - بے سمجھے نقل کرنا (ایک کاتب نے مسودے پر مکھی مری ہوئی دیکھ کر ایک مکھی مار کر کاپی پر لگا دی تب سے یہ محاورہ ہو گیا) **مکھی کی بھنبھناہٹ** (مونث) آواز جو اڑتے ہوئے مکھی

کے پروں سے نکلتی ہے۔ **مکھی مار** (صفت) ۱ مکھی
کو جان سے مارنے والا ۲ وہ جسے دیکھ کر کراہت آئے
(شخص) مکروہ ۳ بن سمجھے نقل کرنے والا ۴ (مذکر) ایک
کیڑے کا نام جو مکھیاں مار کر کھاتا ہے۔ **مکھی مار کاغذ**
(مذکر) ایک قسم کا چیپدار کاغذ جس پر مکھی بیٹھتے ہی چپک
جاتی ہے۔ اور کچھ عرصے بعد مرجاتی ہے۔ **مکھی مارنا** (متعدی)
مکھی کو جان سے مار ڈالنا۔ **مکھی ناک پر بیٹھنے نہ دینا**
(متعدی) بہت صاحب غیرت ہونا۔ بہت بددماغ اور
نازک مزاج ہونا۔ کسی کا احسان نہ اُٹھانا۔ **مکھی نگل
جانا یا نگلنا** (لازم) ۱ مکھی کھا جانا ۲ آفت میں پھنسنا
عذاب مول لینا ۳ جان بوجھ کر کوئی نامعقول حرکت کرنا
۴ بیٹی کو بدچلن آدمی سے منسوب کرنا۔ **مکھیوں** (جمع)
مکھی کی حروف مغیرہ کے بعد۔ **مکھیوں کا چھتا**
(مذکر) ۱ شہد کی مکھیوں کے رہنے کا مکان ۲ ہجوم مگس
بہت سی مکھیوں کا جھنڈ۔ **مکھیوں کی بھنبھناہٹ**
(لکھنؤ) بھنکار (دہلی) بہت سی مکھیوں کے اُڑنے کی
آواز۔ **مکھیوں کے چھتے کو چھیڑنا** (متعدی) فسادی
یا غصہ ور آدمی سے جھگڑا پیدا کرنا۔

امثال مکھی بیٹھی شہد پر پنکھ گئے
لپٹائے۔ ہاتھ ملے سر دھنے لالچ بری بلائے
لالچ کے سبب آدمی تکلیف اُٹھاتا ہے۔ **مکھی مار بڑا
چمار** کنجوسوں کو کہتے ہیں۔

مکھی (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا کبوتر جو گردن کو
اکڑا کر چلتا ہے۔ اور جس کے سر اور گردن کے ایک
ایک دو دو پر سفید ہوتے ہیں۔

مکھیا (ہ۔ مذکر) ۱ سردار۔ سرغنہ۔ سرکردہ
۲ بانی مبانی مبدا۔ جڑ ۳ پیشقدمی کرنے والا شخص ۴
نمبردار (س مکھ۔ منہ)

مکھیر (ہ۔ مذکر) شہد۔

مکھیرا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا چھینکا جو
جانوروں کے منہ پر باندھ دیتے ہیں تاکہ کچھ کھا نہ سکیں
منہ چھینکا۔

مکئی۔ مکی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا غلہ
جو بھٹے میں سے نکلتا ہے (س مرکٹک)

مکی (ع۔ صفت) ۱ مکہ کا۔ مکہ کا باشندہ ۲
(۔۔۔۹۲) ابوطالب محمد المکی بن علی الحارثی۔ ایک عرب
محدث اور صوفی مصنف قوت القلوب۔

مکی (ہ۔ مونث) ۱ گھونسا ۲ مکی سے پاؤں
دبانا۔ **مکیاں** (مونث) جمع مکی کی۔ **مکیانا** (متعدی)
مکی مارنا۔ **مکی لات** (مونث) مار پیٹ۔ **مکی لگانا** (متعدی) ۱
تھکے ہوئے پاؤں پر آرام کے لیے مکی مارنا۔ مٹھیاں بھرنا۔
چپی کرنا۔ **مکی مارنا** (لازم) مکی سے ضرب لگانا۔

مکیال (ع۔ مذکر) پیمانہ (کیل۔ ناپنا)

مکیدت (ع۔ مونث) دھوکا۔ فریب۔
دغا (کید۔ مکر کرنا)

مکیدہ (ع۔ صفت) چوسا ہوا چسکی لیا ہوا
(کید۔ دھوکا دینا)

مکیر (ہ۔ مذکر) آٹا بیچنے والا۔ کھسانا
بیچنے والا۔

مکین (ع۔ صفت) ۱ مکان میں رہنے والا
صاحب خانہ۔ مکاندار ۲ قائم۔ مقیم۔ ساکن (مکن۔
مضبوط ہونا)

مگ (ہ۔ مذکر) ۱ راستہ۔ راہ (س۔ مارگ)
۲ ایک بڑا آبی پرندہ ۳ انتظار ۴ وہ کبوتر جو جنگلی کبوتروں
میں جا کر مادہ کو ساتھ لے آئے۔ **مگ دیکھنا** (متعدی)
راستہ دیکھنا۔ انتظار کرنا۔

مگ (انگ۔ مذکر) بڑا گلاس۔

مگا (ہ۔ مذکر) بوسیدہ۔ پرانا جس میں سے
مونگ کی بو آئے (غلہ وغیرہ)

مگانا (ہ۔ متعدی) بوسیدہ کر دینا۔ پرانا
کر دینا (غلہ وغیرہ)

مگاہی (ہ۔ مذکر) بہار کی ایک زمیندار
قوم۔

مگد (ہ۔ مذکر) ایک قسم کے لڈو۔

مگدر (ہ۔ مذکر) ۱ گاؤدم خرادی ہوئی بھاری
لکڑی جسے ورزش کے لئے ہلاتے ہیں ۲ (ہ) موگرا۔
موسل کوٹنے کا بڑا کوبہ (س مُدگر) **مگدر اٹھانا** (متعدی)
مگدروں سے ورزش کرنا۔ **مگدر بھانجنا** (ہ) **بھانا**
(ہ) پھرانا۔ گھمانا یا ہلانا۔ (متعدی) مگدروں کو اٹھا کر
دائیں بائیں آگے پیچھے گردش دینا۔ **مگدروں کی
جوڑی** (مونث) دو مگدر جن سے ورزش کی جاتی ہے۔

مگدھ (س۔ مذکر) ۱ صوبہ بہار کا جنوبی حصہ
۲ مگدھ کا باشندہ ۳ بھاٹ۔ وہ گویا جو کسی کے بزرگوں
کی تعریف کے گیت گائے۔ **مگدھا** (مونث) ۱ قوم
مگدھ کا شہر ۲ لمبی مرچ۔ **مگدھ بھاشا** (مونث) ۱
مگدھ کی زبان۔ بہار کی بولی ۲ ایک پراکرت جو برہما
سیام اور لنکا میں بولی جاتی ہے۔ پالی زبان۔
مگدھ پوری (مونث) مگدھوں کا شہر مگدھ دیش۔
مگدھ کا ملک۔ بہار کا جنوبی حصہ۔ **مگدھی** (مذکر) ۱ مگدھ
کا رہنے والا۔ بہار کا باشندہ ۲ کسانوں کی ایک قوم
جو بہار میں پائی جاتی ہے ۳ برہمنوں کی ایک گوت۔

مگدھ (س۔ صفت) ۱ بیہوش۔ حیران ۲
غافل۔ جاہل ۳ بیوقوف۔ احمق ۴ شیدا۔ مفتون۔
عاشق ۵ سیدھا سادھا۔ بھلا مانس ۶ غلطی پر
ہونے والا۔ بھٹکا ہوا۔ برگشتہ ۷ خوبصورت۔ حسین
(مُگھ۔ بیہوش ہو جانا) **مگدھا** (مونث) ۱ بیوقوف
عورت ۲ خوبصورت عورت ۳ دوشیزہ۔ کنواری۔
مگدھاپن (ہ۔ مذکر) دوشیزگی۔ کنوارپنا۔ **مگدھ
دویپ** (مذکر) ایک جزیرہ۔

مگڈمبر (اردو۔ مذکر) ۱ وہ لکڑی کا مکان
جس میں شاہان اودھ سفر کیا کرتے تھے۔ اس مکان
کو کہار اٹھاتے تھے اور ہاتھی کھینچتے تھے ۲ ایک قسم
کا بہت اونچا خیمہ ۳ کاغذ کی آرائشی چیز جس پر تصویریں
بنی ہوتی ہیں۔ اور ساچق میں آرائش کے آگے آگے
اسے لے کر چلتے ہیں۔

مگر (ف۔ حرف استثنیٰ) ۱ ماسوائے۔ بجز
لیکن پر ۲ ہاں۔ البتہ۔ بیشک۔ ضرور ۳ غالباً۔ شاید
۴ کیا (م۔ نہیں۔ گر۔ اگر) **مگر پھر بھی** (تف) اس
پر بھی، بایں ہمہ۔

مگر (ہ۔ مذکر) گھڑیال۔ **مگر مچھ** ۲ کان کا
ایک زیور۔ آویزہ (س مکر) **مگر مچھ** (مذکر) ۱ ایک بہت بڑا
دریائی جانور جو چھپکلی کی شکل کا ہوتا ہے اور مچھلیاں
اور جانور کھاتا ہے۔ بڑے مگر انسان کو بھی نہیں
چھوڑتے۔ گھڑیال۔ نہنگ ۲ (عو) موٹا تازہ بچہ۔ مچھیا
مگر مرکی (مونث) ایک قسم کی مرکی جس کا سنہ مگر کی شکل
کا ہوتا ہے۔ **مگری** (ہ۔ مونث) مگر کی مادہ۔

مگرا (ہ۔ صفت) ۱ مغرور۔ متکبر ۲ وہ جو تکبر
کی وجہ سے کسی کی بات نہ سنے۔ گھنا ۳ ضدی۔ ڈھیٹ
ہٹیلا۔ ہٹی ۴ کاہل۔ سست۔ احدی۔ کام چور ۵
سرکش۔ باغی۔ متمرد (س مہا۔ بڑا + گرو۔ مغرور) **مگرا
بننا** (لازم) گھنا ہو جانا۔ غافل ہو جانا۔ **مگراپن** (مذکر)
۱ گھناپن۔ مکاری ۲ ڈھٹائی۔ ضد ۳ سرکشی۔ تمرد ۴
غرور۔ تکبر۔ **مگرانا** (ہ۔ لازم) ۱ غرور کرنا ۲ سرکشی کرنا
۳ غافل ہونا ۴ ضدی ہونا۔ **مگراہی۔ مگرائی** (ہ۔

لونث) دیکھو گمراپن۔

نگری (ہ۔ مونث) ۱۔ چھپر کا وہ حصہ جو سب سے اُوپر اور ماہی پشت ہوتا ہے ۲ (رہ) باغ کے تختے میں پودوں کی قطار ۳ دیوار کا اُوپر کا سرا منڈیر ۴ پانی کی اونچی نالی جو باغوں میں اُونچی جگہوں میں پانی دینے کے لئے بنائی جاتی ہے۔

نگری (ہ۔ مونث) ایک قسم کی مچھلی۔

نگر بلا (ہ۔ مذکر) ایک تکون سیاہ رنگ کا لمبوترا ایک سرے سے چوڑا بیج۔ جس میں بہت تیز خوشبو ہوتی ہے۔

مگس (ف۔ مونث) دیکھو مکھی (س) مکشکا مچھلی مکھش۔ مگس ران (صفت) ۱۔ مکھیاں جھلنے والا ۲ (مذکر) مورچھل۔ مگس رانی (مونث) ۱۔ مکھیاں جھلنا ۲ مکھیاں اُڑانے کی خدمت۔ چنور کرنے کی خدمت۔ چنور برداری (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) مگس کی قے (مونث) شہد۔ مگسی (صفت) مگس کے رنگ کا سیاہی مائل ۲ (مذکر) وہ گھوڑا جس کا رنگ سفید سارے بدن پر سرخی کا چھینٹا اور دم اور ایال ہم رنگ ہوں۔

مگن (س) **مگن** (ہ۔ صفت) ۱ ڈوبا ہوا غرق۔ مستغرق ۲ خوش۔ شاد۔ مسرور ۳ مست بیخود ۴ کسی کام میں محو ۵ شیدا۔ فریفتہ۔ عاشق۔ مگنتا (مونث) مگنتو (مذکر) خوشی۔ مسرت۔ فرحت شادمانی

مگن (س۔ مذکر) وزن یا بحر کا ایک حصہ جس میں تین جُز ہوتے ہیں۔

مگنا (ہ۔ لازم) ۱ مونگ کی طرح بوہونا ۲ بوسیدہ ہونا۔

مگو (ف۔ امر) نہ کہہ۔ گو مگو میں استعمال ہوتا ہے۔

مگھ (س۔ مذکر) ۱ دولت ۲ طاقت ۳ خوشی ۴ ایک قسم کا پھول ۵ ایک خاص قسم کی دوا ۶ انعام۔ تحفہ۔ مگھا

مثل۔ مگھا کے برسے ماتا کے پرسے۔ مگھا زمین کو ماں فرزند کو آسودہ کرتی ہے

مگھر (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا کبوتر جو اپنے ساتھ دوسرے کبوتروں کو لے آتا ہے۔

مگھا (ہ۔ مذکر) گدھ نو

امثال۔ مگھا دیس کنچن پوری۔ دیس اچھا بھاکا بُری۔ مگدھ سونے کا ملک ہے۔ ملک اچھا ہے۔ زبان بُری ہے۔ بہار کی زبان پر طنز ہے۔ **مگھا میں مرنا اگلے جنم میں گدھا بننا** ہندوؤں کا اعتقاد ہے کہ جو مگدھ میں مرے وہ گدھے کی جون میں جاتا ہے۔

مگھم (اُردو۔ صفت) ۱۔ گول مول بات۔ مبہم ۲ مخفی۔ پوشیدہ۔ خفیہ ۳ جواریوں کی اصطلاح میں ہار نہ جیت (مبہم کا منحد) مگھم رہنا (لازم) ۱ ہارنا نہ جیتنا ۲ عزت بنی رہنا۔ راز فاش نہ ہونا مگھم میں (تف) اشارتاً کنایتاً۔ رمز میں۔ مگھم میں سمجھا دینا (متعدی) اشارے سے سمجھا دینا مگھم میں کہنا (متعدی) گول مول بات کہنا اشارے میں کوئی بات کرنا۔

مگھن (ہ۔ صفت) خوشبودار۔ معطر۔

مگھی (س۔ مونث) ایک قسم کا اناج۔

مگھی (ہ۔ صفت) ۱۔ مگدھ کا۔ گدھ کا باشندہ ۲ (مذکر) ایک قسم کا پان ۳ ایک قسم کا صحرائی کبوتر۔ مگھیا (مذکر) ۱۔ مگدھ کا باشندہ ۲ بہار میں ایک زمیندار قوم ۳ برہمنوں کی ایک گوت۔

مل (ہ۔ مذکر) ۱ میل۔ گندگی۔ غلاظت ۲ خاک۔ دھول ۳ پاخانہ۔ میلا ۴ تلچھٹ ۵ جھاگ میل جو اُوپر آجائے ۶ دھاتوں کا میل۔ زنگار ۷ گناہ۔ عصیاں ۸ کوئی گندی چیز جو بدن میں سے نکلے۔ پاخانہ۔ موت۔ پسینہ۔ آنسو۔ تھوک۔ آنکھ کی غلاظت۔ کان کا میل۔ خون۔ ہڈی کا گودا۔ بلغم۔ منی وغیرہ ۹ مشک کافور۔

مَل (س۔ مذکر) **مُل** (ہ) ۱ پہلوان۔ کشتی گیر ۲ بازیگر۔ ماری ۳ پینے کا برتن۔ پیالہ ۴ گال کنپٹی ۵ بعض ناموں کے آخیر میں آتا ہے جیسے گوجرمل ۶ (صفت) مضبوط۔ طاقتور۔ قوی ۷ اچھا بہتر۔ نفیس۔ ملّا (مونث) ۱ پہلوان عورت ۲ قوم مل کی عورت ۳ موگرا۔ مل جی (مذکر) ہندوؤں کو عزت سے بُلاتے ہیں۔ مل یدھ (مذکر) کشتی۔ مل یدھ کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) کشتی ہونا۔

مثل۔ مل جی گئے تھے پاہونے چھ دن رہ آئے۔ مل جی کے آئے چھ پاہونے نہ کہیں گئے نہ آئے۔ حساب برابر ہوگیا۔ جتنا فائدہ ہوا تھا اتنا ہی نقصان ہوگیا۔ کسی کا کچھ فائدہ ہو کر نقصان ہو جائے تو کہتے ہیں

مَل (ہ۔ امر) ملنا کا (س) مرد۔ ملنا ملا (امر) ۱ ملانا کا ۲ ماضی ملنا کی۔ ملا دلا ہوا (صفت) ۱ کام میں لیا ہوا ۲ مسلا مسلایا ہوا ۳ مساس کیا ہوا۔ ملانا (ہ۔ م) ملنا کا۔ ملائی (مونث) گھوڑے وغیرہ کی مالش۔ ملنت۔ مسلنتا (ہ۔ مذکر) ۱ گھسا ہوا روپیہ۔ کھوٹا روپیہ ۲ سکّے کا گھسا ہوا حصہ ملتا کرنا (ہ۔ متعدی) سکّے کو مل کر کھوٹا بنانا۔ ملتا ہوا روپیہ (مذکر) وہ روپیہ جس کے حروف مٹ گئے ہوں اور پڑھے نہ جاتے ہوں۔ مل دینا (متعدی) کچھ حالت نہ چھوڑنا۔ بگاڑ دینا۔ مل ڈالنا (متعدی) دیکھو ملنا۔ مل مل کر (تف) ہاتھ سے گھسا گھسا کر یا مسل کر۔ ملن (ہ۔ مذکر) ۱ ملنا۔ گھسنا پیسنا ۲ راہ۔ رستہ۔ لیک۔ ملنا (متعدی) ۱ مسلنا۔ رگڑنا ۲ گھسنا ۳ بدن کی مالش کرنا۔ تیل وغیرہ لگانا ۴ گھوڑے کی مالش کرنا ۵ مانجنا۔ صاف کرنا ۶ چمکانا صیقل کرنا ۷ (کان) مروڑنا ۸ اینٹھنا ۹ امیٹھنا ۱۰ ریڑنو (روٹی وغیرہ) مالیدہ کرنا۔ ملنا دلنا (متعدی) ۱ مالش کرنا ۲ مسلنا کسی چیز کو ہاتھ کا دباؤ دیکر رگڑنا ۳ استعمال میں لانا۔ مستعمل کرنا ۴ مساس کرنا ہاتھ پھیری کرنا۔ ملوانا (م) مالش کروانا۔ ملوائی (مونث) ملنے کی اُجرت۔ ملویا (ہ۔ صفت) مالش کرنے والا۔ ملنے والا۔ رگڑنے والا۔ ملے پنج (مذکر) عمر رسیدہ گھوڑا۔ آٹھ برس سے زیادہ عمر کا گھوڑا۔ کہن سال گھوڑا۔

مل (ہ۔ کلمہ) کلمات کے آخر میں نسبت کے واسطے آتا ہے جیسے کھٹمل۔

مِل (ہ۔ امر) ملنا کا۔ ملا (امر) ۱ ملانا کا ۲ (ماضی) ملنا کی ۳ (صفت) ملا ہوا۔ ملاپ (مذکر) ۱ ملنا میل جول۔ اختلاط۔ آمیزش ۲ اتفاق۔ متفق ہونا ۳ صلح۔ آشتی۔ صفائی۔ لڑائی کے بعد دوستی ۴ موافقت۔ ایکا۔ اتحاد ۵ محبت۔ دوستی۔ ربط ضبط ۶ ملاقات۔ وصال۔ مواصلت۔ وصل ۷ ہمبستری۔ گلے لگنا۔ معانقہ جسمانی ۸ اخلاص۔ سلوک ۹ سازوں کی ہم آوازی ۱۰ اکٹھا ہونا۔ اتصال ۱۱ ملاؤ۔ جوڑ ۱۲ سازش (س) بل۔ ملنا۔ ملاپ دار (صفت) ۱ ملاقاتی۔ ملنے والا ۲ واقف کار۔ جان پہچان۔ دوست آشنا۔ ملاپ رکھنا (متعدی) صلح رکھنا۔ سلوک رکھنا۔ آشتی رکھنا۔ ملاپ کرانا (م) کرنا (متعدی)

ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ صلح ہو جانا۔ دوستی ہونا آشتی ہونا ۲ (صرف لازم کی صورت میں) ملاقات ہونا وصل ہونا۔ مِلاپی (صفت) ۱ ملاقاتی (عف) ۲ (ھ) ملنے جلنے والا۔ میل جول رکھنے والا ۳ ملنسار۔ مدنی الطبع ۴ ساتھی۔ ہمراہی۔ مِلا جُلا (صفت) رلا ملا۔ مخلوط۔ گڈمڈ۔ ملا جلا رہنا (لازم) رلا ملا رہنا۔ سلوک سے رہنا۔ مِل جُل کر رہنا ــ ملا کھنچی (ھ۔ مذکر) کشش۔ اتصال۔ ملا دینا (متعدی) ۱ شامل کرلینا۔ ملحق کرلینا ۲ گڈمڈ کردینا۔ بھڑا دینا ۳ ہارمان کر گنجفے کے اوراق ابتر کر دینا ۴ شرارت سے تاش کے پتے گڈمڈ کر دینا ۵ یکساں کر دینا۔ تلا دینا مِلا لینا (متعدی) ۱ شریک کرلینا۔ شامل کرلینا۔ داخل کرلینا ۲ مخالف آدمی کو اپنی طرف کرلینا۔ گانٹھ لینا۔ ہمراز بنا لینا ۳ آمیز کرلینا۔ مخلوط کرلینا۔ مرکب بنالینا ۴ مقابلہ کرلینا۔ پڑتال کرلینا ۵ ملحق کرلینا۔ منسلک کرلینا۔ جوڑ لینا۔ مِلان (مذکر) ۱ ملاپ۔ آمیزش ۲ اتحاد۔ اتفاق ۳ تصفیہ۔ فیصلہ ۴ میزان ۵ مقابلہ۔ تطابق۔ تطبیق (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۶ دو ریل گاڑیوں کے اوقات کا ایسا ہونا کہ ایک کے مسافر دوسری میں سوار ہو سکیں ۷ مرکب بنانا ۸ دو شخصوں میں صلح کرانا ۹ موسیقی میں سروں کو ملانا۔ ہمسازی کرنا۔ مِلانا (متعدی) ۱ مطابق کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ فرق نکالنا ۲ آمیز کرنا۔ مرکب کرنا۔ مخلوط کرنا۔ گڈمڈ کرنا ۳ گلے سے لگوانا۔ ملاپ کرانا۔ معانقہ کرانا ۴ آشنائی کرانا۔ مرد سے عورت کو اور عورت سے مرد کو واقف کرانا ۵ ملاقات کرانا۔ واقفیت کرانا۔ شناسائی کرانا ۶ شامل کرنا۔ ملحق کرنا ۷ منتھی کرانا۔ منسلک کرنا شامل کرنا ۸ بھڑانا۔ لڑانا۔ پیوستہ کرنا ۹ صلح کرانا۔ صفائی کروانا ۱۰ ٹکرانا۔ لڑانا۔ مقابلہ کرانا ۱۱ میل کرانا۔ مواصلت کرانا۔ وصال کرانا ۱۲ جانوروں میں نر کو مادہ پر ڈالنا ۱۳ چپکانا۔ جوڑنا۔ پیوستہ کرنا ۱۴ متفق کرنا۔ متحد کرنا۔ ایکا کرانا ۱۵ ہمراز بنانا۔ رازدار بنانا ۱۶ جوڑنا۔ اکٹھا کرنا ۱۷ تاش کے پتّوں کو کھیل شروع کرنے سے پہلے اس طرح گڈمڈ کرنا کہ ایک قسم کے پتّے اکٹھے نہ رہیں ۱۸ ہمسازی کرنا۔ مِلان بوجھ (ھ) آشش ثقل۔ خاص وزن۔ مِلان مِلانا (متعدی) زیر کاشت زمین کا حساب برابر کرنا۔ مِلان نظر (مونث) ظاہری جسامت یا مقدار۔ مِلانی (ھ) ۱ آمیزش۔ ملانا ۲ مقابلہ ۳ میل جول ۴ اتفاق۔ مِلاوا (ھ) مِلاوَٹ (مونث) مِلاؤ (مذکر) ۱ آمیزش۔ میل ۲ کھوٹ ۳ میل جول ۴ صلح۔ صفائی ۵ اتفاق ۶ مقابلہ ۷ (مونث) بازاری عورت (کہاروں کی اصطلاح) مِلاوٹ کی باتیں کرنا (متعدی) ۱ میل جول کی باتیں کرنا ۲ سازش کرنا ۳ صلح صفائی کی باتیں کرنا۔ مِلاؤ کرنا (متعدی) ۱ ملانا۔ آمیز کرنا ۲ کھوٹ ملانا ۳ صلح کرانا۔ مِلا ہُوا (صفت) ۱ وہ جو کسی چیز کے ساتھ لگا ہُوا ہو ۲ گڈمڈ ۳ سازش کرنے والا۔ مِلا ہونا (لازم) دیکھو ملنا۔ مِلائی (ھ۔ مونث) مادہ جانور پر نر جانور چڑھانا (کرانا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) مِل بانٹ کے (تف) اتفاق کے ساتھ۔ شرکت کرکے۔ نفع میں شرکت حاصل کرکے مِل بانٹ کے کھانا (متعدی) ۱ نفع میں شرکت حاصل کرنا ۲ رشوت مل کرلینا۔ رشوت لے کر آپس میں بانٹ لینا۔ مِل بیٹھنا (لازم) سلوک سے بیٹھنا۔ محبت سے بیٹھ کر باتیں کرنا۔ ہمصحبت ہونا۔ یکجا ہو کر بیٹھنا مِلّت (مونث) ۱ میل جول۔ ملاپ۔ راہ رسم ۲ ملنساری ۳ سنگت صحبت۔ اپنے میل کے آدمی۔ مِلتا جُلتا (صفت۔ مذکر) مشابہ۔ مثل۔ ملتا جلتا رنگ ہے طرز و روش اور شکل میں بالکل یکساں ہے۔ مِلّت رکھنا (متعدی) میل جول رکھنا۔ مِلّت کا آدمی (مذکر) سنگت کا آدمی۔ میل جول کا آدمی۔ مِلتی آواز (مونث) سُر۔ ملتے رہنا (لازم) اکثر ملنا۔ اکثر ملاقات کرنا۔ مِل جانا (لازم) دیکھو ملنا۔ مِل جُل کر (کے) (تف) ۱ متفق ہو کر۔ اکٹھے ہو کر۔ مل ملا کر ۲ اتحاد سے۔ اتفاق سے۔ بالاشتراک۔ بالاتفاق۔ مِل جُل کر رہنا (متعدی) موافقت سے زندگی بسر کرنا۔ مِل چلنا (لازم) ۱ سلوک اور محبت سے رہنا۔ ملنساری سے رہنا۔ لگ چلنا ۲ کسی سے ملاقات کی رسم پیدا کرنا۔ مِل رہنا (لازم) اکثر ملنا ۱ اکٹھا رہنا۔ مل کر رہنا ۲ اتفاق سے رہنا۔ مِل کر (تف) ۱ اکٹھا۔ اتفاق کے ساتھ ۲ دوست بن کر ۳ سازش کرکے۔ مِل کر چلنا (لازم) ۱ ساتھ چلنا۔ شریک ہو کر چلنا ۲ کسی کے ساتھ اتفاق اور میل کرنا۔ مِل کر رہنا (لازم) شامل شریک رہنا۔ میل جول سے رہنا۔ مِل کر دغا دینا (متعدی) دوست بن کر دغا دینا۔ مِل کر مارنا (متعدی) سازش کرکے نقصان پہنچانا۔ دوستی کے پردے میں نقصان پہنچانا۔ مِل مِل کر رونا (لازم) گلے لگ لگ کر رونا۔

مِلَن (مونث) ملاقات۔ ملنا۔ میل جول (ر ت) مِلنا (لازم) ۱ ساتھ لگنا۔ بھڑنا ۲ ملحق ہونا ۳ چسپاں ہونا۔ پیوستہ ہونا ۴ ایک ہونا۔ متحد ہونا ۵ آمیز ہونا۔ مرکب ہونا۔ مخلوط ہونا ۶ گھُلنا۔ پگھلنا۔ گداختہ ہونا ۷ گڈمڈ ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ رُلنا ۸ ملاقات ہونا۔ بھینٹ ہونا دوچار ہونا ۹ سامنا ہونا۔ مقابلہ ہونا ۱۰ اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا ۱۱ ہم بستر ہونا۔ وصل ہونا ۱۲ مباشرت کرانا جماع کرانا ۱۳ چپٹی لڑنا۔ مساحکت کرنا۔ طبق زنی کرنا ۱۴ میل جول ہونا۔ راہ ربط ہونا ۱۵ مس ہونا۔ چھوا جانا لگنا ۱۶ دیا جانا ۱۷ عطا ہونا۔ مرحمت ہونا۔ عنایت ہونا ۱۸ حاصل ہونا۔ وصول ہونا۔ ہاتھ میں آنا ۱۹ ہاتھ لگنا۔ بہم پہنچنا۔ دستیاب ہونا ۲۰ فائدہ ہونا۔ نفع ہونا ۲۱ صفائی ہونا۔ صلح ہونا۔ آشتی ہونا ۲۲ سازش ہونا ۲۳ ایکا ہونا ۲۴ سٹ پٹ ہونا ۲۵ گھٹنا۔ سازش کرنا۔ سازباز رکھنا ۲۶ شریک ہونا۔ شامل ہونا ۲۷ مطابق ہونا۔ موافق ہونا۔ مثل ہونا ۲۸ متفق رائے ہونا۔ ہم رائے ہونا ۲۹ قابو میں آنا۔ بس میں آنا ۳۰ پانا۔ کھوج لگنا۔ سراغ لگنا ۳۱ ربط رکھنا۔ ملاقات رکھنا۔ لاگ رکھنا۔ واسطہ رکھنا ۳۲ سازوں کا ہم آواز ہونا۔ سر گٹھنا۔ سروں کا یکساں ہونا ۳۳ متعارف پیدا کرنا۔ رسم و راہ پیدا کرنا ۳۴ کسی کام کا موقع ملنا ۳۵ دکھائی دینا۔ نظر آنا ۳۶ (مذکر) ملاقات۔ میل جول۔ راہ رسم ربط ضبط۔ مِلنا جُلنا (لازم) جلنا بمعنی ملنا اُردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا ۱ میل جول رکھنا۔ رسم و راہ یا ملاقات رکھنا یا ہونا ۲ ملاقات کرنا ۳ (مذکر) میل و جول۔ راہ و رسم۔ ملاقات۔ ربط ضبط۔ مِلنا سنجونا (ھ۔ لازم) تحفے دینے کے لئے تیار رکھنا مِلنا مِلانا (متعدی) ملاقات کرنا۔ بغلگیر ہونا۔ مِلنا مِلنا (لازم) ۱ اکٹھا ہونا ۲ مل کر کام کرنا ۳ سازش کرنا۔ مل جانا۔ مِلنسار (صفت) ۱ ہر ایک سے ملنے والا۔ ہر ایک سے راہ و رسم رکھنے والا۔ مدنی الطبع ۲ خلیق خوش اخلاق۔ آشنا مزاج۔ مانوس۔ مالوف (اصل ملنہار) مِلنساری (مونث) ۱ ملنسار ہونا ۲ راہ و رسم میل جول ۳ خوش اخلاقی۔ ارتباط ۴ محبت۔ اخلاص انس۔ مِلنی (مونث) ۱ ملاقات۔ بھینٹ۔ درشن ۲ استقبال۔ پیشوائی ۳ شادی کی ایک رسم جس میں سمدھی آپس میں ملتے ہیں۔ ملاوا ۴ وہ روپیہ جو دلہن والے دولہا والوں کو دیتے ہیں۔ ملنے جلنے کو آنا

(لازم) ملاقات کو آنا - ملنے کو جانا (لازم) ملاقات کے لئے جانا - ملوا دینا - ملوانا (لازم) ۱ ملاقات کرانا ۲ صلح کرانا ۳ مواصلت کرانا وغیرہ دیکھو ملنا - ملونی (مونث) ۱ ملاوٹ - آمیزش ۲ کھوٹ ۳ نمک کی آمیزش ۴ شراب اور پانی کی آمیزش ۵ دودھ پانی کی آمیزش ملی (صفت - مونث) ملاکی - ملی بھگت (مونث) ۱ سازش - باہمی مشورہ ۲ ایکا - ملی جلی دوا (مذ) علم طبیعات - ملی جلی (صفت مونث) ملا جلا کی - ملے جلے (تقد) ۱ مل کر ۲ اتفاق سے - دوستی سے - آپس میں ۳ ملنساری سے - ملی رگ (مذ - مونث) عصب شرکیہ - وہ رگ جس کا دوسری رگ سے اس طرح کا تعلق ہو کہ اگر ایک پر کوئی اثر ہو تو دوسری پر بھی وہی اثر ہو (مطب) ملی ہوئی چال (مونث) مرکب حرکت (علم طبیعات) ملے ہوئے زور (مذکر) قوتوں کا ایک سلسلہ -

امثال واقوال - ملت میں

بڑی لابھ ہے سب سے مل کر چال مکھی
جب ہوں اکھٹی تو دیویں شہد - میل جول بڑی اچھی بات ہے - مل جل کرتے رہنے کاج جیتے ہارے نہ آوے لاج - سب کے صلاح اور مشورے کی بات میں کوئی الزام نہیں دے سکتا مل گئے کی بات ہے - اتفاقیہ معاملہ ہے - کچھ تلاش جستجو نہیں - مل گئے کی سلام وعلیک ہے - مل جائے تو سلام علیک کر لیتا ہے - بیوفا دوست کے متعلق کہتے ہیں - مل گئے کی ہر گنگا - اتفاقیہ ملاقات - راہ گلی کی ملاقات - ملن ہیرے کی سی دل میں پھانکیں کھیرے کی سی - ملے ملنے کی طرح دل میں پھانکیں کھیرے کی طرح ظاہر میں دوست ہے باطن میں دشمن -

مِل (انگ - مونث) ۱ چکی ۲ آسیہ ۳ کپڑے کاغذ آٹے وغیرہ کی کل -

مُل (...) مرنز، انگوری شراب - شراب -

مُل (مذ - تف) ۱ مگر - پر - لیکن - الا ۲ آخرکار ۳ الغرض - الحاصل - قصہ کوتاہ -

مَلا (ع - مذکر) اشراف آدمیوں کا گروہ - اشراف لوگ - گروہ (ملأ) - بھرا ہونا - ملاءِ اعلیٰ (مذکر) عالم بالا پر رہنے والے لوگ - فرشتے -

مُلّا (ع - مذکر) مولے کا مخفف ۱ عالم فاضل شخص - فقیہ ۲ مسجد میں رہنے یا نماز پڑھانے والا ۳ بچوں کو مسجد یا مکتب میں پڑھانے والا ۴ وہ شخص جو مذبح میں جا کر قصابوں کے جانور ذبح کرتا ہے ۵ بولاح کا مخرب - وہ جانور جو اور جانوروں کو پکڑنے کے لئے پاؤں باندھ کر جال میں ڈال دیا جاتا ہے - مُلّا قرآنی (مذکر) ۱ حاکم جو قرآن پر قسم دلاتا ہے ۲ وہ مُلّا جو مردے کے لئے چالیس دن تک قرآن پڑھتا ہے - مُلّاگری یا گیری (مونث) علمی - مدرسی - مُلّانا - مُلّانہ (مذکر) مولانا کا مخفف ۱ تحقیر سے مُلّا کو کہتے ہیں ۲ مسجد میں بیٹھنے والا مسجد کی روٹیاں کھانے والا ۳ سیدھا سادھا آدمی - سادہ لوح آدمی ۴ پکا دیندار - کٹا مسلمان - متعصب مسلمان مُلّانوں (مذکر) مُلّانا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے - مُلّانی (مونث) ۱ مُلّا کی بیوی ۲ وہ عورت جو لڑکیوں کو سینا پرونا سکھاتی ہے - مُلّانے (مذکر) مُلّانا کی جمع - مُلّانے کھلانا (متعدی) مُلّانوں کو کھانا کھلانا ختم کرانا - مُلّائی (مونث) ۱ مُلّا کا پیشہ ۲ بچے پڑھانا ۳ (صفت) مُلّا کے متعلق -

امثال واقوال - مُلّا جی کیا کہیں

آخوند جی پہلے ہی سمجھے بیٹھے ہیں - بے محنت و مشقت اپنا کام کر لینا - مُلّا شدن آسان است انسان شدن مشکل - مُلّا ہونا آسان ہے - انسان ہونا مشکل ہے - مُلّا کی دوڑ مسیت تک - جہاں تک آدمی کی دسترس ہوتی ہے وہیں تک جا سکتا ہے اپنے مقدور اور حوصلے تک کام کیا جاتا ہے - مُلّا کی داڑھی تبرک میں گئی - بے فائدہ اور بے سود خرچ کے موقع پر بولتے ہیں - مُلّا کی ماری حلال بڑے لوگوں کا برا کام بھی اچھا ہوتا ہے - مُلّا کی ماری حلال اللہ کی ماری حرام - چوہڑوں کا مقولہ ہے جو اعتراض کرتے ہیں کہ مسلمانوں کا بھی عجیب مذہب ہے جو خدا مارے وہ تو حرام ہو گئی جو مُلّا مارے وہ حلال ہے - مُلّا نہ ہوگا تو کیا مسجد میں آذان نہ ہوگی - تم نہ ہوگے تو کیا کام نہ چلیگا - کسی خاص آدمی کے نہ ہونے سے اس کے متعلق کام رکا نہیں رہتا -

مُلابست (ع - مونث) ۱ ملنا ۲ مشابہت رکھنا ۳ تعلق (لابس - ملنا)

مَلّاح (ع - مذکر) وہ شخص جو کشتی چلائے ناؤ چلانے والا - کشتیبان (ملح نمکین ہونا - عرب میں چونکہ دریا نہیں کشتیاں سمندر میں چلائی جاتی ہیں جس کا پانی نمکین ہوتا ہے) ملاحن - ملاحنی (مونث) ملاح کی بیوی - ملاحی (مونث) ۱ ملاح کی اجرت (دکرنا - ہونا کے ساتھ) ۲ ملاح کا پیشہ اور کام (دینا لینا کے ساتھ) ۳ گالی گلوچ - لعنت ملامت - بغیر نام لئے گالی دینا - ملاحیاں یا ملاحی سُنانا (متعدی) آوازے کسنا - گول مول طعنے دینا - ملاحی گالیاں (مونث) وہ گالیاں جو بغیر نام لئے دی جائیں (دینا کے ساتھ) ملاحی ہاتھ (مذکر) تیرنے کا ایک طریقہ جس میں لمبے لمبے ہاتھ مار کر دریا کو طے کیا جاتا ہے -

امثال واقوال - ملاح درچین

ست وکشتی در فرنگ - دو شخصوں یا چیزوں میں بہت فاصلہ ظاہر کرنے کے لئے مستعمل ہے - ملاح کا لنگوٹا ہی بھیگتا ہے - غریب کا بہت نقصان نہیں ہوتا - ملاحی کی ملاحی (دی) بانس کے بانس (کھلائے) دوہرا نقصان اٹھایا -

مَلاحت (ع - مونث) ۱ نمکین ہونا ۲ شور ہونا ۳ سانولاپن - سانولے پن کی خوبصورتی (ملح نمکین ہونا)

مُلاحِد - مَلاحِدہ (ع - مذکر) جمع ملحد کی

مُلاحظہ (ع - مذکر) ۱ دیکھنا ۲ دیکھنا ۳ توجہ - غور ۴ (عو) لحاظ - پاسداری - مروت ۵ روبرو - سامنے (لاحظ - غور سے دیکھنا) ملاحظہ سے گزرنا (لازم) دیکھنے میں آنا - نظر سے گزرنا - ملاحظہ شد - دیکھا گیا پڑتال کیا گیا - جانچا گیا - کاغذوں کی پڑتال کر کے اوپر لکھ دیتے ہیں - ملاحظہ فرمانا (متعدی) ملاحظہ کرنا کی بجائے - ملاحظہ کرنا (متعدی) ۱ دیکھنا - معائنہ کرنا ۲ لحاظ کرنا - طرفداری کرنا ۳ پڑتال کرنا - جانچنا ۴ مطالعہ کرنا ۵ کسی امر کی طرف توجہ کرنا - کسی بات کو توجہ سے سُننا - ملاحظہ ہونا (لازم) ۱ دیکھا جانا - معائنہ ہونا ۲ پیش ہونا ۳ پڑتال ہونا ۴ لحاظ ہونا - مروت ہونا - ملاحظے (مذکر) ۱ ملاحظہ کی جمع ۲ بجائے ملاحظہ کے حروف مغیرہ سے پہلے - ملاحظے کا (صفت) ۱ مروت کا - لحاظ کا ۲ سفارش کا - ملاحظے کی جگہ ملاحظہ ہے - مروت والے سے مروت کی جاتی ہے - ملاحظے میں آنا یا گزرنا (لازم) نظر سے گزرنا - حاکم یا افسر کے نوٹس میں آنا - ملاحظے میں ہونا (لازم) کاغذ یا کسی افسر یا حاکم کے زیر نظر ہونا

ملاحظے والا (صفت) دیکھو ملاحظے کا۔
مثل۔ ملاحظے کی جگہ ملاحظہ ہے
مروت والے سے مروت کی جاتی ہے۔

مَلاذ (ع۔ مذکر) پناہ کی جگہ۔ پناہ گاہ۔
جائے پناہ ملجا۔ دارالامان (لُوذ۔ لاذ۔ پناہ کے
لئے بھاگنا)

مَلار (ہ۔ مذکر) ۱ وہ گیت جو برسات کے
موسم میں گائے جاتے ہیں ۲ (مونث) میگھ راگ کی
چوتھی راگنی (س ملاری) ملار گانا (متعدی) ملارنا ۱
برسات کے گیت گانا ۲ عیش منانا۔ آنند کرنا ملاریں گانا
(متعدی) مزے کرنا۔ آنند کرنا۔ خوشی کرنا۔

مُلازِم (ع۔ صفت) ۱ پیوستہ رہنے والا۔
ہمیشہ ساتھ رہنے والا ۲ (مذکر) نوکر۔ خادم۔ چاکر۔ خدمتگار
پیش خدمت ۳ اہلکار (لازم۔ دوسرے کے پیچھے جانا)
ملازمان (مذکر) جمع ملازم کی ملازمان عالی (مذکر) بادشاہ
کے نوکر۔ ملازم خاص (مذکر) نج کا ملازم ملازم درگاہ
سرکار (مذکر) گورنمنٹ کا ملازم۔ سرکاری نوکر۔ ملازم کرنا
(متعدی) نوکر رکھنا۔ ملازمِ متعہد (مذکر) وہ ملازم جس کو
خاص شرائط پر عہدہ ملا ہو۔ ملازم ہونا (لازم) نوکر ہونا۔
مثل۔ ملازمِ نو تیز رو۔ نیا ملازم تیز ہوتا
ہے۔ نیا نوکر اچھا کام کرتا ہے۔

مُلازمت (ع۔ مونث) ۱ کسی کے پاس ہمیشہ
رہنا ۲ نوکری۔ خدمت۔ چاکری۔ ٹہل۔ سیوا ۳ بڑے کی
ملاقات (لازم۔ دوسرے کے پیچھے جانا) ملازمت اختیار
کرنا۔ (متعدی) نوکر ہونا۔ نوکری قبول کرنا ملازمت
پیشہ (مذکر) نوکری پیشہ۔ وہ شخص جس کا پیشہ نوکری ہو۔
ملازمت حاصل کرنا (متعدی) کسی کی خدمت میں
حاضر ہونا۔ ملازمت کرنا (متعدی) نوکری کرنا ملازمی
(مونث) ملازمت (رت)

مُلاطفت (ع۔ مونث) ۱ نیکی۔ بھلائی
۲ نرمی ۳ مہربانی۔ شفقت۔ عنایت۔ الطاف۔ کرم۔
لطف۔ نوازش۔ کرپا (لاطف۔ نرمی سے پیش آنا)

مُلاطفہ (ع۔ مذکر) ۱ نیکی۔ بھلائی ۲ خط۔
چٹھی۔ عنایت نامہ۔ الطاف نامہ ۳ مکتوب ۴ باہم لکھے
ہوئے خطوط کا مجموعہ۔

مَلاعب (ع۔ مذکر) جمع ملعب کی ہنسی۔
ٹھٹھے۔ مذاق ۲ کھیلنے کی جگہیں۔

مُلاعبت (ع۔ مونث) ملاعبہ (مذکر) ایک
دوسرے کے ساتھ ہنسی ٹھٹھا یا مذاق۔ کھیلنا کسی چیز سے
(لاعب۔ کسی سے کھیلنا یا مذاق کرنا)

مَلاعن (ع۔ مذکر) ملعنت کی جمع جو اردو
میں استعمال نہیں ہوتا۔ وہ چیزیں جو قابل لعنت ہوں۔

مَلاعین۔ مَلاعنہ (ع۔ مذکر) جمع ملعون
کی وہ لوگ جن پر لعنت کی گئی ہو۔

مُلاقات (ع۔ مونث) ایک دوسرے سے
ملنا۔ باہم ملنا ۲ آنا جانا۔ میل ملاپ ۳ بات چیت۔ ملنا جلنا
۴ باہمی محبت۔ ہم نشینی ۵ جان پہچان۔ واقفیت۔ صاحب
سلامت ۶ صحبت۔ ہمبستری (لاقی۔ ملنا) ملاقاتِ بازدید
(مونث) وہ ملاقات جو کسی ہم رتبہ شخص سے اس کے ملاقات
کے لئے آنے کے بعد اُس کے مکان پر جا کر کی جائے۔
ملاقات پیدا کرنا (متعدی) میل ملاپ بڑھانا۔ ربط
ضبط پیدا کرنا۔ دوستی پیدا کرنا ملاقاتِ چند روزہ
(مونث) دو چار روز کی ملاقات۔ معمولی واقفیت۔ عارضی
دوستی۔ ملاقات رکھنا (متعدی) ۱ صاحب سلامت
رکھنا۔ ربط ضبط رکھنا ۲ واقفیت رکھنا ۳ ملتے رہنا
ملاقات رہنا (لازم) ملتے رہنا۔ ملاقات کے مراتب
کا بناؤ ہوتا رہنا۔ ملاقات کا دن (مذکر) وہ دن جو بڑے
افسران عوام کو ملنے کے لئے مقرر کریں۔ ملاقات کرانا
(لازم) شناسائی کرانا۔ باہم ملانا۔ انٹرڈیوس کرنا ملاقات
کرنا (متعدی) ملنا۔ صاحب سلامت کرنا۔ ملاقات
کروانا (لازم) ۱ ملانا۔ شناسائی کرانا۔ آشنائی کروانا ۲ ہم صحبت
کروانا۔ زن و مرد کو باہم ملوانا۔ ملاقات ہونا (لازم)
راہ و رسم ہونا۔ ملاقاتی (مذکر) یار۔ دوست۔ ملنے والا۔

مُلاقی (ع۔ فاعل) وہ جو ملے۔ ملنے والا۔
ملاقات کرنے والا (لاقی۔ ملنا) ملاقی ہونا (لازم) ملنا۔
ملاقات کرنا۔

مَلاکا (س۔ مونث) ۱ عورت قاصد ۲ عورت
رازدان یا ہمراز ۳ پُرشہوت عورت۔ فاحشہ عورت ۴ ہتھنی

مَلاگیر (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو ملاگر ۲ دیکھو ملاگیری
۳ لونڈیوں کا ایک نام ۴ ایک پہاڑی پرند۔ ملاگیری
(صفت) ۱ صندل کے رنگ کا ۲ (مذکر) صندل
کا رنگ۔ صندلی رنگ۔

مَلال (ع۔ مذکر) ۱ تھکاوٹ ۲ رنج
غم۔ اندوہ۔ افسردگی۔ کلفت ۳ افسوس ۴ زحمت
تکلیف (مَلّ۔ تھکنا) ملال آنا (لازم) رنجیدگی
ہونا۔ دل میں کدورت آنا۔ ملال اٹھانا (متعدی)
اٹھنا (لازم) تکلیف برداشت ہونا۔ زحمت ہونا
ملالت (مونث) دیکھو ملال ملال جانا (لازم)
رنج دفع ہونا۔ ملال دینا (متعدی) رنج پہنچانا۔
ملال کھینچنا (متعدی) ملال برداشت کرنا۔ ملال
لینا (متعدی) رنج و غم برداشت کرنا۔

مَلام (ع۔ مذکر) بُرا بھلا۔ جھڑکی۔ ڈانٹ
ڈپٹ۔ سرزنش۔ لعن طعن۔ فضیحت۔ دھتکار (لَوم۔ لام۔
جھڑکنا) ملامت (مونث) دیکھو ملام (کرنا ہونا کے
ساتھ) ملامتی ۱ (صفت) عو۔ کمبخت۔ بدنصیب
۲ (مونث) ملامت ۳ (مذکر) دیکھو ملامتیہ۔ ملامتی
دینا (متعدی) ملامت کرنا۔ سرزنش کرنا ملامتیہ
(مذکر) فقرا کا ایک فرقہ۔ یہ لوگ خفیہ عبادت کرتے
ہیں اور اپنا ظاہر بالکل خراب رکھتے ہیں۔

مَلاہ (ف۔ مذکر) بڑا ناگرموتھا۔

مَلاہی (ع۔ مونث) لہو کی جمع الجمع۔
کھیل کود۔ لہو و لعب۔ وہ باتیں جو یاد خدا سے
غافل کرتی ہیں۔

مَلائِک۔ مَلائکہ (ع۔ مذکر) مَلَک کی
جمع۔ فرشتے۔

مُلائِم (ع۔ فاعل) ۱ نرم۔ پلپلا۔ گدگدا ۲
مناسب۔ لائق۔ سزاوار۔ جوگ ۳ حلیم۔ بردبار۔ رحمدل
۴ ہلکا۔ دھیما۔ مندا (بھاؤ وغیرہ) ۵ جھکتا ہوا (لائم۔
مناسب ہونا) ملائم چارہ (مذکر) ۱ نرم چارہ۔ ہلکی
خوراک ۲ حلوا۔ کھچڑی۔ ملائم کرنا (متعدی) ہونا
(لازم) ۱ نرم ہونا ۲ غصہ دھیما ہونا۔ ٹھنڈا ہونا ۳
تخفیف ہونا۔ کمی ہونا۔

مُلائمت (ع۔ مونث) ۱ نرمی ۲
موافقت۔ مناسبت ۳ نزاکت۔ لاغری۔

مَلائی (ہ۔ مونث) ۱ دہی یا دودھ
کے اوپر کی پپڑی (س منڈ) ۲ دیکھو مُل کے
تحت میں۔ ملائیاں (مونث) ملائی کی جمع۔
ملائیاں کھانا (متعدی) دوسرے کے مال
سے نفع اٹھانا۔ ملائی پڑنا (لازم) دہی یا دودھ
کے اوپر پپڑی جمنا۔ ملائی کے لڈو (مذکر) ایک
قسم کے لڈو جو ملائی کے بنتے ہیں۔ ملائی کی چلتے
(مونث) ملائی پڑی ہوئی چائے۔

مَلبا (ہ۔ مذکر) ۱ کوڑا کرکٹ۔ غبار۔ خس۔
خس و خاشاک۔ مٹی ۲ گرے ہوئے مکان کی اینٹیں
مٹی وغیرہ۔ پرانا مسالا ۳ گاؤں کا خرچ یہ زمینداروں
سے روپیہ اکٹھا کر کے مہمانوں وغیرہ کے لئے خرچ
کیا جاتا ہے (س مرد۔ توڑنا) ملبا اٹھانا

(متعدی) گرے ہوئے مکان کی اینٹیں مٹی وغیرہ لے جانا **ملبا خرچ** (مذکر) دیکھو ملبا ۳۔

مُلَبَّب (ف۔ مذکر) فارسی لفظ لبالب کا عربی قاعدے سے مفعول بنایا گیا ہے۔ لبریز۔ بھرا ہُوا۔ لبالب (عف)

مُلَبَّس (ع۔ مفعول) کپڑے پہنے ہوئے وہ جس نے کپڑے پہنے ہوں ۲ ملا جُلا۔ خلط ملط (لَبَس۔ ڈھانپنا۔ کپڑے پہنانا) **مُلَبِّس** (فاعل) ۱ ملانے والا مرکب کرنے والا ۲ سچائی کو چھپانے والا ۳ دھوکا دینے والا۔ دغاباز۔

مَلبُوس (ع۔ مفعول) ۱ کپڑے پہنے ہوئے (مذکر) لباس۔ کپڑے۔ پہننے کے کپڑے (لَبِس۔ ڈھانپنا) **ملبوسات** (مذکر) ملبوس کی جمع۔ **ملبوسی** (صفت) پہلے پہنے ہوئے۔ عام طور پہ پہنے ہوئے۔

مِلَّت (ع۔ مونث) ۱ مذہب۔ دین شریعت ۲ فرقہ۔ قوم۔ گروہ (مَلّ۔ سُکڑنا) ۳ (ہ) دیکھو مل کے تحت میں۔ **ملت کا آدمی** (مذکر) ۱ ہم مذہب شخص ۲ دیکھو مل کے تحت میں۔ **ملت میں گننا** (متعدی) کسی خاص مذہب میں شمار کرنا کسی آدمی کو کسی مذہب کا سمجھنا **مِلَتیں** (مونث) ملت کی جمع **مِلّتیں مِٹنا** (لازم) مذہبوں کا تباہ ہونا۔ قوموں کا تباہ ہونا۔

مُلتَبَس (ع۔ مفعول) ۱ پوشیدہ کیا گیا۔ چھپایا گیا ۲ اشتباہ کیا گیا۔ ابہام کیا گیا (اِلتَبَس۔ گھبرا جانا) **ملتبس** (فاعل) ۱ مشکوک۔ مبہم۔ گول مول ۲ پیچیدہ۔ مشکل ۳ (مذکر) ابہام۔

مُلتَجا (ع۔ مذکر) ۱ جائے پناہ۔ پناہ گاہ ۲ مرجع۔ محافظ (اِلتجا۔ مدد کے لیے بھاگنا کسی کی طرف) **ملتجاءِ قیاصرۂ جہاں** (مذکر) بابِ عالی۔ **ملتجی** (فاعل) التجا یا درخواست کرنے والا منت سماجت کرنے والا۔

مُلتَزِم (ع۔ فاعل) ۱ اپنے اوپر کوئی چیز یا فعل لازم کر لینے والا ۲ مجبور ۳ سزا یا فتنے کے پیچھے آنا والا۔ ملا ہُوا ۴ وہ جو کسی چیز کی ذمہ داری سے ۵ (مذکر) کاشتکار۔ زمیندار۔ مزدور ۶ محصول لینے والا محصل ۷ کعبہ کے دروازے اور حجر اسود کے درمیان ایک مقام (اِلتزم۔ مجبور ہونا) **ملتزمین** (مذکر) ملتزم کی جمع۔ ملازمان۔ مصاحبین۔ نوکر چاکر۔

مُلتَفِت (ع۔ فاعل) ۔ التفات کرنے والا۔ توجہ کرنے والا (پانا کرنا ہونا کے ساتھ) (اِلتَفَت۔ اپنے آپ کو کسی کی طرف پھیرنا)

مُلتَمَس (ع۔ مفعول) ۱ پوچھا گیا۔ التماس کیا گیا ۲ (مذکر) عرض۔ معروض (اِلتَمَس۔ مانگنا)

مُلتَوِی (ع۔ صفت) ۱ ٹیڑھا۔ خمیدہ جھکا ہُوا ۲ التوا کرنے والا۔ دیر کرنے والا ۳ توقف کرنے والا۔ ٹھیرنے والا ۴ (طب) نبض کی ایک خاص حرکت کا نام (اِلتَوَیٰ۔ جھکنا) **ملتوی رکھنا یا کرنا** (متعدی) **رہنا یا ہونا** (لازم) رکنا۔ ٹھہرنا۔ توقف میں پڑنا۔

مُلتَہَب (ع۔ مفعول) بھڑکا ہوا۔ شعلہ زن (اِلتَہَب۔ بھڑکانا) **ملتہب** (فاعل) بھڑکانے والا۔ بھڑکنے والا۔ شعلہ زن۔

مَلَٹ (ہ۔ مذکر) ۱ موٹا کاغذ۔ کتاب کا پٹھا ۲ وہ لکڑی کا موٹا آلہ جس سے خیمے کی میخ ٹھوکتے ہیں (ملنا سے)

مَلَٹ گوبھی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا بڑا شلغم۔

مِلٹری (انگ۔ صفت) فوجی (اصل ملیٹری) **ملٹری پولیس**۔ (مونث) فوجی پولیس۔

مُلَٹھی (ہ۔ مونث) ایک درخت کی جڑ جس کا سفوف کھانسی کے لئے مفید ہوتا ہے اور عموماً پان میں ڈال کر کھاتے ہیں۔ اصل السوس (س مدھ یشٹکا)

مَلجا (ع۔ مذکر) ۱ جائے پناہ۔ پناہ گاہ ۲ پشت پناہ۔ مددگار (لَجا۔ پناہ کے لئے بھاگنا) **ملجا و ماوا**۔ (مذکر) پناہ ملنے کی جگہ۔

مَلچھ (ہ۔ مذکر) دیکھو ملیچھ۔

مِلح (ع۔ مذکر) ۱ نمک ۲ مزا۔ مزیداری خوشگواری ۳ خوبصورتی حسن (مَلَح۔ نمکین بنانا)۔

مُلحِد (ع۔ فاعل) ۱ وہ جو اپنے مذہب سے پھر جائے۔ وہ جو قیامت پر مردوں کے زندہ ہونے کو نہ مانے۔ راہِ حق سے پھرا ہُوا ۲ (مذکر) بے دین۔ کافر۔ فاسق (لَحَدَ۔ راہِ حق سے پھرنا) **ملحدین** (مذکر) کفار۔

مُلحَق (ع۔ مفعول) ۱ جڑا ہُوا۔ لگا ہُوا۔ چپکا یا ہوا ۲ متصل۔ منسلک۔ نزدیک (اَلحَق۔ شامل کرنا) **ملحق** (فاعل) ۱ پیچھے لگ جانے والا ۲ ملا ہُوا شامل شریک ۳ نزدیک۔ پاس ۴ ملنے والا **ملحقات** (مذکر) وہ چیزیں جو بعد کو ملا دی جائیں۔ **ملحق کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) شامل ہونا۔ شریک ہونا۔ ملنا۔ داخل ہونا **ملحقہ** (صفت مونث) ساتھ لگی ہوئی۔ شامل

مَلحُوظ (ع۔ مفعول) لحاظ کیا گیا۔ خیال یا دھیان رکھا گیا (رکھنا رہنا کے ساتھ) (لَحَظ۔ آنکھیں نصف بند کر کے دیکھنا) **ملحوظ خاطر** (صفت) ۱ دل سے خیال رکھا گیا۔ جس کا دل میں خیال ہو ۲ (مذکر) دلی توجہ۔ دلی خیال۔ خیال رکھنا۔

مَلَخ (ف۔ مذکر) ٹڈی۔ ٹیڑی۔ یہ لفظ مور و ملخ کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔

مُلَخَّص (ع۔ مفعول) ۱ خالص کیا گیا۔ پاک کیا گیا ۲ خالص۔ پاک ۳ خلاصہ کیا گیا ۴ (مذکر) خلاصہ۔ اختصار (لَخَّص۔ خلاصہ کرنا۔ خالص کرنا)

مُلَذِّذ (ع۔ صفت) لذت بڑھانے والا لذیذ (لَذَّذ۔ دوسرے کو خوش کرنا)

مُلر مُلر (اردو۔ تف) مسکینی سے بھولے پن سے۔ ٹکر ٹکر۔

مُلزَم (ع۔ مفعول) ۱ الزام لگایا گیا۔ دوش لگایا گیا ۲ قصور وار۔ گناہگار ۳ (قانون) وہ شخص جس پر کسی جرم کا الزام لگا کر اس کا چالان کیا جائے جب سزا ہو جائے تو اسے مجرم کہتے ہیں (الزام۔ قصور لگنا۔

مَلزُوم (ع۔ مفعول) ۱ لازم کیا گیا۔ جو جدا نہ ہو سکے ۲ شریک حال۔ متعلق۔ غیر منفک (لَزِم۔ چمٹنا)

مِلشُٹھ (س۔ صفت) ۱ بجد گندہ۔ غلیظ ۲ بہت شریر۔ بدچلن۔ **ملشٹھا** (مونث) ۱ بجد غلیظ عورت ۲ بدچلن عورت ۳ حائض۔ وہ عورت جسے حیض آ رہا ہو۔

مُلصَق (ع۔ مفعول) پیوست کیا گیا۔ لگایا گیا ۲ جڑواں۔ ملا ہُوا۔ ملحق۔ متصل پیوستہ (اَلصَق۔ ملانا) **ملصق** (فاعل) پیوستہ ہونے والا۔ ملنے والا۔

مُلَطِّف (ع۔ مونث) رقیق کرنے یا پتلی کرنے والی دوا۔ تلطیف کرنے والی دوا (لَطَّف۔ کسی چیز کا رقیق بنانا) عربی میں مُلَطِّف ہے۔ **ملطفات** (مونث) لطیف یا رقیق کرنے والی دوائیں۔

مَلعُون (ع۔ مفعول) ۱ لعنت کیا گیا۔ نفرین کیا گیا۔ نکالا گیا ۲ رجیم۔ لعین۔ مردود ۳ شیطان

ابلیس (لعن۔ نفرین کرنا۔ نکال دینا)
مُلغُوبا (ف۔ مذکر) ۱ آلائش ۲ آلودگی ۳ انتڑیاں۔ اوجھڑی ۴ وہ مادہ جو پھوڑے سے بہتا ہے۔ مواد۔ پیپ ۵ خس و خاشاک۔ کوڑا کرکٹ ۶ مکان کی ٹوٹی پھوٹی چیزیں۔ کاٹھ کباڑ ۷ گود ڑ چیتھڑے (س مل۔ میل۔ گپ۔ چھپانا)
مَلفُوظ (ع۔ مفعول) ۱ پڑھا گیا۔ جو پڑھنے میں آیا ۲ بزرگوں کا کلام بزرگوں کے مقولے۔ حدیثِ بزرگان ۳ کتاب جس میں کسی بزرگ کی کیفیت اس کی اپنی زبانی لکھی ہو (لفظ۔ بولنا) **ملفوظات** (مذکر) ملفوظ کی جمع۔
مَلفُوف (ع۔ مفعول) لپیٹا گیا۔ جسے لپیٹا جائے۔ لفافے میں بند۔ سربند (لف۔ لپیٹنا)
مُلَقَّب (ع۔ مفعول) ملقب دیا گیا۔ خطاب دیا گیا ۲ معروف۔ نامزد۔ مخاطب (لقب سے بنایا گیا ہے)
مَلَک (ع۔ مذکر) فرشتہ۔ (لاک۔ بھیجنا)
مَلَکُ الموت (مذکر) موت کا فرشتہ۔ عزرائیل۔ **ملک الموت کا گھر دیکھ لینا** (متعدی) کسی کا گھر میں مرجانا اور اس وجہ سے ملک الموت کا گھر سے واقف ہوجانا۔ **مَلَک خصلت۔ سیرت یا نہاد** (صفت) فرشتہ خصلت۔ نیکو۔ **ملک سیما** (صفت) فرشتے جیسے چہرے والا۔ **مَلَکی** (صفت) ملک سے منسوب۔ **ملکی صفات** (صفت) فرشتہ خصلت۔
مَلَک (ہ۔ مونث) ۱ شبہ۔ شک ۲ ڈر۔ خوف۔
مَلِک (ع۔ مذکر) ۱ بادشاہ۔ راجہ۔ سلطان فرمانروا ۲ امیر سردار ۳ دو (ساربان) کا (پ) ایک خطاب جو راجپوتوں اور زمینداروں کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے ملک فتح خاں (مِلک۔ قبضے میں رکھنا) **مَلِکُ التّجار** (مذکر) بہت بڑا تاجر **ملک الشعرا** (مذکر) ایک خطاب جو بادشاہ کسی اعلیٰ پائے کے شاعر کو عطا کرتے ہیں۔ **ملک العرش** (مذکر) خدا تعالےٰ۔ **ملک زادہ** (مذکر) شاہزادہ۔ بادشاہ کا لڑکا۔ **ملک نیمروز** (مذکر) ۱ پیغمبر صلعم ۲ آدم ۳ رستم ۴ زال ۵ حاکم سیستان کا لقب **مَلِکہ** (مونث) ملک کی بیوی۔ بیگم۔ رانی۔ سلطانہ۔ بادشاہ بیگم ۲ وہ عورت جو سریر سلطنت پر متمکن ہو ۳ شاہزادی۔ بادشاہ زادی ۴ شہد کی بڑی مکھی جو انڈے دیتی ہے ۵ بڑی دیمک جو انڈے دیتی ہے **ملکہ مسور** (مونث) بڑی قسم کی مسور **ملکۂ معظمہ** (مونث) ۱ بڑی ملکہ قیصرہ۔ عزت کے طور پر ملکہ کو کہتے ہیں ۲ ملکہ وکٹوریہ۔
مَلِک (ع۔ مذکر) مسلمانوں کے نام کے ساتھ آتا ہے۔ ملک العزیز وغیرہ۔ دیکھو الملک کے تحت میں۔ جہاں تمام بقیہ نام درج ہیں

مِلک (ع۔ مونث) ۱ وہ چیز جس پر قبضہ ہو۔ ملکیت۔ جائداد ۲ مال۔ اسباب۔ شے مقبوضہ ۳ حق حقیقت ۴ جاگیر یا معافی جو خاص خاص جماعتوں کو دی جائے ۵ زمین۔ اراضی۔ جائداد غیر منقولہ (مَلک قبضے میں رکھنا) **مِلکی** (صفت) ۱ مقبوضہ۔ متعلقہ ملکیت ۲ (مذکر) وہ شخص جو املاک اور زمین کا مالک ہو۔ امیر آدمی **ملکیت** (مونث) جائداد۔ زمینداری۔ حقیت (یہ لفظ ہندوستان کی ایجاد ہے) **ملکیتِ استمراری** (مونث) دوامی ملکیت۔ وہ ملکیت جو ہمیشہ کیلئے ہو۔
امثال واقوال۔ ملکی چوتھی پشت میں کنگال ہوجاتا ہے۔ امارت سدا نہیں رہتی چوتھی پشت عموماً غریب ہوجاتی ہے **ملکی کیا جانے پرائے دل کی**۔ امیروں کو کیا پتہ ہے کہ غریبوں کی گزر کس طرح ہوتی ہے **مالی نہ کہے دل کی دیچھیں دروازے نکلیں کھڑکی**۔ امیر آدمی کسی پر اپنے دل کا راز ظاہر نہیں کرتا۔ انہیں بہت احتیاط کرنی پڑتی ہے
مُلک (ع۔ مذکر) ۱ دیس۔ اقلیم۔ کشور۔ دیار ۲ سلطنت۔ بادشاہت ۳ صوبہ۔ اطاط۔ سرکار۔ پرگنہ ۴ شہر۔ نگر۔ قصبہ ۵ خلقت۔ لوگ۔ مخلوقات ۶ (صفت) بہت۔ نہایت۔ از حد (مُلک۔ قبضے میں رکھنا) **ملک بدر کرنا** (متعدی) دیکھو ملک سے خارج کرنا۔ **ملکِ بقا** (مذکر) اگلا جہاں۔ ملک عدم۔ **ملک چھان ڈالنا** (متعدی) بہت جستجو یا تلاش کرنا **ملکِ خدا** (مذکر) ۱ دنیا ۲ مخلوق **ملک خموشاں** (مذکر) قبرستان **ملک داری** (مونث) گورنمنٹ۔ حکومت۔ ملک رانی (مونث) ملک کا انتظام کرنا۔ سیاست۔ حکومت۔ سلطنت **ملک ستانی** (مونث) دیکھو ملک گیری۔ **ملک سے خارج کرنا** (متعدی) دیس نکالا دینا۔ ملک بدر کرنا۔ جلا وطن کرنا۔ **ملکِ عدم** (آباد) (مذکر) وہ عالم جس میں مرنے کے بعد روح رہتی ہے **ملک گیری** ۱ ملک فتح کرنا ۲ فتوحات ۳ سلطنت۔ حکومت ۴ بادشاہ کا ملک میں دورہ کرنا ۵ سیاسی معاملات **ملکوں** (مذکر) ملک کی جمع **ملک ملکوں شہرہ ہونا** (لازم) دور تک شہرت ہو **مُلکی** (صفت) ملک کا۔ ملک والا۔ **ملکی لاٹ** (مذکر) وائسرائے۔ گورنر جنرل۔ مدار المہام۔ سلطنت گورنر۔
مثل۔ ملکِ خدا تنگ نیست پائے (گدا) مرا لنگ نیست۔ دنیا وسیع ہے اور (فقیر کا) یا میرا پاؤں لنگڑا نہیں ہے کسی خاص مقام پر موقوف نہیں ہر جگہ کوشش کا موقع ہے **مُلک سے مِلک۔ مِلک سے مُلک**۔ بہت سے تھوڑا اور تھوڑے سے بہت ہوجاتا ہے۔
مَلکا (ع۔ مذکر) کسی عیسائی فرقے کا سرگروہ۔
مَلِکا (س۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا دوہرا ہوتا یا موگرا ۲ ایک سنسکرت بحر یا وزن۔
مُلکا (ع۔ مذکر) ملک کی جمع۔ شاہان۔
مَلکات (ع۔ مونث) ملکت کی جمع۔ ۱ مقبوضات۔ جائداد ۲ خوبیاں۔ خاصیتیں ۳ عادتیں اصول۔
مَلکاٹ (ہ۔ مونث) دیکھو ملکاہٹ۔
مَلکانا (ہ۔ لازم) ۱ بنا بنا کر بولنا بناوٹ کی باتیں کرنا (ملک سے) ۲ (ہ) ایک نو مسلم قوم کا نام۔
مَلکانیہ (ف۔ مذکر) عیسائیوں کا ایک فرقہ جو حضرت مریم کو تثلیث میں شمار کرتا ہے۔
مُلکوٹ (ہ۔ مذکر) کرتی کا وہ حصہ جو چھاتیوں پر ہوتا ہے۔ محرم کی کٹوریاں (مستعمل)
مَلک مُلک (ذکر) (ہ۔ نعت) مٹک مٹک کر۔ اٹھلا کر (چلنا کے ساتھ)
مَلکنا (ہ۔ لازم) ۱ اٹھلا کر چلنا۔ مٹک مٹک کر چلنا ۲ اترانا۔ اٹھلانا۔ مٹکنا ۳ (ہ) قے ہونا۔ استفراغ ہونا۔ جی متلانا ۴ شک پڑنا۔ شبہ ہونا ۵ ڈرنا۔ خوف کھانا (س۔ مل۔ میل)
مَلَکُوت (ع۔ مذکر) ۱ سلطنت۔ حکومت حکمرانی۔ بادشاہی ۲ فرشتوں کا عالم۔ فرشتوں کے رہنے کا مقام ۳ فرشتے۔ ملائکہ ۴ عالم ارواح۔ عالم غائب (صوفیوں کی اصطلاح میں) ۵ ملک۔ فرشتہ **ملکوتی** (صفت) فرشتوں کے متعلق **ملکوتی صفات** (مذکر) فرشتوں کی سی خصلتوں والا۔
مَلکوس (ف۔ مذکر) ایک شخص کا نام

جس کی وجہ سے طوفانِ نوح آیا تھا۔ یہ قدیم ایرانیوں کا عقیدہ ہے۔

مَلَکہ (ع۔ مذکر) ۱ قوت جو علم و ہنر یا مشق سے پیدا ہوتی ہے۔ مہارت۔ کمال۔ لیاقت۔ استعداد۔ قابلیت۔ ہنر۔ استادی۔ تجربہ ۲ فہم۔ سمجھ۔ ادراک۔ ذکا (مَلَک قبضے میں لینا) **ملکہ (حاصل) ہونا** (لازم) مہارت ہونا۔ قدرت ہونا کمال حاصل ہونا۔

ملکہام (ہ۔ مذکر) بہار۔ شعوا غ۔

ملکہم (ہ۔ مذکر) گنے پیلنے کی مشین کا کھمبا

مالکیہ (ع۔ مذکر) مسلمانوں کا ایک فرقہ۔

مَلگجا (ہ۔ صفت) میلا۔ مٹی کے رنگ کا بوسیدہ اور میلا (س مَل میل) **ملگجاپَن** (مذکر) مٹی کے رنگ کا ہونا **ملگجی** (صفت مونث) ملگجا کی۔

مِلَل (ع۔ مذکر) ملت کی جمع۔ مذاہب۔

مَلماس (ہ۔ مذکر) تیرہواں مہینہ جس میں کوئی مذہبی رسم ادا نہیں کی جاتی۔

ملمچی (ہ۔ مذکر) لوہے پر ملمع کرنے والا (لکھنو ملمع سے)

مَلمَس (ع۔ مذکر) ۱ بدن کا اوپر کا حصہ جلد بدن ۲ چھونا۔ لمس ۳ وہ جگہ جو چھوئی جائے (لَمَس۔ چھونا)

مُلمّاں (اردو۔ مذکر) دیکھو مُلمّہ۔

مُلَمَّع (ع۔ مفعول) ۱ چمکایا گیا۔ روشن کیا گیا ۲ روشن چمکدار ۳ مختلف رنگ کا ۴ گلٹ کیا ہوا۔ سونا یا چاندی چڑھایا ہوا ۵ (مذکر) گلٹ سونے چاندی کا پانی جو کسی چیز پر چڑھایا جائے۔ سونے چاندی کا ورق ۶ قلعی۔ دکھاوا۔ بناوٹ۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ ۷ (عروض) ایک قسم کے اشعار جن میں ایک مصرع یا شعر دوسری زبان کا ہو (لَمَعَ۔ چمکنا۔ کئی رنگ کا ہونا۔ **ملمع پھیرنا یا چڑھنا** (لازم) گلٹ ہونا سونا یا چاندی چڑھنا۔ **ملمع ساز یا گر** (مذکر) ملمع کرنے والا گلٹ ساز **ملمع کار** (صفت) منافق جس کا ظاہر کچھ اور باطن کچھ ہو۔ **ملمع کرنا** (متعدی) ۱ گلٹ کرنا سونا چاندی چڑھانا ۲ چمکانا۔ جلا کرنا ۳ ظاہری ٹیپ ٹاپ کرنا۔ **ملمع کھل جانا** (لازم) ظاہری ٹیپ ٹاپ کا حال کھل جانا۔ **ملمع ہونا** (لازم) ۱ دیکھو ملمع پھیرنا ۲ ظاہری ٹیپ ٹاپ ہونا۔

مَلمَل (ہ۔ مونث) ایک قسم کا نہایت باریک کپڑا (س مرڈ۔ نہایت نرم)

ململانا (امر) ۱ ململانا کا ۲ (صفت) بیکاری نکمین ۳ مغموم۔ اداس۔ غمزدہ۔ متاسف **ملماٹ** (نوٹ) دیکھو ملاہٹ **ململا (متعدی)** افسوس کرنا پچھتانا **ململاہٹ** (مونث) ۱ اداسی ۲ افسوس ۳ پچھتاوا۔ **ململاہٹ آنا** (لازم) افسوس ہونا۔ دریغ آنا۔

مُلَمَّہ (اردو۔ مذکر) اقسام جنس غلہ۔ گھی۔ آٹا۔ دال وغیرہ جو مہینے کے لئے اکٹھا خرید کر مودی خانہ میں رکھ دیا جائے (بیگماتِ قلعہ کی زبان) ملمع سے بنا لیا گیا ہے۔

ملمیٹ (ہ۔ صفت) دیکھو ملیامیٹ۔

مَلِن (س۔ صفت) ۱ میلا۔ گدلا۔ غلیظ۔ ناپاک گندہ ۲ داغدار۔ دھبے دار ۳ زنگ آلود ۴ برا۔ خراب۔ بدچلن۔ شریر ۵ سیاہ۔ تاریک ۶ افسردہ۔ اداس ۷ بیتاب۔ بےچین۔ مضطرب ۸ (مذکر) ایک قسم کا سادھو جو میلے کپڑے پہنتا ہے ۹ تنسو کا ایک بیٹا **ملنا** (مونث) ۱ میلی یا گندی عورت ۲ وہ عورت جو حیض سے ہو ۳ براکام ۴ چھاچھ ۵ پانی ۶ سہاگا۔ **ملنتا** (مونث) ۱ گندگی۔ غلاظت ۲ تلچھٹ ۳ میل ۴ شرارت۔ بدچلنی ۵ سیاہی **ملنی** (مونث) دیکھو ملنا۔

مَلَنگ (ف۔ صفت) ۱ بیخود۔ بیہوش۔ ازخود رفتہ۔ آپے سے باہر ۲ (مذکر) موٹا تازہ جوان آدمی ۳ فقیر جو شاہ مدار کا مرید ہو ۴ ایک چھوٹا پرندہ۔

مثل۔ ملنگ کا اور بامنی کا کیا ساتھ۔ دو غیر جنس کے میل کا نتیجہ فساد۔

مَلنگی (ہ۔ مذکر) ۱ وہ مزدور جو نمک بنانے کا کام کرے۔ نمک بنانے والا ۲ بدچلن عورت۔ فاحشہ۔

مِلنی۔ ملنیا۔ ملنیاں (صفت) ملنسار۔

بَلو۔ مَلو۔ (س۔ مذکر) ریچھ۔

مَلو (ہ۔ مذکر) بندر۔

مَلوا (ہ۔ مذکر) وہ پرند جس کے پاؤں باندھکر اور پرندوں کو پکڑنے کے لئے جال میں ڈال دیتے ہیں (لکھنو)۔ متلا (دہلی)

مَلَوَّث (ع۔ مفعول) ۱ لتھڑا ہوا۔ آلودہ ۲ ناپاک۔ نجس۔ پلید ۳ گنہگار ۴ قصوروار ۵ رشوت خوار (لَوَث۔ آلودہ ہونا)

ملوخیا۔ ملوکیہ (ف۔ مذکر) ایک قسم کا ساگ۔

مَلُوک (ہ۔ صفت) ۱ خوبصورت۔ حسین۔ سندر ۲ (مذکر) ایک قسم کا کپڑا۔

مُلُوک (ع۔ مذکر) مَلِک کی جمع۔ بادشاہان۔ سلاطین **ملوکانہ** (صفت) شاہانہ۔ بادشاہانہ۔ خسروانہ۔ قیصرانہ۔

مَلُول (ع۔ مفعول) اداس۔ غمگین۔ رنجیدہ۔ افسردہ۔ مغموم۔ غمناک۔ دلگیر۔ حزین۔ ۲ شکستہ دل (ملل۔ تنگ ہونا)

مَلُولہ (ع۔ مذکر) یہ خطِ فارسیوں کی ایجاد ہے عربی میں استعمال نہیں ہے رنج۔ غم۔ اندوہ۔ حزن۔ ملال ۲ حسرت۔ افسوس۔ پچھتاوا۔ ارمان (ملال سے) **ملولہ آنا** (لازم) غمگین ہونا۔ رنج ہونا۔ ملال ہونا ۲ افسوس ہونا۔ ارمان لگنا **ملولے** (مذکر) ملولا کی جمع **ملولے آنا** (لازم) دیکھو آنا **ملولے بھرے ہونا** (لازم) بہت سے ارمان ہونا **ملولے دل کے دل ہی میں رہنا** (لازم) ارمان نہ نکلنا **ملولے ہونا** (لازم) ۱ ارمان ہونا۔ حسرتیں ہونا ۲ ملال ہونا۔ غم و اندوہ ہونا۔

مَلُوم (ع۔ مفعول) الزام دیا گیا۔ ملزم۔ لعنت ملامت کیا گیا (لَوَم۔ لام۔ الزام دینا)

مُلَوَّن (ع۔ مفعول) ۱ رنگا ہوا ۲ رنگ رنگ کا گوناگوں۔ بوقلموں (لَوَن۔ رنگنا)

مِلّہ (ع۔ مذکر) دیکھو ملت۔

مَلہار (ہ۔ مذکر) دیکھو ملار **ملہار راؤ** (مذکر) ملار کی آواز۔

مَلہَم (ف۔ مذکر) مرہم۔

مُلہَم (ع۔ مفعول) الہام کیا گیا جس پر الہام ہو (اَلہَمَ۔ دل میں بات ڈالنا) **مُلہِم** (فاعل) الہام کرنے والا۔ دل میں کوئی بات ڈالنے والا **مُلہِمِ غیب** (مذکر) غیب سے کوئی بات دل میں ڈالنے والا۔ ہاتف۔

ملھو (ہ۔ مونث) دیکھو ملو۔

مَلھو (ہ۔ مذکر) بندر۔

مُلہی (ع۔ فاعل) ۱ وہ جو مزے اڑائے۔ وہ جو لہو و لعب میں مشغول رہے ۲ مسخرہ۔ نقال۔ بھانڈ (اُلہِیَ۔ کھیلنا)

مَلئی (ہ۔ مونث) دریا کے کنارے کی زرخیز زمین

مَلی (ہ۔ صفت) ۱ دیکھو ملین ۲ (صفت) ایک قسم کی مچھلی جو لمبی ہوتی ہے اور اس کے بدن پر چھلکے نہیں ہوتے۔

مَلی (ہ۔ مونث) ۱ بڑا موتیا۔ موگرا ۲ ہندو راجپوتوں کی ایک قوم جو پنجاب کے جنوب میں آباد تھی

انہوں نے سکندر اعظم کو بہت تنگ کیا تھا۔ اس پر اس نے ان کے دارالسلطنت ہڑپہ پر حملہ کرکے اسے آگ لگا دی اور رعایا میں ہل چلوا دیئے۔ جو اشخاص بچے ان کی اولاد اب ضلع سیالکوٹ میں آباد ہے۔

ملیادہ۔ مذکر) مٹی یا لکڑی کا چھوٹا برتن جس میں تیل ڈالتے ہیں۔

ملیامیٹ (ہ۔ صفت) ملا اور مٹا ہوا کا مخفف۔ روندا ہوا۔ پامال شدہ۔ تلپٹ۔ ناپید۔ معدوم نیست و نابود۔ برباد۔ غارت۔ ستیاناس۔ تاخت و تاراج ویران (کرنا ہونا کے ساتھ) ملیامیٹ ہو (بد دعا) تباہ ہو برباد ہو۔ غارت ہو۔

ملیچھ (س۔ مذکر) ملیچھ (ہ) ۱ غیر ملک کا باشندہ۔ بدیسی ۲ غیر آریہ۔ وحشی۔ جنگلی ۳ غیر ہندو قوم کا آدمی ۴ وہ آدمی جو سنسکرت یا اس سے نکلی ہوئی زبانیں نہ بولتا ہو ۵ کافر۔ بیدین ۶ اس قوم کا آدمی جو پاک اور ناپاک خوراک کے درمیان کوئی فرق نہ جانے ۷ وہ شخص جو کاشت کرے یا ہتھیار بنائے ۸ تانبا ۹ شنگرف ملیچھ بھاشا (مونث) ۱ غیر ملک کی زبان ۲ ہندی جس میں فارسی عربی کے لفظ ملے ہوں ملیچھ بھوجن (مذکر) ۱ گیہوں ۲ کچا جو ملیچھ جاتی (مذکر) ملیچھ قوم کا آدمی جنگلی یا وحشی آدمی۔ پہاڑیا۔ ملیچھ دیش (مذکر) وہ ممالک جو ہندوستان کی سرحد پر ہیں۔ کوئی ملک جس میں غیر ہندو قوم کے لوگ آباد ہوں۔

ملیح (ع۔ صفت) ۱ سانولا ۲ خوبصورت۔ حسین (ملح۔ نمکین کرنا)

ملیدہ (ع۔ صفت) ۱ مالیدہ کا مخفف ملا ہوا ۲ (مذکر) ایک قسم کا پشمینہ جو مل کر نرم کیا جاتا ہے ۳ روٹی کے چھوٹے چھوٹے ریزے جو گھی اور شکر میں ملا کر حلوہ سا بناتے ہیں ۴ ہر چیز جو ٹکڑے ٹکڑے کر دی گئی ہو۔

ملیریا (انگ۔ مذکر) موسمی بخار۔ تپ۔

ملی میٹر (انگ۔ مذکر) ایک پیمانہ جو میٹر کا ہزارواں حصہ ہوتا ہے۔

ملی میدان (ف۔ صفت) ۱ عیاں آشکارہ ۲ عام۔

ملین (ہ۔ صفت) دیکھو ملن۔

ملین (انگ۔ مذکر) دس لاکھ۔

ملیّن (ع۔ فاعل) ۱ نرم کرنے والا ملائم کرنے والا ۲ قبض رفع کرنے والا۔ قبض کشا (لَیَّن۔ نرم کرنا)

ململینہ (ہ۔ مذکر) ایک کپڑے کا نام۔ مربنہ۔

ملیوار۔ ملیواری (ہ۔ مذکر) ملک مالابار۔

مم۔ مما (ہ۔ مذکر) بچوں کی زبان میں ۱ پانی ۲ پستان۔ چوچی۔

مم (س ضمیر) میرا۔

ممات (ع۔ مونث) موت۔ مرگ۔ مرنا۔

مماثل (ع۔ فاعل) مانند۔ مشابہ۔ مثل نظیر۔ ہمتا (ماثل۔ مشابہ ہونا)

مماثلت (ع۔ مونث) مشابہت۔ مانند ہونا (ماثل۔ مشابہ ہونا)

ممارست (ع۔ مونث) مشق۔ تجربہ (مارس۔ کسی کام میں کوشش کرنا)

مماس (ع۔ صفت) ۱ چھونے والا۔ چھوتا ہوا ۲ (مذکر) وہ خط جو دوسرے خط کو چھوتا ہوا گزرے۔ چھوتی لکیر ۳ وہ نقطہ جہاں کوئی چیز چھوئے (ماس۔ چھونا) مماسۃ التمام (مذکر) وہ عدد جو کسی زاویے کے قاعدے کو عمود پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو۔

مماست (ع۔ مونث) ۱ چھونا کسی چیز کو ۲ ساتھ لپٹنا ۳ چھوت ۴ جماع (ماسّ۔ چھونا)

مماطلت (ع۔ مونث) ۱ دوسرے وقت پر چھوڑنا۔ ملتوی کرنا ۲ قرضے کی ادائگی وقت پر نہ کرنا ۳ وعدہ وفا نہ کرنا (ماطل۔ ملتوی کرنا قرضے کی ادائگی کا)

ممالکھی (ہ۔ مونث) شہد کی مکھی بھالکھی

ممالک (ع۔ مذکر) مملکت کی جمع۔ بہت سے ملک۔ مقامات۔ صوبے۔ ممالک غیر (مذکر) وہ ملک جو اپنی سلطنت سے باہر ہوں ممالک غیر آئین (مذکر) وہ ملک جن میں قانون کی پابندی نہ ہو ممالک محروسہ (مذکر) وہ ملک جو کسی بادشاہ کے تابع ہوں۔ ممالک مغربی و شمالی (مذکر) پہلے صوبجات متحدہ آگرہ و اودھ کا یہ نام تھا۔ ممالک مفوضہ (مذکر) سپرد کئے ہوئے ملک۔ وہ ممالک جو ایک بادشاہ دوسرے کو لڑائی ہار کر دیدے۔

ممالیک (ع۔ مذکر) مملوک کی جمع۔ بندے۔ غلام۔ نوکر۔ ملازم۔

ممانعت (ع۔ مونث) روک۔ منا ہی۔ روک ٹوک۔ بندش (منع۔ روکنا)

ممانی (ہ۔ مونث) ماموں کی بیوی (ماموں سے) ممانی جان (مونث) ممانی کو پیار یا محبت سے کہتے ہیں۔ ممانی ساس (مونث) میاں یا بیوی کی ممانی۔

ممبر (انگ۔ مذکر) ۱ رکن مجلس۔ کمیٹی کا رکن۔ پنچ ۲ عضو۔ جوڑ۔ بند ۳ خاندان کا ایک رکن ۴ حصہ دار۔ پتی دار۔ شریک۔

ممتا (س۔ مونث) ۱ خودی۔ انانیت۔ اہنکار ۲ کسی چیز سے محبت اس وجہ سے کہ اپنی ہے ۳ ملکیت کا خیال۔ خود غرضی کا خیال ۴ خود غرضی ۵ انس۔ محبت ۶ تکبر۔ غرور ۷ تعصب ۸ لالچ۔ حرص

ممتاز (ع۔ مفعول) ۱ جدا کیا گیا۔ امتیاز دیا گیا ۲ انتخاب کیا گیا۔ چنا گیا ۳ عزت دیا گیا معزز ۴ اعلے۔ افضل۔ سرفراز۔ برتر۔ برگزیدہ۔ عالی رتبہ ۵ نامی۔ نامور۔ مشہور ۶ شریف۔ ذی شان۔ والا قدر (امتاز۔ جدا کرنا) ممتاز فرمانا یا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مرتبہ بڑھنا۔ امتیاز بخشا جانا۔ سرفراز ہونا۔ عزت پانا۔

ممتحن (ع۔ مفعول) ۱ وہ شخص جس نے امتحان دیا ہو ۲ تجربہ کار۔ آزمودہ کار (امتحن۔ آزمانا) ممتحِن (فاعل) امتحان لینے والا۔ پڑتال کرنے والا۔ جانچنے والا۔ پرکھنے والا۔

ممتد (ع۔ مفعول) ۱ پھیلایا گیا۔ لمبا کیا گیا ۲ لمبا۔ دراز۔ طویل (امتد۔ پھیلانا)

ممتزج (ع۔ فاعل) ۱ ملا ہوا۔ مرکب۔ مگڈ ۲ موافق۔ عادت کے مطابق (امتزج۔ ملنا)

ممتلی (ع۔ فاعل) بھرا ہوا ہے۔ مملو۔ لبریز۔ معمور۔ اٹا ہوا (امتلا۔ بھرنا)

ممتنع (ع۔ فاعل) رکنے والا۔ باز رکھنے والا (امتنع۔ رکنا) ممتنع الجواب (صفت) جس کا جواب نہ ہو۔

ممٹی (ع۔ مونث) دیکھو ممٹی۔

ممجد (ع۔ مفعول) ۱ بزرگی دیا گیا ۲ بزرگ۔ بڑا (مجد۔ بزرگی دینا)

ممد (ع۔ فاعل) ۱ مدد کرنے والا ۲ مددگار۔ معاون۔ ساتھی۔ یار (امد۔ لمبا کرنا) ممد و معاون (مذکر) مددگار۔ ساتھی۔ دوست۔ یار۔

ممدوح (ع۔ مفعول) ۱ تعریف یا مدح کیا گیا۔ جس کی تعریف کی جائے ۲ وہ شخص جس کی تعریف میں کسی شاعر نے قصیدہ لکھا ہو (مدح۔ تعریف کرنا)

ممدوح الیہ (صفت) مذکورہ بالا۔ **ممدوحہ** (صفت مونث) دیکھو ممدوح۔ **ممدوحین** (مذکر) جمع ممدوح کی ۱ جن کی تعریف کی جائے ۲ مشہور لوگ۔

ممدود (ع۔ مفعول) ۱ پھیلایا گیا۔ وسیع کیا گیا ۲ لمبا کیا گیا۔ دراز کیا گیا (مَدّ۔ لمبا کرنا) **ممدودہ** (صفت) ۱ مدّ والا۔ مد کیا گیا ۲ وہ الف جس پر مد ہو۔ لمبی آواز کا الف۔

مَمَر (ع۔ مذکر) ۱ گذرنے کی جگہ ۲ راستہ۔ سڑک ۳ گزر دریا ۴ نہر ۵ وجہ۔ سبب (مَرّ۔ گذرنا)

ممریر (اردو۔ مذکر) جھمیز کا بگڑا ہوا (عف)

ممزوج (ع۔ مفعول) ۱ ملایا ہوا۔ آمیختہ ۲ وہ شراب جس میں پانی یا عرق ملا کر پئیں (مَزج۔ ملانا)

ممسک (ع۔ فاعل) ۱ پکڑنے والا ۲ رکھنے والا ۳ بخیل۔ کنجوس ۴ شوم ۵ امساک بڑھانے والا (اِمسَاک۔ پکڑنا)

ممسوخ (ع۔ مفعول) بدلا ہوا۔ مسخ شدہ۔ کایا پلٹ ہوا (مَسخ۔ شکل بدلنا)

ممسوس (ع۔ مفعول) ۱ چھوا گیا ۲ وہ جس کو چھوا جائے ۳ محسوس بالمس۔ جو ٹٹولنے سے معلوم ہو ۴ ناراض۔ غصے میں (مَسّ۔ چھونا)

ممکن (ع۔ فاعل) ۱ جو ہو سکے۔ ہو سکنے والا ۲ ضد لی۔ ہونہار۔ قابل امکان ۳ آسان۔ سہل ۴ وہ چیز جو دوسرے کے بغیر قائم نہ رہ سکے ۵ مجال۔ مقدور۔ طاقت (اِمکَان۔ طاقت دینا) **ممکنات** (مونث) ممکن کی جمع ۱ وہ باتیں جن کا ہونا ممکن ہو ۲ ہستی۔ وجود۔ کائنات ۳ (تعد) ممکن الحصول۔ قابل امکان۔ قابل الحصول **ممکنات** سے ہونا (لازم) ممکن ہونا۔ قابل امکان ہونا۔

ممکن التبدیل (صفت) بدلنے یا تبدیل ہونے کے قابل۔ **ممکن التقسیم** (صفت) تقسیم ہونے کے قابل۔ قابل تقسیم۔ **ممکن الحصول** (صفت) حاصل ہونے کے قابل۔ **ممکن الدخول** (صفت) وہ جہاں آدمی پہنچ سکے یا داخل ہو سکے۔ **ممکن الزراعت** (صفت) بونے کے قابل۔ کاشت کے لائق۔ **ممکن الوجود** (صفت) جس کا ہونا نہ ہونا برابر ہو۔ جس کا عدم وجود برابر ہو۔ مخلوقات۔ **ممکن الوصول** (صفت) جو وصول ہو سکے۔ جو حاصل ہو سکے۔ **ممکن الوقوع** (صفت) جس کے واقع ہونے کا امکان ہو۔ ہونے والی بات۔

مُمِل (ع۔ صفت) ملول کرنے والا۔ (اَمَل۔ کسی چیز کی امید رکھنا)

مملکت (ع۔ مونث) بادشاہت۔ سلطنت۔ حکومت۔ فرمانروائی۔ راج (مُلک۔ قبضے میں رکھنا)

مملو (ع۔ مفعول) بھرا ہوا۔ لبریز۔ معمور۔ پُر (کنا ہونا کے ساتھ) (مَلا۔ بھرنا)

مملوک (ع۔ مفعول) ۱ وہ جس پر قبضہ کیا جائے۔ مقبوضہ ۲ (مذکر) زرخرید غلام۔ لڑائی کا قیدی غلام (مُلک۔ قبضے میں رکھنا) **مملوکہ** (صفت مونث) دیکھو مملوک۔ **مملوکہ و مقبوضہ** (صفت) زرخرید اور قبضے میں کیا ہوا۔

مملوک (۱۲۵۰ - ۱۵۱۷) مصر کا ایک خاندان اس کے بادشاہ ان غلاموں میں سے تھے جنہیں ایوبیہ سلطانوں نے خرید کر ایک فوجی دستہ مرتب کیا تھا۔ آخری ایوبی سلطان نجم الدین کی وفات پر اس کی ملکہ شجرۃ الدّر نے عزالدین ایبک سے شادی کر لی۔ سنہ ۱۲۵۰ء سے سنہ ۱۳۹۰ء تک جن سلطانوں نے حکومت کی وہ بحری سلطان کہلاتے ہیں اور سنہ ۱۳۸۲ء سے سنہ ۱۵۱۷ء تک جنہوں نے حکومت کی وہ برجی سلطان کہلاتے ہیں۔

ممنان (یو۔ مس) تھنوتس اور ایون وسیم صادق کا بیٹا۔ یہ اہل ٹرائے کی امداد کے لئے آیا تھا۔ مگر اکائیز کے ہاتھ سے قتل ہوا۔

ممنوع (ع۔ مفعول) ۱ منع کیا گیا۔ روکا گیا ۲ ناجائز۔ ناروا۔ خلاف شرع۔ خلاف قانون۔ (مَنع۔ روکنا) **ممنوع التصرفات** (مذکر) وہ شخص جو آیندہ دخل دینے سے روک دیا جائے۔

ممنون (ع۔ مفعول) ۱ احسان رکھا گیا۔ وہ جس پر احسان کیا گیا ہو ۲ احسانمند۔ شکر گذار (کرنا ہونا کے ساتھ) (مَنّ۔ احسان کرنا)

ممور شو (س۔ صفت) ۱ مرنے کی خواہش کرنے والا ۲ قریب المرگ ۳ (مذکر) قریب المرگ آدمی وہ آدمی جو مر رہا ہو۔

مموریل (انگ۔ مذکر) عرض یا درخواست جو کسی بڑے آدمی کی خدمت میں پیش کی جائے۔

مموڑا (ہ۔ مذکر) ۱ مروڑا ۲ درد پیچش ۳ ہار۔ مالا۔

ممولا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک چھوٹا پرند جس کے پیٹ پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں۔ دم کو ہلاتا ہے۔ اور پھدک کر چلتا ہے۔ جھانپو ۲ پیارا بچہ **ممولے چپنا** (متعدی) بہت خاطر تواضع کرنا۔ خاطر کے مارے بچھے جانا۔ بہت پیار دا اخلاص کرنا (عت)

ممی (انگ۔ مونث) ۱ بچے پیار سے ماں کو کہتے ہیں ۲ لاش جو مصر کے فرعون کی مصالحوں سے محفوظ کر کے دفن کی گئی ہو۔ یہ صحیح سالم نکلتی ہے۔ مگر ہوا لگنے سے مٹی ہو جاتی ہے۔

ممیا (ہ۔ مذکر) ماموں۔ اردو میں علیحدہ نہیں استعمال ہوتا **ممیا خسر یا سسر** (مذکر) خاوند یا بیوی کا ماموں **ممیا ساس** (مونث) خاوند یا بیوی کی ممانی۔

ممیار (ہ۔ مونث) ننہالی رنڈی بیٹین (رنڈیوں کی اصطلاح)

ممیانا (ہ۔ لازم) بکری کا بولنا۔ میں میں کرنا۔

ممیرا (ہ۔ مذکر) فارسی میں مامیراں ہے ایک پودے کی جڑ جو ہلدی سے مشابہ ہوتی ہے۔ آنکھ کی بینائی کے لئے مفید ہوتی ہے (س مل) **ممیری** (مونث) ممیرے کی چھوٹی گانٹھ کو ممیری کہتے ہیں۔

ممیرا (ہ۔ صفت) ۱ ماموں زاد (س ایکم) **ممیرا بھائی** (مذکر) ماموں کا بیٹا۔ **ممیری** (صفت مونث) ماموں کی بیٹی۔ **ممیری بہن** (مونث) ماموں کی بیٹی۔

ممیز (ع۔ مفعول) جدا کیا گیا۔ تمیز کیا گیا (تمیز۔ جدا کرنا) **ممیز** (فاعل) ۱ تمیز کرنے والا۔ برے بھلے کو پہچاننے والا۔ شناسا۔ اچھے کو برے سے جدا کرنے والا۔ **ممیزہ** (صفت مونث) ۱ تمیز کرنے والی پہچاننے والی ۲ (مونث) وہ قوت جو اچھے برے کی تمیز کرے۔

مَن (ہ۔ مذکر) ۱ دل جی۔ قلب ۲ (ہ) عقل۔ سمجھ۔ شعور ۳ ضمیر ۴ روح ۵ مرضی۔ خواہش ۶ رجحان ۷ مطلب۔ منشا ۸ چلن۔ طبیعت خاصیت اس من کے محاورات عموماً ہندو استعمال کرتے ہیں (س منم۔ دل من معنی سوچنا سے) ۹ ایک پتھر جو خیال ہے کہ سانپ کے سر سے نکلتا ہے۔ مارمہرہ (س منی) ۱۰ ایک وزن جو چالیس سیر کا ہوتا ہے بعض جگہ کم یا زیادہ بھی ہوتا ہے (س مان۔ ماپنی تولنا سے) ۱۱ باپ، کوئیں کی منڈیر **من اٹکنا** (لازم) دل آنا عشق ہونا۔ محبت ہونا۔ آنکھ لگنا **من اٹھ جانا** یا **اٹھنا** (ہ۔ لازم) ۱ دل ہٹ جانا ۲ نفرت ہو جانا

سے اکتا جانا۔ من اُکتا جانا یا اُکتانا (لازم) جی سیر ہونا۔ بیزار ہونا۔ گھبرانا۔ مَن اُگلنا (متعدی) سانپ کا مہرے کو منہ سے نکالنا۔ من بچار یا بدیا (مذکر) دیکھو من دیا۔ من بُرا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱۔ غمگین ہونا۔ اداس ہونا۔ کڑھنا ۲۔ ناراض ہونا۔ غصے ہونا۔ مَن بسنا (لازم) دل میں سمانا۔ دل میں رہنا۔ من بھاتا (صفت) دل پسند۔ دلپذیر۔ خوشگوار۔ مرغوب خاطر۔ من بھاری کرنا (متعدی) ہونا (لازم)۔ من بھانا (لازم) خوشگوار ہونا۔ دل پسند ہونا۔ مرغوب خاطر ہونا۔ من بھاوتا۔ بھاون۔ بھاونا۔ بھاؤ یا بھایا (صفت) دیکھو من بھاتا۔ من بھر (صفت) ۱۔ پورا چالیس سیر ۲۔ چالیس سیر کے اندازے کا (تف) خاطر خواہ۔ من مانا۔ جی بھر کے۔ من بھر جانا یا بھرنا (لازم) دل سیر ہو جانا۔ طبیعت بھر جانا۔ من بہلانا (متعدی) دیکھو جی بہلانا۔ من پر آنا (لازم) لانا (متعدی) ۱۔ دل میں خیال لانا۔ دل میں سوچنا ۲۔ ارادہ کرنا۔ من پورا ہو جانا (لازم) دل سیر ہو جانا۔ طبیعت بھر جانا۔ من پورن (مذکر) دل کی تسلی تشفی۔ من پھٹ جانا (لازم) دل بیزار ہو جانا۔ نفرت ہو جانا۔ دل میں فرق آجانا۔ من پے دھرنا (متعدی) دیکھو من پر لانا۔ من جات (صفت) ۱۔ دل سے پیدا ہوا ۲۔ عشق محبت ۳۔ کامدیو۔ من جیتنا (متعدی) خواہش نفسانی پر قابو پانا۔ اپنے دل کو قابو کرنا۔ من چاہی (مونث) ۱۔ مرضی ۲۔ ضد۔ ہٹ کرنا ہونا کے ساتھ۔ من چلا (صفت) بہادر۔ دلیر۔ منچلا۔ نڈر۔ بےخوف۔ بیباک۔ من چل جانا (متعدی) دیکھو من چلنا۔ من چلنا (لازم) ۱۔ دل چلنا۔ دل چاہنا۔ جی چاہنا ۲۔ دل قابو میں نہ رہنا۔ دل الٹ جانا۔ دیوانہ ہونا۔ من چلی (صفت) ۱۔ بہادر۔ دلیر (عورت) ۲۔ (ھ۔ مونث) بہادری۔ دلیری ۳۔ دل کا شوق ۴۔ فیاضی۔ سخاوت ۵۔ دیوانگی۔ پاگلپن۔ من چنگا ہونا (لازم) دل صاف ہونا۔ من چور (ھ۔ صفت) دل چرانے والا۔ معشوق۔ من چھوڑنا (متعدی) سانپ کا من نکال کر رکھ دینا۔ من چیتا (صفت) ۱۔ جس کی دل کو خواہش ہو ۲۔ دلپسند۔ دلپذیر۔ من دینا (متعدی) توجہ کرنا۔ دل لگانا۔ من رنجک (صفت) دل کو خوش کرنے والا۔ دل خوش کن۔ دلپذیر۔ خوشگوار۔ دلپسند۔ من رنجن (صفت) ۱۔ دیکھو آخری ۲۔ (مذکر) دل کو خوش کرنا ۳۔ دل خوش کرنے کا عمل ۴۔ خوش آیندگی۔ خوبصورتی۔ سہانا پن۔ من سمجھوتی (مونث) دل کا سمجھا لینا۔

خاطر۔ من کا چینا (مذکر) دل کی خواہش۔ من کا کپٹی (ھ) کھوٹا (صفت) ۱۔ دل میں کھوٹ رکھنے والا۔ بدباطن ۲۔ منافق۔ ریاکار۔ من کامنا (مذکر) ۱۔ خواہش نفسانی ۲۔ اچھا۔ چاہ۔ شوق ہوس۔ من کا میلا (صفت) دیکھو من کا کھوٹا۔ من کا میلا (مذکر) دل کی خوشی۔ من کچا کرنا (متعدی) ۱۔ دل توڑنا۔ ہمت ہارنا ۲۔ دل چھوڑ دینا ۳۔ دوسرے کو بےحوصلہ کرنا۔ دوسرے کو کسی کام سے روکنا۔ من کرنا (متعدی) دل چاہنا۔ خواہش کرنا۔ رغبت کرنا۔ من کھٹا ہونا (لازم) طبیعت بیزار ہونا۔ من کھرا کھوٹا ہونا (لازم) ایام حمل میں عورت کا دل ہر چیز کے کھانے کو چاہنا۔ من کی اچھا (مونث) دل کی خواہش (پوران۔ پوری ہونا کے ساتھ)۔ من کے چیتے ہونا (لازم) دل کی خواہش بر آنا یا پوری ہونا۔ مراد بر آنا۔ من کیلا (ھ۔ مذکر) ایک کھیل جیسا بچوں میں۔ من کے لڈو پھوڑنا یا لڈھانا (متعدی) خیالی پلاؤ پکانا۔ دل ہی دل میں خوش ہونا۔ من کی ماری (صفت) افسردہ خاطر۔ مردہ دل۔ من کی من میں رہنا (لازم) دل میں حسرت رہ جانا۔ ارمان رہنا۔ شوق اور ارمان کا بےسود جانا۔ من کی موج (مونث) دل کی ترنگ یا لہر۔ ولولہ۔ من گیان (مذکر) دیکھو من دیا۔ من لانا (متعدی) دل لگانا۔ توجہ کرنا۔ من لبھانا (متعدی) دوسرے کے دل کو فریفتہ یا مائل کرنا۔ من لگانا (متعدی) ۱۔ دل لگانا ۲۔ توجہ کرنا ۳۔ عاشق ہونا۔ من لاگن (مونث) دل کا لگنا۔ عشق۔ محبت۔ دل کی لگی۔ من لگنا (لازم) دیکھو دل لگنا۔ من لینا (متعدی) ۱۔ دل موہ لینا۔ فریفتہ کرنا ۲۔ عندیہ معلوم کرنا ۳۔ ... لینا۔ من مارا (صفت) ۱۔ وہ جس نے خواہش دبائی ہو ۲۔ اداس۔ مغموم۔ من مار رہنا۔ مار کے بیٹھ رہنا۔ مارنا (متعدی) ۱۔ دل کی خواہش دبانا۔ صبر اختیار کرنا ۲۔ مسوس کر رہ جانا (مت)۔ منمان (مذکر) دل کی خواہش۔ دل کی پسند۔ من مانا یا مانتا (عشرت) مانتی (صفت۔ مونث) خاطر خواہ۔ دل کے موافق۔ خواہش کے مطابق۔ حسب منشا۔ من مانے (ھ۔ تف) دل میں۔ من مانی (صفت۔ مونث) ۱۔ دیکھو من مانی ۲۔ (مونث) دیکھو من مان ۳۔ مانشو ... بیوی ۴۔ ضد۔ ہٹ۔ من مانے (تف) جیسے دل کی خواہش ہو۔ حسب منشا۔ خاطر خواہ۔ من مانی مراد پانا (لازم) دل کی خواہش پوری ہونا۔ خاطر خواہ آرزو پوری ہونا۔ من مانیہ (صفت) ۱۔ ضدی ۲۔ ہٹی ۳۔ اوباش۔ عیاش۔ من متا (مذکر) رائے۔ خیال۔ قیاس۔ اٹکل۔ من مست (صفت) خوش۔ مسرور۔ زندہ دل۔

خوش طبع۔ من ملا کے (تف) یک دل ہو کر۔ من ملانا (متعدی) ۱۔ دوسرے کے ساتھ یکدل ہونا ۲۔ ہمدردی کرنا۔ غمخواری کرنا۔ من ملے (تف) وہ جو یک دل ہوں۔ من ملنا (لازم) دل کا موافق ہونا۔ دل ملنا۔ من ملین (ھ) غمزدہ۔ مغموم۔ اداس۔ من منا دینا (متعدی) من کو راضی کر دینا۔ خوش کر دینا۔ من من بھر کے پاؤں (مذکر) پاؤں جو سوج کر یا تھک کر بھاری ہو گئے ہوں۔ من موج (مونث) ۱۔ دل کی لہر۔ خیال جو یکایک دل میں آئے ۲۔ خوش کن خیال ۳۔ خوشی۔ مسرت۔ شادمانی کا خیال۔ قیاس۔ من موجی (صفت) دیکھو من مست۔ من موہن (صفت) ۱۔ دل کو موہ لینے والا۔ دلربا۔ دلبر ۲۔ معشوق۔ محبوب۔ پیارا ۳۔ (مذکر) کرشن جی کا لقب ۴۔ ہندوؤں میں ایک نام۔ من موہن پیارا (صفت و مذکر) دیکھو آخری معنے۔ من موہن لال (مذکر) ہندوؤں میں ایک نام۔ من میلا (صفت) دیکھو ملین۔ من میلا کرنا (متعدی) اداس ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ من میں (تف) دل میں۔ من میں آنا (لازم) جی میں گزرنا۔ خیال میں آنا۔ من میں چھٹانک (تف) بہت میں سے تھوڑا۔ من میں کہنا (متعدی) دل میں خیال کرنا۔ من نکالنا (متعدی) سانپ کا من منہ سے اگلنا۔ من نگلنا (متعدی) سانپ کا من کو پھر منہ کے اندر ڈال لینا۔ من ہارک یا ہاری (ھ) ۱۔ دل کو موہ لینے والا۔ دلبر ۲۔ خوشگوار۔ دل خوش کن۔ دلپذیر۔ من ہارنا (متعدی) ہمت ہارنا۔ من ہرن (ھ) ۱۔ دل موہ لینا۔ فریفتہ کر لینا ۲۔ (صفت) دیکھو من موہن۔ من ہرنا (لازم) دل چرانا۔ دل چھیننا۔ من ہرن پیارا (ھ) دیکھو من موہن۔ من ہیٹنا (ھ) قربان کرنا۔ صدقے کرنا۔ من ہی میں (تف) ۱۔ دل میں ۲۔ اپنے آپ کو۔

امثال و اقوال

من اٹکا تن جھٹکا۔ دل لگتے ہی سوکھ کر کانٹا ہو گئے۔ من امرا کرم دلدری۔ دل تو امیرانہ ہے مگر نصیبا خراب ہے یعنی غریب ہے۔ من بھاتا کھائیے جگ بھاتا پہنئے۔ دیکھو کھائیے من الخ۔ من بھائے تو ڈھیلا سپاری۔ جس چیز کو دل چاہے وہ اچھی معلوم ہوتی ہے۔ من بھائے (اچھا ہے) منڈیا ہلائے۔ گو دل چاہتا ہے اوپرے دل سے انکار ہے۔ ظاہر میں نفرت باطن میں رغبت۔ من بھر کا سر ہلاتے ہیں پیسے بھر کی زبان نہیں ہلاتے (ہلائی جاتی)۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو سلام کے جواب میں صرف سر ہلا دے۔ من

بُھوگ (چنچل) کرم دلدری۔ دل میں عیش و عشرت کی خواہش ہے مگر غریب ہے۔ **من جانے پاپ پاپی جانے نہ باپ**۔ انسان اپنے گناہوں کو خود اچھی طرح جانتا ہے دوسروں کو پتہ نہیں لگتا۔ **من چاہتا ہے ٹٹو نہیں چلتا**۔ جو دل چاہتا ہے مگر مقدور نہیں۔ **من چنگا تو کٹھوتی میں گنگا**۔ اگر اعتقاد پکا ہے تو انسان جو چاہے کر سکتا ہے۔ رائیداس ایک چمار سنت تھا۔ ایک دفعہ ایک برہمن جو گنگا کے اشنان کو جا رہا تھا۔ اس کے پاس جوتا گٹھانے آیا تو اس نے اسے چند کوڑیاں گنگا میں ڈالنے کے لئے دیں۔ جب برہمن نے وہ کوڑیاں گنگا میں ڈالیں تو اس میں سے ایک ہاتھ نے نکل کر وہ لیں اور ایک نہایت خوبصورت کنگن دیا برہمن وہ کنگن راجہ کے پاس لے گیا۔ اس نے اپنی رانی کو دیدیا۔ اسے دیکھ کر اس نے دوسرے کی خواہش کی۔ راجہ نے برہمن کو دوسرا کنگن لانے کا حکم دیا برہمن رائے داس کے پاس گیا اور اسے سارا قصہ بتایا رائے داس نے یہ فقرہ کہہ کر کٹھوتی میں سے دوسرا کنگن نکال دیا۔ **من سانچا تو سب سانچا**۔ صدق دل عجیب چیز ہے۔ **من کا آنکس گیان** (علم ضمیر دل کو ٹھیک رکھتا ہے۔ **من کو بے موٹا کھیبیں سوٹا من کر ہیں میٹھی سگر بے تہیں** (جھوجھوری) بخل کرو تو بے عزت ہو اور سخاوت پیز مل جائے۔

من کرے پہرن چو تار کرم لکھے بھیڑی کے بار (دہ) دل تو نفیس کپڑے پہننے کو کرتا ہے۔ مگر قسمت میں بھیڑ کے بال ہیں۔ دل اچھی چیزوں کی خواہش کرتا ہے مگر غریب ہے **من کو بھاسے تو ڈھیلا بھی سپاری ہے**۔ دیکھو من بھاتے (۲) **من کے لڈو تو پھیکے کیوں**۔ جب ہوائی آ جاتے وہی مرغوب ہے۔ **من کے لڈو پھوڑنا** یا **بیٹھنا**۔ آپ ہی آپ کام کر بیٹھنا۔ **من کے لڈوں سے بھوک نہیں مٹتی**۔ میٹھی میٹھی باتوں کا کوئی فائدہ نہیں ان سے ضرورت پوری نہیں ہوتی۔ **من کی ہاری کاسے کہوں (من کی مری کس سے کہوں)** پیٹ مسوسا دے دے رہوں۔ اپنی تکلیف یا بھوک کا ذکر نہیں کر سکتی پیٹ کو دبا کر خاموش ہو رہتی ہوں۔ نیک بیبیاں کہتی ہیں۔ **من کے ہارے ہار ہے من کے جیتے جیت** (یا ربرہم کو پائیے **من ہی کے پرتیت**) دل کی تقویت سے کام بنتا ہے اور دل کے چھوٹ جانے سے بگڑتا ہے (خدا

اعتقاد سے ماتا ہے۔ **من مانی اپنا نی**۔ دل میں مانتا ہے دکھانے کو نا واقفیت ظاہر کرتا ہے۔ **من مانی گھر جانی من مانے گھر جائے**۔ آزادانہ جو دل چاہے کرتا ہے۔ **من مانی مراد پائی**۔ جب دلخواہ مراد پوری ہوئی **من ملے کا میلا چت ملے کا چیلا**۔ جب دل ملیں تو میلا ہوتا ہے اور جب خیالات ملیں تو ایک دوسرے کا پیرو ہو جاتا ہے۔ **من میلا تن اجلا۔ سندرتن کیسے ۔ بکھ رس بھرا کنک گھٹ جیسے** (دہ) خوبصورت شکل اور دل میں کپٹ اس طرح ہے جیسے سونے کے برتن میں زہر **من میں گاتے ٹسوے روتے**۔ مکار کی نسبت کہتے ہیں۔ دل میں خوش ہے ظاہرا ہمدردی کرتا ہے۔ **من موتیوں بیاہ من چاولوں بیاہ** چاہے کم خرچ ہو چاہے زیادہ بیاہ ہو ہی جاتا ہے۔ **من موہی جورو کو کہیں بھوجی** (بھابھی) بیوقوف کی نسبت کہتے ہیں۔ **من موہی کرم دلدری** دیکھو من امراد **من میں بسے پلنے دسے**۔ جس چیز کی طرف خیال ہو وہی نظر آتی ہے **من میں بسی سینے میں دسی**۔ جو بات دل کو پسند آتی ہے اس کا خیال ہر وقت رہتا ہے۔ **من میں شیخ فرید بغل میں اینٹیں**۔ ظاہر اچھا باطن برا **من میں گاتی ٹسوے روتی** (جو خاوند کے مرنے سے ٹسوے) دکھانے کو روتی ہے دل میں خوش ہے (خاوند بچے مرے انا تکی) **من میں مورکھ جون میں دکھی کوئی نہیں**۔ اپنے آپ کو کوئی بیوقوف نہیں سمجھتا۔ اور نہ کوئی جان سے تنگ آتا ہے **منوا مر گیا کھیل بگڑ گیا**۔ ہمت ٹوٹ جائے تو کام بگڑ جاتا ہے۔

مَن (ہ۔ امر) منا کا (دیکھو مان) منا (امر) منانا کا (۲) ماضی منا کی (دیکھو منا) **من جانا** (لازم) دیکھو منا **منانا** (متعدی) (۱) روٹھے کو راضی کرنا۔ رنجیدہ کو خوشنود کرنا (۲) رچانا کرنا۔ دل میں لانا (۳) منت ماننا۔ چاہنا۔ دعا کرنا (۴) نام لینا۔ یاد کرنا (۵) سمجھنا (۶) اعتقاد کرنا یا دکھانا (۷) پرستش کرنا۔ بھینٹ چڑھانا۔ ماننا کرنا **من کے بیٹھنا** (لازم) راضی ہو جانا۔ خفگی رفع ہو کر بیٹھ جانا۔ **من من کر بگڑ جانا** (لازم) راضی ہو کر پھر ناراض ہو جانا۔ **منا** (لازم) (۱) راضی ہونا۔ خوش ہونا (۲) خفگی جاتی رہنا یا دور ہونا۔ رنجیدگی رفع ہونا (۳) رچنا۔ ہونا۔

مَن (ذ۔ ضمیر واحد متکلم) (۱) میں۔ انا (۲) (صفت) نسبت رکھنے والا۔ مرکبات میں جیسے دشمن (۳)

(مذکر) ڈھیر۔ انبار۔ تودہ۔ مرکبات میں جیسے خرمن (۴) تراز کا وہ سوراخ جو ڈنڈی کے بیچ میں موٹھ کے واسطے کیا جاتا ہے (۵) دل۔ قلب (۶) ضمیر (۷) روح (۸) بہ سیر کا وزن **مَن بندہ** (مذکر) میں غلام یا نوکر۔ اردو دستاویزوں میں لکھا جاتا ہے۔ **من مقر** (مذکر) میں اقرار کرنے والا۔ اردو دستاویزوں میں لکھا جاتا ہے۔

امثال واقوال۔ من آنم کہ من دانم

میں جانتا ہوں کہ میں کیا ہوں۔ تعریف کے جواب میں اپنی عاجزی اور انکساری ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **من از بیگانگاں ہرگز نہ نالم۔ کہ با من آنچہ کرد آں آشنا کرد**۔ مجھے غیروں سے شکایت نہیں۔ اپنوں کا ستایا ہوا ہوں۔ **من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو**۔ میں تجھے اچھا کہوں اور تو مجھے اچھا کہہ۔ **من چہ سرایم و طنبورہ من چہ سرا**۔ میں کیا کہتا ہوں اور میرا طنبورہ کیا کہتا ہے۔ اس کا ایک بیان دوسرے سے مختلف ہے۔ **من خوب می شناسم پیران پارسا**۔ (طنزاً) میں چالاک لوگوں سے اچھی طرح واقف ہوں۔ **من در چہ خیالیم و فلک در چہ خیال** میں کس خیال میں ہوں اور آسمان کس خیال میں ہے۔ جب کوئی امر منصوبے کے برخلاف واقع ہو تو کہتے ہیں۔ **من ز وضع زمانہ می ترسم کہ مبادا ازیں بتر گردد**۔ زمانے کی حالت سے مجھے خوف ہوتا ہے کہ کہیں اس سے بھی بدتر نہ ہو جائے **منم و خیال ساغر منم و خیال جاناں** میں ہوں اور ساغر کا خیال ہے میں ہوں اور معشوق کا خیال۔ میں شراب اور معشوق کے خیال میں ہوں مجھے اور کچھ خبر نہیں۔ **من نہ گویم کہ ایں مکن و آں کن مصلحت بیں و کار آساں کن** میں نہیں کہتا کہ یہ کرو اور وہ کرو۔ مصلحت پر نظر رکھو اور جو آسان ہو وہ کرو۔ **من نہ کردم شما حذر بکنید** میں نے نہیں کیا تم پرہیز کرو۔ خود تکلیف اٹھا کر دوسروں کو نصیحت کرنا۔

مَن (ع۔ کلمہ صلہ) وہ شخص۔ جس نے۔ کوئی شخص۔ جو شخص۔

امثال واقوال۔ من جرب المجرب

حلت بہ الندامہ۔ جو شخص آزمائی ہوئی بات آزماتا ہے اسے ندامت حاصل ہوتی ہے۔ **من حفر بئراً لاخیہ فقد وقع فیہ**۔ جس نے اپنے بھائی کے لئے کنواں کھودا خود اس میں گرا۔ **من ضحک ضحک**۔ جو ہنسا وہ ہنسا گیا۔

مَنّ (ع۔ مذکر) (۱) فائدہ۔ نفع۔ احسان (۲)

مہربان ہونا۔ مسعود ہونا ۳ تازہ ۴ بھیر ۵ ایک قسم کی شیرینی جو شہد کی شکل ہوتی ہے اور بعض درختوں کے پتوں پر جمع ہو جاتی ہے۔ یہ بنی اسرائیل کو صحرا میں ملی تھی۔ فارسی و اردو میں یہ لفظ بالتخفیف مستعمل ہے (مَنَّ۔ احسان کرنا) مَن و سلویٰ (مذکر) من بمعنی اوپر والا۔ سلوے پرندے تھے جو بنی اسرائیل کے گرد صحرا میں جمع ہو جاتے تھے اور وہ انہیں پکڑ کر بھون کر کھاتے تھے۔ مجازاً خوانِ نعمت۔

مَن (س۔ مذکر) من (مذکر) ۱ جواہر۔ رتن۔ قیمتی پتھر ۲ کوئی زیور ۳ تعویذ ۴ بلور ۵ مقناطیس ۶ منی ۷ ایک منتر کا نام ۸ کوہان ۹ بکرے کا گردن کا گوشت ۱۰ ایک رگ ۱۱ کلائی ۱۲ ایک بڑا پانی کا برتن ۱۳ ایک ناگ

مَن بھِتّ (مذکر) وہ جس کے گرد جواہرات کی فصیل ہو۔ شیش ناگ کا دارالسلطنت۔ **مَن درپن** (مذکر) آئینہ جس پر جواہرات جڑے ہوں۔ **مَن کار** (مذکر) جوہری۔ **من کیتو** (مذکر) ایک دُم دار تارا۔ **من مرت** (مذکر) سورج **مَن مَنڈپ** (مذکر) شیش ناگ کے رہنے کا مقام

مَنُ (س۔ مذکر) دیکھو منو۔

مِن (ع۔ حرف جر) سے۔ از۔ کا۔ پر۔ اوپر۔ میں سے۔ **من ابتدا** (تف) شروع سے **مِن اوّلہ الیٰ آخرہٖ** اول سے آخر تک۔ از ابتدا تا انتہا۔ از سر تا پا **مِن بعد** بعد ازاں۔ پس ازاں۔ آگے کو۔ پھر **مِنجانب** (تف) طرف سے۔ سے **مِنجانب اللہ** (تف) ۱ اللہ کی طرف سے۔ غائب سے ۲ خودبخود۔ ازخود۔ بے کوشش و جستجو **منجملہ** (مذکر) سب میں سے۔ کل میں سے۔ تمام میں سے۔ **من حیث الاخلاق** اخلاق کے اعتبار سے **مِن حیث الخدمت** فرض منصبی کے اعتبار سے **مِن حیث المجموع** بحیثیت مجموعی **مِن ذالک** ازاں جملہ۔ دفتری اصطلاح میں خرچ کے لئے مستعمل ہے **مِن قبل** (تف) آگے۔ پیشتر۔ سابق میں **مِن کل وجوہ** ہر طرح کی وجوہات سے ہر طرح سے۔ ہر ڈھنگ سے۔ ہر صورت سے۔ بہرکیف۔ بہرحال۔ بہر صورت۔ **مِن کُلِّ وَجہٍ** ہر طرح سے۔ ہر حالت میں۔ بہرحال۔ بہر صورت یا کیف **مِن وَجہٍ** ایک طرح سے۔ ایک صورت سے یا میں **مِن وعَن** (تف) ۱ حرف بحرف۔ مفصل تفصیلوار۔ مشرح ۲ ہوبہو۔ جوں کا توں۔

شاعروں نے بتشدید نون استعمال کیا ہے۔ **مِنہُ** (تف) اس سے۔ جب کوئی شعر مضمون یا حاشیہ بہ لفظ ساہو تو منہ لکھ دیتے ہیں **مِنہُما** (تف) اس سے ۱ (مذکر) تفریق۔ مجرا۔ وضع۔ کٹوتی۔ نفی منفی (کرنا ہونا کے ساتھ) **منہائی** (مونث) ۱ تفریق کیا گیا۔ نکالا گیا ۲ (مونث) تفریق۔ نفی۔ منہا ۳ مالگزاری جس کی رقم میں تخفیف ہو ۴ وہ زمین جس پر جمع تشخیص نہ ہوئی ہو۔ **منہائی دار** (مذکر) وہ شخص جو اپنی زمین رکھتا ہو جو قابل خراج ہو۔ **منہُم** (تف) ان میں سے۔ اسی زمرے میں۔ مخالفین میں سے **منہیہ** (مذکر) وہ حاشیہ جو خود مصنف نے لکھا ہو۔ بعض شعرا نے بتشدید یا لکھا ہے۔

مَنّ (س۔ صفت) ۱ موٹا۔ فربہ ۲ گیلا۔ پرنم ۳ الفت یا شفقت کرنے والا۔

مُن (ہ۔ مذکر) دیکھو مُنی۔

مُنّا (ہ۔ صفت) ۱ پیارا۔ لاڈلا۔ عزیز چہیتا ۲ (مذکر) پیار سے ننھے بچوں کو کہتے ہیں ۳ ننھا کے ساتھ بطور تابع استعمال ہوتا ہے **مُنّی** (صفت و مونث منا کی) دیکھو منا (لڑکیوں کو پیار سے سرمنی بمعنی سر منڈی کہتے ہیں۔ سر اڑ کر منی رہ گیا۔ اس سے منا مذکر بنا یا گیا)۔

مَنابِر (ع۔ مذکر) منبر کی جمع۔

مَنات (ع۔ مذکر) مکہ معظمہ کے تین مشہور بتوں میں سے ایک۔ دوسرے دو لات اور عزیٰ تھے زمانہ جاہلیت میں ان کی پرستش ہوتی تھی۔ منات ایک دیوی تھی۔

مُناجات (ع۔ مونث) ۱ سرگوشی۔ کانا پھوسی ۲ دعا۔ بھجن ۳ التجا۔ عرض ۴ وہ نظم جس میں خدا کی تعریف اور اپنی عاجزی کا اظہار کر کے دعا اور التجا کی جائے (پڑھنا کرنا کے ساتھ) (نجو۔ نجا۔ کسی سے علیحدہ بات کرنا) **مناجاتی** (مذکر) مناجات کرنے والا۔

مُنادمت (ع۔ مونث) ہمنشینی۔ مصاحبت (ندم۔ ساتھ مل کر پینا)

مُنادی (ع۔ مفعول) ۱ پکارا گیا۔ وہ جسے پکارا جائے ۲ (صرف و نحو) وہ جس کو پکاریں (ندی پکارنا) **مُنادی** ۱ (فاعل) پکارنے والا۔ اعلان کرنے والا۔ ڈھنڈورچی ۲ (مونث) ڈھول کی آواز سے ڈھنڈورا ۳ کسی کام کی ممانعت کا اعلان (پیٹنا۔ پھرنا۔ پھیرنا۔ ہونا۔ کرانا۔ کرنا ہونا کے ساتھ) ۴ دلہن کی

تلقین کرنا ہونا کے ساتھ

مَرادیل (ہ۔ مونث) اسندیل کی جمع۔

مَنار (ع۔ مذکر) ۱ نور کی جگہ ۲ چراغدان۔ لالٹین ۳ اونچا ستون۔ پیل پایہ۔ لاٹھ۔ کھمبا ۴ مسجد کا وہ اونچا اور لمبا ستون جس پر موذن چڑھ کر اذان دیتا ہے ۵ وہ ستون جو سڑکوں پر فاصلہ ظاہر کرنے کے لئے بنائے جاتے ہیں۔ میل۔ کوس ۶ وہ اونچا ستون جو سمندر میں خطرناک جگہ پر بنائے ہیں تاکہ اس کی روشنی دیکھ کر جہاز دور سے گزر جائیں بہت سے سر جوڑ اوپر تلے چنے جائیں (نور۔ چمکنا)

مَنارہ (ع۔ مذکر) مینار۔ لاٹ۔

مُنازِع (ع۔ فاعل) جھگڑنے والا۔ تکرار کرنے والا۔ مخالف (نزع۔ جھگڑا) **مُنازع فیہ** (مذکر) وہ امر جس کے متعلق جھگڑا ہو۔

مُنازَعت (ع۔ مونث) جھگڑا۔ قضیہ۔ تکرار۔ ٹنٹا (نزع۔ جھگڑنا)

مَنازِل (ع۔ مونث) منزل کی جمع۔ اترنے کی جگہیں۔ فرودگاہیں۔ مقامات۔ مکانات۔ مساکن **منازلِ قمر** (مونث) نکشتر۔ نچھتر۔ چاند زمین کے گرد گردش کرتا ہے اس راستے کو جس پر یہ گردش کرتا ہے ۲۸ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے انہی کو منازل قمر کہتے ہیں۔ عربوں نے ۲۸ حصوں میں تقسیم کیا ہے۔

مُناسِب (ع۔ صفت) ۱ نسبت رکھنے والا ۲ زیبا۔ شایاں۔ موزوں۔ لائق ۳ ٹھیک۔ درست۔ معقول ۴ بہتر ۵ لازم۔ جائز (نسب۔ مانند ہونا) **مناسب جاننا یا سمجھنا** (متعدی) جائز یا درست خیال کرنا **مناسب نہیں** ۱ درست نہیں ۲ موزوں نہیں۔ شایاں نہیں **مناسب ہونا** (لازم) ۱ درست ہونا ۲ مناسب ہونا۔ شایاں ہونا۔

مُناسبت (ع۔ مونث) باہمی لگاؤ۔ باہمی نسبت۔ علاقہ۔ تعلق۔ موزونیت (نسب۔ مانند ہونا) **مناسبت رکھنا** (متعدی) **رہنا** (لازم) باہمی لگاؤ۔ تعلق یا علاقہ ہونا۔ آپس میں نسبت ہونا۔

مُناسخہ (ع۔ مذکر) ۱ ایک قاعدہ جس کی رو سے وارثوں کے حصے ٹھہرائے جاتے ہیں (لگانا کے ساتھ) ۲ کسی وارث کا تقسیم جائداد سے پہلے مر جانا ۳ وراثت ایسے مال کی جو تقسیم نہ ہو سکے (نسخ۔ نقل کرنا)

مَناسِک (ع۔ مذکر) منسک کی جمع ۱ حج کے ارکان ۲ حاجیوں کی عبادت کے مقامات

مُناسِم (ع۔ مذکر) مَنسِم کی جمع۔ طریقے۔ روشیں۔ اطوار۔

مُناصَب (ع۔ مذکر) منصب کی جمع۔ رتبے۔ عہدے۔

مُناصَحَت (ع۔ مونث) دل سے نصیحت کرنا۔ باہمی امداد (نَاصَحَ۔ نصیحت کرنا)

مُناصَفَت (ع۔ مونث) مناصفہ (مذکر) آدھوں آدھ کرنا۔ نصف نصف کرنا (نَاصَفَ۔ نصف حصہ لینا)

مَناصِیب (ع۔ مذکر) منصوب کی جمع۔ شطرنج کی بساط پر مہروں کی جگہیں۔

مَناط (ع۔ مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں کوئی چیز لٹکائی جاتے ۲ فاصلہ ۳ منتہا۔ مطلب ۴ بنیاد (نَاطَ۔ لٹکانا)

مناطُ الثُّرَیا (مذکر) بہت فاصلہ۔

مناطِ دعوے (مذکر) دعوے کی بنیاد۔

مَناطِق (ع۔ مذکر) منطق کی جمع ۱ پیٹیاں۔ کمربند۔

مُناطَقَت (ع۔ مونث) آپس میں گفتگو کرنا بحث کرنا (نَاطَقَ۔ دوسرے کے ساتھ بات کرنا)

مَناظِر (ع۔ مذکر) منظر۔ منظرہ کی جمع۔ ۱ تماشا گاہیں ۲ صورتیں۔ شکلیں ۳ [illegible] ۴ چیزیں جو نظر آئیں۔

مُناظِر (ع۔ فاعل) ۱ مانند۔ مثل ۲ مباحثہ کرنے والا۔ مخالف (نَاظَرَ۔ مانند ہونا۔ بحث کرنا)

مُناظَرات (ع۔ مذکر) جمع مناظرہ کی۔

مُناظَرَہ (ع۔ مذکر) ۱ باہمی بحث مباحثہ ۲ جھگڑا۔ تکرار ۳ کسی چیز کی حقیقت اور ماہیت کے واسطے باہم فکر کرنا ۴ وہ علم جس میں مباحثے کے قوانین درج ہیں (کرنا ہونا کے ساتھ) (نَاظَرَ۔ مانند ہونا۔ بحث کرنا)

مَناظِم (ع۔ مذکر) نظم کی جمع ۱ ترتیبیں۔ قطاریں ۲ انسانی معاملات کا معمولی وقوع۔

مَنّاع (ع۔ فاعل) روکنے والا۔ منع کرنے والا (مَنَعَ۔ روکنا)

مَناف (ع۔ مذکر) زمانۂ جاہلیت کا قریش اور ہُذیل کا ایک بت۔

مُنافات (ع۔ مونث) ۱ ایک دوسری کی ضد۔ مخالفت ۲ ناموافقت۔ اختلاف (نَفَیَ۔ نَفَا۔ نکال دینا)

مَنافِذ (ع۔ مذکر) منفذ کی جمع۔ رستے۔ راہیں۔ سوراخ۔

مُنافِر (ع۔ فاعل) نفرت کرنے والا (نَافَرَ۔ نفرت کرنا)

مُنافَرَت (ع۔ مونث) نفرت۔ باہم نفرت کرنا (نَافَرَ۔ نفرت کرنا)

مَنافِع (ع۔ مذکر) منفعت کی جمع ۱ فائدے۔ فوائد ۲ اچھی چیزیں ۳ مفید مطالب۔ **منافع باقی یا زائد** (مذکر) فالتو فائدے یا نفع۔ **منافع تجارت** (مذکر) وہ خرچ سے زائد رقومات جو تجارت سے حاصل ہوں۔ **منافع خام** (مذکر) کل آمدنی جس میں اصل رقم اور نفع شامل ہوتا ہے۔ **منافع دارین** (مذکر) دونوں جہانوں کی اچھی چیزیں۔ **منافع دنیا و آخرت** (مذکر) اس جہان کی اور اگلے جہان کی اچھی چیزیں۔ **منافع دنیاوی** (مذکر) دنیاوی فائدے۔ **منافع عمومیہ** (مذکر) عوام کے فائدے۔ **منافع مستمرہ** (مذکر) وہ فوائد جو ہمیشہ جاری رہیں۔

مُنافِق (ع۔ فاعل) ۱ نفاق رکھنے والا۔ وہ شخص جس کے دل میں کچھ ہو ظاہر میں کچھ ۲ ریاکار۔ مکار۔ ظاہر میں دوست باطن میں دشمن ۳ وہ جو ظاہر میں مسلمان اور باطن میں کافر ہو (نَافَقَ۔ ریاکار ہونا)

مُنافَقَت (ع۔ مونث) باطن کا ظاہر کے خلاف ہونا۔ ریاکاری۔ مکاری۔ ظاہر میں دوستی۔ باطن میں دشمنی (نَافَقَ۔ ریاکار ہونا)

مُنافی (ع۔ فاعل) خلاف۔ ضد (نَافَیَ۔ ہٹانا دوسرے کو)

مَناقِب (ع۔ مذکر) منقبت کی جمع ۱ اوصاف حمیدہ ۲ اہل بیت اور اصحاب کبار کی مدح۔

مناقبت (ع۔ مونث) ۱ حمد۔ ثنا۔ تعریف ۲ اہل بیت اور اصحاب کبار کی مدح (نَاقَبَ۔ کسی کو ملنا)

مُناقَشَہ (ع۔ مذکر) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ قضیہ۔ نزاع۔ قصہ (نَاقَشَ۔ جھگڑنا)

مُناقِض (ع۔ فاعل) توڑنے والا۔ مخالف۔ ناموافق (نَاقَضَ۔ توڑنا)

مُناقَضَہ (ع۔ مذکر) ایک دوسرے کی بات کو توڑنا۔ بحث مباحثہ۔ جھگڑا (نَاقَضَ۔ توڑنا)

مَناک (س۔ تف) ۱ تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ کچھ ۲ آہستہ سے۔

مَنارکا (س۔ مونث) ہتھنی۔

مَناکِح (ع۔ مذکر) ۱ شادیاں ۲ بیویاں۔

مُناکِحات (ع۔ مونث) مناکحت کی جمع۔

مُناکَحَت (ع۔ مونث) نکاح کرنا۔ عقد۔ شادی۔ بیاہ (نَاکَحَ۔ نکاح کرنا)

مَنال (ع۔ مذکر) ۱ کسی چیز کے حاصل ہونے کی جگہ۔ جائے یافت۔ وہ چیز جس سے فائدہ حاصل ہو ۲ جائداد۔ زمین۔ مکانات۔ جاگیر وغیرہ ۳ مال۔ زر۔ دولت عموماً مال و منال کی ترکیب سے اردو میں استعمال ہوتا ہے ۴ طریقہ۔ (نَالَ۔ حاصل کرنا)

مُنال (ہ۔ مذکر) کوہ ہمالیہ کا چکور۔ اس کا رنگ سبز۔ لاجوردی کنٹھا اور سر پر کلغی ہوتی ہے اس کے پروں کی ٹوپیوں میں لگتے ہیں۔

مَنّان (ع۔ فاعل) ۱ بہت احسان کرنے والا۔ نیکی کرنے والا۔ احسان رکھنے والا ۲ خداتعالیٰ کا ایک نام (مَنّ۔ احسان کرنا)

مَنانا (ہ۔ لازم) ۱ ناراض ہونا۔ غصہ ہونا ۲ سانپ کا پھن اٹھانا۔

مَناہ (ہ۔ مذکر) سردار۔ حاکم

مَناہِج (ع۔ مذکر) منہج کی جمع۔

مَناہی (ع۔ مونث) نہی کی جمع ۱ منع کی ہوئی چیزیں۔ غیر شرع چیزیں۔ ناجائز چیزیں ۲ اردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے۔ روک ٹوک۔ بندی۔ ممانعت۔

مَنائی (اردو۔ مونث) مناہی کا ہند۔ روک ٹوک۔ ممانعت۔ امتناع۔

مُنَبَّت (ع۔ مفعول) ۱ اگایا ہوا ۲ گایا گیا ۳ وہ نقش جو سطح سے ابھرا ہوا ہو (نقاشوں کی اصطلاح) (نَبَّتَ۔ اگانا) **منبت کاری** (مونث) بیل بوٹے کا کام جو لکڑی۔ کپڑے وغیرہ پر کیا جاتا ہے۔

مِنبَر (ع۔ مذکر) ۱ لکڑی یا اینٹوں کا بنا ہوا وہ اونچا مقام جہاں امام جمعہ کے روز کھڑا ہو کر خطبہ پڑھتا ہے ۲ وہ لکڑی کا زینہ جس پر بیٹھ کر مرثیہ پڑھتے ہیں (نون کی آواز میم کی سی ہے) (نَبَرَ۔ اونچا کرنا)

مثل۔ منبر کو بنائے مسجد کو ڈھائے
چھوٹی باتوں سے پرہیز اور بڑی ممنوعہ باتوں پر دلیر۔

مُنبَسِط (ع۔ فاعل) ۱ پھیلنے والا۔ بچھنے والا ۲ مسرور۔ خوش۔ بشاش۔ آنند (نون کی آواز میم کی سی ہے) (اِنبَسَطَ۔ پھیلنا)

مَنبَع (ع۔ مذکر) ۱ پانی کے نکلنے یا پھوٹنے کی جگہ۔ چشمہ۔ سوتا ۲ مطلق نکلنے کی جگہ۔ جائے صدور

مصدر ۲ پانی کا نل۔ فوارہ ۳ پانی کی نالی جو نہر میں
سے نکال کر کھیت میں لے جائیں (نون کی آواز میم
کی سی ہے (نبع۔ پھوٹنا)

مَنَّت (ع۔ مونث) ۱ ماننا۔ تسلیم کرنا ۲
وہ وعدہ جو کسی بزرگ یا خدا تعالےٰ سے کیا جائے
۳ نذر۔ نیاز۔ بھینٹ ۴ مانی ہوئی بات کسی مراد کے
واسطے (ماننا سے) **منت آنا** (لازم) مانی ہوئی مراد
حاصل ہونا۔ **منت اتارنا۔ بڑھانا** (متعدی) **اترنا۔
بڑھنا** (لازم) مراد پوری ہونے پر نذر و نیاز ہونا یا
گنڈا تعویذ طوق وغیرہ اترنا **منت پوری ہونا**
(لازم) مانی ہوئی مراد حاصل ہونا **منت کا چراغ**
(مذکر) **کی شمع** (مونث) وہ چراغ یا شمع جو منت پوری
ہونے پر مسجد میں جلایا جاتا ہے۔ **منت کا چھلا**
(مذکر) وہ چاندی کا چھلا جو عورتیں دھو کر اٹھاتی
ہیں اور منت پوری ہونے پر اس کو فروخت کر کے
نذر و نیاز کرتی ہیں (اٹھانا کے ساتھ) **منت کا
طوق** (مذکر) **ہیبڑی یا ہنسلی** (مونث) وہ طوق
بیڑی یا ہنسلی جو بچوں کو پہناتے ہیں اور بچوں کے
جوان ہونے پر اسے بیچ کر نذر و نیاز کرتے ہیں
(پہنانا۔ بڑھانا بڑھنا کے ساتھ) **منت کا گنڈا** (مذکر)
وہ گنڈا جو منت کے طور پر پہنایا جاتا ہے۔ **منت کرنا**
(متعدی) منت ماننا **منت کے بال** (مذکر) **کی
چوٹی** (مونث) وہ بال یا چوٹی جو کسی بزرگ کے نام
پر کچھ عرصے کے لیے چھوڑ دیتے ہیں۔ **منت مانگنا**
(متعدی) کسی کی نذر نیاز کر کے مراد مانگنا **منت
ماننا** (متعدی) کسی مراد کے پورے ہونے پر نذر دینے
کا وعدہ کرنا **منتیں** (مونث) منت کی جمع۔ **منتیں
ماننا** (متعدی) بہت سی نذریں ماننا۔ کسی مراد کے
پورے ہونے پر نذریں دینے کا عہد کرنا۔

مَنت (ف۔ حرف) ایک کلمہ جو اسماء
کے آخر میں آکر اسمائے صفات بناتا ہے۔ جیسے
سرمنت۔ بہرہ منت۔

مِنَّت (ع۔ مونث) ۱ عاجزی۔ خوشامد۔
چاپلوسی ۲ احسان۔ بھلائی۔ سلوک۔ نیکی ۳ شکر۔ شکریہ۔
شکرگذاری (مَنّ۔ احسان کرنا) **منت اٹھانا** (متعدی)
احسان اٹھانا۔ ممنون ہونا **منت پذیر** (صفت)
احسان مند۔ **منت دار** (صفت) احسانمند (کرنا ہونا
کے ساتھ) **منت خوشامد یا سماجت** (مونث)
عاجزی۔ خوشامد۔ درآمد **منت شناس** (صفت)
احسانمند **منت کرنا** (متعدی) خوشامد کرنا۔ التجا کرنا۔
منت کش (صفت) احسان لینے والا **منت کش
ہونا** (لازم) ممنون ہونا۔ احسان مند ہونا **منت کشی**
(مونث) احسانمند ہونا **منت کھینچنا** (متعدی)
احسان برداشت کرنا۔ احسان مند ہونا **منت گذار**
(صفت) شکرگذار۔ ممنون **منت لینا** (متعدی) احسان
لینا **منتیں** (مونث) منت کی جمع۔

مُنتَج (ع۔ مفعول) نتیجہ نکالا گیا۔ (نتیجہ
نَتَجَ۔ نکالنا) **مُنتِج** (فاعل) نتیجہ دینے والا۔ اثر ہونے والا۔

مُنتَخَب (ع۔ مفعول) ۱ انتخاب کیا گیا۔
چنا گیا۔ چھانٹا گیا۔ خلاصہ کیا گیا۔ چیدہ ۲ برگزیدہ۔
پسندیدہ ۳ یکتا۔ یگانہ ۴ نایاب۔ عجیب ۵ نال خال ۶
(مذکر) خلاصہ۔ انتخاب ۷ عربی کے ایک لغت کا نام۔
(انتخب۔ چننا نَخَبَ۔ نکالنا) **منتخبات** (مونث)
جمع منتخب کی۔ خلاصے۔ انتخابات **منتخب روزگار**
(مذکر) بے مثل۔ لاجواب۔ بہترین **منتخب کرنا** (متعدی)
ہونا (لازم) انتخاب ہونا۔ چنا جانا۔ اخذ ہونا۔
پسند ہونا۔

مَنتَر (س۔ مذکر) ۱ لفظی معنی خیال کا آلہ
۲ گفتگو۔ مقدس گفتگو۔ با مضمون ۳ دعا۔ حمد ۴ ویدوں
کی دعا۔ ویدوں کا اصل حصہ ۵ وہ مقدس الفاظ جو
کسی دیوتا کی طرف خطاب کئے جائیں ۶ نصیحت۔ مشورہ
۷ راز۔ خفیہ بات ۸ تجویز ۹ دبانا
عمل ۱۰ سحر۔ جادو۔ ٹونا۔ افسوں (مَن سوچنا) **منتر
آنا** (۱۰۔ لازم) افسوں معلوم ہونا **منتر پڑھنا** (۱۰۔
لازم) افسوں خوانی کرنا۔ عمل پڑھنا **منتر پھونکنا**
(متعدی) جادو پڑھ کر دم کرنا **منتر جنتر** (۱۰۔ مذکر) جادو
ٹونا۔ جھاڑ پھونک۔ **منتر چلانا** (متعدی) **ہونا** (لازم)
جادو ہونا۔ ٹونا ہونا **منتر دینا** (متعدی) چیلا بنانا۔
دینی ہدایت دینا **منتر مارنا** (متعدی) منتر پڑھ کر پاش
وغیرہ مارنا **منتری** (مذکر) ۱ جادو
ٹونا کرنے والا۔ فسونساز۔ ساحر۔ جادوگر ۲ نیک صلاح
دینے والا۔ مشیر۔ وزیر ۳ اپدیشک۔ تلقین کرنے والا۔
ہدایت کرنے والا۔ ہادی۔ پیر مرشد۔ اپدیشی۔ سکشا گرو
۴ نائب السلطنت۔ گورنر۔ وائسرائے ۵ شطرنج میں
وزیر ۶ بارھواں نکشتر ۵۔

مُنتَر (ہ۔ مذکر) دیکھو منتر۔
منقولہ۔ منتر سے انتر نہیں بیری
سے نہیں نیہ بیتم سے پردہ نہیں جن
نے کبھی ساری: بید دوست سے کوئی بات چھپ
نہیں سکتی اور دشمن سے محبت نہیں ہو سکتی۔ خاوند سے
پردہ نہیں ہو سکتا جس نے سارا بدن دیکھا ہوتا ہے۔

مُنتَسِب (ع۔ فاعل) نسبت رکھنے
والا۔ لگاؤ رکھنے والا (اِنتَسَبَ۔ نسبت رکھنا)

مُنتَشِر (ع۔ فاعل) ۱ بکھرنے والا۔
پھیلنے والا۔ پراگندہ ہونے والا ۲ پراگندہ۔ متفرق۔ تتر بتر
۳ حیران۔ پریشان (کرنا ہونا کے ساتھ) (اِنتَشَرَ۔ پھیلنا)

مُنتَظِر (ع۔ فاعل) ۱ انتظار کرنے والا۔
راہ دیکھنے والا۔ راہ تکنے والا ۲ امیدوار۔ متوقع (رکھنا
رہنا ہونا کے ساتھ) (اِنتَظَرَ۔ راہ دیکھنا) **منتظر حکم**
(صفت) فرمانبردار۔ حکم بردار **منتظری** (مونث) انتظار۔

مُنتَظِم (ع۔ فاعل) ۱ انتظام کرنے والا۔
ناظم ۲ پرویا جانے والا۔ بندھنے والا ۳ کفایت شعار۔
جز رس ۴ (مذکر) منیجر۔ مہتمم۔ سپرنٹنڈنٹ ۵ گماشتہ۔
کارندہ۔ کارکن (اِنتَظَمَ۔ ترتیب دیا جانا۔ بندھنا)

مُنتَفِع (ع۔ فاعل) ۱ نفع اٹھانے والا۔ فائدہ
حاصل کرنے والا ۲ فائدہ مند (اِنتَفَعَ۔ نفع اٹھانا)

مُنتَفِق (ع۔ مذکر) قبیلہ بنو طفیل کی
ایک شاخ۔

مُنتَفی (ع۔ فاعل) نیست ہونے والا۔
فنا ہونے والا ہو چکنے والا (اِنتَفیٰ۔ ہٹانا۔ فنا کرنا)

مُنتَقَش (ع۔ مفعول) کھودا گیا۔ نقش کیا
کیا گیا۔ تصویر بنایا گیا (اِنتَقَشَ۔ کھودنے کا حکم دینا)

مُنتَقِل (ع۔ فاعل) انتقال کرنے والا
ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔ مکان بدلنے والا۔
تبدیل مکان کرنے والا (اِنتَقَلَ۔ لیجایا جانا) **منتقل
الیہ** (مذکر) وہ شخص جس کے نام کوئی چیز منتقل کی
جائے **منتقل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بدلنا۔
تبدیل ہونا۔

مُنتَقِم (ع۔ فاعل) ۱ انتقام لینے والا۔
بدلہ لینے والا ۲ خدا تعالےٰ کا ایک نام (اِنتَقَمَ۔ بدلہ
لینا) **منتقم حقیقی** (صفت) ۱ اصل سزا دینے والا۔
اصل حاکم ۲ خدا تعالےٰ **منتقم مجازی** (صفت) ظاہرہ
بدلہ لینے والا۔ حاکم۔ بادشاہ۔

مَنتھ (س۔ مذکر) ۱ متھنا۔ بلونا ۲ ہلانا
۳ جان سے مار ڈالنا۔ قتل کرنا ۴ ایک کھانا جو جو کے
آٹے گھی اور پانی سے تیار کیا جاتا ہے ۵ جھجا جس

سے ہلانے میں ۔ آنکھ کی ایک بیماری ۔ آنکھ کا
میل ۔ گِدڑ ۔ سورج ۔ سورج کی کرن **مَنتھنی** (مونث)
بلونے کا برتن۔

مُنتہا (ع ۔ مفعول) انتہا کیا گیا ۔ انتہا
کو پہنچا ہوا ۔ انجام کو پہنچا ہوا ۔ پورا ۔ کامل ۔ تمام
مکمل ۔ نتیجہ ۔ انجام ۔ ثمرہ ۔ پھل ۔ حاصل (اصل لفظ
منتہیٰ ہے ۔ انتہیٰ ۔ ختم ہونا) **مُنتہی** (فاعل) انتہا
کو پہنچنے والا ۔ وہ شخص جو تحصیلِ علم مکمل کر چکا ہو ۔
کامل ۔ لائق ۔ عالم ۔ فاضل ۔

مَنتھر (س ۔ صفت) سست ۔ کام چور
۔ احمق ۔ بیوقوف ۔ اونچی نیچی ۔ آہستہ (آواز) ۔ ٹیڑھا ۔
جھکا ہوا ۔ کبڑا ۔ بڑا ۔ چوڑا ۔ دسیع ۔ بھاری ۔ رزنی ۔
چغلخور ۔ (مذکر) خزانہ ۔ بال ۔ غصہ ۔ پہیل ۔ بیوہ ۔
جاسوس ۔ بارہ سنگا ۔ قاعدہ ۔ بساکھ کا مہینہ ۔
روک ۔ اٹکاؤ ۔ متھنا ۔ ہلانا ۔

مِنتی (ہ ۔ مونث) عاجزی ۔ خوشامد ۔
للو پتو (س ۔ ونتی ۔ بنتی) **منتی کرنا** (متعدی)
عاجزی کرنا ۔ خوشامد کرنا **منتی ماننا** (متعدی) عاجزی
تسلیم کرنا ۔ خوشامد سننا ۔

مِنَٹ (انگ ۔ مذکر) ساٹھ سکنڈ یا لمحہ ۔
گھنٹے کا ساٹھواں حصہ (انگ منٹ) **منٹ گزرنا**
(لازم) تھوڑا سا عرصہ ہونا ۔ چند یا منٹوں کی تعداد کے
ساتھ ۔

مَنحٹا (ہ ۔ صفت) مٹایا گیا ۔ برباد کیا گیا
۔ برباد ۔ تباہ ۔ جو نہ ہو ۔ مفقود ۔

مَنثور (ع ۔ مفعول) [illegible] ہوا ۔
پراگندہ ۔ وہ کلام جو منظوم نہ ہو ۔ نثر ۔ ناسفتہ ۔
ان بندھا موتی (نثر ۔ پھیلانا)

مَنج (ہ ۔ امر) منجنا کا ۔ منج ۔ رگڑ ۔ منجا ۔ مانجی
منجنا کی ۔ (صفت) رگڑا ہوا ۔ صاف کیا ہوا ۔ تجربہ کار
۔ جو زیادہ مشق کی وجہ سے قابو میں ہو ۔ **منجانا** (ہ ۔
متعدی) منجنا کا ۔ **منجن** (مذکر) سفوف جس سے دانت
صاف کرتے ہیں (لگانا ۔ گھنا ۔ ملنا وغیرہ کے ساتھ)
منجنا (لازم) صاف ہونا ۔ اجلا ہونا ۔ رگڑا جانا
۔ صیقل ہونا ۔ شائستہ ہونا ۔ مہذب ہونا ۔ تجربہ کار
ہونا ۔ کسی علم و ہنر میں مشاق ہونا **منجی** (صفت مونث)
منجنا کی ۔ **منجی ہوئی آواز** (مونث) مشق کی ہوئی آواز
منجی ہوئی بات (مونث) وہ بات جس کی مشق کی
گئی ہو ۔ تجربہ کی بات ۔

مُنج (س ۔ مذکر) دیکھو مونج ۔ برہمنوں
کی رسی ۔

مَنجا (ہ ۔ مذکر) چارپائی ۔ پلنگ ۔
تخت (س ۔ مارجنک) **منجا بیٹھنا** (متعدی) تخت پر
بیٹھنا ۔ **منجا لینا** (متعدی) چارپائی سے اتارا جانا ۔
ہندو جب مرنے کے قریب ہوتا ہے تو اسے زمین
پر لٹا دیتے ہیں **منجے بیٹھنا** (لازم) دولھا کا شادی
سے پہلے چند روز تک ایک علیحدہ کمرے میں بیٹھنا ۔

مَنجا (ہ ۔ مذکر) ایک قسم کی گھاس ۔ بیج ۔

مَنجا (س ۔ مذکر) پھولوں کا گچھا ۔ بیل ۔

مَنجا (ع ۔ مذکر) کوئی اونچی جگہ جہاں سیلاب
سے بچ سکیں (نجیٰ ۔ بچنا)

مَنجا (ہ ۔ مذکر) ایک باریک لمبا کیڑا جو گھوڑے
کی آنکھ میں پیدا ہو جاتا ہے ۔

منجار ۔ منجار (ہ ۔ مذکر) بلی ۔

منجر (ہ ۔ مونث) پھولوں کا گچھا ۔ پھولوں
سے بھری شاخ ۔ کلی (س ۔ منجری)

مُنجَر (ع ۔ مفعول) کھینچا گیا ۔ واپس
لایا گیا (انجر ۔ کھینچا جانا)

منجرانا (ہ ۔ متعدی) پھول کھلنا ۔

منجری (س ۔ مونث) پھولوں کا گچھا
۔ کلی ۔ شگوفہ ۔ پھولوں کی شاخ ۔ چھوٹی شاخ یا
ٹہنی ۔ اناج کی بال ۔ بیل ۔ موتی ۔ ایک راگنی ۔

منجشٹھا (س ۔ مونث) دیکھو مجیٹھ ۔

منجل (س ۔ صفت) خوبصورت ۔
حسین ۔ خوشگوار ۔ دلپذیر ۔ میٹھا ۔ رسیلا ۔ (مذکر) ایک
آبی پرند ۔ بنگلہ ۔ بلبل ۔ کنواں ۔ چشمہ ۔ پانی کا
قدرتی نالا ۔

منجل (ہ ۔ مذکر) تاڑ کے پھل کی گٹھلی ۔

مَنجلاب (ف ۔ مذکر) وہ گڑھا جو غسلخانے
یا باورچی خانے کے پیچھے گندا پانی جمع ہونے کے
لیے بناتے ہیں ۔ گندا پانی ۔

مُنجلی (ع ۔ فاعل) ظاہر ۔ آشکارا ۔ روشن
(تجلی ۔ صاف ہونا)

مُنجّم (ع ۔ فاعل) ستاروں کا علم جاننے
والا ۔ نجومی ۔ جوتشی ۔ اختر شناس (تنجیم ۔ ستاروں کو
دیکھ کر پیشین گوئی کرنا)

مُنجمد (ع ۔ فاعل) جما ہوا ۔ بستہ ۔
ٹھوس (انجماد ۔ سردی سے جمنا)

منجن (ہ ۔ مذکر) دیکھو منج کے تحت میں ۔

منجنیق (ع ۔ مذکر) ایک آلہ جس سے
بڑے بڑے پتھر پھینک کر دیوار گراتے ہیں (یونانی)

منجو (س ۔ صفت) خوبصورت ۔ حسین
۔ خوشگوار ۔ دلپذیر ۔ سریلا ۔ شیریں ۔

منجوشا (س ۔ مونث) بڑی ٹوکری ۔
ٹوکرا ۔ صندوق ۔ برتن ۔ ظرف

منجھ (ہ ۔ صفت) درمیان کا ۔ درمیانی
بیچ کا ۔ (مذکر) درمیان کا حصہ ۔ درمیان ۔ بیچ (اردو
میں صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے **منجھا** (مذکر)
چرخے کا درمیانی حصہ جس پر مال رہتی ہے ۔ اینڑن
کے بیچ کی لکڑی ۔ گھڑی کی قسم کی ایک لکڑی ۔
رتبہ یا مسدس کا مصرع سوم ۔ راستے کا وسط ۔ کھیت
کی مینڈ ۔ کمہاروں کی اصطلاح ۔ (ہ) درمیان ۔ وسط
بیچ ۔ تکرار ۔ سبب ۔ کولا ۔ **منجھا ڈالنا** (متعدی) کسی کام
کو توقف میں ڈالنا **منجھانا** (لازم) راہ پر آنا ۔ کاٹ کرنا ۔
طے کرنا اس راہ کا جس میں کیچڑ اور دلدل ہو **منجدھار**
(مونث) درمیانی دھار ۔ دریا کا وسط ۔ میان دریا
منجدھار میں پڑنا (لازم) دریا کی بیچ کی دھار میں
پھنسنا ۔ سخت مصیبت یا بلا میں پھنسنا جس سے رہائی
دشوار ہو **منجھلا** (صفت) بیچ کا ۔ درمیان کا ۔ درمیانی
وسطی ۔ وہ جو دو کے بیچ میں پیدا ہو (بھائی ۔ لڑکا
ماموں ۔ چچا وغیرہ) **منجھلا روزہ** (مذکر) رمضان کی چودھویں
تاریخ کا روزہ **منجھلی** (صفت ۔ مونث) درمیانی ۔ وسطی
بیچ کی ۔ وہ جو دو کے بیچ میں پیدا ہو (بیٹی ۔ بہن یا
منجھلے بیٹے کی بیوی) **منجھو** (صفت) منجھلا ۔ درمیانی **منجھو**
(صفت ۔ مونث) منجھلی کی تصغیر **منجھولا** (صفت)
نہ بڑا نہ چھوٹا ۔ میانہ ۔ متوسط ۔ (مذکر) اوسط درجے کا دیگچہ ۔
منجھولی (مونث) وہ چیز جو درمیانہ یا متوسط ہو ۔ ایک
قسم کی چھوٹی بہلی ۔ لکھنؤ ۔ پست قد عورت ۔ چھوٹے
قد کی عورت ۔

منجھ (ہ ۔ امر) منجھنا کا **منجھنا** (لازم)
دیکھو منجنا ۔

منجھولا (ہ ۔ مذکر) جوتا سینے کا آلہ ۔

منجھیلا (ہ ۔ مذکر) دیکھو جھمیلا (پڑنا
ڈالنا کے ساتھ) تاخیر ۔ توقف ۔ التوا **منجھیلے میں
ڈالنا** (متعدی) التوا میں ڈالنا ۔ تعویق میں ڈالنا ۔
کھٹائی میں ڈالنا ۔ دیر لگانا ۔

منجھیلی (ہ ۔ مونث) دوپہر ۔ نیمروز ۔

(صفت) سنسان۔ چپ چاپ **منجھلی رات** (مونث) سنسان رات۔ چپ چاپ رات ڈراونی رات۔

منجیرا (ہ۔ مذکر) دو پیتل کی دو کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ بجائی جاتی ہیں۔ جوڑی بجانا۔ بجنا ناچنا وغیرہ کے ساتھ) (س۔ منجیرک)

منچ (س۔ مذکر) ۱۔ چبوترہ۔ پلیٹ فارم۔ سٹیج ۲۔ مچان ۳۔ چارپائی ۴۔ کرسی ۵۔ اونچی جگہ۔

منچوا (ہ۔ مذکر) ۱۔ دیکھو منچ ۲۔ کشتی کا مچھوا۔

منحرف (ع۔ فاعل) ۱۔ پھرنے والا۔ پھرا ہوا۔ خم کیا ہوا ۲۔ ترچھا۔ ٹیڑھا ۳۔ سرکش۔ برگشتہ باغی۔ متمرد۔ منکر (کر دینا۔ کرنا۔ ہو جانا۔ ہونا کے ساتھ) (انحراف۔ پھر جانا)

منحصر (ع۔ فاعل) ۱۔ گھیرا ہوا۔ احاطہ کیا ہوا ۲۔ بند ۳۔ موقوف۔ مشروط۔ حصر کیا گیا ۴۔ وابستہ متعلق (انحصار۔ رکنا) **منحصر علیہ** (صفت) جس پر کچھ موقوف ہو۔

منحنی (ع۔ فاعل) ۱۔ جھکا ہوا۔ خمیدہ۔ ٹیڑھا ۲۔ قوس نما ۳۔ کبڑا۔ کوزہ پشت ۴۔ کمزور۔ نحیف۔ دبلا۔ لاغر (انحناء۔ ٹیڑھا ہونا)

منحوس (ع۔ مفعول) ۱۔ بدبخت۔ بدنصیب ۲۔ برا۔ بد۔ زشت ۳۔ مکروہ۔ گھناؤنا (نحس۔ بدنصیبی کا نام)

منخر (ع۔ مذکر) نتھنا۔ ناک کا سوراخ (نخرۃ۔ خراٹا لینا) **منخرین** (مذکر) دونوں نتھنے۔

منخنقہ (ع۔ مذکر) وہ جانور جو گلا گھونٹنے سے مرا ہو (انخناق۔ گلا گھونٹا جانا)

مند (ف۔ کلمہ) مالک۔ صاحب۔ والا۔ اسم کے آخر میں آکر صفات بناتا ہے۔ جیسے دولتمند عقلمند۔ ہنرمند۔

مند (س۔ صفت) ۱۔ آہستہ سے چلنے یا حرکت کرنے والا ۲۔ آہستہ۔ دھیما۔ دھیلا۔ ڈھیلا ۳۔ کم۔ ہلکا۔ خفیف ۴۔ سست۔ کاہل۔ مجہول۔ آلسی ۵۔ ارزاں۔ سستا۔ اترا ہوا۔ کساد ۶۔ لاپروا۔ سہل انگار ۷۔ کمزور۔ نرم جیسے کمان ۸۔ نافہم۔ بودا۔ ۹۔ دھیمی جیسے روشنی ۱۰۔ نیچی۔ آہستہ جیسے آواز ۱۱۔ دھیمی۔ آہستہ جیسے بارش ۱۲۔ کمزور جیسے ہاضمہ ۱۳۔ بردبار ۱۴۔ بیوقوف۔ احمق ۱۵۔ بیمار ۱۶۔ ماندہ ۱۷۔ خراب۔ برا ۱۸۔ مدہوش۔ شرابی ۱۹۔ (مذکر) سیارہ سنیچر ۲۰۔ یم کا نام ۲۱۔ زیادتی (مند یا مدھ۔ ٹھہرنا) **مندا** (مونث) ۱۔ برتن۔ ظرف ۲۔ دوات

مندتا (مونث) ۱۔ سستی۔ کاہلی ۲۔ کمزوری ۳۔ آہستگی۔ دھیما پن ۴۔ کند ذہنی۔ بیوقوفی **مندگ** (صفت) ۱۔ آہستہ چلنے والا ۲۔ سنیچر۔

مُندا (ہ۔ امر) مندنا کا (س۔ مد ملانا)

مندا (ماضی) مندنا کی **مند جانا۔ مُندنا** (لازم) ۱۔ بند ہو جانا ۲۔ مچنا ۳۔ دروازے کا بھیڑا جانا ۴۔ (آنکھیں) مر جانا ۵۔ (مت) چھپ جانا۔ غائب ہونا ۶۔ (متعدی) بند کرنا۔ موندنا کا مخفف۔

مندا (ہ۔ صفت) دیکھو مند ۲ تا ۵ و ۸ (س۔ مند) **مندا بولنا** (لازم) ۱۔ آہستہ یا دھیما بولنا ۲۔ بدزبانی کرنا۔ بری بات کہنا ۳۔ کساد بازاری ہونا۔ **مندا بیچنا** (متعدی) سستا بیچنا۔ ارزاں فروخت کرنا **مندا پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) ۱۔ دھیما پڑنا۔ سست ہونا۔ ڈھیلا ہونا ۲۔ ارزاں ہونا۔ سستا ہونا ۳۔ ماند ہونا۔ مدہم ہونا **مندا تار** (مذکر) بیاہ وغیرہ۔ **مندا کرنا** (متعدی) ۱۔ کم کرنا۔ گھٹانا ۲۔ سست کرنا **مند ارگانا** (متعدی) سستا بیچنا۔ کم قیمت پر بیچنا۔ **مندلانا** (ہ) مندا پڑ جانا۔ **مندا ہونا** (لازم) ۱۔ دیکھو آخری ۲۔ کساد بازاری ہونا۔ **مندی** (صفات۔ مونث) مندا کی **مندی آنچ** (مونث) ہلکی آگ **مندی بدھ** (ہ۔ مونث) چھوٹی عقل۔ کم عقل **مندی دوکان** (مونث) ۱۔ وہ دوکان جس پر گاہک تھوڑے آئیں ۲۔ سستی دوکان ۳۔ وہ دوکان جس پر سستا سودا ملے **مندی ہے۔** کساد بازاری ہے۔ بازار سرد ہے۔

مُندار (س۔ مذکر) ۱۔ ایک درخت جس کے پھول نہایت سرخ اور چڑیوں کی شکل کے ہوتے ہیں۔ ڈھاک ۲۔ اندر کے باغ کے پانچ درختوں میں سے ایک۔

مندر (ہ۔ مذکر) ۱۔ مکان۔ گھر۔ قصر۔ محل ۲۔ ہندو سادھوؤں کے رہنے کی جگہ ۳۔ ہندوؤں کی پرستش گاہ۔ کسی بت کے رکھے جانے کا مکان ۴۔ معبد ۵۔ (ہ) بدن۔ جسم ۶۔ شہر ۷۔ سمندر ۸۔ گھٹنے کی پچھلی طرف (س۔ مندر)

مقولہ۔ **مندر ماں سبھی سانچ سے راکھو دیپک بال۔ سانجھ اندھیرے بیٹھنا ہے اپنی بھونڈی چال۔ سر شام گھر میں دیا جلانا چاہیے۔**

مندر (س۔ صفت) ۱۔ بھاری۔ وزنی ۲۔ گاڑھا۔ غلیظ۔ موٹا ۳۔ پکا۔ مضبوط ۴۔ سرگ۔

مُندر (ہ۔ مذکر) سوراخ۔ چھید۔ دراڑ۔

مندرا (ہ۔ صفت) چھوٹا۔ پستہ قد۔

مندرا (س۔ مونث) ۱۔ دیکھو مندر (۲) ۲۔ اصطبل۔ طویلہ ۳۔ بستر ۴۔ چٹائی جو پلنگ پر بچھائی جائے۔

مُندرا (ہ۔ مذکر) ۱۔ جوگیوں کے کان کا کنڈل ۲۔ ایک قسم کا کان کا زیور (س۔ مُدرا)

مندرازی (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا پان جو مدراس کی طرف سے آتا ہے۔

مندرج (ع۔ فاعل) ۱۔ داخل کیا گیا یا ہوا۔ درج کیا گیا یا ہوا۔ لکھا گیا ۲۔ شامل ۳۔ داخل (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (اندراج۔ درج ہونا۔ شامل ہونا) **مندرجہ** (صفت۔ مونث) درج ہونے والا۔ درج کیا گیا۔ **مندرجہ بالا** (صفت) اوپر لکھا ہوا **مندرجہ ذیل** (صفت) آگے لکھا ہوا۔ ذیل میں لکھا ہوا۔

مندرس (ع۔ فاعل) ۱۔ مٹا ہوا۔ کاٹا ہوا ۲۔ چھیلا ہوا ۳۔ خارج کیا ہوا ۴۔ گھسا ہوا۔ (اندراس۔ مٹنا)

مندری (ہ۔ مونث) ۱۔ چھلا جو ہندو کان میں ڈالتے ہیں ۲۔ انگلی میں پہننے کا چھلا یا انگوٹھی (س۔ مُدرکا) **مندریا** (مونث) مندری کی تصغیر۔

مندفع (ع۔ فاعل) دفع ہونے والا۔ دور ہونے والا (اندفاع۔ دور ہونا)

مندل (ہ۔ مونث) ۱۔ ڈھول۔ پکھاوج ۲۔ چرخے کے بیچ کی لکڑی جس پر مال پھرتی ہے ۳۔ وہ دائرہ جو عزیمت خوان اپنے گرد بناتے ہیں (س۔ منڈل)

مندل (ہ۔ مونث) ۱۔ دیکھو منڈل ۲۔ فوارہ (س۔ مندل) ۳۔ (مذکر) بندر کا مخرب۔ بندرگاہ (فت)

مندلا (ہ۔ مذکر) بدن۔ جسم کا ٹانگوں سے اوپر کا حصہ۔

مندمج (ع۔ فاعل) ۱۔ داخل شدہ۔ گھسا ہوا۔ درج شدہ۔ مندرج (اندماج۔ داخل کیا جانا)

مندمل (ع۔ فاعل) بھرنے والا (زخم) (اندمال۔ بھرنا)

مندیل (ع۔ مونث) ۱۔ ایک خاص قسم کی پگڑی۔ طلائی پگڑی۔ لنگی۔ دستار ۲۔ تولیہ۔ رومال۔ انگوچھا ۳۔ کمر کا پٹکا۔ پیٹی ۴۔ بن سلا کپڑا (ندل۔ ہاتھوں کا میلا ہونا)

مُنڈ (ہ ۔ مذکر) ۱ جھاگ ۔ کف ۔ پھین
۲ پیچ ۳ نشاستہ ۔ کلف ۴ مار ۵ کسی چیز کا بہترین
حصہ ۔ جوہر ۔ ست ۔ روح ۶ سر ۷ زیور ۔ سجاوٹ
۸ (مونث) ابنڈ ۔
مُنڈا (ہ ۔ امر) ۱ منڈنا کا ۲ (صفت)
منڈا ہوا ۔ سر منڈا ۳ جس کے سر پر کچھ نہ ہو ۴ بلا سینگ
۵ جس کے پتے گر گئے ہوں ۶ کُند ۔ کھنڈا ۷ کُند
ذہن ۸ کمینہ ۔ رذیل ۹ سرغنہ ۔ سرگروہ ۔ سردار ۔
اُردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا (س مُنڈ ۔ مونڈنا)
منڈا: (امر) ۱ منڈانا کا ۲ (ماضی) منڈنا کی ۳ (صفت)
سر منڈا ہوا ۔ صفا چٹ ۴ جس کی شاخیں نہ ہوں
(درخت) ۵ جس کے سینگ نہ ہوں (جانور) ۶
جس پر کلس نہ ہو (مندر گرجا) ۷ بے سر ۸ جس کی
نوک نہ ہو (جوتا) ۹ (ہ) سر ۱۰ پتنگ کا
سر ۱۱ کیتھی یا مور یا رسم الخط ۱۲ وہ شخص
جس کا سر منڈا ہوا ہو ۱۳ چیلا ۔ مرید ۱۴ لڑکا ۔ بچہ ۱۵
ایک قسم کی بے پردہ پالکی ۱۶ ایک قسم کا بوٹ ۔
منڈ بھیڑ (مونث) دیکھو منہ بھیڑ ۔ منڈ چڑا یا چڑھا
(مذکر) ۱ ایک قسم کے فقیر جو پیسہ نہ ملنے پر اپنے سر یا
بدن کو زخمی کر لیتے ہیں ۲ (صفت) ضدی ۔ ہٹی ۔
منڈ چڑا پن (مذکر) ضد ۔ ہٹیلا پن منڈانا (متعدی)
سر کے بالوں یا داڑھی پر استرا پھروانا ۔ منڈائی
(مونث) ۱ مونڈنے کا فعل ۲ مونڈنے کی اُجرت ۔
منڈ جانا (لازم) لٹ جانا ۔ نقصان ہونا منڈلی
(مونث) وہ عورت جس کے سر پر بال نہ ہو ۔ منڈن
(ہ ۔ مذکر) ۱ سر کا مونڈ جانا ۲ بچے کے پہلی
دفعہ مونڈا جانا ۔ ایک رسم ہے منڈنا (لازم) ۱ حجامت
بننا ۔ بال مونڈے جانا ۲ لٹنا ۔ چوری ہونا ۳ دھوکے
میں آ کر نقصان اٹھانا منڈو (صفت) ۱ سر منڈی
(عورت) ۲ کلمہ خفگی جو عورتیں اپنے آپ کو یا دوسری
عورت کو کہتی ہیں ۳ (مونث) بیوہ ۔ رانڈ ۴ عورتیں
مزاحاً یا مذاقاً دوسری عورت کے حق میں یا پیار سے
لڑکیوں کے حق میں کہتی ہیں ۔ منڈوانا (م) مونڈنا
کا حجامت کروانا ۔ بالوں کا صفایا کروانا منڈوکا
(صفت) وہ جو ماں کے رانڈ ہو جانے پر حرام
سے پیدا ہو ۔ ولد الزنا ۔ حرام کلمنڈیا کاٹنا (متعدی)
کٹنا (لازم) سر کٹنا ۔ منڈیا مروڑ کر پڑ رہنا
(لازم) چپ ہو کر سمٹ سمٹا کر لیٹ رہنا منڈی

توڑنا (ہ ۔ متعدی) سر پھیر لینا منڈی مسجد (مونث)
وہ مسجد جس کے کنگرے یا مینار گر پڑے ہوں ۔

امثال و اقوال ۔ منڈا جوگی

اور پسی دوا پہچانے نہیں جاتے ۔ سر منڈے
جوگی کی شکل صورت سے معلوم نہیں ہوتا کہ کون
ہے اور دوا پس جائے تو پتہ نہیں چلتا کیا چیز ہے ۔
منڈے سر پر پانی پڑا ڈھل گیا ۔ بے شرم آدمی
کسی بات کی پروا نہیں کرتا منڈی گائے سد
اکلور (ہ) جس گائے کے سینگ نہ ہوں وہ
بچھیا معلوم دیتی ہے ۔
مُنڈ (س ۔ صفت) ۱ دیکھو منڈ (۲)
۲ (مذکر) نائی ۔ حجام ۳ درخت کا تنہ جس کی شاخیں
کٹ گئی ہوں ۴ شو جی ۵ راہو ۶ ایک دیتیہ ۷ ایک
راجہ ۸ راجوں کا ایک خاندان ۹ ایک قوم منڈا
(مونث) ۱ عورت جس کا سر منڈا ہو ۔ بیوہ ۲ سادھنی
منڈا کشر (مذکر) ناگری حروف جن پر نشان یا اعراب
نہ ہوں ۔ منڈ کاری (مونث) کری (ہ) بیٹھنے کا ایک
طریقہ جس میں سر گھٹنوں میں دیا جاتا ہے (ماننا کے ساتھ)
منڈی (مونث) ۱ منڈا ہوا سر ۲ لوہا ۳ مہندی
۴ سکندر کی ایک دایہ ۔
مُنڈا (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی روٹی ۔
پھلکا ۔ چپاتی ۲ ایک قسم کی بنگالی مٹھائی ۳ جھلی جو آنکھ
کی پتلی پر آ جاتی ہے ۔ جالا ۔ مانڈا ۔
مُنڈاس ۔ مُنڈاسا (ہ ۔ مذکر) ایک
قسم کی چھوٹی پگڑی ۔ عمامہ ۔ دستار ۔ پھینٹا (س مُنڈ ۔
سر ۔ واس ۔ پہننا) منڈاسا باندھنا (متعدی) ۱ پگڑی باندھنا ۔
پھینٹا کسنا ۲ سر اٹھانا ۔ سر چڑھانا (مف) منڈاسا منڈاس
بند (مذکر) دستار بند ۔ عمامہ بند ۔ منڈاسا کسنا (متعدی)
پھینٹا یا پگڑی باندھنا ۔
مَنڈپ (س ۔ مذکر) ۱ ایک کھلا مکان یا کمرا
۲ عارضی مکان جو بیاہ کے موقع پر کھڑا کرتے اور سجاتے
ہیں ۳ مندر ۔ شوالہ ۔ دیر ۔ معبد منڈپ اطلسی (ہ) آسمان ۔
مُنڈپنا (ہ ۔ مذکر) ۱ کھنڈاپن ۔ کند ہونا ۲ ضد ۔
ہٹ ۳ بچپن ۔ بچپن کی باتیں ۔
مَنڈت (س ۔ صفت) ۱ سجا ہوا ۔ مزین ۲
ملطا ۔ مذبب ۳ خاک آلودہ ۔
مَنڈک (س ۔ مذکر) مینڈک ۔
مَنڈک (س ۔ مذکر) نائی حجام مینڈکا
(مونث) نائن ۔ حجام کی بیوی ۔

مُنڈکری (ہ ۔ مونث) دیکھو مُنہ کے تحت میں ۔
مَنڈل (س ۔ مذکر) ۱ گول چکر ۔ دائرہ ۔ گھیرا ۔
چکر ۔ گولہ ۲ چاند یا سورج کا گھیرا ۳ کوئی گول چیز ۴ گول شہر یا نبو
۵ ساحروں کا دائرہ ۶ اجرام فلکیہ کا گردش کا چکر ۷ سورج یا
چاند کا ہالہ ۸ کھیلنے کی گیند ۹ برص جس میں گول داغ پڑ جاتے ہیں ۱۰
گول پٹی ۱۱ احاطہ ۔ علاقہ ۔ صوبہ ۔ ضلع جیسے کورومنڈل ۱۲ اردگرد
کی سلطنتیں ۱۳ گروہ ۔ ٹولی ۔ جماعت ۔ انجمن ۔ سبھا ۱۴ رگ وید کا ایک
حصہ ۱۵ اس قسم کے دس ہیں ۱۶ بدن پر گول نشان جو ناخن سے پڑ
جائے ۱۷ مسا ۔ خال ۱۸ فوجوں کی ایک گول ترتیب ۱۹ تیر چلانے
کی ایک نشست ۲۰ کُتا ۲۱ سانپ ۲۲ نمبردار ۔ سردار ۲۳ آبکاری
کا افسر منڈل باندھنا (متعدی) ۱ چکر باندھنا ۔ جھرمٹ
باندھنا ۲ دائرہ بنانا ۳ (لازم) اندھیرا چھانا ۔ تاریکی ہونا منڈل
دیش (مذکر) احاطہ ۔ علاقہ ۔ صوبہ منڈلک (مذکر) صوبے کا
حاکم ۔ صوبیدار منڈلن (صفت) ۱ احاطہ کرنے والا ۔ گھیرنے والا ۲
وہ جس پر گول داغ یا دھبے ہوں ۳ حکومت کرنے والا ۴ (مذکر)
حاکم ۔ صوبیدار ۵ سورج ۶ سانپ ۷ بلی ۸ کتا ۹ بڑ کا درخت ۔
منڈلی (مذکر) ۱ بلی ۔ ہلکا ۲ (ہ ۔ مونث) ۱ دیکھو منڈل ۲ گھونسلا
۳ کمپنی ۴ محلہ ۵ مندر ۔ معبد ۶ فرقہ ۷ ایک قسم کی گھاس منڈلیا
(ہ) لوٹن کبوتر منڈلی پتی (مذکر) کسی علاقے کا حاکم ۔ صوبیدار
۲ کسی جماعت یا کمپنی کا سردار ۔
مُنڈلا (ہ ۔ امر) منڈلانا کا ۔
منڈلانے پھرنا (لازم) ڈانواں ڈول پھرنا ۲ چکر لگانا ۔ چکر کاٹنا ۳
کسی کی تلاش میں چکر لگانا ۴ کہیں پہنچنے کی امید میں بار بار جانا
مگر ملاقات سے محروم رہنا منڈلانا (متعدی) ۱ چکر لگانا ۔ گھومنا
۲ گول دائروں میں اڑنا ۳ گرد پھرنا ۔ حلقہ باندھ کر پھرنا ۴ آدمی کا
ہیرے پھیرے کرنا ۵ آدمیوں کا ہجوم کرنا ۶ بادل کا گھر آنا منڈلا
یا منڈلایا پھرنا (لازم) دیکھو منڈلاتے پھرنا ۔
مَنڈنا (ہ ۔ متعدی) ۱ سجانا ۲ ترتیب دینا ۳
(لازم) مانڈنا کا ۔ رگڑنا ۔ ملنا ۴ لتاڑنا ۔ روندنا ۵ گوندھنا ۶
مشغول ہونا ۔ منہمک ہونا ۷ (متعدی) دیکھو مانڈنا ۔
مَنڈوا (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا اناج (س
مذکر) ۲ دیکھو منڈپ ۳ خیمہ منڈوی (مونث) دیکھو
منڈوا ۔

مثل ۔ منڈوے کے آٹے

میں شرط کیا ۔ معمولی معاملے میں کسی بات کی شرط کرنا
فضول ہوتا ہے ۔
مَنڈوک (س ۔ مذکر) ۱ مینڈک ۲ ایک
قسم کا پھول مُنڈھ (ہ ۔ امر) منڈھنا کا (س مرد ۔ تیار کرنا)

منڈھا (ماضی) منڈھنا کی منڈھا جانا (لازم) منڈھنا کا ۱ مڑھا جانا ۲ پوری ہمت سے کام شروع کرنا۔
منڈھ جانا: لازم) کسی کام پہ لگ جانا یا جٹ جانا کسی کام کے سر ہو جانا۔ پوری پوری ہمت سے کام شروع کرنا منڈھنا (متعدی) ۱ پرستش کرنا۔ کپڑا یا کاغذ چڑھنا۔ مڑھنا ۲ ڈھانپنا ڈھانکنا۔ اڑھانا۔ ڈھکنا ۳ طبلے یا ڈھولک پر کھال چڑھنا ۴ (مر ڑ ن ۔ ڈالنا۔ سر ڈالنا یا کرنا ۵ (لازم) رچنا۔ مچنا۔ ہونا (س مرت ۔ ڈھک دینا)
منڈھوانا (مم) (منڈھنا کا) منڈھوائی (مونث) منڈھوانے کی مزدوری یا اجرت۔
مثل منڈھے (بنتی ہے) اسے توخوب (بجتی ہے) جسے کام بن جاتا ہے تو ڈینگ کی سوجھتی ہے۔
مُنڈھ (ہ ۔ صفت) ۱ سردار۔ حاکم صاحب اختیار ۲ دیکھو منڈ۔
مَنڈھا (ہ ۔ مذکر) ۱ منڈپ ۔ دو ہ نگیرہ۔ سائبان شامیانہ یا عارضی مکان جو ہندؤں میں شادی کے روز کھڑا کیا جاتا ہے اور پتوں پھولوں وغیرہ سے آراستہ کرتے ہیں۔ اس کے نیچے پھیرے ہوتے ہیں ۲ ایک قسم کا گیت جو دلہن کے وداع کے وقت گایا جاتا ہے ۳ بنگلہ۔ (س منڈپ) منڈھا چھانا (لازم) چھوانا (متعدی) شادی کا سائبان تنوانا۔ منڈھی منڈھیا (مونث) ۱ جھونپڑی۔ مڑھی۔ کٹیا ۲ چھوٹا سا گنبد جس میں جوگی رہتے ہیں ۳ چھوٹا سا سائبان جس کے نیچے جوگی رہتے ہیں منڈھے چڑھنا (لازم) ۱ بیل کا ٹٹی پر چڑھنا ۲ شادی ہونا ۳ کامیابی ہونا ۴ تکمیل پر پہنچنا۔ کمال حاصل کرنا۔
مَنڈھپ (ھ) ۔ مذکر) ۱ دیکھو منڈپ ۲ چھوٹا گول مندر۔
مَنڈھوا (ہ ۔ مذکر) دیکھو منڈھا۔
مَنڈھیانا (ہ ۔ متعدی) دیکھو منڈیانا۔
مَنڈی (ہ ۔ مونث) ۱ بڑا بازار جس میں چیزیں آکر فراہم بکیں اور وہاں سے چھوٹے دوکانداروں کے جاکر بیچیں۔ تھوک کا بازار ۲ پینٹھ۔ بازار ۳ بڑا میلا جہاں گائے۔ گھوڑے وغیرہ بکنے بانمائش کے لئے آئیں ۴ وہ چھوٹے گاؤں جو غلہ جمع کرنے اور رسادر کو بھیجنے کے لئے بنائے جاتے ہیں (س منڈ۔ سجانا) منڈی بنانا (متعدی) بننا (لازم) منڈی کا تعمیر ہونا منڈی لگانا (متعدی) منڈی قائم کرنا منڈی لگنا (لازم) منڈی کا کاروبار شروع ہونا۔ بازار لگنا۔

مَنڈیانا (ہ ۔ متعدی) ۱ ابر چڑھانا۔ کلف لگانا۔ چاولوں کی پیچ یا نشاستہ سے کپڑے یا کاغذ کو سخت بنانا ۲ بالوں کو سیاہ کرنا (س منڈ۔ پیچ)
مُنڈیر (ہ ۔ مونث) منڈیرا (ہ ۔ مذکر) ۱ دیوار کا اوپر کا حصہ جو ڈھلوان ہوتا ہے ۲ پشتہ۔ مینڈھ (س منڈ۔ سر) منڈیر باندھنا (متعدی) پشتہ باندھنا مینڈھ بنانا۔ منڈیری (مونث) منڈیر کی تصغیر (باندھنا کے ساتھ)
مِنَروا (روما) عصر عقل کی دیوی۔ اس کی پرستش کیپیٹل کے مندر میں ہوتی تھی۔
مَنزِل (ع ۔ مونث) ۱ اترنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ پڑاو۔ مقام ۲ ایک دن کا سفر۔ مرحلہ ۳ گھر۔ خانہ۔ مکان ۴ سرائے۔ کارواں سرائے۔ مسافرخانہ ۵ مکان کا درجہ۔ چھت ۶ چاند کا گھر یکھتہ ۷ قرآن شریف کے سات حصوں میں سے ایک ۸ مکان یا کشتی وغیرہ کی تعداد ظاہر کرنے کو کہتے ہیں ۹ اہم کام۔ مرحلہ ۱۰ بڑی مسافت ۱۱ انزال۔ اخراج منی ۱۲ وہ جگہ جہاں ڈاک کے گھوڑے بدلیں ۱۳ دب اکبر کی دم کے تین ستارے (نزل۔ اترنا) منزل اٹھانا (متعدی) مکان بنانا منزل اوّل (مونث) ۱ پہلی منزل ۲ قبر منزل بمنزل (تف) ۱ پڑاو بپڑاو۔ ایک منزل کے بعد دوسری منزل پر ۲ درجہ بدرجہ ۳ سلسلہ وار منزل بھاری کرنا (متعدی) ہونا (لازم) سفر طے کرنا مشکل ہونا منزل پر اترنا (لازم) پڑاو پر جاکر ٹھہرنا منزل پر پہنچانا (متعدی) ۱ اصل مقام پر پہنچانا۔ مقام مقصود پر پہنچانا ۲ کسی امر کا ثابت کر دینا منزل دراز ہونا (لازم) معمولی مسافت کا لمبا معلوم ہونا منزل دینا (متعدی) جنازے کو راستے میں تھوڑی سی دیر کے لئے روک دینا۔
منزل طے کرنا (متعدی) ۱ مسافت طے کرنا ۲ مرحلہ طے کرنا ۳ بہت ہمت کرنا منزل طے ہونا (لازم) سفر پورا ہونا ٹھکانے پر پہنچنا منزل کاٹنا (متعدی) کٹنا (لازم) فاصلہ طے ہونا مسافت طے ہونا منزل کٹھن ہونا (لازم) سفر طے کرنا دشوار ہونا منزل کرنا (متعدی) ۱ ایک پڑاو کا رستہ چلنا ۲ کچھ چل کر ٹھہر جانا منزل کڑی ہونا (لازم) منزل کٹھن ہونا منزل کھوٹی کرنا (متعدی) چلنے میں دیر لگانا مسافت پوری نہ کرنا۔ دیر نہ دینا منزل کھوٹی ہونا (لازم) ۱ رستے میں اتنا عرصہ ہونا کہ منزل پر وقت پہ نہ پہنچ سکنا۔ دیر لگنا۔ دیر ہونا ۲ مسافت طے نہ ہونا۔ مقام مقصود تک پہنچنے سے رہ جانا۔ منزل گاہ (مونث) اترنے کی جگہ منزل مارنا (متعدی) ۱ مسافت طے کرنا۔ سفر کرنا ۲ مہم طے کرنا۔ مشکل حل کرنا منزل مقصد یا مقصود (مذکر) اصل مقصد۔ اصل مراد منزل مقصود پہ پہنچنا (لازم) ۱ اصل مراد یا مطلب کو پہنچنا ۲ ٹھکانے پر پہنچنا۔ منزل نرم ہونا (لازم) سفر کا طے کرنا آسان ہونا۔
منزلہ (مذکر) ۱ منزل۔ چھت مرکبات میں جیسے دو منزلہ سہ منزلہ ۲ جائے۔ مقام ان معنوں میں بمنزلہ ترکیب سے مستعمل ہے منزل ہستی (مونث) عمر۔ زندگی۔
مُنزَل (ع ۔ مفعول) اتارا گیا۔ نازل کیا گیا (انزل سے اتارنا) مُنزِل (فاعل) انزال ہونے والا منزل ہونا (لازم) انزال ہونا۔ منی نکلنا۔
مَنزِلت (ع ۔ مونث) ۱ عزت۔ قدر۔ قیمت۔ توقیر۔ اعزاز ۲ جاہ۔ درجہ۔ رتبہ۔ مرتبہ۔ پایہ۔ منصب (نزل۔ اترنا)
مُنزَوِل (ع ۔ فاعل) ۱ گرنے والا۔ جلنے والا ۲ تلف ہونے والا۔ تباہ ہونے والا ۳ مرجانے والا ۴ گل جانے والا۔ سڑنے والا (انزول۔ گزرنا)
مُنزَوی (ع ۔ صفت) گوشہ نشین گوشہ گیر۔ خلوت گزین۔ عزلت گزیں۔ زاویہ نشین (انزوی۔ گوشے میں بیٹھنا)
مُنَزّہ (ع ۔ مفعول) ۱ عیبوں سے بری پاک مبرا ۲ خالص۔ صاف۔ بے داغ ۳ مقدس۔ متبرک۔ پوتر (نزہ۔ عیبوں سے پاک ہونا)
مَن (س ۔ مذکر) ۱ دل من۔ عقل۔ سمجھ ۳ ضمیر ۴ مرضی۔ منشا ۵ خیال ۶ دھیان۔ محبت۔ الفت ۷ خواہش۔ آرزو ۸ مزاج۔ طبیعت ۹ نیک نیتی۔ خیر خواہی۔ ۱۰ قوت۔ طاقت۔ زور ۱۱ جوش۔ سرگرمی ۱۲ فلسفہ سمجھنے اور سوچنے کا اندرونی عضو۔ سمجھ اور جذبہ کی جگہ ۱۳ روح۔ آتما ۱۴ چھبیسواں کلپ (۱) جھیل مانس رمن۔ سوچنا) منس تال (مذکر) اس شیر کا نام جس پر درگا جی سواری کرتی ہیں۔
مَنس (س ۔ مذکر) ایک رشی منسا (مونث) ۱ ارادہ۔ مطلب۔ مقصد۔ خواہش۔ مراد منسا پورن کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مراد بر آنا۔ مقصد پورا ہونا۔ من کی اچھا پوری ہونا۔

مُنسائیت (اردو۔ مونث) دیکھو منسائی اردو میں صرف بلمنساہٹ کی ترکیب سے مستعمل ہے۔

مَنسائی (ھ۔ مونث) ۱ انسانی حالت ۲ انسانیت ۔ آدمیت ۳ کوئی چیز جس کی انسان خواہش کرے۔ منسائی کرنا (متعدی) آدمی کو مارنا ۔ آدمی پر چوٹ کرنا۔

مَنسَج (ع۔ مذکر) جلاہے کی دوکان۔ اس کا کارخانہ (نسج ۔ بُننا)

مَنسِج (ھ۔ صفت) ۱ دل میں پیدا شدہ ۲ عقلی۔ دلی ۳ (مذکر) عشق۔ محبت ۴ عشق کا دیوتا کا مدیو۔

مِنسَج (ع۔ مذکر) ۱ وہ آلہ جس سے جلاہا تانی کو پھیلاتا ہے۔ جلاہے کا رچھ ۲ گھوڑے کے بدن کا وہ حصہ جو ایالوں سے نیچے اور اگلے پاؤں کے اوپر ہوتا ہے (نسج ۔ بُننا)

مُنسروا (ھ۔ مذکر) آدمی ۔ مانس (عف)

مُنسَرِح (ع۔ مفعول) ۱ آسان کیا گیا ۲ (عروض۔ مونث) ایک بحر یا وزن مستفعلن مفعولات مستفعلن مفعولات (انسرح ۔ آسان ہونا)

مَنسَک (ع۔ مذکر) ۱ عبادت گاہ ۲ مکہ معظمہ کی وہ جگہ جہاں حاجی قربانی کرتے ہیں (نسک ۔ پرستش کرنا)

مُنسَلِک (ع۔ فاعل) ۱ پرویا ہوا لڑی میں پرویا ہوا۔ نتھی کیا ہوا ۲ شامل۔ مشمولہ (کرنا ہونا کے ساتھ) (انسلاک ۔ پرونا) منسلکہ (صفت۔ مونث) دیکھو منسلک۔

مَنسُوب (ع۔ مفعول) ۱ نسبت کیا گیا ۲ منگنی کیا گیا جس سے منگنی ہوئی ہو۔ منگیتر (نسب ۔ جوڑنا) منسوب کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ نسبت ہونا۔ تعلق ہونا ۲ منگنی ہونا ۳ نکاح ہونا۔ بیاہا جانا منسوبہ (صفت۔ مونث) ۱ نسبت دی ہوئی۔ متعلقہ ۲ وہ عورت جس سے نسبت ہوئی ہو۔ منگیتر۔

مَنسُوخ (ع۔ صفت) ۱ رد کیا گیا۔ نیست کیا گیا۔ متروک (کرنا ہونا کے ساتھ) (نسخ ۔ رد کرنا) منسوخی (مونث) منسوخ کرنا یا ہونا۔

منسوخی (ع) ۔ صفت) ۱ ذہین ۔ ہوشیار ۲ خیالی ۔ دماغی ۔ عقلی ۳ روحانی۔

مَنسی (ع۔ مفعول) بھولا ہوا (نسی ۔ بھولنا)

مَنسیا (ھ۔ صفت) انسان کے متعلق۔ منسیا ہو جانا (لازم) جانور کا آدم خور بن جانا ۔ آدمی کا خون منہ سے لگ جانا۔

مَنِش (ف۔ مونث) ۱ طبیعت۔ مزاج ۔ خو دیکھو مَنَش ۲ خود بینی ۔ غرور ۔ تکبر (من ۔ میں ش۔ مصدری)

مَنش (ھ۔ مذکر) ۱ آدمی ۔ انسان ۲ خاوند منش دیہ دھارن کرنا (متعدی) انسان کی صورت میں اتار لینا۔

مثل منش کی پہچان کو معاملہ کسوٹی ہے ۔ ہر شخص معاملے سے پہچانا جاتا ہے۔

مَنشا (ع۔ مذکر) ۱ پیدا ہونے کی جگہ ۔ پرورش پانے کی جگہ ۲ سبب ۔ باعث ۔ وجہ ۳ ارادہ ۔ مقصد ۔ مراد ۔ مطلب ۴ منصوبہ ۔ عندیہ ۵ مفہوم ۔ مدعا ۔ معنی ۔ ارتھ ۶ اشارہ (نشا ۔ پیدا ہونا) منشا پورا ہونا (لازم) مراد حاصل ہونا ۔ مطلب حاصل ہونا منشا ظاہر کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ارادہ معلوم ہونا۔ مقصد ظاہر ہونا منشا ہونا (لازم) ۱ ارادہ ہونا ۔ مقصد ہونا ۲ مطلب ہونا ۔ معنی ہونا۔

مُنشآت (ع۔ مذکر) جمع منشی کی ۱ مسودات ۔ تصنیفات ۲ عبارتیں۔

مِنشار (ع۔ مذکر) ۱ لکڑی چیرنے کا آلہ ۔ آرہ ۲ اناج کو علیحدہ کرنے کا آلہ جس کے ایک طرف دستہ اور دوسری طرف کنگھی کی طرح بنی ہوئی ہوتی ہے ۳ پنکھا (نشر ۔ پھیلانا)

مُنشَرِح (ع۔ مفعول) ۱ کھلا ہوا۔ آشکارہ ۲ خوش ۔ مسرور ۔ بشاش (انشراح ۔ کھلنا)

مُنشَعِب (ع۔ مفعول) پھیلا ہوا۔ پراگندہ ۔ شاخ در شاخ ۔ منتشر (انشعب ۔ شاخوں کا پھیلنا)

مَنشُور (ع۔ مفعول) ۱ پھیلا ہوا ۔ بکھرا ہوا ۔ تتر بتر ۔ منتشر ۔ پراگندہ ۲ مذکر پروانہ ۔ فرمان شاہی ۳ سیدھا شیشہ جس میں سے شعاعیں گزر کر پھیل جاتی ہیں (نشر ۔ پھیلنا) منشور گرامی (مذکر) بادشاہ کا [illegible] منشور مثلثی (مذکر) تکون شیشہ جس میں سے گزر کر شعاعیں سات رنگوں میں تقسیم ہو کر پھیل جاتی ہیں [illegible] اودا ۔ نیلا ۔ آسمانی ۔ سبز ۔ زرد ۔ نارنجی [illegible] میں رنگ تین ہی ہیں ۔ نیلا ۔ زرد اور [illegible] ان کی مختلف ترکیبوں سے بنتے ہیں ۔ بعض ماہران علم طبیعات نے شعاع کے رنگوں کو زیادہ میں تقسیم کیا ہے۔

مُنشی (اس مونث) ۱ عورت ۲ بیوی

منشیہ (صفت) ۱ انسانی ۔ انسان کا ۲ (مذکر) انسان ۔ آدمی ۳ شخص ۔ فرد ۔ فانی شخص منشیہ تن پانا یا دھرنا (متعدی) انسان کی شکل ۔ [illegible] پیدا ہونا ۔ اوتار دھارنا منشیہ رو [illegible] انسانی شکل۔

مُنشی (ع۔ فاعل) ۱ آغاز کرنے والا ۔ پیدا کرنے والا ۔ دل سے پیدا کرنے والا ۲ (مذکر) لکھنے والا شخص ۔ محرر ۔ کلرک ۳ تھانے کا محرر ۔ محرر پیشی ۴ ایک خطاب جو پڑھے ہوئے لوگوں کے نام کے آگے لگایا جاتا ہے ۵ اردو فارسی پڑھانے کا استاد خصوصاً وہ جو انگریزوں کو پڑھاتا ہے ۶ انشا پرداز ۔ مضمون نگار ۔ خوش تحریر ۔ خوش قلم ۷ وکیلوں کا ایک ملازم جو کاغذات وغیرہ رکھتا اور مقدمے لاتا ہے ۔ گو قانونی طور پر وہ مقدمے لانے کا مجاز نہیں (انشا ۔ پیدا کرنا) منشیانہ (صفت) ۱ منشیوں کا سا ۔ منشیوں کے مانند ۲ (مذکر) وہ روپیہ جو وکیلوں کے منشی وکیلوں کی فیس کے ساتھ لیتے ہیں منشی چرخ (مذکر) عطارد منشی خانہ (مذکر) ۱ دفتر فارسی ۔ اردو کا دفتر ۲ ڈاک بنگلوں کے ساتھ ایک چھوٹا مکان جس میں افسران کے منشی ٹھہرتے ہیں منشی گری (صفت) ۱ محرری ۔ کتابت ۔ لکھنے کا کام ۲ وکیلوں کے منشیوں کا کام منشی فلک (مذکر) عطارد۔

مَنصِب (ع۔ مذکر) ۱ رتبہ ۔ عہدہ ۲ وہ عہدہ جو شاہان ہند کی طرف سے امرا کا دیا جاتا تھا ۳ حق ۔ موقع ۔ محل ۴ خدمت ۔ کام ۵ مجسٹریٹی ۔ حکومت ۶ درجہ ۔ حد ادب ۷ حوصلہ ۔ مجال ۔ طاقت ۔ قدرت ۸ وہ وظیفہ جو نسلاً بعد نسلاً [illegible] جاتا ہے ۔ عام طور پر بفتح سوم استعمال ہوتا ہے [illegible] ہے (نصب ۔ کھڑا کرنا) منصبدار (صفت) عہدہ دار ۔ حاکم ۲ نسلاً بعد نسلاً وظیفہ پانے والا منصبی (صفت) منصب سے منسوب ۔ جیسے فرض منصبی۔

مُنصَر (ع۔ مذکر) مختصر کا مخرب (مت)

مُنصَرِف (ع۔ فاعل) ۱ پھر جانے والا ۔ ایک حال سے دوسرے حال پر لوٹ جانے والا ۲ باغی ۔ منحرف ۳ (صرف ونحو) جس کی گردان ہو سکے۔

مُنصِف (ع۔ فاعل) ۱ انصاف کرنے

والا۔ عادل ۲ دیوانی کا ایک عہدیدار (اِنْصِف۔ برابر تقسیم کرنا) **مُنْصِفانہ** (تف، عادلانہ۔ انصافاً۔ ازروے انصاف۔ ٹھیک ٹھیک۔ **منصف مزاج** (صفت) ۱ انصاف پسند شخص ۲ صاف گو۔ کھرا **مُنْصِفی** (مونث) ۱ انصاف۔ فیصلہ۔ تصفیہ ۲ منصف کا عہدہ ۳ منصف کی عدالت **منصفی اٹھ جانا** (لازم) انصاف نہ رہنا۔ بے انصافی ہونا ظلم ہونا **منصفی شرط ہے**۔ انصاف کرنا چاہئیے **منصفی کرنا** (متعدی) عدل کرنا۔ انصاف کرنا۔

مَنْصُوب (ع۔ مفعول) ۱ نصب کیا گیا۔ کھڑا کیا گیا ۲ کھڑا۔ استادہ۔ سیدھا۔ قائم ۳ مفتوح۔ فتح دیا گیا (نصب۔ کھڑا کرنا) **منصوبہ** (مذکر) ۱ لکڑی کی بنی چیز ۲ تدبیر۔ تجویز۔ توڑ جوڑ ۳ قصد۔ ارادہ۔ منشا **منصوبہ باز** (صفت) تدبیریں سوچنے والا **منصوبہ باندھنا یا بنانا ٹھہرانا یا کرنا** (متعدی) کسی بات کو دل میں ٹھاننا۔ ارادہ کرنا۔ عزم بالجزم کرنا۔

مَنْصُور (ع۔ مفعول) ۱ مدد دیا گیا۔ فتح دیا گیا۔ نصرت دیا گیا ۲ فتح مند۔ کامیاب۔ مظفر (نَصَرَ۔ مدد دینا) **منصور و مُظَفَّر** (صفت) فتح مند۔ کامیاب۔ دونوں الفاظ کے ایک ہی معنی ہیں۔

مَنْصُوص (ع۔ مفعول) ۱ ظاہر کیا گیا۔ تحقیق کیا گیا۔ کمال تحقیق کو پہنچا ہوا ۲ (مذکر) قرآن شریف کی وہ آیت جو قابل تاویل نہ ہو یا وہ حدیث صریح جو کامل طور پر ثابت ہو گئی ہو (نَصّ۔ ظاہر کرنا)

مَنَصَّہ (ع۔ مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں کوئی چیز دکھائی جائے۔ جلوہ گاہ۔ کسی چیز کے ظاہر ہونے کی جگہ ۲ وہ تخت یا چوکی جس پر دلہن کو بٹھا کر جلوہ کراتے ہیں ۳ مجلہ۔ مسہری جسے خوب سجایا جاتا ہے (نَصّ۔ ظاہر کرنا)

مُنْضِج (ع۔ فاعل) وہ دوا جو جلاب سے پہلے مواد کو نرم کرنے کے لئے دی جاتی ہے (نُضج۔ پکانا)

مُنْضَم (ع۔ مفعول) ۱ ملایا گیا۔ ملا ہوا۔ شامل کیا گیا ۲ شامل۔ پیوستہ۔ ملحق (اِنْضِمام۔ ملنا) عربی میں بتشدید چہارم ہے۔

مُنْطَبِع (ع۔ فاعل) ۱ نقش ہونے والا۔ چھپنے والا ۲ تابعدار۔ فرمانبردار ۳ ڈھلا ہوا۔ سدھا ہوا (اِنْطِبَاع۔ چھپنا)

مُنْطَبِق (ع۔ فاعل) ۱ ڈھانپنے والا۔ مطابق آنے والا ۲ برابر۔ موافق۔ مطابق۔ یکساں (کرنا ہونا کے ساتھ) (اِنْطِبَاق۔ ڈھانپا جانا)

مُنْطَفی (ع۔ فاعل) بجھنے والا۔ فرو ہونے والا۔ بجھا ہوا (اِنْطِفا۔ بجھنا)

مَنْطِق (ع۔ مونث) ۱ نطق۔ گویائی ۲ گفتار۔ بات چیت۔ بات۔ گفتگو ۳ تلفظ۔ لہجہ ۴ فصاحت۔ خوش کلامی ۵ ٹھیک طور پر سوچنے کا علم۔ علم دلیل۔ وہ علم جو عقلی دلائل سے حق کو حق اور ناحق کو ناحق ثابت کرتا ہے۔ علم معقول۔ علم مناظرہ۔ بنائے شاستر ۶ کتا بنا۔ حجت۔ دلیل (نُطق۔ بولنا)

منطق بگھارنا یا چھانٹنا (متعدی) باتیں بنانا۔ حجت کرنا۔ دلیل کرنا۔ تقریر جھانٹنا۔ مین میکھ نکالنا۔ چناں چنیں کرنا **مَنْطِقی۔ مَنْطِقیا** (صفت) ۱ علم منطق جاننے والا ۲ جھگڑالو۔ حجتی۔

مُنْطِق (ع۔ فاعل) ناطق۔ وہ جو ظاہر کیا جا سکے (عدد) (نُطق۔ صاف طور پر بولنا)

مِنْطَقات (ع۔ مذکر) منطقہ کی جمع۔ **منطقات البُرُوج یا فلک** (مذکر) یہ بارہ ہیں۔ دیکھو بارہ برج۔

مِنْطَقَہ (ع۔ مونث) منطقہ (مذکر) ۱ کمر بن باندھنے کا پٹکا ۲ وہ خطۂ زمین جو دو فرضی خطوط کے درمیان پٹکے کی طرح زمین کو گھیرے ہوئے ہے۔ زمین کے سورج کے گرد گردش کرنے کی وجہ سے زمین کا شمالی حصہ کسی وقت سورج کے عین مقابل میں ہوتا ہے اور کسی وقت جنوبی حصہ۔ شمال میں جو آخری حصہ سورج کے سامنے ہوتا ہے وہاں ایک فرضی خط زمین کے گرد کھینچا گیا ہے جسے خط سرطان کہتے ہیں۔ اسی طرح جنوب کی طرف ایک خط کھینچا گیا ہے جسے خط جدی کہتے ہیں۔ جہاں زمین کا محور سورج کے محور کو کاٹتا ہے۔ اس جگہ اسی طرح ایک فرضی خط شمال میں زمین کے گرد کھینچا گیا ہے اور ایک جنوب میں۔ انہیں دائرہ قطب شمالی اور دائرہ قطب جنوبی کہتے ہیں یہ دائرے قطبین سے ۲۳ درجہ ۲۸ ثانیہ کے فاصلے پر واقع ہیں۔ ان دائروں کے درمیان جو زمین کے خطے ہیں انہیں منطقات کہتے ہیں جو پانچ ہیں ہر ایک کے حالات علیحدہ دیکھو۔ منطقہ اردو میں ال کے پہلے استعمال ہوتا ہے اور مذکر ہے (نِطَاق کسی چیز کو گھیرنا) **منطقہ البُرُوج** (مذکر) سورج گرمی کے موسم میں آسمان پر شمال کی طرف آتا ہوا معلوم ہوتا ہے اور ایک خاص حد تک پہنچکر واپس جاتا معلوم ہوتا ہے اسی طرح موسم سرما میں ایک خاص حد تک جنوب کو واپس جاتا معلوم ہوتا ہے۔ ان دو حدود پر خط کھینچے گئے ہیں اور ان خطوں کے درمیان جو حصۂ آسمان ہے اسے بارہ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر حصے کو برج کہتے ہیں اور کل حصے کو جو ان خطوط کے درمیان ہے منطقۃ البروج اور ہندی میں راس چکر یا راس منڈل کہتے ہیں **منطقۂ باردہ** (مذکر) وہ خطۂ زمین جہاں سخت سردی ہو **منطقۂ باردۂ جنوبی** (مذکر) وہ خطۂ زمین جو دائرہ قطب جنوبی سے جنوب کی طرف ہے یہ کبھی سورج کے عین سامنے نہیں آتا اس لئے نہایت سرد ہے۔ اس میں دن رات چوبیس گھنٹے کے نہیں ہوتے بلکہ عین قطب پر چھ مہینے کا دن اور چھ مہینے کی رات ہوتی ہے **منطقۂ باردۂ شمالی** (مذکر) وہ خطۂ زمین جو دائرۂ قطب شمالی کے شمال میں ہے۔ دیکھو آخری **منطقۂ حارہ یا محرقہ** (مذکر) وہ خطۂ زمین جو خط سرطان اور خط جدی کے درمیان ہے یہاں بہت گرمی پڑتی ہے کیونکہ سورج اس خطے کے کسی نہ کسی جگہ کے مقابل ہر وقت رہتا ہے **منطقۂ معتدلہ** (مذکر) وہ خطۂ زمین جہاں موسم معتدل ہو نہ گرمی زیادہ ہو نہ سردی **منطقۂ معتدلۂ جنوبی** (مذکر) وہ خطۂ زمین جو خط جدی و دائرۂ قطب جنوبی کے درمیان ہے۔ یہاں موسم معتدل رہتا ہے **منطقۂ معتدلۂ شمالی** (مذکر) وہ خطۂ زمین جو خط سرطان اور دائرۂ قطب شمالی کے درمیان ہے یہاں بھی موسم معتدل رہتا ہے۔

مَنْطُوق (ع۔ مفعول) ۱ بولا گیا ۲ (مذکر) سخن۔ کلام۔ قول۔ بات چیت۔ مضمون (نُطق۔ بولنا)

مُنْطَوی (ع۔ فاعل) ۱ لپٹا ہوا۔ ملفوف ۲ پیچیدہ (اِنْطِوا۔ لپٹنا)

مَنْظَر (ع۔ مذکر) ۱ جائے نظر ۲ نظارہ۔ سیر گاہ۔ تماشا گاہ۔ نظر پڑنے کی جگہ ۳ صورت شکل چہرہ۔ رُخ ۴ آنکھ۔ چشم ۵ کھڑکی۔ دریچہ۔ دیکھنے کا سوراخ ۶ اونچی عمارت۔ بلند عمارت۔ مینار۔ لاٹھ (نَظَر۔ دیکھنا) **منظرِ چشم** (مذکر) آنکھ کی پتلی **منظرِ عام** (مذکر) کھلی جگہ۔ شارع عام۔ گزرگاہ عام۔

مُنَظَّم (ع۔ مفعول) ۱ دھاگے میں پرویا ہوا ۲ موزوں کلام ۳ وہ چیز جو انتظام کے ساتھ تنظیم کیا گیا (نَظم۔ پرونا)

مَنْظُور (ع۔ مفعول) ۱ دیکھا گیا۔ نظر کیا گیا ۲ پسندیدہ۔ قبول کیا گیا۔ مقبول ۳ مانا گیا۔ تسلیم کردہ شدہ ۴ اجازت دیا گیا (نَظَر۔ دیکھنا) **منظورِ خاطر** (صفت) پسند۔ مقبول۔ پسندِ خاطر **منظورِ خدا** (مذکر) ہونی

مولا بشیت ایزدی **منظور کرنا** (متعدی) ۱ ماننا۔ تسلیم کرنا ۲ قبول کرنا ۳ اجازت دینا **منظورِ نظر** (صفت) پسندیدۂ نظر۔ مقبول۔ پسند۔ دلپسند۔ پسند خاطر۔ مرغوب دل **منظورِ نظر ہونا** (لازم) دل کو بھانا۔ نظر پر چڑھنا۔ دل میں کھپنا **منظوری** (مونث) ۱ منظور ہونا۔ پسند ۲ قبولیت ۳ اجازت۔ آگیا۔ پروانگی (دینا، ہونا کے ساتھ) **منظوری کی آسامی** (مونث) وہ نوکری جس کی گورنمنٹ سے منظوری ہوئی ہو اور اس میں پنشن کا بھی استحقاق ہو۔

مَنظُوم (ع۔ مفعول) ۱ پرویا گیا۔ منسلک کیا گیا ۲ نظم کیا گیا۔ نظم۔ اشعار میں لایا گیا (کرنا ہونا کے ساتھ) (نَظَمَ۔ پرونا) **منظومہ** (صفت، مونث) دیکھو منظوم۔

مَنع (ع۔ مذکر) ۱ باز رکھنا۔ روکنا ۲ ناجائز۔ نادرست۔ نامناسب۔ بیجا ۳ خلاف قانون۔ خلاف شرع۔ خلاف رسم و رواج ۴ برا۔ مذبون۔ نامبارک (مَنَعَ۔ روکنا) **منع کرنا** (متعدی) روکنا۔ باز رکھنا۔ **منع ہونا** (لازم) ۱ ممانعت ہونا ۲ بیجا ہونا۔ نامناسب ہونا ۳ برا ہونا ۴ خلاف شرع یا قانون ہونا۔

مُنعَدِم (ع۔ فاعل) نیست و نابود۔ ناپید۔ فنا (اِنعَدَمَ۔ نابود ہونا)

مُنعَطِف (ع۔ فاعل) پھرنے والا۔ لوٹنے والا۔ مڑنے والا۔ خم کھانے والا (کرنا ہونا کے ساتھ) (اِنعَطَفَ۔ پھرنا)

مُنعَقِد (ع۔ فاعل) ۱ بندھنے والا۔ انعقاد پانے والا ۲ ہونے والا۔ ٹھہرنے والا۔ مقرر ہونے والا۔ متعین ہونے والا (اِنعَقَدَ۔ بندھنا) **منعقد اللسان** (صفت) زبان بند۔ جو بات نہ کر سکے۔

مُنعَکِس (ع۔ فاعل) ۱ عکس قبول کرنے والا ۲ الٹا۔ اوندھا۔ مقلوب۔ سرنگون۔ پلٹا ہوا ۳ وہ جو الٹ کر آئی ہو (شعاع) (اِنعَکَسَ۔ الٹنا)

مُنعِم (ع۔ فاعل) ۱ نعمت دینے والا ۲ امیر۔ مالدار۔ دولت مند۔ غنی۔ تونگر۔ زردار۔ متمول ۳ محسن ۴ مربی۔ آقا۔ ولی نعمت ۵ فیاض۔ سخی۔ مخیر ۶ دریا دل۔ داتا (اَنعَمَ۔ نعمت دینا)

مُنَغَّص (ع۔ مفعول) ۱ مکدر۔ گدلا۔ تیرہ ۲ رنجیدہ۔ افسردہ۔ ملول۔ حزیں (نَغَّصَ۔ گدلا کرنا)

مِنفَخ (ع۔ مذکر) دھونکنی (نَفَخَ۔ پھونکنا)

مُنفَرِج (ع۔ فاعل) ۱ کشادہ۔ وسیع۔ کھلا ہوا ۲ رنج و غم سے آزاد ۳ خوش۔ شاد۔ بشاش (اِنفَرَجَ۔ کھلنا) **منفرجہ** (صفت۔ مونث) ۱ دیکھو نمبر ۲ قائمہ سے بڑا (زاویہ) **منفرجۃ الزاویہ** (صفت) وہ جس کا ایک زاویہ منفرجہ ہو (مثلث وغیرہ)

مُنفَرِح (ع۔ فاعل) ۱ خوش ہونے والا ۲ خوش۔ شاد (اِنفَرَحَ۔ خوش ہونا)

مُنفَرِد (ع۔ فاعل) ۱ اکیلا ہونے والا ۲ اکیلا۔ تنہا۔ فرد ۳ یکتا۔ واحد۔ وحید ۴ علیحدہ۔ الگ ۵ عجیب ۶ سادہ (اِنفَرَدَ۔ اکیلا ہونا)

مُنفَسِد (ع۔ فاعل) ۱ خراب ہونے والا ۲ خراب۔ سڑا ہوا (اِنفَسَدَ۔ خراب ہونا)

مُنفَصِد (ع۔ فاعل) ۱ بہنے والا ۲ مائع (اِنفَصَدَ۔ بہنا)

مُنفَصَل (ع۔ مفعول) ۱ جدا کیا گیا۔ علیحدہ کیا گیا ۲ جدا۔ الگ۔ علیحدہ (اِنفَصَلَ۔ جدا ہونا) **مُنفَصِل** (فاعل) ۱ جدا ہونے والا۔ الگ ہونے والا ۲ فیصلہ ہونے والا **منفصلہ** (صفت، مونث) تصفیہ کیا ہوا۔ فیصلہ شدہ۔

مَنفَعَت (ع۔ مونث) فائدہ۔ نفع۔ محاصل۔ یافت۔ لابھ (نَفَعَ۔ فائدہ ہونا)

مُنفَعِل (ع۔ فاعل) ۱ اثر قبول کرنے والا ۲ شرمندہ۔ شرمسار۔ نادم۔ خجل (اِنفَعَلَ۔ اثر پذیر ہونا)

مُنفَکّ (ع۔ مفعول) عربی میں تشدید کاف ہے ۱ جدا کیا گیا۔ الگ کیا گیا ۲ جدا۔ الگ (کرنا ہونا کے ساتھ) (اِنفَکَّ۔ جدا ہونا)

مَنفی (ع۔ صفت) ۱ نفی کیا گیا ۲ تفریق کیا گیا۔ منہا کیا گیا ۳ خارج کیا گیا۔ رد کیا گیا ۴ جدا کیا گیا ۵ (صرف و نحو) وہ جس سے کسی کام کا نہ ہونا پایا جائے (فعل) (نَفیٰ۔ انکار کرنا)

مَنقا (ع۔ مذکر) دیکھو منقیٰ۔

مُنقاد (ع۔ مفعول) تابع۔ مطیع۔ زیر حکم۔ فرمانبردار (اِنقاد۔ لیجایا جانا)

مِنقار (ع۔ مونث) چونچ (نَقَرَ۔ مارنا۔ چگنا)

مِنقاش (ع۔ مذکر) موچنا۔ سانسی۔ چمٹا (نَقَشَ۔ ڈنک نکالنا)

مِنقَب (ع۔ مذکر) ایک اوزار جس سے پیٹ کا پانی نکالتے ہیں (نَقَبَ۔ کھودنا)

مَنقَبَت (ع۔ مونث) ۱ کوئی چیز جس پر انسان فخر کرے یا جو اسے ممتاز بنائے ۲ تعریف۔ توصیف۔ صفت۔ ثنا۔ خصوصاً اہل بیت اور صحابہ کی (نَقَبَ۔ کھودنا)

مُنقَبِض (ع۔ فاعل) ۱ کھنچا ہوا ۲ کس کر باندھا ہوا ۳ سمٹا ہوا۔ سکڑا ہوا ۴ (طبیعت یا مزاج کے لئے) ناراض۔ مکدر۔ افسردہ۔ ناخوش (اِنقَبَضَ۔ سکڑنا)

مُنقَتِل (ع۔ فاعل) مارا گیا۔ مقتول۔ کشتہ (اِنقَتَلَ۔ مارا جانا)

مُنَقَّح (ع۔ مفعول) ۱ ظاہر کیا گیا۔ صاف کیا گیا۔ پاک کیا گیا ۲ کمزور الفاظ یا شعروں سے صاف کیا گیا (نَقَّحَ۔ کاٹنا۔ صاف کرنا)

مُنقَسَم (ع۔ مفعول) تقسیم کیا گیا۔ بانٹا ہوا (اِنقَسَمَ۔ تقسیم ہونا) **مُنقَسِم** (فاعل) تقسیم ہونے والا (کرنا ہونا کے ساتھ)

مُنَقَّش (ع۔ مفعول) ۱ منقش کیا گیا۔ کھودا گیا۔ نقش و نگار کیا گیا ۲ بیل بوٹے والا (نَقَشَ۔ تصویر کھینچنا) **منقش ہونا** (لازم) کندہ ہونا۔

مُنقَضِب (ع۔ فاعل) ۱ کاٹا گیا۔ جدا کیا گیا ۲ جو اپنی جگہ سے ہٹ جائے (سیارہ یا ستارہ) (اِنقَضَبَ۔ کٹنا)

مَنقَصَت (ع۔ مونث) ۱ کمی۔ گھاٹا۔ نقصان ۲ عیب۔ نقص (نَقَصَ۔ کم ہونا)

مُنقَضی (ع۔ فاعل) ۱ گزرنے والا۔ گزرا ہوا۔ گذشتہ (اِنقَضیٰ۔ گزرنا)

مُنقَطِع (ع۔ فاعل) ۱ قطع ہونے والا۔ کاٹا گیا ۲ اختتام کو پہنچا ہوا ۳ فیصل شدہ۔ تصفیہ شدہ (اِنقَطَعَ۔ کٹنا) **منقطع کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کٹنا۔ قطع ہونا ۲ اختتام کو پہنچنا ۳ فیصلہ ہونا۔ تصفیہ پانا ۴ ٹوٹنا۔ جاتا رہنا۔

مَنقَل (ع۔ مونث) انگیٹھی (نَقَلَ۔ لیجانا) **مُنقَلات** (مذکر) فوج کا وہ حصہ جو لشکر کے آگے رہے۔ ہراول (اصل منقلا)

مَنقَلہ (ع۔ مذکر) ۱ راستہ جو پہاڑوں میں سے گزرے ۲ ایک دن کا سفر (نَقَلَ۔ لیجانا)

مُنقَلِب (ع۔ فاعل) ۱ الٹنے والا۔ گردش کھانے والا۔ لوٹنے والا۔ پھر جانے والا ۲

اوندھا (اِنقَلَب۔ اُلٹنا) **منقلبات** (علن) وہ بُرج جس کے طالع میں کام درست اور راست نہیں آتا۔ چار ہیں حمل۔ سرطان۔ جدی اور میزان۔

مَنقُوش (ع۔ مفعول) ۱ نقش کیا گیا۔ نقش و نگار کیا گیا ۲ کندہ کیا گیا۔ کھدا ہوا۔ کندہ کیا ہوا (نقش۔ کھودنا) **منقوش خاطر** (صفت) ذہن نشین۔

مَنقُوط (ع۔ مفعول) ۱ نقطہ دیا گیا۔ نقطہ والا حرف (نَقَطَ۔ نقطہ دینا) **منقوطہ** (صفت مونث) دیکھو آخری۔

مَنقُول (ع۔ مفعول) ۱ نقل کیا گیا ۲ بیان کیا گیا۔ ذکر کیا گیا ۳ اتارا گیا۔ لکھا گیا ۴ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا گیا ۵ (مونث) وہ علم جس میں صرف ان باتوں سے بحث ہو۔ جو دوسروں نے بیان کی ہیں (نَقَلَ لکھنا۔ بیان کرنا) **منقولات** (مونث) وہ کتابیں جن میں منقول سے بحث ہو **منقول عَنہُ** (مذکر) وہ کتاب یا تحریر جس سے نقل کی گئی ہو **منقولہ** (صفت مونث) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے قابل مال۔ قابل انتقال **منقولہ جائداد** (مونث) دیکھو جائداد منقولہ۔ **منقول ہے**۔ روایت ہے۔

مُنَقّٰی (ع۔ مفعول) ۱ صاف کیا گیا۔ مصفیٰ ۲ بیج نکالا ہوا ۳ (مذکر) خشک انگور۔ اصل میں مویز منقیٰ تھا یعنی صاف کیا ہوا مویز۔ اس کی جگہ اب صرف منقیٰ استعمال ہوتا ہے (نَقّٰی۔ صاف کرنا) **منقی** (فاعل) صاف کرنے والا۔

مَنکا (ہ۔ مذکر) ۱ سونے یا چاندی کا دانہ۔ کانچ۔ عقیق۔ نگینہ یا کسی پتھر کا دانہ ۲ تسبیح یا مالا کا دانہ ۳ وہ مہرے جن کو فقرا گلے میں ڈالے رہتے ہیں ۴ مالا۔ تسبیح۔ سمرن ۵ گردن کی ہڈی یا مہرہ ۶ مہرہ پشت۔ ریڑھ کی ہڈی کا اوپر کا حصہ (س مَنِک جواہر) **منکا پھیرنا** (متعدی) مالا پھیرنا۔ تسبیح پھیرنا۔ **منکا توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) گردن کی ہڈی ٹوٹنا **منکا ٹھنکا** (مذکر) منکا ۲-۳-۴ [illegible] ٹھنکا تابع مہمل ہے **منکا ڈھل جانا۔ ڈھلکنا یا ڈھانا** (لازم) مرنے کے وقت گردن کا خم کھا جانا۔ گردن کا قابو میں نہ رہنا مرنے کے قریب ہونا۔ علامت مرگ کا ظاہر ہونا۔

مُنکَدِر (ع۔ فاعل) ۱ تیاری کرنے والا۔ تیز۔ تیز رفتار ۲ تیزی سے جانے والا ۳ ڈوبتا ہوا (ستارہ) ۴ گرنا ہوا ستارہ (اِنکَدَر۔ گرنا)

مُنکَر (ع۔ مفعول) ۱ انکار کیا گیا ۲ مکروہ خراب۔ ناشائستہ۔ نامشروع ۳ (مذکر) ایک فرشتہ جو نکیر کے ساتھ مل کر قبر میں سوال کرے گا (اَنکَرَ۔ انکار کرنا) **مُنکِر** (فاعل) ۱ انکار کرنے والا۔ مکرنے والا۔ نہ ماننے والا ۲ خدا سے انکار کرنے والا۔ کافر۔ بے دین۔ ملحد۔ دہریہ۔ **منکر کرا دینا** (متعدی) انکار کروا دینا۔ مکرا دینا۔ **منکر نعمت** (مذکر) ناخدا۔ ناشکر گزار **منکر نکیر** (مذکر) دو فرشتے جو قبر میں سوال کریں گے **منکر ہونا** (لازم) انکار کرنا۔ مکرنا۔ نہ ماننا۔ **منکرین** (مذکر) منکر کی جمع۔ **منکر سے ہونا** (لازم) منکر ہونا (مت)

مُنکَسِر (ع۔ فاعل) ۱ شکستہ۔ ٹوٹا ہوا ۲ عاجز۔ مسکین ۳ انکسار کرنے والا۔ متواضع (اِنکَسَرَ۔ ٹوٹنا) **منکسر المزاج یا منکسر مزاج** (صفت) وہ شخص جس کی طبیعت میں انکسار ہو۔

مُنکَشِف (ع۔ صفت) ۱ کھلنے والا۔ کھلا ہوا ۲ ظاہر۔ آشکارا (اِنکَشَفَ۔ کھلنا)

مَنکنا (ہ۔ لازم) ۱ چوکنا ہونا ۲ عذر و حجت کرنا۔

مَنکُوحہ (ع۔ صفت) نکاحی (عورت) نکاح کی ہوئی بیوی۔ زوجہ۔ جورو۔ استری (نَکَحَ۔ شادی کرنا)

مُنکھ (ہ۔ مذکر) دیکھو منش۔

مَنگ (ہ۔ مذکر) کشتی کا اگلا حصہ۔

مَنگا (ہ۔ سامر) منگانا کا اس طرح۔ مانگنا **منگا بھیجنا** (متعدی) ۱ منگوانا ۲ بھیج دینا۔ **منگا بیٹھنا** (لازم) کوئی چیز غلطی سے منگوانا **منگا دینا** (متعدی) کسی کو کوئی چیز منگوا کر دینا۔ **منگا لینا** (متعدی) منگوانا۔ کوئی چیز طلب کرنا۔ **منگانا** (متعدی) کوئی چیز کسی جگہ سے طلب کرنا۔ منگوانا۔

مثل۔ منگائی مسی نے آیا مٹی۔ بے وقوف کی نسبت بولتے ہیں۔

مَنگبو (ہ۔ مذکر) مانگنا۔

مثل۔ منگبو بھلو نہ باپ سے جو ایشر راکھے ٹیک۔ اگر خدا تعالیٰ پناہ دے تو باپ سے بھی کچھ مانگنا نہ چاہیے۔

مَنگتا (ہ۔ مذکر) بھیک مانگنے والا۔ فقیر۔ بھکاری۔ گدا (مانگنا سے)

مَنگَنی (ہ۔ مونث) ۱ مانگنا ۲ درخواست **منگنی لگانا** (متعدی) ۱ تقاضا کر کے مانگنا ۲ تحصیل مال کا کام کرنا۔

مَنگَٹ (ہ۔ مونث) ۱ کلائی ۲ تخنہ ۳ گھوڑے کے سم اور تخنے کا بیچ کا حصہ۔ گامچی **منگٹ بند** (مذکر) منگٹی دونوں پہنچی کلائی کا ایک زیور **منگٹیکا** (مذکر) ۱ دیکھو منگلی ۲ مانگ ٹیکا کا مخفف۔

مَنگَچھی (ہ۔ مونث) مونگ کی پھلوری۔

مَنگَرا (ہ۔ صفت) جس کے جوڑ مضبوط ہوں۔ قوی۔ قوی ہیکل۔

مَنگرابیل (مذکر) دیکھو کریلا۔

مُنگستان (ملایا۔ مذکر) ایک درخت اور اس کا پھل۔

مَنگسِر (ہ۔ مذکر) ہندی آٹھواں مہینہ۔ اگھن کھمبر (س مارگ شیرش)

مَنگَل (س۔ مذکر) ۱ خوشی۔ شادمانی۔ مسرت۔ آنند ۲ خوشی کا گیت ۳ خوش طالعی۔ مبارک۔ شبھ۔ نیک ۴ ایک سیارہ۔ مریخ۔ یہ لڑائی دیوتا سمجھا جاتا ہے ۵ ہفتے کا دوسرا دن جو پیر کے بعد آتا ہے۔ ۶ فال نیک۔ دعا۔ تعویذ۔ تیوہار۔ اچھا موسم۔ کوئی چیز جو مبارک ہو ۷ پرانی اچھی رسم ۸ اچھا کام ۹ صحت۔ تندرستی۔ سلامتی ۱۰ رونق۔ چہل پہل۔ آبادی۔ جشن ۱۱ خبرداری۔ چوکسی۔ ہشیاری **منگلا** (مونث) ۱ سفید یا نیلی پھول کا دوردا گھاس ۲ ایک قسم کا کرنج ۳ املی ۴ با عصمت **منگا مکھی** (مونث) ارباب نشاط **منگل چنڈی** (مونث) درگا جی **منگل دوار** (مذکر) محل کا بڑا دروازہ جو خاص خاص موقعوں پر کھولا جاتا ہے **منگل گانا** (متعدی) ۱ خوشی کے گیت گانا ۲ خوشی کرنا۔ خوشی منانا **منگلوار** (مذکر) منگل کا دن۔ سہ شنبہ۔ **منگل ونس** (مذکر) ایک شاعر **منگل ہونا** (لازم) رونق ہونا۔ چہل پہل ہونا۔ جشن ہونا۔ اردو میں جنگل میں منگل ہونا کی ترکیب سے مستعمل ہے۔ **منگلی** (صفت) ۱ خوش۔ شاد ۲ منگل ستارے کے نیچے پیدا ہوا ہوا ۳ فتح مند۔ فتحیاب۔ کامیاب ۴ تند۔ غصیلی۔

مَنگَل (بلوچستان) ایک قوم۔

مَنگَن (ہ۔ مونث) ۱ مانگنا۔ طلب کرنا ۲ ادھار۔ قرض (منگنا سے) **منگنا** (متعدی) مانگنا۔

مَنگَنی (ہ۔ مونث) ۱ شادی سے پہلے کی ایک رسم جس میں مرد کو عورت سے اور عورت کو مرد سے منسوب کرتے ہیں۔ نسبت (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ کسی سودے کے ساتھ کوئی اور چیز بلا قیمت

طلب کرنا ۳ کسی چیز کا عاریتاً مانگنا ۔ ادھار دینا
کے ساتھ)
امثال ۔ منگنی کی جا در تانے
پچاس کی آدر ۔ کم ظرف کی نسبت بولتے ہیں منگنی
۔ منگنی گڑیا کا بیاہ ۔ وہاں کہتے ہیں جہاں شادی
کا نرا آرام ہی آرام ہو ۔
منگنیز (انگ ۔ مذکر) ایک دھاتی عنصر
جو پانی سے ۳ء۱۱ سے ۸ء۸ گنا تک بھاری ہوتا ہے
منگوا ! (ہ ۔ امر) منگوانا کا ۔ منگوا لینا
(متعدی) کسی جگہ سے کوئی چیز طلب کرنا ۔ منگوانا (امر)
مانگنا کا کسی کے ذریعے کوئی چیز طلب کرنا ۔
منگوچی ۔ منگوچھی (ہ ۔ مونث)
مونگ کی تلی ہوئی بڑیاں (مونگ سے)
منگورا (مذکر) منگوری ۔ منگوڑی
(ہ ۔ مونث) بیسن کی پھلواری ۔
منگوس (ہ ۔ مذکر) نیولا ۔
منگولا (ہ ۔ مذکر) چھوٹا سا پھندنا ۔
منگھٹا (ہ ۔ مذکر) کرمیں کی مینڈھ ۔
منگیتر (ہ ۔ مذکر یا مونث) وہ لڑکا یا
لڑکی جس کی منگنی کی گئی ہو ۔
منم (ف ۔ بصیغہ مضارع واحد متکلم)
۱ میں ہوں ۲ (مونث) خود ستائی ۔ شیخی ۔
منمتھ (س ۔ مذکر) ۱ عشق ۔ محبت ۔ پریم
۲ شہوت ۔ خواہش نفسانی ۳ کامدیو ۴ ایک پھل ۔
منمنتھی (صفت) ۔ عاشق ۔ شیدا ۔
زلیفتہ ۔ فریفتہ ۔
من من (ہ ۔ نف) ۱ آہستگی سے ۔
سہج سہج ۔ ڈھیلے ڈھیلے ۔ ڈھیل سے ۔ سستی سے ۔ ۲
(صفت) وہ جو آہستہ سے یا ناک میں بولے منمنا
(صفت) وہ جو ناک میں بولے من منا کر بات کرنا
(متعدی) ناک میں بولنا ممنانا (متعدی) ۱ ناک
میں بولنا ۔ صاف نہ بولنا ۲ بڑبڑانا من
من کرنا (متعدی) ۱ آہستہ آہستہ کام کرنا ۔
سستی سے کام کرنا ۲ ناک میں بولنا من من کھانا
(متعدی) آہستہ آہستہ کھانا ۔ منمنی ۱ آواز (مونث)
وہ آواز جو ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہو ۔
مُن مُن (ہ ۔ مونث) بلی کو بلانے
کی آواز ۔ پُس پُس ۔
منمنا (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا چھوٹا
اور کالے رنگ کا دانہ جو گیہوں کے ساتھ اگتا ہے
اور اگر گیہوں میں مل جائے تو آٹے کو کڑوا کر دیتا
ہے ۲ (صفت) چھوٹا سا ۔ ننھا سا ۔
منن (س ۔ مذکر) ۱ سوچنے کا فعل ۲
سوچنا ۳ سمجھ ۔ عقل ۔ دانش ۴ خیال ۔ سوچ ۵ وید
میں جبلی علم ۔
مِنن (ع ۔ مونث) منت کی جمع ۔
منّنا (ہ ۔ لازم) دیکھو منّا ۔ من کے
تحت میں ۔
منو (س ۔ صفت) ۱ عقلمند ۔ دانا ۔
دانشمند ۲ (مذکر) سوچنے والی مخلوق ۔ انسان ۳ پہلا
آدمی جس سے نسل انسان شروع ہوئی ۔ آدم منو سمرتی
یا سنہتا (مونث) منو کا دھرم شاستر (مذکر)
ہندوؤں کی قانون کی کتاب جس پر عام طور پر ہندو
عمل کرتے ہیں ۔ یہ منو سویمبھو کی تصنیف سمجھا جاتا
ہے ۔
مَنو (س ۔ مذکر) بجائے منس مرکبات
میں استعمال ہوتا ہے منوہر (صفت) ۱ خوبصورت ۔
حسین ۲ دلپسند ۔ دلپذیر ۔ منوہرا (مونث) زرد
چنبیلی
مَنو (ہ ۔ مذکر) بندر ۔
مَنوُ ۔ منو (ہ ۔ نف) مانند ۔ جیسے ۔
گویا کہ ۔
منوُ ۔ منوا (ہ ۔ مونث) بلی (میاؤں)
منوا ! (ہ ۔ امر) منوانا کا ۔ منوا دینا
(متعدی) اقبال کروا دینا ۔ قبولوا دینا ۔ کسی کے سامنے
تسلیم یا اقرار کرانا منوا کے چھوڑنا (متعدی) اپنی
بات تسلیم کرا کے راضی ہونا اس وقت تک نہ جانے
دینا جب تک مان نہ لے ۔ منوانا (متعدی) تسلیم کرانا ۔
اقبال کرانا ۔ راضی کرانا ۔ اقرار کرالینا ۔
مَنوا (ہ ۔ مذکر) بندر منوال (مذکر) بندر
مَنوآ (ہ ۔ مذکر) ایک قسم کی روئی ۔
منوال (ع ۔ مذکر) ۱ وہ لکڑی جس پر
جولاہا کپڑا بنتا ہے ۲ طرز ۔ ڈھنگ ۔ طور ۔ طریق ۔
وضع ۔ دستور ۔ رسم (کول ۔ دینا)
منوان (س ۔ صفت) سوچنے والا ۔
خیال کرنے والا ۔
مَنوتی (ہ ۔ مونث) ۱ تسلی تشفی ۲ ضمانت
۳ ربہہ ۴ تسلیم ۔ قبولیت ۔ رضامندی ۵ وہ نقدی جو
ساہوکار سود سے زیادہ لے (مانتا سے) منوتی دار
(مذکر) ۱ ضامن ۲ وہ شخص جو سرکاری مالگزاری کا ذمہ دار ہو
منو چہر (ف ۔ صفت) ۱ آسمان جیسے
چہرے والا ۲ اعلے درجے کا ۔
مُنوَّر (ع ۔ بمفعول) ۱ روشنی دیا گیا ۔ نور
دیا گیا ۔ ۲ روشن چمکنے والا ۔ تاباں ۔ درخشاں (تنویر ۔
روشن کرنا)
منورتھ (ہ ۔ مذکر) من کا ارتھ مقصد ۔
مدعا ۔ مراد ۔ خواہش منورتھ سدھ یا سپھل ہونا
مراد بر آئے ۔ مقصد پورا ہو ۔
منونتر (س ۔ مذکر) منو کا زمانہ جو بارہ
ہزار سال کا ہوتا ہے اور انسانوں کے ۴۳ لاکھ
بیس ہزار سال کے برابر ہے ۔
مَنہ (ہ ۔ ضمیر) مجھ ۔
منہ (ہ ۔ مذکر) دیکھو مینہ ۔
منہ (ع ۔ تف) دیکھو من کے تحت میں
مُنہ ۔ مُنھ (ہ ۔ مذکر) ۱ کسی چیز کا وہ
سوراخ جس سے کوئی دوسری چیز اندر جانے یا پہنچائی
جائے ۲ جانوروں کے بدن کا وہ سوراخ جس سے
کھاتے یا پیتے ہیں ۔ دہن ۔ فم ۔ دہانہ ۔ خوہ ۳ چھید ۔
روزن ۔ سوراخ ۴ راہ ۔ راستہ ۔ گزر ۔ نکاس ۵ دریچہ ۔
کھڑکی ۶ دروازہ ۔ در ۷ موری ۔ موکھا ۸ چہرہ ۔ عارض ۔
رخسار ۔ مکھ ۹ صورت ۔ شکل ۱۰ پھوڑے یا زخم کا سوراخ
۱۱ پاس ۔ لحاظ ۔ ملاحظہ ۔ طرفداری ۱۲ توجہ ۔ التفات ۱۳
عزت ۔ حرمت ۱۴ تاب ۔ مجال ۔ طاقت ۔ حوصلہ ۔ لیاقت
۱۵ لالچ ۔ طمع ۔ خواہش ۱۶ زبان ۔ جیبھ ۱۷ بات ۔ قول
۱۸ کلمہ ۔ کلام ۱۹ لیاقت ۔ قابلیت ۔ ہنر ۔ جوہر ۔ خوبی
۲۰ نوک ۔ سنان ۔ انی ۲۱ باڑھ ۔ دھار ۲۲ مجازاً آبھا ہے
دہن ۲۳ لب (مونث) ۲۴ آغاز ۔ شروع ۔ دیباچہ ۔
عنوان ۲۵ طرف ۔ جانب ۔ سمت ۔ رخ ۲۶ بکارت ۔
دوشیزگی ۔ کنوارپن ۲۷ (نف) سامنے ۔ روبرو (پر کے
ساتھ) ۲۸ سبب ۔ باعث ۔ وجہ ۔ لئے (سے کے
ساتھ) (س ۔ مکھ) منہ آنا (لازم) ۱ منہ میں چھالے
پڑ جانا ۔ منہ میں زخم ہونا ۲ آوازے کسنا ۔ طعنہ مارنا ۔
طنز کرنا ۔ برا بھلا کہنا ۔ طعن تشنیع کرنا منہ اپنا سا لیکر
پھر جانا (لازم) شرمندہ ہو کر چلا جانا ۔ ندامت اٹھا کر

جانا۔ اپنا سا منہ زیادہ فصیح ہے۔ **منہ اپنا سا لیکر رہ جانا** (لازم) شرمندہ ہونا۔ ندامت اٹھانا۔ اپنا سا منہ زیادہ فصیح ہے۔ **منہ اتر جانا یا اترنا** (لازم) ۱۔ چہرہ بے رونق ہو جانا۔ چہرہ دبلا پڑ جانا۔ چہرے کا رنگ و روپ جاتا رہنا ۲۔ آثار رنج و ملال چہرے سے ظاہر ہونا۔ **منہ اتنا سا نکل آنا** (لازم) ۱۔ چہرہ لاغر یا دبلا ہو جانا۔ منہ اتر جانا۔ رنگ و روغن چہرہ پر نہ رہنا۔ **منہ اٹھا کر چلنا** (لازم) ۱۔ رستہ دیکھ کر نہ چلنا۔ شتر بے مہار کی طرح جانا ۲۔ بے خبر ہو کر چلنا۔ بے پروائی سے چلنا۔ **منہ اٹھا کر کہنا** (متعدی) بے سوچے سمجھے کہنا۔ یونہی اٹھا کر کہہ دینا۔ **منہ اٹھانا** (متعدی) کسی طرف جانا۔ کسی طرف رُخ کرنا۔ کسی سمت کو روانہ ہونا۔ **منہ اٹھا کر یا اٹھائے** (تف) بیدھڑک۔ اندھا دھند بے سوچے سمجھے۔ لاپرواہی سے۔ بے تحاشہ۔ بے غور و تامل۔ **منہ اٹھائے جانا** (لازم) بے سوچے سمجھے یا بے تامل جانا۔ رستہ دیکھ بھال کر نہ چلنا۔ شتر بے مہار کی طرح جانا۔ **منہ اٹھائے چلے آنا** (لازم) بیدھڑک چلے آنا۔ درانہ چلے آنا۔ دیکھے بھالے بغیر چلے آنا۔ **منہ اٹھ جانا** (لازم) بے سوچے سمجھے کسی طرف کا رُخ ہو جانا۔ **منہ اُٹھے یا اجالے** سویرے۔ صبح کو۔ تڑکے۔ دن نکلے۔ **منہ اجالا ہونا** (ہ۔ لازم) ۱۔ چہرے کا رنگ نکھرنا ۲۔ عزت رہ جانا۔ روسیاہی سے بچ جانا ۳۔ سرخروئی ہونا۔ بات رہجانا۔ **منہ اچیلا ہونا** (لازم) مانو۔ دیکھو آخری ۳۔ **منہ اداس ہونا** (لازم) چہرے سے اداسی ظاہر ہونا۔ **منہ ادھر کو کرنا** (متعدی) رخ اس جانب کرنا۔ اُس طرف متوجہ ہونا۔ **منہ اس قابل ہونا** (لازم) اتنی لیاقت ہونا۔ بیشتر نفی کے ساتھ۔ **منہ اشک ندامت سے دھونا** (متعدی) بہت نادم ہونا۔ **منہ اشکوں سے دھونا** (متعدی) بہت رونا۔ **منہ اکھری** (ہ۔ تف) زبانی۔ منہ کی کہی۔ **منہا منہ** (تف) لبالب۔ بھرپور۔ لبریز۔ **منہا منہ بھرنا** (متعدی) لبالب بھر دینا۔ **منہا منہ مارنا** (متعدی) ۱۔ منہ پر مارنا۔ منہ پر ضرب لگانا ۲۔ کسی کو اس کے منہ پر برا بھلا کہنا ۳۔ کسی پر ڈالکر کہنا۔ **منہا منہی** (ہ۔ مونث) جھگڑا۔ فساد۔ لڑائی۔ **منہ اندھیرے** (تف) دیکھو منہ اُٹھے۔ **منہ اندھا کر چلنا** (لازم) منہ اٹھا کر چلنا۔ **منہ اندھا کر لیٹنا** (متعدی) رنج یا افسوس میں پڑ رہنا۔ الٹی کھٹوانٹی لے پڑ رہنا۔ ناراض ہو کر

الگ جا پڑنا۔ **منہ باندھنا** (ہ۔ لازم) ۱۔ منہ کھولنا۔ جماہی لینا ۲۔ اپنی بیوقوفی پر ہنسنا۔ خجالت کی ہنسی ہنسنا ۳۔ مرجھانا۔ مِل بسنا ۴۔ کسی کو مہربان اور شفیق پانا۔ بوقع دیکھنا (تف) ۱۔ **منہ باندھ کے بیٹھنا** (متعدی) چپ ہو رہنا۔ خاموش ہونا۔ نہ بولنا۔ **منہ باندھنا** (متعدی) ۱۔ منہ پر کپڑا باندھ دینا۔ مسلمان مردے کا منہ مرجانے کے بعد باندھ دیتے ہیں ۲۔ برتن کے منہ پر کپڑا باندھ دینا ۳۔ کسی کو شور مچانے سے روکنے کے لئے کپڑا منہ پر باندھ دینا ۴۔ مجازاً منہ کیلنا۔ خاموش کرنا۔ چپ کرانا۔ **منہ باندھے ہوئے بیٹھنا** (لازم) خلقے سے ہونا۔ **منہ بخشنا** (متعدی) طاقت دینا۔ کسی قسم کی بات کرنے کی قوت دینا۔ **منہ بدمزہ** (متعدی) منہ بگاڑنا (تف) **منہ بُرا سا بنانا** (متعدی) تیوری چڑھانا۔ صورت سے ناراضگی ظاہر کرنا۔ **منہ بسورنا** (متعدی) رونے کی صورت بنانا۔ **منہ بگاڑ دینا** (متعدی) ۱۔ چہرہ بگاڑ دینا۔ مار مار کر چہرے کو زخمی کرنا ۲۔ منہ کا ذائقہ خراب کر دینا ۳۔ ذلت دینا۔ **منہ بگاڑنا** (متعدی) ۱۔ دیکھو منہ بگاڑ دینا ۲۔ دیکھو منہ بنانا ۳۔ تیوری چڑھنا۔ چہرے سے غصہ ظاہر کرنا ۴۔ منہ ٹیڑھا کر کے ہنسنا۔ **منہ بگڑا ہوا بنانا** (متعدی) منہ سے غصہ یا قہر و غضب ظاہر کرنا۔ منہ بگڑتے ہیں سزا ملتی ہے۔ **منہ بگڑ جانا یا بگڑنا** (لازم) ۱۔ چہرے کی ہیئت بدل جانا۔ صورت کا درست نہ رہنا۔ منہ ٹیڑھا یا کج ہو جانا۔ چہرے میں نقص آ جانا ۲۔ منہ بدمزہ ہو جانا ۳۔ تیوری چڑھ جانا۔ غصہ آ جانا ۴۔ سزا ملنا ۵۔ ذلیل ہونا۔ حواس گم ہو جانا۔ **منہ بن جانا یا بننا** (لازم) ۱۔ تیوری چڑھنا۔ خفگی ہونا۔ ناراضگی ہونا۔ خاطر میں نہ آنا۔ ناپسند ہونا ۲۔ منہ ٹیڑھا ہونا۔ صورت بگڑنا۔ **منہ بنا کر، بیٹھنا یا بنائے بیٹھنا** (لازم) بگڑ بیٹھنا۔ ناراض ہو جانا۔ منہ تھما کر بیٹھنا۔ **منہ بنا لینا** (لازم) خفا ہونا۔ چیں بجبیں ہونا۔ ناراض ہو جانا۔ بگڑنا۔ **منہ بنانا** (متعدی) ۱۔ چہرے کی بُری صورت بنانا۔ چہرے کو بدنما کرنا۔ چہرے کی حالت بدلنا ۲۔ تیوری چڑھانا۔ منہ سجانا۔ خفگی کا اظہار کرنا۔ ناراض ہونا ۳۔ کسی بد ذائقہ چیز جیسے ہوئے منہ کی شکل بگاڑنا ۴۔ تھپڑ طمانچہ وغیرہ سے منہ زخمی کرنا۔ منہ بنا ؤ ہوش میں آ۔ ہوش کی دوا کر۔ **منہ بند** (صفت) ۱۔ لب بستہ۔ دہن بستہ ۲۔ خاموش۔ چپ ۳۔ کنواری۔ دوشیزہ۔ باکرہ۔

منہ بند کر دینا (متعدی) چپ کرا دینا۔ بولنے سے روکنا۔ **منہ بند کر لینا** (متعدی) ۱۔ منہ پر ہاتھ یا کپڑا رکھ لینا ۲۔ خاموش ہو جانا۔ **منہ بند کرنا** (متعدی) ۱۔ دیکھو منہ بند کر دینا ۲۔ منہ بند کر لینا ۳۔ منہ کیلنا۔ جادو کے زور سے زبان بند کرنا ۴۔ رشوت دینا۔ رشوت دے کر اپنے خلاف کہنے سے بند کرنا۔ **منہ بند (بند مٹھی) کلی** (مونث) ۱۔ شگوفہ۔ بن کھلا پھول ۲۔ کنواری باکرہ۔ **منہ بند ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱۔ دہن بستہ ہونا۔ ہونٹوں کا مل جانا ۲۔ چپ ہو جانا۔ خاموش ہونا ۳۔ رشوت کی وجہ سے کوئی بات کسی کے خلاف نہ کہنا ۴۔ کسی کی بد اچھنی سے رکنا ۵۔ زخم کا منہ بھر جانا ۶۔ دہانہ بند ہونا۔ **منہ بند سے** (مذکر) جینیوں کے سادھو جو کپڑا اس کو منہ میں جانے سے روکنے کے لئے یا اس وجہ سے کہ کوئی جانور ان کی سانس سے نہ مر جائے منہ پر کپڑا باندھے رہتے ہیں۔ سیوڑے۔ **منہ بنوا رکھو یا لو۔ منہ بنواؤ۔** اس بات کے قابل تو ہو جاؤ۔ منہ درست کر رکھو۔ منہ دھو رکھو۔ امید نہ رکھو۔ اس خیال سے باز آؤ۔ **منہ بنوانا** (متعدی) لیاقت پیدا کرنا۔ کسی کام کے لائق ہونا۔ **منہ بولا** (صفت) منہ سے کہا ہوا۔ زبان سے بنایا ہوا۔ غیر حقیقی۔ جعلی۔ نہ ہو۔ فرضی۔ **منہ بولا باپ بھائی یا بیٹا** (مذکر) وہ شخص جسے منہ سے باپ بھائی یا بیٹا کہدیں (بنانا کے ساتھ) **منہ بولتا** (صفت مذکر) **بولتی** (صفت مونث) بولتی ہوئی باتیں کرتی ہوئی۔ گویا۔ تصویر شبیہ وغیرہ کی تعریف۔ ایسی اچھی بنی ہوئی کہ خیال ہوتا ہے کہ ابھی بولے گی۔ **منہ بولتی تصویر شبیہ یا مورت** (مونث) ۱۔ نہایت عمدہ تصویر جس کے متعلق خیال ہو کہ ابھی بولے گی ۲۔ بشر۔ انسان۔ آدمی۔ **منہ بولی** (صفت مونث) منہ بولا کی۔ **منہ بولی بہن بیٹی یا ماں** (مونث) وہ عورت جسے منہ سے بہن بیٹی یا ماں کہہ دیں (بنانا کے ساتھ) **منہ بھر آنا یا بھر آنا** (لازم) ۱۔ منہ میں پانی یا رطوبت کا چلا آنا ۲۔ جی کا مائل کرنا۔ متلی ہونا۔ **منہ بھرائی** (مونث) رشوت (پانا دینا کے ساتھ) **منہ بھر دینا** (متعدی) ۱۔ منہ میں کوئی چیز ڈال دینا ۲۔ رشوت دینا۔ **منہ بھر کے** (تف) ۱۔ لبالب۔ لبریز ۲۔ خاطر خواہ۔ من مانا۔ جزئی ۳۔ بھرپور۔ تمام وکمال ۴۔ بہ نہایت۔ از حد۔ **منہ بھر کے کوسنا** (متعدی) بیدردی سے کوسنا۔ بیدھڑک کوسنا۔ **منہ بھر کے کہنا** (متعدی) صاف صاف کہدینا۔ **منہ بھر کے گالیاں، گالی دینا** (متعدی) بہت گالیاں

دینا۔ سخت کلمہ کہنا۔ سخت اور مغلظ دشنام دینا۔ منہ بھرنا (متعدی) ١ منہ چپ کرنا۔ منہ میں لقمہ دینا۔ منہ میں ٹھونسنا ٢ اتنا دینا کہ سائل پھر نہ مانگے ٣ رشوت دینا رشوت دے کر منہ بند کرنا۔ احسان سے منہ بند کرنا ٤ منہ بند کرنا۔ منہ کیلنا۔ چپ کرانا ٥ تھوڑا سا کھانا پینا۔ منہ بھری (مونث) رشوت (دینا کے ساتھ) منہ بھر طلاک: صفت (منہ کے بل اوندھا گرنے کے لئے مستعمل ہے۔ منہ بھی سامنے نہ کرنا (متعدی) ١ اصلا متوجہ نہ ہونا ٢ شکل نہ دکھانا۔ منہ پانا (متعدی) ١ توجہ پانا۔ التفات پانا۔ رخ پانا ٢ راضی پانا۔ خوش پانا۔ منہ پاؤں پر رگڑنا (متعدی) منت سماجت کرنا۔ منہ پٹا (مذکر) سربند۔ سرڈوال۔ بکنا گھوڑے کا۔ منہ پر یا پہ (تعف) ١ سامنے۔ روبرو۔ بالمقابل۔ بالمواجہہ ٢ لب پہ۔ ہونٹوں پر ٣ چہرے پر۔ چہرے کے اوپر ٤ زد پر ٥ ظاہر میں۔ منہ پر آنا (لازم) ١ زبان پر آنا ٢ مقابلے پر آنا۔ مقابل ہونا ٣ زد پر آنا ٤ ظاہر ہو جانا۔ نمودار ہونا۔ منہ پر آئی بات (مونث) زبان پر آئی ہوئی بات۔ خیال میں آئی ہوئی بات۔ منہ پر آئی ہوئی نہیں رکتی ہے۔ جو بات خیال میں آئے وہ انسان کہہ ہی دیتا ہے۔ منہ پر بات آنا (لازم) بات خیال یا ذہن میں آنا۔ منہ پر بات لانا (متعدی) ١ بات ظاہر کر دینا۔ بات کا اظہار کرنا۔ سامنے بات کہہ دینا ٢ راز فاش کرنا۔ بھید کھولنا۔ منہ پر بحالی ہونا (لازم) چہرے پر رونق ہونا۔ منہ پر برسنا (لازم) چہرے پر ظاہر و آشکارا ہونا۔ منہ پر بسنت پھولنا یا کھلنا (لازم) چہرہ زرد پڑ جانا۔ منہ پر زردی چھانا۔ منہ پر پانی پھر جانا (لازم) ١ منہ پر رونق آ جانا۔ منہ پر تازگی کھانا ٢ چہرہ نکھر جانا۔ تندرستی اور صحت کا چہرے سے ظاہر ہونا۔ منہ پر پلہ (رکھ کے رونا، لینا (متعدی) عورتوں کا دوپٹہ کا کونہ منہ پر ڈال کر رونا۔ منہ ڈھانپ کر رونا۔ منہ پر پھٹکار برسنا (لازم) منہ کا بے رونق ہونا۔ منہ پر پھینک دینا (متعدی) دیکھو منہ پر مارنا۔ منہ پر پھینک مارنا (متعدی) خفگی سے کوئی چیز واپس کر دینا۔ منہ پر مارنا۔ سر مارنا۔ منہ پر تھوک دینا یا تھوکنا (متعدی) چہرے پر تھوک ڈالنا۔ منہ پر ٹھیکری رکھ لی۔ بیمروتی کی۔ لحاظ نہ کیا۔ منہ پر جانا (لازم) کسی کا لحاظ کرنا۔ کسی کا خیال کر کے مروت برتنا۔ منہ پر جوتی سی لگنا (لازم) نہایت

شرمندگی اور خفت حاصل ہونا۔ منہ پر جوگی ہونا (لازم) منہ سے بدشگونی کے آثار ظاہر ہونا۔ منہ پر چڑھا کرنا (متعدی) سامنے بات کہنا۔ منہ پر بات لانا۔ منہ پر چڑھنا (لازم) ١ مقابلہ کرنا۔ مقابل ہونا۔ دو بدو ہونا۔ سامنے آنا ٢ مصاحب ہونا۔ مقرب ہونا ٣ گستاخ ہونا۔ بے ادب ہونا۔ منہ پر چمک ہونا (لازم) منہ پر رونق ہونا۔ منہ پر چھوپا دینا (متعدی) چپ ہو جانا۔ منہ پر خاک اڑنا (لازم) چہرے کا بے رونق ہونا۔ چہرے کا بدروپ ہونا۔ منہ پر خوشامد نہ کرنا (متعدی) لگی لپٹی نہ رکھنا۔ پاسداری نہ کرنا۔ صاف گو ہونا۔ منہ پر دامن رکھ کے رونا (لازم) منہ ڈھانک کر گریہ و بکا کرنا۔ منہ پر دانہ نہ رکھنا (لازم) بالکل نہ کھانا۔ ذرا نہ کھانا۔ منہ پر رکھ دینا (متعدی) ١ بالمواجہ کہہ دینا۔ سامنے کہہ دینا۔ ظاہر کر دینا ٢ کوئی چیز چکھنا ٣ اپنا احسان ظاہر کرنا۔ منہ پر رونق آ جانا (لازم) چہرہ بشاش ہو جانا۔ منہ پر رونق ہونا (لازم) چہرے پر بشاشت ہونا۔ چہرہ پر سرخی ہونا۔ منہ پر زردی پھر جانا یا چھا جانا (لازم) چہرہ زرد ہو جانا۔ بیماری یا صدمہ کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے۔ یورپین قوموں کے چہرے پر بجائے زردی کے سفیدی آ جاتی ہے۔ منہ پر زردی پھیر دینا یا پھیرنا (لازم) چہرہ زرد کر دینا۔ منہ پر زردی گھنڈ جانا (لازم) ١ چہرہ پر زردی چھا جانا ٢ مردنی چھا جانا۔ منہ پر سخن آنا (لازم) زبان پر بات آنا۔ منہ پر سرخی ہونا (لازم) چہرے پر رونق ہونا۔ منہ پر شفق پھولنا (لازم) خوشی کے مارے چہرہ سرخ ہو جانا۔ منہ پر صاف صاف کہنا (متعدی) لگی لپٹی نہ رکھنا۔ منہ پر صفائی نہ رہنا (لازم) منہ صاف نہ رہنا۔ منہ پر فاختہ اڑنا (لازم) منہ فق ہو جانا۔ چہرے کا رنگ بدل جانا۔ منہ پر قفل لگ جانا (لازم) منہ بند ہو جانا۔ خاموشی چھا جانا۔ منہ پر قفل لگانا (متعدی) بولنے نہ دینا۔ منہ پر کچھ نہ رکھنا (متعدی) ١ کچھ نہ کھانا ٢ کچھ نہ کہنا۔ زبان پر نہ لانا۔ منہ پر کچھ نہ کہنا (متعدی) سامنے کچھ نہ کہنا۔ زبان پر نہ لانا۔ منہ پر کوسنا (متعدی) کسی کے سامنے اس کو گالیاں دینا۔ سامنے کھڑے ہو کر بد دعائیں دینا۔ منہ پر کھانا (متعدی) بہادری سے مقابلہ کرنا (تلوار یا شمشیر کے ساتھ) منہ پر کہہ بیٹھنا یا کہہ دینا (متعدی) سامنے کہہ دینا۔ روبرو کہہ دینا۔ بالمواجہہ کہہ دینا۔ منہ پر کھری کھری کہنا (متعدی) کسی کے برخلاف کوئی بات اس کے سامنے کہنا۔ کسی کی بدی صاف

صاف بیان کر دینا۔ منہ پر کہنا (متعدی) روبرو کہنا۔ سامنے کہنا۔ منہ پر گرم ہونا (لازم) بڑے کے مقابلہ پر کھڑا ہو جانا۔ کسی بزرگ کے روبرو تیز ہونا۔ شوخ چشمی سے مقابلہ کرنا۔ منہ پر لانا (متعدی) زبان سے کہنا۔ بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔ منہ پر لکھا ہونا (لازم) کوئی ظاہری خاص نشانی ہونا۔ منہ پر لگا لیجانا (لازم) کسی خطرناک چیز کے سامنے کر دینا۔ منہ پر مارنا (متعدی) ١ کسی چیز کو واپس کر دینا۔ لوٹانا ٢ ہٹا دینا۔ منہ پر مردنی پھر جانا۔ پھرنا۔ چھا جانا چھانا (لازم) چہرے سے مردہ آدمی کی حالت ظاہر ہونا۔ چہرے پر بے رونقی ہونا۔ چہرے پر آثار مرگ کا ظاہر ہونا۔ رحلت کا وقت قریب ہونا۔ منہ پر منہ رکھنا (متعدی) ١ دہن پر دہن رکھنا۔ دہن سے دہن ملانا ٢ گال پر گال رکھنا۔ پیار کرنا۔ منہ پر مہتاب چھٹنا (لازم) منہ فق ہونا۔ چہرہ زرد ہو جانا۔ چہرہ کا رنگ پھیکا پڑ جانا۔ منہ پر مہر کر دینا۔ کرنا۔ لگا دینا یا لگانا (متعدی) ١ چپ کرا دینا ٢ چپ ہو جانا۔ سکوت اختیار کرنا۔ منہ پر لگنا یا (لگی) ہونا (لازم) منہ بند ہونا۔ کسی طرح نہ بولنا۔ استقلال کے ساتھ خاموش رہنا۔ منہ پر مہر ہو جانا (لازم) سکوت طاری ہو جانا۔ منہ پر میٹھا ہونا (لازم) ظاہر دوست ہونا۔ دل میں دشمن ہونا۔ سامنے شیریں کلام ہونا اور دل میں کھوٹ ہونا۔ منہ پر ناک نہ ہونا (لازم) بے غیرت ہونا۔ بے حیا بے غیرت یا بے شرم ہونا۔ غیرت۔ عزت ننگ و ناموس کا خیال نہ ہونا۔ منہ پر نمک ہونا (لازم) خوبصورت ہونا۔ ملیح ہونا۔ منہ پر نور آنا (لازم) منہ پر رونق آنا۔ منہ پر نور ہونا (لازم) چہرہ پر رونق ہونا۔ منہ پر نور نہ ہونا (لازم) چہرہ بے رونق ہونا۔ چہرہ پر روپ نہ ہونا۔ چہرے کی شادابی اور تازگی جاتی رہنا۔ منہ پر نہ تھوکنا (متعدی) بہت بے قدرت سمجھنا۔ حقارت سے دیکھنا۔ توجہ نہ کرنا۔ منہ پر نہ رکھنا (متعدی) ١ زبان پر نہ رکھنا۔ ذرا نہ چکھنا۔ منہ تک نہ لے جانا ٢ روبرو یا سامنے نہ کہنا۔ منہ پر نہ کہنا (متعدی) روبرو یا سامنے نہ کہنا۔ منہ پر ہاتھ پھیر دانا (متعدی) چوما چاٹی کروانا۔ بوسے دینا۔ گالوں یا رخساروں کا مساس کروانا (عف) منہ پر ہاتھ پھیرنا (متعدی) ١ معشوق کے گالوں پر پیار سے ہاتھ لگانا ٢ کوئی نیک کلمہ کہتے ہوئے بعض لوگ ایسا کرتے ہیں۔ کیونکہ ان کا خیال ہوتا

ہے کہ تبرک کلمہ کا اثر سانس میں ہوتا ہے اور اس کو منہ تک ہاتھ کے ذریعہ پہنچانا چاہیئے ۲ جب کوئی یہ کہے کہ وہ جو کہتا ہے پورا کرے گا۔ تو بھی منہ پر ہاتھ پھیرتا ہے ۳ مونچھوں پر تاؤ دینا (مت) **منہ پر ہاتھ رکھنا** (متعدی) بات نہ کرنے دینے۔ بولنے سے روکنا۔ کچھ کہنے نہ دینا۔ **منہ پر ہنسنا** (لازم) کسی پر اس کے سامنے ہنسنا **منہ پر ہوائیاں یا ہوائی اڑنا۔ پھر جانا** (مت) **یا چھوٹنا** (لازم) کسی صدمہ خوف یا نقاہت کی وجہ سے چہرے کا رنگ متغیر ہو جانا منہ فق ہو جانا۔ منہ سفید پڑ جانا۔ منہ زرد ہو جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ **منہ پڑنا** (لازم) ۱ حوصلہ پڑنا۔ جرأت ہونا (بیشتر نفی کے ساتھ) ۲ مشہور ہونا۔ الم نشرح ہونا ۳ کھانے میں آنا۔ کھایا جانا ۴ کھانے کے کام یا صرف میں آنا ۵ افواہ ہونا۔ چرچا ہونا **منہ پڑی** (مونث) زبان زد خلائق۔ مشہور خاص و عام۔ **منہ پسار کر دوڑنا** (متعدی) کسی چیز کے لینے کی خواہش میں منہ کھول کر جلدی سے آنا۔ منہ پھاڑ کر دوڑنا **منہ پسار کر رہ جانا** (لازم) ہکا بکا رہ جانا۔ حیران رہ جانا۔ متحیر ہو جانا **منہ پسارنا** (متعدی) ۱ کسی چیز کے کھانے یا لینے کو منہ بڑھانا ۲ طمع کرنا۔ حرص کرنا۔ لالچ کرنا ۳ حیران رہ جانا۔ ہکا بکا رہ جانا۔ منہ تکنا ۴ عد۔ تعف ہے منہ اندھیرے **منہ پونچھنا** (متعدی) رومال سے منہ صاف کرنا **منہ پھاڑ کر دوڑنا** (لازم) دیکھو منہ پسار کر دوڑنا **منہ پھاڑ کر رہ جانا** (لازم) دیکھو منہ پسار کر رہ جانا **منہ پھاڑ کر کہنا** (لازم) پکار کر کہنا **منہ پھاڑنا** (متعدی) ۱ منہ کھولنا۔ کچھ بولنا ۲ کھسیانی ہنسی ہنسنا۔ اپنی بیوقوفی پر ہنسنا ۳ زباندرازی کرنا۔ زبان ہلانا ۴ منہ پسارنا۔ منہ پھیلانا **منہ پھٹ** (صفت) زبان دراز۔ بدلحاظ۔ بدزبان۔ وہ شخص جو جو کچھ منہ میں آئے بک دے **منہ پھٹ جانا یا پھٹنا** (لازم) چونے یا ترشی کی تیزی سے منہ میں زخم ہو جانا۔ **منہ پھرا لینا یا پھرانا** (متعدی) ۱ منہ دوسری طرف کر لینا ۲ بیرخی کرنا۔ صورت سے بیزار ہونا **منہ پھر جانا یا پھرنا** (لازم) ۱ منہ کا ٹیڑھا۔ خم یا کجی ہو جانا (لقوہ وغیرہ کی ضرب سے) ۲ لقوہ ہو جانا ۳ رخ سامنے نہ رہنا۔ منہ پلٹ جانا۔ روگردان ہو جانا ۴ کسی کے منہ کا کسی طرف مائل ہو جانا (التفات یا توجہ سے) ۵ شکست کھا جانا۔ بھاگ جانا۔ سامنے سے ہٹ جانا ۶ اکتا جانا۔ سیر ہو جانا۔ جی بھر جانا۔ خواہش نہ رہنا ۷ دھار مڑ جانا۔ نوک مڑ جانا ۸ خیال ہٹ جانا اور طرف خیال ہو جانا۔ توجہ نہ رہنا۔ التفات نہ رہنا ۹ بے رخ ہو جانا۔ رخ بدل جانا۔ نظر بدل جانا ۱۰ سمت بدل جانا۔ پہلو پلٹ جانا ۱۱ ہمت ہار جانا۔ **منہ پھلا کر بیٹھنا** (لازم) ناراض یا خفا ہو کر بیٹھنا منہ سجا کر بیٹھنا۔ خفگی کی علامت ظاہر کرنا **منہ پھلانا** (متعدی) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ خفگی کی علامت ظاہر ہونا۔ اظہار خفگی ہونا **منہ پھوڑ کر** (تت) ۱ بے شرم ہو کر۔ بے غیرت ہو کر **منہ پھوڑ کر کہنا** (متعدی) بے حیائی سے کہنا۔ بے شرم ہو کر کہنا **منہ پھوڑ کر مانگنا** (متعدی) بے حیائی سے مانگ بیٹھنا۔ بے شرم یا بے غیرت بن کر طلب کرنا **منہ پھولنا** (لازم) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ منہ سوجنا **منہ پھیر دینا** (متعدی) ۱ رخ پھیر دینا۔ چہرہ پھیر دینا۔ ہٹا دینا۔ منہ پرے کر دینا ۲ جی بھر دینا۔ سیر کر دینا ۳ مغلوب کر دینا۔ ہٹا دینا۔ پسپا کر دینا **منہ پھیر کر بیٹھنا** (لازم) منہ موڑ کر بیٹھنا۔ پیٹھ جوڑ کر بیٹھنا۔ **منہ پھیر کر چلنا** (لازم) اظہار نفرت کرنا۔ بیزاری ظاہر کرنا۔ نفرت کی وجہ سے جاتے ہوئے منہ دوسری طرف کر لینا **منہ پھیر کر سونا** (لازم) دوسری طرف کروٹ لے سونا۔ اظہار ناخوشی کرنا **منہ پھیر کر کہنا** (متعدی) ناز و نخرے سے کہنا۔ معشوقانہ ادا سے کہنا۔ **منہ پھیر کر دیکھنا** (متعدی) پروا نہ کرنا بے توجہی کرنا **منہ پھیر کر ہنسنا** (لازم) پردے پردے میں ہنسنا۔ چھپا کر ہنسنا **منہ پھیر لینا** (متعدی) ۱ منہ دوسری طرف کر لینا۔ روگردانی کرنا ۲ بے پروائی کرنا۔ بے اعتنائی کرنا۔ بے مروتی کرنا ۳ ناراض ہو جانا۔ رخ بدل لینا **منہ پھیرنا** (متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ شرم کرنا حیا کرنا ۳ کند ہونا۔ دھار مڑ جانا ۴ انکار کرنا۔ ہٹنا **منہ پھیلانا** (متعدی) ۱ منہ پسارنا۔ منہ کھولنا ۲ زیادہ مانگنا۔ زیادہ طمع کرنا ۳ زیادہ قیمت مانگنا۔ دام چڑھانا مول بڑھانا **منہ پھیلائے بیٹھنا** (لازم) کسی چیز کے انتظار میں بیٹھنا۔ منتظر رہنا۔ مانگنے اور لینے کے واسطے تیار ہو رہنا **منہ پیٹ پیٹ لینا** (متعدی) نہایت غصے یا غم کی حالت میں اپنے منہ پر طمانچے مارنا **منہ پیٹ کر نیلا کرنا** (متعدی) اتنا پیٹنا کہ منہ نیلا ہو جائے **منہ پیٹنا** (متعدی) رنج و غم یا غصے میں اپنے منہ پر تھپڑ مارنا۔ رنج و غم کرنا۔ ماتم کرنا **منہ پیلا پڑ جانا** (لازم) منہ پر زردی چھا جانا **منہ تک آنا** (لازم) ۱ لب تک آنا۔ ہونٹوں تک آنا۔ زبان تک آنا۔ کہا جانا ۲ لبالب بھرنا۔ کناروں تک آنا۔ لبریز ہونا **منہ تک بھرنا** (متعدی) ۱ منہا منہ بھرنا۔ لبالب بھرنا ۲ (لازم) پر ہونا۔ معمور ہونا۔ اٹنا **منہ تک جگر آنا** (لازم) کلیجہ منہ کو آنا۔ دل گھبرانا۔ دم الٹنا **منہ تک کے رہ جانا** (لازم) حیرت سے خاموش رہ جانا **منہ تکنا** (متعدی) ۱ منہ کی طرف دیکھنا۔ چہرے کی طرف نظر کرنا ۲ حیران رہ جانا۔ ششدر ہو جانا ۳ جواب کا منتظر رہنا ۴ حسرت و یاس کی نگاہوں سے دیکھنا۔ ارمان بھری نگاہوں سے دیکھنا ۵ لاجواب ہو جانا۔ جواب نہ بن پڑنا ۶ تعجب سے دیکھنا ۷ کسی چیز کا انتظار کرنا۔ امید رکھنا **منہ تلخ ہو جانا یا ہونا** (لازم) منہ کڑوا ہو جانا۔ منہ کا مزا خراب ہو جانا **منہ تمتما جانا یا تمتمانا** (لازم) گرمی یا غصے کی وجہ سے چہرے کا سرخ ہو جانا **منہ تنگ کرنا** (لازم) نہ بولنا **منہ توبا** (ع۔ مذکر) رشوت۔ منہ بھرائی **منہ تو دیکھو یا دیکھئے** ۱ حوصلہ تو دیکھو پہلے اس لائق تو ہو جاؤ۔ ذرا قابلیت تو پیدا کر لیجئے ۲ تمہاری کیا حقیقت ہے۔ کیا مجال ہے۔ کیا تاب ہے۔ کیا طاقت ہے ۳ تجھ سے اور یہ کام۔ دعوے یا ارادہ **منہ توڑ کے جواب دینا** (متعدی) صاف جواب دیدینا۔ بیباکانہ جواب دے دینا **منہ توڑنا** (متعدی) منہ میں ضرب لگانا **منہ تھتھانا** (متعدی) آزردگی یا ناراضگی ظاہر کرنے کے لئے نیچے کے ہونٹ کا لٹکا لینا۔ منہ پھلانا۔ منہ سجانا **منہ تھکا جانا** (لازم) کچھ کہنے سے منہ کو درد ہونے لگنا۔ منہ دکھا جانا **منہ ٹوٹ جانا یا ٹوٹنا** (لازم) منہ میں چوٹ آنا **منہ ٹوٹ جائے** (بددعا) منہ میں چوٹ آئے **منہ ٹھٹانا** (متعدی) منہ پہ طمانچہ یا تھپڑ مارنا **منہ ٹیڑھا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ منہ بھر جانا۔ منہ خمیدہ ہونا (ضرب سے) ۲ تیوری چڑھنا۔ تیوری پر بل پڑنا۔ خفگی کی صورت بنانا **منہ جوڑنا** (متعدی) ۱ کھسر پھسر کرنا۔ کانا پھوسی کرنا ۲ بدگوئی کرنا۔ غیبت کرنا ۳ گلہ شکوہ کرنا۔ طعنا مہنا دینا **منہ جھٹال) کر کھڑے ہو جانا** (لازم) تھوڑا سا کھا کر چلا جانا **منہ جھٹالنا یا جھٹالینا** (متعدی) تھوڑا سا کھانا۔ برائے نام کھانا۔ منہ جھٹک جانا۔ **جھٹکنا** (لازم) منہ اتر جانا۔ چہرہ دبلا پڑ جانا۔ طول یا اداس ہو جانا **منہ جھٹالنا یا جھٹالینا** (متعدی) تھوڑا سا کھانا۔ برائے نام کھانا **منہ جھلانا** (متعدی) دیکھو منہ جھٹیان (دہلی) **منہ جھلسنا** (متعدی) ۱ مردے کو لانا منہ کو آگ لگانا۔ شیر کو مار کر اس کے منہ کو جھلس دیتے ہیں کیونکہ خیال ہے کہ اس کی مونچھ کا بال کھا جانے سے انسان مر جاتا ہے

۲ لعنت بھیجنا۔ تبرا بھیجنا ۳ کچھ نہ دینا ۴ رشوت دینا ۵ قرضہ ادا کرنا۔ دے دلا کر فارغ کرنا **منہ جھوٹا کرنا** (متعدی) تھوڑا سا کھانا۔ **منہ چاٹنا** (متعدی) ۱ پیار کرنا بوسہ لینا ۲ خوشامد کرنا۔ نازبرداری کرنا ۳ کتے کا منہ کو زبان لگانا ۴ کسی کا منہ اپنی زبان سے صاف کرنا۔ **منہ چاہیئے**۔ ہمت چاہیئے۔ حوصلہ چاہیئے۔ دل گردہ چاہیئے۔ **منہ چنچول** (مذکر) ۱ چوما چاٹی۔ بوسہ بازی ۲ بک بک۔ بکواس **منہ چرانا** (متعدی) صورت نہ دکھانا۔ صورت دکھانے سے گریز کرنا **منہ چرغا ہو جانا** (لازم) منہ پھر جانا (غف) **منہ چڑانا یا چڑھانا** (متعدی) ۱ دانتوں کو کھول کر چھیڑنا۔ منہ کی نقل بدنمائی سے کرکے کسی کو کھجانا۔ منہ بگاڑ کر چھیڑنا ۲ جھوٹی تقلید کرکے بدنام کرنا۔ مضحکہ اڑانا **منہ چڑھا** (صفت) ۱ سر چڑھا ۲ گستاخ۔ بے ادب ۳ ضدی۔ **منہ چڑھانا** (متعدی) ۱ عزت دینا۔ گستاخ کرنا۔ سر چڑھانا ۲ مقرب بنانا۔ مصاحب بنانا۔ منہ لگانا ۳ منہ بگاڑنا۔ منہ سجانا ۴ منہ بنانا۔ ناک چڑھانا۔ تیوری چڑھانا۔ ناپسند کرنا **منہ چڑھا ہوا ہونا** (لازم) غصے میں ہونا۔ ناراض ہونا **منہ چڑھنا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ منہ پر آنا۔ چہرے پر نمایاں ہونا ۳ زبان پر چڑھنا۔ زبان زد خاص و عام ہونا ۴ سر ہونا۔ درپے ہونا۔ پیچھے پڑنا۔ گرد ہونا ۵ مقابل ہونا۔ مقابلے میں آنا۔ سامنے آنا۔ مقابلہ کرنا ۶ ہمسری کا دعوے کرنا۔ برابری کرنا **منہ چلانا** (متعدی) ۱ منہ کو حرکت دینا ۲ کھانا چبانا ۳ منہ ڈالنا۔ گھوڑے کا کاٹنا۔ منہ سے پکڑنا ۴ بدزبانی کرنا۔ گالیاں دینا **منہ چلنا** (لازم) ۱ منہ ہلنا منہ کا متحرک ہونا ۲ ہلنے رہنا ۳ بک بک کئے جانا چپ نہ بیٹھنا۔ کھے جانا ۴ زبان چلنا۔ زباندرازی ہونا **منہ چنگ** (مذکر) ایک باجہ جو منہ سے بجاتے ہیں **منہ چور** (صفت) ۱ وہ جو شرم کی وجہ سے منہ کسی کے سامنے نہ کرے۔ شرمسار ۲ لوگوں سے ملنے سے پرہیز کرنے والا ۳ کم نظرا۔ نظر چور **منہ چوری** (مؤنث) شرمساری۔ سامنے نہ آنا۔ **منہ چوم کے چھوڑ دینا** (متعدی) ۱ ذلیل و شرمندہ کرکے چھوڑ دینا ۲ کام نکال کے الگ کرنا ۳ حقیر جاننا۔ **منہ چوم لینا** (متعدی) ۱ بوسہ لے لینا ۲ کسی کے منہ سے کوئی بات اپنے مطلب کی سن کر خوش ہونا **منہ چومنا** (متعدی) ۱ بوسہ لینا۔ پیار لینا ۲ تعریف

کرنا۔ داد دینا **منہ چھپا کر بھاگنا** (متعدی) روپوش ہونا۔ معذور ہونا **منہ چھپانا** (متعدی) ۱ چہرہ اوٹ میں کرنا۔ چہرہ سامنے نہ کرنا ۲ پردہ کرنا۔ نقاب الٹنا سامنے نہ آنا ۳ چھپنا۔ چھپ جانا ۴ شرم سے سامنے نہ آنا ۵ روپوش ہونا۔ مفرور ہونا ۶ شرمندہ ہونا شرمسار ہونا۔ خجل ہونا ۷ کنارہ کش ہونا۔ کنارہ کرنا ۸ آنکھ چرانا۔ نظر بچانا **منہ چھٹ** (صفت) ۱ دیکھو منہ پھٹ ۲ بہت۔ وافر۔ منوں (کھانے پینے کی چیزوں کے متعلق) **منہ چھوانا** (متعدی) ۱ اوپری دل سے کہنا۔ برائے نام کہنا ۲ جھوٹی خاطر کرنا۔ جھوٹ موٹ کی تواضع کرنا۔ ظاہر داری برتنا **منہ چھوائی** (مؤنث) ظاہری طلب۔ وہ طلب یا مانگ جو دل سے نہ ہو۔ برائے نام خواہش **منہ چھونا** (متعدی) ۱ برائے نام کہنا۔ اوپری دل سے کہنا۔ ظاہر طور پر کہنا ۲ ذرا بات کرنا۔ ذرا بولنا **منہ چھیلنا** (متعدی) نشتر مارنا۔ منہ کو ناخنوں سے زخمی کرنا (غف) **منہ چیر ڈالنا** یا **کر دینا** (متعدی) سخت طمانچے کھینچ کر مارنا۔ **منہ خام کرنا** (متعدی) ۱ منہ بند کرنا۔ آٹے یا مٹی سے کسی چیز کا سوراخ بند کرنا ۲ کسی ظرف میں کوئی چیز پھونک کے لئے ڈال کر اس کا منہ کپڑے اور ملتانی مٹی سے بند کرنا **منہ خام ہونا** (لازم) منہ بند ہونا۔ دیکھو آخری **منہ خدا کی طرف ہونا** (لازم) خدا پر بھروسا ہونا۔ **منہ خراب کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱ منہ کا بگڑنا۔ پانی ہونا۔ زبان گندی ہونا ۲ منہ بدمزہ ہونا **منہ خشک ہونا** (لازم) ۱ منہ سوکھ جانا۔ منہ میں رطوبت بہت کم رہ جانا ۲ خوف چھا جانا۔ منہ فق ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ گھبراہٹ ہونا ۳ زیادہ گوئی کرنا اور اس وجہ سے منہ سوکھ جانا **منہ در منہ** (اتف) ۱ روبرو۔ سامنے۔ رو در رو۔ بالمواجہ۔ **منہ در منہ کر دینا** (متعدی) سامنے کر دینا۔ روبرو کر دینا **منہ در منہ کہنا** (متعدی) منہ پر کہنا۔ سامنے کہنا۔ رو در رو کہنا **منہ دکھا سکنا** (لازم) سامنے آنے کے قابل ہونا۔ روبرو آسکنا۔ **منہ دکھانہ سکنا** (لازم) شرمندہ ہونا۔ شرم سے سامنے نہ آسکنا **منہ دکھانا** (متعدی) ۱ صورت دکھانا۔ منہ سامنے لانا ۲ ملاقات کرنا۔ ملنا ۳ سامنے لانا۔ پیش کرنا ۴ سامنے آنا۔ روبرو آنا **منہ دکھانا مشکل (ہوگیا)** ہے منہ دکھانے کی جگہ باقی نہیں۔ نہایت شرمندگی یا ندامت کی وجہ سے سامنے نہیں جا سکتا۔ **منہ دکھانے** کی صورت نہ رہنا (لازم) پاس جانے یا سامنے آنے کا موقع نہ رہنا۔ شرمندگی حاصل ہونا **منہ دکھانے کے قابل نہ رکھنا** (متعدی) کوئی ایسا کام کرنا کہ بزرگوں یا لوگوں کے سامنے جاتے ہوئے شرم آئے۔ شرمندگی یا خجالت کی وجہ سے کسی کے ملنے کے قابل نہ رکھنا۔ ناک کٹوا دینا۔ ذلیل و رسوا کر دینا **منہ دکھانے کے قابل نہ رہنا** (لازم) نہایت خجل اور شرمندہ ہونا۔ شرمندگی اور خجالت کی وجہ سے سامنے آنے کے لائق نہ رہنا **منہ دکھائی یا دکھلائی** (مؤنث) رونمائی۔ وہ نقدی یا زیور وغیرہ جو کسی کا منہ دیکھ کر اسے نذر دیں وہ نقدی جو دلہن کا منہ دیکھ کر اس کی سسرال کے رشتہ دار اسے دیتے ہیں **منہ دکھائی دینا** (متعدی) کسی چمکدار چیز میں اپنا عکس نظر آنا۔ **منہ دکھلانا** (م) منہ دکھانا **منہ دکھنا** (لازم) بات کرتے ہوئے منہ کو تکلیف ہونا۔ کمزور ہونا۔ بات کرنے میں تکلیف ہونا **منہ دھلانا** (م) دوسرے آدمی کے منہ دھونے کے لئے پانی ڈالنا **منہ دھوا جانا** (لازم) منہ پر ہوائیاں اڑنا **منہ دھو آؤ۔ ڈالو یا رکھو**۔ اس کام کی توقع نہ رکھو۔ منہ بنا رکھو۔ تم اس کام کے قابل نہیں ہو۔ **منہ دھونا** (متعدی) ۱ پانی سے چہرہ صاف کرنا ۲ منہ دھلانا۔ منہ صاف کرنا **منہ دھو دھو کے روزے کھونے** رندوں بے نمازوں کا قول **منہ دے کر بات کرنا** (متعدی) متوجہ ہو کر بات چیت کرنا **منہ دیکھ** لیا نٹ بہم پہنچانا۔ قابلیت پیدا کرنا اپنا کے ساتھ **منہ دیکھا** (صفت) منہ دیکھنے والا۔ حلقہ بگوش۔ فرمانبردار۔ مطیع بحکم۔ وار (غف) **منہ دیکھا کرنا** (متعدی) ۱ حیرت سے منہ تکنا۔ صورت تکا کرنا ۲ کسی بات کا منتظر رہنا **منہ دیکھنا دیکھتے رہ جانا** (لازم) ۱ منہ تکتا رہ جانا۔ ناامید ہو جانا ۲ حیران اور ششدر رہ جانا **منہ دیکھتے رہنا** (لازم) رعب میں آکر کچھ نہ کہہ سکنا۔ **منہ دیکھ رہنا** (لازم) حیران رہنا۔ متحیر رہنا (غف) **منہ دیکھ کر اٹھنا** (لازم) صبح صبح کسی کا منہ دیکھ کر اٹھنا۔ خواب سے بیدار ہوتے ہی کسی پر نظر پڑنا۔ لوگوں کا خیال ہے کہ اگر کسی خوش نصیب کی شکل صبح اٹھ کر دیکھی جائے تو دن خوشی سے بسر ہوتا ہے۔ اور اگر بخیل سامنے آجائے۔ تو رنج و غم میں دن تمام

ہو جائے۔ **منہ دیکھی بات کرنا** (متعدی) منہ دیکھی باتیں کرنا۔ خوشامد کی باتیں کہنا۔ **منہ دیکھ کر رہ جانا** (لازم) ۱ حیران ہو جانا۔ متحیر ہونا ۲ لاجواب ہو کر رہ جانا۔ جواب نہ بن پڑنا ۳ مایوس ہو کر رہ جانا۔ نا امید ہو جانا۔ منہ تکتا رہ جانا **منہ دیکھنا** (متعدی) ۱ صورت دیکھنا۔ چہرہ دیکھنا ۲ آئینے میں اپنی شکل دیکھنا ۳ صبح اٹھ کر کسی کے چہرے کی طرف تکنا ۴ حیرت سے منہ تکنا۔ حیران رہ جانا ۵ حسرت سے چہرے کی طرف نظر کرنا۔ تعجب سے دیکھنا۔ حوصلہ دیکھنا۔ لیاقت دیکھنا ۶ منتظر جواب یا حکم رہنا۔ جواب سننے کا انتظار کرنا ۷ امیدوار ہونا۔ دعا کی قبولیت کا منتظر رہنا ۸ نا امیدی سے منہ تکنا ۹ (طنزاً) لیاقت حاصل کرنا۔ حوصلہ پیدا کرنا۔ منہ بودا ہونا ۱۰ تماشا دیکھنا اور کچھ کام نہ کرنا ۱۱ تابع ہونا۔ فرمانبردار ہونا ۱۲ انگلی کے ساتھ دیکھنا۔ پانا **منہ دیکھنے لگنا** (لازم) حیران ہو کر منہ تکنا **منہ دیکھو!** ذرا ان کی نااہلیت اور لیاقت پر نظر کرو ۲ کیا حوصلہ ہے۔ کیا تاب ہے۔ کیا لیاقت ہے۔ کیا مقدور ہے۔ **منہ دیکھی** (صفت) ۱ منہ پر کی۔ سامنے کی ۲ لحاظ کی۔ رعایت کی۔ طرفداری کی ۳ خوشامد کی **منہ دیکھے کا** (صفت) ظاہری۔ اوپری۔ دکھاوے کا۔ سامنے کا **منہ دیکھی کہنا** (متعدی) طرفداری کی بات کہنا **منہ دیکھے کی** (صفت۔ مونث) دیکھو منہ دیکھی **منہ دیکھے کی الفت۔ پریت۔ چاہ۔ یا محبت** (مونث) ظاہری محبت۔ دکھاوے کی محبت۔ جھوٹی محبت۔ **منہ دیکھے کی باتیں** (مونث) اوپری باتیں۔ ظاہری باتیں۔ منہ دکھاوے کی باتیں۔ **منہ دیکھے کی تعریف** کسی کے سامنے اس کی تعریف جو درست نہ ہو۔ خوشامدانہ تعریف۔ **منہ دیکھے کی سی** (صفت) نمائشی۔ ظاہرداری کی (کہنا کے ساتھ) **منہ دینا** (متعدی) ۱ کسی جانور کا برتن وغیرہ میں منہ ڈالنا۔ کھانے کے واسطے جانور کا منہ ڈالنا۔ چارہ کھانا۔ پانی پینا ۲ اقرار کرنا۔ عہد کرنا ۳ متوجہ ہونا۔ التفات کرنا۔ دھیان دینا۔ **منہ ڈالنا** (متعدی) ۱ دیکھو منہ دینا ۲ مرغ کا لڑنا ۳ منہ کسی چیز میں داخل کرنا منہ سے کوئی چیز پکڑنا **منہ ڈھانپ ڈھانپ (ڈھانک ڈھانک) کر رونا** (متعدی) منہ پر رومال کپڑا یا دوپٹہ رکھ کر رونا۔ بہت گریہ و بکا کرنا۔ نوحہ کرنا **منہ ڈھانپنا** (متعدی) ۱ منہ پر کپڑا ڈالنا ۲ شرم سے منہ چھپا لینا ۳ گریہ و بکا کرنا۔ نوحہ کرنا۔ رونا **منہ ڈھانپ (ڈھانک) کر رونا** (متعدی) دیکھو منہ ڈھانپ ڈھانپ الخ **منہ ڈھانکنا یا ڈھکنا** (متعدی) منہ ڈھانپنا **منہ ڈھک (ڈھک) کر رونا** (لازم) دیکھو منہ ڈھانپ ڈھانپ الخ **منہ ذرا سا نکل آنا** (لازم) چہرہ لاغر ہو جانا۔ ڈر یا خوف سے چہرہ دبلا ہو جانا **منہ رکھنا** (متعدی) ۱ پاس رکھنا۔ لحاظ رکھنا ۲ توجہ رکھنا۔ رخ رکھنا ۳ میل جول رکھنا **منہ روشن ہونا** (لازم) منہ پر رونق ہونا **منہ زبانی** (صفت) ۱ زبانی۔ بلا تحریر۔ بے لکھے ۲ حفظ۔ نوک زبان ۳ (مونث) باہم زبانی گفتگو۔ **منہ زرد ہو جانا یا ہونا** (لازم) ڈر جانا۔ اداسی چھا جانا **منہ زور** (صفت) ۱ منہ پھٹ۔ دریدہ ذہن بدزبان ۲ بکواسی۔ بکی۔ بہت باتیں کرنے والا ۳ سرکش۔ شریر۔ بے لگام۔ لگام کو نہ ماننے والا (گھوڑا) **منہ زوری** (مونث) ۱ بدزبانی۔ دریدہ دہنی۔ سخت کلامی۔ بیہودہ گوئی ۲ سرکشی۔ شوخی۔ شرارت۔ بدلگامی (گھوڑے کی) (کرنا ہونا کے ساتھ) **منہ زہر ہو جانا** (لازم) منہ کڑوا ہو جانا۔ منہ تلخ ہو جانا **منہ سامنے نہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) حجاب یا شرم سے سامنے نہ آ سکنا **منہ سٹ جانا** (لازم) منہ کا دبلا ہو جانا **منہ سجانا** (متعدی) ۱ منہ پھلانا۔ اداس ہونا ۲ غصہ میں ہونا۔ ناراض ہونا ۳ تھپیڑوں سے منہ لال کرنا **منہ سرخ ہو جانا** (لازم) ۱ غضبناک ہو جانا۔ غصہ کے سبب منہ کا لال ہو جانا ۲ جوش شباب یا نشے سے منہ لال ہونا۔ منہ تمتما جانا **منہ سٹرے** (بددعا) منہ زخمی ہو **منہ سفید پڑ (ہو) جانا** (لازم) چہرہ فق ہو جانا۔ رنگ اڑ جانا **منہ سکڑ جانا** (لازم) چہرے پر جھریاں پڑ جانا **منہ سکوڑنا یا سکیڑنا** (متعدی) منہ بنانا۔ ناک بھوں چڑھانا۔ ناراضگی ظاہر کرنا۔ ترش رو ہونا۔ چیں بجبیں ہونا۔ **منہ سلونا کرنا** (متعدی) کوئی نمکین چیز چکھنا خصوصاً شیرینی کے بعد۔ **منہ سنبھال کر بولو**۔ حرف بیجا زبان سے نہ نکالو۔ **منہ سنبھالنا** (متعدی) ۱ زبان کو قابو کرنا۔ زبان روکنا۔ زبان کو لگام دینا ۲ سوچ سمجھ کر بات کرنا **منہ سنبھالو**۔ زبان روکو۔ سوچ سمجھ کر بات کرو۔ بدزبانی نہ کرو **منہ سوجا رہنا** (لازم) غصہ یا بدمزاجی سے منہ پھولا رہنا **منہ سوکھ جانا یا سوکھنا** (متعدی) منہ خشک ہو جانا **منہ سونگھنا** (متعدی) ۱ شرابی کے منہ کے پاس ناک لے جا کر دیکھنا کہ بو آتی ہے یا نہیں **منہ سے** (تمیز) ۱ زبان سے ۲ خاطر سے رعایت سے۔ پاسداری سے **منہ سے آواز نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) زبان سے کچھ کہا جانا **منہ سے آواز نہ نکلنا** (لازم) بات نہ ہو سکنا۔ ڈر کے مارے گھگھی بندھ جانا **منہ سے آہ نہ کرنا** (متعدی) شکوہ شکایت زبان پر نہ لانا **منہ سیا جانا** (لازم) ۱ منہ بند کیا جانا۔ خاموش کیا جانا ۲ بات کرنے کی اجازت نہ ہونا ۳ چپ رہ جانا۔ منہ سے بات نہ نکلنا **منہ سے اقرار لینا** (متعدی) وعدہ لینا۔ اقبال کرانا **منہ سیاہ کرنا** (متعدی) ۱ منہ پر سیاہی ملنا ۲ بدنام کرنا۔ کلنک کا ٹیکا لگانا ۳ خضاب لگانا **منہ سیاہ ہونا** (لازم) ۱ منہ پر کالک لگنا ۲ بدنام ہونا **منہ سے بات اچکنا۔ چھیننا۔ لپکنا۔ لے لینا یا لینا** (متعدی) جس بات کے کہنے کا دوسرا ارادہ کرے اس سے پہلے خود کہہ دینا۔ کسی کے دل کی بات اس کے کہنے سے پہلے کہہ دینا۔ جی کی سی کہہ دینا **منہ سے بات سننا** (متعدی) کسی سے کوئی بات سننا **منہ سے بات نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) کچھ کہہ سکنا۔ کچھ بولنا۔ کوئی بات کہی جانا **منہ سے بات نہ نکالنا** (متعدی) کچھ نہ کہنا **منہ سے بات نہ نکلنا** (لازم) ڈر یا غصہ کے مارے بات نہ کر سکنا یا بول نہ سکنا **منہ سے باتیں نکالنا** (متعدی) ۱ بددعا دینا۔ کوسنا ۲ کسی کے متعلق کوئی بات کہنا۔ **منہ سے بس کرنا** (متعدی) زبان سے انکار کرنا۔ کافی سمجھنا۔ **منہ سے بولنا** (متعدی) ۱ بات کرنا۔ گفتگو کرنا ۲ جواب دینا **منہ سے بھاپ نکالنا** (متعدی) ۱ بات کرنا۔ بولنا ۲ اف کرنا۔ شکایت کرنا (بیشتر نفی کے ساتھ) **منہ سے پوری بات کہنا** (متعدی) زبان سے پورا مضمون ادا کرنا۔ **منہ سے پھوٹنا** (لازم) بولنا کچھ کہنا۔ جواب دینا۔ **منہ سے پھول (سے) جھڑنا** (لازم) ۱ خوش گفتار ہونا۔ فصیح ہونا۔ شیریں کلام ہونا ۲ (طنزاً) بدزبان ہونا **منہ سے (تو) پھوٹو** کچھ تو بولو۔ کچھ تو کہو۔ سرگذشت تو بیان کرو۔ زبان سے جواب دو۔ منہ سے تو کہو۔ زبان تو ہلاؤ۔

بات کہو۔ بیان کرو۔ **منہ سے چھین لینا** (متعدی) دیکھو منہ سے بات اچکنا **منہ سے دودہ ٹپکنا** **دودہ کی بو آنا** (لازم) ۱ ناداں ہونا۔ بے سمجھ ہونا۔ بچہ ہونا ۲ ناتجربہ کار ہونا **منہ سے دودہ کی بو نہ جانا** (لازم) ابھی بچہ ہونا۔ نادان ہونا **منہ سیدھا رکھنا** (متعدی) ۱ چہرے کا رُخ سامنے کی طرف رکھنا ۲ گھوڑے وغیرہ کا منہ رستے کی رکھنا **منہ سیدھا کر دینا** (متعدی)، **خوب** ۱ منہ سی دینا (متعدی)، ۱ تھیلی وغیرہ کا منہ سی کر بند کر دینا ۲ خاموش کر دینا ۳ رشوت دیدینا **منہ سے رال ٹپکی پڑنا یا ٹپکنا** (لازم) لالچ سے منہ میں پانی بھر آنا۔ نہایت جی للچانا۔ از حد خواہش ہونا **منہ سے رنگ اڑ جانا** (لازم) منہ فق ہو جانا **منہ سے سنا چاہتے ہو**۔ گالیاں کھانے سننے کو دل چاہتا ہے۔ برا بھلا سننا چاہتے ہو۔ **منہ سے سننا** (لازم) سننا۔ زبان سے سننا **منہ سے سیاہی دھو جانا** (لازم) بدنامی مٹ جانا **منہ سے شرمندہ ہونا** (لازم) کسی شخص سے شرمندہ ہونا۔ کسی سے شرم آنا **منہ سے فرمانا** (متعدی) کہنا۔ زبان سے کہنا **منہ سے کچھ کہنا** (لازم) زبان سے کچھ کہنا۔ کچھ بولنا **منہ سے کچھ کا کچھ نکلنا** (لازم) کہنا کچھ اور چاہنا اور زبان سے کچھ اور نکلنا۔ **منہ سے کلیجہ نکل پڑنا** (لازم) ۱ گھبرا کر دم نکل جانا۔ دم الٹ جانا ۲ دل گھبرا جانا۔ جی اکتا جانا **منہ سے کہہ اٹھنا** (لازم) بے اختیاری میں بات منہ سے نکل جانا **منہ سے کہہ ڈالنا** (متعدی)، زبان سے کہنا۔ کہنا۔ **منہ سے کہنا** (متعدی)، خود کہنا۔ اپنی زبان سے کہنا **منہ سے کیا پھول جھڑتے ہیں** ۱ کیا پسندیدہ باتیں کرتے ہیں ۲ طنز آنا زیبا باتوں کے متعلق کہتے ہیں۔ **منہ سے لعل اگلنا** (لازم) فصاحت سے گفتگو کرنا۔ خوش کلام یا خوش گفتار ہونا **منہ سے لگانا** (متعدی)، ۱ کوئی ظرف اپنے ہونٹوں سے پینے کیلئے لگانا، لب آشنا کرنا ۲ دوسرے کے منہ سے کوئی ظرف لگا دینا ۳ کوئی بجانے کا ساز منہ کے ساتھ لگانا **منہ سے لگنا** (لازم) ہونٹوں سے لگنا۔ لب آشنا ہونا **منہ سے لے لینا یا لینا** (متعدی)، دیکھو منہ سے اچکنا **منہ سی لینا** (متعدی)، چپ کر رہنا۔ خاموشی اختیار کرنا **منہ سے منہ لگانا** (متعدی)، پیار کرنا **منہ سے منہ ملانا** (متعدی)، ۱ منہ دوسرے کے منہ سے ملا دینا ۲ گستاخانہ بات چیت کرنا ۳ ہم کلام ہونا۔ باتوں میں برابری کرنا ۴ بوسہ بازی کرنا، بوس و کنار کرنا۔ چوما چاٹی کرنا **منہ سے موتی اگلنا** (لازم)، دیکھو منہ سے لعل اگلنا **منہ سے نام نکالنا** (متعدی)، کسی چیز کا تذکرہ کرنا۔ دعوے کرنا **منہ سینا** (متعدی)، ۱ چپ کرنا۔ خاموش کرنا ۲ خاموش ہونا۔ چپ رہنا ۳ رشوت دینا۔ منہ بھرائی دینا۔ کچھ دے کر اپنے خلاف کہنے سے روک دینا **منہ سے نکالنا** (متعدی)، ۱ کہنا۔ تذکرہ کرنا۔ بولنا زبان پر لانا ۲ جو بات دل میں ہو اسے کہنا۔ خفیہ بات کا ذکر کرنا ۳ کسی بات کا سہو سے ذکر کرنا ۴ دعوے کرنا ۵ (کچھ) برا بھلا کہنا **منہ سے نکل جانا یا نکلنا** (لازم) بے اختیار کوئی بات کہی جانا بے ساختہ زبان سے کچھ نکل جانا **منہ سے نیک و بد نکالنا** (متعدی)، کسی کو برا بھلا کہنا۔ **منہ سے ہاں نہیں کرنا** (متعدی)، اقرار یا انکار کرنا **منہ شکر سے بھر دینا** (متعدی)، خوشخبری سنانے کے عوض منہ میٹھا کرنا۔ **منہ صاف رکھنا** (متعدی)، دانتوں وغیرہ کو میل سے صاف رکھنا **منہ صاف کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) دانتوں وغیرہ پر میل نہ ہونا۔ کلی ہونا **منہ فق** (صفت) ۱ حیران۔ حواس باختہ۔ بے اوسان ۲ اداس۔ **منہ فق ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ چہرے کا رنگ زرد یا سفید ہونا۔ منہ پر ہوائیاں اُڑنے لگنے ۲ بدحواس ہو جانا۔ حواس باختہ ہو جانا گھبرا جانا ۳ ڈر جانا۔ خوف کھانا۔ خائف ہو جانا ۴ حیران رہ جانا۔ ششدر ہو جانا ۵ رعب چھا جانا۔ رعب میں آ جانا **منہ قبلہ کی طرف پھر جانا** (لازم) مسلمانوں کا اعتقاد ہے کہ دیندار آدمی کا منہ مرتے وقت قبلے کی طرف خود بخود ہو جاتا ہے۔ **منہ قبلہ کی طرف کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) مسلمان کا نماز کے لئے قبلہ رو ہونا۔ **منہ کا پھوڑا یا پھوہڑ** (صفت) بدزبان۔ منہ پھٹ۔ **منہ کا تھوبڑا ہو جانا** (لازم) پٹ جانا **منہ کا رنگ اڑ جانا یا فق ہو جانا** (لازم)، منہ فق ہو جانا **منہ کا روغن اُڑ جانا** (لازم) منہ کی رونق یا سرخی جاتی رہنا **منہ کا سچا** (صفت)، صادق القول۔ وعدے کا پکا **منہ کا سخت** (صفت) منہ زور۔ جو لگام کے اشارے کی پرواہ نہ کرے (گھوڑا) **منہ کا کچا** (صفت) ۱ وہ جس کی بات قابل اعتبار نہ ہو ۲ وہ جو لگام کا جھٹکا نہ سہار سکے (گھوڑا) ۳ اصیل مرغ منہ کا کڑا (صفت) ۱ منہ کا سخت۔ منہ زور ۲ مضبوط ہاتھ کا۔ **منہ کا کہا ہونا** (لازم) منہ سے نکلی ہوئی بات کا ہو جانا۔ کہے کے مطابق ہونا **منہ کالا** (صفت)، ۱ بدنام۔ رسوا ۲ بدافعال۔ بدکردار ۳ (بد دعا) خدا غارت کرے۔ خدا کھوئے ۴ (مونث) بدنامی۔ رسوائی۔ **منہ کالا کر**۔ جا دفان ہو۔ منہ نہ دکھلا۔ رستہ لے۔ **منہ کالا کرنا** (متعدی)، ۱ منہ کو سیاہی لگانا ۲ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا ۳ زنا کرنا۔ بدفعلی کرنا ۴ تشہیر کرنا۔ منہ کالا کر کے گدھے پر چڑھا کر بازاروں میں پھراتے ہیں ۵ کسی طرف کو نکل جانا۔ دُور ہونا۔ دفان ہونا ۶ خضاب لگانا **منہ کالا ہو** (بد دعا) بدنام ہو۔ رسوا ہو **منہ کالا ہونا** (لازم) ۱ منہ کو سیاہی لگنا ۲ بدنام ہونا۔ رسوا ہونا ۳ چلا جانا۔ اُجڑ نا۔ دفان ہونا۔ غارت ہونا **منہ کا میٹھا** (صفت) ۱ زبان کا میٹھا۔ شیریں بیان۔ خوش گفتار ۲ چکنی چپڑی باتیں کرنے والا۔ ظاہر ‌‌میں اچھا مگر دل میں کھوٹ رکھنے والا **منہ کان سے ملا کر باتیں کرنا** (متعدی)، ۱ بہرے سے باتیں کرنا ۲ آہستہ آہستہ باتیں کرنا۔ خفیہ باتیں کرنا **منہ کا نوالہ** (مذکر)، ۱ لقمہ ۲ وہ کام جو نہایت سہل اور آسان ہو۔ **منہ کا نوالہ سمجھنا** (لازم)، آسان سمجھنا **منہ کا نوالہ ہو جانا** (لازم)، ۱ منہ میں چلا جانا۔ منہ میں سما جانا۔ لقمہ ہو جانا ۲ سہل ہو جانا۔ آسان ہو جانا **منہ کا نور اڑ جانا** (لازم)، چہرے کی رونق اور آب و تاب جاتی رہنا۔ چہرے کی سرخی اڑ جانا۔ بے روپ ہو جانا **منہ کپّے کی طرح پھولنا** (لازم)، بہت خفا ہونا۔ ناراض ہونا **منہ سوجنا** **منہ کرنا** (متعدی)، ۱ سوراخ کرنا۔ چھید کرنا ۲ پھوڑے یا زخم میں سوراخ ہو جانا۔ پھوٹنا ۳ کسی طرف چلے جانا۔ کسی طرف جانے کا ارادہ کرنا ۴ رخ کرنا۔ منہ سامنے کرنا۔ منہ دکھانا ۵ لحاظ کرنا پاس کرنا ۶ سامنا کرنا ۷ مقابلہ کرنا۔ لالچ کرنا۔ لوبھ کرنا **منہ کس کا ہے**۔ کس کا حوصلہ ہے۔ کس کی مجال ہے۔ کسی کا حوصلہ نہیں۔ **منہ کسیلا ہونا** (لازم)، منہ کڑوا ہونا **منہ کشادہ ہونا** (لازم)، منہ کھل جانا۔ منہ چوڑا ہونا۔ **منہ کلنا** (لازم)، زبان بند ہونا۔ کسی کے برخلاف کہنے سے رکنا **منہ کو آگ لگانا** (متعدی)، ۱ کوسنا ۲ ملنا چھوڑ دینا۔ میل ملاپ ترک کرنا **منہ کو باندھنا** (متعدی)، ۱ کپڑے وغیرہ سے منہ کی بندش کرنا۔ منہ کو ڈھانٹا

رگانا ۲ کسی برتن کا منہ کپڑے سے باندھ دینا
۳ منہ کو کیانا۔ زبان کو بند کرنا منہ کو بنانا (متعدی)
دیکھو منہ بنانا منہ کو بند کرنا (متعدی) زبان روکنا
بولنے سے روکنا۔ بولنے سے باز رکھنا منہ کو
بنوانا (متعدی) ۱ کسی کام کے لئے لیاقت پیدا
کرنا۔ اپنے آپ کو کسی دعوے کے قابل بنانا۔
اپنے آپ کو کسی کام کے لائق اور سزاوار کرنا منہ
کو بھبوت مل لینا (متعدی) فقیر ہو جانا۔ سادھو
بن جانا منہ کو پھیر لینا (متعدی) ۱ منہ دوسری
طرف کر لینا۔ روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا ۲ انکار
کرنا منہ کو جگر آنا (لازم) دم الٹنا۔ جی گھبرانا۔
ضبط نہ ہو سکنا منہ کو جوڑنا (متعدی) دیکھو منہ جوڑنا
منہ کو چھاسا رگانا (متعدی) دیکھو منہ کو آگ لگانا
الخ۔ منہ کو خون لگنا (لازم) دیکھو منہ کو لہو لگنا منہ
کو دکھا نہ سکنا (لازم) منہ سامنے نہ کر سکنا۔
سامنے جاتے ہوئے شرم آنا منہ کو زہر لگ
جانا (لازم) زہر کھانے کی عادت ہو جانا منہ کو
سات توؤں کی کالک لگ جانا (لازم) سخت
بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا منہ کو سنبھالنا (متعدی)
زبان کو خلاف تہذیب باتوں سے روکنا۔ بدزبانی
سے باز آنا۔ سنجیدہ باتیں کرنا منہ کو قفل دینا یا
لگا دینا (متعدی) ۱ منہ کو بند کرنا۔ منہ کو مہر لگا دینا
۲ خاموشی اختیار کرنا۔ سکوت اختیار کرنا منہ کو
قفل لگنا (لازم) خاموش ہو جانا منہ کو کالک
رگانا (متعدی) لگنا (لازم) ۱ رسوائی ہونا۔ بدنامی
ہونا ۲ منہ کو سیاہی مل جانا منہ کو کالک ملنا
(متعدی) ۱ منہ کالا کرنا ۲ شرمندہ کرنا۔ خجل کرنا منہ
کو کلیجا آنا (لازم) ۱ غم و غصہ کا ضبط نہ ہو سکنا
۲ دم گھبرانا۔ دم الٹنا ۳ اکتانا۔ دل کا بیزار ہونا
منہ کو لگام دو۔ بدزبانی مت کرو۔ زبان سنبھال کر
بولو منہ کو لگام نہیں۔ چپ نہیں رہتا۔ بے سوچے
سمجھے جا بیجا بول اٹھتا ہے۔ منہ کو لگام ہونا
(لازم) خاموش ہونا منہ کو لگا ہونا (لازم) کسی چیز کا
چسکا ہونا۔ کسی چیز کی عادت ہونا منہ کو لگنا (لازم)
۱ چسکا پڑنا چاٹ لگنا ۲ خوش مزہ لگنا۔ زبان کو ناگوار
نہ ہونا منہ کو لوکا لگے (بددعا) تباہ ہو۔ برباد
ہو۔ منہ کو لہو لگ جانا یا لگنا (لازم) ۱ خون کی
چاٹ لگنا۔ گوشت کھانے کا چسکا پڑنا۔ شکار کا
مزہ پڑنا۔ ... ت کھانے کا شوق ہونا ۲ کسی جانور

یا درندے کو کسی حیوان کو کھانے کی چاٹ لگنا۔
منہ کو موڑنا (متعدی) ۱ دیکھو منہ موڑنا منہ کو مزا
لگا دینا (لازم) زبان کو چاٹ یا چسکا ڈال دینا۔
چٹورا بنا دینا۔ منہ کو موڑنا (متعدی) ۱ منہ پھیرنا۔
گردن پھیرنا۔ روگردانی کرنا ۲ بے اعتنائی کرنا۔
بے رخی کرنا۔ بے مروتی کرنا۔ رکھائی کرنا ۳ چشم
پوشی کرنا۔ اعراض کرنا۔ منہ کہاں ہے۔ کیا مجال
ہے۔ کیا تاب و طاقت ہے۔ منہ کھلا رہنا
(لازم) ۱ دہن کشادہ رہنا ۲ چہرہ بے نقاب رہنا
منہ کھل جانا (لازم) ۱ دہن کشادہ ہو جانا ۲ بدزبانی
کی عادت پڑ جانا۔ گستاخ ہو جانا۔ بدلگامی کی عادت
پڑ جانا ۳ گونج کھل جانا۔ چھلے وغیرہ کی چھال
کھل جانا ۴ ازالۂ بکر ہو جانا ۵ چہرہ بے نقاب
ہونا۔ منہ کھلنا (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ بیان کرنے
یا کہنے پر آمادہ ہونا منہ کھلوانا (م) ۱ منہ فراخ
کرانا۔ دہن کشادہ کرانا ۲ بولنے پر مجبور کرنا۔ زبان
کھلوانا ۳ گستاخ کر دینا۔ بے ادب بنانا۔ بد
زبانی کی عادت ڈالنا ۴ زبان سے کہوانا۔ سوال
کرانا ۵ ازالۂ بکارت کروانا ۶ بے نقاب کرانا ۷
گونج کھلوانا۔ چھلے وغیرہ کی چھال کھلوانا۔ منہ
کھول کر رہ جانا (لازم) ۱ کچھ کہتے کہتے خاموش
ہو جانا۔ کچھ کہنے کے لئے منہ کھولنا مگر پھر چپ
رہنا۔ بات کرتے کرتے چپ ہو جانا ۲ منتظر رہ
جانا۔ مشتاق رہ جانا۔ مایوس ہو جانا منہ کھولنا
(متعدی) ۱ دہن کشادہ کرنا۔ منہ فراخ کرنا ۲ گونج
کھولنا ۳ چھلے وغیرہ کی چھال کھولنا ۴ باتیں بنانا
زبان چلانا۔ گالیوں یا بدزبانی پر اتر آنا ۵ نقاب
اٹھانا۔ گھونگٹ کھولنا ۶ کسی چیز کو نکالنے کے
لئے بندش کھولنا ۷ دایہ کا پہلی مرتبہ بچے کو دودھ
پلانا ۸ لالچ کرنا۔ حرص کرنا۔ طمع کرنا ۹ ازالۂ بکارت
کرنا منہ کی (صفت۔ مونث) ۱ کسی کی کہی ہوئی ۲ منہ
کے متعلق منہ کی آنا (لازم) سامنے لعن طعن کرنا۔
منہ پر کہنا منہ کی اوٹ کرنا (متعدی) پردہ کرنے
کے لئے کوئی چیز منہ کے آگے کرنا۔ منہ کو دھوپ
یا آگ کی گرمی سے بچانے کے لئے کوئی چیز
بیچ میں لانا منہ کیا ہے۔ کیا مجال ہے۔ کیا
طاقت ہے۔ کیا حوصلہ ہے۔ منہ کی بات چھین
لینا (متعدی) دیکھو منہ سے بات اچکنا منہ کی
بات (مونث) کہی ہوئی بات۔ منہ سے نکلی ہوئی

بات۔ منہ کے بل (بھل) آنا یا گرنا (لازم) ۱
اوندھے منہ گرنا ۲ اوج سے پستی کی طرف آنا۔ تنزل
ہونا ۳ ذلت اٹھانا۔ ذلیل ہونا منہ کے ٹکڑے
اڑا دینا (متعدی) اڑ جانا (لازم) پان میں زیادہ
چونا ہونے کی وجہ سے منہ کا کٹ جانا منہ کی
ٹکیا (مونث) چہرہ۔ منہ کی دکھائی (مونث)
دیکھو منہ دکھائی۔ منہ کے دو حرف (مذکر) کسی
کے کہے ہوئے کلمے۔ سلام و پیام۔ منہ کی راہ
شفتالو نکلنا (لازم) کسی بات کا خمیازہ بھگتنا۔
منہ کی رنگت سفید ہونا (لازم) خوف۔ مایوسی
ندامت وغیرہ سے رنگ اڑ جانا۔ منہ فق ہو جانا منہ
کی سچی (صفت۔ مونث) وہ جس کا منہ نہ پھرے
(تلوار) منہ کے کوے اڑ جانا (ھ۔ لازم) منہ
فق ہو جانا۔ منہ کی کھانا (متعدی) ۱ منہ پر چوٹ
کھانا۔ چہرے پر ضرب کھانا۔ یہ محاورہ پٹہ بازوں
سے لیا گیا ہے ۲ منہ کے بل گرنا۔ اوندھے منہ
گرنا ۳ تھپیڑ کھانا۔ طمانچہ کھانا ۴ مار کھانا۔ پٹنا۔
سزا پانا ۵ زک اٹھانا۔ زک پانا ۶ خفت اٹھانا۔
شرمندہ ہونا ۷ رسوائی اٹھانا۔ بدنامی اپنے سر
لینا ۸ دھوکا یا فریب کھانا۔ جل میں آنا ۹ جس بات
کا دعوےٰ ہو اس میں عہدہ برآ نہ ہونا۔ چوک جانا
۱۰ شکست کھانا۔ ہار جانا ۱۱ نقصان اٹھانا ۱۲ اپنے
منہ سے آپ قائل ہونا۔ منہ کی کھلانا یا کھلوانا
(م) دیکھو آخری منہ کی گالی (مونث) کسی کی زبان
کی گالی منہ کے لائق نہیں۔ اس قابل نہیں کہ
تم اس سے بات کرو ۲ آپ کی حیثیت کے مطابق
نہیں۔ منہ کے پھن جھڑنا (لازم) شرم و حیا جاتا
رہنا۔ بے شرم ہو جانا۔ منہ کیل دینا یا کیلنا
(متعدی) ۱ زبان کیل دینا۔ جادو یا منتر کے زور
سے زبان بند کر دینا ۲ تنکوں یا کیلوں سے منہ
بند کر دینا ۳ خاموش کر دینا۔ چپ کرا دینا ۴ رشوت
دینا۔ رشوت دے کر برخلاف کہنے سے روک
دینا۔ منہ کی لوئی اترا جانا (لازم) شرم و حیا کا جاتا
رہنا۔ بے شرم ہو جانا منہ کی مانگی موت (مونث)
دیکھو منہ مانگی موت منہ کی مکھی نہ اڑا سکنا (لازم)
نہایت کمزور ہونا۔ بے کس ہونا۔ منہ گرو صبا میں
دھو رکھو۔ جب کوئی چیز دینے سے انکار مقصود
ہو تو مذاقاً کہتے ہیں منہ لال کر دینا یا کرنا
(متعدی) ۱ منہ پر تھپیڑ مار کر منہ لال کر دینا ۲ پان

یا سرخی سے منہ سرخ کرنا **منہ لال ہونا** (لازم) ۱ تھپیڑوں کے لگنے سے چہرہ سرخ ہونا ۲ نشہ خوشی یا جوش شباب سے چہرہ سرخ ہونا ۳ غصہ یا طیش سے چہرہ سرخ ہونا ۴ کامیاب ہونا۔ ناموری حاصل کرنا ۵ پان یا کوئی چیز کھانے سے منہ سرخ ہونا۔ **منہ لپیٹ کر پڑ رہنا یا پڑنا** (لازم) غم و افسوس سے منہ پر کپڑا ڈال کر لیٹ رہنا۔ غمگین ہو کر لیٹ جانا **منہ کو لپیٹ لینا** (متعدی) چہرے پر کپڑا ڈال لینا۔ منہ چھپانا۔ **منہ لپیٹنا** ... رنج سے یا یونہی چہرے کو کپڑے سے ... **منہ لٹکانا** (متعدی) ۱ دیکھو منہ پھلانا ۲ منہ کو شرمندگی سے جھکانا ۳ کوئی دوا منہ میں مل کر رطوبت ٹپکنے کے لئے منہ کو نیچے کی طرف کرنا **منہ لگا** (صفت) سرچڑھا **منہ لگانا** (متعدی) ۱ ہونٹوں سے چھوانا یا مس کرنا۔ منہ کے قریب لانا ۲ گستاخ بنانا۔ ڈھیٹ بنانا۔ سرچڑھانا ۳ مصاحب بنانا۔ یار بنانا ۴ کسی کی طرف توجہ کرنا۔ التفات کرنا ۵ کسی کھانے پینے کے برتن کو ہونٹ لگانا ۶ منہ سے جوٹھا کرنا۔ جوٹھان ۷ حمایت کرنا ۸ خاطر میں لانا۔ خیال یا دھیان میں لانا۔ **منہ لگنا** (لازم) ۱ دیکھو آخری لفظ ۲ حجت کرنا۔ تکرار کرنا ۳ چسکا پڑنا۔ منہ پڑنا ۴ ہمکلام ہونا۔ ہم سخن ہونا ۵ برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا ۶ مزہ پڑنا۔ چاٹ لگنا **منہ لے کے آنا** (لازم) صورت دکھانا **منہ لے کے رہ گیا** بشرمندہ ہوگیا۔ **منہ مارا** (صفت) **ماری** (صفت مونث) وساوس کے متعلق کہتے ہیں جو لذیذ چیزوں کے کھانے پینے سے پرہیز کرے **منہ مارنا** (متعدی) ۱ کاٹنا۔ چکتا بھرنا ۲ ڈسنا۔ ڈنک مارنا ۳ شکاری کتے کا صید پر دانت مارنا۔ شکار کو منہ سے پکڑنا ۴ گھوڑے کا کاٹ کھانے کو منہ چلانا ۵ لڑانے والے پرندوں کا ایک دوسرے کو چونچ مارنا۔ مرغ یا بٹیر کا آپس میں لڑنا ۶ منہ بینا۔ ٹانکے لگا کر منہ بند کرنا ۷ خاموش کردینا۔ لاجواب کردینا۔ منہ بند کردینا ۸ کھانے سے روکنا یا رکنا ۹ جلد جلد کھانا۔ جانوروں کا دانہ گھاس کھانا ۱۰ طعنہ زنی کرنا۔ آوازے کسنا ۱۱ رشوت دینا ۱۲ دھار مارنا۔ نوک یا دھار کو گوٹا یا کند کردینا۔ ۱۳ منہ کیل دینا۔ کاٹنے کے قابل نہ رکھنا۔ زہر دور کردینا ۱۴ کبوتر کو پرواز کے وقت مقرر کسی طرف بھیجنا **منہ مانگا** (صفت) حسب خواہش۔ جیسا منہ سے کہا ہو **منہ مانگنا** (متعدی) فریاد کرنا **منہ مانگے دام** (مذکر) جو قیمت مانگنا سو ملنا۔ حسب طلب قیمت **منہ مانگی مراد** (مونث) دلی مراد۔ دلی خواہش۔ وہ چیز جو طلب کے موافق ملی ہو۔ **منہ مانگی موت** (مونث) خود منہ سے مانگی ہوئی موت **منہ مڑ جانا** (لازم) دیکھو منہ موڑنا **منہ مسکوڑنا** (متعدی) دیکھو منہ سکوڑنا **منہ مسل ڈالنا** (متعدی) ۱ کسی کے منہ کو ہاتھ سے رگڑنا ۲ دندان شکن جواب دینا **منہ ملانا** (متعدی) اپنے منہ کا دوسرے کے منہ سے مقابلہ کرنا۔ ہمسری کرنا برابری کرنا **منہ موڑنا** (متعدی) ۱ روگرداں ہونا۔ منہ ہٹانا۔ روگردانی کرنا ۲ کنارہ کشی کرنا۔ کسی کے شریک حال نہ ہونا ۳ (سے کے ساتھ) سرکشی کرنا۔ بغاوت کرنا باغی ہونا ۴ پرہیز کرنا۔ باز رہنا ۵ شکست کھانا۔ ہارنا پسپا ہونا ۶ انکار کرنا۔ کہا نہ ماننا ۷ ٹالنا۔ بے مروتی کرنا ۸ بیوفائی کرنا۔ دغا دینا ۹ چشم پوشی کرنا۔ اغماض کرنا۔ آنکھ چرانا ۱۰ دھار کا خم کھانا۔ دھار مڑنا ۱۱ (کا کے ساتھ) شکست دینا۔ پسپا کرنا ۱۲ (طرف کے ساتھ) متوجہ ہونا۔ التفات کرنا ۱۳ (سے کے ساتھ) رخ نہ کرنا۔ توجہ نہ کرنا ۱۴ دست بردار ہونا **منہ میٹھا کرنا** (متعدی) ۱ مٹھائی یا شیرینی کھلانا ۲ مٹھائی یا شیرینی کھانا ۳ عنایت فرمانا۔ کچھ دینا۔ بخشنا ۴ نذرانہ دینا۔ رشوت دینا ۵ پاس ہونے یا مقدمہ جیتنے کی خوشی میں دوستوں کو مٹھائی کھلانا ۶ منگنی کرنا۔ سگائی کرنا **منہ میٹھا ہونا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ دھار دار آلہ کی دھار کند ہونا۔ **منہ میں آب آجانا** (لازم) منہ میں پانی بھر آنا۔ جی للچا جانا (ظفر نے باندھا ہے) **منہ میں آلو بھرے ہونا** (لازم) انگریزی محاورہ بجائے منہ میں گھنگنیاں بھری ہونا **منہ میں آنا** (لازم) زبان پر آنا۔ زبان سے نکلنا **منہ میں آیا سو بک (کہہ) دیا**۔ بے سوچے سمجھے کہدیا۔ **منہ میں بات کرنا یا بولنا** (متعدی) اس طرح بولنا کہ دوسرے کی سمجھ میں نہ آئے۔ آہستہ آہستہ بولنا۔ **منہ میں بو آنا** (لازم) منہ کا بدبودار ہونا۔ کہتے ہیں جھوٹے کے منہ سے بو آتی ہے۔ **منہ میں پان پھیکا ہونا** (لازم) ۱ پان کا ذائقہ جاتا رہنا ۲ صبح ہونا **منہ میں پانی بھر آنا** (لازم) ۱ کسی لذیذ چیز کے خیال میں یا اسے دیکھ کر منہ میں رطوبت پیدا ہوجانا ۲ للچانا۔ رال ٹپک پڑنا ۳ شوق پیدا ہونا۔ کسی چیز کی رغبت اور خواہش پیدا ہونا ۴ رشک آنا۔ رشک کا باعث ہونا **منہ میں پانی ٹپکانا یا چوانا** (متعدی) ۱ مرتے وقت منہ میں پانی کے قطرے ڈالنا۔ آخیر وقت کام آنا۔ مرتے وقت کام آنا **منہ میں پڑنا** (لازم) ۱ کھایا جانا۔ کھانے میں آنا ۲ (بات) مشہور ہونا۔ زبان زد ہونا۔ پھیلنا۔ **منہ میں پڑھنا** (لازم) آہستہ آہستہ پڑھنا۔ چپکے چپکے پڑھنا **منہ میں پھپھڑیاں (پھیپڑی) بندھ جانا** (لازم) لب خشک ہونا۔ پیاس سے لب پہ پیڑی جم جانا۔ منہ خشک ہوجانا **منہ میں تنکا لینا** (متعدی) ہار ماننا **منہ میں تھوک بلونا** (متعدی) فضول باتیں کرنا۔ بیہودہ سرائی کرنا۔ ہرزہ گوئی کرنا۔ بکواس کرنا۔ **منہ میں تھوک لپٹے جانا** (لازم) منہ خشک ہوئے جانا۔ منہ سے بات نہ نکلنا۔ بدحواس اور بے اوسان ہوتے جانا **منہ میں تھوکنا** (متعدی) برا بھلا کہنا۔ ذلیل کرنا۔ بے عزت کرنا **منہ میں جانا** (لازم) کھایا جانا۔ کھانے میں آنا **منہ میں جو آئے کہہ جانا** (لازم) بیدھڑک بک دینا۔ بے سمجھے بوجھے بات کہنا **منہ میں خاک** (عو) ان موقعوں پر کہا جاتا ہے ۱ جب کوئی کچھ مانگے اور دینا نہ چاہیں ۲ گستاخانہ کلام کے جواب میں ۳ برا چاہنے والے کی بات پر **منہ میں خاک بھرنا** (لازم) نفرت یا بدی کے کلمہ کہنے والے کو روک دینا **منہ میں دانت نہ ہونا** (لازم) پوپلا ہونا۔ **منہ میں دانت ہونا** (لازم) حوصلہ ہونا۔ ہمت ہونا **منہ میں دانہ تک نہ جانا** (لازم) کچھ نہ کھانا **منہ میں دھان لاوے ہونا** (لازم) خاموش رہنا **منہ میں زبان دینا** (متعدی) مساس کرنے کا ایک طریقہ۔ **منہ میں زبان رکھنا** (لازم) گویائی کی قدرت رکھنا۔ بول سکنا **منہ میں زبان لینا** (متعدی) مساس کرنا **منہ میں زبان نہ ہونا** (لازم) ۱ گم گو ہونا گونگا ہونا ۲ خاموش ہونا۔ بول نہ سکنا۔ بے زبان ہونا **منہ میں زبان نہیں رکھتا** بولنے کی قدرت نہیں۔ بول نہیں سکتا۔ **منہ میں زبان ہونا** (لازم) بولنے کے قابل ہونا۔ قوت گویائی ہونا۔ جواب دینے کی طاقت رکھنا **منہ میں زبان ہے** بول سکتے ہیں۔ بولنے کی طاقت ہے **منہ میں صابون گھلا ہونا** (لازم) منہ پھیکا یا بدمزہ ہونا **منہ میں قفل لگ جانا** (لازم) چپ ہوجانا۔ خاموشی اختیار کرنا **منہ میں کالک لگ جانا** (لازم) بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا **منہ میں گالی ہونا** (لازم) زبان گالی ہونا۔ ہر وقت گالیاں دیتے رہنا **منہ میں گنگنانا** (متعدی) آہستہ آہستہ گانا **منہ میں گھنگنیاں بھر جانا** (لے بیٹھنا (لازم) **بھر لینا** (متعدی) **بھری ہونا** (لازم)

چپ رہنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔ گونگا بن جانا **منہ میں گھی شکر**۔ کوئی خوشخبری سنائے تو کہتے ہیں۔ **منہ میں لگام نہیں** زبان دراز ہے **منہ میں لوکا دینا** (متعدی) دیکھو منہ جھلسنا **منہ میں لگانا** (متعدی) **لگ جانا یا لگنا** (لازم) کوئی چیز منہ پر مل جانا **منہ میں لینا** (لازم) منہ کے اندر کوئی چیز ڈال یا رکھ لینا۔ منہ سے پکڑنا **منہ میں مارنا** (متعدی) دیکھو منہ پر مارنا **منہ میں موتنا یا مقتنا** (فحش) ذلیل و خفیف کرنا۔ **منہ میں مہر لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) چپ ہو جانا۔ خاموش ہو جانا۔ **منہ میں نام پھرنا**: (لازم) کسی کا نام دل میں رٹنا۔ **منہنال** (مونث) وہ ٹونٹی جو حقے کے آگے لگاتے ہیں۔ اور اس سے منہ لگا کر پیتے ہیں ۲ وہ دھات کا ٹکڑا جو تلوار کی نیام کے سرے پر لگا ہوتا ہے۔ **منہ نپوڑنا** (متعدی) ۱ دانت نکالنا۔ بیوقوفوں کی طرح ہنسنا ۲ جواب نہ بن پڑنا۔ **منہ نکالنا** (متعدی) پردے یا گھر سے باہر سر نکالنا **منہ نکل آنا**: (لازم) ۱ دبلا یا لاغر ہو جانا۔ چہرہ نکل آنا ۲ حمل ہو جانا۔ حمل کی وجہ سے چہرہ لاغر ہو جانا۔ **منہ نوچ لینا** (متعدی) ۱ چہرہ ناخنوں سے زخمی کر دینا۔ عورتیں غصے میں اکثر ایسا کرتی ہیں ۲ کسی بیہودہ بات کہنے والے سے لڑنے لگنا۔ بدزبانی کی سزا دینا **منہ نہ آنا** (لازم) کسی سے نہ جھگڑنا کسی کے ساتھ تو تو میں میں نہ کرنا **منہ نہ پڑنا** (لازم) حوصلہ نہ پڑنا۔ جرأت نہ ہونا۔ **منہ نہ پھیرنا** (متعدی) منہ ہٹانا۔ پیچھے نہ ہٹنا۔ دلیری سے مقابلہ پر کھڑے رہنا۔ **منہ نہ چڑھانا** (متعدی) تیوری پر بل نہ ڈالنا۔ خفا نہ ہونا۔ ترش رو نہ ہونا۔ **منہ نہ چڑھنا** (لازم) ۱ خفا نہ ہونا۔ ناراض نہ ہونا ۲ گستاخ نہ ہونا۔ بے ادب ہونا۔ سر چڑھانا **منہ نہ دکھلایا دکھا**: دُور ہو۔ پرے ہٹ۔ دفان ہو۔ صورت نہ دکھا **منہ نہ دکھانا یا دکھلانا** (متعدی) ۱ شرم کے مارے سامنے نہ آنا ۲ سامنے نہ لانا۔ پیش نہ کرنا۔ **منہ نہ دیکھنا** (متعدی) ۱ صورت سے بیزاری ظاہر کرنا ۲ بیزار ہونا **منہ نہ کرنا** (متعدی) ۱ کسی طرف جانے کا رخ نہ کرنا یا نام نہ لینا ۲ التفات نہ کرنا۔ متوجہ نہ ہونا ۳ لحاظ یا پاس نہ کرنا **منہ نہ کھلوا** (و زبان نہ کھلواؤ)۔ رہنے دو۔ **منہ نہ لگانا** (متعدی) ۱ منہ کے پاس نہ لانا۔ منہ سے نہ چھونا ۲ التفات نہ کرنا۔ اخلاص سے پیش نہ آنا۔ توجہ نہ کرنا۔ بات نہ پوچھنا ۳ خاطر میں نہ لانا۔ بے عزت یا بے توقیر سمجھ کر بات نہ کرنا ۴ یار نہ بنانا ۵ مصاحب نہ بنانا ۶ سر نہ چڑھانا۔ گستاخ نہ بنانا **منہ نہ کھلواؤ**۔ رہنے دو۔ ورنہ سب حال کہہ دوں گا یا سب باتیں ظاہر کر دوں گا مجھ سے بات نہ کرو ورنہ بیچ کہ میں جو آئے گا کہہ دونگا۔ **منہ نہ موڑنا** (متعدی) ۱ منہ نہ پھیرنا۔ نہ پھیرنا ۲ انکار نہ کرنا ۳ ذلیل روز نہ کرنا ۴ بے رخی نہ کرنا ۵ بے وفائی نہ کرنا بے مروتی نہ کرنا وغیرہ وغیرہ دیکھو منہ موڑنا **منہ نہ ہونا** (لازم) ۱ کسی بات کی لیاقت نہ ہونا۔ طاقت نہ ہونا ۲ حوصلہ نہ ہونا۔ جرأت نہ ہونا ۳ مجال نہ ہونا۔ تاب نہ ہونا **منہ نہیں** حوصلہ نہیں۔ جرأت و تاب نہیں۔ طاقت نہیں۔ **منہ ہاتھ ٹوٹنا** (لازم) ہاتھ اور منہ میں چوٹ کو آنا۔ **منہ ہاتھ دھونا** (متعدی) پانی سے ہاتھ اور منہ صاف کرنا **منہ ہونا** (لازم) ۱ سوراخ ہونا۔ چھید ہونا ۲ پاس ہونا۔ لحاظ ہونا ۳ تاب و طاقت ہونا حوصلہ ہونا۔ **منہ ہے** پاس ہے۔ لحاظ ہے۔ طاقت نہیں۔ مجال نہیں **منہ ہی منہ** (ظرف) چہرہ ہی چہرہ۔ چہرے پر **منہ ہی منہ میں** (ظرف) آہستہ آہستہ۔ چپکے چپکے **منہ ہی منہ میں سنانا** (متعدی) چپکے ہی چپکے برا بھلا کہنا **منہ ہی منہ میں کہنا** (متعدی) چپکے چپکے کہنا۔ اس طرح کہنا کہ سمجھ نہ آئے **منہ ہی کیا تھا**۔ کیا مجال تھی۔ حوصلہ نہ تھا۔

امثال واقوال

منہ پر اور پیٹھ پیچھے اور ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ **منہ پر لوت پیچھے حرامی موت**۔ سامنے تعریف۔ غیر حاضری میں بدگوئی **منہ پر خاک ملی ہے** مفلسی کو ظاہر کرتے ہیں۔ اور دولت کو چھپاتا ہے **منہ پر خالہ نانی پیچھے دشمن جانی**۔ خوشامدی اور مکار آدمی کی نسبت بولتے ہیں **منہ پر سب کچھ دل میں خاک نہیں**۔ بیجد ظاہرداری۔ **منہ پر کچھ پیٹھ پر (پیچھے یا دل میں) کچھ** ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ **منہ پر کہنا خوشامد ہے** آپ کے سامنے آپ کی تعریف کرنا گو عام طور پر خوشامد کہلاتا ہے۔ مگر جو کچھ ہم کہتے ہیں وہ امر واقعی ہے **منہ پر کہے سو مونچھ کا بال (پیچھے کہے سو جھانٹ کا بال)** مرد وہی ہے جو سامنے صاف بات کہہ دے۔ **منہ پر کی ساری باتیں ہیں** سب باتیں ظاہرداری کی ہیں۔ **منہ پر ممانی پیٹھ پیچھے (دغا مرانی) علیانی** سامنے تعریف غیر حاضر میں بدگوئی **منہ چڑی اور ہوئی پرائی بات** دیکھو منہ سے نکلی پرائی ہوئی۔ **منہ چکنا پیٹ خالی** ظاہر میں درست اور باطن میں خراب وخستہ **منہ چلے ستر بلا ٹلے**۔ ساری طاقت کھانے پینے سے ہے **منہ چومتے ہی گال کاٹا** ابتدا ہی میں نقصان پہنچایا **منہ چھوٹا بات بڑی** حیثیت سے بڑھ کر بات کرنا۔ جب کوئی کمینہ آدمی نخوت وغرور وغیرہ کی گفتگو کرتا ہے تو کہتے ہیں۔ **منہ در منہ خالا نانی پیٹھ پیچھے دشمن جانی** جو ظاہر میں خوشامد کرے اور پیٹھ پیچھے دشمن جانی ہو **منہ دیکھ کے بیڑا چوتڑ دیکھ کے پیڑھا** ہر ایک سے ساتھ تہذیب سے پیش آنا چاہیئے **منہ دیکھ کے تھپیڑ لگایا جاتا ہے** حیثیت دیکھ کر برتاؤ کیا جاتا ہے۔ **منہ دیکھی سب کہتے ہیں خدا لگتی کوئی نہیں کہتا**۔ سب خوشامد کی باتیں کرتے ہیں۔ سچی بات کوئی نہیں کہتا۔ **منہ رہتے ناک سے پانی پئیں** فضول اور الٹی باتیں کرتے ہیں۔ **منہ سوئی پیٹ کٹوئی**۔ منہ ذرا سا پیٹ بڑا۔ منہ دبلا اور کھانے والا بہت آمدنی کم خرچ زیادہ **منہ سے بات نکلی ہوا میں پھری جہاں میں مشہور ہوگئی**۔ **منہ سے بولو سر سے کھیلو** اسے کہتے ہیں جو چپ بیٹھا رہے اور باتیں نہ کرے۔ **منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے** بات ہی نہیں کرتا۔ بولتا ہی نہیں بہوت ہے۔ **منہ سے دودھ (ٹپکتا ہے) کی بو آتی ہے** نادان اور ناتجربہ کار ہے **منہ سے رال ٹپکی پڑتی ہے** بہت لالچی آدمی ہے **منہ سے لام کاف مت نکالو** لام اور کاف (لاف اور گزاف کے پہلے حروف ہیں) بیہودہ بکواس مت کرو۔ بدزبانی نہ کرو۔ خاموش رہو **منہ سے مہا باہے** ۱ خاطر سے خاطر اور محبت سے محبت ہے ۲ اگر مالک خیال رکھے تو کام درست ہوتا ہے۔ مالک کی موجودگی نوکر کے دل میں ڈر پیدا کرتی ہے **منہ سے نکلی پرائی ہوئی (بات)** منہ سے **نکلی کوٹھوں چڑھی** راز منہ سے نکلتے ہی مشہور ہو جاتا ہے۔ راز کی بات کسی سے نہیں کہنی چاہیئے **منہ سے ہزار چاؤ دکھائے ناک سے ایکو نا (وہ)** طریقے سے کئی کام ہو سکتے ہیں بغیر طریقے کے ایک بھی نہیں ہو سکتا۔ **منہ کالا (دبخت) جات اجالا**۔ شریفوں کے بداعمال۔ **منہ کا منہ میں ہات کا ہات میں نوالہ رہ گیا**۔ خبر یہ سنتے ہی حواس بجا نہ رہے۔ **منہ کا میٹھا پیٹ کا کھوٹا** ظاہر میں دوست باطن میں دشمن **منہ کا نوالہ تو نہیں ہے** آسان کام تو نہیں ہے **منہ کوٹلا سا کالا نام بی گلاب**۔ **منہ کھائے آنکھ لجائے** محسن کے آگے آنکھ سامنے نہیں ہو سکتی احسان مندی عاجزی کا سبب ہوتی ہے **منہ کے آگے خندق نہیں** بہت بکی ہے۔ بہت بک بک کرتا ہے۔ **منہ کی کئی جو لوئی تو کیا کرے گا کوئی** جب کوئی شخص جان بوجھ کر بے شرمی اختیار کرتا ہے تو اس کے متعلق کہتے ہیں **منہ کی میٹھی ہاتھ کی جھوٹی**۔ میٹھی باتیں تو کرتی مگر دیتی دلاتی کچھ نہیں۔ **منہ گیل طمانچے ہیں** (۱۱) جیسا آدمی ہوتا ہے ویسا

ہی اسے ملتا ہے منہ لگائی ڈومنی بال بچے سمیت آئی۔ منہ لگائی ڈومنی کنبہ لائی ساتھ۔ منہ لگائی ڈومنی گاوے تال بے تال۔ جب کوئی شخص ذرا سا منہ لگانے سے سر پر چڑھ جائے تو کہتے ہیں منہ لگنی دو گن پیٹ میں منہ لگی اور فعل میرے پیٹ میں سنڈا سی پی اور برے کام کرنے لگے۔ ذرا سی بات کا بہت برا اثر ہوتا ہے منہ مانگا بر پایا۔ جو دل کی خواہش تھی وہ پوری ہوئی منہ مانگے دام نہیں ملتے جو قیمت دکاندار مانگے وہ خریدار نہیں دیتا۔ وہی کم ہے کیونکہ وہاں دکاندار پہلے ہی بہت زیادہ مانگتے ہیں منہ مانگی مراد ملے فقیروں کی دعا جب خواہش کام ہو جائے منہ مانگی مراد نہیں ملتی اپنا چاہا نہیں ہوتا خدا کا چاہا ہوتا ہے۔ منہ مانگی موت تو ملتی ہی نہیں نہیں ملتی خواہش کے مطابق کام نہیں ہوتا۔ جو خدا چاہے وہی ہوتا ہے کسی چیز کی قیمت چکاتے وقت بیچنے والے کے اصرار پر خریدار کہتا ہے۔ منہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت بہت بوڑھے آدمی کے متعلق کہتے ہیں منہ میں دانت نہیں اور نام میرا خدیجہ خانم حقیقت کچھ نہیں اور مزاج بڑا منہ میں روٹی سر پر جوتی بہت بےعزتی کیساتھ روٹی دینے والے کو کہتے ہیں۔ منہ میں زبان حلال ہے منہ میں زبان سچ اور حق بات کے لئے ہے۔ منہ میں کے دانت ہیں کیا طاقت ہے کیا کر سکتے ہو منہ نکلی کوٹھوں چڑھی۔ منہ سے نکلی پرائی ہوئی منہ نورد پیٹ صبور نہ تو حیثیت اور نہ صبر غریب ہیں اور صبر بھی نہیں۔ منہ نہ تو نام چاند خاں۔ دیکھو برعکس نہند الخ۔ ہلالے ستر بلا ٹالے مقدمہ والے کے دشمن بہت رہتے ہیں۔ منہ ہی منہ مارے اور توبہ توبہ پکارے اپنا الزام مظلوم کے سر پر تھوپے خود ہی مارے اور خود ہی شور مچائے۔

مِنہا۔ مِنہائی (ع) دیکھو من کے تحت میں۔

مِنہاج (ع۔ مذکر) کھلی سڑک۔ کشادہ راہ۔ شاہراہ۔ شارع عام (نہج۔ رستہ صاف کرنا)۔

مِنہار (ہ۔ مذکر) کانچ کی چوڑیاں بنانے اور بیچنے والا۔ (س مَنی۔ جواہر۔ کار کرنے والا) منہارن (مؤنث)، منہاری (مؤنث) منہاری (مؤنث) منہار کی جورو۔ چوڑیاں بیچنے والی۔ منہار کا پیشہ۔ چوڑیاں بنانے کا کام۔ شیشہ گری۔

مُنہار (ہ۔ صفت) دل کو موہ لینے والا۔ معشوق۔ (مؤنث) وہ چیز جو دل کو موہ لے۔

مُنہاں (ہ۔ مذکر) ۱ لتھوک ۲ منہ کا زخم ۳ ایک پرندہ۔ منہا منہہ (تف) دیکھو منہا منہ۔ منہ کے تحت میں۔

مَنہائی (ہ۔ مؤنث) ممانعت۔ روک۔ مناہی (ع۔ منع سے)

مِنہج (ع۔ مذکر) ۱ سڑک۔ رستہ ۲ طریقہ
منہج فرمانبرداری (مذکر) اطاعت کا رستہ۔

مُنہدِم (ع۔ فاعل) گرا ہوا۔ مسمار۔ خراب برباد۔ ویران۔ افتادہ (کرنا ہونا کے ساتھ) (انہدام۔ گرنا)

مَنہدی (ہ۔ مؤنث) ۱ ایک پودہ جس کے پتے سکھا کر پیس کر رکھ چھوڑتے ہیں۔ عورتیں پانی میں گوندھ کر ہاتھوں پر ملتی ہیں۔ ہاتھ سرخ ہو جاتے ہیں بعض جگہ اس کی باڑ بھی لگاتے ہیں ۲ شادی کی ایک رسم کا نام جس میں دولھا کے گھر سے دلہن کے یہاں مہندی کیساتھ سنگار کی اور چیزیں بھیجتے ہیں ۳ اہل تشیع محرم کی ساتویں تاریخ کو رنگین کاغذ کی ایک چوگوشہ چیز بناتے ہیں اور اس کے چاروں گوشوں میں سرخ اور سبز شمعیں روشن کرکے تعزیہ خانوں میں رکھتے ہیں۔ یہ حضرت قاسم کی شادی کی نقل ہے۔ بعض لوگ اسے حضرت کا مخرب سمجھتے ہیں۔ اور مراد حضرت علی اصغر کے گہوارے سے لیتے ہیں ۵ وہ ماتمی اشعار جو اس روز پڑھے جاتے ہیں ۶ وہ مسالا جو سفید داڑھی پر خضاب کرنے سے پہلے لگایا جاتا ہے۔ اور حنا سے مرکب ہوتا ہے (س مہندھکا) مہندی آنا (لازم) دولھا کے گھر سے مہندی رسم کا دلہن کے پہنچنا مہندی بنانا (متعدی) بننا (لازم) مہندی کا پانی میں گوندھا جا کر ہاتھوں پر لگانے کیلئے تیار رہنا۔ مہندی بندھوانا (متعدی) مہندی لگوانا۔ چونکہ لگوانا میں ذم کا پہلو ہے اس لئے فصحا مہندی بندھوانا بولتے ہیں۔ مہندی باندھنا یا بندھنا اردو کے محاورات نہیں مہندی تو پاؤں میں نہیں لگی ہے آتے کیوں نہیں بہانے بناتے ہو مہندی جانا (لازم) دولھا کے گھر سے مہندی دلھن کے گھر کو روانہ ہونا مہندی چھٹنا (لازم) چھڑکنا (متعدی)، چھوٹنا (لازم)، مہندی کا نشان ہاتھ پاؤں سے دھونا۔ مہندی رچانا یا رچنا (لازم) مہندی کا ہاتھ میں رنگ دینا۔ مہندی کا چور (مذکر) وہ سفیدی جو مہندی کے لگنے سے کہیں کہیں ہاتھ پاؤں پر رہ جاتی ہے مہندی کی ٹٹی (مؤنث) مہندی کے پودوں کی قطار مہندی کی پھلی (مؤنث) دیکھو مہندی کا چور۔ مہندی گوندھنا (متعدی) پسی ہوئی مہندی میں پانی ملا کر ضماد بنانا مہندی لگانا یا ملنا (متعدی)، لگنا (لازم) ہاتھوں یا پاؤں پر مہندی کا ضماد دھونا۔

مُنہزِم (ع۔ فاعل) شکست کھانے والا۔ ہزیمت خوردہ۔ پیٹھ دکھانیوالا۔ لڑائی سے بھاگ جانیوالا (انہزام۔ شکست ملنا)

مُنہضِم (ع۔ فاعل) ہضم ہونیوالا۔ (انہضام۔ ہضم ہونیوالا)

مَنہگا (ہ۔ صفت) دیکھو مہنگا۔

مَنہَل (ع۔ مذکر) ۱ پینا۔ پیاس بجھانا ۲ پانی جو پیاس بجھائے ۳ بھیڑ یا ضعی یا سخاوت ۴ پینے کی جگہ پیاؤ ۵ جانوروں کے پانی پلانے کا تالاب ۶ کھیتوں میں پانی دینے کی جگہ ۷ قبر۔ لحد ۸ اونچا ٹیلا جس میں قبریں ہوں (نہل۔ پانی کا پہلا گھونٹ پینا)۔

مُنہمِک (ع۔ فاعل) انہماک رکھنے والا۔ کسی کام میں کمال مصروف۔ (انہماک۔ لگاتار کوشش کرنا)

مُنہنال (ہ۔ مذکر) دیکھو منہ کے تحت میں۔

مَنہو (ہ۔ تف) اف۔

مَنہیٔ (ہ۔ صفت) ۱ پوربی۔ پوربیا۔ پورب کا رہنے والا۔ مشرقی ۲ شخص۔ آدمی ۳ سانس۔ دم ۴ خاوند۔ خصم ۵ پوربیا سائیس۔

مَنہی (ع۔ مفعول) منع کی گئی۔ ممانعت کی گئی۔ روکی گئی (نہی۔ کسی کو روکنا) منہیات (مذکر) وہ افعال جن کا کرنا منع ہے۔ منہیات شرعی (مذکر) وہ افعال جن کا کرنا شرع کی رو سے منع ہے۔

مَنہیار (ہ۔ مذکر) دیکھو منہار
مَنِّئی (ہ۔ صفت) دیکھو منی۔

مَنی (ع۔ مؤنث) وہ سفید لیسدار رطوبت جو عضو تناسل سے بوقت انزال نکلتی ہے۔ یہ فوطوں میں پیدا ہوتی ہے اور اس میں نہایت چھوٹے چھوٹے جراثیم ہوتے ہیں۔ ان میں سے اگر ایک بھی رحم کے اندر چلا جائے۔ تو حمل قرار پا جاتا ہے۔ دھات۔ نطفہ (مَنی۔ تجربہ کرنا کسی چیز کا)

مَنی (ف۔ مؤنث) غرور۔ تکبر۔ خود بینی۔ ابھیمان۔ نخوت۔ خودی (من بمعنی میرا سے یائے نسبتی کے ساتھ)

مَنی (انگ۔ مونث) نقدی۔ روپیہ۔ منی
آرڈر (مذکر) وہ روپیہ جو ڈاک خانے کے ذریعہ کسی کو
بھیجا جاتا ہے منی آرڈر فارم (مذکر) وہ کاغذ جس کی
خانہ پری کر کے روپیہ بھیجنے کیلئے ڈاک خانہ میں دیتے
ہیں منی بیگ (مذکر) بڑا بٹوا جس میں روپیہ ڈال کر
ہاتھ میں رکھتے یا کندھے پر پیٹی کی طرح ڈال لیتے ہیں۔
مِنّی (ع۔ مذکر) دیکھو منا
مُنی (س۔ مذکر) دل کا خیال یا لہر الہام۔ شوق
خواہش۔ وہ شخص جس پر اندرونی خیالات کا اثر ہو۔ وہ جسے الہام ہو
ولی۔ نبی۔ رشی۔ منی۔ زاہد۔ مرتاض خصوصاً وہ جنہے چپ رہنے کا عہد کیا
ہو سب سے اونچے یا آٹھویں درجے کا برہمن۔ منی
دھرم (مذکر) منی کے فرائض منیندر (مذکر) منیوں کا سردار
بڑا منی۔

مُنیا (ہ۔ مونث) لال کی مادہ۔ پدڑی۔
منیا بول جانا یا بولنا (متعدی) نیک شگون ہونا۔ اچھا
شگون ہونا۔
مَنیار (ہ۔ مذکر) دیکھو منہار منیارا
(مذکر) دیکھو منہارا (صفت) وہ جس میں جواہرات جڑے
ہوں۔ وہ جو جواہرات پہنے ہوئے ہو۔ وہ جس کے پاس جواہرات
ہوں۔
مَنیان (ہ۔ مذکر) ہار یا مالا کا جواہر
موتی یا منکا۔
مُنیب (ع۔ فاعل) نائب رکھنے والا۔
آقا۔ مالک۔ مربی (انابت۔ ایک کو دوسرے کی
جگہ مقرر کرنا)
مُنیت (ع۔ مونث) خواہش۔ مراد۔
آرزو (مُنی۔ مَنا۔ حصہ دینا)
مینیج (انگ۔ متعدی) انتظام کرنا۔ اصل
مینیج۔ مینیجر (مذکر) منتظم۔ مہتمم۔ کارندہ مینیجمنٹ (مذکر)
انتظام۔ بندوبست مینیجنگ (صفت) انتظام کرنیوالا۔
مینیجنگ پروپرائٹر (مذکر) مالکانہ حیثیت سے کام کرنیوالا مینیجنگ
ڈائرکٹر (مذکر) کسی کمپنی کا وہ عہدیدار جو ڈائرکٹر بھی ہو اور کمپنی کا
انتظام بھی کرے۔
مُنیر (ع۔ صفت) روشن کرنیوالا۔ روشن۔ تابان۔ چمکیلا
منیس۔ مُنیسا (ہ۔ مذکر) منی۔ منین۔
(مذکر) منی کی جمع۔
مَنیع (ع۔ مذکر) ناقابل گزر جگہ۔ ناقابل
فتح جگہ (منع۔ روکنا)
مُنیف (ع۔ فاعل) اونچا۔ بلند۔

شریف۔ عالی خاندان۔ اعلیٰ (نیف۔ بڑھنا)
مُنیم (ہ۔ مذکر) حساب کتاب رکھنے والا۔
محاسب۔ محرر (منیب کا مخرب)
مَو (ہ۔ مذکر) شہد۔ جوانی۔ شباب۔ جوبن۔
مرضی۔ خوشی۔ رضامندی۔ خواہش۔ رس۔ مدھ۔ بلی کی
میاؤں مو پر آنا (لازم) جوان ہونا۔ جوبن پر آنا۔ پکنا۔
پختہ ہونا۔
مُو (ف۔ مذکر) بال۔ وہ باریک شگاف جو
چینی یا مٹی کے برتن یا موتیوں میں تڑخ جانے کی وجہ سے
آتا ہے۔ روئیں۔ رواں۔ عیب۔ نقص مو باف (مذکر) وہ
دھجی یا فیتا جو عورتیں چوٹی میں ڈال کر گوندھتی ہیں۔ مو
باف ڈالنا (متعدی) چوٹی میں مو باف ڈال کر گوندھنا
مو بمو (تف) بال بال۔ سب بالوں میں۔ ذرا ذرا۔ اہل
حرف بحرف۔ موبند (مذکر) دیکھو مو باف۔ وہ عورت
جو بال سنوارتی ہے۔ مشاطہ۔ بہت چالاک موبندی
(مونث) چالاکی۔ ہوشیاری۔ کاریگری مو پریشاں (صفت)
بال بکھرے ہوئے موتاب (مذکر) بالوں کی رسیاں
بٹنے والا موتراش (مذکر) استرہ موتراشی (مونث)
بال مونڈنا (کرنا ہونا کے ساتھ) موسار (صفت) موسی
(صفت۔ مونث) بال کی طرح باریک۔ موشگاف (مذکر)
بال کی کھال کھینچنے والا۔ باریک بین۔ نکتہ رس۔
دقیقہ شناس۔ موشگافی (مونث) باریک بینی۔ چھان
بین۔ نکتہ چینی (کرنا ہونا کیساتھ) موقلم (مذکر) مصوروں
اور نقاشوں کا بالوں کا قلم۔ برش مولشاں (صفت)
سر کے بال کھینچتے ہوئے موئے آتش دیدہ (صفت)
آگ دکھائے ہوئے بال موئے بدن کھڑے ہونا
موئے تن راست ہونا (لازم) بدن کے رونگٹے
کھڑے ہونا موئے زہار یا نہانی (مذکر) جھانٹیں
۔ وہ بال جو آلۂ تناسل یا اندام نہانی کے گرد ہوتے
ہیں۔ موئے کمر یا میاں (مذکر) پتلی کمر موئے
مبارک (مذکر) کسی بزرگ کے متبرک بال جو بطور
تبرک رکھے جاتے ہیں۔

مو (ہ۔ ضمیر) مجھ۔ میرا مو پے یا میں
(تف) مجھ پر۔ میرے پاس مو توں یا تیں (تف)
مجھ سے مورا۔ مورو (صفت) میرا موسو۔ موسو۔
موسوں۔ موسوں (تف) مجھ سے موسم (تف) مجھ
سا موکر (صفت) میرا موکا۔ کاں۔ کو۔ کوں یا کوں
(تف) مجھ کو۔ مجھے موہی (تف) مجھ ہی موہے (تف)
مجھے۔

مو (ہ۔ تف) میں۔
مُوا (ہ۔ مذکر) دیکھو مہوا۔
مَوا (ہ۔ صفت) مرا ہوا۔ مردہ۔ بیجان۔
نگوڑا۔ کمبخت۔ نامراد۔ بدنصیب۔ ناشاد۔ اجڑا۔ عورتیں
بحالت ناراضگی تنفر یا ناز یہ لفظ کہتی ہیں۔ مواضی مر گیا
جان بحق ہوا۔ مرا۔ فوت ہو گیا۔ مرا فصیح ہے (مرنا سے)
موا بادل (مذکر) اسفنج۔ ابر مردہ موا جاتا ہے
دم نکلا جاتا ہے۔ گھبراتا ہے۔ تامل کرتا ہے موا سانپ
گلے میں پڑا ہے بڑا دق ہو رہا ہے۔ کچھ تدبیر نہیں
چلتی۔ بری الذمہ ہے مواہوا (صفت) فریفتہ۔ عاشق۔
مردہ۔ مصیبت زدہ موئی (صفت۔ مونث) موا کی۔
موئے (صفت) موا کی جمع۔ بجائے موا کے حروف مغیرہ
سے پہلے موئے جان مارا۔ دیکھو موا موئی جوں
(مونث) سست۔ غریب۔ مسکین موئے جیتے (صفت)
مرے ہوئے اور زندہ موئے جیتے اکھاڑے ڈالنا
یا اکھاڑنا (متعدی) کسی کے مردہ اور زندہ خاندانی
بزرگوں کے حالات ظاہر کرنا موئے لنگارے (مذکر)
شہدے۔ بدمعاش۔ لچے موئی مٹی (مونث) لاش۔ لاش
میت (صفت) متوفی۔ مرا ہوا۔ مرحوم۔ مغفور موئی مٹی کی
نشانی (مونث) مرے ہوئے آدمی یا عورت کی اولاد۔

امثال واقوال۔ موا گھوڑا ابھی کہیں
گھاس کھاتا ہے مردے کے مرنے کے بعد جو حرکات
ہوتی ہیں ان پر طنز ہے۔ بڈھا آدمی عیاشی کرے تو کہتے
ہیں۔ موئی بچھیا بامن (کو دان) کے نام۔ جب کوئی
ناقص چیز جو اس کے کام کی نہ رہی ہو کسی دوسرے کو
دے دے تو کہتے ہیں۔ موئے باپ کی بڑی بڑی
آنکھیں دیکھو موئے بیل الخ موئی بھیڑ خواجہ خضر کے
نام دیکھو موئی بچھیا الخ موئے بیل کی بڑی بڑی آنکھیں
کسی چیز کی تعریف اسکے جاتے رہنے کے بعد کرنا یا کسی آدمی کی تعریف اسکے مرنے
کے بعد موئے پر تین من بھاری موت کے بعد بھی تکلیفیں باقی رہتی
ہیں موئے پر سو دُرّے۔ آفت پر آفت۔ ایذا پر ایذا۔
موئے شیر سے جیتی بلی اچھی مرے ہوئے زور آور
آدمی سے جیتا کمزور بہتر ہے۔ موئے کا کوئی (نام)
نہیں جیتے کا سب کوئی زندہ کی سب خوشامد
کرتے ہیں۔ مردے کا کوئی نام بھی نہیں لیتا۔ روپے
کے سب یار ہوتے ہیں غریب کو کوئی پوچھتا ہی نہیں۔
موئے کی قبر اور جیتے کا گھر ہر چیز اپنی اصلی جگہ
پر ٹھیک رہتی ہے۔ مردہ قبر میں زندہ گھر میں موئی
کیوں کہ سانس نہ آیا۔ آدمی کی زندگی سانس کے

ساتھ ہے جب سانس نکل گیا۔ آدمی مرگیا۔ موئی مائی اور ٹمی سگائی۔ معاملہ قطع ہونے کے بعد کچھ غرض نہیں ہوتی موئیں گے اد سوئیں گے مرنیکے بعد قبر میں آرام رہیگا۔

مُواب رعبر۔ مذکر) حضرت لوط کا ایک بیٹا **موابی** رمذکر) ایک قوم جو مواب کی نسل سے تھی۔ ان کی لڑائیاں اکثر بنی اسرائیل سے رہتی تھیں۔ احاب کے عہد میں ان کو زیر کیا گیا۔ مگر اس کی وفات پر میشانے انہیں آزاد کرایا۔ اس فتح کے حالات ایک پتھر پر کندہ ہیں جو دنیا میں سب سے پرانا تحریری کتبہ شمار ہوتا ہے۔

مَوات رع۔ مونث) ۱ صحرا۔ ریگستان ۲ ویرانہ رمات۔ مرنا)

مَواثِیق رع۔ مونث) میثاق کی جمع۔ وعدے۔

مَوّاج رع۔ صفت) موجیں مارنے والا۔ لہریں مارنے والا۔ تلاطم خیز۔ تند۔ تیز رو ہوا بحر کے ساتھ) رموج۔ تند ہوا سمندر کا)

مَواجِب رع۔ مذکر) موجب کی جمع ۱ تنخواہیں مشاہرے ۲ ضروری اُجرت ۳ حقوق۔ واحد بھی استعمال ہوتا ہے رواجب۔ ضروری کر دینا)

مَواجِہَہ رع۔ مذکر) رو برو۔ سامنے بمقابل روا جہہ۔ آمنے سامنے جانا)۔

مَواحَنَت رع۔ مونث) ۱ دشمنی۔ عداوت مخالفت ۲ نفرت۔ ناپسندیدگی رآحَن۔ دشمنی کی نظر سے دیکھنا)

مُواخِذ رع۔ صفت) پکڑنیوالا۔ گرفت کرنے والا۔ مواخذہ کرنے والا رآخذ۔ اَخذ۔ سزا دینا)

مُواخَذَہ رع۔ مذکر) واؤ کی بجائے ہمزہ پڑھا جاتا ہے ۱ پکڑ۔ گرفت۔ باز پرس۔ جواب دہی ۲ بدلہ۔ عوض۔ مکافات (دیکھو آخری) **مواخذہ دار** رصفت) جواب دہ۔ ذمہ دار **مواخذہ یا مواخذے سے بری کرنا** رمتعدی) **ہونا** رلازم) جواب دہی۔ باز پرس سے نجات دینا **مواخذہ یا مواخذے سے چھڑانا** رمتعدی) **چھوٹنا یا نجات پانا** رلازم) دیکھو آخری۔ **مواخذہ کرنا** رمتعدی) ۱ باز پرس کرنا۔ جواب طلب کرنا ۲ گرفتار کرنا ۳ سزا دینا ۴ دعویٰ کرنا۔ حقوق طلب کرنا **مواخذہ ہونا** رلازم) ۱ باز پرس ہونا ۲ گرفتار ہونا

مواخذے رمذکر) مواخذہ کی جمع ۲ بجائے مواخذہ حروف مغیرہ سے پہلے مفرد استعمال ہوتا ہے۔

مَوادّ رع۔ مذکر) مادہ کی جمع۔ مفرد استعمال ہوتا ہے ۱ ہر چیز کی اصل خلط ۲ اسباب۔ سامان۔ مسالا ۳ پیپ۔ طوبت۔ غلاظت ۴ اشیا۔ چیزیں ۵ دلیل۔ دلایل وجوہ۔ براہین **مواد آنا** رلازم) پیپ نکلنا **مواد اکٹھا** رجمع) **کرنا** رمتعدی) سامان اکٹھا کرنا۔ مسالا جمع کرنا **مواد اکٹھا رجمع) ہونا** رلازم) پیپ جمع ہونا **مواد فاسد** رمذکر) خراب مادہ **مواد نکلنا** رمتعدی) پیپ نکلنا۔

مُوازَنَہ رع۔ مذکر) ۱ وزن کرنا۔ جانچنا۔ ملاحظہ کرنا ۲ دو چیزوں کا ہم وزن ہونا ۳ ہم وزنی۔ ہم سنگی۔ برابری روَزَن۔ ہم وزن کرنا) **موازنہ کرنا** رمتعدی) وزن کرنا۔ جانچنا **موازنہ رقبہ بندی** رمذکر) ایسی فہرست یا نقشہ جس سے رقبہ بندی کا اندازہ معلوم ہو سکے۔

مُوازی رع۔ فاعل) ۱ برابر۔ مقابل ۲ ہم قیمت۔ ہم نرخ ۳ تخمیناً۔ اندازاً۔ قیاساً ۴ دفتروں کی اصطلاح ہے۔ آنوں۔ ٹکوں۔ روپوں۔ بیگھوں وغیرہ کے ساتھ استعمال ہے۔ جیسے موازی دو آنے۔ موازی چھ بیگھہ۔ فارسی میں سواروں کے ساتھ بھی استعمال کیا گیا ہے رآزی۔ سامنے ہونا)

مَواس رھ۔ مذکر) ۱ حفاظت ۲ پناہ ۳ درختوں کا جھنڈ۔

مواشی رع۔ مذکر) ماشیہ کی جمع بہت چلنے والا ۱ بیل ۲ چار پائے۔ گائے بھینس بھیڑ۔ بکری۔ خچر۔ گھوڑے۔ حیوانات۔ بارکش۔

مُواصَلَت رع۔ مونث) ۱ ملنا۔ ملاقات۔ وصل ۲ پیوستگی۔ پیوستہ کاری رواصَل۔ لگا تار کسی کے ساتھ ہونا)

مَواضِع رع۔ مذکر) موضع کی جمع جگہیں ۲ گاؤں۔ دیہات **مواضعات** رمذکر) موضع کی جمع الجمع۔

مَواطاۃ رع۔ مونث) ۱ اتفاق کرنا۔ متفق ہونا ۲ نقل کرنا ۳ برابر کرنا روَطی۔ دوسرے کیساتھ اتفاق کرنا)

مَواطِر رع۔ مذکر) ماطر کی جمع۔ بارشیں۔

مَواطِن رع۔ مذکر) موطن کی جمع ۱ ممالک رہنے کی جگہ۔ وطن ۲ میدان ہائے جنگ ۳ مکہ معظمہ کے مقامات۔

مَواظَبَت رع۔ مونث) ۱ ایک کام کئے جانا ۲ تندہی۔ توجہ رواظَب۔ لگا تار کام کرنا)

مُواظَفَت رع۔ مونث) ۱ اتفاق کرنا ۲ متفق ہونا ۳ محنتی ہونا۔ تندہی سے کام کرنا رواظف۔ کسی کے ساتھ رہنا)

مَواعِد رع۔ مذکر) موعدت کی جمع ۱ وہ جگہیں جہاں ملنے کا وعدہ کیا جائے ۲ وعدے۔

مَواعِظ رع۔ مذکر) موعظت کی جمع ۱ نصیحتیں۔ ہدایتیں ۲ وعظ۔

مَواعِید رع۔ مذکر) موعات کی جمع۔ وعدے۔

مَوافات رع۔ مذکر) ۱ حج کے لئے جانا ۲ آنا پہنچنا ۳ وفاداری کرنا۔ وفاداری روافیٰ۔ دوسرے کو ملنا)

مُوافِق رع۔ فاعل) ۱ موافقت کرنیوالا۔ یکساں۔ برابر۔ ایک ڈول کا ٹھیک ۲ لایق۔ سزاوار۔ مناسب ۳ دلخواہ ۴ حسب۔ بر حکم روافَق۔ دوسرے سے ملنا) **موافق آنا یا ہونا** رلازم) ٹھیک آنا۔ مطابق آنا۔ درست آنا ۲ راس آنا۔ مزاج یا طبیعت کے مطابق ہونا۔

مُوافَقَت رع۔ مونث) ۱ مطابقت۔ ساتھ۔ برابری ۲ اتفاق۔ دوستی۔ دمسازی ۳ ہم مزاجی طبیعت کا ایک جیسا یا مطابق ہونا (دیکھو آخری) **موافقت آنا** رلازم) طبیعت ملنا۔ مزاج کے موافق ہونا **موافقت تامّہ یا کاملہ** رمونث) پوری موافقت۔ کلی اتفاق۔ **موافقت رکھنا** رمتعدی) دوستی رکھنا۔ ملاپ رکھنا۔ میل رکھنا **موافقت کرنا** رمتعدی) اتفاق کرنا **موافقت کھانا** رمتعدی) دیکھو موافقت رکھنا **موافقت ملنا** رلازم) راس ملنا۔ مزاج ملنا۔ دوستی ہونا **موافقت ہونا** رلازم) مزاج ملنا۔

مَواقِع رع۔ مذکر) موقع کی جمع۔

مَواقِف رع۔ مذکر) موقف کی جمع۔ ٹھیرنے کی جگہیں۔

مَواکِب رع۔ مذکر) موکب کی جمع ۱ فوجیں۔ لشکر ۲ سواروں کے گروہ۔ رسالے۔

مُواکِل رع۔ مذکر) اکٹھے مل کر کھانے والے۔ ہانڈی وال۔ ہم مشرب روائَل۔ اکٹھا مل کر کھانا)

مُواکَلَت رع۔ مونث) واؤ کا تلفظ ہمزہ کا ہے کسی کے ساتھ مل کر کھانا کھانا (دیکھو آخری)

مُوالات رع۔ مونث) واؤ کا تلفظ ہمزہ کا

ہے۔ باہمی دوستی۔ اتحاد۔ آپس کی دوستی میل ملاپ (ٹی)۔ ولی۔ دوست ہونا)

مُوالَسَت (ع۔ مونث) واؤ کا تلفظ ہمزہ کا ہے (ٹی ہمواری کرنا۔ ریاکرنا (ماموھو کا۔ دغا۔ فریب۔ رذالت۔ واقعات کو غلط بتانا)

مُوالَفَت (ع۔ مونث) واؤ کا تلفظ ہمزہ کا ہے۔ الفت رمحبت کسی کے ساتھ الفت کرنا۔ روالف۔ بے تکلفی سے گفتگو کرنا)

مَوالی (ع۔ مذکر) مولیٰ کی جمع۔ غلام۔ چیلے۔ بندے۔ نوکر۔ چاکر۔

مَوالید (ع۔ مذکر) مولود کی جمع۔ بچے لڑکے۔ موالید ثلاثہ۔ ثلاثہ (اسم مذکر) تین مخلوقات۔ حیوانات۔ نباتات۔ جمادات۔

مُوانَسَت (ع۔ مونث) واؤ کا تلفظ ہمزہ کا ہے۔ باہمی انس رکھنا۔ انس رمحبت۔ دوستی (آشتی۔ میل۔ جول ہونا)

مَوانِع (ع۔ مذکر) مانع کی جمع۔ رکاوٹ پیدا کرنیوالی چیزیں۔

مَواہِب (ع۔ مذکر) موہبت کی جمع۔ مہربانیاں۔ شفقتیں۔

مُواہَبَت (ع۔ مونث) سخاوت۔ فیاضی ۲ خیر خیرات۔ دان۔ پن (مواہب۔ دینے میں دوسرے کے ساتھ مقابلہ کرنا)۔

مَوائِد (ع۔ مذکر) مائدہ کی جمع۔ بڑے بڑے واقعات۔ حادثات ۲ مائدہ کی جمع۔ کھانے سے بھری ہوئی چیزیں یا دسترخوان۔

مُوایَدَت (ع۔ مذکر) واؤ کا تلفظ ہمزہ کا ہے۔ طاقت دینا۔ مدد کرنا (موائد۔ مضبوط ہونا)

مُوبِد (ف۔ مذکر) آتش پرستوں کا پادری ۲ مُلّا ۳ پارسی۔ گبر ۴ فلسفہ دان۔ حکیم۔ فلاسفر ۵ یہودیوں کا قاضی ۶ وہ جس کے متولے سر میں دیے جائیں ۷ وزیر۔ مشیر ۸ ولیہ کا خاوند۔

مُوبِق (ع۔ مذکر) ۱ خطرناک جگہ ۲ قید خانہ ۳ وادی مُنُوم جو یروشلم کے پاس تھی یہاں کوڑا کرکٹ پھینکا جاتا تھا اور مولخ دیوتا کے نام پر بچے ذبح کئے جاتے تھے (دوزخ۔ مرنا)

مُوپلا (د۔ مذکر) دکن میں ایک مسلمان قوم جو عرب نسل سے ہے ۲ (.....) زیادہ تر مالا بار میں آباد ہیں۔

مَوت (ع۔ مونث) اجل۔ مرگ۔ قضا مری۔ فنا۔ کال۔ وفات۔ مرت ۲ خرابی۔ شامت ۳ تباہی۔ بربادی ۴ نیستی۔ نابودی۔ زوال (موت ۵ آفت۔ مرجانا (موتا) مذکر) میت۔ واقعہ مرگ۔ تقریب میت۔ رسم میت۔ **موت آ جانا** (لازم) ۱ قضا آنا۔ مرجانا۔ گزر جانا ۲ دیر لگانا۔ **موت آنا** (لازم) ہار جانا۔ قضا آنا ۲ کسی کام کا گونا شاق گزرنا۔ ناگوار ہونا۔ دم نکلنا ۳ شامت آنا۔ خرابی آنا۔ آفت آنا۔ **موت آنکھوں کے آگے پھرنا یا پھرجانا** (لازم) موت کا دھیان پیش نظر ہونا۔ **موتا میں جانا** (لازم) تقریب میت پہ جانا۔ تعزیت کے لئے جانا۔ **موتا ہونا** (لازم) کسی کا مرجانا۔ واقعہ مرگ ہونا۔ **موت پڑر** (ھ۔ مذکر) وصیت نامہ۔ **موت پڑنا** (لازم) شاق گزرنا۔ ناگوار ہونا۔ **موت پڑے** ربد دعا) تباہ ہوجائے۔ برباد ہوجائے مرجائے۔ **موت مجازی** (مونث) دنیا سے علیحدگی۔ **موت چاہنا** (لازم) مرنے کی خواہش کرنا ۲ شامت چاہنا۔ **موت ذبح ہونا** (لازم) موت کا مارا جانا۔ کہتے ہیں قیامت کے دن فرشتہ اجل مارا جائیگا۔ **موت سر پر سوار ہونا** (لازم) اجل سر پر سوار ہونا۔ موت آنا ۲ شامت آنا۔ **موت سر پر (سوار ہے) کھیل رہی ہے** ۱ موت آگئی ہے ۲ شامت آئی ہے۔ **موت کا بازار تیز (گرم) ہونا** (لازم) کثرت سے موتیں واقع ہونا۔ **موت کا پیام** (مذکر) پیام اجل۔ موت کے آثار۔ **موت کا پسینہ** (مذکر) ٹھنڈا پسینہ جو حالت نزع میں ماتھے پر آتا ہے۔ آنا کے ساتھ۔ **موت کا ڈھلکا** (مذکر) مرنے کے قریب آنکھوں سے پانی بہنا۔ **موت کا سامان** (مذکر) ہلاکت یا مرگ ہونے کے ہیے تیار کیا جائے ۲ وہ چیز جس سے موت واقع ہو۔ **موت کا سر پر سوار ہونا، کھیلنا** (متعدی) ۱ موت قریب آنا۔ موت کا وقت آنا ۲ شامت آنا۔ **موت کا سامنا** (مذکر) قضا کا سامنا۔ لڑائی یا جنگ کا موقع۔ **موت کا طمانچہ** (مذکر) موت کا صدمہ۔ **موت کا فرشتہ** (مذکر) ملک الموت ۲ جانی دشمن۔ **موت کا کھانا** (متعدی) وہ کھانا جو کسی کی وفات کے بعد لوگوں کو کھلایا جاتا ہے۔ **موت کا گھیرنا** (متعدی) مرنے کا سامان ہونا۔ **موت کا مرض** (مذکر) وہ بیماری جس کے سبب آدمی مرے۔ **موت کا ہنسنا** (لازم) قضا کا انسان کی حرکات پر تمسخر کرنا۔ جب کوئی غرور کی باتیں کرتا ہے یا ہیا ہی میں مشغول رہتا ہے تو کہتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ انسان کو موت کو بھولنا نہیں چاہیئے۔ **موت کے دن پورے کرنا** (متعدی) مشکل سے زندگی کاٹنا۔ مصیبت میں زندگی بسر کرنا۔ **موت کے دن پورے ہونا** (لازم) موت کا وقت آنا۔ **موت کے کنارے** ۔ مرنے کے قریب۔ **موت کے گھاٹ اُتارنا** (متعدی) مار ڈالنا۔ **موت کی گھڑی** مرنے کا وقت۔ نزع۔ **موت کے منہ میں جانا** (لازم) خطرے میں پڑنا۔ **موت کی ہچکی آنا** (لازم) موت کے وقت ہچکی آتی ہے۔ جان کندنی کا وقت ہونا۔ حالت نزع ہونا۔ **موت لائی ہے** قضا لائی ہے۔ شامت لائی ہے۔ **موت مانگنا** (متعدی) تکلیف مصیبت غم وغیرہ کی وجہ سے مرنے کی خواہش کرنا۔ **موت نزدیک آنا** (لازم) موت کا وقت قریب آنا۔ مرگ نمودار ہونا۔ **موت ہونا** (لازم) موت واقع ہونا ۲ مصیبت پیش آنا۔ خرابی ہونا۔ شامت ہونا۔ **موتی** (مذکر) میت کی جمع۔ مردے۔ **موتے** (مذکر) بجائے موتا حرف مغیرہ سے پہلے۔ **موتے میں جانا** (لازم) موت کے موقع پر کسی کے گھر جانا۔ تعزیت کے لئے جانا۔

امثال واقوال۔ موت اور گاہک کا کوئی اعتبار نہیں۔ جانے کس وقت آجائے موت کسی وقت آجائے اس لئے ہر وقت تیار رہنا چاہیئے۔ یہی حال گاہک کا ہے دکاندار کو ہر وقت دکان پر بیٹھا رہنا چاہیئے۔ موت بھلی کہ جان کندنی۔ روز روز کی تکلیف سے مرجانا ہی بہتر ہے۔ موت دیکھو پر موت دیکھو۔ ہانا منہ ہونے سے موت بہتر ہے۔ **موت سر پر کھڑی ہے** (کھیلتی ہے) موت ہر وقت قریب ہے کسی وقت آجائے۔ **موت کو پکڑا تو بخار پر راضی ہوا** زحمت قبول کی۔ **موت کو پکڑئیے تو تپ کو راضی ہو۔** موت کہو تو بیماری مانتا ہے یعنی مشکل کام پر بگڑ بیٹھے تو آسان کام پر راضی ہو گا۔ جب آدمی بڑی مصیبت میں گرفتار رہتا ہے تو چھوٹے سے دکھ اور محنت کو غنیمت سمجھتا ہے۔ **موت کے آگے کسی کا بس نہیں چلتا۔ موت کے آگے سب ہارے ہیں** ہر جاندار نے مرنا ہے کوئی موت سے نہیں بچ سکتا۔ موت کی دوا (دارو) کوئی نہیں۔ موت کا کوئی علاج نہیں۔ ہر شخص نے مرنا ہے۔ **موت کی گھڑی سر پر کھڑی ہے** موت کسی وقت آجائے۔ **موت گھر دیکھ گئی۔** موت نے گھر دیکھ لیا۔ آفت اور مصیبت نے ہمارے گھر کا راستہ دیکھ لیا اب بار بار آئے گی۔

مُوتر (ہ۔ امر) ہونا کا مذکر وہ پانی جو ترکے آلہ تناسل سے یا مادہ کے اندام نہانی سے

عام طور پر نکلتا رہتا ہے یہ خون کی گندگی ہے جسے
گردے خون میں سے نکال کر ایک نالی کے رستے
مثانے میں ڈالتے رہتے ہیں۔ جب مثانہ بھر جاتا ہے
تو پیشاب کی حاجت ہوتی ہے۔ پیشاب۔ بول ۲ عادۃً
روز ۳ نطفہ منی جو لڑکا۔ اولاد ۴ بری اولاد۔ بدچلن لڑکا
دس مُوتر ا موت آنا (لازم) پیشاب کی حاجت ہونا۔
موت اٹکنا (لازم) پیشاب بند ہونا۔ پیشاب رکنا۔
موت پاتر (مذکر) پیشاب کرنیکا برتن موت دینا
۱ موت نکل جانا ۲ ڈر جانا موت سے نکال کر گوہ
میں ڈالنا (متعدی) ایک خراب حالت سے نکال
کر دوسری خراب حالت میں ڈالنا۔ موت کا برتن
(مذکر) وہ برتن جس میں پیشاب کرتے ہیں۔ پیس پاٹ۔
موت کا چُلّو ہاتھ میں دینا (متعدی) ہونا (لازم)
۱ برائی پلے بندھنا۔ بھلائی کا نتیجہ برائی ملنا ۲ خاک میں
مل جانا ۳ الزام لگنا موت کا ریلا (مذکر) پیشاب
کی دھار یا رو۔ موت کی دھار پر مارنا (متعدی)
۱ ہیچ سمجھنا خاطر میں نہ لانا۔ ذلیل و خوار سمجھنا۔ بے حقیقت
سمجھنا۔ موت کی دھار نہ سوجھنا (لازم) کچھ نظر
نہ آنا۔ نظر کمزور ہونا موت کے ریلے میں بہا دینا
(متعدی) ۱ دیکھو موت کی دھار پر مارنا ۲ بے قدری سے
ضایع کر دینا موت لگنا (متعدی) پیشاب کی حاجت
ہونا۔ موت مارنا (متعدی) ۱ خوف سے موت دینا ۲ موت
سے بھرنا مُوتنا (متعدی) ۱ پیشاب کرنا ۲ (رنہ) توجہ نہ کرنا۔ پروانہ
کرنا۔ موت نکلنا (لازم) ۱ پیشاب خارج ہونا ۲ خوف کے
مارے موت دینا ۳ نہایت ... ہونا۔

مُوتر آس۔ مذکر۔ موت۔ پیشاب۔

مُوترادہ۔ مذکر۔ دیکھو موتترا۔

مُوتُو (ع)۔ امر۔ مر جاؤ۔

مثل۔ موتو قبل ان تموتو۔ مر جاؤ قبل
اس کے کہ موت آئے۔ انسان کو چاہیئے کہ انکساری کے
ساتھ زندگی بسر کرے۔

موتھا دہ۔ مذکر۔ ایک قسم کی گھاس جس
کی جڑیں سے دانے نکلتے ہیں۔ دوسری قسم کی جڑ خوشبودار
ہوتی ہے اس کو کپڑا رنگنے کے وقت رنگ میں ڈالتے
ہیں (س) مُشک۔

موتھرادہ۔ مذکر۔ گھوڑے کا ایک مرض
جس میں پاؤں کی غدد میں پانی پڑ جاتا ہے اور گھوڑا لنگڑانے
لگتا ہے (صفت) کُند۔

موتھی (ہ)۔ مؤنث۔ ایک قسم کا زرد خوشبودار
بیج۔

موتی (ہ)۔ مذکر۔ ۱ ایک قسم کا چمکدار گول دانہ
جو سیپی میں سے نکلتا ہے۔ سمندر میں ایک قسم کا کیڑا ہوتا
ہے جو اپنے رہنے کے لئے سیپی بناتا ہے۔ اگر سیپی کے
اندر ریت یا کسی اور چیز کا ذرہ داخل ہو جائے تو وہ اسے
چبھتا ہے اس لئے یہ کیڑا اس پر لعاب دہن لگاتا رہتا
ہے اور وہ ذرہ بڑا ہوتا جاتا ہے۔ یہ بڑی قیمتی چیز ہے۔ اور
جواہرات کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ اسے دوائیوں میں
بھی ڈالتے ہیں۔ دُر۔ مروارید۔ گوہر۔ لُولُو ۲ کوئی گول اور
چمکدار چیز ۳ نقلی چمکدار دانے جو شیشے وغیرہ سے بنائے ہیں۔
۴ عورتوں، کتوں وغیرہ کا نام رکھتے ہیں۔ ہندوؤں میں مردوں
کے نام میں بھی آتا ہے ۵ (صفت) شفاف۔ آبدار۔ صاف
(س) مُکتا۔ موتیا (مذکر) دیکھو علیحدہ موتی اُگلنا (متعدی)
۱ موتی منہ سے باہر نکالنا ۲ شیریں کلامی کرنا۔ شیریں گفتگو
کرنا۔ موتی بدھنا (لازم) موتی میں سوراخ ہونا موتی
برسانا (متعدی) موتی لٹانا۔ گہر بخشنا موتی برسنا (لازم)
ابر نیساں کی بارش ہونا ۲ موتی لٹنا۔ گہر پاشی ہونا۔ موتی
بیندھنا (متعدی) موتی میں سوراخ کرنا موتی پاک
(مذکر) ایک قسم کی مٹھائی جس کے قتلوں میں نکتیوں کے
موتی سے بھرے ہوئے ہوتے ہیں موتی پرونا (متعدی)
۱ موتیوں کی لڑی بنانا۔ موتیوں میں تاگا ڈالنا ۲ خوش کلام
کرنا۔ خوش بیانی کرنا ۳ نفقروں یا جملوں میں عمدگی سے
لفظوں کی بندش کرنا۔ نہایت فصیح عبارت لکھنا۔
عمدہ مضمون لکھنا ۴ نہایت خوش خط لکھنا ۵ آنسوؤں
کا تار باندھنا۔ لگاتار رونا ۶ کوئی باریک کام کرنا
موتی ٹانکنا (متعدی) ٹکے ہونا (لازم) کسی کپڑے
پر موتی سیے ہونا موتی ٹھنڈے ہونا (لازم) موتیوں
کا ٹوٹ جانا ۲ موتیوں کی آب جاتی رہنا۔ یہ ایک
قسم کی بیماری ہے جو موتیوں کو ہو جاتی ہے۔ ملائیں
لگانے سے پھر چمک آ جاتی ہے ۳ سحر ہونے
کے آثار ظاہر ہونا۔ صبح ہونا۔ پو پھٹنا۔ موتی جھیل
(مؤنث) لکھنؤ کے عیش باغ میں ایک تالاب جو
خشک ہو گیا ہے اور اس میں کاشت ہوتی ہے
مگر اس سرزمین کو اب تک موتی جھیل کہتے ہیں۔
موتی چگانا (متعدی) موتی کھلانا۔ لوگوں کا خیال
ہے کہ ہنس موتی کھاتا ہے۔ موتی چُگنا (لازم)
۱ موتی کھانا۔ دیکھو آخری ۲ دولتمند ہونا موتی چور
(صفت) ۱ موتیوں کے چورے کی طرح چمکدار
۲ آنکھوں کی تعریف میں استعمال ہوتا ہے چمکدار
آبدار ۳ (مذکر) ایک قسم کی مٹھائی جس میں گول نکتیں
موتی جیسی ۴ ایک قسم کے کابلی کبوتر کی آنکھیں موتی
چور کا لڈو (مذکر) ایک قسم کی شیرینی جس کو لڈو کی
شکل میں بناتے ہیں گول گول نکتیاں شیرینی میں ڈال
کر ان کے لڈو بنا لیتے ہیں۔ موتی چور کی زنجیر (مؤنث)
ایک خاص قسم کی زنجیر موتی چھیدنا (متعدی) ۱
موتی میں سوراخ کرنا ۲ ازالۂ بکر کرنا موتی خاک
میں رولنا (متعدی) کسی اچھی چیز کی بیقدری کرنا۔
موتی ڈونگری (مؤنث) ریاست الور میں ایک
پہاڑی جس پر ایک محل بنا ہوا ہے موتی رول
دینا (متعدی) بہت سے موتی دے دینا۔ مالا مال
کر دینا۔ موتی رولنا (متعدی) ۱ موتیوں کو سمیٹ کر
جمع کرنا۔ موتی اکٹھے کرنا ۲ بے سعی دولت حاصل
کرنا ۳ خوب روپیہ کمانا۔ دولت گھسیٹنا ۴ مفت کا
مال مارنا موتی زبان سے جھڑنا (لازم) خوش کلامی
یا خوش بیانی کرنا۔ نہایت فصیح گفتگو کرنا موتی سی
آبرو (مؤنث) وہ آبرو جو بے عیب ہو۔ موتی
سے آبرو پر پانی پھر جانا (لازم) پھیرنا (متعدی)
عزت دار آدمی کو بے عزت کر دینا۔ موتی کا ٹھنڈا
ہونا (لازم) دیکھو موتی ٹھنڈے ہونا موتی کا چُونا
(مذکر) مروارید سوختہ کا سفوف جسے اطبا پان میں
استعمال کرتے ہیں موتی کوٹ (کوٹ) کر بھرنا۔
(متعدی) نہایت خوبصورت بنانا موتی کوٹ کوٹ
کر بھرے ہیں نہایت خوبصورت اور رنگیلی آنکھیں
ہیں۔ موتی کی آب (مؤنث) گوہر کی چمک موتی
کے ساتھ تولنا (متعدی) موتی کا ہم پلہ سمجھنا ۲ بیشمار
موتی دینا یا بخشنا۔ موتی کی سی آب (مؤنث) نہایت
نازک چیز۔ آبرو کے لئے استعمال ہوتا ہے موتی کی
سی آب اتر جانا (لازم) آبرو باقی نہ رہنا۔ بے
آبرو ہونا موتی کی سی آبرو (مؤنث) اعلیٰ قسم کی آبرو
موتی کی سیپی (مؤنث) وہ سیپی جس میں سے موتی نکلتا
ہے۔ صدف۔ مروارید موتی کی لڑی (مؤنث) دھاگے
میں موتی پروئے ہوئے۔ سلک گوہر موتی گرجانا یا
گر جے ہوئے ہونا (لازم) موتی کا لڑکنا موتی میں بال
پڑ جانا موتی محل (مذکر) قلعہ دہلی میں ایک خوبصورت
محل جو سنگ سرخ اور سنگ مرمر کا بنا ہوا ہے۔
موتی مسجد (مؤنث) سنگ مرمر کی خوبصورت مسجد اس
قسم کی مسجدیں دہلی۔ آگرہ اور لاہور کے قلعوں میں ہیں۔

موتیوں (مذکر) موتی کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے ورنہ موتی جمع بھی استعمال ہوتا ہے۔ **موتیوں سے مانگ بھرنا** (متعدی) مانگ میں موتی پرونا **موتیوں سے (دہن) منہ بھرنا** (متعدی) خوش گفتاری یا خوشخبری کے انعام میں مالا مال کر دینا۔ دولتمند کر دینا۔ نہال کر دینا **موتیوں کا جھالا** (مذکر) کان کا ایک زیور جس میں موتیوں کی لڑیاں ہوتی ہیں۔ **موتیوں کا زیور** (مذکر) وہ زیور جو موتیوں سے بنایا جائے **موتیوں کا مالا** (مذکر) موتیوں کا ہار جو گردن میں پہنا جائے **موتیوں کا نوالہ** (مذکر) بہت عمدہ کھانا۔ تر مال **موتیوں کا ہار** (مذکر) دیکھو موتیوں کا مالا **موتیوں میں تولنا** (متعدی) ۱۔ موتیوں کا ہموزن سمجھنا ۲۔ نہایت عزت کرنا۔ نہایت آبرودار سمجھنا۔ **موتیوں میں لدنا** (لازم) موتیوں کا زیور افراط سے پہننا۔

موتیا (ہ۔ صفت) ۱۔ موتی کے مانند۔ موتی جیسا۔ موتی سے مشابہ ۲۔ اسم (دہلی میں مونث لکھنو اور پنجاب میں مذکر) ایک قسم کا سفید پھول جو نہایت خوشبودار ہوتا ہے۔ اس کے ہار بنا کر پہنتے ہیں۔ اور عطر نکالا جاتا ہے۔ اور تیل بنایا جاتا ہے۔ اس کی کلی گول۔ موتی کی طرح ہوتی ہے ۳۔ وہ پودا جس میں یہ پھول لگتا ہے ۴۔ ایک قسم کی چیچک جس میں دانے سفیدی مائل۔ چمکدار ہوتے ہیں (موتی سے) **موتیا بند** (مذکر) آنکھوں میں پانی اتر آنے کا مرض جس سے بینائی جاتی رہتی ہے **موتیا پاگ** (مذکر) دیکھو موتی پاک **موتیا نلا یا نلّا** (مذکر) ایک قسم کی آتش بازی جس کی نلی سے موتی کی طرح شرارے نکلتے ہیں **موتیا دانت** (مذکر) بہت خوشنما دانت **موتیے** (مذکر) ۱۔ موتیا کی جمع ۲۔ بجائے موتیا حروف مغیرہ سے پہلے **موتیے کا پھول** (مذکر) وہ سفید پھول جو موتیے کے پودے پر لگتا ہے۔ **موتیے کی کلی** (مونث) وہ کلی جو موتیے کے پودے پر لگتی ہے۔

موٹ (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک غلہ۔ مونٹھ ۲۔ گٹھڑی۔ پوٹلی۔ بستہ ۳۔ چرس۔ ڈول دس گنتھ **موٹ کا موٹ بیچنا** (متعدی) کل چیز بیچ دینا ۔ تھوک بیچنا۔

موٹا (ہ۔ صفت) ۱۔ فربہ۔ تیار۔ جسیم۔ لحیم۔ تناور۔ تنومند۔ مشٹنڈا۔ مسٹنڈا ۲۔ دبیز۔ گاڑھا۔ غلیظ ۳۔ گھٹیا۔ ادنے درجے کا ۴۔ قوی۔ مضبوط۔ کڑا۔ سخت ۵۔ جلی (خط) ۶۔ صاف کھلی ہوئی (بات) ۷۔ بھاری سنگین (غلطی) ۸۔ مغلظ۔ فحش ۹۔ کم۔ بھدی۔ دیر کے بعد سمجھنے والی (عقل) ۱۰۔ دولتمند۔ امیر۔ روپے والا۔ **موٹا آٹا** (مذکر) وہ آٹا جو باریک پسا ہوا نہ ہو۔ **موٹا آدمی** (مذکر) ۱۔ فربہ شخص لحیم شحیم آدمی ۲۔ امیر آدمی **موٹا اناج** (مذکر) غریبوں کے کھانے کا سستا اناج **موٹاپن** (مذکر) ۱۔ مٹاپا ۔ فربہی ۲۔ دبیزپن ۔ گندگی۔ **موٹا پہننا** (متعدی) سستا کپڑا استعمال کرنا۔ **موٹا تازہ** (صفت) دیکھو موٹا ۱ **موٹا جھوٹا** (صفت) ادنیٰ قسم کا گھٹیا **موٹا جھوٹا پہننا** (متعدی) غریبانہ گزارا کرنا۔ **موٹا جھوٹا کھانا** (متعدی) غریبوں کا سا کھانا کھانا **موٹا دکھائی دینا** (متعدی) کم نظر آنا۔ صاف نہ دکھائی دینا۔ **موٹا دیدہ** (مذکر) ۱۔ بےحیائی ۔ بدلحاظی ۲۔ بےحیا **موٹا سا** (صفت) تھوڑا موٹا **موٹا سا طوفان** (مذکر) بھاری الزام۔ بڑا بہتان **موٹا قلم** (مذکر) ۱۔ جلی قلم۔ وہ قلم جس سے بڑے بڑے حروف لکھے جائیں ۲۔ جلی خط جلی لکھا ہوا خط ۔ **موٹا کام** (مذکر) وہ کام جو باریک نہ ہو **موٹا کپڑا** (مذکر) دبیز کپڑا۔ گندہ لباس **موٹا کھانا** (مذکر) موٹا جھوٹا کھانا۔ **موٹی** (صفت مونث) دیکھو فربہ **موٹے** (مذکر) ۱۔ موٹا کی جمع ۲۔ بجائے موٹا حروف مغیرہ سے پہلے **موٹی آواز** (مونث) بھدی آواز **موٹی اسامی** (مونث) مالدار۔ دولت مند۔ **موٹی بات** (مونث) صریح بات صاف بات۔ ظاہر بات۔ **موٹی بات سمجھ میں نہ آنا** (لازم) ظاہر بات نہ سمجھنا۔ **موٹے خاں** (مذکر) ایک بہت بڑے طنبورے کا نام جسے ابراہیم عادل شاہ بجایا کرتا تھا۔ **موٹی روٹی** (مونث) ایسی روٹی جس میں آٹا زیادہ لگا ہو۔ وہ روٹی جو پتلی نہ ہو۔ **موٹی سمجھ یا عقل** (مونث) بھدی عقل **موٹی سمجھ والا** (صفت) بیوقوف **موٹی سی** (مونث) ذرا موٹی۔ **موٹی سی بات** (مونث) صاف بات **موٹی گالی** (مونث) فحش گالی سخت گالی۔

امثال۔ موٹا اتنے دبلا ہو دبلے کا کام تمام ہو۔ موٹا آدمی گھٹے نہ دبلائے دبلے کا تو کام تمام ہو جائے۔ کمزور کو بہ نسبت زبردست کے تھوڑا اسد بھی بہت ہے۔ غریب کو ہر بات میں مشکل ہے۔

موٹاپا۔ موٹاپنا (ہ۔ مذکر) موٹائی (مونث) موٹیپن (مذکر) دیکھو موٹاپن۔

موٹر (انگ۔ مونث) پٹرول اور مشین سے چلنے والی ایک گاڑی ۔ موٹر کار۔

موٹرا (ہ۔ مذکر) موٹری (مونث) ۱۔ بقچی۔ گٹھڑی ۲۔ پوٹلی ۳۔ بستہ۔

موٹکی (ہ۔ مونث) ۱۔ کدال ۲۔ پھاوڑا۔

موٹی عورت (ہ۔ مونث) ایک راگنی کا نام۔

موٹل (ہ) **موٹلا** (ہ۔ صفت) موٹا کی تصغیر

مُوٹھ (ہ۔ مونث) ۱۔ مٹھی ۲۔ بند مٹھی جس میں کوڑیاں ہوں ۳۔ قبضہ۔ دستہ۔ گرفت ۴۔ حلق۔ مشت زنی ۵۔ جادو۔ ٹونا۔ منتر۔ وہ منتر جو کوئی چیز پڑھ کر دشمن کی طرف پھینکتے ہیں ۶۔ بٹیر باز کا بٹیر کو ہاتھ میں رکھنا (ہ مشت) **موٹھ پھینکنا یا چلانا** (متعدی) چلنا (لازم) منتر پڑھ کر دشمن کی طرف کوئی چیز پھینکنا **موٹھ کرنا** (متعدی) لڑائی کے بٹیر کو مٹھی میں رکھ کر تیار کرنا یا سدھانا **موٹھ کی موٹھ** (مونث) اکٹی موٹھ **موٹھ کے بعد موٹھ مارنا** (متعدی) ۱۔ کسی پرندے کو مٹھی سے پکڑ لینا ۲۔ جلق لگانا ۳۔ دیکھو موٹھ پھینکنا۔

موٹھ (ہ۔ مونث) ۱۔ ایک پودہ ۲۔ اناج جو اس پودے میں سے نکلتا ہے۔ یہ سرخ رنگ کا مونگ کے برابر ہوتا ہے دس گنتھ **موٹھ کا پانی** (مذکر) موٹھ بھگو کر اس کا پانی پیتے ہیں۔ یہ بہت طاقت دیتا ہے۔ **موٹھ کا دانہ** (مذکر) دلی ہوئی موٹھ جو گھوڑوں کو کھلاتے ہیں۔

مُوٹھا (ہ۔ مونث) موٹھ **موٹھی** (مونث) مٹھی۔

موٹھرا (ہ) **موٹھڑا** (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک قسم کا موٹا کپڑا جس میں موٹھ کے برابر سفید رنگ کے نقوش سے دھاریاں بنی ہوئی ہوتی ہیں۔ اب اس کا فیشن جاتا رہا ہے ۲۔ طلائی یا نقرئی کام جو تلوار یا کٹار یا سپر کے آہنی پھولوں پر بناتے ہیں ۳۔ زنجیرے کی طرح کا کام جو طلا و نقرہ سے زیور پر بناتے ہیں (موٹھ سے)

موٹھیا۔ موٹیا (ہ۔ مذکر) مزدور۔ قلی۔

مُؤثّر (ع۔ مفعول) اثر کیا گیا۔ تاثیر کیا کیا گیا۔ کارگر ۲۔ اثرؔ۔ نشان لگانا) **مؤثِّر** (فاعل) اثر کرنیوالا۔ تاثیر کرنیوالا۔ کارگر۔ **مؤثرہ** (صفت مونث) دیکھو مؤثر **مؤثر ہونا** (لازم) اثر کرنا۔ تاثیر دکھانا۔

مَوج (ع۔ مونث) ۱۔ لہر۔ ہلکوڑا ۲۔ تلاطم پانی میں کوئی چیز گرنے سے جو لکیریں سی اٹھتی ہیں انہیں موجیں کہتے ہیں۔ ہوا زور سے چلنے سے بھی ایسا ہوتا ہے ۔ ہوا میں کوئی چیز ہلنے سے بھی موج پیدا ہوتی ہے مگر یہ نظر نہیں آتی۔ جھولکا ۳۔ ولولہ۔ امنگ۔

ترنگ۔ طبیعت کی خوشی یا لہر ۔ خیال۔ دھن ۵۔ کثرت
افراط۔ بہتات۔ افزونی۔ فراوانی۔ فارغ البالی (موج)۔
ماج۔ اٹھنا سمندر کا۔ موج آجانا یا آنا (لازم) ۱۔ ترنگ
آنا لہرآنا ۲۔ طبیعت میں ولولہ اٹھنا ۳۔ خیال آنا۔ دھن بندھنا
۴۔ سرسبزی ہونا۔ شادابی ہونا۔ موج آرہی ہے اچھی گزرتی
ہے۔ **موج اُمَنڈنا** (لازم) موجوں کا زور سے اور بکثرت آنا
موج بوریا یا حَصِیر (مونث) وہ خطوط اور نشانات جو بوریا
میں ہوتے ہیں۔ **موج پر ہونا** (لازم) (دوروں پر ہونا)۔
موج تَبَسُّم (مونث) ہنسی کی لہر۔ بہت ہنسی۔ **موج خیز** (صفت)
موجیں پیدا کرنے والا۔ طوفانی۔ تند۔ تیز۔ **موج دار** (صفت)
موج رکھنے والا۔ **موجِ ریگ** (مونث) لہر جو ہوا سے
ریت میں پیدا ہوتی ہے۔ **موجزن** (صفت) موجیں
مارنے والا۔ **موج سبزہ** (مذکر) وہ لہر جو ہوا میں سبزہ
کی حرکت سے پیدا ہوتی ہے۔ **موج سراب** (مونث)
سراب کی لہر۔ وہ لہر جو سراب میں نظر آتی ہے۔ **موج
کرنا** (متعدی) مزے اڑانا ۔ عیش کرنا۔ **موج مارنا**
(متعدی) ۱۔ لہرانا۔ بہنا۔ موجیں مارنا ۲۔ عیش و عشرت
سے زندگی گزارنا۔ عیش منانا۔ فارغ البالی سے گزرنا۔
موج میں آنا یا ہونا (لازم) ۱۔ لہر میں آنا۔ ترنگ میں آنا
۲۔ مزے میں آنا۔ **موجِ نسیم** (مونث) ہوا کا جھونکا۔ **موجیں**
(مونث) موج کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے **موجہ**
(مذکر) دیکھو موج ما۔ **موجۂ آب** (دریا) بلند ہونا
(لازم) لہر اٹھنا۔ موج مارنا۔ **موجہ اچھلنا** (لازم) لہر
اُٹھنا۔ **موجی** (صفت) خوش طبع۔ لہری۔ زندہ دل۔
موجے (مذکر) موج کی جمع **موجی بندہ** (مذکر) آزاد
طبع۔ آزادمنش۔ دل کی خوشی کا تابع۔ دل کا بادشاہ۔
موجی جیوڑا (مذکر) آزادمنش۔ آزاد طبع۔ **موجیں**
(مونث) موج کی جمع۔ **موجیں اڑانا** (متعدی) پانی
اڑانا۔ پانی سے کھیلنا **موجیں دکھانا** (متعدی) ۱۔ زور
دکھانا۔ جوش ظاہر کرنا **موجیں رہنا** (لازم) سرور
آمیز خیالات رہنا۔ **موجیں کرنا** (متعدی) ۱۔ خوشی
منانا ۲۔ مزے اڑانا ۔ عیش منانا۔ بےفکری سے گزارنا
موجیں مارنا (متعدی) دیکھو موج مارنا۔

مُوجِب (ع۔ فاعل) ۱۔ لازم کرنیوالا۔
واجب کرنیوالا ۲۔ لازم۔ فرض۔ واجب ۳۔ سبب۔ باعث۔
جہت۔ وجہ ۴۔ موافق۔ حسب۔ لائق (اَوجَب۔ ضروری
کرنا) **موجبات** (مذکر) موجب کی جمع۔ وجوہات
اسباب۔ بواعث **مُوجِبَہ** (صفت۔ مونث) ۱۔ اثباتی۔
مثبت۔ اقراری ۲۔ بڑی ضروری (چیز) اچھی یا بری۔

بڑی نیکی یا برائی جس کا عوض اگلے جہان میں ملے گا ۴۔
سزا و جزا قیامت کے دن کی (منطق) مثبت۔ مسئلہ۔

مُوجِد (ع۔ فاعل) ۱۔ ایجاد کرنیوالا۔ نئی
بات نکالنے والا۔ بغیر نمونے کے طبیعت سے کوئی نئی بات
نکالنے والا ۲۔ بانی۔ بنا کرنے والا۔ ابتداء کرنیوالا (اَوجد۔
دریافت کرانا۔ پیدا کرنا وَجَدَ۔ دریافت کرنا) **موجدان**
(مذکر) جمع موجد کی **موجدانِ قانون** (مذکر) قانون بنانے والے۔

مُوجِر (ع۔ فاعل) کرایہ پر دینے والا (آجَرَ
کرایہ پر دینا)

مُوجَز (ع۔ مفعول) ۱۔ مختصر۔ کوتاہ ۲۔ (مذکر)
خلاصہ۔ انتخاب۔ اختصار۔ تلخیص ۳۔ علم طب کی
ایک کتاب کا نام (اَوجَزَ۔ خلاصہ کرنا)

مُوَجَّل (ع۔ مفعول) ۱۔ مہلت دیا گیا ۲۔ وقت
مقرر کیا گیا۔ کسی وقت پر موقوف رکھا گیا ۳۔ وہ جو نکاح کے
بعد کبھی ادا کیا جائے (اَجَّلَ۔ دیر لگانا)

مَوجُود (ع۔ مفعول) ۱۔ پایا گیا ۲۔ وجود کیا گیا
پیدا شدہ ۳۔ حاضر۔ سامنے۔ روبرو۔ آگے ۴۔ سامنے
کھڑا ہوا۔ قائم۔ برقرار ۵۔ تیار۔ مستعد ۶۔ مہیا۔ دستیاب
میسر۔ حاصل ۷۔ اب ۸۔ اس وقت ۹۔ پاس۔ نزدیک۔ قبضے
میں (وَجَدَ۔ پانا۔ ہونا) **موجودات** (مونث) ۱۔ موجود کی
جمع۔ مخلوقات۔ کائنات۔ وہ کل چیزیں جو خدا تعالٰے
نے پیدا کی ہیں ۲۔ گنتی۔ شمار۔ حاضری **موجودات
خارجی** (مونث) وہ چیزیں جو خارج میں موجود ہیں۔
موجودات لینا (متعدی) حاضری لینا۔ گنتی لینا ۲۔
حساب لینا۔ **موجود رہنا** (لازم) پاس رہنا۔ سامنے
رہنا۔ برقرار رہنا۔ **موجود فی الخارج** (صفت) جو
خارج میں موجود ہو اور خیالی نہ ہو۔ **موجود کردینا کرنا**
(متعدی) ۱۔ حاضر کرنا۔ روبرو کرنا۔ پیش کرنا ۲۔ پیدا کرنا ۳۔
فراہم کرنا۔ بہم پہنچانا۔ مہیا کرنا ۴۔ آمادہ کرنا۔ مستعد کرنا۔
موجودگی (مونث) حاضری۔ مقابلہ۔ حضوری **موجودگی
میں** (تقدیم) روبرو۔ سامنے۔ **موجودہ** (صفت) ۱۔
حال کا۔ اب کا۔ اس وقت کا ۲۔ حاضرہ ۳۔ لاحقہ

مُوَجَّہ (ع۔ مفعول) ۱۔ پسندیدہ۔ مرغوب۔
خوب۔ عمدہ۔ مقبول ۲۔ قابل توجہ ۳۔ مدلل۔ معقول ۴۔
صحیح۔ درست ۵۔ جس کی بہت اسناد ہوں۔ پائے کا
۶۔ کسی خوبی کے باعث مشہور (وَجَّہَ۔ جھلنا)

موچ (ہ۔ مونث) ۱۔ لچک۔ لچک۔ جھٹکا ۲۔
صدمہ۔ پاؤں کسی جوڑ میں لچک آجانا۔ خصوصاً پاؤں
گھٹنوں یا کلائی پر ۳۔ (ھ) کسی چیز کی نوک (غالباً موچنا

بمعنی ڈھیلا ہونے سے)

موچ (س۔ مذکر) ۱۔ کیلے کا درخت ۲۔
سہنجنا کا درخت ۳۔ سمبل کا درخت موچا (مذکر) ۱۔ کیلے کو نیا پتا ۲۔
پھل جو بیچ میں سے پھوٹے ۳۔ گوشت کا بڑا لوتھڑا یا بڑا
ٹکڑا ۴۔ فصل جو بارش اور مینہ کی وجہ سے لیٹ جائے
موچاٹ (مذکر) ۱۔ کیلے کے درخت کا گودا

مُوچاک (ھ۔ مذکر) شہد کی مکھیوں کا
چھتا۔

موچرس (ہ۔ مذکر) سمبل کے درخت
کا گوند (س۔ موچ)

مُوچری (ہ۔ مونث) جوتی۔ جوتا (موچی
سے)

مُوچڑانا (ھ۔ متعدی) دیکھو موچکانا۔

موچک (س۔ مذکر) ۱۔ وہ شخص جو رہا کرے
۲۔ وہ شخص جو دنیا کو چھوڑ کر سادھو بن جائے ۳۔
دیکھو موچ (س)

مُوچکانا (ھ۔ متعدی) مروڑنا۔ لچکانا۔

موچن (ہ۔ مونث) ۱۔ موچی کی بیوی ۲۔ (ھ)
دیکھو موچنی **موچنی** (مونث) موچن ۲۔

موچن (س۔ مذکر) ۱۔ رہا کرنا۔ چھوڑنا ۲۔
رہائی۔ خلاصی۔ چھٹکارا۔ **موچنا** (ھ۔ مذکر) دیکھو
موچن (س)

مُوچنا (ہ۔ مذکر) ۱۔ بال چننے یا اکھاڑنے
کا آلہ ۲۔ (ھ۔ متعدی) ڈھیلا کرنا ۳۔ رہا کرنا۔ چھوڑنا ۴۔
گرانا۔ اتارنا ۵۔ بجھانا ۶۔ توڑنا ۷۔ بند کرنا ۸۔ اکھاڑنا۔
چننا (س۔ مچ) ڈھیلا کرنا۔ رہا کرنا) **موچنی** (مونث)
چھوٹا موچنا۔

موچنی (س۔ مذکر) ایک قسم کی کو۔

مُونچھ (ہ۔ مونث) ۱۔ وہ بال جو اوپر کے
لب پر ہوتے ہیں۔ بروت ۲۔ بلی یا شیر کے چند بال جو
منہ کے کونوں کے پاس ہوتے ہیں ۳۔ (ھ) غرور۔ فخر۔
تکبر (س شمشرو) **موچھا کڑا** (مذکر) بڑی بڑی موچھیں
موچھ کا بال (مذکر) ۱۔ سچا یا کھرا آدمی۔ صاف کہہ
دینے والا شخص۔ منہ پر کہہ دینے والا آدمی ۲۔ نہایت
مقرب آدمی۔ بارسوخ شخص۔ **موچھ مروڑ** (صفت) ۱۔ رعب
پر تاؤ دینے والا۔ بہادری جتانے والا ۲۔ شیخی باز۔ **موچھ
مُنڈا یا مُنڈا** (صفت) جس کی موچھیں منڈی ہوئی ہوں
موچھندر (مذکر) بڑی بڑی موچھوں والا آدمی **موچھوں**
(مذکر) موچھ کی جمع۔ حروف مغیرہ کے بعد موچھوں

پرتاؤ دینا یا ہاتھ پھیرنا (متعدی) ۱۔ موچھوں کے ... دینا ۲۔ اپنی بڑائی کرنا۔ موچھوں سے ... ہنا (لازم) نہایت غصیل ہونا۔ غضبناک ...

...ں کا کونڈا (مذکر) وہ نیاز جو عورتیں ... یں بھیگنے پر سویوں پر دلاتی ہیں۔ موچھوں ... ینا (متعدی) دیکھو موچھوں پر ہاتھ مُوچھیل ... وچھیل۔ موچھندر۔ موچھیں (مونث) موچھ کی ... موچھیں اکھڑوا دینا یا اکھڑوانا (متعدی) ۱۔ کسی ... میں ایک ایک کر کے موچھیں چنوا دینا ۲۔ بےعزت کرنا۔ ذلیل کرنا ۳۔ پرانے زمانے کی ایک سزا۔ موچھیں چڑھنا (متعدی) ۱۔ موچھوں پر ہاتھ پھیرنا۔ موچھوں کو بل دینا۔ موچھو کو بل دیکے اوپر کی طرف کر دینا ۲۔ مردمی جتانا۔ مردانگی دکھانا۔ موچھیں مروڑنا (متعدی) موچھوں کو بل دینا۔

موچھیں منڈوانا (متعدی) ۱۔ موچھوں پر استرا پھروانا ۲۔ اپنی غلطی ماننا۔ ہار ماننا۔ جوش میں آکر کہتے ہیں کہ اگر ایسا نہ ہو تو موچھیں منڈوا دوں۔ آج کل انگریزوں کی دیکھا دیکھی یہ فیشن ہو گیا ہے۔

مثل۔ موچھ مروڑا روٹی توڑا۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو مفت کی روٹیاں کھائے کام کچھ نہ کرے اور موچھوں پر تاؤ دیتا پھرے۔

موچی (ہ۔ مذکر) ہندوؤں کی ایک ذات جو چمڑے کا کام کرتے ہیں اور جوتے سیتے ہیں۔ یہ لوگ شودر قوم سے ہیں ۲۔ چمار۔ دہلی میں مسلمان چمڑے کا کام کرنے والے کو کہتے ہیں۔ کفش دوز۔ زین ساز۔ کھٹیک (س) پچ۔ سینا۔ موچی پتر۔ موچی کا سکّہ (مذکر) جوتی جوتا۔ کفش۔

امثال موچی کے موچی ہی رہے۔ جیسے تھے ویسے ہی رہے۔ کوئی ترقی نہیں کی۔ ذلیل کے ذلیل ہی رہے۔ موچی موچی لڑیں اور سرکار کا زین ٹوٹے۔ لڑے کوئی اور نقصان کسی کا ہو۔

مُوچِینَہ (ف۔ مذکر) موچنا۔

مَوَحَّد (ع۔ صفت) ۱۔ اکیلا ۲۔ تنہا ۳۔ (تف) علیحدہ۔ الگ (اَوحَد۔ اکیلا چھوڑنا)

مُوَحِّد (ع۔ فاعل) ۱۔ خدا کو ایک ماننے والا ۲۔ پکا مسلمان۔ سچا مسلمان (وَحَّدَ۔ آحَدَ۔ خدا کو ایک ماننا) مُوَحِّدانہ (صفت) موحدوں کی طرح۔ سچے مسلمان کی مانند۔

مُوَحِّش (ع۔ فاعل) ۱۔ وحشت میں ڈالنے والا ۔ غمگین کرنے والا۔ فکرمند۔ فکر کرنیوالا ۔ وحشت انگیز (اَوحَشَ۔ کسی جگہ کو سنسان پانا۔ وَحَش۔ کسی جگہ درندوں کا ہونا)

مُؤَخَّذ (ع۔ مفعول) ۱۔ اخذ کیا گیا۔ لیا گیا ۲۔ پکڑا گیا۔ مواخذہ کیا گیا ۳۔ مفتون۔ شیدا (اَخَذَ۔ اَخَذَ۔ لینا)

مُؤَخَّر (ع۔ صفت) آخر کیا گیا۔ پچھلا۔ آخری۔ آخیر کا (اَخَّرَ۔ پیچھے جانا یا بھیجنا)

مُود۔ مود (س۔ مذکر) ۱۔ خوشی شادمانی مسرت ۲۔ خوشی کا گیت۔ مودِت (صفت) خوش۔ مسرور۔ مودک (صفت) ۱۔ خوشگوار ۲۔ دل خوش کن۔ خوش کرنے والا ۳۔ (مذکر) مٹھائی ۔ حلوائی۔ مودِن (مذکر) دیکھو مودی مودنی (مونث) مودن کی بیوی۔ مودی (مذکر) ۱۔ حلوائی ۲۔ اناج بیچنے والا۔ بنیا۔ دکاندار ۳۔ (ہ) خان سامان۔ میر سامان۔ داروغہ۔ مودی پنا کرنا (ہ۔ متعدی) کنجوسی کرنا۔ مودی خانہ (ہ۔ مذکر) گودام۔ ذخیرہ۔ اناج وغیرہ رکھنے کا کمرہ۔

مؤدّب (ع۔ مفعول) ۱۔ ادب دیا گیا باادب ۲۔ شائستہ۔ مہذب۔ تہذیب یافتہ۔ تربیت یافتہ ۳۔ باتمیز۔ تمیزدار۔ خوش اخلاق ۴۔ علم مجلس سے واقف (اَدَّبَ۔ اَدَب۔ سکھانا) مُؤَدِّب (فاعل) ادب سکھانے والا۔ اتالیق موؤدب ہو کر (تف) ۱۔ مہذب طور پر۔ شائستگی سے ۲۔ ادب کے ساتھ۔

مُوَدَّت (ع۔ مونث) ۱۔ محبت۔ الفت یگانگت ۲۔ پریم۔ پیار۔ اخلاص ۳۔ دوستی (وَدَّ۔ محبت کرنا)

مثل۔ مودت اہل صفا چہ در رُو چہ در صفا۔ صاف دل والوں کی محبت سامنے اور غیر حاضری میں یکساں ہوتی ہے

مودری (ہ۔ مونث) انگوٹھی۔

مَوڈھورہ (صفت) احمق۔ بیوقوف سادہ لوح۔

مودی (ہ۔ مذکر) دیکھو مود کے تحت میں۔

مُؤَدّٰی (ع۔ مفعول) ۱۔ ادا کیا گیا ۲۔ (مذکر) وجہ۔ باعث (اَدّٰی۔ لانا) مُؤدّی (فاعل) ادا کرنے والا۔

مَوڈھیہ (س۔ مذکر) بیوقوفی۔ جماقت جہالت۔

موڑی کاٹنا (ہ۔ صفت) دیکھو مونڈی کاٹا۔

مُؤَذِّن (ع۔ فاعل) اذان دینے والا نماز کے واسطے لوگوں کو بلانے والا۔ بانگ دینے والا (اَذَّنَ۔ بتلانا)

مُوذی (ع۔ فاعل) ۱۔ ایذا دینے والا۔ آزار دینے والا۔ ستانے والا۔ آزار دہندہ ۲۔ ظالم جابر ۳۔ شریر۔ بدذات ۴۔ کنجوس بخیل (آذَی۔ تنگ کرنا)۔ موذی پن یا پنا (مذکر) ۱۔ ایذا دینا۔ ایذارسانی۔ تکلیف دہی ۲۔ ظلم ستم۔ شرارت۔ موذی کا چنگل (مذکر) ظالم کا پنجہ۔ وہ ظالم جس کے قابو میں آکر کوئی نہ نکلے۔ موذی کا مال (مذکر) کنجوس کا مال۔ موذیہ (صفت۔ مونث) موذی کی۔

امثال اقوال۔ موذی کا مال سگ حلال۔ ظالم یا کنجوس کا مال جس کے ہاتھ لگ جائے اُڑا لیتا ہے۔ موذی کا مال نکلے پھوٹ کر کھال موذی کی رقم ہضم نہیں ہوتی ظلم سے حاصل کیا ہوا مال کسی شخص کو پچ نہیں سکتا۔ موذی کو نماز چھوڑ کر مارئیے۔ موذی کو ہر حالت میں مارنا چاہئیے مسلمان کو اجازت ہے کہ اگر نماز پڑھ رہے ہوں اور سانپ یا بچھو نظر آجائے تو نماز توڑ کر اسے مار ڈالے۔

مُور (ہ۔ مذکر) ۱۔ کلی ۲۔ شگوفہ ۳۔ موٹھا۔

مُور (ہ۔ مذکر) ۱۔ آم کا پھول۔ بُور ۲۔ ایک قسم کی کلغی جو ہندوؤں کی کلاہ پر لٹکاتے ہیں۔ مولآنا (لازم) آم کے درخت میں شگوفہ آنا۔

مور (ہ۔ مذکر) ایک بڑا پرندہ جس کا نہایت خوبصورت ہوتا ہے۔ اس کے دم پر کی لکوں کے بال نیلے نہایت خوبصورت ہوتے ہیں ان پر چاند سا بنا ہوا ہوتا ہے۔ مادہ کو لبھانے کے لئے دم کو چنور کر کے ناچتا ہے۔ اس کے پروں کا مورچھل بناتے ہیں۔ ایک قسم کے تمام پر سفید ہوتے ہیں طاؤس (س) میور۔ مالیبع پنکھا ڑتا ہے (؟) مور لہ مور۔ مور پنکھی (مونث) ۱۔ ایک قسم کی چھوٹی کشتی ۲۔ مور کے پروں کا پنکھا ۳۔ ایک قسم کی پنکھیا جو کھولنے سے مور کے پر کی طرح گول ہو جاتی ہے ۴۔ ایک قسم کی گھاس مور چال (مذکر) ۱۔ ایک قسم کی کسرت جس میں ہاتھوں کو زمین پر رکھ کر اور پاؤں اوپر کر کے چلتے ہیں ۲۔ مور کا ناچ ۳۔ ایک قسم کا

ناچ کے کھائی۔ خندق مور چھل (مذکر) موروں کے
پروں کا چنور جس سے مگس رانی کرتے ہیں جھلنا۔
کرنا ہونا وغیرہ کے ساتھ) **مور کا چنگھاڑنا یا کوکنا**
(لازم) مور کا چلانا یا بولنا **مور کا ناچنا** (لازم) مور کا
پروں کو پھیلا کر مادہ کو لبھانے کے لئے رقص کرنا۔
مور کی چال (مونث) مستانہ چال۔ معشوقانہ چال
مور کی چنگھاڑ یا کوک (مونث) مور کی آواز کے
لئے یہ خاص الفاظ ہیں **مور کی سی گردن** (مونث)
لمبی اور نازک گردن۔ صراحی دار گردن **مور مُکٹ**
(مذکر) مور کا سا تاج۔ مور کے پروں کا تاج۔ مور
کے سر پر پروں کی کلغی ہوتی ہے اسے مور کٹ
کہتے ہیں۔ **مورنی** (مونث) مور کی مادہ۔ یہ نر کی
طرح خوبصورت نہیں ہوتی۔ اس کی آواز بھی مختلف
ہوتی ہے۔ **مورواؔ** (مذکر) مور۔

امثال۔ مور ناچتا ہے جب اپنے
پاؤں دیکھتا ہے تو رو دیتا ہے۔ مور ناچتا
ہے رپیروں کو دیکھ کر جھر جاتا ہے)
جب پیروں کو دیکھتا ہے تو رو دیتا ہے خواہ بہترین
چیز میں ذرا سا نقص بھی ہو تو برا لگتا ہے۔

مور رف۔ مذکر) ا چیونٹی ۲ زنگ **مور**
بال دار (مذکر) پردار چیونٹی **مورچال** (مذکر) دیکھو
مورچا علیحدہ **مورچگان** (مذکر) مورچہ کی جمع **مورچہ** کی
(مذکر) ا چھوٹی چیونٹی ۲ زنگ ۳ دیکھو مورچہ **مورچہ**
دوڑنا (لازم) زنگ لگ جانا۔ **مورچہ لگنا** (لازم)
زنگ لگنا **مورچے** (مذکر) مورچہ کی جمع حروف
مغیرہ سے پہلے **مورچے کا کھا جانا** (لازم) زنگ
کا کسی دھات کو بوسیدہ کر دینا۔

امثال۔ مور ہماں بہ کہ نباشد
پرش۔ جو اپنی حد سے بڑھا وہ پھنسا **مورچگاں**
راچو بود اتفاق۔ شیر ژیاں را بدر آرند
پوست۔ بہت سے کمزور متفق ہو کر زبردست کو زیر
کر لیتے ہیں آپس کے اتفاق سے کام بنتا ہے۔

مورا رھ ضمیر) میرا **مورا** (ضمیر) میرا۔
موری (ضمیر) میری **مورے** جمع مورا کی۔

امثال و اقوال۔ مورے باپ
کے انگل کپاس۔ مورے لیکھے پڑل تسار
میرے باپ کے گھر بہت دولت ہے۔ میری قسمت
میں اس میں سے کچھ نہیں۔ ہندوؤں میں عورت کو
باپ کی وراثت سے کچھ نہیں ملتا۔ **مورسیاں**

چکنیاں پچاس بیڑا کھائے۔ آگے پیچھے
رہنا دیوانہ بنے جائے (پوربی) میرا خاوند
بڑا شوقین ہے پچاس بیڑے پان کے روز کھاتا ہے
جب فرضخواہ پیچھے لگیں تو دیوانہ بن جاتا ہے۔ عورتیں
خوشمزاج مفلس کے متعلق کہتی ہیں۔

مُورامیٹ (ھ۔ صفت) ا دبا ہوا
بیٹھا ہوا۔ پسا ہوا ۲ تباہ۔ برباد **مورامیٹ کرنا**
(متعدی) تباہ یا برباد کرنا۔ ملیامیٹ کرنا۔

مَورانا۔ مَورادنا رھ۔ لازم) آم
کو بور آنا۔

مُورَت رھ۔ مونث) ا بت۔ پتھر یا دھات
کی بنی ہوئی تصویر یا شبیہہ۔ پتلی ۲ بت۔ مورتی ۳ بعت
۴ آدمی۔ انسان۔ نفس (س مُورت)

مُورت رس۔ مونث) **مورتی** (ھ)
ا کوئی ٹھوس بدن یا شکل ۲ اوتار۔ ظہور ۳ کوئی چیز
جس کی خاص شکل ہو ۴ آدمی۔ انسان۔ نفس ۵ بت
تصویر۔ شبیہ۔ پتلی۔ لعبت ۶ پہلا گنتر ۷ دکش کی
بیٹی اور دھرم کی بیوی ۸ (مذکر) دسویں منو کے
ماتحت ایک رشی ۹ وسشٹھ کا ایک بیٹا **مورتی**
استھاپن کرنا (متعدی) مورتی کو مندر میں رکھنا۔
مورتی کو ایک مندر سے دوسرے میں لیجانا **مورتی**
پوجا یا پوجن (مونث) بت پرستی (کرنا ہونا کے
ساتھ) **مورتی کھنڈن** (مذکر) بت شکنی۔

مُورِث رع۔ فاعل) ا وارث کرنے
والا۔ وہ شخص جس سے ورثہ یا ترکہ ملے۔ وصیت کنندہ
۲۔ رف) پیدا کرنے والا۔ پہنچانے والا ۳ باعث۔ سبب
(اَوَرَث۔ وارث بنانا) **مورثِ اعلیٰ** (مذکر) کسی
ورثہ کا پہلا مالک **مورثِ فاسِد** (مذکر) نانا۔

مورچا رف۔ مذکر) ا وہ گڑھا جو قلعہ کے گرد کھودتے
ہیں۔ خندق کھائی ۲ وہ خندق جو لڑائی کیلئے کھودتے ہیں ۳ وہ
فوج جو مورچے پر لڑنے کے واسطے رہتی ہے ۴ دیکھو مورچہ رف) یہ چال
کا مخفف **مورچا اُٹھنا** (لازم) لڑنے والی فوج کا
اپنی جگہ سے ہٹ جانا **مورچا اُلٹنا** (لازم) لڑنے
والی فوج کا تتر بتر ہو جانا **مورچا باندھنا** (متعدی)
لڑائی کے واسطے خندق کھودنا اور مٹی نکال کر سامنے
کی طرف ڈھیر لگا دینا **مورچا بندھنا** (لازم) ا
خندق کا کھودا جانا ۲ لڑنا۔ لڑائی کرنا۔ جھگڑنا۔
مورچہ بندی (لازم) لڑائی کے لئے خندق کا کھودا
جانا (کرنا ہونا کے ساتھ) **مورچہ توڑنا** (متعدی)

لوٹنا (لازم) ا مورچے کا درہم برہم ہو جانا۔
مورچا قائم نہ رہنا ۲ حملہ آور فوج کا فتح پا لینا **مورچا**
جیتنا (لازم) مورچے کو فتح کر لینا۔ لڑائی جیت لینا۔
مورچا لینا یا مارنا (متعدی) دشمن کے مورچے
پر قبضہ کر لینا۔ مورچہ فتح کر لینا **مورچوں** (مذکر)
مورچا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے **مورچے**
(مذکر) ا مورچا کی جمع ۲ بجائے مورچہ حروف مغیرہ سے
سے پہلے۔ **مورچے پڑ جانا** (لازم) لڑائی پڑ جانا۔
دشمن کے مقابلے پر جانا **مورچے پر رکھنا** (متعدی)
ا نشانے پر رکھنا۔ نشانہ بنانا ۲ مقابلے پر رکھنا۔
سامنے رکھنا ۳ ہلاک جگہ بھیجنا **مورچے پر سے**
آنا (لازم) میدان جنگ سے واپس آنا۔

مورچال رف۔ مذکر) ا دیکھو مور
رف) کے تحت میں ۲ (ھ۔ مونث) دیکھو مور (ھ)
کے تحت میں۔

مورچنگ رھ۔ مذکر) ایک ساز
چنگ کا مخرب۔

مُورچھا رھ۔ مونث) غشی۔ بیہوشی۔
جوڑی۔ **مورچھا آنا** (لازم) **کھانا** (لازم) بیہوش
ہونا۔ غش آنا۔ غشی ہونا۔ جوڑی چھانا۔

مُوَرَّخ رع۔ مفعول) ا لکھا گیا ۲
تاریخ دیا گیا۔ تاریخ میں آیا ہوا (اَرَّخ۔ تاریخ
دینا) **مُوَرِّخ** (فاعل) تاریخ لکھنے والا۔ تاریخ نگار
واقع نویس۔ اہل سیر۔ **مورخانہ** (صفت) مورخوں
کی طرح۔ **مورخوں** (مذکر) مورخ کی جمع حروف
مغیرہ سے پہلے **مورّخہ** (صفت۔ مونث) ا تاریخ دیا
گیا ۲ لکھا ہوا۔ مرقومہ **مورخین** (مذکر) مورخ کی جمع۔

مَورِد رع۔ مذکر) ا اترنے پہنچنے۔
آنے ٹھیرنے کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں سے کوئی گزرے
۲ داخلہ۔ پہنچ۔ رسائی ۳ مقام۔ جائے رہائش
۴ وہ چیز جس کی تلاش کی جائے ۵ آدمیوں اور
حیوانوں کے پانی پینے کی جگہ (وَرَدَ۔ اترنا) **موردِ**
الزام کرنا (متعدی) الزام لگانا **موردِ عتاب**
کرنا (متعدی) ناراض ہونا **موردِ لطف و کرم**
ہونا (لازم) مہربان ہونا۔

مُورَکھ رھ۔ صفت) ا بیوقوف ۲ جاہل
ناواقف۔ **مورکھپا۔ پن۔ پنا۔ تا** (مذکر) **تائی**
(مونث) **لَو** (مذکر) ا بیوقوفی۔ حماقت ۲ جہالت۔
ناواقفیت۔ غفلت **مورکھ سمجھاؤنی** (مونث) نیچی

لاٹھی۔

امثال واقوال۔ مورکھ سے کیا کہیئے جاسے کیا بوسائے۔ بیوقوف سے کچھ کہنے کا فائدہ نہیں اس پر کہنے کا اثر نہیں ہوتا مورکھ کا کھ مبب ہے بولے بچن بہنگ بیوقوف فضول باتیں کرتا ہے مورکھ کو سمجھاونا سرس بیچ چلی جائے۔ جیئیں پتھر کے مارے چوکھو تیر نسائے۔ بیوقوف کو سمجھانے میں تمام اصول جاتا رہتا ہے۔ جس طرح پتھر پر تیر چلانے سے کچھ اثر نہیں ہوتا۔ مورکھ کو مت سونپ تو چترائی کا کام۔ گدھا بکت ملتے نہیں بدھ گھوڑے کے دام۔ بیوقوف کے سپرد عقل کا کام نہیں کرنا چاہیئے گدھے کی قیمت برے گھوڑے کے برابر نہیں ملتی۔ مورکھ کے بکھان سہاوے ۱؎ نادان کو نصیحت سننے کی عادت ہوجاتی ہے ۲؎ سوالیہ صورت میں بیوقوف کو نصیحت اچھی نہیں لگتی۔ مورکھ کی ساری رین چاتر کی ایک گھڑی ا بیوقوف کی صحبت میں ساری رات میں وہ لطف نہیں آتا جو عقلمند سے ایک گھڑی میں آجاتا ہے ۲؎ عقلمند جو کام تھوڑی دیر میں کر لیتا ہے بیوقوف سے دیر میں بھی نہیں ہوتا۔ مورکھ کے سمجھاونے گیان گانٹھ جائے بیوقوف کو سمجھانے میں علم ضایع ہوتا ہے مورکھ مونڈ دو گنوار کو سیکھ نہ دیجو کوئی۔ کوکر کی پونچھڑی کبھی نہ سیدھی ہوئے گنوار کو نصیحت نہیں کرنی چاہیئے۔ کتے کی دم کبھی سیدھی نہیں ہوتی۔

مَورنا (ھ۔ لازم) دیکھو مولنا۔

مَورُوث (ع۔ مفعول) ۱؎ وراثت کیا گیا۔ وارث کیا گیا۔ ورثہ میں ملا ہوا ۲؎ (مذکر) وراثت۔ ورثہ میں ملا ہوا مال (وَرَث۔ ورثہ میں ملنا) مَورُوثی (صفت) ۱؎ دیکھو موروث ۲؎ آبائی۔ جدی۔ باپ دادا کا۔

موری (ہ۔ مونث) ۱؎ نالی۔ بدرو۔ پانی کے نکاس کی جگہ۔ موہری ۲؎ سوراخ ۳؎ دہانہ۔ کپڑے کے آستین کا سرا ۴؎ موکھا ۵؎ بدن کی نالی (س مکھ۔ منہ) موری پر جانا (لازم) پیشاب کے لئے جانا یو تنے جانا۔ موری چھوٹنا (لازم) دست آنا۔ پیٹ چلنا موری کا کیڑا (مذکر) وہ بچہ جو پیدا ہوتے ہی مرجائے۔

امثال واقوال۔ موری کا کیڑا موری میں خوش رہتا ہے۔ جو گندگی میں پلا ہو وہ گندگی میں خوش رہتا ہے۔ موری کی اینٹ چوبارے چڑھی کمینے کو اعلےٰ رتبہ مل گیا موری میں اینٹ اڑ گئی بنا ہوا کام بگڑ گیا۔ موری میں پتھر ڈالوگے تو چھینٹیں اڑیں گی گندے معاملے میں پڑوگے تو بدنامی ہوگی۔

مَوریہ (س۔ مذکر) ایک خاندان جس کا بانی چندر گپت تھا۔ اس کے مفصلہ ذیل راجے ہوئے

مَوڑ (ھ۔ مذکر) نوشہ کا تاج۔ ایک قسم کا تاج جسے دولہا کے سر پر رکھ کر اوپر سہرا باندھتے ہیں۔ موڑی (مونث) دیکھو موڑ۔

مُوڑ (ھ۔ مذکر) سر۔

موڑ (ہ۔ امر) ۱؎ موڑنا ۲؎ (مذکر) وہ جگہ جہاں سے راستہ مڑے۔ گھماؤ۔ راہ کا چکر یا کجی ۳؎ چکر پھیر ۴؎ پیچ۔ بل خم۔ پیچ و تاب ۵؎ دشمن کی فوج کو پیچھے ہٹا دینا ۶؎ شکست۔ ہار ۷؎ واپس لینا۔ دیسی مال مسروقہ کی ۸؎ بدلہ۔ انتقام ۹؎ بھوٹ بیچ کا پھوٹنا ۱۰؎ اناج کا شگوفہ ۱۱؎ بواسیر کا بیرونی مسّہ ۱۲؎ کتاب کا مڑا ہوا کونہ (س مُٹ۔ پینا) موڑا (ماضی) ۱؎ موڑنا کی ۲؎ (مذکر) موڑ۔ موڑ کھانا (ھ) مڑجانا ۲؎ واپس ہوجانا موڑ توڑ (مذکر) چکر پھیر۔ گھماؤ۔ موڑ دینا (متعدی) ۱؎ واپس کر دینا۔ پھیر دینا ۲؎ خمیدہ کر دینا۔ بل یا خم دینا۔ ٹیڑھا کر دینا ۳؎ ایک طرف سے دوسری طرف رخ کر دینا۔ ہٹا دینا موڑ کا آزار (ھ) بواسیر کی بیماری موڑ کھانا (ھ) ۱؎ مڑجانا۔ واپس ہوجانا ۲؎ شکست کھانا۔ پسپا ہونا موڑنا (متعدی) ۱؎ پھیرنا گھمانا چکر دینا ۲؎ بل دینا خم دینا۔ پیچدار بنانا ۳؎ واپس کرنا۔ لوٹانا ۴؎ الٹ پھیرنا۔ واپس لانا ۵؎ رخ بدلنا۔ سمت بدلنا۔

مُوڑھ (ہ۔ صفت) مورکھ۔ بیوقوف

مُوڑھا (ہ۔ مذکر) سرکنڈوں کی بنی ہوئی کرسی۔

موڑھا (ہ۔ مذکر) مونڈھا۔

مَوز (ع۔ مذکر) کیلے کی پھلی۔

موزر رائفل (جرمن۔ مونث) ایک قسم کی بندوق جو جرمنی اور دیگر ممالک کی فوجوں میں تقسیم کی جاتی ہے۔

مَوزُون (ع۔ مفعول) ۱؎ وزن کیا گیا۔ تلا ہوا ۲؎ اچھا ہوا ۳؎ زیبا۔ پھبتا ہوا ۴؎ لایق۔ واجب۔ مناسب ۵؎ حسب حال۔ ٹھیک۔ درست چسپاں ۶؎ خوش آیند پسندیدہ ۷؎ مقبول۔ سنجیدہ ۸؎ بحر سے درست وہ شعر جو ارکان عروض سے ٹھیک اور درست ہو (وَزَن۔ ٹھیک تولنا) موزون طبع (صفت) وہ شخص جس کی طبیعت موزوں ہو موزوں طبعی (مونث) موزوں طبع ہونا موزوں کرنا (متعدی) ۱؎ ٹھیک کرنا۔ درست کرنا حسب حال کرنا ۲؎ شعر کو وزن یا بحر سے درست کرنا ۳؎ شعر یا مصرع کہنا موزوں ہونا (لازم) ۱؎ پھبنا۔ زیبا ہونا ۲؎ لایق ہونا۔ واجب ہونا ۳؎ شعر کا بحر سے درست ہونا موزونیت (مونث) ۱؎ پسندیدگی سنجیدگی۔ زیبایش پھبن ۲؎ درستی۔ موزوں۔

مَوزہ (ف۔ مذکر) ۱؎ جراب۔ چمڑے کی جراب ۲؎ انگریزی جوتا۔ بوٹ موزہ ساز (مذکر) جوتا بنانے والا۔ موچی موزہ گیر (صفت) وہ گھوڑا جو سوار کے پاؤں کو پکڑے یا کاٹے موزے (مذکر) موزہ کی جمع یا بجائے موزہ حروف مغیرہ سے پہلے۔

امثال واقوال۔ موزے کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ۔ موزے کا گھاؤ میاں جانے یا پاؤں اپنی تکلیف کو انسان آپ ہی خوب جانتا ہے۔ اندرونی حالات دوسرا نہیں جان سکتا

مُوس (ہ۔ امر) ۱؎ موسنا کا (س موش۔ چرانا) موسا (ماضی) موسنا کی۔ موس کے کھا جانا (متعدی) کسی کا مال دغا اور فریب سے کھا جانا ٹھگ کر یا لوٹ کر کھا جانا موس کے کھوک کر دینا (متعدی) لوٹ لاٹ کر فقیر بنا دینا۔ نادار بنا دینا۔ پیسہ پاس نہ چھوڑنا موسنا (متعدی) لوٹ لینا۔ ٹھگ لینا۔ دغا اور فریب سے مال کھا جانا۔ مال اڑا لینا۔

مُوس (ہ۔ مذکر) ۱؎ چوہا۔ موش (س مُوش) ۲؎ گھڑیالی (س موشا) موسا (مذکر) چوہا۔ موسا کنّی (مونث) ایک قسم کی خوشبودار گھاس موسا گابھ (مذکر) نطفہ جو ماں کے پیٹ میں ٹھہرے۔

مَوسا (ہ۔ مذکر) خالو۔

مُوسائی (ع۔ مذکر) حضرت موسےٰ کا پیرو۔ یہودی۔

مُوسر۔ مُوسرا (ہ۔ مذکر) دیکھو مُوسل۔

مُوسرا (ہ۔ مذکر) چوہا۔ موسری (مونث) چوہیا۔

مُوسَل (ہ۔ مذکر) لکڑی کا موٹا ڈنڈا جس سے اناج چاول وغیرہ کوٹتے ہیں (س مُسل) مُوسلا (مذکر) موسل کی تصغیر ۱؎ چھوٹی پھلی۔ بیدہ ۲؎ جریب

سفا ۲ پچکاری کی ڈنڈی۔ پہیے کی لاٹ ۳ جڑ۔ اصل خصوصاً سمبل کی جڑ **موسلادھار** (مذکر) وہ مینہ جو دیر تک زور سے برسے **موسلادھار برسنا یا پڑنا** (متعدی) بہت زور شور سے بارش ہونا۔ چھاجوں مینہ پڑنا۔ **موسلوں** (مذکر) موسل کی جمع **موسلوں ڈھول بجانا** (متعدی) منادی کرنا کسی بات کی تشہیر۔ پکار پکار کر کہنا **موسلوں سے جھڑنا** (متعدی) ۱ اناج کو موسلوں سے صاف کرنا ۲ کسی چیز کا کثرت سے ہونا **موسلی** (مونث) اصل۔ جڑ۔

مَوسِم (ع۔ مذکر) ۱ وقت۔ ایام۔ موقع۔ دن۔ زمانہ ۲ فصل۔ سماں ۳ سال کے چار حصوں میں سے کوئی ایک (وَسَم۔ بیان کرنا) **موسم آنا** (لازم) کسی فصل کا اپنے موقع پر ہونا۔ سماں آنا **موسمِ بہار** (مذکر) وہ موسم جس میں پھول نکلتے ہیں۔ فروری سے اپریل تک **موسمِ خزاں** (مذکر) ۱ وہ موسم جس میں درختوں کے پتے جھڑ جاتے ہیں۔ نومبر سے جنوری تک پت جھڑ ۲ زوال کا زمانہ۔ زمانۂ تنزل ۳ پیری کا زمانہ۔ بڑھاپا۔ پیری ۴ اخیر حسن۔ ڈھلتی ہوئی جوانی **موسمِ سرما** (مذکر) سردی کا موسم۔ اکتوبر سے فروری تک **موسمِ شِتا** (مذکر) سردی کا موسم **موسمِ گُل** (مذکر) بہار کا موسم **موسم ہونا** (لازم) کسی فصل کا اپنے وقت مقررہ پر سال میں ہونا۔ سماں ہونا **موسمی** (صفت) موسم کا۔ رت کا ۲ وقت کا۔ موقع کا **موسمی بخار** (مذکر) وہ بخار جو برسات کے موسم کے بعد ہوتا ہے۔ ملیریا۔

مُوسَن (ھ۔ مذکر) چوری کرنا۔ سرقہ۔

موسنا (ھ۔ متعدی) ۱ گلا گھونٹنا۔ دبانا۔ بھینچنا ۲ موسنا۔

مَوسُوم (ع۔ مفعول) ۱ نام رکھا گیا۔ نام کیا گیا ۲ مخاطب۔ ملقب (وَسْم۔ نام رکھنا) ۳ نشان دیا گیا۔ نقش کیا گیا ۴ منقوش (وَسَم۔ نشان کرنا) **موسومہ** (صفت۔ مونث) موسوم سے۔

مُوسوی (ع۔ صفت) حضرت موسےٰ سے موصوف۔

مُوسےٰ ۔ موسیٰ ۱ (۱۵۷۱-۱۴۵۱) بن عمران جو قبید کے بطن سے عمران کے چھوٹے بیٹے تھے اس زمانے میں فرعون کے حکم سے بنی اسرائیل کی اولاد نرینہ قتل کی جا رہی تھی اس لئے ان کی والدہ نے انہیں ایک ٹوکری میں رکھ کر دریا میں ڈال دیا۔ فرعون کی بیوی یا بیٹی نے نکال کر انہیں پرورش کیا۔

مُوسیچہ (ف۔ مذکر) فاختہ۔ قمری۔

مَوسیرادہ (صفت) خالہ زاد (موسا کا دموسا سے) **موسیرا بھائی** (مذکر) خالہ کا بیٹا۔ **موسیری** (صفت۔ مونث) خالہ زاد **موسیری بہن** (مونث) خالہ زاد بہن۔

مُوسیقار (ف۔ مذکر) ۱ ایک خیالی پرند۔ دیکھو ققنس ۲ ایک باجے کا نام۔

مُوسیقی (ع۔ مونث) گانے بجانے کا علم۔ راگ کا علم (یو۔ موسکی جس کا یہ معرب ہے)

مُوش (ف۔ مذکر) چوہا **موش دان** (مذکر) چوہا پکڑنے کا صندوق **موشِ دشتی یا صحرائی** (مذکر) جنگلی چوہا **موشک** (مونث) گلہری **موشک دوانی** (مونث) شرارت۔ فتنہ انگیزی (کرنا ہونا کے ساتھ) **موشک یا موشِ کور** (مونث) چھچھوندر **موش گیر** (مذکر) ایک شکاری پرند جو چوہے پکڑ کے کھاتا ہے ۲ چوہے مار **موشی** (مذکر) موش صحرائی کے رنگ کا گھوڑا جو منحوس مانا گیا ہے۔

مُوش (س۔ مذکر) موشا (مونث) ۱ چوری کرنا۔ سرقہ کرنا۔ چرانا۔ اڑانا ۲ سرقہ۔ چوری۔ ڈاکہ۔ ٹھگی ۳ دھوکا۔ دغا۔ فریب ۴ چوہا۔ چوہیا **موشک** (مذکر) ۱ چوہا ۲ چور **موشکا** (مونث) ۱ چوہیا ۲ عورت چور۔ کٹھالی **موشن** (مذکر) چوری کرنا۔ لوٹنا۔ **موشی** (مونث) دیکھو موشکا۔

مُوَشَّح (ع۔ مفعول) ۱ آراستہ کیا گیا۔ سجایا گیا ۲ بدھی پہنایا گیا ۳ مزین۔ مرصع (وَشَّح۔ سجانا)

مُوشِک (س۔ مذکر) ۱ ایک درخت

مُوصِل (ع۔ فاعل) پہنچانے والا۔ لیجانے والا۔ حامل (اَوْصَل۔ پہنچانا۔ وَصْل۔ ملانا)

مُوَصَّل (ع۔ مفعول) ۱ پہنچا ہوا ۲ ملایا ہوا ۳ حاصل کیا ہوا (تَوَصَّل۔ پہنچانا)

مَوصُوف (ع۔ مفعول) ۱ وصف کیا گیا تعریف کیا گیا۔ ممدوح ۲ وہ جس کی تعریف کی جائے ۳ مذکور (کرنا ہونا کے ساتھ) (وَصَف۔ بیان کرنا) **موصوف الیہ** (مذکر) وہ شخص جس کی تعریف کی جائے۔ **موصوفہ** (صفت۔ مونث) دیکھو موصوف۔

مَوصُول (ع۔ مفعول) ۱ وصل کیا گیا۔ ملایا گیا۔ ملایا ہوا۔ جڑا ہوا ۲ وہ اسم ناتمام جو اکیلا کسی جملے میں معنی نہیں دیتا۔ اس کا صلہ اس کے بعد آتا ہے جو جوں۔ جس۔ جن۔ جنہوں اسمائے موصول ہیں (وَصْل۔ ملانا) **موصولہ** (صفت۔ مونث) دیکھو موصول۔

مُوصی (ع۔ فاعل) وصیت کرنے والی۔ (اَوْصیٰ۔ وصیت کرنا) **موصیہ** (صفت۔ مونث) وصیت کرنیوالی۔

مُوصیٰ (ع۔ مفعول) وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو (اَوْصیٰ۔ وصیت کرنا) **موصیٰ الیہ** (مذکر) وہ شخص جس کو کہا گیا ہو کہ میرے مرنے کے بعد یوں کرنا **موصیٰ بہ** (مذکر) وہ شئے جس کے دینے کی وصیت کی گئی ہو **موصیٰ لہٗ** (مذکر) وہ شخص جس کے حق میں نصیحت کی گئی ہو۔

مُوَضِّح (ع۔ فاعل) واضح کرنیوالا۔ روشن کرنے والا (اَوْضَح۔ روشن کرنا)

مَوضَع (ع۔ مذکر) جگہ۔ مقام۔ موقع۔ چیز رکھنے کی جگہ (وَضَع۔ رکھنا)

مَوضِع (ع۔ مذکر) گاؤں۔ دیہ۔ گراں (وَضَع۔ رکھنا) **موضع وار** (صفت) وہ عار۔ نمبردار گاؤں گاؤں۔ گاؤں کی ترتیب سے۔

مَوضُوع (ع۔ مفعول) ۱ وضع کیا گیا۔ رکھا گیا۔ کیا گیا ۲ (مذکر) اصل شئے جس کے متعلق کسی علم میں بحث کریں۔ مضمون۔ مدعا ۳ (منطق) مبتدا جو خبر کے مقابل ہو خبر کو محمول کہتے ہیں ۴ (اقلیدس وغیرہ) وہ اصول جن کو صحیح تسلیم کیا گیا ہو ۵ بامعنی لفظ (وَضَع۔ رکھنا) **موضوعہ** (صفت مونث) دیکھو موضوع۔

مَوطِن (ع۔ مذکر) وطن۔ اپنا دیس۔ زاد بوم۔ پیدائش گاہ (وَطَن۔ رہنا)

مَوعِد (ع۔ مذکر) ۱ وعدہ کرنا۔ وعدہ ۲ پیشین گوئی کرنا۔ آئندہ کے حالات بتانا (وَعَد۔ وعدہ کرنا)

مَوعِدَت (ع۔ مونث) عہد۔ عہد و پیمان وعدہ۔ اقرار (وَعَد۔ اقرار کرنا)

مَوعِظَت (ع۔ مونث) نصیحت کرنا۔ پند نصیحت (وَعَظ۔ نصیحت کرنا)

مَوعُود (ع۔ مفعول) وعدہ کیا گیا۔ وعدہ کردہ شدہ۔ اقرار کیا گیا۔ وہ شئے جس کا وعدہ کیا گیا ہو (وَعَد۔ اقرار کرنا)

مُوَفَّق (ع۔ صفت) توفیق دیا گیا۔ نیک کام کرنے کا سامان دیا گیا۔ مدد دیا گیا۔ برکت دیا گیا (وَفَّق۔ توفیق دینا)

مَوفُور (ع۔ صفت) ۱۔ وافر کیا گیا۔ زیادتی کیا گیا ۲۔ بہت۔ بافراط۔ بکثرت۔ بے انتہا ۳۔ پورا۔ کمل (وَفَر۔ بھرا ہونا)

مُوَقَّت (ع۔ مفعول) خاص وقت پر ٹھہرایا گیا۔ زمانے کے ساتھ معین کیا گیا (وَقت۔ وقت مقرر کرنا)

مُوقَر (ع۔ مفعول) ۱۔ لدا ہوا ۲۔ بوجھ اٹھانے والا ۳۔ حاملہ (عورت) ۴۔ دبا ہوا ۵۔ مظلوم ۶۔ غریب کیا گیا۔ مفلس بنایا گیا (اَوقَر۔ لادنا)

مُوَقَّر (ع۔ مفعول) ۱۔ عزت دیا گیا۔ توقیر کیا گیا ۲۔ عزت دار۔ معزز۔ حرمت والا (وَقَر۔ عزت کرنا)

مَوقَع (ع۔ مذکر) ۱۔ وہ جگہ جہاں کوئی چیز واقع ہو۔ واقع ہونے کی جگہ۔ جائے وقوع۔ محل وقوع ۲۔ خاص وقت۔ خاص مقام ۳۔ وقتِ مناسب (وَقَع۔ گرنا۔ ہونا) **موقع بموقع** (تف) جگہ جگہ **موقع بننا** (لازم) موقع ملنا **موقع بے موقع** (تف) ہر وقت چاہے موقع ہو نہ ہو **موقع پا جانا یا پانا** (لازم) محل پا جانا۔ موقع ملنا **موقع پر** (تف) خاص جگہ پر۔ مناسب وقت پر۔ عین وقت پر **موقع پڑنا** (لازم) اتفاق پیش آنا **موقع پکڑنا** (متعدی) موقع سے فائدہ اٹھانا۔ **موقع ہاتھ سے جانے دینا** (غضب) انگریزی محاورے کا ترجمہ ہے **موقع تکنا یا دیکھنا** (متعدی) وقت کا منتظر رہنا۔ داؤں گھات میں رہنا۔ وقت دیکھنا۔ **موقع جانے دینا** (متعدی) موقع کو کھو دینا۔ وقت پر کام نہ کرنا **موقع دینا** (متعدی) مہلت دینا۔ مناسب وقت دینا **موقع سے** (تف) وقت سے۔ وقت دیکھ کر۔ وقت کے موافق ڈھنگ سے **موقع شرط ہے** اگر وقت مل جائے **موقع کو کھو دینا** (متعدی) وقت پر کام نہ کرنا **موقع کو نہ جانے دینا** (متعدی) وقت پر کام کرنا **موقع کی** (صفت) ڈھنگ کی۔ حسب منشا۔ وقت کی۔ مناسب۔ لائق۔ **موقع ملنا** (لازم) مہلت ملنا۔ داؤں پر چڑھنا۔ مناسب وقت ہاتھ لگنا۔ گھات پر چڑھنا۔ وقت ملنا **موقع نکل جانا** (لازم) وقت ہاتھ سے چلا جانا۔ وقت نکل جانا **موقع واردات** (مذکر) وہ جگہ جہاں کوئی جرم واقع ہو **موقع ہاتھ سے دینا** (متعدی) موقع جانے دینا بیشتر نفی کے ساتھ **موقع ہاتھ لگنا** (لازم) دیکھو موقع ملنا۔

مَوقِف (ع۔ مذکر) ۱۔ کھڑے ہونے کی جگہ۔ ٹھہرنے کی جگہ ۲۔ مقام ۳۔ عرب میں ایک مقام جو مکہ سے سات میل کے فاصلے پر ہے اسے عرفات بھی کہتے ہیں ۴۔ وہ مقام جہاں قیامت کے دن کئی واقعات ہونگے (وَقف۔ کھڑا ہونا۔ ٹھہرنا)

مَوقُوف (ع۔ مفعول) ۱۔ ٹھہرایا گیا۔ کھڑا کیا گیا ۲۔ برخاست کیا گیا۔ نوکری سے علیحدہ کیا گیا ۳۔ منسوخ کیا گیا۔ رد کیا گیا ۴۔ ملتوی کیا گیا ۵۔ روکا گیا ۶۔ ترک کیا گیا۔ چھوڑا گیا ۷۔ انحصار کیا گیا ۸۔ مظہرے خدا کے نام پر چھوڑا گیا۔ وقف کیا گیا۔ عام کر دیا گیا ۹۔ وہ حرف کہ وہ اور اس کا ماقبل متحرک نہ ہو ۱۰۔ (مونث) وہ حدیث جس کے راویوں کا سلسلہ اصحابہ تک پہنچے (وَقف۔ کھڑا کرنا۔ ٹھہرنا) **موقوف الیہ** (صفت) ۱۔ جس کے لئے وقف کیا گیا ہو۔ مال وقف کا لینے والا ۲۔ متولی **موقوف رکھنا** (متعدی) ۱۔ کسی پر منحصر کرنا ۲۔ ملتوی کرنا **موقوف علیہ** (صفت) وہ شخص جس پر کسی کام کا فیصلہ منحصر کیا گیا ہو۔ منصف۔ پنچ۔ ثالث۔ **موقوف کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱۔ برخاست کرنا۔ برطرف ہونا ۲۔ ملتوی ہونا۔ باز رہنا ۳۔ کسی پر منحصر ہونا **موقوفی** (مونث) ۱۔ برطرفی۔ برخاستگی۔ معزولی ۲۔ التوا۔ توقف۔ ڈھیل **موقوفی میں آ جانا یا آنا** (لازم) موقوف ہونا۔ برخاست ہونا۔

مُوک (س۔ صفت) **موک** (ھ) گونگا ۲۔ چپ۔ خاموش ۳۔ غریب۔ مفلس ۴۔ (مذکر) حیوان ۵۔ مچھلی ۶۔ ایک دانو یا دیت۔

مَوکِب (ع۔ مذکر) ۱۔ فوج۔ سپاہ ۲۔ پیدل کی سپاہ جا ہے پیدل یا سوار ۳۔ سواری کا جلو (وَکَب۔ آہستہ چلنا) **موکبی** (صفت) جلو کا۔ جو اردل میں ہمراہ ہو **موکبیانِ سَحَر** (مذکر) وہ فرشتے جو معراج میں پیغمبر صلعم کے ہمراہ تھے۔

مُوَکَّد (ع۔ مفعول) تاکید کیا گیا (تَاکَد۔ مضبوط کرنا) **موکِّد** (فاعل) تاکید کرنیوالا۔

موکش (س۔ مذکر) ۱۔ کھولنے حل کرنے یا ڈھیلا کرنے کا فعل ۲۔ مکتی۔ موکھ۔ نجات ۳۔ تناسخ ۔ آواگون سے چھٹکارا ۴۔ موت ۵۔ ایک خاص منتر جو نجات کے لئے مفید ہے ۶۔ سورج یا کسی سیارے کا گرہن سے چھوٹنا گرہن کا خیر ۷۔ قیدی کی رہائی ۸۔ بالوں کا کھولنا ۹۔ کسی امر کا فیصلہ ۱۰۔ قرض کی ادائیگی ۱۱۔ خون یا آنسو کا بہانا ۱۲۔ لعنت بھیجنا ۱۳۔ چھوڑ دینا۔ تیاگنا ۱۴۔ میرو پہاڑ کا نام **موکش پوری** (مونث) دکنی کا ایک شہر **موکش دھرم** (مذکر)

۱۔ نجات کا قانون ۲۔ مہابھارت کی بارھویں کتاب کا ایک حصہ **موکش دیو** (مذکر) ہیون تھسانگ کا نام۔

مُوَکَّل (ع۔ مفعول) ۱۔ وہ شخص جسے کوئی کام سپرد ہو۔ رکھوالا ۲۔ امانت دار ۳۔ محافظ۔ ذمہ دار ۴۔ وہ فرشتہ جو کسی کام پر مقرر ہو۔ ہیرز (وَکَّل۔ وکیل مقرر کرنا) **موکِّل** (فاعل) وہ شخص جو وکیل مقرر کرے۔ وکیل کرنیوالا۔ کام سپرد کرنے والا ... کام وکیل کو دینے والا۔ اسامی **موکِّلہ** (مونث) عورت موکل۔

موکلا (ھ۔ صفت) ۱۔ کھلا ہوا۔ باز۔ کشادہ ۲۔ جدا۔ علیحدہ ۳۔ کافی۔ بکثرت۔ وافی ۴۔ آزاد ۵۔ ایک پودہ ۶۔ ایک ترکاری **موکلا روپ** (مذکر) نیا شگوفہ۔

موکلو (ھ۔ صفت) زیادہ کثا۔

موکھ (ھ)، **موکھارہ** (مذکر) ۱۔ چھوٹا سوراخ۔ روشن دان ۲۔ جھروکا۔ سوراخ جو عورتیں دو مکانوں کے درمیان باتیں کرنے کو بنا لیتی ہیں ۳۔ نہر کا سوراخ جس میں سے پانی نکل کر نالیوں میں جاتا ہے ۴۔ کبوتروں کا خانہ (لکھنو) (س۔ مکھ منہ)

مُوکھارہ (مذکر) ۱۔ چھت کے چھپر کا اوپر کا کنارہ ۲۔ دیوار کی منڈیر۔ منگرا۔ کگری (س۔ مکھ منہ)

مَوکھیہ (س۔ مذکر) ۱۔ پیش روی۔ تقدیم۔ سبقت ۲۔ فوقیت۔ فضیلت۔ ترجیح ۳۔ سرداری۔ پیشوائی۔

مَوگدھ (س۔ مذکر) ۱۔ سادگی۔ سادہ پن۔ بھولا پن ۲۔ ناتجربہ کاری ۳۔ جہالت۔ بیوقوفی۔

موگرا (ھ۔ مذکر) ۱۔ دوہرا موتیا۔ بڑا بیلا بڑی موگری ۲۔ کڑوں کا وہ حصہ جو گول گھنڈی کی طرح ہوتا ہے ۳۔ ایک قسم کا چاول ۴۔ بندوق کا گز (س۔ مُدگر۔ ہتھوڑا) **موگری** ۱۔ وہ لکڑی کا آلہ جس سے گھنٹہ بجاتے ہیں ۲۔ وہ لکڑی کا آلہ جس سے زمین یا چھت کوٹتے ہیں اسکے نیچے کے سرے پر گول یا چوڑا پتھر یا لوہے کا بھاری ٹکڑا لگا ہوتا ہے ۳۔ وہ لکڑی کا آلہ جس سے دھوبی کپڑے کوٹتے ہیں

موگرے (ھ۔ مذکر) مولی کے بیجوں کی پھلیاں جنکو ترکاری کے طور پر پکاتے ہیں (س۔ موگر ہتھوڑا)

موگھ (س۔ مذکر) ۱۔ بے فائدہ۔ عبث۔ لاحاصل بیکار۔ بے مصرف۔ رائگاں۔ اکارتھ۔ نکما ۲۔ (مذکر) باڑ۔

موگھا (س۔ مونث) (ھ۔ مذکر) ایک پودہ

مَول (س۔ صفت) ۱۔ جڑ سے نکلا ہوا ۲۔

اصلی نفرمعی ۳ جو قدیم سے چلا آئے۔ پرانا قدیمی ۴ اچھی نسل سے جو
اسوقت موجود تھے جب کوئی جگہ آباد ہوئی تھی ۵ خالص خون
کا۔ اچھی نسل کا۔ عالی خاندان۔ اعلیٰ نسل کا

مُول (ہ۔ مذکر) ۱ جڑ ۲ اصل۔ بنیاد ۳ شروع
آغاز۔ منبع ۴ وجہ۔ سبب ۵ ۔ نچلا سرا ۶ دامن (پہاڑ کا) ۷
کسی چیز کا اخیر یا انجام ۸ نسل۔ اولاد ۹ وہ اصل روپیہ جس
سے سوداگری کی جائے۔ پونجی۔ سرمایہ ۱۰ مضمون کتاب ۱۱
جزو۔ دوسرے درجے کا گھٹاؤ ۱۲ انیسواں نچھترہ جو بہت
منحوس سمجھا جاتا ہے ۱۳ بعدالی۔ مورث اعلیٰ ۱۴ مادہ۔ دھاتو ۱۵
(تف) ہرگز (س مُول) **مول پتر** (مذکر) اصل سند۔ سند خاص
وثیقہ۔ **مول چیز** (مونث) اصل چیز۔ ضروری چیز **مول کی
باتیں** (مونث) اصلیت کی باتیں۔

امثال و اقوال

مول سے بیاج پیارا ہوتا ہے ۱ اصل روپے سے اس کی آمدنی زیادہ
پیاری ہوتی ہے ۲ بیٹی سے اولاد پیارا ہوتا ہے **مول ٹوا اسکو
بھائے کرو جو نہ کرے غرور۔ جو نہ سائیں سے ڈرے
واسے ڈرو ضرور** (مغرور سے بالکل نہ ڈرو مگر جو خدا سے
ڈرے اس سے ڈرو۔

مول (ہ۔ مذکر) ۱ قیمت۔ دام ۲ نرخ۔ بھاؤ
(س۔ موتی) **مول بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) قیمت
یا نرخ زیادہ ہونا **مول بننا** (لازم) قیمت طے ہونا۔ سودا
ہونا **مول توڑنا** (متعدی) قیمت گھٹانا۔ نرخ کم کرنا۔
مول تول (مذکر) قیمت کا تعین۔ تشخیص قیمت بھاؤ تاؤ
سودا۔ **مول تول ٹھہرانا۔ چکانا یا کرنا** (متعدی)
قیمت کا فیصلہ کرنا۔ قیمت چکانا **مول ٹھہرانا** (متعدی)
قیمت چکانا۔ نرخ مقرر کرنا۔ قیمت کا فیصلہ کرنا۔ نرخ مقرر
کرنا۔ سودا کرنا **مول ٹوٹ جانا** (لازم) قیمت گر جانا۔
نرخ کم ہو جانا **مول چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا**
(لازم) نرخ بڑھ جانا۔ قیمت زیادہ ہو جانا **مول چکانا**
(متعدی) قیمت طے کرنا **مول دینا** (متعدی) ۱ قیمتاً دینا
دام لیکر دینا ۲ قیمت ادا کرنا۔ دام دینا **مول کرنا** (متعدی)
قیمت چکانا۔ نرخ کا فیصلہ کرنا **مول گھٹانا** (متعدی)
گھٹنا (لازم) قیمت کم ہونا **مول لگانا** (متعدی) **لگنا**
(لازم) ۱ دام لگنا۔ قیمت مقرر ہونا ۲ قیمت ٹھہرنا۔ قیمت دینا۔
مول لیکر چھوڑ دینا یا چھوڑنا (متعدی) ۱ خرید کر آزاد
کر دینا ۲ غلام بنا کر چھوڑ دینا ۳ غلامی میں بھی نہ رکھنا بہت
ادنے سمجھنا **مول لے لینا** (متعدی) بہت احسان کرنا
مول لینا (متعدی) ۱ خریدنا کسی چیز کا ۲ سودا کرنا۔
چکانا ۳ غلام بنانا۔ غلام سمجھ لینا **مول نہ رکھنا** (متعدی)
بیش بہا ہونا۔ بیش قیمت ہونا **مولوں** (مذکر) مول کی جمع
مول ہونا (لازم) قیمت ہونا۔ دام ہونا۔

مَولا (ع۔ مذکر) ۱ مالک۔ آقا۔ صاحب
والی ۲ اللہ تعالےٰ۔ خدا تعالےٰ ۳ بادشاہ۔ سلطان
حاکم۔ شاہنشاہ ۴ آزاد کردہ غلام۔ داس۔ چیلا ۵ مددگار
معاون۔ دوست۔ یار۔ ساتھی۔ شریک ۶ ہمسایہ۔ پڑوسی ۷
حضرت جناب علیؓ ۸ شاہان مراکو کا لقب (اصل مولی یا مولے
وَلی۔ نزدیک ہونا) **مولا بخش** (مذکر) ۱ مسلمانوں میں ایک
نام ۲ اکبر کے وقت کا ایک بڑا جوتا جس سے شریروں کو مارا
کرتے تھے۔ اب پولیس والے ملزموں پر تشدد کرنے کے لئے استعمال
کرتے ہیں۔ ہنسا گنگارام کہتے ہیں **مولا بھلا کرے** فقیروں
کی دعا۔ خدا برکت دے **مولا دولا** (صفت) ۱ بھولا بھالا
۲ لاابالی۔ بےپروا ۳ بہت سخی داتا۔ فیاض **مولا علی** (مذکر)
۱ حضرت علیؓ ۲ آزاد فقیر سلام کے جواب میں کہتے ہیں۔
مولا کے نام دیجیو فقیروں کی صدا **مولانا** (مذکر) ۱ فاضل
اجل۔ عالم متبحر۔ علما کا اعزازی خطاب ۲ خصوصیت سے
جلال الدین رومی کا لقب **مولائی** (مونث، ع) سرداری
امیری۔ امارت **مولانہ** (مکیار (مذکر) فرقہ مولویہ کے سردار کا لقب

مثل۔ مولا ہاتھ برائیاں جس چاہے تس دے۔ تمام برائیاں خدا کے ہاتھ میں ہیں جسے چاہتا ہے دیتا ہے۔

مَولِبڈِنیم (انگ۔ مذکر) ایک دھاتی عنصر
جو پانی سے ۲، ۱۰ گنا بھاری ہے

مَولِد (ع۔ مذکر) ۱ پیدا ہونے کی جگہ۔ جائے
ولادت ۲ پیدائش۔ ولادت ۳ مجلس جس میں پیغمبر صلعم
کی ولادت کا ذکر کیا جائے ۴ وہ کتاب جس میں پیغمبر صلعم
کی ولادت کا حال بیان کیا جاتا ہے (وَلَدَ۔ جننا)

مُوَلَّد (ع۔ مفعول) ۱ وہ عجمی جس نے عرب
میں پرورش پائی ہو ۲ وہ عجمی (لفظ) جس کو اہل عرب نے
اپنے کلام میں استعمال کیا ہو (وَلَّدَ۔ کسی چیز سے نکلنا)

مَولڑ (اردو۔ مذکر) مول لیا ہوا غلام۔ زر خرید
(مولا سے)

مَولسَری (ہ۔ مونث) ۱ ایک درخت جس کے
پھول نہایت خوشبودار ہوتے ہیں ۲ اس درخت کا پھول ۳
ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر مولسری کے پھول کی طرز کے پھول بنے ہوتے ہیں

مُؤَلَّف (ع۔ مفعول) ۱ تالیف کیا گیا
ترتیب دیا گیا (اَلَّفَ۔ ملانا۔ جمع کرنا) **مُؤَلِّف** (فاعل)
تالیف کرنے والا۔ مرتب کرنیوالا۔ جمع کرنے والا ۲ مصنف
کو بھی کہتے ہیں **مؤلفات** (مونث) تالیف کی ہوئی
کتابیں **مؤلفہ** (صفت مونث) تالیف کی گئی۔ ترتیب
دی ہوئی۔ تصنیف کی ہوئی۔

مَولِک (س۔ صفت) کمینی ذات کا۔
گھٹیا ذات کا خصوصاً کائستھ۔

مُؤلِم (ع۔ فاعل) تکلیف دہ۔ درد دینے والا (اَلَم۔ اَلَم دینا)

مُؤلَم (ع۔ مفعول) تکلیف دیا گیا۔ جسے تکلیف
دی جائے (اَلَم۔ الم دینا) **مؤلِم** (فاعل) تکلیف دینے والا۔ تکلیف دہ۔

مَولی (ہ۔ صفت) پاگل۔ دیوانہ۔ سڑی۔

مولنا (ہ۔ متعدی) مول لینا۔ خریدنا۔

مُولُو (ف۔ مذکر) سینگ کی بنی ہوئی ترئی

مَولُود (ع۔ مفعول) ۱ جنا ہوا۔ پیدا شدہ
وہ جو پیدا ہوا ہو (بچہ) ۲ پیدائش یا ولادت کا دن۔ جنم
کا دن۔ میلاد ۳ بیٹا۔ لڑکا۔ پسر۔ فرزند۔ پوت۔ ابن ۴ وہ مجلس
جسمیں پیغمبر صلعم کی ولادت کا ذکر کیا جائے۔ مجلس میلاد ۵
میلاد کا بیان۔ میلاد ۶ وہ کتاب جس میں آنحضرت کی
ولادت کا ذکر ہو ۷ وہ اشعار جو میت کے آگے پڑھتے
جاتے ہیں (وَلَدَ۔ جننا) **مولود خواں** (صفت) ۱ وہ
شخص جو پیغمبر صلعم کی ولادت کے حالات سنائے ۲
وہ شخص جو میت کے آگے شعر پڑھتا جائے **مولود خوانی**
(صفت) دیکھو مولود ۴ و ۵ پڑھنا **مولود شریف**
(مذکر) دیکھو مولود ۴ و ۵ **مولود عیسے** (مذکر) حضرت
عیسیٰ کی پیدائش **مولود مسعود** (مذکر) نیک بخت لڑکا
مولود نبی (مذکر) دیکھو مولود ۵ و ۶ **مولودی** (صفت)
مولود پڑھنے والا۔ مولود خواں۔

مَولوی (ع۔ مذکر) ۱ شرع کے احکام
جاننے والا۔ عالم دین۔ فقیہ ۲ پکا دیندار۔ پابند شریعت
متشرع ۳ معلم۔ مدرس ۴ عالموں کا لقب (مولا سے
بنایا گیا ہے) **مولویت** (مونث) مولوی ہونا۔
مولوی صاحب (مذکر) عزت سے مولوی کو کہتے ہیں
مولوی گری (مونث) پڑھانے کا پیشہ **مولوی ہاڑ** (مذکر)
طنزاً میاں جی کو کہتے ہیں **مولویہ** (مذکر) درویشوں کا ایک فرقہ۔

مُولَہ (ع۔ مفعول) ۱ غم دیا گیا ۲ عاشق۔ شیدا
فریفتہ ۳ دیوانہ۔ مجنوں (وَلہ۔ مغموم ہونا)

مُوَلَّہ (ع۔ مفعول) ۱ دیکھو مولہ ۲ بید مجنوں
(وَلَہ۔ مغموم ہونا)

مَولیٰ۔ مولے (ع۔ مذکر) دیکھو مولا۔

مَولی (ہ۔ مذکر) ۱ تاج ۲ کلغی ۳ بالوں کا گچھا
چوٹی ۴ سرخ رنگ کا جو شادیوں میں استعمال ہوتا ہے ۵ ماں باپ کا (دوش)

مُولی (ہ۔ مونث) ۱ ایک پودہ جس کی جڑ بطور
ترکاری استعمال ہوتی ہے ۲ اس پودے کی جڑ سفید یا گلابی ہوتی

ہے۔ کس کڑواہٹ کہوتی ہے ؟ کوئی بے وقعت چیز (س مولک،

مولی گاجر کی طرح (تف) نہایت بے قدری سے (ڈالنا کاٹنا وغیرہ کے ساتھ)

امثال و اقوال

مولی اپنے ہی پتوں بھاری جب اپنا ہی گزارہ مشکل سے ہے تو دوسروں کو کیا دیں گے۔ **مولی کے پتوا توں پر لون** کی ڈلی (پوربی) اس کے متعلق کہتے ہیں جو اپنی معمولی چیز کا ذکر بڑی شیخی سے کرے **مولی کے چور کو سولی** تھوڑی تقصیر پر سخت سزا۔

مولی (مونث) موہری (غنف)

مُولیا (ہ صفت) بیوقوف۔ احمق۔ بسرطی

مَولینا (ع۔ مذکر) دیکھو مولانا۔ اس لفظ کا یہی تلفظ ہے

مولیرا (ہ۔ صفت) ماموں کے متعلق ماموں زاد۔ **مولیرا بھائی** (مذکر) ماموں زاد بھائی **مولیری بہن** (مونث) ماموں زاد بہن۔

موم (ف۔ مذکر) ۱ وہ چکنا اور زرد مادہ جو شہد کی مکھیاں جمع کرتی ہیں اور اس سے اپنا چھتا بناتی ہیں اور خانوں کا منہ بند کرتی ہیں ۲ (صفت) نرم۔ ملائم **موم بتی** (مونث) موی شمع۔ کپڑے کی بتی پر موم چڑھا کر گول اور ایک فٹ کے قریب لمبا بناتے ہیں اسے روشنی کے لیے جلاتے ہیں۔ آج کل دیگر مادوں سے بھی اس قسم کی بتیاں بناتے ہیں یہ بھی موم بتیاں ہی کہلاتی ہیں **موم جامہ** (مذکر) ایک قسم کا کپڑا جس پر موم یا روغن ملتے ہیں۔ اس پر پانی پڑ کر پھسل جاتا ہے اسلئے اس کے کوٹ برساتیاں وغیرہ بناتے ہیں ایسی قسم کی پر نقشے بنائے جاتے ہیں **موم دل** (صفت) نرم دل۔ حد ترس کھانیوالا **موم دلی** (مونث) نرم دلی۔ رقیق القلبی **موم روغن** (مذکر) ایک قسم کا روغن جو موم کو چنبیلی کے تیل میں پگھلا کر تیار کیا جاتا ہے جو پھٹے ہوئے ہونٹوں اور ہاتھوں پر لگاتے ہیں **موم کا** (صفت) ۱ موم کا بنا ہوا ۲ موم کے مانند ۳ نہایت نرم اور نازک **موم کا ہو جانا** (لازم) کسی کا نہایت نازک ہو جانا **موم کا کھلونا** (مذکر) ناپائیدار شے **موم کرنا** (متعدی) ۱ نرم کرنا۔ ملائم کرنا ۲ پانی کرنا پگھلانا ۳ نرم بنانا۔ سنگدلی دور کرنا۔ رحمدل کرنا ۴ مطیع کرنا۔ اپنی بات منوا لینا **موم کی مچھلی** (مونث) مچھلی جو لڑکے موم سے بنا کر پانی پر تیراتے ہیں **موم کی مریم** (مونث) بہت نازک عورت **موم کی ناک** (صفت) غیر مستقل مزاج۔ متلون مزاج۔ وہ شخص جس سے ہر ایک بات منوا لو **موم گر** (مذکر) موم کی چیزیں بنانیوالا **مومنا** (صفت) ۱ موم کی مانند ۲ بہت نازک

مومنا چومنا (صفت) ع و بہت نازک **موم ہو جانا** (لازم) ۱ گرم ہو جانا۔ ملائم ہو جانا ۲ پگھلنا۔ پانی ہونا ۳ رحم دل ہونا۔ سنگدلی دور ہونا **مومی** (صفت) ۱ موم کا۔ موم کا بنا ہوا ۲ نرم **مومی چھینٹ** (مونث) ایک قسم کی نہایت ملائم چھینٹ **مومی شمع** (مونث) موم بتی **مومی موتی** (مذکر) جھوٹا موتی

امثال و اقوال

موم تو نہیں ہو جو پگھل جاؤ گے جو شخص کسی سخت کام کے کرنے سے جی چرائے یا دھوپ میں باہر جانے سے ہچکچائے اسے کہتے ہیں **موم کی ناک جدھر چاہو پھیر دو** (لو) مگر در آدمی **موم ہو تو پگھلے کہیں پتھر بھی پگھلا ہے** سخت دل آدمی کے متعلق کہتے ہیں

مومن (ع۔ فاعل) ۱ ایمان لانے والا ۲ مسلمان جولاہا اسکے بھولے پن اور سادگی کی وجہ سے یہ نام پڑا ہے ۳ اہل تشیع اپنے آپ کو مومن کہتے ہیں ۴ خدا تعالے کا نام یعنی امن دینے والا یا ایمان داروں کے ایمان کو باور کرنے والا ۵ امن محفوظ کرنا **مومنان** (مذکر) مومن کی جمع **مومنانِ پاک** (مذکر) شیعہ اپنے ہم مذہبوں کو خطاب کرتے ہیں **مومنانہ** (صفت) مومن کی طرح۔ مومنوں کے طریقے **مومنیت** (مونث) مومن ہونا۔ مطیع ہونا۔ فرمانبرداری

مُومی (ع۔ مفعول) اشارہ کیا گیا ۲ اشارہ کرنا

مومیا (ف۔ مونث) ۱ مصالح لگی اور سوکھی ہوئی لاش ۲ وہ مصالح جسے لگا کر لاش کو محفوظ کرتے تھے قدیم فرعونوں کی اسطرح محفوظ لاشیں ملی ہیں ۳ دیکھو مومیائی موم سے **مومیائی** (مونث) ایک ۱ وہ جو پتھروں سے نکلتا ہے یہ بہت طاقتور چیز ہوتی ہے پہلے لوگوں کا خیال تھا کہ یہ بدن انسان سے نکالی جاتی ہے انسان کے دماغ میں سیخ پار کر کے الٹا لٹکا دیتے ہیں اور نیچے آگ جلا دیتے ہیں سیخ سے مومیائی ٹپکتی ہے یہ بالکل غلط خیال تھا مگر اس خیال کی وجہ سے مفصلہ ذیل محاورہ بنگیا **مومیائی نکالنا** (متعدی) سخت محنت لینا ۲ ...

مَون (ہ۔ مذکر) ۱ شہد ۲ چپ ۳ منی کا عہد یا امام **مونا رانی** (مونث) چپ چاپ رہنے والی **مون برت** یا **مہ** (مذکر) چپ کا روزہ۔ خاموش رہنے کا عہد **مونتا** (مونث) خاموشی **مون سادھنا** (لازم) چپ رہنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔ عہد کرنا۔

مَونا (ہ۔ مذکر) ۱ بڑا برتن۔ مٹکا۔ گھڑا ۲ ٹوکرا ۳ سانپ کا پٹارا (س ۔ مٹی)

مُونا (ہ۔ لازم) مرنا۔ فوت ہونا۔ انتقال کرنا (س مرت۔ مرنا) اردو میں اسکے مشتقات استعمال ہوتے ہیں جیسے مؤا موئے موئی

موّت (ع۔ مونث) خدا کرتا کرنا۔ تانیث سمجھانا

مُونٹھ (ہ۔ مذکر) موٹھ۔

مُونث (ع۔ صفت) ۱ وہ لفظ جو مذکر کا مقابل ہے ۲ عورت ۳ مادہ۔ زنانہ

مُونج (ہ۔ مونث) ایک قسم کی گھاس جسکی رسیاں بنتے ہیں (س منج) **مونج کا بان** (مذکر) ایک قسم کی رسی جو مونج سے بٹی جاتی ہے **مونج کی رسی** (مونث) مونج کی بٹی ہوئی رسی

مُونچھ (ہ۔ مذکر) گھوڑوں اور مویشی کا ایک مرض جس میں آنکھ کے نیچے ایک غدود سا ہو جاتا ہے اور پھوٹ کر سیاہ خون بہتا ہے

مُونچھ (ہ۔ مونث) دیکھو موچھ۔

مُوند (ہ۔ امر) ۱ موندنا کا ۲ (مونث) بند کرنا۔ بندش۔ باندھنا (س۔ مُدرا۔ مُہر) ۳ **موندا** (ماضی) موندا کی (صفت) بند کیا ہوا۔ ڈھنپا ہوا ۲ پھنسا ہوا مقید

موندھنا (ہ متعدی) دیکھو موندنا۔

مُونڈ (ہ۔ امر) ۱ مونڈنا کا ۲ سر (چونکہ منڈا جاتا ہے) ۳ ایک راکشس جسے درگا جی نے قتل کیا تھا (س۔ منڈ۔ سر) **مونڈا** (ماضی) ۱ مونڈنا کی ۲ (صفت) منڈا ہوا۔ استرے سے صاف کیا ہوا **مونڈ لا** (ہ) منڈا ہوا **مونڈ کر کھانا** (متعدی) ۱ حجامت کر کے پیٹ پالنا ۲ لوٹ کر کھانا۔ دھوکا دیکر مال لینا **مونڈ لینا** (متعدی) دھوکے سے مال لینا **مونڈ مارنا** (متعدی) عنف ۱ گردن مارنا قتل کرنا ۲ واپس کرنا۔ پھیرنا۔ سر مارنا ۳ کوشش کرنا **مونڈ منڈانا** (متعدی) سر منڈانا۔ حجامت کرانا **مونڈن** (مذکر) ۱ ایک رسم جس میں ساتویں دن بچے کے بال منڈائے جاتے ہیں اس دن چھٹی کی رسم ادا ہوتی ہے اور ایک بکرا ذبح کیا جاتا ہے اور بچے کا نام رکھا جاتا ہے عقیقہ ۲ ہندوؤں کی ایک رسم جس میں پہلے پہل کسی دیوتا کے مندر میں لڑکے کے بال منڈواتے ہیں **مونڈنا** (متعدی) ۱ استرے سے بالوں کو صاف کرنا حجامت کرنا۔ خط بنانا ۲ چیلا بنانا ۳ تلقین کرنا۔ ہدایت کرنا۔ رہنمائی کرنا ۴ دھوکا دیکر مال لینا ۵ لوٹنا ۶ تباہ کرنا۔ برباد کرنا کچھ باقی نہ رکھنا **مونڈی** (صفت مونث) منڈی ہوئی۔ استرے سے صاف کی ہوئی **مونڈی بھیڑ** (مونث) ۱ وہ بھیڑ جسکے بال کٹے ہوئے ہوں ۲ (صفت) مفلس قلاش **مونڈی کاٹا** (صفت) مر ہا سر کٹا سر بریدہ ۲ کلمہ نفرین ہوا۔ مرنے جوگا۔ واجب القتل

امثال و اقوال

مونڈ دیا مانگ کھاؤ چیلا بنا لیا جاؤ مانگو اور کھاؤ۔ سادھو چیلے کو کہتا ہے۔ **مونڈ منڈائے تین گن مٹی ٹانٹ کی کھاج۔ بابا بر جگ میں بھرے پیٹ بھر کھایا ناج** سادھوؤں پر طنز ہے۔ **مونڈ منڈائے جٹا دھرائے، رکھائے لگر، بھرس جوں بھنیسا۔ کھلڑی اوپر راکھ لگائے، من جیسے کا تیسا** گو سادھو ہو گئے دل پر کوئی اثر نہ ہوا۔

مونڈھا (ہ۔ مذکر) ۱ کندھا۔ شانہ۔ دوش۔ کتفا ۲ بیٹھنے کی ایک گول چیز جو سرکنڈوں کی بنی ہوئی ہوتی ہے اور بیچ میں سے تنی ہوئی ہوتی ہے ۳ ایک قسم کا کبوتر جسکی آنکھیں اور سر بڑا ہوتا ہے ۴ لباس کا وہ حصہ جو شانوں پر ہو۔ جانگی کی ران ۵ تھیلی کا منہ ۶ نشکر کی چھوٹی رسم (دھا) **مونڈھے** (مذکر) ۱ مونڈھا کی جمع ۲ بجائے مونڈھا مونڈھا وغیرہ سے پہلا **مونڈھے**

پر بٹھانا (متعدی) کسب کرانا **مونڈھول** (مذکر) مونڈھا
کی جمع **مونڈھوں کے فرشتے** (مذکر) کراما کاتبین **مونڈھے**
پر بٹھینا (لازم) کسب کرنا **مونڈھے والی**۔ رنڈی کسبی
مُونِس (ع۔ فاعل) ۱ انس رکھنے والا ۲ آرام دینے والا
۳ دوست۔ یار۔ ہمدم۔ ساتھی۔ محب جلیس ہمنشین ۴ غم ہٹانیوالا۔
غمخوار ہمدرد ۵ انیس۔ دوستانہ طور پر برتاؤ کرنا **مونس تنہائی** (صفت)
تنہائی کا دوست۔ غم ہٹانیوالا خلوت کا ساتھی۔
مُونگ (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا غلہ جو ماش کی
قسم کا ہوتا ہے اس کی دال بناتے ہیں جو عموماً بیمار وں کو کھانے
کیلئے دیجاتی ہے ۲ سبز رنگ **مونگ پلاؤ** (مذکر) ایک قسم کے پکے
ہوئے چاول جس میں ثابت مونگ ڈالے جاتے ہیں **مونگ پھلی**
(مونث) ایک قسم کی پھلی جس سے گول بادام سے نکلتے ہیں جو
کھائے جاتے ہیں ۲ مونگ کی پھلی جس سے دانے نکلتے ہیں
مونگ چھاتی پر دلنا (متعدی) دیکھو چھاتی پر مونگ دلنا
مونگ کی پھلی (مونث) دیکھو مونگ پھلی ۲ **مونگ کی پھلیاں**
(مونث) نازک اور پتلی انگلیاں **مونگ کی دال** (مونث) ۱ دلے ہوئے
مونگ **مونگ کی دال کھانیوالا** (صفت) مجازاً ضعیف۔ بقال ڈرپوک
بزدل۔ بودا **مونگ کی کھچڑی** (مونث) وہ کھچڑی جو مونگ
کی دال ڈال کر بناتے اور بیماروں کو کھلاتے ہیں **مونگ ماگتے**
پھرنا (لازم) ہر یاد کرتے پھرنا۔
امثال و اقوال مونگ سونگھنی نار بکری کھا
چار جو عورت نزاکت سے کم کھائے اسکے متعلق کہتے ہیں **مونگ**
موٹھ میں چھوٹا بڑا کون۔ برابر ہی ہیں سب برابر ہیں
مُونگا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا کیڑا جو سمندر میں ہوتا
ہے ۲ ان کیڑوں کے گھر جو اکٹھے بنائے جاتے ہیں ۳ وہ مختلف شکلوں میں
بنجاتے ہیں جس مادے کے یہ گھر بنتے ہیں اسکے ٹکڑے دواؤں میں کام آتے
ہیں مرجان ۴ ایک قسم کا درخت سرخ رنگ۔ تلاش کرنا ۵ اور تیاروں میں
بہت چیز رہنے کی جن کیڑوں نے اس طرح بنا ہیں مونگے کی جڑ کہلاتا۔
مُونگچی۔ مُونگری۔ مُونگوری (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا
کھانا جو مونگ سے بنایا جاتا ہے مونگ کی بڑی۔ بدوری۔
مُونگیا (ہ۔ صفت) ۱ مونگ کے رنگ کا ۲ مونگے
کے رنگ کا ۳ (مذکر) ایک سبزی مائل رنگ ۴ ایک قسم کا کبوتر۔
مُونہ (ہ۔ مذکر) دیکھو منہ **مونہا موہی ہونا** (لازم)
باہم آزردگی و رنجش ہونا (عف)
مُونہال (ہ۔ مذکر) گھوڑوں کی ایک بیماری
جس میں منہ میں دانے ہو جاتے ہیں (منہ سے)
موہ (س۔ مذکر) ۱ پیار۔ پریت محبت۔ عشق فریفتگی
۲ لاڈ۔ ناز۔ دلار ۳ خواہش۔ لالچ۔ حرص ۴ جادو۔ منتر ۵
بیہوشی۔ مدہوشی غشی ۶ حیرانی۔ پریشانی گھبراہٹ ۷ غفلت جہالت
و بیوقوفی حماقت ۸ غلطی۔ گمراہی ۹ فلسفہ دل کی گمراہی
موہت (صفت) ۱ مسحور تسخیر شدہ ۲ عاشق۔ شیفتہ۔ فریفتہ
۳ بیہوش غشی ۴ متحیر حیران **موہ جانا** (لازم) عاشق ہو جانا
فریفتہ ہو جانا **موہ روپی** (صفت) ۱ مغالطہ میں ڈالنے والا ۲ پر
فریب۔ دھوکا دینے والا ۳ صورت دکھا کر لبھا لینے والا ۔ دلفریب
موہکا (مونث) ۱ فریفتہ کرنیوالی عورت ۲ (۔۔) حرہ **موہ کرنا** (متعدی)
۱ عاشق بنانا ۲ لبھانا ۳ کو کیسا ہو ۴ محبت کرنا۔ پیار کرنا ۔ رکانا ۔۔۔
موہ لینا (متعدی) عاشق کرلینا فریفتہ کرلینا لبھا لینا **موہ میں**
آنا (لازم) ۱ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ۲ معشوق کو دیکھکر غش ہو جانا۔
سکتہ میں ہو جانا ۳ متحیر ہونا حیران ہو تا **موہن** (صفت) ۱ موہنے والا
فریفتہ کرنیوالا لبھانیوالا ۲ دلفریب دلربا ۔ نہایت خوبصورت یا حسین
(مذکر) دھتورا ۳ (مونث) ایک قسم کی چنبیلی کا پھول ۲ میتھی کی
قسم کا ایک پودہ **موہنا** (متعدی) فریفتہ کرنا۔ عاشق بنانا ۲ تسخیر
کرنا سحر کرنا۔ جادو کرنا **موہن بھوگ** (مذکر) ۱ ایک قسم کی
مٹھائی ۲ ایک قسم کا آم **موہن لتا** (مذکر) ایک پودہ جسکی نسبت
خیال ہے کہ اسمیں فریفتہ کرنیکی طاقت ہے **موہن مالا** (مذکر) ایک قسم
کا گلے کا زیور **موہنی** (س۔ مونث) ۱ فریفتہ کرنیوالی ۲ (مونث)، دلربائی
تسخیر ۳ بیہوشی غشی ۴ کوئی ذریعہ جس سے دوسرے کو فریفتہ کیا جائے ۵
منتر یا جادو جس سے دشمن کو تسخیر کیا جائے **موہنی** (مونث) ۱
فریفتہ کرنیوالی عورت ۲ ایک قسم کی چنبیلی ۳ ایک اپسرا **موہی** (صفت)
۱ فریفتہ کرنیوالی ۲ بیہوش کرنے والی ۳ دھوکا دینے والی۔
مَوہِب (ع۔ فاعل) ۱ بخشنے والا۔ ہبہ کرنیوالا ۲
(مذکر) تحفہ عطیہ۔ نذر ۳ وہب۔ دینا **موہبت** (مونث) ۱ عطا۔
بخشش پیش کش نعمت **موہبت عظمٰی** (مونث) بہت بڑی نعمت عطیہ کبریٰ
مَوہُوب (ع۔ مفعول) ۱ ہبہ کیا گیا ۲ مرحمت کیا
کیا گیا۔ دیا گیا۔ بخشا گیا عنایت کیا گیا ۳ وہب۔ دینا **موہوب**
لیہ (مذکر) جس کے نام پر ہبہ کیا گیا۔
مَوہُوم (ع۔ مفعول) ۱ وہم کیا گیا ۲ وہمی۔
۳ قیاسی۔ فرضی۔ ۴ وہم۔ سوچنا۔
موہی (مونث) **موئیا** (مذکر) ۱ ایک سفوف جو
تخشیں میں دیتے ہیں اسمیں خشخاش تل اور کھانڈ ہوتی ہے
مُوئیارہ (مذکر) کچے سوت کی انٹی سوت کا گچھا لچھا
موئیا سا پیٹ (مذکر) نہایت نرم اور نازک پیٹ۔
مُؤَیَّد (ع۔ مفعول) ۱ تائید کیا گیا ۲ مضبوط کیا گیا
۳ مدد دیا گیا۔ حمایت کیا گیا ۴ تقویت مضبوط کرنا **مؤیِّد** (فاعل) ۱ تائید
کرنیوالا ۲ مدد دینے والا قوت دینے والا۔
مَوِیز (ف۔ مذکر) منقہ بڑے سوکھے ہوئے انگور
مویز منقی (مذکر) بیج نکال کر صاف کیا ہوا منقا۔
مَوَیشی (ع۔ مونث) ۱ اصل مواشی جو ماشیہ کی جمع
ہے۔ ڈھور۔ ڈنگر۔ وہ چوپائے جنکا دودھ استعمال کیا جاتا ہے
جیسے گائے بھینس بھیڑ بکری ۲ ایک مویشی کے ماتحت گھوڑے
اونٹ۔ ہاتھی خچر۔ گدھے اور سور بھی آتے ہیں **مویشی چلنا**
مویشی آوارہ ہونا (لازم) مویشی کا خود بخود کہیں چلا جانا **مویشی**
پھاٹک میں دینا (متعدی) آوارہ پھرتے ہوئے مویشی کو
پھاٹک میں بھیجدینا جہاں سے مالک جرمانہ ادا کر کے انہیں چھڑاتا
ہے اگر کوئی مالک نہ آئے تو بک جاتے ہیں **مویشی چرانا**
(متعدی) ڈنگروں کو جنگل لیجانا تاکہ گھاس کھائیں **مویشی چرانا**
(متعدی) ڈنگروں کی چوری کرنا **مویشی چرنا** (لازم) مویشی کا اگی
ہوئی گھاس کھانا **مویشی چوری کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم)
ڈنگروں کا سرقہ ہونا **مویشی خانہ** (مذکر) مویشی کے رکھنے کی
جگہ **مویشی واپس آنا** ۱ برآمد کرنا (متعدی) **ہونا** (لازم) سرقہ
شدہ مویشی کا مالک کو مل جانا۔
مَہ (ف۔ مذکر) ۱ چاند ۲ مہینہ **مہ پارہ**
مہ جبیں۔ رو۔ لقا یا وش (صفت) ۱ خوبصورت۔
حسین ۲ معشوق۔
امثال۔ مہ نور می فشاند و سگ
بانگ می زند چاند نور برساتا ہے اور کتا بھونکتا ہے۔ حاسد
اور بدخواہ غل مچاتے رہتے ہیں اور کام کرنیوالے کام کرتے
رہتے ہیں **مہ نو تمی شود ماہ تمام** آہستہ آہستہ نیا چاند
آہستہ آہستہ پورا چاند ہو جاتا ہے ۱ ہر ناقص ترقی کرتے کرتے
کامل ہو جاتا ہے ۲ کمال آہستہ آہستہ حاصل ہوتا ہے۔
مہ (ف۔ صفت) ۱ بڑا۔ اعلے۔ بزرگ
۲ سردار۔
مہتر (صفت) ۱ زیادہ بڑا ۲ (مذکر)
سردار۔ رئیس ۳ حضرت یوسفؑ کے نام کے ساتھ تعظیماً
استعمال ہوتا ہے ۴ چترال کے نواب کا لقب ۵ (مذکر)
خاکروب بھنگی ۶ موچی۔ چمار ۷ سرائے کا بھٹیارہ
۸ سائیس **مہترانی** (مونث) ۱ بھنگن۔ چوہڑی ۲ بھٹیاری
۳ چماری **مہترائن** (مونث) بھنگن۔ چوہڑی۔ **مہتری**
(مونث) سرداری۔
مہا (س۔ صفت) مرکبات میں بجائے
مونث کے استعمال ہوتا ہے ۱ بڑا۔ بزرگ ۲ کلاں ۳ عظیم
۴ خاندانی۔ شریف۔ **مہا باہو** (صفت) لمبے بازوؤں والا۔
مہا برہم یا برہمن (مذکر) ۱ روح اعلے ۲ جابرہمن۔ اچارج
مردوں کی کریا کرم کرنے والا۔ **مہا بل** (صفت) ۱ بڑی
طاقت والا بہت طاقتور ۲ (مذکر) ہوا ۳ سہاگا ۴ بڈھا
مہا بلی (صفت) ۱ بڑی طاقت والا۔ نہایت زبردست
شہزور ۲ بلی کا نام **مہا بھاگ** (صفت) ۱ بہت خوش
قسمت بلند اقبال ۲ (مذکر) خوش قسمتی۔ اچھا نصیبا۔
مہا پاپ (مذکر) بڑا بھاری گناہ۔ **مہا پاپی**
(مذکر) بڑا گنہگار **مہا پتھ** (مذکر) ۱ بڑا راستہ۔ شاہی سڑک
شارع عام ۲ بہت عقلمند ۳ لمبا سفر ۴ اگلی دنیا کا سفر **مہا**
پدم (مذکر) بہت بڑا عدد۔ **مہا پربھو** (مذکر)

۔بڑا راجہ ۔مہاراجہ ۔ **مہاپُرس یا پُرش** (مذکر) ۱ بڑا
آدمی ۔سردار ۲ حاکم ۔افسر ۳ بڑا رشی یا منی ۴ بڑا سادھو
۵ (طنزاً) بڑا چالاک یا بدمعاش **مہاپرلے** (مذکر)
قیامت جو کلپ کے آخر میں آتی ہے ۔ **مہاپنڈت**
(مذکر) بڑا پنڈت ۔جید عالم ۔ **مہاپُورا ہے** ۔سب
گنوں میں کامل ہے ۔بڑا پہنچا ہوا ہے ۔ **مہاتل**
(مذکر) زمین کے نیچے چھٹا طبقہ جہاں ناگ ۔اسُر ۔
دَیت وغیرہ رہتے ہیں ۔ **مہاتما** (صفت) ۱ بڑی
روح والا ۲ اعلٰے اصولوں والا ۔اعلٰے خیالات کا
عالی دماغ ۳ نیاطن ۴ عالی خاندان ۔شریف ۵
(مذکر) مذکورہ بالا خاصیتوں کا آدمی ۔ **مہاتیجس** (صفت)
بڑی شان و شوکت والا ۔روشن ۔ **مہاجن** (مذکر)
دیکھو علیحدہ ۔ **مہادان** (مذکر) ۱ بڑا دان ۲ سولہ اشیاء
جن کا دان بہت اعلٰے شمار ہوتا ہے ۔ **مہادُشٹ**
بہت بُرا آدمی ۔ **مہادھن** (مذکر) سونا ۔ **مہادیوی**
(مونث) ۱ پاربتی ۲ لکشمی ۳ راجہ کی بڑی رانی ۔ **مہا
راتری** (مونث) ۱ سال کی سب سے بڑی رات
۲ پرلو کی رات ۔ **مہاراج** (مذکر) ۱ بڑا راجہ ۲ کسی کو عزت
سے پکارتے ہیں ۔جناب عالی ۔جناب والا ۔ **مہاراجہ**
(مذکر) شہنشاہ ۔بڑا راجہ ۔ **مہاراشٹر** (مذکر) ۱ مرہٹہ قوم
۲ مرہٹوں کی زبان ۳ مرہٹوں کا ملک ۴ ایک پودہ ۵
ایک بحر یا وزن ۔ **مہاراشٹری** (مونث) ۱ مرہٹی زبان
۲ مرہٹہ برہمن ۔ **مہارامائن** (مونث) والمیکی کی رامائن
مہارانا (مذکر) بڑا رانا یا راجہ **مہارانی** (مونث) ۱
مہارانا کی استری ۲ بڑی رانی ۔راجہ یا رانا کی بڑی
استری ۳ وہ رانی جو خود حکومت کرتی ہو ۔شہنشاہ
بیگم ۴ عزت سے ہندو عورتوں کو کہتے ہیں **مہارتھ**
(مذکر) بڑا رتھ ۲ بڑا بہادر ۔ **مہاسبھا** (مونث) ۱ بڑی
انجمن ۲ بڑا کھانے کا کمرا **مہاسکھ** (مذکر) ۱ بڑی خوشی ۔
بعد فرحت ۲ جماع ۔بھوگ ۔ **مہاسُندر** (صفت)
بہت خوبصورت ۔ **مہاسندری** (مونث) بہت حسین عورت
۔ **مہاشالا** (مذکر) بڑے گھر کا مالک **مہاکاے**
تن و توش کا ۔فربہ ۔گرانڈیل ۲ ہاتھی ۔ **مہامانس**
(مذکر) ۱ انسان کا گوشت ۲ بیلی کے متعلق استعمال ہوتا
ہے ۔ **مہامانس بیچنا** (متعدی) ۱ غلاموں کی
تجارت کرنا ۲ روپیہ لے کر بیٹی کی شادی کرنا ۔
مہامائی (مونث) چیچک وغیرہ کی سات دیویوں میں
سے ایک ۔ **مہامایا** (مونث) ۱ بڑا دھوکا ۲ دنیاوی دھوکا ۔

مہامنتری (مذکر) وزیر اعظم ۔ **مہامُورکھ** (مذکر) بڑا
بیوقوف **مہانند** (مذکر) ۱ بڑی خوشی ۲ مکتی ۔نجات
۳ بدھ کا ایک چیلا **مہایاترا** (مونث) بنارس کی یاترا
مہایُگ (مذکر) ۔بڑا یگ یہ برہماجی کے ایک
دن کے برابر یا انسان کے چار یگوں یا ۴۳۲۰۰۰۰
سالوں کے برابر ہوتا ہے ۔

مَہا (س ۔مونث) گائے ۔

مَہابت (ع ۔مونث) ۱ خوف ۔ڈر ۔ہیبت
۲ شان و شوکت ۔جاہ و جلال (ہَیبَت ۔ہاب ۔ڈرنا)

مُہاجر (ع ۔ فاعل) ۱ ہجرت کرنے والا ۔
خصوصاً وہ جس نے پیغمبر صلعم کے زمانے میں مکہ سے
مدینہ کو ہجرت کی ۲ تارک الوطن (ہاجَرَ ۔ دوستوں
کو چھوڑنا) **مہاجرین** (مذکر) مہاجر کی جمع ۔

مہاجرت (ف ۔مونث) ہجرت کرنا ۔اپنا
وطن چھوڑ کر چلا جانا (ہاجر ۔ دوستوں کو چھوڑنا)

مَہاجَن (ہ ۔مذکر) ۱ بڑا آدمی ۔امیر آدمی
۲ نیک آدمی ۔قابل اعتبار آدمی ۳ بیوپاری ساہوکار
سوداگر ۴ بینکر ۔ہنڈی والا ۔ **مہاجنی** (مونث) ۱
ساہوکاری ۔لین دین کرنا ۲ مونگ یا ماش کی پکی ہوئی
دال جس میں رطوبت نہیں ہوتی ۔بھنی ہوئی دال **مہاجنی
پرچہ** (مذکر) **چھٹی یا ہنڈی** (مونث) ہنڈی ۔چک
وہ کاغذ جس پر کسی کو روپے دینے کا حکم لکھا ہو ۔

مِہاد (ع ۔مذکر) ۱ چارپائی ۲ کرسی ۳ تخت
کوئی جگہ جہاں کوئی بیٹھے یا لیٹے (مَہَدَ ۔پھیلانا)

مُہار (ف ۔مونث) اونٹ کی نکیل ایک
رسی جس کے سرے پر ایک لکڑ بندھی ہوتی ہے
اسے اونٹ کی ناک میں ڈال دیتے ہیں ۔اونٹ
اس کے اشارے پر چلتا ہے ۔ **مہار اٹھانا** (متعدی)
اونٹ کو چلانا ۔اونٹ کو دوڑانا ۔

مَہارا (ہ) ہمارا ۔

مَہارَت (ع ۔مونث) ۱ کثرت ۔مس ۔
ربط ۲ عادت ۔بھاؤ ۳ لیاقت ۔قابلیت ۔دسترس
استعداد ۔درک ۴ دخل ۔رسائی ۔پہنچ ۔مداخلت ۵
استادی ۔کاریگری ۔ہنرمندی ۶ تیزدستی ۔چابک دستی
۷ سلیقہ ۔ڈھب ۸ علم ۔شعور ۔وقوف (مَہَرَ ۔کسی فن
میں کمال حاصل کرنا) **مہارت پیدا کرنا** (متعدی) ۱
لیاقت حاصل کرنا ۲ ربط حاصل کرنا ۳ تیزدستی کی مشق
ہونا ۔ **مہارت ہونا** (لازم) مشق ہونا وغیرہ دیکھو مہارت

مَہاری ۔مَہاڑی (ہ ۔مونث) ۱
محل ۔قصر ۔عالیشان مکان ۲ اوپر کی چھت یا کمرہ ۳
مزار یا جگہ خصوصاً گرگا پیر کی ۔

مُہاسا (ہ ۔ مذکر) ۱ وہ پھنسی جو ایام
جوانی میں مردوں کے منہ پر نکلتی ہے (س ۔مکھ ۔منہ
مانک ۔دانہ) **مہاسے** (مذکر) جمع مہاسا کی **مہاسے
پڑنا ۔پیدا ہونا یا نکلنا** (لازم) مہاسوں کا چہرے
پر نمودار ہونا ۔جوانی میں منہ پر پھنسیاں نکلنا ۔

مَہال (ع ۔صفت) ۱ خوفناک ۔وحشتناک
ہیبتناک ۲ شکاری (ھَوَلَ ۔ہال ۔ڈرانا)

مُہال (ع ۔مونث) شہد کی مکھیوں کا
چھتا (س ۔مدھُ ۔شہد)

مَہالِک (ع ۔مذکر) مہلکہ کی جمع ۔خوفناک
جگہیں ۔ہلاک ہونے کا مقام یا جگہیں ۔

مَہام (ع ۔مذکر) مہم کی جمع ۔خطرناک اور
دشوار کام ۔مہمات ۔

مِہانا (ہ ۔لازم) گیلا ہونا ۔نمدار ہونا ۔

مُہانا (ہ ۔ مذکر) ۱ دریا کا دہانہ یا منہ ۲
وہ مقام جہاں دو دریا ملیں (س ۔مکھ)

مَہانی (ہ ۔مونث) متھانی ۔

مَہاوَت (ہ ۔مذکر) فیلبان ۔ہاتھی کو
چلانے والا (س مہا ۔ماتر ۔گھٹیا درجے کا برہمن)
مہاوتنی ۔مہاوتی (مونث) مہاوت کی بیوی **مہاوتی
دارا** (مذکر) بادشاہی زمانے کا ایک فیلبان ۔یہ زنانہ تھا
اس کے مرید اس نام سے ملقب ہیں اور زنانوں میں
ان کا بڑا رتبہ ہے ۔

مَہاوَٹ ۔مَہاوَٹھ (ہ ۔مذکر) بارش
جو ماگھ کے مہینے میں ہوتی ہے ۔

مثل ۔ مہاوٹ برسی اور ساڑھی
سرسی ۔ماگھ کے مہینے میں بارش ہو تو فصل بہت
جلد بڑھتی ہے ۔

مہاوَر ۔مہاوُل (ہ ۔مذکر) لاکھ ۔ایک قسم
کا سرخ رنگ جو لاکھ سے تیار کیا جاتا ہے ۔

مہاوَر ۔مہاوَل (ہ ۔مذکر) لاکھ ۔ایک قسم کا سرخ رنگ
جو لاکھ سے تیار کیا جاتا ہے ۔ **مہاور کی ٹکیا** (مونث) مہاور میں
بھیگی ہوئی روئی جسے پانی میں ڈالنے سے سرخ رنگ نکل آتا ہے

مَہَب (ع ۔مذکر) ۱ ہوا دان ۲ وہ طرف جدھر سے
یا جدھر کو ہوا چلے (ہَبَّ ۔زور سے چلنا)

مُہِب (ع ۔فاعل) جاگنے والا ۔اٹھنے

والا۔ (اَبْرَبَ۔ جگانا)

مَہبَط (ع۔ مذکر) اترنے کی جگہ (ہَبَط۔ اترنا)

مَہت (ع۔ صفت) ۱ بڑا۔ جلیل۔ معزز جلیل القدر۔ قابل عزت ۲ (مذکر) مہنت ۳ حکومت سلطنت ۴ عقل۔ عقل سلیم ۵ (مونث) بڑائی۔ بزرگی ۶ پیار۔ لاڈ ۷ فخر۔ ناز۔ غرور۔ اردو میں ماں مہت کی ترکیب سے مستعمل ہے **مہت والا یا والی** (صفت) ۱ غرور والا یا والی ۲ بزرگ۔

مَہتا (ہ۔ مذکر) ۱ گاؤں کا نمبردار۔ سردار ۲ ایک لقب جو بعض ہندو اپنے ناموں کے پہلے استعمال کرتے ہیں (س مہا۔ بڑا)

مَہتاب (ف۔ مونث) ۱ چاندنی۔ چاند کی روشنی۔ پرتو قمر۔ ذرماد ۲ ایک قسم کی آتشبازی ۳ (مذکر) قمر۔ چاند **مہتاب چھوٹنا** (لازم) ہوائی اڑنے لگنا۔ **مہتاب دلہن** (مونث) چاندنی۔ **مہتاب کا کھیت کرنا** (متعدی) بہت چاندنی ہونا۔ **مہتابی** (مونث) ۱ ایک قسم کی آتش بازی جس کی روشنی سفید ہوتی ہے ۲ کمخواب۔ زربفت۔ بادلہ۔ تمامی۔ زری تاش ۳ چبوترہ جو محل کے سامنے یا باغ میں چاندنی کی بہار دیکھنے کے لئے بناتے ہیں ۴ چکوترہ۔ ایک قسم کا بڑا ترنج جس کے پوست کا مربہ ڈالتے ہیں ۵ چھوٹی عمارت جو حوض یا نہر کے کنارے چاندنی کی سیر کے لئے بناتے ہیں ۶ (صفت) مہتاب کا۔ مہتاب کے متعلق ۷ چاند کی طرح۔ چاند کی طرح روشن۔

مَہتاری (ہ۔ مونث) ماں۔ والدہ۔

مُہتَدیٰ (ع۔ مفعول) ہدایت کیا گیا۔ (اِہتَدیٰ۔ سیدھے رستے پر جانا) **مُہتَدی** (فاعل) راہ پر پانے والا۔ سیدھے راستے پر چلنے والا۔ ہدایت یاب۔

مُہتَم (ع۔ مفعول) غمگین ہونے والا۔ ہمدردی کرنے والا (اِہتَمَ۔ حفاظت کرنا) **مہتم بالشان** (صفت) اہم۔ ضروری۔

مُہتَمِم (ع۔ فاعل) اہتمام یا انتظام کرنے والا منتظم۔ سربراہ کار (اِہتَمَّ۔ حفاظت کرنا) **مہتمم اخبار** (مذکر) اخبار کا ایڈیٹر **مہتمم بندوبست** (مذکر) وہ افسر جو کسی علاقے کا بندوبست کرتا ہے۔ سٹلمنٹ افسر۔ یہ ڈپٹی کمشنر کے عہدے کا آدمی ہوتا ہے۔ **مہتمم مطبع** (مذکر) چھاپہ خانہ کا منیجر **مہتممی** (مونث) مہتمم کا کام یا عہدہ

مہتو (ہ۔ مذکر) ۱ گاؤں کا نمبردار۔ چودھری ۲ وہ شخص جو مالک زمین لگان کی وصولی کے لئے مقرر کرے۔ ایجنٹ ۳ گاؤں کا چوکیدار ۴ کلرک محرر۔

مَہتو (س۔ مذکر) ۱ بڑائی۔ بزرگی ۲ جسامت ڈیل ڈول ۳ طاقت۔ قوت۔ شان و شوکت۔ رعب داب ۴ بڑا درجہ۔ اعلٰے عہدہ ۵ وقر۔ قدر۔ وقعت

مُہتَوِل (ع۔ فاعل) ڈرا ہوا۔ خوفزدہ (اِہتَالَ۔ ڈرنا)

مَہجُور (ع۔ مفعول) جدا۔ جدا کیا گیا۔ چھوڑا گیا۔ فراق زدہ (ہَجَرَ۔ جدا کرنا) **مہجوری** (مونث) فراق۔ جدائی۔ برہ۔ مفارقت۔

مہجُور۔ دیکھو محو بخش۔

مُہچَنگ (ہ۔ مونث) ایک قسم کا باجہ۔

مَہد (ع۔ مذکر) ۱ گہوارہ۔ ہنڈولا۔ ۲ جھولا۔ جھولن ۳ بستر۔ بچھونا ۴ محلہ۔ ڈولہ۔ محافہ (مَہَدَ۔ پھیلانا) **مہد سے لحد تک** (تف) بچپن سے مرتے دم تک **مہد عُلیا** (مونث) بادشاہ یا امرا کی وہ بیگم جو ولی عہد کی ماں ہو۔

مَہدُوم (ع۔ مفعول) ۱ گرایا ہوا۔ منہدم کیا ہوا ۲ برباد کیا ہوا۔ تباہ کیا ہوا (ہَدَمَ۔ گرانا)

مَہدی (ع۔ مفعول) ۱ ہدایت کیا گیا۔ وہ جسے راہ ہدایت پر لگایا گیا ہو ۲ ہادی۔ پیشوا۔ رہنما ۳ مسلمانوں کے بارہویں امام جن کا ظہور قرب قیامت میں ہوگا (ہَدَیٰ۔ رہنمائی کرنا) **مَہدیِ موعود** (مذکر) وہ مہدی جن کا وعدہ کیا ہے۔ مہدی ۳ **مہدیہ** (مذکر) ۱ مسلمانوں کا ایک فرقہ جو گجرات کاٹھیاواڑ میں ہے۔ یہ لوگ سید محمد مہدی جونپوری کے پیرو ہیں ۲ یمن کا ایک خاندان۔

مُہَذَّب (ع۔ مفعول) تہذیب دیا گیا۔ تہذیب یافتہ۔ شائستہ تعلیم یافتہ۔ خوش اخلاق خلیق نیک خصلت۔ عیبوں سے پاک (ہَذَبَ۔ بچے کی پرورش کرنا)

مَہر (ع۔ مذکر) وہ روپیہ یا جنس جو نکاح کے وقت مرد کے ذمہ عورت کو دینا مقرر کیا جاتا ہے حق زوجیت۔ کابین (مَہَرَ۔ ٹھیک کرنا) **مہرانہ** (ف۔ مذکر) وہ فیس جو قاضی نکاح پڑھنے کی لیتا ہے۔ **مہر باندھنا** (متعدی) مہر کے روپے کی تعداد مقرر کرنا۔ **مہر بخشنا** (متعدی) مہر کے روپے کی تعداد معاف کرنا۔ **مہر بخشوانا** (م) مرد کا کوشش کرکے عورت سے واجب الادا مہر کی معافی کرا لینا۔ **مہر بندھنا** (لازم) مہر مقرر ہونا۔ مہر کا روپیہ قرار پانا۔ **مہر شرعی** (مذکر) وہ مہر جو شرح محمدی کے بموجب مقرر ہو۔ وہ مرد کی حیثیت پر مقرر ہے۔ **مہر فاطمہ** (مذکر) حضرت فاطمہؓ کا مہر چار سو مثقال چاندی کا تھا۔ مہر قلیل۔ **مہر مثل** (مذکر) وہ مہر جو عورت کے باپ کے خاندان میں مروج ہو۔ **مہر مُعَجَّل** (مذکر) وہ مہر جو نکاح کے ساتھ ہی خلوت سے پہلے ادا کیا جائے۔ **مہر مُؤَجَّل** (مذکر) وہ مہر جو شوہر کے فوت ہونے یا طلاق کے بعد واجب ہو۔ **مہر نامہ** (مذکر) دیکھو نکاح نامہ۔

مَہَر (ہ۔ مذکر) ۱ مہتر۔ سردار ۲ گوجر اور ارائیں اپنے نام سے پہلے لکھتے ہیں ۳ (مونث) عورت ۴ بیوی۔

مِہر (ف۔ مونث) ۱ محبت۔ الفت۔ پیار۔ شفقت۔ پریم۔ اخلاص۔ مودت ۲ دوستی۔ یارانہ ۳ رحم۔ ترس۔ ہمدردی۔ دیا۔ مہربانی ۴ عجت مادی۔ مامتا ۵ لہر بہر۔ اوج موج ۶ (مذکر) سورج۔ آفتاب ۷ سال شمسی کا ساتواں مہینہ ۸ ہر مہینے کا سولہواں دن ۹ ایک آتش خانہ ۱۰ ایک فرشتہ ۱۱ ہندوستان میں ایک گاؤں **مہربان** (صفت) ۱ محبت کرنے والا۔ شفقت کرنے والا ۲ التفات یا توجہ کرنے والا۔ عنایت سے پیش آنے والا ۳ دوست۔ یار ۴ مربی۔ محسن **مہربان کر دینا یا کرنا** (متعدی) محبت پیدا کرنا۔ توجہ دلانا۔ مہربانی کا موجب ہونا۔ **مہربانگی** (مونث) مہربانی (عف) **مہربان من** (مذکر) میرے عنایت فرما۔ میرے دوست۔ **مہربان ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ ملتفت ہونا۔ التفات کرنا ۲ رحمدل ہونا۔ رحیم ہونا۔ ترس کھانا ۳ کوئی چیز عنایت کرنا۔ **مہربانی** (مونث) ۱ عنایت۔ شفقت لطف۔ کرم۔ دیا۔ مہر ۲ توجہ۔ التفات۔ خیال۔ دھیان **مہربانی سے پیش آنا** (لازم) اخلاق سے پیش آنا اچھا برتاؤ کرنا۔ **مہربانی کرنا** (متعدی) ۱ عنایت کرنا۔ نوازش کرنا ۲ التفات کرنا۔ توجہ کرنا ۳ کچھ دینا۔ **مہربانی نامہ** (مذکر) دوست کا خط۔ شفقت نامہ۔ **مہر پرور** (صفت) مہربان۔ **مہر تمکین** (صفت) سورج کی سی شان و شوکت والا۔ **مہر جبین** (صفت) سورج کی طرح پیشانی والی۔ خوبصورت حسین۔ **مہر خاوران** (مذکر) انوری کا لقب۔ **مہر طلعت** (صفت) معشوق کی صفت میں استعمال ہوگا۔ سورج کی شکل والا۔ **مہر کرنا** (متعدی) مہربانی کرنا۔ فضل کرنا۔ **مہر کی نظر** (مونث) مہربانی کی نظر۔ **مہر گستر** (صفت) بہت مہربانی کرنے والا۔ **مہر گیا یا گیاہ** (مذکر) ایک قسم کی گھاس

اس کی جڑ انسان کے چہرے کی شکل ہوتی ہے مہر گیتی افروز (مذکر) آفتاب۔ مہر ورز (صفت) عاشق۔ مہر وش (صفت) حسین معشوق۔ مہر و ماہ (مذکر) سورج اور چاند۔ مہر و محبت (مونث) محبت و شفقت۔ الفت و محبت۔ مہری (مونث) ۱ محبت۔ الفت۔ مرکبات میں جیسے سرد مہری ۲ ایک قسم کا بربط۔

امثال و اقوال۔ مہر تو بہت ہے پر چھاتیوں میں دودھ نہیں۔ مہر ہے پر دودھ نہیں۔ خالی خاطر داری ہے پر لینا دینا کچھ نہیں۔ مہر گئی محبت گئی گئے نان اور پان۔ حقے سے منہ جھلس کے وداع کیا مہمان۔ مہمان کو نری باتوں ہی سے ٹالنا۔ مہر کرے تو برسا دے۔ خدا کی مہربانی ہو تو بارش ہوتی ہے۔ مہر کرے تو پھر بھرا دے۔ خدا مہربانی کرے تو نقصان کے بعد دیتا ہے۔

مُہر (ف۔ مونث) ۱ کسی چیز پر کھدا ہوا الٹا نام جسے سیاہی لگا کر دستخط کی بجائے یا دستخط کے علاوہ کاغذ پر لگاتے ہیں اور لفافہ بند کر کے لاکھ گرم کر کے اس پر لگاتے ہیں تاکہ کوئی لفافہ نہ کھول سکے ۲ خاتم۔ انگوٹھی ۳ ایک سونے کا سکہ اشرفی ۴ وہ نقش جو نگین پر کندہ ہوں ۵ بکارت ۶ وہ نشان جو مویشی پر داغیں ۷ ربڑ کی مہر جو کاغذات پر لگاتے ہیں۔ مہر اُٹھنا (لازم) مہر کا نقش صاف نظر آنا۔ مہر کا نمایاں ہونا۔ مہرانہ (مذکر) وہ رقم جو قاضی کاغذ پر مہر لگانے کے سلسلے میں لیتا ہے (دینا لینا کے ساتھ) مہر بردار (مذکر) وہ افسر جس کے قبضے میں بادشاہوں وغیرہ کی مہریں رہتی ہیں۔ مہر بر لب (صفت) خاموش۔ مہر تکلیدی (مونث) نقلی مہر۔ مہر توڑنا (متعدی) لوٹنا (لازم) ۱ لاکھ جس پر مہر لگی ہو ٹوٹ کر گر جانا ۲ بکارت جاتی رہنا۔ مہر ثبت کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مہر لگنا۔ مہر حاکم (مونث) حاکم کی مہر جو سرکاری کاغذوں پر لگائی جاتی ہے۔ مہر خاص یا دستی (مونث) انگوٹھی کی مہر جو ہر وقت اپنے قبضے میں رہتی ہے۔ مہر خاموشی (مونث) چپ۔ خاموشی (لگنا لگانا کے ساتھ) مہردار (صفت) وہ شخص جس کی سپردگی میں سلاطین یا حکام کی مہریں ہوں۔ مہر دہان یا دہن یا سکوت (مونث) خاموشی۔ مہر سجدہ (مونث) سجدہ گاہ۔ مہر سلیمان یا سلیمانی (مونث) حضرت سلیمانؑ کی مہر جس پر اسم اعظم کندہ تھا اور اس وجہ سے جن دیو وغیرہ ان کی زیر فرمان تھے۔ مہر شاہی (مونث) بادشاہ کی مہر۔ مہر قرآن پر کرنا (لازم) دیکھو قرآن پر مہر کرنا۔ مہر کرنا یا لگانا (متعدی) لگنا (لازم) مہر پر سیاہی لگا کر کاغذ پر لگایا جانا۔ مہر چسپاں ہونا چسپاں لگنا۔ مہر کروا لینا (متعدی) تصدیق کروا لینا۔ مہر کن (مذکر) مہر کھودنے والا۔ حکاک۔ مہر کھُدنا (لازم) کھودنا (متعدی) مہر پر نام کندہ ہونا۔ مہر لب (متعدی) سکوت۔ خاموشی۔ مہر منصبی (مونث) عدالت کی مہر۔ حاکم کی مہر۔ مہر نامہ (مونث) وہ مہر جو کاغذ کی پیشانی پر اعتبار کے واسطے کر دیتے ہیں۔ مہر نبوت (مونث) وہ نقش یا سیاہ مسہ جو پیغمبر صلعم کی پشت مبارک پر دونوں مونڈھوں کے درمیان تھا۔ مہر وصل (مونث) وہ مہر جو بڑے کاغذوں کے مقام وصل پر اعتبار کے واسطے کر دیتے ہیں۔ مہر ہو جانا (لازم) تصدیق ہو جانا۔ مہری (صفت) مہر سے منسوب۔ مہر کیا ہوا۔ مستند۔

مثل۔ مہریں لٹیں کوئلوں پر مہر۔ وہاں بولتے ہیں جہاں بے موقع روپیہ لٹ جائے۔ اور موقع کی جگہ بخل ہو۔

مہرا (ہ۔ مذکر) ۱ کہار۔ کہاروں کا افسر ۲ زنانہ۔ وہ شخص جو زنانی بولی بولے (اس۔ مہلا) مہرائی (مونث) ۱ مہرے کا پیشہ ۲ ایک قسم کا گانا۔

مُہرا (ہ۔ مذکر) ۱ سامنا آنا گا۔ مقابلہ ۲ زد۔ نشانہ (اس لکھ بند) مہرا آنا (لازم) آواز کسنا۔ طعنہ دینا۔ چھیڑنا۔ اخراج کنایۃً طنز کرنا۔ مہرے پر رکھنا (متعدی) ۱ سامنے رکھنا۔ مقابلے یا زد کے موقع پر کھڑا کرنا ۲ نشانے پر رکھنا۔ زد پر رکھنا۔

مہرا (ع۔ صفت) وہ تھے جو پانی کی گرمی سے پک کر نرم ہو جائے (ہرا۔ ابالنا)

مہرارُو (ہ۔ مونث) عورت۔ بیوی۔ جورو۔

مہراس (ع۔ مذکر) ۱ کھرل۔ ہاون۔ کونڈا ۲ وہ آدمی جو رات کو نہ ڈرے ۳ پتھر کا برتن جس میں سے پانی لے کر وضو کرتے ہیں (ہرس۔ ڈرنا)

مہر اسفندات۔ مذکر) ہر مہینے کا انتیسواں دن۔

مُہراک (ع۔ مذکر) ایک دوا۔

مہران (ف۔ مذکر) ۱ ایک بڑا دریا ۲ ایک عالم ۳ ایک بادشاہ ۴ ایک دوا ۵ دریائے اٹک۔

مُہرشی (س۔ مذکر) ۱ رشی ۲ دیکھو پر آبیتی۔

مہرگان (ف۔ مذکر) موسم خزاں۔ مہرگان بزرگ (مذکر) ایک تہوار۔ مہرگان خاص (مذکر) مہینے کا اکیسواں دن۔ مہرگان عامہ (مذکر) مہینے کا سولھواں دن۔

مہرمانی (ف۔ مونث) باربد کا اکیسواں سر۔

مہرماہ (ف۔ مذکر) شمسی سال کا ساتواں مہینہ

مہرولا (ہ۔ مونث) عورت۔

مُہرہ (ف۔ مذکر) ۱ کوڑی۔ گھونگا۔ سنکھ سیپ۔ صدف ۲ شیشے یا مونگے کا دانہ ۳ وہ پتھر جو سانپ کے سر میں سے نکلتا ہے ۴ لوہے یا ہڈی کا کاغذ گھوٹنے کا آلہ ۵ وہ لکڑی یا ہاتھی دانت کے ٹکڑے جن سے شطرنج کھیلتے ہیں۔ چوسر وغیرہ کی گوٹ یا نرد ۶ گردن کا منکا ۷ ایک قسم کا پتھر ۸ کاغذ کی چمک ۹ لوہاروں کا ہتھوڑا ۱۰ ہر وہ چیز جو کام کرنے میں اوزار کا کام دے۔ مہرہا (مذکر) مہرہ کی جمع۔ مہرہائے تسبیح (مذکر) تسبیح کے دانے۔ مہرہائے سیمابی یا فلک (مذکر) ستارے۔ مہرہ باز (صفت) عیار۔ مکار۔ شعبدہ باز۔ مہرہ بازی (مونث) عیاری۔ مکاری۔ شعبدہ بازی۔ مہرۂ پشت (مذکر) پیٹھ کی ہڈی۔ مہرۂ خاک یا گلیں (مذکر) ۱ زمین ۲ بدن انسان۔ مہرہ دار (صفت) پالش کیا ہوا۔ چمکدار۔ مہرۂ دیوار (مذکر) پلستر۔ کہگل۔ مہرۂ زر (مذکر) سورج۔ مہرہ زن (صفت) پالش کرنے والا۔ مہرۂ سنگ (مذکر) ایک قسم کا پتھر جو عرب میں پایا جاتا ہے۔ اور سیاہ اور سفید ہوتا ہے۔ سنگِ سلیمانی۔ مہرۂ سیم یا سیمابی (مذکر) چاند۔ ستارے۔ مہرہ کرنا (متعدی) پالش کرنا۔ چمکانا۔ چکنانا۔ مہرۂ لاجورد (مذکر) آسمان۔ مہرہ لینا (متعدی) کسی کام کا بیڑا اٹھانا۔ کام کرنے کا دعوےٰ کرنا۔ مہرۂ مار (مذکر) سانپ کا من۔ وہ پتھر کا ٹکڑا جس سے بیان ہوتا ہے کہ سانپ کا زہر دور ہو جاتا ہے۔ ہم نے اس کے متعلق سپیروں سے دریافت کیا ہے وہ کہتے کہ ایسی کوئی چیز نہیں۔ مہرۂ مشکیں (مذکر) زمین۔ مہرۂ نماز (مذکر) خاک شفا کا قرص جسے شیعہ نماز میں سجدے کی جگہ رکھتے ہیں۔ مہروں (مذکر) مہرہ کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ مہرے (مذکر) ۱ مہرہ کی جمع ۲ بجائے مہرہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ مہرے کی وصلی (مونث) وہ وصلی جس پر مہرے سے گھوٹ دیا گیا ہو۔

مہری۔ مہریا (ہ۔ مونث) پانی بھرنے والی عورت۔ کہاری۔

مثل۔ مہریاں کو سگن اسگن۔ شگون اور غیر شگون ماننا عورتوں کا کام ہے۔

مَہری (ع۔ مذکر) ایک زبان جو عرب کے جنوب میں مہرہ علاقے میں بولی جاتی ہے۔

مُہری (ہ۔ مونث) ۱۔ دیکھو موری ۲۔ دیکھو موہری ۳۔ (ہ) بندوق کا سوراخ ۴۔ گھوڑے کا نکتہ۔

مَہزُوم (ع۔ مفعول) ۱۔ شکست دیا گیا۔ شکست خوردہ ۲۔ وہ جو اپنے خاندان سے جدا کیا گیا ہو (ہَزَم۔ شکست دینا)

مَہش (س۔ صفت) ۱۔ طاقت ور۔ قوی۔ زور آور ۲۔ (مذکر) بھینسا ۳۔ سورج ۴۔ بڑا مہنت۔ **مہشی** (مونث) ۱۔ بھینس ۲۔ کوئی بڑے درجے کی عورت ۳۔ راجہ کی بیاہتا پہلی رانی ۴۔ مادہ پرند ۵۔ گنگا کا نام ۶۔ قمری مہینے کی پندرہ تاریخ۔

مَہک (ہ۔ مونث) پھولوں کی بو۔ خوشبو۔ بو باس۔ نگہت (س۔ مہک)۔ **مہک آنا** (لازم) خوشبو آنا۔ لپٹ آنا۔ **مہکانا** (متعدی) معطر کرنا۔ خوشبو پھیلانا۔ **مہک جانا** (لازم) خوشبو میں بس جانا۔ معطر ہو جانا۔ **مہکنا** (لازم) خوشبو پھیلنا۔ معطر ہونا۔ **مہکیلا** (صفت) خوشبودار۔ مہکتا ہوا۔

مَہلا (ہ۔ مذکر) اور محلّی کا مخرب (عف)

مُہلَت (ع۔ مونث) ۱۔ فرصت۔ خالی وقت ۲۔ دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل۔ توقف (مَہَل۔ کوئی کام آہستگی سے کرنا)۔ **مہلت دینا** (متعدی) فرصت دینا۔ موقع دینا۔ اجازت دینا۔ **مہلت مانگنا** (متعدی) فرصت مانگنا۔ **مہلت ملنا** (لازم) فرصت ملنا۔ چھٹی ملنا۔ موقع ملنا۔

مُہلنگ (س۔ مذکر) خواجہ سرا۔

مُہلِک (ع۔ فاعل) مار ڈالنے والا۔ قاتل۔ ضرر رساں (اَہلک۔ مارنا۔ ہَلک۔ مرنا)۔ **مہلک بیماری** (مونث) وہ مرض جس سے جانبری نہ ہو۔ **مہلک دوا** (مونث) ہلاک کر دینے والی دوا۔ **مہلک زخم** (مذکر) کاری زخم۔ ایسا زخم جس کا نتیجہ موت ہو۔

مَہلکہ (ع۔ مذکر) ہلاکت کی جگہ (ہَلک مرنا)

مُہِم (ع۔ فاعل) ۱۔ غم و اندوہ میں ڈالنے والا ۲۔ (مونث) اُردو میں بلا تشدید ہے ۱۔ بڑا کام ۲۔ مشکل یا ضروری کام ۳۔ جنگ۔ لڑائی (اَہم۔ غم میں ڈالنا)۔ **مہمات** (مونث) مہم کی جمع جو اُردو میں استعمال نہیں ہوتا۔ لڑائیاں۔ جنگ۔ **مہم جیتنا** (لازم) ۱۔ لڑائی فتح کرنا ۲۔ سخت یا مشکل کام کو انجام دینا۔ **مہم سر کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱۔ لڑائی فتح ہونا ۲۔ نہایت دشوار کام کا آسان ہونا۔

مَہما (ہ۔ مونث) ۱۔ شان و شوکت۔ شان عظمت۔ بزرگی ۲۔ عزت۔ عظمت ۳۔ مہربانی۔ شفقت۔ حلم۔ خوش اخلاقی ۴۔ تعریف۔ توصیف (س۔ مہما)۔ **مہما سے بولنا** (لازم) بڑی نرمی اور مہربانی سے بات چیت کرنا۔ خوش اخلاقی سے پیش آنا۔ **مہما کرنا** (متعدی) تعریف کرنا۔ توصیف کرنا۔ سراہنا ۲۔ آؤ بھگت کرنا۔ تعظیم و تکریم کرنا۔

مَہما اَمکَن (ع) تا وقتیکہ ممکن ہو۔

مَہمار (ف۔ مذکر) مہمیز اس کا امالہ ہے

مِہمان (ف۔ مذکر) ۱۔ وہ شخص جو کسی کے گھر آکر اترے۔ پاہنا۔ ضیف ۲۔ ضیافت میں آنے والا مہمان ۳۔ داماد۔ جنوائی ۴۔ (عف) بچہ جو حمل میں ہو۔ (مہ۔ بڑا۔ مان۔ مانند۔ س مہمن۔ بزرگی۔ عظمت)۔ **مہمان آنا** (لازم) کسی کا دوسرے کے مکان میں آکر اترنا۔ **مہمان اترنا** (لازم) حمل رہنا۔ پیٹ میں پڑنا۔ **مہمان بلانا** (متعدی) چند ... بلانا۔ **مہمان پرور** (صفت) دیکھو مہمان نواز۔ **مہمان پروری** (مونث) دیکھو مہمان نوازی۔ **مہمان جانا** (لازم) کسی کے گھر جانا۔ **مہمان خانہ** (مذکر) مسافر خانہ۔ مہمان سرا۔ **مہمان داخل** (صفت) دیکھو مہمان۔ **مہمان دار** (صفت) ۱۔ میزبان مہمان بلانے والا ۲۔ وہ شخص جو مہمانوں کی آؤ بھگت پر مقرر ہو۔ **مہمانداری** (مونث) مہمان نوازی۔ ضیافت۔ دعوت۔ **مہمان رکھنا** (متعدی) ۱۔ کسی کو اپنے گھر پر ٹھہرانا۔ کسی کو عارضی طور پر اپنے گھر مقیم رکھنا ۲۔ ضیافت کرنا۔ دعوت کرنا۔ **مہمان رہنا** (لازم) عارضی طور پر کسی کے گھر رہنا۔ **مہمان سرا** (مذکر) ۱۔ مسافر خانہ۔ ہوٹل ۲۔ دنیا۔ روزگار۔ **مہمان عزیز** (مذکر) ذی عزت مہمان۔ **مہمان طفیلی** (مذکر) وہ جو کسی مہمان کے ہمراہ آجائے۔ **مہمان کرنا** (متعدی) ۱۔ کسی کو اپنے یہاں عارضی طور پر مقیم کرنا ۲۔ گھر بلانا۔ ضیافت کرنا۔ دعوت پر بلانا۔ **مہمان نواز** (صفت) ۱۔ مہمانوں کی خاطر تواضع یا مدارات کرنے والا ۲۔ مسافر پرور۔ مسافر نواز۔ غریب پرور۔ **مہمان نوازی** (مونث) ۱۔ مہمانوں کی خاطر تواضع ۲۔ مسافر نوازی۔ ضیافت۔ **مہمان ہونا** (لازم) عارضی طور پر کسی کے گھر ٹھہرنا۔

مہمانی (مونث) ۱۔ مہمانوں کی خاطر تواضع۔ مہمانداری۔ مہمان نوازی ۲۔ ضیافت۔ دعوت (کرنا، ہونا کے ساتھ)

امثال۔ **مہمان اور بخار کو اگر کھانا نہ دو تو پھر نہیں آتے۔** فاقے سے بخار میں فائدہ رہتا ہے۔ اور مہمان کو کھانا نہ دو تو بار بار نہیں آتا۔ **مہمان را بافضولی چہ کار۔** مہمان کو میزبان کے کام میں دخل نہیں دینا چاہیے۔

مُہمَل (ع۔ مفعول) ۱۔ چھوڑ دیا ہوا۔ ترک کیا ہوا ۲۔ بیکار۔ نکما ۳۔ بیہودہ۔ فضول ۴۔ بے معنی۔ لغو۔ زائد ۵۔ سست۔ مجہول۔ کاہل۔ احدی ۶۔ جس پر نقطہ نہ ہو (حرف) (اَہمَل۔ ترک کرنا)۔ **مہملات** (مونث) مہمل کی جمع۔ بیہودگیاں۔ فضول باتیں ... **مہملہ** (صفت) ۱۔ دیکھو مہمل ۲۔ وہ حرف جس پر نقطہ نہ ہو۔

مَہمُوز (ع۔ مفعول) ۱۔ معیوب۔ عیب دار ۲۔ عربی کا وہ کلمہ جس کے مادے میں سے ایک ہمزہ ہو (ہَمَز۔ نقطہ دینا حرف کو)

مَہمُوم (ع۔ مفعول) مغموم۔ غمگین۔ اندوہگین (ہَمّ۔ غم کرنا)

مِہمیز (ع۔ مذکر و مونث) مہمیز (عف) وہ لوہے کا کانٹا جو سواروں کی ایڑی پر لگا ہوا ہوتا ہے اور اس سے گھوڑے کو ایڑ کرتے ہیں۔ **مہمیز کرنا** (متعدی) گھوڑے کو مہمیز سے ایڑ کرنا۔

مَہن (ہ۔ مذکر) متھنا۔ مہنا (متعدی) متھنا

مِہنا (ہ۔ مذکر) طعن۔ تشنیع۔ طنز۔ سرزنش۔ بولی ٹھولی (س بیتہ۔ بحث کرنا)۔ طعنہ کے ساتھ بطور تابع کے استعمال ہوتا ہے۔ **مہنا پھینکنا** (ہ)، **دینا** (ہ)، **مارنا** (ہ۔ متعدی) طعنہ دینا۔ بولی ٹھولی مارنا۔ **مہنا مرت** (مونث) رونا پیٹنا۔ بلبلانا۔ **مہنا مرت مچانا** (متعدی) رونا پیٹنا۔ واویلا کرنا۔

مُہنال (ہ۔ مذکر) وہ دھات کی نلی جو حقے کے آگے لگاتے ہیں (منہ سے)

مَہنت (ہ۔ صفت) ۱۔ بڑا۔ دیکھو مہا ۲۔ (مذکر) سادھوؤں کا سردار۔ جوگی ۳۔ مندر وغیرہ کا بڑا پجاری ۴۔ مہنتوں کے نام کے آگے بطور لقب استعمال ہوتا ہے ۵۔ عزت سے سادھوؤں کو بلاتے ہیں ۶۔ موٹا آدمی۔ فربہ اندام شخص ۷۔ عزت طلب یا جاہ طلب شخص ۸۔ طنزاً شرارتی آدمی۔ بگلا بھگت (س۔ مہنت)۔ **مہنتائی** (مونث) مہنت کا کام۔ **مہنت جی یا صاحب** (مذکر) عزت

سے سادھوؤں اور مہنتوں کو بلاتے ہیں مہنتی (ھ) دیکھو مہنتائی۔

مُہَنَّد (ع۔ صفت) ہند سے مفعول بنایا گیا ہے ۱ ہند کا۔ ہندی بنایا گیا ۲ وہ لفظ جو اصل میں کسی اور زبان کا ہو اور اسے تصرف لفظی یا معنوی کر کے ہندی بنا لیا گیا ہو۔ جیسے گلواری ۳ ہندی تلوار۔

مُہَنْدِس (ع۔ مذکر) ۱ ہندسہ دان۔ علم ہندسہ کا عالم۔ عالم اقلیدس کا ماہر ۲ نجومی۔ جوتشی (اصل مہندز۔ فارسی اندازہ سے) مہندسِ فلک (مذکر) ۱ سیارہ زحل ۲ منجم مہندسی (مونث) ہندسہ کا علم۔ علم ہندسہ سکھانے کا کام۔

مُہَنْدی (ہ۔ مونث) دیکھو مہندی۔

مَہَنگ (ہ۔ صفت) مہنگا (س۔ مہا۔ بڑا۔ ارگھ۔ قیمت) مہنگا (صفت) گراں قیمتی۔ زیادہ مول کا مہنگا پن یا پنا (مذکر) گرانی مہنگا سماں (مذکر) قحط کا زمانہ۔ گرانی کا وقت۔ مہنگا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) گراں ہونا۔ زیادہ قیمت پر بکنا۔ مہنگ سماں (مذکر) دیکھو مہنگا سماں۔ مہنگ فروش (فعل) مہنگا بیچنے والا۔ مہنگ مول (ھ) گراں قیمت مہنگ مولا (مذکر) مہنگوڑا (ھ) مہنگا بیچنے والا گراں فروش۔ مہنگی (مونث) ۱ گرانی ۲ قحط سالی۔ خشک سالی ۳

مُہنی (ہ۔ مونث) دیکھو موہنی۔

مَہُوَا (ہ۔ مذکر) ایک درخت جس کا پھل کھاتے ہیں۔ پھولوں سے شراب بناتے ہیں بیجوں کا تیل نکالتے ہیں (س مدھک) مہوا ٹپکنا (لازم) مہوے کے پھل کا متواتر گرنا۔ مہوے (مذکر) بجائے مہوا حروف مغیرہ سے پہلے۔ مہوے کا تیل (مذکر) تیل جو مہوے کے بیجوں سے نکالا جاتا ہے اس کا دیسی صابن بنایا جاتا ہے۔ مہوے کا درخت (مذکر) مہوا۔ مہوے کی شراب (مونث) ایک قسم کی شراب جو مہوے کے پھولوں سے بنائی جاتی ہے

مہواس (ہند) ریوا کنٹھ میں چھ ریاستیں جیکملی۔ نل۔ سنگھ پور۔ نادل پورہ گوہولی۔ ورکاٹھی

مہوتسا (س۔ مذکر) ۱ بہت کوشش بہت محنت ۲ بادشاہ جس میں بہت طاقت ہو ۳ (صفت) بہت کوشش کرنے والا محنتی۔

مَہوتسو (س۔ مذکر) ۱ بڑا تیوہار ۲ کوئی بڑا خوشی کا موقع۔

مَہوچھ (س۔ مذکر) ۱ بڑا بیل ۲ بڑا بیوقوف۔

مَہوچھا (ہ۔ مذکر) ۱ بڑا تیوہار ۲ فقیروں میں کسی کی موت کے بعد دعوت۔

مَہودار (س۔ صفت) زبردست طاقتور۔

مَہوداریہ (س۔ مذکر) فیاضی۔ بے حد سخاوت۔

مَہودی (س۔ مذکر) ۱ بڑی خوشی ۲ بڑی ترقی۔ بڑا اقبال ۳ بادشاہت حکومت راج ۴ بڑائی عظمت ۵ غرور ۶ مکتی۔ نجات ۷ وہ شخص جس نے بڑا رتبہ حاصل کیا ہو ۸ قنوج کا لقب ۹ (صفت) خوش۔ شادماں ۱۰ خوش قسمت۔ بلند اقبال ۱۱ بہت بڑا عظیم الشان۔ مہودیم (مذکر) ۱ بہت کوشش بےحد محنت ۲ (صفت) بہت کوشش کرنے والا۔ بہت محنتی ۳ شائق۔

مُہور (ھ۔ مونث) مور۔

مُہُور (ع۔ مذکر) مُہر کی جمع۔

مَہُورَت (س۔ مذکر) ۱ وقت کی ایک خاص تقسیم۔ ۱۲ کشن۔ دو گھڑی۔ دن کا تیسواں حصہ۔ ۴۸ منٹ ۲ تھوڑا سا وقفہ۔ منٹ۔ لحظہ ۳ کسی کام کے کرنے کے لئے اچھا یا مناسب وقت۔ مہورت بچارنا یا دیکھنا (ہ۔ متعدی) کسی کام کے لئے ستاروں کی چال کے موافق مناسب وقت دریافت کرنا۔ شگون لینا۔ مہورت کرنا (ہ متعدی) ہونا (لازم) کسی کام کو اچھے وقت پر ہاتھ لگنا۔ وقت مسعود میں کوئی کام شروع ہونا۔

مَہوری (ھ۔ مونث) بڑی لہر یا موج

مُہَوِّس (ع۔ مفعول) ۱ لالچی۔ حریص ہوسناک ۲ دیوانہ۔ مجنوں (ہَوَس۔ پر شہوت بنانا) مہوّس (فاعل) ۱ لالچ یا حرص کرنے والا ۲ دیوانہ مجنوں ۳ (اردو) کیمیاگر۔ سونا چاندی بنانے والا۔ مہوسی (مونث) کیمیاگری۔

مَہوش (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی کوئل۔

مہوشدھ (س۔ مذکر) ۱ اعلیٰ دوا۔ تریاق ۲ سونٹھ۔ لہسن۔ مرچ وغیرہ جو خشک کر کے رکھی جائیں۔ مہوشدھی (مونث) ۱ نہایت اچھی دوا۔ تریاق ۲ دواؤں میں استعمال ہونے والے پودوں کی ایک خاص قسم ۳ دوروا گھاس۔ دوب ۴ لاجونتی۔ چھوٹی موئی ۵ سونٹھ۔

مہوک (ہ) مہوکھا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی کوئل۔

مَہوگا (ھ۔ مذکر) بچوں کا غبارہ۔

مَہی (ہ۔ مونث) چھاچھ۔

مَہی (س۔ مونث) ۱ زمین۔ ارض دنیا ۲ مٹی۔ خاک۔ زمین ۳ اراضی۔ جائداد غیر منقولہ۔

مُہَیّا (ع۔ مفعول) تیار۔ لیس ۔ آمادہ حاضر۔ موجود (کرنا ہونا کے ساتھ) (ہَیّا۔ ترتیب دار رکھنا)

مَہیب (ع۔ مفعول) مُہِیب (فف) خوفناک۔ ڈراؤنا۔ دہشتناک۔ ہیبتناک۔ خطرناک بھیانک (ہَیبَ۔ باب۔ ڈرنا) مہیب صورت (مذکر) جس کی شکل سے ڈر آئے۔

مَہیر (ہ۔ مذکر) گھی کا میل۔

مَہیر (ہ۔ مذکر) ایک کھانا جو چاولوں یا دوسرے اناجوں کو چھاچھ میں پکا کر بناتے ہیں۔ مہیری (مونث) ۱ دیکھو مہیر ۲ میدہ انڈے کی سفیدی اور دودھ کا پکا ہوا مرکب جو پھنسی پھوڑے پر باندھتے ہیں تاکہ پک جائیں ۳ ایک درخت۔

مَہیش (س۔ مذکر) ۱ بڑا دیوتا ۲ شوجی

مَہیشَری (ھ۔ صفت) ۱ مہیشور کے متعلق یا ان کا ۲ ایک فرقہ جو مہیش کی پرستش کرتا ہے ۳ اس فرقے کا ایک فرد ۴ مہیش کا پجاری۔

مَہیلا (ہ۔ مذکر) ابلے ہوئے موٹھ اور گڑ جو گھوڑوں کو ڈالتے ہیں ۲ نہایت بےمزہ کھانا

مہیمرہ (ایران) شط العرب پر ایک بندرگاہ (۱۰۱)

مہیں (ہ۔ نف) میں ہی کا مخفف۔

مَہین (ع۔ صفت) ۱ باریک۔ پتلا۔ ذہین ۲ نازک۔ کومل۔ نازپروردہ (ہَمَن۔ کمزور ہونا) مہین آواز (مونث) باریک آواز۔ ملائم آواز۔ دھیمی آواز۔ مہین دوز (مذکر) درزی جو باریک سلائی کا کام کرے۔ مہین گندا (صفت) مکار۔ پُرفریب مہینا۔ مَہینہ (ف۔ مذکر) ۱ وہ عرصہ جو ایک رویت ہلال سے دوسری رویت ہلال تک ہوتا ہے اور اس وجہ سے یہ مَہ سے مشتق ہے۔ مگر آج کل سال کے بارہویں حصے کے لئے بھی استعمال

ہے۔ جو ۲۸، ۲۹، ۳۰، ۳۱ اور ۳۲ دن تک بھی ہوتا ہے۔ ماہ ۲ تنخواہ جو ایک مہینے کے بعد ملازم کو ملے ماہواری تنخواہ۔ مشاہرہ (ماہ سے)۔ **مہینہ بھاری ہونا** (لازم) مہینہ نحوس ہونا۔ **مہینہ بھر** (صفت) تمام مہینہ۔ تمام مہینے تک۔ **مہینہ چڑھنا** (لازم) ۱ مالک کے ذمہ مہینے کی تنخواہ ہو جانا۔ مشاہرہ باقی رہنا ۲ حیض کے دن ٹل جانا۔ معمول کے دن گزر جانا۔ **مہینہ وار** (صفت) ماہوار (نف)، **مہینہ واری** (مونث) ماہواری تنخواہ (نف)۔ **مہینوں** (مذکر) ۱ مہینا کی جمع ۲ (نف) کئی مہینے تک۔ **مہینے** (مذکر) ۱ مہینہ کی جمع ۲ مہینا کی جگہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **مہینے سے ہونا** (لازم) حیض سے ہونا۔ ایام سے ہونا۔ میلے سر سے ہونا۔ **مہینے کے مہینے** (نف) ماہوار۔ ہر تیس دن کے بعد۔ **مہینے کی ہانڈی** (مونث) ماہواری سوگ۔ **مہینے وار** (صفت) ماہوار (نف)۔ **مہینے واری** (مونث) ماہواری تنخواہ (نف)۔

مہیناری (ھ۔ مونث) حیض۔

مہیندا (ھ۔ مذکر) مہندی کی ایک قسم

مہیندر (س۔ مذکر) بڑا اندر۔

مہیندر رانی (مونث) بڑی سردارنی۔ **مہیندر دیوی** (مونث) بڑے حاکم کی استری۔ **مہیندر نگری** (مونث) بڑا شہر۔ راجدھانی

مہینوال (ھ۔ مذکر) پنجاب کا ایک مشہور عاشق سوہنی پر فریفتہ تھا۔

مئی (انگ۔ مذکر) عیسوی سال کا پانچواں مہینہ جو اکتیس دن کا ہوتا ہے (یونان۔ بہار کی دیوی)

مئی (ھ) مَئِیَ۔ مَے۔ مئے (س صفت) ۱ بنا ہوا۔ مشتمل بر۔ بھرا ہوا۔ پُر۔ ملا ہوا ۲ (مذکر) ایک اسُر کا نام جو دیتوں کا معمار تھا ۳ گھوڑا ۴ گدھا ۵ خچر۔ **مے داتو** (مذکر) ۔۔۔

مے (ف۔ مونث) شراب۔ خمر۔ بادہ۔ مُل۔ مُد۔ مدیرا۔ دارو۔ بنت العنب۔ دختر رز (مذکر)۔ **مے آتشیں** (مونث) سرخ رنگ کی شراب۔ **مے آشام** (صفت) شراب پینے والا۔ **مے اڑانا** (متعدی) **اڑنا** (لازم) شراب پی جانا۔ **مے انگوری** (مونث) انگوری شراب۔ **مے برنا** (مونث) پرانی شراب۔ **مے پرتگال یا پرتگالی** (مونث) پورٹ وائین۔ ایک قسم کی شراب جو پرتگال میں بنائی جاتی ہے۔ **مے پرستی** (مونث) مے نوشی۔ شراب خواری۔ **مے پیادہ** (مونث) وہ شراب جو پیالے میں ہو۔ **مے باقی** (مونث) انگوری شراب۔ **مے خانہ** (مذکر) شراب خانہ۔ **میخوار** (صفت) شراب خور شرابی۔ **میخواری** (مونث) شراب پینا۔ شراب نوشی۔ **میخوش** (صفت) کھٹ مٹھا۔ کھٹا مزا جس میں شیرینی بھی ہو۔ **مے دیناری** (مونث) سرخ شراب۔ **مے ڈھلنا** (لازم) شراب کا بوتل سے نکالا جانا۔ **مے زلال** (مونث) خالص اور شیریں شراب۔ **مے شیراز یا شیرازی** (مونث) شیراز کی شراب اس وجہ سے نہیں کہ شیراز میں بنتی ہے بلکہ شیراز کے شیشوں کی وجہ سے جو بہت خوبصورت ہوتے ہیں۔ **مے طہور** (مونث) پاک شراب۔ بہشت کی شراب۔ **میفروش** (صفت) شراب بیچنے والا۔ **میفروشی** (مونث) شراب بیچنا۔ **مے کافور** (مذکر) شراب جس میں حدت کم کرنے کے لئے کافور ملاتے ہیں۔ **میکدہ** (مذکر) شراب خانہ۔ **میکدے والی** (مونث) شراب۔ **میکش** (صفت) شراب پینے والا۔ **میکشی** (مونث) میخواری۔ **میگسار** (صفت) میخوار۔ **میگساری** (مونث) شرابخواری۔ **میگوں** (صفت) شراب کے رنگ کا۔ سرخ۔ لال۔ **مے ناب** (مونث) خالص شراب۔ **مینوش** (صفت) شرابی۔ شراب پینے والا۔ **مے وصل یا وصالت** (مونث) مباشرت۔ جماع۔ **مے وصل سے سرشار ہونا** (لازم) وصل حاصل کرنا۔ مباشرت کرنا

می۔ مے (ف۔ کلمہ) ماضی کے ساتھ مل کر ماضی قریب بناتا ہے اور مضارع کے ساتھ مل کر صیغہ حال بناتا ہے۔

مثل۔ می چکد آنچہ در آوند من است۔ جو کچھ میرے برتن میں ہے وہی اس سے ٹپکتا ہے۔ جیسی میری فطرت ہے ویسے ہی کام مجھ سے سرزد ہوتے ہیں۔

مَیا (ھ۔ مونث) مایا کا مخفف۔ رحم۔

مَیّا (ھ۔ مونث) ماں کی تصغیر۔ اماں

میا بندی (مونث) عورتیں اپنے بچوں کا نام نہیں لیتیں۔ اس کی بجائے اپنا لیتی ہیں جیسے میابندی کے کہاں چوٹ لگی۔

مثل۔ میا باہا مر گئے۔ یہی دھرپا کر گئے۔ بے سوچے سمجھے دختر کو بدمزاج کے ساتھ بیاہنا۔

میان (ف۔ مذکر) ۱ کسی چیز کا وسط یا درمیان ۲ نیام۔ تلوار یا کسی اور اسلحہ کے رکھنے کا لکڑی کا چمڑہ یا کوئی دھات چڑھا ہوا غلاف نیام (س مدھی)۔ **میان بالا** (صفت) متوسط قد کا (آدمی)۔ **میان تہ** (مونث) بیچ کی تہ جو ابرے اور استر کے درمیان دیتے ہیں۔ **میان تہی** (مونث) وہ بستر جس کے ابرے استر کے بیچ میں روئی کی تہ ہو۔ **میانِ دوآب** (مذکر) دوآبہ **میان سے باہر ہونا** (لازم) ۱ تلوار کا غلاف سے نکل آنا ۲ غصے کے مارے آپے سے باہر ہونا۔ بجد ناراض ہونا۔ **میان سے کھینچنا۔ لینا۔ نکال لینا یا نکالنا** (متعدی)، **نکلنا** ۱ تلوار سُتنا ۲ تلوار کا غلاف سے باہر آنا ۳ مارنے مرنے کے لئے تیار ہونا۔ **میان میں سے نکلے ہی پڑتے ہے۔** بہت تیز مزاج ہے۔ بات بات پر لڑتا ہے۔ **میان میں کرنا** (متعدی) ۱ تلوار نیام میں ڈالنا ۲ لڑائی سے باز آنا **میانہ** (صفت) ۱ درمیان۔ وسط۔ بیچ ۲ بیچ کا۔ وسطی ۳ متوسط درجہ کا۔ منجھلا۔ بڑا نہ چھوٹا ۴ درمیانہ۔ پست (قد) ۵ (مذکر) ایک قسم کی پالکی ۶ ہار۔ لڑی یا مالا کے بیچ کا بڑا موتی ۷ درمیانی قد کا گھوڑا ۸ گاڑی کا ڈنڈا۔ بمب ۹ دھرا۔ **میانہ رَو** (صفت) وہ جو ہر کام یا معاملے میں متوسط چال چلے **میانہ روی** (مونث) اعتدال۔ توسط۔ کفایت شعاری۔ معتدل چال۔ **میانہ قد** (صفت) وہ جس کا قد نہ چھوٹا ہو نہ بڑا۔ **میانہ گیر** (صفت) وہ شخص جو افراط تفریط سے دور رہے۔ **میانی** (مونث) پاجامے کے بیچ کا کپڑا۔ رومال۔

میاں۔ میّاں (ف۔ مذکر) ۱ سردار حاکم۔ مالک۔ آقا۔ والی۔ سرکار۔ حضور۔ مخدوم ۲ خاوند۔ شوہر۔ خصم۔ سائیں۔ پتی۔ وارث۔ سجاں۔ بالم۔ پیا۔ بھتار ۳ ایک کلمہ ہے جس سے بچے کو خطاب کرتے ہیں۔ ننھے منے۔ بیٹا ۴ بعض دفعہ برابر والے کو خطاب کرتے ہیں۔ صاحب۔ حضرت جناب ۵ اور کبھی کبھی اپنے سے کم رتبہ کو بھی خطاب کرتے ہیں ۶ تعظیماً ہر شخص کو کہتے ہیں ۷ ملازم آقا کو میاں کہتے ہیں ۸ مسلمان راجپوت اور ارائیں اپنے نام کے پہلے استعمال کرتے ہیں ۹ ہندو پہاڑی راجپوت بھی اپنے نام

کے پہلے استعمال کرتے ہیں ۱۱۔ استاد۔ اخوند معلم۔ مدرس۔ مکتب پڑھانے والا ملا ۱۲۔ آقازادہ امیرزادہ۔ شہزادہ۔ مالک کا بیٹا ۱۳۔ پہاڑی رجواڑوں کے خاندان کے لوگ ۱۴۔ اپنے سے عمر کے چھوٹے کو بھی یہ خطاب کرتے ہیں ۱۵۔ پرانے شاعروں نے معشوق کے لئے بھی اشعار میں باندھا ہے ۱۶۔ خواجہ سرا کو بھی کہتے ہیں ۱۷۔ بعض جگہ بچے باپ کو بھی کہتے ہیں ۱۸۔ شاعروں کے تخلص پر تعظیم کے لئے لاتے ہیں ۱۹۔ تحقیر اور تمسخر سے بھی استعمال کرجاتے ہیں ۲۰۔ (ہ) لاابالی مسلمان۔ لاپرواہ۔ مولا دَولا ۲۱۔ بیوقوف مسلمان۔ دیوانہ۔ باؤلا ۲۲۔ عام مسلمان۔ ترک۔ مُلّا۔ (امیراں کا مخفف ہندی معنوں میں غالباً اس متر سے مشتق ہے ۲۳۔ (لکھنؤ) وہ شخص جو چند بازاری عورتوں کا مالک ہو نائیک ۲۴۔ (لکھنؤ) ماہر فن موسیقی۔ کلاونت۔ رنگا گویا ۲۵۔ (لکھنؤ) خواجہ سرا۔ زنخوں وغیرہ سے مخاطب ہونے کا کلمہ ۲۶۔ بچولیا۔ درمیانی آدمی ۲۷۔ بھڑوا رلا۔ کٹنا ۲۸۔ ایلچی۔ قاصد۔ خبر رساں (میان یعنی وسط سے) **میاں آدمی** (مذکر) بھلا مانس آدمی نیک آدمی۔ شریف آدمی۔ **میاں بھائی** (مذکر) ۱۔ خوشامد سے کسی کو سمجھاتے ہوئے کہتے ہیں ۲۔ مسلمان ۳۔ (طوائفوں کی اصطلاح) وہ دو آدمی جو ایک عورت سے رہیں۔ **میاں بیوی** (مذکر) خاوند اور زوجہ۔ زن و شوہر **میاں جی** (مذکر) ۱۔ دیکھو میاں ۲۔ مُلا ۳۔ تعظیماً میاں کو کہتے ہیں۔ **میاں جی گری** (مونث) ۱۔ مکتب پڑھانے کی نوکری یا پیشہ ۲۔ قاصدی پیغام رسانی ۳۔ دلالی۔ کٹناپا **میاں صاحب** (مذکر) ۱۔ تعظیماً درویشوں کے واسطے مستعمل ہے ۲۔ میاں ۳۔ کو بھی تعظیماً کہتے ہیں۔ **میاں مٹھو** (مذکر) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا خصوصاً بچہ ۲۔ طوطا ۳۔ (صفت) سادہ لوح۔ بھولا بھالا۔ **میاں مٹھو بنا دینا یا بنانا** (متعدی) طوطے کی طرح الفاظ یاد کرا دینا۔ بے سمجھائے پڑھانا۔ **میاں مودھو ہیں** بیوقوف نافہم ہے۔

امثال واقوال۔ میاں بیوی دو جنے کس کے لئے پیس جو پیسنے۔ گھر کے دو آدمی ہوں تو صنعت کرنا بے فائدہ ہے **میاں بیوی راضی کیا کرے گا قاضی** جب آپس میں اتفاق ہو تو دوسرا کچھ نہیں کر سکتا **میاں پھرے** (پھریں) **لال گلال بیوی کے** دہیں (برے) احوال۔ دیکھو باہر میاں۔ بیوی بیار الخ۔ **میاں کا دم اور کوا لڑکی جوڑی بہت** غربت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **میاں کماتے کیا ہو ایک سے دس۔ ساس نند کو چھوڑ دو ہمیں تمہیں بس۔** جہاں عورت خاوند کو لے کر الگ گھر کرنا چاہے تو کہتے ہیں **میاں کماؤ بی بی اڑاؤ۔** ایک کمائے دوسرا خرچ کرے **میاں کی جوتی میاں کا سر۔** اپنے ہاتھوں لاچار ہے۔ **میاں کی داڑھی واہ واہ ہی میں گئی۔** دیکھو ملا کی الخ **میاں کے میاں گئے برے برے سپنے آئے مصیبت پر مصیبت پڑے۔ میاں گھر نہیں بیوی کو ڈر نہیں۔** ننگ و ناموس کیونکر سلامت رہے۔ **میاں گئے روند بیوی گئیں پٹ روند۔** خاوند گھر سے باہر جائیں تو بیوی بھی چل دیتی ہیں (یہ) عورت کے متعلق کہتے ہیں جو بہت پھرتی رہے **میاں مٹھو پڑھو تو پڑھو نہیں پنجرا خالی کرو** کام کرنا ہے تو کرو نہیں تو جاؤ۔ **میاں ناک کاٹنے کو پھریں بیوی کہے مجھے نتھ گھڑا دو** ایک کچھ کہے دوسرا کچھ۔ ایک کا کچھ مطلب ہو دوسرا کچھ سمجھے۔ **میاں نے ٹوپی گھر باہر سے کھوئی۔ میاں نے لونڈی سب کام سے کھوئی۔** مالک لونڈی سے اختلاط کرے تو وہ کام نہیں کرتی۔ **میاں ہاتھ انگوٹھی بیوی کے کان پات۔ لونڈی کے دانت مسی تینوں کی ایک بات۔** گھر میں سب شوقین مزاج ہیں۔

میاؤں (ہ۔ مونث) بلی کی آواز۔ خرخر۔ غرّانا۔

مثل۔ میاؤں کو کون پکڑیگا۔ زبردست کی آواز سے ہی ڈر لگتا ہے۔

میَبھا (ہ۔ مونث) سوتیلی ماں۔

مَیپ (انگ۔ مذکر) نقشہ۔

مَیِّت (ع۔ مونث) مردہ۔ لاش۔ جنازہ نعش۔ زبانوں پر بالفتح ہے (موت۔ مات۔ مرنا) **میت اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) دفن کرنے کے لئے میت لے جانا۔ **میت کی نماز** (مونث) نماز جنازہ۔

مِیت (ہ۔ مونث) ۱۔ یار۔ دوست۔ ساتھی رفیق۔ مشتاق۔ شفیق ۲۔ عاشق۔ فریفتہ۔ مفتون **میتا** (مذکر) ۱۔ دیکھو میت ۲۔ ہمنام **میتن۔ میتی** (مونث) ۱۔ عورت دوست ۲۔ دوستہ ۳۔ ہمنام عورت۔

مقولہ۔ میت بنائے نہ بنے بیری سنگھ اور ناگ۔ جیسے کد ملے نہ بنیں ایک ٹھور جل آگ۔ دشمن شیر اور سانپ دوست نہیں بن سکتے جس طرح پانی اور آگ اکٹھے نہیں رہ سکتے

میٹ (ہ۔ مذکر) گھڑا۔ پیالہ۔ **میتا** (ہ۔ مذکر) گھڑا۔ پیالہ

میتھن (س۔ مذکر) ۱۔ جماع۔ بھوگ۔ ہمبستری ۲۔ شادی۔ بیاہ ۳۔ میل جول۔ تعلق۔

میتھی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا ساگ جو بہت خوشبودار ہوتا ہے۔ پنجاب میں قصور کی میتھی بہترین سمجھی جاتی ہے (س میتھکا)

میٹ (ہ۔ امر) ۱۔ میٹنا کا ۲۔ (صفت) مٹا ہوا۔ برباد مرکبات میں جیسے ملیا میٹ (س مرج) مٹانا۔ برباد کرنا) **میٹنا** (متعدی) ۱۔ مٹانا۔ برباد کرنا ۲۔ ربڑ سے صاف کرنا ۳۔ قلم پھیرنا۔ دور کرنا ۴۔ کھونا۔ ضائع کرنا ۵۔ چھپانا۔

میٹ۔ میٹا (ہ۔ مذکر) مٹی کا گھڑا **میٹی۔ میٹیا** (مونث) گھڑیا۔ چھوٹا گھڑا۔

میٹ (انگ۔ مذکر) ۱۔ رفیق۔ ساتھی ہمراہی ۲۔ قلیوں کا افسر۔ مزدوروں کا جمعدار ۳۔ باورچی کا پیشدست جو برتن صاف کرتا ہے ۴۔ حقہ برداروں کا پیش دست جو چلمیں بھرتا ہے ۵۔ مزدوروں اور قلیوں کا سرگروہ۔

میٹر (انگ۔ مذکر) ایک پیمانہ جو ایک گز ۳½ انچ کے برابر ہوتا ہے۔

میٹریکولیشن (انگ۔ مذکر) دسویں جماعت کا امتحان۔

میٹنگ (انگ۔ مونث) جلسہ۔ مجلس۔ مجمع۔ بزم۔ پنچایت۔ کمیٹی۔ سبھا۔ اجتماع۔ جمگھٹا۔

میٹھا (ہ۔ صفت) ۱۔ شیریں۔ شکریں ۲۔ خوش ذائقہ۔ مزیدار لذیذ ۳۔ کانوں کو اچھا لگنے والا ۴۔ شیریں کلام ۵۔ بردبار۔ حلیم ۶۔ سست۔ ڈھیلا۔ دھیما ۷۔ ہلکا۔ کم رفتار ۸۔ کند ذہن ۹۔ نرم۔ ہلکا ۱۰۔ دھیما ۱۱۔ نامرد ۱۲۔ بھڑوا ۱۳۔ دھار کا کند ۱۴۔ (مذکر) شیرینی۔ مٹھاس۔ حلاوت ۱۵۔ مٹھائی۔ حلوا ۱۶۔ گنا ۱۷۔ ایک قسم کا شیریں لیمو ۱۸۔ ایک قسم کا کیلا ۱۹۔ فائدہ۔ منافع ۲۰۔ میٹھا کرنا ۲۱۔ آٹھویں یا اٹھارھویں برس شادی ۲۲۔ حلوا جس پر شب برات میں مردوں کا فاتحہ دلاتے ہیں یا محرم میں امام حسین کی نذر کے واسطے کھلاتے

میں ۔ ایک قسم کا زہر ۔ وہ مرد جو زنانی گفتگو کرتا اور زنانہ لباس پہنتا ہو
شاعر ہیں اس سے ٹھگ ۔ میٹھا آدمی ۔ شیریں کلام آدمی ۔ بردبار یا حلیم
شخص ۔ میٹھا آم (مذکر) شیریں آم ۔ تپیا آم ۔ میٹھا انار (مذکر) انار شیریں
میٹھا برس (مذکر) اٹھارواں یا اٹھواں برس ۔ عورتیں اس کو نحوس
سمجھتی ہیں ۔ اس لئے یہ نام رکھ لیا ۔ میٹھا بولنا (لازم) شیریں کلامی
سے پیش آنا ۔ نرمی سے بولنا ۔ میٹھا بھات (مذکر) میٹھے چاول ۔ میٹھا
پانی (مذکر) ۱. آب شیریں ۲. لیمونیڈ ۔ میٹھا پوپیہ (مذکر) ایک قسم کا پوپیہ جو تیز
نہیں ہوتا ۔ چاشنی کے ساتھ ۔ میٹھا تمباکو (مذکر) وہ تمباکو جس میں گڑ
زیادہ ڈالتے ہیں ۔ میٹھا تیل (مذکر) تلوں کا تیل ۔ میٹھا تیلیا (مذکر) ایک
بوٹی جس کی جڑ زہریلی ہوتی ہے ۔ میٹھا ٹھگ (مذکر) میٹھی میٹھی
باتیں بنا کر ٹھگنے والا ۔ جھوٹا دوست ۔ بے ایمان دوست ۔ ٹھگوں کے
اس فرقے کا آدمی جو میٹھا تیلیا کھلا کر مسافروں کو لوٹ لیتے تھے ۔
میٹھا خربوزہ (مذکر) شیریں خربوزہ ۔ میٹھا درد (مذکر) ہلکا ہلکا درد ۔ میٹھا
درد ۔ میٹھا زہر (مذکر) ایک قسم کا زہر ۔ میٹھا سال (مذکر) دیکھو میٹھا برس ۔
میٹھا گندہ و گھیا (مذکر) گرل گھیا ۔ سیتا پھل ۔ کدو ۔ شیریں ۔ میٹھا منہ
(مذکر) تلوار یا چھری کی کند دھار ۔ کندی ۔ ۲. شیریں ۔ میٹھا منہ کروانا (متعدی)
کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دیکھو منہ میٹھا ہونا وغیرہ ۔ میٹھا میٹھا (صفت)
ہلکا ہلکا ۔ کم کم ۔ خفیف سا ۔ تھوڑا تھوڑا ۔ میٹھا مہینہ (مذکر) حمل کا آٹھواں
مہینہ ۔ میٹھا میٹھا درد (مذکر) کم کم درد ۔ ہلکا ہلکا درد ۔ میٹھا ہونا (لازم)
۱. شیریں ہونا ۲. کم ہونا ۔ تھوڑا ہونا ۔ پھیکا ہونا ۳. گوارا ہونا ۔ پسند ہونا ۔ قابل
برداشت ہونا ۔ میٹھی (صفت مونث) ۱. میٹھا کی ۲. (مونث) دیکھو میٹھا
۳. بچوں کا بوسہ ۔ میٹھے (صفت) ۱. میٹھا کی جمع ۲. بجائے میٹھا کے
حروف مغیرہ سے پہلے ۔ میٹھی آنکھوں سے دیکھنا (متعدی) محبت کی
نظر سے دیکھنا ۔ میٹھی بات (مونث) ملائم بات ۔ نرم بات ۔ ۲. چپ
شیریں بات ۔ میٹھی باتوں پر جانا (لازم) پیار کی باتوں پر دھوکا کھانا
۔ نرم نرم باتوں کی وجہ سے پھنس جانا ۔ میٹھی باتیں کرنا (متعدی) ہونا
(لازم) ۱. چکنی چپڑی باتیں ہونا ۔ مزے مزے کی باتیں ۔ بڑی نرمی سے
گفتگو ہونا ۔ میٹھی باڑھ پر ہونا (لازم) تلوار یا چھری کا تیز ہونا ۔ میٹھی باڑھ
(مونث) کند دھار ۔ میٹھی بولی (مونث) ملائم اور نرم بولی ۔ میٹھی پوئی
یا پوئیوں (مونث) دیکھو میٹھا پوپیہ ۔ چلنا کے ساتھ ۔ میٹھی چتون (مونث)
میٹھی نظر ۔ میٹھی چھری (مونث) وہ شخص جو ظاہر میں دوست اور باطن
میں دشمن ہو ۔ مار آستین ۔ میٹھی زبان (مونث) شیریں سخنی ۔ خوش بیانی ۔
خوش گفتاری ۔ میٹھی عید (مونث) عید الفطر ۔ میٹھے کھانے کو جی چاہنا (لازم)
مجامعت کی خواہش ہونا ۔ ہمبستری کو جی چاہنا ۔ میٹھی گالی (مونث) وہ گالی
جو ناگوار نہ گزرے ۔ معشوق کی گالی ۔ میٹھی مار (مونث) ۱. وہ مار جس کا
اثر بدن پر نہ ہو ۲. گجی مار ۳. باطنی تکلیف ۔ میٹھی مار دینا (متعدی)
تسدنی مار دینا ۔ اس طرح مارنا کہ بظاہر چوٹ ہلکی معلوم ہو ۔ میٹھی مار (مونث)
پیچی مار ۔ میٹھے منہ پر ہونا (لازم) تلوار یا خنجر کا تیز ہونا ۔ میٹھی میٹھی آواز
(مونث) وہ آواز جو بھلی معلوم ہو ۔ میٹھی میٹھی باتیں (مونث) شیریں باتیں

پیار کی باتیں ۔ شیریں اور مزیدار گفتگو ۔ میٹھی میٹھی پھوار (مونث) تھوڑی
تھوڑی پھوار ۔ مدھم پھوار ۔ میٹھی میٹھی نظریں (مونث) لطف و محبت کی
نگاہیں ۔ پیاری پیاری نگاہیں ۔ میٹھے میں سلونا ملانا (متعدی) بے مزگی
پیدا کرنا ۔ میٹھی نظر یا نگاہ (مونث) محبت کی نظر ۔ عاشقانہ نگاہ ۔ میٹھی نظر
یا نگاہ سے تکنا یا دیکھنا (متعدی) محبت کی نظر سے دیکھنا ۔ میٹھی نظروں
سے دیکھنا (متعدی) محبت کی نگاہوں سے دیکھنا ۔ میٹھی نیند (مونث)
گہری نیند ۔ سکھ کی نیند ۔ خواب راحت ۔ میٹھے والے (صفت)
وہ ٹھگ جو مسافروں کو میٹھا تیلیا کھلا کر مار ڈالتے تھے ۔ میٹھے ہیں
۱. بندل ہیں ۔ نامرد ہیں ۲. شیریں زبان ہیں ۳. عزیز ہیں ۔

امثال و اقوال میٹھا اور بھر کٹوری (کٹوری بھر یا کٹورا
بھر) اچھی چیز اور زیادہ ۔ زیادہ ہوس کے موقع پر کہتے ہیں ۔ میٹھا میٹھا ہپ
ہپ کڑوا کڑوا تھو ۔ میٹھا ہپ ہپ کڑوا تھو تھو ۔ اچھی چیز لینا اور بری چیز
سے پرہیز کرنا ۔ خوشحالی کے دن مزے سے گزارنا اور مصیبت کے زمانے
کی شکایت کرنا ۔ میٹھی باتوں میں دن رات کٹے ۔ معلوم نہیں ہوتے
اچھی باتوں یا خوشحالی میں وقت جلد گزر جاتا ہے ۔ میٹھی چھری زہر کی
بجھی ۔ منہ پر نرم کلام دل میں دشمنی ۔ میٹھے سے مرے تو زہر کیوں
دے ۔ اگر میٹھی میٹھی باتوں سے کام نکل سکتا ہے تو سختی نہیں
کرنی چاہیے ۔ میٹھے کے لالچ (واسطے) جھوٹا کھاتے ہیں ۔ نفع
اٹھانے کی طمع میں سخت زبانی اور تکلیف برداشت کرتے ہیں ۔
میٹھے کے واسطے نہ سلونے کے واسطے ۔ بغیر کسی طمع کے ۔

میثاق (ع ۔ مذکر) عہد ۔ اقرار ۔ قول و قرار ۔ دوستی ۔ اعتبار کرنا
میجر (انگ ۔ مذکر) ایک فوجی افسر جو کپتان سے اوپر
اور لفٹیننٹ کرنل سے چھوٹا ہوتا ہے ۔
میجسٹریٹ (انگ ۔ مذکر) دیکھو مجسٹریٹ ۔
میجودہ ۔ مذکر ۔ مسودہ ۔
میچ (انگ ۔ مذکر) ۱. کھیل میں مقابلہ ۲. بازی ۔ شرط ۳. (مونث)
دیاسلائی ۔ ماچس ۔ میچ برابر رہنا (لازم) ہر دو فریق کا کھیل میں ایک سا
رہنا ۔ میچ جیتنا (متعدی) کھیل میں دوسرے پر فتح پالینا ۔ میچ ڈرا ہو جانا
(لازم) کسی فریق کا نہ جیتنا ۔ کھیل بلا فیصلہ ہو جانا ۔ میچ کرنا یا کھیلنا
(متعدی) کسی کھیل میں کسی کے ساتھ مقابلہ کرنا ۔ میچ ہارنا (متعدی) ہار
دینا یا ہار اٹھانا (متعدی) ہرنا (لازم) کھیل میں ہار جانا ۔ میچ ہونا (لازم)
کھیل میں مقابلہ ہونا ۔
میچنا (ہ ۔ متعدی) ۔ میچھنا ۱. بند کرنا (آنکھ کا) ۲.
آنکھ مارنا ۔ اس رمز ۔ آنکھ جھپکنا ۔
میخ (ف ۔ مونث) ۱. کیل ۔ پیگ ۲. کھونٹا ۔ کھونٹی ۔ چوب
میخ اکھاڑنا (متعدی) اکھڑنا (لازم) کھونٹا اکھڑنا ۔ نیزہ بازی ہونا
سواروں کا ایک کرتب ۔ زمین میں میخ ٹھونکنا (متعدی) ۱. کیل گاڑنا
کسی چیز میں کیل جڑنا ۲. دبانا ۔ مغلوب کرنا ۳. ہاتھ پاؤں میں کیل ٹھونکنا
صلیب پر چڑھانا ۔ پہلے زمانے کی ایک سزا ۴. آپس میں کیل ٹھوک کر

بیکار کرنا ۵. سخت ایذا پہنچانا ۔ میخ ہلانا (متعدی) مقصد میں رخنہ کرنا ۔
میخچو (مذکر) میخ ٹھونکنے کی موگری ۔ میخ کوب ۔ میخ مارنا (متعدی)
۱. کیل ٹھونکنا ۔ کھونٹی گاڑنا ۲. مغلوب کرنا ۔ ہرانا ۳. رخنہ اندازی کرنا ۔
حارج ہونا ۴. سیندھ لگانا ۔ نقب زنی کرنا ۵. بیچ ٹھونکنا ۔ مقصد میں رخنہ کرنا
میخی (صفت) ۱. میخ سے سوراخ کیا ہوا ۲. میخ سے سوراخ کر کے
کچھ بھرا ہوا ۔ میخی روپیہ (مذکر) وہ روپیہ جس میں سوراخ کر کے چاندی
نکال لیں اور اس میں تانبہ بھر دیں ۔

میدان (ف ۔ مذکر) ۱. خالی زمین جس پر کوئی مکان نہ ہو ۔
فراخ زمین ۲. مقام جہاں گھوڑا دوڑاتے ہیں ۳. چوگان کھیلنے
اکھاڑہ ۴. جلسے کی جگہ ۔ سرگزشت ۔ موقع واردات ۵. تمہید شعر نظم ۔
مضمون ۶. لڑائی کی جگہ ۔ کارزار ۔ لڑائی ۔ مقابلہ ۔ جنگ ۷. جوہریوں
کی اصطلاح میں جواہرات کا طول و عرض ۸. مقدار تراش قلم ۔ قلم کی
تراش ۔ میدان بولنا (متعدی) میدان جنگ میں غل ہونا ۔ میدان
جانا (لازم) پیخانے کے لئے باہر جانا ۔ قضائے حاجت کے لئے
جانا ۔ میدان جنگ (مذکر) لڑائی کا کھیت ۔ معرکہ ۔ وہ جگہ جہاں لڑائی
ہو ۔ میدان جیتنا (لازم) معرکہ جیتنا ۔ میدان چرخ (مذکر) آسمان ۔ فلک ۔
میدان چھوڑ کر بھاگنا (متعدی) دیکھو میدان چھوڑنا ۔ میدان
چھوڑنا جانا یا چھوڑنا (متعدی) ۱. جگہ چھوڑنا ۔ میدان دینا ۲. پیچھے
ہٹ جانا ۳. لڑائی کا موقعہ چھوڑ کر بھاگ جانا ۔ پیٹھ دکھانا ۔ میدان
خالی چھوڑنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱. میدان میں حریف نہ ہونا ۔ میدان
سے حریف کا چلا جانا ۲. میدان میں مجمع نہ ہونا ۳. تخلیہ ہونا ۴. کوئی مد
مقابل نہ ہونا ۔ میدان داری (مونث) لڑائی ۔ جنگ ۔ میدان داری کرنا
(متعدی) ہونا (لازم) ۱. لڑائی ہونا ۔ جنگ ہونا ۲. جھگڑا ہونا ۔ میدان
دینا (متعدی) جگہ دینا ۔ رستہ دینا ۔ جگہ کرنا ۔ میدان روکنا (متعدی)
میدان پر قابض رہنا ۔ میدان رہنا (لازم) جنگ رہنا ۔ معرکہ رہنا
میدان سے قدم اکھڑنا (صفت) ہمت ہارنا ۔ میدان صاف
کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱. مجمع نہ ہونا ۲. کوئی روکنے ٹوکنے والا نہ ہونا
خوف و اندیشہ نہ ہونا ۔ میدان قلم (مذکر) دیکھو قلم ۔ میدان کا
دھنی (صفت) بہادر ۔ شجاع ۔ دلیر ۔ میدان کا رخ ہونا (لازم)
میدان کی طرف متوجہ ہونا ۔ میدان کارزار (مذکر) میدان جنگ ۔
میدان کرنا (متعدی) ۱. مکان وغیرہ کو گرا کر زمین ہموار کر دینا ۲. میدان جنگ
کرنا ۔ صف آرائی کرنا ۳. مجمع پریشان کرنا ۔ لوگوں کو منتشر کرنا ۔ میدان
مارنا (متعدی) لڑائی جیتنا ۔ معرکہ میں فتحیاب ہونا ۔ میدان مانگنا
(متعدی) وسعت کا خواہاں ہونا ۔ بہت جگہ چاہنا ۔ میدان حشر یا محشر
(مذکر) وہ مقام جہاں قیامت کے روز لوگ حساب کتاب کے لئے
جمع ہوں گے ۔ میدان میں (متعلق) ۱. کھلی جگہ میں ۲. کھیت میں ۳. برسر میدان ۔
کھلم کھلا ۔ میدان میں آنا (لازم) مقابلے میں آنا ۔ لڑائی کے لئے نکلنا ۔
میدان میں اترنا (لازم) کشتی لڑنے کے لئے اکھاڑے میں آنا ۔ میدان
میں جھنڈا گاڑنا (متعدی) ۱. فاتح کا بعد فتح میدان جنگ میں

اپنا جھنڈا گاڑنا۔ رعب ڈالنا۔ دبدبہ قائم کرنا ۳ کامیابی یا فتح حاصل کرنا۔ میدان ہاتھ آنا یا رہنا (لازم) فتح پانا۔ لڑائی مار لینا۔ میدان فتح کرنا۔ میدان ہاتھ سے جانا (لازم) ہار ہونا۔ شکست ہونا۔ موقع نکل جانا۔ میدان ہاتھ ہونا۔ رتبہ سر سہرا ہونا۔ میدان ہونا (لازم) ۱ مقابلہ ہونا۔ لڑائی ہونا۔ جنگ ہونا ۲ مباحثہ ہونا۔ میدانی (صفت) ۱ سطحی۔ ہموار ۲ متعلقہ میدان ۳ (مونث) وہ لالٹین جو صحن مکان میں نصب کرتے ہیں ۴ (مذکر) نقیب۔

میدانی (ہ۔ مونث) گندھا ہوا میدا جسے مٹھائی بنانے کے لئے خمیر کیا ہوا ہو (میدہ سے)

میدہ (ف۔ مذکر) نہایت باریک آٹا۔ میدہ چھاننا (متعدی) چھاننا (لازم) آٹے کو باریک چھلنی میں سے نکالنا۔ میدہ ہونا۔ میدہ سا (صفت) بہت باریک۔ میدے کی طرح۔ میدہ گوندھنا (لازم) گوندھنا (متعدی) میدے کو پانی میں ڈال کر ہاتھوں سے دبانا۔ میدہ لکڑی (مونث) ایک جڑی کا نام۔ میدہ وشہاب (مذکر) گوری اور سرخ رنگت سے تشبیہ دیتے ہیں۔ میدے (مذکر) میدہ کی جمع یا بجائے میدہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ میدے کی لوئی (مونث) نہایت ملائم پیٹ سے تشبیہ دیتے ہیں۔

میڈل (انگ۔ مذکر) تمغہ۔

میڈم (انگ۔ مونث) بیگم۔ خاتون۔

میر (ف۔ مذکر) امیر کا مخفف ۱ سردار۔ حاکم۔ سالار۔ سرگروہ افسر۔ رئیس ۲ امام۔ پیشوا۔ ہادی۔ رہنما۔ پیشوائے دین ۳ سید لوگ اپنے نام کے آگے استعمال کرتے ہیں ۴ بادشاہ۔ شہزادہ ۵ تاش میں بادشاہ ۶ وہ شخص جو سبقت لے جائے ۷ کشمیریوں کی ایک ذات ۸ مذاقاً بڑا کو کہتے ہیں جو صاحب سالک نہ ہو ۹ حضرت کا لفظ شروع میں اضافہ کرکے ایک مہینے کا نام رکھتی ہیں۔ میر آب (مذکر) دریا کا محافظ۔ بندرگاہ کا حاکم۔ میر آتش (مذکر) سلاح خانہ کا داروغہ۔ میر آتشی (مذکر) میر آتش کا عہدہ۔ میر آخور (مذکر) داروغہ اصطبل۔ میر آش (مذکر) وہ عہدہ دار جو لوگوں کو کھانے پر مدعو کرے۔ میر بار (مذکر) وہ امیر جو لوگوں کو بادشاہوں کے حضور میں آنے کی اپنے طیبان پر اجازت دیتا ہے۔ میر بحر (مذکر) ۱ امیر البحر بیڑے کا کپتان ۲ دریا کے گھاٹ کا داروغہ ۳ بندرگاہ کا منتظم۔ میر بحری (مونث) ۱ میر بحر کا عہدہ ۲ وہ محکمہ جو بحری فوج کا انتظام کرے ۳ بندرگاہ کے محصول۔ میر بخشی (مذکر) تنخواہ تقسیم کرنے والا افسر۔ میر بکاول (مذکر) محلات کا داروغہ۔ کھانا پکانے کا منتظم۔ میر بھوجڑی (مذکر) بھوتوں کا نامعلوم الاسم پیر۔ میر بھوجڑی کی کڑھائی (مونث) میر بھوجڑی کی نیاز کا پکوان جو کسی بچے کو اپنے گروہ میں شامل کرنے کے وقت پکاتے ہیں۔ میر تزک یا توزک (مذکر) سپہ سالار۔ فوج کا انتظام کرنے والا۔ داروغہ خدم و حشم۔ میر جی (مذکر) ۱ عزت سے سیدوں کو خطاب کرتے ہیں ۲ میرانیوں کا خطاب۔ میر حاجب (مذکر) حاجبوں کا سردار۔ میر چوپان (مذکر) گوالوں کا سردار۔ میر داد (مذکر) عدالت کا بڑا عہدہ دار۔ میر دہ (مذکر) دس آدمیوں کا سردار قاصدوں اور چوبداروں کا سردار۔ میر دہا۔ میر دیوان (مذکر) سررشتہ دار نائب پیشکار۔ میرزا (مذکر) امیرزادہ کا مخفف۔ شہزادہ۔ دیکھو مرزا۔ میرزائی (مونث) ۱ بزرگی۔ شہزادگی۔ شرافت۔ عالی خاندانی ۲ تکبر۔ نازک مزاجی۔ زنانہ گھمنڈ ۳ کرتی۔ صدری۔ واسکٹ۔ میر دفتر (مذکر) سر دفتر۔ سپرنٹنڈنٹ دفتر۔ ہیڈ کلرک۔ میر سامان (مذکر) بادشاہوں اور امیروں کے کھانے کا انتظام کرنے والا۔ میر شکار (مذکر) وہ عہدہ دار جس کے متعلق شکاری جانوروں کی نگہبانی ہو۔ میر صاحب (مذکر) سیدوں کو عزت سے بلاتے ہیں۔ شاہ صاحب۔ میر صد (مذکر) سو آدمیوں کا افسر۔ میر عدل (مذکر) عدالتوں کا منتظم۔ **میر عرض** (مذکر) وہ عہدہ دار جو عرضیاں پیش کرے۔ میر علم (مذکر) شاہی جھنڈا بردار۔ میر عمارت (مذکر) عمارتوں کا چودھری۔ مستری۔ انجینئر۔ میر فرش (مذکر) ۱ وہ بھاری پتھر جو فرش دبانے کے لئے چاروں کونوں پر رکھے جاتے ہیں ۲ وہ شخص جو اپنی جگہ سے حرکت نہ کرے۔ میر قافلہ یا کاروان (مذکر) قافلے کا سردار۔ میر قلاں (مذکر) ایک عہدہ دار جو دہلی کے شاہی دربار کے وقت ایک آنکڑہ دار چھڑی لئے ہوئے اس واسطے حاضر رہتا تھا کہ جو شخص دستور کی مقررہ جگہ پر کھڑا ہو جائے تو اس کی گردن میں لکڑی ڈال کر باہر نکال دے۔ میر کلام (مذکر) بہت اچھا بولنے والا۔ اچھا لکچرار۔ میر لوا (مذکر) شاہی جھنڈا بردار۔ میر مال (مذکر) ۱ افسر خزانہ ۲ شاہی ادھمی۔ میر مجلس یا محفل (مذکر) صدر مجلس۔ صدر انجمن۔ صدر نشین۔ پریذیڈنٹ۔ میر محلہ (مذکر) محلے کا چودھری کسی کوچے کا سرغنہ۔ میر مشاعرہ (مذکر) مشاعرے کا صدر مجلس یا پریذیڈنٹ۔ میر مطبخ (مذکر) خانساماں بادشاہوں کے باورچیوں کا سردار۔ داروغہ باورچی خانہ۔ میر منزل (مذکر) وہ عہدہ دار جو لشکر کے آگے جا کر ہر منزل کا سامان ترتیب دیتا ہے۔ میر منش (صفت) نازک مزاج۔ امیرانہ طبیعت کا آدمی۔ میر منشی (مذکر) سررشتہ دار۔ پیشکار۔ محرر۔ میر میدان (مذکر) مرد میدان۔ بہادر آدمی۔ میر مفت بخشت (مذکر) طفیلی۔ میری (مذکر) ۱ وہ آدمی جو کام میں سب سے اول رہے ۲ (مونث) امیری۔ سرداری۔ میرین (مذکر) ۱ امیر خسرو اور میر حسن دہلوی ۲ قیصر روم کے ایک داماد کا نام۔

مثل۔ میر بخار کے اونٹوں میں رنگ ہے اس خاندان کے سب بچے ایسا ہیں

میرا (ہ۔ ضمیر اضافی) الیہ متکلم واحد مذکر۔ اپنا۔ خود کا۔ اپنی ذات کا۔ میرا بس چلے تو تجھے کچا کھا جاؤں۔ نہایت غصے کی حالت میں کہتے ہیں۔ میرا بھائی ہے ۱ اپنا عزیز ہے۔ میرا پیارا ہے ۲ کسی کو بہلانے کے لئے خوشامد سے کہتے ہیں کہ میرا عزیز ہے مان جائیگا۔ میرا پیچھا کیوں لیا ہے مجھے الزام کیوں دیتا ہے۔ میرا تیرا (صفت) اجنبیت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ میلوجی۔ خوشی یا دل۔ جو میری خوشی ہے میں کرتا ہوں کسی کا کیا اجارہ ہے۔ میرا حلوا کھاتے ہو مسلمان ہو تمہیں کسی کو کسی کام کے لئے مجبور کرنے کے لئے کہتی ہیں۔ میرا ذمہ میں اس بات کا ذمہ دار ہوتا ہوں۔ میرا سلام ہے میں اس بات سے باز آیا۔ مجھے منظور نہیں۔ میرا شیر (مذکر) ۱ کسی کی تعریف میں کہتے ہیں ۲ بعض وقت طنزاً کہتے ہیں۔ میرا کیا بگڑا یا گیا۔ میرا کیا نقصان ہوا۔ میرا کیا نہ اپنا کیا۔ میرے کام کا نہ رکھا نہ اپنے کام کا۔ میرا بھی نقصان کیا اپنا بھی نقصان کیا۔ میرا لہو پیئے۔ میرا ماتم کرے۔ میرا مردہ دیکھے۔ میرا مواخذہ دیکھے۔ دیکھو میرا حلوا کھاتے۔ میرا منہ نہیں ۱ میرا حوصلہ نہیں مجھ میں طاقت نہیں ۲ میری زبان میں آتی طاقت نہیں۔ میرا یار (مذکر) دیکھو تیرا شیر۔ میر تیر (مونث) تفرقہ۔ نفاق۔ خود غرضی (میرا تیرا کا مخفف) میر تیر اچھی نہیں۔ آپس کا تفرقہ بری بات ہوتی ہے۔ میری (ضمیر اضافت الیہ متکلم) واحد مونث ۱ میری حکمت سے۔ میرے (ضمیر اضافت الیہ متکلم جمع) ۱ بجائے میرا حروف مغیرہ سے پہلے نیز سے آگے آئے مجھے۔ زمانے میرے آگے نام نہ لو۔ میرے سامنے ذکر مت کرو مجھے بعید نفرت ہے۔ میری آنکھوں (آنکھوں سے) اس نظر از خصوصیت سے ہو۔ مجھے خیال ہے۔ میری آنکھوں (آنکھوں سے) دیکھو ۱ جس توجہ سے میں دیکھتا ہوں آپ بھی دیکھو ۲ اگر کسی چیز کی خصوصیت کو باوجود بتانے کے بھی کوئی شخص نہ سمجھ سکے تو کہتے ہیں ۳ اس وقت بھی بولتے ہیں جب سامنے کوئی بری چیز دکھائی نہ دے۔ میرے اس کے جو ہونا تھا سو ہو گیا جماعت کا اتفاق ہو گیا۔ میرے اللہ (عو) ۱ خدا کی مہربانی ظاہر کرنے کے لئے استعمال کرتی ہیں ۲ تکلیف میں بھی کہتی ہیں میرے بڑھاپے پر کرم کیجئے۔ مجھ غریب پر رحم کیجئے اور تکلیف نہ دیجئے بلکہ مہربانی سے پیش آئیے۔ میری بلا سے (عو) بے پروائی ظاہر کرنے کے لئے کہتی ہیں۔ میری بھی کھائے میرے پھول کرے۔ دیکھو میرا حلوا کھائے۔ میری پاپوش (پیزار) سے (عو) بے پروائی ظاہر کرنے کیلئے کہتی ہیں۔ میری تو لے دے کے ساری کمائی یہی ہے (عو) ایک یا دو بچوں والی عورت کہتی ہے مادر ہے سے پہلے ان کا نام بطور اعادہ کرتی ہے جبھی ایک بچہ ہے یا یہی دو بچے ہیں۔ میری ٹھہر لڑی۔ غیر کی اجنبی کی۔ میری توبہ۔ میں باز آیا۔ میں بیزار ہوں۔ میری جان کی قسم۔ اس طرح قسم دیتی ہیں۔ میری جوتی سے۔ میری بلا سے۔ میری دن کو کوستی ہے مجھے کوستی ہے۔ میرے دل سے کہ آج پھپھولے پھوٹے آج بیمار تھا۔ میرے سر چیا وں پلے کیچڑ میں ہیں۔ دنیا کی فکروں میں مبتلا ہوں۔ میرے ذمے۔ میرے سر۔ میں جانوں۔ میرے ساتھ ضد ہے میرے برخلاف کام کرتا ہے۔ میرے سامنے آ سکتے ہیں کیا تاب ہے جو برابر مقابلہ کریں۔ میری سنو۔ میری بات یا نصیحت سنو۔ میری سی کہنا (متعدی) میری طرفداری کرنا۔ میری طرف بھی دیکھنا (متعدی) میرا بھی لحاظ کرنا۔ مجھ پر بھی نظر عنایت کرنا۔ میری طرف سے ۱ میری جانب سے مجھ سے ۲ میرے نزدیک۔ میرے خیال میں۔ میری طرف سے اس کے دل میں چور ہے اسے مجھ سے خوف ہے۔ میرے فرشتوں کو مجھے کراماً کاتبین کی طرف اشارہ۔ میرے فرشتے بھی کسی کام کے کرنے

سے اکا کے تو [illegible] ساہر [illegible] قدرت [illegible]

قسمت میں ہر بلا [illegible] تقدیر میں لکھا ہے [illegible] ال

کیوں کھسوٹنا ہے مجھ [illegible] ہے جیسے [illegible]

میرے منہ سے میری حاجو [illegible] میرے [illegible]

پر جانا عزت لگنے کے لئے کہا کرتے ہیں میرے ہیسوں کا میری قسمت

میں جو کچھ ہے میرے ہونے میری موجودگی ہیں۔

امثال واقوال میرا باپ نجم تھا یہ لت پڑے آزاد

کرتا تھا شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں جو خود تو کسی قابل نہ ہو۔

نہ گوں کی کارگزاریوں پر گھمنڈ کرے۔ میرا بیل منطق نہیں پڑھا ہوا

ایک منطقی نے ایک تیلی سے پوچھا کہ بیل کے گلے میں گھنٹی کیوں باندھی ہے

اس نے جواب دیا کہ جب تک چلتا رہتا ہے یہ بجتی رہتی ہے اور جب

کھڑا ہو تا ہے تو بند ہو جاتی ہے سو اگر میں دور ہوں تو پتا لگ جاتا ہے

منطقی نے کہا کہ اگر بیل کھڑا ہو کر سر ہلاتا ہے تو پھر کیا ہو تو تیلی نے

یہ جواب دیا مطلب یہ ہے کہ ہم فضول کام نہیں کرتے۔ میرا انتہا سو برا

ہوتا۔ برائے خدا اسکو بخش دے۔ بیگانوں کو بیگانہ ہونے پر کہتے

ہیں ساس بہو کو کہتی ہے۔ جو خاوند کو الگ ہو جائے۔ میرا حکم

تیرا زور۔ میری اجازت ہے جو چاہے کرے میرا دل بے دل ہو اد بجھ

جگت کی ریت۔ دنیا کی بیوفائی اور خود غرضی دیکھ کر میں بہت

پریشان ہوں۔ میرا لوٹا [illegible] گن گن ہوں۔ [illegible] لوٹا

لگے آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔ میرا ماتھا آگے ہی ٹھنکا تھا۔ میری ماں تب

ہی اٹھونکا تھا۔ مجھے اسی وقت شبہ ہو گیا تھا میں پہلے ہی تاڑ گیا تھا

میرا مردہ اب بھی نہیں ہے زندہ پر بھاری ہے میں مجبوری پر

بھی [illegible] میری ایک ہی ادبلی میری کتنی سائٹ

بولی ہو درست بہت باتیں کرے اور دوسری کو بولنے نہ دے اس کے

متعلق کہتے ہیں۔ میرے پیا دجی جی کے ٹھک ٹھک کام کسی کا

خوشی کوئی کرتا ہے۔ میرے پوت کی لمبی لمبی باہیں۔ اپنی چیز

کی انسان کو بڑی قدر ہوتی ہے۔ میری تیرے آگے نہ تیری

میرے آگے۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو ادھر کی ادھر جا کر لگائے

میری جوتی اور میرا ہی سر۔ جو کچھ مجھ پر خرچ ہوتا وہ میرا ہی ہے

اور وہ اپنا نام کرتا ہے۔ میرے دونوں میٹھے جب کوئی شخص

دو چیزوں یا دو آدمیوں کو عزیز رکھتا ہے اور کسی کو چھوڑنا نہیں

چاہتا تو کہتے ہیں۔ میرے گاؤں کی کوڑیا نام رکھا اندر جو۔

اس کے متعلق کہتے ہیں جو اپنے وطن میں معمولی آدمی ہو اور باہر جا کر

اپنے آپ کو بڑا آدمی ظاہر کرے کوڑیا اور اندر جو ایک ہی پودے

کو نام ہے۔ میرے لال کے سو سو یار دھنیا جلاہے اور

منہار۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جس کی محبت کمینوں سے ہو

میرے لالہ کی الٹی ریت ساون ماس اٹھاویں چناویں

بھیت۔ اس کے متعلق کہتے جو بے موقع کام کرے۔ میرے

لالہ کے تین یار۔ دھنیا جولاہا اور منہار۔ دیکھو میرے لال کے

میرے من کچھ اور ہے کرتا کے کچھ اور۔ ساوو دھوکیس ملادھو

ہے کہ چھوٹی من کی دور دیکھو من در چہ خیالیم الخ۔ میری

مرغی کی تین ٹانگ۔ اپنی چیز کی تعریف۔ میرے تیرے

منہ کی سی تیرے میرے منہ کی سی۔ خوشامد خورے کے متعلق

کہتے ہیں کہ جس کے سامنے بات کرے اسی کی خوشامد کرے۔ میرے

میاں کے دو کپڑے سنتھن تاڑا اور بس بہت غربت ظاہر کرنے

کو کہتے ہیں۔ میری ہی بلی اور مجھ سے ہی میاؤں۔ نمبرا ہی

مطیع اور مجھ سے مقابلہ۔ میرے سے سوراجہ کے نہیں (اور

راجہ میرا منگتا) شیخی خورے اور لاف زن کے متعلق کہتے ہیں۔

میرے ہی سے آگ لائی اور نام رکھا بیسندر (بی سندر)

(بیسند رپوزاگ کو کہتے ہیں۔ اور ہندو بہ کسی کو نہیں دیتے۔ جو

دوسرے کوئی چیز لے اور اسی قسم کی یا وہی چیز دینے سے انکار کرے

تو کہتے ہیں۔ اپنے واقف سے جھوٹ بولنا اور پردہ کرنا جس سے کہنا

اسی کے آگے شیخی بگھارنا۔

مِیرات (ع) مونث) وہ جائداد جو کسی شخص کے مرنے کے

بعد حقداروں کو ملے۔ ترکہ۔ ورثہ (پانا۔ ملنا وغیرہ کے ساتھ) (ورثہ

ترکہ میں ملنا) میراثِ پدر (مونث) کنایتاً حلال۔ جائز۔ مباح۔

میراثن (مونث) میراثی قوم کی عورت۔ میراثی کی بیوی۔ مطربہ۔

ڈومنی۔ گانے والی عورت۔ **میراثی** (مذکر) ہندوستان میں مسلمانوں کی

ایک قوم جن کا پیشہ گانا بجانا ہے۔ ڈوم۔ گویا۔

مقولہ میراث پدر خواہی علم پدر بیاموز۔ بیٹے کو باپ

کا علم حاصل کرنا چاہیئے۔

میراں (ف۔ مذکر) میر امیراں کا مخفف۔ بہت بڑا امیر۔

سرداروں کا سردار۔ بزرگوں کا بزرگ۔ شیخ سدو ایک مشہور عامل

جس کی قبر امروہے میں ہے۔ خواجہ معین الدین چشتی کا لقب۔ خواجہ

عبدالقادر محی الدین غوث اعظم کا لقب۔ عورتیں ربیع الاول کے

مہینے کو کہتی ہیں۔ مانکھوں کی نیلس کا وہ حصہ جو افسر کے لئے۔ **میراں**

جی (مذکر) دیکھو میراں۔ میراں جی کا چاند (مذکر) دیکھو

میراں۔ **میراں کا بکرا** (مذکر) دیکھو شیخ سدو کا بکرا۔ **میراں کی**

کڑاھائی (مونث) میراں کے نام کی نیاز جو پکوان پر دی جاتی ہے۔

اقوال میراں سر چڑھ رہا ہے۔ سخت غصے میں ہے

میراں گور برابر جس قدر میراں کی قبر کھودی گئی اتنی ہی مٹی اوپر

پڑی۔ کسی چیز کا عدم وجود برابر ہونا۔ آمدنی کا بالکل خرچ ہو جانا۔

میڑ (ا) (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا چبوترا جو کھیت میں فصل کی

حفاظت کے لئے بنایا جاتا ہے۔ بیگھا۔ [illegible] (مچان) سرحد

میز (ف۔ مونث) لکڑی کا اونچا تختہ جس پر کھانا کھانے یا

یا لکھنے کا کام کرتے ہیں۔ ٹیبل (ذ) مہمان۔ میزبان (مذکر) وہ

شخص جس کے پاس مہمان آئے۔ مہمان کو کھانا کھلانے والا۔

میزبانی (مونث) مہمانی۔ مہمان نوازی۔ دعوت۔ ضیافت۔ مہمان کی

خدمت گزاری۔ مسافر پروری۔ **میز بچھانا** (متعدی) بچھنا (لازم)

میز کا کسی جگہ کھانے کے لئے رکھا جانا۔ میز پر کھانا (متعدی)

میز پر کھانا رکھ کر تو شیخان کرنا۔ میز چنی جانا (لازم) میز پر کھانا

رکھا جانا۔ **میز کا مکھن** (مذکر) نہایت اعلیٰ مکھن۔ امیروں کے

کھانے کا مکھن۔ **میز کرسی** (مونث) میز اور کرسی جو کھانے یا لکھنے

کے لئے لگائی جائے۔ **میز کے چاول** (مذکر) نفیس قسم کے میز پر رکھنے

کے قابل چاول۔ **میز لگانا** (متعدی) لگنا (لازم) میز کا کھانے

سے آراستہ ہونا۔ میز پر کھانا چنا جانا۔

مِیزاب (ع۔ مذکر) کوٹھے کا پرنالہ۔ مزرب۔ بدرو۔

مِیزان (ع۔ مذکر) جمع۔ مجموعہ۔ جوڑ۔ ترازو۔ آسمان

کا ساتواں برج۔ تلا۔ وزن۔ تول۔ **میزان پلٹنا** (لازم) معاملہ

بگڑنا۔ ہوا مخالف ہونا۔ سودا ہونا۔ سودا بننا۔ بھاؤ بننا۔ رائے

ملنا۔ متحدالرائے ہونا۔ **میزان دینا**۔ کرنا یا لگانا (متعدی)

لگنا یا ہونا (لازم) جمع ہونا۔ جوڑ لگنا۔ جوڑا جانا۔ **میزانِ عمل**

(مذکر) وہ ترازو جس میں قیامت کے دن اعمال جانچے جائیں گے

میزانِ کُل (مذکر) تمام رقموں یا عددوں کا مجموعہ۔ **میزان ٹکر کھانی**

ہونا (لازم) حساب کے سوال کے میزان کا جواب کے ساتھ متفق

ہونا۔ حساب کی کل رقم کا اصل رقم کے ساتھ مطابق ہونا۔ رائے

ملنا۔ اتفاق رائے ہونا۔ مرضی ملنا۔

مَیسِر (ع۔ مذکر) تیروں کے ساتھ قرعہ ڈالنا۔ (یسر۔

آسان ہونا)

مُیَسَّر (ع۔ مفعول) آسان کیا گیا۔ وہ چیز جو آسانی

سے مل سکے۔ دستیاب۔ حاصل۔ بالفعل۔ ممکن الحصول۔ حاضر

موجود (یسر۔ آسان کرنا۔ یسر۔ آسان ہونا) **میسر** فاعل۔ آسان

کرنے والا۔ **میسر آنا یا ہونا** (لازم) ہم پہنچنا۔ نصیب ہونا۔

مَیسَرَہ (ف۔ مذکر) فوج کی بائیں طرف۔ بائیں

طرف کی فوج (یسر۔ آسان ہونا) (۱۔ ۹۴) ایک بربر سردار تھا

اس نے عربوں کے برخلاف بغاوت کی۔ مگر کچھ عرصہ بعد اسے

اس کے ماتحتوں نے قتل کر دیا اور اس کی جگہ خالد بن حمید زناتی

نے لی۔ اور اسے غزوۃ الاشراف میں عربوں نے سخت شکست دی

بڑی مشکل سے بغاوت فرو ہوئی۔

میسنجر (انگ۔ مذکر) ایلچی۔ قاصد۔

مَیسُور (ع۔ مفعول) آسان کیا گیا۔ آسان۔ کامیاب

اچھی حالت میں (یسر۔ آسان ہونا) **میسورات** (مذکر) میسور کی

جمع۔ کامیاب کام۔ خوش قسمتی۔

میش (ف۔ مذکر) بھیڑ۔ مینڈھا۔ برج حمل

یا حمل۔ ایک دوا۔ **اسمیش** (مذکر) بھیڑ یا بکری کا دباغت

کیا ہوا چمڑہ۔ **میشا ٹانڈ** (مذکر) جس کے فوطے مینڈھے کی طرح ہوں

اندر میش چشم (مذکر) جس کی آنکھیں مینڈھے کی طرح ہوں

مبتشی (س) ۔ ہے بھبر ہتا (ہ) مبتا

منحوس (ع) مفعول ۱۔ بد قسمت بدنصیب ۔ شامت زدہ ۲۔ ۔ ۔ گمراہ ۳۔ برا ۔ خراب ۔ شوم کا معرب ہے ۔ تمام بدقسمت ہونا

میعات (ع ۔ مونث) سعت کی جمع ۔

میعاد (ع ۔ مونث) ۱۔ وقت مقررہ یا معینہ ۔ ایام مقررہ ۔ مدت ۲۔ وعدہ کا وقت ۔ وقت معاہدہ ۳۔ زمانہ قید ۔ قید ۴۔ عدد ۔ وعدہ کرنا ۔ میعاد بڑھنا (متعدی) بڑھانا (لازم) ۱۔ وقت معین میں اضافہ ہونا ۲۔ قید بڑھنا یا زیادہ ہونا ۔ میعاد بولنا (متعدی) قید کا حکم لگانا ۔ قید کرنا ۔ میعاد پوری ۔ تمام یا ختم ہونا (لازم) وقت معہودہ پورا ہونا ۔ میعاد مقررہ ختم ہونا ۔ میعاد ظہر منقضیہ (مونث) وہ مقررہ زمانہ جو ابھی ختم نہ ہوا ہو ۔ میعاد کاٹنا (متعدی) کٹنا (لازم) قید کا زمانہ ختم ہونا ۔ میعاد کرنا (متعدی) قید کا زمانہ مقرر کرنا ۔ کسی کام کا وقت مقرر کرنا ۔ میعاد گاہ (مونث) وعدہ گاہ ۔ میعاد گزرنا (لازم) وقت مقررہ ختم ہونا ۔ وعدہ کا وقت پورا ہونا ۔ میعاد مقررہ (مذکر) وہ وقت جو مقرر کیا جائے ۔ سنہ معہودہ ۔ **میعادی** (صفت) ۱۔ وقت مقررہ والا ۲۔ قیدی ۔ سزایاب شخص ۔ میعادی بخار (مذکر) وہ بخار جو ایک خاص مدت تک چڑھے جیسے تپ محرقہ جو اکیس ۔ اکتیس یا بیالیس دن تک رہتا ہے ۔ میعادی ہنڈی (مونث) وہ ہنڈی جس کے ادا کرنے کے لئے وقت مقرر ہو ۔

میعت (ع ۔ مونث) ۱۔ کسی چیز کا بہنا ۲۔ کسی چیز کا خروج یا آغاز ۳۔ شروع کا زمانہ ۴۔ دن کا آغاز ۵۔ جوانی کا شروع (سیع ۔ ماع ۔ زمین پر جہنا)

میغ (ف ۔ مذکر) ۱۔ بادل ۔ ابر ۲۔ کہر (س ۔ بیگھ)

میقات (ع ۔ مونث) ۱۔ وقت مقررہ ۲۔ وہ جگہ جہاں سے مکہ جانے والے احرام باندھتے ہیں (وقت ۔ مقرر کرنا)

میکا (ہ ۔ مذکر) عورت کے والدین کا گھر (س مارنگ یاں) میکا بسانا (متعدی) عورت کا سسرال چھوڑ کر ماں باپ کے گھر جا رہنا ۔ میکے (مذکر) ۱۔ میکا کی جمع ۲۔ بجائے میکا حروف مغیرہ سے پہلے ۔ میکے والے (مذکر) دولھن کے رشتہ دار ۔ میکے والیاں (مونث) دولھن کی رشتہ دار عورتیں ۔

میکال ۔ میکائیل (ع ۔ مذکر) چار بڑے فرشتوں میں سے دوسرے کا نام جو رزق رسانی پر مقرر ہے (وَ کَلَ ۔ خدا پر بھروسہ رکھنا)

میگافون (انگ ۔ مذکر) بھونپو جس کے ذریعہ آواز پہنچائی جاتی ہے

میگزین (انگ ۔ مذکر) ۱۔ خزانہ ۔ مخزن ۲۔ گنجینہ ۔ گودام ۳۔ بارود خانہ کارتوس اور بارود رکھنے کا مکان ۴۔ متفرق مضامین یا کہانیوں کا رسالہ ۔

میگنا کارٹا (لاطینی ۔ مذکر) وہ اقرار نامہ جو انگریز بادشاہ جان نے بمقام رنی مید ۱۲۱۵ء میں حاصل کیا تھا ۔ انگریزوں کی آزادی کی بنا ہے ۔

میگنٹ (انگ ۔ مذکر) مقناطیس ۔ میگنیٹو (مذکر) بجلی کا شرارہ پیدا کرنے کی مشین ۔

میگنیشیا (انگ ۔ مذکر) ایک دھاتی عنصر جو پانی سے ۱.۷۵ گنا بھاری ہے ۔ یہ سفید ہوتا ہے اور اگر اس کے تار کو آگ لگائی جائے تو بہت تیز روشنی دیتا ہے ۔

میگھ (س ۔ مذکر) ۱۔ بادل ۔ ابر ۲۔ بارش ۳۔ ایک راگ جو برسات میں گایا جاتا ہے ۔

میل (ہ ۔ مونث) ۱۔ مٹی جو بدن پر جم جائے ۔ میل کچیل ۔ گرد ۔ چرک ۲۔ کان یا ناخن کا چرک ۳۔ آنکھ کا چیپڑ ۴۔ چیکٹ ۔ غلاظت ۵۔ ہاتھی کو چلانے کا کلمہ ۶۔ رنج جو دل میں کسی کی طرف سے ہو (س مل) میلا (صفت) غبار آلودہ ۔ گدلا ۔ مکدر ۔ خاک دھول میں بھرا ہوا ۔ چیکٹ ۔ ملگجا ۔ بے آب ۲۔ زنگ آلودہ ۔ زنگ خوردہ ۔ مورچہ لگا ہوا ۳۔ غلیظ ۔ کثیف ۔ نجس ۔ میلا ۴۔ سفلہ ۔ کمینہ ۔ رذیل ۵۔ پریشان ۔ پراگندہ ۔ مغموم ۔ غمگین ۔ رنجیدہ ۔ ناراض ۶۔ بد وضع ۔ بدچلن ۔ اوباش ۷۔ گنہگار ۔ عاصی ۔ فاجر ۔ فاسق ۸۔ آلودہ دامن ۹۔ (مذکر) کڑا کرکٹ ۔ کمار ۱۰۔ فضلہ ۔ بول و براز ۔ گو ۔ اچھو ۔ اچکا ۔ اٹھائی گیرا ۱۱۔ قمار باز ۔ جواری ۱۲۔ منحلم ۔ لوطی ۔ زانی ۔ میلا آنا (لازم) رنجیدہ ہونا ۔ ناخوش ہونا ۔ میلاپن (مذکر) ۱۔ گدلاپن ۔ آلودگی ۔ چیکٹ ۔ کدورت ۲۔ نجاست ۔ غلاظت ۔ میلا چیکٹ (صفت) ۱۔ بہت میلا ۲۔ وہ کپڑا جس میں بہت میل ہونے سے چیچپاہٹ ہو جائے ۔ میلا سر (صفت) حائض ۔ حیض کے ایام ۔ میلا کچیلا (مذکر) بہت میلا ۔ خاک دھول میں بھرا ہوا ۔ چیکٹ ۔ گرد آلودہ ۔ میلا کرنا (متعدی) ۱۔ گدلا کرنا ۔ غبار آلودہ کرنا ۔ بے آب کرنا ۔ آب و تاب میں فرق لانا ۲۔ گندہ کرنا ۔ غلیظ کرنا ۳۔ پیچا ۔ پھیرنا ۔ براز کرنا ۔ میلا ہونا (صفت) ۱۔ گدلا ہونا ۔ بے آب و تاب ہونا ۔ گرد آلودہ ہونا ۲۔ گندہ ہونا ۔ غلیظ ہونا ۔ میل بیٹھنا (لازم) ۱۔ میل جم جانا ۔ میل کاٹنے میں چلا جانا ۲۔ زنگ آلودہ ہو جانا ۔ میل چھانٹنا (متعدی) چھٹنا (لازم) میل دور ہونا ۔ میل خورا (صفت) ایسا رنگین لباس جس میں میل ظاہر نہ ہو ۲۔ وہ کپڑا جو پہننے سے میلا ہو گیا ہو ۳۔ وہ کپڑا جو نیچے پہنا جائے ۴۔ اترن ۔ پہنا ہوا کپڑا ۵۔ صابون ۔ صابن ۶۔ زین کا نمدہ ۔ میل کا بیل (مذکر) چھوٹی بات کو بڑا کرنا ۔ بات کا بتنگڑ ۔ پر کا کوا ۔ میل کا بیل بنانا (متعدی) بات کا بتنگڑ بنانا ۔ بات بڑھانا ۔ میل کاٹنا (متعدی) میل دور کرنا ۔ اجلا کرنا ۔ میل کچیل (مذکر) میل میل کی بتی (مونث) وہ بتی سی جو بدن کو رگڑنے سے پیدا ہوتی ہے ۔ میل لانا (متعدی) رنجیدہ ہونا ۔ برا ماننا ۔ میل میل (مونث) فیلبان ہاتھی کو چلانے کے واسطے یہ کلمہ کہتے ہیں ۔ میل نہ آنا (لازم) نہ لانا (متعدی) برا نہ ماننا ۔ رنجیدہ نہ ہونا ۔ میلی (صفت ۔ مونث) میلا کی ۔ میلے (صفت) ۱۔ میلا کی جمع ۲۔ بجائے میلا حروف مغیرہ سے پہلے ۔ میلے سر سے ہونا (لازم) حیض سے ہونا ۔ میلے کپڑے (مذکر) گرد آلود کپڑے ۔ کثیف کپڑے ۔

امثال و اقوال ۔ میلا کپڑا پانی دیو ۔ کتا کاٹے کون سند دیو ۔ گندے کمزور آدمی کو کتا بھی کاٹتا ہے ۔ گندے کمزور کو کمزور سے کمزور بھی تنگ کرتا ہے ۔ میل کا بیل بناتے ہیں ۔ معمولی بات میں بہت مبالغہ کرتے ہیں ۔ میلے کا بھائی نوشادر ۔ دونوں یکساں ہیں ۔ جیسے یہ ویسے وہ ۔ ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں ۔

میل (ع ۔ مذکر) ۱۔ جھکاؤ ۔ خمیدگی ۲۔ رغبت ۔ میلان ۔ توجہ ۔ خواہش ۔ رجوع ۳۔ طرفداری ۔ پاسداری ۔ جانب داری ۔ حمایت ۔ پچ (میل ۔ مائل ۔ جھکنا)

میل خاطر (مذکر) التفات ۔ میلان خاطر ۔ رجحان ۔ طبیعت ۔ رغبت ۔ میل

میل (انگ ۔ مذکر) ۱۔ ۱۷۶۰ گز کا فاصلہ ۔ بالفتح بانارسی لوگ کہتے ہیں (اصل مائیل) ۲۔ پتھر جو ہر میل پر لگا ہوتا ہے ۔

میل (ع ۔ مذکر) ۱۔ سلائی جس سے سرمہ لگاتے ہیں ۲۔ ڈاکٹر کی سلائی ۳۔ وہ سلائی جو گرم کر کے آنکھوں پر پھیر کر اندھا کر دیتے تھے ۴۔ بندوق کی نالی ۵۔ بندوق کی مار ۶۔ برجوں کے اوپر کی کیل ۔ کلس ۔ کیل (میل ۔ سلائی ۔ جھکنا) میل سرمہ (مذکر) وہ سلائی جس سے آنکھ میں سرمہ ڈالتے ہیں ۔

میل (ہ ۔ مذکر) ۱۔ ایک دوسرے سے ملنا ۔ آمیزش ۲۔ ملاپ ۔ اتحاد ۔ دوستی ۔ راہ و رسم ۔ ربط و ضبط ۳۔ کسی ایک چیز کی آمیزش دوسری کے ساتھ ۴۔ رشتہ داری ۔ قرابت ۔ رشتہ ناطہ ۵۔ مناسبت ۔ مشابہت ۔ نسبت ۔ مطابقت ۶۔ جوڑ ۔ ہمسری ۔ ہم جنس ہونا ۷۔ ملاوٹ ۔ آمیزش ۔ کھوٹ ۸۔ وصل ۔ اتصال ۔ پیوستگی ۹۔ ساتھ ۔ سنگت ۔ سجوگ ۔ موافقت ۔ نا جفت ۔ جفتی ۱۰۔ نوع ۔ صنف ۔ قسم ۔ جنس ۔ قماش ۔ نوع ۔ بہانت ۱۱۔ صلح ۔ صفائی ۔ مصالحت ۱۲۔ اتفاق ۔ موافقت ۔ عہد ۱۳۔ حساب کا ٹھیک ہونا ۱۴۔ اوپر سے کسی چیز کا لگانا ۔ جماعت ۔ بھاکمپنی ۱۵۔ عدالت ۔ (س مل ۔ اکٹھا ہونا) ۱۶۔ ہاتھی کے چلانے کا کلمہ ۔ فیلبانوں کی اصطلاح ۔ میل جول (مذکر) راہ و رسم ۔ ربط و ضبط ۔ میل دینا (متعدی) اجلا پیلا کرنا ۔ میل رکھنا (متعدی) پیار اخلاص رکھنا ۔ راہ و رسم رکھنا ۔ میل کا (صفت) ۱۔ قسم کا ۔ جنس کا ۔ ملتا ہوا ۲۔ ڈھنگ کا ۔ وضع کا ۳۔ صحبت کا ۔ ملنے جلنے والا ۔ ہم محبت ۴۔ ہمدرد ۔ ہم خیال ۵۔ ہم مذہب ۔ میل کرنا (متعدی) ۱۔ ملانا ۔ آمیزش کرنا ۲۔ ملاپ کرنا ۔ اخلاص کرنا ۔ میل کھانا (متعدی) مناسب ہونا ۔ مطابق ہونا ۔ موزوں ہونا ۔ متفق ہونا ۔ یکساں ہونا ۔ میل ملاپ (مذکر) راہ و رسم ۔ ربط ضبط ۔ پیار ۔ ارتباط ہونا وغیرہ کے ساتھ)

میل (انگ ۔ مونث) ۱۔ ڈاک ۔ خطوط ۲۔ ڈاک کا تھیلا ۔ چٹھیوں کا تھیلا جو ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجا جائے ۳۔ ہرکارہ ۴۔ ڈاک گاڑی ۔ میل ٹرین (مونث) ڈاک گاڑی ۔ وہ ریل گاڑی جس میں چٹھیاں جاتی ہیں ۔ یہ دوسری گاڑیوں سے بہت تیز جاتی ہے اور صرف بڑے بڑے شہروں میں ٹھہرتی ہے ۔ میل وان (مذکر) وہ گاڑی جس میں خط بھیجتے ہیں ۔

میلا (ہ ۔ مذکر) ۱۔ انبوہ ۔ اژدحام ۔ بھیڑ ۔ ہجوم ۔ مجمع ۔ تماشائیوں کا جلسہ ۲۔ تماشا ۔ جلسہ ۔ سیر ۳۔ لوگوں کا کسی خاص موقعہ پر اجتماع جہاں

سیر و تماشے سے لطف اندوز ہوں ۲؎ وہ مقام جہاں ایسا مجمع ہو۔ ۳؎ نفرا کا جلسہ۔ فقیروں کی پنچایت ۴؎ عرس ۵؎ کسی مندر یا تیرتھ پر لوگوں کا اجتماع ۶؎ جانوروں کی منڈی۔ وہ جگہ جہاں خاص خاص تاریخوں پر لوگ جانور یا دیگر اشیا برائے فروخت یا نمائش لے جائیں ۷؎ دس بیگہ۔ میلا تماشا یا ٹھیلا (مذکر) میلا میلا جڑنا (لازم) میلا لگنا میلا کرنا (متعدی) میلے میں جانا۔ سیر تماشے میں شریک ہونا میلا لگ رہنا (لازم) ہر وقت مجمع ہونا میلا لگانا (متعدی) کسی جگہ میلا قرار دینا۔ میلے کا انتظام کرنا۔ لوگوں کو سیر و تماشے کے لئے اکٹھا کرنا۔ میلا لگا ہونا (لازم) مجمع ہونا میلا لگنا (لازم) ۱؎ لوگوں کا کسی خاص مقام پر سیر و تماشے کے لئے جمع ہونا ۲؎ بھیڑ لگنا۔ انبوہ ہونا اجتماع ہونا۔ میلوں (مذکر) میلا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے میلے کا جماؤ (مذکر) میلے کی پوری رونق ۲؎ میلے پر بہت سے لوگوں کا جمع ہونا۔

امثال و اقوال

میلا میلا کر رہی میلے کے دن گھر رہی۔ وقت پر غافل ہے میلے میں جھمیلا ہوا ہی کرتا ہے۔ جہاں بہت آدمی ہونگے وہاں جھگڑا ہوگا۔ میلے میں جو جائے تو ناداں کریں ٹانک چڑھ رجواری گٹھو کے ڈال سکیں نہ آنکھ میلے میں جائے تو روپیہ پیسا ایسی جگہ رکھے جہاں کسی کی نظر نہ پڑ سکے۔

میلاد (ع۔ مذکر) ۱؎ پیدا ہونے کا وقت یا زمانہ پیدائش کا وقت ۲؎ پیدائش (ولد۔ جننا) میلاد پانا (متعدی) پیدا ہونا۔ میلادِ نبیؐ (مذکر) پیغمبر صلعم کی پیدائش۔

مَیلان (ع۔ مذکر) رجحان۔ رجوع۔ التفات۔ توجہ میل طبع۔ جھکاؤ۔ خواہش (اصل میلان میّل جھکتا) میلان طبع۔ طبیعت یا مزاج (مذکر) طبیعت یا مزاج کا رجحان۔ توجہ میل طبع۔

میمنا (ہ۔ مذکر) بکری کا بچہ۔ بزغالہ (مس سے بکری کی آواز)

مَیمنت (ع۔ مؤنث) ۱؎ برکت۔ سعادت ۲؎ یمن ۳؎ کامیابی طالع مندی۔ اقبالمندی۔ طالع وری۔ بختیاری ۴؎ بہرہ مندی عروج ۵؎ بہبود ۶؎ خوشی ۷؎ آسودہ حالی۔ کامرانی میمنت لزوم یا مانوس (صفت) برکت والا۔ یُمن۔ خوش قسمت ہونا۔

مَیمنہ (ع۔ مذکر) ۱؎ دائیں طرف کی فوج ۲؎ دائیں طرف (یمن سیدھے رستے پر لیجانا) ۳؎ (افغانستان صوبہ المائد دارالسلطنت)

مَیمون (ع مفعول) ۱؎ مبارک۔ خجستہ۔ مسعود۔ محمود۔ نیک بخت ۲؎ بہرہ مند۔ کامیاب۔ اقبالمند۔ بختاور۔ بھاگوان ۳؎ خوش نصیب ۴؎ سرسبز۔ آسودہ حال ۵؎ (مذکر) بندر۔ بوزنہ ۶؎ آلہ تناسل (یمن۔ خوش قسمت ہونا) میمونہ مؤنث۔ ۱؎ بندریا ۲؎ کشتی کا ایک داؤ۔

مَیں (ہ۔ ضمیر) واحد متکلم۔ خود۔ من۔ آپ۔ یہ کلمے اپنے لئے بولے جاتے ہیں (س اہم) میں آپ کو اچھی طرح سمجھونگا میں آپ سے خوب بدلہ لونگا۔ میں اب کہیں کا نہ رہا۔ میں اب کسی کی طرف نہیں رہا۔ میں اب کسی لائق نہیں رہا۔ اب میں کسی کو منہ نہیں دکھا سکتا۔ میں اپنا نام بدل ڈالوں۔ میں اپنی داڑھی (اور مونچھیں) پیشاب سے منڈا ڈالوں۔ میں اپنی ناک کٹوا دوں۔ کسی بات کو یقین دلانے کے لئے کہتے ہیں۔ میں اس کی شکل کا کتا بھی نہیں پالتا۔ میں اسے بالکل پسند نہیں کرتا۔ مجھے اس سے سخت نفرت ہے۔ میں اس کو جوتی کے برابر سمجھتا ہوں میں اسے بہت ذلیل سمجھتا ہوں۔ میں اس کے جوتی بھی نہیں مارتا۔ میں اس کی پروا نہیں کرتا۔ میں اس کا ذرا لحاظ نہیں کرتا۔ میں اس کی صورت سے بھی واقف نہیں۔ میں نے اسے کبھی دیکھا بھی نہیں۔ میں ایسے پھیروں میں نہیں آتا۔ میں ایسے دھوکوں میں نہیں آتا۔ میں فریب نہیں کھاتا۔ میں تو ان کے (تمہارے) رگ و ریشے سے واقف ہوں۔ میں ان کے (تمہارے) حالات اچھی طرح جانتا ہوں۔ میں تو جانوں۔ مجھے تو جب یقین آئے۔ میں تو بن داموں غلام ہوں۔ میں تو آپ کا مفت کا غلام ہوں۔ میں تو فرمانبردار ہوں۔ میں تو چراغ سحری ہوں۔ میں بہت بڑھا ہوں۔ قریب المرگ ہوں۔ میں تمہارا مارا کبھی نہ بولا۔ میں نے تمہارے لحاظ سے کبھی کچھ نہیں کہا۔ میں تو ڈو بانجھ کو بھی لے ڈوبوں گا۔ مجھ پر تو آفت آئی ہے تجھ کو بھی سلامت نہ چھوڑونگا۔ میں تو نہیں۔ میں نہیں کرتا۔ مانتا وغیرہ۔ میں تیرا اگلا بناؤ میں تجھے خوب رسوا کروں گا۔ میں تیری تسبیح پڑھتا ہوں۔ میں تجھے ہر وقت یاد کرتا ہوں۔ میں تیرے بلہاری، صدقے (عو) نہایت خوشی کے موقع پر کہتے ہیں۔ قربان جاؤں۔ واری جاؤں۔ میں جانوں۔ میں ذمہ دار ہوں۔ مجھ میں آیا۔ میں جب جانوں مجھ کو جب یقین آئے۔ میں خوب سمجھتا ہوں۔ میرے ذہن میں سب کچھ آتا ہے۔ میں خوش (راضی) میرا خدا خوش (راضی) میں راضی ہوں۔ میری عین خوشی ہے۔ میں کچھ نہیں کہتا۔ مجھے کچھ شکایت نہیں۔ میں کر چکا۔ نہیں کرونگا ۲؎ نہیں کر سکتا ۳؎ کر لینا ہے۔ ہر معنی کے لئے لہجہ کا فرق ہے۔ میں کون تو کون میرا تیرا کیا واسطہ۔ میں کیا جانوں تو کون ہے۔ میں کون (ہوں) مجھے کیا واسطہ۔ علاقہ یا سروکار۔ میں کہاں (مت) میں نے کہا میں کہاں تم کہاں۔ ایک دوسرے میں بعد المشرقین ہے۔ میں کیا میری اوقات کیا۔ میں تو غریب یا کم رتبہ ہوں میری کیا ہستی ہے۔ میں میں (مؤنث) ۱؎ بکری کی آواز ۲؎ انانیت۔ خودی غرور۔ خودستائی۔ میں میں تو تو (مؤنث) گالی گلوچ۔ جھگڑا۔ میں میں کرنا (متعدی) خودنمائی کرنا۔ خودستائی کرنا۔ غرور کرنا۔ میں نہ جانوں۔ یہ کام کر لے یا بنے مجھ پر الزام نہیں ہے۔ میں بری الذمہ ہوں۔ میں نہ کہتا تھا۔ میں جو کہتا تھا وہی ہوا۔ میں نہ مانوں میں یقین نہیں کرتا۔ مجھے اعتبار نہیں۔ میں نے کہا بس (بعض) ملا دیا۔ میں نے کیا برا کہا تھا جو ناراض ہوئے۔ میرے کہنے کو کیوں برا مانا۔ میرے واجبی کہنے کو کیوں برا جانا۔ میں نہیں یا تم نہیں۔ ہم دونوں میں سے ایک کا آج ستیاناس ہوگا۔ میں نے گھاٹ گھاٹ کا پانی پیا ہے۔ میں تجربہ کار ہوں۔ میں نے مانا۔ تسلیم کرلو۔ فرض کرو۔ میں نے معاف کیا۔ میرے خدا نے معاف۔ معافی قصور کے واسطے کہتے ہیں۔ میں وا مٹے میں۔ خودستائی کی نسبت بولتے ہیں۔ اپنے منہ میاں مٹھو۔ میں ہارا تم جیتے (جیتیں) ۱؎ بحث میں عاجزی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں ۲؎ طنزاً بھی کہتے ہیں جب کوئی فضول بحث کرے۔ میں ہوں یا خدا کی ذات ہے۔ تنہائی اور بیکسی ظاہر کرنے کے لئے۔ میں ہی۔ میں۔ خود ہی۔ آپ ہی۔

امثال و اقوال

میں اور میرا مانس تیرے کا منہ مجلس۔ نہایت خود غرضی کے موقع پر کہتے ہیں۔ میں بھروں سرکار کے، میرے بھرے تستر۔ جو شخص اوروں کا کام کرتا پھرے اور اپنا دوسروں کے سر ڈالے اس کے متعلق کہتے ہیں۔ میں بھلی تو شاباش۔ ایک دوسرے کی تعریف۔ میں بھلی کر پیٹھا۔ کون زیادہ بیوقوف ہے۔ میں بھولی کہ پینٹھ۔ کسی شبہ کی حالت میں کہتے ہیں۔ میں بھی رانی تو بھی رانی (کون بھرے گا پانی، کون ڈالے سر پہ پانی) کاہلوں کی نسبت کہتے ہیں جو کام کرنے سے جی چراتے ہیں۔ میں بھی ہوں پانچویں سواروں میں۔ دیکھو پانچویں سواروں میں الخ۔ میں تو تیری لال پگیا پہ بھولی رے راگھوا (عو) میں تو تیری ظاہری شان و شوکت کی وجہ سے دھوکا کھا گئی۔ میں تجھے چاہوں اور تو کالے ڈھینگ کو۔ جب کوئی کسی کو برے کام سے منع کرے اور وہ نہ سنے تو کہتے ہیں۔ میں ڈال ڈال تو وہ پات پات۔ وہ مجھ سے زیادہ چالاک ہے۔ میں صحیح سلامت آئی راجہ کے چوتڑ کٹا آئی۔ بدعمل اور چالاک شخص کا دوسرے کو بلا میں پھنسا کر خود علیحدہ ہو جانا۔ میں کب کہوں تیرے میدے کو مرگی آتی ہے (عو) کوئی بات بہانے سے کہہ دینے کے موقع پر کہتی ہیں۔ میں کروں تیری بھلائی تو کرے میری آنکھ میں سلائی (عو) میں تیرے ساتھ نیکی کرتی ہوں تو میرے ساتھ برائی کرتی ہے۔ میں کیا تیری ہٹی تلے کی ہوں۔ میں تجھ سے کم درجے کی نہیں۔ میں کی گردن (کے گلے) میں چھُری۔ مغرور ہمیشہ تباہ ہوتا ہے۔ میں مروں (تا کے) تیرے لئے تو (وہ) مرے واسطے لئے۔ بیوفا کو کہتے ہیں۔ میں نہ سمجھوں تو بھلا کیا کوئی سمجھائے مجھے۔ ضدی آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ میں نے (تیری) چھاچھ چھوڑی کتوں سے (بچا)، چھیڑا۔ میں فائدے سے درگذرا نقصان سے تو بچا۔ میں نے کیا اس کی

کبیر کھائی ہے۔ کیا میں اس کا ممنون احسان ہوں میں نے کیا بس مجھ ملا دیا تھا۔ میں نے کیا بُرا کہا یا کیا تھا۔ کیا تمہاری (چوری کی ہے)، گدھی چرائی ہے میں نے تمہارا کونسا قصور کیا ہے۔ جو بُرا بھلا کہتے ہو۔ میں ہوں ایسی چاتر گیانی۔ چاتر بھرے میرے آگے پانی۔ مجھ سے سیانا اور کون ہے۔ میں ہی پال کر اس کو لایا۔ مجھ پہ ہی مارے ہے کر ڈنڈا (ع)۔ عورتیں نافرمانبردار بیٹے کے متعلق کہتی ہیں۔

مَینا (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک خوش الحان چھوٹا پرند اس کی کئی قسمیں ہیں۔ ۲۔ عنابلق۔ ہامنی۔ سیاہ سر کی پہاڑی۔ نیلیا۔ گلابی۔

مقولہ۔ مینا جو مینا کہے دودھ بھات نت کھاتے۔ بکری جو میں میں کرے الٹی کھال کھنچائے انکساری آدمی کی عزت کی وجہ ہوتی ہے۔ اور تکبر انسان کو نقصان پہنچاتا ہے۔

مینا (ف۔ مونث) ۱۔ آسمان۔ فلک ۲۔ بہشت جنت ۳۔ نیلا رنگ ۴۔ ایک قسم کا نیلا پتھر۔ ۵۔ رنگ برنگ کا شیشہ ۶۔ شراب کی بوتل۔ صراحی۔ قرابہ ۷۔ وہ نیلا اور سبز کام جو سونے اور چاندی کی چیزوں پر بناتے ہیں۔ ۸۔ مرصع کاری۔ نقش و نگار کیا ہوا ۹۔ کنایتاً شراب۔ **مینا بازار** (مذکر) وہ بازار جو بادشاہ کی سیر کے لئے لگایا جائے۔ اور اس میں طرح طرح کی چیزیں سجائی جائیں۔ جوہری بازار ۲۔ عورتوں کا بازار۔ زنانہ بازار۔ وہ بازار جس میں مرتب چیزیں بکیں ۳۔ عمدہ خوبصورت بازار ۴۔ ایک کتاب مصنفہ ملا نور الدین ظہوری جس میں ایک بازار کی تعریف لکھی ہے۔ پہلا بازار اکبر نے لگایا تھا۔ **مینا خانہ** (مذکر) وہ کمرہ جہاں شراب کے شیشے اور قرابے رکھے جائیں۔ شیشہ خانہ۔ **مینا رنگ** (صفت) نیلا رنگ۔ سبز رنگ۔ **مینا ساز** (صفت) مینا کار۔ **مینا فام** (صفت) نیلا یا سبز رنگ۔ **میناکار** (مذکر) ۱۔ مرصع ساز۔ جڑاؤ کام کرنے والا ۲۔ وہ چیز جس پر مینا کا کام بنایا گیا ہو۔ **میناکاری** (مونث) ۱۔ چاندی سونے پر مرصع سازی۔ نگینے کا کام ۲۔ باریکی۔ موشگافی۔ **میناکاری چھانٹنا** (متعدی) نکتہ چینی کرنا۔ ہر ایک چیز میں نقص نکالنا ادنیٰ ادنیٰ باتوں پر نظر کرنا۔ **مینائی** (صفت) ۱۔ مینا سے منسوب ۲۔ اردو کے شاعر امیر کا لقب۔ **مینا سے لاجورد** (مذکر) آسمان **مینے** (مذکر) بجائے مینا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **مینے کا کام** (مذکر) دیکھو میناکاری۔

مینار۔ مینارہ (ع۔ مذکر) ۱۔ بلند ستون جو مسجد کے دو یا چار کونوں پر بناتے ہیں۔ اذان دینے کا ستون ۲۔ کھمب۔ ستون۔ لاٹھ۔ کھمبا۔ رکن ۳۔ گھڑی لگانے کا مینار۔ گھنٹہ گھر ۴۔ کسی کی یادگار کا ستون ۵۔ سمندر میں خطرناک موقعوں پر جہازوں کو روشنی دکھانے کا ستون۔ ۶۔ ستون جو گاؤں کی حد پر جہاں تین گاؤں کی زمین ملے بنایا جائے ۷۔ میل کا ستون۔ شیر شاہ کے بنائے ہوئے اب تک کئی جگہ کھڑے ہیں۔ بعض جگہ رستہ دکھانے کے لیے ریگستان یا میدان میں بنائے جاتے تھے ۸۔ کوئی مصیبت یا تکلیف یا بوجھ جیسے کنواری جوان بیٹی (ع) منار۔ روشنی کی جگہ۔

مینجنا (ہ۔ متعدی) ۱۔ ہاتھ سے ملنا۔ مسلنا ۲۔ ملانا ۳۔ رگڑنا۔ ملنا۔ صاف کرنا ۴۔ گوندھنا (عف)

مینڈنی (ہ۔ مونث) دیکھو مینی۔

مینڈھی (ہ۔ مونث) دیکھو مہندی۔

مینڈ (ہ۔ مونث) ۱۔ ستار کا ایک پرزہ جو ہاتھی دانت کا ہوتا ہے ۲۔ ستار کی مسلسل آواز۔ تان۔ لے۔

مینڈ (ہ۔ مونث) ۱۔ کھیت کی منڈیر۔ ڈول پشتہ۔ کنارہ۔ حد ۲۔ موج۔ لہر ۳۔ کنوئیں کی منڈیر۔ من پشتۂ چاہ (س مریاد) **مینڈ بندی** (مونث) حد بندی **مینڈ پڑنا** لہریں یا موجیں اٹھنا۔ پانی کا لہریں مارنا۔

مینڈک (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک جانور جو برسات کے موسم میں ٹرایا کرتا ہے۔ غوک ۲۔ ایک قسم کا کھلونا ۳۔ (ہ) گھوڑے کا پٹھا (س مینڈک) **مینڈک پھوڑا** (مذکر) ایک قسم کا پھوڑا جو پاؤں کے تلووں پر ہو جاتا ہے **مینڈکی** (مونث) ۱۔ مادہ مینڈک ۲۔ چھوٹا مینڈک ۳۔ گھوڑے کی پیٹھ کا وہ نشان جو کمر لگ جانے سے ہوتا ہے ۴۔ ایک قسم کا مرض غدود جو کان کی لو کے نیچے نکل آتے ہیں۔

امثال مینڈک چلے (مینڈکی چلی) مدار ہوں کو۔ کمینے یا نکمے آدمی نے بھی بڑا حوصلہ کیا۔ مینڈکی کو (بھی) زکام ہوا۔ اپنی حد سے بڑھ کر شیخی مارنے والے شخص کی نسبت بولتے ہیں۔ حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا۔ ادنیٰ شخص بھی حوصلہ کرنے لگا۔

مینڈنا (ہ۔ متعدی) دیکھو مینجنا۔

مینڈھ (ہ۔ مذکر) وہ اناج جو کھیت میں پڑا رہ جائے۔

مینڈھا (ہ۔ مذکر) ۱۔ بھیڑ کا نر۔ دنبہ ۲۔ برج حمل۔ میکھ راس۔ بارھواں برج ۳۔ دیوار گرانے اور پانی کھینچنے کی ایک کل ۴۔ بڑی موج۔ تلاطم۔ لہر ۵۔ بھیڑ جب اس میں ٹھیک نہ ہے (س مینڈکا) **مینڈھا اچھلنا** (لازم) تلاطم ہونا۔ ہوا کی شدت سے لہریں اٹھنا **مینڈھے** (مذکر) ۱۔ مینڈھا کی جمع ۲۔ بجائے مینڈھا حروف مغیرہ سے پہلے **مینڈھے لڑانا یا لڑوانا** (متعدی) ۱۔ دو مینڈھوں میں لڑائی کرا کر سیر دیکھنا ۲۔ دو آدمیوں میں لڑائی کرانا۔ فساد ڈلوا کر تماشا دیکھنا۔

مینڈھی، (لکھنو) مینڈی (ہ۔ مونث) ۱۔ عورتوں کے سر کے گندھے ہوئے چھوٹے بال۔ بالوں کی لٹ ۲۔ اصطلاح قصاباں کمر کا گوشت۔ **مینڈھیاں** (مونث) مینڈھی کی جمع (گوندھنا کے ساتھ)

مینڈیانا (ہ۔ متعدی) کھیت کی مینڈ بنانا۔

مینک (ہ۔ مونث) آنکھ کی پتلی۔ بینائی۔

مینگنی (ہ۔ مونث) وہ گولیاں سی جو بھیڑ۔ اونٹ۔ بکری خرگوش وغیرہ ہگتے ہیں **مینگنیاں** (مونث) مینگنی کی جمع۔

مینگی (ہ۔ مونث) ۱۔ ہڈی کا گودا ۲۔ گودا ۳۔ مغز تخم ۴۔ روح۔ عرق۔ عطر۔

میں میں (ہ۔ مونث) ۱۔ بکری کی آواز ۲۔ (اطفال) بکری۔ **بَز۔ میں میں کرنا** (متعدی) بکری کا بولنا۔ ممیانا۔

مینو (ف۔ مذکر) ۱۔ آسمان ۲۔ زمرد ۳۔ بہشت جنت ۴۔ شیشہ جو زیور پر چڑھایا جاتا ہے۔ **مینو آئین**۔ اساس۔ سواد یا سرشت (صفت) خوبصورت۔ زیبا۔

مینہ (ہ۔ مذکر) وہ پانی جو بادلوں سے قطرہ قطرہ گرتا ہے۔ بارش (س میگھ) **مینہ آنا** (لازم) بارش شروع ہونا۔ **مینہ برسنا یا پڑنا** (لازم) بارش ہونا۔ **مینہ تھمنا** (لازم) بارش بند ہونا۔ **مینہ کا جھمکا لگنا** (لازم) مینہ کی جھڑی لگنا۔ بہت بارش ہونا۔ **مینہ کا آنکھ نہ کھولنا** (متعدی) مینہ کا لگاتار برسنا۔ **مینہ کھلنا** (لازم) بارش موقوف۔ **مینہ کی جھڑی** (مونث) بارش کی کشش۔ امساک باراں۔ بارش کی کمی۔ **مینہ کی آنکھ نہ لگنا** (لازم) بے حد لگاتار بارش ہونا۔

امثال واقوال۔ مینہ کا لوکا اور نوکری گھڑی گھڑی نہیں ہوا کرتے۔ یہ چیزیں بہت مشکل سے ملتی ہیں۔ مینہ برسے گا تو دالتی ٹپکے ہی گی (بوچھاڑ آ ہی رہے گی) تو آسے گی۔ اپنے عزیز کے پاس دولت ہونے سے کچھ نہ کچھ فائدہ ہو ہی رہے گا۔ مینہوں کو برسا پرنالوں کو چالنا ۱۔ قدرتی کام ضرور ہوں گے ۲۔ آخر ہمارے قابو میں آؤ گے۔

مینہدی (ہ۔ مونث) دیکھو مہندی۔

میو۔ میوا (ہ۔ مذکر) مسلمان راجپوتوں کی ایک قوم جو میوات میں آباد ہے۔

میوجات (ف۔ مذکر) میوہ کی جمع۔

میوسر (س - مذکر) موسم ایک پھول کمغا، ایک اور پودہ۔

میوڑا (د - مذکر) میوہ کی تصغیر۔

میوزیم (انگ - مذکر) عجائب گھر۔

میوں (د - مونث) میاؤں، میوں بلائی (مونث - بلی کی صفت) غریب، بے زبان۔ میوں کرنا (متعدی) میاؤں کرنا۔

مثل۔ میوں کا گھر ترا کوئی بیر کار گر نہیں ہوتی

میونسپل (انگ - صفت) شہری - قصباتی۔ میونسپلٹی (مونث) وہ رقبہ مقامی جو میونسپل ایکٹ کے موجب قرار دیا گیا ہو۔

میونسپل کمشنر (مذکر) میونسپل کمیٹی کا ممبر۔

میوہ (ف - مذکر) پھل - ثمر - بار - نتیجہ - ثمرہ - میوہ پک جانا (لازم) میوے کا گرمی پاکر نرم ہو جانا۔

میوہ جات (مذکر) میوہ کی جمع - میوے۔ میوۂ جنت (مذکر) بہشت کا میوہ - سیب، انار وغیرہ۔ میوہ چھیلنا (متعدی) پھل کا چھلکا علیحدہ کرنا۔ میوہ دار (صفت) پھل دار - ثمر دار۔

میوہ دار درخت (مذکر) وہ درخت جس میں پھل لگتے ہوں۔ میوہ فروش (مذکر) میوہ بیچنے والا۔

میہکا (س - مذکر) کہ بھینسا۔ میہکی (مونث) بھینس۔

میہم (د - مذکر) دیکھو میہہ (س)

میہمان (ف - مذکر) میہمانی (د - مونث) دیکھو مہمان و مہمانی (ف)

میہی - مئی (د - مونث) سہاگا - وہ لکڑی جو کھیت کی مٹی برابر کرنے کو پھیرتے ہیں - سیڑھی۔

ن (ہ - مذکر) تلفظ نون۔ اردو کا بتیسواں فارسی کا انتیسواں عربی کا پچیسواں حرف اور دیوناگری کا پانچواں وسواں پندرھواں اور بیسواں ویخن ہے۔ اس میں نون چار طرز پر لکھا جاتا ہے اور نون غنہ کے لئے حرف کے اوپر انسوار یا نقطہ دیتے ہیں۔ مختلف قسم کے الفاظ کے ساتھ مختلف قسم کا نون استعمال ہوتا ہے جو مفصلہ ذیل تقطیع سے ظاہر ہوگا۔

ک کھ گ گھ ن
ج چھ چ چھ ں
ٹ ٹھ ڈ ڈھ ں
ت تھ د دھ ن
پ پھ ب بھ م

ہر نون اس کے ماقبل کے حرفوں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ٢ اصل نون بیسواں حرف ہے باقی نون غنہ ہیں جو نون غنہ درمیان میں آجائے اس پر الٹا جزم دیا گیا ہے ٣ شفتی حروف پ پھ ب بھ کے ساتھ کسی کلمہ کے وسط میں ملا ہوا آتا ہے تو وہاں ادغام ہو کر میم سے بدل جاتا ہے۔ جیسے منبر سنبل دیوناگری میں ایسے مقام پر عموماً میم ہی لکھا جاتا ہے جو پچیسواں حرف ہے۔ اور شفتی حروف کے بعد آتا ہے ٤ ابجد میں اس کے ٥٠ عدد مقرر کئے گئے ہیں ٥ عربی میں جب لفظ کے آخر میں نون ہو اور ماقبل نون کے حرف علت واقع ہو اور حرف علت کے ماقبل کی حرکت موافق نہ ہو۔ اسوقت اعلان نون جائز ہے۔ جیسے فرعون۔ کونین اور جب حرف علت کے ماقبل کی حرکت موافق ہے تو اعلان نون جائز نہیں۔ جیسے قارون۔ ناداں۔ بیروں ٦ اردو میں (الف) بحالت عطف و اضافت اعلان نون درست نہیں جیسے راز نہاں دل وجاں (ب) بلا عطف و اضافت سہ حرفی حروف میں اعلان نون ہونا چاہئے۔ جیسے نان۔ بان۔ دون۔ چین (ج) دیگر الفاظ میں بحالت عطف اضافت اخفا واجب ہے۔ لیکن جب یہ حالت نہ ہو تو اعلان و اخفا دونوں طرح کا اختیار ہے (د) جو الفاظ روزمرہ میں بغیر نون بولے جاتے ہیں ان کا اعلان نون بغیر عطف و اضافت مکروہ ہے ٧ فارسی میں حروف لین کے بعد نون کا اعلان ناجائز ہے ٨ فعل اور اسم کے اول میں کبھی تنہا کبھی ہائے مختفی کے ساتھ مفتوح ہو کر نفی کے معنی دیتا ہے۔ لیکن اگر اسی نون کے ساتھ الف لگا دیں تو وہاں صفتی معنی ہو جاتے ہیں۔ جیسے نادان۔ نالایق ٩ علامت مصدر ہے جو آخر میں آتا ہے۔ جیسے مردن و پختن۔ اردو میں فارسی مصدر بہت کم استعمال ہوتا ہے ١٠ نون نفی جو فعل کے ابتدا میں آتا ہے جیسے نکرد نخورد۔ نمی کند۔ اردو میں اس کی جگہ نہ اور نہیں استعمال ہوتا ہے جیسے نہ کیا۔ نہ کھایا۔ نہیں کرتا ہے اور مصدر سے علیحدہ بھی جائز ہے ١١ نفی اثبات۔ اردو میں اس کی جگہ بھی نہیں مستعمل ہے ١٢ نون جمع اینان آنان اردو میں ناجائز ہیں ١٣ نون استفہام تقریری یہ اردو میں جائز ہے۔ نا اور نہیں کیا کے ساتھ اردو میں استعمال ہوتے ہیں ١٤ ہندی الفاظ میں کبھی مصدریت کے معنی دیتا ہے۔ جیسے دین لین الجھن ١٥ کبھی نسبت کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے سہاگن ١٦ کبھی تانیث ظاہر کرتا جیسے مالن۔ کھنگن ١٧ مونث الفاظ جن کے آخر میں کلمہ یا ہو جمع کے واسطے آتا ہے جیسے پڑیاں۔ گڑیاں ١٨ نر۔ نس۔ نہ کا مخفف ہو کر نفی کے معنی دیتا ہے۔ اور مکسور ہوتا ہے۔ جیسے نکھٹو۔ نگوڑا ١٩ ہندی اور فارسی میں حروف ذیل سے کم و بیش بدلجاتا ہے۔ ب پ ت ر ڑ ک ل م و ہ ی ٢٠ کبھی یہ لفظ کے درمیان میں قبل جمع کے واؤ نون کے زائد بھی آجاتا ہے۔ جیسے دونوں

نَ (ف - نفی) نہ کا مخفف۔

امثال و اقوال۔ نبود خیر در خانہ کہ عصمت نبود۔ جس گھر میں پاکدامنی نہیں ہوتی۔ برکت نہیں ہوتی۔ **ندانی کہ چوں گربہ عاجز شود برآرد بچنگال چشم پلنگ**۔ کیا تو نہیں جانتا کہ جب بلی عاجز ہو جاتی ہے تو پنجے سے چیتے کی آنکھیں نکال لیتی ہے۔ جب کوئی عاجز ہو جاتا ہے تو بساط سے بڑھ کر کام کرتا ہے۔ **نہ دید نقد بہ نسیہ کسے**۔ کوئی نقد کے عوض ادھار نہیں دیتا۔ **نرود میخ آہنی در سنگ**۔ سنگدل کسی کی نہیں سنتا۔ **نکردن یک عیب و کردن صد عیب** نہ کرنا ایک عیب اور کرنے میں سو عیب نکلتے ہیں **نکند جور پیشہ سلطانی۔ کہ نیاید ز گرگ چوپانی**۔ ظالم بادشاہی نہیں کرسکتا۔ جس طرح بھیڑیے سے گلہ بانی نہیں ہوسکتی۔ **نکند گرگ پوستیں دوزی** خبیث آدمی سے نیک کام نہیں ہوسکتا۔

نَ (س - کلمہ) میں۔ اندر ٢ نیچے ٣ پیچھے ٤ پر۔ اوپر۔ ان تمام معنوں میں دوسرے حرف کے شروع میں آتا ہے ٥ نہ۔ نہیں۔ **نکا** (مذکر) حرف نون۔

نا (ہ - کلمہ) ١ مصدر کی علامت ٢ (نفی) نہیں ٣ ضرور کی جگہ تاکید کے لئے آخر میں آتا ہے۔ جیسے بچہ ہے نا ٤ نفی کی تاکید کے لئے جیسے نا بابا ہم نہیں جاتے ٥ زائد حسن کلام کے لئے۔ جیسے آؤ نا۔ چلو نا ٦ استفسار کے لئے جیسے آخر کو بیٹے نا۔ **نابَر** (صفت) عذر کرنے والا۔ انکار کرنے والا۔

مثل۔ ناکر نند برائی تو بھی کسی کی کھوجائی۔ بدی کا نتیجہ بدی ہے۔

نا (ف - حرف نفی) ١ نہیں۔ نہ ٢ اہل۔ اہاں ٣ بن۔ بغیر۔ بنا۔ بلا عموماً فارسی مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **ناآزمودہ** (صفت) ١ ناتجربہ کار۔ اناڑی۔ کچا ٢ ناواقف۔ ناآموز ٣ (تف) بغیر آزمائش۔ بن دیکھے بھالے۔ بغیر جانے بوجھے **ناآزمودہ کار** (صفت) ١ ناتجربہ کار۔ اناڑی۔ کچا۔ ناپختہ کار ٢ ناواقف۔ **ناآشنا** (صفت) ١ ناواقف۔ انجان۔ اجنبی۔ جس سے جان پہچان نہ ہو۔ نامحرم ٢ بے مروت۔ بیوفا۔ بداخلاق۔ تیز مزاج ٣ جس کا کوئی دوست نہ ہو ٤ وہ شخص جو تیرنا نہ جانتا ہو۔ **ناآشنائی** (مونث) ١ ناواقفیت نامحرمی۔ اجنبیت۔ ناواقفی۔ جان پہچان نہ ہونا عدم شناسائی ٢ بے وفائی۔ بے مروتی ٣ ناملنساری عدم موانست۔ عدم ارتباط۔ **ناآشنائے محض** (صفت) بالکل ناواقف۔ نرا انجان۔ **ناآگاہ** (صفت) ناواقف۔ **نااتفاقی** (مونث) پھوٹ نفاق۔ رنجیدگی۔ **ناالتفاتی** (مونث) کم توجہی بے اعتنائی۔ بے پروائی۔ **ناامید** (صفت) مایوس ناکام۔ بے آس۔ نراس (کرنا ہونا کے ساتھ) **ناامیدی** (مونث) مایوسی۔ ناکامی۔ **نااندیش** (صفت) ١ نہ سوچنے والا ٢ وہ (امر) جس میں سوچنے کی ضرورت نہ ہو۔ **ناانصاف** (صفت) ١

انصاف نہ کرنے والا۔ آسمان کی صفت میں
مستعمل ہے۔ **ناانصافی** (مونث) بے انصافی
ظلم۔ اندھیر (کرنا ہونا کے ساتھ) **نا اہل** (صفت)
نالائق۔ ناشائستہ۔ ناموزوں۔ بے تہذیب۔ ناقابل
کمینہ۔ **نا اہلی** (مونث) نالائقی۔ **نابالغ** (صفت)
کم سن جو سنِ بلوغ کو نہ پہنچا ہو۔ **نا بالغی** (مونث)
کمسنی۔ خردسالی۔ **نابایستہ** (صفت) ناشایستہ۔
نامناسب۔ **نابخرد** (صفت) بیوقوف۔ احمق
نابکار (صفت) شریر۔ بدذات۔ بدکردار
معیوب۔ بیجا۔ نازیبا۔ ناموزوں۔ خراب۔
بیہودہ۔ کمبخت (ف) بیکار۔ نکما۔ بیفائدہ۔
نابلد (صفت) انجان۔ ناواقف۔ ناآشنا۔
نابلدی (مونث) ناواقفیت۔ **نابود** (صفت)
نیست۔ ناپید۔ فانی۔ معدوم۔ زوال پذیر (کرنا
ہونا کے ساتھ) **نابینا** (صفت) اندھا۔ کور۔ سور
داس (کر دینا کرنا ہونا کے ساتھ) **ناپاک** (صفت)
پلید۔ نجس۔ میلا۔ گندا۔ وہ شخص جس پر نہانا فرض ہو
(کرنا ہونا کے ساتھ) **ناپاکی** (مونث) نجاست
گندگی۔ **ناپاکی اتارنا** (متعدی) صحبت
داری۔ انزال۔ احتلام وغیرہ کے بعد نہانا۔
حیض و نفاس کا غسل کرنا۔ **ناپائیدار** (صفت)
جو پائیدار یا دیرپا نہ ہو۔ بے ثبات۔ کمزور۔ بودا۔
غیر مستحکم۔ **ناپائیداری** (مونث) کمزوری۔
بے ثباتی۔ بوداپن۔ **ناپختہ کار** (صفت) ناتجربہ کار
ناپدید (صفت) جو ظاہر نہ ہو۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔
غائب۔ مخفی۔ **ناپرسان** (صفت) بے پروا۔
ناپرسانی (مونث) بے پروائی۔ **ناپروا** (صفت)
بے پروا۔ اردو میں یہ اب بہت کم استعمال ہوتا ہے
ناپرہیزگار (صفت) بدکار۔ فاسق۔ گنہگار۔
آلودہ دامن۔ **ناپسند** (صفت) وہ چیز جو پسند نہ
ہو۔ نامرغوب۔ لغو۔ عیب دار۔ بے تمیز۔ **ناپسند
کرنا** (متعدی) نامنظور کرنا۔ قبول کرنا۔ **ناپسندیدہ**
(صفت) نامرغوب۔ ناگوار۔ بار۔ **ناپید** (صفت)
نیست۔ معدوم۔ فنا۔ عنقا صفت۔ نادر الوجود۔
ناپیدا (صفت) جو ظاہر نہ ہو۔ چھپا ہوا۔ غائب
نیست و نابود۔ اب ناپید استعمال ہوتا ہے (کرنا
ہونا کے ساتھ) **ناپیداکنار** (صفت) جس کا
کنارہ نہ دکھائی دے (دریا یا سمندر) **ناپید** [illegible]

(متعدی) برباد کرنا۔ کھونا۔ اجاڑنا۔ فنا کرنا **ناپید
ہونا** (لازم) اجڑنا۔ گم ہونا۔ تباہ و برباد کرنا۔
قحط ہونا۔ کمی ہونا۔ معدوم ہونا۔ عنقا ہونا۔ **نا
تجربہ کار** (صفت) ناآزمودہ کار۔ اناڑی۔
کچا۔ انجان۔ ناواقف۔ **ناتراش۔ ناتراشیدہ**
(صفت) ناہموار۔ اجڈ۔ گنوار۔ بے ادب۔
گستاخ۔ غیر مہذب۔ ناشائستہ۔ بدتہذیب۔
ناتراشیدہ کندہ (مذکر) بیوقوف جاہل آدمی۔
ناتربیت یافتہ (صفت) دیکھو آخری
ناترس (صفت) بے خوف۔ سنگدل۔ بے رحم۔
ناتمام (صفت) نامکمل۔ ادھورا۔ ناقص **ناتواں**
(صفت) کمزور۔ بودا۔ ناطاقت۔ لاغر۔ ضعیف
نحیف۔ عاجز۔ مضمحل۔ آہ کی صفت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)
ناتوانی (مونث) کمزوری۔ ناتوانی۔ ناطاقتی
نقاہت۔ ضعف۔ **ناجائز** (صفت) ناروا۔
نادرست۔ ممتنع۔ بے جا۔
خلاف شرع۔ **ناجائز قرار دینا**
(متعدی) کسی بات کے کرنے سے روک دینا۔
خلاف قانون یا شرع ہونے کا فیصلہ کرنا۔ **ناجائز
مال** (مذکر) وہ مال جس کا لینا قانوناً یا شرعاً ناجائز
ہو۔ **ناجنس** (صفت) غیر جنس۔ ان میل۔
ناموافق۔ کم اصل۔ رذیل۔ کمینہ۔ اوچھا۔ پاجی
غیر مہذب۔ ناشائستہ۔ بے ادب۔ **ناجوازی**
(مونث) نادرستی۔ کسی بات کا ناجائز ہونا۔ **ناچار**
(صفت) عاجز۔ بے بس۔ مجبور۔ بیچارہ
مفلس۔ نادار۔ غریب۔ اپاہج۔ معذور۔ ناامید
مایوس۔ نراس (تف) بالضرور۔ لابد۔ مجبوراً
مجبور ہو کر۔ ہار کر (چار چارہ کا مخفف ہے) (کر دینا
کرنا ہونا کے ساتھ) **ناچاری** (مونث) بے بسی
مجبوری۔ عاجزی۔ **ناچاق** (صفت) علیل
بیمار۔ جو تندرست نہ ہو۔ لاغر۔ دبلا۔ **ناچاقی**
(مونث) علالت۔ بدمزگی۔ ان بن۔ بگاڑ۔ رنجش
ناچیز (صفت) جو کچھ نہ ہو۔ ہیچ۔ بے حقیقت
بے وقعت۔ نابکار۔ نکما۔ ناقابل۔ ناکارہ۔ ادنے
ذلیل و خوار۔ **ناحق** (صفت) بے انصافی سے
حق کے خلاف۔ بے جا۔ بلا سبب۔ بے سبب
بے فائدہ۔ نامناسب۔ ناواجب (کرنا ہونا کے ساتھ)
ناحق جان نہ چھوڑو۔ بے فائدہ کیوں غم کرتے
یا گھبراتے ہو۔ **ناحق شناس** (صفت) ناسپاس۔

بے وفا۔ **ناحق شناسی** (مونث) بے انصافی۔
ظلم۔ **ناحق کا** (صفت) بے فائدہ۔ فضول۔
ناحق کو (عو) بے سبب۔ ناحق۔ **ناحق کوش**
(صفت) ناحق بات کی کوشش کرنے والا۔ **ناحق
کہنا** (متعدی) جھوٹ بولنا۔ جھوٹ کہنا۔ حق کے
خلاف کہنا۔ غیر منصفی کی بات کہنا۔ **ناحق کی دھائی**
ہے۔ بیفائدہ کی تگ و دو ہے۔ نکمی حرص ہے۔
ناخدا (صفت) خدا کو نہ ماننے والا۔ دہریہ۔
بے دین۔ ملحد۔ کافر۔ دیکھو ملحدہ۔ **ناخداترس**
(صفت) خدا سے نہ ڈرنے والا۔ خدا کا خوف نہ
کرنے والا۔ بے رحم۔ سنگدل۔ **ناخلف** (صفت)
وہ جو باپ کے موافق نہ ہو۔ نالائق۔ نااہل۔ بدچلن
بدذات۔ بداطوار۔ عیبی۔ عیب دار۔ یہ لفظ اولاد
کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ **ناخلف اٹھنا یا پیدا
ہونا** (لازم) اولاد کا ناشائستہ یا نالائق ہونا۔ **نا
خواست** (صفت) بے اختیار۔ بے طلب۔
بے تلاش۔ **ناخواستہ** (صفت) نہ چاہا ہوا۔ نہ
چاہنے والا۔ اردو میں بادلِ ناخواستہ کی ترکیب
سے استعمال ہوتا ہے۔ **ناخواندہ** (صفت)
نہ پڑھا ہوا۔ بے علم۔ ان پڑھ۔ جاہل۔ بغیر
بلایا ہوا۔ بن بلایا (مہمان کے ساتھ) **ناخوش**
(صفت) جو خوش یا راضی نہ ہو۔ ناراض۔
ناشاد۔ خفا۔ بیزار۔ متنفر۔ رنجیدہ (کرنا ہونا
کے ساتھ) بیمار۔ مریض۔ **ناخوشگوار** (صفت)
ناپسندیدہ۔ جو برا معلوم ہو (واقعہ وغیرہ کے ساتھ)
ناخوشی خفگی۔ ناراضگی۔ بیزاری۔ رنجش۔
نادار (صفت) غریب۔ محتاج۔ کنگال۔
گنجفہ میں وہ بازی جس میں کوئی پتہ نہ آئے۔ **ناداری**
مفلسی۔ غربت۔ غریبی۔ افلاس۔ تنگدستی۔ تنگ
حالی۔ **ناداری آنا** (لازم) غریب۔ مفلس یا کنگال
ہو جانا۔ **نادان** (صفت) ناسمجھ۔ بیوقوف
احمق۔ جاہل۔ انجان۔ کم سن۔ چھوٹی عمر کا۔ **نادان
بننا** (لازم) تجاہل عارفانہ کرنا۔ ایسے بھولے بننا کہ
جیسے کچھ جانتے ہی نہیں۔ **نادان پن** (مذکر)
بیوقوفی۔ جہالت۔ **نادانستگی** (مونث) ناواقفیت
جہالت۔ بے خبری۔ لاعلمی۔ **نادانستہ** (تف)
بے قصد۔ ان جانے۔ بھولے سے۔ ناواقفیت
سے۔ سہواً۔ **نادانی** (مونث) جہالت بیوقوفی

ناسمجھی۔ **نادرست** (صفت) ۱ جو ٹھیک نہ ہو۔
غلط۔بیجا۔نامناسب ۲ غیر مباح۔ناجائز۔غیر
مشروح ۳ جو ٹھیک نہ چلے (جیسے گھڑی) ۴ جس
کی ترتیب ٹھیک نہ ہو۔ **نادرستی** (مونث)
۱ جھوٹ۔دروغ ۲ نقص۔عیب۔ **نادہند**
(صفت) نہ دینے والا۔خصوصاً قرض لے کر نہ دینے والا
مزدوری مار لینے والا۔ **نادہندی** (مونث) ۱
قرضہ لے کر نہ دینا ۲ لیچڑپن۔لے لوٹ پن۔ **نا
دیدنی** (مونث) وہ چیز جو قابل دیکھنے کے نہ ہو۔
نادیدہ (صفت) ۱ بے دیکھا۔ان دیکھا۔جیسے
دیکھا نہ ہو ۲ ندیدہ۔جسنے کبھی کچھ نہ دیکھا ہو۔ **نا
راست** (صفت) ۱ ٹیڑھا۔کج ۲ دروغ
جھوٹ۔نامناسب ۳ کھوٹا آدمی۔ **ناراستی**
(مونث) ۱ نامناسب فعل۔کجی ۲ بد دیانتی جھوٹ
ناراض (صفت) ۱ دیکھو ناخوش ۲ (کرنا ہونا
کے ساتھ) **ناراضگی۔ناراضی** (مونث) دیکھو
ناخوشی۔ **نارس** (صفت) ۱ کچا۔خام ۲ شراب
خام جو پینے کے قابل نہ ہو ۳ ناشگفتہ (کلی) **نارسا**
(صفت) ۱ نہ پہنچنے والا ۲ بے اثر (آہ) ۳ نامراد۔
نارسال (صفت) وہ جو واقع نہ ہو۔ **نارسائی**
(مونث) پہنچ نہ ہونا۔باریابی نہ ہونا۔ **نارسیدگی**
(مونث) خاص۔آزمودہ کار نہ ہونا۔ **نارسیدہ**
(صفت) ۱ نہ پہنچا ہوا ۲ خام۔کچا (پھل) ۳
ناکمل ۴ نابالغ۔ **ناروا** (صفت) ۱ ناجائز۔بیجا
۲ خلاف شرع۔ممنوع۔غیر مشروع ۳ ناملائم۔نا
مناسب۔غیر واجب۔خلاف شان ۴ غیر مروج
بے رواج۔وہ جس کا رواج نہ ہو (سکہ) ۵ وہ جنس
جس کا رواج نہ ہو ۶ نامقبول۔ناپسند ۷ نامناسب
۸ نامراد۔ناکامیاب۔محروم۔بےنصیب۔ **ناروانی**
(مونث) تجارت کی کساد بازاری۔مال کا نہ بکنا۔
نازیب۔نازیبا (صفت) ۱ بدزیب۔بدنما
بدشکل ۲ غیر موزوں۔نامناسب ۳ ان میل۔بے
میل۔ **ناساز** (صفت) ۱ ناموافق۔مخالف
برعکس۔برخلاف ۲ ناسازگار۔ناراست ۳ بیمار
علیل۔بدمزہ ۴ راس نہ آنے والا۔ناسازگار۔ **نا
سازگار** (صفت) ۱ مخالف۔ناموافق۔برخلاف
۲ منحوس ۳ بدنصیب۔بدبخت۔ **ناسازگاری**
(مونث) ۱ ناموافقت۔مخالفت ۲ بدنصیبی۔بداقبالی

ناسازی (مونث) ۱ مخالفت۔ناموافقت ۲ بیماری
علالت۔ **ناسازی بخت** (مونث) بدقسمتی۔
ناسازی طبیعت (مونث) بیمار رہونا۔
ناسپاس (صفت) ناشکرگزار۔ناشکرا۔ **ناسپاسی**
(مونث) ناشکری۔نمک حرامی۔ **ناستودہ** (صفت)
ناپسندیدہ۔بیہودہ۔نالائق۔ **ناسرہ** (صفت) غیر
خالص۔کھوٹ ملایا ہوا۔ **ناسزا** (صفت) ۱ نازیبا
نامناسب۔بے جا۔ناواجب ۲ سفلہ۔کمینہ ۳ نالائق
بیوقوف۔ **ناسزاوار** (صفت) ۱ دیکھو آخری ۲
نامبارک۔منحوس۔ **ناسفتہ** (صفت) ۱ جس میں
سوراخ نہ ہوا ہو۔ان بندھا ۲ دوشیزہ۔کنواری
ناسمجھ (صفت) ۱ بیوقوف۔احمق۔نادان ۲
کند ذہن۔غبی ۳ بچہ۔کم عمر۔کمسن۔ **ناسمجھ بن جانا**
(لازم) بیوقوف ہو جانا۔بیوقوفی کی باتیں کرنا۔
ناسمجھی (مونث) بیوقوفی۔نادانی۔نافہمی۔ **ناسمجھی
کی بات** (مونث) نادانی کی بات۔ **ناشاد**
(صفت) ۱ ناخوش۔رنجیدہ۔دلگیر۔پژمردہ ۲ کم
بخت۔بدنصیب۔بدبخت۔بدقسمت۔نامراد ۳
مصیبت زدہ۔آفت رسیدہ۔ **ناشاد جانا** (لازم)
۱ نامراد جانا۔پرارمان جانا ۲ رنج کی حالت میں مرجانا
ناشاد نامراد (صفت) بدنصیب۔بدبخت۔
ناشاد نامراد جائے (عو۔بددعا) ارمان لے کے
مرجائے۔بے آس و اولاد مرجائے۔ **ناشائستگی**
(مونث) نادرستی۔نالائقی۔بدتہذیبی۔بداسلوبی۔
ناشائستہ (صفت) ۱ نالائق۔ناہموار ۲ ناموزوں
نازیبا۔نامناسب۔ **ناشدنی** (صفت) ۱ ناممکن
محال ۲ بدنصیب۔کمبخت۔ناخلف۔ **ناشکرا**
(صفت) دیکھو ناسپاس۔ **ناشکری** (صفت)
۱ ناشکرگزار (عورت) ۲ (مونث) نمکحرامی ۳ ناحق
شناسی۔ناسپاسی۔ **ناشکری کرنا** (متعدی) ۱
احسان نہ ماننا ۲ نمکحرامی کرنا۔ **ناشکیب** (صفت)
بےصبر۔بے قرار۔ **ناشکیبائی** (مونث) بےصبری
بےصبر ہونا۔ **ناشگفتہ** (صفت) نہ کھلی ہوئی (کلی)
ناشنو۔ناشنوا (صفت) وہ جو کسی کے حال کا
پرساں نہ ہو۔نہ سننے والا۔ **ناشنوائی** (مونث)
کس مپرسی۔پرسان حال نہ ہونا۔ **ناصاف**
(صفت) جو پاک و صاف نہ ہو۔ **ناصبور**
(صفت) بےصبرا۔مضطر۔بیقرار۔ **ناصواب**

(صفت) غلط۔نادرست۔بری۔ **ناطاقت**
(صفت) کمزور۔ناتواں۔ضعیف۔ **ناطاقتی**
(مونث) کمزوری۔ناتوانی۔لاغری۔ضعف۔
ناعاقبت اندیش (صفت) بات کا انجام نہ
سوچنے والا۔کوتہ اندیش۔ **نافرجام** (صفت)
ناعاقبت اندیش۔بدانجام۔بداصل۔ **نافرمان
نافرمانبردار** (صفت) ۱ حکم نہ ماننے والا۔متمرد۔
سرکش ۲ ایک اودے رنگ کا پھول۔ **نافرمانبرداری
نافرمانی** (مونث) ۱ حکم عدولی۔سرکشی۔حکم نہ ماننا
۲ (مذکر) ایک رنگ۔اودا رنگ۔ **نافرمانی کرنا**
(متعدی) سرکشی کرنا۔حکم عدولی کرنا۔حکم نہ ماننا۔
نافہم (صفت) ناسمجھ۔نادان۔کم عقل۔بیوقوف۔
ناقابل (صفت) ۱ نالائق۔جاہل۔ان پڑھ ۲
ناقابلیت۔ناموافقت۔ناموزونیت۔ **ناقابل برداشت**
(صفت) سہارنے کے ناقابل۔جو برداشت کے
لائق نہ ہو۔ **ناقابلیت** (مونث) نالائقی۔
کم استعدادی۔بے مقدوری۔ **ناقدر۔ناقدرا**
(صفت) ۱ جو کسی کی قدر نہ سمجھے گن نہ ماننے والا ۲
نالائق۔ **ناقدری** (مونث) ۱ بیقدری ۲ (صفت)
قدر نہ کرنے والی۔ **ناکارہ** (صفت) ۱ نکما۔جو کام کا
نہ ہو۔بیکار ۲ برا۔خراب۔نابکار ۳ سست
اپاہج۔ **ناکام** (صفت) ۱ محروم۔ناکامیاب ۲
نامراد۔ناامید۔مایوس ۳ ناچار۔مجبور۔لاعلاج۔
ناگزیر (رہنا ہونا کے ساتھ) **ناکامی** (مونث)
۱ ناامیدی۔مایوسی ۲ ناکامیابی۔محرومی۔ **ناکامیاب**
(صفت) ۱ دیکھو ناکام ۲ وہ جو امتحان میں فیل
ہو جائے (رہنا ہونا کے ساتھ) **ناکامیابی**
(مونث) ۱ دیکھو ناکامی ۲ امتحان میں فیل ہو جانا
کسی کام کا حسب مراد نہ ہونا۔ **ناکتخدا۔ناکدخدا**
(صفت) بن بیاہا۔کوارا۔کواری۔جس کی شادی
نہ ہوئی ہو۔ **ناکردنی** (صفت) جو کرنے کے لائق
نہ ہو۔ **ناکردہ** (صفت) نہ کیا ہوا۔تنہا استعمال
نہیں ہوتا۔ **ناکردہ جرم** (صفت) بےگناہ۔
بےقصور۔بےخطا۔ **ناکردہ کار** (صفت) ۱ نا
تجربہ کار۔ناآزمودہ کار۔ناپختہ کار ۲ کچا۔خام ۳
ناواقف۔انجان۔اناڑی۔ **ناکردہ گناہ** (صفت)
بےگناہ۔بےقصور۔بےخطا۔ **ناکرنا** (متعدی)
انکار کرنا۔ **ناکس** (صفت) ۱ نیچ۔کمینہ۔سفلہ۔
پاجی ۲ نالائق۔اردو میں ہرکس و ناکس کی ترکیب

سے استعمال ہوتا ہے۔ **ناکسی** (مونث)
۱ کم ظرفی۔ کمینہ پن۔ پاجی پن ۲ نالائقی۔ **ناکند**
۱ وہ بچھیرا جس کے ابھی دودھ کے دانت ہوں
۲ ناسمجھ۔ نادان۔ ناتجربہ کار ۳ (عف) دوشیزہ
باکرہ۔ **ناکند بچھیرا** (مذکر) دیکھو ناکند ۱ و ۲۔ **ناگاہ**
ناگہاں (تف) اچانک۔ یکایک۔ ناگہ۔ **نا
گزیر** (صفت) ضرور۔ لازم۔ واجب۔ **نا
گفتنی** (صفت) ۱ شرمناک ۲ وہ جو کہنے کے قابل
نہ ہو (بات) **ناگفتہ** (صفت) نہ کہی ہوئی۔
نہ کہنے کے قابل۔ خراب۔ برا۔ **ناگفتہ بہ** (صفت)
۱ اس کا نہ کہنا بہتر ہے ۲ گندا۔ شرمناک۔ **ناگنی**
(صفت، مونث) ناشکری۔ احسان فراموش۔ گن یا
احسان نہ ماننے والی **ناگوار** (صفت) ۱ خلاف
طبع۔ ناپسند خاطر۔ برا۔ مکروہ۔ ناخوش ۲ وہ جو
ہضم نہ ہو ۳ بدذائقہ۔ بدمزہ۔ بے لطف۔
بے مزہ۔ **ناگوارا** (صفت) ناپسند۔ خلاف طبع
(عف) **ناگوار گزرنا یا (معلوم) ہونا** (لازم)
برا لگنا۔ اچھا نہ معلوم ہونا۔ خلاف طبع ہونا۔
ناگہ۔ ناگہاں (تف) ۱ اچانک۔ دفعتہً۔
یکایک ۲ بے خبری میں ۳ (صفت) بے وقت۔
بے موقع۔ **ناگہانی** (مونث) اتفاقی۔ اچانک
نالائق (صفت) ۱ نااہل۔ سفلہ۔ کمینہ ۲ نامناسب
بیجا۔ **نالائق پن** (مذکر) **نالائقی** (مونث) سفلہ
پن۔ کمینگی۔ **نامانوس** (صفت) دیکھو ناآشنا
نامبارک (صفت) ناسزاوار۔ منحوس۔ نامسعود
نامتناہی۔ نامحدود (صفت) جس کی انتہا
نہ ہو۔ لاانتہا۔ بے حد ۲ بے کنارے۔ بے تھاہ۔
نامحرم (صفت) ۱ ناواقف۔ ناآشنا۔ انجان ۲
غیر۔ اجنبی ۳ وہ جس سے عورت کو پردہ واجب ہو
وہ رشتہ دار یا شخص جس سے نکاح درست ہو
نامراد (صفت) ۱ ناکام۔ محروم۔ بے مراد ۲
بدنصیب۔ بدبخت۔ بے نصیب۔ کمبخت۔
نامراد جانا (لازم) بغیر مراد پوری ہوئے مر جانا
نامرادی (مونث) ۱ ناکامی۔ محرومی۔ ناکامیابی
۲ بدنصیبی۔ بدبختی۔ کمبختی۔ **نامربوط** (صفت)
بے ربط۔ بے میل۔ ناموزوں۔ بے جوڑ۔ بے
ترتیب۔ **نامرد** (صفت) ۱ ہیجڑا۔ زنانہ۔
زنخا ۲ ڈرپوک۔ بزدل۔ بودا۔ بے حوصلہ ۳ وہ

جو عورت پر قادر نہ ہو۔ وہ جس کی قوت شہوانی
جاتی رہے ۴ وہ جو لڑائی میں بھاگ جائے۔
نامرد کرنا (متعدی) ہیجڑا بنانا۔ مخنث بنانا۔
نامردم (صفت) ناکس۔ نالائق۔ **نامرد ہونا**
(لازم) ۱ بزدل ہونا۔ ڈرپوک ہونا ۲ قوت
شہوانی نہ رہنا۔ رجولیت جاتی رہنا۔ **نامردی**
(مونث) ۱ بزدلی ۲ عدم رجولیت۔ ہیجڑاپن۔
نامساعد (صفت) ناموافق۔ ناسزاوار۔
نامساعدت (مونث) ناموافقت۔ ناسزاواری
نامساعدت زمانہ (مونث) زمانے کی ناموافقت
بدبختی۔ کمبختی۔ **نامسعود** (صفت) منحوس۔ نا
مبارک۔ **نامسلم** (صفت) غیر مسلم۔ **نامشخص**
(صفت) ۱ بے تحقیق۔ غیر معین ۲ جو ایک وضع یا
ایک حالت پر نہ ہو ۳ وہ جس کی پڑتال نہ کی گئی
ہو۔ **نامطابق** (صفت) ناموافق۔ غیر مطابق۔ مخالف۔
بے میل۔ **نامطبوع** (صفت) ۱ ناپسند۔ ناگوار
۲ خلاف طبع۔ **نامعتبر** (صفت) جس کا اعتبار نہ ہو
نامعقول (صفت) ۱ ناپسندیدہ ۲ جو عقل میں
نہ آئے۔ بعید از عقل۔ بیوقوفی کی بات۔ **نا
معقولیت** (مونث) بیوقوفی۔ حماقت
نامعلوم (صفت) ۱ بے خبر ۲ ناواقف ۳ غیر
مشہور۔ غیر معروف ۴ انجان۔ نہ جانا ہوا۔
مجہول الاسم ۵ جو معلوم نہ ہو۔ **نامقرر** (صفت)
نامکر (عف) اقرار نہ کرنے والا۔ انکاری۔ **نا
ملائم** (صفت) ۱ کڑا۔ سخت ۲ نامناسب۔
نازیبا۔ **ناممکن** (صفت) نہ ہونے والی۔ ان
ہونی۔ خارج از امکان۔ **ناممکنات** (مونث)
وہ باتیں جو ناممکن ہوں۔ ناممکنہ کی جمع۔ **ناممکن
الزراعت** (صفت) وہ زمین جس میں
زراعت نہ ہو سکے۔ **ناممکن الزوال** (صفت)
وہ جو کبھی زائل نہ ہو۔ **نامناسب** (صفت)
۱ ناپسندیدہ۔ نامعقول ۲ غیر مناسب۔ ناموزوں
غیر واجب ۳ بے موقع۔ بیہودہ۔ **نامنظور**
(صفت) انکار کیا گیا۔ ناپسند۔ نامعقول۔ **نا
منظور رشد** ۔ نا منظور رہے
درخواستوں پر لکھا جاتا ہے
نامنظور کرنا (متعدی) نہ ماننا۔
انکار کرنا۔ پسند نہ کرنا۔ **نامنظوری** (مونث)

کسی درخواست کو منظور نہ کرنا۔ **ناموافق** (صفت)
جو موافق نہ ہو۔ خلاف۔ ناگوار۔ **ناموافق ہونا**
(لازم) راس نہ آنا۔ خلاف ہونا۔ مطابق نہ ہونا
ناموافقت (مونث) ۱ ان بن۔ شکر رنجی۔
بگاڑ ۲ موافق نہ ہونا۔ مطابق نہ ہونا۔ **ناموزوں**
(صفت) ۱ نازیبا۔ بے جوڑ۔ ناموافق۔ بے میل
۲ بے تالا۔ بے سرا ۳ وہ جو عروض بحور پر قادر نہ
ہو۔ **نامہربان** (صفت) ۱ بے مہر۔ بے مروت
بے رحم۔ بے درد ۲ دشمن۔ بدخواہ۔ بداندیش۔
بیری ۳ اورنگ زیب نے دارا شکوہ کو برادر
نامہربان کا لقب دیا تھا۔ **نامہربانی** (مونث)
بے دردی۔ بے رحمی۔ بے مروتی۔ دشمنی۔ جفا۔
نامیسری (مونث) عسرت۔ مفلسی۔ افلاس۔ تنگدستی
نانکر (مونث) انکار۔ نہیں۔ حیل حجت۔ حیلہ
حوالہ (کرنا ہونا کے ساتھ) (دہلی) **ناواجب**
(صفت) بیجا۔ نامناسب۔ نازیبا۔ **ناواجب العمل**
(صفت) جس پر عمل نہ ہو سکے۔ **ناواقف** (صفت)
۱ انجان۔ نامحرم ۲ جاہل۔ ناتجربہ کار۔ **ناواقفیت**
(مونث) ۱ انجان پن ۲ جاہلیت۔ ناتجربہ کاری۔
ناوقت (صفت) ۱ بے وقت۔ بے ہنگام ۲
بے موقع۔ بے محل۔ **ناہموار** (صفت) ۱ نابرابر
غیر مسطح۔ ناساوی۔ اونچا نیچا ۲ ناموافق ۳ نالائق
ناخلف۔ ناشائستہ۔ بیہودہ۔ **ناہمواری** (مونث)
اونچ نیچ۔ کھردرا پن۔ نالائقی۔ **ناہنجار** (صفت)
بدچلن۔ بدذات۔ کمینہ۔ نالائق۔ **نایاب** (صفت)
۱ کمیاب۔ نادر۔ وہ چیز جو بہت کم میسر آئے ۲
ناپید۔ نامیسر ۳ بیش قیمت۔ قابل قدر۔

**امثال واقوال۔ نابردہ رنج
گنج میسر نمی شود** ۔ بے تکلیف اٹھائے خزانہ
ہاتھ نہیں آتا۔ **ناحق ڈنڈ پیتر کا سوگ
بنت اٹھ بیٹھ چلیں جو لوگ جنی بڑھا
میں مرگئی ناری۔ بن آگی یہ جبر گئی
چاری** (دہ) جسے ناحق کا جرمانہ ہو۔ جس کا بیٹا مر جائے
جو ہمیشہ سفر میں رہے۔ جس بوڑھے کی بیوی مر جائے
یہ چاروں بغیر آگ کے جل گئے۔ **ناخلف بیٹے
سے بیٹی بھلی** ۔ برے لڑکے سے لڑکی بہتر ہے۔
ناخواندہ مہمان وبال میزبان ۔ بن بلایا
مہمان۔ میزبان کی تکلیف کا باعث ہوتا ہے۔

نادان بات کرے دانا قیاس کرے
بیوقوف فضول باتیں کرتا رہتا ہے۔ عقلمند ہر بات کو پرکھتا ہے۔ **نادان دوست سے دانا دشمن بھلا**۔ ایک بادشاہ نے ایک بندر پالا اور اسے اپنی حفاظت کے لئے سدھایا۔ رات کو وہ تلوار لے کر پہرا دیا کرتا۔ ایک دن چند چیونٹیاں چھت سے بادشاہ پر گریں۔ بندر نے انہیں ہاتھ سے ہٹا دیا۔ دوسری دفعہ گریں اس نے پھر ہٹا دیں تیسری دفعہ گریں تو بندر غصے میں انہیں تلوار مارنے لگا۔ اتفاق سے ایک چور یہ تماشا دیکھ رہا تھا۔ اس نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا۔ اتنے میں بادشاہ جاگ اٹھا اسنے چور سے پوچھا تو کون ہے اس نے کہا دانا دشمن۔ تب سے یہ فقرہ ضرب المثل ہوگیا۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ نادان دوست سے زیادہ نقصان پہنچتا ہے اور عقلمند دشمن اس قدر نقصان نہیں پہنچاتا
نادان کرے بات دانا کرے قیاس
عقلمند ہر بات کو پرکھ لیتا ہے۔ **نادان کی دوستی بالو کی بھیت**۔ بیوقوف کی دوستی کا کچھ اعتبار نہیں۔ **نادان کی دوستی جی کا زیان**۔ بیوقوف کی دوستی میں سراسر خطرہ ہے۔ **ناکردہ (ارمان) خوار کردہ پشیمان**۔ اس وقت بولتے ہیں جب کسی کام کے نہ کرنے میں ذلت ہو اور کرنے میں پچھتانا پڑے۔ **ناکردہ مشمر**۔ نہ کیئے ہوئے کو کیا ہوا مت سمجھ۔ جب تک کسی کام کو کر نہ ڈالو یہ یقین نہ رکھو کہ وہ ہو جائے گا۔ **ناکس بہ تربیت نشود اے حکیم کس**۔ کمینہ تعلیم سے شریف نہیں ہو جاتا۔ **نامرد زند ہمیشہ لاف مردی**۔ بزدل ہمیشہ مردانگی کی ڈینگ مارا کرتا ہے
نامرد ہاتھی اپنی ہی فوج کو مارے۔ نالائق آدمی اپنوں ہی کو نقصان پہنچاتا ہے۔ **نامردی و مردی قدمے فاصلہ دارد**۔ بزدلی اور بہادری میں صرف ایک قدم کا فاصلہ ہے۔ **نامعقول کتے کی جھول**۔ نالائق آدمی بہت برا ہوتا ہے۔

ناب (ف۔ صفت) ۱۔ بے آمیزش خالص۔ صاف۔ مرکبات میں جیسے مئے ناب۔ شراب ناب ۲۔ پاک۔ شدہ ۳۔ مخلص۔ صادق۔ راسخ ۴۔ نالی۔ نہر ۵۔ جھری۔ لکیر۔ دراڑ ۶۔ تلوار کی نالی جو قبضے سے نوک تک ہوتی ہے ۷۔ ستون کی نالی۔ **ناب دار** (صفت) جس میں لکیریں یا نالیاں ہوں۔ **نابدان** (مذکر) ۱۔ زمین دوز موری جس سے نجس پانی نکلے۔

ناب (ع۔ مذکر) کاٹنے والا دانت کچلی۔ داڑھ۔

نابھ۔ نابھی (س۔ مونث) ناف۔ **نابھیہ** (صفت) ۱۔ ناف کے متعلق ۲۔ شوجی کا لقب۔

نابھارت (ہ۔ مونث) وہ بھوری جو گھوڑے کے زیر ناف ہو۔

نابھک (س۔ مذکر) ہڑ۔

ناپ (ہ۔ امر) ناپنا کا (مونث) پیمانہ۔ انداز۔ پیمائش۔ ماپ (س۔ ما۔ ماپنا)
ناپ بدیا (مونث) علم مساحت۔ **ناپ تول یا جوکھ** (مذکر) پیمائش اور تولنا۔ **ناپ کا پورا** (ثقف) وہ جو پولیس یا فوج کے مقررہ ناپ میں ٹھیک ہو (آدمی یا گھوڑا) **ناپنا** (متعدی) ۱۔ پیمائش کرنا۔ اندازہ کرنا ۲۔ (سر) کاٹنا۔ قلم کرنا (عف) ۳۔ (گردن) گردن پکڑ کے نکال دینا ۴۔ (رستہ) سفر طے کرنا۔ آوارہ پھرنا۔ تھوڑی دیر کے لئے آنا۔
امثال۔ ناپ نہ تول بھر دے جھول۔ بہت مانگنے والے کے متعلق کہتے ہیں **ناپے سو گز پھاڑے نہ ایک گز**۔ بہت کنجوس ہے۔

ناپت (س۔ مذکر) ۱۔ نائی۔ حجام ۲۔ جراح۔ **ناپت شالا** (مذکر) نائی کی دوکان **ناپتی** (مونث) نائن۔ نائی کی بیوی۔ نائی قوم کی عورت۔

ناپگار (ف۔ صفت) گندہ۔ غلیظ میلا۔

نات (ہ۔ مذکر) ۱۔ دیکھو ناتا ۲۔ دیکھو ناتھ۔
مثل۔ نات کا نہ گوت کا بانٹا مانگے پوتھ کا۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو خواہ مخواہ رشتے داری جتائے۔

ناتا (ہ۔ مذکر) ۱۔ رشتہ۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ بھائی بندی ۲۔ تعلق۔ علاقہ۔ واسطہ نسبت۔ میل۔ لگاؤ (س۔ نپتر ک) **ناتا توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) تعلق نہ رہنا۔ رشتہ نہ رہنا
ناتا جوڑنا (لازم) رشتہ گانٹھنا۔ نیا رشتہ قائم کرنا
ناتا چھوٹنا (لازم) رشتہ داری ترک ہونا۔ **ناتے** (مذکر) ۱۔ ناتا کی جمع ۲۔ برائے ناتہ حروف مغیرہ سے پہلے ۳۔ مرکبات میں جیسے۔ **ناتے دار** (صفت) رشتہ دار۔ **ناتے داری** (مونث) رشتہ داری۔ قربت۔ **ناتے والے** (مذکر) رشتہ دار۔ اقربا۔
مثل۔ ناتا نہ گوتا کھڑا ہو کر روتا۔ ان لوگوں کے متعلق جن کا کوئی تعلق نہ ہو اور خواہ مخواہ دخل دیں۔

ناتر (ہ۔ حرف عطف) اگر نہیں نہیں تو۔ تب۔

ناتر دام (فر۔ مونث) ۱۔ حضرت مریم لفظی معنی ہماری مالکہ ۲۔ اس نام کے بہت سے گرجے ہیں۔ سب سے مشہور پیرس کا ہے ۳۔ وکٹر ہیوگو کا شہرہ آفاق ناول۔

ناتن۔ ناتنی (ہ۔ مونث) بیٹی کی بیٹی۔ نواسی (ناتا سے)
مثل۔ ناتن سکھاوے ناتی کو کہ بارہ ڈیوڑھے آٹھ۔ ناتجربہ کار تجربہ کار کو سکھلانا۔

ناتھ (ہ۔ مذکر) ۱۔ بیلوں کی ناک کی رسی ۲۔ ڈورا جس سے زخم کھلا رہے (س ناتھ)
ناتھنا (متعدی) ۱۔ سوراخ کرنا۔ چھیدنا ۲۔ بیل کے نتھنے میں رسی ڈالنا ۳۔ قابو کرنا۔ بس میں کرنا مطیع کرنا ۴۔ شامل کرنا۔ پھانسنا۔

ناتھ (س۔ مذکر) ۱۔ مالک۔ آقا ولی نعمت۔ خداوند ۲۔ خاوند ۳۔ پناہ۔ سہارا۔ مدد ۴۔ ڈورا جس سے زخم کھلا رہے ۵۔ بیلوں کی ناک کی رسی۔ **ناتھی** (صفت) جس کا کوئی مالک ہو ۱۔ خاوند والی۔ سہاگن ۲۔ تابع۔ متعلق۔ ماتحت۔ رعایا۔

ناتی (ہ۔ مذکر) ۱۔ بیٹی کا بیٹا۔ نواسہ ۲۔ (مونث) نواسی۔

ناٹ (ہ۔ مونث) ۱۔ لاٹھ۔ مینار ستون ۲۔ شہتیر۔ کڑی۔ لٹھ (لاٹ سے) ۳۔ (س۔ مذکر) ناچنا۔ ناچ ۴۔ تماشا۔ نقل۔ لیلا ۵۔ کرناٹک کا ملک (ہ) نٹ۔ **ناٹ مندر** (مذکر) ناچنے

کی جگہ - ناچ گھر -

مثل - ناٹ کا بچہ تو قلابازی ہی کرے گا - جو جس کام کے قابل ہے وہی کام کرے گا -

ناٹا (ہ - مذکر) ۱؎ پستہ قد - ٹھگنا بونا ۲؎ شریر - شرارتی ۳؎ نوجوان بیل جو ابھی سدھایا نہ گیا ہو (س نش - غائب ہونا) **ناٹاپن** (مذکر) قد کا چھوٹا ہونا -

مثل - ناٹا سب سے ٹانٹا
پستہ قد آدمی مضبوط یا شرارتی ہوتا ہے -

ناٹسی (جرمن - مذکر) **نازی** (اردو) جرمنی میں قومی سوشلسٹوں کی پارٹی جس کا سردار ہٹلر ہے -

ناٹک (س - مذکر) ۱؎ ناچنے والا شخص - رقاص ۲؎ تماشا کرنے والا شخص - بہروپیا - بھان متی - ایکٹر ۳؎ (ہ) کھیل - ڈراما ۴؎ سنسکرت کے کھیلوں کی دس بہترین قسموں میں سے پہلی قسم ۵؎ نٹ کا پیشہ (نٹ - ناچنا - تماشا دکھانا) **ناٹکا** (مونث) ۱؎ سوانگ - نقل ۲؎ سنسکرت کے دوسری قسم کے کھیلوں میں سے پہلی قسم ۳؎ تماشہ کرنے والی عورت ۴؎ ایکٹرس - **ناٹک شالا** (مذکر) ناچ گھر - **ناٹکی** (مونث) ۱؎ رقاصہ - ناچنے والی عورت ۲؎ ایک قسم کا ناٹک - **ناٹکیا** (صفت) ۱؎ کھیل کے متعلق ۲؎ مسخرے پن کا ۳؎ (مذکر) سوانگی بہروپیا - ایکٹر -

ناٹکگار (ہ - مذکر) ۱؎ بڑا سوداگر - ملک التجار - مہاجن ۲؎ نمبردار -

ناٹنا (ہ - لازم) دیکھو ٹٹنا -

ناٹھ (ہ - مذکر) نہ ہونا - نیتی -

ناٹھا (ہ - صفت) وہ جس کا رشتہ دار نہ ہو - اردو میں نگوڑا ناٹھا کی ترکیب سے مستعمل ہے -

ناٹھور (ہ - صفت) جس کی کوئی خاص جگہ نہ ہو - جو اپنی موزوں جگہ پر نہ ہو - بے ٹھور - بے ٹھکانے -

ناثر (ع - مذکر) نثر لکھنے والا اخبار نویس - مضمون نگار (نثر - پھیلانا)

ناج (ہ - مذکر) اناج کا مخفف - اناج - غلہ - دانہ - **ناج پانی** (مذکر) گھر کا کل کھانے کا سامان - **ناج کاٹنا** (متعدی) فصل کاٹنا - درو کرنا - **ناج کی منڈی** (مونث) وہ جگہ جہاں غلہ فروخت ہوتا ہو - گولا - مقام - غلہ فروشی - **ناج والا** (مذکر) وہ جو اناج تھوک بیچے -

مثل - ناج کی موج اگر برسے آسوج - آسوج میں مینہ برسے تو اناج کی کیا کمی

ناجو (ہ - مونث) ناز پروردہ - نازک عورت - لاڈلی بیٹی - پیار سے کہتے ہیں غالباً نازک کا مخرب ہے -

ناجی (ع - فاعل) نجات پانیوالا - گناہ معاف کیا ہوا - مغفور (نجو - بچنا)

ناچ (ہ - امر) ۱؎ ناچنا کا ۲؎ (مذکر) خوشی میں آکر ناچنا کودنا - ناچ - اظہار خوشی کا ایک طریقہ ہے - بچے جب کسی بات پر بہت خوش ہوتے ہیں - تو ناچنے اور کودنے لگ جاتے ہیں اسے موجودہ رقص کی ابتدا سمجھنا چاہئے ۳؎ اہل رقص کا باقاعدہ تال اور سر پر پاؤں مارنا (س - نرت - ناچنا) **ناچ دکھانا** (م) کسی کے آگے ناچنا یا رقص کرنا - **ناچ دیکھنا** (متعدی) کسی کو ناچتے ہوئے دیکھنا - رقص کا ملاحظہ کرنا - **ناچ راگ** (ہ) **رنگ یا گانا** (مذکر) ناچنا اور گانا - رقص و سرود - **ناچ گھر** (مذکر) وہ مکان جس میں ناچ ہوتا ہو - تماشا گاہ - تھیٹر - **ناچنا** (لازم) ۱؎ رقص کرنا - تھرکنا - نرت کرنا ۲؎ خفگی یا غصے میں تلملانا - بگڑنا ۳؎ اچھلنا کودنا - **ناچ نچا دینا یا نچانا** (متعدی) ۱؎ حیران و پریشان کرنا - ستانا - دق کرنا ۲؎ ہیرا پھیری کرانا - دوڑ دھوپ کرانا - قواعد کرانا - **ناچنی** (ہ - مونث) رقاصہ -

امثال واقوال - ناچت آئے نا آنگن بانکڑے - ۲ **ناچن آئے ناؤلی لانگڑے** (پوربی) ناچنا آتا نہیں کہتی ہے آنگن ٹیڑھا ہے - پکانا آتا نہیں کہتی ہے ترکاری سخت ہے - دیکھو ناچ نہ جانے الخ - **ناچ کودبا بندرا مرے - مال مداری کھائے** (ہ) محنت کوئی کرے - فائدہ کوئی اٹھائے - **ناچ نہ جانوں (جانے - سکوں یا سکے) آنگن ٹیڑھا** اس جگہ کہتے ہیں جہاں کوئی شخص کام نہ جانے - مگر حیلے بہانے سے ٹالنا چاہے - پوری مثل ہندی میں اس طرح ہے - بھوہڑ پاتر مان گھنیرا - ناچ نچانے آنگن ٹیڑھا - **ناچنے نکلی تو گھونگٹ کیسا - ناچنے نکلے تو گھونگھٹ کیا** - جب کسی کام کو کرنا ہے تو پھر شرم کیا - کسی عیب دار کام کے متعلق کہتے ہیں **ناچے بامن دیکھے دھوبی** - الٹا زمانہ - **ناچے کودے توڑے تان - وا کا دینا رکھے مان** (ہ) جو دنیا میں وقت ہنسی خوشی میں گزارے اس کی سب عزت کرتے ہیں - **ناچے گا سو پائیگا** جو محنت کرے گا - وہ فائدہ اٹھائے گا -

ناچخ (ف - مذکر) تبر - دو زبانہ نیزہ - برچھی -

ناحیہ (ع - مذکر) ۱؎ ملک - علاقہ ۲؎ قطعہ زمین ۳؎ کنارہ - ساحل ۴؎ طرف - حصہ (نحا - نحو - کسی طرف جانا - جمع نواحی)

ناخدا (ف - مذکر) ۱؎ کشتی کا مالک ۲؎ کپتان - ملاح - کشتی بان (ناؤ خدا کا مخفف) ۳؎ دیکھو ناکے تحت میں - **ناخدائی** (مونث) ۱؎ ناخدا کا پیشہ یا کام ۲؎ کشتی بانی - ملاحی -

ناخن (ف - مذکر) ۱؎ انگلیوں کے سروں کی ہڈی ۲؎ چوپایوں کے کھر یا سم ۳؎ پرندوں اور درندوں کے پیروں کے اوپر کی ہڈی (ناخون کا مخفف - کیونکہ اس میں خون نہیں ہوتا) **ناخن بڑھنا** (لازم) **بڑھانا** (متعدی) ناخنوں کو بڑھنے دینا اور نہ ترشانا - **ناخن بندی** (مونث) ۱؎ مدد معاش - مدد خرچ ۲؎ ملازمت - نوکری - چاکری ۳؎ علاقہ - تعلقہ - **ناخن پر قربان کرنا** (متعدی) بہت حقارت کی نظر سے دیکھنا - **ناخن پر لکھا ہونا** (لازم) خوب یاد ہونا - **ناخن تدبیر** (مذکر) تدبیر کا ناخن سے استعارہ کرتے ہیں - **ناخن تراش** (مذکر) وہ آلہ جس سے ناخن کاٹتے ہیں - نہرنی - نہرنا - **ناخن تراشنا - ترشنا** (متعدی) **ترشوانا** (م) ناخن تراش سے بڑھے ہوئے ناخن کو کٹوانا - **ناخن چبھونا** (متعدی) کسی کو ناخنوں سے زخمی کرنا - **ناخن چھیلنا** (متعدی) دیکھو ناخن تراشنا - **ناخن دیکھنا**

(متعدی) ناخن کی طرف نظر ڈالنا۔ کہتے ہیں کہ جب بہت ہنسی آتی ہو تو ناخن کی طرف دیکھنے تو ہنسی بند ہو جاتی ہے۔ غالباً دھیان ہٹ جاتا ہے۔ **ناخن زن** (صفت) ناخن چبھونے والا۔ **ناخن سے گوشت جدا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) اپنوں کا چھوٹ جانا۔ رشتہ داروں کا جدا ہونا **ناخن سے لکھنا** (متعدی) کاغذ پر ناخن سے حروف اور الفاظ بنانا۔ **ناخن شمشیر** (مذکر) تلوار کی دھار یا باڑھ۔ **ناخن کا جگر چھیلنا یا کھودنا** (متعدی) ۱ جگر پر صدمہ پہنچانا ۲ امنگ پیدا کرنا۔ **ناخن کو گوشت سے جدا کرنا** (متعدی) رشتہ داروں کو جدا کرنا۔ اپنوں کو چھوڑنا **ناخن گاڑنا۔ گڑانا** (متعدی) کسی چیز میں دخل کرنا یا چبھونا۔ **ناخن گڑنا** (لازم) ۱ کسی چیز میں ناخن داخل ہونا یا چبھنا ۲ نقشہ جمنا۔ اختیار ہونا **ناخن گڑونا** (متعدی) ۱ ناخن گاڑنا ۲ رہ پڑنا ۳ ڈٹنا ۴ مقابلے پر جم جانا۔ **ناخن گھسنا** (لازم) حد سے زیادہ کوشش کرنا۔ **ناخن گیر** (مذکر) دیکھو ناخن تراش۔ **ناخن لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ناخن چبھنا یا داخل ہونا۔ **ناخن لینا** (متعدی) ۱ ناخن تراشنا ۲ گھوڑے کا ٹھوکر کھانا یا لینا ۳ عقل کے) ہوش میں آنا۔ **ناخن مارنا** (متعدی) دیکھو ناخن گڑونا۔ **ناخن میں پڑے ہیں۔** ناخن کے میل کی طرح ہیں یعنی کچھ حقیقت نہیں رکھتے۔ **ناخن نہیں گر گئے ہیں۔** ہم تندرست ہیں۔ کسی کا احسان نہیں لینا چاہئے۔ **ناخن نیلے ہونا** (لازم) مرنے کی علامات ظاہر ہونا۔ زہر کے اثر سے ناخن کا نیلا ہو جانا۔ **ناخنوں** (مذکر) ناخن کی جمع حرف مغیرہ سے پہلے۔ **ناخنوں پر لکھا ہونا** (لازم) خوب یاد ہونا۔ **ناخنوں میں پڑے ہیں۔** دیکھو ناخن میں الخ۔ **ناخنوں میں لکھ رکھنا** (متعدی) یاد رکھنا۔ خیال رکھنا **ناخنوں میں ہونا** (لازم) چالاکیوں اور شرارتوں سے خوب واقف ہونا۔ **ناخنہ** (مذکر) ۱ مضراب۔ ستار بجانے کا مڑا ہوا تار ۲ آنکھ کی ایک بیماری جس میں سفیدی مائل گوشت آنکھ کے کوئے میں پیدا ہو جاتا ہے ۳ گھوڑے کی آنکھ کے سرخ ریشے ۴ چیرے باندھنے کا نوکدار انگشتانہ۔

ناخنے کا گلبدن (مذکر) دیکھو آخری **مثل۔ ناخن سے ماس جدا نہیں ہوتا۔** اپنے کسی حالت میں غیر نہیں ہو سکتے۔ یگانوں کا فساد بگاڑ جلد جاتا رہتا ہے

ناخون (ف۔ مذکر) دیکھو ناخن۔ ناخن کے محاورات اس کے ساتھ بھی استعمال ہوتے ہیں۔ **ناخونوں** (مذکر) ناخون کی جمع حرف مغیرہ سے پہلے۔ **ناخونہ** (مذکر) دیکھو ناخنہ۔ **امثال۔ ناخن سے ماس جدا نہیں ہوتا۔ ناخونوں سے گوشت جدا نہیں ہوتا۔** دیکھو ناخن سے الخ۔

ناد (ع۔ متعدی) **نادِ علی** (مونث) ۱ لفظی معنی علی کو بلاؤ۔ یا ان سے مدد طلب کرو ۲ ایک دعا جو پتھر پر لکھ کر بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔ دعا یہ ہے۔ نادِ علیاً مظہر العجائب۔ تجدہ عوناً لک فی النوائب۔ کل ہم و غم سینجلی ببیر نبوتک یا محمدؐ بولایتک یا علی یا علی (دم کرنا کے ساتھ) ۳ ایک قسم کا پتھر جس پر یہ دعا لکھی ہوتی ہے۔ یہ حاجی مکہ سے لاتے ہیں۔

ناد (س۔ مذکر) ۱ آواز دینا ۲ آواز۔ صدا۔ گونج۔ شور ۳ گانا۔ غنا۔ سرود۔ نوا۔ **ناد بجانا** (متعدی) **بجنا** (لازم) سینگ کی پونگی بجنا۔ **ناد کرنا** (متعدی) ۱ گانا ۲ شیر کا دھاڑنا **ناد ودیا** (مونث) راگ کا علم۔ **نادی** (صفت) آواز دینے والا۔

ناداہا (ھ۔ مذکر) ۱ فوارہ ۲ ندی۔

نادر (ع۔ فاعل) ۱ کمیاب۔ کم قلیل۔ تھوڑا ۲ عمدہ۔ تحفہ۔ عجیب ۳ نایاب ۴ ایک بادشاہ دیکھو علیحدہ (ندر۔ اکیلا رہنا) **نادر پاٹ** (مذکر) ایک قسم کا کپڑا جو بڑے عرض کا ہوتا ہے۔ **نادر شاہ** (مذکر) دیکھو علیحدہ۔ **نادر شاہی** (صفت) ۱ متعلقہ نادر شاہ۔ ظلم کا۔ اندھیر کا ۲ (مونث) نادر کے زمانے کا سا اندھیر یا ظلم۔ نادر شاہ کی حکومت کا زمانہ۔ **نادر شاہی زمانہ** (مذکر) اندھیر کا زمانہ۔ ظلم کا زمانہ۔ **نادر کار** (مذکر) نادرہ کار کا مخفف ۱ وہ جس سے عجیب و غریب کام سرزد ہو ۲ وہ جس پر عجیب و غریب کام بنا ہو۔

نادرہ (صفت) ۱ عجیب۔ انوکھا۔ عجوبہ ۲ (مذکر) کوئی عجیب یا نایاب چیز ۳ عجیب آدمی

نادر گردی (مونث) دیکھو نادر شاہی۔

نادری (صفت) ۱ نادر سے منسوب نادر کا ۲ (مونث) ایک قسم کی صدری ۳ گنجفہ کا ایک پتہ۔ **نادری حکم** (مذکر) نادر شاہ کا سا حکم سخت اور جابرانہ حکم۔ **نادری چڑھانا** (متعدی) ۱ شرمناک مات دینا ۲ گنجفہ کے پتے کے برابر بیانی کتروانا (جب کسی فریق مقابل کے پاس پتا نہیں رہتا تو مذاقاً کہتے ہیں) **مثل۔ نادر تیرے ہولوں نے مارا۔** حاکم کا رعب و خوف زیادہ ہوتا ہے۔

نادم (ع۔ فاعل) شرمندہ۔ خجل۔ شرمسار۔ پشیمان۔ منفعل (ندم۔ شرمندہ ہونا)

نادنا (ھ) **نادھنا** (متعدی) ۱ بیلوں کو جوتنا یا جوڑنا ۲ ابتدا کرنا۔ آغاز کرنا۔ شروع کرنا ۳ پابند کرنا۔ غلام بنانا۔

نادیا (ہ۔ مذکر) وہ بیل جس کا کوئی عضو زیادہ ہو۔

نادیہ (س۔ صفت) دریائی۔ آبی۔ بحری۔

ناڈکا (س۔ مونث) ۱ گھڑی جو ۲۴ منٹ کی یا دن کا ساٹھواں حصہ ہوتی ہے ۲ گھڑیال۔ گھنٹہ ۳ ایک ماپ جو نصف ڈنڈے کے برابر ہوتا ہے۔

نار (ف۔ مذکر) انار کا مخفف۔ مرکبات میں جیسے گلنار۔

نار (ع۔ مونث) آگ۔ آتش۔ اگنی (نورٌ چمکنا) **نارِ خلیل** (مذکر) دیکھو آتش ابراہیم **نارِ سعیر** (مونث) دوزخ کی آگ۔ **ناری** (صفت) ۱ آگ کا بنا ہوا ۲ آگ کا (جن و پری کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ آگ سے بنے ہوئے ہیں) ۳ دوزخی۔

نار (ھ۔ مونث) ناری کا مخفف ۱ عورت ۲ بیوی ۳ جلاہوں کا ایک آہنی آلہ ۴ جلاہوں کا ایک آلہ جو بیل کے جوئے میں لگتے ہیں ۵ دیکھو ناڑو نال۔ **امثال۔ نار سلکھنی کُٹمب جھکاوے آپ تلے کی کھرچن کھاوے۔** نیک عورت آپ کچا پکا کھاتی ہے۔ اور کنبے کو اچھا کھلاتی ہے

نارنے نکالا دانت مرد نے تاڑا آنت عورت ہنسی اور مرد سے پھنسی۔

نار (س۔ مذکر) ۱ انسان کا۔ انسان کے متعلق ۲ (مذکر) بچھڑا ۳ پانی ۴ گھٹ۔ ریوڑ۔ **ناراد** (صفت) پانی میں رہنے والا۔ آبی۔

نارائن۔ نارایَن (س۔ مذکر) ۱ اصل نرکا بیٹا جس کے ساتھ اس کا نام عموماً استعمال ہوتا ہے ۲ برہما جی۔ وشن جی۔

نار بوار (ہ۔ مذکر) وہ جھلی جس میں جنین لپٹا ہوا ہوتا ہے۔

نارتھ (انگ۔ مذکر) شمال **نارتھ ایسٹ** (مذکر) شمال مشرق۔ **نارتھ ایسٹرن** (صفت) شمال مشرقی۔ **نارتھ ویسٹ** (مذکر) شمال مغرب۔ **نارتھ ویسٹرن** (صفت) شمال مغربی۔ **نارتھ ویسٹرن پروانسز** (ہند) پہلے اضلاع متحدہ آگرہ و اودھ کو کہتے تھے۔ **نارتھ ویسٹرن فرانٹیر پراونسز** (ہند) ہندوستان کے شمال مغرب میں ایک صوبہ

نارجیل (ف۔ مذکر) ناریل۔ کھوپرا۔ گری۔

نارَوَر (ف۔ مذکر) ایسو جو کتوں کو پڑ جاتے ہیں ۲ بخیل۔ کنجوس۔

نارَک (س۔ صفت) ۱ دوزخ کا۔ دوزخ کے متعلق ۲ دوزخی ۳ (مذکر) دوزخ کا باشندہ ۴ دوزخ۔ نرک۔ **نارکی۔ نارکیہ** (صفت) دوزخی۔

نارکیر۔ نارکیل (س۔ مذکر) ناریل۔

نارمل (انگ۔ صفت) ٹھیک۔ درست۔ باقاعدہ۔ **نارمل اسکول** (مذکر) اصول سکھانے والا مدرسہ۔

نارمن (انگ۔ مذکر) نارتھ من کا مخفف۔ نارمنڈی کے باشندے۔ اصل میں یہ لوگ ناروے سے آکر شمالی فرانس میں آباد ہوئے۔ ان کے ایک سردار ولیم نے انگلستان فتح کیا۔ موجودہ شاہی خاندان کا سلسلہ اس سے ملتا ہے۔

نارِن (ہندی) عورت۔ ناری۔

نارَنج (ع۔ مذکر) نارنگ کا معرب۔ سنگترہ۔ **نارنجی** (صفت) ۱ نارنج کے رنگ کا ۲ سرخی مائل زرد رنگ۔

نارَنگ (ف۔ مذکر) ۱ ایک پودہ جس کا پھل کھاتے ہیں۔ یہ بیج سے نہیں اگتا۔ کھٹے یا میٹھے پر پیوند کرتے ہیں ۲ اس کا پھل۔ سنگترہ۔ رنگترا۔ نارنگی۔ **نارنگی** (مونث) ۱ نارنگ نمبر ۲ مجازاً عورت کے پستان۔

نارنگ (س۔ مذکر) ۱ دیکھو نارنگ (ف) ۲ بدچلن۔ عیاش آدمی ۳ گانڈو ۴ جاندار حیوان ۵ مرچ کے پودے کا رس ۶ توام کا جز۔

نارُو۔ نارہ (ہ۔ مذکر) ایک بیماری جس میں سے انسان کے بدن سے تاگا سا نکلتا ہے۔ نہروا۔

نارْوان۔ نارون (ف۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا بڑا درخت ۲ انار کا درخت۔

ناری (س۔ مونث) ۱ عورت۔ زن ۲ بیوی۔ استری ۳ مونث۔ مادہ۔

ناریا (ہ۔ مذکر) نبض دیکھنے والا حکیم۔

نارِیل (ہ۔ مذکر) ۱ ایک بہت اونچا کھجور کی قسم کا درخت جو ہندوستان کے جنوبی ساحل اور جزائر شرق الہند میں ہوتا ہے۔ اس پر بڑے بڑے گول پھل لگتے ہیں۔ جن کا چھلکا بہت سخت ہوتا ہے اس کا گودا کھاتے ہیں۔ اور تیل نکالتے ہیں ۲ اس درخت کا پھل ۳ حقہ جو ناریل میں سوراخ کرکے گودا نکال کر بناتے ہیں ۴ ایک قسم کی آتش بازی ۵ (ھ) مجازاً سر (بیچنا خریدنا کھانا وغیرہ کے ساتھ) **ناریل توڑنا** (متعدی) ناریل کو زمین پر مار کر یا کسی چیز کو شکستہ کرنا۔ مسلمانوں میں ایک رسم جو ایام حمل میں برتی جاتی ہے۔ اور اس سے شگون لیتے ہیں۔ اگر خالی یا خراب ہو تو لڑکا ہوگا اگر عمدہ اور بھرا ہوا ہے تو لڑکی۔ **ناریل کا پانی** (مذکر) وہ پانی جو ناریل کے اندر سے نکلتا ہے۔ **ناریل کا تیل** (مذکر) وہ تیل جو ناریل کو دبا کر نکالتے ہیں کھوپرے کا تیل۔ **ناریل کا درخت** (مذکر) دیکھو ناریل وغیرہ نمبر ۱ **ناریل کا دودھ** (مذکر) دیکھو ناریل کا پانی۔ **ناریل کا گڑ** (مذکر) ایک قسم کا گڑ جو ناریل کے درخت کی رس سے بناتے ہیں۔ **ناریلی** (مونث) ۱ ناریل کے چھلکے کا پیالہ ۲ ناریل ۔۔۔ ۳ ناریل کے درخت کا رس۔

مثل۔ ناریل میں پانی نہیں جانتا کھٹا کہ میٹھا بشکوک بات ہے۔

نارین (ہ۔ مذکر) ۱ عورتوں کا مالک چندرمان ۲ (مونث) ناری کی جمع۔ عورتیں۔

ناڑ (ہ۔ صفت) ۱ زخم۔ پھوڑا ۲ گردن ۳ نرخرہ ۴ نس۔ نبض۔ **ناڑ کاٹنا** (متعدی) **کٹنا** (لازم) گردن کٹنا۔ **نار کٹیا** (صفت) گردن کاٹنے والا۔ **ناڑ نیچی کرنا** (متعدی) شرم سے گردن جھکانا۔ سر جھکانا۔

ناڑا (ہ۔ مذکر) ۱ ازار بند ۲ کچا زرد یا سرخ رنگ کا سوت ۳ محرم میں سبز یا اور رنگ کا سوت استعمال کرتے ہیں ۴ کھونٹی۔ گھاس جو پھوٹے (س ناڑ) **ناڑا چھوٹ کرنا** (متعدی) پیشاب کرنا۔ موتنا (مارواڑی عو) **ناڑا کھلنا** (لازم) **کھولنا** (متعدی) ۱ ازار بند کھولنا ۲ جماع کرنا۔ زنا کرنا۔ **ناڑے** (مذکر) ۱ جمع ناڑا کی ۲ بجائے ناڑا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **ناڑے کا سچا** (صفت) حرام سے پرہیز کرنیوالا۔

ناڑی (ہ۔ مونث) ۱ پودے کی شاخ یا ٹہنی ۲ بدن کا کوئی نالی دار عضو۔ نس۔ نبض ۳ بندوق کی نالی ۴ انتڑی ۵ پھوڑا یا زخم ۶ گھڑی ۷ ایک قسم کی آتش بازی۔ **ناڑیا** (مذکر) نبض شناس۔ نباض۔ **ناڑیا وید** (مذکر) حکیم۔ وید۔ بید۔ **ناڑی پتر** (مذکر) اردی۔ **ناڑی چھوٹنا یا نہ بولنا** (لازم) ۱ نبض نہ چلنا۔ نبض کا حرکت نہ کرنا ۲ سکتہ ہو جانا ۳ مر جانا۔ دم نکل جانا ۴ کسی صدمے سے سُست ہو جانا۔ **ناڑی دیکھنا** (متعدی) نبض دیکھنا

امثال و اقوال۔ ناڑی کی کچھ مُرت نہیں ہے دوا سبھوں کی کرتے ہیں۔ بیدوں کا کیا جاتا ہے لوگ بچارے مرتے ہیں۔ بازاری حکیموں کے متعلق کہتے ہیں۔ **ناڑی سے روگ**

ملتا ہے ! بعض سے مرض معلوم ہوتا ہے ۲ ہر چیز کے لئے کوئی نہ کوئی وسیلہ مل جاتا ہے۔

ناز (ف - مذکر) ! ادا - نخرہ - غمزہ - معشوقوں کی پیار کی بات یا ادا ۲ پیار - لاڈ - چوچلا ۳ گھمنڈ - غرور - فخر ۴ بڑائی - عزت - **ناز اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) **اٹھوانا** (م) نخرے یا چوچلے برداشت کرانا - ناز برداری کرانا - **نازاں** (صفت) ناز کرنے والا - فخر کرنے والا - مغرور - **نازاں ہونا** (لازم) فخر کرنا - اترانا - گھمنڈ کرنا - **ناز بالش** (مذکر) پہلو کا تکیہ - نرم تکیہ - **نازبردار** (صفت) ناز اٹھانے والا - عاشق - **نازبرداری** (مونث) ناز اٹھانا - ناز یا چوچلے کی برداشت (کرنا ہونا کے ساتھ) **نازبو** (مذکر) ایک قسم کا پودہ - سیاہ تلسی - اس کے پھول اور پتے بہت خوشبودار ہوتے ہیں - **ناز پرور یا پروردہ** (صفت) ناز یا لاڈ میں پلا ہوا - **ناز پیشہ** (صفت) ناز یا نخرے کرنے والا معشوق - **ناز سے چلنا** (لازم) انداز سے چلنا - خراماں خراماں چلنا - **نازِش** (مونث) ! اترانا - ناز - فخر - گھمنڈ ۲ بے پروائی - بد دماغی - **نازش اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) دوسرے کی بے پروائی یا گھمنڈ کی برداشت ہونا - **نازش ہونا** (لازم) فخر ہونا ناز ہونا - **ناز کا پالا** (صفت) ! وہ جو لاڈ و پیار میں پلا ہو ۲ محبوب معشوق - پیارا - **ناز کرنا** (متعدی) ! نخرے کرنا - لاڈ کرنا ۲ اترانا ۳ غرور کرنا ۴ نازاں ہونا فخر کرنا - **ناز میں آنا** (لازم) اترانا - فخر کرنا - **نازندہ** (صفت) ناز کرنے والا - فخر کرنے والا - **نازنیں** (صفت) ! دلفریب - دلربا ۲ نازک اندام - نازک ادا ۳ خوبصورت - خوش وضع - ناز و ادا سے زینت کرنے والا - خوش ادا ۵ بانکی - البیلی چھبیلی - **ناز و ادا - ناز و نخرہ** (مذکر) دیکھو ناز و نخرہ - **نازوں** (مذکر) ناز کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے **نازوں سے پالنا** (متعدی) **پلنا** (لازم) لاڈ و پیار میں پرورش پانا - **نازوں کا پالا** (صفت) لاڈ و پیار سے پرورش کیا ہوا - **ناز و نخرہ** (مذکر) چاؤ چوچلا - لاڈ و پیار - **ناز و نعمت میں پالنا** (متعدی) **پلنا** (لازم) لاڈ و پیار میں اور عمدہ عمدہ کھانے کھا کر پرورش پانا - **ناز و نیاز** (مذکر) ! پیار - اخلاص - لاڈ پیار - چاؤ چوچلا ۲ آن و انداز - ناز و نخرہ - **نازہونا** (لازم) فخر ہونا - گھمنڈ ہونا -

مقولہ - **ناز برآں کن کہ خریدار تست** - ناز اس سے کر جو تیرا خریدار ہو - ناز بیجا سہنے والے اٹھا سکتے ہیں - انہیں سے ناز کر -

نازہ (ف - مذکر) نازہ کا مخرب ! ذکر کا سوراخ ۲ ذکر - آلہ تناسل -

نازُک (ف - صفت) ! پتلا - دبلا - ہلکا - چھریرا ۲ لطیف - نفیس ۳ نرم - کومل - نزاکت بھرا ۴ جلد ٹوٹ جانے والا ۵ خوبصورت خوش وضع - سڈول - سہاونا ۶ کمزور - کم طاقت - بودا - نحیف ۷ باریک - دقیق - دقت طلب ۸ تیز - تند - تنک ۹ ناز پروردہ - ناز کا پلا ہوا ۱۰ خطرناک - پیچیدہ - **نازک ادا یا انداز** (صفت) معشوقوں کی تعریف میں استعمال ہوتے ہیں - **نازک ادائی** (مونث) گانے کو نفاست سے ادا کرنا - سُر کا شیریں ہونا - **نازک اندام** (صفت) چھریرے بدن کا - دبلا پتلا - نازک جسم کا - **نازک اندامی** (مونث) بدن کا دبلا پتلا ہونا - نزاکت جسمی - **نازک بات** (مونث) ! لطیف بات ۲ اہم معاملہ خطرناک بات - **نازک بدن** (صفت) ! دبلے پتلے بدن کا ۲ معشوق ۳ (مذکر) ایک قسم کی بیری جس کا چھلکا باریک اور بیر نہایت شیریں ہوتا ہے ۴ ایک قسم کا باریک کپڑا یا ڈوریا ۵ ایک قسم کا آلو ۶ عناب - **نازک بدنی** (مونث) دیکھو نازک اندامی - **نازک جگہ** (مونث) ! بدن کا وہ مقام یا عضو جس پر چوٹ لگنے سے آدمی مر جائے ۲ وہ مقام جہاں جان کا اندیشہ ہو - **نازک خیال** (صفت) عمدہ خیالات والا - عالی خیال - **نازک خیالی** (مونث) عمدہ خیالات کا ہونا - **نازک دماغ** (صفت) ! مغرور - بد مغز - بد دماغ - بدمزاج - چڑچڑا - تنک مزاج - **نازک دماغی** (مونث) ! خود بینی - غرور - دماغ - مزاج ۲ چڑچڑاپن - تنک مزاجی - بد دماغی - **نازک زمانہ** (مذکر) برا وقت - مصیبت کا وقت - خطرے کا وقت - **نازک طبع یا طبیعت** (صفت) نازک مزاج - **نازک طبعی** (مونث) نازک مزاجی - **نازک کام** (صفت) باریک کام - وہ کام جو پائیدار نہ ہو - **نازک مزاج** (صفت) ! تنک مزاج - چڑچڑا - زود رنج ۲ معشوق - **نازک مزاجی** (مونث) چڑچڑاپن - **نازک مسئلہ** (مذکر) مشکل امر - دقیق مسئلہ - **نازک معاملہ** (مذکر) خطرناک معاملہ - مشکل امر - **نازک وقت** (مذکر) دیکھو نازک زمانہ - **نازکی** (مونث) ! نزاکت - ملائمت - نرمی ۲ خوبی - عمدگی ۳ تنک مزاجی ۴ نفاست - لطافت ۵ خود پسندی - خود بینی -

نازل (ع - فاعل) اترنے والا - نیچے آنے والا - وارد ہونے والا - گزرنے والا (نزل - اترنا) **نازل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) اترنا - وارد ہونا - نیچے آنا - آسمان سے اترنا -

نازہ (ف - مذکر) دیکھو نازا -

ناس (ع - مذکر) اُناس کا مخفف جو انس کی جمع ہے - لوگ - انسان - مرکبات میں جیسے عوام الناس -

ناس (ہ - مذکر) ! تباہی - بربادی - غارت - خرابی - نابود - معدوم (س - ناش) ۲ ہلاس - نسوار - پسا ہوا تنباکو (س - نسی) **ناسدان** (مذکر) **ناسدانی** (مونث) نسوار کی ڈبیا - **ناس کرنا - کھو دینا یا ملا دینا - مارنا** (متعدی) تباہ کر دینا - برباد کر دینا - خراب کرنا - **ناس کی چٹکی** (مونث) نسوار جو انگوٹھے اور انگلی کے ساتھ اٹھا کر ناک میں چڑھائی جائے - **ناس لینا** (متعدی) ہلاس یا نسوار سونگھنا یا ناک میں چڑھانا - **ناس ہو جانا** (لازم) برباد ہو جانا - تباہ ہو جانا - بگڑ جانا - فنا ہو جانا - **ناسی** (صفت) ناس کرنے والا -

ناسا (س - صفت) ناک - **ناسا دکشنا ورت** (مذکر) داہیں نتھنے میں نتھ پہننا - ہندو سہاگن عورتیں جن کے بچے ہوں ایسا کرتی ہیں - **ناسا واما ورت** (مذکر) بائیں نتھنے میں پہننا - سوگ کی حالت میں ایسا کیا جاتا ہے -

ناسار (ہ۔ مذکر) ۱ ناک ۲ ایک قسم کی پھنسی جو ناک میں ہوتی ہے۔

ناسپاتی (ہ۔ مونث) دیکھو ناشپاتی۔

ناسپال (ف۔ مذکر) ۱ پوستِ انار۔ انار کا چھلکا جو رنگ نکالنے کے کام آتا ہے ۲ کچا انار۔ انار خام ۳ ایک قسم کی آتشبازی **ناسپالی** (صفت) ۱ وہ جو انار کے چھلکے سے حاصل ہو ۲ انار کے چھلکے کے رنگ کا۔ ذرہ مائل بہ سبزی۔ نسواری۔ **ناسپالی رنگ** (مذکر) زردی مائل۔ سبز رنگ۔ نسواری رنگ۔

ناست (ہ۔ مونث) ۱ یہ نہیں ہے۔ ایسا نہیں۔ نہیں ۲ (مونث) نیستی۔ نہ ہونا۔ فنا ۳ (صفت) جسے نیست کر دیا جائے۔ فنا شدہ۔

ناستِک (س۔ صفت) ۱ وہ جو کہے کہ یہ نہیں ہے ۲ انکار کرنے والا۔ کافر۔ دہریہ۔ منکر۔ بے دین۔ بے ایمان۔

ناسِج (ع۔ فاعل) ۱ جلاہ ۲ مولف ۳ تقریر کرنے والا۔ لکھنے والا (نَسَجَ۔ بُننا)

ناسِخ (ع۔ فاعل) ۱ لکھنے والا۔ نقل کرنے والا ۲ مٹانے والا۔ منسوخ کرنے والا ۳ کتاب کا نقل کرنے والا۔ کاتب (نَسَخَ۔ لکھنا۔ مٹانا)

ناسک (ہ۔ مذکر) دیوار۔

ناسِک (ع۔ فاعل) ۱ خدا پرست۔ عبادت کرنے والا ۲ نیک۔ باعصمت (نسک۔ عبادت کرنا)

ناسکا (س۔ مونث) ۱ ناک۔ نتھا ۲ ہاتھی کی سونڈ۔

ناسنا (ہ۔ متعدی) ۱ غائب کر دینا ۲ مار دینا۔ فنا کر دینا ۳ تلف کر دینا۔ تباہ یا برباد کر دینا ۴ کھو دینا۔ گنوا دینا ۵ (لازم) کھو جانا ۶ غائب ہو جانا ۷ مر جانا ۸ گھٹ جانا ۹ بچ جانا۔ بھاگ جانا۔

ناسُوت (ع۔ مذکر) ۱ عالم اجسام۔ دنیا۔ عالم۔ مجازاً شریعت۔ ظاہری عبادت۔

ناسُور (ع۔ مذکر) ۱ زخمی کرنا ۲ وہ زخم جو ہمیشہ رِستا ہے (نَسَرَ۔ زخمی کرنا) **ناسور بھرنا** (لازم) پرانے زخم کا اچھا ہونا۔ **ناسور بہنا** (لازم) ناسور سے پیپ جاری ہونا۔ **ناسور پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) ۱ ہمیشہ جاری رہنے والا زخم ہونا ۲ بہت ایذا یا تکلیف پہنچنا۔ **ناسور پیدا ہونا** (لازم) ہمیشہ جاری رہنے والا زخم ہو جانا۔ **ناسور جاری رہنا** (لازم) زخم سے ہمیشہ پیپ بہتے رہنا۔ **ناسور چشم** (مذکر) زخم جو آنکھ میں ہو جائے۔ **ناسور ڈالنا** (متعدی) ۱ تکلیف دینا۔ ایذا پہنچانا ۲ زخم پہنچانا۔ **ناسور سا بہنا** (لازم) بات ختم نہ ہونا چلی جانا۔ **ناسور کا منہ** (مذکر) ناسور کا وہ سوراخ جس سے پیپ بہتی رہے۔ **ناسور کی بتّی** (مونث) وہ دھاگا جو دوائی سے تر کر کے ناسور کے سوراخ کے اندر رکھ دیتے ہیں۔

ناش (س۔ مذکر) ۱ غائب ہو جانا ۲ فنا۔ تباہی۔ بربادی ۳ موت (کرنا ہونا کے ساتھ) **ناشک** (صفت) فنا یا تباہ کرنے والا۔ **ناشن** (صفت) ۱ دیکھو ناشک ۲ تباہی ۳ فنا ۴ ہٹا دینا **ناشی** (صفت) دیکھو ناشک۔

ناشپاتی (ف۔ مونث) ۱ ایک پھلدار درخت جو بیج سے پیدا نہیں ہوتا۔ اس کی جڑوں سے نئے پودے پھوٹتے ہیں۔ اور ان پر پیوند کیا جاتا ہے۔ پہاڑی درخت کا پھل نہایت لذیذ ہوتا ہے ۲ اس درخت کا پھل جو دیسی گول ہوتا ہے اور پہاڑی تونبے کی شکل کا لٹکوا اور کشمیر میں بہت اچھی قسم کا ہوتا ہے۔

ناشتا (ف۔ مذکر) ۱ لفظی معنی خالی پیٹ۔ بھوکا ۲ نہاری۔ صبح کا کھانا۔ چاشت۔ **ناشتا چکنا** (لازم) صبح کے کھانے کے لئے کافی ہونا۔ **ناشتا کرانا** (دم) **کرنا** (متعدی) نہاری کھائی جانا۔ صبح کو تھوڑا سا کھانا۔ **ناشتا ہونا** (لازم) نہاری کھائی جانا۔

ناشی (ع۔ فاعل) ۱ اگنے والا۔ پیدا ہونے والا ۲ شروع ہونے والا ۳ ظاہر ہونے والا۔ ظاہر۔ واضح (نَشَأَ۔ اُگنا)

ناصِب (ع۔ فاعل) ۱ کھڑا کرنے والا۔ نصب کرنے والا۔ برپا کرنے والا۔ قائم کرنے والا ۲ حرف پر زبر کرنے والا (نَصَبَ کھڑا کرنا)

ناصِح (ع۔ فاعل) نصیحت کرنے والا۔ صلاحکار۔ پند گو (نَصَحَ نصیحت کرنا) **ناصحا** (ندا) اے ناصح (مت) **ناصح مُشفِق** (مذکر) طنزاً ناصح۔

ناصِر (ع۔ فاعل) مدد کرنے والا۔ مددگار۔ معاون۔ حامی (نَصَرَ۔ مدد کرنا)

ناصِیہ (ع۔ مذکر) ۱ پیشانی کے بال ۲ ماتھا۔ پیشانی۔ جبین (نَصَیَ۔ پیشانی کے بالوں سے پکڑنا) **ناصیہ داران پاک** (مذکر) ۱ فرشتے ۲ نیک آدمی۔ پارسا۔ **ناصیہ سائے یا فرسا** (صفت) ۱ پیشانی زمین پر رگڑنے والا ۲ عاجز۔ بیچارہ۔ ناچیز۔ **ناصیہ سائی یا فرسائی** (مونث) ماتھا رگڑنا۔ جبہ سائی۔

ناطِق (ع۔ فاعل) ۱ بولنے والا۔ گویا ۲ صاحبِ عقل ۳ منطق چھانٹنے والا ۴ قطعی۔ قرار واقعی ۵ مستحکم۔ مضبوط ۶ وہ جو دوسرے کو عاجز اور خاموش کر دے (نَطَقَ۔ بولنا) **ناطقہ** (صفت) ۱ بولنے والا ۲ (مذکر) قوت ناطقہ۔ بولنے کی قوت۔ طاقت گویائی۔ **ناطقہ بند کر دینا۔ کر رکھنا یا کرنا** (متعدی) بولنا بند کر دینا۔ بولنے کی مجال نہ رہنے دینا۔ دم بند کر دینا۔ **ناطقہ بند ہونا** (لازم) بولنے کی جرات نہ ہونا۔ عاجز ہونا۔

ناظِر (ع۔ فاعل) ۱ دیکھنے والا۔ نظر کرنے والا۔ مشاہدہ کرنے والا ۲ نگہبان۔ محافظ۔ نگرانی کرنے والا ۳ (مذکر) محرروں کا افسر۔ ہیڈ محرر ۴ میر سامان ۵ خواجہ سرا۔ محلوں کا محافظ ۶ عدالتوں کا ایک عہدہ دار جو ماتحت ملازموں کی نگرانی کرتا اور خرچ وغیرہ کا ذمہ دار ہوتا ہے (نَظَرَ۔ دیکھنا)

ناظرہ (مذکر) ۱ قوۃ ناظرہ۔ دیکھنے یا مشاہدہ کرنے کی قوت ۲ دیکھ کر پڑھنا خصوصاً قرآن شریف۔ **ناظرہ پڑھنا** (متعدی) قرآن شریف دیکھ کر پڑھنا۔ **ناظرہ خواں** (صفت) ۱ دیکھ کر پڑھنے والا۔ جو حافظ نہ ہو۔ مگر دیکھ کر قرآن پڑھتا ہو ۲ قرآن پڑھا ہوا۔ **ناظرہ خوانی** (مونث) دیکھ کر پڑھنا۔ خصوصاً قرآن شریف **ناظرہ کرنا** (متعدی) قرآن شریف دیکھ کر پڑھنا۔ **ناظری** (مونث) ۱ ناظر کا کام یا پیشہ

۲ ملاحظہ۔ نگہبانی۔ حفاظت۔ **ناظرین** (مذکر) ناظر کی جمع ۱ دیکھنے والے۔ ملاحظہ کرنے والے ۲ پڑھنے والے۔ مطالعہ کرنے والے۔

ناظم (ع۔ صفت) پرونے والا۔ لڑی بنانے والا ۲ انتظام کرنے والا۔ منتظم۔ کارکن۔ سربراہ کار۔ منصرم ۳ نظم کہنے والا۔ شاعر۔ کوی۔ شعرگو۔ کبیشر ۴ سکریٹری ۵ گورنر۔ صوبیدار (نظم۔ پرونا) **ناظم اشعار** (مذکر) شاعر۔ شعرگو۔ **ناظم تعلیم** (مذکر) وہ شخص جو تعلیم کا منتظم ہو۔ انسپکٹر۔

ناظورہ (ع۔ صفت) ۱ جس کی سب سے بڑھ کر عزت کی جائے ۲ سردار۔ افسر ۳ مالنوں کی سردار ۴ خوبصورت عورت (نظر۔ باغ کی حفاظت کرنا)

ناعط (ع۔ مذکر) ۱ قبیلہ ہمدان کی ایک شاخ ۲ ناعہ کے قریب ایک پہاڑ۔ اور قلعہ (نعط۔ رہا سفر کرنا)

ناعق (ع۔ صفت) کائیں کائیں کرنے والا (کوا) (نعق۔ کائیں کائیں کرنا)

ناعقان (مذکر) صورتِ جبار کے دو ستارے

ناعل (ع۔ فاعل) ۱ جوتا پہننے والا۔ وہ جس کے پاس بہت سے جوتے ہوں ۲ (مذکر) جنگلی گدھا (نعل۔ جوتا پہننا)

ناعم (ع۔ فاعل) ۱ نرم۔ نازک ۲ آسان ۳ وہ جس کی طبیعت نرم ہو ۴ خوشگوار ۵ خیبر کا ایک قلعہ (نعم۔ نرم ہونا)

ناعور (ع۔ مذکر) ۱ پانی یا ہوا کی چکی ۲ وہ رگ جس کا خون بہتا ہو ۳ چکی کا بادبان (نعر۔ خون پھوٹنا) **ناعورہ** (مذکر) ۱ ناعور ۲ پانی کا گھڑا یا برتن۔

ناغول (ف۔ مونث) چھوٹی کوٹھری جو زینے کے نیچے بناتے ہیں۔

ناعی (ع۔ فاعل) ۱ موت کی خبر دینے والا ۲ (مونث) موت کی خبر (نعی۔ موت کی خبر دینا)

ناغول (ف۔ مذکر) ۱ سیڑھی ۲ مکان کی سیڑھیوں کے اوپر جو پردہ بناتے ہیں تاکہ بارش اندر نہ آئے۔

ناغہ (ت۔ صفت) ۱ خالی۔ بیکار ۲ (مذکر) تعطیل۔ غیر حاضری۔ **ناغہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) تعطیل ہونا۔ غیر حاضری ہونا۔

ناغہ نویس (مذکر) عہدہ دار جو ملازموں کی حاضری لیتا اور غیر حاضری درج کرتا ہے۔

ناف (ف۔ مونث) ۱ نال۔ سُرّہ۔ ٹونڈی۔ سونڈی ۲ بدن پر وہ گڑھا جہاں آنول نال جڑی ہوئی ہوتی ہے ۳ وسیلہ۔ درمیان بیچوں بیچ۔ مرکز۔ **نافِ آسمان** (مونث) آسمان کا قطب۔ **نافِ ارض** (مونث) ۱ زمین کی ناف ۲ مکہ معظمہ یا کعبہ شریف۔ **نافِ بیابان** (مونث) صحرا کا وسط۔ **ناف ٹال دینا** (متعدی) ناف کو اس کی جگہ سے ہٹا دینا۔

ناف ٹلنا۔ جانا یا ڈگنا (لازم) ناف کا بوجھ اٹھانے یا کسی اور وجہ سے اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ **نافِ خاک** (مونث) مکہ معظمہ

نافِ زمین (مونث) ۱ زمین کا وسط ۲ درمیان مرکز زمین ۳ مکہ معظمہ۔ **نافِ شب** (مونث) آدھی رات۔ **نافِ شہر** (مذکر) شہر کا وسط۔ مرکز شہر۔ **ناف کا چھید یا سوراخ** (مذکر) وہ باریک سوراخ جو ناف کے بیچ میں ہوتا ہے۔ **نافِ ہفتہ** (مونث) منگل کا دن۔

نافذ (ع۔ فاعل) ۱ وہ جو داخل ہو۔ گذرے یا نافذ کیے ۲ جاری ہونے والا۔ نافذ ہونے والا (نفذ۔ جاری ہونا) **نافذ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) جاری ہونا۔ صادر ہونا۔

نافذہ (صفت) جاری ہونے والا۔

نافر (ع۔ فاعل) ۱ بھاگنے والا۔ فرار ہونے والا ۲ بزدل۔ بودا ۳ فتح کرنے والا۔ فاتح ۴ گورنر۔ صوبیدار۔ حاکم (نفر۔ ڈر کر بھاگ جانا) **نافرہ** (مذکر) قریبی رشتے دار۔

نافع (ع۔ فاعل) ۱ مفید۔ فائدہ مند۔ سودمند ۲ نفع دینے والا ۳ خدا تعالے کا ایک نام۔

نافق (ع۔ فاعل) قابل فروخت۔ بیچے جانے کے قابل (نفق۔ قابل فروخت ہونا)

نافقہ (ع۔ مذکر) نافہ کا معرب۔

نافلہ (ع۔ مذکر) ۱ وہ فعل یا عبادت جو فرض نہ ہو۔ اور جو اپنے طور پر کی جائے ۲ بچوں کے بچے ۳ مال غنیمت (نفل۔ اچھا تحفہ دینا) **نافلۂ اشراق** (مذکر) طلوع آفتاب کے بعد کی نماز نفل۔

نافہ (ف۔ مذکر) ایک تھیلی جو ایک خاص قسم کے ہرن کے پیٹ پر ہوتی ہے۔ اس میں خون جم جاتا ہے۔ جو نہایت خوشبودار ہوتا ہے۔ اسے مشک کہتے ہیں۔ ناف سے مشتق ہے۔ **نافۂ مشک** (مذکر) دیکھو نافہ۔

نافی (ع۔ فاعل) نفی کرنے والا۔ نفی کرنے والا (نفی۔ انکار کرنا) **نافیہ** (صفت) دیکھو نافی۔

ناقد (ع۔ فاعل) ۱ پرکھنے والا ۲ جو لین دین کے معاملے میں ہوشیار ہو (نقد۔ اچھے روپے کو برے سے علحدہ کرنا)

ناقص (ع۔ فاعل) ۱ نامکمل۔ ادھورا۔ غیر مکمل ۲ عیب دار۔ عیبی۔ کمزور ۳ غیر خالص کھوٹا ۴ خراب۔ نکما۔ ناکارہ ۵ (مذکر) وہ لفظ جس کا آخر حرف علت ہو (نقص۔ کم ہونا) **ناقصات العقل** (صفت) بے عقل۔ کم عقل عورتوں کے متعلق کہتے ہیں۔ **ناقص الخلقت** (صفت) جس کا کوئی عضو پیدائشی خراب ہو۔ **ناقص العقل** (صفت) کم عقل۔ بیوقوف۔ **ناقص خلقت یا طینت** (مذکر) جس کی طبیعت یا طینت میں کوئی نقص ہو۔ **ناقص عیار** (صفت) کم درجہ کا۔ جو معیار کو نہ پہنچے۔

ناقص کرنا (متعدی) بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ کھوٹ ملانا۔ **ناقص ہونا** (لازم) بگڑنا۔ خراب ہونا۔ نکما ہونا۔

ناقل (ع۔ فاعل) ۱ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے والا ۲ نقل کرنے والا۔ بیان کرنے والا ۳ راوی۔ روایت کرنے والا۔

ناقوس (ع۔ مذکر) وہ سنکھ جو ہندو پوجا کے وقت بجاتے ہیں۔ یہ ایک قسم کے سمندری جانور کا گھر ہوتا ہے اور کوڑی کی شکل کا مگر بہت بڑا ہوتا ہے (نقش۔ گھنٹہ بجانا) **ناقوس بجانا** (متعدی) **بجنا** (لازم) سنکھ بجنا (مت) **ناقوس پھنکنا** (لازم) **پھونکنا** (متعدی) سنکھ بجانا۔

ناقہ (ع۔ مونث) اونٹنی۔ سانڈنی۔

ناک (ہ۔ مونث) ۱ انسان اور جانوروں کا ایک عضو جس سے وہ سانس لیتے ہیں یہ منہ کے اوپر اور آنکھوں کے نیچے ہوتا ہے۔ اور اس میں دو سوراخ ہوتے ہیں جو اندر جا کر مل جاتے ہیں۔ ان میں سے ہوا گزر کر حلق کے راستے پھیپھڑوں میں داخل ہوتی ہے ۲ غیرت۔ شرم۔ لحاظ ۳ نمود کی چیز۔ چوٹی ۴ عزت آبرو۔ عظمت۔ شان۔ بزرگی ۵ زیب زینت۔ آرائش ۶ کوئی چیز جو باعث فخر ہو ۷ مشہور یا ممتاز انسان۔ نہایت اعلیٰ چیز (س۔ نکر) **ناک آنا** (لازم) ناک سے آلائش گرنا۔ **ناک اڑا دینا** (متعدی) ۱ ناک کاٹنا ۲ بے عزت کرنا۔ **ناک اونچی ہونا** (لازم) عزت بڑھنا۔ سرخروئی ہونا۔ بول بالا ہونا۔ **ناک بند** (صفت) گھوڑے کی پوزی۔ **ناک بند ہونا** (لازم) ناک کے اندر آلائش کا جمع ہو کر سانس کو آسانی سے گزرنے نہ دینا۔ زکام۔ **ناک بہنا** (لازم) زکام کی وجہ سے ناک سے لگاتار آلائش کا نکلنا۔ ریزش گرنا۔ **ناک بھوں چڑھانا یا سکیڑنا** (متعدی) ۱ تیوری چڑھانا چیں بہ ابرو ہونا ۲ ناراض ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ خفا ہونا ۳ آزردہ ہونا۔ بیزار ہونا۔ نفرت ظاہر کرنا۔ **ناک بھوں سکیڑ کر کہنا** (متعدی) تیوری چڑھا کر جواب دینا۔ نفرت کے ساتھ بولنا۔ حقارت سے جواب دینا۔ **ناک بیٹھ جانا یا بیٹھنا** (لازم) چوٹ یا مرض کی وجہ سے ناک کا نیچے ہو جانا۔ ناک کی ہڈی ٹوٹ جانے یا گل جانے سے ایسا ہوتا ہے۔ **ناک بیندھنا** (متعدی) زیور پہننے کے لئے ناک میں سوراخ کرنا۔ **ناک پاک کرنا** (متعدی) ناک کی غلاظت نکال دینا۔ ناک سنکنا۔ رومال سے ناک صاف کرنا۔ **ناک پچکنا پچک جانا یا پچکنا** (لازم) دیکھو ناک بیٹھ جانا۔ **ناک پر انگلی رکھ کر بات کرنا** (متعدی) عورتوں یا زنخوں کی طرح باتیں کرنا۔ عورتیں باتیں کرتے ہوئے بعض وقت ناک پر انگلی رکھ لیتی ہیں۔ **ناک پر پہیّا پھر جانا** (لازم) ناک کا چپٹا ہونا۔ ناک کا بیٹھ جانا۔ **ناک پر (ٹکا) رکھ دینا** (متعدی) فوراً قیمت یا اجرت ادا کر دینا۔ **ناک پر** دیا جلا کر آنا (لازم) بارسوخ اور خیر خواہ بن کر آنا۔ سرخرو بن کر آنا۔ **ناک پر غصہ ہونا** (لازم) ذرا ذرا سی بات پر ناراض ہونا۔ بہت جلد خفا ہونا۔ **ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا** (متعدی) ۱ کسی کا ذرا احسان نہ اٹھانا۔ کسی کا شرمندۂ احسان نہ ہونا ۲ غیرت کو داغ نہ لگنے دینا۔ **ناک پر کی مکھی تک نہ اڑانا** (متعدی) بہت سست یا کاہل ہونا۔ **ناک پکڑتے دم نکلنا** (لازم) نہایت کمزور ہونا۔ نہایت لاغر ہونا۔ **ناک پھلانا** (متعدی) غرور یا غصے سے ناک کو چوڑا کر لینا۔ یہ نتھنوں کو کھینچنے سے ہوتا ہے نہ کہ ہوا بھرنے سے۔ **ناک جھاڑنا** (ہ۔ متعدی) دیکھو ناک سنکنا۔ **ناک چڑھانا** (متعدی) ۱ غصے میں ناک کے نتھنوں کو اوپر کھینچ لینا ۲ تیوری چڑھانا نتھنے پھیلانا ۳ ناراض ہونا۔ غصے ہونا ۴ نفرت کرنا۔ کراہت کرنا ۵ غرور سے ناپسندیدگی کا اظہار کرنا۔ نفرت سے خاطر میں نہ لانا۔ **ناک چڑھائے بیٹھنا** (لازم) غصے میں بھرا آنا۔ **ناک چڑھی رہنا** (لازم) ۱ تیوری چڑھی رہنا۔ بدمزاج بنا رہنا۔ ہر وقت ناراض رہنا ۲ نخوت یا غرور سے مزاج درست نہ رہنا۔ **ناک چنے چبانا** (متعدی) کسی کام کرنے میں بڑی دقت اٹھانا۔ **ناک چنے چبوانا** (لازم) ناک میں دم لانا۔ از حد دق کرنا۔ ستانا۔ عاجز کر دینا۔ **ناک چوٹی کاٹ کر ہاتھ دینا** (متعدی) نہایت رسوا کرنا۔ بہت بے عزت کرنا ۲ سخت سزا دینا۔ **ناک چوٹی پر آفت آنا** (لازم) عزت آبرو پر آفت آنا۔ **ناک چوٹی کاٹنا** (متعدی) سخت سزا دینا۔ رسوائی کی سزا دینا۔ **ناک چوٹی کا ڈر ہونا** (لازم) بے عزتی کا خوف ہونا۔ **ناک چوٹی کٹوانا** (لازم) رسوائے عام کرنا۔ سزائے کار بد دینا۔ **ناک چوٹی (میں) گرفتار رہنا یا ہونا** (لازم) ۱ نہایت صاحب غیرت و غرور ہونا ۲ از حد نازک مزاج اور دماغدار ہونا ۳ گھر کے دھندوں میں پھنسا ہونا۔ دنیا کے بکھیڑوں میں الجھا ہونا۔ **ناک چوٹی ہاتھ ہونا** (لازم) عزت و آبرو کسی کے اختیار ہونا (چوٹی کے بعد اس کے بال کے تیرے

تہارے وغیرہ کے ساتھ) **ناک چھنکنا** (متعدی لکھنو) دیکھو ناک سنکنا (دہلی) **ناک چھی جانا** (لازم) نتھ وغیرہ ڈالنے کا سوراخ بڑا ہو جانا۔ **ناک چھیدنا** (متعدی) دیکھو ناک بیندھنا۔ **ناک رکھ لینا** (متعدی) ۱ بچا لینا ۲ عزت رکھ لینا۔ بات رکھ لینا۔ **ناک رکھنا** (متعدی) ۱ عزت رکھنا۔ لحاظ رکھنا ۲ صاحب غیرت ہونا۔ غیرت رکھنا۔ **ناک رگڑنا** (متعدی) ۱ زمین پر ناک گھسنا ۲ نہایت منت و زاری کرنا۔ عجز و انکسار کرنا۔ **ناک رگڑے کا بچہ** (مذکر) دیکھو اللہ آمین کا بچہ۔ **ناکڑا** (مذکر) ۱ بڑی ناک۔ پکوڑا سی ناک ۲ ناک کی پھنسی۔ ناک کا ایک مرض جس میں ناک کے اندر زخم ہو جاتا ہے جس کا اگر وقت پر علاج نہ کیا جائے تو مہلک ثابت ہوتا ہے۔ **ناک ساکھ رکھنا** (متعدی) اپنی عزت بچانا۔ نیک نامی حاصل کرنا۔ **ناک سکوڑنا یا سکیڑنا** (متعدی) دیکھو ناک چڑھانا۔ **ناک سنکنا** (متعدی) دیکھو ناک پاک کرنا۔ **ناک سے لکیریں کھینچنا** (متعدی) کسی بات سے توبہ کرنا۔ اپنا قصور مان کر آئندہ کے لئے توبہ کرنا۔ **ناک قلم ہونا** (لازم) ناک کٹ جانا۔ **ناک کا بال** (مذکر) نہایت عزیز اور مقرب دوست۔ منہ چڑھا آدمی۔ **ناک کا بانسا** (مذکر) دونوں نتھنوں کے درمیان کی ہڈی یا دیوار۔ **ناک کا بانسا پھرنا** (لازم) دونوں نتھنوں کے درمیان کی ہڈی کا ٹیڑھا ہو جانا جو موت کی نشانی ہے۔ **ناک کا بورا** (مت) **تنکا** (مذکر) وہ تنکا، جو عورتیں ناک کے چھید میں ڈالتی ہیں تاکہ وہ بند نہ ہو جائے۔ **ناک کاٹ چوتڑوں تلے رکھنا** (متعدی) بے حیائی یا بیشرمی کی بات کرنا۔ بے غیرتی اختیار کرنا۔ **ناک کاٹنا** (متعدی) ۱ کسی تیز دھار والے آلے یا دانتوں سے ناک تراش دینا۔ بدچلنی کی وجہ سے عورتوں کی یا دشمنی کی وجہ سے مردوں کی ناک کاٹ دیتے ہیں ۲ بے عزت کرنا۔ ذلیل کرنا ۳ رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ **ناک کا گجوا** (مذکر) ناک کا چوبا (مت) **ناک کان کاٹنا** (متعدی) ۱ نکٹا اور بوچا بنانا ۲ دیکھو آخری ۲ و ۳ **ناک کٹانا** (متعدی) بدنام

ہونا۔ رسوا ہونا۔ **ناک کٹ گئی**۔ عزت و آبرو خاک میں مل گئی۔ **ناک کٹنا** (لازم) ناک کاٹنا کا۔ **ناک کٹوانا** (مم) ناک کاٹنا کا۔ **ناک کٹی** (مونث) بدنامی۔ رسوائی۔ بے عزتی۔ **ناک کٹے** (بد دعا) بدنام ہو۔ رسوا ہو۔ **ناک کٹی ہونا** (لازم) رسوائی ہونا۔ **ناک پھنگی** (مونث) ناک کی نوک۔ **ناک کے پھیر سے بیان کرنا** (متعدی) بات کو طوالت سے بیان کرنا۔ **ناک کے رستے نکالنا** (متعدی) **نکلجانا** (لازم) ۱شیخی کرکری ہو جانا ۲کسی بات کا جاتا رہنا۔ زائل ہو جانا۔ **ناک کے رینٹھ سے بدتر کر ڈالنا** (متعدی) ۱نہایت ذلیل کرنا۔ حقیر بنا دینا ۲بات نہ پوچھنا نظروں سے گرا دینا۔ **ناک کی سیدھ** (مونث) ٹھیک سامنے۔ سیدھے خط میں۔ بخطِ مستقیم چلنا چلا جانا کے ساتھ) **ناک کی کیل** (مونث) لونگ (رفف) وہ کیل جو عورتیں ناک میں لگاتی ہیں۔ **ناک گھسنا** (متعدی) دیکھو ناک رگڑنا۔ **ناک گھسنی** (مونث) ۱جبہ سائی ۲منت سماجت۔ عجز نمائی۔ **ناک مارنا** (متعدی) دیکھو ناک چڑھانا۔ **ناک ملنا** (متعدی) ۱کسی کے ناک کو انگلیوں سے رگڑنا ۲سوچتے ہوئے اپنی ناک کو رگڑنا ۳بے عزت کرنے کے لئے ناک پکڑ کے مروڑ دینا۔ **ناک میں بولنا** (لازم) غنغنانا۔ ہر لفظ کے ساتھ نون غنہ کی آواز نکالنا۔ **ناک میں تیر دینا یا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بہت تنگ آنا۔ دق ہونا۔ بہت ستایا جانا۔ **ناک میں خم آنا** (لازم) ناک بھوں سمیٹنا (مت) **ناک میں رجی ہونا**) دم آ جانا یا آنا (لازم) بہت تنگ آنا۔ سخت دق ہونا۔ **ناک میں دم آنے لگنا** (لازم) جی گھبرانے لگنا۔ دم الٹنے لگنا۔ **ناک میں دم کرنا یا لانا** (متعدی) ستانا۔ دق کرنا۔ حیران کرنا۔ **ناک میں دم ہونا** (لازم) تنگ ہونا۔ دق ہونا۔ عاجز ہونا۔ **ناک نہ دی جانا** (لازم) سخت بدبو ہونا۔ تعفن کے سبب کسی جگہ نہ جا سکنا یا کسی چیز کو نہ سونگھ سکنا۔ **ناک نہ رہنا** (لازم) ۱غیرت جاتی رہنا ۲عزت نہ رہنا۔ بے عزت ہو جانا۔ **ناک والا** (صفت) ۱باعزت۔ عزت والا ۲غیرت والا۔ باحمیت۔ **ناک والی** (صفت مونث) ۱عزت والی۔ باعزت ۲غیرت والی۔ **ناکوں** (مونث) ناک کی جمع۔ **ناکوں ناک** (تف) لبالب۔ لبریز۔ منہا منہ۔ **ناکوں ناک بھر دینا** (متعدی) لبالب بھر دینا۔ **ناکوں ناک پیٹ بھر لینا یا کھانا** (متعدی) سیر ہو کر کھانا۔ اگھانا۔

امثال واقوال۔ ناک ادھر کہ ناک اُدھر ہر طرح سے ایک ہی مطلب ہے۔ **ناک پر دیا بال کر آئے ہیں**۔ دیر سے آئے ہیں۔ وقت پر نہیں آئے۔ **ناک پر سپاری توڑتی ہیں**۔ بہت تنک مزاج ہیں۔ **ناک پکڑے دم نکلتا ہے**۔ بہت کمزور ہے۔ **ناک تو کٹی پر وہ بھی مر گئے**۔ ہمارا تھوڑا نقصان ہوا مگر ان کا زیادہ ہوا۔ **ناک تو کٹی پر وہ خوب ہی میں مری**۔ ناک کٹوالی مگر ضد نہ چھوڑی۔ **ناک کاٹا مبارک کان کاٹا مبارک**۔ دیکھو ناک کٹی مبارک الخ۔ **ناک دکھیا سب سنسار** (ھ) دنیا میں کوئی سکھی نہیں۔ **ناک دے یا ہرنی دے** سخت مشکل میں پھنسانا۔ **ناک کٹی بلا سے دشمن کی بدشگونی تو ہوئی**۔ سفر کو جاتے ہوئے نکٹے کا ملنا منحوس سمجھا جاتا ہے۔ اپنا نقصان ہوا تو کیا ہے دوسروں کا اور بھی زیادہ ہوا۔ **ناک کٹے پر ہاٹ نہ ہاٹے**۔ کچھ ہی ہو پر ضد نہ جائے۔ جان جائے پر آن نہ جائے۔ **ناک کٹی مبارک کان کٹے سلامت** سخت بیحیا کی نسبت کہتے ہیں۔ کہ کتنی ہی بے عزتی ہو اسے پرواہ نہیں ہوتی۔ **ناک نہ کان نتھ بالیوں کا ارمان**۔ بیوقوفی کی راہ سے بے محل ارمان ہے۔ **ناک نہ ہو تو گو کھائیں** عورتوں کی مذمت میں کہتے ہیں۔ عورتیں بہت بیوقوف ہوتی ہیں۔ **ناک ہو تو نتھ یا سوجھے** اصل چیز ہونی چاہئے فروعات بعد میں بھی حاصل ہو سکتی ہیں۔

ناک (ف۔ صفت) ۱بھرا ہوا۔ پر۔ معمور ۲منسوب ۳(مذکر) صاحب ۴کلمہ نسبت اسماء کے ساتھ مل کر صفت بناتا ہے۔ جیسے، افسوسناک۔ غمناک۔

ناک (س۔ مذکر) ۱آسمان ۲سورج

ناکا (ہ۔ مذکر) ۱سڑک کا آخیر۔ راستے کی حد ۲مہرا۔ سرا ۳راہ۔ راستہ ۴گلی کوچے کا دروازہ۔ کوچہ بندی ۵شہر کا دروازہ ۶چنگی کی چوکی۔ محصول راہداری کا مقام ۷سوئی کا چھید ۸حد۔ کنارہ ۹باڑ یا بند میں گزرنے کی جگہ ۱۰پانی کے گزرنے کی جگہ ۱۱پولیس کا چھوٹا تھانہ یا چوکی ۱۲کنسٹیبل یا چوکیدار کے کھڑا ہونے کی جگہ ۱۳دو یا دو سے زیادہ سڑکوں کے ملنے کی جگہ ۱۴سڑک یا درے میں داخل ہونے کی جگہ ۱۵(ھ) ایک دریائی جانور۔ مگرمچھ (س نکر۔ ناک) **ناکا بند کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱راستہ رک جانا۔ مہار رکنا ۲پانی گزرنے کی جگہ میں مٹی پڑ کر پانی کا بہاؤ رک جانا۔ **ناکا بندی** (مونث) ۱حد بندی ۲راستہ روکنا۔ رستے پر پہرا بٹھا دینا ۳چنگی یا محصول کے واسطے جگہ جگہ پہرے بٹھا دینا (کرنا ہونا کے ساتھ) **ناکا دار** (صفت) ۱وہ جس میں ناکا ہو (سوئی) ۲محرر محصول جو گندگاہوں پر رہتا ہے ۳ضلعدار۔ علاقہ دار۔ تعلقہ دار۔ **ناکا روکنا** (متعدی) سد راہ ہونا۔ رستے پر پہرہ بٹھا دینا۔ راستہ بند کر دینا۔ **ناکا سنبھالنا** (متعدی) راستہ روکنا۔ راستے پر پہرہ ہونا۔ **ناکے** (مذکر) ۱ناکا کی جمع ۲بجائے ناکا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **ناکے دار** (صفت) دیکھو ناکا دار۔ **ناکے میں سے (کو) نکالنا** (متعدی) ۱سوئی کے سوراخ میں سے نکالنا۔ کو عورتیں استعمال کرتی ہیں ۲دق کرنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا ۳مجبور کرنا ۴سیدھا کرنا۔ درست کرنا۔

ناکح (ع۔ فاعل) ۱نکاح کرنے والا۔ وہ جس کا نکاح پڑھا جائے۔ بیاہ کرنے والا ۲چھید کرنے والا (نکح۔ شادی کرنا)

ناکشتر (س۔ مذکر) دن جو چاند کے ۲۷ نکشتروں میں سے گزرنے کے حساب سے شمار کیا جاتا ہے یہ ۳۰ دن کا ہر دن ۶۰ گھڑی کا ہوتا ہے۔

ناکو (ھ۔ مذکر) مگرمچھ گھڑیال۔

نہنگ۔

ناگھر (ھ۔ مذکر) ! ستونی کے بال۔ ۲ ماتم پرسی۔ تعزیت۔ سانپا۔

ناگ (س۔ مذکر) ! دیکھو سانپ ۱ کالا سانپ۔ پھن دار، سیاہ سانپ ۲ ہندو چوہڑوں کی ایک ذات ۳ ظالم آدمی ۴ انسان کے بدن کی پانچ ہواؤں میں سے ایک جو ڈکار کے وقت منہ سے نکلتی ہے ۵ ہاتھی ۶ کسی قسم کی بہترین چیز ۷ بادل ۸ کئی پودوں کا نام۔

ناگ پنچمی (مذکر) ایک تیوہار جو ساون سدی کی پانچویں تاریخ کو ہوتا ہے۔ ہندو اس دن سانپ کو پوجتے اور دودھ پلاتے ہیں۔

ناگ بیل (مونث) پان کی بیل۔ کیونکہ خیال ہے کہ سانپ اس کے نیچے رہتا ہے۔ **ناگ پور** (مذکر) ہستناپور۔ **ناگ پھانس** (ھ) پھانسی۔ پھندا۔ **ناگ پھنی** (مونث) ! تھوہر کی ایک قسم ۲ ایک پہاڑی بوٹی۔ **ناگ دت** (صفت) سانپوں کا دیا ہوا۔ **ناگ دنت** (مذکر) ہاتھی دانت۔ **ناگ دون** (مذکر) ایک پودا جس کے متعلق خیال ہے۔ کہ اس کی لکڑی گھر میں رکھنے سے سانپ نہیں آتا۔

ناگ راجہ (مذکر) بڑا ہاتھی **ناگ کھلانا** (متعدی) **کھیلنا** (لازم) ! جان جوکھوں کا کام ہونا۔ کسی [illegible] خطرے میں پڑنا ۲ سخت بد مزاج حاکم کی [illegible] ہونا ۳ کوئی نازک یا مشکل کام ہونا

ناگا (ھ۔ مذکر) ناگا کا مخفف۔ ہندو فقیروں کا ایک فرقہ جو ننگے رہتے ہیں ۲ اس فرقہ کا ایک فرد ۳ ایک قوم جو آسام کے پہاڑوں میں رہتی ہے اور ننگی رہتی ہے۔

ناگر (س۔ صفت) ! قصبہ یا شہر کے متعلق ۲ شہری۔ شہر کا رہنے والا ۳ چالاک۔ ہوشیار ۴ (مذکر) شہر کا باشندہ ۵ گجراتی برہمنوں کی ایک قوم ۶ اس قوم کا ایک فرد۔ **ناگر بیل** (مذکر) پان کی بیل۔ ناگ بیل۔ **ناگر پان** (مذکر) بہترین قسم کا پان۔ عمدہ اور بڑا پان۔ **ناگر موتھا** (مذکر) ! ایک قسم کی خوشبودار گھاس ۲ اس کی جڑ۔ **ناگرن** (مونث) ! ناگر قوم کی عورت۔ ناگر کی بیوی۔ **ناگری** (مونث) ! ہندی زبان کا ایک رسم خط جو آجکل عام طور استعمال ہوتا ہے۔ اسے دیوناگری بھی کہتے ہیں ۲ شہری زبان ۳ چالاک عورت ۴ ایک پودہ۔

ناگل (ھ۔ مذکر) ! ہل۔ قلبہ ۲ جوے کی رسی (س لانگل)

ناگن ناگنی (ہ۔ مونث) ! ناگ کی مادہ۔ سانپن ۲ آدمی کے اوپر سر کے بالوں میں ایک بھونری ۳ گھوڑے کے گردن کی بھونری جو منحوس خیال کی جاتی ہے ۴ (ھ) ناگ قوم کی عورت ۵ ہتنی۔ **ناگن بھونری** (مونث، دیکھو ناگن ۲، ۳) **ناگن ڈس جانا یا ڈسنا** (لازم) سانپن کا کاٹنا۔ **ناگن کا راستہ کاٹ کے نکل جانا** (لازم) سفر پر جاتے ہوئے ناگن کا سامنے سے نکل جانا۔ یہ منحوس سمجھا جاتا ہے۔ **ناگن کا ڈسنا سونگھنا یا کاٹنا** (متعدی) سانپ کا دانتوں سے کاٹ کر زہر بدن میں پہنچانا۔

ناگور (ہ۔ مذکر) مارواڑ کے قریب ایک علاقہ یہاں کے بیل بہت مشہور ہیں۔ یہ بہت قدآور اور بڑے بڑے سینگوں والے ہوتے ہیں اور دیکھنے میں بہت خوبصورت ہوتے ہیں۔ **ناگوری** (صفت) ! ناگور کا۔ ناگور سے منسوب ۲ (مذکر) ناگور کا بیل ۳ ایک قسم کا جوتا۔ **ناگوری بیل** (مذکر) ! ناگور کا بیل ۲ لمبا اور بیوقوف شخص۔ **ناگوری گوند** (مذکر) ایک قسم کا کیکر کا گوند جو ناگور سے آتا ہے۔

ناگول (ف۔ مونث) ناغول کا مخرب

ناگیسر۔ ناگیشر (ھ۔ مونث) ! ایک پودہ ۲ اس کے پھول ۳ موسیقی کا ایک ساز۔ **ناگیسری۔ ناگیشری** (صفت) ناگیسری کے رنگ کا۔ زرد۔

نال (ف۔ مونث) ! وہ ریشہ جو قلم سے نکلتا ہے ۲ نے۔ نرسل۔

نال (ہ۔ مونث) ! وہ آنت سی جو پیدائش کے وقت بچے کی ناف سے جڑی ہوتی ہوتی ہے۔ اسے کاٹ کر دبا دیتے ہیں۔ ان معنوں میں مذکر بھی استعمال ہوتا ہے ۲ بندوق یا تپنچہ کی نلی جس میں سے چلنے پر گولی نکلتی ہے ۳ گیہوں کی ڈنڈی جس میں بال لگتی ہے گھاس وغیرہ کی ڈنڈی ۴ کنوئیں کی لمبائی۔ کوے کی لمبائی ۵ قمار بازی میں وہ نقدی جو ہر داؤں میں نکالی جاتی ہے اور مالک قمار خانہ لیتا ہے ۶ (مذکر) پتھر یا لکڑی کا آلہ جسے پہلوان اٹھاتے ہیں (س نال) ۷ (ھ) ساتھ ہمراہ۔ **نال اٹھانا** (متعدی) نال ۶ سے کسرت کرنا۔ **نال کاٹا ہے** ! (ہندو) تو نے جنا ہے۔ تو ہی دائی ہے ۲ تو میرا بڑا ہے۔ **نال کاٹنا** (متعدی) **کٹنا** (لازم) **کٹوانا** (م) بچے کی پیدائش پر نال ۱ ترشوانا۔ **نال کٹائی** (مونث) دائی کا وہ حق جو نال کاٹنے پر دیا جاتا ہے۔ **نال گاڑا جانا** (لازم) ! نال ۱ کاٹ کر زمین میں دفن کیا جانا۔ **نال گڑنا** (لازم) ! دیکھو آخری ۲ ۲ تعلق ہونا۔ استحقاق ہونا۔ دعوے ہونا ۳ زاد بوم ہونا مسکن ہونا۔ **نال نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) نال ۵ ہر داؤں میں نکالی جانا۔

نالا (ہ۔ مذکر) ! رنگین گنڈیدار سوت ۲ ازار بند ۳ چھوٹی ندی۔ چھوٹا دریا۔ برساتی نہر (س نال)

نالان (ف۔ صفت) ! روتا ہوا۔ نالہ کرتا ہوا ۲ فریادی۔ شاکی۔ واویلا کرنے والا ۳ عاجز۔ تنگ (نالیدن۔ رونا)

نالتا (س۔ مونث) ! اروی ۲ بھنڈی۔

نالش (ف۔ مونث) ! رونا۔ گریہ زاری ۲ فریاد۔ دہائی۔ شکایت ۳ دعوے۔ استغاثہ۔ حاکم سے چارہ جوئی (نالیدن۔ رونا) **نالشا نالشی** (مونث) باہمی جھگڑنے کی وجہ سے ایک دوسرے پر دعوے دائر کرنا۔ **نالش داغ دینا۔ داغنا یا کرنا** (متعدی) ! حاکم کے پاس عدالت میں دعوے کرنا۔ استغاثہ کرنا ۲ فریاد کرنا۔ **نالشی** (صفت) ! دعویدار۔ مستغیث ۲ فریادی۔ شکایت کرنے والا۔ شکایتی۔

نالک (ھ۔ مذکر) ! ایک قسم کا پیتل ۲ پیتل کا پرانا برتن۔

نارِکا (س۔ مونث) ایک قسم
کی اروی۔
نالکی (ہ۔ مونث) ایک قسم کی کھلی
پالکی یا تام جھام جو امیر عورتیں استعمال کرتی ہیں
(س نال)
نالکیر۔ نالکیل (س۔ مذکر)
ناریل۔
نالہ (ف۔ مذکر) ۱ رونا۔ گریہ۔ زاری
۲ شور۔ فغاں۔ غل ۳ فریاد۔ واویلا۔ دہائی۔
شکایت ۴ آہ۔ آہ و بکا (نالیدن۔ رونا) **نالۂ
دل** (مذکر) آہ۔ آہِ سرد۔ **نالۂ سرد** (مذکر)
آہِ سرد۔ **نالہ سرکرنا** (متعدی) آہ کھینچنا۔
آہ بھرنا۔ **نالۂ سوزاں** (مذکر) جلا دینے والی
آہ۔ **نالۂ شبگیر** (مذکر) رات کو رونا یا آہ و
فغان کرنا۔ **نالہ کرنا** (متعدی) ۱ آہ کرنا۔
آہ و بکا کرنا ۲ رونا پیٹنا۔ گریہ و زاری کرنا۔ شور و
فغاں کرنا۔ **نالہ کش** (صفت) نالہ کرنے والا۔
رونے والا۔ گریہ و زاری کرنے والا۔ **نالہ
کھینچنا** (متعدی) نالہ کرنا۔ **نالہ گر** (صفت)
نالہ کرنے والا۔ **نالۂ گرم** (مذکر) آہ گرم۔ بیحد
رنج و غم میں رونا۔ گریہ و زاری۔ **نالۂ مرغِ سحر**
(مذکر) صبح کے وقت مرغ کی بانگ۔ **نالہ
نکلنا** (لازم) دردناک آواز کا منہ سے نکل
جانا۔ **نالہ و شیون** (مذکر) رونا پیٹنا۔ آہ و
زاری (کرنا ہونا کے ساتھ)
نالی (ہ۔ مونث) ۱ بدرو۔ موری۔
پانی نکلنے کا راستہ ۲ بدن کا کوئی گول سوا خدار
حصہ۔ نس۔ نبض۔ انتڑی وغیرہ ۳ مرد کے
سینے کے درمیان کا حصہ جو گہرا ہوتا ہے ۴ ڈنڑ
پیلنے کا گڑھا جو پہلوان زمین میں کھود لیتے
ہیں ۵ گھوڑے کی پیٹھ کا گڑھا ۶ وہ کھپرا جو
نالی کی صورت کا ہوتا ہے ۷ کھیت میں پانی
لیجانے کا رستہ (س نارِکا) **نالی بنانا** (متعدی)
بننا (لازم) موری بنانا۔ بدرو بنانا۔ پانی نکلنے
کے لئے رستہ بنانا۔ **نالی دار** (صفت) وہ جس
میں نالی ہو۔ **نالی کھودنا** (متعدی) زمین کھود
کر نالی بنانا۔ **نالی کے ڈنڑ** (مذکر) وہ ڈنڑ
جو نالی میں پیلے جاتے ہیں۔ **نالی کے ڈنڑ
پیلنا** (متعدی) ۱ نالی پر ڈنڑوں کی کسرت

کرنا ۲ بازاری عورت سے جماع کرنا۔ رنڈی
بازی کرنا۔

نالے (ہ۔ تمیز) ساتھ۔
**مثل۔ نالے مونچھ نکوڑ نالے
دہی وادر مین۔** دو کام ہوگئے۔
نام (ف۔ مذکر) ۱ وہ لفظ جس سے
کسی چیز کو پکاریں۔ اسم۔ ناؤں۔ ذات ۲
لقب۔ کنیت۔ خطاب۔ عرف۔ تخلص ۳
شہرہ۔ شہرت۔ ناموری۔ دھاک ۴ عزت
حرمت۔ آبرو۔ ساکھ ۵ نسل۔ اولاد۔ خاندان ۶
تہمت۔ الزام ۷ یاد۔ یادگار ۸ ذمہ۔ متعلق ۹
برائے نام ۱۰ مرکبات کے آخر میں جیسے بدنام۔
نیک نام (س۔ نامن) **نام آسمان پر ہونا**
(لازم) شہرہ ہونا۔ نیک نامی ہونا۔ ناموری ہونا۔
نام آنا (لازم) نام معلوم ہونا۔ **نام آور**
(صفت) مشہور۔ معروف۔ نامور۔ **نام آوری**
(مونث) شہرہ۔ شہرت۔ ناموری۔ **نام اٹھ جانا**
(لازم) نام نہ رہنا۔ نام مٹنا۔ **نام اٹھنا** (لازم)
۱ دیکھو آخری ۲ نام پڑھا جانا ۳ مہر کا اٹھنا۔
نام کا نقش ابھرنا۔ **نام اچھالنا** (متعدی)
اچھل رہنا یا اچھلنا (لازم) برائی کے
ساتھ نام مشہور ہونا۔ رسوائی ہونا۔ شہرت
ہونا۔ بدنامی ہونا۔ **نام اڑ جانا** (لازم) نشان
تک نہ رہنا۔ نیست و نابود ہو جانا۔ **نام بازار
تک جانا** (لازم) لوگوں میں بدنامی ہونا۔
رسوائی ہونا۔ **نام باقی رہنا** (لازم) ۱ مرنے
کے بعد ذکر ہونا ۲ شہرت رہ جانا۔ یادگار باقی
رہنا ۳ نام کے سوا کچھ نہ رہنا۔ نام ہی نام رہنا
نام بتانا (متعدی) ۱ نام ظاہر کرنا۔ نام لینا ۲
واقفیت ظاہر کرنا۔ **نام بدل ڈالنا** (متعدی)
۱ کوئی اور نام اختیار کرنا ۲ شرط کے موقع پر
کہتے ہیں کہ اگر ایسا نہ ہو تو اپنا نام بدل ڈالیں
نام بدنام کرنا (متعدی) **ہونا** (لازم) رسوا
ہونا۔ عیب لگنا۔ برائی کے ساتھ مشہور ہونا۔
نام نکلنا۔ **نام بد ہونا** (لازم) بدنام ہونا۔
رسوا ہونا۔ **نام برا ہونا** (لازم) ۱ بدنام ہونا
۲ کوئی چیز خطرناک ہونا۔ **نام بُردہ** (صفت)
وہ شخص جس کا اوپر ذکر آچکا ہو۔ مذکورہ بالا۔
ذکر شدہ۔ **نام بڑا ہونا** (لازم) کسی اچھی

صفت یا کام کے لئے مشہور ہونا۔ عالی خاندان
ہونا۔ **نام بکنا** (لازم) نام کی شہرت سے چیز
بکنا۔ نام کی قدر ہونا۔ **نام بگاڑنا** (متعدی)
۱ نام بدنام کرنا ۲ نام کو اصل حالت پر نہ رکھنا۔
نام بنام (ف۔ تمیز) ۱ ایک ایک کرکے۔
ایک ایک کو۔ ہر ایک کو ۲ اسم وار۔ نام وار۔
نام کی ترتیب سے ۳ نام لے لے کر۔ **نام
بھول جانا** (لازم) نام یاد نہ رہنا۔ **نام
بھی نہ لینا** (متعدی) سخت نفرت کرنا۔ بہت
بیزار ہونا۔ **نام بھی نہ ہونا** (لازم) کچھ نہ ہونا۔
کوئی چیز نہ ہونا۔ **نام پانا** (لازم) ناموری ہونا۔
شہرت پانا۔ مشہور ہونا۔ نیکنامی یا ناموری
حاصل کرنا۔ **نام پر** (تمیز) ۱ نام کے لئے۔
واسطے۔ طفیل میں ۲ شہرت کے لئے ۳ کسی کے
نام کی تعظیم کے لئے جیسے نام پر درود پڑھنا ۴
کسی کے نام کی تحقیر کے لئے جیسے نام پر جوتی نہ
مارنا۔ **نام پر بیٹھنا** (لازم) ۱ بھروسا کرنا۔ متوکل
رہنا ۲ خاوند کے مرنے کے بعد اس کی عزت
کی وجہ سے دوسری شادی نہ کرنا۔ نام کا لحاظ
کرکے کوئی ایسا کام نہ کرنا جو بے عزتی کا باعث
ہو۔ **نام پر پاپوش** (پیزار) **مارنا** (متعدی)
کسی سے نہایت بیزار یا متنفر ہونا۔ **نام پر
پاپوش (پیزار یا جوتی) نہ مارنا** (متعدی)
بہت بیزار ہونا۔ کمال ناراض ہونا۔ **نام پر
جانا** (لازم) نام کا لحاظ کرنا۔ نام کی رعایت
کرنا (عموماً اپنے کے ساتھ) **نام پر جان دینا**
(متعدی) شہرت یا ناموری حاصل کرنے کی بیحد
کوشش کرنا۔ **نام پر حرف آنا** (لازم) بدنام
ہونا۔ رسوا ہونا۔ **نام پر درود پڑھنا** (متعدی)
کسی کے نام کی عزت کرنا۔ **نام پر قرعہ نکلنا**
(متعدی) کسی خاص کام کے لئے قرعے میں
کسی کا نام نکلنا۔ **نام پر کٹورا پھرنا** (لازم)
چور کو معلوم کرنے کے لئے دو آدمی کٹورا یا لوٹا
انگلیوں سے پکڑتے ہیں اور مشتبہ کا نام لکھ لکھ
کر اور کچھ پڑھ کر کٹورے یا لوٹے میں ڈالتے
ہیں کہتے ہیں کہ جب ملزم کے نام کی پرچی ڈالی
جائے۔ تو کٹورا پھر جاتا ہے۔ **نام پر گالیاں
پڑنا** (لازم) نام سن کر گالیاں دی جانا۔ **نام
لٹانا** (متعدی) کوئی چیز کسی کے نام پر محتاجوں

کو دینا۔ **نام پر مٹنا یا مرنا** (لازم) ۱ نام پر مائل یا فریفتہ ہونا۔ نام پر فدا ہونا ۲ شہرت چاہنا۔ نیک نامی یا ناموری حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔ **نام پر ہونا** (لازم) کسی کے متعلق ہونا۔ نامزد ہونا۔ **نام پڑ جانا** (لازم) کسی فضول نام سے مشہور ہونا۔ عرف ہو جانا۔ **نام پکارنا** (متعدی) ۱ نام لے کر آواز دینا۔ نام سے بلانا ۲ حاضری لینا ۳ عدالت میں بلانا۔ **نام پکڑ لینا** (متعدی) ۱ کسی نام کے متعلق کام کو اختیار کرنا ۲ خواہ مخواہ نام لینا۔ **نام پیدا کرنا** (متعدی) ۱ شہرت حاصل کرنا۔ ناموری حاصل کرنا۔ مشہور ہونا ۲ طنزاً بدنام ہونا۔ **نام پیش کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) کسی کام یا ممبری کے لئے کسی کا نام لیا جانا۔ **نام تجویز کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ نام رکھا جانا ۲ کسی کا نام پیش کرنا۔ **نام تحریر کرنا** (متعدی) نام لکھا جانا۔ **نام تعین کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) نام رکھا جانا۔ **نام تک** (تف) نام بھی۔ صرف نام۔ **نام تک سننا گوارا نہ ہونا۔ نام تک کاروادار نہ ہونا** (لازم) سخت بیزار ہونا۔ بہت متنفر ہونا۔ نام لینے کی بھی کسی کو اجازت نہ ہونا۔ **نام تک سے واقف نہ ہونا** (لازم) بالکل نہ جاننا۔ نام بھی نہ جاننا۔ **نام ٹھہرا لینا** (متعدی) کوئی نام رکھ لینا یا مقرر کر لینا۔ **نام ٹھہرانا** (متعدی) **ٹھہرنا** (لازم) نام رکھا جانا۔ **نام جاری کرنا** (متعدی) خطبہ میں نام داخل کرنا۔ **نام جاگنا** (لازم) شہرت کم ہونے کے بعد پھر شہرت زیادہ ہو جانا۔ پھر نام مشہور ہونا۔ نام زندہ ہونا۔ **نام جپا کرنا۔ جپنا** (متعدی) ۱ نام رٹنا۔ نام کی تسبیح پڑھنا ۲ بار بار نام لینا۔ زبان پر نام لانا۔ **نام جو** (صفت) ناموری چاہنے والا۔ **نام جھنڈے پر چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) بدنام ہونا۔ **نام چار کو** (عو) برائے نام۔ بہت تھوڑا نام لینے کو۔ **نام چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) **چڑھوانا** (مم) نام رجسٹر میں درج کرانا دفتر میں نام لکھوانا۔ **نام چلا جانا یا چلنا** (لازم) نام کی یادگار رہنا۔ نام قائم رہنا۔ **نام چمکنا** (لازم) نیک نام ہونا۔ مشہور ہونا۔ شہرت

ہونا۔ **نام حاصل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) شہرت ہونا۔ مشہور ہونا۔ **نام خارج کر دینا** (متعدی) رجسٹر یا تحریر سے نام کاٹ دینا۔ قلمزد کر دینا۔ **نام خاک میں مل جانا** (لازم) سخت بدنام ہونا۔ بیقدری ہونا۔ بے وقعت ہو جانا۔ **نام خدا** (کلمہ دعا) اصل میں بنام خدا تھا ب حذف ہو گئی ۱ چشم بد دور۔ ماشاء اللہ۔ جب کسی کی تعریف کرتے ہیں تو چشم زخم کے دفعیہ اور برکت کے لئے کہتے ہیں ۲ برکت کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ۳ کیا بات ہے۔ آفرین ہے۔ شاباش ۴ طنزاً بھی کہتے ہیں۔ **نام خدا کنوارا پنڈا ہے** (عو) چشم بد دور کنواری ہے۔ عموماً ابھی کے ساتھ۔ **نام خراب کرنا** (متعدی) ۱ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا ۲ بدنام ہونا۔ **نامدار** (صفت) مشہور۔ نامی۔ نامور۔ **نام داخل یا درج کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) نام لکھا جانا۔ **نام دنیا سے اڑے** (عو) مر جائے۔ فنا ہو جائے۔ برباد ہو۔ **نام دھرا جانا** (لازم) برا نام رکھا جانا۔ برا کہا جانا۔ **نام دھرنا** (ھ) نام رکھنے والا باپ پدر۔ **نام دھرنا** (متعدی) ۱ نام رکھنا یا تجویز کرنا۔ نام مقرر کرنا ۲ عیب لگانا۔ نکتہ چینی کرنا۔ برا کہنا ۳ نقص نکالنا۔ عیب چینی کرنا۔ حرف گیری کرنا ۴ دوش رکھنا۔ الزام لگانا ۵ قیمت لگنا مول لگانا ۶ قیمت مقرر کرنا ۷ نام لینا (کسی) چیز یا کسی کو مخصوص کرنا۔ **نام دھروانا** (مم) برا کہلوانا۔ دوش رکھوانا۔ **نام دینا** (متعدی) ۱ نام رکھنا ۲ شہرہ آفاق۔ مشہور کرنا۔ **نام ڈبونا** (متعدی) ۱ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا ۲ اپنے آپ کو بدنام کرنا ۳ خاندان کو بٹہ لگانا۔ بزرگوں کا نام بدنام کرنا۔ **نام ڈوبنا** (لازم) رسوائی ہونا۔ بدنامی ہونا۔ عزت جانا۔ **نام رٹنا** (متعدی) بار بار نام لینا۔ **نام رکھنا** (متعدی) ۱ بچے کا کوئی نام مقرر کرنا۔ نام تجویز یا تعین کرنا ۲ نامزد کرنا ۳ دیکھو نام دھرنا جس سے یہ زیادہ فصیح سمجھا جاتا ہے۔ **نام رکھوانا** (مم) نام رکھنا کا۔ **نام روشن کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ نیک نام ہونا۔ شہرت ہونا۔ شہرہ ہونا ۲ طنزاً رسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ **نام روک لینا** (متعدی) ترقی وغیرہ کے لئے نام نہ بھیجنا۔ **نام رہجانا یا رہنا** (لازم)

نام باقی رہجانا۔ نام بنا رہنا۔ یادگار رہ جانا۔ **نام رہتی دنیا تک قائم رہے**۔ قیامت تک شہرت رہے۔ ہمیشہ عزت و آبرو برقرار رہے۔ **نام زبان پر آنا** (لازم) منہ سے کسی کا نام نکلنا۔ کسی کے نام کا خیال آنا۔ **نام زبان پر پھرنا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ کسی کا نام پوری طرح یاد نہ آنا۔ **نامزد** (صفت) ۱ مشہور۔ معروف۔ موسوم۔ نامی ۲ معین مخصوص ۳ کسی کام کے لئے مقرر ۴ جس کی منگنی ہو چکی ہو۔ منسوب (لڑکی) ۵ جو کسی مہم پر مقرر ہو چکا ہو (لشکر)۔ **نامزد کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کسی کام کے لئے مقرر ہونا ۲ معین ہونا مخصوص ہونا ۳ منسوب ہونا۔ نسبت یا منگنی ہونا ۴ نام رکھا جانا۔ کسی نام سے مشہور ہونا ۵ کسی کے نام ہونا۔ معنون ہونا۔ ڈیڈیکیٹ ہونا۔ **نام زندہ کرنا** (متعدی) ۱ مشہور کرنا۔ نام روشن کرنا ۲ یاد تازہ کرنا۔ **نام زندہ ہونا** (لازم) کسی کی یاد باقی رہنا۔ **نام ساکھ** (ھ۔ مذکر) شہرت اور اعتبار۔ **نام سمرن** (ھ۔ مذکر) کسی دیوتا کا نام جپنا۔ **نام سننا** (متعدی) ۱ صرف نام سے واقف ہونا ۲ شہرت سننا۔ **نام سننے سے رونگٹے کھڑے ہونا** (لازم) کسی سے بہت ڈرنا۔ **نام سے** (تف) ۱ لقب سے۔ خطاب سے ۲ نام لے کر۔ نام پر۔ طرف سے ۳ نام کی بدولت۔ نام کی طفیل ۴ نام لینے سے۔ نام سن کر۔ نام کے ساتھ ۵ بہانے سے۔ حیلے سے ۶ نام نہاد منسوب **نام سے آشنا ہونا** (لازم) تھوڑی سی واقفیت ہونا۔ **نام سے بکنا** (لازم) کسی چیز کی کسی کے نام سے قدر ہونا۔ نام کی شہرت کی وجہ سے زیادہ فروخت ہونا۔ **نام سے بھاگنا۔ بیزار ہونا** (لازم) سخت متنفر ہونا۔ نام تک سننا گوارہ نہ ہونا۔ **نام سے پجنا** (لازم) ۱ کمال اعتقاد ہونا ۲ کسی کے نام کے سبب قدر و منزلت ہونا۔ **نام سے تپ چڑھنا** (لازم) بہت ڈرنا۔ سخت خائف ہونا۔ **نام سے جلنا** (لازم) سخت بیزار ہونا۔ کمال متنفر ہونا۔ **نام سے چڑھنا** (لازم) کسی کا نام سن کر ناراض ہو جانا۔ سخت نفرت کرنا۔ **نام سے دم نکلنا** (متعدی) بہت ڈرنا۔ بیحد خوف کھانا۔ **نام سیدھا نہ لینا** (متعدی) نام

بگاڑ لینا۔ **نام سے کان پکڑنا** (متعدی) استادی یا کمال کا قائل ہونا۔ **نام سے کانپنا** (متعدی) بہت ڈرنا۔ کمال خائف ہونا۔ **نام سے کانوں پر ہاتھ دھرنا** (متعدی) بیحد نفرت کرنا۔ سخت بیزار ہونا۔ **نام سے مطلب** (مذکر) شہرت سے غرض۔ **نام سے نفرت ہونا** (لازم) بہت نفرت ہونا۔ سخت بیزار ہونا۔ **نام سے ننگ ہونا** (لازم) کمال عار ہونا۔ **نام سے واقف ہونا** (لازم) دیکھو نام سے آشنا ہونا۔ **نام شیش** (ھ۔ صفت) ۱ جس کا صرف نام باقی رہ گیا ہو۔ مردہ۔ متوفی ۲ (مذکر) موت۔ وفات۔ **نام قلمزد کر دینا** (متعدی) رجسٹر سے نام خارج کر دینا۔ تحریر میں نام کاٹ دینا۔ **نام کا** (صفت) ۱ نام سے منسوب ۲ حصہ کا ۳ برائے نام ۴ اپنے ۵ آفت کا پرکالا۔ بہت چالاک۔ **نام کا ایک** (صفت) ۱ آفت کا پرکالا۔ بہت چالاک ۲ وعدے کا پکا ۳ ضدی (عموماً اپنے کے ساتھ) **نام کا پاس** (مذکر) عزت کا خیال۔ **نام کا خط** (مذکر) کسی خاص شخص کی چٹھی۔ **نام کا چراغ جلانا یا روشن کرنا** (متعدی) کسی کے نام سے قبر پر چراغ جلانا۔ منت کی وجہ سے یا کسی بزرگ کی عزت کی وجہ سے ایسا کرتے ہیں۔ **نام کا تم رکھنا** (متعدی) گنجفہ بازوں کا اپنے معشوق کے نام سے پتے چھپانا۔ **نام کاٹ دینا یا کاٹنا** (متعدی) نام قلمزد کر دینا۔ دفتر یا تحریر سے نام خارج کر دینا۔ **نام کا دشمن ہونا** (لازم) سخت بیزار ہونا۔ بہت متنفر ہونا۔ **نام کا سکہ جاری ہونا یا چلنا** (لازم) کسی کے نام کا سکہ رائج ہونا۔ کمال رعب و داب ہونا۔ **نام کا کتا نہ پالنا** (متعدی) کمال بیزار ہونا۔ **نام کا وظیفہ** (مذکر) کسی کا نام بار بار رٹنا۔ کسی کی یاد ہر دم رہنا۔ **نام کٹانا یا کٹوانا** (متعدی) فوج یا پولیس سے اپنا نام خارج کرنا۔ فوج یا پولیس کی نوکری چھوڑنا۔ **نام کر جانا** (لازم) شہرت حاصل کرنا۔ یادگار چھوڑ جانا۔ **نام کر دینا** (متعدی) ۱ فوقیت حاصل کرنا ۲ الاہنا اتار دینا ۳ کسی کو دے دینا ۴ مشہور کرنا ۵ شہرت دینا ۶ حقیقت میں کچھ بھی نہ کرنا۔ تھوڑا سا کرنا۔ **نام کرن** (ھ) ۱ ہندوؤں میں بچے کا نام رکھنے کی رسم ۲ شہرت حاصل کرنا ۳ کوئی خطاب یا لقب اختیار کرنا۔ **نام کرنا** (متعدی) ۱ شہرت حاصل کرنا۔ نام پیدا کرنا۔ نیکنامی حاصل کرنا۔ مشہور ہونا ۲ نام رکھنا۔ نام تجویز کرنا ۳ دوسرے پر تھوپنا۔ دوسرے کا نام لگانا۔ کسی پر الزام رکھنا۔ آپ قصور کر کے دوسرے کے ذمہ لگانا ۴ کسی کے ذمے ڈالنا۔ کسی کے لئے مخصوص کرنا۔ **نام کندہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) نام کھودا جانا یا کھدنا۔ **نام کو** (تف) ۱ برائے نام۔ کہنے کو۔ نام نہاد ۲ اپنے نام کا۔ اپنے قول کا (ان معنوں میں اپنے کے ساتھ) **نام کو آگ لگانا** (متعدی) نام نہ لینا۔ قریب نہ جانا۔ **نام کو بٹا یا دھبا لگانا** (متعدی) نام بدنام کرنا۔ عیب لگانا۔ **نام کو مرنا** (لازم) نام کے لئے جان دینا۔ **نام کو نہ چھوڑنا** (متعدی) ۱ سب کچھ لے لینا ۲ کچھ نہ رہنے دینا۔ ذرا باقی نہ رکھنا۔ ناپید کر دینا۔ خاتمہ کر دینا۔ **نام کو نہ رہنا** (لازم) کچھ نہ رہنا۔ بالکل نہ رہنا۔ ختم ہو جانا۔ **نام کو نہ ملنا** (لازم) بالکل نہ ملنا۔ بالکل نہ پانا۔ **نام کو نہ ہونا** (لازم) بالکل نہ ہونا۔ ذرا نہ ہونا۔ **نام کو نہیں**۔ بالکل نہیں۔ **نام کھدنا** (لازم) **کھدوانا** (لازم) **نام کھودنا** (متعدی) نگینے یا پتھر پر یا کسی جگہ نام کے حروف کندہ کرنا۔ **نام کی بھول** (مونث) نام کی غلطی یا سہو۔ نام بھول جانا۔ **نام کی تسبیح پڑھنا یا کرنا** (متعدی) نام رٹے جانا۔ ہر وقت نام لینا۔ **نام کی چوک** (مونث) دیکھو نام کی بھول۔ **نام کی چیز** (مو) ۱ وہ چیز جو کسی کے لئے منگائی جائے ۲ وہ چیز جو کسی کے لئے مخصوص کر دی جائے۔ **نام کی رٹ** (مونث) کسی کے نام کا ورد۔ ہر وقت کسی کی یاد کرنا۔ **نام کی سہو یا غلطی** (مونث) دیکھو نام کی بھول۔ **نام کے لئے مرنا** (لازم) ناموری کی بیحد خواہش ہونا۔ ناموری کے لئے جان دینا۔ **نام کی نوبت بجانا** (متعدی) اپنے نام کو مشہور کرنا (اپنے کے ساتھ) **نام لکھنا** (متعدی) فہرست یا دفتر میں نام تحریر کرنا۔ نام چڑھانا۔ نام درج کرنا۔ نام داخل کرنا۔ **نام لکھوانا** (متعدی) ۱ نام درج کرانا۔ دفتر یا فہرست میں نام تحریر کروانا ۲ اپنے تئیں کسی زمرے میں شامل کرنا۔ کوئی کام کر کے بدنامی حاصل کرنا۔ **نام لگانا** (متعدی) **لگ جانا یا لگنا** (لازم) الزام لگنا۔ تہمت لگنا۔ کوئی قصور ذمہ لگنا۔ **نام اللہ** (عف) اللہ کے نام پر۔ **نام سنتے جانا** (لازم) بار بار نام لینا۔ **نام لے بیٹھنا** (متعدی) بے سوچے سمجھے کسی کا نام لینا۔ **نام لے دینا** (متعدی) ۱ کسی پر الزام لگانا ۲ کسی کا نام بتانا۔ **نام لے کر یا کے** (تف) ۱ نام سے۔ نام کی بدولت ۲ کسی بزرگ کی طفیل ۳ برکت کے لئے کسی بزرگ کے نام سے۔ **نام لے کر (کے) پکارنا** (متعدی) کسی کو اس کے نام سے بلانا یا مخاطب کرنا۔ **نام لے کر مانگ کھانا** (متعدی) کسی بزرگ کے نام سے گزارا کرنا۔ **نام لینا** (متعدی) ۱ نام زبان پر لانا ۲ نام رٹنا۔ نام کی تسبیح کرنا۔ نام جپنا ۳ تعریف کرنا۔ گن گانا ۴ کسی کا ذکر کرنا۔ تذکرہ کرنا ۵ الزام دھرنا۔ تہمت لگانا ۶ کسی کے کمال یا بزرگی کا قائل ہونا ۷ کوئی چیز کسی کے لئے یا کسی کے نام خریدنا ۸ کسی جرم کے ملزم کا نام بتانا۔ کسی پر شبہ کرنا ۹ واسطہ دینا۔ ناشناخت کرنا۔ پہچانوانا۔ **نام لینے والا یا لیوا** (صفت) ۱ یادگار۔ بیٹا۔ وارث ۲ یاد کرنے والا۔ فخر کرنے والا۔ **نام مٹانا** (متعدی) **مٹنا** (لازم) نام جاتا رہنا۔ شہرت نہ رہنا۔ گمنام رہنا۔ **نام نامی** (مذکر) معروف و مشہور نام۔ عزت سے کسی کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔ **نام نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱ شہرت یا نام مشہور ہونا۔ ناموری حاصل ہونا ۲ بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا ۳ کسی مقدس کتاب سے نکال کر بچے کا نام رکھا جانا ۴ عمل کے ذریعے سے چور کا نام ظاہر ہونا ۵ کسی کے نام پر لاٹری نکلنا ۶ کسی خاص لقب سے مشہور ہونا۔ **نام نکل جانا** (لازم) دیکھو نام نکلنا۔ **نام نکلوانا** (متعدی) ۱ کسی مقدس کتاب سے بچے کا نام تجویز کرانا ۲ عمل کے ذریعے چور کا نام معلوم کرانا ۳ بدنام کرانا۔ رسوا کرانا۔ **نام نگو یا** (ھ۔ صفت) معمولی حیثیت کا۔ معمولی آدمی۔ **نام نمود** (مذکر) عزت و نمائش۔ ٹیپ ٹاپ۔ ظاہری نمائش۔ **نام نوبت ہونا** (لازم) سر سہرا ہونا۔ **نام نہ آنا** (لازم) ۱ نام معلوم نہ ہونا۔ نام نہ جاننا ۲ زبان پر کسی کا نام ادا نہ ہونا۔ **نام نہاد** (صفت) موسوم۔ نامزد۔ **نام نہ رکھنا** (متعدی) ۱ عوے سے کہا جانا

اسم باسمے نہ ہونا۔ اگر کوئی کام نہ کیا جاے -
نام بدل ڈالنا ۲ باقی نہ رکھنا۔ سب کچھ خرچ کر
ڈالنا ۳ بالکل مٹا دینا۔ نیست و نابود کر دینا -
نام نہ رکھوں۔ دعوے کا کلام ہے کہ اگر فلاں
کام نہ کروں تو اپنا نام نہ رکھوں۔ نام نہ رہنا
(لازم) نشان نہ رہنا۔ نام نہ گویا (مو) یہ میرا نام
ہے نہ میرا ذکر ہے۔ وہ کس قطار شمار ہے (ضمیروں
کے ساتھ اپنے اپنے موقع پر بولا جاتا ہے) نام
نہ لو۔ ذکر نہ کرو۔ بیزاری سے کہا جاتا ہے۔ نام
نہ لینا (متعدی) ۱ نام زبان پر نہ لانا ۲ سخت
بیزار ہونا ۳ کوئی کام بالکل نہ کرنا۔ نام نہ ہونا
(لازم) ۱ وجود نہ ہونا ۲ شہرت نہ ہونا۔ نام نہیں
۱ پتہ نہیں۔ سراغ نہیں۔ بے نشان ہے ۲ اسم
بامسمے نہیں ۳ باقی نہیں۔ بالکل نہیں۔ ذرا نہیں
۴ وجود نہیں ۵ شہرت نہیں ۶ تذکرہ نہیں۔ نام نیکی
سے لینا (متعدی) کسی کو اچھی طرح یاد کرنا۔ اچھی
باتوں کے متعلق کسی کا تذکرہ کرنا۔ نام وام (مذکر)
نام۔ وام تابع مہمل ہے۔ نامور (صفت) نام آور
کا مخفف۔ نامی۔ مشہور۔ ناموری (مونث) نام
آوری کا مخفف۔ شہرت۔ نیکنامی۔ نام واچگ
سنگیا (ھ) اسم معرفہ۔ نام ونشان (مذکر)
۱ اتا پتا۔ ٹھور ٹھکانا ۲ یادگار۔ آثار۔ نام ونشان
باقی نہ رہنا (لازم) نیست و نابود ہو جانا۔ معدوم
ہو جانا۔ نام ونمود (مذکر) دیکھو نام نمود۔ نام و
ننگ (مذکر) عزت آبرو۔ نام ہو جانا (لازم)
۱ شہرت ہو جانا۔ ناموری ہو جانا ۲ نام لکھا جانا۔
کسی کے نام پر جائداد یا جاگیر چڑھ جانا ۳ تہمت
لگ جانا۔ الزام لگ جانا۔ نام ہونا (لازم) ۱ اسم
ہونا۔ لقب ہونا ۲ شہرت ہونا۔ واہ واہ ہونا ۳
قرار پانا۔ ٹھہرنا ۴ الزام لگنا۔ تہمت لگنا ۵ نام پر
چڑھانا یا لکھا جانا ۶ ذمہ پڑنا۔ سر پڑنا ۷ کوئی
خطاب پڑ جانا ۸ شرکت ہونا۔ شمولیت ہونا ۹ ملکیت
ہونا۔ نام ہی نام ہے۔ فی الحقیقت کچھ نہیں
کہنے کو ہے۔ نام ہی کا ہونا (لازم) صرف
کہنے کے واسطے ہونا۔ برائے نام ہونا۔ نام ہے
۱ شہرت ہے ۲ برائے نام ہے ۳ فی الحقیقت
ہے۔ دراصل یہ ہے۔ نامی (صفت) ۱ مشہور۔
معروف۔ نامور ۲ موسوم۔ نام والا ۳ (ع) دیکھو
علحدہ۔ نامی چور (مذکر) مشہور چور۔ بڑا بھاری

چور۔ نامی گامی (صفت) مشہور۔ بارونق۔
نامی گرامی (صفت) بہت مشہور۔ معروف۔
نامور۔ نامی نام (مذکر) نام ہی نام کا مخفف۔
صرف نام کی جگہ۔ نامی نامزد (صفت) بہت
بڑا مشہور و معروف۔ سب کا جانا بوجھا۔

امثال واقوال۔

نام امرت
پلاسے بس (ھ) ظاہر میں اچھا باطن میں شریر۔
نام بڑا اور درشن تھوڑے۔ جتنا نام
ہے اتنا کام نہیں۔ نام کے موافق سامان نہیں
نام بڑا اونچا کانوں سے بوچا۔ خاندان
کے نام پر دھبہ ہے۔ خاندان کی بدنامی کا باعث
ہے۔ نام بڑا یا دام۔ نیک نامی دولت سے
بہتر ہے۔ نام بسنتی منہ کوکر سا (پوربی)
نام اچھا کرتوتیں بری۔ نام بلند بہ از بام
بلند۔ اونچا نام اونچے کوٹھے سے اچھا ہے۔
نیک نامی بہت اچھی بات ہے۔ نام بھاں
متی جھینگلی میں مسر۔ ظاہر میں شیخی کرنا اور
حقیقت میں کچھ نہیں۔ نام پیروں کا کھائیں
مجاور۔ دوسرے کے نام سے اپنا مطلب نکالنا
نامش کلاں ودیہ ویراں۔ نام بڑا گاؤں
ویراں۔ دیکھو نام بڑا الخ۔ نام نیکِ رفتگاں
ضائع مکن۔ تا نباشد نام نیکت پائیدار۔
جو لوگ مر چکے ان کے نیک ناموں کو ضائع نہ کر۔
تاکہ تیرا نیک نام بھی باقی رہے۔ نام کیا ٹھمر یارہ
روٹی گتنی کھائے دس بارہ۔ پانی کتنا
پئے مٹکا سارا۔ کام کرنے کو لڑکا بچارہ۔
اس کے متعلق کہتے ہیں جو کام کاج کچھ نہ کرے
اور مفت کی روٹیاں توڑے۔ نام کے
باباجی۔ کرنی چھاور (ھ) بگلا بھگت۔
نام کی ننھی اٹھالے جائے دھنی
(ھ) دیکھنے کو چھوٹی سی ہے مگر بہت شریر ہے۔
نام لیوا (رہا) نہ پانی دیوا۔ سب مر گئے
کوئی باقی نہ رہا۔ ہندوؤں میں پانی دیوا یعنی
کریا کرم کرنے والا میت کا بیٹا یا پوتا ہوتا ہے۔
نامِ مرد بہ از ذاتِ مرد۔ آدمی کی شہرت
کی دھاک زیادہ ہوتی ہے۔ نام میرا گاؤں
تیرا۔ کوئی کمائے کوئی اڑالے۔ خود مال مارنا
اور دوسرے کو کچھ نہ دینا۔ نام وہی (رہے)
جو خدا کہوائے۔ نیکنامی اپنے منہ میاں مٹھو

بننے سے نہیں ہوتی۔ نام ہیرا لال دمک
کنکر سی بھی نہیں۔ دیکھو نام بڑا اور الخ۔
نامی چور مارا جائے نامی دوکاندار
کما کھائے۔ نامی دوکاندار ساہ
(شاہ۔ نفر) کما کھائے۔ نامی چور
مارا جائے۔ بدنام آدمی چاہے کوئی بڑا کام
کرے یا نہ کرے الزام اسی پر لگتا ہے۔

نامک (س۔ صفت) ۱ نام والا۔
جس کا نام ہو ۲ نامزد۔ مرکبات کے آخیر میں
آتا ہے۔

نامکر ہونا (ع۔ لازم) مکر جانا
(غف)

ناصم (ھ۔ مذکر) ۱ وہ ٹیکا جو ماتھے
پر لگایا جاتا ہے ۲ سفید مٹی۔

نامنا (ھ۔ لازم) ۱ نام لینا۔ ذکر
کرنا ۲ تعریف کرنا۔

نامنی (ھ۔ تف) نامے کی مونث۔

ناموس (ع۔ مونث) ۱ آبرو۔
لاج۔ شرم۔ جو بات موجب عزت ہو ۲ صاحب
راز۔ راز پوشیدہ ۳ (مذکر) حضرت جبرائیلؑ کا
لقب ۴ فرشتہ۔ ملائک ۵ احکام الٰہی ۶ اہل
خانہ ۷ حرم سرائے۔ زنانہ ۸ ننگ۔ شرم۔
بے عزتی۔ غیرت۔ لاج ۹ حکیموں کے نزدیک
تدبیر ۱۰ سیاست (کس۔ چھپانا) ناموسِ اکبر
(مذکر) ۱ حضرت ابراہیمؑ کا لقب ۲ شریعت۔ قاعدہ
و دستور۔ ناموس بگاڑنا (متعدی) ۱ آبرو لینا۔
ایسا فعل کرنا جس سے آبرو پر حرف آئے۔ ناموسی
(مونث) بے عزتی۔ بدنامی۔ رسوائی۔ شرم۔
لحاظ۔

نامہ (ف۔ مذکر) ۱ خط۔ مکتوب۔ چٹھی
نوشتہ۔ صحیفہ ۲ کتاب۔ رسالہ ۳ دفتر۔ طومار۔ رجسٹر ۴
بجائے نامۂ اعمال ۵ مرکبات میں جیسے اقرار نامہ ۶
(ھ) ناؤں۔ نام لکھی ہوئی رقم۔ قرضہ (نام سے)
۷ (کنجڑوں کی اصطلاح) فواکہ کا تیس دانوں کا ڈھیر۔
نامہ آنا (لازم) چٹھی آنا۔ خط آنا۔ نامۂ اعمال
(مذکر) ۱ اعمالنامہ ۲ وہ کاغذ جس میں منکر نکیر ہر
ایک کے اعمال لکھتے ہیں۔ نامۂ اعمال بڑھنا
(لازم) گناہوں کا زیادہ ہونا۔ نامۂ اعمال دھویا
جانا (لازم) گناہوں کا مٹایا جانا۔ نامۂ اعمال

سیاہ ہونا (لازم) نامہ اعمال میں بہت سے گناہوں کا لکھا جانا۔ بہت گناہ ہونا۔ نامہ بر (مذکر) چٹھی رساں۔ ڈاکیہ۔ ہرکارہ ۲ قاصد۔ پیامبر۔ پیک۔ نامہ بری (مونث) پیامبری۔ نامہ بر کا کام۔ چٹھی رسانی۔ نامہ بھیجنا (لازم) خط بھیجنا۔ چٹھی لکھنا۔ نامۂ چارُم (مذکر) قرآن شریف جو زبور۔ توریت اور انجیل کے بعد نازل ہُوا۔ نامہ سفید (صفت) ۱ جس کا اعمال نامہ میں کچھ لکھا ہُوا نہ ہو ۲ مجازاً نیک۔ صالح۔ نامہ سیاہ (صفت) ۱ جس کے اعمال نامہ میں بہت کچھ لکھا ہو ۲ مجازاً بداعمال۔ گناہگار۔ نامہ سیاہ ہونا (لازم) نامہ اعمال میں بہت سے گناہوں کا لکھا جانا۔ نامہ سیاہی (مونث) گناہوں کی وجہ سے نامۂ اعمال کا سیاہ ہونا۔ نامۂ شوق (مذکر) محبت آمیز خط۔ نامۂ عمل (مذکر) نامہ اعمال ۲ نامہ کھلا آنا (لازم) لانا (متعدی) موت کی خبر لانا۔ کسی عزیز کی غمی آنا۔ پہلے دستور تھا کہ موت کی خبر کا خط کھلا بھیجتے تھے۔ نامہ نگار (مذکر) ۱ خبر دہندہ۔ خبر نویس۔ پرچہ نویس ۲ اخبار کا نامہ نگار۔ کارسپانڈنٹ۔ نامہ و پیام (پیغام) (مذکر) خط وکتابت۔ سلام پیام۔

نامی (ع۔ فاعل) ۱ بڑھنے والا۔ نمو کرنے والا (نمو۔ نمَا۔ بڑھنا) نامیہ (مونث) بڑھنے یا بڑھانے والی قوت۔ نمو کرنے والی قوت۔

نامے (ھ۔ تف) نام لے کر۔ نام سے۔

نامیں (ھ۔ مذکر) ۱ نام یا نامہ کی جمع ۲ (تف) دیکھو نامے۔

ناں (ھ۔ نفی) نہیں۔ نہ۔

نان (ف۔ مذکر) ۱ روٹی چپاتی ۲ تنور کی موٹی روٹی۔ ایک خاص قسم کی موٹی روٹی جو میدے سے بناتے ہیں ۳ قرص۔ نانِ آبی (مونث) وہ روٹی جو پانی سے گندھے ہوئے آٹے سے بنائی جائے۔ نانبا۔ نانبائی (مذکر) روٹی اور شوربا بیچنے والا۔ روٹی پکانے کا پیشہ کرنے والا۔ نان پاؤ (مذکر) ایک قسم کی خمیری روٹی جو شہر خطا میں ایجاد ہوئی تھی۔ نان پز (مذکر) روٹی پکاکر بیچنے والا۔ نانبائی۔ بھٹیارا۔ نان پزی (مونث) نان پز کا پیشہ یا کام۔ روٹی پکانا۔ نانِ جویں (مذکر) ۱ لفظی معنی جو کی روٹی ۲ روکھی سوکھی روٹی۔ غریبانہ روٹی۔ نانِ خشک (مذکر) روکھی سوکھی روٹی۔ نان خطائی (مونث) ایک قسم کی روٹی کی شکل کی مٹھائی جو کھانڈ میدے اور گھی سے بناتے ہیں۔ عام طور پر بسکٹ کے برابر ہوتی ہے۔ بعض جگہ روٹی کے برابر بھی بناتے ہیں۔ نانخواہ (مذکر) اجوائن۔ نانخورش (مذکر) سالن۔ گوشت اور مچھلی جو روٹی کے ساتھ کھاتے ہیں۔ نانِ خورشید (مذکر) قرص خورشید۔ نانِ رباط (مذکر) وہ روٹی جو خانقاہوں میں ملتی ہے۔ نانِ روغنی (مذکر) ایک قسم کی روٹی جس میں گھی ڈالکر پکاتے ہیں۔ نان شکنی (مونث) روٹی توڑنا۔ روٹی کھانا۔ نان فروش (صفت) روٹی بیچنے والا۔ نانکار (صفت) وہ اراضی جو بادشاہ کی طرف سے دیجاتی ہے۔ جاگیر۔ نان کے لئے مرنا (متعدی) کھانے پر جان دینا۔ کھانے کو مقدم جاننا۔ نان نعمت (مذکر) بڑی نعمت۔ لذیذ نعمت۔ نان و نفقہ (مذکر) روٹی کپڑا۔ گھربار کا خرچ۔ بال بچوں کا خرچ۔ بیوی کا خرچ۔ نان و نفقہ دینا (متعدی) بیوی بچوں کو روٹی کپڑا دینا۔ گھربار کا خرچ ادا کرنا۔ نان و نمک (مذکر) معمولی غذا جس میں کوئی تکلف نہ ہو۔

نانا (ھ۔ مذکر) ماں کا باپ۔ نانا دادا (مذکر) ۱ آباؤ اجداد۔ خاندان کے بزرگ ۲ مجازاً گرو۔ استاد۔ نانی (مونث) ماں کی ماں نانا کی بیوی۔ نانی اماں یا جان (مونث) پیار یا عزت سے نانی کو کہتے ہیں۔ نانی جی کا گھر (مذکر) دیکھو خالہ جی کا گھر (دہلی)۔ نانی یاد آنا (لازم) محنت کے کام میں گھبرا جانا۔

امثال و اقوال۔ نانا کے ٹکڑے کھاوے دادا کا پوتا کہلاوے دیکھو نانی کے الخ۔ نانا کی دولت پر نواسا اینڈا پھرے۔ دوسرے کی دولت پر شیخی۔ نانی تو کواری ہی مرگئی نواسی کے (ساڑھے سترہ) سو سو بان (ھ) بان شادی سے پہلے نہانے کو کہتے ہیں۔ نو دولت کے متعلق کہتے ہیں۔ نانی خصم کرے (روہنا) نواسا چٹی بھرے۔ کرے کوئی خمیازہ کوئی بھرے۔ نانی کے آگے (سامنے) ماموں (ننھیال) کی باتیں (بڑائی) ۱ کسی کے عزیز کی شکایت اسی کے روبرو کرنا ۲ واقفکار کے آگے ڈینگ مارنا ۳ واقف کو فریب دینے کی کوشش کرنا۔ نانی کے ٹکڑے کھاوے دادا کا پوت کہلاوے ۱ خرچ کوئی اٹھاوے نام کسی کا ہو ۲ کرے کوئی بھرے کوئی۔ نانی مری ناتہ ٹوٹا نانی کے مرنے پر انسان کی قدر ننھیال میں نہیں رہتی۔ نانی نے خصم کیا نواسا چٹی بھرے۔ دیکھو نانی خصم کرے الخ۔

نانار (ھ۔ متعدی) ۱ جھکانا ۲ سر جھکانا ۳ دہرا کرنا۔ تہ کرنا ۴ ایک برتن سے دوسرے برتن میں ڈالنا۔

نانا (س۔ مذکر) مختلف قسم کا۔ انواع و اقسام کا۔ طرح طرح کا۔ نانا بھٹ (مذکر) ایک مصنف۔

نانٹھ (ھ۔ مذکر) مال لاوارث۔ مردے کا مال جس کا کوئی وارث نہ ہو۔ نانٹھا (صفت) وہ جس کا کوئی وارث نہ ہو۔ ناٹھا جو بلا وارث مرجائے۔ اردو میں عورتیں نگوڑا کے ساتھ استعمال کرتی ہیں۔ نانٹھ پر بیٹھنا (لازم) لاوارث مال پر قابض ہونا۔

نانْد (ہ۔ مونث) مٹی کا بڑا کونڈا۔ مٹی کا بہت بڑا برتن جس میں نانبائی آٹا گوندھتے یا رنگریز کپڑے رنگتے ہیں (س نندا) نانْدا (مذکر) گملا۔

نانْدھنا (ہ۔ متعدی) ۱ شروع کرنا آغاز کرنا ۲ کوئی بات شروع کرنا۔ بیان کرنا ۳ اختیار کرنا۔ کرنا ۴ جال بننے کا کام شروع کرنا ۵ چرخے کو گردش دینا ۶ قصہ یا داستان شروع کرنا۔

نانک (ہ۔ مذکر) وہ گھوڑا جس کی پیٹھ پر دور تک سفیدی ہو جو نقص سمجھا جاتا ہے۔

نانک ۱ (۱۴۶۹-۱۵۲۹) بابا بن کالو کھتری ساکن تلونڈی ضلع لاہور۔ سکھوں کے فرقے کے بانی سمجھے جاتے ہیں

نانگر (ہ۔ مذکر) انکار۔ نہیں (کرنا ہونا کے ساتھ)

نانگا (ھ۔ صفت) ۱ ننگا ۲ وہ سادھو جو ننگا رہے ۳ سادھوؤں کا ایک فرقہ جو ننگا رہتا ہے۔

نانگھنا (ھ۔ لازم) اس چیز سے گزر جانا جو راہگزر میں حائل ہو۔ پھاندنا (لکھنؤ)

نانوؤ۔ نانواں۔ نانوں (ھ۔ مذکر) نام۔ اسم۔ نانواں (مذکر) قیمت کسی چیز پر لگی ہوئی قیمت ۲ روپیہ جو ملنے والا ہو ۳ ریزگاری

نانہہ (ھ۔ نفی) نہ۔ نہیں۔

نانھیال (ہ۔ مذکر) نانا کا گھریا خاندان۔ لکھنؤ میں ننھیال ہے۔ اور مونث بولتے ہیں۔

ناہیں (ھ۔ نفی) نہیں۔

ناو (ف۔ مونث) ۱ دیکھو ناؤ ۲ کوئی لمبی اور خالدار چیز ۳ نالی۔ نلکا ۴ ناندہ ۵ پرنالہ ۶ وہ نالی جس میں چکی کا آٹا گرتا ہے۔ **ناوَدان** (مذکر) پرنالہ۔ بدرو۔ **ناوِ عمر** (مذکر) ناؤ کا عمر سے استعارہ کرتے ہیں۔

ناورد (ف۔ مونث) لڑائی۔ جنگ دجدل۔

ناوک (ف۔ مذکر) ناو کی تصغیر تیر۔ خدنگ۔ بان۔ **ناوک انداز** (صفت) تیر انداز۔ تیر چلانے والا۔ **ناوک بیٹھنا** (لازم) تیر نشانے پر لگنا۔ **ناوکِ حسرت** (مذکر) دیکھو تیر حسرت۔ **ناوک دلدوز** (مذکر) دل میں گھسنے والا تیر۔ **ناوک زن۔ ناوک فگن** (صفت) تیر انداز۔ تیر چلانے والا۔ **ناوک سا بیر نکل جانا** (لازم) صاف نکل جانا۔ ورقابو نہ آنا۔ **ناوک فگنی** (مونث) تیر اندازی۔ **ناوکِ مژگاں** (مذکر) مژگاں کا ناوک سے استعارہ کرتے ہیں۔

ناوک (س۔ صفت) ۱ ناؤ کا۔ کشتی کا۔ کشتی یا جہاز کے متعلق ۲ (مذکر) کشتیبان۔ ملاح۔ جہاز کا رہنما۔ ناخدا ۳ جہاز کا مسافر۔ **ناوکی** (مونث) ناوک کی مونث۔

ناوکا (ھ۔ مونث) ۱ ناوک کی مونث۔ ملاح عورت۔ ملاح کی بیوی ۲ دیکھو نوکا۔ **ناوکی** (مذکر) ملاح۔ ناوک۔ کشتیبان۔

ناول (انگ۔ مذکر) طویل اور مسلسل قصہ۔ نثر میں لکھا ہوا دلچسپ طولانی قصہ جس میں موہوم فرضی واقعات فطرت کے سانچے میں ڈھال کر لکھے جاتے ہیں۔

ناہ (ھ۔ مذکر) ۱ مالک۔ آقا۔ ناہ ۲ (نفی) نہ۔ نہیں۔ **ناہا** (مذکر) دیکھو ناہ ۱ **ناہن ناہی** (نفی) نہ۔ نہیں۔ **ناہیں** (نفی) نہیں۔ **ناہیں کرنا** (متعدی) انکار کرنا۔

ناہر (ھ۔ مذکر) شیر۔ شیر ببر۔ **ناہر سانس** (مذکر) گھوڑے کا ایک مرض جس میں گھوڑے کے منہ سے آواز نکلتی ہے اور سانس پھول جاتا ہے۔

ناہرو (ھ۔ مذکر) لمبا کیڑا جو پیٹ میں پڑ جاتا ہے۔ نہرو۔ نارو۔

ناہید (ف۔ مذکر) زہرہ ستارہ۔

نائب (ع۔ فاعل) ۱ ماتحت۔ مددگار ۲ قائم مقام ۳ مختار۔ مدارالمہام۔ وکیل۔ سفیر ۴ نوّاب۔ ناب۔ دوسرے کی جگہ کام کرنا۔ **نائب الرئیس** (مذکر) رئیس کا نائب۔ **نائب السلطنت** (مذکر) وائسرائے۔ گورنر۔ صوبیدار۔ **نائب دیوان** (مذکر) خزانچی کا نائب۔ **نائب محرر** (مذکر) محرر کا نائب۔ تھانے کا چھوٹا منشی۔ **نائب منشی** (مذکر) منشی کا نائب۔ اسسٹنٹ کلرک۔ **نائب مناب** (مذکر) ۱ قائم مقام مددگار ۲ جانشین۔ خلیفہ۔ ولیعہد۔ **نائب منیب** (مذکر) نائب اور اس کا افسر۔

نائرہ (ع۔ مذکر) ۱ شعلہ۔ لپٹ۔ لو ۲ آگ۔ اگنی ۳ گرمی ۴ سوجن ۵ دشمنی۔ نفرت۔ حقارت (نور۔ نار چمکنا)

نائزہ (ف۔ مذکر) ۱ دیکھو آلہ تناسل ۲ پیشاب کی نالی۔ سوراخ ذکر ۳ سوراخ دار شاخ یا ٹہنی ۴ نل۔ نالی۔ کھوکھلا سرکنڈہ ۵ نہر۔

نائک (س۔ مذکر) ۱ دیکھو نایک۔ **نائکا** (مونث) ۱ دیکھو نایکہ ۲ (ہ) وہ عورت جس کے پاس کئی نوچیاں ہوں۔ رنڈیوں کے گھر کی سردار۔

نائم (ع۔ فاعل) سونے والا۔ خفتہ (نوم۔ سونا)

نائن (ھ۔ نفی) نہیں۔ نہ۔

نائن (ہ۔ مونث) نائی کی بیوی۔ نائی قوم کی عورت۔

ناؤ (ھ۔ مذکر) نائی۔

مثل۔ ناؤ کی سی آرسی ہر کسی کے پاس۔ ہرجائی کے متعلق کہتے ہیں۔

ناؤ (ف۔ مونث) کشتی۔ چھوٹی کشتی ڈونگا (س نو) **ناؤ چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) کشتی رواں ہونا۔ **ناؤ ڈبونا** (متعدی) **ڈوبنا** (لازم) کشتی کا پانی میں غرق ہو جانا۔ **ناؤ کنارے لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ ناؤ ساحل پر پہنچنا۔ کشتی کنارے سے لگنا ۲ مشکل آسان ہونا **ناؤ کا ٹھہرنا** (لازم) کشتی کا کھڑا ہونا۔ **ناؤ کھینا** (متعدی) ۱ کشتی چلانا ۲ کنبے کا خرچ برداشت ہونا۔ **ناؤ منجدھار میں پڑنا** (لازم) معاملہ کا پیچیدار ہونا۔ **ناؤ میں خاک اڑانا** (متعدی) ۱ جھوٹا الزام لگانا۔ ناحق تہمت دھرنا ۲ بہانہ ڈھونڈنا ۳ جھوٹ بولنا۔ اس محاورے میں شیر اور بکری کے قصے کی طرف اشارہ ہے۔ شیر اور بکری کشتی میں دریا سے پار اتر رہے تھے۔ شیر نے کہا بی بکری تم ناؤ میں خاک اڑاتی ہو۔ یہ عذر کر کے اسے چیر پھاڑ کر کھا گیا۔

امثال واقوال۔ ناؤ خشکی میں نہیں چلتی ۱ دولتمند کو بغیر خرچ کئے شہرت حاصل نہیں ہو سکتی ۲ کام بے محل خلاف دستور کے نہیں ہوا کرتا۔ **ناؤ خضر نے ڈبوئی ناؤ کنے ڈبوئی خواجہ خضر نے۔** یہ اس موقع پر کہتے ہیں جب خود کوئی رہبر اور رہنما ہو کر نقصان پہنچائے۔ مربی کے ہاتھ سے نقصان پہنچنا۔

ناؤں (ہ۔ مذکر) نام (س نام)

ناؤنوش (ف۔ مذکر) عیش و عشرت عیش و طرب۔ عیش و نشاط دیکھو نائے نوش۔

نائی (ہ۔ صفت) ۱ جھکا ہوا۔ خمیدہ ۲ (مذکر) حجام۔ موتراش (نانا بمعنی جھکانا سے)

امثال واقوال۔ نائی دائی (دھوبی) بید قصائی۔ ان کا سوتک کبھی نہ جائی۔ یہ چاروں ہمیشہ ناپاک رہتے ہیں۔ **نائی سب کے پاؤں دھوئے اپنے دھوتے لجائے۔** جو کام اوروں کے لئے کرتا ہے اپنے لئے نہیں کرتا۔ **نائی کی برات میں سبھی ٹھاکر۔** یہ وہاں بولتے ہیں

جہاں سب اپنے آپ کو ایک سا سمجھیں اور باعزت سمجھتے ہوں (اپنی قوم میں ہر کوئی ذی عزت ہے۔ نائی

نائی بال کتنے ججمان جی آگے آتے ہیں
جب کوئی بات جلد ظاہر ہونے والی ہو اور اس کی نسبت کوئی پوچھے تو کہتے ہیں۔

نائی (ف۔ صفت) نے بجانے والا۔

نائے۔ نائے (ف۔ مونث) ۱ بانسری ۲ نل۔ نلکا ۳ نالی۔ نہر ۴ بیت۔ بید۔
نائے نوش (مذکر) نلئے۔ بانسری مجازاً نغمہ۔ نوش کھانا۔ مجازاً شراب۔ نغمہ سننا اور شراب پینا۔ عیش وطرب۔ عیش ونشاط۔ عیش وعشرت رنگ رلیاں۔

نائٹروجن (انگ۔ مونث) ایک عنصر گیس۔ کرہ ہوا کا ۴/۵ حصہ یہ ہے اور حیوانات اور نباتات میں بہت سا حصہ اس کا ہوتا ہے۔

نائیں (ہ۔ تف) ۱ مانند۔ ملتا جلتا ۲ اس طریقہ یا طرز کا ۳ جیسے ۴ اس شکل کا۔

نائچہ (ف۔ مذکر) ۱ چھوٹا نرسل جو حقے میں استعمال کرتے ہیں ۲ حقے کا نیچہ۔

نائیک (س۔ مذکر) ۱ سردار۔ سرگروہ مربی۔ سرتاج ۲ قافلہ سالار۔ سردار قافلہ ۳ نمبردار۔ میٹ اور وبیر۔ مستری ۴ فوج میں ایک عہدہ یہ سب سے چھوٹا افسر ہوتا ہے ۵ نائک ہیں۔ آدمی خاوند۔ عاشق۔ ہیرو۔ شجاع ۷ ماہر فن موسیقی۔ بڑا گویا یا رقاص۔ گویوں کا سردار یا استاد ۸ گلے کے ہار کا سب سے بڑا ہیرا یا جواہر۔ **نائیکا** (مونث) ۱ نائیک کی بیوی ۲ بیوی۔ معشوقہ ہیروئین ۳ شریف عورت۔ دوشیزہ لڑکی۔ کنیا

نائین (ہ۔ مونث) دیکھو نائن۔

نب (انگ۔ مذکر) انگریزی قلم کی زبان جو عام طور پر فولاد کی ہوتی ہے۔ اور فونٹن پن کی سونے کی ہوتی ہے۔

نبات (ع۔ مونث) ۱ سبزہ۔ روئیدگی بوٹی گھاس (نبت۔ اگنا۔ **نباتات** (مونث) ۱ وہ چیزیں جو زمین میں سے اگتی ہیں۔ گھاس پات بوٹیاں۔ پودے۔ درخت وغیرہ۔ روئیدگیاں ۲ سبزی۔ ترکاریاں (لکھنؤ میں مذکر) ۳ (علم) وہ علم جس میں ان چیزوں کا ذکر ہو جو زمین سے اگتی ہیں۔ **نباتی** (صفت) ۱ گھاس پات کا۔ جڑی بوٹی کا۔ روئیدگی کا ۲ (مذکر) ایک قسم کا رنگ۔

نبات (ف۔ مونث) قند مصری۔
نبات چھوانا (متعدی) دولہا کو مصری کی ڈلیاں عروس کے کندھوں۔ کہنیوں گھٹنوں پیٹھ اور ہاتھوں پر رکھ کر بغیر ہاتھ لگائے منہ سے کھوانا۔

نبارنا (ہ۔ متعدی) دیکھو نوارنا۔

نباڑ (ہ۔ امر) نباڑنا کا۔ نباڑا (ماضی) ۱ نباڑناگی ۲ (مذکر) بنٹاؤ۔ چکوتا۔ انفصال۔ تصفیہ۔ فیصلہ ۳ گزرنا۔ گزر ۴ رہائی۔ بچاؤ۔
نباڑن (مذکر) ۱ علیحدگی۔ جدائی ۲ فیصلہ کرنا۔ فیصلہ ۳ نبیڑا۔ بنٹاؤ۔ چکوتا ۴ تکمیل ۵ ختم کرنا۔ بند کرنا۔ **نباڑنا** (متعدی) ۱ جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا تقسیم کرنا ۲ فیصلہ کرنا۔ بنٹانا۔ نبیڑا ۳ کرنا۔ تکمیل کرنا۔ پورا کرنا۔ تکمیل کرنا ۴ ختم کرنا ۵ خرچ کرنا۔

نباش (ع۔ صفت) کفن چور (نبش گڑی ہوئی چیز کو کھود کر نکالنا)

نباض (ع۔ صفت) نبض دیکھنے والا۔ نبض شناسی میں مہارت رکھنے والا (نبض سے) **نباضی** (مونث) نبض شناسی۔

نباہ (ہ۔ امر) ۱ نباہنا کا ۲ (مذکر) کسی کام کو تکمیل پر پہنچانا۔ سنبھاؤ۔ تکمیل۔ کمال ۳ ختم کرنا۔ اختتام۔ انجام ۴ وفاداری ۵ وعدہ وفائی ۶ امن وامان سے رہنا۔ وقت گزرنا ۷ گزارا۔ بسر (س نر۔ دور تک۔ وہ۔ بیجانا) **نباہ دینا** (متعدی) ۱ گزارا دینا۔ بسر کر دینا ۲ آخیر تک ساتھ رہنا ۳ انجام تک پہنچا دینا۔ **نباہ کرنا** (متعدی) ۱ گزارا بسر کرنا۔ کسی کے ساتھ زندگی گزارنا۔ وفاداری کرنا۔ **نباہنا** (متعدی) گزارنا۔ بسر کرنا۔ تکمیل کو پہنچانا ۲ ختم کرنا۔ انجام کو پہنچانا ۳ وفاداری کرنا۔
نباہو (صفت) ۱ نباہنے والا۔ بسر کرنیوالا ۲ وفادار ۳ (ہ۔ صفت) مطلب کے لئے کافی ۴ دائمی۔ پائیدار۔

نبائر (ع۔ مذکر) نبیرہ کی جمع۔ عربی طرز پر فارسیوں نے بنائی ہے۔

نبٹ (ہ۔ امر) نبٹنا کا (س نس۔ دور تک۔ پٹ۔ باندھنا) **نبٹا** (امر) ۱ نبٹانا کا ۲ ماضی نبٹانا کی۔ **نبٹا دینا۔ نبٹانا** (متعدی) ۱ فیصلہ کرنا۔ بھگتانا۔ چکانا ۲ بیباق کرنا۔ ادا کرنا۔ **نبٹاؤ** (مذکر) فیصلہ۔ تصفیہ۔ انفصال۔ بیباقی۔ چکوتا۔ **نبٹ جانا۔ نبٹنا** (لازم) ۱ پورا ہونا۔ ختم ہونا۔ بیباق ہونا ۲ جھگڑا طے ہونا۔ فیصلہ ہو جانا۔ تکرار باقی نہ رہنا۔ **نبٹیرا** (مذکر) نبیڑا۔ نبٹاؤ۔

نبختا (اردو۔ صفت) موا ۱ کمبخت۔ بدبخت۔ بدنصیب ۲ نگوڑا۔ موا ۳ خراب۔ **برا بختی** (صفت۔ مونث) بختا کی۔

نبرد (ف۔ مذکر) لڑائی۔ جنگ۔ جدل۔ حرب۔ یدھ۔ مصاف۔ **نبرد آزما** (صفت) ۱ جنگ آزمودہ۔ جنگی ۲ بہادر۔ شجاع۔ دلیر۔ دلاور۔ **نبرد پیشہ** (صفت) جنگ آزمودہ۔ جنگ جو۔ پرانا سپاہی۔ **نبرد گاہ** (مونث) میدان جنگ۔ لڑائی کا کھیت۔

نبڑ (ہ۔ امر) نبڑنا کا (س نر۔ دور تک۔ وٹ۔ تقسیم کرنا) **نبڑا** (ماضی) نبڑنا کی۔ **نبڑ جانا۔ نبڑنا** (لازم) خرچ ہونا۔ تمام ہونا۔ باقی نہ رہنا۔ انجام کو پہنچنا۔ ہو چکنا۔
مثل۔ نبڑا آٹا۔ سنڈکا بوجھا
دیکھو نانبڑا الخ۔

ربنیڑ (ہ۔ صفت) گھنا۔ گنجان۔

نبسہ (ف۔ مذکر) بیٹی کا بیٹا یا بیٹی
نبیرا۔

نبض (ع۔ مونث) کلائی کی وہ رگ جو حرکت کرتی رہتی ہے۔ طبیب اس پر انگلی یا انگلیاں رکھ کر تشخیص کرتے ہیں۔ ناڑی ۲ جنبش رگ۔ شریان کا تڑپنا (نبض۔ پھڑکنا **نبض ابھرنا** (متعدی) نبض کی حرکت کا کم ہو کر پھر چلتی ہوئی محسوس ہونا۔ **نبض انتشار میں ہونا** (لازم) حالت نزع میں نبض کا خلاف قاعدہ چلنا۔ **نبض بارد** (مونث) وہ نبض جس کا مقام چھونے سے سرد معلوم ہو۔ یہ حرکت کی کمی کی دلیل ہے۔ **نبض بطی** (مونث) سست حرکت کرنے والی نبض۔
نبض پر ہاتھ رکھنا (متعدی) دیکھو نبض دیکھنا۔ **نبض پہچان لینا** (متعدی) حال دریافت کر لینا۔ **نبض جید الوزن یا حسن الوزن** (مونث) وہ نبض جو عمر وغیرہ کے لحاظ سے درست ہو۔ یعنی بچپن۔ جوانی اور بڑھاپے میں ہر عمر کے اعتبار اور مناسبت سے درست

ہو۔ نبض چلنا (لازم) نبض کا حرکت کرنا۔ نبض خارج الوزن (مونث) وہ نبض جو کسی سن یا عمر کے موافق نہ ہو۔ نبض خالی (مونث) وہ نبض جس میں نبض کے اندر خون کم محسوس ہوتا ہے۔ نبض دَقیق (مونث) وہ نبض جو عرض و عمق میں کم ہو۔ نبض دودی (مونث) اس نبض کی حرکت کرم کے مشابہ ہوتی ہے۔ یہ ضعفِ قوت پر دلالت کرتی ہے۔ نبض دکھانا (متعدی) طبیب کو نبض کا ملاحظہ کرانا۔ نبض دیکھنا (متعدی) طبیب کا بیمار کی نبض پر ہاتھ رکھ کر اس کی رفتار معلوم کرنا۔ نبض ڈوبنا (لازم) نبض کی رفتار مفقود ہونا۔ نبض ردی الوزن (مونث) وہ نبض جو عمر کے لحاظ سے درست نہ ہو۔ نبض ساقط ہونا (لازم) نبض کا حرکت نہ کرنا۔ نبض شاہق (مونث) ابھری ہوئی نبض یہ زیادتی حرکت پر دلالت کرتی ہے۔ نبض صغیر (مونث) وہ نبض جو طول عرض عمیق میں کم ہو۔ نبضِ صلب (مونث) وہ نبض جو انگلیوں کے نیچے سخت معلوم ہوتی ہے۔ اور اگر دبائیں تو مشکل سے دبتی ہے۔ اس قسم کی نبض یبوست پر دلالت کرتی ہے۔ نبضِ ضَعیف (مونث) کمزور نبض۔ اس قسم کی نبض کو دیکھنے سے انگلی پر خفیف سی ضرب لگتی ہے۔ یہ ضعف قوت حیوانی پر دلالت کرتی ہے۔ نبضِ ضیق (مونث) تنگ نبض۔ گھٹی ہوئی نبض۔ نبضِ طویل (مونث) وہ نبض جو طبعی حالت سے زیادہ لمبی ہو یہ حرارت کی زیادتی پر دلالت کرتی ہے۔ نبضِ عریض (مونث) چوڑی نبض۔ وہ نبض جو طبعی حالت سے زیادہ چوڑی ہو۔ نبضِ عظیم (مونث) وہ نبض جو طول عرض اور عمق میں اعتدال سے زیادہ ہو۔ نبض غلیظ (مونث) موٹی نبض۔ نبض قصیر (مونث) وہ نبض جو طبعی حالت سے چھوٹی ہو۔ نبض قوی (مونث) زوردار نبض وہ نبض جس کی حرکت انگلیوں میں زور سے محسوس ہو۔ یہ غلبہ قوت حیوانی پر دلالت کرتا ہے۔ نبض کا انتظام (مذکر) نبض کی باقاعدہ رفتار۔ نبض کی رفتار (مونث) نبض کی حرکت کا اندازہ۔ نبضِ لیّن (مونث) نرم نبض یہ انگلی کے نیچے نرم معلوم ہوتی ہے۔ اور دبانے سے دب جاتی ہے۔ یہ غلبۂ رطوبت پر دلالت کرتی ہے۔ نبض مباین الوزن یا مجانب الوزن (مونث) وہ نبض جو کسی دور کی عمر کی نبض کے مانند ہو جائے۔ مثلاً بچے کی بوڑھے کے یا بوڑھے کی بچے کے مانند ہو جائے۔ نبض مُتفاوِت (مونث) وقفہ دار یا ٹھہرنے والی نبض وہ نبض جس میں دونوں حرکتوں کے درمیان وقفہ زیادہ ہوتا ہے۔ نبض مُتَواتر (مونث) پے در پے چلنے والی نبض جس میں دونوں حرکتوں کے درمیان وقفہ کم ہوتا ہے۔ نبض مجاوزُ الوزن (مونث) جس میں کسی کی نبض کسی قریب کی نبض کے مانند ہو جائے۔ مثلاً بچے کی جوان کے یا جوان کی بچے کے مانند ہو جائے۔ نبض مختلف (مونث) وہ نبض جس کی حالتیں بدلتی رہیں۔ نبض مستوی (مونث) یکساں نبض۔ وہ نبض جو یکساں ایک حالت پر چلتی رہے۔ نبض مشرف (مونث) ابھری ہوئی نبض۔ یہ کثرت حرارت پر دلالت کرتی ہے۔ نبض مطرقی (مونث) وہ نبض جو ہتھوڑے کی طرح انگلی پر دو بار ٹھوکر لگاتی ہے۔ نبض ممتلی (مونث) بھری ہوئی نبض۔ یہ زیادتی خون پر دلالت کرتی ہے۔ نبض منخفض (مونث) پست نبض۔ دبی ہوئی نبض یہ حرارت کی کمی پر دلالت کرتی ہے۔ نبض منشاری (مونث) وہ نبض جو آری کے دندانوں کی طرح ہو یہ ذات الجنب وغیرہ میں پائی جاتی ہے۔ نبض موجی (مونث) لہردار نبض۔ یہ کثرت رطوبت پر دلالت کرتی ہے۔ نبض نملی (مونث) چیونٹی کی رفتار کی نبض۔ اس میں حرکت بہت ضعیف ہوتی ہے۔ نبض نہ ملنا (لازم) نبض کی حرکت کا نہ معلوم ہونا۔ نبض واقع فی الواسطہ (مونث) سکون کے وقت حرکت کرنے والی نبض۔ یہ زیادتی حرارت پر دلالت کرتی ہے۔ نبضوں (مونث) نبض کی جمع۔ حروف مغیرہ سے پہلے۔ نبضوں کا چلنا (لازم) دونوں نبضوں کا تیزی کے ساتھ حرکت کرنا۔ نبضوں کا نہ چلنا (لازم) نبضوں کی حرکت کا محسوس نہ ہونا۔ نبضیں (مونث) نبض کی جمع۔ نبضیں چھٹنا یا چھوٹنا (لازم) 1 نبضوں کا ساقط ہو جانا۔ نبضوں کی حرکت کا محسوس نہ ہونا۔ نزع کا عالم ہونا۔ قریب بمرگ ہونا 2 گھبرا جانا۔ خوف زدہ ہو جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔

نِبَکنا (ہ۔ متعدی) 1 آزاد کرنا چھوڑنا۔ رہا کرنا 2 جدا کرنا 3 (لازم) نکلنا۔ باہر آنا 4 چھوٹنا رہا ہونا۔

نِبَل (ہ۔ صفت) 1 کمزور۔ بے طاقت 2 ناقص۔ خراب 3 بیکس بے یار۔ بے مددگار۔ نبلائی (ہ۔ مونث) کمزوری۔ بے طاقتی۔ ضعف۔

مثل۔ نبل کو زبر۔ زبر کو صبر۔ کمزور کو زبردست ستاتا ہے اور زبردست کو کمزور کا صبر تباہ کر دیتا ہے۔

نِبَندھ (س۔ مذکر) 1 باندھنا 2 محبت۔ الفت۔ لگاؤ 3 بنانا۔ تصنیف کرنا 4 روک۔ بندش 5 قبض۔ انقباض 6 پیشاب کو روکنا 7 ہتھکڑی۔ بیڑی۔ زنجیر۔ بند 8 مقررہ جائیداد۔ جاگیر 9 تصنیف۔ تالیف 10 (ہ۔ صفت) 1 بندھا ہوا۔ مقررہ 2 لگا ہوا۔ جڑا ہوا 3 ٹھہرایا ہوا۔ تصدیق کیا ہوا۔

نُبُوّت (ع۔ مونث) 1 خبر رسانی۔ احکام الٰہی کا پہنچانا 2 پیغمبری۔ رسالت 3 پیشن گوئی (نَبَوَ۔ نَبَأ۔ خبر دینا) نبوت کرنا (متعدی) پیشن گوئی کرنا (مت)

نِبَولی۔ نِبَولی (ہ۔ مونث) نیم کا پھل نمکولی۔

نَبَوی (ع۔ مونث) نبی سے منسوب۔ نبی سے نسبت رکھنے والا (نبی سے)

نبھ (ہ۔ مذکر) 1 آسمان۔ فلک 2 خلا 3 ابتھر 4 ساون کا مہینہ۔

نِبھ (ہ۔ امر) نبھنا کا۔ بس نبھ۔ دور تک بڑھو۔ پہنچانا) نبھا (امر) 1 نبھانا کا 2 (ماضی) نبھنا کی۔ نبھانا (متعدی) گزارہ کرنا۔ نباہنا۔ باہم بسر کرنا۔ نبھاؤ (مذکر) 1 گزارہ۔ باہم بسر کرنا 2 ثابت قدمی۔ استقلال۔ نبھنا (لازم) 1 بسر ہونا۔ باہم گزرنا 2 انجام کو پہنچنا۔ آخیر تک رہنا۔

نِبھاگا (ہ۔ صفت) بدنصیب۔ بدبخت۔

نِبھرما (ہ۔ صفت) 1 بے عزت۔ بیوقر

۳ ناچیز۔ نالائق۔ ناقابل۔
نَبی (ع۔ مذکر) ۱ خبر رساں۔ خبر پہنچانے والا۔ احکام الٰہی پہنچانے والا ۲ پیغمبر۔ رسول (نبأ۔ خبر دینا کسی کو) **نبی برحق** (مذکر) سچا پیغمبر۔ **نبی جی** (بھیجو) طوطوں کو سکھاتے ہیں (رٹنا کے ساتھ) **نبی کی مار** (عو) بد دعا **نبیِ مُرسَل** (مذکر) بھیجا گیا نبی مجازاً وہ نبی جو صاحب کتاب ہو۔ وہ نبی جس پر کوئی کتاب نازل ہوتی ہو۔
نبید (ف) **نبیذ** (ع۔ مونث) شراب۔
نبیدَن (ھ۔ مذکر) دیکھو نویدن۔ عرض (کرنا ہونا کے ساتھ)
نبیرَہ (ف۔ مذکر) ۱ پوتا۔ بیٹے کا بیٹا ۲ بیٹی کا بیٹا۔ نواسا۔
نبیری (ھ۔ مونث) ۱ تکمیل ۲ نبیڑہ۔ نبٹاؤ۔
نَبیڑ (ہ۔ امر) نبیڑنا کا (س نِر۔ دور تک + وَند تقسیم کرنا) **نبیڑا** (ھ) ۱ فیصلہ۔ نبٹاؤ۔ نبٹیرا ۲ تکمیل ۳ اختتام۔ انجام۔ **نبیڑنا** (متعدی) ۱ تمام کرنا۔ پورا کرنا ۲ بسر کرنا۔ گزارنا ۳ طے کرنا ۴ خالی کرنا۔ **نبیڑو** (صفت) ۱ پورا کرنے والا ۲ انجام کو پہنچانے والا ۳ نبٹانے والا۔
نبین (ھ۔ صفت) نیا۔ تازہ۔
نَپ (ہ۔ امر) نپنا کا (س ما۔ ماپنا) **نپا** (ماضی) ۱ نپنا کی ۲ (صفت) اندازہ کیا ہوا۔ **نپا تُلا** (صفت) مقررہ۔ محدود۔ تھوڑا ناپا جانا ۲ لڑائی ہونا۔ جھگڑا ہونا۔
مثل۔ نپا شوربا اور گنی بوٹی۔ غربت کی حالت ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔
نِپ (ھ۔ مذکر) ۱ پانی کا برتن ۲ کدمب کا درخت۔
نَپات (س۔ مذکر) پوتا۔ نبیرہ۔
نِپات (س۔ مذکر) ۱ گرنا ۲ اترنا ۳ حملہ کرنا ۴ پھینکنا ۵ موت۔ مرنا ۶ اتفاقیہ امر یا ذکر ۷ مقابل کا سرا۔ نچلا سرا ۸ حرف۔
نِپات (ھ۔ امر) نپاتنا کا۔ **نپاتا** (صفت) ۱ مغلوب۔ مفتوح۔ شکست خوردہ۔ ۲ مقتول۔ **نپاتنا** (متعدی) ۱ پھینکنا گرانا ۲ شکست دینا ۳ مار ڈالنا۔ ہلاک کرنا۔ **نپاتی** (صفت) ۱ گرنے والا ۲ اترنے والا۔ نیچے آنے والا ۳ تباہ کرنے والا۔
نِپاٹنا (ھ۔ متعدی) دیکھو نبٹانا۔
نِپاٹھ (س۔ مذکر) ۱ پڑھنا۔ تعلیم۔ مطالعہ ۲ کوئی چیز زبانی پڑھنا۔ نظمیں پڑھنا ۳ لکچر دینا۔
نَپان (ہ۔ مونث) پیمانہ۔ پیمائش (ناپنا سے)
نِپان (س۔ مذکر) ۱ پینا ۲ پانی کا تالاب۔ حوض۔ پانی پینے کی جگہ ۳ مویشی کے لئے حوض یا برتن جو کوئیں کے پاس ہو ۴ کنواں ۔ تالاب۔ چشمہ ۵ دودھ کا برتن
نپت (ہ۔ مونث) ناپ۔ پیمائش ماپ۔
نِپَت (ہ۔ مذکر) بہت (مت)
نپت (س۔ مذکر) **پوتا۔ نپتی** (مونث) پوتی۔
نِپَٹ (ماضی) ۱ نپٹنا کی ۲ (تف) پوری طرح سے مکمل طور پر ۳ بہت۔ بیحد ۴ بالکل محض۔ سراسر۔ تمام (مت) (س نِس دور تک ہٹ۔ باندھنا) **نپٹا** (امر) ۱ نپٹانا کا ۲ (ماضی) نپٹنا کی۔ **نپٹارا** (مذکر) فیصلہ۔ نبیڑا۔ **نپٹانا** (متعدی) ۱ مکمل کرنا ۲ نبیڑا کرنا۔ **نپٹنا** (لازم) فیصلہ کرنا۔ طے کرنا ۲ لڑنا ۳ مکمل کرنا ۴ کچھ باقی نہ رہنا۔
مقولہ۔ **نپٹ سویرے کھیت میں جاکر ہل کو باہ۔ جب سورج ہووے سکر میں بیٹھ سائے میں جا۔** علی الصبح ہل چلانا چاہئے دوپہر کو آرام کرنا چاہئے۔
نِپُن (س۔ صفت) ۱ چالاک۔ ہوشیار ماہر۔ واقف ۲ تجربہ کار ۳ مشہور۔ معروف۔
نَپُنسک (س۔ صفت) ۱ وہ جس میں قوت رجولیت نہ ہو ۲ نامرد۔ بزدل ۳ (صرف) نہ مذکر نہ مونث۔ یہ صیغہ اردو میں نہیں ۴ (مذکر) ہیجڑا۔ مخنث۔ زنانہ۔ زنخہ۔ خنثہ۔
نپوا (ھ۔ مذکر) ناپ۔ ماپ۔ پیمانہ۔
نپوتا (ھ۔ صفت) ۱ بے اولاد۔ لاولد ۲ لنگوڑا۔ کمبخت۔ موا۔ نالائق۔ **نپوتری۔ نپوتو**
نپوتی (مونث) ۱ بے اولاد عورت ۲ نگوڑی۔ کمبخت۔ موئی۔ نالائق۔
امثال و اقوال۔ نپوتی روئے پوتوں کو سپوتی روئے ٹوٹکوں کو۔ اس دنیا میں کوئی خوش نہیں۔ بے اولاد اولاد کے لئے روتی ہے۔ اولاد والی ٹکڑوں کو محتاج ہے۔ **نپوتے کا گھر سُونا۔ مورکھ کا ہردا سونا۔ دالدری کا سب کچھ سونا۔** بے اولاد کا گھر خالی۔ بیوقوف کا دل خالی اور بدقسمت کا سب کچھ خالی ہوتا ہے۔ **نپوتی کا منہ دیکھ لے سات اُپاس۔** بے اولاد اس قدر منحوس ہے کہ اگر اس کا صبح کو منہ دیکھ لیا جائے تو سات دن کھانا نہیں ملتا۔
نت (ہ۔ کلمہ) ہندی الفاظ کے آخر میں نسبت کے واسطے آتا ہے۔ جیسے پچنت۔
نَت (س۔ صفت) ۱ ٹیڑھا۔ جھکا ہوا ۲ مڑا ہوا۔ گول۔ مدور ۳ گہرا۔ نیچا ۴ (مذکر) کسی سیارے کا سمت الراس کا فیصلہ جس وقت کہ وہ نصف النہار سے گزر رہا ہو۔
نَتِ (س۔ مونث) ۱ جھکنا۔ خمیدہ ہونا ۲ خمیدگی۔ گولائی ۳ جھک کر سلام کرنا۔ نمسکار۔ تعظیم۔
نِت (ہ۔ صفت) ہمیشہ۔ سدا۔ مدام۔ دائم۔ ہر روز۔ ہر وقت (مت) (س نِتیہ) **نت اٹھ** (تف) ہمیشہ۔ سدا۔ ہر روز۔ ہر وقت **نت نت** (تف) ہمیشہ۔ سدا۔ ہر روز۔ **نت نئی چال چلتا ہے۔** ہر روز نئی تدبیر عمل میں لاتا ہے۔ **نت نیا** (تف) ۱ تازہ بتازہ۔ نو بنو ۲ ہر روز نیا۔ انوکھا۔ عجیب۔
امثال و اقوال۔ نت چنگی تیوہار کو ننگی۔ بخیلی کے موقع پر بولتے ہیں۔ **نت کنواں کھودنا نت پانی پینا۔** جتنا کمانا اتنا کھانا۔ **نت کی بیوی پدنی اور لوکو دوش۔** اجو اپنا الزام دوسروں کے سر تھوپے اس کے متعلق کہتے ہیں ۲ چڑنے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ **نت کی دکھیا کرموں دوس۔** ہمیشہ کی مصیبت زدہ اور قسمت کو الزام۔
نُت (س۔ صفت) جس کی تعریف کی جائے۔ تعریف کیا گیا۔

نُتّ (س۔ مونث) ۱ تعریف۔حمد۔ثنا۔ مدح ۲ عزت۔حرمت۔تعظیم ۳ پوجا۔ پرستش۔
نِتا (ھ۔ مونث) ۱ استقامت۔ یکسانی ۲ دوام۔
نِتارنا (ھ۔ متعدی) دیکھو نتھارنا
نِتانت (س۔ صفت) ۱ بہت۔ زیادہ۔بے حد۔فراواں۔بے انتہا ۲ (تف) حد سے بڑھ کر۔بشدت۔بکثرت۔
نتائج (ع۔ مذکر) نتیجہ کی جمع۔
نِترام (س۔ تف) ۱ کلیم۔ تمام ۲ حد سے بڑھ کر۔بشدت۔بکثرت ۳ ہمیشہ۔دائم۔ لگاتار۔
نِتل (س۔ مذکر) پاتال کا ایک حصّہ۔
نتل تِتلی (ھ۔ صفت) ۱ ٹیڑھا۔ مڑا ہوا ۲ گول۔چکردار ۳ گھونگھا۔
نِتمب (س۔ مذکر) ۱ چوتڑ۔سرین ۲ پشت۔پیٹھ۔پہلو۔کنارہ ۳ پہاڑ کی ڈھلوان ۴ دریا کا ڈھلوان۔کنارہ ۵ ابھار۔پھولن۔ کبڑاپن۔
نِتمنہس (س۔ مذکر) کسی مقدس کتاب کا آغاز۔
نتنی (ہ۔مونث) بیٹی کی بیٹی۔ نواسی (عف)
نتو (ھ۔ تف) نہیں تو۔
نتھ (ہ۔ امر) ۱ نتھنا کا ۲ ناک میں پہننے کا بالی کی شکل کا ایک زیور۔ یہ صرف سہاگنیں پہنتی ہیں۔ بیواؤں کو اس کے پہننے کی اجازت نہیں ۳ سہاگ ۴ جانوروں کے ناک کی رسی۔ ناتھ (س نستا) **نتھا** (ماضی) نتھنا کی۔ **نتھ اتارنا یا بڑھانا** (متعدی) نتھ اتار کر رکھنا۔ **نتھا ہوا** (صفت) ۱ جس کے ناک میں رسی پڑی ہو ۲ جو دوسرے کے قابو میں ہو۔ **نتھ چوڑی برقرار رہے** (دعا) خاوند جیتا رہے۔سہاگن رہے۔ **نتھنا** (لازم) ناتھنا کا ۱ ناک میں رسی ہونا ۲ قابو میں ہونا ۳ (مذکر) ناک کا سوراخ ۴ (ھ) بڑی نتھ۔ **نتھنوں میں تیر دینا** (متعدی) **ڈال لینا** (مت) ۱ بہت تنگ کرنا۔دق کرنا۔ چنے چبوانا ۲ پرانے زمانے کی ایک سزا۔ **نتھنوں میں دم آجانا** (لازم) **کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) تنگ آجانا۔دق ہونا۔ **نتھنی** (مونث) ۱ چھوٹی نتھ ۲ بیل کے ناک کی رسی ۳ تلوار کے قبضے کی کڑی۔ **نتھنے** (مذکر) نتھنا کی جمع ۲ بجائے نتھنا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **نتھنی اتارنا** (متعدی) ازالۂ بکر کرنا۔ **نتھنی اترنا** (لازم) ۱ بیوہ ہونا۔خاوند مرجانا ۲ ازالۂ بکر ہونا ۳ بے عزت ہونا۔ **نتھنے پھیلانا یا چڑھانا** (متعدی) لال پیلا ہونا۔ ناراض ہونا۔غصّہ ہونا۔تیوری چڑھانا۔ **نتھی** (مونث) ۱ وہ ڈورا جو کاغذ میں ڈالا جاتا ہے۔ کاغذ کاٹنے کی ڈور ۲ وہ سب کاغذ جو ایک دھاگے میں پروئے ہوتے ہوں ۳ کاغذ کو کسی کے ساتھ شامل کر دینا ۴ شامل مسل۔ **نتھی توڑ دینا** (متعدی)، **ٹوٹ جانا** (لازم) کاغذ کا ڈورا ٹوٹ جانا۔ **نتھی شدہ** (صفت) شامل منسلکہ۔ **نتھی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ منسلک ہونا ۲ کاغذ میں ڈورا پڑ کر دوسرا کاغذ شامل ہونا ۳ کسی کے ساتھ شامل ہونا۔
نتھار (ہ۔ امر) نتھارنا کا (س نس دور تک + تری۔ تیرنا) **نتھارا** (ماضی) نتھارنا کی۔ **نتھار دینا۔ نتھارنا** (متعدی) پانی کو صاف کرنا۔میل دور کرنا۔
نتھر (ہ۔ امر) نتھرنا کا (س نس۔ دور تک۔ تری۔ تیرنا) **نتھرا** (ماضی) نتھرنا کی ۲ (صفت) صاف کیا ہوا۔نرمل۔ صاف۔ زلال۔ میل دور کیا ہوا۔ **نتھر جانا۔ نتھرنا** (لازم) میل بیٹھ جانا یا پرے ہو جانا۔ صاف ہونا۔
نتھلی (ھ۔ مونث) نتھنی۔
نتھی (ہ۔ تف) نہیں (زنانوں کی اصطلاح)
نتھیا (ھ۔ مونث) نتھ کی تصغیر۔
نتے۔ نتیہ (س۔ صفت) ۱ دائمی۔ مدام۔ ہمیشہ رہنے والا ۲ لگاتار۔جاری رہنے والا ۳ نہ بدلنے والا۔مقررہ۔ باقاعدہ ۴ ضروری ۵ (تف) ہمیشہ۔دائم۔روزانہ۔ہر وقت ۶ (مذکر) سمندر۔ **نتیا** (مونث) ۱ دل کا نشان ۲ درگا جی ۳ ایک شکتی ۴ منسا دیوی۔ **نتیا نند** (مذکر) ۱ دائمی خوشی ۲ وہ شخص جو ہمیشہ خوش رہے۔
نتیجہ (ع۔ صفت) ۱ نکالا گیا۔باہر لایا گیا ۲ (مذکر) غرض۔مطلب ۳ حاصل۔پھل ۴ انجام۔اخیر۔خاتمہ۔انت۔انتہا ۵ پھل۔ ثمر ۶ بدلہ۔سزا ۷ قصہ یا حکایت کا نقطہ۔پند یا نصیحت جو قصے سے ظاہر ہو ۸ پیدائش ۹ اولاد۔ بچہ ۱۰ (منطق) وہ قول جو صغرے و کبرے کے جزوں کو ملانے سے بوسیلۂ حد اوسط حاصل ہو جیسے ہر چیز بدلتی ہے اور بدلنے والی چیز فانی ہے ۱۱ امتحان کا فیصلہ پاس یا فیل ہونا۔ (**نتیجہ نکالنا**) **نتیجہ اصلی** (مذکر) قدرتی ماحصل۔ **نتیجہ برا ہونا** (لازم) کئے کی سزا ملنا۔بدلہ ملنا۔ **نتیجہ دیکھنا** (متعدی) کئے کی سزا پانا۔ثمر پانا۔ **نتیجہ لازمی** (مذکر) ضروری استدلال۔ یقینی ماحصل۔ **نتیجہ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱ ماحصل نکلنا۔لب لباب نکلنا ۲ امتحان کا فیصلہ سنایا جانا۔ **نتیجہ ہونا** (لازم) ۱ ماحصل ہونا حاصل ہونا ۲ انجام ہونا ۳ ثمر ہونا۔پھل ملنا ۴ امتحان کا فیصلہ ہونا۔
نٹ (ہ۔ مذکر) ۱ ہندوؤں کی ایک ذات ۲ ناچنے والا شخص۔ رسی پر چڑھ کر ناچنے والا شخص۔ بازی گر۔شعبدہ باز ۳ ایک راگنی کا نام ۴ (صفت) دغاباز۔مکار۔فریبی۔ چالاک شریر ۵ کئی پودوں کا نام ۶ ایک قسم کا سرکنڈہ۔ (س نرت و نٹ۔ ناچنا) **نٹ بدیا** (مونث) رسی پر چڑھ کر ناچنے کا علم۔شعبدہ گری۔ **نٹ پردھا** نٹ ۲ **نٹ کا تماشہ** (مذکر) وہ تماشا جو نٹ کرتے ہیں۔ **نٹ کھٹ** (مذکر) ۱ چالاک شوخ ۲ شریر۔شرارتی۔فتنہ پرداز ۳ دغاباز۔ بد معاملہ۔ **نٹ کھٹی** (مونث) ۱ عیاری۔چالاکی شوخی ۲ شرارت۔فتنہ پردازی ۳ دغابازی۔ بد معاملگی ۴ کھوٹ پن (کرنا ہونا کے ساتھ) **نٹنا** (ھ۔ متعدی) ۱ نٹوں کا پیشہ کرنا ۲ ناچنا۔ ایکٹ کرنا ۳ دیکھو نٹن کے تحت میں۔ **نٹ نارائن** (مذکر) ایک راگ یا راگنی۔ **نٹنی** (مونث) ۱ نٹ قوم کی عورت ۲ نٹ کی جورو۔
امثال۔ نٹ بدیا پائی جائے
جٹ بدیا نہ پائی جائے۔ جاٹ بہت چالاک ہوتا ہے۔ کہتے ہیں کہ ایک راجہ نے ایک نٹنی سے وعدہ کیا کہ اگر کوئی اس کا مقابلہ

نہ کرسکا تو وہ اسے آدھی سلطنت دیگا۔
چنانچہ بہت نٹ آئے جو کرتب وہ دکھاتے
نٹنی اس سے بہتر دکھاتی ایک جاٹ مقابلے
پر آیا۔ اس نے بانس پر چڑھ کر چاروں طرف
پھر کر پیشاب کر دیا نٹنی مقابلہ نہ کرسکی اور ہار
گئی۔ **نٹ کا بچہ "قلابازی ہی کریگا۔**
وہ جس کا پیشہ ہے وہی کام اچھی طرح کرسکتا
ہے۔ **نٹنی بانس پر چڑھی تو اب گھونگھٹ**
کیسا۔ بے پردہ ہونے پر گھونگھٹ اور عزت
قائم نہیں رہ سکتی۔

نٹار (س۔ مونث) ایک قسم کا پودہ۔

نٹارا (ہ۔ مذکر) نیٹارا کا مخف۔

نٹڑ (ہ۔ صفت) ۱ عزیب۔ ۲ پرانا
گھسا ہوا ۳ وہ (زمین) جس پر بہت دفعہ
کاشت ہو چکی ہو۔

نٹن (ہ۔ مونث) انکار۔ نہ کرنا۔
نامنظوری۔ **نٹنا** (متعدی) انکار کرنا۔ منظور نہ
کرنا ۲ دیکھو نٹ کے تحت میں۔

نٹوا (ہ۔ مذکر) ۱ نٹ ۲ ایک اور
قوم جو جامہ اور پگڑی پہن کر ناچتی پھرتی ہے
۳ ادنے درجے کا ناچنے والا لونڈا۔

نٹھ (ہ۔ صفت) تباہ۔ نشٹ۔

نٹھر (ہ۔ صفت) ۱ سخت ۲
ظالم۔ سفاک ۳ بدتہذیب ۴ بدزبان ۵ ضدی
۶ چالاک۔ شریر۔

نٹھلا (ہ۔ صفت) ۱ خالی۔
بیکار۔ بے شغل۔ نکما ۲ (مذکر) بے شغلی۔ بیکاری
خالی رہنا۔

مثل۔ نٹھلا بنیا پتھر توڑے۔
بیکار آدمی کچھ فضول کام کرتا ہے۔

نٹھیا (ہ۔ مذکر) آوارہ گرد۔
بدمعاش

نٹی (س۔ مونث) ۱ ناچنے والی۔
رقاصہ۔ ایکٹرس۔ طوائف۔ رنڈی ۲ ایک قسم کا
خوشبودار پودہ ۳ سرخ ہڑتال۔

نٹیا (ہ۔ مذکر) ۱ چھوٹی قسم کا بیل ۲
چھوٹے قد کا آدمی (زنانہ سے)

نٹیرنا (ہ۔ متعدی) آنکھیں اونچی
کرنا۔ ڈھیلے اوپر نیچے کرنا۔ آنکھیں بند کرنا (مرتے
کی)

نثار (ع۔ مذکر) ۱ بکھیرنا۔ پھینکنا۔
نچھاور کرنا ۲ صدقہ۔ تصدق ۳ عاشق۔ فریفتہ
۴ صدقے۔ قربان۔ واری (کرنا ہونا کے ساتھ)
(نثر۔ بکھیرنا)

نثّار (ع۔ مذکر) نثر لکھنے والا
مصنف۔

نثر (ع۔ مونث) وہ عبارت جو
نظم نہ ہو (نثر۔ بکھیرنا) **نثر عاری** (مونث)
سادہ نثر۔ **نثر مرجز** (مونث) دیکھو مرجز۔

نج (ہ۔ صفت) ۱ اپنا خاص۔ ذاتی
گھر کا۔ خانگی۔ پرائیویٹ ۲ (مذکر) اپنا مکان یا
گھر (س ن۔ اندر۔ جن۔ پیدا ہونا) **نج نج**
سے (ھ) درستی سے۔ ٹھیک طور پر۔ **نج کا**
حساب (مذکر) ذاتی حساب۔ خانگی حساب۔
ذاتی لین دین۔ **نج کا کام** (مذکر) ذاتی کام
نج کا نوکر (مذکر) ذاتی ملازم۔ ملازم خاص
نج کی راہ (مونث) وہ رستہ جس پر گزرنے
کا غیروں کو حق نہ ہو۔ **نج کے لیئے** (تف)
اپنے لیئے۔ اپنی ذات کے لیے۔

نجا (س۔ مونث) ۱ وفاداری
۲ ستی۔

نجابت (ع۔ مونث) ۱ فیاضی
سخاوت ۲ شرافت۔ اصالت۔ بزرگواری۔ عالی
خاندانی (نجب۔ فیاض ہونا)

نجات (ع۔ مونث) ۱ خلاصی۔
چھٹکارا۔ رہائی۔ بریت ۲ عفو گناہ ۳ نروان۔
مکتی۔ رستگاری (نجو۔ نجا۔ بچ جانا) **نجات پانا**
(لازم) ۱ مخلصی ہونا۔ چھٹکارا ہونا ۲ گناہوں کی
معافی ہونا ۳ مکتی ہونا۔ نروان ہونا ۴ (تکلیف
مصیبت وغیرہ سے) چھوٹنا۔ بچنا۔ مرجانا۔ **نجات**
دلانا (م) **دینا** (متعدی) رہا کرنا۔ بچانا۔
نجات ملنا (لازم) بچ جانا۔ چھٹکارا ہونا۔
رہا ہونا۔ **نجات ہونا** (لازم) چھٹکارا ہونا
رہائی ہونا۔

نجّار (ع۔ مذکر) بڑھئی۔ ترکھان۔
(نجر۔ لکڑی پر رندہ کرنا) **نجار اکسیر** (مذکر)
ادنے درجے کے پیشہ ور لوگ۔ **نجاری** (مونث)
بڑھئی کا کام یا پیشہ۔

نجاری (ع۔ مونث) وہ زمین جس میں
اناج کی کاشت ہوتی ہو۔

نجاست (ع۔ مونث) ۱ میلاپن گندگی پلیدگی ۲
غلاظت۔ ناپاکی ۳ بول و براز۔ پاخانہ۔ میلا۔ گھا ۴ میل
(نجس۔ میلا ہونا)

نجاشی (ع۔ مذکر) پیغمبر صلعم کے
عہد میں حبش کے بادشاہوں کا لقب۔

نجانے (ہ۔ تف) نہ جانے کا مخفف
۱ میں نہیں جانتا معلوم نہیں۔ کسے خبر ہے ۲ شاید
(مت) اب کیا جانے استعمال ہوتا ہے۔

نجبا (ع۔ مذکر) نجیب کی جمع۔

نجت (س۔ عدد) ایک لاکھ۔
دس لاکھ۔

نجد (ع۔ مذکر) ۱ اونچی زمین (عرب)
۲ عرب کا وسطی حصہ جو اونچا ہے۔ رقبہ ۸ لاکھ (۵۰۰۰)
ریاض دار السلطنت ہے۔

نجس (ع۔ مونث) نجاست۔ پلیدی۔
گندگی (نجس۔ گندہ ہونا)

نجس (ع۔ صفت) میلا۔ گندا۔
غلیظ۔ ناپاک۔ پلیدی (نجس۔ گندہ ہونا) **نجس**
العین (صفت) وہ چیز جس کا ہر جز نجس ہو
جو کبھی پاک نہ ہو سکے۔ جس کا جھوٹا پینا یا کھانا
ناجائز ہو۔ جیسے کتا۔ سور۔ شراب۔ **نجس پانی**
(مذکر) ۱ شراب ۲ منی۔

نجسی (ہ۔ صفت) ۱ برا۔ خراب ۲
بدنام ۳ بدقسمت۔ بدنصیب۔

نجف (ع۔ مذکر) ۱ اونچی زمین جہاں
پانی نہ چڑھتا ہو ۲ دریا کے درمیان اونچی زمین
۳ پہاڑی ٹیلہ (نجف۔ کھودنا)

نجم (ع۔ مذکر) ۱ ستارہ۔ سیارہ۔
تارہ ۲ (ع) قسمت۔ نصیبہ ۳ ستاروں کو دیکھ کر
پیش گوئی کرنا ۴ زائچہ۔ جنم پتری۔ **نجم چڑھنا** ستارے کا
ستارہ طلوع ہونا۔ **نجم الثاقب** (مذکر) چمکدار ستارا۔
روشن ستارا۔ **نجم الہند** (مذکر) ایک خطاب جو
سٹار آف انڈیا کا ترجمہ ہے۔ یہ انگریزی گورنمنٹ
کی طرف سے ملتا ہے۔

نجوم (ع۔ مذکر) نجم کی جمع ۱ ستارے
سیارے ۲ (علم) ستاروں کا علم۔ جوتش **نجومی**
(مذکر) ۱ ماہر علم نجوم ۲ (صفت) ستاروں کے متعلق۔

نِجھا (ہ۔ امر) نجھانا کا۔ نِجھا کر (تف) غور سے دیکھ کر۔ غور سے ملاحظہ کر کے۔ غور سے۔ نِجھانا (متعدی) 1 دیکھنا۔ ملاحظہ کرنا 2 معلوم کرنا۔ دریافت کرنا 3 کسی معاملے میں دخل درمعقولات کرنا۔

نِجھرّ (ہ۔ ذکر) 1 آبشار 2 پہاڑی نالہ 3 چشمہ۔

نِجھوٹنا (ہ۔ متعدی) جھٹکنا۔ کھسوٹنا۔

نِجھول (ہ۔ صفت) 1 وہ جس میں جھول نہ ہو (شے) 2 جس میں سوار کو دھکا نہ محسوس ہو (چال)

نَجِیب (ع۔ صفت) 1 شریف۔ اشراف۔ بھلا مانس 2 اعلٰے نسل کا۔ خاندانی 3 بہترین نہایت اعلٰے 4 قابل تعریف۔ قابل عزت 5 شجاع بہادر 6 فیاض۔ نجیب 7 (مذکر) ہندوستانی فوجی سپاہیوں کی ایک قسم جو عجیب قسم کی وردی پہنتے کرتے تھے 8 جیل خانہ کے سپاہی (نَجُب۔ فیاض یا شریف ہونا) نجیب الطرفین (صفت) وہ جو ماں باپ دونوں کی طرف سے صحیح النسب ہو۔

نَچ (ہ۔ امر) نچنا کا (س نرت۔ ناچنا) نچا (امر) 1 نچانا کا 2 (ماضی) نچنا کی۔ نچا مارنا (متعدی) ستانا۔ دق کرنا۔ ناک میں دم کرنا۔ نچانا (متعدی) 1 ناچ کرانا۔ رقص کرانا۔ گرانا 2 دیکھو آخری۔ نچنا (لازم) دیکھو ناچنا۔ نچنیا (مذکر) ناچنے والا لڑکا۔ نچوانا (م) ناچنا کی۔

نُچ (ہ۔ امر) نُچنا کا۔ (س لن۔ اُنبہ۔ رُکنج۔ تیز مارنا) نُچا (ماضی) نُچنا کی۔ نُچا کھچا (صفت) نوچا کھسوٹا ہوا۔ نُچ جانا۔ نُچنا (لازم) 1 نوچا جانا۔ کھسوٹا جانا 2 پھٹ جانا۔ پھٹنا۔

نِچاس (ہ۔ مونث) 1 نِچان۔ پستی۔ نشیب 2 انکسار۔ فروتنی 3 چھٹائی۔ خوردی 4 کمینہ پن۔ نیچ پن۔

نِچان (ہ۔ مذکر) 1 نشیب۔ پستی۔ ڈھال۔ ڈھلوان 2 نیچی زمین 3 (ہ) وادی (نیچا سے) نچان کا (صفت) نیچا۔ پست۔

نِچائی (ہ۔ مونث) 1 دیکھو نچان 2 کمینہ پن۔ نیچ پن۔

نِچڑ (ہ) نِچُڑ (ہ۔ امر) نچڑنا کا (س نس۔ ماہر۔ چڑ۔ حرکت کرنا) نچڑا (ماضی) نچڑنا کی نِچھڑانا (ہ۔ متعدی) نچڑوانا۔ نچڑنا (لازم) 1 ٹپکنا۔ تراوش ہونا۔ قطرہ قطرہ گرنا 2 دبنے یا بھیجنے سے عرق نکلنا۔ فسردہ ہونا 3 دبلا ہونا۔ لاغر ہونا 4 تروتازگی نہ رہنا۔

نِچلا (ہ۔ صفت) 1 خاموش۔ چپ چاپ۔ ساکت 2 بے حرکت۔ ساکن۔ برقرار۔ جو ہلے نہ جُلے 3 (ہ) نیچے کا (س نس۔ باہر۔ چل۔ چلنا) نچلا بیٹھنا (لازم) چپ چاپ بیٹھنا۔ بے حس و حرکت ہو کر بیٹھنا۔ چپکا بیٹھنا۔ نچلا رہنا (لازم) 1 چپ چاپ رہنا۔ بے حس و حرکت رہنا 2 انسانیت یا شائستگی کے ساتھ رہنا۔ حرکات ناشائستہ نہ کرنا (آخری دونوں محاورات بیشتر نفی کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں)

نِچنت (ہ۔ صفت) 1 فارغ۔ جسے کوئی کام نہ ہو 2 بیفکر۔ بے پروا۔ مطمئن (س نکشچنت) نچنتائی (مونث) فرصت۔ فارغ البالی۔ بیفکری۔ اطمینان۔ نچنت بیٹھنا۔ ہو جانا یا ہونا (لازم) بے فکر ہونا۔ فارغ البال ہونا۔ کسی بات کی فکر نہ ہونا۔

مثل۔ نچنت سووے ہیرو۔ جس کے گائے نہ بچھیرو۔ غریب آدمی بیفکر سوتا ہے۔

نِچوڑ (ہ۔ امر) 1 نچوڑنا کا 2 (مذکر) رس۔ افشردہ۔ روح۔ عطر۔ جوہر 3 مجازاً لب لباب۔ خلاصہ 4 نتیجہ۔ حاصل 5 اخیر۔ انجام (س نس باہر۔ چڑ۔ حرکت کرنا) نچوڑنا (ہ۔ مم) نچوڑنا کا۔ نچوڑ لینا (متعدی) 1 دبا کر یا بھینچ کر عرق نکال لینا۔ فشردہ کر لینا 2 چوسنا۔ خون پینا 3 مفلس بنا دینا۔ سب کچھ لے لینا۔ کچھ نہ چھوڑنا 4 لاغر کر دینا۔ کمزور کر دینا 5 دبا کر کوئی مائع چیز نکالنا 6 (کپڑا) دھلے ہوئے کپڑے کو بھینچ کر پانی نکال دینا۔ نچوڑو (ہ) نچوڑوا (صفت) 1 نچوڑنے والا 2 لالچی۔ حریص 3 کنجوس۔ مکھی چوس۔ نچوڑوانا (مم) نچوڑنا کا۔ نچوڑی (ہ۔ صفت) دیکھو نچوڑوا۔

نِچول۔ نِچولک (س۔ مذکر) 1 ڈھکنا۔ سرپوش 2 پوشش۔ غلاف۔ اوپر کا کپڑا 3 ایک قسم کا کوٹ یا واسکٹ۔ نچولی (ہ۔ مونث) نچول کی تصغیر۔

نِچھاور (ہ۔ ذکر) 1 وہ روپیہ یا نقدی جو بطور تصدق کسی کے اوپر بکھیری جائے۔ نثار۔ بکھیر 2 وہ قیمت جو بت کے لئے ادا کی جائے 3 ہدیہ جو کسی بڑے آدمی کو دیا جائے۔ نذر (س نیم دینا + کشتی۔ کھونا + ور۔ کھیرنا) نچھاور اتارنا یا کرنا (متعدی) تصدق کرنا۔ نثار کرنا۔ وارنا۔ سر کے اوپر سے بکھیرنا۔

نِچھتّر (ہ۔ مذکر) دیکھو نکشتر۔ منزل قمر۔ نچھتری (صفت و مذکر) دیکھو نکشتری۔

نِچھکّا (ہ۔ صفت) 1 بے میل۔ خالص 2 جس میں کوئی نقص یا داغ نہ ہو۔

نِچھوی (س۔ مذکر) چھتریوں میں ایک کمتر ذات۔

نِچی (س۔ مذکر) 1 ڈھیر لگانا 2 تودہ۔ ڈھیر۔ انبار۔

نُحاس (ع۔ مذکر) تانبا۔ مس (نَحْس کسی چیز پر تانبا چڑھانا)

نَحافت (ع۔ مونث) 1 دبلا پن۔ لاغری 2 کمزوری۔ ناتوانی (نَحَف۔ دبلا ہونا)

نَحر (ع۔ مذکر) ذبح کرنا۔ قربانی جیسے یوم النحر (نحر۔ گلا کاٹنا)

نَحس (ع۔ صفت) 1 منحوس۔ نامبارک۔ بدشگون۔ نامسعود 2 کمبخت۔ بدبخت 3 (ع۔ مذکر) بدقسمتی۔ بدبختی 4 برا شگون 5 ستاروں کا ملن 6 منحوس ستارا (نَحَسَ۔ بدقسمت ہونا) نحس ستارے (مذکر) زحل اور مریخ۔ نحس قدم (صفت) منحوس قدم۔ جس کا آنا منحوس ہو نحسین فلک (مذکر) زحل اور مریخ۔

نَحل (ع۔ مونث) شہد کی مکھی۔

نَحن (ع۔ ضمیر) ہم۔ نحن اقرب۔ ہم قریب ہیں۔ قرآن شریف کی آیت نحن اقرب الیہ من حبل الورید کی طرف اشارہ ہے جس کے معنی ہیں ہم رگ گردن سے بھی زیادہ اس کے قریب ہیں۔

نَحو (ع۔ مونث) 1 طور۔ طریقہ۔ طرح۔ ڈھنگ۔ راستہ 2 (علم) وہ علم جس سے کلموں کی ترکیب۔ اجزائے کلام کو ٹھیک ٹھیک جوڑنا کھولنا ان کا باہمی تعلق یا لگاؤ معلوم ہو۔ ویاکرن (نَحْو۔ نَحا۔ جھکنا) نحوی (مذکر) ماہر علم نحو۔ نحویت (مونث) نحو کا فن۔

نحوست (ع ۔ مونث) ۱ منحوس ہونا ۲ بدشگونی ۳ بدنصیبی ۔ بدطالعی ۔ ناسازگاری ۔ دلدّر ۔ (نحس ۔ بدقسمت ہونا) **نحوست چھانا** (لازم) برا اثر پڑنا ۔ منحوس ہونا ۔

نحیف (ع ۔ صفت) ۱ لاغر ۔ دبلا ۔ پتلا ۔ نازک ۲ کمزور ۔ ناتواں ۔ ضعیف (کرنا ہونا کے ساتھ) (نحف ۔ دبلا ہونا)

نخ (ف ۔ مونث) ۱ ریشم کا سوت یا تاگا ۲ کچا ریشم ۳ سوت ۔ تاگا ۴ پتنگ کی ڈور ۵ ایک قسم کا قالین جس پر رُو بہت ہوتی ہے ۶ قطار ۷ قندوزنا سے چیزیں ۸ چند چیزیں ۹ نہایت پتلی لاکھ ۔ کانچ کی چوڑی ۔ **نخیں** (مونث) کانچ یا لاکھ کی پتلی پتلی چوڑیاں ۔

نخاس (ع ۔ مذکر) ۱ غلاموں یا مویشی کے بیچنے کا بازار ۔ غلاموں یا مویشی کی منڈی ۲ (ت) گھوڑوں کی منڈی ۳ بازار ۔ منڈی (نخس ۔ ہانکنا) **نخاس (پر) بھیجنا** (متعدی) فروخت کے لئے بازار میں بھیجنا ۔ بازار دکھانا ۔ **نخاس چڑھنا** (لازم) ۱ بازار میں بکنے جانا ۲ رسوا ہونا ۔ بدنام ہونا ۔ مشہور ہونا (کسی بری بات کے لئے) **نخاس کی گھوڑی** (مونث) ۱ بازار میں بکنے والی گھوڑی ۲ کسبی ۔ رنڈی ۔ چھنال ۔ فاحشہ ۔ قحبہ ۔ **نخاس والی** (مونث) دیکھو آخری ۔

نخالص (اردو ۔ صفت) خالص ۔ بے میل (غلط)

نخچیر (ف ۔ مذکر) ۱ شکار ۔ صید ۲ مارا ہوا شکار ۔ شکار کیا ہوا جانور ۔ جنگلی یا صحرائی جانور ۔ جانور صحرائی ۔ **نخچیر گاہ** (مونث) شکارگاہ ۔ صیدگاہ ۔ رمنا ۔

نخرا ۔ نخرہ (ف ۔ مذکر) ۱ ناز ۔ غمزہ ۔ عشوہ ۔ چوچلا ۔ کرشمہ ۔ غنج ۔ دلال ۲ عورتوں اور معشوقوں کی حرکات خصوصاً ایسی حرکات جن میں تصنع ۔ بناوٹ حیلے اور بہانے ہوں ۔ **نخرا باز** (صفت) ۱ نخرے کرنے والا ۔ عشوہ گر ۔ کرشمہ پرداز ۲ تمکنت والی ۔ اترانے والی ۔ مغرور عورت کے لئے ۔ **نخرا بازی** (مونث) ناز معشوقانہ ۔ دیکھو نخرا ۔ **نخرا بگھارنا** (متعدی) حیلہ کرنا ۔ بہانہ کرنا ۔ **نخرا تِلّا** (مذکر) ناز و نخرہ ۔ لاڈ پیار ۔ چاؤ چوچلا (کرنا ہونا کے ساتھ) **نخرا کرنا یا لانا** (متعدی) ناز کرنا ۔ چوچلا دکھانا ۔ **نخرا نکالنا** (متعدی) ۱ لاڈ کرنا ۔ پیار ظاہر کرنا ۔ لاڈ میں آنا ۲ حیلہ حوالہ کرنا ۳ سر چڑھنا ۔ **نخرے** (مذکر) نخرا کی جمع ۔ حروف مغیرہ وغیرہ سے پہلے ۔ **نخرے** (مذکر) نخرا کی جمع ۔ جب نخرا حروف مغیرہ سے پہلے ۔ **نخرے باز** (صفت) **بازی** (مونث) دیکھو نخرا باز و بازی ۔ **نخرے پیٹی** (صفت مونث) ۱ (طنزاً) نخرے باز ۲ وہ عورت جو اپنے غرور میں آپ مری جائے ۔ **نخرے میں آجانا** (لازم) مغرور ہو جانا ۔

نخست (ف ۔ مذکر) ۱ ابتدا ۔ شروع ۔ اول ۲ (ظرف) شروع میں ۔ پہلے پہل ۳ (صفت) پہلا ۔ **نخست زاد** (مذکر) پہلا بچہ ۔ بڑا بیٹا ۔ **نخستگی** (مونث) ۱ پہلا پہل ۲ قدامت ۔ پہل ۔ سبقت ۔ تقدیم ۔ **نخستین** (صفت) ۱ پہلا ۔ شروع کا ۔ ابتدائی ۲ شروع میں ۔ پہلے پہل ۔

نخشب (ف ۔ مذکر) ترکستان کا وہ شہر جس کے قریب مقنع نے کوئیں سے ایک چاند نکالا تھا ۔ دیکھو چاہِ نخشب ۔

نخصمی (ہ ۔ صفت) وہ جس کا خاوند نہ ہو ۔ عورت عورت کو تحقیراً کہتی ہے ۔

نخل (ع ۔ مذکر) ۱ کھجور کا درخت ۲ ہر ایک درخت ۔ شجرہ ۳ نقلی درخت ۔ وہ شخص جس پر نقلی پھول پتے بنے ہوئے ہوں ۔ **نخل امید** (مذکر) امید کا نخل سے استعارہ کرتے ہیں ۔ **نخل امید بارور ہونا** (لازم) مجازاً بیٹا پیدا ہوتا ہے ۔ **نخل ایمن** (مذکر) دیکھو نخل طور ۔ **نخل بند ۔ نخلبند** (مذکر) ۱ باغبان ۔ مالی ۲ موم یا کاغذوں کے درخت بنانے والا ۔ **نخل بند کاف و نون ۔ نخل بند ہستی** (مذکر) خدا تعالےٰ سے مراد ہوتی ہے ۔ **نخل تمنا** (مذکر) تمنا کا نخل سے استعارہ کرتے ہیں ۔ **نخل تابوت** (مذکر) ایک قسم کی آرائش جو تابوت یا ارتھی پر لیجاتے ہیں ۔ **نخلستان** (مذکر) ۱ کھجور کے درختوں کا جنگل ۲ ریگستان میں وہ مقام جہاں بہت سے درخت ہوں ۔ **نخل طور** (مذکر) وہ درخت جس پر حضرت موسےٰ ؑ کے لئے انوار حق کا ظہور ہوا تھا ۔ **نخل قامت یا قد** (مذکر) قد کا نخل سے استعارہ کرتے ہیں ۔ **نخل ماتم یا محرم** (مذکر) دیکھو نخل تابوت ۔ **نخل مریم** (مذکر) وہ خشک درخت جس کے نیچے حضرت مریم بروقت تولد حضرت عیسےٰ بیٹھی تھیں ۔ اور وہ سرسبز ہو گیا تھا ۔ انجیل میں اس امر کا ذکر نہیں ۔ **نخل مومی** (مذکر) موم کا درخت ۔ **نخلہ** (مذکر) ۱ کھجوروں کا جھنڈ ۲ پودوں کا ذخیرہ ۔ **نخل ہستی** (مذکر) زندگی کا درخت ۔ مجازاً زندگی ۔ **نخل ہستی تباہ ہونا** (لازم) مرجانا ۔

نخوت (ع ۔ مونث) غرور ۔ گھمنڈ ۔ خودبینی ۔ تکبر ۔ کبر ۔ اہمان ۔ تمکنت ۔ فخر ۔ خودداری ۔ شیخی ۔ **نخوت سمانا** (لازم) مغرور ہونا ۔ گھمنڈ ہونا ۔ **نخوت سے بھرا ہونا** (لازم) پر از تکبر ہونا ۔ بیحد مغرور ہونا ۔ **نخوت کی ہوا بھرنا** (متعدی) بہت مغرور ہونا ۔

نخود (ف ۔ مذکر) چنا ۔ **نخود آب** (مذکر) ایک قسم کا شوربا جو گوشت اور چنے کی دال سے تیار کیا جاتا ہے ۔

ند (ہ ۔ مذکر) دریا ۔

ندا (ع ۔ مونث) ۱ آواز ۔ صدا ۔ پکار ۲ (حرف) وہ حروف جو بلانے کے لئے استعمال ہو جیسے او ۔ ابے ۔ اے (ندو ۔ بلانا) **ندا آنا** (لازم) آواز آنا ۔ بلایا جانا ۔ **ندا دینا** (متعدی) بلانا ۔ آواز دینا ۔ **ندائیہ** (صفت) وہ جملہ جس میں ندا کا حرف ہو ۔

ندارد (ف ۔ صفت) ۱ خالی ۔ کورا ۲ نہیں ۔ نیست ۳ غیر موجود ۔ غیر حاضر (نہ + دارد جو داشتن کا مضارع ہے) (کرنا ہونا کیساتھ)

ندّاف (ع ۔ مذکر) دھنیا (ندف ۔ روئی کو جدا کرنا) **ندّافی** (مونث) نداف کا کام یا پیشہ ۔

نداگھ (س ۔ مذکر) ۱ گرمی ۔ حرارت ۔ تپش ۲ گرمی کا موسم ۔ مئی اور جون یا جیٹھ اور اساڑھ کے مہینے ۔

ندامت (ع ۔ مونث) انفعال ۔ پشیمانی ۔ شرمندگی ۔ خجالت ۔ خفت ۔ تاسف ۔ پچھتاوا ۔ افسوس (ندم ۔ پچھتانا) **ندامت اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) شرمندگی ہونا ۔ خجالت ہونا ۔ **ندامت زدہ** (صفت) پشیمان ۔ جسے ندامت ہو ۔ **ندامت ہونا** (لازم) شرمندگی ہونا ۔ خجالت ہونا ۔

ندان (ہ ۔ مذکر) آخر کار ۔ پیچھے ۔ بعد میں (مت)

ندانا (ہ ۔ متعدی) ۱ صاف کرنا ۲

جنگلی بوٹیاں کاٹنا۔ نکائی کرنا ۳ کاٹنا۔ فصل درو کرنا۔

نِدائی (ھ۔ مونث) ۱ نکائی۔ جنگلی بوٹیاں کاٹنا ۲ درو۔ فصل کاٹنا۔

نِدرا (س۔ مونث) ۱ نیند۔ سونا ۲ خمار۔ سستی۔ ندراگت (صفت) سویا ہوا۔ ندراگت ہونا (لازم) سویا ہوا ہونا۔ ندرالو (صفت) خمار آلود۔ جیسے نیند آئی ہو۔ ندرالمان (صفت) سویا ہوا۔

نِدرِت (س۔ صفت) سویا ہوا۔

نُدرَت (ع۔ مونث) ۱ اکیلا ہونا۔ یکتائی ۲ کمیابی۔ نادرپن۔ انوکھاپن۔ کمی ۳ عمدگی۔ خوبی ۴ (ع) تنہائی (نَدَرَ۔ اکیلا ہونا) ندرت طراز (صفت) عمدہ چیزوں سے سجانے والا۔

نِدرشن (س۔ صفت) ۱ اشارہ کرنے والا۔ دکھانے والا ۲ مشہور کرنے والا مشتہر کرنے والا ۳ سکھلانے والا ۴ (مذکر) دیکھنا ۵ نظارہ ۶ دکھانا۔ اشارہ کرنا ۷ اشارہ ۸ نشان۔ نشانی ۹ شہادت۔ گواہی ۱۰ مثال۔ تصویر ۱۱ آگاہی۔ پہلے سے خیال آنا ۱۲ شگون ۱۳ حکم۔ احکام۔

نِدَرنا (ھ۔ متعدی) بے عزتی سے پیش آنا۔ حقارت سے دیکھنا۔

نُدما (ع۔ مذکر) ندیم کی جمع۔ ساتھی۔ دوست۔ یار۔

ندولا (ھ۔ مذکر) ناند کی تصغیر۔ چھوٹا مٹی کا برتن۔ چھوٹا کونڈا۔ چھوٹی ناند۔

نَدوَہ (ع۔ مذکر) انجمن۔ مجلس۔ سبھا عربی میں ندوۃ ہے (نَدوَ۔ جلسہ کرنا) ندوۃ العلماء (مذکر) لکھنؤ کی ایک مشہور انجمن جس کی بنا ۱۹۰۱ء میں ڈالی گئی تھی۔ ہندوستان کے بڑے بڑے علماء اس کے ممبر ہیں۔

نِدھی (س۔ مذکر و مونث) ۱ وہ جگہ جہاں کوئی چیز رکھی جائے۔ ذخیرہ ۲ خزانہ ۳ اناج کا کھتا ۴ سمندر ۵ وہ آدمی جس میں بہت خوبیاں ہوں ۶ کوبیر کے خزانے جو نو ہیں۔ پدم۔ مہاپدم سنکھ۔ مکر۔ کچھپ۔ مکند۔ نند۔ نیلا۔ کھریا۔

ندھان (س۔ مذکر) ۱ رکھ چھوڑنا۔ سنبھال کر رکھنا۔ تحویل میں رکھنا ۲ وہ جگہ یا برتن جہاں کوئی چیز محفوظ رکھی جائے ۳ آرام کی جگہ۔ جگہ۔ مکان۔ گھر ۴ وہ چیز جس میں کوئی خاصیت ہو ۵ خزانہ۔

نِدَھڑک (ھ۔ صفت) ۱ بےخوف۔ نہ ڈرنے والا۔ نڈر۔ بہادر۔ دلیر ۲ (تف) بلاخوف و خطر۔ بہادری سے۔ دلیری سے۔ بغیر ہچکچاہٹ ۳ اچانک۔ فوراً۔

نِدھن (ھ۔ صفت) ۱ بغیر دولت یا روپیہ ۲ غریب مفلس (س نر+دھن) ۳ انجام۔ اخیر۔ خاتمہ ۴ موت۔ ہلاکت ۵ نقصان۔ بربادی۔ تباہی ۶ کمی۔ گھاٹا ۷ نسل۔ خاندان۔ سلسلہ ۸ ساتواں یا آٹھواں نکشتر (اس سے جس کے ماتحت کوئی شخص پیدا ہوا ہو ۹ (موسیقی) آخری ٹکڑا۔ خاتمہ۔ ندھنتا (مونث) غربت۔ مفلسی۔ ندھنی (صفت) غریب۔ مفلس۔

نِدھوَن (ھ۔ مذکر) ۱ ہلنا۔ حرکت کرنا ۲ جماع۔ بھوگ ۳ لطف۔ مزا ۴ کھیل۔ تماشا۔

ندی۔ نَدّی (ہ۔ مونث) ندیا (ھ) ۱ چھوٹا دریا۔ نالا۔ جو ۲ بہتا ہوا پانی چل دھار (س۔ نَد۔ آواز دینا) ندی اترنا (لازم) ندی کا پانی کم ہونا۔ ندی تیر (ھ) دریا کا کنارہ۔ ندیاں (مونث) ندی کی جمع۔ ندی چڑھنا (لازم) ندی میں پانی زیادہ آ جانا۔

امثال و اقوال۔ ندیا ناؤ گھاٹ بہتیرا۔ کہیں کبیر نام کا پھیرا (ھ) ہر چیز کا نام جدا جدا ہوتا ہے۔ گو کئی چیزیں ایک ہی قسم کی ہیں۔ ندی تو کیوں گھراتی ہے (گھبراتی کیوں ہے) ہیں پاؤں ہی نہیں دھرتا۔ تم کیوں گھبراتے ہو میں پہلے ہی تمہارے نزدیک نہیں آتا۔ ندی کنارے روکھڑا جب تب ہوئے بنارس۔ جو خطرناک کام کرتے ہیں نقصان اٹھاتے ہیں۔ ندی میں جانا پیاسے آنا۔ بدقسمتی۔ ندی ناؤ سنجوگ کٹ اور دھوکٹ لوگ۔ اتفاقی خوشی یا دم بھر کی صحبت بھی غنیمت ہے۔

نَدیدہ (ف۔ صفت) ۱ ان دیکھا۔ نہ دیکھا ہوا ۲ (اردو) وہ جسے کچھ میسر نہ ہوا ہو۔ وہ جس نے کبھی عمدہ کھانا نہ کھایا ہو۔ اور دوسرے کو کھاتے گھورے ۳ طالب۔ مشتاق۔ خواہشمند ۴ بخیل۔ کنجوس۔ تنگ دل۔ خسیس (نہ + دیدن دیکھنا) ندیدی (صفت۔ مونث) ندیدہ کی۔

نِدیش (س۔ مذکر) ۱ حکم۔ فرمان ۲ آگیا ۳ ہدایت ۴ حکم کے الفاظ ۵ قربت۔ نزدیکی ۶ ہمسائیگی۔ ندیشی (صفت) دکھانے والا۔ نشان دینے والا۔ بتلانے والا۔

نَدیم (ع۔ صفت) دوست۔ یار۔ ہمنشیں۔ مصاحب۔ ہم جلیس۔ ساتھی (نَدَم۔ ساتھی ہونا)

نڈر (ہ۔ صفت) ۱ جو نہ ڈرے۔ بےخوف۔ بیباک ۲ دلیر۔ بہادر۔ شجاع۔ جری (نہ ڈرنا سے) نڈرپن (ھ) پنا (ھ) نڈرتا (ھ) نڈرتائی (ھ۔ مونث) ۱ بےخوفی۔ بیباکی ۲ دلیری۔ جرات۔ نڈری (صفت مونث) ۱ نہ ڈرنے والی ۲ دیکھو نڈرتائی۔ نڈری آنکھیں (مونث) وہ آنکھیں جن میں ڈر نہ ہو۔ دیدہ دلیر آنکھیں۔

نِڈھال (ہ۔ صفت) نڈھول (ھ) ۱ تھکا ماندہ۔ مضمحل۔ ناتواں۔ بےحس و حرکت ۲ سست رہنا ہونا کے ساتھ (س۔ نر+ ڈھال ڈھالنا سے)

نَذر (ع۔ مونث) ۱ اپنے اوپر کوئی چیز واجب کرنا۔ عہد۔ اقرار ۲ خدا کے نام پر کوئی چیز دینا۔ جیسے صدقہ۔ قربانی۔ بھینٹ ۳ منت۔ چڑھاوا ۴ نیاز۔ فاتحہ۔ چراغی ۵ تحفہ پیشکش جو بڑے لوگوں یا بادشاہوں کی خدمت میں پیش کیا جائے (نَذَرَ۔ عہد کرنا) نذر ائمہ (مونث) اماموں کے گزارے کے لئے جاگیر۔ نذرانہ (مذکر) وہ چیز جو بطور پیشکش نذر دی جائے۔ تحفہ۔ ہدیہ۔ بھینٹ۔ نذر پکڑنا (متعدی) تحفہ یا ہدیہ دینا۔ پیشکش کرنا۔ نذر چڑھانا (متعدی) قبر یا تعزیے پر کوئی چیز بطور منت کے چڑھانا۔ نذر دکھانا یا دکھلانا (متعدی) ہاتھ پر نقدی یا رومال رکھ کر حاکم یا رئیس کے پیش کرنا۔ وہ ہاتھ لگا کر چھوڑ دیتے ہیں۔ نذر دینا (متعدی) ۱ تحفہ دینا۔ خصوصاً بڑے آدمی کو پیشکش پیش کرنا ۲ فاتحہ کرنا ۳ (کنایتہً) رشوت دینا ۴ سپرد کرنا۔ حوالے کرنا۔ نذر کا پنجہ چڑھانا (متعدی) منت پوری ہونے پر علم پر پنجہ چڑھانا۔ نذر کرنا

گزارنا۔ گزرانا۔ **منانا** (متعدی) دیکھو نذر دینا۔ **نذر ماننا** (متعدی) منت ماننا۔ عہد کرنا کہ فلاں بات ہونے پر فلاں چیز چڑھاوا چڑھائی جائے گی۔
نذریں دینا (متعدی) دیکھو نذر دینا۔ **نذر و نیاز** (مونث) فاتحہ و درود۔ شیرینی پھل یا جنس جو کسی بزرگ کے نام پر دی جائے۔ **نذر ہونا** (لازم) تحفہ دیا جانا۔ کوئی چیز دی جانا۔ پیشکش ہونا۔ **نذر ہے** حاضر ہے۔ موجود ہے۔ **نذریں** (مونث) نذر کی جمع۔ منتیں۔ پیشکش۔ **نذریں گزرنا** (لازم) کسی بڑے شخص یا بادشاہ کے سامنے نقدی اور تحفے پیش ہونا۔ **نذریں ہونا** (لازم) منتیں مانی جانا۔

مُنذُور۔ مَنذورات (ع۔ مونث) نذر کی جمع۔ نذریں۔ منتیں۔

نَذِیر (ع۔ صفت) ۱ ڈرانے والا ۲ پیغمبر صلعم کا لقب (نذر۔ ڈرانا) **نذیراً و بشیرا** (صفت) ڈرانے والا اور بشارت دینے والا۔ قرآن شریف میں پیغمبر صلعم کی تعریف میں کہا گیا ہے۔

نَر (ف۔ مذکر) وہ جانور یا انسان جس میں قوت رجولیت ہو۔ مرد۔ مذکر۔ پرش۔ مادہ کا نقیض۔ **نرگاؤ** (مذکر) بیل۔ **نرمادگی** (مونث) ۱ عاشق معشوق جو میٹی میں ہوتا ہے پیٹی کا ہک اور حلقہ ۲ کواڑ یا صندوق کا قبضہ۔ بازو ۳ قفل کی جھڑ۔ **نرمادہ یا مادین** (مونث) ۱ مذکر و مونث۔ مرد عورت ۲ طبلے کا دایاں اور بایاں ۳ کواڑ یا صندوق کا قبضہ ۴ نیشکر پیلنے کی مشین کے دو پیچ ارلشے۔ **نرمیش** (مذکر) مینڈھا۔ دنبہ۔ **نرینہ** (صفت) نر۔ مرد۔

مثل۔ نر کی دو جگہ توقیر نہیں بھینس کے اور کسبی کے۔ دونوں جگہ مادہ سے کام چلتا ہے۔ بھینس کا نر ایسا کام نہیں دیتا جیسے بیل اسلئے اسے عموماً مار ڈالتے ہیں۔

نَر (س۔ مذکر) ۱ مرد۔ مذکر۔ انسان۔ شخص ۲ خاوند ۳ بہادر۔ شجاع ۴ شطرنج یا چوسر کا مہرا ۵ دھوپ گھڑی کی سوئی ۶ پہلا انسان یا روح یہ نام عموماً نارائن کیساتھ استعمال ہوتا ہے۔ یہ دونوں دھرم اور مورتی یا اہنسا کے بیٹے ہیں۔ ارجن نر کا اوتار تھا اور کرشن جی نارائن کے۔ **نرپال** (مذکر) راجہ۔ بادشاہ۔ **نرپتی** (مذکر) راجہ **نروتم** (مذکر) ۱ بہترین انسان ۲ وشن جی ۳ بدھ۔ **نریش** (مذکر) راجہ۔ **نرینْدر** (مذکر) ۱ راجہ۔ بادشاہ ۲ وید۔ حکیم **نریندر کنیا** راجہ کی بیٹی۔ **نریندر مارگ** (مذکر) شاہراہ

نِر (س۔ حرف) بجائے نس کے ان حروف کے پہلے جو عموماً حروف علت سے شروع ہوں آتا ہے۔ بعض وقت حروف صحیح کے پہلے بھی آتا ہے ۱ دور۔ باہر ۲ نہیں۔ نہ ۳ بغیر ۴ کم۔ **نرادر** (صفت) ۱ جس کی عزت نہ ہو۔ بے عزت ۲ جو عزت نہ کرے گستاخ۔ بدتہذیب۔ **نرادر کرنا** (متعدی) ۱ گستاخی سے پیش آنا۔ بے عزتی کرنا۔ ہتک کرنا ۲ نفرت کرنا۔ حقارت سے پیش آنا۔ **نراس** (مذکر) ۱ نکالنا۔ اخراج۔ نکاس ۲ کوئی نقطہ یا آواز گرادینا ۳ طے کرنا ۴ (ھ) ناامیدی ۔مایوسی ۵ (صفت) ناامید۔ مایوس۔ **نراسا** (ھ۔ صفت) دیکھو نراس (ھ) **نراس کرنا** (متعدی) ناامید کرنا۔ **نراس ہونا** (لازم) مایوس ہونا۔ **نراسی** (ھ۔ مونث) ناامیدی مایوسی۔ **نرباہ** (ھ) دیکھو نباہ۔ **نرباہنا** (ھ) دیکھو نباہنا۔ **نربس** (ھ۔ صفت) ۱ بغیر طاقت، قوت۔ اختیار یا اثر ۲ بیکس ۳ کمزور۔ **نربسی** (مونث) ایک دوا کا نام۔ جدوار ۲ ایک پودہ ۳ ایک قسم کی گھاس۔ **نربل** (صفت) بغیر طاقت۔ کمزور۔ ناتواں۔ **نربندھ** (مذکر) ۱ کسی بات پر زور دینا ۲ ثابت قدمی۔ استقلال ۳ اصرار۔ ہٹ۔ ضد ۴ ارادہ۔ قصد۔ عزم ۵ (ھ۔ صفت) بغیر ہتھکڑی یا زنجیر۔ بلا قید ۶ سبکدوش ۷ آزاد۔ **نربند کرنا** (متعدی) اصرار کرنا۔ ضد کرنا۔ **نربنس یا نربنش** (ھ۔ صفت) ۱ بلا خاندان۔ جس کا کوئی آگے پیچھے نہ ہو بے اولاد ۲ خاندان جو ختم ہو چکا ہو۔ **نربوجھ** (ھ۔ صفت) جو سمجھ میں نہ آئے۔ **نربھاگی** (صفت) بدنصیب۔ بدقسمت۔ **نربہنا** (ھ) دیکھو نباہنا۔ **نرجل** (صفت) ۱ بغیر پانی کے (خشک) ۲ (مذکر) صحرا۔ **نرجلا ایکادشی** (مذکر) ایک تیوہار جو گیارھویں تھی جیٹھ کو ہوتا ہے۔ **نردر** (مذکر) غار۔ **نردوش** (صفت) بیگناہ معصوم (ٹھہرانا یا رکھنا کے ساتھ) **نردھن** (صفت) غریب۔ **نرگم** (مذکر) جانا۔ روانہ ہونا۔ رخصت۔ **نرگن** (صفت) ۱ جس میں کوئی خاصیت یا خوبی نہ ہو ۲ (مذکر) ایشور۔ **نرگندھ** (صفت) جس میں بو نہ ہو۔ **نرگھن** (صفت) ۱ بے رحم ۲ بے شرم ۳ قابل نفرت۔ **نرلج** (صفت) بے شرم۔ **نرلوبھ** (صفت) جسے لالچ نہ ہو۔ صابر۔ قانع۔ **نرمل۔ نرملا** (صفت) ۱ بیداغ ۲ خالص ۳ صاف۔ شفاف ۴ روشن ۵ بغیر بادلوں کے۔ **نروان** (مذکر) مکتی۔ نجات۔ **نرواہ** ۱ انتظام ۲ نباہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **نروچن** (مذکر) ضرب المثل۔ مقولہ۔ **نرلیش** (صفت) جس کا کوئی مالک نہ ہو۔

امثال۔ نربھاگی نے کھولی ہاٹ سے گئے بھرت اور بھاٹ۔ بدقسمت کے سارے کام اوندھے ہوتے ہیں۔ **نردھن کے دھن گردھاری**۔ غریب کا خدا حافظ۔

نَرا (ھ۔ مذکر) ۱ بجائے نر کے شعروں میں استعمال ہوتا ہے ۲ کھیت میں وہ گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔

نِرا (ہ۔ صفت) ۱ خالص۔ بے میل۔ صاف۔ نرمل ۲ اکیلا۔ واحد ۳ سادہ۔ خالی ۴ (تف) صرف۔ فقط۔ محض ۵ پورا۔ بالکل۔ سراسر (س نتراس) **نرا بس کی گانٹھ ہے**۔ ازحد شرارتی ہے۔ **نرا جون پور کا قاضی ہے**۔ بڑا بیوقوف ہے۔ **نرا عقل کا دشمن ہے**۔ سخت احمق ہے۔ **نرا کاٹھ کا الّو ہے**۔ بڑا بیوقوف ہے۔ **نری** (صفت۔ مونث) نرا کی۔

نِرالا (ہ۔ صفت) ۱ جدا۔ علحدہ۔ نیارا ۲ انوکھا۔ نادر۔ عجیب ۳ نئی وضع کا۔ نئی روشنی کا ۴ سب سے الگ۔ سب سے جدا (س نرالتے) ۵ (ھ) خالص۔ بے میل (نرا سے) **نرالاپن** (مذکر) ۱ انوکھا پن ۲ خصوصیت۔ اختصاص۔

نِرانا (ہ۔ متعدی) ۱ خودرو گھاس یا پودے نکالنا۔ نرائی کرنا۔ نکائی کرنا ۲ فصل کاٹنا۔ درو کرنا۔

نِرائی (ہ۔ مونث) نکائی۔ خودرو گھاس یا پودے نکالنا۔

نَرائِن (ہ۔ مذکر) نارائن کا مخفف۔ خدا۔ پرمیشر۔

نَربَراہ (ھ۔ مذکر) دیکھو بردراہ۔

نِرت (ھ۔ مذکر) ۱ ناچ۔ رقص ۲ بھاؤ۔ انداز۔ **نرت کرنا** (متعدی) ۱ بھاؤ بتانا ۲ ناچنا۔ **نرتکار** (مذکر) ناچنے والا۔ رقاص۔

نَرجا (ھ۔ مذکر) چھوٹی ترازو جسے سنار استعمال کرتے ہیں۔ نرزہ۔ کانٹا۔

نرخ (ف۔ مذکر) ۱ بھاؤ۔ شرح۔ در ۲ قیمت۔ مول۔ **نرخ بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) بھاؤ زیادہ ہونا۔ **نرخ بندی** (مونث) قیمت کا فیصلہ۔ تصفیۂ قیمت۔ **نرخ توڑنا** (متعدی) بھاؤ گھٹانا۔ **نرخ تیز ہونا** (لازم) بھاؤ بڑھ جانا **نرخ چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) نرخ تیز ہونا۔ **نرخ داروغہ** (مذکر) وہ شخص جو بھاؤ مقرر کرے۔ **نرخ گھٹانا** (متعدی)، **گھٹنا** (لازم) بھاؤ کم ہونا۔ **نرخ مقرر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بھاؤ نکلنا۔ قیمت مقرر ہونا۔ **نرخ نامہ** (مذکر) بازار کے نرخ کی فہرست جو ہفتہ وار افسران کو بھیجی جاتی ہے۔

مثل۔ نرخ متاعے کہ فراواں بود۔ گر بہ مثل جاں بود ارزاں بود۔ جو چیز کثرت سے ہو چاہے جان ہی ہو۔ اس کا بھاؤ سستا ہوتا ہے مطلب یہ ہے کہ بہت سی چیز کی قدر نہیں ہوتی۔

نرخرا (ہ۔ مذکر) گلے کی نالی۔ حلقوم۔ ٹینٹوا (اصل نرگھرا ہے) **نرخرا بولنا** (لازم) مرتے وقت حلق سے آواز نکلنا۔ گھر گھر لگنا۔

نرد (ف۔ مونث) ۱ چوسر کی گوٹ (اٹھانا۔ اٹھنا۔ پٹنا۔ پیٹنا۔ چلنا۔ مارنا۔ مرنا وغیرہ کے ساتھ) ۲ چوسر کا کھیل۔ **نرد اٹھنا** (لازم) نرد کا ایک گھر سے دوسرے گھر میں آنا۔ **نرد بان** (مذکر و مونث) سیڑھی۔ زینہ۔

نرزہ (ہ۔ مذکر) نرجا۔ چھوٹی ترازو۔ کانٹا۔

نرس (انگ۔ مونث) ۱ دایہ۔ دودھ پلانے والی (اصل وٹ نرس) ۲ وہ عورت جس کا پیشہ بیماروں کی خدمت ہو۔

نرس (س۔ صفت) ۱ بے رس ۲ خشک ۳ بے مزا۔ بے لطف۔ پھیکا ۴ جس میں خوبی یا خوبصورتی نہ ہو ۵ بے رحم۔ سفاک ۶ کمتر درجے کا۔ خراب ۷ (مذکر) خشکی۔ رس کا نہ ہونا ۸ پھیکا پن۔ بے لطفی ۹ احساسات کا نہ ہونا۔ بے رحمی۔ **نرسا** (ہ) ۱ بے مزہ۔ پھیکا ۲ کمتر درجے کا۔ خراب ۳ کھوٹا جس میں کھوٹ ملا ہو۔ **نرسا سودا** (مذکر) گھٹیا درجے کی چیز۔ **نرسی** (صفت مونث) دیکھو نرسا۔ **نرسی چاندی** (مونث) کھوٹی چاندی۔ چاندی جو خالص نہ ہو۔

نرسل (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا پودہ جس کے درمیان میں سرکنڈے کی شکل کی مگر بیچ میں سے خالی اور سخت شاخ نکلتی ہے۔ اس کے حقوں کے نیچے اور پتوں کی چٹائیاں بنتی ہیں ۲ نرل۔ نَسر۔ کلک۔ وہ شاخ جو پودے کے بیچ میں سے نکلتی ہے۔ یہ حقیقت میں اس پودے کی شاخ گل ہوتی ہے (س نٹ اور شر۔ ایک قسم کا سرکنڈہ)

نرسنگا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا بجانے کا سینگ۔ کرنا۔ دھوتو۔ بگل۔ ترئی۔ صور۔ ترم۔ ناقور۔

نرسنگیا (ہ۔ مذکر) نرسنگا بجانے والا شخص۔

نرسوں (ہ۔ مذکر) ۱ پرسوں سے پہلے کا دن۔ پرسوں کے بعد کا دن۔ آج سے چار دن پہلے یا بعد ۲ (تف) چار دن پہلے یا بعد۔

نرغا۔ نرغہ (ف۔ مذکر) ۱ آدمیوں کا حلقہ جو شکار کو ایک جگہ جہاں شکاری بیٹھا ہو گھیر کر لانے کے لئے بنایا جاتے ۲ بھیڑ۔ ہجوم۔ انبوہ۔ ٹھٹ ۳ مشکل۔ دقت۔ دشواری ۴ مصیبت۔ آفت (ف نرگہ) **نرغا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ غنیموں سے گھرنا۔ احاطہ ہونا۔ محصور ہونا۔ چاروں طرف سے چڑھائی ہونا ۲ ہجوم ہونا۔ ہنگامہ ہونا۔ **نرغے** (مذکر) بجائے نرغا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **نرغے میں آجانا** (لازم) مبتلائے آفت ہو جانا۔ معیبت میں گھر جانا۔ آفت میں پھنس جانا۔ **نرغے میں جان ہونا** (لازم) معیبت میں پھنسنا۔ جان عذاب میں ہونا۔ **نرغے میں ڈالنا** (متعدی) محصور کرنا۔ گھیرنا۔ پھانسنا۔ چاروں طرف سے گھیرے میں ڈالنا۔

نرفل (ہ۔ مذکر) نرکل کا مخرب۔

نرک (س۔ مذکر) ہندوؤں کا دوزخ۔ مسلمانوں کے دوزخ کی طرح اس کے بھی بہت سے حصے ہیں۔

مثل۔ نرک ہو میں ٹھیلا ٹھیلی فضول باتوں میں کوشش۔

نرکٹ (ہ۔ مذکر) نرکل۔

نرکس (ہ۔ مذکر) حلقوم۔ ٹینٹوا۔ حلق کی نالی۔

نرکل (ہ۔ مذکر) دیکھو نرسل (لکھنو)

نرکھرا (ہ۔ مذکر) **نرکھری** (مونث) دیکھو نرخرا۔

نرکھنا (ہ۔ متعدی) ۱ دیکھنا۔ نظر ڈالنا ۲ ملاحظہ کرنا۔ معائنہ کرنا۔

نرکھی (ہ۔ صفت) ۱ دیکھنے والا ۲ ملاحظہ کنندہ۔

نرگس (ف۔ مونث) ۱ ایک پودہ جس کے پتے گھاس کی مانند مگر ذرا چوڑے ہوتے ہیں۔ موسم سرما میں بیچ میں سے ایک شاخ نکلتی ہے۔ جس پر سفید اور نہایت خوشبودار پھول نکلتے ہیں۔ جن کے درمیان میں پتوں کا زرد پیالہ بنا ہوتا ہے ۲ اس پودے کا پھول اسے آنکھ سے تشبیہ دیتے ہیں ۳ (مجازاً) معشوق کی مست آنکھ۔ چشم معشوق۔ **نرگس بیمار۔ جادو یا رنجور** (مونث) معشوق کی آنکھ سے استعارہ کرتے ہیں۔ **نرگستان** **نرگستان** (مذکر) وہ مقام جہاں نرگس کے بہت سے پودے ہوں۔ **نرگس شہلا** (مونث) وہ نرگس جس کا پیالہ سیاہ ہو۔ **نرگس طناز یا فتان** (مونث) معشوق کی آنکھ سے استعارہ کرتے ہیں۔ **نرگس مخمور** (مونث) نشیلی آنکھ۔ متوالی آنکھ۔ **نرگس نیمخواب** (مونث) وہ آنکھ جو معشوقانہ انداز سے جھکی ہوئی ہو۔ **نرگسی** (صفت) ۱ نرگس سے نسبت رکھنے والا۔ نرگس سے مشابہ ۲ (مونث) ایک قسم کا کپڑا جس پر نرگس کے سے پھول ہوتے ہیں ۳ ایک قسم کا کھانا۔ **نرگسی پلاؤ** (مذکر) وہ پلاؤ جس میں ابلے ہوئے انڈوں کو گھی میں پکا کر اور درمیان میں سے دو کر کے رکھ دیتے ہیں۔ **نرگسی چشم** (صفت) وہ جس کی آنکھ نرگس سے مشابہ ہو۔ **نرگسی کباب** (مذکر) وہ کباب جو بیضۂ مرغ کا پوست دور کر کے قیمے کے ساتھ لپیٹ کر بناتے ہیں۔

نرم (ف۔ صفت) ۱ جو ہاتھ کو ملائم معلوم ہو۔ ملائم۔ کومل ۲ گدگدا ۳ پلپلا ۴ لوچدار ۵ نازک ۶ سبک۔ ہلکا۔ لطیف ۷ سہل۔ آسان ۸ متحمل۔ حلیم۔ بردبار ۹ سست۔ کاہل ۱۰ ڈھیلا۔ مدھم ۱۱ ڈھیلا ۱۲ معتدل۔ سستا (بھاؤ وغیرہ) ۱۳ زود ہضم (خوراک) ۱۴ سست (بازار) ۱۵ ناقص گھسا ہوا (سکہ) ۱۶ (تف) نرمی سے۔ بردباری سے

نرما (مذکر) ۱ سمبل کا درخت۔ اس کا پھول سرخ ہوتا ہے اور پھل میں سے نہایت نرم روئی نکلتی ہے ۲ ایک قسم کا کپڑا جس کے متعلق خیال ہے کہ اس روئی سے بنایا جاتا ہے۔ نرم آواز (مونث) ملائم اور باریک آواز۔ نرمانا (متعدی) نرم کرنا۔ ملائم کرنا۔ دھیما کرنا۔ نرمانرمی (مونث) کسی معاملے میں آہستگی۔ نرماہٹ۔ نرمائی (مونث) ملائمت۔ نرمی۔ نرم باتیں (مونث) میٹھی میٹھی باتیں۔ پیار کی باتیں۔ نرم چارہ (مذکر) ملائم خوراک لطیف غذا۔ زود ہضم غذا۔ نرم خو (صفت) دھیمے مزاج کا۔ نیک مزاج۔ نرم دل (صفت) رحم دل۔ نرم رو (صفت) ۱ دھیما ۲ آہستہ اور سوچ سمجھ کر کام کرنے والا۔ نرم روی (مونث) آہستہ اور سوچ کر کام کرنا۔ نرم زبان (صفت) ملائم اور آہستہ باتیں کرنے والا۔ نرم کرنا (متعدی) ۱ ملائم کرنا۔ دھیما کرنا ۲ غصہ دھیما کرنا ۳ شیشے میں اتارنا۔ نرم کوس (مذکر) کوس سے کچھ کم فاصلہ۔ نرم گرم (صفت) ۱ سخت سست۔ برا بھلا ۲ گرم و سرد زمانہ۔ اختلافِ زمانہ۔ نرم گرم اٹھانا یا سہنا (متعدی) ۱ بری بھلی بات کی برداشت کرنا سخت سست سہنا ۲ تجربہ کار ہونا۔ نرم لگام (صفت) جو لگام کے ذرا سے اشارے کو مانے (گھوڑا) نرم نرم (صفت) بہت نرم۔ نرمۂ گوش (مذکر) کان کی لو۔ ناگوش۔ نرمی (مونث) ۱ ملائمت ۲ نزاکت ۳ گدگداپن ۴ پلپلاپن ۵ لوچ ۶ ہلکاپن۔ لطافت ۷ سہولت۔ آسانی ۸ تحمل۔ بردباری برداشت ۹ دھیماپن ۱۰ آہستگی ۱۱ مہربانی۔ شفقت ۱۲ خوشامد۔ چاپلوسی ۱۳ کمی۔ تخفیف۔ نرمیّت (مونث) عربی طرز پر بنایا گیا ہے۔ نرمی ملائمت (مت)

مثل۔ نرم چوب را کرم می خورد۔ بھلے مانس کو سب لوٹتے ہیں۔

نرنجن (س۔ صفت) ۱ جس میں جوش یا غصہ نہ ہو ۲ (مذکر) ایشور کا ایک نام ۳ دیکھو نر کے تحت میں۔

نروارنا۔ نروانا (ھ۔ متعدی) کھولنا سلجھانا۔

نروپ (س۔ صفت) ۱ جس کی کوئی شکل نہ ہو ۲ بدشکل۔ بدنما ۳ بغیر جسم ۴ (مذکر) وہ شخص جس کی کوئی شکل نہ ہو ۵ ایشور کا ایک نام۔

نروپن (س۔ صفت) ۱ مقرر کرنے والا ۲ مقرر کرنا ۳ دریافت کرنا۔ تحقیق کرنا ۴ تعریف ۵ تفتیش۔ دریافت ۶ کیفیت۔ تفصیل تشریح ۷ تلاش۔ جستجو ۸ دیکھنا۔ نظارہ۔

نرودھ (س۔ مذکر) ۱ بند کرنا۔ قید ۲ ڈھانپنا۔ لپیٹنا ۳ روک۔ ممانعت ۴ ناامیدی مایوسی۔ نرودھن (مذکر) دیکھو آخری۔

نروکھ (ھ۔ مذکر) مذکر۔ تذکیر۔

نروگ۔ نروگا۔ نروگت۔

نروگی (ھ۔ صفت) ۱ بیماری سے بچا ہوا یا محفوظ۔ تندرست۔ باصحت ۲ خوش۔ مسرور۔ نروگ (تف)۔ اچھا۔ بھلا ۳ (مذکر) تندرستی صحت۔ بیماری سے بچاؤ۔ نروگی (مذکر) تندرست آدمی۔ نروگی پن (مذکر) بیماری سے بچاؤ۔ تندرستی۔ صحت۔

نرّہ (ف۔ صفت) ۱ مذکر ۲ مردانہ۔ مردکا ۳ اکھڑ۔ اجڈ ۴ بدشکل۔ بھدا ۵ گندہ۔ غلیظ ۶ (مذکر) آلۂ تناسل ۷ درخت کا تنا ۸ نفیر ۹ لہر۔ موج ۱۰ چابی کا گھر ۱۱ ہیجڑا۔ مخنث۔

نرہائی (ھ۔ مذکر) بیلوں کا ریوڑ۔

نرئی (ہ۔ مونث) ۱ گیہوں یا جو کی شاخ جس پر دانہ لگتا ہے ۲ ایک قسم کی گھاس جو تالابوں میں اگتی ہے (س نالک)۔

نری (ہ۔ مونث) ۱ نرخرہ۔ ٹیٹوا۔ حلقوم ۲ جلاہے کی نال۔ نلی (س نالِکا)

نری (ف۔ مونث) بکری یا بھیڑ کا رنگا ہوا چمڑا۔

نریا (ھ۔ مذکر) کھپرل۔

نریٹ۔ نرٹیا (ھ۔ مذکر) نرٹی (مونث) نرخرا۔ ٹیٹوا۔ حلقوم۔

نریکھنا۔ نریکھنا (ھ۔ متعدی) ۱ دیکھنا۔ تکنا ۲ ملاحظہ کرنا۔ معائنہ کرنا۔ امید رکھنا۔ آس رکھنا۔

نرڑ (ھ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا نرسل (س نڈا) ۲ ایک قوم جو چوڑیاں بناتی ہے۔ نرڑی (مونث) ایک قسم کی آتش بازی۔

نرڑا (ھ۔ مذکر) گاجر کے اندر کا سخت حصہ۔ نیڑا۔

نرڑا (ھ۔ مذکر) نرڑی (مونث) نرخرا۔

نزّ (ع۔ صفت) ۱ چست۔ چالاک۔ پھرتیلا۔ ہلکا ۲ ہوشیار۔ ذہین۔ پر مذاق ۳ ایک جگہ سے دوسری جگہ دوڑ کر جانے والا ۴ پھوٹنے والا (پانی) ۵ (مذکر) چست و چالاک آدمی ۶ شتر مرغ ۷ چشمہ۔ سوتا ۸ زمین جس میں سے چشمہ پھوٹے (نزّ۔ نکلنا)

نزاد (ف۔ صفت) دیکھو نژاد۔

نزار (ف۔ صفت) ۱ دبلا۔ پتلا۔ لاغر ۲ کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف۔ نحیف و زار ۳ مفلس۔ قلاش۔ نزاری (مونث) ۱ دبلاپن ۲ کمزوری۔

نزاع (ع۔ مونث) ۱ جھگڑا۔ فساد۔ تکرار۔ تنازع ۲ بیر۔ دشمنی۔ عداوت۔ خصومت (نزع۔ جلدی کرنا۔ تنازع۔ جھگڑنا) نزاع پڑنا (لازم) جھگڑا ہونا۔ عداوت ہونا۔ نزاعِ لفظی (مذکر) زبانی جھگڑا یا تکرار۔ نزاعیں (مونث) نزاع کی جمع۔ نزاعیں پڑنا (لازم) جھگڑے ہونا۔ فساد ہونا۔

نزاکت (ف۔ مونث) ۱ نازک پن ۲ ناز و ادا۔ آن و ادا ۳ تازگی۔ خوش اسلوبی اظہار نازک مزاجی ۴ باریکی۔ خوبی۔ لطف۔ نفاست ۵ نازک مزاجی ۶ کمزوری۔ ناتوانی ۷ ہلکاپن۔ نیکی۔ سبک روحی (نازک سے عربی طرز پر مصدر بنایا گیا ہے)

نزاہت (ع۔ مونث) ۱ بری باتوں سے دوری ۲ عیب سے پاک ہونا ۳ پاکیزگی۔ پاکی (نزہ۔ دور ہونا)

نزد (ف۔ تف) ۱ قریب۔ پاس۔ نزدیک ۲ آگے۔ پیش۔

نزدات۔ نزد واد (ہ۔ مونث) ۱ ناکافی بقایا ۲ بقایہ۔ ذمہ۔ مطالبہ ۳ حوالگی سپردگی (غالباً نزد سے بنایا گیا ہے۔ اہل حساب کی اصطلاح ہے)

نزدیک (ف۔ تف) ۱ قریب۔ پاس ۲ آگے۔ پیش ۳ رائے میں۔ سمجھ میں۔ نزدیک آپہنچنا (لازم) قریب آجانا۔ نزدیک آجانا یا آنا (لازم) پاس آنا۔ قریب آنا۔ نزدیک بین (صفت) وہ جو صرف پاس کی چیز دیکھ سکے۔ نزدیک

پھٹکنا (لازم) پاس آنا۔ قریب جانا۔ **نزدیک جانا** (لازم) ۱ پاس جانا قریب جانا ۲ مباشرت کرنا۔ جماع کرنا۔ ہم بستر ہونا۔ **نزدیک ہونا** (لازم) قریب ہونا۔ **نزدیکی** (مونث) ۱ پاس۔ قربت ۲ جماع۔ مباشرت۔

نَزَع (ع۔ مونث) جاں کنی۔ جاں کندنی۔ دم ٹوٹنا۔ جان کھنچنا (نَزَعَ۔ کھینچنا۔ نکالنا) **نزع کی حالت ہونا** (لازم) جاں بلب ہونا۔ مرنے کے قریب ہونا۔

نَزلہ (ع۔ مذکر) زکام۔ ایک مرض کا نام جس کی وجہ سے ناک میں پانی پیدا ہو کر حلق میں گرتا ہے اور سوزش پیدا کرتا ہے۔ بعض وقت گلا بند ہو جاتا ہے۔ اگر اس کا اثر سانس کی نالی میں ہو جائے تو نمونیا ہو جاتا ہے۔ اگر آنکھ پر ہو تو بینائی کم ہوتی ہے۔ بالوں پر ہو تو وہ سفید ہو جاتے ہیں (نَزَلَ۔ اُترنا) **نزلہ بند** (مذکر) ۱ وہ گول پھاہا جو نزلہ کو روکنے کے لئے کنپٹیوں پر لگاتے ہیں ۲ قرص زریں جو معشوق خوبصورتی کے لئے کنپٹیوں پر چسپاں کرتے ہیں۔ **نزلہ گرنا** (لازم) ۱ آب نزلہ کا کسی عضو یا بالوں پر اثر کرنا ۲ معطل یا بیکار ہونا ۳ (کسی پر) آفت آنا۔ شامت آنا۔ غضب نازل ہونا۔

مثل۔ نزلہ بر عضو ضعیف میریزد۔ مصیبت ہمیشہ کمزور پر آتی ہے۔

نُزُول (ع۔ مذکر) ۱ اترنا۔ نازل ہونا ۲ فروکش ہونا۔ ورود ۳ قرآن شریف یا وحی کا نازل ہونا ۴ آنکھ کی ایک بیماری جس سے آنکھ کی بینائی کم ہو جاتی ہے ۵ وہ پانی جو آنکھ میں آ جاتا ہے ۶ فتق۔ فوطوں کے بڑھ جانے کی بیماری ۷ وہ پانی جو فوطوں میں پڑ جاتا ہے ۸ سرکاری زمین۔ میونسپلٹی کی زمین ۹ ضبط شدہ زمین ۱۰ لشکر شاہی کا فروکش ہونا۔ ورود لشکر (نَزَلَ۔ اُترنا) **نزولِ آب** (مذکر) پانی اترنا۔ دیکھو نزول ۴ و ۵۔ **نزول اجلال یا اقبال** (مذکر) بادشاہ کا آنا (فرمانا کے ساتھ) **نزولِ وحی** (مذکر) وحی آنا۔ **نزول کرنا** (متعدی) آشوب چشم میں مبتلا کرنا۔ **نزولی** (صفت) ۱ سرکاری۔ محکمہ نزول کا ۲ وہ جو ضبط ہو جائے (زمین) ۳ (مونث) ضبط شدہ زمین ۴ مکان جس میں بغیر اجازت اترا جائے ۵ بغیر اجازت کسی مکان میں اترنا۔

نُزہَت (ع۔ مونث) ۱ دور رہنا۔ فاصلہ ۲ پاکیزگی۔ بے عیب ہونا۔ تر و تازگی ۳ خوشحالی۔ فرحت انبساط۔ خوشی۔ خرمی۔ سرور ۴ عیش و نشاط۔ حظ نفسانی (نَزِہَ۔ دور ہونا) **نزہت افزا** (صفت) خوشبو کو زیادہ کرنے والا۔ **نزہت انتما** (صفت) خوشبو سے ملتا ہوا خوشبو دار۔ مہکا ہوا۔ **نزہت خاطر** (مونث) خوش دلی۔ دل بہلاوا۔ انبساط دل۔ **نزہت کدہ** (مذکر) **گاہ** (مونث) ۱ تر و تازہ و سبز جگہ۔ پاکیزہ مقام ۲ تماشا گاہ۔ سیر گاہ۔

نَزِیل (ع۔ صفت) ۱ جو کسی جگہ نازل ہو۔ اترنے والا ۲ مجازاً مسافر۔ پردیسی۔ مہمان (نَزَلَ۔ اترنا)

نَژاد (ف۔ مونث) ۱ اصل۔ نسل۔ حسب و نسب۔ خاندان ۲ تخم۔ نطفہ۔ **نژادہ** (صفت) اچھے خاندان کا۔ شریف۔ نجیب۔

نَژَندہ (ف۔ صفت) ۱ بدلہ ہوا (غم یا عمر کی وجہ سے) ۲ مغموم۔ غمگیں۔ اداس ۳ ناراض۔ غصے۔ خفا ۴ خوفناک۔ ڈراونا ۵ پست۔ نیچا ۶ ذلیل۔ خوار۔

نَس (ہ۔ مونث) ۱ رگ۔ پے۔ عرق۔ بدن کی وہ نالی جس میں خون چلتا ہے ۲ پٹھا۔ عصب ۳ ریشہ ۴ (عو) آلہ تناسل (س سَنسا) **نس جال** (مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں بہت سی رگیں جمع ہوں۔ رگوں کا جال ۲ بڑا جال۔ مکڑی کا جال ۳ مکر و فریب توڑ جوڑ۔ **نس جال پھیلا رکھنا یا پھیلانا** (متعدی) پھندے میں پھنسانا۔ توڑ جوڑ کرنا۔ **نس بھڑک جانا یا بھڑکنا** (لازم) ۱ پٹھا یا رگ چڑھنا۔ رگ پر صدمہ پہنچنا ۲ پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا۔ **نس دار** (صفت) بہت رگوں والا۔ رگدار۔ ریشہ دار۔ **نس کٹا** (صفت) خواجہ سرا۔ ہیجڑہ۔ زنخا۔ زنانہ۔ **نس مرنا** (لازم) رگ یا پٹھے کا کمزور ہونا۔

نِس (س۔ حرف نفی) ۱ نہ۔ نہیں۔ بن۔ بغیر۔ بے ۲ (حرف جر) باہر۔ دور۔ پرے مختلف حروف کے پہلے۔ ن۔ نر۔ نس۔ نش وغیرہ کے ساتھ بدل جاتا ہے۔ اردو میں نسے بدل جاتا ہے۔

نِش۔ نِسا (ہ۔ مونث) رات۔ شب۔ لیل۔ رین۔ **نساچر** (صفت) ۱ وہ جو رات کو پھرے شب رو۔ شب گرد ۲ (مذکر) وہ جانور جو رات کو نکلے ۳ چور۔ راہزن۔ سارق۔ قزاق ۴ بھوت۔ پریت۔ جن۔ دیو۔ راکشس۔ **نساچری** (مونث) چڑیل۔ ڈائن۔ بھتنی۔ چھل پائی۔ **نس باسر** (تف) ۱ رات دن۔ شب و روز ۲ ہر وقت۔ ہمیشہ ۳ لگاتار۔ **نسچر۔ نسچری**۔ دیکھو نساچر و نساچری۔ **نسچرائی** (مونث) رات کو باہر پھرنا۔ شب روی۔ شب گردی (کرنا ہونا کے ساتھ) **نِسدِن** (تف) دیکھو نس باسر۔

مثل۔ نس دن کھانا۔ کام کرن کو آسکتانا۔ بہت کھانے والا مگر کام چور۔

نَسا (س۔ مونث) ناک۔

نَسّاب (ع۔ صفت) علم نسب کا جاننے والا (نَسَبَ۔ آبا و اجداد کا نام بتانا)

نَسّاج (ع۔ مذکر) ۱ جلاہا ۲ مجازاً دروغ گو۔ جھوٹا۔ سخن ساز (نَسَجَ۔ بُننا)

نِسار (س۔ صفت) ۱ کمزور۔ ضعیف ۲ پھیکا۔ بدمزہ ۳ نالائق۔ بیوقعت ۴ شیخی خورہ ۵ بے وجود ۶ ناپائیدار۔ فانی۔

نِسارنا (ہ۔ متعدی) نکال دینا۔ باہر کرنا۔ دفع کرنا۔ ہٹا دینا۔

نِساس۔ نِساسا (ہ۔ مذکر) ۱ سانس باہر نکالنا ۲ سانس لینا۔ تنفس۔ دم کشی ۳ سانس ۴ آہ۔

نِسانا (ہ۔ متعدی) ۱ ہلاک کرنا ۲ تلف کرنا۔ مٹانا۔ برباد کرنا ۳ خراب کرنا۔ ضائع کرنا ۴ خرچ کرنا۔ اڑانا ۵ (لازم) گم ہونا۔ کھویا جانا ۶ برباد ہونا ۷ ہلاک ہونا۔ مرنا۔

نَساوَن (ہ۔ صفت) ۱ ہلاک کرنے والا۔ تباہ کرنے والا ۲ (مذکر) ہلاک کرنا۔ تباہ کرنا۔ **نساونا** (متعدی) دیکھو نسانا۔

نِساء (ع۔ مونث) امرأۃ کی جمع خلاف قیاس عورتیں۔ بیویاں۔ استریاں۔ ناریاں۔ **نسائی** (مونث) عورتوں کے متعلق۔

نَسائِم (ع۔ مونث) نسیم کی جمع۔ سرد خوشبودار ہوائیں۔ بھینی بھینی ہوائیں۔

نِساوَرا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا کبوتر جس کا رنگ سبز اور دو شہپر سفید ہوتے ہیں۔

نَسَب (ع۔ مذکر) اصل نسل۔ نژاد۔ سلسلۂ خاندان۔ باپ کی طرف سے نسبت (نَسَب آباد اجداد کا نام بتانا) **نسب ملنا** (لازم) شجرہ ملنا۔ مختلف اشخاص کا ایک ہی شخص کی اولاد ہونا **نسب نامہ** (مذکر) شجرۂ نسب۔ کرسی نامہ۔ **نسب نما** (مذکر) کسر کا نیچے کا ہندسہ۔ وہ عدد جس سے معلوم ہو کہ ایک عدد کے اتنے برابر حصے کئے گئے ہیں۔ **نسبی** (صفت) نسب سے منسوب۔ خاندانی

نِسبَت (ع۔ مونث) ۱ کسی چیز کی طرف منسوب ہونا ۲ لگاؤ۔ علاقہ۔ تعلق۔ واسطہ ۳ مناسبت۔ مشابہت۔ مطابقت ۴ منگنی۔ سگائی ۵ پیغام شادی۔ نکاح کا پیغام ۶ نسب۔ حسب نسب ۷ حوالہ۔ نظیر ۸ بابت ۹ (تف) تفضیل بعض کے لئے جیسے اس کی نسبت یہ اچھا ہے ۱۰ مقابلہ میں۔ بلحاظ۔ بنظر (نَسَب۔ آباؤ اجداد کا نام بتانا) **نسبت آنا** (لازم) شادی کا پیام آنا۔ **نسبت اضافی** (مونث) دیکھو اضافی۔ **نسبت تناسب** (مذکر) اربعہ متناسبہ۔ **نسبت ٹھہرنا** (لازم) منگنی ہونا۔ سگائی ہونا۔ **نسبت دینا** (متعدی) تشبیہ دینا۔ نظیر دینا۔ **نسبت رکھنا** (متعدی) تعلق رکھنا۔ لگاؤ رکھنا۔ **نسبت کرنا** (متعدی) ۱ منگنی کرنا۔ سگائی کرنا ۲ کسی چیز کی طرف منسوب کرنا۔ **نسبت ناتا** (مذکر) رشتہ داری۔ شادی بیاہ (ٹھہرنا ہونا کے ساتھ) **نسبت نامہ** (مذکر) نسب نامہ۔ **نسبت ہونا** (لازم) ۱ تعلق ہونا۔ علاقہ ہونا ۲ مناسبت ہونا۔ شابہت ہونا ۳ منگنی ہونا۔ سگائی ہونا۔ **نسبتی** (صفت) ۱ رشتہ دار۔ قرابتی ۲ نسبت رکھنے والا **نسبتی بھائی** (مذکر) ۱ بہنوئی۔ دولہا بھائی ۲ سالا۔ جورو کا بھائی۔

نَسْتْ (س۔ مذکر) ۱ ناک ۲ نسوار۔

نِستار (س) **نِستارا** (ھ۔ مذکر) ۱ گزرنا۔ عبور کرنا ۲ خلاصی۔ رہائی۔ چھٹکارا ۳ گناہوں کی معافی۔ نجات۔ مکتی ۴ برکت ۵ قرض کی ادائیگی ۶ بدلہ۔ عوض ۷ فیصلہ۔ **نستارا کرنا** (متعدی) ۱ رہائی دلانا۔ رہا کرنا۔ آزاد کرنا ۲ آواگون کے سلسلے سے آزادی دینا ۳ قرض ادا کرنا ۴ بدلہ دینا۔ **نستارنا** (متعدی) دیکھو نستارا کرنا۔

نَستَرن (ف۔ مونث) ۱ ایک قسم کا پودہ جس کے پھول بہت خوشبو دار اور سفید ہوتے ہیں۔ یہ گلاب کی ایک قسم ہے۔ سیوتی ۲ اس کا پھول۔

نَستَعلیق (ع۔ مذکر) ۱ وہ خط جس میں آج کل فارسی اور اردو زبان لکھی جاتی ہے۔ اس کا موجد میر علی تبریزی تھا ۲ (صفت) شائستہ۔ مہذب۔ تربیت یافتہ ۳ عمدہ۔ خوبی کا ۴ فصیح۔ بلیغ۔ خوش گفتار (نسخ اور تعلیق کا مخفف) **نستعلیق بول چال یا گفتگو** (مونث) فصیح و بلیغ گفتگو شستہ کلام۔ **نستعلیق گو** (صفت) خوش بیان۔ خوش گفتار۔ فصیح۔

نَستک (س۔ مذکر) مویشی کی ناک جس میں رسی ڈالتے ہیں۔

نِستوک (ھ۔ مذکر) ۱ نبیڑا۔ چکوتا۔ فیصلہ ۲ (تف) تمام۔ کلھم۔ بالکل۔ پورے طور سے۔

نَسج (ع۔ مذکر) کپڑا بننا۔

نَسخ (ع۔ مذکر) ۱ تردید۔ منسوخی۔ بطلان ۲ تنسیخ ۳ کسی چیز کو اس سے بہتر چیز بنا کر رد کر دینا ۴ نقل۔ تحریر کی نقل۔ کتابت۔ کاپی ۵ عربی کا ایک مشہور قدیمی طرز خواجہ عماد الدین کی ایجاد ہے (نَسخ۔ لکھنا) **نسخ کرنا** (متعدی) ۱ لکھنا ۲ منسوخ کرنا ۳ نامنظور کرنا۔ **نسخ و نسیان** (مذکر) اصطلاح شرع۔ کسی پہلے حکم کو منسوخ کر کے دوسرا اس کی جگہ مقرر کرنا۔

نُسَخ (ع۔ مذکر) نسخہ کی جمع۔ کتابیں۔

نُسخجات (ع۔ مذکر) نسخہ کی جمع جو ایرانیوں نے بنائی ہے۔

نُسخہ (ع۔ مذکر) ۱ وہ چیز جو لکھی ہوئی ہو۔ کاپی۔ مکتوب۔ کتابت ۲ کتاب۔ جلد۔ رسالہ ۳ کاغذ کا وہ پرچہ جس پر طبیب دوائیاں۔ ترکیب استعمال وغیرہ لکھ کر دیتا ہے ۴ ترکیب۔ ڈھنگ ۵ چٹکلا۔ لٹکا (نَسخ۔ لکھنا) **نسخہ باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) نسخے پر لکھی ہوئی دواؤں کی پڑیاں باندھی جانا۔ **نسخہ لکھا جانا** (لازم) **لکھانا** (مم) **لکھنا** (متعدی) **لکھوانا** (مم) پرچہ پر ادویات تحریر کرانا۔ **نسخہ نویس** (مذکر) نسخہ لکھنے والا۔ طبیبوں کے پاس اکثر ایسے آدمی رہتے ہیں جنہیں وہ نسخے لکھاتے ہیں۔ **نسخہ نویسی** (مونث) ۱ نسخہ لکھنا۔ کاغذ پر دوائیاں لکھنا ۲ کتابت۔

نَسر (ع۔ مذکر) ۱ گدھ ۲ عقاب (نَسر نوچنا گوشت کو گدھ کا) **نسر طائر** (مذکر) ایک قدیم شمالی صورت کوکبہ کا نام جو اڑتا ہوا گدھ یا عقاب) **نسر واقع** (مذکر) ایک قدیم جنوبی صورت کوکب۔ **نسرین** (مذکر) ہر دو آخری صورتیں۔

نِسَرن (س۔ مذکر) ۱ باہر جانا۔ نکلنا ۲ گھر سے نکلنے کا رستہ ۳ روانگی ۴ موت ۵ مکتی۔ نروان ۶ علاج۔ چارہ۔ **نِسَرنا** (ھ۔ لازم) ۱ باہر جانا۔ نکلنا ۲ رخصت ہونا۔ روانہ ہونا۔

نَسرین (ف۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا سفید گلاب کا پودہ سیوتی ۲ اس کا پھول۔

نَسَق (ع۔ مذکر) ۱ قاعدہ۔ دستور روش ۲ ترتیب۔ انتظام۔ بندوبست (نَسَق۔ ترتیب وار رکھنا) **نسقچی** (صفت) ۱ انتظام کرنے والا ۲ (مذکر) حاجب دیوان ۳ جلاد۔ **نسقچی باشی** (مذکر) حاجب اعلیٰ (ت)۔

نَسل (ع۔ مونث) ۱ آل اولاد۔ بال بچے۔ خاندان ۲ اصل۔ تخم ۳ قبیلہ۔ قوم (نَسَل۔ جننا) **نسل انسانی** (مونث) انسان کی اولاد۔ انسان۔ **نسلاً** (تف) نسل سے۔ وراثت میں۔ **نسلاً بعد نسلاً** (تف) پشت بہ پشت۔ **نسل بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) اولاد کا زیادہ ہونا۔ پود بڑھنا۔ **نسل پدری** (مونث) باپ کا خاندان۔ **نسل دار** (صفت) اچھی نسل کا۔ اصل۔ **نسل مادری** (مونث) ماں کا خاندان۔ ننہال۔

نَسنا (ھ۔ لازم) ۱ غائب ہونا ۲ (پ) بھاگنا ۳ چنپت ہونا۔ فرار ہونا۔

نِسناس (ع۔ مذکر) ۱ بن مانس۔ ایک قسم کا بندر ۲ ایک قسم کا خیالی جانور جو انسان سے مشابہ ہوتا ہے مگر اس کی ایک آنکھ ایک ہاتھ اور ایک ٹانگ ہوتی ہے۔ پھدک کر چلتا ہے ۳ ایک قسم کا شیطان

نِنشٹھ (ھ۔ صفت) منحوس۔ نجس۔ بدشگون۔ بے برکت

نَسوار (ہ۔ مونث) ناس۔ ہلاس۔ پسا ہوا تمباکو درست

نِسوان (ع۔ مونث) نساء کی جمع۔ عورتیں۔ بیویاں۔ مستورات۔ **نسوانی** (صفت) عورتوں سے منسوب۔

نِسوت (ع۔ صفت) ۱ خالص ۲ صاف۔ نتھرا ہوا۔ نرمل ۳ نرا۔ نرالا ۴ پتلا شوربہ ۵ ایک قسم کا پودہ جس کی جڑ جلاب دینے کے کام آتی ہے۔

نِسوڑھیا (ہ۔ صفت) منحوس۔

نَسی (ہ۔ مونث) پھالی۔ پھار۔ برس۔

نَسیا (اردو۔ مذکر) پیسا (قصابوں کی اصطلاح)

نَسیا (س۔ مونث) ۱ ناک ۲ ناتھ مُہار۔

نَسیاً مَنسِیّا (ع۔ صفت) بھولا ہُوا۔ فراموش۔ از یاد رفتہ۔

نِسیان (ع۔ مذکر) بھول۔ فراموشی۔ سہو۔ چوک۔

نَسیٹھ (ہ۔ صفت) منحوس۔

نَسیلا (ہ ن۔ صفت) نسدار۔ ریشے دار۔

نَسیم (ع۔ مونث) بھینی بھینی خوشبودار ہوا۔ ٹھنڈی ہوا۔ مطلق ہوا (نَسَمَ۔ ہوا کا آہستہ سے چلنا) **نسیمِ سحر یا سحری** (مونث) صبح کی ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا۔

نَسینی۔ نِسینی (ہ۔ مونث) سیڑھی۔

نِسیَہ (ع۔ مذکر) ۱ تاخیر۔ دیر۔ موقع ۲ ادھار۔ نرخ جنس ۳ ادھار بیچنا ۴ وقت جو قرض کی ادائیگی کیلئے دیا جائے (نَسَاَ دیر کرنا) ۵ بھولی ہوئی چیز۔ بے وقعت چیز۔ بے فائدہ چیز۔ وہ چیز جو بے فائدہ سمجھ کر پھینک دی جائے۔

نَسیہ (س۔ صفت) ۱ ناک کے متعلق۔ ناک کا ۲ (مذکر) نسوار۔ ہلاس

نِسیہار (ہ۔ مذکر) چھوٹا ہل۔

نَش (س۔ مذکر) ۱ تباہی۔ بربادی ۲ غائب ہو جانا

نِش (س۔ حرف) ۱ بجائے نِس چ چھ۔ ک۔ کھ۔ ت وغیرہ کے پہلے استعمال ہوتا ہے ۲ (مونث) رات۔

نِشا (ع۔ مذکر) دیکھو نشہ۔

نَشا (ع۔ مذکر) فارسی نشان کا مخرب ۱ یقین۔ اعتبار۔ اعتماد ۲ تسلی ۳ اعتقاد ۴ امن محفوظ رہنا۔ **نشا خاطر** (مونث) دل کی تسلی۔ دلجمعی۔ خاطر جمعی۔ اطمینان۔ قناعت (رہنا کرنا ہونا کے ساتھ) (صفت)

نِشا (س۔ مونث) ۱ رات۔ شب۔ لیل ۲ خواب۔ سپنا ۳ املی **نِشا پُل** (مذکر) مفصلہ ذیل بروج کا مجموعی نام ثور۔ جوزا۔ سرطان۔ قوس اور جدی۔ **نشاچر** (صفت) ۱ رات کو چلنے والا ۲ الو ۳ گیدڑ۔ سانپ ۴ راکھشس ۵ شوچی **نشاچری** (مونث) ۱ بھتنی۔ دیوانی ۲ چمگادڑ ۳ عورت جو رات کو اپنے آشنا سے ملنے جائے

نِشات (س۔ صفت) ۱ تیز۔ دھاردار ۲ چمکدار۔ آبدار ۳ وارنش کیا ہُوا۔

نِشات (ع۔ مونث) ۱ اگنا ۲ ظاہر ہونا۔ پھوٹنا۔ پیدا ہونا ۳ وہ چیز جو آگے یا پیدا ہو ۴ مخلوق۔ عالم (نَشَأَ۔ اُگنا) **نشاتین** (تثنیہ) دونوں جہان۔ دنیا و آخرت۔

نِشاد (س۔ مذکر) ۱ برہمن مرد اور شودر عورت کا بیٹا ۲ ہندوستان کی اصلی قوموں میں سے کوئی ایک بھیل۔ گونڈ وغیرہ ۳ ان قوموں کا ایک فرد ۴ پہلا سُر۔

نِشاستہ (ف۔ صفت) ۱ جمایا ہُوا۔ بیٹھا ہُوا ۲ (مذکر) گیہوں کا گودا۔ مغز گندم ۳ کلف۔ آہار۔ فالودہ۔ مانڈی۔ پیچ (جمانا وغیرہ کے ساتھ) (نشاستن۔ بٹھانا)

نَشاط (ع۔ مذکر) ۱ خوشی۔ مسرت۔ شادمانی۔ انبساط۔ خرمی۔ فرحت ۲ عیش۔ طرب۔ مزا۔ لطف۔ حظ (نَشَطَ۔ خوش ہونا) **نشاط افزا** (صفت) خوشی زیادہ کرنے والا۔ **نشاط باغ** (مذکر) کشمیر میں ایک باغ۔ **نشاط پرست** (صفت) خوش رہنے والا۔ **نشاطِ کار** (مذکر) کام کرنے کی خوشی۔

نِشان (ف۔ صفت) ۱ بٹھانے والا۔ مقرر کرنے والا۔ اثر کرنے والا۔ نشان کرنے والا۔ کم کرنے والا۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے جلالت نشان۔ خاطر نشان ۲ (مذکر) آثار۔ علامت ۳ کھوج۔ سراغ ۴ پتا۔ نام و نشان ۵ نقش۔ ٹھپہ۔ چھاپہ ۶ وہ لکیر وغیرہ جو ان پڑھ دستخط کی بجائے کاغذ پر بنا دیتے ہیں ۷ یادگار۔ نشانی۔ یادگاری ۸ اثر ۹ داغ۔ دھبا ۱۰ کارخانوں کی مہر۔ ٹریڈ مارک۔ چھاپ ۱۱ بادشاہ کا فرمان۔ شاہزادے کا حکم ۱۲ جھنڈا۔ علم ۱۳ وہ انگوٹھی یا چھلا جو دولھا کو دلھن والے اور دلھن کو دولھا والے پہناتے ہیں ۱۴ پتا۔ سرنامہ ۱۵ نقش جو چلنے سے زمین پر پڑ جائے۔ کھرا۔ کھوج ۱۶ یادگار۔ نشانی ۱۷ تمغہ ۱۸ کسی فرقے یا جماعت کی علامت ۱۹ زخم یا پھوڑے کا داغ ۲۰ خاصیت۔ خصوصیت ۲۱ سراغ ۲۲ ٹھکانا یا رہنے کا مقام ۲۳ ہدف۔ نشانہ ۲۴ (ف) نصیب۔ حصہ۔ بخرہ (نشاندن۔ بٹھانا) **نشانات** (مذکر) نشان کی جمع۔ **نشان اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) جھنڈا اٹھنا یا نکلنا۔ **نشان باقی نہ چھوڑنا یا رکھنا** (متعدی) **رہنا** (لازم) نیست و نابود ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔ یادگار نہ رہنا۔ **نشان بردار** (مذکر) علم بردار۔ **نشان بنانا** (متعدی) ۱ علامت بنانا ۲ دستخط کی جگہ لکیر وغیرہ بنانا۔ **نشانِ پا** (مذکر) پاؤں کا نشان۔ کھوج۔ **نشان پانا** (متعدی) پتا پانا۔ سراغ پانا۔ **نشان پر سہرا چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) منت پوری ہونے پر جھنڈے پر سہرا لٹکایا جانا۔ **نشان پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) ۱ دھبا پڑنا ۲ چوٹ کی علامت باقی رہنا ۳ نقش بنجانا۔ **نشان چڑھانا** (متعدی) منگنی کے روز دلھن کو چھلا وغیرہ پہنانا۔ **نشانچی** (مذکر) علم بردار۔ **نشان بردار** (صفت) علمبردار۔ **نشان دہی** (مونث) پتا یا ٹھکانا بتانا (کرنا ہونا کے ساتھ) **نشان دینا** (متعدی) ۱ پتا دینا۔ سراغ لگانا ۲ صحیح کرنا۔ تصدیق کرنا ۳ کوئی علامت بنانا یا کرنا۔ **نشان ڈالنا** (متعدی) ۱ کوئی علامت بنانا ۲ دھبا لگانا ۳ مہر لگانا۔ نقش بنانا۔ **نشان رہجانا** (لازم) ۱ علامت یا یادگار باقی رہنا ۲ دھبا رہجانا۔ **نشان سے گزر جانا** (لازم) ناموری حاصل کرنے کی خواہش نہ رہنا۔ **نشان کرنا** (متعدی) ۱ دھبا ڈالنا ۲ کوئی علامت بنانا ۳ صحیح کرنا۔ صادر کرنا۔ **نشان گاڑنا** (متعدی) جھنڈا گاڑنا۔ **نشان مٹانا** (متعدی) **مٹنا** (لازم) ۱ علامت مٹنا ۲ دھبا مٹنا ۳ مجازاً نام و نشان نہ رہنا۔ **نشان ملنا** (لازم) سراغ ملنا۔ **نشان نہ رکھنا** (متعدی) تباہ یا برباد کرنا۔ نیست و نابود کر دینا۔ **نشان نہ ہونا** (لازم) پتا نہ ہونا۔ **نشانہ** (مذکر) ۱ وہ علامت جو تیر یا گولی مارنے کے لئے بنائیں۔ ہدف۔ شست۔ زد ۲ ٹھیرنے کی جگہ۔ ٹھکانہ۔ مقام۔ نازل ہونے کی جگہ۔ **نشانہ اڑا دینا۔ اڑانا** (متعدی) **اڑنا** (لازم) تیر گولی وغیرہ کا نشانہ پر لگنا۔ **نشانہ انداز** (صفت) ٹھیک نشانہ لگانے والا۔ **نشانہ باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) شکار کرنے یا مشق کرنے کیلئے ہتھیار کا آنکھ کے اس طرح سامنے ہونا کہ تیر یا گولی نشانہ پر جا کر لگے۔ **نشانہ بنانا** (متعدی) **بننا**

(لازم) گولی یا تیر وغیرہ مارنے کی جگہ بننا۔ گولی یا تیر لگنا۔ کنایتاً ہدف ملامت ہونا۔ **نشانہ بچنا** (لازم) نشانہ خطا کرنا۔ **نشانہ بیٹھنا** (لازم) تیر یا گولی وغیرہ کا موقع پر لگنا۔ **نشانہ پٹ پڑنا** (لازم) تیر وغیرہ کا ٹھیک جگہ پر نہ لگنا۔ **نشانہ پر بیٹھنا** (لازم) **نشانہ پر پڑنا یا پہنچنا** (لازم) تیر کا ٹھیک اس جگہ پر لگنا جہاں کا نشانہ لگایا ہو۔ مقصد بر آنا۔ **نشانہ تاکنا یا جوڑنا** (متعدی) دیکھو نشانہ باندھنا۔ **نشانہ چوکنا** (لازم) **خطا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) تیر وغیرہ کا نشانہ پر نہ لگنا۔ **نشانہ خالی نہ جانا** (لازم) وار خالی نہ جانا۔ شست پر لگنا **نشانہ کرنا۔ لگانا یا مارنا** (متعدی) تیر وغیرہ شست باندھ کر نشانہ پر مارنا۔ شکار کرنا۔ چاند ماری کرنا۔ **نشانہ ہونا** (لازم) دیکھو نشانہ پڑنا **نشانہ ہُچ جانا** (لازم) نشانہ خطا کر جانا (عف) **نشانہ ہونا** (لازم) تیر وغیرہ سے مارا جانا۔ آماجگاہ بننا۔ شکار ہونا۔ **نشانی** (مونث) وہ چیز جو کوئی کسی کو بطور یادگار دے۔ یادگار۔ وہ کاغذ وغیرہ جو کتاب میں اس صفحہ پر رکھتے ہیں جہاں پڑھنا چھوڑیں۔ بک مارک۔ وہ نشان جو کپڑے یا کسی چیز پر بنا دیتے ہیں۔ وہ گرہ جو رومال وغیرہ میں اس غرض سے دیتے ہیں کہ کوئی کام یاد آجائے۔ وہ نشان جو حساب کے کاغذ پر لگاتے ہیں۔ دھوبی کا نشان۔ وہ انگوٹھی جو ساچق کے روز دولھا والے دلھن کو اور دلھن والے دولھا کو پہناتے ہیں۔ وہ چیز جو تصدیق کے واسطے کسی کے ہمراہ کریں۔ شناخت کی علامت۔ پہچان۔ شناخت۔ علامت۔ آل اولاد۔ بیٹا۔ بیٹی۔ نسل۔ وہ مختلف چیزیں جو پہلے سفر کے بعد دلھن کی طرف سے خاص خاص اعزا کو تقسیم کی جاتی ہے۔ ناخواندہ شخص کا نشانی دستخط۔ **نشانے** (مذکر) نشانہ کی جمع۔ بجائے نشانہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **نشانیاں** (مونث) نشانی کی جمع۔ **نشانی بھیجنا** (متعدی) کوئی چیز بطور یادگار یا تصدیق بھیجنا۔ **نشانی پاس رکھنا** (متعدی) بطور یادگار اپنے پاس رکھنا۔ **نشانی دینا** (متعدی) بطور نشانی عطا کرنا۔ **نشانی رکھنا** (متعدی) یادداشت کے واسطے کاغذ وغیرہ کتاب میں رکھنا۔ **نشانی کا چھلا** (مذکر) وہ چھلا جو بطور یادگار کسی کو دیں۔ **نشانی کرنا** (متعدی) ناخواندہ شخص کا دستخط کی بجائے لکیر یا نشان بنانا۔

نِشتَر (ف۔ مونث) صحیح بالکسر ہے۔ پھوڑوں وغیرہ کو چیرنے کا چاقو نیش و تر کا مخفف۔ **نشتر توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) نشتر کا دو ٹکڑے ہو جانا۔ زخم کو چیرنے کے وقت ہڈی سے لگ کر بعض دفعہ ایسا ہو جاتا ہے۔ **نشتر چبھونا** (متعدی) نشتر کو بدن میں داخل کرنا۔ ایذا دینا۔ **نشتر دینا** (متعدی) نشتر لگانا۔ **نشتر زَن** (صفت) فصاد۔ **نشتر کھانا** (متعدی) مجازاً تکلیف اٹھانا۔ **نشتر لگانا** (متعدی) کسی عضو میں نشتر چبھونا۔ **نشتر مارنا** (متعدی) نشتر کو بے ساختہ چبھو دینا۔

نَشٹ (س۔ مفعول) کھویا ہوا۔ گمشدہ۔ جو نظر نہ آئے۔ پنہاں۔ تباہ۔ برباد۔ ضائع شدہ۔ بدمعاش۔ **نشٹا** (مونث) بدچلن عورت۔ زانیہ۔ فاحشہ۔ **نشٹ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔ مرنا۔ فنا ہونا۔ ضائع ہونا۔ خرچ ہونا۔

نَشٹ (س۔ مونث) تباہی۔ بربادی

نِشٹھا (س۔ مونث) حالت۔ کیفیت۔ حیثیت۔ درجہ۔ مرتبہ۔ بنا۔ بنیاد۔ کھڑے ہونے کی جگہ۔ موقعہ۔ ایمان۔ یقین۔ دھرم۔ اعتقاد۔ اختتام۔ خاتمہ۔ ختم۔ تکمیل۔ کمال۔ عروج۔ بربادی۔ تباہی۔ موت۔ فنا۔ یقین۔ تیقن۔ غائب ہو جانا۔

نِشٹھان (س۔ مذکر) چٹنی۔ اچار۔

نِشٹھُر (س۔ صفت) سخت۔ کھردرا۔ بے گف۔ موٹا۔ سنگدل۔ بے رحم۔ درشت زبان

نِشچار (ھ۔ مذکر) دیکھو نشچی۔

نِشچِت (س۔ مفعول) معلوم کیا ہوا۔ دریافت کیا ہوا۔ تحقیق کیا ہوا۔ فیصلہ شدہ۔ مقرر کیا ہوا۔ فیصلہ کیا ہوا۔ (مذکر) یقین۔ فیصلہ۔ نتیجہ۔ (نف) یقینی طور پر۔ **نشچت کرنا** (متعدی) تحقیق کرنا۔ دریافت کرنا۔

نِشچلا (س۔ مونث) زمین (نہ حرکت کرنے والی)

نِشچنت (س۔ صفت) دیکھو بے چنت۔

نِشچی۔ نشچے (س۔ مذکر) تفتیش دریافت۔ تحقیقات۔ فیصلہ۔ تشخیص۔ علم درست یا یقینی علم۔ رائے۔ پکی یا مستقل رائے۔ یقینی یا درست نتیجہ۔ یقین۔ تیقن۔ اعتقاد۔ ایمان اعتماد۔ ارادہ۔ نشا۔ مراد۔ (صفت) یقینی۔ اصلی۔ (نف) یقیناً۔ یقینی طور پر۔ حقیقت میں۔ **نشچے آنا یا رہنا** (لازم) کسی بات کا یقین ہونا **نشچے پڑنا** (لازم) یقین ہونا۔ صاف ہو جانا۔ **نشچے کر کے** (نف) یقیناً۔ **نشچے کرنا** (متعدی) یقین کرنا۔ معلوم کرنا۔ دریافت کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ ثابت کرنا۔ تصدیق کرنا۔ ختم کرنا۔ اطمینان کرنا۔ اپنی تسلی کرنا۔ ارادہ کرنا۔ قصد کرنا۔ ذمہ لینا۔ ضمانت دینا۔

نِشِدھ (س۔ صفت) ممنوع۔ حرام۔ جس میں سے انکار کیا جاتے۔ رد کیا ہوا۔ رکا ہوا۔

نَشر (ع۔ مذکر) پھیلانا۔ خبر مشہور کرنا۔ منادی کرنا۔ بکھیرنا۔ مردوں کو زندہ کرنا۔ مردوں کا زندہ ہونا۔ مجازاً زندگی۔ اشاعت۔ پھیلاؤ۔ وسعت۔ کشادگی۔ فراخی۔ پراگندگی۔ انتشار۔ طوالت۔ درازی۔ اجرا۔ بہاؤ۔ خوشبو (نشر۔ پھیلنا)

نُشر (ع۔ صفت) پراگندہ۔ پریشان آوارہ (نُشر۔ پھیلانا) **نشر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بدنام ہونا۔ بری شہرت ہونا۔

نِشَست (ف۔ مونث) بیٹھنا۔ بیٹھک۔ صحبت۔ مجالست۔ ہمنشینی۔ حالت۔ انداز۔ ٹھاٹھ۔ اجلاس۔ پیوستگی۔ جوڑ۔ بیٹھنے کی جگہ۔ کرسی۔ پارے کا بیٹھ جانا (نشستن۔ بیٹھنا) **نشست برخاست** (مونث) اٹھنا بیٹھنا۔ آداب مجلس (رہنا ہونا کے ساتھ) **نشست پانا** (صفت) ٹھیک بیٹھنا۔ **نشست ٹھہرانا** (متعدی) نشست قرار دینا۔ **نشست گاہ** (مونث) بیٹھنے کی جگہ۔ دیوان خانہ۔ بیٹھک۔ **نشستہ** (صفت) بیٹھا ہوا۔

نِشکارَن (س۔ صفت) بے وجہ

بے سبب ۲ غیر ضروری ۳ بلا مطلب ۴ (لف) بلا وجہ۔

نِشکاس (س۔ مذکر) ۱ نکاس ۲ برآمدہ۔

نِشَنگ (س۔ مذکر) ۱ میل۔ جوڑ۔ پیوستگی ۲ ترکش۔ **نِشَنگی** (صفت) تیر انداز۔

نَشْو (ع۔ مذکر) ۱ اُگنا۔ پیدا ہونا ۲ پیداوار ۳ بڑھنا ۴ بالیدگی۔ روئیدگی۔ نمو (نَشَأَ۔ بڑھنا) **نَشو و نما** (مذکر و مونث) ۱ اُگنا اور بڑھنا ۲ پرورش پانا ۳ شادابی۔ سرسبزی۔ رونق۔ ترقی۔ ظہور (پانا ہونا کے ساتھ)

نُشُور (ع۔ مذکر) ۱ مردوں کا قیامت کے دن زندہ ہونا ۲ مردوں کا زندہ کرنا ۳ حشر۔ قیامت (نَشْر۔ پھیلنا)

نَشْوَہ۔ نَشَّہ (ع۔ مذکر) ۱ سرور۔ خمار۔ کیف شراب۔ بیہوشی۔ مدہوشی۔ سکر۔ وہ کیفیت جو منشی اشیا کے استعمال سے ہوتی ہے ۲ جوش۔ ولولہ۔ ترنگ ۳ غرور۔ گھمنڈ۔ نخوت تکبر (نَشْوَ۔ نَشْیَ۔ شراب کا خمار ہونا) **نشہ آنا** (لازم) ۱ سرور ہونا۔ نشہ چڑھنا ۲ لطف آنا۔ **نشہ اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) ۱ خمار جاتا رہنا۔ سرور کم ہونا ۲ ہوش میں آنا۔ غفلت سے نکلنا ۳ غرور ٹٹنا۔ **نشہ باز** (صفت) منشی چیزوں کا استعمال کرنے والا۔ شرابی۔ افیونی بھنگی۔ مدکی۔ چنڈو باز وغیرہ۔ **نشہ بودہ ہونا** (لازم) ایسا نشہ ہونا جس میں … یا جرات نہ رہے۔ **نشہ پانی** (مذکر) منشی چیزوں کا استعمال کرنا۔ نشے کی چیز کھانا یا پینا۔ عام طور پر بھنگ کے متعلق استعمال ہوتا ہے **نشہ پانی کرانا** (مم) **کرنا** (متعدی) ۱ نشے کی چیز کھانا یا پینا ۲ رشوت لینا ۳ کھا پی لینا۔ **نشہ پیدا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) منشی چیز کے کھانے سے مستی کی کیفیت ہونا۔ **نشہ جمانا** (متعدی) نشہ گا نٹھنا۔ سرور گانٹھنا۔ کوئی نشے کی چیز پینا یا کھانا۔ خمار حاصل کرنا۔ **نشہ جمنا** (لازم) نشہ حاصل ہونا۔ نشے کا پائیدار ہونا۔ **نشہ جوان ہونا** (لازم) نشے کا تیزی پر آنا۔ **نشۂ جوانی** (مذکر) جوانی کا جوش۔ **نشہ چھانا یا چڑھنا** (لازم) سرور ہونا۔ بیہوشی چھا جانا۔ خوب نشہ ہونا۔ نشے کی کیفیت طاری ہونا۔ متوالا ہونا۔ مستی چھانا۔ **نشۂ دولت** (مذکر) دولت کا غرور۔ **نشہ رہنا** (لازم) مستی کا قائم رہنا۔ سرور رہنا۔ **نشۂ شباب** (مذکر) جوانی کا جوش (رت مست ہونا کے ساتھ) **نشہ کرکرا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رنگ میں بھنگ ہونا۔ عیش میں خلل آنا۔ مزے میں کھنڈت پڑنا۔ **نشہ کرنا** (متعدی) نشہ پیدا کرنا۔ مدہوش یا مست کرنا۔ **نشہ گانٹھنا** (متعدی) دیکھو نشا جمانا۔ **نشہ لانا** (متعدی) سرور پیدا کرنا۔ **نشہ مٹی کر دینا یا کرنا** (متعدی) **ہو جانا یا ہونا** (لازم) دیکھو نشہ کرکرا ہونا۔ **نشۂ مردانگی** (مونث) بہادری کا جوش یا غرور۔ **نشۂ مے** (مذکر) شراب کا نشہ۔ **نشہ ہرن کر دینا یا کرنا** (متعدی) **ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ نشہ کافور ہونا۔ نشہ جاتا رہنا ۲ ہوش و حواس کا پراگندہ رہنا۔ گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہونا ۳ بیہوشی اور غفلت سے ہوش میں آنا۔ غفلت دور ہونا۔ ہوش آجانا (کسی صدمے کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے) ۴ گھمنڈ دور ہونا۔ غرور جاتا رہنا۔ **نشہ ہونا** (لازم) خمار ہونا۔ بدمست ہونا۔ متوالا ہونا۔ مدہوش ہونا۔ سرور گھٹنا۔ **نشے** (مذکر) ۱ نشہ کی جمع ۲ بجائے نشہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **نشے سے بہکنا** (لازم) ۱ بدمست ہوکر بیہودہ باتیں کرنا۔ مغرور ہونا۔ **نشے کا اتار** (مذکر) نشے کا کم ہونا۔ خمار کا جاتا رہنا۔ **نشے کا چُور کر دینا یا کرنا** (متعدی) بیحد نشہ ہونا۔ بہت بدمست ہو جانا۔ **نشے (کا ڈورا) کے ڈورے** (مذکر) سُرخ لکیریں جو خمار سے آنکھوں میں ظاہر ہوتی ہیں۔ **نشے کے ڈورے چھوٹنا** (لازم) خمار سے آنکھوں میں سرخی آجانا۔ **نشے کی لہر** (مونث) نشے کی ترنگ۔ نشے کا جوش۔ **نشے میں بہکنا** (لازم) بدمست ہوکر بیہودہ باتیں کرنا۔ **نشے میں چور کرنا** (متعدی) چور ہونا۔ ڈوبنا۔ غرق ہونا یا غین ہونا (لازم) بیحد نشہ ہونا۔ بہت بدمست ہونا۔ مخمور اور سرشار ہونا۔

مثل۔ نشہ اس نے پیا۔ خمار ہمیں چڑھا۔ امیر آدمی کے رشتہ دار فخر کریں تو کہتے ہیں۔

نَشیب (ف۔ مذکر) ۱ پست یا نیچی زمین۔ وہ زمین جہاں پانی ٹھہرا رہے ۲ پستی۔ نچان (بکسرِ نون درست ہے۔ زبانوں پر بالفتح ہے) **نشیب و فراز** (مذکر) ۱ اونچ نیچ۔ اتار چڑھاؤ۔ نیک و بد۔ فائدہ نقصان۔ ترقی تنزل **نشیب و فراز دیکھنا** (متعدی) ۱ مختلف حالتوں میں سے گزرنا ۲ زندگی کی مختلف حالتوں کا ملاحظہ کرنا ۳ خوب غور و فکر کرنا۔ اونچ نیچ اچھا برا سوچنا۔

نِشیتھ (س۔ مذکر) آدھی رات۔ نصف شب۔ شب۔

نَشید (ع۔ مذکر) ۱ نغمہ۔ سُر۔ لے۔ الاپ ۲ وہ اشعار جو لوگ باری باری پڑھتے ہیں (نَشَدَ۔ جاننا) **نشید خواں** (صفت) نغمہ سنج یا سرا۔

نِشیدھ (س۔ مذکر) ۱ دور رکھنا۔ پاس نہ آنے دینا ۲ روکنا۔ منع کرنا ۳ روک۔ ممانعت ۴ کسی بات سے روکنا ۵ استثنا ۶ انکار۔ نہ ۷ کسی کام کو چھوڑ دینا ۸ کسی رسم کے برخلاف کام کرنا ۹ بدشگونی۔ **نشیدھ کرنا** (متعدی) روکنا۔ منع کرنا۔ **نشیدھی** (صفت) ۱ روکنے والا۔ منع کرنے والا ۲ برا۔ خراب منحوس۔

نِشیک (س۔ مذکر) ۱ چھڑکنا ۲ بہانا۔ کلنک کا ٹیکا ۳ آب پاشی ۴ مے کشی۔ شراب نکالنا ۵ بہاؤ۔ چھڑکاؤ ۶ نطفہ ڈالنا۔ حمل کر دینا ۷ وہ رسم جو حمل قرار دینے کے موقع پر ادا کی جاتی ہے۔

نَشیلا (ف۔ صفت) نشے میں بھرا ہوا یا سرشار۔ مست۔ متوالا۔ مخمور (نشہ سے۔ یہ لفظ فارسی میں استعمال نہیں ہوتا۔ ہندوستان کی اختراع ہے) **نشیلی** (صفت مونث) دیکھو نشیلا۔ **نشیلی آنکھیں** (مونث) مست آنکھیں۔ خمار آلودہ آنکھیں۔

نشیمن (ف۔ مذکر) ۱ آرام کی جگہ خلوت کی جگہ ۲ مکان۔ حویلی۔ محل۔ مسکن ۳ پرندے کا گھونسلا۔ آشیانہ۔ **نشیمن کرنا** (متعدی) گھونسلا بنانا۔ پرندوں کا رات کو بیٹھنا۔ **نشیمن گاہ** (مونث) آرام گاہ۔ خلوت خانہ۔

نشین (ف۔ صفت) بیٹھنے والا۔ مرکبات میں جیسے گوشہ نشیں۔ فیل نشیں (نشستن

بیٹھنا) **نشینی** (مونث) بیٹھنا۔ جلوہ افروز ہونا۔
مرکبات میں جیسے تخت نشینی۔ گوشہ نشینی۔

نَصّ (ع۔ مذکر) ۱ ظاہر کرنا۔ دکھانا۔
آشکارا کرنا ۲ وہ چیز جو ظاہر اور صریح ہو ۳ چھان
بین۔ تحقیقات ۴ بلندی۔ اظہار۔ ظاہر ۵ آشکار
۶ قرآن شریف کی وہ آیت جس کے معنی صاف
اور صریح ہوں (نَصّ۔ ظاہر کرنا۔ بلند کرنا)
نصِ قرانی (مذکر) دیکھو نص ۶۔ **نصِ
ناطق** (مونث) قطعی حکم۔ ایسا کلام جس میں
شک و شبہ نہ ہو۔

نِصاب (ع۔ مونث) ۱ زر۔ سرمایہ۔
پونجی ۲ اتنا مال جس پر زکوٰۃ واجب ہو ۳ جڑ۔
بنیاد ۴ جانچ۔ تول۔ معیار۔ کسوٹی ۵ ترازو کی موٹھ
۶ چاقو کا دستہ۔ تلوار کا قبضہ ۷ پڑھائی کا کورس۔
گنجینۂ تعلیم ۸ درجہ۔ مرتبہ۔ رتبہ ۹ قسمت۔
نصیب (نَصَبَ۔ گاڑنا۔ کھڑا کرنا) **نصابُ
الصِّبیان** (مذکر) لغت کی ایک منظوم کتاب
جس میں عربی الفاظ کے معانی فارسی میں دئے
ہیں۔ **نصابِ تعلیم** (مذکر) پڑھائی کا کورس

نَصارٰی (ع۔ مذکر) ۱ قصبہ ناصرہ۔
جہاں حضرت عیسےٰ پیدا ہوتے تھے ۲ نصران کی
جمع۔ حضرت عیسےٰ کے پیرو۔ عیسائی۔

نَصائح (ع۔ مونث) نصیحت کی
جمع نصیحتیں۔ پند ہائے۔

نَصب (ع۔ مذکر) ۱ کھڑا کرنا۔
برپا کرنا۔ قائم کرنا۔ لگانا۔ گاڑنا ۲ زبر۔ فتح ۳
زبر دینا یا لگانا ۴ عداوت۔ دشمنی (نَصَبَ۔ گاڑنا)
نصب العین (مذکر) اصل منشا۔ مقصد اصلی۔
مدنظر۔ منظور خاطر۔ **نصب کرنا** (متعدی) **ہونا**
(لازم) کھڑا ہونا۔ گڑنا۔ برپا ہونا۔ قائم ہونا۔ لگنا۔

نَصر (ع۔ مونث) ۱ فتح۔ ظفر ۲
یاری۔ مدد۔ حمایت۔ کمک (نَصَرَ۔ مدد کرنا)
نصرٌ من اللہِ و فتحٌ قریب۔ اللہ کی طرف
سے مدد اور فتح قریب ہے قرآن شریف کی ایک
آیت ہے۔ جو رخصت کے وقت مسافر سے
کہتے ہیں۔

نَصرانی (ع۔ مذکر) عیسائی۔ حضرت
عیسےٰ کا پیرو (ناصرہ سے جو کنعان میں ایک قریہ
ہے اور جہاں حضرت عیسےٰ پیدا ہوئے تھے)

نصرانیّت (مونث) عیسائی مذہب۔

نُصرت (ع۔ مونث) ۱ فتح۔ ظفر۔
جیت ۲ مدد۔ یاری۔ حمایت۔ کمک (نَصَرَ۔ مدد
کرنا) **نصرت اثر** (صفت) فتح کا نشان رکھنے
والا۔ فتح کرنے والا۔ لشکر کی تعریف میں استعمال
ہوتا ہے۔

نِصف (ع۔ صفت) آدھا۔ نیم۔
½ (نَصَفَ۔ آدھا کرنا) **نصف النہار** (مذکر)
دن کا نصف۔ دوپہر۔ **نصفا نصف یا
نصفی** (صفت) آدھا بٹا ہوا۔ آدھوں آدھ۔
ٹھیک آدھا۔ **نصف تحصیل** (مونث) چندے
یا محاصل کا آدھا۔ **نصف دائرہ** (مذکر)
دائرے کا نصف جس میں قطر دائرے کو تقسیم
کرتا ہے۔ **نصف رعیت** (مونث) وہ زمین
جس پر نصف مالگزاری ادا کی جائے۔ **نصف
قُطر** (مذکر) **نصف کرنا** (متعدی) آدھوں
آدھ کرنا۔ **نصفی نشان** (مونث) ۱ آدھا۔
نصف ۲ (مونث) آدھا حصہ۔

نَصَفَت (ع۔ مونث) انصاف۔
معدلت۔ عدل۔ نیاؤ۔ داؤ (نَصَفَ۔ آدھا
کرنا) **نصفت نشاں** (صفت) انصاف
کرنے والا۔ منصف۔

نَصُوح (ع۔ مذکر) ۱ خالص۔
صاف ۲ پکی توبہ۔ جس کے بعد گناہ نہ کرے ۳
ایک شخص کا ذکر مثنوی مولانا روم میں آتا ہے
جو ایک حمام میں مشاطہ تھا۔ اور عورت
کے بھیس میں مزے اڑاتا تھا (نَصَحَ۔ خالص ہونا)
نصوحا کی توبہ (مونث) توبہ جو پکی ہو۔

نُصُوص (ع۔ مذکر) نص کی جمع۔

نَصِیب (ع۔ مذکر) ۱ حصہ۔ بخرہ
۲ قسمت۔ تقدیر۔ کرم۔ بھاگ۔ مقدر۔ طالع
۳ حاصل۔ میسر ۴ مبارک ۵ بجائے بدنصیبی ۶
جس کو مقدر میں کوئی بات ہو۔ ان معنوں میں
مرکبات میں جیسے حرماں نصیب۔ خوش نصیب
۷ اردو میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسے ہمارے
نصیب (نَصَبَ۔ کھڑا کرنا) **نصیبا** (مذکر)
دیکھو نصیب ۲۔ **نصیب آزمانا** (متعدی)
قسمت آزمائی کرنا۔ توکل یا تقدیر پر کوئی کام
کرنا۔ **نصیبا اُلٹنا** (لازم) قسمت کا پلٹا کھانا۔
بدقسمتی کا زمانہ آنا۔ **نصیبا پھر جانا یا پھرنا**
جاگنا۔ **چمکنا یا سکندر ہونا** (لازم) قسمت
پھر جانا۔ اقبال بختی یا طالع یاور ہونا۔ اچھے
دن آنا۔ **نصیبا چمک رہا ہے**۔ مقصد حسب
دلخواہ حاصل ہونے والا ہے۔ **نصیبا سو جانا**
(لازم) بدبختی آنا۔ برے دن آنا۔ بدقسمتی کا زمانہ
آنا۔ **نصیبا سیدھا ہونا** (لازم) دیکھو نصیبا
جاگنا۔ **نصیب اعدا** (کلمۂ دعا) ۱ دشمنوں کو
نصیب ہو۔ جب کسی عزیز کی بیماری کا ذکر کرتے
ہیں۔ تو کہتے ہیں ۲ دشمن کو میسر۔ **نصیبا کھل
جانا یا کھلنا** (لازم) ۱ دیکھو نصیبا جاگنا ۲ شادی
ہونا۔ بیاہ ہونا۔ **نصیبا لڑنا** (لازم) دیکھو نصیبا
جاگنا **نصیب بگڑنا** (لازم) شامت آنا۔
قسمت پھوٹنا۔ اقبال کا گردش میں آنا **نصیب
پلٹنا** (لازم) خوش قسمتی کا بدقسمتی سے یا بدقسمتی
کا خوش قسمتی سے بدل جانا۔ انقلاب ہونا۔
نصیب پھرنا (لازم) نصیبا جاگنا **نصیب
پھوٹ جانا یا پھوٹنا** (لازم) قسمت بگڑنا۔
نصیب ٹیڑھا ہونا (لازم) بد اقبالی ہونا۔
نصیب جاگنا (لازم) دیکھو نصیبا جاگنا۔
نصیب جگانا (متعدی) کوشش کر کے
اقبال کا زمانہ لانا۔ **نصیب چمکنا یا چونکنا**
(لازم) دیکھو نصیبا جاگنا۔ **نصیبِ خُفتہ**
(مذکر) ۱ سویا ہوا نصیب ۲ (صفت) بلا اضافت
بدبخت۔ بدنصیب۔ **نصیب دشمناں**
(مذکر) دیکھو نصیبِ اعدا۔ **نصیب راہ
پر آنا** (لازم) دیکھو نصیبا جاگنا۔ **نصیب
زوروں پر ہونا** (لازم) بخت یا قسمت یاور
ہونا۔ خوش نصیبی کا زمانہ ہونا۔ **نصیب ساتھ
رہنا** (لازم) بدقسمتی ہونا۔ بخت کا دھوکا دینا
نصیب سو جانا یا سونا (لازم) بدبختی کا
زمانہ ہونا۔ **نصیب سے** (تف) قسمت سے۔
خوش قسمتی اور بدبختی دونوں کے لئے استعمال
ہوتا ہے۔ **نصیب سیدھا ہونا** (لازم)
دیکھو نصیبا جاگنا۔ **نصیب کا برائی کر جانا**
(لازم) قسمت کا مخالف ہونا۔ **نصیب کا
تارا یا ستارا** (مذکر) قسمت یا نصیب۔ **نصیب کا تارا ستارا
چمکنا** (لازم) دیکھو نصیب جاگنا **نصیب دکھانا** (متعدی)
قسمت کی وجہ سے ہونا **نصیب کا لکھا** (مذکر) نوشتۂ تقدیر
قسمت کا لکھا۔ بدقسمتی اور بدنصیبی کے موقع پر

بولتے ہیں۔ نصیب کا بیچنا (متعدی) قسمت کا کہیں بیچنا۔ قسمت کی وجہ سے کہیں جانا۔ نصیب کرنا (متعدی) دینا۔ بہم پہنچانا۔ عنایت کرنا۔ عطا کرنا۔ نصیب کو رونا (متعدی) بدقسمتی کی شکایت کرنا۔ نصیب کھل جانا یا کھلنا (لازم) دیکھو نصیبا جاگنا۔ نصیب کی شامت (مونث) بدقسمتی۔ گردش تقدیر۔ بدنصیبی۔ نصیب کی قسم کھانا (متعدی) کسی کی خوش نصیبی کا حلف اٹھانا۔ نصیب کیا دکھاتا ہے۔ کیا پیش آتا ہے۔ نصیب لڑانا (متعدی) قسمت یا تقدیر آزمائی کرنا۔ کسی بات کے لئے کوشش کرنا۔ نصیب لڑنا (لازم) ۱ اقبال یا بخت یاور ہونا۔ اقبالمند ہونا ۲ شادی ہونا (عموماً کسی کے ساتھ)۔ نصیب ملنا (لازم) نصیب ہونا۔ قسمت ہونا۔ خدا کی طرف سے قسمت میں ہونا۔ نصیب میں لکھا ہونا (لازم) قسمت میں ہونا۔ نوشتۂ تقدیر ہونا۔ نصیب نہ ہونا (لازم) میسر نہ ہونا۔ بہم نہ ہونا۔ نصیب ور (صفت) خوش قسمت۔ خوش اقبال۔ نصیبوں (مذکر) نصیب کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ نصیبوں پر پتھر پڑنا (لازم) بدنصیب ہونا۔ مصیبت پڑنا۔ نصیبوں جلا (صفت مذکر) جلی (صفت مونث) بدقسمت۔ بدبخت۔ بدنصیب۔ نصیبوں سے (تف) قسمت سے۔ نصیب سے۔ نصیبوں کا ستارا چمکنا (لازم) خوش قسمتی کا زمانہ آنا۔ نصیبوں کا لکھا (مذکر) قسمت کا لکھا۔ نوشتۂ تقدیر۔ نصیبوں کو دعا دو۔ قسمت کا شکر کرو۔ تقدیر کا گن مانو۔ نصیبوں کو رونا یا کوسنا (لازم) بدقسمتی کی شکایت کرنا۔ تقدیر پر رونا۔ نصیبوں کو روئیگا۔ اپنی قسمت پر افسوس کریگا۔ نصیبوں کی خوبی (مونث) طنزاً بدبختی۔ بدنصیبی۔ بدقسمتی۔ نصیبوں کی شامت (مونث) قسمت کی برائی۔ نصیبوں کی گرہ کھلنا (لازم) بدقسمتی دور ہونا۔ نصیبوں میں ہونا (لازم) قسمت میں ہونا۔ نصیبہ (مذکر) دیکھو نصیبا۔ نصیب ہو چکا۔ نصیب نہیں ہونے کا۔ ناممکن ہے۔ ممکن نہیں۔ نصیب ہونا (لازم) میسر ہونا۔ حاصل ہونا۔ ملنا۔ نصیب یاور ہونا۔

(لازم) خوش قسمتی ہونا۔ نصیبے (مذکر) ۱ نصیبا کی جمع ۲ بجائے نصیبا حروف مغیرہ سے پہلے۔ نصیبے کا پھیر (مونث) قسمت کی گردش۔ نصیبے کا حاتم۔ دھنی یا سکندر (صفت) بیحد خوش قسمت۔ خوش اقبال یا خوش نصیب۔ نصیبے کا یاوری کرنا (متعدی) قسمت کا یاوری کرنا۔ خوش قسمتی ہونا۔ نصیبے میں۔ قسمت میں۔ مقسوم میں۔ نصیبے ور (صفت) اقبالمند۔ صاحب نصیب۔ خوش قسمت۔ نصیبی (مونث) ۱ نصیب۔ قسمت۔ مرکبات میں جیسے خوش نصیبی ۲ (صفت) نصیب کا

مثل۔ نصیبوں کے بلیا۔ پکائی کھیر ہو گیا دلیا۔ قسمت کی بدنصیبی کیا کچھ اور کیا ہو گیا۔

نصیحت (ع۔ مونث) ۱ اچھی صلاح۔ نیک مشورہ۔ پند ۲ تنبیہ۔ گوشمالی۔ فہمائش۔ عبرت (نصح۔ نصیحت۔ نا) نصیحت آمیز (صفت) وہ جس میں صلاحِ نیک شامل ہو (بات) وہ کھیل تماشا یا کہانی جو عبرت دلانے والی ہو۔ نصیحت پانا (متعدی) ۱ پند حاصل کرنا۔ عبرت ہونا۔ متنبہ ہونا ۲ سزا ملنا۔ پاداش ملنا۔ نصیحت پر چلنا یا عمل کرنا (متعدی) دوسرے کے مشورے کے مطابق کام کرنا۔ نصیحت پذیر (صفت) نصیحت پر عمل کرنے والا۔ نصیحت دینا (متعدی) ۱ سمجھانا۔ بھلی بات کہنا۔ نیک صلاح دینا ۲ سزا دینا۔ نصیحت قبول کرنا (متعدی) دیکھو نصیحت پر چلنا۔ نصیحت کرنا (متعدی) دیکھو نصیحت دینا۔ نصیحت گر۔ گزار یا گو (صفت) نصیحت کرنے والا۔ نصیحت نامہ (مذکر) وہ تحریر جس میں نصیحت ہو۔ نصیحت ہونا (لازم) پند کا موثر ہونا۔ بھلائی کی بات حاصل ہونا۔ عبرت ہونا۔

امثال و اقوال۔ نصیحت

بہ لقمان آموختن۔ لقمان کو نصیحت کرنا۔ واقف آدمی کو کوئی بات بتانا۔ نصیحتے کنمت بشنو و بہانہ مگیر۔ ہر آنچہ ناصح مشفق بگویدت پذیر۔ میں تجھے ایک نصیحت کرتا ہوں اس کو سن اور نال مٹ۔ مہربان نصیحت کرنے والا جو کچھ کہتا ہے۔ اسے جان لے۔

نصیر (ع۔ صفت) ۱ مدد کرنے والا۔ مددگار۔ معاون ۲ (مذکر) دوست۔ یار ۳ خدا تعالےٰ کا ایک صفاتی نام ۴ مسلمانوں کا ایک نام (نصر۔ مدد کرنا)

نصیر (نامعلوم) ایک عرب جو حضرت علیؓ کا شیدائی تھا اور انہیں خدا مانتا تھا۔ نصیری (مذکر) ۱ ایک فرقہ جو نصیر سے منسوب ہے ۲ (تف) مجازاً شیدائی۔ فدائی۔ جاں نثار۔ نصیری کا خدا (مذکر) کنایتاً حضرت علیؓ۔

نضارت (ع۔ مونث) ۱ تازگی۔ سرسبزی ۲ آبداری۔ چمک دمک ۳ خوبصورتی حسن (نضر۔ پھلنا پھولنا)

نضج (ع۔ مذکر) ۱ میوے کا پکنا۔ پختگی ۲ مادے کا پکنا ۳ گوشت وغیرہ کا پکنا یا تیار ہونا ۴ (طب) خلط فاسد کا غلیظ یا رقیق ہو کر نکلنا (نضج۔ پکنا)

نضیج (ع۔ صفت) ۱ پکا ہوا۔ پختہ (جیسے میوہ) ۲ اچھی طرح پکا ہوا (گوشت) ۳ نرم۔ گداز۔ نضیج الرائے (صفت) پختہ رائے (نضج۔ پکنا)

نطع (ع۔ مذکر) نطع (اردو) ۱ چمڑے کا دسترخوان جو کپڑے کے دسترخوان کے نیچے بچھاتے ہیں ۲ چمڑے کا ٹکڑا جس پر کھیلیں کام کریں یا مجرم کو قتل کریں (نطع۔ رنگ کا بدلنا)

نطفہ (ع۔ مذکر) ۱ منی۔ ویرج ۲ آب صاف و شفاف ۳ اولاد۔ نژاد ۴ جزائر ۵ سمندر (نطف۔ بہنا) نطفۂ بنت العنب (مذکر) حرامزادہ۔ جس کا نطفہ شراب کے نشے کی حالت میں ٹھہرا ہو۔ نطفۂ بے تحقیق (مذکر) ۱ حرامزادہ۔ حرامی۔ ولدالزنا۔ جس کے متعلق یہ نہ پتا ہو کہ کس کے نطفے سے ہے ۲ فتنہ پرداز۔ بدذات۔ شریر۔ شرارتی۔ نطفہ ٹھہرنا (لازم) حمل رہنا یا ہونا۔ پیٹ میں بچہ ہونا۔ نطفۂ حرام (مذکر) دیکھو نطفۂ بے تحقیق۔ نطفہ قرار پانا (لازم) دیکھو نطفہ ٹھہرنا۔

نطق (ع۔ مذکر) ۱ بولنے کی طاقت گویائی ۲ بات۔ گفتگو (نطق۔ بولنا)

نَطُول (ع - مذکر) دواؤں کا گرم پانی ڈالنا۔ دواؤں کے پانی کا تریڑا (نَطَل: سر کو سینکنا)

نَظَارَت (ع - مونث) ۱ کسی چیز کو دیکھنا۔ ملاحظہ کرنا۔ نظر کرنا ۲ محافظت - نگرانی۔ نگہبانی ۳ ناظر کا عہدہ۔ ناظر کا کام ۴ ناظر کا دفتر (نَظَر - دیکھنا)

نَظّارگی (ع - مونث) ۱ دیکھنا۔ دیدبازی۔ نظارہ بازی ۲ (صفت) دیکھنے والا ۔ نظر ڈالنے والا۔ نظرباز (نَظَر - دیکھنا) **نظارگیاں** (مذکر) جمع نظارگی ۲۔ نظر ڈالنے والے - دیکھنے والے۔

نَظّارَہ (ع - مذکر) ۱ دیکھنا۔ نظر ڈالنا ۲ نظربازی۔ گھورا گھاری۔ دیدبازی۔ عاشق کا معشوق کو دیکھنا ۳ وہ چیز جو دیکھی جائے۔ منظر ۴ تماشا۔ سیر۔ لطف ۵ نظر۔ نگاہ۔ چیتون۔ چت (نَظَر - دیکھنا) **نظارہ باز** (صفت) نظربازی کرنے والا - تاڑنے والا۔ **نظارہ بازی** (مونث) نظربازی۔ دیدبازی۔ گھورا گھوری۔ **نظارہ پسند۔ سنج یا فریب** (صفت) نظر کو بھلانے والا۔ **نظارۂ جمال** (مذکر) کسی خوبصورت شخص کی طرف دیکھنا۔ **نظارہ کرنا** (متعدی) دیکھنا۔ دیدبازی کرنا۔ نظربازی کرنا۔ **نظارہ کناں** (صفت) ۱ دیکھنے والا۔ نظارہ کرنے والا۔ تاڑنے والا ۲ دیکھتا ہُوا۔ **نظارہ مارنا** (متعدی) دیکھنا۔ دیدبازی کرنا۔ گھورا گھاری کرنا۔

نَظَافَت (ع - مونث) صفائی۔ پاکیزگی۔ ستھراپن (نَظُف - پاک ہونا)

نِظَام (ع - مذکر) ۱ انتظام۔ بندوبست سرانجام ۲ سلسلہ۔ ترتیب ۳ آراستگی۔ درستگی۔ سجاوٹ ۴ موتیوں کی لڑی۔ تاگے میں پروئے ہوئے جواہرات ۵ روش۔ طریقہ ۶ وہ چیز جس سے کسی چیز کا انتظام ہو۔ جڑ۔ بنیاد ۷ مہتمم۔ منتظم ۸ گورنر۔ صوبیدار۔ ناظم ۹ حیدرآباد کے بادشاہوں کا خطاب ۱۰ شعر کہنا۔ نظم لکھنا (نَظَم - انتظام کرنا) **نظام الملک** (مذکر) دیکھو آصف جاہ۔ **نظام بطلیموس** (مذکر) وہ نظام جسے حکیم بطلیموس یونانی نے مرتب کیا ہے۔ اس کی رائے میں زمین ساکن ہے اور سیارے و ستارے اس کے گرد پھرتے ہیں۔ **نظامت** (مونث) ۱ انتظام۔ بندوبست۔ نظم و نسق ۲ ناظم کا محکمہ یا بندوبست ۳ ناظم کا پیشہ یا کام۔ ناظمی۔ **نظامِ دکن** (مذکر) حیدرآباد دکن کے والی کا لقب۔ **نظامِ شمسی** (مذکر) وہ نظام جو سورج کے متعلق ہے - سورج ساکن ہے اور سیارے اور دمدار ستارے اس کے گرد پھرتے ہیں۔ چاند سیاروں کے گرد گردش کرتے ہیں۔ سیاروں کے ترتیب اس طرح ہے ۱ عطارد ۲ زہرہ ۳ زمین ۴ مریخ ۵ زحل ۶ یورینس ۷ نپٹیون۔ نمبر ۶ و ۷ پرانے زمانے کے نجومیوں کو معلوم نہ تھے۔ ایک اور سیارہ اب نپٹیون سے بھی پرے معلوم ہوا ہے۔ ان کے علاوہ سینکڑوں چھوٹے چھوٹے سیارے سورج کے گرد پھرتے ہیں۔ **نظامِ عالم** (مذکر) کل دنیا کا انتظام - ہر ایک ستارہ بذات خود سورج اور ساکن ہے۔ اور ہر ایک کے سیارے علحدہ علحدہ ہیں۔ ہر ایک کا نظام علحدہ ہے - ایک دوسرے کا اس قدر فاصلہ ہے۔ کہ دو نظاموں کے گڑبڑ ہونے کا کوئی اندیشہ نہیں۔ بعض ماہرین کا خیال ہے کہ کل ستارے ایک خاص طرف حرکت کر رہے ہیں۔ **نظامِ فیثاغورثی** (مذکر) یونانی حکیم فیثاغورث کا انتظام۔ اس کے بموجب سورج مرکز عالم ہے۔ اور سب سیارے و ستارے اس کے گرد حرکت کرتے ہیں۔ **نظامیہ** (مذکر) دمشق میں ایک کالج جس کی بنا ۱۰۵۶ء نظام الملک وزیر سلطان الپ ارسلان نے رکھی تھی۔

نَظَائِر (ع - مونث) عربی میں نظیرت کی جمع۔ اردو میں نظیر کی۔ لکھنؤ میں مذکر مثالیں۔ امثلہ ۲ پریوی کونسل اور ہائی کورٹوں کے فیصلے۔

نَظَر (ع - مونث) ۱ دیکھنا۔ دید ۲ غور سے کسی چیز کو دیکھنا ۳ نگاہ۔ چیتون ۴ بینائی - بصارت ۵ آنکھ۔ چشم ۶ غور۔ فکر۔ تامل ۷ نسبت تعلق ۸ پرکھ۔ جانچ۔ تمیز۔ شناخت ۹ اندازہ۔ تخمینہ۔ قیاس۔ اٹکل۔ تجویز ۱۰ معائنہ۔ ملاحظہ۔ مشاہدہ ۱۱ نیت۔ قصد۔ ارادہ۔ منشا ۱۲ آس۔ امید۔ توکل۔ توقع ۱۳ توجہ۔ مہربانی۔ عنایت۔ الطاف۔ کرپا ۱۴ چشم بد۔ نظربد۔ آسیب چشم یا نظر ۱۵ اسایہ۔ بھوت پریت کا اثر ۱۶ (ف) شک۔ شبہ ۱۷ فخر۔ افتخار۔ گھمنڈ (نَظَر - دیکھنا) **نظرآ** (امر) ۱ نظر آنا کا ۲ (صفت) وہ جسے کسی شے کی جانچ میں مہارت ہو (لکھنو) ۳ تلوار اور جوہر کا مُبصّر (لکھنو) **نظر آجانا** (لازم) دکھائی دینا۔ **نظر آنا** (لازم) ۱ دکھائی دینا ۲ (صورت تدبیر وغیرہ کے ساتھ) دھیان میں آنا۔ سوجھنا **نظرات** (مونث) جمع نظر کی ۱ نظریں۔ نگاہیں ۲ شکلیں۔ صورتیں **نظراتِ سال** (مذکر) کسی سال کے تقویم بلیہ **نظر اتارنا** (متعدی) نظر بد کا دفعیہ کرنا۔ ضرب چشم کے رفع کرنے کے لئے صدقہ دینا۔ عورتیں مرچیں اور پھٹکڑی وار کر آگ میں ڈالتی ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ پھٹکڑی نظر لگانے والے کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ **نظر اٹھانا** (متعدی) اوپر دیکھنا۔ آنکھ یا نگاہ اونچی کرنا۔ **نظر اٹھ جانا** (لازم) اتفاقاً نگاہ پڑ جانا۔ **نظر اٹھنا** (لازم) نگاہ اٹھنا۔ **نظر آجانا** (لازم) نظر لگ جانا۔ **نظر استحسان سے دیکھنا** (متعدی) پسندیدگی کی نظر سے دیکھنا۔ پسند کرنا۔ **نظر اللہ پر ہونا** (لازم) خدا پر بھروسا ہونا - **نظر انا** (لازم) نظر لگنا۔ سوائے چند محاورات کے عام طور پر استعمال ہوتا ہے۔ **نظر انداز کرنا** (متعدی) ۱ نظر سے چھوڑنا۔ آنکھ سے گرانا ۲ نگاہ سے گرانا۔ ناپسند کرنا ۳ التفات نہ کرنا - توجہ نہ کرنا ۴ نامنظور کرنا۔ **نظر انداز ہونا** (لازم) نظر سے بچ۔ چھوٹ یا چوک جانا۔ آنکھ نہ پڑنا۔ **نظر اندازی** (مونث) جانچ پرکھ تمیز **نظرائی** (مونث) دکھائی۔ صرف نظرائی دینا میں **نظرائی دینا** (لازم) دکھائی دینا۔ نظر آنا۔ **نظر آیا** (ماضی) نظر انا کی۔ **نظر آیا جانا** (لازم) نظر لگ جانا۔ **نظرباز** (صفت) ۱ مردم شناس۔ نیک بد کو پہچاننے والا۔ تاڑ جانے والا۔ چالاکوں اور عیاروں کو بھانپ لینے والا ۲ گھورا گھوری کرنے والا۔ وہ شخص جو صرف دیکھنے کا لطف اٹھائے۔ حسن پرست۔ **نظربازی** (مونث) گھورا گھوری۔ تاڑبازی۔ حسینوں کو دیکھنا۔ **نظربازی کرنا** (متعدی) ۱ تاڑنا۔ آنکھیں لڑانا ۲ مردم شناسی کرنا ۳ عشوہ

گری کرنا۔ **نظر باندھنا** (متعدی) نظر بندی کرنا۔ جادو کے زور سے ایسی چیزیں دکھانا جن کا کوئی وجود نہ ہو۔ **نظر بچا جانا یا بچانا** (لازم) ۱: آنکھ بچانا۔ آنکھ چرانا۔ نگاہ نہ ملانا ۲: چھپنا۔ بچ کر نکلنا۔ ٹالنا۔ کترا جانا ۳: چشم پوشی کرنا۔ اغماض کرنا۔ **نظر بد** (مونث) بری نظر۔ چشم زخم۔ بری نظر کا اثر ہونا۔ **نظر بد کا کھا جانا** (لازم) بری نظر کا اثر ہونا۔ چشم زخم کی وجہ سے مر جانا۔ **نظر بد لگنا** (لازم) چشم زخم کا اثر ہونا۔ **نظر بدلنا** ۱: تیور بدلنا۔ ناراضگی ظاہر کرنا۔ توجہ ہٹا لینا ۲: ارادہ بدلنا۔ نیت بگڑنا۔ بدنیت ہو جانا۔ **نظر بڑھنا** (لازم) بصیرت یا بینائی زیادہ ہونا۔ **نظر بند** (مذکر) ۱: وہ قیدی جو جیل خانے میں تو نہ ہو مگر اسے کہیں آنے جانے کی اجازت نہ ہو۔ وہ قیدی جو نظروں میں رہے۔ وہ شخص جس کی نگرانی کی جائے ۲: قیدی۔ گرفتار۔ محبوس (رہنا کرنا ہونا کے ساتھ) ۳: (مذکر) وہ شعبدہ جس سے عجیب و غریب چیزیں نظر آئیں۔ **نظر بندی** (مونث) ۱: حراست۔ قید ۲: نگہبانی۔ نگرانی۔ پاسبانی۔ چوکسی ۳: شعبدہ بازی۔ سحر سازی۔ جادوگری۔ **نظر بر** (کریم کارساز) مسبب الاسباب کرنا (متعدی) ہونا (لازم) خدا تعالےٰ پر توکل ہونا۔ **نظر بھر کر دیکھنا** (متعدی) پوری توجہ سے دیکھنا۔ غور و تامل سے دیکھنا۔ سیر ہو کر دیکھنا۔ **نظر بھڑکنا** (لازم) نظر بد کے مسمے کے جلنے سے شعلے اٹھنا۔ **نظر پر چڑھانا** (متعدی) گردیدہ بنانا۔ فریفتہ کرنا **نظر پر چڑھنا** (لازم) ۱: دل کو بھانا۔ پسند آنا۔ منظور نظر ہونا ۲: وقعت ہونا۔ رتبہ بڑھنا ۳: جچنا۔ اندازہ کیا جانا۔ جانچ میں آنا ۴: سبک ہونا۔ ذلیل ہونا۔ رسوا ہونا ۵: ٹوک میں آنا۔ نظر لگ جانا۔ **نظر پڑ جانا** (لازم) ۱: دکھائی دینا۔ نظر آنا ۲: دھیان میں آنا۔ **نظر پڑنا** (لازم) ۱: آنکھ پڑنا۔ دیکھنے کا اتفاق ہونا ۲: اتفاقاً نظر آنا ۳: معلوم ہونا۔ دکھائی دینا۔ نظر آنا ۴: دھیان میں آنا ۵: کسی چیز کو بنظر خواہش دیکھنا۔ **نظر پہچاننا** (متعدی) تیور سے معلوم کر لینا۔ **نظر پھر جانا یا پھرنا** (لازم) ۱: توجہ نہ رہنا۔ التفات نہ ہونا ۲: ناراض ہو جانا۔ مخالف ہو جانا۔ بے مروت ہو جانا۔ بیوفا ہو جانا۔ **نظر پھسلنا** (لازم) کسی چیز کا ایسا خوبصورت یا صاف و شفاف ہونا کہ نگاہ نہ ٹھیر سکنا۔ نگاہ نہ ٹھیرنا۔ دیکھنے کی تاب نہ لا سکنا۔ **نظر پھیر لینا** (متعدی) بے توجہی کرنا۔ بے مروتی کرنا۔ **نظر پھینکنا** (متعدی) ۱: ادھر ادھر دیکھنا۔ چاروں طرف نگاہ ڈالنا۔ **نظر پیدا کرنا** (متعدی) ۱: قابلیت حاصل کرنا۔ ملکہ حاصل کرنا۔ جانچنے کی قوت حاصل کرنا۔ **نظر تاڑ لینا** (متعدی) نگاہ سے سمجھ لینا۔ **نظر تیز پڑنا** (لازم) غصے سے دیکھنا۔ **نظر ٹھہرنا** (لازم) نگاہ قائم ہونا۔ نظر جمنا۔ **نظر ثانی** (مونث) دوبارہ دیکھنا۔ پڑتال۔ دوسری دفعہ غور کرنا۔ پھر دیکھنا۔ **نظر ثانی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱: دوبارہ دیکھا جانا۔ پڑتال ہونا ۲: کسی فیصلہ شدہ مقدمے کی مثل کا پھر دیکھا جانا۔ از سر نو مقدمہ دائر ہونا۔ **نظر جانا** (لازم) نگاہ کا پہنچنا۔ کسی طرف توجہ ہونا۔ خیال جانا۔ **نظر جلانا** (متعدی) **جلنا** (لازم) چیتھڑے کا توے کی سیاہی سے کالا کر کے رفع نظر بد کیلئے جلایا جانا۔ پنجاب میں مرچیں اور پھٹکڑی وار کر جلاتے ہیں۔ **نظر جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) نگاہ ٹھہرنا۔ نگاہ کا قائم ہونا۔ **نظر جھاڑنا** (متعدی) نظر کا دفعیہ کرنا۔ افسوں یا منتر سے نظر بد کا دفعیہ کرنا۔ اس میں تنکوں کا استعمال کرتے ہیں۔ **نظر جھپکنا** (لازم) آنکھیں چندھیا جانا۔ **نظر چار سو ہونا** (لازم) ہوشیار ہونا۔ چوکنا ہونا۔ **نظر چرا کر دیکھنا** (متعدی) آنکھ بچا کر دیکھنا۔ چھپ کر دیکھنا ودزدیدہ نگاہ سے دیکھنا۔ **نظر چرانا** (متعدی) آنکھ بچانا یا چرانا۔ نظر ملا کر نہ دیکھنا۔ چھپنا۔ کترانا۔ کنیانا۔ **نظر چڑھنا** (لازم) ۱: دکھائی دینا۔ دیکھنے میں آنا۔ نظر پڑنا ۲: زد پر آنا ۳: نگاہ میں جمنا۔ قدر پانا ۴: خیال میں آنا۔ خاطر میں آنا ۵: پرکھنے میں آنا۔ پرکھا جانا۔ نگاہ میں جچنا۔ وزن رکھنا ۶: پسند ہونا۔ مرغوب ہونا۔ دل کو بھانا ۷: نظر بد لگنا ٹوک میں آنا۔ ہونس میں آنا ۸: معزز ہونا۔ وقعت پانا ۹: حقیر ہونا۔ رسوا ہونا۔ خفیف ہونا۔ **نظر خدا پر ہونا** (لازم) خدا سے امید ہونا۔ مایوسی کا عالم ہونا۔ **نظر خیرہ ہونا** (لازم) ۱: آنکھیں چندھیا جانا ۲: مایوسی کا عالم ہونا۔ **نظر درست ہونا** (لازم) تیور اچھے ہونا۔ **نظر دکھانا** (متعدی) آنکھ دکھانا۔ **نظر دلفریب** (مونث) دل کو لبھا لینے والی نظر۔ **نظر دو چار ہونا** (لازم) نگاہیں ملنا۔ آنکھیں دوچار ہونا۔ **نظر دوڑانا** (متعدی) ۱: چاروں طرف دیکھنا۔ ادھر ادھر نظر ڈالنا ۲: تلاش کرنا۔ **نظر دوڑنا** (لازم) تیزی سے نظر جانا۔ **نظر ڈالنا** (متعدی) نگاہ ڈالنا۔ سرسری نظر سے دیکھنا۔ **نظر رکھنا** (متعدی) ۱: دیکھتے رہنا ۲: خبر رکھنا ۳: خیال رکھنا۔ توجہ رکھنا ۴: میلان رکھنا۔ محبت کی نظر سے دیکھنا۔ عاشقانہ نظر ڈالنا ۵: امید رکھنا۔ آس رکھنا توقع رکھنا ۶: ارادہ رکھنا۔ نیت رکھنا ۷: شناخت رکھنا۔ تمیز رکھنا ۸: خبر گیری کرنا۔ نگرانی کرنا۔ **نظر سے** (الف) ۱: نگاہ سے ۲: لحاظ کر کے۔ خیال کر کے۔ وجہ سے۔ **نظر سے اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) نظر سے گرنا۔ بے وقعت ہو جانا۔ جی سے اترنا۔ ذلیل ہونا۔ کسی کی نگاہ میں قدر یا وقعت نہ ہونا۔ **نظر سے اوجھل ہونا** (لازم) سامنے نہ ہونا۔ سامنے سے ہٹنا۔ **نظر سے پہچاننا** (متعدی) تیور سے شناخت کر لینا۔ تاڑ لینا۔ **نظر سے ٹپکنا** (لازم) تیور یا نگاہ سے ظاہر ہونا۔ **نظر سے دور ہونا** (لازم) سامنے نہ ہونا۔ سامنے سے ہٹ جانا۔ **نظر سے گرا دینا یا گرانا** (متعدی) **گر جانا یا گرنا** (لازم) کسی کے نزدیک بے قدر اور بے وقر ہو جانا۔ ذلیل ہو جانا۔ بے عزت ہونا۔ حقیر ہونا۔ **نظر سے گزرنا** (لازم) دیکھا جانا۔ تجربہ ہونا۔ **نظر سے نظر دو چار ہونا** (لازم) **ملانا** (متعدی) **ملنا** (لازم) آنکھ سے آنکھ ملنا۔ دوچار ہونا۔ روبرو ہونا۔ چار آنکھیں ہونا۔ **نظر سے نکل جانا یا نکلنا** (لازم) ۱: نظر سے دور ہونا۔ نگاہ سے غائب ہونا ۲: آنکھوں کے سامنے سے گزرنا۔ نظر آنا دیکھنے میں [illegible] **ہونا** (لازم) مہربانی کی نظر ہ[illegible] **ہونا** (لازم) آنکھوں کے سامنے سے غائب [illegible] جانا۔ چھپ جانا۔ **نظر غلط انداز** (مذکر) ایسی نظر جس سے ہر ایک کو یہ معلوم ہو [illegible] دیکھنے والا اس کی طرف دیکھ رہا ہے۔ معشوق کی وہ نظر جو عاشقوں کو دھوکا دے۔ **نظر فریب**۔ نظر کو لبھانے والا۔ نظر کا اندیشہ۔ **خوف یا ڈر** (مذکر) نظر لگ جانے کا خوف۔ **نظر کا تعویز** (مذکر) وہ تعویز جو دفع نظر بد کے لئے لکھا جاتا ہے۔ **نظر کا ٹوٹکا** (مذکر) کوئی ٹوٹکا جو نظر بد کے دفعیے کے لئے کیا جائے۔ جیسے نظر لگانے والے کی پلکیں جلانا۔ مرچیں اور

پھٹکری یا نمک وار کر آگ میں ڈالنا۔ ۲ چیتھڑے
کی سیاہی سے کالا کر کے جلانا یا جسے نظر لگی ہو
اس کے پاؤں کی مٹی جلتے چولھے میں ڈالنا۔
نظر کا کام کرنا (متعدی) نگاہ کا دیکھنا۔ چیز کا
نظر آنا۔ نظر کا کام نہ کرنا (متعدی) بینائی یا بصارت میں فرق
آجانا۔ اچھی طرح نظر نہ آنا۔ نظر کا کھا جانا۔ دیکھو نظر کا کھا جانا
نظر کا نظر سے دوچار ہونا (لازم) آنکھیں
ملنا۔ چار آنکھیں ہونا۔ دوچار ہونا۔ نظر کردہ
(صفت) ۱ ترتیب کیا ہوا۔ منظور نظر ۲ وہ شخص
جسے خواب میں کسی بزرگ نے کوئی طاقت عطا
فرمائی ہو۔ اور وہ اس میں قائم رہے۔ نظر
کرنا (متعدی) ۱ دیکھنا۔ نظر ڈالنا ۲ اشارہ
کرنا۔ کنایا کرنا ۳ توجہ کرنا۔ نگاہ کرنا ۴ لالچ کرنا۔
۵ بعض شعرا نے نذر کرنا کی بجائے باندھا ہے
ممکن ہے کاتب کی غلطی ہو ۶ (چہرے پر) دفتر
سے نام کاٹ دینا۔ موقوف کر دینا۔ نوکری سے
ہٹا دینا۔ نظر کش (صفت) بھانے والا۔ نظر
کو پہچاننا یا تاڑ جانا (لازم) تیور دیکھنا۔ نظر
پہچاننا۔ نظر کھا جانا (لازم) نظر بد کا اثر ہونا۔
چشم بد کی وجہ سے ضرر پہنچنا یا مر جانا۔ نظر کے
سامنے رکھنا (متعدی) اپنے سامنے سے نہ
ہٹنے دینا۔ نگاہ میں رکھنا۔ روبرو رکھنا۔ نظر
کے سامنے ہونا (لازم) ہر وقت نگاہ میں ہونا
روبرو ہونا۔ نظر کیمیا اثر (مونث) وہ نظر جس
سے لوگوں کو فائدہ پہنچے۔ مہربانی کی نظر۔ نظر
گاہ (مونث) ۱ تماشا گاہ۔ تھیٹر۔ اکھاڑہ ۲
سیر گاہ۔ نظارہ۔ نظر گاہِ عام (مونث) ۱
وہ سیر گاہ جہاں ہر کوئی جا سکے ۲ شارعِ عام
گزرِ عام۔ وہ جگہ جہاں سب کی نظر پڑتی ہو۔
نظر گزر (مونث) ۱ نظر بد۔ چشم زخم ۲ جن پری
کا سایہ ۳ وہ چیز جو نظر کا اثر بد دور کرنے کے
لئے علیحدہ رکھ دی یا زمین پر گرا دی جائے۔
نظر گزر کا (صفت) دیکھو آخری ۳ نظر گزر
کا ٹیکا (مذکر) کاجل کا ٹیکا جو نظر بد کے دفیعہ
کے لئے عورتیں بچوں کے ماتھے پر لگاتی ہیں۔
نظر گزر کے لئے۔ صدقہ خیرات کرنے کے
لئے نظر گزر ہونا (لازم) نظر بد کا اثر ہونا۔
نظر گڑنا (متعدی) کسی چیز کو بہت غور سے دیکھنا
نظر جمنا۔ نظر لڑانا (متعدی) لڑنا (لازم) آنکھیں

دوچار ہونا۔ نظر سے نظر ملنا۔ نگاہ بازی ہونا۔
نظر لگا (صفت) وہ جس پر نظر بد کا اثر ہو۔
نظر لگا دینا یا لگانا (متعدی) ۱ چشم زخم پہنچانا۔
نظر بد لگانا ۲ ندیدوں کی طرح دیکھنا۔ نظر
لگ جانا یا لگنا (لازم) ۱ بری نظر کا اثر کر
جانا۔ آسیب چشم پہنچنا۔ ٹوک میں آجانا ۲ جن
پری کا سایہ ہونا۔ آسیب ہونا ۳ عشق ہونا
تعشق ہونا۔ نظر مارنا (متعدی) آنکھ مارنا۔
اشارہ کرنا۔ نظر ملانا (متعدی) ملنا (لازم)
آنکھ سے آنکھ ملنا۔ آنکھیں دوچار ہونا۔ آنکھ مقابل
ہونا۔ نظر ملتے ہی کام کر گئی۔ عاشق ہو گیا
نظر موٹی ہو جانا (لازم) بصارت اتنی
کم ہو جانا کہ باریک چیز نہ سوجھے۔ نظر میں
(ق ف) ۱ آنکھ میں۔ نگاہ میں ۲ روبرو۔ سامنے
خیال میں۔ دھیان میں ۳ تمیز میں۔ شناخت
میں ۵ ملاحظے میں۔ معائنے میں۔ دیکھنے بھالنے
میں۔ نظر میں آنا (لازم) ۱ ٹوک میں آنا۔ نظر
بد کا اثر ہونا ۲ دکھائی پڑنا۔ سجھائی دینا۔ معلوم دینا۔
۳ دیکھنے بھالنے میں آنا ۴ دھیان میں آنا۔ خیال
میں آنا۔ نظر میں بھانپنا (متعدی) دیکھ کر
اندازہ کر لینا۔ نگاہ سے بھانپ لینا۔ نظر میں
بھرنا (لازم) باوقعت ہونا۔ نگاہ میں جچنا۔ پسند
آنا۔ نظر میں بھر جانا یا پھرنا (لازم) تصور
میں آجانا۔ خیال میں آنا۔ نظر میں تاڑ لینا (متعدی)
نگاہ سے بھانپ لینا۔ دیکھ کر اندازہ کر لینا۔
نظر میں تلنا (لازم) تولنا (متعدی) نگاہ سے
اندازہ کر لینا یا جانچ لینا۔ نظر میں ٹھہرنا
(لازم) نگاہ میں جچنا۔ نظر میں جانچ لینا
(متعدی) دیکھو نظر میں بھانپنا۔ نظر میں جچنا
یا جمنا (لازم) نگاہ میں باوقعت ہونا۔ نظر میں
جہاں اندھیر ہونا (لازم) بیحد غم ہونا۔ سخت
مصیبت پڑنا۔ نظر میں چبھنا یا چبھنا (لازم)
آنکھوں کو بھلا معلوم ہونا۔ پسند خاطر ہونا۔ نظر
میں چڑھنا (لازم) نگاہ میں جچنا۔ عالی رتبہ یا
بیش قیمت معلوم ہونا۔ نظر میں چھانا (لازم)
آنکھوں میں بسنا۔ ہر وقت دھیان میں رہنا۔ نظر
میں حقیر (صفت) بے وقعت۔ نظر میں خار
ہونا (لازم) برا لگنا۔ ناگوار گزرنا۔ نظر میں رکھنا
(متعدی) نگاہ میں رکھنا۔ زیر نگرانی رکھنا۔ نظر

میں رہنا (لازم) ۱ خیال یا دھیان میں رہنا ۲
سامنے رہنا۔ نظر میں سبک ہونا (لازم) بے وقعت
ہونا۔ خفیف ہونا۔ نظر میں سمانا (لازم) ۱ آنکھوں
میں بسنا۔ ہر وقت خیال میں رہنا ۲ پیارا لگنا۔ مقبول
نظر ہونا۔ بھلا لگنا۔ نظر میں ضعف آنا (لازم)
بینائی کم ہونا۔ نظر میں عالم تاریک (سیاہ)
ہونا (لازم) بیحد رنج و غم ہونا۔ صدمے یا غم کی
وجہ سے کچھ نہ سوجھنا۔ نظر میں کھبنا (لازم)
پسند آنا۔ مرغوب ہونا۔ مقبول ہونا۔ نظر میں
کھٹکنا (متعدی) برا معلوم ہونا۔ آنکھوں میں
ناگوار گزرنا۔ نظر میں نہ آنا۔ ٹھہرنا یا جچنا
(لازم) نگاہ میں نہ جچنا۔ وقعت یا عزت نہ پانا۔
خاطر میں نہ آنا۔ قابل قدر نہ ہونا۔ نظر میں ہونا
(لازم) دھیان یا خیال میں ہونا۔ پہچان میں ہونا
نظر نہ آنا (لازم) دکھائی نہ دینا۔ پتا نہ لگنا۔ ناپید
ہو جانا۔ نظر نہ ٹھہرنا (لازم) کسی چیز کی آب و
تاب کی وجہ سے نظر قائم نہ رہنا۔ چکا چوند آنا۔
نظر نہ چڑھنا۔ (لازم) پسند نہ ہونا۔ اچھا نہ معلوم
دینا۔ بھلا نہ لگنا۔ نظر نہ لگنا (لازم) چشم بد کا
اثر نہ ہونا۔ نظر نہ ملنا (لازم) نظر سامنے نہ ہونا۔
آنکھ سامنے نہ ہونا۔ شرم وغیرہ کی وجہ سے آنکھ
اٹھا کر بات نہ کر سکنا۔ نظر نہ ہونا (لازم) ۱ پرکھ نہ
ہونا۔ تمیز نہ ہونا ۲ نظر نہ لگنا۔ چشم بد کا اثر نہ ہونا
۳ توجہ نہ ہونا۔ پروا نہ ہونا۔ نظر نہیں آتا۔ سجھائی
نہیں دیتا ۲ امید نہیں۔ نظر والا (صفت) وہ جس
کو نظر لگی ہو۔ نظروں (مونث) نظر کی جمع حروف
مغیرہ سے پہلے۔ نظروں پر چڑھانا (متعدی)
چڑھنا (لازم) دیکھو نظر چڑھانا و چڑھنا۔ نظروں
سے (ق ف) نظروں سے اتارنا (متعدی)
اترنا (لازم) اوجھل ہونا (لازم) پہچاننا
(متعدی) دور ہونا (لازم) گرا دینا (متعدی)
گر جانا۔ گرنا (لازم) نظروں میں (ق ف)
نظروں میں آنا (لازم) بھانپنا۔ بھرنا (متعدی)
پھر جانا۔ پھرنا (لازم) تاڑنا (متعدی) تلنا
(لازم) تولنا (متعدی) ٹھہرنا۔ جانچ لینا۔
جچنا۔ جمنا۔ جہاں اندھیر ہونا (لازم) حقیر
(صفت) چڑھنا۔ خار ہونا (لازم) رکھنا (متعدی)
رہنا۔ سمانا (لازم) دیکھو نظر سے۔ نظر سے اتارنا
وغیرہ۔ نظروں میں غائب ہو جانا (لازم)

دیکھتے دیکھتے غائب یا گم ہو جانا۔ آنکھوں کے سامنے سے کسی چیز کا جاتا رہنا۔ **نظروں میں غبار چھانا** (لازم) دھندلا نظر آنا۔ بینائی کم ہو جانا۔ **نظروں میں کھائے جانا** (لازم) ۱ کسی چیز کو حرص کی نظر سے دیکھنا ۲ معشوق کو بیحد خواہش کی نظر سے دیکھنا ۳ نگاہوں میں تباہ کئے دینا۔ آنکھوں ہی میں دم سکھائے دینا۔ **نظروں میں گھٹنا** (لازم) حقیر ہونا۔ بیقدر ہونا وقعت نہ رہنا۔ **نظروں میں لگنا** (لازم) دیکھو نظر میں چڑھنا (دہلی) **نظروں نظروں میں** (تف) آنکھوں کے سامنے۔ نگاہوں کے سامنے۔ نگاہوں سے۔ دیکھتے دیکھتے۔ **نظروں نظروں میں کھائے جانا** (لازم) دیکھو نظروں میں کھائے جانا۔ **نظر ہائی** (صفت مونث) ہا یا (صفت مذکر) ۱ نذیدہ ۲ وہ جس کی نظر لگ جائے۔ **نظر ہو جانا** (لازم) ۱ نظر لگ جانا چشم بد کا اثر ہو جانا ۲ آسیب کا خلل ہو جانا۔ جن و پری کا سایہ ہو جانا ۳ (پر) خیال ہونا۔ توجہ ہو جانا۔ **نظر ہونا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ تمیز ہونا۔ شناخت ہونا ۳ توقع ہونا۔ آسرا ہونا ۴ ایک سیارے کا دوسرے پر اثر ہونا۔ **نظری** (مونث) ۱ وہ چیز جو نامنظور ہو۔ ایران میں دستور ہے کہ جو چیز نامنظور ہو اس کے متعلق کاغذ پر نظری لکھ دیتے ہیں ۲ نظر سے گرایا ہوا ۳ رسالے سے نکالا ہوا (گھوڑا) ۴ بیکار۔ نکما۔ ناقص ۵ وہ جو آنکھوں سے نظر آئے ۶ بدیہی کا مقابل۔ خیالی۔ قیاسی ۷ (حکمت) وہ علم جس میں حقائق موجودات کے تصور سے بحث ہو ۸ (علم ہیئت) دعوے جو دلائل سے ثابت ہو۔ مسئلہ۔ **نظر یافتہ** (صفت) دیکھو نظر کردہ۔ **نظری فرد** (مونث) وہ فرد جو رد کر دی گئی ہو۔ اور اس پر نشان کر کے مشکوک کر دیا گیا ہو۔ **نظریں** (مونث) جمع نظر کی۔ **نظریں چرا کر دیکھنا** (متعدی) دزدیدہ نگاہوں سے دیکھنا۔ آنکھیں بچا کر دیکھنا کن آنکھوں سے دیکھنا۔ **نظریں چرانا** (متعدی) اغماض کرنا۔ نظریں بچانا آنکھیں چرانا۔

اقوال۔ نظر پتھر کو توڑ دیتی ہے۔ نظر پتھر میں تاثیر کرتی ہے۔ نظر بد کا اثر پتھر سی سخت چیز میں ہو جاتا ہے۔ **نظر خوش گزرے۔** ایک جلدی سے گزر جانے والی نگاہ۔ ایک سرسری نظر۔

نظم (ع۔ مونث) ۱ شعر۔ کلام موزوں۔ چند شعروں کا مجموعہ جو ایک ہی مضمون پر ہوں ۲ لڑی۔ سلک ۳ (مذکر) انتظام۔ بندوبست (نَظَم۔ پرونا) **نظم سنج یا گستر** (مذکر) شاعر۔ **نظم سنجی یا گستری** (مونث) شاعری۔ شعر لکھنا۔ **نظم کرنا** (متعدی) کسی مضمون کو شعروں میں لکھنا۔ **نظم لکھنا** (متعدی) اشعار موزوں کرنا۔ نظم تحریر کرنا۔ **نظم و نسق** (مذکر) انتظام۔ بندوبست۔ اہتمام۔ انصرام۔ تدبیر مملکت راج نیتی۔ حسن انتظام۔ حکمرانی کا قاعدہ۔ **نظم و نسق بٹھانا** (متعدی) بندوبست کرنا۔ انتظام کرنا۔ تدبیر مملکت میں مصروف ہونا۔ **نظم و نسق کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بندوبست ہونا۔ انتظام ہونا۔ **نظم ہونا** (لازم) ۱ اشعار موزوں ہونا ۲ اشعار ہونا۔

نظیر (ع۔ مونث) ۱ مثال۔ تمثیل ۲ فیصلہ پریوی کونسل۔ ہائی کورٹ وغیرہ ۳ نمونہ ۴ (صفت) ثانی۔ ہمتا ۵ مثل۔ مانند (نَظَر۔ دیکھنا) **نظیر السمت** (مونث) سمت الرجل۔ تحت الثریٰ۔ **نظیر پیش کرنا۔ دینا یا لانا** (متعدی) حوالہ دینا۔ تمثیل دینا۔

نظیف (ع۔ صفت) ۱ پاک۔ پاکیزہ ۲ حلال۔ مباح۔ جائز (نَظَف۔ پاک ہونا)

نعال (ع۔ مذکر) ۱ نعل کی جمع ۲ جوتے۔

نعت (ع۔ مونث) ۱ صفت و ثنا۔ تعریف۔ مدح و ثنا ۲ خصوصاً پیغمبر صلعم کی تعریف کے متعلق استعمال ہوتا ہے (نَعَت۔ بیان کرنا) **نعت پڑھنا** (صفت) پیغمبر صلعم کی تعریف شعروں میں ادا کرنا۔ **نعت خواں** (صفت) نعت پڑھنے والا۔ **نعت خوانی** (مونث) نعت پڑھنا۔ **نعتیہ** (مونث) تعریفی (نظم) وہ جو نعت میں ہو (نظم)

نعرہ (ع۔ مذکر) ۱ زور کی آواز۔ شور۔ غوغا۔ للکار ۲ آوازِ جنگ جیسے اللہ اکبر۔ علی علی۔ دین دین۔ جے جے ۳ آہ۔ درد کی آواز یا چیخ (نَعَر۔ آواز کے ساتھ پھوٹ نکلنا) **نعرۂ اللہ اکبر** (مذکر) اللہ اکبر کا نعرہ۔ **نعرۂ تکبیر** (مذکر) اللہ اکبر کا نعرہ۔ **نعرہ زن یا کش** (صفت) ۱ للکارنے والا۔ نعرہ مارنے والا ۲ فریاد کرنے والا۔ فریاد کناں۔ آہ زناں۔ **نعرہ زنی یا کشی** (مونث) نعرہ کرنا۔ **نعرۂ حیدری** (مذکر) حضرت علیؑ کے نام کا نعرہ۔ زور و شور کا نعرہ۔ **نعرہ کرنا۔ کھینچنا۔ لگانا۔ مارنا** (متعدی) ۱ زور کی آواز نکالنا۔ للکارنا۔ پکارنا ۲ فریاد کرنا۔ شور کرنا۔ غوغا کرنا۔ نالہ کرنا۔ زور سے آہ کرنا۔

نعش (ع۔ مونث) ۱ لاش میت۔ انسان کا مردہ جسم ۲ تابوت معہ مردہ۔ ارتھی۔ جنازہ ۳ بنات النعش۔ سات سہیلیوں کا جھمکا۔ سپت رشی (نَعَش۔ خدا کا کسی شخص کو ممتاز کرنا) **نعش اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) جنازہ اٹھنا۔ مردے کو دفن کرنے کے لئے لیجانا۔ **نعش بھاری ہونا** (متعدی) ۱ نعش کا اٹھانا ناگوار ہونا ۲ لاش کا بوجھل ہو جانا۔ کہتے ہیں کہ گنہگار کی لاش بوجھل ہو جاتی ہے۔ **نعش رکھنا** (متعدی) جنازے کو زمین پر رکھ دینا۔ **نعش کی تشہیر کرنا** (متعدی) باغیوں کی لاش کو بطور سزا ذلیل حالت میں لوگوں کو دکھانا۔

نعل (ع۔ مذکر) ۱ جوتی۔ جوتا۔ پاپوش۔ کفش۔ جفت ۲ آہنی حلقہ جو گھوڑوں بیلوں وغیرہ کے پاؤں میں لگاتے ہیں۔ ان سے پاؤں نہیں گھستے ۳ وہ حلقہ جو جوتی کی مضبوطی کے واسطے کھری میں لگاتے ہیں ۴ وہ نعل نما لکڑی جو پہلوان ایک ہاتھ سے اٹھا کر زمین پر پھینک دیتے ہیں ۵ وہ نقدی جو قمار خانے کا مالک ہر داؤ پر لیتا ہے ۶ نیام کی شام ۷ خراج۔

باج (نعل - جوتا پہننا) **نعل اٹھانا** (متعدی) اٹھنا (لازم) نعل کا ۱ سے کثرت ہونا - نعل کا ۲ اونچا کیا جانا۔ **نعل باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) گھوڑے بیل وغیرہ کے پاؤں میں نعل کا پیوست کیا جانا - **نعلبند** (مذکر) گھوڑے وغیرہ کے نعل باندھنے والا - **نعلبندی** (مونث) ۱ نعل باندھنا۔ نعل باندھنے کا کام (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ خراج - باج - **نعلبندی دینا** (متعدی) خراج دینا - **نعل بہا** (مذکر) خراج - باج - **نعل جڑنا** (لازم) دیکھو نعل باندھنا - **نعل چوبی** (مذکر) کھڑاؤں۔ **نعل در آتش** (صفت) بیقرار - گھبرایا ہوا - مضطرب - بےچین - جادوگر نعل پر کسی قسم کا نام لکھ کر آگ میں ڈالتے اور منتر پڑھتے ہیں - تو وہ بیقرار ہو جاتا ہے - **نعل گرانا** (متعدی) گرنا (لازم) گھوڑے کے نعل کا اکھڑ کر علحدہ ہو جانا - **نعل لگانا** (متعدی) لگنا (لازم) دیکھو نعل بندھنا - **نعلین** (مذکر) صیغہ تثنیہ دونوں جوتیاں - جوتیوں کا جوڑا -

اقوال - نعلین تحت

العین - جوتے کو آنکھوں کے سامنے ہی رکھنا چاہئے - کیوں کہ لوگ اکثر جوتے چرا لیتے ہیں - **نعلین در بغلین** (مذاقاً) جوتوں کو بغل میں رکھنا چاہئے تاکہ کوئی چرا نہ لے -

نَعَم (ع - مذکر) ۱ چارپایہ - جمع انعام (نَعَمَ - سرسبز ہونا) ۲ (کلمۂ ایجاب) ہاں (نَعَمَ - ہاں کہنا)

نِعَم (ع - مذکر) نعمت کی جمع - نعمتیں -

نِعم (ع - حرف ندا) ۱ کیسا اچھا ۲ (اردو) اچھا - نیک - **نعمَ البَدَل** (مذکر) اچھا بدلہ - نیک عوض یا معاوضہ - کوئی نقصان ہو جائے - یا بچہ یا بیوی مرجائے تو کہتے ہیں کہ تم کو اس کا نعم البدل دے (دینا عطا فرمانا یا کرنا کے ساتھ) -

نِعمَت (ع - مونث) ۱ اچھی چیز جو دی جائے - خصوصاً جو خدا کی طرف سے ملے ۲ عطا - بخشش - عطیہ ۳ مال - دولت - ثروت - پونجی - ۴ لذیذ چیز - مزیدار کھانا ۵ آرام - آسائش ۶ ناز - لاڈ عموماً ناز کے ساتھ (نَعَمَ - مزے سے زندگی گزارنا) **نعمتِ الوان** (مونث) قسم قسم کی نعمتیں - **نعمت پروَردَہ** (صفت) نازونعمت سے پلا ہوا - لاڈلا - نازپروردہ - **نعمت خانہ** (مذکر) ۱ وہ مکان جس میں کھانے کا سامان رکھا ہو ۲ وہ مکان جس میں امرا کھانا کھاتے ہیں ۳ وہ لکڑی کی الماری جس میں جالی لگی ہوتی ہے - اور اس میں کھانا - گوشت وغیرہ کھلا رکھا جاتا ہے تاکہ مکھیاں نہ بیٹھیں اور جانور اٹھا کر نہ لے جائیں - **نعمتِ عُظمےٰ** (مونث) بڑی نعمت **نِعمتِ غیرمُترَقِّبہ** (مونث) وہ نعمت جس کی امید نہ ہو یا سان گمان نہ ہو - خداداد نعمت - **نعمتِ غیر مُترَقِّبہ ملنا یا ہاتھ آنا** (لازم) مفت کا ملنا - بے محنت مال ہاتھ آنا - بن مانگے دولت ملنا - **نعمت کدہ** (مذکر) ۱ نعمت کا گھر ۲ بہشت - **نعمت کی ماں کا کلیجہ** (بیگمات) عمدہ اور انوکھی بات (کہنا کے ساتھ)

نَعنا - نعناع - نُعنُع (ع - مذکر) پودینہ -

نَعُوذ (ع - مضارع) صیغہ جمع متکلم - ہم پناہ مانگتے ہیں (عاذ - عَوذ - دوسرے کے پاس پناہ لینا) **نعوذ باللہ** - ہم خدا سے پناہ مانگتے ہیں - خدا کی پناہ - خدا بچائے - بری بات - نفرت یا خوف ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں - **نعوذ باللہ من ذالک** - ہم اس چیز سے خدا سے پناہ مانگتے ہیں -

نُعُوظ (ع - مذکر) عضو تناسل کا کھڑا ہونا - استادگی - ذکر (نَعَظَ - ذکر کا استادہ ہونا)

نَعیق (ع - مونث) کوے کی آواز - کائیں - کائیں (نَعَق - کوے کا بولنا)

نَعیم (ع - مذکر) ۱ نعمت - مال ۲ نیکی ۳ دسترس - پہنچ ۴ انعام دی ہوئی چیز - عطا شدہ چیز ۵ ناز - لاڈ - پیار ۶ خوشی - آنند - کلیاں ۷ (صفت) صاحب نعمت - نعمت والا (نَعَمَ - مزے سے زندگی بسر کرنا)

نَغز (ف - صفت) ۱ خوبصورت - حسین ۲ عمدہ - پاکیزہ - اچھا - خوب ۳ اعلےٰ - افضل - فائق - عجیب ۴ (مذکر) کوئی عجیب یا نادر چیز - **نَغزَک** (صفت) ۱ دیکھو نغز ۲ مجازاً آم - کہتے ہیں کہ یہ نام آم کا محمود نے رکھا تھا - جب اس نے آم کھایا تو کہا کہ ایسی لطیف چیز کا ایسا معمولی نام موزوں نہیں نغزک ہونا چاہئے یعنی بجائے آم (عام) عجیب و غریب چیز زیادہ موزوں ہے - **نغز گفتار یا گو** (صفت) شیریں کلام - جس کی گفتگو عمدہ یا پاکیزہ ہو

نَغَم (ع - مذکر) نغمہ کی جمع - نرم سریلی آوازیں - گیت - راگ -

نَغَمات (ع - مذکر) نغمہ کی جمع الجمع - سریلی آوازیں - سہاونی آوازیں -

نَغمہ (ع - مذکر) ۱ سریلی آواز - رسیلی آواز - سہاونی آواز ۲ گیت - راگ - ترانہ (نَغَمَ - آہستہ آواز سے پڑھنا یا گانا) **نغمہ پرداز - ریز - زن - ساز - سرا - سنج یا طراز** (صفت) ۱ گانے والا - گویا ۲ اچھا شعر کہنے والا - **نغمہ سرائی یا سنجی** (مونث) گانا - گیت - ترنم (کرنا ہونا

کے ساتھ

نَفّاخ (ع۔ صفت) ریح پیدا کرنے والا۔ بادی (نَفخ۔ پھونکنا)

نِفاختی (اردو۔ صفت) بیوقعت۔ ذلیل۔ بیشتر۔

نَفاذ (ع۔ مذکر) ۱ پروانہ فرمان یا حکم کا جاری ہونا۔ اجرا۔ صدور ۲ ایک چیز کا دوسری میں داخل ہونا یا گھسنا یا توڑ کر نکل جانا۔ دخول ۳ گزرنا۔ پیچھے چھوڑ جانا ۴ دشمن سے بچ جانا ۵ (صفت) پہنچا ہوا۔ آیا ہوا (خط) ۶ صادر شدہ (حکم) ۷ تعمیل شدہ (کرنا ہونا کے ساتھ) (نَفَذ۔ حکم کی تعمیل ہونا)

نَفّار (ع۔ مذکر) نفرت کرنے والا (نَفَر۔ بھاگنا)

نِفاس (ع۔ مذکر) ۱ وہ خون جو زچہ کے اندام نہانی سے چالیس روز تک نکلا ہوا بہتا ہے ۲ بچے کا جننا۔ دردِ زہ ۳ بچہ جننے کے بعد چالیس دن (نفس۔ عورت کا بچہ جننا)

نَفاسَت (ع۔ مونث) ۱ پاکیزگی۔ صفائی۔ لطافت ۲ خوبی۔ عمدگی ۳ پسندیدگی (نفس۔ قیمتی ہونا)

نفاط (ع۔ مذکر) دیکھو نفط۔

نِفاق (ع۔ مذکر) ۱ پھوٹ کینہ۔ بغض۔ عداوت۔ دشمنی ۲ بگاڑ۔ نا اتفاقی ۳ ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ۔ بظاہر دوستی بباطن دشمنی (نفق۔ قابل فروخت ہونا) **نفاق پڑنا** (لازم) پھوٹ پڑنا۔ آپس میں بگاڑ ہونا۔ **نفاقتا** (صفت) منافق۔ مکار۔ کپٹی (عو) **نفاقتی** (صفت مونث) دیکھو نفاقتہ۔ **نفاق ڈالنا** (متعدی) بگاڑ کرنا۔ **نفاق رائے** (مذکر) رائے کا اختلاف۔ **نفاق رکھنا** (متعدی) دل میں بغض رکھنا۔ کپٹ رکھنا۔ عداوت رکھنا۔

نفائس (ع۔ مذکر) نفیسہ کی جمع۔ نفیس چیزیں۔

نِفط (ع۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا تیل جو سخت دان کی زمین میں سے نکلتا ہے۔ دو قسم کا ہوتا ہے سفید اور سیاہ۔ سفید دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔ سیاہ جلانے کا کام آتا ہے ۲ ایک قسم کی دوائی جہاں اسے ڈالتے ہیں۔ آگ لگ جاتی ہے۔ **نفط انداز** (صفت) نفط پھینکنے والا۔

نَفتا۔ نُفتہ۔ (اردو۔ مذکر) نیلا یا سیاہ۔ کبوتر جس پر سفید چتیاں ہوں۔

نَفح (ع۔ مونث) خوشبو۔ سگندھ (نفح۔ خوشبو پھیلانا)

نَفَحات (ع۔ مونث) نفح کی جمع۔ خوشبوئیں۔

نَفخ (ع۔ مذکر) ۱ پیٹ کا پھولنا۔ اپھار ریح ۲ پھونکنا۔ ہانپنا ۳ منہ سے کوئی باجا بجانا ۴ غرور تکبر (نَفَخ۔ پھونکنا) **نفخِ صور** (مذکر) وہ صور جو قیامت کے دن حضرت اسرافیل پھونکیں گے۔ **نفخہ** (مذکر) نفخ۔ **نفخۂ صور** (مذکر) دیکھو نفخِ صور۔

نَفَر (ع۔ مذکر) ۱ اصل معنی اس لفظ کے وہ گروہ تھے جو بھاگ یا جا رہا ہو۔ فارسیوں نے ایک شخص کے معنوں میں استعمال کیا ہے ۲ نوکر۔ ملازم۔ چاکر ۳ کام کرنے والا۔ مزدور۔ قلی ۴ سائیس ۵ ایک آدمی۔ شخص واحد۔ فرد۔ (نَفَر۔ بھاگنا) **نفر گنتی فیصلہ** (مذکر) رعیت واری فیصلہ۔ تعین مالگزاری جو ہر کاشتکار کے ساتھ علیحدہ کیا جائے۔

نَفر (ع۔ مونث) ڈر کر بھاگنا۔ ڈر۔ خوف (نَفَر۔ بھاگنا)

نَفرا (ع۔ مذکر) ادنے نوکر۔ ذلیل نوکر۔ کمینہ۔ یہ لفظ عربی میں استعمال نہیں ہوتا۔ ہندوستان کی ایجاد ہے۔ **نفراگی** (مونث) دیکھو نفرائی۔ **نفرانی** (مونث) ۱ ادنی ملازمہ ۲ سائیس کی بیوی۔ **نفرائی** (مونث) ادنی ملازمت۔ کمینہ کام۔

نَفرَت (ع۔ مونث) ۱ کسی چیز سے بھاگنا ۲ تنفر۔ اکراہ۔ کراہیت۔ گھن۔ بیزاری ۳ ناپسندیدگی۔ ناگواری (نَفَر۔ بھاگنا) **نفرت انگیز** (صفت) قابل نفرت۔ نفرت پیدا کرنے والا۔ **نفرت بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) آپس میں بیزاری زیادہ ہونا۔ **نفرت رکھنا** (متعدی) کسی چیز سے تنفر کرنا۔ **نفرت زدہ** (صفت) وہ جس سے لوگ نفرت کریں۔ **نفرت کرنا یا کھانا** (متعدی) ذلیل سمجھنا۔ تنفر کرنا۔ حقارت سے دیکھنا۔ گھن کھانا۔ **نفرت ہونا** (لازم) گھن آنا۔ کراہیت ہونا۔ تنفر ہونا۔

نَفری (ع۔ مونث) ۱ نفر۔ مزدور قلی ۲ روزانہ۔ مزدوری۔ اُجرت ۳ ایک مزدور کا دن بھر کا کام۔ یہ لفظ عربی میں استعمال نہیں ہوتا۔ ایرانیوں کی ایجاد ہے (نَفَر۔ نوکر سے بنایا گیا ہے)

مثل۔ نفری میں نخرہ کیا ۱ واجبی حق دینے میں احسان نہیں ہوتا ۲ صحیح اور درست بات میں کیا تکرار۔

نَفرِین (ف۔ مذکر) اردو میں بالفتح۔ ۱ نفرت۔ تنفر ۲ بددعا۔ کوسنا ۳ ملامت۔ پھٹکار۔ لعنت (نفریدن۔ نفرت کرنا) **نفرین اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) ملامت کی برداشت ہونا۔ **نفرین کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) لعنت ملامت ہونا۔ پھٹکار ہونا۔

نَفَس (ع۔ مذکر) ۱ سانس۔ دم۔ تنفس ۲ ذات۔ ہستی۔ وجود ۳ عورت کا بدن ۴ آلہ تناسل ۵ روح ۶ شخص۔ بشر۔ کس ۷ مادہ۔ جوہر۔ تت ۸ کوئی چیز ۹ اپنا آپ ۱۰ خیال۔ لا مرضی ۱۱ خواہش ۱۲ گوشت۔ خون ۱۳ سچائی۔ صداقت۔ اصلیت ۱۴ مضمون کتاب ۱۵ شہوت۔ خواہش نفسانی ۱۶ امنی ۱۷ غرور ۱۸ شان و شوکت ۱۹ حسد۔ رشک ۲۰ نقص۔ دھبہ۔ داغ۔ (نَفِس۔ بہت چاہنا یا خواہش کرنا) **نفس الامر** (مذکر) ۱ اصل معا۔ واقعی بات۔ حقیقت کار ۲ (تف) درحقیقت حقیقت۔ فی الواقعہ فی الحقیقت۔ **نفس الامری** (صفت) نفس الامر سے منسوب۔ **نفس الحال** (مذکر) مقدمے کے اصل واقعات۔ معاملے کا اصل مطلب۔ حقیقتِ حال۔ **نفس امارہ** (مذکر) انسان کی وہ خواہش جو اُسے بری باتوں یا ممنوعات شرعی کے کرنے پر مجبور کرے حیوانی یا شیطانی خواہش۔ **نفسا نفسی** (مونث) خودغرضی۔ خودپرستی۔ آپا دھاپی (پڑنا کے ساتھ) **نفسانی** (صفت) نفس کے متعلق۔ نفس کا۔ **نفسانیت** (مونث) ۱ خودغرضی۔ نفس پروری ۲ غرور۔ تکبر۔ نخوت۔ **نفس بہیمی** (مذکر) چوپایوں کی

جان ۔ حیوانی خواہش ۔ نفسِ امارہ ۔ **نفس پرست** یا **پرور** (صفت) شہوت پرست ۔ بوالہوس ۔ عیاش ۔ **نفس پرستی یا پروری** (مونث) ۱ شہوت پرستی ۔ بوالہوسی ۔ عیاشی ۲ خود غرضی ۔ خود پرستی ۔ آپا دھاپی **نفس تنگ کرنا** (متعدی) ستانا ۔ دق کرنا ۔ ناک میں دم کرنا **نفس کُش** (صفت) اپنی خواہشوں کو مارنے والا زاہد ۔ عابد ۔ پرہیزگار ۔ **نفس کُشتہ ہونا** (لازم) خواہشِ نفسانی نہ رہنا **نفس کُشی** ۔ (مونث) خواہشِ نفسانی کو مارنا ۔ من مارنا ۔ زہد ۔ تقوے ۔ پرہیزگاری ۔ **نفس کو ضبط کرنا** (متعدی) نفس کو مارنا **نفسِ لوّامہ** (مذکر) صدورِ گناہ پر اپنے آپ کو لعنت ملامت کرنے والا نفس ۔ ضمیر ۔ کانشنس ۔ **نفس مارنا** (متعدی) خواہشوں کو روکنا ۔ دل کو مارنا ۔ چتا مارنا ۔ زہد و تقوے اختیار کرنا **نفسِ مضمون** (مذکر) مضمون کا مدعا ۔ مضمون کا مطلب **نفسِ مطلب** (مذکر) مقصودِ اصلی ۔ مدعا ۔ منشا ۔ مفہوم ۔ **نفسِ مُطمَئِنّہ** (مذکر) وہ نفس جو بری عادتوں ۔ خواہشوں سے پاک ہو کر خدا کے ساتھ دل لگائے **نفسِ ملہمہ** (مذکر) الہام کی قوت رکھنے والا علم ۔ الہامی نفس ۔ **نفسِ ناطِقہ** (مذکر) ۱ بولنے والی روح ۔ انسان ۲ معتمد علیہ ۔ نہایت مقرب ۔ **نفسِ نفیس** (مذکر) ۱ ذاتِ خاص ۔ خود بدولت ۔ آپ خود ۔ بڑے آدمیوں کے متعلق بترکیب بنفسِ نفیس استعمال ہوتا ہے ۲ خدا کی ذاتِ پاک ۔ **نفسی** (مونث) منسوب بہ نفس ۔ نفس کا ۔ اپنا **نفسی نفسی** (صفت) ۱ اپنے اپنے نفس کی ۔ اپنی اپنی ذات کی ۔ اپنی ۔ اپنی ۔ اپنے اپنے دم کی ۲ خود غرضی ۔ آپا دھاپی ۔ **نفسی نفسی پڑنا** (لازم) اپنی اپنی ذات کی فکر ہونا ۔ **نفسی نفسی کا دن** (مذکر) روزِ قیامت ۔

نَفَس (ع ۔ مذکر) ۱ سانس ۔ دم ۔ تنفس ۲ وہ وقفہ جس میں دم لیا جائے ۔ پل ۔ لمحہ ۔ لحظہ ۔ **نفسِ بازپس یا پسیں** (مذکر) آخری دم ۔ وہ دم جس کے بعد اور دم نہ آئے ۔ **نفس پرور** ۔ (صفت) دل خوش کن ۔ جانفزا ۔ راحت رساں ۔ **نفس درازی** (مونث) طول کلامی ۔ زیادہ گوئی ۔ **نفسِ سرد** (مذکر) آہِ سرد کھینچنے کے ساتھ **نفس شماری** (مونث) دم شماری ۔ حالتِ نزع ۔ **نفسِ گرم** (مذکر) آہِ گرم ۔ **نفس گیر** (صفت) جس کا دم گھٹتا ہوا ہو ۔ **نفسِ واپسیں** (مذکر) نفسِ بازپس

نَفط (ع ۔ مذکر) دیکھو نفت ۔

نَفع (ع ۔ مذکر) اردو میں عام طور پر بفتح ثانی استعمال ہوتا ہے ۱ فائدہ ۔ منافع ۲ حاصل نتیجہ ۔ ثمرہ ۳ سود (نَفَعَ ۔ فائدہ مند ہونا) **نفع اُٹھانا** (متعدی) فائدہ حاصل کرنا ۔ **نفع دیکھنا** (متعدی) فائدہ دیکھنا ۔ **نفع دینا** (متعدی) ۱ فائدہ پہونچانا ۲ ثمرہ دینا ۔ **نفع رساں** (صفت) فائدہ پہونچانے والا ۔ **نفع رسانی** (مونث) ۱ فائدہ پہونچانا ۲ کسی چیز کا فائدہ یا نفع دینا ۔ **نفع رہنا** (لازم) فائدہ رہنا ۔ فائدہ ہونا ۔ **نفع کرنا** (متعدی) ۱ فائدہ بخشنا ۲ صحت دینا ۳ لابھ اُٹھانا ۔ فائدہ ہونا ۔ **نفع کمانا** (متعدی) فائدہ حاصل کرنا ۔ لابھ اُٹھانا ۔ **نفع نقصان** (مذکر) ۱ فائدہ اور ٹوٹا ۲ برائی بھلائی ۔ اونچ نیچ ۳ علمِ حساب کا ایک قاعدہ جس سے تجارت کا نفع نقصان معلوم ہوتا ہے ۔

نَفقَہ (ع ۔ مذکر) اردو میں عوام بالفتح اول بولتے ہیں ۔ بال بچوں کا خرچ ۔ اخراجاتِ اولاد یا خانہ داری ۔ بیوی کا روٹی کپڑا ۔ عموماً نان و نفقہ کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے ۔ (نَفَقَ ۔ مرنا) **نفقہ چھوڑنا** (متعدی) عورت کا روٹی کپڑے کا حق نہ لینا **نفقہ دلانا** (متعدی) قاضی یا عدالت کا عورت کو خاوند سے خرچ دلانا ۔ **نفقہ دینا** (متعدی) مرد کا اپنی بیوی کو روٹی کپڑا دینا ۔ **نفقہ لینا** (متعدی) خاوند سے روٹی کپڑے کا خرچ حاصل کرنا ۔

نَفل (ع ۔ مذکر) اردو میں عوام بالفتح ثانی بولتے ہیں ۔ وہ عبادت جو فرض نہ ہو سنت کے علاوہ نفلیہ یا شکریہ کے طور پر پڑھی جاتی ہے ۔ لکھنؤ میں مونث اور جمع نفلیں ہیں ۔ (ادا کرنا ۔ پڑھنا کے ساتھ) (نَفَلَ ۔ دینا) **نفل ماننا** (متعدی) منت ماننا کہ کام ہو جانے پر اتنے نفل پڑھیں گے ۔

نَفَل (ع ۔ مذکر) لوٹ ۔ غنیمت جو دشمنوں سے حاصل کیجائے (نَفَلَ ۔ مالِ غنیمت سپاہیوں میں تقسیم کرنا)

نُفوذ (ع ۔ مذکر) ۱ دیکھو نفاذ ۲ سرایت کرنا ۔ اندر گھسنا (نَفَذَ ۔ گھسنا) **نفوذ کرنا** (متعدی) سرایت کرنا ۔ اندر گھسنا ۔

نَفُور (ع ۔ صفت) ۱ نفرت کرنے والا ۔ متنفر ۲ (مذکر) نفرت کرنا ۔ کراہیت (نَفَرَ ۔ بھاگنا)

نُفوس (ع ۔ مذکر) نفس کی جمع ۱ روحیں ۲ لوگ ۔ **نفوسِ قُدسیہ** (مذکر) ۱ پاک روحیں ۲ پاک ہستیاں ۔ بزرگانِ دین ۔ پیغمبران ۔ فرشتے ۔

نَفی (ع ۔ مونث) ۱ انکار ۔ نہیں ۔ نہ ۲ انکار کر دینا ۳ نکال دینا ۔ اخراج ۔ دوری ۔ روک ۴ (صرف و نحو) اثبات کی ضد ۵ (الجبرا) منفی رقم ۶ (منطق) منفی خاصیت ۷ (ع) فضول چیز ۔ گندگی ۔ کوڑا کرکٹ ۸ جھاگ ۔ ۹ میل ۔ زنگ (نَفَا ۔ انکار کرنا) **نفی کرنا** (متعدی) ۱ تفریق کرنا ۔ نکالنا ۲ انکار کرنا ۔ نامنظور کرنا ۔ **نفی میں جواب دینا** (متعدی) انکار کرنا ۔ نامنظور کرنا ۔ **نفی و اثبات** (مذکر) انکار و اقرار ۔ ہاں و نہ ۔

نَفیر (ع ۔ صفت) ۱ نفرت کرنے والا ۔ متنفر ۲ (مذکر) بہت سے آدمی خصوصاً تین سے دس تک ۳ آدمیوں کا گروہ جو ہجرت کر رہا ہو یا بھاگ رہا ہو (نَفَرَ ۔ بھاگنا) **نفیرِ عام** (مذکر) ۱ عام لوگوں کا بغاوت کرنا یا چڑھائی کرنا ۲ امرا کے نام حکم کہ وہ اپنے لشکروں کو لیکر حاضر ہوں ۔ **نفیر نامہ** (مذکر) فوجوں کے اجتماع کا حکمِ عام ۔

نَفیر (ف ۔ مونث) ۱ ایک باجہ ۔ ترئی ۔ شہنائی ۔ نفیری ۲ نفیر کی آواز ۳ شور ۔ چیخ ۔ پکار ۴ واویلا ۔ نالہ ۔ فریاد ۔ **نفیرِ خواب** (مذکر) خراٹا ۔ **نفیرِ خواب بلند ہونا** (لازم) خراٹوں کی آواز آنا **نفیری** (مونث) دیکھو نفیر ۱ ۔ **نفیری والا** (صفت) شہنائی بجانے والا ۔

نَفیس (ع ۔ صفت) ۱ عمدہ ۔ اچھا ۲ قیمتی ۔ بیش بہا ۳ پاک ۔ ستھرا ۔ پاکیزہ ۔ لطیف ۔ ملائم ۴ پسندیدہ (نَفُسَ ۔ قیمتی ہونا) **نفیس آدمی** (مذکر) اچھا آدمی ۔ **نفیس پوشاک** (مونث) قیمتی اور خوبصورت پوشاک ۔ **نفیس غذا** (مونث) اچھا کھانا ۔ لطیف کھانا ۔ **نفیس کپڑا** (مذکر) عمدہ کپڑا ۔ عمدہ پوشاک ۔ **نفیس کھانا** (متعدی) لطیف غذا ۔ عمدہ کھانا ۔

نِقاب (ع ۔ مونث و مذکر) اردو میں زبانوں پر بالفتح ہے ۔ وہ پردہ یا جالی جو منہ پر ڈالتے ہیں ۔ یہ عموماً سر کے ساتھ بندھا ہوا ہوتا ہے جب چاہیں اُٹھا دیں ، جب چاہیں گرا دیں ۔ ہندوستان میں اس کا رواج نہیں ۔ مقنع ۲ برقع ۔ گھونگٹ ۔ چہرہ پوشش (نَقَبَ ۔ اتفاقاً ملنا) **نقاب اُٹھانا** (متعدی) اُٹھنا (لازم) منہ پر سے پردہ ہٹ جانا ۔ گھونگھٹ کھلنا **نقاب اُلٹ دینا یا اُلٹنا** (متعدی) نقاب کو اُٹھا کر سر پر رکھ دینا **نقاب پوش** (صفت) وہ شخص جو منہ پر نقاب ڈالے

رہے۔ **نقاب چھوڑنا** (متعدی) کپڑا منہ پر ڈال لینا
نقاب دار (مذکر) وہ جو نقاب پہنے۔ **نقاب منہ
پر ڈال لینا** (متعدی) کپڑا منہ پر ڈال لینا۔
نقاد (ع۔ صفت) ! پرکھنے والا۔ جانچنے
والا۔ کھرا کھوٹا دیکھنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جو کھرے
کھوٹے سکوں کو پرکھے۔ پرکھیا۔ صراف ۳ ماہر فن۔ ماننا
(نقد۔ کھرے سکوں کو کھوٹوں سے علیحدہ کرنا)
نقار (ع۔ صفت) ! وہ جو اپنی چونچ
سے مارے ۲ (مذکر) نقارہ کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال
ہوتا ہے۔ جیسے نقارچی (نقر۔ مارنا) **نقارچی** (مذکر)
نقارہ بجانے والا۔ نوبت نواز۔ نوبت بجانے والا۔
عوام ان الفاظ کو تخفیف بولتے ہیں اور بعض شعراء
نے بھی بتخفیف استعمال کئے ہیں۔ **نقار خانہ** (مذکر)
وہ مکان جہاں نقارے رکھے اور بجائے جائیں۔ نوبتخانہ
نقاروں (مذکر) نقارہ کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے
نقارہ (مذکر) ایک ساز جو لکڑی کا بہت بڑا پیالہ سا
ہوتا ہے۔ اور اُس کی چوڑی طرف چمڑہ مڑھتے ہیں جب
لکڑی سے اُس پر ضرب لگاتے ہیں تو ڈھول کی طرح بہت
اونچی آواز دیتا ہے۔ طبل۔ کوس۔ نوبت۔ دھونسہ۔
نقارہ اُلٹنا (ہ) دیکھو ٹاٹ الٹ جانا۔ **نقارہ
بجاتے پھرنا** (متعدی) شہرت دیتے پھرنا۔ مشتہر
کرتے پھرنا۔ منادی کرتے پھرنا۔ **نقارہ بجا کے**
(تف) کھلم کھلا۔ علانیہ۔ ڈنکے کی چوٹ۔ **نقارہ بجانا**
(متعدی) **بجنا** (لازم) طبل بجنا۔ نوبت بجنا۔ **نقارہ
پھٹ جانا** (لازم) نقارے کے چمڑے کا دریدہ
ہو جانا۔ پھر آواز نہیں نکلتی۔ **نقارہ توڑ دینا یا توڑنا**
(متعدی) **ٹوٹ جانا یا ٹوٹنا** (لازم) **نقارہ پھٹ
جانا**۔ نقارے کی لکڑی کا شکستہ ہو جانا۔ **نقارہ ہو جانا**
(لازم) پھول جانا۔ ابھرنا (پیٹ کا) **نقارے**
(مذکر) ! نقارہ کی جمع ۲ بجائے نقارہ حروف مغیرہ
سے پہلے۔ **نقارے پر چوب (چوٹ) پڑنا**
(لازم) نقارہ بجنا۔ طبل بجنا۔ **نقارے کی چوٹ**
(تف) کھلم کھلا۔ علانیہ۔ ڈنکے کی چوٹ۔ کرنا۔ کہنا
وغیرہ کے ساتھ)

**امثال و اقوال۔ نقار خانے
میں طوطی کی آواز کون (سنتا ہے) سُنے۔**
بڑے آدمیوں کے سامنے چھوٹے کی سماعت نہیں
ہوتی۔ ایک آدمی کی رائے بہت آدمیوں کے سامنے
نہیں چلتی۔ **نقارے باج دمامے باج گئے۔**

مشہور ہوگیا۔ دھوم مچ گئی۔ بہت شہرت ہوگئی۔
نقاش (ع۔ مذکر) ! نقش کرنے والا۔
نقش و نگار بنانے والا۔ عام طور پر اس شخص کو کہتے ہیں
جو لکڑی یا دیواروں پر نقش و نگار بنائے ۲ مصور۔
نقشہ نویس۔ رنگساز۔ گلکار (نقش۔ تصویر بنانا) **نقاش
ازل** (مذکر) خدائے تعالیٰ۔ **نقاشی** (مونث) ! نقش
کرنے کا کام یا پیشہ ۲ مصوری۔ گلکاری۔ رنگسازی۔
نقشہ نویسی (کرنا ہونا کے ساتھ)

**مقولہ۔ نقاش نقش ثانی بہتر
کشد ز اول۔** نقاش دوسرا نقش پہلے سے اچھا
کھینچتا ہے۔ مشق کام کو بہتر بنا دیتی ہے۔

نقاط (ع۔ مذکر) نقطہ کی جمع۔ نقطے۔
نقال (ع۔ صفت) ! نقل کرنے والا
نقلیں کرنے والا ۲ (مذکر) بھانڈ۔ مسخرہ۔ بہروپیا (نقل۔
ایک چیز کو دوسری چیز کی طرح بنانا) **نقالن** (مونث)
نقل کرنے والی عورت۔ بھانڈ عورت (رف) **نقالی**
(مونث) نقال کا کام یا پیشہ۔ بھانڈپن۔
نقاوت (ع۔ مونث) صفائی۔ پاکیزگی
طہارت۔ نفاست (نقی۔ صاف ہونا)
نقاہت (ع۔ مونث) کمزوری
ضعف۔ ناتوانی۔ وہ کمزوری جو بیماری سے اُٹھنے کے
بعد رہے (نقہ۔ بیماری سے صحت پانا)
نقب (ع۔ مونث) ! وہ سوراخ
جو چور دیواروں میں بناتے ہیں۔ سیندھ۔ پاڑ ۲ سرنگ۔ ۳ وہ
سوراخ جو ایک مکان سے دوسرے مکان میں لگایا جائے
نقب افگن (صفت) سیندھ لگانے والا۔ سرنگ
لگانے والا۔ **نقب دینا یا لگانا** (متعدی) دیوار میں
سوراخ کرنا۔ سیندھ لگانا۔ **نقب زن** (مذکر)
دیکھو نقب افگن۔ **نقب زنی** (مونث) نقب لگانا
سرنگ کھودنا۔ **نقب کا سرا ٹوٹنا** (لازم) سرنگ کا
سوراخ دوسری طرف جا کر بننا۔ **نقب کا منہ**
(مذکر) سرنگ کا سوراخ۔
نقد (ع۔ مذکر) ! وہ رقم جو فوراً ادا
کی جائے۔ سکہ۔ سیم و زر۔ روپیہ پیسہ۔ نوٹ ۲ نقدی۔
روکڑ۔ کھرا روپیہ۔ کیش ۳ پونجی۔ سرمایہ ۴ (مذ) قائم
ہندوؤں میں داماد۔ کیونکہ وہ جب خسر کے پاس جاتا ہے
وہ اُسے روپیہ دیتا ہے ۵ آمادگی۔ موجودگی ۶ (صفت)
موجود۔ مستعد۔ حاضر ۷ اچھا۔ عمدہ۔ نفیس ۸ انوکھا۔
چوکھا۔ کھرا (نقد۔ روپیہ ادا کرنا) **نقداً النقد** (تف)
ہاتھوں ہاتھ۔ دست بدست۔ بسر دست۔ فوراً ادا کرنے
کی نسبت بولتے ہیں۔ **نقد جان** (مذکر) جان۔ روح
نقد دل (مذکر) دل۔ **نقد دم** (صفت) تنہا۔ اکیلا
نقد دم رہنا (لازم) اکیلا رہنا۔ تنہا رہنا۔ **نقد مال**
(مذکر) تر مال۔ عمدہ مال۔ **نقد و جنس** (مونث)
مال و دولت۔ مال و اسباب۔ دھن دولت۔
نقد وقت (تف) سردست۔ فوراً۔ **نقدی**
(مونث) نقد روپیہ۔ زر نقد۔ دولت۔ دھن۔ مال زر
روپیہ پیسہ۔ **نقدی بنانا** (متعدی) روپیہ جوڑنا۔ نقد
رقم حاصل کرنا۔ **نقدی چٹھا** (مذکر) روکڑ بہی۔ **نقدی
فیصلہ** (مذکر) وہ فیصلہ جو نقد روپیہ دے کر کیا جائے

**امثال و اقوال۔ نقد را به
نسیہ گزاشتن کار خرد منداں نیست** موجودہ
فائدہ کو آئندہ فائدے کی امید پر چھوڑنا عقلمندی نہیں
نقد کو چھوڑ نسیے کو نہ دوڑ ہے۔ آئندہ فائدے
کی امید میں جو ملے اسے نہ چھوڑنا چاہئے۔ **نقدہٗ
حرمتہ۔** یہ غلط فقرہ ہندوستان کی ایجاد ہے۔ مطلب
یہ ہے کہ نقد دینے میں عزت ہے۔ نقد کے معنی میں بھی
استعمال ہوتا ہے۔ **نقد حرمتہ قرضہ فضیحتہ۔**
نقد دینا باعث عزت ہے اور قرض میں بے عزتی ہے۔

نقرس (ع۔ مذکر) ایک قسم کا
درد جو عموماً پاؤں کے انگوٹھوں سے شروع ہوتا ہے
اور چھوٹے جوڑوں میں ہونے لگ جاتا ہے۔ ایک
طرح کا گنٹھیا ہے۔ انگریزی میں اسے گوٹ کہتے ہیں
خون میں یورک ایسڈ زیادہ ہونے کی وجہ سے ہوتا
ہے۔ اور عموماً شراب خوروں کو ہوتا ہے۔
نقرہ (ف۔ مذکر) ! چاندی۔ سیم
۲ ہر چیز سفید ہو ۳ سفید گھوڑا جس کی پلکیں یا بال دم وغیرہ
بھی سفید ہوں۔ اگر یال و دم وغیرہ سیاہ ہوں۔ تو اُسے
سبزہ کہتے ہیں ۴ چاندی کا سکہ۔ روپیہ۔ ان کی گردن
کا گردہ ۵ (صفت) سفید۔ **نقرہ خام یا سیم** (مذکر)
خالص چاندی۔ **نقرہ خِنگ** (مذکر) بالکل سفید گھوڑا
خنگ بھی سفید۔ **نقرئی** (صفت) ! چاندی کا۔ رنگ کا
روپے کا بنا ہوا ۲ روپہلی۔ سفید۔ چمکتا ۳ وہ زیور یا چیز
جو روپے کو گلا کر بنائی جائے۔ **نقرئی گھوڑی** (مونث)
بالکل سفید گھوڑی۔
نقش (ع۔ مذکر) ! پھول پتی کا کام
گل بوٹے۔ بیل بوٹے۔ منبت کاری ۲ کھدائی۔ کندہ
کاری۔ قلم کاری ۳ تصویر۔ شبیہ۔ مورت۔ صورت۔

مورتی ۵ چھاپ۔ چھاپہ۔ ٹھپّہ۔ مہر ۶ تعویذ۔ جنتر۔ وہ کاغذ جس میں خانے کھینچ کر ہندسے بھرتے ہیں ۷ وہ نشان جو مہر لگانے سے پڑے ۸ کھدے ہوئے نشان شدہ ۹ عبارت جو مہر میں کندہ ہو ۱۰ نام و نشان۔ تاثر۔ علامت۔ نشان ۱۱ ایک قسم کا جوا جو گنجفے سے کھیلتے ہیں ۱۲ ایک قسم کا راگ جو کوّے گایا کرتے ہیں ۱۳ کھوج۔ پتہ۔ نشان پا ۱۴ تاثیر۔ اثر ۱۵ جادو۔ ٹونا۔ منتر۔ ٹوٹکا ۱۶ سکہ۔ روپیہ جس پر شاہی مہر ہو ۱۷ شاہی اسٹامپ یا مہر ۱۸ (صفت) کندہ کھدا ہوا ۱۹ لکھا ہوا۔ رقم کیا ہوا۔ کندہ۔ منقوش (نقش۔ تصویر بنانا) **نقشِ آب** (مذکر) ۱ پانی پر کا نقش ۲ (صفت) بے ثبات۔ فانی۔ جلد مٹ جانے والا **نقش اُبھرنا** (لازم) نقش کا سطح سے اونچا یا نیچا ہو جانا۔ **نقش اُٹھانا** (متعدی) تحریر وغیرہ کو ربڑ یا پانی کی بتی سے صاف کرنا۔ نقش مٹانا یا دور کرنا۔ **نقشِ اوّل** (مذکر) پہلی تحریر۔ مسودہ۔ **نقشِ باطل** (مذکر) وہ نقش جو غلط ہونے کی وجہ سے مٹانے کے قابل ہو۔ نقش جو مٹانے کے قابل ہو۔ **نقش بٹھانا یا بٹھلانا** (متعدی) ۱ نقش جمانا ۲ کسی چیز پر ۳ کسی پر اثر کرنا ۴ رعب جمانا۔ رسوخ پیدا کرنا۔ **نقش بر آب** (مذکر) دیکھو نقشِ آب۔ **نقش بدیوار** (مذکر) ۱ یہ دیوار (صفت) دیکھو نقش دیوار۔ **نقش بگاڑنا** (متعدی) بگڑنا (لازم) حال بے حال ہونا۔ حال دگرگوں ہونا۔ **نقش بند** (صفت) ۱ نقاش۔ مصوّر۔ رنگساز۔ ۲ گلکار ۳ نقش کیا ہوا ۴ خواجہ بہاؤالدین کا لقب **نقشبندی** (مونث) ۱ نقاشی۔ مصوّری ۲ (مذکر) خواجہ بہاؤالدین کا مرید ۳ (صفت) خواجہ بہاؤالدین کے متعلق یا اُن کا۔ **نقشبندیہ** (مذکر) ۱ ایک مشہور صوفی خاندان جس کا سلسلہ خواجہ بہاؤالدین سے چلتا ہے ۲ ایک مشہور فرقہ جو خواجہ بہاؤالدین کا پیرو ہے۔ **نقش بھرنا** (لازم) تعویذ کے خانوں کو پُر کرنا **نقش بیٹھنا** (لازم) ۱ نقش کا جم جانا۔ نشان پڑنا۔ نشان بیٹھنا ۲ اثر ہونا قایم ہو جانا ۳ کسی کے دل میں جگہ کر لینا ۴ رعب جمنا سکہ جمنا ۵ دل میں گھر کرنا۔ دل میں بیٹھنا۔ دل میں کھبنا۔ **نقشِ پا** (مذکر) پاؤں کا نشان۔ کھوج۔ سراغ۔ **نقش پرداز** (صفت) مصوّر۔ نقاش۔ **نقشِ تسخیر** (مذکر) وہ حب کا تعویذ جس سے معشوق قبضہ میں آجائے۔ **نقشِ ثانی** (مذکر) دوسرا نقش۔ یہ ہمیشہ پہلے سے اچھا ہوتا ہے۔ **نقشجات** (مذکر) جمع نقشہ کی۔ **نقش جمانا** (متعدی) جمنا (لازم) ۱ کسی چیز پر نقش کا بیٹھ جانا ۲ مہارت ۳ اثر ہونا۔ تاثیر ہونا ۴ رعب بیٹھنا۔ سکہ جمنا۔ **نقشِ حُب** (مذکر) محبت کا تعویذ

معشوق کو بس میں کرنے کا تعویذ۔ **نقش دار** (صفت) وہ جس پر نقش بنے ہوئے ہوں۔ منقش۔ بیل بوٹے دار پھولدار۔ **نقش درہم** (مذکر) وہ نشان جو درہم پر ہوتا ہے **نقشِ دل** (صفت) وہ نشان جو دل پر ہو۔ **نقشِ دل کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) دل پر اثر ہونا۔ دل پر ہمیشہ کے لئے بیٹھ جانا۔ **نقشِ دیوار** (مذکر) ۱ وہ نشان یا تصویر جو دیوار پر ہو۔ چونکہ یہ ساکن اور چپ ہوتی ہے اس لئے ۲ (مجازاً) حیران۔ ہکا بکا۔ سراسیمہ ۳ ساکت چپ گم سم۔ **نقش دیوار بنا رہنا** (لازم) ۱ ہر وقت حیرت زدہ یا سراسیمہ رہنا ۲ ہر وقت چپ چاپ رہنا۔ **نقش دیوار بن (رہ) جانا یا ہونا** (لازم) ۱ بے حس و حرکت ہو جانا۔ سکتے کے عالم میں ہو جانا ۲ حیران و ششدر ہو جانا **نقش طراز یا گر** (صفت) نقاش۔ مصوّر۔ **نقشِ قدم** (مذکر) دونوں پاؤں کا نشان۔ **نقشِ قدم پر چلنا** (لازم) پیروی کرنا۔ تقلید کرنا۔ **نقش کالحجر** (مذکر) درست محاورہ کالنقش فی الحجر ہے۔ اس نقش کے مانند جو پتھر پر ہو۔ پتھر کی لکیر۔ **نقش کالحجر ہو جانا یا ہونا** (لازم) دلنشیں ہونا۔ پتھر کی لکیر ہونا۔ **نقش کرنا** (متعدی) بیل بوٹا بنانا یا کھودنا۔ **نقش کندہ کرنا یا کھودنا** (متعدی) ۱ بیل بوٹے یا تصویر لوہے وغیرہ کے اوزار سے کھود کر بنانا **نقش کھینچنا** (متعدی) ۱ تصویر بنانا۔ بیل بوٹے بنانا ۲ تعویذ کے خانے بنانا۔ **نقش کی چال** (مونث) نقش کے خانے بھرنے کا طریقہ یا ترتیب۔ **نقش گھولنا** (متعدی) تعویذ کو پانی میں گھولنا۔ بیمار کو یہ پانی پلایا جاتا ہے۔ **نقش لکھنا** (متعدی) کاغذ وغیرہ پر نقش یا تعویذ تحریر کرنا۔ **نقش مٹانا** (متعدی) مٹنا (لازم) ۱ نشانات کا صاف ہو جانا یا مٹ جانا ۲ اثر رفع ہونا یا جاتا رہنا۔ **نقشِ مراد** (مذکر) خواہش۔ اُمید۔ مراد کو نقش سے استعارہ کرتے ہیں (جمنا۔ اٹھنا۔ ہونا وغیرہ کے ساتھ) **نقش و نگار** (مذکر) ۱ پھول پتی۔ بیل بوٹے۔ تصاویر ۲ پھول پتی کا کام۔ قلمکاری ۳ زیب و زینت سجاوٹ **نقشہ** (مذکر) ۱ تصویر۔ شبیہہ۔ پیکر۔ مورتی۔ روپ ۲ صورت۔ شکل۔ چہرہ مہرہ ۳ چہرے کی ساخت۔ ڈول ۴ چہرے کی ہیئت مجموعی ۵ انداز۔ طرز۔ سج دھج قطع وضع ۶ حلیہ۔ خط و خال ۷ دنیا کی ہیئت۔ سطح زمین کی تصویر۔ کسی ملک براعظم شہر وغیرہ کی تصویر ۸ عمارت یا کسی اور چیز کی تصویر ۹ نمونہ۔ مثال۔ خاکہ۔ چربہ ۱۰ سانچہ۔ قالب ۱۱ دعا ۱۲ چالا خانے کھنچا ہوا کاغذ ۱۳ طور۔ طریق۔ ڈھنگ ۱۴ حال۔ حالت۔ کیفیت۔ عالم ۱۵ برا حال۔ برا درجہ۔ دُرگت ۱۶ فہرست۔ فرد ۱۷ قبض الوصول

۔ فردِ تنخواہ۔ ملازموں کے ناموں کی فہرست ۱۸ روٹہ۔ چالان۔ مال کی خانہ پری ۱۹ وہ خاص صورت جس میں شطرنج کے چند مہروں کو رکھ کر یہ کہتے ہیں کہ فلاں رنگ اتنی چالوں میں مات کرے۔ **نقشہ آنکھوں کے سامنے آنا** (لازم) آنکھوں کے آگے تصویر پھر جانا۔ کسی چیز کا تصور میں نظر کے سامنے ہونا۔ **نقشہ اُتارنا** (متعدی) اُترنا (لازم) تصویر کھینچنا۔ فوٹو لینا۔ خاکہ اتارنا۔ **نقشہ اُڑانا** (متعدی) طرز اڑانا۔ نقل کرنا۔ **نقشۂ اموات** (مذکر) مردہ اشخاص کی فہرست جو شہروں میں میونسپلٹی کے دفتر میں اور دیہات میں تھانوں میں لکھی جاتی ہے۔ اور وہاں سے سول سرجن کے دفتر میں پندرہ روزہ جاتی ہے۔ **نقشہ بدل جانا یا بدلنا** (لازم) حالت یا صورت کا تغیّر ہونا۔ **نقشہ بگاڑنا** (متعدی) ۱ صورت بگاڑنا۔ بے حال کر دینا ۲ بہت مارنا۔ **نقشہ بگڑنا** (لازم) ۱ صورت بگڑ جانا۔ حال خراب ہونا ۲ بد انتظامی ہونا۔ **نقشہ بنانا** (متعدی) ۱ کسی ملک وغیرہ کا نقشہ کھینچنا ۲ کسی چیز کی تصویر بنانا۔ خاکہ اُتارنا۔ **نقشہ بن کر بگڑنا** (لازم) حالت سنبھل کر خراب ہو جانا۔ **نقشہ بھرنا** (متعدی) خانہ پری کرنا۔ فارم بھرنا۔ **نقشہ بھیجنا** (متعدی) فارم کی خانہ پری کر کے کسی افسر کے پاس ارسال کرنا۔ **نقشۂ پیدائش** (مذکر) نئے پیدا شدہ بچوں کی فہرست۔ دیکھو تفصیل کیلئے نقشۂ اموات۔ **نقشۂ پیدائش و اموات** (مذکر) نوزائیدہ بچوں کی اور مردہ اشخاص کی فہرستیں۔ دیکھو نقشۂ اموات۔ **نقشہ تیز ہونا** (لازم) بات بننا اقبال یاور ہونا۔ مقدور ہونا۔ **نقشہ جات** (مذکر) نقشہ کی جمع۔ نقشے۔ **نقشہ جمالینا یا جمانا** (متعدی) ۱ بنیاد ڈالنا ۲ رسوخ پیدا کرنا۔ راہ و رسم پیدا کرنا۔ رسائی پیدا کرنا ۳ اعتبار جمانا۔ رسوخ حاصل کرنا ۴ تصور جمانا ۵ اُمید بندھانا ۶ موقع نکالنا۔ تدبیر کرنا۔ ترکیب لڑانا۔ ڈھنگ جمانا۔ **نقشہ جم کر اکھڑنا** (لازم) اثر پیدا ہو کر مٹ جانا۔ **نقشہ جمنا** (لازم) ۱ بات بننا۔ رسوخ ہونا۔ رسائی ہونا ۲ بنیاد پڑنا ۳ تصور بندھنا۔ خیال بندھنا۔ **نقشۂ حاضری و غیر حاضری** (مذکر) وہ نقشہ جس میں فوجیوں پولیس والوں یا طلبا کی موجودگی اور غیر موجودگی لکھی جاتی ہے **نقشۂ حد و بست** (مذکر) وہ کاغذ جس میں کھیتوں کی حدبندی درج ہو۔ **نقشۂ خام** (مذکر) ۱ کچا نقشہ ۲ پہلا مسودہ ۳ خاکہ۔ چربہ۔ **نقشۂ سالانہ** (مذکر) وہ نقشہ جو ہر سال بھیجا جائے۔ **نقشہ**

ششماہی (مذکر) وہ نقشہ جو چھ مہینے کے بعد بھیجا جائے۔ **نقشۂ صورت حال** (مذکر) ایک نقشہ جس میں کسی واقعہ کے حالات درج کئے جاتے ہیں (کھینچنا کے ساتھ) **نقشہ کش** (صفت) نقشہ بنانے والا۔ ڈرافٹسمین۔ مصور۔ نقاش۔ **نقشہ کشی** (مونث) نقشہ بنانے کا فعل یا پیشہ۔ **نقشہ کمپاس** (مذکر) ملک کا نقشہ جو پیمائش کر کے بنایا جائے۔ ایسے نقشے بنانے کا ہندوستان میں ایک خاص محکمہ ہے۔ **نقشۂ کمی بیشی** (مذکر) نفع نقصان کی فہرست۔ **نقشہ کھنچ جانا** (لازم) تصویر کھنچ جانا۔ تصور جم جانا۔ صورت سامنے آ جانا۔ **نقشہ گزرنا** (متعدی) حال گزرنا یا بیتنا۔ **نقشہ مٹانا** (متعدی) دیکھو نقش مٹانا۔ **نقشۂ مردم شماری** (مذکر) وہ نقشہ جس میں کل باشندوں کی تعداد بقید اقوام و ذکور و اناث درج ہوتی ہے۔ **نقشۂ میعادی** (مذکر) وہ نقشہ جو خاص میعاد کے بعد بھیجا جائے۔ **نقشہ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔ **نقشہ نمبر ۱۲** (مذکر) ایک نقشہ جو پولیس والے اتفاقیہ یا ناگہانی موت کے متعلق یا قتل کے موقع پر بھر کر بھیجتے ہیں۔ **نقشہ نویس** (مذکر) ۱ مصور۔ نقاش ۲ دفتروں میں ایک اہل کار جو نقشے تیار کرتا ہے۔ **نقش ہو جانا** (لازم) کسی بات کا دل پر بیٹھ یا جم جانا۔ دلنشین ہونا۔ **نقش ہونا** (لازم) ۱ دل پر جمنا یا بیٹھنا ۲ لکھا جانا۔ تحریر ہونا۔ رقم ہونا ۳ کندہ ہونا۔ کھدنا۔ **نقشی** (صفت) نقش دار۔ منقش۔ بیل بوٹے دار۔ **نقشے** (مذکر) ۱ نقشہ کی جمع ۲ بجائے نقشہ حروف وغیرہ سے پہلے۔ **نقشے میں درج کرنا** (متعدی) فہرست میں یا فارم پر لکھنا۔ **نقشے میں رنگ بھرنا** (متعدی) خاکہ کو رنگین کرنا۔ **نقیش** (صفت) دیکھو نقشی۔

نَقص (ع۔ مذکر) عوام بالضم بولتے ہیں ۱ کمی۔ کوتاہی۔ کسر۔ خامی ۲ عیب۔ سقم۔ برائی۔ کھوٹ (نقص۔ کم ہونا) **نقصِ بدر** (مذکر) چاند کا گھٹنا۔ **نقصِ بدن یا جسمانی** (مذکر) جسم کا نقص یا عیب۔ جسمانی عیب۔ **نقصِ خدمت** (مذکر) ۱ ملازمت میں کوتاہی کرنا۔ نوکری ٹھیک طور پر ادا نہ کرنا۔ ۲ فرائض منصبی میں کوتاہی۔ **نقصِ عقل** (مذکر) عقل کی کمی۔ کم عقلی۔ **نقص قاطع** (مذکر) سخت عیب۔ مسلم نقص۔ **نقصِ قرار** (مذکر) وعدہ خلافی۔ اقرار نامہ کی شرائط کے خلاف کرنا۔ **نقصِ کلام** (مذکر) تحریر یا تقریر کا نقص۔ بولنے کا نقص۔ **نقص کمی قیمت** (مذکر) قیمت کم لگنے کا نقص۔ **نقص نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) عیب لگانا۔ اعتراض ہونا۔

نقصان (ع۔ مذکر) ۱ کوتاہی۔ کمی ۲ ضرر۔ دکھ۔ تکلیف۔ گزند۔ زیاں۔ حرج۔ قباحت ۳ خسارہ۔ ٹوٹا۔ گھاٹا ۴ بربادی۔ تباہی ۵ خلل۔ فتور۔ رخنہ (نقص۔ کم ہونا) **نقصان اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) برداشت کرنا (متعدی) **ہونا** (لازم) خسارہ برداشت ہونا۔ گھاٹا بھرا جانا۔ **نقصان بالارادہ یا بالقصد** (مذکر) اپنے ہاتھوں اپنا نقصان کرنا۔ جان بوجھ کر خسارہ برداشت کرنا۔ **نقصان بدنی** (مذکر) ضرر جسمانی۔ جسمی قباحت یا خرابی۔ **نقصان بھرنا** (متعدی) خسارہ یا گھاٹا دینا۔ ٹوٹا بھرنا۔ کسی کا نقصان کر کے اس کو معاوضہ دینا۔ **نقصان پہنچانا یا دینا** (متعدی) ۱ ضرر یا ایذا پہنچانا ۲ نقصان کرنا ۳ خسارہ دینا۔ **نقصان رساں** (صفت) ۱ نقصان پہنچانے والا ۲ ضرر رسانی۔ ایذا رسانی۔ تکلیف دینے والا۔ **نقصان رسانی** (مونث) ۱ ایذا دہی ۲ تکلیف پہنچانا ۳ نقصان پہنچانا۔ **نقصان کرنا** (متعدی) ۱ کام بگاڑنا۔ حرج کرنا ۲ فائدہ نہ پہنچنے دینا ۳ ٹوٹا دینا ۴ ضرر پہنچانا۔ تکلیف دینا ۵ کھونا۔ ضائع کرنا۔ **نقصان گوارا کرنا** (مذکر) ضرر یا خسارے کو برداشت کرنا۔ **نقصانِ مال یا مایہ** (مذکر) مال و دولت کا نقصان۔ روپیہ ضائع کرنا۔ **نقصان ہونا** (لازم) ۱ ٹوٹا ہونا۔ گھاٹا پڑنا ۲ حرج ہونا۔ خلل ہونا ۳ ضرر پہنچنا۔ تکلیف ہونا ۴ ضائع ہونا۔

مثل۔ نقصانِ مایہ شماتتِ ہمسایہ۔ اس موقع پر کہتے ہیں۔ جب اپنا نقصان ہو اور لوگ ملامت کریں۔

نَقض (ع۔ مذکر) ۱ گرانا۔ توڑنا۔ پھوڑنا۔ بگاڑنا ۲ شکستگی۔ ٹوٹ پھوٹ۔ بگاڑ (نقض۔ توڑنا) **نقضِ عہد** (مذکر) عہد شکنی۔ وعدہ خلافی۔

نُقَط (ع۔ مذکر) ۱ نقطہ کی جمع۔ نقطے ۲ اردو میں بے نقط کی ترکیب سے مستعمل ہے۔

نُقطَہ (ع۔ مذکر) ۱ دھبا۔ داغ ۲ وہ نشان جس کی نہ چوڑائی نہ لمبائی نہ موٹائی ہو۔ قلم کی نوک کاغذ پر رکھنے سے جو نشان بنے ۳ صفر۔ بندی ۴ (علم) وہ جگہ جہاں دو خطوط ایک دوسرے کو کاٹیں یا ملیں۔ خط نقطوں سے مرکب تسلیم کیا جاتا ہے ۵ مرکز ۶ وہ باریک روشنی جو شعاعوں کے جمع ہونے سے بنتی ہے ۷ وہ صفر کا نشان جو بعض حروف پر دیا جاتا ہے۔ جیسے ب کے نیچے ایک۔ ت کے اوپر دو۔ ج کے پیٹ میں ایک۔ ث کے اوپر تین کسی چیز کی بہت تھوڑی مقدار ۹ شک ظاہر کرنے کے لئے نقطہ دیتے ہیں ۱۰ بعض وقت انتخاب کے لئے بھی نقطہ بناتے ہیں۔ (نَقَطَ۔ حرف پر نقطہ دینا) **نقطۂ اعتدال خریفی** (مذکر) وہ نقطہ جہاں موسم خزاں کے شروع میں طریق الشمس اور فلکی خط استوا ایک دوسرے کو کاٹیں۔ **نقطۂ اعتدال ربیعی** (مذکر) وہ نقطہ جہاں موسم بہار کے شروع میں طریق الشمس اور فلکی خط استوا ایک دوسرے کو کاٹیں۔ **نقطۂ انتخاب** (مذکر) وہ نقطہ جو کسی کتاب کے حاشیے پر یا کسی عبارت شعر وغیرہ کے پسندیدہ ہونے پر لگایا جائے۔ **نقطۂ اوج** (مذکر) وہ نقطہ جو آسمان میں سر پر ہو۔ **نقطۂ پرکار** (مذکر) دائرے کا مرکز۔ **نقطۂ تقاطع** (مذکر) وہ نقطہ جہاں دو خطوط ایک دوسرے کو کاٹیں۔ **نقطہ دینا** (متعدی) کسی حرف کا نقطہ بنانا۔ بندی لگانا۔ صفر دینا۔ **نقطۂ سویدا** (مذکر) وہ سیاہ نقطہ جو دل میں ہوتا ہے۔ **نقطۂ سہو** (مذکر) وہ نقطہ جو غلطی یا بے احتیاطی سے پڑ جائے۔ **نقطہ لگانا** (متعدی) ۱ نقطہ دینا ۲ مجازاً دھبا لگانا۔ عیب کرنا۔ **نقطۂ مقابل** (مذکر) حریف۔ ہمسر۔ ہم مثل۔ **نقطۂ موہوم** (مذکر) ۱ وہ فرضی نقطہ جو خارج میں نہ ہو ۲ وہ باریک نقطہ جو وہم میں نہ آ سکے ۳ وہ نقطہ جو ظاہر میں محسوس نہ ہو سکے۔ ذہنی نقطہ ۴ مجازاً دہن معشوق۔ **نقطۂ نہ دائرہ** (مذکر) ۱ مرکز زمین ۲ کنایۃً پیغمبر صلعم۔

نَقل (ع۔ مونث) ۱ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ کوچ۔ روانگی۔ تبدیلی ۲ ایک کاغذ سے دوسرے کاغذ پر اتری ہوئی تحریر نقش وغیرہ۔ کاپی۔ ثنی۔ منقول ۳ نمونہ۔ نظیر۔ مثل ۴ لطیفہ۔ چٹکلہ ۵ روایت۔ حکایت ۶ روپ۔ سوانگ۔ لیلا۔ ناٹک۔ روپ جو بھانڈ مجلس میں کرتے ہیں۔ چھوٹا مذاقیہ ناٹک جو عموماً تماشے کے بعد تھیٹر میں دکھاتے ہیں ۷ ایک حرف کی حرکت دوسرے حرف کو دینا ۸ عاشر جوائی (نَقْل۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا) **نقل اتارنا** (متعدی) ۱ کسی تحریر کی نقل کرنا ۲ سوانگ بھرنا ۳ اپنی صورت کسی کی صورت کے مشابہ کرنا ۴

طرز اڑانا۔ **نقل اُترنا** (لازم) دیکھو آخر **نقل اڑانا** (متعدی) **اُرٹانا** (لازم) امتحان میں طالب علموں کا ایک دوسرے کے جوابات کی نقل کرنا یا ایک دوسرے سے جواب پوچھ کر لکھنا (عف) **نقل النقل** (مونث) **نقل پروانہ** (مذکر) سالا۔ بیوی کا بھائی (عف) **نقل داخل کرنا** (متعدی) کسی کاغذ یا وثیقے کی نقل عدالت وغیرہ میں دینا۔ **نقل دینا** (متعدی) کسی اندراج یا درخواست کی نقل کر کے کسی کو دینا **نقل کرنا** (متعدی) کسی لکھی ہوئی عبارت کو بجنسہٖ دوسرے ورق یا اور کسی چیز پر لکھنا ۲ سوانگ بھرنا۔ روپ بھرنا ۳ بھانڈوں کا روپ بھرنا۔ ہنسانے والی بات کرنا ۴ تھیئٹر والوں کا تماشے کے بعد ایک چھوٹا مذاقیہ کھیل کرنا ۵ طالب علموں کا نقل اڑانا ۶ ذکر کرنا۔ بیان کرنا ۷ دوسروں کی طرز اختیار کرنا۔ اپنی شکل دوسروں کی طرح بنانا ۸ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ **نقل لینا** (متعدی) نقل حاصل کرنا۔ ٹھٹے حاصل کرنا۔ **نقل مانگنا** (متعدی) کسی اندراج یا درخواست وغیرہ کی نقل لینے کی درخواست کرنا۔ **نقلِ مذہب** (مذکر) ایک مذہب سے دوسرا مذہب تبدیل کرنا۔ **نقلِ مکان** (مذکر) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ۲ مکان تبدیل کرنا ۳ پرندوں کا ہر سال نہایت سرد مقامات سے دوسرے ممالک میں آ جانا (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **نقل نویس** (مذکر) نقل کر کے دینے والا منشی۔ محرر ۲ وہ شخص جو عدالتوں کے باہر بیٹھ کر عرضیاں لکھتا ہے۔ **نقل نویسی** (مونث) نقل کرنے کا کام یا پیشہ۔ محرری۔ منشی گری۔ **نقل ہونا** (لازم) دیکھو نقل کرنا۔ **نقل ہے** روایت ہے۔ منقول ہے کہتے ہیں۔ **نقلی** (صفت) ۱ جھوٹا۔ مصنوعی۔ جعلی ۲ روایتی۔ سماعی۔ زبانی۔ **نقلیں کرنا** (متعدی) کسی کے افعال و حرکات کی نقل اُسے چڑانے یا دوسروں کو ہنسانے کے لئے کرنا۔

امثال۔ نقل راچہ عقل۔ نقل کرنے میں عقل کی ضرورت نہیں۔ **نقل عیش بہ از عیش۔** عیش کا ذکر عیش سے بہتر ہے۔ **نقل کفر کفر نہ باشد۔** کفر کی نقل کرنا کفر نہیں

نُقل (ع۔ مذکر) ۱ وہ چیز جو نشے دار چیز کے ساتھ کھائیں ۲ ایک قسم کی شیرینی ۳ وہ بیان جو ہنسانے کی غرض سے کیا جائے ۴ ایک قسم کی شیرینی جو ساچق میں جاتی ہے ۵ وہ چیز جو دوست مجلس میں کھائیں (نقل۔ پیانا) **نقل فروش** (مذکر) نقل بیچنے والا۔ **نقل کرنا** (متعدی) نقل کی طرح کھا لینا۔ کھا لینا۔ **نقلِ ماتم** (مذکر) وہ نقل جو ماتم میں تقسیم کئے جاتے ہیں۔ **نقلِ مجلس یا محفل** (مونث) ۱ مسخرہ جس سے محفل کی رونق ہو ۲ وہ چیز جو دوست مجلس میں کھائیں۔ **نقل مجلس یا محفل بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) مسخرہ بننا۔

نِقمت (ع۔ مونث) ۱ عذاب عقوبت۔ سزا ۲ بدلہ۔ انتقام۔ تکلیف (نقم۔ سزا دینا)

نُقود (ع۔ مونث) نقد کی جمع۔ نقدیاں۔ زر ہا۔

نُقوش (ع۔ مذکر) نقش کی جمع۔

نَقوع (ع۔ مذکر) بھیگا ہوا میوہ ۲ دوا۔ دوا بھگونے کا پانی (نقع۔ بھگونا)

نُقول (ع۔ مونث) نقل کی جمع۔ لکھنؤ میں مذکر۔

نَقی (ع۔ صفت) ۱ پاک۔ خالص ۲ اعلیٰ۔ عمدہ ۳ بیج نکالا ہوا (میوہ) ۴ نہایت اعلیٰ قسم کا (نقی۔ خالص ہونا)

نَقیب (ع۔ مذکر) ۱ گروہ قوم۔ سردار ۲ وہ شخص جسے لوگوں کے شجرۂ نسب یا سلسلۂ خاندان یاد ہوں۔ یہ ایک قسم کا پیشہ تھا۔ اسی قسم کا کام ہندوستان میں بھاٹ کرتے تھے ۳ جو بادشاہوں اور امرا کے آگے صاحب عالم پناہ سلامت کے آوازے لگایا کرتا تھا۔ یا بادشاہ کسی کو خطاب دیتا یا کوئی باریاب ملازمت ہوتا تو آواز بلند پکارتا۔ یا کوئی نذر پیش کرتا تو نگاہ روبرو کہتا ۴ وہ شخص جو خانقاہوں یا مزاروں کی طرف سے لوگوں کو خبر کرنے کے واسطے مقرر ہو ۵ بھڑوا۔ کٹنا۔ قرمساق (عف) ۶ (صفت) خبر کرنے والی۔ منادی کرنے والا شہرت کرنے والا۔ (نقب۔ خبر بیان کرنا)

نَقیر (ع۔ مذکر) ۱ ایک ظرف جس میں کھجوروں کی شراب بناتے تھے۔ کھجور کے تنے سے ٹکڑا کاٹ کے اُسے بیچ میں سے خالی کر لیتے تھے ۲ گڑھا جو زمین یا پتھر میں بنائیں ۳ نہر۔ جو لیا نالہ ۴ کھجور کی گٹھلی میں چھوٹا سا نشان جس میں سے پودہ پھوٹتا ہے ۵ (مجازاً) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ ننھا سا (نقر۔ کھودنا) **نقیر و قطمیر** (صفت) ۱ تھوڑا بہت۔ چھوٹا بڑا ۲ ہر ایک حصہ چھوٹا یا بڑا۔ تمام۔ کل ۳ (دقت) احتیاط سے۔ غور سے۔ ٹھیک طور پر ۴ مطلب کا۔

نَقیض (ع۔ صفت) ۱ مخالف ۲ الٹا برعکس ۳ عداوت۔ بیر (پڑنا ہونا کے ساتھ) ۴ اصطلاح طب میں کسی شے کا رفع کرنا یا اُس کی نفی کرنا (نقض۔ گرانا)

نَقیہہ (ع۔ صفت) کمزور۔ ناتواں ضعیف۔ نحیف (نقہ۔ بیماری سے اٹھنا)

نَک (ہ۔ مونث) ناک کا مخفف۔ **نکّا** (صفت) ۱ ناک کے متعلق ۲ وہ جو ناک میں بولے ۳ (مذکر) کوڑی جس سے جوا کھیلتے ہیں۔ عام کوڑی۔ خرمہرہ ۴ پاسہ۔ کعبتین۔ دانہ۔ **نکّا دوا** (مذکر) ایک قسم کا جوا جو کوڑیوں کو مٹھی میں چھپا کر کھیلا جاتا ہے۔ **نکا دینا** (متعدی) ناک میں بولنا۔ ناک سکنا۔ **نکّا مُوٹھ** (مذکر) نکا دوا۔ **نک بال** (مذکر) ناک کا بال۔ **نک بہنا** (صفت۔ مذکر) **بہنی** (مونث) جس کی ناک بہا کرے۔ (لکھنؤ) **نک بیسر** (مونث) ناک کا ایک زیور۔ ایک قسم کی بلاق۔ **نک پڑی** (ہ) **پُوڑا** (ہ) **پوڑی** (ہ) نتھنا۔ **نک چھننا** (عف) تمانچہ۔ **نکتوڑا** (مذکر) ۱ ناز و نخرہ ۲ رنجش بیجا ۳ کلام طنز آمیز جو ناک چڑھا کر کی جائے۔ طعنہ مہنا۔ بولی ٹھولی ۴ نخوت۔ تکبر۔ غرور ۵ احسان۔ منت۔ **نکتوڑے** (مذکر) ۱ نکتوڑا کی جمع ۲ بجائے نکتوڑا حروف مغیرہ سے پہلے **نکتوڑے اُٹھانا** (متعدی) ناز اٹھانا۔ ناز بیجا برداشت کرنا۔ **نکتوڑے توڑنا یا کرنا** (متعدی) ۱ نخرہ کرنا۔ ناک بھوں چڑھانا ۲ اترانا۔ مزاج کرنا۔ احسان جتانا۔ **نکٹا** (صفت) ۱ ناک کٹا کا مخفف۔ بینی بریدہ ۲ بے غیرت۔ بے شرم ۳ چپٹی ناک کا۔ ناک بیٹھا ہوا ۴ کندہ ۵ (مذکر) ایک قسم کی ٹھمری ۶ ایک پرندہ ۷ کوڑی جس سے جوا کھیلتے ہیں۔ **نکٹوں** (صفت و مذکر) نکٹا کی جمع۔ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **نکٹی** (صفت مونث) ۱ نکٹا کی ۲ (مونث) بلی (عورتیں اس کا نام لینا منحوس سمجھتی ہیں) **نکٹے** (صفت و مذکر) ۱ نکٹا کی جمع ۲ بجائے نکٹا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **نکٹی کا جنا** (صفت) کمینہ۔ کم اصل۔ رذالا۔ **نکٹی لینا** (عف) چٹکی لینا۔ **نک چڑھا** (صفت۔ مذکر) **چڑھی** (مونث) ۱ وہ جو غرور سے ہر وقت چین بجبیں رہے۔

نک چھکنی (مونث) ایک بوٹی جس کے سونگھنے
سے بہت چھینکیں آتی ہیں۔ نکدم (قف) ناک میں
دم کا مخفف۔ حیران۔ پریشان۔ نکدم کرنا (متعدی)
ہونا (لازم) ناک میں دم ہونا۔ حیران ہونا۔ پریشان
ہونا۔ نکسیر (مونث) خون جو ناک سے جاری ہوتا
ہے۔ اس کا ایک مجرب علاج مؤلف کو معلوم ہے
جس وقت نکسیر پھوٹے کھڑا ہو جائے۔ انگلی سے اس
نتھنے کو بند کرے جس سے خون بہتا ہے۔ دوسری
طرف کے ہاتھ کو گول چکر دیکر زور زور سے دس بارہ
دفعہ ہلائے۔ خون فوراً بند ہو جائے گا اور اس کے
بعد اس کا دورہ بہت کم ہو گا۔ مجرب ہے۔ نکسیر نہ
پھوٹنا یا چلنا (لازم) بال بیکا نہ ہونا۔ ذرا بھی
نقصان نہ ہونا۔ نک کٹا (صفت) ۱ بینی بریدہ ۲ بے حیا۔
نک کٹی (مونث) رسوائی۔ بدنامی۔ بے عزتی۔
ذلت۔ بے حرمتی۔ فضیحت۔ خواری۔ خفت۔ نک
گھسنی (مونث) ناک رگڑنا۔ عاجزی۔ منت و
سماجت (کرنا ہونا کے ساتھ) نک ناک کرنا
(متعدی) نخرہ کرنا۔ ناک بھوں چڑھانا۔ نکو (صفت)
۱ بڑی یا لمبی ناک والا ۲ رسوا۔ بدنام ۳ ناک والا۔
عزت والا۔ صاحب غیرت (ان معنوں میں اب
متروک ہے) نکوا (مذکر) ۱ سوئی کا ناکا یا سوراخ
۲ ترازو کی ڈنڈی کا سوراخ۔ نکو بنانا (متعدی)
بننا (لازم) کرنا (متعدی) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔
نکی (صفت) ۱ ناک میں بولنے والا ۲ (مونث) جوتے
کی کوڑی ۳ ایک قسم کا جوا ۴ ایک داؤ۔ نکی آدے
(مذکر) لڑکوں کا ایک کھیل جب ایک ... کو
ملتا ہے تو سب سے پہلے نکی آدے کہہ دے وہ دوسرے
کو ایک ٹانگ پر کھڑا کرتا ہے۔ نکی پر رکھنا یا لگانا
(متعدی) نکی کے داؤ پر رکھنا۔ نکیل (مونث) ۱ وہ لکڑی
یا لوہے کی کیل جو اونٹ یا بیل کی ناک میں ڈالتے ہیں۔
اور اس سے رسی باندھتے ہیں۔ مہار ۲ اونٹ یا
بیل کی رسی جو لگام کا کام دیتی ہے۔ لگام۔ نکیلا
(صفت) صاحب غیرت۔ ذی عزت۔ آبرودار۔
نکیل ہاتھ میں ہونا (لازم) ۱ لگام پکڑے ہوئے
ہونا ۲ کسی کے قابو یا بس میں ہونا۔ اختیار میں ہونا۔
نکی موٹھ (مذکر) ایک قسم کا جوا جو کوڑیوں سے کھیلا
جاتا ہے۔

امثال واقوال۔ نکٹا بوچا
سب سے اونچا۔ عیب دار ہونے کے باوجود
بڑا دعوے۔ نکٹا جیا برے حوال (حوالوں)
بدنام آدمی کی زندگی ذلت سے بسر ہوتی ہے۔ نکٹوں
میں ایک ناک والا نکو ہوتا ہے۔ بہت سے
نقص والوں میں ایک بے عیب عیب والا کہلاتا ہے
نکٹے کا کھائے (اُکٹے) اچھے کا نہ کھائے
کمینے کا احسان مند نہ ہونا چاہئے۔ نکٹے کی ناک
کٹی سوا گز اور بڑھی۔ بے عزت کی چاہے
کتنی ذلت ہو اُس کو پروا نہیں۔ نکٹے کی ناک بھی
نہ کٹے۔ کند چھری یا چاقو کی نسبت مذاقاً کہتے ہیں۔
نکٹے کی ناک نہیں کٹتی ۱ چھری یا چاقو کند ہے
۲ بیحیا کو کبھی حیا نہیں آتی۔ نکٹی میا پانی پلا۔ پوتا
نہائے گنوؤں سے۔ اگر کسی سے کوئی کام کرانا
ہو تو تہذیب سے بولنا چاہئے۔

نک (ہ۔ مذکر) نکھ کا مخفف۔
ناخن۔ نک سک (مذکر) سک غالباً سکھ کا
مخفف ہے جو سنسکرت شکھا بمعنی سر کا معرب ہے
حلیہ۔ سراپا۔ نک سک سے (ٹھیک)
درست (صفت) سر سے پاؤں تک خوبصورت۔
سب طرح سے۔ بے عیب۔ بے نقص۔

نک (ہ۔ صفت) نیکا کا مخفف۔

نکا (ہ۔ صفت) ۱ چھوٹا۔ ننھا ۲ (مذکر)
چھوٹا لڑکا۔

نکا (ہ۔ صفت) ۱ نوکدار۔ نکیلا۔
۲ (مذکر) نوک دار لکڑی۔ نوکدار گیڑی ۳ ایک قسم کا
گیڑی کا کھیل (نوک سے) نکا ٹوپی (مونث)
ایک قسم کی دوپلڑی ٹوپی جسے بند کر کے سر پر رکھتے
ہیں۔ نکا لگانا یا مارنا (متعدی) ۱ گیڑی مارنا یا
لگانا ۲ زک پہنچانا۔ صدمہ پہونچانا۔ ضرب لگانا۔ نکے دار
(صفت) وہ دوپلڑی (ٹوپی) جس کی نوک آگے کو نکلی
ہوتی ہے۔

نکات (اُردو۔ صفت) برا۔
(قصابوں کی اصطلاح) نکات خوری (مونث)
بری بات۔

نکات (ع۔ مذکر) ۱ نکتہ کی جمع
۲ باریکیاں۔ وہ پاکیزہ اور بلیغ کلام جو دوسروں کی
سمجھ میں نہ آئے۔

نکاح (ع۔ مذکر) مسلمانوں کا طریقہ
شادی۔ عقد۔ بیاہ۔ نکاح پڑھنے والا قرآن شریف
کی چند آیتیں۔ اور پانچوں کلمے پڑھوا کر پوچھتا ہے کہ تم نے
فلاں بنت یا ابن فلاں کو اس قدر مہر پر کی زوجیت قبول
کیا۔ اس کے ہاں کہنے پر بیاہ مکمل ہو جاتا ہے۔ (کنایۃً
شادی کرنا) نکاح باندھنا (متعدی) بندھنا
(لازم) اسلامی طریقے پر شادی یا بیاہ ہونا۔ نکاح
بیوگان (مذکر) بیوہ عورتوں کی شادی۔ دوسرا
دواہ۔ نکاح پڑھا جانا (لازم) نکاح ہونا۔ نکاح
پڑھا دینا (متعدی) شادی کر دینا۔ نکاح پڑھا
لینا۔ (متعدی) دیکھو نکاح پڑھانا ۲ نکاح
پڑھانا (متعدی) ۱ شادی کرنا۔ نکاح کرنا۔ بیاہ کرنا۔
عموماً عورتوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۲ نکاح خوانی
کرنا۔ نکاحتا (صفت) دیکھو نکاحی (عف) نکاح
ثانی (مذکر) دوسری شادی۔ نکاح کرنا (متعدی)
شادی کرنا۔ نکاح کی سی شرطیں کرنا (متعدی)
۱ نہایت حجت کرنا۔ کٹھ حجتی کرنا۔ کسی معمولی کام کے
لئے بہت سی شرطیں لگانا ۲ کسی کام کی بخوبی پختگی کرنا
نکاح متعہ یا موقت (مذکر) نکاح جو کسی خاص
وقت کے لئے کیا جائے۔ یہ شیعوں میں رائج ہے۔
نکاح میں لانا (متعدی) عقد میں لانا۔ بیوی بنانا
نکاح نامہ (مذکر) وہ کاغذ جس میں نکاح کی شرائط
وغیرہ لکھی جاتی ہیں۔ نکاح کا کاغذ۔ نکاح ہونا (لازم)
بیاہ ہونا۔ شادی ہونا۔ نکاحی (صفت) نکاح کر کے
لائی ہوئی۔ منکوحہ۔ گھر میں ڈالی ہوئی عورت۔ بیاہتا کا
درجہ نکاحی سے بہتر سمجھا جاتا ہے۔ بیاہی سے ایسی
بیوی مراد ہوتی ہے جسے ماں باپ رشتہ داروں کو
ساتھ لیجا کر بیاہ لائیں اور نکاحی جو اپنی مرضی سے کسی
سے نکاح کرے۔ سو نکاحی کا درجہ بیاہی سے کم ہوتا
ہے۔ شرعاً کوئی فرق نہیں۔ نکاحی بیاہی (صفت)
وہ جسے برات لیجا کر بیاہ اور نکاح کر کے لائیں۔
مثل۔ نکاحی نہ بیاہی منڈو
بہو کہاں سے آئی۔ ناموزوں شادی ہو تو
کہتے ہیں۔

نکار (ہ۔ امر) ۱ نکارنا کا ۲
(مذکر) انکار۔ نکارا (ماضی) ۱ نکارنا کی ۲ (صفت)
ناکارہ۔ نکارنا (متعدی) انکار کرنا۔ نکارہ
(صفت) ناکارہ۔

نکاس (ہ۔ امر) ۱ نکاسنا کا ۲
(مذکر) نکلنا۔ باہر جانا ۳ گھر سے باہر جانے کی راہ۔
شہر سے باہر جانے کی راہ ۴ کسی مد سے پیداوار وصول کرنے کی صورت ۵ جڑ۔ بنیاد۔ بنا
۶ منبع۔ مبداء۔ مادہ ۷ حاصل ۸ صورت اصلی۔ حسب اصلی ۹ اخراج
۱۰ نسل۔ جنس۔ خاندان ۱۱ اخراج۔ برآمد ۱۲ صدور۔

-ظہور ستارہ) ۴ فروخت ۲ دساور۔ مال کا باہر جانا ۵
محاصل، راہداری ۶ حساب کا فیصلہ چکنا ۷ شہر کی متعلقہ
زمین کی باہر کی حد ۸ مضافات شہر (نکالنا سے)
نکاس پتر (ہ) ۱ حساب فیصلہ شدہ کا کاغذ ۲
پیداوار کی تفصیل کا کاغذ جو کاشتکاروں سے وصول کرنی
ہو۔ **نکاست** (ہ) ۱ دیکھو نکاس ۲ دیکھو نکاستا۔
نکاستا (ہ) ستون۔ ارواڑ۔ **نکاس لینا** (ہ)
نکاسنا (ہ) نکالنا۔ خارج کرنا۔ باہر نکال دینا۔ **نکاسی**
(مونث) ۱ پیداوار۔ محاصل۔ آمد۔ حاصل۔ نفع۔ منافع
۲ بکری۔ فروخت ۳ لدائی۔ بھرتی۔ دساور۔ برآمد ۴
کھپت۔ خروج۔ مدبت۔ سرحد۔ علاقہ ۵ محاصل راہداری۔
چنگی ۶ راہداری۔ چالان۔ روانہ ۷ اخراج ۸ میزان اس
لگان کی جو کاشتکاروں سے زمینداروں کو موصول ہو
۹ چھٹکارا۔ نجات۔
نکال (ع۔ مذکر) ۱ سخت سزا۔ عذاب
عقوبت ۲ روک۔ تھام۔ روک ٹوک۔ ممانعت ۳
رنج۔ دکھ۔ تکلیف ۴ تشہیر۔ (نکل۔ سزا پانا)
نکال (ہ۔ امر) ۱ نکالنا کا امر (ہ)
نکلنے کی جگہ۔ نکاس ۲ عطر۔ روح۔ عرق ۳ اخراج۔
باہر نکالنا ۵ تدبیر۔ جوڑ توڑ ۶ چھچا۔ ابھار۔ (دس بیس
۔پرے کل۔ لیجانا) **نکالا** (ماضی) ۱ نکالنا کی ۲ (مذکر)
اخراج۔ خارج ۳ جلاوطن۔ شہر بدر **نکالا ملنا** (لازم)
شہر بدر ہونا۔ **نکال بیٹھنا** (لازم) کہہ دینا (منہ سے
ساتھ) **نکال پیٹھال کے دن** (مذکر) نسل کی
تبدیلی کا زمانہ۔ **نکال دینا** (متعدی) ۱ دیکھو نکالنا ۲
گھر سے کوئی چیز دینا۔ **نکال ڈالنا** (متعدی) باہر
نکالنا۔ خارج کرنا۔ (عف) **نکال رکھنا** (متعدی)
کوئی چیز الگ کرکے سنبھال رکھنا۔ **نکال لانا** (متعدی)
۱ کوئی چیز اندر سے باہر لانا ۲ کسی عورت کو بھگا کر لیجانا۔
نکال لیجانا (متعدی) ۱ چرالیجانا ۲ عورت کو بھگا لیجانا
۳ کسی چیز یا شخص کو کسی جگہ سے لیجانا ۴ نجات دلانا **نکال
لینا** (متعدی) ۱ چرالینا ۲ حل کرلینا ۳ کوئی چیز کہیں
سے برآمد کرلینا ۴ (مقدمہ) اصلیت معلوم کرلینا۔
نکالنا (متعدی) ۱ خارج کرنا۔ باہر کرنا۔ نکاسنا
۲ علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا۔ منتخب کرنا۔ چھانٹنا ۳ منہا کرنا
وضع کرنا۔ تفریق کرنا ۴ ایجاد کرنا۔ اختراع کرنا ۵ حل کرنا۔
سلجھانا ۶ دل سے کوئی بات پیدا کرنا ۷ کسی چیز کو
رواج دینا ۸ (سوال پہیلی وغیرہ) حل کرنا۔ سلجھانا ۹
(گھوڑا) سدھانا۔ جوتنے کے قابل بنانا ۱۰ (جڑ سے)

اکھیڑنا ۱۱ (زبان سے) باہر لانا۔ کہنا ۱۲ (مقدمہ وغیرہ)
برآمد کرنا ۱۳ (کوپل شگوفہ پروانت وغیرہ) ظاہر کرنا۔ پیدا کرنا۔
۱۴ (تکرار جھگڑا وغیرہ) شروع کرنا ۱۵ (کسر) بدلا لینا۔
عوض لینا ۱۶ (جان) مار ڈالنا ۱۷ (کلیجا) دیکھو کلیجا کے تحت
میں ۱۸ (ملازم نوکر وغیرہ کو) برطرف کرنا۔ موقوف کرنا ۱۹
(بیل بوٹہ وغیرہ) کاڑھنا ۲۰ (رستہ) ڈالنا۔ (بچے جانور کا
انڈے سینا ۲۲ (فوطے) اختہ کرنا ۲۳ (بھاؤ) قرار دینا ۲۴
(تدبیر وغیرہ) بروئے کار لانا ۲۵ (ارمان چاؤ وغیرہ) حاصل
کرنا۔ پورا کرنا۔ دیگر الفاظ کے ساتھ مل کر بہت سے معانی
پیدا کرتا ہے۔ دیکھیو اصل الفاظ کے ساتھ۔
نِکام (س۔ تف) ۱ اپنی مرضی سے۔
خود بخود ۲ حد سے بڑھکر۔ بہت زیادہ۔
نِکانا (ہ۔ متعدی) اصل میں نکالنا کا
مخفف ہے۔ انگلیوں سے گھاس پھوس اور جنگلی بوٹیاں
نکالنا۔ نلانا۔
نِکائی (ہ۔ مونث) ۱ گھاس اور
جنگلی بوٹیاں نکالنا ۲ ان کے نکالنے کی مزدوری۔
نِکائی (ف۔ مونث) ۱ نیکی ۲ خوش
قسمتی۔ خوبصورتی۔
نِکاتی۔ نِکائی (س۔ مذکر) ۱ ڈھیر
۔تودہ۔ انبار ۲ گروہ۔ مجموعہ ۳ گلہ۔ ریوڑ وغیرہ۔
نَکبَت (ع۔ مونث) ۱ غربت۔
افلاس مفلسی۔ فلاکت ۲ بدحالی۔ ذلت۔ خواری ۳
بدقسمتی۔ بدنصیبی ۴ مصیبت (نکب۔ توڑنا)
نُکتہ (ع۔ مذکر) ۱ تہ کی بات۔ باریک
بات۔ نکتہ ۲ بلیغ و پاکیزہ کلام جو ہر ایک کی سمجھ میں نہ آئے۔
۳ عقل یا سمجھ کی بات ۴ کام کی بات۔ دور کی بات ۵ لطیفہ
چٹکلا ۶ عیب۔ نقص۔ رخنہ ۷ وہ چمڑا جو گھوڑے کے
منہ پر رہتا ہے۔ سربند۔ سردیوال (نکت۔ چھڑی کی
نوک سے کریدنا) **نکتہ باقی نہ چھوڑنا** (متعدی)
ہر طرح کی کوشش کرنا۔ کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرنا۔
نکتہ بیں (صفت) ۱ نازک خیال ۲ عیب جو۔
عیب بیں۔ **نکتہ بینی** (مونث) ۱ نازک خیالی ۲ عیب
جوئی **نکتہ پرداز یا پرور** (صفت) ۱ خوش گفتار۔
سخنور۔ پاکیزہ گفتار ۲ سخن فہم۔ سخن سنج ۳ عقلمند۔ دانا
۴ ہوشیار۔ ذہین۔ تیز فہم۔ **نکتہ چیں** (صفت) نقص
یا عیب نکالنے والا۔ عیب گیر۔ عیب جو۔ **نکتہ چینی**
(مونث) عیب جوئی۔ نقص نکالنا۔ **نکتہ چینی کرنا** (متعدی)
ہونا (لازم) نقص نکالنا۔ **نکتہ خفی** (صفت) راز

بھید۔ راز پنہاں۔ **نکتہ دان۔ رس۔ سنج یا شناس**
(صفت) ۱ دقیقہ رس۔ تیز فہم۔ عقلمند۔ دانا۔ سیانا
۲ سخن شناس ۳ شاعر۔ سخنور۔ خوش تقریر۔ **نکتہ سنجی**
(مونث) خوش گفتاری۔ فصاحت۔ خوش بیانی۔ سخن
فہمی۔ سخنوری۔ **نکتہ گیر** (صفت) دیکھو نکتہ چیں۔ **نکتہ
نواز** (صفت) لطیف بات پر مہربانی کرنے والا۔ **نکتہ
نوازی** (مونث) لطیف بات پر مہربانی کرنا۔ **نکتے**
(مذکر) ۱ نکتہ کی جمع ۲ بجائے نکتہ حروف مغیرہ سے
پہلے۔ **نکتے کی بات** (مونث) تہ کی بات۔ دقیق
بات۔ نازک بات۔
نِکتی (ہ۔ مونث) چھوٹا ترازو۔
سناروں کا کانٹا۔
نُکتی (ہ۔ مونث) ایک قسم کی
مٹھائی جو چنے کی دال پیس کر بنائی جاتی ہے نکتیاں
(جمع) نکتی کی۔ عام طور پر جمع کی صورت میں استعمال
ہوتا ہے۔ **نکتی پلاؤ** (مذکر) پلاؤ جس میں چنے کی ٹھیلیاں
پڑی ہوئی ہوتی ہے۔
نُکٹ (ہ۔ مذکر) ناک۔
نِکٹ (س۔ صفت) نزدیک
۔قریب۔ پاس۔ **نکٹپنا** (صفت) قربت۔ نزدیکی
نکٹی (صفت) ۱ نزدیک۔ پاس۔ قریب ۲
(مذکر) ہمسایہ ۳ وہ شخص جو پاس کھڑا ہوا ہو۔
نکٹا (ہ۔ صفت) دیکھو نک کے
تحت میں۔
نکٹائی (انگ۔ مونث) کپڑے کا
لمبا ٹکڑا جو قمیص کے اوپر گلے میں باندھتے ہیں۔
نکٹیسر (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا
پھول اور اس کا پودہ (اصل نسٹرشیم)
نکچھ (ہ۔ مذکر) کچھ نہیں۔
نکر (س۔ مذکر) ۱ ناک ۲ مگرمچھ۔ گھڑیال۔
نُکر (ع۔ صفت) ۱ ہوشیار۔ ذہین۔
نکتہ رس۔ زود فہم ۲ جاہل۔ غافل (نکر۔ ہوشیار
ہونا)
نِکر (انگ۔ مذکر) گھٹنوں سے اوپر
تک کا پاجامہ یا پتلون۔ کچھا۔ **نکر بوکر** (مذکر) ایک
قسم کی پتلون جو گھٹنوں تک ہوتی ہے۔ اور اسے
گھٹنوں کے نیچے باندھ دیتے ہیں۔ اور اس کے ساتھ
لمبی جرابیں پہنتے ہیں۔
نِکر (س۔ مذکر) ۱ ڈھیر۔ انبار۔ تودہ۔
۲ گٹھا۔ گٹھڑی ۳ گلہ۔ ریوڑ ۴ ہجوم۔ بھیڑ ۵ گدا

۔جوہر۔ درختوں کا رس۔

نکرت (س۔ صفت) ۱ بددیانت ۲ شریر ۳ کمینہ۔ رذیل۔ **نکرت** (مونث) ۱ رذالت کمینہ پن ۲ شرارت ۳ بددیانتی۔ دغابازی ۴ ہتک۔ بے عزتی۔ گالی گلوج۔

نکرِشٹ (س۔ صفت) ۱ کمینہ۔ رذیل ۲ جسے نفرت کی نگاہ سے دیکھیں ۳ مذہب یا قوم سے خارج ۴ بدچلن ۵ اکھڑ۔ اجڈ۔ جاہل ۶ کنجوس۔

نکرنا (ہ۔ لازم) نکلنا۔

نکرَدسی (ہ۔ مونث) دولہا کے گھوڑے پر سوار ہوکر برات کے ساتھ جانے کی رسم۔

نکرَہ (ع۔ مذکر) ۱ ناشناسی ناشناسائی ۲ وہ اسم جو کسی غیر معین شے کو ظاہر کرے۔ اسم کی دو بڑی قسموں میں سے ایک جیسے آدمی۔ گھوڑا۔ پتھر (نکرہ۔ ذہین ہونا)

نکرّا (ہ۔ مذکر) ۱ نوک۔ سرا۔ انتہا۔ ۲ کونہ۔ گوشہ ۳ وہ جگہ جہاں سے رستہ مڑ جائے (نوک سے)

نکس (ع۔ مذکر) ۱ نیچے کی طرف جھکنا ۲ الٹنا ۳ الٹا پڑھنا (نکسَ۔ نیچے کی طرف جھکنا)

نِکس (یو۔ عص) رات کی دیوی۔ اس کے پر ہیں اور رتھ پر سوار ہوتی ہے۔

نُکس (ع۔ [illegible]) مرض کا عود کرنا۔ پھر بیمار ہونا (نُکسَ۔ الٹنا)

نکسنا (ہ۔ لازم) دیکھو نکلنا۔

نکسُورا (ہ۔ مذکر) ناک میں سے ہوا نکلنے کی آواز۔ ہوا جو ناک کے راستے نکلے۔

نکَش (س۔ مذکر) کسوٹی۔ سونا پرکھنے سے کسوٹی پر جو نشان پڑ جائے۔

نکشَتر (س۔ مذکر) ۱ ستارہ ۲ صورت ستارگان ۳ منزل قمر۔ وہ مقام جس میں سے چاند گزرتا ہے۔ آسمان پر چاند کے راستے کے اٹھائیس حصے کئے گئے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں۔

سنسکرت نام۔ عربی نام۔ شکل۔ سبھاؤ۔ سوامی

۱۔ اشونی۔ نطح۔ گھوڑا۔ ٹیڑھا۔ اسنی کار

۲۔ بھرنی۔ بُطین۔ بھگ۔ نیچا۔ دھرم راج

۳۔ کرتکا۔ ثریا۔ چھری۔ نیچا۔ اگنی

۴۔ روہنی۔ دبران۔ گاڑی۔ اونچا۔ برھما

۵۔ مرگ شیر۔ ہقعہ۔ ہرن۔ ٹیڑھا۔ چندرماں

۶۔ آردرا۔ ہنعہ۔ جواہر۔ اونچا۔ رُدر

۷۔ پنرَوسو۔ ذراع۔ گھر۔ ٹیڑھا۔ آدتی

۸۔ پُشیہ۔ نثرہ۔ تیر۔ اونچا۔ برہسپت۔

۹۔ آسلیشا۔ طرفہ۔ چکر۔ نیچا۔ سرپ

۱۰۔ مگھا۔ زبرہ۔ سنگھاسن۔ نیچا۔ پتری

۱۱۔ پوروا پھاگنی۔ صرفہ۔ چارپائی۔ اونچا۔ بھگ

۱۲۔ اتر پھاگنی۔ عوا۔ پلنگ۔ اونچا۔ ارئیمن

۱۳۔ ہست۔ سماک۔ ہاتھ۔ ٹیڑھا۔ سریا

۱۴۔ چترا۔ غفر۔ موتی۔ ٹیڑھا۔ توشٹا

۱۵۔ سواتی۔ زبانا۔ پر۔ ٹیڑھا۔ وایو

۱۶۔ وشاکھا۔ اکلیل۔ لٹو۔ نیچا۔ اندراگنی۔

۱۷۔ انرادھا۔ قلب۔ بلی۔ ٹیڑھا۔ متر

۱۸۔ جیشٹھا۔ شولہ۔ کنڈل۔ ٹیڑھا۔ اندر

۱۹۔ مُول۔ نعائم۔ شیر۔ نیچا۔ راکھشس

۲۰۔ پورواشاڈھا۔ بلدہ۔ چارپائی۔ نیچا۔ ورن۔

۲۱۔ اتراشاڈھا۔ جبہہ۔ ہاتھی۔ اونچا۔ وسوادیو

۲۲۔ ابھجت۔ سعد الذابح۔ تکون۔ × برھما

۲۳۔ شرون۔ بیت الحوت۔ تپائی۔ اونچا۔ وشن

۲۴۔ دھنشٹا۔ سعد بلع۔ یونا۔ اونچا۔ وسو

۲۵۔ شت بھکھ۔ سعد السعود۔ ڈھول۔ اونچا۔ ورن

۲۶۔ پوروبھادرپد۔ سعد الاخبیہ۔ سنگھاسن۔ نیچا۔ اج چرن

۲۷۔ اتربھادرپد۔ مقدم۔ بم۔ اونچا۔ اہیر بدھن

۲۸۔ ریوتی۔ موخر۔ مردنگ۔ ٹیڑھا۔ پوشا

نکشتر چکر (مذکر) ۱ ایک خاص قسم کا نقشہ جسے علم نجوم میں استعمال کرتے ہیں ۲ ستاروں کا کرہ فلک ۳ تمام نکشتروں کا مجموعہ۔ **نکشتر مالا** (مذکر) ۱ ستاروں کا چکر۔ ستاروں کا منڈل ۲ کل نکشتروں کا مجموعہ ۳ ستائیس موتیوں کا ہار ۴ ایک زیور جو ہاتھی کے سر پر پہناتے ہیں۔ **نکشتر منڈل** (مذکر) ستاروں کا گچھا یا جھنڈ۔ **نکشتر یوگ** (مذکر) چاند اور نکشتروں کا قران۔

نکشترَ (س۔ صفت) وہ جو چھتری قوم کا نہ ہو۔

نکشتری (ہ۔ مذکر) وہ شخص جو ستارہ مسعود کے اثر میں پیدا ہوا ہو۔

نکشن (س۔ مذکر) کسوٹی۔

نکشیپ (س۔ مذکر) ۱ اوپر پھینکنا ۲ رکھنا۔ امانت۔ تحویل ۳ شرط ۴ کفالت۔ ضمانت ۵ کوئی چیز جو گروی رکھی جائے ۶ جو کچھ بچا ہوا ہو ۷ وقت گزارنا ۸ آنسو پونچھنا ۹ پھینک دینا ۱۰ دے دینا ۱۱ بھیجنا۔ نکال دینا ۱۲ تیاگ دینا۔ چھوڑ دینا۔

نکُل (س۔ مذکر) نیولا۔

نکِل (انگ۔ مذکر) ایک عنصر دھات پانی سے ۸ء۲۸ گنا بھاری ہے۔

نکل (ہ۔ امر) ۱ نکلنا کا ۲ (ہ) نکاس ۳ نکلنا یا باہر جانا (س۔ نس۔ پر دگل لیجانا) نکلا (ماضی) نکلنا کی۔ **نکل آنا** (لازم) ۱ باہر آنا۔ ظاہر ہونا ۲ پیدا ہونا ۳ کھڑا ہونا ۴ زمین سے باہر آنا ۵ (سورج چاند وغیرہ) طلوع ہونا ۶ (منہ) اتر جانا۔ **نکل بھاگنا** (لازم) ۱ فرار ہوجانا۔ چلا جانا ۲ بچکر چلا جانا ۳ قابو سے نکل جانا ۴ خوف و خطرے بچ جانا۔ **نکل پڑنا** (لازم) ۱ باہر آجانا۔ اوپر آجانا ۲ ظاہر ہونا۔ نمایاں ہونا ۳ باہر چلا جانا۔ گھر سے چلا جانا ۴ بلوں یا سوراخوں سے باہر آجانا ۵ پیدا ہوجانا۔ برآمد ہوجانا ۶ (روپیہ وغیرہ) گر جانا۔ کھل جانا ۷ (نئی ترکاری میوہ وغیرہ) بکنے کے لیے بازار آجانا ۸ (تلوار وغیرہ) الگ پڑنا ۹ (پانی وغیرہ) چونے لگنا۔ ٹپک پڑنا۔ **نکلتا** (ماضی ناتمام) نکلنا کی۔ **نکلتا رہنا** (لازم) ۱ سبقت رکھنا۔ بہتر ہونا ۲ فاضل رہنا۔ بڑھکر رہنا ۳ لگاتار ظاہر ہونا یا نکلنا۔

نکلتے پیٹھتے دن (مذکر) فصل بدلنے کا وقت۔ موسم کے تبدیل ہونے کا زمانہ۔ **نکل جانا** (لازم) ۱ سامنے سے چلا جانا ۲ سرزد ہوجانا۔ برآمد ہونا ۳ جاتا رہنا۔ زائل ہوجانا ۴ بھاگ جانا۔ فرار ہوجانا۔ چلا جانا ۵ بار جانا۔ سامنے نہ ٹھہرنا ۶ قابو سے باہر جانا۔ قبضے سے چلا جانا ۷ پھسل جانا۔ کھسک جانا ۸ پھر جانا۔ نافرمان ہونا ۹ زیادہ ہونا۔ بیش ہونا ۱۰ سبقت لے جانا۔ بڑھ جانا۔ ۱۱ چھوٹ جانا۔ نجات پانا ۱۲ کسی چیز کا ہاتھ سے جاتا رہنا۔ وقت گزر جانا ۱۳ رواج پا جانا۔ جاری ہوجانا ۱۴ (آگے) بڑھ جانا۔ دور چلا جانا ۱۵ (آنکھ) ضائع ہوجانا ۱۶ (حمل) ضائع ہوجانا۔ اسقاط ہوجانا ۱۷ (پانی) انزال ہوجانا۔ ۱۸ (دانت) جبڑوں سے علیحدہ ہوجانا۔ گر پڑنا ۱۹ (کسی چیز سے) آر پار ہوجانا ۲۰ (کپڑے وغیرہ کا) پھٹ جانا۔ مسک جانا ۲۱ (وقت وغیرہ) بیت جانا۔ گزر جانا ۲۲ (حوصلہ مدعا وغیرہ) بر آنا ۲۳ (اشک وغیرہ) بہ جانا۔ رواں ہوجانا ۲۴ (دم وغیرہ) جاتا رہنا۔ مرجانا ۲۵ (جاڑا گرمی وغیرہ) ہوچکنا۔ گزر جانا ۲۶ (کسی جگہ سے) باہر چلا جانا

۱۰) کے علاوہ اور الفاظ کے ساتھ مل کر نئے معنی پیدا کرتا ہے۔ دیکھو اصل الفاظ کے ساتھ۔ **نکل جانا** (لازم) ۱ باہر نکل جانا ۲ حوصلہ اور مقدور سے بڑھ جانا۔ اپنی بساط سے پاؤں باہر رکھنا ۳ اترا جانا۔ مغرور ہو جانا ۴ اڑنے لگنا۔ پر پرزے نکالنا ۵ گستاخ ہو جانا۔ بیباک ہو جانا ۶ سبقت لیجانا ۷ بہت باتیں بنانا۔ **نکل کھڑا ہونا** (لازم) باہر جانا۔ گھر سے نکل جانا۔ **نکلنا** (لازم) ۱ اندر سے باہر آنا۔ برآمد ہونا ۲ دیکھو نکل جانا ۳ اُگنا۔ پھوٹنا۔ جمنا۔ نمودار ہونا ۴ بہنا۔ رواں ہونا ۵ پیدا ہونا۔ جنم لینا۔ انڈے سے باہر آنا ۶ ثابت ہونا۔ ثبوت کو پہنچنا ۷ آوارہ و سرگرداں ہونا ۸ سرزد ہونا۔ صادر ہونا ۹ پایا جانا ۱۰ دکھائی دینا۔ نظر آنا ۱۱ جانا۔ رخصت ہونا ۱۲ کھلنا۔ چھپنا۔ ترشح ہونا ۱۳ گزرنا۔ جانا۔ نکلنا ۱۴ چھن جانا۔ لے لیا جانا ۱۵ خارج کرنا۔ خارج کیا جانا ۱۶ اوپر آنا۔ چڑھنا ۱۷ پردے سے باہر ہونا۔ باہر پھرنا ۱۸ نظری ہونا۔ کام کا نہ رہنا ۱۹ کسی چیز کا بازار میں بکنے لگنا ۲۰ جانا۔ ضائع ہونا ۲۱ ایجاد ہونا۔ اختراع ہونا ۲۲ انزال ہونا۔ منزل ہونا ۲۳ افزوں ہونا۔ زیادہ ہونا ۲۴ دفع ہونا۔ رفع ہونا ۲۵ دور ہونا۔ جانا رہنا ۲۶ (سڑک رستہ وغیرہ) بننا۔ بنایا جانا ۲۷ (سلسلہ مذکور وغیرہ) آغاز ہونا۔ شروع ہونا ۲۸ (آرزو ارمان وغیرہ) برآنا۔ حاصل ہونا ۲۹ (حسرت وغیرہ) پورا ہونا۔ انجام کو پہونچنا۔ ۳۰ (قانون رسم وغیرہ) جاری ہونا۔ قایم ہونا ۳۱ (بازار گلی وغیرہ سے) گزرنا۔ جانا ۳۲ (قول یا بات سے) پھرنا۔ پورا نہ کرنا۔ بہت سے الفاظ کے ساتھ مل کر مختلف معنی پیدا کرتا ہے۔ دیکھو اصل الفاظ کے ساتھ۔ **نکلنا بیٹھنا** (لازم) آمد و رفت رکھنا۔ **نکلوانا** (سم) نکلنا کا۔

امثال واقوال۔ نکلا ہونٹوں چڑھا کوٹھوں۔ منہ سے بات نکلی نہیں اور مشہور ہوئی نہیں۔ **نکلی تو گھونگٹ کیا۔** جب پردے سے باہر ہوئی تو پھر گھونگٹ کیا نکالنا۔ بے شرم کے متعلق کہتے ہیں۔ **نکلی حلق سے چلی خلق میں۔ نکلی ہونٹوں چڑھی کوٹھوں۔** دیکھو نکلا ہونٹوں الخ۔ **نکلے ہوئے دانت پھر (اندر نہیں جاتے) نہیں بیٹھتے!** راز ایک دفعہ ظاہر ہو جائے تو پھر نہیں چھپ سکتا ۲ جو آدمی ایک دفعہ کہیں سے نکال دیا جائے پھر مشکل سے دخل پاتا ہے ۳ کسی بات کا مزا پڑ جائے تو پھر نہیں چھوٹتا۔

نکما (ہ۔ صفت) ۱ جسے کوئی کام نہ ہو ۲ وہ جو کام سے جی چرائے جو کسی کام کے قابل نہ ہو ۳ خالی۔ بیکار۔ بے شغل ۴ ناکارہ۔ بے مصرف ۵ برا۔ خراب ۶ ناچیز۔ حقیر (نہ اور کام کا مرکب۔ س نکرمک) **نکما بال** (مذکر) حیوانات میں سے زہار۔ **نکما ٹھہرانا** (متعدی) ناکارہ قرار دینا۔ بے مصرف ٹھہرانا **نکما کر دینا** (متعدی) **ہو جانا** (لازم) ۱ بیکار ہو جانا کام کے قابل نہ رہنا ۲ خراب ہو جانا۔ بگڑ جانا۔

مثل۔ نکما بنیا باٹ باڑے بے شغلی میں جو کرو دل بہلتا ہے۔

نکو۔ نکوا (ہ۔ مذکر) دیکھو نکسک کے تحت میں۔

نکو (ف۔ صفت) نیکو کا مخفف ۱ اچھا۔ خوب۔ **نکو خواہ** (صفت) خیر خواہ۔ **نکو رو** (صفت) خوبصورت۔ **نکو سیر** (صفت) اچھی سیرت والا **نکوکار** (صفت) نیک۔ وہ جس کے کام اچھے ہوں۔ نیک چلن۔ **نکو محضر** (صفت) نیک خصلت۔ **نکو نام** (صفت) نیک نام۔ جس کی شہرت اچھی ہو۔ **نکوئی** (مونث) نیکی۔

امثال واقوال۔ نکوگوئی گر دیر گوئی چہ غم۔ نیک بات کہہ اگر دیر ہو جائے تو کوئی غم نہیں۔ **نکوئی با بداں کردن چناں ست۔ کہ بد کردن بجائے نیک مرداں** گلستاں کا شعر ہے بدوں کے ساتھ نیکی کرنا ایسا ہے جیسے نیکوں سے بدی کرنا۔ **نکوئی کن بہ آں کہ با تو بد کرد** جیسے بانی تو اس سے بھلائی کر۔ **نکوئی کن و در آب انداز** نیکی کر دریا میں ڈال۔ نیکی کر کے احسانمندی کا خیال نہیں کرنا چاہیے۔

نکواسا (ہ۔ مذکر) ناک کی ایک بیماری۔

نکوٹین (انگ۔ مونث) ایک مادہ جو تمباکو میں پایا جاتا ہے۔

نکوچک (س۔ مذکر) ایک درخت۔

نکوڑیا (ہ۔ صفت) بغیر کوڑی کے۔ غریب۔ مفلس۔

مثل۔ نکوڑیا گیا ہاٹ۔ گکڑی دیکھ جیہ ایچھات۔ غریب آدمی ہمیشہ ترستا رہتا ہے۔

نکوسنا (ہ۔ متعدی) ۱ دانت نکالنا۔ جانور کی طرح دانت ظاہر کرنا۔

نکوہش (ف۔ مونث) ملامت۔ سرزنش۔ دھمکی۔

نکھ (س۔ مذکر) ۱ ناخن ۲ پنجہ ۳ (نظم میں) بیس کا عدد ۴ ایک دوا جسے عربی میں اظفر الطیب کہتے ہیں۔ اس کا استعمال عطریات میں ہوتا ہے ۵ ابریشم۔ کچا ریشم۔ **نکھا نکھی** (مونث) پنجوں یا ناخنوں سے لڑنا۔ ایک دوسرے کو ناخنوں سے نوچ لینا۔ **نکھ سکھ** (لف) دیکھو نک سک۔ **نکھ سے سکھ تک** (ہ) سر سے پاؤں تک۔ ایڑی سے چوٹی تک۔

نکھ (س۔ صفت) ۱ ناخوش ۲ غریب بے کس۔ کم بخت۔

نکھا (اردو۔ مذکر) گردن کا گوشت (قصابوں کی اصطلاح)

نکھاد (ہ۔ مونث) ایک اونچا اور لمبا سر۔ دیکھو نشاد۔

نکھار (ہ۔ امر) ۱ نکھارنا کا ۲ (مذکر) اُجلاپن۔ صفائی ۳ بناؤ سنگار۔ آرائش۔ زیب و زینت (س۔ ن میں نکھر۔ بہنا) **نکھار کرنا** (متعدی) بناؤ سنگار کرنا۔ سنورنا۔ **نکھارنا** (متعدی) میل صاف کرنا میل کاٹنا۔ اجلا کرنا۔

نکہت (ف۔ مونث) دیکھو نکہت۔

نکھت (ہ۔ مذکر) **نکھت** (ہ) ۱ نکشترہ ۲ نصف قمری مہینہ۔

نکھتر (ہ۔ مذکر) نکشتر۔

نکھتر (اردو۔ صفت) زبون۔ خراب بدتر۔ ناقص۔ بدتر کے بعد استعمال ہوتا ہے اور غالباً تابع مہمل ہے۔

نکھٹار (ہ۔ صفت) ۱ سخت جانی (دشمن) ۲ کینہ ور۔ پرکینہ۔ **نکھٹرپنا** (صفت) جانی دشمنی۔

نکھٹو (ہ۔ صفت) ۱ نہ کمانے والا۔ ناکارہ۔ نکما ۲ احمق۔ بیوقوف ۳ سست۔ احدی۔ رپ کھٹنا۔ کمانا ۴ مفلس۔ غریب۔ جس کے گھر میں کھاٹ تک نہ ہو (کھاٹ سے)

امثال واقوال۔ نکھٹو آئے لڑتا کماؤ آئے ڈرتا۔ ناکارہ اور نہ کمانے والا ہر وقت بیوی سے لڑتا رہتا ہے اور کماؤ آدمی لڑتا جھگڑتا نہیں۔ **نکھٹو کی جورو سدا ننگی۔** نکھٹو ہمیشہ مفلس رہتا ہے۔ **نکھٹو گئے ہاٹ منگائی ترازو لائے باٹ۔** نکما آدمی اگر کوئی کام کرے

بھی تو خراب کرتا ہے۔

نِکَھد (ہ۔ صفت) برا۔ خراب ناقص نکما۔ ناکارہ۔ **نکھداد** (ہ) خرابی۔ برائی۔ نقص۔

نِکَھر (س۔ مذکر) ناخن۔

نِکھر (ہ۔ امر) نکھرنا کا (س ن میں۔ کشر۔ بہنا) **نکھرا** (امر) ۱۔ نکھرانا کا ۲۔ (ماضی) نکھرنا کی ۳۔ (صفت) صاف۔ اجلا۔ ستھرا ۴۔ خالص۔ **نکھرا جوبن** (صفت) خوبصورتی یا حسن جو نہانے یا جوانی کی وجہ سے پورے زور عل پر ہو۔ **نکھرانا** (ہ) صاف کرانا۔ **نکھرنا** (لازم) ۱۔ اجلا ہونا۔ صاف ہونا۔ میل کٹنا۔ چمکنا ۲۔ سنورنا۔ بننا۔ سنگار کرنا ۳۔ رونق پر ہونا۔ رونق آنا۔ روپ آنا۔ جوبن پر ہونا ۴۔ (بال) میل صاف ہو کر چمکنا۔ **نکھروانا** (م) صاف کرانا۔ **نکھری** (صفت۔ مونث) دیکھو نکھرا۔ **نکھری بزم۔ صحبت یا محفل** (مونث) ستھری اور آراستہ محفل۔

نِکھِل (س۔ صفت) کل۔ تمام۔ سب۔ سارا۔

نکھلو (ہ۔ مذکر) لکھنو کا مخرب۔ (لوف)

نِکَھنڈ (ہ۔ صفت) ۱۔ آدھا۔ نصف ٹھیک آدھا ۲۔ ٹھیک بیچ (ن۔ نہ + کھنڈ حصہ) **نکھنڈ آدھی رات ہے۔** ٹھیک نصف رات ہے۔

نِکھنگ (ہ۔ مذکر) ترکش۔

نِکھوٹ (ہ۔ صفت) ۱۔ جس میں کھوٹ نہ ہو۔ خالص ۲۔ بے نقص۔ بے عیب ۳۔ بے قصور۔ بے گناہ ۴۔ شریف۔ بھلا مانس۔ دیانت دار۔

نِکھوڑ (ہ۔ امر) نکھوڑنا کا **نکھوڑا** (ماضی) ۱۔ نکھوڑنا کی ۲۔ (صفت) بے رحم۔ سنگدل۔ ظالم۔ سفاک ۳۔ (مذکر) جلاد۔ **نکھوڑنا** (متعدی) ۱۔ اکھیڑنا۔ کھینچنا۔ اُدھیڑنا۔ نوچنا ۲۔ ست نکالنا۔ روح کھینچنا ۳۔ چھلکا اتارنا۔ کھال اتارنا ۴۔ صاف کرنا۔

نکھوسنا (ہ۔ متعدی) دیکھو نکوسنا۔

نکھولا (ہ۔ مذکر) **نکھولی** (مونث) ۱۔ کپڑا جو نعش کے ناخنوں پر لپیٹا جاتا ہے ۲۔ تھوڑا سا خمیر جو ناخن سے کھیر میں ڈالتے ہیں ۳۔ بچوں کا ایک زیور۔

نَکھی (س۔ صفت) ۱۔ وہ جس کے ناخن یا پنجے ہوں ۲۔ ناخن دار جانور ۳۔ (ہ) ایک قسم کی خوشبو ۴۔ تار کا چھلا جس سے ستار بجاتے ہیں۔ **نکھیانا** (متعدی) نوچنا۔ پنجوں یا ناخنوں سے زخمی کرنا۔ کریدنا۔

نِکھید (س۔ صفت) غم یا تکلیف سے آزاد۔

نکیانا (ہ۔ متعدی) دیکھو نکھیانا۔

نِکیت (س۔ مذکر) ۱۔ مکان۔ گھر۔ محل ۲۔ نشان۔ دستخط۔ مہر۔ **نکیتن** (مذکر) ۱۔ دیکھو نکیت ۲۔ مندر۔ شوالہ۔ **نکیتو** (صفت) دیکھو نکیت۔

نَکِیر (ع۔ مذکر) ان دو فرشتوں میں سے ایک جو مسلمانوں کے اعتقاد کے بموجب قبر میں مردے سے سوال کریں گے (نکر۔ انکار کرنا)

نُکیلا (ہ۔ صفت) ۱۔ نوک دار ۲۔ کاودم۔ مخروطی ۳۔ خوش وضع یا قطع۔ بانکا۔ ترچھا۔ طرحدار۔ وضعدار (نوک سے) **نکیلاپن** (مذکر) بانکپن۔ خوش وضعی یا قطعی۔ **نکیلا جوان** (مذکر) پابند وضع اور آن بان کا مرد۔ **نکیلی** (صفت) دیکھو نکیلا لیکن اس صورت میں یہ عورت کے لئے استعمال نہیں ہوتا۔ **نکیلی چھاتی** (مونث) خوبصورت نوک دار پستان۔ **نکیلی چتون** (صفت) بانکی نظر۔ **نکیلی وضع** (مونث) بانکی وضع۔

نَگ (ہ۔ مذکر) ۱۔ انگوٹھی میں جڑنے کا پتھر۔ نگینہ ۲۔ (س) کوئی چیز جو اپنی جگہ سے نہ ہل سکے ۳۔ پہاڑ۔ چٹان۔ درخت ۴۔ عدد۔ زیورات کے متعلق استعمال ہوتا ہے ۵۔ عدد سات ۶۔ سانپ ۷۔ سورج (س نگ۔ پہاڑ) **نگ پتی** (مذکر) کوہ ہمالیہ۔ **نگ تراشنا** (متعدی) **ترشنا** (لازم) نگ کا کٹ کر انگوٹھی میں لگنے کے لئے درست ہونا۔ **نگ جڑنا** (لازم) انگوٹھی میں نگ لگانا۔ **نگ کی چوڑیاں** (مونث) ایک قسم کی چوڑیاں جن میں نگ جڑے ہوتے ہیں۔ **نگ گر جاتا یا گرنا** (لازم) نگینے کا اکھڑ کر گر جانا۔ **نگ ندی** (مونث) ایک دریا۔

نِگار (ف۔ صفت) ۱۔ خوبصورت۔ حسین ۲۔ تصویر بنانے والا۔ سجانے والا۔ خوبصورت بنانے والا۔ مرکبات میں جیسے نامہ نگار۔ اخبار نگار ۳۔ تصویر۔ شبیہہ ۴۔ بت۔ مورتی۔ نقش۔ بیل بوٹے ۵۔ زیبائش۔ آرائش۔ زینت ۶۔ معشوق۔ محبوب۔ نقش جو عورتیں مہندی سے ہاتھوں پر بناتی ہیں ۷۔ حنا۔ مہندی۔ (نگاریدن۔ تصویر بنانا) **نگار آلود** (صفت) تصویر کی طرح خوبصورت۔ نقش و نگار کیا ہوا۔ **نگار ارمنی** (مونث) شیریں معشوقۂ فرہاد۔ **نگار خاطر** (مذکر) دل کا نقش یا اثر۔ **نگار خانہ** (مذکر) ۱۔ تصویر خانہ۔ تصویروں کا مکان ۲۔ نقاشی کیا ہوا مکان ۳۔ بت خانہ ۴۔ مانی کا گھر یا مرقع۔ **نگار دیدہ** (صفت) حنا آلود۔ مہندی لگا ہوا۔ **نگارستان** (مذکر) ۱۔ دیکھو نگار خانہ نمبر ۱ اور ۲ ۔ ۲۔ کئی کتابوں کا نام۔ **نگارش** (مذکر) ۱۔ تحریر۔ ترقیم۔ لکھنا ۲۔ تصویر۔ شبیہہ ۳۔ نقشہ کشی ۴۔ خیال۔ قوت خیال۔ تخیل۔ **نگارش نامہ** (مذکر) خط۔ چٹھی۔ **نگارندہ** (مذکر) مصنف۔ نقاش۔ کاتب۔ **نگاری** (مونث) ۱۔ تصویر۔ زینت۔ آرائش۔ زیبائش۔ مرکبات میں جیسے نامہ نگاری۔ **نگاریں** (صفت) ۱۔ سجا ہوا۔ مزین ۲۔ مہندی لگا ہوا۔ حنا آلودہ ۳۔ معشوق۔ دلبر۔ محبوب۔

نِگال (س۔ مذکر) گھوڑے کی گردن۔ **نگال وان** (مذکر) گھوڑا۔

نِگالی (ہ۔ مونث) ۱۔ حقہ کا وہ حصہ جس میں نہال لگاتے ہیں ۲۔ نیچا بنانے کی نے۔ نل۔ بانسی (س نگال گھوڑے کی گردن)

نِگاہ (ف۔ مونث) ۱۔ نظر۔ چتون۔ ۲۔ بصارت۔ بینائی ۳۔ آنکھ ۴۔ شناخت۔ پرکھ ۵۔ مہربانی۔ عنایت۔ توجہ۔ التفات۔ رغبت ۶۔ نگرانی۔ حفاظت ۷۔ چوکسی نظربندی ۸۔ امید۔ بھروسا۔ خیال ۹۔ نظارہ۔ دید۔ **نگاہ اٹھا کر نہ دیکھنا** (متعدی) بے پرواہی کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔ خیال میں نہ لانا ۲۔ مغرور ہونا۔ آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا۔ **نگاہ اونچی ہونا** (لازم) بلند حوصلہ ہونا۔ عالی خیال ہونا۔ **نگاہ ایک سی ہونا** (لازم) ہر ایک کی طرف یکساں توجہ ہونا۔ **نگاہبان** (صفت) ۱۔ محافظ۔ خبردار۔ خبر رکھنے والا ۲۔ چوکیدار۔ پاسبان۔ سنتری۔ پہرے دار (رہنا یا ہونا کے ساتھ) **نگاہبانی** (مونث) ۱۔ محافظت۔ حفاظت۔ نگرانی ۲۔ پاسبانی۔ چوکیداری (کرنا یا ہونا کے ساتھ) **نگاہ بد کرنا** (متعدی) بری نظر سے دیکھنا۔ **نگاہ بدلنا** (لازم) ۱۔ رخ پھیرنا۔ توجہ نہ کرنا۔ بے مروت ہو جانا ۲۔ تیور بدلنا۔ ناخوش ہونا۔ **نگاہ بدلی ہونا** (لازم) ۱۔ توجہ نہ ہو۔ بے مروت ہونا ۲۔ ناخوش ہونا۔ خفا ہونا۔ **نگاہ بکھرنا** (متعدی) نگاہ پھیلنا یا منتشر ہونا۔ (مت) **نگاہ بلند ہونا** (لازم) عالی حوصلہ ہونا۔ حوصلہ بلند ہونا۔ **نگاہ بھر کر (کے) دیکھنا** (متعدی) بغور دیکھنا۔ **نگاہ پر چڑھنا** (متعدی) دیکھ کر جانچنا۔ پرکھنا

نگاہ پر چڑھنا (لازم) ۱ چبنا۔ نظروں میں کھبنا۔ باوقعت ہونا۔ نگاہِ پرورش (مونث) مہربانی کی نظر۔ عنایت کی نظر۔ نگاہ پڑنا (لازم) ۱ نظر پڑنا۔ آنکھ پڑنا۔ نظر آنا۔ دیکھنے میں آنا ۲ وقعت سے دیکھا جانا۔ قدر ہونا۔ نگاہ پلٹنا (لازم) ۱ نگاہ کا ایک طرف سے دوسری طرف ہو جانا ۲ توجہ پھر جانا۔ دوسری طرف ہو جانا۔ (دہلی)۔ نگاہ پہچاننا (متعدی) نظر سے تاڑ جانا۔ تیور پہچاننا۔ نگاہ پھرنا (لازم) ۱ نظر کا ادھر ادھر دیکھنا ۲ توجہ نہ رہنا۔ بے التفاتی ہونا۔ کم توجہی ہونا۔ نگاہ پھسلنا (لازم) نظر نہ جمنا۔ کسی صاف شفاف چیز پر نگاہ نہ ٹھہرنا۔ نگاہ پہنچنا ۱ (لازم) نظر جانا۔ نگاہ کا کام کرنا۔ نگاہ پھیر لینا یا پھیرنا (متعدی) روگردانی کرنا دیکھو نگاہ بدلنا۔ نگاہ پھیلنا (لازم) نگاہ کا چاروں طرف پڑنا۔ نگاہ پیر جانا (لازم) نگاہ کا اثر کرنا۔ نگاہ کا کسی چیز میں سرایت کرنا۔ نگاہ ترچھی کرنا (متعدی) ہونا (لازم) غصے کی نظر ہونا۔ ناراضگی ہونا۔ نگاہ ٹیڑھی ہونا (لازم) ناراضگی ہونا۔ ملال ہونا۔ رنج ہونا۔ نگاہ جانا (لازم) نظر کا کہیں پہنچنا۔ کسی چیز کا دیکھا جانا۔ نگاہ جھپکنا (لازم) دیکھو نظر جھپکنا۔ نگاہ چار ہونا (لازم) نگاہ سے نگاہ ملنا۔ نظر سے نظر ملنا۔ آمنا سامنا ہونا۔ نگاہ چرانا (متعدی) آنکھ سے آنکھ نہ ملانا۔ نظر سامنے نہ کرنا۔ نگاہ چڑھنا (لازم) خاطر میں آنا۔ نظر میں جچنا۔ نظر میں سمانا۔ نگاہِ حسرت آلود (مونث) وہ نگاہ جس سے حسرت ظاہر ہو۔ نگاہ دار (صفت) دیکھو نگاہبان۔ نگاہداشت (مونث) نگرانی۔ حفاظت۔ بچاؤ (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ نگاہ دوڑانا (متعدی) ۱ نظر دوڑانا ۲ خیال کرنا۔ سوچنا۔ نگاہ دوڑنا (لازم) نظر کا تیزی سے جانا۔ نگاہ دیکھنا (متعدی) نظر سے مزاج کی حالت تاڑ جانا۔ نگاہ ڈالنا (متعدی) آنکھ اٹھا کر دیکھنا۔ کسی چیز کو دیکھنا (پر کے ساتھ)۔ نگاہ رکھنا (متعدی) ۱ نظر رکھنا۔ توجہ رکھنا ۲ شناخت رکھنا۔ پرکھ رکھنا۔ تمیز رکھنا۔ پہچان رکھنا ۳ دیکھتے رہنا ۴ خیال رکھنا۔ چوکسی رکھنا۔ نگاہ رو برو ۵ بادشاہی زمانے میں نقیب کسی کو بادشاہ کے پیش کرتے ہوئے کہا کرتے تھے۔ نگاہ سے اترنا یا گرنا (لازم) دیکھو نظر سے گرنا۔ نگاہِ شرمسار (مونث) شرمیلی یا حیا کی نظر۔ لجائی آنکھ۔ نگاہِ شوق (مونث) شوق سے بھری ہوئی نظر۔ نگاہِ غلط انداز (مونث) اچٹتی ہوئی نظر۔ نگاہِ قہر (مونث) غصے کی نظر۔ غضبناک نظر۔ نگاہ کا ڈھونڈنا (متعدی) کسی کے دیکھنے کا مشتاق ہونا۔ نگاہ کا کام کرنا (متعدی) نظر پہنچنا۔ دکھائی دینا۔ نگاہ کا مارا (صفت) کشتۂ نگاہ۔ عاشق۔ فریفتہ۔ نگاہِ کج (مونث) ٹیڑھی نظر۔ نگاہِ کرم (مونث) مہربانی کی نگاہ۔ نگاہ کرنا (متعدی) ۱ دیکھنا۔ نظر ڈالنا ۲ ملاحظہ کرنا۔ معائنہ کرنا ۳ سوچنا۔ بچارنا۔ خیال کرنا ۴ جانچنا۔ اندازہ کرنا ۵ توجہ کرنا۔ خیال کرنا (پر کے ساتھ)۔ نگاہِ کم (مونث) بے التفاتی کی نظر۔ رکھائی۔ بے التفاتی۔ نگاہ گزرنا (لازم) نگاہ پڑنا (مت)۔ نگاہِ گرم (مونث) تیز نگاہ۔ غصے کی نگاہ۔ نگاہ لڑانا (متعدی) لڑنا (لازم) آنکھ سے آنکھ ملنا۔ نظر بازی ہونا۔ آنکھ لڑنا۔ نگاہ ملانا (متعدی) ۱ نظر ملانا ۲ ہمسری کرنا۔ ملنا (لازم) نظر ملنا۔ آنکھیں چار ہونا۔ نگاہ منتشر ہونا (لازم) نگاہ کا چاروں طرف پڑنا۔ نگاہِ مہر (مونث) محبت کی نظر۔ رحم کی نظر۔ نگاہ میلی ہونا (لازم) نگاہ میں کدورت آجانا۔ نگاہ میں (لف) نظر میں۔ خیال میں۔ نگاہ میں آنا (لازم) جچنا۔ نگاہ میں پھرنا (لازم) ہر وقت خیال میں رہنا۔ نگاہ میں جچنا (لازم) باوقعت ہونا۔ اچھا معلوم ہونا۔ قیمتی معلوم ہونا۔ نگاہ میں خار ہونا (لازم) ناگوار ہونا۔ کھٹکنا۔ نگاہ میں حقیر یا ذلیل (صفت) وہ شخص جو لوگوں کے خیال میں ذلیل ہو۔ نگاہ میں رکھنا (متعدی) ۱ دیکھتے رہنا۔ آنکھ سے اوجھل نہ ہونے دینا ۲ خیال میں رکھنا۔ دھیان میں رکھنا ۳ حراست میں رکھنا۔ نظر بند رکھنا۔ نگاہ میں سبک ہو جانا (لازم) نظر میں بے وقعت ہونا۔ نگاہ میں سمانا یا کھبنا (لازم) پسند ہونا۔ مرغوب ہونا۔ نگاہ میں ہونا (لازم) خیال یا دھیان میں ہونا۔ نظر میں ہونا۔ منظور نظر ہونا۔ نگاہِ ناز (مونث) ناز و انداز کی نظر۔ معشوقانہ نظر۔ نگاہ نہ ٹھہرنا (لازم) کسی چیز کی آب و تاب کی وجہ سے نظر نہ جمنا۔ نگاہ نہ کرنا (متعدی) ۱ نظر نہ کرنا۔ نظر نہ ڈالنا۔ نہ دیکھنا ۲ خاطر میں نہ لانا۔ نگاہ نیچی کرنا (متعدی) شرم یا حیا سے نظر جھکا لینا۔ نگاہِ واپسیں (مونث) وہ نگاہ جو مرتے دم کسی پر پڑے۔ نگاہوں (مونث) نگاہ کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ نگاہ ہونا (لازم) ۱ نظر ہونا۔ آنکھ ہونا ۲ توجہ ہونا۔ التفات ہونا ۳ رغبت ہونا۔ دلالت ہونا ۴ قصد ہونا۔ ارادہ ہونا ۵ امید ہونا۔ بھروسا ہونا ۶ پرکھ ہونا۔ شناخت ہونا۔ جانچ ہونا۔ نگاہوں پر چڑھنا۔ سے اترنا یا گرنا (لازم) میں (لف) میں آنا۔ بھرنا۔ چڑھنا۔ خار ہونا۔ سمانا یا کھبنا (لازم) دیکھو نگاہ پر چڑھنا وغیرہ۔ نگاہوں میں باتیں کرنا (متعدی) آنکھوں کے اشاروں سے ایک دوسرے کا مطلب سمجھنا۔ نگاہوں میں تولنا (متعدی) ۱ دیکھ کر پرکھنا یا جانچنا ۲ دیکھ کر منشا یا مزاج کی کیفیت معلوم کرنا۔ نگاہوں میں ٹھہرنا (لازم) ۱ نظر میں باوقعت ہونا۔ قدر ہونا ۲ نگاہ میں قرار لینا۔ نگاہوں میں کھائے جانا (لازم) کسی کی طرف نہایت رغبت اور شوق سے دیکھنا۔ نگاہوں میں کہنا (لازم) آنکھوں کے اشاروں سے باتیں کرنا۔ نگاہوں میں ہلکا ہونا (لازم) سبک ہونا۔ حقیر ہونا۔ ذلیل ہونا۔ بیقدر ہونا۔ نگاہیں (مونث) نگاہ کی جمع۔ نگاہیں پھرنا (لازم) پھیرنا (متعدی) پھسلنا۔ جانا۔ چار ہونا (لازم) ڈھونڈنا۔ لڑانا۔ ملانا۔ (متعدی) ملنا (لازم) دیکھو نگاہ پھیرنا وغیرہ۔ ڈھونڈنا کی صورت میں نگاہ کا ڈھونڈنا۔

نگت (ھ۔ صفت) ننگا۔ برہنہ۔

نگچانا (ھ۔ لازم) نزدیک آنا۔ قریب آنا۔ پاس آنا۔

نگد (س۔ مذکر) ۱ پڑھنا۔ زبانی سنانا ۲ دعاؤں یا منتروں کا آواز بلند سے پڑھنا ۳ ذکر۔ تذکرہ ۴ گفتگو۔ بات چیت۔

نگدول (ھ۔ تف) نقد سے بنایا ہوا ہے۔ نقد روپیہ وغیرہ۔

نگر (س۔ مذکر) ۱ شہر۔ قصبہ ۲ کئی شہروں کا نام۔ نگر باسی (مذکر) شہر کا باشندہ۔ نگر پتی شہر کا حاکم۔ نگر دوار شہر کا دروازہ۔ نگر کوٹ (مذکر) کانگڑا۔ نگر ناری (مونث) شہر کی عورتیں یا مستورات۔ نگر نائک (مذکر) شہر کا سب سے بڑا آدمی۔ نگر نر ناری (مذکر) شہر کے باشندے۔ نگر نواسی یا واسی (صفت) شہر کا باشندہ۔ نگری (مونث) ۱ نگر کی تصغیر۔ چھوٹا شہر۔ گاؤں۔ دیہہ ۲ (ھ۔ صفت) شہر کا۔ شہری۔ ۳ (ھ۔ مذکر) شہر کا باشندہ۔

نگر (ھ۔ مذکر) ۱ ٹھوس۔ مضبوط ۲ بھاری۔ وزنی۔

نگراں (ف ۔ صفت) ۱ دیکھنے والا۔ نظر رکھنے والا ۲ محافظ ۔ پاسباں ۔ نگہباں ۳ منتظر ۔ چشم براہ ۔ نگرِیستن ۔ دیکھنا ۔ **نگرانِ حال** (صفت) کسی کے حال کا خبرگیراں ۔ کسی کی برائی بھلائی کا محافظ (رہنا ہونا کے ساتھ) **نگراں رہنا** (لازم) ۱ دیکھتے رہنا ۲ منتظر رہنا ۳ حفاظت کرتے رہنا **نگراں ہونا** (لازم) ۱ دیکھنا ۲ حفاظت کرنا ۳ منتظر رہنا ۔ **نگرانی** (مونث) ۱ دیکھنا ۔ زیر نظر رکھنا ۲ دیکھ بھال ۔ ملاحظہ ۔ معائنہ ۔ پڑتال (رہنا کرنا ہونا کے ساتھ)

نگرو (ہ ۔ صفت) دیکھو نگوڑا ۔

نگرِ دتھا (ہ ۔ مذکر) دیکھو ناگرتھا ۔

نگرہ (س ۔ مذکر) ۱ دبا کر رکھنا ۔ نیچا رکھنا ۲ روکنا ۔ قابو میں رکھنا ۔ قابو کرنا ۳ روک ۔ ممانعت ۴ قابو ۵ جبر ۔ تعدی ۔ زبردستی ۶ اطاعت ۔ ۷ گرفتاری ۸ قید ۔ حبس ۔ بند ۹ سزا ۱۰ جھڑکی ۱۱ تنبیہ ۱۲ نفرت ۔ ناپسندیدگی ۔ حقارت ۱۳ دل شکستگی ۔ بے حوصلگی (کرنا ہونا کے ساتھ) **نگرہن** (مذکر) ۱ زیر کرنا ۔ مغلوب کرنا ۲ دبانا ۔ روکنا ۳ قید ۔ حبس ۴ گرفتاری ۵ قید خانہ ۶ شکست ۷ سزا ۔

نگرط (ہ ۔ مذکر) ۱ لوہے کی زنجیر خصوصاً جو ہاتھی کے پاؤں میں باندھتے ہیں ۲ بیڑی ۔ زنجیرِ پا ۔ ۳ مانجو ۔

نگل (ہ ۔ امر) نگلنا کا ۔ **نگلا** (امر) ۱ نگلانا کا ۲ (ماضی) نگلنا کی ۔ **نگلانا** (مم) نگلنا کا متعدی جانا ۔ **نگلنا** (متعدی) کسی چیز کو حلق سے نیچے اتارنا ۔ خصوصاً ٹھوس چیز کے متعلق استعمال ہوتا ہے ۔ جب اُسے بغیر چبائے کھالیا جائے ۔ پانی اور مائعات کے لئے استعمال نہیں ہوتا ۔ ہڑپ کرنا ۔ ڈکوسنا ۔ سڑپنا ۲ (طنزاً) کھانا ۔ بھکوسنا ۔ ٹھوسنا ۳ غبن کرنا ۔ تغلب کرنا ۔

نگلا (ہ ۔ مذکر) چھوٹی بستی ۔ گاؤں ۔ گاؤں کی آبادی کا ایک حصہ ۔

نگم (س ۔ مذکر) ۱ مقدس کتاب ۔ آسمانی کتاب ۔ وید ۲ ویدوں کا کوئی منتر یا کوئی عبارت جو بطور مثال پیش کی جائے ۳ کسی نیک یا پارسا شخص کی بات یا نصیحت ۴ تیقن ۔ یقین ۵ شہر ۔ قصبہ ۔ منڈی ۔ پیٹھ ۶ میلہ ۔ تجارت ۔ لین ۔ دین ۷ سڑک ۔ رستہ ۔ درہ منڈی کا راستہ ۹ قافلہ ۔ تاجروں کا قافلہ ۔ کمپ ۱۰ سوداگر ۔ دکاندار ۔

نگن (س ۔ مذکر) ایک وزن یا بحر ۔

نگن (س ۔ صفت) **نگن** (عوام) ۱ ننگا ۔ برہنہ ۲ نیا ۔ جدید ۳ غیرآباد ۔ سنسان ۔ ۴ (مذکر) ننگا آدمی ۔ ننگا سادھو ۔ ناگا ۵ شاعر یا بھاٹ جو نوجوں کے ساتھ جائے **نگنا** (مونث) ۱ بیحیا یا فاحشہ عورت ۲ لڑکی جسے ابھی حیض کا نشر دع نہ ہوا ہو ۔ **نگنک** (صفت) ۱ ننگا ۲ بیحیا ۳ (مذکر) ننگا فقیر یا سادھو ۔

نگند (ہ ۔ مذکر) ایک مصفی خون بوٹی جس کے متعلق مشہور ہے کہ سانپ کینچلی اتارنے سے پہلے کھاتا ہے ۔

نگند (ف ۔ امر) نگندنا کا (نگندن ۔ رضائی کو سینا) **نگندا** (ماضی) ۱ نگندنا کی ۲ دیکھو نگندہ ۔ **نگندنا** (متعدی) روئی دار کپڑے رضائی یا لحاف میں لمبے لمبے ٹانکے بھرنا ۔ **نگندہ** (مذکر) رضائی یا لحاف کا لمبا ٹانکا ۔ **نگندے** (مذکر) نگندہ کی جمع **نگندے ڈالنا** (متعدی) روئی دار چیز میں لمبے لمبے ٹانکے بھرنا ۔

نگوڑا (ہ ۔ صفت) ۱ نکما ۔ نالائق ۲ کم بخت ۔ بدبخت ۔ بدنصیب ۔ بدقسمت ۳ منحوس ۴ نامراد ۔ موا ۔ اجڑا ۵ نالائق ۶ محتاج ۔ غریب ۷ مصیبت زدہ ۸ جس کے آگے پیچھے کوئی نہ ہو ۔ اکیلا ۔ تنہا ۔ اس لفظ کو عورتیں تنفر کے طور پر استعمال کرتی ہیں ۔ مرد نہیں کرتے ۹ بے تکلفی اور اخلاق کے موقع پر بھی استعمال کرتی ہیں (س برگم) جس کے پاؤں یا گھٹنے نہ ہوں ۔ نگوڑا مارا ۔ **نگوڑا ناٹھا** (صفت) وہ جس کے آگے پیچھے کوئی نہ ہو ۔ مجرد ۔ بے سن و فرزند ۔ **نگوڑی** (صفت مونث) دیکھو نگوڑا ۔ **نگوڑی ناٹھی** (صفت مونث) نگوڑا ناٹھا کی ۔ بے شوہر فرزند ۔ وغیرہ ۔

نگوں (ف ۔ صفت) ۱ الٹا ۔ اوندھا ۲ جھکا ہوا ۔ نیچا ۳ اوندھا لٹکا ہوا ۔ سر تلے ٹانگیں اوپر یہ مرکبات ہیں جیسے سرنگوں ۔ **نگوں بخت** (صفت) بابخت ۔ بدنصیب ۔ بدقسمت ۔ **نگونسار** (صفت) دیکھو نگوں ملاوہ ۔ **نگوں ہمت** (صفت) کم ہمت ۔ بے حوصلہ ۔

نگہ (ف ۔ مونث) دیکھو نگاہ ۔ نگہبان ۔ نگہبانی ۔ **نگہداشت** ۔ دیکھو نگاہبان وغیرہ ۔

نگہت (ف ۔ مونث) ۱ خوشبو ۔ مہک ۲ سانس کی بو ۔ **نگہتِ گل** (مونث) پھولوں کی مہک ۔

نگھٹ جانا ۔ نگھٹنا (ہ ۔ لازم) ۱ بہت گھٹنا ۔ بہت کم ہونا ۲ ختم ہو جانا ۔ نبٹ چلنا ۔

نگھرا (ہ ۔ صفت) ۱ وہ جس کا گھر بار نہ ہو ۔ خانہ ویران ۔ خانہ خراب ۲ (نہ گھر والا کا مخفف) **نگھرا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) گھر بار جاتا رہنا ۔

نگھرشن (س ۔ مذکر) ۱ رگڑنا ۔ رگڑ ۲ پیسنا ۔

نگھن (س ۔ صفت) ۱ تابع ۲ پالتو ۳ گھر کا ۔ گھریلو ۔

نگھنٹو (س ۔ مذکر) ۱ الفاظ یا ناموں کا مجموعہ ۔ فرہنگ ۲ ویدوں کا فرہنگ جو یاسک نے اپنی تصنیف نرکت میں دیا ہے ۔

نگیانی (ہ ۔ صفت) کمزور دل یا دماغ ۔ بیوقوف ۔ بے عقل ۔ احمق ۔

نگیچ (ہ ۔ صفت) نزدیک کا مہند ۔

نگین (ف ۔ مذکر) ۱ جواہر ۔ نگ ۔ نگینہ ۲ مہر کی انگوٹھی ۳ کوئی چیز جو اچھی طرح جڑی ہو ۴ چسپاں ۔ موزوں ۔ ٹھیک بیٹھا ہوا ۵ مرکبات میں جیسے زیرنگیں ۔ **نگینِ دل** (مذکر) دل کا نگین کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں ۔ **نگیں کھدنا** (لازم) **کھودنا** (متعدی) نگینے پر اُلٹے حروف کھودنا ۔ تاکہ چھپنے پر سیدھے آئیں ۔ **نگینوں** (مذکر) نگینہ کی جمع حروف وغیرہ سے پہلے ۔ **نگینہ** (مذکر) **نگینہ جڑنا** (متعدی) انگوٹھی میں نگ نصب کرنا ۔ **نگینہ سا** (صفت) ۱ نگینے کی مانند ۲ نہایت چسپاں ۔ موزوں ۳ چھوٹا سا اور خوبصورت ہونا سا ۔ منکا سا ۔ **نگینہ ساز یا گر** (مذکر) جواہرات کو تراشکر انگوٹھیاں وغیرہ میں جڑنے والا **نگیں ہونا** (لازم) ۱ جڑا ہونا ۔ نصب ہونا ۲ کندہ ہونا ۔ کھدا ہونا ۔ نقش ہونا ۳ (زیر) ماتحت ہونا ۔ تابع ہونا ۔ زیر نگیں ہونا ۔

نل (س ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا بید سرکنڈا ۔ نرکل ۲ ایک ماپ ۳ ایک آکاسی مخلوق ۔

نل (ہ ۔ مذکر) ۱ اندر سے کھوکھلی اور لمبی چیز ۔ موٹی نلی ۲ بانس کا ٹکڑا ۳ لوہے یا مٹی وغیرہ کا جو پانی کے واسطے موری کے بجائے لگایا جاتا ہے ۴ بہت

کی نالی جس کے ذریعے سے پانی گھروں میں پہونچایا جاتا
ہے ۵ سرکنڈا۔ نرکل۔ سر۔ معدے کی ایک انتڑی
۔ نابھی۔ دیکھو نَل (س) **نَلا** (مذکر) ۱ پیشاب کی نالی
۲ پیٹ کا ایک پٹھا ۳ (ھ) پاؤں کی ایک بڑی ہڈی
بڑی کھوکھلی ہڈی۔ بازو کی ہڈی ۴ ایک قسم کی آتش
بازی۔ **نلا ٹرنگ بڑنگ ہو جانا**۔ ام جانا۔
ٹَل جانا۔ یا ٹلنا (لازم) نلے کا اپنی جگہ سے سرک جانا
نل دَمَن (مذکر) راجہ نل اور دمینتی کے متعلق ایک
قصہ۔ راجہ نل دمینتی۔ **نلکا** (ھ وپ) نلوا۔ **نلوا** (مذکر)
نال کی تصغیر۔ چھوٹا سا نل ۲ کاغذات رکھنے کا ٹین وغیرہ
کا نل ۳ جانوروں کو دوائی پلانے کا نل۔ **نلوں** (مذکر)
نل کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **نلی** (مونث) ۱ چھوٹا
نل۔ نال ۲ پنڈلی یا ٹانگ کی ہڈی ۳ جلاہے کی نال ۴
بندوق کی نال ۵ نرکل جو بیچ سے خالی ہو ۲ وہ نرکل جس
میں بارود بھر کر چھوڑتے ہیں۔ **نلے** (مذکر) ۱ نلا کی
جمع ۲ بجائے نلا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **نلے اٹرنگ
بڑنگ ہو جانا یا ٹل جانا** (لازم) ۱ ناف ٹل جانا
۲ بیکلی ہونا۔ بے چینی ہونا۔ **نلے دھارنا** (متعدی)
دوا کے گرم پانی کی دھار چھوڑنا۔ اعصاب کا علاج کرنا۔
نلیا (مذکر) ۱ چڑیمار۔ صیاد ۲ (مونث) نال کی تصغیر
چھوٹی نلی ۳ نالی کی تصغیر چھوٹی نالی۔

مثل۔ نل کا مارا نلوہ لوٹے۔
بعض دفعہ معمولی بات میں بہت نقصان ہو جاتا ہے۔

نَلا (ہ۔ امر) نلانا کا۔ (س نِن۔ باہر
۔ گل۔ لیجانا) **نلانا** (متعدی) کھیت میں سے گھاس
پھوس دور کرنا۔ نکائی کرنا۔ نرانا۔ **نلائی** (مونث)
۱ نلانے کا کام۔ کھیت کی صفائی ۲ کھیت نلانے کی
اُجرت۔ **نلوانا** (متعدی) کھیت کی صفائی کروانا
نلوائی (مونث) نلوانے کی اجرت۔

نَلاہَٹ (ہ۔ مونث) نیلاپن
۔ نیلی رنگت (نیلا سے)

نَلَج (ھ۔ صفت) بے حیا۔
بے شرم۔ **نلجا** (صفت) ۱ بے شرم بے حیا ۲ (مونث)
بے شرم عورت ۳ بے حیائی۔ بے شرمی۔

نَلَدَہ (ھ۔ مذکر) بالچھڑ۔ سنبل الطیب۔

نلڑا (ھ۔ مذکر) **نلڑی** (مونث)
دیکھو نرڑا۔ نرڑی۔

نلوا (ہ۔ امر) ۱ نلوانا کا ۲ (مذکر)
دیکھو نل کے تحت میں۔ **نلوانا** (م) نلانا کا۔ کھیت کی
صفائی کرانا۔ نلائی کرانا۔ **نلوائی** (مونث) نلانے
کی اُجرت۔

نَلوَہ (ہ۔ مذکر) ۱ خالص ۲ بے لوث:
بے گزند ۳ مفت ۴ بلا زحمت ۵ بے مشقت۔ بے
زحمت ۶ خالص نفع۔ نرا نفع ۷ وہ کام جو بلا شرکت
غیرے کیا جائے ۸ صاف۔ بغیر صدمے یا نقصان کے
(س نِ۔ نہیں + دروتین گناہ) **نلوہ اُڑانا** (متعدی)
بے مشقت حاصل کرنا۔ بلا مزاحمت لے جانا۔ **نلوہ
الگ ہو جانا** (لازم) صاف بچ جانا۔ **نلوہ
بچا لے جانا** (لازم) بغیر نقصان یا ضرر کے بچانا۔
نلوہ بچ جانا (لازم) دیکھو نلوہ چھوٹنا۔ **نلوہ جانا
یا چلا جانا** (لازم) بچکر چلا جانا۔ صاف چلا جانا۔ **نلوہ
چھوٹنا** (لازم) بے گزند بچ جانا۔ بچ کر یا محفوظ
آجانا۔ **نلوہ لے جانا** (لازم) بلا مشقت یا بلا
مزاحمت کوئی چیز حاصل کرنا۔

نَلئی (ھ۔ مونث) ۱ گیہوں یا جو کا
ڈنٹھل ۲ کھونٹی۔ نرتی۔

نَم (ف۔ مذکر) ۱ تری۔ رسیل۔
گیلاپن۔ رطوبت ۲ طراوت ۳ (صفت) تر۔ گیلا۔
مرطوب۔ **نم خوردہ۔ دیدہ یا رسیدہ** (صفت)
سیلا ہوا۔ تر۔ جس پر تری کا اثر ہو گیا ہو۔ **نمگیرہ** (مذکر)
۱ وہ کپڑا جو اوس کی نمی سے بچنے کے لئے پلنگ پر
تان دیتے ہیں ۲ مجازاً شامیانہ۔ سائبان (کھڑا کرنا یا ہو
کھینچنا۔ لگانا۔ نصب کرنا وغیرہ کے ساتھ) **نمناک**
(صفت) گیلا۔ تر۔ مرطوب۔ **نمی** (مونث) تری۔
رطوبت۔

نَم (ھ۔ عدد) نو۔

نَم (س۔ تف) نہ۔ نہیں۔

نَما (ع۔ مونث) بڑھنا۔ اگنا۔ نمو
بالیدگی۔ مرکبات میں۔ جیسے نشوونما (نمیٰ۔ بڑھنا)

نَما (ہ۔ عدد) نو۔ جیسے تین نمے
ستائیس۔

نُما (ف۔ صفت) ۱ ظاہر کرنے والا
۔ دکھانے والا۔ بتانے والا۔ مرکبات میں جیسے خوش نما
خود نما۔ رہنما ۲ مانند۔ مرکبات میں جیسے قوس نما
(نمودن۔ ظاہر کرنا) **نمائش** (مونث) ۱ دکھاوا
ظہور۔ اظہار۔ نمود۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ صورت۔
شکل۔ روپ بھیس ۳ وہ میلہ جس میں مختلف قسم مقامات
یا ممالک کی چیزیں دکھائی جائیں۔ **نمائش گاہ** (مونث)
وہ جگہ جہاں نمائش ہو رہی ہو۔ **نمائشی** (صفت) ۱
دکھاوے کا۔ ظاہری ۲ بناوٹی ۳ ملمع کا۔ **نمائی** (مونث)
دکھاوا۔ اظہار۔ ظہور۔ اعلان۔ اشاعت۔ مرکبات
میں جیسے خودنمائی۔ گندم نمائی۔ **نمایاں** (صفت)
۱ ظاہر۔ کھلا۔ فاش۔ عیاں۔ علانیہ ۲ واضح۔ آشکار
گہرا۔ عمیق ۳ بڑا۔ کلاں ۴ مشہور۔ معروف۔ نامور
۵ نکلا ہوا۔ ابھرا ہوا (کرنا ہونا کے ساتھ) **نمائندہ**
(صفت) ۱ دکھانے والا۔ ظاہر کرنے والا ۲ وہ شخص
جو کسی شخص۔ جماعت یا فرقے کیطرف سے کسی حاکم کے
پاس پیش ہو کر عرض حال کرے۔

نَماز (ف۔ مونث) ۱ مسلمانوں کا
طریقۂ عبادت۔ صلوٰۃ ۲ پرستش۔ پوجا ۳ عبادت ۴ عاجزی
انکسار۔ نیاز ۵ ٹہل۔ سیوا۔ خدمت (س نَم۔ جھکنا)
نماز آنا (لازم) نماز پڑھنے کا طریقہ معلوم ہونا **نماز
ادا کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) نماز کا پڑھنا **نمازِ
استسقا** (مونث) وہ نماز جس میں مینہ کے واسطے
دعا مانگی جاتی ہے۔ اس کی دو رکعت ہیں۔ اس سے
پہلے خطبہ پڑھتے ہیں۔ **نمازِ استخارہ** (مونث) وہ
نماز جو طلبِ خیر کے لئے پڑھی جائے۔ یہ دو نفل ہوتی ہے
نمازِ اشراق (مونث) نماز جو سورج نکلنے کے
بعد دو رکعت پڑھی جاتی ہے۔ یہ مستحب ہے۔ **نماز
با جماعت** (مونث) وہ نماز جو جماعت کے
ساتھ امام کے پیچھے پڑھی جائے۔ **نماز پر کھڑا ہونا**
(لازم) ۱ نماز پڑھنے کے لئے کھڑا ہونا ۲ مقتدی کا
نماز پڑھنے کھڑا ہونا۔ **نماز پڑھانا** (م) ۱ امام
بن کر نماز ادا کرانا ۲ نماز پڑھنے پر آمادہ یا مجبور کرنا۔
نماز پڑھنا (متعدی) صلوٰۃ ادا کرنا عبادت کرنا۔
پرستش کرنا۔ **نمازِ پنجگانہ** (مونث) پانچوں وقت کی
فرض نماز۔ **نمازِ پیشیں** (مونث) دیکھو نمازِ ظہر۔ غالباً
صلوٰۃ الوسطیٰ کا ترجمہ۔ بہت سی حدیثوں کی رُو سے یہ
نماز اول سمجھی جاتی ہے۔ **نمازِ تحیۃ المسجد** (مونث)
نماز جو مسجد میں آنے پر قبل بیٹھنے کے پڑھتے ہیں۔ یہ مستحب
ہے اور اس کے دو نفل پڑھے جاتے ہیں۔ **نمازِ
تحیۃ الوضو** (مونث) نماز جو دو رکعت وضو کرنے کے
بعد اور قبل خشک ہونے کے پڑھی جاتی ہے۔ یہ مستحب
ہے۔ **نمازِ تراویح** (مونث) نماز جو رمضان کے
مہینے میں ہر شب بعد نمازِ عشا اور قبل نمازِ وتر بیس رکعتیں
دس سلام سے ادا کی جاتی ہیں۔ اور ہر چار رکعتوں کے
بعد بقدر چار رکعتوں کے بیٹھتے ہیں۔ اور مہینے میں کم سے

کم ایک دفعہ قرآن شریف ختم کیا جاتا ہے۔ یہ نماز سنت ہے۔ **نماز توڑنا** (متعدی) کسی وجہ سے نماز پوری نہیں کرنا۔ اور درمیان میں چھوڑ دینا۔ **نمازِ تہجّد** (مونث) نماز جو عشا کے بعد پڑھتے ہیں۔ یہ سنت ہے اور عموماً چار رکعتیں پڑھی جاتی ہیں۔ **نماز ٹرخانا** (متعدی) بے دلی سے جلدی جلدی نماز پڑھنا۔ **نماز ٹوٹنا** (لازم) نماز مکمل نہ ہونا۔ **نماز جانا** (لازم) وقت معینہ پر نماز ادا نہ ہونا۔ **نمازِ جماعت** (مونث) وہ نماز جو بہت سے آدمی ایک امام کے پیچھے ادا کریں **نمازِ جمعہ** (مونث) وہ نماز جو جمعہ کے روز باجماعت پڑھی جاتی ہے۔ یہ فرض ہے **نمازِ جنازہ** (مونث) وہ نماز جو نعش پر کھڑے کھڑے پڑھتے ہیں **نمازِ چاشت** ۔ نماز جو دس بجے کے قریب پڑھتے ہیں۔ یہ فرض نہیں اس کی دو یا چار رکعت ہوتی ہیں۔ حدیث میں چھ اور بارہ بھی آئی ہیں۔ **نمازِ حاجت** (مونث) وہ نماز جو کوئی حاجت پیش آنے پر پڑھتے ہیں۔ یہ دو رکعت ہوتی ہیں **نمازِ خسوف** (مونث) دو رکعت جو چاند گرہن کے وقت دو رکعت باجماعت پڑھتے ہیں۔ **نمازِ خفتن** (مونث) عشا کی نماز۔ **نمازِ خوف** (مونث) نماز پنجگانہ میں سے کوئی نماز جو جنگ میں گھٹا کر پڑھیں۔ **نمازِ دگر** یا **دیگر** (مونث) دیکھو نمازِ عصر۔ **نمازِ سفر** (مونث) وہ نماز جو سفر میں بالقصر پڑھی جائے۔ اس میں بجائے چار رکعت فرض کے دو پڑھتے ہیں۔ اور یہ صرف ظہر عصر اور عشا کے لئے جائز ہے۔ **نمازِ شام** (مونث) دیکھو نمازِ مغرب۔ **نمازِ شکر** (مونث) وہ نماز جو کسی عنایت خداوندی کے شکریے میں ادا کی جائے۔ اس کے دو نفل ہوتے ہیں۔ **نمازِ ظہر** (مونث) وہ نماز جو دوپہر کے وقت پڑھی جاتی ہے۔ اس کا وقت سایہ اصلی سے دوچند سایہ ہونے تک ہوتا ہے۔ **نمازِ عشا** پانچویں فرض نماز جو رات کو پڑھتے ہیں۔ اس کا وقت شفق جاتے رہنے کے بعد شروع ہوتا ہے۔ اور نصف رات تک رہتا ہے۔ **نمازِ عصر** (مونث) تیسری فرض نماز جو پچھلے پہر پڑھتے ہیں۔ اس کا وقت دوچند سائے سے شام تک ہوتا ہے۔ **نمازِ عید** (مونث) وہ نماز جو عید کے دن پڑھتے ہیں۔ **نمازِ عید الضحیٰ** (مونث) وہ نماز جو عید الضحیٰ کے دن پڑھتے ہیں۔ یہ صرف دو رکعت معہ چھ تکبیروں کے ہوتی ہے اور بعد کو دو خطبے ہوتے ہیں۔ **نمازِ عید الفطر** (مونث) وہ نماز جو عید الفطر کے دن پڑھیں۔ یہ صرف دو رکعت معہ چھ تکبیروں کے ہوتی ہے۔ اور بعد کو دو خطبے پڑھتے ہیں اس کا وقت آفتاب کے ایک نیزہ بلند ہونے سے دوپہر تک رہتا ہے۔ یہ نماز واجب ہے۔ **نمازِ فجر** (مونث) پہلی فرض نماز جو سورج طلوع ہونے سے پہلے پڑھی جاتی ہے۔ اس میں دو رکعت فرض اور دو سنت ہوتی ہیں۔ یہ نماز بغیر دو رکعت سنت کے مکمل نہیں ہوتی۔ **نمازِ قصر** (مونث) وہ نماز جو حالت سفر یا جنگ میں کم کرکے پڑھی جاتی ہے۔ **نمازِ قضا** (مونث) وہ فرض نماز جو وقت پر ادا نہ کی گئی **نماز قضا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) وقت معینہ پر نماز ادا نہ ہونا۔ **نماز کرنا** (متعدی) نماز پڑھنا **نمازِ کسوف** (مونث) وہ نماز جو سورج گرہن کے وقت پڑھتے ہیں۔ اس کی دو رکعت ہوتی ہیں۔ **نماز گزار** (صفت) نماز پڑھنے والا۔ پابند نماز۔ **نمازِ مغرب** (مونث) چوتھی فرض نماز۔ اس کا وقت سورج غروب ہونے سے لیکر شفق کے جاتے رہنے تک ہے۔ **نمازِ وتر** (مونث) وہ نماز جو نماز عشا کے بعد پڑھتے ہیں۔ اس کا وقت صبح صادق تک ہے۔ **نمازی** (صفت) ۱۔ نماز پڑھنے والا ۲۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ **نمازی کا لٹکا** (مذکر) بدی کا بدلہ۔ فعل بد کی سزا۔ پاداشِ عمل۔ ایک شریر لڑکے نے ایک نمازی کی ٹانگ کھینچ لی۔ اس نے سلام پھیر کر اُسے لٹکا دیا۔ لڑکے کو چسکا پڑ گیا۔ اگلی دفعہ ایک پٹھان نمازی کی ٹانگ کھینچ لی۔ اس نے سلام پھیر کر تلوار سے اس کا گلا کاٹ ڈالا۔ تب سے یہ مثل ہوگئی۔ **نمازی کپڑے** (مذکر) پاک کپڑے جن کو پہنکر نماز جائز ہو۔ **نمازی کرنا** (متعدی) پاک صاف کرنا۔ دھونا۔ ستھرا کرنا۔

امثال۔ نماز چھڑانے گئے تھے (نماز کو گئے) روزے گلے پڑے ایک کام سے پیچھا چھڑانا چاہا۔ دوسرا اور ذمہ پڑا۔ ایک شخص ایک مولوی کے پاس نماز معاف کرانے کے لئے گیا۔ اس نے کہا کہ اس میں بڑی برکت ہے روزے بھی رکھا کرو۔ **نماز نہیں روزہ نہیں سحری بھی نہ ہو تو نرے کافر بن جائیں۔** اگر بہت سا غیر ممکن ہو تو تھوڑا سا سہی۔

نماشام (ھ۔ مونث) شام۔ جھٹ پٹے کا وقت۔ نمازِ شام کا مخرب ہے پنجابیوں نے نماشاں بنالیا ہے۔ اور اردو میں گنوار بھی استعمال کرتے ہیں۔

نمّام (ع۔ صفت) چغلخور۔ غمّاز۔ بہتان لگانے والا۔ افترا پرداز (نمّ۔ چغلی کھانا) **نمّامی** (مونث) چغلخوری۔ بہتان۔ افترا۔

نمانا (ھ۔ صفت) ۱۔ غریب مسکین سیدھا۔ سادھا ۲۔ بزدل۔ ڈرپوک ۳۔ بھولا بھالا۔

نمب (س۔ مذکر) نیم کا درخت۔ **نمب ترو** (مذکر) ڈھول ڈھاک۔ یہ سرگ کا درخت خیال کیا جاتا ہے۔ **نمب کوڑی** (مونث) نبولی۔

نمبر (انگ۔ مذکر) ۱۔ ہندسہ۔ عدد ۲۔ گنتی۔ شمار ۳۔ تعداد ۴۔ باری۔ نوبت ۵۔ درجہ ۶۔ وہ عدد جو امتحان کے سوالوں کے لئے مقرر کیا جاتا ہے ۷۔ وہ عدد جو سٹے بازیا لاٹری والے ہر شامل ہونیوالے کو دیتے ہیں ۸۔ وہ عدد جس پر داؤں لگایا جائے ۹۔ (مذاقاً) جماع۔ **نمبر آنا** (لازم) ۱۔ باری آنا ۲۔ امتحان میں نمبر ملنا۔ **نمبر بڑھ جانا** (لازم) سبقت لیجانا۔ **نمبر پانا** یا **حاصل کرنا** (متعدی) امتحان میں سوالات کا جواب لکھ کر عدد حاصل کرنا۔ **نمبر چھیننا** (متعدی) ایک کا دوسرے پر سبقت لیجانا **نمبردار** (مذکر) گاؤں کا مکھیا۔ یہ اصل میں لمبردار کا مخرب ہے۔ انگریزی نمبر سے نہیں **نمبر دینا** (متعدی) امتحان کے پرچے پر ممتحن کا جواب کے مطابق عدد لکھنا۔ **نمبر ڈالنا** (متعدی) نمبر لکھ دینا۔ **نمبر لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱۔ عدد لکھا جانا ۲۔ امتحان کے پرچے پر عدد ملنا ۳۔ (مذاقاً) جماع ہونا۔ **نمبری** (صفت) ۱۔ نمبر سے منسوب ۲۔ مشہور۔ معروف۔ یعنی پولیس کے رجسٹر نمبر ۱۰ سے لئے گئے ہیں۔ اس میں مشہور بدمعاشوں کے نام درج ہوتے ہیں۔ **نمبری بدمعاش** (مونث) نمبر ۱۰ کا بدمعاش۔ نامی بدمعاش۔ **نمبری مقدمہ** (مذکر) باقاعدہ نالش۔

نمبو (ھ۔ مذکر) لیموں۔

نمبولی (ھ۔ مونث) نبولی۔

نمت (ھ۔ مذکر) تعظیم کے لئے جھکنا۔

نمت (ھ۔ مذکر) ۱۔ نشان۔ نشانہ ۲۔ شگون ۳۔ علامت ۴۔ وجہ۔ باعث۔ سبب ۵۔ نصیب۔ قسمت بھاگ ۶۔ (لف) کیونکہ ۷۔ فائدے کے لئے ۸۔ اس خیال سے ۹۔ لئے۔ وجہ سے۔

نمتا (ھ۔ صفت) جو بیہوش نہ ہو۔ ہوشمند۔

نمنٹ (ھ) دیکھو نبٹ۔

نمستے (ہ ۔ مذکر) دلالوں کی اصطلاح آٹھ ۔

نمچھا (ہ ۔ صفت) جس کی مونچھیں نہ ہوں ۔ نوجوان ۔

نمچھرا (ہ ۔ صفت) ۱ جہاں بہت بھیڑ نہ ہو جو چیز گھنی نہ ہو چھدرا ۲ فرصت ۔ فراغت کا وقت ۔

نمچی (ف ۔ مونث) نیم کے درختوں کا جھنڈ ۔

نمد (ف ۔ مذکر) دیکھو نمدا ۔ **نمدا** (مذکر) ۱ اون کا موٹا کپڑا جو اون کو دبا کر بناتے ہیں ۔ بُنتے نہیں ۲ ایک قسم کا موٹا قالین جو اسی طرح دبا کر بنایا جاتا ہے ۔ ۳ زین کا سائس ۔ **نمدا باندھنا** (متعدی) **بندھ جانا** (لازم) **بندھوا دینا** (م) دیوالہ نکالو دینا مفلس بنا دینا ۔ لوٹ لینا ۔ محتاج کر دینا ۔ **نمدا بھیجنا** (متعدی) ۱ لعنت بھیجنا یا کرنا ۲ نام نہ لینا ۳ پناہ مانگنا بچنا ۔ **نمد پوش** (صفت) وہ شخص جو نمدے کے کپڑے پہنے ۔ **نمد زین** (مذکر) وہ اونی کپڑا جو زین کے نیچے گھوڑے کی پیٹھ پر ڈالتے ہیں ۔ **نمدہ** (مذکر) دیکھو نمدا ۔

نمر (ع ۔ مذکر) چیتا ۔ نمر ۔ دھبہ دار یا دھاری دار ہونا

نمر (س ۔ صفت) ۱ جھکا ہوا ۔ خمیدہ ۔ ۲ تعظیم کیلئے جھکنے والا ۳ حلیم ۔ مسکین ۔ مطیع ۔ عزت کرنے والا ۔ خلیق ۔ خوش خلق ۔

نمر (ہ ۔ صفت) نہ مرنے والا ۔ لایزال ۔ ابدی ۔

نمرود (ع ۔ مذکر) بابل کا ایک بادشاہ جس نے حضرت ابراہیم کو آگ میں ڈالا تھا (عبرانی ۔ نمرد ۔ طاقت ور) انجیل میں یہ حام کا پوتا ظاہر کیا جاتا ہے اور بڑا شکاری تھا ۔

نمس (س ۔ مذکر) ۱ جھکنا ۔ تعظیم کے لئے خمیدہ ہونا ۲ آداب تسلیم ۔ کورنش ۔ ڈنڈوت ۔ پرنام ۳ تعظیم ۔ بندگی ۔ پوجا ۔ عموماً دیوتاؤں کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔ **نمستی** (مذکر) بندگی ۔ آداب تسلیم ۔ کورنش ۔ **نمسکار** (مونث) دیکھو نمس ۲ ۔

نمش (ف ۔ مونث) دودھ کا جھاگ جس میں مصری ملاتے ہیں (اصل نمشک)

نمش (س ۔ مذکر) ۱ آنکھ کی جھپک ۲ یہ وقت کا ایک پیمانہ خیال کیا جاتا ہے ۔ لمحہ ۔

نمط (ع ۔ مذکر) ۱ طریقہ ۔ روش ۔ ڈھنگ ۔ طرز ۔ طور ۲ رنگین بچھونا یا فرش ۳ شطرنج کی بساط ۴ مشابہت ۔ مطابقت (نمط ... کی چیز دکھانا)

نمک (ف ۔ مذکر) ۱ ایک مادہ جو سوڈیم اور کلورین کا مرکب ہے ۔ بشکل قلم صورت میں کانوں کے ذریعے نکالا جاتا ہے ۔ سمندر اور کھاری جھیلوں کے پانی سے نکلتا ہے ۔ سالنوں اور کھانوں میں ڈالا جاتا ہے ۔ نون ۔ لون ۔ کھار ۔ ملح ۲ کھاری پن ۔ شوریت ۳ ملاحت ۔ سانولا پن ۔ نمکین نیز ہر ذائقہ ۴ (مجازاً) تنخواہ ۔ روزینہ ۵ کھانا ۔ روٹی ۔ کھایا پیا ۶ کلام کا لطف یا شوخی ۔ **نمک آلود** (صفت) نمک میں لتھڑا ہوا ۔ وہ جس پر بہت نمک چھڑکا ہوا ہو ۔ **نمک افشاں** (صفت) نمک چھڑکنے والا ۔ **نمک بر (جراحت) زخم ہونا** (لازم) فارسی محاورہ نمک بر جراحت زدن یا زخم پاشیدن کا ترجمہ ۔ دکھ پر دکھ دینا ۔ زخم پر نمک چھڑکنا ۔ **نمک بند** (صفت) وہ (زخم) جس میں نمک بھر کر باندھا جائے ۔ **نمک پاش** (صفت) ۱ نمک چھڑکنے والا ۲ ایذا دینے والا ۳ وہ جس پر نمک چھڑکا جائے ۔ **نمک پاشی** (مونث) ۱ نمک چھڑکنا ۲ سخت تکلیف دینا ۔ ایذا پہنچانا ۔ **نمک پاشی کرنا** (متعدی) ۱ نمک چھڑکنا ۔ نمک لگانا ۲ تکلیف یا ایذا دینا یا ستانا ۔ جلانا ۔ **نمک پرور** (صفت) دیکھو نمک آلود ۔ **نمک پروردہ** (صفت) ۱ نمک خوار ۔ خانہ زاد ۔ روٹیوں پر پلا ہوا ۲ (مذکر) ملازم ۔ نوکر ۔ غلام ۔ **نمک پلکوں سے اٹھانا یا چننا** (متعدی) عورتوں کا عقیدہ ہے کہ جتنا نمک زمین پر گرایا جائے گا ۔ عاقبت میں پلکوں سے اٹھانا پڑے گا ۔ **نمک پھوٹ (پھوٹ) کر نکلنا** (لازم) نمک حرامی کی سزا میں پھوڑے پھنسیوں کا نکل آنا ۔ **نمک تیز ہو جانا یا ہونا** (لازم) کسی کھانے میں ضرورت سے زیادہ نمک ہونا ۔ **نمک چش** (صفت) نمک چکھنے والا ۔ **نمک چشی** (مونث) ۱ نمک چکھنا ۲ ایک رسم جب پہلے پہل بچے کو نمکین چیز کھلاتے ہیں ۳ منگنی کے بعد شیرینی کے خوانوں کا آنا جانا ۴ ذائقہ ۔ لذت ۔ مزا ۵ دفعیہ ہول (کرنا یا ہونا کے ساتھ) **نمک چکھانا** (متعدی) **چکھنا** (لازم) پکتے ہوئے کھانے کو تھوڑا سا کھا کر دیکھنا کہ نمک کافی ہے یا نہیں ۔ نمک کی کمی بیشی دیکھنا ۔

نمک چھڑکنا (متعدی) ۱ کسی کھانے پر نمک ڈالنا ۲ ستانا ۔ تنگ کرنا ۔ ایذا دینا ۔ **نمک حرام** (صفت) ۱ وہ جو اپنے آقا کا بدخواہ ہو ۔ کافر نعمت کور نمک ۲ ناشکر گزار ۔ ناشکرا ۔ ناسپاس ۳ محسن کش ۴ باغی ۔ **نمک حرامی** (مونث) ۱ کفران نعمت ۔ کور نمکی ۲ ناشکر گزاری ۔ ناسپاسی ۳ محسن کشی ۴ بغاوت (کرنا ہونا کے ساتھ) **نمک حرامی پر کمر باندھنا** (متعدی) ۱ بغاوت کی تیاری کرنا ۔ بغاوت کرنا ۲ مالک کا مال کھا جانا ۔ **نمک حلال** (صفت) ۱ احسان مند ۔ شکر گزار ۔ مشکور ۲ آقا کا خیرخواہ ۔ حق شناس ۔ **نمک حلالی** (مونث) ۱ آقا کی خیرخواہی ۔ حق شناسی ۲ شکر گزاری یا احسان مندی ۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **نمک خوار** (صفت) دیکھو نمک پروردہ ۔ **نمک دان** (مذکر) **دانی** (مونث) نمک رکھنے کا ظرف یا کھیا ۔ **نمک دونا ہونا** (لازم) حسن میں افزائش ہونا ۔ ملاحت بڑھنا ۔ **نمک زار** (مذکر) وہ مقام یا کان جہاں سے نمک نکلے ۔ **نمک زہر کر دینا یا کرنا** (متعدی) **ہو جانا یا ہونا** (لازم) کھانے میں نمک زیادہ پڑ جانا ۔ **نمک سار** (صفت) ۱ نمکین ۲ (مذکر) دیکھو نمک زار ۔ **نمک سنگ** (مذکر) ایک قسم کا نمک ۔ **نمک سودہ** (صفت) نمک لگا ہوا ۔ نمکین ۔ **نمک شیر ہونا** (لازم) نمک تیز ہونا (دہلی) ۔ **نمک کا اثر** (مذکر) وہ اثر جو کسی کی ملازمت وغیرہ کی وجہ سے ہو ۔ **نمک کا پاس** (صفت) ملازمت وغیرہ کا اثر ۔ **نمک کا تیزاب** (مذکر) ایک قسم کا تیزاب ۔ **نمک کا حق ادا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ مالک کی خیرخواہی کرنا ۔ وفاداری یا نمک حلالی کرنا ۲ مالک کی خدمت میں جان دینا ۔ **نمک کا سہارا** (مذکر) تھوڑا سا سہارا ۔ ذرا سی مدد ۔ **نمک کھانا** (متعدی) نوکری کرنا کسی کی دی ہوئی روٹی کھانا ۔ **نمک کی قسم** (مونث) نون کی سوں ۔ وفاداری ظاہر کرنے کو یہ قسم کھاتے ہیں ۔ شمرتاً آپ کے ساتھ ۔ **نمک کی کان یا کھان** (مونث) وہ کھوہ جس میں سے نمک کھود کر نکالتے ہیں ۔ پاکستان میں سب سے مشہور کھیوڑہ کی کان ہے ۔ جو ضلع جہلم میں ہے ۔ راجپوتانہ میں سانبھر کی جھیل کا پانی خشک کر کے نمک نکالتے ہیں ۔ ساحل پر سمندر کے پانی کو خشک کر کے نمک نکالتے ہیں ۔ **نمک کی کنکری حرام ہونا** (لازم) بالکل فاقے سے ہونا ۔ نمک

کی مار (مونث) نمک حرامی کی سزا ہیں پھوڑے پھنسیاں نکلنا (پڑنا کے ساتھ) **نمک محال** (مذکر) وہ آمدنی جو نمک کے محصول سے ہو۔ **نمک مرچ** (مونث) سالن کا مصالحہ۔ **نمک مرچ چھڑکنا** (متعدی) ۱۔ نمک مرچ ڈالنا ۲۔ سخت ایذا دینا **نمک مرچ لگانا** (متعدی) ۱۔ نمک اور مرچ ڈالنا ۲۔ مزیدار بنانا۔ چٹخارے دار بنانا ۳۔ بات بڑھا کر بیان کرنا۔ مبالغہ کرنا۔ ۴۔ چھیڑنا۔ تنگ کرنا۔ ستانا ۵۔ اکسانا۔ بھڑکانا۔ **نمکین** (صفت) ۱۔ سلونا۔ نمک آلودہ۔ نمکدار ۲۔ چرپرا۔ تیز ۳۔ کھاری۔ شور ۴۔ ملیح۔ سانولا۔ **نمکینی** (مونث) ۱۔ سلونا پن ۲۔ ملاحت ۳۔ خوبی۔

امثال و اقوال۔ نمک خوردن و نمکداں شکستن۔ جس سے فائدہ اٹھانا اسی کو نقصان پہونچانا۔ **نمک کا سہارا ہی بہت ہوتا ہے**۔ تھوڑا سا نمک پڑنے سے ہی کھانا لذیذ ہو جاتا ہے۔ **نمک والی کا نمک گرا اس نے بٹور لیا۔ تیل والی کا تیل گرا اس نے کیا بٹورا**۔ بیٹی والی جان سے گئی داماد نے دوسری شادی کر لی۔

نمکوڑی (ھ) **نمکولی** (مونث) نیم کا پھل۔ نبولی۔

نمکی (ھ۔ مونث) لیموں کا اچار۔

نمل (ع۔ مذکر) ۱۔ چیونٹا۔ چیونٹی ۲۔ قرآن شریف کی ایک سورت دیکھو النمل (نمل۔ چڑھنا ...)

نمل (ع۔ صفت) ۱۔ چالاک۔ چست ۲۔ بار بار کودنے والا (گھوڑا)

نملوج (س۔ مذکر) طلوع آفتاب۔

نمن (س۔ مذکر) ۱۔ جھکنا۔ خمیدہ ہونا ۲۔ تعظیم۔ آداب۔

نمن (ھ۔ صفت) ۱۔ مضبوط۔ طاقتور ۲۔ تنگ۔ چست ۳۔ اچھا۔ عمدہ ۴۔ اچھا بنا ہوا ۵۔ (ف) مانند۔ مثل ۶۔ اس طرح۔ اس نمونے کا (اردو میں متروک) **نمنانا** (متعدی) ۱۔ مضبوط بنانا۔ تنگ بنانا ۲۔ اچھا بنانا۔ **نمنائی** (مونث) ۱۔ طاقت۔ قوت ۲۔ موٹاپا۔ فربہی ۳۔ تنگی۔

نمن (س۔ مذکر) ۱۔ گہرائی ۲۔ نیچی زمین نشیب ۳۔ ڈھلواں زمین ۴۔ غار۔ کھوہ ۵۔ (صفت) نیچی (زمین) ۶۔ جھکا ہوا ۷۔ اداس۔ افسردہ۔ **نمنگا** (مونث) پہاڑی نالہ۔ ندی۔

نمنا (ھ۔ لازم) ۱۔ جھکنا۔ خمیدہ ہونا ۲۔ آداب بجالانا۔ تسلیم کرنا۔

نمنتر (س۔ مذکر) بلاوا۔ دعوت۔ نوتا۔ **نمنتر کرنا** (متعدی) بلا دینا۔ دعوت دینا۔

نمو (ع۔ مذکر) ۱۔ اگنا ۲۔ بڑھنا۔ بالیدگی ۳۔ روئیدگی۔ افزونی بیشی۔ اضافہ۔ عربی میں بتشدید واؤ ہے (نمو۔ بڑھنا)

نمود (ف۔ مونث) ۱۔ آشکارہ۔ ظاہر یا عیاں ہونا ۲۔ دکھاوا۔ نمائش ۳۔ ظہور۔ اظہار۔ طلوع ۴۔ نشان۔ علامت۔ آثار ۵۔ قبر کا نشان۔ ڈھیر ۶۔ وجود۔ بود۔ ہستی۔ حیات ۷۔ موجودگی ۸۔ کائنات۔ پیدائش۔ مخلوق ۹۔ صورت۔ شکل۔ ہیئت ۱۰۔ شہرت۔ ناموری ۱۱۔ دھوم دھام۔ شان و شوکت۔ کروفر ۱۲۔ شیخی۔ ڈینگ۔ لاف و گزاف ۱۳۔ دید۔ نظارہ۔ درشن ۱۴۔ سوا۔ دھوک عزت۔ حرمت۔ فروغ ۱۵۔ دم خم شیر۔ بڑ ۱۶۔ اثبوت۔ ۱۷۔ (ف۔ صفت) عیاں۔ ظاہر۔ آشکار۔ ۱۸۔ دکھایا ہوا ۱۹۔ عام۔ مشہور۔ معروف (نمودن۔ دکھانا) **نمود آنکھوں میں سمانا** (لازم) نظارہ ہر وقت آنکھوں کے سامنے موجود رہنا۔ **نمود باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) ہوا یا دھاک بندھنا۔ رعب جمنا۔ اعتبار جمنا۔ **نمود بے بود** (مونث) وہ نمائش جو ظاہری ہو۔ **نمود خاک میں ملنا** (لازم) ۱۔ غرور ٹوٹنا ۲۔ شان و شوکت جاتی رہنا ۳۔ عزت جاتی رہنا ۴۔ شکل یا صورت خراب ہونا۔ **نمود دکھانا** (م) آثار دکھانا۔ نشان دکھانا ۲۔ شیخی مارنا ۳۔ ڈینگ مارنا۔ **نمود دیکھنا** (متعدی) شیخی کی باتیں سننا۔ **نمود رہنا** (لازم) آثار رہنا۔ نشان رہنا۔ **نمود کرنا** ۱۔ شیخی مارنا۔ اترانا ۲۔ شہرت حاصل کرنا۔ مشہور ہونا ۳۔ ظاہر ہونا ۴۔ نمائش کرنا۔ **نمود کھونا** (متعدی) شیخی توڑنا۔ غرور توڑنا۔ **نمود کی لینا** (متعدی) شیخی مارنا۔ اترانا۔ **نمود گھٹانا** (متعدی) ۱۔ شیخی کم کرنا۔ غرور توڑنا ۲۔ شان و شوکت کم کرنا۔ **نمود ہونا** (لازم) ۱۔ ظاہر ہونا۔ دکھائی دینا ۲۔ ابھرنا۔ اگنا ۳۔ ظہور ہونا۔ اظہار ہونا ۴۔ شہرت یا نام ہونا ۵۔ وجود ہونا۔ ہستی ہونا ۶۔ آثار قایم ہونا۔ علامت یا نشان موجود ہونا۔ **نمودی** (صفت) نامی۔ مشہور۔ **نمودیا** (صفت) ۱۔ شان و شوکت دکھانے والا ۲۔ شیخی خورا۔ ڈینگیا۔ **نمودیں** (مونث) نمود کی جمع۔ **نمودیں باندھنا** (متعدی) کسی کی تعریف کر کے رعب جمانا۔

نمودار (ف۔ صفت) ۱۔ آشکارا ظاہر۔ عیاں۔ پرگھٹ ۲۔ مشہور۔ نامی ۳۔ بھڑکیلا۔ تماشی ۴۔ (مذکر) افسر۔ سردار۔ رہبر۔ حاکم ۵۔ (ف) نمونہ ۶۔ نشانی ۷۔ ثبوت ۸۔ نقل (نمودن۔ دکھانا) **نمودار ہونا** (لازم) ظاہر ہونا۔ سامنے آنا۔ نکلنا۔ برآمد ہونا۔ **نموداری** (مونث) ۱۔ سرداری۔ حکومت ۲۔ (ف) شہرت۔ مشہوری ۳۔ مظاہرہ۔

نمونجات (ف۔ مذکر) نمونہ کی جمع۔ نمونے (بھیجنا۔ منگوانا وغیرہ کے ساتھ)

نمونہ (ف۔ مذکر) ۱۔ وہ چیز جو دکھانے کے واسطے آئے۔ بانگی ۲۔ کسی چیز کا تھوڑا سا ٹکڑا یا حصہ جس سے چیز کی اصلیت معلوم ہو ۳۔ نظیر۔ مثال۔ تمثیل ۴۔ نقشہ ۵۔ نقل ۶۔ قالب۔ سانچا ۷۔ ڈول۔ قطع ۸۔ ایک قسم کا کم قیمت کپڑا (نمودن۔ دکھانا) **نمونہ بھیجنا** (متعدی) نمونہ بطور ارسال کرنا۔ **نمونہ دکھانا** (متعدی) ۱۔ نمونہ پیش کرنا ۲۔ نقشہ دکھانا ۳۔ نقل دکھانا۔ **نمونہ مانگنا** (متعدی) **منگوانا** (م) نمونہ کسی سے طلب کرنا۔ **نمونہ ہونا** (لازم) ۱۔ نقشہ ہونا ۲۔ نقل ہونا ۳۔ (طنزاً) عجیب شخص ہونا۔ **نمونے** (مذکر) نمونہ کی جمع۔

نمونی (ھ۔ مونث) ۱۔ ایکھ بونے کا پہلا دن ۲۔ ایک قسم کا تیوہار شمار ہوتا ہے۔ اوکھ یا ج ۳۔ ایکھ کی پہلی کاشت۔

نمونیا (انگ۔ مذکر) ایک مرض جس سے پھیپھڑے میں سوزش ہو جاتی ہے۔ اگر دونوں پھیپھڑوں میں سوزش ہو تو اسے ڈبل نمونیہ کہتے ہیں۔ ذات الجنب۔

نموہا (ھ۔ صفت) ۱۔ کم سخن۔ کم گو خاموش۔ چپ۔ کم زبان۔ بے زبان ۲۔ غریب۔ مسکین طبع۔ نیک بخت (نہ اور منہ سے) **نموہی** (صفت۔ مونث) دیکھو نموہا۔

نمہارا (ھ۔ صفت) ۱۔ دیکھو نموہا ۲۔ وہ جو اپنے وعدے کو پورا کرے۔

نمیقہ (ع۔ مذکر) خط نامہ۔ مکتوب۔ نوشتہ۔ مرقومہ (نمق۔ کتاب لکھنا)

ننا (ھ۔ صفت) ۱۔ چھوٹا۔ خورد۔ کوچک

۲ بچہ۔ نادان۔ ناسمجھ ۳ کوتاہ قامت۔ ٹھنگنا ۴ لاڈلا۔ پیارا ۵ (مذکر) چھوٹا بچہ (س نند کا بیٹا) **ننّا بچہ** (صفت) ۱ بھولا بھالا۔ ناتجربہ کار۔ سادہ ۲ (مذکر) چھوٹا بچہ۔ **ننّا بننا** (لازم) جان بوجھکر ناداں یا ناواقف بننا۔ انجان بننا۔ **ننّا بھولا** (صفت) نادان۔ کم عقل **ننّا چھمنوا** (صفت) دیکھو ننّا بچہ۔ **ننّا سا** (صفت) چھوٹا سا۔ ننکنا سا۔ بوٹا سا۔ خورد۔ چھوٹا اور موزوں۔ **ننّا سا جیوڑا** (مذکر) بچہ۔ چھوٹا بچہ۔ **ننّا سا کلیجہ** (مذکر) چھوٹا سا کلیجہ۔ بچے کا کلیجہ۔ **ننّا کاتنا** (متعدی) ۱ باریک سوت کاتنا ۲ جزرس ہونا۔ کفایت شعار ہونا ۳ از حد بخیل یا کنجوس ہونا ۴ حیلے حوالے کرنا ۵ صغرسنی کی حرکات کرنا۔ بچوں کی سی باتیں کرنا۔ **ننّا مُنّا** (صفت) بہت چھوٹا سا۔ **ننّی** (صفت مونث) ننّا کی ۔ **ننّے** (صفت مذکر) ۱ ننّا کی جمع ۲ بجائے ننّا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **ننّے بڑوں کو بچھانا** (متعدی) چھوٹوں بڑوں کو بُرا بھلا کہنا۔ سارے کنبے کو کوسنا۔ **ننّی ذات** (مونث) ادنیٰ ذات۔ کمینہ ذات۔ **ننّی کا** (صفت) ۱ ننّی عورت کا جنا ہوا ۲ بیوقوف۔ احمق۔ نادان۔ بھولا بھالا۔ سادہ۔ **ننّی کا جنا** (صفت) دیکھو آخری۔ **ننّے میاں** (مذکر) ۱ چھوٹے میاں۔ آقا کا بیٹا ۲ عورتوں کا ایک فرضی جن۔ **ننّے سنّے** (صفت) چھوٹے سے۔ چھوٹے چھوٹے۔

مثل۔ ننّا سا منہ گز بھر کی زبان۔ دیکھو چھوٹا منہ الخ۔

ننّاد (س۔ مذکر) ۱ شور۔ غوغا۔ چیخ ۲ جھنجھناہٹ۔ **ننّادی** (صفت) آواز دینے والا۔ بجنے والا۔

ننّاوا/ننّاواں (ہ۔ صفت) ۱ وہ جس کا نام لینا اچھا نہ ہو یا منحوس ہو ۲ (مذکر) ہیضہ ۳ وہ شخص جس کا نام اس کی نحوست کی وجہ سے نہیں لیا جاتا ۴ منہ کا چھالا۔ بنجالہ ۵ (ہ) دردسر (س۔ نم+ نندنا)

نناویں (صفت مونث) ۱ وہ چیز جس کا نام لینا اچھا نہ ہو ۲ (مونث) کنجوس عورت۔ منحوس عورت ۳ چڑیل۔

ننانوے۔ ننانویں (ہ۔ عدد) ایک کم سو ۹۹۔ **نعمت** (س کڑونی) **ننانویں کا پھیر** (مذکر) دولت جمع کرنے کا لالچ۔ دولت بڑھانے کی فکر۔ اس کے متعلق کئی قصے مشہور ہیں۔ اس لئے طوالت کیوجہ سے نہیں دیے جاتے۔ اس کا حاصل یہ ہے کہ ایک غریب آدمی کو ننانویں روپے مل گئے پھر اُسے سو کرنے کی کوشش میں بہت کنجوسی کرنی پڑی۔ **ننانویں کے پھیر میں آ (پڑ) جانا** (لازم) ۱ روپیہ جمع کرنے کی فکر میں پڑ جانا۔ کنجوسی پر کمر باندھنا ۲ لالچ میں پھنسنا۔ لالچ کے سبب مصیبت میں پھنسنا۔

مقولہ۔ ننادے گھڑے دودھ میں ایک گھڑا پانی کیا پہچانا جاوے

بہت سی چیزمیں اگر ایک گھڑا تھوڑی سی خراب چیز کا ملادو تو پتا نہیں چلتا۔ کہتے ہیں ایک دن اکبر نے بیربل سے پوچھا کہ سب سے بے ایمان قوم کونسی ہے۔ اس نے جواب دیا گوالے۔ اس بات کے ثابت کرنے کے لئے اس نے شہر کے گوالوں کو حکم دیا کہ شاہی تالاب میں سب رات کو ایک گھڑا دودھ کا ڈال جائیں۔ جب صبح جا کر دیکھا تو تالاب میں خالص پانی تھا۔

ننایا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا چھوٹا پرند ۲ کھٹل۔

نند (ہ۔ مونث) **ننَد** (ہ) خاوند کی بہن (س نندا یا نندری) **نند کا بھائی** (مذکر) خاوند۔ ہندو عورتیں خاوند کا نام نہیں لیتیں۔ **نندوسی** (ہ) **نندوئی** (مذکر) نند کا خاوند۔ **نندی۔ نندیا** (مونث) نند۔

مثل۔ نند کا نندوئی گلے لاگ لاگ روئی۔ ظاہرداری۔

نند (س۔ مذکر) ۱ خوشی۔ خرمی۔ فرحت شادمانی۔ ۲ آنند ۳ وشنو جی ۴ کرشن جی کے پالنے والے کا نام۔ اس نے درگا جی کو بھی پالا تھا ۵ یدھشٹر کے دو نقاروں میں سے ایک ۶ ایک پہاڑ۔ **نندا** (مونث) ۱ خوشی۔ خرمی ۲ نندا یا درگا جی ۳ کوبیر کے شہر الکا کے قریب ایک ندی ۴ خاوند کی بہن۔ **نندن** (صفت) ۱ خوش کرنے والا ۲ (مذکر) بیٹا۔ وشنو جی۔ شیوجی ۳ ایک پہاڑ ۴ اندر کا باغ **نندنا** (مونث) بیٹی۔ **نندنی** (مونث) ۱ بیٹی ۲ نندنا ایک گائے جو سرمبھی کی بیٹی تھی۔ **نندی** (صفت) ۱ خوش کرنے والا ۲ (مذکر) وہ بیل جس پر شوجی سواری کرتے ہیں ۳ سدھایا ہوا بیل ۴ تُن کا درخت۔

نند (س۔ مذکر) ۱ آواز۔ شور۔ غوغا۔ چیخ و جھنجھناہٹ۔

نند (ہ۔ امر) نندنا کا۔ نندا (ماضی)

نند ناکی ۔ ۱ الزام۔ قصور ۲ تنبیہ۔ سرزنش ۳ گالی۔ دشنام ۴ ہتک۔ بے عزتی ۵ نفرت۔ حقارت ۶ بہتان۔ افترا ۷ کلمۂ کفر۔ مذمت دین (کرنا ہونا کے ساتھ) **نندرنا** (متعدی) حقارت سے پیش آنا۔ **نندک** (صفت) الزام لگانے والا۔ **نندا کائی** (مونث) الزام لگانا۔ **نندن** (مذکر) الزام۔ بہتان وغیرہ۔ دیکھو نندا۔ **نندنا** (متعدی) الزام لگانا۔

نِنداس (س۔ مونث) ۱ نیند کی خواہش ۲ خمار ۳ جھونک آنا۔ **نِنداسا** (ہ۔ صفت) خواب آلودہ۔

نِندرا (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو نِندا ۲ نیند۔

نِندولا (ہ۔ مذکر) نِدولا۔

نندھنا (ہ۔ متعدی) ناندھنا۔

نِندیا (ہ۔ مونث) نیند کی تصغیر۔

نِندیل (ہ۔ صفت) وہ جسے نیند آئی ہو۔ خواب آلودہ۔ خوابآلود۔

ننسار۔ ننسال (ہ۔ مونث) ننھیال۔

ننکا (ہ۔ مذکر) چھوٹا بچہ۔ چھوٹا بیٹا۔ پیار سے بلانے کا لفظ۔

ننگ (ف۔ مذکر) ۱ لحاظ۔ شرم۔ حیا۔ غیرت۔ عار۔ لاج۔ حمیت ۲ خفت۔ ذلت رسوائی۔ بدنامی۔ فضیحتی۔ **ننگ آنا** (لازم) شرم آنا غیرت آنا۔ **ننگِ خاندان** (صفت) خاندان کو بٹا لگانے والا۔ خاندان کو بدنام کرنے والا۔ **ننگِ خلائق** (صفت) لوگوں کی خرابی کا باعث۔ **ننگ رکھنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) عار ہونا۔ غیرت ہونا۔ **ننگِ مخلوق** (صفت) خلق خدا کی بدنامی کا باعث۔ **ننگ و نام** (ناموس) ۱ لحاظ و شرم۔ غیرت و حمیت ۲ عزت و حرمت ۳ عفت و عصمت۔ **ننگ و ناموس کو خیرباد کہنا** (متعدی) عزت کھو دینا۔ **ننگ و ناموس میں رخنہ ڈالنا** (متعدی) عزت میں فرق ڈالنا۔ بے عزت کرنا۔ **ننگ ہونا** (لازم) عار ہونا۔ شرم ہونا۔

ننگ (ہ۔ صفت) ۱ دیکھو ننگا۔ مقابل (س نگن) **ننگا** (صفت) ۱ جس کے بدن پر کپڑا نہ ہو۔ برہنہ۔ عریاں ۲ بے حیا۔ بے شرم۔ بے غیرت۔ بے عزت ہوا چاہا ۳ شہدا ۴ مفلس۔ قلاش ۵ بے ہتھیار۔

ننھتا ۲ بغیر پتوں کے (درخت) ۳ جس پر درخت نہ ہوں (پہاڑ) ۴ بغیر غلاف ۵ جس کے بیوی بچے نہ ہوں ۔ ۶ (مذکر) ایک قسم کا سندو سادھو جو ننگا رہتا ہے ۔ ناگا ننگا بُچّا ۔ لُوچا یا بھُکّو کا (صفت) مفلس ۔ قلاش ۔ غریب ۔ ننگا پھرنا (لازم) عریاں پھرنا ۔ برہنہ رہنا ۔ ننگا جھوری (مؤ) وہ تلاشی جو کارخانوں میں مزدوروں کی لیتے ہیں تاکہ کوئی چیز چرا کر نہ لیجائیں ۔ ننگا دھڑنگا (صفت) بالکل ننگا ۔ عریاں ۔ برہنہ ۔ ننگا کر دینا یا کرنا (متعدی) ۱ کپڑے اتار لینا ۔ برہنہ کر دینا ۲ لوٹ لینا ۳ زیور اُتار لینا ۴ غلاف یا اوپر کا کپڑا اُتار لینا ۔ ننگا کھُلا (صفت) ایسا ننگا کہ ستر بھی کھلا ہو ۔ بالکل ننگا لُچّا (صفت) ۱ بالکل ننگا ۲ مفلس ۔ قلاش ۳ بے غیرت ۔ بے ننگ و نام ۔ ننگا مادر زاد (صفت) ایسا ننگا جیسے ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو ۔ بالکل ننگا ننگا مُنگا (مؤ) مُنگا (صفت) بالکل ننگا ۔ برہنہ ۔ عریاں ۔ ننگائی (مؤ) عریانی ۔ ننگاپن ۔ ننگ پیرا (صفت) برہنہ پا ۔ جس کے پاؤں میں جوتی نہ ہو ۔ ننگتا (مؤ) ننگا ۔ ننگ دھڑنگ (صفت) ۱ بالکل ننگا ۲ مفلس ۔ قلاش ۔ ننگ دھڑنگی (مؤ) عریانی ۔ برہنہ پن ۔ ننگ کھُول (مؤ) بالکل ننگا ۔ ننگوں (صفت) ننگ کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے ننگوں کا شہر (مذکر) کی بستی (مؤنث) وہ مقام جہاں کوئی قاعدہ قانون نہ ہو ۔ ننگی (صفت ۔ مؤنث) ۱ ننگا کی ۔ ۲ بغیر زیور جس کے پاس زیور نہ ہو ۔ ننگے (صفت) ۱ جمع ننگا کی ۲ بجائے ننگا حروف مغیرہ سے پہلے ننگے پاؤں (صفت) برہنہ پا جس نے جوتی وغیرہ نہ پہنی ہو ننگیا لینا ۔ ننگیانا (مؤ) ننگا کر دینا ۔ ننگے پاؤں ننگے سر (صفت) ۱ سر و پا برہنہ ۲ حیران و پریشان گھبرایا ہوا ۔ ننگی تلوار (مؤنث) ۱ میان سے نکلی ہوئی تلوار ۲ وہ شخص جو منہ پر صاف بات کہدے ۔ صاف گو آدمی ۳ بےخوف ۔ نڈر ۔ بیباک ننگی چھُری (صفت) چھری جو غلاف سے باہر ہو ۔ ننگے سر (صفت) سر برہنہ ۔ ننگے سر نکلنا (لازم) فریاد کرتے ہوئے جانا ننگی شمشیر (مؤنث) دیکھو ننگی تلوار ۔ ننگی کھلی ہونا (لازم) برہنہ ۔ عریاں ۔ کہیں سے کپڑا سر کا ہونا ۔ ننگی ناچنا (لازم) عورت ہو کر لیچا پن کرنا ۔

امثال و اقوال

ننگا لُوچا سب سے اونچا ۔ مجرد اور بے سر و پا بالکل بے نڈر ہوتا ہے ۔ ننگا چوروں میں کھیلے ۔ مفلس کو کیا غم ہے ۔ ننگا خدا سے بڑا ۔ لُچوں شہدوں سے سب ڈرتے ہیں ۔ ننگا ساٹھ روپے کمائے تین بیٹے کھائے ۔ جس کے بیوی بچے نہ ہوں بہت کم خرچ کرتا ہے ۔ ننگا سب سے چنگا ۔ بھیا کو کسی کا خطا نہیں ہوتا ۔ ننگا کھڑا اجاڑ میں سے کوئی کپڑے لے ۔ غریب اور مفلس سے کسی نے کیا لینا ہے ۔ ننگا کیا نہائے گا کیا نچوڑے گا ۔ دیکھو ننگی کیا الخ ۔ ننگا گھیرے گھاٹ نہ نہائے نہ نہانے دے ۔ شرارتی آدمی نہ خود فائدہ اُٹھاتا ہے نہ کسی کو اُٹھانے دیتا ہے ۔ ننگا ناچے جنگل میں سے کوئی کپڑے لے ۔ جو خود ہی لاچار ہو اس سے کوئی کیا لے گا ۔ ننگوں کو کھدیڑ کوں نے لوٹ لیا ۔ بدمعاشوں کی بدمعاشوں نے خبر لی ۔ ایک جیسے ٹکر گئے ۔ ننگی بھلی کہ ٹینک مجوا (مؤ) ٹینک بُرا ۔ فساد ہونا ۔ دو مصیبتوں میں سے کم کو اختیار کرنا چاہیئے ۔ ننگی بھلی کہ چھینکے پاؤں ۔ دیکھو آخری ننگے پاؤں نہار منہ ۔ صبح صبح کہاں چلے ۔ ننگی دیکھ چڑا اس لگے (مؤ) شے موجودہ کو دیکھکر رغبت ہوتی ہے ۔ ننگے کو کیا ننگ کالے کو کیا رنگ ۔ جب ننگا ہو گیا تو کیا شرم و حیا رہ گئی اور کالے پر دوسرا رنگ نہیں چڑھتا ۔ ننگی کیا نہائے گی کیا نچوڑے گی ۔ مفلس اگر حوصلے والا بھی ہو تو کیا خرچ کرے گا ۔ بے مایہ کی کچھ حقیقت نہیں ۔ ننگی (گھیرے گھاٹ) نے گھیرا گھاٹ نہ نہاوے نہ نہانے دے ۔ دیکھو ننگا گھیرے الخ ۔ ننگے منہ نہار پاؤں ۔ ظریف آدمی بطور مذاق بجائے ننگے پاؤں نہار منہ کہدیتے ہیں ۔ ننگی ہو کے کاتا سوت بڈھی ہو کے جایا پوت ۔ ایسے وقت کام کرنا جب اس کا بہت فائدہ نہ ہو ۔ اگر وقت پر سوت کاتتی تو ننگی نہ ہوتی ۔ اگر جوانی میں بیٹا جنتی تو وہ بڑھاپے میں کام آتا ۔

نِنگلانا (مؤ ۔ مم) لنگھانا ۔

نِنگلنا (مؤ ۔ متعدی) لنگنا ۔

نَنگھانا (مؤ ۔ مم) لنگھانا ۔ گزارنا ۔

نَنَنْد (مؤ) نَنَنْدا (س ۔ مونث) نند ۔

نَنْواسا (مؤ ۔ مذکر) نواسا ۔

نَنْھا (ہ ۔ صفت) دیکھو ننا ۔

مثل ۔ ننھے ہو کر رہیئے جیسی ننھی دوب ۔ انکسار اچھا ہوتا ہے ۔

نَنِہال (ہ ۔ مونث) نانا کا گھر ۔ نانا کا خاندان (نانا کے)

نَنْھیا (ہ ۔ صفت) نانا کا ۔ ننھیا ساس (مونث) زوجہ کی نانی ۔ ننھیا سسر (مذکر) زوجہ کا نانا ۔ ننھیال (مذکر) دیکھو ننہال ۔

نَنیا (ہ ۔ صفت) نانا کا ۔ دیکھو ننھیا ۔

نَنیانا (ہ ۔ متعدی) منت کرنا ۔ عاجزی کرنا ۔

نَنَین (س ۔ مذکر) ۱ کوئی کام کرنا ۲ کوئی رسم ادا کرنا ۔

نَو (ہ ۔ عدد) ۱ آٹھ و ایک ۔ ایک کم دس ۔ ۹ ۔ لعہ ۲ (جواریوں کی اصطلاح) سولہی کے کھیل میں ایا ۹ یا ۵ یا ۱۳ کوڑیاں چت پڑنا دس نو ۔ نواں (صفت) نو سے نسبت رکھنے والا ۔ آٹھویں کے بعد کا یادسویں سے پہلا ۔ نو باتیں چنوانا (متعدی) نوبات عربی نبات کا غرب ہے ۔ عورتوں کا دولہا سے مصری کی ڈلیاں منہ سے اٹھوا کر کھلانا ۔ اس سے خیال کرتی ہیں کہ دولہا ہمیشہ بیوی کا تابع فرمان رہے گا ۔ نو بھگت (مؤ ۔ مونث) ہندوؤں کے پوجا کے طریقے نوتری (مونث) دیکھو نوتیرھی ۔ نو تیرہ بائیس بتا دینا (متعدی) ٹال مٹول کرنا ۔ حیلے حوالے کرنا لیت و لعل کرنا ۔ (قرضخواہ آئے تو اسے کہنا کہ بائیس روپے آئے تھے ۔ نو فلاں لے گیا ۔ تیرہ فلاں تم پھر آکر لیجانا ۔ ٹالنے کا ایک طریقہ ہے) نوتیرھی (مونث) ایک قسم کا جوا جو پانسوں سے کھیلا جاتا ہے ۔ نو دوار (صفت) ۱ نو دروازوں والا ۔ بدن ۲ (مذکر) بدن کے نو سوراخ دو نتھنے ۔ دو آنکھیں ۔ دو کان ۔ منہ ۔ آلہ تناسل ۔ مقعد ۔ نوراتریا ساترک یا راترے (مذکر) راتری (مونث) درگا پوجا کے نو دن ۔ اسوج شدی کی پہلی سے نویں تاریخ تک ۔ نورتن (مذکر) ۱ نو جواہرات ۔ موتی ۔ ہیرا ۔ زمرد ۔ لعل ۔ نیلم ۔ پکھراج ۔ مونگا ۔ لاجورد ۔ گومید ۲ نو قابل آدمیوں کی کونسل ۔ اکبر اور بکرماجیت کے مشہور ہیں ۔ اکبر کے ۔ ابوالفضل ۔ فیضی ۔ خانخاناں ۔ مرزا کوکلتاش ۔ راجہ بیربل ۔ راجہ مان سنگھ ۔ راجہ ٹوڈرمل ۔ حکیم ہمام ۔ حکیم ابوالفتح ۔ بکرماجیت کے ۔ دھنونتری ۔ کشپنک ۔ امر سنگھ شنکو ۔ ویتال بھٹ ۔ گھٹکرپر ۔ کالیداس ۔ ورر چی اور واہمہ مہر ۳ ایک قسم کا زیور جو بازوؤں پر پہنا جاتا ہے ۴ ایک خاص قسم کی چٹنی ۵ ایک قسم کا کھانا جس میں نو ترکاریاں ہوتی ہیں ۶ ایک کتاب کا نام نورس (مذکر) ہندوؤں کے بموجب نو قسم کی خوشیاں ۔ نوسات

(مذکر) پیداوار کی ایک تقسیم جس میں زمیندار نو حصے اور
کاشتکار چھ حصے لیتا ہے۔ **نوسپت** (ھ۔ مذکر)
دیکھو سولہ سنگار۔ **نوسو** (ہ ہے) (عدد) ۱. آٹھ سو
ننانویں و ایک۔ سو کم ہزار ۔ ۹۰۰۔ لعہ، ۲. (صفت)
بہت۔ بہت سے۔ بے انتہا۔ کثرت تعداد ظاہر کرنے
کو کہتے ہیں۔ **نوشایک** (ھ) ہندوؤں کی نو کمینی
ذاتیں؛ گوالہ، مالی، تیلی، جلاہا، حلوائی، کہار،
کمہار، لوہار، نائی۔ **نوشرادھ** (مذکر) پہلے شرادھ
جو کسی کی وفات پر کئے جائیں۔ **نوکھنڈ** (مذکر) دنیا
کے نو بڑے حصے دیکھو دویپ۔ **نوگٹی** (مونث)
ایک کھیل جس میں زمین پر چند خانے بنا کر ٹھیکریوں یا
کوڑیوں سے کھیلتے ہیں۔ **نوگرہ** (صفت) علم نجوم میں نو
سیارے۔ ان کی گردش اور اثر۔ سورج۔ چاند۔ منگل
۔ بدھ۔ برہسپت۔ شکر۔ سنیچر۔ کیتو۔ راہو۔ **نولکھا**
(صفت) نو لاکھ روپے کی قیمت کا۔ **نولکھا ہار**
(مذکر) نو لاکھ روپے کی قیمت کا ہار۔ **نولکھا ہار پہنانا**
(متعدی) مجازاً۔ نہال کر دینا۔ خوش کر دینا۔ **نوماسہ**
(مذکر) ایک رسم جو حمل کے نویں مہینے میں ادا کی جاتی ہے
نو منٹھی کا اوت ہے۔ پورا احمق ہے
نومہینے (مذکر) حمل انسان کا زمانہ جو عام طور پر نو
مہینے ہوتا ہے۔ اگرچہ بعض دفعہ سات مہینے کے بعد
بھی بچہ پیدا ہو جاتا ہے۔ آٹھویں مہینے بچہ پیدا ہو تو
زندہ نہیں رہتا۔ **نونِدھ** (مذکر) کوبیر کا خزانہ جس میں
نو بڑے بڑے جواہرات ہیں۔ **نو لنگا** (مذکر) بازو کا
ایک زیور جس میں نو نگ جڑے ہوتے ہیں۔ **نو
نیزے پانی چڑھانا** (متعدی) چڑھنا (لازم)
لڑائی جھگڑے میں طوالت ہونا۔ **نویں** (مونث)
کسی مہینے کی ۹ تاریخ۔

امثال واقوال ۔ نو تیرہ

بائیس نہ بتائیے سے مطلب نہیں۔ اس شخص کو کہتے
ہیں جو کسی بات کے ساتھ اتفاق نہ کرے۔ **نو دن
چلے اڑھائی کوس**۔ بہت سست ہے۔
نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی۔ اس کے
متعلق کہتے ہیں جو بہت سے گناہ کر کے تائب ہو جائے
نو قنوجی اور نوے چولھے۔ قنوجی برہمن ایک
دوسرے کے ساتھ نہیں کھاتے۔ ان پر طنز ہے۔
وہاں کہتے ہیں جہاں ہر ایک علیحدہ طریقے پر چلے۔
نو کونڈے اور دس نیگی۔ چیز تھوڑی اور لینے
والے بہت۔ **نو کو لیا چھ کو بیچا تین کے تلے**
یوں آئے۔ سراسر نقصان۔ **نو کی لکڑی
تیری ڈھلائی**۔ دیکھو دمڑی کی بڑھیا الخ۔ **نو من
تیل کھائے پھر تلیر کے تلیر** (ھ) اس کے متعلق
کہتے ہیں جو باوجود بہت کھانے کے موٹا نہ ہو۔ **نو
مہینے ماں کے پیٹ میں کیسے رہا ہوگا**۔
شریر لڑکے کے متعلق کہتے ہیں۔ **نو نِدھ بارہ سِدھ**
اس کے متعلق کہتے ہیں جس کی ہر دلی خواہش پوری ہو جائے
(س نِدھ۔ خزانہ۔ سِدھ۔ دیوتاؤں کی طاقت۔ کوبیر کے
نو خزانے ہیں اور دیوتاؤں کی بارہ طاقتیں ہیں) **نو نقد نہ
تیرہ ادھار**۔ قرض کے تیرہ سے نقد نو اچھے۔ جو
سردست مل جائے وہ بہتر ہے۔ **نو میں نہ تیرہ میں**
دیکھو تین میں نہ تیرہ میں۔

نَو (ف صفت) ۱. نیا۔ جدید ۲. تازہ
۳. جوان۔ بچہ۔ نا کچا (س نَو) ۴. حال میں تھوڑے دن
سے (س نُوتَم) **نو آباد** (صفت) ۱. حال کا بسایا
ہوا تازہ آباد کیا ہوا ۲. وہ زمین جس میں پہلی دفعہ ہل
چلایا گیا ہو۔ نو توڑ۔ **نو آبادی** (مونث) نیا آباد کیا
ہوا ملک۔ کالونی۔ **نو آبادیات** (مونث) نو آبادی
کی جمع۔ **نو آمد** (صفت) وہ جو حال میں ہی آیا ہو۔
نو آموز (صفت) ۱. جس نے ابھی سیکھنا شروع
کیا ہو ۲. ناتجربہ کار۔ کچا۔ ناآزمودہ کار۔ مبتدی۔
نو آئیں (صفت) ۱. وہ جو نئی بات نکالے ۲. زیبا۔
آراستہ ۳. (مونث) نئی بات۔ **نو ایجاد** (صفت)
نیا ایجاد کیا ہوا۔ حال میں ایجاد کیا ہوا۔ **نو بادہ** (مذکر)
۱. نیا پھل یا نیا میوہ۔ پہلا پھل ۲. نیا پودہ۔ نیا درخت
۳. خوش آئند شے ۴. (صفت) طرفہ۔ تحفہ۔ **نو بردہ**
(مذکر) نیا خریدا ہوا غلام۔ **نو بالا** (صفت) وہ لڑکی
جو حال میں ہی بالغ ہوئی ہو۔ **نو بائی** (ھ۔ مونث)
نئی رسم۔ **نو برار** (مذکر) وہ زمین جس پر پہلی دفعہ مالگزاری
لگی ہو۔ **نو بنو** (صفت) تازہ بتازہ۔ حال کا۔ ابھی کا۔
نو بہار (مذکر) ۱. موسم بہار کا شروع ۲. موسم بہار
۳. وہ چیز جس پر نئی رونق ہو ۴. رونق تازہ۔ **نو پر** (صفت)
جس کے نئے پر نکلے ہوں۔ **نو پیدا** (صفت) جو چیز
ابھی پیدا ہوئی ہو۔ **نو توڑ** (صفت) دیکھو نو آباد ۲.
نوجوان (صفت) وہ جس کی جوانی کا ابھی آغاز ہوا ہو
۔ نوخیز۔ نو عمر۔ گبرو۔ پٹھا۔ **نوجوانی** (مونث) شباب
۔ بلوغ۔ عالم شباب۔ **نوچندہ** (صفت) وہ دن جو چاند
کے دوسرے روز واقع ہو۔ قمری مہینے کا پہلا دن۔ **نو
چندہ اتوار** (مذکر) اس دن لوگ بچوں کو ریچھ پر
چڑھانا نیک شگون سمجھتے ہیں۔ **نوچندی** (صفت)
۱. نئے چاند سے منسوب ۲. (مونث) قمری مہینے کی پہلی
جمعرات۔ لکھنؤ میں اس تاریخ کو لوگ کربلا یا شاہ مینا
کی درگاہ کو جاتے ہیں ۳. میرٹھ کا ایک مشہور میلا (آتا
ہونا کے ساتھ) **نوخاستہ یا خیز** (صفت) ۱. دیکھو
نوجوان ۲. تازہ اگا ہوا ۳. ناتجربہ کار۔ **نوخط** (صفت)
۱. جوان نوخواستہ جس کی مسیں بھیگ رہی ہوں ۲.
معشوق۔ **نوخیزی** (مونث) کسی چیز کا پھوٹنا یا اگنا
نو دولت (صفت) وہ شخص جسے تازہ دولت ملی
ہو۔ نیا مالدار۔ نیا بنا ہوا۔ خاندانی دولت مند کا نقیض
نو دھن (ھ) دیکھو نو دولت۔ **نورس** (صفت)
۱. نیا آیا ہوا یا پہنچا ہوا ۲. نیا تازہ (میوہ) ۳. حال کا۔
آجکل کا۔ **نورستہ** (صفت) ۱. نیا اگا ہوا۔ نیا پھوٹا
ہوا ۲. (مذکر) نئی شاخ۔ نیا پودہ۔ **نوروز** (مذکر) ۱.
سال کا پہلا دن۔ یہ بڑا خوشی کا دن سمجھا جاتا ہے اور
جشن منایا جاتا ہے ۲. ایرانیوں میں ماہ فروردین کا
پہلا دن ۳. عیسائیوں میں جنوری کا پہلا دن۔ ہندوؤں
میں بیساکھ کا پہلا دن یا بیساکھی ۴. مسلمانوں کا نوروز پہلی
محرم کو ہوتا ہے ۵. خوشی کا دن۔ عیش و عشرت کا دن۔
نوروز آ رہا ہے۔ عیش و آرام سے گزر رہی
نوروز خاصہ (مذکر) ماہ فروردین کی چھٹی تاریخ۔
شاہان ایران پہلی سے چھٹی تاریخ تک جشن کیا کرتے تھے۔
اور لوگوں کی مرادیں پوری کرتے تھے۔ اور قیدیوں کو
رہا کرتے تھے۔ **نوروز عامہ** (مذکر) دیکھو نوروز ۲.
نوروز ہو رہا ہے۔ خوب چین سے بسر ہوتی
ہے۔ **نوروزی** (مونث) منسوب بہ نوروز۔ نو
روز سے متعلق مرکبات میں جیسے جشن نوروزی **نوسفر**
(صفت) جس نے پہلے پہل سفر کیا ہو۔ **نوسکھیا سکھیا**
(صفت) دیکھو نو آموز۔ **نوسوار** (صفت) وہ جس نے
گھوڑے کی سواری نئی سیکھی ہو۔ **نوسوتکا** (ھ) وہ
جس کے حال ہی میں بچہ پیدا ہوا ہو۔ **نوشاہ۔ نوشہ**
(مذکر) ۱. نوجوان بادشاہ ۲. دولہا ۳. مرزا غالب کا لقب
نوشکار (صفت) وہ شخص جس نے حال ہی میں
شکار کھیلنا سیکھا ہو۔ **نوشکست** (صفت) دیکھو
نو توڑ۔ **نوشہانہ** (صفت) نوشہ کی طرح۔ دولہا کے
مانند۔ **نوعروس** (صفت) نیا یا نئی شادی شدہ۔
نوعروسان (مذکر) نوعروس کی جمع۔ **نوعروسانِ
چمن** (مذکر) نئے شگوفے کلیاں اور پھول۔ **نوعروسی**
(مونث) نئی شادی ہونے کی حالت۔ **نوعمر** (صفت)

نوجوان ۔ نابالغ ۔ خردسال ۔ بچہ ۔ کمسن ۔ **نوعُمری** (مونث) کمسنی ۔ بچپن ۔ نوجوانی ۔ **نوکار** (صفت) ۱۔ ناتجربہ کار ۲۔ وہ جس نے ابھی کام یا بیوپار کرنا شروع کیا ہو **نوگرفتار** (صفت) ۱۔ تازہ گرفتار ۲۔ نیا پکڑا ہوا ۳۔ ناتربیت یافتہ ۴۔ جو پہلی دفعہ حال ہی میں عاشق ہوا ہو ۵۔ عاشق تازہ ۔ **نومُرید** (مذکر) نیا مرید ۔ **نومُسلم** (مذکر) وہ شخص جو حال ہی میں مسلمان ہوا ہو ۔ نیا مسلمان **نومشق** (صفت) ۱۔ نوآموز ۔ ناتجربہ کار ۲۔ مبتدی ۔ اناڑی ۔ **نوملازم** (مذکر) نیا ملازم ۔ **نونہال** (مذکر) ۱۔ نوعمر ۔ نوجوان ۔ نوخیز ۔ کم عمر بچہ ۲۔ نیا پودہ **نونہالانِ چمن** (مذکر) نئے پودے یا درخت **نونیاد** (صفت) ۱۔ بچہ جس نے پڑھنا یا کام سیکھنا شروع کیا ہو ۲۔ نیا عاشق ۔ **نووارد** (صفت) اجنبی ۔ مسافر ۔ تازہ وارد ۔

نَو (س ۔ مونث) ناؤ ۔ کشتی ۔ **نو والا** (مذکر) کشتی بان ۔ ملاح ۔

نَوا (ف ۔ مونث) ۱۔ آواز ۔ صدا ۔ ندا ۲۔ کوک ۔ چہچہا ۳۔ سُر ۔ لے ۔ سرود ۔ راگ ۔ نغمہ ۴۔ موسیقی کے بارہ مقاموں میں سے ایک مقام ۵۔ ساز و سامان ۶۔ توشہ ۷۔ آذوقہ ۔ روزی ۔ خوراک ۸۔ تونگری ۔ ثروت ۔ خوشحالی ۹۔ رونق کار ۱۰۔ پیشکش جو بادشاہوں کو یا تاخت و تاراج سے محفوظ رہنے کے لئے بھیجا جائے ۱۱۔ نذرانہ ۔ تحفہ ۱۲۔ فرزند ۔ پوتا ۔ نبیرہ ۱۳۔ سپاہ ۔ لشکر ۱۴۔ ہستی ۔ وجود ۱۵۔ (صفت) پابند ۔ گرفتار ۔ مبتلا ۔ **نواپرداز ۔ نوازن ۔ ساز ۔ سنج یا گر** (صفت) مطرب ۔ گویا ۔ گانے والا ۔

مثل ۔ نوا را تلخ تر می زن چو ذوقِ نغمہ کم یابی ۔ جب راگ کا شوق کم دیکھو تو آوازیں اور اثر پیدا کرو ۔

نَوا (ہ ۔ صفت) نو ۔ ۹ ۔

نَوآ (ہ ۔ مذکر) نائی ۔

نوّاب (ع ۔ مذکر) ۱۔ کسی شہر یا علاقے کا حاکم ۔ سردار ۔ صوبہ دار ۔ عامل ۔ ناظم ۲۔ شہزادہ ۔ بادشاہ ۔ ہندوستان میں ریاستوں کا مسلمان فرمانروا ۳۔ وائسرائے ۔ نائب السلطنت ۴۔ ایک خطاب ۔ یہ مسلمانوں کا سب سے بڑا خطاب ہے جو انگریز کارگزاری کے صلہ میں دیتے ہیں ۵۔ (صفت) خراج ۔ فضول خرچ (نوب ۔ دوسرے کی جگہ کام کرنا)

نواب بنانا (متعدی) نواب کا خطاب دینا ۔ **نواب بننا** (لازم) ۱۔ نواب کا خطاب ملنا ۲۔ مغرور ہو جانا ۔ اپنے برابر کسی کو نہ سمجھنا ۔ **نوّاب بے مُلک** (مذکر) ۱۔ نودولت ۲۔ وہ جو امیری کی شیخی مارے اور پاس کچھ نہ ہو ۔ **نواب پن یا پنا** (مذکر) نواب ہونے کی حالت ۔ **نوّابی** (مونث) ۱۔ نواب ہونے کی حالت ۔ نواب پنا ۲۔ قائم مقامی ۔ نیابت ۔ نظامت ۳۔ فرمانروائی ۔ حکومت ۔ ریاست ۴۔ امیری ۔ دولتمندی ۵۔ ایک قسم کا قیمتی کپڑا ۶۔ فضول خرچی ۔ اسراف ۷۔ بدنظمی ۔ طوائف الملوکی ۔ کس مپرسی ۔ **نوابی ٹھاٹھ یا کارخانہ** (مذکر) امیری کارخانہ ۔ امیرانہ شان و شوکت ۔ رئیسانہ ساز و سامان **نوابی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) امیرانہ طور سے رہنا یا بسر ہونا ۔

نوّاب (ع ۔ مذکر) نائب کی جمع ۔

نَواجنا (ہ ۔ متعدی) دیکھو نوازنا ۔

نَواح (ع ۔ مذکر) اصل لفظ نواحی ہے جو ناحیہ کی جمع ہے ۔ مضافات ۔ ارد گرد کا علاقہ ۔ اطراف ۔ جوانب ۔ قرب و جوار ۔

نَواختہ (ع ۔ صفت) ۱۔ حفاظت کیا ہوا ۲۔ پالا ہوا ۳۔ جسے پیار کیا جائے ۔ لاڈلا ۔

نَوادِر (ع ۔ مذکر) نادرہ کی جمع ۔ عجیب و غریب چیزیں ۔ عجائبات ۔ نادر چیزیں ۔ معجزات **نوادِرات** (مذکر) نادرہ کی جمع الجمع ۔ دیکھو نوادر ۔

نِوار (ہ) **نُوار** (ف ۔ مونث) دیکھو نواڑ ۔

نِوار (س ۔ مذکر) ۱۔ بچانا ۔ حفاظت کرنا ۲۔ روکنا ۳۔ روک ۴۔ مخالفت ۔ **نوارن** (مذکر) حفاظت کرنا ۔ بچانا ۲۔ حفاظت ۳۔ آزاد کرنا ۴۔ ہٹانا ۔ ۵۔ آزادی ۔ رہائی ۶۔ روک ۔ اٹکاؤ ۔ ممانعت ۷۔ دخل ۸۔ مخالفت ۔ **نوارن کرنا** ۔ **نوارنا** (متعدی) ۱۔ روکنا ۲۔ نکال دینا ۳۔ گھیر لینا ۴۔ مخالفت کرنا ۔

نَوارنا (ہ ۔ متعدی) ۱۔ آوارہ پھرنا ۔ آوارہ گردی کرنا ۲۔ سیر کرنا ۔ چلنا ۔ پھرنا ۳۔ سفر کرنا ۔

نِواری (ہ ۔ مونث) ۱۔ ایک قسم کی چنبیلی ۲۔ تنکا ۔

نِواڑ (ہ ۔ مونث) سوت کا موٹا اور چوڑا فیتہ جس سے پلنگ بنا جاتا ہے (ف س نوار)

نواڑ باف (صفت) نواڑ بننے والا ۔ **نواڑی** (صفت) نواڑ کا بنا ہوا ۔ **نواڑی پلنگ** (مذکر) وہ پلنگ جو نواڑ سے بنا ہوا ہو ۔

نواڑا (ہ ۔ مذکر) ۱۔ سیر کرنے کی چھوٹی کشتی ۔ بجرا ۔ چھوٹی ناؤ (ناؤ سے) ۲۔ ایک قسم کا تعویذ ۔ راکھی ۔ **نواڑا کھیلنا** (متعدی) نواڑے میں سوار ہو کر دریا کی سیر کرنا ۔ **نواڑی** (مونث) ۱۔ چھوٹا بجرا ۲۔ ایک قسم کی چنبیلی (س نومالکا)

نواز (ف ۔ امر) ۱۔ نواختن کا ۲۔ اردو میں نوازنا کا ۳۔ (صفت) سرفراز کرنے والا ۔ مرکبات میں جیسے غریب نواز ۔ بندہ نواز ۔ مرکبات ہی میں جیسے بندہ نوازی ۴۔ (مذکر) نوازش ۔ مہربانی ۔ مرکبات میں مستعمل ناموں میں جیسے احمد نواز ۔ محمد نواز (نواختن ۔ سرفراز کرنا) **نوازش** (مونث) مہربانی ۔ عنایت ۔ لطف ۔ کرم ۔ شفقت ۔ مروت ۔ کرپا ۔ دیا **نوازشات** (مذکر) نوازش کی جمع ۔ لکھو میں مذکر ۔ **نوازشِ خسروانہ** (مذکر) بادشاہوں کی مہربانی یا شفقت ۔ **نوازش کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) عنایت ہونا ۔ مہربانی ہونا ۔ **نوازش نامہ** (مذکر) عنایت نامہ ۔ بزرگ کا یا برابر والے کا خط ۔ شفقت نامہ **نوازنا** (متعدی) ۱۔ مہربانی کرنا ۔ عنایت کرنا ۲۔ پالنا پوسنا ۔ پرورش کرنا ۳۔ ممتاز کرنا ۔ عزت بخشنا ۔ یہ ان چند مصادر میں سے ہے جو فارسی سے لئے گئے ہیں ۔ **نوازندہ** (صفت) سرفراز کرنے والا ۔ **نوازی** (مونث) ۱۔ مہربانی کرنا ۔ مرکبات میں بندہ نوازی ۲۔ بجانا ۔ مرکبات میں جیسے لے نوازی ۔

نِواس (س ۔ مذکر) ۱۔ رہنا ۔ سکونت ۔ رہائش رکھنا ۲۔ رات گزارنا ۳۔ رہنے کی جگہ ۔ مکان ۔ گھر ۴۔ شب باشی کا مقام ۔ **نواس کرنا** ۔ **نواسنا** (متعدی) رہنا ۔ رہائش کرنا ۔ **نواسی** (صفت) ۱۔ رہنے والا ۔ رہائش رکھنے والا ۲۔ (مذکر) باشندہ ۔ ساکن ۔

نَواسہ (ف ۔ مذکر) بیٹی کا بیٹا **نواسی** (مونث) بیٹی کی بیٹی ۔

نواسی (ہ ۔ عدد) ایک کم نوے اسی اور نو ۸۹ ۔ (س ۔ نواشتی)

نَواسِیر (ع ۔ مونث) ناسور کی جمع اردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے ۱۔ وہ زخم جو اچھا نہ ہو ۔ ناسور ۲۔ وہ زخم جو مقعد میں ہو کر علیحدہ سوراخ بن جاتا ہے ۔

نَواصِب (ع ۔ مذکر) مسلمانوں کا ایک فرقہ ۔ ان کا یہ اصل ہے کہ کوئی مسلمان جو اس قابل

سمجھا جائے امام منتخب ہو سکتا ہے۔ وہ حضرت علیؓ کو جنگ صفین کے بعد امام یا خلیفہ تسلیم نہیں کرتے۔ خارجی۔ ناجی۔

نَوافِذ (ع۔ مذکر) وہ اعضا جن کے ذریعے غم یا خوشی روح کو پہنچائی جا سکتی ہے۔ جیسے منہ کان۔ آنکھ۔

نَوافِل (ع۔ مذکر) نافلہ کی جمع۔ نفل۔ وہ رکعتیں جو سنت اور فرض کے علاوہ نافلہ سمجھی جاتی ہیں۔

نَواقِل (ع۔ مذکر) ناقلہ کی جمع ۱ وہ چیزیں جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجائی جائیں ۲ نقلیں ۳ وہ چیزیں جو بیان کیجائیں ۴ تاریخیں ۵ کہانیاں ۶ حدیثیں۔

نَوال (ع۔ مونث) ۱ مہربانی۔ احسان ۲ بخشش ۳ تحفہ۔ عطیہ ۴ وظیفہ ۵ ماپ ۶ جو مناسب یا آرام دہ ہو (لُوٹی۔ دینا)

نوالہ (ع۔ مذکر) اردو میں بالکسر ۱ کھانے کی چیز کی مقدار جو انگلیوں سے پکڑ کر منہ میں رکھیں۔ لقمہ ۲ ذراسی چیز۔ لقمے کے برابر چیز ۳ غلّہ کی وہ مقدار جو چکی پیسنے کے لیے ڈالیں۔ ۴ چیتھڑے کاغذ وغیرہ جو بارود کے ساتھ بندوق میں بھریں ۵ آسان کام۔ سہل معاملہ (گول۔ پکڑنا)

نوالہ اُگلنا (مذکر) لقمہ منہ سے نکال لینا یا نوالہ توڑنا (متعدی) ۱ روٹی کا ٹکڑا توڑنا ۲ کھانا کھانا۔

حلق میں پھنسنا (لازم) لقمہ کا بڑا ہونے یا کسی اور وجہ سے حلق میں اٹک جانا۔ **نوالہ کرنا** (متعدی) کھا جانا۔ جھٹ کر جانا۔ **نوالہ مارنا** (متعدی) دیکھو نوالے توڑنا۔ **نوالہ نگلنا** (متعدی) لقمے کا حلق سے نیچے اُتر جانا۔ **نوالہ نہ توڑنا** (متعدی) کسی کام کی ابتدا نہ کرنا۔ **نوالہ ہونا** (لازم) منہ میں جانا۔ لقمہ ہونا۔ **نوالے** (مذکر) ۱ نوالہ کی جمع ۲ بجائے نوالہ حروف مغیرہ سے پہلے **نوالے مارنا** (متعدی) کھانا۔ نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔

نَوال (صفت) ۱ نیا ۲ (ھ) دیکھو نو کے تحت۔

نَوال (ھ۔ صفت) نیچا۔ خمیدہ جھکا ہوا۔ **نوان** (مونث) نیچی جگہ۔ نشیب۔ **نوانا** (متعدی) نیچا کرنا۔ جھکانا۔ خمیدہ کرنا۔

نَواہی (ع۔ مذکر) نہی کی جمع۔ ممنوعات۔ ناجائز امور۔

نَوائِب (ع۔ مذکر) نائبہ کی جمع۔ مصیبتیں۔ تکلیفیں۔ حادثات

نوائی (ھ۔ مونث) ۱ گرمی۔ حرارت۔ تپش۔ حدت۔ تمازت ۲ ہوا کا نہ ہونا۔ حبس ۳ (زنانوں کی اصطلاح) نو کا عدد۔

نوائے (ھ۔ صفت) نوایا کی جمع

نوائے دن (مذکر) گرمی کے دن۔ بخار کا موسم۔

نَوایا (ھ۔ صفت) ۱ جھکا ہوا۔ خمیدہ ۲ تہ کیا ہوا ۳ دوہرا کیا ہوا۔

نوایا (ھ۔ صفت) گرم۔ حارّ۔

نَوبَت (ع۔ مونث) ۱ باری۔ مرتبہ۔ دفعہ۔ داؤں۔ دورہ ۲ موت۔ وقت۔ سما ۳ عرصہ ۴ مہلت۔ فرصت۔ وقفہ ۵ سانحہ۔ واقعہ۔ حادثہ مصیبت ۶ موقع۔ قابو ۷ حالت۔ کیفیت۔ عالم۔ طور۔ گت۔ درجہ ۸ چوکیداری۔ نگہبانی۔ پاسبانی۔ محافظت ۹ خیمہ۔ بڑا خیمہ۔ بارگاہ ۱۰ نقارہ۔ دھونسا۔ کوس۔ طبل دمامہ۔ ڈنکا ۱۱ وہ شخص جو بہرائچ میں سید سالار کی درگاہ میں پہلی دفعہ حاضر ہوا ہو ۱۲ مرض بخار کی باری ۱۳ برہمنوں کے اعتقاد میں تیس لاکھ ساٹھ ہزار برس کی مقدار ۱۴ سپاہیوں کا گروہ۔ چوکی۔ پہرہ (نَوَب۔ دوسرے کی جگہ کام کرنا)

نوبت آنا (لازم) ۱ باری آنا ۲ کسی کام کے ہونے کا وقت آنا۔ **نوبت بجانا** (متعدی) ۱ نقارہ بجانا ۲ کوسِ شہرت بجانا۔ دور دورہ دکھانا۔ **نوبت بجنا** (لازم) ۱ نقارہ بجنا۔ شادیانہ بجنا۔ خوشی ہونا ۲ بیاہ رچنا۔ شادی ہونا۔ **نوبت بنوبت** (تف) باری باری سے۔ یکے بعد دیگرے۔ **نوبت پانا** (لازم) شاہی زمانے میں دروازے پر نقارہ بجانے کی اجازت ملنا۔ یہ عزت افزائی کا ایک طریقہ تھا۔ بعض ریاستوں میں اب بھی ہے اور ہر وقت صبح شام دن اور رات نوبت بجتی رہتی ہے **نوبت پہنچنا** (لازم) ۱ باری آنا ۲ موقع آنا۔ کسی امر کے وقوع کا وقت آنا ۳ حالت کو پہنچنا۔ **نوبت جھڑنا** (لازم) نوبت بجنا (دست) **نوبت خانہ** (مذکر) نقار خانہ۔ وہ مکان جہاں نوبت بجے۔ **نوبت دھرنا یا رکھنا** (متعدی) کسی خوشی کے موقع پر مکان کے آگے نقارے وغیرہ بجوانا۔ **نوبت زن** (صفت) نقارہ بجانے والا۔ نقارچی۔ **نوبتِ صبح** (مونث) وہ نوبت جو صبح کے وقت بجاتے ہیں۔ **نوبت طلبی** (مونث) عدالت میں پیش ہونے کی اجازت کی درخواست۔ **نوبت کا بخار** (مذکر) باری کا بخار۔ **نوبت کا دھونسا** (مذکر) نوبت بجانے کا بڑا نقارہ۔ **نوبت کو پہنچنا** (لازم) حالت کو پہنچنا۔ حالت ہونا۔ **نوبت کی ٹکور** (مونث) نوبت یا ڈنکے کی آواز۔ **نوبت گاہ** (مونث) ۱ نوبت بجنے کی جگہ ۲ نقار خانہ ۳ قید خانہ۔ حوالات۔ جیل خانہ۔ بندی خانہ۔ پہرے کی جگہ۔ **نوبت گزرنا** (لازم) موقع جاتا رہنا۔ **نوبت نام ہونا** (لازم) نام نوبت ہونا۔ سرسبز ہونا۔ **نوبت نشان** (مذکر) نقارہ اور جھنڈا۔ یہ دونوں عزت کے نشان سمجھے جاتے تھے۔ **نوبت نواز** (صفت) نوبت بجانے والا نقارچی۔ **نوبت ہونا** (لازم) ۱ باری ہونا ۲ کیفیت ہونا۔ حالت ہونا ۳ نقارہ ہونا۔ **نوبتی** (صفت) ۱ باری کا۔ نوبت کا ۲ (مذکر) سنتری۔ پہرہ دار۔ چوکیدار ۳ نقارہ بجانے والا۔ نقارچی ۴ کوتل گھوڑا۔ خالی گھوڑا جو امیروں کے مکان پر کھڑا رہتا ہے ۵ بڑا خیمہ ۶ شاہی دربان یا باری دار **نوبتی بخار** (مذکر) باری کا بخار۔ وہ بخار جو وقت مقررہ پر آئے۔

اقوال۔ نوبت بہ اینجا رسید نوبت یہاں تک پہونچی۔ **نوبت بجاں و کارد بر استخواں۔** جان پر نوبت اور ہڈی پر چھری۔ مطلب یہ ہے کہ جان پر بنی۔

نَوبَل (انگ۔ صفت) ۱ شریف ۲ عالی خاندان ۳ امیر۔ رئیس۔

نَوبان (ھ۔ مذکر) ٹوکرا۔

نوپُر (س۔ مذکر) جھانجھ

نوتا (ھ۔ مذکر) ۱ نیوتا (دینا کرنا فعل کے ساتھ) ۲ (ھ) جادوگر۔ ساحر ۳ ڈیوڑھی ۴ (ھ۔ صفت) جھکا ہوا۔ خمیدہ۔

نوتا (س۔ مونث) ۱ نیاپن ۲ تازگی ۳ بے تجربہ۔

نوتپن (ھ۔ مذکر) ساحری۔ جادو۔

نُوتن (س۔ صفت) ۱ نیا۔ تازہ ۲ انوکھا۔ جدید۔

نَوتنا (ھ۔ متعدی) نیوتا دینا۔ بلانا۔

نَوتنی (ھ۔ مونث) وہ تحفہ جو رشتہ دار دولہا دلہن کو دیتے ہیں۔

نوتھاری (ھ۔ مذکر) برادری کے

لوگ جو شادی میں نوتہ کے طور پر کچھ دیتے ہیں۔ اور اس کا بدلہ ہوتا ہے جو عوض نہیں لیتے وہ بھاجی کہلاتے ہیں۔ یہ لوگ ننھیال کے ہوتے ہیں۔

نوٹ (انگ۔ مذکر) ۱ کاغذی سکہ۔ کاغذ کا ورق جو گورنمنٹ سکے کی بجائے جاری کرتی ہے اس پر بادشاہ وقت یا کسی اور چیز کی تصویر ہوتی ہے۔ اور لکھا ہوتا ہے کہ حکومت وعدہ کرتی ہے کہ اس کے پیش کرنے پر فوراً روپیہ ادا کیا جائے گا اسے کرنسی نوٹ کہتے ہیں ۲ تمسک۔ ہنڈی۔ دستاویز۔ سند۔ اسے پرامسری نوٹ کہتے ہیں ۳ یادداشت۔ ٹیپ ۴ پرچہ۔ چٹھی۔ فرد یادداشت ۵ حاشیہ جو کسی کتاب پر لکھا جائے۔ تفسیر۔ تشریح۔ ٹیکا۔ **نوٹ آف ہینڈ** (مذکر) ہنڈی۔ تمسک۔ **نوٹ بک** (مونث) وہ چھوٹی کتاب جس میں یادداشت لکھیں۔ بیاض۔ **نوٹ بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) جعلی نوٹ تیار ہونا۔ **نوٹ پیپر** (مذکر) چٹھی لکھنے کا کاغذ۔ **نوٹ جاری کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) سرکار کی طرف سے نوٹ ملک کا اجرا ہونا جب کوئی گورنمنٹ نوٹ جاری کرنا چاہتی ہو تو اسے اس قدر مالیت کا روپیہ یا سونا خزانے میں رکھنا پڑتا ہے۔ اگر ایسا نہ کریں تو سخت بے ایمانی سمجھی جاتی ہے۔ **نوٹ کرنا** (متعدی) ۱ یادداشت لکھ لینا ۲ خاص طور پر خیال رکھنا۔ **نوٹ لکھانا** (متعدی) ۱ یادداشت لکھوانا ۲ استاد کا الفاظ کے معنی۔ محاورات وغیرہ کی تشریح دیکھ کر تحریر کرانا۔ **نوٹ لکھنا** (متعدی) شرح لکھنا تفسیر لکھنا۔ **نوٹ لینا** (متعدی) ۱ لکھ لینا۔ **نوٹ ہونا** (لازم) دیکھو نوٹ کرنا۔

نوٹس (انگ۔ مذکر) اشتہار۔ اطلاع۔ اعلان۔ سرکاری اطلاع نامہ۔

نوج (ہ۔ ندا) ۱ خدا نہ کرے۔ مبادا۔ خدانخواستہ۔ دور پار ۲ نہیں ۳ حالت تنفر یا خفگی میں (غالباً نعوذ کا مخرب ہے) **نوج دور دور پار** (کلمہ دعا) خدا نہ کرے ایسا ہو۔

نوچ (ہ۔ امر ۲ نوچنا کا ۲ (مونث) خراش (س نکنچ۔ اندر کھینچنا) **نوچا** (امر) نوچنا کی۔ **نوچا نوچی**۔ **نوچی یا کھسوٹی** (مونث) کھسوٹا کھسوٹی چھینا جھپٹی۔ **نوچ کھانا** (متعدی) ۱ ناخنوں سے بوٹیاں توڑ لینا بہت تنگ کرنا۔ ایذا دینا ۲ آڑے ہاتھوں لینا۔ **نوچ کھسوٹ** (مونث) ۱ بدن پر ناخنوں سے خراش ڈالنا ۲ زبردستی مال حاصل کرنا ۳ لوٹ مار۔ دستبرد۔ غارتگری۔ دست اندازی۔ **نوچنا** (متعدی) ۱ ناخن مارنا۔ پنجہ مارنا۔ کھرچنا۔ چٹکی لینا یا بال کھینچ لینا۔ بال اکھاڑنا ۲ دانت سے کھسوٹنا ۳ لوٹ لینا۔ موس لینا ٹھگنا۔ غارتگری کرنا ۴ شاخ سے پتیاں اکھاڑنا ۵ پھاڑ کھانا ۶ شکاری پرند کا چونچ یا ناخنوں سے گوشت اکھاڑنا ۷ آڑے ہاتھوں لینا۔ **نوچ ناچ** (مونث) نوچکر پریشان کرنا۔ **نوچنا کھسوٹنا** (متعدی) ۱ چٹکی مارنا۔ پنجہ مارنا ۲ چھینا جھپٹی کرنا۔ لوٹنا مارنا۔ **نوچ نوچکر کھانا** (متعدی) پنجوں یا ناخنوں سے گوشت کو جدا کر کے نوش کرنا۔ **نوچو** (صفت) نوچنے والا۔ موسنے والا۔ مال مارنے والا۔ رشوت کھانے والا۔ **نوچے کھانا** (متعدی) ۱ جو شے پاس ہو لے لینا۔ زبردستی چھین لینا ۲ جانور کا نوچ نوچکر کھانا۔

نوچی (ہ۔ مونث) نوجوان لڑکی جس سے طوائفیں پیشہ کراتی ہیں۔ پیشہ کرانے والی نائکہ کہلاتی ہے (ف نوچہ۔ نوجوان لڑکا)

نوح (ع۔ مذکر) ایک پیغمبر جو قبول توریت لامیک کے فرزند تھے اور حضرت آدمؑ سے دسویں پشت میں تھے۔ آپ کے زمانے میں طوفان آیا تھا۔ **نوح کا طوفان** (مذکر) طوفان جو حضرت نوحؑ کے زمانے میں آیا۔ **نوح کی کشتی** (مونث) وہ کشتی جو حضرت نوحؑ نے تیار کی تھی۔

نوحہ (ع۔ مذکر) ۱ رونا۔ گریہ۔ زاری۔ پیٹنا ۲ بین کرنا۔ ماتم کرنا۔ مردے پر چلا کے رونا (نَوحٌ۔ ماتم کرنا) **نوحہ خواں یا گر** (صفت) رونے والا ۲ ماتم کرنے والا۔ مردے کا بیان کر کے رونے اور رلانے والا۔ **نوحہ خوانی یا گری** (مونث) ماتم۔ گریہ وزاری رونا پیٹنا **نوحہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رونا پیٹنا **نوحہ و زاری** (مونث) رونا پیٹنا۔ آہ و زاری۔ گریہ و زاری۔

نود (ف۔ عدد) نوے۔

نود (س۔ مذکر) توت کا درخت۔

نودھ۔ نودھا (ہ۔ متعدی) نیا پودا۔

نوڈ (س۔ صفت) ۱ بغیر فاصلہ یا جگہ کے ۲ قریب۔ نزدیک ۳ گھنا (جنگل) ۴ تاریک ۵ موٹا (کپڑا) ۶ سخت موسلادھار (بارش) ۷ گہری (نیند) ۸ پکا۔ مضبوط ۹ بھاری۔ بوجھل ۱۰ ٹیڑھی ناک والا۔

نور (ع۔ مذکر) ۱ روشنی۔ تجلی۔ اجالا۔ چمک تاب۔ جلوہ۔ جوت۔ درخشانی۔ دھوپ۔ چاندنی۔ زمین پر جو روشنی ہے یہ سورج کی وجہ سے ہے۔ چاند کی چاندنی بھی سورج کی روشنی کا عکس ہے اور اسی روشنی کو درخت اور دوسری اشیا جذب کر کے نشوونما پاتی ہیں۔ اور پھر آگ لگنے سے وہی روشنی دوبارہ نمودار ہوتی ہے۔ آگ یا حرارت بھی سورج کی گرمی کا ظہور ہے۔ سورج بذاتِ خود روشن اور گرم ہے اور اس گرمی اور روشنی کی وجہ سے دنیا میں زندگی قایم ہے ۲ رونق۔ روپ۔ چمک دمک ۳ قرآن شریف کی ایک سورت دیکھو النور ۴ صوفیوں کی اصطلاح میں خدا کا ایک نام۔ اس کا اس آیت سے استدلال کیا گیا ہے اللّٰہُ نُورُ السَّمٰوٰتِ وَالاَرضِ (نُور۔ روشن کرنا) ۵ نار کی جمع۔ **نورا** (مذکر) ۱ بال اڑانے کا پوڈر یا سفوف جو چونے اور ہڑتال سے مرکب ہوتا ہے (نُورَۃ۔ داغ دینا) ۲ نورالدین۔ نور محمد۔ نورالحسن وغیرہ کا مخفف۔ **نور آجانا یا آنا** (لازم) ۱ روشنی پیدا ہو جانا ۲ رونق آجانا ۳ اندھے کی آنکھوں میں بینائی پیدا ہو جانا۔ **نور آگیں** (صفت) پر نور۔ نور سے بھرا ہوا۔ روشن۔ **نور اڑ جانا یا اڑنا** (لازم) رونق جاتی رہنا۔ بے رونق ہونا۔ **نور افزا** (صفت) ۱ روشنی زیادہ کرنے والا ۲ روشن کرنے والا۔ **نور افشاں** (صفت) روشنی دینے والا۔ نور چھڑکنے والا۔ منور کرنے والا۔ **نَوَّرَ اللّٰہُ مَرقَدَہٗ**۔ خدا اس کی قبر کو روشن کرے۔ کسی مرحوم بزرگ کا نام لینے کے بعد کہتے ہیں۔ **نور الہی** (مذکر) ۱ خدا کا نور ۲ داڑھی کے متعلق بھی استعمال ہوتا ہے۔ **نور العین** (مذکر) ۱ آنکھوں کی روشنی ۲ مجازاً بیٹا۔ فرزند **نورانی** (صفت) روشن۔ منور۔ چمکیلا۔ درخشاں۔ **نورانی چہرہ** (مذکر) **صورت** (مونث) وہ چہرہ جس پر نور برستا ہو۔ **نور ایماں** (مذکر) ایمان کی روشنی جو ایماندار کے دل میں ہوتی ہے۔ عقیدہ صحیح۔ خلوص ایمان **نور باف** (مذکر) جولاہا۔ کولی۔ مومن۔ پارچہ باف **نور بافی** (صفت) کپڑا بننے کا کام یا پیشہ۔ **نور بخش** (صفت) روشنی بخشنے والا۔ **نور برسنا** (متعدی) ۱ روشنی کا جھلکنا یا نمایاں ہونا ۲ چہرہ پر رونق ہونا۔ **نور بصر** (مذکر) دیکھو نور العین۔ **نور جانا** (لازم) دیکھو نور اڑ جانا۔ **نور جہاں** (مونث) ۱ دنیا کا نور ۲ دیکھو علیحدہ۔ **نور جھلکنا** (لازم) چمکنا۔ روشنی دینا۔ **نور چھپکنا** (لازم) نور کا پھیلنا۔ **نور چشم** (مذکر) دیکھو نور العین **نور چشمی** (مونث) بیٹی۔ اردو والوں کی اختراع ہے **نور چمکنا** (لازم) روشنی پھیلنا۔ رونق بڑھنا۔ نور

چھا جانا (لازم) چاروں طرف سے روشنی پڑنا۔ ہر طرف روشنی ہونا۔ **نور چھننا** (لازم) پردے درختوں کے پتوں یا بادلوں سے روشنی کا تھوڑا تھوڑا کرکے باہر آنا۔ سوراخدار شے سے روشنی نکلنا۔ **نور دیدہ** (مذکر) دیکھو نور العین۔ **نور ظہور۔ نور ظہور کا وقت** (مذکر) علی الصبح۔ صبح صادق۔ تڑکا **نور ظہور کے تڑکے یا وقت** (ظرف) علی الصبح۔ بہت سویرے۔ پو پھٹے۔ **نورٌ علیٰ نور** (مذکر) ۱۔ نور پر نور ۲۔ ایک سے ایک بڑھکر۔ ایک سے ایک زیادہ ۳۔ خوبی پر خوبی ۴۔ سب سے بہتر یا اعلیٰ۔ زیادہ و بہتر ۵۔ سبحان اللہ۔ صلِّ علیٰ ۶۔ طنزاً بھی استعمال ہوتا ہے۔ **نورعین یا عینین** (مذکر) دیکھو نور العین۔ **نور فشاں** (صفت) دیکھو نور افشاں۔ **نور کا** (صفت) ۱۔ چمکدار۔ حسین ۲۔ بہت عمدہ۔ اعلیٰ درجہ کا۔ پاکیزہ ۳۔ دل خوش کن۔ دل پسند۔ **نور کا بکّا** (مذکر)۔ **لقّا** (د۔ ہ) ۱۔ نور کا تودہ ۲۔ (صفت) حسین۔ خوبصورت۔ **نور کا پتلا** (صفت) حسین۔ خوبصورت۔ نورانی صورت **نور کا تڑکا** (مذکر) مراد ہے صبح صادق سے **نور کا دریا** (مذکر) سراپا نور۔ مجسم نور۔ **نور کا گلا** (صفت) خوش آواز۔ نہایت سریلا۔ **نور کا مینہ** (مذکر) روشنی کی کثرت۔ **نور کی آواز** (مذکر) شیریں آواز۔ **نور کی باتیں** (مونث) میٹھی میٹھی باتیں۔ شیریں گفتگو۔ چکنی چپڑی باتیں۔ **نور کی بزم** (مونث) حسینوں کا مجمع۔ **نور کے بول** (مذکر) دل لبھانے والے بول۔ **نور کی تانیں** (مونث) سریلی تانیں۔ **نور کے تڑکے** (ظرف) علی الصبح۔ **نور کی چادر** (مونث) روشنی کی کثرت۔ روشنی کا اکٹھا ایک جگہ پڑنا **نور کے سانچے میں ڈھالنا** (متعدی) **ڈھلنا** (لازم) خوبصورت اور حسین ہونا۔ از سرتاپا نور ہونا۔ **نور کی صورت** (مونث) نہایت حسین شکل۔ **نور محلی** (مونث) ایک قسم کا پلاؤ۔ **نورِ نظر** (مذکر) دیکھو نور العین۔ **نورہ** (مذکر) دیکھو نورا ۲ **نورہ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) بال اڑانے کا پوڈر لگنا۔ **نوری** (صفت) ۱۔ نور کا۔ نور سے منسوب ۲۔ نور کا بنا ہوا ۳۔ روشن۔ چمکدار۔ نورانی۔

نُورا (س۔ مونث) دوشیزہ۔ باکرہ عورت۔

نُورَت (س۔ صفت) ۱۔ رکا ہوا۔ بند کیا ہوا۔ ممنوع ۲۔ ختم ۳۔ بجھائی ہوئی پیاس یا پارسا **نورت کرنا** (متعدی) ۱۔ ختم کرنا ۲۔ روکنا۔ منع کرنا۔

نَوَرد (ف۔ صفت) ۱۔ طے کرنے والا ۔ پیٹنے والا ۲۔ سفر کرنے والا۔ مرکبات میں جیسے صحرا نورد **نوردی** (مونث) سفر کرنا۔ مرکبات میں جیسے صحرا نوردی۔

نَوڑھانا (ہ۔ متعدی) ۱۔ جھکانا ۲۔ جھکنے پر مجبور کرنا ۳۔ تابعدار یا فرماں بردار بنانا ۴۔ فتح یا زیر کرنا۔ قابو کرنا۔

نَوڑھنا (ہ۔ لازم) ۱۔ جھکنا۔ خمیدہ ہونا ۲۔ میل کرنا۔ التفات کرنا ۳۔ مطیع ہونا۔ زیر ہونا۔

نَوزَوہ (ف۔ عدد) انیس۔

نَوسادَر (ہ۔ مذکر) ایک مرکب مادہ جو امونیم اور کلورین کا مرکب ہے۔ آنکھوں کی سفیدی اور جگر کے لئے مفید ہے۔

نوش (ف۔ سامر) ۱۔ نوشیدن کا ۲۔ پینا ۳۔ (مذکر) کوئی خوشگوار چیز جو پی جائے۔ مزیدار چیز ۴۔ آب حیات۔ امرت ۵۔ شہد ۶۔ حیات۔ زندگی ۷۔ تحفہ۔ انعام ۸۔ تریاق ۹۔ (صفت) پینے والا۔ مرکبات میں جیسے بادہ نوش ۱۰۔ جزو بدن ہونے والا۔ راس۔ سازگار۔ **نوشا نوش** (مذکر) ۱۔ بار بار پینا۔ پے در پے پینا ۲۔ (ظرف) پیالے بھر بھر کر۔ بار بار پی کر۔ **نوشِ جان** (صفت) وہ چیز جو مرغوب ہو یا رغبت سے کھائی جائے۔ **نوشِ جاں فرمانا یا کرنا** (متعدی) کھانا تناول فرمانا۔ **نوش جاں ہونا** (لازم) انگ لگنا۔ راس آنا۔ کھایا پیا موافق ہونا۔ **نوشخند** (صفت) خندہ شیریں۔ **نوش دارو** (مذکر) ۱۔ تریاق۔ زہر مہرہ ۲۔ مجازاً شراب۔ مے ۳۔ ایک قسم کی معجون جو خوش ذائقہ اور فرحت بخش ہوتی ہے۔ **نوش فرمانا یا کرنا** (متعدی) کھانا۔ پینا۔ **نوشی** (مونث) پینا۔ شراب پینا۔ مرکبات میں جیسے بادہ نوشی۔ **نوشیں** (صفت) خوشگوار۔ خوش مزہ۔ شیریں۔

امثال۔ نوش بے نیش حاصل نمی شود۔ شہد بغیر ڈنک کھائے ہوئے ہاتھ نہیں آتا کوئی اچھی چیز بغیر محنت کے نہیں ملتی۔ **نوش کے بعد نیش ور پیش**۔ ہر خوشی کے بعد رنج ہے۔

نوشابہ (ف۔ مذکر) ۱۔ آب حیات ۲۔ امرت جل۔

نوِشت (ف۔ مونث) ۱۔ تحریر۔ لکھائی۔ کتابت ۲۔ عبارت ۳۔ تمسک۔ دستاویز۔ تحریری سند۔ سرٹیفکٹ ۴۔ خط چٹھی ۵۔ نوشتہ۔ لکھا ہوا **نوشت خواند** (مذکر) لکھنا پڑھنا **نوشت کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱۔ لکھا جانا۔ تحریر ہونا ۲۔ باہم عہد و پیمان ہونا۔ **نوشتہ** (صفت) ۱۔ لکھا ہوا۔ تحریر شدہ ۲۔ تحریر۔ سند۔ تمسک۔ دستاویز ۳۔ چٹھی ۴۔ تقدیر۔ قسمت۔ نصیب۔ سرنوشت۔ **نوشتہ تقدیر** (مذکر) ۱۔ قسمت کا لکھا۔ نصیبا ۲۔ قسمت ۳۔ خدا کی مرضی۔ **نوشتہ دینا** (متعدی) تحریر لکھ دینا۔ **نوشتہ لینا** (متعدی) تحریری اقرار لینا۔ **نوشتہ ہو جانا** (لازم) اقرار نامہ لکھا جانا۔

مقولہ۔ نوشتہ بماند سیاہ بر سفید۔ نویسندہ را نیست فردا امید۔ سفید پر سیاہ لکھا ہوا باقی رہ جاتا ہے۔ لکھنے والے کے لئے کل کی بھی امید نہیں۔ کتاب کے خاتمے پر یہ شعر لکھدیتے تھے۔

نَوشَہ (ف۔ مذکر) دیکھو نو کے تحت میں۔

نَوشیرواں۔ (د۔ ۹۰ ۵) خسرو اول بن قباد اول۔ خاندان ساسانیہ کا ایک بادشاہ جو اپنے باپ کے بعد ۵۳۱ء میں تخت ایران پر بیٹھا۔ یہ اپنے عدل و انصاف کے لئے مشہور ہے۔ اس کے عہد میں آرمینیا اور یمن فتح ہوئے۔ دو دفعہ اہل روما سے لڑائی ہوئی اور قیصر نے خراج دینا قبول کیا۔ بآخر فتح ہوا۔ ترکوں نے پہلی دفعہ خروج کیا۔ پیغمبر صلعم کی پیدائش کے وقت ایران پر یہ حکمران تھا۔ بغداد (باغ داد) اس کا آباد کیا ہوا کیونکہ یہ وہاں عدل و انصاف کیا کرتا تھا لیکن بعض مورخوں کا خیال ہے کہ داد ایک بت کا نام تھا۔ اسے انوشیرواں بھی کہتے ہیں۔ بزرجمہر اس کا وزیر تھا۔ (نوشیں۔ شیریں۔ پرواں۔ جان) ۲۔ (نا معلوم) کرمانی اور دئی وراف کا ترجمہ ژند سے فارسی میں کیا۔

نَوع (ع۔ مونث) ۱۔ قسم۔ جنس۔ بھانت ۲۔ وضع۔ طرح۔ طور۔ طریق۔ ڈھنگ ۳۔ ذات۔ جاتی ۴۔ شکل۔ صورت ۵۔ (علم حیات) جانوروں یا پودوں کی ایک جماعت جو جنس کی ایک تقسیم ہوتی ہے اور جس کے افراد کے درمیان شکل اور رنگ کا بہت معمولی فرق ہوتا ہے جیسے شیر نوع ہے اور درندہ جنس ۶۔ (منطق) ان افراد یا اشیا کی جن کی خصوصیات آپس میں ملتی ہوں۔ ایک جماعت جس کا ہر ایک فرد اس نام سے پکارا جا سکتا ہے جیسے انسان جو حیوان ناطق کی ایک نوع ہے۔ ہر آدمی پر اس کا اطلاق ہو سکتا ہے۔ (تَنوِیع تقسیم کرنا) **نوعِ انسان** (مذکر) بنی آدم۔ **نوع دگر** (صفت) ۱۔ دوسری طرح کا۔

ہوا۔ اُس قسم کا بدلا ہوا ۲ بگڑا ہوا۔ خراب۔ **نوع دگر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ دوسری طرح کا ہونا۔ بدلا ہوا ہونا ۲ خراب ہونا۔ بگڑا ہوا ہونا۔ **نوع و جنس** (مونث) قسم اور جنس۔ نوع جنس کی ایک تقسیم ہے۔ **نوعی** (صفت) ۱ نوع کا یا نوع کے متعلق ۲ خصوصی۔ **نوعیّت** (مونث) ۱ خصوصی فرق ۲ خصوصیت تخصیص ۳ نوعی فرق۔

نوک (ف۔ مونث) ۱ کسی چیز کا باریک سرا۔ انی ۲ چونچ۔ منقار ۳ نیش۔ ڈنک ۴ آن۔ ادا۔ انداز ۵ بانکپن۔ پاس وضع۔ وضعداری ۶ دون۔ شیخی ڈینگ ۷ عزت۔ آبرو ۸ چھیڑ چھاڑ۔ چھیڑ خانی ۹ نیش زنی ۱۰ قلم کا سرا ۱۱ کونہ۔ زاویہ۔ **نوک جھوکی یا چوکی** (مونث) ۱ چھیڑ چھاڑ۔ طعن و طنز۔ آوازہ توازہ ۲ شوخی و شرارت **نوک اڑنا** (لازم) انی کا چپٹا۔ **نوک پان** (مذکر) جوتی کی خوبصورتی اور بناوٹ وغیرہ۔ **نوک پان دیکھیے یا ملاحظہ کیجیے** (متعدی) حجت فروش گاہک کو جوتا دکھاتے ہوئے کہتے ہیں۔ خوبصورتی بناوٹ اور پٹڑے وغیرہ کو دیکھیے۔ **نوک پلک** (مونث) ۱ آنکھ کی موزونیت۔ خوبصورتی ۲ کاتب کے حروف کی موزونیت۔ **نوک پلک پانا** (متعدی) چہرے کی موزونیت ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ **نوک پلک سے درست** (لازم) دیکھو نوک پنجہ سے درست۔ **نوک پنجہ** (مذکر) چہرے اور ہاتھ پاؤں کی موزونیت **نوک پنجہ سے درست** (صفت) ۱ سب طرح سے ٹھیک۔ نک سک سے درست [illegible] موزوں درست ٹھیک۔ **نوک جھوک یا جھ**[illegible] (مونث) دیکھو نوک جھوکی (کرنا ہونا کے ساتھ) **نوک چوک** (مونث) دیکھو نوک جھوکی۔ **نوک چوک چلی جانا** (لازم) طعن و طنز کی گفتگو جاری رہنا۔ **نوک دار** (صفت) نوک والا۔ **نوک دُم** (صفت) دم کو اس طرح اٹھائے ہوئے کہ نوک سیدھی رہے جس طرح کتا جوش میں آ کر بھاگتا ہے یا ڈر سے دم دبا کر بھاگتا ہے۔ **نوک دم بھاگنا** (لازم) ۱ بے تحاشا بھاگنا ۲ سیدھا کسی جگہ بھاگ کر جلدی جانا۔ **نوک رکھ لینا** (متعدی) آبرو بچانا۔ عزت رکھ لینا۔ **نوک رہ جانا یا رہنا** (لازم) آبرو بچ جانا۔ عزت یا بات رہ جانا۔ **نوکِ زبان** (مونث) ۱ زبان کی نوک ۲ (تعف) زبانی۔ حفظ۔ ان معنوں میں بلا اضافت بھی استعمال ہوتا ہے۔ **نوکِ زبان کرنا** (متعدی) **ہونا یا رہنا** (لازم) حفظ ہونا۔ از بر ہونا۔ **نوکِ قلم** (مونث) قلم کا سرا۔ **نوکِ قلم پر آنا** (لازم) لکھا جانا۔ تحریر ہونا۔ **نوک کا** (صفت) وضع کا۔ آن بان کا۔ بانکپن کا۔ **نوک کی باتیں** (مونث) طعن و طنز کی باتیں۔ **نوک کی لینا** (متعدی) ۱ دون کی لینا۔ ڈینگ مارنا۔ فخریہ دعوے کرنا ۲ قابل فخر یا بڑھ کر کام کرنا ۳ وضعداری نباہنا۔ پاس وضع رکھنا۔ **نوک نشتر ہونا** (لازم) نشتر کی نوک کی چبھنا۔ سخت تکلیف دہ ہونا۔ **نوکیلا** (صفت) دیکھو نکیلا۔

نوکا (س۔ مونث) کشتی۔ چھوٹا جہاز۔

نوکر (ف۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو تنخواہ لیکر دوسرے کا کام کرے۔ ملازم ۲ خدمت گار۔ خادم۔ خدمت گزار۔ سیوک۔ **نوکرانی** (مونث) نوکر کی مونث۔ ملازمہ۔ خادمہ۔ ماما۔ اصیل۔ **نوکر چاکر** (مذکر) ملازمان۔ **نوکر رکھنا** (متعدی) تنخواہ پر ملازم مقرر کرنا۔ پیش خدمت رکھنا۔ **نوکرنی** (مونث) نوکرانی۔ **نوکر ہونا** (لازم) تنخواہ پر دوسرے کی خدمت کرنا۔ مشاہرے کے عوض تابع ہو جانا **نوکری** (مونث) ۱ ملازمت۔ چاکری۔ ڈیوٹی ۲ خدمت گزاری۔ ٹہل۔ سیوا۔ خدمت ۳ نوکر کا کام یا پیشہ ۴ تنخواہ۔ مشاہرہ ۵ کام جس پر کوئی آدمی تعینات کیا جائے۔ **نوکری بانٹنا** (متعدی) ۱ ہر ایک کی خدمت مقرر ہونا۔ ہر ایک کو کام پر تعینات کرنا ۲ تنخواہ تقسیم ہونا۔ **نوکری بجا لانا یا بجانا** (متعدی) خدمت انجام دینا۔ **نوکری بول جانا** (لازم) **بولنا** (متعدی) کام پر تعینات یا مامور ہونا۔ **نوکری پیشہ** (صفت) وہ جس کا پیشہ ملازمت ہو۔ نوکری کرکے کھانے والا۔ **نوکری تقسیم کرنا یا ہونا** (لازم) ہر ایک ملازم کا خاص خاص کام پر تعینات یا مامور ہونا۔ **نوکری چھوٹ جانا** (لازم) ملازمت سے برطرف ہو جانا۔ **نوکری چھوڑ دینا** (متعدی) ملازمت ترک کر دینا۔ استعفا دے دینا۔ **نوکری دینا** (متعدی) سپرد شدہ کام کو کرنا۔ فرض ملازمت ادا کرنا۔ کار متعلقہ بجا لانا۔ **نوکری سے اتارنا** (متعدی) موقوف کرنا۔ برطرف کر دینا۔ **نوکری سے لگ جانا** (لازم) ملازمت پانا۔ نوکر ہو جانا **نوکری کرنا** (متعدی) ملازمت کرنا۔ **نوکری لگ جانا یا ملنا** (لازم) نوکر ہو جانا۔ ملازم ہو جانا۔

امثال و اقوال۔ **نوکر آگے چاکر چاکر آگے نوکر۔** اس کے متعلق کہتے ہیں جو خود کام نہ کرے اور دوسروں کو کام کو کہے۔ **نوکر کو چاکر منڈوے کو آسارا** (ہ) دونوں فضول باتیں ہیں۔ منڈوا۔ جھونپڑی۔ آسارا۔ ڈیوڑھی **نوکر گوکر۔** نوکر کے مانند ہوتا ہے۔ **نوکر کو کیا عذر ہے۔** نوکر کو سوائے اطاعت کے اور کوئی عذر نہیں۔ **نوکر لائچور کے ہونٹ ملیں اور حق لیں۔** سست اور حرام خور نوکر کام نہیں کرتے اور تنخواہ مانگتے ہیں۔ لائچور اکبر کے زمانے کا ایک گویّا تھا۔ لوگ اسے یہ کہکر روپیہ دیتے تھے کہ یہ آپ کے ملازموں کے لئے ہے۔ ملازم اس پر اس سے اپنا حق مانگتے تھے۔ **نوکری ارنڈ کی جڑ ہے۔** نوکری پر بھروسہ نہیں کرنا چاہیئے۔ ارنڈ کی جڑ بہت کمزور ہوتی ہے **نوکری برطرف روزی برطرف۔** نوکری جاتی رہنے پر پریشان نہیں ہونا چاہیئے اور مل جائے گی۔ **نوکری بڑی کیمیا ہے۔** نوکری میں ہر وقت فائدہ ہے۔ کیمیا سے بہتر ہے **نوکری پیشہ کا گھر کیا۔ کبھی یہاں کبھی وہاں۔** چونکہ نوکری پیشہ کا تبادلہ اکثر ہوتا رہتا ہے۔ اس لئے وہ کہیں گھر نہیں بنا سکتا۔ اس کا گھر عارضی ہوتا ہے۔ **نوکری تاڑ کی چھاؤں۔** نوکری کا کوئی اعتبار نہیں کس وقت جاتی رہے **نوکری خالہ جی کا گھر نہیں۔** نوکری آسان کام نہیں اس میں پابندی بہت ہوتی ہے۔ **نوکری کی جڑ زبان پر ہے۔** نوکری کا کوئی اعتبار نہیں۔ مالک کس وقت برخاستگی کا حکم دیدے۔ **نوکری کی جڑ سوا گز اونچی ہے۔** نوکری کو قیام نہیں۔ **نوکری نت نئی!** نوکری میں ہر وقت نیا کام پڑتا ہے ۲ اس مالک کے متعلق بھی کہتے ہیں جو الٹے پلٹے حکم دے **نوکری نت نئی اچھی۔** پرانے نوکر کی قدر کم ہوتی ہے۔ **نوکری ہے یا بھائی بندی۔** جب نوکر درست کام نہ کرے تو کہتے ہیں۔

نوگرہی (ہ۔ مذکر) **نوگری** (ہ) ایک قسم کی پونہچی جس میں نو نگ یا جواہرات جڑے ہوتے ہیں۔

نوَل (ہ۔ مذکر) ۱ کشتی یا جہاز کا کرایہ

۲ حال کا کرایہ ۔

نَوَل (ھ ۔ مذکر) ۱ نیا ۔ تازہ ۲ جوان ۳ عجیب ۴ کمیاب ۵ خوبصورت ۶ (مذکر) چھوٹا درخت ۔ نیا پودہ ۔

نَوَل (ھ ۔ مذکر) ۱ چونچ ۲ ٹونٹی بوتل یا شیشے کی گردن ۔

نَوَلا (ھ ۔ مونث) خوبصورت اور جوان عورت ۔ سندری ۔ **نولی** (مونث) ۱ شباب کی تازگی ۲ شباب جوانی ۳ صفائی ۴ چمک دمک ۵ سرخی ۔

نَولیوار (ھ ۔ مذکر) مٹی جو سیلاب کے بعد طوفان چھوڑ جاتا ہے ۔

نَوم (ع ۔ مونث) ۱ نیند ۲ آرام ۳ سوا کا بند رہنا ۔

نَوَم (س ۔ عدد) نو ۔ **نومی** ۔ **نَومی** (ھ) ہندی قمری نصف مہینے کی نویں تاریخ ۔

مثل ۔ **نومی گوگا پیر مناؤں ۔ ناچرخے کو ہاتھ لگاؤں** ۔ مذر لنگ ۔

نومبر (انگ ۔ مذکر) سنہ عیسوی کا گیارھواں مہینہ ۔

نَومید (ف ۔ مذکر) ناامید کا مخفف ۔ مایوس ۔ **نومیدانہ** (تف) ناامید ہوکر ۔ **نومیدی** (مونث) ناامیدی ۔ مایوسی ۔

نَوَن (س ۔ عدد) ۱ نو ۲ (مذکر) تعریف کرنے کا فعل ۔

نُوَن (ھ) **نون** (لکھنؤ) **نون** (ھ ۔ مذکر) نمک ۔ **نون پانی ٹھیک ہونا** (لازم) ذائقہ درست ہونا ۔ **نون تیل** (مذکر) کنایتاً کھانے پینے کی چیزیں ۔ ضروریات زندگی **نونیا** (صفت) ۱ نمک بنانے والا ۲ (مذکر) ایک قسم کا ساگ ۔

امثال ۔ **نون والے کا نون گرا اس نے اٹھا لیا ۔ تیل والے کا تیل گرا تو کیا اٹھا لے گا** ۔ کسی کا نقصان تھوڑا ہوتا ہے کسی کا بہت ۔

نون والے کا نون گرا دونا ہوا تیلی کا تیل گرا دونا ہوا ۔ کسی کا بہت نقصان ہے ۔ کسی کا نقصان میں بھی فائدہ ہوتا ہے ۔

نُون (ھ ۔ مذکر) ۱ حرف ن کا تلفظ ۲ پنجاب کے راجپوتوں کی ایک قوم ۔ **نون غنّہ** (مذکر) وہ نون جو ناک میں بولا جاتا ہے ۔ یہ بغیر حرکت کے ہوتا ہے ۔ اور اگر علیحدہ لکھا جائے تو اس میں نقطہ نہیں لکھتے ۔ **نونِ قطنی** (مذکر) وہ چھوٹا نون جو عربی میں ساکن یا مشدد حرف سے پہلے تنوین والے حرف پر لکھا جاتا ہے ۔ **نونِ موسلے** (مذکر) ۱ نون جو لب لکھتے ہیں ۲ فرج ۔

نونارہ ۔ مذکر) ۱ وہ مٹی جو کھار یا نم ورے کے سبب دیواروں سے جھڑتی ہے ۲ ایک قسم کا شریفہ ۳ (ھ ۔ صفت) شور ۔ کھاری ۔ **نونا پانی** (ھ) دیکھو نون پانی ۔ **نونا چماری** (مونث) دیکھو لونا چماری ۔ **نونا لگنا** (لازم) کھار کی وجہ سے دیواروں سے مٹی جھڑنا ۔ **نونی** (مونث) دیکھو نونا ۲ مکھن جسکہ کیا گھی ۔ **نونی لگنا** (لازم) دیکھو نونا لگنا ۔ **نونی مٹی** (مونث) وہ مٹی جس میں شور ہو ۔

نُونا ۔ **نُونادہ** ۔ لازم) ۱ جھکنا ۲ خمیدہ ہونا ۳ متواضع ہونا ۴ ٹیڑھا ہونا ۔

نونا ۔ **نونا** (ھ ۔ متعدی) ۱ دودھ دوہنے کے وقت گائے کے پیر باندھ دینا ۲ (مذکر) وہ رسی جس سے پیر باندھتے ہیں ۔ نوی ۔ بنا ۔

نونچا (ھ ۔ مذکر) وہ زمین جس میں شور ہو ۔

نونچھار (ھ ۔ مذکر) **نونچی** (مونث) ایک قسم کا گھٹیا نمک ۔

نونہار (ھ ۔ مذکر) نمک بنانے والا ۔

نَونیت ۔ **نَونیتا** (ھ ۔ مذکر) تازہ مکھن ۔

نَونیر (ھ ۔ مذکر) مکھن ۔

نَووڈھا (ھ ۔ مونث) نئی دلہن ۔ نئی شادی شدہ عورت ۔

نووں (ھ ۔ صفت) نوکے نو ۔ سارے نو ۔ **نووں ندھی** (مونث) کوبیر کے نو خزانے ۔ **نووں یوگیشور** (مذکر) بھرت کے نو بیٹے ۱ کشیب ۲ ہری ۳ انترکش ۴ پربدھ ۵ پپلاین ۶ آیار ہوتر ۷ دریل ۸ چمس ۹ کربھاجن ۔

نوہ (ھ ۔ مذکر) ۱ ناخن ۲ چٹکی ۔

مثل ۔ **نوہ بھر کھایا تو کیا منہ بھر کھایا تو کھایا** ۔ کچھ مل تو گیا ۔ تھوڑا ہوا بہت ۔

نوی (ھ ۔ مونث) رسی جس سے گائے کے پاؤں دودھ دوہنے کے وقت باندھتے ہیں ۔

نَوّے (ھ ۔ عدد) دس کم سو ۔ ۹۰ ۔

ہے ۔

نَویبھاؤ (ھ ۔ مذکر) نیا یا جوان ہونا ۔ دوبارہ جوان ہونا ۔

نَوید ۔ **نَوِید** (ف ۔ مونث) ۱ خوشخبری ۔ بشارت ۔ مژدہ ۲ تقریب ۔ شادی ۳ تقریب میں شرکت کا پیام ۔ نوتہ (نویدن ۔ نیا ہونا) **نوید آنا** (لازم) خوشخبری آنا ۔

نَویدَن (س ۔ مذکر) ۱ اعلان ۔ بتانا ۔ عرض کرنا ۔ گزارش کرنا ۲ مشتہر کرنا ۔ شائع کرنا ۳ عرض ۔ گزارش ۔ درخواست ۴ مشتہری ۔ اشاعت ۔ ۵ ایڈریس خطبہ ۔

نِویس (ف ۔ صفت) لکھنے والا ۔ تحریر کرنے والا ۔ مرکبات میں جیسے خوشنویس (نوشتن ۔ لکھنا) **نویسندہ** (صفت) محرر ۔ لکھنے والا **نویسی** (مونث) لکھنے کا کام یا پیشہ ۔ محرری ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے نقل نویسی ۔

مثل ۔ **نویسندہ داند کہ در نامہ چیست** ۔ لکھنے والا جانتا ہے کہ خط میں کیا ہے ۔

نَویل (اردو ۔ مونث) نوید کا مخرب دیکھو نوید (ف) ۔

نَویلا (ھ ۔ صفت مذکر) **نَویلی** (مونث) ۱ نئی ۔ تازہ ۔ جدید ۲ انوکھی ۔ عجیب ۔ نرالی ۳ البیلی ۔ بانکی ۴ نوعمر ۔ اچھوتی ۔ کنواری ۔ اردو میں نیا اور نئی کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں ۔

نِویں (ف ۔ مذکر) شاہزادہ یا امیر زادہ ۔

نَویں (س ۔ صفت) ۱ دیکھو نیا ۔ ۲ ابجد خواں ۔ مبتدی ۔ **نویو ستھا** (مونث) جوانی ۔ نوعمری ۔

نَہ (ف ۔ تف) ۱ نہیں ۔ مت ۔ حرف انکار ۲ کیوں نہیں ۳ یہ لفظ مفصلہ ذیل جگہ بھی استعمال ہوتا ہے ۔
(الف) تاکید کلام کے لئے ۔ جیسے نہ ہوا پر نہ ہوا میر کا انداز نصیب
(ب) افضلیت کے لئے ۔
(ج) دو چیزوں کی نفی کے لئے دوسری کے ساتھ جیسے یہ نہ وہ
(د) بطور حرف عطف ۔
(ہ) زائد ۔
۴ مفصلہ ذیل موقعوں پر استعمال نہیں ہوتا (الف) ہے کے ساتھ ۲ کہ سے پہلے ۔ **نہ آؤ دیکھا نہ تاؤ** ۔ بغیر سوچے

سمجھے فوراً کردیا۔ **نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔** بیکار۔ فضول۔ نکما۔ کسی کام کا نہیں۔ **نہ بچنا** (لازم) ۱ جانبر نہ ہونا۔ مرجانا ۲ محفوظ نہ رہنا۔ **نہ بولا جانا** (لازم) کمزوری یا ناتوانی کی وجہ سے گفتگو نہ کرسکنا۔ **نہ پانا** (لازم) برابری نہ کرسکنا۔ **نہ پوچھنا** (متعدی) بیقدری ہونا۔ **نہ پوچھو بیان سے باہر ہے۔** قابلِ بیان نہیں۔ ذکر کے قابل نہیں۔ **نہ جانے** (محاورہ) معلوم نہیں۔ میں نہیں جانتا۔ **نہ خدا کا دیدار نہ محمد کی شفاعت** (خاوہ دینداری کا تذکرہ نہ ہونا۔ **نہ دیکھ سکنا** (لازم) ۱ برداشت نہ کرسکنا ۲ کسی کی اچھی بات کو دیکھکر حسد کرنا۔ **نہ رہا جانا** (لازم) ۱ رک نہ سکنا ۲ برداشت نہ ہونا ۳ چین نہ ہونا۔ **نہ سہی۔** نہ ہو تو کوئی مضائقہ نہیں۔ **نہ لکھا نہ پڑھا** (صفت) جاہل بےعلم۔ **نہ لینا نہ دینا۔** کچھ فائدہ یا نقصان نہ ہونا۔ کچھ حاصل نہ حصول۔ **نہ معلوم۔** خدا جانے۔ **نہ ہونا** (لازم) ۱ موجود نہ ہونا ۲ ہونا کے تمام معنوں میں نفی کے ساتھ۔ **نہ۔۔ نہ** (حرفِ ربط) دو چیزوں کے نہ موجود ہونے کو ظاہر کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

امثال و اقوال

نہ آں کار می کنم نہ ایں کار می کنم۔ نہ یہ کام کروں گا نہ وہ کام کروں گا۔ **نہ اَللّذی نہ اُللّذی۔ نہ اِلّے (اِلّا) الّذی۔ نہ اُلّے (اُلّا) الّذی۔** نہ ادھر کا نہ ادھر کا۔ کسی مصرف کا نہیں۔ ناکارہ۔ **نہ اپنی خوشی (سے) آئے نہ اپنی خوشی چلے۔** اپنی مجبوری ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **نہ اساڑھ سوکھے نہ ساون ہرے۔** صلح کل۔ ہر وقت یکساں۔ **نہ انکار می کنم نہ ایں کار می کنم۔** کام سے انکار تو نہیں کرتا۔ مگر کرتا بھی نہیں۔ **نہ ایک ہنستا بھلا نہ ایک روتا بھلا۔** تنہا کوئی کام کرنا اچھا نہیں۔ **نہ اینٹ ڈالئے نہ چھینٹ کھائیے** ۱ نہ کسی کو برا کہو نہ کسی سے برا سنو ۲ بدمعاش کو چھیڑنا اپنی بےحرمتی ہے۔ **نہ باسی بچے نہ کتا کھائے** نہ زیادہ ہوگا نہ ضائع ہوگا۔ **نہ بر تو قہر نرم را تیز تیغ۔** نرمی کرنے والے کو کوئی نقصان نہیں پہونچاتا **نہ بکے نہ راستہ چھوڑے۔** ہر طرح سے زچ کرنا

نہ بولی نہ بولی۔ بولی تو ایک پتھر کھینچ مارا۔ بدمزاج عورت کے متعلق کہتے ہیں۔ **نہ بی بی نہ پیر**

جھکتا بیر۔ پہلے ان کو دو پھر کسی کو دینا۔ جب کوئی فقیر بہت تنگ کرے تو کہتی ہیں۔ **نہ پانی کے اوپر نہ پانی کے نیچے** (عو) الٹی سمجھ والے کے متعلق کہتی ہیں۔ **نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن۔** سخت مجبوری۔ **نہ تنہا عشق از دیدار خیزد۔ بسا کیں دولت از گفتار خیزد۔** عشق صرف دیکھنے ہی سے نہیں پیدا ہوتا۔ اکثر یہ دولت گفتگو سے بھی حاصل ہوجاتی ہے۔ **نہ تیل تلی نہ اوپر پلی۔** بہت کم بنے کے متعلق کہتے ہیں۔ **نہ جاڑے دھوپ نہ گرمی چھاؤں** (عو) ناکارہ اور خراب جگہ کے متعلق استعمال کرتی ہیں۔ **نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن** سخت مجبوری ہے۔ **نہ جلنتی نہ ڈھنڈول بجتا** (عو) برے آدمی کے متعلق کہتے ہیں کہ نہ اس کی ماں اسے جنتی نہ اتنی رسوائی ہوتی۔ **نہ جلنے کی شادی نہ مرنے کا غم۔** کسی بات کی پروا نہیں۔ کسی قسم کی اُمنگ باقی نہیں۔ **نہ چڑھے گا نہ گرے گا** ۱ نہ ترقی کرے گا نہ زوال ہوگا ۲ ایسا کام کیوں کرے جس میں نقصان ہو۔ **نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم نہ اِدھر کے ہوئے نہ اُدھر رہے۔** ایسا کام کیا گیا کہ ہر طرح نقصان رہا۔ **نہ دوڑ چلو نہ گر پڑو۔ نہ دوڑی چلیں گے نہ ٹھس لگے گی** (پوربی) نہ جلدی کرو نہ نقصان اٹھاؤ۔ **نہ دھوبی کو اور پردہن۔ نہ گدھے اور کسان۔** نہ آقا کو دوسرا نوکر میسر نہ نوکر کو دوسرا آقا نصیب۔ **نہ روئے رہائی نہ راہو گریز۔ نہ روئے ماندن نہ راہے رفتن۔** بچاؤ کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ **نہ رہے بانس نہ باجے بانسلی۔ نہ رہے گا بانس نہ بجے گی بانسلی۔** جب چیز ہی نہ ہوگی تو جھگڑا کیوں ہوگا **نہ رہے مان نہ رہے منی۔** آخر دنیا فنا فنی نہ آدمی کا غرور رہتا ہے نہ شیخی آخر کو مرجاتا ہے۔ **نہ سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے۔** اس طرح کام نکلے کہ کسی کو نقصان نہ پہنچے۔ نقصان کے بغیر کام بن جائے۔ **نہ ساون سوکھے نہ بھادوں ہرے** ہر حالت میں یکساں ہیں۔ **نہ سُدھ بُدھ کی لی اور نہ منگل کی لی۔** اچھا برا شگون نہ دیکھا۔ **نہ سوپ دوسے جوگ۔ نہ چھلنی سراہے جوگ** (عو) سب چیزیں نکمی ہیں۔ سب خراب ہیں۔ **نہ صبر در دلِ عاشق نہ آب در غربال** گلستان سعدی کے ایک شعر کا مصرع ہے۔ کہ عاشق کے دل کو صبر نہیں ہوتا نہ پانی

چھلنی میں رہتا ہے۔ بےصبری اور بےچینی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **نہ کاٹے کٹے نہ مارے مرے۔ نہ کارے نہ مثلے۔** بیکار جو کسی کام کا نہ ہو۔ **نہ کتا دیکھے گا نہ بھونکے گا۔** دشمن کے سامنے نہیں جانا چاہیئے۔ نہ اس کے سامنے جاؤ گے نہ اس کے منہ سے کچھ سنو گے۔ **نہ کوئی آتا تھا نہ کوئی جاتا تھا۔ نہ کوئی گود میں لیکر مجھے سلاتا تھا۔** کہتے ہیں کہ ایک شخص سفر کو گیا۔ اس کی غیرحاضری میں اس کی عورت کا ایک آشنا اس کے پاس آتا رہا۔ اس کے چھوٹے بچے نے پوچھا یہ کون ہے تو عورت نے اس کا نام نہ کوئی بتایا۔ سو باپ نے سفر سے واپس آکر بچے سے پوچھا کہ کون گھر آتا رہا تو بچے نے یہ جواب دیا اور اس کی تسلی ہوگئی **نہ کہو نہ سنو** ۱ نہ کسی کو برا کہو نہ اس سے برا سنو ۲ نہ بولو نہ چالو **نہ گاڑی بھر آشنائی نہ جو بھر ناتا۔** کوئی تعلق نہ رشتہ نہ دوستی کا۔ **نہ گائے کے تھن نہ کسان (کسائیں) کے کہنڈا۔** دونوں مفلس ہیں۔ **نہ گندی گلی جائے نہ کتا کاٹے۔** نہ بُرے سے چھیڑ چھاڑ کرے نہ ذلت اٹھائے۔ **نہ گندمیں اینٹ ڈالے نہ چھینٹ کھائیے۔ نہ گوہ میں اینٹ (ڈھیلا) ڈالو نہ چھینٹیں پڑیں** نہ بروں سے میل جول رکھو نہ تم پر حرف آئے۔ **نہ لکھا نہ پڑھا۔** بالکل جاہل۔ **نہ مارے مرے نہ کاٹے کٹے** ۱ جو مصیبت کسی طرح رفع نہ ہو اس کے متعلق کہتے ہیں ۲ بہت مضبوط چیز کے متعلق بھی کہتے ہیں۔ **نہ محقق شد نہ دانشمند۔ چار پائے برو کتابے چند۔** تعلیم بغیر تربیت کے اس طرح ہے جیسے چار پائے پر چند کتابیں لدی ہوئی۔ **نہ منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے۔** اس کی نسبت کہتے ہیں جو بالکل خاموش ہو۔ **نہ منہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت۔** نہایت بوڑھے کے متعلق کہتے ہیں۔ **نہ میں جلاؤں تیری نہ تو جلا میری۔** نہ میں تیرا نقصان کروں نہ تو میرا کر۔ عورتیں صلح ہوجانے پر کہتی ہیں **نہ میں دوں نہ خدا دے۔** اس کے متعلق کہتے ہیں جو نہ خود فائدہ پہونچائے نہ فائدہ پہنچنے دے۔ **نہ میں کہوں تیری نہ تو کہہ میری۔** نہ میں تجھے برا کہوں نہ تو میرے متعلق کوئی بری بات کہہ۔ **نہ نام لیوا نہ پانی دیوا۔** وہ جس کا کوئی آگے پیچھے نہ ہو۔ **نہ نگلے بنتی ہے نہ اُگلے۔** دونوں طرح خرابی ہے۔ نہ کرتے ہی بن آتی ہے نہ چھوڑتے ہی۔ اسوقت

کہتے ہیں جب کسی کام کے کرنے اور نہ کرنے میں دقت ہو۔ **نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی۔** کسی کام میں ایسی شرطیں لگانا کہ وہ ہو ہی نہ سکے۔ **نہ ہر جائے مرکب تواں تاختن کہ جاہا سپر باید انداختن۔** ہر جگہ سختی سے کام نہیں نکلتا۔ **نہ ہر چہ بہ قامت مہتر بہ قیمت بہتر۔ نہ ہر زن زن است۔ نہ ہر سر نہ کھڑ کھڑ** (الا اللہ خیر صلا) کسی قسم کا جھگڑا بکھیڑا نہیں۔ **نہ ہلدی لگے نہ پھٹکری رنگ چوکھا آئے** (کچھ خرچ نہ ہو مگر فائدہ خوب ہو۔ نہ ہو سکے۔ تین امثال۔

نَہ (ھ۔ مذکر) ۱ ناخن ۲ پنجہ۔ **نہ لینا** (متعدی) کھنڈ کر کھانا۔

نَہ (ف۔ حرف) اسمائے ساتھ آکر صفت بناتا ہے۔ جیسے مردانہ۔ زنانہ۔

نِہ (ف۔ امر) نہادن سے ۱ رکھ ۲ (صفت) رکھنے والا مرکبات میں۔ جیسے مرہم نہ۔

نُہ (ف۔ عدد) نو۔ ایک کم دس۔

نَہا (ہ۔ امر) نہانا کا۔ **نہان** (امر) ۱ غسل۔ اشنان (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ وہ غسل جو چھٹی یا چلے کو ہوتا ہے ۳ کبوتر کو نہلانا کہ جوئیں مر جائیں۔ **نہان کا میلا** (مذکر) ہندوؤں کا وہ میلا جو نہانے کے واسطے ہو۔ **نہانا** (متعدی) کل جسم کو پانی سے دھونا۔ اشنان کرنا۔ غسل کرنا۔ **نہانا دھونا** (متعدی) غسل کرنا۔ **نہانے کی حاجت ہونا** (لازم) احتلام یا جماع کی وجہ سے نہانے کی ضرورت ہونا۔ **نہانی ہونا** (ہ) ۱ عورت کو احتلام ہونا ۲ کپڑوں سے ہونا۔

امثال و اقوال۔ نہا کر کھاوے کھا کر سوئے۔ اس کو اوسک کبھی نہ ہوئے۔ جو شخص نہانے کے بعد کھانا کھائے اور کھانا کھا کر سوئے وہ کبھی بیمار نہیں ہوتا۔ **نہان میں چکی را ہے کا کیا کام** بے محل کام پر بولتے ہیں۔ **نہائے نرک کو جائے۔ منہ دھوئے روزی کھوئے۔** طنزاً اس شخص کو کہتے ہیں جو نہانے دھونے سے پرہیز کرے۔ **نہائی دھوئی پھسل پڑی۔** تیار ہو کر رہ جانے کے موقع پر کہتے ہیں۔

نِہاٹ (ھ۔ امر) ۱ نہاٹنا کا ۲ (مونث) فرار۔ گریز۔ بھاگڑ۔ **نہاٹا** (ماضی) نہاٹنا کی۔ **نہاٹا بھاگی یا نہاٹی** (مونث) گریز۔ فرار۔ سب کا بھاگ جانا۔ **نہاٹنا** (لازم) ۱ بھاگ جانا۔ دوڑ جانا ۲ غالب ہو جانا۔ چت پٹ ہو جانا ۳ مفرور ہونا۔ **نہاٹو** (صفت) بھاگ جانے والا۔ مفرور۔

نِہاد (ف۔ مونث) ۱ طبیعت۔ خصلت۔ طینت۔ سرشت ۲ پیدائش۔ خلقت ۳ اصل بنیاد۔ جڑ ۴ باطن۔ دل ۵ مرکبات میں جیسے نام نہاد۔

نَہار (ع۔ مذکر) ۱ دن ۲ روشنی پھیلنا (نہر۔ بہنا)

نِہار (ف۔ مذکر) **نہار** (ھ) ۱ تھوڑا سا کھانا جو صبح کو کھائیں ۲ (صفت) بھوکا جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو (س اُن۔ اناج اہار۔ کھانا) **نہار توڑنا** (متعدی) ناشتا کرنا۔ صبح کو کچھ کھانا۔ **نہار رہنا** (لازم) صبح سے بغیر کھائے رہنا۔ **نہار منہ** (صفت) وہ جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو۔ **نہار منہ پانی پینا** (متعدی) صبح کو بغیر کچھ کھائے پانی پی لینا۔ یہ صحت کے لئے خراب سمجھا جاتا ہے۔ **نہار منہ نام نہ لینا** (متعدی) بغیر کچھ کھائے کسی منحوس آدمی کا ذکر نہ کرنا۔ کہتے ہیں کہ اس طرح سارا دن کچھ کھانے کو نہیں ملتا۔ **نہاری** (مونث) ۱ تھوڑا سا کھانا جو صبح کو کھاتے ہیں۔ ناشتہ ۲ ایک قسم کا سالن جو صبح کو خمیری روٹی کے ساتھ کھاتے ہیں ۳ گڑ چنے کا آٹا وغیرہ جو گھوڑوں کو سفر کرنے کے بعد یا سفر کے دوران میں دیتے ہیں ۴ کاسنے دار دانہ۔ **نہاری دینا** (متعدی) گھوڑے کو نہاری کھلانا۔ **نہاری کھانا** (متعدی) ناشتہ کرنا۔ **نہاری والا** (صفت) وہ شخص جو نہاری بیچے۔

نُہار (س۔ مذکر) ایک قسم کا لمبا کپڑا۔ نارو۔

نِہارنا (ھ۔ متعدی) ۱ غور سے دیکھنا۔ نظر ڈالنا ۲ خیال رکھنا۔ حفاظت کرنا ۳ مخبری کرنا۔

نَہارو (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو نہار (س) ۲ شیر ۳ تیندوے کا ٹکڑا۔

نہاروا (ھ۔ مذکر) دیکھو نہار (س)

نہاسا (اردو۔ مذکر) اینٹوں کا فرش (کمہاروں کی اصطلاح)

نہاکا (س۔ مونث) مگرمچھ گھڑیال۔

نِہال (ہ۔ صفت) ۱ خوش و خرم۔ خوش۔ شاد ۲ مالا مال۔ خوشحال ۳ بامراد۔ کامیاب ۴ امیر۔ دولت مند ۵ بہت۔ بافراط۔ وہ شخص جو غربت سے ترقی کر کے امیر ہو جائے (س سنہہ۔ چکناہٹ۔ آل۔ والا) **نہال کر دینا۔ کرنا** (متعدی) **ہو جانا۔ ہونا** (لازم) ۱ خوش ہونا ۲ کامیاب ہونا۔ مالا مال ہونا ۳ طنزاً۔ ناخوش ہونا۔

نِہال (ف۔ مذکر) ۱ پودا۔ تازہ لگا ہوا پودا۔ چھوٹا درخت ۲ توشک۔ بستر۔ گدا۔ **نہالچہ** (مذکر) بچے کا بستر۔ **نہالی** (مونث) روئی دار بستر۔ توشک۔

نِہالی (ھ۔ مونث) اہرن۔ نہائی۔

نِہاں (ف۔ صفت) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ **نہاں خانہ** (مذکر) مخفی یا خفیہ کمرا۔ **نہاں رکھنا** (متعدی) خفیہ رکھنا۔ پوشیدہ رکھنا۔ **نہانی** (صفت) پوشیدہ۔ مخفی۔ مرکبات میں جیسے اندام نہانی۔

مثل۔ نہاں کے ماند آں رازے کز و سازند محفلہا۔ جس راز سے بہت آدمی واقف ہوں وہ نہیں چھپتا۔

نِہانا (ہ۔ متعدی) گائے بھینس وغیرہ کی ٹانگیں دودھ دوہنے کے وقت باندھ دینا (دینا کے ساتھ)

نِہانی (ہ۔ مونث) وہ اوزار جس سے ناخن کاٹتے ہیں۔

نِہائی (ہ۔ مونث) وہ اوزار جس پر لوہار رکھ کر کوٹتے ہیں۔ اہرن۔ سندان۔

نِہایت (ع۔ مونث) ۱ حد۔ انجام۔ انتہا ۲ (تف) بہت۔ بعید۔ بے انتہا (نہی۔ پہنچنا) **نہایت اچھا** (صفت) بہت اچھا۔ بعید اچھا۔ **نہایت برا** (صفت) بعید برا۔ بہت برا۔ **نہایت تنگ کرنا** (متعدی) بہت ستانا۔ **نہایت چھوٹا** (صفت) ذرا سا۔ ننھا سا۔ **نہایت کے درجے** (تف) حد درجے تک۔ آخر کار۔ **نہایت نہ رکھنا** (متعدی) انتہا نہ رکھنا۔ بعید ہونا۔

نہتّا۔ نہتھّا (ہ۔ صفت)

نہتیا (ہ) وہ جس کے ہاتھ میں لاٹھی یا کوئی ہتھیار نہ ہو۔ خالی (س نزہرست چھوٹا ہونا)

نُہتّا (ہ۔ مذکر) وہ نشان جو ناخن یا پنجے کے گڑنے سے یا ناخن سے کھجانے سے پڑ جاتا ہے۔ (س نکھ۔ ناخن) **نہٹی** (مونث) ناخن کاٹنے کا آلہ۔ نہرنا۔ **نہٹے مارنا** (متعدی) ناخن مارنا۔ خراش ڈالنا۔ ناخن سے زخمی کرنا۔

نہج (ع۔ مذکر) ۱ طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ قاعدہ ۲ رستہ۔ راہ (نَہَجَ۔ رستہ دکھانا)

نہد (ف۔ مضارع) نہادن کا۔

مثل۔ نہد شاخ پر میوہ سر برزمیں۔ لیاقت والے فروتنی اور تواضع کرتے ہیں۔

نہر (ع۔ مونث) ۱ دریا۔ نالہ۔ ندی ۲ وہ پانی کی بڑی نالی جو دریا جھیل وغیرہ سے آبپاشی کے لئے نکالتے ہیں۔ اونچی زمین میں کھودتے ہیں اور نیچی زمین پر مٹی ڈالکر بناتے ہیں (نَہَرَ۔ بہنا) **نہر بنانا۔ کاٹنا کھودنا یا نکالنا** (متعدی) **بننا۔ کٹنا۔ کھدنا۔ نکلنا** (لازم) **بنوانا کٹوانا کھدوانا یا نکلوانا** (م) دریا یا جھیل سے نہر نکلوانا۔ **نہر بٹائی** (مونث) نہر کی آبپاشی۔ **نہر توڑ دینا یا توڑنا** (متعدی) نہر کا کنارہ کھود کر پانی ضائع کر دینا۔ **نہر ٹوٹ جانا** (لازم) نہر میں سوراخ ہوکر پانی ضائع ہو جانا۔ **نہر توڑ لینا** (متعدی) نہر توڑ کر پانی اپنے کھیت میں لگا لینا۔ **نہر کا بنگلہ** (مذکر) وہ مکان جو نہر کے کنارے پر افسروں کے ٹھہرنے کے لئے بناتے ہیں۔ **نہر کا پانی** (مذکر) وہ پانی جو نہر کے ذریعے کھیتوں وغیرہ میں پہونچے (لگانا لگنا کے ساتھ) **نہر کا پٹواری** (صفت) ایک قسم کا پٹواری جو نہر کے محکمہ میں ملازم ہوتا ہے اور نہر کی آبپاشی کی پڑتال کرتا ہے۔ **نہر کا پل** (مذکر) وہ پل جو نہر پر بنا ہوا ہو۔ **نہر کا محکمہ** (مذکر) وہ محکمہ جو نہریں بنواتا اور ان کا انتظام کرتا ہے۔ **نہر کا ہیڈ** (مذکر) وہ مقام جہاں سے نہر نکالی جاتی ہے۔ یہاں عموماً دریا میں بند لگا کر پانی روکتے ہیں۔ اور پھر نہر کے دہانے سے وہ نہر میں چلا جاتا ہے **نہر کی آبپاشی** (مونث) نہروں کے ذریعے کھیتوں میں پانی دینا۔ **نہر کی بندی** (مونث) نہر کا پانی بند کر دینا۔ لوگوں کو نہر سے پانی نہ لینے دینا۔ **نہر کی سڑک** (مونث) وہ سڑک جو نہر کے کنارے پر افسران سرکار کے سفر کرنے کے لئے بنائی جاتی ہے عام لوگوں کو اس پر جانے کی اجازت نہیں ہوتی۔ **نہر کی شاخ** (مونث) چھوٹی نہر جو بڑی نہر سے نکالی جائے۔ **نہری** (صفت) ۱ نہر کے متعلق۔ نہر سے منسوب ۲ وہ (زمین) جو نہر کے پانی سے سیراب کی جائے

نہریں (مونث) ۱ دو نہریں ۲ دو دریا ۳ دجلہ و فرات۔

نہرنا (ہ۔ مذکر) ناخنگیر۔ ناخن تراشنے کا آلہ (س۔ ناخن + ہرن۔ کاٹنا)

نہڑنا (ہ۔ لازم) ۱ جھکنا۔ خم ہونا ۲ متواضع ہونا۔

نہُڑانا (ہ۔ متعدی) ۱ خم کرنا۔ کج کرنا۔ کسی چیز کو جھکانا (س نم۔ ٹیڑھا ہونا) **نہڑنا** (متعدی) ۱ خم ہونا۔ ٹیڑھا ہونا ۲ تعظیم کیلیے جھکنا۔

نہرنی (مونث) چھوٹا ناخنگیر

نہضت (ع۔ مونث) ۱ روانہ ہونا۔ رخصت ہونا ۲ کوچ۔ روانگی۔ (نَہَضَ۔ اٹھنا) **نہضت فرما ہونا** (لازم) **کرنا** (متعدی) جانا رخصت ہونا۔ روانہ ہونا۔

نہفتگی (ف۔ مونث) چھپنا۔ پوشیدہ ہونا (نہفتن۔ چھپنا) **نہفتہ** (صفت) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔

نہک (ع۔ صفت) دبلا۔ پتلا۔ سنمی۔

نہلا (ہ۔ امر) نہلانا کا۔ **نہلا دینا نہلانا** (متعدی) ۱ غسل دینا۔ کسی کے سارے بدن کو دھوڈالنا ۲ مردے کو غسل دینا ۳ کسی مائع میں ڈبو دینا (نہانا کا متعدی) **نہلانا دھلانا** (متعدی) اچھی طرح نہلانا۔ **نہلائی** (مونث) ۱ غسل کرائی ۲ نہلانے کی اجرت۔

نہلا (ہ۔ مذکر) تاش یا گنجفہ کا وہ پتا جس پر نو نشان ہوتے ہیں۔

نہلزم (انگ۔ مذکر) ایک اصول کہ دنیا میں ہر حکومت خراب ہے اور اس کو برباد کر دینا چاہیئے۔

نہلسٹ (انگ۔ مذکر) روسی انقلاب پسندوں کا ایک فرقہ جو انقلاب کے لئے تشدد کا حامی ہے۔

نہلوانا (ہ۔ م) نہلانا کا۔

نہم (ف۔ صفت) نواں۔

نہن (ہ۔ مونث) ناہن۔

نہنا (ہ۔ متعدی) ۱ باندھنا ۲ (لازم) بہنا۔

نہنگ (ہ۔ مذکر) ۱ مگرمچھ۔ گھڑیال ۲ سکھوں کا ایک فرقہ جو بہت اونچی پگڑی باندھتا ہے اور نیلا یا سیاہ کپڑے پہنتا ہے **نہنگِ اجل** (مذکر) نہنگ کا اجل سے استعارہ کرتے ہیں۔ مجازاً ملک الموت۔ **نہنگِ اجل کا شکار ہونا** (لازم) مرجانا۔

نہنگ (ہ۔ صفت) ننگا کا مغرب ۱ ننگا۔ برہنہ ۲ آزاد۔ لاپروا۔ **نہنگ لاڈلا** (صفت) لاپروا بچہ یا شخص۔ **نہنگ ہے** تن تنہا ہے۔ کچھ نہیں رکھتا۔

مثل۔ نہنگ لاڈلا سدا سکھی۔ لاپروا بہت خوش رہتے ہیں۔

نہنواد (ہ۔ مذکر) بچہ۔ طفل۔

نہنی (ہ۔ مونث) ۱ نہرنی ۲ ایک اوزار جس سے برتنوں کو کھرچ کر صاف کرتے ہیں۔

نہُوا (ہ۔ ماضی) نہ ہوا کا مخفف۔ **نہوا پر نہوا۔** کسی طور سے نہ ہوا۔ ہرگز نہ ہوا۔

نہوت (ہ۔ مونث) مفلسی۔ غریبی۔ افلاس۔ تنگدستی۔

نہور (ہ) **نہورا۔ نہوڑا** (ہ۔ مذکر) ۱ خوشامد۔ منت ۲ احسان۔ منت ۳ تعلق۔ علاقہ ۴ مروت ۵ قرضہ۔ **نہورا اتارنا یا کرنا** (متعدی) ۱ منت کرنا۔ خوشامد کرنا ۲ احسان رکھنا ۳ احسانات یاد دلانا۔ **نہورا ماننا** (متعدی) احسان ماننا۔ شکرگزار ہونا۔ **نہوڑی** (مونث) ۱ خوشامد۔ منت ۲ نخرہ۔ **نہوڑی نہیں کھاتی۔** نخرہ نہیں بھاتا۔

نہورانا۔ نہوڑانا **نہورنا۔ نہوڑنا** (متعدی) ۱ جھکانا۔ خمیدہ کرنا ۲ مطیع بنانا۔ فرماں بردار بنانا۔

نہی (ع۔ مونث) ۱ روک۔ ممانعت ۲ وہ حکم جو کسی کام کو روکنے کے لئے دیں (نَہیٰ۔ روکنا) **نہی عن المنکر۔** ان چیزوں سے روکنا جن کی شرع

مبالغت ہے۔
نَہِیب۔ نَہَیب (ع۔ مذکر) ۱۔ ڈر۔ خوف۔ ہیبت۔ دہشت ۲۔ عظمت۔ شوکت ۳۔ لوٹ۔ مال غنیمت (نہب۔ لوٹنا) **نہیب شمشیر** (مذکر) تلوار کا ڈر۔ **نہیب شمشیر سے کانپنا** (مذکر) تلوار کے ڈر سے تھرانا۔ کسی بادشاہ کی ہیبت اور عظمت کو ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔

نَہیں (ہ۔ حرف نفی) ۱۔ نہ۔ مت ۲۔ (حرف شرط) ورنہ۔ وگرنہ ۳۔ باشبہ۔ تاکید کے لئے ۴۔ (مذکر) انکار۔ **نہیں تو** (لف) ورنہ۔ **نہیں سہی** (لف) کچھ ڈر نہیں۔ کیا ڈر ہے ۲۔ انکار سہی۔ **نہیں کرنا** (متعدی) انکار کرنا۔ **نہیں معلوم** ۱۔ علم نہیں ۲۔ خدا جانے۔ **نہیں نہیں** (لف) ہرگز نہیں۔ نہیں کی تاکید۔ **نہیں نہیں کرنا** (متعدی) بالکل انکار کرنا۔

نئی (ہ۔ صفت مونث) دیکھو نیا۔
نئے (صفت) ۱۔ نیا کی جمع ۲۔ بجائے نیا حرف مغیرہ کے بعد۔ **نئی ادسنتھا** (مونث) نوعمری۔ کم سنی۔ **نئی بات** (مونث) ۱۔ انوکھی یا عجیب بات ۲۔ وہ بات جو آگے کبھی نہ سنی ہو پیدا کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **نئی بات کہنا** (متعدی) لطیفہ کہنا۔ عجب بات کہنا۔ **نئی بات نکالنا** (متعدی) انوکھی یا جدید بات پیدا کرنا۔ **نئے بگڑے** (صفت) وہ جنہوں نے حال ہی میں عیاشی شروع کی ہو۔ **نئے پنج** (صفت) پانچویں سال لگا ہوا (گھوڑا) **نئی پود** (مونث) نئی وضع کے نوجوان۔ نوجوان۔ **نئے جنم سے** (لف) دوبارہ۔ پھر سے۔ **نئی جوانی** (مونث) آغاز جوانی جوانی کی ابتدا۔ **نئی جوتی پہننا** (متعدی) نئی شادی کرنا۔ **نئی چال** (مونث) ۱۔ شرارت کی بات ۲۔ نئی رسم۔ **نئی چیز** (مونث) ۱۔ نیا گیت ۲۔ نئی بات ۳۔ جدید چیز۔ **نئی دولت** (مونث) وہ دولت جو حال ہی میں ملی ہو۔ **نئی دنیا** (مونث) ۱۔ امریکہ ۲۔ نیا عالم عجیب کیفیت ۳۔ نئی آبادی۔ موجودہ لوگوں کے علاوہ اور لوگ۔ **نئی دنیا دیکھنا** (متعدی) نئی نئی باتیں ملاحظہ کرنا۔ **نئی رسم** (مونث) وہ رسم جو نئی شروع ہوئی ہو پہلے نہ ہو۔ **نئی روح پھونکنا** (متعدی) رونق پیدا کرنا۔ **نئی روشنی** (مونث) تہذیب جدید **نئے سر (سرے) سے** (لف) شروع سے ۲۔ ازسرنو۔ ابتدا سے۔ دوبارہ۔ **نئے سرے سے جنم پانا یا لینا** (متعدی) مرتے مرتے بچنا۔ سخت بیماری یا خطرے سے بچنا۔ دوبارہ زندگی پانا۔ **نئی سوجھی**۔ انوکھی بات سوجھی۔ **نئی سیر** (مونث) عجیب تماشا۔ نیا لطف۔ **نئی شاخ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) دیکھو شاخ لگانا و لگنا۔ **نئی کہنا** (متعدی) انوکھی بات زبان سے نکالنا۔ **نئے لغت بولنا** (متعدی) ایسی باتیں کرنا جو سمجھ میں نہ آئیں۔ **نئی کھیپ** (مونث) نوخیز نوجیاں۔ **نئی نویلی** (مونث) چندروز کی بیاہی ہوئی۔ **نئے نئے** (صفت) عجیب عجیب۔ انوکھے **نئے نئے رنگ دکھانا** (متعدی) نیرنگیاں ظاہر کرنا۔ عجیب عجیب حالتیں بدلنا۔ **نئے نئے سوانگ لانا** (متعدی) نئی نئی شکلیں بدلنا۔

امثال واقوال ۔ **نئے باورچی ساگ میں شوربا**۔ اناڑی کام خراب کرتا ہے۔ **نئی بستی اور رنڈی کا پھلیل**۔ بے وقعت چیز کے متعلق کہتے ہیں۔ **نئی بہو مانٹ کا لہنگا**۔ نئے شوقین کی ہر بات نرالی ہوتی ہے۔ **نئی بہو لُوٹن گروی**۔ بہو کے آتے مفلسی چھائی۔ **نئی تیلن کاٹھ کا پلّہ** ۱۔ بے تمیز اترانے والے کی نسبت کہتے ہیں ۲۔ جب کوئی شخص کسی کام کو دیکھنا شروع کرے اور سامان درست نہ ہو تو بھی کہتے ہیں۔ **نئی جوانی مانجھا ڈھیلا**۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو باوجود جوان ہونے کے سست اور کم ہمت ہو۔ **نئی جوانی حماقت کی نشانی**۔ جوانی میں بہت سے کام بیوقوفی کے ہوتے ہیں۔ **نئی جوگن کاٹھ کی مندرے** دیکھو نئی تیلن۔ **نئے سپاہی مونچھ میں ڈنڈا**۔ کسی بات پر اترانا۔ **نئے سر سے پانی جوئے۔ آدھی رات سراون ہوئے**۔ اوچھے کو کوئی چیز ملجائے تو اس کو بہت استعمال کرتا ہے۔ **نئی فوجداری اور مرغی پر نقارہ**۔ طنزاً اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو اختیارات ملنے پر نئے قواعد جاری کرے۔ ایسے نو دولت کے متعلق کہتے ہیں جو عجیب باتیں اختیار کرے۔ **نئی کہانی گڑ سے میٹھی**۔ نئی بات نہایت مرغوب ہوتی ہے **نئی گھوسن اور اپلوں کا تکیہ**۔ دیکھو نئی تیلن **نئی ناگن ٹنگے پر پھن** (ہ) اس کے متعلق کہتے ہیں جو ایسے کام میں ہاتھ ڈالے جس کو وہ سمجھتا نہ ہو۔ **نئی نائن اور بانس کی نہرنی**۔ دیکھو نئی تیلن۔ **نئے نمازی اور بوریئے کا تہمد** دیکھو نئی تیلن الخ۔ **نئے نواب آسمان پر دماغ**۔ اس نو دولت کے متعلق کہتے ہیں جو بہت غرور کرے۔ **نئے نو دام پرانے چھ دام** ۱۔ نئے دوستوں کی زیادہ قدر کرتا ہے اور پرانے دوستوں سے اچھی طرح نہیں ملتا ۲۔ نئے مال کی قیمت زیادہ ہوتی ہے پرانے کی کم۔ **نئے نئے حاکم (مولوی) نئی نئی باتیں**۔ ہر شخص نرالی بات کرنا چاہتا ہے۔

نی (ہ۔ کلمہ) ۱۔ بعض اسمائے ہندی کے آخر میں آکر مونث بناتا ہے۔ جیسے اونٹ سے اونٹنی۔ نٹ سے نٹنی ۲۔ بجائے نا نشانی مصدر۔ جب مفعول مونث ہو جیسے بات کرنی نہیں آتی۔

نے (ف۔ مونث) ۱۔ نرکل ۲۔ بانسری ۳۔ حقّے کی ممودی۔ نلی۔ نگالی۔ **نے بجانا** (متعدی) **بجنا** (لازم) بانسری بجنا۔ **نے بست** (صفت) سرکنڈوں کا بنا ہوا۔ سرکنڈوں سے بندھا ہوا۔ **نے زار یا نیستان** (مذکر) نرکل کا جنگل۔ اس میں شیر ہوتا رہتا ہے۔ **نے سوار** (مذکر) وہ بچہ جو چھڑی یا بانس کو گھوڑا قرار دیکر کھیلے **نیشکر** (مذکر) گنّا۔ پونڈا بعض شعرا نے مونث بھی باندھا ہے۔ **نے نواز** (مذکر) بانسری بجانے والا۔ **نے نوازی** (مونث) بانسری بجانا (کرنا ہونا کے ساتھ)

نَے۔ نے (ف۔ حرف نفی) نہیں۔ نہ۔ مت۔
مثل۔ نے غم دزد نے غم کالا۔ کسی بات کی پروا نہیں۔

نَے (س۔ مذکر) ۱۔ رہنمائی کرنا ۔ راہ ہدایت دکھانا ۲۔ رہنمائی۔ ہدایت ۳۔ انتظام ۴۔ رویہ چلن ۵۔ میانہ روی ۶۔ احتیاط ۷۔ انتظام مملکت یا سلطنت۔ نظم ونسق۔

نے (ہ۔ حرف) ۱۔ متعدی افعال کے پہلے ضمائر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے جیسے اس نے کہا۔ ہم نے دیکھا ۲۔ اہل دہلی بجائے نا نشانی مصدر اسما کے جمع ہونے کی صورت میں بولتے ہیں۔ جیسے کئی کام کرنے ہیں۔

نیا (ہ۔ صفت) ۱۔ تازہ ۔ جدید۔ نو۔ ابھی کا۔ ترت کا۔ ۲۔ ورنہ ۳۔ انوکھا۔ عجیب۔ نرالا ۴۔ انجان۔ اجنبی۔ ناواقف (س۔ نَو) **نیا بگڑا** (صفت) وہ جو حال ہی میں بدچلن ہوا ہو خاص کر وہ جس کا باپ بہت

سی دولت چھوڑ کر مر گیا ہو۔ اور اس نے عیش و عشرت پر روپیہ خرچ کرنا شروع کر دیا ہو۔ **نیا پان کھانا** (متعدی) موسم میں پہلا اترا ہوا پان کھانا (پان کی جگہ کسی ترکاری، پھل یا غلہ کا نام لیا جاسکتا ہے) **نیا پرانا ہو جانا** (لازم) ۱۔ نیا نہ رہنا ۲۔ کسی وجہ سے نئی چیز کا بہت جلد خراب ہو جانا ۳۔ کسی کو آئے ہوئے عرصہ ہو جانا ۴۔ نئے پن کی لذت نہ رہنا ۵۔ کوئی کام بہت مدت تک ہونا (عورتوں اور ہندوؤں کا محاورہ ہے) **نیا پھل** (مذکر) وہ پھل جو موسم میں پہلے پہل درخت سے اترا ہو۔ **نیا پھل کرنا** (متعدی) موسم میں کوئی پھل پہلے پہل کھایا جانا۔ **نیا خریدار** (مذکر) وہ گاہک جو پہلی دفعہ دکان پر آئے۔ **نیا راجہ بننا** (لازم) ۱۔ مفت کی ہاتھ لگی ہوئی دولت کو خوب لٹانا۔ **نیا راگ لانا** (متعدی) ۱۔ نیا جھگڑا شروع کرنا۔ تازہ فتنہ شروع کرنا ۲۔ کوئی عجیب یا انوکھی بات دکھانا **نیا رنگ دکھانا** (متعدی) نیرنگی دکھانا۔ عجیب عجیب باتیں کرنا۔ **نیا رنگ لانا** (متعدی) دیکھو نیا راگ لانا **نیا شگوفہ چھوڑنا** (متعدی) فساد کی بات کہنا۔ لڑائی کرا دینے والی بات کہنا۔ **نیا شگوفہ کھلانا** (متعدی) کھلنا (لازم) عجیب بات ظاہر ہونا۔ **نیا عہد نامہ** (مذکر) انجیل۔ توریت کو پرانا عہد نامہ کہتے ہیں۔ **نیا فتنہ اٹھانا** (متعدی) اٹھنا (لازم) نیا جھگڑا یا فساد ہونا۔ **نیا فقرہ** (مذکر) ۱۔ ایسا فقرہ جو پہلے سے کسی نے نہ لکھا ہو ۲۔ نئی چال (دنیا سنانا کے ساتھ) **نیا کام** (مذکر) ۱۔ جدید کام۔ ایسا کام جو پہلے کسی نے نہ کیا ہو ۲۔ وہ کام جو تازہ شروع کیا جائے ۳۔ انوکھا یا عجیب کام۔ **نیا کرنا** (متعدی) ۱۔ کوئی پھل ترکاری وغیرہ موسم میں پہلی دفعہ کھانا ۲۔ (دہلی) جلا دینا، خراب کر دینا **نیا گل پھولنا** (لازم) عجیب و غریب بات ظاہر ہونا **نیا گل کترنا** (متعدی) عجیب و غریب باتیں یا کام کرنا۔ **نیا گل کھلانا** (متعدی) نئی شرارت کرنا۔ تازہ فتنہ اٹھانا۔ **نیا گل کھلنا** (لازم) نیا شعبدہ پیدا ہونا۔ عجیب نئی بات ہونا۔ **نیا مُنڈا** (صفت) نیا اس فرقہ یا پیشے میں شامل ہوا۔ نیا مرید۔ نیا شاگرد ہوا۔ **نیا نواب بننا** (لازم) دیکھو نیا راجہ بننا۔ **نیا نویلا** (صفت) ۱۔ نوجوان۔ نوخیز ۲۔ وہ جس نے کبھی نیا کام نہ کیا ہو۔ **نیا نیا ہو** (لازم) ۱۔ تازہ ہونا ۲۔ اجنبی ہونا۔ ناواقف ہونا۔

امثال و اقوال۔ نیا ائیت۔ پیٹرو پرالاؤ، نئے کام کو آدمی بڑے جوش و خروش سے شروع کرتا ہے ۔ کم ظرف کے متعلق کہتے ہیں۔ **نیا بالک کا تاڑ کی تلوار۔** کم ظرف بہت فضول باتیں کرتا ہے۔ **نیا پھل دانت تلے دشمن پاؤں تلے** (رم) نیا پھل کھاتی ہوئی کہتی ہیں۔ **نیا جوگی اور گاجر کا سنکھ۔ نیا جوگی کاٹھ کا مندرا۔** دیکھو نئی تین **نیا حکیم دے افیم۔** ناتجربہ کار سے نقصان ہوتا ہے۔ **نیا چکنیا رنڈی کی پھلیل۔** غریب شوقین آدمی فضول باتیں اختیار کرتا ہے۔ **نیا دانہ نیا پانی** مسافرت کے متعلق کہتے ہیں۔ کہ مسافر ہر روز نئی جگہ کی خوراک کھاتا اور پانی پیتا ہے۔ **نیا سپاہی کاٹھ کی تلوار۔** دیکھو نئی تین الخ۔ **نیا سپاہی ہرن کے سینگ اکھاڑے۔** نیا نوکر بہت کام کرتا ہے۔ **نیا کنواں کھودنا اور پانی پینا** ۱۔ ہر روز نیا دھندا یا سفر پیش رہنا ۲۔ ہر روز نئی مزدوری کرنا۔ ہر روز محنت کر کے کمانا اور کھانا۔ **نیا مسلمان اللہ ہی اللہ پکارے۔** جب آدمی کوئی نیا مذہب اختیار کرتا ہے تو اس کے اصولوں پر بڑے شدومد سے عمل کرتا ہے۔ **نیا مسلمان قصائی کی دکان۔** جب کوئی نیا مذہب اختیار کرتا ہے تو ایسی باتیں کرتا ہے جو اس کے پرانے مذہب کی رو سے ممنوع تھیں۔ **نیا ملا مسجد کو دوڑ دوڑ جائے** کوئی نئی بات سیکھتا ہے تو اسے ہر وقت جتاتا رہتا ہے **نیا نمازی بوریئے کا تہبند۔** کسی چیز کا شوقین جدی کے سبب کسی دوسری چیز کا استعمال کرتا ہے **نیا نو دن پرانا سو دن** ۱۔ نئے کی نسبت پرانے کا زیادہ اعتبار ہوتا ہے ۲۔ نئی چیز کی بھڑک چند روز ہوتی ہے۔ اور پرانی چیز مدت تک رہتی ہے۔ **نیا نوکر شیر کا شکار کھیلتا ہے** (مارتا ہے) مارے۔ **نیا نوکر** (مارے ہرن) ہرن مارتا ہے۔ **نیا نوکر ہرن کے سینگ چیرتا ہے۔** نیا ملازم اپنے رسوخ کے لئے چند دن بہت کام کرتا ہے۔ **نیا نو گنڈے پرانا چھ گنڈے۔** دیکھو نئے نو الخ۔ **نیا نیا راج بھجیل۔ گگریں اناج بھجیل** (رم) نئی حکومت میں ہر چیز سستی ہوتی ہے۔ یا ملازموں کو تنخواہیں زیادہ ملتی ہیں۔ **نیا نیا راج ڈھب ڈھب باج** (رم) نئی حکومت بہت اچھا انتظام کرتی ہے۔

نیاڑہ ۔ مذکر۔ ناؤ چلانے والا۔ ملاح۔

نیابت (ع) مونث۔ ۱۔ نائب کا کام۔ نائب ہونا۔ قائم مقامی ۲۔ سفارت، ایلچی گری ۳۔ بیٹھی یا بیٹھی (کرنا ہونا کے ساتھ) (کوب۔ دوسرے کی جگہ لینا)

نیادہ (ہ) مونث ۱۔ ذات ۲۔ قسم۔ نوع۔

نیارا (ہ۔ صفت) نیارا کا مخفف برتے ہیں۔ **نیارا** (صفت) ۱۔ جدا، علیحدہ ۲۔ نرالا ۳۔ مختلف۔ متفرق ۴۔ منتخب، چھانا ہوا ۵۔ علاوہ۔ بجز۔ **نیارا رہنا** (لازم) الگ رہنا۔ جدا رہنا۔ **نیارپن** (مذکر) ۱۔ جزرسی۔ کائیاں پن ۲۔ چالاکی، ہوشیاری ۳۔ خاک مٹی سے سونا چاندی نکالنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **نیاریا** (مذکر) ۱۔ وہ شخص جو راکھ مٹی اور ریت سے چاندی سونے کے ذرات نکالے ۲۔ (صفت) چالاک۔ ہوشیار۔ وہ جو بہت چھان بین کرے۔ اور اپنے فائدے پر نظر رکھے کائیاں (اس لفظ کا تلفظ نیاریا بھی ہے) **نیاریاپن** (مذکر) دیکھو نیارپن۔

مثل۔ نیارے چولھے بل بل جاؤں۔ سارا کھاتی آدھا کھاؤں۔ عورت علیحدہ گھر رکھنا چاہتی ہے۔ چاہے غربت میں رہے۔

نیار (ہ۔ مذکر) گھاس۔ چارہ۔ **نیار پھونس کرنا** (متعدی) جانوروں کے لئے چارہ کاٹنا۔

نیارن (ہ۔ مونث) عورت (زنانہ اصطلاح)

نیاز (ف۔ مذکر) ۱۔ حاجت، احتیاج ۔ درخواست۔ گزارش ۲۔ خواہش، آرزو ۳۔ منت، عاجزی، التجا ۴۔ ملاقات۔ واقفیت، روشناسی ۵۔ (مونث) فاتحہ درود، نذر۔ چڑھاوا، بھینٹ ۶۔ چڑھاوے کی شیرینی۔ تبرک۔ پرشاد۔ **نیاز پیدا کرنا** (متعدی) راہ و رسم پیدا کرنا۔ ملاقات پیدا کرنا۔ **نیاز حاصل کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱۔ ملاقات ہونا خصوصاً بزرگوں یا بڑے آدمیوں سے ۲۔ واقفیت ہونا۔ **نیاز دلانا یا دلوانا** (رم) دینا (عف) فاتحہ دلانا۔ **نیاز رسول** (مونث) پیغمبر صلعم کے نام کا فاتحہ۔ **نیاز کرنا** (متعدی) ۱۔ فاتحہ دلوانا ۲۔ نذر چڑھانا، بھینٹ دینا۔ نثار کرنا ۳۔ دینا، حوالہ کرنا ۴۔ منت کرنا۔ عجز کرنا، انکسار کرنا۔ **نیاز کیش یا نیاز مند** (صفت) ۱۔ متکلم اپنی نسبت یہ کلمہ کہتا یا لکھتا ہے ۲۔ فروتنی اور انکسار کرنے والا ۳۔ آرزومند، مشتاق ۴۔ مطیع، فرمانبردار۔ چاکر، خدمتگار ۵۔ حاجتمند۔ خواہشمند ۶۔ وہ شخص جس کو کسی کی خدمت میں باریابی کا شرف حاصل ہو۔ **نیاز مندی** (مونث) ۱۔ حاجتمندی ۲۔ فرمانبرداری ۳۔ انکسار ۴۔ آرزومندی ۵۔ ملازمت۔ خدمت گزاری

۲ مفلسی۔ افلاس۔ نیاز نامہ (مذکر) انکساری سے اپنے خط کو کہتے ہیں۔ نیازی (مونث) ۱ درخواست التجا ۲ (صفت) درخواست دہندہ ۳ عاشق۔ دوست ۴ معشوق۔

نیاز ۔ نیازا (ف۔ مذکر) ۱ نیزہ کا مخرب۔ ڈنڈی ۲ آلہ تناسل۔

نیاس (س۔ مذکر) ۱ رکھ دینا۔ رکھنا ۲ امانت رکھنا ۳ امانت ۴ سپردگی حوالگی۔

نیام (ف۔ مذکر) تلوار وغیرہ کا غلاف۔ میان۔ نیام سے تلوار کھینچنا۔ لینا یا نکالنا (متعدی) تلوار ہاتھ سے پکڑ کر غلاف سے باہر کھینچنا۔ نیام سے تلوار اُگلی (نکلی) پڑنا (لازم) تلوار کا خود بخود نیام سے باہر آنا۔ نیام کرنا (متعدی) ہونا (لازم) تلوار کا میان میں ڈالا جانا۔

نیامڑ (ھ۔ مذکر) درخت جو کھیت میں خود بخود اگ آئے اور کاشتکار کو اس کے کاٹنے کا حق ہو۔

نیانک (س۔ مذکر) ۱ روکنا ۲ منع کرنا ۳ انتظام کرنا۔ ترتیب دار کرنا ۴ منتظم۔ سپرنٹنڈنٹ ۵ ملاح۔ کشتی بان ۶ گاڑیبان۔ کوچوان ۷ رستہ ۸ (صفت) روکنے والا۔

نیانادہ۔ مذکر) دیکھو نہانا۔

نیاؤ (ھ۔ مذکر) ۱ انصاف۔ عدل ۲ فیصلہ۔ تصفیہ (س نیائی) نیاؤ چکانا (متعدی) ۱ انصاف کرنا ۲ فیصلہ کرنا جھگڑا چکانا۔ نیاؤ سبھا (مذکر) کچہری۔ عدالت۔ نیاؤ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ انصاف ہونا ۲ فیصلہ ہونا۔ جھگڑا ختم ہونا۔

نیائے (ھف) نیائی (س۔ مذکر) ۱ طریقہ۔ رستہ۔ ذریعہ ۲ موزوں طریقہ۔ درست طریقہ ۳ موزونیت ۔ درستی ۴ انصاف۔ عدل ۵ نیکی۔ پاکدامنی ۶ سچائی ۷ قانون ۸ انتظام سلطنت۔ نظم ونسق ۹ مقدمہ ۱۰ مقدمے کا فیصلہ ۱۱ ثالثوں یا پنچایت کا فیصلہ ۱۲ وجہ۔ بحث۔ منطق ۱۳ مکمل قصہ یا شکل منطقی ۱۴ ہندو فلسفہ کا ایک شاستر جس میں علم منطق پر بحث ہے۔ نیایدلیو (مذکر) ایک مصنف نیا سوتر (مذکر) علم منطق کے متعلق گوتم کے اقوال نیائے شاستر (مذکر) علم منطق۔ نیا کے شاستری۔ نیائک (مذکر) نیائے شاستر کا ماہر۔ منطقی۔ فلسفہ دان۔ فلاسفر نیائے کرنا (متعدی) ہونا (لازم) انصاف ہونا۔ نیائی (صفت) ۱ موزوں ۲ مناسب ۳ انصاف پسند ۴ معقول ۵ منطق کے مطابق ۶ (مذکر) انصاف پسند آدمی ۷ منصف۔ جج مجسٹریٹ ۸ ثالث۔ پنچ۔

نیائش (ف۔ مونث) ۱ دعا جو نہایت عجز و عاجزی کے ساتھ کی جائے۔ دعا ۲ خدا کی حمد یا تعریف ۳ تعریف۔ تحسین۔

نیب (ہ۔ مذکر) دیکھو نیم۔

نیبو (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا چھوٹے قد کا درخت جس کا پھل سبز گول اور انڈے کے برابر ہوتا ہے۔ اور پکنے پر زرد ہو جاتا ہے ۲ اس درخت کا پھل جو نہایت کھٹا ہوتا ہے اس کا اچار ڈالتے ہیں گرمیوں میں سکنجبین بنا کر پیتے ہیں (س نمبک) نیبو نچوڑ (صفت) ۱ نیبو نچوڑنے والا ۲ کہتے ہیں کہ ایک شخص جب کسی کو کھانا کھاتے دیکھتا تو نیبو کے دو ٹکڑے کر کے سالن میں نچوڑ کر ساتھ جا بیٹھتا اس لئے مراد طفیلی۔ مفت خورا۔ بن بلایا مہمان ۳ کنجوس۔

نیبو ۱ (بابل۔ مص) ایک دیوتا۔ یہ مردق کا بیٹا تھا۔ اس نے پہلی کتاب لکھی اور انسانوں کو پڑھنا سکھایا ۲ معاب میں ایک پہاڑ۔ بحیرہ مردار کے شمال میں ہے اور یہاں حضرت موسیٰؑ نے وفات سے پہلے اس سرزمین کا ملاحظہ کیا تھا جس کے ملنے کا خدا نے بنی اسرائیل سے وعدہ کیا تھا۔

نیبید (س۔ مذکر) وہ خوراک جو کسی دیوتا کو چڑھائی جائے۔ بھینٹ۔

نیپر (ھ۔ مذکر) ایک زیور۔

نیپور (ھ۔ مذکر) آلہ تناسل۔

نیپنیہ (س۔ مذکر) ۱ چالاکی۔ پھرتی۔

نیت (ع۔ مونث) ۱ ارادہ۔ عزم۔ قصد۔ مقصد ۲ دلی ارادہ یا منشا۔ مدنظر۔ مراد۔ بچار۔ مطلب ۳ وہ الفاظ جو مسلمان نماز شروع کرنے سے پہلے کہہ کر اللہ اکبر کہتے ہیں ۴ مرضی۔ خواہش ۵ خیال۔ دھیان ۶ توجہ۔ میلان دلی ۔ ارادہ کرنا) نیت باندھنا (متعدی) ۱ نیت ۲ اور اللہ اکبر کہہ کر نماز شروع کرنا ۳ احرام باندھنا ۴ ارادہ کرنا۔ منصوبہ کرنا۔ نیت بخیر ہونا (لازم) اچھی بات کی نیت ہونا۔ کسی کام کے متعلق اچھا خیال یا ارادہ ہونا۔ نیت بدل جانا (لازم) ۱ ارادہ اور ہو جانا۔ پہلے ارادہ سے مختلف یا اس کے برعکس ارادہ ہو جانا ۲ بدنیت ہو جانا ۳ ارادہ پھر جانا۔ منصوبہ ٹوٹ جانا۔ نیت بد کرنا (متعدی) ہونا (لازم) کسی کے متعلق برا ارادہ یا خیال ہونا۔ کسی کا مال مار لینے۔ کسی عورت کے ساتھ زنا کرنے یا کسی آدمی کو نقصان پہنچانے کا ارادہ ہونا۔ نیت برگشتہ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ارادہ پہلے ارادے کے برعکس ہونا۔ برا ارادہ ہونا۔ نیت بگڑنا (لازم) دیکھو نیت بد ہونا۔ نیت بندھنا (لازم) نیت باندھنا۔ نیت بھٹکنا (متعدی) خواہش پوری نہ ہونا۔ مقصد میں کامیابی نہ ہونا۔ نیت بھر جانا (لازم) طبیعت سیر ہو جانا۔ نیت بھری رکھنا (متعدی) رہنا (لازم) طبیعت سیر رہنا۔ نیت پھر جانا یا پھرنا (لازم) ۱ ارادہ بدلنا ۲ بدنیتی ہو۔ نیت ثابت رکھنا (متعدی) رہنا (لازم) ارادہ پکا ہونا۔ ثابت قدم رہنا۔ نیت جانا (لازم) خیالات کا دوسری طرف منتقل ہونا۔ دھیان اور فکر ہونا۔ نیت دوڑانا (متعدی) دوڑنا (لازم) کسی طرف طبیعت راغب ہونا۔ نیت ڈانواں ڈول کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دیکھو نیت بد ہونا۔ نیت سیر کرنا (متعدی) ہونا (لازم) طبیعت بھرنا۔ نیت کرنا (متعدی) ۱ ارادہ کرنا۔ قصد کرنا ۲ نماز کا ارادہ کرنا۔ نیت لگی رہنا (متعدی) خیال یا دھیان رہنا۔ نیت لگی ہونا (لازم) خیال ہونا۔ نیت میں خامی ہونا (لازم) نیت بد ہونا۔ نیت میں فرق آنا (لازم) نیت بگڑنا یا بد ہونا۔ نیت ہونا (لازم) ۱ ارادہ ہونا۔ قصد ہونا ۲ منشا ہونا۔ مرضی ہونا۔ نیتی (مونث) ۱ ارادہ۔ قصد ۲ منشا۔ مرضی۔ مرکبات میں جیسے نیک نیتی۔ بدنیتی۔

امثال۔ نیت ثابت منزل آسان۔ جس کا ارادہ اور ایمان مضبوط ہے۔ اس کا کام بھی آسان ہوتا ہے۔ نیت شب بخیر (حرام) رات کے ارادے کا کچھ اعتبار نہیں۔ نیت کی برکت ہے۔ نیت گیل برکت۔ برکت نیک نیتی کے ساتھ لگی رہتی ہے۔

نیت (س۔ مونث) ۱ ہدایت۔ رہنمائی ۲ انتظام۔ بندوبست ۳ چلن۔ طریقہ۔ چال ڈھال ۴ درست ٹھیک یا مناسب چلن ۵ اخلاق۔ نیک چلنی ۶ احتیاط۔ پیش بینی۔ عاقبت اندیشی ۷ علم اصول اخلاق ۸ اچھا مشورہ ۹ پالیسی۔ حسن انتظام۔ حکمت عملی ۱۰ انتظام

سلطنت علم انتظام سلطنت ۔ ۲ اقتصادیات ۔ معاشیات سیاسیات ۔ راج نیتی جاننے والا ۔ **نیت شاستر** (مذکر) ۱ علم اخلاق ۔ اقتصادیات ۔ سیاسیات ۲ ان علوم پر کوئی کتاب ۔ **نیت ورساد** مذکر) ایک شاعر

نیتی (مونث) دیکھو نیت ۔

نیئت (س ۔ صفت) ۱ رکا ہوا ۔ بندہ ۲ محکوم ۔ پابند ۔ ماتحت ۔ تابع ۳ مقررہ ۴ دائم ۔ قائم ۵ معلوم شدہ ۔ یقینی ۶ برقرار ۷ مقرر ۔ معین ۸ وہ جو دیا جا جس طرح اقلیدس میں نقطہ یا لکیر ۔ **نیت کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ کسی کو مقرر کرنا ۔ ذکر رکھنا ۲ مقرر کرنا ۔ ٹھہرانا ۔

نیئتِ (س ۔ مونث) ۱ روک ۔ ممانعت ۲ ضرورت ۔ حاجت ۳ قسمت ۔ نصیبا ۴ حکم ۔ قانون ۔ مذہبی فرض ۵ اپنے آپ پر قابو ۔

نیئت (س ۔ مذکر) لاکھ ۔ دس لاکھ ۔

نیتا ۔ نیتری (س ۔ مذکر) ۱ سوار حاکم ۔ افسر ۔ لیڈر ۲ مالک ۔ آقا ۔

نیتر (س ۔ مذکر) ۱ آنکھ ۲ مھتانی کی رسی ۳ درخت کی جڑ ۴ عدد ۲ **نیتر کھوٹنا** (لازم) اندھا ہو جانا

نیترلوت (مذکر) قیدی ۔

نیتی (ہ ۔ مونث) ۱ مھتانی کی رسی ۲ (ق) اس طرح نہیں ۔

نیٹ (ہ ۔ مذکر) ۱ سیدھا ۔ راست ۲ نیک ۔ درست (صف) ۳ موزوں ۔ مناسب ۔

نیٹا (ہ ۔ مذکر) ۱ ناک کا میل ۔ رینٹھ ۲ (صفت) نکٹا ۔

نیٹو (انگ ۔ صفت) دیسی ۔ کسی ملک کا اصلی باشندہ ۔ انگریزی دیسیوں کو حقارت سے کہتے ہیں (اصل نیٹو)

نیٹھ (ہ ۔ مونث) ۱ دیکھو نشٹھا ۲ (ق) مشکل سے ۔ دقت سے ۔ **نیٹھ کر کے** (ق) مشکل سے

نے جانا (ہ ۔ لازم) جھک جانا ۔

نیچ (ہ ۔ صفت) ۱ کمینہ ۔ رذیل ۔ ادنیٰ ۔ ذلیل ۔ سفلہ ۲ نالائق ۔ بے جوہر ۳ شودر ۔ خدمت کرنے والا ۴ نشیب ۔ پستی (س ن ۔ میں ۔ سانچ جھکنا)

نیچ اونچ (مونث) برائی بھلائی ۔ نیکی بدی ۔ نشیب فراز ۔ **نیچ پن** (مذکر) کمینہ پن ۔ **نیچ ذات یا قوم** (مونث) ادنیٰ درجے کے لوگ ۔ رذیل ذات جس طرح بھنگی چمار ۔ **نیچ کمائی** (ہ) وہ کمائی جو کمینے کام کر کے حاصل کی جائے ۔

امثال و اقوال ۔ نیچا گوٹان

دیواں پوجان (ہ) کمزوروں پر ظلم ہوتا ہے اور زبردستوں کی عزت ہوتی ہے ۔ جس کی لاٹھی اس کی بھینس ۔ **نیچ ذات ایک نہ ایک اُدماد** ۱ کمینے میں کوئی نہ کوئی نقص ضرور ہوتا ہے ۲ کمینے سے ایک نہ ایک فساد ہوتا ہی رہتا ہے ۔ **نیچ ذات چھچھوندر کی ناک دھرے پچھتائے** ۔ کمینہ چھچھوندر کی طرح ہے ۔ پاس جاؤ تو بو آتی ہے ۔ کمینہ سے واسطہ پڑے تو اس کے عیب معلوم ہوتے ہیں ۔ **نیچ ذاتوں میں اب بھی بڑا ایکا ہے** ۔ ایسے موقع پر کہا جاتا ہے جب رشتہ دار آپس میں لڑتے ہیں ۔ نیچ ذات کے لوگ اپنے مقدمات کا فیصلہ پنچایتوں میں کر لیتے ہیں ۔ **نیچ نہ چھوڑے نچائی ۔ نیم نہ چھوڑے تتائی** ۔ کمینے سے کمینہ پن نہیں جاتا ۔ جس طرح نیم سے کڑواہٹ نہیں جاتی ۔ **نیچ ہنسے ہنسے رہیں لئے گیند کو پوٹ ۔ جوں جوں ماتھے ماریئے تیوں تیوں اونچے ہوت** ۔ نیچ لوگ ہر وقت خوش رہتے ہیں وہ گیند کی طرح ہیں ۔ جتنا اُسے زور سے زمین پر مارو اتنی ہی وہ اونچی ہوتی ہے ۔

نیچا (ہ ۔ صفت) ۱ نشیب ۔ پست ۲ عمیق ۔ گہرا ۳ کم ۔ ادنیٰ ۴ کوتاہ ۔ ٹھگنا ۵ مدھم ۔ دھیما ۔ نرم (س ن ۔ ہیں ۔ انچ جھکنا) **نیچا اونچا** (مذکر) دیکھو نیچ اونچ ۔ **نیچا اونچا دیکھنا** (متعدی) ۱ نشیب و فراز سوچنا ۔ اتار چڑھاؤ دیکھنا ۲ کسی چیز کو نیچے سے اوپر تک یا اوپر سے نیچے تک دیکھنا ۔ **نیچا پڑنا** (لازم) ۱ گرنا ۔ پٹخنا ۲ ابھار کم ہونا ۳ دبنا ۔ مغلوب ہونا ۴ عاجز ہونا ۔ مطیع ہونا ۔ **نیچا دکھانا** (مم) **دیکھنا** (متعدی) ۱ شرمندہ ہونا ۔ شرمندگی اٹھانا ۲ شکست کھانا ۔ مغلوب ہونا ۔ زک اٹھانا ۔ ذلیل ہونا

نیچا سُر (مذکر) مدھم آواز ۔ **نیچی** (صفت ۔ مونث) نیچا کی ۔ **نیچا کرنا** (متعدی) ۱ جھکانا ۲ نیچے کی طرف کھینچنا ۔ ۳ (سر) شرمندہ ہونا ۔ **نیچے** (ق) ۱ تلے ۔ تحت ۔ زیر ۲ نشیب میں ۔ پستی میں ۳ تہ میں ۴ (صفت) ماتحت ۔ زیر نگیں ۔ زیر فرماں ۵ مدھم ۔ دھیما ۶ کم ۔ ادنیٰ ۔ کمتر ۷ نائب اسسٹنٹ ۔ **نیچے آنا** (لازم) ۱ اوپر سے نیچے کی طرف آنا ۔ اترنا ۲ گرنا ۳ کسی کے تلے آنا (کشتی میں) ۴ جماع کرانے کے لئے لیٹنا ۔ **نیچی آواز** (مونث) مدھم آواز ۔ پست آواز ۔ **نیچے اوپر** (ق) اوپر تلے ۔ ایک پر ایک ۔ الٹ پلٹ ۔ **نیچے اوپر ہو جانا** (لازم) اوپر تلے ہو جانا ۔ تہ و بالا ہو جانا ۔ **نیچی پٹی** (مونث) بالوں کی پٹی جو نیچے کی طرف جاتی جائے ۔ **نیچے پڑنا** (لازم) جماع کے لئے لیٹ جانا ۔ **نیچے جانا** (لازم) ۱ اوپر سے نیچے کی طرف روانہ ہونا ۔ اترنا ۲ بیٹھ جانا ۔ دب جانا ۳ اطاعت کرنا ۔ **نیچی چولی کا انگرکھا** (مذکر) وہ انگرکھا جس کی کرتی نیچی ہو ۔ **نیچے سے** (ق) تلے سے ۔ بنیاد سے ۔ **نیچے سُر میں** (ق) آہستہ آواز کے ساتھ ۔ **نیچے سُروں سے گانا** (متعدی) آہستہ آواز سے گانا ۔ غنغنانا ۔ **نیچے سے اوپر تک** (ق) ۱ پاؤں سے سر تک ۔ تمام بدن پر ۲ اول سے آخر تک ۔ **نیچے سے اوپر تک دیکھنا** (متعدی) دوسرے کو پاؤں سے شروع کر کے چہرے تک دیکھنا ۔ یہ اس وقت ہوتا ہے جب کوئی گستاخی کرے یا حیثیت سے بڑھ کر کچھ مانگے ۔ **نیچے کا دھڑ** (مذکر) جسم کا حصہ زیریں ۔ **نیچے کے دھڑ سے مجبور ہونا** (لازم) زانی کے متعلق کہتے ہیں ۔ **نیچے کی سانس نیچے اور اوپر کی سانس اوپر رہ جانا** (لازم) حیران ہو جانا ۔ ششدر رہ جانا ۔ ہکا بکا رہ جانا ۔ **نیچے گرا دینا یا گرانا** (متعدی) ۱ پٹخنا ۔ پچھاڑ دینا ۲ مار کر گرا دینا ۔ **نیچے لانا** (متعدی) قابو کر لینا ۔ کشتی میں گرا لینا ۔ گرا کر اوپر چڑھ بیٹھنا ۔ دبا لینا (پہلوانوں کی اصطلاح) **نیچے ناڑ کرنا** (ہ) گردن جھکانا ۔ سر نیچا کرنا ۔ **نیچی نظر یا نگاہ** (مونث) وہ نظر جو نیچے کی طرف مائل ہو ۔ شرم و حیا کی نظر ۔ **نیچی نظر (نگاہ) کرنا** (متعدی) ۱ دبنا ۔ مغلوب ہونا ۲ شرم یا لحاظ سے آنکھ اونچی نہ کرنا ۔ منہ نہ اٹھانا ۔ **نیچی نظروں سے دیکھنا** (متعدی) آنکھیں نیچی کر کے اور پھر نظر اٹھا کر دیکھنا ۔ **نیچی نظر (نگاہ) ہونا** (لازم) ۱ آنکھ نیچی رہنا ۔ نگاہ نہ اٹھنا ۲ شرمندہ ہونا ۔ جھینپنا ۳ ممنون ہونا ۔ احسان ہونا ۔ **نیچی نظریں یا نگاہیں** (مونث) وہ نگاہیں جو شرم یا حیا سے زمین کی طرف رہیں ۔ شرمیلی یا شرمگیں نگاہیں ۔ **نیچی نیچی نظر** (مونث) شرمائی ہوئی آنکھ ۔ **نیچی نیچی نظروں سے دیکھنا** (متعدی) شرما کر دیکھنا ۲ کن انکھیوں سے دیکھنا ۳ آنکھیں چرا کر دیکھنا ۔

امثال واقوال ۔ نیچے سے

جڑ کاٹنا اوپر سے خیر خواہی کرنا ۔ ظاہر میں خیر خواہی کرنا ۔ اور باطن میں دشمنی کرنا ۔ **نیچے کا پاٹ بھاری ہے** ۔ بیوی زبردست ہے اور تابعداری نہیں کرتی ۔

نیچر (انگ ۔ مونث) قدرت ۔ فطرت ۔

نیچری (ا ۔ مذکر) قانون قدرت پر چلنے والا ۔ نیچر کو ماننے والا ۔ دہریہ ۔

نیچک (ھ ۔ مذکر) کوئیں کا لکڑی کا چکر جس پر کوئیں کی دیوار اٹھاتے ہیں ۔

نیچہ (ف ۔ مذکر) ۱۔ حقے کی نے یا نلی ۔ حقے کی دونوں نلیاں کشتی سندھی ہوتی ہیں ۲۔ وہ نے جس کے ذریعے سے عرق کھینچتے ہیں ۳۔ (مذاقاً) جا بیٹ دبلا آدمی دسنے سے ۔ **نیچہ لپٹانا** (متعدی) نیچے میں عرق کیوڑہ یا کوئی اور خوشبودار عرق ڈال کر ردی سے بند کر دینا اس طرح نیچہ خوشبودار ہو جاتا ہے ۔ **نیچہ بند** (مذکر) نیچہ بنانے یا باندھنے والا ۔ **نیچہ بندی** (مونث) نیچہ باندھنے کا کام یا پیشہ ۔ **نیچہ باندھنا** (متعدی) نیچے کی دونوں نالیاں لیکر ان پر کپڑا لپیٹنا اور ان کو آپس میں باندھنا یا نیچہ **تانہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) نیچے پر پانی ڈالنا ۔

نیچی (ہ ۔ مونث) اس ڈھلوان کی جو جس پر چرسہ کھینچنے میں بیل چلتے ہیں ۔

نیند (ھ ۔ مونث) نیند ۔ **نیندنا** (لازم) سونا ۔

نینڈشٹھ (س ۔ مذکر) ایک درخت ۔

نینڈھ (س ۔ مذکر) ۱۔ لڑائی خصوصاً پیدل کی یا گھمسان کی لڑائی ۲۔ دست بدست لڑائی ۔

نینڈ (س ۔ مذکر) ۱۔ پرند کا گھونسلا ۲۔ جنگلی جانور کا بھٹ ۳۔ گاڑی یا رتھ کے اندر بیٹھنے کی جگہ ۔

نینڈل (ھ ۔ مذکر) پانی ۔

نیر (ع ۔ صفت) ۱۔ بہت نور دینے والا ۔ ۲۔ (مذکر) سورج (نور ۔ چمکنا) **نیر اصغر** (مذکر) چاند ۔ **نیر اعظم** (مذکر) سورج ۔ **نیر تاباں** (مذکر) سورج ۔ **نیرین** (مذکر) سورج اور چاند ۔ صیغہ تثنیہ ہے ۔

نیر ۔ نیرا ۔ نیر (ھ ۔ مذکر) شہر ۔ قصبہ ۔ مرکبات میں جیسے بیکانیر ۔ بھٹنیر ۔

نیر (ھ ۔ لف) قریب ۔ نزدیک ۔ پاس ہی ۔ انگریزی میں بھی یہی ہے ۔

نیر (س ۔ مذکر) ۱۔ پانی ۲۔ رس ۳۔ شربت ۔

نیراجن (س ۔ مذکر) ۱۔ ایک رسم جو سندھ و راجہ اسوین یا کاتک کے مہینے میں جنگ شروع کرنے سے پہلے ادا کرتے تھے ۔ ہتھیاروں کا شدھ کرنا ۲۔ بتوں کے آگے چراغ پھرانا ۔ یہ ایک قسم کی پوجا ہے ۔ **نیرا جن گری** (مونث) ایک صنف ۔

نیرانا (ھ ۔ لازم) قریب آنا ۔ نزدیک آنا ۔

نیرائی (ھ ۔ مونث) قربت ۔ نزدیکی ۔

نیربد (س ۔ مذکر) دس کروڑ ۔

نیرتھ (س ۔ مذکر) بے عقلی ۔ حماقت ۔

نیرملیہ (س ۔ مذکر) صفائی ستھرائی ۔ پاکی ۔

نیرنا (ھ ۔ متعدی) ۱۔ غوطہ دینا ۲۔ پانی پلانا ۔

نیرنج (ع ۔ مذکر) نیرنگ کا معرب ۔ شعبدہ ۔ **نیرنجات** (مذکر) جمع نیرنج کی ۔ شعبدے ۔

نیرنگ (ف ۔ مذکر) ۱۔ شعبدہ ۔ سحر افسوں ۲۔ دھوکا ۔ دغا ۔ فریب ۳۔ حیلہ ۔ ٹال مٹول ۔ بالا ۔ بتہ ۴۔ خیال ۔ وہم ۔ لہر ۔ موج ۵۔ کوئی نئی یا عجیب چیز ۶۔ انقلاب (اصل نونگ ۔ نیارنگ) **نیرنگ خیال** (مذکر) خیال کی لہر یا موج ۔ **نیرنگ زمانہ** (مذکر) انقلاب زمانہ ۔ یہ زمانے کا شعبدہ سمجھا جاتا ہے ۔ **نیرنگ ساز** (مذکر) ۱۔ جادوگر ۔ شعبدہ باز ۔ بازیگر ۲۔ دغاباز ۔ فریبی ۔ **نیرنگ نظر** (مذکر) نظر کا شعبدہ ۔ **نیرنگی** (مونث) ۱۔ شعبدہ بازی ۔ جادوگری ۔ فریب ۲۔ عجائبات ۔ طلسمات ۔ تماشا ۳۔ چالاکی ۔ عیاری ۴۔ الٹ پھیر ۵۔ انقلاب ۔ **نیرنگیاں** (مونث) نیرنگی کی جمع ۔ **نیرنگی ایام** (مونث) زمانے کا انقلاب ۔ **نیرنگی حسن** (مونث) حسن کی خوبی یا شوخی ۔ **نیرنگی زمانہ** (مونث) زمانے کا انقلاب ۔

نیرو (ف ۔ مذکر) قوت ۔ طاقت ۔ زور ۔ بل ۔

نیڑنا (ھ ۔ متعدی) ۱۔ نزدیک رکھنا ۲۔ اپنی حفاظت میں رکھنا ۔ حفاظت کرنا ۔

نیڑو ۔ نیڑے (ھ ۔ لف) قریب ۔ نزدیک ۔

نیز (ف ۔ حرف عطف) بھی ۔ بلکہ ۔ ساتھ ہی ۔ اور ماسوا ۔ علاوہ اس کے ۔

نیزوں (ف ۔ مذکر) نیزہ کی جمع حرف مغیرہ سے پہلے ۔ **نیزوں اڑانا** (متعدی) گھوڑے یا ہرن کی تیزی کے واسطے استعمال ہوتا ہے ۔ **نیزوں پانی چڑھ جانا** (لازم) ۱۔ پانی کی طغیانی ہونا ۲۔ جھگڑے فساد میں طوالت ہونا ۔

نیزہ (س ۔ مذکر) ۱۔ ایک ہتھیار جس کے آگے لوہے کا ایک نوک دار پھل ہوتا ہے اور پیچھے ایک بہت لمبا بانس ہوتا ہے ۔ اس سے دور سے دشمن کو مارتے ہیں ۔ برچھا ۔ بھالا ۔ علم ۲۔ سناں ۔ بھال ۔ نوک ۔ انی ۳۔ قلم کی چھڑ ۔ ایک قسم کی نے جس پر سیاہ نشانات ہوتے ہیں ۴۔ ایک قسم کا جھنڈا ۔ بانس کی لمبی چھڑ میں رنگین جھنڈے بندھے ہوتے ہیں ۔ اور سید سالار غازی کی درگاہ کو لیجاتے ہیں (رنے سے ہے) **نیزہ اٹھانا** (متعدی) نیزہ ہاتھ میں لیکر حملے کے لئے آگے کرنا ۔ **نیزہ باز** (مذکر) نیزے کے کرتب جاننے والا ۔ بھالا بردار ۔ وہ سپاہی جو نیزے سے مسلح ہو ۔ **نیزہ بازاں** (مذکر) نیزہ باز کی جمع ۔ **نیزہ بازی** (مونث) برچھا چلانا ۔ علم کے داؤ پیچ (ذکر ناسو نا کے ساتھ) **نیزہ بردار** (مذکر) علم بردار ۔ **نیزہ چلنا** (لازم) نیزوں کی لڑائی ہونا ۔ **نیزہ خطی** (مذکر) خط کا نیزہ جو یمامہ میں ایک مقام ہے ۔ عمدہ نیزہ ۔ **نیزہ وار** (صفت) نیزہ باز ۔ **نیزہ کھانا** (متعدی) نیزے کی چوٹ کھانا ۔ **نیزہ مارنا** (متعدی) نیزے سے حملہ کرنا یا **نیزہ ہاتھ سے لٹکانا** (متعدی) نیزے کی ضرب سوچ کر ناکر حریف کے ہاتھ سے نیزہ نکل جائے **نیزہ ہاتھ سے نکلنا** (لازم) حریف کی ضرب سے نیزہ ہاتھ سے گرپڑنا ۔ **نیزہ ہلانا** (متعدی) برچھے کو پھرانا ۔

نیزے (مذکر) نیزہ کی جمع یا بجائے نیزہ حرف مغیرہ سے پہلے ۔ **نیزے کو نیزے کی سناں پر روکنا** (متعدی) نیزہ بازی کی لڑائی میں حریف کے نیزے کی نوک کو اپنے نیزے کی نوک سے روک دینا ۔ **نیزے کے ہاتھ کرنا** (متعدی) نیزے سے وار کرنا ۔

نیساں (ف ۔ مذکر) ۱۔ شامیوں کے ساتویں مہینے کا نام ۔ فارسی میں فروردین اور ہندی میں بیساکھ کے مقابل کا مہینہ ۔ پرانے زمانے میں خیال تھا کہ اس مہینے کی بارش سے سیپ میں موتی پیدا ہوتے ہیں ۲۔ اس مہینے کی بارش ۔

نیساں (ھ ۔ مذکر) نقارہ ۔ کوس ۔

طلبی۔

نیست (ف۔ صفت) ا۔ خالی۔ نہ ہونے والا ۲۔ معدوم۔ عدم۔ نابود۔ نیاز نیاست کا مخفف ہے۔ **نیست کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) نابود ہونا۔ فنا ہونا۔ **نیست و نابود** (صفت) دیکھو نیست ۱۔ **نیست و نابود کر دینا** (کرنا (متعدی) **ہو جانا۔ ہونا** (لازم) برباد ہونا۔ فنا ہو جانا۔ ناپید ہو جانا۔ نام و نشان نہ رہنا۔ **نیستی** (مونث) ا۔ ناپید ہونا۔ نیست ہونا ۲۔ مفلسی ۳۔ تنگدستی ۴۔ فنا۔ معدومیت۔ بربادی۔ تباہی ۵۔ بطلان۔ ناس ۶۔ نحوست۔ بدنصیبی۔ بداقبالی۔ **نیستی چھانا** (لازم) نحوست چھانا۔ **نیستی خور** (صفت) مفلس۔ کنگال۔ **نیستی کا مارا** (صفت) بدنصیب۔ بداقبال۔ منحوس۔ **نیستی میں برخورداری** ۔ ان ہوت میں اولاد۔

مثل۔ نیست در قانون حکمت ضعف قسمت را علاج ۔ تقدیر کی برائی کسی طرح نہیں جاتی۔

نیش (ف۔ مذکر) ا۔ بچھو یا بھڑ وغیرہ کا ڈنک۔ سانپ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے مگر کاٹنا ڈنک نہیں ہوتا ۲۔ کسی دھار دار آلے کی نوک ۳۔ نشتر ۴۔ چھوٹا سا خنجر۔ **نیشتر** (مذکر) نشتر اس کا مخفف ہے۔ **نیشتر لگانا** (متعدی) ا۔ نشتر لگانا ۲۔ صدمہ پہنچانا۔ نقصان کرنا۔ **نیش دار** (صفت) جس کا ڈنک ہو۔ **نیش زن** (صفت) ا۔ ڈنک مارنے والا ۲۔ کسی کے حق میں برائی کرنے والا۔ **نیش زنی** (مونث) ا۔ ڈنک مارنا ۲۔ کسی کے حق میں برائی کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **نیش عقرب یا کژدم** (مذکر) ا۔ بچھو کا ڈنک ۲۔ دشمن کی شرارت۔

مقولہ۔ نیش عقرب نہ از پئے کیں است مقتضائے طبیعتش اینست ۔ بچھو کا ڈنک مارنا دشمنی کی وجہ سے نہیں بلکہ اس کی طبیعت کا تقاضہ ہے۔

نیشتر (ف۔ مذکر) دیکھو نیش کے تحت میں۔

نیشاد (س۔ صفت) ا۔ نشاد کا یا ان کے متعلق ۲۔ (مذکر) نشاد قوم ۳۔ اس قوم کا ایک فرد۔ **نیشادی** (مذکر) نشاد قوم کا ایک راجہ۔ **نیشدھ** (س۔ صفت) ا۔ نشدھ کا یا ان کے متعلق ۲۔ نشدھ قوم کا ایک راجہ۔ نل کا لقب۔ ۳۔ نشدھ کے ملک میں رہنے والی قوم۔

نیشکر (ف۔ مذکر) دیکھو نے کے تحت میں۔

نیشن (انگ۔ مونث) قوم۔

نیشنل (انگ۔ صفت) قومی۔

نیشنل گیلری (مونث) برطانیہ کلاں کا قومی تصویر خانہ۔ **نیشنلزم** (مونث) ا۔ قومی آزادی کی خواہش ۲۔ سوشلزم کی ایک صورت۔ اس کا اصول ہے کہ تمام دستکاری قوم کے ہاتھ میں ہونی چاہیئے۔ ہر شخص کا فرض ہے کہ کام کرے اور ہر ایک کو ایک جتنا کام کرنا چاہیئے اور ہر ایک کو مساوی تنخواہ ملنی چاہیئے۔ **نیشنلسٹ** (مذکر) نیشنلزم کا حامی۔ **نیشنلسٹی** (مونث) قومیت

نیفہ (ف۔ مذکر) پاجامے کا وہ حصہ جس میں ازار بند رہتا ہے۔ کنارے دو تین انگل موڑ کر سی دیتے ہیں اور ایک نالی سی بن جاتی ہے۔ اسے نیفہ کہتے ہیں۔ **نیفے** (مذکر) ا۔ نیفہ کی جمع ۲۔ بجائے نیفہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **نیفے میں اڑسنا** (متعدی) نقدی یا کسی چیز کا پاجامے کے سرے میں رکھ کر ازار بند کے نیچے سے نکال کر اوپر کر دینا۔

نیک ۔ نیک (س۔ صفت) چند۔ کئی۔ بہت۔ مختلف۔

نیک ۔ نیکا (ہ۔ صفت) ا۔ اچھا بھلا ۲۔ حسین۔ خوبصورت ۳۔ لطیف ۴۔ ٹھیک۔ درست۔ ۵۔ آسانی سے۔ **نیکا لگنا** (لازم) اچھا معلوم ہونا۔ خوبصورت معلوم ہونا۔ **نیکی** (صفت و تف) دیکھو نیکا۔

مثل۔ نیک نیک مورے بھاگ۔ ایک مچھلیا کی دو دو مچھلیا ۔ میں بہت خوش قسمت ہوں۔

نیک (ف۔ صفت) ا۔ اچھا۔ عمدہ۔ خوب۔ بھلا ۲۔ تحفہ۔ نفیس۔ چنگا۔ درست۔ بہتر ۳۔ پاکیزہ۔ شبہ۔ کھرا۔ خالص۔ ٹھیک۔ معقول۔ اچھوت جوگ۔ سعادتمند۔ سپوت ۴۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ عابد۔ دیندار۔ پاکدامن ۵۔ بھگت ۶۔ شریف۔ بھلامانس۔ نیک چلن و شائستہ۔ مہذب ۷۔ دھرمی۔ خدا ترس ۸۔ خوشخصال۔ خوش اطوار ۹۔ دیکھو نیک اختر۔ **نیک آثار یا نیک اختر** (صفت) خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ بختاور۔ خوش طالع۔ اقبال مند۔ سعد۔ سعید۔ مسعود۔ نیک بخت۔ بھاگوان۔ **نیک اعتقاد** (صفت) قابل اعتبار۔ **نیک انجام** (صفت) ا۔ وہ جس کا انجام نیک ہو ۲۔ وہ جس کا آخیر وقت اچھا ہو ۳۔ (مذکر) اچھا انجام۔ خاتمہ بالخیر۔ عاقبت بخیر۔ **نیک اندیش** (صفت) ا۔ نیک نیت ۲۔ بھلائی چاہنے والا۔ خیر اندیش۔ **نیک اندیشی** (مونث) بھلائی چاہنا۔ خیر اندیشی۔ بھلا چیتنا۔ **نیک بخت** (صفت) ا۔ دیکھو نیک اختر ۲۔ بھلامانس۔ شریف ۳۔ سعادت مند۔ سپوت ۴۔ سیدھا سادا۔ بھولا بھالا ۵۔ عورت کو خطاب کرتے ہیں۔ **نیک بختی** (مونث) سعادت مندی۔ پارسائی۔ بھلائی۔ **نیک بختی آنا** (مونث) شامت آنا۔ کمبختی کی بجائے۔ **نیک پاک** (صفت) پارسا۔ پاکدامن۔ **نیک تدبیر** (صفت) وہ جو اچھا مشورہ دے ۲۔ اچھا انتظام کرے۔ **نیک تر** (صفت) زیادہ نیک۔ **نیک ترین** (صفت) بہت نیک۔ بہترین۔ **نیک تن** (صفت) چکنے بدن والا۔ (گھوڑا) **نیک چلن** (صفت) وہ جس کا رویہ یا چال چلن اچھا ہو۔ شریف۔ بھلامانس۔ نیک بخت۔ **نیک چلنی** (مونث) بھلمنسائی۔ شرافت۔ نیک بختی۔ چال چلن کا اچھا ہونا۔ **نیک چلنی کا اضافہ تنخواہ** (مذکر) بعض محکموں میں نیک چلنی کی وجہ سے خاص ترقی ملتی ہے جیسے پولیس۔ **نیک چلنی کا بلا** (مذکر) **دھاری** (مونث) جس شخص کو یہ ترقی ملے اسے ساتھ ایک بلا یا دھاری ملتی ہے۔ جسے کوٹ پر لگاتے ہیں۔ تاکہ ہر ایک کو معلوم ہو جائے۔ **نیک خصال۔ خصلت یا خلق۔ خو** (صفت) نیک طینت۔ پاک سیرت۔ نیک نہاد۔ شریف۔ بھلامانس۔ **نیک خواہ** (صفت) بہی خواہ۔ خیر خواہ۔ وفادار۔ نمک حلال۔ **نیک خواہی** (مونث) خیر خواہی۔ وفاداری۔ نمک حلالی۔ **نیک خوئی** (مونث) بھلمنسائی۔ شرافت۔ نیک طینتی۔ **نیک دل** (صفت) اچھی نیت کا۔ دل کا اچھا۔ **نیک دلی** (مونث) دل کا اچھا ہونا۔ شرافت۔ **نیک ذات** (صفت) ا۔ اچھی ذات یا نسل کا ۲۔ اچھی طبیعت کا۔ بھلامانس۔ شریف۔ **نیک ذاتی** (مونث) خوش طینتی۔ بھلمنسائی۔ شرافت۔ **نیک راہ** (مونث) اچھی وضع۔ اچھی روش۔ اچھا رویہ۔ **نیک راہ پر لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) اچھی وضع سیکھنا۔ اچھی روش سیکھنا۔ **نیک روز** (صفت) خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ **نیک زن** (مونث) پاکدامن عورت۔ **نیک زنیں** (مونث) وہ پاکدامن عورتیں جو بی بی فاطمہ کی صحنک کھا سکتی ہیں۔ **نیک زندگی** (مونث)

دینداری کی زندگی۔ **نیک ساعت** (مونث) اچھی گھڑی۔ اقبال کا زمانہ۔ (آنا ہونا کے ساتھ) **نیک سرشت۔ سیرت یا طینت** (صفت) پاک سیرت۔ پاک طبیعت۔ نیک مزاج۔ **نیک طینتی** (مونث) پاک سیرتی۔ نیک نیتی۔ **نیک عہد** (صفت) ۱ وعدہ وفا کرنے والا ۲ وفادار۔ **نیک فال** (صفت) اچھا شگون۔ مبارک فال۔ **نیک فرجام** (صفت) جس کا انجام اچھا ہو۔ **نیک قال** (صفت) اچھی طرح کہی ہوئی بات۔ **نیک قدم** (صفت) مبارک قدم۔ جس کا آنا مبارک ہو۔ **نیک کردار** (صفت) ۱ اچھی عادت یا طبیعت والا ۲ فیاض۔ سخی۔ **نیک کمائی** (مونث) حلال کمائی۔ **نیک گھڑی** (مونث) دیکھو نیک ساعت۔ (آنا ہونا کے ساتھ) **نیک محضر** (صفت) ۱ نیک نہاد۔ نیک خصلت یا طینت ۲ وہ جو حاضر غائب اشخاص کو نیکی سے یاد کرے۔ **نیک مرد** (مذکر) ۱ بھلا آدمی۔ بھلا مانس ۲ پارسا۔ پرہیزگار۔ **نیک مزاج** (صفت) دیکھو نیک سرشت۔ **نیک منش** (صفت) نیک سرشت۔ سعادت مند۔ **نیک منظر** (صفت) حسین۔ خوبصورت۔ جمیل۔ **نیک نام** (صفت) نامی۔ نامور۔ جسے لوگ بھلائی سے یاد کریں۔ جس کی شہرت اچھی ہو۔ **نیک نامی** (مونث) ۱ ناموری۔ شہرت ۲ کارگزاری۔ **نیک نامی کی چٹھی یا سند** (مونث) کارگزاری کا سرٹیفکٹ۔ حسن خدمت کی چٹھی۔ **نیک نامی حاصل کرنا یا لینا** (متعدی) کسی اچھی بات کے لئے مشہور ہونا۔ کسی اچھے کام کے کرنے کا ذمہ دار سمجھا جانا۔ **نیک نفس یا نہاد** (صفت) پاک سیرت یا طینت۔ **نیک نیت** (صفت) وہ جس کی نیت اچھی ہو۔ جو کسی کو خواہ مخواہ نقصان نہ پہونچائے۔ جس کے دل میں بد یا نتی کا خیال نہ ہو۔ اچھے ارادے کا ۲ (قانون) وہ جو کام کو دیکھ بھال کر کرے۔ وہ جو کام کو پوری احتیاط اور توجہ سے کرے۔ **نیک نیتی** (مونث) ۱ خوش نیتی۔ نیت میں فتور نہ ہونا۔ اچھی نیت ۲ (قانون) کام کو پوری احتیاط اور توجہ سے کرنا۔ **نیک نیتی سے** (تف) ۱ اچھی نیت سے ۲ (قانون) دیکھ بھال کر احتیاط اور توجہ سے۔ **نیک و بد** (مذکر) ۱ برا بھلا۔ اچھا برا ۲ برائی بھلائی۔ کسی امر کے تمام پہلو۔ **نیک و بد سمجھنا** (متعدی) بھلائی برائی سمجھنا۔ کسی امر کا فائدہ یا نقصان سمجھنا۔ **نیک و بد کا امتیاز** (مذکر) کی تمیز (مونث) نیک و بد سمجھنا۔ **نیک و بد کی سمجھ آنا** (لازم) جوان ہونا۔ بھلائی برائی سمجھنا۔ **نیکو** (صفت) ۱ اچھا۔ بھلا۔ خوب ۲ خوبصورت۔ حسین ۳ (تف) بہتر اچھا ۴ درست۔ ٹھیک طور پر ۵ آسانی سے ۶ بہتر طور پر۔ نہایت شان سے۔ **نیکو خصال** (صفت) نیک خصلت۔ اچھی طبیعت کا۔ **نیکو خدمت** (مونث) اچھی خدمت یا نوکری۔ **نیکو سیر یا سیرت** (صفت) نیک سیرت۔ **نیکو شمائل** (صفت) بھلا مانس۔ شریف۔ نیک خصلت۔ **نیکو کار** (صفت) اچھے کام کرنے والا۔ خوش اطوار۔ **نیکو معاملہ** (صفت) خوش معاملہ۔ راستباز۔ **نیکوں** (صفت) نیک کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **نیکو نہاد** (صفت) نیک نفس۔ **نیکوئی** (مونث) بھلائی۔ خوبی۔ عمدگی۔ **نیکی** (مونث) ۱ نیک بختی۔ سعادت مندی ۲ خوبی۔ بھلائی۔ عمدگی ۳ احسان۔ اچھا کام۔ کار خیر ۴ پارسائی۔ پرہیزگاری ۵ پاکدامنی۔ **نیکی اترے** (عو۔ لکھنو) خدا کی سنوار ہو۔ **نیکی بدی** (مونث) ۱ بھلائی برائی۔ نفع نقصان۔ دوستی۔ دشمنی ۲ مصیبت۔ موت۔ **نیکی بدی سوچنا** (متعدی) نفع نقصان کا خیال رکھنا۔ **نیکی بدی کے فرشتے** (مذکر) وہ فرشتے جو انسان کے اعمال لکھتے ہیں۔ منکر نکیر۔ **نیکی بدی کے واسطے رکھنا** (متعدی) مصیبت پر کام آنے کے لئے رکھنا۔ **نیکی کا فرشتہ** (مذکر) وہ فرشتہ جو اچھے اعمال لکھتا ہے۔ **نیکی کا کام** (مذکر) اچھا کام۔ وہ کام جس سے کسی کا فائدہ ہو۔ **نیکی کرنا** (متعدی) سلوک کرنا۔ احسان کرنا۔

امثال واقوال

نیک اندر بد۔ بد اندر نیک۔ اچھوں کے ہاں برے اور بروں کے ہاں اچھے۔ **نیک بات (صلاح) کا پوچھنا کیا**۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی کسی سے بھلائی کرنے کے لئے پوچھے۔ نیک بات میں صلاح مشورے کی ضرورت نہیں۔ در کار خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست۔ **نیک بخت آنکہ خورد وکشت بدبخت آنکہ مرد و ہشت**۔ نصیبہ ور وہ ہے جس نے کھایا اور کھلایا۔ بدبخت وہ ہے جو مر گیا اور غیروں کے واسطے چھوڑ گیا۔ **نیک نام بنیا۔ بدنام چور** ۱ برابر ہوتے ہیں ۲ بنیا نیک نامی حاصل کر سکتا ہے مگر چور ہمیشہ بدنام رہتا ہے ۳ بنیئے کی ساکھ ہوتی ہے۔ چور کی بالکل نہیں ہوتی۔ **نیکوں کو شول بدوں کو پھول** ۱ نیکوں کے ساتھ بدی۔ بدوں کے ساتھ نیکی ۲ نیک بدی کو بھی اچھا ہی سمجھتے ہیں۔ بد سے نیکی کرو تو بھی برا مانے۔ **نیکوں میں بد۔ بدوں میں نیک**۔ خدا کی شان ہے نیکوں کے گھر بری اور بروں کے گھر نیک اولاد ہوتی ہے۔ **نیکی اور پوچھ پوچھ**۔ دیکھو نیک بات الخ۔ **نیکی برباد گناہ لازم** اس جگہ بولتے ہیں جہاں نیکی کرنے کے بدلے برائی گلے۔ **نیکی کا بدلا بدی**۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی نیکی کرنے والے کے ساتھ برائی کرے۔ **نیکی کا زمانہ نہیں**۔ نیکی کی قدر نہیں۔ **نیکی کر اور دریا میں ڈال۔ نیکی کر کوئیں میں ڈال** ۱ نیکی کر کے بھلا دینی چاہئیے۔ احسان جتانا نہیں چاہئیے ۲ نیکی کر اور اس کے صلے کی امید نہ رکھ۔ **نیکی کرنے والے کو نیکی کا مزہ اور موذی کو ٹکر کا**۔ ہر ایک اپنی طبیعت کے موافق کام کرتا ہے۔ نیک نیکی کے لئے اور موذی شرارت کے لئے۔ **نیکی کر خدا سے (پاک) چاہو** ۱ نیکی کا بدلہ خدا دیتا ہے۔ بھلائی کر کے بھلا دینی چاہیئے ۲ احسان کر کے صلے کی امید نہ رکھ۔ **نیکی کی جڑ (پتال میں) سدا ہری**۔ نیکی کبھی ضائع نہیں ہوتی۔ **نیکی کن و در آب انداز**۔ دیکھو نیکی کر الخ۔ **نیکی نیک راہ بدی ایک (پلیش) راہ**۔ ہر ایک کو اپنے اچھے برے اعمال کا بدلہ ملتا ہے۔ **نیکی ہی رہ جاتی ہے** بھلائی ہمیشہ قایم رہتی ہے۔

نیک۔ نیہک۔ نیکودہ۔ صفت) ۱ چھوٹا۔ ننہا ۲ ذرا سا۔ تھوڑا سا ۳ (تف) تھوڑی دیر کے لئے۔

نیکار (س۔ مذکر) ۱ خفت۔ ذلت ۲ حقارت۔ نفرت۔ بے عزتی۔

نیکاش (س۔ صفت) مانند۔ مثل۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

نیکت (س۔ مفعول) ۱ مشغول۔ ۲ متعلق ۳ لگا ہوا۔ جڑا ہوا ۴ درخواست کرنے والا ۵ حکم دیا گیا۔ ہدایت کیا گیا ۶ اختیار دیا گیا ۷ مقرر کیا گیا۔ **نیکت کرنا** (متعدی) ۱ حکم دینا ۲ مقرر کرنا۔ **نیکت ہونا** (لازم) مشغول ہونا۔

نیگ ۱ دہ۔ مذکر) ۱ وہ حق جو رشتہ داروں اور خدمتی لوگوں کو تقریبات پر دیا جاتا ہے ۲ (دہ) پرانا رواج۔ مقررہ دستور۔ رسم ۳ مخصوص حق (اس

نیمک۔ دھوبی) **نیگ جوگ** (مذکر) دیکھو نیگ ۲ **نیگ جوگی** (مذکر) نیگ ۲ پانے کا حقدار۔ **نیگ دینا** (متعدی) بیاہ شادی کے موقع پر نیگ ۲ دینا۔ **نیگ لگانا** (متعدی) ۱ اچھے کام یا خوشی کی جگہ خرچ کرنا۔ بمصرف کرنا ۲ مجازاً آمد باو کرنا۔ **نیگ لگنا** (لازم) ۱ دیکھو نیگ لگانا ۲ کام آجانا۔ **نیگ لینا** (متعدی) رشتہ داروں اور خدمتیوں کا تقریبات پر اپنا حق حاصل کرنا۔ **نیگی** (مذکر) نیگ ۲ پانے کا حقدار۔ **نیگی جوگی** (ھ) دیکھو نیگی۔

نیل (ع۔ مذکر) ۱ لینا۔ حاصل کرنا ۲ پہنچنا ۳ حصول۔ دسترس (نَیل۔ نالَ۔ حاصل کرنا) اردو میں عموماً مرام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **نیل ومرام** (مذکر) حصول مقصد۔ مقصد پانا۔

نیل (ہ۔ مذکر) ۱ ایک درخت جس کی پتیوں سے ایک قسم کا نیلا رنگ تیار کیا جاتا ہے ۲ اس درخت کی پتیاں ۳ وہ رنگ جو نیل کے درخت کی پتیوں سے نکالتے ہیں ۴ ملایا ہوا اسپند جو نظر بد سے بچنے کے لئے کم عمر بچوں کی پیشانی او پر کچیا پر لگاتے ہیں ۵ چوٹ چکی یا بو سے کا نیلا نشان۔ وہ نیلا نشان جو جسم کے کسی چیز میں دب جانے سے پڑتا ہے۔ یہ نشانات خون کے ایک جگہ جم جانے سے پڑ جاتے ہیں (س۔ نیلم) ۶ (ھ) نیلا رنگ ۷ نیلم پتھر۔ پہاڑی مینا۔ ۸ (ھ۔ صفت) نیلا۔ سیاہی مائل نیلا (س۔ نیل) **نیلا** (صفت) ۱ نیلے رنگ کا۔ نیلگوں۔ آسمانی۔ آبی۔ کبود ۲ (مذکر) ایک قسم کا کبوتر ۳ ایک قسم کا گھوڑے کا رنگ۔ **نیلا پتھر** (مذکر) نیلم **نیلا پڑجانا** (لازم) نیلگوں ہوجانا **نیلاپن** (مذکر) نیلاہٹ۔ نیلگوں ہونا **نیلا پیلا** (صفت) زرد اور نیلگوں۔ **نیلا پیلا ہونا** (لازم) ناراض ہونا۔ غصے ہونا۔ خفا ہونا۔ قہر وغضب سے رنگ کا متغیر ہونا **نیلا تاگا** (مذکر) نیلے رنگ کا تاگا جو دفع نظر بد کے لئے کلائی یا بازو پر باندھتے ہیں۔ **نیلا تھوتھا** (مذکر) ایک مادّہ جو تانبے گندھک اور آکسیجن سے مرکب ہوتا ہے۔ توتیائے سبز۔ **نیلا ڈورا یا گنڈا** (متعدی) دیکھو نیلا تاگا۔ **نیلا ڈورا باندھنا نیلا گنڈا پہنانا** (متعدی) نظر بد سے بچانے کے لئے نیلے رنگ کا تاگا باندھنا۔ **نیلا کردینا یا کرنا** (متعدی) ۱ نیلا رنگ کرنا ۲ بہت مارنا۔ **نیلا گودنا** (متعدی) کسی جگہ بدن پر سوئیاں مار کر نیلا رنگ یا سرمہ چھڑک دینا۔ اس سے نیلے خال بنجاتے ہیں۔ یا پھول اور تصویریں بدن پر بنائی جاتی ہیں۔ **نیلا ہوجانا یا ہونا** (لازم) نیلے رنگ کا ہوجانا۔ نیلگوں ہونا۔ **نیلاہٹ** (مونث) نیلاپن۔ نیلگوں۔ **نیل بڑی** (مونث) ۱ نیل کا ٹکڑا ۲ ادنیٰ قسم کا نیل۔ **نیل بگڑنا** (لازم) ۱ نیل کا خراب ہوجانا۔ مشہور ہے کہ جب کسی نیل بنانے والے کا نیل خراب ہوجاتا ہے تو وہ جھوٹی افواہیں مشہور کرتا ہے۔ جس سے نیل درست ہوجاتا ہے ۲ شامت آنا۔ بدبختی آنا ۳ جھوٹی باتیں بنانا ۴ پاگل ہوجانا ۵ غل مچانا۔ **نیل پڑجانا یا پڑنا** (لازم) بدن پر چوٹ چکی بوسے وغیرہ کا نیلا نشان ہوجانا۔ **نیل تونس** (مذکر) نیل کنٹھ۔ **نیل جلانا** (متعدی) بارش روکنے کے لئے نیل کے ٹکڑے کو تلوار پر رکھ کر آگ لگانا۔ ایک ٹوٹکا ہے۔ **نیل ڈھلنا** (لازم) مرتے وقت آنکھوں سے پانی ٹپکنا۔ نزع کا وقت ہونا۔ (یہ نیل نیر کا مخرب ہے) ۲ آنکھوں کا بےشرم ہونا۔ گستاخ ہونا۔ **نیل کا ٹیکا** (مذکر) ۱ دیکھو نیل ۵ ۲ کسی برے کام کا الزام۔ بدنامی کا داغ۔ روسیاہی۔ **نیل کا ماٹھ بگڑنا** (متعدی) ۱ دیکھو نیل بگڑنا ۲ جھوٹی افواہیں مشہور ہوجانا۔ **نیل کنٹھ** (مذکر) ۱ نیلے رنگ کا پرند جو کبوتر کے برابر ہوتا ہے۔ گڑنڑ ۲ (ھ) مور ۳ ایک آبی پرند ۴ ایک قسم کی چڑیا ۵ ایک پودہ ۶ شوجی یا مہادیو جی کا لقب کیونکہ زہر کے پینے سے جو سمندر کے بلونے کے وقت پیدا ہوا تھا ان کا گلا نیلا ہوگیا تھا۔ **نیل کنٹھی** (مونث) ایک بوٹی۔ **نیل کی سلائی (سلائیاں آنکھوں میں) پھیرنا** (متعدی) اندھا کردینا۔ دیکھو آنکھوں میں نیل الخ۔ **نیل کی کوٹھی** (مونث) نیل بنانے کا کارخانہ۔ **نیل گائے** (مونث) ایک قسم کا نیلے رنگ کا ہرن۔ یہ ہرن کی قسم ہے نہ کہ گائے کی۔ **نیل گر** (صفت) نیل کا کام کرنے والا۔ نیل بنانے والا۔ رنگریز۔ **نیلگوں** (صفت) نیلا۔ آسمانی۔ **نیل گودام (گدام یا کا گدام)** (مذکر) نیل کا کارخانہ۔ **نیل گھوٹنا** (متعدی) ۱ نیل باریک کرنا۔ نیل کو بلونا ۲ لڑائی ڈالنا۔ کہرام مچانا۔ **نیل والا** (صفت) نیل بنانے یا بیچنے والا۔ نیل کے کارخانے کا مالک۔ **نیلی** (صفت مونث) نیلا کی۔ **نیلے** (صفت) ۱ نیلا کی جمع ۲ بجائے نیلا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **نیلی پیلی آنکھیں دکھانا** (متعدی) غصہ ہوکر ڈرانا یا دھمکانا **نیلی پیلی آنکھیں کرنا** (متعدی) غصے ہونا۔ **نیلی فام** (صفت)۔ نیلا۔ آسمان کی صفت **نیلی گھوڑی** (مونث) وہ کھیپیوں کا گھونسا جو ڈالی بنا کر اور کمر میں اس طرح باندھکر کہ ٹانگوں کے دونوں طرف سے مانگتے پھرتے ہیں۔

امثال واقوال نیل تونس

جس سر منڈلاوے مکٹ پتی سوں لابھا پاوے (ھ) جس کے سر پر نیل کنٹھ پھر جائے اُسے بادشاہ کی طرف سے بہت کچھ ملتا ہے۔ **نیل کا ٹیکا کوڑھ کا داغ**۔ بدنامی کا داغ اور کوڑھ کا نشان کبھی نہیں مٹتے۔ **نیل کا ماٹھ بگڑا ہے**۔ تمام چیزیں خراب ہوگئی ہیں۔ تمام کام خراب ہوگیا ہے۔ **نیل کنٹھ کیڑا بھکے مکھ براجیں رام پھوٹ کپٹ کیا دیکھئے درشن سے ہیں کام** (ھ) نیل کنٹھ راجہ رام چندر جی کی سواری سمجھا جاتا ہے اور دسہرے کے دنوں میں اس کا دیکھنا بڑا شبھ سمجھا جاتا ہے۔ کسی کے نقائص کی طرف نہیں دیکھنا چاہئیے اس کی اچھی باتوں کی طرف خیال رکھنا چاہیئے۔

نیل (س۔ عدد) ایک عدد جو ۱۰۰ کھرب کے برابر ہوتا ہے۔ اسے نیلم بھی کہتے ہیں۔

نیلا (س۔ مونث) ۱ ایک قسم کی نیلی مکھی ۲ (ھ) دیکھو نیلہ۔

نیلاب (ف۔ مذکر) دریائے اٹک۔

نیلام (پُر۔ مذکر) بولی دیکر بیچنا۔ بیچنے والا کوئی چیز فروخت کیلئے پیش کرتا ہے۔ خریداروں میں سے ایک آدمی اس کیلئے وہ قیمت بتاتا ہے جو وہ دینے پر تیار ہے دوسرا اس سے بڑھکر بتاتا ہے تیسرا اس سے زیادہ اسطرح لگاتار قیمت زیادہ بتاتے جاتے ہیں جو سب سے بڑھکر قیمت دے چیز اسکی ہوجاتی ہے۔ **نیلام پر چڑھنا** (لازم) نیلام کیاجانا **نیلامچی** (مذکر) نیلام کرنے والا شخص **نیلام کا مال** (مذکر) بہت کم قیمت کا مال **نیلام کرنا** (متعدی) بولی بولکر بیچنا **نیلام گھر** (مذکر) وہ جگہ جہاں نیلام ہوتا ہو **نیلام میں خریدنا** (متعدی) بولی دیکر چیز خریدنا **نیلام ہونا** (لازم) بولی سے بکنا **نیلامی** (صفت) نیلام سے منسوب **نیلامیہ** (صفت) نیلام کرنیوالا (عف)

نیلم (ف۔ مذکر) ایک قسم کا نیلے رنگ کا پتھر یا جواہر۔ **نیلم پری** (مونث) اندر سبھا میں ایک پری۔

نیلم (ہ۔ عدد) سو کھرب۔

نیلوفر (ف۔ مذکر) ایک قسم کا کنول کا پھول جو نیلے رنگ کا ہوتا ہے اس کی پتیاں دواؤں میں استعمال ہوتی ہیں **نیلوفری** (صفت) ۱ نیلوفر سے منسوب ۲ نیلا۔ نیلگوں۔

نیلہ (ف۔ مذکر) ۱ نیل کا پھوک یا خشک رس ۲ (صفت) نیلا

نیم (ہ۔ مذکر) ایک درخت جس کے پتے چھال پھل وغیرہ بہت کڑوا ہوتا ہے۔ مگر پھل پک کر میٹھا ہو جاتا ہے (اس سبب) نیم کا بھرتہ (مذکر) نیم کے پتوں کا بھرتہ بنا کر زخموں پر باندھتے ہیں نیم کا تنکا (صفت) نیم کی پتلی شاخ کے سرے کو توڑ کر عورتیں کان کے بیسے میں رکھتی ہیں تاکہ بند نہ ہو جائے۔ نیم کا تیل (مذکر) ایک قسم کا تیل جو نیم سے بناتے ہیں۔ نیم کا رس (مذکر) وہ پانی جو نیم کے درخت سے نکلتا ہے۔ یہ بعض وقت کسی جگہ سے خود بخود بہنا شروع ہو جاتا ہے یہ بہت مفید کہا جاتا ہے اور لوگ اسے صبح کو پیتے ہیں نیم کا صابون (مذکر) ایک قسم کا صابون جو نیم کے تیل یا رس سے بنایا جاتا ہے، اس سے پھوڑے پھنسیاں جاتی رہتی ہیں۔ نیم کی نبولی (مونث) نیم کا پھل نبکولی نیم کی ٹہنی ہلانا (متعدی) مرض آتشک میں مبتلا ہونا نیم کی ٹہنی سے زخم سے مکھیاں اڑاتے ہیں اس لئے یہ محاورہ ہوا۔

نیم (ف۔ صفت) ۱ آدھا۔ نصف ۲ تھوڑا۔ ۳ بیچ۔ درمیان۔ مابین۔ نیم آستین (مذکر) ایک قسم کا کرتہ جس کی آستینیں چھوٹی ہوتی ہیں۔ نیم اشارہ (مذکر) ادھورا اشارہ۔ نیم باز (صفت) آدھا کھلا۔ آدھا بند۔ نیم برشت یا برشتہ (مذکر) آدھا بھنا ہوا۔ آدھا کچا۔ آدھا پکا (انڈا) نیم بسمل (صفت) ادھ موا۔ گھائل۔ مجروح۔ آدھا ذبح کیا ہوا۔ نیم پخت یا پختہ (صفت) آدھا پکا ہوا نیم تاب (صفت) آدھا تپا ہوا نیم تاج (مذکر) آدھا تاج جو دیبا سے بنا کر اور جواہرات سے مرصع کر کے دلہن کے سر پر رکھتے ہیں نیم تر (صفت) درمیانی۔ نیم تسلیم (مذکر) سلام کیا سیدھے تھوڑا سا خم ہو کر ہاتھ ناف تک لینا۔ نیم ٹھ (صفت) تھوڑا سا پڑھا ہوا۔ حرف شناس۔ کھوٹا سا۔ پڑھنے والا جیسے تھوڑی سی تعلیم ہو۔ نیم جاں (صفت) ۱ ادھ موا۔ ۲ قریب المرگ بنیم مردہ ۳ غشی۔ نیم جوش (صفت) ۱ جیسے جوش دیا ہو ۲ آدھا پکا یا ابلا ہوا۔ نیمچہ (مذکر) خنجر چھوٹی تلوار۔ نیمچہ تاننا یا تولنا (متعدی) نیمچہ مارنے کے لئے ہاتھ اٹھانا۔ نیمچہ کھانا (متعدی) نیمچے کی چوٹ کھانا۔ نیمچہ کھینچنا (متعدی) مارنے کے لئے نیمچہ اٹھانا۔ نیمچہ مارنا (متعدی) نیمچہ لیکر حملہ کرنا۔ نیمچہ نکالنا (متعدی) نیام سے نیمچہ مارنے کے لئے باہر نکالنا۔ نیم جوش کرنا (متعدی) آدھا ابالنا یا پکانا۔ آدھا جوش دینا۔ نیم چہرہ (مذکر) ایک قسم کی خیالی مخلوق جس کا ایک ہاتھ ایک پاؤں ایک آنکھ وغیرہ ہوتی ہے۔ نر کی داہنی طرف ہوتی ہے۔ مادہ کی بائیں طرف۔ دونوں اکٹھے ہوں تو پورا انسان معلوم ہوتا ہے یہ بہت تیز دوڑتے ہیں اور سخت ظالم ہوتے ہیں۔ نیم حکیم (مذکر) وہ شخص جو تھوڑا سا علم حکمت جانتا ہو۔ ادھورا حکیم۔ نیم خواب (صفت) ۱ وہ جس میں ابھی نیند کا اثر ہو۔ خمار آلودہ آنکھ۔ نرگس فرو وغیرہ کی تعریف میں استعمال ہوتا ہے۔ ۲ (مذکر) کچی نیند۔ نیم خوابی (مونث) کچی نیند۔ اونگھنا نیم خوردہ (صفت) آدھا کھایا ہوا جھوٹا۔ پس خوردہ۔ نیم خیز (صفت) ایک قسم کی تعظیم جو نیم قد کھڑے ہو کر دی جاتی ہے۔ نیم دستی (مونث) امیروں کی مسند۔ نیم راضی یا رضا (صفت) آدھا راضی یا رضامند۔ نیم رنگ (صفت) وہ جس کا رنگ کم رہ گیا ہو۔ نیم روز (مذکر) دوپہر۔ سیستان کا ایک صوبہ۔ نیم روزہ (صفت) نصف دن کا۔ نیم سال (مذکر) ۱ آدھا سال ۲ (صفت) ادھیڑ عمر کا آدمی۔ نیم سوختہ یا سوز (صفت) آدھا جلا ہوا۔ نیم سیر (صفت) آدھا پیٹ بھرا ہوا۔ نیم شب (مونث) آدھی رات۔ نیم شبی (صفت) نیم شب کا۔ نیم کش (صفت) ۱ آدھا اندر آدھا باہر ۲ وہ تیر جسے مارنے والے نے کمان کو پورا نہ کھینچا ہو اس لئے پورے طور سے نہ لگے۔ نیم کشتہ (صفت) ادھ موا۔ زخمی۔ گھائل۔ نیم گرم (صفت) شیر گرم۔ وہ جو بہت گرم نہ ہو۔ نیم گفتہ (صفت) آدھا کہا ہوا۔ نیم گیسو (صفت) آدھے کترے ہوئے بال۔ یہ خوبصورتی کے واسطے کترتے ہیں۔ مگر آجکل یورپ کی قوموں میں تو فیشن ہو گیا ہے اور ہندوستان میں بھی بعض شوقین عورتوں نے بال کتروا لئے ہیں۔ (کترنا کے تحت) نیم مست (صفت) آدھا مست۔ وہ مست جو باخبر ہو۔ نیم ملا (مذکر) وہ ملا جس کی علمیت بہت کم ہو۔ کچا ملا۔ ناقص ملا۔ نیم نگاہ یا نگہ (مونث) ترچھی نگاہ۔ کن انکھیوں سے دیکھنا نیم نگاہی (مونث) کن انکھیوں سے دیکھنا۔ نیم وا (صفت) آدھا کھلا ہوا۔ نیمہ (صفت) آدھا۔ نصف ۲ (مذکر) ایک قسم کا اونچا پاجامہ۔ نیمہ آستیں (مذکر) دیکھو نیم آستین۔

امثال واقوال نیم حکیم خطرۂ جان

نیم ملا خطرۂ ایمان۔ ناتجربہ کار سے کام بگڑ جاتا ہے نیم حکیم غلط تشخیص کر کے غلط دوائیں دیتا ہے اور نیم ملا غلط مسئلے بتاتا ہے۔ نیم خوردہ سگ نیم اولیا۔ ناپاک چیز ناپاک کو ہی چاہئے۔ نیم نانے گر خورد مرد خدا۔ بذل درویشاں کند نیمے دگر۔ اللہ والے اگر آدھی روٹی کھاتے ہیں تو باقی آدھی فقیروں کو دے ڈالتے ہیں۔ نیم درون نیم بروں۔ آدھا اندر آدھا باہر۔

نیم (س۔ مذکر) ۱ روکنا۔ مانع ہونا ۲ روک۔ اٹکاؤ۔ ممانعت ۳ مقرر کرنا ۴ تعریف کرنا ۵ تعریف ۶ مقررہ قانون۔ اصول ۷ ضرورت۔ مجبوری ۸ قاعدہ۔ قانون۔ رسم۔ رواج ۹ یقین۔ تیقن ۱۰ معاہدہ۔ ٹھیکہ۔ عہد ۱۱ انتظام ۱۲ وعدہ۔ اقرار۔ قسم ۱۳ کوئی فرض یا مذہبی رسم جو خوشی خود ادا کی جائے جیسے جاترا۔ برت۔ رات کو جاگنا۔ پوجا وغیرہ ۱۴ پرہیزگاری۔ پارسائی۔

نیم (د ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو نیم ۲ ضد۔ ہٹ ۳ وقت۔ بیلا۔ نیم باندھنا (متعدی) ۱ اپنے اوپر کوئی بات فرض کرنا ۲ قسم اٹھانا۔ عہد کرنا ۳ کوئی کام کرنا۔ کوئی فرض ادا کرنا۔ نیم تر (مذکر) تحریری اقرار نامہ نیم دھرم (مذکر) ۱ کوئی مذہبی فرض یا رسم ۲ برت ۳ کسی بات سے اپنے آپ کو روکنا پرہیزگاری ۴ تپ جس میں دو قسم۔ نیاز۔ نیم دھرم لینا (متعدی) قسم دینا قسم لینا۔ نیم کرنا یا لینا (متعدی) دیکھو نیم باندھنا نیم شہر (مذکر) اقرار نامہ۔ عہد نامہ۔

نیمب (د ہ۔ مذکر) نیم۔
نیمبو (د ہ۔ مذکر) لیموں۔

نیمچک (د ہ۔ مذکر) کوئیں کا چاک جس پر چنائی کی جاتی ہے۔

نیمی (س۔ مونث) ۱ پہیے کا بیرونی چکر ۲ کنارہ ۳ کوئیں کی چرخی۔

نیمی (د ہ۔ صفت) ۱ باقاعدہ ۲ پابند وقت ۳ پابند مذہب۔ پارسا۔ پرہیزگار ۴ وعدے کا پکا ۵ وہ جو اپنے فرائض باوقت ادا کرے۔

مثل نیمی پانڈے کمر میں جٹا۔ دکھاوے کی باتیں ہیں۔

نین (د ہ۔ مذکر) ۱ آنکھ ۲ نظر۔ نگاہ یہ لفظ عموماً مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ نینا۔ نیناں (مذکر) نین کی جمع۔ نیناں لڑانا یا نیناں لڑانا (متعدی) آنکھیں لڑانا۔ نین سکھ (مذکر) ۱ ایک قسم کا باریک سوتی کپڑا ۲ اندھوں کا لقب نین متنی یا متی (د ہ۔ صفت) ہر وقت رونے والی۔ بات بات پر رو دینے والی۔ چڑچڑی۔ نینن (مونث) نین کی جمع۔

امثال واقوال

نینا تو بے تیک دوں ٹوک ٹوک ہو جائے۔ پہلے منہ لگائے کے پیچھے الگ ہو جائے عشق آنکھوں کے ذریعے پیدا ہوتا ہے اور دل پر اثر کرتا ہے پھر آنکھوں کو پروا نہیں ہوتی۔ نینا پیت بتلائے سب ہئے کو ہیت اہیت نبجسے نرمل آرسی بھلی بری کہہ دیت آنکھوں سے محبت اور نفرت ظاہر ہوتی ہے جس طرح آئینہ سے خوبصورتی اور بدصورتی نظر آ جاتی ہے۔ نین چھپائے نہ چھپیں پٹ گھونگٹ کی اوٹ چتر نار اور سورما کریں لاکھ میں چوٹ۔ بدکار عورت گھونگٹ میں سے اشارے کرتی ہے۔ اور کھلم کھلا بدکاری کرتی ہے۔ نین کو نیہہ نہ ٹوٹے جیسے بیل برچھ کو پیٹے۔ سوکھ جائے نہ چھوٹے محبت آنکھوں سے نہیں ہٹتی۔ جیسے بیل جو درخت پر چڑھ جائے اس سے علیحدہ نہیں ہوتی چاہے سوکھ جائے۔

نین بینا (د ہ۔ مذکر) رسی جو بیل کی گردن یا ٹانگوں میں ڈالی جائے۔ بگچھا۔

نینا (س۔ مونث) آنکھ کی پتلی۔

نینا۔نے جانا (ھ۔ لازم) جھکنا۔

نیبنتا (س۔ مذکر) ۱ روکنے والا منع کرنے والا ۲ حاکم۔ سردار۔ گورنر ۳ مالک ۴ رتھبان۔ کوچوان۔

نیند (ہ۔ مونث) ۱ آرام کی وہ حالت جس میں انسان یا جانور عموماً رات کے وقت ہوتے ہیں۔ اس میں مکمل بیہوشی ہوتی ہے اور اعضا ڈھیلے پڑ جاتے ہیں اور ہر قوت کم ہو جاتی ہے۔ بعض وقت تھکاوٹ شب بیداری یا سخت گرمی کی وجہ سے دن کو بھی یہ حالت ہوتی ہے۔ سو جانا خواب ۲ مجازاً۔ موت۔ (س نندا۔ سونا) **نیند آ جانا یا آنا** (لازم) سو جانا ۲ آنکھ لگ جانا۔ **نیند اچاٹ ہو جانا۔ اچٹ جانا یا اچٹنا** (لازم) ۱ نیند نہ آنا ۲ نیند اڑ جانا نیند جاتی رہنا ۳ آنکھ کھل جانا۔ جاگ پڑنا ۴ جاگ کر پھر نیند نہ آنا۔ **نیند اڑانا** (متعدی) **نیند نہ آنے دینا۔ نیند اڑ جانا یا اڑنا** (لازم) نیند نہ آنا۔ **نیند امنڈنا** (متعدی) شدت سے نیند آنا **نیند اوچک جانا** (ف) نیند اچٹ جانا۔ **نیند بھر** (ف) اتنی نیند جس سے مکمل آرام ہو جائے **نیند بھر جانا** (لازم) سونے کی خواہش نہ رہنا **نیند بھر کر (کے) سونا** (لازم) پوری نیند سونا۔ نیند بھر کر سونا۔ بےفکری سے سونا۔ **نیند بھری ہونا** (لازم) خمارآلود ہونا **نیند پڑنا** (لازم) نیند آنا۔ **نیند جانا** (لازم) نیند نہ آنا۔ نیند اڑ جانا۔ **نیند حرام کرنا** (متعدی) سونے نہ دینا۔ سوتے سے جگا دینا۔ **نیند حرام ہونا** (لازم) بغیر پوری نیند کے سوتے جاگ اٹھنا **نیند ٹیاں** (مونث) نیند کی تصغیر **نیند کا دکھیا** (صفت) جسے بہت نیند آتی ہو۔ **نیند کافور ہونا** (لازم) نیند نہ آنا۔ نیند اڑ جانا **نیند کا ماتا** (صفت) ہر وقت نیند کے **نیند کھو دینا** (متعدی) نیند اڑا دینا۔ **نیند کی جھپکی** (مونث) غنودگی۔ **نیند کے مارے براحال ہونا** (لازم) نیند شدت سے آنا۔ **نیند کھونا** (متعدی) سونے نہ دینا۔ **نیند میں خلل (فتور) آنا** (لازم) بغیر نیند پورا کئے جاگ آنا۔ نیند بھر سونے نہ پانا **نیند میں ہونا** (لازم) خواب آلودہ ہونا۔ مست خواب ہونا۔ **نیندو** (صفت) بہت سونے والا۔

امثال۔ نیند بھوک تریا پرہ۔ تب تم جاکر چاکری کرو (ھ) نوکری میں بہت تکلیف ہوتی ہے **نیند سولی پر بھی آتی ہے**۔ طبعی حالت کبھی نہیں رکتی۔

نیندنا (ھ۔ لازم) ۱ سو جانا ۲ (متعدی) ملامت کرنا ۳ نندنا۔

نیندی (ھ۔ صفت) خمارآلود۔ نیند بھرے ہوئے۔ نندا سا۔

نینو (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا باریک سوتی کپڑا جس پر آنکھ کی طرح تارے سے بنے ہوتے ہیں۔

نیو (ھ) نیوہ (ہ۔ مذکر) ۱ بنیاد۔ جڑ۔ اصل۔ بنا ۲ شروع۔ آغاز۔ ابتدا ۳ قیام۔ استحکام ۴ دیوار کا وہ حصہ جو زمین کے اندر ہوتا ہے (س نیم) **نیو جمانا** (متعدی) ۱ بنا ڈالنا بنا پڑنا۔ قائم کرنا ۲ شروع کرنا آغاز کرنا ۳ نقشہ جمانا۔ ڈھنگ ڈالنا ۴ تمہید اٹھانا ۵ مکان کی بنیاد رکھنا۔ **نیو دھرنا (ھ) ڈالنا** (متعدی) ۱ مکان کی بنیاد رکھنا ۲ تمہید اٹھانا ۳ شروع کرنا۔ **نیو سے بیٹھنا** (لازم) دیوار کا نیچے سے اوپر تک گر جانا۔

نیو۔نیو (ھ مذکر) ۱ دیکھو نیگ ۲ دیکھو نیہ۔

نیو (ھ۔ صفت) جھکا ہوا۔ خمیدہ۔

نیو (انگ۔ صفت) ۱ نیا۔ جدید ۲ انگریزی میں شہروں کے نام کے شروع میں لگا کر نئے شہروں کا نام رکھتے ہیں۔ جیسے نیویارک۔

نیوا (ھ۔ مذکر) ۱ نیو۔ بنیاد ۲ چپ۔ خاموشی۔ **نیوا نواس کھونا** (متعدی) جڑ سے کھونا۔ برباد کرنا ۲ بیخ و بن اکھاڑ دینا۔

نیوا (ھ۔ مذکر) ۱ رسم۔ رواج ۲ مثل بہت ۳ مطابقت ۴ ضرب المثل۔ کہاوت ۵ سجع۔ مقولہ۔

نیواجو (ھ۔ صفت) پالن ہار۔ محافظ۔

نیوار (س۔ مذکر) وہ دھان جو خودرو لگے۔

نیواری (ھ۔ مذکر) ۱ برہمنوں کی ایک اونچی ذات ۲ اس ذات کا ایک فرد ۳ موتیے کی ایک قسم ہوگرا۔

نیوبے (یو۔ مص) آمفین شاہ تھیبا کی بیوی۔ اس کے بارہ بیٹے تھے جن کا اسے بہت غرور تھا اپولو دیوتا نے انکو قتل کر دیا اور یہ روتی روتی پتھر کی ہو گئی۔

نیوبیم (انگ۔ مذکر) ایک عنصر دھات۔

نیوتا (ھ) نیوتہ (ہ۔ مذکر) ۱ بیاہ شادی کا بلاوا۔ دعوت ۲ وہ روپیہ جو لوگ شادی کے موقع پر شادی والوں کو دیں **نیوتا بھیجنا یا دینا** (متعدی) بیاہ شادی پر بلانا۔ **نیوتنا** (متعدی) بلاوا بھیجنا۔ دعوت دینا۔ شادی پر بلانا۔

امثال۔ نیوتا برہمن بیری برابر۔ نیوتل برہمن شترو برابر۔ برہمن کو کسی کام کے لئے بلایا جائے تو وہ جو کچھ اس سے ہو سکتا ہے لیکو بیچھا چھوڑتا ہے۔

نیور (ہ۔ مونث) ۱ گھوڑے کا ٹخنہ یا کامچی ۲ زخم جو کامچی پر دونوں پاؤں کے ٹکرانے سے ہو جائے ۳ وہ کپڑا یا چمڑا جو پاؤں پر باندھ دیا جائے کہ پاؤں آپس میں نہ ٹکرائیں (س۔ نوپر۔ پاؤں کا ایک زیور) **نیور لگنا** (لازم) گھوڑے کا چلنے میں اپنے پاؤں کو زخمی کرنا **نیور لگنے لگے**۔ طاقت نہ رہی تھک گئے۔

نیوڑانا (ھ۔ متعدی) **نیوڑنا۔ نیوڑھنا** (لازم) دیکھو نوڑھانا اور نوڑھنا۔

نیوز (انگ۔ مذکر) خبریں۔ **نیوز ایجنسی** (مونث) خبریں بھیجنے والی ایجنسی۔ دنیا میں ریوٹر کی سب سے زیادہ مشہور ہے۔ **نیوز پیپر** (مذکر) اخبار۔

نیوش (ف۔ صفت) سننے والا۔ سامع۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے حق نیوش (نیوشیدن۔ سننا) **نیوشندہ** (صفت) سننے والا۔ چھپ کر سننے والا۔

نیوکتا (س۔ مذکر) ۱ حاکم۔ سردار۔ گورنر ۲ مالک۔ آقا۔

نیوگ (س۔ مذکر) ۱ لگانا۔ باندھنا ۲ استعمال ۳ حکم۔ فرمان۔ آگیا ۴ اختیار۔ منظوری ۵ کام کی سپردگی تحویل ۶ کوئی کام یا فرض جو کرنے کے لئے دیا جائے ۷ افسر۔ ملازم ۸ وزیر ۹ نائب۔ ڈپٹی ۱۰ ہندوؤں کی ایک رسم جس کے بموجب بھائی یا اور کوئی قریبی رشتہ دار متوفی کی بیوہ کے ساتھ جماع کر کے اولاد پیدا کر سکتا ہے۔ بعض اوقات جس عورت کے اولاد نہ ہوتی ہو وہ خاوند کی اجازت سے کسی دوسرے شخص سے اولاد حاصل کر سکتی ہے۔ بشرطیکہ یہ دوسرا شخص عالی خاندان برہمن ہو ۱۱ (صرف و نحو) امر۔ **نیوگی** (مذکر) ۱ وہ جسے کسی کام کے لئے مقرر کیا جائے جسے اختیار دیا جائے ۲ جو کسی فرض میں مشغول ہو۔ جو کسی کام یا بیوپار میں لگا ہو ۳ افسر۔ ماتحت ۴ وزیر ۵ نائب۔ ڈپٹی۔ بنیب ۶ وہ شخص جو نیوگ ۱۰ کے لئے منتخب کیا جائے۔

نیول (ھ۔ مونث) دیکھو نیور۔

نیول۔ نیول (ھ) **نیولا۔ نیولا** (ھ۔ مذکر) بلی کے برابر ایک جانور جو چوہے کے رنگ کا اور چھوٹی ٹانگوں اور لمبے بدن والا ہوتا ہے۔ سانپ کو مار ڈالتا ہے لوگ اسے پالتے بھی ہیں (س نکل) **نیولے کی پھانسی** (مونث) مذاقاً اس نام نہانی ران کفرزیوں سے پوچھتے ہیں جو چھینکے دیا وغیرہ بیچتی پھرتی ہیں)

نیولا۔ نیولا (ھ۔ مذکر) گھوڑے کی کامچی کا زخم۔ نیور ۲ سرطان (پھوڑا)

نیولی (ھ۔ مونث) ہمیانی۔

نیون (انگ۔ مذکر) ایک ہوائی عنصر۔ کرۂ ہوا میں اسی ہزار حصوں میں ایک اس کا ہے

نیول۔ نیول (ھ۔ مذکر) مکھن۔

نیوُن (س۔ صفت) ۱۔ کم کیا ہوا۔ کم ۲۔ ادنےٰ درجے کا۔ گھٹیا ۳۔ جس میں کوئی نقص نہ ہو ۴۔ کمینہ رذیل ۵۔ شریر۔ بدکار ۶۔ قابلِ نفرت ۷۔ قابلِ الزام **نیوں کون** (مذکر) زاویہ مادہ۔ سکڑا کون۔

نیونا (ہ۔ لازم) جھکنا۔ خمیدہ ہونا۔

نیونجی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا پھول۔

نیوہار (ہ۔ مونث) نہورا۔

نیوی (ہ۔ مونث) ۱۔ ایک قسم کا کپڑا جو عورتیں کمر میں باندھتی ہیں ۲۔ نیفہ۔

نیہ (مونث) **نیہا** (ہ۔ مذکر) ۱۔ محبت۔ عشق۔ پیار۔ موہ۔ پریت ۲۔ چکنائی تیل **نیہا یا نیہ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) محبت ہونا۔ عشق ہونا **نیہی** (صفت) پیار کرنے والا۔ محبت کرنے والا۔ عاشق۔

نیہار (س۔ مذکر) ۱۔ کوہر۔ دھند ۲۔ پالا ۳۔ بیجد شبنم۔

نیہر (ہ۔ مذکر) میکا۔

و

و (ہ ۔ مذکر) ۱ تلفظ واؤ ۲ اردو کا تینتیسواں فارسی کا تیسواں عربی کا چھبیسواں اور ناگری رسم الخط کا انتیسواں حرف ہے۔ عربی میں بعض لغت میں ہ کے بعد آتا ہے ۳ اگر کسی لفظ کے شروع میں نہ آئے تو حرف علت کہلاتا ہے ۴ بعض وقت ب سے بدل جاتا ہے جیسے سنسکرت ویلا اردو میں بیلا ہے ۵ حساب جمل میں اس کے چھ عدد ہیں ۶ اگر اس سے پہلے حرف پر فتح ہو تو دو مختلف آوازیں پیدا کرتا ہے جیسے سَو۔ کوا ۷ اگر ضمہ ہو تو دو جیسے کو۔ بُو ۸ خ اور ا پ د ر ز س ش ن یہ ہ کے درمیان نہیں بولتا اور حرف ماقبل پر ضمہ پڑھا جاتا ہے۔ جیسے خود۔ خوش۔ خود ۹ عربی میں جمعہ کے دن اور برج میزان کو ظاہر کرتا ہے ۱۰ یہ حرف کبھی مخلوط التلفظ بھی ہوتا ہے۔ جیسے سوانگ کا تلفظ سانگ ہے۔ واؤ چار قسم کا ہوتا ہے۔ معروف ۔ مجہول ۔ موقوف اور معدولہ (الف)، واؤ معروف وہ واؤ ہے جس کے حرف ماقبل پر پیش ہو اور وہ خوب کھینچ کر پڑھا جائے۔ جیسے بُو ۔ چونکہ یہ عربی میں بولا جاتا ہے اس لئے اسے معروف یا جانا ہوا کہتے ہیں اس لغت میں اس صورت میں حرف ماقبل پر پیش دیا جاتا ہے۔ یہ بعض کلمات کے آخر میں آکر کبھی افادہ فاعلیت کا دیتا ہے جیسے جاڑو۔ نکو۔ لگو۔ کبھی فائدہ مفعولیت کا جیسے پالو۔ کبھی تذکیر اسم کا فائدہ دیتا ہے جیسے ۔ الّو۔ جگنو ۔ کلو۔ بدّھو۔ کبھی فائدہ نسبت کا دیتا ہے جیسے ہندو۔ چاقو (ب)، واؤ مجہول جس کے حرف ماقبل پر پیش ہو مگر واضح پڑھا نہ جائے جیسے ۔کو ۔ دو ۔ ہو ۔ اس لغت میں اس صورت میں حرف ماقبل پر پیش نہیں دیا جاتا ۔ یہ آخر اسما میں کبھی فائدہ تانیث کا دیتا ہے ۔ جیسے بنو ۔ رتو ۔ للو کبھی فائدہ مصدریت کا دیتا ہے ۔ جیسے تنتو ۔ تھمبو ۔ للو پتو کبھی اسما کے آخر میں خطاب کی حالت میں جمع کے آتا ہے ۔ جیسے دوستو بہنو عورتو ۔ لوگو ۔ اور امر حاضر کے آخر میں فائدہ جمع کا دیتا ہے جیسے اٹھو بیٹھو دیکھو سنو ۔ اور ن کے ساتھ آخر اسما میں جمع کے واسطے حروف مغیرہ سے پہلے آتا ہے جیسے زاہدوں کو بگلوں کا گھوڑوں سے ساتھیوں میں (ج)، واؤ موقوف اردو الفاظ میں الف کے بعد آتا ہے اور اس پر ۶ لکھا جاتا ہے ۔ جیسے بھاؤ ۔ گھاؤ ۔ تاؤ ۔ آؤ ۔ جاؤ ۔ لاؤ ۔ امر کے بعض صیغوں کے ساتھ آ کر ان کو مصدر کر دیتا ہے جیسے بناؤ۔ بچاؤ۔ لگاؤ۔ جو بننا بچنا اور لگنا کے معنوں میں استعمال ہوتے ہیں کبھی آخر کلمات میں نسبت کے واسطے آتا ہے جیسے پچھیاؤ پچھم کی ہوا بعض مصادر متعدی کے درمیان الف سے پہلے آ کر متعدی المتعدی کر دیتا ہے جیسے دلوانا سلوانا لکھوانا پڑھوانا۔ (د)، واؤ معدولہ جو لکھنے میں آتا ہے۔ بولنے میں نہیں آتا اس کے نیچے عموماً سیدھی لکیر دے دیتے ہیں دیکھو خ

و (ف ۔ حرف عطف) ۱ اور ۔ نیز ۔ بھی ساتھ ۔ نظم اور مرکبات فارسی میں اپنے ماقبل سے مخلوط پڑھا جاتا ہے۔ جیسے مرد و زن ۔ مفتوح پڑھنا خلاف فصاحت ہے ۲ (تف)، درآنحالیکہ ۳ لیکن ولے ۔ ولیک میں زائد ہے ۔ لیکن اب یہ الفاظ متروک ہیں **وگر** (تف)، اور اگر ۔ اور جو ۔ لیکن ۔ واؤ زاید ہے (مت)، **ولے برندش پورا طفل بمکتب** نمی رود ولے برندش ہے ۔ بچے عموماً مدرسے نہیں جاتے ۔ اس لئے انہیں زبردستی لیجاتے ہیں کسی سے مجبوراً کوئی کام کرانے کے موقع پر کہتے ہیں ۔ **وگرنہ** (تف)، نہیں ۔ ورنہ (مت)، **ولے ۔ ولیک ۔ ولیکن** (حرف شرط)، مگر ۔ الّا ۔

و (ع ۔ حرف عطف) ۱ اور عربی اسما اور نثر کے دو جملوں کے درمیان بالفتح پڑھا جاتا ہے ۔ جیسے مالکُ الحَب وَالنوٰا ۔ ایاکَ نَعبُدُ وَایاکَ نستَعینُ ۲ قسم کے لئے جیسے وَاللہ وَاِلّا (تف)، اور نہیں تو ۔ ورنہ ۔ نہیں تو وَاِلّا فی فلا (تف)، دگرنہ خیو وَاِلّا نہ (تف)، ورنہ ۔ واللہ (غف۔)، وَالسَّلام ۔ اور سلام ۔ عموماً خطوں کے آخر میں لکھتے ہیں وَاللہ ۔ خدا کی قسم ۔ **واللہ اعلم** ۔ خدا جانتا ہے اللہ جانے ۔ خدا معلوم و اللہ اعلم بالصواب خدا ہی بہتر جانتا ہے ۔ **واللہ باللہ** ۔ خدا کی قسم کو تاکید دینا منظور ہو تو کہتے ہیں ۔ **وعلیکم السّلام** (ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ) ۔ اور تم پر بھی سلام ہو اور اللہ کی رحمت اور برکت ہو) السلام علیکم کے جواب میں کہتے ہیں ۔ **وقِس علیٰ ہٰذا** ۔ اور اسی پر اور باتوں کو بھی قیاس کرو ۔ **وکفیٰ بہ فخراً** ۔ اور فخر کے لئے یہ کافی ہے ۔ **وما توفیقی الا باللہ** ۔ مجھے توفیق نہیں مگر خدا کی طرف سے ہے ۔ اس قول سے انسان اپنی مجبوری اور بے بسی ظاہر کرتا ہے ۔ **وما علینا الّا البلاغ** ۔ اور ہم پر کچھ فرض نہیں مگر پیغام پہنچا دینا ۔ **وہوا ہٰذا** ۔ اور وہ یہ ہے ۔ کسی چیز کا ذکر کرنے کے بعد اس کو پیش کرتے وقت یہ فقرہ نقل کرتے ہیں ۔

وِ (س ۔ حرف جر) حروف کے پہلے آ کر جدائی ۔ تفریق ۔ پھیلاؤ ۔ تقسیم مخالفت وغیرہ ظاہر کرتا ہے ۔ بعض دفعہ معنوں پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوتا ۔

وا (ف ۔ صفت) کھلا ۔ کشادہ ۲ (حرف جر) پھر ۔ پیچھے ۔ جیسے ۔ واپس ۔ وابستہ ۳ (مذکر) کھانے پینے کی چیزیں ۔ کھانا ۔ خوراک ۔ جیسے گندم وا ۔ گندم کا بنا ہوا کھانا **وا کرنا** (متعدی) کھولنا **وا ہونا** (لازم) ۱ کھلنا ۲ چھوٹنا ۔ رہا ہونا ۳ غم سے چھوٹنا ۔ خوش ہونا ۔

وا (ع ۔ کلمہ افسوس) وائے کا مخفف افسوس ۔ آہ **واحسرتا** (کلمہ افسوس) افسوس ۔ حیف **واعجبا** (کلمہ تعجب) ۱ عجیب بات ہے ۲ عربی میں افسوس کے موقعہ پر بھی استعمال ہوتا ہے ۔ **وامصیبتا** (کلمہ افسوس)، ہائے مصیبت کسی حادثے کے ظہور پر استعمال ہوتا ہے ۔ **واویلا** (کلمہ افسوس) ۱ فریاد ۔ دہائی (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ حیف ۔ افسوس ۳ گریہ وزاری ۔ نوحہ ۔ ماتم رونا پیٹنا ۔ آہ و نالہ **واویلا مچانا** (متعدی) ۱ شور و فغاں کرنا ۔ رونا پیٹنا ۲ شور مچانا ۔ دہائی دینا ۔

وا (ہ ۔ مونث) ۱ ہوا ۔ باد ۲ ضمیر ۔ وہ ۔ اسے وا تے تیں ہیں ۔ سو ۔ سوں ۔ سیوں یا سے (تف)، اس سے ۔ اس کو ۔ وا کو یا کوں (تف)، اس کو ۔ وا کی (صفت)، اسکی ۔ وا ماہن یا نہیں یا مہ (تف)، وا کا ۔ گویا کو (تف)، ان ہیں ۔ وانے (تف)، اس نے ۔ واہی یا ہے (تف)،

امثال و اقوال ۔ **وا پرکھا لو جگت سرا ہوے** ۔ جوہری نام کے بل بل جاوے جو آدمی خدا کی پرستش بہت کرتا ہے ۔ اسے لوگ بہت اچھا سمجھتے ہیں **وا پرکھا کی دن دن خوار جا کی تریا ہو کلہاری** ۔ جس کی بیوی لڑاکی ہو، اس کی زندگی وبال جان ہوتی ہے ۔ **وا تریا تو اک دن بھاجئے ۔ جا کی آنکھ کدھوں نہ لاجئے** ۔ جس عورت کی آنکھ میں شرم نہیں وہ ایک نہ ایک دن نکل جائے گی ۔ **وا تریا سنگ بیٹھ نہ بھائی جا کو جگت کہے ہرجائی** ۔ آوارہ عورت کے ساتھ میل جول نہ رکھ ۔ **وا دن دیکھے جائینگے برے بھلے سب کار ۔ جا دن لیکھا لیگا وہ قادر کرتار** ۔ قیامت کے دن ہر ایک کو اس کے کاموں

کا اجر مل جائے گا۔ واکو آچھا مت کہے جو تیرے ڈھور ے آئے۔ کرے برائی او رکی اپنے تئیں بڑھائے۔ چغلخور کو اچھا نہیں سمجھنا چاہئے۔ واکو سیکھ نہ دیجئے جو ہو موڑھ گنوار۔ گولی منھ پر ڈال دو بکڑے نہ قرار۔ بے وقوف کو نصیحت نہیں کرنی چاہئے۔ گولی گنبد پر نہیں ٹھہرتی واکی گت واہی جانے آدمی خود ہی اپنے دل کی حالت سمجھتا ہے۔ واناری کو مت کو ڑھ بتاؤ۔ جاسوں دن دن لاکھا پاؤ۔ جس سے فائدہ ہو اس سے بُرا برتاؤ مت کرو۔ وا نر سے مت مل رہے بیٹا جو کد ھے مرگ اور کدھے ہو جلیتا۔ ایسے آدمی سے میل جول نہیں رکھنا چاہئے جو کبھی بہت نرمی کرے اور کبھی بہت سختی۔ واہی نر کو جان تو پورا اپنا میت۔ جو راکھے بن لالچ کے تجھ سے ہیت پریت۔ جو بغیر فائدے کے تجھ سے محبت رکھے اُسے اچھا سمجھو۔

وابست (ف۔ صفت) وابستہ کا مخفف (دیکھو۔ پیچھے۔ بستہ۔ بندھا ہوا) **وابستگان** (مذکر) وابستہ کی جمع ۱ وہ لوگ جو کسی سے خاص تعلق رکھتے ہوں ۲ رشتہ دار۔ گھر کے لوگ۔ کنبہ۔ **وابستگانِ محبت** (مذکر) عاشقان۔ دوستان **وابستگی** (مونث) تعلق۔ لگاؤ۔ سروکار۔ **وابستہ** (صفت) ۱ بندھا ہوا۔ منسلک۔ متعلق۔ پیوستہ ۲ منسوب ۳ رشتہ دار۔ ملازم۔

واپس (ف۔ صفت) ۱ لوٹا ہوا۔ اُلٹا پھرا ہوا۔ ہٹا ہوا ۲ لوٹایا ہوا۔ پھیرا ہوا۔ مسترد ۳ پیچھے۔ الٹا (دیکھو پیچھے۔ پس۔ پیچھے) **واپس آنا** (لازم) لوٹنا۔ پلٹ آنا۔ پھر لوٹنا **واپس جانا** (لازم) پیچھے چلا جانا۔ مڑ جانا۔ لوٹنا۔ پھر لوٹنا **واپس دینا** (متعدی) لوٹا دینا۔ پھیرنا۔ مسترد کرنا **واپس لینا** (متعدی) پھیر لینا **واپس ملنا** (لازم) کسی چیز کا پلٹ کر ملنا **واپس ہونا** (لازم) لوٹنا۔ پلٹنا۔ اُلٹا پھرنا۔ **واپسی** (صفت) ۱ واپس شدہ۔ پھری ہوئی (چیز) ۲ (مونث) واپس ہونے کی حالت۔ مراجعت ۳ واپس دینے کا فعل **واپسی ٹکٹ** (مذکر) وہ ٹکٹ جو کم کرایہ دینے پر واپس آنے کے لئے مل جاتا ہے۔ **واپسی سفر** (مذکر) وہ سفر جو روانگی کی جگہ کو واپس آنے کے لئے کیا جائے۔ **واپسی کرایہ** (مذکر) وہ کم کرایہ جو واپسی سفر کے لئے دیا جائے۔ **واپسین** (صفت) آخرکار۔ آخری۔ دم کے ساتھ استعمال ہوتا ہے **واپسی ہونا** (لازم) واپس آنا۔ مراجعت ہونا۔

واپکا (س۔ مونث) باؤلی۔

واپل (ہ۔ مذکر) نازبو

واپی (س۔ مونث) ۱ باؤلی ۲ تالاب جو ہر یا جھیل جو بیضوی شکل کی ہو۔

وات (س۔ مذکر) ۱ ہوا۔ باد ۲ بادی ۳ اپھرا ۴ جوڑوں کا درد۔ وجع المفاصل۔ نقرس ۵ جنون۔ سودا۔

واتن (ع۔ صفت) ۱ دائم ہمیشہ کا ۲ متفرد ۳ ہمیشہ سرسبز رہنے والا ۴ بہتا ہوا پانی (وَتَن۔ ہمیشہ ہونا)

واٹ (ہ۔ مذکر) راستہ۔ باٹ **واٹ جوہنا یا نہارنا** (متعدی) راہ دیکھنا انتظار کرنا۔

واڑکا (س۔ مونث) ۱ مکان کی جگہ ۲ بنگلہ ۳ چھوٹا باغ۔ باڑی۔

واثق (ع۔ صفت) ۱ پکا۔ مستحکم مضبوط۔ مستقل (وَثَق۔ اعتبار کرنا)

واجب (ع۔ صفت) ۱ ضرور۔ لازم ۲ مناسب۔ لائق۔ سزاوار۔ قابل ۳ ہمیشہ دائم۔ مدام ۴ (اصلاح فقہ) وہ فعل جس کا بلا عذر چھوڑنے والا عذاب کا مستحق ہو۔ فرض ۵ (علم حساب) وہ مکسور جس کی کسر کا عدد مخرج کے عدد سے چھوٹا ہو ۶ تنخواہ۔ مشاہرہ ۷ وہ جو اپنے بقائے وجود میں دوسرے کا محتاج نہ ہو۔ خدا تعالے (وَجَبَ۔ ضروری ہونا) **واجب آنا** (لازم) لازم آنا۔ **واجبات** (مذکر) واجب کی جمع ۱ فرائض ۲ ضروریات۔ ضروری چیزیں ۳ لوازمات ۴ چڑھی ہوئی تنخواہیں۔ ماہواری مشاہرے ۵ رقوم واجب الوصول۔ **واجب الاتباع** (صفت) جس کی پیروی تعمیل یا کرنا ضروری یا مناسب ہو۔ **واجب الادا** (صفت) جس کا ادا کرنا ضروری ہو (رقم) **واجب الاعمال** (صفت) جس کی تعمیل ضروری ہو۔ **واجب الاطاعت** (صفت) جس کی پیروی یا تعمیل ضروری ہو۔ **واجب الاظہار** (صفت) جس کا ظاہر کرنا ضروری ہو۔ **واجب الامتثال** (صفت) جس کی تعمیل ضروری ہو۔ **واجب التسلیم** (صفت) جس کا ماننا ضروری یا مناسب ہو۔ **واجب التعزیر** (صفت) سزا کے قابل۔ **واجب التعظیم** (صفت) عزت کرنے کے لائق تعظیم کے قابل۔ **واجب التعمیل** (صفت) جس پر عمل کرنا ضروری ہو۔ **واجب الرحم** (صفت) رحم کے لائق۔ **واجب الرعایت** (صفت) رعایت کے قابل۔ قابلِ معافی یا عفو۔ **واجب الزیارت** (صفت) جس کی زیارت کرنا ضروری ہو۔ **واجب الصلب** (صفت) پھانسی کے لائق۔ **واجب الطلب** (صفت) جس کا مانگنا ضروری ہو۔ وصول کرنے کے لائق۔ **واجب العرض** (مذکر) ۱ وہ شرائط جو بندوبست کے اختتام پر مالکوں اور کاشتکاروں کے مابین لکھی جائیں ۲ (صفت) جس کا عرض کرنا ضروری ہو۔ **واجب القتل** (صفت) قتل کرنے کے قابل۔ مار ڈالنے کے لائق **واجب القطع** (صفت) کاٹے جانے کے قابل **واجب الوجود** (صفت) وہ جس کی ذات اپنے وجود سے قائم ہو۔ خدا تعالے **واجب الوصول** (صفت) قابل وصول۔ جس کا وصول کرنا ضروری ہو۔ **واجب جاننا یا سمجھنا** (لازم) ضروری سمجھنا۔ فرض سمجھنا۔ **واجب و لازم** (صفت) مناسب اور ضروری (ٹھہرانا کے ساتھ) **واجب ہونا** (لازم) ضروری ہونا **واجبی** (صفت) ۱ ضروری لازمی ۲ درست۔ ٹھیک۔ بجا۔ معقول ۳ لائق مناسب۔ سزاوار ۴ نہ کم نہ زیادہ۔ متوسط ۵ تھوڑی کسی قدر **واجبی بات** (مونث) درست یا ٹھیک بات **واجبی خرچ** (مذکر) ضروری خرچ جو نہ کم ہو نہ زیادہ۔ **واجبی دعوے** (مذکر) درست دعویٰ۔ **واجبی سا** (صفت) قلیل۔ تھوڑا سا۔ **واجبی قیمت** (مونث) وہ قیمت جو کم ہو نہ زیادہ مناسب قیمت۔ **واجبی واجبی** (نعت) یونہی سا تھوڑا سا۔ **واجبی ہونا** (لازم) نہ کم نہ زیادہ۔ متوسط ہونا۔

واجد (ع۔ صفت) ۱ پانے والا ۲ وجود دینے والا ۳ محتنی ۴ خدا تعالے کا ایک نام (وَجَدَ۔ پانا۔ وجد۔ خلق ہونا)

واجی (س۔ صفت) ۱ تیز ۲ طاقتور مضبوط ۳ (مذکر) گھوڑا ۴ پرندہ ۵ تیر ۶ ایک پودہ **واجمیدہ** (مذکر) گھوڑے کی بھینٹ۔

واجیکر (س۔ صفت) ۱ طاقت والا۔ مقوی ۲ شہوت انگیز۔ مبہی۔ **واجیکرن** (س۔ مذکر) ۱ طاقت دینے کا فعل ۲ مبہی دوائیں کھا کر شہوت

کو تیز کرنا۔

وارچ (س۔ مونث) ۱ گفتگو ۲ بات
۳ آواز ۴ زبان ۵ لفظ ۶ محاورہ۔ مقولہ۔ کہاوت
۷ دعوےٰ۔ اصرار ۸ یقین ۹ وعدہ۔

واچ (انگ۔ مونث) ۱ جیبی گھڑی
۲ رسٹ، ہاتھ پر باندھنے کی چھوٹی گھڑی ۳ نگرانی
یا حفاظت کرنا۔ **واچ میکر** (مذکر) گھڑیاں بنانے
یا مرمت کرنے والا۔ گھڑی ساز **واچمین** (مذکر)
چوکیدار۔

واچھڑ۔ واچھڑے (ہ کلمۂ تعجب)
۱ اظہار تعجب کے لئے۔ واہ جی۔ شاباش (مت) ۲
(ہ۔ دکر) تعریف۔ ثنا ۳ تجربے ساز کا محبت نہ پیار
یا حوصلے دلانے کے الفاظ۔

واحد (ع۔ عدد) ۱ ایک۔ فرد۔ منفرد
مجرد ۲ اکیلا۔ یگانہ ۳ تنہا۔ صرف۔ فقط۔ نرالا ۴
ذات خدا۔ خداتعالے کا ایک نام (ذ خُدا۔ ایک ہونا)
واحد (نت) جلّ جلالہ۔ الگ ۶ **العدا لدہر یا العصر**
(صفت) دیکھو وحید الدہر۔ **واحد العین**
(صفت) ایک آنکھ والا۔ یک چشم۔ کانا۔
واحد حقیقی (صفت) خداتعالے **واحد شاہد** ۱
خداگواہ ہے ۲ (صفت) واقف۔ محرم۔ واقف الحال
۳ احسان یا سلوک کرنے والا ۴ پانے والا۔ **واحد
شاہد ہونا** (لازم) ۱ باخبر ہونا۔ واقف ہونا۔ جاننا۔
محرم ہونا ۲ کوئی چیز پانا۔ **واحد شاہد بھی نہیں**
ناواقف اور بے خبر ہوں۔ **واحدیت** (مونث) واحد
ہونا۔ واحدیت۔ **واحدیہ** (مذکر) مسلمانوں کا ایک فرقہ۔

واد (س۔ مذکر) ۱ بولنا۔ باتیں کرنا ۲
آواز ۳ گفتگو ۴ لفظ۔ فقرہ ۵ دعوےٰ ۶ بیان ۷
افواہ۔ رپورٹ ۸ شرح۔ تشریح ۹ ثبوت شدہ تتمہ
یا انجام ۱۰ جواب ۱۱ بحث۔ مباحثہ ۱۲ الزام۔ بہتان
واد (ف۔ مذکر) ۱ بیٹا ۲ ہوا۔ باد۔
وادہ (ف۔ مذکر) ۱ جڑ۔ بنیاد۔ اصل۔
نیو ۲ منبع ۳ کسی چیز کا مادہ۔

وادی (ف۔ مونث) ۱ وہ میدان جو
دریا کے کناروں پر یا پہاڑوں کے درمیان ہو۔ جیسے کشمیر
۲ نخلستان ۳ (مذکر) دریا۔ ندی ۴ صحرا۔ بیابان۔
جنگل (وحشت) **وادی الحشر** (مذکر) میدان حشر
وادی الکبیر (مذکر) ہسپانیہ میں ایک دریا۔
گواڈالکیور۔ **وادی ایمن** (مذکر) وہ صحرا جس میں سے

حضرت موسیٰ اپنی بیوی کو لے کر گذرے تھے اور بنی
اسرائیل کو لے کر آئے تھے۔ یہ صحرا نہر سویز کے مشرق
میں واقع ہے۔ اور کوہ طور اس کے جنوب میں ہے۔
یہاں آپ اپنی بیوی کو درد زہ میں مبتلا چھوڑ کر آگ کی
تلاش میں گئے تھے اور کوہ طور پر معراج ہوا تھا۔ **وادی
خموشاں** (مذکر) قبرستان۔ **وادی ظلمت** (مذکر)
مجازاً زمین۔ دنیا۔ **وادی عروس** (مذکر) مدینہ کے
رستہ میں ایک نخلستان۔ **وادی مجنوں** (مذکر) ہنر
مقصود۔ **وادی نورد** (صفت) صحرا نورد۔
وحشی۔ دیوانہ۔

وادی پر آنا (اُردو۔ لازم) ۱ ضد پر آنا
ہٹ پر آنا ۲ اپنی عادت پر آنا (عو)

وادید (ف۔ مونث) باز دید۔

وار (ہ۔ مذکر) ۱ حملہ۔ چوٹ ۲ ضرب
مار ۳ الزام۔ بہتان ۴ (ہ) بہت بوجھ یا وزن ۵
زخم۔ گھاؤ (س۔ پٹ پھینکنا۔ مارنا) ۶ باری۔ داؤں
(مت) ۷ موقع۔ گھات ۸ وقت ۹ دن ۱۰ (ہ) ڈھیر
مقدار ۱۱ کوئی چیز جو روک دے۔ دروازہ۔ پھاٹک ۱۲
برتن جس میں شراب رکھی جائے ۱۳ شوجی کا نام ۱۴ (ہ)
مونث، دیر۔ تاخیر ۱۵ صبر۔ انتظار ۱۶ فرصت کا وقت
(س دیر۔ روکنا) ۱۷ (مذکر) دریا کا نزدیک کا کنارہ
۱۸ (تف) اس طرف (س اوار) ۱۹ والا۔ صاحب۔ مرکبات
میں۔ **وار بچانا** (متعدی) ۱ حملہ روکنا۔ ضرب روکنا
وار بیٹھنا (متعدی) چوٹ لگنا۔ ضرب لگنا۔ **وار پار**
(تف) آر پار۔ ادھر سے ادھر تک کسی نوکدار اوزار یا
ہتھیار کے ایک سرے کا دوسری طرف نکل جانا۔ **وار
چل جانا یا چلنا** (لازم) ۱ ہتھیار کی ضرب پڑھنا۔ چوٹ
لگنا ۲ موقع ہاتھ آنا۔ داؤں چلنا۔ موقع بننا۔ **وار خالی
جانا** (لازم) **دینا** (متعدی) چوٹ بچانا **وار رکنا**۔
(لازم) **روکنا** (متعدی) ۱ کسی کے حربے کو ڈھال یا
ہتھیار پر روکنا ۲ حملہ روکنا۔ ضرب روکنا ۳ حملہ کو
روکنے کیلئے کوئی عضو سامنے کر دینا۔ **وار کرنا** (متعدی)
حملہ کرنا۔ چوٹ کرنا۔ **وار لگانا** (متعدی) ضرب لگانا
وار لینا (متعدی) دم لینا۔ ٹھہرنا (عو) **وار مارنا**
(متعدی) وار کرنا (مت) **وار ملنا** (لازم) ۱ موقع ملنا
۲ فرصت ملنا۔

مثل۔ وار مرداں خالی نہ باشد
مردوں کا وار خالی نہیں جاتا۔ یہ وار فارسی لفظ نہیں اور
یہ مثل بھی ہندوستان کی اختراع ہے۔

وارہ (ہ۔ امر) وارنا کا (س ور۔ گھیرنا)
وارا ۱ (ماضی) وارنا کی ۲ (مذکر) فائدہ۔ نفع ۳ بچت
کفایت ۴ افاقہ ۵ (ہ) برکت ۶ دولت۔ مال ۷ سستا
نچھاور ۸ ارزانی ۹ (ہ۔ صفت) سستا **وارا کرنا**
(متعدی) لگاتار وارنا **وارا نیارا** (مذکر) فیصلہ کسی
جھگڑے یا معاملے کا ۱ فائدہ۔ نفع ۲ خلاصی۔ نجات
۳ خاتمہ۔ اختتام **وارا ور دآنا** (ہ) ۱ جیتنا۔ غالب
آنا ۲ میدان پٹنا۔ **وار پھیر** (مذکر) وہ نقدی جو دولہا
دولھن کے سر سے وار کر دی جائے۔ نچھاور۔ صدقہ۔
وار کرنا۔ وارنا (متعدی) ۱ کوئی چیز کسی کے سر کے
گرد پھرا کر صدقہ دینا۔ تصدق کرنا۔ نچھاور کرنا ۲
گھیر لینا۔ گھیرنا ۳ بچانا۔ روکنا ۴ بھینٹ دینا ۵ اپنے
آپ کو کسی پر تصدق یا فدا کرنا **واری** (مونث) ۱ صدقہ
قربانی ۲ (کلمۂ ندا) صدقے۔ نثار۔ قربان ۳ واری۔
قربان جاؤں **وارے** (مذکر) وارا کی جمع۔ فائدے۔
واری جانا (لازم) قربان ہونا۔ نثار ہونا۔ صدقے
ہونا **واری جاؤں** (ہ) قربان ہوں۔ صدقے جاؤں
واری گئی تھی (عو) ۱ وہ کون ہے جو بولے یا دخل
دے ۲ وہ کسی کام کی نہیں **وارے نیارے** (مذکر)
وارا نیارا کی جمع۔ فائدے۔ **گھر وارے نیارے
ہو جانا یا ہونا** (لازم) گھر سے ہونا۔ چاندی ہونا۔
فائدہ یا نفع ہونا **واری ہو کر۔ مر جاؤں** (عو)
تم پر سے قربان ہو جاؤں **واری ہونا** (لازم) قربان
صدقے یا نثار ہونا۔

وار (ف۔ مذکر) ۱ بوجھ جیسے خروار
۲ وقت۔ باری ۳ (صفت) صاحب۔ رکھنے والا۔
پانے والا۔ بھرا ہوا۔ جیسے امیدوار۔ قصوروار ۴
لائق۔ مناسب۔ موزوں جیسے سزاوار۔ گوشوار شاہوار
۵ مثل۔ مانند جیسے ذرہ وار۔ حساب وار ۶ بموجب
موافق جیسے ماہوار کشتوار ۷ کافی مقدار کے بموجب
جیسے جامہ وار ۸ کلمۂ نسبت جیسے بزرگوار۔

وار (س۔ مونث) ۱ پانی ۲ مائع ۳
بہاؤ۔ رقت ۴ سرسوتی جی کا ایک نام ۵ ہاتھی کے باندھنے
کی جگہ ۶ قیدی (عدد) چار

وارانسی (س۔ مونث) بنارس۔
وارہ (س۔ صفت) سور کا۔
سور سے منسوب۔

وارت (س۔ مفعول) ممنوع۔
وارتا (س۔ مذکر) ۱ رہنا۔ ٹھہرنا۔

ہونا ۶ کام پیشہ ۔ روزگار ۔ تجارت ۷ زراعت ۸ حالات خبریں ۔ اطلاع ۔ رپورٹ ۔ افواہ ۹ لفظ ۱۰ گفتگو ۔ بات چیت ۔ وارتا کرنا (متعدی) بات چیت کرنا ۔ گفتگو کرنا ۔

وارث (ع ۔ مذکر) ۱ مردے کے مال سے حصہ لینے والا ۔ میراث کا حقدار ۔ میراث لینے والا ۲ خاوند ۔ خصم ۔ میاں ۳ مددگار ۔ حامی ۔ معاون ۴ خداتعالےٰ ۔ وہ عالم کی فنا کے بعد باقی رہنے والا اور تمام مرنے والوں کا وارث ہے (وِرَاثَت ۔ میراث پہنچنا) وارث بنانا (متعدی) اپنے بعد جائیداد کا حقدار مقرر کرنا ۔ وارث تاج و تخت ۔ نگین (مذکر) بادشاہ کا وارث ۔ ولیعہد ۔ وارث تسلیم کرنا (متعدی) ہونا (لازم) کسی مردے کی جائیداد کا حقدار مانا جانا ۔ وارث قرار دینا (متعدی) ۱ مردے کی جائداد کا حقدار تسلیم کرنا ۲ اپنے بعد جائداد کا حقدار مقرر کرنا ۔ وارث ہونا (لازم) مردے کی جائیداد کا حقدار ہونا ۔ وارثی (ف ۔ مونث) وراثت ۔

وارد (ع ۔ صفت) ۱ ورود کرنے والا ۔ آنے والا ۲ پہنچنے والا ۳ ہونے والا (وُرُود ۔ موجود ہونا) وارد و صادر (صفت) آنے والا ۔ مسافر ۔ مہمان ۔ وارد ہونا (لازم) آنا ۔ نازل ہونا ۔ اترنا ۔ پہنچنا ۔ داخل ہونا ۔

واردات (ع ۔ مونث) واردہ کی جمع ۔ اردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے ۱ واقعہ ۔ وقوع ۔ حادثہ ۔ سانحہ ۲ ہنگامہ ۔ دنگا ۔ فساد ۳ سرگذشت ۔ حال احوال ۔ حالات ۴ جرم ۔ چوری ۔ نقب زنی ۔ ڈاکہ ۔ وارداتِ خفیف (مونث) معمولی جھگڑا یا جرم ۔ وارداتِ سنگین (مونث) سخت جرم مثل ڈاکہ قتل زنا بالجبر ۔ نقب زنی وغیرہ ۔ واردات کرنا (متعدی) ۱ دنگا فساد کرنا ۲ جرم کرنا ۔ واردات ہونا (لازم) ۱ سانحہ گزرنا ۔ واقعہ ہونا ۲ جرم کا وقوع ہونا ۔

وارڈ (انگ ۔ مذکر) میونسپلٹی کا وہ حصہ جس میں سے ایک ممبر منتخب ہو ۔

وارستگی (ف ۔ مونث) آزاد ہونا ۔ چھوٹنا ۔ رہا ۔ پھر ۔ (رستن ۔ رہا ہونا)

وارستہ (ف ۔ صفت) آزاد ۔ بےپروا ۔ خودمختار ۔ مطلق العنان ۔ فارغ البال ۔ وارستہ طبع یا مزاج (صفت) آزاد طبع ۔ بےپروا ۔

وارشک ۔ **وارشہ** (س ۔ صفت) ۱ موسم برسات کا ۲ موسم برسات کے لئے مناسب یا موزوں ۳ سالانہ ۴ (مذکر) سالانہ پنشن یا وظیفہ ۵ کوئی سالانہ تیوہار یا رسم ۔

وارفتگان (ف ۔ مذکر) وارفتہ کی جمع

وارفتگی (ف ۔ مونث) ۱ بیخودی ۔ شیفتگی ۔ عاشق ہونا ۲ اضمحلال ۔ تھکن ۔ تھکاوٹ ۔

وارفتہ (ف ۔ صفت) آپے سے باہر ہونا ۔ بیخود ۔ شیفتہ ۔ عاشق ۔

وارن (ھ ۔ مذکر) ۱ قربانی یا بھینٹ سے کوئی مصیبت یا آفت روکنا ۲ بھینٹ ۔ قربانی ۔

وارنٹ (انگ ۔ مذکر) ۱ حکمنامہ گرفتاری ۔ کسی کو گرفتار کرنے کا تحریری حکم ۲ طلب نامہ ۔ حکمنامہ ۔ حکم ۔ فرمان ۔ وارنٹ بھیجنا (مذکر) کسی دوسرے افسر کے پاس گرفتاری کا حکمنامہ بھیج دینا ۔ وارنٹ تلاشی (مذکر) تلاشی کا حکمنامہ یا پروانہ ۔ یہ ترکیب غلط ہے انگریزی لفظ پر اضافت نہیں آنی چاہئے ۔ وارنٹ جاری کرانا (م م) کرنا (متعدی) ہونا (لازم) کسی کی گرفتاری کا حکم ہونا ۔ وارنٹ رہائی (مذکر) رہائی کا تحریری حکم دیکھو نوٹ وارنٹ تلاشی ۔ وارنٹ کی تعمیل (مونث) وارنٹ کے ذریعہ کسی کی گرفتاری یا تلاشی ۔ گرفتار کرنے والا ملزم کو ہاتھ لگا کر کہتا ہے کہ میں نے تجھے گرفتار کیا ۔ اگر وہ وارنٹ دیکھنا چاہے تو اسے دکھاتا ہے ۔ گرفتاری کے لئے ہتھکڑی لگانا ضروری نہیں (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) وارنٹ گرفتاری (مذکر) کسی کو پکڑنے کا حکم نامہ ۔ دیکھو نوٹ وارنٹ تلاشی ۔ وارنٹ نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) وارنٹ جاری ہونا ۔

وارنش (انگ ۔ مونث) ۱ روغن ۔ وہ مسالہ جس سے کوئی چیز چمکدار ہو جائے ۲ ملمع ۔ قلعی ۳ ایک قسم کا مسالہ جو سپرٹ سے تیار کیا جاتا ہے اور لکڑی لوہے وغیرہ پر رنگ کر کے اس پر لگانے سے چیز خوب چمکتی ہے

واڑہ (ہ ۔ مونث) ۱ وہ جگہ جس کے گرد باڑہ ہو ۔ احاطہ ۲ (ھ) مقام ۔ جگہ ۳ رہنے کی جگہ ۔ مرکبات میں جیسے ستی واڑ (س ذٹ ۔ گھرنا) واڑا (مذکر) ۱ رہنے کی جگہ ۲ شہر کا ایک حصہ ۳ محلہ ۔ کوچہ ۔ گلی ۴ ٹولہ ۔ وہ جگہ جہاں ایک قسم کے لوگ بستے ہیں ۔ جیسے تیلی واڑا ۔ چمار واڑہ ۵ علاقہ ۔ ملک ۔ سلطنت جیسے راجواڑا ۔ بینسواڑا ۔ واڑی (مونث) ۱ باغ ۔ باڑی ۔ پھلواڑی ۲ جگہ ۔ احاطہ ۳ رہنے کی جگہ ۔ جھونپڑی ۔ بنگلہ ۔

واژگوں ۔ **واژوں** (ف ۔ صفت) ۱ الٹا ۔ اوندھا ۔ سرنگوں ۲ نامبارک ۔ منحوس ۔ برگشتہ ۔ واژوں بخت (صفت) بدنصیب ۔ بدبخت ۔

واس (س ۔ مذکر) ۱ رہنا ۔ رہائش رکھنا ۲ رہنے کی جگہ ۳ موقع ۴ خوشبو ۔ باس ۵ کپڑا ۔ پوشاک ۔ واسا (ہ) دیکھو واس اور باسا ۔

واسر (س ۔ مذکر) ۱ دن ۲ ایک قسم کا سانپ ۔

واسط (ع ۔ مذکر) ۱ درمیان ۔ وسط ۲ ثالث ۔ بچولیا ۔ پنچ ۳ دلال ۴ وہ شخص جو شادیاں کرائے ۵ کوئی شہر جو درمیان میں ہو ۶ کوفے اور بصرے کے درمیان ایک شہر (وَسَط ۔ درمیان ہونا) واسطہ (مذکر) ۱ کوئی درمیانی چیز ۲ تعلق ۔ علاقہ ۔ لگاؤ ۔ ربط ۔ مناسبت ۳ وسیلہ ۔ ذریعہ ۴ موقع ۔ ڈھب ۵ غرض ۔ مطلب ۔ کام ۔ سروکار ۶ صدقہ ۔ طفیل ۷ رشتہ داری یا دوستی کا تعلق ۔ دوستی ۔ آشنائی ۔ محبت ۸ وہ شخص جو دوستوں کے درمیان وسیلہ ہو ۔ بچولیا ۔ پنچ ۔ ثالث ۹ قاصد ۔ ایلچی ۱۰ دلال ۔ ایجنٹ ۱۱ (مونث) بیچ والی عورت ۔ مشاطہ ۔ واسطۃ العقد (مذکر) موتیوں کی لڑی میں بیچ کا بڑا موتی ۔ واسطہ پڑنا (لازم) ۱ کام پڑنا ۔ سروکار ہونا ۔ تعلق ہونا ۔ واسطہ پیدا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ڈھب لگنا ۔ موقع لگنا ۔ وسیلہ بہم پہنچنا ۔ واسطہ دینا (متعدی) شفیع لانا ۔ دہائی دینا ۔ بیچ میں ڈالنا ۔ واسطہ ڈالنا (متعدی) کام ڈالنا ۔ پالا ڈالنا ۔ واسطہ رکھنا (متعدی) تعلق رکھنا ۔ علاقہ رکھنا ۔ غرض رکھنا ۔ واسطی (صفت) ۱ واسط کا باشندہ ۔ واسط کا ۲ (مذکر) ایک قسم کا عمدہ قلم جو واسط سے آتا ہے ۔ واسطی الاصل (مذکر) واسط کا اعلیٰ درجے کا قلم ۔

واسطے (ع ۔ تف) ۱ لئے ۔ وجہ سے ۔ سبب ۔ برائے ۲ بسبب ۔ خاطر ۔

واسع (ع ۔ صفت) ۱ پھیلنے والا ۲ وسیع ۔ فراخ ۔ کھلا ۔ بڑا ۳ خداتعالےٰ کا ایک نام (وُسع ۔ بڑا ہونا)

واسک (س ۔ مذکر) سانپوں کا بادشاہ ۔ اس نے زمین کو سر پر اٹھایا ہوا ہے ۔ اور سمندر کو متھنے کے وقت اسے بطور رسی استعمال کیا گیا تھا ۔

واسکٹ (انگ ۔ مونث) صدری ۔ فتوحی ۔ مرزائی ۔ کرتی (اصل ویسٹ کوٹ)

واسن (س ۔ مذکر) ۱ خوشبو دینا ۔ خوشبودار بھاپ دینا ۲ معطر کرنا ۳ بھگونا ۴ رہنا ۵ رہنے کی جگہ ۶ بیٹھنے کا ایک خاص طریقہ ۷ کوئی برتن ۔ پاتی

کا برتن ۵ علم ۹ کپڑے - لباس ۱۰ لفافہ -

واسنا (س - مونث) دیکھو باسنا -

واسنت (س - صفت) بسنت کا یا اس کے متعلق -

واسو (س - مونث) نو جوان لڑکی - دوشیزہ -

واسو (س - مذکر) ١ وشن جی ٢ پرماتما بحیثیت روح عالم کے -

واسوخت (ف - مذکر) ١ بیزاری تنفر ٢ وہ اشعار جو بطور مسدس لکھے جائیں - اور اس میں معشوق کی نفرت اور اپنے رنج و الم کا حال بیان کر کے اپنی بیزاری ظاہر کی جائے (وا - پھر - سوختن جلنا)

واسوختہ (صفت) جلا ہوا ٢ جوشیلا -

واسوز (ف - مذکر) ١ جلن - سوزش ٢ لگن - اشتیاق -

واسی (س - صفت) ١ کپڑے پہننے والا ٢ ملبوس ٣ (ہ) دیکھو باسی -

واشپ (س - مذکر) ١ بخارات گرم بھاپ ٢ دھند - کوہر ٣ آنسو - رو ٤ تذکرہ - ذکر ٥ تھوڑی سی مقدار - ذرہ -

واشد (ف - مونث) ١ کھلنا پھیلنا ٢ غم کا دور ہونا - گرفتگی رفع ہونا ٣ بادلوں کا اڑ جانا - آسمان صاف ہونا ٤ رہائی (وا - پیچھے - شدن - ہونا)

واشدگی (مونث) ١ غم دور ہونا - گرفتگی - رفع ہونا ٢ بے تکلفی - اختلاط **واشدن** (مذکر) دیکھو واشد

واشدہ (صفت) ١ کھلا ہوا - پھیلا ہوا ٢ بچا ہوا آزاد ٣ غائب - بکھرا ہوا -

واصف (ع - صفت) تعریف کرنے والا (وَصف - تعریف کرنا)

واصل (ع - صفت) ١ پہنچنے والا - ملنے والا ٢ ملا ہوا - لگا ہوا - جڑا ہوا - متعلقہ ٣ وہ جسے معشوق کا وصل یا ملاقات نصیب ہو ٤ حاصل ہونے والا - وصول ہونے والا ٥ (مذکر) مالگزاری جو جمع ہو (وَصل - ملنا)

واصلات (مونث) واصلہ کی جمع ١ میزان - محاصل کی میزان - کل وصول شدہ رقم کسی جائیداد منقولہ کی آمدنی ٢ وہ آمدنی جو جائداد کے قابض ناجائز نے وصول کی ہو - **واصلباقی** (مونث) وصول شدہ اور باقی رقم - وصول شدہ رقومات کا حساب - **واصلباقی نویس** (مذکر) تحصیل کا وہ عہدہ دار جو وصول شدہ اور باقی رقومات کا حساب رکھتا ہے - **واصل بحق ہونا** (لازم) خدا کے پاس پہنچ جانا - مرجانا - فوت ہو جانا -

واصل جہنم کرنا (متعدی) دشمن کو قتل کرنا -

واضح (ع - صفت) ١ کھلا ہوا - صاف ظاہر - عیاں - صریح - آشکار ٢ مفصل - مشرح ٣ صاف لکھا ہوا جس کے پڑھنے میں تکلیف نہ ہو ٤ جلی قلم سے لکھا ہوا (وَضح - صاف ہونا) **واضح رہے** معلوم رہے - جان لو - سمجھ لو - پوشیدہ نہ رہے - **واضح کرنا** (متعدی) ظاہر کرنا - تفصیل سے بتانا - **واضح لکھنا** (متعدی) ١ ایسا لکھنا جو صاف طور پر پڑھا جائے ٢ جلی قلم سے لکھنا **واضح ہو** - معلوم رہے - آگاہ ہو **واضح ہونا** (لازم) ظاہر ہونا - صاف معلوم ہونا **واضح ہے** - صاف ہے - صاف لکھا ہے - جلی قلم سے لکھا ہے - صاف ظاہر ہے -

واضع (ع - صفت) ١ وضع کرنے والا بنانے والا ٢ موجد - مخترع - مجتہد (وَضع - بنانا) **واضع قانون یا قوانین** (مذکر) قانون بنانے والا -

واعظ (ع - صفت) ١ وعظ کرنے والا مذہب پر لکچر دینے والا ٢ نصیحت کرنے والا (وَعظ - نصیحت کرنا) ٣ دیکھو حسین واعظ اور محمد رفیع واعظ -

واعظا (ندا) اے واعظ تف، **واعظاں** (مذکر) واعظ کی جمع - مقولہ - **واعظاں کیں جلوہ بر محراب و منبر مے کنند - چوں بخلوت مے روند آں کار دیگر مے کنند** - جو لوگ دوسروں کو وعظ نصیحت کرتے ہیں - وہ خلوت میں وہی کام کرتے ہیں جس سے لوگوں کو منع کرتے ہیں -

وافر (ع - صفت) ١ زیادہ - بہت ٢ بافراط - کثیر - کثرت سے ٣ بڑا - وسیع ٤ امیر دولت مند ٥ (عروض) ایک بحر یا وزن - مفاعلاتن چھ بار (وَفر - بھر جانا - پورا ہونا)

وافی (ع - صفت) ١ پورا - کامل - تام و کمال ٢ کافی ٣ بہت - لاتعداد ٤ کثیر - بافراط ٥ (ع) وعدے کا پورا - وفادار ٦ مخلص ٧ عزت دار - باعزت (وَفیٰ - وعدہ پورا کرنا) **وافیہ** (صفت) دیکھو وافی -

واق (ع - مذکر) ایک قسم کا بگلا -

واقع (ع - صفت) ١ گرنے والا ٢ ہونے والا - پیش ہونے والا - وقوع میں آنے والا ٣ قائم - ٹھہرا ہونے والا ٤ اصلی - حقیقی ٥ ضروری (وَقع - ہونا - گرنا) **واقعات** (مذکر) واقعہ کی جمع - حادثے **واقعات نفس الامری** (مذکر) ایسی باتیں جو واقعی ہو رہی ہوں اور ان میں بناوٹ نہ ہو **واقع میں** (صفت) حقیقت میں - دراصل **واقع ہونا** (لازم) ١ پیش آنا - ہونا - گزرنا - برپا ہونا ٢ ظاہر ہونا نمودار ہونا **واقعہ** (مذکر) ١ حادثہ - سانحہ ٢ ماجرا سرگزشت - حال - خبر - بیتی ٣ واردات - وقوع ٤ لڑائی - جنگ ٥ آفت - مصیبت - سختی - حشر ٦ موت - انتقال - **واقعہ دیدہ** (صفت) جس نے دنیا کے نشیب و فراز دیکھے ہوں - تجربہ کار - آزمودہ کار - **واقعہ کرنا** (متعدی) واردات کرنا -

واقعہ نویس (مذکر) خبریں لکھنے والا - وقائع نگار -

واقعہ ہونا (لازم) حادثہ پیش آنا - واردات ہونا

واقعی (تف) ١ دراصل - فی الحقیقت - درحقیقت ٢ (صفت) درست - ٹھیک ٣ اصلی - حقیقی -

واقعی میں (غف) واقع میں -

واقف (ع - صفت) ١ جان پہچان - شناسا - جاننے والا ٢ آگاہ - مطلع ٣ ماہر ٤ ہوشیار - خبردار (وَقف - ٹھہرا ہونا) **واقف الحال** - **واقف حال** (صفت) حال سے واقف رازدان - ہمراز - **واقف کار** (صفت) ١ کام سے واقف - کام جاننے والا - ماہر ٢ تجربہ کار - جہاندیدہ کار آزمودہ - **واقف کاری** (مونث) شناسائی - جان پہچان ٢ آگاہی - خبر - اطلاع ٣ جانچ - پرکھ شناخت ٤ استعداد - مہارت ٥ تجربہ - کاردانی -

واقف ہونا (لازم) ١ جاننا - شناسا ہونا ٢ سمجھنا

واقفیت (مونث) ١ جان - پہچان - شناسائی ٢ علم خبر - آگاہی - اطلاع ٣ استعداد - مہارت ٤ تجربہ - شناخت - **واقفیت پیدا کرنا** (متعدی) ١ کسی کام کو جاننا - دسترس حاصل کرنا ٢ تجربہ بہم پہنچانا **واقفیت نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) جان پہچان یا واقف کا کسی جگہ موجود ہونا **واقفیت ہونا** (لازم) آگاہی ہونا علم ہونا ٢ جان پہچان ہونا - شناسائی ہونا ٣ مہارت ہونا تجربہ ہونا -

واک (س - مذکر) ١ گفتگو - بات چیت ٢ زبان ٣ لفظ - محاورہ - کہاوت - مقولہ ٤ بولی - بعض مرکبات میں واک استعمال ہوتا ہے -

واک (ف - مذکر) بگلا -

واکرا (ہ - مذکر) ١ ایک زیور جو بچوں کے بازو پر پہنایا جاتا ہے ٢ پازیب -

واگ (س - مذکر) بجائے واک مرکبات میں ح - د - گ وغیرہ کے پہلے استعمال ہوتا ہے -

واگذاشت (ف - مونث) ۱ چھوڑ دینا ۲ دے دینا - قبضہ دے دینا ۳ رہائی (وا - پھر گذاشتن - چھوڑ دینا) **واگذاشتہ** (صفت) ۱ چھوڑا ہوا - دیا ہوا ۲ واپس دیا ہوا - رہا کیا ہوا -

واگر (ہ - صفت) خوش کرنے والا - فرصت دینے والا -

واگرہ - واگرا (ہ - مذکر) ۱ جال جس سے ہرن پکڑیں ۲ پھندا - جال -

واگذار (ف - صفت) چھوڑ دینا (وا - پھر گذشتن - چھوڑنا) **واگذار کرانا** مرکبی جائداد کو دوسرے کے پنجے سے چھڑانا - رہن سے چھڑانا - **واگزار کرنا** (متعدی) ہو ملا نام چھوٹنا - قبضے سے نکالنا -

واگے (ہ - مذکر) واگا کی جمع - کپڑوں کا سوٹ یا جوڑا -

واگھا (ہ - مذکر) ایک صفت یا بحر -

واگھری (ہ - مذکر) ۱ ایک قوم جو ہرن پکڑتی ہے ۲ شکاری -

وال (ہ - صفت) ۱ والا کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۲ کام کرنے والا - پیشہ کرنے والا جیسے گھڑوال - گووال ۳ شہروں وغیرہ کے نام کے اخیر میں جیسے گھڑوال - بھلوال ۴ ذاتوں کے نام کے اخیر میں جیسے اگروال (س پال - پالنے والا) **والا** (صفت) مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۱ بیچنے والا جیسے دودھ والا روٹی والا ۲ کام کرنے والا - پیشہ کرنے والا - گوالا ساؤ والا ۳ مالک - صاحب - آقا جیسے گھر والا - روپے والا ۴ باشندہ جیسے دلی والا ۵ مصدر کے ساتھ مل کر صفت بناتا ہے اور اس صورت میں الف بے سے بدل جاتا ہے - جیسے جانے والا - کھانے والا - **والی** (صفت - مونث) والا کی -

وال (ہ - مذکر) ۱ بدلہ - قصاص ۲ بال بچہ ۳ (پ) بال

وال (ف - مونث) وہیل مچھلی -

والا (ف - صفت) ۱ اونچا - بلند - عالی ۲ بزرگ - بڑا آدمی ۳ مرکبات میں حضور والا - صاحب والا **والاتبار** (صفت) عالی خاندان **والاجاہ** (صفت) بلند مرتبہ والا - عالی رتبہ **والادودمان** (صفت) عالی خاندان **والاشان** (صفت) بڑی شان والا - عالی شان **والاقدر** (صفت) عالی رتبہ **والاگوہر یا گہر** (صفت) عالی خاندان **والامرتبت** (صفت) دیکھو والاجاہ **والانامہ** (صفت) نوازش نامہ - بڑے کا خط **والانژاد** (صفت) عالی خاندان - **والانگاہ** (صفت) عالی خیال **والاہمت** (صفت) بلند ہمت - باہمت

والائی (مونث) بزرگی ۲ بلند پایا ہونا -

والا (ہ - مذکر) ۱ کنگن - کڑا ۲ (پ) کان کا بالا -

والد (ع - مذکر) باپ - پدر (ولد - جننا) **والد بزرگوار یا ماجد** (مذکر) باپ کا عزت سے ذکر کرتے ہیں - **والدہ** (مونث) ماں **والدہ ماجدہ** (مونث) ماں کا عزت سے ذکر کرتے ہیں **والدین** (مذکر) ماں باپ -

والرس (انگ - مذکر) ایک بہت بڑا سمندری جانور - یہ دس سے بارہ فٹ تک لمبا ہوتا ہے -

وال فلاور (انگ - مذکر) ایک پھول اور اس کا پودہ -

والنٹیر (انگ - مذکر) - وہ شخص جو خوشی سے کوئی خدمت کرے ۲ خصوصاً فوجی سپاہی جو بغیر تنخواہ کے کام کرے -

والو (انگ - مذکر) ایک پرزہ جس سے نالیوں میں گزرتے ہوئے مائعات کو قابو میں رکھا جاتا ہے -

والہ (ع - صفت) ۱ مفتون - شیدا - فریفتہ - عاشق ۲ حیران - متحیر (ولہ - حیران ہونا) **والہ و شیدا** (صفت) عاشق - فریفتہ - مفتون -

والی (ع - صفت) ۱ مالک ۲ حاکم - بادشاہ - خداوند ۳ دوست - مددگار - حمایتی ۴ وارث ۵ مربی - سرپرست ۶ محافظ - نگہبان ۷ مدبر کا حاکم (ولی - نزدیک ہونا) **والی ملک** (مذکر) بادشاہ ملک کا حاکم **والی وارث** (مذکر) ۱ پشت پناہ سرپرست مربی - حمایتی ۲ مالک - آقا -

والیہ (ہ - مذکر) بچپن - طفلی - بالپن -

وام (ف - مذکر) قرض - ادھار - مرکبات میں عموماً قرض کا تابع استعمال ہوتا ہے - **وامدار** (صفت) قرضخواہ **وام لینا** (متعدی) ادھار لینا - قرض لینا - **وامی** (صفت) ۱ قرضدار ۲ مصیبت زدہ - بدقسمت -

وام (ف - صفت) بجائے فام مرکبات میں -

وام (س - صفت) ۱ الٹا ۲ برعکس ۳ مخالف - برخلاف ۴ بائیاں ۵ ٹیڑھا - خمیدہ ۶ برا خراب - شریر ۷ چھوٹا ۸ خوبصورت ۹ شوجی اور کامدیو کا لقب ۱۰ چھاتی - پستان ۱۱ جانور ۱۲ سانپ ۱۳ ذی حس جانور - **واما** (مونث) ۱ عورت ۲ گوری سرسوتی لکشمی **واماچار - وام مارگ** (مذکر) ۱ بائیں ہاتھ کا عقیدہ - تنتروں کا عقیدہ ۲ شکتی کی پوجا جو شوجی کی بیوی خیال کی جاتی ہے ۳ ایک فرقہ جو پوجا کے دوران میں شراب پیتا اور گوشت کھاتا ہے - **واماچاری - وام مارگی** (مذکر) واماچار یا وام مارگ فرقہ کا پیرو شکتی کی پوجا کرنے والوں کے دو فریق ہیں - ایک دکشن چاری یا داہنے ہاتھ والی شکتی کی پوجا بحیثیت اما اور گوری کے کرتے ہیں اور بائیں ہاتھ والے بحیثیت درگا اور کالی کے کرتے ہیں - **وام ناریوں کی پوجا** (مونث) ننگی عورت کی پوجا ہوتی ہے - اور عورت مرد ننگے ہو جاتے ہیں ایک دوشیزہ لڑکی کو شراب سے نہلاتے ہیں - پھر اس شراب کو پیتے ہیں گوشت کھاتے ہیں اور چراغ بجھا کر مرد عورتوں کے ساتھ جو کسی کے ہاتھ لگ جائے زنا کرتے ہیں - یہ فرقے کے پیرو زیادہ تر بنگال اور مشرقی ہندوستان میں پائے جاتے ہیں - صوبجات اور پنجاب میں کہیں کہیں ملتے ہیں -

واماندگان (ف - مذکر) واماندہ کی جمع (وا - پیچھے - ماندہ رہا ہوا) **واماندگی** (مونث) ۱ تھکن - تھکاوٹ - تھکان ۲ عاجزی ۳ (ف) کھلارہ جانا - افشا **واماندہ** (صفت) ۱ باقی رہا ہوا پس ماندہ ۲ تھکا ہوا ۳ ہارا ہوا - عاجز -

وامق (ع - صفت) ۱ عاشق - شیدا مفتون ۲ عذرا کا عاشق (ومق - دوسرے سے محبت کرنا) **وامق و عذرا** (مذکر) ایک ایرانی قصہ - جسے عنصری اور فصیحی اور نامی نے نظم کیا ہے -

وامن (س - صفت) ۱ چھوٹے قد کا بونا ۲ مظلوم - دبا ہوا ۳ کمینہ - رذیل ۴ وہ ہاتھی جس نے زمین کی جنوبی سمت کو اٹھایا ہوا ہے -

وامی (س - مونث) ۱ گھوڑی ۲ گدھی ۳ جوان ہتھنی ۴ گیدڑی -

وان (ہ - صفت) ۱ واں کا مخفف (مت) ۲ اعداد کے بعد نسبت بڑھانے کے لئے زیادہ کرتے ہیں - جیسے دسواں - آٹھواں - بیسواں - ان

الفاظ کو دہرا کر استعمال کرنے سے یہ مقصود ہوتا ہے کہ کل میں سے اس درجے ایک ایک جیسے آٹھواں آٹھواں - یعنی آٹھ آٹھ کے سلسلوں میں سے ایک ایک جو آٹھویں درجہ پر ہوں ۲ (دد) کنواں -

وان (ہ - مذکر) صاحب - مالک - مرکبات میں جیسے بھاگوان -

وان (ف - صفت) بجائے بان مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے کوچوان -

وَان (س - صفت) ۱ چلا ہوا ۲ (مذکر) چلنا - حرکت کرنا - جانا - زندہ ہونا ۳ بہنا - لہریں اٹھنا (دوا - چلنا) ۴ (صفت) خشک ۵ (مذکر) خشک ہو کے ۶ تباشیر (دے - تھکنا) ۷ بُننا - سینا ۸ چٹائی (دے - بُننا) ۹ دیوار میں سوراخ ۱۰ ذہین یا ہوشیار آدمی ۱۱ یم کا لقب ۱۲ (صفت) جنگل کا - جنگل میں رہنے والا ۱۳ (مذکر) گھنا جنگل ۱۴ کئی جنگل یا جھنڈ (دَن سے) ۱۵ آواز دینا - آواز ۱۶ تیر - بان ۱۷ راگ - خصوصاً ستار سارنگی بانسری وغیرہ کا ۱۸ ایک قسم کا رسل یا بیت ۱۹ ایک قسم کی ہوائی ۲۰ گائے کا تھن (س - وَن - آواز دینا) **وان پرستھ** (مذکر) ۱ برہمن کی عمر کا تیسرا حصہ جب وہ گھر بار تیاگ کر جنگلوں میں چلا جائے ۲ پلاس کا درخت ۳ مہوا کا درخت

وان پور (مذکر) راجہ وان کا شہر **وان شال** (مذکر) ایک قلعہ -

وانجیہ (س - مذکر) تجارت - سوداگری - دیکھو بانجیہ -

وانچھا (س - مونث) ۱ خواہش - تمنا - آرزو ۲ بیان - تقریر -

وانر (س - مذکر) بندر **وانری** (مونث) ۱ بندریا ۲ ایک پودہ - کونچ -

وانشی (س - مونث) ۱ تباشیر ۲ (دد) دیکھو بانسی -

وانکھ (س - مذکر) تقریر کا آغاز -

وانی (س - مونث) ۱ چالاک عورت ۲ لگائی بجھائی کرنے والی عورت ۳ ایکٹرس ۴ رقاصہ طوائف ۵ مدہوش عورت ۶ ایک وزن یا بحر -

وانی (س - مونث) ۱ بُننا ۲ جلاہے کا کرگھا ۳ آواز - گفتگو - بول چال ۴ زبان - بولی -

تعریف - حمد - ثنا ۶ تصنیف ۷ : (صفت) جس کے پاس تیر ہوں - تیروں سے مسلح ۸ بولنے والا ۹ آواز والا -

واہ (ف - کلمہ تحسین) ۱ کیا کہنا - سبحان اللہ کیا بات ہے ۲ آفرین - شاباش - مرحبا ۳ کیا خوب ۴ چرخوش ۴ اچنبھے کی بات ہے - مقام حیرت ہے ۵ حیف - افسوس ۶ خوب - عجیب ۷ بیشک - ضرور ۸ انکار کے لئے ۹ (مونث) تعریف - ثنا - توصیف **واہ** سبے یہ کیا مزہ ہے - واہ تیری چھاتی آفرین تیرے حوصلے اور تحمل پر واہ جی واہ - یہ کیا کیا **واہ رے** میں (ہم اپنی تعریف میں کہتے ہیں بعض وقت مذاقاً یا طنزاً بھی کہتے ہیں) **واہ صاحب** (من کی جگہ اور تعریف میں لیکن لہجے کا فرق ہوتا ہے) **واہ قسمت** - افسوس کے وقت بولتے ہیں **واہ کرنا** (متعدی) تعریف کرنا **واہ کیا بات ہے** تعریف کے لئے اور طنزاً بولتے ہیں - **واہ کیا کہنا ہے** - کیا بات ہے سبحان اللہ **واہ میاں** - دیکھو واہ صاحب - **واہ وا** - **واہ واہ** (کلمہ تحسین) ۱ کیا کہنا ہے کیا بات ہے ۲ مرحبا - شاباش ۳ سبحان اللہ تعالیٰ اللہ ۴ حیرت یا تعجب ظاہر کرنے کے لئے ۵ طنزاً بھی مستعمل ہوتا ہے ۶ (مونث) تعریف - توصیف - **واہ واہ کرنا** (متعدی) تعریف کرنا - سراہنا - مرحبا کہنا **واہ مچنا** (لازم) دھوم مچنا - **واہ واہ ہونا** (لازم) ۱ شہرت ہونا - نام ہونا ۲ تعریف ہونا -

امثال و اقوال - **واہ بہو تیری چترائی - دیکھا موسا کہے بلائی** (دہ) طنزاً اس کے متعلق کہتی ہیں جو اپنے آپ کو بہت چالاک سمجھے اور جانتی کچھ نہ ہو - موسا چوہے کو اور بلائی بلی کو کہتے ہیں **واہ پرکھا تیری چترائی - چون بیچ کر گاجر کھائی** (دہ) فضول خرچ کے متعلق کہتے ہیں کہ آٹا دے کر گاجر لیں - گاجریں بہت سستی ہوتی ہیں اور گاجریں بیچنے والے آٹے کے ساتھ تول کر گاجریں دے جاتے ہیں - **واہ پرکھا تیری چترائی ٹانگا گر لا دی کھٹائی** (دہ) الٹ پلٹ کام کرنے والے کے متعلق طنزاً کہتے ہیں **واہ پرکھا میرے جاتر گیانی - مانگی آگ اٹھا لیا پانی** (دہ) دیکھو آخری **واہ پیر علیا پکائی کھیر ہو گیا دلیا** - بد قسمت میں بنا ہوا کام بگڑ جاتا ہے ایک عورت کھیر پکا رہی تھی - پیر علیا پاس سے گزرے اور پوچھا کیا پکا رہی ہو - اس نے یہ سوچ کر کہیں مانگ نہ بیٹھیں کہہ دیا کہ دلیا پکا رہی ہوں - ان کے جانے کے بعد کھول کر دیکھا تو واقعی دلیا تھا - اس نے اس وقت یہ

لفظ کہے جو ضرب المثل ہو گئے - **واہ میاں کالے، خوب رنگ نکالے** شرارتی مکار کی نسبت کہتے ہیں **واہ میاں ناک والے** - عزت دار شخص کوئی بے عزتی کا کام کرے تو طنزاً کہتے ہیں **واہ واہ گرگٹ کا بچا نانا شاہ** ادنے شخص اور بہ عالی دماغی **واہ (واہ) میاں بانکے تیرے دو گلے میں سو سو ٹانکے** بے سرو سامان بانکے کی نسبت کہتے ہیں -

واہب (ع - صفت) ۱ بخشنے والا عفو کرنے والا ۲ دینے والا (وَہَب - دینا) **واہب بے منت** (صفت) وہ جو بغیر احسان جتائے دیتا ہے - خدا تعالےٰ **واہب الحاجات** (صفت) حاجتوں کو پورا کرنے والا - خدا تعالےٰ **واہب العطایا** (صفت) عطیات دینے والا - خدا تعالےٰ -

واہک (س - صفت) ۱ اٹھانے والا ۲ (مذکر) مزدور قلی ۳ رتھبان ۴ سوار ۵ گھوڑا ۶ پانی بھرنے والا - کہار ۷ ملاح -

واہم (ع - صفت) سوچنے والا - خیال کرنے والا - وہم کرنے والا (وَہَم - سوچنا) **واہمہ** (مذکر) وہ قوت جس سے انسان سوچتا ہے - اور جس سے دیکھے بے دیکھے اور سچے اور جھوٹے نقوش اور صورتیں سامنے آجاتی ہیں یا وہ قوت جس سے جزئیات یا باریک باتیں معلوم ہوتی ہیں جو محسوسات کے متعلق ہیں - یہ انسانی قوتوں میں سب سے زبردست ہے اور دنیا کی چھوٹی بڑی ایجادیں سب اسی قوت کی وجہ سے ہوئی ہیں - واہمہ خلاق ہے - قوت واہمہ پیدا کرنے والی ہے - واہمہ کے ذریعہ انسان عجیب عجیب کام کرتا ہے -

واہن (س - مذکر) ۱ لے جانا اٹھانا - پہنچانا ۲ گھوڑوں کو چلانا - یا قابو میں رکھنا ۳ گاڑی - رتھ ۴ کشتی ۵ کوئی سواری کی چیز یا جانور - **واہنی** (مونث) ۱ فوج - لشکر - عسکر ۲ فوج کا ایک حصہ جس میں ۸۱ ہاتھی ۸۱ رتھ ۲۴۳ گھوڑے اور ۴۰۵ پیدل ہوتے ہیں ۳ دریا -

واہی (ع - صفت) ۱ ٹوٹا ہوا - وہ چیز جو آسانی سے ٹوٹ یا کھل جائے ۲ کمزور - ناکارہ ۳ فضول - بیہودہ - لغو ربات ۴ آوارہ - بدچلن - بدمعاش (وَہِیَ - ٹوٹنا) **واہیات** (صفت) واہیت کی جمع جو اردو میں استعمال نہیں ہوتا ۱ لغو - بیہودہ یا فضول (باتیں) نکمی (باتیں) ۲ (مونث) اوباشی خرافات مزخرفات **واہیات بکنا** (متعدی) بیہودہ باتیں

کھنایاکرنا - مزخرفات بکنا **واہیات ہونا** (لازم) فضول ہونا - لغو ہونا **واہی تباہی** (صفت) ۱ بیہودہ - فضول - بے معنی - پوچ ۲ آوارہ - خراب خستہ - اوباش - نکما - بیکار - **واہی تباہی بکنا** (لازم) فضول یا بیہودہ باتیں کرنا - زٹل ہانکنا - **واہی تباہی پھرنا** (لازم) آوارہ پھرنا - در بدر مارا پھرنا سرگرداں پھرنا - **واہی سمجھنا** (متعدی) لغو جاننا - **واہی ہو** - لغو ہو - بیہودہ ہو **واہی ہونا** (لازم) بگڑنا - خراب ہونا - عیاش ہونا **واہی ہے** ۱ بیوقوف ہے - احمق ہے ۲ پاگل ہے - سودائی ہے - سڑی ہے

وائر (انگ - مذکر) لوہے وغیرہ کا تار **وائرگاز** (مذکر) تار کی باریک جالی -

وائرلیس (انگ - مونث) بے تار برقی - لاسلکی -

وائس (انگ - صفت) نائب - قائم مقام **وائس پریزیڈنٹ** (مذکر) نائب میر مجلس یا صدر **وائس چانسلر** (مذکر) یونیورسٹیوں کا ایک عہدہ دار - چانسلر کا نائب - **وائسرائے** (مذکر) بادشاہ کا نائب - نائب السلطنت - گورنر جنرل -

وائل (انگ - مونث) - ایک باریک ریشمی کپڑا - سوتی بھی ہوتا ہے -

وائن (انگ - مونث) انگوری شراب - خمر - شراب -

واؤ (ع - مونث) حرف و کا تلفظ - **واؤ عطف یا عاطفہ** (مونث) وہ واؤ جو دو کلموں میں ربط دینے کے کام آتی ہے - اور کے معنی دیتی ہے - **واؤ مجہول - معدولہ - معروف** (مونث) دیکھو و کے ماتحت میں -

وائی (ہ - تف) وہی -

مثل - وائی نر بھر تو پر کہاوے ... اپنے آپ کو جو بسراوے - وہ آدمی کمل ہے جسے کچھ پروا نہیں -

وائے (ع - کلمہ افسوس) تاسف - آزار یا رنج و الم کے اظہار میں زبان پر آتا ہے - **وائے برحال** - حالت پر افسوس **وائے تقدیر قسمت یا نصیب** (کلمہ ہائے افسوس) ہائے قسمت قسمت کا گلہ کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے **وائے رے** (کلمہ افسوس) وائے -

امثال و اقوال - وائے بر جانِ سخن گر بہ سخنداں نہ رسد - کلام اگر کلام کے پہچاننے والے تک نہ پہنچے تو اس کے حال پر افسوس ہے **وائے بر من وائے بر حال من** افسوس مجھ پر اور میرے حال پر -

وائے - وائی - وای (ہ - مونث) ہوا -

وائین (انگ - مونث) ۱ انگوری شراب ۲ انگور کی بیل سبز و صد رنگوں میں ہجے مختلف ہیں -

وائے (س - مذکر) ۱ بننا ۲ سینا -

وائیس (س - مذکر) ۱ کوا ۲ ایک پوڈ ۳ تارپین -

وایک (س - مذکر) ۱ جلاہا ۲ ڈھیر ۳ گروہ ۴ عدد -

واین (س - مذکر) ۱ وہ کھانا جو برت کے دوران میں کھانے کی اجازت ہو ۲ وہ مٹھائی جو دیوتا کو چڑھائی جاتی ہے ۳ وہ مٹھائی جو شادی کے موقع پر بنتی اور دوستوں اور رشتہ داروں میں تقسیم کی جاتی ہے -

وایو (س - مذکر) ۱ ہوا - باد ۲ بادی ۳ عدد ۴۹ -

وبا (ع - مونث) ۱ وہ بیماری جو بہت سے لوگوں پر ایک ہی وقت اثر کرے ۲ ہیضہ - طاعون ۳ کوئی بری بات جو عالمگیر ہو (وَبَا - طاعون ہونا) **وبا آنا** (لازم) ہیضہ پھیلنا **وبا پھیلنا** (لازم) ۱ عالمگیر بیماری پھیلنا ۲ کوئی بری بات لوگوں میں عام ہونا ۳ مری پڑنا - بہت لوگوں کا مرنا -

وبال (ع - مذکر) ۱ سختی - بوجھ - بار - گرانی ۲ عذاب - آفت - مصیبت - کئے کی سزا ۳ (صفت) ناگوار طبع - دوبھر - ادھرن - عذاب جان (وَبَل - بھاری اور خراب ہونا ہوا کا) **وبال اپنے سر لینا** (مذکر) عذاب خود برداشت کرنا - خود مصیبت اٹھانا - **وبال پڑنا** (لازم) ۱ صبر پڑنا ظلم کا بدلہ ملنا ۲ عذاب یا قہر الٰہی نازل ہونا **وبال جان یا دوش** (صفت) ناگوار طبع - دوبھر - اجیرن **وبال سا ٹال دینا** (متعدی) دوبھر سمجھ کے ہٹا دینا - **وبال سمیٹنا** (متعدی) عذاب اپنے سر لینا - **وبال لینا** (متعدی) خود عذاب اپنے سر لینا - **وبال لگنا** (لازم) جھگڑا پیچھے پڑنا - **وبال میں پھنسانا** (متعدی) **پھنسنا** (لازم) مصیبت میں پڑنا - جان بوجھ کر تکلیف میں پڑنا **وبال ہو جانا یا ہونا** (لازم) ناگوار ہونا - دوبھر ہونا - اجیرن ہونا -

وِبُدھ (س - مذکر) ۱ ودیاوان - عالم پنڈت ۲ دیوتا - لازوال ہستی ۳ چاند

وِبھاس - وبھاسا (س - مونث) ۱ خوب چمکنا - روشن ہونا ۲ روشنی - نور -

وِبھاسا (ہ - مونث) ۱ دو باتوں میں سے ایک نعم البدل ۲ کوئی قاعدہ اختیاری ہونا -

وِبھاگ (س - مذکر) ۱ تقسیم ۲ جدائی ۳ جائداد کی تقسیم ۴ حصہ - بخرہ ۵ فصل ۶ (حساب) کسر - کسر کا شمار کنندہ -

وِبھانا (ہ - لازم) ۱ چمکنا ۲ روشن ہونا ۳ نظر آنا - عیاں ہونا - ظاہر ہونا -

وِبھرانت (س - مونث) ۱ چکر کھانا - پھرنا ۲ غلطی ۳ ڈر - خوف - گھبراہٹ -

وِبھرم (س - مذکر) ۱ پھرنا - آوارہ پھرنا ۲ چکر کھانا ۳ غلطی ۴ ڈر ۵ شک ۶ غلط استعمال ۷ جلدی ۸ گھبراہٹ - بیچینی - اضطراب ۹ پیار کی باتیں یا فعل ۱۰ آنکھیں مٹکانا آنکھوں سے اشارہ کرنا ۱۱ خیال - وہم ۱۲ خوبصورتی حسن ۱۳ جذبہ - جوش -

وِبھنجن (س - مذکر) ۱ توڑنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۲ تباہ کرنا - برباد کرنا - تلف کرنا ۳ (صفت) برباد و تباہ کرنے والا ۴ توڑنے والے -

وِبھو (س - مذکر) **وِبھو** (ہ) ۱ طاقت - قوت - بل ۲ اعلیٰ طاقت ۳ خدائی طاقت ۴ مادہ - پنیر ۵ جائداد ۶ دولت ۷ عالی دماغی - علو ہمتی - اولوالعزمی - ہمت ۸ مکتی -

وِبھو (س - صفت) ۱ ہر جگہ موجود ہونے والا ۲ ہر چیز میں سرایت کرنے والا - محیط کل ۳ حاضر و ناظر - سرو بیاپی ۴ دائم - ابدی - ازلی - لازوال سناتن - لایزال ۵ اعلیٰ - جل وعلےٰ - برتر ۶ قوی - طاقتور - بلونت ۷ قابل - لائق - سزاوار ۸ پکا - مضبوط - سخت ۹ (مذکر) ایتھر ۱۰ وسعت - آکاس فاصلہ ۱۱ وقت ۱۲ روح - آتما ۱۳ مالک - آقا - رب ۱۴ پرماتما کا لقب

وِبھوت (س - مونث) ۱ بڑی طاقت قوت - حکومت - شان و شوکت ۲ اثر ۳ دولت ۴ بڑی کامیابی - بہبودگی - اقبال ۵ گائے کے گوبر کی راکھ جو شوجی اپنے بدن کو ملتے ہیں - اور جوگی اور سادھو اس میں ان کی پیروی کرتے ہیں -

وِبھوشن (س۔ مذکر) سجاوٹ۔ زینت۔

وِبھید (س۔ مذکر) ۱ توڑنا ۲ تقسیم کرنا ۳ تقسیم ۴ جدائی ۵ تفریق ۶ قسم ۷ زخمی کرنا ۸ زنا بالجبر کرنا ۹ حیران کر دینا۔ متحیر کرنا ۱۰ مخالفت۔ دشمنی

وِبھیشن (س۔ صفت) ۱ ڈرانے والا ۲ دھمکانے والے (الفاظ) ۳ خوفناک۔ بھیانک ۴ ڈراونا ۵ (مذکر) ڈرانے کا فعل ۶ ڈر پیدا کرنے کی قوت ۷ ڈرانے کا ذریعہ ۸ ڈر

وِپاٹ۔ وِپاش۔ وِپاشا

دریائے بیاس کا نام۔

وِپاک (س۔ مذکر) ۱ اچھی طرح پکانا ۲ پکنا۔ پختہ ہونا ۳ پختگی ۴ ہاضمہ ۵ حالت کا بدلنا ۶ کسی کام کا امید کے برخلاف نتیجہ ۷ ناگہانی واقعہ ۸ کسی کا نتیجہ چاہے موجود زندگی میں کیا گیا ہو یا گذشتہ زندگی میں ۹ مصیبت۔ آفت ۱۰ غربت۔ افلاس ۱۱ مشکل ۱۲ مزہ۔

وِپت۔ وِپتِ۔ وِپد (س۔ مونث) ۱ بپتا۔ مصیبت۔ آفت ۲ ناکامیابی ۳ بدقسمتی۔ بدنصیبی ۴ درد۔ تکلیف ۵ موت۔

وَپتا (س۔ مذکر) ۱ بونے والا۔ کاشتکار۔ مالی ۲ وہ جو زمین کو زرخیز کرے ۳ پیدا کرنے والا۔ باپ ۴ شاعر ۵ منی۔ رشی۔

وِپتھ (س۔ مذکر) ۱ مختلف راستہ ۲ پگ ڈنڈی ۳ غلط راستہ۔ برا راستہ ۴ برا طریقہ۔ برا چلن۔

وِپر (س۔ مذکر) ۱ حمد و ثنا کرنے والا۔ ستوتی کرنے والا ۲ بھجن گانے والا۔ منتر پڑھنے والا ۳ رشی ۴ شاعر۔ کوی ۵ برہمن۔ پجاری ۶ عقلمند آدمی۔

وِپس۔ وِپش (س۔ مذکر) ۱ شکل۔ شبیہ۔ صورت ۲ بدن ۳ شخص۔

وِپل (س۔ مذکر) ۱ لمحہ۔ لحظہ ۲ معمولی طور پر سانس لینا۔

وَپن (س۔ مذکر) ۱ بال کاٹنا۔ مونڈنا ۲ بیج بونا ۳ منی۔

وِپن (س۔ مذکر) ۱ جنگل۔ صحرا ۲ درختوں کا جھنڈ۔

وِپھل (س۔ صفت) ۱ بغیر پھل کے۔ بےثمر ۲ بانجھ ۳ بے فائدہ۔ فضول۔ لایعنی۔ نکما۔ ۴ بے اثر۔ غیر موثر ۵ بے معنی۔

وَت (س۔ کلمہ) ۱ مرکبات کے آخر میں آ کر مانند کے معنے دیتا ہے۔ اور اسما کے آخر میں آ کر تابع فعل بناتا ہے جیسے پشوت۔ حیوان کے مانند ۲ اسما کے ساتھ مل کر صفت بناتا ہے اور والا کے معنی دیتا ہے جیسے دھنوت

وِت (س۔ مذکر) ۱ دولت۔ امارت ۲ جائداد۔ مال و دولت ۳ مادہ چیز ۴ طاقت۔ لیاقت

وِتتھ (س۔ صفت) ۱ واقعات کے برخلاف۔ غلط۔ جھوٹ ۲ جس کی اصلیت نہ ہو۔

وَتد (ع۔ مذکر) ۱ کھونٹی۔ میخ ۲ لکڑی کا ڈنڈا۔ لاٹھی ۳ (عروض) سہ حرفی لفظ (وَتد۔ گاڑنا)

وَتد الارض (مذکر) زمین کی دوسری طرف ہندوستان کا وتد الارض شمالی امریکہ کی ریاست ائے متحدہ ہیں۔

وتد مجموع (مذکر) وہ سہ حرفی لفظ جس میں اول و آخر کا حرف متحرک ہو **وتد مقرون** (مذکر) وہ سہ حرفی لفظ جس میں پہلا اور دوسرا حرف متحرک ہوں۔

وَتَر (ع۔ مذکر) ۱ کمان کی تانت۔ چلا یا زہ ۲ وہ خط راست جو دائرے کے کسی حصے کے کونوں کو ملائے ۳ وہ خط راست جو مربع یا مستطیل وغیرہ کے مخالف کونوں کو ملائے ۴ مثلث قائم الزاویہ کا سب سے بڑا پہلو ۵ مثلث کے کسی زاویہ کے سامنے کا پہلو (وَتر۔ دھاگا باندھنا)

وِتر (ع۔ مونث) ۱ وہ تین رکعتیں جو نماز عشا کے بعد پڑھتے ہیں ۲ (صفت) تنہا۔ مفرد ۳ طاق وہ عدد جو دو پر تقسیم نہ ہو (وَتر۔ اکیلا کر دینا)

مثل۔ وِتر کے آگے سجدہ نہیں۔

کسی چیز کے حد سے بڑھ جانے کے متعلق کہتے ہیں۔

وِترارنا (س۔ متعدی) ۱ باحفاظت لے جانا ۲ بچانا۔ چھڑانا۔

وِترن (س۔ مذکر) ۱ گزرنا۔ عبور کرنا ۲ چھوڑنا۔ تیاگ دینا ۳ تحفہ۔ عطیہ۔ خیرات بانٹنا۔

وِتستا (س۔ مذکر) دریائے جہلم۔

وَتسر (س۔ مذکر) ۱ ایک سال ۲ (ھ) جوان بچھڑا۔

وِتل (س۔ مذکر) زمین کے نیچے کے سات ملکوں میں سے دوسرا۔

وِتنا (ہ۔ صفت) اتنا (دہلی)

وَتیرہ (ع۔ مذکر) ۱ طریقہ۔ دستور۔ شیوہ۔ روش۔ راہ۔ عادت۔ چلن ۲ رستہ۔ راہ (وَتر۔ جدا کرنا)

وَٹ (س۔ مذکر) ۱ بڑ کا درخت ۲ کوڑی ۳ چھوٹا سا ٹکڑا ۴ گچھا۔ لچھا۔ گپھا ۵ نال کی روئی گھی یا تیل میں تلی ہوئی ۶ گول شکل۔ دائرہ۔ صفر ۷ شکل اور قد میں برابری ۸ دھاگا۔ رسی۔

وَٹ (ھ۔ مذکر) ۱ حصہ۔ ٹکڑا۔ بخرا ۲ تقسیم ۳ (پ) کھیت کی مینڈ۔

وٹا (ھ۔ مذکر) بٹا۔ باٹ۔

وٹامن (انگ۔ مذکر) حیاتین۔

وِٹسارکا (س۔ مونث) مینا کی قسم کا ایک پرند۔

وَٹک۔ وَٹو (س۔ مذکر) ۱ لڑکا۔ بچہ۔ بیٹا ۲ نوجوان برہمن جو تعلیم حاصل کر رہا ہو ۳ کئی پودے۔

وَٹکا (س۔ مونث) ۱ گولی۔ حب ۲ ایک قسم کا کھانا جو دال سے بناتے ہیں۔

وَٹوٹ (ھ۔ مونث) بکواس۔ بڑبڑ۔ بیہودہ گفتگو۔ خرافات **وِٹوٹانا** (متعدی) بکواس کرنا۔ بک بک کرنا۔ خرافات بکنا۔ **وِٹوٹی** (صفت) بکواسی۔ بڑبڑ کرنے والا۔ بیہودہ بکنے والا۔

وَٹی (ھ۔ مونث) ۱ گولی۔ حب ۲ قطرہ ۳ چھوٹا موتی۔ دانہ ۴ دھاگا۔ ہار۔

وِثاق (ع۔ مذکر) ۱ بٹی۔ بند (وَثق اعتبار کرنا) ۲ معاہدہ کرنا۔ عہد کرنا ۳ شرط لگانا۔ مقرر کرنا۔ ٹھہرانا۔ بچن دینا۔ اقرار کرنا (وَثق۔ معاہدہ کرنا)

وَثائق (ع۔ مذکر) وثیقہ کی جمع۔

وَثن (ع۔ مذکر) بت۔ صنم۔

وُثوق (ع۔ مذکر) ۱ مضبوطی۔ پائیداری ۲ اعتبار۔ بھروسا (وَثق۔ اعتبار کرنا)

وَثیق (ع۔ صفت) ۱ مضبوط۔ پکا ۲ مخصوص ۳ مستقل۔ ثابت۔ قائم (وَثق۔ اعتبار کرنا) **وثیقجات** (مذکر) وثیقہ کی جمع **وثیقہ** (مذکر) ۱ عہد و پیمان۔ معاہدہ ۲ مضبوطی۔ استحکام ۳ اقرار نامہ۔ عہد نامہ۔ دستاویز ۴ تمسک۔ پرونوٹ۔

ہنڈی ۵ سند۔ وثیقہ دار (صفت) وہ شخص جس کے حق میں وثیقہ لکھا ہوا ہو۔ پرونوٹ کا مالک۔ قرضخواہ وثیقہ سرکاری (مذکر) گورنمنٹ بانڈ۔ سرکاری کاغذ۔ وثیقہ ضمانت (مذکر) ضمانت نامہ۔

وَرَج (ف۔ مذکر) ایک پودے کی خوشبودار جڑ جو دوائیوں میں استعمال ہوتی ہے

وِجات (س۔ مونث) ۱ مختلف نسل یا اصل ۲ مختلف قسم ۳ مختلف ذات یا قوم۔

وَجَاہَت (ع۔ مونث) ۱ باعزت ہونا ۲ بڑا عہدیدار ہونا ۳ درجہ۔ عہدہ ۴ اختیار۔ حکومت۔ عزت۔ حرمت۔ عز وجاہ ۵ شکل۔ صورت ۶ خوبصورتی۔ حسن۔ چہرے کی رونق (وَجُہَ۔ باعزت ہونا)

وَجَب (غ۔ مذکر) بالشت۔

وَجد (ع۔ مذکر) ۱ نہایت خوشی۔ غایت انبساط۔ بے حد مسرت۔ آنند ۲ جذبہ حال۔ حالت بیخودی۔ سرمستی ۳ (صوفیوں کی اصطلاح) وہ حالت بیخودی جو بعض اشخاص کو سماع سننے سے ہوتی ہے (وَجَدَ۔ پانا) وجد آنا (لازم) بیخود ہوکر جھومنے لگنا۔ وجد کرنا (متعدی) بیخود ہوکر جھومنا۔ وجد میں آنا (لازم) بیخود ہو جانا۔ ذوق وشوق میں مست ہونا۔ وجد میں لانا (متعدی) نغمہ یا خوش الحانی سے کسی کو مست کر دینا۔ وجد ہونا (لازم) وجد میں آنا۔ جھومنے لگنا۔

وِجدان (ع۔ مذکر) ۱ جاننا۔ دریافت کرنا ۲ جاننے کی قوت ۳ دیکھو وجد

وَجر (س۔ صفت) ۱ سخت۔ کڑا ۲ (مذکر) صاعقہ ۳ باسی دلیا ۴ فوج کی ایک ترکیب ۵ کسی کے برخلاف نہایت سخت آواز سے کچھ کہنا ۶ کرخت زبان ۷ آملہ ۸ تل کے پھول ۹ ایک نکشترہ ۱۰ بچہ۔ لڑکا ۱۱ شاگرد۔

وَجڑی (مد۔ مونث) انتڑیاں اوجھ۔

وَجع (ع۔ مذکر) ۱ درد۔ تکلیف ۲ بیماری۔ مرض (وَجِعَ۔ درد ہونا) وجع الاسنان (مذکر) دانتوں کا درد۔ وجع الظہر (مذکر) پیٹھ یا کمر کا درد وجع القلب (مذکر) دل کا درد۔ وجع المفاصل۔ وجع مفاصل (مذکر) جوڑوں کا درد۔ گٹھیا۔

وِجَن (س۔ صفت) ۱ جاننے والا عالم۔ ہوشیار ۲ عقلمند۔ دانا ۳ ودیاوان۔ عالم ۴ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔

وِجَن (س۔ صفت) ۱ بغیر باشندوں کے۔ غیر آباد ۲ اکیلا۔ تنہا ۳ ذاتی۔ نج کا۔

وِجنان (س۔ مذکر) ۱ سمجھنا۔ معلوم کرنا۔ محسوس کرنا ۲ علم۔ گیان ۳ احساس ۴ سمجھ۔ عقل۔ دانائی ۵ بیوپار۔ کاروبار۔

وُجُوب (ع۔ مذکر) ۱ لازم ہونا۔ واجب ہونا ۲ فرض۔ ضروری۔ لابد (وَجَبَ۔ ضروری ہونا)

وُجُود (ع۔ مذکر) ۱ ہونا۔ موجود ہونا ظاہر ہونا ۲ ہستی۔ زندگی۔ حیات ۳ مادہ۔ جوہر تت ۴ ظہور۔ نمائش ۵ فرد۔ شخص ۶ آلۂ تناسل ۷ (تف) باوجود (وَجَدَ۔ پایا جانا۔ ہونا) وجود بے بود (مذکر) وہ چیز جس کی کوئی ہستی نہ ہو جیسے خواب میں نظر آنے والی چیزیں۔ وجود پانا یا پکڑنا (متعدی) ۱ ہستی میں آنا۔ پیدا ہونا ۲ ظہور ہونا۔ وجود میں لانا (متعدی) ۱ پیدا کرنا ۲ ظہور میں لانا وجود وعدم وجود (مذکر) ہونا اور نہ ہونا۔ ہستی اور نیستی۔ وجودی (صفت) جو سامنے موجود ہو جس کا وجود ہو۔

وُجُوہ (ع۔ مونث) جمع وجہ کی لکھنؤ میں مذکر وجوہات (مونث) وجہ کی جمع الجمع۔ دلیلیں۔ اسباب۔

وَجہ (ع۔ مونث) ۱ سبب۔ باعث موجب۔ بنا۔ کارن ۲ چہرہ۔ شکل۔ صورت ۳ طریق۔ طرز۔ طور۔ ڈھنگ۔ اسلوب۔ دستور ۴ جانب۔ طرف۔ رخ ۵ ذریعہ ۶ وہ چیز جس سے معاش کی صورت ہو ۷ تنخواہ ۸ روپیہ۔ نقدی۔ زر ومال (وَجَّہَ۔ منہ پھیرنا) وجہ احسن (مونث) اچھی صورت۔ بہترین طریقہ۔ وجہ بیان کرنا یا پیش کرنا (متعدی) سبب بتانا۔ وجہ تحریک (مونث) کسی کام کے کرنے کا سبب۔ ترغیب کا باعث وجہ تسمیہ (مونث) نام رکھنے کا سبب وجہ ثبوت (مونث) گواہی شہادت۔ ثبوت کی دلیل (پیش کرنا کے ساتھ) وجہ ثبوت کامل (مونث) قطعی ثبوت۔ پکا ثبوت یقینی شہادت وجہ ثبوت واقعات (مونث) شہادت قرائن وجہ حال (مونث) زندگی کا طریقہ۔ رہنے سہنے کا ڈھنگ وجہ حلال کا ٹکڑا (مذکر) تھوڑی سی حلال کی آمدنی۔ وجہ سے (تف) سبب سے۔ باعث سے وجہ قوی (مونث) مضبوط سبب۔ برہان قاطع وجہ کافی (مونث) معقول سبب وجہ کھلنا (لازم) سبب نمایاں ہونا وجہ کیا۔ کیا سبب وجہ گزران۔ معاش یا معیشت (مونث) وہ شے جو گزارہ کرنے کا ذریعہ ہو وجہ معقول (مونث) ٹھیک اور درست وجہ وجہ مُوَجَّہ (مونث) پکی دلیل وجہ مقرری (مونث) مقررہ تنخواہ وجہ مخاصمت یا نالش (مونث) بنائے مخاصمت۔ نالش کرنے کا سبب۔

وِجَی (س۔ مذکر) ۱ قابو پانا۔ شکست دینا ۲ بڑھ جانا۔ فوقیت لے جانا ۳ فتح۔ کامیابی۔

وَجِیز (ع۔ صفت) ۱ چھوٹا۔ تھوڑا ۲ خلاصہ۔ انتخاب۔ اختصار (وَجُزَ۔ چھوٹا ہونا) وجیزہ (صفت۔ مونث) دیکھو وجیزہ۔

وِچِلِن (س۔ صفت) پیچ یا دلے میں ملا ہوا رنگ۔ چنٹی وغیرہ

وَجِیہ (ع۔ صفت) ۱ باعزت۔ معزز جس کی شکل وشباہت شریفانہ ہو ۲ حسین۔ خوبصورت خوشخو۔ خوش وضع۔ خوش نما ۳ موزوں۔ زیبا۔ مناسبت (وَجُہَ۔ کسی کی آنکھوں میں زیادہ معزز ہونا)

وَچ (س۔ مذکر) بولنا۔ باتیں کرنا کہنا۔

وِچار (س۔ مذکر) ۱ عقل یا سوچ کا استعمال ۲ سوچ۔ خیال۔ دھیان۔ فکر۔ غور۔ تامل سدھ۔ اندیشہ۔ دیکھو بچار وچار سے (تف) سوچ سمجھ کر۔ غور وفکر کر کے وچار کرنا (متعدی) سوچنا۔ غور کرنا۔ وچارن (مذکر) ۱ دیکھو وچار ۲ تفتیش۔ امتحان ۳ تمیز۔ جانچ۔ پہچان ۴ شک شبہ۔ ہچکچاہٹ وچارنا (مذکر) ۱ دیکھو وچارن ۲ ممانسا فلسفہ وچاریہ (صفت) مشتبہ۔ مشکوک۔

وَچِتر (س۔ صفت) ۱ رنگ برنگ کا۔ گوناگوں ۲ دھبے دار۔ چتکبرا ۳ مختلف۔ رقم رقم کا ۴ رنگیلا۔ ملا جلا۔ مزین ۵ خوبصورت۔ حسین خوشنما ۶ عجیب وغریب۔ اعلیٰ ۷ کمیاب۔

وِچَل (س۔ صفت) ۱ حرکت کرنے والا۔ چلنے والا ۲ لڑکھڑانے والا۔ تھرتھرانے والا ۳ بے ثبات۔ ناپائیدار۔ بے قیام ۴ بے وفا۔ **وچلنا** (مص) ۱ حرکت کرنا۔ ادھر سے ادھر جانا ۲ اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ پھسل جانا ۳ لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا ۵ جھکنا ٹیڑھا ہونا ۶ بہکنا ۷ وعدہ توڑنا۔ وعدہ وفائی نہ کرنا ۸ انحراف کرنا۔ عدول۔ ورزی کرنا۔

وَچَن (س۔ مذکر) ۱ بولنا ۲ گفتگو۔ بات۔ بچن ۳ (صرف ونحو) عدد۔ **وچن پورا کرنا** (متعدی) وعدہ وفائی کرنا۔ وعدہ پورا کرنا۔

وَچوچ (ہ۔ مذکر) بکواس۔ بیہودہ گفتگو۔ **وچوچانا** (لازم) فضول باتیں کرنا۔ بکواس کرنا **وچوچی** (صفت) ۱ بکواسی۔ بکی۔ فضول باتیں کرنے والا ۲ (مذکر) فضول باتیں کرنے والا شخص۔

وَحَد (ع۔ مذکر) ۱ اکیلا ہونا۔ ایک ہونا ۲ (صفت) اکیلا۔ علیحدہ۔ جدا (وَحَد۔ ایک ہونا) **وحدانی** (صفت) ایک کی طرف منسوب۔ خطوط وحدانی کی ترکیب سے مستعمل ہے۔ **وحدانیت،** (صفت) یکتائی۔ خدا کا ایک ہونا۔ یگانگی۔ توحید۔ **وحدانیت کا اقرار** (مذکر) خدا پر ایمان۔ خدا کو ایک جاننا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **وحدانیت کا ایمان لانا** (متعدی) خدا کو ایک جاننا **وَحدت** (مونث) ایک ہونا۔ یکتائی۔ یگانگی۔ توحید۔ واحدانیت۔ **وحدت الوجود۔ وحدتِ وُجُود** (صوفیوں کی اصطلاح) ہر ایک وجود کو خدا کا وجود سمجھنا۔ **وحدتِ ارادی** (مونث) آدمیوں کا جبر کے بغیر نیک ہونا **وحدت خانہ** (مذکر) راہبوں کے رہنے کی جگہ۔ خلوت خانہ۔ **وحدتِ قہری** (مونث) وہ وحدت جو بادشاہوں کے حکم سے لوگوں میں جاری ہو۔ **وحدتِ نوعی** (صفت) وہ وحدت جو ایک نوع ہونے سے حاصل ہو **وحدہٗ**۔ وہ اکیلا ہے۔ **وَحدہٗ لاشریک لہٗ**۔ وہ اکیلا ہے اور کوئی اس کا شریک نہیں۔ خدا کی تعریف۔

وُحدان (ع۔ مذکر) ۱ واحد کی جمع ۲ (صفت) برتر۔ افضل۔

وَحش (ع۔ مذکر) جنگلی جانور۔ تند۔ ڈرنے والا یا غیر مانوس جانور (وَحش۔ بہت سے جنگلی جانور ہونا) **وحشت** (مونث) ۱ غیر مانوسی۔ نفرت۔ رمیدگی ۲ خوف۔ ڈر ۳ سودا۔ خفقان۔ جنون۔ دیوانگی ۴ گھبراہٹ۔ اضطراب۔ بے چینی ۵ اداسی آوارگی ۶ حیوانیت۔ جہالت **وحشت اثر** (صفت) ۱ وہ (خبر) جس سے وحشت پیدا ہو ۲ ہیبتناک۔ خوفناک۔ دہشتناک۔ **وحشت اچھلنا** (لازم) سودا ہونا۔ جنون ہونا۔ خفقان ہونا۔ **وحشت انگیز** (صفت) ۱ ڈراونا۔ مہیب۔ خوفناک۔ دہشتناک وحشتناک۔ ہولناک۔ بھیانک **وحشت برسنا** (لازم) ۱ اداسی چھانا ۲ جنون چہرے سے ظاہر ہونا۔ ۳ ویرانہ ہونا۔ ویرانی برسنا **وحشت خیز** (صفت) وحشت بڑھانے یا پیدا کرنے والا **وحشت زدہ** (صفت) ۱ گھبرایا ہوا۔ حواس باختہ ۲ اداس ۳ خبطی۔ پاگل۔ دیوانہ۔ سودائی۔ مجنون۔ **وحشت کرنا** (متعدی) جانوروں کی طرح بھڑکنا اور بھاگنا۔ گھبرانا۔ پریشان ہونا۔ ڈرنا۔ رم کرنا۔ **وحشت کی لینا** (متعدی) وحشت ظاہر کرنا۔ وحشت کی باتیں کرنا **وحشتناک** (صفت) خوفناک۔ بھیانک۔ گھبرا دینے والا۔ **وحشت ہونا** (لازم) ۱ گھبرانا۔ پریشان ہونا ۲ سودا ہونا۔ جنون ہونا **وحش وطیر** (مذکر) جنگلی جانور اور پرندے۔ **وحشی** (صفت) ۱ جنگلی۔ صحرائی ۲ وہ جو آدمیوں سے بھاگ جائے بھڑکنے والا۔ رم کرنے والا ۳ غیر مانوس ۴ ناتراشیدہ غیر مہذب۔ ناشائستہ۔ بے رحم ۵ ظالم ۶ تند ۷ (مذکر) ۱ جنگلی جانور ۲ اکھڑ یا اجڈ آدمی ۳ جنگلی آدمی۔ **وحشی اقوام** (مونث) وہ قومیں جو جنگلوں میں رہتی ہیں اور غیر مہذب ہیں۔ **وحشیانہ** (صفت) وحشیوں کی طرح **وحشی پنا** (مذکر) ۱ جنگلی پنا۔ صحرائیت ۲ رمیدگی۔ آدمیوں سے ڈرنا ۳ تندی ۴ خونخواری۔ بے رحمی **وحشی طبیعت یا مزاج** (صفت) وہ شخص جو آدمیوں کی صحبت سے بھاگے اور الگ رہے۔

وَحَل (ع۔ مذکر) کیچڑ۔ دلدل۔ گیلی مٹی۔

وُحُوش (ع۔ مذکر) وحشی کی جمع جنگلی جانور **وحوش وطیور** (مذکر) جنگلی جانور اور پرندے۔

وَحی (ع۔ مونث) ۱ پیغام الٰہی۔ خدا تعالےٰ کا حکم جو پیغمبروں پر نازل ہوتا ہے۔ مسلمانوں کا اعتقاد ہے کہ حضرت جبرئیلؑ خدا کی طرف سے پیغمبروں کے پاس پیغام لایا کرتے تھے۔ پیغمبر صلعم کے بعد یہ سلسلہ ختم ہو گیا ۲ وہ بات جو خدا تعالےٰ نے کسی کے دل میں ڈال دی ہے ۳ کتاب الٰہی (وَحیَ۔ کوئی بات بتانا یا دل میں ڈالنا) **وحی آنا اترنا یا نازل ہونا** (لازم) حضرت جبرائیل کا خدا کا پیغام لے کر آنا **وحی بھیجنا یا کرنا** (متعدی) خدا کا حضرت جبرائیل کو پیغام دے کر بھیجنا **وحی منزل** (مونث) قرآن شریف **وحی ہونا** (لازم) خدا کی طرف سے پیغام آنا۔

وَحید (ع۔ صفت) ۱ اکیلا۔ فرد۔ واحد ۲ یکتا۔ لاثانی۔ بے نظیر۔ یگانہ (وَحَدَ۔ ایک ہونا) **وحید الدہر یا العصر۔ وحیدِ دہر یا عصر** (صفت) یکتائے زمانہ۔

وَدّ (ع۔ مذکر) ۱ محبت۔ پیار ۲ دوستی آشنائی۔ یاری (وَدَّ۔ پیار کرنا)

وِدّ (س۔ مذکر) ۱ جاننے والا شخص ۲ عقلمند آدمی۔ دانا شخص ۳ رشی منی۔ **وِدا** (مونث) ۱ علم ۲ عقل۔ دانائی۔ سمجھ۔

وِداد (ع۔ مذکر) دیکھو وُدّ

وَدارنا (ہ۔ متعدی) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا۔ بدارنا۔

وَداع (ع۔ مونث) بالفتح صحیح ہے ۱ رخصت۔ روانگی ۲ دولہن کی اپنے گھر سے رخصت (کرنا ہونا کے ساتھ) (وَدَعَ۔ اجازت دینا) **وداعِ طاقت** (مونث) طاقت کا جاتا رہنا۔ **وداعی** (صفت) ۱ رخصت ہونے والا ۲ رخصت کے وقت کا (کلام)

وَدَر۔ وَدَراٹ (ہ۔ مذکر) بکواس۔ بیہودہ گفتگو۔ **ودرنا** (متعدی) بکواس کرنا۔ بیہودہ گفتگو کرنا۔

وِدَر (س۔ صفت) ۱ پھاڑنے والا۔ چیر ڈالنے والا ۲ (مذکر) حنظل۔ تھوہر **ودرنا** (متعدی) ۱ پھٹنا۔ چیرنا۔ ادھڑنا ۲ کھلنا پھوٹنا۔

وِدُر (س۔ صفت) ۱ عقلمند۔ دانا۔ ذہین۔ ہوشیار ۲ عالم۔ فاضل ۳ ماہر۔ کامل ۴ حاذق کرنے والا ۵ (مذکر) چالاک آدمی۔

وَدَن (س۔ مذکر) ۱ مہینہ ۲ چہرہ ۳ (الجبرا) کسی سلسلے کی پہلی رقم ۴ (علم ہندسہ) مثلث کا سرا یا اوپر کا کونہ۔

وِدوان (س۔ صفت) ۱ عالم۔ فاضل۔ ودیادان ۲ ہوشیار۔ چالاک۔ ماہر۔

وَدُود (ع۔ صفت) ۱ محبت کرنے والا۔ محب۔ شفیق۔ دوست ۲ محبوب ۳ خدا تعالےٰ کا ایک نام (وَدَّ۔ محبت کرنا)

وَدھو (س۔ مونث) بہو۔ بدھو۔

وِدھوا (س۔ مونث) بیوہ۔ ودھوا **وِواہ یا وِیاہ** (مذکر) بیوہ کی شادی۔ بیوہ سے شادی کرنا۔

وِدیا (س۔ مونث) ۱ علم۔ استعداد ۲ علم و فضل۔ حکمت۔ سائنس ۳ فلسفہ ۴ ہنر۔ فن ۵ منتر۔ جنتر۔ جادو ۶ ایک قسم کی جادو کی گولی جسے منہ میں رکھ کر آسمان پر چلے جاتے ہیں ۷ درگاجی کا ایک نام ۸ ایک درخت ۹ ہندوؤں میں چار ودیا ہیں (الف) ترپی تین وید (ب) آنوبکشکی۔ منطق اور علم الٰہیات (ج) ونڈ نیتی۔ علم سیاست (د) وارتا۔ فنون۔ جیسے زراعت۔ تجارت۔ حکمت وغیرہ۔ منو نے پانچواں اس میں علم روح یا روحانیت شامل کیا ہے۔ بعض کے نزدیک چودہ قسمیں ہیں۔ چار وید۔ چھ ویدانگ۔ میمانسا۔ نیائے دھرم۔ اور پران۔ بعض چار اپ وید ملا کر ۱۸ اشاخیں قرار دیتے ہیں۔ اور بعض نے ۳۲ اور ۶۴ بھی قرار دی ہیں **ودیادھر** (مذکر) ۱ ایک مخلوق جو کوہ ہمالیہ پر رہتی ہے اور شوجی کی پرستار ہے ۲ کئی مصنفوں کا نام ۳ ایک زن یا بحر ۴ ایک شر **ودیادھری** (مونث) ۱ ودیادھر کی مونث ۲ شورسین کی ایک بیوی **ودیادھر ینِدر** (مذکر) ۱ ودیادھروں کا ایک راجہ ۲ جامبوت۔ **ودیارتھی** یا **رتھی** (مذکر) طالب علم۔ **ودیالیہ** (مذکر) ۱ علم کی جگہ سکول۔ مدرسہ۔ کالج ۲ ایک مقام کا نام۔ **ودیانگر** (مذکر) ایک شہر جس کا نام بعد میں بدل کر وجیانگر رکھ دیا گیا تھا۔ **ودیاوان** یا **وَت** (صفت) عالم۔ فاضل۔

وَدیعت (ع۔ مونث) امانت۔ وہ چیز جو تحویل میں رکھی جائے۔ دھروڑ۔ ودائع۔ کسی کے پاس کوئی چیز رکھنا۔ **ودیعت ایزدی** (مونث) خدا تعالیٰ کی امانت۔ روح۔ ایمان **ودیعت حیات** (مونث) زندگی کو امانت میں دینا۔ مجازاً مرنا۔

ودیمان (س۔ صفت) ۱ جو محسوس یا معلوم ہو سکے ۲ جو موجود ہو ۳ جو زندہ ہو۔ مخلوق ۴ اصلی۔

وِدیہ (س۔ صفت) ۱ بغیر بدن یا جسم کے ۲ (مذکر) جنک راجہ متھلا کے خاندان کا ایک راجہ۔ **ودیہا** (مونث) صوبہ بہار میں ایک علاقہ جسے زمانہ قدیم میں متھلا اور آجکل ترہٹ کہتے ہیں۔

وَڈا (س۔ صفت) بڑا۔

وَر (ف۔ حرف ربط) ۱ واگر کا مخفف ۲ (صفت) آور کا مخفف۔ والا۔ قبضے میں رکھنے والا مرکبات میں جیسے جانور۔ ہنرور۔ نامور وغیرہ۔

وَر (س۔ مذکر) **وَر** (ہ۔ صفت) ۱ پسندیدہ مرغوب۔ دلخواہ۔ دلپسند ۲ نہایت اعلیٰ۔ نہایت اچھا بہترین ۳ قابل ترجیح ۴ خوبصورت ۵ (ہ) فائق۔ غالب۔ زبر ۶ بزرگ۔ بڑا۔ سب سے بڑا ۷ نامی۔ نامور ۸ (مذکر) انتخاب کرنا۔ چُننا ۹ درخواست کرنا مانگنا ۱۰ انتخاب۔ پسند ۱۱ خواہش۔ آرزو ۱۲ درخواست ۱۳ عنایت۔ شفقت۔ کرپا ۱۴ کوئی چیز جو نذر تحفے یا انعام کے لئے چنی جائے خصوصاً برہمن یا دیوتا کے لئے ۱۵ کوئی دلپسند چیز ۱۶ فائدہ۔ نفع ۱۷ جہیز ۱۸ خیرات بخشش ۱۹ اگر گل ۲۰ چڑیا ۲۱ زعفران ۲۲ وہ شخص جو پسند یا انتخاب کرے ۲۳ وہ جو کسی لڑکی سے شادی کی درخواست کرے ۲۴ دولہا ۲۵ خاوند ۲۶ بدچلن آدمی ۲۷ گھیرا ۲۸ جگہ مقام ۲۹ گھیرا۔ دور۔ گرد۔ محیط۔ دائرہ ۳۰ وسعت میدان۔ **وررُچی** (صفت) بھینٹ سے خوش ہونیوالا۔ **ور رہنا** (ہ۔ لازم) زبر رہنا۔ غالب رہنا۔ باری لیجانا۔ فتحیاب رہنا۔ **ور ہونا** (لازم) غالب ہونا۔ فائق ہونا۔

وَرا (ع۔ ظرف) ۱ پیچھے۔ عقب میں۔ پس ۲ پیچھے کی طرف۔ پس پشت ۳ سوا۔ علاوہ۔ ماسوا فالتو۔ **ورائے** (ظرف) دیکھو ورا۔

وَرا (ہ۔ صفت) ۱ وہ جو دریا کے اس کنارے ہو ۲ نزدیک۔ قریب ۳ گھٹیا۔

وَرات (س۔ مذکر) ۱ آدمیوں کا گروہ۔ مجمع۔ بھیڑ۔ انبوہ ۲ برات ۳ خارج از برادری برہمن کی اولاد ۴ محنت۔ مشقت ۵ روزانہ محنت۔

وَراثت (ع۔ مونث) میراث۔ ورثا۔ ترکہ۔ وہ مال جو میت چھوڑ جاتی ہے (ورث۔ ترکے میں پانا) **وراثتاً** (ظرف) بطور ورثہ یا ترکے کے میراث میں **وراثتاً پہنچنا** (لازم) ترکے میں ملنا۔ میراث میں ملنا **وراثت سے** (ظرف) ترکے میں میراث میں **وراثت کی سند** (مونث) وارث ہونے کا سرٹیفکیٹ جو عدالت سے حاصل کیا جاتا ہے **وراثت نامہ** (مذکر) وارث ہونے کی تحریر یا سند۔

وِراج (س۔ صفت) ۱ درخشاں۔ حکومت کرنے والا ۲ بہترین۔ نہایت اعلیٰ ۳ عالیشان عظیم الشان ۴ منور۔ نورانی۔ روشن ۵ (مذکر) حاکم۔ سردار۔ راجہ ۶ کشتری ۷ بدن ۸ ایک اکابا۔ ۹ (مونث) خوبی۔ برتری۔ شان۔ فضیلت۔ فوقیت۔ **وراجمان** (صفت) چمکدار۔ روشن۔ منور۔ عالیشان شاندار۔

وِراجنا (ہ۔ لازم و متعدی) دیکھو براجنا۔

وَرّاد (ع۔ مذکر) مالی۔ باغبان۔

وِرادھ (س۔ مذکر) ۱ مخالفت۔ برودھ۔ مخالف ۲ روک۔ مانعت۔ انکار ۳ تکلیف دکھ۔ ایذا ۴ ایک قسم کا راکھشی۔

وَراک (س۔ صفت) ۱ قابل رحم ۲ دکھی۔ کم بخت۔ بدبخت۔ تباہ۔ خستہ حال ۳ ناخوش۔ اداس۔ مغموم ۴ ذلیل۔ خوار ۵ ناپاک۔ گندہ ۶ (مذکر) گنہگار ۷ لڑائی۔ جنگ۔

وِراگ (س۔ مذکر) ۱ خواہش یا شہوت کا نہ ہونا ۲ تمام خواہشات نفسانی کی طرف سے لاپرواہی ۳ بےپروائی۔ بے اعتنائی ۴ نفرت۔ کراہیت تنفر۔ **وراگی** (صفت) ۱ جس میں خواہشات نفسانی نہ ہوں ۲ متنفر۔ کراہیت کرنے والا ۳ (مذکر) بیراگی۔ اداسی ۴ پرہیزگار۔

وِرام (س۔ مذکر) ۱ چھوڑ دینا۔ اتمام انت ۲ آرام۔ آسائش۔ استراحت ۳ روک۔ انکاؤ ۴ آواز کا ٹھہر جانا ۵ کسی حرف صحیح کے نیچے ایک ٹیڑھا نشان جس کا یہ مطلب ہوتا ہے کہ اس پر کوئی حرکت نہیں ۶ (صفت) گھبرایا ہوا۔ مضطرب۔ پریشان۔

وَرانگنا (س۔ مونث) بہت اعلیٰ عورت۔

وَرانسی (س۔ مونث) بنارس۔

وَراہ (س۔ مذکر) ۱ سور جنگلی سور۔

وَربینا (انگ۔ مذکر) ایک پھول اور اس کا پودہ پھول چھوٹے چھوٹے سفید گلابی سرخ اور اودے ہوتے ہیں اور چھتری بناتے ہیں۔

وَرَت (س۔ مذکر) ۱ رسم۔ رواج ۲ کوئی نفل یا مذہبی فرض جو دیوتاؤں نے عاید کیا ہو۔

وِرتُل (س۔ صفت) ۱ گول۔ مدور ۲ کروی۔ کرہ کی شکل کا۔

وَرتمان (س۔ صفت) ۱ پھیرنا۔ چکر کھانا۔ حرکت کرنا ۲ زندہ ہونا۔ ہونا ۳ موجود ہونا حاضر ہونا ۴ واقع ہونا۔ گزرنا ۵ رہنا۔ رہائش کرنا **ورتمان کال** (مذکر) زمانہ حال۔

وَرتن (س۔ مذکر) ذریعہ معاش۔ زندگی کا طریقہ۔

وَرتی (س۔ مونث) ۱ چراغ کی بتی

۳ چراغ - شمع ۴ دیا سلائی ۵ لکیر جو کاغذ پر کھینچی ہوئی ہو ۶ متصورکا قلم ۷ مرہم - ضماد - لیپ ۸ خوشبو ۹ سرخی ۱۰ آنکھ کا سرمہ ۱۱ (صفت) رہنا - جاری رہنا ۱۲ ہونا - زندہ ہونا ۱۳ واقع ہونا - مرکبات میں جیسے مدھیا ورتی - بیچ میں واقع ہوا ہوا۔

وِرث (ع - مذکر) میراث پانا - وارث ہونا (وَرِث - میراث پانا)

وُرثا (ع - مذکر) وارث کی جمع - میراث پانے والے۔ (وَرِث - میراث ہونا)

وِرثہ (ع - مذکر) مردے کا مال - ترکہ - میراث (اصل وِرثۃ - وَرِث - میراث پانا) ورثہ دار (مذکر) **وارث ورثے** (مذکر) ۱ ورثہ کی جمع ۲ بجائے ورثہ حروف معروفہ سے پہلے - **ورثے میں آنا** (لازم) میت سے حق پہنچنا - ترکے میں آنا ورثے میں ملنا (لازم) میراث ملنا - ترکہ ملنا۔

وَرَج (س - مذکر) ۱ مشترک ۲ کسی چیز کا مجموعہ ۳ گروہ - مجمع - بھیڑ ۴ ریوڑ - گلہ ۵ گوالوں کے ٹھہرنے کی جگہ ۶ گائیوں کے رہنے کی جگہ - گوشالہ - اصطبل طویلہ ۷ وہ علاقہ جو آگرہ اور متھرا کے اردگرد ہے - برج۔

وِرَج (س - مونث) برج کا ملک - برج

وَرچنا (ہ - متعدی) ۱ ترتیب دینا ۲ بنانا - مرتب کرنا۔

وَرخوردر (ف - مونث) ۱ دیکھنا - ملنا دیکھو برخورد۔

وَرد (ع - مذکر) ۱ گلاب کا پھول ۲ پھول ۳ پھول کی پتی۔

وِرد (ع - مذکر) ۱ ہر روز کا کام - روزمرہ کا کام - معمول ۲ وظیفہ ۳ پہنچ - رسائی ۴ ٹھہرنے کی جگہ - پڑاؤ (وَرَدَ - داخل ہونا) **ورد رکھنا** (متعدی) کسی کام کا بلاناغہ کرنا **وِردِ زبان** (مذکر) ۱ ہمیشہ بولتے رہنا - وظیفہ کرتے رہنا ۲ (صفت) ازبر - زبانی **وردِ زبان ہونا** (لازم) ازبر ہونا - یاد ہونا **ورد کرنا** (متعدی) ۱ عادت ڈالنا - معمول باندھنا ۲ یاد کرنا - ازبر کرنا - **ورد وظیفہ** (مذکر) قرآن شریف کا کوئی حصہ جو روز پڑھا جائے - روزانہ وظیفہ - **ورد وظیفہ پڑھنا** (متعدی) روزانہ وظیفہ کرنا - روزانہ کام کرنا - **ورد ہونا** (لازم) ہر وقت رٹا جانا - وظیفہ ہونا۔

وِرَد (ہ - مذکر) ۱ شہرت - نیکنامی - دیکھو برد ۲ بہادروں کی پوشاک - وردی - قومی لباس جنگ کی پوشاک ۳ وہ نشانی جس سے عہدہ معلوم ہو - بلّہ۔

وِردھ (س - صفت) ۱ جوان - بالغ - سیانا ۲ بوڑھا - پیر ۳ عقلمند - دانا ۴ زبردست ۵ بڑا - عظیم ۶ زیادہ ۷ (مذکر) بوڑھا آدمی - ستر برس سے زیادہ عمر کا آدمی ۸ رشی منی ۹ عزت دار آدمی **وردھا** (مونث) بوڑھی عورت - **وردھاپن** (مذکر) بڑھاپا - پیری۔

وِردھا (ہ - مذکر) بیل - سانڈ۔

وِردھ (س - مفعول) ۱ روکا ہوا - رکا ہوا ۲ ممنوع ۳ نکالا ہوا - برادری سے خارج ۴ مخالف - برخلاف - نقیض ۵ دشمن - حریف ۶ منحوس۔

وَردھمان (س - صفت) ۱ بڑھنے والا - ترقی کرنے والا ۲ سرسبز - بھرا پرا - اقبال مند ۳ (مذکر) ایک پہاڑ اور علاقہ - بردوان۔

وَردھن (س - صفت) ۱ بڑھنے والا ترقی کرنے والا ۲ سرسبز ۳ بڑھانے والا - ترقی دینے والا ۴ بڑا کرنے والا ۵ مضبوط کرنے والا - طاقت دینے والا ۶ خوش کرنے والا ۷ (مذکر) ۱ بڑھنا - زیادہ ہونا ۸ نمو افزائش - بڑھاؤ ۹ کامیابی - ترقی ۱۰ بڑا کرنا - بڑا دکھانا ۱۱ زندہ دلی - جان - جوش ۱۲ پالنا - پرورش کرنا - **وردھنی** (س - مونث) ۱ جھاڑو - برش ۲ ایک خاص شکل کا پانی کا چھوٹا برتن

وِردھی (س - مونث) ۱ افزائش زیادتی ۲ روئیدگی - بالیدگی ۳ اٹھنا - اوپر چڑھنا ۴ زیادتی ۵ ڈھیر - انبار ۶ حقدار ۷ گروہ مجمع ۸ دولت اور عزت میں ترقی ۹ کسی قسم کا سلسلہ ۱۰ کامیابی - ترقی خوشحالی ۱۱ خوشی - فرحت ۱۲ دولت - جائداد ۱۳ نفع - فائدہ ۱۴ سود ۱۵ ربا (سورج یا چاند کے حصوں کا بڑھ جانا ۱۶ (صرف ونحو) حرف علت کی آواز کا لمبا ہونا جیسے اُ سے آ لا کا نا - چیرا دینا ۱۷ فوقیت - منہائی - **وردھی شرادھ** (مذکر) وہ شرادھ جو کسی خوشی کے موقع پر کئے جائیں جیسے بیٹا ہونے پر۔

وَردی (ہ - مونث) ۱ فوجی سپاہی کی وہ پوشاک جو اسے حکومت کی طرف سے پہننے کے لئے ملتی ہے - پہلے زمانے میں رنگ برنگ کی پوشاک ہوا کرتی تھی - مگر آج کل عام طور پر خاکی رنگ کی ہوتی ہے - جرمنوں کی خاکستری رنگ کی ہے ۲ پولیس کے سپاہیوں کی خاکی پوشاک ۳ چپڑاسیوں کی خاص پوشاک ۴ چوکیداروں کی خاص پوشاک ۵ کسی اور پیشے والے یا ملازم کی خاص پوشاک - جیسے باجے والوں کی گلٹنی فوج (؟) وغیرہ ۶ وہ بگل جو فوج یا پولیس میں رات کو سونے کے لئے اور صبح کو جاگنے کے لئے بجایا جائے (پھاڑنا - پہننا - پہنانا تیار کرنا ہونا دینا - سلانا - سینا - لینا - ملنا - وغیرہ کے ساتھ) (س وِرَد - فوجی لباس - وِرَد - دینا) **وردی بجانا** (متعدی) بجنا (لازم) وردی ۶ کا بجایا جانا - نوبت بجنا - **وردی بچھانا** (متعدی) بچھنا (لازم) ملاحظہ کے لئے وردی کی تمام اشیا کا چارپائی پر لگایا جانا - کٹ لگنا - **وردی بولنا** (لازم) رپورٹ دینا کسی واقعہ کی خبر لاکر دینا - **وردی تقسیم کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) فوج وغیرہ کے سپاہیوں - چپڑاسیوں وغیرہ کو وردی دی جانا - **وردی میجر** (مذکر) ایک ہندستانی فوجی افسر جو فوج کو احکام سناتا اور نوکری تقسیم کرتا ہے۔

وَردَیت (ہ - مذکر) سپاہی - چپڑاسی وغیرہ جس نے وردی پہنی ہوئی ہو۔

وَرزِش (ف - مونث) ۱ وہ کام جسے کمال حاصل کرنے کے لئے بار بار کیا جائے - مشق ۲ کسرت - ریاضت - کوئی جسمانی محنت کا کام جس سے صحت درست رہے ۳ (ف) عادت - روپیہ کا استعمال ۵ محنت ۶ مشقت ۷ مطالعہ ۸ فائدہ ۹ پرہیز اعتدال **ورزش خانہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں ورزش کریں - **ورزش کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) کسرت ہونا - ریاضت ہونا - **ورزشی** (صفت) ورزش کیا ہوا کسرتی - **ورزشی بدن** (مذکر) وہ بدن جو ورزش کی وجہ سے سخت ہو گیا ہو۔

وِرَس (س - صفت) ۱ جس میں رس نہ ہو ۲ بے مزہ - پھیکا ۳ بدمزہ ۴ بدبودار ۵ گھناؤنا ۶ تکلیف دہ۔

وَرش (س - مذکر) **وَرش** (ہ) ۱ بارش - مینہ ۲ چھڑکنا ۳ موسم برسات ۴ بادل ۵ برس - سال ۶ ہندوستان - بھارت ورش یا جمبودیپ **ورشا** (مونث) - بارش - موسم برسات - ہندوستان کے چھ موسموں میں سے وہ موسم جو نصف اساڑھ سے نصف بھادوں تک ہوتا ہے - مگر بنگال اور ممالک متحدہ میں چوماسہ لگتا ہے اور بارش اساڑھ سے کاتک تک ہوتی ہے۔

وِرش (س - مذکر) ۱ سانڈ - بیل ۲ برج ثور - برکھ ۳ شوجی کی سواری کا بیل ۴ چوہا ۵ مور کی دم ۶ آدمی - نر - خاوند ۷ منی ۸ دشمن۔

وَرشات (ع۔ مونث) دیکھو برسات۔

وِرشبھ (س۔ مذکر) ۱ بیل ۲ برج ثور۔ برکھ ۳ کان کا سوراخ ۴ ہاتھی کا کان ۵ (صفت) اچھا۔ نیک۔ بہتر۔ بڑا۔ سردار۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

وِرشٹ (س۔ مونث) ۱ مینہ۔ بارش ۲ ترشح۔ چھینٹا۔ تقاطر۔

وِرشٹھ (س۔ صفت) ۱ نہایت اچھا۔ اعلیٰ۔ بہترین ۲ بہت پیارا۔ نہایت عزیز ۳ نہایت چوڑا۔ نہایت بڑا۔ نہایت وسیع۔

وِرشچک (س۔ مذکر) ۱ بچھو ۲ برج عقرب ۳ ایک قسم کا لمبا کیڑا ۴ کیکڑا ۵ ایک قسم کا کیڑا جو گوبر میں ہوتا ہے ۶ کنکھجورا ۷ ایک پودہ۔

وِرشل (س۔ مذکر) ۱ شودر ۔ یا کمین ذات کا آدمی ۲ تین اعلیٰ قوموں کا وہ آدمی جو مذہبی فرائض سے کوتاہی کرنے کی وجہ سے ذات سے خارج ہو چکا ہو ۳ شریر۔ بدمعاش۔ گنہگار ۴ گھوڑا ۵ لہسن۔ **ورشلی** (مونث) ۱ شودر عورت ۲ حائض عورت ۳ بانجھ عورت ۴ مردہ پیدا ہوئے بچے کی ماں۔

وَرطہ (ع۔ مذکر) ۱ تباہی۔ بربادی ۲ ہلاکت یا تباہی کا مقام ۳ بہت ڈھلوان پہاڑ۔ گڑھا ۴ بھول بھلیاں ۵ بھنور۔ گرداب ۶ گھبراہٹ پریشانی (وَرَطَ۔ کسی کو پہاڑ سے گرانا) **ورطۂ ہلاکت** (مذکر) ہلاکت کا بھنور۔ موت۔

وَرَع (ع۔ مذکر) ۱ پارسائی۔ پرہیزگاری۔ تقویٰ ۲ بزدلی ۳ غلطی کرنے کا ڈر ۴ خدا کا خوف (وَرُعَ۔ بزدل ہونا)

وَرغلانا (ف۔ متعدی) ۱ اکسانا۔ بہکانا ۔ کسی کو اکسا کر کوئی کام کرانا۔ اغوا کرانا (دہلی) (ف۔ ورغلانیدن۔ اکسانا) **ورغلانا** (متعدی) دیکھو آخری (لکھنو)

وَرَق (ع۔ مذکر) ۱ کتاب کا کاغذ ۲ کاغذ کا ٹکڑا ۳ سونے یا چاندی کا باریک کُٹا ہوا ٹکڑا ۴ پھول کی پنکھڑی ۵ قاش ۶ قاش یا [illegible] ۷ (ع) برگ۔ پتا (وَرَق۔ درخت کا پتے ...) **ورق اتارنا** (متعدی) کسی چیز سے ورق کی طرح پتلا ٹکڑا کاٹنا **ورق اترنا** (لازم) ورق کی طرح پتلا ٹکڑا اترنا **ورق الٹنا** (لازم) ۱ کاغذ کا رخ ایک طرف سے دوسری طرف ہو جانا ۲ تغیرِ عظیم ہونا۔ انقلاب ہونا ۳ (متعدی) کاغذ کا رخ ایک طرف سے دوسری طرف کرنا۔ **ورق الخیال** (مذکر) بھنگ۔ **ورق بکھر جانا یا بکھرنا** (لازم) ۱ کتاب کے اوراق کا پریشان ہونا ۲ تتر بتر ہو جانا۔ شیرازہ بکھر جانا ۳ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ **ورق پلٹنا** (متعدی) کاغذ کا رخ ایک طرف سے دوسری طرف کرنا۔ **ورق توڑ دینا** (متعدی) ورق کو دوہرا کر دینا **ورق داغ** (مذکر) ہندسہ جو ورق کے گوشہ میں لکھتے ہیں۔ **ورق ساز** (مذکر) چاندی سونے کے ورق بنانے والا زرکوب **ورق سیاہ کرنا** (متعدی) بہت لکھنا۔ **ورق کائنات** (مذکر) دنیا۔ عالم۔ **ورق کے ورق سیاہ کرنا** (متعدی) بہت لکھنا **ورق گردانی کرنا** (متعدی) کتاب کے اوراق الٹنا۔ کچھ نہ پڑھنا اور وقت ضائع کرنا **ورق گل** (مذکر) پنکھڑی **ورق کاٹنا** (متعدی) قاش علیحدہ کرنا۔ پتلا حصہ کاٹنا **ورق کوٹنا** (متعدی) چاندی سونے کے ورق کوٹ کر بنانا **ورق لپیٹنا** (متعدی) چاندی سونے کے ورق کو گلوری پر منڈھنا **ورقہ** (مذکر) کتاب کا ورق۔ دو صفحے **ورقی** (صفت) ورق سے منسوب ۔ پرت دار۔ **ورقی پراٹھا** (مذکر) ایک قسم کا پراٹھا جس میں کئی پرت ہوتے ہیں **ورقی سنبوسہ** (مذکر) ایک قسم کا سنبوسہ جس میں کئی تہیں ہوتی ہیں **ورقی ہڑتال** (مذکر) ایک قسم کا سنکھیا جس کی تہیں ہوتی ہیں۔

وِرک (س۔ مذکر) ۱ بھیڑیا ۲ گیدڑ ۳ چرخ ۴ کوا۔

وِرکت (س۔ مفعول) ۱ بدلا ہوا۔ متغیر ۲ متنفر ۳ نفاق پڑا ہوا۔ جس کا دل اٹھ گیا ہو ۴ لاپرواہ ۵ بے توجہ ۶ دنیا کی خواہشات سے مبرا ۷ بے حد مشتاق ۸ خوش ۹ (مذکر) ایک قسم کے سادھو جنہوں نے دنیا تیاگ دی ہو۔

وِرکتی (س۔ مونث) ۱ طبیعت یا خیال کا بدلنا ۲ رنجش یا نفاق ۳ لاپرواہی بے توجہی ۴ نفرت۔ حقارت ۵ خواہشات سے بچا ہونا ۶ دنیا کا تیاگ۔

ورکش (س۔ مذکر) ۱ درخت ۲ پودہ۔ جھاڑی

ورکشاپ (انگ۔ مونث) کارخانہ۔

ورکنگ کمیٹی (انگ۔ مونث) مجلسِ عاملہ۔

ورکھ (س۔ مذکر) دیکھو برکھ۔

ورگ (س۔ مذکر) دیکھو برگ (س)

وَرَل (س۔ مذکر) بھڑ۔ ورلا (مونث) ۱ بھڑ ۲ راج ہنس۔

وَرَل (س۔ صفت) وہ (چیزیں) جن کے درمیان فاصلہ یا وقفہ ہو۔ جو گھنا نہ ہو۔

وَرلا (ہ۔ صفت) ادھر کا۔ اس طرف (س اَور) **ورلا سرا** (مذکر) ادھر کا سرا (دہلی)

وِرلا (ہ۔ صفت) ایک دوسرے سے فاصلے پہ۔ بِرلا۔

وَرَم (ع۔ مذکر) ۱ سوجن۔ آماس ۲ بیماری یا چوٹ کے سبب بدن کا پھول جانا ۳ (ع) پھوڑا۔ دمل ۴ (ع۔ صفت) سوجا ہوا ۵ غصے سے سوجا ہو۔ نہایت ناراض (وَرِمَ۔ سوجنا) **ورم آنا** (لازم) سوجنا۔ **ورم اتار دینا** (متعدی) **اکڑ جانا یا جاتا رہنا** (لازم) سوجن رفع ہونا **ورم کر جانا یا ہو جانا** (لازم) سوج جانا۔

وَرما (ہ۔ مذکر) ۱ برما ۲ ہندو کھتریوں کی ایک قوم۔

وَرَن (س۔ مذکر) دَرَن (ہ) ۱ رنگ۔ برن ۲ ذات۔ برہمن چھتری ویش شودر میں سے کوئی ۳ شکل۔ صورت ۴ پوشاک کپڑے ۵ بھیس بدلنے کے کپڑے۔ تماشے کا لباس ۶ سونے کا خالص ہونا جو کسوٹی پر ظاہر ہوتا ہے ۷ تازہ مٹی جو پانی گڑھوں میں لے جاتا ہے ۸ قسم۔ نوع ۹ خاصیت طبیعت ۱۰ چغہ۔ کوٹ ۱۱ ڈھکنا۔ **ورنا شرم** (مذکر) ۱ ذات۔ جماعت ۲ زندگی کا درجہ ۳ کسی خاص ذات کا درجہ **ورنا شرما** (مذکر) ۱ چاروں ذاتیں۔ برہمن، چھتری، ویش، شودر ۲ ہندوؤں کی زندگی کے چار درجے طالب علمی۔ گرہست۔ فقیری اور دنیا کو تیاگ دینا۔

وَرَن (س۔ حرف ربط) لیکن۔ دیکھو برن۔

وَرَن (س۔ مذکر) ۱ ڈھانپنا۔ چھپانا۔ پردے میں رکھنا ۲ حفاظت کرنا۔ بچاؤ ۳ گھیر لینا۔ احاطہ کر لینا ۴ چننا۔ انتخاب کرنا ۵ روکنا ۔ منع کرنا ۶ بیوی کا انتخاب ۷ احاطہ کی دیوار۔ فصیل ۸ پل ۹ اونٹ ۱۰ کئی درختوں کا نام۔

وَرَن (س۔ مذکر) ۱ سمندر ۲ پانی ۳ سورج ۴ ایک منتر جو ہتھیاروں پر پڑھتے ہیں۔

وَرَن (س، مذکر) ۱ زخم - گھاؤ - خراش ۲ پھوڑا - دُنبل ۳ ہڈی کا ٹوٹنا ۴ چاک - کھوج ۵ زخم یا پھوڑے کا داغ -

وِرَن (س - مذکر) ایک خوشبودار گھاس جو پوجا اور دیگر مذہبی رسوم میں استعمال ہوتی ہے -

وِرِند (س - مذکر) ۱ ڈھیر - انبار ۲ گروہ - مجمع ۳ بڑا عدد یا تعداد - قطار ۵ گلہ - ریوڑ ۶ پھولوں یا پھلوں کا گچھا ۷ گویّوں کا گروہ - طائفہ ۸ (صفت) بہت - بے حد - تمام - **ورندا** (مونث) ۱ وہ جنگل جس میں کرشن جی نے پرورش پائی تھی - بندرابن ۲ تلسی ۳ - **ورنداون داس** (مذکر) بندرابن کا باشندہ **ورنداونی** (مونث) تلسی - - **ورنداون** (مذکر) متھرا کے علاقے میں گوکل کے قریب ایک جنگل جو جمنا کے کنارے پر تھا - یہاں کرشن جی بچپن میں گوپیوں سے کھیلا کرتے تھے ۲ مٹی کا چبوترا جس پر کرشن جی کے پجاری تلسی کا پودہ رکھتے ہیں -

وَرَنڈ (س - مذکر) ۱ مچھلی کی کنڈی کا دھاگا ۲ مہاسہ ۳ گھاس کا ڈھیر گٹھا - پارسل - **ورنڈا** (مونث) ۱ خنجر - چاقو ۲ لمپ کی بتی ۳ ایک قسم کی مینا -

وَرَنڈا (ھ - مذکر) برآمدہ -

وَرَنڈالو (س - مذکر) ارنڈ کا درخت -

وَرَنسی (س - مونث) بنارس -

وَرَنگ (ھ - تف) مختلف طریقوں پر - مختلف طرح -

وَرنَن (س - مذکر) ۱ رنگنا - تصویر بنانا ۲ دیکھو برنن معہ محاورات -

وَرنہ (ف - حرف شرط) واگرنہ کا مخفف نہیں تو - دگرنہ - پھر -

وِرُوپ (س - صفت) بدشکل - بدصورت بدنما -

وِرُوتھ (س - مذکر) ۱ وہ لکڑی جو رتھ یا گاڑی کے ارد گرد لگاتے ہیں کہ آپس میں نہ ٹکرائیں ۲ زرہ - بکتر ۳ چمڑے کی ڈھال ۴ چھپر ۵ مکان -

وروٹ - ورَوٹی (س - مونث) ایک قسم کی مچھلی -

وُرُود (ع - مذکر) ۱ آنا - اترنا - وارد ہونا - نازل ہونا - پہنچنا ۲ رونق افروزی - تشریف آوری نزول - آمد (ورد) - ظاہر ہونا) **ورودِ اقبال** (مذکر) بادشاہ کا تشریف لانا یا رونق افروز ہونا - فروغ کے ساتھ **ورود پانا** (لازم) پہنچنا **ورود ہونا** (لازم) ظاہر ہونا آنا - اترنا - وارد ہونا - پہنچنا -

وِرودھ (س - مذکر) ۱ مخالفت ۲ روک - اٹکاؤ - ممانعت ۳ گھیرنا - محاصرہ کرنا ۴ محاصرہ ۵ قید ۶ عداوت - دشمنی ۷ جھگڑا - فساد - جنگ - لڑائی ۸ مقدمہ ۹ مصیبت - آفت ۱۰ (منطق) تناقض

وِرودھی (صفت) ۱ مخالفت کرنے والا ۲ روکنے والا ۳ محاصرہ کرنے والا ۴ دشمن - عدو - مخالف ۵ (مذکر) جھگڑالو - فسادی - **ورودھی** ۶ (مونث) مقررہ قاعدہ - حکم - فرمان -

وَرَوَر (س - مذکر) ۱ کمینی ذات کا آدمی ۲ وحشی آدمی ۳ ذات برادری سے خارج شخص ۴ جاہل شخص ۵ وحشیوں کا ملک ۶ گھنگھریالے یا اون کی طرح کے بال ۷ کئی قسم کے پودے ۸ تلسی ۹ ہتھیاروں کی جھنکار ۱۰ ناچنے کا ایک طریقہ ۱۱ سرخ رنگ ۱۲ زرد صندل -

وَرورانا (ھ - لازم) بکنا - بکواس کرنا - فضول باتیں کرنا -

وِرَہ (س - مذکر) ۱ جدائی - فراق - برہ ۲ جدائی کا رنج یا تکلیف ۳ تنہائی ۴ فاصلہ ۵ تیاگ - چھوڑ دینا ۶ بند کر دینا کسی کام کا - انقطاع حرکت -

وَرُہا (ھ - مذکر) دیکھو برہا -

وِرَہَت (س - صفت) برہت و برہ معہ مرکبات - **ورہتی** (مونث) ۱ بین - بربط ۲ نارد کی بین ۳ ایک بحر یا وزن ۴ چغہ - لبادہ ۵ تالاب - ذخیرہ ۶ دو پودوں کا نام -

وَرَہِس - وَرہِش (س - مذکر) دیکھو برہس اور برہش - معہ مرکبات -

وِرہَسپت (س - مذکر) دیکھو برہسپت -

وَرہِن (س - مذکر) ۱ مور - طاؤس ۲ (ھ) مورنی **ورہنی - ورہی** (مونث) مورنی -

وِرَہن - وَرہی (س - صفت) ۱ جدا - الگ ۲ غیر حاضر ۳ اکیلا - تنہا ۴ اپنے پیارے کے فراق میں مغموم ۵ عشق کا بیمار ۶ پرشہوت ۷ (مذکر) وہ شخص جو اپنے معشوق سے جدا ہو - **ورہنی** (مونث) ۱ وہ عورت جو اپنے خاوند سے جدا ہو - برہن ۲ مزدوری - کرایہ - تنخواہ -

وِرَہیا (ھ - صفت) بیمار عشق - برہی

وَری (ھ - مونث) ۱ ایک پودہ ۲ سُوریہ کی استری چھایا کا لقب -

وَرمی (ھ - مونث) چکوترا - نگان مقرری

وَرمی (ع - مذکر) ۱ آدمی - انسان ۲ پھیپھڑوں کی ایک بیماری (ورم) - پھیپھڑوں میں زخم لگانا)

وَرے (ھ - تف) ۱ ادھر - اس طرف ۲ پاس - نزدیک (مت) ۳ (ھ) لئے - **ورے آنا** (لازم) پاس آنا - قریب آنا - **ورے رہنا** (لازم) پاس رہنا - قریب رہنا -

وَریا (س - مونث) ۱ وہ لڑکی جو اپنا خاوند خود منتخب کرے ۲ قابل شادی لڑکی -

وَرِیاں (ھ - کلمہ) واری جاؤں کا مخفف - گانے والی عورتیں اور ڈومنیاں خوشامد سے امیروں کو کہتی ہیں -

وِریچک (س - صفت) ۱ خالی کرنے والا ۲ قبض کشا - دست آور -

وِریچن - وِریک (س - مذکر) ۱ دست آنا ۲ پیچش -

وِریڑ (س - مذکر) **وِریڑا** (مونث) شرم - لاج - حیا -

وَریہ (س - مونث) ۱ قابل انتخاب ۲ جس سے شادی کی درخواست کی جائے ۳ قابل لائق - موزوں ۴ اعلیٰ - اچھا - نہایت اچھا ۵ (مذکر) کامدیو -

وِریہی (س - مذکر) دھان -

وَڑِس - وَڑِش (س - مذکر) مچھلی پکڑنے کی کنڈی -

وِزارت (ع - مونث) ۱ وزیر کا عہدہ یا کام - مدار المہام - وزیری - وزیر ہونا ۲ وزیر کا دفتر مدار المہامی (وزر - بوجھ اٹھانا)

وَزاں (ف - صفت) چلنے والی (ہوا) (وزیدن - چلنا)

وَزّان (ع - مذکر) ۱ وزن کرنے والا شخص - تولنے والا شخص ۲ بڑا شاعر (وزن - تولنا)

وِزاں (ع - تف) برخلاف - برعکس -

وِزر (ع - مذکر) ۱ بوجھ - بھار - لاد بار ۲ کوئی چیز جو بھاری یا تکلیف دہ ہو ۳ وزن - گرانی ۴ اصلاح جو آدمی لگائے ۵ جرم - گناہ - قصور (وزر) -

برجھ اٹھانا)

وُزَرا (ع۔ مذکر) وزیر کی جمع۔

وَزن (ع۔ مذکر) ۱ تولنا۔ تول۔ دھڑا ۲ بوجھ۔ بار۔ گرانی ۳ جانچ۔ پرکھ۔ اندازہ ۴ شعر کا وزن۔ بحر۔ شعر کے متحرک اور ساکن حروف کا ارکان سے موازنہ ۵ ایک لفظ کے متحرک اور ساکن حروف کا دوسرے لفظ کے مطابق ہونا ۶ تولنے کا باٹ ۷ عزت۔ قدر۔ وقعت ۸ امتحان۔ آزمائش ۹ سنجیدگی متانت (وزن۔ تولنا) وزن اترنا (لازم) تولنے سے وزن معلوم ہونا وزن دار (صفت) ۱ بوجھل۔ بھاری ۲ باوقعت ۳ تولنے والا۔ وزن رکھنا (متعدی) بھاری ہونا۔ وزن دار ہونا۔ وزن کرنا (متعدی) ۱ تولنا ۲ وزنی ہونا ۳ وقعت رکھنا۔ باوقعت ہونا۔ وزن کش (صفت) تولنے والا۔ تولا وزن کشی (مونث) تولنا۔ تولنے کا پیشہ وزن ہونا (لازم) ۱ بوجھ ہونا۔ گرانی ہونا ۲ متانت ہونا۔ وقعت ہونا ۳ تولا جانا۔ تکنا۔ وزنی (صفت) ۱ بوجھل۔ بھاری ۲ باوقعت ۳ ضروری۔ اہم۔

وِزیٹر (انگ۔ مذکر) وہ جو آکر ملے یا ملاحظہ کرے۔

وَزیدہ (ف۔ صفت) ہوا سے بھرا ہوا۔ پھیلا ہوا (وزیدن۔ پھولنا)

وَزیر (ع۔ مذکر) ۱ وہ عہدیدار جو بادشاہ کے آگے کام کرے۔ مدارالمہام۔ کارفرما۔ دیوان۔ منتری۔ منسٹر ۲ کسی حکومت کا سب سے اعلیٰ حاکم آج کل بہت سے وزیر ہوتے ہیں۔ جو مختلف محکموں کا انتظام کرتے ہیں۔ ایک ایک وزیر کے ماتحت بہت سے محکمے ہوتے ہیں۔ ہندوستان میں ہر صوبے میں وزیر مقرر کئے گئے ہیں ۳ شطرنج کا ایک مہرہ یہ ہر طرف سیدھا اور ترچھا جتنے خانے ضرورت ہو چلتا ہے (وزر۔ بوجھ اٹھانا) وزیر اعظم (مذکر) سب سے بڑا وزیر۔ وزیروں کا سردار۔ وزیر اوقاف (مذکر) مسلمانوں کے زمانے میں ایک وزیر جو اوقاف کا انتظام کرتا تھا۔ وزیر بنانا (متعدی) بننا (لازم) وزیر مقرر ہونا۔ وزیر تعلیم (مذکر) وہ وزیر جو شعبہ تعلیم کا انتظام کرتا ہے۔ وزیر جنگ (مذکر) وہ وزیر جو لڑائی کے متعلق انتظامات کرتا ہے۔ وزیر خارجہ (مذکر) وہ وزیر جو دوسرے ملکوں کے متعلق معاملات کا انتظام کرتا ہے۔ وزیر زراعت (مذکر) وہ وزیر جو زراعت کے کام کی نگرانی کرتا ہے۔ وزیر مال (مذکر) وہ وزیر جو حکومت کی آمدنی کا انتظام کرتا ہے وزیر نو آبادیات (مذکر) وہ وزیر جو نو آبادیوں کا انتظام کرتا ہے۔ وزیر ہند (مذکر) حکومت برطانیہ کا وہ وزیر جو ہندوستان کا انتظام کرتا ہے۔ وزیری (مونث) ۱ وزارت ۲ ایک قسم کا انجیر۔
مثل۔ وزیرے چنیں شہریارے چناں۔ دونوں برے۔ جیسے افسر ویسے ماتحت۔

وِس (ہ۔ ضمیر) اس۔

وِس (س۔ مذکر) کنول کی شاخ کا ریشہ

وَسا (س۔ مونث) ۱ ہڈیوں کا گودا ۲ چربی ۳ بھیجا ۴ چکنائی یا تیل جو کسی چیز میں سے نکلے۔

وِسادہ (ع۔ مذکر) ۱ تکیہ۔ بالش بالین (وسند۔ سر کے نیچے تکیہ رکھنا) وسادہ نشین (صفت) مسند نشین۔

وَسارا (ہ۔ مذکر) دیکھو اسارہ۔

وَساطت (ع۔ مونث) ۱ درمیان ہونا ۲ وسیلہ۔ ذریعہ۔ واسطہ۔ توسط۔ توسل ۳ اعتدال (وسط۔ درمیان پہنچنا)

وَساوِس (ع۔ مذکر) وسوسہ کی جمع۔ وہمے۔ وساوس شیطانی (مذکر) وہ وسوسے جو شیطان دل میں پیدا کرتا ہے۔ برے خیالات۔

وِساکھا (ہ۔ مذکر) دیکھو وشاکھا۔

وَسالت (ع۔ مونث)۔ وساطت وسیلہ۔ ذریعہ (توسل۔ رسائی پیدا کرنے کی کوشش کرنا)

وَسائل (ع۔ مذکر) وسیلہ کی جمع۔

وِسپشٹ (س۔ صفت) ۱ صاف ظاہر۔ عیاں۔ کھلا ۲ (تف) کھلے طور پر۔ صاف طور پر۔

وَستا (س۔ مذکر) وہ جو کپڑے پہنائے بنے ہوئے کپڑے بیچنے والا۔

وِستار (س۔ مذکر) ۱ پھیلانا ۲ پھیلاؤ۔ وسعت دیکھو بستار ۳ چوڑائی ۴ بہتات۔ افراط ۵ تفصیل۔ کیفیت۔ شرح ۶ دائرے کا قطر ۷ درخت کی شاخ مع نئی ٹہنیوں کے ۸ جھاڑی۔ پودہ۔ بوٹا۔ وستار کرنا۔ وستارنا (ہ) ۱ پھیلانا ۲ بڑا کرنا ۳ شرح کرنا۔ واضح کرنا۔ وستاری (صفت) ۱ پھیلانے والا ۲ بڑا کرنے والا ۳ دیر تک بیان کرنے والا۔ شرح کرنے والا ۴ بڑا۔ وسیع ۵ لمبا کرنے والا۔

وَستتا (س۔ مونث) ۱ اصلیت ۲ جسمانیت۔ وجود۔

وَستر (س۔ مذکر) ۱ کپڑا ۲ پہننے کا کپڑا۔ لباس۔ دیکھو بستر۔

وِستر (س۔ مذکر) ۱ پھیلاؤ۔ وسعت ۲ مکمل یا پوری تشریح ۳ وضاحت ۴ کوئی چیز جو پھیلائی جائے۔ تہہ ۵ بستر ۶ چارپائی۔ پلنگ ۷ بیٹھنے کی جگہ ۸ بہتات۔ افراط ۹ بہت رگ جمع۔

وَستو (س۔ مذکر) ۱ کوئی مادہ یا جوہر جو در حقیقت میں ہو ۲ اصلی چیز ۳ اصلیت ۴ قدرتی طبیعت ۵ قدرت ۶ جوہر۔ مادہ ۷ بدن۔ جسم ۸ منشا۔ مطلب ۹ لب لباب ۱۰ چیز ۱۱ دولت۔ جائداد ۱۲ مال و اسباب ۱۳ طریقہ۔ ذریعہ ۱۴ تجویز۔ تدبیر محاورات کے لئے دیکھو بستو۔

وَستی (س۔ مونث) ۱ آباد جگہ۔ بستی ۲ رات۔

وِسْتیریا (انگ۔ مونث) ایک قسم کی بیل جس کے پھول بنفشئی رنگ کے ایک خوبصورت ہوتے ہیں اور گچھوں میں لٹکتے ہیں۔

وِسر (س۔ مونث) کچے گوشت کی طرح کی بو۔

وِسرام (س۔ مذکر) دیکھو بشرام۔

وِسرانا (ہ۔ متعدی) بھلانا۔ دیکھو بسرانا۔

وِسَرجن (س۔ مذکر) چھوڑ دینا تیاگ دینا

وِسرگ (س۔ مذکر) دیکھو بسرگ۔

وَششٹ (س۔ مذکر) دیکھو وشِشٹ۔

وِشِشٹ (س۔ صفت) دیکھو وششٹ۔

وَسط (ع۔ مذکر) درمیان۔ میان۔ کمر۔ قلب۔ مرکز (وسط۔ درمیان میں بیٹھنا) وسط ہند (مذکر) ہندوستان کا درمیانی حصہ۔ وسط ہند ایجنسی (ہند) ہندوستان کے وسط میں ریاستوں کا ایک مجموعہ جو ایک ریزیڈنٹ کے ماتحت ہے۔ اس میں اندور۔ بھوپال اور دیگر چھوٹی چھوٹی ریاستیں ہیں رقبہ ۸۸۸,۷۷۲۳۳ وسطی (صفت) درمیانی۔ بیچ کا متوسط۔

وَسَط (ع۔ مذکر) کسی چیز کا بیچوں بیچ۔ درمیان (وسط۔ درمیان میں بیٹھنا) وسطی (صفت) درمیانی۔ بیچ کا۔ متوسط۔ وسطی مدرسہ (مذکر) وہ مدرسہ جہاں مڈل تک تعلیم ہو۔ مڈل سکول۔

وُسطیٰ (ع۔ صفت) ۱ بیچ کا۔ درمیانی

۔ نہ چھوٹا نہ بڑا ۲ (مونث) بیچ کی انگلی (درمیان میں بیٹھنا)

وُسع (ع ۔ مونث) ۱ چوڑائی ۔ فراخی کشادگی ۲ پھیلاؤ ۔ وسعت ۳ گنجائش ۔ سمائی ۔ ۴ پیمائش ۔ رتبہ ۔ عرض ۔ طول ۵ عمق ۔ حساب ۔ پھیلنا ۔ پھیلانا ۔ **وسعت** (مونث) پھیلاؤ ۱ دیکھو وسع ۲ (ع) آرام ۔ چین ۳ موقع ۔ فرصت ۴ افراط ۔ بہتات ۵ آزادی **وسعتِ اخلاق** (مونث) ہر ایک سے خاطرداری سے پیش آنا ۔ **وسعت دینا** (متعدی) پھیلانا ۔ بڑھانا ۔ زیادہ کرنا ۔ فراج کرنا ۔ **وسعت رکھنا** (متعدی) ہونا (لازم) گنجائش ہونا ۔ سمائی ہونا ۔

وُسک (س ۔ مذکر) ۱ اجیل سانبھر کا نمک ۲ کئی درختوں کا نام ۔

وِسکی (انگ ۔ مونث) سکاٹلینڈ کی مشہور شراب جو عام طور سوڈے یا پانی میں ملا کر استعمال کی جاتی ہے ۔

وِسل (انگ ۔ مذکر) سیٹی ۔

وِسمرت (س ۔ مونث) **وِسمرن** (مذکر) ۱ بھولنا ۔ بسرنا ۲ بھول ۔ نسیان ۔ سہو ۔

وُسمہ (ع ۔ مذکر) نیل کے باریک پسے ہوئے پتے جن سے خضاب کیا جاتا ہے ۔ عموماً پسی ہوئی مہندی میں ملا کر کرتے ہیں (وسم ۔ نشان کرنا) **وسمہ پوش** (مذکر) وہ جو وسمہ سے رنگے ہوئے کپڑے پہنے **وسمہ دار** (صفت) وسمے سے ۔ **وسمہ کرنا یا ہونا** (لازم) بالوں میں خضاب لگنا

وِسمی (س ۔ مذکر) ۱ حیرت ۔ حیرانگی تحیر ۲ گھبراہٹ ۔ پریشانی ۔ بےچینی ۳ غرور ۔ تکبر ۴ ڈر ۔ دہشت ۔ ہول ۔ حراس ۔

وَسن (س ۔ مذکر) ۱ کپڑا ۔ لباس ۲ مکان ۔ جائے رہائش ۔ بسن ۔

وَسَن (س ۔ مذکر) ۱ مزدوری ۔ کرایہ تنخواہ ۲ قیمت ۳ دولت ۔ مادہ ۔ چیز ۴ رہنا ۔ رہائش رکھنا ۵ موت ۶ چمڑا ۔ کھال ۔ جلد ۔

وَسنت (س ۔ مذکر) ۱ موسم بہار ۔ بسنت ۲ بہار کا دیوتا ۳ پیچش ۔ مروڑ ۴ چیچک ۔ سیتلا ۔ **وسنتو تسو** (مذکر) ایک تیوہار جو پہلے چیت میں ہوا کرتا تھا ۔ اب پھاگن میں ہوتا ہے ۔ **وسنتی** (صفت) ۱ وسنت کے متعلق ۔ وسنت کا ۔ زرد ۔ نارنجی ۲ ایک سُر کا نام ۔

وَسو (س ۔ مذکر) ایک قسم کے ۱ دیوتا یا نصف دیوتا ۔ ان کی آٹھ قسمیں ہیں ۔ آپ ۔ **دھرو** سوم ۔ دھنویا ۔ دھر ۔ انل ۔ انل یا پاوک ۔ پرتیوش اور پربھاس ۲ عدد ۸ ۳ اگنی ۔ شوجی ۔ کوبیر ۴ سورج روشنی کی کرن ۵ لگام ۶ جوے کی گانٹھ کے گلے میں باندھنے کی رسی ۷ دولت ۸ مادہ ۔ چیز ۹ سونا ۱۰ جواہر ۱۱ پانی ۱۲ ایک قسم کی مچھلی ۱۳ ایک قسم کا نمک ۱۴ ایک قسم کی بیل **وسودا یا دھا** (مونث) زمین ۔ **وسومان** (صفت) امیر ۔ دولت مند **وسومتی** (مونث) ۱ زمین ۲ امیر عورت ۳ ہندوؤں میں عورتوں کا ایک نام ۔

وسواد (س ۔ صفت) ۱ بے مزہ ۔ پھیکا ۲ (مذکر) پھیکا پن ۔ بےنمکی ۔

وَسواس (ع ۔ مذکر) ۱ کوئی چیز جو دل میں ڈالی جائے ۲ برا خیال جو شیطان دل میں پیدا کرے ۳ وہم ۔ خوف و وسوسہ ۴ گمان ۔ شک ۵ شبہ ۔ ظن ۶ ایک قسم کا خوشبودار چاول (دسوس ۔ دل میں ڈالنا) **وسواس آنا** (لازم) دل میں وسوسہ گزرنا ۔ وہم ۔ شک ہونا ۔ **وسواس گذرنا** (متعدی) وہم ہونا ۔ شبہ ہونا ۔ شک ہونا ۔ **وسواس لانا** (متعدی) برا خیال سوچنا ۔ وہم کرنا ۔ شبہ کرنا ۔ **وسواسی** (صفت) وسوسہ کرنے والا ۔

وِسواس (س ۔ مذکر) دیکھو وشواس

وِسُور (س ۔ صفت) بےسُرا ۔ بےمیل غیر موزوں ۔

وَسُورا (س ۔ مونث) بدچلن عورت بدکار عورت ۔

وَسوَسہ (ع ۔ مذکر) دیکھو وسواس ۔

وسیت ۔ وسیٹ ۔ وسیٹھ ۔ وسیٹھی (ص ۔ مذکر) دیکھو بسیت وغیرہ ۔

وَسیع (س ۔ صفت) ۔ بڑا ۔ چوڑا ۔ پھیلا ہوا ۔ فراخ ۔ کھلا ۔ کشادہ بہت لمبا چوڑا (وسع ۔ پھیلانا) **وسیع الفضا** (صفت) وہ جس کا صحن بہت بڑا ہو ۔ **وسیع نظر** (مونث) دور تک پہنچنے والی نظر ۔ بلند خیالی ۔

وِسی گاتھر (انگ ۔ مذکر) ایک قوم جو تیسری صدی میں رومانیہ میں آباد تھی ۔ پھر یہ ہسپانیہ میں چلی گئی اور وہاں سلطنت قائم کی جس کا اختتام اسلام کی فتح پر ۷۱۱ء میں ہوا ۔

وَسیلہ (ع ۔ مذکر) ۱ ذریعہ ۔ واسطہ وساطت ۔ سبب ۔ توسط ۲ سہارا ۔ آسرا ۔ طفیل ۳ اعانت ۔ مدد ۔ حمایت ۔ دستگیری ۴ وہ چیز جو کسی شخص کی عنایت کا ذریعہ ہو جیسے تحفہ ۔ نذرانہ وغیرہ ۵ وہ شخص جو سفارش یا شفاعت کرے (وسل ۔ رسائی کی کوشش کرنا) **وسیلہ پیدا کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) کسی کام کے لئے اعانت یا مدد ملنا ۔ **وسیلہ دار** (صفت) وہ جسے مدد یا اعانت حاصل ہو ۔ موکل ۔ **وسیلہ داری** (مونث) دوسرے کی مدد پر انحصار **وسیلۂ فاسد یا ناجائز** (مذکر) برا ذریعہ جیسے رشوت وغیرہ ۔ **وسیلہ ہونا** (لازم) ۱ ذریعہ ہونا ۲ سفارشی ہونا ۔

اقوال ۔ وسیلہ بڑی چیز ہے ۔ وسیلے سے ہر کام ہو جاتا ہے ۔ وسیلے بنا روزگار نہیں ملتا بغیر اعانت نوکری نہیں ملتی ۔

وَسیم (ع ۔ صفت) خوبصورت ۔ حسین (وسم ۔ خوبصورتی میں بڑھ جانا)

وَش (ف ۔ کلمہ) ۔ اسما کے آخر میں مثل کے معنی پیدا کرتا ہے ۔ جیسے ماہوش ۔ پری وش ۔

وَش (س ۔ صفت) ۱ مطیع ۔ مقید ۲ مطیع ۳ پالا ہوا پالتو ۔ بکا ہوا ۴ (مذکر) خواہش ۔ آرزو ۔ تمنا ۵ مطیع ہونے کی حالت ۔ دیکھو بس دمرکبات ۔

وِش (س ۔ مذکر) ۱ زہر ۔ بس ۲ پانی ۳ کنول کی جھلی کا کچا ۔ دیکھو بس دمرکبات ۴ پاخانہ ۔ گوہ ۔

وَشا (س ۔ مونث) ۱ عورت ۲ بیوی ۔ استری ۳ بیٹی ۴ نند ۵ گائے ۶ ہتھنی ۷ بانجھ عورت یا گائے ۔

وِشاد (س ۔ مذکر) ۱ ناامیدی ۲ اداسی ۔ ملال ۔ پژمردگی ۳ سستی ۔ کمزوری ۔ ناتوانی ۴ تھکن ۔ تکان ۔ ماندگی ۵ افسوس ۔ غم ۶ ڈر ۷ بیہوشی ۔ **وشادی** (صفت) ناامید وغیرہ دیکھو وشاد

وِشارَد (س ۔ صفت) ۱ عقلمند ۔ دانا ۲ ماہر ۔ کامل ۔ واقف ۳ مشہور ۔ نامی ۴ دلیر ۔ بہادر ۔

وِشاکر (س ۔ مذکر) ایک پودہ ۔

وِشال (س ۔ صفت) ۱ بڑا ۔ چوڑا فراخ ۔ کشادہ ۔ کھلا ۲ مشہور ۔ نامی ۔

وِشالا ۔ وِشالو (س ۔ صفت)

زہریلا۔

وِشان (س۔ صفت) ۱ سینگ ۲ ہاتھی یا سور کا لمبا دانت ۳ ایک پودہ جو دواؤں میں کام آتا ہے۔ **وشانی** (صفت) ۱ سینگ والا ۲ لمبے دانتوں والا ۳ (مذکر) بیل۔ ہاتھی ۴ (ع) دیکھو دشان۔

وِشا۔ وِشٹھا (س۔ مونث) پاخانہ۔ گوہ۔

وِشٹر (س۔ مذکر) ۱ کوئی چیز جو پھیلی ہو ۲ بستر ۳ پلنگ ۴ نشست۔ کرسی۔ پیڑھا وغیرہ ۵ کشتہ ۶ گھاس کا مٹھا ۷ اس گھاس کی بنی ہوئی نشست جس پر برہمن جبینت کے وقت بیٹھتا ہے ۸ ایک درخت۔

وِشٹمبھ (س۔ مذکر) ۱ ٹھہرنا ۲ کھڑا ہونا ۳ روک۔ اٹکاؤ ۴ پاخانہ یا پیشاب کا بند ہوجانا۔ قبض ۵ دمعزنک بندہ۔

وِشٹھی۔ وشٹی (س۔ مونث) ۱ کام کرنا محنت یا مشقت کرنا ۲ محنت مشقت ۳ پیشہ ۴ کام ۵ مزدوری۔ تنخواہ ۶ محنت جس کا معاوضہ نہ دیا جائے ۷ بھیجنا ۸ دوزخ میں ڈالنا ۹ ستانا۔ کرنا۔

وِشد (س۔ صفت) ۱ صاف ستھرا خالص۔ بے میل ۲ سفید ۳ بے داغ ۴ ظاہر۔ عیاں ۵ خوبصورت ۶ (ع) دیکھو دش۔

وشرام (س۔ مذکر) آرام۔ چین دیکھو بسرام۔ **وشرام گھاٹ** (مونث) متھرا کے قریب ایک گھاٹ جہاں کرشن جی نے آرام فرمایا تھا۔ **وشرام وار** (مذکر) آیتوار۔

وِشرانت (س۔ صفت) ۔ وہ جس نے آرام کیا ہو۔ وہ جو آرام کرتا ہو ۲ بھرا ہوا۔

وشرانت فعل۔ صفت۔ آرام چین امن ۲ تھکاوٹ یا محنت سے بچنا۔ تھکن جاتی رہنا۔ کام بند ہوجانا ۳ آسائش۔ آسودگی۔ راحت۔

وشنسر (س۔ صفت) بغیر منہ دیا ہوا۔ غیر مسلح۔

وِشِشٹ (س۔ صفت) ۱ وہ جس کے پاس ہو۔ قابض ۲ جس میں کوئی خصوصیت ہو ۳ ممیز۔ فارق۔ خاص۔ مخصوص۔ نرالا ۴ اعلیٰ۔ بہترین۔ نہایت اچھا ۵ باعزت۔ معزز۔

وِشُشک (س۔ صفت) بالکل خشک

وِشکھ (س۔ مذکر) ۱ تیر ۲ لوہے کی سلاخ۔ **وشکھا** (مونث) ۱ چھوٹا تیر ۲ پن چکی ۳ بیلچہ۔ پھاوڑا۔ گدال ۴ شاہراہ ۵ تکلا۔

وِشلیش (س۔ مذکر) ۱ اتفاقی بھوٹ ۲ جدائی۔ فرق ۳ فاصلہ ۴ غیر حاضری ۵ غمی۔ (مونث) ۶ دراڑ۔ درز۔

وِشم (س۔ صفت) ۱ ناہموار۔ جو برابر نہ ہو ۲ جہاں مشکل سے پہنچا جائے ۳ بے قاعدہ۔ بے ترتیب ۴ طاق۔ جو دو پر تقسیم نہ ہو ۵ مختلف ۶ مشکل۔ اوق ۷ تکلیف دہ۔ ضرر رساں ۸ بد اخلاق بے سلیقہ۔ گستاخ ۹ جس کا مقابل نہ ہو ۱۰ برا۔ خراب۔ منحوس ۱۱ متلون۔ بے استقلال ۱۲ بے انصاف بے ایمان ۱۳ طرفدار۔ حامی۔ حمایتی ۱۴ شریر۔ بدمعاش ۱۵ خوفناک ڈراؤنا ۱۶ ناخوش۔ مغموم ۱۷ (مذکر) ناہمواری ۱۸ تفاوت۔ فرق ۱۹ وعدوں کا طاق ۲۰ ڈھلوان زمین۔ کنڈ ۲۱ وہ جگہ جہاں پہنچ نہ سکیں ۲۲ غار۔ گڑھا ۲۳ مشکل ۲۴ تکلیف ۲۵ بد قسمتی۔

وِشن۔ وشنو (س۔ مذکر) ۱ ہندوؤں کے تین بڑے دیوتاؤں میں سے دوسرے جو مخلوقات کی پرورش کرتے ہیں۔ وشنو فرقہ ان کی بحیثیت خالق پرستش کرتا ہے۔

وِشنوی (ص صفت) مذکر) دیکھو ویشنو۔

وِشنی (س۔ مونث) ایک قسم کا کیڑا

وشنی (س۔ مذکر) ایک قسم کا سانپ

وِشنو (س۔ مذکر) وہ نقطہ جہاں خط استوا اور طریق الشمس کا تقاطع ہوتا ہے۔

وِشو (س۔ صفت) ۱ تمام۔ کل ۲ ہر ایک ۳ حاضر و ناظر۔ ہمہ جا ۴ (مذکر) کل دنیا۔ کائنات۔ کل مخلوقات ۵ **وشوا** (مونث) ۱ زمین ۲ ادرک۔ **وشوا تما** (مونث) مخلوقات کی روح۔ روح اعلیٰ۔ پرماتما۔ خداتعالیٰ۔ **وشواوتی** (مونث) دریائے گنگا۔ **وشوکرمن** (صفت) ۱ ہر چیز کو خلق کرنے والا ۲ (مذکر) خالق کل

وِشُو۔ وِشُووت (س۔ مذکر) وہ نقطہ جہاں خط استوا اور طریق الشمس کا تقاطع ہوتا ہے۔ **وشوچھایا** (مذکر) دوپہر کے وقت دھوپ گھڑی کی سوئی کا سایہ جس وقت سورج نقطہ اعتدال پر ہوتا ہے

وِشواس (س۔ مذکر) ۱ اعتبار۔ بھروسہ۔ اعتماد۔ یقین۔ پرتیت۔ ساکھ۔ پتیارا ۲ ایمان۔ عقیدہ۔ اعتقاد۔ **وشواس دھرنا۔ رکھنا۔ کرنا یا لانا** (مصدر) ۱ اعتبار کرنا۔ یقین کرنا بھروسہ کرنا ۲ عقیدہ رکھنا۔ ایمان لانا۔ **وشواسک یا وسواسی** (صفت) (مذکر) دیکھو بسواسی۔ **وشواسیہ** (مذکر) قابل اعتماد۔

وِشوسن (س۔ مذکر) اعتبار کرنا بھروسہ کرنا۔

وِشوک (س۔ صفت) ۱ غم سے آزاد ۲ خوش۔ شاد۔

وَشی (س۔ صفت) ۱ جسے قابو یا مطیع کیا جاسکے ۲ قابو شدہ۔ مطیع ۳ ہلا ہوا۔ پالتو ۴ فرمانبردار ۵ (مذکر) نوکر ۶ غلام ۷ حوالی موالی۔

وَشی (س۔ صفت) ۱ وہ جو قابو میں ہو۔ مفتوح ۲ (مذکر) وہ جس کی خواہشات قابو میں ہوں۔ رشی۔ سادھو۔ **وشیا** (مونث) ۱ تابعدار بیوی ۲ لونڈی۔

وَشی (س۔ مذکر) دیکھو بشے۔ **وشی بھوگ** (مذکر) مادی یا حواسی اشیا کا لطف نفس پرستی۔ عیاشی۔

وِشی (س۔ صفت) زہریلا۔

وِشیر (س۔ مذکر) ۱ ایک درخت ۲ مرچ کی قسم کا ایک تلخ پودہ۔

وِشیر (س۔ صفت) زہریلا۔ بسیر۔

وِشیش (س۔ صفت۔ مذکر۔ تف) دیکھو بشیش و دیگر محاورات۔

وِشیک (س۔ صفت) ۱ کسی چیز کے متعلق۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۲ متعلق بابت۔ لئے۔ واسطے ۳ جس کا فاعل یا مفعول ہو۔

وَشیلا (س۔ صفت) زہریلا۔ بسیلا۔

وَصّاف (ع۔ صفت) بہت تعریف کرنے والا۔ صفت و ثنا کرنے والا (وصف۔ بیان کرنا)

وِصال (ع۔ مذکر) ۱ ملنا۔ ملاپ ملاقات ۲ وصل۔ ہم بستری۔ جماع ۳ بزرگان دین کا انتقال ۴ انتقال۔ وفات۔ موت ۵ (تصوف) وحدت میں فنا ہوجانا (وصل۔ ملنا)

وَصایا (ع۔ مذکر) وصیت کی جمع۔

وَصف (ع۔ مذکر) ۱ تعریف۔ خوبی۔ بھلائی۔ عمدگی۔ صفت ۲ گن۔ خاصیت ۳

خو - خصلت - عادت ۴ ہنر - کمال - سلیقہ - جوہر ۵ پہچان - شناخت (وَصَفَ - بیان کرنا) - وصفِ ترکیبی (مذکر) صفت جو کسی مرکب کا حصہ ہو جیسے دلپذیر میں پذیر - دلبر میں بر - وصف رکھنا (لازم) خوبی ہونا - خاصیت ہونا - کمال رکھنا - وصف کرنا (متعدی) بیان کرنا - تعریف کرنا (مت) وصفی (صفت) ۱ تعریفی - نسبتی ۲ دیکھو عبداللہ تبریزی - وصفیت (مونث) ۱ تعریف کرنے کی خاصیت ۲ صفت ہونا ۳ تعریف کرنے کا فعل یا حالت -

وَصل (ع - مذکر) ۱ ملنا - ملاپ - میل - ملاقات ۲ ہمبستری - صحبت - مجامعت - جماع - مباشرت ۳ چسپاں ہونا - پیوست ہونا - ملجانا بند ہوجانا (وَصَلَ - ملنا) وصلت (مونث) دیکھو وصل ۱ تا ۳ (مت) وصلیچہ (مذکر) ٹکڑا - پارہ - پارچہ - دھجی - کاغذ یا کپڑے کا ٹکڑا - وصل حاصل کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ہمبستری ہونا مجامعت ہونا معشوق سے مباشرت ہونا - وصل رہنا (لازم) چسپاں ہونا - پیوست ہونا - وصلہ (مذکر) دیکھو وصل ۱ و ۲ - ۳ نیچے کا کپڑا ۲ کاغذ یا کپڑے کا ٹکڑا ۳ پیوند - وصلی (صفت) ۱ ملنے والا - وصل حاصل کرنے والا ۲ (مونث) دو یا ہم جڑے ہوئے کاغذوں کا ورق جس پر خوش نویس قطعہ وغیرہ کی مشق کرتے ہیں - وصلی سیاہ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) وصلی پر اتنی مشق ہونا کہ لکھنے کو جگہ نہ رہے - بہت لکھنا -

وَصلت (ع - مونث) **وَصلہ** (مذکر) ۱ میل - ملاپ ۲ جوڑ تعلق ۳ ملنے کا وسیلہ ۴ پیوند - پیوستگی ۵ اپنایت - خویشی (وَصَلَ - ملنا)

وَصلیہ (ف - مذکر) ۱ فصد کا مجرب ٹکڑا ۲ دیکھو وصل کے تحت میں -

وَصمت (ع - مونث) ۱ سرزنش ملامت - طعن ۲ بے عزتی ۳ گناہ - قصور ۴ عیب نقص - سستی - کمزوری - غشی (وَصَمَ - توڑنا)

وَصُول (ع - مذکر) ۱ پہنچنا - ملنا ۲ حصول - حاصل - آمد ۳ جمع - بیباقی - رسیدہ چیز - پہنچا ہوا روپیہ یا مال (وَصَلَ - ملنا) وصول باقی (مونث) ۱ رہا ہوا روپیہ - وہ روپیہ جو وصول نہ ہوا ہو ۲ رہتے ہوئے روپے کا وصول کرنا - وصول پانا (لازم) بھرجانا - حاصل کرنا - وصول قرض (مذکر) قرض کے روپے کا واپس ملنا - وصول کرنا (متعدی) حاصل کرنا - بھرپانا - روپیہ لینا - وصول کرنے والا (صفت) وہ شخص جو روپیہ تحصیل کرے - وصول نیلام (مذکر) وہ روپیہ جو کسی چیز کو نیلام کرنے سے حاصل ہوا ہو - وصول ہونا (لازم) جمع کیا جانا - حاصل ہونا - بھرپانا - وصولی (صفت) ۱ قابل وصول - باقیتی ۲ (مونث) وہ روپیہ جو قابل وصول ہو (کرنا ہونا کے ساتھ)

وَصی (ع - مونث) ۱ وہ شخص جس کو یا جس کے حق میں وصیت کی گئی ہو - وصیت پر عمل کرنے والا ۲ سربراہ کار - منصرم ۳ بچوں کا محافظ - والی یا سرپرست ۴ حضرت علی سے مراد ہوتی ہے - (وَصَی ملانا - جوڑنا) وصیّت (مونث) موت یا سفر کے وقت آخری ہدایت کہ میرے بعد ایسا ایسا کرنا - وصیّت سننا (متعدی) زبانی جو وصیّت کی جائے اُسے سماعت کرنا - جب آدمی مرنے کے قریب ہو اور لکھنے کا سامان نہ ہو - یا کوئی پڑھا آدمی پاس نہ ہو تو وہ زبانی وصیت کرتا ہے - وصیت کرنا (متعدی) مرتے یا سفر کو جاتے وقت آخری ہدایت کرنا - وصیّت نامہ (مذکر) وہ تحریر جس میں سفر کو جاتے وقت یا مرنے کے وقت ہدایت لکھی جائے کہ میرے بعد ایسا ایسا کیا جائے -

وَصید (ع - مونث) ڈیوڑھی - ایوان - جلوخانہ (وَصَدَ - مضبوط کھڑا ہونا)

وَضاحت (ع - مونث) واضح کرنا - تفصیل کے ساتھ بیان کرنا (کرنا - ہونا کے ساتھ) (وَضَحَ - صاف ہونا)

وَضاعت (ع - مونث) ۱ بیعزتی ہتک ۲ خفت - شرمندگی ۳ عجز - انکسار (وَضَعَ - کمینہ ہونا)

وَضع (ع - مذکر) ۱ رکھنا - ترتیب کرنا ۲ ساخت - بناوٹ - ترکیب ۳ بنانا ۴ ایجاد - نئی بات ۵ طرز - ڈھنگ - طور - طریقہ - روش - دستور فیشن ۶ صورت - شکل ۷ حالت - درجہ - گت ۸ چال چلن ۹ مجرا - وصول ۱۰ تفریق - منہا - خارج ۱۱ جننا - بچہ دینا ۱۲ آن - انداز - ادا ۱۳ موزوں اور چسپاں بات کہ پھبتی ۱۴ بنیاد - نیو - بنا - (وَضَعَ - رکھنا) وضعائیں (مونث) وضع کی جمع - ڈھنگ - طرزیں - وضع بدلنا (متعدی) ۱ حالت یا طرز بدلنا ۲ نیا فیشن اختیار کرنا ۳ عادت میں فرق آنا ۴ چال چلن بدلنا - وضع چھوڑنا (متعدی) حالت پر نہ رہنا - طریقہ یا طرز ترک کردینا - وضع حمل (مذکر) بچہ جننا یا پیدا ہونا (کرنا ہونا کے ساتھ) وضعدار (صفت) ۱ بانکا - طرحدار - خوش وضع ۲ خوبصورت - حسین ۳ پابند وضع - اپنے طریقے اور روش پر قائم رہنے والا - وضعداری (مونث) ۱ طرحداری - خوش اسلوبی بانکپن - خوبصورتی - خوش وضعی ۲ خوبصورتی - حسن - خوبی ۳ طریقہ - وتیرہ - شعار - سلیقہ - ڈھنگ ۴ جس بات کو ایک دفعہ اختیار کرنا مرتے دم تک نباہنا - وضعداری کا نباہ (مذکر) دیکھو وضعداری ۴ وضعداری نہ چھوڑنا (متعدی) جو بات ایک دفعہ اختیار کرنا اُسے مرتے دم تک کئے جانا - وضع کرنا (متعدی) ۱ بنانا - ایجاد کرنا ۲ مجرا کرنا - منہا کرنا کاٹنا - وضع کہے دیتی ہے شکل سے ظاہر ہوتا ہے - انداز یا طرز سے معلوم ہوتا ہے - وضع ملنا (لازم) انداز ملنا - طرز ملنا - وضع میں فرق آنا (لازم) انداز یا طرز بدلنا - وضع نباہنا (متعدی) آخر تک یا مرتے دم تک انداز یا طرز میں فرق نہ آنے دینا - وضع سے تعلق ہونا (لازم) انداز میں تہذیب یا شائستگی ہونا - وضعیں (مونث) وضع کی جمع - طرزیں - انداز - وضع ہونا (لازم) ۱ ایجاد ہونا - بننا - نکلنا ۲ مجرا ہونا - منہا ہونا وضعی (صفت) شکل وصورت وغیرہ کے متعلق -

وُضو (ع - مذکر) نماز سے پہلے ہاتھ منہ دھونا (وَضَأ - صاف ہونا) - وضو آنا (لازم) وضو کرنے کا طریقہ معلوم ہونا - وضو تازہ کرنا (متعدی) وضو ہوتے ہوئے دوبارہ وضو کرنا - وضو توڑنا (متعدی) ۱ کوئی ایسا کام کرنا جس سے وضو ٹوٹ جائے - بے وضو ہونا ۲ زہد و تقوے قائم نہ رہنے دینا - وضو ٹوٹ جانا - ٹوٹنا (لازم) ۱ کوئی ایسا فعل ہونا جس سے وضو ٹوٹ جائے - وضو جاتا رہنا - طہارت قائم نہ رہنا ۲ نیت میں فرق آجانا ۳ ارادہ یا صلاح بدل جانا - وضو ٹھنڈا (ٹھنڈے) ڈھیلا یا ڈھیلے کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ہمت پست ہونا - ارادہ سست ہونا - ولولہ جاتا رہنا - نیت بدل جانا - وضو شکست ہونا (لازم) ۱ ہمت پست ہوجانا - سارے عہد و پیمان جاتے رہنا - وضو کرنا (متعدی) نماز کے واسطے ہاتھ پاؤں وغیرہ دھونا - وضو ہونا (لازم) ۱ وضو قائم رہنا ۲ وضو کیا جانا -

وُضُوح (ع - مذکر) ۱ صفائی - صراحت - وضاحت ۲ ظہور - اظہار ۳ شہادت ثبوت (وَضَحَ - صاف ہونا)

وَضِیع (ع - صفت) ۱ ادنیٰ کمینہ نیچ ۲ امانت - کوئی چیز جو دوسرے کی سپردگی میں دی جائے (وَضَعَ - رکھنا) **وضیع و شریف** (صفت) ادنیٰ - اعلیٰ - کمینہ اور شریف - خاص و عام -

وَظِد (ع - صفت) ۱ پکا کیا گیا مضبوط کیا گیا ۲ مقررہ - معین - بندھا ہوا ۳ پکا - مضبوط - مستحکم (وَطَدَ - مقرر کرنا)

وُطَر (ع - مذکر) ۱ ضروری چیز ۲ وہ چیز جو دل میں ہو ۳ ضرورت - حاجت ۴ استعمال - فائدہ (وَطَرَ - وہ چیز جس کی خواہش ہو) -

وَطَن (ع - مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں کوئی پیدا ہو - وہ گاؤں شہر یا ملک جہاں کا کوئی شخص باشندہ ہو ۲ اپنا دیس - اپنا ملک (وَطَنَ - رہنا) **وطن آوارہ** (صفت) خانماں برباد - وہ جو وطن سے بے وطن ہو - **وطن اختیار کرنا** (متعدی) کسی دوسری جگہ رہائش کرنا کسی دوسرے شہر میں جاکر آباد ہونا - **وطن جانے کی رخصت** (مونث) لمبی رخصت جس میں آدمی اپنے وطن سے ہو کر آسکے - فرلو - **وطن چھٹنا** (لازم) **چھوڑنا** (متعدی) کسی وجہ سے اپنے ملک سے چلے جانا - غریب الوطن ہونا - **وطن دشمن** (مذکر) وہ جو اپنے وطن مالوں سے دغا کرے - **وطن دوست** (مذکر) وہ جو اپنے ملک کا خیرخواہ ہو - محب الوطن - **وطن سے نکل جانا** (لازم) اپنا دیس چھوڑ کر چلا جانا - غریب الوطن ہونا - **وطن مالوف** (مذکر) پیارا وطن - وہ جگہ جہاں رہنے کی عادت پڑی ہو - **وطنی** (صفت) ہم وطن - اپنے ملک کا - اپنے دیس کا -

وَطی (ع - صفت) ۱ پاؤں سے روندا ہوا ۲ اچھی طرح سدھا ہوا ۳ (مذکر) پاؤں سے روندنا ۴ عورت سے صحبت، ہمبستری - مباشرت جماع (وَطِئَ - روندنا)

وَظَائِف (ع - مذکر) وظیفہ کی جمع -

وَظِیفَہ (ع - مذکر) ۱ وہ چیز جو ہر روز کے واسطے مقرر ہو ۲ روزینہ - تنخواہ - ماہیہ - درماہہ ۳ پنشن ۴ وہ روپیہ جو طالب علم کو پڑھائی جاری رکھنے کے لئے دیا جائے ۵ جاگیر - مدد معاش ۶ وہ کام جو ہر روز کیا جائے ۷ ورد - روزمرہ پڑھنے کی دعا ۸ کسی بات کی رٹ ۹ (ع) نوکری - ملازمت ۱۰ استعمال - مطلب (وَظَفَ - پیچھے آنا) **وظیفہ بھانا یا پڑھنا** (متعدی) ورد کرنا - کوئی دعا ہر روز پڑھنا - **وظیفہ خوار یا دار** (صفت) وظیفہ لینے والا - وہ جسے وظیفہ ملے - **وظیفہ دینا** (متعدی) کسی کی امداد کے لئے ایک رقم مقرر کر دینا - **وظیفہ سالانہ** (مذکر) برس بھر کے لئے پنشن - وہ وظیفہ جو سال بھر کے لئے اکٹھا دیا جائے - **وظیفہ کرنا** (متعدی) ورد کرنا - کوئی دعا پڑھنا - **وظیفہ کھانا** (متعدی) لگاتار مدت تک وظیفہ لیتے رہنا - **وظیفہ لینا** (متعدی) طالب علم کا پڑھائی کے لئے وظیفہ حاصل کرنا - امتحان میں اچھے نمبروں پر پاس ہو کر وظیفہ حاصل کرنا - **وظیفہ ملنا** (لازم) ۱ کسی کو پنشن ملنا ۲ طالب علم کو تعلیم جاری رکھنے کے لئے مقررہ روپیہ ملنا - **وظیفۂ ماہواری** (مذکر) وہ وظیفہ جو ہر مہینے ملے

وَعْدَہ (ع - مذکر) ۱ اقرار - قول و اقرار - بچن - قرار داد - عہد - عہد و پیمان ۲ اقرار نامہ - معاہدہ ۳ ملنے یا ملاقات کرنے کا اقرار ۴ قرض کی ادائیگی کا وقت ۵ موت کا وقت - مرنے کا دن - موت - (وَعَدَ - اقرار کرنا) **وعدہ آجانا یا پہنچنا** (لازم) موت کا وقت قریب آنا - **وعدہ آنا** (لازم) ایفائے وعدہ کا وقت آنا - قرض ادا کرنے کا وقت آنا - **وعدہ ایفا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) اقرار پورا کرنا - جو کہا تھا وہ کر دینا - **وعدہ برابر آنا یا ہونا** (لازم) موت کا وقت قریب آنا - زندگی کا وقت پورا ہونا **وعدہ پورا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ جو کہا تھا وہ کیا جانا - اقرار پورا ہونا ۲ موت کا وقت آنا - **وعدہ ٹالنا** (متعدی) لیت و لعل کرنا - حیلہ حوالہ کرنا **وعدہ ٹلنا** (لازم) وعدے کا پورا نہ ہونا - وعدے کا گزر جانا - **وعدہ ٹھہرنا** (لازم) کسی بات کا اقرار یا عہد ہونا - **وعدہ حق آجانا یا آپہنچنا** (لازم) دیکھو وعدہ آجانا - **وعدہ خلاف** (صفت) وہ شخص جو اپنے وعدے کو پورا نہ کرے - اقرار یا قول کا جھوٹا - عہد شکن - **وعدہ خلافی** (مونث) بے وفائی - عہد شکنی - اقرار کر کے پورا نہ کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **وعدہ زبان تک آنا** (لازم) زبان سے قول و اقرار کرنا - **وعدۂ شب درمیان** (مذکر) دوسرے دن کا وعدہ - **وعدہ شکن** (صفت) دیکھو وعدہ خلاف - **وعدہ شکنی** (مونث) دیکھو وعدہ خلافی - **وعدہ فراموش** (صفت) وعدے کو بھول جانے والا - وعدہ یاد نہ رکھنے والا - **وعدہ کرنا** (متعدی) ۱ کسی کام کے کرنے کا اقرار کرنا ۲ قول دینا - زبان دینا - **وعدہ گاہ** (مونث) ۱ ملنے کا مقام ۲ ملنے کا وقت - **وعدہ لینا** (متعدی) عہد لینا - قول لینا - **وعدہ وعید** (مذکر) ٹال مٹول - حیلے حوالے - لیت و لعل (کرنا ہونا کے ساتھ) - **وعدہ وفا** (صفت) بات کا پورا - وعدے کا سچا - قول کا پکا - **وعدہ وفا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) وعدہ پورا ہونا - ایفائے وعدہ ہونا - **وعدہ یاد رہنا** (لازم) اقرار نہ بھولنا - **وعدے** (مذکر) ۱ وعدہ کی جمع ۲ بجائے وعدہ حروف مغیرہ سے پہلے - **وعدے پر آنا** (لازم) جس وقت آنے کا وعدہ کیا تھا - اس وقت پر آنا - **وعدے پر جینا** (لازم) ایفائے وعدہ کی امید پر جیتے رہنا - **وعدہ پر قائم رہنا** (لازم) جو کہنا وہی کرنا - قول سے پھرنا - **وعدہ ہی وعدہ ہے** - اقرار پورا نہیں کریگا **وعدے سے پھر جانا** (لازم) اقرار پورا نہ کرنا - بدعہدی کرنا - **وعدے کا پکا** - **پورا یا سچا** (صفت) وہ جو اقرار کر کے پورا کرے - **وعدے کی پختگی** (مونث) وعدے کی مضبوطی اور استحکام -

امثال - **وعدہ خلافی بری بات ہے** - کسی کو وعدہ پورا کرنے کے لئے کہنا ہو تو یہ فقرہ کہتے ہیں - **وعدۂ وصل چوں شود نزدیک، آتش شوق تیز تر گردد** - جتنا قریب امید پورا ہونے کا زمانہ آتا ہے - اتنی ہی خواہش بڑھتی ہے -

وَعْظ (ع - مذکر) ۱ نصیحت جو زبانی کی جائے ۲ مذہبی لکچر (وَعَظَ - نصیحت کرنا) **وعظ دینا - کرنا یا کہنا** (متعدی) ۱ نصیحت کرنا تلقین کرنا - درس دینا ۲ مذہبی لکچر دینا -

وَعِید (ع - مذکر) ۱ بری بات کا وعدہ - سزا دینے کا وعدہ ۲ دھمکی - دھمکانا (وَعَدَ - دھمکانا)

وَغا (ع - مونث) لڑائی - جنگ (کرنا ہونا کے ساتھ) (وَغَیَ - لڑائی)

وَفا (ع - مونث) ۱ وعدے کو پورا کرنا ایفائے وعدہ ۲ نباہ نباہو - ساتھ ۳ نمک حلالی خیرخواہی - وفاداری - عقیدتمندی ۴ مروت - تعمیل تکمیل ۵ شکرگزاری - احسانمندی (وَفَیَ - وعدہ پورا کرنا) ۶ سر کی خشکی (ف - بفا کا معرب) **وفا بیگانہ** (صفت) بے وفا - نمک حرام - **وفا**

پرست (صفت) وفادار۔ مخلص۔ **وفاپیشگی** (مونث) وفاداری۔ نمک حلالی۔ مخلص۔ **وفا پیشہ** (صفت) وہ جو ہمیشہ وفادار رہے۔ **وفادار** (صفت) وفا کرنے والا۔ نمک حلال۔ بامروت خیرخواہ۔ مخلص۔ معتبر۔ **وفاداری** (مونث) نمک حلالی۔ خیرخواہی۔ دیانت داری۔ اخلاص۔ مروت (رہنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔ **وفاشعار** (صفت) وہ جس کا شعار وفا کرنا ہو۔ وفادار۔ وہ جس کی طبیعت میں وفاداری ہو۔ **وفا کرنا** (متعدی) ۱ وعدہ پورا کرنا ۲ نباہنا۔ ساتھ دینا۔ خیرخواہی کرنا۔ نمک حلالی کرنا ۳ مروت کرنا۔ **وفاکیش** (صفت) دیکھو وفاشعار۔ **وفا ہونا** (لازم) وفا کرنا کا۔ **وفائی** (مونث) وفاداری۔ وفا۔ مرکبات میں جیسے بے وفائی۔

وَفات (ع۔ مونث) موت۔ مرگ۔ اجل۔ انتقال۔ قضا۔ فنا۔ کال۔ مرت (وفی۔ پورا کرنا)۔ **وفات پانا** (لازم) مرجانا۔ فوت ہونا۔ انتقال کرنا۔ رحلت کرنا۔ گزرجانا۔ جاں بحق ہونا۔ **وفات شریف** (مونث) ۱ پیغمبر صلعم کا انتقال ۲ کسی بزرگ کی موت۔ وصال۔ **وفات کرنا** (متعدی) مرجانا۔ **وفات (واقع) ہونا** (لازم) مرنا۔ فوت ہونا۔ انتقال ہونا۔

وِفاق (ع۔ مذکر) ۱ موافقت۔ سازگاری۔ میل۔ سنجوگ ۲ صلح۔ اتفاق۔ محبت (وفق۔ اتفاق کرنا)

وَفد (ع۔ مذکر) ۱ آدمیوں کی جماعت جو کسی خاص مطلب کے لئے بھیجی جائے۔ ڈیپوٹیشن ۲ مصر کی قومی جماعت کا نام (وفد۔ آنا۔ پہنچنا)

وَفر (ع۔ صفت) ۱ بھرا ہوا۔ پُر ۲ پورا۔ مکمل ۳ لاتعداد۔ بے انتہا ۴ بافراط۔ کثیر۔ وافر (وفر۔ بھرجانا)

وَفق (ع۔ مذکر) ۱ موافقت۔ مطابقت ۲ مناسبت ۳ کفایت۔ کافی ہونا ۴ وہ حقدار جو مشکل کافی ہو ۵ موقعہ۔ محل (وفق کسی چیز کو مفید پانا)

وُفور (ع۔ صفت) ۱ بھرا ہوا۔ پر ۲ مکمل۔ پورا ۳ بہت۔ بے انتہا ۴ عام (وفر کی جمع) ۵ (مذکر) بہتات۔ افراط۔ کثرت۔ زیادتی (وفر۔ بھرجانا)

وَقاحت (ع۔ مونث) ۱ شوخی۔ گستاخی ۲ بے شرمی۔ بے حیائی۔

وَقار (ع۔ مذکر) ۱ متانت۔ سنجیدگی ۲ حلم۔ بردباری۔ استقلال۔ ثابت قدمی ۳ جاہ و جلال۔ قدر و منزلت۔

وَقائع (ع۔ مذکر) وقیعت کی جمع جو اردو میں استعمال نہیں ہوتا ۱ خبریں۔ واقعات۔ حالات ۲ حادثے۔ سانحات۔ وارداتیں۔ مصیبتیں تکلیفیں ۳ لڑائیاں۔ **وقائع نگار یا نویس** (مذکر) نامہ نگار۔ اخبارنویس۔ مخبر۔ **وقائع نگاری یا نویسی** (مونث) نامہ نگاری۔ پرچہ نویسی۔ اخبارنویسی واقعات لکھ کر بھیجنا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔ **وقائع وحوادث** (مذکر) واقعات و حادثات۔

وَقت (ع۔ مذکر) ۱ عرصہ۔ ہنگام بیلا ۲ عہد۔ زمانہ ۳ موسم۔ فصل۔ رت ۴ فرصت مہلت۔ فراغت ۵ موقع۔ داؤں۔ گھات۔ محل ۶ عمر۔ زندگی۔ حیات ۷ موت۔ میعاد ۸ وہ عرصہ جو کسی کام پر لگایا جائے ۹ گھڑی۔ ساعت۔ دم ۱۰ باری۔ نوبت۔ بار۔ دفعہ ۱۱ حالت۔ گت ۱۲ موت کی گھڑی۔ مرگ۔ موت ۱۳ برا وقت۔ مصیبت ۱۴ دشواری۔ دقت ۱۵ اچھگ۔ سماں ۱۶ دن رات کی کوئی ساعت منٹ یا لمحہ جو گھڑی سے ظاہر ہو ۱۷ زمانہ ماضی، حال یا مستقبل ۱۸ وقت کا ناپ زمین کی گردش سے کیا جاتا ہے۔ جتنے عرصہ میں زمین سورج کے گرد پھرتی ہے اسے سال کہتے ہیں۔ جتنے عرصے میں زمین اپنے محور کے گرد پھرتی ہے اسے دن کہتے ہیں۔ دن کو ۲۴ گھنٹوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر گھنٹے کے ۶۰ منٹ اور ہر منٹ کے ۶۰ سیکنڈ یا لمحے ہیں۔ وقت کا آغاز اور انجام لاانتہا ہے (وقت۔ مقرر کرنا)۔ **وقت آپہنچنا** (لازم) موت کا وقت قریب آنا۔ **وقت آجانا یا آنا** (لازم) ۱ موسم آنا۔ رت آنا ۲ کام کا وقت آپہنچنا ۳ مصیبت آنا ۴ موت کا وقت آپہنچنا۔ **وقتاً فوقتاً** (تمیز) کبھی کبھی۔ بعض اوقات۔ حسب موقع۔ اپنے اپنے موقع سے۔ **وقت بد** (مذکر) برا وقت۔ مصیبت کا وقت۔ **وقت برابر آجانا یا ہونا** (لازم) موت کا وقت قریب آنا۔ زندگی کی میعاد پوری ہونا۔ **وقت بسر کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) وقت گزرنا۔ **وقت بوقت** (تمیز) بعض اوقات۔ کبھی کبھی۔ **وقت بے وقت** (مذکر) ہر وقت۔ ہمیشہ۔ مدام۔ برابر۔ پے در پے۔ سدا۔ نت۔ **وقت پانا** (متعدی) موقع یا فرصت پانا۔ فراغت ہونا۔ موقع حاصل کرنا۔ **وقت پر** (تمیز) ۱ عین موقع پر ۲ ضرورت کے وقت۔ مصیبت کے وقت ۳ رت پر۔ موسم پر۔ **وقت پر آنا** (لازم) ۱ عین موقع پر آنا ۲ مقررہ وقت پر موجود ہونا ۳ موسم یا رت پر آنا۔ **وقت پر اوسان رہنا** (لازم) مصیبت کے وقت نہ گھبرانا۔ **وقت پر بھاگ جانا** (لازم) کام کے وقت کھسک جانا۔ **وقت پر جانا** (لازم) عین وقت پر روانہ یا رخصت ہونا۔ وقت مقررہ پر روانہ ہونا۔ **وقت پر صاف نکل جانا** (لازم) عین وقت پر۔ ضرورت یا مصیبت کے وقت قول سے پھرجانا۔ **وقت پر کام آنا** (لازم) موقع پر کام دینا۔ ضرورت کے وقت کام آنا۔ **وقت پر کام کرنا** (متعدی) کام کا جو وقت مقرر ہو اس وقت کرنا یا موقع پر کام کرنا۔ **وقت پڑنا** (لازم) ۱ مصیبت پڑنا۔ بپتا پڑنا ۲ ضرورت پیش آنا۔ ضرورت ہونا ۳ مشکل پڑنا۔ دقت پیش آنا۔ **وقت پڑے پر** (تمیز) مصیبت کے وقت۔ **وقت تاکنا** (متعدی) موقع دیکھتے رہنا۔ موقع کی تلاش رکھنا۔ **وقت تنگ ہونا** (لازم) کسی کے لئے تھوڑا وقت باقی ہونا۔ **وقت ٹالنا** (متعدی) وقت گزارنا۔ موقع ٹالنا۔ کام کا وقت بغیر کام کئے گزار دینا۔ **وقت ٹل جانا یا ٹلنا** (لازم) کسی کام کا وقت بغیر کام ہوئے گزرجانا۔ کسی کام کا وقت پر نہ ہونا۔ **وقت ٹھیک کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) دیکھو وقت درست الخ۔ **وقت جانا** (لازم) وقت گزرنا۔ **وقت خرچ کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) کسی کام پر بہت وقت صرف ہونا۔ وقت لگنا۔ **وقت درست ہونا** (لازم) ۱ گھڑی کا وقت ٹھیک ہونا ۲ وقت مقررہ موزوں ہونا۔ **وقت دیکھنا** (متعدی) ۱ موقع دیکھنا ۲ گھڑی میں وقت ملاحظہ کرنا۔ **وقت دینا** (متعدی) ملاقات یا کسی کام کے لئے وقت مقرر کرنا۔ **وقتِ ذبح** (مذکر) ذبح کرنے کا وقت۔ **وقت رائگاں جانا** (لازم)، **کرنا** (متعدی)، وقت ضائع کرنا۔ **وقت صرف کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم)، وقت لگنا۔ **وقت ضائع کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم)، فضول مشغلوں میں وقت صرف یا بسر کرنا۔ **وقت غلط ہونا** (لازم) گھڑی میں وقت درست نہ ہونا۔ **وقتِ فضیلت** (مذکر) وہ وقت جب نماز کا پڑھنا افضل ہو۔ **وقت کا** (صفت) زمانے یا عہد کا۔ **وقت کاٹنا** (متعدی) وقت گزارنا۔ دن پورے کرنا۔ **وقت کٹنا** (لازم) وقت بسر ہونا۔ **وقت کو غنیمت جانیے**۔ موقع کو نہ چھوڑنا چاہیے۔ موقع

پر کام کر لینا چاہیئے۔ **وقت کھونا** (متعدی) وقت ضائع کرنا۔ **وقت کی بات** (مونث) ۱ موقع کی بات ۲ شدنی امر۔ **وقت کا برابر جوڑ** (علا) تعدیل الاوقات۔ تعدیل الایام۔ **وقت کا پابند** (مذکر) وہ جو ہر کام وقت مقررہ پر کرے۔ **وقت کی خوبی ہے** زمانے کی بات ہے۔ بدقسمتی کا اثر ہے۔ **وقت کے بادشاہ ہیں** ۱ حاکم وقت ہیں ۲ بے پرواہ ہیں بے فکر ہیں۔ **وقت کی چیز** (مونث) ۱ وہ چیز جو وقت کے لئے موزوں ہو ۲ وہ گانا جو کسی خاص وقت کے لئے موزوں ہو۔ **وقت کے وقت** (مذکر) عین وقت پر۔ بروقت عین ضرورت پر۔ **وقت گانٹھنا** (ہ) وقت گزارنا **وقت گزارنا** (متعدی) دن کاٹنا۔ **وقت گزر جانا یا گزرنا** (لازم) ۱ وقت جاتا رہنا ۲ موقع نکل جانا یا ٹل جانا۔ **وقت گنوانا** (متعدی) وقت ضائع کرنا **وقت لگانا** (متعدی)، لگنا (لازم) کسی کام پر بہت سا وقت خرچ ہونا۔ **وقت لینا** (متعدی) ۱ کسی کام پر بہت سا وقت خرچ کرنا ۲ کسی کام پر زیادہ وقت لگ جانا ۳ کسی کا وقت ضائع کرنا۔ **وقت مانگنا** (متعدی) ۱ کسی کو ملنے کے لئے وقت مقرر کرنے کی درخواست کرنا ۲ کسی کام کے لئے زیادہ وقت ملنے کی درخواست کرنا۔ **وقتِ معلوم** (مذکر) مقررہ وقت۔ موت کا وقت **وقت مقررہ کرنا** (متعدی)، ہونا (لازم)، ملاقات یا کسی کام کے لئے وقت کا تعین ہونا۔ **وقت معلوم** (مذکر) مقررہ وقت۔ موت کا وقت۔ **وقت مقرر کرنا** (متعدی)، ہونا (لازم) ملاقات یا کسی کام کے لئے وقت کا تعین ہونا **وقتِ مقررہ** (مذکر) وہ وقت جو کسی کام کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔ **وقت ملنا** (لازم) ۱ موقع ملنا ۲ فرصت ہونا ۳ ملاقات یا کسی کام کے لئے وقت بتایا جانا۔ **وقت نازک ہونا** (لازم) ۱ وقت ایسا ہونا جس میں احتیاط کرنی چاہیئے بہت کم وقت ہونا۔ وقت تنگ ہونا۔ **وقتِ ناساز** (مذکر) ناموافق وقت۔ بے موقع وقت۔ ناموزوں وقت۔ **وقت ناوقت** (تف) وقت بے وقت کبھی کبھی۔ گاہے گاہے۔ **وقت نکالنا** (متعدی) ۱ اور کاموں کو چھوڑ کر کسی کام کے لئے فراغت حاصل کرنا۔ موقع نکالنا۔ فرصت نکالنا ۲ مصیبت کا وقت گزارنا ۳ وقت گزارنا۔ **وقت نکل جانا** (لازم) موقع ہاتھ سے جاتا رہنا۔ **وقت نہ رہنا** (لازم) ۱ موقع نکل جانا ۲ وقت گزر جانا۔ کسی کام کے لئے وقت نہ ہونا۔ **وقتِ واپسیں** (مذکر) موت کا وقت نزع کا وقت۔ اخیر وقت۔ **وقت وقت** (مذکر) بعض وقت۔ خاص موقع۔ **وقت وقت کی راگنی** (مونث) موقع موقع کا کام۔ **وقت ہاتھ سے جانا** (لازم) موقع نکل جانا۔ **وقت ہاتھ سے نہ دینا** (متعدی) موقع کھونا۔ **وقت ہونا** (لازم) ۱ عرصہ ہونا۔ [illegible] ہونا۔ ۲ کسی بات کا موقع ہونا۔ **وقتی** (صفت) وقت کی۔ زمانے کی۔ **وقتے** (تف) بعض وقت۔ **وقت یاب** (صفت) موقع پانے والا۔ **وقتے کہ** (تف) جس وقت۔

امثال و اقوال۔ **وقت آیا ہوا نہیں ٹلتا**۔ موت کا وقت نہیں بدلتا۔ **وقت از دست رفتہ و تیر از کماں جستہ باز نیاید**۔ ہاتھ سے گیا ہوا وقت اور کمان سے نکلا ہوا تیر واپس نہیں آتا۔ **وقت پر بھاگ جانا مردانگی نہیں ہے** لڑائی (مصیبت) کے وقت ہٹ جانا بزدلی ہے۔ **وقت پر بھاگ جانا ہی مردانگی ہے**۔ موقع کے موافق ہی کام کرنا عقلمندی ہے۔ **وقت پر جو ہو جائے سو ٹھیک ہے**۔ موقع پر جو کچھ ہو جائے بہتر ہے کیونکہ ایسے وقت پر انسان گھبرا جاتا ہے۔ **وقت پر سب کچھ کرنا پڑتا ہے** جب موقع آجائے تو جو کچھ ہو سکتا ہے کرنا چاہیئے۔ **وقت پر کچھ بن نہیں آتا**۔ جب مصیبت پڑے تو کوئی تجویز کارگر نہیں ہوتی۔ **وقت پہ کوئی کام نہیں آتا**۔ مصیبت کے وقت کوئی مدد نہیں کرتا۔ **وقت پر گانٹھ کا پیسا ہی کام آتا ہے** انسان کو فضول خرچی نہیں کرنی چاہیئے بلکہ روپیہ جمع کرنا چاہیئے۔ **وقت پر گدھے کو باپ بناتے ہیں** مصیبت یا ضرورت کے وقت بے وقوف سے بے وقوف کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔ **وقتِ پیری شباب کی باتیں۔ ایسی ہیں جیسے خواب کی باتیں**۔ بڑھاپے کے زمانے میں جوانی کی باتیں خواب کی باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ **وقت پڑے پر جانیے کو بیری کو میت** دوست دشمن کی آزمائش مصیبت ہی کے وقت ہوتی ہے۔ **وقت جا کر نہیں آتا**۔ موقع ہاتھ سے نکل جائے تو پھر نہیں ملتا۔ جو ساعت گزر جاتی ہے۔ پھر نہیں آتی **وقت سب کچھ کرا لیتا ہے**۔ ضرورت پڑے پر ہر قسم کا کام کرنا پڑتا ہے۔ **وقتِ ضرورت چوں نماند گریز۔ دست بگیرد سر شمشیر تیز**۔ ضرورت کے وقت جب بھاگ نہیں سکتے تو ہاتھ تیز تلوار کا قبضہ پکڑ لیتا ہے۔ جب آدمی مجبور ہو جاتا ہے تو مرنے مارنے کو تیار ہو جاتا ہے۔ **وقت کا رونا بے وقت کے ہنسنے سے (اچھا) بہتر ہے**۔ بری بات جو وقت پر مفید ہو اچھی بات سے بہتر ہوتی ہے۔ **وقت کا غلام اور وقت ہی کا بادشاہ**۔ جیسا وقت دیکھے ویسا بن جاتا ہے۔ **وقت گزر گیا بات رہ گئی**۔ (وقت نکل جاتا ہے، نہیں رہتا۔ بات رہ جاتی ہے کام نکل جاتا ہے۔ البتہ مصیبت کے وقت مدد نہ کرے اس کی بے وفائی یاد رہتی ہے۔ **وقت گذرے پیچھے عقل آتی ہے**۔ کام بگڑنے کے بعد تدبیریں سوجھا کرتی ہیں۔ **وقت وقت کا راگ اچھا ہوتا ہے**۔ ہر چیز اپنے موقع اور محل پر اچھی ہوتی ہے۔ **وقت وقت کا راگ (کی راگنی) ہے**۔ جیسا موقع ویسی ہی بات مناسب ہوتی ہے۔ بات موقع کے موجب ہونی چاہیئے۔

وَقر (ع۔ مذکر) ۱ عظمت۔ وقار۔ عزت۔ قدر و منزلت۔ شان و شوکت۔ آبرو۔ بزرگی۔ بڑائی ۲ مرتبہ۔ رتبہ۔ پایہ۔ درجہ۔ منصب (وَقَر۔ ممتاز ہونا) ۳ حلم۔ تمکین ۴ گرانی۔ بوجھ ۵ (صفت) بردبار۔ حلیم۔ سلیم ۶ بھاری بھرکم۔ سنجیدہ (وَقَر۔ بوجھ لادنا) **وقر اٹھ جانا** (لازم) عزت یا وقعت باقی نہ رہنا۔ **وقر پانا** (لازم) عزت یا درجہ حاصل کرنا۔ **وقر کھونا** (متعدی) عزت گنوانا۔ بات کھونا۔

وُقعت (ع۔ مونث) ۱ عزت۔ عظمت ۲ ساکھ۔ اعتبار ۳ (ع) زور۔ قوت۔ قدر ۴ اونچائی۔ بلندی (وَقَع۔ واقع ہونا) **وقعت رکھنا** (متعدی) ۱ زور۔ قوت یا قدر ہونا۔ قابل توجہ ہونا۔ **وقعت کھونا** (متعدی) بات کھونا۔ عزت یا اعتبار جاتا رہنا۔

وقف (ع۔ مذکر) ۱ خدا کے نام پر چھوڑی ہوئی چیز۔ جب ایک دفعہ مالک کسی چیز کو وقف کر دے تو پھر اس کا کوئی مالک نہیں رہتا ۲ رفاہ عام کے لئے دی ہوئی چیز۔ اس سے ہر شخص فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ مگر جس کام کے لئے یہ چیز دی جائے اس کے سوا دوسرے کام کے لئے استعمال نہیں ہو سکتی ۳ ٹھہراؤ۔ توقف۔ آرام ۴ وہ ٹھہراؤ جو قرآن شریف پڑھنے میں کیا جاتا ہے (وَقَفَ۔ کھڑا ہونا) **وقفِ اولاد۔ وقف علی الاولاد** (مذکر) وہ چیز جو اپنی اولاد کے لئے وقف کر دیں۔ اس کی آمدنی اولاد خرچ کر سکتی ہے۔ مگر بیچ نہیں سکتی۔ کوئی اور شخص اس میں دخل نہیں رکھ سکتا۔ **وقف کرنا** (متعدی) ۱ خدا کے نام پر چھوڑنا ۲ رفاہ عام کے لئے چھوڑنا ۳ ٹھہرنا۔ قرآن شریف پڑھنے میں خاص خاص مقامات پر ٹھہرنا۔ **وقف کنندہ** (صفت)

وقف کرنے والا ۔ وقف نامہ (مذکر) وہ تحریر جو کہ وقف کی بابت لکھ کر دی جائے ۔ وقفہ (مذکر) ۱ ٹھہراؤ ۔ قیام ۔ سکون ۲ تھوڑی سی دیر ۔ ڈھیل ۔ توقف ۔ مہلت ۳ تامل ۔ اٹکاؤ ۔ التوا ۴ فرصت مہلت چھٹی ۵ ٹھہراؤ جو قرآن شریف پڑھنے میں کیا جاتا ہے ۶ حج کے دوران میں عرفات کے میدان میں ٹھہرنا ۔ وقفہ دینا (متعدی) ۱ مہلت دینا ۔ موقع دینا ۲ ٹھہرنا قرآن شریف پڑھتے ہیں ۔ وقف ہونا (لازم) ۱ جائز ہونا ۔ مباح ہونا ۲ منحصر ہونا ۔ نذر ہونا ۳ محو ہونا ۔ مصروف ہونا ۔ مشغول ہونا ۴ خدا کے نام پر یا رفاہ عام کے لیے چھوڑا جانا کسی کی ملکیت نہ ہونا ۔ وقفہ ہونا (لازم) ۱ دیر ہونا ۔ ڈھیل ہونا ۲ وقفہ ۳ ہونا ۔

وَقِنا (ع ۔ امر) ہم کو بچا (وقی ۔ بچانا)

وَقِنا رَبَّنا عَذابَ النّار ۔ اے رب ہمارے ہم کو آگ کے عذاب سے بچا ۔ قرآن شریف کی آیت ہے ۔ گرمی سے پناہ مانگنے کے وقت کہتے ہیں ۔

وُقُوع (ع ۔ مذکر) ۱ واقع ہونا ۔ ظاہر ہونا ۲ اظہار ۔ ظہور ۔ صدور (وَقَعَ ۔ واقع ہونا) وقوعِ جرم (مذکر) ۱ جرم کا واقع ہونا ۲ (ظرف) جرم کے دوران ۔ وقوع میں آنا (لازم) واقع ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔ ظہور میں آنا ۔ وقوع میں لانا (متعدی) واقع ہونے کا موجب ہونا ۔ کرنا ۔ وقوعہ (مذکر) ۱ حادثہ ۔ سانحہ ۔ واردات ۔ واقعہ ۲ ہنگامہ ۔ فساد ۳ صدمہ ۔ وقوع ہونا (لازم) واقع ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔ وقوعہ ہونا (لازم) واقعہ یا حادثہ ہونا ۔ واردات ہونا ۔

وُقُوف (ع ۔ مذکر) ۱ جاننا ۔ واقفیت اطلاع ۔ آگاہی ۔ خبر ۔ علم ۲ عقل ۔ شعور ۔ سلیقہ ۔ تمیز ۳ لیاقت ۔ قابلیت ۔ استعداد ۔ مہارت ۴ تجربہ ۔ مشق ۵ ٹھہرنا ۔ کھڑا ہونا ۔ دیکھو وقفہ ۶ (وَقَفَ ۔ ٹھہرنا ۔ جاننا) وقوف پکڑنا (متعدی) عقل سیکھنا ۔ ہوش پکڑنا ۔ وقوف پیدا کرنا (متعدی) ۱ تجربہ کرنا ۲ ہنر سیکھنا ۔ لیاقت حاصل کرنا ۔ وقوف دار (مذکر) تجربہ کار ۔ واقف ۔

وَقِیع (ع ۔ صفت) ۱ تیز (تلوار) ۲ بلند ۳ ذی عزت ۔ ذی اعتبار (وَقَعَ ۔ تلوار تیز کرنا)

وَقِیعَت (ع ۔ مونث) ۔ وقیعہ (مذکر) ۱ حملہ ۔ صدمہ ۲ غیبت ۔ بدگوئی ۳ تہمت ۔ قباحت اس کی جمع ہے (وقع ۔ دشمن پر حملہ کرنا) ۔ وقیعۃ الاثنین (مذکر) دو شخصوں کے درمیان جنگ ۔ دوبدو ۔

وَک (س ۔ مذکر) دیکھو بک ۔

وِک ۔ وکار ۔ وکاس ۔ وکاب (س ۔ مذکر) دیکھو ۔ بک ۔ بکار ۔ بکاس ۔ بکاست ۔

وِکاش (س ۔ مذکر) ۱ ظاہر ہونا ۲ ظہور ۔ اظہار ۔ پرکاش ۳ آسمان ۔ فلک ۔ ایتھر ۴ چمکنا ۵ کھلنا ۔ پھیلنا ۶ کھلنا ۷ خوشی ۔ شادمانی ۔ فرحت ۸ تنہائی ۔ خلوت ۹ شان وشوکت کا اظہار نہ کرنا ۔

وِکال (س ۔ مذکر) پچھلا پہر ۔ شام دھندلا ۔

وَکالت (ع ۔ مونث) ۱ اپنا کام دوسرے پر چھوڑنا ۲ پیغام رسانی ۔ ایلچی گری ۳ نیابت قائم مقامی ۴ ذمہ داری ۔ ضامن ہونا ۵ دوسرے شخص کی طرف سے پیروی کرنا ۶ وکیل کا پیشہ (وکل ۔ اپنا کام دوسرے کے سپرد کرنا) وکالتاً (ظرف) وکیل کے ذریعے سے ۔ وکیل کی معرفت ۔ وکالت کرنا (متعدی) ۱ کسی کی طرف سے پیروی کرنا ۲ وکیل کا پیشہ کرنا ۔ وکالت کا کام کرنا ۳ ایلچی گری کرنا ۔ وکالت نامہ (مذکر) وہ تحریر جس کے بموجب کسی شخص کو وکیل کیا جائے کسی مقدمہ میں وکیل ہونے کی سند ۔ وکالت نامہ تصدیق کرنا (متعدی) ، ہونا (لازم) وکالت نامے پر حاکم کے دستخط ہونا ۔

وکالکا (س ۔ مونث) تانبے کا سوراخ دار برتن جسے پانی کی سطح پر رکھ دیتے ہیں اور سوراخ سے پانی داخل ہونا شروع ہوتا ہے ۔ یہ ایک قسم کی آبی گھڑی ہے ۔

وَکت (س ۔ مونث) بولنا ۔ گفتگو ۔ وکتا (مذکر) ۱ بولنے والا شخص ۲ بہت باتیں کرنے والا شخص ۳ انسان ۔ آدمی ۔ فصیح ۴ عالم ۔ دیوان ۵ دانا شخص ۶ استاد ۔ گرو ۔ وکتر (مذکر) ۱ بولنے کا عضو ۔ منہ ۲ چہرہ ۳ تیر کی نوک ۴ برتن کی ٹونٹی ۵ شروع ۔ آغاز ۶ (الجبرا) ایک سلسلہ کا پہلا عدد ۷ ایک وزن یا بحر ۸ شعر ۔ اشلوک ۹ ایک قسم کا کپڑا ۔

وِکٹ (انگ ۔ مذکر) ۱ وہ لکڑی جسے زمین میں گاڑ کر کرکٹ کھیلتے ہیں ۲ وہ زمین جہاں وکٹیں گاڑی جائیں ۔

وِکٹ (س ۔ صفت) ۱ بڑا ۔ دیکھو بکٹ ۲ شکل وصورت میں بدلا ہوا ۳ بگڑا ہوا ۴ خوبصورت حسین ۵ دلپسند ۔ دلآویز ۶ دقیق ۔ مشکل ۷ متروک ۸ (مذکر) خطرہ ۹ ڈر ۔ خوف ۱۰ پھوڑا ۔

وَکر (س ۔ صفت) ۱ ٹیڑھا ۔ کبڑا ۔ خمیدہ ۲ الٹی گردش (سیارے کی) ۳ بددیانت ۔ فطرتی ۔ متفنی ۔ شرارتی ۔ سیاہ دل ۴ ظالم ۔ سفاک ۵ گول مول ۔ مبہم ۶ (مذکر) زحل ۔ مریخ ۷ زرد پاشوجی کا نام ۸ دریا کا راستہ ۹ سیارے کی الٹی گردش

وکری (صفت) دیکھو وکر تا ۳ ۔

وِکرال (س ۔ صفت) دیکھو بکرال

وِکرانت (س ۔ مفعول) ۱ گزرا ہوا ۲ (صفت) قابو یافتہ ۔ فاتح ۳ مشہور ۔ معروف ۴ بہادر ۔ دلیر ۔ شجاع ۵ (مذکر) سپاہی ۶ شیر ۷ قدم ۔ پینترا ۸ بہادری ۔ شجاعت ۔ دلیری ۔ وکرانتی (مونث) ۱ چلنا ۔ گزرنا ۲ پوپیہ ۔ سرپٹ ۳ طاقت ۔ قوت ۔ بل ۔

وِکرم (س ۔ مذکر) ۱ آگے بڑھ جانا ۔ اوپر سے گزر جانا ۲ چاند روانہ ہونا ۳ قدم ۔ پینترا ۴ قابو کرنا ۔ مطیع کرنا ۵ بے حد طاقت یا قوت ۶ بہادری شجاعت ۔ دلیری ۔ وکرمی (صفت) ۱ بہادری دکھانے والا ۲ طاقتور ۔ قوی ۳ بہادر ۔ دلیر ۔

وِکرن (س ۔ مذکر) لمبے کانوں والا جنگ مہابھارت میں کوروؤں کا ایک مددگار ۔

وِکرنگ (س ۔ مذکر) سارسوت کا علاقہ جو ہر کے شمال مغرب میں تھا ۔ اور خیال ہے کہ پنجاب میں شامل تھا ۔ راجہ کرن کو اس میں جانے کی اجازت نہ تھی ۔

وِکریہ (س ۔ مذکر) ۱ بیچنا ۔ فروخت ۲ مانگ ۔

وِکسنا (ھ ۔ مذکر) بکسنا ۔

وُکَلا (ع ۔ مذکر) وکیل کی جمع ۔

وِکلپ (س ۔ مذکر) ۱ بدلا ۔ بدلنا عوض ۔ دو میں سے ایک ۲ فرق ۳ اشتباہ ۔ احتمال شبہ ۔ شک ۴ غلطی ۔

وِکلی (س ۔ مونث) ایک قسم کی دوا ۔

وکھال ۔ وکھالنا (ھ ۔ متعدی)

دیکھو اُگھال۔ اگھالنا۔

وَکیل (ع۔ مذکر) ۱ وہ شخص جس کے سپرد اپنا کام کیا جائے ۲ مختار۔ قائم مقام۔ نائب ۳ وہ شخص جس نے وکالت کا امتحان پاس کیا ہو۔ اور لوگوں کی طرف سے عدالتوں میں پیروی کرے۔ پلیڈر۔ بیرسٹر ۴ قانون۔ ماہر قانون (وکل۔ اپنا کام دوسرے کے سپرد کرنا، بنانا۔ بننا۔ کرنا۔ مقرر کرنا یا ہونا وغیرہ کے ساتھ)۔ **وکیل سرکار** (مذکر) وہ وکیل جو سرکار کی طرف سے مقدمات کی پیروی کرے پیروکار سرکار۔ **وکیل کرنا** (متعدی) اپنا وکیل بنانا۔ قانونی طور پر اپنے مقدمے کا پیروکار مقرر کرنا۔ **وکیل مطلق** (مذکر) ۱ وہ وکیل جسے کوئی کام کرنے کا پورا اختیار ہو ۲ مستقل وکیل ۳ وہ ایلچی یا قاصد جسے کسی کام کے متعلق پورا اختیار ہو۔ **وکیلی** (مونث) وکالت (دیکھو)۔

مقولہ۔ وکیلوں کا ہاتھ پرائی جیب میں۔ وکیل بغیر فیس لئے کسی کا کام نہیں کرتے۔

وِگرَہ (س۔ مذکر) ۱ پھیلا ۲ پھیلاؤ وسعت ۳ شکل۔ صورت ۴ بدن ۵ علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا۔ ترکیب ۶ مرکب لفظ کا اس کے مفردات میں تقسیم کرنا ۷ مرکب لفظ کی ٹھیک شکل ۸ حصہ تقسیم ۹ جھگڑا۔ لڑائی۔ مقابلہ۔ مخالفت ۱۰ سیاروں کا مخالف ہونا۔ نحوست۔

وِگُن (س۔ صفت) ۱ جس میں کوئی خوبی نہ ہو۔ خراب۔ برا ۲ ناکمل ۳ بانجھ۔

وِگندھ (س۔ مذکر) بدبو۔

وِگھات (س۔ مذکر) ۱ تباہی۔ بربادی ۲ قتل ۳ ضرب ۴ مخالفت ۵ ممانعت۔ روک۔ اٹکاؤ ۶ چھوڑ دینا۔ تیاگ۔ **وگھاتی** (صفت) ۱ مارنے والا۔ قاتل ۲ تلف کرنے والا ۳ روکنے والا۔ مخالفت کرنے والا ۴ ہٹانے والا۔

وِگھٹن (س۔ مذکر) ۱ توڑنا۔ تلف کرنا ۲ تباہی۔ بربادی۔

وِگھن (س۔ مذکر) ۱ روک۔ اٹکاؤ ۲ مخالفت ۳ نقصان ۴ مشکل۔ دقت ۵ تکلیف **وگھن راج** (مذکر) گنیش جی کا لقب۔ ہر کام کے شروع میں ان کی پوجا کی جاتی ہے کیونکہ یہ مشکلات کو آسان کرنے والے ہیں۔

وَل (انگ۔ تف) ۱ بیشک۔ اچھا۔ خوب ۲ (کلمہ استفسار) کیا ۳ (مذکر) کنواں **وَل ٹوڈو** (صفت) امیر۔ دولتمند۔ **وَل ڈَن** (کلمہ تحسین) بہت اچھا کیا۔ شاباش۔

وِل (ہ۔ مذکر) ۱ سوراخ۔ بل ۲ دراڑ۔ غار ۳ بھٹ۔ کھوہ۔

وَلا (ہ۔ تف) اس طرف کو۔ اِدھر نزدیک۔

وِلا (ع۔ مونث) ۱ نزدیکی۔ قربت ۲ محبت۔ دوستی۔ ارتباط۔ اتحاد ۳ رشتہ۔ تعلق ۴ حکومت۔ بادشاہت۔ سلطنت۔ گورنمنٹ ۵ مماکت ۶ آزادی (وَلی۔ نزدیک ہونا)۔

وَلا (ف۔ مونث) ۱ دقت۔ وقع ۲ بات۔ کام۔ چیز۔

وِلاپ (س۔ مذکر) ۱ رونا چیخنا پیٹنا۔ نوحہ کرنا ۲ شکایت کرنا۔ شکوہ کرنا ۳ رنج وغم کے الفاظ یا باتیں ۴ آہ۔ نالہ۔ واویلا ۵ (لازم) رونا۔ گریہ زاری کرنا۔

وِلاد (ع۔ مذکر) ۱ پیدائش۔ تولد ولادت۔ تناسل۔ جنم (وَلَدَ۔ جننا)، **ولادت** (مونث) بچہ جننا۔ جنم۔ پیدائش۔

وِلاس (س۔ مذکر) کھیل کھیل کود۔ بازی۔ لہو ولعب ۲ تفریح۔ خوشی۔ فرحت ۳ ملاپ ۴ عورت سے اختلاط۔ اخلاص یا بوس و کنار ۵ ناز ونخرہ۔ غمزہ ۶ خوبصورتی۔ حسن۔ **ولاس کرنا**۔ **ولاسنا** (متعدی) اختلاط کرنا۔ بوس و کنار کرنا۔ مزے اڑانا۔ **ولاسنی** (مونث) ۱ عورت ۲ ناز ونخرے کرنے والی عورت ۳ بدچلن عورت رنڈی۔ طوائف۔

وِلا (س۔ مذکر) سارس۔ کلنگ۔ کونج۔ **ولاکا** (مونث) ۱ مادہ سارس۔ کلنگ یا کونج ۲ سارسوں کی قطار جو اڑ رہی ہو ۳ معشوقہ۔ نازنین۔

وِلال (س۔ مذکر) بلی۔

وِلاہک (س۔ مذکر) ۱ بادل۔ ابر ۲ گرج۔ کڑک۔

وِلایَت (ع۔ مونث) ۱ مالک ہونا۔ قابض ہونا۔ حکومت کرنا ۲ ایک بادشاہ کی حکومت یا ملک۔ اقلیم ۳ ایران۔ افغانستان۔ انگلستان ۴ حکومت۔ سلطنت۔ گورنمنٹ ۵ کسی کے کام کی کفالت یا ذمہ داری۔ سرپرستی ۶ خدا تعالےٰ سے تقرب ۷ ولی ہونا ۸ ترکی سلطنت کا صوبہ (وَلی۔ مالک ہونا)، **ولایتاً** (تف) از روئے ولایت۔ ولایت کی حیثیت سے۔ **ولایت پانا** (متعدی) ولایت کا درجہ حاصل کرنا ولی ہونا۔ **ولایت زا** (صفت) ولایت ۵ میں پیدا شدہ۔ **ولایت مآب** (صفت) حضرت علیؓ کی طرف کنایہ ہوتا ہے۔ **ولایتی** (صفت) ۱ ولایت ۵ کا باشندہ پٹھان۔ کابلی۔ مغل۔ ایرانی۔ انگریز۔ فرنگی ۲ پردیسی اجنبی۔ غیر ملک کا ۳ وحشی۔ جنگلی ۴ ناتجربہ کار۔ ناواقف انجان ۵ وہ جو یہاں کی بولی نہ سمجھے ۶ نہایت مضبوط۔ زور آور۔ قوی۔ طاقتور ۷ یورپ کا بنا ہوا یا ساختہ ۸ (مونث) شمشیر۔ تلوار۔ **ولایتی افستنتین** (مونث) ایک درخت جو کشمیر میں ہوتا ہے۔ **ولایتی املی** (مونث) ایک قسم کا پودہ جس کی پھلی پک کر گول ہو جاتی ہے۔ **ولایتی بیج** (مذکر) بیرون ملکوں کے وہ بیج جو یورپ یا امریکہ سے آکر بکتے ہیں۔ **ولایتی بینگن** (مذکر) ایک قسم کا سفید بینگن ۲ ٹماٹر۔ **ولایتی پالک** (مونث) ایک قسم کی بڑے بڑے پتوں والی کھٹی پالک۔ **ولایتی پانی** (مذکر) سوڈا واٹر۔ **ولایتی ڈاک** (مونث) وہ خطوط جو ولایت سے آئیں یا ولایت کو جائیں۔ **ولایتی ساگ** (مذکر) دیکھو ولایتی پالک۔ **ولایتی کپڑا** (مذکر) وہ کپڑا جو یورپ سے بن کر آتا ہے۔ **ولایتی کنگھی** (مونث) ایک درخت جس کا پھل دواؤں میں کام آتا ہے اسے کنگھی بھی کہتے ہیں۔ **ولایتی کیکر** (مذکر) ایک چھوٹی قسم کا کیکر جس کے پھول بہت خوشبودار ہوتے ہیں **ولایتی مال** (مذکر) یورپ کا بنا ہوا سامان۔ **ولایتی مکو** (مذکر) ایک پھل دار انگریزی پودہ۔ اسے کیپ گوزبری کہتے ہیں۔

مقولہ۔ ولایت میں کیا گدھے نہیں ہوتے۔ بے وقوف ہر جگہ ہوتے ہیں۔

وَلَبھ (س۔ صفت) ۱ پیارا۔ عزیز ۲ وہ جس کی خواہش ہو ۳ حلیم۔ سلیم ۴ شریف ۵ اعلےٰ افضل ۶ نگرانی کرنے والا افسر ۷ مالک۔ آقا ۸ علی نمبردار ۹ گھوڑا جس پر مسعود داغ ہوں۔ **ولبھا** (مونث) ۱ معشوقہ۔ پیاری ۲ آشنا ۳ بیوی۔

ولَنج (س۔ صفت) بے حیا۔ بے شرم بے غیرت۔

وَلَد (ع۔ مذکر) بیٹا۔ لڑکا۔ پسر فرزند۔ پوت (وَلَدَ۔ جننا) **ولد الحرام یا الزنا**

(صفت) ولدالزنا ۔ حرامی ۔ جو اپنی ماں کے خاوند کے نطفے سے نہ ہو ۔ جس کی ماں بغیر شادی ہوئے بچہ جنے ۔ ولدالحلال (مذکر) شادی شدہ عورت کا بچہ جو اس کے خاوند کے نطفے سے ہو ۔

وَلدِیّت (ع ۔ مونث) باپ کا نام خاندان ۔ گھرانا ۔

وُلَر (ہند) کشمیر میں ایک جھیل ۔

وِلسن (س ۔ مذکر) ۱ چمکنا ۔ روشن ہونا ۔ دمکنا ۲ کھیلنا ۳ اختلاط کرنا ۴ کھیل ۔ تماشا ۔ خوشی ۔

وِلنسا (ھ ۔ لازم) دیکھو بلبنسا ۔

وِلکش (س ۔ صفت) ۱ عام سے مختلف ۲ عجیب ۳ حیران ۴ شرمندہ ۔ **وِلکشن** (صفت) ۱ مختلف خواص یا نشانیوں والا ۲ مختلف ۔ جدا ۳ عجیب ۴ نفیس ۵ (مذکر) حالت جس کی کوئی وجہ نہ دی جا سکے ۶ دیکھنے یا محسوس کرنے کا فعل ۔

وِلکن (لا ۔ عس) آگ کا دیوتا ۔

وِلگ (ھ ۔ مونث) جدا ۔ الگ ۔ دیکھو بلگ ۔

وِلگا (س ۔ مونث) باگ ۔ لگام ۔ دہانہ ۔

وِلَمب (س ۔ مذکر) ۱ لٹکنا ۲ گرنا ۳ منحصر ہونا ۴ دیر ۔

وِلمبانا (ھ ۔ متعدی) دیکھو بلمانا ۔ ولمبنا (لازم) دیکھو بلمبنا ۔

وِلمبھ (س ۔ مذکر) ۱ دینا ۔ عطا کرنا ۲ تحفہ ۔ عطیہ ۳ خیرات ۔ فیاضی ۔

وَلمِیک ۔ **وَلمیک** (س ۔ مذکر) ۱ وہ مٹی جو دیمک یا چھچھوندر نکالتی ہے ۔ دیمک کا ٹیلہ ۲ دیمک ۳ والمیکی ۔

وَلَندیز (ع ۔ مذکر) ہالینڈ کا باشندہ ۔ **ولندیزی** (صفت) ہالینڈ کے متعلق ۔ **ولندیزی** گفتگو (مونث) ڈینگ کی باتیں ۔ **ولندیزی لقمے** چلتے ہیں ۔ لاابالی باتیں کرتے ہیں ۔

وِلو (س ۔ مذکر) بیل کا درخت ۔

وَلوہ (س ۔ مذکر) ۱ کشش ۔ محبت ۲ لالچ ۔ حرص ۳ اغوا ۔ پھسلاوا ۔

وِلوڈن (س ۔ مذکر) ۱ ہلانا ۲ چکر دینا ۔ پھیرنا ۳ بلونا ۴ لڑھکانا ۵ ہوا میں اچھالنا ۔

وِلوڑنا (ھ ۔ متعدی) دیکھو بلوڑنا ۔

وِلوکن (س ۔ مذکر) دیکھنے کا فعل ۔ بلوکن ۔ **ولوکنا** (متعدی) بلوکنا ۔ **وَلوکَنِیہ** (صفت) ۱ دیکھنے کے قابل ۔ قابل دید ۲ خوشگوار ۔ خوبصورت حسین ۔

دَلولاٹ (ھ ۔ مونث) چیخنا ۔ چلانا رونا ۔

وَلولانا (ھ ۔ متعدی) ۱ رونا ۔ چیخنا ۔ چلانا ۲ اونٹ کی طرح بلبلانا ۔

وَلوَلہ (ع ۔ مذکر) ۱ چیخنا ۔ شور غل ۔ غوغا ۔ ہنگامہ ۲ جوش و خروش ۔ جوش عشق امنگ ۔ شوق (وَلوَال ۔ چیخنا) **ولولہ آنا** (لازم) جوش آنا ۔ **ولولہ اُٹھنا** (لازم) جوش پیدا ہونا ۔ **ولولہ انگیز** (صفت) جوش پیدا کرنے والا ۔ **ولولہ تُفَنگ** (مذکر) بندوق کی آواز ۔ **ولولۂ کوس و نفیر** (مذکر) طبل اور نفیری کا شور ۔

وِلوم (س ۔ صفت) ۱ معمول سے بڑھ کر ۔ غیر معمولی ۲ غلط رستے پر ۔ الٹا ۔ مڑا ہوا ۳ مخالف ۔ برخلاف ۔

وِلوونا (ھ ۔ متعدی) ولوڑنا یا بلوڑنا ۔

وَلی (ع ۔ مذکر) ۱ مالک ۔ آقا ۔ صاحب سردار ۲ سرپرست ۔ محافظ ۔ مربی ۳ دوست ۔ یار ۴ خدا کا مقرب ۔ محبوب خدا ۔ خدا کا خاص بندہ ۔ ولی کا درجہ نبی سے کم ہوتا ہے ۵ عابد ۔ زاہد ۔ پارسا ۔ عارف ۔ صابر ۔ شاکر ۶ (صفت) منصرف ۔ قابض ۷ مددگار ۔ امدادی ۔ حمایتی (وَلیٰ ۔ مالک ہونا) **ولی آدمی** (مذکر) کسی کو بیوقوف کہنے کی بجائے یہ کہہ دیتے ہیں ۔ **ولی اصلی** (مذکر) قدرتی سرپرست **ولیُ اللہ** (مذکر) ۱ خدا کا دوست ۔ خدا رسیدہ ۔ مقرب خدا ۲ عابد ۔ زاہد ۔ پارسا ۔ **ولیعہد** (مذکر) ۱ حاکم وقت ۲ بادشاہ کا جانشین (بنتا بنانا کرنا ہونا کے ساتھ) **ولیعہدی** (مونث) ولیعہد ہونے کی حالت ۔ **ولی فنگر یا کھنگر** (مذکر) ۱ حمایتی ۔ مددگار مربی ۔ سرپرست ۔ بزرگ ۲ بناوٹی فقیر ۔ **ولی نعمت** (مذکر) پرورش کرنے والا ۔ خداوند نعمت ۔ آقا ۔ مالک **وَلِیّہ** (مونث) ولی عورت ۔

امثال و اقوال ۔ ولی را ولی می شناسد ۔ آدمی اپنے قسم کے آدمی کو پہچان لیتا ہے ۔ نیک نیک کو بد، بد کو ۔ **ولی سب کا اللہ ہم کو رکھوالے ہیں** ۔ کنجوس کے متعلق کہتے ہیں ۔ **ولی کا بیٹا شیطان** ۔ لائق کی اولاد نالائق ۔ نیک کے گھر بد ۔ **ولی کو ولی (ہی) پہچانتا ہے** ۔ دیکھو ولی را الخ **ولی کے گھر شیطان** ۔ دیکھو ولی کا الخ ۔ **ولی نے کیا کام شیطان کا** ۔ شریف نے بدمعاشوں کی سی حرکت کی ۔ **ولی ہو کر شیطان کا کام** ۔ شریف ہو کر رذیلوں کی سی حرکتیں کرنا ۔

وِلے (س ۔ مذکر) ۱ گھل جانا ۔ پانی ہو جانا ۲ تباہی ۔ موت ۳ پرلے ۔ **وِلَین** (مذکر) ۱ گھلنے کا فعل ۲ گھُلنا ۳ زنگ لگ جانا ۴ مٹانا ۔ ہٹانا ۵ تباہی ۔ برباد ۶ رقت ۔ پتلا پن ۔

وَلِیمہ (ف ۔ مذکر) نکاح کے بعد کی دعوت جو دولھا کی طرف سے دی جاتی ہے ۔ بیاہ کی دعوت ۔

وَم (ھ ۔ مذکر) دیکھو بم ۔

وماتا ۔ **وماتری** (س ۔ مونث) سوتیلی ماں ۔

وِمارگ (س ۔ مذکر) ۱ پگ ڈنڈی ۲ خراب رستہ ۔ غلط رستہ (حقیقتاً و تشبیہاً) ۳ بدچلنی ۴ جھاڑو ۔

وماناری ، ایک ہندو فرقہ کا بانی ۔

وِمب (س ۔ مذکر) دیکھو بمب ۔

وَمَن (س ۔ مذکر) قے کرنے کا فعل ۔

وَمنی (س ۔ مونث) جونک ۔

وِموہ (س ۔ مذکر) ۱ حیرانی ۔ پریشانی ۲ دلفریبی ۔ شیفتگی ۔ مفتونی ۔

وَمی (س ۔ مونث) ۱ قے کرنا ۲ قے ۔ استفراغ ۳ (مذکر) اگنی کا ایک نام ۴ بدمعاش ۔ دغاباز ۵ (صفت) قے کرنے والا ۔

وَن (س ۔ مذکر) ۱ جنگل ۔ بن ۲ پانی ۳ چشمہ ۔ سوتا ۴ آبشار ۵ رہنے کی جگہ ۔ مکان محاورات کے لیے دیکھو بن ۔ **ونی** (مونث) چھوٹا جنگل ۔ **وَنیہ** (صفت) ۱ جنگل کا ۔ جنگل کے متعلق ۲ جنگل میں اُگنے والا ۳ جنگلی ۔ صحرائی ۔ وحشی ۔

وِناش (س ۔ مذکر) ۱ غائب ہو جانا ۔ گمشدگی ۲ تباہی ۔ بربادی ۔ **ویناشنا** (متعدی) تباہ کرنا ۔ برباد کرنا ۔ بناسنا ۔

وِنایک (س۔ مذکر) ۱ گنیش جی ۲ رکاوٹیں کو ہٹانے والا۔ مشکلات کو دور کرنے والا ۳

وَنت (س۔ کلمہ) اسما کے ساتھ مل کے صفات بناتا ہے۔ جیسے دھنونت۔

وَنتا (س۔ کلمہ۔ مذکر) ونتی (مونث) اسما کے ساتھ مل کر صفات بناتے ہیں۔

وَنِتا (س۔ مونث) ۱ معشوقہ ۲ بیوی ۳ آشنا عورت ۴ عورت۔

وَنِتی (س۔ مونث) دیکھو بنتی۔

وَنٹ (س۔ مذکر) ۱ حصہ۔ بخرہ بانٹ ۲ درانتی کا دستہ۔

وَند (ف۔ کلمہ) اسما کے آخر میں آکر اسمائے منساف بناتا ہے۔ جیسے خداوند۔

وِند (ھ) **وِندُ** (س۔ مذکر) ۱ قطرہ ۲ نقطہ ۳ داغ۔ دھبہ ۴ صفر ۵ دانت یا کانٹے کا نشان ۶ ہاتھی کے ماتھے یا سونڈ پر رنگ کا نشان ۷ ابروؤں کے درمیان خالی جگہ۔

وِندھی (س۔ مذکر) **وِندھیا** (ھ) ۱ ایک پہاڑ جو ہندوستان کے وسط میں ہے اور مشرقی اور مغربی گھاٹوں کے شمالی کونوں کو ملاتا ہے یہ ہندوؤں کی مقدس زمین کی جنوبی حد تھا۔ جو آریہ ورت کہلاتا تھا ۲ شکاری ۳ (ھ۔ مونث) ایک پودہ۔ چھوٹی الائچی۔ **وندھیا پربت** (مذکر) دیکھو وندھیا ۱ - ۲ **وندھیا چکر** (مذکر) وندھیاچل میں ایک تیرتھ۔ **وندھیاچل** (مذکر) دیکھو وندھیا ۱ **وندھیاولی** (مونث) اسُربلی کی استری۔

وَنڈ (س۔ صفت) ۱ لنگڑا۔ لولا ۔ اپاہج ۲ ناقص ۳ بے دم ۴ کمزور۔ دُبلا۔ لاغر ۵ جس کے ہاتھ کاٹے گئے ہوں ۶ جس کا ختنہ کیا گیا ہو۔

وَنڈا (س۔ مونث) بدچلن۔ فاحشہ۔

وَنس (ھ۔ مذکر) دیکھو بنس اور ونش

وَنسپتی (س۔ مذکر) ۱ جنگل کا راجہ ۲ بڑا درخت۔ درخت ۳ سادھو۔ جوگی۔

ونسا (ھ۔ لازم) دیکھو بنسا۔

وَنش (س۔ مذکر) ۱ بانس ۲ بانس کی لاٹھی ۳ بانسری۔ نالی ۴ ریڑھ کی ہڈی ۵ شجرہ نسب ۶ نسل۔ قوم ۷ بچہ۔ اولاد ۸ مجمع۔ جماعت گروہ۔ مرکبات کے لئے دیکھو بنس۔ **ونشی** (صفت) ۱ خاندان کے متعلق ۲ (مونث) بانسری۔

وَنشانا (ھ۔ متعدی) ۱ تنزل کا موجب ہونا ۲ تلف کرنا۔ تباہ ہونا۔

وِنشتی (س۔ عدد) بیس۔

وِنشٹ (س۔ مونث) ۱ صنعت نقصان ۲ گمشدگی ۳ تباہی۔ بربادی۔

وَنشک (س۔ مذکر) ۱ بانس کا جوڑ ۲ ایک قسم کی مچھلی۔

وَنشِک (س۔ صفت) ۱ بانس کا یا اس کے متعلق ۲ خاندان کا۔ خاندانی ۳ نسلی۔ نسبی ۵ (مذکر) ایلوا۔ مصبر۔ **ونشکا** (مونث) ایلوا۔ مصبر۔

وِنشن (س۔ مذکر) ۱ نقصان۔ گھاٹا ۲ صرفا ۳ تباہ ہونا ۴ تباہی۔ بربادی ۵ وہ جگہ جہاں دریائے سرسوتی ریت میں غائب ہو جاتی ہے۔

وِنشنا (ھ۔ لازم) دیکھو بنسنا۔

وَنکا (س۔ مونث) قربوس۔ کوہۂ زین۔

وَنکی (س۔ مونث) ایک قسم کا خمدار چاقو۔ بچھوا۔

وَنگلی (ھ۔ مونث) چوڑی۔

وَنمی (س۔ مذکر) ۱ بدلہ۔ تبادلہ ۲ بدل دینا ۳ قصاص۔ بدلہ ۴ الفاظ کو بدل دینا ۵ ضمانت۔

وِنود (س۔ مذکر) ہٹانا۔ نکال دینا۔ موقوف کر دینا۔ دیکھو بنود۔

وِنَی (س۔ مذکر) ۱ رستہ دکھانا۔ رہنمائی ۲ سکھلانا۔ تربیت۔ تعلیم۔ ادب ۳ تہذیب۔ شستگی ۴ سلیقہ۔ شائستگی ۵ خلق۔ اخلاق۔ ملنساری ۶ نرمی حلم۔ انکسار ۷ تعظیم۔ عزت۔

وَنیا (س۔ مونث) ۱ بڑا جنگل ۲ بہت سے درختوں کے جھنڈ جو قریب قریب ہوں ۳ پانی کی افراط۔ طوفان۔ سیلاب ۴ ایک پودہ۔

وِنیاس (س۔ مذکر) ۱ رکھنا۔ دھرنا ۲ امانت رکھنا ۳ انتظام۔ ترتیب ۴ امانت ۵ کوئی چیز جس میں یا کوئی جگہ جہاں پر کوئی چیز رکھی جائے ۶ جمع کرنا ۷ مجمع۔ بھیڑ۔

وِنپاک (س۔ مذکر) ایک درخت

وَنیڈیَم (انگ۔ مذکر) ایک عنصر دھات جو فولاد کی تیاری میں استعمال ہوتی ہے۔

وِوَرہ ۔ ضمیر) وہ (مت) **وِوَہی** (تف) دیکھو وہی (مت)

وِواد (س) دیکھو بباد وغیرہ۔

وِواس (س۔ مذکر) دیس نکالا۔ جلا وطنی۔ **وِواسن** (مذکر) ۱ نکال دینے کا فعل ۲ دیس نکالا۔ جلاوطنی۔

وِواک (س۔ مذکر) وہ جو فیصلہ کرے۔ منصف۔ جج۔ **وِواکی** (مونث) مقدمے کی تکمیل۔ فیصلہ۔

وِواہ (س۔ مذکر) بیوی گھر میں لانا۔ شادی۔ دیکھو بیاہ۔

ووٹ (انگ۔ مذکر) ۱ رائے۔ وہ رائے جو کسی کے انتخاب کے لئے دی جائے۔ ۲ رائے یا نامزدگی کی پرچی۔ وہ پرچی جس پر اس شخص کا نام لکھا جائے جس کو رائے دہندہ منتخب کرنا چاہتا ہے۔ **ووٹ پڑنا** (لازم) **ڈالنا** (متعدی) نامزدگی کے پرچوں پر نام لکھ کر یا لکیر ڈال کر ڈالنا۔ **ووٹر** (صفت) ووٹ دینے والا۔ **ووٹ لڑنا** (لازم) ووٹوں کا مقابلہ ہونا۔

ووٹ (ھ۔ مذکر) نوکر۔ غلام۔ **ووٹا** (مونث) ملازمہ۔ خادمہ۔ لونڈی۔ باندی۔

وِوِدھ (س۔ صفت) ۱ مختلف اقسام کا۔ قسم قسم کا ۲ کئی۔ بہت۔

ووڈھا (س۔ مذکر) ۱ وہ جو بوجھ اٹھائے یا کھینچے ۲ مزدور۔ قلی ۳ راہنما ۴ امیر۔ سردار ۵ رتھبان ۶ لدو گھوڑا ۷ بیل ۸ دولھا۔

وِوَر (س۔ مذکر) ۱ پھیلنا۔ کھلنا چوڑا ہونا۔ پھیلاؤ۔ وسعت ۲ جدائی۔ تفرقہ ۳ دراڑ۔ غار۔ سوراخ۔ بھٹ ۴ وقفہ۔ فاصلہ ۵ نقص ۶ کمزور جگہ۔ کمزوری ۷ زخم ۸ عدد نو۔

وِوَستر (س۔ صفت) ننگا۔

وِوَش (س۔ صفت) ۱ نہ رکا ہوا۔ جو قابو میں نہ ہو ۲ خود مختار مطلق العنان ۳ مطیع۔ تابع۔ جس کی اپنی مرضی نہ رہ گئی ہو ۴ اپاہج ۵ بے بس ۶ جسے موت کا ڈر ہو ۷ موت کا خواہشمند۔ وہ جس کی

روح دنیاوی خواہشات اور خوف سے آزاد ہوگئی ہے - جو موت کے وقت مطمئن ہو۔

وِوَکشا (س - مونث) ۱ بولنے کی خواہش ۲ خواہش - آرزو - ارادہ ۳ مطلب - معنی ۴ سات - اظہار ۵ سوال -

وِوں - وُوں (ہ - تف) اس طرح - ایسے (مت) **ووں کا ووںہی** (تف) ہو بہو کاتوں - ایسا ہی (مت) **ووںہی - ووںہیں** (تف) کا ہیں - فوراً - اسی وقت (مت)

وِوہت (ھ) **وِوہتھ** (س - مذکر) جہاز - کشتی -

وِوئی (اُردو - کلمہ تعجب) اوہی - واہ (ع)

وِوِیچن (مذکر) **وِوِیچنا** (س - مونث) ۱ جھوٹ کو سچ سے تمیز کرنے کا فعل ۲ تفریق کرنا ۳ تفتیش - دریافت - بحث ۴ فیصلہ -

وِوِیک (مذکر) **وِوِیکتا** (س - مونث) ۱ چیزوں میں ان کی خصوصیتوں کے بموجب تفریق یا تمیز کرنے کی قوت ۲ تفریق - تمیز - فرق - امتیاز ۳ علم حقیقی ۴ عقل - سمجھ ۵ دریافت - تفتیش ۶ دنیا سے نفرت -

وَہ (ف - کلمہ تحسین) ۱ واہ - شاباش ۲ کلمہ افسوس ۳ کلمہ نفرت -

وُہ (ہ - ضمیر غائب) ۱ مفصلہ ذیل باتوں کے لئے استعمال ہوتا ہے - واحد اور جمع دونوں کے لئے ۲ پوشیدہ بات کی طرف اشارہ کرنے کے لئے ۳ کسی ایسے واقعہ کے لئے جس سے مخاطب ناواقف ہو ۴ درجہ یا مرتبہ ظاہر کرنے کے لئے ۵ شہر کی طرف اشارہ کرنے کے لئے ۶ کثرت ظاہر کرنے کے لئے - اس قدر - اتنا ۷ متوجہ کرنے کے لئے ۸ زاید بھی استعمال ہوتا ہے ۹ ایسا - اس قسم کا ۱۰ پہلا سا - پہلی یا سابقہ حالت کا - **وہ آپ ہی اپنی نظیر ہے** - کوئی دوسرا ویسا نہیں - **وہ آنکھ نہیں - وہ آنکھیں نہیں رہیں** - وہ پہلی سی محبت مروت انداز یا تیور نہیں ہیں - **وہ آتا ہے** - کسی کی آمد پر توجہ دلانے کے لئے - **وہ آئی ہنسی** - بچوں کو ہنسانے کے واسطے کہتے ہیں - **وہ اپنی خوشی کا ہے** - کسی کا کہنا نہیں مانتا - **وہ اپنے دم سے اچھا ہے** - وہ خود بہت اچھا آدمی ہے -

وہ اور یہ کام - نہ ہو سکے گا - نہیں کرے گا - نہیں کیا - **وہ بات** (مونث) ۱ ایسا کام ۲ وہ عزت - وہ خاطرداری - وہ انداز ۳ ایسا مرتبہ یا رتبہ ۴ (ع) مجامعت - **وہ بات حاصل ہونا** (لازم) وہ مرتبہ ہونا - **وہ بات کرنا** (متعدی) ایسا کام کرنا **وہ بات کسی کو کاہے کو نصیب نہیں** - یہ قدر و منزلت کسی کی نہیں ہوئی - یہ خوبی کسی میں نہیں - **وہ بات کوسوں گئی** - موقع نکل گیا یا جاتا رہا - **وہ بات گئی** - وہ بات - موقع - رسوخ - عزت یا خاطرداری جاتی رہی - **وہ بات کہتے ہو کہ گدھوں کو بھی ہنسی آئے** - بہت بیوقوفی کی بات کہتے ہو - **وہ بوستان** (ولایت) گئی - موقع ہاتھ سے جاتا رہا - **وہ بھی دن ہو** - دعائیہ فقرہ ہے - ایسا زمانہ بھی آئے جو اپنی مراد حاصل ہو - **وہ بھی دن ہو گا** - ارمان کا فقرہ ہے - ایسا وقت بھی آئے گا جو ہماری مراد حاصل ہو گی - **وہ بھی کچھ ایسا تو نہ تھا** ۱ وہ بھی مضبوط یا حوصلے والا تھا ۲ وہ ایسا برا نہ تھا - **وہ بھی گھڑی ہو** - دیکھو وہ بھی دن - وہ بھی نہ ہوا - وہ مقصد بھی حاصل نہ ہوا - **وہ پانی ملتان رہ گیا** - اب موقع جاتا رہا - وہ بات گئی گزری ہو گئی - **وہ تو بڑے ہی بھلے مانس ہیں** - بڑے ہی نٹ کھٹ ہیں - **وہ تو بہتا دریا تھا** - وہ بڑا ہی فیاض تھا - **وہ تو کہیئے غنیمت یہ ہے** - **وہ تو وہ** - وہ تو کہیں رہا - اس کا بڑا ترسہ ہے - **وہ تو ہوا ہے** - ہیبتناک ہے - **وہ جانے اس کا کام** - ہم اس کے کام میں دخل نہیں دیتے جو چاہے کرے - **وہ جو** (تف) جو کچھ - جو شخص - **وہ جو کہا ہے** - کوئی مقولہ یا مثل کہتے یا نقل کرتے ہیں تو کہتے ہیں - **وہ چال چلتے ہو** - وہ رفتار ہے - وہ چلن ہے - **وہ دفتر گاؤ خورد ہو گیا** - کسی امر کے قائم نہ رہنے کے متعلق کہتے ہیں - **وہ دل نہیں رہا** - وہ حوصلہ نہیں رہا - وہ جوش نہیں رہا - **وہ دل و دماغ کہاں** - وہ طبیعت کی امنگ نہیں - **وہ دن** (مذکر) ۱ وہ وقت - وہ زمانہ ۲ برا وقت - برا زمانہ ۳ اچھا وقت یا زمانہ - خوشی کا زمانہ - **وہ دن اور آج کا دن** - اس دن سے آج تک - **وہ دن بھی آئے گا** - ایسا وقت بھی ہوگا کبھی کے بعد - **وہ دن بھی غنیمت تھے** - وہ زمانہ اچھا تھا - **وہ دن کہاں** - وہ وقت میسر نہیں - **وہ دن گیا تھے** - کیا اچھا زمانہ تھا - **وہ دن (گزر) گئے** - وہ زمانہ گیا گزرا ہوا - **وہ دن نہیں رہے** - وہ وقت نہیں رہا - **وہ دن ہوا ہو گئے** - اب اقبال کے دن نہیں رہے - دبار کا زمانہ آگیا - **وہ دن یاد کرو** - اپنی پچھلی حالت یاد کرو - اس زمانے کا خیال کرو - **وہ ڈربا ہی چل گیا** - وہاں سے اب کسی بات کی امید نہیں - **وہ رے وہ** - یہ کیا ہو گیا تعجب کے طور پر کہتے ہیں - **وہ زمانہ کہاں گیا** - گذرے ہوئے زمانے کا ذکر افسوس اور حسرت کے ساتھ کرتے ہوئے کہتے ہیں - **وہ زمانہ گزر گیا** - وہ وقت جاتا رہا **وہ سمے ہی نہیں رہے** - اس قسم کا زمانہ اب نہیں ہوتا - **وہ شراب پانی کی طرح پیتا ہے** - وہ سخت شرابی ہے **وہ شیطان سے زیادہ مشہور ہے** - وہ بہت مشہور آدمی ہے - خصوصیت سے بری باتوں کے لئے - **وہ طبیعت نہیں رہی** - وہ حوصلہ - جوش یا امنگ نہیں رہی - **وہ قصہ ہی گاؤ خورد ہو گیا** - وہ جھگڑا ہی مٹ گیا - **وہ کاٹا** ۱ پتنگ کاٹنے پر بآواز بلند کہتے ہیں - پنجابیوں نے بوکاٹا بنا لیا ہے ۲ کامیابی اور فتح کے موقع پر دہ مارا کی بجائے **وہ کام** (ع) مجامعت - **وہ کام کرتے ہو** - ایسا کام کرتے ہو - **وہ کچھ** (صفت) بہت - بے حد - **وہ کچھ سنائیں** - بہت برا بھلا کہا - **وہ کچھ مال نہیں** - اس کی کچھ حقیقت نہیں - **وہ کچھ** (شیر) ماہر تو نہیں جو کھا جائے گا - (دہ) اس کے پاس جانے سے کیوں ڈرتے ہو - **وہ کر چکا** - وہ نہیں کرنے کا - **وہ کس شمار و قطار میں ہے** - کم درجہ کا ہے - بے وقعت ہے - **وہ کردوں سے گر پڑھا ہے** - دہ تو جنت دخرانہ میں کچھ بھی نہیں - **وہ کون دن تھے** - وہ کیا اچھا زمانہ تھا - **وہ کیا چیز ہے** ۱ اس کا کیا ڈر ہے ۲ وہ کس طرح کی شے ہے - **وہ کیا کسی کا خدا ہے** - وہ معمولی آدمی ہے ہم اس کی پرواہ نہیں کرتے کوئی ان سے نہیں ڈرتا - **وہ کیا کہنے لگے** - انہوں نے کہا - **وہ کیا کہیں گے** - کسی کے برخلاف کوئی بات کرنے لگیں تو کہتے ہیں کہ انہیں معلوم ہو گا تو وہ برا مانیں گے - **وہ کیا ہوتا ہے** - وہ کیا خوفناک شے ہے - **وہ کیجئے** - وہ کام کرو - **وہ نگاہ نہیں** - اس نگاہ لطف سے اب نہیں دیکھتے - **وہ وقت گیا** - وہ زمانہ گزر گیا - **وہ وہ** (تف) ایسے ایسے منتخب **وہ** (وہ ہیں) وہی - ان کا آپ سے کوئی مقابلہ نہیں (آپ آپ ہیں کے ساتھ) - **وہ ہمیں ہیں** - یہ ہمارا ہی حوصلہ یا تجربہ ہے - **وہ ہی** (تف) وہی (دیکھئے) **امثال و اقوال** - **وہ بلی پوچ کے**

چلتے ہیں - ذہنی آدمی کے متعلق کہتے ہیں - ہندوؤں کا خیال ہے کہ بلی میں برہمن کی روح ہوتی ہے - وہ بھلا مانس کیسا جس کے پاس نہیں پیسا - روپے سے انسان شریف بن جاتا ہے - وہ بھی ایسے گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ - جاتے ہوئے نظر نہ آئے - بہت جلد گئے - ہندوؤں کا اعتقاد ہے کہ پہلے گدھے کے سر پر سینگ اور گھوڑوں کے پر ہوا کرتے تھے - وہ بھس بیچ چھائی دونوں مل خاک اڑائی - دونوں نالائقوں نے مل کر کام خراب کیا - وہ دن ڈوبا کہ گھوڑی چڑھا کبا - یہ بات نہیں ہونے کی - یہ ناممکن بات ہے - یہ پنجابی مثل ہے - وہ دن گئے جو کھینس بکوڑے مکتی تھی - اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جس نے فضول خرچی چھوڑ دی ہو - وہ دن گئے رجو کہ خلیل خاں فاختہ اڑایا (مارا) کرتے تھے - اقبال کا زمانہ گزر گیا - وہ ذرہ ہی جالا دیا - اس کی بنیاد کو تباہ کر دیا - وہ ڈوبیں منجدھار جن پر بھاری بوجھ - گنہ گاروں کا ستیاناس ہوگا وہ راجہ مرتا بھلا جس میں نیاؤ نہ ہو - مری بھلی وہ سندری لاج نہ راکھے جو - بے انصاف راجہ اور بے شرم بیوی کا مرنا ہی اچھا ہے - وہ راہ تمہاری ہے تو یہ راہ ہماری - بے پروائی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں - وہ ڈھل ہی گئے (وہ ملی ہی جاتی رہی) بس میں تل بندھتے تھے - اب وہ چیز ہی نہیں جس کی وجہ سے لوگ متوجہ ہوتے تھے یعنی حسن جاتا رہا - وہ کون سی نہری جو ہم سے چھپری (رہ) ہم سے کون سی بات چھپی ہوئی ہے - وہ کون سی کشش ہے جس میں تنکا نہیں - ہر چیز میں کوئی نہ کوئی نقص ہوتا ہے - وہ کیا میری خالہ کی خل بچی ہے وہ اطفیرا کہتے ہیں - میرا اس کا کوئی رشتہ نہیں - وہ امیا گر کیسا جو مانگے پیسا - ہنرمند کو اپنا کام دوسروں سے نہ کرانا چاہئے - دولتمندی میں مفلسوں کے سے کام کرنا وہ گڑ نہیں جو چیونٹیاں یا چیونٹے کھائیں (مکھی بیٹھے) - تم مجھے دھوکا نہیں دے سکتے - وہ مانس سکھ پاوے - سیکھ بڑوں کی جو چتے لاوے - جو بڑوں کی نصیحت مانے وہ ہمیشہ خوش رہے گا - وہ مر گئے ہمیں مرنا ہے سب نے مرنا ہے - وہ منڈھی ہی جاتی رہی جہاں اذیت رہتے تھے - وہ دن نہیں رہے جن سے فائدہ اٹھاتے تھے وہ دن بھی گئے دن دن روے - بھاگا پرکھ نکھٹو

ہووے - جس عورت کا خاوند نکھٹو ہو وہ ہمیشہ تکلیف میں رہتی ہے - وہ نہیں تو اس کا بھائی - ایک نہیں تو دوسرا ہی -

وَہّاب (ع - صفت) ۱ بہت بخشنے والا مبالغے کا صیغہ ہے ۲ خدا تعالیٰ کا ایک نام (وَہْب - دینا) **وہابی** (صفت) ۱ مولوی عبدالوہاب کا پیرو ۲ ایک فرقہ جو صرف قرآن کا معتقد ہے - حدیثوں کو نہیں مانتا -

وَہّاج (ع - صفت) بہت چمکتا ہوا (وَہَج - چمکنا)

وِہار (س - مذکر) ۱ سیر یا تفریح کے لئے چلنا - ہوا کھانا - سیر کرنا - تفریح - پھرنا ۲ کھیل - تماشا - بہار ۳ بدھوں یا جینیوں کا مندر ۴ محل ۵ شانہ - مونڈھا ۶ ایک ملک - بہار - **وہار کرنا** (متعدی) بہار کرنا - **وہاری** (صفت) ۱ سیر کرنے والا - مزے اڑانے والا ۲ کھیلنے والا - کھلاڑی ۳ خوبصورت - دیکھو بہاری -

وَہاں (ہ - اشارہ بعید) اس جگہ - اس مقام پر - ادھر - اس طرف - ان کے ہاں (س وہ - دہ - ستھان - جگہ) - **وہاں تک** (تف) اس جگہ تک - **وہاں سے** (تف) اس جگہ سے - ادھر سے - **وہاں کا** (صفت) ۱ اس جگہ کا ۲ وہاں کا بنا ہوا - **وہاں کا وہاں** (تف) وہیں - اسی جگہ - وہاں گئے کو - وہاں گئے ہوئے - **وہاں ہونا** (لازم) اس اس جگہ ہونا - **وہاں ہی** (تف) اسی جگہ - وہیں -

امثال و اقوال - **وہاں اس کے گھر بسنت ہے - یہاں میرے گھر بسنت** ہے میں اس کے گھر جانا نہیں چاہتا - **وہاں تک گدگدا** جہاں تک دوسرا رو نہ دے - اتنا مذاق ہونا چاہئے جس سے دوسرا تنگ نہ آ جائے - **وہاں تک ہنسے جو نہ روئیے** - حد سے زیادہ نہ ہنسنا چاہئے - **وہاں فرشتوں کے بھی پر جلتے ہیں** - اس جگہ کوئی بھی نہیں جا سکتا - ان کا اتنا رعب ہے کہ وہاں جانے کی کوئی جرأت نہیں کر سکتا - **وہاں گردن ماریئے جہاں پانی نہ ملے** (جو) نہایت سخت اور سنگین سزا دینی چاہئے -

وہانا (ہ - متعدی) دیکھو بہانا -

وِہائس (س - مذکر) ۱ ہوا - کرہ ہوا ۲ خلا آسمان ۳ پرندہ -

وَہب (ع - مذکر) ۱ دینا بخشش عطا - سخاوت ۲ معاف کرنا (وَہَب - دینا) **وہبی** (صفت) ۱ خدا کا دیا ہوا یا عطا کیا ہوا ۲ بخشا ہوا - عطا کیا ہوا - دیا ہوا -

وَہت - وہتو (س - مذکر) ۱ بیل ۲ مسافر -

وِہَرن (س - مذکر) ۱ لینے یا ہٹانے کا فعل ۲ سیر یا تفریح کے لئے جانا ۳ کھیل - تماشا - تفریح -

وِہَرنا (ہ - لازم) ۱ خوش ہونا - مزے اڑانا ۲ (متعدی) خوش کرنا -

وَہِس (س - تف) ۱ باہر - اس طرف ۲ بغیر ۳ علیحدہ - جدا - الگ ۴ باہر کا - باہر کی طرف ۵ بدیشی - غیر ملک کا -

وِہسکی (انگ - مونث) ایک قسم کی شراب جو زیادہ تر سکاٹ لینڈ میں بنتی ہے -

وِہَسنا (ہ - لازم) ہنسنا - مسکرانا -

وَہَگ (س - مذکر) ۱ پرندہ ۲ بادل ۳ تیر ۴ سورج ۵ چاند ۶ سیارہ -

وَہلارہ - مذکر) ۱ حملہ - ہلہ - دھاوا - تاخت - یورش ۲ نوبت - باری - دفعہ (س وہ - لے جانا)

وَہم (ع - مذکر) ۱ احتمال - گمان - شک - وسواس ۲ سوچنا - خیال کرنا (خصوصیت سے غلط باتیں) ۳ ڈر - خوف ۴ دماغ کی وہ قوت جو فاسد خیال پیدا کرتی ہے - غلط باتوں کا خیال (وَہَم - سوچنا) **وہم بندھنا** (لازم) وسواس ہونا - دل میں غلط خیال پیدا ہونا - **وہم کا پتلا** (مذکر) وہ جو سرتاپا وہم میں مبتلا ہو - **وہم کا پہاڑ پکانا** (متعدی) خیالات باطل پیش نظر رکھنا - **وہم کرنا یا لانا** (متعدی) وسواس کرنا - غلط بات سوچنا - **وہمناک** (صفت) ۱ وہ جسے وہم ہو ۲ خوفناک - **وہمی** (صفت) ۱ وہ (بات) جو خیال سے منسوب ہو ۲ وہ جسے وہم ہو - وسواسی - بھرمی ۳ خیالی - قیاسی ۴ موہوم - **وہمی بات** (مونث) موہوم بات - وہ بات جس کی کوئی اصلیت نہ ہو - **وہمیّہ** (صفت) خیالی - قیاسی -

امثال - **وہم کی دارو ہی نہیں** وہم کی دوا لقمان کے پاس بھی نہیں - وہم کا کوئی علاج نہیں - وہم کے دور کرنے کی کوئی تدبیر نہیں

وہم کی دارو موت۔ وہم مرنے پر ہی جاتا ہے۔

وَہَن (س۔ مذکر) ۱ لے جانے کا فعل ۲ بہنا ۳ لیجانے کا کوئی آلہ ۴ کشتی۔ جہاز۔

وَہَنت (س۔ مذکر) ہوا۔

وِہَنگ۔ وِہَنگم (ہ۔ صفت) ۱ آسمان کی طرف جانے والا۔ اڑنے والا۔ تیز جانے والا ۲ پرند۔

وِہَنگا۔ وِہَنگما (س۔ مونث) بھنگی۔

وَہنی (ہ۔ مذکر) ۱ آگ۔ اگنی ۲ اگنی دیوتا ۳ ہاضمے کی قوت۔ معدے کی آگ ۴ کئی پودوں کا نام ۵ عدد تین۔

وہوائی (ہ۔ تف) دیکھو بہوری۔

وِہوَل (س۔ صفت) ۱ ہلنے والا۔ لرزاں ۲ گھبرایا ہوا۔ پریشان ۳ ڈرا ہوا۔ خوفزدہ ۴ مفتوں۔ شیدا ۵ مصیبت زدہ جسے تکلیف ہو۔ ۶ غمگین ۷ پانی شدہ۔ پگھلا ہوا۔

وہونی (ہ۔ صفت) بادیشی۔ غیر ملک کا۔ اجنبی۔

وَہئی (ہ۔ مونث) ۱ رستہ۔ سڑک ۲ طرف۔ مقام۔

وُہی (ہ۔ اسم ضمیر) وہ ہی کا مخفف اس ہی۔ خاص کر وہ۔ وہ خود۔ وہی بات (مونث) کنایتاً وصل۔ جماع۔ وہی پھر (ہ) اتنا سا۔ وہی تو کہوں۔ میں بھی تو یہی بات کہتا ہوں۔ وہی راگ گانا (مذکر) ایک ہی بات کو بار بار کہنا۔ وہی وہ (تف) اکیلا وہ۔

امثال واقوال۔ وہی اپنا جو اپنے کام آئے۔ جس سے مطلب نکلے وہ خویش کے برابر ہے۔ وہی بات گھوڑے کی لات۔ بے اصل بات کی نسبت بولتے ہیں۔ وہی بڑا جگ: بیچ ہے جن پوجا کرتار۔ بن پوجا تو منش ہے جوں مائی راکھ (ہ) خدا کی پرستش کرنے والا حقیقت میں بڑا آدمی ہے۔ وہی بڑا ہے جگت میں جن کرنی کے تان۔ کر لینا ہے آپنا مہاراج بھگوان (ہ) وہ دنیا میں بڑا آدمی ہے جس نے نیک کام کر کے خدا کو اپنا کر لیا۔ وہی بھلا ہے میرے لیکھے حق ناحق کو جو نردیکھے (ہ) میرے نزدیک وہ بڑا آدمی ہے۔ جو انصاف کرے اور بے انصافی نہ کرے۔ وہی پڑوسن بھاویں جو دونوں پلّے بچاویں۔ دونوں فریقوں سے ملا رہنا اور کسی کا برا نہ ہونا۔ وہی پھول جو دھیسر چڑھے (مہیش چڑھیں)۔ دیکھو پھول وہی الخ۔ وہی تو لنگا جس میں کیسر کیسر ایک قسم کی گھاس ہوتی ہے جو پانی میں اگتی ہے۔ اگر وہ شریف ہوتا تو ایسے برے کام نہ کرتا۔ وہی تین بیسی (وہی ساٹھ (وہی چارپائی وہی کھاٹ) (وہی آنڈ کی رانڈ۔ وہی بابا بنیٹی) بات ایک ہی ہے۔ نتیجہ دونوں کا ایک ہی ہے۔ وہی ڈھاک کے تین پات۔ معمولی مقررہ رقم سے زیادہ نہ ملنے پر کہتے ہیں۔ وہی کاسا وہی آش۔ حالت سابقہ میں کوئی تغیر نہیں۔ وہی کنیا جس کے اُلٹ بال۔ تعجب کی یا ناممکن بات کے متعلق کہتے ہیں۔ وہی مالنس دے سکے راجوں کو سیکھ گیان۔ جو نار اکھے لابھ دھن اور دھرے ہاتھ پہ جان (ہ) راجوں کو مشورہ وہی دے سکتا ہے جو دولت کا لالچ نہ ہو اور جان کی پرواہ نہ کرے۔ وہی منش دھنونت ہے وہی منش بلونت جو سائیں کے نام پہ بیٹھا ہووے نچنت۔ وہی امیر ہے اور وہی طاقتور ہے جو خدا پر بھروسہ کرے اور آرام سے بیٹھا رہے۔ وہی من وہی بیس سیر۔ دیکھو وہی تین الخ۔ وہی میاں دربار کو۔ وہی میاں چولھا پھونکنے کو۔ وہی میاں چولھا پھونکیں وہی میاں دربار میں (وہ شخص جسے اعلیٰ و ادنے سب کام کرنے پڑیں۔ وہی ہم وہی تم۔ وہی ہم ہیں۔ وہی تم ہو ۱ ہم تم ایک دوسرے کے تو بھی واقف کار ہیں ۲ ہم تم ایک جیسے ہیں۔ ہم میں اور تم میں کوئی فرق نہیں ۳ جو ہم ہیں وہی تم ہو اس لئے آپس میں لڑنا جھگڑنا نہیں چاہیئے۔ وہی ہوگا جو قسمت میں لکھا ہے۔ نوشتۂ قدرت پورا ہو کر رہتا ہے۔

وَہیں (ہ۔ تف) ۱ اسی جگہ۔ اسی مقام پر ۲ اسی وقت۔ فی الفور۔ فوراً۔ وہیں جم کے رہ جانا۔ وہیں کا ہو رہنا (لازم) جا کر بیٹھ رہنا۔ بہت دیر لگا دینا ۲ پلٹ کر نہ آنا۔ وہیں کی وہیں (تف) فوراً۔ فی الفور۔ وہیں مر رہا۔ بہت دیر کر دی کسی کے انتظار میں کہتے ہیں۔

وَہیں (ہ۔ تف) فوراً۔ فی الفور۔ اُسی وقت۔

وُئی (اردو۔ کلمہ استعجاب) عورتوں کی زبان پر ہے۔ ووئی۔

وَے (ہ۔ ضمیر) وہ کی جمع (ہ۔ ت) اب واحد اور جمع دونوں کے لئے وہ استعمال ہوتا ہے۔

وِی (س۔ مونث) ۱ پرندہ ۲ جانا ۳ حرکت ۴ دھکنا۔ چادر۔

وُی (ف۔ کلمۂ تعجب) عورتیں تعجب یا حیرت ظاہر کرنے کو کہتی ہیں۔

وَبا (ہ۔ مذکر) بیا۔

ویاپ۔ ویاپار (س۔ مذکر) ۱ کام پیشہ ۲ بیوپار۔ بیوپار۔ تجارت ۳ مشق۔ کسرت ۴ محنت۔ مشقت ۵ کام۔ فعل۔

وِیاج (س۔ مذکر) دھوکا۔ دغا دیکھو بیاج۔ ویاجی (صفت) دیکھو بیاجی۔

ویادھ (س۔ مذکر) دیکھو بیادھ۔

ویادِھ (س۔ مذکر) ۱ تکلیف۔ بیماری ۲ دیکھو بیادھ ۳ کوڑھ۔

وَیار (ہ۔ مونث) ہوا۔ باد۔

وِیاری (ہ۔ مونث) دیکھو بیاری۔

وِیارے (ہ۔ تف) کل۔ کل گذشتہ۔

وِیاس (س۔ مذکر) ۱ چاروں طرف پھیلانا ۲ حصوں میں علیحدہ کرنا۔ ترکیب۔ جدا کرنا ۳ فرق۔ تفریق ۴ تفصیل ۵ سرایت ۶ پھیلاؤ ۷ چوڑائی۔ عرض ۸ دائرے کا قطر ۹ رشی پراسیر اور ستیاوتی کے بیٹا جو ستیاوتی کی شادی سے پہلے پیدا ہوا تھا۔ خود بڑا رشی تھا اور کرشن دوایاین بھی کہلاتا تھا۔ بعد کو ستیاوتی کی شادی راجہ سانتنو سے ہوئی۔ مگر اس کے بغیر اولاد کے مر گئے۔ بھیشم پتامہ اس کے سوتیلے بیٹے نے ان کی بیواؤں سے نیوگ کرنے سے انکار کیا۔ ویاس نے آکر ان سے نیوگ کیا۔ تین بیویوں سے کورو پانڈو اور ودر پیدا ہوئے۔ ویاس ویدوں کا جامع اور مہابھارت اور پرانوں کا مصنف خیال کیا جاتا ہے اور جنمیجے کے دربار میں بھی اس نے خود مہابھارت کا قصہ بیان کیا تھا۔ پرانوں میں ۲۸ ویاسوں کا ذکر ہے جو وشن جی اور برہما جی کے اوتار سمجھے جاتے ہیں۔ ویاس جی یا دیو (مذکر) عزت سے ویاس کو کہتے ہیں۔ ویاس گدی (مذکر) وہ گدی جس پر استاد بیٹھ کر بچوں کو پڑھاتا ہے۔

ویاکَرَن (س۔ مذکر) ۱ ترکیب و تشریح کرنا۔ وضاحت کرنا ۲ صرف و نحو۔ ویاکرنی (مذکر) نحوی۔

ویاکل (س۔صفت) ١۔حیران پریشان
بے کل۔گھبرایا ہوا ٢۔مصیبت زدہ۔تکلیف پانے
والا ٣۔دھندلا۔دھیما ٤۔خوفزدہ۔ڈرا ہوا۔
ویاکھیا (س۔مونث) دیکھو بیاکھیا۔
ویاکھیان (س۔مذکر) تشریح تفسیر
شرح۔
ویاگھات (س۔مذکر) ١۔ٹکر مارنا۔
دھکا دینا ٢۔ٹکر۔دھکا ٣۔مارنا۔کوٹنا ٤۔زخمی کرنا ٥۔
تلف کرنا ٦۔بربادی۔تباہی ٧۔ضرب۔صدمہ ٨۔
روک ممانعت ٩۔رکاوٹ ١٠۔تخالف مخالفت ١١۔بیانات
کا نہ ملنا۔اختلاف ١٢۔تیرھواں یگ **ویاگھاتی** (س
۔صفت) ١۔مارنے والا ٢۔روکنے والا۔
ویاگھر (س۔مذکر) شیر۔باگھ۔
ویال (س۔صفت) ١۔شریر۔بدمعاش
بدچلن ٢۔(مذکر) بدمعاش یا بدچلن آدمی ٣۔مست
ہاتھی۔سانپ دیکھو بیال۔ **ویالو** (مذکر) دیکھو بیالو
ویالی (مونث) سانپن۔
ویاموہ (س۔مذکر) ١۔حیرانی پریشانی
تحیر ٢۔غلطی ٣۔بیوقوفی ٤۔شیفتگی۔فریفتگی ٥۔درد
تکلیف۔مصیبت۔
ویان (س۔مذکر) بدن کی ہواؤں
میں سے ایک جو بدن میں پھیلی ہوئی ہے۔
ویاہرتی (س۔مونث) ١۔گفتگو۔
بول چال۔آواز ٢۔لفظ ٣۔ان تین لفظوں میں سے
ایک لفظ جو اوم کے بعد پڑھا جاتا ہے۔یہ بھور
بھوس اور سواہیں۔ایک چوتھا لفظ مہر بھی بیان
ہوتا ہے۔
ویاہنا (ھ۔متعدی) بیاہنا۔
ویبیارن (ھ۔مونث) بیوپاری کی
بیوی۔
ویپرتیتیہ (س۔مذکر) ١۔مخالفت
۔اختلاف۔تخالف ٢۔تضاد۔ضد۔
ویت (س۔مذکر) ١۔آسمان فلک
٢۔ایتھر ٣۔کرہ ہوا۔
ویتاگ (ھ۔مذکر) ١۔غصے اور نفرت
کا جلد پیدا ہوجانا ٢۔حقارت۔نفرت ٣۔تھکاوٹ
٤۔چھوڑ دینا۔تیاگ۔ **ویتاگ لینا** (متعدی)
١۔غصہ ہونا۔ناراض ہونا ٢۔حقارت یا نفرت سے
دیکھنا ٣۔تھک جانا ٤۔تنگ آجانا۔برا سمجھنا۔ **ویتاگی**
(صفت) ١۔ناراض ٢۔متنفر ٣۔تھکا ہوا۔تنگ
آیا ہوا۔
ویتال (س۔مذکر) دیکھو بیتال۔
ویتر (س۔مذکر) ١۔بید۔سرکنڈہ ٢۔
عصائے۔لاٹھی ٣۔عصا بردار کا عصا یا گرز۔
ویترنی (س۔مونث)۔دوزخ کا ایک
دریا جس پر سے ہر ایک کو گزرنا پڑتا ہے۔
ویتس (س۔مذکر) ١۔بید۔
سرکنڈہ ٢۔ترنج۔
ویتن (س۔مذکر) ١۔مزدوری۔
اجرت ٢۔تنخواہ۔مشاہرہ ٣۔انعام ٤۔گزارہ ٥۔
پیشہ ٦۔چاندی۔
ویتھا (س۔مونث) ١۔درد۔تکلیف
سوزش درد ٢۔ڈر۔خوف ٣۔گھبراہٹ۔پریشانی۔
ویتھی (س۔مونث) ١۔لکیر۔قطار
٢۔رستہ ٣۔ڈیوڑھی۔برآمدہ جو مکان کے سامنے
ہو ٤۔دوکان۔خوانچہ۔سٹال ٥۔ایک قسم کا ناٹک
٦۔آسمان کی ایک تقسیم۔جس میں تین نکشترے ہیں۔
ویٹکا (س۔مونث) پان۔
ویٹو (لا۔مذکر) بادشاہ یا کسی اور حاکم
کا وہ حق جس سے وہ کسی پاس کئے ہوئے قانون کو رد
کرسکتا ہے۔لفظی معنی میں منع کرتا ہوں۔
ویج (س۔مذکر) بیج۔ **ویج گنت**
(مذکر) ١۔ترکیب ٢۔الجبرا۔ **ویج مار** (صفت) ١۔
وہ جس میں کچھ نہ اگے (زمین) ٢۔(مذکر) بیج کا نہ اگنا۔
دیگر مرکبات کے لئے دیکھو بیج۔
ویجن (س۔مذکر) ١۔پنکھا ٢۔پنکھا
جھلنا ٣۔کوئی چیز۔مادہ ٤۔چکور ٥۔ہنس۔قاز۔
ویجن (س۔مذکر) ١۔پنکھا۔روشندان
ہوادان۔
ویچی (س۔مذکر و مونث) ١۔لہر ٢۔
خوشی۔فرحت۔شادمانی۔آنند۔آرام۔چین
٣۔فرصت ٤۔وقفہ ٥۔کرن۔شعاع ٦۔(صفت)
چھوٹا۔ننھا۔
ویدّ (س۔صفت) ١۔عالم آدمی کے
متعلق ٢۔(مذکر) عالم آدمی۔دیا وان ٣۔حکیم
طبیب۔
وید (س۔مذکر) ١۔جاننا ٢۔علم ٣۔علم
صحیح۔خدا کا علم ٤۔ہندوؤں کی مقدس کتابیں۔یہ
تعداد میں چار ہیں۔رگ وید خیال ہے کہ ٢٥٠٠ ق م سے
١٥٠٠ ق م کے درمیان تحریر ہوئے تھے۔ان کی زبان
پرانی سنسکرت ہے۔
مثل۔وید میں لبید ہے نصیحت
سختی سے ناگوار معلوم ہوتی ہے۔
ویدک (س۔صفت) ١۔ویدوں
کے متعلق یا ان سے نکلا ہوا ٢۔مقدس۔پوتر ٣۔وہ
جو ویدوں کو سمجھے ٤۔(مذکر) برہمن۔ **ویدکی** (مونث)
سنسکرت گرامر کا ایک حصہ جس میں ویدوں کے ایک
حصہ کی تشریح ہے۔
ویدن (مذکر)، **ویدنا** (س۔مونث)
دیکھو بیدن۔بیدنا۔
ویر (س۔مونث) ہوا۔
ویر (س۔مذکر) ١۔بہادری۔دلیری
شجاعت ٢۔دشمنی۔عناد۔بیر۔مرکبات کے لئے
دیکھو بیر۔
ویر (س۔صفت) ١۔بہادر۔دلیر۔
شجاع۔بیر ٢۔مشہور۔معروف ٣۔(مذکر) اکثر
بھان متی ٤۔بہادری ٥۔آگ ٦۔بسینت کی آگ۔
ویرا (مونث) ١۔بہادر عورت ٢۔بہادر کی بیوی
٣۔بیوی اور ماں ٤۔کیلے کا درخت ٥۔کئی پودوں کا
نام۔
ویر (س۔مذکر) ١۔بدن ٢۔بیگن ٣۔
زعفران۔
ویرا (س۔مذکر) ١۔وہ چیز جو کسی کو
زبردستی دی جائے ٢۔وہ چیز جو کسی کے پاس زبردستی
بیچی جائے۔وہ مال جو بادشاہ کی طرف سے رعیت
کے پاس زبردستی بیچا جائے۔
ویراگ (مذکر)، **ویراگنی** (مونث)
ویراگی (س۔مذکر) دیکھو بیراگ۔بیراگنی۔بیراگی۔
ویران (ف۔صفت) ١۔اجڑا ہوا۔
غیر آباد۔تباہ۔برباد۔خراب۔پامال ٢۔غیر زرخیز
بنجر۔افتادہ ٣۔اداس۔پریشان۔ **ویران کرنا**
(متعدی)، ہونا (لازم) ١۔اجڑنا۔تباہ و برباد ہونا
٢۔غیر آباد ہونا۔سنسان ہونا ٣۔گرنا۔ڈھنا۔مسمار
ہونا ٤۔پراگندہ یا پریشان ہونا ٥۔تتر بتر ہونا۔بکھرنا

ویرانہ (مذکر) ۱ اجاڑ نا غیر آباد جگہ ۲ جنگل - بیابان ۳ اداسی پریشانی - **ویرانہ نشین** (صفت) جنگل میں رہنے والا - **ویرانی** (مونث) ۱ تباہی - بربادی - خرابی ۲ اجاڑ ہیں ۳ پریشانی - پراگندگی ۴ اداسی ۵ ابتری -

ویرتھ (س - صفت) ۱ فضول - بے فائدہ - بے اثر ۲ بے معنی - بے مطلب -

ویرنا (ہ - متعدی) ۱ ہاتھ یا برتن سے آہستہ آہستہ ڈالنا ۲ نالی بنا کر بونا ۳ پیسنا ۴ (مذکر) پھالی - ہل کا وہ لوہا جو زمین کھودتا ہے ۵ وہ برتن جس سے کوئی چیز مٹی میں ڈالی جاتی ہے -

ویرنی (س - مونث) ۱ بہادر عورت ۲ دشمن عورت -

ویروپیہ (س - مذکر) ۱ شکل یا صورت کا اختلاف ۲ بدصورتی - بدشکلی - کریہ منظری -

ویری (س - صفت) ۱ بہادر ۲ دشمن -

ویریہ (س - مذکر) ۱ طاقت - قوت بل ۲ بہادری - شجاعت - دلیری ۳ شان وشوکت جاہ وجلال ۴ منی ۵ بیج - **ویریہ دان** (مذکر) جب تین چھوٹی ذاتوں کا خاوند مر جائے یا کہیں باہر چلا جائے اور اس کے گھر اولاد نہ ہو - تو پروہت اس کی جگہ لے کر اولاد پیدا کرتا ہے -

ویس (س - مذکر) عمر - زندگی کا زمانہ -

ویسا (ہ - صفت) اسی طرح کا - اس کے مانند - **ویسا کا ویسا** (ق) ۱ جوں کا توں ۲ ہوبہو - بجنسہ - **ویسا ہی** (ق) ۱ اس کے مانند اسی طرح کا ۲ جوں کا توں - بجنسہ ایضاً - **ویسی** (صفت - مونث) ویسا کی - **ویسے** (ق) ۱ اسی طرح یوں ۲ مفت - بے قیمت - یوں ہی - **ویسے تو** (ق) یوں تو - اسی طرح تو - **ویسے ہی** (ق) ۱ اسی طرح - اسی ڈھنگ پر ۲ مفت - بلاقیمت - یوں ہی ۳ بغیر کسی وجہ یا کام کے -

مقولہ - ویسا ہی تو کو پھل ہے جیسا بیج بوائے - نیم بوئے کے آلکے گانڈا کوئی نہ کھائے جیسا کروگے ویسا بھروگے -

ویساکھ (س - مذکر) **ویساکھی** (مونث) دیکھو ویشاکھ اور بیساکھی -

ویسٹ (انگ - مونث) کر ویسٹ کوٹ (مونث) واسکٹ - مرزائی - صدری -

ویسر (س - مذکر) ۱ چھڑ ۲ (ہ) ناک کا ایک زیور - بیسر -

ویسن (س - مذکر) ۱ جدا کرنا - جدائی ۲ شخصیت ۳ خوشی نہ کرنا ۴ مصیبت - آفت ۵ تباہی - بربادی ۶ شکست ۷ نقصان ۸ تنزل ۹ غروب آفتاب و ماہ ۱۰ گناہ - قصور - جرم - بدکاری ۱۱ بری عادت ۱۲ بے فائدہ کوشش ۱۳ نالائقی ۱۴ کسی کام میں مشغول ہونا - انہماک ۱۵ محنت - مشقت -

ویسنی (صفت) ۱ بدقسمت - بدنصیب ۲ پریشان بے چین ۳ شریر - بدمعاش - گنہگار - مجرم ۴ مشغول - منہمک - مستغرق -

ویسیا (س - مونث) سہیلی - سکھی -

ویش (ہ - مذکر) دیکھو ویشیہ - **ویشیا** (مونث) ویش قوم کی عورت - **ویشینی** (مونث) ویش عورت -

ویش (س - مذکر) ۱ پوشاک - لباس ۲ بھیس ۳ سجاوٹ - بناؤ سنگار ۴ دروازہ ۵ مکان - گھر ۶ طوائفوں کا مکان - **ویش بان** (مذکر) سورج مکھی - **ویش دھاری** (مذکر) ۱ منافق - ریاکار ۲ مکار - سادھو -

ویشاکھ (مذکر) **ویشاکھی** (ہ - مونث) دیکھو بیساکھ اور بیساکھی -

ویشٹن (س - مذکر) ۱ گھیرنا - احاطہ کرنا ۲ وہ چیز جو گھیرے ۳ احاطہ - دیوار - فصیل - باڑہ ۴ لفافہ ۵ کمربند - پیٹی ۶ پگڑی -

ویشر (س - مذکر) ۱ دیکھو ویسر ۲ (ہ) دیکھو ویسر اور بیسر -

ویشنو (س - صفت) ۱ وشن کا یا وشن کے متعلق ۲ وشن جی کی پرستش ۳ ہندوؤں کے تین بڑے فرقوں میں سے ایک -

ویشیا (س - مونث) ۱ بیسوا - رنڈی طوائف ۲ ایک پودہ ۳ (ہ) رنڈیوں کے رہنے کی جگہ چکلہ - **ویشیا گامی** (مذکر) رنڈی باز - **ویشیائن** (مذکر) رنڈی بازی - **ویشیا گھر** (مذکر) رنڈیوں کا گھر - کوٹھی خانہ -

ویشیہ (س - مذکر) ۱ ہندوؤں کی تیسری ذات - اس کا کام زراعت اور تجارت ہے ۲ زمیندار - کاشتکار ۳ بنیا - دوکاندار -

ویفر (انگ - مذکر) ۱ لفافہ جوڑنے کی ٹکیہ ۲ دوائی کی بڑی ٹکیہ -

ویکارک (س - صفت) ۱ بدلہ ہوا ۲ (مذکر) ایک قسم کے دیوتا -

ویکال (س - مذکر) شام -

ویکرانت (س - مذکر) ۱ ایک قسم کا جواہر ۲ مقناطیسی -

ویکسین (انگ - مونث) مردہ جراثیم کا لعاب جو بدن میں بیماری کو روکنے کے لئے داخل کیا جاتا ہے

ویکلیہ (س - مذکر) ۱ ادھورا پن - نقص ۲ ناقص حالت - خراب حالت ۳ پاگل پن - دیوانگی ۴ کمی - نقص ۵ ضرورت ۶ نالائقی - کام سے ناواقفیت - ناکافی ہونا ۷ کسی عضو میں نقص ہونا ۸ گھبراہٹ - پریشانی ۹ حیرانی - تحیر - تعجب -

ویکنٹھ (س - مونث) وشن جی کا سرگ - **ویکنٹھا** (مذکر) دیوتاؤں کی ایک خاص قسم - **ویکنٹھ باسی** یا **واسی** (مذکر) سرگ میں جانے والا شخص سرگباشی - متوفی -

ویکیشن (انگ - مونث) تعطیل - لمبی تعطیل

ویگ (س - مذکر) ۱ حرکت - صدمہ دھکا ۲ تیزی - سرعت - جلدی - جلد بازی ۳ تندی زور سختی ۴ ندی - رو ۵ ہوا - جھونکا ۶ تیر کی رفتار ۷ پیچش ۸ منی ۹ (ق) جلدی سے -

ویگ آنا (مونث) مادہ جانور کو مستی آنا -

ویگی (صفت) ۱ تیز - سریع ۲ (مذکر) ہرکارہ ۳ عقاب باز ۴ (ہ) تیزی سے

ویگنی (س - مونث) دریا -

ویل (انگ - صفت) اچھا - خوب - **ویل ڈن** (ندا) مرحبا - شاباش - خوب کیا -

ویل (ع - مذکر) ۱ مصیبت - تکلیف ۲ بدقسمتی - بدنصیبی ۳ سزا ۴ بدلہ - تصاص (دیکھو ویل - مارکنا) **ویل کش** (صفت) بدلا یا قصاص لینے والا -

ویل (ہ - مونث) - بیل -

ویل (انگ) ایک قسم کی بہت بڑی مچھلی جو سمندر میں پائی جاتی ہے -

ویلا (ہ - صفت) ورلا - نزدیک - ادھر کا

ویلا (س - مونث) ۱ وقت - زمانہ - موسم ۲ موقع - محل ۳ وقفہ ۴ بہاؤ - دھار ۵ ساحل -

کنارہ ۲ حد - حدود - ویلا کویلا (نف) موقع بموقع
یہ الفاظ پنجابی میں اسی صورت سے استعمال ہوتے ہیں

ویلبی (انگ - مذکر) ایک قسم کا بڑا گھوڑا جو آسٹریلیا سے آتا ہے۔

ویلیشن (ع)، **ویلکشنیہ** (س - مذکر) ۱ فرق - اختلاف ۲ مخالفت۔

ویلکم (انگ - مذکر) خوش آمدید۔

ویلیو (انگ - مونث) قیمت - **ویلیو پے ایبل** (مونث) قیمت قابل وصول - ایک طریقہ جس میں ڈاک کے ذریعے سوداگر چیز بھیجتا ہے۔ اور خریدنے والا قیمت ادا کر کے پارسل چھڑاتا ہے **ویلیو پے ایبل پارسل** (مذکر) وہ پارسل جو اس طریقے سے بھیجا جائے۔

ویماتر (س - صفت) ۱ دوسری ماں کا ۲ (مذکر) سوتیلا بھائی **ویماتری** (مونث) سوتیلی بہن۔

وین (ع - مذکر) سیاہ انگور۔

وین (س - مذکر) بانس کاٹنے والا۔

وین (س - مذکر) ۱ بننے کا فعل ۲ (ہ) آواز۔ لفظ گفتگو - بچن۔

وین (ہ - مونث) بین۔

وین (س - مذکر) ایک پراچین پا برہما کا نام۔

وینا (س - مونث) ۱ بین - یہ نارد رشی کی ایجاد بیان ہوتی ہے ۲ (ہ) دھاگوں کا گچھا - انٹی۔

وینجن (س - مذکر) ۱ ظاہر کرنے یا بتانے کا فعل ۲ (مذکر) حرف صحیح ۳ نشان ۴ داڑھی ۵ بلوغت کا نشان ۶ تذکیر و تانیث کی علامت ۷ کوئی چیز جو کسی چیز کی تیاری میں استعمال کی جائے ۸ طنز **وینجنا** (مونث) ۱ کسی خیال کا صحیح نشان ۲ طنز و تشبیہ ۳ زبان ۴ لفظ کا تیسرا درجہ ۵ اشارہ

وینچنا - وینچھنا (ہ - متعدی) ۱ جدا کرنا علیحدہ کرنا ۲ چیرنا ادھیڑنا۔

وینس (انگ - مخصوص) ۱ محبت کی دیوی ۲ (انگ) سیارہ زہرہ۔

وینگ (س - صفت) ۱ لولا - لنگڑا ۲ بدشکل ۳ بے ترتیب ۴ جس کا بدن نہ ہو ۵ (مذکر) لولا شخص ۲ مینڈک ۳ چہرے پر سیاہی - داغ یا مہاسہ۔

وینو (س - مذکر) ۱ بانس ۲ سرکنڈا ۳ بین۔

وینی (س - مونث) ۱ مینڈھی ۲ دریا - زیادہ دریاؤں کا ملنا - دیکھو بینی۔

ویوپار (س - مذکر) بیوپار - **ویوپاری** (صفت و مذکر) بیوپاری۔

ویوڑ (ہ - مذکر) دیکھو بیوڑا۔

ویورت (س - مذکر) ۱ انقلاب ۲ طرز زندگی بدلنا

ویوسوت (س - مذکر) سیارہ زحل سنیچر۔

ویوکلن (س - مذکر) ۱ جدائی - تفرقہ ۲ تفریق۔

ویوگ (س - مذکر) ۱ جدائی - تفرقہ - بجوگ۔

ویوگنی (مونث) وہ عورت جو خاوند سے جدا ہو۔

ویوم (س - مذکر) ۱ آسمان - فلک ۲ ایتھر - کرہ ہوا ۳ پانی ۴ سوریہ کا مندر۔

ویوہ (س - مذکر) ۱ جدائی ۲ تقسیم ۳ باقاعدہ انتظام - فوج ۴ لشکر ۵ گروہ - ریوڑ ۶ ترتیب - بناوٹ ۷ بدن ۸ منطق - سوچنا

ویوہار (س - مذکر) ۱ کریا - کام کرنا ۲ کام - فعل ۳ چلن - بیوپار ۴ مقدمہ بازی ۵ وکالت ۶ منصفی ۷ شہادت لکھنا ۸ مقدموں کا فیصلہ کرنا ۹ قاعدہ - رسم - رواج ۱۰ قانون پر چلنا۔

ویی (س - مذکر) ۱ گم ہو جانا - گمشدگی - نقصان ۲ بربادی - تباہی - تنزل ۳ خرچ - اخراجات - تقسیم ۴ کسی چیز کا ختم یا خرچ ہو جانا ۵ خرچ - فضول خرچی - **ویی کرنا** (متعدی) خرچ کرنا۔

ہ

ہ (ہ ۔ مونث) ۱ تلفظ ہے ۲ اردو کا
چونتیسواں فارسی کا اکتیسواں عربی کا ستائیسواں حرف
اور دیوناگری رسم الخط کا تینتیسواں ہ ہے ۳ اس کو
ہائے ہوز یا مدورہ بھی کہتے ہیں ۴ ابجد میں اس کے
پانچ عدد فرض کئے گئے ہیں ۵ جنتری میں جمعرات
کے دن برج سنبلہ سیارہ زہرہ اور قمر کو ظاہر کرتا ہے
۶ اس کی تین قسمیں ہیں (الف) ہائے جلی ملفوظی یا ظاہر
جیسے بادشاہ ۔ بارگاہ میں (ب) ہائے مختفی یا مکتوبی
جو لفظ کے آخیر میں زبر کو ظاہر کرتی ہے جیسے زمانہ ۔
نامہ میں (ج) ہائے مخلوط التلفظ ۔ یہ ہندی الفاظ میں
بعض حروف کے ساتھ مخلوط ہو کر اصل حرف سے مختلف
آواز پیدا کرتی ہے جیسے ہاتھ ۔ اچھا ۔ گدھا میں یہ
ہائے وزن میں نہیں آتی اور الفاظ کے درمیان یا آخر
میں آتی ہے اور دوچشمی لکھی جاتی ہے ۔ ابجد میں علحدہ
حرف شمار ہوتی ہے ۷ اردو میں جب ہائے مختفی
کے بعد حرف مغیرہ آئے یا جمع بنائیں تو اس ہ کو
ی سے بدل دیتے ہیں جیسے مردے میں جان آنا
اور گرے مردے اکھاڑنا ۔ مگر فارسی ترکیبوں میں
نہیں بدلتی جیسے بر نگئے زمانہ ۔ لیکن ایسا مرکب لفظ
جس میں دونوں جز مل کر کلمۂ واحد ہو گئے ہوں تو
بدل جاتی ہے جیسے کارخانہ ۔ میخانہ ۸ ہندی الفاظ
میں اگر امر کے آخر میں ہو تو افادہ مصدریت کا کرتا ہے
جیسے بوجھ ۔ سوجھ ۔ اونگھ ۹ [illegible] ہائے ظاہر
کے پہلے حرف پر فتحہ کسرہ اور ضمہ [illegible] آتے ہیں
تصغیر میں اس پر فتحہ آتا ہے ۔ جیسے رہ سے رہک
اندہ سے اندہک گرہ سے گرہک ۱۰ ہائے مختفی
چار قسم کے الفاظ میں آتی ہے (الف) ایسے الفاظ
میں جو دوسروں کے ساتھ نسبت رکھتے ہوں ۔
جیسے داں سے دانہ ۔ دست سے دستہ (ب)
ان فاعلوں اور مفعولوں میں جو مصدر سے بنائے
جائیں جیسے کارندہ ۔ کشتہ ۔ مردہ ۔ (ج) ان صفات
متعلقہ زمانہ میں جو حروف سال ماہ روز یا شب سے
بنائی جائیں جیسے دو سالہ ششماہہ سہ روزہ
چہار شبہ (د) ان عربی مونث الفاظ میں جنکی ۃ فارسی
میں ت سے نہیں بدلتی جیسے افادہ ۔ زیادہ ۱۱ ہائے
مختفی جمع کی حالت میں کتابت میں ہا سے پہلے
ساقط ہو جاتی ہے جیسے خامہا و جامہا اور ان کے
پہلے گ سے بدل جاتی ہے ۔ جیسے آہو برہ سے
آہو برگان ۔ اگر ہائے مصدری بڑھائیں تو ی سے
پہلے حرف گاف اضافہ کرتے ہیں جیسے بندہ سے بندگی
گندہ سے گندگی ۱۲ جب اس کے بعد اضافت آئے
اس پر ہمزہ لکھتے ہیں ۔ ایسی صورت میں کسرہ لکھتے
ہیں نہیں آتا مگر اس لغت میں دیا گیا ہے تاکہ تلفظ
میں غلطی نہ ہو ۱۳ ہائے ظاہر بعض وقت فارسی
میں ا ۔ و ۔ خ ۔ چ ۔ خ ۔ س ۔ ف ۔ ق ۔ ک و ا ی
سے بدل جاتی ہے ۔ ہکار (ھ) حرف یا آواز ہے ۔

ہا (ہ ۔ حرف افسوس) ۱ افسوس ۔ دریغ
حیف ۲ کسی امر کے روکنے کیلئے بھی استعمال کرتے ہیں ۔
ہا ہت (ندا) کتے بلی یا چور چکار کو کہتے ہیں ۔

ہا (ف ۔ کلمہ) فارسی اسموں میں
علامت جمع جیسے دلہا ۔ کارہا ۔

ہا (ف ۔ مونث) حرف ہ کا تلفظ ہائے
تعین (مونث) جو عدد کا تعین ظاہر کرتی ہے ۔ دیکھو
ہ ۶ (ج) **ہائے جلی** (مونث) دیکھو ہائے
ظاہر ۔ **ہائے دوچشمی** (مونث) وہ ہائے ہوز جس
میں دو آنکھیں سی بنا دیتے ہیں ۔ یہ عربی میں اور ہندی
مخلوط حروف میں استعمال ہوتی ہے ۔ **ہائے تشبیہ** (مونث)
جو مشابہت کے معنوں میں آتی ہے جیسے عاقلانہ
جاہلانہ ۔ **ہائے ظاہر** (مونث) وہ ہ جو کھل کر پڑھی
جائے جیسے شاہ ۔ ماہ ۔ **ہائے فاعلی** (مونث) جو
فاعل کے معنی دے جیسے کارندہ ۔ ہرکارہ ۔ **ہائے
لیاقت** (مونث) جو لیاقت کے معنی دیتی ہے
جیسے امیرانہ ۔ بہادرانہ ۔ **ہائے مختفی** (مونث) جو
کھل کر نہ پڑھی جائے ۔ اور حرف ماقبل کی حرکت
ظاہر کرے جو فتحہ ہوتی ہے جیسے جامہ ۔ جادہ ۔ **ہائے
مُدَوَّرَہ** (مونث) گول ہ ۔ ہائے ہوز ۔ **ہائے
مخلوط التلفظ** (مونث) دیکھو ہ ۶ (ج) ۔
ہائے مفعولی (مونث) وہ جو مفعول کے آخر
میں آتی ہے جیسے کشتہ ۔ گفتہ **ہائے ملفوظی**
(مونث) دیکھو ہائے ظاہر ۔

ہا پا ڈابہ (ھ ۔ مذکر) دیکھو ہبہ ڈبہ ۔

ہا بوڑہ (ہ ۔ مذکر) ایک لوٹ مار
کرنے والی قوم ۔

ہابیل (ع ۔ مذکر) حضرت آدمؑ کے
فرزند جنہیں ان کے بڑے بھائی قابیل نے قتل
کر دیا تھا ۔

ہاپر (ہ ۔ مذکر) ۱ بہت کھانے والا
شخص ۔ پیٹو آدمی ۲ کمار کا ذخیرہ ۔

ہاپیں (ھ ۔ مذکر) بڑے بڑے
پھنکے لگانا **ہاپیں ہاپیں کھانا** (متعدی) بڑے
بڑے پھنکے لگا کر کھانا

ہات (ہ ۔ مذکر) ہاتھ کا مخفف ۔
عموماً نظم میں استعمال ہوتا ہے ۔ **ہات مول کا**
(ھ) سرمایہ ۔ پونجی (دکنی) **ہاتے ہات** (ھ)
موافقت سے ۔ یکدلی سے ۔

ہاتف (ع ۔ مذکر) ۱ غیب کی
آواز دینے والا فرشتہ ۔ سروش ۲ آواز غیب ۔
غیب کی آواز (ہتف ۔ بلانا ۔ آواز دینا) **ہاتف
غیب** (مذکر) غیب کی آواز دینے والا فرشتہ ۔
ہاتف غیب کا صدا یا ندا دینا (متعدی)
غیب سے آواز آنا ۔

ہاتھ (ہ ۔ مذکر) ۱ انسان کے بازوؤں
کا اگلا حصہ جس کے سرے پر انگلیاں ہیں ۔ کلائی
سے لے کر انگلیوں اور انگوٹھے کے سرے تک
ہاتھ کہلاتا ہے ۔ دست ۔ پنجہ ۲ ہتھیلی ۔ کف ۳
ایک ماپ جسکی لمبائی کہنی سے سرانگشت تک ہوتی
ہے ۔ تقریباً نصف گز ہوتا ہے ۴ بس ۔ قابو ۔
اختیار ۔ قبضہ ۵ تصرف ۔ دخل ۔ تعلق ۔ دسترس
۶ باعث ۔ سبب ۔ وسیلہ ۔ ذریعہ ۷ حفاظت
حمایت ۔ سپرد ۔ مدد ۸ وار ۔ حملہ ۔ ضرب ۔ چوٹ
۹ داؤں ۱۰ قدرت ۔ طاقت ۔ قوت ۱۱ وجود ۔
ہستی ۱۲ معرفت ۱۳ پاس ۱۴ لیزم یا مگدر کا ہلانا
۱۵ کسی کھیل میں کوئی چوٹ یا ضرب ۱۶ دھوکا ۔
شرارت ۱۷ (فیلبانوں کی اصطلاح) ہاتھی کی
سونڈ ۱۸ تاش کے پتے جو کسی کے حصے میں آئیں
بازی (دس ہست) **ہاتھا** (مذکر) ہاتھ ۔ اردو میں
تنہا استعمال نہیں ہوتا **ہاتھ آجانا یا آنا** (لازم) ۱ ملنا ۔
حاصل ہونا ۲ میسر ہونا ۔ دستیاب ہونا ۳ قابو پڑھنا ۔ ہاتھ لگنا ۴ قبضہ ہونا
۵ تسخیر یا مسخر ہونا ۶ جاننا ۔ معلوم ہونا **ہاتھ آگے کرنا** (متعدی)
کسی چیز کو دینے یا لینے کیلئے ہاتھ بڑھانا ۔ **ہاتھ آنکھوں
پر رکھ لینا یا رکھنا** (متعدی) دیکھو آنکھوں پر ہاتھ الخ ۔
ہاتھ آنکھوں سے لگانا (متعدی)
۱ بہت عزت یا توقیر کرنا ۲ کاریگری یا صناعی
کی تعریف میں بھی ایسا کرتے ہیں ۔ **ہاتھا
پائی** (مونث) ۱ مار کٹائی ۔ گھوسم گھاسا ۔ دھول

- مار پیٹ - لڑائی بھڑائی - وہ لڑائی جو ہاتھ اور پاؤں کے ساتھ کی جائے ۲ دست درازی جو مزاح میں ایک دوسرے کے ساتھ کریں - (کرنا ہونا کے ساتھ) **ہاتھا بھیجی** (مث) ایک کھیل **ہاتھ آتارنا** (متعدی) **اتر جانا یا اترنا** (لازم) ہاتھ کے جوڑ کا یا کلائی کا اپنی جگہ سے ہل جانا **ہاتھ اٹھا اٹھا کر دعا دینا** (متعدی) نہایت خلوص اور شوق کے ساتھ آسمان کی طرف ہاتھ اونچا کر کے دعا دینا **ہاتھ اٹھا (اٹھا) کر کوسنا** (متعدی) آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر بد دعا دینا - بہت بد دعائیں دینا **ہاتھ اٹھا بیٹھنا** (متعدی) ۱ مار بیٹھنا دست درازی کرنا ۲ دست بردار ہونا - باز آنا ۳ عہد کر لینا توبہ کر لینا **ہاتھ اٹھا کر دے دینا** (متعدی) اپنی خوشی سے کوئی چیز کسی کو دینا **ہاتھ اٹھا لینا** (متعدی) ۱ دست بردار ہو جانا - کسی بات کو چھوڑ دینا - باز آنا ۲ کسی کی حمایت چھوڑ دینا - کسی کی مدد یا سرپرستی سے کنارہ کرنا **ہاتھ اٹھانا** (متعدی) ۱ ہاتھ اونچا یا بلند کرنا ۲ سلام کرنا ۳ مارنا پیٹنا ۴ مارنے کا قصد کرنا یا دھمکانا ۵ بری طرح سے کوسنا بد دعا دینا ۶ دعا دینا ۷ دست بردار ہونا - کنارہ کش ہونا ۸ مایوس ہونا - ناامید ہونا ۹ ہاتھ علحدہ کرنا - ہاتھ الگ کرنا ۱۰ فاتحہ پڑھنا - دعائے خیر کرنا ۱۱ خدا سے دعا مانگنا ۱۲ اناج میں بھاؤ بتانا ۱۳ ہاتھ پھیلانا **ہاتھ اٹھنا** (لازم) ہاتھ اٹھانا کا **ہاتھا جوڑی** (مونث) ایک پودہ **ہاتھا چھانٹی** (مونث) ۱ دغابازی - بد معاملگی - بد دیانتی ۲ چوری یا سرقہ یا غبن (کرنا ہونا کے ساتھ) **ہاتھ اُدھار** (مذکر) قرض **ہاتھ اکھاڑنا** (متعدی) **اکھڑنا** (لازم) ہاتھ اترنا **ہاتھ اینٹھنا** (لازم) ہاتھ کو مروڑنا **ہاتھ اوپر کے تلے ہونا** (لازم) ہاتھ باندھے جانا گرفتار ہو جانا مشکیں کسی جانا **ہاتھ اوٹ لینا** (متعدی) دونوں ہاتھ اکٹھے پھیلا کر کوئی چیز لینا **ہاتھ اوچھا پڑنا** (لازم) پورا وار نہ بیٹھنا - ہاتھ اچھی طرح نہ پڑنا **ہاتھ اونچا رہنا** (لازم) ۱ بول بالا رہنا دست بلند رہنا ۲ سخی ہونا دینے کے قابل رہنا **ہاتھ اونچا کرنا** (متعدی) ۱ ہاتھ بلند کرنا ۲ دعا کرنا ۳ فریاد کرنا **ہاتھ اونچا ہونا** (لازم) ۱ سخی ہونا ۲ آسودہ حال ہونا **ہاتھا ہاتھی** (مث) ہاتھوں ہاتھ نکل جانا - ایک کا دوسرے کو دینا دست بدستی

ہاتھ باندھنا (متعدی) ۱ ہاتھ جوڑنا - منت خوشامد کرنا ۲ ہاتھ پکڑنا - دونوں ہاتھوں کو ملا کر کسنا ۳ نماز کے لئے پیٹ یا سینے پر ہاتھ رکھنا ۴ تعظیم کے واسطے سینے پر ہاتھ رکھنا **ہاتھ باندھے** (ظرف) دست بستہ نہایت تعظیم سے **ہاتھ باندھے (کھڑے) رہنا** (لازم) ادب کے ساتھ حاضر رہنا - حکم کا منتظر رہنا **ہاتھ باندھے کھڑے ہونا** (لازم) دست بستہ حاضر ہونا **ہاتھ بٹا لینا یا بٹانا** (متعدی) ۱ کسی کے کام میں شریک ہونا مل کر کام کرنا ۲ مدد دینا - سہارا دینا - **ہاتھ بدن کو لگانا** (متعدی) ۱ بدن کو چھونا ۲ عورت سے مساس کرنا **ہاتھ بٹھانا** (متعدی) **بیٹھنا** (لازم) ہاتھ اور کلائی کے جوڑ کا ٹھیک اپنی جگہ پر آ جانا - **ہاتھ بچانا** (متعدی) وار بچانا - ضرب لگنے نہ دینا **ہاتھ بڑھانا** (متعدی) ۱ کوئی چیز لینے یا دینے کے لئے ہاتھ آگے کرنا - ہاتھ لمبا کرنا ۲ اپنی حد سے بڑھنا ۳ سوال کرنا - انگلنا ۴ دخل دینا ۵ معمول سے زیادہ لینا ۶ دست درازی کرنا **ہاتھ بڑھنا** (لازم) ہاتھ بڑھانا کا **ہاتھ بکانا** (ف) **بکنا** (لازم) ۱ کسی کے ہاتھ فروخت ہونا غلام بننا ۲ تابع ہونا - مطیع ہونا - نوکر ہونا **ہاتھ بلند کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) خدا سے التجا ہونا **ہاتھ بندھ جانا یا بندھنا** (لازم) ہاتھ باندھنا کا **ہاتھ بندھوانا** (ف) ہاتھ باندھنا کا **ہاتھ بند ہونا** (لازم) ۱ روپیہ پیسہ پاس نہ ہونا ۲ مفلس ہونا غریب ہونا ۳ ہاتھ رکا ہوا ہونا **ہاتھ بہا ہاتھ** (ظرف) دست بدست - فوراً **ہاتھ بھر** (صفت) ایک ہاتھ کے برابر - آدھ گز یا ڈیڑھ فٹ **ہاتھ بھرا ہونا** (لازم) ۱ ہاتھ میں کسی چیز کا لگا ہونا ۲ دولتمند ہونا - ہاتھ میں روپیہ پیسہ ہونا **ہاتھ بھرپور پڑنا** (لازم) پورا وار پڑنا **ہاتھ بھر جانا** (لازم) ۱ ہاتھ لتھڑ جانا ۲ ہاتھ تھک جانا - ہاتھ سن ہو جانا **ہاتھ بھر کا دل (کلیجا) ہو جانا** (لازم) خوشی سے دل بڑھ جانا - ہمت بڑھ جانا - نہایت خوش ہو جانا - **ہاتھ بھر کی زبان (رکھنا یا ہونا)** (لازم) سخت زبان یا گستاخ (ہونا) **ہاتھ بہکنا** (لازم) نشانہ نہ لگنا - کوئی چیز مارنا کسی جگہ اور لگنا کسی جگہ - نشانہ چوکنا **ہاتھ بھیجنا** (متعدی) کسی کی معرفت یا ذریعے بھیجنا

ہاتھ بیٹھنا (لازم) ۱ ہاتھ جمنا - مشق ہونا ۲ وار پڑنا زخم کاری لگنا ۳ ہاتھ کے جوڑ کا اپنی جگہ پر ٹھیک بیٹھ جانا - **ہاتھ بیچنا** (متعدی) ۱ خدمتگاری یا نوکری کرنا ۲ کسی کے) کسی کے پاس فروخت کرنا **ہاتھ پانی لینا** (متعدی) آبدست کرنا - طہارت کرنا **ہاتھ پاؤں** (مذکر) ۱ دست و پا ۲ وہ ملازم جو بہت کام کرے - **ہاتھ پاؤں باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) مجبور ہونا - بے بس ہونا **ہاتھ پاؤں بچانا** (متعدی) ۱ کمال احتیاط یا ہوشیاری سے کوئی کام کرنا - محتاط رہنا ۲ کسی الزام یا بدنامی سے بچا رہنا **ہاتھ پاؤں بے قابو ہونا** (لازم) ضعف کی وجہ سے ہاتھ پاؤں کا کام نہ کر سکنا - **ہاتھ پاؤں بیکار کر دینا** (متعدی) اتنا مارنا کہ ہاتھ پاؤں کام نہ کر سکیں - **ہاتھ پاؤں بیکار ہو جانا** (لازم) ضعف یا بڑھاپے کی وجہ سے اعضا کا سست پڑ جانا یا کام نہ دینا **ہاتھ پاؤں پڑنا** (لازم) ہاتھوں کو چومنا اور قدموں پر گرنا - منت سماجت یا خوشامد کرنا **ہاتھ پاؤں پھول جانا یا پھولنا** (لازم) ۱ تھکاوٹ کی وجہ سے ہاتھ پاؤں سوج جانا - چلنے پھرنے کی طاقت نہ رہنا ۲ گھبرا جانا - سٹ پٹا جانا - حواس باختہ ہو جانا **ہاتھ پاؤں پھیلانا** (متعدی) ۱ کام کو بڑھانا طول دینا ۲ ترقی کرنا ۳ غلبہ حاصل کرنا **ہاتھ پاؤں پٹینا** (متعدی) بیفائدہ کوشش کرنا **ہاتھ پاؤں ترانا** (متعدی) عاشق ہونا (صفت) **ہاتھ پاؤں توڑنا** (متعدی) ۱ ضرر پہنچا کر ہاتھ پاؤں کو شکست یا بیکار کر دینا - بہت مارنا ۲ حالت نزع میں ہونا ۳ ڈنڈ پیلنا خوب کسرت یا ورزش کرنا ۴ اعضا شکنی کرنا بخار کا - **ہاتھ پاؤں تھرانا** (لازم) ہاتھ پاؤں کانپنا - بدن کانپنا - **ہاتھ پاؤں تھک کے تختہ ہو جانا یا تھکنا** (لازم) بحد تھک جانا - ہاتھ پاؤں شل ہو جانا - **ہاتھ پاؤں ٹھیلا کرنا** (متعدی) کسی کو اتنا مارنا کہ بیکار ہو جائے - **ہاتھ پاؤں نبار ہونا** (لازم) کسرت کی وجہ سے فربہ ہونا - **ہاتھ پاؤں ٹوٹنا** (لازم) ۱ اعضا شکنی ہونا بخار یا نشے کے اترنے کی وجہ سے - ہاتھ پاؤں میں درد ہونا ۲ ہاتھ پاؤں کا شکستہ ہونا **ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پڑ جانا** (لازم) خوف یا بیماری سے ہاتھ پاؤں سرد ہو جانا - **ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہونا** (لازم) ۱ غشی کا عالم ہونا - نزع کا وقت ہونا - دونوں حالتوں میں ہاتھ پاؤں سرد ہو جاتے ہیں ۲ بہت سردی کی وجہ سے ہاتھ پاؤں

سرد ہو جانا۔ **ہاتھ پاؤں چھوٹے پڑ جانا** (لازم)
ہاتھ پاؤں کا بیکار ہو کر کام نہ کرنا **ہاتھ پاؤں چلانا**
(متعدی) ہاتھ پاؤں کو حرکت دینا **ہاتھ پاؤں چلنا**
(لازم) ۱ کام کرنے کے قابل ہونا۔ ہاتھ پاؤں کا کام
دینا ۲ ہاتھ پاؤں کا نچلا نہ رہنا ۳ پٹہ بازی کشتی شناوری
وغیرہ میں تیزی کرنا **ہاتھ پاؤں چومنا** (متعدی)
ہاتھ پاؤں کو بوسہ دینا۔ بہت تعظیم و تکریم کرنا۔ **ہاتھ
پاؤں دابنا** (لازم) چپی کرنا۔ مشت مالی کرنا۔
ہاتھ پاؤں دھو کے چڑھ بیٹھنا (لازم)
۱ دفعتہً حربا یا حملہ کرنا ۲ عورت کی آبرو لینا (عف)
ہاتھ پاؤں دُھلانا (لازم) **دُھونا** (متعدی)
ہاتھ پاؤں کو پانی ڈال کر صاف کرنا **ہاتھ پاؤں
دھننا** (لازم) ہاتھ پاؤں میں سنسناہٹ ہونا۔
ہاتھ پاؤں رانگا رانگا ہونا (لازم) ۱ ہاتھ
پاؤں شل ہونا **ہاتھ پاؤں رہ جانا** (لازم) ہاتھ
پاؤں کا کام نہ کرنا یا بےحس و حرکت ہو جانا ۲ فالج ہو
جانا **ہاتھ پاؤں سرد ہو جانا** (لازم) دیکھو
ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جانا۔ **ہاتھ پاؤں سنبھالنا**
(متعدی) ۱ ہاتھ پاؤں روکنا یا قابو میں کرنا ۲ خوب موٹا
تازہ اور قدآور ہونا **ہاتھ پاؤں سنسنانا** (متعدی)
۱ ہاتھ پاؤں میں سنسناہٹ ہونا ۲ مضمحل ہونا۔ **ہاتھ
پاؤں سو جانا** (لازم) سُن ہو جانا۔ بےحس ہو جانا۔
ہاتھ پاؤں سے چھوٹنا (لازم) جننے سے
فراغت پانا۔ جن کر تندرست ہو جانا **ہاتھ پاؤں
سیدھے کرنا** (متعدی) تھکے ہوئے ہاتھ پاؤں کو
سیدھا لیٹ کر آرام دینا **ہاتھ پاؤں شل ہو
جانا** (لازم) ہاتھ پاؤں کا تھک کر مضمحل ہو جانا۔
ہاتھ پاؤں کا جواب دینا (متعدی) **ہارنا**
(لازم) بیماری ضعف یا بڑھاپے کی وجہ سے اعضا کا
کام نہ کر سکنا **ہاتھ پاؤں کسیلے ہونا** (لازم) ہاتھ
پاؤں میں چستی رہنا۔ **ہاتھ پاؤں کہنے میں
نہ ہونا** (لازم) ضعف کی وجہ سے ہاتھ پاؤں کا کام
نہ کرنا **ہاتھ پاؤں مارنا** (متعدی) ۱ ہاتھ پاؤں
کو حرکت دینا ۲ بیقرار رہنا۔ مضطرب ہونا۔ تڑپنا ۳
نزع کی حالت میں ہونا ۴ جان توڑ کر کوئی کام کرنا۔
جانفشانی کرنا ۵ کسی امر میں سعی یا کوشش یا دوڑ دھوپ
کرنا ۶ تلاش یا تجسس کرنا ۷ کسی کام میں فکر کرنا ۸
تیرنا۔ شناوری کرنا **ہاتھ پاؤں میں سنیچر ہونا**
(لازم) کام یا کوشش بےنتیجہ ہونا **ہاتھ پاؤں
نکالنا** (متعدی) ۱ حد سے بڑھ جانا۔ بہت شرارتیں
کرنا ۲ قدآور اور موٹا تازہ ہونا۔ جوان ہونا ۳ سر چڑھنا
گستاخ ہونا۔ **ہاتھ پاؤں ہار جانا یا ہارنا**
(لازم) ۱ ضعف یا بڑھاپے کی وجہ سے ہاتھ پاؤں کا
کام نہ کر سکنا ۲ ہمت ہار جانا۔ دل توڑ دینا۔ **ہاتھ
پاؤں ہلانا** (متعدی) ۱ ہاتھ پاؤں کو حرکت دینا
۲ کوشش کرنا ۳ بیکار نہ بیٹھنا۔ کچھ کام کرنا محنت
مزدوری کرنا۔ **ہاتھ پاؤں ہونا** (لازم) شباب
کا زمانہ قریب آنا **ہاتھ پتھر تلے آنا یا دبنا**
(لازم) ۱ سخت مصیبت میں پھنسنا ۲ بےبس ہونا
مجبور و ناچار ہونا **ہاتھ پٹھے پر نہ رکھنے دینا**
(متعدی) نہایت چالاک ہونا۔ بہت شوخ ہونا۔ یہ
محاورہ گھوڑوں سے لیا گیا ہے **ہاتھ پر** (ظرف)
۱ ہاتھ کے اوپر ۲ فوراً۔ اسی وقت **ہاتھ پر دھرا
رہنا** (لازم) کسی کے لینے کے لئے ہاتھ میں ہونا
یا تیار ہونا۔ **ہاتھ پر دھرا ہوا ہونا** (لازم) کسی
چیز کا ہر وقت پاس ہونا۔ کسی چیز کا تیار اور موجود ہونا
ہاتھ پر سرسوں جمانا (متعدی) ۱ کسی سخت اور
مشکل کام کو فوراً انجام دینا ۲ طلسم اور شعبدہ بازی
دکھانا۔ **ہاتھ پر سانپ کھلانا** (متعدی) خطرے
کا کام کرنا۔ جان کو خطرے میں ڈالنا **ہاتھ پر سونا
اچھالنا** (متعدی) اس قدر ملک میں امن ہونا
ہونا کہ آدمی اپنا مال و دولت کھلے بندوں رکھ سکے۔
ہاتھ پر طوطا پالنا (متعدی) ۱ ہاتھ پر زخم یا پھوڑا
پھنسی ہونا ۲ اپنا ہاتھ زخمی کر لینا ۳ زخم اچھا نہ ہونے
دینا **ہاتھ پر قرآن (گنگا جلی) دھرنا یا
رکھنا** (متعدی) ۱ سخت قسم کھانا۔ حلف اٹھانا ۲
قرآن کی قسم لینا **ہاتھ پر گرم پیسہ رکھنا**
(متعدی) پیسہ سخت گرم کر کے ہاتھ پر رکھ دینا۔ پرانے
زمانے کی ایک سزا۔ **ہاتھ پر ناگ کھلانا**
(متعدی) اپنی جان خطرے میں ڈالنا۔ جوکھوں کا کام
کرنا **ہاتھ پر ہاتھ دھر (رکھ) کر بیٹھنا** (لازم)
۱ بیکار رہنا۔ کام نہ کرنا۔ نکما بیٹھنا ۲ ناامید یا مایوس
ہونا۔ غم میں بیٹھنا۔ **ہاتھ پر ہاتھ دھرنا یا
رکھنا** (متعدی) ۱ ایک ہاتھ پر دوسرا ہاتھ رکھنا ۲
وعدہ کرنا۔ قول دینا۔ قول و قرار کرنا ۳ شرط لگانا۔
بازی بدنا **ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھا رہنا
یا بیٹھنا** (لازم) ۱ ایک ہاتھ پر دوسرا ہاتھ رکھ کر
بیٹھ رہنا ۲ کچھ نہ کرنا **ہاتھ پر ہاتھ مارنا** (متعدی)
دیکھو ہاتھ پر دھرنا ۳ **ہاتھ پڑ جانا** (لازم)
۱ مفت ہاتھ آنا۔ بغیر کوشش ہاتھ آنا ۲ چوری ہو
جانا **ہاتھ پڑنا** (لازم) ۱ ہاتھ یا مٹھی میں کسی چیز
کا آنا۔ گرفت میں آنا ۲ کسی کے ہاتھ میں چلا جانا
کسی چیز کا کسی کے قبضے میں آنا ۳ مریض کی نبض
دیکھی جانا۔ زیر علاج ہونا ۴ لوٹ ہونا۔ لٹنا۔ غارت
گری ہونا ۵ دست درازی ہونا ۶ چھینا جھپٹی ہونا
۷ ہاتھ کی ضرب لگنا۔ وار ہونا ۸ ڈوں پڑنا یا سیم
پڑنا ۹ بس میں آنا۔ قابو چڑھنا ۱۰ ہاتھ کا دھکا مس
ہونا **ہاتھ پسارنا** (متعدی) مانگنا۔ مانگنے کے
واسطے ہاتھ پھیلانا (ہندی) **ہاتھ پسارے جانا**
(لازم) دنیا سے خالی ہاتھ جانا (ہندی) **ہاتھ پکڑا
دینا** (متعدی) ۱ کسی کے سپرد کرنا۔ حفاظت میں
دینا ۲ شادی کرنا **ہاتھ پکڑتے پہنچا پکڑنا**۔
(متعدی) تھوڑی سی رعایت سے بہت بے تکلف
ہو جانا۔ تھوڑا سہارا پا کر زیادہ کا طالب ہونا۔ **ہاتھ
پکڑ کے لیجانا** (متعدی) رہنمائی کرنا **ہاتھ پکڑنا**
(لازم) ۱ ہاتھ میں ہاتھ لینا۔ ہاتھ تھامنا ۲ مدد کرنا
دستگیری کرنا ۳ کسی کو کسی کام سے روکنا **ہاتھ پکڑے
کی لاج رکھنا یا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ایک
دفعہ جس کی مدد ہو ہمیشہ اس کی مدد ہوتی رہنا۔ ہمیشہ
مہربانی کرتے رہنا **ہاتھ پکڑے لے جانا**
(لازم) رہنمائی کرنا **ہاتھ پورا پڑنا** (لازم) مکمل
وار پڑنا۔ پورا وار پڑنا **ہاتھ پہنچنا** (لازم) ۱ ایسی
جگہ ہونا جہاں ہاتھ جا سکے ۲ دسترس ہونا۔ رسائی
ہونا **ہاتھ پھٹ جانا یا پھٹنا** (لازم) ہاتھوں
میں سردی سے زخم ہو جانا **ہاتھ پھول** (مذکر) ایک
پودہ **ہاتھ پھرنا** (لازم) ۱ کسی چیز کو ہاتھ کا چھونا ۲
مساس ہونا۔ عورت کے بدن پر مرد کا ہاتھ لگنا۔
ہاتھ پھیرنا (متعدی) ۱ کسی چیز پر ہاتھ رکھ کر ادھر
ادھر ہلانا۔ گھوڑے پر بھی ہاتھ پھیرتے ہیں ۲ پیار
کرنا۔ چمکارنا ۳ ٹھگنا۔ لوٹنا۔ موسنا ۴ بوس و کنار
کرنا۔ مساس کرنا ۵ گلے سے لگانا۔ پیٹنا۔ **ہاتھ
پھیر** (مذ) ۱ قرضہ ۲ قرض دینا۔ **ہاتھ پھیر دینا**
(م) قرض دینا **ہاتھ پھیلا کر مانگنا** (متعدی)
منت و زاری سے مانگنا **ہاتھ پھیلانا** (متعدی)
۱ کسی چیز کو لینے یا چھونے کے لئے ہاتھ بڑھانا ۲
دست سوال دراز کرنا۔ مانگنا ۳ طمع کرنا **ہاتھ پھیلنا**
(لازم) ہاتھ پھیلانا کا **ہاتھ پھینکنا** (متعدی) ۱

ہاتھوں کو چکر یا گردش دینا ۲ ہاتھوں سے وار کرنا
ہاتھ چلانا ۳ تلوار اور پٹے کے ہاتھ ہلانا - پٹے بازی
کرنا ۴ جلد جلد کھانا - بڑے بڑے نوالے اتار جانا
۵ لوٹنا - ہونا **ہاتھ پیر (مارنا)** دیکھو ہاتھ پاؤں
(مارنا) **ہاتھ پیلے کرنا** (متعدی) عزیزوں کی طرح
شادی کر دینا **ہاتھ تکنا** (لازم) ۱ کسی کے ہاتھ
کی طرف غور سے دیکھنا ۲ کسی کا محتاج ہونا - دست
نگر ہونا **ہاتھ تلنا** (متعدی) گرم تیل میں ہاتھ
ڈال کر قسم دینا - پرانے زمانے کی ایک سزا **ہاتھ
تلے** (ظرف) ۱ ماتحت - نیابت میں - نیچے ۲ قبضے
میں - قابو میں ۳ پاس - قریب - نزدیک **ہاتھ
تلے آنا** (لازم) ۱ ہاتھ کا کسی چیز کے نیچے
آنا ۲ ہاتھ کے نیچے کسی چیز کا آنا ۳ قابو میں آنا -
قبضے میں آنا **ہاتھ تنگ ہونا** (لازم) روپیہ
پیسہ پاس نہ ہونا - غریب ہونا **ہاتھ توڑ توڑ
کر کھانا** (متعدی) مزیدار چیز کھا کر ہاتھ چاٹنا -
ہاتھ توڑ دینا یا توڑنا (متعدی) دوسرے
کا ہاتھ شکستہ کر دینا **ہاتھ تھامنا** (متعدی)
۱ ہاتھ پکڑنا ۲ ہاتھ پکڑ کر گرتے کو سنبھالنا **ہاتھ
تھرانا** (متعدی) ہاتھ کانپنا **ہاتھ تھرکانا**
(متعدی) زنانوں کی طرح ہاتھ ہلانا یا نچانا **ہاتھ
تہ سنگ ہونا** (لازم) مجبور ہونا - لاچار ہونا
بے بس ہونا **ہاتھ تھک جانا یا تھکنا**
(لازم) زیادہ کام کرنے سے ہاتھ کا مضمحل ہو جانا
ہاتھ تھکیں (بد دعا) خو - ہاتھ ٹوٹیں **ہاتھ تیار
ہونا** (لازم) ہاتھ کو مشق ہونا **ہاتھ ٹوٹ جانا
یا ٹوٹنا** (لازم) ۱ ہاتھ کا شکستہ ہو جانا ۲ بیکار
ہونا **ہاتھ ٹوٹیں** (بد دعا) ہاتھ کسی کام کے نہ
رہیں **ہاتھ ٹھٹھرنا** (لازم) سردی سے ہاتھ کا
سن ہو جانا **ہاتھ ٹھوڑی میں ڈالنا** (متعدی)
منت کرنا - خوشامد کرنا **ہاتھ ٹھہرانا** (متعدی)
ہاتھ روکنا **ہاتھ ٹھہرنا** (لازم) کسی کام کی مشق
ہونا **ہاتھ ٹیک کر اٹھنا** (متعدی) زمین
پر ہاتھ کا سہارا لے کر اٹھنا - کمزوری یا بڑھاپے
کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے **ہاتھ جانا** (لازم)
ہاتھ کا کسی جگہ پہنچنا **ہاتھ جڑنا** (متعدی) ۱ تھپڑ
مارنا ۲ وار کرنا **ہاتھ جگر پر رکھنا** (متعدی) بے
قراری کی وجہ سے ہاتھ سے جگر کو دبانا - بے قرار ہونا
ہاتھ جلنا (متعدی) ہاتھ کا آگ بجلی تیزاب وغیرہ سے

زخمی ہو جانا **ہاتھ جمنا** (لازم) ہاتھ بیٹھنا - مشق ہو جانا
ہاتھ جوڑ (ظرف) دست بستہ **ہاتھ جوڑ دینا**
(متعدی) ۱ ہار مان لینا ۲ معافی مانگنا - **ہاتھ جوڑ کر
کھڑا ہو جانا** (لازم) ۱ دست بستہ کھڑا ہو جانا ۲
سب کچھ خرچ کر دینا **ہاتھ جوڑ کر کہنا** (متعدی)
منت و سماجت سے کہنا - نہایت ادب و تعظیم سے
گزارش کرنا **ہاتھ جوڑنا** (متعدی) ۱ منت و سماجت
کرنا - التجا کرنا ۲ خوشامد کرنا ۳ معافی مانگنا ۴ دور سے
سلام کرنا - پناہ مانگنا ۵ ہار ماننا ۶ (ہندوؤں میں) جے
کرنا - آداب کرنا **ہاتھ جھاڑ اٹھے** (دہلی) جوئے
میں سب کچھ ہار کر اٹھ بیٹھے - مفلس اور نادار ہو گئے
ہاتھ جھاڑ کے اٹھنا (لازم) خالی ہاتھ اٹھنا
ہاتھ جھاڑ کے جانا (لازم) خالی ہاتھ جانا **ہاتھ
جھاڑ کے کھڑے ہو جانا** (لازم) اپنے
پاس کچھ باقی نہ رکھنا - سب کچھ خرچ کر ڈالنا **ہاتھ
جھاڑنا** (متعدی) ۱ ہاتھ کو جھٹکا دینا ۲ ہاتھ کو مٹی وغیرہ
سے صاف کرنا ۳ ہاتھ خالی کرنا ۴ ضرب لگانا - وار کرنا
۵ دست بردار ہونا - ہاتھ اٹھانا - چھوڑنا ۶ تھپڑ لگانا
مارنا - پیٹنا **ہاتھ جھٹکنا** (متعدی) ۱ ہاتھ کو جھٹکا دینا
۲ کسی کے ہاتھ کو اپنے جسم سے جھٹکے کے ساتھ
ہٹانا ۳ ہاتھ چھڑانا **ہاتھ جھلانا** (متعدی) ہاتھوں کو
ہلاتے ہوئے چلنا - یہ انسان کی قدرتی عادت ہے -
اگر ہاتھ نہ ہلائے تو زیادہ چل نہیں سکتا - پاؤں کے
ساتھ ہاتھ بھی ہلتا ہے **ہاتھ جھلائی** (مونث) ۱ وہ
روپیہ جو راہزن اپنی سرحد سے گذرنے کی بابت مسافروں
سے لیتے ہیں ۲ وہ نقدی جو زمیندار یا ملازمان سرکار
راہ میں مسافروں سے لیتے ہیں **ہاتھ جھوٹا پڑنا**
(لازم) وار خالی جانا - نشانہ پر نہ لگنا **ہاتھ جھوٹا
کرنا** (متعدی) ۱ تھوڑا سا کھانا - منہ جھوٹا کرنا ۲ مالش کرنا
ہاتھ جھوٹا ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ ہاتھ کا کھانے
کی وجہ سے میلا ہونا ۲ ہاتھ کا بیکار ہو جانا یا زور نہ
کھا سکنا ۳ ہاتھ کی طاقت کا جاتا رہنا ۴ وار ٹھیک
طور پر نہ لگنا - وار کرتے ہوئے ہاتھ بہک جاتا ہے
ہاتھ جھول پڑنا یا جانا (لازم) ہڈی ٹوٹ جانے
سے ہاتھ کا لٹک جانا **ہاتھ چالاک** (صفت) ۱ تیز
دست - پھرتیلا - چابکدست - جلدی - جلدی کام
کرنے والا ۲ چوری کی عادت - چوری **ہاتھ چالاکی**
(مونث) ۱ تیز دستی - پھرتی - کام تیز کرنا ۲ چستی چالاکی
۳ چوری ۴ ہاتھ کی صفائی **ہاتھ چڑھا ہونا** (لازم)

خوب مشق ہونا - ہاتھ رواں ہونا **ہاتھ چڑھنا** (لازم)
۱ ملنا - دستیاب ہونا ۲ ہاتھ کو مشق ہونا - ہاتھ کا رواں
ہونا ۳ قابو چڑھنا - قابو میں آنا - ڈھب پر آنا - **ہاتھ
چٹھی** (مونث) وہ خط جو اپنے ہاتھ سے لکھا ہو **ہاتھ
چلا** (صفت) ۱ دیکھو ہاتھ چالاک ۲ ہاتھوں کو جلدی
سے استعمال کرنے والا - ہتھ چھٹ **ہاتھ چلانا**
(متعدی) ۱ مارنا - دست درازی کرنا ۲ چوری کرنا -
چرانا ۳ ہاتھ نچلا نہ رکھنا - ہاتھ سے شرارت کرنا ۴ ہاتھ
سے جلدی جلدی کام کرنا ۵ وار کرنا **ہاتھ چلنا** (لازم)
۱ ہاتھوں کا جلد جلد کام کرنا یا مشاق ہونا ۲ مارنا - مارنے
کو ہاتھ اٹھنا - دست درازی ہونا ۳ ہاتھ کا مشاق ہونا
ہاتھ میں روانی ہونا ۴ تلوار کا وار ہونا ۵ ہاتھ کا نچلا نہ رہنا
۶ فارغ البالی ہونا - خاطر خواہ آمدنی ہونا ۷ چوری کی
عادت ہونا ۸ ہاتھ پڑنا **ہاتھ چمکانا** (متعدی) ۱
عورتوں کی طرح ہاتھ اٹھا کر باتیں کرنا ۲ عورتوں
اور معشوقوں کا ہاتھ بلند کر کے انگلیاں خم کر کے ہاتھ
ہلانا ۳ عورتوں کا لڑتے ہوئے ہاتھ اٹھا کر ہلانا ۴
تلوار کو نیام سے نکال کر اور سر سے اونچا کر کے ہلانا
ہاتھ چمڑے کا نہ لگانا (متعدی) ہاتھ سے
نہ چھونا - الگ رہنا **ہاتھ چومنا** (متعدی) ۱ ہاتھوں
کو بوسہ دینا - دست بوس ہونا - پیار سے - تعظیم
سے - کاریگری کی داد دینے کے لئے ایسا کرتے
ہیں ۲ ہاتھوں کی داد دینا یا قدر کرنا **ہاتھ (چھٹا)
چھڑا لینا** (متعدی) اپنے ہاتھ کو جھٹکے سے دوسرے
کے ہاتھ سے نکال یا علیحدہ کر لینا **ہاتھ چھوٹا ہونا**
(لازم) بیدھڑک مار بیٹھنے کی عادت ہونا - **ہاتھ
چھوڑنا** (متعدی) ضرب لگانا - حملہ کرنا - وار کرنا
تلوار لگانا **ہاتھ حمائل رکھنا** (متعدی) کسی چیز کو
ہاتھوں کے درمیان اس طرح رکھنا کہ ہاتھ ارد
گرد رہیں **ہاتھ حمائل کرنا** (متعدی) ہونا (لازم)
گرد ہاتھ ہونا (کمر گلے وغیرہ کے) **ہاتھ خالی آنا**
(لازم) ۱ کسی کے گھر مٹھائی یا پھل وغیرہ نہ لانا - خالی
ہاتھ آنا ۲ بغیر کسی چیز کے پیدا ہونا - دنیا میں کچھ نے
کر نہ آیا **ہاتھ خالی جانا** (لازم) ۱ وار خالی جانا -
ہاتھ نہ پڑنا - نشانہ نہ بیٹھنا ۲ پانسہ نہ پڑنا - داؤں
حسب مراد نہ پڑنا ۳ دنیا سے نامراد جانا **ہاتھ خالی
دینا** (متعدی) حریف کی ضرب کو پہنچنے نہ دینا **ہاتھ
خالی رہنا** (لازم) روپیہ پیسہ پاس نہ ہونا **ہاتھ
خالی نہ ہونا** (لازم) فرصت نہ ہونا **ہاتھ خرچ**

سے تنگ ہونا (لازم) خرچ پاس نہ ہونا
ہاتھ خشک ہو جانا (لازم) ہاتھ کا سوکھ جانا
ایک بیماری ہاتھ دانتوں سے کاٹنا
(متعدی) بہت پچھتانا ہاتھ دراز کرنا (متعدی)
۱ دیکھو ہاتھ بڑھانا ۲ دیکھو ہاتھ پھیلانا ہاتھ دکھانا
۱ نبض دکھانا ۲ نجومی سے مستقبل کے حالات دریافت
کرنے کے لئے ہاتھ اسکے آگے کرنا ۳ فنون سپاہ
گری یا دلاوری کے جوہر دکھانا ہاتھ دُکھنا (لازم)
ہاتھ میں درد ہونا ہاتھ دوڑانا (متعدی) ۱ کسی کام
میں تیزی یا چستی ظاہر کرنا۔ ہاتھ چلانا ۲ کسی کی طرف
ہاتھ بڑھانا ۳ کسی کو پکڑنے کی کوشش کرنا ۴ کسی
کے بدن پر ہاتھ پھیرنا۔ کسی کو چھونا ۵ کسی کا مال
چرانا ہاتھ دوڑنا (لازم) ہاتھ دوڑانا کا ہاتھ
دھرنا (متعدی) دیکھو ہاتھ رکھنا۔ ہاتھ دُھلانا
(متعدی) ۱ کسی کے ہاتھ پر پانی ڈالنا۔ عموماً کھانے
سے پہلے یا بعد ۲ شادی کے روز کی ایک رسم دولہا
دولھن کے ہاتھ پر پانی ڈالنا ہاتھ دھلائی (مؤنث)
ہاتھ دھلانے کا انعام جو دولھا سے لیا جاتا ہے۔
ہاتھ دُھلوانا (لازم) کسی سے اپنے یا کسی اور
کے ہاتھ پر پانی ڈلوانا ہاتھ دھو بیٹھنا (متعدی)
ناامید ہو جانا۔ مایوس ہو جانا ۲ کھو بیٹھنا۔ چھوڑ بیٹھنا ۳
قطع تعلق کر بیٹھنا ہاتھ دھو چکنا (لازم) امید چھوڑ
بیٹھنا۔ آس توڑ بیٹھنا ہاتھ دھو رکھنا (متعدی)
مایوس ہو جانا۔ ناامید ہو جانا ہاتھ دھو کر (کے)
بیٹھنا (متعدی) دیکھو ہاتھ دھو بیٹھنا ہاتھ دھو کر
(کے) پیچھے پڑنا (لازم) ۱ اور کام چھوڑ کر ایک
کام کے پیچھے پڑنا ۲ پیچھے پڑ جانا۔ درپے آزار ہونا۔
پیچھا نہ چھوڑنا ہاتھ دھو لینا (متعدی) مایوس ہونا
ہاتھ دھونا (متعدی) پانی سے ہاتھ صاف کرنا طہارت
کرنا۔ آبدست لینا ہاتھ دے دے مارنا
(متعدی) غصہ یا نزع کی حالت میں ہاتھ بار بار پٹکنا
ہاتھ دیکھنا (متعدی) ۱ ہاتھ دکھانا کا ۱ نبض دیکھنا
۲ نجومی کا حالات بتانے کے لئے ہاتھ کا ملاحظہ کرنا
۳ صبح اٹھ کر اپنا دایاں ہاتھ دیکھنا تاکہ کسی منحوس کی صورت
پہلے نظر نہ پڑے ۴ کسی کی بخشش کا منتظر رہنا ہاتھ
دینا (متعدی) ۱ مصافحہ کرنا ۲ حوالے کرنا ۳ داد
دینا یا مانگنا ۴ قول دینا۔ وعدہ کرنا ۵ کسی چیز کا قبول
کرنا ۶ چیچک کے دانوں کا مرجھانا ۷ چراغ گل کرنا
یا بجھانا ۸ دوکاندار کا غلے کو اوپر نیچے کرنا ۹ چالاکی سے

کا کپڑے کے نیچے ہاتھ ڈال کر گھوڑے کا معاملہ
کرنا ۱۰ دوکانداروں کا ایک دوسرے کے ساتھ
اسی طرح معاملہ کرنا ۱۱ چالاکی کرنا۔ چابکدستی کرنا ہاتھ
ڈالنا (متعدی) ۱ ہاتھ داخل کرنا ۲ کسی چیز میں ہاتھ
دینا ۳ غیر عورت کو پکڑنا۔ دست درازی کرنا ۴ دخل
دینا۔ کوئی کام اپنے ذمے لینا ۵ مس کرنا یا ہاتھ ڈالنا
۶ کسی کام کو شروع کرنا ۷ علاج شروع کرنا ۸ پکڑنا
پکڑنے کا ارادہ کرنا ۹ لوٹنا۔ غارت کرنا ۱۰ (تھوڑی
میں) منت کرنا۔ خوشامد ۱۱ (جیب میں) کسی کو کچھ نقدی
دینا۔ خیرات کرنا۔ کسی کی جیب میں سے کچھ نکالنا
ہاتھ رُکنا (لازم) ۱ کسی کام کے کرنے سے ہچکچانا
۲ وار بچنا ہاتھ رکھنا (متعدی) کسی چیز پر ہاتھ دھرنا
۲ کسی چیز کو چھپانا ۳ ہاتھ سے کسی چیز کا یا کسی کا منہ
بند کرنا ۴ قسم کھانا ۵ مدد کرنا۔ سہارا دینا ۶ ہاتھ سے
چھونا ۷ بچانا۔ محافظت کرنا ۸ کام نہ کرنا ۹ (منہ پر)
چپ کرانا۔ بات نہ کرنے دینا ۱۰ (دل کلیجے وغیرہ پر)
تسلی یا تسکین کے لئے ایسا کرتے ہیں ۱۱ (سر پر)
مدد کا وعدہ کرنا ۱۲ (پشت پر) تسلی دینا۔ تسکین دینا
۱۳ (پاؤں پر) منت کرنا۔ خوشامد کرنا ۱۴ (آنکھوں پر)
بند کرنا ۱۵ (ماتھے پر) سلام کرنا ۱۶ (کندھے پر) سہارا
لینا۔ اٹھنے سے روکنا ۱۷ (چھاتی پر) تعظیم کرنا۔
ہاتھ رنگنا (متعدی) ۱ مہندی یا کسی رنگ سے
ہاتھوں کو رنگین کرنا ۲ لوٹنا یا مال مارنا ۳ رشوت لینا
ہاتھ رواں رہنا (لازم) ۱ ہاتھ چلتا رہنا ۲
کسی بات کی مشق رہنا ہاتھ رواں کرنا (متعدی)
۱ مشق کرنا۔ ہاتھ صاف کرنا ۲ مارنا۔ قتل کرنا ہاتھ
رواں ہونا (لازم) ۱ ہاتھ چلنا ۲ کسی کام کی مشق
ہونا ہاتھ روکنا (متعدی) ۱ کسی کام سے باز رہنا
۲ وار بچانا ۳ کفایت شعاری کرنا۔ خرچ کم کرنا ۴
ہاتھ تھامنا ہاتھ رہ جانا (لازم) کام کرتے کرتے
ہاتھ تھک جانا یا شل ہو جانا ہاتھ رہنا (لازم) کسی
کے اختیار رہنا۔ کسی پر منحصر ہونا ہاتھ زیر زنخداں
رہنا (لازم) سوچ میں بیٹھا رہنا ہاتھ سادھنا
(متعدی) ہاتھ صاف کرنا۔ مشق کرنا ہاتھ سنانا
(لازم) ہاتھ آلودہ کرنا یا بھرنا ہاتھ سر پر پھیرنا
(متعدی) پیار یا شفقت سے ہتھیلی سر پر پھیرنا ہاتھ
سر پر دھر (رکھ) کے رونا (لازم) بہت
پچھتانا۔ پشیمان ہونا۔ افسوس کرنا ہاتھ سر پر
رکھنا (متعدی) ۱ حمایت کرنا ۲ پیار کرنا ۳ قسم

کھانا ۴ سلام کرنا ہاتھ سرکانا (متعدی) ہاتھ
آہستہ سے ہٹا لینا ہاتھ سُن ہو جانا یا سو
جانا (لازم) ہاتھ کا کام نہ کر سکنا۔ ہاتھ میں خون
کا حرکت نہ کر سکنا ہاتھ سے (تعف) ۱ ذریعے
سے ۲ سبب سے ۳ ذات سے۔ دم سے ۴
قابو سے ہاتھ سے بچنا (لازم) سلامت
رہنا۔ زندہ رہنا ہاتھ سے تنگ آنا (لازم)
کسی کی بداعمالیوں یا شرارتوں سے تکلیف میں ہونا
ہاتھ سے بھاگا پھرنا (لازم) کسی کے ڈر کے
مارے کہیں چلا جانا ہاتھ سے تنگ ہونا
کسی کی وجہ سے تکلیف میں ہونا ہاتھ سے
توتے (طوطے) اڑنا (لازم) بیخود ہونا۔
بدحواس ہونا ہاتھ سے جاتا رہنا (لازم)
۱ قابو سے نکل جانا۔ اختیار سے جانا ۲ کھویا جانا
جاتا رہنا ۳ آپے سے باہر ہو جانا۔ از خود رفتہ
ہونا ۴ مر جانا ہاتھ سے جانا (لازم) دیکھو
آخری ۱ و ۲ و ۴ ہاتھ سے چلنا (لازم) ہاتھ
سے جانے پر تیار ہونا ہاتھ سے چھوٹنا
(لازم) قابو سے نکلنا ہاتھ سے دل پھسلنا
یا جانا (لازم) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ہاتھ سے
دینا (متعدی) ۱ بخشنا۔ عنایت کرنا۔ عطا کرنا
۲ چھوڑنا۔ ترک کرنا ۳ کھونا۔ ضائع کرنا ہاتھ
سے رکھ دینا (متعدی) کوئی ہاتھ میں پکڑی
ہوئی چیز زمین پر ڈال دینا ہاتھ سے سلام
لینا (متعدی) سلام کا جواب ہاتھ کے اشارے
سے دینا ہاتھ سے قلم رکھ دینا (متعدی)
۱ لکھنا چھوڑ دینا۔ لکھنے سے باز آنا ۲ لکھنا ختم
کر دینا ہاتھ سے کام نکالنا (متعدی) نکلنا
(لازم) ۱ کسی کام کا تجربہ ہونا۔ کوئی کام ہاتھوں سے
کیا جانا ۲ کسی کے ذریعے یا وسیلے سے کوئی کام نکلنا
۳ کوئی کام لیا جانا ہاتھ سے کھونا (متعدی)
۱ ملتی ہوئی چیز نہ لینا ۲ کسی چیز کا قابو سے نکل جانا۔
ہاتھ سے ناپنا (متعدی) کپڑے کا ناپ ہاتھ
سے کرنا۔ دو ہاتھ کا تقریباً ایک گز ہوتا ہے۔ چونکہ
مختلف اشخاص کے ہاتھ کہنی تک مختلف لمبائی
کے ہوتے ہیں۔ یہ ایک تخمینہ ہوتا ہے۔ ہاتھ
سے نالاں ہونا (لازم) کسی کی وجہ سے
تکلیف میں ہونا ہاتھ سے نکلنا (لازم) قابو
سے باہر ہونا۔ ہاتھ سے نہ دینا (متعدی)
قابو سے نہ نکلنے دینا ہاتھ سے ہارنا۔

(متعدی) ۱ مصافحہ کرنا ۲ پنجہ کشی کرنا ۳ ہاتھ سے ہاتھ پکڑ کر زور کرنا ۴ پہلوانوں کا کشتی سے پہلے ایک دوسرے کے ہاتھ کو چھونا **ہاتھ سے ہاتھ ملنا** (لازم) پچھتانا افسوس کرنا **ہاتھ سے ہاتھ ملنا** (لازم) مصافحہ ہونا **ہاتھ سیدھا مارنا** (متعدی) سیدھا وار کرنا۔ **ہاتھ سیدھا ہونا** (لازم) ہاتھ کا ٹیڑھا ہو کر کھل جانا۔ **ہاتھ شل ہو جانا یا ہونا** (لازم) ہاتھ کا تھک جانا یا کام کرنے کے قابل نہ رہنا **ہاتھ صاف کرنا** (متعدی) ۱ ہاتھ رواں کرنا۔ مشق کرنا ۲ خط سنوارنا ۳ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا ۴ لوٹنا۔ مال مارنا ۵ زک دینا برائی کرنا ۶ ہاتھ دھونا۔ ہاتھ صاف کرنا ۷ اڑانا۔ خرچ کرنا **ہاتھ طوقِ کمر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ہاتھ کمر میں پڑنا۔ ہاتھ کا کمر کو حلقہ کرنا **ہاتھ طوقِ گلو کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ہاتھ گلے میں پڑنا **ہاتھ قلم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ہاتھ کٹنا **ہاتھ کا** (صفت) ۱ اپنا۔ خود ۲ خود دیا ہوا ۳ خود بنایا ہوا ۴ خود سیا ہوا ۵ خود لکھا ہوا **ہاتھ کاٹا جانا** (لازم) ۱ قلم کر دینا ۲ بے اختیار کر دینا **ہاتھ کاٹ دینا** (متعدی) ۱ ہاتھ قلم کر دینا ۲ تحریری اقرار دینا **ہاتھ کاٹنا** (متعدی) ۱ ہاتھ کو چھری یا تلوار سے علحدہ کرنا مسلمانوں میں چوری کی سزا ہے ۲ غصے میں اپنے دانتوں سے ہاتھ کو پکڑنا ۳ بطور شرط یا قسم کے استعمال ہوتا ہے۔ ہاتھ قلم کرنے کی شرط لگانا ۴ افسوس کرنا پچھتانا **ہاتھ کا جھوٹا** (صفت) جو روپیہ لے کر نہ دے۔ نادہند۔ بدمعاملہ۔ بددیانت۔ خائن۔ **ہاتھ کا چالاک ہونا** (لازم) دست دراز ہونا۔ **ہاتھ کا دیا** (مذکر) خیرات۔ دان پن۔ سخاوت۔ فیاضی **ہاتھ کا سچا** (صفت) لین دین کا کھرا۔ ساکھ والا۔ **ہاتھ کا میل** (مذکر) ۱ وہ مٹی جو ہاتھ سے اترے ۲ بے اصل چیز۔ بے حقیقت چیز ۳ مجازاً روپیہ پیسہ مال و زر **ہاتھ کان سے ننگی** (صفت) وہ جس کے پاس زیور نہ ہو۔ وہ جس نے کوئی زیور نہ پہنا ہوا ہو **ہاتھ کانپنا** (متعدی) ہاتھ میں رعشہ ہونا۔ **ہاتھ کانوں پر رکھنا** (متعدی) ۱ بالکل لاعلمی ظاہر کرنا ۲ پناہ مانگنا ۳ ناواقفیت ظاہر کرنا ۴ کسی کام کے کرنے سے انکار کر دینا **ہاتھ کٹا چکنا یا دینا** (متعدی) تحریر دے کر مجبور ہو جانا **ہاتھ کٹانا** (متعدی) دیکھو ہاتھ کٹوانا **ہاتھ کٹ جانا** (لازم) ۱ ہاتھ بازو سے کٹ کر علحدہ ہو جانا ۲ ہاتھ زخمی ہو جانا ۳ کسی معاملے میں تحریر دینے کی وجہ سے مجبور ہو جانا **ہاتھ کٹ چکنا** (لازم) تحریر دے کر مجبور ہونا **ہاتھ کٹنا** (لازم) ۱ دیکھو ہاتھ قلم ہو جانا ۲ تحریر دی جانا۔ **ہاتھ کٹوانا** (لازم) ۱ ہاتھ کٹنا ۲ کسی بات کا دعوےٰ کرنے پر بھی کہتے ہیں **ہاتھ کٹے ہونا** (لازم) تحریر دینے کی وجہ سے بے بس یا مجبور ہونا **ہاتھ کرنا** (متعدی) ۱ حملہ کرنا۔ وار کرنا ۲ بحث کرنا ۳ (پ) دھوکا دینا۔ **ہاتھ کمر پر رکھے پھرنا** (لازم) بیکار پھرنا۔ بے شغلی کی حالت میں پھرنا۔ **ہاتھ کمر میں ڈالنا** (متعدی) لڑنا جھگڑنا **ہاتھ کنگن** (مذکر) ہاتھ میں پہننے کے کڑے **ہاتھ کو ہاتھ نظر نہ آنا** (لازم) سخت اندھیرا ہونا **ہاتھ کو ہاتھ نہیں (سجھائی دیتا) سوجھتا**۔ سخت اندھیرا ہے۔ اندھیرا گھپ ہے **ہاتھ کھانا** (متعدی) وار اٹھانا۔ وار لگنا **ہاتھ کھجلانا** (متعدی) ۱ ہاتھ میں خارش ہونا ۲ کسی کے مارنے پیٹنے کی خواہش ہونا۔ ہاتھوں پر مار کھانے کو جی چاہنا ۳ ہاتھ کا نچلا نہ بیٹھنا۔ مار کھانے کی باتیں کرنا ۴ کچھ ملنے کی امید ہونا۔ داہنے ہاتھ پر خارش ہو تو خیال ہوتا ہے کہ روپیہ آئیگا۔ اگر بائیں ہاتھ پر ہو تو روپیہ خرچ ہوگا۔ **ہاتھ کھلا ہونا** (لازم) فیاضی کی عادت ہونا **ہاتھ کھل جانا یا کھلنا** (لازم) ۱ ہاتھ کا چلنے یا کام دینے لگنا ۲ ہاتھ میں روپیہ آنا۔ تنگی نہ رہنا ۳ مار بیٹھنے کی عادت ہونا۔ ہتھ چھٹ ہو جانا **ہاتھ کھول دینا یا کھولنا** (متعدی) ۱ بندھے ہوئے ہاتھ کی رسی علحدہ کر دینا ۲ آزادی دے دینا ۳ تنگی نہ رہنے دینا ۴ بندھا ہوا ہاتھ کھل جانا **ہاتھ کھینچ لینا** (متعدی) ۱ کسی کام کے کرنے سے رک جانا۔ کوئی کام نہ کرنا۔ کسی کام سے علحدگی اختیار کرنا **ہاتھ کھینچنا** (متعدی) ۱ رک جانا۔ باز آنا۔ ترک کر دینا ۲ کسی کام سے ہاتھ روک لینا ۳ تعلقات دنیاوی کو چھوڑ دینا۔ **ہاتھ کی اپّی بھی گئی۔** ہاتھ آئی ہوئی چیز بھی جاتی رہی **ہاتھ کے اوپر ہاتھ دھرے بیٹھنا** (لازم) بیکار رہنا **ہاتھ کے تلے آجانا** (لازم) **ہاتھ کے دو بیر نہ کھانا** (متعدی) کسی سے نہایت نفرت کرنا۔ حقارت کی نظر سے دیکھنا۔ خاطر میں نہ لانا **ہاتھ کی پیٹھ دانتوں سے کاٹنا** (متعدی) کسی وجہ سے سخت ناراض ہونا۔ کسی چیز کے نہ ملنے پر حسرت وافسوس کرنا **ہاتھ کی چٹھی** (مونث) ۱ اپنی لکھی ہوئی چٹھی ۲ اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا سرٹیفکیٹ ۳ اپنی لکھی ہوئی رسید **ہاتھ کی چھڑی** (مونث) ہلکی سی چھڑی جو ہر وقت ہاتھ میں رہے **ہاتھ کی روٹی** (مونث) توے پر پکی ہوئی روٹی۔ ویسے تو تندور کی روٹی بھی ہاتھ سے ہی بنتی ہے یہ محاورہ صرف توے کی روٹی کے لئے استعمال ہوتا ہے **ہاتھ کی صفائی** (مونث) ۱ ادا کرنے میں مشاقی ۲ بازیگر اور شعبدہ باز وغیرہ کا ہاتھ کا کرتب دکھانا (ہونا کے ساتھ) **ہاتھ کے طوطے اڑ جانا** (لازم) حواس باختہ ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ سٹ پٹا جانا۔ بدحواس ہو جانا **ہاتھ کی لکیریں** (مونث) ۱ وہ خطوط جو ہاتھ پر ہوتے ہیں ۲ قسمت۔ نصیبا۔ تقدیر کا لکھا **ہاتھ کی مٹی** (مونث) وہ مٹی جو مردے کو دفن کرتے وقت قریب کے رشتہ دار قبر میں ڈالتے ہیں۔ کنایتاً کسی کے ہاتھ سے دفن ہونا **ہاتھ کی مچھلی** (مونث) وہ گوشت جو انگوٹھے کی نیچے ہوتا ہے **ہاتھ کے نیچے آجانا** (لازم) قابو میں آجانا۔ قبضہ ہو جانا **ہاتھ گاڑی** (مونث) وہ گاڑی جو ہاتھ سے پکڑ کر کھینچتے ہیں۔ ٹھیلا۔ رکشا **ہاتھ گردن میں دے کر نکال دینا۔ ہاتھ گردن میں دینا۔ ہاتھ گردن میں ڈالنا** دیکھو گردن میں ہاتھ وغیرہ **ہاتھ گریبان تک جانا** (لازم) ۱ گریبان پھاڑنے کے لئے ہاتھ کا اس تک پہنچنا۔ گریبان پھاڑ ڈالنا ۲ وحشت ہونا۔ دیوانہ پن ہونا **ہاتھ گلنا** (لازم) ۱ ہاتھ کے گوشت کا سردی سے مرجانا ۲ زخموں یا پھوڑوں کی وجہ سے ہاتھ کے گوشت کا سڑ جانا **ہاتھ گلے میں ڈالنا** (متعدی) پیار کرنا۔ باہیں گلے کا ہار کرنا **ہاتھ گھسانا** (متعدی) بیفائدہ کام کرنا۔ بے سود محنت یا مشقت کرنا **ہاتھ گھسائی** (مونث) وہ محنت جس سے کچھ حاصل نہ ہو **ہاتھ گھس جانا** (لازم) ۱ کوئی کام بہت دیر تک کرنا ۲ نقصان ہونا۔ ان معنوں میں نفی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے **ہاتھ گھنگھولنا** (متعدی) پانی میں ہاتھ ڈال کر جلدی جلدی اس کو حرکت دینا۔ **ہاتھ لا!** (کلمۂ تعریف) ۱ خوشی کے موقع پر کہتے ہیں۔ واہ وا۔ کیا کہنا۔ شاباش۔ مرحبا۔ آفریں ۲ داد لینے کے موقع پر بھی کہتے ہیں۔ **ہاتھ لال کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ ہاتھ کا سرخ ہونا ۲ قتل کیا جانا ۳ الزام لینا **ہاتھ لانا** (متعدی) ۱ دیکھو ہاتھ لا ۲ پہلوانوں کا ہاتھ ملانا ۳ مصافحہ کرنا۔ ہاتھ

نیک (صفت) اچکا - اٹھائی گیرا - چور - **ہاتھ**
دیکھانا (متعدی) ہاتھ بڑھانا **ہاتھ لگانا** (متعدی)
۱ چھونا - مس کرنا ۲ وار کرنا - ضرب لگانا ۳ کام شروع کرنا
۴ مدد کرنا ۔ مدد دینا ۵ سہارا لگانا - کسی چیز کے اٹھانے
میں مدد دینا ۶ نشر لگانا - بازی لگانا ۷ قول دینا ۸
سینے میں ہاتھ چلانا ۹ چپو چلانا - بلی کو حرکت دینا ۱۰
نبض دیکھنا - علاج شروع کرنا ۱۱ مارنا - زدو
کوب کرنا - سزا دینا ۱۲ کسی معاملہ میں دخل دینا ۱۳
عورت سے مساس کرنا - دست درازی کرنا چھیڑنا
ہاتھ لگائے کملانا (لازم) نہایت نازک ہونا
ہاتھ لگنا (لازم) ۱ دیکھو ہاتھ لگانا ۲ ملنا - حاصل
ہونا - دستیاب ہونا ۳ ضرب کے قاعدے میں حاصل
ہونا **ہاتھ لگائے میلا ہونا** (لازم) نہایت اجلا
یا سفید ہونا - آبدار ہونا - نہایت لطیف اور پاکیزہ ہونا
ہاتھ لگے میلا ہونا (لازم) دیکھو ہاتھ لگائے
میلا ہونا **ہاتھ لینا** (متعدی) تھامنا - روکنا - پکڑنا -
ہاتھ مارنا (متعدی) ۱ ضرب لگانا - وار کرنا ۲ جلد جلد
کھانا - ہاتھ مارنا ۳ مال چرانا یا اڑا لینا - غبن کرنا ۴
کشتی میں کسی کے ہاتھ پر ہاتھ لگانا ۵ اقرار کرنا - قول کرنا
۶ تیرنے میں ہاتھ زور زور سے ہلانا ۷ قبضہ کرنا - لے
لینا ۸ رشوت لینا ۹ شرط لگانا ۱۰ قتل کرنا - ذبح کرنا
۱۱ پیٹنا - سینہ زنی کرنا ۱۲ دروازہ کھٹکھٹانا ۱۳ کسی چیز
کی تلاش کرنا **ہاتھ مروڑ کر چھین لینا** (متعدی)
کسی کے ہاتھ سے زبردستی کوئی چیز لے لینا **ہاتھ
مروڑنا** (متعدی) کسی کے ہاتھ کو پیچ دینا - **ہاتھ
ملانا** (متعدی) ۱ مصافحہ کرنا ۲ پہلوان کا کشتی کے
وقت دوسرے پہلوان کے ہاتھ سے ہاتھ مس کرنا
یہ پنجہ کشی کرنا ۴ ہاتھ سے ہاتھ پکڑ کر زور کرنا ۵ برابری
کا دعوی کرنا ۶ سودا کرنا - کوئی مال خریدنا ۷ بیعانہ دینا
۸ بیعت - وعدے - سودا کرنے کشتی شروع
کرنے کے وقت ہاتھ ملاتے ہیں - **ہاتھ ملا کر
پچھتا کر ہاتھ ملاؤ** ۱ کچھ دو ۲ پہلوان کشتی لڑنے
کو کہتے ہیں **ہاتھ ملتے پھرنا** (لازم) افسوس کرتے
پھرنا - پچھتاتے پھرنا **ہاتھ ملتے رہ جانا یا رہنا**
(لازم) افسوس کرتے رہنا - پچھتاتے رہنا **ہاتھ ملنا**
(متعدی) ۱ ہاتھ پر ہاتھ رگڑنا ۲ رشک و حسد سے
افسوس کرنا ۳ پچھتانا **ہاتھ ملنا** (لازم) ۱ ہاتھ کا ہاتھ
سے یا کسی چیز سے مس کرنا ۲ مصافحہ ہونا ۳ نوکری ہونا
روپیہ ملنا ۴ پہلوانوں کا کشتی سے پہلے ہاتھ سے

ہاتھ لگنا **ہاتھ ملوانا** (لازم) ہاتھ ملنا کا **ہاتھ منہ پر
رکھ دینا** (متعدی) بولنے نہ دینا **ہاتھ منہ پر
سے نہیں اترے** - ابھی عروس نو کتخدا ہے
شرم و حیا کے دن ہیں - **ہاتھ منہ دھلانا** (متعدی)
ہاتھ منہ صاف کرنے کے لیے کسی کے ہاتھوں پر پانی
ڈالنا - خدمتگاری کرنا - نوکر کا کام کرنا - **ہاتھ منہ
دھونا** (متعدی) ہاتھ اور منہ کو پانی سے صاف کرنا -
ہاتھ منہ میں سلوک ہے - مل کر کھاتے کماتے
ہیں - آپس میں سلوک ہے **ہاتھ میں** (تمف)
۱ ہاتھ کے اندر - مٹھی میں ۲ قبضے میں - اختیار میں
ہاتھ میں آنا (لازم) ۱ حاصل ہونا - ملنا - بہم پہنچنا
۲ قابو میں آنا - قبضے میں آنا **ہاتھ میں پڑا ہونا**
(لازم) کسی ہنر کو جاننا - کسی فن کی مہارت ہونا
ہاتھ میں پڑ جانا (لازم) دیکھو ہاتھ آجانا - **ہاتھ
میں تھامنا** (متعدی) **تھمانا** (لازم) پکڑانا - ہاتھ
میں دینا **ہاتھ میں ٹھیکرا دینا** (متعدی) مفلس
بنا دینا - بھیک منگوا دینا - گدا بنا دینا - **ہاتھ میں
ٹھیکرا لینا** (متعدی) ۱ بھیک مانگتے پھرنا ۲ فقیر ہو
جانا ۳ مفلس ہو جانا **ہاتھ میں جانا** (لازم) کسی کے
پاس پہنچنا - کسی کے قبضے میں جانا **ہاتھ میں جوہر
ہونا** (لازم) صاحب کمال یا ہنرمند ہونا - **ہاتھ
میں دل رکھنا یا لیے رہنا** (لازم) دلجوئی
کرنا - خاطر داری کرنا - ناز برداری کرنا ۲ کسی کی
ہر خواہش پوری کرنا **ہاتھ میں دینا** (متعدی)
پکڑانا **ہاتھ میں رکھنا** (متعدی) ۱ پکڑے رکھنا
۲ قابو میں رکھنا - قبضے میں رکھنا **ہاتھ میں رہنا**
(لازم) ۱ پکڑے ہونا ۲ قابو یا قبضے میں رہنا **ہاتھ
میں سنیچر آنا** (لازم) ۱ سخت نحوست چھانا - بد
طالعی کا زمانہ آنا ۲ نہایت غریب ہو جانا - تنگدست
ہونا **ہاتھ میں قلم (پکڑا) لے کر رہ جانا** (لازم)
لکھتے وقت حیرت اور سوچ میں پڑ جانا - کچھ نہ سوجھنا
کہ کیا لکھیں - **ہاتھ میں کل ہونا** (لازم) کسی
کا قابو میں ہونا **ہاتھ میں گریبان ہونا** (لازم)
کسی کے ظلم کا فریادی ہونا **ہاتھ میں لانا** (متعدی)
۱ پکڑنا ۲ قابو میں کرنا - قبضہ کرنا **ہاتھ میں لئے
پھرنا** (لازم) ۱ ہاتھ میں دبائے پھرنا ۲ شہوت میں
بیتاب ہونا **ہاتھ میں لینا** (متعدی) کوئی کام اپنے
ذمے لینا - خود انتظام کرنا **ہاتھ میں ہاتھ دینا**
(متعدی) ۱ کسی کے سپرد کرنا - سونپنا ۲ عورت کو

بیاہ دینا - شادی کر دینا ۳ ہاتھ پکڑا دینا - ہاتھ ملانا
مصافحہ کرنا ۴ کسی کا ہاتھ اپنے ہاتھ سے پکڑ لینا **ہاتھ
میں ہاتھ ڈالنا** (متعدی) ہاتھ پکڑنا - مصافحہ کرنا -
ہاتھ میں ہاتھ ہونا (لازم) ساتھ ساتھ ہونا - سر
پرستی میں ہونا **ہاتھ میں ہنر ہونا** (لازم) صاحب کمال
ہونا - ماہر ہونا - ہنرمند ہونا **ہاتھ میں ہونا** (لازم)
۱ قبضے میں ہونا ۲ اختیار میں ہونا ۳ ہاتھ میں پکڑا ہوا
ہونا ۴ رسوخ ہونا - کسی سے کوئی کام کرا سکنا **ہاتھ
نچانا** (متعدی) عورتوں کا لڑائی میں ہاتھ کو اونچا کر کے
حرکت دینا **ہاتھ نکالنا** (متعدی) ۱ ہاتھ کو کسی چیز
سے باہر لانا جیسے جیب سے ۲ ناچتے وقت رقاصہ
کا ہاتھوں کو ہلانا ۳ گدکے نیزے اور پٹے کو پکڑ کر
حرکت دینا **ہاتھ نکلنا** (لازم) ہاتھ نکالنا کا **ہاتھ
نہ آنا** (لازم) ۱ قبضے میں نہ آنا - حاصل نہ ہونا ۲ پکڑا نہ
جانا ۳ قابو میں نہ آنا **ہاتھ نہ پڑنا** (لازم) کوئی کام
نہ ہو سکنا - کامیابی نہ ہونا **ہاتھ نہ پہنچنا** (لازم) ۱
کسی کام میں کامیابی نہ ہونا ۲ کسی جگہ ہاتھ نہ جا سکنا
ہاتھ نہ چھوڑنا (متعدی) ہاتھ کو پکڑے رہنا **ہاتھ
نہ دھرنے (رکھنے) دینا** (متعدی) پاس نہ
آنے دینا - چھونے نہ دینا - ہاتھ نہ لگانے دینا
ہاتھ نہ لگانا (متعدی) ۱ بالکل نہ چھونا ۲ احتراز
کرنا - دور رہنا ۳ زدو کوب نہ کرنا - بچے کو تنبیہ نہ کرنا
۴ خاطر میں نہ لانا - بات نہ پوچھنا **ہاتھ نہ لگانے
دینا** (متعدی) ۱ چھونے نہ دینا - پاس نہ آنے دینا
۲ عورت کا مرد کو پاس نہ آنے دینا **ہاتھوں** (مذکر)
۱ ہاتھ کی جمع ۲ (تف) سبب - باعث - وجہ سے
ہاتھوں اچکنا (لازم) آدمی یا کسی جانور کا بہت
اچھلنا **ہاتھوں اچھلنا** (لازم) ۱ نہایت تڑپنا
بیحد بیقرار ہونا ۲ بہت کودنا یا جست کرنا **ہاتھوں
اڑ جانا** (لازم) انسان یا حیوان کا بہت جست
کرنا **ہاتھوں بڑھ جانا** (لازم) ۱ بہت بڑھ
جانا ۲ (کلیجا) بہت حوصلہ ہونا **ہاتھوں پلنا**
(لازم) دیکھو ہاتھ پلنا **ہاتھوں پر سانپ
کھلانا** (متعدی) کوئی خطرناک کام کرنا **ہاتھوں
پھاندنا** (متعدی) آدمی یا حیوان کا حد سے زیادہ
کودنا **ہاتھوں چھاؤں رکھنا یا کرنا** (متعدی)
بہت حفاظت سے رکھنا - اپنی حفاظت میں رکھنا
ہاتھوں دل بڑھانا (متعدی) بہت حوصلہ
دلانا - ہمت بڑھانا **ہاتھوں سے** (تف)

۱ سبب ۔ باعث ۔ وجہ سے ۔ کارن ۲ فعلوں
سے ۔ ذات سے ۔ ڈھنگوں سے **ہاتھوں سے
تنگ آنا ۔ کھونا ۔ نالاں ہونا ۔ نکلنا ۔**
دیکھو ہاتھ سے تنگ آنا وغیرہ **ہاتھوں قلم ہونا**
(لازم) ۱ کسی کے ہاتھ سے تحریر ہونا ۲ بھلائی برائی
کسی کے اختیار ہونا **ہاتھوں کلیجا اچھلنا** (لازم)
۱ بیحد اضطراب ہونا ۲ کمال خوشی ہونا **ہاتھوں
کو سنبھالنا** (متعدی) گرتے کو سنبھالنے کے لئے
ہاتھ پکڑنا **ہاتھوں کے بل چلنا** (لازم) دیکھو ہاتھ کے بل الخ
ہاتھوں کی صفائی (مونث) دیکھو ہاتھ کی صفائی
ہاتھوں کے طوطے (مور) اڑجانا یا اڑنا
(لازم) دیکھو ہاتھ کے الخ **ہاتھوں کی لکیریں**
(مونث) ۱ دیکھو ہاتھ کی لکیر ۲ وہ چیز جو مٹائے نہ مٹے
۳ عزیز ۔ رشتہ دار ۔ قرابتی ۔ یگانے **ہاتھوں لے
لینا** (متعدی) سنبھالنا **ہاتھوں میں رکھنا**
(متعدی) ناز و نعمت سے پالنا **ہاتھوں میں
ہاتھ ہونا** (لازم) ایک دوسرے کے ہاتھوں
کو پکڑے ہونا **ہاتھوں ہاتھ** (تف) ۱ دست
بدست ۔ ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ پر ۲ بالا ہی
بالا ۔ اوپر ہی اوپر ۳ فوراً ۔ جلد ۔ شتاب ۔ ترت **ہاتھوں
ہاتھ اٹھا کر لیجانا** (لازم) اوپر ہی اوپر لیجانا ۔ بیچانے
میں زمین پر نہ لگنے دینا **ہاتھوں ہاتھ اڑا لیجانا**
(لازم) فوراً لے جانا **ہاتھوں ہاتھ اڑ جانا** (لازم)
یا بک جانا یا بکنا (لازم) ۱ بہت جلد بک جانا
یا خریدا جانا ۲ بہت جلد خرچ یا صرف ہو جانا **ہاتھوں
ہاتھ لانا** (لازم) عزت سے لانا **ہاتھوں ہاتھ
لئے جانا** (لازم) بیحد عزت ہونا **ہاتھوں ہاتھ
لیجانا** (لازم) ۱ دست بدست لینا ۔ اس طرح لینا
کہ زمین پر نہ گرے ۲ فوراً لیجانا ۔ جھٹ پٹ لینا ۳ خرید لینا
۴ توقیر کرنا ۔ عزت کرنا **ہاتھ ہلاتے ہوئے آنا**
(لازم) ۱ خالی ہاتھ آنا ۲ کچھ کما کر نہ لانا ۳ بازار سے
سودا سلف لے کر نہ آنا **ہاتھ ہلانا** (متعدی) ۱
چلنے میں ہاتھوں کو ہلانا ۲ کوئی کام نہ کرنا **ہاتھ ہلائے
جانا** (لازم) کمانے کا شغل کرتے رہنا منہ چلائے
جانا **ہاتھ ہلنا** (لازم) ۱ ہاتھ میں جنبش ہونا یا رعشہ
ہونا **ہاتھ ہونا** (لازم) ۱ ہاتھ موجود ہونا ۲ اختیار ہونا
ہاتھی (ہاستھے) ہاتھ کرنا (ہ) کسی سے مل کر کام
کرنا ۔

امثال و اقوال ۔ ہاتھ

اٹھانا اچھا نہیں ۔ کسی کو مارنا نہیں چاہیئے ۔
**ہاتھ (بیچا ہے) بیچے ہیں کچھ ذات نہیں
بیچی** ۔ نوکری کی ہے مگر گالی گلوچ نہیں کھائینگے ۔
**ہاتھ پاؤں بچائیے موذی کو (تڑفائیے)
تڑکائیے** ۔ حکمت عملی سے کام لے کر دشمن کو
نقصان پہنچانے کا موقع نہ دیجئے ۔ **ہاتھ پاؤں
دیا سلائی بات کرنے کو فضل الٰہی** ۔ ہاتھ
پاؤں کا اتنا خطرہ نہیں ہوتا ۔ جتنا زبان سے ڈر معلوم
ہوتا ہے ۔ **ہاتھ پاؤں کی کاہلی اور منہ میں
موچھیں جائیں** ۔ اتنا سست ہے کہ موچھیں
منہ میں جاتی ہیں اور انہیں ہٹا نہیں سکتا ۔ ایسے
سست آدمی کے متعلق کہتے ہیں ۔ ۔ اپنے
آپ کو نقصان پہنچے ۔ **ہاتھ پاؤں کے
لنگڑے نام سلامت خان** ۔ دیکھو برعکس
نہند الخ ۔ **ہاتھ پاؤں ہلا (بھگوان) خدا
دیگا** ۔ آدمی کو خود بھی کوشش کرنی چاہیئے خالی توکل
پر نہیں بیٹھ رہنا چاہیئے ۔ **ہاتھ پیر میں سنیچر ہے**
اس کے متعلق کہتے ہیں جس کے ہاتھ میں روپیہ پیسہ
نہ ٹھہرے اور نہ پاؤں میں چکر ہو ۔ **ہاتھ چلے نہ
ہتیاں بیٹھا دے گئیاں** ۔ کام چلے نہ چلے
خدا ہر ایک کو بیٹھے بٹھائے روزی دیتا ہے ۔ (ن) ۱
اپاہجوں کو بھی گھر بیٹھے روزی پہنچاتا ہے ۔ **ہاتھ
دیکھن کو آرسی کیا** ۔ دیکھو ہاتھ کنگن (الخ)
ہاتھ ڈالو گڑ نکالو ۔ محنت کرو لذت اٹھاؤ ۔
**ہاتھ سمرنی بغل کترنی پڑھے بھاگوت
گیتا رے ۔ اوروں کو تو گیان بتاوے
آپ پھرے تو رینا رے** (ہ) سمرنی ۔ تسبیح
کترنی ۔ قینچی ۔ ظاہر کا نیک باطن کا دغاباز ۔ اوروں
کو نصیحتیں کرتا ہے ۔ اور خود بدذات ہے ۔ **ہاتھ
سمرنی پیٹ کترنی** ظاہر میں نیک باطن میں دغاباز
ہاتھ سوکھا فقیر بھوکا ۔ انسان اپاہج ہو جائے
تو بھوکا مرتا ہے **ہاتھ کا چھ ہابل میں بیٹھا** ۔ جو
پاس تھا وہ بھی جاتا رہا ۔ **ہاتھ کا دینا اور سر پیسانا**
قرض دے کر دشمنی پیدا کرنا ۔ **ہاتھ کا دیا آڑے
آتے** ۔ خیرات کام آتی ہے مصیبتوں کو روکتی
ہے ۔ **ہاتھ کا دیا ساتھ (چلے گا)** فقیروں کی
صدا ۔ خیرات روز جزا کو سزا سے بچائے گی ۔ ہاتھ
کا دیا سانپ کھانے لگا ۔ کمینے بھی برابری کا
دعویٰ کرنے لگے ۔ **ہاتھ کا دیا گم نہیں جاتا** ۔
نیکی کا ثواب کبھی ضائع نہیں ہوتا ۔ **ہاتھ کا ہتھیار
پیٹ کا ہتھیار** ۔ دیکھو جس کی لاٹھی الخ ۔ **ہاتھ
کشیدہ آسماں دیدہ** ۔ اس کی نسبت بولتے
ہیں جس کا ہاتھ کہیں اور خیال کہیں ہو ۔ **ہاتھ کنگن
کو آرسی کیا ہے** ۔ جو بات عیاں ہو اس کے
دریافت کرنے کی کیا ضرورت ہے ۔ **ہاتھ کوڑی
نہ بازار لیکھا** ۔ بالکل مفلس ۔ مفلس کا کوئی اعتبار
نہیں ۔ **ہاتھ کو ہاتھ پہچانتا ہے** ۔ جس سے
کچھ لیتے ہیں ۔ اسی کو دیتے ہیں **ہاتھ کو ہاتھ نہیں
(سجھائی دیتا) سوجھتا** ۔ اندھیر گھپ ہے
بہت سخت اندھیرا ہے ۔ **ہاتھ کے سنکل
منہ کے پیار** (ہ) ظاہر میں محبت باطن میں
دشمنی ۔ **ہاتھ کی لکیریں (کہیں مٹتی ہیں) نہیں
مٹتیں** ۱ اپنے کسی طرح غیر نہیں ہو سکتے ۲ خاندانی
کمین لوگ جب نیک مانگیں تو کہتے ہیں ۔ **ہاتھ گوڑ
سر کی پیٹ نڈ کولا** ۔ **ہاتھ گوڑ لکڑی پیٹ
بکیری** (ہ) دیکھنے میں کمزور ہے مگر کھاتا بہت
ہے ۔ گوڑ ۔ پاؤں ۔ نڈکولا ۔ توند **ہاتھ (لگائے)
میلا ہو** ۔ کسی سفید اور نازک چیز کی تعریف میں
کہتے ہیں ۔ **ہاتھ لیا کا لنا تو روٹیوں کا کیا
سالنا** ۔ جب گدائی اختیار کی تو مانگنے کی کیا شرم
**ہاتھ میں دے روٹی اور سر میں مارے
جوتی** ۔ کم ظرف کی نسبت کہتے ہیں جو احسان کر کے
جتاتا ہے **ہاتھ میں سمرنی اور بغل میں کترنی**
ایسے آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو ظاہر میں نیک اور
باطن میں دغاباز ہو ۔ **ہاتھ میں لانا (پات) پیٹ
میں کھانا** ۔ مفلس کے متعلق کہتے ہیں ۔ جس کے
پاس کچھ نہ ہو ۔ کما کے لائے تو کھائے **ہاتھ میں
لیا کا لنا تو بھیک کا کیا سالنا** ۔ جب
گدائی اختیار کی تو پھر مانگنے میں کیا شرم ۔ **ہاتھ میں
نہ گات میں ۔ میں دھنوتی جات میں**
مفلس جو اعلیٰ خاندان ہونے کا دعویٰ کرے ۔ **ہاتھ
نہ گلے ناک میں پیاز کے ڈلے** ۔ کم
ظرف اور ذرا سی چیز پر اترانیوالے کی نسبت بولتے
ہیں ۔ **ہاتھ نہ مٹھی بلبلاتی (ہوی ہڑبڑا
کے یا پھڑ پھڑا یا ہلبلا) اٹھی** ۔ پاس کچھ نہیں
اور غصہ بات بات پر **ہاتھوں سے کھلے تو
دانت کیوں لگائے** ۔ جو کام آسانی سے ہو تو
اس میں دقت اٹھانے کی کیا ضرورت ہے **ہاتھوں**

مہندی پاؤں مہندی اپنے لچھن اوروں دینِدی - یہ مثل پنجابی سے لی گئی ہے - اپنا عیب دوسروں کے سر تھوپنا - آپ بہانہ کر کے کام اوروں پہ ڈالنا -

ہاتھی (ہ - مذکر) ۱ سب سے بڑا زمین پر چلنے والا چوپایہ - عموماً سیاہ رنگ کا ہوتا ہے - چونکہ اس کا سر بہت لمبا ہوتا ہے - قدرت نے اس کی ناک کو بہت لمبا بنا دیا ہے - اور اس سے وہ ہاتھ کا کام لیتا ہے - چارہ اور پانی منہ میں ڈالتا ہے اس سے سواری اور بوجھ ڈھونے کا کام لیا جاتا ہے بعض ہلکے بھورے رنگ کے ہوتے ہیں انہیں سفید ہاتھی کہتے ہیں - یہ برہما میں مقدس شمار ہوتے ہیں - فیل - پیل ۲ شطرنج کا ایک مہرہ جو ترچھا چلتا ہے اور ایک بادشاہ کے داہنی طرف اور دوسرا وزیر کی بائیں طرف رکھا جاتا ہے ۳ تیرھواں نکشتر (س ہستین) **ہاتھی پاؤں** (مذکر) ایک بیماری جس سے ٹانگیں اور پاؤں بہت موٹے ہو جاتے ہیں - **ہاتھی جھولنا** (متعدی) دروازے پر ہاتھی ہونا - بہت امیر ہونے سے کنایہ ہے - **ہاتھی جھومنا** (لازم) ۱ کسی کے پاس ہاتھی ہونا ۲ گھر میں کنواری لڑکی شادی کے لائق ہونا - **ہاتھی چنگھاڑ** (مذکر) ایک قسم کا درخت - **ہاتھی خانہ** (مذکر) فیل خانہ - **ہاتھی دانت** (مذکر) ہاتھی کے بڑے دانت جس کی اکثر چیزیں بنائی جاتی ہیں - دندانِ فیل - ہاتھی کی دیگر ہڈیوں سے بھی یہی کام لیا جاتا ہے **ہاتھی دانت کا چوڑا** (مذکر) ہاتھی کے دانتوں کی بنی ہوئی چوڑیاں - **ہاتھی سے گنّے کھانا** (متعدی) دیکھو ہاتھیوں سے الخ **ہاتھی کا پاٹھا** (مذکر) ہاتھی کا جوان نر بچہ **ہاتھی کا لینڈ** (مذکر) فربہ اندام شخص (ضعف) **ہاتھی کے دانت** (مذکر) خصوصاً وہ بڑے دانت جو باہر نکلے رہتے ہیں **ہاتھی کے دانت بٹھانا** (متعدی) ناممکن بات کرنا ۲ نوجوان کو تعلیم دینا - **ہاتھی نال** (مذکر) ایک قسم کی توپ جسے ہاتھی کھینچتے ہیں - **ہاتھی وان** (مذکر) فیلبان - مہاوت **ہاتھیوں** (مذکر) ہاتھی کی بیج حروف وغیرہ سے پہلے - **ہاتھیوں سے گنّے کھانا** (متعدی) بڑے آدمیوں سے مقابلہ یا عزیزداری و دوستی کرنا - زبردست سے مقابلہ کرنا -

امثال و اقوال

ہاتھی آئیں - گھوڑے جائیں - اونٹ بچارے شوربے کھائیں ۱ گہرے پانی کے متعلق کہتے ہیں ۲ عقلمند فائدہ اٹھاتے ہیں بیوقوف نقصان اٹھاتے ہیں - **ہاتھی اپنی ہتھیائی پر آجائے تو آدمی بھنگا ہے** - ہاتھی اگر اپنی طاقت کا استعمال کرے تو آدمی اس کے آگے کیا چیز ہے - زبردست اگر کسی کو تنگ کرنا چاہے تو کمزور کچھ کر نہیں سکتا - **ہاتھی پھرے گاؤں گاؤں جس کا ہاتھی اس کا ناؤں** جس کی چیز ہو اسی کا نام ہوتا ہے - اصل شے مالک ہی کی ہوا کرتی ہے - **ہاتھی چڑھے کتا کاٹے** - بدقسمتی ہو تو اچھے کام میں بھی نقصان ہوتا ہے - **ہاتھی کا بوجھ ہاتھی ہی (اٹھاتا) سنبھال سکتا ہے** - بڑا کام بڑے ہی حوصلے والا کرتا ہے **ہاتھی کا پیر آنکس** - زبردست کا ہر عضو زبردست ہوتا ہے - **ہاتھی کا پیر آنکس** - ہتھیار سے یا طریقے سے زبردست بھی قابو میں آجاتا ہے - **ہاتھی کا جگ ساتھی - کیڑی یا ہن بیری** زبردست کے سب دوست ہیں - اور غریب کو سب تنگ کرتے ہیں - **ہاتھی کا دانت گھوڑے کی لات - زبردست کا چنگل** ۱ بڑے خطرناک ہوتے ہیں ۲ بطور بددعا بھی استعمال ہوتا ہے - **ہاتھی کا دانت نکلا جہاں نکلا** - جو بات ایک دفعہ ہو گئی ہو گئی **ہاتھی کا کندھا خالی نہیں رہتا** - کام کرنے والے کو کام مل جاتا ہے - **ہاتھی کو لونڈا پہلوان کو لونڈا** ۱ پہلوانوں کی بدچلنی کی طرف کنایہ ہے ۲ اگر لونڈا کو لونڈا پڑھا جائے تو اس کا یہ مطلب ہوگا کہ پہلواں کی خوراک اچھی ہونی چاہئے - **ہاتھی کی اگاڑی اور گھوڑے کی پچھاڑی سے (خدا کی پناہ) ڈرنا چاہئے** - ہاتھی سونڈ سے جھپٹ لیتا ہے - گھوڑا لات مارتا ہے **ہاتھی کے پاؤں میں سب کے پاؤں** ۱ بڑے آدمی کے سب مطیع اور فرمانبردار ہوتے ہیں ۲ امیروں سے غریبوں کو بھی فائدہ پہنچتا ہے ۳ سخی کی کمائی میں سب کا حصہ ہوتا ہے - **ہاتھی کی ٹکر ہاتھی ہی اٹھائے (سنبھالے)** زبردست کا مقابلہ زبردست ہی کر سکتا ہے - **ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور ہیں کھانے کے اور ہیں - ہاتھی کے دانت کھانے اور دکھانے کے اور** - دنیا کے لوگ ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ ہوتے ہیں - **ہاتھی کے ساتھ گنّے چوسنا** - زبردست سے مقابلہ کرنا - **ہاتھی کے منہ میں سے گنّا نکالا نہیں ہو سکتا** - زبردست کا مقابلہ کب ہو سکے - **ہاتھی کے منہ میں لکڑی پکڑاتے ہیں** - زبردست کو مال دے کر واپس لینا چاہتے ہیں - زبردست کا مقابلہ کرتے ہیں - **ہاتھی گھوڑے بھاگ گئے گدھا پوچھے کتنا پانی** - بڑے بڑے ہمت ہار گئے - ادنیٰ کو ابھی حوصلہ باقی ہے - **ہاتھی نکل گیا (ہے) دم (باقی) رہ گئی (ہے)** سارا کام ہو گیا تھوڑا سا رہ گیا - **ہاتھی ہزار لٹے (پھر بھی لاکھ من کا) تو بھی لاکھ ٹکے کا** - امیر کتنا ہی مفلس ہو جائے - پھر بھی اس کی قدر رہ جاتی ہے **ہاتھی ہی پر ہودہ بنتا ہے** - جو چیز جس کے مناسب حال ہوتی ہے - اسی پر زیبا ہوتی ہے -

ہاتھی ترسیج (انگ - مونث) ایک ترکاری جو ادرک کی شکل کی ہوتی ہے - اور مزا آلوؤں سے ملتا ہے (اصل جروسلم آرٹی چوک)

ہاتھی چک (ہ - مذکر) ۱ ایک قسم کی گھاس جو ہاتھی کھاتے ہیں ۲ (انگ) ایک قسم کی ترکاری (اصل گلوب آرٹی چوک)

ہاتی (ہ - مذکر) دیکھو ہاتھی -

ہاٹ (ہ - مونث) ۱ دکان - سودا بیچنے کی جگہ ۲ بازار - منڈی ۳ کارخانہ ۴ پینٹھ (س ہٹی) **ہاٹ کرنا** (متعدی) دکان کرنا - دکانداری کا کام کرنا **ہاٹ کھولنا** (متعدی) ۱ دکانداری کا کام شروع کرنا ۲ دکان کھولنا -

مثل - **ہاٹ باٹ پکارے بنیا - جیسا کرے سو پاوے نہیا** - بنیا ایک فقیر کا نام تھا - جو جیسا کریگا ویسا پائیگا -

ہاٹک (س - صفت) ۱ سنہری - سونے کا ۲ سونا - طلا - زر - **ہاٹک گھٹ** (مذکر) سونے کا برتن

ہاٹو (ہ - مذکر) دکاندار - بنیا -

ہاجی (ع - صفت) ۱ ہجو کرنے والا

ہجو گو کا منہ چڑانے والا۔ نقال (ہجو۔ ہجا۔ ہجو کرنا)

ہادِم (ع۔ صفت) ڈھانے والا۔ گرانے والا۔ منہدم کرنے والا (ہدم۔ ڈھانا) **ہادِم اللذّات** (مذکر) ملک الموت۔

ہادُوری (ع۔ مذکر) درویشوں کا ایک فرقہ۔

ہادی (ع۔ صفت) ہدایت کرنے والا۔ پیشوا۔ پیر و مرشد۔ رہبر۔ رہنما (ہدیٰ۔ رستہ دکھانا) **ہادی سُبُل** (مذکر) پیغمبر صلعم۔

ہاڑی (ہ۔ ندا) کھیتوں کے محافظ کتے کو کہتے ہیں۔

ہار (ہ۔ امر) ۱ ہارنا کا ۲ (مونث) شکست ہزیمت۔ مات ۳ تھکاوٹ۔ تکان۔ ماندگی ۴ نقصان (س۔ ہری۔ ہارنا) **ہارا** (ماضی) ۱ ہارنا کی ۲ (صفت) ہارا ہوا۔ وہ جو ہارے ۳ تھکا ماندہ۔ تھکا ہوا ۴ ناتواں کمزور۔ ضعیف۔ بودا۔ **ہار اجھک مارا**۔ لاچار ہوا **ہار بیٹھنا یا جانا** (لازم) ۱ شکست کھانا۔ مغلوب ہونا ۲ مات ہو جانا۔ بازی دے بیٹھنا ۳ تھک جانا ماندہ ہو جانا ۴ عاجز ہو جانا۔ تنگ آ جانا۔ ناک میں دم آنا۔ **ہار جیت** (مونث) ۱ شکست و فتح ۲ فائدہ اور نقصان ۳ ہارنا اور جیتنا جوے میں **ہار جیت کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) جوا کھیلا جانا۔ شرط یا داؤ لگنا۔ **ہار دینا** (متعدی) بازی میں دے دینا جوے میں دوسرے کو دے دینا۔ **ہار کر** (دکے) ۔تھک کر۔ مجبور ہو کر۔ مجبوراً **ہار کر بیٹھ رہنا** (لازم) عاجز آکر کچھ نہ کرنا۔ تنگ آکر چھوڑ دینا مجبور ہو کر بیٹھ رہنا۔ **ہار کے جھک مار کے** (تف) مجبور ہو کر۔ ناچار ہو کر۔ عاجز آ کر **ہار گیا** ضعیف ہو گیا۔ مقابلہ نہ کر سکے۔ بازی دے بیٹھا۔ **ہارنا** (متعدی) ۱ عاجز ہونا۔ مجبور ہونا ۲ شکست یا مات تسلیم کرنا۔ **ہارنا** (متعدی) ۱ شکست کھانا۔ مات کھانا ۲ جوے میں شرط دینا۔ بازی میں دینا ۳ عاجز ہونا۔ تنگ آنا۔ مغلوب ہونا ۴ ناکام رہنا ۵ تنگ ہونا۔ دق ہونا ۶ تھکنا۔ ماندہ ہونا ۷ دل ہمت حوصلہ وغیرہ پست ہمت ہونا۔ حوصلہ چھوڑ دینا گھبرا جانا ۸ (قول) وعدہ کرنا۔ اقرار کرنا **ہارُو** (صفت) ہارنے والا۔ **ہارے** (دکے) درجے (تف) ۱ مجبور ہو کر۔ ناچار ہو کر۔ مجبوراً ۲ آخر کار ۳ تھک کر

امثال و اقوال۔ ہارا جواری پگڑی رکھے۔ مجبوری میں حیا اور شرم نہیں ہوتی

ہار جیت سب میں رہے ہارے نہ ہار نفع نقصان سب کو ہوتا ہے مگر نباض آدمی کبھی نقصان نہیں اٹھاتا۔ **ہار جیت قسمت کے ہاتھ**۔ نفع یا نقصان قسمت سے ہوتا ہے۔ **ہار کا سیا ڈوکیا**۔ نقصان ہو جائے تو پھر آنکھ یا پاؤں مارنے سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ **ہار مانی جھگڑا جیتا**۔ جس شخص نے مقدمہ بازی ترک کی وہ حقیقت میں فائدے میں رہتا ہے۔ **ہار میری جیت تمہاری**۔ ہر طرح سے راضی ہوں **ہار میں ہار نہ گھر میں کھیتی**۔ نقصان ہی نقصان **ہاروں بھی ہار جیتوں بھی ہار**۔ مقدمات یا جوئے میں ہر صورت میں نقصان ہوتا ہے۔ **ہاروں تو ہوروں جیتوں تو تھوروں** (ہ) جس آدمی کو اس کی مرضی کے خلاف کسی کام پر مجبور کیا جائے وہ چاہے فائدہ اٹھائے چاہے نقصان اس کی نہیں ہوتا **ہارے بابا ڈاڑھی ہاتھ**۔ عجز میں کہتے ہیں کہ ہم ہارے اور تم جیتے۔ ڈاڑھی کو ہاتھ لگاتے ہیں۔ **ہارے بھی ہرا وے جیتے بھی ہرا وے**۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو ہر طرح اپنی ہی بات کے لئے قائل کرے **ہارے جواری کو کب کل پڑتی ہے** ہارا ہوا آدمی چین سے نہیں بیٹھتا۔ اسے ہر وقت بدلہ لینے کی خواہش رہتی ہے۔ **ہارے کے ہتھیار**۔ جب آدمی بالکل لاچار ہو جاتا ہے۔ تو مجبوراً ہتھیار اٹھاتا ہے۔ **ہارے کے ہرنام** (ہ) جب انسان نقصان اٹھاتا ہے تو اسے خدا یاد آتا ہے۔

ہار (ہ۔ مذکر) ۱ دھاگے میں پروئے ہوئے پھول۔ موتی یا جواہرات۔ جس کے دونوں سرے باندھ کر گلے میں ڈال لیتے ہیں۔ پھولوں کے ہار بازوؤں پر بھی لپیٹ لیتے ہیں۔ اور عورتیں چوٹیوں کے گرد بھی لپیٹ لیتی ہیں ۲ مالا۔ سمرن تسبیح ۳ کوئی گلے کا زیور جس میں ایک ہی قسم کی بہت سی چیزیں ہوں۔ کنٹھ مالا۔ جواہرات کا گلوبند ۴ کوئی چیزیں جو اکٹھی پروئی ہوئی ہوں جیسے جوتوں کا ہار ۵ بہت سے زخم جو اکٹھے ہوں۔ زخموں کی بدھی ۶ وہ جو چمٹا رہے۔ دیکھو گلے کا ہار (س۔ ہار) **ہار بانٹنا** (متعدی) **بٹنا** (لازم) ہاروں کا تقسیم ہونا۔ **ہار پڑنا** (لازم) **ہار ڈالنا** کا **ہار پہنانا** (متعدی) **پہننا** (لازم) گلے میں مالا ڈالنا **ہار پھول** (مذکر) پھولوں کی مالا اور پھول جو خوشی کے موقع پر بانٹتے ہیں **ہار چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) بزرگوں کی قبروں پر ہار رکھے جانا **ہار ڈالنا** (متعدی) ۱ ہار گلے میں لٹکانا۔ مالا گلے میں ڈالنا۔ ہار پہنانا ۲ (ہ) لڑکی شادی میں دینا۔ پرانے زمانے میں ہندو لڑکیاں جس لڑکے کو پسند کرتیں۔ اس کے گلے میں ہار ڈالدیتیں **ہار کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ہار کے ساتھ ۱ گلے میں پہننا ۲ ہر وقت ساتھ رکھنا **ہار گوندھنا** (متعدی) پھول پرو کر ہار بنانا۔ پھول دھاگے میں پرونا۔ **ہار ہونا** (لازم) ۱ گلے میں پڑنا ۲ عموماً گلے کا ہار۔ کے ساتھ ۳ ہر وقت ساتھ رہنا۔

ہار۔ ہارا (ہ۔ صفت) ۱ کرنے والا فاعل جیسے کرنہار۔ لکڑہارا ۲ لائق۔ قابل۔ مناسب جیسے ہونہار۔ جانہار۔

ہار (س۔ مذکر) ۱ لینا۔ پکڑنا ۲ مزدور قلی ۳ لڑائی۔ جنگ ۴ ہار۔ مالا ۵ پھولوں کا ہار ۶ گلہ۔ ریوڑ ۷ (حساب) مقسوم الیہ۔ **ہارک** (مذکر) ۱ زبردستی لینے والا شخص ۲ قزاق ۳ دغاباز آدمی ۴ جواری ۵ ایک درخت ۶ مقسوم الیہ۔ **جواہاری**۔ دیکھو ہارک ۷ (مونث) موتی۔

ہار (س۔ مونث) ۱ شکست۔ ہزیمت ۲ قمار بازی میں ہار ۳ کاروان۔

ہارا (ہ۔ مذکر) ۱ ہار۔ مالا ۲ گلے کا ہار ۳ مٹی کا چولھا ۴ (ہ) دیکھو ہار کے تحت میں

ہارائی (ہ۔ مونث) ۱ جوئے میں ہارنا ۲ ہار ۳ نقصان۔

ہارِب (ع۔ صفت) بھاگنے والا (ہرب۔ بھاگنا)

ہار بَر (انگ۔ مذکر) وہ مقام جہاں ساحل کے قریب جہاز لنگر انداز ہوتے ہیں۔ بندرگاہ۔

ہارِج (ع۔ صفت) ۱ روکنے والا۔ منع کرنے والا ۲ دخل دینے والا (ہرج۔ بہت ہونا) **ہارج ہونا** (لازم) مانع ہونا۔ روکنا۔

ہارد (س۔ صفت) ۱ دل کے متعلق دل میں ۲ محبت۔ شفقت۔ عشق ۳ مرضی۔ مطلب ارادہ۔

ہارودن۔ مذکر) مہینے کا پچیسواں دن۔

ہارسنگار (ہ۔ مذکر) سنگھار (ہ) ۱۔ ایک درخت ۲۔ اس کا پھول (س شِنگار ہار)
ہارسنگار کی ڈنڈیاں (مونث) اس پھول کی ڈنڈیاں جو رنگنے کے کام آتی ہیں اور ان سے زرد اور سنہرا رنگ نکالتے ہیں۔

ہارمونیم (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا باجہ جو ہاتھ سے بجایا جاتا ہے۔ ایک قسم میں بائیں ہاتھ سے ہوا بھرتے ہیں اور دائیں ہاتھ سے بجاتے ہیں۔ اور ایک میں پاؤں سے ہوا بھرتے ہیں اور کرسی پر بیٹھ کر بجاتے ہیں۔ یہ ہندوستان میں زیادہ پسند کیا جاتا ہے۔ یوروپین زیادہ تر پیانو کا استعمال کرتے ہیں۔

ہارُود (پ۔ مونث) لیانند کی معشوقہ۔
ہارُوت (ع۔ مذکر) ایک فرشتہ جو ماروت کے ہمراہ دنیا میں آیا تھا۔ دیکھو ماروت
ہارُوتِ فن (مذکر) جادوگر۔
ہارُون (عبر۔ مذکر) حضرت موسیٰؑ کے بڑے بھائی ہارُونی (صفت) ۱۔ نافرمان۔ سرکش۔ ضدی۔ ڈھیٹ ۲۔ (مونث) نگہبانی۔ حفاظت۔
ہارُون الرشید (۷۶۳-۸۰۹) بن المہدی۔ خاندانِ عباسیہ کا پانچواں خلیفہ
ہارہُور (س۔ مذکر) شراب۔
ہارِیل (س۔ صفت) ۱۔ سبز، سبز رنگ کا ۲۔ (مذکر) ہریل۔
ہاڑ (ہ۔ مذکر) ۱۔ ہڈی۔ استخواں ۲۔ ڈھانچہ پنجر۔ ہاڑ جوڑا (مذکر) ۱۔ وہ جو ہڈیاں بٹھائے۔ جراح ۲۔ ایک پودا۔ ہاڑ ہونا (لازم) گلے کے ساتھ۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔ دق کرنا ہاڑی (مونث) وہ جس کا کام ہڈیاں چیتھڑے وغیرہ چننا ہو بھنگی۔ جو ہڑا ہاڑے کھانا (متعدی) خوشامد کرنا (درست)

امثال واقوال۔ ہاڑ ہوگئے تو ماس بہتیرا ہو رہے گا۔ زندہ رہے موٹا ہو جائیگا۔ ہاڑوں تھکا کیو ہاروں تھکا بڈھا آدمی ہے۔ ہاڑوں ڈھیری یا دو امول ڈھیری۔ یا کمائیگا یا مرے گا۔

ہاڑنا (ہ۔ متعدی) ۱۔ ترازو کو ٹھیک کرنا۔ باٹوں کی درستی کی پڑتال کرنا ۲۔ ایک باٹ سے دوسرا باٹ تول کرنا ۳۔ وزن کا مقابلہ کرنا وزن سے وزن برابر کرنا۔

ہاس (س۔ مذکر) ۱۔ ہنسنا۔ ہنسی ۲۔ مذاق۔ ٹھٹھا ۳۔ مضحکہ۔ خوشی۔ شادمانی۔ فرحت ہاسکا (مونث) ہنسی۔ خوشی۔ مذاق۔

ہاشم ۱۔ (ع) بن عبدمناف پیغمبر صلعم کے دادا ہاشمی (صفت) ہاشم کی طرف نسبت رکھنے والا۔

ہاضم (ع۔ صفت) ۱۔ ہضم کرنے والا۔ پچانے والا ۲۔ ہضم ہونے والا ۳۔ تحلیل کرنے والا۔ (ہضم۔ توڑنا۔ پچانا) ہاضِمہ (مذکر) ہضم کرنے کی قوت۔ پچاؤ۔ تحلیل۔ تنقیح۔

ہاکی (انگ۔ مونث) ایک کھیل جو گیند اور مڑی ہوئی لکڑی سے کھیلتے ہیں۔

ہال (ہ۔ مونث) ۱۔ حرکت، جنبش ۲۔ وجد میں آکر ہلنا چال۔ رفتار ۳۔ گردش۔ چکر ۴۔ جھٹکا ۵۔ (مذکر) لوہے کا وہ چکر جو پہیے پر چڑھاتے ہیں (س ہول۔ حرکت کرنا) ۶۔ ہل۔ تقلیہ (س ہال۔ ہل) ۷۔ چتوار (س۔ ہال) ۸۔ ابھی۔ فوراً۔ جلدی سے۔ تیزی سے۔ جلدی ۹۔ (تف) جلد۔ تیز چست۔ چالاک (س۔ ہول۔ حرکت) ہالا (مذکر) ۱۔ ہل ۲۔ وہ ٹکس جو ہل پر لگایا جائے ۳۔ مالگزاری کی قسط۔ ہالاڈولا (مذکر) بھونچال۔ زلزلہ۔ ہال سے (تف) جلدی سے۔ ابھی۔ فوراً۔ ہالڑ (مذکر) حرکت کرنا۔ ہلنا۔ حرکت ۲۔ کانپنا۔ ہال اگنا (لازم) حرکت یا جھٹکا محسوس کرنا۔ ہالنا جنبش کرنا۔ حرکت کرنا۔ ہلنا ۲۔ (مذکر) تپ ولرزہ۔ ہالی (مذکر) ہل چلانے والا شخص۔

امثال واقوال۔ ہالنا نہ ہانپنا بیٹھے بیٹھے بڑر ال ہانکنا۔ محنت اور مشقت کی جگہ فقط باتیں بنانا۔ ہالنا نہ ہانپنا۔ بیٹھے بیٹھے ہانکنا۔ آرام سے بیٹھے بیٹھے حکومت کرنا۔ ہالی کا پیٹ سہالی سے نہیں بھرتا کام کرنے والے کے لئے کھانا بھی زیادہ اور مقوی ہونا چاہیئے۔

ہال (انگ۔ مذکر) ۱۔ بڑا کمرہ یا دالان ۲۔ گول کمرہ ۳۔ سکولوں یا کالجوں کا وہ بڑا کمرہ جس میں امتحان ہوتے ہیں یا تقریبات ہوتی ہیں ۴۔ (ڈانسنگ) ناچ کا کمرہ۔

ہالا (س۔ مونث) ۱۔ شراب۔ تاڑی ۲۔ (ہ) دیکھو ہال کے تحت میں ہالاہلی (مونث) شراب۔

ہالاہل (س۔ مذکر) ایک قسم کا زہر جو سمندر کو بلونے کے وقت پیدا ہوا تھا ہالاہل دھر (مذکر) ایک قسم کا سیاہ زہریلا سانپ۔

ہالٹ (انگ۔ امر) ۱۔ ٹھہر جاؤ ۲۔ (مذکر) قیام۔ ٹھہرنا ہالٹ حکم در۔ ہالٹ ہو کمز دویئر کا مخفف۔ ٹھہرو کون آتا ہے سنتری رات کو پہرے پر کھڑا ہوا گزرنے والے کو آواز دیتا ہے۔ وہ کہتا ہے فرنڈ دوست پھر سنتری کہتا ہے پاس فرنڈ آل ز دل) دوست گذر جاؤ۔ سب خیریت ہے۔ اگر سنتری کے بلانے پر وہ نہ بولے تو سنتری تین دفعہ بلا کے گا۔ پھر اس پر فائر کریگا۔

ہالک (ع۔ صفت) ۱۔ ہلاک ہونے والا۔ مرنے والا ۲۔ ہلاک کرنے والا۔ مہلک ۳۔ (مذکر) مردہ۔ متوفی (ہلک۔ مرنا) ہالکہ (صفت) ہالک۔

ہالگر (ہ۔ مذکر) وہ زمین جس میں نمی قائم رہے۔

ہالم (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا پودا جو مسالے کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

ہالن (ہ۔ مونث) زلزلہ۔ بھونچال ہالن جھولن (مذکر) کہاروں کی اصطلاح بھنگی۔

ہالوں (ہ۔ مذکر) ۱۔ دیکھو ہالم ۲۔ ایک قسم کے دانوں کا نام جو دوا میں کام آتے ہیں۔ ہالوں کا تعزیہ (مذکر) ہالوں ۲ کا یا جو کا تعزیہ جو جنبش کرتا رہتا ہے دیکھو۔

ہالہ (ف۔ مذکر) ۱۔ وہ دائرہ جو ہوا کے بخارات کی وجہ سے چاند کے گرد معلوم ہوتا ہے بارش کی نشانی سمجھا جاتا ہے ۲۔ حلقہ۔ کنڈل دائرہ ہالہ کرنا (متعدی) گھیرنا ہالہ ہونا (لازم) ۱۔ گھرنا۔ گھیرا جانا ۲۔ مجازاً عاشق ہونا۔

ہالی (س۔ مونث) ۱۔ بیوی کی چھوٹی

بہن۔ سالی ۲ (ہ)، دیکھو ہال کے تحت میں۔

ہالی موالی (ہ۔ مذکر) دیکھو ہالی موالی۔

ہامان (عبر۔ مذکر)۔ فرعون کا ایک وزیر جس نے اسے یہودیوں کے بچوں کے قتل کا مشورہ دیا تھا

ہامون (ف۔ مذکر) ۱ میدان ۲ جنگل۔ دشت۔ بیابان بصحرا ۳ سیستان میں ایک جنگل جو بعض دفعہ جھیل بن جاتا ہے ۴ بلوچستان میں ایک جنگل ۵ ایرانی بلوچستان میں ایک جنگل۔ **ہامون نورد** (صفت) وہ جو جنگل میں سفر کرے۔

ہامی (ہ۔ مونث) ۱ ہاں۔ اقرار۔ بلے کرنے ۲ تصدیق ۳ ضمانت (غالباً ہاں سے۔ بعض کا خیال ہے کہ عربی حامی سے ہے) **ہامی بھرنا** (متعدی) اقرار کرنا۔ وعدہ کرنا۔ زبان دینا ہاں کرے۔ ماننا۔

ہاں (ہ۔ کلمہ ایجاب) ۱ ہوں۔ اچھا ۲ ضرور۔ ٹھیک۔ بیشک۔ البتہ ۳ (مونث) اقرار ۴ حکم۔ تنبیہ۔ تاکید وغیرہ کے لئے استعمال ہوتا ہے ۵ (تف) حرف ۶ کیوں ۷ خبردار۔ بیشک ۸ واقعی ۹ سوال کے جواب میں استعمال ہوتا ہے ۱۰ کلمہ ندا (یہ لفظ ہوں صیغہ واحد حاضر ہونا سے بنا گیا ہے) ۱۱ (تف) وہاں یا یہاں کا مخفف۔ **ہاں اور** (تف) ابھی اور۔ زیادہ **ہاں بھائی** (تف) ہاں **ہاں جی** (کلمہ ایجاب) ۱ تعظیم کے موقع پر ۲ جی ہاں۔ بیشک۔ بجا ہے ۳ (مونث) ہر بات میں اقرار۔ **ہاں جی کا نوکر ہونا** (لازم) ہر بات میں ہاں سے ہاں ملانا۔ ہر بات میں آقا یا افسر کی مرضی کا تابع ہونا **ہاں جی کیوں نہیں** ۱ ہو سکتا ہے ۲ طنزاً۔ نہیں ہو سکتا۔ **ہاں جی ہاں جی کرنا** (متعدی) ہاں میں ہاں ملانا **ہاں صاحب** (کلمہ ایجاب) دیکھو ہاں **ہاں کرنا** (متعدی) ۱ اقرار کرنا۔ اقبال کرنا ۲ ماننا۔ منظور کرنا۔ قبول کرنا **ہاں کرو یا ناں کرو**۔ ایک بات کرو۔ اقرار کرو یا انکار۔ ٹالو نہیں۔ **ہاں میں ہاں ملانا** (متعدی) ۱ بغیر سمجھے بوجھے اقرار کر دینا۔ ہاں جی ہاں جی کرنا ۲ ... نہ کرنا۔ **ہاں نا کا جواب** (مذکر) کوئی جواب اقرار یا انکار۔ **ہاں نہیں** (مونث) اقرار یا انکار (کرنا۔ کہنا۔ ہونا کے ساتھ) **ہاں ہاں** (مونث) ۱ اقرار۔ وعدہ ۲ قبولیت۔ منظوری ۳ (تف) ہرگز ۴ بیشک۔ البتہ ۵ نہ نہ۔ ہرگز نہ **ہاں ہاں کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ اقرار ہونا ۲ روکنا۔ **ہاں ہاں نہ سننا** (متعدی) کہنا نہ سننا کسی بات کے روکنے کی پروا نہ کرنا۔ **ہاں ہوں** (مونث) اقرار۔ اقبال **ہاں ہوں کرنا** (متعدی) ۱ اقرار کرنا۔ اقبال کرنا ۲ (کلمہ ایجاب) ہاں۔ ہوں۔

امثال واقوال۔ ہاں مشو نومید چوں واقف نۂ از سر غیب باشد اندر پردہ بازیہائے پنہاں غم مخور۔ دیکھو ناامید نہ ہو کیونکہ تو غیب کے رازوں سے واقف نہیں ہے۔ رنج نہ کر پردے کے اندر کھیل چھپے ہوئے ہیں۔ کسی ظاہری ناکامی کی وجہ سے مایوس نہ ہونا چاہیئے۔ نہ معلوم اس کا نتیجہ کیا نکلے اور پردۂ غیب سے کیا ظہور ہو۔ **ہاں جی ہاں جی سب سے کیجے۔ کریئے اپنے من کی۔** ہر ایک سے اچھی طرح ملنا چاہیئے۔ مگر کرنا وہی چاہیئے جو دل کو اچھا معلوم ہو۔

ہاں (ہ۔ لف) گھر میں۔ مکان پر (دس۔ استھان)

ہان (ہ۔ مذکر) ۱ چھوڑنا۔ تیاگنا ۲ تیاگ۔ غفلت ۳ ضرورت۔ حاجت۔ نہ ہونا ۴ کمی قلت ۵ نقصان۔ گھاٹا۔ حرج۔ ضرر ۶ تباہی۔ تلفی ۷ قتل۔ **ہان اٹھانا** (متعدی) نقصان اٹھانا۔ **ہان پوران** (مذکر) نقصان کا عوض یا بدلہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **ہان کرنا** (متعدی) نقصان پہنچانا۔ **ہانی** (صفت) ۱ انکار کرنے والا ۲ (مذکر) قاتل۔

امثال۔ ہان لابھ جیون مرن جس اپجس بدھ ہاتھ۔ نقصان نفع جینا مرنا عزت بے عزتی سب قسمت کے ہاتھ ہے **ہانی کو منیئے پاپ دوش نہ گنیئے۔** قاتل کو قتل کرنا کوئی گناہ نہیں۔

ہانپ (ہ۔ امر) ہانپنا کا (دس۔ دھما۔ پھونکنا)، **ہانپا** (ماضی) ہانپنا کی **ہانپ جانا** (لازم) سانس پھول جانا۔ چڑھ جانا۔ تھک جانا **ہانپنا** (لازم) ۱ جلد جلد سانس لینا۔ سانس اکھڑنا دم پھولنا ۲ دم ٹوٹ جانا۔

ہانڈ۔ ہانڈا (ہ۔ مذکر) بڑی ہنڈیا دیگچا۔

ہانڈ (ہ۔ امر) ہانڈنا کا (دس ہنڈ۔ پھرنا) **ہانڈا** (ماضی) ۱ ہانڈنا کی ۲ (صفت) آوارہ گرد۔ پھرنے والا (عف) **ہانڈنا** (لازم) آوارہ پھرنا آوارہ گردی کرنا۔ بیکار پھرنا (عف) **ہانڈی** (صفت مونث) آوارہ پھرنے والی۔ آوارہ گرد۔

مثل۔ ہانڈے سے ڈانڈا بھلا۔ آوارہ پھرنے سے قید بھگتنا بہتر ہے۔

ہانڈی (ہ۔ مونث) **ہانڈیا** (ہ) **ہانڑی** (ہ)، **ہانڑیا** (ہ) ۱ مٹی کی ہنڈیا سالن پکانے کا برتن ۲ لمپ کا گلوب (دس۔ ہانڈکا) **ہانڈی ابلنا** (لازم) ۱ ہانڈی کا جوش کھا کر پانی باہر نکل پڑنا ۲ بساط سے بڑھ کر کام کرنا **ہانڈی پکنا** (لازم) ۱ سالن پکنا۔ کھانا پکنا ۲ خفیہ صلاح یا مشورہ ہونا۔ **ہانڈی پھوڑنا** (متعدی) ۱ ہانڈی کو زمین پر پھینک کر یا اتفاقاً گرا کر ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ۲ افشائے راز کرنا۔ بھانڈا پھوڑنا ۳ کسی کی روانگی پر ایسا کیا جاتا ہے جو اظہار ناراضگی ہوتا ہے **ہانڈی چاٹی ہوگی**۔ کسی کی شادی میں مینہ برستا ہے تو اسے مذاقاً کہتے ہیں، **ہانڈی چڑھانا** (متعدی) ۱ پکنے کے لئے ہانڈی چولھے پر رکھنا ۲ ابتدا کرنا **ہانڈی چڑھنا** (لازم) مفت کا مال مل جانا **ہانڈی کا سا ابال ہے۔** ابھی شوق ہے۔ کچھ دیر میں جاتا رہے گا۔ **ہانڈی گرم کرانا** (لازم) ۱ رشوت دلانا ۲ فائدہ کرانا **ہانڈی گرم کرنا** (متعدی) ۱ بے ایمانی سے کوئی چیز وصول کرنا۔ مفت کا مال لینا ۲ رشوت لینا **ہانڈی گرم ہونا** (لازم) ۱ مفت کا مال ملنا ۲ رشوت ملنا۔ **ہانڈی وال** (مذکر) ۱ کھانے کا شریک یا حصہ دار۔ جب کئی شخص مل کر کھانا پکا کر کھایا کریں تو ان میں سے ہر ایک دوسرے کا ہانڈی وال کہلاتا ہے ۲ رقیب۔ ایک عورت کے پاس رہنے والے۔

امثال واقوال۔ ہانڈی کا بھات چھپے۔ منہ کی بات نہ چھپے۔ کہی ہوئی بات مشہور ہو ہی جاتی ہے **ہانڈی میں اچھوت نا۔ چل آسمندھی جنوں** (تا ۔) خود تو غریب ہے لوگوں کو دعوت دیتا ہے

ہانڈی (میں) جو ہوگا سو ڈوئی میں (آپ ہی آویگا) نکلے گا - جو دل میں ہوتا ہے وہی زبان پر آتا ہے - ہانڈی نہ ڈوئی سب پت کھوئی - غریب ہونے سے عزت بھی جاتی رہتی ہے -

ہانس (ہ - مذکر) ہنسلی کی ہڈی - وہ ابھری ہوئی ہڈی جو سینے کے اوپر ہوتی ہے ۲ گلے میں پہننے کی ہنسلی ۳ ایک آبی پرند (غف)

ہانس (ہ - امر) ہانسنا کا ہانسنا (ماضی) ہانسنا کی **ہانسنا** (لازم) ہنسنا (غف) **ہانسی** (مونث) ہنسی (غف)

مثل - ہانسی کے گل پھانسی
باتوں باتوں میں فساد ہو جاتا ہے -

ہانک (ہ - امر) ۱ ہانکنا کا ۲ (مونث) پکار - آواز ۳ غل - شور - للکار ۴ ترنم - زمزمہ - چہچہا ۵ مویشی کو چلانا یا تیز رفتار کرنا ۶ شہرت - شہرہ - نام ۷ حکومت - دس تک - بلانے کی آواز) **ہانکا** (مذکر) شکاری جانوروں کو ہانکنے کا فعل **ہانکا جانا** (لازم) بھگایا جانا - جانوروں کی طرح چلایا جانا - ہانکا ہانک - ہانکی (مونث) ۱ متواتر ہانکنے یا بلانے کا فعل ۲ ایک دوسرے کو دھکیلنا ۳ مویشی کو تیز چلانا - **ہانک پکار** (مونث) آدمیوں کا شور و غل **ہانک پکارکے** (ق ف) علی اعلان کھلے بندوں (کہنا کے ساتھ) **ہانک دینا** (متعدی) ۱ دیکھو ہانکنا ۲ پکارنا - آواز دینا - **ہانک مارنا** (متعدی) پکارنا - آواز دینا **ہانکنا** (لازم) ۱ چلانا - ہنکانا - تیز رفتار کرنا - دوڑانا ۲ زبان سے بغیر سمجھے بوجھے کوئی بات نکالنا - لن ترانی کرنا ۳ (دام) بڑھا کے قیمت کہنا ۵ (گاڑی) چلانا ۶ (مکھیاں) پنکھے سے دور کرنا ۷ دستی پنکھا چلانا **ہانکے پکارے** (ق ف) علانیہ - سب کے روبرو - ڈنکے کی چوٹ - کھلم کھلا (کہنا کے ساتھ)

ہانکھلا (ہ - مذکر) شہد کا چھتہ -

ہانگی (ہ - مونث) دیکھو ہانگی -

ہانگا (ہ - مذکر) زور - قوت - طاقت - بل - توانائی - بدن کی طاقت **ہانگا چھوٹنا** (لازم) طاقت جسمانی نہ رہنا - جسمانی قوت میں فرق آنا **ہانگا کرنا** (متعدی) کسی کے برخلاف قوت استعمال کرنا **ہانگا نہیں ہے** - طاقت نہیں ہے - **ہانگے** (ق ف) قوت سے - درست یا ٹھیک -

ہانگی (ہ - مونث) کپڑے کی چھوٹی میدہ چھاننے کی باریک چھلنی -

ہاؤ (س - مذکر) ۱ بلانا ۲ آواز - پکار - ۳ ناز - نخرہ - غمزہ -

ہاون (ف - مذکر) ۱ کوٹنے کا برتن اوکھلی **ہاون دستہ** (مذکر) ہاون اور کوٹنے کا دستہ - عوام ہمام دستہ یا امام دستہ کہتے ہیں -

ہاویہ (ع - مذکر) ۱ دوزخ کا سب سے نچلا طبقہ ۲ گہری اور تاریک جگہ - تاریک غار ۳ (مونث) عورت جس کے بچے مرگئے ہوں

ہاہا (ہ - مونث) ۱ ہنسی ٹھٹھے کی آواز ہی ہی - ہو ہو ۲ ہائے - افسوس - آہ - حیف - ۳ ایک کلمہ جو کسی کام سے روکنے کے لئے استعمال ہوتا ہے - خبردار **ہاہا ہٹی ہٹی** (مونث) ہنسی - ٹھٹھا - **ہاہا جی جی** (ہ) منت و سماجت اور تعریف کا کلمہ **ہاہاکار** (ہ) ۱ ہائے ہائے ۲ گھبراہٹ - اضطراب - حیرانی - سرگردانی ۳ خوف ڈر - **ہاہا کرنا** (متعدی) کھانا (ہ) منت سماجت کرنا - عاجزی کرنا - خوشامد کرنا (مت) **ہاہا ہو ہو یا ہی ہی** (مونث) بیہودہ ہنسی مذاق - ہنسی ٹھٹھا - قہقہہ (کرنا ہونا کے ساتھ)

مثل - ہائے ہائے بوڑھے نہیں بیاہے جاتے - نری خوشامد سے کام نہیں چلتا -

ہاہو (ہ - مونث) شور - پکار **ہاہو کرنا** (متعدی) شور کرنا -

ہائل (ع - صفت) ۱ خوفناک - دہشتناک - ڈراؤنا ۲ بڑا - بہت بڑا - عظیم الجثہ (ہول - ڈرانا) **ہائلات** (مونث) ہائل یا ہائلہ کی جمع - خوفناک چیزیں - دہشتناک واقعات **ہائلہ** (صفت) خوفناک - دہشتناک -

ہائل (ہ - مذکر) پتوار -

ہاؤ (ہ - مذکر) ہوّا - **ہاؤ بیر** (مذکر) بھورے رنگ کا ایک پھل - **ہاؤ ہپ ہے** اپنے مطلب کا ہے - جو ملا سو ہضم -

ہاؤ (ہ - مذکر) بلانا ۲ پکار - آواز - **ہاؤ ہاؤ** ۱ ہائے پکار - واویلا - پکار ۲ طلب مانگ - تقاضا ۳ کمی - توڑا ۴ جلدی ۵ گھبراہٹ اضطراب - **ہاؤ ہاؤ رہنا** (لازم) تقاضا رہنا - طلب رہنا - **ہاؤ ہاؤ کرنا** (متعدی) ۱ جلدی کرنا ۲ ہائے پکار کرنا ۳ مانگتا رہنا - **ہاؤ ہو** (مونث) کراہنے کی آواز - آہ آہ - ہائے ہائے (کرنا ہونا کے ساتھ)

ہائی (ہ - مونث) ۱ حالت - کیفیت ۲ وضع - طور - ڈھنگ ۳ بدنامی - رسوائی **ہائی ہونا** (لازم) مثل و نظیر ہونا (غف)

ہائی (انگ - صفت) ۱ اونچا - بلند ۲ اعلیٰ - بڑا - اونچے درجے کا - **ہائی اسکول** (مذکر) بڑا مدرسہ - وہ مدرسہ جس میں انٹرنس تک تعلیم ہو - **ہائی کلاس یا گریڈ** (صفت) اعلیٰ درجہ کا - بہت نفیس - **ہائی کورٹ** (متعدی) عدالت عالیہ - وہ عدالت جہاں مقدمات فوجداری میں سب سے آخر اپیل ہوتا ہے -

ہائے (ہ - مونث) ۱ افسوس - حیف - دریغ ۲ بیماری یا تکلیف کی حالت کی آواز ۳ ماتم ۴ آہ - فریاد (س ہا) **ہائے اللہ یا خدا** (کلمۂ درد) یا اللہ - اے خدا - **ہائے رے** (کلمۂ تاسف و درد) ہائے - **ہائے غضب** - کیسا غضب ہے - کیسا ستم ہے - **ہائے کا نعرہ مارنا** (متعدی) زور سے ہائے کرنا - چیخنا پکارنا - درد سے کراہنا - ہائے میّا - صدمے کے وقت بچوں یا عورتوں کے منہ سے نکلتا ہے - **ہائے ہائے کرنا** (متعدی) مارنا (ہ) زور سے ہائے ہائے کرنا - کراہنا - **ہائے وائے کرنا** (متعدی) درد سے کراہنا - چیخ پکار کرنا - **ہائے وہ بھی کیا زمانہ تھا** گذشتہ زمانے کو افسوس سے یاد کرنے پر کہتے ہیں - **ہائے ہائے** (مونث) ۱ افسوس - تکلیف - گریہ وغیرہ کی حالت میں کہا جاتا ہے - آہ - آہ - افسوس ۲ مانگ - طلب - پکار - **ہائے ہائے کرنا** (متعدی) ۱ کراہنا - آہیں بھرنا ۲ واویلا کرنا - غل مچانا ۳ بڑی محنت کرنا - کسی کام میں جان مارنا ۴ کسی چیز کے نہ ہونے کی شکایت کرنا - **ہائے ہو یا ہوئے** (مذکر) ۱ شور و غل - واویلا - آہ و نالہ ۲ چیخ پکار - غل غپاڑا -

اقوال - ہائے رے بڑھاپے جوانی میں کیا پتھر پڑے تھے - جوانی کی حالت میں کچھ نہیں کیا تو بڑھاپے میں جوانی کا افسوس فضول ہے - ہائے رے

جوانی - بوڑھا آدمی کہتا ہے -

ہائیڈروجن (انگ - مونث) وہ لطیف ہوا جو پانی کا ایک جزو ہے -

ہائیں (ہ - کلمۂ تہدید) مت کرو باز آؤ -

ہایتی (ف - مذکر) دیکھو ہیٹی -

ہایَن (س - مذکر) ۱ ایک سال ۲ شعلہ ۳ کرن ۴ ایک قسم کا دھان -

ہَبّا ڈبّا (ہ - مذکر) شدت کی کھانسی - مسان کی بیماری -

ہَبڑا (ہ - صفت) ۱ بڑے بڑے دانتوں والا ۲ بدشکل - بھدا - بدصورت - بیڈول

ہبکس (اردو - صفت) قصائیوں کی اصطلاح - سڑا ہوا **ہبکس ہونا** (لازم) رونا گریہ وزاری کرنا -

ہَبک دَھبَک (اردو - مونث) کام کرنے کی چالاکی -

ہَبکنا (ہ - متعدی) دیکھو ہپکنا -

ہُبَل (ع - مذکر) ۱ مکہ کا ایک بت ۲ ایک قبیلے کا جد اعلیٰ -

ہَبَنّق - ہَبنَک (ع - صفت) بیوقوف - احمق - جانگلو - سڑی - باؤلا -

ہَبُو (ع - مذکر) ایک قبیلہ -

ہُبُوب (ع - مذکر) ہوا کا چلنا -

ہُبُوط (ع - مذکر) ۱ نیچے اترنا - نازل ہونا ۲ پستی - نشیب ۳ بیماری کا دبلاپن ۴ نقصان ۵ بیٹھ جانا - گرنا - اترنا **ہبوطِ آدمؑ** (مذکر) حضرت آدمؑ کا بہشت سے نکالا جاکر دنیا میں بھیجا جانا -

ہِبَہ (ع - مذکر) ۱ تحفہ - عطیہ - عطا - بخشش - عنایت - مرحمت - انعام ۲ خیرات - وقف - دان - پُن (دیکھو ہَب - دینا) **ہبہ دار** (صفت) جس کے حق میں ہبہ کیا جائے - **ہبہ کرنا** (متعدی) ۱ مرحمت کرنا - عنایت فرمانا - بخشنا دینا ۲ وقف کرنا - دان کرنا - **ہبہ نامہ** (مذکر) وہ دستاویز جس میں کسی شخص یا جماعت کو کوئی چیز بخش دینے کی شرائط لکھی جائیں -

ہَپ (ہ - مونث) ۱ کوئی چیز دفعتاً منہ میں لے کر نگل جانے کا فعل - ہڑپ ۲ نگلنے کی آواز ۳ (بچوں کی زبان) کھانا (س ہَلپ - آواز نکالنا) **ہپّا** (مذکر) ۱ (دیکھو ہپ معنی ۳) ۲ پوپلوں یا بوڑھوں کے کھانے کی چیز ۳ لقمہ - نوالہ ۴ رشوت ۵ (دہلی) کھانا پکانے والی عورت **ہپّا دینا** (متعدی) ۱ کھلانا ۲ رشوت دینا **ہپ کر جانا یا کرنا** (متعدی) ۱ نگل جانا - ہڑپ کر جانا ۲ کسی کا مال ہضم کر جانا **ہپ ہپ** (مونث) ۱ جلد جلد نگلنے کی آواز ۲ پوپلوں کے بولنے کی آواز **ہپ ہپ کرنا** (متعدی) پوپلوں کی طرح کھانا بوڑھوں کی طرح منہ سے آواز نکالنا **ہَپَڑ ہَپَڑ** (مونث) غذا کا جلد جلد کھانا - لقمے پر لقمہ کھانا -

ہپّو (صفت مونث) ۱ ہڑپ کر جانے والی عورت - پوپلی عورت - **ہپّو** (صفت) ۱ لالچی - حریص ۲ (مذکر) ہپ ہپ کر کے کھانے والا شخص - پیٹو ۳ (مونث) افیون کی گولی - جو عورتیں بچوں کو دیتی ہیں - ہپوا (مذکر) دیکھو آخری معنی ۳ **ہپوڈاین** (ہ) بوڑھی پوپلی عورت - بچے بوڑھی عورتوں کو چڑانے کے لئے کہتے ہیں -

مثل - ہپ ہپ جھپ جھپ کھاتے ہان - دھندا کرتے تجے پران - کھاتا بہت ہے اور کام کرتے جان نکلتی ہے -

ہَپیرا (ہ - امر) ہپرانا کا ہپیرا کے کھانا - **ہپیرانا** (متعدی) ۱ آواز کے ساتھ کھانا ۲ بڑے بڑے لقمے کھانا - لقمے پر لقمے کھانا - پھنکے اڑانا -

ہپناٹزم (انگ - مذکر) عمل تنویم توجہ سے خواب آور حالت پیدا کرنا -

ہَپ ہپانا (ہ - لازم) ہپھپھپانا (ہ) ہانپنا - لمبے لمبے سانس لینا -

ہَت (ہ - کلمۂ تنفر) دور ہو - پرے ہٹ - الگ ہو - **ہت تری** - **ہت تیرے کی** (ایسی تیسی) خدا تیرا خانہ خراب کرے - **ہت توبہ** - ہائے توبہ کا مخرب - کسی بات کو ناپسند کر کے کہتے ہیں - **ہت تیری دم میں نمدا** - کلمۂ سرزنش (عف)

ہَت (ہ - مذکر) ہاتھ کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - **ہتاؤ** (مذکر) تھپیڑ تھپیڑ - **ہت بیڑی یا کھوڑ** (مذکر) دیکھو ہتھکڑی (دکنی) **ہت پھیرنا کرنا** (متعدی) دغا دینا - جل کرنا - **ہت چال** (صفت) دیکھو ہاتھ چلا - **ہتنری** (مونث) ۱ ہاتھ کی تصغیر بالحقارت ۲ دستہ - موٹھ - **ہتھکڑی - ہتھکنڈا** (ہ) دیکھو ہتھکڑی ہتھکنڈا - **ہتیا لینا** (متعدی) قبضہ کر لینا - **ہتیانا** (لازم) ہاتھ آنا -

ہَت (س - مفعول) ۱ جسے مارا جائے ۲ مقتول - قتل کیا گیا ۳ تباہ کیا گیا - تلف کیا گیا ۴ جس کے پاس کچھ نہ ہو - خالی - مفلس **ہَتَن** (مذکر) قتل کرنے کا فعل **ہتنا** (متعدی) قتل کرنا - جان سے مارنا -

ہِت (س - مفعول) ۱ پکڑا ہوا - لیا ہوا ۲ لائق - قابل - موزوں ۳ مفید - فائدہ مند ۴ اچھا - عمدہ ۵ مہربان - شفیق ۶ (مذکر) دوست - یار - آشنا ۷ اچھی حالت - اچھائی - بہتری ۸ مہربانی عنایت - شفقت ۹ سچی دوستی - پیار - محبت - الفت ۱۰ کوئی چیز جو موزوں - مناسب یا مفید ہو ۱۱ فائدہ - نفع - **ہتکار - کارک - کاری یا کر** (صفت) ۱ بھلائی یا نیکی کرنیوالا - سخی - محسن - فیاض ۲ دوست - یار - آشنا - **ہت کاری** (مونث) ۱ دوستی - یارانہ ۲ محبت - شفقت ۳ سخاوت - فیاضی **ہت کرنا** (متعدی) ۱ دوستی جتانا - دوستی کرنا ۲ مہربانی کرنا - شفقت کرنا **ہت ماننا** (متعدی) مہربانی یا عنایت سمجھنا - **ہت مت** (مونث) دوستی محبت **ہتوپدیش** (مذکر) ۱ دوستانہ نصیحت - مفید ہدایت یا تعلیم ۲ کہانیوں کی ایک کتاب اس کا ترجمہ فارسی میں انوار سہیلی اور عربی میں کلیلہ دمنہ کہلاتا ہے یہ پنچ تنتر سے خلاصہ کی گئی ہے - **ہتیشی** (صفت) ۱ دوسرے کی بہتری چاہنے والا - نیکی کرنے والا - نیک مہربان -

ہُت (س - مفعول) ۱ جو چیز آگ پر بطور بھینٹ ڈالی جائے - گھی جو ہون میں آگ پر ڈالا جائے ۲ بھینٹ ۳ بلایا گیا - مدعو کیا گیا ۴ (مذکر) بھینٹ - نذر -

ہُوت (س - مفعول) ۱ بھینٹ - نذر ۲ بلانا ۳ دعا ۴ مقابلے کے لئے بلانا -

ہتّا (ہ - صفت) مارا ہوا -

ہتّا (ہ - مذکر) ۱ ہاتھ - مٹھی ۲ دستہ - قبضہ - گرفت - موٹھ ۳ قابو - قبضہ ۴ وار - داؤں

۵ چکی کی لکڑی جس سے پکڑ کر اسے چلاتے ہیں ۶ چھلنی جس کا دستہ لمبا ہوتا ہے ۷ لکڑی کا ایک لمبا بیلچہ جس سے پانی اونچی جگہ پھینکتے ہیں ۸ وہ اوزار جس سے ڈبل روٹی والے روٹی تنور سے نکالتے ہیں ۹ بڑی بلی ۱۰ (صفت) ہاتھ والا۔ مرکبات میں جیسے بائیں ہتا **ہتّا باہنے** (ہ) ہاتھوں کی لڑائی۔ لڑائی۔ ہاتھا پائی۔ **ہتّا پھر جانا یا پھرنا** (لازم)، **پھیرنا** (متعدی) لوٹنا۔ موسنا۔ صفائی کر دینا۔ سب لے لینا۔ **ہتّا پیچی** (ہ) لڑائی۔ ہاتھا پائی **ہتّا جوڑی** (مونث) ایک قسم کا ناچ جس میں ناچنے والے ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کے ناچتے ہیں **ہتّا صاف کرنا** (متعدی) ۱ دیکھو ہتّا پھیرنا ۲ وہ کام کرنا جس کی مشق ہو۔ ہاتھ صاف کرنا **ہتّا مارنا** (متعدی) ہاتھ مارنا۔ چوری کرنا۔ چرا لینا۔ مال [illegible] جبراً چھین لینا۔ **ہتّا موری** (ہ) کھیل کود۔ لہو و لعب۔ **ہتّو دیا**۔ اپنے ہاتھ سے دیا (لعنت جرمانہ بھرا۔ نقصان اٹھایا (عف) **ہتّوں** (مذکر) ہتّا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے **ہتّوں سے اکھڑ جانا یا اکھڑنا** (لازم) ۱ پتنگ کا ہاتھ پر سے ٹوٹ جانا ۲ جڑ سے اکھڑ جانا ۳ بالکل الگ ہو جانا **ہتّوں سے جانا** (لازم) پتنگ کا ہاتھ پر سے ٹوٹ جانا یا کٹ جانا **ہتّے** (مذکر) ۱ ہتّا کی جمع ۲ بجائے ہتّا حروف مغیرہ سے پہلے **ہتّے باز** (ہ) لیٹرا۔ گرہ کٹ۔ ڈاکو **ہتّے پر ٹوک دینا یا ٹوکنا** (متعدی) شروع سے ہی اعتراض کرنا۔ ابتدا میں ہی غلطی [illegible] دینا **ہتّے (پر) چڑھنا** (لازم) ۱ ہاتھ [illegible] ۲ داؤں پر چڑھنا ۳ مشق ہو جانا۔ مہارت ہونا **ہتّے پر روک دینا یا روکنا** (متعدی) شروع میں ہی کسی کام سے روک دینا **ہتّے (پر) سے اکھڑنا** (لازم) شروع سے ہی قابو سے باہر ہو جانا **ہتّے سے بڑھانا** (متعدی)، **بڑھنا** (لازم) بغیر چھڑائی لئے ہوئے ہاتھوں سے پتنگ کا اڑنا۔ **ہتّے مار** (صفت) چور۔ لیٹرا۔ گرہ کٹ۔ **ہتّے مارنا** (متعدی) ۱ دونوں ہاتھوں سے پکڑنا یا کھانا ۲ موقع سے فائدہ اٹھانا ۳ جلدی جلدی پتنگ کو اتارنا۔

ہتک (ع۔ مونث) ۱ پردہ دری۔ بے حرمتی۔ بے عزتی ۲ بے ادبی۔ گستاخی ۳ رسوائی۔ بالفتح ثانی بھی استعمال ہوتا ہے (ہتک۔ زبردستی اٹھانا نقاب کسی کے چہرے سے) **ہتک آمیز** (صفت) گستاخانہ۔ بے عزت کرنیوالا **ہتک حرمت یا عزت** (مونث) کسی کی بے عزتی کسی کی عزت آبرو کی بدنامی تقریراً یا تحریراً (کرنا ہونا کے ساتھ) **ہتکِ عزت کا دعویٰ** (مذکر) وہ مقدمہ جو بے عزتی کی سزا یا حرجانے کے لئے کیا جائے۔

ہتنی (ہ۔ مونث) دیکھو ہتھنی۔

ہتو (ہ۔ مذکر) دوست۔ یار۔ آشنا۔

ہتوالنا (ہ۔ مذکر) قبضے سے پکڑ کر تلوار ہاتھ سے لینا۔ ہاتھ میں لینا۔

ہتوڑی (ہ۔ مونث) ہتھوڑی۔

ہتوڑا (ہ۔ مذکر) لوہاروں کے ایک اوزار کا نام جس سے لوہے وغیرہ کو کوٹتے ہیں۔ **ہتھوڑی** (مونث) چھوٹا ہتھوڑا۔

ہتھ (ہ۔ مذکر) ہاتھ کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے **ہتھّا** (مذکر) دیکھو ہتّا مع مرکبات **ہتھ اُدھار** (مذکر) قرض۔ قرضہ دست گرداں۔ وہ قرض جو بغیر کوئی چیز گروی رکھے دیا جائے (دینا۔ لینا کے ساتھ) **ہتھ پلیتی** (مونث) دستی مشغل ۲ چالاکی۔ عیاری **ہتھ پلیتی داغ دینا** (متعدی) عیاری یا چالاکی کرنا۔ **ہتھ پھول** (مذکر) ایک قسم کی آتش بازی جس کو ہاتھ میں لے کر چھڑاتے ہیں۔ **ہتھ پھیر** (مذکر) ۱ ہاتھ کی چالاکی ۲ قرضہ۔ ہتھ ادھار (کرنا۔ ہونا۔ اور ۲ میں دینا لینا کے ساتھ) **ہتھ پھیری** (مونث) ۱ دست مالی۔ مساس۔ معشوق کے بدن پر ہاتھ پھیرنا ۲ غبن۔ صفایا ۳ بہت سا کھانا ۴ ہاتھ کی صفائی یا چالاکی۔ شعبدہ بازی۔ چابکدستی ۵ دست بازی۔ دھول دھپا ۶ قرضہ لینا (کرنا ہونا اور ۲ میں دینا لینا کے ساتھ) **ہتھ جوڑی** (مونث) ایک قسم کی گھاس جو دواؤں میں استعمال ہوتی ہے۔ **ہتھ چھٹ**۔ (صفت) وہ جو ذرا سی بات پر مار بیٹھے۔ **ہتھ رس** (مذکر) **رسی** (مونث) ۱ مساس ۲ جلق ۳ خارش۔ کھجلی۔ **ہتھ کٹی** (مونث) ضرب جو اس لئے لگائی جاتی ہے کہ حریف کا ہاتھ بیکار ہو جائے۔ **ہتھ کڑا** (مذکر) ۱ سپر کا کڑا جس سے پکڑتے ہیں ۲ ہتھکڑی۔ **ہتھکڑی** (مونث) وہ آہنی کڑا یا زنجیر جو مجرم کے ہاتھ میں ڈالی جاتی ہے (لگانا لگنا کے ساتھ) **ہتھ کل** (مونث) دستی کھٹکا۔ کواڑ کی دستی یا موٹھ۔ دروازے کی بلی۔ دستی۔ کھٹکا۔ **ہتھکنڈا یا کھنڈا** (مذکر) ۱ ہاتھ کا کرتب۔ چالاکی ۲ چالاکی۔ عیاری۔ شرارت ۳ داؤ۔ پیچ۔ انداز۔ ڈھنگ۔ طور۔ طریق ۴ اپنے ہاتھ کی بنائی ہوئی چیز۔ **ہتھکنڈے بتا دینا** (متعدی) طریق سکھا دینا۔ نکلا دینا۔ **ہتھکنڈے** (مذکر) ہتھکنڈا کی جمع۔ **ہتھکنڈے رواں ہونا** (لازم) کسی بات کی مشق ہو جانا۔ **ہتھوں** (مذکر) جمع ہتّھا کی حروف مغیرہ سے پہلے۔ دیکھو ہتّوں مع محاورات **ہتھی** (مونث) ۱ چھوٹا دستہ۔ دستی۔ موٹھ ۲ گھوڑے کا برش ۳ کماد کے رس کو ہلانے کا ڈنڈا۔ **ہتھے** (مذکر) دیکھو ہتّے مع محاورات **ہتھیار** (مذکر) دیکھو علیحدہ۔ **ہتھیا لینا** (متعدی) ۱ مار لینا۔ غصب کر لینا ۲ قابض ہو جانا۔ قبضہ کر لینا۔ **ہتھیانا** (متعدی) ۱ دیکھو ہتھیا لینا ۲ ہاتھ سے پکڑنا **ہتھیلی** (مونث) دیکھو علیحدہ۔

ہتھ (ہ۔ مذکر) ہاتھی کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **ہتھ نال** (مونث) ایک قسم کی چھوٹی توپ جسے ہاتھی پر لادتے ہیں۔ **ہتھنی** (مونث) ۱ ہاتھی کی مادہ ۲ بہت موٹی عورت۔ **ہتھنی جیسا ڈیل** (مذکر) بہت فربہ۔ عظیم الجثہ۔

ہتھ (ہ۔ مذکر) ہاتھ کا مخفف۔ **ہتھائی** (مونث) جلسہ۔ مجلس۔ محفل۔ سبھا۔ **ہتھ بل** (مونث) ہاتھ کی قوت۔ طاقت۔ **ہتھ بندھا** (مذکر) ۱ جس کے ہاتھ پاؤں بندھے ہوں ۲ جو ہاتھ باؤں باندھے کھڑا ہو ۳ ہتھکڑی لگا ہوا۔ **ہتھ بیڑی** (مونث) ہتھکڑی۔ **ہتھ ٹوکری** (مونث) چھوٹی ٹوکری جسے ہاتھ سے پکڑتے ہیں۔ **ہتھ جھولا** (مذکر) ہاتھ گاڑی **ہتھ جیوا** (مذکر) اس قدر جتنا ہاتھ میں آجائے۔ لپ بھر **ہتھ چھٹّا** (مذکر) ۱ اپنے ہاتھ کی لکھی ہوئی چٹھی ۲ رسید۔ **ہتھ چکی** (مونث) چھوٹی چکی۔ دستی چکی۔ **ہتھ چلا** (صفت) ہاتھ کا چالاک۔ عیار۔ **ہتھڑی** (مونث) ۱ دستہ ۲ چرخے کا ہتھا۔ **ہتھ کڑا رکھنا** (متعدی) کسی سے زبردستی کوئی کام کرانا۔ **ہتھ کھوڑ** (مذکر) ہتھکڑی (لگانا لگنا کے ساتھ) **ہتھ گاڑی** (مونث) ہاتھ سے چلانے والی گاڑی **ہتھال** (مذکر)، **ہتھلی** (مونث) دیکھو ہتھری۔ **ہتھ لپک** (صفت) دیکھو ہتھ چلا۔ **ہتھ لیوا** (مذکر) ہندوؤں میں شادی کی ایک رسم۔ دولہا دلہن کی ہتھیلیوں کو ملا کر بیچ میں آٹا رکھ کے سرخ دھاگے سے باندھ دیتے ہیں۔ ہتھ

ماڑھو (صفت) دیکھو ہتھ چلا۔ **ہتھ نا ٹک** (مذکر) ہاتھ کی چالاکی۔ شعبدہ بازی۔ **ہتھو** (مذکر) ہتھی۔ **ہتھواسا** (مذکر) ۱ دستہ ۲ ترازو کا وہ حصہ جو ہاتھ میں رہتا ہے۔ **ہتھوئی** (صفت) ۱ چابکدست جس کے ہاتھ میں ہُنر ہو۔ ماہر فن ۲ ہاتھ سے بنا ہوا ۳ (مذکر) استاد۔ ماہر فن۔ کاریگر۔ صناع ۴ ہاتھ کی چالاکی۔ کاریگری۔ صناعی ۵ ہنر۔ فن۔ پیشہ ۶ کام ہاتھ کا کام۔ نقل ۸ پڑھنے کا طریقہ۔ **ہتھوٹیا** (صفت و مذکر) دیکھو ہتھوئی۔ **ہتھونا** (مذکر) میٹھی روٹی جو دولھا دولھن کے ہاتھ میں دیتے ہیں۔ **ہتھیا** (مونث) ۱ ہاتھ ۲ دستہ ۳ تیراھواں نکشترہ ۴ بارش کا شروع یا آخیر ۵ بارش کے چند روز جن میں خوب بارش ہوتی ہے ۶ بارش جو بشدت ہوتی ہے۔ **ہتھیا کی راہ** (مونث) کہکشاں۔ **ہتھیا لینا** (متعدی) اپنے ہاتھ میں لے لینا۔ چھین لینا۔ **ہتھیلا** (صفت) دستے دار۔ دستے والا۔ جس کا دستہ ہو۔ **ہتھیلا** (صفت) چور۔ ڈاکو۔ گرہ کٹ۔ **ہتھیلی** (مونث) ہل کا دستہ۔

امثال واقوال

ہتھیا برسے تین ہوت ہیں شکر۔ شالی۔ ماش۔ ہتھیا برسے تین جات ہیں تلی کودو۔ کپاس ۔ تیرھویں نکشترے کے دوران میں اگر بارش ہو تو کماد۔ دھان اور ماش بہت ہوتے ہیں لیکن تلی کودوں اور کپاس مرجاتے ہیں۔ **ہتھیا برستے چترا منڈرائے۔ گھر بیٹھی کسان منڈرائے** ۔ اگر تیرھویں نکشترے کے دوران میں بارش ہو اور چیت میں ابر رہے تو کسان گھر بیٹھے کر روتا ہے۔ کیونکہ فصلیں پانی کھڑا رہنے کی وجہ سے مرجاتی ہیں۔ **ہتھیا چلے نہ پیا۔ بیٹھے دے گسیاں** ۔ کام کرتا نہیں اور چاہتا ہے کہ بیٹھے کو خدا کھانے کو دیدے۔ نکمے کام چور آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔

ہتھیار (ہ۔ مذکر) ۱ اسلحہ۔ اوزار جنگ وہ آلہ جس سے لڑیں۔ تلوار۔ خنجر۔ بندوق۔ توپ نیزہ۔ چھری۔ وغیرہ ۲ کام کرنے کا آلہ۔ اوزار ۳ آلہ تناسل (س ہست۔ ہاتھ) **ہتھیار باندھنا** (متعدی) ہتھیاروں کا اپنے یا دوسرے کے جسم پر آراستہ کرنا۔ **ہتھیار بندھنا** (لازم) بدن پر ہتھیار آراستہ ہونا۔ **ہتھیار بند** (صفت) ہتھیار لگائے ہوئے۔ مسلح۔ **ہتھیار چلانا** (متعدی) ہتھیار سے حملہ کرنا۔ **ہتھیار چل جانا یا چلنا** (لازم) لڑائی ہونا۔ جنگ ہونا۔ **ہتھیار خانہ** (مذکر) ہتھیاروں کے رکھنے کا مکان۔ **ہتھیار ڈالدینا یا رکھ دینا** (متعدی) اپنے آپ کو دشمن کے حوالے کرنا۔ ہار ماننا۔ شکست تسلیم کرنا۔ **ہتھیار کرنا** (متعدی) ہتھیار سے حملہ کرنا۔ **ہتھیار کھولنا** (متعدی) لڑائی سے دست بردار ہونا۔ ہار مان لینا۔ **ہتھیار گھر** (مذکر) دیکھو ہتھیار خانہ۔ **ہتھیار لگانا** (متعدی) دیکھو ہتھیار باندھنا۔

ہتھیلی (ہ۔ مونث) ۱ ہاتھ کا اندرونی حصہ جو انگلیوں کے نیچے ہوتا ہے۔ کفِ دست ۲ تالی۔ ہتھیلیوں کو بجانے کی آواز (س ہست۔ ہاتھ) **ہتھیلی بجانا** (متعدی) تالی بجانا (دہلی) **ہتھیلی پر جان لئے پھرنا** (لازم) جان کی پروا نہ کرنا۔ سخت لاپرواہ ہونا۔ **ہتھیلی پر سر رکھ لینا یا رکھنا** (متعدی) مرنے کو آمادہ ہونا۔ **ہتھیلی پر سرسوں جمانا** (متعدی) کوئی کام بہت جلدی کرنا۔ مشکل کام کا پھرتی سے کرنا۔ **ہتھیلی پر سر لئے پھرنا** (لازم) مرنے مارنے کو تیار ہونا۔ جان دینے کو پھرنا۔ ہر وقت مرنے کو آمادہ رہنا۔ **ہتھیلی پر فلانی رکھنا** (متعدی) ہر ایک مرد سے آمادۂ مجامعت رہنا (عف) **ہتھیلی پر لئے بیٹھنا** (متعدی) جان دینے یا آبرو مٹانے پر تیار ہونا **ہتھیلی پر لئے پھرنا** (متعدی) سخت خواہشِ نفسانی ہونا۔ شہوت سے مجبور ہونا (عف) **ہتھیلی پر ہونا** (لازم) ہاتھ پر رکھ کر پیش کیا جانا یا فروخت کرنے کے لئے آمادہ ہونا۔ **ہتھیلی پٹینا** (متعدی) تالی بجانا۔ **ہتھیلی ٹیک** (صفت) گانڈو۔ بولیسا (عف) **ہتھیلی ٹیکانا** (متعدی) اغلام کرانا (عف) **ہتھیلی چبانا** (متعدی) سخت غصہ یا ناراض ہونا **ہتھیلی دینا** (متعدی) سہارا دینا (عف) **ہتھیلی سلسلانا** (متعدی) ہتھیلی میں خفیف خفیف خارش ہونا۔ روپیہ ملنے کا شگون ہے۔ **ہتھیلی سے ماتھا کوٹنا** (متعدی) حیرت اور حسرت ظاہر کرنے کے لئے **ہتھیلی کا پھپولا یا پھپھولا** (مذکر) ۱ بہت نازک چیز جو آسانی سے ٹوٹ جائے ۲ باعثِ رنج و تکلیف وہ چیز۔ پکا پھوڑا۔ **ہتھیلی کھجانا یا کھجلانا** (لازم) ۱ ہتھیلی میں کھجلی ہونا ۲ روپیہ آنے کا شگون ہونا ۳ تھپڑ مارنے کو دل چاہنا۔ **ہتھیلی کی مچھلی** (مونث) انگوٹھے کے نیچے کا گوشت۔ **ہتھیلی میں چور پڑنا** (لازم) مہندی کے رنگ میں سفید دھبا رہ جانا۔

مثل۔ ہتھیلی پر زہر رکھا رہو جو کھائے گا سو مرے گا ۔ جو برا کام کرے گا نقصان اٹھائیگا۔

ہتیا (س۔ مونث) ۱ مارنا۔ قتل کرنا۔ جان سے مارنا۔ جان لینا ۲ قتل۔ ذبح ۳ بربادی۔ تباہی ۴ جرم۔ گناہ۔ پاپ ۵ وبا۔ مری۔ مرض متعدی ۶ ضرر رساں یا آزار دہ چیز ۷ دبلے آدمی یا جانور کو حقارتاً کہتے ہیں۔ شکستہ حال آدمی ۸ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ **ہتیا پلے باندھنا یا مول لینا** (متعدی) ۱ اپنے آپ کو بدنام کرنا ۲ سولی یا صلیب پر چڑھنا **ہتیارا** (صفت) ۱ قتل کرنے والا۔ جان سے مارنے والا۔ قاتل ۲ خونخوار۔ ظالم۔ سفاک ۳ گناہگار۔ پاپی۔ **ہتیا کرنا** (متعدی) ۱ قتل کرنا۔ مارنا ۲ (لازم) گناہ کرنا۔ **ہتیائی** (مونث) دیکھو ہتیا۔ **ہتیہ** (مونث) دیکھو ہتیا۔ **ہتیری** (ہ۔ مونث) دیکھو ہتیلی۔ **ہتیری بتیری** (مونث) رنڈی۔ طوائف۔

ہتیار (ہ۔ مذکر) دیکھو ہتھیار۔

ہتیلی (ہ۔ مونث) دیکھو ہتیلی۔

ہٹ (ہ۔ امر) ہٹنا کا (س ہر۔ ہٹنا) **ہٹا** (امر) ۱ ہٹانا کا ۲ (ماضی) ہٹنا کی **ہٹا دینا** (متعدی) دیکھو ہٹانا۔ **ہٹا کر** (تف) پرے کرکے۔ ایک طرف کرکے۔ **ہٹانا** (متعدی) ۱ سرکانا۔ کھسکانا۔ پرے کرنا۔ ایک طرف رکھنا ۲ رستے میں سے ایک طرف کرنا ۳ پسپا کرنا۔ شکست دینا ۴ روکنا۔ ملتوی کرنا ۵ پھیرنا۔ لوٹانا۔ واپس کرنا۔ **ہٹ جانا۔ ہٹنا** (لازم) ۱ ہٹانا کا دیکھو ہٹانا ۲ گائے بھینس کا دودھ دینے سے رہ جانا۔ ہٹ گیا۔ بچہ مر گیا۔ **ہٹو بچو** ۔ لوگوں کو رستے سے ہٹانے کے لئے گاڑی بان وغیرہ کہتے ہیں۔ پیش شو۔ **ہٹ ہٹ کے** (تف) بار بار۔ بارہا۔ مکرر۔

مثل۔ ہٹاؤ مکھنا لاؤ پکھنا ۔ بھوک کے وقت سوائے کھانے کے اور کسی شے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

ہٹ (ہ۔ مونث) ۱ ضد۔ اڑ۔ اصرار ۲ سرکشی۔ بغاوت (س ہر۔ اڑنا) **ہٹ اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) ضد بڑھانا۔ ناز اٹھانا۔ **ہٹ پر آجانا** (لازم) ضد پر آجانا۔ اڑ جانا۔ **ہٹ جانا** (لازم) ضد چھوٹ جانا۔ ضد کی عادت نہ رہنا۔ **ہٹ دھرم** (صفت)

(ضدی) ہٹی۔ تمرد ۲ نامنصف۔ بے ایمان۔ بدمعاملہ ۳ احسان فراموش۔ ناشکرگذار ۴ متعصب۔ **ہٹ دھرمی** (مونث) ۱ ضد۔ ہٹ ۲ ناانصافی۔ بے ایمانی۔ بدمعاملگی ۳ احسان فراموشی۔ ناشکرگذاری ۴ تعصب۔ پچ ۵ (د ہ) دیکھو ہٹ دھرم (کرنا ہونا کے ساتھ) **ہٹ رکھنا** (متعدی) اپنی ضد پوری کرنا **ہٹ کا پورا** (صفت) ہٹ پر قائم رہنے والا۔ **ہٹ کرتا ہے**۔ اطاعت نہیں کرتا۔ عموماً گھوڑے کے متعلق کہتے ہیں **ہٹ کر بیٹھ۔ ہٹ کر لید کر**۔ دفع ہو۔ چلا جا **ہٹ کرنا** (متعدی) ضد کرنا۔ اڑنا۔ اصرار کرنا۔ **ہٹنا** (متعدی) ہٹ کرنا (مت) **ہٹّی۔ ہٹیلا یا ہٹیالا** (صفت) ضدی۔ اڑیل۔ مچلا۔ بات کی پچ کرنیوالا۔

ہَٹ (س۔ مذکر) دوکان۔ ہاٹ **ہٹّی** (مونث) دوکان۔ ہاٹ۔

ہَتّا (ہ۔ مذکر) لکڑی کا ایک آلہ جس سے پانی اونچی جگہ پر پھینکتے ہیں۔

ہَٹّا کَٹّا (ہ۔ صفت) موٹا تازہ۔ فربہ تندرست۔ مضبوط (انسان) **ہٹا کٹا سا بنا ہوا ہے**۔ خوب قوی اور تندرست و توانا ہے۔

ہٹاؤ (ہ۔ صفت) ۱ دوکان یا منڈی کا یا ان کے متعلق ۲ کمینہ۔ رذیل ۳ میلا۔ گندا۔

ہٹاؤ (ہ۔ مذکر) ۱ پیچھے ہٹنا۔ پسپا ہونا ۲ کھسکنا۔ گھبرانا ۳ نفرت ۴ ہٹانا ۵ پسپائی۔

ہٹ پٹانا (اردو۔ لازم) کسی کام کے لئے مضطرب ہونا (لکھنؤ)

ہَڑتال (ہ۔ مونث) [illegible] معنی۔ دوکان کو تالا لگانا۔ دوکانوں کو بند کرنا۔ با[illegible] بند کرنا ہڑتال۔

ہَٹری (ہ۔ مونث) بچوں کا کھیلنے کا مکان جو پھولوں کی شاخوں سے بناتے ہیں۔ اور اس میں چراغ رکھ کے دوالی میں کھیلتے ہیں۔

ہَٹک (ہ۔ امر) ہٹکنا کا۔ **ہٹکا** (ماضی) ہٹکنا کی۔ **ہٹکانا** (متعدی) ۱ پیچھے ہٹانا۔ پسپا کرنا ۲ روکنا۔ ٹھہرانا ۳ نعرہ لگانا۔ لڑنے کے لئے بلانا ۴ مخاطب کرنا۔ **ہٹکا۔ ہٹکی** (مونث) ۱ دھکا پیل۔ ریل پیل ۲ ایک دوسرے کو لڑائی کے لئے بلانا ۳ دھینگا مشتی۔ ہاتھا پائی **ہٹکنا** (لازم) ۱ ہٹکانا کا ۲ ہچکچانا۔ جھجکنا ۳ کسی بات میں پیچھے رہ جانا ۴ حرکت کرنا ۵ کسی بات کا کھٹکا ہونا ۶ (متعدی) روکنا۔

ہَٹوا (ہ۔ مذکر) ۱ دوکاندار ۲ تولا **ہٹوائی** (مونث) تولے کی مزدوری۔ کام یا پیشہ۔

ہَٹھ (ہ۔ مونث) دیکھو ہٹ۔ ضد۔ **ہٹھ بس** (صفت) ضد کے اثر میں۔ ضد کی حالت میں۔ **ہٹھیل** (صفت) ضدی۔ **ہٹھ کی ٹیک پر ہونا** (لازم) ضد کرنا۔ مخالفت کرنے پر تلا ہونا دیگر محاورات کے لئے دیکھو ہٹ۔

ہَٹھ (س۔ مذکر) ۱ زور۔ طاقت۔ قوت ۲ ظلم۔ ستم ۳ قتل و غارت۔ لوٹ مار ۴ تقسیم۔ بانٹ ۵ ایک پودہ۔ **ہٹھات** (تف) ۱ زور سے۔ زبردستی ۲ جلدی سے۔ دفعتاً۔ یکایک۔ فوراً ۳ بے خبری میں ۴ اتفاقاً۔ **ہٹھ جوگ یا یوگ** (مذکر) یوگ کا ایک خاص طریقہ جس میں دل کو ظاہری اشیا سے ہٹانے کے لئے کئی طریقے برتے جاتے ہیں۔ جیسے ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا۔ بازو کھڑا رکھنا۔ منہ پچھلی طرف موڑ کر حقہ پینا وغیرہ۔

ہَتھڑ (ہ۔ مذکر) ۱ جلدی ۲ بے صبری۔

ہتھڑنا (ہ۔ لازم) جلدی کرنا۔ بے صبری کرنا۔

ہَٹھوا یا ہٹھوایا (ہ۔ مذکر) دیکھو ہٹوا۔ ہٹی۔

ہَٹھی (مونث) ۱ ایک پودہ ۲ (ہ) دیکھو ہٹی۔

ہٹھیلا (ہ۔ صفت) دیکھو ہٹیلا **ہٹھیلے** (مذکر) ایک قسم کے اولیا جن میں سے ایک کا مقبرہ ہڑا ئچ میں ہے۔

ہَٹی (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹا میلا یا منڈی ۲ ایک پیشے کے لوگوں کے مکانات یا محلہ ۳ بھیڑوں کا باڑا ۴ پھاٹک مویشی ۵ گلہ۔ ریوڑ **ہٹیا** (مونث) چھوٹی منڈی یا میلا۔

ہٹیتا (ہ۔ مذکر) مال۔ اسباب۔

ہِجا (ع۔ مذکر) حروف کا اعراب سے ظاہر کرنا (ہجو)

ہَجدہ (ف۔ عدد) اٹھارہ۔ **ہجدہم** (صفت) اٹھارواں۔ **ہجدہ ہزار** (مذکر) اٹھارہ ہزار **ہجدہ ہزار عالم** (مذکر) مسلمانوں کا خیال ہے کہ خدا نے اس قدر عالم پیدا کئے ہیں۔

ہِجر (ع۔ مذکر) جدائی۔ مفارقت علیحدگی (ہجر۔ جدا ہونا) **ہجراں** (صفت) جدائی۔ مفارقت۔ **ہجران دیدہ۔ زدہ یا نصیب** (صفت) وہ جو اپنے عزیزوں یا معشوق سے جدا ہو۔

ہجرت (مونث) ۱ جدائی۔ مفارقت ۲ وطن چھوڑنا وطن کو ہمیشہ کے لئے خیرباد کہنا ۳ پیغمبر صلعم کا مکہ سے مدینہ جانا (فرمانا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **ہجری** (مونث) ۱ منسوب بہ ہجرت ۲ مسلمانوں کا سنہ جو پیغمبر صلعم کی ہجرت کے دن سے شمار ہوتا ہے۔ یہ واقعہ ۶۲۲ء ۱۶ جولائی کو ظہور میں آیا بسنہ اور سنہ کا مقابلہ اس لغت کے ضمیمہ میں ملاحظہ کیا جائے۔

ہجڑا (ہ۔ مذکر) دیکھو ہیجڑا۔

ہَجم (ع۔ مذکر) ۱ ٹھونکنا۔ گھسیٹنا ۲ چلانا ۳ ہٹانا۔ نکالنا ۴ مدافعت کرنا۔ پسپا کرنا ۵ حملہ کرنا ۶ حملہ ۷ بیخ کنی۔ استیصال ۸ انہدام۔ گرانا (ہجم۔ حملہ کرنا گھسیٹنا)

ہَجو (ع۔ مونث) ۱ برائی کرنا۔ برا کہنا نظم میں برا کہنا ۲ مذمت۔ برائی۔ بدگوئی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (ہجو۔ برا کہنا) **ہجو کہنا** (متعدی) شعروں میں مذمت کرنا۔ **ہجوگو** (صفت) ہجو کہنے والا۔ **ہجو ملیح** (مونث) وہ ہجو جو بظاہر مدح معلوم ہو۔

ہجوڑا (ہ۔ مذکر) ہجو کرنے والا۔

ہُجوم (ع۔ مذکر) ۱ بھیڑ کرنا۔ حملہ کرنا ۲ بھیڑ مجمع۔ انبوہ کثیر۔ مٹھ۔ جمگھٹ۔ بھیڑ بھاڑ۔ اژدہام۔ جم غفیر۔ غٹ (رہنا کرنا ہونا کے ساتھ) (ہجم۔ حملہ کرنا)

ہِجّے (ع۔ مذکر) حرف کو حرف سے اعراب کے ذریعے ملا کر لفظ بنانا (ہجا۔ حرف کا اعراب سے ظاہر کرنا) **ہجے کرنا** (متعدی) ۱ اعراب سے لفظ ادا کرنا۔ حرفوں کو جوڑنا ۲ کسی معاملہ میں خواہ مخواہ بحثیں نکالنا۔ **ہجے گھڑنا** (متعدی) دیکھو ہجے کرنا ۲ **ہجے لگانا** (متعدی) دیکھو ہجے کرنا ۲ **ہجے نکالنا** (متعدی) ۱ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۲ اعتراض کرنا۔

ہچر مچر (ہ۔ مونث) ۱ ہچکچاہٹ۔ جھجک ۲ بہانہ۔ ٹال مٹول۔ پس و پیش ۳ جھگڑا۔ دھکم پکڑ ۴ تامل۔ رکاوٹ (کرنا ہونا کے ساتھ)

ہچک (ہ۔ امر) ۱ ہچکنا کا ۲ دھچکا دھکا۔ ہچکولا ۳ رکاوٹ۔ تامل ۴ جھجک۔ ہچکچاہٹ (غالباً کھینچ سے) **ہچکا** ۱ (امر) ہچکانا کا ۲ (ماضی) ہچکنا کی ۳ (ہ) دھکا۔ جھٹکا۔ ہچکولا ۴ روک۔ اٹکاؤ ۵ کسی چیز کا یکایک ٹھہر جانا۔ **ہچکانا** (متعدی) ۱ زبردستی لینا۔ چھین لینا ۲ جھٹکا دینا۔ دھکا دینا ۳ روکنا **ہچکنا** (لازم) ۱ ہچکچانا۔ جھجکنا ۲ تامل کرنا۔ رکنا ۳ بہانہ کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔

ہچکا (ہ - مذکر) دیکھو ہچکا۔

ہُچکا (ہ - مذکر) ڈور کی چرخی۔

ہچکارا (ف - صفت) ہیچ کارہ کا مخفف۔ نکما۔ جو کسی کام کا نہ ہو۔ بیفائدہ۔ خراب۔ بُرا۔

ہچکچا (ہ - امر) ہچکچانا کا۔ **ہچکچانا** (لازم) ۱ پس و پیش کرنا۔ کسی کام میں تامل کرنا۔ آگا پیچھا سوچنا ۲ شک کرنا۔ شبہ کرنا۔ وہم کرنا ۳ متردد ہونا ڈرنا۔ **ہچکچاہٹ۔ ہچکچی** (مونث) ہچکچانے کا فعل۔

ہچکن (ہ - مونث) ۱ ہچکی لگنا۔ رونے کی وجہ سے ہچکی لگنا ۲ ہچکی۔

ہچکولا (ہ - مذکر) دھچکا۔ دھکا۔ جھٹکا۔ دھکا۔ جنبش (ہچکنا سے)

ہچکی (ہ - مونث) ۱ (طب) چھوٹی تیز اٹکنے کی آواز جو سانس کے دفعتاً رکنے سے پیدا ہوتی ہے۔ جس کی وجہ پردۂ شکم اور نرخرے کے سرے کا فوری تشنج سے سکڑنا ہوتا ہے ۲ وہ ہوا جو آواز کے ساتھ نکلتی ہے ۳ وہ حالت جو نزع کے وقت ہوتی ہے۔ (ہچکنا سے) **ہچکیاں** (مونث) ہچکی کی جمع ہے۔ **ہچکی آنا۔ ہچکیاں آنا** (لازم) آواز کے ساتھ سانس کا رک کر نکلنا۔ کہتے ہیں جب کوئی دوست یاد کرتا ہے تو ہچکی آتی ہے۔ **ہچکیاں بندھ جانا۔ ہچکی بندھ جانا یا لگنا** (لازم) زیادہ رونے سے سانس رکنے لگنا۔ **ہچکیاں (ہچکی) لگنا** (لازم) ۱ متواتر ہچکی آنا ۲ حالت نزع کے وقت ہچکی آنا ۳ بہت رونے سے سانس رکنے لگنا **ہچکیاں (ہچکی) لینا** (متعدی) روتے ہوئے سانس رک رک کر نکالنا۔

ہچکیانا (ہ - متعدی) ہچکیاں لینا۔

ہچپانا (ہ - لازم) دیکھو ہچکچانا۔

ہُچنا۔ ہُچ جانا (ہ - لازم) نشانہ صحیح نہ بیٹھنا۔

ہچنا (ہ - لازم) دیکھو ہچکنا۔

ہَدّ (ع - مذکر) ۱ توڑنا۔ گرانا۔ منہدم کرنا ۲ (صفت) فیاض۔ مخیر۔ سخی (ہَدَّ - توڑنا)

ہُدا (ع - مذکر) دیکھو ہدیٰ۔

ہُدّا (ہ - مذکر) عہدہ کا مخرب۔

ہُدّا ہُدّی (ہ - مونث) ایک دوسرے کو دھمکانا۔ ایک دوسرے کو للکارنا۔

ہَدایا (ع - مذکر) ہدیّہ کی جمع۔

ہدایت (ع - مونث) ۱ کسی کو سیدھے رستے پر لیجانا۔ راہنمائی۔ رستہ دکھانا۔ رہبری ۲ فہمایش نصیحت ۳ راہِ نیک ۴ حکم۔ ارشاد۔ فرمان (ہَدیٰ۔ راہ دکھانا) **ہدایت پانا** (لازم) سیدھے رستے پر آنا۔ برے کاموں کو چھوڑ دینا۔ نیک راہ اختیار کرنا **ہدایت کرنا** (متعدی) سمجھانا۔ سکھانا۔ رہنمائی کرنا۔ نیک راستے پر ڈالنا۔ طریقہ بتانا **ہدایت نامہ** (مذکر) ہدایتوں کی کتاب۔ وہ رسالہ یا کتاب جس میں کسی امر کی نسبت احکام یا طریقے درج ہوں۔ دستور العمل۔

ہَدَر (ع - مذکر) کسی کے قتل کو مباح قرار دینا۔

ہَدَر (ہ - امر) ہدرنا کا ہدرا (امر) ۱ ہدرانا کا ۲ (ماضی) ہدرنا کی **ہَدَراٹ** (مونث) ۱ ہلنا جنبش کرنا ۲ کانپنا۔ تھرتھرانا ۳ زلزلہ۔ بھونچال **ہدرانا** (متعدی) ۱ کسی کو تھرا دینا ۲ جھٹکا دینا ۳ ہلانا۔ حرکت دینا **ہدرنا** (لازم) ۱ ہلنا۔ جنبش کرنا ۲ کانپنا۔ تھرتھرانا ۳ جھٹکا کھانا۔

ہَدَف (ع - مذکر) تیر کا نشانہ۔ زد۔ مار (ہَدَف - داخل ہونا) **ہدفِ آفت** (مذکر) آفت کا نشانہ۔ آفت میں مبتلا ہونا۔ **ہدف بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) نشا بنا **ہدف مارنا** (متعدی) ۱ نشانے پر تیر لگانا۔ مارنا۔ نشانہ مارنا ۲ کوئی بڑا کام کرنا **ہدفِ ملامت** (صفت) وہ جس پر ہر طرف سے ملامت ہو (بننا۔ ہونا کے ساتھ)

ہُدَل (ہ - مذکر) دلدل (دکنی)

ہَدَم (ع - مذکر) تباہی - بربادی انہدام (ہَدَمَ - تباہ کرنا)

ہَدِم (ع - صفت) تباہ کرنے والا۔ برباد کرنے والا (ہَدَمَ - تباہ کرنا)

ہُدہُد (ع - مذکر) ایک پرند جو فاختہ کے برابر ہوتا ہے۔ اس کے سر پر پروں کی کلغی ہوتی ہے۔ اور یہ لکڑی میں سے کیڑے نکال کر کھاتا ہے کٹھ پھوڑا۔ کٹھ بڑھئی۔

ہدہدانا (ہ - لازم) ۱ نرم ہونا۔ پگھلنا ۲ مضبوطی جاتی رہنا۔

ہَدی (ع - مونث) ۱ مویشی جو مکہ شریف کو برائے قربانی لیجاتے ہیں ۲ نذرانہ یا تحفہ دینا ۳ قیدی ۴ دلھن جسے خاوند کے گھر لیجائیں ۵ کوئی چیز جو قیمتی قابلِ قدر یا باعزت ہو (ہَدیٰ - رستہ دکھانا)

ہُدیٰ (ع - مذکر) ۱ راہِ راست دکھانا راہبری یا رہنمائی کرنا ۲ نجات کے لئے راہنمائی ۳ درست راستہ۔ نجات کا راستہ (ہَدیٰ - رستہ دکھانا)

ہدیا (ہ - امر) ہدیانا کا **ہدیانا** (لازم) ۱ گھبرانا۔ مضطرب ہونا ۲ ڈرنا۔ خوف کھانا ۳ کانپنا۔ تھرتھرانا ۴ ہچکچانا **ہدیا یا** (صفت) ۱ ڈرا ہوا۔ خوف زدہ ۲ شرمیلا۔ جھینپنے والا ۳ شکی۔ وہمی۔ محتاط **ہدیاہٹ** (مونث) ۱ ڈر۔ خوف ۲ گھبراہٹ ۳ ہچکچاہٹ ۴ شرم۔ لاج۔ حیا۔

ہدیارو (ہ - مذکر) ایک قسم کا انگوٹھے کا چھلا۔

ہَدیّہ (ع - مذکر) ۱ تحفہ۔ نذر۔ نذرانہ ۲ قرآن شریف کی قیمت ۳ قرآن ختم کرنے کی تقریب ۴ وہ نذرانہ یا پوشاک جو ختم قرآن پر استاد کو دی جائے ۵ (دہلی) آمین (ہَدیٰ - راہ دکھانا) **ہدیہ پیش کرنا یا دینا** (متعدی) تحفہ یا نذرانہ دینا۔ **ہدیہ کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) قرآن شریف یا کسی متبرک چیز فروخت ہونا یا بکنا۔

ہَڈ (ہ - مذکر) ہڈا یا ہڈی کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے (س ہَڈّ) **ہڈّا** (مذکر) ۱ بڑی ہڈی ۲ وہ ہڈی جو گھوڑے کے پچھلے پاؤں کے جوڑ کے پاس پیدا ہوجاتی ہے۔ اور گھوڑا اس سے لنگ کرنے لگ جاتا ہے ۳ گوڈ کی ہڈی۔ **ہڈّی** (مونث) ۱ وہ سخت چیز جو انسان کے بدن میں گوشت کے اندر ہوتی ہے۔ استخواں ۲ گاجر کے اندر کی سخت چیز ۳ اصل [illegible] (مذکر) ہڈا کی جمع **ہڈّیاں** (مونث) ہڈی [illegible] **ہڈیاں بولنا** (متعدی) ہڈیوں کا کڑکڑانا [illegible] بھینچنے سے ہڈیوں کا آواز دینا **ہڈیاں بہشت میں ہوں** (دعا) بہشت میں جائے۔ **ہڈیاں پیلنا** (متعدی) بہت محنت کرنا۔ محنت اور مشقت کرنا۔ **ہڈیاں توڑنا** (متعدی) بہت مارنا۔ زدوکوب کرنا۔ **ہڈیاں چچوڑنا** (متعدی) ۱ کتے کی طرح ہڈی کو منہ سے ہلانا ۲ (مجازاً) ناقص چیز سے کچھ پیدا یا حاصل کرنا۔ **ہڈیاں چور کرنا** (متعدی) بہت پیٹنا۔ **ہڈیاں خاک میں سونپنا** (متعدی) مردے کو دفن کرنا۔ **ہڈیاں سرمہ ہوجانا** (لازم)

ہڈیاں پس جانا۔ سخت نقصان پہنچنا۔ ہڈیاں کچلنا (متعدی) بہت مارنا۔ ہڈیاں گن لینا (متعدی) گنی جانا (لازم) بہت لاغر ہونا۔ ہڈیاں نکل آنا (لازم) کمال لاغر ہونا۔ ہڈی بیٹھنا (متعدی) بیٹھ جانا (لازم) جو ہڈی اپنے مقام سے ہٹ گئی ہو اس کا اپنی جگہ پر آجانا۔ ہڈی پسلی ایک کر دینا یا توڑ کر رکھ دینا (متعدی) بہت مارنا ہڈی توڑنا (متعدی) ٹوٹنا (لازم) ہڈی کا شکستہ ہونا۔ چوٹ سے یا گرنے سے ہڈی کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ ہڈی چمڑہ رہ گیا۔ نہایت دبلا لاغر ہو گیا۔ ہڈے گوڑے توڑنا (متعدی) بہت مارنا۔ ہڈی گھلانا (متعدی) گھلنا (لازم) بخار یا کسی اور بیماری سے ہڈی کا کھوکھلا ہو جانا۔ ہڈیلا (صفت) ہڈی دار۔ استخوانی۔ ہڈے موٹھرے نکال لانا (متعدی) نکل آنا (لازم) گھوڑے کی پچھلی ٹانگوں میں ہڈیاں اور غدود نکل آنا یا کمال لاغر ہو جانا۔ ہڈی میں ہڈی پیوند میں پیوند ملنا (لازم) میاں بیوی کا اچھے خاندان اور اچھی نسل سے ہونا۔ ہڈی ہڈی توڑنا (متعدی) بہت مارنا ہڈیوں (مونث) ہڈی کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے ہڈیوں کی مالا ہو جانا (لازم) بہت لاغر ہو جانا۔

مثل۔ ہڈی کھانا آسان پر پچانا مشکل۔ کام شروع کرنا آسان ہوتا ہے۔ مگر اس کو تکمیل پر پہنچانا بڑا مشکل ہوتا ہے۔

ہَڈّا (ہ۔ مذکر) بھڑ۔

ہُڈّا (ہ۔ مذکر) کچا اناج۔

ہَڈّکنا (ہ۔ مذکر) دیکھو ہڑکنا۔

ہِڈمب (س۔ مذکر) ایک راکھشس جسے بھیم نے قتل کیا تھا۔ ہڈمبا (مونث) ہڈمب کی بہن جس نے بھیم سے شادی کی اور اس میں سے گھٹوت کچ پیدا ہوا۔

ہَڈّیا (ہ۔ مونث) دیکھو ہڈا۔ ہڈیانا (متعدی) ہڈی بن جانا۔ ہڈیاہٹ (مونث) ہڈی بن جانا۔

ہٰذا (ع۔ اسم اشارہ) یہ۔

ہَذَر (ع۔ مذکر) ۱ بہت بولنا۔ بکواس بک بک ۲ ہذیان (ہَذَر۔ بکنا)۔

ہَذیان (ع۔ مذکر) ۱ وہ بیہودہ باتیں جو انسان مرض کی بیہوشی میں کرتا ہے ۲ بیہودہ کلام بک بک۔ بکواس۔ ہذیان بکنا (متعدی) بیہودہ باتیں کرنا۔

ہُذیل (ع۔ مذکر) ایک عرب قبیلہ۔

ہر (ہ۔ امر) ہرنا کا۔ ہرا (امر) ۱ ہرانا کا ۲ (ہانی) ہرنا کی۔ ہرا (صفت) وہ جو ہار جائے ہرا دینا۔ ہرانا (متعدی) ۱ بازی دینا۔ مات دینا۔ ہرکرنا ۲ شکست دینا۔ مغلوب کرنا ۳ تھکانا ۴ عمل کرنا۔ ہرائی جتائی کرنا (متعدی) ۱ حیران کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا ۲ امتحان کرنا۔ آزمانا ۳ کٹ بحثی کرنا۔ ہراو (ہ) شکست۔ ہار۔ ہرائی (ہ) ۱ شکست ۲ تنگ کرنا ۳ تھکانا ۴ پھیرنا۔ ہرائی جتائی کرنا (ہ) تنگ کرنا۔ ستانا۔ ہرائی مرائی (ہ) مجبوری سے۔ ہار کر۔ ہرجانا۔ ہرنا۔ (لازم) ہرنا کا ہریلا (ہ) ہارنے والا۔ ہرونی جتونی (مونث) ۱ ضرورت پر بدسلوکی بلاضرورت سلوک کرنا ۲ (ہ) ستانا۔ تنگ کرنا دق کرنا ہونا کے ساتھ

ہر (ف۔ صفت) ایک ایک۔ کئی چیزوں میں فرداً فرداً سب۔ کوئی۔ ہر آن (تف) ہروقت ہمیشہ۔ ہردفعہ۔ ہر طرح۔ ہر آنکہ (تف) ۱ ہردفعہ کہ جب کہ ۲ (حرف ربط) چونکہ۔ جبکہ۔ ہر آئینہ (تف) ۱ بیشک۔ ضرور۔ البتہ ۲ ہر قانون کی رو سے ۳ ہر طرح ہر ایک (صفت) ایک۔ ایک۔ ہر شخص۔ ہر چیز ہر باب (مذکر) ۱ ہر صورت۔ ہر طرح ۲ تمام فنون ہر بابی (صفت) ۱ ہوشیار۔ سب کاروبار جاننے والا علوم و فنون کا ماہر ۲ ہرجائی۔ ہر بار (تف) بار بار ہر دفعہ۔ ہر برس (تف) ہرسال۔ سال بسال ہر پہلو (مذکر) ۱ ہر ایک پہلو ۲ ہر طرح۔ ہر پہلو سے (تف) ہر طرح سے۔ ہر بات کے متعلق۔ ہرجائی (صفت) ۱ مارا مارا پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔ ایک جگہ قرار نہ پکڑنے والا ۲ معشوق جو کسی ایک کا پابند نہ ہو۔ بیمروت۔ بیوفا۔ ہرجائی پن یا پنا (مذکر) ۱ ہر ایک سے ملاقات رکھنا۔ بے مروتی۔ بیوفائی ۲ عیاری۔ چالاکی ہوشیاری ہر جگہ (تف) ہر کہیں۔ ہر موقعہ پر۔ ہر جنس (مونث) ۱ ہر قسم۔ ہر طرح کی چیز ۲ ہر قسم کا اناج ہر چند (تف) جس قدر۔ کتنا ہی۔ کیسا ہی۔ بہتیرا۔ ہر چند کہ (تف) ۱ اگرچہ۔ باوجود یکہ ۲ دیکھو ہر چند۔ ہر چہ (تف) جو کچھ کوئی چیز۔ ہر چہار طرف (تف) چاروں طرف۔ ہر طرف۔ ہر چہ باد اباد۔ کچھ ہی کیوں نہ ہو۔ کچھ ہی ہو۔ جو کچھ ہو سو ہو۔ ہر چہ باشد۔ کچھ بھی کیوں نہ ہو۔ ہر حال (میں) (تف) ہر طرح۔ ہر صورت میں ہر چند۔ بہرکیف۔ ہر دفعہ (تف) ہر وقت۔ ہمیشہ۔ ہر دل عزیز (صفت) جسے ہر کوئی پسند کرے۔ عام پسند۔ ہر دم (تف) ہر وقت۔ ہر گھڑی۔ ہر لحظہ۔ ہر دفعہ۔ ہر آن۔ ہر دم خیالی (صفت) وہمی۔ وسوسی۔ متلون مزاج۔ ہر دن (تف) روزمرہ۔ بلاناغہ۔ ہر دو (صفت) دونوں۔ دونوں کے دونوں۔ ہر دو لعنت۔ دونوں پر لعنت۔ دونوں برے ہیں۔ جب دو بری چیزوں کا مقابلہ ہو تو کہتے ہیں کسی نے اونٹ سے پوچھا اترائی بری یا چڑھائی اس نے یہ جواب دیا۔ ہر دیگی چمچا (صفت) ۱ ہر شخص کے پاس آنے جانے والا۔ ہرجائی ۲ ہر بات اور ہر کام میں دخل دینے والا ۳ خوشامدی ۴ طفیلی مفت خورا۔ ہر رنگ میں پانی (صفت) ہر ایک سے ربط ضبط پیدا کرنے والا۔ ہر روز (تف) ۱ روزمرہ بلاناغہ ۲ ہمیشہ۔ سدا۔ ہر روز کا یا ہر روزہ (صفت) بلاناغہ۔ پیوستہ۔ ہر زمان (تف) ہر وقت۔ ہر گھڑی۔ شب و روز۔ دن رات ہر سال (تف) ہر برس۔ سال بسال۔ ہر سُتے (تف) ہر بار۔ ہر دفعہ۔ ہر سمت یا سُو (تف) ہر طرف۔ ہر جانب سب طرف۔ ہر صورت یا ہر طرح (تف) ہر حالت میں۔ کچھ ہی ہو۔ ہر طرح کا (صفت) ہر قسم کا۔ ہر نوع کا۔ ہر طرف (تف) چاروں طرف۔ سب طرف۔ ہر جانب۔ ہر فن مولا (صفت) ۱ ہر فن جاننے والا۔ ہر کام میں طاق۔ جگت استاد ۲ طنزاً بھی کہتے ہیں۔ ہرکارہ (مذکر) ۱ ہر کام کرنے والا نوکر ۲ پیادہ۔ اردلی ۳ قاصد۔ نامہ بر ۴ چٹھی رساں ڈاکیہ ۵ چپڑاسی۔ مذکوری۔ جاسوس۔ مخبر۔ ہرکاری (مونث) ہر قسم کا کام کرنا۔ ہر کجا (تف) ہر جگہ۔ جہاں کہیں۔ ہر کدام۔ کس یا کسے (صفت) ہر ایک شخص۔ ہر کس و ناکس (مذکر) ہر ایک۔ عوام الناس ادنیٰ و اعلیٰ۔ ہر کسی سے (تف) ہر ایک سے۔ ہر ایک آدمی سے۔ ہر کسی کا (صفت) ہر ایک کا ۲ ہر کسی کو (تف) ہر ایک کو۔ ہر کوئی (صفت) ہر ایک شخص۔ ہر کہ (صفت) ہر ایک۔ ہر کہ و مہ (صفت) ہر کوئی۔ ہر اعلیٰ و ادنیٰ۔ ہر کہیں (تف) ہر جگہ۔ ہر گاہ یا گہ (تف) ۱ جب۔ جس وقت۔ جس حال میں جس گھڑی ۲ (ع) ہرگز (صفت) ہر گاہ کہ (تف) ہر آنکہ۔ جس وقت کہ۔ ہرگز (تف) زنہار۔ مطلقاً نفی کی تاکید کے لئے آتا ہے۔ ہر گنی (تف) دیکھو ہر فن مولا ہر

گھڑی (تف) ہر آن - ہر وقت - **ہر گھڑی کا** (صفت) ہر وقت کا - ہمیشہ کا - لگاتار - **ہر لحظہ** (تف) ہر وقت **ہر نوع یا نہج** (تف) ہر حال - ہر طرح - **ہر وقت** (تف) ہر گھڑی - ہر موقع پر - بارہا - **ہر ہر بوب** (تف) ہر طرح - ہر حال میں - ضرور - بلاشبہ - **ہر ہر** (تف) ہر ایک **ہر ہفت** (ذکر) ا عورتوں کے سات سنگار مہندی تیل - مسّی - سفیدہ - سرمہ - سونے کا ورق - خوشبوئے آرائش ۲ پوشاک - ۳ زیورات ۴ نرگس ۵ آراستہ سنگار کئے ہوئے ۔

امثال واقوال

ہر آن کہ تخمِ بدی کشت وچشمِ نیکی داشت - دماغ بیہودہ پخت وخیالِ باطل بست - جس شخص نے بدی کا بیج بو کر نیکی کی امید رکھی اس نے بیہودہ منصوبہ باندھا اور باطل خیال کیا - جو بدی کرے گا وہ بدی کا پھل پائے گا - **ہر آں کہ با بہتر ستیزد - چناں افتد کہ ہرگز بر نخیزد** - جو چھوٹا کسی بڑے سے لڑتا ہے ایسا گرتا ہے کہ پھر اٹھ نہیں سکتا - بڑوں سے مقابلہ کرنے میں ہمیشہ نقصان ہوتا ہے - **ہر ایک بات کی کچھ انتہا ہے** - ہر بات کہیں نہ کہیں ختم ہوتی ہے - **ہر ایک کے کان میں شیطان نے پھونک ماردی ہے کہ تیرے برابر کوئی نہیں** - ہر ایک اپنے آپ کو لاثانی سمجھتا ہے - **ہر بار گڑ میٹھا** - ہر دفعہ فائدہ ہی فائدہ ڈھونڈتے ہیں - **ہر بہارے را خزانے** ہر چیز کو زوال ہوتا ہے - **ہر بیشہ گماں مبر کہ خالی ست - شاید کہ پلنگ خفتہ باشد** ہر جنگل کو خالی مت سمجھ - شاید اس میں بھیڑیا سوتا ہو۔ کسی مقام پر آدمی کو اپنے دشمنوں سے مطمئن نہ رہنا چاہیئے - **ہر پختہ کہ من برآورم خام - تو ہر چہ کنی صواب است** - میں جو کچی بات کروں وہ کچی ہے - اور تو جو کچھ کرے درست ہے - **ہر جا کہ سلطان خیمہ زد غوغا نماند عام را** - جہاں بادشاہ خیمہ لگادے وہاں عام لوگوں کا شور نہیں ہوتا - بزرگوں کے سامنے خوردوں کی توقیر نہیں ہوتی - **ہر جا کہ گل است آنجا (پہلوے) خارے ست** - جہاں گل ہے وہاں خار ہے - خوشی کے ساتھ رنج بھی ہوتا ہے - **ہر جا کہ نمک خوری نمکداں مشکن** - جہاں کہ نمک کھاؤ نمکداں نہ توڑو - جس سے فائدہ اٹھاؤ اسے نقصان نہ پہنچاؤ - **ہر جیسے کو تیسا** - جیسا

کوئی ہوتا ہے ویسا اس کو مل جاتا ہے - **ہر چند جامہ تنگ است تیز وبدن نہ گردد** - کپڑا کیسا ہی تنگ ہو جز و بدن نہیں بنتا - غیروں میں کیسی ہی ملاقات ہو - قرابتی کے برابر نہیں ہو جاتے - غیر جنس ہمیشہ علیحدہ رہتا ہے - **ہر چہ از دل خیزد بر دل ریزد** - جو کچھ دل سے اٹھتا ہے - دل پر ٹپکتا ہے - جو بات کسی کے دل سے نکلتی ہے - وہ دوسروں کے دل پر اثر کرتی ہے - **ہر چہ از دوست (غیب) می رسد نیکو ست** - جو کچھ دوست (غیب) سے پہنچے اچھا ہے - جو ایذا دوست یا غیب سے پہنچے بسر وچشم منظور ہے - **ہر چہ اُستادِ ازل گفت ہمہ می گویم** - جو کچھ استادِ ازل نے کہا ہے وہی میں کہتا ہوں - جو کچھ درست ہے وہی کہتا ہوں - **ہر چہ بادا باد ما کشتی در آب انداختیم** - اس وقت کہتے ہیں - جب کوئی شخص اہم کام شروع کرے اور نتیجے پر نظر نہ کرے - **ہر چہ بر خرے کہ باشد من پالانم** - چاہے گدھے پہ کچھ ہو میں پالان ہوں - مجھے ہر کس وناکس سے پالا پڑتا ہے - **ہر چہ بر خود نہ پسندی بر دیگراں ہم مپسند** - جو کہ تو اپنے لئے پسند نہیں کرتا - دوسروں کے لئے بھی پسند نہ کر - **ہر چہ خواہی باش لیکن اندکے زر دار باش** - تو جو چاہے ہو - لیکن ذرا زر دار ہو - دولت ہر عیب پر پردہ ڈال دیتی ہے - **ہر چہ دانا کند کند ناداں لیک بعد از (خرابیِ بسیار) ہزار رسوائی** - نادان بھی آخر وہی کرتا ہے جو دانا شروع میں کرتا ہے لیکن سخت ذلت اٹھانے کے بعد - **ہر چہ در دل فرو د آید در دیدہ نکو نماید** - جو چیز دل میں سما جاتی ہے - وہ آنکھ کو بھلی معلوم ہوتی ہے جس چیز سے ہمارے دل کو کچھ لگاؤ ہوتا ہے وہ ہم کو اچھی معلوم ہونے لگتی ہے - **ہر چہ در دیگ است در کفچہ می آید** - جو کچھ دیگ میں ہے وہ چمچہ میں آئے گا جو اصلیت ہوتی ہے وہ ظاہر ہو جاتی ہے - **ہر چہ در کانِ نمک رفت نمک شد** - جو چیز نمک کی کان میں گئی نمک ہو گئی - صحبت کا اثر ہو ہی جاتا ہے - **ہر چہ دردیر نیاید دل بستگی نشاید** - جلد تلف ہونے والی چیز قابلِ شوق نہیں ہوتی - **ہر چہ زود آید دیر نپاید** - جو چیز جلد آتی ہے - دیر تک نہیں ٹھہرتی - **ہر چہ گیرید مختصر گیرید** - تھوڑی سی چیز پر قناعت

کرو - زیادہ ہوس نہ کرو - **ہر دفعہ گڑ میٹھا ہی میٹھا** - دیکھو ہر بار الخ - **ہر روز عید نیست کہ حلوا خورد کسے** - ہر روز عید نہیں ہے کہ کوئی حلوا کھائے - روز روز عمدہ موقع ہاتھ نہیں آتا - **ہر روز نیا کنواں کھودنا اور نیا پانی پینا** - روز کمانا اور روز کھانا - **ہر سخن موقع (وقتے) وہر نکتہ مقامے (مکانے) دارد** - ہر بات کا ایک موقع (وقت) اور ہر نکتے کا ایک مقام (محل) ہوتا ہے - کوئی بے موقع کلام کرے تو کہتے ہیں - **ہر سرے وسودائے** - ہر ایک سر اور ایک سودا - ہر شخص کسی نہ کسی فکر یا کسی نہ کسی خبط میں مبتلا ہوتا ہے - یا ہر شخص کسی نہ کسی فکر یا نئے خبط میں مبتلا ہے - **ہر شب شب برات ہے ہر روز روزِ عید** - زندگی مزے سے گذرتی ہے - **ہر شبے گویم کہ فردا ترکِ ایں سودا کنم باز چوں فردا شود امروز را فردا کنم** - ہر روز رات کو کہتا ہوں کہ اس جنوں سے باز آؤں گا مگر جب کل آتی ہے - پھر آج کو کل کر دیتا ہوں - جو کام کرنا ہو فوراً کرنا چاہیئے - یا کسی عادت کو ترک کرنا بہت مشکل ہوتا ہے - **ہر عیب کہ سلطان بپسندد ہنر است** - بُری بات جو حاکم کرتا ہے لوگ اسی کی تقلید کرتے ہیں - **ہر فرعونے را موسیٰ** ہر فرعون کے لئے موسیٰ ہے - ہر ایک پر کوئی نہ کوئی غالب ہے - **ہر کارے وہر مردے** - ہر کام اور ہر مرد - کوئی آدمی کسی کام کیلئے موزوں ہے کوئی کسی کے لئے - **ہر کجا چشمۂ بود شیریں مردم مُرغ ومور گرد آیند** - جہاں فائدے کی اُمید ہوتی ہے - وہاں سب جمع ہو جاتے ہیں - **ہر کرا پنج روز نوبتِ اوست** - ہر کسی کی باری پانچ روز کی ہے - زندگی چند روزہ ہے - **ہر کرا صبر نیست حکمت نیست** - جس شخص میں صبر نہیں اس میں عقل نہیں ہوتی - بے صبر آدمی سوچ سمجھ کے کام نہیں کرسکتا - **ہر کرا نیست ادب لایق صحبت نبود** - جس شخص میں ادب نہیں وہ صحبت کے لائق نہیں - **ہر کس از دست غیر نالہ کند سعدی از دستِ خویشتن فریاد** - ہر شخص غیر کے ہاتھ سے نالہ کرتا ہے - سعدی اپنے ہاتھ سے فریاد کرتا ہے جب کسی کو اپنے ہاتھوں یا کسی عزیز یا دوست کے ہاتھوں تکلیف پہنچتی ہے تو وہ یہ شعر پڑھتا ہے - ہر

کس بخیالِ خویش خبطے دارد۔ ہر شخص اپنی رائے کو صحیح جانتا ہے۔ ہر کس را فرزند خود بہ جمال نماید و عقلِ خود بکمال۔ ہر شخص کو اپنا بیٹا خوبصورت معلوم ہوتا ہے۔ اور اپنی عقل کامل معلوم ہوتی ہے۔ ہر کسے پنج روز نوبتِ اوست دیکھو ہر کرا پنج الخ۔ ہر کسے را بہر کارے ساختند عشق وسے را در دلش انداختند۔ ہر شخص کو کسی کام کے لئے بنایا ہے اور اس کا عشق اس کے دل میں ڈال دیا ہے) ہر ایک شخص ایک خاص کام کے لئے موزوں ہے۔ ہر کسے مصلحتِ خویش نکومی داند۔ اپنی مصلحت ہر شخص خوب جانتا ہے۔ ہر کمالے را زوال (و ہر بہارے را خزاں)۔ ہر کمالے را زوالے ہر زوالے را کمال۔ انتہائی ترقی کے بعد تنزل اور انتہائی تنزل کے بعد ترقی شروع ہوتی ہے۔ ہر کہ آمد بجہاں اہلِ فنا خواہد بود۔ جو دنیا میں آیا ایک دن ضرور مریگا۔ ہر کہ آمد عمارتِ نو ساخت درفت و منزل بہ دیگرے پرداخت) جو آیا اسنے ایک نئی عمارت بنائی۔ وہ چلاگیا اور مکان کسی اور کا ہوگیا۔ صرف پہلی صورت میں مطلب یہ بھی ہوگا کہ ہر ایک شخص اپنے ہی خیال کے مطابق کام کرتا ہے۔ ہر کہ از دیدہ دور از دل دور۔ جو سامنے نہیں ہوتا اس کا خیال بھی نہیں رہتا۔ ہر کہ او روئے بہ بہبود نداشت۔ دیدنِ روئے نبی سود نداشت۔ جو آدمی نیک نہیں اسے نبی کا منہ دیکھنے سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ ہر کہ با بداں نشیند نیکی نہ بیند۔ جو بدوں کے ساتھ بیٹھتا ہے وہ نیکی نہیں دیکھتا۔ بری صحبت کا نتیجہ برا ہوتا ہے ہر کہ با نوح نشیند چہ غم از طوفانش۔ جو نوح کے ساتھ بیٹھے اسے طوفان کی کیا فکر۔ جس کے حمایتی بڑے شخص ہوں اسے تکلیف کا کیا خوف ہے ہر کہ پدر ندارد سایہ سر ندارد۔ ہر کہ پسر ندارد نورِ نظر ندارد۔ ہر کہ برادر ندارد قوتِ بازو ندارد۔ ہر کہ زن ندارد آسائشِ تن ندارد۔ وہر کہ ایں ہمہ ندارد ہیچ غم ندارد۔ جس کا باپ نہیں۔ اس کے سر پہ سایہ نہیں جس کا بیٹا نہیں اس کی آنکھوں کا نور نہیں۔ جس کا بھائی نہیں اس کا قوت بازو نہیں۔ جس کی بیوی نہیں اسکو آرام و آسائش نہیں۔ اور جس کا کوئی نہیں اس کو کچھ غم نہیں۔ ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد۔ جو بزرگوں کی خدمت کرتا ہے۔ عزت پاتا ہے۔ ہر کہ خواند دعا طمع دارم۔ زاں کہ من بندۂ گناہگارم۔ جو کوئی پڑھے اس سے دعا کی طمع رکھتا ہوں۔ اس لئے کہ میں گناہگار بندہ ہوں کسی کتاب کے خاتمہ پر یہ شعر اکثر لکھ دیا کرتے ہیں۔ ہر کہ خود را بیند خدا را نہ بیند۔ مغرور آدمی خدا کو نہیں پاتا۔ ہر کہ خیانت ورزد دستش از مہابت بلرزد۔ جو خیانت کرتا ہے۔ اس کا ہاتھ بزدلی سے کانپتا ہے۔ ہر کہ دارد تانّی اندر کار۔ بمرادِ دل رسد ناچار۔ جو شخص استقلال سے کام کرتا ہے اپنی دلی مرادوں تک آخرکار پہنچ ہی جاتا ہے۔ ہر کہ در کانِ نمک رفت نمک شد۔ دیکھو ہر چہ در کانِ الخ۔ ہر کہ دست از بجاں شوید ہر چہ در دل دارد بگوید۔ جس نے مرنا ٹھانا ہو جو چاہے سو کہے۔ ہر کہ دنداں داد ناں ہم می دہد۔ جس نے دانت دیئے روٹی بھی دیگا۔ انسان کو رزق کی طلب میں حیران نہ ہونا چاہیئے۔ خدا پر بھروسہ کرنا چاہیئے۔ ہر کہ را زر در ترازوست زور در بازوست۔ جس کے پاس زر ہے زور بھی ہے۔ ہر کہ شک آرد کافر گردد۔ قول کی تصدیق کے واسطے کہتے ہیں۔ جو شک کرتا ہے کافر ہو جاتا ہے۔ ہر کہ شمشیر زند سکہ بنامش خوانند۔ جو تلوار چلاتا ہے اس کے نام کا سکہ چلتا ہے۔ دنیا زبردست کے آگے سر جھکاتی ہے ہر کہ عیبِ خود بیند از دیگراں گزیند۔ اپنا عیب جاننے والا دوسروں سے بھاگتا ہے۔ ہر کہ عیبِ دگراں پیشِ تو آورد و شمرد۔ بیگماں عیبِ تو پیشِ دگراں خواہد برد۔ جو تیرے سامنے اوروں کے عیب بیان کرتا ہے وہ بیشک تیرے عیب اوروں کے سامنے بیان کریگا۔ ہر کہ محجوب است محبوب است جس میں شرم ہوتی ہے۔ اس سے لوگ محبت کرتے ہیں۔ ہر کہ نان از عملِ خویش خورد۔ منتِ حاتم طائی نہ برد۔ جو اپنی ہمت سے کما کر کھاتا ہے۔ کسی کا احسان نہیں لیتا۔ ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است۔ ہر پھول کا رنگ اور بو جدا ہے۔ ہر ایک کا انداز جداگانہ ہے۔ ہر گناہ ہے کہ کنی در شبِ آدینہ مکن۔ تا کہ از صدر نشینانِ جہنم باشی۔ جو گناہ کر جمعہ کی رات کو کر تاکہ جہنم کے صدر نشینوں میں ہو جائے۔ ہر مردے و ہر کارے۔ ہر مرد اور ہر کام۔ کوئی کسی کام کے لئے موزوں ہے کوئی کسی کام کے لئے۔ ہر مسالے پیلاں ہول (ذ پ) ہر کام میں شامل ہو جانے والا۔ ہر فن مولا ہر ملکے و ہر رسمے۔ ہر جگہ کا چلن جدا ہے۔ ہر نوالے بسم اللہ۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو کھانے کی صلاح کے ساتھ ہی دسترخوان پر آ بیٹھے۔ ہر یکے را بہر کارے ساختند۔ ہر ایک کو خاص کام کے واسطے بنایا ہے۔

ہر (ہ۔ مذکر) ہل۔ ہر اتر (مذکر) وہ جگہ جہاں دن بھر کے لئے ہل کام کر رہے ہوں۔ ہراتی (صفت) ہل کے متعلق۔ ہراتی (مونث) ۱ ہل کا نشان ۲ زمین کا وہ حصہ جو ایک ہل سے جوتا جائے ہر پوجا یا پوجی (مونث) ہل کی پوجا جو لوگ دن کرتے ہیں جب کاشت کا کام ختم ہو جاتے۔ اسے دھو کر اور صاف کر کے پھولوں کا ہار چڑھا کر رکھ چھوڑتے ہیں۔ اس کے بعد ہل کا استعمال یا اسے عاریتاً دینا منحوس سمجھا جاتا ہے۔ ہر سوت یا سوتیہ (مونث) ۱ فصل پر پہلی دفعہ ہل چلانا ۲ ہل چلانے میں امداد دینا ۳ ہل کو گھر لانا۔ ہر گھسیٹ (مونث) زیر کاشت زمین۔ ہرواہا۔ ہرواہی (ہ) دیکھو ہلواہا ہلواہی ہروتا (مذکر) ہروتی (مونث) ۱ ہل چلانے کے موسم کا آغاز ۲ موسم میں پہلی دفعہ ہل ہلانا۔ ہریانو۔ ہریاؤ۔ ہری (مذکر) ۱ ہل چلانے والوں کا زمیندار کی زمین پر امداداً ہل چلانا ۲ مجبوراً یا مرضی سے ہل چلانا ہریا (مذکر) ۱ ہل چلانے والا شخص ۲ ہل چلانے والا بیل۔ ہریانو۔ ہریاؤ (مذکر) فصل کی ایک تقسیم جس میں زمیندار سات حصے اور کاشتکار نو حصے لیتا ہے۔ ہربیتا (مذکر) دیکھو ہروتا۔ ہریرا (مذکر) ہل چلانے کے موسم کا اختتام۔

ہر (ہ۔ صفت) ۱ لیجانے والا۔ لانے والا ۲ گرفتار کرنے والا۔ پکڑنے والا ۳ ہٹانے والا ۴ چھین لینے والا ۵ تقسیم کرنے والا ۶ (مذکر) مہادیو یا شیو جی کا نام۔ اگنی ۷ بدمعاش شخص ۸ گدھا ۹ (حساب) مقسوم الیہ ۱۰ کسر کا نسب نما یا تقسیم ہرگری (مونث) کیلاس پربت ہرلوک (مذکر)

موجودہ دنیا۔ ہر لوک پر لوک (مذکر) یہ دنیا اور اگلا جہان ہر ہر (مہا دیو) (مذکر) ۱ ایک نعرہ جو جوش میں آکر مارا جاتا ہے ۲ ہندوؤں کا جنگی اور قومی نعرہ۔

ہَر (ہ) ہَرِ (س۔ صفت) ہری (ہ) ۱ سبز سبزی مائل زرد ۲ بھونسلا۔ سرخی مائل بھورا ۳ (مذکر) سبز رنگ۔ زرد رنگ۔ بھورا یا بھونسلا رنگ ۴ وشن جی۔ کرشن جی۔ شو جی۔ برہما جی۔ اندر۔ یم ۵ سورج ۶ چاند ۷ کرن ۸ آگ ۹ ہوا ۱۰ پانی ۱۱ اکیت گھوڑا ۱۲ شیر ۱۳ طوطا ۱۴ کوئل ۱۵ امور ۱۶ ہنس ۱۷ بندر ۱۸ مینڈک ۱۹ سانپ ۲۰ نو ورشوں میں سے ایک ہَر لول۔ خدا کا نام لے۔ جب کوئی مرنے لگے تو اسے کہتے ہیں۔ ہَر بول ہَر۔ خدا کا نام لے یہ نہیں ہو سکتا جو تو کہتا ہے ہر چرت یا چرتر (مذکر) کرشن جی کے کارنامے یا کسی دیگر اوتار کے ہر چرچا (مونث) وشن جی کے متعلق یا مذہبی گفتگو۔ ہر چندن (مذکر) ۱ ایک قسم کا زرد اور نہایت خوشبودار صندل ۲ سرگ کے پانچ درختوں میں سے ایک ۳ زعفران ۴ چاندنی ۵ کنول کی جھلی ۶ محبوب کا بدن۔ ہر دور (مذکر) ایک لمبوترا ٹیلہ جو گاؤں میں بنا کر اس پر جھنڈے لگا دیتے ہیں تاکہ گاؤں وبا سے خصوصاً ہیضے سے بچا رہے۔ ہر کا نام لے۔ خدا خدا۔ یہ قائل کے قول کا رد ہے۔ مطلب یہ ہے کہ تو جو کچھ کہتا ہے یہ ٹھیک نہیں۔ ہر کٹ (مذکر) دھان وغیرہ کو اس وقت کاٹنا جب کہ وہ کچا اور سبز ہو ہر گن (مذکر)۔ خدا تعالیٰ کی خوبیاں ہر گنگا کرنا (متعدی) اشنان کرتے ہوئے ہر کا نام لینا۔

امثال ہر کا مانے پر کا نہ مانے

خدا مہربان ہو جاتا ہے۔ ظالم رحم نہیں کھاتا۔ ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے۔ ذات پات نہ پوچھے کوئے۔ خدا کے پاس ذات پات کی کوئی قدر نہیں جو اس کی پوجا کرے وہی اس کا ہے۔

ہَر (انگ۔ ضمیر) اس عورت کا ہر ایکسیلنسی (مونث) گورنر یا ایلچی کی بیوی کا لقب ہر مجسٹی (مونث) بادشاہ بیگم کا لقب ہر ہائینس (مونث) رانیوں۔ نواب بیگموں وغیرہ کا لقب۔

ہَرّ۔ ہَر (ہ۔ مذکر) دیکھو ہَرّا یا ہَڑ۔

ہُر (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو ہرد ۲ دیکھو ارد۔

رہَر (ہ۔ مذکر) دیکھو مہیر۔

رہَرّ (ع۔ مذکر) بِلّا۔

ہُر (ہ۔ مونث) ۱ پرندکی تیز پرواز ۲ آواز جو پرندے کے اڑنے سے پیدا ہوتی ہے ۳ پھُر۔ دیکھو ہُرّا۔ ہُر رو۔ یہ کسی کو ذلیل کرنے کیلئے کہتے ہیں کہ چلا جا۔ ہر دنگ (مذکر) دیکھو ہُڑ دنگ ہُر ہو جانا (لازم) ۱ اڑ جانا ۲ غائب ہو جانا۔

ہَرا (ہ۔ صفت) ۱ سبز ۲ شاداب۔ ترو تازہ۔ سرسبز ۳ تازہ۔ گیلا (زخم) ۴ کچا (پھل) ۵ کامیاب۔ بامراد۔ بختاور۔ پھلا پھولا ۶ خوش۔ شاد۔ باغ باغ ۷ تازہ دم۔ چاق وچست ۸ (مذکر) سبز چارہ ۹ سبز رنگ (س ہرِتک) ہرا باغ (مذکر) ۱ سرسبز و شاداب باغ ۲ جھوٹی امیدیں۔ ہرا باغ دکھانا (متعدی) سبز باغ دکھانا۔ دھوکا دینا۔ ہرا بھرا (صفت) ۱ دیکھو ہرا ۲ وہ ۳ (مکان کے لئے) آباد ۴ (انسان کے لئے) صاحب اولاد۔ با اہل وعیال ۵ (باغ کے لئے) وہ جس میں درخت اور پھل ہوں۔ ہرا بھرا رہ (دعا) فقیر دیتے ہیں۔ خوش رہ زندہ رہ۔ ہراین (ہ) ۱ سبزی۔ ہریاول ۲ تازگی۔ ہرا کچوہ (صفت) بہت ہرا۔ ہرا کرنا (متعدی) خوش کرنا ہرائند ہرائند (مونث) ۱ کچے مسالے کی بو۔ کچی ہلدی کی بو ۲ وہ بو جو کچے پھل اور پھول میں ہوتی ہے ہرا ہو جانا (لازم) ۱ سبز ہو جانا ۲ درختوں پر پتوں کا نکل آنا ۳ سرسبز ہو جانا۔ شاداب ہو جانا ۴ زخم کا تازہ ہو جانا ۵ خوش ہو جانا۔ شاد ہو جانا ۶ چہرے پر رونق آ جانا ۷ کان اتر جانا۔ تازہ دم ہو جانا ۸ روپے کا قابل وصول ہونا۔ ہرائی (ہ) ۱ سبزی ۲ شادابی۔ ترو تازگی ۳ خوشی۔ شادمانی۔ ہر بھری (صفت) ۱ ہری بھری کی ۲ (ہ) وہ عورت جو جلد جوان ہو جائے۔ ہرے بھرے رہو۔ کامیاب اور بامراد رہو۔ دولتمند اور با اولاد رہو۔ ہری (صفت۔ مونث) ہرا کی۔ ہریالا (صفت) ۱ سبز۔ ہرا ۲ سرسبز۔ شاداب ۳ نوجوان۔ خوبصورت ہریالا بنا (مذکر) خوبصورت دولہا۔ ہریالی (صفت۔ مونث) ۱ ہریالا کی ۲ (مونث) سرسبز۔ ترو تازہ۔ گھاس۔ دوب ۳ سبزی۔ سبزہ زار ۴ سرسبزی۔ ترو تازگی ہریالے (مذکر) ایک قسم کے گیت جو شادی میں گائے جاتے ہیں۔ ہریانا (لازم) ۱ سرسبز ہونا۔ شاداب ہونا ۲ سبز ہونا۔ ہریاول ہریائی (مونث) دیکھو ہریالی۔ ہری چُگ (صفت) ۱ وہ جو ہری گھاس کھائے ۲ بیوفا۔ ہرجائی۔ ہری چُگتا ہے۔ حریص ہے کھانے کے واسطے جا بجا پھرتا ہے۔ ہری فصل (مونث) ۱ سبز فصل جو ابھی پکی نہ ہو ۲ باغ کی پیداوار۔ ترکاریاں۔ جیسے کھیرے۔ ککڑیاں۔ گاجریں۔ آلو۔ ہرے میں آنکھیں پھولنا یا ہونا (ہ) فضول خرچ ہو جانا۔

امثال واقوال۔ ہرے

روکھ پر سب پرند بیٹھتے ہیں۔ ٹھونٹھ پر کوئی نہیں بیٹھتا۔ جہاں فائدے کی امید ہے سب وہیں جاتے ہیں۔ ہری کھیتی گیا بھن گائے۔ منہ پڑے تب جانی جائے ان چیزوں سے جب کچھ حاصل ہو جائے۔ تب فائدہ سمجھنا چاہیئے۔

ہَرّا (ہ۔ مذکر) ۱ ہڑ۔ ہلیلہ ۲ ہڑ کی شکل کے نقرئی گلولے جو زین میں لگاتے ہیں ۳ گھوڑے کی حمائل اور زیور ۴ چھجے یا ڈوڈی کا گہرا حصہ ۵ پھندنا یا گچھا جو جھنڈے کے سرے پر ہوتا ہے ۶ بیت کا سرے کا گول حصہ یا موٹھ ۷ کنٹھ۔

مثل۔ ہَرّا لگے نہ پھٹکڑی اور رنگ بھی چوکھا آئے۔ بے خرچ کے کام بن جائے۔

رہَرا (ف۔ مذکر) دیکھو ہرات۔

ہُرّا (ہ۔ مذکر) ۱ دوڑ۔ ریلا۔ ہلہ ۲ ڈر سے بھاگ جانا ۳ فوج یا مجمع کا منتشر ہو جانا ۴ قیدیوں کو اکٹھا جیل خانے میں داخل کرنا۔ ہُرّا کرنا (متعدی) ہلہ کرنا۔

ہُرّا (انگ۔ مذکر) ۱ خوشی کا نعرہ ۲ مرحبا۔ شاباش عموماً ہپ ہپ کے بعد استعمال ہوتا ہے (کرنا ہونا کے ساتھ)

ہَرّاج (ع۔ صفت) ۱ تیز دوڑنے والا ۲ (مذکر) نیلام ۳ غل غپاڑہ۔ دہائی (ہَرَج۔ تیز دوڑنا۔ شور مچانا)

ہَرا (ہ۔ مذکر) شور۔ غل۔ ہرادنی (مونث) ۱ اندرا کا صاعقہ ۲ بجلی ۳ دریا ۴ ایک درخت ہرادی (صفت) آواز پیدا کرنے والا۔

ہَرّار (ع۔ مذکر) ۱ دوستارے ۲ شامی پہلا اور بارھواں مہینہ۔

رہَراس (ف۔ مونث) ۱ ڈر۔ خوف۔ ہول۔ دہشت ۲ ناامیدی۔ مایوسی۔ ہراسان

(صفت) ۱ خوفزدہ ۔ ۔۔۔۔ہوا ۔ دہشت زدہ ۲ ناامید مایوس ۔

ہراس (س ۔ مذکر) ۱ آواز ۔ شور غل ۲ کم کرنا ۔ چھوٹا کرنا ۳ کمی ۔ ذلت ۴ تنزل ۵ ساتھ چھوڑ دینا ۶ قحط ۔ تنگی ۔

ہرانس (ہ ۔ مونث) عورت ذات ۔ زنانہ پن ۔

ہراول (ف ۔ مذکر) ۱ وہ تھوڑی فوج جو لشکر کے آگے آگے چلے ۲ لشکر کا پیش خیمہ ۳ نمبر ۱ کا سردار ۔

ہراونا (ہ ۔ متعدی) دیکھو ہرانا ۔

ہراونی (ہ ۔ مونث) دیکھو ہرائی ۔

ہربرا (ہ ۔ مذکر) چنا ۔ **ہربر نجانسا** (متعدی) دو چیزوں میں فرق نہ کر سکنا ۔ قوتِ تمیز کا نہ ہونا ۔

ہربنگ ۔ ہربوم (ہ) **ہربونگ** (ہ ۔ مذکر) ۱ شورش ۔ اندھیر ۔ ہنگامہ ۔ کھلبلی ۔ افراتفری ہل چل ۔ بدعملی ۔ بدنظمی (مچانا ۔ مچنا کے ساتھ) ۲ بھیڑ بھاڑ (ہونا کے ساتھ)

ہربھرا (ہ ۔ مذکر) **ہربھری** (مونث) چنا ۔

ہربھوگ ۔ ہربھوم ۔ ہربھونگ (ہ ۔ مذکر) دیکھو ہربونگ ۔

ہرپھاریوڑی ۔ ہرپھروڑی (ہ ۔ مونث) ایک قسم کا کھٹا پھل ۔

ہرپھرکے (ہ ۔ تف) ۱ پھر پھرا کر ۔ مجبور ہو کر ۲ آخرکار ۔ ہر دفعہ ۔ بار بار ۔

ہرت (س ۔ صفت) ۱ سبز رنگ کا ۔ سبز ہرا ۲ سرسبز ۔ شاداب ۳ یُوناشو کا بیٹا ۔ اکشواکو کی نسل سے سورج بنسی خاندان کا ایک راجہ تھا ۔ اس کی اولاد ہارِت قوم تھی ۔

ہرتا (ہ ۔ صفت) ۱ لیا ہوا ۲ وہ جیسے لے جائیں ۳ وہ انسان جسے زبردستی اٹھا کر لیجائیں ۴ خراب کیا ہوا ۵ موہ لیا ہوا ۶ (س ۔ مذکر) وہ شخص جو لے یا لوٹے ۔

ہرتال (ہ ۔ مونث) دیکھو ہڑتال ۔

ہرتالک (مذکر) ۱ ہڑیل ۲ دیکھو ہرتال ۱ ۔ ۳ شکل اور لباس بدلنا ۔

ہرتالکا (س ۔ مونث) ۱ دوب گھاس ۲ بھادوں کی چار شدی ۳ اس دن کی مذہبی رسومات ۔

ہرتالی (س ۔ مونث) ۱ دوب یا دورد گھاس ۲ آسمان پر لکیر ۔

ہرنی بھرتی چھاؤں (ہ ۔ مونث) وہ چیز جو ایک جگہ یا ایک شخص کے پاس نہ رہے ۔

ہرٹ (ہ ۔ مذکر) دیکھو رہٹ **ہرٹھیا** یا **ہرٹیا** (صفت) رہٹ کے بیلوں کو چلانیوالا ۔

ہرج (ع ۔ مذکر) ۱ نقصان ۔ گھاٹا ۔ خسارہ ۔ خلل ۲ وقفہ ۔ ڈھیل ۳ شورش ۔ ہنگامہ دنگہ ۔ فساد ۔ بفتح ثانی غیر فصیح ہے (ہرج ۔ ہنگامہ کرنا) **ہرجانہ** (مذکر) ہرج ہونے کا معاوضہ ۔ زرِ نقصان ۔ تاوان (دلانا ۔ دینا ۔ لینا وغیرہ کے ساتھ) **ہرج ڈالنا** (متعدی) دیکھو ہرج کرنا ۔ ۲ (مت) **ہرج کار** (مذکر) کام کا حرج ۔ **ہرج کرنا** (متعدی) ۱ نقصان کرنا ۔ دیر کرنا ۲ روڑا اٹکانا روکنا ۔ دخل درمعقولات ہونا ۔ **ہرج کیا ہے** کیا مضائقہ ہے ۔ کیا برائی ۔ کیا نقصان ہے **ہرج مرج** (مذکر) ۱ دیکھو ہرج ۲ گڑبڑ ۔ بدنظمی ۳ روک رکاوٹ ۴ ضرر ۔ تکلیف ۔ **ہرج مرج اٹھانا** (متعدی) شورش مچانا ۔ دنگہ کرنا ۔ **ہرجہ** (مذکر) ۱ نقصان ۔ خسارہ ۲ ہرجانہ ۔ تاوان (کرنا ہونا کے ساتھ) **ہرجہ تشخیص کرنا** (متعدی) زرِ نقصان یا تاوان مقرر کرنا ۔ **ہرجہ ذاتی** (مذکر) ذاتی نقصان ۔

ہرد (ہ ۔ مونث) ہلدی ۔

ہرد (س ۔ مذکر) ۱ پانی کا بڑا تالاب ۔ جھیل ۲ شور ۳ آواز ۴ کرن ۵ ہراد کا ایک بیٹا ۔

ہرد (س) **ہرد ۔ ہردا ۔ ہردا** (ہ) **ہردادہ** ۔ مذکر) دل ۔ ضمیر ۔ حوصلہ ۔ **ہردے سے اتر جانا** (لازم) بھول جانا ۔ ذہن سے اتر جانا ۔ **ہردا کٹھور ہونا** (ہ) دل سخت ہو جانا ۔ سنگدل ہونا ۔ **ہردا کھل جانا یا کھلنا** (متعدی) حوصلہ ہو جانا ۔ ہمت بڑھ جانا ۔ **ہردے کرنا** (ہ) زبانی یاد کرنا ۔

ہردا (ہ ۔ مذکر) ۱ اناج کی ایک بیماری جس میں پودا زرد پڑ جاتا ہے ۲ جنگلی بوٹیاں جو کھیت میں اگیں ۔

ہرداورت (س) **ہرداول** (ہ ۔ مونث) گھوڑے کے سینے کی بھوری جو منحوس سمجھی جاتی ہے ۔

ہردرا (س ۔ مونث) ہلدی ۔

ہردواس (ہ ۔ مذکر) راجپوتوں کی ایک ذات ۔

ہردی (ہ ۔ مونث) ہلدی ۔

ہردئے (س ۔ مذکر) **ہردے ۔ ہردئے ۔ ہردسے** (ہ) ۱ سوچنے اور محسوس کرنے کی قوت ۲ دل ۳ روح ۴ زندگی ۵ دل کا اندر ۶ چھاتی ۔ سینہ ۷ علم ۸ محبت **ہردے سے کرنا** (متعدی) حفظ یاد کرنا ۔

ہردیہا (ہ ۔ مذکر) ہندوؤں کی ایک قوم ۔

ہرڈا ۔ ہرڑا (ہ ۔ مذکر) ہڑ ۔

ہرزہ (ف ۔ مذکر) فضول ۔ بیہودہ ۔ لغو ۔ نامعقول ۔ **ہرزہ چانگی** (مونث) فضول باتیں **ہرزہ چانہ** (صفت) فضول باتیں کرنے والا ۔ **ہرزہ درا یا سرا** (صفت) بیہودہ گو **ہرزہ درائی یا سرائی** (مونث) بکواس ۔ ژٹل ۔ بیہودہ گوئی **ہرزہ دو** (صفت) ادھر ادھر فضول طور پر دوڑنے والا ۔ فضول دوڑ بھاگ کرنے والا ۔ **ہرزہ دوئی** (مونث) فضول دوڑ بھاگ ۔ **ہرزہ کار** (صفت) وہ جو بیہودہ باتوں کا خوگر ہو **ہرزہ گرد** (صفت) بیہودہ مارا مارا پھرنے والا ۔ **ہرزہ گردی** (مونث) آوارہ پھرنا **ہرزہ گو** (صفت) یاوہ گو ۔ بیہودہ گو ۔ **ہرزہ گوئی** (مونث) فضول یا بیہودہ باتیں ۔ بکواس ۔

ہرس (س ۔ مذکر) ۱ خوشی ۔ فرحت ۔ شادمانی ۲ جوش ۔

ہرس ۔ ہرس (ہ ۔ مونث) ہل کی بھالی ۔

ہرسا (ہ ۔ مذکر) صندل گھسنے کا پتھر ۔

ہرسنا (ہ ۔ لازم) خوش ہونا ۔ ہرشنا ۔

ہرسو (س ۔ صفت) ۱ چھوٹا ۔ ننھا ۔ ذرا سا ۲ چھوٹے قد کا ۔ بونا ۳ نیچا ۴ تنگ ۵ عاجز ۔ ناچیز ۔ بیچارہ ۶ (مذکر) چھوٹا حرف علت ۔

ہرش (ہ ۔ مذکر) **ہرش** (ہ) ۱ خوشی فرحت ۔ شادمانی ۲ پھیلنا ۔ کھلنا ۔ پھولنا ۳ (صفت) خوش ۔ شادمان **ہرشان** (صفت) خوش ۔ شادمان **ہرشانا** (متعدی) ۱ خوش کرنا ۲ (لازم) خوش ہونا **ہرشت** (صفت) خوش ۔ شادمان **ہرش کرنا** **ہرشنا** (لازم) ۱ خوش ہونا ۔ شاداں ہونا ۲ پھولنا ۔

ہرش (س ۔ مذکر) ۱ کھلنا ۔ پھولنا ۲

خوش ہونا۔ ہرشٹ (مفعول) ۱ وہ جس کے خوشی یا لطف سے رونگٹے کھڑے ہو گئے ہوں ۲ خوش شاداں فرحاں ۳ ہنستا ہوا۔ مسکراتا ہوا ۴ حیران۔ متحیر ۵ مایوس ناامید۔ ہرشٹ پُشٹ (صفت) خوش اور موٹا۔ شاداں اور فربہ۔ وہ جس کی حالت اچھی ہو۔

ہرشیک (س۔ مذکر) کوئی حس۔ اندریا ہرشیکیش (مذکر) اندریوں کا مالک۔ وشن جی یا شوجی کا لقب۔

ہرک (س۔ مذکر) ۱ لینے والا۔ پکڑنے والا ۲ چور۔ بدمعاش۔ دغاباز ۳ تقسیم ۴ مقسوم الیہ ۵ سورج بچار کرنے والا آدمی۔

ہرک۔ ہرکا۔ ہرکانا۔ ہرکنا (ہ) دیکھو ہراک وغیرہ۔

ہرک (ہ۔ امر) ہرکنا کا ہرکا (امر) ۱ ہرکانا کا ۲ ماضی ہرکنا کی ہرکانا (متعدی) ۱ ملانا ۲ حرکت دینا۔ حرکت کرنا ہرکنا (لازم) ۱ ملنا ۲ منہ پھیر لینا ۳ نفرت محسوس کرنا ۴ بھاگ جانا۔ ہرکی (مونث) تجویز۔ تدبیر۔ منصوبہ۔

ہرکھ۔ ہرکھانا۔ ہرکھت۔ ہرکھنا (ہ) دیکھو ہرش وغیرہ۔

مثل۔ ہرکھے پتر تلنجلی یا دے ۱ بزرگوں کی روحیں سرادھ سے خوش ہوتی ہیں ۲ خوشامد سے ہر کوئی خوش ہوتا ہے۔

ہرگنڈا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی ترکاری۔

ہرگیلا (ہ۔ مذکر) دیکھو ہڑگیلا۔

ہرلا (ہ۔ مذکر) ہرڈا۔ اور ہیرا

ہرلا (ہ۔ صفت) ۱ دیکھو ہربلا ۲ ہرالا ۳ ہرلی۔

ہُرلا (ہ۔ مذکر) ڈر سے بھاگ جانا۔

ہرم (ع۔ صفت) ۱ بوڑھا۔ پیر ۲ (مذکر) بوڑھا آدمی ۳ روح۔ ضمیر ۴ عقل سمجھ (ہرَم۔ بوڑھاپا)

ہُرمُز (ف۔ مذکر) ۱ خدا ۲ سیارہ مشتری ۳ مہینے کا پہلا دن ۴ ایک فرشتہ جو اس دن کا موکل ہے ۵ خلیج فارس میں ایک جزیرہ اور بندرگاہ ہرمزی (صفت) ہرمز کا۔

ہرمزی (ف۔ مونث) ۱ ایک قسم کی سرخ مٹی جس سے دروازے رنگتے ہیں ۲ (مذکر) ایک قسم کا سرخ پھول جس سے کپڑے رنگتے ہیں ۳ ایک قسم کا رنگ۔

ہرمُشٹا (ہ۔ صفت) ۱ موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا ۲ مضبوط۔ قوی۔ زور آور۔ شہ زور ۳ اکڑ کر چلنے والا ۴ شریر۔ بدچلن ہرمشٹی (مونث) ۱ شہزوری طاقت۔ قوت ۲ مٹاپا۔ فربہی۔

ہرمی (ہ۔ صفت) ستارہ عطارد کا یا اس کے متعلق۔

ہرن (ہ۔ مذکر) ہرِن (ہ) ایک جنگلی جانور جس کا رنگ بھورا اور قد بکری کے برابر ہوتا ہے۔ نر کے سر پر سینگ ہوتے ہیں۔ کر بہت پتلی۔ ٹانگیں پتلی اور لمبی ہوتی ہیں۔ بہت تیز دوڑتا ہے۔ آہو (س۔ ہرن) ہرنا (مذکر) ۱ ہرن ۲ کاٹھی کا اگلا ابھرا ہوا حصہ ۳ جوگیوں کی اصطلاح) رنگا ہوا ہرن کا چمڑا۔ ہرنا ہرنی (مونث) شکستہ متعفن۔ جوڑا

ہرن کا چوکڑی بھول جانا یا بھولنا (لازم) ہرن کا گھبرا کر بھاگ نہ سکنا۔ خوف یا گھبراہٹ سے اپنی معمولی تیزی بھول جانا۔ **ہرن کا کالا (کالا) ہو جانا** (لازم) آفتاب کی گرمی سے ہرن کی پیٹھ کا سیاہ ہو جانا۔ بعض ہرنوں کی پیٹھ جوانی میں آ کر سیاہ ہو جاتی ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہ دھوپ کی گرمی کی وجہ سے ہے۔ حالانکہ یہ ایک قدرتی حالت ہوتی ہے۔ شاعروں نے گرمی کی شدت کو ظاہر کرنے کے لئے اس خیال کو شعروں میں باندھا ہے۔ **ہرن کھری** (مونث) ۱ ایک قسم کی بیل جس کے پتے ہرن کے کھر کی طرح ہوتے ہیں ۲ (مذکر) عمدہ قسم کا رانگا **ہرن کی شاخ** (مونث) ہرن کا سینگ **ہرنوٹا** (مذکر) ہرن کا بچہ۔ **ہرن لوچنی یا نا ینی** (ہ) آہو چشم عورت۔ مرگ نا ینی۔ **ہرن ہو جانا** (لازم) دوڑ جانا۔ غائب ہو جانا۔ ہرنی (مونث) ہرن کی مادہ۔

ہرنا (ہ۔ متعدی) ۱ لینا۔ پکڑنا ۲ لیجانا ہٹانا ۳ بھگا لیجانا ۴ چرانا۔ لوٹنا ۵ خراب کرنا۔ برباد کرنا ۶ فدا کرنا۔ شیدا کرنا۔ موہ لینا ۷ (ہ) دیکھو ہر کے تحت میں ۸ دیکھو ہرن کے تحت میں۔

ہُرنا (ہ۔ متعدی) کوٹنا۔

ہرنج (ہ۔ مذکر) چاول کی ایک باریک اور اعلیٰ قسم۔

ہرمنی (ہ۔ مذکر) زمرد۔

ہرنی (ہ۔ مونث) ۱ عورتوں کی چار قسموں میں سے ایک قسم۔ چترنی ۲ خوبصورت اور حسین عورت۔

ہرنیہ (س۔ مذکر) ۱ سونا ۲ چاندی ۳ کوئی قیمتی دھات ۴ دولت۔ جائداد ۵ مادہ ۶ منی ۷ کوڑی ۸ دھتورا

ہرو (ہ۔ حرف ربط) دیکھو ارو۔

ہرو۔ ہروا (ہ۔ صفت) ہلکا ہروائی (مونث) ہلکا پن۔

ہروا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا سبز پرند ۲ ہریل۔

ہروانہ (ف۔ مذکر) ۱ ہسپتال ۲ درد تکلیف ۳ تشدد کرنے کا کوئی آلہ۔

ہرونی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا بانس جو ٹھوس اور عمدہ ہوتا ہے۔

ہروری (ہ۔ مونث) ۱ ہل چلانے کا پیشہ ۲ وہ جگہ جہاں ہل چلیں ۳ پیشگی روپیہ جو مالک ہل چلانے والے کو دے اس پر کوئی سود نہیں لگتا۔ **ہروری پر جانا** (لازم) ہل چلانے کے لئے جانا۔

ہرول (ہ۔ مذکر) پیشگی بلا سود روپیہ جو ہل چلانے والوں کو دیا جائے۔ ہروری ۔ تقاوی۔

ہرول (ہ۔ مذکر) ہراول۔

ہرولا (ہ۔ مذکر) رنالوں کی اصطلاح میں پان۔

ہرونی (ہ۔ مونث) دیکھو ہراونی۔

ہروی (ف۔ مذکر) ۱ ہرات کا باشندہ ۲ (مونث) فارسی زبان کی ایک شاخ جو اب نہیں بولی جاتی۔

ہرویا (ہ۔ صفت) ہارنے والا۔

ہرّہ (ع۔ مونث) بلّی۔

ہرہا۔ ہرہے (ہ۔ مذکر) ۱ ہل چلانے والے بیل ۲ شرارتی بیل ۳ بیل جو آوارہ ہو جائیں ۴ (صفت) جنگلی۔ وحشی۔

ہرہائی (ہ۔ مونث) بے صبری۔ تسلی نہ ہونا۔ ایک مقام پر چین سے نہ بیٹھنا۔

ہرہٹکو (ہ۔ صفت) بے صبر جو آرام سے نہ بیٹھے۔

ہُرہُر۔ ہرہرا۔ ہرہریا (ہ۔ مذکر)

کئی پودوں کا نام -

ہڑہڑانا (ہ - لازم) ۱- غرّانا ۲- دریا کا غرّانا، مارنا ۳- کانپنا -

ہری (ہ - مذکر) ۱- دیکھو ۲- (صفت) دیکھو ہرا کے تحت میں محاورات ۳- دیکھو ہر بمعنی ہل کے تحت میں - ہریا (مذکر) ۱- دشمن جی کا پجاری ۲- ہریل ۳- (صفت) ہرا - سبز - ہریال (مذکر) ۱- ہریل ۲- (صفت) سبز - ہرا - ہریرا (صفت) ہرا سبز - ہریا (صفت) ۱- ہرا - سبز ۲- سبزی - ہریالی ۳- ترکاری - ہری ہری (مونث) ۱- سبزی ۲- سبز رنگ - **ہری بلوانا** (متعدی) ۱- دیکھو ہر بول ۲- مجبور کردینا - زندہ درگور کردینا - **ہری بولنا** (لازم) ۱- مرتے وقت خدا کا نام لینا ۲- چین بولنا - مرجانا -

امثال و اقوال - ہری سیوا سولہا برس گر سیوا پل چار - تو بھی نہیں برابری بیدوں کیا بچار - برہمنوں پر طنز ہے جو اپنے آپ کو بہت اعلیٰ سمجھتے ہیں - ان کی چار لمحے کی خدمت خدا کی سولہا برس کی پوجا سے زیادہ ہے - **ہری گن گاوے دھکّا پاوے - چوتر ڈلاوے ٹکا پاوے** - نیک آدمی کو دنیا میں کچھ نہیں ملتا - بے حیا کو بہت کچھ مل جاتا ہے - **ہری کی مایا چھن میں دھوپ چھن میں چھایا** - خدا کی قدرت ہے کبھی کچھ ہوتا ہے کبھی کچھ -

ہرے (س - کلمۂ ندا) اے دشمن اے ہری -

ہریا (ہ - صفت) ۱- جنگلی - وحشی ۲- مست - شرارتی ۳- گائے یا بیل جس کو یہ عادت ہو جائے کہ کھیت میں گھس کر کھانے لگے ۴- کھیتی یا درختوں کے نگہبان یہ کہکر پرند اڑایا کرتے ہیں -

مثل - ہریا ہاتھی حاکم چور - دونوں سے بگڑے اور نہ چھوڑ - شرارتی ہاتھی اور ظالم حاکم بگڑ جائیں تو بہت نقصان کرتے ہیں -

ہریاں (ہ - مونث) ایک قسم کی پہنچی -

ہریانا (ہ - متعدی) روکنا - منع کرنا -

ہرے پھرے - ہری پھری (ہ - تف) پھر پھر کر - پھر پھرا کر - آخرکار -

امثال و اقوال - ہری پھری ٹل گئی جلوے کے وقت ٹل گئی - اس کے متعلق کہتے ہیں جو وقت پر ٹل جائے اور ویسے ہر وقت ساتھ رہے - **ہرے بھرے کھیت میں کو راہ** (ہ) سخت بیوقوف ہے - راہِ راست کو نہیں جاتا -

ہریتک (ہ) **ہریتکی** (س - مونث) ہڑ جس کی سات قسمیں ہیں -

ہریسہ (ع - مذکر) ۱- ایک کھانا جو گیہوں کے آٹے گوشت اور دودھ سے ملا کر پکاتے ہیں ۲- (صفت) چونکہ اس میں گوشت بہت گھل جاتا ہے - مجازاً بہت گلا ہوا - گھلا ملا دیکھانا - پکنا وغیرہ کے ساتھ (ہڑس - گلنا)

ہریل (ہ - مذکر) ایک قسم کا سبز رنگ کا پرند جو جنگلی کبوتر کے برابر ہوتا ہے -

ہرینو (ہ - مذکر) ۱- دال ۲- (مونث) ایک قسم کی خوشبو - رینکا ۳- معزز عورت -

ہریوا (ہ - مذکر) ایک قسم کا خوش آواز پرند -

ہڑ (ہ - مونث) ۱- ایک بہت بڑے درخت کا چھوٹا لمبوترا پھل - ہلیلہ ۲- ہڑ کی شکل کے بیل بوٹے - گھنڈی یا پھندنا (س - ہریتکی) ہڑ زرد - سیاہ یا کابلی (مونث) ہڑ کی قسمیں ہیں -

امثال - ہڑ کھائیں بہیڑا اگلیں - کہیں کچھ کریں کچھ - **ہڑ لگے نہ پھٹکری رنگ چوکھا ہو** - مفت کا کام ہو اور عمدہ ہو -

ہڑ (ہ - مذکر) ہاڑ کا مخفف - ہڈی - ہڑبیر (مذکر) سخت دشمنی - **ہڑ پھوٹن** پھوٹن - پھوٹن یا ٹوٹن (مذکر) تھکاوٹ کے سبب سے ہڈیوں میں درد ہونا - **ہڑ پھوٹنا** (ہ) ترقی کرنا - ہڑ جوڑ یا جوڑا (مذکر) ایک پودہ جس سے ہڈی جڑ جاتی ہے - ہڑ مالا (مونث) ہڈیوں کا علم - ہڑ واڑ (مونث) ۱- خاندانی قبرستان ۲- وہ جگہ جہاں ہڈیاں اکٹھی کی جائیں ۳- وہ جگہ جہاں کینے کے لوگ جمع ہوں -

ہڑ (ہ - مذکر) کاٹھ -

ہڑ (ہ - مونث) ۱- چڑیوں کو اڑانے کی آواز ۲- (صفت) بے وقوف - نادان - سادہ لوح -

ہڑ (ہ - صفت) ہوڑ کا مخفف

ہڑا ہڑی (مونث) **ہوڑا ہوڑی** کا مخفف -

ہڑا (ہ - مذکر) ہوائی -

ہڑا (ہ - مذکر) ہڑ -

ہڑابر (ہ - مذکر) ۱- دیکھو ہڑواڑ ۲- ہڑاول کا مخرب -

ہڑا ہڑی (ہ - مونث) دیکھو ہڑبڑی -

ہڑبڑا (ہ - امر) ہڑبڑانا کا - ہڑبڑا کر (تف) گھبرا کر - مضطرب ہو کر - بے چین ہو کر - ہڑبڑانا (لازم) ۱- گھبرانا - بوکھلانا - مضطرب ہونا - بے قرار ہونا ۲- (ہ) جلدی میں ہونا - جلدی کرنا ۳- نیند سے گھبرا کر اٹھنا ۴- بے آرام ہونا ۵- انتڑیوں کا بولنا ۶- (متعدی) گھبرا دینا - پریشان کر دینا - **ہڑبڑی** (مونث) ۱- گھبراہٹ - بے قراری - اضطراب ۲- بے آرامی - بے چینی - ہڑبڑیا (صفت) ۱- مضطرب - گھبرایا ہوا ۲- بے چین - بے قرار ۳- جلد باز - **ہڑبڑی اٹھانا** (ہ) جھگڑا پیدا کرنا - شوروغل مچانا - **ہڑبڑی پڑنا یا لگنا** (لازم) ۱- گھبرانا - پریشان ہونا ۲- **بھاگ جانا** افراتفری پڑنا - **ہڑبڑی کرنا** (متعدی) جلدی کرنا -

ہڑپ (ہ - مذکر) خوراک نگلنا - نوالہ ایک دفعہ ہی اتار جانا - بغیر چبائے نگل جانا (غالباً ہپ سے) ہڑپا (مذکر) ۱- دیکھو ہڑپ ۲- دھگالی جو مرد عورتوں کو دیتے ہیں - **ہڑپ کر جانا یا کرنا** - ہڑپنا (متعدی) ۱- نگل جانا کھا جانا ۲- غبن کر لینا -

ہڑتال (ہ - مونث) ۱- بازار

۲۔ کانیں بند ہو جانا۔ دیکھو ہڑتال بجنی
کا یہ مخرب ہے ۳ ایک قسم کا کانی مادہ جو
زہریلا ہوتا ہے سنکھیا کی ایک قسم ۴
کسی چیز کا نایاب ہونا۔ ہڑتال۔ **ہڑتال
پڑنا** (لازم) ۱ دوکانیں بند ہو جانا ۲ نایاب
ہو جانا۔ **ہڑتال کرنا** (متعدی) بازار
یا دوکانیں بند کرنا۔ **ہڑتال ورقی** (ہند)
ایک قسم کی ہڑتال جو ابرک کی طرح ورق
ورق ہوتی ہے۔ **ہڑتال ہونا** (لازم)
دیکھو ہڑتال پڑنا۔

ہڑدنگ (ہ)، **ہڑدنگا**
(ہ - مذکر) ۱ آوارہ - مارا مارا پھرنے
والا ۲ بے شعور - بدسلیقہ - پھوہڑ
۳ (مذکر) لڑکوں کا اچھلنا کودنا ۴
شور و غل ۵ جھگڑا - فساد - **ہڑدنگا
کھیلنا** (متعدی) بچوں کا جست
وخیز کرنا یا کودنا - **ہڑدنگی** (صفت مونث)
ہڑدنگا کی - **ہڑدنگے** (مذکر) جمع ہڑدنگا
کی - **ہڑدنگے کرنا** (متعدی) اچھلنا
کودنا - کھیلتے پھرنا - شور مچانا - دنگا کرنا -

ہڑک (ہ - مذکر) ۱ کسی
چیز کی خواہش - امنگ - ولولہ ۲ باؤلے
کتے کے کاٹنے کا اثر - اس میں انسان
باؤلے کتے کی طرح بولتا اور کاٹنے
کو دوڑتا ہے - **ہڑک اکھڑنا** (لازم)
شوق پیدا ہونا - **ہڑک اٹھنا
یا لگنا** (لازم) ۱ باؤلے کتے کی
طرح بولنا اور کاٹنے کو دوڑنا ۲
ولولہ اٹھنا - شوق پیدا ہونا - **ہڑک
جانا** (لازم) شوق جاتا رہنا -
حرص نہ رہنا - **ہڑکانا** (متعدی)
۱ خواہش پیدا کرنا - ترسانا ۲ نکال
دینا ۳ بے حوصلہ کرنا ۴ روکنا
منع کرنا - ٹھہرانا ۵ ناراض کرنا ۶
جھلسنا - **ہڑکائی** (صفت مونث) ۱
دیوانی - باؤلی - جو ہر ایک کو کاٹتی پھرے -
ہڑکائی کتیا (مونث) ۱ باؤلی کتیا
کتیا جو ہر ایک کو کاٹتی پھرے ۲
(صفت) لڑاکا - جھگڑالو - **ہڑکایا**
(صفت) ۱ باؤلا - دیوانہ ۲ بے صبر ۳
شوقین ۴ جسے سخت خواہش ہو - **ہڑکایا
بن گیا** - بدچلن اور غصیلے آدمی کے
متعلق کہتے ہیں - **ہڑکایا کتا** (مذکر)
دیوانہ کتا - باؤلا کتا - **ہڑکنا** (لازم)
۱ سخت خواہش ہونا ۲ رنج کرنا - کسی
کی جدائی کا رنج کرنا - خصوصاً بچے کا
۳ نکالا جانا ۴ روکا جانا - منع
کیا جانا ۵ ناراض ہونا ۶ جھلسا
جانا - **ہڑکیا** (ہ) دیکھو ہڑکایا۔

امثال و اقوال -

ہڑکایا بھلا پر کایا نہ بھلا -
دیوانہ اس شخص سے بہتر ہے جس
کی بے عزتی کی گئی ہو - ایسا شخص
سخت جانی دشمن ہوتا ہے -

ہڑک (ہ - مذکر) ۱ ایک
قسم کا باجا ۲ (ہ) بدمست آدمی
۳ ایک آبی پرندہ ۴ لاٹھی جس میں
لوہا چڑھا ہو ۵ دروازے کا
کھٹکا ۶ ڈگڈگی ۷ شیر کا غرانا -
ہڑکا (مذکر) دروازے کا کھٹکا -

ہڑکا (ہ - امر) ۱ ہڑکانا کا
۲ بچے کو کسی کی جدائی کا غم **ہڑکا
کرنا** (متعدی) بچے کا کسی کی جدائی
کا غم کرنا - **ہڑکانا** (متعدی) ۱
ترسانا - ہڑکانا ۲ کسی کی جدائی کا
غم کرنا - **ہڑکنا** (لازم) ۱ دیکھو
ہڑکا کرنا ۲ یاد کرنا ۳ (ہ) جھانکنا
ہڑکنی (ہ) رنڈی - طوائف -

ہڑکٹ (ہ - مذکر)
ایک پودہ -

ہڑگلا - ہڑگیلا
(ہ - مذکر) بڑا بگلا -

ہڑلو (اردو - مذکر) جسے
چند آدمی مل کر بے وقوف بنائیں -

ہڑنا (ہ - لازم) جانچا
جانا - پرکھا جانا -

ہڑنا (ہ - لازم) ذکر
کا استادہ ہونا -

ہڑنگا (ہ - مذکر) تباہی
بربادی -

ہڑہڑانا (ہ - لازم)
۱ کانپنا - تھرتھرانا - کھڑکھڑانا -
بجنا ۲ ستار کے تار کا آواز
دینا ۳ گرجنا ۴ جلدی کرنا -

ہڑہڑاہٹ (ہ -
مونث) ۱ کانپنا - تھرتھرانا
۲ کھڑکھڑاہٹ - گڑگڑاہٹ -
جھنجھناہٹ -

ہڑہڑی (ہ - مونث)
۱ کسان کی تانت کی آواز ۲ جلدی
تیزی ۳ گروہ - مجمع - بھیڑ -

ہز (انگ - ضمیر) اُس مرد کا **ہز آنر**
(مذکر) لفٹننٹ گورنر کا اعزازی خطاب - **ہز اگزالٹڈ
ہائینس** (مذکر) نظام حیدرآباد کا اعزازی خطاب -
ہز امپیریل میجسٹی (مذکر) شہنشاہ کا اعزازی
خطاب - **ہز رائل ہائینس** (مذکر) خاندان شاہی
کے مرد افراد کا اعزازی خطاب - **ہز میجسٹی** (مذکر)
بادشاہ کا اعزازی خطاب - **ہز ہائینس** (مذکر) راجہ
یا نواب کا اعزازی خطاب - **ہز ہولینس** (مذکر)
پوپ کا اعزازی خطاب - **ہز ایکسیلینسی** (مذکر) گورنر
وائسرائے اور شاہی ایلچیوں کا اعزازی خطاب -

ہزار (ف - عدد) دس سو - ۱۰۰۰
الف - ۲ (صفت) نہایت - بہت - بیحد ۳ (ف)
ہر چند - کتنا ہی - بہتیرا ۴ (مونث) بلبل - عندلیب
رس سہسر - **ہزارا** (مذکر) دیکھو ہزارہ - **ہزاراں**
(مذکر) ۱ ہزار کی جمع ۲ بلبلیں - **ہزاراں ہزار** (صفت)
بیحد - بہت - **ہزار بار** (ف) اکثر - بارہا - ہزار دفعہ -
ہزار پا (مذکر) کنکھجورا - **ہزار پر بھاری ہونا**
(لازم) بہت لوگوں پر غالب ہونا - بہت لوگوں
سے مقابلہ کرنے کے قابل ہونا - **ہزار جان سے**
(ف) از حد - نہایت ہی شوق سے - **ہزار جان
سے فدا (قربان) ہونا** (لازم) بیحد فریفتہ ہونا
سخت عاشق ہونا - **ہزار دل سے فدا
یا قربان ہونا** - دیکھو ہزار جان سے وغیرہ -
ہزار چشمہ (مذکر) سرطان بیماری - بند گھاؤ -
ہزار چند (صفت) ہزار گنا - بیحد - بہت - **ہزار
خانہ** (مذکر) ۱ شہد کی مکھیوں کا چھتا - مہال ۲

چوپاؤں کا دوسرا معدہ ۲ اوجھڑی۔ ہزار داستان
یا دستاں (مذکر) بلبل۔ عندلیب۔ گلدم کیونکہ
یہ بہت قسم کی بولیاں بولتا ہے۔ ہزار دانہ (مذکر)
ایک ہزار دانوں کی تسبیح۔ ہزار رنگ بدلنا
(متعدی) بہت بدلنا۔ بہت بیوفا
ہونا۔ ہزار سالہ عمر۔ ڈوم ڈھاڑی کسی معزز
کو دیکھ کر دعا دیا کرتے ہیں۔ ہزار ستون (مذکر)
ایک مشہور قصر جو اصطخر میں تھا۔ ہزار شکر (مذکر)
بیحد شکر۔ ہزار گائیں بیل باہنجی (صفت) فاحشہ۔
بدچلن عورت۔ ہزار گھر کی پھرنے والی (صفت)
وہ عورت جو بہت پھرے۔ آوارہ گرد عورت۔ ہزار
میں (تعف) بہت لوگوں کے سامنے۔ علانیہ ہزار
میں نہ چوکنا (لازم) علانیہ کہنے سے باز نہ رہنا۔
ہزار میں کہنا (متعدی) برملا کہنا۔ سرمجلس کہنا۔
ہزارواں (صفت) نو سو ننانویں کے بعد کا۔ ہزاروں
(مذکر) ہزار کی جمع۔ بہت۔ بیحد۔ بکثرت۔ ہزاروں
باتیں سنانا (متعدی) آوازے کسنا۔ برا بھلا کہنا۔
ہزاروں گھڑے پانی اسکے اپر جانا (لازم) بہت
شرمندہ ہونا۔ سخت خجل ہونا۔ شرم سے پسینہ پسینہ
ہونا۔ ہزاروں میں (تعف) ۱ ہزاروں آدمیوں میں ۲
علانیہ کھلم کھلا ۳ ضرور بالضرور۔ بلامبالغہ۔ شرطیہ۔
ہزارہ (مذکر) ۱ دوہرا گیندا۔ دوہرا لالہ۔ گل صد
برگ ۲ ایک قسم کا فوارہ۔ ہزارہا
(صفت) ۱ ہزار کی جمع فارسی میں ۲ بہت۔
بے حد۔ بکثرت۔ بیشمار۔ ہزار ہاتھ (تعف) ۱ ضرور
بالضرور۔ بلامبالغہ ۲ بہت۔ بیحد۔ بکثرت۔ ہزار
ہاتھ ہیں۔ دینے کے بہتیرے ڈھنگ ہیں (خدا
کے)۔ ہزاری (صفت) ۱ ہزار سے نسبت رکھنے
والا ۲ (مذکر) ہزار آدمیوں کا افسر ۳ ہزار آدمیوں
کی پلٹن ۴ (صفت) فاحشہ کا بیٹا ۵ شاہی زمانے
میں عہدوں کے ساتھ استعمال ہوتا تھا جیسے
پنج ہزاری۔ ہزاری بزاری (صفت) ۱ فوجی اور
عام لوگ ۲ عام لوگوں میں بیٹھنے والا ۳ کمینہ
سفلہ۔ رذیل ۴ تونگر جو تجارت کرے یا بازار کے
لائق ہو۔ ہزاری روزہ (مذکر) عموماً رجب کی
ستائیسویں تاریخ کا روزہ مشہور ہے کہ ہزار روزے
کا ثواب ہوتا ہے۔ ہزاری عمر (مونث) بہت
لمبی عمر۔ طویل عمر۔ ہزاری عمر ہو۔ عورتیں دعا
کے طور پر کہتی ہیں۔ ہزاری کا راچھ ہے۔

بڑا شریر۔ بدذات یا منفی ہے۔ ہزاری منصب
(مذکر) شاہی زمانے میں ایک قسم کا عہدہ جس قدر
تعداد کسی افسر کے ماتحت رہتی تھی اس کے موافق
اس عہدے کا نام ہوتا تھا۔ جیسے پنج ہزاری۔
ہفت ہزاری۔

امثال واقوال ۔ ہزار
آفتیں ہیں ایک دل لگانے میں۔ عشق میں
سینکڑوں مصیبتیں ہوتی ہیں۔ ہزار باتوں
کی ایک بات۔ مختصر اور عمدہ بات۔ ہزار برس
کا ریزا اور نہی ناؤں۔ دیکھو۔ برعکس نہند نام
ہزار بھڑوے مریں تو ایک خدمتگار ہووے
انگریزوں کے ملازم بہت بدچلن اور چالاک ہوتے
ہیں ان پر طنز ہے۔ ہزار جوتیاں لگیں اور
عزت نہیں گئی بے حیا کے متعلق کہتے ہیں۔ ہزار
جوتیاں ماروں اور ایک نہ گنوں۔ کسی سے
اظہار ناراضگی کے موقع پر کہتے ہیں۔ ہزار دوا
اور ایک دعا۔ بیمار کے لئے دعا ضرور کرنی
چاہیئے اس سے زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ ہزار
دواؤں کی ایک دوا پرہیز ہے۔ مضر
اشیاء سے پرہیز کرنا ہی اچھا ہے۔ ہزار
رنڈیاں مریں تو ایک آیا ہو۔ انگریزوں
کی آیا بہت چالاک اور عموماً بدچلن ہوتی ہے
اس پر طنز ہے۔ ہزار علاج اور ایک پرہیز
بیماری میں پرہیز سے علاج کی نسبت زیادہ
فائدہ ہوتا ہے۔ ہزار کہو اس کے کان پر
ایک جوں نہیں چلتی۔ کچھ کہو اس پر اثر ہی
نہیں ہوتا۔ ہزار لاٹھی ٹوٹی ہو کھرا۔
کے برتن توڑنے کے لئے کافی ہے۔ ٹوٹا
پھوٹا ہتھیار بھی کام کر ہی جاتا ہے۔ ہزار منہ ہزار
باتیں۔ جتنے منہ اتنی باتیں۔ ہزار نعمت اور
ایک تندرستی۔ تندرستی کے آگے نعمت کی کچھ
حقیقت نہیں۔ ہزار ہاتھ کا ہن کو آئے۔
کیسے ذی عزت بنے۔ کس قدر اعلیٰ مرتبہ حاصل
کیا۔ ہزار ہاتھی لٹے گا پھر بھی سوا لاکھ ٹکے
کا۔ امیر اور مالدار کے مفلس ہو جانے پر بولتے
ہیں۔

ہزال (ع۔ صفت) مسخرا۔ ٹھٹھے باز
(ہزل۔ ٹھٹھا کرنا)

ہُزال (ع۔ مذکر) جسم کی لاغری
(ہزل۔ دبلا ہونا)

ہزبر (ع۔ مذکر) ۱ شیر ببر ۲
(صفت) موٹا۔ مضبوط ۳ بہادر۔

ہزج (ع۔ مونث) علم عروض کی
ایک بحر یا وزن۔

ہزدہ (ف۔ عدد) اٹھارہ۔
ہزدہ ہزار عالم (مذکر) اٹھارہ ہزار قسم کی مخلوقات۔

ہزل (ع۔ مونث) ۱ بیہودہ باتیں
بیہودہ مذاق۔ گالی گلوچ۔ فحش باتیں۔ تمسخر ۲
وہ نظم جس میں مسخرے پن کے مضامین ہوں (ہزل۔
ٹھٹھا کرنا) ہزل گو (صفت) ۱ بیہودہ گو ۲ مذاقیہ
نظم کہنے والا ہزل گوئی (مونث) ہزل کہنا ہزلیات
(مونث) ہزل کی جمع۔

ہزم (ع۔ مذکر) فوج کو بھگا
دینا۔ شکست دینا۔ بھاگڑ (ہزم۔ بھگا دینا)

ہزیمت (ع۔ مونث) ۱ بھگدڑ
۲ شکست۔ ہار (ہزم۔ بھگا دینا) ہزیمت اٹھانا
(متعدی) ۱ شکست کھانا ۲ بھاگنا۔ پسپا ہونا ہزیمت
خوردہ (صفت) شکست کھایا ہوا۔ وہ جسے شکست
ہوئی ہو (فوج)۔ ہزیمت کھانا (متعدی) ۱ پسپا
ہونا۔ شکست کھانا ۲ بھاگ جانا۔

ہژدھائی (ف۔ صفت) دیکھو
اژدھائی۔

ہژدہ (ف۔ عدد) دیکھو ہزدہ۔

ہس (س۔ مذکر) ۱ حرف صحیح
۲ ہنسی۔ ٹھٹھا۔ مذاق ۳ (ھ) ہنس۔

ہسا۔ ہسانا۔ ہسائی۔ ہسنا
(ھ) دیکھو ہنسا وغیرہ۔

ہست (ف۔ حال) ۱ ہستن کا۔ وہ
ہے ۲ (مونث) ہستی۔ وجود۔ قیام۔ کائنات ۳
زندگی۔ حیات۔ زیست۔ ہست بود (مونث)
زندگی بسر کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) ہست کرنا
(متعدی) موجود کرنا۔ پیدا کرنا۔ عالم وجود میں
لانا۔ ہست نیست۔ ہاں نہیں۔ فارسی میں استعمال
نہیں ہوتا۔ ہستی (مونث) ۱ وجود۔ قیام۔ موجودگی
۲ زیست۔ ہست۔ کائنات ۳ موجودات۔ مخلوقات
۴ حیات۔ زندگی ۵ حقیقت۔ اصل۔ بساط ۶
مجال۔ تاب۔ طاقت ۷ دولت۔ ثروت ۸
دنیا ۹ ذات ۱۰ خودبینی۔ خودپسندی۔ ہستی

جاوداں (مونث) ہمیشہ کی زندگی۔ حیات ابدی
ہستی دوروزہ۔ فانی یا موہوم (مونث)
دوروزہ زندگی۔ چند روزہ زندگی۔
اقوال۔ ہست نیست برابر
ہے۔ اسکا ہونا نہ ہونا ایک ہی بات ہے۔
نالائق کے متعلق کہتے ہیں۔ ہستی کا کیا بھروسہ
زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں۔ کسی وقت موت آجائے

ہَنسْت (س۔ فاعل) ۱۔ ہنسنے
والا ۲۔ مسکرانے والا ۲ (ھ) ماضی ناتمام ہنستا۔

ہَسْت (س۔ مذکر) ۱۔ ہاتھ ۲۔
ہاتھی کی سونڈ ۳۔ ہاتھ (ماپ) ۴۔ بازو ۵۔ خط تحریر
۶۔ وھوکنی ۷۔ بہتات۔ افراط **ہستا** (مونث) ہاتھ
ہست پال (مذکر) ہاتھی بان۔ **ہستِن**
(صفت) ۱۔ ہاتھ والا ۲۔ چالاک کاریگر ۳۔ (مذکر)
ہاتھی۔ **ہستنی** (مونث) عورتوں کی چار قسموں میں
سے ایک۔ اس کے موٹے ہونٹ۔ بھاری چوتڑ۔ موٹی
انگلیاں۔ بڑے بڑے پستان اور ملیح رنگت ہوتی
ہے اور یہ بڑی پُر شہوت ہوتی ہے۔ **ہستی**
(مذکر) ہاتھی۔ **ہستی دانت** (مذکر) ہاتھی دانت۔

ہسٹری (انگ۔ مونث) تاریخ
ہسٹری سِٹ (مذکر) پرچہ حالات وہ کاغذ
جس میں ملزم کے حالات لکھے ہوئے ہیں۔

ہَسَرہ (س۔ صفت) ۱۔ ہنسنے
والا ۲۔ بیوقوف۔

ہسکا رہ۔ مذکر (ھ) ریس۔
نقل۔ برابری۔ مقابلہ کرنا ہونا کے ساتھ ہسکا
ہسکی (نخ) ایک دوسرے کی ریس۔

ہسکانا (اردو۔ متعدی) تیز و منور
کرنا (غفت)

ہَس مُکھ (ھ۔ صفت) دیکھو
ہنس مکھ۔

ہَسَن (س۔ مذکر) ہنسنے یا مسکرانے
کا فعل ہنسنا۔ قہقہہ مارنا۔

ہَسَنکا (س۔ مذکر) ہَسَنتی ہَسَنی
(مونث) انگیٹھی چھوٹا چولھا یا تنور جو ایک جگہ سے
دوسری جگہ لے جاسکیں۔

ہَسی (ھ۔ مونث) ہنسی۔

ہَسیارہ۔ مذکر (درانتی گھاس
یا ترکاری کاٹنے کا اوزار۔

ہُش (ف۔ مونث) ۱۔ کتے کو
دھتکارنے کی آواز ۲۔ اونٹ کے بٹھانے کی آواز ۳۔
پرندوں کو اڑانے کی آواز۔

ہَشّاش (ع۔ صفت) ۱۔ خوش
شاداں۔ بشاش ۲۔ ہنس مکھ (مِش۔ خوش ہونا) **ہشاش
بشاش** (صفت) بہت خوش۔ خوش اور ہنستا ہوا
ہشاش بشاش ہوکر بولنا (لازم) خوش ہوکر
بات کرنا۔

ہَشت (ف۔ عدد) آٹھ۔
ہشتاد (عدد) ۸۰۔ **ہشت باغ**۔ **بستان یا
بہشت** (مذکر) مسلمانوں کے اعتقاد کے موافق آٹھ
بہشت ۱۔ خلد ۲۔ دارالسلام ۳۔ دارالقرار ۴۔ عدن
۵۔ ماویٰ ۶۔ نعیم ۷۔ علیین ۸۔ فردوس۔ **ہشت
پہلو** (صفت) آٹھ پہلو کا **ہشت وم** (صفت) اٹھارھواں
ہشت صد (عدد) آٹھ سو۔ **ہشت گنج** (مذکر) خسرو
کے آٹھ خزانے ۱۔ گنج عروس ۲۔ گنج بادآور ۳۔ دنبائے
خسرو ۴۔ گنج افراسیاب ۵۔ گنج سوختہ ۶۔ گنج خضرا ۷۔
گنج شادآورد ۸۔ گنج بار **ہشت گوشہ** (صفت)
آٹھ کونوں کا۔ **ہشتم**۔ **ہشتمی**۔ **ہشتمیں** (صفت) آٹھواں
ہشت ماوے یا صرعی (مذکر) آٹھ بہشت
ہشت منظر (مذکر) ۱۔ آٹھ آسمان ۲۔ منطقۃ البروج
اور آٹھ ستاروں کے گردش کے راستے۔

رہشت (ف۔ مذکر) ۱۔ پھنکار
۲۔ سیٹی ۳۔ کتے وغیرہ کو ہنکانے کی آواز ۴۔ اونٹ
کو بٹھانے کی آواز۔

ہُشت (ف۔ کلمہ) ۱۔ کسی امر
سے روکنے جھڑکنے یا نفرت ظاہر کرنے کے لئے
بولا جاتا ہے ۲۔ دیکھو ہشت ۳ و ۴۔ **ہشت
مُشت** (مونث) لات گھونسا۔ مار کٹائی۔ دھینگا
مشتی۔ جوتی پیزار۔

ہُشکارنا (ہ۔ متعدی) ۱۔ کتے
کو کسی طرف بھونکنے کی ترغیب دینا ۲۔ کسی آدمی
کو اشتعال دے کر کسی طرف راغب کرنا۔ اکسانا
(ہش سے)

ہُشیار (ف۔ مذکر) ہوشیار کا
مخفف۔ دیکھو ہوشیار اور مشتقات۔

ہَضم (ع۔ مذکر) ۱۔ معدے
میں کھانے کا گلنا جس وقت کھانا دانتوں سے
پس کر اور لعاب دہن سے مل کر معدے میں پہنچتا
ہے۔ تو معدے سے پت نکل کر اس میں شامل ہو
جاتا ہے۔ جس کے کیمیاوی اثر سے کھانا گھل کر
لئی کی طرح ہو جاتا ہے۔ اسے ہضم کہتے ہیں
ساتھ ہی حرارت پیدا ہو جاتی ہے جو بدن اور خون
کو گرم رکھتی ہے۔ اس کے بعد یہ تپلی لئی معدے
سے انتڑیوں میں جاتی ہے۔ اس میں سے بدن
کی پرورش کرانے والے اجزا خون میں چلے جاتے ہیں
اور فضلہ پاخانے کے رستے نکل جاتا ہے ۔ پچاؤ
تحلیل ۲۔ خیانت۔ تغلب۔ غبن۔ چوری (ہضم۔ پچانا)
ہضم کر جانا یا کرنا (متعدی) ۱۔ پچانا۔ تحلیل کرنا
غذا کا ۲۔ غبن کر لینا۔ مال مارنا **ہضم ہونا** (لازم)
۱۔ پچنا۔ غذا کا تحلیل ہونا۔ مال مارا جانا۔ غبن ہونا
۲۔ غبن کا خفیہ رہنا یا ظاہر نہ ہونا۔

ہَفت (ف۔ عدد) سات (۷)
ہفت آسیا (مذکر) سات سیاروں کی گردش کے
دائرے **ہفت آئینہ یا اختر** (مذکر) دیکھو سبع سیارہ
ہفتاد (عدد) ستر **ہفتاد پشت** (مونث) ۱۔ ستر
پشتیں ۲۔ کثرت **ہفتاد و دو تن** (مذکر) بہتر
اشخاص۔ کربلا میں یزید کی فوجوں کے مقابلے پر
حضرت امام حسینؑ کے ہمراہیوں کی تعداد کل بہتر
تھی۔ **ہفتاد و دو** (عدد) بہتر۔ **ہفتاد و دو
شاخ** (مونث) ۱۔ مسلمانوں کے بہتر فرقے ۲۔ دنیا
کی مختلف قومیں اور مذاہب ۳۔ قرآن شریف پڑھنے
کے بہتر طریقے۔ **ہفتاد و دو کشتی** (مذکر) دیکھو
آخری ۱ و ۲ **ہفتاد و دو فرقہ** یا **ملت** (مذکر)
مسلمانوں کے ۷۲ فرقے۔ **ہفت اژدہا** (مذکر)
سات سیارے۔ **ہفت اعضا** (مذکر) ۱۔ سات
اعضا ۲۔ تمام بدن۔ **ہفت اقلیم** (مذکر) سات
ملک عرب۔ ایران۔ توران۔ ہند۔ چین۔ مصر۔
یونان ۲۔ کل دنیا **ہفت الوان** (مذکر) مختلف
قسم کے کھانے خصوصاً جو حضرت عیسیٰ ۲۔ پر اترے
تھے ۱۔ روٹی ۲۔ گوشت ۳۔ نمک ۴۔ سرکہ ۵۔ شہد
۶۔ مکھن ۷۔ حلیم۔ **ہفت اندام** (مذکر) ۱۔ بدن
کے سات عضو سر۔ چھاتی پیٹ۔ دو ہاتھ۔ دو پاؤں
۲۔ (مونث) شاہ رگ جو خون کو سارے بدن میں پہنچاتی
ہے **ہفت اوتاد** (مذکر) سات ستارے **ہفت
اورنگ** (مذکر) ۱۔ سبع سیارہ ۲۔ دیکھو ہفت رنگ
۳۔ سات آسمان ۴۔ دب اکبر کے سات ستارے۔
ہفت ایوان (مذکر) سات آسمان **ہفت باز**

(مذکر) ایک قسم کا جھنڈا جس میں سات کپڑے ہوتے
ہیں ۔ ہفت بام (مذکر) سات آسمان ۔ ہفت
بانو (مذکر) سبع سیارہ ۔ ہفت برادران (مذکر)
دب اکبر کے سات ستارے ۔ ہفت برگ (مذکر)
ایک درخت جس کے پتے پھل وغیرہ دواؤں میں
کام آتے ہیں ۔ ہفت پردہ (مذکر)
۱ سات آسمان ۲ آنکھ کے سات پردے ۳ گانے
کے سات سُر ۔ ہفت پردۂ ازرق (مذکر)
سات آسمان ۔ ہفت پردۂ چشم (مذکر) آنکھ کے
سات پردے ۔ ہفت پُشت (مذکر) سات پیڑھی
ہفت پشت (مونث) سات پیڑھی ۔ ہفت پیر
(مذکر) قرأت کے سات امام ۱ ابن عامر دمشقی ۲
ابن کثیر مکی ۳ ابو عمر بصری ۴ نافع مدنی ۵ حمزہ
کوفی ۶ عاصم کوفی ۷ علی کسائی کوفی ۔ ہفت پیکر
(مذکر) ۱ سات ستارے ۲ سات آسمان ۔ ہفت
تن (مذکر) سات سیارے ۔ ہفت تناں (مذکر)
۱ اصحاب کہف ۲ وہ سات مقدس اشخاص جن کی
وجہ سے دنیا قائم ہے ۔ ہفت جوش (مذکر) ۱
دھات جو سات دھاتوں سونا چاندی تانبا لوہا
رانگا جست اور سیسہ سے مرکب ہو ۲ (صفت)
سات دفعہ اوبالا یا جوش دیا ہوا ۔ ہفت
چشمۂ بہشت (مذکر) بہشت کے سات چشمے
۱ کوثر ۲ تسنیم ۳ زنجبیل ۴ سلسبیل ۵ کافور ۶
معین ۷ ہیم ۔ ہفت حرف آبی (مذکر) ث
ج ۔ ز ۔ س ۔ ظ ۔ ق ۔ ش ۔ ہفت حرف
آتشی (مذکر) ا ۔ ہ ۔ ش ۔ ط ۔ ف ۔ م ۔ ک ۔
ہفت حرف استعلا (مذکر) خ ۔ ص ۔ ض
ط ۔ ظ ۔ غ ۔ ق ۔ ہفت حرف خاکی (مذکر)
ح ۔ خ ۔ د ۔ ر ۔ ع ۔ غ ۔ ل ۔ ہفت حرف
ہوائی (مذکر) ب ۔ ت ۔ ص ۔ ض ۔ ن ۔ و ۔
ی ۔ ہفت حکایات (مونث) ۱ سات
کہانیاں جو بہرام گور کو سات لڑکیوں نے سنائی
تھیں ۲ سات بڑے عضو ۔ ہفت خاتون
(مونث) سبع سیارہ ۔ ہفت خراس (مذکر)
سات آسمان ۔ ہفت خزینہ (مذکر) ۱ بدن کے
اندر کے سات حصے ۔ معدہ ۔ جگر ۔ دل پھیپھڑے
پتہ ۔ تلی ۔ گردے ۲ سات آسمان ۔ ہفت خضرا
(مذکر) سات آسمان ۔ ہفت خط (مذکر) سات
لکیریں جو جمشید کے پیالے میں تھیں ۱ خط ازرق

۲ خط اشک ۳ خط بصرہ ۴ خط بغداد ۵ خط
جور ۶ خط فرودینہ ۷ خط کاسہ گر ۔ ہفت خلیفہ
(مذکر) ۱ دیکھو ہفت خزینہ ۲ روح ۔ عقل ۔ نظر ۔
سمع ۔ حضر ۔ شامہ اور لامسہ ۳ پیشانی ہتھیلیاں
گھٹنے ۔ پاؤں کے انگوٹھوں کے سرے جو سجدے
میں زمین پر لگتے ہیں ۴ دل کے سات حصے ۵
سات مصیبتیں ۔ ہفت خُم (مذکر) سات آسمان
ہفت خوان (مذکر) ۱ ایران اور توران کے مابین
سات مقامات جو رستم سات دن میں طے کر کے
کیکاؤس کو چھڑانے کیلئے ماژندران پہنچا تھا ۲
نہایت مشکل کام ۔ ہفت دانہ (مذکر) ایک قسم
کی شیرینی جس میں سات قسم کے میوے ہیں ۔
دسویں محرم کو ایران میں تقسیم کیجاتی ہے ۔ ہفت
دریا (مذکر) سات سمندر ۔ ہفت دوزخ (مذکر)
دوزخ کے سات طبقے ۱ سقر ۲ سعیر ۳ لظی ۴ حطمہ
۵ جحیم ۶ جہنم ۷ ہاویہ ۔ ہفت راہ (مونث) آنکھ کے
سات پردے ۔ ہفت رنگ (مذکر) سات رنگ
جو سات ستاروں کے متعلق ہیں ۱ سیاہ زحل یا
سنیچر کے ۲ بادامی مشتری یا برہسپت کے ۳
سُرخ مریخ یا منگل کے ۴ زرد سورج یا سریہ
کے ۵ سفید زہرہ یا شکر کے ۶ نیلا عطارد یا بدھ کے
۷ سبز قمر یا چندرماں کے ۔ ہفت رنگی (صفت) ۱ مختلف
رنگوں کا ۲ مکار ۔ ہفت روزہ (مذکر) وہ کاغذ
جس میں ایک ہفتہ کی کارگذاری دفتروں کی درج
ہوتی ہے ۔ ہفت زبان (صفت) وہ شخص جو
سات زبانیں جانتا ہو ۔ ہفت زبان ہونا
(لازم) بہت سی باتیں جاننا ۔ ہفت زمین
(مذکر) دیکھو ہفت اقلیم ۔ ہفت سلام (مذکر)
سات سلام جو قرآن شریف میں ہیں ۱ سلامٌ
قولاً من رب الرحیم ۲ سلامٌ علیٰ ابراہیم ۳ سلامٌ
علیٰ نوحٍ فی العالمین ۴ سلامٌ علیٰ موسیٰ
وھارون ۵ سلامٌ علیٰ الیاسین ۶ سلامٌ
طبتم فادخلوھا خالدین ۷ سلامٌ ھی حتیٰ
مطلع الفجر ۔ ہفت سلطان (مذکر) سات
بادشاہ جو باطنی بھی خیال کئے جاتے ہیں ۱
امام رضا شاہ خراسان ۲ ابراہیم ادھم ۳ بایزید
بسطامی ۴ ابو سعید ابو الخیر ۵ محمود غزنوی ۶
سنجر ۷ اسماعیل سامانی ۔ ہفت طبق (مذکر) ۱
سات آسمان سات زمینیں ۔ ہفت قرا (مذکر)

دیکھو ہفت پیر ۔ ہفت قرات (مونث)
قرآن شریف پڑھنے کے سات طریقے ۔ ہفت
قلزم (مذکر) دیکھو سات سمندر ۔ ہفت قلم
(مذکر) ۱ سات لکھنے کے طریقے ۔ ثلث ۔ محقق
توقیع ۔ ریحان ۔ رقاع ۔ نسخ ۔ تعلیق ۲ (صفت)
وہ شخص جو ساتوں قسم کے خط لکھنے جانتا ہو
بہت خوش نویس ۔ ہفت کشور (مذکر) دیکھو
ہفت اقلیم ۔ ہفت کہنہ (مذکر) سات پرانی
چیزیں جو اچھی ہوتی ہیں ۱ دوست ۲ واقف
۳ کتاب ۴ شراب ۵ حمام ۶ تلوار ۷ چینی کے
برتن ۔ ہفت گاہ گردوں یا گرہ (مذکر) سات
آسمان ۔ ہفت گنبد ۱ سات آسمان ۲ سات
گنبد جو بہرام گور نے بنائے تھے ۔ ہفت
گنج خسرو پرویز کے سات خزانے ۔ ہفت
گنجینہ (مذکر) سونا چاندی ۔ رانگا ۔ سیسہ ۔
لوہا ۔ تانبا ۔ پیتل ۔ ہفت گوشہ (صفت) سات
کونے والا ۔ ہفتم (صفت) ساتواں ۔ سات
سے نسبت رکھنے والا ۔ ہفت ملت (مذکر)
مسلمانوں کے سات بڑے فرقے ۱ اہل سنت
والجماعت ۲ رافضیہ ۳ خارجیہ ۴ جبریہ ۵ قدریہ
۶ جہمیہ ۷ مرجیئہ باقی بہتر ان کی شاخیں ہیں
ہفت منزل (مذکر) ۱ ساتوں آسمان ۲ قرآن
شریف کی ساتوں منزلیں ۔ ہفتمین (صفت) ساتواں
ہفت میوہ (مذکر) سات میوے ۱ انگور ۲
سیب ۳ آلو بخارا ۴ خرما ۵ کشمش ۶ انجیر ۷
شفتالو ۔ ہفت وشش (صفت) سات
آسمان اور چھ اطراف ۔ ہفت ونہ (صفت)
سات و نو چیزیں عورتوں کے سنگار اور زیور ۔
سات سنگار ۱ حنا ۲ وسمہ ۳ سرمہ ۴ سرخی ۵
سفیدہ ۶ زرق اور ۷ غالیہ ۔ نو زیور ۱ سر
آویزہ ۲ گوشوارہ ۳ سلسلہ ۴ حلقۂ بینی ۵
گلوبند ۶ بازوبند ۷ دست برنجن ۸ انگشتر
۹ خلخال ۔ ہفت وحشت (مذکر) ۱ جھگڑا تکرار
۲ مقدمہ بازی ۳ کتے کا بھونکنا ۔ ہفتہ (مذکر)
۱ سات دن ۔ سات دن کا عرصہ ۲ سنیچر شنبہ
۳ ساتواں دن ۔ ہفتہ دوست (مذکر) ۱
معمولی واقف ۲ وہ جو روز نیا دوست کرے ۔
ہفت ہزاری (مذکر) شاہان مغلیہ کے زمانے
کا ایک بڑا عہدہ ۔ سات ہزار فوج کا سردار

ہفتہ عشرہ (مذکر) تھوڑا سا عرصہ۔ آٹھ دس روز کا زمانہ ہفت ہیکل (مونث) ۱ ایک دعا کا نام ۲ سات آسمان ۳ سات زمینیں۔ ہفتے (مذکر) ہفتہ کی جمع ہفتے جڑنا یا گانٹھنا (متعدی) پہلوانوں کی اصطلاح حریف کے بازوؤں کے نیچے سے اپنے ہاتھ نکال کر اس کی گردن پکڑ لینا ہفتے کا دن (مذکر) سنیچر۔

ہَفدَہ (ف۔ عدد) سترہ۔

ہفدم (صفت) ستارھواں۔

ہَفت نظر (اردو۔ کلمہ) دعو چشم بددور۔ نظر بد کو دفع کرنے کیلئے کہتی ہیں۔

ہَفنِیَم (انگ۔ مذکر) ایک عنصر ...بات۔

ہَفوات (ع۔ مونث) بیہودہ باتیں۔ غلطیاں ہفوت کی جمع (ہَفو۔ غلطی کرنا)

ہَفَئی (ہ۔ صفت) چالاک۔ ہوشیار چست۔

ہَفی (اردو۔ مذکر) افعی کا لہند (مت)

ہَک (ہ۔ صفت) ہکّا کا مخفف ہک بک رہجانا (لازم) متحیر و ششدر رہجانا ہک نہ دھک (تف) بیدردی سے۔

ہَک (انگ۔ مذکر) ۱ آہنی خمدار میخ ۲ وہ کیل جس کو گھنڈی کی جگہ کپڑوں میں لگاتے ہیں۔

ہکّا (س۔ مونث) ہچکی۔

ہکّا بکّا (ہ۔ مونث) حیران۔ متحیر۔ حواس باختہ۔ سراسیمہ۔ گھبرایا ہوا متعجب (س۔ ہَک) حیران ہکّا بکّا رہنا۔ ہو جانا۔ یا ہونا (لازم) حیران ہونا۔ متحیر ہونا۔

ہکبکانا (ہ۔ متعدی) حیران ہونا۔ گھبرا جانا (ہکّا بکّا سے)

ہَک وَک (ہ۔ مونث) ۱ پس و پیش ۲ (صفت) ہکّا بکّا۔ حیران پریشان ہک وک رہ جانا (لازم) اچنبھے کے عالم میں رہجانا۔ حیران رہجانا ہک نہ وک (تف) اچانک۔ یکا یک۔

ہَکذا (ع۔ تف) اسی طرح۔

ہَکراوا (ہ۔ مذکر) ۱ بلانا ۲ آواز دینا ۳ ہاہا و ایمن۔ ہَکر ہَکر کرنا (اردو۔ متعدی) بھوک پیاس کمزوری وغیرہ سے مشکل سے سانس لینا۔

ہَکری (ہ۔ مونث) سرکنڈہ جو دلدلی زمین میں کاشت کیا جائے۔

ہَکلا (ہ۔ صفت) وہ جو لکنت کرے (س۔ ہَک ہکلنت کرنا) ہکلاپن (مذکر) لکنت ہکلانا (متعدی) لکنت کرنا۔ زبان کا لڑکھڑانا ہکلی (صفت۔ مونث) ہکلا کی۔

ہَگ (ہ۔ امر) ۱ ہگنا کا ۲ (ہ) پیخانہ۔ براز (س۔ ہٹ۔ پاخانہ) ہگا (ماضی) ۱ ہگنا کی ۲ (امر) ہگانا کا۔ ہگاس (مونث) پاخانہ پھرنے کی خواہش یا حاجت (لگنا کے ساتھ) ہگاسا (صفت) وہ جس کا پاخانہ نکلنے کے قریب ہو۔ ہگاسی بطخ (صفت) ڈرپوک۔ ہگانا (متعدی) پاخانہ پھرانا۔ ہگ بھرنا (متعدی) بہت ہگنا جگہ جگہ ہگنا۔ ہگ دینا (متعدی) دیکھو ہگ مارنا ہگ کونے میں مٹی سرکا کے۔ کمینہ ذلیل مخالف کی نسبت (غف) ہگ مار پھڑ سے۔ کسی کے حوصلے سے زائد کام کرنے پر اس کی تضحیک کرنا۔ ہگ مارنا (متعدی) ۱ پاخانہ پھر دینا ۲ خوف سے بدحواس ہو جانا ہگنا (متعدی) پاخانہ پھرنا۔ براز کرنا۔ ہگنڈا (ہ) ہگنے سے لتھڑا ہوا۔ ہگنوٹی (ہ) ہگنہٹی (ہ) ہگنیٹی (ہ) وہ جگہ جہاں لوگ ہگنے کے لئے جائیں۔ ہگو ہگوڑا (صفت) بار بار ہگنے والا۔ ہگوان (ہ) دست پیچش۔

امثال۔ ہگاسے لڑکے کے نتھنے پہچانے جاتے ہیں۔ صورت سے حالت ظاہر ہو جاتی ہے۔ ہگا نہ گھر رکھا۔ ایسا کام ہی نہ کیا جو تکلیف کا باعث ہو ہگنا تھوڑا اور پیٹ پیٹ بہت۔ کام تھوڑا کرنا اور شور بہت مچانا ہگ نہ سکیں پیٹ کو پیٹیں۔ کام ہو نہیں سکتا گھبرا جاتے ہیں ہگے اور آنکھیں گر پڑے۔ قصور کرکے الٹا دھمکانا۔

ہَگّ (س۔ مذکر) ایک لغت نویس۔

ہَل (ہ۔ مذکر) زمین جوتنے کا آلہ۔ وہ آلہ جس سے زمین کھود کر کاشت کے لئے نرم بناتے ہیں (س۔ ہَل) ہلائی (ہ) ہل چلانا قلبہ رانی (کرنا ہونا کے ساتھ) ہلا پتا (ہ) موسم میں پہلی دفعہ ہل چلانا۔ ہل برار (مونث) ہلوں کی تعداد پر مالگزاری۔ ہل بندی (مونث) ۱ دیکھو ہل برار ۲ وہ زمین جو کسی کے زیر کاشت ہو۔ ہل پھیرنا (متعدی) ہل جوتنا (غف) ہل تَنڈی (ہ) وہ ہل جس سے نالیاں بنائیں۔ ہل جوتا (مذکر) ہل چلانے والا۔ قلبہ ران ہل جوتنا یا چلانا (متعدی) قلبہ رانی ہونا۔ کھیت میں ہل سے زمین کھودی جانا۔ ہلواہا (ہ) ہل چلانے والا۔ کاشتکار۔ ہلواہی (مونث) ۱ ہل چلانے کا پیشہ۔ ہل چلانا ۲ کاشت۔ زراعت ۳ وہ روپیہ جو زمیندار ہل چلانے والے کو پیشگی دیتا ہے ۴ وہ جس پر کوئی سود نہیں لگتا (کرنا ہونا کے ساتھ) ہلوائی (ہ) ۱ ایک ذات ۲ اس ذات کا ایک فرد ۳ (مونث) ہل چلوانا ہلدار (مذکر) وہ جس کے پاس ہل ہو۔ ہل ساری (مونث) دیکھو ہل بندی ہل ہانکتے کو دوں پھانکتے۔ گھبرائے ہوئے مضطرب۔ ہلی (ہ) ۱ ہل کا یا اس کے متعلق ۲ بلرام کا لقب۔ ہلیاک۔ ہلیاگ (ہ) ہل چلانے والے کی تنخواہ۔

مثل۔ ہلواہی چرواہے کو۔ دیکھو جس کا کام الخ۔

ہَل (ع۔ کلمہ) ۱ خبردار ۲ آؤ۔ لاؤ۔

اقوال۔ ھَل جزاء الا حسان الا الاحسان۔ قرآن شریف کی آیت ہے۔ نیکی کا بدلہ نیکی ہے ۔ ہل من مزید۔ قرآن شریف کا ایک جملہ ہے۔ کہ جب دوزخی دوزخ میں جائیں گے تو دوزخ پکار کر کہیگا۔ کوئی اور بھی ہو تو لاؤ۔

ہَل (انگلستان) یارکشائر کا ایک بندرگاہ (۳۱۴) پورا نام کنگسٹن آن ہل ہے۔

ہِل (ہ۔ امر) ہلکنا کا ہلا (امر) ۱ ہلانا کا ۲ (ماضی) ہلنا کی (س ہور۔ ہلنا) ہلا جُلا یا جھلا (ہ) دیکھو ہلا ملا (رہنا کے ساتھ) ہلا دینا (متعدی) ۱ جنبش دینا ۲ دہلا دینا۔

لرزہ کر دینا۔ زلزلہ ڈال دینا ہلا مارنا (متعدی) پریشان کرنا۔ ہلکان کرنا۔ ہلا ملا (صفت) مانوس ہلا ہؤا۔ ہلا ملا رہنا (لازم) مل جل کر رہنا ہلانا (متعدی) ہلنا کا۔ ہلاوہ (ھ) ۱ ہلانے والا ۲ سہنے والا۔ ہلاؤ (ھ) ہلنا۔ حرکت کرنا۔ لرزنا۔ ہلا ہونا (لازم) مانوس ہونا۔ ہل جانا (لازم) ۱ کانپ جانا۔ لرزجانا ۲ متحرک ہوجانا ۳ مانوس ہوجانا۔ خوگر ہوجانا سدھ جانا۔ ہل ڈول (ھ) ۱ ہلنا۔ حرکت کرنا ۲ حرکت جنبش۔ ہل کر پانی نہ پی سکنا (لازم) بہت کمزور ہوجانا۔ ہل کر پانی نہ پینا (لازم) ۱ اپنے ہاتھ سے کوئی کام نہ کرنا ۲ سخت سست یا کاہل ہونا ۳ سخت کمزور یا ناتواں ہونا۔ ہل مل جانا (لازم) آپس میں مانوس ہوجانا۔ گھل مل جانا۔ ہلنا (لازم) ۱ متحرک ہونا ۲ لرزنا۔ کانپنا۔ تھرتھرانا ۳ مانوس ہونا خوگر ہونا سدھنا۔ عادی ہونا ۴ اپنی جگہ سے جنبش کرنا ۵ کسی کام کے لئے آمادہ ہونا ۶ ہیبت یا رعب سے گھبرا جانا یا ڈر جانا۔ ہلنا ڈلنا (متعدی) حرکت کرنا۔ ہلنے کو جی نہ چاہنا (متعدی) بے حد کاہل یا مجہول ہونا۔ ہو بھی نہ ہوئی۔ دم بخود رہ گیا۔ کچھ بن نہ آیا۔

امثال۔ ہلاؤ نہ جلاؤ مجھے بیٹھے ہی کھلاؤ۔ کاہل آدمی کے متعلق کہتے ہیں جو کچھ کام نہ کرے۔ ہل نہ سکوں مرے سو بخرے اس کے متعلق کہتے ہیں جو بہت مانگے ہلی ملی گیدڑی سو سائے مانڈے کھا۔ کسی چیز کا ہلا ہؤا پھر پھر کر اسی جگہ جاتا ہے تاکہ وہ چیز پھر ہاتھ آئے۔

ہَلّا (ہ۔ مذکر) ۱ حملہ۔ دھاوا۔ تاخت۔ یورش۔ چڑھائی ۲ غل شور۔ غوغا (کرنا ہونا کے ساتھ) ہلا گلا (ھ) ۱ شور۔ غل ۲ بیہودہ گفتگو۔ بکواس۔

ہَلّا (ہ۔ مذکر) کام۔ دھندا۔ مشغلہ (کرنا ہونا کے ساتھ)

ہَلّا پتی۔ ہَلّا چلی (ہ۔ مونث) بھاگڑ۔ ہل چل۔ گڑبڑ۔

ہَلّاد (س۔ مذکر) ۱ خوشی لطف ہلادن (صفت) ۱ خوش کرنے والا ۲ بجلی ۳ اندر کا دباعفہ۔

ہلار (ھ۔ امر) ۱ ہلارنا کا ۲ (مذکر) ہلنا۔ جنبش۔ حرکت ۳ لرزنا۔ کانپنا ۴ گھبراہٹ۔ اضطراب۔ ہلارنا (متعدی) دیکھو ہلانا۔

ہُلاس (ہ۔ مونث) ۱ ناس نسوار ۲ (ھ) خوشی آنند (س ہل۔ خوش ہونا) ہلاس دانی (مونث) نسوار رکھنے کا چھوٹا ظرف ہلاس لینا (متعدی) نسوار ناک میں چڑھانا۔ ہلاس ہوجانا (لازم) خرچ ہوجانا۔

ہلاسو۔ ہُلاسی (ھ۔ صفت) خوش۔ آنند۔ مسرور۔

ہَلاک (ع۔ مذکر) ۱ فنا۔ مرگ موت۔ ہلاکت۔ کال۔ قتل۔ ضائع۔ تلف ۲ تباہی بربادی ۳ (صفت) آرزومند۔ خواہش مند۔ مشتاق ۴ پژمردہ مضمحل (تھک۔ مرنا) ہَلاکت (مونث) ۱ دیکھو ہلاک ۲ اور ۳ مرنا۔ نیست ہونا ۳ محنت مشقت۔ تھکاوٹ۔ ہلاکت کا باعث ہونا (لازم) موت کا سبب ہونا۔ ہلاک کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ مرنا۔ قتل ہونا ۲ تباہ ہونا برباد ہونا ۳ تھکنا مضمحل ہونا۔ ہلاکو (صفت) ۱ ہلاک کرنے والا۔ تباہ کرنے والا ۲ خطرناک ۳ قاتل۔ ہلاکی (مونث) موت۔ تباہی۔ ہلاکت۔

ہِلال (ع۔ مذکر) ۱ پہلی رات کا چاند۔ نیا چاند ۲ (ع) پہلی اور آخری دو رات کا چاند۔ چودھویں رات کے چاند کو بدر اور باقی کو قمر کہتے ہیں ۳ تشبیہاً ناخن یا ابروئے معشوق ۴ نجد کا ایک عرب قبیلہ جو گیارھویں صدی میں افریقہ چلا گیا تھا۔ ہلال ابرو (صفت) ہلال جیسی ابرو والا معشوق کی تعریف ہلال احمر ایک جماعت جو بیماروں اور جنگی زخمیوں کی مرہم پٹی کرتی ہے۔ اس کو انگریزی میں ریڈ کراس کہتے ہیں۔ ہلال وور ایک رکمان۔ ہلال کمان (صفت) جس کی کمان ہلال کی طرح ہو۔ بادشاہوں کی تعریف۔ ہلال رکاب (صفت) صاحب اقتدار بادشاہوں کی تعریف ہلالی (صفت) ۱ ہلال سے منسوب۔ ہلال کی وضع کا ۲ قوسی۔ نئے چاند کی مانند ۳ ایک قسم کا تیر ۴ قطع دائرہ۔

ہِلانا (ہ۔ متعدی) ۱ دیکھو ہل کے تحت میں ۲ (ھ) تیرانا۔

ہَلاہِل (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا زہر قاتل (س ہلاہل)

ہَلاہِل (ع۔ مذکر) ۱ زہر قاتل جس کا علاج نہ ہوسکے ۲ (صفت) مہلک۔ قاتل ۳ (عو) نہایت کڑوا یا تلخ (ہلہل۔ صاف کرنا شعر کو) ان معانی میں عربی میں استعمال نہیں ہوتا۔

ہُلاہکی (ھ۔ مونث) دیکھو ہلہکی۔

ہَلبَل (ہ۔ مونث) ۱ اضطراب گھبراہٹ۔ بےچینی ۲ جلدی (ہڑبڑ سے) ہلبلاہٹ ۱ ہلبلانا کا ۲ (صفت) مضطرب۔ بےچین۔ پریشان ہلبلانا (متعدی) ۱ گھبرانا۔ پریشان ہونا۔ بوکھلانا ۲ جلدی کرنا۔ ہلبلاہٹ۔ ہلبلی (مونث) ۱ گھبراہٹ۔ بوکھلاہٹ ۲ جلدی۔

ہَلبَھل (ھ۔ مونث) ۱ جلدی تیزی ۲ مدد۔ امداد۔ ہلبھل کرنا (متعدی) مدد کرنا ہلبھلی (مونث) دیکھو ہلبلی۔ ہلبھلیا (صفت) ۱ ہر ایک کے کام میں دخل دینے والا ۲ دوڑ دھوپ کرنے والا ۳ مددگار۔

ہَلپَنا (ھ۔ لازم) ۱ تڑپنا۔ لوٹنا ہاتھ پاؤں مارنا ۲ تپ سے کانپنا۔ لرزنا۔

ہَلپھا (ھ۔ مذکر) بڑی لہر ترنگ رو۔ ہلپھا مارنا (متعدی) لہر کا ٹکرانا۔

ہَلبَھل (ھ۔ مونث) ۱ جلدی تیزی ۲ اضطراب گھبراہٹ ۳ خوش خلقی مروت خلق ۴ غل گپاڑا مچانے والا۔

ہَلنا (ہ۔ صفت) جس میں کشتی چل سکے۔

ہَلجان (اردو۔ مذکر عو) شادی کے بعد ہر ایک سے پیسے لیکر پوری وغیرہ پکاتی ہیں۔

ہَلچل (ہ۔ مونث) ۱ گھبراہٹ۔ کھلبلی۔ بھاگڑ۔ بیقراری۔ اضطراب ۲ ڈر۔ خوف ۳ دنگا۔ فساد۔ بکھیڑا ۴ بلوا ۵ (ہ) حرکت ۶ جلدی افراتفری (ہلنا اور چلنا سے) ہلچل پڑنا یا مچنا (لازم) ۱ افراتفری ہونا کھلبلی ہونا۔ بھاگڑ پڑنا ۲ متفرق ہونا۔ پریشان ہونا ۳ مستعد ہوکر اپنی اپنی سوچنا۔ ہلچل ہونا (لازم) افراتفری ہونا گھبراہٹ ہونا۔ اضطراب ہونا۔

ہَلد (ھ۔ مونث) ہلدی۔ ہلدات

(عف) ہلدیات (مونث) دیکھو ہلدی ۲ چڑھانا ہلدی کے تحت میں **ہلدواوہ** (مونث) ایک قسم کی زرد رنگ لکڑی جس سے صندوق وغیرہ بناتے ہیں۔

ہلدی (ہ۔ مونث) ۱ ایک پودہ ۲ اس پودے کی گانٹھ دار جڑیں جنہیں پیس کر زرد رنگ بناتے ہیں۔ اور سالنوں میں ڈالتے ہیں (بیچنا۔ پیسنا۔ ڈالنا وغیرہ کے ساتھ) **ہلدیا** (صفت) بسنتی ہلدی کے رنگ کا ۲ (مذکر) ایک قسم کی زہریلی گانٹھ ۳ یرقان ۴ سودا گردوں کی ایک قسم۔ **ہلدی تھوپنا** (متعدی) چوٹ پر ہلدی کا ضماد کرنا۔ **ہلدی چڑھانا** (متعدی) ہندوؤں میں ایک رسم جس میں منگنی کے بعد اور شادی سے پہلے دولہا دلھن کو ہلدی لگاتے ہیں۔ **ہلدی لگا کے بیٹھنا** (لازم) چوٹ لگنے کا بہانہ کرنا۔ حیلہ کرنا۔ بہانہ کرنا۔ **ہلدی لگا کے بیٹھو گے ہلدی لگائے پھرو گے**۔ باز آؤ ورنہ اس قدر مار پڑیگی کہ ہلدی لگانے کی ضرورت ہوگی۔ **ہلدی لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) چوٹ پر ہلدی کا ضماد ہونا۔

امثال واقوال۔ ہلدی

زردی نہ تجے کھڑس تجے نہ آم۔ جو ہلدی زردی تجے تو اوگن تجے گلام۔ برا برائی نہیں نہیں چھوڑ سکتا جس طرح ہلدی زردی یا آم کھٹائی نہیں چھوڑ سکتا۔ **ہلدی کی گانٹھ ہاتھ لگی چوہا پنساری بن بیٹھا**۔ دیکھو ہلدی کی گرہ لیکر (الخ)۔ **ہلدی کی گرہ سے پنساری نہیں ہوتا**۔ اس کو بہت سامان چاہئے اتنی بات سے کام درست نہیں ہوتا۔ **ہلدی کی گرہ لیکر پنساری بن بیٹھا (گیا)** تھوڑے سے ہنر پر نازاں ہے۔ نالائق ہو کر اپنے آپ کو لائق سمجھتا ہے۔ **ہلدی لگی نہ پھٹکڑی (پٹاک بہو آن پڑی)**۔ بے مشقت کام بن گیا۔ بغیر محنت یا کوشش کے مطلب حاصل ہو گیا۔ **ہلدی لگے نہ پھٹکڑی رنگ بھی چوکھا آئے**۔ اس جگہ بولتے ہیں جہاں بغیر خرچ کے کام خاطر خواہ ہو جائے۔

ہلرا (ھ۔ مذکر) لہر۔ رو تیز رنگ۔

ہلرانا۔ ہلراونا (متعدی) ہلانا۔ اچھالنا کھیلنا۔

ہلڑ (ہ۔ مذکر) ۱ شور و غل۔ شور و غوغا۔ غل غپاڑا۔ رولا۔ ہنگامہ ۲ جھگڑا۔ فساد ۳ ڈر۔ خوف (س ہوڑ) **ہلڑ کرنا۔ مچانا** (متعدی) **مچنا۔ ہونا** (لازم) شور و غل ہونا۔ ہنگامہ بپا ہونا۔

ہلڑا (ھ۔ مذکر) ہڑ۔

ہلس (ھ۔ مونث) ہل کی لکڑی۔

ہلس (ھ۔ امر) ہلسنا کا ہلسا (امر) ہلسنا کا ۲ ماضی) ہلسانا کی **ہلسانا** (متعدی) ۱ خوش کرنا۔ شاد کرنا ۲ بھڑکانا۔ اکسانا ۳ جی یا دل بہلانا ۴ للچانا۔ شوق دلانا۔ **ہلسائی** (ھ) خوشی۔ فرحت۔ شادمانی۔ **ہلسنت** (صفت) خوش۔ شاد۔ **ہلسنا** (لازم) خوش ہونا۔ شاد ہونا۔ **ہلسی** (صفت) ۱ خوش۔ شاد ۲ (مونث) تلسی داس کی ماں کا نام۔

ہلسا (ھ۔ مونث) ایک قسم کی مچھلی۔

ہلسی (ھ۔ مونث) ایک پودہ۔

ہلک (ھ۔ صفت) ۱ ہل کی طرح ۲ ہلکا۔

ہلک (ھ۔ فاعل) ۱ ہلکنا کا ۲ دیکھو ہیڑک۔

ہلکا (ہ۔ صفت) ۱ وہ جو وزن میں کم ہو۔ سبک۔ کم وزن۔ لطیف۔ نازک۔ سبکسار ۲ کم قیمت۔ سستا۔ گھٹیا ۳ کم ظرف۔ اوچھا ۴ ذلیل۔ حقیر ۵ بے عزت۔ بے غیرت ۶ جلد اثر قبول کرنے والا۔ لطیف ۷ کم تیز ۸ پھیکا ۹ سبک وضع ۱۰ آسان۔ جو مشکل نہ ہو ۱۱ کم۔ نرم (جیسے ہوا۔ گرمی۔ سردی) ۱۲ کم چھوٹا (وزن) ۱۳ کمزور ۱۴ ناقص (زمین) ۱۵ آسانی سے ہضم ہونے والا (خوراک۔ غذا) ۱۶ گرا ہوا (بھاؤ تجارت وغیرہ) ۱۷ جو آسانی سے برداشت ہو سکے ۱۸ جو ثقیل نہ ہو (پانی) ۱۹ معمولی تھوڑا سا (کام) ۲۰ خراب۔ ناموزوں (بات) ۲۱ خفیف (چوٹ) ۲۲ جیسے نظر بد جلدی اثر کرے (لہو۔ خون) ۲۳ دھیما۔ مدھم ۲۴ جس کی گرانی جاتی رہے (بدن) (س لگھک) **ہلکا بدن ہو جانا** (لازم) گرانی جاتی رہنا۔ **ہلکا بھاؤ** (مذکر) گرا ہوا بھاؤ **ہلکا پانی** (مذکر) ۱ زود ہضم پانی ۲ جس میں صابون بہت جھاگ پیدا کرے۔ **ہلکا پن** (مذکر) (ہ) ۱ سبکی خفت ۲ کمینگی۔ رذالت ۳ کم ظرفی۔ اوچھا پن۔ **ہلکا پھلکا** (صفت) ۱ بہت ہلکا ۲ نازک۔ کمزور۔ لاغر ۳ آسانی سے گزرنے والا (دن زمانہ) ۴ (مذکر) پنیالا چھلکا۔ **ہلکا پھول** (صفت) بہت ہلکا۔ پھول کی طرح ہلکا۔ **ہلکا جاننا** (لازم) قابل وقعت نہ سمجھنا۔ ذلیل یا فقیر سمجھنا۔ **ہلکا جوڑا** (مذکر) کم قیمت پوشاک۔ **ہلکا خون یا لہو** (مذکر) ۱ وہ خون جس پر نظر بد کا اثر جلدی ہو ۲ وہ شخص جو دوسرے کا خون نہ دیکھ سکے **ہلکا رنگ** (مذکر) پھیکا رنگ۔ **ہلکا زخم** (مذکر) کم گہرا زخم چھوٹا سا زخم۔ **ہلکا سا** (صفت) ۱ تھوڑا سا۔ چھوٹا سا ۲ آسان۔ **ہلکا کام** (مذکر) ۱ آسان کام معمولی کام ۲ گوٹے کناری وغیرہ کا کام جو بھاری یا گنجان نہ ہو۔ **ہلکا کرنا** (متعدی) ۱ بوجھ اتارنا۔ بوجھ کم کرنا ۲ آسان کرنا۔ کم کرنا ۳ لاغر کرنا۔ دبلا کرنا ۴ شرمندہ کرنا۔ ذلیل کرنا۔ **ہلکا کھانا** (مذکر) وہ کھانا جو جلد ہضم ہو جائے۔ زود ہضم کھانا۔ **ہلکا گلابی جاڑا** (مذکر) خفیف سردی کا موسم۔ **ہلکا لہو ہونا** (لازم) خون دیکھ کر غش آنا۔ **ہلکا مول لگانا** (متعدی) کم قیمت لینا **ہلکانا** (متعدی) ہلکا کرنا۔ **ہلکا ہاتھ** (مذکر) ۱ اوچھا وار ۲ وہ ہاتھ جو کام اچھا کرے۔ **ہلکا ہلکا** (صفت) خفیف خفیف۔ **ہلکا ہونا** (لازم) ۱ وزن کم ہونا۔ سبک ہونا ۲ بوجھ اترنا ۳ (عف) جارع کرنا ۴ دیکھو ہلکا تمام معنوں میں۔ **ہلکائی** (ھ) ہلکا پن۔ **ہلکی** (صفت۔ مونث) ہلکا کی **ہلکے** (صفت) ۱ بجائے ہلکا حروف مغیرہ سے پہلے ۲ جمع ہلکا کی۔ **ہلکی آواز** (مونث) مدہم آواز دھیمی آواز **ہلکی بات** (مونث) ۱ آسان بات ۲ کمینی بات۔ **ہلکی بات کہنا** (متعدی) ۱ کمینہ پن کی بات منہ سے نکالنا ۲ غیر موزوں یا نازیبا بات کہنا۔ **ہلکے بھاری ہونا** (لازم) ناگوار سمجھنا خفیف ہونا۔ **ہلکی پھلکی** (صفت۔ مونث) ہلکا پھلکا کی۔ **ہلکی چٹکی** (مونث) خفیف چوٹ۔ **ہلکی شراب** (مونث) وہ شراب جو تیز نہ ہو۔ **ہلکے سے** (تف) آہستگی سے۔ سہج سے۔ **ہلکے ہلکے** (تف) آہستہ آہستہ سہج سہج۔

مثل۔ ہلکے پچھوڑے اُڑ اُڑ جائیں۔ اگر کام درست طور پر نہ کیا جائے تو نقصان ہوتا ہے۔

ہَلکارا (ھ۔ مذکر) دیکھو ہرکارا۔

ہُلکارنا (ہ۔ متعدی) ۱ مرغوں کو لڑنے کے لئے اکسانا ۲ کتے کو شکار پہ دوڑانا ۳ کسی کو جنگ و جدل پہ آمادہ کرنا۔

ہَلکان (ہ۔ صفت) ۱ تھکا ماندہ۔ مضمحل۔ نیم جان ۲ پریشان۔ حیران (ہلاک سے۔ ہندوستان کی عورتوں کی ایجاد ہے) **ہلکان کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) تھکنا۔ مضمحل ہونا۔ پریشان ہونا۔

ہَلکانا (ھ۔ متعدی) ۱ ہلکا کرنا ۲ حرکت دینا ۳ اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔

ہُلک بُلک (ھ۔ مونث) جھانکنا۔ بچوں سے جھانکا کرنا۔ **ہلک بلک مارنا** (متعدی) جھانکنا۔

ہَلکَم (ہ۔ مذکر) ہلچل۔ کھلبلی۔ **ہلکم ڈالنا** (متعدی) ہلچل مچانا۔ تہلکہ ڈالنا۔ شور مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔

ہَلکنا (ھ۔ متعدی) حرکت کرنا۔

ہلکنا (ھ۔ لازم) ۱ اینٹھنا۔ تشنج ہونا ۲ پکڑنا۔ مٹھی میں لینا۔

ہُلکنا (ھ۔ متعدی) ۱ حملہ کرنا۔ ہلہ کرنا ۲ تلاش کرنا ۳ جھانکنا۔

ہلکور۔ ہلکورا (مذکر) ۱ لہر۔ موج۔ ترنگ ۲ ہلنا۔ جھولنا ۳ جوش ۴ تبادلہ ۵ لہریں مارنا۔ **ہلکورنا** (متعدی) ۱ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا ۲ ہلانا۔ جھنجھوڑنا ۳ تکلیف دینا ۴ حیران کرنا۔ پریشان کرنا ۵ (لازم) کم زیادہ ہونا۔ بدلنا ۶ ہلنا ۷ موجیں مارنا۔ **ہلکورے لینا یا مارنا** (متعدی) ۱ لہریں مارنا۔ موج زن ہونا۔ لہرانا ۲ ہلنا۔ لرزنا ۳ کم زیادہ ہونا۔

ہلکی (ھ۔ مونث) ۱ غصہ۔ ناراضگی۔ تعصبہ ۲ وبا۔ پلیگ ۳ کالی دیوی کا لقب۔

ہلگ (ہ۔ امر) ۱ ہلگنا کا ۲ (مونث) اٹک۔ **ہلگا** (امر) ۱ ہلگانا کا ۲ (ماضی) ہلگنا کی۔ **ہلگانا** (متعدی) ۱ لٹکانا۔ آویزاں کرنا۔ معلق کرنا ۲ کسی کام میں اٹکا دینا ۳ کسی پیشے میں لٹکا دینا۔ **ہلگاؤ** (ھ) لٹکاؤ ۲ لگن (ھ) عادت۔ رجحان۔ **ہلگنا** (لازم) ۱ اٹکنا۔ آویزاں ہونا ۲ الجھنا۔ پھنسنا۔ چمٹنا ۳ ہچکچانا۔ کشمکش و پیچ میں ہونا۔ تردد میں ہونا۔

ہَلکی۔ ہَلکے (ھ۔ تف) آہستہ سے۔ نرمی سے۔

ہَلگی (ھ۔ مونث) ایک قسم کا تنبورا۔

ہَلما (انگ۔ مونث) ایک انگریزی کھیل جو نردوں سے بساط پر کھیلتے ہیں جس پر ۲۵۶ خانے ہوتے ہیں۔

ہِل موچکا۔ ہِل موچی (ھ۔ مونث) ایک قسم کی ترکاری۔

ہَلن (ھ۔ مذکر) ۱ ہلنا۔ حرکت کرنا ۲ حرکت۔ جنبش۔

ہَلو۔ ہَلو (ھ۔ تف) آہستہ سے۔ نرمی سے۔ **ہلو ہلو** (تف) ۱ دیکھو ہلو ۲ ہولے ہولے۔

ہَلو (انگ۔ ندا) جب ایک دوسرے کو ملتے ہیں تو یہ لفظ کہتے ہیں۔ آئیے۔

ہَلوا (ھ۔ صفت) بگڑا ہوا۔ خراب۔ مستعمل۔

ہلور (ہ۔ مونث) ہلورا (ھ) ۱ ہلنا۔ جنبش کرنا ۲ حرکت۔ جنبش ۳ لہر۔ موج (س ہندولہ)، **ہلورا** (مذکر) ۱ جھولا ۲ بھنور ۳ تموج۔ **ہلورنا** (لازم) ۱ ہلنا۔ جنبش کرنا ۲ جھولنا ۳ موجیں مارنا ۴ (متعدی) ہلانا۔ جھنجھوڑنا ۵ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ **ہلورے لینا یا مارنا** (متعدی) ہلنا۔ موجیں مارنا۔ **ہلوری** (ھ) دیکھو ہلورا۔

ہَلہَل۔ ہَلہلا (ع۔ مذکر) دیکھو ہلاہل۔

ہُلہُل (ھ۔ مذکر) ۱ ایک پودہ جو دواؤں میں کام آتا ہے ۲ ایک ترکاری کا نام۔

ہَلہلا (س۔ کلمہ ندا) پکار۔ للکار۔ شور۔

ہُلہُلا (ہ۔ امر) ۱ ہلہلانا کا ۲ (مذکر) عجیب یا انوکھی بات۔ شگوفہ ۳ بہتان۔ جھوٹ۔ بے سروپا بات ۴ شوق۔ امنگ۔ **ہلہلا اٹھانا** (متعدی) ۱ شگوفہ چھوڑنا۔ کوئی انوکھی یا عجیب بات مشہور کرنا ۲ شوق دلانا۔ ابھارنا۔ **ہلہلا اٹھنا** (لازم) ۱ جھگڑا کھڑا ہونا۔ شگوفہ پھولنا ۲ شوق چرانا۔ دفعتاً کسی بات کو دل چاہنا۔ **ہلہلا کر بخار چڑھنا** (لازم) زور سے بخار چڑھنا۔ **ہلہلانا** (لازم) کانپنا۔ تھرانا۔ بخار کے زور سے کانپنا۔

ہَلہلاہٹ (ھ۔ مونث) ۱ کانپنا۔ لرزنا۔ تھرانا (بخار یا سردی۔ غصے۔ گھبراہٹ یا ڈر سے) ۲ کپکپی۔ لرزہ ۳ بددعا۔ سراپ۔

ہَلہلانا (ھ۔ لازم) ۱ کانپنا۔ لرزنا ۲ (متعدی) لرزانا۔ ڈرانا ۳ ہلانا۔ جھنجھوڑنا ۴ بددعا دینا۔ سراپ دینا۔

ہَلہلی (ھ۔ مونث) ۱ کانپنا۔ لرزنا ۲ لرزہ۔ بخار ۳ بیماری۔

ہُلہُلی (س۔ مونث) مزے کی آواز جو عورتیں نکالتی ہیں۔

ہَلہلیا (ھ۔ مذکر) زہر۔

ہَلے (ھ۔ ندا) ارے۔ او۔ اے

ہَلیا (ھ۔ مذکر) بیلوں اور گاؤں کا ریوڑ۔

ہَلیانا (ھ۔ لازم) جی متلانا۔ قے ہونا۔

ہُلیانا (ھ۔ متعدی) ۱ زخمی کرنا ۲ ٹکر مارنا۔

ہَلیاؤ (ھ۔ مذکر) دیکھو ہریاؤ۔

ہَلیسہ (ھ۔ مذکر) چپو۔

ہَلیلج (ھ) **ہَلیلہ** (ف۔ مذکر) ہڑ۔

ہَلیم (ہ۔ مونث) دیکھو حلیم۔

ہَلیوُن (ف۔ مذکر) ایک پودہ۔ مارچوبہ۔ ناگدون۔

ہَم (ہ۔ ضمیر جمع متکلم) ۱ میں اور دیگر آدمی ۲ میں۔ آپ خود ۳ بڑے آدمی مصنف اور مدیر اپنی ذات کے لئے استعمال کرتے ہیں ۴ سائیس اور ادنیٰ ذاتوں کے آدمی اپنے آپ کو ہم اور دوسرے کو تم کہتے ہیں۔

(س اَنتم - ہم اور آ ہَم- ہیں) ہمارا (ضمیر) ہم -
صرف مرکبات میں - ہما شما (ضمیر) ا ہم تم - ادنلے
اعلےٰ - چھوٹے بڑے ۲ سب - خام - عام ہما ہمی
(مونث) ہمیں (لکھنو) ۱ خود پسندی - انانیت -
بڑا بول ۲ سرزوری - زور آوری - زبردستی
۳ زور - طاقت ۴ خودغرضی - ہما ہمی کرنا (متعدی)
۱ خود غرض ہونا - خود پسند ہونا ۲ زبردستی کرنا -
سرزوری کرنا - ہمارا (صفت) ۱ ہم سب کا
تمام کا ۲ میرا - میری ذات کا - ہمارا ادھر بھی
لیکھا ہے - یوں نہیں یوں سہی ہم کو یہ بھی
منظور ہے - بیفائدہ نہیں - ہمارا بھی خدا
ہے - خدا ہماری بھی مدد کریگا - صبر ظاہر کرنے
کو کہتے ہیں - ہمارا تمہارا خدا بادشاہ قصہ
گو جب کوئی قصہ شروع کرتے ہیں - تو ایک تھا
بادشاہ کے بعد کہتے ہیں - ہمارا جنازہ دیکھو
یا دیکھے - ہمارا حلوا کھاؤ یا کھائے -
ہمارا لہو پیو یا پیئے - ہمارا مردہ دیکھو
یا دیکھے - قسمیں جو بیشتر عورتوں کی زبان پر
آتی ہیں - ہمارا ذِمّہ - ہم اس دعوے کے
ذمہ وار ہیں - ہمارا سلام ہے - بیزاری ظاہر
کرنے کیلئے کہتے ہیں - ہمارا کیا ہے - ہمارا
کچھ نقصان نہیں - ہمارا کیا بگڑتا ہے ہماری
(صفت - مونث) ۱ اپنی - ذاتی - نج کی میری ۲
میری بات - نصیحت - فریاد وغیرہ - ہمارے
(صفت) ہمارا کی جمع - ہماری آنکھ سے
دیکھو - دیکھو میری آنکھوں الخ - ہماری
بندگی پہنچے) ہم باز آئے - ہمیں معاف رکھئے
ہماری بھتی کھائے (عو) قسم دلانے کو کہتے
ہیں - ہماری بیری میں بھی بیر لگیں
گے - کبھی ہم سے بھی تم کو کام پڑے گا -
ہماری جان کو جلاد ہے - ہم پر ظلم کرتا
ہے - ہمارے لئے جلاد کی مثل ہے ہمارے
فرشتوں کو بھی خبر نہیں - ہم کو مطلق معلوم
نہیں - ہم بالکل بے خبر ہیں - ہمارے منہ
میں بھی زبان ہے - ہم بھی اس سوال کا
جواب دے سکتے ہیں - ہم بھی بات کرنے کی
قدرت رکھتے ہیں - ہم بھی کوئی ہیں ۱
ہم بڑے آدمی ہیں - ہمارا بڑا مرتبہ ہے ۲
ہمارا رشتہ اور تعلق ہے - ہم بھی کیا یاد

کریں گے - کسی کی بے توجہی اور بے پروائی
کی شکایت کے طور پر اسے کہتے ہیں - ہم بھی
ہیں وہ بھی ہیں - ہمارا ان کا مقابلہ ہے -
دیکھیں کون بڑھتا ہے - ہم پر کھپسل پڑے
ہم پر غصہ اُتارا زبردست کو کچھ نہ کہنا - ہم
جانیں یا تم جانو - ہمارے تمہارے سوا
اور کوئی واقف نہ ہو - ہم سَو - سو یا سوں
(مو) سنے (تف) مجھ سے - میرے ساتھ - ہمارے
ساتھ - ہم سے اڑتے ہو - ہم سے چالیں
چلتے ہو - ہمیں دھوکہ دیتے ہو - ہم سے کب
چل سکتے ہو - ہم تمہارے فریب میں نہیں
آئیں گے - ہم کو (تف) مجھ کو - مجھے - ہمیں -
ہم کو پیٹو یا گاڑو - پیٹے یا گاڑے -
ہم کو گاڑے - ہماری بھتی کھاؤ - یا
کھائے - ہم کو بہے بہے کرے (عو)
دوسرے کو قسم دلانے کے لئے کہتی ہیں - ہم
کون ہیں - ہم اس لائق نہیں - ہم کو اس
میں کچھ دخل نہیں - ہم کہاں - ہم نہ ہونگے
ہم نہ کہتے تھے - جو کچھ ہم نے کہا تھا وہی
ہوا ہماں (تف) ہم کو - ہمیں پہ کیا ہے -
مجھ پر ہی کیا موقوف ہے - ہماری ہی ذات
پر موقوف اور منحصر نہیں ہے - ہمیں یا پیٹو
یا پیٹے کھاؤ یا کھائے گاڑو یا گاڑے
(عو) قسمیں ہیں - قسم دلانے کو کہتی ہیں ہمیں
کچھ کام نہیں - ہمیں کچھ غرض واسطہ یا مطلب
نہیں - ہمیں کیا - ہم کو کیا فائدہ غرض یا
مطلب - ہمیں کیا سمجھا - ہم کو کچھ ایسا ویسا
آدمی جانا - ہم کو کیا خیال تھا - ہمیں ہم
تنہا ہم - صرف ہم - ہمیں بے بے کرے
(عو) ہمارا مردہ دیکھے ہم کو پیٹے -

امثال واقوال - ہما

بازی - شما بازی پیروں سے بھی
دغا بازی - استاد کے آگے شاگرد کی نہیں
چلتی - ہمارا کام ہو بیتا - جہاں سے
ہیں چلا رہتا (ھ) مزے کے موقع پر حسرت
سے کہتے ہیں - ہمارے بڑے پرائے
بردے آزاد کرتے تھے - جو شخص خود
کچھ نہ ہو اور باپ دادا کے نام پر اترائے
اس کے متعلق کہتے ہیں - ہماری بسم اللہ

اور ہم سے ہی چھچھو - ہماری بلی او.
ہمیں سے میاؤں - ہمارا ہی کھائے اور
ہم پر ہی غرائے - ہمارے دادا (ہماری
دادی) نے گھی کھایا - ہمارا ہاتھ
سونگھو - کام کوئی کرے داد کوئی مانگے -
ہمارے دونوں میٹھے - ہمارا ہر طرح
فائدہ ہے - ہمارے گھر آؤ گے کیا
لاؤ گے - تمہارے گھر آویں گے کیا
کھلاؤ گے - نہایت خودغرضی کے موقع پر
کہتے ہیں - ہمارے ہاں سے آگ لائی
نام رکھا بیسندر - ہماری چیز اور ہمیں
سے دریغ - پرائی چیز پر اترانے والے کی
نسبت بولتے ہیں - ہماری ہم سے
پوچھو - کوہکن کی کوہکن جانے - جس
بات کا ہمارے ساتھ کچھ تعلق نہیں - ہمیں
اسکا پتہ نہیں - ہم بھی ہیں پانچوں
سواروں میں - شیخی خورے کی نسبت کہتے
ہیں - جس کی کچھ حقیقت نہ ہو - ہم پردیسی
پاہنے اور آن کیا بسرام - بھور بھے
اٹھ جائیں گے بسو تمہارا گام (ھ) آپ
کیوں ناراض ہوتے ہیں ہم جلد چلے جائینگے
ہم چوڑے بازار سکڑا - ہمارے آگے کسی کی
حقیقت نہیں - شیخی خورے کی نسبت کہتے ہیں - ہم
خوش ہمارا خدا خوش - رضامندی ظاہر کرنے
کے لئے کہتے ہیں - ہم روٹی نہیں کھاتے
روٹی ہم کو کھاتی ہے - کمانے کی محنت اور
تکلیف زیادہ تنگ کرتی ہے - ہم سانپ نہیں
ہیں کہ جئیں چاٹ کر مٹی - ہمیں کچھ ملنا چاہئے
بہت دنوں تک تنخواہ یا مزدوری نہ ملے تو کہتے
ہیں - ہم سے اور چوسر - ہمارے ساتھ یہ
چالاکیاں - ہم سے بہو بڑی سیانی پینچا
مانگے پانی (ھ) بہت چالاک ہے - ہم کس
کھیت کی مولی ہیں - ہمارا کیا زور ہے ہماری
کون سنتا ہے - ہم کیا تیرے پٹی تلے کے
ہیں - ہم تجھ سے کسی طرح کم نہیں ہیں - ہم
کیا رانڈ کے جنوائی ہیں (ھ) کیا ہم بہت
کمزور یا غریب ہیں جو تم ہم سے ایسا برتاؤ کرتے
ہو - ہم نہیں یہ بھائی فتح خاں ہیں - یہ
زبردست ہیں ہماری طرح کمزور نہیں - ہم

نے بھی تمہاری آنکھیں دیکھی ہیں۔ ہم بھی تمہاری طرح ہوشیار ہیں۔ اپنی بھی تعریف اور مخاطب کی بھی تعریف اور خوشامد۔ ہم نے کیا گدھے چرائے ہیں۔ ہم نے کیا گھاس کھودی ہے۔ ہمیں جو آپ دھوکا دیتے ہیں کیا ہمیں بالکل بیوقوف سمجھتے ہیں۔ ہم نے لیا۔ تم لیجیو۔ راہ راہ جاتے دیکھیو۔ ہم نے فائدہ اٹھایا تم بھی اٹھاؤ۔ ہمارا نقصان مت کرو۔ ہم ہی کو کرنا سکھانے آیا ہے (ھ) ہم سے چالاکی کرتا ہے۔

ہَم (ف۔ تف) ۱ نیز۔ بھی سوائے۔ بلکہ ۲ اسی طرح ۳ ساتھ۔ مل کر آپس میں۔ باہمدگر۔ دونوں ۳ یا۔ خواہ ۴ ساتھی۔ ہمراہی (ان معنوں میں مرکبات میں)، ہم آغوش (صفت) بغلگیر۔ ہمکنار۔ ہم آغوشی (مونث) بغلگیری۔ ہمکناری۔ ہم آواز یا آہنگ (صفت) ۱ گانے والے جن کی ایک جیسی آواز یا سُر ہو ۲ ساتھی۔ رفیق ۳ ہم رائے ہم آورد (صفت) سامنے کھڑے ہو کر لڑنے والا ہماں۔ ہمانا (صفت) ۱ مثل۔ برابر ۲ مانند ملتا جلتا ۳ (تف) یقیناً ۴ ظاہر طور پر ۵ یکایک فوراً ۶ ایضاً۔ جیسا کہ پہلے تھا ۷ پھر ۸ بار بار وہی ۹ گویا۔ شاید ۱۰ (مذکر) روح۔ بھوت ۱۱ خیال ۱۲ سائے۔ ہماندم۔ ہمانِ گاہ (تف) اسی وقت۔ فوراً۔ یکایک جونہی کہ۔ ہماں ہمی کرنا (متعدی) عہد و پیمان کرنا۔ حریف مقابل دشمن۔ ہم بزم (صفت) محفل میں شریک ہم بزمی (مونث) محفل میں شریک ہونا۔ ہم بستر (صفت) ایک بستر پر سونے والے ہم بستر ہونا (لازم) جماع کرنا۔ صحبت کرنا۔ ہمبستری (مونث) کسی عورت کے ساتھ سونا۔ جماع صحبت (کرنا ہونا کے ساتھ)، ہم بغل (صفت) بغلگیر۔ ہمکنار۔ ہم پایہ (صفت) ایک ہی رتبہ رکھنے والے۔ ہمرتبہ۔ ہم پلّہ (صفت) ۱ برابر کی ٹکر کا۔ برابر کی جوڑ ۲۔ برابر کی مار کا (تیر) ۳ ہم رتبہ برابر ۴ ہموزن۔ ہم پہلو (صفت) ۱ ساتھی۔ رفیق ۲ ہم رتبہ۔ ہم پلہ ۳ پہلو بہ پہلو۔ پہلو کے برابر۔ ہم پیالہ (صفت) دوست۔ یار۔ رفیق۔ ہم پیالہ و ہم نوالہ (صفت) ۱ ساتھ کھانے پینے والا ۲ بہت گہرا دوست۔ ہم پیشہ (صفت) ایک ہی پیشہ کرنے والا۔ حریف۔ ہمتا (صفت) برابر۔ مانند۔ مثل نظیر۔ شریک۔ ہمتاب (صفت) ہمسری کرنے والا۔ ہم تائی (مونث) ۱ برابری ۲ مشابہت۔ مطابقت۔ ہم ترازو (صفت) ہم وزن۔ ہم جلیس۔ ہم جم (غف) ہم جلیس (صفت) پاس بیٹھنے والا۔ دوست۔ یار۔ رفیق ہم جماعت (مونث) ایک ہی جماعت میں پڑھنے والا۔ ہم سبق۔ جماعت کا یار۔ ہمجنس (صفت) ایک ہی جنس کا۔ یکساں۔ ہمرتبہ۔ ہم پیشہ۔ ہم جنسی (مونث) ایک ہی جنس کا ہم جوار (صفت) ہمسایہ۔ ایک ہی شہر کا ہمجولی (صفت) ۱ ایک ہی عمر کا۔ وہ جو بچپن میں ساتھ کھیلے ۲ دوست۔ یار ۳ برابر کا ہم پایہ۔ ہم چشم (صفت) برابر والا۔ ہم پلہ برابر کی ٹکر۔ ہمرتبہ۔ ہم چشموں میں (تف) برابر والوں میں۔ ہم رتبوں میں۔ ہم چشم ہونا (لازم) ہمسر ہونا۔ مقابل ہونا۔ ہم چشمی (مونث) ہمسری۔ برابری (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)، ہمچو (تف) مانند۔ مثل۔ ہم خانگی (مونث) ۱ ایک ہی گھر میں رہنا ۲ ہم بستری ہم خانہ (صفت) ۱ ایک ہی گھر میں رہنے والا ۲ ساتھی۔ ہمراہی۔ شریک ۳ بیوی۔ خاوند ہم خواب یا خوابہ (صفت) ساتھ سونے والی۔ بیوی۔ اہلیہ۔ ہم خواب ہونا (لازم) ساتھ سونا۔ ہم بستر ہونا۔ ہمداستان (صفت) ۱ ایک ہی بات بیان کرنے والا ۲ ہمراز ۳ دل پسند ۴ تابعدار ۵ قانع۔ مشکور ۶ (مذکر) دوست۔ یار۔ آشنا ۷ ہر وقت ہمراہ رہنے والا دوست ۸ میرمنشی۔ دیوان۔ ہمدلستان (صفت) ہم مکتب۔ ہمدرد (صفت) دکھ درد کا ساتھی۔ دردمند۔ غمخوار۔ ہمدردی (مونث) غمخواری۔ دردمندی۔ دلسوزی۔ ہمدمی۔ ہمدست (صفت) ۱ ساتھ۔ ہمراہ ۲ رفیق۔ شفیق۔ متفق۔ برابر۔ مقابل۔ ہم دست کرنا (متعدی) لینا۔ حاصل کرنا۔ قبضے میں لینا۔ ہمدست ہونا (لازم) ملنا حاصل ہونا۔ ہمدگر (تف) باہم۔ ایک دوسرے میں۔ آپس میں۔ دونوں۔ اکٹھے۔ ہمدل (صفت) ۱ ایک ہی خیال رائے یا میلان کے متفق ۲ ہمدرد ۳ شفیق۔ محب ۴ بے تکلف دوست۔ ہمدلی (مونث) ۱ اتفاق ۲ ہمدردی۔ ہمدم (صفت) ۱ دوست۔ یار آشنا۔ رفیق ۲ بیوی۔ خاوند ۳ شراب کا پیالہ ۴ حقہ۔ ہمدمی (مونث) دوستی۔ یارانہ۔ بے تکلفی۔ ہمدوش (صفت) ۱ دوش بدوش، برابر بیٹھنے والے ۱ برابر کا۔ ہمسر ۲ ساتھی۔ رفیق۔ ہمدوشی (مونث) برابری۔ ہمسری۔ ہمدیوار (صفت) ہمسایہ۔ پڑوسی۔ ہم ذات (صفت) ایک ہی ذات یا قوم کا۔ ہم قوم۔ ہمراز (صفت) رازدان۔ محرم اسرار (بنانا بننا کرنا ہونا کے ساتھ)، ہمراہ (صفت) ۱ ساتھ چلنے والا۔ ساتھی۔ رفیق ۲ ساتھ۔ سنگ ۳ قافلے کا رہنما (بھیجنا۔ جانا کرنا ہونا کے ساتھ)، ہمراہِ رکاب (صفت) جلوس کے ساتھ۔ سواری کے ساتھ۔ ہمراہ ہو لینا (لازم) ساتھ چلنا۔ ہمراہی (مذکر) ۱ ساتھی۔ رفیق ۲ (مونث) ہمراہ ہونا ساتھ ہونا۔ ہمراہیاں (مذکر) ہمراہی کی جمع۔ ہمراہیانِ لشکر (مذکر) بہیر و بنگاہ۔ ہم رشتہ (صفت) ۱ جو رشتے میں برابر ہو ۲ ساتھ نتھی کیا ہوا۔ ہمرکاب (صفت) سواری کے ساتھ سوار۔ ہم سفر۔ ہمراہ۔ ہم رتبہ (صفت) ایک ہی رتبے کا۔ ہمسر۔ ہم رنگ (صفت) ایک طرح یا رنگ کا۔ یکساں۔ یکرنگ ہم رنگ کی دُون (کے دو لے) (مونث) جوئے میں دوگنی رقم لگا دینا۔ ہمرَو (صفت) ۱ ساتھ جانے والا۔ ہمراہ۔ ہم سفر ۲ (مذکر) وہ گھوڑا جو پانچ سال کا ہو گیا ہو۔ اور اس کے سب دانت نکل آئے ہوں۔ ہم رہ (صفت) دیکھو ہمراہ۔ ہمرہی (مونث) ہمراہ ہونا۔ ساتھ ہونا۔ ہمزاد (صفت) ۱ جو ساتھ پیدا ہو ۲ توام ۳ ہم سن۔ ہم عمر ۴ (مذکر) وہ جن یا فرشتہ جو کسی شخص کی پیدائش پر اس کے ساتھ پیدا ہوتا ہے۔ اور تمام عمر ہمراہ رہتا ہے ۵ وہ جو سفر میں زاد راہ کا شریک ہو۔ ہم زانو (صفت) برابر کا۔ ہم زبان (صفت) ۱ ایک زبان۔ متفق ۲ ہم کلام۔ ہم قول۔ ہم زُلف (مذکر) سالی کا

ناوند - سانڈسو (پ)، ہمزماں (صفت) ہمسر -
ہمزور (صفت) وہ جو زور میں برابر ہو - ہم
ساز (صفت) دوست - یار - رفیق - ہمدم ہمساز
گار - موافق - ہم سازگی - ہمسائیگی (مونث)
پڑوس - مکان کی قربت - ہمسائی (مونث)
پڑوسن - پڑوس میں رہنے والی عورت -
ہمسائے (مذکر) ہمسایہ کی جمع - ہمسائیاں
(مونث) ہمسائی کی جمع - ہمسائیوں (مونث)
ہمسائی کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے ہمسایوں
(مذکر) ہمسایہ کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے -
ہمسایہ (مذکر) ۱ پڑوسی ۲ پاس کا مکان -
ہمسایہ ہونا (لازم) ۱ پڑوس میں آکر رہنا
مکان کے قریب مکان لیکر رہنا ۲ ہمرنگ ہونا
ہم سبق (صفت) ساتھ سبق پڑھنے والا - ہم
سخن (صفت) دیکھو ہمزبان - ہم سخنی (مونث)
مقابلہ پر بولنا - تکرار (کرنا ہونا کے ساتھ)
ہمسر (صفت) برابر کا - برابر والا - ہم رتبہ
ہم سرحد (صفت) جن کی سرحد ملی ہوئی ہو -
ہمسری (مونث) برابری - مساوات ہمسری
(کا دعوےٰ) کرنا (متعدی) برابری کرنا -
مساوات کا دعویٰ کرنا - ہم سفر (صفت) سفر
کا ساتھی - ہم سفرہ (صفت) ایک دسترخوان پر
کھانے والے - ایک جگہ پکا کر کھانے والے -
ہم سلک (مذکر) ہمدمی ہمسن (صفت) ہم عمر
ہمجولی - ہم سنگ (صفت) ہم رتبہ - ہموزن
ہم سنی (مونث) عمر کا برابر ہونا - ہم سوانا
(مذکر) وہ مقام جس کی سرحد دوسری جگہ کی
سرحد سے ملتی ہوئی ہو - ہم شان (صفت)
ہمرتبہ - ہمشکل (صفت) ایک شکل کا - ہم صورت
ہمشیر (صفت) ۱ وہ جنہوں نے ایک ماں کا
دودھ پیا ہو ۲ (مذکر) سگا بھائی - حقیقی بھائی
۳ رضاعی بھائی - ہمشیرزاد یا زادہ (مذکر)
ہمشیرہ کا بیٹا - خواہرزادہ - ہمشیرہ (مونث)
سگی بہن - حقیقی بہن - خواہر - ہم صحبت
(صفت) صحبت میں رہنے والا - مصاحب - رفیق
ہمصفیر (صفت) ۱ وہ پرند جو ایک قسم کی بولی
بولتے ہیں ۲ ہمراہی - رفیق - ہم رنگ - ہمدم
ہمصفیران چمن (مذکر) پرندے - ہم طالع
(صفت) یکساں نصیب والا - ہم طریق (صفت)

۱ ہم سفر ۲ ہم وضع - ہمرنگ - ہمعصر (صفت)
ایک زمانے یا وقت کا - ہم عمر (صفت) برابر
کی عمر کا - ہم عناں (صفت) ۱ دوسرے کے ساتھ
گھوڑے پر سفر کرنے والا ۲ ساتھی - ہمراہی - برابر کا
رفیق - ہم عہد (صفت) ہم عصر - ہم زمانہ - ہم عیار
(صفت) ہموزن - ہم قد (صفت) برابر قد کا - ہم
قدح (صفت) اکٹھے پینے والے - دوست - یار
ہمقدر (صفت) برابر کا - ایک قیمت - درجے
عہدے یا عزت کا - ہم قدم (صفت) ساتھی -
رفیق - ہمراہی ہم سفر - ہمقراں یا ہمقرین
(صفت) یار - دوست - مصاحب - ہمقریہ
(صفت) ایک ہی گاؤں کا - ہم قطار (صفت)
ایک ہی گلے کے - ہم قلم (صفت) ہم عہدہ -
وہ لوگ جو ایک ہی خدمت پر مقرر ہوں - ہم
قوم (صفت) ایک قوم کا - ایک ذات کا -
ہم کار (صفت) اکٹھے کام کرنے والے - ہم
کاسہ (مذکر) اکٹھے کھانے والے - مصاحب - یار
دوست - ہم کفو (مذکر) ایک ہی خاندان یا
کنبے کا - ہم کلام (صفت) مل کر بات کرنے
والا - ہم سخن - ہم کلام ہونا (لازم) بات
کرنا - بولنا - ہم کلامی (مونث) گفتگو - بات
چیت کرنا - بول چال - ہم کنار (صفت) بغلگیر
ہم کون ہیں - ہم اس لائق نہیں - ہم کو اس
میں کچھ دخل نہیں - ہم گرد (صفت) ساتھ
پھرنے والا - ہم مذہب (صفت) ایک ہی
مذہب کا - ہم مشرب (صفت) ایک ہی طریقے
یا مذہب کا - ہم مرکز (صفت) وہ دائرے
جن کا ایک مرکز ہو - ہم معنی (صفت) مرادف
جن کے معنی ایک جیسے ہوں - ہم مکتب
(صفت) ایک ہی مکتب میں پڑھنے والا - ایک
ہی مکتب کا پڑھا ہوا - ہمنام (صفت) ایک
ہی نام کا - ہم نبرد (صفت) مقابل - حریف
ہمنبردی (مونث) مقابلہ - ہمنشیں (صفت)
مصاحب - ہم صحبت - رفیق - ہمنشینی (مونث)
پاس بیٹھنا - ہم نفس (صفت) ۱ رفیق -
دوست - یار - مصاحب ۲ ہمکلام - ہمنوا
(صفت) ساتھ گانے والا - ہم نوالہ - ساتھ
کھانے والا - ہمنورد (صفت) ساتھ سفر
کرنے والا - ہموار (صفت) ۱ برابر - یکساں

مسطح ۲ ہمیشہ (کرنا ہونا کے ساتھ) ہموار
کر لینا (متعدی) ۱ زمین کو یکساں کر لینا ۲
کسی کو کسی امر پر رضامند یا اپنی رائے کے
موافق کر لینا - ہموارہ (صفت) ہمیشہ -
لگاتار - ہمواری (مونث) سطح کا یکساں کرنا
ہم وزن (صفت) برابر وزن کا - ہموطن
(صفت) ایک دیس کا - ایک ملک کا - ہم
وقت (صفت) ہم عصر - ہم عہد - ہموں
(صفت) دیکھو ہماں

اقوال و امثال - ہماں

آتش در کاسہ - اس وقت کہا جاتا ہے
جب پہلی حالت میں کوئی تبدیلی نہ ہو ہماں
یک تیشہ آخر بکار زد (پشت بکار زد)
وہی ایک پچھلی تدبیر ٹھیک بیٹھی یا کام آئی -
ہمچو ما دیگرے نیست - ہمارے جیسا دوسرا
نہیں ہے - خودستائی کے موقع پر کہتے
ہیں - طنزاً بھی کہتے ہیں - اور خدا کو دیرے
کی بجائے ڈنگرے بھی کہہ دیتے ہیں -
ہم خرما و ہم ثواب - وہ فعل جس میں فائدہ
بھی ہو اور کار خیر بھی ہو - ہمسایہ بدمباد کسے
را - خدا کرے کسی کا ہمسایہ بُرا نہ ہو - ہم
لعل بدست آید و ہم یار مرنجد - ایسا کام
ہونا چاہیے کہ دونوں مطلب حاصل ہوں -
ہموں آتش در کاسہ - دیکھو ہماں آتش الخ -
ہَمّ (ع - مذکر) ۱ سوچنا - فکر
اندیشہ - ملال ۲ مقصد - ارادہ - خواہش ۳ بیماری
کا بدن کو مضمحل کر دینا ۴ نہایت بوڑھا ۵ بچے
کو لوری دیکر سلانا -
ہِمَم (س - صفت) ۱ سرد - ٹھنڈا
۲ جس پر شبنم پڑی ہو ۳ موسم سرما ۴ چاند
۵ ہمالیہ ۶ سردی ۷ برف - ہما (مونث) ۱ سردی
کا موسم ۲ چھوٹی الائچی ۳ ایک قسم کی خوشبودار گھاس
۴ ایک قسم کی خوشبودار دوا - ہماچل ہمادری
(مذکر) ۱ برفانی پہاڑ ۲ کوہ ہمالیہ - ہمالیہ (ہند)
ہندوستان کے شمال میں ایک پہاڑ جو دنیا میں
سب سے اونچا پہاڑ ہے - اس کی سب سے
اونچی چوٹی کوہ ایورسٹ سطح سمندر سے ۲۹۰۰۲
فٹ بلند ہے - کنچن جنگا اور دھولاگری اور
دو بہت اونچی چوٹیاں ہیں - ہمگری (مذکر)

ہمالیہ۔ ہموَت (صفت) ۱ جس پر برف ہو ۲ (مذکر) کوہ ہمالیہ

ہُم (ع۔ ضمیر) وہ۔ وہ۔

ہُما (ضمیر) وہ دو تین۔

ہُما (ف۔ مذکر) ایک خیالی پرند جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ جس کے سر پر سے گزر جائے وہ بادشاہ ہو جاتا ہے یہ ہمیشہ اڑتا رہتا ہے۔ ہڈیاں کھاتا ہے اور کسی کو نہیں ستاتا۔ **ہمائی** (صفت) ۱ ہما سے منسوب ۲ خوش قسمت۔۔

مقولہ۔ ہمائے اوج سعادت بدام ما افتد۔ اگر ترا گزرے برمقامِ ما افتد۔ اگر آپ کا گذر ہمارے مکانا میں ہو جاتے تو نیک بختی کی بلندی کا ہما ہمارے دام میں آ جائے۔ یعنی اگر آپ ہمارے یہاں تشریف لائیں تو یہ ہماری خوش نصیبی ہے۔

ہُمّا (ھ۔ مذکر) ۱ دریاؤں کا چڑھاؤ جو بدر اور ہلال کے دن آتا ہے ۲ بڑا طوفانِ آب۔

ہماتَم (ھ۔ مذکر) ہماتمی (مونث) ۱ برابری۔ ہمسری ۲ مقابلہ چشمک۔

ہَمار (ھ۔ صفت) ہمارا کا مخفف۔ ہمارو (صفت) ہمارو۔

ہُماسنا (اردو۔ متعدی) کوئی وزنی چیز اٹھانا تاکہ کوئی اور چیز اس کے نیچے رکھی جائے (لکھنو)

ہَمال (ف۔ صفت) ۱ مانند مثل۔ برابر۔ نظیر۔ شبیہ ۲ (مذکر) مدمقابل ہمسر۔ ہم عصر ۳ دوست۔ یار۔ ہمدم۔ مصاحب۔ ہمراز۔

ہَمالہ۔ ہَمالیَہ (ہند) دیکھو ہم کے تحت میں۔

ہَمام (ف۔ مذکر) ہاون کا مخرب ہمام دستہ (مذکر) ہاون دستہ (عت)

ہماوتی (س۔ مونث) ایک قسم کا سوم پودہ۔

ہَمارُم (ع۔ مذکر) ہمت کی جمع کوششیں۔ ہمتیں۔

ہُمائے (ف۔ مونث) ۱ ایران کی ایک ملکہ جو دارا ثانی کی ماں اور بہمن کی بیٹی اور بیوی تھی ۲ اسفندیار کی ایک بہن ۳ قیصر روم کی ایک بیٹی جس کی شادی بہرام گور سے ہوئی تھی ۴ علم جس پر ہما کی شکل بنی ہو ۵ بچوں کا ایک کھیل جو اخروٹوں سے کھیلا جاتا ہے۔ ہمائے آزاد (مونث) دیکھو ہمائے ۵۔

ہُمایوں (ف۔ صفت) ۱ خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ بلند اقبال۔ صاحب اقبال ۲ بابرکت۔ پُر تقدس ۳ شاہانہ۔ **ہمایوں نامہ** (مذکر) کلیلہ و دمنہ کے ترکی ترجمے کا نام۔

ہِمّت (ع۔ مونث) ۱ قوت طاقت۔ توفیق۔ دسترس ۲ دلیری۔ جرات بہادری۔ شجاعت ۳ ارادہ۔ قصد۔ عزم ۴ عالی حوصلگی۔ اولوالعزمی ۵ فیاضی ۶ لیاقت۔ قابلیت ۷ کوشش ۸ مرکبات میں جیسے پست ہمت۔ عالی ہمت۔ کم ہمت (ہمّ ارادہ کرنا) **ہمت باندھنا** (متعدی) حوصلہ کرنا **ہمت بندھانا** (م) جرات دلانا حوصلہ بڑھانا۔ **ہمت پڑنا** (لازم) حوصلہ ہونا۔ جرات ہونا۔ **ہمت پست ہونا** (لازم) حوصلہ جاتا رہنا۔ بے ہمت ہو جانا۔ **ہمت توڑنا** (متعدی) ٹوٹنا (لازم) کم ہمت ہو جانا پست ہمت ہو جانا **ہمت جوان رہنا** (لازم) حوصلہ قائم رہنا۔ ہمیشہ باحوصلہ رہنا۔ **ہمت سرد ہونا** (لازم) حوصلہ جاتا رہنا۔ **ہمت قائم یا قوی رہنا** (لازم) حوصلہ قائم رہنا۔ ارادہ پکا رہنا۔ **ہمت کرنا** (متعدی) ۱ دلیری کرنا جرات کرنا۔ حوصلہ کرنا ۲ سخاوت کرنا ۳ کوشش کرنا۔ **ہمت مرداں** (مونث) بہادر آدمیوں کی ہمت یا حوصلہ۔ **ہمت مردانہ** (مونث) بہادروں کی سی ہمت۔ **ہمت والا** (صفت) صاحب ہمت۔ عالی حوصلہ۔ عالی ہمت۔ **ہمت ہارنا** (متعدی) پست ہمت ہونا۔ جی چھوڑنا۔ حوصلہ نہ رہنا۔ **ہمتی** (صفت) ۱ عالی حوصلہ۔ صاحب ہمت ۲ دلیر۔ بہادر شجاع ۳ فیاض۔ سخی ۴ (مونث) ہمت۔ دلیری مرکبات میں جیسے پست ہمتی۔ عالی ہمتی۔

امثال و اقوال۔ ہمت بلند دار کہ پیش خدا و خلق۔ باشد بقدرِ ہمت تو اعتبارِ تو۔ ہمت بلند رکھو اس لئے کہ خدا اور دنیا والوں کے نزدیک تمہاری ہمت کے موافق تمہاری عزت ہوگی **ہمت کی گڑ یا عراقی کے لات مارے۔** ۔۔ ایک اپنے حمائتی کے بھروسے پھولتا ہے۔ **ہمتِ مرداں مددِ خدا۔** کام میں کوشش شرط ہے۔ خدا ضرور مدد کرتا ہے۔

ہَمتا۔ ہَمتائی (ف) دیکھو ہم کے تحت میں۔

ہَمدَہ (ع۔ مذکر) مرگی (ہَمَدَ۔ بجھ جانا)

ہَمَر۔ ہَمرا۔ ہَمرو۔ ہَمری (ھ) ہمار۔ ہمارا۔ ہماری کا مخفف۔

ہَمزَہ (ع۔ مذکر) ۱ وہ الف جو حروف کے درمیان یا آخر میں آئے ۲ حساب میں چھٹانک کا نشان۔

ہُمسانا (ھ۔ متعدی) ۱ اکسانا ۲ ڈرانا۔

ہُمساوال (اردو۔ مذکر) جمادی الثانی کا مہینہ۔

ہُمسنا (ہ۔ لازم) کسی چیز کا جگہ چھوڑنا

ہُمک (ہ۔ امر) ہمکنا کا۔ **ہُمکا** (ماضی) ہمکنا کی۔ **ہمک ہمک کر چلنا** (لازم) مٹک مٹک کر چلنا۔ اچک اچک کر چلنا **ہمکنا** (لازم) ۱ بچے کا کسی دوسرے کے پاس جانے کے لئے اچھلنا۔ پھدکنا۔ اچکنا ۲ چڑھائی کرنا۔ حملہ کرنا۔

ہُمکارا (اردو۔ مذکر) ہمکاری (مونث) ہاں۔ ہوں۔ کسی بات کے اقرار و اقبال کی آواز (لکھنو) **ہمکارا یا ہمکاری کھینچنا** (متعدی) اقرار یا اقبال کرنا۔ ہاں ہوں کرنا

ہُمگنا (ھ لازم) دیکھو ہمکنا۔

ہملگی۔ ہمگیں (ف صفت) کل۔ تمام۔ سب (ہمہ سے)

ہِمَم (ع - مونث) ہمت کی جمع - مرکبات ہیں جیسے عالی ہمم -

ہَمَن (ھ - ضمیر) ۱؎ دیکھو ہم ۲؎ دیکھو ہمار ۳؎ دیکھو ہمیں - ہمنا - ہمناں (نف) ہمیں ہَمنی (ضمیر) ہم - ہمنی سوں (نف) ہم سے - ہمنی کا (نف) ہمارا - ہمنی کے (نف) ہمیں -

ہَمہ (ف - نف) سب - کل سارا - جملہ - تمام - ہمہ تن (نف) بالکل تمام - سربسر - سرتاپا - سب کا سب - ہمہ تن گوش (صفت) بکمال متوجہ - ہمہ داں (صفت) ہر علم جاننے والا - ہر بات سے واقف - ہمہ دانی (مونث) ہر بات کی واقفیت - ہمہ صفت موصوف (صفت) تمام خوبیوں سے بھرا ہوا وہ جس میں تمام خوبیاں پائی جاتی جائیں - ہمہ عنوان (نف) ہر طرح ہر صورت - ہمہ نعمت (مونث) تمام نعمتیں عمدہ عمدہ چیزیں - ہمہ نعمت موجود ہے خدا نے سب کچھ دے رکھا ہے - ہمہ وقت (نف) ہر وقت -

اقوال - ہمہ از دست -

سب چیزیں اس (خدا) سے ہیں - کوئی چیز بذات خود موجود نہیں ہے - بلکہ ہر چیز اپنے وجود کے لئے خدا کی محتاج ہے - ہمہ اوست (سب کچھ وہ (خدا) ہے - صوفیوں کا قول ہے جن کے نزدیک سوا خدا کے کسی چیز کا وجود نہیں ہے - یہ خدا ہی ہے - جو مختلف صورتوں میں دکھائی دیتا ہے -

ہمیان - ہَمیانی (ف - مونث) پتلی سی تھیلی جس میں روپے ڈالکر کمر سے باندھ لیتے ہیں (کمر سے باندھنا کھولنا وغیرہ کیا کرتا)

ہمیش (ف - نف) ہمیشہ کا مخفف - ہمیشگی (مونث) دوام - مدامی - قدامت - قیام - بقا - ہمیشہ (نف) مدام سدا - دائم - نت - آئے دن - ہمیشہ بہار (مذکر) ایک پودہ جو دواؤں میں کام آتا ہے - ہمیشہ روتے ہی (جنم گزرا) روتے گذر گئی - سدا مصیبت ہی میں مبتلا رہے ہمیشہ سے چلا آتا ہے - یونہی ہوتا ہے پرانا چلن ہے - قدیم رسم ہے -

ہَمیل (ھ - مذکر) روپیوں کی بنی ہوئی ہیکل - جو گلے میں پہنتے ہیں -

ہَمیں (ف - نف) ۱؎ یہی ۲؎ اسی طرح - اسی طریقے پر ۳؎ صرف - نہ کم نہ زیادہ -

اقوال - ہمیں چوگاں

ہمیں میدان ہمیں گو - ہمیں گو ہمیں چوگاں - یہی مقابلہ کی جگہ ہے ابھی آزمائش ہو جائے -

ہَن (س - صفت) ۱؎ مارنے والا - قتل کرنے والا ۲؎ (مذکر) قاتل - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - ہنی (مذکر) ظالم - قاتل -

مثل - ہنی کو ہنتے پاپ

دوش نہ گنئے - ظالم کو قتل کرنا گناہ نہیں

ہَنڈی (ھ - مونث) دیکھو ہنڈیا -

ہُنڈی (ہ - مونث) وہ رقعہ جو کسی کے نام روپیہ دینے کے لئے دیا جائے چک - درشن ہنڈی کا ہنڈیاں (مونث) ہنڈی کی جمع ہنڈی بہی (مونث) وہ کتاب جس میں سے ہنڈی کاٹ کر دی جائے چک بک - ہنڈی بھیجنا (متعدی) کسی شخص کے نام رقعہ بھیجنا کہ حامل رقعہ کو روپیہ ادا کیا جائے ہنڈی پٹنا (متعدی) ہنڈی کا روپیہ وصول ہو ہنڈی پر ہنڈی لکھنا (متعدی) ہنڈی کو ادائگی کے لئے کسی کے پاس بھیج دینا - ہنڈی درشنی (مونث) وہ ہنڈی جس کے دیکھتے ہی روپیہ ادا کیا جائے - ہنڈی سکارنا یا سکھارنا (متعدی) ہنڈی کا روپیہ دینا - ہنڈی ساوجوگ (مذکر) ہنڈی جس کا روپیہ کچھ میعاد پر ملے - ہنڈی کرنا (متعدی) ایک جگہ سے روپیہ کے لئے دوسری جگہ رقعہ یا چک بھیجنا - ہنڈی کھڑی رکھنا (متعدی) ہنڈی کو کسی سبب سے ملتوی رکھنا - ہنڈی میعادی (مونث) وہ ہنڈی جس کا روپیہ ایک خاص میعاد کے بعد ادا کیا جائے -

ہَنڈیا (ہ - مونث) ۱؎ ہانڈی کی تصغیر چھوٹی ہانڈی - مٹی کی دیگچی ۲؎ ترکاری - سالن - لادن (اس بھانڈ کا) ہنڈیا پکانا (متعدی) پکانا (لازم) ۱؎ سالن یا ترکاری پکنا ۲؎ جوڑ جاڑ ہونا ۳؎ سازش ہونا - ہنڈیا چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) ہنڈیا کو پکنے کے لئے چولھے پر رکھا جانا ۲؎ کمانا ۳؎ رشوت لینا ۴؎ اپنا گھر بھرنا - ہنڈیا (ڈلیا) ڈوئی (مونث) ۱؎ کھانا پکانے والے برتن - باورچی خانے کا سامان ۲؎ گھر کا مال واسباب ہنڈیا کھدبد ہونا (ھ) دیکھو ہنڈیا پکنا ۱؎ ہنڈیا گرم ہونا (لازم) دیکھو ہنڈیا چڑھنا

ہُنڈیت (ھ - مذکر) ہنڈے بھاڑے والا

ہُنر (ف - مذکر) ۱؎ کسی کام میں مہارت - ۲؎ فن - کاریگری - حرفت - کمال - جوہر - صنعت ۳؎ وصف - خوبی ۴؎ کاریگری جو ہاتھ سے ہو - کرتب - کام ۵؎ انداز - سلیقہ - لیاقت ۶؎ حکمت دانائی ہنر کی پوٹ (مونث) بڑا ہنرمند آدمی ہنرمند یا ور (صفت) صاحب ہنر - کاریگر - صناع - دستکار - گنی - باہنر - باکمال - صاحب جوہر -

امثال واقوال - ہنر بچشم عداوت

بزرگ ترعیبست - عداوت کی آنکھ میں ہنر بھی عیب معلوم ہوتا ہے ہنر بکار نیاید چو بخت بد باشد - تقدیر کے آگے عقل اور ہنر نہیں چلتا - ہنر زادہ بے ہنر چون بود - پدر گر ہ باشد پسر تون بود - باپ دادا کا اثر کچھ نہ کچھ اولاد پر ضرور ہوتا ہے - بہت نہیں - تھوڑا سا ہنرمند بھوکا نہیں رہتا کام کرنیوالا آدمی کما کھاتا ہے ہنرور در بے ہنراں خر - ہنرمند آدمی بے ہنروں میں گدھا ہے -

ہَنس (ہ - امر) ہنسنا کا (ہنس - ہنسنا) ہنسا (ماضی) ہنسنا کی - ہنسا جانا (لازم) تمسخر کیا جانا ہنسا مارنا (متعدی) بہت ہنسانا ہنسانا (متعدی) ۱؎ ہنسنے کا موجب ہونا - خندہ یا ہنسی دلانا ۲؎ خوش کرنا - محظوظ کرنا ہنسائی (مونث) ٹھٹھا - ہنسی - تضحیک - اردو میں اب صرف جگ ہنسائی میں استعمال ہوتا ہے ہنس بول کر بسر کرنا (متعدی) خوشدلی کے ساتھ زندگی بسر کرنا ہنس بول لینا (متعدی) ہنسی خوشی سے بات چیت کرنا -

ہنس پڑنا یا دینا (متعدی) دفعتہً ہنسنے لگنا
ہنستا چُھل (صفت) دوستی کے پردے میں دشمنی
کرنیوالا ہنستا جہل (صفت) ہنس مکھ ہنسنے
بولنے (لف) ۱ دل لگی سے۔ مذاق کرتے
کرتے ۲ آسانی سے۔ باتوں باتوں میں ۳
خوشدلی سے بات چیت کرتے۔ ہنستی
پیشانی (صفت) خندہ رو۔ ہنس مکھ۔ ہنستے
ہنستے (لف) ہنس ہنس کر۔ بہت ہنستے
ہوئے۔ ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ
جانا (لازم) فرطِ خندہ سے بیتاب ہو جانا
ہنستے ہنستے لوٹ جانا (لازم) فرطِ خندہ
سے بیتاب ہو جانا۔ ہنسی کی وجہ سے غلطاں
ہو جانا ہنس مُکھ یا مُکھ (صفت) خوش خلق۔
ملنسار۔ خندہ پیشانی۔ خوش طبع۔ خوش مزاج
شگفتہ رو۔ وہ شخص جو ہنس کر ملے ہنسنا
(لازم) ۱ خندہ کرنا کھل کھلانا ۲ خوش ہونا
بشاش ہونا ۳ مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا چھیڑنا
۴ ہنسی اڑانا فضیحت کرنا تضحیک کرنا۔
ہنسنا بولنا (لازم) ۱ دل لگی کرنا۔ مذاق
مذاق کرنا ۲ آسانی سے باتوں باتوں میں
مطلب نکال لینا ۳ خوش دلی سے بات
چیت کرنا ہنسنا ہنسانا (متعدی) تفریح
کرنا۔ ہنسنے کی جگہ (مونث) مذاق کا
موقع۔ خندہ کرنے کا محل ہنسوانا (مع)
ہنسنا کا۔ دوسرے کو تحریک کرنا کہ ہنسے
۔ مذاق کروانا فضیحتا کروانا ہنسوڑ (صفت)
خوش طبع۔ ظریف۔ خوش مزاج۔ مسخرہ۔
ہنسی (مونث) ۱ خندہ۔ ٹھٹھا۔ قہقہہ۔
۲ اظہار خوشی یا تضحیک ہوتا ہے ۳ مذاق
کھیل۔ مزاح۔ تمسخر۔ خوش طبعی۔ دل لگی۔
ظرافت ۴ تضحیک۔ استہزا۔ رسوائی فضیحتی
۵ کھیل۔ نہایت آسان کام ۶ خندہ زنی۔
ہنسی آنا (لازم) ہنسنا۔ خندہ ہونا ہنسی
اڑانا (متعدی) اڑنا (لازم) تضحیک ہونا
ٹھٹھا اڑنا۔ مذاق ہونا ہنسی ٹھٹھا (مذکر)
۱ ہنسی۔ دل لگی۔ مذاق ۲ آسان کام۔ ذرا
سی بات۔ کھیل۔ تماشا۔ ہنسی خوشی
(مونث) ۱ خوشی سے۔ رضامندی سے ۲

خیریت سے بخیریت ہنسی خوشی سے
(لف) رضامندی سے ہنسی خوشی کا سودا
(مذکر) رضامندی کا معاملہ ہنسی سمجھنا (لازم)
معمولی بات سمجھنا۔ پروا نہ کرنا۔ آسان کام
خیال کرنا ہنسی سوجھنا (لازم) خندہ زنی
کا خیال آنا۔ کسی پر ہنسنا ہنسی سے
کہنا (متعدی) مزاحاً کوئی بات کہنا۔
ہنسی سے لوٹنا (متعدی) غلبۂ خندہ
سے بیتاب ہونا۔ غلطاں ہونا ہنسی ضبط
کر لینا (متعدی) ہنسی کو روک لینا ہنسی
کرنا (متعدی) ۱ مذاق کرنا ٹھٹھا کرنا۔
دل لگی کرنا ۲ تضحیک کرنا۔ رسوائی یا بدنامی
کرنا۔ ہنسی کھیل (مذکر) ذرا سی بات۔
آسان کام ہنسی کی بات (مذکر) وہ بات
جس پر لوگ ہنسیں ہنسی کے مارے
(پیٹ پھٹا جانا) دم الٹ جانا (لازم)
بے اختیار ہنسی آنا۔ بید ہنسنا ہنسی ماننا (متعدی)
معمولی یا آسان بات سمجھنا ہنسی میں (لف) مذاق
میں۔ دل لگی میں۔ مزاحاً ہنسی میں اڑا دینا یا
اڑانا (متعدی) اڑ جانا۔ اڑنا (لازم) کوئی
بات دل لگی یا مذاق میں ٹل جانا ہنسی میں پھول
جھڑنا (لازم) کسی کا ہنسنا اچھا معلوم دینا۔ ہنسی
باگ برنا ہونا ہنسی میں ٹال لینا (متعدی) مذاق
کے پیرائے میں بات سن کر سماعت نہ کرنا کسی
ناگوار حرکت سے متاثر نہ ہونا ہنسی میں لے
جانا (لازم) کسی بات کو مذاق بنا دینا۔ ہنسی
میں لینا (لازم) مضحکہ اڑانا تضحیک کرنا ہنسی
ہنسی میں (لف) ۱ دل لگی میں۔ مذاق میں ۲ بلا
وجہ۔ بلا سبب۔ باتوں باتوں میں ہنسی ہونا (لازم)
ذلت ہونا۔

امثال واقوال ہنستا پھول

ہنستی کلی۔ نازک اور خوش مزاج آدمی جو اکثر
مسکراتا اور ہنستا رہے۔ مگر جسے ذرا بھی ناگوار طبع
بات گوارا نہ ہو۔ ہنستے ٹھاکر کھانستے چور۔ ان
دونوں کو آیا اور۔ حاکم کا ہر وقت ہنستے رہنا
اور چور کی کھانسی دونوں خرابی کا باعث ہوتے
ہیں۔ ہنستے ہو کچھ پڑا پایا ہے۔ جب کوئی بہت
ہنس رہا ہو تو کہتے ہیں۔ ہنستے ہی گھر بستے ہیں
ہنسی ہنسی میں کام بن جاتا ہے۔ اس وقت کہتے

ہیں جب کوئی طنزاً کسی پر ہنس رہا ہو۔ ہنس گن
پاؤ سے تیور لاگے (مذ) بہت ناشکر گزار شخص
ہے ہنسنا برہمن۔ کھنسنا چور۔ گیڈھ کا ستھ
کُل کا بور (مذ) ہنسنے والا برہمن اور کھانسنے
والا چور اور ران پڑھ کا ستھ اپنی قوم کو تباہ کرتے
ہیں۔ ہنسئے دور پڑوسی سے نا۔ ہمسائے
سے ہنسی مذاق نہیں کرنا چاہیئے ہنس ہنس
کھائیے پھوہڑ کا مال بیوقوف کا مال سے
مسخرہ بنا کر کھانا چاہیئے۔ ہنسی اور پھنسی اگر
عورت غیروں کے ساتھ ہنسے تو وہ بدچلن ہو جاتی
ہے ہنسے اور پھنسے۔ مذاق اور دل لگی سے
احتیاط ہی خوب ہے ہنسے تو اوروں کو روئے
تو اپنوں کو اوروں پر مصیبت پڑے تو ہنسی آتی
ہے۔ اور جو اپنے آپ پر آن پڑے تو رونا آتا
ہے۔ ہنسے تو ہنسئے اڑے تو اڑیئے جو
اچھی طرح ملیں ان سے اچھی طرح ملنا چاہیئے اور
جو لڑیں جھگڑیں ان سے لڑنا چاہیئے۔ ہنسی میں
کھیلی کھیل (مذ) ہنسی ہنسی میں لڑائی ہو جاتی
ہے۔ ہنسی میں کھنسی ہنسی مذاق میں لڑائی ہو جانا
ہَنس (س) مذکر: ہنس (۱) ایک
آبی پرند جس کا رنگ سفید گردن اور ٹانگیں لمبی
ہوتی ہیں۔ پرانے زمانے میں لوگوں کا خیال تھا
کہ یہ موتی کھاتا ہے ۲ (س) ایک خیالی پرند جو
دودھ کو الگ اور پانی کو الگ کر دیتا ہے۔
۳ روح ۴ اچھا راجہ ۵ گھوڑا ۶ اعلیٰ قسم کا بیل
۷ پہاڑ ۸ ایک قسم کا مندر ۹ گرد ۱۰ ایک خاص قسم
کے سادھو۔ ہنسا (مذ) ہنس رانا ۱۱ نظم میں
استعمال ہوتا ہے ہنسراج (مذکر) ۱ ایک قسم کا
ہنس ۲ ایک بوٹی جو برسات میں دیواروں پر اگتی
ہے۔ پرسیاؤشاں ۳ ایک قسم کا دھان
ہنس نا (مذکر) ہنس کی آواز ہنسی
(مونث) مادہ ہنس

امثال واقوال ہنسا چلل

بھاگ۔ کیوں نہ سنگا ئے لاگ۔ جب
روح نکل جائے تو کوئی ساتھ نہیں دیتا ہنسا
تھے سو اڑ گئے کاگا بھے دوان۔ جا بن
گھر آپنے سنگھ کا کے جبان۔ اچھے مشیر
مر گئے برے مشیر ہو گئے۔ اب برے آدمیوں

کے نزدیک نہیں جانا چاہیئے۔
ہنسلی (ہ۔ مونث) ا۔ وہ اُبھری ہوئی
ہڈی جو گردن کے نیچے ہوتی ہے ۲۔ گلے میں پہننے کا
کا ایک زیور ۳۔ بنانا۔ بنا۔ پہنانا۔ پہنانا ۳۔
ہنس۔ ہنسلی اتر جانا یا جاتی رہنا (لازم)
بچے کی ہنسلی کا اپنی جگہ سے کھسک کر اوپر یا
نیچے ہو جانا۔ ہنسلی جانا (لازم) ہنسلی اتر جانا
ہنسلیتہ (ع۔ مذکر) ایک فرقہ جس کا بانی
سیدی بن یوسف الهنسلی تھا۔ یہ مراکو میں ہے
ہنسوڑ (ہ۔ صفت) ا۔ خوش طبع۔
ظریف۔ ہنسوڑپن یا پنا (ہ) ہنسی۔ مذاق۔
چھیڑ چھاڑ ہنسوڑنا (ہ) ا۔ مسخراپن کرنا۔ چھیڑ
چھاڑ کرنا ۲۔ ہنسنا۔ کھلی مچانا۔
ہنسیا (ہ۔ مونث) درانتی۔
مثل ہنسیا دور کے پڑوسن
کی ناک کونسی مشکل بات ہے۔
ہنک (ہ۔ امر) ہنکنا کا ہنکا
(امر) ا۔ ہنکانا کا ۲۔ ہانکی) ہنکنا کی ہنکانا (متعدی)
ا۔ دور کرنا۔ ہٹانا ۲۔ مکھیوں کو اڑانا یا دور کرنا ۳۔
دیکھو ہنکارنا ہنکایا جانا (لازم) جانوروں کی
طرح دور یا تعاقب کیا جانا ہنکوا (مذکر) شکار
کو ہنکانے والا۔ شکاری ایک جگہ بیٹھ جاتے
ہیں۔ اور بہت سے آدمی شکار کو گھیر کر اور
شور مچا کر اس طرف لاتے ہیں۔
ہنکار (ہ۔ مونث) ا۔ ہاں کی آواز
ہاں یا تشفی۔ حمایت ۲۔ دس۔ ڈرانے کی آواز
۳۔ سور کی آواز ۵۔ شور مچانا۔ غرانا۔ دھاڑنا
۶۔ شور۔ آواز ۷۔ کمان کی آواز (دس ہرم کا)
ہنکارا (مذکر) ہاں کی آواز دھرنا کے ساتھ
ہنکار دینا (ہ) ا۔ آواز دینا ۲۔ غرانا ۳۔ دھاڑ
۔ زور سے چیخنا۔ ہنکاری (مونث) ا۔ دیکھو
ہنکارا (بھرنا کے ساتھ) ۲۔ (ہ) ایک گول
لکیر جو اعداد کے بعد لکھتے ہیں۔
ہنگام (ف۔ مذکر) ا۔ وقت
زمانہ۔ موقع ۲۔ موسم ۳۔ گروہ۔ جماعت۔
مجمع۔ بھیڑ ہنگام پیری (مذکر) بڑھاپے
کا زمانہ ہنگام جوانی (مذکر) جوانی کا زمانہ۔
ہنگام رقص (مذکر) ناچنے کے دوران میں

ہنگام گل (مذکر) پھولوں کا موسم ہنگامِ نبرد
(مذکر) لڑائی کا وقت ہنگامہ (مذکر) ا۔ ہجوم
بھیڑ۔ مجمع ۲۔ شور۔ غل ۳۔ ہلچل۔ شور و غل ۴۔ لڑائی
شورش۔ بلوہ۔ جھگڑا۔ فساد۔ حملہ۔ فتنہ ہنگامہ
آرا (صفت) ا۔ جنگ برپا کرنیوالا۔ صف آرا
۲۔ فتنہ برپا کرنیوالا۔ ہنگامہ برپا کرنا (متعدی)
ہونا (لازم) ا۔ شور و غل ہونا ۲۔ ہلچل مچنا ۳۔ فساد
برپا ہونا ہنگامہ پرداز (صفت) دنگا کرنے
والا ہنگامہ پردازی (مونث) لڑائی
جھگڑا۔ دنگا۔ فساد۔ شورش۔ بلوہ ہنگامہ
قتل (مذکر) قتل دگرم ہونا کے ساتھ ہنگامہ
قیامت (مذکر) ا۔ قیامت کے روز کا ہجوم
ہنگامہ گرم رہنا (لازم) لڑائی جھگڑا یا فتنہ و
فساد ہوتا رہنا ہنگامہ گرم کرنا (متعدی) ہونا
(لازم) فتنہ و فساد ہونا۔ لڑائی جھگڑا ہونا کسی
واقعہ کا بکثرت ہونا ہنگامہ محشر (مذکر) قیامت
کے روز کا ہجوم۔ ہنگامہ ہونا (لازم)۔
فساد ہونا۔ جھگڑا ہونا ۲۔ زور و شور ہونا
۳۔ شور و غل ہونا۔ ادھم مچنا۔ ہنگامی (صفت)
چند روز کا۔ خاص وقت تک کا۔

ہنود (ع۔ مذکر) ہند کی جمع ہند
اہل ہنود غلط ہے۔

ہنوز۔ ہنوز (ف۔ تف) ابھی۔
اب تک۔ اس وقت تک۔

امثال۔ ہنوز دہلی دور است
ابھی مطلب پورا ہونے میں دیر ہے۔ کہتے
ہیں کہ ایک تیز رفتار قاصد نے جہانگیر سے
وعدہ کیا کہ ایک دن لاہور جا کر نور جہاں
سے دوسرے دن جواب لاکر حاضر ہونگا۔
واپسی پر دہلی کے قریب پہنچ کر ایک بڑھیا سے
پوچھا دہلی کتنی دور ہے۔ اس نے جواب
دیا نوج دلی دور ہے۔ اس نے سمجھا کہ
ہنوز دلی دور ہے۔ اس صدمے سے
مر گیا۔ تب سے یہ مثل ہوئی۔ محمد شاہ رنگیلے
نے نادر شاہ کی آمد کا حال سن کر بھی یہی
فقرہ کہا تھا۔ ہنوز روز اول ہے ابھی
تک کچھ ترقی نہیں کی ہنوز ہموں آش
در کاسہ اب بھی پیالے میں وہی کھانا
ہے۔ جو حالت پہلے تھی اب بھی ہے۔
ہنومان (ہ۔ صفت) ا۔ بڑے
جبڑوں والا ۲۔ (مذکر) پون ہوا کے دیوتا
اور ریچھوں اور بندروں کے بادشاہ سگریو
کے پاس ملازم تھے۔ جب راجہ رامچندر جی
نے لنکا پر چڑھائی کی تو سگریو نے بندروں
کی فوج مدد کے لئے بھیجی جس کے جرنیل
ہنومان جی تھے۔
ہنومنتی درجھ (ہ) (مذکر) ہیف
بازی کی اصطلاح دلہنے ہاتھ میں تلوار بائیں میں
سپر لے کر جست و خیز کرتے ہوئے حریف
کا مقابلہ کرنا اور چوٹ مارنا
ہنہنا (ہ۔ امر) ہنہنانا کا دس ہم)
ہنہناٹ (ہ) دیکھو ہنہناہٹ ہنہنانا (لازم)
گھوڑے کا بولنا۔ ہنہناہٹ (مونث) گھوڑے
کی آواز۔
ہنی (ع۔ صفت) ا۔ اچھا۔ لطیف ۲۔
ہلکی۔ زود ہضم (غذا) خوشگوار مزاج کے موافق
۳۔ جو آسانی سے حاصل ہو (ہنسا۔ خوشگوار ہونا)
ہنیاں (ہ۔ تف) یہاں (دف)
ہو (س۔ مذکر) ایجنیٹ۔ نذر ۲۔
بلانا۔ مدعو کرنا ۳۔ دعوت ۴۔ دیوتا کو بلانا ۵۔ نعرہ
مارنا۔ لڑائی کے لئے بلانا ۶۔ حکم۔ فرمان۔
ہو (ف۔ مونث) ا۔ وہ آہ جو حالت
شوق اور مستی میں منہ سے نکلے ۲۔ غل۔ شور ہنگامہ
۳۔ خوف۔ ڈر ہو حق (مونث) نعرہ مستانہ جو وجد
یا مستی کی حالت میں منہ سے نکلے ہو حق ہو
جانا (لازم) فنا ہو جانا۔ نیست و نابود ہونا۔
ہو حق ہونا (لازم) شور و غل ہونا ہو کا عالم
مقام۔ مکان یا میدان (مذکر) سنسان
جگہ۔ خوفناک اور وحشت بھری جگہ ۲۔ عالم
لاہوت ہو کرنا (متعدی) ا۔ ڈر کر چیخنا۔ چیخ کر
بھاگ جانا ۲۔ ہو کی آواز نکالنا ہو جانا
(لازم) سنسان ہو جانا۔
ہو۔ ہو (ع۔ ضمیر۔ مذکر۔ غائب) ا۔
وہ ۲۔ اللہ کا مخفف۔ خدا تعالیٰ کا اسم ذات۔

الاوّل ھوالاٰخر۔ھوالظاہر ھو الباطن۔ قرآن شریف کی آیت ہے۔ خدا تعالےٰ سب سے پہلے ہے۔ وہ سب سے آخر ہے۔ وہ ظاہر ہے وہ باطن ہے۔ ھوالشّافی طبیب نسخے کی پیشانی پر لکھتے ہیں خدا تعالیٰ شفا دینے والا ہے ھوالغفوؔر۔ خدا تعالیٰ معاف کرنیوالا ہے۔ ہُوَ بہُوَ۔ ہو بہو (تف) بعینہٖ۔ بجنسہٖ۔ جوں کا توں۔

ہُو (س۔ حرفِ ندا) ۱ بلانے کے لئے ۲ غرور کے لئے ۳ حقارت ظاہر کرنے کے لئے ۴ غم ظاہر کرنے کے لئے۔

ہو (ف۔ امر) ہونا کا (س) بھو ۱ واقع ہونا ہُوا (ماضی) ہونا کی ۲ آدہ ہُوا۔ منعقد ہُوا ۳ گزرا ہو آنا (لازم) کہیں جاکر واپس آنا ہوا جو (سو) ہُوا جو کچھ ہو گیا سو ہو گیا۔ جانے دو۔ پروا نہ کر دہوا سو ہو گیا۔ گذشتہ را صلاۃ آیندہ را احتیاط ہوا کرنا (لازم) ہونا ہُوا کرے یا کریں۔ کچھ پروا نہیں۔ بلا سے۔ نہیں کیا۔ ہوا نا (تابع مہمل) ہونا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ہوا نہو۔ اب تک نہیں ہُوا اور ۲ آئندہ ہوگا۔ نہیں ہوگا ہوا نہو۔ اب تک نہیں ہُوا۔ اور نہ آئندہ ہوگا۔ نہیں ہوگا ہوا نہ ہوا۔ موجود ہوا یا نہ موجود ہُوا۔ زندہ رہا یا مر گیا۔ ہو بیٹھنا (لازم) ۱ ہو جانا۔ بن جانا ۲ (عو) حیض سے ہونا ۳ کسی شخص سے نکاح کر لینا ہو پڑنا (لازم) جھگڑا ہو جانا۔ دفعۃً تکرار ہو جانا۔ ہوت (مونث) ۱ دولت۔ ثروت۔ پونجی ۲ مقدور۔ حیثیت ۳ لیاقت۔ قابلیت ۴ بڑائی۔ وسیلہ۔ ذریعہ ۵ دیکھو علیحدہ ہوت (ھ) ہوتا (ماضی ناتمام) ۱ ہونا کی ۲ (صفت) ہونے والا ۳ (مذکر) رشتہ دار۔ قرابت دار ۴ دیکھو ہوت ۵ ہوتا رہا (جل) آنا (لازم) ہمیشہ سے ایسا ہونا ہوتا جانا (لازم) ۱ کسی جگہ سے ہوکر جانا۔ مل کر جانا ۲ بن جانا۔ بننا۔ تیار ہونا تکمیل کو پہنچنا ہوتا رہنا (لازم) لگاتار ہونا ہوتا رہے گا بجھ پر دبال پڑے گا۔ تو ہی ایسا رہے گا۔ (مت) ہوتا سوتا (مفتم) ۱ مراجیتا۔ رشتے ناطے کا ۲ (مذکر) رشتہ دار۔ عزیز۔ حمایتی ہوتا سوتا رہے گا۔ دیکھو ہوتا رہے گا (مت) ہوتا ہی ہوگا۔ اس میں دیر ہے جلد نہیں ہو سکتا ہوت والا (مذکر) دولتمند امیر۔ غنی۔ تونگر۔ مالدار۔ ہوتے (تف) ۱ ہوتے ہوئے۔ موجودگی میں۔ زندگی میں زندگی میں۔ سامنے۔ جیتے جی ۲ (مذکر) ہوتا کی جمع۔ رشتے دار۔ عزیز و اقارب۔ خویش و اقربا۔ ہوتی آئی ہے ہمیشہ سے ایسا ہوتا ہے۔ پرانی رسم ہے۔ ہوتے ساتے یا ساتے ہوتے ہوئے۔ بحالت موجودگی۔ موجود ہونے پر۔ ہوتے سوتے (مذکر) ہوتا سوتا کی جمع عزیز و اقارب جو زندہ ہوں یا مر گئے ہوں۔ ہوتے ہواتے ہیں ہواتے تابع مہمل ہے ہُوا کرتے ہیں۔ ہوتے ہوتے (تف) آہستہ آہستہ۔ رفتہ۔ رفتہ۔ سہج سہج ہوتے ہوتے ہوئے موجودگی میں ہوتے ہی پیدا ہوتے ہی ہوتے ہی ہوگا آہستہ آہستہ یا رفتہ رفتہ ہوگا ہو جانا (لازم) ۱ کام بن جانا۔ کام پورا ہو جانا ۲ آکر چلا جانا۔ مل جانا ۳ مرجانا ۴ بن جانا ۵ ختم ہو جانا کسی کام یا چیز کا ۶ لڑائی ہو جانا ۷ انزال ہو جانا ۸ جمع ہو جانا ۹ (روپیہ وغیرہ) صرف میں آ جانا۔ خرچ ہو جانا ۱۰ (قرض وغیرہ) ذمہ چڑھ جانا ۱۱ (کچھ) لاحق ہو جانا۔ بھوت پریت کا اثر ہو جانا ۱۲ (زمانہ وقت وغیرہ) گزر جانا ۱۳ (کام) نکل جانا۔ دیکھو کام کے تحت میں ہو جیو۔ خدا کرے ہو جائے۔ (مت) ہو جے۔ ہو جیئیگا۔ بجائے ہوں۔ عزت سے آپ کے ساتھ (مت) ہو چکا ۱ ختم ہو گیا۔ گزر گیا۔ مر گیا ۲ (طنز) نہیں ہونے کا۔ صبر کرو۔ چھوڑ دو۔ ہو چکنا (لازم) ۱ ختم ہو جانا۔ تمام ہو جانا ۲ خرچ ہو جانا۔ صرف ہو جانا ۳ مر جانا۔ دم نکل جانا ۴ خاتمہ ہو جانا۔ باقی نہ رہنا ۵ لڑائی ہونا ۶ ہو جانا۔ ہونا ہو چلنا (لازم) ۱ شروع ہونا ۲ بہت سا ہو جانا ۳ قریب الاختتام ہونا ہو رہنا (لازم) ۱ ہونا۔ ہو جانا ۲ کہیں رہ پڑنا۔ گھر بنا لینا ۳ کسی کا ہو جانا ۴ طرفدار ہونا۔ ساتھی ہو جانا ۵ کسی کام کا رفتہ رفتہ ہو جانا ۶ کسی قابل ہو جانا۔ کچھ حاصل کر لینا۔ ہو سکنا (لازم) ۱ کر سکنا۔ امکان میں ہونا۔ ۲ موقع ملنا۔ ممکن ہونا ہو کر یا کے (تف) ۱ غزور لا بد ۲ درمیان سے۔ پاس سے ۳ گزرتے ہوئے۔ ہوتے ہوئے ہو کس ہوا میں یہ خیال باطل ہے جو سمجھ رہے ہو۔ ہو کے رہنا (لازم) ضرور ہونا۔ لابد ہونا ہو گا ۱ شاید۔ شک کے مقام پر بولتے ہیں ۲ کسی بات کے ٹالنے کے لئے کہتے ہیں ہو گزرنا (لازم) ۱ واقع ہونا ۲ ختم ہونا ۳ گذشتہ زمانے میں ہونا یا گزرنا ہو لینا (متعدی) ۱ ختم ہونا۔ ہو جانا۔ ہو چکنا ۲ مکمل ہونا۔ پورا ہونا تمام ہو جانا ۳ کسی طرف کا راستہ لینا ۴ ساتھ چلنا ۵ لڑائی ہونا ۶ (بچہ) پیدا ہونا ۷ (پیچھے) پیچھے پیچھے جانا۔ پیروی کرنا ہُوں (حال) ہونا کا (میں) کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ہوں (ماضی تمنائی) ۱ ہونا کا۔ وہ جمع کے ساتھ استعمال ہوتی ہے ۲ اگر موجود ہوں۔ اگر اختیار میں ہوں ہونا (لازم) ۱ واقع ہونا ۲ پیش آنا۔ بننا۔ ملنا۔ حاصل ہونا ۳ ظاہر ہونا ۴ انزال ہونا ۵ پیدا ہونا ۶ موجود ہونا۔ پاس ہونا ۷ مقابلہ ہونا۔ تحت ہونا ۸ موجود ہونا۔ حاضر ہونا ۹ بلد ہونا ۱۰ لڑائی ہونا ۱۱ (وقت سال وغیرہ) گزرنا بیتنا ۱۲ (نسبت) ٹھہرنا۔ قرار پانا ۱۳ (شادی) رچنا ۱۴ (پانی بارش وغیرہ) پڑنا۔ برسنا ۱۵ (طغیانی وغیرہ) آنا ۱۶ دکھانا چاول وغیرہ) پکنا ۱۷ (باجہ وغیرہ) بجنا ۱۸ (شور) مچنا ۱۹ (کام) بننا دیکھو کام کے تحت میں ۲۰ ہر اسم اور صفت کے ساتھ آکر مذکورہ بالا معانی میں سے کوئی نہ کوئی معنی دیتا ہے ۲۱ (مذکر) زندگی ۲۲ امکان ۲۳ وجود۔ موجودگی ۲۴ (صفت) ممکن ہو نکلنا (لازم) ۱ گزرنا۔ پاس سے جانا ۲ کسی جگہ آ جانا ہونا نہ ہونا (مذکر) عدم و وجود ہست و نیست۔ موجودگی۔ عدم موجودگی ہونا ہوانا (لازم) ہوانا تابع مہمل ہے ۱ نقصان ہونا۔ ضرر پہنچنا ۲ کسی فعل کا سرزد ہو جانا ۳ کسی فعل کا باثر ہونا ہونا ہو سو ہو۔ چاہے کچھ ہو ہونہار (صفت) ۱ ہونے والا۔ شدنی۔ وہ بات جس کا ہونا ضرور ہو ۲ وہ جس میں لیاقت قابلیت۔ ترقی عروج یا صاحب اقبال ہونے کے آثار پائے جائیں۔ ہو نہ ہو (تف) بافرور

بیشک ۔ شرطیہ ۔ لابد ۔ لاکھوں میں ہونی (مونث) ہونیوالی یا پیش آنیوالی ہونے جوگ (صفت) ۱ ہونے کے قابل ۲ ہونیوالا ہونے دو ۱ ہوجانے دو ۔ مت روکو ہونے کا (صفت) ہونیوالا ہونے کے دن (مذکر) حیض کا زمانہ (آنا کے ساتھ) ہونے لگنا (لازم) ہونا شروع ہونا ہونیوالا (صفت) پیش آنے والا ۔ ہونہار شدنی ۔ ممکن ہونیوالی بات (مونث) شدنی ہو دسے ہو (مت) ہو ہو اُچکنا (لازم) ہوچکنا ہوہوا کر (نف) ہو کر ہوتی ہے نہ ہوگی ممکن نہیں ۔ ہرگز نہیں ہوسکتی ۔ یہ بات نہ کبھی ہوئی ہے نہ ہوگی ۔ ہوئے ہیں نہ ہونگے ناممکن ہے محض بے مروت اور بے دید ہیں

امثال و اقوال ۔ ہوت کا

باپ ان ہوت کی ماں ۔ باپ روپے کا ساتھی ماں مفلسی کی ہوت کی جوت ہے ساری رونق روپے کے ساتھ ہے ہوتی آئی ہے کہ اچھوں کو برا کہتے ہیں ۔ ہمیشہ سے لوگ اچھوں کو بدنام کرتے ہیں ۔ ہوتی آئی ہے کہ اچھوں کے برے ہوتے ہیں ہمیشہ سے ایسا ہوتا ہے کہ اچھوں کی اولاد بری نکلتی ہے ہوتے کی بہن اور باپ ہیں بن ہوتے کی جوئے ۔ تلسی روپیہ پاس کا سب سے نیکا ہوئے دوست رشتے دار سب خوشحالی ہے کہ زمانے میں ساتھی ہوتے ہیں ۔ صرف بیوی غربت میں ساتھ دیتی ہے ۔ مگر سب سے بڑا دوست روپیہ ہے جو پاس ہو ہوتے ہی نہ مر گئے ہوا جو کفن (بھی) ٹھوڑا لگنا ۔ ایسے شخص کے متعلق کہتے ہیں جس سے سخت نفرت ہو ۔ ہو چالاک شکر ہو خاک ہمت کر محنت کر پھر مٹی بھی شکر ہے ۔ ہو گئی ڈھڈو ڈھمک چال کیسی ۔ بڑھاپے میں ناز نخرے ہو گی وائے کے بھاگ سے عقل کہت کیا جائے ہوگا تو اس کی قسمت سے کلمہ خیر ہر ایک کے حق میں کہنا چاہیئے ۔ ہونا نہ ہونا خدا کے ہاتھ ہے مارمار تو کئے جاؤ اپنی طرف سے کوشش ہونی چاہیئے نتیجہ خدا پر چھوڑنا چاہیئے ۔ ہونگے پوت تو پوچھیں گے بھوت ۔ اولاد کے واسطے سب کچھ بھگتنا پڑتا ہے ۲ اگر فائدہ ہوا تو خدمت بھی کریں ۔ ورنہ کیا ضرورت ہے ۳ مدد ملے گی تو سب ہرکش مطیع ہو جائیں گے ہونہار بردہ کے چکنے چکنے پات ۔ صاحب اقبال بچپن ہی سے معلوم ہو جاتا ہے ۔ ہونہار شے کے آثار پہلے ہی اچھے نظر آتے ہیں ہونہار ہر دے لبے بسر جائے سب بدھ قسمت بری ہو تو عقل ماری جاتی ہے ہونہار شے نہیں ہر دے بسو ئے ہیں ۔ جو قسمت میں ہے ہو کر رہے گا ۔ ہونہار ہو کے ٹلے نہ ٹلے ہو کر رہتی ہے ہونی بلوان ہے جو قسمت میں ہے ضرور ہو گا ہوئے بھلے کے ان بھلے ہوئے دائی کے سوم ۔ ہوئے کپوت سپوت کے جوں پاوت میں دھوم (ھ) نیک کی اولاد بری اور سخی کی سوم سپوت کی کپوت ہوتی ہے جس طرح آگ میں دھواں ۔ ہوئے پھیرے چومے میرے (ھ) شادی ہو جائے تو باپ کا بیٹے کے ساتھ کوئی تعلق نہیں رہتا ۔

ہَوا (ع ۔ مذکر) ۱ وہ رقیق مادہ جو زمین کو چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہے ۔ یہ مختلف گیسوں کا مرکب ہے ۔ سب سے زیادہ آکسیجن اور نائیٹروجن ہیں ۔ ان کے علاوہ آرگون ۔ نیون ۔ کرپٹون ۔ زینون اور ہیلیم بہت تھوڑی مقدار میں ہیں ۔ کاربانک ایسڈ گیس بھی ایک فیصدی کے قریب ہے ان کے علاوہ پانی کے بخارات بھی کم و بیش مقدار میں رہتے ہیں ۔ خیال ہے کہ ۲۵ میل تک کرہ ہوا پھیلا ہوا ہے مگر ۳ ۱/۲ میل کے اوپر ہوا اس قدر رقیق ہے کہ اس میں جاندار زندہ نہیں رہ سکتے ۔ یہ مادہ نظر نہیں آتا مگر سانس لینے پر اور چلنے پر محسوس ہوتا ہے ۔ باد ۔ باؤ ۔ پون ۔ وایو ۲ ہوس ۔ حرص ۔ لالچ ۔ شہوت ۔ ستی ۔ آرزو ۔ ارمان ۔ اشتیاق ۔ خواہش تمنا شوق ۳ سانس ۔ نفس ۔ دم ۴ مجازاً بھوت پریت روح ۵ باد ۔ ریح ۶ وبا ۔ ہیضہ ۷ کنایتاً ہلکی اور لطیف شے ۸ خفیف ۔ مشابہت نسبت یا تعلق ۹ فنا ۔ نیست ۔ معدوم ۱۰ رخ ۔ میلان ۔ انداز ۔ وضع ۱۱ غرور تکبر ۱۲ مساعدت زمانہ ۱۳ آواز ۔ ہنر ۱۴ ساکھ ۔ بھرم ۱۵ افواہ ۔ چرچا ۔ شہرت ۱۶ رعب ۔ دبدبہ ۔ ہَوَی ۔ چلنا ۔ ہَوَی بحث کرنا ۔ ہوا آنا (لازم) ۱ ہوا کی رسائی ہونا ہوا داخل ہونا ۲ اثر ہونا ہوا اڑانا (متعدی) ۱ پلہ مارنا ۔ گوز مارنا ۲ بدنام کرنا ۔ رسوا کرنا ہوا اڑ جانا (لازم) ۱ شہرت ہونا ۔ افواہ ہونا چرچا ہونا ۲ بات کھل جانا ۳ ساکھ جاتی رہنا ۔ عزت میں فرق آنا ۴ خاک اڑ جانا ہوا اڑنا (لازم) ۱ شہرت ہونا ۲ خواہش جاتی رہنا ہوا اکھڑ جانا (لازم) ساکھ جاتی رہنا ۔ عزت میں فرق آنا ہوا اور کچھ ہو جانا (لازم) انقلاب ہو جانا ۔ پہلی سی حالت نہ رہنا ہوا باندھ کے جانا (لازم) ہوا کے برخلاف اڑنا ۔ جہاز یا کشتی کا ہوا کے برخلاف جانا ہوا باندھنا (متعدی) غرور کرنا ۔ اترانا ۔ گھمنڈ کرنا ۲ جھوٹی بات بنانا گپیں ہانکنا ۳ جھوٹی عزت یا ساکھ قائم کرنا ۴ رونق حاصل کرنا ۔ زور باندھنا ۵ شہرت دینا ۶ رعب جمانا ۷ سماں باندھنا ہوا بتانا یا بتلانا (متعدی) ۱ ٹالنا ۲ درخواست نامنظور کرنا ۳ ناامید کرنا ہوا بدلنا (لازم) ۱ ہوا کا ایک طرف چلتے چلتے دوسری طرف چلنے لگنا ۔ ہوا کا رخ بدلنا ۔ ہوا میں تغیر ہونا ۲ زمانے کا رخ بدلنا ۔ حالت طریقہ یا ڈھنگ بدلنا انقلاب ہو جانا ۳ رت پھرنا ۔ موسم بدلنا ۴ زمانے کا موافق ہونا ۔ بھلے دن آنا ۔ اقبال یاور ہونا ۵ نصیبے کا برگشتہ ہونا ۶ تبدیل آب و ہوا کے واسطے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ہوا برخلاف ہونا (لازم) ۱ باد مخالف کا چلنا ۲ زمانہ کی ، زمانہ ناموافق ہونا ہوا بگڑ جانا یا بگڑنا (لازم) ۱ ہوا کا زہریلا ہو جانا ۔ ہوا میں خرابی آجانا ۲ زمانے کا پھر جانا یا ناموافق ہو جانا ۳ ساکھ جاتی رہنا ۔ اعتبار اٹھ جانا ہوا بندھ جانا یا بندھنا (لازم) ۱ ہوا کا رک جانا ۔ ہوا بند ہو جانا ۔ ہوا کا نہ چلنا ۲ دھاک بندھنا ۔ شہرہ ہو جانا ۳ ساکھ بندھنا ۔ عزت بن جانا ۴ رعب جم جانا ۔ سماں بندھنا ہوا بندی کرنا (متعدی) ۱ جھوٹی باتیں مشہور کرنا ۔ بدنام کرنا ۲ خیالی پلاؤ پکانا ہوا بوجھ ناپ (ھ) بیرومیٹر ۔ آلہ مقیاس الہوا ہوا بھرانا (متعدی) پرندوں کا اپنے بچوں کو چونچ سے ہوا دینا تاکہ بچے کو دانہ کھانے کی عادت ہو جائے ہوا بھر جانا (لازم)

۱ ہوا سے بھول جانا۔ کسی چیز میں ہوا سما جانا ۲ مغرور ہو جانا۔ گھمنڈ کرنا ۳ موٹا یا فربہ ہو جانا ۴ دیوانہ ہو جانا۔ پاگل ہو جانا ۵ دھن سمانا ہوا بھرنا (متعدی) ۱ کسی چیز میں منہ یا پچکاری یا دھونکنی سے ہوا پہنچانا کہ پھول جائے ۲ (لازم) دیکھو ہوا بھر جانا ۲ تا ۵ ہوا بھی نہ دینا (متعدی) ذرا بھی نہ دکھانا۔ ذرا پتہ نہ دینا۔ خبر تک نہ دینا ہوا بھی نہ لگنا (لازم) ذرا بھی اثر نہ ہونا خفیف سا اثر بھی نہ ہونا ہوا پر آ جانا یا آنا (لازم) تعلّی کی لینا۔ اترانا ہوا پر چڑھانا (متعدی) چڑھانا۔ دماغ ہونا۔ (لازم) مغرور ہونا۔ متکبر ہونا ہوا پر دوڑنا (لازم) تیر وغیرہ کا ہوا پر تیزی سے جانا ہوا پر رہنا (لازم) مغرور ہونا ہوا پرست (صفت) ۱ عیاش۔ بیہودہ۔ شہوت پرست۔ جو اپنے مطلب کا یار ہو ہوا پر سوار ہونا (لازم) جلد باز ہونا۔ نہایت جلدی کرنا ہوا پر گرہ لگانا (متعدی) ۱ شعبدہ بازی کرنا ہوا کو باندھنا ۲ چالاکی یا عیاری کرنا ۳ ناممکن کام کرنا ہوا پر ہونا (لازم) ۱ مغرور ہونا۔ اترانا۔ فخر کرنا ۲ تیزی یا تندی پر ہونا ۳ ظاہری ٹیپ ٹاپ ہونا ۴ جس طرف کسی کا رخ ہونا ادھر ہو جانا ہوا پلٹا دینا (متعدی) رخ کر دینا۔ رخ بدل دینا ہوا پلٹ جانا یا پلٹنا (لازم) ۱ وہ قابو نہ رہنا ۲ دیکھو ہوا بدلنا ۱ تا ۳ ہوا پہنچنا یا پہونچنا (لازم) ۱ پنکھے کی ہوا کا کسی جگہ تک جانا ۲ کنایتاً رسائی ہونا ہوا پھانکنا۔ پھانک کے جینا یا رہنا (لازم) بغیر کھائے زندہ رہنا۔ فاقے سے رہنا۔ ہوا کے سہارے جینا۔ ہوا پھر جانا یا پھرنا (لازم) دیکھو ہوا بدلنا ۱ تا ۴ ہوا پھلنا (لازم) زمانے کا موافق ہونا ہوا ٹھنڈی ہونا (لازم) ہوا میں خنکی ہونا۔ ہوا سرد ہونا ہوا جاننا (لازم) پروا نہ کرنا ہوا چکرانا (متعدی) ہوا کا بگولے کی شکل میں چکر کھانا ہوا چکی (مونث) وہ چکی جس پر بادبان لگے ہوئے ہوتے ہیں اور ہوا کے زور سے چلتی ہے ہوا چلنا (لازم) ۔ ہوا کا حرکت کرنا یا جنبش میں آنا ۲ رواج ہونا پانا یا پڑنا ہوا چھڑانا (متعدی) چھوڑنا (متعدی) گوز مارنا ہوا حبس ہونا (لازم) ہوا بند ہونا ہوا خلاف ہونا (لازم) ۱ باد مخالف ہونا ۲ زمانے کا ناموافق ہونا ہوا خواہ (صفت) ۱ خیر خواہ بھلائی چاہنے والا۔ خیر اندیش ۲ دوست محب۔ طرفدار۔ ہوا خواہی (مونث) خیر خواہی۔ خیر اندیشی۔ وفاداری ہوا خوری (مونث) سیر کرنا۔ آبادی سے باہر جا کر تفریح حاصل کرنا۔ ہوا کھانا۔ کرنا ہونا کیساتھ ہوادار (صفت) ۱ وہ جس میں اچھی طرح ہوا پہنچے فراخ۔ کشادہ ۲ خیر خواہ ۳ (مذکر) امیروں کی ایک قسم کی سواری کا نام جس کو کہار اٹھاتے ہیں تام جھام ۴ بادشاہوں کا تخت جس پر بیٹھ کر سیر کو نکلتے ہیں ۵ ایک قسم کا ہودہ ہواداری (مونث) ۱ خیر خواہی۔ دوستداری ۲ خواہش ۳ محبت۔ الفت ہوا دیکھنا (متعدی) ۱ زمانے کا نشیب و فراز دیکھنا ۲ حالت کا اندازہ کرنا۔ انداز و وضع کی جانچ کرنا ہوا دینا (متعدی) ۱ پنکھے یا دامن وغیرہ سے ہوا پہنچانا ۲ ہوا میں رکھنا ۳ پنکھے یا دھونکنی وغیرہ سے آگ سلگانا یا بھڑکانا ۴ اشتعال دینا۔ فساد کرانا ۵ کبوتروں کو اڑانا ہوا راس آنا (لازم) آب و ہوا موافق آنا ہوا رک جانا (لازم) دیکھو ہوا بند ہونا ہوا زدگی (مونث) زکام۔ نزلہ۔ سردی۔ تحریک ہوا سا (صفت) ۱ ذرا سا۔ خفیف سا ۲ ہوا کے مانند۔ لطیف ۳ ہلکا۔ سبک ہوا سر میں ہونا (لازم) دھن ہونا سودا ہونا۔ ہوا سرنا (مصدر) مقعد سے آہستہ ہوا نکلنا ہوا سمانا (لازم) دھن سمانا ہوا سنکنا (لازم) ہوا کا آہستہ آہستہ چلنا ہوا سے آگے جانا (لازم) تیز رفتاری سے چلنا ہوا سے اڑ جانا (لازم) بہت دبلا۔ لاغر یا منحنی ہونا ہوا سے باتیں کرنا (متعدی) ۱ نہایت جلد باز ہونا ۲ نہایت چست یا پھرتیلا ہونا ۳ بہت چالاک ہونا بڑا عیار ہونا۔ مغرور ہونا ۵ بہت اونچا ہونا (مکان) ہوا سے بچ کر نکلنا (لازم) دور رہنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔ کسی سے دور بھاگنا۔ نہایت نفرت کرنا ہوا سے پرہیز رہنا یا ہونا (لازم) سخت نفرت ہونا۔ بیزاری ہونا ہوا سے لڑنا (لازم) سخت بد مزاج ہونا۔ بہت غصیلا ہونا بات بات پر جھگڑنا ہوا فر فر چلنا (لازم) ہوا کا تیزی سے چلنا ہوا کا اڑا لے جانا (متعدی) ہوا کا ہلکی چیز کو اڑا کر دور پھینک دینا ہوا کا ککھڑ پڑا (مذکر) ہوا کا زور کا جھونکا ہوا کا تیز ہونا (لازم) ہوا کا ناگوار ہونا ہوا کا جھکڑ یا جھونکا (مذکر) ہوا کی زور کی جنبش ہوا کا رخ بتانا (متعدی) ۱ ٹالنا۔ منہ نہ لگانا ۲ چلتا کرنا۔ رخصت کرنا ۳ کوئی چیز اٹھا کر پھینک دینا ہوا کا رخ پھرنا (متعدی) ۱ ہوا دوسرے رخ کی ہو جانا ۲ زمانے کا رنگ بدلنا ہوا کا رخ دیکھنا (متعدی) زمانے کی حالت دیکھنا۔ زمانے کی حالت کے موافق کام کرنا ہوا کا کارخانہ (مذکر) اعتبار کا کام۔ ساکھ پر چلنے والا کام۔ ہوا کا گزر نہ ہونا (لازم) کسی کا گزر نہ ہونا۔ کسی کی رسائی نہ ہونا ہوا کرنا (متعدی) پنکھے سے ہوا دینا ہوا کو گرہ دینا، میں باندھنا (متعدی) نہایت مشکل کام کرنا۔ ناممکن کام کرنے کی کوشش کرنا ہوا کھا دور ہو۔ دفان ہو۔ ہوا کھانا (متعدی) ۱ سیر و تفریح کے لئے کھلی جگہ یا باغ میں جانا۔ ہوا خوری کرنا ۲ زندہ رہنا ۳ دور ہونا۔ دفاں ہونا جانا۔ رخصت ہونا ہوا کھاؤ۔ دور ہو۔ دفاں ہو ہوا کھلانا (متعدی) ۱ سیر کرانا۔ ۲ سبز باغ دکھانا ہوا کھونا (متعدی) ۱ دفت مٹانا۔ ساکھ کھونا ہوا کے بولے پھوڑنا (مصدر) خیالی پلاؤ پکانا۔ ہوا کی چال (مونث) بہت تیز رفتار ہوا کے رخ جانا (لازم) جس طرف ہوا چل رہی ہو اس طرف جانا ہوا کے ساتھ لڑنا (لازم) ہوا سے لڑنا ہوا کے گھوڑے پر آنا (لازم) بہت تیز آنا۔ تیزی سے چلنا۔ ہوا کے گھوڑے پر چلنا (لازم) تیزی سے چلنا ہوا کے گھوڑے پر سوار آنا (لازم) ۱ ہوا ہو ا پر اڑتا ہوا آنا ۲ جلدی آنا تعجیل آنا۔ ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا (لازم) نہایت جلدی کرنا۔ کمال مغرور ہونا۔ ہوا گرم ہونا (لازم) ۱ ہوا میں گرمی ہونا ۲ گرم بازاری ہونا ہوا گرنا (لازم) ہوا کی تیزی کم ہو جانا ہوا گیر (مذکر) ہوائیاں

بتانے والا۔ ہوا لگ جانا یا لگنا (لازم)
۱۔ ہوا محسوس ہونا۔ ہوا کا اثر ہونا۔ ہوا اچھو
جانا ۲۔ ہوا کے اثر سے جسم اکڑ جانا ۳۔
اثر ہونا ۴۔ کسی کی محبت کا اثر ہونا کسی چیز
کا اثر کسی میں آجانا ۵۔ مغرور ہو جانا ۶۔ خواہش
ہونا۔ دھن ہونا۔ ہوا لینا۔ (متعدی)
ہوا کھانا۔ ہوا مخالف ہونا (لازم)
۱۔ ہوا کا سامنے سے پڑنا جدھر جا رہے
ہوں ہوا ادھر سے آنا ۲۔ زمانے کی رفتار
کا مخالف ہونا۔ ہوا موافق ہونا (لازم)
رفتار زمانہ کا سازگار رہونا ہوا میں آ
جانا (لازم) اترانا۔ مغرور ہونا۔ ہوا
میں بھرنا (لازم) ہوا لگ جانے سے
پھول جانا ۲۔ ہوا کا کسی چیز کو اڑانا ۳۔
مغرور ہو جانا ہوا میں گرہ دینا یا لگانا
(متعدی) ۱۔ مشکل یا دشوار کام کرنا ۲۔ لغو
حرکت کرنا ۳۔ ناممکن کام کرنے کی کوشش
کرنا۔ ہوا میں ہونا (لازم) ۱۔ مغرور
ہونا ۲۔ خیال باطل میں مبتلا ہونا۔ ہوا
ناموافق یا ناسازگار رہونا (لازم)
رفتار زمانہ کسی کے برخلاف ہونا۔ ہوا
نکل گئی ۱۔ سوکھ گیا۔ لاغر ہو گیا ۲۔ وہ
وہ زمانہ یا بات نہیں رہی۔ ہوا نکلنا
(لازم) ۱۔ کسی سوراخ وغیرہ سے ہوا باہر
آنا ۲۔ پھونک نکلنا۔ سانس نکلنا ۳۔ گوز
نکلنا ۴۔ غرور جاتا رہنا ہوا نہ چھو جانا (لازم)
ذرا بھی اثر نہ ہونا۔ ہوا نہ دینا (متعدی)
پنپنے نہ دینا۔ خبر نہ کرنا ہوا نہ رہنا (لازم)
بہار، رونق یا جوبن نہ رہنا۔ ہوا نہ
لگنا (لازم) ذرا بھی اثر نہ ہونا ہوا و
حرص (مذکر) حرص اور لالچ ہوا و ہوس
(مذکر) ۱۔ حرص اور لالچ ۲۔ عیاشی، شہوت پرستی
ہوا ہو ۱۔ چلا جا۔ دور ہو جا ۲۔ جلدی جاؤ۔
دیر نہ کرو ہوا ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱۔ تیز
رفتار ہونا۔ ہوا کی طرح تیز ہونا ۲۔ کافور ہونا۔
جلد چلا جانا۔ چمپت ہونا ۳۔ فنا ہونا۔ نابود
ہونا ۴۔ دھار کا نہایت تیز ہو جانا ہوائی
(صفت) ۱۔ ہوا سے منسوب ۲۔ آسمانی ۳۔
تیز رفتار۔ چالاک ۴۔ آوارہ۔ واہی ۵۔
ہوا پر چلنے والا ۶۔ لغو اور بیہودہ (باتیں)
۷۔ (مونث) ایک قسم کی آتشبازی جو ہوا
میں اڑ کر شرارے چھوڑتی ہوئی اوپر کو جاتی
ہے ۸۔ لغو اور بیہودہ بات ۹۔ افواہ۔ جھوٹی
خبر ۱۰۔ آمدنی جو کسی خاص ذریعے سے نہ ہو ۱۱۔
پنّے اور بادام کے پتلے پتلے ورق ۱۲۔
ایک قسم کا تیر جس میں بارود بھر کر اور
آگ لگا کر ہوا میں پھینکتے ہیں۔ ہوائی
آنکھ (مونث) وہ آنکھ جو ایک جگہ نہ لگے۔
ہوائی اڑانا (متعدی) افواہ مشہور کرنا۔
ہوائی اڑنا (لازم) ۱۔ افواہ ہونا۔ جھوٹی
خبر مشہور رہونا ۲۔ منہ فق ہونا ۳۔ چہرے کا رنگ
متغیر ہونا۔ ہوائیاں (مونث) ہوائی کی
جمع۔ ہوائیاں اڑنا، چھٹنا یا چھوٹنا۔
(لازم) ۱۔ آتشبازی چلنا ۲۔ چہرے کا رنگ
فق ہونا۔ منہ سفید پڑ جانا ہوائیاں منہ پر
اڑنا (لازم) چہرہ زرد یا سفید ہو جانا ہوائی
تیر (مذکر) ۱۔ وہ تیر جو ہوا کے رخ چلایا جائے
اور اس کا کوئی نشانہ نہ ہو ۲۔ ایک قسم کی آتشبازی
جو ہوا کے رخ چلائی جاتی ہے ہوائی خبر
(مونث) بازاری گپ۔ بے سرو پا بات۔
افواہ ہوائی چھوٹنا (لازم) دیکھو ہوائیاں اڑنا
ہوائی چھوڑنا (متعدی) آتشبازی چلانا ہوائی
دیدہ (صفت) ۱۔ بیمروت۔ بید ید۔ شوخ
دیدہ ۲۔ ڈھیٹ۔ گستاخ ۳۔ (مذکر) وہ آنکھ
جو چاروں طرف پھرے اور ایک سے نہ
لڑے۔ ہوائیں (مونث) ہوا کی جمع ہوائیں
چلنا۔ ہوا چلنا ہوائی ہونا (لازم) اڑ جانا
رنگت کا۔

ہَوّا (ہ۔ مذکر) ۱۔ بچوں کو ڈرانے
کی فرضی صورت۔ جن۔ بھوت۔ پریت ۲۔
ڈراؤنی صورت۔

ہَوام (ع۔ مونث) ہامّت کی
کی جمع۔ کیڑے مکوڑے۔ حشرات الارض۔
سانپ ہوام الارض (مونث) حشرات
الارض۔ کیڑے مکوڑے ہوام ضرر رساں
(مونث) کاٹنے یا ڈسنے والے کیڑے مکوڑے
سانپ، بچھو وغیرہ۔

ہَوان (ہ۔ مذکر) ہاون۔

ہَوان (ع۔ مذکر) ۱۔ حقارت۔
نفرت ۲۔ حلم۔ مسکینی ۳۔ تکلیف، مصیبت۔

ہَواں (ہ۔ تف) دہاں (خف)

ہوانا (ہ۔ لازم) چیخنا۔ چلانا۔

ہَواؤ (ہ۔ مذکر) ۱۔ حوصلہ، جرأت
دلیری۔ ہمت ۲۔ طاقت۔ قوت ۳۔ مردانگی ۴۔
حجاب۔ پردہ۔ رسم بدی۔ دل۔ ہواؤ پڑنا
(لازم) حوصلہ پڑنا ہواؤ توڑنا (متعدی) ٹوٹنا
(لازم) حجاب ہٹ جانا۔

ہوت (ہ۔ حرف ندا) اپنے سے کم درجے
والے کو پکارنے کا کلمہ ۲۔ (مذکر) دیکھو ہوکے تحت میں۔

ہوت (بلوچستان) ایک بلوچ قوم۔

ہوٹل (انگ۔ مذکر) وہ مکان جس کرایہ پر
رہنے کی جگہ اور وہ کھانے کا بھی انتظام ہو مسافر خانہ (ہوٹل)

ہُوچنا (ہ۔ لازم) نشانے پر لگنا۔ نشانہ
چوک جانا۔ غلطی کرنا۔

ہُود (ع۔ مذکر) ایک پیغمبر جو قوم عاد کی طرف
مبعوث ہوئے تھے۔

ہَودَج (ع۔ مذکر) ہودہ (ہ۔ مذکر) حوضہ
ہاتھی یا اونٹ کا کجاوہ۔ محمل۔ عماری ۲۔ ایک قسم کی عماری جو ہاتھی کی
پیٹھ پر رکھتے ہیں۔ ہودہ۔ ہودج کا مخفف ہے لیکن ہے
ہودا اس کا مخفف بھی ہو۔ ایرانی حوضہ کہتے ہیں کیونکہ حوض کی
شکل کا ہوتا ہے)

ہُودہ (ف۔ مذکر) ۱۔ سچ (صفت) ٹھیک
سچا۔ بجا۔ درست۔ اردو میں بیہودہ کی ترکیب سے مستعمل ہے

ہُودہ (ہ۔ مذکر) بھونک۔ گھونپ۔

ہَورا (س۔ مذکر) شور غل غوغا۔ ہلڑ مچانا
مچانے کے ساتھ)

ہورا (س۔ مذکر) ۱۔ نکشترو کا طلوع ہونا ۲۔
نکشتر کے طلوع رہنے کے عرصے کا ایک حصہ ۳۔ گھنٹہ
گھڑی ۴۔ نشان، چکر ہورا چکر۔ نکشتر کے طلوع
ہونے کا اثر۔

ہوراہوری (ہ۔ مونث) ایک ہندو تیوہار
جو دیوالی سے تیسرے دن ہوتا ہے۔

ہُورَوَرس (ہ۔ مذکر) گیدڑ، ہوکی آواز نکالنے
والا۔

ہوری (ھ۔ مونث) ہولی (غف)

ہوزیا (ھ۔ مذکر) راجپوتوں کی ایک گت۔

ہوڑ (ھ۔ صفت) ۱ مستعد۔ آمادہ۔ جلد باز۔ تیز۔ ضدی۔ ہٹی ۲ بے وقوف۔ بے عقل۔ جاہل۔

ہوڑ۔ ہور (ھ۔ مونث) ۱ جھگڑنا ۲ بحث کرنا۔ کوشش کرنا ۳ بحث کرنا جھگڑا کرنا ہوڑا ہوڑی (مونث) ۱ دیکھو ہوڑ ۲ رقابت۔ مقابلہ ہوڑ پنا (مذکر) دیکھو ہوڑ۔

ہوڑ (ھ۔ مذکر) ۱ اقرار۔ عہد ۲ ٹھیکہ۔ معاہدہ ۳ سودا ۴ شرط۔ داؤ ۵ رقابت۔ مقابلہ ۶ نقل ہوڑ باندھنا بدنا یا لگانا (متعدی) ۱ معاہدہ کرنا ۲ سودا کرنا ۳ شرط لگانا ہوڑ لگنا (لازم) ۱ یقیں ہونا ۲ ضدی یا ہٹی ہونا ہوڑ ہارنا (متعدی) شرط ہارنا۔

مثل۔ ہوڑ کا کارجی کا بجار۔ مقابلے کا کام بڑا سخت ہوتا ہے۔

ہوڑل (ھ۔ مذکر) ابرک۔

ہوڑی (ھ۔ مونث) کشتی جو درخت کے تنے سے بنائی جائے چھوٹی کشتی۔

ہوس (ع۔ مونث) ۱ خواہش۔ آرزو۔ تمنا شوق۔ امنگ ۲ اشتیاق ۳ ادھورا اور جھوٹا عشق ۴ لالچ۔ حرص ۵ شہوت۔ خواہش نفسانی ۶ حوصلہ۔ جرأت۔ دلیری ۷ ہر چیز کو جی چاہنا ۸ (ع) مالیخولیا۔ خبط (ہَوَس) خواہش ہے کھانا ہوس اڑا دینا (متعدی) خواہش چھوڑ دینا ہوس بجھنا (لازم) ۱ کسی کی ہوس جاتی رہنا ۲ خواہش پوری ہونا امنگ پوری ہونا ہوس پرور یا پیشہ (مذکر) حریص۔ بہت ہوس رکھنے والا۔ لالچی ہوس پکانا (متعدی) کسی بات کی دل میں خواہش رکھنا۔ بہت آرزو یا شوق رکھنا ہوسدار (صفت) ۱ خواہشمند ۲ پر شہوت۔ عیاش ہوس کرنا (متعدی) ۱ خواہش کرنا۔ آرزو کرنا ۲ ارمان رکھنا ۳ کوئی چیز حاصل کرنے کی کوشش کرنا ہوس کیش (صفت) خواہش کرنیوالا۔ ہوس کرنیوالا ہوسناک (صفت) ۱ خواہشمند آرزومند ۲ حریص۔ لالچی ۳ پر شہوت ہوس نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) خواہش پوری کرنا۔ حوصلہ نکلنا ہوسہا یا ہوسہائی (ھ) حریص۔ لالچی ہوسی (ھ) حریص۔ لالچی۔

مثل۔ ہوسناک بڑھیا چٹائی کا لہنگا۔ شوقین مزاج مگر غریب۔

ہوسں (س۔ مذکر) ۱ کوئی چیز جو بطور بھینٹ آگ پر ڈالی جائے ۲ گھی ۳ بھینٹ چڑھاوا۔

ہَوَسَک (ہ۔ مونث) عورتوں کا ایک مرض۔ جس میں حمل کے آثار ہوتے ہیں۔ مگر ہوتا نہیں۔

ہُوش (ہ۔ صفت) وہ جو آدمیت سے خارج ہو اور حرکات ناشایستہ کرے (غالباً وحوش کا مہند ہے)

ہوش (ف۔ مذکر) ۱ عقل۔ سمجھ۔ دانائی فہم۔ تمیز۔ شعور۔ وقوف۔ دانش ۲ آگاہی۔ واقفیت خبر ۳ روح۔ دل۔ جان۔ قلب ۴ حواس۔ حافظہ۔ یاد۔ حس۔ قوت مدرکہ ۵ (ف) تباہی۔ بربادی ۶ موت ۷ کوئی چیز جو موت یا تباہی لائے ہوش آنا (لازم) ۱ سمجھنا۔ ہوشیار ہونا ۲ عقل آنا ۳ آپے میں آنا ۴ سیانا ہونا۔ بالغ ہونا۔ ہوش آئے ہوئے جانا (لازم) بدحواس ہو جانا۔ بدحواسی چھا جانا۔ ہوش اُڑا دینا یا اڑانا (متعدی) اڑ جانا یا اڑنا یا باختہ ہونا ۱ حواس باختہ ہو جانا۔ بدحواس ہو جانا ۲ گھبرا جانا ۳ بیخود ہو جانا۔ حیرت میں آ جانا ۴ متحیر ہونا ۵ عقل کھونا۔ بے اوسان ہو جانا۔ ہوش افزا (لازم) ہوش بڑھانیوالا ہوش باختہ ہونا (لازم) ۱ عقل جاتی رہنا۔ بدحواس ہو جانا ۲ گھبرا جانا ہوش بجا رکھنا (متعدی) رہنا (لازم) اوسان قایم رہنا ہوش قایم رہنا ہوش بجا ہونا (لازم) عقل ٹھکانے ہونا۔ ہوش بکھرنا ہتیرے ہونا یا پراگندہ ہونا (لازم) ہراس کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دیکھو ہوش اڑ جانا ہوش پکڑنا (متعدی) سیانا ہونا۔ بالغ ہونا ہوشیار ہونا۔ ہوش پکڑو تمیز سیکھو۔ وقوف حاصل کرو ہوش سنبھالو عقل کے ناخن لو۔ ہوش تشریف لے جانا (لازم) ہوش اڑ جانا ہوش ٹھکانے رہنا (لازم) ہوش و حواس درست رہنا ہوش ٹھکانے ہونا (لازم) ۱ عقل ٹھیک ہونا ۲ طنزاً بدحواس ہو جانا ہوش جانا یا جاتے رہنا (لازم) دیکھو ہوش اڑ جانا ہوش دنگ ہونا (لازم) دیکھو ہوش اڑنا ہوش ربا (صفت) ہوش اڑانے والا ہوش رکھنا (متعدی) عقل رکھنا صاحب عقل و ہوش ہونا ہوش رہنا (لازم) اوسان بجا رہنا ہوش سنبھالنا (متعدی) ۱ بڑا ہونا۔ سیانا ہونا ۲ تمیز سیکھنا عقل حاصل کرنا ہوش سنبھالو دیکھو ہوش پکڑو ہوش سے باہر ہونا (لازم) بیخود ہو جانا اوسان خطا ہونا ہوش کافور ہونا (لازم) دیکھو ہوش اڑ جانا ہوش کھونا (متعدی) دیکھو ہوش سے باہر ہونا ہوش کی بنوانا (متعدی) عقل یا شعور پکڑنا ہوش کی بنواؤ۔ خبر لو۔ دوا کرو یا لو۔ ہوش کے ناخن لو۔ دیکھو ہوش پکڑو ہوش کی لینا (متعدی) سمجھ کی باتیں کرنا ہوش گم ہونا (لازم) ہوش اڑنا۔ ہوش گوش (مذکر) ہوشیاری۔

ہوشمند (صفت) عقلمند۔ ذی شعور۔ ہوش والا۔ عقل والا۔ خبردار ہوشمندی (مونث) عقلمندی۔ دانائی۔ ہوشیاری۔ سمجھ۔ شعور۔ وقوف۔ تمیز ہوش میں آیا آؤ بدحواسی کی باتیں نہ کرو سمجھ جاؤ ہوش میں آنا (لازم) ۱ عقل حاصل کرنا تمیز سیکھنا ۲ ہوشیار ہونا ۳ آپے میں آنا۔ سنبھلنا ۴ عبرت پکڑنا ہوش نہ رہنا (لازم) ۱ ہوش اڑ جانا خبر نہ رہنا۔ بیہوش ہو جانا۔ ہوش نہ ہونا (لازم) حواس درست نہ ہونا۔ سدھ نہ ہونا ہوش والا (صفت) ہوشیار۔ تجربہ کار۔ سیانا ہوش و حواس (مذکر) عقل و تمیز ہوش و حواس اڑ جانا (لازم) سرت نہ رہنا عقل ٹھکانے رہنا۔ اوسان جاتے رہنا۔ ہوش ہرن یا ہوا ہونا (لازم) دیکھو ہوش اڑ جانا۔ ہوش ہونا (لازم) ۱ سدھ ہونا۔ وقوف ہونا ۲ خبر ہونا ۳ عقل ہونا۔ شعور ہونا ۴ حواس درست ہونا ۵ نشے میں نہ ہونا ۶ سیانا ہونا ہوشیار (صفت) ۱ عقلمند۔ دانا۔ بینا ۲ خبردار۔ چوکنا ۳ چالاک۔ عیار ۴ تجربہ کار ۵ جاگتا۔ بیدار ہوشیار کرنا (متعدی) ۱ غفلت سے ہوش میں لانا ۲ بیدار کرنا۔ جگانا ۳ خبردار کرنا ہوشیار ہو جانا (لازم) ۱ ہوش میں آ جانا۔ غفلت دور ہونا۔ سدھ ہو جانا ۲ بیدار ہو جانا ۳ چوکس ہو جانا ۴ عقلمند ہو جانا ۵ بڑا ہو جانا۔ سیانا ہو جانا۔ ہوشیاری (مونث) ۱ دانائی۔ عقلمندی۔ دانشمندی ۲ عاقبت اندیشی۔ دور اندیشی ۳ خبرداری۔ چوکسی ۴ عیاری۔ چالاکی۔ چترائی ۵ احتیاط۔

ہوشکارنا (ھ۔ متعدی) ناامید کرنا۔ مایوس کرنا۔

ہُوشَنگ۔ ہوشنگ (ف۔ مذکر) ۱ عقل دانائی۔ ہوش ۲ احتیاط ۳ خاندان پیشدادیاں کا دوسرا بادشاہ

ہَوشیہ (س۔ مذکر) ۱ کوئی چیز جو بھینٹ کے لایق ہو ۲ بھینٹ ۳ گھی ۴ گھی اور چاول ۵ جنگلی اناج یا چاول۔

ہُوک (ہ۔ مونث) لفظی معنی وہ جس سے ہو کی آواز نکلے ۱ درد جو سینہ یا پسلی میں ٹھہر ٹھہر کر ایک لخت نکلے۔ سول۔ پیڑ ۲ پسلی کا درد۔ مونیا ۳ آواز جو تکلیف کی وجہ سے نکلے ۴ اتو کی آواز جس میں ہو۔ آواز ہوک اٹھنا (لازم) پہلو میں درد ہونا۔ درد اٹھنا۔

ہوکا (ہ۔ مذکر) ۱ طمع۔ لالچ۔ حرص۔ ہوس۔ خواہش۔ لوبھ ۲ کھانے کی بے انتہا حرص ۳ کھانے

کی وہ حرص جو بیمار یا بچے کو ہوتی ہے رہوا سے ہوکا کرنا
یا کھلائے جانا (متعدی) لالچ کرنا۔ حرص کرنا ہوکا
لگنا (لازم) بہت حرص یا ہوس ہونا ہوکے زدہ
(صفت) جسے بہت حرص ہو۔

ہُوکا (ہ۔ مذکر) فریاد۔ دہائی (غف)

ہُوک چُوک (ہ۔ مونث) غلطی کرنا
اور چھوڑ دینا ۲ غلطیاں۔ سہو۔

ہُوکنا (ھ۔ متعدی) نشانے پر نہ لگنا۔
چوکنا ۲ غلطی کرنا۔ بھولنا۔

ہُوکھ (ہ۔ مذکر) دیکھو ہوشیہ ہوک فرنی
(مونث) دودھ۔ چاول اور کھانڈ۔

ہَوکھا (ہ۔ مذکر) دیکھو ہوکا۔

ہُوگلا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی گھاس جو ہاتھی
بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔

ہَول (ع۔ مذکر) ڈر۔ خوف۔ دہشت
اندیشہ ۲ اضطراب۔ گھبراہٹ (ہَول۔ ڈرانا) ہولا (صفت)
گھبرایا ہوا۔ مضطرب۔ بوکھلایا ہوا ہول آنا (لازم) ڈرنا
دہشت ہونا۔ ہول اٹھنا (لازم) ۱ خوف پیدا ہونا۔
دہشت سے گھبراہٹ ہونا ہولا جَولی (مونث) گھبراہٹ
اضطراب۔ بیتابی۔ تردد ۲ بھاگڑ۔ افراتفری ہولا جبٹا (مونث)
بدحواس ہول بیٹھ جانا (لازم) دل میں خوف سما جانا
ہول پڑنا (لازم) خوف ہونا۔ دہشت ہونا۔ اضطراب ہونا
گھبراہٹ ہونا ہول پکار (مذکر) شور غوغا ہول پکار ہو
رہی ہے ۲ غل غپاڑا ہو رہا ہے ۲ بلایا جا رہا ہے ۲ جلدی
پڑ رہی ہے۔ ہول جَول (مذکر) ۱ اضطراب گھبراہٹ ۲ جلدی
ہول جول مچانا مچنا (لازم) ۱ گھبراہٹ ہونا اضطراب
ہونا ۲ جلدی پڑنا ہولِ دل (مذکر) دل دھڑکن۔
اختلاج قلب۔ خفقان ہول دلا (صفت) بزدل ڈرپوک
نامرد۔ ہول دلی (مونث) ۱ گلے میں ڈالنے کا تعویذ
جس سے ڈر دور ہوتا ہے ۲ گھبراہٹ ۳ بزدلی ہول
دینا (متعدی) گھبرا دینا ہول رہنا (لازم) خوف رہنا
گھبراہٹ رہنا۔ دل گھبرانا ہول زَدَہ (صفت) ۱
خوف زدہ۔ دہشت کا مارا ۲ گھبرایا ہوا مضطرب ۳
ڈرپوک۔ بزدل ہول سمانا (لازم) ڈر ہونا۔ خوف سمانا
دہشت ہونا۔ ہول کھانا (متعدی) ڈرنا۔ خوف کھانا۔
دہشت میں رہنا ہولناک (صفت) خوفناک۔ خطرناک
دہشتناک۔ ہیبتناک۔ ڈراونا۔ مہیب۔ وہ جس کے دیکھنے
سے خوف پیدا ہو ہولو (صفت) متلون مزاج۔ ہولوں میں
(تف) گھبراہٹ میں اضطراب میں ہولیں (مونث) ہول کی
جمع ہولیں کھانا (متعدی) دیکھو ہول کھانا۔

ہُول (ہ۔ مونث) ۱ کسی دھاردار آلے کا
چبھونا ۲ بھونک۔ گھونپ ۲ دھکا۔ صدمہ۔ ضرب (س) ہُوڈ
چبھونا ہولا (مذکر) دیکھو ہُول ہول امعلی کرنا (متعدی) گھبرا
دینا ہولا مارنا (متعدی) کسی دھاردار آلے کی نوک چبھونا
بھونکنا۔ گھونپنا ہول چلنا (لازم) گھونپا جانا۔ ہولا مارنے
لگنا ہول دینا (متعدی) ہولا مارنا ۲ استعمال دینا۔
ہولنا (متعدی) ۱ ہاتھی کا چلانا ۲ آنکس لگانا ۳ دھکیلنا بیلنا
ریلنا۔ دھکا دینا۔

ہولا (ہ۔ مذکر) ۱ بھنے ہوئے سبز چنے (س) ہولک
۲ سکھوں کی ہولی ۳ دھاکتی جو درخت کے تنے کو کھود کر بنائیں
ہولے (مذکر) ہولا کی جمع ہولے ہو گئے۔ گرمی نے بہت
ستایا۔ پھونک دیا۔

مثل۔ ہولا کھائے منہ ہاتھ دونوں
کالے۔ برے کام میں بدنامی ہوتی ہے۔

ہولاکا (س۔ مونث) ہولی۔

ہُولڑ (ھ۔ مذکر) ہُڑ۔

ہولڑ (ھ۔ مذکر) ۱ جنین۔ مضغہ ۲ پیٹ کا بچہ۔
پیٹ کا جنا ہوا ۳ گیت جو بچے کے پیدا ہونے کے موقع
پر گائے جاتے ہیں

ہولِکا (س۔ مونث) ۱ ہولی ۲ راکھشی جس
کی پوجا اس موقع پر کی جاتی ہے۔

ہُولکنا (ھ۔ متعدی) جھانکنا۔

ہَولی (ہ۔ مونث) شراب کی دکان۔

ہولی (ہ۔ مونث) ۱ ہندوؤں کا ایک
تیوہار جو اعتدال ربیعی کے موقع پر منایا جاتا ہے اس
کے دوران میں ایک دوسرے پر رنگ ڈالتے ہیں ۲
لکڑی کا ڈھیر جسے ہولی کے روز جلاتے ہیں ۳ ایک قسم
کا گیت جو ہولی کے موسم میں گاتے ہیں (س) ہولکا ہولی
بنانا یا گانا (متعدی) ہولی کے گیت گانا ہولی جلانا (متعدی)
جلنا (لازم) ہولی کے دن لکڑیوں کا ڈھیر جلانا ہولی کا
بھڑوا (مذکر) وہ شخص جس پر رنگ وغیرہ ڈال کر مسخرہ بنائیں
۲ مسخرہ بنانا۔ بنا۔ ہونا کے ساتھ) ہولی کھیلنا (متعدی)
ایک دوسرے پر ہولی میں رنگ ڈالنا ہولی منانا (متعدی)
ہولی کا تیوہار منانا۔ ہولی کے تیوہار کی رسومات ادا کرنا ہولی
کی دعوتیں اڑانا ہولی ہے ہندو اکثر ہولی کے دنوں میں
آپس میں تمسخر کرتے ہوئے کہتے ہیں اور رنگ اور کیچڑ
دوسرے پر ڈالتے ہیں۔

اقوال۔ ہولی آئی بھوت بیائی یہ موسم
آئے مستی شروع ہوئی ہولی کے پیچھے بھوت بیائے
جب وقت گزر گیا تو سوجھی۔

ہَولے (ہ۔ تف) آہستہ سے سہج سے
(ہلکے کا مخرب) ہولے سے (تف) دیکھو ہولے ہولے
ہولے (تف) آہستہ آہستہ۔ بتدریج۔

ہُوم (ف۔ مذکر) ایک درخت جو املی سے ملتا
ہے۔

ہوم (س۔ مذکر) ۱ گھی کی بھینٹ جو پوتر آگ
پر ڈالی جائے۔ بھینٹ ۲ گھی کا منتر وغیرہ پڑھ کر آگ پر
ڈالا جانا ہر قسم کی پوجا یا اہم کام سے پہلے ہوم کیا جاتا
ہے۔ یہ اصل میں ایک قسم کی اگنی کی پوجا ہے (کرنا ہونا کے
ساتھ) ہوم کرنیوالا (صفت) وہ شخص جو ہوم کرے ہومنا
(متعدی) ہوم کرنا ہومی (مذکر) وہ برہمن جو ہوم کرے۔

مثل۔ ہوم کرت ہاتھ جرے۔ بدقسمتی
ہو تو نیک کام کرنے میں بھی نقصان ہوتا ہے۔

ہوم (انگ۔ مذکر) گھر۔ مکان ۲ وطن۔
ہوم ڈیپارٹمنٹ (مذکر) وہ محکمہ جس کے متعلق پولیس
جوڈیشل وغیرہ کا کام ہوتا ہے۔ ہوم رُول (مذکر)
حکومت خود اختیاری۔ گھر کی حکومت۔ کسی ملک کے آدمیوں
کی اپنی حکومت ہوم سیکرٹری (مذکر) گورنر جنرل یا گورنر کا
وہ سیکرٹری جو ہوم ڈیپارٹمنٹ کا کام کرے ہوم ممبر (مذکر)
کونسل کا وہ ممبر جو ہوم ڈیپارٹمنٹ کا کام کرے ہوم منسٹر
(مذکر) وہ وزیر جس کے ماتحت پولیس جوڈیشل وغیرہ کا کام ہو

ہومیوپیتھک (انگ۔ مذکر) ایک
طریقہ علاج جس میں بہت تھوڑی دوائی اس قسم کی دیتے ہیں
جس کے زیادہ دینے سے وہ بیماری پیدا ہو۔

ہَوَن (س۔ مذکر) ہوم ہونی (مذکر) زمین
میں گڑھا۔

ہُوں (ہ۔ کلمہ) ۱ اقرار یا اقبال کے موقع پر
کہتے ہیں۔ ہاں ۲ اجازت کے موقع پر بھی کہہ دیتے ہیں ۳
روکنے کیلئے بھی کہتے ہیں اور عموماً دو دفعہ۔ اجازت اور انکار
میں لہجے کا فرق ہوتا ہے ہوں کرنا (متعدی) ۱ اجازت دینا۔
ہاں کہنا۔ رضامندی ظاہر کرنا ۲ روکنا۔ منع کرنا۔ ٹوکنا۔
ہوں ہاں (مونث) ہاں ہوں ہاں کرنا (متعدی) ۱ اقرار
کرنا ۲ بچے کا بولنے لگنا ۳ جواب دینا ۴ ٹال مٹول کرنا۔
صاف جواب نہ دینا ہوں ہاں نہ کرنا (متعدی) نہ بولنا
دم نہ مارنا ہوں ہوں (کلمہ) ۱ اقرار کرنیکا کلمہ ۲ انکار کرنے
کا کلمہ ۳ کسی بات کو روکنے کا کلمہ ۴ ہٹ اور ضد کا کلمہ۔
ہوں ہوں کرنا (متعدی) ۱ ہاں کرنا۔ اقرار کرنا ۲ منہ

سے ہوں ہوں کی آواز نکالنا، ٹوٹانا، ٹالنا، ٹال مٹول کرنا۔ ۲
روکنا۔ ٹوکنا۔ منع کرنا۔

ہُوں (ہ) نفی، بھی، نیز، ہی میں

مثل۔ ہوں سجنی جانت ناہیں پیا
بچھڑن کی سار۔ جیا بچھڑن سے کٹھن ہے پیا
بچھڑن کی بار۔ خاوند کی جدائی موت سے زیادہ ہے

ہونٹ۔ ہونٹھ (ہ) مذکر۔ منہ کے باہر کا اوپر یا نیچے کا حصہ۔ لب، رس، اونشٹھ۔ ہونٹ پھٹ جانا (لازم) سردی کی شدت سے ہونٹوں میں شگاف پڑ جانا۔ کچھ کے منہ پر لگنے یا گرنے سے ہونٹ میں شگاف پڑ جانا۔ ہونٹ تک نہ ہلانا (متعدی) ہلنا (لازم) منہ سے بات نہ نکلنا۔ منہ سے اشارہ تک نہ ہوسکنا۔ ہونٹ چاٹنا (متعدی) ۱۔ ہونٹوں پر زبان پھیرنا ۲۔ کسی چیز کا ذائقہ یاد کرنا۔ ہونٹ چابنا یا چبانا (متعدی) دانتوں سے ہونٹوں کو کاٹنا۔ غصے افسوس حسد سے ایسا ہوتا ہے۔ ہونٹ چٹوانا (لازم) ہونٹ چاٹنے کا موجب ہونا۔ ہونٹ چوسنا (لازم) معشوق یا عورت کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں سے چوسنا۔ مساس کی ایک صورت۔ ہونٹ خشک ہونا (لازم) ہونٹ سوکھ جانا۔ پیاس۔ ڈر یا گھبراہٹ سے ایسا ہوتا ہے۔ ہونٹ سی دینا (متعدی) منہ بند کر دینا۔ خاموش کر دینا۔ ہونٹ سی لینا یا سینا (متعدی) خاموش ہو جانا۔ ہونٹ سے ہونٹ ملانا (متعدی) بوسہ لینا۔ وصل میں لب بلب ہونا۔ ہونٹ کاٹنا (متعدی) ۱۔ دیکھو ہونٹ چبانا ۲۔ جوش شہوت میں معشوق کے ہونٹوں کو دانتوں سے دبانا۔ ہونٹ کٹا (صفت) ۱۔ جس کا ہونٹ کٹا ہوا ہو خرگوش کی طرح۔ ہونٹ ملا (صفت) دیکھو ہونٹھل۔ ہونٹ ملنا (متعدی) انگلیوں سے ہونٹوں کو رگڑنا۔ ہونٹ نیلے [illegible] ہو جانا۔ بیماری کے اثر سے ہونٹوں کا نیلا ہو جانا۔ ہونٹھل (صفت) بڑے اور موٹے ہونٹوں والا۔ اشتر لب۔ ہونٹوں (مذکر) ہونٹ کی جمع حروف وغیرہ سے پہلے۔ ہونٹوں پر پپڑیاں جمنا (لازم) خشکی گرمی یا ڈر سے ہونٹوں کی جلد کا سخت ہو کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ ہونٹوں پر چھٹی کا دودھ یاد آجانا (لازم) سخت مصیبت میں گرفتار ہونا۔ ہونٹوں پر زبان پھیرنا (متعدی) ۱۔ ذائقہ لینا ۲۔ گھبراہٹ سے بھی ایسا کرتے ہیں۔ ہونٹوں سے باتیں کرنا (متعدی) اسطرح باتیں کرنا کہ آواز نہ نکلے گر ہونٹ ہلیں۔ ہونٹوں پر ہنسی ہونا (لازم) مسکرانا۔ ہونٹوں سے لگانا (متعدی) پینا۔ لب کرنا۔ ہونٹوں کا ہلنا (لازم) آہستہ بات کرنا۔ ہونٹوں میں بات دینا (لازم) بات کرتے ہوئے جھجکنا۔ ہونٹوں میں کہنا (متعدی) آہستہ سے بات کہنا۔ ہونٹوں میں مسکرانا (متعدی) اس طرح مسکرانا کہ دانت ظاہر نہ ہوں بہت مسکرانا۔ ہونٹوں ہونٹوں میں (تف) ہونٹوں کے اشارے سے۔ ہونٹ ہلانا (متعدی) ہلنا (لازم) ۱۔ ہونٹ کو حرکت ہونا ۲۔ بولنا۔ بات کرنا۔ ہونٹھی (ہ) ہونٹ کے متعلق۔ ہونٹھی اکشر (ہ) وہ الفاظ جو ہونٹ سے نکلیں۔ ب۔ بھ۔ پ۔ پھ۔ م۔ و وغیرہ۔

امثال واقوال۔ ہونٹ چاٹنے سے پیاس نہیں بجھتی۔ تھوڑی سی امداد کا کوئی فائدہ نہیں۔ ہونٹ ملوں تو دودھ نکلے۔ ہونٹوں سے ابھی دودھ کی بو آتی ہے۔ ہونٹوں سے دودھ کی بو نہیں گئی ٹپکتا ہے۔ ابھی دودھ پیتے بچے ہو۔ ابھی نادان ہو۔ ابھی ناتجربہ کار ہو۔ ہونٹوں نکلی کوٹھوں چڑھی۔ بات نکلتے ہی مشہور ہو جاتی ہے۔ ہونٹ ہلے نہ جیبا کھولی۔ پھر بھی ساس کہے بڑبولی (ہ) خواہ مخواہ کا الزام لگنا۔

ہونٹا۔ ہونٹھا (ہ) مذکر۔ ساڑھے تین۔ ۳½ (صفت) ۳½ گنا۔

ہونس (ہ) مونث ۱۔ نظر بد۔ ٹوک ۲۔ حسد۔ رشک۔ جلن ۳۔ عداوت۔ بیر ۴۔ بدخواہی۔ بغض ۵۔ ہوس۔ حرص (زیادہ) ہوس کا محرف ہے۔ ہونسا (ہ) ۱۔ لالچ۔ حرص ۲۔ حسد۔ رشک۔ ہونس لگ جانا (لازم) نظر لگ جانا۔ نظر بد کا اثر کرنا یا ہونا۔ ہونس لگانا (متعدی) نظر لگانا۔ ہونس لگ جانا (لازم) نظر لگ جانا۔ ہونسنا (متعدی) ۱۔ نظر لگانا ۲۔ ٹوکنا ۳۔ جلنا۔ حسد کرنا۔ ہونسی (ہ) دیکھو ہونسا (صفت) لالچی۔ حریص ۲۔ پر شہوت ۳۔ حاسد۔

امثال۔ ہونسا سو ہونسا جس نے حسد کیا اپنا نقصان کیا۔ ہونس سے ریس بھلی۔ حسد کرنے سے کسی کی ریس کرنا بھلا ہے۔

ہونق (ع) صفت احمق۔ بیوقوف۔ وحشی۔ جاہل ۲۔

ہونکا (ہ) مذکر دیکھو ہوکا۔

ہونکار (ہ) مذکر دیکھو ہُنکار۔

ہونکنا (ہ) لازم ۱۔ ہانپنا۔ سانس پھولنا ۲۔ شیر کا بولنا۔

ہونہار (ہ) صفت دیکھو ہو کے تحت میں۔ ہونہار (ہ) ہونہاری (مونث) امکان۔ ممکن ۲۔ امید۔ وعدہ۔

ہونہان (ہ) مذکر ۱۔ ہوہو ۲۔ مذکر دیکھو ہوں کے تحت میں۔

ہوہا (ہ) مونث ۱۔ غل۔ شور۔ ہنسی۔ ٹھٹھے کی آواز ۲۔ کبوتروں کے اڑانے کی آواز کرنا۔ ہونا کے ساتھ

ہوئی (ہ) مونث ۱۔ ایک تہوار جو دیوالی سے آٹھ دن پہلے ہوتا ہے۔

ہُوی (ہ) مونث ہوس۔

ہُویّت (ع) مونث ۱۔ ہونا۔ زندگی ۲۔ جوہر۔ ھُو سے ۲

ہُویدا (ف) صفت ظاہر۔ عیاں۔ نمودار۔ آشکار۔ واضح۔ صریح۔ صاف۔ کھلا ہوا۔

ہویہ (ہ) مذکر ہوں۔ ہوپاس۔ ہویاسن (مذکر) ہون کھانے والا۔ آگ ۲۔ اگنی دیوتا۔ شوجی۔

ہہی (اردو) مونث ۱۔ حیرت ۲۔ دھوم۔ شور۔ غوغا۔

ہہیے (ہ) کلمہ افسوس۔ دیکھو ہے معہ محاورات (ندامت)

ہی (ہ) تف۔ فقط۔ صرف۔ اکیلا۔ تنہا۔ بھی ۲۔ بالکل۔ ذرا۔ تھوڑا ۳۔ ضرور۔ لامحالہ ۴۔ فوراً۔ اسی وقت ۵۔ ذریعہ وجہ سے۔ بسبب ۶۔ خصوصیت ظاہر کرنے کے لئے ۷۔ زور دینے کے لئے جیسے تمہارا ہی ہے۔

ہِی (ہ) مذکر دل۔ من۔

ہے (ہ) حال ۱۔ ہونا کا صیغہ واحد ہے اور ۲۔ اور تو کیساتھ استعمال ہوتا ہے۔ ہے تو یوں اصل بات اس طرح ہے۔ ہے تو یہ اصل بات یہ ہے۔ ہے یوں۔ اصل بات یہ ہے۔ ہے ہے موجود ہے۔ تاکید کے لئے۔

امثال واقوال۔ ہے آدمی ہے کام نہیں آدمی نہیں کام۔ کرنے والے کیلئے بہت کام ہوتا ہے۔ جو نہ کرنا چاہے اس کیلئے کچھ کام نہیں ہے تو سٹری گر بات پتے کی کہتا ہے تجربہ کار تو ہے گر بے وقعت ہے۔ ہے گھرنی گھر کا جتن ہے۔ نہیں گھرنی گھر بھاؤ ہے بیوی سے گھر کی رونق ہوتی ہے بغیر بیوی کے گھر اجاڑ ہوتا ہے۔

ہیے (ہ) کلمہ افسوس۔ ہائے کا مخفف۔ افسوس حسرت۔ افسوس۔ تکلیف رنج وغیرہ کے موقع پر کہتے ہیں۔ ہے ہے ظالم (ندا) اے ظالم۔ ہائے افسوس ہے ہے کلمہ تاسف افسوس۔ ہائے ہائے ہے ہے کر کے پیٹنا (لازم) نوحہ کر کے پیٹنا۔ کسی کے مرنے کی آرزو کرنا۔ ہے ہے کرنا (متعدی) نوحہ کرنا۔ پیٹنا۔ ہے ہے نہ کھے کھٹے جھگڑا کہنا مثل

ہے (ہ) ندا۔ او۔ اے ہے رے ہے۔ ذرا بولے سارے۔

ہَیے (س) مذکر ۱۔ گھوڑا ۲۔ ہاک۔ کوہ ہمالیہ کا [illegible] ہیں ۲۔ ہیشالہ (مذکر) اصطبل

ہَیا (ہ) مذکر۔ گھوڑا ۲۔ (مفعول) مارا ہوا۔ قتل کیا ہوا۔

ہیا (ہ) کلمہ۔ بچے کو ڈرانے کیلئے بولتے ہیں۔

ہیاو (ہ) مذکر ۱۔ دل۔ قلب ۲۔ ہوش حواس ۳۔

حوصلہ۔ جرأت۔ جگر۔ کلیجہ۔ ہیے (مذکر) بجائے ہیا حروف
وغیرہ سے پہلے ہیئے کی پھوٹنا (لازم) ناعاقبت اندیش
ہونا۔ کور باطن ہونا۔ گھبرایا ہوا ہونا۔ پاگل ہونا ہیئے کیار
کی پھوٹی ہیں۔ کمال بے عقل ہیں
مثل۔ ہیئے سو مدھ۔ ہیئے سے نشے میں
دل کے عذار نکل جاتے ہیں۔
ہَیاسہ دف۔ مذکر) گھوڑے کا تنگ۔
زیر بند۔
ہیاں رھ۔ مذکر) ۱ دل۔ ہیا ۲ جدائی کا غم
۳ ہہاں کا مخرب۔
ہیاؤ رہ۔ مذکر) ۱ بہادری۔ جرات۔ دلیری ۲
حوصلہ۔ ہمت ۳ زور۔ طاقت ہیاؤ پڑنا (لازم) ہمت پڑنا
حوصلہ کھل جانا ہیاؤ کھل جانا (لازم) دل کا ڈر جاتا رہنا
جھجک مٹ جانا۔ نڈر ہو جانا۔
ہیبت رع۔ مونث) ۱ ڈر۔ خوف۔ دہشت ۲
رعب ۳ گھبراہٹ۔ جلدی دبدبہ۔ داب۔ ڈرنا ہیبت
پڑنا (لازم) گھبرا جانا ہیبت ٹپکنا (لازم) ڈر آنا کسی چیز
سے ہیبت چھانا (لازم) ڈر جانا گھبرا جانا رعب میں آجانا
ہیبت دکھلانا (متعدی) رعب ڈالنا۔ گھبرا دینا۔ ڈرا دینا
ہیبت زدہ ڈرا ہوا۔ خوفزدہ ہیبت سلطانی (مونث)
بادشاہ کا رعب چھانا ہونا کیسا تھا ہیبت مچنا (لازم)
گھبراہٹ ہونا۔ افراتفری ہونا ہیبتناک (صفت) ڈراؤنا۔
مہیب۔ خوفناک۔
ہیت رھ۔ مذکر) اصلیت۔ بنا ۲ وجہ سبب
ہیتو ہیت لگانا (متعدی) ۱ وجہ بتانا ۲ مقرر کرنا مخصوص کرنا۔
ہیتِ دس۔ مونث) ہیت دھ) ہتھیار اسلحہ
۱ تلوار ۲ سورج کی کرن ۳ روشنی ۴ شان و شوکت ۵ شعلہ ۶
(تف) ہاں ہیں۔
ہیتو دس۔ مذکر) ۱ حرکت۔ چال ۲ وجہ سبب
موجب ۳ ارادہ۔ قصد ۴ خواہش آرزو ۵ معنی مطلب ۶
اصلیت۔ بنا ۷ ذریعہ۔ موقع ۸ (منطق) نتیجہ نکالنے کی وجہ ۹
ثبوت (تف) وجہ سے سبب سے۔
ہیٹ (انگ۔ مونث) انگریزی ٹوپی۔
ہیٹ ہیٹھ رھ۔ تف) ۱ نیچے۔ زیر تحت تلے
۲ تہ میں ۳ (صفت) نیچے کیا ہوا۔ نیچے لایا ہوا ۲ جھکا ہوا ٹیڑھا
خمیدہ ۵ گرایا ہوا ۶ مسکین۔ تابع ۷ (مذکر) جھکنا خم ہونا ۸ لٹ جانا
ہیٹا رہ۔ صفت) ہیٹھا رھ) ۱ کم رتبہ گھٹیا ناقص
چھوٹا ۲ ادنیٰ کم درجے کا ۳ کمینہ۔ سفلہ۔ رذیل۔ ذلیل ۴ بودا
بزدل۔ ڈرپوک۔ نامرد۔ کمزور ۵ (س) اوصنات نیچے) ہیٹا
پن (مذکر) ہیٹا ہونا ہیٹا کرنا دھ) ذلیل کرنا بیعزت کرنا
بدنام کرنا ہیٹھی (دھ ہیٹی (مونث) ذلت ہیکی۔ بدنامی بیعزتی
رسوائی خفت۔ بیقدری تحقیر ہیٹی کرنا (متعدی) ہونا (لازم)
ذلت ہونا ہیکی ہونا خفت ہونا۔ نک کٹی ہونا۔
ہیٹھ رس۔ مذکر) ہیٹھ دھ) ۱ روک ۲ سدراہ
ہونا ۲ روک۔ ممانعت ۳ مخالفت ۴ تنگ کرنا ستانی ۵ ضرب
چوٹ۔
ہَیجا رع۔ مونث) جنگ۔ لڑائی۔ رزم۔ یدھ (ہیج۔
اج۔ خاک اڑنا)
ہَیجان رع۔ مذکر) جوش۔ ابال ۲ تیزی۔
شدت۔ زور۔ غلبہ (ہیج۔ اج۔ خاک اڑنا)
ہیجڑا رہ۔ مذکر) ۱ وہ شخص جسکے خصیے اور
آلہ تناسل کاٹ دیا گیا ہو لیعنہ خصی ۲ مخنث۔ زنخا۔ ہیز۔
خوجہ۔ خواجہ سرا ۳ (صفت) نامرد۔ زنخا۔ زنانہ ۴ نامرد۔
بزدل۔ سست۔ بودہ رف) ہیز ہیجڑا بنانا (متعدی) عضو
تناسل کاٹ کر مخنث بنانا۔ زنخہ بنانا۔ نامرد بنانا۔
امثال ہیجڑے کی کمائی منڈوئی میں
گئی۔ اسے منہ صاف رکھنے کیلئے روز حجامت کرانی پڑتی
ہے ہیجڑے کے گھر بیٹا ہوا۔ ناممکن بات ہوگئی۔ اچنبھے
کی بات ہوگئی۔
ہیچ رف۔ صفت) ۱ کچھ نہیں۔ معدوم بطرف
۲ ناکارہ۔ نکما ۳ قابل نفرت۔ زبوں۔ بیہودہ ۴ فضول۔
بے سود۔ بیکار ۵ کچھ۔ کوئی ۶ (مذکر) تھوڑی سی چیز ۷ (تف)
کبھی نہیں کسی وجہ سے نہیں ہیچ پوچ (صفت) ۱ معمولی
گھٹیا۔ ناقص ۲ بے فائدہ۔ لغو۔ بیہودہ۔ نکما۔ ناکارہ ۳
(مذکر) گھٹیا آدمی۔ معمولی حیثیت کا آدمی ۴ بہت معمولی چیز
ہیچ جاننا یا سمجھنا (متعدی) بے وقعت سمجھنا۔ ناچیز
سمجھنا ہیچکارہ (صفت) نالائق۔ بیفائدہ۔ ناکارہ
ہیچ کس (مذکر) ناکارہ و ناقص آدمی ہیچدان
(صفت) ۱ بے علم۔ کچھ نہ جاننے والا۔ ناواقف۔
ناداں ۲ اپنے متعلق اشارتاً کہتے ہیں ہیچدانی (مونث) ۱
نادانی۔ بےعلمی ہیچ و پوچ (صفت وغیرہ) دیکھو ہیچ پوچ۔
مقولہ۔ ہیچ راہے نیست کو را نیست
پایاں غم مخور۔ کوئی راستہ ایسا نہیں جس کا خاتمہ نہ
ہو سخ نہ کر۔ کوئی مصیبت باقی نہیں رہی۔
ہَیڈ (انگ۔ مذکر) ۱ سر ۲ سرگروہ۔ سردار۔
افسر ۳ (صفت) اعلےٰ۔ بڑا ہیڈ آفس (مذکر) صدر
دفتر ہیڈ ڈرافٹسمین (مذکر) نقشے بنانے والوں کا افسر
ہیڈ کانسٹبل (مذکر) پولیس کا ایک عہدہ دار جو کنسٹبل
سے بڑا ہوتا ہے۔ ہیڈ کلرک (مذکر) کلرکوں کا افسر
ہیڈ کوارٹر (مذکر) صدر مقام۔ صدر ہیڈ ماسٹر (مذکر)
۱ نمبردار ۲ چودھری ہیڈنگ (مذکر) عنوان۔ سرنامہ۔
ہیڈرادہ۔ مذکر) دیکھو ہنڈا۔
ہیر رہ۔ مذکر) اہیر کا مخفف۔
ہیر دہ۔ مذکر) ۱ عنصر۔ جز۔ جوہر ست۔
مغز ۲ گودا۔ درخت کا مغز جو چھال کے نیچے ہوتا ہے ۳
زور۔ طاقت۔ قوت ۴ اصل۔ مول ۵ کھاد ۶ بعض درختوں
کی چھال ۷ (صفت) ضروری ۸ خالص۔ صاف۔ شفاف
ہیَر دس۔ مونث) ۱ صاعقہ بجلی ۲ ہیرا ۳ ہار
۴ سانپ ۵ تیر ہیرا (مذکر) ۱ الماس ۲ (مونث) لکشمی کا
ہیر دث) ۱ جھنگ کے سیال خاندان
کی ایک عورت تھی جس کے عشق کا قصہ رانجھے کے
ساتھ وارث شاہ نے پنجابی زبان میں نظم کیا ہے جو نظم
کی بہترین کتاب سمجھی جاتی ہے۔ اس کا مقبرہ جھنگ
گھیانہ میں ہے۔
ہیرا رہ۔ مذکر) ۱ دیکھو الماس ۲ (دھ)
مالا کا دانہ جو تلسی کی لکڑی کا بنایا جائے ۳ (صفت)
عمدہ۔ نفیس۔ دس ہیرا) ہیرا آدمی (مذکر) نہایت
اچھا آدمی۔ نیک آدمی۔ کھرا آدمی۔ بھلا مانس آدمی۔
ہیرا چاٹنا (لازم) ہیرا چاٹ کر مرجانا۔ اگلے زمانے
میں خیال تھا کہ ایسا کرنے سے آدمی مرجاتا ہے ہیرا
کٹ (صفت) ہیرے کی طرح کٹا ہوا۔ ہیراکسیس
(مذکر) ایک مرکب دوا جو لوہے۔ گندھک اور
آکسیجن سے مرکب ہوتی ہے۔ چمڑے کو سیاہ کردیتی۔
ہیرا کھانا (متعدی) ۱ خودکشی کی نیت سے ہیرے
کے ریزے کھا جانا یہ انتڑیوں کو کاٹ دیتے ہیں
اور موت واقع ہوتی ہے ۲ رشک سے جان دینا
ہیرامن (مذکر) طوطا ہیرا ہینگ (مونث) ہند
قسم کی ہینگ ہیرے کی کنی (مونث) ہیرے
کا چھوٹا سا ٹکڑا۔ ہیرے کی کنی کھانا (متعدی)
۱ دیکھو ہیرا کھانا ۲ خودکشی کرنا۔
مثل۔ ہیرے کی پرکھ (قدر) جوہری
جانے۔ اہل ہنر کی قدر قدرداں ہی کرسکتا ہے۔
ہیراب رف۔ مذکر) ایک فرشتہ جو پانی
کا موکل۔
ہیرا پھیری دہ۔ مونث) ۱ آنا جانا۔
آمد و رفت ۲ کسی سودے کو لانا اور پھر واپس کرنیکو جانا
(ہیرا اصل ہے)

ہیرانا (ھ۔ مذکر) کھیت میں اونٹنی یا بھیڑوں کو باندھ کر کھاد دینا۔

ہیر پھیر (ھ۔ مذکر) ہیر بمعنی ہے لگ ونش چکر۔ دورہ۔ انقلاب ۲ اول بدل ۳ خریدنا اور واپس کرنا ۴ قصور یکی۔ کوتاہی ۵ مکر و فریب۔ دھوکا ۶ داؤ کا خم و پیچ۔ دیکھو ایر پھیر، ہیر پھیر دیکھنا (متعدی) انقلاب زمانہ ملاحظہ کرنا ہیر پھیر کی باتیں (مونث) دھوکے کی باتیں اکرنا ہونا کیساتھ ہیر پھیر کے تولنا (متعدی) سودے کو پہلے ایک پلڑے میں تول پھر دوسرے میں ہیر سے پھیرے (مذکر ع) بار بار آنا جانا کرنا ہونا کے ساتھ

مثل۔ ہیر پھیر آوے تو کاکڑی ٹکا دے (ھ) اگر کرو فریب جانتا ہو تو مزے سے اڑائے۔

ہیرنا (ھ۔ متعدی) ا جوئیں دیکھنا یا نکالنا ۲ دیکھنا مشاہدہ کرنا۔ ملاحظہ ۳ تلاش کرنا جستجو کرنا۔ ڈھونڈنا ۴ شکار کرنا ۵ رگیدنا۔ پیچھا کرنا۔ پیروی کرنا۔ تعصب کرنا ۷ پکڑنا۔ گرفت کرنا۔ مزاحمت کرنا ۸ ٹھہرانا۔

ہیرو (انگ۔ مذکر) بہادر۔ سورما ۲ وہ شخص جس پر قصے کا مدار ہو۔ شجاع۔ قصے کی جان ۳ مشہور آدمی ہیرو آف دی ڈے (مذکر) وہ شخص جو کسی دن کسی معرکے میں سب سے زیادہ کام کرے اور اس پر کامیابی کا انحصار ہو ہیروائن (مونث) ہیرو کی

ہیروا (ھ۔ مذکر) بچے کا کسی کو یاد کرنا ہیروا کرتا ہے بچہ فلاں کو یاد کرتا ہے۔

ہیٹرا (ھ۔ مذکر) ا گوشت۔ ماس ۲ لحم شکار ۳ سالن۔ ترکاری ۴ ڈیل ڈول ۵ بدن

ہیٹری (ھ۔ مذکر) ا شکاری۔ صیاد ۲ شکاری جانور۔

ہیز (ف۔ صفت) دیکھو ہیجڑا۔

ہیزم (ف۔ مذکر) لکڑی۔ ایندھن۔ جلانے کی لکڑی کوئی دوسری چیز جو جلائی جاوے۔ جلانے کی کوئی چیز جو لکڑی کیلئے استعمال ہوتا ہو ہیزم فروش (مذکر) جلانے کی لکڑی بیچنے والا لکڑی فروش۔ ہیزم کش (مذکر) لکڑیاں اٹھانے والا مزدور ۲ لکڑیاں کاٹنے والا۔ لکڑہارا۔

ہیزدہ ہیژدہ (ف۔ عدد) اٹھارہ۔ محاورات کیلئے ہژدہ یا ہیژدہ۔

ہیضہ (ع۔ مذکر) ایک متعدی بیماری جس میں دست و قے آتے ہیں۔

ہیضہ پھیلنا (متعدی) ہیضہ کی بیماری عام ہو جانا ہیضہ کر کے مرنا (لازم) ہیضہ کی وجہ سے وفات پانا ہیضہ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ہیضے سے وفات پانا

ہیکڑ (ہ۔ صفت) ا خودسر، زبردست۔ ۲ ضیغمی ارنیوالا ۳ بڑے تن و توش کا۔ موٹا تازہ ہیکڑی (مونث) ا زبردستی، سرکشی۔ زورآوری ۲ شیخی۔ ڈینگ ہیکڑی جتانا (متعدی) ا زبردستی کرنا۔ زور دکھانا ۲ اینٹھنا۔ اکڑنوں کرنا ۳ دھمکی دینا ہیکڑی سے (ق) زبردستی ہیکڑی کرنا (متعدی) دیکھو ہیکڑی جتانا۔

ہیکل (ع۔ مونث) ا شکل، صورت نقشہ ۲ جثہ۔ بدن۔ ڈیل ڈول ۳ بت جو کسی سیارے کے نام پر بنایا جائے ۴ مندر۔ بتخانہ ۵ تعویذ یا حمائل جو بچوں کے گلوں میں ڈالتے ہیں ۶ روپے یا اشرفیوں کا ہار جو عورتیں پہنتی ہیں ۷ علامت۔ نشان ۸ حلیہ ہیئت ۹ تصویر ہیئت ۱۰ طرح۔ انداز۔ اسلوب۔ وضع قطع۔ سج دھج ۱۱ بڑے جسم کا گھوڑا۔

ہیگروف (انگ۔ مذکر) کیت گھوڑا جس کی دم کے بال سیاہ ہوں۔

ہیل (ہ۔ مذکر) بھری ہوئی ٹوکری یا ٹوکرا۔

ہیل (ف۔ مونث) سفید الائچی۔ چھوٹی الائچی

ہیلا (ہ۔ مذکر) ا دھکا ۲ میل ۳ ڈھیلا ۴ کام کاج ۵ باری۔ دفعہ۔ باسبوار۔ مرتبہ ۶ آواز ۷ ہانک ۸ ٹوکرا ٹوکری ۹ پانی میں سے زور لگر نکالنا ۱۰ پانی کا دھکا۔ ہیلا دینا یا مارنا (متعدی) ا دھکا دینا۔ دھکیلنا۔ پیلنا۔ ۲ ہانک مارنا۔ پکارنا۔

ہیلائج (ف۔ مذکر) ا پیدائش کا وقت ۲ ایک نشان جس سے عمر بتائی جا سکتی ہے۔

ہیلتھ (انگ۔ مونث) تندرستی صحت ہیلتھ آفیسر (مذکر) ڈاکٹر جو محکمہ حفظان صحت کا افسر ہوتا ہے۔ آج کل ہر ضلع میں ایک ہیلتھ افسر ہوتا ہے۔

ہیل میل (ہ۔ مذکر) ربط ضبط۔ میل جول۔ پیار۔ اخلاص۔ موافقت (ہیلنا سے)

ہیلنا (ھ۔ لازم) تیرنا۔ بہنا۔

ہیمہ (ف۔ مونث) ایندھن ہیزم۔

ہیں (ہ۔ حال) ہے کی جمع وہ اور ہم کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (ہونا سے)

ہیں (ہ) کلمہ تنبیہ، ا روکنے کیلئے ۲ پوچھنے کیلئے ۳ تنبیہ و تہدید کیلئے ۴ تعجب ظاہر کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے ہیں ہیں کلمہ تنبیہ ممانعت اور روکنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

مقولہ۔ ہیں مرد وہی پورے جو ہر حال میں خوش ہیں۔ مرد وہی ہے جو تکالیف کی پرواہ نہ کرے۔

ہینا (ہ۔ صفت) ا چھوڑا ہوا ۲ گیا گذرا ۳ کمزور۔ لاغر۔ دبلا ۴ ہیٹا۔ بیقدر۔ حقیر ذلیل نکما ۵ ہیچ۔ حقیر ۶ محتاج غریب مفلس (س) ہین ہینی (صفت۔ مونث) ہینا کی۔

مثل۔ ہینی پڑیا چھتیس روگ اگر ناقص دوائی استعمال کی جائے تو بہت سی بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں

ہینسانا (ھ۔ لازم) ہنہنانا۔ رینگنا۔

ہینکارنا (ھ۔ متعدی) مویشی کا بولنا یا ہانکنا

ہینگ (ھ۔ مونث) ایک درخت کا گوند جو سخت بدبودار ہوتا ہے گرہندو لوگ کھانوں میں ڈالتے ہیں کیونکہ بادی کو مارتا ہے ہینگا (مذکر) بچوں کا ایک فرضی نام جس عورتیں انہیں اکثر بلاتی ہیں ان کا خیال ہے کہ اگر اصلی نام لیں گی تو وہ ٹھہرتا ہے اور اس سے بچہ سوکھ کر مرجاتا ہے۔

ہینگ لگا کر رکھنا (طنزاً) بہکار رکھو بہوانہ لگنے دو ہینگ لگانا (متعدی) ا کسی چیز کو ہینگ ملنا ۲ زک دینا، نیچا دکھانا ۳ ذلیل کرنا ۴ سنوانا، بنانا ہینگو (مونث) دیکھو ہینگا ۲ بلی۔ گربہ جس کے پاس بلی کا نام لینا منحوس سمجھا جاتا ہے ہینگ ہگنا (متعدی) ا بچے کے مرض میں مبتلا ہونا ۲ سخت بیمار ہونا ۳ بیمار پڑا رہنا ۴ نہایت کمزور ناتواں ہونا۔

مثل۔ ہینگ آئی تو باٹ لگائی پرنج مکھو دیا

ہینگا (ھ۔ مذکر) سہاگا کھیت میں پھیرنے کا پٹڑا ہینگا پھیرنا (متعدی) ہل چلانے کے بعد زمین کو ہموار کرنے کے لئے سہاگا پھیرنا ہینگانا (ھ) ہینگا پھیرنا۔ ہینگاؤ (ھ) ہینگا پھیرنے والا۔

ہیں ہاں (ھ۔ مونث) ہاں ہاں کہنا۔ ہیں ہاں بھرنا (متعدی) ا ہاں ہاں کہنا ۲ رعایت کرنا

ہیوہ (مونث) اگلے مینڈھا کو لانے کی آواز

ہیولا، ہیولی (ع۔ مذکر) ا مادہ ۲ ہر چیز کی اصل اور ماہیت ۳ تصویر کا خاکہ ۴ شکل صورت ڈول۔ ڈھانچہ ۵ مضغہ۔ لوتھڑا ۶ شکل ادبدا تیز شخص ۸ جلدی کرنے والا یا متلون مزاج آدمی دیو ٹیلی۔ مادہ)

ہیولا مزاج (صفت) وہ شخص جو کسی بات پر قائم نہ رہے ہیولائی (صفت) مادے کے متعلق۔ مادی۔

ہیہات (ع) حرف ندا (اصلی معنی۔
اہلیت سے دور ہے) اردو میں افسوس اور حسرت
ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

ہی ہی (ہ) مونث ہنسی کی آواز۔ کھِل کھِل
ہی ہی ٹھی ٹھی (مونث) بیہودہ ہنسی ہی ہی کرنا (متعدی)
بے محل ہنسنا (غف)

ہیئت (ع۔ مونث) (۱) بناوٹ۔ ساخت (۲)
صورت۔ شکل (۳) کیفیت۔ حالت۔ طور۔ طریق (۴) علم۔ وہ
علم جس میں آسمان اور اجرام فلکی کا ذکر ہوتا ہے۔ علم الافلاک
(۵) تہیہ۔ ارادہ۔ تیار ہونا ہیئت اصلی (مونث) اصلی شکل۔
ہیئت بدلنا (متعدی) شکل بدلنا بھیس بدلنا۔ ہیئت پکڑنا
(متعدی) صورت اختیار کرنا ہیئت دان (صفت) ماہر علم ہیئت
نجومی ہیئت کذائی (مونث) حالت جیسی کہ ہے۔ موجودہ حالت
ظاہری حالت ہیئت مجموعی (مونث) عام حالات شکل ہیئت ترکیبی (مونث) جامع
ہیئی (س۔ مونث) (۱) گھوڑی (۲) مادہ یاک۔

ی

ی (ہ - مونث) تلفظ یے فارسی میں یائے : اردو کا پینتیسواں عربی کا اٹھائیسواں فارسی کا بتیسواں حرف اور ناگری رسم الخط کا چھبیسواں وینجن ہے : اس کو یائے حطی یا مثنات تحتانی بھی کہتے ہیں : یہ حروف علت میں سے تیسرا حرف ہے : ابجد میں اس کے دس عدد فرض کئے گئے ہیں جفری میں سیارہ مشتری کو ظاہر کرتا ہے اور برج و لو کا نشان ہے : اس کی تین قسمیں ہیں۔ یائے معروف جیسے کھیر میں یائے مجہول جیسے میرا میں اور یائے موقوف ان افعال و اسما کے آخر میں آتی ہے۔ جن میں قبل اس کے الف یا واؤ مجہول ہو جیسے آئے۔ جائے روئے دھوئے وغیرہ : یائے معروف مفصلہ ذیل معانی میں استعمال ہوتی ہے (الف) نسبتی جیسے گلابی۔ دھانی۔ سنہری۔ رتی۔ دہلوی وغیرہ (ب) مصدری جیسے برائی۔ بھلائی۔ چوڑائی۔ لمبائی۔ دانائی وغیرہ (ج) یائے فاعلیت جیسے کسبی۔ تیلی۔ دھوبی۔ فریبی (د) یائے مفعولیت جیسے نہری۔ سندی وغیرہ۔ (ر) فارسی الفاظ میں یائے خطاب تو کے معنوں میں جیسے ہستی تو ہے (س) یائے لیاقت جو مصدر کے آخر میں آتی ہے جیسے کشتنی۔ خوردنی وغیرہ (ص) عربی الفاظ میں یائے متکلم جیسے ربی۔ الٰہی وغیرہ (ط) ہندی الفاظ میں کبھی اسما و افعال کے آخیر میں آکر تانیث کی علامت ہے جیسے گھوڑی۔ اندھی۔ کہی سنی وغیرہ : یائے مجہول الف) ان اسما و مصادر کے ساتھ آکر جن کے آخر میں الف ہو علامت امالہ ہوتی ہے جیسے گھوڑے کی زین۔ کتے کی جھول۔ آنے کا وقت۔ جانے کا محل وغیرہ (ب) امر حاضر کے آخر میں آکر صیغہ امر غائب بنا دیتی ہے۔ جیسے وہ اٹھے۔ وہ بیٹھے (ج) کبھی ان اسما اور افعال واحد ماضی مذکر کے بعد جن کے آخر میں الف ہو آکر جمع اسم جمع فاعل و مفعول کی علامت بن جاتی ہے جیسے تماشا سے تماشے۔ کوٹھا سے کوٹھے۔ اٹھا سے اٹھے۔ اٹھایا گیا سے اٹھائے گئے (د) کبھی نون کے ساتھ ان اسمائے مونث کے جن کے آخر میں یائے معروف نہ ہو جمع کے لئے آتی ہے۔ جیسے رسم سے رسمیں۔ بات سے باتیں (ر) کبھی ان اسمائے مذکر کی جمع کے لئے بھی لائی جاتی ہے جن کے آخر میں لفظ واں ہو جیسے جھانواں سے جھانویں۔ کنواں سے کوئیں : ہندی الفاظ میں یہ حرف بعض وقت دوسرے الفاظ کے ساتھ مخلوط ہو کر بولا جاتا ہے اور درمیان میں آتا ہے جیسے بیاہ۔ بیار۔ دھیان وغیرہ : یائے زائد جیسے جائے۔ پائے۔ یہ اب متروک ہے۔

یا (ہ - کلمہ) صیغہ امر کے آخر میں آکر اسے فعل ماضی کر دیتا ہے۔ جیسے آیا۔ لایا : اسما کے آخر میں تانیث کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے گڑیا۔ چڑیا : نسبت کا۔ جیسے بڑھیا۔ گٹھیا : صفت کا جیسے تیلیا۔ مونگیا : فاعلیت کا جیسے فریبیا۔ چالیا : تصغیر کا جیسے انگیا۔ ڈبیا : جب اسم جامد سے مصدر بناتے ہیں تو نا سے پہلے لاتے ہیں۔ جیسے سٹھیانا۔ کنیانا۔

یا (ف - مذکر) حرف ی کا تلفظ : کلمۂ تردید۔ خواہ۔ چاہو۔ بھاویں : حرف عطف۔ دو خبروں میں سے ایک کو خاص کرنے کے لئے۔ یا دو خبروں کے جمع ہونے کو روکنے کے لئے۔ یا یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ دو کے علاوہ تیسرا وہاں نہیں۔ یا شک کے مقام پر یا تو کا اضافہ کر کے استعمال ہوتا ہے۔ **یائے تحتانی** (مونث) ی جس کے نیچے دو نقطے ہوں۔ **یائے معکوس** (مذکر) بڑی ے۔

امثال و اقوال - **یا ادھر ہو یا ادھر** - ایک طرف ہو۔ بیچ میں نہیں۔ **یا بایں شوراشوری یا بایں بے نمکی** - یا تو اتنا اخلاص تھا یا اب اتنی بے حیائی ہے۔ **یا بسے گوجر یا رہے اوجڑ** - اس جگہ بولتے ہیں جہاں کوئی اپنی آبادی چاہے اور دوسرے کو آباد نہ ہونے دے۔ کہتے ہیں جب محمد تغلق۔ تغلق آباد کا قلعہ بنوا رہا تھا اسی وقت نظام الدین اولیا کواں لگوا رہے تھے۔ بادشاہ کاریگروں کو ان کے کام پر جانے سے روکتا تھا۔ آپ نے یہ بد دعا قلعہ کے حق میں دی۔ چنانچہ آجکل اس میں گوجر ہی بستے ہیں۔ **یا بھینسا بھینسوں میں یا قصائی کے کھونٹے پر** - یا کامیاب ہوئے یا جان گئی۔ کام ضرور کرنا ہے۔ بھینسا بیل کی طرح کام نہیں دیتا۔ سو عموماً اسے مار ڈالتے ہیں۔ **یا بھر مانگ سیندور یا نپٹ ہو رانڈ** (ھ) مناسب کام کرنا چاہئے۔ غیر مناسب نہیں کرنا چاہئے۔ **یا تخت یا تختہ** یا کامیاب ہوں گے یا جان دیں گے۔ **یا تن رسد بجاناں یا جاں ز تن بر آید** - حصول مقصد کے لئے جان توڑ کوشش کرنا۔ **یا (تو) ہنسا موتی چگے یا لنگن کر جائے** - شریف آدمی اگر کھائے گا تو عزت کی روٹی کھائے گا ورنہ فاقہ ہی کرے گا۔ **یا جائے ہزاری یا جائے بازاری** - میلوں پر یا امیر جاتے ہیں یا بازاری لوگ۔ **یا رِند رِندے یا فتح چندے** - یا تو بالکل غریب ہونا چاہئے یا بہت امیر۔ **یا سکھ نیند سوؤ یا مالا جپو** - ایک وقت ایک کام ہونا چاہئے۔ دو کام ایک وقت نہیں ہو سکتے۔ **یا سووے جوگی ابدھوت یا سووے راجہ کا پوت** دونوں بے فکرے ہوتے ہیں۔ یا فقیر آرام سے گزارتا ہے یا امیر۔ **یا غور غریباں یا رخصت جھنجھانا** - یا میرے حال کے موافق خبر گیری کرو نہیں تو گھر کی رخصت ملے۔ **یا کرے اپاس یا کھائے ماس** - زکام میں یا فاقہ کرے یا گوشت کھائے۔ **یا کرے دردمند یا کرے غرضمند** - یا تو جسے غرض ہو وہ کام کرتا ہے یا جسے تکلیف ہو۔ **یا کسی کو کر رہے یا کسی کا ہو رہے** - لوگوں سے الگ تھلگ نہیں رہنا چاہئے۔ یا کسی کو دوست بنائے یا خود کسی کا دوست بنے۔ **یا کھائے گھوڑا یا کھائے روڑا** - گھوڑے یا مکان پر بہت خرچ ہوتا ہے۔ **یا لڑے سورما یا لڑے ان بھول** - بہادر یا بیوقوف اچھا لڑتا ہے **یا مارے سانجھے کا کام یا مارے بھادوں کی گھام** - شراکت کا کام اور بھادوں کی گرمی بہت نقصان پہنچاتے ہیں۔ **یا مکن با پیل باناں دوستی یا بنا کن خانہ در خورد پیل** - یا اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام نہ کر یا اس کا سامان کر۔ **یا یہ شوراشوری یا یہ بے نمکی** - دیکھو یا بایں الخ۔

یا (ع - حرف ندا) اے۔ اجی۔ ارے۔ **یا اللہ یا الٰہی** - اے خدا۔ دعا مانگنے کے لئے کہتے ہیں یا تعجب اور حیرت ظاہر کرنے کے لئے **یا بارِ خدا** - اے خدائے بزرگ۔ **یا بخت** دیکھو یا قسمت۔ **یا خدا** - اے خدا۔ **یا دوست** فقیروں کی صدا۔ **یا رب** : اے پروردگار۔ دعا۔ تعجب : (مونث) فریاد۔ **یا علی** - اہل

تیشع بغرض طلب امداد مشکل کے وقت کہتے ہیں یامحرم میں نعرے لگاتے ہیں۔ بعض وقت شیخی مارنے والے بھی کہتے ہیں۔ **یا علی مدد** - اہل تشیع مدد کے لئے بوقت مشکل کہتے ہیں۔ **یاغفور** اے بخشنے والے گناہوں سے معافی مانگنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ **یاقسمت - مقدر یانصیب** 1 حسرت یا افسوس کے موقع پر کہتے ہیں 2 بدقسمتی 3 بدقسمتی کا گلہ کرنے کے لئے کہتے ہیں 4 قسمت آزمائی کے موقع پر بھی کہتے ہیں۔ **یامیرے اللہ** - حیرت تعجب یا تکلیف کے موقع پر کہتے ہیں - جب کوئی بے تکی بات یا بے تکا کام کرے **یاہو** 1 اے خدا 2 ایک قسم کا سفید کبوتر جس کے منہ سے اس قسم کی آواز نکلتی ہے۔

امثال واقوال - یاخدا تو دے نہ میں دوں - کنجوس کے متعلق کہتے ہیں - **یاخدا خیر (بچا ہاتھ پیر) ہاتھ بچا اور بیر** - مزدور جان جوکھوں کا کام کرنے پر کہتے ہیں - **یاخدا خیر کر - خیر کا بیڑا پار کر** دعا ہے - اے خدا مہربانی کر اور نیک آدمی کو کامیاب بنا۔

یاب (ہ - امر) 1 یافتن کا 2 (صفت) پانے والا مرکبات میں۔ جیسے کامیاب فتحیاب - **یابندہ** (صفت) حاصل کرنے والا **یابندہ ہنڈی** (مذکر) ہنڈ پانے والا - غلط ترکیب ہے - **یابی** (مونث) پانا - مرکبات میں جیسے کامیابی - کمیابی -

یابس (ع - صفت) 1 خشک - سوکھا ہوا 2 خشکی کرنے والا (یبس - خشک ہونا)

یابسات (مونث) یابسہ کی جمع - وہ دوائیں جو زخموں کو خشک کریں۔

یابو (ف - مذکر) غالباً - یعبوب کا مفرس - ٹٹو - چھوٹا گھوڑا۔

یاپن (س - مذکر) 1 کھینا 2 نکالنا بدر کرنا 3 ہٹانا 4 وقت گزارنا 5 وقت ضائع کرنا 6 دیر - تاخیر۔

یاتایات (س - مذکر) 1 آنا جانا آمدورفت 2 میل جول 3 جون بدلنا - آواگون -

یاترا (س - مونث) 1 جانا روانہ ہونا - سفر کرنا 2 سفر - سیاحت - روانگی 3 مقام مقدس کو جانا - تیرتھ کی طرف جانا - جاترا کرنا 4 جاتریوں کا گروہ 5 جلوس 6 بتوں کا جلوس 7 دعوت - تیوہار 8 ایک قسم کا ناٹک 9 سڑک 10 ذریعۂ معاش 11 آمدورفت 12 میل جول 13 ذریعہ - طریقہ - وسیلہ 14 چلن - رسم - رواج 15 لمحہ - لحظہ - اچھا وقت - **یاتراکرن** (مذکر) یاترا کے لئے جانا - **یاتری** (صفت) 1 معمولی - رسمی 2 یاترا کے متعلق 3 ذریعۂ معاش کے متعلق 4 سفر کرنے والا 5 (مذکر) مسافر - جاتری - راہرو -

یاتنا (س - مونث) 1 بدلہ - صلہ معاوضہ 2 قصاص 3 سخت درد - پیڑ 4 سزا جو یم دے - دوزخ کی تکلیف -

یاتو (س - مذکر) 1 وہ شخص جو جائے 2 مسافر - جاتری -

یاجوج (ع - مذکر) ایک نام جو انجیل اور قرآن میں آتا ہے - بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہ حضرت نوحؑ کا پوتا تھا اور دامن کوہ الطائی میں جا کر آباد ہوا تھا - اس کی قوم اور اولاد بھی اسی نام سے کہلاتی تھی - ان کے متعلق خیال ہے کہ یہ مع ماجوج قرب قیامت میں خروج کریں گے - اس مقام پر مغل قوم آباد ہے جس نے تیرھویں صدی میں چنگیز خاں کے ماتحت خروج کیا تھا - اور بے حد مظالم کئے تھے **یاجوج ماجوج** (مذکر) 1 دونوں بھائی اور ان کی اولاد خیال کی جاتی ہے 2 (کنایتاً) مفسد اور متفنی اشخاص 3 دو شخصوں کے لئے جب وہ بہت شرارتی ہوں اور مل کر شرارتیں کرتے ہوں -

یاد (ف - مونث) 1 کسی نام کو رٹنا تسبیح 2 خیال 3 قوت حافظہ 4 یادداشت 5 دل قلب - خاطر 6 گنجفہ کھیلنے والے اپنے دوست کے نام کا ورق رکھتے ہیں اور اس کو سب پتوں کی تقسیم کے بعد دیکھتے ہیں 7 (تف) ازبر - حفظ - نوک زبان - **یاد آنا** (لازم) 1 ذہن میں آنا - خیال آنا 2 خبر پڑنا - معلوم دینا - **یاد آوری** (مونث) 1 یاد کرنا 2 مزاج پرسی کرنا 3 خط بھیجنا - **یاد اللہ** (مونث) 1 خدا کی یاد 2 فقیروں کا سلام 3 خدا کی عبادت 4 واقفیت - صاحب سلامت - جان پہچان - **یاد اللہ ہونا** (لازم) جان پہچان ہونا واقفیت ہونا - **یادِ ایام** (مونث) گزشتہ زمانے کی حالت کی یاد - **یاد بدنا** (لازم) بھولی ہوئی چیز کی نسبت شرط بدنا - **یاد آنا** (لازم) خیال میں آنا - ذہن میں آنا - **یادِ خدا** (مونث) خدا کی عبادت (کرنا ہونا کے ساتھ

یادداشت (مونث) 1 حافظہ 2 یاد رکھنے کا نشان - یاد 3 روزنامچہ - نوٹ بک 4 یاد دہانی کی چٹھی - دوسرا خط - **یادداشت رکھنا** (متعدی) 1 نوٹ بک میں یاد رکھنے کے لئے لکھ لینا 2 نشانی رکھنا **یادداشت میں فرق آنا** (لازم) حافظہ کمزور ہو جانا - **یاددوست** (مونث) قلندروں کی صدا - **یاد دلانا** (متعدی) 1 جتانا 2 آگاہ کرنا - بھولی ہوئی بات کو یاد کرانا - کسی بات کے لئے دوسری دفعہ لکھنا - **یاد رکھنا** (متعدی) 1 خیال میں رکھنا نہ بھولنا 2 تاکید کے لئے بھول نہ جانا 3 اپنی حرکت یاد رکھنا - بدلے کے وقت شکایت نہ ہو - **یاد رہنا** (لازم) دھیان رہنا - خیال رہنا - **یاد رہے** 1 بھول نہ جانا 2 آگاہ کر دیتا ہوں کہ اس کا بدلہ لے کے رہونگا 3 ضرور - شرطیہ یقیناً بیشک - دعوے سے - **یادش بخیر** 1 کسی غیر حاضر دوست کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہم اس کا نام بھلائی سے لیتے ہیں 2 اگر کسی دوست کا ذکر ہو رہا ہو اور وہ آجائے تو بھی کہتے ہیں - **یاد فراموش** (مونث) ایک قسم کا کھیل اور شرط - چند آدمی آپس میں عہد کرتے ہیں کہ اگر ہم تمہیں کوئی تو ام پھل دیں اور ساتھ ہی لفظ فراموش کہدیں تو تمہیں اس قدر فلاں چیز دینی ہوگی - اور اگر تم نے کہ دیا یاد ہے تو تم جیت گئے (بدنا کے ساتھ) **یاد فرمانا** (متعدی) بادشاہ یا عالی مرتبہ کا کسی کو بلانا - **یاد کرنا** (متعدی) 1 رٹنا - بار بار نام لینا 2 ازبر کرنا - حفظ کرنا 3 دیکھو یاد فرمانا 4 بھولی ہوئی بات کو خیال میں لانا 5 پچھتانا 6 کسی کی کسی خوبی کا خیال کرنا 7 سوچنا 8 ذہن نشین کرنا - **یاد کروگے** 1 کبھی نہ بھولوگے 2 پچھتاؤگے - ہاتھ ملوگے - **یاد کرے** 1 کبھی نہ بھولے - افسوس کرے - پچھتائے - **یاد کیا ہے** - بلایا ہے - **یادگار** (مونث) 1 وہ چیز جو کسی دوست کو نشانی کے طور پر دیں 2 وہ چیز جو کسی کی یاد تازہ کرے 3 وہ عمارت وغیرہ جو کسی متوفی شخص کی خدمات کی یادگار میں بنائی جائے 4 نشانی - آثار - علامت 5 پرانی عمارت 6 بیٹا - فرزند - اولاد - بنانا - بننا - قائم کرنا - ہونا

وغیرہ کے ساتھ) **یادگارِ زمانہ** (مذکر) زمانے میں یاد رہنے والی چیز۔ لاجواب۔ **یادگاری** (مونث) یاد۔ **یاد گدگدانا** (لازم) بار بار کسی کی یاد آنا۔ **یاد لگی ہونا** (لازم) ہر وقت کسی کا ذکر یا دھیان ہونا۔ **یاد میں ڈوبنا** (لازم) کسی کے خیال میں محو ہونا۔ **یاد میں رہنا** (لازم) کسی کو اکثر یاد کرنا۔ **یاد میں نہ دیکھنا** (متعدی) جب سے ہوش سنبھالا ہے تب سے نہ دیکھنا۔ **یاد میں ہونا** (لازم) بلانا۔ **یاد ہو کہ نہ یاد ہو** معلوم نہیں تمہیں یاد ہے کہ بھول گئے ہو۔ **یاد ہونا** (لازمی) حفظ ہونا۔ ازبر ہونا۔ دھیان ہونا۔ **یاد ہے** ۱ بخوبی معلوم ہے۔ خوب جانتے ہیں ۲ سوالیہ صورت میں تم بھول تو نہیں گئے۔

اقوال۔ یاد بھلی بھگوان کی اور بھلی نہ کو۔ راجہ کی کرچاکری جو پرجا تابع ہو۔ خدا کی یاد سب سے بہتر ہے جو راجہ کی نوکری کرتا ہے۔ سب اس کی متابعت کرتے ہیں۔ **یاد رکھو اس بات کو جو ہے تم میں کچھ گیان۔ سائیں جا کو ہو گیا وا کا سگرہ جہان۔** خدا جس کی طرف ہے سارا جہان اس کی طرف ہے۔ **یاد کری بھگوان کی تو ہو گئے بھگت کبیر۔ جھوٹے وا کی یاد بن سب ہیں پیر فقیر۔** خدا کی یاد سے معمولی آدمی بھی کہیں سے کہیں جا پہنچتے ہیں اور بغیر اس کی یاد کے پیر فقیر کچھ نہیں۔

یار (ف۔ مذکر) ۱ دوست۔ ہم صحبت۔ ساتھی۔ آشنا۔ ہمنشین۔ سنگی ۲ مددگار حامی ۳ معشوق۔ محبوب ۴ عورت کا آشنا ۵ چوروں اور ڈاکوؤں کے گروہ میں سے کوئی ایک ۶ مالک۔ آقا ۷ بجائے وار مرکبات میں جیسے شہریار۔ **یاراں** (مذکر) یار کی جمع۔ **یارانِ رفتہ یا عدم**۔ مرے سے مرے ہوئے لوگ۔ **یارانہ** (مذکر) ۱ دوستی۔ آشنائی محبت اتحاد ۲ (صفت) دوستی کے طور پر۔ محبانہ ۔ دوستانہ۔ **یارانہ گانٹھنا** (متعدی) دیکھو یارانہ کرنا۔ **یارانہ ہونا** (لازم) دوستی ہونا میل ملاپ ہونا۔ **یارباز** (صفت) فاحشہ۔ بدچلن۔ **یارباش** (صفت) وہ شخص جو ہر ایک سے دوستی رکھے۔ خوش طبع۔ **یار بنانا** (متعدی) ۱ دوست بنانا۔ یارانا گانٹھنا ۲ اپنے مطلب کا کر لینا ڈھب پر لانا۔ **یار بننا** (لازم) ۱ دوست بننا۔ دوستی پیدا کرنا ۲ موافق بننا ۳ پیار میں آنا۔ **یارِ شاطر** (مذکر) عقلمند دوست۔ چالاک دوست۔ وہ دوست جو بار نہ ہو۔ **یارِ عزیز** (مذکر) پیارا دوست **یارِ غار** (مذکر) سچا دوست۔ دوست صادق۔ ہجرت کے شروع میں تین دن تک پیغمبر صلعم اور حضرت ابوبکرؓ ایک غار میں رہے۔ اس کی طرف اشارہ ہے۔ **یار کرنا** (متعدی) ۱ دوست بنانا۔ یار بنانا ۲ آنکھ لگانا۔ آشنائی کرنا۔ **یار لوگ** (مذکر) ۱ دوست آشنا ۲ چالاک دوست ۳ ہم لوگ ۴ چالاک آدمی۔ **یار مار** (صفت) دوست سے دغا کرنیوالا دوست کو لوٹنے والا محسن کش۔ **یار ماری** (مونث) دوست کو لوٹنا۔ دوست کو دھوکا دینا محسن کشی۔ **یارو** (ندا) اے دوستو۔ **یاروں** (مذکر) یار کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **یاروں کا یار** (مذکر) بہت اچھا دوست۔ یاروں کی ہر بات میں شریک ہونے والا۔ دوستوں کا ساتھی۔ **یار ہونا** (لازم) مددگار رہونا۔ دوست ہونا۔ **یاری** (مونث) ۱ مدد۔ معاونت۔ مددگاری دستگیری۔ تائید۔ اعانت۔ حمایت ۲ دوستی۔ آشنائی اتحاد۔ اخلاص۔ **یاری دینا** (متعدی) مدد کرنا دستگیری کرنا۔ **یاری کھٹ کرنا** (متعدی) بچوں کا باہم ایک دوسرے سے دوستی قطع کرنا۔

امثال و اقوال۔ یاراں چوری نہ پیراں دغابازی۔ دوستوں سے کوئی بات نہیں چھپانی چاہئے۔ اور نہ پیروں سے دغا کرنا چاہئے۔ صاف گو اور کھرا آدمی اپنی صفائی جتانے کے لئے کہتا ہے۔ **یار اہل است کار سہل است۔** دوست لائق ہے تو کام آسان ہے۔ **یار باقی صحبت باقی۔** اب نہیں تو پھر سمجھا جائے گا۔ کچھ مضائقہ نہیں۔ **یار درخانہ و من گرد جہاں می گردم۔** بغل میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا۔ **یار ڈوم نے بنیا کینا دس لے کر ج** (قرض) **سینکڑا دینا** (ھ) بنیوں کی طنز ہے۔ **یار ڈوم نے جاٹ بنایا سیت دودھ ان مکلا پایا** (ھ) جاٹوں کے پاس چوری کی گائے بھینس عام ہوتی ہیں۔ اس بات کی طرف اشارہ ہے۔ **یار ڈوم نے کیا جلاہا تن ڈھاکن کو کپڑا پایا۔** جلاہے کی دوستی میں کپڑا مل جاتا ہے۔ **یار ڈوم نے کیا سپاہی۔ بات بات ماں کرے لڑائی** (ھ) فوجی آدمی ذرا ذرا سی بات پر لڑتے ہیں۔ **یار ڈوم نے کیا رنگھڑیا اور نہ دیکھا ویسا ہڑیا** (ھ) رنگھڑ عام طور پر چوری پیشہ ہوتے ہیں۔ اس کی طرف اشارہ ہے **یار ڈوم نے کینا کنجر۔ ہڑلیا پلا پلایا کوکر** (ھ) کنجر ایک آوارہ گرد قوم ہے جو معمولی چیزیں بھی چرالے جاتی ہے۔ **یار ڈوم نے کینا گوجر۔ چرا چرا گھر کر دیا اوجڑ** (ھ) گوجر قوم بہت چوری پیشہ ہے۔ **یار ڈوم نہ کینا نائی۔ کوڑی دے نہ بال منڈائی** (ھ) نائی سے یارانہ کرنے میں فائدہ رہتا ہے۔ مفت حجامت ہو جاتی ہے۔ **یار را یارے بود آں یار را یارے دگر** دوست کا دوست ہوتا ہے اور اس دوست کا اور دوست ہوتا ہے۔ اخفائے راز کے سلسلے میں کہا جاتا ہے۔ کہ اگر راز چھپانا ہے تو دوست سے بھی ذکر نہ کرو۔ **یار زندہ و صحبت باقی۔** زندگی ہے تو پھر ملاقات ہوگی۔ **یارِ شاطر باید نہ بارِ خاطر۔** ہوشیار دوست چاہئے نہ ایسا شخص کہ جو بار خاطر ہو۔ **یار شاطر ہوں نہ بار خاطر۔** میں دوستوں پر بار نہیں ہوتا۔ **یار کا دل یار رکھے تو یار کا بھی رکھئے۔ یار کے گھر گھیر پکے تو تنک سی چکھئے۔ یار کے گھر آگ لگے تو پڑے پڑے تکئے۔** خود غرض دوستوں کے متعلق کہتے ہیں۔ جو اپنے فائدے کے لئے دوست بنائیں۔ **یار کا غصہ بھٹار کے اوپر۔** اس کے متعلق کہتے ہیں جو ناراض کسی سے ہو اور غصہ کسی پر اتارے۔ **یار کروں پیار کروں۔ چو تڑ تلے انگار دھروں جل جائے تو کیا کروں۔** ساس کے متعلق کہتے ہیں جو ظاہر میں دوست اور باطن میں دشمن ہو۔ **یار کو کروں پیار خصم کو کروں بھسم۔ لڑکے کو کروں چٹنی۔** بدچلن عورت کے متعلق کہتے ہیں **یار کی یاری سے کام (اس کے فعلوں سے کیا کام) یا اس کے فعلوں سے** دوست کی دوستی سے غرض ہے اس کے فعلوں سے کیا غرض۔ **یار مار بانیاں پہچان مار چور۔** بنیا دوست کو لوٹتا ہے اور چور امیر جان کر لوٹتا ہے

یارِ مطلب کا گڑ کی مکھی - خود مطلب یار گڑ کی مکھی کے برابر ہے - **یارِ من نیکوست اما رسم و آئینش بد است** - میرا دوست تو اچھا ہے مگر اس کے طور طریق برے ہیں **یاروں کی تو فقط مونچھیں ہی مونچھیں ہیں** - ہمارے پاس کچھ نہیں ہے - **یار وہی جو بھیڑ بیں کام آئے** - دوست وہ ہے جو مصیبت کے وقت کام آئے - **یار وہی ہے پکا جس نے من یار کا رکھا** - جو دوست کی مدد کرے وہ اصل دوست ہے - **یاری کریں سو باؤرے - اور کر کے چھوڑیں کوڑھ یا تو اوڑ نباہیئے یا اس سے رہیئے دور** - دل لگانا پاگل پن ہے اور لگا کر چھوڑنا بیوقوفی ہے - یا تو دل لگا کر نباہنا چاہیئے یا ایسی بات کے قریب کبھی نہیں جانا چاہیئے -

یازدہ (ف - عدد) گیارہ - **یازدہ مشت** (مذکر) گیارہ مٹھی - سب سے لمبے تیر کی لمبائی ہوتی ہے - **یازدہم** (صفت) گیارھواں -

یازہ (ف - مذکر) انگڑائی - جماہی (یازیدن - جماہی لینا)

یاس (ع - مونث) ۱ ناامیدی - مایوسی - حرماں ۲ (ع) خوف - ڈر - اندیشہ - دھڑکا (یَاس - ناامید ہونا) **یاس آجانا** (لازم) مایوس ہونا - **یاسِ کُلّی** (مونث) مکمل ناامیدی - کامل مایوسی - **یاس ہو جانا یا ہونا** (لازم) ناامیدی ہونا -

یاسمن - یاسمین (ف - مونث) چنبیلی - **یاسمیں بُو** (صفت) چنبیلی کی خوشبو والی

یاسین (ع - مونث) ۱ لغوی معنی یا سید ۲ قرآن شریف کی ایک سورت جو اس لفظ سے شروع ہوتی ہے - یہ جانکنی کے وقت بیمار کے پاس پڑھتے ہیں - خیال ہے کہ اس کے پڑھنے سے جانکنی کی تکلیف رفع ہوتی ہے (پڑھنا - پڑھوانا - پڑھی جانا - سنانا سننا وغیرہ کے ساتھ) **یاسین دم کرنا** (متعدی) سورۂ یاسین پڑھ کر پھونک مارنا - **یاسین کا وقت آنا** (لازم) نزع کا عالم ہونا -

یاغ (ت - مذکر) گھی - تیل - روغن

یافت (ف - امر) ۱ یافتن کا ۲ (مونث) آمدنی - محاصل - نفع ۳ رشوت - بالائی آمدنی - **یافت کی آسامی یا نوکری** (مونث) وہ نوکری جس میں بالائی آمدنی ہو - **یافتنی** (صفت) ۱ قابل وصول پانے کے لایق ۲ (مونث) ۱ وہ چیز جو ملنی ہو ۲ قرضہ - بل کی رقم - حقوق - **یافتہ** (صفت) پایا ہوا مرکبات میں جیسے سند یافتہ -

یاقُوت (ع - مذکر) ۱ ایک قسم کا سرخ قیمتی پتھر - لعل ۲ ایک قسم کا پلاؤ جس کے چاول سرخ ہوتے ہیں - **یاقوتِ جگری** (مذکر) جگر کے رنگ کا یاقوت - **یاقوتِ رقم خاں** (مذکر) ایک خوشنویس کا نام - **یاقوتِ رُمّانی** (مذکر) ایک قسم کا نہایت سرخ رنگ یاقوت جو انار کے دانے کا ہم رنگ و ہمشکل ہوتا ہے - **یاقوتِ سرخ رنگ** (مذکر) ۱ سرخ رنگ کا یاقوت ۲ کنایتاً ہونٹ - لب - **یاقوت لَب** (صفت) جس کے ہونٹ یاقوت کے رنگ کے ہوں - **یاقوتی** (صفت) ۱ یاقوت سے نسبت رکھنے والا ۲ ایک قسم کی مقوی معجون جس میں یاقوت پڑتے ہیں ۳ ایک قسم کی مٹھائی جو نشاستے قند اور زعفران سے کھیر کی طرح بنا کر اور چاندی کے ورق لگا کر بیچتے ہیں -

یَاک (ہ - مذکر) تبت کا بیل - اس کے بدن پر لمبے بال ہوتے ہیں -

یَاگ (ھ - مذکر) دیکھو جاگ -

یَال (ف - مذکر) ۱ ایال ۲ گھوڑے کی گردن -

یام (ھ - مذکر) ایّام کا مخرب - موسم - وقت - زمانہ -

یام (س - مذکر) ۱ جانا - چلنا - روانہ ہونا ۲ حرکت ۳ رستہ ۴ پہر ۵ برداشت - تاب تحمل ۶ انتقام - انجام ۷ (صفت) یم کے متعلق یا اس کا - یم کا کیا ہوا - یم کے حکم سے -

یامِک (س - صفت و مذکر) دیکھو جامک -

یامِکا (س - مونث) رات -

یامُن (ھ - مذکر) سُرمہ -

یامنی (س - مونث) ۱ رات ۲ (مونث) دیکھو جامنی - **یامنی بھاشا** (مونث)

یونوں کی زبان - فارسی - عربی -

یامی (س - مذکر) دیکھو جامی -

یاں (ہ - تف) یہاں کا مخفف - صرف شعروں میں استعمال ہوتا ہے - **یاں تک** (تف) یہاں تک - **یاں سے** (ھ) ۱ یہاں سے ۲ اس سے -

یاں (ھ - مذکر) برف جو جم کر سخت ہو جائے -

یان (س - مذکر) ۱ جانا - حرکت کرنا چلنا - روانہ ہونا ۲ سوار ہونا ۳ کوچ کرنا ۴ حملہ کرنا ہلہ کرنا ۵ کسی قسم کی گاڑی ۶ پالکی - پینس ۷ گھوڑا - ہاتھی وغیرہ -

یانا (ھ - صفت) ۱ ناواقف - نادان ۲ بچہ - ایانا - **یانا رہنا** (لازم) ۱ بچوں کی طرح نادان رہنا ۲ بچہ ہونا - **یانی** (صفت مونث) یانا کی -

مثل - **یانی بلبل گوندا کھا سیانا کوا گوہ کھا** - یہ تقدیر کے کھیل ہیں بیوقوف مزے اڑاتے ہیں اور عقلمند خراب ہوتے ہیں -

یاوت (س - تف) ۱ ایسا بڑا - اس قدر - اتنا ۲ اتنی دفعہ ۳ اتنی دور ۴ اتنی دیر تک جب تک - جب کہ ۵ اس وقت تک ۶ تک ۷ تاکہ -

یاوَر (ف - صفت) ۱ مدد کرنے والا حمایتی - مددگار ۲ (مذکر) دوست - یار - **یاورِ غریباں** (مذکر) ۱ غریبوں کا دوست یا مددگار ۲ مجازاً خدا تعالےٰ - **یاوری** (مونث) مدد - دستگیری - سہارا - اعانت - حمایت - امداد جو خدا کی طرف سے ہو (کرنا ہونا کے ساتھ)

یَاوَک (س - مذکر) ۱ ایک قسم کی خوراک جو جو سے تیار کی جاتی ہے ۲ کچے جو ۳ بھنے ہوئے چاول ۴ ایک قسم کی دال ۵ لاکھ -

یاوَن (س - صفت و مذکر) دیکھو جامنی -

یاونی (ھ - مونث) دیکھو جامنی یامنی - **یاونی بھاشا** (مونث) دیکھو یامنی -

یاوَہ (ف - صفت) بیہودہ - لغو - نامعقول - فضول - بےمعنی - پوچ - لچر - **یاوہ بکنا** (لازم) بیہودہ بکنا - بکواس کرنا -

(ست) یا وہ سرا یاگو (صفت) بیہودہ بکنے والا۔ بکواس کرنے والا۔ یا وہ گوئی (مونث) بیہودہ باتیں۔ لغوگوئی۔ بکواس۔

یاہاں (ہ ۔ تف) یہاں۔

یایا (ع ۔ ندا) آدمیوں اونٹوں یا شکاری پرندوں کو بلانے میں استعمال ہوتا ہے

یبس (ع ۔ مذکر) خشکی۔ سوکھاپن (یبس ۔ خشک ہونا)

یبوست (ع ۔ مونث) خشکی۔ سوکھاپن (یبس ۔ خشک ہونا)

یت (س ۔ مفعول) ۱ روکا ہوا رکا ہوا۔ ممنوع ۲ معتدل ۳ محدود۔

یت (س ۔ مونث) ۱ روک اٹکاؤ۔ ممانعت ۲ رہنمائی ۳ روکنا۔ رکنا۔ بند ہونا ۴ آرام ۵ وقت مقررہ ۶ شرط ۷ گانے میں ٹھہرنا ۸ بیوہ ۹ سادھو۔ جتی۔

یت (ہ ۔ مفعول) ۱ لگا ہوا۔ ملا ہوا۔ جڑا ہوا ۲ ساتھ ۳ عطاشدہ ۔ مقبوضہ۔

یتا (ہ ۔ تف) اتنا۔ اتنا۔

یتر (س ۔ تف) کس جگہ۔ کہاں۔ جہاں۔ جب۔ کیونکہ ۔ اس وقت سے۔

یتشخانہ (ف ۔ مذکر) ملنے کا کمرہ۔

یتن (س ۔ مذکر) دیکھو جتن۔

یتنی (س ۔ مونث) بیوہ۔

یتھ (ہ ۔ مذکر) دیکھو توتھ۔

یتھا (س ۔ تف) ۱ جس طریقے سے ۔ جس طرح ۔ جیسے ۲ اس طرح ۔ ایسے ۳ جس طرح ٹھیک یا درست ہو۔ مناسب سے موزونیت سے۔

یتی (س ۔ مونث) ۱ بیوہ ۲ (مذکر) دیکھو جتی۔

یتیم (ع ۔ مذکر) ۱ وہ بچہ جس کی ماں یا باپ یا دونوں مرگئے ہوں ۲ قیمتی جواہر۔ بےنظیر موتی ۳ (صفت) عجیب ۔ نایاب ۔ بےنظیر (یتم ۔ باپ مرجانا) **یتیم الطرفین** (مذکر) وہ بچہ جس کے ماں باپ دونوں مرگئے ہوں۔ **یتیم خانہ** (مذکر) وہ مکان جس میں یتیم رکھے جائیں۔ **یتیمی** (مونث) بےپدری کا عالم۔

یثرب (ع ۔ مذکر) مدینہ منورہ کا پرانا نام۔

یجمان ۔ یجمانی (ہ) دیکھو ججمان ججمانی۔

یجن (س ۔ مذکر) ۱ بھینٹ ۔ نذر ۲ ایک رسم جس میں بھینٹ ادا کی جاتی ہے۔

یخ (ف ۔ مونث) ۱ سخت برف وہ برف جو پڑکر جم جاتی ہے ۔ جس وقت برف گرتی ہے روئی کے گالوں کی طرح ہوتی ہے ۔ کچھ عرصے کے بعد سخت پتھر کی طرح ہوتی ہے ۲ پالے کی وجہ سے جو پانی رات کو جم جاتا ہے اسے بھی یخ کہتے ہیں ۔ مگر آج کل لفظ برف ہی عام طور پر استعمال ہوتا ہے ۳ (صفت) نہایت سرد ۔ **یخ بستہ** (صفت) سردی سے برف کی طرح جمع ہوا۔

یخنی (ف ۔ مونث) گوشت کا پانی ۔ وہ پانی جو گوشت کو ابال کر تیار کیا جائے یہ بیماروں کو پلاتے ہیں اور اس میں پلاؤ پکاتے ہیں ۔ انگریزی میں سوپ کہتے ہیں اور یہ کھانے سے پہلے پلایا جاتا ہے۔

ید (ع ۔ مذکر) ہاتھ ۔ عربی میں مونث ہے ۔ **یداللہ** (مذکر) ۱ خدا کا ہاتھ ۲ حضرت علیؑ۔ **یداللہی** (مونث) ید اللہ ہونا

ید بیضا یا بیضوی (مذکر) ۱ چمکتا ہوا ہاتھ جب حضرت موسےؑ اپنا ہاتھ بغل میں ڈال کر نکالتے تو وہ بہت چمکتا اور دیکھنے والوں کی آنکھیں چندھیا جاتیں ۔ یہ ان کا ایک معجزہ تھا ۲ معجزہ ۔ خرق عادت ۔ **ید طولی** (مذکر) ۱ لمبا ہاتھ ۲ دسترس ۔ کمال ۔ مہارت ۔ بھاری ملکہ ۔ **ید طولی رکھنا** (متعدی) بہت مہارت رکھنا ۔ بڑا بھاری ملکہ ہونا ۔ **ید قدرت** (مذکر) خدا تعالےٰ کی قدرت۔

یدہ (س ۔ حرف شرط) اگر ۔ اس صورت میں ۔ گرچہ ۔

یدا (س ۔ تف) کب ۔ کس وقت جب ۔ جس وقت ۔ جبکہ ۔

یدھ (ہ ۔ مذکر) لڑائی ۔ جنگ ۔ جدھ ۔ **یدھمان** (مذکر) سورما ۔ لڑنے والا بہادر ۔ سپاہی۔

یدیپ (س ۔ حرف ربط) اگر ۔ اگرچہ ۔ حالانکہ۔

یراق (ت ۔ مذکر) ۱ سامان جنگ ہتھیار ۔ اسلحہ ۲ سامان ۔ اسباب۔

یرغا (ع ۔ مذکر) ۱ گھوڑے کی ایک تیز چال ۲ تیزرو گھوڑا ۳ ایک پرندہ ۴ ایک قسم کا کشیدہ ۔ **یرغا چلانا** (متعدی) گھوڑے کو تیز چلانا۔

یرغمال (ف ۔ مذکر) وہ بادشاہوں میں صلح ہوتے پر فاتح مفتوح کے بچوں یا قریبی رشتہ داروں کو بطور ضمانت اپنے پاس رکھ لیتا ہے کہ پھر فساد نہ کرے۔

یرقان (ع ۔ مذکر) ایک بیماری جس میں تمام بدن زرد پڑ جاتا ہے ۔ یہ جگر کی خرابی کی وجہ سے ہوتی ہے (ارقن ۔ سرخ رنگا جانا) **یرقانی** (صفت) ۱ وہ شخص جو یرقان میں مبتلا ہو ۲ زرد ۔ خزاں رسیدہ۔

یرمغاں (ف ۔ مذکر) دیکھو ارمغاں

یروشلم (فلسطین) دارالسلطنت (۹۰) بڑا پرانا شہر ہے ۔ حضرت داؤدؑ اور حضرت سلیمانؑ کا دارالسلطنت تھا۔

یزد (ف ۔ مذکر) ۱ خدا تعالےٰ ۲ ایران مشرق میں ایک شہر (۳۰) **یزداں** (مذکر) خدا تعالےٰ ۔ ایرانی دو خدائی طاقتیں مانتے تھے ۔ خیر کی یزداں اور شر کی اہرمن ۔ **یزداں پرست** (صفت) ۱ خدا تعالےٰ کی پرستش کرنے والا ۲ پارسی آتش پرست ۔ **یزدانی** (صفت) ۱ خدا سے منسوب خدا کے متعلق ۔ خدائی ۲ آتش پرستوں کے راہب **یزدی** (مونث) ایک قسم کا کپڑا جو یزد میں بنتا ہے۔

یزید (ع ۔ صفت) ۱ دولت میں بڑھنے والا (زید ۔ دولت میں بڑھنا) ۲ سنگدل بےرحم ۔ سفاک (یہ معانی فارسیوں نے اس لفظ کو یزید بن معاویہ کی وجہ سے دئے ہیں) **یزیدی** (صفت) کردوں کا ایک فرقہ ۔ اس کے اصول مختلف مذہبوں سے لئے گئے ہیں۔

یس (ع ۔ مونث) تلفظ یاس دیکھو یاسین۔

یسار (ع ۔ مذکر) ۱ بہت ۔ افراط

دولت - فروت ۶ بائیں جانب - بایاں ہاتھ ۷
بدقسمت آدمی ۲ (صفت) بایاں (یَسَر - آسان ہونا)
یَسار و یمین (مذکر) بایاں اور دایاں -
یَساوُل (ف - مذکر) ۱ سوار جو
کسی بڑے آدمی کے ہمراہ رہیں ۲ نقیب - چوبدار
قاصد - ہرکارہ -
یُسر (ع - مذکر) ۱ آسانی - آرام ۲
دولت - ثروت - تونگری ۳ نرمی - حلم ۴ اقبالمندی
(یَسَر - آسان ہونا)
یَسِیر (ع - صفت) ۱ سہل - آسان
۲ تھوڑا - قلیل - چھوٹا ۳ بن ماں کا - جس کی ماں
مرگئی ہو (یَسَر - آسان ہونا)
یٰسین (ع - مونث) دیکھو یاسین
یَشَن (س - مذکر) **یَش** (ھ) ۱
شان و شوکت - جلوہ - چمک دمک ۲ شہرت -
نام - شہرہ ۳ تعریف - ثنا - حمد - توصیف - مہا
۴ قسمت -
یَشب (ف - مذکر) ایک قسم کا
سبزی مائل قیمتی پتھر -
یَشک (س - مذکر) ایک پرندہ
یَشٹکا (مونث) ۱ لاٹھی - عصا - ڈنڈا ۲ گلے کا
ہار ۳ تالاب -
یَشٹی (س - مونث) ۱ عطا - لاٹھی
ڈنڈا ۲ لاٹھی جس میں کیلیں جڑی ہوں ۳ گرز ۴
جھنڈے کا ڈنڈا ۵ شاخ ٹہنی ۶ اڈا ۷ سہارا -
ٹیک ۸ نوکدار لکڑیوں کی مورچہ بندی ۹ بازو
اور کلائی ۱۰ کئی پودوں کا نام -
یَشم (ف - مذکر) دیکھو یشب
یشمی (صفت) یشب کا بنا ہوا -
یَشمک (ت - مذکر) نقاب جو
مصر اور ٹرکی میں مستعمل ہے -
یَعبُوب (ع - مذکر) تیز اور لمبا
گھوڑا (عَب - لمبا ہونا)
یَعسُوب (ع - مذکر) ۱ شہد کی
مکھیوں کی ملکہ ۲ نر شہد کی مکھی -
یَعنی (ع - مضارع، عَنیٰ کا مطلب
یہ ہے - مراد یہ ہے -
یَغما (ف - مذکر) . . . لوٹ کا مال
مال غنیمت -

یَقِین (ع - مذکر) ۱ بے شبہ - بلا
شک - ضرور - البتہ - ٹھیک - درست ۲ اعتبار
اعتماد ۳ اطمینان - بھروسا ۴ ظن - گمان (یَقِنَ -
درست ماننا) **یقیناً** (تف) بلاشک - بلاشبہ - از
روئے یقین - **یقین آنا** (لازم) اعتبار آنا -
یقین بڑا رہبر ہے - یقین ہو تو انسان کامیابی
حاصل کرتا ہے **یقین جاننا** (متعدی) اعتبار
کرنا - سچ جاننا - باور کرنا - **یقین جانو** (لازم)
سچ سمجھو - **یقین کرنا** (متعدی) اعتبار کرنا - سچ
ماننا - **یقین کے بندے ہوگے تو سچ مانوگے**
اگر تمہیں سچی بات کی شناخت ہوگی تو ہماری بات
میں شبہ نہ کروگے - **یقین لانا** (متعدی) باور
کرنا - **یقین مانو** - سچ جانو - درست سمجھو **یقین
نہ کرنا** (متعدی) شبہ کرنا - سچ جاننا - اعتبار نہ کرنا
یقین ہونا (لازم) اعتبار ہونا - باور آنا -
یقینی (صفت) بے شبہ - شک سے مبرا - یقین
کیا ہوا - **یقینیات** (مونث) یقینیت کی جمع -
یقینی امور یا باتیں - سچائیاں -

یَک (ف - عدد) ۱ ایک ۲ اکیلا -
یک آد یا آدھ (صفت) ایک آدھ (مت)
یکایک (تف) دفعتاً - ناگہاں - اکبارگی -
یکبار (صفت) ایک دفعہ - ایک بار - **یکبارگی**
(تف) **بارہ یا باری** (مت) دیکھو یک بیک
ایک تگتا (صفت) وہ جو ایک طرف چلنے کی
کوشش کرے (گھوڑا) **یک بیک** (تف)
دفعتاً - یکایک - ناگہاں - **یک پارہ** (مذکر)
۱ ایک ٹکڑا - ایک حصہ ۲ (صفت) ٹھوس - پکا
۳ (تف) فوراً - ایک دفعہ - **یک پشتہ** (صفت)
ایک طرف چھپا ہوا - **یکتا** (صفت) ۱ اکیلا ۲
بے نظیر - نرالا ۳ خدا تعالٰی - **یکتارا** (مذکر) ۱ ایک
تار کا ستار - اکتارا ۲ (مونث) ایک قسم کی
باریک مخمل - **یکتاز** (صفت) دیکھو یکہ تاز -
یکتائی (مونث) اکیلا ہونا - بے نظیر ہونا -
یکتائے زمانہ یا عصر (صفت) بے مثل
لاجواب - **یک تہی** (مونث) اکہرا کپڑا -
کپڑا جو دوہرا نہ ہو - **یکجا** (صفت) ایک جگہ
اکٹھے - ملے جلے - **یکجان** (صفت) ۱ خوب
ملا ہوا - آمیختہ ۲ شیر و شکر - یکدل - **یک جدی**
(صفت) ایک دادا کی اولاد - **یک جہت**

(صفت) متفق - ہمزبان - **یکجہتی** (مونث)
اتحاد - دوستی - **یک چشم** (صفت) ۱ کانا ۲
منافق - **یک چشمی** (صفت) ۱ وہ جو ایک رخ
کی ہو (تصویر) ۲ سب کو ایک نگاہ سے دیکھنا
یک چند (صفت) ۱ تھوڑا سا - کچھ ۲ بعض
وقت - **یک چندے** (تف) کچھ دیر کے
لئے - تھوڑی دیر کے لئے - **یک چوبہ** (مذکر)
خیمہ جس میں ایک چوب ہو - **یک دست**
(صفت) ۱ یکساں - برابر ۲ کل - تمام ۳ ایک
جیسا - برابر بنا ہوا (کپڑا) ۴ جو ایک ہاتھ سے اٹھایا
جاسکے ۵ (تف) بالکل - **یک دستی** (صفت)
۱ ایک ہاتھ سے ۲ (مذکر) کشتی کا ایک داؤں
یک دگر یا دیگر (صفت) ۱ ایک دوسرا -
ہر ایک ۲ (تف) دونوں مل کر - **یک دل**
(صفت) ۱ متفق - ہمزبان ۲ ہمدم - ہمراز مخلص
۳ (تف) متفق ہوکر - اکٹھے ہوکر - **یک دلی**
(مونث) متفق ہونا - اتفاق - میل - **یک ذات**
(صفت) ایک ہی ذات کے - **یک راس**
(صفت) دیکھو یکسار - **یک رخی** (صفت
مونث) ۱ ایک طرفہ - یک طرفہ (تصویر) ۲
دونوں طرف سے ایک ہی شکل کا - **یکرنگ**
(صفت) ۱ یکساں - اندر باہر سے ایک سا ۲
ایک رنگ کا ۳ صاف دل - صادق - محب
مخلص - دوست - **یکرنگی** (مونث) ۱ ایک
طرح کا ہونا ۲ محبت - دوستی - اخلاص ۳ ظاہر
و باطن یکساں ہونا ۴ (صفت) یک رنگ -
یک رُو (صفت) ۱ جو حاضر و غائب ایک طرح
کی بات کہے ۲ ایک طرف لکھا ہوا ۳ مخلص محب
صادق ۴ ہمزبان - متفق - **یک روزہ** (صفت)
۱ ایک دن کا ۲ ایک دن کے لئے - **یکروئی** (مونث)
۱ یکجہتی ۲ دوستی - اخلاص - محبت ۳ بے ریا ہونا
یکزبان (صفت) متفق - ہمزبان ۲ بات کا پکا - ثابت
قدم - **یکزبان ہوکر کہنا** (متعدی) متفق ہوکر
ایک بات کہنا - **یکسار** (ھ) دیکھو یکساں **یکسالہ**
(صفت) ایک سال کا - **یکساں** (صفت) ۱ ایک
سا - ایک جیسا - برابر ۲ مانند - ملتا ہوا - ہمشکل - مشابہ
۳ ہموار - مسطح ۴ متوازی ۵ ایک ہی قسم کا ۶ ایک سب جتنے
پہلوؤں والا ۷ (تف) اسی طریقے سے - ایک ہی سلسلے
یا ترتیب میں - **یکساں آواز** (مونث) بندھی

ہوئی آواز۔ **یکسانی۔ یکسانیت** (مونث) ۱ ایک جیسا ہونا۔ برابری ۲ مشابہت۔ **یکسر** (صفت) ۱ تمام۔ بالکل۔ سراسر۔ محض۔ سارا ۲ (تف) فوراً۔ دفعتاً ۳ اکٹھا۔ کل۔ تمام ۴ شروع سے آخر تک ۵ اکیلا۔ **یک سُو** (صفت) ۱ ایک سو۔ ایک جانب ۲ ساکن۔ ٹھہرا ہوا ۳ بالمقطع۔ چکتا ۴ ٹھہراؤ قیام۔ سکون۔ **یکسو کرنا** (متعدی) ۱ الگ کرنا ایک طرف کرنا ۲ فیصل کرنا۔ **یکسو مزاج** (صفت) دھیمے مزاج کا۔ جسے غصہ جلد نہ آئے۔ **یکسو ہونا** (لازم) سب سے الگ ہونا۔ **یکسوئی** (مونث) ۱ ایک طرفی ۲ دلجمعی۔ اطمینان۔ قیام۔ استقلال ۳ فرصت **یک شنبہ** (مذکر) اتوار کا دن۔ **یک ضربی** (صفت) ۱ ایک نالی (بندوق یا پستول) جس میں ایک کارتوس چل سکے ۲ ایک ضرب لگانے والا۔ **یک طرف** (تف) ایک طرف۔ الگ۔ علیحدہ۔ **یک طرفہ** (صفت) ایک طرف کا خصوصاً جب دوسری طرف کا خیال نہ کیا جائے **یک طرفہ رائے** (مونث) وہ رائے جو بغیر دونوں پہلو سوچنے کے دی جائے۔ **یک طرفہ فیصلہ** (مذکر) وہ فیصلہ جو بغیر دوسرے فریق کی شہادت سننے کے کیا جائے۔ **یک فردی یا فصلی** (صفت) وہ جو سال میں ایک ہی فصل پیدا کرے۔ **یک فنی** (صفت) بے نظیر۔ فن کا کامل۔ **یک قلم** (تف) ۱ بالکل۔ تمام۔ یکلخت ۲ فوراً۔ ضرور۔ **یک گونہ** (صفت) کسی قدر۔ **یک لائی** (صفت) چھوٹے عرض کا۔ ایک تہ کا ۲ (مونث) ایک عرض کی چادر نقاب یا چغہ۔ **یکلخت** (صفت) ۱ بالکل۔ سارا سب۔ تمام۔ کمال ۲ فوراً۔ معاً۔ **یکلوتا** (صفت) دیکھو اکلوتا۔ **یک لوہی** (مونث) تلوار کا پھل جو ایک ٹکڑے کا بنا ہو۔ **یکم** (مونث) ۱ مہینے کی پہلی تاریخ ۲ پہلا نمبر۔ **یک مادری** (صفت) ایک ماں کے۔ **یک مرتبہ** (تف) ۱ ایک دفعہ ۲ فوراً۔ **یک مشت** (مذکر) ۱ ایک مٹھا ۲ فی الفور۔ ادائیگی ۳ (تف) ایک دفعہ ہی۔ اکٹھا **یک منزلہ** (صفت) ایک منزل والا (مکان) **یک منہ** (صفت) دیکھو ایک منہ۔ **یک منی** (صفت) ۱ ایک من کا ۲ اتفاق۔ اتحاد۔ دوستی یک دلی۔ **یک نفس** (مذکر) ایک دم۔ **یک نہ یک** (صفت) ایک یا دوسرا۔ **یک وطنی**

(صفت) جو ایک ہی وقت پر ہوں **یکے** (تف) ایک کا۔ ایک کو۔ ایک تو۔ ایک کے۔ **یکے بعد دیگرے**۔ ایک کے بعد دوسرا۔ **یک یک** (تف) ایک ایک کر کے۔

امثال واقوال۔ یک انار صد بیمار۔ **یک انگور و صد زنبور**۔ تھوڑی سی چیز اور خواستگار بہت۔ **یک پیری و صد عیب**۔ بڑھاپا سو بیماریوں کے برابر ہے **یک جان و دو قالب**۔ نہایت گہرے یا پکے دوست ہونا (ہونا کے ساتھ) **یک دانہ محبت است و باقی ہمہ کاہ**۔ ایک دانہ محبت ہے اور باقی سب گھاس ہے۔ دنیا میں محبت ہی ایک چیز ہے باقی سب ہیچ ہے۔ **یک در گیر و محکم گیر**۔ ایک ہی جگہ استقلال سے کام کرنا چاہئے۔ **یک رعایت قاضی نہ صد گواہ** حاکم کی رعایت سو گواہوں سے بہتر ہے۔ **یک سر ہزار سودا**۔ ایک آدمی اور ہزاروں کام۔ اپنی عدیم الفرصتی جتانے کو کہتے ہیں۔ **یک سنگ و دو کلاغ**۔ ایک تدبیر سے دو مقصد حاصل ہونا۔ **یک کرشمہ دو کار**۔ **یک گز دو فاختہ** ایک تدبیر سے دو کام ہو گئے۔ **یک لقمۂ صباحی بہتر ز ہزار مرغ و ماہی**۔ صبح کا تھوڑا کھانا دیگر ہر قسم کی غذاؤں سے بہتر ہے۔ **یک من علم را دہ من عقل می باید**۔ ایک حصہ علم اور دس حصے عقل ہونی چاہئے تب اس علم کا استعمال ٹھیک ہو سکتا ہے۔ **یک نہ شد دو شد**۔ ایک بلا تو تھی ہی دوسری اور پیچھے پڑی۔ ایک مصیبت کے بعد دوسری مصیبت آنے پر کہتے ہیں **یکے بر سر آید نہ صد بر یکے**۔ ایک سو کی طرف آتا ہے سو ایک کی طرف نہیں آتے۔ سب کثرت کا ساتھ دیتے ہیں۔ **یکے راہگیر و دیگرے را دعوے کُن**۔ جو ملتا ہے وہ تو لو پھر اور مانگنا **یکے رابلندی و دیگرے راپستی**۔ ایک امیر دوسرا غریب۔ **یکے نیست جاں و در و صد ہزار نیرنگی است**۔ ایک جان کے لئے ہزاروں مصیبتیں ہیں۔ **یکے کردہ بے آبروئے بسے چہ غم دارد از آبروئے کسے**۔ ایک شخص جس نے بہت بے آبروئی کی ہے۔ اس کو کسی کی آبرو کی کیا فکر۔ جس نے اپنی آبرو کا خیال نہ کیا۔ وہ کسی کی آبرو کا کیا خیال کرے گا۔ **یکے نقصان مایہ دیگرے شماتت ہمسایہ**۔ ایک تو مال کا نقصان اور دوسرے لوگوں کا ملامت کرنا۔ **یکے ہمی رود و دیگرے ہمی آید**۔ دنیا میں آنا جانا ہی لگا رہتا ہے **یکے یوسف و ہزار خریدار**۔ ایک چیز کے بہت خواہشمند ہوں تو کہتے ہیں۔

یَک (ہ۔ عدد) ایک کا مخفف۔

یگنگ (صفت) ۱ اکیلا۔ تنہا۔ مجرد ۲ تنہائی پسند۔

یکّا (ہ۔ صفت) ۱ ایک ۲ اکیلا۔ تنہا ۳ یکتا۔ بے نظیر ۴ (مذکر) دیکھو اِکّہ۔

یکار (ہ۔ مذکر) حرف یا آوازِ ی۔

یکائی (ہ۔ مونث) اکائی۔

یکشما یکشمہ (س۔ مذکر) تپ دق

یکشمی (صفت) جسے تپ دق ہو۔

یکلو (ہ۔ صفت) اکیلا۔

یکو (ہ۔ تف) ایک بھی۔

یکوترا (ہ۔ صفت) اکوترا۔

یکہ (ف۔ صفت) دیکھو یکانا ۲ **یکہ تاز** (صفت) ۱ وہ جو اکیلا دشمن پر حملہ کرے اور کسی کی مدد کا منتظر نہ ہو ۲ بہادر۔ جری۔ شجاع۔ **یکہ و تنہا** (صفت) اکیلا۔ تنہا۔

یُگ (س۔ مذکر) **یُگ** (ہ) ۱ دیکھو جُگ ۲ بیلوں کا جوا ۳ جوڑا۔ دو ۴ چوسر میں دو گوٹیں جو ایک خانے میں اکٹھی ہو جائیں۔

یگان (ف۔ صفت) ایک۔ واحد اکیلا۔ دیکھو یگانہ۔ **یگانگت۔ یگانگی** (مونث) ۱ قرابت۔ پاس کی رشتہ داری ۲ توحید۔ یکتائی ۳ انوکھا پن۔ نرالا پن۔ ندرت ۴ اتحاد۔ اتفاق۔ **یگانوں** (مذکر) یگانہ کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **یگانہ** (مذکر) ۱ قرابتی۔ رشتہ دار۔ سگا ۲ ایک گھرانے کا۔ ایک خاندان کا ۳ اکیلا۔ واحد فرد ۴ بے نظیر۔ لاثانی۔ بے مثل ۵ بھائی بند برادر **یگانے** (مذکر) ۱ یگانہ کی جمع ۲ بجائے یگانہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **یگانیت** (مونث) یگانگت۔

یُگل (س۔ مذکر) دیکھو جُگل۔

یُگم (س۔ مذکر) دیکھو جُگم۔

یگن (ہ۔ مذکر) دیکھو جگن۔

یَل (ف۔ مذکر) ۱ بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ دلاور۔ شہ زور۔ پہلوان ۲ فربہ۔ موٹا یا جسیم آدمی۔ **یَل شَل** (صفت) موٹا۔ فربہ۔ جسیم۔

نسٹنڈ اینڈ منڈ۔

یَل (ہ۔ کلمہ) ۱ صیغہ امر وغیرہ کے ساتھ فاعلیت کے معنی دیتا ہے جیسے اڑیل بمعنی ... کا فائدہ دیتا ہے جیسے سڑیل۔ مریل ۲ نسبت کے معنی دیتا ہے جیسے پھیلیل۔ غلیل۔ نکیل ۳ کہیں صاحب کے معنی دیتا ہے جیسے کڑیل۔

یَلدا (ف۔ مذکر) وہ اندھیری رات جو سب سے بڑی ہوتی ہے یہ سردیوں کے موسم میں ۲۲ دسمبر کو ہوتی ہے۔

یَلدز کوشک (ت۔ مذکر) سلاطین روم کے محلات جو قسطنطنیہ میں ہیں۔

یَلغار۔ یلغر (ف۔ مذکر) حملہ۔ دھاوا (کرنا ہونا کے ساتھ) (اصل ایلغار)

یَلمعی (ع۔ صفت) ذہین۔ طباع۔ ہوشیار (لمع۔ چمکنا)

یَلّہ (ف۔ صفت) ۱ چھوڑا گیا۔ بے قید۔ آزاد ۲ کھلا چرنے کے لئے چھوڑا گیا ۳ اکیلا تنہا ۴ ٹیڑھا ۵ غلط۔ فضول۔ بیہودہ ۶ (مذکر) رہائی۔ خلاصی ۷ (مونث) فاحشہ یا بدچلن عورت۔

یَم (ع۔ مذکر) ۱ سمندر۔ بحر ۲ بڑا دریا۔

یَم (س۔ مذکر) ۱ قابو کرنا۔ روکنا۔ سدھانا ۲ روک۔ ممانعت ۳ اپنے آپ کو قابو کرنا ۴ توبہ۔ کفارہ۔ نفس کشی ۵ کوئی بڑا فرض یا رسم ۶ جوڑے یا توام میں سے ایک ۷ عدد ۸ نرک کا مالک یہ وِوَسوت (سوریہ) کا بیٹا تھا۔ یہ اور اس کی بہن یمی یا یمنا توام تھے۔ ان کے آپس میں جماع کرنے سے انسانوں کی نسل پیدا ہوئی۔ یہ پہلا آدمی تھا جو فوت ہوا۔ جم ۹ موت ۱۰ وقت۔ یمانی (مونث) ۱ یم کی بیوی ۲ (ھ) ایک پودہ۔ یم پُور (مذکر) پوری (مونث) یم کا شہر۔ نرک۔ یم دوت (مذکر) یم کا قاصد یہ روحوں کو اس کے پاس لے جاتا ہے اور پھر ان کو اپنی جگہ پر پہنچاتا ہے۔ یمکا (مونث) توام بہن۔ یم کال (مذکر) ۱ موت کا وقت ۲ یم کا لقب یم لوک (مذکر) یم کا ملک۔ نرک۔ دیگر مرکبات کے لئے دیکھو جم۔ یمنا۔ یمی (مونث) یم کی توام بہن۔

یَمان۔ یمانی (ع۔ صفت) یمن کا یمن سے منسوب۔ یمنی۔

یَمک (س۔ مذکر) دیکھو جمک۔

یَملا (س۔ مونث) ایک قسم کی ہچکی۔

یَمَن (عرب) جنوب مشرق میں ایک علاقہ۔ یمنی (مذکر) ۱ یمن کا باشندہ ۲ ایک قسم کا نیلے رنگ کا کبوتر ۳ (صفت) یمن کا۔ یمن سے نسبت رکھنے والا۔

یَمَن (س۔ مذکر) ۱ کلیان راگ کی ایک راگنی ۲ (ھ) یون۔ یونانی یمنی (صفت و مذکر) دیکھو جامنی۔

یَمُن (ھ۔ مونث) ۱ دیکھو یمنا ۲ دیکھو جمن۔

یُمن (ع۔ مذکر) برکت۔ سعادت کامیابی۔ اقبال مندی۔ بہجت (یمن۔ خوش قسمت ہونا)

یَمین (ع۔ مذکر) ۱ دایاں ہاتھ سیدھا ہاتھ ۲ دائیں طرف ۳ قسم۔ سوگند۔ حلف ۴ طاقت۔ قوت۔ توانائی (یمن۔ دائیں طرف لیجانا) یمین الدّولہ (مذکر) رکن سلطنت ایک خطاب جو معزز امرا کو ملتا ہے۔ یمین و یسار (مذکر) ۱ فوج کا دایاں اور بایاں بازو ۲ دائیں بائیں۔ چپ وراست۔

یِن (ھ۔ ضمیر) جس کو۔

یِن (جاپانی۔ مذکر) ایک سکہ جو تقریباً ۱/۲ روپے کے برابر ہوتا ہے۔

یَنام (ھ۔ مذکر) یہ نام کا مخفف

یَنتر (س۔ مذکر) دیکھو جنتر۔ ینترکا (مونث) ۱ باندھنے کا آلہ ۲ زنجیر۔ ہتھکڑی ۳ بند جو زخموں پر باندھتے ہیں۔ ینتری (مذکر) علم جنتر کا ماہر۔ انجینیر۔ مستری۔ لوہار۔

یَنترنا (س۔ مونث) ۱ روک۔ ممانعت۔ اڑ ۲ مصیبت۔ تکلیف۔ درد۔

یَنی (ھ۔ مونث) جوان عورت۔

یَو (س۔ مذکر) ۱ جو ۲ جو کا دانہ۔ ایک ماپ ۳ انگوٹھے پر ایک لکیر جو خوش قسمتی کی نشانی سمجھی جاتی ہے۔

یُو (ھ۔ اسم اشارہ) ۱ یہ ۲ (تلف) یوں۔

یُو (س۔ صفت) ۱ جوان۔ نوجوان ۲ بالغ ۳ مضبوط۔ طاقتور۔ قوی ۴ (مذکر) ۱۶ یا ۱۷ برس کا جوان لڑکا۔ یواپن (مذکر) ۱ جوان ہونے کی حالت۔ بلوغیت ۲ جوانی۔ نوعمری۔ یوراج (مذکر) ولیعہد۔ شاہزادہ۔

یُواس (س۔ مذکر) کئی پودوں کا نام۔

یُوانی (ھ۔ مونث) ایک پودہ۔

یُوتش۔ یوتشی (ھ) دیکھو جوتش اور جوتشی۔

یُوتھ (س۔ مذکر) یوتھا (ھ) ۱ گلہ ریوڑ ۲ پرندوں کا جھنڈ ۳ مجمع۔ بھیڑ ۴ فوج جتھا

یُوتھپ۔ یوتھ پتی یا ناتھ (مذکر) ۱ مجمع کا گروہ ۲ فوج کا سردار ۳ ہاتھیوں کے گلے کا بڑا ہاتھی۔

یُوتھی (ھ۔ مونث) ایک قسم کی چنبیلی جوہی۔

یُوجن (س۔ مذکر) ۱ جوڑنا ۲ جوڑ۔ الحاق۔ اتصال ۳ اتفاق۔ اتحاد۔ ایشور۔ خدا تعالیٰ روح عالم ۴ ۹ میل کا ایک فاصلہ۔ جوگن۔ یوجنا (مونث) ۱ ملنا۔ جڑنا ۲ الحاق۔ اتصال۔ جوڑ ۳ جمع کرنا ۴ واقعات کا اکٹھا ہونا۔

یُوحیٰ (ع۔ مذکر) ایک قسم کا سانپ جس کے متعلق مشہور ہے کہ ہزار برس کا ہونے پر جو شکل چاہے بن سکتا ہے۔

یُودّھا (س۔ مذکر) یودھا (ھ) سپاہی۔ شجاع۔ جری۔ بہادر۔ یودھاپن (مذکر) بہادری۔ شجاعت۔ دلیری۔

یُودھن (س۔ مذکر) ۱ لڑنا جنگ کرنا ۲ لڑائی۔ جنگ۔ یدھ ۳ جھگڑا۔ فساد۔

یُور (انگ۔ ضمیر) تمہارا۔ یور ایکسلنسی (ندا) گورنر یا گورنر جنرل وغیرہ کو کہتے ہیں۔ حضور والا۔ یور اگزالٹڈ ہائینس (ندا) نظام دکن کو خطاب کرتے ہیں۔ یور مجسٹی (مذکر) بادشاہ کو خطاب کرتے ہیں۔ یور ہائینس (ندا) راجہ۔ نواب یا شاہزادوں کو کہتے ہیں۔

یُورپ (انگ۔ مذکر) فرنگ

فرنگستان - ایک براعظم جو ایشیا کے مغرب میں واقع ہے - رقبہ ساڑھے سینتیس لاکھ (۳½، ۴ کروڑ) لمبائی زیادہ سے زیادہ ... ۳ میل اور چوڑائی ۲۴۰۰ میل ہے - ۳۰ ممالک ہیں جن میں سے تیرہ میں بادشاہ ہیں - البانیہ - اٹلی - آئیسلینڈ - برطانیہ - بلجیم - بلغاریہ - ڈنمارک - رومانیہ - سویڈن - ناروے - ہالینڈ - ہنگری - یوگوسلاویہ - ۱۷ جمہوری سلطنتیں ہیں - آسٹریا - استھونیا - انڈورا - پرتگال - پولینڈ - جرمنی - روس - روم - زیکوسلوویکیا - سان مرینو - سوئیزرلینڈ - فرانس - فنلینڈ - لتھونیا - لیٹویا - ہنگری - یونان -

یورینس (مذکر) ایک سیارہ جو نیپچون سے سورج کے نزدیک تر ہے - یہ سورج سے ایک ارب اٹھتر کروڑ بیس لاکھ میل ہے - اس کا قطر ۳۱۰۰۰ میل ہے - ۸۴ سال میں سورج کے گرد پھرتا ہے چار چاند ہیں -

یورینیم (انگ - مذکر) ایک سفید دھاتی عنصر - پانی سے ۱۸ گنا بھاری ہے -

یوز (ف - مذکر) چیتا -

یوگ (س - مذکر) دیکھو جوگ - یوگ شکتی (مونث) معجزہ - اعجاز - کرشمہ - یوگ کرنا (متعدی) ۱ ملانا - جوڑنا ۲ ملنا - یوگیہ (صفت) ۱ موزوں - مناسب ۲ قابل ۳ چالاک ۴ طاقتور ۵ صندل ۶ گاڑی ۷ چپاتی ۸ دودھ ۹ ایک پودا -

یوگاسن (س - مذکر) دیکھو جوگاسن

یوگن - یوگی (ھ) دیکھو جوگن - جوگی -

یوگندرا (ھ - مونث) ۱ ہلکی نیند ۲ جاگ -

یوم (ع - مذکر) ۱ دن - روز ۲ تاریخ یوماً (تف) ایک دن - یوم احد (مذکر) جنگ احد کا دن - یوماً فیوماً (تف) روز بروز - دن بدن یوم الاثنین (مذکر) پیر - یوم الاربعا (مذکر) بدھ - یوم الاضحیٰ (مذکر) ذی الحجہ کی دسویں تاریخ یوم الترویح (مذکر) ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ یوم التناد (مذکر) قیامت کا دن - یوم الثلاثا (مذکر) منگل - یوم الجمع (مذکر) جمعہ - یوم الحساب (مذکر) قیامت کا دن - یوم الخمیس (مذکر) جمعرات یوم الدین (مذکر) قیامت کا دن - یوم السبت (مذکر) ہفتہ - سنیچر - یوم العرفہ (مذکر) نہم ماہ ذی الحجہ - حج سے ایک دن پہلے - یوم العشورہ (مذکر) محرم کی دسویں تاریخ جس دن امام حسین رضؓ شہید ہوئے تھے - یوم الفطر (مذکر) یکم ماہ شوال یوم بدر (مذکر) جنگ بدر کا دن - یوم حصاد (مذکر) فصل کاٹنے کا موسم - یوم عید (مذکر) تہوار کا خوشی کا دن - یومئذٍ (تف) اس دن - پھر - یومیہ (صفت) ۱ روزانہ ۲ (مذکر) روزینہ ۳ روزانہ خوراک - مزدوری یا اجرت - دہاڑی ۴ دن بھر کا خرچ -

یون (س - مذکر) ۱ تیز گھوڑا ۲ یونانی یونان کا باشندہ -

یوں (ہ - تف) ۱ اس طرح - اس طرز یا ڈھنگ سے - ایسا ۲ اس طور ۳ یہ ۴ صفت بیکار - یونہی - یوں بھی (تف) اسی طرح - اس طرح - یوں تو (تف) ۱ اس طرح - اس ڈھنگ سے ۲ ورنہ - وگرنہ ۳ کہنے کو تو - دراصل تو ۴ برائے نام - بادی النظر میں - ویسے تو - یوں توں (مونث) بدزبانی - تو تو میں میں (کرنا ہونا کے ساتھ) یوں سے ووں ہو جانا (لازم) ایک حالت سے دوسری حالت ہو جانا - یوں نہ یوں (تف) نہ اس طرح نہ اس طرح کسی طرح نہیں - یوں ووں (تف) اس طرح - اس طرح - کسی طرح - یونہی (تف) ۱ اس طرح - اس طریقے سے - اس ڈھنگ سے ۲ مفت - بلا قیمت ۳ نکما - بیکار ۴ بلا وقت - آسانی سے ۵ بے فائدہ - ناحق - بلا وجہ ۶ جھٹ پٹ - فوراً ۷ اتفاقاً - بلا ارادہ ۸ بے سوچے بے سمجھے ۹ از خود - آپ ہی ۱۰ فضول - بیکار ۱۱ تھوڑا سا - قلیل ۱۲ ایک تو ۱۳ بغیر کسی تدبیر کے یونہی ٹرخا دیا - کچھ نہ دیا - ناکام رکھا - مطلب پورا نہ ہوا - یونہی سا (صفت) تھوڑا سا قلیل یوں ہے - اس طرح ہے - ایسا ہے - یوں ہی سہی (تف) ہمیں اسی طرح منظور ہے - ہم خوش ہیں - یونہیں (تف) دیکھو یونہی - یونہی ہو ۱ کچھ ہو نہیں - بیکار ہو - نامرد ہو ۲ ایسا ہی ہو -

امثال و اقوال - یوں بھی دیکھا ووں بھی دیکھ - نیرنگیٔ زمانہ دیکھ - خوشی دیکھی اب غم دیکھ - یوں بھی واہ واہ ووں بھی واہ واہ - دونوں طرح سے خوب ہے - ہر طرح سے خوشی کی جگہ - یوں مت جانئے باؤرے کہ پاپ نہ پوچھے کوئے سائیں کے دربار میں ایک دن لیکھا ہوئے - گناہ کی سزا سے کوئی نہیں بچ سکتا - اس دنیا میں نہیں تو قیامت کو سہی - یوں مت جی میں جان تو کہ منکھ بڑا جگ نیچ یاد بنا کرتار کی ہے نیچن کا نیچ - جو خدا کو یاد نہیں کرتا بڑا نیچ ہے چاہے کتنا بڑا آدمی ہو یوں مت مان گمان کر کہ میں ہوں بڑا جوان - تجھ سے اس سنسار میں لاکھوں ہیں بلوان - اپنے آپ کو بہت اعلےٰ نہیں سمجھنا چاہئے - ایسے طاقتور لاکھوں اس دنیا میں ہیں -

یونان (یورپ) جنوب مشرق میں ایک ملک - قدیم زمانے میں یہاں علم و فضل کا بڑا چرچا تھا - اور یہاں بڑے بڑے حکما اور فلسفہ دان ہوئے ہیں - رقبہ ۵۰۲۵۷ (۹۲۱۵) ۱۹۲۴ سے جمہوری سلطنت ہے - دارالسلطنت ایتھنز - یونانی (صفت) ۱ یونان کا - یونان سے منسوب ۲ (مذکر) یونان کا باشندہ ۳ (مونث) یونان کی زبان ۴ طب یونانی - یونانیاں (مذکر) یونان کی جمع - یونان کے باشندے -

یونائیٹڈ (انگ - صفت) متحدہ متفق - ملے ہوئے - یونائیٹڈ پراونسز آف آگرہ اینڈ اودھ (ہند) وہ صوبہ جو پنجاب اور بہار کے درمیان ہے - دیکھو صوبجات متحدہ آگرہ و اودھ - یونائیٹڈ سٹیٹز آف امریکہ (شا) ایک بہت بڑی جمہوری سلطنت جو کینیڈا کے جنوب میں بحر اوقیانوس اور بحرالکاہل کے درمیان ہے - اس میں بہت سی جمہوری ریاستیں ہیں اور سلطنت کا فیڈرل سسٹم ہے سب ریاستیں نمائندے بھیجتی ہیں - اور وہ مل کر پریزیڈنٹ منتخب کرتے ہیں - رقبہ ۳۰۲۶۷۸۹ (دس کروڑ ستاون لاکھ دس ہزار) دارالسلطنت واشنگٹن - نیویارک سب سے بڑا شہر ہے - ہم اس کا ذکر ریاستہائے متحدہ کے نام سے کرتے

ہیں۔

یونی (س۔مونث) ۱ یونان عورت یون کی بیوی ۲ یونانی عورت ۳ مسلمان عورت

یونی (س۔مونث) عورت رشتہ دار

یونی (س۔مونث) ۱ پیدائش کی جگہ۔ رحم۔ بچہ دان ۲ وطن۔ دیس ۳ پیدائش خلقت۔ اصلیت ۴ بنیاد۔ سرچشمہ۔

یونین (انگ۔مذکر) ۱ اتحاد۔ اتفاق ۲ اتصال۔ وصل۔ **یونین آف سوشلسٹ سوویٹ ریپبلک** (یورپ) روس کا موجودہ نام۔ اس میں مفصلہ ذیل سات جمہوری سلطنتیں ہیں ۱ روس ۲ یوکرین ۳ سفید روس ۴ ٹرانسکاکیشیا (ملاقہ قاف) ۵ ازبک ۶ ترکمان ۷ تاجیک رقبہ۔۔۔۔ ۸۰ ۴۰ (موجودہ کروڑ ستر لاکھ) دار السلطنت ماسکو۔ **یونین جیک** (مذکر) انگریزوں کا جھنڈا جس پر انگلستان سکاٹلینڈ اور آئرلینڈ کے نشانات ہیں۔

یونیورسٹی (انگ۔مونث) مدرسہ العلوم ایک جماعت جو تعلیم کا انتظام کرتی امتحان لیتی اور سرٹیفکیٹ دیتی ہے۔

یہ (ہ۔کلمہ) اشارۂ قریب کے واسطے آتا ہے۔ **یہ آزماکر وہ آزماکر**۔ تجربہ کرکے۔ اچھی طرح جانچ پڑتال کرکے۔ **یہ آگیا وہ آگیا** دوسرے کی ہمت بڑھانے کے واسطے کہتے ہیں۔ **یہ آیا وہ آیا**۔ ابھی آیا۔ بہت جلد آؤں گا۔ **یہ اپنا ہی راگ (گاتا ہے) گائے جاتا ہے**۔ یہ اپنے ہی مطلب کی کہے جاتا ہے۔ **یہ اس سے بیس ہے**۔ یہ اس سے بڑھ کر ہے۔ فائق ہے۔ **یہ اور بات ہے**۔ یہ بات جدا ہے **یہ اور ہوئی**۔ یہ مزید بات ہوئی۔ **یہ بات پیروں نہیں چلتی**۔ یہ معاملہ یوں طے نہیں ہوگا۔ یہ مراد پوری نہ ہوگی۔ یہ تدبیر اچھی نہیں **یہ بات دوسری ہے**۔ یہ اور بات ہے **یہ بات شرافت سے بعید ہے** شریف آدمی ایسی بات نہیں کرتا۔ **یہ بات کہاں** پھر ایسا موقع حاصل نہ ہوگا۔ **یہ باتیں ہیں** فضول باتیں ہیں۔ صرف باتیں ہی باتیں ہیں **یہ بات ہے**۔ یہ خصوصیت ہے۔ یہ واقعہ ہے۔ **یہ بات ہی کیا ہے**۔ یہ معمولی بات ہے۔ کوئی مشکل کام نہیں۔ **یہ بس کی گانٹھ ہے**۔ بہت شریر اور برا آدمی ہے۔ **یہ بوجھ نہیں اٹھتا**۔ اس بات کی ذمہ داری نہیں ہوسکتی۔ **یہ بھی ایک چال ہے** یہ بھی دم بازی ہے۔ **یہ بھی کوئی بات ہے**۔ مہمل بات ہے۔ فضول بات ہے۔ بے موقع بات ہے۔ **یہ بھی نہ ہوا وہ بھی نہ ہوا**۔ کچھ بھی نہ ہوا۔ دونوں میں سے ایک کام بھی نہ ہوا۔ **یہ پٹی نہیں پڑھے**۔ یہ کام کرنا نہیں چاہتے۔ ایسے فقروں میں نہیں آتے۔ **یہ پھل لگا**۔ اس کا یہ نتیجہ یا انجام ہوا۔ **یہ تو کچھ بات نہیں**۔ یہ غلط ہے۔ یہ درست نہیں **یہ تو نہیں**۔ یہ امر واقعہ نہیں۔ یہ درست نہیں **یہ تھوڑی سی گزر جائے**۔ تھوڑی سی عمر رہ گئی ہے بخیریت گزر جائے۔ **یہ جا وہ جا** فوراً بھاگ گیا۔ **یہ دن** (مذکر) اچھے یا برے دن (دکھانا دیکھنا کے ساتھ) **یہ دن دیکھا** اس حالت کو پہنچا۔ **یہ دن سب کے واسطے ہے**۔ سب کو مرنا ہے۔ **یہ دیکھو**۔ یہ ہے میرے پاس ہے دکھا کر کہتے ہیں۔ **یہ ڈاڑھی دھوکے کی ٹٹی ہے**۔ گو اس کی داڑھی لمبی ہے یہ سخت منافق ہے لوگوں کو دھوکا دینے کے لئے داڑھی رکھی ہوئی ہے۔ **یہ زمانے کا حال ہے**۔ اس زمانے کے لوگوں کا یہ حال ہے۔ **یہ شرط ہے** اس کے لئے یہ ضروری ہے۔ **یہ صاف صاف ہے**۔ یہ واقعی بات ہے۔ **یہ قسمت کی بات ہے**۔ بدقسمتی ہے۔ **یہ کچھ**۔ اس قدر۔ زیادہ **یہ کتا نہیں مانتا**۔ پیٹ بری بلا ہے۔ **یہ کچھ کھیل ہے** ۱ یہ آسان نہیں ۲ یہ بے دستور ہے۔ **یہ کچھ بھی نہیں**۔ یہ کوئی بڑی بات نہیں۔ **یہ کچھ کہیں نہیں**۔ سمجھنے اور غور کرنے کی بات ہے۔ **یہ کس کا موت ہے** یہ کس کا لطف ہے۔ **یہ کسی کا بھی سگا نہیں** یہ بڑا بے وفا ہے۔ **یہ کون بات ہے**۔ یہ کوئی مشکل بات نہیں۔ **یہ کہئے** ۱ بتائیے ۲ خیر ہوئی۔ **یہ کوئی بات ہے**۔ بے موقع ہے۔ نازیبا ہے۔ **یہ کوئی مشکل بات ہے**۔ یہ معمولی بات ہے۔ **یہ کہنے کو تو نہ ہوگا**۔ کوئی یہ تو نہ کہہ سکے گا۔ **یہ کیا**۔ یہ کیسی بیہودہ بات ہے **یہ کیا بات ہے** ۱ استفہام کے طور پر ۲ خوب بات ہے ۳ کچھ بات نہیں۔ کچھ ہے ۴ کیا سبب ہے۔ **یہ کیا کیا** غضب کیا۔ برا کیا۔ **یہ کیا ہے** ۱ نئی بات ہے۔ عجیب بات ہے ۲ خیر تو ہے۔ **یہ کے فاقوں میں سیکھے ہو**۔ طنزاً کوئی بد زبانی کرے تو کہتے ہیں۔ **یہ گل کھلا**۔ یہ نتیجہ یا انجام ہوا۔ **یہ گئی وہ گئی۔ یہ گیا وہ گیا** بھاگ گیا۔ **یہ قسمت ہے**۔ یہ معاملہ قسمت کے منحصر ہے۔ **یہ لچھن مار کھانے کے ہیں** ایسی باتوں پر انسان پٹتا ہے۔ **یہ مانی ہوئی بات ہے**۔ **یہ مسلم ہے**۔ اس سے کسی کو انکار نہیں۔ یہ تسلیم شدہ بات ہے۔ **یہ منہ منہ کہاں**۔ یہ حوصلہ نہیں۔ **یہ نتیجہ ملا**۔ نیکی کے بدلے بدی ملی۔ **یہ نہ وہ**۔ دونوں میں سے کوئی بھی نہیں۔ **یہ وہ نہ ہو**۔ یہ وہ معاملہ نہیں جس طرح پہلے کیا تھا اس طرح نہ ہو۔ **یہ ہتھکنڈہ ہے**۔ یہ چالاکی ہے۔ **یہ ہتھکنڈے مجھی سے چلتے ہو**۔ یہ مکر و فریب کی باتیں میرے ہی ساتھ کرتے ہو۔ **یہ ہو چکا** ۱ نہیں ہوسکتا ۲ ہو لیا ہے **یہ ہی**۔ دیکھو یہی۔ یہ ہے۔ بہت قریب ہے **یہی** (تف) ۱ خاص یہ۔ خصوصاً یہ ۲ اسی قسم کا ۳ صرف ۴ اشارہ قریب کے لئے یہی۔ **یہی تو بڑے باپ کا بیٹا ہے**۔ طنزاً یہی تو سب میں افضل درجے کا ہے۔ یہ کچھ بھی نہیں **یہ یا وہ**۔ دونوں میں سے کوئی ایک۔ **یہی لیل و نہار ہے**۔ یہی گردش زمانہ ہے۔ **یہیں** (تف) ۱ اسی جگہ۔ اسی مقام پر ۲ اسی طرف۔ ادھر ہی ۳ اسی دنیا میں۔ اس جہان میں **یہی نا**۔ صرف اتنی ہی بات۔

امثال واقوال۔ **یہ آپ کے فرمانے کی بات ہے**۔ کوئی غلط بات کہے تو بطور تنبیہ کہتے ہیں۔ **یہ بات وہ بات ٹکا دھر (مورے) میرے ہاتھ** اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو ادھر ادھر کی باتوں سے کام نکالنا چاہے۔ **یہ باتیں مت کیجیو کدھے نہ تو اے یار۔ جن باتوں میں روس جاسائیں اور سنسار** (الخ) ایسی باتیں نہیں کرنی چاہئیں جس میں خدا اور دنیا دونوں ناخوش ہوں۔ **یہ بچن میرا ٹھیک ہے سانچ اسے تو مان۔ مرے بنا**

چھوٹے نہیں جی سے کھونڈی جان
(ھ) بری عادت مرنے سے پہلے نہیں چھوٹتی۔
یہ بڑ میٹھا یہ بڑ کھٹا (ھ) اس کے متعلق کہتے
ہیں جو تذبذب کی حالت میں ہو۔ یہ بھی اپنے
وقت کے حاتم طائی ہیں۔ بہت فیاض
ہیں۔ طنزاً بھی کہتے ہیں۔ یہ بھی دام غلاموں
کھائے۔ یہ بھی بینگن کاٹ پکائے
ہم تمہاری سب طرح کی چالاکیاں پہچان گئے
یہ بھی سکشا ناتھ جی کہہ گئے ٹھیکم ٹھیک
کھوویں آدر مان کو دغا لوبھ اور
بھیک (ھ) دغا لالچ اور مانگنا انسان کی
عزت کھو دیتے ہیں۔ یہ بھی کسی نے پوچھا
تیرے منہ میں کے دانت ہیں جہاں
کسی کی خاطر تواضع نہ ہو کہتے ہیں۔ یہ بھی کہنگے
ہمیں بکری بند رہے دو۔ محض ناواقف
لغو ہیں۔ بیوقوفی کے موقع پر بولتے ہیں۔ یہ بھی
میری بات تو جیو بیچ دھرے۔ گجا
دے گجوال کو پر جیو بھید مت دے
(ھ) روپیہ خزانے میں رکھدے مگر دل کا بھید
کسی کو نہ دے۔ یہ بھی میرا وہ بھی میرا
اس کے متعلق کہتے ہیں جو سب کچھ لینا چاہے
یہ بھی نو من لوہا افیم۔ بڑا مال مارنے والا
پرایا مال مارنے والا۔ یہ پٹی نہیں پڑھے
جب کوئی ناواجب درخواست کرے تو انکار
کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ یہ پوت بنجے جائیں
سوالیہ طور پر۔ یہ اور کسی کام کاج کے لائق ہوں
یہ تو اچھے تھے اوپر والوں نے بگاڑ دیا
یہ تو اچھے آدمی تھے دوسرے لوگوں نے اسے
خراب کر دیا ہے۔ یہ تو سکشا سا (ھ) کی
نیہچے چت میں لا۔ بھید نہ اپنے
جیو کا اوروں کو بتلا (ھ) اپنا بھید کسی سے
نہیں کہنا چاہئے۔ یہ تو کبیر بھی کہہ گئے ہیں
یہ مسلم بات ہے۔ یہ تین کانے اور یہ
پو بارہ (ط) ایک بدقسمت ہے ایک بدنصیب
ہے: چوپڑ کھیلنے والے بھی کہتے ہیں۔ یہ جوانی
مانجھا ڈھیلا۔ عین جوانی میں اتنی سستی۔ یہ
جوانی مجھے نہ بھاوے سینگ ڈلاوے
ہنسی آوے۔ معمولی باتوں پر ہنسنا اچھی بات
نہیں۔ یہ ٹانگ کھولو تو لاج وہ ٹانگ
کھولو تو لاج۔ دونوں طرح بدنامی ہے یہ دنیا
دن چار ہے سنگ نہ تیرے جا۔
سائیں کا رکھ آسرا اور وا سے ہی
نیہہ لگا (ھ) یہ دنیا فانی ہے۔ خدا سے دھیان
لگا۔ یہ دیدے نہ دیدے ہیں دیدار
کے۔ دیکھنے کی بے حد خواہش ہے۔ یہ دیکھو
قدرت کے کھیل چھچھوندر (لگائے)
ملے چنبیلی کا تیل۔ بے حیثیت کو یہ حوصلہ ہوگیا
یہ سنسار کال کا کھاجا جیسا گدھا ویسا
راجہ۔ موت سے کوئی نہیں بچ سکتا۔ یہ کلا
نہ بدھی (یہ بھی نہ بدھی) سب تدبیریں
رائگاں گئیں۔ یہ تو اپھنسنے کی چال ہے
یہ بہت چالاکی کی بات ہے۔ جب کوئی چالاک
آدمی فریب دینے لگے تو کہتے ہیں۔ یہ گنگا کس
کی کھدائی ہے۔ اس کو کہتے ہیں جو اپنی دولت کا
غرور کرے۔ کہ یہ تو خدا کی دین ہے۔ یا یہ ہماری
وجہ سے ہے۔ یہ گھٹنا کھولیں تو لاج وہ
گھٹنا کھولیں تو لاج۔ دونوں طرح رسوائی
ہے۔ یہ گھر تھونیوں نے لیا۔ یہ چیز
اوروں کے تصرف میں رہی اپنے کام نہ آئی۔
یہ گھوڑا کس کا جس کا میں نوکر۔ تو نوکر
کس کا جس کا یہ گھوڑا۔ ٹالنے کے موقع پر
کہتے ہیں۔ یہ گیہوں دے کے گاجریں
کھائیں۔ پہلے درجے کے بیوقوف ہیں۔
یہ منہ اور ڈھلوریاں یا دھنئے کی
چٹنی (مسور کی دال۔ یہ منہ اور
گاجریں۔ یہ منہ پان جوگا (اسواں
نہیں) تم اس لائق نہیں: اسی منہ سے کہتے
ہو۔ کہ ہم یوں کریں گے۔ یہ میری سکشا
پیا چیت لاؤ۔ پرناری کو دور سے
تا ہو (ھ) دوسرے کی بیوی کے پاس نہیں
جانا چاہئے۔ یہ میری سکشا مان پیارا۔
سودا کدھے نہ بیچ ادھارا (ھ)
ادھار کبھی نہیں بیچنا چاہئے۔ یہ میری سکشا
مان رہے بیرا۔ کپٹی سنگ نہ راکھو
رسیرا (ھ) دغابازوں کے ساتھ میل جول
نہیں رکھنا چاہئے۔ یہ میری سکشا مان
رے چیلا۔ کدھے باٹ نہ چال
اکیلا (ھ) سفر میں اکیلا نہیں جانا چاہئے۔ کوئی
ہمراہی ساتھ لینا چاہئے۔ یہ میری سکشا مان
رے چیلے۔ واسوں مت مل جوا
جو کھیلے۔ جواریوں سے میل جول نہیں رکھنا
چاہئے۔ یہ میری سکشا مان سہیلی۔ پر
نر سنگ نہ بیٹھ اکیلی۔ عورت کو غیر مرد
کے پاس نہیں بیٹھنا چاہئے۔ یہ میری سکشا
نپٹ ہے اچھی۔ روٹی مول نہ
کھا ادھ کچی۔ کچی پکی روٹی نہیں کھانی چاہئے
یہ وہ فقیر نہیں جو کھا کر دعا دیں۔ یہ
بڑے ناشکر گزار آدمی ہیں۔ یہ وہ گڑ نہیں جو
چیونٹے دمکیاں کھائیں۔ یہ ایسا
مال نہیں جسے ہر کوئی کھا لے۔ ہمارا مال کوئی نہیں
کھا سکتا۔ یہی بھروسا ٹھیک ہے کہ
داتا دے تو لوں۔ اوروں کا کر آسرا
جی ترساوے کیوں۔ کسی کا منہ نہیں
تکنا چاہئے خدا پر آسرا کرنا چاہئے۔ یہی بھلا
ہے میت جی جھوٹ کبھی نہ بول۔
بانگ نہ سونا ہو کدھی پھرت سنہری
جھول۔ جھوٹ کبھی نہیں بولنا چاہئے۔ ملانگا
کبھی سونا نہیں ہونا چاہے سو دفعہ اس پر ملمع کیا
جائے۔ یہی گو اور یہی میدان۔ یہی
گیند یہی میدان۔ آئیے ابھی مقابلہ ہو جائے
یہی وقت امتحان کا ہے۔ یہی گو نا بہر نہیں
آونا (ھ) مر کر کسی کو واپس نہیں آنا یہی منہ
یہی مسالا۔ دیکھ یہ منہ اور مسور کی دال۔
یہیں کا چن یہیں کا پن۔ جو ہے سو
اس دنیا کا ہے چن آٹا اور پن پانی۔ یہی
ہتھکنڈے ہیں تو خدا حافظ۔ یہی
چالاکیاں رہیں تو ایک نہ ایک دن ضرور
مصیبت میں پھنسے گا۔

یہاں (ہ۔ تف) (ط) اس جگہ۔
اس مقام پر۔ اس طرف: اس دنیا میں
: گھر۔ خاندان۔ ہمارے گھر: مجھے (اس
ستمان) **یہاں تک** (تف) اس جگہ تک
اس وقت تک۔ **یہاں سے** (تف)
اس جگہ سے۔ اس طرف سے۔ **یہاں سے
ہوا ہو**۔ دور ہو۔ جا۔ **یہاں کا یہیں**
اسی جگہ کا اسی جگہ۔ اس دنیا کا اس دنیا میں
(رہجانا کے ساتھ) **یہاں وہاں کا ذکر**

(مذکر) اِدھر اُدھر کی باتیں (کرنا کے ساتھ)

امثال و اقوال۔ یہاں اچھوں (فرشتوں کے) پر جلتے ہیں یہاں تک کسی کی رسائی نہیں۔ یہاں کوئی دم نہیں مار سکتا۔ یہاں اُلٹی گنگا بہتی ہے یہاں ہر کام اُلٹا ہوتا ہے۔ یہاں پرندہ پَر نہیں مار سکتا۔ یہاں تک کوئی نہیں آسکتا یہاں تمہاری (دَلی نہیں لگے گی) دال نہیں گلے گی۔ اس جگہ تمہارا کام نہیں بنے گا یہاں تم سے کچھ نہیں ہو سکے گا۔ یہاں تو ہم بھی حیران ہیں۔ یہاں سمجھ میں کچھ نہیں آتا یہاں حضرت جبرائیل کے بھی پَر جلتے ہیں [۱]۔ یہاں تک رسائی تھی [۲]۔ معراج کے واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔ حضرت جبرائیل پیغمبر صلعم کے ہمراہ تھے۔ ایک موقعہ پر جاکر انہوں نے کہا کہ وہ اس سے آگے نہیں جا سکتے۔ پیغمبر صلعم آگے تنہا روانہ ہوئے۔ یہاں ضرور کچھ دال میں کالا ہے۔ یہاں کچھ دھوکے کی بات ہے۔ یہاں سب کان پکڑتے ہیں اس جگہ سب عاجز ہیں۔ یہاں کا بابا آدم ہی نرالا ہے۔ یہاں کی ہر ایک بات عجیب ہے۔ یہاں کچھ مال تو نہیں گڑا۔ یہاں کیا تیرا نال گڑا ہے۔ جہاں کوئی اپنا دعوےٰ یا استحقاق جتائے تو کہتے ہیں۔ یہاں کے بابا آدم ہی نرالے ہیں۔ دیکھو یہاں کا۔ یہاں گنگا اُلٹی بہتی ہے۔ یہاں کے سب معاملات سب اُلٹے ہیں۔ یہاں نہ وہاں یہ بلا کہاں۔ خانہ بدوش آدمی۔

یَہو (ھ۔ تف) اب۔ اس وقت

یَہُود (ع۔ مذکر) یہودی کی جمع۔ حضرت یعقوبؑ کی اولاد اور حضرت موسےٰ کی امت۔ **یَہُودَن** (مونث) یہودی عورت **یہودی** (مذکر) [۱] ایک قوم جو حضرت یعقوبؑ کی اولاد اور حضرت موسےٰ کی امت ہے [۲] اس قوم کا ایک فرد۔

یِہی یہیں (ہ۔ تف) دیکھو یہ کے تحت میں۔

یے (ہ۔ اسم اشارہ) یہ کی جمع مستعمل

یَیک (ھ۔ صفت) ایک۔

یَیِن (ع۔ مذکر) [۱] صبح کاذب اور سورج چڑھنے سے پہلے کا وقت

یین (ھ۔ اسم اشارہ) یہ۔

ینیچیری (ت۔ مذکر) غلاموں کی ایک فوج جو ترک سلطانوں نے تیار کی تھی۔ یہ بعد کو بہت سرکش ہو گئی اور قتل کر دی گئی۔

یَہو یہی یئی (ھ۔ اسم اشارہ) **یہی یہہ** (ھ۔ اشارہ) یہ۔

خاتمۂ کتاب

خداوندِ ذوالجلال والاکرام کا لاکھ لاکھ شکر ہے جس نے ہمیں یہ توفیق عطا فرمائی کہ ہم اتنی ضخیم و جامع کتاب اس قدر قلیل عرصہ میں شائع کرنے کے قابل ہوگئے۔ ابتدا میں ہمارا ارادہ تھا کہ بتیس حصے دو سال آٹھ مہینے میں شائع کریں لیکن بعد کو حالات کا رُخ دیکھتے ہوئے ارادہ بدل گیا اور دو دو حصے ماہوار شائع کرنا شروع کئے۔ پہلا حصہ جنوری ۱۹۳۳ء میں شائع ہوا تھا اور اب آخری حصہ جنوری ۱۹۳۵ء میں قارئین کرام کی خدمت میں پہنچ گیا۔ اس سے ہمارے اس دعوے کی تصدیق ہوتی ہے کہ کوئی اتنا ضخیم لغت اسقدر قلیل عرصہ میں ہندوستان بھر میں شائع نہیں ہوا۔

اس قادرِ مطلق کے احسانات سے کبھی میں سبکدوش نہیں ہو سکتا جس نے مجھے اتنی استطاعت عطا فرمائی کہ میں اس مبسوط کتاب کی تالیف بغیر کسی دوسرے شخص کی امانت کے سرانجام دے سکا۔ میری جانفشانیوں اور عرقریزیوں کا اس امر سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اتنے اہم کام کا بیڑا اٹھانا اور پھر اکیلے دم اسے بحسنِ وجوہ سرانجام دیدینا کتنا وقیع مرحلہ تھا۔ نیز میں اس بارے میں بھی خدائے قدوس کا شکر گزار ہوں کہ اس اشاعت کی تکمیل میں مجھے کسی ریاست یا گورنمنٹ کے آگے دستِ سوال پھیلانے کی ضرورت نہیں ہوئی اور اپنی گرانبہا ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لئے مجھے صرف اپنے خدا کے فضل و کرم پر ہی بھروسہ رکھنا میرا ایمان ہے۔ اس وقت آپ کو جو ضخیم لغت نظر آ رہے ہیں ان کی تکمیل کیلئے مولفین کو گورنمنٹ یا ریاست کا ہونا پڑا ہے تب کہیں وہ اس کام کو ایک عرصہ مدید کے بعد سرانجام دے سکے ہیں۔

میں اپنے قدردانوں کا انتہائی مرہونِ منت ہوں کہ انہوں نے لغات کے حصص کی خریداری قبول فرما کر میرا سر کسی کے آگے جھکنے نہیں دیا۔ اخراجات کی ناخوشگوار تفصیل میں قارئین کے سامنے پیش نہیں کرنا چاہتا تاہم امید کرتا ہوں کہ اربابِ ذوق نے اگر ذرا بھی توجہ سے کام لیا اور باقیماندہ جلدیں کھپ گئیں تو میں سمجھوں گا میری محنت بر آئی۔ حقیقت یہ ہے کہ جلبِ منفعت میرا مقصد نہیں مجھے اس بات کی انتہائی مسرت ہے کہ اردو ادب کی خدمت کرنے کا اپنی زندگی میں ہی اہل ہو گیا ہوں۔ اگر عمر نے وفا کی تو آئندہ ایڈیشن میں انشاء اللہ ترمیم اور تکثیر سے ایک نمایاں شان ظاہر ہو گی۔

اس لغت کی تدوین میں جن اصحاب سے مدد ملی ہے ان کا شکریہ دیباچہ میں کیا گیا ہے۔ آخر میں میں ان اصحاب کو شکریہ کا مستحق خیال کرتا ہوں جنہوں نے دورانِ اشاعت میں قابلِ قدر اعانت کی۔ ان میں سے میں شیخ مبارک علی صاحب تاجر کتب کا خاص طور پر ممنون ہوں جنہوں نے اشاعت کی کٹھن منازل کے وقت میری انتہائی مدد کی اور ایک ایسے آڑے وقت جبکہ میں ہر طرف سے مایوس ہو چکا تھا اور ممکن تھا کہ مجھے ان کی باموقع اعانت کے فقدان میں سلسلۂ طباعت بھی ملتوی کر دینا پڑتا۔ میں انکا تاحیات احسان نہیں بھول سکتا۔ خداتعالےٰ انہیں اس مستحسن فعل پر جزائے خیر دے۔ میں اپنے لڑکے خواجہ محمد محمود اختر کا شکریہ ادا کئے بغیر نہیں رہ سکتا جنہوں نے بحسن وجوہ لغت کی تکمیل میں ہر پہلو سے میری مدد کی اور دراصل اس لغت کی اشاعت ان کی کاوشوں کی مرہونِ منت ہے اور اپنے دوسرے لڑکے خواجہ محمد مسعود (جو اس وقت بی ایس سی میں تعلیم پا رہے ہیں) کا بھی شکر گزار ہوں کہ اس نے اپنے تعلیمی مشاغل کے باوجود لغت کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں حصہ لیا اور ضمیمہ جات کو ترتیب دیا۔ جس محنت اور عرقریزی سے ہمارے کاتبوں نے ابتدا سے لے کر آخر تک اَن تھک کوششوں کا مظاہرہ کیا وہ میرے لئے باعثِ فخر ہیں۔ خصوصاً منشی رفیق احمد رامپوری اور منشی نور احمد نے لغت کے آخری حصے تک نہایت جانفشانی اور مستعدی سے کام کیا خان مظفر خاں صاحب پنشنر سب انسپکٹر پولیس اور جناب خلیل احمد صاحب بی۔ اے۔ ہر دو اصحاب نے آخری حصص کے پروف اور کاپیاں دیکھنے میں قابلِ قدر کام کیا۔

ہم کارکنانِ مسلم پرنٹنگ پریس۔ کواپریٹو پرنٹنگ پریس اور عالمگیر پریس کے بھی ممنون ہیں کہ انہوں نے لغات کی طباعت میں ہمیں کسی قسم کی شکایت کا موقع نہیں دیا اور ہمیشہ مستعدی سے کام کیا۔

ان کے علاوہ میں ان اصحاب کا سپاس گزار ہوں جنہوں نے حوصلہ شکن اوقات میں بھی میری حوصلہ افزائی کی جن میں سے آنریبل چودھری سر شہاب الدین۔ ڈاکٹر سر محمد اقبال۔ آنریبل سر فیروز خاں نون۔ آنریبل سر عبد القادر۔ خانبہادر نواب مظفر خاں۔ خان بہادر نواب عمر دراز علی خاں آف کرنال اور حافظ محمود شیرانی صاحبان خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

آخر میں میں اپنی بیگم صاحبہ اور دیگر افرادِ خاندان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ دورانِ اشاعت میں میری ہمت افزائی کرتے رہے۔

اس وقت میں جامع اللغات فارسی اور عربی کی تدوین میں مشغول ہوں اور اگر مشیتِ ایزدی میرے موافقِ حال ہوئی تو

وہ بھی اسی طرح چار ضخیم جلدوں میں شائقین ادب کی خدمت
میں پیش کرونگا۔ اور بعد ازاں ایک نہایت اہم مرحلہ میرے پیش نگاہ ہے
یعنی جامع العلوم (اردو انسائیکلوپیڈیا) سے دنیائے مشرق کو متعارف کرنا اور اگر
خداوند ذوالجلال نے مہربانی فرمائی تو میں اتنی اہم اور تاریخی کتاب کو بھی دنیائے
ادب میں پیش کر سکوں گا۔

عبدالمجید

ضمیمۂ جامع اللغات

سنہ ہجری	تاریخ ماہ	سنہ عیسوی
۱	۱۶ جولائی	۶۲۲
۲	۵ جولائی	۶۲۳
۳	۲۴ جون	۶۲۴
۴	۱۳ جون	۶۲۵
۵	۲ جون	۶۲۶
۶	۲۳ مئی	۶۲۷
۷	۱۱ مئی	۶۲۸
۸	۱ مئی	۶۲۹
۹	۲۰ اپریل	۶۳۰
۱۰	۹ اپریل	۶۳۱
۱۱	۲۹ مارچ	۶۳۲
۱۲	۱۸ مارچ	۶۳۳
۱۳	۷ مارچ	۶۳۴
۱۴	۲۵ فروری	۶۳۵
۱۵	۱۴ فروری	۶۳۶
۱۶	۲ فروری	۶۳۷
۱۷	۲۲ جنوری	۶۳۸
۱۸	۱۲ جنوری	۶۳۹
۱۹	۲ جنوری	۶۴۰
۲۰	۲۱ دسمبر	۶۴۰
۲۱	۱۰ دسمبر	۶۴
۲۲	۳۰ نومبر	۶
۲۳	۱۹ نومبر	۶۴۳
۲۴	۷ نومبر	۶۴۴
۲۵	۲۸ اکتوبر	۶۴۵
۲۶	۱۷ اکتوبر	۶۴۶
۲۷	۷ اکتوبر	۶۴۷
۲۸	۲۵ ستمبر	۶۴۸
۲۹	۱۴ ستمبر	۶۴۹
۳۰	۴ ستمبر	۶۵۰
۳۱	۲۴ اگست	۶۵۱
۳۲	۱۲ اگست	۶۵۲
۳۳	۲ اگست	۶۵۳
۳۴	۲۲ جولائی	۶۵۴
۳۵	۱۱ جولائی	۶۵۵
۳۶	۳۰ جون	۶۵۶
۳۷	۱۹ جون	۶۵۷
۳۸	۹ جون	۶۵۸
۳۹	۲۹ مئی	۶۵۹
۴۰	۱۷ مئی	۶۶۰
۴۱	۷ مئی	۶۶۱
۴۲	۲۶ اپریل	۶۶۲
۴۳	۱۵ ″	۶۶۳
۴۴	۴ ″	۶۶۴
۴۵	۲۴ مارچ	۶۶۵
۴۶	۱۳ ″	۶۶۶
۴۷	۳ ″	۶۶۷
۴۸	۲۰ فروری	۶۶۸
۴۹	۹ ″	۶۶۹
۵۰	۲۹ جنوری	۶۷۰
۵۱	۱۸ ″	۶۷۱
۵۲	۸ ″	۶۷۲
۵۳	۲۷ دسمبر	۶۷۲
۵۴	۱۶ ″	۶۷۳
۵۵	۶ ″	۶۷۴
۵۶	۲۵ نومبر	۶۷۵
۵۷	۱۴ نومبر	۶۷۶
۵۸	۳ نومبر	۶۷۷
۵۹	۲۳ اکتوبر	۶۷۸
۶۰	۱۳ ″	۶۷۹
۶۱	۱ ″	۶۸۲
۶۲	۲۰ ستمبر	۶۸۱
۶۳	۱۰ ″	۶۸۲
۶۴	۳۰ اگست	۶۸۳
۶۵	۱۸ ″	۶۸۴
۶۶	۸ ″	۶۸۵
۶۷	۲۸ جولائی	۶۸۶
۶۸	۱۸ ″	۶۸۷
۶۹	۶ ″	۶۸۸
۷۰	۲۵ جون	۶۸۹
۷۱	۱۵ ″	۶۹۵
۷۲	۴ ″	۶۹۱
۷۳	۲۳ مئی	۶۹۲
۷۴	۱۳ ″	۶۹۳
۷۵	۲ ″	۶۹۴
۷۶	۲۱ اپریل	۶۹۵
۷۷	۱۰ ″	۶۹۶
۷۸	۳۰ مارچ	۶۹۷
۷۹	۲۰ ″	۶۹۸
۸۰	۹ ″	۶۹۹
۸۱	۲۶ فروری	۷۰۰
۸۲	۱۵ ″	۷۰۱
۸۳	۴ ″	۷۰۲
۸۴	۲۴ جنوری	۷۰۳
۸۵	۱۴ جنوری	۷۰۴
۸۶	۲ ″	۷۰۵
۸۷	۲۳ دسمبر	۷۰۵
۸۸	۱۲ ″	۷۰۶
۸۹	۱ ″	۷۰۷
۹۰	۲۰ نومبر	۷۰۸
۹۱	۹ ″	۷۰۹
۹۲	۲۹ اکتوبر	۷۱۲
۹۳	۱۹ ″	۷۱۳
۹۴	۷ ″	۷۱۲
۹۵	۲۶ ستمبر	۷۱۳
۹۶	۱۶ ″	۷۱۴
۹۷	۵ ″	۷۱۵
۹۸	۲۵ اگست	۷۱۶
۹۹	۱۴ ″	۷۱۷
۱۰۰	۳ ″	۷۱۸
۱۰۱	۲۴ جولائی	۷۱۹
۱۰۲	۱۲ ″	۷۲۰

سنہ ہجری	تاریخ ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ ماہ	سنہ عیسوی
۱۰۳	۱ 〃	۷۲۱	۱۴۱	۱۴ 〃	۷۵۸	۱۷۹	۲۷ مارچ	۷۹۵
۱۰۴	۲۱ جون	۷۲۲	۱۴۲	۴ 〃	۷۵۹	۱۸۰	۱۶ 〃	۷۹۶
۱۰۵	۱۰ 〃	۷۲۳	۱۴۳	۲۲ اپریل	۷۶۰	۱۸۱	۵ مارچ	۷۹۷
۱۰۶	۲۹ مئی	۷۲۴	۱۴۴	۱۱ 〃	۷۶۱	۱۸۲	۲۲ فروری	۷۹۸
۱۰۷	۱۹ 〃	۷۲۵	۱۴۵	۱ 〃	۷۶۲	۱۸۳	۱۲ 〃	۷۹۹
۱۰۸	۸ 〃	۷۲۶	۱۴۶	۲۱ مارچ	۷۶۳	۱۸۴	۱ 〃	۸۰۰
۱۰۹	۲۸ اپریل	۷۲۷	۱۴۷	۱۰ 〃	۷۶۴	۱۸۵	۲۰ جنوری	۸۰۱
۱۱۰	۱۷ 〃	۷۲۸	۱۴۸	۲۷ فروری	۷۶۵	۱۸۶	۱۰ 〃	۸۰۲
۱۱۱	۵ 〃	۷۲۹	۱۴۹	۱۶ فروری	۷۶۶	۱۸۷	۳۰ دسمبر	۸۰۲
۱۱۲	۲۶ مارچ	۷۳۰	۱۵۰	۶ 〃	۷۶۷	۱۸۸	۲۰ 〃	۸۰۳
۱۱۳	۱۵ 〃	۷۳۱	۱۵۱	۲۶ جنوری	۷۶۸	۱۸۹	۸ 〃	۸۰۴
۱۱۴	۳ 〃	۷۳۲	۱۵۲	۱۴ 〃	۷۶۹	۱۹۰	۲۷ نومبر	۸۰۵
۱۱۵	۲۱ فروری	۷۳۳	۱۵۳	۴ 〃	۷۷۰	۱۹۱	۱۷ 〃	۸۰۶
۱۱۶	۱۰ فروری	۷۳۴	۱۵۴	۲۴ دسمبر	۷۷۰	۱۹۲	۶ 〃	۸۰۷
۱۱۷	۳۱ جنوری	۷۳۵	۱۵۵	۱۳ 〃	۷۷۱	۱۹۳	۲۵ اکتوبر	۸۰۸
۱۱۸	۲۰ 〃	۷۳۶	۱۵۶	۲ 〃	۷۷۲	۱۹۴	۱۵ 〃	۸۰۹
۱۱۹	۸ 〃	۷۳۷	۱۵۷	۲۱ نومبر	۷۷۳	۱۹۵	۴ 〃	۸۱۰
۱۲۰	۲۹ دسمبر	۷۳۷	۱۵۸	۱۱ 〃	۷۷۴	۱۹۶	۲۳ ستمبر	۸۱۱
۱۲۱	۱۸ 〃	۷۳۸	۱۵۹	۳۱ اکتوبر	۷۷۵	۱۹۷	۱۲ 〃	۸۱۲
۱۲۲	۷ 〃	۷۳۹	۱۶۰	۱۹ 〃	۷۷۶	۱۹۸	۱ 〃	۸۱۳
۱۲۳	۲۶ نومبر	۷۴۰	۱۶۱	۹ 〃	۷۷۷	۱۹۹	۲۲ اگست	۸۱۴
۱۲۴	۱۵ 〃	۷۴۱	۱۶۲	۲۸ ستمبر	۷۷۸	۲۰۰	۱۱ 〃	۸۱۵
۱۲۵	۴ 〃	۷۴۲	۱۶۳	۱۷ 〃	۷۷۹	۲۰۱	۳۰ جولائی	۸۱۶
۱۲۶	۲۵ اکتوبر	۷۴۳	۱۶۴	۶ 〃	۷۸۰	۲۰۲	۲۰ 〃	۸۱۷
۱۲۷	۱۳ 〃	۷۴۴	۱۶۵	۲۶ اگست	۷۸۱	۲۰۳	۹ 〃	۸۱۸
۱۲۸	۳ 〃	۷۴۵	۱۶۶	۱۵ 〃	۷۸۲	۲۰۴	۲۸ جون	۸۱۹
۱۲۹	۲۲ ستمبر	۷۴۶	۱۶۷	۵ 〃	۷۸۳	۲۰۵	۱۷ 〃	۸۲۰
۱۳۰	۱۱ 〃	۷۴۷	۱۶۸	۲۴ جولائی	۷۸۴	۲۰۶	۶ 〃	۸۲۱
۱۳۱	۳۱ اگست	۷۴۸	۱۶۹	۱۴ 〃	۷۸۵	۲۰۷	۲۷ مئی	۸۲۲
۱۳۲	۲۰ 〃	۷۴۹	۱۷۰	۳ 〃	۷۸۶	۲۰۸	۱۶ 〃	۸۲۳
۱۳۳	۹ 〃	۷۵۰	۱۷۱	۲۲ جون	۷۸۷	۲۰۹	۴ 〃	۸۲۴
۱۳۴	۳۰ جولائی	۷۵۱	۱۷۲	۱۱ 〃	۷۸۸	۲۱۰	۲۴ اپریل	۸۲۵
۱۳۵	۱۸ 〃	۷۵۲	۱۷۳	۳۱ مئی	۷۸۹	۲۱۱	۱۳ 〃	۸۲۶
۱۳۶	۷ 〃	۷۵۳	۱۷۴	۲۰ 〃	۷۹۰	۲۱۲	۲ 〃	۸۲۷
۱۳۷	۲۷ جون	۷۵۴	۱۷۵	۱۰ 〃	۷۹۱	۲۱۳	۲۲ مارچ	۸۲۸
۱۳۸	۱۶ 〃	۷۵۵	۱۷۶	۲۸ اپریل	۷۹۲	۲۱۴	۱۱ 〃	۸۲۹
۱۳۹	۵ 〃	۷۵۶	۱۷۷	۱۸ 〃	۷۹۳	۲۱۵	۲۸ فروری	۸۳۰
۱۴۰	۲۵ مئی	۷۵۷	۱۷۸	۷ 〃	۷۹۴	۲۱۶	۱۸ 〃	۸۳۱

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
۲۱۷	۷	〃	۸۳۲	۲۵۵	۲۰	دسمبر	۸۶۸	۲۹۳	۲	〃	۹۰۵
۲۱۸	۲۷	جنوری	۸۳۳	۲۵۶	۹	〃	۸۶۹	۲۹۴	۲۲	اکتوبر	۹۰۶
۲۱۹	۱۶	〃	۸۳۴	۲۵۷	۲۹	نومبر	۸۷۰	۲۹۵	۱۲	〃	۹۰۷
۲۲۰	۵	〃	۸۳۵	۲۵۸	۱۸	〃	۸۷۱	۲۹۶	۳۰	ستمبر	۹۰۸
۲۲۱	۲۶	دسمبر	۸۳۵	۲۵۹	۷	〃	۸۷۲	۲۹۷	۲۰	〃	۹۰۹
۲۲۲	۱۴	〃	۸۳۶	۲۶۰	۲۷	اکتوبر	۸۷۳	۲۹۸	۹	〃	۹۱۰
۲۲۳	۳	〃	۸۳۷	۲۶۱	۱۶	〃	۸۷۴	۲۹۹	۲۹	اگست	۹۱۱
۲۲۴	۲۳	نومبر	۸۳۸	۲۶۲	۶	〃	۸۷۵	۳۰۰	۱۸	〃	۹۱۲
۲۲۵	۱۲	〃	۸۳۹	۲۶۳	۲۴	ستمبر	۸۷۶	۳۰۱	۷	〃	۹۱۳
۲۲۶	۳۱	اکتوبر	۸۴۰	۲۶۴	۱۳	〃	۸۷۷	۳۰۲	۲۷	جولائی	۹۱۴
۲۲۷	۲۱	〃	۸۴۱	۲۶۵	۳	〃	۸۷۸	۳۰۳	۱۷	〃	۹۱۵
۲۲۸	۱۰	〃	۸۴۲	۲۶۶	۲۳	اگست	۸۷۹	۳۰۴	۵	〃	۹۱۶
۲۲۹	۳۰	ستمبر	۸۴۳	۲۶۷	۱۲	〃	۸۸۰	۳۰۵	۲۴	جون	۹۱۷
۲۳۰	۱۸	〃	۸۴۴	۲۶۸	۱	〃	۸۸۱	۳۰۶	۱۴	〃	۹۱۸
۲۳۱	۷	〃	۸۴۵	۲۶۹	۳۱	جولائی	۸۸۲	۳۰۷	۳	〃	۹۱۹
۲۳۲	۲۸	اگست	۸۴۶	۲۷۰	۱۱	〃	۸۸۳	۳۰۸	۲۳	مئی	۹۲۰
۲۳۳	۱۷	〃	۸۴۷	۲۷۱	۲۹	جون	۸۸۴	۳۰۹	۱۲	مئی	۹۲۱
۲۳۴	۵	〃	۸۴۸	۲۷۲	۱۸	〃	۸۸۵	۳۱۰	۱	〃	۹۲۲
۲۳۵	۲۶	جولائی	۸۴۹	۲۷۳	۸	〃	۸۸۶	۳۱۱	۲۱	اپریل	۹۲۳
۲۳۶	۱۵	〃	۸۵۰	۲۷۴	۲۸	مئی	۸۸۷	۳۱۲	۹	〃	۹۲۴
۲۳۷	۵	〃	۸۵۱	۲۷۵	۱۶	〃	۸۸۸	۳۱۳	۲۶	مارچ	۹۲۵
۲۳۸	۲۳	جون	۸۵۲	۲۷۶	۶	مئی	۸۸۹	۳۱۴	۱۹	〃	۹۲۶
۲۳۹	۱۲	〃	۸۵۳	۲۷۷	۲۵	اپریل	۸۹۰	۳۱۵	۸	〃	۹۲۰
۲۴۰	۲	〃	۸۵۴	۲۷۸	۱۵	〃	۸۹۱	۳۱۶	۲۵	فوری	۹۲۸
۲۴۱	۲۲	مئی	۸۵۵	۱۷۹	۱۳	〃	۸۹۲	۳۱۷	۱۴	〃	۹۲۹
۲۴۲	۱۰	〃	۸۵۶	۲۹۰	۲۳	مارچ	۸۹۳	۳۱۸	۳	〃	۹۳۰
۲۴۳	۳۰	اپریل	۸۵۷	۲۸۱	۱۳	〃	۸۹۴	۳۱۹	۲۲	جنوری	۹۳۱
۲۴۴	۱۹	〃	۸۵۸	۲۸۲	۲	〃	۸۹۵	۳۲۰	۱۳	〃	۹۳۲
۲۴۵	۸	اپریل	۸۵۹	۲۸۳	۱۹	فروری	۸۹۶	۳۲۱	۱	〃	۹۳۳
۲۴۶	۲۸	مارچ	۸۶۰	۲۸۴	۸	〃	۸۹۷	۳۲۲	۲۲	دسمبر	۹۳۳
۲۴۷	۱۷	〃	۸۶۱	۲۸۵	۲۸	جنوری	۸۹۸	۳۲۳	۱۱	〃	۹۳۴
۲۴۸	۷	〃	۸۶۲	۲۸۶	۱۷	〃	۸۹۹	۳۲۴	۳۰	نومبر	۹۳۵
۲۴۹	۲۴	فروری	۸۶۳	۲۸۷	۷	〃	۹۰۰	۳۲۵	۱۹	〃	۹۳۶
۲۵۰	۱۳	〃	۸۶۴	۲۸۸	۲۶	دسمبر	۹۰۰	۳۲۶	۸	〃	۹۳۷
۲۵۱	۲	〃	۸۶۵	۲۸۹	۱۶	〃	۹۰۱	۳۲۷	۲۹	اکتوبر	۹۳۸
۲۵۲	۲۲	جنوری	۸۶۶	۲۹۰	۵	〃	۹۰۲	۳۲۸	۱۸	〃	۹۳۹
۲۵۳	۱۱	〃	۸۶۷	۲۹۱	۲۴	نومبر	۹۰۳	۳۲۹	۶	〃	۹۴۰
۲۵۴	۱	〃	۸۶۸	۲۹۲	۱۳	〃	۹۰۴	۳۳۰	۲۶	ستمبر	۹۴۱

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
۳۳۱	۱۵	〃	۹۴۲	۳۶۹	۲۹	جولائی	۹۷۹	۴۰۷	۱۰	〃	۱۰۱۶
۳۳۲	۴	〃	۹۴۳	۳۷۰	۱۷	〃	۹۸۰	۴۰۸	۳۰	مئی	۱۰۱۷
۳۳۳	۲۴	اگست	۹۴۴	۳۷۱	۷	〃	۹۸۱	۴۰۹	۲۰	〃	۱۰۱۸
۳۳۴	۱۳	〃	۹۴۵	۳۷۲	۲۶	جون	۹۸۲	۴۱۰	۹	〃	۱۰۱۹
۳۳۵	۲	〃	۹۴۶	۳۷۳	۱۵	جون	۹۸۳	۴۱۱	۲۸	اپریل	۱۰۲۰
۳۳۶	۲۳	جولائی	۹۴۷	۳۷۴	۴	〃	۹۸۴	۴۱۲	۱۷	〃	۱۰۲۱
۳۳۷	۱۱	〃	۹۴۸	۳۷۵	۲۴	مئی	۹۸۵	۴۱۳	۶	〃	۱۰۲۲
۳۳۸	۱	〃	۹۴۹	۳۷۶	۱۳	〃	۹۸۶	۴۱۴	۲۶	مارچ	۱۰۲۳
۳۳۹	۲۰	جون	۹۵۰	۳۷۷	۳	〃	۹۸۷	۴۱۵	۱۵	〃	۱۰۲۴
۳۴۰	۹	〃	۹۵۱	۳۷۸	۲۱	اپریل	۹۸۸	۴۱۶	۴	〃	۱۰۲۵
۳۴۱	۲۹	مئی	۹۵۲	۳۷۹	۱۱	〃	۹۸۹	۴۱۷	۲۲	فروری	۱۰۲۶
۳۴۱	۱۸	〃	۹۵۳	۳۸۰	۳۱	مارچ	۹۹۰	۴۱۸	۱۱	〃	۱۰۲۷
۳۴۲	۷	〃	۹۵۴	۳۸۱	۲۰	〃	۹۹۱	۴۱۹	۳۱	جنوری	۱۰۲۸
۳۴۴	۲۷	اپریل	۹۵۵	۳۸۲	۹	〃	۹۹۲	۴۲۰	۲۰	〃	۱۰۲۹
۳۴۵	۱۵	〃	۹۵۶	۳۸۳	۲۶	فروری	۹۹۳	۴۲۱	۹	جنوری	۱۰۳۰
۳۴۶	۴	〃	۹۵۷	۳۸۴	۱۵	〃	۹۹۴	۴۲۲	۲۹	دسمبر	۱۰۳۱
۳۴۷	۲۵	مارچ	۹۵۸	۳۸۵	۵	〃	۹۹۵	۴۲۳	۱۹	〃	۱۰۳۱
۳۴۸	۱۴	〃	۹۵۹	۳۸۶	۲۵	جنوری	۹۹۶	۴۲۴	۷	〃	۱۰۳۲
۳۴۹	۳	〃	۹۶۰	۳۸۷	۱۴	〃	۹۹۷	۴۲۵	۲۶	〃	۱۰۳۳
۳۵۰	۲۰	فروری	۹۶۱	۳۸۸	۳	〃	۹۹۸	۴۲۶	۱۶	نومبر	۱۰۳۴
۳۵۱	۹	〃	۹۶۲	۳۸۹	۲۳	دسمبر	۹۹۸	۴۲۷	۵	〃	۱۰۳۵
۳۵۲	۳۰	جنوری	۹۶۳	۳۹۰	۱۳	〃	۹۹۹	۴۲۸	۲۵	اکتوبر	۱۰۳۶
۳۵۳	۱۹	〃	۹۶۴	۳۹۱	۱	〃	۱۰۰۰	۴۲۹	۱۴	〃	۱۰۳۷
۳۵۴	۷	〃	۹۶۵	۳۹۲	۲۰	نومبر	۱۰۰۱	۴۳۰	۳	〃	۱۰۳۸
۳۵۵	۲۰	دسمبر	۹۶۵	۳۹۳	۱۰	〃	۱۰۰۲	۴۳۱	۲۳	ستمبر	۱۰۳۹
۳۵۶	۱۷	〃	۹۶۶	۳۹۴	۳۰	اکتوبر	۱۰۰۳	۴۳۲	۱۱	〃	۱۰۴۰
۳۵۷	۶	〃	۹۶۷	۳۹۵	۱۸	〃	۱۰۰۴	۴۳۳	۳۱	اگست	۱۰۴۱
۳۵۸	۲۵	نومبر	۹۶۸	۳۹۶	۸	〃	۱۰۰۵	۴۳۴	۲۱	〃	۱۰۴۲
۳۵۹	۱۴	〃	۹۶۹	۳۹۷	۲۷	ستمبر	۱۰۰۶	۴۳۵	۱۰	〃	۱۰۴۳
۳۰۰	۳	〃	۹۷۰	۳۹۸	۱۷	〃	۱۰۰۷	۴۳۶	۲۹	جولائی	۱۰۴۴
۳۶۱	۲۴	اکتوبر	۹۷۱	۳۹۹	۵	〃	۱۰۰۸	۴۳۷	۱۹	جولائی	۱۰۴۵
۳۶۳	۱۱	〃	۹۷۲	۴۰۰	۲۵	اگست	۱۰۰۹	۴۳۸	۸	〃	۱۰۴۶
۳۶۳	۲		۹۷۳	۴۰۱	۱۵	〃	۱۰۱۰	۴۳۹	۲۸	جون	۱۰۴۷
۳۶۴	۲۱	ستمبر	۹۷۴	۴۰۲	۴	〃	۱۰۱۱	۴۴۰	۱۶	〃	۱۰۴۸
۳۶۵	۱۰	〃	۹۷۵	۴۰۳	۲۳	جولائی	۱۰۱۲	۴۴۱	۵	〃	۱۰۴۹
۳۶۶	۳۰	اگست	۹۷۶	۴۰۴	۱۳	〃	۱۰۱۳	۴۴۲	۲۶	مئی	۱۰۵۰
۳۶۷	۱۹	〃	۹۷۷	۴۰۵	۲	جولائی	۱۰۱۴	۴۴۳	۱۵	〃	۱۰۵۱
۳۶۸	۹	〃	۹۷۸	۴۰۶	۲۱	جون	۱۰۱۵	۴۴۴	۳	〃	۱۰۵۲

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
۴۴۵	۲۳	اپریل	۱۰۵۳	۴۸۳	۶	〃	۱۰۹۰	۵۲۱	۱۰	〃	۱۱۲۷
۴۴۶	۱۲	〃	۱۰۵۴	۴۸۴	۲۳	فروری	۱۰۹۱	۵۲۲	۹	〃	۱۱۲۸
۴۴۷	۲	〃	۱۰۵۵	۴۸۵	۱۲	〃	۱۰۹۲	۵۲۳	۲۸	دسمبر	۱۱۲۸
۴۴۸	۲۱	مارچ	۱۰۵۶	۴۸۶	۱	〃	۱۰۹۳	۵۲۴	۱۷	〃	۱۱۲۹
۴۴۹	۱۰	〃	۱۰۵۷	۴۸۷	۲۱	جنوری	۱۰۹۴	۵۲۵	۶	〃	۱۱۳۰
۴۵۰	۲۸	فروری	۱۰۵۸	۴۸۸	۱۱	〃	۱۰۹۵	۵۲۶	۲۶	نومبر	۱۱۳۱
۴۵۱	۱۸	〃	۱۰۵۹	۴۸۹	۳۱	دسمبر	۱۰۹۵	۵۲۷	۱۵	〃	۱۱۳۲
۴۵۲	۶	〃	۱۰۶۰	۴۹۰	۱۹	〃	۱۰۹۶	۵۲۸	۴	〃	۱۱۳۳
۴۵۳	۲۶	جنوری	۱۰۶۱	۴۹۱	۸	〃	۱۰۹۷	۵۲۹	۲۳	اکتوبر	۱۱۳۴
۴۵۴	۱۵	〃	۱۰۶۲	۴۹۲	۱۹	نومبر	۱۰۹۸	۵۳۰	۱۳	〃	۱۱۳۵
۴۵۵	۴	〃	۱۰۶۳	۴۹۳	۱۶	〃	۱۰۹۹	۵۳۱	۲۱	ستمبر	۱۱۳۶
۴۵۶	۱۵	دسمبر	۱۰۶۳	۴۹۴	۶	〃	۱۱۰۰	۵۳۲	۱۱	〃	۱۱۳۷
۴۵۷	۱۳	〃	۱۰۶۴	۴۹۵	۲۶	اکتوبر	۱۱۰۱	۵۳۳	۸	ستمبر	۱۱۳۸
۴۵۸	۳	〃	۱۰۶۵	۴۹۶	۱۵	〃	۱۱۰۲	۵۳۴	۲۸	اگست	۱۱۳۹
۴۵۹	۲۲	نومبر	۱۰۶۶	۴۹۷	۵	〃	۱۱۰۳	۵۳۵	۱۷	〃	۱۱۴۰
۴۶۰	۱۲	〃	۱۰۶۷	۴۹۸	۲۳	ستمبر	۱۱۰۴	۵۳۶	۶	〃	۱۱۴۱
۴۶۱	۳۱	اکتوبر	۱۰۶۸	۴۹۹	۱۳	〃	۱۱۰۵	۵۳۷	۲۷	جولائی	۱۱۴۲
۴۶۲	۲۰	〃	۱۰۶۹	۵۰۰	۲	〃	۱۱۰۶	۵۳۸	۱۶	〃	۱۱۴۳
۴۶۳	۹	〃	۱۰۷۰	۵۰۱	۲۲	اگست	۱۱۰۷	۵۳۹	۴	〃	۱۱۴۴
۴۶۴	۲۹	ستمبر	۱۰۷۱	۵۰۲	۱۱	〃	۱۱۰۸	۵۴۰	۲۴	جون	۱۱۴۵
۴۶۵	۱۷	〃	۱۰۷۲	۵۰۳	۳۱	جولائی	۱۱۰۹	۵۴۱	۱۳	〃	۱۱۴۶
۴۶۶	۶	〃	۱۰۷۳	۵۰۴	۲۰	〃	۱۱۱۰	۵۴۲	۳	〃	۱۱۴۷
۴۶۷	۲۷	اگست	۱۰۷۴	۵۰۵	۱۰	〃	۱۱۱۱	۵۴۳	۲۲	مئی	۱۱۴۸
۴۶۸	۱۶	〃	۱۰۷۵	۵۰۶	۱۸	جون	۱۱۱۲	۵۴۴	۱۱	〃	۱۱۴۹
۴۶۹	۵	اگست	۱۰۷۶	۵۰۷	۱۸	〃	۱۱۱۳	۵۴۵	۳۰	اپریل	۱۱۵۰
۴۷۰	۲۵	جولائی	۱۰۷۷	۵۰۸	۷	〃	۱۱۱۴	۵۴۶	۲۰	〃	۱۱۵۱
۴۷۱	۱۴	〃	۱۰۷۸	۵۰۹	۲۷	مئی	۱۱۱۵	۵۴۷	۸	〃	۱۱۵۲
۴۷۲	۴	〃	۱۰۷۹	۵۱۰	۱۶	〃	۱۱۱۶	۵۴۸	۲۹	مارچ	۱۱۵۳
۴۷۳	۲۲	جون	۱۰۸۰	۵۱۱	۵	〃	۱۱۱۷	۵۴۹	۱۸	〃	۱۱۵۴
۴۷۴	۱۱	〃	۱۰۸۱	۵۱۲	۲۵	اپریل	۱۱۱۸	۵۵۰	۸	〃	۱۱۵۵
۴۷۵	۱	〃	۱۰۸۲	۵۱۳	۱۴	〃	۱۱۱۹	۵۵۱	۲۵	فروری	۱۱۵۶
۴۷۶	۲۱	مئی	۱۰۸۳	۵۱۴	۴	〃	۱۱۲۰	۵۵۲	۱۳	〃	۱۱۵۷
۴۷۷	۱۰	〃	۱۰۸۴	۵۱۵	۲۴	مارچ	۱۱۲۱	۵۵۳	۲	〃	۱۱۵۸
۴۷۸	۲۹	اپریل	۱۰۸۵	۵۱۶	۱۳	〃	۱۱۲۲	۵۵۴	۲۳	جنوری	۱۱۵۹
۴۷۹	۱۸	〃	۱۰۸۶	۵۱۷	۲	〃	۱۱۲۳	۵۵۵	۱۲	〃	۱۱۶۰
۴۸۰	۸	〃	۱۰۸۷	۵۱۸	۱۹	فروری	۱۱۲۴	۵۵۶	۳۱	دسمبر	۱۱۶۰
۴۸۱	۲۷	مارچ	۱۰۸۸	۵۱۹	۹	〃	۱۱۲۵	۵۵۷	۲۱	〃	۱۱۶۱
۴۸۲	۱۶	〃	۱۰۸۹	۵۲۰	۲۹	جنوری	۱۱۲۶	۵۵۸	۱۰	〃	۱۱۶۲

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
۵۵۹	۳۰	نومبر	۱۱۶۳	۵۹۷	۱۲	اکتوبر	۱۲۰۰	۶۳۵	۲۴	اگست	۱۲۳۷
۵۶۰	۱۸	″	۱۱۶۴	۵۹۸	۱	″	۱۲۰۱	۶۳۶	۱۴	″	۱۲۳۸
۵۶۱	۷	″	۱۱۶۵	۵۹۹	۲۰	ستمبر	۱۲۰۲	۶۳۷	۳	″	۱۲۳۹
۵۶۲	۲۷	اکتوبر	۱۱۶۶	۶۰۰	۱۰	″	۱۲۰۳	۶۳۸	۲۳	جولائی	۱۲۴۰
۵۶۳	۱۶	″	۱۱۶۷	۶۰۱	۲۹	اگست	۱۲۰۴	۶۳۹	۱۲	″	۱۲۴۱
۵۶۴	۵	″	۱۱۶۸	۶۰۲	۱۸	″	۱۲۰۵	۶۴۰	۱	″	۱۲۴۲
۵۶۵	۲۵	ستمبر	۱۱۶۹	۶۰۳	۸	″	۱۲۰۶	۶۴۱	۲۱	جون	۱۲۴۳
۵۶۶	۱۴	″	۱۱۷۰	۶۰۴	۲۷	جولائی	۱۲۰۷	۶۴۲	۹	″	۱۲۴۴
۵۶۷	۴	″	۱۱۷۱	۶۰۵	۱۶	″	۱۲۰۸	۶۴۳	۲۹	مئی	۱۲۴۵
۵۶۸	۲۳	اگست	۱۱۷۲	۶۰۶	۶	″	۱۲۰۹	۶۴۴	۱۹	″	۱۲۴۶
۵۶۹	۱۲	″	۱۱۷۳	۶۰۷	۲۵	جون	۱۲۱۰	۶۴۵	۸	″	۱۲۴۷
۵۷۰	۲	″	۱۱۷۴	۶۰۸	۱۵	″	۱۲۱۱	۶۴۶	۲۶	اپریل	۱۲۴۸
۵۷۱	۲۲	جولائی	۱۱۷۵	۶۰۹	۳	″	۱۲۱۲	۶۴۷	۱۶	″	۱۲۴۹
۵۷۲	۱۰	″	۱۱۷۶	۶۱۰	۲۳	مئی	۱۲۱۳	۶۴۸	۵	″	۱۲۵۰
۵۷۳	۳۰	جون	۱۱۷۷	۶۱۱	۱۳	″	۱۲۱۴	۶۴۹	۲۶	مارچ	۱۲۵۱
۵۷۴	۱۹	″	۱۱۷۸	۶۱۲	۲	″	۱۲۱۵	۶۵۰	۱۴	″	۱۲۵۲
۵۷۵	۸	″	۱۱۷۹	۶۱۳	۲۰	اپریل	۱۲۱۶	۶۵۱	۳	″	۱۲۵۳
۵۷۶	۲۸	مئی	۱۱۸۰	۶۱۴	۱۰	″	۱۲۱۷	۶۵۲	۲۱	فروری	۱۲۵۴
۵۷۷	۱۷	″	۱۱۸۱	۶۱۵	۳۰	مارچ	۱۲۱۸	۶۵۳	۱۰	″	۱۲۵۵
۵۷۸	۷	″	۱۱۸۲	۶۱۶	۱۹	″	۱۲۱۹	۶۵۴	۳۰	جنوری	۱۲۵۶
۵۷۹	۲۶	اپریل	۱۱۸۳	۶۱۷	۸	″	۱۲۲۰	۶۵۵	۱۹	″	۱۲۵۷
۵۸۰	۱۴	″	۱۱۸۴	۶۱۸	۲۵	فروری	۱۲۲۱	۶۵۶	۸	″	۱۲۵۸
۵۸۱	۴	″	۱۱۸۵	۶۱۹	۱۵	″	۱۲۲۲	۶۵۷	۲۹	دسمبر	۱۲۵۸
۵۸۲	۲۳	مارچ	۱۱۸۶	۶۲۰	۴	″	۱۲۲۳	۶۵۸	۱۸	″	۱۲۵۹
۵۸۳	۱۳	″	۱۱۸۷	۶۲۱	۲۴	جنوری	۱۲۲۴	۶۵۹	۶	″	۱۲۶۰
۵۸۴	۲	″	۱۱۸۸	۶۲۲	۱۳	″	۱۲۲۵	۶۶۰	۲۷	نومبر	۱۲۶۱
۵۸۵	۱۹	فروری	۱۱۸۹	۶۲۳	۳	″	۱۲۲۶	۶۶۱	۱۵	نومبر	۱۲۶۲
۵۸۶	۸	″	۱۱۹۰	۶۲۴	۲۲	دسمبر	۱۲۲۶	۶۶۲	۵	″	۱۲۶۳
۵۸۷	۲۹	جنوری	۱۱۹۱	۶۲۵	۱۲	″	۱۲۲۷	۶۶۳	۲۴	اکتوبر	۱۲۶۴
۵۸۸	۱۸	″	۱۱۹۲	۶۲۶	۳۰	نومبر	۱۲۲۸	۶۶۴	۱۳	″	۱۲۶۵
۵۸۹	۷	″	۱۱۹۳	۶۲۷	۲۰	″	۱۲۲۹	۶۶۵	۲	″	۱۲۶۶
۵۹۰	۲۷	دسمبر	۱۱۹۳	۶۲۸	۹	″	۱۲۳۰	۶۶۶	۲۲	ستمبر	۱۲۶۷
۵۹۱	۱۶	″	۱۱۹۴	۶۲۹	۲۹	اکتوبر	۱۲۳۱	۶۶۷	۱۰	″	۱۲۶۸
۵۹۲	۶	″	۱۱۹۵	۶۳۰	۱۸	″	۱۲۳۲	۶۶۸	۳۱	اگست	۱۲۶۹
۵۹۳	۲۴	نومبر	۱۱۹۶	۶۳۱	۷	″	۱۲۳۳	۶۶۹	۲۰	″	۱۲۷۰
۵۹۴	۱۳	″	۱۱۹۷	۶۳۲	۲۷	ستمبر	۱۲۳۴	۶۷۰	۹	″	۱۲۷۱
۵۹۵	۳	″	۱۱۹۸	۶۳۳	۱۶	″	۱۲۳۵	۶۷۱	۲۹	جولائی	۱۲۷۲
۵۹۶	۲۳	اکتوبر	۱۱۹۹	۶۳۴	۴	″	۱۲۳۶	۶۷۲	۱۸	″	۱۲۷۳

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
۶۷۳	-	؍	۱۲۷۴	۷۱۱	۲۰	؍	۱۳۱۱	۷۴۹	۱	؍	۱۳۴۸
۶۷۴	۲۷	جون	۱۲۷۵	۷۱۲	۹	؍	۱۳۱۲	۷۵۰	۲۲	مارچ	۱۳۴۹
۶۷۵	۱۵	؍	۱۲۷۶	۷۱۳	۲۹	اپریل	۱۳۱۳	۷۵۱	۱۱	؍	۱۳۵۰
۶۷۶	۴	؍	۱۲۷۷	۷۱۴	۱۷	؍	۱۳۱۴	۷۵۲	۲۸	فروری	۱۳۵۱
۶۷۷	۲۵	مئی	۱۲۷۸	۷۱۵	۷	؍	۱۳۱۵	۷۵۳	۱۷	؍	۱۳۵۲
۶۷۸	۱۴	؍	۱۲۷۹	۷۱۶	۲۶	مارچ	۱۳۱۶	۷۵۴	۶	؍	۱۳۵۳
۶۷۹	۳	؍	۱۲۸۰	۷۱۷	۱۶	؍	۱۳۱۷	۷۵۵	۲۶	جنوری	۱۳۵۴
۶۸۰	۲۲	اپریل	۱۲۸۱	۷۱۸	۵	؍	۱۳۱۸	۷۵۶	۱۶	؍	۱۳۵۵
۶۸۱	۱۱	؍	۱۲۸۲	۷۱۹	۲۲	فروری	۱۳۱۹	۷۵۷	۵	جنوری	۱۳۵۶
۶۸۲	۱	؍	۱۲۸۳	۷۲۰	۱۲	؍	۱۳۲۰	۷۵۸	۲۵	دسمبر	۱۳۵
۶۸۳	۲۰	مارچ	۱۲۸۴	۷۲۱	۳۱	جنوری	۱۳۲۱	۷۵۹	۱۴	؍	۱۳۵۷
۶۸۴	۹	؍	۱۲۸۵	۷۲۲	۲۰	؍	۱۳۲۲	۷۶۰	۳	؍	۱۳۵۸
۶۸۵	۲۷	فروری	۱۲۸۶	۷۲۳	۱۰	؍	۱۳۲۳	۷۶۱	۲۳	نومبر	۱۳۵۹
۶۸۶	۱۶	؍	۱۲۸۷	۷۲۴	۳۰	دسمبر	۱۳۲۳	۷۶۲	۱۱	؍	۱۳۶۰
۶۸۷	۶	؍	۱۲۸۸	۷۲۵	۱۸	دسمبر	۱۳۲۴	۷۶۳	۳۱	اکتوبر	۱۳۶۱
۶۸۸	۲۵	جنوری	۱۲۸۹	۷۲۶	۸	؍	۱۳۲۵	۷۶۴	۲۱	؍	۱۳۶۲
۶۸۹	۱۴	؍	۱۲۹۰	۷۲۷	۲۷	نومبر	۱۳۲۶	۷۶۵	۱۰	؍	۱۳۶۳
۶۹۰	۳	؍	۱۲۹۱	۷۲۸	۱۶	؍	۱۳۲۷	۷۶۶	۲۹	ستمبر	۱۳۶۴
۶۹۱	۲۴	دسمبر	۱۲۹۱	۷۲۹	۵	؍	۱۳۲۸	۷۶۷	۱۸	؍	۱۳۶۵
۶۹۲	۱۲	؍	۱۲۹۲	۷۳۰	۲۵	اکتوبر	۱۳۲۹	۷۶۸	۷	؍	۱۳۶۶
۶۹۳	۲	دسمبر	۱۲۹۳	۷۳۱	۱۵	؍	۱۳۳۰	۷۶۹	۲۸	اگست	۱۳۶۷
۶۹۴	۲۱	نومبر	۱۲۹۴	۷۳۲	۴	؍	۱۳۳۱	۷۷۰	۱۶	؍	۱۳۶۸
۶۹۵	۱۰	؍	۱۲۹۵	۷۳۳	۲۲	ستمبر	۱۳۳۲	۷۷۱	۱۵	؍	۱۳۶۹
۶۹۶	۳۰	اکتوبر	۱۲۹۶	۷۳۴	۱۲	؍	۱۳۳۳	۷۷۲	۲۶	جولائی	۱۳۷۰
۶۹۷	۱۹	؍	۱۲۹۷	۷۳۵	۱	؍	۱۳۳۴	۷۷۳	۱۵	؍	۱۳۷۱
۶۹۸	۹	؍	۱۲۹۸	۷۳۶	۲۱	اگست	۱۳۳۵	۷۷۴	۴	؍	۱۳۷۲
۶۹۹	۲۸	ستمبر	۱۲۹۹	۷۳۷	۱۰	؍	۱۳۳۶	۷۷۵	۲۳	جون	۱۳۷۳
۷۰۰	۱۶	؍	۱۳۰۰	۷۳۸	۳۰	جولائی	۱۳۳۷	۷۷۶	۱۲	؍	۱۳۷۴
۷۰۱	۶	؍	۱۳۰۱	۷۳۹	۲۰	؍	۱۳۳۸	۷۷۷	۲	؍	۱۳۷۵
۷۰۲	۲۶	اگست	۱۳۰۲	۷۴۰	۹	؍	۱۳۳۹	۷۷۸	۲۱	مئی	۱۳۷۶
۷۰۳	۱۵	؍	۱۳۰۳	۷۴۱	۲۷	جون	۱۳۴۰	۷۷۹	۱۰	؍	۱۳۷۷
۷۰۴	۴	؍	۱۳۰۴	۷۴۲	۱۷	؍	۱۳۴۱	۷۸۰	۳۰	اپریل	۱۳۷۸
۷۰۵	۲۳	جولائی	۱۳۰۵	۷۴۳	۶	؍	۱۳۴۲	۷۸۱	۱۹	؍	۱۳۷۹
۷۰۶	۱۳	؍	۱۳۰۶	۷۴۴	۲۶	مئی	۱۳۴۳	۷۸۲	۸	؍	۱۳۸۰
۷۰۷	۲	؍	۱۳۰۷	۷۴۵	۱۵	؍	۱۳۴۴	۷۸۳	۲۸	مارچ	۱۳۸۱
۷۰۸	۲۱	جون	۱۳۰۸	۷۴۶	۴	؍	۱۳۴۵	۷۸۴	۱۷	؍	۱۳۸۲
۷۰۹	۱۱	؍	۱۳۰۹	۷۴۷	۲۴	اپریل	۱۳۴۶	۷۸۵	۶	؍	۱۳۸۳
۷۱۰	۳۱	مئی	۱۳۱۰	۷۴۸	۱۳	؍	۱۳۴۷	۷۸۶	۲۴	فروری	۱۳۸۴

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
۷۸۷	۱۲	〃	۱۳۸۵	۸۲۵	۲۶	دسمبر	۱۴۲۱	۸۶۳	۹	〃	۱۴۵۸
۷۸۸	۲	〃	۱۳۸۶	۸۲۶	۱۵	〃	۱۴۲۲	۸۶۴	۲۸	اکتوبر	۱۴۵۹
۷۸۹	۲۲	جنوری	۱۳۸۷	۸۲۷	۵	〃	۱۴۲۳	۸۶۵	۱۷	〃	۱۴۶۰
۷۹۰	۱۱	〃	۱۳۸۸	۸۲۸	۲۳	نومبر	۱۴۲۴	۸۶۶	۶	〃	۱۴۶۱
۷۹۱	۳۱	دسمبر	۱۳۸۸	۸۲۹	۱۳	〃	۱۴۲۵	۸۶۷	۲۶	ستمبر	۱۴۶۲
۷۹۲	۲۰	〃	۱۳۸۹	۸۳۰	۲	〃	۱۴۲۶	۸۶۸	۱۵	〃	۱۴۶۳
۷۹۳	۹	〃	۱۳۹۰	۸۳۱	۲۲	اکتوبر	۱۴۲۷	۸۶۹	۳	〃	۱۴۶۴
۷۹۴	۲۹	نومبر	۱۳۹۱	۸۳۲	۱۱	〃	۱۴۲۸	۸۷۰	۲۴	اگست	۱۴۶۵
۷۹۵	۱۷	〃	۱۳۹۲	۸۳۳	۳۰	ستمبر	۱۴۲۹	۸۷۱	۱۳	〃	۱۴۶۶
۷۹۶	۷	〃	۱۳۹۳	۸۳۴	۱۹	〃	۱۴۳۰	۸۷۲	۲	〃	۱۴۶۷
۷۹۷	۲۷	اکتوبر	۱۳۹۴	۸۳۵	۹	〃	۱۴۳۱	۸۷۳	۲۲	جولائی	۱۴۶۸
۷۹۸	۱۶	〃	۱۳۹۵	۸۳۶	۲۸	اگست	۱۴۳۲	۸۷۴	۱۱	〃	۱۴۶۹
۷۹۹	۵	〃	۱۳۹۶	۸۳۷	۱۸	〃	۱۴۳۳	۸۷۵	۳۰	جون	۱۴۷۰
۸۰۰	۲۴	ستمبر	۱۳۹۷	۸۳۸	۷	〃	۱۴۳۴	۸۷۶	۲۰	〃	۱۴۷۱
۸۰۱	۱۳	〃	۱۳۹۸	۸۳۹	۲۷	جولائی	۱۴۳۵	۸۷۷	۸	〃	۱۴۷۲
۸۰۲	۳	〃	۱۳۹۹	۸۴۰	۱۶	〃	۱۴۳۶	۸۷۸	۲۹	مئی	۱۴۷۳
۸۰۳	۲۲	اگست	۱۴۰۰	۸۴۱	۵	〃	۱۴۳۷	۸۷۹	۱۸	〃	۱۴۷۴
۸۰۴	۱۱	〃	۱۴۰۱	۸۴۲	۲۴	جون	۱۴۳۸	۸۸۰	۷	〃	۱۴۷۵
۸۰۵	۱	〃	۱۴۰۲	۸۴۳	۱۴	〃	۱۴۳۹	۸۸۱	۲۶	اپریل	۱۴۷۶
۸۰۶	۲۱	جولائی	۱۴۰۳	۸۴۴	۲	〃	۱۴۴۰	۸۸۲	۱۵	〃	۱۴۷۷
۸۰۷	۱۰	〃	۱۴۰۴	۸۴۵	۲۲	مئی	۱۴۴۱	۸۸۳	۴	〃	۱۴۷۸
۸۰۸	۲۹	جون	۱۴۰۵	۸۴۶	۱۲	〃	۱۴۴۲	۸۸۴	۲۵	ماچ	۱۴۷۹
۸۰۹	۱۸	〃	۱۴۰۶	۸۴۷	۱	〃	۱۴۴۳	۸۸۵	۱۳	مارچ	۱۴۸۰
۸۱۰	۸	〃	۱۴۰۷	۸۴۸	۲۰	اپریل	۱۴۴۴	۸۸۶	۲	〃	۱۴۸۱
۸۱۱	۲۷	مئی	۱۴۰۸	۸۴۹	۹	〃	۱۴۴۵	۸۸۷	۲۰	فروری	۱۴۸۲
۸۱۲	۱۶	〃	۱۴۰۹	۸۵۰	۲۹	مارچ	۱۴۴۶	۸۸۸	۹	〃	۱۴۸۳
۸۱۳	۶	〃	۱۴۱۰	۸۵۱	۱۹	〃	۱۴۴۷	۸۸۹	۳۰	جنوری	۱۴۸۴
۸۱۴	۲۵	اپریل	۱۴۱۱	۸۵۲	۷	ماچ	۱۴۴۸	۸۹۰	۱۸	〃	۱۴۸۵
۸۱۵	۱۴	〃	۱۴۱۲	۸۵۳	۲۴	فروری	۱۴۴۹	۸۹۱	۷	〃	۱۴۸۶
۸۱۶	۳	〃	۱۴۱۳	۸۵۴	۱۳	〃	۱۴۵۰	۸۹۲	۲۸	دسمبر	۱۴۸۶
۸۱۷	۲۴	نارچ	۱۴۱۴	۸۵۵	۲	〃	۱۴۵۱	۸۹۳	۱۷	〃	۱۴۸۷
۸۱۸	۱۳	〃	۱۴۱۵	۸۵۶	۲۳	جنوری	۱۴۵۲	۸۹۴	۵	〃	۱۴۸۸
۸۱۹	۱	〃	۱۴۱۶	۸۵۷	۱۲	〃	۱۴۵۳	۸۹۵	۲۵	نومبر	۱۴۸۹
۸۲۰	۱۹	فروری	۱۴۱۷	۸۵۸	۱	〃	۱۴۵۴	۸۹۶	۱۴	〃	۱۴۹۰
۸۲۱	۸	فروری	۱۴۱۸	۸۵۹	۲۲	دسمبر	۱۴۵۴	۸۹۷	۴	〃	۱۴۹۱
۸۲۲	۲۸	جنوری	۱۴۱۹	۸۶۰	۱۱	〃	۱۴۵۵	۸۹۸	۲۳	اکتوبر	۱۴۹۲
۸۲۳	۱۷	〃	۱۴۲۰	۸۶۱	۳۰	نومبر	۱۴۵۶	۸۹۹	۱۲	〃	۱۴۹۳
۸۲۴	۶	〃	۱۴۲۱	۸۶۲	۱۹	〃	۱۴۵۷	۹۰۰	۲	〃	۱۴۹۴

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
٩٠١	٢١	ستمبر	١٤٩٥
٩٠٢	٩	؍	١٤٩٦
٩٠٣	٣٠	اگست	١٤٩٧
٩٠٤	١٩	؍	١٤٩٨
٩٠٥	٨	؍	١٤٩٩
٩٠٦	٢٨	جولائی	١٥٠٠
٩٠٧	١٧	؍	١٥٠١
٩٠٨	٧	؍	١٥٠٢
٩٠٩	٢٦	جون	١٥٠٣
٩١٠	١٤	؍	١٥٠٤
٩١١	٤	؍	١٥٠٥
٩١٢	٢٤	مئی	١٥٠٦
٩١٣	١٣	؍	١٥٠٧
٩١٤	٢	؍	١٥٠٨
٩١٥	٢١	اپریل	١٥٠٩
٩١٦	١٠	؍	١٥١٠
٩١٧	٣١	مارچ	١٥١١
٩١٨	١٩	؍	١٥١٢
٩١٩	٩	؍	١٥١٣
٩٢٠	٢٦	فروری	١٥١٤
٩٢١	١٥	؍	١٥١٥
٩٢٢	٥	؍	١٥١٦
٩٢٣	٢٤	جنوری	١٥١٧
٩٢٤	٣	؍	١٥١٨
٩٢٥	٣	؍	١٥١٩
٩٢٦	٢٣	دسمبر	١٥١٩
٩٢٧	١٢	؍	١٥٢٠
٩٢٨	١	؍	١٥٢١
٩٢٩	٢٠	نومبر	١٥٢٢
٩٣٠	١٠	؍	١٥٢٣
٩٣١	٢٩	اکتوبر	١٥٢٤
٩٣٢	١٨	؍	١٥٢٥
٩٣٣	٨	؍	١٥٢٦
٩٣٤	٢٧	ستمبر	١٥٢٧
٩٣٥	١٥	؍	١٥٢٨
٩٣٦	٥	؍	١٥٢٩
٩٣٧	٢٥	اگست	١٥٣٠
٩٣٨	١٤	؍	١٥٣١

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
٩٣٩	٣	؍	١٥٣٢
٩٤٠	٢٢	جولائی	١٥٣٣
٩٤١	١٢	؍	١٥٣٤
٩٤٢	٢	؍	١٥٣٥
٩٤٣	٢٠	جون	١٥٣٦
٩٤٤	١٠	؍	١٥٣٧
٩٤٥	٣٠	مئی	١٥٣٨
٩٤٦	١٩	؍	١٥٣٩
٩٤٧	٨	؍	١٥٤٠
٩٤٨	٢٧	اپریل	١٥٤١
٩٤٩	١٦	اپریل	١٥٤٢
٩٥٠	٦	؍	١٥٤٣
٩٥١	٢٥	مارچ	١٥٤٤
٩٥٢	١٥	؍	١٥٤٥
٩٥٣	٤	؍	١٥٤٦
٩٥٤	٢١	فروری	١٥٤٧
٩٥٥	١١	؍	١٥٤٨
٩٥٦	٣٠	جنوری	١٥٤٩
٩٥٧	٢٠	؍	١٥٥٠
٩٥٨	٩	؍	١٥٥١
٩٥٩	٢٩	دسمبر	١٥٥١
٩٦٠	١٨	؍	١٥٥٢
٩٦١	٧	؍	١٥٥٣
٩٦٢	٢٦	نومبر	١٥٥٤
٩٦٣	١٦	؍	١٥٥٥
٩٦٤	٤	؍	١٥٥٦
٩٦٥	٢٤	اکتوبر	١٥٥٧
٩٦٦	١٤	؍	١٥٥٨
٩٦٧	٣	؍	١٥٥٩
٩٦٨	٢٢	ستمبر	١٥٦٠
٩٦٩	١١	؍	١٥٦١
٩٧٠	٣١	اگست	١٥٦٢
٩٧١	٢١	؍	١٥٦٣
٩٧٢	٩	؍	١٥٦٤
٩٧٣	٢٩	جولائی	١٥٦٥
٩٧٤	١٩	؍	١٥٦٦
٩٧٥	٨	؍	١٥٦٧
٩٧٦	٢٦	جون	١٥٦٨

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
٩٧٧	١٦	؍	١٥٦٩
٩٧٨	٥	؍	١٥٧٠
٩٧٩	٢٦	مئی	١٥٧١
٩٨٠	١٤	؍	١٥٧٢
٩٨١	٣	مئی	١٥٧٣
٩٨٢	٢٣	اپریل	١٥٧٤
٩٨٣	١٢	؍	١٥٧٥
٩٨٤	٣١	مارچ	١٥٧٦
٩٨٥	٢١	؍	١٥٧٧
٩٨٦	١٠	؍	١٥٧٨
٩٨٧	٢٨	فروری	١٥٧٩
٩٨٨	١٧	؍	١٥٨٠
٩٨٩	٥	؍	١٥٨١
٩٩٠	٢٦	جنوری	١٥٨٢
٩٩١	٢٥	؍	١٥٨٣
٩٩٢	١٤	؍	١٥٨٤
٩٩٣	٣	؍	١٥٨٥
٩٩٤	٢٣	دسمبر	١٥٨٥
٩٩٥	١٢	؍	١٥٨٦
٩٩٦	٢	؍	١٥٨٧
٩٩٧	٢٠	نومبر	١٥٨٨
٩٩٨	١٠	؍	١٥٨٩
٩٩٩	٣٠	اکتوبر	١٥٩٠
١٠٠٠	١٩	؍	١٥٩١
١٠٠١	٨	؍	١٥٩٢
١٠٠٢	٢٧	ستمبر	١٥٩٣
١٠٠٣	١٦	؍	١٥٩٤
١٠٠٤	٦	؍	١٥٩٥
١٠٠٥	٢٥	اگست	١٥٩٦
١٠٠٦	١٣	؍	١٥٩٧
١٠٠٧	٤	؍	١٥٩٨
١٠٠٨	٢٤	جولائی	١٥٩٩
١٠٠٩	١٣	؍	١٦٠٠
١٠١٠	٢	؍	١٦٠١
١٠١١	٢١	جون	١٦٠٢
١٠١٢	١١	جون	١٦٠٣
١٠١٣	٣٠	مئی	١٦٠٤
١٠١٤	١٩	؍	١٦٠٥

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
۱۰۱۵	۹	//	۱۶۰۶	۱۰۵۳	۲۲	مارچ	۱۶۴۳	۱۰۹۱	۲	//	۱۶۸۰
۱۰۱۶	۲۸	اپریل	۱۶۰۷	۱۰۵۴	۱۰	//	۱۶۴۴	۱۰۹۲	۲۱	جنوری	۱۶۸۱
۱۰۱۷	۱۷	//	۱۶۰۸	۱۰۵۵	۲۷	فروری	۱۶۴۵	۱۰۹۳	۱۰	//	۱۶۸۲
۱۰۱۸	۶	//	۱۶۰۹	۱۰۵۶	۱۷	//	۱۶۴۶	۱۰۹۴	۳۱	دسمبر	۱۶۸۲
۱۰۱۹	۲۶	مارچ	۱۶۱۰	۱۰۵۷	۶	//	۱۶۴۷	۱۰۹۵	۲۰	//	۱۶۸۳
۱۰۲۰	۱۶	//	۱۶۱۱	۱۰۵۸	۲۷	جنوری	۱۶۴۸	۱۰۹۶	۸	//	۱۶۸۴
۱۰۲۱	۴	//	۱۶۱۲	۱۰۵۹	۱۵	//	۱۶۴۹	۱۰۹۷	۲۸	نومبر	۱۶۸۵
۱۰۲۲	۲۱	فروری	۱۶۱۳	۱۰۶۰	۴	//	۱۶۵۰	۱۰۹۸	۱۷	//	۱۶۸۶
۱۰۲۳	۱۱	//	۱۶۱۴	۱۰۶۱	۲۵	دسمبر	۱۶۵۰	۱۰۹۹	۷	//	۱۶۸۷
۱۰۲۴	۳۱	جنوری	۱۶۱۵	۱۰۶۲	۱۴	//	۱۶۵۱	۱۱۰۰	۲۶	اکتوبر	۱۶۸۸
۱۰۲۵	۲۰	//	۱۶۱۶	۱۰۶۳	۲	//	۱۶۵۲	۱۱۰۱	۱۵	//	۱۶۸۹
۱۰۲۶	۹	//	۱۶۱۷	۱۰۶۴	۲۲	نومبر	۱۶۵۳	۱۱۰۲	۵	//	۱۶۹۰
۱۰۲۷	۲۹	دسمبر	۱۶۱۷	۱۰۶۵	۱۱	//	۱۶۵۴	۱۱۰۳	۲۴	ستمبر	۱۶۹۱
۱۰۲۸	۱۹	//	۱۶۱۸	۱۰۶۶	۳۱	اکتوبر	۱۶۵۵	۱۱۰۴	۱۲	//	۱۶۹۲
۱۰۲۹	۸	//	۱۶۱۹	۱۰۶۷	۲۰	//	۱۶۵۶	۱۱۰۵	۲	//	۱۶۹۳
۱۰۳۰	۲۶	نومبر	۱۶۲۰	۱۰۶۸	۹	//	۱۶۵۷	۱۱۰۶	۲۲	اگست	۱۶۹۴
۱۰۳۱	۱۶	//	۱۶۲۱	۱۰۶۹	۲۹	ستمبر	۱۶۵۸	۱۱۰۷	۱۲	//	۱۶۹۵
۱۰۳۲	۵	//	۱۶۲۲	۱۰۷۰	۱۸	//	۱۶۵۹	۱۱۰۸	۳۱	جولائی	۱۶۹۶
۱۰۳۳	۲۵	اکتوبر	۱۶۲۳	۱۰۷۱	۶	//	۱۶۶۰	۱۱۰۹	۲۰	جولائی	۱۶۹۷
۱۰۳۴	۱۴	//	۱۶۲۴	۱۰۷۲	۲۷	اگست	۱۶۶۱	۱۱۱۰	۱۰	//	۱۶۹۸
۱۰۳۵	۱۳	//	۱۶۲۵	۱۰۷۳	۱۶	//	۱۶۶۲	۱۱۱۱	۲۹	جون	۱۶۹۹
۱۰۳۶	۲۲	ستمبر	۱۶۲۶	۱۰۷۴	۵	//	۱۶۶۳	۱۱۱۲	۱۸	//	۱۷۰۰
۱۰۳۷	۱۲	//	۱۶۲۷	۱۰۷۵	۲۵	جولائی	۱۶۶۴	۱۱۱۳	۸	//	۱۷۰۱
۱۰۳۸	۳۱	اگست	۱۶۲۸	۱۰۷۶	۱۴	جولائی	۱۶۶۵	۱۱۱۴	۲۸	مئی	۱۷۰۲
۱۰۳۹	۲۱	//	۱۶۲۹	۱۰۷۷	۴	جولائی	۱۶۶۶	۱۱۱۵	۱۷	//	۱۷۰۳
۱۰۴۰	۱۰	//	۱۶۳۰	۱۰۷۸	۲۳	جون	۱۶۶۷	۱۱۱۶	۶	//	۱۷۰۴
۱۰۴۱	۳۰	جولائی	۱۶۳۱	۱۰۷۹	۱۱	//	۱۶۶۸	۱۱۱۷	۲۵	اپریل	۱۷۰۵
۱۰۴۲	۱۹	//	۱۶۳۲	۱۰۸۰	۱	//	۱۶۶۹	۱۱۱۸	۱۵	//	۱۷۰۶
۱۰۴۳	۸	//	۱۶۳۳	۱۰۸۱	۲۱	مئی	۱۶۷۰	۱۱۱۹	۴	//	۱۷۰۷
۱۰۴۴	۲۸	جون	۱۶۳۴	۱۰۸۲	۱۰	//	۱۶۷۱	۱۱۲۰	۲۳	مارچ	۱۷۰۸
۱۰۴۵	۱۷	جون	۱۶۳۵	۱۰۸۳	۲۹	اپریل	۱۶۷۲	۱۱۲۱	۱۳	//	۱۷۰۹
۱۰۴۶	۵	//	۱۶۳۶	۱۰۸۴	۱۸	//	۱۶۷۳	۱۱۲۲	۲	//	۱۷۱۰
۱۰۴۷	۲۶	مئی	۱۶۳۷	۱۰۸۵	۷	//	۱۶۷۴	۱۱۲۳	۱۹	فروری	۱۷۱۱
۱۰۴۸	۱۵	//	۱۶۳۸	۱۰۸۶	۲۸	مارچ	۱۶۷۵	۱۱۲۴	۹	//	۱۷۱۲
۱۰۴۹	۴	//	۱۶۳۹	۱۰۸۷	۱۶	//	۱۶۷۶	۱۱۲۵	۲۸	جنوری	۱۷۱۳
۱۰۵۰	۲۳	اپریل	۱۶۴۰	۱۰۸۸	۶	//	۱۶۷۷	۱۱۲۶	۱۷	//	۱۷۱۴
۱۰۵۱	۱۲	//	۱۶۴۱	۱۰۸۹	۲۳	فروری	۱۶۷۸	۱۱۲۷	۷	//	۱۷۱۵
۱۰۵۲	۱	//	۱۶۴۲	۱۰۹۰	۱۲	//	۱۶۷۹	۱۱۲۸	۲۷	دسمبر	۱۷۱۵

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
۱۱۲۹	۱۴	〃	۱۷۱۶
۱۱۳۰	۵	〃	۱۷۱۷
۱۱۳۱	۲۴	نومبر	۱۷۱۸
۱۱۳۲	۱۴	〃	۱۷۱۹
۱۱۳۳	۲	〃	۱۷۲۰
۱۱۳۴	۲۲	اکتوبر	۱۷۲۱
۱۱۳۵	۱۲	〃	۱۷۲۲
۱۱۳۶	۱	〃	۱۷۲۳
۱۱۳۷	۲۰	ستمبر	۱۷۲۴
۱۱۳۸	۹	〃	۱۷۲۵
۱۱۳۹	۲۹	اگست	۱۷۲۶
۱۱۴۰	۱۹	〃	۱۷۲۷
۱۱۴۱	۷	اگست	۱۷۲۸
۱۱۴۲	۲۷	جولائی	۱۷۲۹
۱۱۴۳	۱۷	〃	۱۷۳۰
۱۱۴۴	۶	〃	۱۷۳۱
۱۱۴۵	۲۴	جون	۱۷۳۲
۱۱۴۶	۱۴	〃	۱۷۳۳
۱۱۴۷	۳	〃	۱۷۳۴
۱۱۴۸	۲۴	مئی	۱۷۳۵
۱۱۴۹	۱۲	〃	۱۷۳۶
۱۱۵۰	۱	〃	۱۷۳۷
۱۱۵۱	۲۱	اپریل	۱۷۳۸
۱۱۵۲	۱۰	〃	۱۷۳۹
۱۱۵۳	۲۹	مارچ	۱۷۴۰
۱۱۵۴	۱۹	〃	۱۷۴۱
۱۱۵۵	۸	〃	۱۷۴۲
۱۱۵۶	۲۵	فروری	۱۷۴۳
۱۱۵۷	۱۵	〃	۱۷۴۴
۱۱۵۸	۳	〃	۱۷۴۵
۱۱۵۹	۲۴	جنوری	۱۷۴۶
۱۱۶۰	۱۳	〃	۱۷۴۷
۱۱۶۱	۲	〃	۱۷۴۸
۱۱۶۲	۲۲	دسمبر	۱۷۴۸
۱۱۶۳	۱۱	〃	۱۷۴۹
۱۱۶۴	۳۰	نومبر	۱۷۵۰
۱۱۶۵	۲۰	〃	۱۷۵۱
۱۱۶۶	۸	〃	۱۷۵۲

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
۱۱۶۷	۲۹	اکتوبر	۱۷۵۳
۱۱۶۸	۱۸	〃	۱۷۵۴
۱۱۶۹	۷	〃	۱۷۵۵
۱۱۷۰	۲۶	ستمبر	۱۷۵۶
۱۱۷۱	۱۵	〃	۱۷۵۷
۱۱۷۲	۴	〃	۱۷۵۸
۱۱۷۳	۲۵	اگست	۱۷۵۹
۱۱۷۴	۱۳	〃	۱۷۶۰
۱۱۷۵	۲	〃	۱۷۶۱
۱۱۷۶	۲۳	جولائی	۱۷۶۲
۱۱۷۷	۱۲	〃	۱۷۶۳
۱۱۷۸	۱	〃	۱۷۶۴
۱۱۷۹	۲۰	جون	۱۷۶۵
۱۱۸۰	۹	〃	۱۷۶۶
۱۱۸۱	۳۰	مئی	۱۷۶۷
۱۱۸۲	۱۸	〃	۱۷۶۸
۱۱۸۳	۷	〃	۱۷۶۹
۱۱۸۴	۲۷	اپریل	۱۷۷۰
۱۱۸۵	۱۶	〃	۱۷۷۱
۱۱۸۶	۴	〃	۱۷۷۲
۱۱۸۷	۲۵	مارچ	۱۷۷۳
۱۱۸۸	۱۴	〃	۱۷۷۴
۱۱۸۹	۴	〃	۱۷۷۵
۱۱۹۰	۲۱	فروری	۱۷۷۶
۱۱۹۱	۹	〃	۱۷۷۷
۱۱۹۲	۳۰	جنوری	۱۷۷۸
۱۱۹۳	۱۹	〃	۱۷۷۹
۱۱۹۴	۸	〃	۱۷۸۰
۱۱۹۵	۲۸	دسمبر	۱۷۸۰
۱۱۹۶	۱۷	〃	۱۷۸۱
۱۱۹۷	۷	〃	۱۷۸۲
۱۱۹۸	۲۶	نومبر	۱۷۸۳
۱۱۹۹	۱۴	〃	۱۷۸۴
۱۲۰۰	۴	〃	۱۷۸۵
۱۲۰۱	۲۴	اکتوبر	۱۷۸۶
۱۲۰۲	۱۳	〃	۱۷۸۷
۱۲۰۳	۲	〃	۱۷۸۸
۱۲۰۴	۲۱	ستمبر	۱۷۸۹

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
۱۲۰۵	۱۰	ستمبر	۱۷۹۰
۱۲۰۶	۳۱	اگست	۱۷۹۱
۱۲۰۷	۱۹	〃	۱۷۹۲
۱۲۰۸	۹	〃	۱۷۹۳
۱۲۰۹	۲۹	جولائی	۱۷۹۴
۱۲۱۰	۱۸	〃	۱۷۹۵
۱۲۱۱	۷	〃	۱۷۹۶
۱۲۱۲	۲۶	جون	۱۷۹۷
۱۲۱۳	۱۵	〃	۱۷۹۸
۱۲۱۴	۵	〃	۱۷۹۹
۱۲۱۵	۲۵	مئی	۱۸۰۰
۱۲۱۶	۱۴	〃	۱۸۰۱
۱۲۱۷	۴	〃	۱۸۰۲
۱۲۱۸	۲۳	اپریل	۱۸۰۳
۱۲۱۹	۱۲	〃	۱۸۰۴
۱۲۲۰	۱	〃	۱۸۰۵
۱۲۲۱	۲۱	مارچ	۱۸۰۶
۱۲۲۲	۱۱	〃	۱۸۰۷
۱۲۲۳	۲۸	فروری	۱۸۰۸
۲۲۴	۱۶	〃	۱۸۰۹
۲۲۵	۶	〃	۱۸۱۰
۲۶	۲۶	جنوری	۱۸۱۱
۲۲۷	۱۶	〃	۱۸۱۲
۱۲۲۸	۴	〃	۱۸۱۳
۱۲۲۹	۲۴	دسمبر	۱۸۱۳
۱۲۳۰	۱۴	〃	۱۸۱۴
۱۲۳۱	۳	〃	۱۸۱۵
۱۲۳۲	۲۱	نومبر	۱۸۱۶
۱۲۳۳	۱۱	〃	۱۸۱۷
۱۲۳۴	۳۱	اکتوبر	۱۸۱۸
۱۲۳۵	۲۰	〃	۱۸۱۹
۱۲۳۶	۹	اکتوبر	۱۸۲۰
۱۲۳۷	۲۸	ستمبر	۱۸۲۱
۱۲۳۸	۱۶	〃	۱۸۲۲
۱۲۳۹	۷	〃	۱۸۲۳
۱۲۴۰	۲۶	اگست	۱۸۲۴
۱۲۴۱	۱۶	〃	۱۸۲۵
۱۲۴۲	۵	〃	۱۸۲۶

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
۱۲۴۳	۲۵	جولائی	۱۸۲۷	۱۲۸۱	۶	〃	۱۸۶۴	۱۳۱۹	۲۰	اپریل	۱۹۰۱
۱۲۴۴	۱۴	〃	۱۸۲۸	۱۲۸۲	۲۶	مئی	۱۸۶۵	۱۳۲۰	۱۰	〃	۱۹۰۲
۱۲۴۵	۳	〃	۱۸۲۹	۱۲۸۳	۱۶	〃	۱۸۶۶	۱۳۲۱	۳۰	مارچ	۱۹۰۳
۱۲۴۶	۲۲	جون	۱۸۳۰	۱۲۸۴	۵	〃	۱۸۶۷	۱۳۲۲	۱۸	〃	۱۹۰۴
۱۲۴۷	۱۲	〃	۱۸۳۱	۱۲۸۵	۲۴	اپریل	۱۸۶۸	۱۳۲۳	۸	〃	۱۹۰۵
۱۲۴۸	۳۱	مئی	۱۸۳۲	۱۲۸۶	۱۳	〃	۱۸۶۹	۱۳۲۴	۲۵	فروری	۱۹۰۶
۱۲۴۹	۲۱	〃	۱۸۳۳	۱۲۸۷	۳	〃	۱۸۷۰	۱۳۲۵	۱۴	〃	۱۹۰۷
۱۲۵۰	۱۰	〃	۱۸۳۴	۱۲۸۸	۲۳	مارچ	۱۸۷۱	۱۳۲۶	۴	〃	۱۹۰۸
۱۲۵۱	۲۹	اپریل	۱۸۳۵	۱۲۸۹	۱۱	〃	۱۸۷۲	۱۳۲۷	۲۳	جنوری	۱۹۰۹
۱۲۵۲	۱۸	〃	۱۸۳۶	۱۲۹۰	۱	〃	۱۸۷۳	۱۳۲۸	۱۳	〃	۱۹۱۰
۱۲۵۳	۱۷	〃	۱۸۳۷	۱۲۹۱	۱۸	فروری	۱۸۷۴	۱۳۲۹	۲	〃	۱۹۱۱
۱۲۵۴	۲۷	مارچ	۱۸۳۸	۱۲۹۲	۷	〃	۱۸۷۵	۱۳۳۰	۲۲	دسمبر	۱۹۱۱
۱۲۵۵	۱۷	〃	۱۸۳۹	۱۲۹۳	۲۸	جنوری	۱۸۷۶	۱۳۳۱	۱۱	〃	۱۹۱۲
۱۲۵۶	۵	〃	۱۸۴۰	۱۲۹۴	۱۶	〃	۱۸۷۷	۱۳۳۲	۳۰	نومبر	۱۹۱۳
۱۲۵۷	۲۳	فروری	۱۸۴۱	۱۲۹۵	۵	〃	۱۸۷۸	۱۳۳۳	۱۹	نومبر	۱۹۱۴
۱۲۵۸	۱۲	〃	۱۸۴۲	۱۲۹۶	۲۶	دسمبر	۱۸۷۸	۱۳۳۴	۹	〃	۱۹۱۵
۱۲۵۹	۱	〃	۱۸۴۳	۱۲۹۷	۱۵	〃	۱۸۷۹	۱۳۳۵	۲۸	اکتوبر	۱۹۱۶
۱۲۶۰	۲۲	جنوری	۱۸۴۴	۱۲۹۸	۴	〃	۱۸۸۰	۱۳۳۶	۱۶	〃	۱۹۱۷
۱۲۶۱	۱۰	〃	۱۸۴۵	۱۲۹۹	۲۳	نومبر	۱۸۸۱	۱۳۳۷	۷	〃	۱۹۱۸
۱۲۶۲	۳۰	دسمبر	۱۸۴۵	۱۳۰۰	۱۲	〃	۱۸۸۲	۱۳۳۸	۲۶	ستمبر	۱۹۱۹
۱۲۶۳	۲۰	〃	۱۸۴۶	۱۳۰۱	۲	نومبر	۱۸۸۳	۱۳۳۹	۱۵	〃	۱۹۲۰
۱۲۶۴	۹	〃	۱۸۴۷	۱۳۰۲	۲۱	اکتوبر	۱۸۸۴	۱۳۴۰	۴	〃	۱۹۲۱
۱۲۶۵	۲۷	نومبر	۱۸۴۸	۱۳۰۳	۱۰	〃	۱۸۸۵	۱۳۴۱	۲۴	اگست	۱۹۲۲
۱۲۶۶	۱۷	〃	۱۸۴۹	۱۳۰۴	۳۰	ستمبر	۱۸۸۶	۱۳۴۲	۱۴	〃	۱۹۲۳
۱۲۶۷	۶	〃	۱۸۵۰	۱۳۰۵	۱۹	〃	۱۸۸۷	۱۳۴۳	۲	〃	۱۹۲۴
۱۲۶۸	۲۷	اکتوبر	۱۸۵۱	۱۳۰۶	۷	〃	۱۸۸۸	۱۳۴۴	۲۲	جولائی	۱۹۲۵
۱۲۶۹	۱۵	اکتوبر	۱۸۵۲	۱۳۰۷	۲۸	اگست	۱۸۸۹	۱۳۴۵	۱۲	〃	۱۹۲۶
۱۲۷۰	۴	〃	۱۸۵۳	۱۳۰۸	۱۷	〃	۱۸۹۰	۱۳۴۶	۱	〃	۱۹۲۷
۱۲۷۱	۲۴	ستمبر	۱۸۵۴	۱۳۰۹	۷	〃	۱۸۹۱	۱۳۴۷	۲۰	جون	۱۹۲۸
۱۲۷۲	۱۳	〃	۱۸۵۵	۱۳۱۰	۲۶	جولائی	۱۸۹۲	۱۳۴۸	۹	〃	۱۹۲۹
۱۲۷۳	۱	〃	۱۸۵۶	۱۳۱۱	۱۵	〃	۱۸۹۳	۱۳۴۹	۲۹	مئی	۱۹۳۰
۱۲۷۴	۲۲	اگست	۱۸۵۷	۱۳۱۲	۵	〃	۱۸۹۴	۱۳۵۰	۱۹	〃	۱۹۳۱
۱۲۷۵	۱۱	〃	۱۸۵۸	۱۳۱۳	۲۴	جون	۱۸۹۵	۱۳۵۱	۷	〃	۱۹۳۲
۱۲۷۶	۳۱	جولائی	۱۸۵۹	۱۳۱۴	۱۲	〃	۱۸۹۶	۱۳۵۲	۲۶	اپریل	۱۹۳۳
۱۲۷۷	۲۰	〃	۱۸۶۰	۱۳۱۵	۲	〃	۱۸۹۷	۱۳۵۳	۱۶	〃	۱۹۳۴
۱۲۷۸	۹	〃	۱۸۶۱	۱۳۱۶	۲۳	مئی	۱۸۹۸	۱۳۵۴	۵	〃	۱۹۳۵
۱۲۷۹	۲۹	جون	۱۸۶۲	۱۳۱۷	۱۲	〃	۱۸۹۹	۱۳۵۵	۲۴	مارچ	۱۹۳۶
۱۲۸۰	۱۸	〃	۱۸۶۳	۱۳۱۸	۱	〃	۱۹۰۰	۱۳۵۶	۱۴	مارچ	۱۹۳۷

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
۱۳۵۷	۳	〃	۱۹۳۸
۱۳۵۸	۲۱	فروری	۱۹۳۹
۱۳۵۹	۱۰	〃	۱۹۴۰
۱۳۶۰	۲۹	جنوری	۱۹۴۱
۱۳۶۱	۱۹	〃	۱۹۴۲
۱۳۶۲	۸	〃	۱۹۴۳
۱۳۶۳	۲۸	دسمبر	۱۹۴۳
۱۳۶۴	۱۶	〃	۱۹۴۴
۱۳۶۵	۶	〃	۱۹۴۵
۱۳۶۶	۲۵	نومبر	۱۹۴۶
۱۳۶۷	۱۵	〃	۱۹۴۷
۱۳۶۸	۳	〃	۱۹۴۸
۱۳۶۹	۲۴	اکتوبر	۱۹۴۹
۱۳۷۰	۱۳	〃	۱۹۵۰
۱۳۷۱	۲	〃	۱۹۵۱

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
۱۳۷۲	۲۱	ستمبر	۱۹۵۲
۱۳۷۳	۱۰	〃	۱۹۵۳
۱۳۷۴	۳۰	اگست	۱۹۵۴
۱۳۷۵	۲۰	〃	۱۹۵۵
۱۳۷۶	۸	〃	۱۹۵۶
۱۳۷۷	۲۹	جولائی	۱۹۵۷
۱۳۷۸	۱۸	〃	۱۹۵۸
۱۳۷۹	۷	جولائی	۱۹۵۹
۱۳۸۰	۲۶	جون	۱۹۶۰
۱۳۸۱	۱۵	〃	۱۹۶۱
۱۳۸۲	۴	〃	۱۹۶۲
۱۳۸۳	۲۵	مئی	۱۹۶۳
۱۳۸۴	۱۳	〃	۱۹۶۴
۱۳۸۵	۲	〃	۱۹۶۵
۱۳۸۶	۲۲	اپریل	۱۹۶۶

سنہ ہجری	تاریخ	ماہ	سنہ عیسوی
۱۳۸۷	۱۱	〃	۱۹۶۷
۱۳۸۸	۳۱	مارچ	۱۹۶۸
۱۳۸۹	۲۰	〃	۱۹۶۹
۱۳۹۰	۹	〃	۱۹۷۰
۱۳۹۱	۲۷	فروری	۱۹۷۱
۱۳۹۲	۱۶	〃	۱۹۷۲
۱۳۹۳	۴	〃	۱۹۷۳
۱۳۹۴	۲۵	جنوری	۱۹۷۴
۱۳۹۵	۱۴	〃	۱۹۷۵
۱۳۹۶	۳	〃	۱۹۷۶
۱۳۹۷	۲۳	دسمبر	۱۹۷۶
۱۳۹۸	۱۲	〃	۱۹۷۷
۱۳۹۹	۲	〃	۱۹۷۸
۱۴۰۰	۲۱	نومبر	۱۹۷۹

ضمیمۂ جامع اللغات

پیمانہ جات

وزن کے دیسی پیمانے

۸ خشخاش = ایک چاول
۸ چاول یا ۴ دھان = ایک رتی
۸ رتی = ایک ماشہ
۱۲ ماشہ = ایک تولہ
۵ تولہ = ایک چھٹانک
۴ چھٹانک = ایک پاؤ
۴ پاؤ (یا ۱۶ چھٹانک) = ایک سیر
۵ سیر = ایک پنسیری
۲ پنسیری (یا دس سیر) = ایک دھڑی
۲ دھڑی (یا ۲۰ سیر) = ایک ادھن یا دھڑن
۲ دھون (یا ۴۰ سیر) = ایک من

وزن کے انگریزی پیمانے

۱۶ ڈرام = ایک اونس
۱۶ اونس = ایک پونڈ
۱۴ پونڈ = ایک سٹون
۲۸ پونڈ یا ۲ سٹون = ایک کوارٹر
۴ کوارٹر = ایک ہنڈرڈ ویٹ
۲۰ ہنڈرڈ ویٹ = ایک ٹن

وزن کے فرانسیسی پیمانے

۱۰۰۰ ملی گرام = ایک گرام
۱۰۰۰ گرام = ایک کلوگرام
۱ گرام = ۰۰۲۲۰۵ء۰ پونڈ
۱ پونڈ = ۴۵۳ء۵۲ گرام

زمین کی لمبائی ماپنے کے دیسی پیمانے پنجاب کے لئے

۳ ہاتھ = ایک کرم
۱۰ کرم = ایک جریب
۱۳۶ جریب = ایک کوس

ممالک متحدہ آگرہ و اودھ کے لئے

۳ گز = ایک گٹھا
۲۰ گٹھے = ایک جریب

لمبائی ماپنے کے انگریزی پیمانے

۱۲ انچ = ایک فٹ
۳ فٹ = ایک گز
۲۲۰ گز = ایک فرلانگ
۸ فرلانگ یا ۱۷۶۰ گز = ایک میل

لمبائی ماپنے کے فرانسیسی پیمانے

۱۰ ملی میٹر = ایک سنٹی میٹر
۱۰ سنٹی میٹر = ایک ڈسی میٹر
۱۰ ڈسی میٹر = ایک میٹر
۱ میٹر = ۳۹ء۳۷۰۷۹ = ۱ء۰۹۳۶۲ گز
ایک انچ = ۲ء۵۳۹۹۵ سنٹی میٹر
ایک میل = ۱ء۶ کلومیٹر
ایک سنٹی میٹر = ۰ء۰۳۲۸۱ گز

رقبے کے انگریزی پیمانے

۱۴۴ مربع فٹ انچ = ایک مربع فٹ
۹ مربع فٹ = ایک مربع گز
۳۰½ مربع گز = ایک مربع پول
۴۰ مربع پول = ایک روڈ
۴ روڈ = ایک ایکڑ

پنجاب میں زمین کی سطح ماپنے کے پیمانے

۹ مربع کرم یا سرسائی = ایک مرلہ
۲۰ مرلے = ایک کنال
۸ کنال = ایک گھماؤں

پنجاب کے بعض علاقوں میں بیگھے کی پیمائش رائج ہے وہاں مربع کرم کو بسوانسی کہتے ہیں - اسکی جدول حسب ذیل ہے

۲۰ بسوانسی = ایک بسوہ
۲۰ بسوے = ایک بیگھہ
نیز ۴ کنال = ایک بیگہ
اور ۲ بیگھے = ایک گھماؤں = ایک ایکڑ

کپڑے کے ماپ کے دیسی پیمانے

۳ انگل = ایک گرہ
۴ گرہ = ایک بالشت
۲ بالشت = ایک ہاتھ
۲ ہاتھ یا ۱۶ گرہ = ایک گز

وقت کے دیسی پیمانے

۶۰ پل = ایک گھڑی
۷½ گھڑی = ایک پہر
۸ پہر = ایک دن

وقت کے انگریزی پیمانے

۶۰ سیکنڈ = ایک منٹ
۶۰ منٹ = ایک گھنٹہ
۲۴ گھنٹے = ایک ″
۷ دن = ایک ہفتہ
۴ ہفتے = ایک مہینہ
۱۲ مہینے یا ۳۶۵ دن = ایک سال

گنتی کے پیمانے

۱۲ اکائی = ایک درجن
۱۲ درجن = ایک گروس
۲۰ اکائی = ایک کوڑی

کاغذ گننے کے پیمانے

۲۴ تختے = ایک دستہ
۲۰ دستے = ایک رم

دیسی نقدی کے سکے

۴ دمڑی یا ۳ پائی = ایک پیسہ
۲ پیسے = ایک ادھنہ
۴ پیسے یا ۲ ادھنے = ایک آنہ
۴ آنے = ایک چونی
۱۶ آنے یا ۴ چونی = ایک روپیہ

انگریزی نقدی کے سکے

۴ فارذنگ = ایک پنی یا پنس
۱۲ پنس = ایک شلنگ
۲۰ شلنگ = ایک پونڈ
۲۱ شلنگ = ایک گنی

پڙهندڙ نسُل . پ نَ

The Reading Generation

1960 جي ڏهاڪي ۾عبدالله حسين ” اُداس نسلين“ نالي ڪتاب لکيو. 70 واري ڏهاڪي ۾ وري ماڻڪَ ”لُڙهندَڙ نَسُل“ نالي ڪتاب لکي پنهنجي دورَ جي عڪاسي ڪرڻ جي ڪوشش ڪئي. امداد حُسينيءَ وري 70 واري ڏهاڪي ۾ئي لکيو:

انڌي ماءُ ڄڻيندي آهي اونڌا سونڌا ٻارَ
ايندڙ نسل سَمورو هوندو گونگا ٻوڙا ٻارَ

هر دور جي نوجوانن کي اُداس، لُڙهندَڙ، ڪَڙهندڙ، ڪُڙهندڙ، ٻَرندڙ، ڀُرندڙ، ڪِرَندڙ، اوسيئڙو ڪَندڙُ، ڀاڙي، ڪاٺو، ياجوڪَڙُ، ڪاوڙيل ۽ وِڙهندڙ نسلن سان منسوب ڪري سَگهجي ٿو، پر اسان اِنهن سڀني وِچان ”پڙهندڙ“ نسل جا ڳولائو آهيون. ڪتابن کي ڪاڳر تان کڻي ڪمپيوٽر جي دنيا ۾ آڻڻ، ٻين لفظن ۾ برقي ڪتاب يعني e-books ناهي ورهائڻ جي وسيلي پڙهندڙ نسل کي وَڌڻ، ويجهَڻ ۽ هِڪ ٻِئي کي ڳولي سَهڪاري تحريڪ جي رستي تي آڻڻ جي آسَ رکون ٿا.

پڙهندڙ نسل (پَ نَ) ڪا بہ تنظيمَ ناهي. اُنَ جو ڪو بہ صدر، عُهديدار يا پايو وِجهندڙ نہ آهي. جيڪڏهن ڪو بہ شخص اهڙي دعوىٰ ڪري ٿو تہ پَڪَ ڄاڻو تہ اُهو ڪُوڙو آهي. نہ ئي وري پَنَ جي نالي ڪي پئسا گڏ ڪيا ويندا. جيڪڏهن ڪو اهڙي ڪوشش ڪري ٿو تہ پَڪَ ڄاڻو تہ اُهو بہ ڪُوڙو آهي.

جھڙيءَ طَرح وڻن جا پَنَ ساوا، ڳاڙها، نيرا، پيلا يا ناسي هوندا آهن اَهڙيءَ طرح پَڙهندڙ نَسُل وارا پَنَ بہ مختلِف آهن ۽ هوندا. اُهي ساڳئي ئي وقت اُداس ۽ پڙهندڙ، ٻَرندڙ ۽ پڙهندڙ، سُست ۽ پڙهندڙ يا وِڙهندڙ ۽ پڙهندڙ بہ ٿي سگهن ٿا. ٻين لفظن ۾پَنَ ڪا خُصوصي ۽ ٽالي لڳل ڪِلَب Exclusive Club نہ آهي.

ڪوشش اها هوندي تہ پَنَ جا سڀ ڪَم ڪار سَهڪاري ۽ رَضاڪار بنيادن تي ٿين، پر ممڪن آهي تہ ڪي ڪم اُجرتي بنيادن تي بہ ٿِين. اهڙي حالت ۾ پَنَ پاڻ هِڪَٻئي جي مدد ڪَرڻ جي اُصولَ هيٺ ڏي وَٺُ ڪندا ۽ غيرتجارتي non-commercial رهندا. پَنَ پاران ڪتابن کي ڊِجيٽائِيز digitize ڪرڻ جي عَملَ مان ڪو بہ مالي فائدو يا نفعو حاصل ڪرڻ جي ڪوشش نہ ڪئي ويندي.

ڪتابن کي ڊِجيٽائِيز ڪرڻ کان پو ٻيو اهم مرحلو وِرهائڻ distribution جو ٿيندو. اِهو ڪم ڪرڻ وارن مان جيڪڏهن ڪو پيسا ڪمائي سگهي ٿو تہ ڀلي ڪمائي، رُڳو پَنَ سان اُن جو ڪو بہ لاڳاپو نہ هوندو.

پَنَ کي کُليل اکرن ۾ صلاح ڏجي ٿي تہ هو وَسَ پٽاندڙ وڌ کان وَڌ ڪتاب خريد ڪَري ڪتابن جي ليکڪَنِ، ڇپائيندڙن ۽ ڇاپيندڙن کي همٿائِن. پر ساڳئي وقت عِلم حاصل ڪرڻ ۽ ڄاڻ کي ڦهلائڻ جي ڪوشش دوران ڪَنهن بہ رُڪاوٽ کي نہ مڃن.

شيخ اَيازَ علمَ، چاڻ، سمجهہَ ۽ ڏاهپَ کي گيتَ، بيتَ، سِٽَ، پُڪارَ سان تَشبيهه ڏيندي انهن سيني کي بَمن، گولين ۽ بارودَ جي مدِ مقابل بيهاريو آهي. اياز چوي ٿو تہ:

گيتَ بہِ جڻ گوريلا آهن، جي ويريءَ تي وار ڪَرن ٿا.

... ...

جئن جئن جاڙ وڌي ٿي جَڳَ ۾، هو ٻوليءَ جي آڙ ڇُپن ٿا؛

ريتيءَ تي راتاها ڪن ٿا، موٽي مَنجهہِ پهاڙ ڇُپن ٿا؛

... ...

ڪالههَ هُيا جي سُرخ گُلن جيئن، اڄڪلهہ نيلا پيلا آهن؛

گيتَ بہِ جڻ گوريلا آهن........

... ...

هي بيتُ اَٿي، هي بَم- گولو،

جيڪي بہ ڪٽين، جيڪي بہ ڪٽين!

مون لاءِ ٻنهي ۾ فَرَقُ نہ آ، هي بيتُ بہ بَمَ جو ساٿي آ،

جنهن رڻ ۾ رات ڪَيا راڙا، تنهن هَڏَ ۽ چَمَ جو ساٿي آ ـ

اِن حسابَ سان اٽڃاٽائي کي پاڻ تي اِهو سوچي مَڙهڻ تہ ”هاڻي ويڙهہ ۽ عمل جو دور آهي، اُن ڪري پڙهڻ تي وقت نہ وڃايو“ ناداني‌ءَ جي نشاني آهي.

پَنَن جو پڙهڻ عام ڪِتابي ڪيڙن وانگر رُڳو نِصابي ڪتابن تائين محدود نہ هوندو. رڳو نصابي ڪتابن ۾ پاڻ کي قيد ڪري ڇڏڻ سان سماج ۽ سماجي حالتن تان نظر کڄي ويندي ۽ نتيجي طور سماجي ۽ حڪومتي پاليسيون policies اٽڃاڻن ۽ نادانن جي هٿن ۾ رهنديون. پَڻَ نِصابي ڪتابن سان گڏوگڏ ادبي، تاريخي، سياسي، سماجي، اقتصادي، سائنسي ۽ ٻين ڪتابن کي پڙهي سماجي حالتن کي بهتر بنائڻ جي ڪوشش ڪندا.

پڙهندڙ نَسُل جا پَنَ سيني کي **چو، چالاءِ ۽ ڪيئن** جهڙن سوالن کي هر بَيانَ تي لاڳو ڪرڻ جي ڪوٺَ ڏين ٿا ۽ انهن تي ويچار ڪرڻ سان گڏ جوابَ ڳولڻ کي نہ رڳو پنهنجو حق، پر فرض ۽ اٽٽر گهرج unavoidable necessity سمجهندي ڪتابن کي پاڻ پڙهڻ ۽ وڌ ڪان وڌ ماڻهن تائين پهچائڻ جي ڪوشش جديد ترين طريقن وسيلي ڪرڻ جو ويچار رکن ٿا.

توهان بہ پڙهڻ، پڙهائڻ ۽ ڦهلائڻ جي اِن سهڪاري تحريڪ ۾ شامل ٿي سگهو ٿا، بَس پنهنجي اوسي پاسي ۾ ڏِسو، هر قسم جا ڳاڙها توڙي نيرا، ساوا توڙي پيلا پن ضرور نظر اچي ويندا.

وڻ وڻ کي مون ڀاڪي پائي چيو تہ ”منهنجا ڀاءُ

پهتو منهنجي من ۾ تنهنجي پَنَ پَنَ جو پڙلاءُ“.

ـ اياز (ڪلهي پاتم ڪينرو)